HB PDF LIBRARY #0302 3957600 - 0302 8769786

رابعہ

# جامع اردو لغت

اکیسویں صدی میں جدید الفاظ کے ساتھ
شائع ہونے والی اپنی نوعیت کی واحد لغت

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

www.besturdubooks.net

# رابعہ
# اُردو لغت
# جامع

اُردو زبان میں مستعمل تقریباً تمام الفاظ، مرکّبات،
محاورات، ضرب الامثال، سائنسی وفنّی اصطلاحات

مرتّبہ

سعید اے شیخ

اسلامک بک سروس

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

©جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

اس لغت کا کوئی بھی حصہ اسلامک بک سروس نئی دہلی (جسے رابعہ بک ہاؤس لاہور، پاکستان کی طرف سے کتاب ھٰذا کی طباعت اور فروخت کے جملہ حقوق حاصل ہیں) کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر کہیں بھی شائع نہیں کیا جاسکتا۔ اگر اس قسم کی کوئی بھی صورتِ حال ظہور پذیر ہوئی تو اسلامک بک سروس نئی دہلی قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

ISBN 81-7231-799-9

فرسٹ انڈین ایڈیشن : 2007

باہتمام : عبدالنعیم

قیمت :

ناشر:

اسلامک بک سروس

2872-74، کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی۔110 002 (انڈیا)

فون: 23253514, 23286551, 23244556

فیکس: 23277913, 23247899

**E-mail:** ibsdelhi@del2.vsnl.net.in/
islamic@eth.net

**Website:** www.islamic-india.com

Our Associates:

- **Al-Munna Book Shop Ltd., (U.A.E.)**
**Sharjah** Tel.: 06-561-5483, 06-561-4650 **Dubai** Tel.: 04-352-9294
- **Azhar Academy Ltd., London (United Kingdom)**
Tel.: 020 8911 9797
- **I.B. Publisher Inc., New York (U.S.A.)**
Tel.: 91-73328008, 6312540909
- **Husami Book Depot, Hyderabad (India)**
Tel.: 040-6680-6285

**Printed in India**

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# پیش لفظ

رابعہ اردو لغت جامع اکیسویں صدی کی ایک بہترین لُغت ہے۔ یہ عام قارئین اور بالخصوص طالب علموں کے لیے عمومی نقطہ نظر سے مرتّب کی گئی ہے اور اسے زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ اس میں اس امر کو ملحوظ رکھا گیا ہے کہ قدیم و جدید تمام مروّجہ الفاظ شامل کر دیئے جائیں کیونکہ اُردو زبان دن بدن اپنا دامن نئے الفاظ سے وسیع کرتی جا رہی ہے۔

رابعہ اردو لغت جامع کی ایک منفرد خوبی جو دوسری تمام لُغات پر فوقیت رکھتی ہے، وہ انگریزی الفاظ کا اضافہ ہے جو کہ رفتہ رفتہ اُردو زبان میں مستعمل ہو رہے ہیں۔ ان میں اکثر انگریزی کے ایسے الفاظ بھی ہیں جن کا اُردو زبان میں کوئی متبادل لفظ نہیں اور اُردو زبان کی وسیع دامنی کی وجہ سے شامل زبان ہو گئے ہیں۔

زیرِ نظر لغت کی ترتیب و تدوین میں درج ذیل اُمور کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔

۱۔ طلباء کی درسی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس میں تقریباً ان تمام الفاظ کو شامل کر دیا گیا ہے جو نصابی کتابوں اور اُردو نظم و نثر کی عام کتابوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

۲۔ تقریباً بڑی حد تک اُردو زبان کے تمام مستعمل الفاظ، ضرب الامثال، محاورات اور قدیم و جدید علمی، اَدبی، سائنسی اور تکنیکی اصطلاحات کو شامل کر دیا گیا ہے۔

۳۔ دوسری غیر ملکی زبانوں مثلاً ترکی، پُرتگالی، فرانسیسی، سنسکرت، یونانی وغیرہ کے وہ لفظ بھی شامل کر دیئے گئے ہیں جو اُردو زبان میں رواج پا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ علاقائی زبانوں کے الفاظ بھی شامل کر دیئے گئے ہیں۔

۴۔ بعض الفاظ کے صحیح تلفظ کے لیے ان پر اعراب لگا دیئے گئے ہیں۔

۵۔ ہر لفظ کے ساتھ قوسین میں یہ لکھ دیا گیا ہے کہ یہ کس زبان کا لفظ ہے۔

۶۔ اسماء کی تذکیر و تانیث کی وضاحت کر دی گئی ہے۔

۷۔ ہر لفظ کی صرفی حیثیت ظاہر کرنے کے لیے اسم، ضمیر، صفت، مصدر، تابع فعل، متعلق فعل اور فعل وغیرہ ساتھ لکھ دیا گیا ہے۔

۸۔ جو الفاظ اُردو زبان میں اپنی حیثیت رکھتے ہیں اور ساتھ ہی کسی شہر یا شخصیت کا نام، لقب یا تخلص بھی ہیں، اُن کی وضاحت بھی کر دی گئی ہے۔

۹۔ انگریزی الفاظ کا اُردو میں وہی تلفظ دیا گیا ہے جس طرح وہ رائج ہیں۔

۱۰۔ الفاظ و محاورات کے معنی زبان کی صحت و پاکیزگی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے لکھے گئے ہیں۔

۱۱۔ ایسے محاورات اور ضربُ الامثال کو شامل کرنے سے گریز کیا گیا ہے جو کسی فرقے یا طبقے کے احترام کے منافی ہوں۔

۱۲۔ اِسے ظاہری و باطنی دونوں طرح سے دلکش اور افادیت کا حامل بنانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ ظاہری خوبصورتی کے لیے اس کی کتابت، حُسنِ ترتیب اور چھپائی کی طرف خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ جبکہ باطنی طور پر اسے زیادہ سے زیادہ سرمایہ معنی سے آراستہ کیا گیا ہے۔

اگر چہ تصحیح و درستی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ لیکن پھر بھی انسان خطا کا پُتلا ہے اور اغلاط کا رہ جانا بعید از اِمکان نہیں۔ اگر کوئی غلطی یا خامی نظر آئے تو از راہِ کرم اس سے مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔

ادارہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

# علامات و اِشارات

اس لُغت میں الفاظ کے مآخذ اور صرفی حیثیت کی توضیح و وضاحت کے لیے حسبِ ذیل علامات و الفاظ اختیار کیے گئے ہیں۔

| الفاظ | علامت | الفاظ | علامت |
|---|---|---|---|
| عربی | ع۔ء | فارسی اور عربی | فع،ف۔ع |
| فارسی | ف | عربی اور فارسی | عف،ع۔ف |
| ہندی | ہ | انگریزی | ان،ای |
| سنسکرت | س | صفت | صف |
| اُردو | ا | اسم | ا |
| ترکی | ت | | |

# اُردو کے تمام حروفِ تہجی

ا ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث

ج جھ چ چھ ح خ

د دھ ڈ ڈھ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک کھ گ گھ ل لھ

م مھ ن نھ و ہ ء

ی ے

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# آ

حروف تہجی کے پہلے حرف۔الف کی دو قسمیں ہیں۔ پہلی قسم ممدودہ اور دوسری مقصودہ ہے۔الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھتے ہیں اور اس کے اوپر مد ہوتا ہے

آ (الف' ا۔ع۔ا۔مذ) اردو' عربی اور دیگر زبانوں جیسا کہ فارسی' پنجابی' سندھی' پشتو وغیرہ کے حروف تہجی کا پہلا حرف۔ الف کی دو قسمیں ہیں۔ پہلی قسم ممدودہ اور دوسری مقصورہ ہے۔الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھتے ہیں اور اس کے اوپر مد ہوتا ہے جیسا کہ آب' آپ' آج' اس کے برعکس الف مقصورہ کو کھینچ کر نہیں پڑھتے جیسا کہ اب' اپنا' اٹک وغیرہ۔

الف کے معنی علامتی اعتبار سے درج ذیل ہیں ① ایک خدا ② واحد ③ ننگا ④ دلیر ⑤ سیدھا ⑥ صیقل کی لکیر ⑦ ابجد کے حساب میں اس کا عدد ایک ہے۔

## آ ← ا

آ آ (ا۔اسم) پالتو پرندوں اور جانوروں کو بلانے کی آواز۔

آ آ کرنا ① پالتو پرندوں کو بلانے کی آواز ② سر ملانا ③ راگ شروع کرتے وقت پہلی آواز نکالنا ④ ایک گویا جب دوسرے کو آواز آس دیتا ہے یا خود تان پر آ کر سر پورا کرتا ہے۔وہ بھی آ آ کرتا ہے۔

آ بننا (ا۔محاورہ) ① بلا نازل ہونا ② مصیبت پڑنا۔

آ بیل مجھے مار (مثل) ① خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا ② لڑائی مول لینا۔

آ بے لونڈے جا بے لونڈے کرنا (مثل) ① پھرنا پھرانا ② دوڑانا ③ ہیرا پھیری کرنا ④ وقت گزارنا۔

آ پڑنا ① آموجود ہونا ② ٹپک پڑنا ③ ٹوٹ پڑنا۔

آ پڑوسن لڑیں۔ بے سبب زبردستی کی چھیڑ چھاڑ کرنا۔

آ پہنچنا (ا۔محاورہ) ① منزل طے کرنا ② پہنچ جانا۔

آ پھنسنا (ا۔محاورہ) ① پھنس جانا ② فریب میں آجانا۔

آ جانا (ا۔محاورہ) ① سیکھ لینا ② پہنچ جانا۔

آ دبانا (ا۔محاورہ) ① پکڑ لینا ② دبوچ لینا۔

آ دھمکنا (ا۔محاورہ) ① بے دھڑک چلے آنا ② اچانک آنا۔

آ ڈٹنا۔ ① ڈیرہ جما لینا ② آموجود ہونا۔

آ لگنا (ا۔محاورہ) ① قریب آجانا ② پہنچنا۔

آ لینا (محاورہ) ① پکڑ لینا ② قریب پہنچ جانا۔

آ پھنسے کی بات ہے یا آ پھنسی کا معاملہ ہے۔(ا۔مثل) مجبوراً سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

آ نکلنا (ا۔محاورہ) ① بے ارادہ پہنچ جانا ② اتفاقاً چلے آنا۔

## آ ← ب

آب (ف) مذکر۔ ① پانی ② آنسو ③ شراب ④ شوربا ⑤ چمک۔

آب آب کر کے مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی (مثل) مادری زبان پر دوسری زبان کو ترجیح دینے کی خرابی۔

آب آب کرنا (ا۔محاورہ) ① شرمندہ کرنا ② شرم لانا ③ نرم کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

آب آب ہونا (ا۔محاورہ) ① پانی پانی ہونا ② پسینہ پسینہ ہونا ③ بہہ نکلنا ④ شرمندہ ہونا ⑤ ہلکا ہونا ⑥ بے بس ہونا۔

آب آتش رنگ۔ آتش مزاج۔ آتشناک۔ آتشیں (ف) ① شراب سرخ ② خون کے آنسو۔

آب آنا (ا۔محاورہ) ① باڑھ چڑھنا ② صفائی پیدا ہونا ③ رونق آجانا۔

آب آجانا (ا۔محاورہ) ① ہتھیار کی دھار تیز ہونا ② چمک آنا۔

آب آہن (ف۔ا) مؤنث ① لوہے کی چمک ② لوہے کا پانی۔

آب (اترنا) اتر جانا (ا۔محاورہ) ① چمک جاتی رہنا ② بے عزت ہونا۔

آب (احمر) ارغوانی (ف۔ا) مذکر ① سرخ پانی ② یعنی شراب۔

آب استادہ (ف۔ا) مذکر ① ٹھہرا ہوا پانی ② رکا ہوا پانی۔

آب اڑنا (ا۔محاورہ) ① چمک جاتی رہنا ② دھار کند ہو جانا ③ رونق نہ رہنا۔

آب باراں (ف۔ا) مذکر۔ بارش کا پانی۔

آب از سر گزشت (ف۔مثل) ① پانی سر سے گزر گیا ② مصیبت حد سے بڑھ گئی۔

آب بردن (ف۔محاورہ) ① بے رونق کرنا ② خراب کرنا۔

آب بستہ (ف۔ا) مذکر۔ ① جما ہوا پانی ② برف اولے۔

آب انبار۔ بڑا حوض جو قلعوں میں پانی کا ذخیرہ رکھنے کے لئے ہوتا ہے۔

آب بقا (ف۔ا) مذکر ① آب حیات ② امرت جل۔

آب انگور (ف۔ع۔ا) مذکر ① انگور کا پانی ② انگور کا عرق ③ مراد شراب۔

آب بینی۔ ① ناک کی رطوبت ② رینٹھ۔

آب باز۔ ① پانی میں تیرنے والا ② پانی سے کھیلنے والا۔

آب پاشی۔ کھیتی کو پانی دینا پانی کا چھڑکاؤ کرنا۔

آب بازی (ف۔ا) مؤنث ① پانی سے کھیلنا ② پانی سے ایک دوسرے پر چھینٹے اڑانا۔

آب پشت (ف۔ا) مذکر ① نطفہ ② منی ③ مادہ تولید۔

آب بگڑنا (ا۔محاورہ) ① چمک جاتی رہنا ② ماند ہو جانا جلا نہ رہنا ③ عزت نہ رہنا۔

آب پیما (ف۔ا) مذکر ① مقیاس الماء ② مائعات کی کثافت ③ ناپنے کا آلہ۔

آب پاش (ف۔ا۔فاعل مذکر) ① پودوں اور درختوں پر پانی چھڑکنے کا آلہ ② سقا ③ بہشتی۔

آب پیکاں (ف۔ا) ① صف ② تیر کی نوک کی تیزی۔

آب ترسی (ف۔ا) مذکر۔ پانی سے ڈرنا۔

آب تیغ (ف۔ا) مؤنث ① تلوار کی کاٹ ② تلوار کی تیزی۔

آب جو (ف۔ا) مؤنث ① چشمہ ② ندی کا پانی ③ نہر۔

آب جوش (ف۔ا) مذکر ① یخنی ② گوشت کا عرق ③ شوربا۔

آب چڑھانا (ا۔محاورہ) ① جلا دینا ② صاف ہونا ③ باڑھ ہونا ④ اجالنا۔

آب چشم (ف۔ا) مذکر ① آنکھ کا پانی ② اشک۔

آب چک (ف۔ا) مذکر۔ مکان کے پچھواڑے چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ۔

آب حرام (ف۔ا) مذکر ① ناپاک پانی جس کا پینا درست نہیں ② شراب یا نشہ آور عرق۔

آب حیات (ف۔ا) مذکر۔ امرت جس کے پینے سے موت نہیں آتی۔

آب خاصہ (ف۔ا) مذکر۔ بادشاہوں یا امیروں کے پینے کا پانی۔

آب (خجلت) خجالت۔ شرم سے پانی پانی ہو جانا۔

آب خنجر۔ ① خنجر کی تیزی ② کاٹ۔

آب خضر (ف۔ا) مذکر ① آب حیات ② وہ پانی جسے پی کر حضرت خضر نے ہمیشہ کی عمر پائی۔

آب خیز (ف۔ا) مذکر ① پانی کا بہاؤ ② موج ③ لہر۔

آب خورا (ف۔ا) مذکر ① پانی پینے کا چھوٹا سا مٹی کا برتن ② کوزہ۔

آبرار (ف۔ا) مذکر ① تازہ سیراب ② چمکیلا ③ صاف۔

آبخورے بھرنا (ا۔محاورہ) کسی منت کے پورا ہونے پر دودھ یا شربت سے آبخورے بھر کر نیاز دینا۔

آبدار (ف۔ا) مذکر ① وہ شخص جو پانی کے انتظام پر مقرر ہو ② تیز دھار کا ③ نفیس۔

آب دانہ (ف۔ا) مذکر ① دانہ پانی ② روزی ③ رزق۔

آب دار خانہ (ف۔ا) مذکر۔ پانی رکھنے کا کمرہ۔

www.besturdubooks.net

آب دست کرنا (اُر۔محاورہ) ① استنجا کرنا ② طہارت کرنا۔

آب داری (ف۔ا) مؤنث ① پانی رکھنے کی خدمت ② رونق۔

آب دندان (ف۔ا) مذکر۔ دانتوں کی چمک۔

آب دان (ف۔ا) مؤنث ① حوض ② تالاب ③ پانی کا برتن ④

آب دیدہ۔ ① آنکھوں کا پانی ② آنسو۔

آبدیدہ رہنا/ ہونا (ق۔محاورہ) ① غمگین ہونا ② آنکھوں میں آنسو بھرے رہنا۔

آب رحمت (ف۔ع۔ا) مذکر ① بارش ② بخشش ③ معافی۔

آب دہن (ف۔ا) مذکر ① منہ کا لعاب ② کلی کا پانی۔

آب زمزم (ف۔ع۔ا) مذکر ① زمزم کا پانی ② مکہ معظمہ کا ایک خاص چشمہ جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لئے جاری ہوا۔

آب دینا (ا۔محاورہ) ① کسی دھار والی چیز کو سان پر لگانا یا پتھر پر تیز کرنا ② جلا دینا۔

آب زن کرنا۔ دوا کے پانی میں بٹھانا، نہانا۔

آب رواں (ف۔ا) مذکر ① ایک قسم کا باریک کپڑا ② ڈوریا جو نہایت باریک ہوتا ہے ③ بہتا ہوا پانی۔

آب ریز۔ ① پانی گرنے کی جگہ ② دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی۔

آب زر (ف۔ا) مذکر۔ سونے کا پانی جو نقاشی یا کتابت میں کام آتا ہے۔

آب زندگانی (زندگی) ① آب بقا ② آب حیات۔

آب زنی (ف۔ا) مؤنث ① چھڑکاؤ ② پانی ڈالنا۔

آب سیاہ (ف۔ا) مذکر ① شراب، بھنور کا پانی ② آنکھ کی بیماری۔

آبشار (ف۔ا) مذکر ① جھرنا ② اونچی جگہ سے گرنے والا قدرتی پانی۔

آب سرخ (ف۔ا) مذکر ① اشک خونیں ② وہ پانی جس کا رنگ سرخ ہو۔

آب شرم (ف۔ا) مذکر ① شرمندگی کا پانی ② وہ پسینہ جو ندامت کی وجہ سے آئے۔

آب شمشیر (ف۔ا) مذکر۔ تلوار کی چمک یا دھار۔

آب شیریں (ف۔ا) مذکر۔ میٹھا پانی۔

آب شناس (ف۔ا) مذکر ① حقیقت دان ② ماہر ملاح۔

آبکار (ف۔ا) مذکر ① شراب فروش ② کلال ③ سقا۔

آب کاری (ف۔ا) مؤنث ① شراب فروشی کی دکان ② شراب کا کارخانہ۔

آب گل (ف۔ا) مذکر ① گلاب کا عرق ② پھولوں کا پانی۔

آب کش (ف۔ا) مذکر ① کنویں سے پانی نکالنے والا ② سقا۔

آب گوہر (ف) صفت۔ موتی کی چمک۔

آب کوثر (ف۔ا) مذکر ① حوض ② تالاب ③ وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو۔

آب نائے۔ مؤنث پانی کا وہ تنگ راستہ جو دو سمندروں کو ملائے۔

آب منجمد (فع۔ا) مذکر ① برف ② ژالہ ③ اولے ④ بلور کا پیالہ۔

آب مروق۔ ① صاف پانی ② نتھرا ہوا پانی۔

آب مژہ (ف۔ا) مذکر ① آنسو ② پلکوں کا پانی۔

آب ندامت (ف۔ا) مذکر ① شرمندگی کے آنسو ② وہ پسینہ جو شرم کی وجہ سے آئے۔

آب نقرہ (ف۔ا) مذکر ① پارہ ② چاندی کا پانی۔

آب نے (ف۔ا) مذکر ① حقہ کے نیچے کا حصہ جو پانی میں رہتا ہے۔



(آب وخورد)

آب وخورد۔ ① دانہ پانی ② رزق ③ کھانا پینا ④ خوراک۔

آب ودانہ (ف۔ا) مذکر ① دانہ پانی ② قسمت ③ تقدیر ④ رزق خوراک۔

آب وہوا (ف۔ا) مؤنث ① فضا ② ماحول ③ موسم ④ پانی اور ہوا۔

آب وہوا کا بگاڑ (ا۔محاورہ) موسم کی خرابی۔

آب ہونا۔ ① رقیق ہونا ② پتلا ہونا ③ پانی ہو جانا ④ شرمندہ ہونا۔

آبیاری (ف۔ا) مؤنث ① باغوں اور کھیتوں کو سینچنا ② پانی دینا۔

آبیانہ (ف۔ا) مذکر۔ پانی کا محصول۔

آباد کار۔ ① وہ شخص جو کسی غیر آباد علاقے میں سکونت اختیار کرلے ② علاقے کو بسانے والا۔

آباد کاری۔ غیر آباد علاقوں کا آباد کرنا۔

آبادی (ف۔ا) مؤنث ① بستی ② آرام ③ رونق ④ چہل پہل ⑤ روشنی۔

آباد رکھنا۔ ① بسا رکھنا ② معمور رکھنا ③ سلامت رکھنا ④ برقرار رکھنا ⑤ رونق پر رکھنا۔

آبائی (ف۔ا) صفت ① آبا سے منسوب ② خاندانی ③ موروثی۔

Join us on whatsapp Naveed Bag 03149077218

آبرو (ف۔ا) مؤنث ❶ عصمت ❷ قدرومنزلت ❸ شرف ❹ ناموری۔
آبرواتارنا (ا۔محاورہ) ❶ ذلیل کرنا ❷ بے عزتی کرنا ❸ بے حرمت کرنا۔
آبرواُڑ جانا (ا۔محاورہ) عزت جاتی رہنا۔
آبروبنانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت پیدا کرنا ❷ حیثیت ٹھیک کرنا۔
آبروبچانا ❶ عزت بچانا ❷ عصمت وناموس محفوظ رکھنا۔
آبروتھامنا (ا۔محاورہ) ❶ قدرومنزلت قائم رکھنا ❷ عزت محفوظ رکھنا۔
آبروٹکے کی ہوجانا (ا۔محاورہ) ❶ ساکھ جاتی رہنا ❷ عزت مٹ جانا۔
آبروبخشنا (ا۔محاورہ) ❶ مرتبہ بڑھانا ❷ بزرگی دینا ❸ توقیر بڑھانا۔
آبروبرباد ہونا (ار۔محاورہ) ❶ بدنام ہونا ❷ بے عزت ہونا ❸ عصمت گنوابیٹھنا۔
آبروبڑھانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت میں اضافہ کرنا ❷ توقیر زیادہ کرنا ❸ مرتبہ بڑھانا۔
آبروبڑی دولت ہے۔ (ا۔محاورہ) عزت بڑی چیز ہے۔
آبروبگڑنا (ا۔محاورہ) ❶ ذلیل ہونا ❷ بے حیثیت ہونا ❸ بے عزت ہونا۔
آبروپانی ہونا (ا۔محاورہ) ❶ عزت برباد ہونا ❷ خوار ہونا۔
آبروپرپانی پھرجانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت جاتی رہنا ❷ قدر جاتی رہنا ❸ بےعصمت ہوجانا۔
آبروپرحرف آنا (ا۔محاورہ) ❶ عزت میں فرق آنا ❷ عزت کونقصان پہنچنا ❸ ذلیل ہونا۔
آبروپیدا کرنا (ا۔محاورہ) ❶ ناموری پیدا کرنا ❷ عزت حاصل کرنا ❸ ساکھ جمانا۔
آبروجاکےنہیں آتی (ا۔مثل) عزت ضائع ہوکر پھر حاصل نہیں ہوتی۔
آبروجان سے زیادہ عزیز ہے (ا۔مقولہ) عزت کا خیال جان سے زیادہ پیارا ہوتا ہے۔
آبروجگ میں رہے توبادشاہی جانیے (ا۔مثل) ❶ دنیا میں عزت سے زندگی بسر کرنا بادشاہی کے برابر ہے ❷ عزت بڑی دولت ہے۔
آبروچاہنا ❶ عزت کا خواہشمند ہونا ❷ عزت برقرار رکھنے کی کوشش کرنا۔
آبروخاک میں مل جانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت ختم ہوجانا ❷ بالکل عزت نہ رہنا۔
آبروخراب کرنا (ا۔محاورہ) ❶ عزت بگاڑنا ❷ بے عزت کرنا ❸ شان کے خلاف کوئی کام کرنا۔
آبرو دار (ف۔صفت۔فاعلی) ❶ عزت والا ❷ مرتبے والا ❸ غیرت مند۔
آبرودوکوڑی کی ہوجانا (ا۔محاورہ) عزت ختم ہوجانا۔
آبروڈبودینا (ا۔محاورہ) عزت کھونا۔
آبروڈوب جانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت جاتی رہنا ❷ قدرومنزلت ختم ہوجانا۔
آبروریزی (ا۔محاورہ) ❶ بےعزتی ❷ ذلت ❸ عصمت دری۔
آبروسلامت رہنا (ا۔محاورہ) ❶ عزت قائم رہنا ❷ عصمت باقی رہنا۔
آبروسنبھالنا (ا۔محاورہ) عزت بچائے رکھنا۔
آبروسے پیش آنا (ا۔محاورہ) عزت کے ساتھ برتاؤ کرنا۔
آبروسے درگزرنا (ا۔محاورہ) ❶ عزت وحرمت کی پرواہ نہ کرنا ❷ عزت کو بالائے طاق رکھ دینا ❸ (آ۔محاورہ) عزت سے بسر کرنا۔ آن بان بنائے رکھنا۔
آبروسے ہاتھ (اٹھانا) دھونا۔ (ا۔محاورہ) عزت سے درگزر کرنا۔
آبروسے ہیں (ا۔محاورہ) ❶ عزت سے ہیں ❷ اچھے حال میں ہیں۔
آبروکابھوکا (ا۔محاورہ) مذکر۔ عزت کا خواہشمند۔
آبروکاپاس (ا۔محاورہ) مذکر۔ عزت کالحاظ وخیال رکھنا۔
آبروکاپیاسا (ا۔محاورہ) ❶ عزت کا خواہشمند ❷ کسی کی عزت کا دشمن۔
آبروکالاگوہونا (ا۔محاورہ) ❶ عزت کے پیچھے پڑنا ❷ بےعزتی کا خواہاں ہونا۔
آبروکرنا (ا۔محاورہ) ❶ خاطرداری کرنا ❷ عزت کرنا۔
آبروکی چیز (ا۔مؤنث) وہ چیز جس میں عزت ہو۔
آبروکے درپے ہونا (ا۔محاورہ) ❶ آبروکالاگوہونا ❷ عزت کے پیچھے پڑنا۔
آبروگنوانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت کھونا ❷ عصمت میں داغ لگانا۔
آبروگھٹانا (ا۔محاورہ) ❶ عزت کم کرنا ❷ بےقدری کرنا ❸ پہلی سی عزت نہ کرنا۔
آبروگرہ میں باندھنا (ا۔محاورہ) عزت کو بہت عزیز رکھنا۔
آبرولٹنا (ار۔محاورہ) ❶ عصمت خراب کرنا ❷ عزت اور مرتبے کا برباد ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

آبرو ملنا (ا۔محاورہ) عزت حاصل ہونا۔
آبرو میں بٹا لگ جانا (ا۔محاورہ) عزت میں خلل پڑ جانا۔
آبرو میں (واغ) دھبہ لگ جانا۔ (ا۔محاورہ) عزت میں خلل پڑ جانا۔
آبرو ہونا (ا۔محاورہ) ① قدر ہونا ② عزت ہونا ③ رتبہ بڑھنا۔
آبلہ بہنا۔ چھالے سے پانی جاری ہونا۔
آبلہ پا۔ (ف۔ا) مذکر۔ وہ آدمی جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔
آبلہ پائی۔ پاؤں میں چھالا پڑنا۔
آبلہ پڑنا ① چھالے کا پیدا ہونا ② چھالا نمودار ہونا۔
آبلہ پکنا۔ چھالے میں پیپ پڑنا۔
آبلہ پھوٹ بہنا۔ چھالے کا پھوٹ کر رطوبت جاری ہونا۔
آبلہ پھوٹنا ① چھالا ٹوٹنا ② حسرت نکلنا ③ دل کا غبار نکلنا۔
آبلہ پھوڑنا ① چھالا توڑنا ② حسرت نکلنا ③ دل کا غبار نکالنا۔
آبلہ پیدا ہونا ① چھالا نکلنا ② پھپھولا نمودار ہونا۔
آبلہ پکنا۔ چھالے میں جلن پیدا ہونا۔
آبلہ توڑنا۔ آبلہ پھوڑنا۔
آبلہ ٹوٹنا۔ چھالا پھوٹنا۔
آبلہ چھلنا۔ چھالے میں خراش ہونا۔
آبلہ دار ① چیچک رو ② وہ آدمی جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔
آبلہ دل۔ وہ سوزش جو رشک وحسد سے دل میں پیدا ہو، اسے دل کا چھالا قرار دیتے ہیں۔
آبلہ ڈالنا۔ چھالا پیدا کرنا۔
آبلہ رو۔ منہ پر چیچک کے داغ رکھنے والا۔
آبلہ فرنگ (ف۔ا)۔ مذکر ① آتشک ② باد فرنگ کی بیماری جس کے باعث جسم پر چھالے پڑ جاتے ہیں۔
آبلہ مرجھانا۔ چھالے خشک ہونا۔
آبلے بھرنا۔ چھالے میں رطوبت کا بھر جانا۔
آبنوس (ع۔ا) مذکر۔ ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی سخت وزنی اور سیاہ ہوتی ہے۔
آبنوس کا کندہ (ا۔ع) مذکر ① آبنوس کا ٹکڑا ② موٹا اور کالا آدمی۔
آبنوسی (ا۔صفت) ① سیاہ رنگ کا کالا ② آبنوس سے بنا ہوا۔

آبنی سرا اپنے چھوڑ پرائی آس (ا۔مثل) مصیبت پڑ جانے پر دوسروں سے امید نہیں رکھنی چاہیے۔
آبی (ف۔صفت پانی سے منسوب) ① پانی میں رہنے والا ② خمیری روٹی کی ایک قسم ہلکا ہلکا نیلا رنگ۔ نمی۔ گیلا پن۔
آبی برج۔ ① آسمان کے وہ برج جن کی صفت آبی ہے یعنی سرطان ② عقرب اور حوت۔
آبی حرف۔ ابجد کے حساب سے سات حُرف جن کی صفت آبی بیان کی گئی ہے یعنی ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث اور ظ۔

## آ ← پ

آپ (ہ) ① غائب اور حاضر کی ضمیر ہے جو تعظیم کے موقع پر بولی جاتی ہے ② خود اپنی ذات ③ خدا ④ روح ⑤ جان آتما ⑥ قدرت ⑦ ہوش خود بخود۔
آپ آپ کرنا (ا) فعل ① تعظیم کرنا خوشامد کرنا ② نہایت عزت سے مخاطب کرنا۔
آپ آئے بھاگ آئے (ہ) مثل ① گویا ② آپ کے آنے پر ہماری قسمت جاگ اُٹھی۔
آپ ہی آپ ہیں وہ وہی (ا۔مثل) آپ میں اور اس میں بڑا فرق ہے۔
آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا (ا۔محاورہ) ① اپنا نقصان خود کرنا ② خود اپنے آپ کو تباہ کرنا۔
آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (ہ) ① اپنے لئے خود باعث خرابی ہونا ② اپنے پاؤں پر آپ کلھاڑی مارنا۔
آپ آپ کو (ا) ① ضمیر ہے ② الگ الگ ③ علیحدہ علیحدہ ④ جدا جدا۔
آپ آپ میں (ہ) ① جدا جدا ② آپس میں باہم۔
آپ بیتی (ہ) مؤنث ① اپنی سرگذشت اپنی رام کہانی ② اپنے اوپر گزری ہوئی۔
آپ بیتی کہوں کہ جگ بیتی (ہ) اپنے اوپر گذری ہوئی سناؤں یا اِدھر اُدھر کی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

آپ جانیں اور آپ کا کام (ہ) ① آپ اپنا کام سنبھالیں ② ہم ذمہ دار نہیں۔

آپ خوار دی آپ مرادی (ہ) عورتوں کا محاورہ ہے ① تنہا خور آدمی ② وہ شخص جو اپنے کنبے میں بانٹ کر نہ کھادے بے فکرا بے پرواہ۔

آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (ہ) اپنی جان گئی تو گویا جہان ہی مرگیا۔

آپ زندہ جہان زندہ آپ مردہ جہان مردہ (ہ) مثل۔ جان ہے تو جہان ہے۔

آپ سے آپ (ہ) ① آپ ہی آپ ② خود بخود بھی بلائے۔

آپ سے جانا (ہ) ① بے ہوش ہونا ② جان سے جانا ③ بن بلائے جانا۔

آپ سے گزر جانا (ہ) ① مرجانا ② بیہوش ہو جانا ③ گھمنڈ اور غرور کرنا۔

آپ سے گیا جگ سے گیا/آپ سے گیا جہاں سے گیا (ہ) جو شئے اپنے قبضہ سے نکل گئی وہ گویا دنیا ہی میں نہیں رہی۔

آپ فصیحت اور کو نصیحت (ا) آپ برائیاں کرنا اوروں کو منع کرنا۔

آپ کاج مہا کاج (ہ) مثل ① اپنے ہاتھ سے کیا ہوا سب سے عمدہ اور تسلی بخش ہوتا ہے ② جو کام اپنے ہاتھ سے کیا جائے وہی مفید ہوتا ہے ③ غیر کے ہاتھ کا کام ایسا اچھا نہیں۔

آپ کو دور کھینچنا (ہ) مثل ① اترانا ② گھمنڈ کرنا ③ دوسروں سے نفرت کرنا ④ دوسروں کی نسبت اپنے آپ کو بہت بڑا جاننا۔

آپ کو بھولنا (ہ) ① اپنی اصل کو فراموش کرنا ② مغرور ہونا۔

آپ کھائے بلی کو بتائے (ہ) اپنا قصور دوسرے کے سر تھوپنا۔

آپ کا بایاں قدم لیجئے (ہ) ① کسی فسادی آدمی کو فتنہ اور چالاکی کا اُستاد ماننا ② آپ بڑے چالاک ہیں شریر اور بدمعاش ہیں۔

آپ کا قطع کلام ہوتا ہے (ا) دوسرے کی بات میں بات کرتے وقت عذر کے طور پر بولا جاتا ہے۔

آپ کا کیا بگڑتا ہے/آپ کا کیا جاتا ہے/آپ کا کیا لیتا ہوں (ہ) اس میں آپ کا کیا ہرج ہے۔

آپ کا گھر ہے (ہ) محاورہ۔ تواضع کے طور پر کہا کرتے ہیں۔

آپ کا منہ ہے/آپ کا پاس ہے (ہ) محاورہ ① آپ ہی کا لحاظ ہے ② یہ سب کچھ آپ ہی کی خاطر ہے۔

آپ مرے جگ پرلو/آپ موئے جہان موا/آپ موئے تو جگ موا (ہ) محاورہ۔ اپنی جان ہے تو دنیا بھی ہے۔

آپ میاں صوبیدار گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (ہ) محاورہ۔ طنزاً ایسے شخص کی بابت بولا کرتے ہیں جو غریبی میں امیرانہ ٹیپ ٹاپ رکھے۔

آپ میاں منگتے باہر کھڑے درویش۔ محاورہ۔ خود میاں بھوکے ہیں اوروں کو کیا دینگے۔

آپ میں آنا (ہ) ① ہوش سنبھالنا ② تکبر چھوڑنا غرور کو دور کرنا۔

آپ میں نہ رہنا (ہ) محاورہ ① ہوش سنبھالنا ② بیہوش ہو جانا ③ بخیر ہونا۔

آپ ہارے بہو کو مارے (ہ) محاورہ ① اپنی ذلت دوسرے کے سر دھرنا ② قصور اپنا سزا دوسرے کو۔

آپ ہی آپ (ہ) ① ضمیر ② خود بخود ③ خود۔

آپ ہی آپ باتیں کرنا (ہ) ① فعل سودائی ہونا ② بڑبڑانا ③ دیوانہ ہونا۔

آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے (ا) ① آپ ہی کا طفیل ہے ② آپ ہی کی بدولت ہے۔

آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں۔ عورتوں کا محاورہ ہے۔ ① بناؤ سنگار میں مصروف ہیں ② دماغ دار ہیں۔

آپا (ہ۔ا) مؤنث ① بڑی بہن ② (مذکر) اپنی ذات ③ نفس ④ من ⑤ اپنا آپ۔

آپا دھاپی (ا۔ا) مؤنث ① اپنی اپنی دھن ② اپنی اپنی فکر۔

آپے سے باہر ہو جانا (ہ) ① حد اعتدال سے گزر جانا ② غصہ میں بیخود ہو جانا خوشی کے وقت اپنے آپ کو قابو میں نہ رکھنا۔

آپٹوفون (ای۔ا) مذکر آلہ جدا نما ① یعنی وہ آلہ جو روشنی کو آواز میں بدل دیتا ہے۔

آپریٹر (ای۔ا) مذکر/مشین چلانے والا۔

Join us on WhatsApp Naveed Bai 03149077218

آپس (ہ۔ا) مؤنث ❶ رشتہ داری ❷ میل جول ❸ قرابت۔

آپس داری (ا۔ا) مؤنث ❶ باہم میل جول ❷ قرابت۔

آپس کا معاملہ (ا۔ا) مذکر ❶ گھر کی بات ❷ نجی بات۔

آپس کی پھوٹ (ا۔ا) مؤنث۔ باہمی نااتفاقی۔

آپس میں گرہ پڑنا (ا) فعل ❶ آپس میں دشمنی ❷ باہمی رنجش ہونا۔

آپس میں رہنا (ا۔محاورہ) اتفاق سے رہنا۔

آپے (ا۔ا) مذکر۔ اپنی ذات۔

## آ ← ت

آتا (ہ) مذکر ❶ قرضہ ❷ دینا لینا ❸ آنا ❹ مصدر سے ماضی تمنائی کا صیغہ ہے۔ آنے والا ❺ جاننا۔ جیسے نہ تیمّم مجھے آیا نہ وضو آتا ہے۔

آتا جاتا (ہ) صفت ❶ راہی آدمی ❷ مسافر سالک ❸ راہرو ❹ ناپائدار۔

آتا بھلا نہ جاتا (ہ) محاورہ۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کے آنے جانے میں نقصان ہی نقصان ہو۔

آتے جاتے (ا۔ا) حالیہ ❶ چلتے پھرتے ❷ راہ گلی میں۔

آتش (ف) اسم مؤنث ❶ آگ ❷ آنچ ❸ نور ❹ تجلی ❺ شراب۔ ❻ اسم مذکر۔ خواجہ حیدر علی ولد خواجہ علی بخش لکھنوی شاگرد مصحفی کا تخلص بھی ہے جو ۱۲۶۳ء میں فوت ہوئے۔

آتشباز (ف) اسم مذکر۔ ❶ آگ سے کھیلنے والا ❷ یعنی بارود کی چیزیں بنانے والا۔

آتشبازی (ف) مؤنث ❶ بارود کے کھلونے بنانا ❷ آگ کا کھیل۔

آتش بے دود (ف) مؤنث ❶ شراب مے دارو ❷ آفتاب غصہ۔

آتش پرست (ف) اسم مذکر ❶ آفتاب کی پرستش کرنے والا ❷ آگ پوجنے والا پارسی ❸ زردشت کا پیرو۔

آتش تر (ف) مؤنث۔ شراب۔

آتش خانہ (ف) اسم ظرف مذکر ❶ آتش پرستوں کا مندر ❷ آگ رکھنے کی جگہ۔

آتش خُو (ف) مذکر۔ اسم صفت ❶ بڑا غصہ والا تیز مزاج ❷ جلتے تن۔

آتش دان (ف) اسم مذکر ظرف مکان ❶ انگیٹھی ❷ بُرسی ❸ چولھا۔

آتش رخ (ف) اسم مذکر ❶ چمکدار چہرے والا ❷ معشوق ❸ دلبر ❹ سجن۔

آتش زبان/ آتش بیان (ف۔ا) مذکر ❶ طرّار ❷ تیز بولنے والا ❸ ایسا مقرر جو اپنی تقریر سے دلوں میں آگ لگا دے ❹ مؤثر بیان شاعر۔

آتش زدگی (ف) اسم مؤنث ❶ آگ لگ جانا ❷ کسی چیز کا آگ میں جل جانا ❸ پھونک دینا۔

آتش طبع (ف ء) اسم صفت۔ مذکر۔ ❶ تندمزاج ❷ زودفہم۔

آتش فشان (ف) مذکر ❶ آگ برسانے والا ❸ وہ پہاڑ جس سے آگ دھواں لاوہ نکلتا ہو۔

آتشک (ف) گرمی کی بیماری بادفرنگ۔

آتشک کا پرکالہ (ف ہ) اسم مذکر ❶ آگ کا شعلہ ❷ بھبھوکا ❸ مجازاً معشوق شریر ❹ فسادی ❺ گورا چٹا ❻ چھیلا بانکا ❼ دانا ❽ عقل کا پتلا۔

آتشک کا مارا ہواؔ (ہ) مذکر۔ وہ شخص جسے آتشک کی بیماری نے جلا دیا ہو۔

آتشکدہ (ف) اسم مذکر ظرف مکان وہ مکان جہاں آتش پرست لوگ آگ کی پوجا کرتے ہیں، اس کی آگ کبھی بجھنے نہیں دیتے، آگ کا گھر۔

آتشکیا (ا) اسم مذکر۔ وہ شخص جسے مرض آتشک ہو۔

آتش گیر (ف) ❶ چمٹا ❷ دست پناہ ❸ سپنا ❹ آگ پکڑنے والا۔

آتش مزاج (ف) صفت مذکر ❶ غصیلا ❷ تندمزاج ❸ تیزخو والا جن اور شیطان کو کہہ دیتے ہیں۔

آتش مزاجی (ف) اسم مؤنث ❶ گرم مزاجی ❷ جھلاپن۔

آتش موسےٰ (ف) مؤنث۔ وہ آگ کا شعلہ جو حضرت موسےٰ نے کوہ طور پر دیکھا تھا اور جس کی تجلی سے بیہوش ہو گئے تھے۔

آتشناک (ف) مذکر ❶ غصہ دار ❷ تندخو ❸ تیزمزاج۔

Join Us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**آتش نمرود** (ف) مؤنث ① وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کے جلانے کو جلائی تھی اور حضرت ابراہیمؑ پر گلزار ہو گئی تھی۔

**آتشی** (ف) مذکر ① صفت ہے اس میں ای فاعلیت کی ہے ② آگ کا ③ گرم حرارت والا ④ جن ⑤ پری۔

**آتشی برج** (ف) اسم مذکر ① نجومیوں کی تقسیم کے مطابق تین برج حمل اسد ② قوس یعنی میکھ ③ سنگھ ④ دھن ⑤ عنصر آتش سے تعلق رکھتے ہیں۔

**آتشی حرف** (ف) علم جعفر والوں نے حروف ابجد کو سات سیاروں اور اربعہ عناصر پر تقسیم کیا ہے۔ چنانچہ ا۔ ہ۔ ط۔ ف۔ ش۔ ذ۔ م۔ یہ سات حروف آتشی قرار دیے ہیں۔

**آتشیں** (ف) صفت ① جلا دینے والی چمکدار ② آگ کا ② آتش فشاں۔

**آتشیں رخ / رخسار** (ف۔ا) مذکر ① آگ کی طرح دہکتا ہوا چہرہ ② آگ کی طرح دہکتے ہوئے رخسار۔

**آتما** (ہ) اسم مؤنث ① روح ② جان ③ آپا ④ دل من ⑤ جسم ⑥ کایا ⑦ بھوک ⑧ پیٹ۔

**آتما ٹھنڈی ہونا** (ہ) ① بھوک کی آگ بجھنا تسلی ہونا ② جی خوش ہونا ③ روح تازہ ہونا۔

**آتما ستنا/آتما کلپانا** (ہ) ① دل دکھانا ② جان کو تکلیف دینا۔

**آتما کی آنچ** (ا۔ا) مؤنث ① ماں باپ کی محبت ② مامتا۔

**آتما مسوسنا** (ہ) ① بھوک مارنا ② نفس کشی کرنا ③ مسوسنا ④ بمعنی مروڑنا ⑤ دل پکڑ کر رہ جانا۔

**آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے** (ہ) محاورہ ① پیٹ بھرے تو عبادت الٰہی کا خیال ہو ② بھوکے سے عبادت نہیں ہوسکتی۔

**آتم گھات** (ہ) ① آتم بمعنی روح ② گھات بمعنی مارنا ③ خودکشی فنائے روح۔

**آتو/آتون** (ترکی لفظ ہے) مؤنث۔ ① لڑکیوں کا لکھنا پڑھنا ② سینا پرونا وغیرہ سکھانے والی عورت ③ اُستانی۔

**آتی پاتی** (ہ) مؤنث ① اتا پتا ② ایک کھیل کا نام ہے جو دیہات میں لڑکے کھیلا کرتے ہیں۔

## آ ← ٹ

**آٹا** (ہ) مذکر ① پسا ہوا اناج ② چکی میں پیسا ہوا غلہ ③ فارسی آرد۔

**آٹا کرنا** (ہ) فعل ① باریک پیسنا ② دکھ دینا ③ پیس ڈالنا۔

**آٹے کی آپا** (ہ) مؤنث ① بیوقوف عورت ② بھولی ست۔

**آٹے کا چراغ / آٹے کا دیا** (ہ) محاورہ ① ہر جگہ خطرہ میں رہنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں ② نہ گھر میں بیخوف نہ باہر امن۔

**آٹے کیساتھ گھن بھی پس گیا** (ہ) مثل بڑوں کے ساتھ چھوٹے مفت میں مصیبت میں پھنسے۔

**آٹے میں نمک** (ہ) محاورہ ① ذرا سا ② تھوڑا سا ③ نہایت واجبی۔

**آٹے دال کا بھاؤ کھلنا** (ہ) محاورہ ① مصیبت کا پتہ لگنا ② دُکھ درد میں پھنسنا۔

**آٹنا** (ہ۔ مصدر) ① پر کرنا ② بھرنا۔

**آٹو گراف** (ای۔ا) مذکر ① اپنے دستخط ② اپنی تحریر۔

**آٹو میٹک** (ای۔ا) صفت ① خودکار ② خود بخود چلنے والی۔

**آٹھ** (ہ) ① عدد ۸۔ ② فارسی ہشت۔

**آٹھ اٹھارہ اٹھائیس** (ہ) ① پریشان ② تتر بتر ③ منحوس تاریخیں سمجھی جاتی ہیں۔

**آٹھ اٹھارہ کرنا** (ہ) محاورہ۔ ① پریشان کرنا ② تتر بتر کرنا۔

**آٹھ آٹھ آنسو رونا** (ہ) محاورہ ① زار زار رونا ② بہت ہی رونا۔

**آٹھ بار نو تیوہار** (ہ) مثل ① عیش وعشرت منانے کے موقعہ پر بولتے ہیں ② یعنی آٹھ دن اور نو میلے۔

**آٹھ پہر** (ہ) مذکر ① ہر وقت ② ہر آن ③ ہر گھڑی ④ چوبیس گھنٹے ⑤ دن رات۔

**آٹھ پہر سوگی** (ہ) مثل۔ ہر وقت ماتم اور سوگ میں۔

**آٹھ پہر سولی ہے۔** (ہ) ① ہر دم موت موجود ② ہر وقت مرنے کا کھٹکا۔

**آٹھ پہر سولی پر رہنا** (ہ) ہر وقت دکھ اور مصیبت میں رہنا۔

**آٹھواں** (ہ) کسی شیئے کا آٹھواں حصہ۔

**آٹھوں گانٹھ کمیت** (ہ) محاورہ ① جس کے آٹھوں جوڑ یعنی چاروں ٹخنے اور چاروں گھٹنے مضبوط اور سیاہ ② چالاک ③ عیار ④ پکا بدمعاش ⑤ نہایت شریر ⑥ پانچوں عیب شرعی والا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140[illegible]218

آٹھویں ساتویں (ہ)❶ گاہ بگاہ کبھی کبھار❷ گاہے بگاہے۔

## آ ← ث

آثار (ء) مذکر❶ اثر❷ جمع ہے❸ پاؤں کا نشان❹ علامت❺ اردو میں دیوار کی چوڑان کو بھی کہتے ہیں❻ بنیاد❼ ڈھنگ طرز۔

آثارِ باقی ہونا (ا۔محاورہ) نشان رہ جانا۔

آثار پائے جانا/آثار پیدا ہونا (ا۔محاورہ)❶ علامتیں موجود ہونا❷ علامتیں ظاہر ہونا۔

آثار خیر (ء)❶ اچھی نشانیاں❷ اچھی علامتیں۔

آثار متبرکہ (ء)❶ بزرگوں کے مزار❷ ولیوں کے مقبرے❸ نبیوں کے تبرکات۔

آثار قیامت (ء) مذکر۔ قیامت کے نشان۔

آثار نیک و بد (ء) بھلی بری نشانیاں اچھے بُرے شگون۔

آثم (ء) مذکر❶ گنہگار❷ خطاوار❸ قصوروار❹ مجرم۔

## آ ← ج

آج (ہ)❶ موجودہ دن❷ امروز❸ زمانہ حال۔

آج برس کے پھر نہ برسوں (ا) مثل❶ بارش کی کثرت کے وقت تنگ آکر بولتے ہیں یعنی بادل کہتا ہے کہ آج ہی کسر نکال لوں❷ سارے بدلے آج ہی لے لوں۔

آج زبان کھلی ہے کل بند (ا)❶ اپنی سچائی اور صفائی جتانے کے وقت بولا کرتے ہیں❷ زندگی کا کیا اعتبار آج مرے کل دوسرا دن۔

آج کدھر بھول پڑے (ا۔محاورہ) اچانک کس طرح آگئے۔

آج کدھر چاند نکلا (ا) محاورہ۔ کس طرح آنے کا موقع مل گیا۔

آج کریگا کل پائیگا (ا) جو نیکی بدی دنیا میں کرے گا اس کا بدلہ پائے گا جیسا کریگا ویسا بھریگا۔

آج کس کا منہ دیکھا ہے (ا) محاورہ❶ کام بگڑے❷ تکلیف پیش آنے پر تمام دن حیران رہنے پر بولتے ہیں❸ خبر نہیں آج کسی منحوس کا منہ دیکھا ہے کام ہی نہیں بنا۔

آج کل (ہ) ظرف مکان❶ حال کا زمانہ قریب کا زمانہ❷ ماضی اور مستقبل کے لئے بولا جاتا ہے❸ عنقریب❹ جلدی❺ لیت ولعل سے کام لینا۔

آجکل بتانا (ہ) فعل❶ ٹالنا❷ حیلہ بہانا کرنا❸ ہاں ہوں کرتے رہنا۔

آج کل کرنا (ہ) جھوٹے وعدے کرنا۔

آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے (ہ)❶ محاورہ جلدی میں کام نہیں ہوا کرتا ہر کام اپنے وقت پر ہوتا ہے❷ چنانچہ آج کے تھپے ہوئے اُپلے آج ہی نہیں جلنے کے❸ ذرا سوکھنے دو سب کچھ ہو جائے گا۔

آج مرے کل دوسرا دن (ہ) محاورہ❶ دنیا کی ناپائیداری اور بے ثباتی کے موقعہ پر کہا کرتے ہیں❷ زندگی ناپائیدار ہے ادھر مرے اُدھر دن گزرنے شروع ہو گئے۔

## آ ← چ

آچا (ت) اسم مؤنث❶ لغوی معنی تو باپ❷ دادا نانا کے ہیں مگر محاورے میں تعظیماً بوڑھی نوکرانی کو کہتے ہیں❸ قدیمی ماما❹ خادمہ۔

اچار (ف) مذکر❶ پھل وغیرہ❷ جس کو سرکہ، پانی یا تیل میں مصالحوں کے ذریعہ کھٹا کر لیا جائے۔

آچار ڈالنا (ا)❶ اچار بنانا❷ بند کرنا❸ قید کرنا❹ روک رکھنا۔

آچار کرنا/اچار نکالنا (ہ) محاورہ❶ سخت مارنا❷ بہت پیٹنا۔

آچاری (ہ) مؤنث❶ اچار کی ہانڈی❷ اچار رکھنے کا برتن۔

آچمن (ہ) مذکر❶ کلی کرنا❷ منہ صاف کرنا❸ کھانا کھانے کے بعد۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

## آ ← خ

آخ (ا) ① حقارت کا کلمہ ② نفرین کے لئے بولتے ہیں ③ کھنکھارے کے آواز۔

آخ تھو (ا) حقارت کا کلمہ ہے ① لعنت ② پھٹکار ③ نفرت کے اظہار کے واسطے آتا ہے ④ کھنکھارنے کے ساتھ تھوکنے کی آواز۔

آخ تھو کہتے ہیں۔ (ا) ① جب کوئی چیز آدمی کے ہاتھ نہیں لگتی تو اس میں عیب نکال کر اپنے دل کو تسلی دے لیتا ہے ② ایسے موقعہ پر طنزاً یہ مثل بولی جاتی ہے۔

آخاد (ع۔ا) عدد ① احد کی جمع ایک سے نو تک گنتی ② اکائیاں۔

آختہ (ف) مذکر ① اختہ عوام بولتے ہیں ② خصی ③ بدھیا ④ خصیئے نکالا ہوا۔

آختہ کرنا (ا۔مصدر) ① نامرد بنانا ② ہجڑا بنانا۔

آخر (ع۔ا) صفت ① پچھلا ② انتہا ③ ختم ④ انتقال ⑤ بہرحال ⑥ انجام کار۔

آخر آدمی نے کچا دودھ پیا ہے (ا) محاورہ۔ بھول اور غلطی انسان کی طبیعت اور سرشت میں ہے۔

آخرالامر (ف) ① آخرکار ② انجام کار آخرکو۔

آخر بین (ف) ① دوراندیش ② انجام سوچنے والا ③ وہ شخص جسے دور کی سوجھے۔

آخرکار (ف۔ع) متعلق فعل ① انجام کار ② الغرض۔

آخرت (ء) مؤنث ① پرلوک ② دوسری دنیا ③ وہ جہان جہاں موت کے بعد اعمال کی جزا و سزا ملے گی ④ عقبےٰ۔

آخرت سنوارنا (ا) ① اپنی انجام عاقبت درست کرنا ② نیکی کرنا ③ بخیر ہونے کی تقدیر۔

آخر زمان (ف) ① وقت پیری ② آخری وقت ③ اخیر سما ④ قرب قیامت ⑤ کلجگ۔

آخری اُتارنا یا آخری اُٹھانا (ا) محاورہ ① آفت برپا کرنا ② بدزبان کرنا۔

آخری بہار (ف) بہار کا اخری حصہ عمر انسانی کا آخیر حصہ۔

آخری چہار شنبہ (ف) مذکر ① صفر کا آخری بدھ ② اس دن حضرت محمدؐ نے بیماری سے افاقہ حاصل کر کے نواح مدینہ میں سیر فرمائی ③ لہٰذا مسلمان اس دن سیر و تفریح کرنا مبارک سمجھتے ہیں۔

آخری دیدار (ف) مرنے کے وقت بیمار کو دیکھنا۔ جس کے بعد پھر ملاقات نہ ہو۔

آخری وقت یا آخری دم (ف) مذکر ① نزع اور جان کنی کا وقت ② دم نزع۔

آخور (ف) مؤنث ① جانوروں کے چارہ گھاس کھانے کی جگہ ② طویلہ ③ ردی ④ سڑی بُسی ⑤ نکمی ⑥ خراب۔

آخور کی بھرتی (ا) محاورہ ① ردی اور ناکارہ چیزیں جمع کر لینا۔

آخون یا اخوند (ف) مذکر ① معلم ② استاد پڑھانے والا۔

آخون زادہ (ف) مذکر ① اُستاد زادہ ② اُستاد کا بیٹا۔

## آ ← د

آد (ہ) صفت ① آغاز ② ابتدا ③ شروع ④ ازل ⑤ ہمیشہ ⑥ سدا۔

آداب (ء) اسم مذکر ① ادب کی جمع ② تربیت یافتہ ③ قاعدے طریقے ④ دستور رسم ⑤ ہر چیز کی حد سلیقہ ⑥ سلام ⑦ کورنش ⑧ بندگی۔

آداب بجانا/آداب بجالانا (ا) فعل ① سلام کرنا ② بندگی کرنا ③ ادب ظاہر کرنا ④ احسان ماننا۔

آداب تسلیمات (ا) ① تعظیم و تکریم کرنا ② سلام بجالانا۔

آداب سکھانا (ا) ① فعل طریقہ بتانا ② قاعدہ سکھانا ③ اخلاق درست کرنا۔

آداب جن (ف۔ا) مذکر/کسی ہنر کے اصول اور قاعدے۔

آداب مجلس (ء) مجلس میں بات چیت کرنے کے قاعدے۔

آداب والقاب (ء) مذکر ① خط کا سرنامہ ② خط شروع میں مکتوب

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

الیہ کے درجے کے مطابق تعریف ودعا۔

آدر (ء) اسم مذکر ① عزت ② خاطر تواضع ③ آؤ بھگت۔

آدرش (س۔ا) مذکر ① آئینہ ② نمونہ ③ اصول ④ سیرت ⑤ نصب العین۔

آدم (ء) مذکر ① انسان ② سب سے پہلا آدمی ③ باوا آدم جس سے دنیا میں انسانی نسل پھیلی۔

آدم بے سایہ (ف) ① حضرت محمدؐ سے مراد ہے ② بے یارومددگار ③ لاثانی۔

آدم ثانی (ء) ① حضرت نوحؑ ② چونکہ آپ کے عہد میں عام دُنیا طوفان سے تباہ ہوگئی تھی ③ آپ ہی کی نسل سے دُنیا پھر آباد ہوئی۔ لہٰذا انہیں آدم ثانی کہتے ہیں۔

آدم خاکی (ف) مذکر ① خاک کا بنا ہوا آدمی ② خاک کا پتلا۔

آدم خور (ف) مذکر۔ آدمی کو کھا جانیوالے جنگلی لوگ۔

آدم زاد (ف) مذکر ① آدمی کی اولاد ② آدم نسل وانسان۔

آدم شناس (ف۔صفت) فاعلی ① اچھے برے آدمی کا پہچاننے والا۔

آدم گری (ع۔ف) صفت ① انسانیت ② شرافت ③ آدمیت۔

آدمی (ف) مذکر ① آدم سے تعلق اور نسبت رکھنے والا ② بشر ③ ملازم قاصد ⑥ لائق ⑦ دانا نوکر آشنا ⑧ شوہر ⑨ باشندے۔

آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (ہ) مثل ① ہر آدمی میں فرق ہے کوئی اچھا کوئی بُرا ② سب یکساں نہیں ہوتے ③ انتر بمعنی فرق۔

آدمی اناج کا کیڑا ہے (ا) محاورہ۔ اناج کھا کر ہی زندہ رہ سکتا ہے۔

آدمی بننا (ا) فعل ① تمیزدار ہونا ② لائق بننا۔

آدمی بنانا (ا) درست کرنا ① سزا سے لائق کر دینا ② مہذب بنا دینا۔

آدمی پر آدمی گرنا (ا۔محاورہ) ① بہت بھیڑ ہونا ② زیادہ ہجوم ہونا۔

آدمی پانی کا بلبلا ہے (ا) محاورہ۔ خالی اور کمزور بے حقیقت ہے۔

آدمی سا کوئی پنکھیرو نہیں (ا) ① تھوڑی دیر میں کہیں کا کہیں چلا جاتا ہے ② آدمی کا ذہن دور دور پہنچ جاتا ہے ③ جہاں کوئی پرندہ پر بھی نہیں مار سکتا۔

آدمی نہ آدم زاد (ف) محاورہ ① سنسان ② ویرانہ جگہ ③ جہاں آدمی کا نام ونشان نہ ہو۔

آدمی ہو یا جانور/آدمی ہو یا گھن چکر (الف) محاورہ۔ بے تمیزی کے موقعہ پر کہتے ہیں۔

آدمیت (ء) مذکر ① انسانیت ② آدمی پن ③ تہذیب ④ شائستگی تعلیم ⑤ ملنساری۔

آدمیت آنا (ا) ① تہذیب آنا ② عقل آنا۔

آدمیت اُٹھ جانا (ا) ① شائستگی جاتے رہنا ② نیکی اور تمیز اور خوش خلقی کا اٹھ جانا۔

آدمیت پکڑنا (ا) فعل ① تہذیب حاصل کرنا ② شائستہ بننا۔

آدمیت سے گزر جانا (ا) محاورہ۔ عقل اور انسانیت کی باتیں چھوڑ جانا۔

آدمیت کے جامے میں آنا (ا۔محاورہ) شرافت اور انسانیت اختیار کرنا۔

آدھ (ہ۔صفت) ① آدھے کا مخفف ② کسی چیز کے دو برابر حصوں میں سے ایک حصہ۔

آدھ سیر آٹا (ا۔محاورہ) ① روزی ② پیٹ بھر آٹا ③ گزر اوقات کا ذریعہ۔

آدھا (ہ) ① نصف حصہ ② کسی چیز کے دُو برابر حصوں میں سے ایک حصہ۔

آدھا آپ گھر آدھا سب گھر (ہ) محاورہ ① لالچی آدمی کی نسبت بولتے ہیں ② آدھا لالچی کے پاس ہو اور آدھا ساری دنیا میں۔

آدھ پاؤ آٹا چوبارے رسوئی باہمنی کام سے بھی کھوئی (ہ) مثل ① کنگال ② شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں ③ بے حیثیت کام بے موقعہ کام کرنا۔

آدھا تیتر آدھا بٹیر (ہ) محاورہ ① جب بے تمیزی سے کوئی غلط ملط ہو جائے اس موقع پر بولا کرتے ہیں ② بے ڈھنگا کام بے قاعدہ ③ بے نظام ④ بے تمیزی کا کام۔

آدھار (ہ) مذکر ① سہارا ② وسیلہ ③ ذریعہ ④ خوراک ⑤ کھانا۔

آدھارہ جانا (ہ) ① لاغر ہو جانا ② کمزور ہو جانا گھٹ جانا۔

آدھا ساجھا (ہ) مذکر ① آدھے حصہ کی شراکت ② آدھم آدھ کی حصہ داری۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

آدھا سیسی (ہ) مذکر ① آدھے سر کا درد ② درد شقیقہ۔

آدھوڑی (ہ) مؤنث ① کھال ② چمڑا ③ چام ④ چرم۔

آدھی بات نہ پوچھنا (ہ) محاورہ ① قدر نہ کرنا ② برا جاننا ③ توجہ نہ کرنا حقیر سمجھنا۔

آدھی رات جمائی آوے شام سے منہ پھیلاوے (ہ) مثل۔ وقت سے پہلے ہی کسی کام کی تیاری کرنا۔

آدھے کا ساجھی برابر کی چوٹ (ہ) مثل ① آدھ کا شریک برابر کی حکومت کرتا ہے ② برابر حیثیت رکھنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

آدھی کو چھوڑ ساری کو جاوے/آدھی رہے نہ ساری پاوے (ہ) مثل ① بے صبر اور لالچی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں ② یعنی قابو کی تھوڑی چیز چھوڑ کر ساری کا لالچ کرنے والا آدھی بھی کھو بیٹھتا ہے۔

آدھمکنا (ہ) ① بے دھڑک چلے آنا ② بے روک ٹوک آجانا۔

آدیس یا آدیش (ہ) مذکر ① ارشاد ② حکم ③ اجازت ④ ہندو جوگیوں اور فقیروں کے سلام کرنے کا ڈھنگ ⑤ معتقدانہ کلام ⑥ حرف ندا بھی ہے۔

آدینہ (ف) مذکر ① جمعہ کا دن ② شکروار۔

## آ ← ڈ

آڈِٹ۔ (ای۔ا) مذکر ① حساب کی پڑتال کرنا ② پورا پورا حساب جانچنا۔

آڈٹنا (ہ) ① آموجود ہونا ② آجمنا ③ سختی سے آبیٹھنا۔

آڈیٹر (ای۔ا) مذکر ① محاسب ② حساب کی پڑتال کرنے والا۔

اڈیٹوریم (ای۔ا) مذکر سماعت گاہ یعنی وہ کمرہ جہاں تقریر کرنے اور بیٹھ کر آرام سے سننے کا انتظام ہو جاتا ہے۔

## آ ← ذ

آذار (ف۔ا) مذکر۔ چھٹا رومی مہینہ جو چیت یا مارچ میں آتا ہے۔

آذر (ف۔ا) مذکر ① ایرانی شمسی سال کا نواں مہینہ جو جنوری میں آتا ہے ② آگ میں چنگاری۔

آذر پرست (ف۔صفت) فاعلی ① پارسی ② آتش پرست ③ آگ پوجنے والا۔

آذوقہ (ع۔ا) مذکر ① روزی ② کھانا ③ روٹی کپڑا ④ نان نفقہ۔

## آ ← ر

آر (ہ) اسم مؤنث ① لوہے کی نوکدار کیل ② سانٹے کی لکڑی یعنی پینی میں لگاتے ہیں ③ مرغے کے پنجے کا کانٹا ④ چمڑا چھیدنے کا آلہ۔

آر (ا) مذکر ① اصل میں آرہ ہے ② لکڑی چیرنے کا اوزار جو لوہے کا دندار اور خمدار بنا ہوتا ہے۔

آر (صفت) ① آراستن سے اسم فاعل ② سجانے والا ③ آراستہ کرنیوالا جیسے انجمن آراء۔

آرا (ء) ① رائے کی جمع ② عقل ③ سمجھ۔ فکر۔

آراستگی (ف) اسم مؤنث ① سجاوٹ ② سنگار ③ زیب و زینت۔

آراستہ (ف) ① مذکر۔ سجا ہوا ② سنگارا ہوا ③ مزین ④ پرتکلف۔

آراستہ پیراستہ (ف) صفت ① سجا سجایا ② بنا سنوار ③ فرین۔

آراضی (ع۔ا) مؤنث ① اراضی ② زمین۔

آراکش (ف) مذکر ① اصل آرہ کشن ② آرے سے لکڑی چیرنے والا ③ ترکھان بڑھئی۔

آرا سر پر چل گیا تو بھی مدار ہی مدار (ا) مثل۔ سخت سے سخت تکلیف میں بھی اپنی بات پر جما رہا۔

آرام (ف) ① اسم مذکر ② چین ③ سکھ ④ ٹھہراؤ ⑤ نیند ⑥ نفع ⑦ کثرت ⑧ چھٹی۔

آرام پسند (ف) مذکر ① آرام پسند کرنیوالا سست ② کاہل آدمی۔

آرامِ جاں (ف) ① اسم مذکر ② دل آرام ③ معشوق ④ پیارا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

آرام چاہنا (ا) ① سکھ ڈھونڈنا ② چین کا طالب ہونا۔

آرام داں (ا) ① پان رکھنے کی چھوٹی سی پٹاری ② برجی دار پاندان۔

آرام دل (ف) مذکر۔ معشوق سے مراد لیتے ہیں۔

آرام دینا (ا) ① راحت پہنچانا ② سکھ دینا تندرست کرنا ③ صحت بخشنا۔

آرام سے پاؤں پھیلانا (ا) محاورہ ① بے فکر سونا ② چین سے لمبی تاننا ③ آزادی سے بسر کرنا۔

آرام طلب (ف) مذکر ① آرام ڈھونڈنے والا سست ② کاہل۔

آرام کرسی (ا) مؤنث۔ تکیہ دار کرسی جس پر آدمی بیٹھ اور سوسکتا ہے۔

آرام گاہ (ف) مذکر ① ظرف مکان ② سونے کی جگہ ③ آرام کی جگہ۔

آرام میں ہیں (ا) محاورہ ① سوتے ہیں ② استراحت فرما رہے ہیں۔

آرائش (ف) مؤنث ① سجاوٹ ② تکلف ③ وہ کاغذوں کی باغ باڑی جو امراء برات کے ساتھ لیجاتے ہیں۔

آربل (ہ) مؤنث ① عمر ② زندگی ③ حیات۔

آرپار (ہ) ① ایک سرے سے دوسرے سرے تک سوراخ ② آرپار چھید۔

آرپن کرنا (ہ) وقف ① صدقے کرنا ② نثار کرنا ③ خدا کی راہ میں دیدینا۔

آرتی (ہ) مؤنث۔ پیتل کے چراغ میں بتیاں روشن کر کے صبح وشام دیوتاؤں کی مورتیوں کے سامنے دکھانا اور ان کی تعریف کرنا۔ مجازاً صفت کن۔

آرٹ (ای۔ا) مؤنث۔ ہنر ① فن ② کاریگری ③ صنعت۔

آرٹسٹ (ای۔ا) مذکر ① صناع ② مصور ③ تصویر ساز۔

آرٹیکل (ای۔ا) مذکر ① اخبار یا مخزن مضمون ② قانونی دفعہ ③ معاہدہ کی شرط۔

آرٹیکلز آف وار (ای۔ا) مذکر ① ضابطہ جنگ ② آئین لشکری ③ قوانین افواج۔

آرچ بشپ (ای۔ا) مذکر ① پادری ② بڑا پادری ③ پاپائے اعظم ④ لاٹ۔

آرد (ف۔ا) مذکر۔ پسا ہوا آٹا۔

آرڈر (ای۔ا) مذکر ① حکم ② فرمان۔

آرڈر دینا/کرنا (ا۔ مصدر) مرکب۔ کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش کرنا۔

آرڈنری (ای۔ صفت) ① معمولی ② سرسری۔

آرڈی نینس (ای۔ا) مذکر ① ضابطہ ② حکم ③ قانون۔

آرزو (ف) مؤنث ① خواہش ② تمنا مراد مطلب ③ چاہت ④ امید ⑤ ایک شاعر کا تخلص ہے جس کا نام سراج الدین علیخان اکبر آبادی ہے محمد شاہ کے زمانہ میں ہوئے ہیں۔

آرزو برآنا/آرزو پوری ہونا/آرزو نکلنا (ا۔ محاورہ) ① امید برآنا ② خواہش کا پورا ہونا ③ آس پوری ہونا۔

آرزو کا خاک میں ملنا ① ناامید ہوجانا ② ارمان نہ نکلنا ③ جی کی جی میں رہ جانا۔

آرزو کا خون ہونا (ا) ① تمنا پوری نہ ہونا ② مطلب براری نہ ہونا ③ ناامید ہوجانا۔

آرزو کرنا (ا) خواہش کرنا۔

آرزومند (ف) ① ملتجی ② التجا کرنے والا ③ تمنا کرنے والا۔

آرسی (ہ) مؤنث ① آئینہ ② انگوٹھے میں پہننے کا ایک زیور جس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔

آرسی مصحف (ا، ع) قرآن شریف اور آئینہ جو دولہا دلہن کو نکاح کے بعد دکھاتے ہیں۔ مسلمانوں کی رسم ہے۔

آرکیسٹرا (ای۔ا) مذکر ① سازینہ ② سازندوں کا طائفہ ③ وہ نغمہ جو سازوں پر بجایا جائے۔

آرگن (ای۔ا) مذکر ① باجا ② اوزار ③ ترجمان ④ عضو۔

آروغ (ف) ڈکار۔

آری (ہ) مؤنث ① چھوٹا سا آرہ جس کے دستے کو صرف ایک ہاتھ سے کھینچتے ہیں ② اور لکڑی چیر لیتے ہیں ③ عاجز و تنگ و عورت کے لئے حرف ندا۔

آری آجانا (ہ) ① عاجز ہونا ② تنگ آجانا یہ لفظ دراصل عاری آجانا ہے ③ بولتے وقت اداء میں فرق معلوم نہیں ہوتا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

آریہ (س) مذکر ❶ بزرگ ❷ عزت دار ❸ بہت بڑا ❹ وہ قوم جو وسط ایشیا سے اُٹھ کر ہندوستان پر قابض ہوگئی جس کی زبان سنسکرت تھی کاشتکار۔

آرے بلے کرنا (ا) ❶ ہاں ہوں کر چھوڑنا ❷ ٹال مٹول کرتے رہنا ❸ بہانے بنانا۔

آرے چلنا (ا) ❶ مصیبت جھیلنا ❷ تکلیف سہنا ❸ دکھ اُٹھانا۔

## آ ← ڑ

آڑ (ہ) ❶ پردہ ❷ روک ❸ اوٹ ❹ سہارا ❺ پناہ ❻ ٹیک ❼ باڑھ۔

آڑا (ہ) مذکر ❶ ترچھا ❷ ٹیڑھا۔

آڑبند (ہ) مذکر ❶ لنگوٹ کا چھا ❸ لنگر۔

آڑ پکڑنا (ہ) ❶ پناہ لینا ❷ سہارا لینا ❸ اوٹ میں آجانا۔

آڑا ترچھا ہونا (ہ) ❶ ناراض ہونا ❷ غصے ہونا ❸ بگڑنا۔

آڑا گوڑا (ہ) ❶ کوڑا کرکٹ ❷ ناچیز اور بے حقیقت چیز ❸ کفایت ❹ کم خرچی۔

آڑ گوڑ (ہ) مؤنث ❶ لین دین ❷ حساب کتاب۔ معاملہ۔

آڑا گوڑی (ہ) مؤنث ❶ داؤ ❷ بیچ ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دینا۔

آڑو (ہ) مذکر۔ ایک مشہور پھل ہے جسے فارسی میں شفتالو بولتے ہیں۔

آڑھت (ہ) مؤنث ❶ ٹھیرنے کی جگہ وہ مقام یا دوکان جہاں بیوپاری لوگ مال بیچتے ہیں ❷ بکوانے کی اُجرت ❸ کمیشن۔

آڑھتی یا آڑھتیا (ہ) ❶ دستوری اور کمیشن لے کر لوگوں کا مال بکوانے والا ❷ گماشتہ ❸ ایجنٹ۔

آڑی (ہ۔ا) مذکر ❶ ٹیڑی ❷ مددگار ❸ کھیل کا ساتھی ❹ اپنا ساتھی۔

آڑی ترچھی سنانا (ا۔ محاورہ) ❶ برا بھلا کہنا ❷ ناراض ہونا ❸ بگڑنا۔

آڑے آنا (ہ) محاورہ ❶ مدد کرنا ❷ سہارا دینا ❸ کام آنا مدد دینا بلا سے کسی کو چھڑانا۔

آڑے ہاتھوں لینا (ہ) ❶ خوب خبر لینا ❷ سزا دینا ❸ گھسیٹنا ❹ شرمندہ کرنا ❺ لعنت ملامت کرنا ❻ درست کرنا ❼ ٹھیک بنانا ❽ دھمکانا۔

## آ ← ز

آز (ف) ❶ لالچ ❷ حرص ❸ طمع ❹ ہوس۔

آزاد (ف) ❶ بے تعلق ❷ نڈر ❸ مجرد ❹ (غلام کی ضد ہے) مولوی محمد حسین مصنف آب حیات اور کئی شاعروں کا تخلص بھی ہے ❺ فقیر۔

آزادانہ (ف) ❶ کھلے طور پر بے روک ٹوک ❷ بے لاگ لگاؤ ❸ بے تکلف۔

آزادہ رو۔ مذکر ❶ بے خطر آدمی ❷ بے خوف شخص ❸ نڈر بے تعصب۔

آزاد طبع (ف ء) مذکر ❶ طبیعت کا نڈر آدمی ❷ صاف ❸ بیدھڑک کہہ دینے والا۔

آزاد کا سونٹا (ا) مذکر ❶ فقیر کا ڈنڈا ❷ بیباک ❸ منہ پھٹ ❹ جیسے گنوار کالٹھ ویسے ہی آزاد کا سونٹا ❺ نہنگ آدمی۔

آزاد کا قشقہ (ا۔ا) مذکر ❶ فقیر ہونے کی نشانی ❷ ماتھے کا ٹیکا۔

آزاد منش (ف) مذکر ❶ صاف کہہ دینے والا ❷ وہ شخص جو کسی کو لاگ لپیٹ میں نہ رکھے۔

آزاد ہونا (ا) فعل ❶ چھوٹ جانا ❷ بری ہونا ❸ بے تعلق ہونا۔

آزادی (ف) مؤنث ❶ رہائی ❷ خلاصی ❸ نجات ❹ خودمختاری۔

آزادی بیچنا یا آزادی کرنا (ا) فعل ❷ غلامی اختیار کرنا ❷ محکوم بننا ❸ نوکری قبولنا۔

آزار (ف) مذکر ❶ روگ ❷ مرض ❸ دکھ تکلیف ❹ رنج۔

آزاری (ف) مذکر ❶ روگی ❷ دکھیارا ❸ بیمار۔

آرزدگی (ف۔ا) مونث ❶ خفگی ❷ بگاڑ ❸ ملال ❹ رنجش۔

آرزدہ (ف) صفت ❶ ناراض ❷ خفا ❸ رنجیدہ ❹ دکھی۔

آزمانا (ا) ❶ تجربہ کرنا ❷ امتحان کرنا ❸ جانچنا ❹ پرکھنا ❺ پیانا۔

آزمائش (ف) آزمودن کا حاصل مصدر تجربہ امتحان۔

آزمودہ کار (ف) مذکر ❶ تجربہ کار ہوشیار ❷ واقف کار۔

Join Us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

آزو بازو (ا۔ متعلق) فعل ① آس پاس ② ادھر اُدھر۔

## آ ← س

آس (ہ) اسم مؤنث ① امید ② آسرا ③ بھروسا ④ حمل ⑤ ساتھی ⑥ مدد۔

آس اولاد (ہ) اسم مؤنث ① بیٹا ② بیٹی۔

آس باندھنا (ہ) فعل ① امیدوار ہونا ② بھروسا کرنا ③ انتظار کرنا۔

آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مرجائے۔ (ہ) محاورہ۔ غیر کے بھروسے پر زندہ رہنے سے مرجانا بھتر ہے۔

آس پاس ہونا۔ (ہ) فعل۔ قریب تر ہونا۔

آس تجنا (ہ) فعل ① مایوس ہونا ② امید قطع کرنا۔

آس تکنا (ہ) فعل ① انتظار کرنا کسی کی امید میں رہنا ② متوقع ہونا ③ راہ دیکھنا۔

آس توڑنا (ہ) فعل ① ناامید کرنا ② امید منقطع کردینا۔

آس ٹوٹنا (ہ) فعل ① مایوس ہونا ② امید منقطع ہوجانا۔

آس دینا (ہ) فعل ① گویئے کو سر میں ساز یا آواز سے مدد دینا ② سہارا دینا۔

آس کا نام دنیا ہے (ہ) مثل ① امید ہی پر دنیا کے کام ہورہے ہیں ② دنیا با امید قائم ہے۔

آس ہونا (ہ) فعل ① امید ہونا ② پیٹ ہونا ③ حمل ہونا۔

آسا (ہ) مؤنث ① امید ② بھروسا ③ ایک راگنی بھی ہے جو صبح کے وقت گاتے ہیں۔

آسا (ف) حرف تشبیہ ① مثل ② مانند۔

آسا جیے نراسیا مرے (ا۔ مثل) انسان اُمید کے سہارے زندہ رہتا ہے، مایوس ہونے پر مرجاتا ہے۔

آسان (ف) مذکر ① صفت دُشوار کی ضد ہے ② سہل بے وقت سہج۔

آسانی (ف) مؤنث۔ سہولت سہج پن۔

آسائش (ف۔ا) مؤنث ① راحت ② آرام ③ سکھ۔

آستان / آستانہ (ف۔ا) مذکر ① چوکھٹ ② بارگاہ ③ بزرگ کا مقبرہ۔

آستان بوسی (ف۔ا) مؤنث ① چوکھٹ چومنا ② خدمت گاری ③ کسی بزورگ سے نیاز حاصل کرنا۔

آستین (ف) مؤنث۔ (آس بمعنی چھونا اور تین کلمہ نسبت) کلائی سے چھونے والا کپڑا اور کرتے وغیرہ کی بانہہ۔

آستین چڑھانا (ا) فعل ① تیار ہونا مستعد ہوجانا ② لڑائی کی تیاری ③ لڑنا۔

آستین کا سانپ (ا) محاورہ ① بغلی دشمن ② دوست ہوکر دشمنی کرنے والا مار آستین کا ترجمہ ہے۔

آستین میں سانپ پالنا (ا) محاورہ ① دشمن کی پرورش کرنا ② دشمن کو مدد پہنچا کر قوی تر کرلینا۔

آستین پکڑنا (ا) فعل ① کسی کے ساتھ جھگڑنا ② لڑائی کرنا ③ ٹھہرانا۔

آسر (ا) اسم مذکر ① بگاڑ ② قصائیوں کی زبان میں دس روپے۔

آسرا (ہ) سہارا ① بھروسہ وسیلہ ② توقع پناہ کی جگہ ③ مدد۔

آسرا پکڑنا / آسرا لینا (ہ) فعل ① امیدوار ہونا ② سہارا لینا۔

آسرا تکنا (ا۔ محاورہ) ① سہارا ڈھونڈنا ② راہ دیکھنا۔

آسکت (ہ) مؤنث ① سستی ② کاہلی ③ اونگھ ④ انگڑائی۔

آسمان (ف) مذکر ① آس بمعنی چکی اور آسمان کلمہ تشبیہ سے مرکب ہے آکاش ② بلند ③ اونچا ④ فلک۔

آسمان پر اُڑنا (ا) تکبر کرنا ① بڑھکر چلنا اترانا۔ اپنے آپ کو دور کھینچنا۔

آسمان پر تھوکنا (ا) ① نادانی کرنا ② شرمندگی کا کام کرنا ③ بیوقوفی کرنا۔

آسمان پر پہنچانا (ا) فعل ① ممتاز کرنا ② عزت دینا ③ کسی کی تعریف میں بیحد مبالغہ کرنا ④ بہت ہی خوشامد کرنا۔

آسمان پر دماغ ہونا یا دماغ کھینچنا (ا) ① غرور کرنا ② نہایت تکبر کرنا۔

آسمان ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (ا) ① سخت مصیبت کا نازل ہونا ② تباہ ہو جانا۔

آسمان جاہ (ف) مذکر ① بلند مرتبہ ② اونچے درجہ والا۔

آسمان زمین ایک کرنا (ا) بڑی جدوجہد کرنا ① سخت کوشش کرنا ② ہل چل ڈالنا ③ ہلڑ مچانا ④ بڑا تغیر برپا کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149677218

www.besturdubooks.net

آسمان زمین ایک ہونا (ا) فعل ❶ نہایت انقلاب آنا ❷ دنیا کا بدل جانا ❹ سخت مصیبت ٹوٹنا۔

آسمان زمین کا فرق (ا) ❶ بڑا بھاری فرق ❷ بہت ہی تفاوت بڑی دوری۔

آسمان زمین میں دھوم پڑنا (ا) فعل ❶ بڑی شہرت حاصل کر لینا ❷ دنیا میں نام پا جانا۔

آسمان زمین میں سناٹا ہو گیا یا چھا گیا۔ (ا) فعل ❶ نہایت خاموشی چھا گئی ❷ سب چپ ہو گئے۔

آسمان زمین کھا گئے (ا) فعل ❶ گم شدہ چیز کے نہ ملنے پر بولتے ہیں ❷ جب کہیں پتہ نہ چلے۔

آسمان زمین کے قلابے ملانا (ا) فعل ❶ نہایت جھوٹ بولنا ❷ عیاری کرنا ❸ چالاکی دکھانا۔

آسمان سر پر اٹھانا (ا) فعل ❶ شور مچانا ❷ اودھم ڈالنا۔

آسمان سے باتیں کرنا (ا) فعل ❶ آسمان چھونا ❷ بہت بلند ہونا۔

آسمان سے ٹکر کھانا۔ (ا) فعل۔ آسمان کی برابری کا دعویٰ کرنا۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (ا) مثل ❶ ایک جگہ سے بچا دوسری جگہ پھنس گیا ❷ ذرا سی رکاوٹ سے رک گیا ❸ سرکار سے چھوٹ گیا اور اہلکار کے پاس پھنس گیا۔

آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے (ا) مثل بھلے کی برائی میں اپنی ہی بدنامی۔

آسمان کو دیکھنا (ا) فعل خشک سالی میں بارش کا سخت انتظار کرنا۔

آسمان کو ہلا دینا (ا) ❶ آسمان کو لرزا دینا ❷ پراثر آہ کرنا۔

آسمان کے تارے توڑنا (ا) فعل ❶ نہایت چالاکی کرنا ❷ محال اور دشوار کام کرنا۔

آسمان کی سیر کرنا (ا) خیالات کی بلند پروازی کرنا۔

آسمان پر تھگلی لگانا (ا۔محاورہ) انتہائی چالاکی دکھانا فریب دینا۔

آسمان میں چھید کرنا (ا۔محاورہ) نہایت عیاری کرنا۔

آسمان میں چھید ہو جانا (ا) فعل سخت برسنا۔

آسمانی (ف) صفت ❶ آسمان کا۔ آبی۔ نیلا۔ ہلکا نیلا رنگ ❷ اوپری ❸ بلندی ❹ آسمان سے آیا ہوا ❺ (ا۔ا) مؤنث ❻ شراب ❼ بھنگ۔

آسمانی پلانا (ا) ❶ بھنگ یا تاڑی پلانا ❷ نشہ دار چیز پلانا۔

آسمانی تیر (ا) ❶ مذکر بے فائدہ کام ❷ ہوائی تیر۔

آسمانی گولہ (ا) مذکر ❶ قہر خداوندی ❷ ناگہانی آفت۔

آسن (ہ) مذکر ❶ بیٹھنا بیٹھک کا قاعدہ ہندو فقیروں کی عبادت کا اونی کمبل یا گھاس کا بنا ہوا جانماز ❸ جوگیوں کے رہنے کی جگہ ❹ ران ❺ ران کے نیچے کا حصہ ❻ گھوڑے پر جم کر بیٹھنے کا ڈھنگ ❼ ہاتھی کی گردن پر مہاوت کی جگہ۔

آسن اُکھڑنا (ہ) فعل ❶ سوار کی ران ہل جانا ❷ گھوڑے پر سے اُکھڑنا ❸ فقیر کا سادھ چھوڑ جانا۔

آسن پاٹی (ہ) مؤنث ❶ عورتوں کا مکر بنانا ❷ روٹھ کر پڑا رہنا۔

آسن جمانا (ہ) ❶ کسی جگہ سکونت کرنا ❷ گھوڑے کو قابو میں لانا ❸ قبضہ میں کرنا۔

آسن سے آسن جوڑنا/آسن مار کر بیٹھنا (ہ) فعل ❶ جوگیوں کی مانند آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ❷ چار زانو بیٹھنا ❸ ایک ہی بیٹھک سے عبادت کرنا۔

آسن کے نیچے آنا (ہ) ❶ قابو میں آنا ❷ ران کے نیچے آنا ❸ سواری دینا۔

آسنی (ہ) مؤنث۔ گھاس کی چٹائی یا اونی کپڑا جس پر سادھو بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

آسودہ (ف) مذکر ❶ اسم صفت از آسودن آرام سے رہنے والا ❷ بے غم امیر ❸ دولتمند ❹ خوش حال۔

آسودہ حال (ف) صفت ❶ امیر ❷ خوش حال ❸ مطمئن۔

آسودگی (ف) مؤنث ❶ فارغ البالی ❷ خوشحالی ❸ آرام ❹ بے فکری۔

آسودگان خاک (ف) ❶ مرے ہوئے نیک بندے ❷ مردے لوگ۔

آسودہ خاطر (ف) ❶ مطمئن ❷ بے فکر فراغت والے ❸ مالدار۔

آسودہ ہونا۔ (ا) فعل ❶ امیر ہونا ❷ با آرام ہونا۔

آسیا (ف) مؤنث۔ چکی۔

آسیب (ف) مذکر ❶ صدمہ ❷ دھکا ❸ تکلیف ❹ بھوت پریت کا اثر ❺ دیو پری کا سایہ مصیبت۔ آفت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

آسیب اتارنا (ا) فعل ① جن بھوت کا سایہ دور کرنا ② عملیات کے ذریعہ آسیب دور کرنا۔

آسیب آنا/آسیب پہنچنا ① صدمہ پہنچنا ② نقصان ہونا ③ آفت آنا۔

آسیب زدہ (ف) مذکر۔ وہ شخص جس کو بھوت پریت نے دکھ دیا ہو۔

آسیب کا خلل/آسیب کا اثر/آسیب کا دخل (ا) مذکر ① بھوت کا اثر ② پری کا سایہ ③ جنون۔

آسیب کا سر پر کھیلنا (ا) ① آسیب زدہ کا کسی راگ یا خوشبو پر سر ہلا کر مست ہونا اور کھیلنا۔

آسیبی (ف) مذکر ① آسیب والا ② وہ شخص جس کو آسیب کی بیماری ہو۔

آسیہ (ء) مؤنث۔ فرعون کی بی بی کا نام ہے جو حضرت موسیٰؑ کی معاون اور حمایتی تھیں یہ موسیٰؑ کا دین قبول کر لینے کے باعث فرعون کے حکم سے مروا دی گئیں۔

## آ ← ش

آش (ف) اسم مؤنث۔ پتلی اور رقیق غذا جو پی جا سکے مثلاً حریرہ پیچھ شوربا یخنی وغیرہ۔

آش پکانا (ا۔ محاورہ) ① شوربا پکانا ② کسی کے خلاف سازش کرنا۔

آش پلاؤ (ف) مذکر۔ بیماروں کو کھلانے کے لئے جو کا پلاؤ۔

آشِ جو (ف) ① جو کا اُبلا ہوا پانی ② بیماروں کی غذا۔

آشتی (ف) اسم مؤنث ① صلح ② میل ملاپ ③ دوستی۔

آشفتگی (ف) مؤنث ① پریشانی ② حیرانی ③ دیوانہ پن ④ عاشقی ⑤ سڑی پن۔

آشفتہ (ف) مذکر ① صفت (از آشفتن) پریشان ② حیران ③ دیوانہ عاشق ④ سڑی۔

آشفتہ حال/آشفتہ خاطر/آشفتہ دل/آشفتہ طبع (ف) مذکر۔ صفت ① پریشان حال والا ② سڑی دل والا ③ خراب طبیعت والا۔

آشفتہ سر (ف) مذکر ① دیوانہ ② پاگل سڑی مجنوں۔

آشکار/آشکارا (ف) صفت مذکر ① ظاہر ② اعلانیہ ③ کھلا ہوا ④ عیاں ⑤ کھلم کھلا۔

آشنا (ف) مذکر ① واقف ② جان پہچان والا ③ دوست ④ یار ⑤ ملاقاتی ⑥ بازاری عورت کا یار۔

آشنا پرست (ف) صفت مذکر ① دوست کا پوجنے والا ② دوست کا لحاظ کرنے والا ③ یار کا قدردان۔

آشنائی (ف) مؤنث ① دوستی ② عشق ③ ملاقات ④ واقفیت۔

آشنائی کا جھوٹا (ا) مذکر ① بے وفا دوست ② یاری کا کچا۔

آشنائی کا سچا (ا) مذکر ① وفادار ② دوستی نباہنے والا۔

آشنائی کرنا (ا) فعل ① محبت کرنا ② ملاقات کرنا۔

آشوب (ف) مذکر ① شور و غل ② فتنہ و فساد ③ پریشانی ④ آنکھ کا دکھنا۔

آشوبِ چشم (ف) مذکر ① آنکھ دکھنا ② آنکھ کی سرخی ③ آنکھ کا آنا۔

آشوبِ زمانہ (ف) مذکر۔ زمانے کا فتنہ مجازاً معشوق۔

آشوبِ محشر (ف) مذکر ① نہایت شور و غل ② قیامت کا شور و فتنہ۔

آشیاں/آشیانہ (ف) مذکر ① پرندوں کا گھونسلہ ② رہنے کا مکان گھر ③ چھوٹا سا گھر ④ جھونپڑی۔

آشیرباد (ہ۔ا) مؤنث ① دعائے ② خیر ③ نیک خواہش۔

## آ ← ص

آصف (عبرانی) مذکر ① برخیا کے بیٹے کا نام ہے جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر تھے ② آجکل ہر لائق وزیر کی صفت کیلئے آتا ہے ③ لغوی معنی جمع کرنا ④ ضبط کرنا ⑤ شامل کرنا ⑥ داؤدی قوال کا نام بھی ہے۔

آصف جاہ (ف) مذکر ① شاہانہ مغلیہ کے زمانے میں وزراء کا لقب تھا ② دکن کے فرمانرواؤں کا لقب بھی ہے۔

آصفی (ء) صفت مؤنث بیائے نسبتی ① یعنی آصف سے نسبت رکھنے والا ② منسوب بہ آصف۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

## آ ← غ

**آغا** (ت) مذکر ❶ مالک ❷ آقا ❸ بڑا بھائی ❹ تعظیماً بڑے آدمی کو بھی کہتے ہیں۔

**آغا میر کی دائی سب کچھ سیکھی سکھائی۔** (ا) مثل ❶ نہایت چالاک اور ہوشیار عورت ❷ چالاک کو چالاکی کیا بتانی۔

**آغاز** (ف) مذکر ❶ ابتدا ❷ شروع ❸ پہل۔

**آغاز و انجام سوچنا** (ا) فعل ❶ سوچ ❷ سمجھ کر کام کرنا۔

**آغشتہ** (ف) صفت مذکر (از آغشتن) ❶ لتھڑا ہوا ❷ آلودہ۔

**آغوش** (ف) اسم مؤنث ❶ گود ❷ بغل ❸ کنار ❹ کولی (پنجابی کچھڑ)۔

**آغوش میں لینا** (ا) فعل ❶ نہایت محبت اور گرمجوشی سے بغلگیر ہونا ❷ گلے لگانا ❸ معانقہ کرنا۔

**آغوش میں دبانا** (ا) فعل۔ بغل میں دبانا گود میں لینا۔

**آغوش کھولنا** (ا۔ محاورہ) گود پھیلانا۔

**آغوں** (ہ) مؤنث ❶ اسم صوت ❷ دودھ پیتے بچے کی آواز۔

## آ ← ف

**آفات** (ع) مؤنث ❶ آفت کی جمع ❷ مصیبتیں ❸ آفتیں۔

**آفات ارضی** (ع) مؤنث ❶ زمین سے پیدا شدہ خرابیاں ❷ زمینی بلائیں۔

**آفات سماوی یا آسمانی** (ف) مؤنث ❶ آسمانی مصائب ❷ ناگہانی مصیبتیں۔

**آفاق** (ع) مذکر ❶ اُفق کی جمع ❷ وہ جگہ جہاں آسمان و زمین ملے ہوئے نظر آتے ہیں ❸ دنیا ❹ جہان ❺ جگت۔

**آفت** (ع) مؤنث ❶ بلا ❷ مصیبت ❸ تکلیف ❹ بپتا ❺ قہر ❻ چالاک شریر مشکل بات ❼ وبا ❽ شور وغل ❾ عذاب کال قحط۔

**آفتاب** (ف) مذکر ❶ دھوپ ❷ سورج مجازاً گرم چیز ❸ معشوق ❹ لاثانی۔

**آفتاب کو چراغ دکھانا/ آفتاب کو دیا دکھانا** (ا) مثل ❶ عاقل کو عقل بتانا ❷ صاحب کمال کے آگے کمالات کے دعوے کرنا۔

**آفتاب لب بام ہے۔/ آفتاب بام ہے** ❶ مرنے کے قریب ہے ❷ چراغ سحری ہے قبر کے کنارے بیٹھا ہے ❸ عنقریب مرنے والا ہے۔

**آفت آنا/ آفت پڑنا** (ا) فعل ❶ صدمہ پڑنا ❷ مصیبت آنا ❸ غضب ٹوٹنا ❹ مری پڑنا ❺ مشکل پڑنا۔

**آفت توڑنا** (ا) فعل متعدی ❶ ستم ڈھانا ❷ ظلم کرنا۔

**آفت جاں** (ف) مذکر ❶ جان کے لئے مصیبت ❷ مجازاً معشوق۔

**آفت خیز** (ف) اسم ظرف مکان ❶ آفت پیدا ہونے کی جگہ ❷ جہاں سے بکثرت مصائب اُٹھتی ہوں۔

**آفت ڈھانا** (ا) فعل۔ ستم برپا کرنا۔

**آفت رسیدہ** (ف) اسم صفت ❶ مصیبت کا مارا ❷ دکھیارا ❸ مجازاً عاشق۔

**آفت روزگار** (ف) ❶ زمانے کی آفت دنیا کو دکھ پہنچانے والا ❷ مجازاً معشوق۔

**آفت زدہ** (ف) اسم مذکر ❶ نہایت دکھیا ❷ مصیبت زدہ ❸ مصیبت کا مارا۔

**آفت کا پرکالہ/ آفت کا ٹکڑا** (ا) ❶ آفت کا بنا ہوا ❷ طرار ❸ شوخ وشنگ ❹ بلا کا ذہین ❺ ذکی ❺ ظالم ❻ آفت برپا کرنے والا معشوق۔

**آفت کی پڑیا/ آفت کی پوٹ** (ا) اسم مؤنث ❶ نہایت چالاک عورت ❷ پرلے درجے کی شریر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

آفت مچانا (ا) فعل ① غل مچانا ② دھوم مچانا ③ غضب ڈھانا ④ شرارت کرنا۔

آفت ہے (ا) صفت ① چالاک ہے ② استاد ہے ③ قیامت ④ آفت کا بنا ہوا۔

آفتاب محشر (ف) مذکر ① قیامت کا سورج ② نہایت تیز گرم۔

آفتاب سر پر آنا (ا) فعل ① دوپہر ہونا ② بارہ بجنے کا وقت۔

آفتاب شام (ف) مذکر ① قریب المرگ بوڑھا ② سورج کا چھپنے کے قریب ہونا۔

آفتاب کا مغرب سے نکلنا (ا۔محاورہ) ① قیامت آنا ② قرب قیامت۔

آفتابی (ف) مؤنث ① آتشبازی کا ایک کھلونا ② سورج کی شکل کا گول ③ چمکدار ④ دھوپ میں گرم کیا ہوا۔

آفتابی چہرہ (ف) مذکر ① گول چہرہ ② گولائی دار منہ۔

آفتابی دائرہ (ف) بالکل گول دائرہ کاتبوں کی اصطلاح میں حروف کے دائرے دو قسم کے ہیں ایک بالکل گول جنہیں آفتابی دائرہ کہتے ہیں۔

آفریدگار (ف) مذکر ① خالق ② پیدا کرنیوالا۔

آفرین (ف) مؤنث ① کلمہ تحسین و آفرین واہ وا ② شاباش۔

آفریں باد بریں ہمت مردانہ تو (ف) مثل۔ شاباش تجھے اور تیری ہمت کو آفریں ہے۔

آفرین کہنا (ا) فعل ① شاباش کہنا ② تعریف کرنا ③ داد دینا۔

آفرینش (ف) اسم مؤنث۔ ① دنیا ② مخلوقات ③ پیدائش۔

آفس (ای۔ا) مذکر ① دفتر ② مخصوص کام یا خدمت ③ فرض منصبی۔

آفیسر (ای۔ا) مذکر ① افسر ② حاکم عہدہ دار۔

آفیشل (ای۔صفت۔ا) مذکر ① سرکاری ② دفتری ③ منصب دار ④ محکمانہ۔

## آ ← ق

آقا (ف) مذکر ① مالک ② صاحب ③ حاکم ④ افسر۔

آقائے نعمت یا آقائے ولی نعمت۔ (ف) ① سرکار ② حضور ③ نوکر اپنے مالک کو کہہ سکتا ہے ④ یا غلام اپنے آقا کو۔

آقاسی (ت۔ا) مذکر۔ دیوان خانہ کا داروغہ۔

## آ ← غ

آک (ہ) ایک درخت کا نام ہے۔ جس کو فارسی میں مدار بولتے ہیں۔ یہ کھرسا میں خوب پھیلتا ہے۔ برسات میں مرجھا جاتا ہے۔ اس کا دودھ اس کے پتے۔ اس کے پھولوں کا زیرہ نہایت کارآمد چیزیں ہیں۔ دوائیوں میں کام آتا ہے۔ اس کا دودھ اور پتوں کا بھرتا طاعون کے لئے ازحد مفید ہے۔

آک کی بڑھیا (ہ) ① روئی جو آک کے ڈوڈے میں سے نکلتی ہے۔ یہ کاتی تو نہیں جاتی۔ مگر تکیوں کے بھرنے کے لئے کام آتی ہے ② بہت بوڑھی عورت کو بھی کہتے ہیں۔

آکا (ت) اسم مذکر ① بھائی ② برادر کلاں کلمہ خطاب میاں ③ یار وغیرہ کی بجائے۔

آکاس/آکاش (س۔ا) مذکر ① آسمان ② فلک ③ خلا۔ حدنگاہ۔

آکاس بانی (ہ) ① غیبی آواز ② ہاتف غیبی الہام وغیرہ۔

آکاس برت (ہ) اسم مذکر۔ متوکل آدمی خدا پر بھروسہ کرنے والا۔

آکاش بیل (ہ) مؤنث ① امربیل افتیموں ایک زرد رنگ کی بیل ہوتی ہے۔ جس کی جڑ زمین پر نہیں ہوتی نہ اس میں پتے نکلتے ہیں۔ درختوں پر لپٹی رہتی ہے۔

آکاس گنگا (ہ) اسم مذکر۔ کہکشاں۔

آکسفورڈ۔ (انگلش) انگلستان کا ایک شہر ہے جہاں کی یونیورسٹی مشہور ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

آکسن (ای۔ا) صفت ① آکسفورڈ یونیورسٹی سے نسبت رکھنے والا ② آکسفورڈ یونیورسٹی کا طالب علم۔

آکھ (ہ) مؤنث ① درندوں کے رہنے کی جگہ ② بالخصوص شیر کی جگہ ③ تھیلی۔

آکسیجن (ای۔ا) مؤنث ① ایک لطیف عنصر ② پانی کا جزو اعظم ③ ایک گیس۔

## آ ← گ

آگ (ہ) اسم مؤنث ① آتش ② اگنی ③ نار ④ اربعہ عناصر میں سے ایک عنصر کا نام ہے ⑤ گرمی کا شعلہ ⑥ آتشک ⑦ کمال ⑧ محبت ⑨ جوش خون۔

آگ اُٹھنا (ہ) لڑائی کی خواہش کرنا۔

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے (ا) مثل آگ چاہے تھوڑی ہو، دشمن چاہے کمزور ہو، ان کو حقیر نہ سمجھنا چاہیے اور ان سے غافل نہ ہونا چاہیے۔

آگ بگولا (ہ) اسم صفت ① نہایت غضبناک ② قہر آلود ③ غصہ سے بھرا ہوا۔

آگ بجھانا (ہ) فعل ① آگ پر پانی ڈالنا ② ٹھنڈا کرنا ③ جھگڑا تنازعہ مٹانا ④ خواہش نفسانی کو فرو کرنا ⑤ شہوت مارنا۔

آگ برسانا (ہ) فعل متعدی ① گولہ باری کرنا ② آتشبازی کرنا ③ خدا تعالیٰ کا سورج کی دھوپ کو تیز کرنا۔

آگ برسنا۔ (ہ) فعل لازم ① گرمی پڑنا ② دھوپ کا شدت سے پڑنا ③ دھوپ تیز پڑنا ④ لو چلنا۔

آگ بگولا بننا/ آگ بگولا بن جانا/ آگ بگولہ ہونا (ہ) فعل لازم ① سخت غضبناک ہونا ② غصہ میں بھر آنا ③ لال پیلا ہونا۔

آگ بنانا (ہ) متعدی فعل ① آگ سلگانا یا غصہ دلانا ② غضب آلود کرنا۔

آگ بن دھواں کہاں (ہ) مثل ① ہر بات کی بنیاد ضروری ہے ② ہر نتیجہ کی علت ہوا کرتی ہے۔

آگ بھبھوکا ہونا/ آگ بھبھوکا بن جانا/ آگ بھبھوکا بننا (ہ) فعل ① شعلہ آتش بھبکنا ② شعلۂ آتش کی طرح لال ہونا ③ گرم ہونا ④ غضبناک ہونا ⑥ چہرے کا غصہ کے مارے سُرخ ہو جانا۔

آگ بھڑکانا (ہ) فعل ① آگ کو پنکھا جھل کر تیز کرنا ② فتنہ کو اُٹھانا ③ فساد ڈالنا ④ محبت بڑھانا ⑤ بے چین کرنا۔

آگ بھڑکنا (ہ) فعل ① جوش الفت کی زیادتی ہونا ② حسد بڑھنا ③ آگ دہکنا ④ شعلے اُٹھنا۔

آگ پانی کا بیر/آگ پھونس کا بیر (ہ) ① ذاتی دشمنی ② طبعی خصوصیت ③ قدرتی بیر۔

آگ پانی کا سنجوگ (ہ) مثل ① دو مخالف چیزوں میں موافقت ہونے کے موقعہ پر تعجب کے طور پر بولا کرتے ہیں ② اجتماع ضدین۔

آگ پانی کا کھیل (ہ) مثل۔ حلوائی یا باورچی اپنی بریت کیلئے بولتے ہیں۔

آگ پر تیل ڈالنا یا ٹپکانا (ہ) محاورہ ① غصے کو اور زیادہ کرنا ② آگ کو تیز کرنا۔

آگ پر لوٹنا (ہ) فعل ① بے چین ہونا ② انگاروں پر لوٹنا ③ حسد کے مارے تڑپنا۔

آگ پڑنا (ہ) فعل۔ دھوپ تیز ہونا۔

آگ پھانکنا (ہ) فعل ① بدگوئی کرنا ② چغلی کھانا ③ جھوٹ بولنا ④ مبالغہ حد سے زیادہ کرنا ⑤ شیخی مارنا۔

آگ پھکنا (ہ) فعل لازم ① آگ لگنا ② کلیجہ جلنا ③ غصہ آنا برا فروختہ ہونا۔

آگ پھونکنا (ہ) فعل متعدی ① آگ جلانا ② بھون دینا ③ جلن پیدا کر دینا ④ بھرتہ کر دینا۔

آگ تاپنا (ہ) فعل ① آگ سے ہاتھ پاؤں کو گرم کرنا ② آگ سینکنا۔

آگ ٹھنڈی کرنا (ہ) فعل ① آگ بجھانا ② فتنہ فرو کرنا ③ غصہ دور کرنا ④ لڑائی کو برطرف کرنا ⑤ میل ملاپ کرنا۔

آگ جاگ اُٹھنا (ہ) فعل ① بجھی آگ کا سلگ جانا ② فساد بھڑک اُٹھنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03147207218

آگ جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (ا۔مثل) حکم دینے والا ذمہ دار ہے تعمیل کرنے والا قصوروار نہیں۔
آگ جھاڑنا (ہ) فعل ❶ پتھر اور چقماق سے آگ لگانا ❷ پھونک مار کر آگ پر سے راکھ اُڑا دینا۔
آگ دبانا (ہ) فعل ❶ انگاروں کو راکھ سے ڈھانپنا ❷ غصہ دبانا۔
آگ دھونا (ہ) فعل ❶ انگارے کی راکھ اڑا دینا ❷ جھاڑ کر خالص کر دینا۔
آگ دینا (ہ) فعل ❶ دوائی کو آگ میں رکھنا ❷ کسی چیز کا کشتہ کرنا۔
آگ روشن کرنا (ا) فعل۔ آگ جلانا۔
آگ سلگانا (ہ) فعل ❶ آگ جلانا ❷ آگ پر ایندھن ڈالنا ❸ لگائی بجھائی کرنا۔
آگ سے پانی ہو جانا (ہ) فعل ❶ سخت سے نرم دل ہو جانا ❷ غصہ دور ہو جانا ❸ مشکل سے آسان ہونا ❹ ناممکن سے ممکن ہو جانا۔
آگ کا باغ (ا) مذکر ❶ حلوائی کی کڑاہی ❷ آتش نمرود ❸ آتشبازی سنار کی کٹھالی۔
آگ کا پتلا آگ کو دھائے (ہ) مثل۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف جاتی ہے۔
آگ کا جلا آگ ہی سے اچھا ہوتا ہے (ہ) مثل ❶ سخت بیماری سخت دواؤں سے ہی جاتی ہے ❷ آگ کے جلے کو سینکنا مفید ہے۔
آگ کرنا (ہ) فعل ❶ غضبناک کر دینا ❷ نہایت برافروختہ کرنا۔
آگ کو آگ مارتی (ہ) مثل ❶ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے ❷ شریر کو شریر ہی مغلوب کرتا ہے۔
آگ کو دامن سے ڈھانکنا (ہ) فعل۔ عیاں امر کو چھپانے کی فضول کوشش کرنا۔
آگ کھائے انگار ہگے (ہ) مثل ❶ برے کام کا بُرا انجام ہوتا ہے جیسا کریگا ویسا بھریگا ❷ جو بوئے گا سو کاٹے گا۔
آگ کھائے منہ جلے اُدھار کھائے پیٹ (ہ) مثل ❶ آگ سے منہ اور قرض سے پیٹ جل جاتا ہے ❷ قرض آگ سے زیادہ خطرناک ہے۔

آگ کے مول بکنا (ہ) محاورہ ❶ مہنگا بکنا ❷ گراں ہونا۔
آگ گاڑنا (ہ) فعل۔ راکھ میں آگ کا دبا دینا۔
آگ لگانا (ہ) فعل ❶ جلانا ❷ محبت میں گرفتار کرنا ❸ برے کام کا شوق دلانا۔
آگ لگنا (ہ) فعل ❶ جلنا ❷ عشق میں پھنسنا ❸ حسد ہونا ❹ مہنگائی ہونا ❺ غصہ آنا ❻ بھوک پیاس کا غلبہ ہونا۔
آگ لگا کر پانی کو دوڑنا (ہ) محاورہ ❶ خود ہی عیب کرنا خود ہی تدارک کرنا ❷ خود دو آدمیوں کو لڑا کر خود ہی صلح کرانے والا بننا۔
آگ لگائے تماشا دیکھے (ہ) مثل ❶ فسادی شخص کو کہا کرتے ہیں ❷ لڑا کر سیر دیکھے۔
آگ لگے (ہ) برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔ عورتوں کی بددعا ہے۔
آگ لگے پر کنواں کھودنا ❶ بیہودہ اور فضول کام کرنا ❷ بے موقعہ محنت کرنا بے وقت کام کرنا۔
آگ لگے پر پانی کہاں (ہ) محاورہ۔ غیظ و غضب کے وقت صبر و ہوش نہیں رہ سکتا۔
آگ لینے آنا (ہ) فعل ❶ آتے ہی چلے جانا ❷ جلدی واپس ہونا ❸ فوراً مڑ جانا۔
آگ میں آگ لگانا (ہ) محاورہ ❶ غصے میں اور غصہ دلانا ❷ چغلی کر کے لڑائی چمکا دینا۔
آگ میں پانی ڈالنا (ہ) فعل ❶ فساد رفع کرنا ❷ غصہ مٹانا ❸ جھگڑا دور کر دینا۔
آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے (ہ) مثل۔ ہر صحبت کا اثر ہوتا ہے۔
آگ میں جھونک دینا (ہ) فعل ❶ جلا دینا ❷ جان بوجھ کر مصیبت میں ڈالنا ❸ تکلیف کی جگہ لڑکی کی شادی کرنا۔
آگ میں کود پڑنا / آگ میں گرنا (ہ) فعل ❶ مصیبت میں قدم رکھنا ❷ جان کی پرواہ نہ کرنا۔
آگ ہو جانا یا ہونا (ا۔محاورہ) ❶ غصے میں لال پیلا ہو جانا ❷ نہایت غصہ کرنا ❸ چہرہ تمتما اُٹھنا۔
آگا (ہ۔ا) مذکر ❶ کسی چیز کا اگلا حصہ ❷ سامنا ❸ لباس کا وہ حصہ جس سے جسم کا اگلا حصہ ڈھکے ❹ سینہ ❺ مستقبل ❻ انجام۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0324907721

www.besturdubooks.net

آ گا پیچھا (ا۔ا) مذکر ❶ آغاز اور انجام ❷ لباس کا اگلا اور پچھلا حصہ ❸ پس وپیش۔

آ گا پیچھا دیکھنا/سوچنا (ا۔محاورہ) ❶ نتیجہ پر نظر رکھنا ❷ آغاز وانجام پر غور کرنا۔

آ گا تاگا لینا (ا۔محاورہ) ❶ خاطر تواضع کرنا ❷ کن سوئیاں لینا۔

آ گا دیکھا نہ پیچھا (ا۔محاورہ) ❶ برا بھلا کچھ نہ سوچا ❷ آغاز وانجام نہ ہونا۔

آ گا دیکھ کے (ا۔روزمرہ) ❶ سامنے دیکھ کر ❷ احتیاط کے ساتھ۔

آ گاہ (ف) صفت ❶ خبردار ❷ واقف ❸ جاننے والا۔

آ گاہی/آ گہی (ف۔ا) مؤنث ❶ خبر ❷ علم ❸ واقفیت۔

آگے (ہ) تابع فعل ❶ اسم ظرف مکان یا زمان سامنے ❷ روبرو پیچھے کی ضد ہے ❸ گزشتہ اور آئندہ دونوں زمانوں کے لئے بولا جاتا ہے۔

آگے آگے (ہ) بہت آگے۔

آگے آنا (ہ) فعل ❶ سامنے آنا ❷ نتیجہ بھگتنا ❸ پھل ملنا ❹ کام آنا۔

آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا (ہ) مثل ❶ چیلا گرو کی تقلید کرتا ہے ❷ جس قابلیت کا استاد اُسی طرح کا شاگرد ہوجاتا ہے۔

آگے آیت (ا) ❶ فقرہ ختم ❷ بس بات ختم ہوگئی۔

آگے بڑھنا (ہ) فعل ❶ ہٹ جانا ❷ سبقت لے جانا ❸ ترقی کرنا ❹ قدم بڑھانا ❺ بہتر ہونا۔

آگے پیچھے (ہ) تابع فعل ❶ سامنے اور غائب ❷ مین ❸ یکے بعد دیگرے ❹ پے درپے ❺ ادھر اُدھر ❻ آئندہ کو وقت بے وقت ❼ بے ترتیب ❽ غلط ملط ❾ غیر حاضری میں۔

آگے پیچھے چلنا ❶ قطار میں نہ چلنا ❷ بے ترتیبی سے چلنا۔

آگے پیچھے سب چل بسیں گے (ا) مثل ❶ دنیا ناپائدار ہے ❷ آخر سب ہی مرجائینگے۔

آگے جانا (ہ) ❶ سبقت لے جانا ❷ راہنمائی کرنا رستہ بتانا۔

آگے جائے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھے آنکھیں پھوٹیں۔(ا) مثل۔ ❶ ایک خاص طرح کی قسم ہے ❷ جس آدمی کا رکھنا منظور ہو اس کے لئے بولتے ہیں ❸ مجبوری ناکامی کا اظہار ❹ نہ راہ رفتن نہ روے ماندن۔

آگے خدا کا نام یا آگے نام خدا کا۔(ا) مثل ❶ اب خاتمہ ہے خدا کے نام کے سوا اور کچھ نہیں ❷ اس کے سوا اور کچھ نہیں ❸ بس یہی ہے۔

آگے دوڑ پیچھے چھوڑ (ہ) مثل۔ بیجا لالچ اور طمع کرنا۔

آگے دھر لینا یا رکھ لینا (ہ) فعل ❶ سامنے رکھنا ❷ نظر بند کرلینا ❸ شکست دینا ❹ اور گرفتار کرلینا۔

آگے دیکھ کے (ہ) محاورہ ❶ ہوشیاری سے باخبر ہوکر ❷ سوچ سمجھ کر۔

آگے ڈال دینا (ہ) فعل ❶ سامنے رکھ دینا ❷ روبرو لا رکھنا ❸ نذر کرنا۔

آگے رنگ لانا (ہ) فعل ❶ آئندہ گل کھلانا ❷ آگے خرابی پیدا کرنا ❸ جیسے تمہاری عیاشی آگے رنگ لائیگی۔

آگے سے ٹھہرانا (ہ) فعل ❶ پہلے سے ارادہ کرلینا ❷ سامنے سے روکنا۔

آگے سے ہوتی آئی ہے (ہ) ❶ ہمیشہ سے یہی سلسلہ جاری ہے ❷ ابتدا سے اسی طرح ہوتا آرہا ہے۔

آگے قدم رکھنا یا دھرنا (ا) فعل ❶ پیشقدمی کرنا ❷ بڑھنا ❸ ترقی کرنا ❹ آغاز کرنا۔

آگے قسمت (ا) ❶ ناامیدی کی حالت میں بولا کرتے ہیں ❷ آگے جو تقدیر میں ہوگا ہورہیگا۔ ہم تو کوشش کرچکے۔

آگے کا قدم پیچھے پڑنا یا ہٹنا (ا) فعل ❶ گھٹنا ❷ اُلٹی ترقی کرنا بے چینی ہونا۔

آگے ناتھ نہ پیچھے پگّا/سب سے بھلا کمہار کا گدھا (ا) محاورہ ❶ لاوارث ❷ بے اولاد ❸ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو ❹ ناتھ ❺ ناک کی نکیل مراد اولاد اور پگا پاؤں میں ڈالنے کی رسی ❻ یعنی عورت ❼ پگ بمعنی پیر۔

آگے نکل جانا (ا) فعل ❶ بڑھ جانا ❷ جیت جانا۔

آگے ہاتھ پیچھے پات (ا) مثل ❶ مفلس کی نسبت بولا جاتا ہے ❷ کہ تن ڈھانکنے کو کپڑا بھی نہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

آگے ہونا (ا) ① مقابلہ کرنا ② بڑھنا ③ مقابلے کو تیار ہونا۔
آگیا (س۔ا) مؤنث ① حکم ② اجازت ③ فرمان۔
آگیا پالنا (ا۔محاورہ)۔ حکم بجالانا۔
آگیا دینا (ا۔محاورہ) ① حکم دینا ② ہدایت دینا۔

## آ ← ل

آل (ہ) اسم مؤنث ① نئے پیاز کے ہرے پتے ② لمبا ③ گھیا ④ تری نمی ⑤ رطوبت۔
آل (ت) اسم مذکر۔ ایک درخت ہے جس کی جڑ سے سُرخ رنگ نکلتا ہے۔
آل اولاد (ع۔ا) مؤنث ① بال بچے ② نسل ③ اخلاف بیٹا ④ بیٹی ⑤ نواسا نواسی۔
آل عبا (ع) ① حضرت علیؓ ② فاطمۃ الزہراؓ ③ حضرت حسنؓ و حضرت حسینؓ سے مراد ہے۔
آلا (ہ) مذکر ① دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کا طاقچہ ② گیلا ③ تر ④ کچا زخم ⑤ ہرا زخم جو ابھی خشک نہ ہوا ہو ⑥ زرمیہ نظم۔
آلا بالا (ہ) اسم مذکر ① (آرے بلے کا بگڑا ہوا) ٹال مٹول ② لیت و لعل ③ حیلہ بہانہ۔
آلا بالا بتانا یا دینا (ہ) فعل ① بہانہ کرنا ② دم دلاسا دینا ③ ٹالنا۔
آلاپ (ہ) اسم مؤنث ① آ بمعنی بول ② لاپ بمعنی چال ③ بول چال ④ نغمہ ⑤ آواز کا اتار چڑھاؤ ⑥ اونچا سُر ⑦ گانے کا شروع ⑧ گیت کا اٹھان۔
آلاپنا (ہ) فعل ① (درست الاپنا) تان اُڑانا ② گانا ③ اونچے سروں میں گانا۔
آلات (ف) مذکر ① آلہ کی جمع ہے ② اوزار ہتھیار۔
آلا گانا (ہ) فعل ① اپنا رونا رونا ② اپنا قصہ چھیڑنا ③ اپنی داستان کہنا ④ اپنی تعریف کے پُل باندھنا۔
آلام (ع) اسم مذکر ① جمع الم کی ② رنج غم ③ فکر و افکار۔
آلان (ہ) اسم مؤنث۔ ہاتھی کی پیٹھ کا گدا ہاتھی کے باندھنے کی زنجیر۔
آلائش (ف) مؤنث ① حاصل مصدر از آلودن ② میل ③ عیب ④ گندگی ⑤ پاپ۔
آلتی پالتی مارنا (ہ) فعل ① چار زانو بیٹھنا مربع بیٹھنا ② امیروں کی بیٹھک بیٹھنا۔

آل رسولؐ (ع) مؤنث۔ رسولؐ کی بیٹی کی اولاد۔
آلس (ہ) مؤنث۔ سستی کاہلی۔
آلسی/آلسیا (ہ) مذکر۔ سست۔ کاہل۔
آلکس (ہ) ① سستی ② کاہلی ③ غفلت۔
آلکسی۔ آلکسیا (ہ) مذکر ① سست ② کاہل ③ ڈھیلا کام کرنے والا۔
آلگنا (ا۔مصدر) ① قریب تر ہونا ② گھات میں بیٹھ جانا ✓ پڑ جانا
آلن (ف) ① ٹکی ② ساگ پات میں جو بیسن ملاتے ہیں اُسے ٹکی یا آلن کہتے ہیں۔
آلو (ہ) مذکر ① مشہور ترکاری ہے ② یہ جڑ ہے تاثیر سرد و خشک۔


(آلو)

آلوچہ (ف) ایک لذیز میوے کا نام ہے۔
آلو بخارا (ف) مذکر ① سیاہ آلو ② ایک کھٹا میٹھا پھل ہے ③ دوائیوں میں بھی کام آتا ہے۔
آلود (ف۔صفت) بھرا ہوا لتھڑا امر لبات مُں بطور لاحقہ استمال ہوتا ہے۔ جیسے خون آلودہ۔
آلودگی (ف) مؤنث ① آلائش ② گندگی لتھڑنا ③ دنیا کے تعلقات۔
آلودہ (ف) مذکر ① لتھڑا ہوا ② گندا ③ برے کام کرنے والا۔
آلودہ دامن (ف) مذکر ① گنہگار ② پاپی ③ خطا وار بُری حرکتیں کرنے والا۔
آلہ (ع) مذکر ① اوزار ② ہتھیار۔
آلہ تناسل (ع) مذکر۔ نر کی علامت۔
آلۂ مہلک (ع) ① مار ڈالنے کا اوزار ② ہلاک کرنے کا آلہ۔
آلہ کار (ف۔ع۔ا) ① حصول مقصد کا ذریعہ ② وسیلہ۔
آلی (ہ) مؤنث ① تر ② گیلی ③ سہیلی ④ باکرہ خام کچی۔
آلے بالے (ہ) مذکر ① حیلے بہانے ② ٹال مٹول ③ لیت لعل۔

## آ ← م

آم (ہ) مذکر ① ہندوستان کا مشہور اور مزیدار میوہ اور اس کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...7218

درخت ❷ انبہ کچا کیری کہلاتا ہے ❸ پیڑ کا پکا ہوا یا پال کا پکا آم۔
آم بوٗ آم کھاوٗ املی بوٗ املی کھاوٗ (ہ) مثل۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے جو بوؤ گے سو کاٹو گے۔
آم پال ڈالنا یا رکھنا۔ (ہ) فعل۔ کچے آموں کو پھوس وغیرہ میں رکھ کر پکانا۔
آم ٹپکنا (ہ) فعل۔ درخت سے آموں کا پک کر گرنا۔
آم کھانے یا پیڑ گننے (ہ) مثل۔ اپنے مطلب سے کام فضول باتوں سے کیا غرض۔
آم کھائے پال کے خربوزہ کھائے ڈال کا پانی پئے تال کا (ہ) عاقلوں کے تجربے ہیں۔
آم میں بور آنا (ہ) ❶ آم میں پھول آنا ❷ آم کے درخت میں پھول آنا۔
آماج (ف) مذکر۔ نشانہ۔
آمادگی (ف) موٗنث۔ تیاری۔
آمادہ (ف) تیار۔
آماس (ف) مذکر ❶ ورم ❷ سوجن ❸ سوج۔
آمد (ف) موٗنث ❶ آمدن کا حاصل مصدر سے آنا ❷ آنے کی خبر۔
آمد آمد (ف) موٗنث ❶ کسی بڑے آدمی یا لیڈر وغیرہ کا آنا ❷ آنے کی شہرت۔
آمد برآمد کے دن (ا) تبدیلی موسم کا وقت۔
آمد ورفت (ف) موٗنث۔ آنا جانا۔
آمدن بہ ارادت ورفتن بہ اجازت (ف) مثل۔ آنا اپنی خواہش سے اور جانا اجازت سے ہوتا ہے۔
آمدنی (ف) موٗنث ❶ فائدہ ❷ نفع ❸ روپے پیسے کے آنے کی صورت۔
آمد وشد (ف) آنا جانا ❶ تعلق ❷ آمد ورفت۔
آملہ (ف) مذکر ❶ ایک پھل ہے جو دوائیوں میں کام آتا ہے ❷ مربہ اور اچار بھی ڈالتے ہیں۔
آملیٹ (ای۔ا) مذکر۔ انڈوں کا چلا۔

آمنا سامنا (ا) مقابلہ ❶ لڑائی ❷ مڈبھیڑ ❸ سخت باتیں ❹ رُو در رُو۔
آمنا وصدقنا (ع) ❶ ٹھیک ❷ درست بجا واقعی ❸ ہم ایمان لاتے اور تصدیق کرتے ہیں۔
آمنے سامنے (ا۔ا) مذکر ❶ ایک دوسرے کے آگے ❷ یا ایک دوسرے کے مقابل۔
اموختنی (ف۔ صفت) ❶ سیکھنے کے لائق ❷ سکھانے کے قابل۔
آموختہ (ف) اسم مذکر ❶ مفعول از آموختن پڑھا ہوا ❷ پچھلا سبق۔
آموزش (ف۔ا) موٗنث ❶ سکھائی ❷ پڑھائی۔
آموزگار (ف) اسم مذکر ❶ (اسم فاعل ترکیبی از آموختن) سکھانے والا ❷ پڑھانے والا استاد ❸ ٹیچر۔
آمیزش (ف) موٗنث (حاصل مصدر از آمیختن) ملاوٹ۔
آمین (ع) دعائیہ کلمہ ہے ❶ خدا کرے ایسا ہی ہو ❷ خدا دعا قبول کرے۔

## آ ← ن

آن (ہ) موٗنث ❶ سوگند ❷ قسم ❸ عہد ❹ ممانعت ❺ ضد ❻ خواہش ❼ خاطر پاس لحاظ ❽ آبرو عزت ❾ لاج۔
آن (ع) اسم موٗنث ❶ وقت ❷ گھڑی ❸ ساعت ❹ لمحہ۔
آن (ف) اسم موٗنث ❶ معشوقانہ انداز ❷ چھب ❸ شان ❹ ناز محبوبی ❺ طرز ❻ ڈھنگ ❼ غرور گھمنڈ ❽ ملکیت ❾ قبضہ۔
آنا (ہ) مصدر ہے آمدن کا ترجمہ ❶ اپنی جگہ سے کسی طرف حرکت کرنا پہنچنا چلنا ❷ سامنے آنا ❸ تشریف لانا ❹ ہلنا ❺ ملاقات کرنا ❻ آگے بڑھنا ❼ نکلنا ❽ نمودار ہونا ❾ لوٹنا۔
آنہ۔ ❶ مذکر ❷ روپے کا سولھواں حصہ ❸ چار پیسے۔
آنا جانا (ہ) ❶ آمد ورفت ❷ تعلق ❸ واسطہ۔
آن بان (ا) موٗنث ❶ (آن بان بمعنی انداز۔ بان بمعنی عادت) سج دھج ❷ شان وشوکت ❸ غرور ❹ اکڑ ❺ وضع ❻ ڈھنگ ناز وادا۔
آن بان والا (ا) مذکر ❶ سج دھج والا ❷ ٹھاٹھ والا ❸ وضعدار ❹ بانکی چھب والا۔

آن بننا (ہ) فعل ① مصیبت پڑنا ② سختی آنا۔

آن لگنا (ا۔محاورہ) ① پاس اجانا ② ختم کے قریب ہونا۔

آن لینا (ا۔محاورہ) ① آ پکڑنا ② آ دبانا۔

آن ماننا (ا۔محاورہ) ① کسی بات کا قائل ہونا ② ہار ماننا۔

آنت (ہ) اسم مؤنث ① انتڑی ② لمبائی سے تشبیہہ ③ بہت لمبی جیسے شیطان کی آنت۔

آنت بھاری ہونا (ہ) فعل ① پیٹ میں خرابی ہونا ② سوءِ ہضم ہونا۔

آنت بھاری تو مات بھاری (ہ) مثل۔ پیٹ میں خرابی ہو تو سر میں درد ہو جاتا ہے۔

آن توڑنا (ہ) فعل ① اقرار توڑنا ② خلاف عادت و رسم کرنا۔

آنتوں کا بل کھولنا (ا) فاقے کے بعد رج کر کھانا۔

آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا (ا) محاورہ ① سخت بھوک ہونا ② بھوک کے مارے مرنے کے قریب ہونا ③ بھوک کے مارے قل ہونا ④ بھوک سے مرنا۔

آنتیں سمیٹنا / آنتیں موسنا (ہ) فعل ① فاقہ کشی کرنا ② بھوکا رہنا ③ بھوک سہنا۔

آنتیں سوکھنا۔ (ہ) فعل ① بھوک کے مارے آنتوں میں خشکی آنا ② سخت فاقے میں رہنا۔

آنتیں گلے میں آنا (ہ) فعل ① فاقے کی مصیبتیں جھیلنا ② بلا میں پھنسنا مصیبت میں گرفتار ہونا۔

آنتیں منہ کو آنا (ہ) فعل ① کلیجہ منہ کو آنا ② تنگ ہونا ③ جی اُکتانا ④ تنگ ہونا ⑤ ناک میں دم آنا۔

آنٹ (ہ) اسم مؤنث ① گرہ ② گانٹھ ③ بل دشمنی ④ ان بن ⑤ رکاوٹ کینہ مخالفت۔

آنٹ پڑنا (ہ) فعل ① گرہ پڑنا ② ناراضگی ہو جانا ③ نفاق ہونا۔

آنٹ لگانا (ہ) ① سنار کا زیور کو پرکھنا ② رگڑ لگانا ③ گرہ دینا ④ عداوت ہونا۔

آنٹ نکلنا (ہ) فعل ① رکاوٹ جاتی رہنا ② کدورت دور ہونا ③ دشمنی جاتی رہنا۔

آنٹی (ہ) اسم مؤنث ① کشتی کا ایک داؤ ہے یعنی ٹانگ اڑا کر حریف کو گرا دیا کرتے ہیں ② اڑنگا ③ سوت کی انٹی ④ دھوتی کی اڑاسن ⑤ لکڑیوں کا گٹھا۔

آنٹی دینا / آنٹی مارنا (ہ) فعل ① اڑنگا مارنا ② ٹانگ میں ٹانگ مار کر گرا دینا۔

آنٹی لگانا (ہ) فعل ① باندھنا ② ٹھونسنا۔

آنچ (ہ) مؤنث ① گرمی ② محبت ③ رنج ④ نقصان ⑤ صدمہ ⑥ شعلہ ⑦ لوکا۔

آنچ دکھانا (ہ) فعل ① گرم کرنا ② جلانا ③ آگ دکھانا ④ تھوڑا گرم کرنا۔

آنچ کھانا (ہ) فعل ① زیادہ پک جانا ② تاؤ کھانا ③ پگھلنا۔

آنچ کا کھیل ہے (ہ) مثل ① مشکل کام ہے ② دقت طلب کام ③ جان جوکھوں کا کام۔

آنچ نہ آنا۔ (ہ) فعل ① تکلیف نہ پہنچنا ② صدمہ نہ ہونا ③ ندامت نہ آنا۔

آنچل (ہ) ① اوڑھنی کا سرا ② گھونگٹ ③ پلا ④ ہندو عورتیں پستان کے معنی بھی بولتی ہیں۔

آنچل پڑنا (ہ) فعل۔ دوپٹہ کسی چیز سے چھو جانا۔

آنچل پھاڑنا (ہ) فعل ① جادو ٹونا کرنا ② دوپٹے کا کنارہ کتر لینا ③ گھونگٹ کے دنوں میں نو عروس کا گستاخانہ کلام کرنا ④ بے ادب ہونا۔

آنچل ڈالنا (ہ) فعل۔ دولھا کو اس کے سسرال کے گھر میں دروازے سے صدر مقام تک اس کی بہن کا آنچل ڈال کر لے جانا اور نیگ لینا۔

آنچل لینا۔ (ہ) فعل ① تعظیم کے طور پر قدم لینا ② پاؤں پڑنا۔

آنچل منہ پر لینا یا رکھنا (ہ) فعل۔ گھونگٹ نکالنا۔

آنچل میں بات باندھنا (ہ) فعل ① بات کو یاد رکھنا ② نصیحت یاد رکھنا ③ بات کو اچھی طرح حافظہ میں رکھنا تا کہ بھولے نہیں۔

آنچل میں گرہ دینا۔ (ہ) فعل۔ کسی بات کو یاد رکھنے کے لئے دوپٹہ رومال وغیرہ میں گانٹھ دے لینا۔

آنچل میں سات باتیں باندھنا (ہ) فعل ① جادو کرنا ② ٹونا کرنا ③ ٹوٹکا کرنا۔

آندھ (ہ) اسم مؤنث ① سیاہی ② کلونس کا لک ③ اندھیرا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

آندھی (ہ) اسم مؤنث ① تند و تیز ہوا ② جھکڑ ③ ہوا کا طوفان ④ گرد وغبار ⑤ وصفت ہوچالاک ⑥ نہایت تیز۔

آندھی اٹھنا / آندھی آنا / آندھی چڑھنا (ہ) فعل ① ہوا کا طوفان اٹھنا گرد وغبار اٹھنا ② آفت آنا ③ بلا نازل ہونا۔

آندھی آئے بیٹھ جائے مینہ آئے بھاگ جائے (ہ) ① آندھی اگر آجائے تو آدمی کو بیٹھ جانا چاہیے اور بارش میں بھاگ کر کہیں سایہ میں ہوجانا چاہیے ② مجازاً تھوڑی تکلیف برداشت کرے ③ زیادہ ہو تو تیز ہوجائے۔

آندھی کی طرح آیا اور بگولے کی طرح چلا گیا۔ (ا) محاورہ ① بڑی تیزی سے آیا اور بہت جلد چلا گیا ② آتے ہی چلا گیا۔

آندھی ہونا۔ (ہ) فعل ① تیزی اور چالاکی کرنا۔ خرچ میں فضولی کرنا ② بڑی جلدی اور تیزی سے کام کرنا۔

آنڈ (ہ) اسم مذکر ① خصیہ ② فوطہ ③ کپورا ④ پیلڑا۔

آنڈ بڑھنا (ہ) فعل ① خصیوں کا بڑھ جانا ② نزول کے پانی کا اترنا۔

آنڈو بیل (ہ) اسم مذکر ① وہ بیل جسے خصی نہ کیا گیا ہو ② سانڈ ③ بجار ④ (صفت) مٹھا ⑤ سست ⑥ کاہل۔

آنرا کہ حساب پاک است ازمی محاسبہ چہ باک (ف) مثل ① جس کا حساب صاف ہے اسے پڑتال سے کیا ڈر ہے ② جو عیب دار نہیں اسے چغلی اور امتحان سے کچھ ڈر نہیں ③ جس کا پاپ اسی کا باپ جب کب پاپی مرے۔

آنرایبل (انگریزی) ① ذی رتبہ ② ذی عزت آدمی۔

آنریری (انگریزی) ① اعزازی ② امتیازی ③ بلا تنخواہ کام کرنے والا۔

آنسو (ہ) مذکر ① غم یا خوشی کی حالت میں انکھوں سے بہتا ہوا پانی ② ٹسوہ ③ آنجھو ④ انجھو۔

آنسو آنا (ہ) فعل ① آنکھ میں پانی بھر آنا ② آنسو ٹپکنا۔

آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک (ہ) مثل ہے ① جھوٹ موٹ کا رونا ② بناوٹ کا رونا ③ ٹوک ٹوک ④ بمعنی ٹکڑے ٹکڑے۔

آنسو بہانا (ہ) فعل۔ رونا اشک رواں کرنا۔

آنسو بھر آنا / آنسو بہنا (ہ) فعل ① انکھوں میں پانی آجانا۔ رونے کے قریب ہوجانا ② آبدیدہ ہونا۔

آنسو پونچھنا (ہ) فعل ① آنسو خشک کرنا ② کپڑے یا ہاتھ سے آنسو خشک کرنا ③ دلاسا دینا ④ تسلی دینا ⑤ تشفی کرنا۔

آنسو پھوٹ نکلنا (ہ) فعل ① بے اختیار آنسو بہ جانا ② اشک جاری ہوجانا۔

آنسو پی جانا / آنسو پینا (ہ) فعل ① ضبط کرنا ② رونے کو روکنا ③ صدمہ سہار لینا ④ چپکے چپکے رونا۔

آنسو توڑ (ہ) اسم مذکر ① بے موسم بارش ② بے وقت کا مینہ۔

آنسو ڈالنا (ہ) فعل ① گریہ کرنا ② زار زار رونا ③ آنسو بہالینا۔

آنسو ڈبڈبانا (ہ) فعل ① رونے کے نشان ظاہر کرنا ② آنکھیں پانی سے بھر جانا۔

آنسو کی لڑائی (ہ) مؤنث ① مسلسل آنسو ② پے در پے ③ متواتر آنسو آنا۔

آنسو نکل پڑنا (ہ) فعل ① بے اختیار آنسو آجانا ② بے اختیار رونا۔

آنسوؤں سے منہ دھونا / آنسوؤں کی جھڑی لگنا (ہ) فعل ① لگاتار آنسو بہنا ② آنسوؤں کا بارش کی طرح بکثرت گرنا۔

آنک (ا) اسم مذکر ① ہندسہ ② پرکھ ③ جانچ ④ کپڑے پر قیمت کا نشان۔

آنکڑا (ہ) اسم مذکر ① خمدار کانٹا ② ہک ③ کھونڈی کی شکل کی مڑی ہوئی سلاخ ④ لکیر ⑤ بانک۔

آنکنا (ہ) فعل ① جانچنا ② قیمت کا اندازہ لگانا ③ منتروں سے زہریلے پھوڑوں کو دم کرنا یا زہریلے جانور کے کاٹے کو روکنا۔

آنکھ (ا) مؤنث ① دیکھنے کا آلہ ② نین ③ نیتر ④ چشم ⑤ عین ⑥ نظر ⑦ بینائی ⑧ اشارہ ⑨ اندازہ۔



(آنکھ)

آنکھ اٹکنا / آنکھ الجھنا (ہ) فعل ① آشنائی ہونا ② عشق ومحبت ہونا لگن لگ جانا۔

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا (ہ) فعل ① توجہ سے دیکھنا ② نظر اونچی کر کے دیکھنا ③ نظر مہر سے دیکھنا ④ آنکھ ملانا ⑤ نظر بھر کر دیکھنا۔

آنکھ اچٹ جانا (ہ) فعل ① جاگ اٹھنا ② آنکھ کھل جانا۔

آنکھ آشنا نہیں (ہ) ① آنکھ نے دیکھا نہیں ② اجنبی چیز۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...218

www.besturdubooks.net

آنکھ آنا (ہ) فعل ❶ آنکھ دکھنے آنا ❷ آنکھ میں تکلیف ہو جانا۔

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل (ا۔مثل) جو چیز سامنے نہ ہو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

آنکھ اونچی نہ کرنا (ا۔محاورہ) فعل ❶ شرم کرنا ❷ شرم کے مارے نظر نہ اٹھانا۔

آنکھ بچانا (ہ) ❶ چشم پوشی کرنا ❷ نظر بچا کر نکل جانا۔

آنکھ بچنا (ہ) فعل ❶ نگاہ چوکنا ❷ کسی کی ذرا سی غفلت دیکھنا ❸ غافل پانا ❹ دھیان نہ رکھنا۔

آنکھ بچا کر آنا (ہ) فعل ❶ چھپ کر آنا ❷ چوری سے آنا۔

آنکھ بدل جانا/آنکھ بدلنا/آنکھ بدل لینا (س۔ہ) فعل ❶ بے مروتی کرنا ❷ بے وفائی برتنا ❸ خفا ہو جانا ❹ سابقہ مہربانیاں نہ رہنا ❺ پہلی سی عنایت کا جاتا رہنا۔

آنکھ برابر کرنا (ہ) فعل ❶ آنکھ سامنے کرنا ❷ مقابل کرنا۔

آنکھ برابر کر سکنا (ہ) فعل۔ شرم کے مارے نظر نہ اُٹھا سکنا۔

آنکھ بنانا (ہ) فعل ❶ آنکھ سے موتیا دور کرنا ❷ آنکھ کا علاج کرنا ❸ پھوٹی آنکھ کی جگہ پتھر وغیرہ کی آنکھ لگانا ❹ آنکھ میں بینائی آنے کا علاج کرنا۔

آنکھ بند کر کے کوئی کام کرنا (ہ) فعل ❶ بے پروائی سے کام کرنا ❷ بے سوچے کوئی کام کرنا ❸ یونہی اندھا ہو کر کام کرنا۔

آنکھ بند کر لینا (ہ) فعل ❶ مر جانا ❷ سو جانا ❸ غافل ہونا ❹ بے وفائی کرنا ❺ خوفزدہ ہو جانا ❻ بے حیائی برتنا۔

آنکھ بند کرنے میں (ہ) تابع فعل۔ پلک جھپکنے میں ذرا سی دیر میں۔

آنکھ بند کیے چلے جاؤ۔ (ہ) فقرہ ❶ بے دھڑک چلے جاؤ ❷ بے خوف جاؤ ❸ سیدھے چلے جاؤ۔

آنکھ بند ہونا (ہ) فعل ❶ آنکھ مندنا ❷ مرنا ❸ سو جانا ❹ خوف ہونا۔

آنکھ بنوانا ❶ آنکھ کا پانی نکلوانا ❷ آنکھ کا جالا کٹوانا ❸ کسی چیز کی پرکھ پیدا کرنا ❹ بینائی حاصل کرنا ❺ لیاقت و تمیز سیکھنا۔

آنکھ بھر کر دیکھنا (ہ) فعل ❶ گھورنا نظر بھر کر دیکھنا ❷ بری طرح غور سے دیکھنا غور سے دیکھنا ❸ توجہ کرنا۔

آنکھ بھر لانا (ہ) فعل ❶ آنسو بھر لانا ❷ آنکھ میں پانی ڈبڈبانا۔

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا/آنکھ بھوں چڑھانا ❶ تیوری چڑھانا خفا ہو جانا ❷ ناراض ہو جانا ❸ غصہ ظاہر کرنا۔

آنکھ بیٹھ جانا (ہ) فعل ❶ آنکھ کے ڈھیلے کا اندر کو دھنس جانا ❷ اندھا ہو جانا۔

آنکھ پر چڑھنا (ہ) فعل ❶ پسند خاطر ہونا ❷ نظر میں جچ جانا ❸ نظروں میں سمانا۔

آنکھ پر تنکا رکھنا (ہ) فعل ❶ آنکھ کا پھڑکنا بند کرنے کو آنکھ کے چھپر پر تنکا رکھ لینا ❷ ٹوٹکا کرنا۔

آنکھ پڑنا (ہ) فعل ❶ نظر پڑنا ❷ دیکھا جانا ❸ عاشق ہونا ❹ اتفاقیہ نظر آنا ❺ محبت ہونا ❻ لالچ اور رغبت کی نگاہ سے دیکھنا۔

آنکھ پسیجنا (ہ) فعل ❶ آنسو آنا ❷ شرمانا ❸ درد آنا۔

آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا/آنکھ چیر چیر کے دیکھنا (ہ) (ا۔محاورہ) ❶ بڑے غور سے دیکھنا ❷ حیرت سے دیکھنا۔

آنکھ پھر جانا یا آنکھ پھرنا (ہ) (ا۔محاورہ) ❶ نگاہ چوکنا ❷ دشمن ہونا ❸ رخ بدلنا ❹ بے اعتنائی ہونا۔

آنکھ پھڑکنا (ہ) ❶ آنکھ کی پلک کا ہلنا ❷ خود بخود آنکھ کے چھپر میں حرکت ہوتے رہنا ❸ اس سے لوگ شگون بھی لیا کرتے ہیں۔

آنکھ پھوٹنا (ہ) فعل ❶ بینائی کا نہ رہنا ❷ اندھا ہونا ❸ نابینا ہو جانا ❹ عورتیں بچہ مرنے کے معنی بھی لیتی ہیں۔

آنکھ پھوٹی پیڑ گئی (ہ) مثل ❶ جب رشتہ ہی نہ رہا ❷ تو ہمدردی کہاں روز روز کی تکلیف سے ایک دفعہ کا بھاری نقصان سہہ لیا ❸ جب آنکھ ہی نہ رہی تو درد اڑ گیا۔

آنکھ پھوڑنا (ہ) فعل ❶ اندھا کرنا ❷ نظر سے زیادہ کام لیکر اسکو خراب کر لینا۔

آنکھ پھیرنا (ا۔محاورہ) ❶ ناراض ہونا ❷ غصے سے چڑ جانا ❸ مر جانا۔

آنکھ ٹھنڈی کرنا (ہ) فعل ❶ تسلی دینا ❷ دوست سے ملکر خوش ہونا۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا (ہ) فعل ❶ بے رخی برتنا ❷ آنکھ پھیرنا بے مروتی اختیار کرنا۔

آنکھ پڑنا (ہ) فعل ❶ یکا یک نظر جا پڑنا ❷ اتفاقاً دیکھ پانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

آنکھ لڑنا (ہ) فعل ❶ عاشق ہو جانا ❷ فریفتہ ہونا۔
آنکھ جمنا (ہ) فعل۔ نظر ٹھہرنا۔
آنکھ جھپکانا (ہ) فعل ❶ آنکھ کو حرکت دینا ❷ شرمانا ❸ لاج و شرم کرنا ❹ اشارہ کرنا۔
آنکھ جھپکنا (ہ) فعل ❶ ذرا سو رہنا ❷ روشنی کا تاب نہ لانا ❸ ڈرنا۔
آنکھ یا آنکھیں چار ہونا (ہ) فعل ❶ نظر سے نظر ملنا ❷ ملاقات ہونا ❸ سامنے ہونا۔
آنکھ چرا کر دیکھنا (ہ) فعل ❶ دوسرے کو نظر بچا کر دیکھنا ❷ چوری چھپے دیکھنا۔
آنکھ چرانا / آنکھ چھپانا (ہ) ❶ منہ چھپانا ❷ شرمانا ❸ لجانا ❹ چھپنا ❺ بیمروتی کرنا۔
آنکھ چمکانا (ہ) فعل ❶ آنکھ مٹکانا ❷ کانے آدمی کا ایک آنکھ سے دیکھنا۔
آنکھ دکھانا (ا۔ محاورہ) ❶ غصہ ہونا ❷ دھمکانا ❸ گھور کر دیکھنا۔
آنکھ دکھنا (ہ) فعل ❶ آنکھ میں درد ہونا ❷ آشوب چشم ہونا۔
آنکھ دوڑانا (ہ) فعل ❶ تلاش ❷ جستجو ❸ تجسس کرنا ❹ سہارا تلاش کرنا۔
آنکھ دھوئی دھائی (ہ) مؤنث ❶ صاف آنکھ مجازاً بے حیائی ❷ بے شرمی ❸ بے مروتی۔
آنکھ دیکھنا (ہ) ❶ کسی کی صحبت میں رہنا ❷ صحبت کا اثر رکھنا ❸ شاگرد رہنا ❹ تعلیم حاصل کرنا۔
آنکھ ڈالنا (ہ) فعل ❶ ملاحظہ کرنا ❷ عشق کرنا ❸ دانت رکھنا ❹ نیت بد رکھنا۔
آنکھ ڈبڈبانا (ہ) فعل ❶ آنسو بھر لانا ❷ رنجیدہ ہونا۔
آنکھ رکھنا (ہ) فعل ❶ امید رکھنا ❷ سہارا ڈھونڈنا ❸ پہچان اور پرکھ رکھنا ❹ تاکنا ❺ بری نظر سے دیکھنا۔
آنکھ روشن ہونا (ہ) فعل ❶ کسی کی ملاقات سے دل خوش ہونا ❷ آنکھوں میں بینائی آجانا۔
آنکھ سامنے نہ کرنا / ہونا (ہ) فعل ❶ شرمندہ ہونا ❷ نظر نہ ملنا۔
آنکھ سے آنکھ ملانا (ہ) فعل ❶ سامنے ہونا ❷ روبرو آنا ❸ مقابلہ کرنا ❹ برابری کرنا۔
آنکھ سے دیکھ کر کام کرنا (ہ) فعل ❶ غور و توجہ سے کام کرنا ❷ ہوشیاری سے کام کرنا۔
آنکھ سے آنکھ لڑنا (ہ) فعل ❶ آنکھیں چار ہونا ❷ عاشق ہونا۔
آنکھ سے اوجھل ہونا (ہ) فعل ❶ نظر سے اوٹ میں ہونا ❷ نظر نہ آنا ❸ نظر سے غائب ہونا۔
آنکھ سے سلام لینا (ہ) فعل ❶ سلام ماننے کا اشارہ کرنا ❷ زبان کی جگہ آنکھ سے جواب سلام دینا۔
آنکھ سیدھی ہونا (ہ) فعل ❶ نظر مہر ہونا ❷ نظر عنایت ہونا۔
آنکھ سے گرنا (ہ) ❶ ذلیل ہونا ❷ بے عزت ہو جانا ❸ قدر و منزلت نہ رہنا۔
آنکھ سے گرانا (ہ) فعل ❶ بے قدر کرنا ❷ خوار و حقیر سمجھنا ❸ برا جاننا۔
آنکھ سے لہو ٹپکنا یا آنا (ہ) فعل۔ رونے کی اس قدر کثرت ہونا کہ آنسو کی جگہ لہو ٹپک آئے۔
آنکھ سینکنا (ہ) فعل ❶ خوبصورتوں کو گھورنا ❷ دیدار بازی کرنا ❸ نظارہ کرنا۔
آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا (ہ) مثل ❶ بیوقوف گاہک جسے مال خریدنے کی تمیز نہ ہو ❷ فضول خرچ امیر ❸ بیوقوف مال دار۔
آنکھ کا پانی ڈھل جانا (ہ) فعل ❶ بے شرم ہو جانا ❷ بے حیا بن جانا ❸ بے لحاظ اور بے مروت ہونا۔
آنکھ کا پردہ (ا) مذکر ❶ آنکھ کی جھلی ❷ لحاظ شرم۔
آنکھ کا تارا (ہ) مذکر ❶ نور نظر ❷ چشم ❸ اولاد ❹ بیٹا۔
آنکھ کا جالا (ہ) مذکر ❶ آنکھ کا پھولا پتلی پر سفید جھلی سی آجاتی ہے۔
آنکھ کا حجاب (ا) مذکر ❶ آنکھ کی شرم ❷ آنکھ کے اوپر کی جھلی۔
آنکھ کا لہو کی بوٹی ہونا (ا) فعل۔ آشوب یا صدمہ سے آنکھ لال ہو جانا۔
آنکھ کا غبار (ا) مذکر۔ آنکھ کا دھندلا پن آنکھ سے صاف نظر نہ آنا۔
آنکھ کا ناسور (ہ) اسم مذکر۔ آنکھ کا وہ زخم جس سے ہمیشہ پانی جاری رہے۔
آنکھ کھلنا (ہ) فعل ❶ جاگنا ❷ بیدار رہنا ❸ ہوشیار رہنا ❹ ہوش آنا ❺ حقیقت معلوم ہونا۔
آنکھ کھلی کی کھلی رہ جانا (ہ) فعل ❶ نہایت متحیر و ششدر ہونا ❷ ہکا بکا رہ جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

آنکھ کھولنا (ہ) فعل ❶ ہوش سنبھالنا ❷ کیفیت حال سے واقف ہونا۔

آنکھ کی بدی بھوں کے آگے۔ (ہ) مثل ۔ایسے موقعہ پر بولتے ہیں، جہاں کسی شخص کی بدی اس عزیز دوست کے سامنے بیان کی جائے۔

آنکھ کی پتلی (ہ) مؤنث ❶ آنکھ کا کالا حصہ مردمک چشم ❷ آنکھ کی ڈھیری پنجابی۔

آنکھ کی پتلی پھرنا (ہ) فعل ۔موت کی علامت ظاہر ہونا۔

آنکھ کی ٹھنڈک (ا) مؤنث۔ وہ محبوب جس کے دیکھنے سے دل کو آرام وچین آجائے۔

آنکھ کی حیا (ا) مؤنث ❶ آنکھ کی شرم ❷ منہ دیکھنے کی مروت ❸ آنکھ کا لحاظ۔

آنکھ کے سامنے یا آنکھ کے آگے (ہ) تابع فعل ❶ دیکھتے دیکھتے ❷ روبرو موجودگی میں۔

آنکھ گاڑنا (ہ) فعل ❶ نظر جما کر دیکھنا ❷ ٹکٹکی باندھ کر گھورنا۔

آنکھ لجانا (ہ) فعل ❶ شرم کرنا ❷ حیا کرنا ❸ لاج کے مارے شرم کرنا۔

آنکھ لجائی دھی پرائی (ہ) مثل ۔لڑکی کا رشتہ مانگنے والوں کا پیغام سن کر لڑکی والوں کا نظریں نیچے کرنا جو رشتہ منظور ہونے کی علامت ہوتی ہے نظر جھکانا اقرار کی نشانی ہے۔

آنکھ للچائی ہوئی پڑنا (ہ) فعل ❶ بڑے پیار سے دیکھنا ❷ لالچ اور خواہش سے دیکھنا۔

آنکھ لڑانا (ہ) فعل ❶ گھورنا ❷ آنکھ ملانا ❸ آنکھیں چار کرنا ❹ عاشق ہونا۔

آنکھ لگانا (ہ) فعل ❶ عشق کرنا ❷ سو رہنا ❸ آشنائی کرنا۔

آنکھ لگنا (ہ) فعل ❶ سو جانا ❷ عاشق ہونا ❸ انتظار ❹ تاک۔

آنکھ مارنا (ہ) فعل ❶ اشارہ کرنا ❷ پلک جھپکنا۔

آنکھ مچ جانا یا آنکھ مُند جانا (ہ) فعل ❶ مرجانا ❷ آنکھ بند ہونا ❸ سو جانا۔

آنکھ مچولی یا آنکھ مچول (ہ) مذکر ۔بچوں کا ایک کھیل ہے۔

آنکھ ملنا (ہ) ❶ آنکھیں چار ہونا ❷ نظر سے نظر ملنا۔

آنکھ ملنا (ہ) فعل ۔اُونگھ یا نیند سے اُٹھتے وقت آنکھ کو ہاتھ سے رگڑنا۔

آنکھ مُندنا (ہ) فعل ❶ آنکھ بند ہونا ❷ آنکھ میچنا ❸ سونا ❹ مرجانا۔

آنکھ میلی کرنا (ہ) فعل ❶ بے رخی کرنا ❷ تیوڑی چڑھانا۔

آنکھ میں آنکھ ملانا یا آنکھ میں آنکھ ڈالنا (ہ) فعل ❶ گھورنا ❷ نظر سے نظر ملا کر غور سے دیکھنا۔

آنکھ میں کھب جانا/ کھبنا (ا۔محاورہ) ❶ پسند آجانا ❷ نظر میں چڑھ جانا ❸ آنکھ میں چبھنا۔

آنکھ میں کھٹکنا (ا۔محاورہ) ❶ آنکھ میں چبھنا ❷ گوار گزرنا ❸ برا لگنا۔

آنکھ میں پانی نہیں (ہ) مثل ❶ بے شرم ہے ❷ حیا نہیں ❸ اندھی آنکھ۔

آنکھ میں چبھنا یا آنکھ میں بیٹھنا (ہ) فعل ❶ بھلا لگنا ❷ پسند خاطر ہونا۔

آنکھ میں چوب آنا (ہ) فعل ❶ کسی چیز سے آنکھ کا چبھ جانا ❷ آنکھ کا صدمہ سے سُرخ ہونا۔

آنکھ میں جگہ کرنا (ہ) فعل ❶ پیارا ہونا ❷ محبوب ہونا ❸ پسند آنا۔

آنکھ میں سمانا (ہ) فعل ۔دیکھیے آنکھ میں بسنا۔

آنکھ میں شرم تھی دل کی نرم تھی (ہ) مثل نہایت باحیا اور بامروت کی نسبت بولتے ہیں جو کسی نے کہا جھٹ مان لیا۔

آنکھ میں شرم ہو تو جہاز سے بھاری ہے (ہ) مثل ۔شرمیلا آدمی بہت ہی باعزت ہوتا ہے۔

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا (ہ) فعل ❷ آنکھ پھوڑنا ❷ اندھا کردینا۔

آنکھ ناک سے درست ہونا (ہ) فعل ❶ خوبصورت ہونا ❷ بے عیب ہونا۔

آنکھ ناک سے ڈرنا (ہ) فعل ❶ خدا سے ڈرنا کہ کہیں عیب دار نہ کردے۔

آنکھ نہ پڑنا (ہ) فعل ❶ رغبت اور دھیان نہ کرنا ❷ توجہ نہ کرنا۔

آنکھ نہ پسیجنا (ہ) فعل ❶ آنکھ میں آنسو نہ آنا ❷ بے رحم اور سنگدل ہونا ❸ بیحیا ہونا۔

آنکھ نہ جھپکنا (ہ) فعل ❶ جاگتے رہنا ❷ شرمندہ احسان نہ ہونا ❸ نظر جمی رہنا ❹ ٹکٹکی بندھنا ❺ نیند نہ آنا۔

Join Us on whatsapp Naveed BAIG 03149097218

**آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ** (ہ) مثل لیاقت کچھ نہیں اور دعویٰ بڑے بڑے۔

**آنکھ نہ ناک بنّو چاند سی** (ہ) ① یہ فقرہ طنزاً بولا جاتا ہے یعنی آنکھ اور ناک تو خوبصورت نہیں پھر دولہن اچھی کہاں ② بدصورتی میں حسن کا دعویٰ۔

**آنکھ والا** (ہ) اسم مذکر ① بنیا آدمی ② ہوشیار ③ پہچان اور شناخت والا۔

**آنکھ ہے** (ا) ① جملہ ② ارادہ ہے ③ نیت ہے ④ خیال ہے ⑤ وانت ہے۔

**آنکھوں آنکھوں میں باتیں کرنا** (ہ) فعل ① اشاروں میں باتیں کرلینا ② اشارہ بازی۔

**آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا** (ہ) فعل۔ تمام رات جاگتے ہی جاگتے بسر ہونا۔

**آنکھوں پر بٹھانا** (ا۔ محاورہ) ① نہایت عزت و احترام کرنا ② بڑی خاطر تواضع کرنا۔

**آنکھوں پر آؤ/آیئے** (ا۔ محاورہ)۔ شوق سے تشریف لایئے۔

**آنکھوں پر بیٹھو/بیٹھے** (ا۔ محاورہ) جم جم آیئے۔

**آنکھوں پر پٹی باندھنا یا باندھ لینا** (ہ) فعل ① احسان فراموش ہوجانا ② بے مروت ہونا۔

**آنکھوں پر پردہ پڑنا یا پڑ جانا** (ہ) فعل ① اندھا اور بے خبر ہو جانا دھوکے میں آجانا۔

**آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا** (ہ) محاورہ۔ اپنا پیارا دل کو برا نہیں لگتا۔

**آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا یا رکھ لینا** (ہ) فعل ① بے مروتی کرنا ② بے حیا بننا۔

**آنکھوں پر دیوار اٹھانا** (ا) فعل ① انکار کرنا ② منکر ہو جانا ③ مکر جانا۔

**آنکھوں تلے پھرنا** (ہ) فعل ① بار بار خیال آنا ② ہر وقت دھیان رہنا ③ نظروں میں رہنا۔

**آنکھوں پر قدم رکھیں** (ا۔ محاورہ) ① شوق سے تشریف لائیں ② آپ کے قدم ہمارے سر آنکھوں پر۔

**آنکھوں دیکھا** (ہ) اسم مذکر ① آنکھوں سے دیکھا ہوا ② چشم دید۔

**آنکھوں دیکھا مانا کانوں سنا نہ مانا۔** (ہ) مثل۔ دیکھ لینے سے سننے کی نسبت زیادہ یقین ہوجاتا ہے۔

**آنکھوں دیکھا بھٹ پڑے مجھے کانوں سننے دے** (ہ) مثل۔ کسی کی دیکھی ہوئی بات کو غلط اور اپنی سنی ہوئی بات کو سچ بتانے کی ضد کرنا۔

**آنکھوں دیکھی مکھی نگلی نہیں جاتی** (ا۔ مثل) ① جان بوجھ کر اپنا نقصان نہیں کیا جاتا ② جانتے بوجھتے کوئی مصیبت میں نہیں پڑتا۔

**آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک** (ا۔ محاورہ) ① بڑی خوشی سے منظور ہے۔

**آنکھوں سے** (ہ) تابع فعل ① بڑی خوشی سے بسر وچشم ② دل و جان سے۔

**آنکھوں سے اترنا** (ہ) فعل ① حقیر ہونا ② نظر سے گر جانا۔

**آنکھوں سے اُٹھانا** (ہ) فعل ① نہایت عزت و تعظیم سے اُٹھانا ② عزت و توقیر کرنا۔

**آنکھوں سے بجالانا** (ہ) فعل کسی حکم کی تعمیل نہایت خوشی سے کرنا۔

**آنکھوں سے تلوے سہلانا** (ہ) فعل ① آنکھوں کا تلوے سے ملنا ② پرلے درجے کی محبت ظاہر کرنا۔

**آنکھوں سے دم نکلنا** (ہ) ① کسی کے انتظار میں دم نکلنا ② مرتے وقت روح آنکھ ناک کان منہ وغیرہ کے سوراخوں سے نکلتی ہے۔

**آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سنا** (ہ) محاورہ کسی نہایت پر تعجب واقعہ کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**آنکھوں سے خون بہانا** (ہ) فعل ① بکثرت رونا ② اتنا رونا کہ پانی کی جگہ خون آنے لگے۔

**آنکھوں سے کام کرنا۔** (ہ) فعل ① بڑی خوشی سے کوئی کام کرنا ② نہایت شوق سے کوئی کام کرنا۔

**آنکھوں سے لگانا** (ہ) فعل ① نہایت تعظیم کرنا ② عزت کرنا ③ قدر کرنا۔

**آنکھوں سے لگانا یا لگا کے رکھنا** (ہ) فعل ① عزت سے رکھنا ② محبت سے رکھنا۔

**آنکھوں سے معذور ہونا** (ا) فعل ① کم نظر آنا ② اندھا ہونا ③ مرض چشم میں مبتلا رہنا۔

www.besturdubooks.net

**آنکھوں سے نیند اڑنا** (ہ) فعل ① بیخوابی رہنا ② نیند نہ آنا ③ آرام نہ رہنا۔

**آنکھوں سے نیل ڈھلنا** (ہ) فعل ① (اصل میں نیر بمعنی پانی ہے۔ بگڑ کر نیل ہوگیا) مرنے کی علامت ہے ② قریب المرگ ہونا۔

**آنکھوں کا پانی ڈھل جانا** (ہ) فعل ① بیحیا اور بے شرم ہوجانا ② شرم وحیا جاتے رہنا۔

**آنکھوں کا تیل نکالنا** (ہ) فعل ① آنکھوں سے باریک ترین کام لینا ② نظر پر زور دینا ③ بہت کام لینا۔

**آنکھوں کا چلنا پھرنا** (ہ) ① نگاہ کا شوخی سے نہ ٹھہرنا ② ادھر اُدھر دیکھنا۔

**آنکھوں کا رونا** (ہ) فعل ① آنکھوں سے ہمیشہ پانی چلنا ② بیمار رہنا۔

**آنکھوں کا شکوہ۔** آنکھوں کی شکایت۔

**آنکھوں کا نور** (ا) مذکر ① آنکھوں کی روشنی ② بیٹا اولاد نرینہ۔

**آنکھوں کو رو بیٹھنا۔** (ہ) فعل) ① بینائی گنوا بیٹھنا ② آنکھوں سے لاچار ہوجانا۔

**آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا/ آنکھوں کے آگے تارے چھٹکنا/** (ا۔محاورہ) نظر کی کمزوری یا سر پر صدمہ پڑنے سے آنکھوں کے سامنے ذرے سے اڑتے دکھائی دیا کرتے ہیں ان کو تارے چھٹکنا کہتے ہیں۔

**آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک** بیوقوف کو طنزاً کہا کرتے ہیں اپنا اور اپنے عزیزوں کا عیب بالکل دکھائی نہیں دیتا۔

**آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ۔ آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن۔** (ا) محاورہ ① اِن اوصاف پر فخر کرنا جن کا وجود ہی نہ ہو ② ناجائز تعریف۔

**آنکھوں کے بل چلنا** (ہ) فعل ① نہایت تعظیم بجا لانا ② نہایت ادب سے چلنا۔

**آنکھوں کے آگے چاندنا ہونا** (ا۔محاورہ) ① آنکھ کا خیرہ ہوجانا ② دماغ کو صدمہ پہنچنے سے تارے چھوٹنے لگتا ③ کچھ دکھائی نہ دینا۔

**آنکھوں کی پتلیاں پتھرانا** (ا) ① آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا ② پتلی کا بے حس ہوجانا ③ یہ حالت بوقت مرگ طاری ہوجاتی ہے ④ نہایت انتظار کرنا۔

**آنکھوں کے ڈیلے۔** (ہ) مذکر ① سفیدی اور سیاہی ملی جلی ② دیدے۔

**آنکھوں کے ڈورے۔** (ہ) مذکر ① آنکھ کی سفیدی میں سرخ سرخ لکیریں ② آنکھوں کی رگیں۔

**آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئیں۔** (ہ) جملہ ① تمام کام ہوگیا ② تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے ③ ہاتھی نکل گیا دم رہ گئی ہے۔

**آنکھوں کی راہ سے دل میں آنا** (ہ) فعل ① نظر آتے ہی دل میں جا بسنا ② پسند خاطر محبوب ہونا دل اور آنکھوں دونوں کا پیارا۔

**آنکھوں کے ناخن لو یا لواد** (ا) محاورہ ① شناخت سیکھو ② پرکھ پیدا کرو ③ غفلت دور کرو ④ دیکھنے کی قابلیت حاصل کرو۔

**آنکھوں میں** (ہ) تابع فعل ① نظروں کے روبرو ② سامنے نظروں میں۔

**آنکھوں میں آنا** (ہ) فعل ① نشہ ہونا ② جچنا ③ آنکھوں میں سمانا ④ نظر پر چڑھنا۔

**آنکھوں کے سامنے اندھیر آنا** (ہ) ① غم و رنج کے باعث کم دکھائی دینا ② دھندلا نظر آنا غش آنا۔

**آنکھوں میں بچن ہونا** (ا) فعل ① اشاروں میں قول وقرار ہوجانا ② آنکھوں میں محبت کی باتیں ہوجانا۔

**آنکھوں میں بسنا** (ا۔محاورہ) فعل ① پسند آنا ② بھانا ③ مرغوب ہونا۔

**آنکھوں میں بھنگ گھٹنا** (ہ) فعل ① بھنگ کے نشہ میں سرشار ہونا ③ مست ہونا۔

**آنکھوں میں بیٹھنا** (ہ) ① آنکھوں میں چھبنا آنکھوں میں پسند آنا ② بھاجانا۔

**آنکھوں میں پالنا۔** (ہ) ① بڑی محبت اور پیار سے پرورش کرنا ② نہایت ہی حفاظت اور نگہبانی سے پالنا۔

**آنکھوں میں پھرنا** (ہ) فعل ① کسی کی صورت کا خیال ہر وقت نظروں میں رہنا ② بار بار خیال آنا۔

**آنکھوں میں پھر جانا** (ہ) فعل ① یاد آجانا کسی بات کا سماں آنکھوں کے سامنے آجانا ② کوئی بھولی ہوئی بات دل میں آجانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

آنکھوں میں پھیکا لگنا۔(ہ) فعل ❶ نظروں میں اچھا نہ معلوم ہونا ❷ نگاہ میں نہ جچنا ❸ حقیر معلوم دینا۔

آنکھوں میں پی جانا (ہ) فعل ❶ ضبط گریہ کرنا ❷ خاموش ہو رہنا ❸ کسی کی حرکت بد دیکھ کر غصے کو دبا لینا یا کسی مرغوب چیز کا خاموشی سے دیکھتے رہنا۔

آنکھوں میں تکلے چبھونا (ا۔محاورہ) ❶ ظلم کرنا ❷ دشمن سے بدلہ لینا ❸ آنکھیں پھوڑنا۔

آنکھوں میں ٹیسو پھولنا (ا۔محاورہ) ❶ خوش ہونا ❷ زرد ہی زرد دکھائی دینا ❸ خوشی کا سامان نظروں میں پھرنا۔

آنکھوں میں تلنا (ہ) فعل ❶ نظروں میں جچنا ❷ کسی چیز کا ہلکا اور سبک ہونا۔

آنکھوں میں جان آنا (ہ) فعل ❶ جان بلب ہونا ❷ قریب المرگ ہونا۔

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا۔ درد میں تخفیف ہونا۔

آنکھوں میں جفتے پڑنا (ہ) فعل ❶ نظروں میں فرق آنا ❷ کچھ کا کچھ دکھائی دینا ❸ (عام لوگوں کی بولی ہے)۔

آنکھوں میں جگہ دینا (ہ) فعل ❶ نہایت محبت سے رکھنا ❷ عزیز رکھنا پیار سے رکھنا ❸ پیارا جاننا۔

آنکھوں میں جہان سیاہ ہونا (ہ) ❶ غم و رنج کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا ❷ مصیبت اور رنج میں عمر کٹنا ❸ غشی کی حالت رہنا ❹ کچھ اچھا نہ لگنا۔

آنکھوں میں چرانا (ہ) فعل ❶ سب کے روبرو دھوکا دے دینا ❷ چوری اور عیاری میں کمال کرنا۔

آنکھوں میں چربی چھانا (ا۔محاورہ) فعل ❶ آنکھوں پر پردہ پڑنا ❷ مغرور ہونا ❸ اندھا ہونا۔

آنکھوں میں چڑھنا (ہ) فعل ❶ نظر میں جچنا ❷ منظور ہونا۔

آنکھوں میں چکا چوند ہونا (ہ) فعل ❶ سورج ❷ یا تیز روشنی دیکھ کر آنکھیں چندھیا جانا ❸ روشنی کی تاب نہ لانا ❹ نگاہ کی خیرہ ہونا۔

آنکھوں میں حلقے پڑنا (ہ) فعل۔ لاغری اور کمزوری کے باعث آنکھوں کا اندر کو دھنس جانا۔

آنکھوں میں خار گزرنا/لگنا/ہونا (ا۔محاورہ) ❶ ناگوار معلوم ہونا ❷ برا لگنا ❸ کھٹکنا۔

آنکھوں میں خاک (ا) ❶ نظر بد سے بچاؤ کیلئے کہا کرتے ہیں جیسے چشم بد دور ❷ جب کوئی چیز دینی منظور نہیں ہوئی تب بولتے ہیں۔

آنکھوں میں خاک ڈالنا/آنکھوں میں خاک جھونکنا/آنکھوں میں دھول ڈالنا/ (ہ) فعل ❶ آنکھوں میں مٹی ڈالنا دھوکا دینا ❸ مکروفریب کرنا بری چیز کو گاہک کی نظر میں اچھا دکھانا کسی چیز کو چرا لینا۔

آنکھوں میں خون اترنا/اتر آنا (ا۔محاورہ) ❶ بہت غصہ آنا ❷ آنکھیں سرخ ہونا۔

آنکھوں میں خون برسنا (ہ) فعل ❶ خونخواری اور جلادی ظاہر ہونا ❷ درندگی کا اظہار۔

آنکھوں میں دم آجانا (ہ) ❶ مرنے کے قریب ہونا ❷ جان بلب ہونا۔

آنکھوں میں ڈر رہنا (ہ) دل میں خوف رہنا۔

آنکھوں میں رات کاٹنا۔(ہ) فعل ❶ ساری رات جاگ کر گزارنا ❷ بے قراری ❸ پریشانی کی وجہ سے نیند نہ آنا۔

آنکھوں میں سرسوں پھولنا (ا۔محاورہ) ❶ ہر چیز بھلی معلوم ہونا ❷ خوش ہونا ❸ ہر طرف زردی ہی زردی دکھائی دینا۔

آنکھوں میں رائی لون (ہ) فعل۔ عورتوں کی بولی ہے جب کسی بچے یا اچھی چیز کو کوئی ٹوکتا ہے تو نظر بد نہ لگنے کے خوف سے کہہ دیا کرتی ہیں۔

آنکھوں میں رسیلا پن ہونا۔(ہ) فعل۔ آنکھوں کا خوبصورت و عمدہ ہونا۔

آنکھوں میں رہنا (ہ) فعل ❶ ہر وقت تصور میں رہنا ❷ دھیان میں رہنا ❸ نہایت پیارا اور خوبصورت دوست۔

آنکھوں میں سحر ہونا۔(ہ) فعل ❶ جادو بھری آنکھیں ❷ نہایت خوبصورت۔

آنکھوں میں سفیدی چھانا (ہ) فعل ❶ اندھا ہونا ❷ مردمک پر جالے کا چھا جانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

آنکھوں میں سمانا (ہ) فعل ① آنکھوں میں گھر کرنا ② تصور میں جم جانا ③ اس کے برعکس آنکھوں میں کھٹکنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔

آنکھوں میں سماں بندھنا (ہ) ① فعل کسی کیفیت کا لطف آنا ② تصور میں اس کا خیال رہنا۔

آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے اچھے (ا) بے شرم اور بدلحاظ آنکھوں سے مٹی کے ڈھیلے اچھے ہیں۔

آنکھوں میں کھائے جاتا ہے (ہ) محاورہ ① نہایت خوبصورت آنکھیں ہیں ② آنکھوں میں گھائل کرتا ہے ③ آنکھوں سے جی لبھائے لیتا ہے اس کی زد سے بچنا مشکل ہے غصے میں آنکھیں نکال کر خوف ہی سے مار ڈالتا ہے۔

آنکھوں میں کوٹ کوٹ کے موتی بھرے ہیں۔ (ہ) ① نہایت چمکدار آنکھیں ہیں ② نہایت عمدہ اور خوبصورت رسیلی آنکھیں ہیں۔

آنکھوں میں گھر کر جانا۔ (ہ) فعل ① آنکھوں میں بسنا ② پسند خاطر ③ ہونا ④ منظور نظر ہونا۔

آنکھوں میں لہو اترنا (ہ) غصے کے مارے آنکھیں سرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں مروت نہ ہونا (ہ) فعل ① بے حیا و بے وفا ہونا ② کسی پر احسان نہ کرنا۔

آنکھوں میں موہنی ہے۔ (ہ) ① آنکھوں میں جادو ہے ② آنکھوں میں دوسرے کو مسخر کر لینے کی قوت ہے ③ آنکھوں میں لبھا لینے کی قوت ہے۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں (ا۔ محاورہ) اشاروں ہی اشاروں میں۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا (ا۔ محاورہ) ① سب کے سامنے چرا لینا ② کمال چالاکی کرنا۔

آنکھیں آنا (ہ) فعل ① آنکھیں دکھنا ② آنکھیں درد کرنا ③ سرخ ہونا۔

آنکھیں الٹ جانا (ہ) فعل ① آنکھوں پر ورم سخت ہونا ② آنکھیں سوج جانا ③ انتظار میں تھک جانا ④ قریب المرگ ہونا۔

آنکھیں آسمان سے لگی ہیں (ا) محاورہ۔ بارش نہ ہونے یا دعا قبول نہ ہونے یا کبوتروں کی اڑان یا انتظار میں آنکھیں آسمان کی طرف ہونا۔

آنکھیں امنڈنا (ا) ① آنکھوں میں رونے کا طوفان ہونا ② رونے کا جوش ہونا۔

آنکھیں بچھانا (ا۔ محاورہ) ① خوب خاطر مدارات کرنا ② بے حد تعظیم و تکریم کرنا۔

آنکھیں بدلنا (ہ) فعل ① بے توجہی اور بے مروتی کرنا ② جان کنی کا وقت۔

آنکھیں بند کرنا (ا۔ محاورہ) ① تصور باندھنا ② غافل ہونا ③ مرنا۔

آنکھیں بھر آنا (ہ) فعل ① آبدیدہ ہونا ② آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

آنکھیں بھر کر دیکھنا۔ (ہ) فعل ① پورے طور دیکھنا ② نہایت غور سے دیکھنا۔

آنکھ بیٹھ جانا۔ (ہ) فعل۔ ضعف اور لاغری سے آنکھوں کا اندر کی طرف دھنس جانا۔

آنکھیں پتھرانا (ہ) فعل ① آنکھوں کا اندھا ہونا ② بے نور ہو جانا ③ بینائی نہ رہنا۔

آنکھیں پھیر لینا/آنکھیں پلٹ جانا (ہ) فعل ① خفا ہونا ② بے مروت ہونا ③ توجہ نہ کرنا ④ منہ پھیر لینا ⑤ دشمن بن جانا۔

آنکھیں پھٹنا (ہ) فعل ① درد اور تکلیف کی شدت ہونا اور ایسا معلوم ہونا گویا آنکھیں نکل پڑتی ہیں ② ہکا بکا رہنا ③ رشک کرنا ④ حسد کرنا۔

آنکھیں پھر جانا (ا۔ محاورہ) ① علامات مرگ ظاہر ہونا ② بے مروت ہونا ③ تیوری چڑھا لینا۔

آنکھیں پھوٹنا (ہ) فعل ① اندھا ہونا ② درد کی شدت سے سخت تکلیف ہونا۔

آنکھیں پھوڑنا (ہ) فعل ① اندھا کرنا ② اندھا ہونا بیحد رونا ③ انتظار کرنا ④ دیدہ ریزی کرنا ⑤ بکثرت کام کرنا۔

آنکھیں پھیرے طوطے کی سی باتیں کرے مینا کی سی (ہ) مثل ① دوست کا دشمن ② دل میں کچھ زبان پر کچھ ③ منافق طبع ④ باتیں میٹھی میٹھی دوستوں جیسی اور کام دشمنوں جیسے خود غرض۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314

www.besturdubooks.net

**آنکھیں ترسنا** (ہ) فعل ❶ دیدار کی آرزو ہونا ❷ ملاقات کی سخت خواہش ہونا ❸ پیارے کو دیکھ کر تسلی ہونا۔

**آنکھیں جلنا** (ہ) فعل ❶ آنکھوں میں سوزش ہونا ❷ جلن ہونا۔

**آنکھیں جھپکنا** (ہ) فعل ❶ شرمندہ ہو جانا لجانا ❷ آنکھ سامنے نہ ہو سکنا ❸ نیند نہ آنا ❹ روشنی کی تاب نہ لاسکنا۔

**آنکھیں چار ہونا** (ہ) فعل ❶ رو برو ہونا ❷ مقابل ہونا ❸ ملنا ❹ ملاقات کرنا۔

**آنکھیں چرانا** (ہ) ❶ چشم پوشی کرنا ❷ تجاہل عارفانہ کترانا۔

**آنکھیں چڑھانا** (ہ) فعل ❶ تیوری پر بل ڈالنا ❷ خاطر میں نہ لانا۔

**آنکھیں چڑھنا** (ہ) فعل ❶ نشہ کا خمار ہونا ❷ آنکھوں میں نیند ہونا۔

**آنکھیں چوندھیانا یا چندھیانا** (ہ) کسی روشن چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا خیرہ ہونا۔

**آنکھیں چھت سے/کو لگ جانا** (ا۔محاورہ) ❶ آنکھیں اوپر چڑھ جانا ❷ علامت مرگ ظاہر ہونا ❸ ٹکٹکی بندھ جانا۔

**آنکھیں دکھانا** (ہ) فعل ❶ دھمکانا ❷ چشم نمائی کا ترجمہ ہے ❸ ڈرانا۔

**آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا** (ہ) فعل ❶ لاغری اور کمزوری سے تمام جسم کی جگہ آنکھیں ہی آنکھیں حرکت کرتی نظر آنا ❷ نہایت دبلا ہونا۔

**آنکھیں ڈھونڈتی ہیں** (ہ) فقرہ ❶ آنکھیں نہایت مشتاق ہیں ❷ دیکھنا چاہتی ہیں ❸ مشتاق دیدار ہیں۔

**آنکھیں روشن ہونا** (ا) فعل ❶ آنکھوں میں نور آنا ❷ دیکھنے کی قوت کا تیز ہو جانا۔

**آنکھیں زمین سے لگ جانا** (ا) فعل ❶ نظر نیچی ہو جانا ❷ پشیمان ہونا۔

**آنکھیں زمین میں گڑی ہوئی تھیں۔** (ا) فقرہ ❶ شرم کے مارے آنکھیں اوپر نہ اٹھتی تھیں ❷ نیچی ہی رہتی تھیں ❸ سامنے نہ ہوتی تھیں۔

**آنکھیں سامنے کرنا** (ہ) فعل ❶ آنکھیں ملانا ❷ آنکھیں مقابل کرنا ❸ رو برو ہونا ❹ شرم کرنا۔

**آنکھیں سجا لینا** (ہ) فعل۔ رو رو کر آنکھوں پر ورم کر لینا۔

**آنکھیں سینا** (ہ) فعل ❶ پلکیں سی دینا ❷ ٹکٹکی باندھ کر گھات لگانا۔

**آنکھیں سینکنا** (ہ) فعل ❶ حسینوں کی دیدہ بازی ❷ نظارہ بازی کرنا۔

**آنکھیں کڑوانا** (ہ) فعل ❶ آنکھوں میں نیند کا خمار ہونا ❷ نیند کے مارے آنکھیں کڑوی کڑوی لگنا ❸ آنکھوں پر بوجھ اور درد سا معلوم ہونا۔

**آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا** (ہ) فعل ❶ حیران ہو جانا ❷ دم بخود ہونا ❸ سکتے کی حالت میں دم نکل جانا ❹ دیکھتے دیکھتے مرجانا۔

**آنکھیں کھولنا** (ہ) فعل ❶ جاگنا ❷ بیدار ہونا ❸ ہوشیار ہونا ❺ جنم لینا ❻ ہوش پکڑنا۔

**آنکھیں کھونا** (ہ) فعل ❶ رو رو کر آنکھیں تباہ و برباد کر لینا ❷ اندھا ہو بیٹھنا ❸ نابینا ہو جانا بے نور ہو جانا۔

**آنکھیں کہیں ہیں دل کہیں ہیں** (ہ) فقرہ ❶ جب کوئی شخص کسی طرف توجہ نہیں کرتا غور سے بات نہیں سنتا ❷ اس وقت بولتے ہیں کہ بے توجہی دور ہو جائے ❸ نظر اور طرف دھیان کہیں اور۔

**آنکھیں گڑنا** (ہ) فعل ❶ کسی چیز پر نظر جم جانا ❷ آنکھوں کا پیچھے کی طرف دھنس جانا ❸ آنکھیں بیٹھنا ❹ گھورنا ❺ ندیدوں کی طرح دیکھنا ❻ برابر تکتے رہنا۔

**آنکھیں لال کرنا** (ہ) فعل ❶ غضبناک ہونا ❷ غصے میں ہونا ❸ بہت سخت رونا۔

**آنکھیں مانگنا** (ہ) فعل ❶ بینائی کا خواستگار ہونا ❷ آنکھوں کی خواہش کرنا۔

**آنکھیں مٹکانا** (ہ) فعل ❶ آنکھیں چمکانا ❷ ناز نخرے کرنا۔

**آنکھیں موندنا** (ہ) فعل ❶ آنکھیں بند کرنا ❷ مرنا۔

**آنکھیں نکالنا** (ہ) فعل ❶ غصہ سے گھورنا ❷ لال پیلا ہونا۔

**آنکھیں نکلوانا** (ہ) فعل ❶ پہلے زمانے میں سزا کے طور پر چھری یا خنجر کی نوک سے مجرم کی آنکھیں نکلوا دیا کرتے تھے ❷ اندھا کرنا ❸ نابینا کرنا۔

**آنکھیں نیلی پیلی کرنا** (ہ) فعل ❶ نہایت خفا ہونا ❷ ناراضگی کا اظہار کرنا ❸ تیور بدلنا۔

**آنکھیں ہونا** (ہ) فعل ❶ سمجھ آنا ❷ ہوش درست ہونا ❸ معرفت الٰہی حاصل ہونا ❹ دل روشن ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار (ہ) محاورہ۔ سامنے کی محبت منہ دیکھے کا پیار۔

آنکھیں ہیں کہ بھینس کے چوتڑ (ہ) محاورہ ❶ دیکھ کر کام نہ کرنا ❷ اندھوں کی طرح بے سوجھے کام کرنے والے کو کہتے ہیں ❸ سجھائی نہ دینا ❹ بے توجہی سے کام کرنا۔

آن کی آن میں (ہ) تابع فعل۔ دم بھر میں ذرا سی دیر میں۔

آنکھڑی (ہ۔ا) مؤنث۔ آنکھ

آنگن (ہ) اسم مذکر ❶ گھر کا صحن ❷ انگنائی (پنجابی وہڑا)۔

آنند (س) صفت ❶ خوشی ❷ خرمی ❸ شادمانی فرحت۔

آنند کے تار بجانا (ا۔محاورہ) ❶ خوشی کے راگ گانا ❷ خوش رہنا ❸ عیش منانا۔

آنند ہونا (ا۔محاورہ) ❶ خوش ہونا ❷ آرام ہونا ❸ راضی ہونا۔

آنندی (ا) صفت ❶ خوش ❷ شادماں ❸ سکھی ❹ راضی۔

آنو (ا۔ا) اسم مؤنث۔ ایک سفید سا لیسدار مادہ جو مروڑ اور پیچش کے وقت پیٹ میں سے نکلا کرتا ہے۔

آنول نال (ہ۔ا) مؤنث ❶ وہ نلی اور اس کی آخری نکیا جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اس کی ناف سے لٹکی ہوتی ہے ❷ جیل یا جیر۔

آنولہ (ہ۔ا) مذکر ❶ ایک کھٹا اور کسیلا پھل ❷ آملہ۔

آنولا سار گندھک۔ (ا۔ا) مؤنث ❶ آنولے جیسی گندھک ❷ صاف شدہ گندھک یہ مزے میں نہایت ترش ہوتی ہے۔ اس سے یہ نام ہو گیا۔

آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ پایا (ا) مثل۔ بزرگوں کی نصیحت پہلے تو کڑوی لگتی ہے مگر تجربے کے بعد اس کا نفع معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح آنولا شروع میں کسیلا لگتا ہے بعد میں میٹھا۔

آنہ (ا۔ا) مذکر ❶ روپے کا سولھواں حصہ ❷ چار پیسہ کا سکہ۔

آنہ پائی (ا۔ا) مذکر ❶ پوری پوری ❷ ایک ایک کوڑھی۔

آنی بانی (ا۔ا) مؤنث ❶ ہنسی ❷ چھیڑ ❸ شرارت۔

آنی بانی (ا۔صفت) ❶ عارضی ❷ فانی ❸ ناپائدار۔

## آ ← و

آوا (ا۔ا) مذکر ❶ کمہار کے برتن پکانے کا گڑھا ❷ پژاوہ ❸ بھٹا۔

آوا اُترنا (ا۔محاورہ)۔ برتنوں کا پک کر تیار ہو کر گڑھے سے باہر نکلنا۔

آوا بگڑنا یا آوے کا آوا بگڑنا (ہ) فعل ❶ سب برتنوں کا خراب ہو جانا ❷ تمام خاندان کا بگڑ جانا۔

آوا چڑھانا (ا۔محاورہ) بھٹی میں پکنے کے لیے برتن لگانا۔

آواجائی (ہ) اسم مؤنث ❶ آمد و رفت ❷ آنا جانا۔

آوادانی (ہ) اسم مؤنث ❶ (آبادانی کا بگڑا ہوا ہے) بستی ❷ آبادی ❸ رونق قابل ❺ زراعت زمین۔

آوارگی (ف) ❶ ابتر پریشانی ❸ بدمعاشی ❹ آوارہ ہونا۔

آوارہ (ف) اسم مذکر ❶ پریشان ❷ تتر بتر ❸ بھٹکا ہوا ❹ گمراہ ❺ واہی تباہی۔

آواز (ف) مؤنث ❶ صدا ❷ ندا ❸ دھماکا ❹ کھٹکا ❺ آہٹ ❻ شہرہ ❼ غل۔

آواز آنا (ہ) فعل ❶ کان میں آواز پڑنا ❷ آواز سنائی دینا ❸ غیب سے آواز سنائی دینا ❹ آہٹ کان میں پڑنا۔

آواز اُٹھانا (ہ) ❶ آواز بلند کرنا ❷ اونچے سر میں گانا ❸ اونچا سر نکالنا ❹ دعوے کرنا۔

آواز بدل جانا (ہ) فعل۔ بیماری یا لاغری کی وجہ سے آواز میں فرق آنا۔

آواز بلند کرنا (ا) فعل ❶ زور سے بولنا ❷ چلا کے بولنا۔

آواز بند ہونا (ا) فعل ❶ آواز نہ آنا گلے کا بند ہو جانا ❷ آواز مشکل سے نکلنا۔

آواز بھاری ہونا (ا) فعل ❶ آواز بیٹھنا ❷ گلا بند ہو جانا۔

آواز بھرانا (ا) فعل ❶ آواز بھاری ہونا ❷ صاف طور سے بول نہ نکلنا ❸ بول نہ سکنا۔

آواز بیٹھنا (ا) فعل ❶ گلا بیٹھنا ❷ زیادہ اونچا بولنے یا گانے سے آواز بھاری ہونا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

**آواز پر کان لگانا/ رکھنا/ دھرنا** (ا) فعل ① کسی بات کے سننے کا خیال کرنا ② بات دھیان سے سننا ③ کسی آواز کو غور سے سننا۔

**آواز پر گولی لگانا** (ا) فعل۔ جدھر سے آواز آئی ہو دیکھے بغیر اُدھر نشانہ باندھکر گولی مارنا پرلے درجہ کی نشانہ بازی۔

**آواز پر لگنا** (ا) فعل ① آواز پہچاننا ② جانور کا آواز پر بولنا ③ اشارہ پر کام کرنا ④ ہل جانا ⑤ بولی سمجھنا۔

**آواز پڑنا/ آواز پھولنا/** (ا) فعل ① آواز بیٹھنا ② آواز بھاری ہونا ③ آواز صاف نہ رہنا۔

**آوازِ جرس** (ف) مؤنث۔ گھنٹے کی آواز۔

**آواز سے ملنا** (ا) فعل ① ہم آواز ہونا ② ایک کا دوسرے کے مشابہ ہونا۔

**آوازِ غیب** (ف ء) ① ہاتف غیب کی آواز ندائے غیب ② الہامی آواز۔

**آواز کا پاٹ** (ا) اسم مذکر ① آواز کی وسعت ② حدرسائی ③ آواز کی انتہا۔

**آواز کا چڑھاؤ اُتار** (ہ) اسم مذکر ① آواز کی باقاعدگی ② آواز کی بلندی و پستی۔

**آواز کان پڑی سنائی نہ دینا** (ہ) فعل۔ نہایت شور وغل ہونا۔

**آواز کرنا** (ا) فعل ① پکارنا ② آواز دینا ③ بلانا ④ ہانک مارنا۔

**آواز کسنا** (ا) فعل۔ بلند آواز سے تان اڑانا۔

**آواز کھلنا** (ا) فعل ① آواز صاف ہونا ② آواز میں خرابی نہ رہنا۔

**آواز گرنا** (ا) فعل ① آواز کا ہلکا ہو جانا ② دھیما ہو جانا ③ نیچے سر میں آجانا۔

**آواز لگانا** (ا) ① پکارنا ② آواز دینا ③ زور سے پکارنا ④ سودا وغیرہ پکار کے بیچنا ⑤ ہوکا دینا۔

**آواز نکالنا** (ا) فعل ① بولنا ② گانا شروع کرنا ③ بات کرنا ④ چرکنا۔

**آوازہ** (ف) اسم مذکر ① شہرت ② شہرہ ③ دھوم ④ غل ⑤ طعنہ ⑥ رمز۔

**آوازہ بلند ہونا** (ا) ① شہرت ہونا ② ناموری ہونا ③ دھوم مچ جانا۔

**آواگون** (ہ) اسم مذکر ① جون بدلنا ② کایا پلٹنا ③ ایک جسم سے مر کر دوسرے جسم میں روح کا جانا ④ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ روح کو فنا نہیں ⑤ یہ ہمیشہ اسی طرح اپنی کرتوت پر جسم بدلتی رہیگی ⑥ تناسخ ⑦ آنا جانا۔

**آؤ** (ہ۔ امر) آنا سے صیغہ جمع مخاطب ① بلانے کے واسطے بولا جاتا ہے ② جاؤ کی ضد ہے۔

**آؤ بھگت** (ہ) مؤنث ① خاطر تواضع ② تعظیم وتکریم۔

**آؤ جاؤ گھر تمہارا کھانا مانگے دشمن ہمارا** (ہ) مثل۔ نہایت بخیل اور کنجوس آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**آؤ دیکھا نہ تاؤ** (ہ) جملہ ① جلدی میں بے موقعہ کام کر بیٹھے ② کچھ نقصان نہ سوچا۔

**آور** (ف۔ لاحقہ) آوردن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے ① اور لانے والے کے معنی دیتا ہے ② جیسے خواب آور اور نشہ آور۔

**آورد** (ف) اسم مؤنث ① کوشش ② نفع اور تلاش سے کسی بات کو ذہن میں لانا ③ تکلیف سے کچھ لکھنا یا نظم وغیرہ کہنا ④ آمد کی ضد۔

**آوردہ** (ف) مذکر اسم مفعول از آوردن ① لایا ہوا ② سفارش کر کے نوکر کرایا ہوا۔

**آویختہ** (ف۔ صفت) ① لٹکا ہوا ② لپٹا ہوا ③ لٹکایا ہوا۔

**آویزاں** (ف) اسم صفت (از آویختن) ① لٹکتا ہوا ② معلق۔

**آویزش** (ف۔ ا) مؤنث ① چپقلش ② لڑائی ③ فساد۔

**آویزہ** (ف) اسم مذکر ① کان کا بُندا ② لٹکن ③ کان کے ایک زیور کا نام ہے۔

## آ ← ہ

**آہ** (ہ۔ ا) مؤنث کلمہ تأسف ① افسوس ② حیف ③ ہائے ④ وائے ⑤ اف ⑥ سانس ⑦ دم نفس۔

**آہ آہ کرنا** (ا۔ محاورہ) ① دکھ ② میں کراہنا ③ ہائے ہائے کرنا۔

**آہ بھر کے رہ جانا** (ا۔ محاورہ) ① افسوس کر کے رہ جانا ② کلیجہ تھام کر رہ جانا ③ دل پر جبر کر کے یا دل مسوس کر رہ جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Balo 03149071218

**آہ پڑنا** (ا) فعل ❶ کسی کی ہائے سے تکلیف پہنچنا ❷ صبر پڑنا ❸ سراپ پڑنا۔

**آہ لینا** (ا) فعل ❶ کسی مظلوم کی بددعا لینا ❷ کسی کو ستانا ❸ ظلم کرنا۔

**آہ نہ آئے** (ا) محاورہ ❶ افسوس نہ کیا جائے ❷ سخت دبا ڈالنا۔

**آہ و بکا** (ف) مؤنث ❶ رونا پیٹنا ❷ غم سے چیخنا۔

**آہ و زاری کرنا** (ف) مؤنث ❶ چلانا ❷ ہائے واویلا کرنا۔

**آہٹ** (ہ۔ا) مؤنث ❶ پاؤں کی آواز ❷ کھٹکا ❸ چلنے کی آواز۔

**آہٹ پانا** (۔امحاورہ) ❶ چلنے کی آواز سننا ❷ کھٹکا محسوس کرنا۔

**آہٹ پر کان ہونا** (ا۔محاورہ)۔ پاؤں کی آواز کا منتظر ہونا۔

**آہٹ لینا** (ا۔محاورہ) ❶ آواز پر کان رکھنا ❷ ہوشیار رہنا۔

**آہٹ ہونا** (ا۔محاورہ) ❶ کھڑکا ہونا ❷ کھٹکا ہونا۔

**آہرن** (ہ) مذکر۔ نہائی جس پر لوہار لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں۔

**آہستگی** (ف۔ا) مؤنث ❶ دھیما پن ❷ نرمی ❸ سہولت۔

**آہستہ** (ف۔صفت) ❶ دھیرے سے ❷ چپکے سے۔

**آہستہ آہستہ** (ف۔متعلق) فعل ❶ دھیرے دھیرے ❷ رفتہ رفتہ ❸ چپکے چپکے ❹ دھیمے دھیمے۔

**آہن** (ف) مذکر۔ لوہا۔

**آہن ربا** (ف) مذکر ❶ مقناطیسی پتھر ❷ لوہے کو اچک لینے والا آہن گر۔

**آہنگ** (ف) مذکر ❶ سر ❷ گانے کی الاپ ارادہ ❸ قصد نیت۔

**آہن گر** (ف) مذکر ❶ لوہار ❷ لوہے کا کام کرنے والا۔

**آہنی** (ف) اس میں یائے نسبتی ہے ❶ لوہے کی ❷ لوہے کی بنی ہوئی سخت مضبوط۔

**آہو** (ف) مذکر ❶ ہرن ❷ مرگ ❸ عیب ❹ نقص ❺ خرابی۔

**آہو چشم** (ف) مذکر ❶ ہرن جیسے آنکھوں والا۔ مرگ نینا ❷ مجازاً معشوق۔

**آہوئے حرم** (ف) ❶ مکہ معظمہ میں رہنے والا ہرن ❷ جس کا شکار کرنا منع ہے ❸ کنایۃً معشوق جو قابو میں نہیں آتا۔

**آہوئے فلک** (ف) مذکر۔ آفتاب۔ سورج۔

**آہو گیر** (ف) اسم مذکر فاعل ❶ عیب جو بد بیں ❷ نکتہ چین آدمی ❸ ہرن کا شکاری۔

## آ ← ی

**آیا** (ہ) مؤنث ❶ دودھ پلانے والی عورت ❷ آنا ❸ کلمہ استفہام بمعنی کیا ❹ آنا مصدر سے ماضی مطلق صیغہ واحد مذکر بھی ہے ❺ بچوں کو کھلانے اور کپڑے پہنانے والی خادمہ۔

**آیا** (ف) شائد۔ تمنا کے معنی دیتا ہے۔

**آیا بندہ آئی روزی گیا بندہ گئی روزی** (ہ) ❶ جب انسان پیدا ہوتا ہے روزی ساتھ آتی ہے ❷ جب مر گیا تو اس کا رزق بھی اٹھ جاتا ہے۔

**آیا رمضان بھاگا شیطان**۔ (ا) مثل۔ نیک کو دیکھ کر برا رفو چکر ہوتا ہے۔

**آیا گیا** (ہ) مذکر ❶ مہمان ❷ آنے جانے والا ❸ مسافر۔

**آیات** (ع) مؤنث ❶ آیت کی جمع ہے ❷ نشانیاں عبارت کے جملے فقرے۔

**آیات متشابہات** (ع) مؤنث۔ قرآن حکیم کی وہ آیتیں جن کے حقیقی معنوں میں کچھ شبہ ہو۔

**آیت مطلق** (ع) اسم مؤنث۔ قرآن شریف میں پورے وقفہ کی علامت کو کہتے ہیں۔

**آئے تو کہاں جائے** (ہ) جملہ ❶ جب دشمن جال میں یعنی قابو آ جائے تو پھر کہاں نکلے ❷ جب غصہ آ جائے تو بلا اظہار کہیں مٹ سکتا ہے۔

**آئی تو روزی نہیں تو روزہ** (ا) مثل۔ مل گیا تو کھا لیا نہیں ملا تو فاقہ کر لیا۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

آئے دن (ہ) تابع فعل ❶ ہر روز ❷ سدا ❸ نت ❹ ہمیشہ۔

آئے کی خوشی نہ گئے کا غم (ا) مثل ❶ بے پرواہی اور استغنا کے موقع پر بولا کرتے ہیں ❷ آنا نہ آنا برابر ہے۔

آیے مل جی آیے (ہ) ❶ بقال لوگ تمسخر کے طور پر بولتے ہیں ❷ جب کسی دوسرے بقال سے ملتے ہیں ❸ یعنی آیئے ❹ آپ کی شان تو دیکھو۔

آئیندہ (ف) اسم مذکر۔ (فاعل از آمدن) ❶ آنے والا زمانہ ❷ مستقبل ❸ آ گیا پھر کبھی ❹ دوبارہ۔

آئیندہ اختیار بدست مختار (ف) مثل ❶ نصیحت ختم کر چکنے کے موقعہ پر آخر میں کہتے ہیں ❷ یعنی ہم سمجھا چکے ❸ مانو نہ مانو ❹ خدا جو چاہے کرے۔

آئی (ہ) مؤنث ❶ قضا ❷ اجل ❸ موت ❹ مرگ (آنا مصدر سے ماضی مطلق مؤنث واحد غائب بھی ہے ❺ اور مؤنث اسم مفعول بھی) مصیبت۔ بلا۔

آئے پیر بھاگے بیر (ہ) مثل ❶ نیک لوگوں کے سامنے برے نہیں ٹھہر سکتے ❷ پیروں کے سامنے بھوت کہاں۔

آئے بائے کھاٹ کے پائے (ہ) مثل ❶ واہیات اور فضول بات ❷ آئیں بائیں شائیں کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

آئیگا کتا تو پائیگا ٹکا (ا) محاورہ۔ کوشش اور محنت بغیر کچھ نہیں ملا کرتا۔

آئی گئی ہوگئی (ا) مثل ❶ بات گئی گزری ضائع ہوگئی ❷ بھول بسر گئی۔ یاد تک نہ رہی۔

آئیگی جان کیساتھ جائیگی جنازے کیساتھ (ہ) مثل۔ عادت جب طبیعت ثانیہ بن جاتی ہے تو مرنے کے وقت ہی جاتی ہے۔

آئی تلے برسا سوں جئے (ہ) مثل ❶ مصیبت اگر ٹل جائے تو آدمی دیر تک زندہ رہ سکتا ہے ❷ مصیبت سے امن ہو تو آرام سے گزر جاتی ہے۔

آئین (ف) ❶ قانون ❷ قاعدہ ❸ طریقہ ❹ دین ❺ رسم و رواج۔

آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ (ا) مثل ❶ ہر کام میں دخل دینے والی عورت ❷ بات کو جانتی تک نہیں پھر خواہ مخواہ کا دخل۔

آئین دیوانی (ف) مذکر۔ لین دین کا قانون۔

آئین فوجداری (ف) مذکر ❶ فوجی اور جنگی قانون ❷ وہ قانون جس میں فوجداری جرم اور ان کی سزا کا بیان درج ہو۔

آئین مال (ف) لگان مقرر اور وصول کرنے کے قانون۔

آئیں بائیں شائیں (ہ) مؤنث۔ فضول اور لغو بات۔ بے سروپا اور مہمل بات۔

آئینہ (ف) مذکر ❶ شیشہ ❷ کانچ ❸ ظاہر کرنیوالا ❹ ظاہر ❺ واضح ❻ عیاں ❼ حیران ششدر۔

آئینہ باطن (ف۔ع) ❶ صاف باطن ❷ پاک دل ❸ روشن دل ❹ دل کو بوجھنے والا ❺ نیک آدمی۔

آئینہ بن جانا (ا) محاورہ ❶ حیران ہو جانا ❷ متحیر ہو جانا ❸ بے حس و حرکت ہو جانا۔

آئینہ بندی (ف) اسم مؤنث ❶ شیشہ آلات مثلاً قطعات ❷ جھاڑ فانوس وغیرہ سے مکان کو آراستہ کرنا۔

آئینہ بنانا (ا) فعل ❶ حیران کر دینا ❷ شیشہ بنانا۔

آئینہ حلبی (ف۔ء) حلب ایشیائے کوچک کے ایک شہر کا نام ہے۔ وہ آئینہ جو حلب میں بنا ہو۔

آئینہ دار (ف) مذکر ❶ آئینہ دکھانا والا سنگار کرنے والا ❷ بیوٹی پارلر۔

آئینہ دکھانا (ا) محاورہ ❶ شیشہ دکھانے کی خدمت کرنا ❷ تہوار کے دن حجام لوگوں کو شیشہ دکھا کر انعام لیا کرتے ہیں ❸ اس فعل کو شیشہ دکھانا کہتے ہیں۔

آئینہ رُخ / آئینہ رُو (ف) مذکر ❶ نہایت حسین ❷ خوبصورت جس کا منہ شیشے کی طرح صاف ❸ چمکدار ہو ❹ مجازاً معشوق دلربا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03490772188

آئینہ سیما (ف) مذکر ❶ شیشہ جیسی پیشانی والا ❷ محبوب ❸ حسین۔

آئینہ ساز یا آئینہ گر (ف) مذکر۔ شیشے بنانے والا۔

آئینہ سامنے سے ہٹنا (ا) محاورہ۔ ہر وقت اپنے بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔

آئینہ کر دینا (ا) محاورہ ❶ ظاہر کر دینا ❷ عیاں کر دینا ❸ روشن کر دینا ❹ چمکا دینا۔

آئینہ میں بال آنا (ا) فعل ❶ آئینہ کا ٹوٹ جانا ❷ ذرا سی درز آ جانا۔

آئینہ میں منہ تو دیکھو/ آئینہ لے کے منہ تو دیکھو/ آئینہ اٹھا کے منہ تو دیکھو (ا) محاورہ ❶ شیشے میں اپنی شکل تو دیکھو ❷ یہ طنزاً بولا کرتے ہیں ❸ جب کوئی نا قابل شخص کسی بڑے کام کا دعویٰ کرتا ہو۔

آئینہ محل (ف) مذکر ❶ شیش محل ❷ وہ کمرہ جس میں شیشے کا کام بکثرت کیا گیا ہو۔

آئینہ ہونا (ا) فعل ❶ ظاہر ہونا ❷ روشن ہونا ❸ کسی بات کا کھل جانا۔

آئے ہوتو گہرے چلو (ا) (ٹھگوں کا محاورہ ہے) جب کسی مسافر کو قتل کرنا منظور ہو تو ٹھگ یہ فقرہ اپنے سردار کا سنتے ہی اس کا کام تمام کر دیتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ا

حروفِ تہجی کا پہلا حرف۔

ا۔حروف تہجی کا پہلا حرف ❶ عربی میں کبھی جمع کے لئے آتا ہے ❷ جیسے تدابیر کبھی تانیث کے کبھی متکلم کے لیے جیسے مشفقانہ کبھی لیے جیسے عقبیٰ یہ شکل یا جیسے مجتبےٰ ❸ دنیا غرض بہت سے معنی دیتا ہے ❺ وغیرہ وغیرہ۔

ا۔(ع) مذکر ❶ لغوی معنی ❷ ایک ❸ اکیلا ❹ واحد ❺ مجرد۔

ا۔(ہ۔ا) مذکر۔ ہندی صوتی حروف پہلا حرف جو سابقہ بھی ہوتا ہے اور نفی کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً ❶ اتھاہ (جس کی تہہ نہ ہو) ❷ اٹل (جو ٹلنے والا نہ ہو)۔

## ا ← ب

اب (ع۔ا) مذکر ❶ باپ دادا ❷ باپ۔

اب وَ جد۔(ع۔ا) مذکر ❶ خاندان کے بزرگ ❷ باپ دادا۔

اب۔(ہ) تابع فعل ❶ ظرف زماں ❷ اس وقت فوراً ❸ اسی دم ❹ دوبارہ آئندہ ❺ اس کے علاوہ ❻ تھوڑی دیر بعد۔ فی زمانہ ❼ فی الحال۔

اب اب کر کے (ا) تابع فعل ❶ چند روز سے ❷ تھوڑے دنوں میں۔

اب اب کرنا (ہ) محاورہ ❶ ٹال مٹول کرنا ❷ لیت و لعل کرنا ❸ حیلے بہانے کرنا۔

اب اللہ ہی اللہ ہے۔(ا۔مثل) ❶ سب سہارے ٹوٹ گئے ❷ اب کوئی امید باقی نہیں رہی۔

اب ایسا بھی کیا۔(ا۔محاورہ) ❶ یہ بات نہیں ہوسکتی ❷ یہ کیونکر ہو۔

اب بھی (ہ) تابع فعل ❶ اس وقت بھی اس صورت میں بھی ❷ پھر بھی۔

اب بھی میرا مردہ تیری زندہ پر بھاری ہے۔ (ا۔مثل) ❶ میں اب گیا گزرا بھی تمہارے لئے کافی ہوں ❷ میں اس ردی اور خراب حالت میں بھی آپ سے ہر طرح اچھا ہوں۔

اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔(ہ) مثل ❶ نقصان کے بعد پشیمانی سے کیا فائدہ ❷ موقعہ اور وقت کھو کر افسوس کرنا بالکل بیفائدہ۔

اب تب۔(ا۔متعلق فعل) مونث ❶ آج کل میں ❷ ٹال مٹول۔

اب تب لگنا۔(ا۔محاورہ) ❶ مرنے کے قریب ہونا ❷ نزع کے عالم میں ہونا۔

اب تب ہو رہی ہے۔(ہ) حالت نازک ہے ❶ مرنے کے قریب ہے ❷ گھڑی پل کا ہے۔

اَبا۔(ا۔ا) مذکر ❶ باپ ❷ جنم دینے والا ❸ خاندان کا بزرگ۔

اِبا۔(ع۔ا) مونث ❶ انکار ❷ نفرت ❸ اختلاف ❹ نافرمانی ❺

Join us on whatsapp Naveed BaIG 03...

www.besturdubooks.net

پرہیز۔

ابابیل (ء) مونث ❶ ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو شام کے وقت اندھیرے میں اڑتا ہے ❷ اور اندھیرے میں دن کی طرح دیکھتا ہے۔

ابال (ہ) مذکر ❶ جوش ❷ کف ❸ گرمی کا جوش ❹ تیز حرارت سے چیز کا جوش کھانا۔

ابالا سبالا (ہ) مذکر ❶ کبھی بغیر پکا ہوا کھانا ❷ بے مزہ کھانا جس میں بگھار وغیرہ کچھ دیا ہو ❹ سبالا تابع مہمل ہے۔

ابتداء (ء) مونث ❶ شروع ❷ آغاز ❸ پہل اول ❹ ازل۔

ابتداء بگڑنا۔ (ا۔ محاورہ) ❶ آغاز برا ہونا ❷ بچپن کی تربیت خراب ہونا۔

اَبتر (ء) مذکر ❶ خراب پریشان ❷ تتر بتر ❸ آوارہ ❹ بد اطوار ❺ بدچلن ❻ ردی ❼ نکما۔

ابتری (ء) مونث ❶ پریشانی ❷ آوارگی ❸ بد چلنی ❹ بربادی ❺ تباہی ❻ گڑبڑ۔

اب تک (ہ) تابع فعل ❶ اس دم تک ❷ تا حال ❸ اس وقت

اُبٹن یا اُبٹنا (ہ) اسم مذکر ❶ غازہ ❷ گلگلوز ❸ چہرے پر ملنے کا خوشبو دار مصالحہ جو جلد بدن کو ملائم اور صاف کر دیتا ہے۔

ابجد (ء) مذکر ❶ مفرد حروف ❷ حروف تہجی کا وہ مجموعہ جو جمل کے حساب سے حروف کے اعداد نکالنے کے کام آتا ہے۔ وہ آٹھ الفاظ ہیں۔ ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔ ان میں پہلے تین لفظ اکائیاں ہیں دوسرے دو دہائیاں۔ باقی آخر کے تین سینکڑے یعنی

۱۔۲۔۳۔۴۔۵۔۶۔۷۔۸۔۹۔۱۰

ا۔ب۔ج۔د۔ہ۔و۔ز۔ح۔ط۔ی۔

آخری حرف ی کو اکائیوں میں گننا یعنی دس اکائیاں۔

۲۰۔۳۰۔۴۰۔۵۰۔۶۰۔۷۰۔۸۰۔۹۰

ک۔ل۔م۔ن۔س۔ع۔ف۔ض۔ص

دہائیاں ہیں

۱۰۰۔۲۰۰۔۳۰۰۔۴۰۰۔۵۰۰۔۶۰۰۔۷۰۰۔۸۰۰

ق۔ر۔ش۔ت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔غ

۹۰۰۔۱۰۰۰

ظ۔

یہ سب سینکڑے ہزار کو دس سینکڑے سمجھو ان سے مشرقی اور تاریخ نکالتے ہیں مثلاً کسی مولود کی تاریخ پیدائش، مکان بنانے یا کسی اور واقعہ کی تاریخ۔

ابجد خواں۔ (ف) مذکر ❶ معبد اب ت پڑھنے والا ❷ شروع کرنیوالا ❸ نو آموز ❹ سیکھتر۔

اَبجل (ء) مذکر ❶ ساکت ❷ قائم ❸ مضبوط ❹ محکم۔

آبخرہ (ء) مذکر ❶ ابخار کی جمع ❷ بخارات ❸ بھاپ ❹ اردو والے اس کو واحد بولتے ہیں ❺ اور اس کی جمع ابخرے کرتے ہیں۔

ابخرے دماغ کو چڑھنا۔ (ا) فعل ❶ دماغ کو گرمی چڑھ جانا ❷ سودائی اور بولا ہو جانا۔

اَبد (ء) مونث ❶ ہمیشہ ❷ دنیا کے مٹ جانے کے بعد کا زمانہ جس کی کوئی انتہا نہیں۔

اِبدال (ء) مصدر ❶ بدل دینا ❷ تبدیل کرنا ❸ بدل ڈالنا۔

اَبدال (ء) اسم مذکر ❶ اولیاء اللہ کی وہ جماعت جس کے سپرد دنیا کا انتظام ہے۔

ابدالآباد۔ (ء) مذکر ❶ ہمیشہ ❷ دوام ❸ نت ❹ سدا۔

ابدی (ء) مونث (منسوب بہ ابد) ہمیشگی ❶ دائمی ❷ ہمیشہ کا۔

ابر۔ (ف) مذکر ❶ بادل ❷ سحاب ❸ گھٹا۔

ابر اُٹھنا۔ (ا) فعل ❶ آسمان پر بادل آنا ❷ گھٹا کا کسی طرف سے نمودار ہونا۔

اَبرار (ء) مذکر ❶ ابر کی جمع ❷ نیک لوگ ❸ پرہیزگار اور متقی آدمی ❹ صالح لوگ۔

اَبر اُمنڈنا (ا) بادل کا بڑے زور سے آنا ❶ گھٹا چھا جانا ❷ بادل چڑھنا۔

ابراہیم (ء) مذکر ❶ لغوی معنی "مہربان باپ" حضرت رسولِ خدا کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03144077218

www.besturdubooks.net

بہت سی پشتوں میں اوپر جا کر ایک پیغمبر ہوئے ہیں ② جن کا لقب خلیل اللہ تھا ③ ان کو نمرود نے آگ میں ڈلوایا تھا ④ یہ آگ آپ پر گلزار ہوگئی تھی ⑤ خانہ کعبہ جو حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان میں مہندم ہوگیا تھا ⑥ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہی از سرِ نو دوبارہ تعمیر کیا تھا۔

ابر بہاری۔ (ف) مذکر ① موسم بہار کا بادل ② وہ بادل جو بہار کے دنوں میں آتا ہے جس سے پھولوں اور پودوں کو کافی طراوت پہنچ جاتی ہے۔

ابرِ بہمن (ف) مذکر ① بہمن فارسی مہینوں میں گیارھویں مہینے کا نام ہے جو ہندی حساب سے پھاگن اور انگریزی حساب سے مارچ سے مطابقت رکھتا ہے۔

ابرِ تر (ف) مذکر ① برسنے والا بادل سیراب بادل۔

ابر تنک۔ (ف) مذکر ابر ① بادل ② تنگ ③ ہلکا سا بادل ④ خفیف اور پتلا سا ابر۔

ابرِ تیغ۔ (ف) مذکر ① تلوار کے جوہروں کا سلسلہ ② زنگاری ③ رنگ کی دھاریاں جو خالص فولادی تلوار میں ہوا کرتی ہیں۔

ابرِ دریا بار (ف) مذکر ① سمندر برسانیوالا بادل ② وہ بادل جو بہت ہی برسے بہت زیادہ برسنے والی گھٹا۔

ابر رحمت یا ابرِ کرم۔ (ف۔ ع) مذکر ① بخشش کا بادل ② رحمت کی گھٹا۔

ابر قبلہ (ف۔ ع) مذکر ① قبلہ یعنی مغرب کی طرف سے اٹھی ہوئی گھٹا ② ابر رحمت ③ خدا کا بھیجا ہوا بادل

ابر سیہ تاب۔ (ف۔ ا) مذکر ① کالی گھٹا ② گھنا بادل

ابر پھٹنا۔ (ا) فعل ① آسمان کا بادل سے صاف ہوجانا ② بادلوں کا آسمان پر نہ رہنا ③ بادلوں کا پراگندہ ہوجانا۔

ابر کو دیکھ گھڑے پھوڑ ڈالنا (ا) ① محاورہ ② امید پر اپنا نقصان کر بیٹھنا۔

ابر گھرنا (ا) فعل ① گھٹا چھانا ② بادلوں کا آسمان پر چاروں طرف سے آ جمع ہونا۔

ابرن (ہ) مذکر ① گہنا ② زیور ③ ٹوم۔

ابر نیساں (ف) مذکر ① وہ ابر جو ساڑھی کے موسم میں نوروز سے چالیس روز پہلے یا بعد میں برستا ہے ② مشہور ہے کہ اس پانی کی قطرہ اگر سیپ میں پڑ جائے تو موتی بن جاتا ہے اور اگر بانس میں گر جائے تو بنسلوچن پیدا ہوتا۔

ابرار۔ (ع۔ ا) مذکر ① ابر کی جمع ② نیک لوگ ③ اولیاء اللہ

ابرص۔ (ع۔ صفت) ① برص کا مریض وہ شخص جس کے بدن پر گلابی اور سفید رنگ کے داغ اور دھبے ہوں۔ ② چتکبرا ③ چتکبرا گھوڑا

ابرق/ابرک۔ (ف۔ ا) مذکر ① ایک قسم کی چمکیلی دھات ② ایک معدنی چمکیلی پرت والی شے جس پر آگ اثر نہیں کرتی۔

اَبرُو۔ (ف) مونث ① بھویں ② (بھروٹے پنجابی)

ابرو پر میل نہ آنا / لانا۔ (ا) فعل ① مزاج میں استقلال ہونا ② کسی نقصان یا تکلیف وغیرہ کی پرواہ نہ کرنا ③ کوئی افسوس نہ ہونا

ابرو میں بل پڑنا یا بل آنا (ا) فعل ① تیوڑی چڑھنا ② ناراض ہونا ③ غصہ آنا خفا ہوجانا۔

آبرو سے پیوستہ۔ (ف) مونث ① باہم بنی ہوئی بھویں ② دو بھویں جو دائیں بائیں سے آپس میں مل گئی ہوں۔

آبرہ (ف۔ ا) مذکر ① لباس ② اوڑھنے کے کپڑے کا بالائی حصہ ③ استر کی ضد

اَبری (ف) مونث ① ابر سے منسوب ② ندی ③ ابرہ ④ چمڑے کی اوپر کی سطح جو رنگین اور چمکیلی ہوتی ہے۔

ابریشم (ف) مذکر ① ریشم کا کویا ② پیلہ ③ ریشم کے کیڑوں کا غلاف۔

ابریق (ع) مونث ① چھاگل ② صراحی ③ پانی پینے کا لوٹا۔

اُبسنا (ہ) فعل ① کسی چیز میں بدبو پیدا ہوجانا ② گلنا ③ سڑنا۔

ابسواس (ہ) مذکر ① کم اعتقادی ② بدعقیدہ ③ شک وشبہ۔

ابسواسن (ہ) مونث ① بداعتقاد عورت۔

ابسواسی (ہ) مذکر ① بدعقیدہ آدمی۔

اَبصار (ع) مذکر ① بصر کی جمع ہے ② آنکھیں علم ③ دانائی۔

اِبصار (ع) فعل ① آنکھوں سے دیکھنا۔

اِبطال (ع) مذکر ① بطل کی جمع ہے ② بہادر ③ دلیر لوگ۔

اِبقا (ع) ① زندہ اور باقی رکھنا ② رعایت کرنی۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

اُبکائی (ہ) مونث ❶ معدے کی حرکت جو مواد نکالنے کے لئے ہوتی ہے ❷ بغیر اس کے کہ کچھ نکلے امتلا ❸ استفراغ۔ قے ہونے کی نشانیاں۔
اُبکنا (ہ) قے کرنا ❶ رد کرنا ❷ اُگل دینا۔
اَبلا (ہ) مونث ❶ دبلی پتلی عورت ❷ نازک بدن عورت ❸ زن۔
ابلا پری (ہ) مونث ❶ خوبصورت اور نازک اندام عورت۔
اُبل آنا (ہ) ورم کرنا ❶ سوج جانا ❷ جوش کھا کر باہر آنا۔
اَبلق (ع۔صفت) ❶ چتکبرا ❷ کوڑھی ❸ دورنگا۔
اَبلق ایام/ روزگار (ع۔ف۔ا) مذکر ❶ رات دن ❷ زمانہ روزگار۔
ابلاغ۔ (ع۔ا) مذکر ❶ پیغام رسانی ❷ تبلیغ۔
اَبلق چشم (ع۔ف) صفت۔ خوبصورت آنکھوں والا۔
اُبلنا، اُبل پڑنا (ہ) فعل جوش کھانا ❶ زیادتی پر ہونا ❷ مغرور ہونا ❸ بہت حد سے زیادہ جوش کھانا۔
ابلہ۔ (ف۔صفت) ❶ نادان ❷ کم عقل ❸ بھولا۔
ابلہ فریب/ فریبی (ف) مذکر ❶ عیار ❷ چالاک دھوکے باز ❸ سبز باغ دکھانا۔
اِبلیس (ء) خدا کی رحمت سے ناامید ❶ شیطان سے مراد ❷ خبیث ❸ پلید ❹ فریبی ❺ مکار۔
اِبن (ء) مذکر ❶ بیٹا ❷ فرزند ❸ پوت ❹ پتر۔
ابنائے جنس (ء) مذکر ❶ ہم جنس لوگ ❷ ہم وطن۔
آبنائے جہاں (ف) مذکر ❶ دنیا کے لوگ ❷ اولاد آدم ❸ موجودہ زمانے کے لوگ۔
ابن الوقت (ء) اسم مذکر ❶ خوشامدی زمانے ساز ❷ ایک کتاب کا نام ہے جو مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم دہلوی کی تصنیف ہے۔
اَبُو (ء) مذکر ❶ باپ ❷ باوا ❸ پدر ❹ والد صاحب ❺ آقا۔
اَبواب (ء) مذکر ❶ باب کی جمع ❷ دروازے سڑک ❸ مدرسہ کا لگان جو زمینداروں سے سرکاری لگان کے ساتھ وصول کیا جاتا ہے۔
ابوبکرؓ (ء) مذکر ❶ اسلام کے خلیفہ اول کا نام ہے۔
ابوتراب (ء) مذکر ❶ حضرت علیؓ کی کنیت ہے۔

ابوجہل (ء) مذکر ❶ عمرو بن ہشام کی کنیت تھی۔
ابوحنیفہ (ء) مذکر ❶ حضرت نعمان بن ثابت کی کنیت ہے جو امام اول ہیں۔
ابوالبشر ثانی (ء) مذکر ❶ حضرت نوحؑ کو کہتے ہیں۔
ابوالفضل (ء) مذکر ❶ اکبر بادشاہ کے وزیر اعظم کا نام ہے۔
اُبھار/ اُبھارا۔ (ہ) مذکر ❶ اٹھان ❷ اٹھاؤ ❸ رغبت ❹ جوش ❺ بہکاو ❻ بلندی۔
اُبھار لینا (ہ) فعل ❶ بیماری کا عود کر آنا ❷ مرض کا پھر آنا۔
اُبھار لانا (ہ) فعل ❶ بھگا لانا ❷ نکال لانا ❸ چرا لانا۔
اُبھارنا (ہ) فعل ❶ اٹھانا سہارا دینا ❷ اونچا کرنا ❸ بھگا لے جانا ❹ ورغلانا ❺ ترانا ❻ ڈوبتے کو نکالنا ❼ شہرت دینا ❽ ترقی دینا۔
اُبھرنا۔ (ہ) فعل ❶ اوپر ہونا ❷ اونچا ہونا ❸ پودا پھوٹنا ❹ بڑھنا ❺ ظاہر ہونا ❻ شہرت پانا ❼ ترقی پانا ❽ ڈوب کر اوپر آنا۔
اَبھی۔ (ہ) ❶ تابع فعل ❷ اسی وقت ابتک۔
ابھی سے (ہ) تابع فعل ❶ پہلے ہی ❷ قبل از وقت۔
ابے (ہ) حرف ندا ہے ❶ ادنے اور گنوار کو خطاب کیا جاتا ہے۔
ابے تبے کرنا (ہ) ❶ فعل ❷ بری بری باتیں کہنا ❸ بدتہذیبی کرنا۔
ابیات۔ (ع۔ا) مذکر ❶ بیت کی جمع ❷ بہت سے گھر ❸ اشعار کی جمع۔
ابیر (ہ) مذکر ❶ ابرک کا برادہ جو ہندو لوگ ہولی کے دنوں میں خوشبو میں ملا کر ایک دوسرے کے منہ پر مل دیتے ہیں۔
اَبیض (ء) سفید ❶ چٹا ❷ اُجلا۔

## ا ← پ

اُپاڑ (ہ) مذکر ❶ جسم کی کھال کا پھٹ کر اُتر جانا ❷ آبلہ پڑنا ❸ اُکھاڑ۔
اُپاڑنا۔ (ہ) فعل ❶ (گنواری بولی ہے) اکھاڑنا پھاڑنا ❷ درخت وغیرہ کو زمین سے جدا کرنا۔
اپالو۔ (یونانی ا) مذکر ❶ یونانی دیو مالا میں روشنی جوانی ❷ موسیقی اور مردانہ حسن کا دیوتا۔
اپاہج۔ (ہ) وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں لنجے ہوگئے ہوں ❶ لاچار چلنے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

پھرنے سے لاچار ❷ مجازاً نکما ❸ سست ❹ ناکارہ کاہل۔
اپائنٹ منٹ۔(ای۔ا) مذکر ❶ تقرر ❷ تعین وقت ❸ عہدہ۔
اُپائے۔(س۔ا) مذکر ❶ تدبیر ❷ منصوبہ ❸ ڈھنگ۔
اُپج۔(ہ) اسم مونث ❶ اُگاؤ ❷ پیداش ❸ ظہور ❹ طبیعت سے پیدا شدہ بات ❺ ایجاد نئی تان۔
اُپجاؤ۔(ہ) اسم مونث ❶ نئی بات پیدا ہونا زرخیز جگہ ❷ سیراب زمین۔
اپج کی لینا۔(ا۔محاورہ) ❶ انوکھی بات کہنا ❷ جدت کا اظہار کرنا ❸ نئی باتیں اڑانا
اُپجنا۔(ہ) اُگنا ❶ نکلنا ❷ زمین سے پیدا ہونا) دل سے کوئی بات اُٹھنا۔
اُپدیش۔(ہ) مذکر ❶ نصیحت ❷ وعظ ❸ صلاح ❹ تلقین۔
اپرنٹس۔(ای۔ا) مذکر ❶ امیدوار ❷ خواہشمند۔
اپریل۔(ای۔ا) مذکر ❶ انگریزی سال کا چوتھا مہینہ۔
اُپلا۔(ہ) مذکر ❶ تھاپی ❷ کنڈار ❸ گوہا۔
اپلائی۔(ای) ❶ درخواست دینا ❷ لیپ کرنا ❸ منطبق کرنا ❹ لگانا چسپاں کرنا۔
اپلی کیشن ❶ (ای) درخواست ❷ عرضی۔
اپنا۔(ہ) اسم ضمیر ❶ میرا ❷ ہمارا ❸ تیرا ❹ تمہارا ❺ قریبی رشتہ دار ❻ ذاتی ❼ نج کا ❽ غیر کی ضد (بحالت صفت) دوست ❾ ساتھی۔
ہمدرد۔مقبوضہ۔زرخرید۔
اپنا اپنا۔(ہ) ہر ایک کا ❶ علیحدہ علیحدہ ❷ الگ الگ۔
اپنا اپنا پرایا پرایا۔(ہ) قریبی ❶ پھر بھی قریبی ہوتا ہے اور غیر غیر ❷ رشتہ دار سے خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچے پھر رشتہ دار ہے ❸ غیر خواہ کتنی ہی اُلفت کرے مگر آخر غیر ہی ہے۔
اپنا اُلو سیدھا کرنا۔(ہ) محاورہ ❶ اپنا مطلب پورا کر لینا ❷ اپنا کام نکالنا ❸ پرلے درجے کی خود غرضی۔
اپنا اُلو کہیں نہیں گیا۔(ہ) محاورہ ❶ ہمارا مطلب تو نکل ہی آئے گا خواہ غیر کا نفع ہو یا نقصان۔
اپنا بنا لینا۔(ہ) فعل ❶ موافق کر لینا ❷ اپنے ساتھ ملا لینا ❸ دوست بنا لینا۔
اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے۔(ہ) مثل ❶ ایسے شخص کو طعنہ کے طور پر کہا کرتے ہیں جو اپنی کمائی خود ہی کھا جائے اور دوسرے کو حصہ نہ دے۔
اپنا ٹھکانا کرنا۔(ہ) فعل ❶ اپنی رہائش اور خوراک وغیرہ کا انتظام کرنا۔
اپنا ٹھیک نہیں اور کا نیک نہیں۔(ہ) محاورہ ❶ اپنی عقل نہیں اور کا کہا نہیں ❷ اپنی رائے درست نہیں ❸ دوسرے کی رائے پسند نہیں۔
اپنا تن ڈھانکو دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا۔(ہ) مثل ❶ پہلے اپنا پردہ درست کرو ❷ پھر دوسرے کے عیب دیکھنا پہلے اپنی برائیاں دور کرو پھر دوسرے میں خرابیاں نکالنا۔
اپنا توشہ اپنا بھروسہ (ا۔مثل) اپنا انتظام ہی تسلی بخش ہوتا ہے۔
اپنا جوہر دکھانا۔(ا) مثل ❶ اپنی خوبیاں ظاہر کرنا ❷ اپنا ہنر دکھانا ❸ طنزاً اپنا عیب ظاہر کرنا۔
اپنا حساب کرلو۔(ا۔محاورہ) ❶ اپنا لین دین صاف کرلو ❷ اپنا حساب بیباق کرلو ❸ اپنی تنخواہ لے لو اور نوکری چھوڑ دو۔
اپنا سونا کھوٹا پرکھنے والے کا دوس۔(ہ) محاورہ ❶ جب اپنی ہی اولاد نالائق ہو تو عیب جو اور نکتہ چین کی شکایت کیا۔
اپنا رکھ پرایا چکھ۔(ہ) محاورہ ❶ اپنا سنبھال کر رکھ اور کا کھا جا ❷ اپنا جوڑ اور کا ہڑپ کرلے۔
اپنا رونا رونا۔(ہ) فعل ❶ اپنی تکالیف بیان کرنی ❷ اپنا دکھ درد ظاہر کرنا ❸ اپنی ہی مصیبت جتانی۔
اپنا سا منہ لے کر رہ جانا۔(ہ) فعل ❶ شرمندہ اور نادم ہونا ❷ حسب منشا کام نہ بننے سے خفت اٹھانا۔
اپنا سر پیٹو۔(ا) محاورہ ❶ اپنی سزا بھگتو ❷ اپنا کیا پاؤ ❸ اپنے فعل کا خمیازہ اُٹھاؤ۔
اپنا سوجھتا کرنا۔(ہ) فعل ❶ دور اندیشی کرنا ❷ انجام سوچنا ❸ اپنی بہتری کی تدبیر کرنا۔
اپنا قلیہ شجرہ رکھ چھوڑے۔(ا) فعل ❶ اپنا کام خود کیجئے ❷ ہمیں آپ کی چیز یا آپ کا کام پسند نہیں۔
اپنا کتا باندھو ہم بھیک سے باز آئے۔(ہ) مثل ❶ ہم نے نفع چھوڑا نقصان تو نہ پہنچاؤ ❷ فارسی میں ہے مرا بخیر تو امید نیست بد

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

برساں۔

**اپنا کام کرو۔** (ا) محاورہ (1) جب کوئی آدمی خواہ مخواہ دخل در معقولات دے تو اسکو تنبیہ کے طور کہا کرتے ہیں (2) تمہیں کس نے لگایا اور جاؤ اپنا کام کرو۔

**اپنا کیا پانا۔** (ہ) فعل (1) جیسا کرنا ویسا بھرنا (2) سزائے عمل کیفر کردار۔

**اپنا گھر دور سے سوجھتا ہے۔** (ہ) محاورہ (1) اپنے فعل سب کو معلوم ہیں (2) اپنے نفع کا خیال ہر شخص کو ہے (3) اپنے گھر کی حالت کو ہر شخص جانتا ہے۔

**اپنا لال گنوا کے در در مانگیں بھیک۔** (ہ) مثل (1) اپنا نقصان کر کے گداگری کرنا (2) اپنی دولت ضائع کر کے بھیک مانگتے پھرنا۔

**اپنا لہو پینا۔** (ہ) فعل (1) غم اور غصہ کا اظہار رنج و مصیبت سہنا۔

**اپنا ماریگا بھی تو چھاؤں میں ڈالیگا۔** (ہ) (1) عزیز رشتہ دار اگر قتل بھی کریگا تو بھی رحم کر کے لاش کو سایہ میں تو ضرور رکھ دیگا (2) صلہ رحمی کی بابت بولا کرتے ہیں۔

**اپنا مال اپنی چھاتی تلے۔** (ہ) فقرہ (1) اپنی دولت اپنے ہی قبضہ میں درست ہے۔

**اپنا مرن جگت کی ہنسی۔** (ہ) مثل اپنی تباہی ہونا اور دنیا کو مذاق اور ہنسی اڑانے کا موقعہ ہاتھ آنا۔

**اپنا منہ دیکھو۔ اپنا منہ بنواؤ۔** (ہ) محاورہ (1) اپنی استعداد اور قابلیت پر خیال کرو (2) اپنی لیاقت اور تمیز دیکھو۔

**اپنا نام بدل ڈالیں یا اپنی مونچھ منڈا ڈالیں یا ڈاڑھی کتے کے پیشاب میں منڈا ڈالیں۔** (ہ) محاورہ (1) جب کسی کام کے ہو جانے کا پورا پورا یقین ہو تو دوسرے کو شرط کے طور کہا کرتے ہیں کہ ایسا ضرور ہوگا اگر نہ ہوا تو ہم اپنا نام بدل ڈالیں گے وغیرہ وغیرہ۔

**اپنائیت۔** (ہ۔ا) مونث (1) عزیز داری (2) محبت (3) کنبہ (4) واحد معاملہ۔

**اپنڈے سائی ٹس۔** (ای۔ا) مذکر۔ ایک بیماری جس میں آدھی آنت سوج جاتی ہے اور اس میں سوزش ہوتی ہے۔

**اپنے۔** (ہ) ضمیر (1) اپنا کی جمع (2) رشتہ دار (3) یگانے (4) کہیں زائد بھی آجاتا ہے (5) ضمیر (6) جمع متکلم بھی۔

**اپنی۔** (ہ) مونث (1) ضمیر ہے (2) اپنا کی تانیث (3) میری ذاتی رشتہ کی۔

**اپنی اپنی پڑنا۔** (ہ) فعل نفسا نفسی ہونا (1) اپنی فکر کرنا۔

**اپنی اپنی بولیاں بولنا۔** (ہ) فعل (1) ہر شخص کا نئی باتیں کہنا (2) اختلاف رائے ہونا (3) ہر ایک کا اپنے مطلب کی کہنا۔

**اپنے حال میں مست ہونا۔** (ا) محاورہ (1) ہر ایک کا اپنی حالت میں خوش رہنا۔

**اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ۔** (ہ) مثل (1) اپنا اپنا مذاق اپنا اپنا کام (2) ہر شخص الگ الگ راہ پر ہے۔ جس کی سنو کچھ اور ہی گاتا ہے۔

**اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل۔** (ا) محاورہ (1) کوئی کسی کا ساتھی نہیں نہ مددگار (2) اپنی قبر میں آپ ہی رہنا ہے (3) دوسرے کی قبر میں کون ٹھہر سکتا ہے۔

**اپنے اپنے گھر میں سب بادشاہ ہیں۔** (ا) محاورہ (1) اپنے گھر میں سب آزاد اور مختار کل ہے (2) جو چاہیں کریں (3) جو چاہیں حکم دیں (4) اپنے گھر کے سب مالک ہیں۔

**اپنی آگ میں آپ جلے جاتے ہیں۔** (ہ) محاورہ (1) اپنے غصہ اور حسد میں خود ہی برباد ہو رہے ہیں۔

**اپنے اوپر لینا۔** (ہ) فعل (1) کسی کا کام اپنے ذمہ لینا (2) ضامن بننا (3) ضمانت دینا۔

**اپنی ایڑی تو دیکھو۔** (ہ) عورتوں کا محاورہ ہے) (1) کسی کی خوبصورتی کی تعریف کے وقت نظر بد کے دفعیہ کیلئے بولنے والی توجہ دوسری طرف کر دیتی ہیں (2) اور کہا کرتی ہیں (3) کہ نظر نہ لگاؤ (4) اپنی ایڑی تو دیکھو گوہ لگا ہوا ہے۔

**اپنے اللہ سے پاؤ۔** (ا) محاورہ (1) الزام اور بہتان پر صبر کر کے یہ محاورہ بولا کرتے ہیں (2) تم اس کی سزا خدا سے پاؤ (3) خدا تم کو اس کی سزا دے۔

**اپنی بات اپنے ہاتھ۔** (ہ) فعل (1) اپنی عزت اپنے اختیار میں ہے۔

**اپنی بات پر آنا۔** (ہ) فعل (1) اپنی ہٹ اور ضد پر آنا (2) چلتر دکھانا۔

**اپنی بات کا انگ پالنا۔** (ہ) فعل (1) اپنی بات کا پاس کرنا (2) اپنی بات کا پھیرا دینا (3) جو کہا ہو اس پر قائم رہنا (4) قول کا سچا ہونا۔

**اپنی بات کا ایک۔** (ہ) محاورہ (1) زبان کا سچا (2) باوفا (3) اقرار کا پورا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**اپنے گھر کے بچھڑے کے دانت کون گنتا ہے۔**(ہ) مثل ❶ اپنی برائی ❷ بھلائی ❸ عیب وصواب کو ہر شخص جانتا ہے ❹ اپنی حالت ہر ایک کو خوب معلوم ہے۔

**اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔**(ہ)۔محاورہ ❶ اپنا نقصان خود ہی کرنا ❷ اپنے نقصان کا خود ہی سبب ہونا ❸ اپنے ہاتھوں اپنا برا کرنا۔

**اپنی پیڑ پرائی باتیں۔**(ا۔مثل) انسان اپنے ہی دکھ درد کو محسوس کرتا ہے دوسروں کی تکلیف کا احساس نہیں کرتا۔

**اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی۔**(ا) مثل ❶ اپنا عیب اپنے آپ کو نہیں سوجھتا۔

**اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا۔**(ا) محاورہ ❶ اپنے بیگانے ہر ایک کے دکھ سہنا۔

**اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے۔**(ہ) مثل ❶ اپنی عزت اپنے اختیار میں ہے۔

**اپنے ٹکے لگانا۔**(ہ)۔محاورہ ❶ اپنا مطلب نکالے جانا ❷ اپنی غرض پوری کیے جانا۔

**اپنے جامے سے باہر ہونا۔**(ہ) فعل ❶ خوشی یا غصے کی حالت میں آپے سے باہر ہو جانا۔

**اپنی جھونپڑی کی خیر مانگو۔**(ہ) مثل دوسرے تو الگ رہے تم اپنی خیر مناؤ۔

**اپنی چال سے نہ چوکنا۔**(ہ) فعل ❶ اپنے فریبوں سے نہ ہٹنا ❷ اپنے بدافعال سے باز نہ آنا۔

**اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو۔**(ہ) مثل ❶ اپنے ادنےٰ نفع کے لئے مجھے برباد کرتے ہو۔

**اپنی چھاتی پر کودوں دلوانا۔**(ہ) فعل ❶ دوسروں کا ظلم ہوتے دیکھنا اور کچھ نہ کہنا۔

**اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو۔**(ہ) مثل ❶ دوسرے کا دکھ بھی اپنا ہی جانو، ذرا انصاف سے کام لو اور سوچو کہ اپنی سی ہی حالت دوسرے کی بھی ہوتی ہے۔

**اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹی نہیں کہتا۔**(ہ) محاورہ ❶ اپنی عیب دار چیز کو بھی کوئی برا نہیں کہتا۔

**اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا۔**(ا۔مثل) ❶ جماعت سے الگ ہو کر کام کرنا ❷ سب کی رائے سے الگ رائے۔

**اپنے دنوں کو رونا۔**(ہ) فعل ❶ اپنی بدقسمتی پر افسوس کرنا ❷ اپنے عیش و آرام کو یاد کرنا اور پشیمان ہونا۔

**اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا۔**(ہ) محاورہ ❶ غرور اور تکبر سے کسی کے ساتھ ملکر نہ رہنا سب سے الگ رہنا ❷ کسی سے اتفاق رائے نہ کرنا ❸ کسی کا کہا نہ ماننا ❹ اپنی رائے الگ ہی رکھنا۔

**اپنے ڈھب کا** (ہ) اپنے رنگ کا ❶ اپنی طرز کا ❷ اپنی پسند کا ❸ اپنے کام کا۔

**اپنی راہ پکڑنا۔**(ا۔محاورہ) ❶ اپنے کام سے کام رکھنا ❷ اپنی منزل کی طرف جانا۔

**اپنی راہ لو/لے۔**(ا۔محاورہ) ❶ اپنا کام کرو ❷ دوسرے کے معاملے میں دخل نہ دو۔

**اپنی راہ لگو۔**(ا) محاورہ ❶ جاؤ اپنا کام کرو ❷ چلتے پھرتے نظر آؤ۔

**اپنے سائے سے وحشت ہونا۔**(ا) فعل ❶ پرلے درجے کا بزدل ہونا ❷ نہایت وہمی اور شکی ہونا۔

**اپنے سوا اپنے اور چینی کے ڈھکنے۔**(ا) محاورہ ❶ اپنے عزیز اور دوسرے ذلیل ❷ مرابت دوست آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

**اپنی سی بہت کی۔**(ا) محاورہ ❶ اپنی طرف سے بہت ہی کوشش کر لی ❷ حسب مقدور سعی کر چکے۔

**اپنی طرف خیال کرنا۔**(ا) فعل ❶ اپنی حیثیت مقدور ❷ عزت کے مطابق دوسروں سے نیکی کرنا ❸ اپنی آبرو کا خیال رکھنا۔

**اپنی غرض کو گدھے چرائے۔**(ا) ❶ ضرورت کے واسطے ادنے کام کر لیا ❷ مطلب کی خاطر سب ہی کچھ کر لیا۔

**اپنی غرض کو گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں۔** اپنا مطلب نہایت عزیز ہوتا ہے ❶ اس کے حاصل کرنے کے لئے ذلیل سے ذلیل کی بھی خوشامد کر لیا کرتے ہیں۔

**اپنی قسمت کو رونا۔**(ا) فعل ❶ اپنی بدنصیبی کو رونا ❷ تقدیر کا شکوہ کرنا۔

**اپنے کام سے کام رکھتے ہیں۔**(ا) محاورہ ❶ اپنے کام لگے رہتے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149772218

ہیں ② کسی کو نہ بُرا کہنا نہ سننا۔

**اپنی کرنی پار اترنی۔**(ہ) محاورہ ① اپنی ہی محنت سے کام ہوتا ہے ② اپنے ہی اعمال کام آتے ہیں۔

**اپنی کرنی آپ ہی بھرنی۔**(ہ) محاورہ ① ہر ایک آدمی اپنے کئے کو بھگتے گا۔

**اپنی کرنی پروان کیا ہندو کیا مسلمان۔**(ہ) مثل ① ہندو یا مسلمان کی تخصیص نہیں ② نہ کسی کی رعایت ہے ③ ہر ایک کو اپنے عملوں کا پھل ملے گا برا ہو یا بھلا۔

**اپنی کر کے نہ رکھنا۔**(ہ) ① چیز کو سنبھال کر نہ رکھنا ② یونہی فضول لٹا دینا ③ وقف کر دینا۔

**اپنی کھال میں مست ہونا۔**(ہ) فعل ① اپنے حال میں خوش ہونا ② غریبی میں مگن رہنا۔

**اپنے کئے کا علاج نہیں۔**(ا) مثل ① جو برائی خود کی ہو ② اس سے انکار کیسے ③ بے پروا بیوقوف کی نسبت بولتے ہیں۔

**اپنے کئے کی سزا پانا۔**(ا) فعل ① بدی کا بدلہ پانا ② نتیجہ بھگتنا۔

**اپنی گانا۔**(ہ) فعل ① اپنی ہی تعریف کئے جانا ② اپنی بات کہے جانا۔ اپنی ہی رٹنا۔

**اپنی گرہ کا۔**(ہ) اسم مذکر ① اپنی جیب کا ② اپنا مال ③ اپنا جمع کیا ہوا۔

**اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے۔**(ا) مقولہ ① اپنی جیب سے کیا خرچ ہونا ② ہمارا کیا نقصان ہے ③ ہمارا کیا حرج ہے۔

**اپنے گریبان میں منہ ڈالو/اپنے گریبان میں منہ ڈالکر دیکھو۔**(ا) مثل ① اپنے عیب دیکھو ② اور شرم سے گردن جھکاؤ ③ اپنے فعلوں سے شرماؤ ④ کئے پر پچھتاؤ۔

**اپنی گوں کا یار یا اپنی گوں کو گھالم گھولا اور کی باری ٹالم ٹولا۔**(ہ) مثل ① اپنی غرض کے لئے خوب گھل مل جاتے ہیں ② دوسرے کے کام کے وقت ٹالم ٹولا کر دیتے ہیں، نہایت خود غرض آدمی کے لئے بولا کرتے ہیں۔

**اپنی گڑیا سنوار دینا۔**(ہ) فعل ① اپنی طاقت کے موافق لڑکی کی شادی کر دینا۔

**اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہے/اپنے گھر پر چیونٹی بھی دلیر ہے۔**(ا) محاورہ ① اپنی جگہ پر بزدل کو بھی حوصلہ ہو جاتا ہے۔

**اپنے لگے ہینگ میں اور کے لگے بھیت میں** (ہ) مثل ① اپنا دکھ تو دکھ اور کا دکھ سرسری ② ہینگ جسم اور بھیت دیوار۔

**اپنے منہ سے میاں مٹھو بننا/اپنے منہ میاں مٹھو بننا/اپنے منہ سے دھنا بھائی اپنی تعریف آپ کرنی** ① اپنی خوبیاں خود ہی جتانی ② اپنی خوبصورتی کی خود ہی تعریف کرنا۔

**اپنے منہ پر طمانچے مارنا۔**(ہ) مثل ① اپنے کئے پر شرمندہ اور پشیمان ہونا۔

**اپنے مرے بن سُرگ نہیں ملتا۔**(ہ) مثل ① اپنی محنت بغیر آرام نہیں ملتی ② جب تک خود ہی تکلیف نہ اُٹھائے نفع نہیں ہوتا۔ (سرگ بمعنی بہشت۔ جائے آرام)۔

**اپنے موتی سوروں کے آگے نہ پھینکو۔**(ہ) مثل ① بے قدروں کو اپنا ہنر نہ دکھاؤ۔

**اپنے نام کا ایک ہے۔**(ہ) محاورہ ① اپنی بات کا پکا ہے ② ضدی اور ہٹیلا ہے۔

**اپنے نصیبوں کا رونا۔**(ہ) مثل ① اپنی بدقسمتی کی شکایت۔

**اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا/اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا** (ہ) مثل ① نہایت بیفکری ہونا ② پوری پوری آزادی ہونا جب چاہے سو رہے جب جی میں آیا جاگ اٹھے ③ کوئی کہنے سننے والا نہیں۔

**اپنے والی پر آنا/اپنے والیوں پر آنا** (ہ) فعل ① اپنی ضد اور ہٹ پر اتر آنا ② اپنی بات کی پچ کرنا ③ اپنی لیاقت اور خوبیاں دکھانا۔

**اپنے وقت کا حاتم ہے۔**(ا) مثل ① اپنے زمانہ کا سخی ہے ② بڑا فیاض اور سخی ہے۔

**اپنے ہاتھوں۔**(ہ) تابع فعل ① اپنے آپ سے از خود سے ② اپنے فعل سے۔

**اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا/اپنی راہ میں آپ کانٹے بونا** (ا) فعل ① اپنے نقصان کا باعث خود ہی ہونا ② خود ہی بلا میں گرفتار ہونا ③ اپنے مرنے کا سامان خود کرنا ④ خود موت کے منہ میں جانا۔

**اپنے ہاتھ ہے۔**(ہ) محاورہ ① اپنے اختیار میں ہے ② (ہاتھ بمعنی قابو ③ طاقت ④ قبضہ)۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے۔(ہ) مثل ❶ اپنے ہی گھر سے فساد اٹھا ❷ اپنے ہی گھر سے لڑائی کا آغاز ہوا۔

اَپنتھ۔(ہ) مذکر ❶ (الف) حرف نفی ❷ پنتھ ❸ طریقہ راستہ بے راہ ❹ خراب رستہ ❺ گمراہ ❻ بدعت۔

اپواسی۔(ہ) مذکر ❶ روزہ دار ❷ برتی۔

اپوتر۔(ہ) ❶ ناپاک ❷ پلید نجس۔

اپوترتا۔(ہ) مونث ❶ ناپاکی ❷ نجاست ❸ پلیدی۔

اپُوج۔(ہ) ❶ پوجنے کے ناقابل ❷ ناقابل عبادت۔

اپ دید۔(ہ) مذکر ❶ اس میں علم حکمت موسیقی ❷ حرب ❸ صنعت و حرفت شامل ہیں۔

اپھر جانا۔ اپھر چلنا۔ اپھرنا۔(ہ) فعل ❶ پیٹ کا ریح سے پھول جانا ❷ تخ ہونا ❸ پیٹ میں ہوا بھر جانا ❹ مغرور ہونا ❺ پھولنا دولت یا علم و ہنر پر نازاں ہونا ❻ موٹا ہو جانا ❼ مالدار ہونا۔

اپھل۔(ہ) مذکر ❶ بے پھل ❷ بے ثمر بیفائدہ ❸ نکما۔

اُپھننا۔ اپھن جانا۔(ہ) فعل ❶ شدت ❷ حرارت سے کسی چیز میں عفونت کے ساتھ جھاگ آجانا ❸ جوش آنا ❹ اُبس جانا۔

اُپی۔(ہ) چمکدار ❶ سان پر صاف کی ہوئی تلوار، میان سے باہر نکلا ہوا خنجر۔

اپیڑ۔(ہ) ❶ بیدرد ❷ ظالم بےرحم۔

اپیل۔(ای) مذکر ❶ ایک حاکم کے فیصلے کے خلاف دوسرے اعلےٰ حاکم سے انصاف کی درخواست ❷ محض درخواست کے معنوں میں بھی آتا ہے ❸ فریاد کرنا۔

اپیلانٹ۔(ای) ❶ اپیل کرنیوالا ❷ افسر اعلےٰ سے چھوٹے حاکم کے ظلم کی فریاد کرنے والا۔

اپیل منظور ہونا۔(ا) ❶ مقدمہ کا فیصلہ حسب منشائے فریادی ہو جانا ❷ عدالت ماتحت کا فیصلہ منسوخ ہو جانا۔

## ا ← ت

ات۔(ہ) مونث ❶ بہت ❷ زیادہ ❸ کثرت ❹ نہایت ❺ بے انتہا ❻ حد سے زیادہ۔

اتا پتا۔(ہ) مونث ❶ پتہ ❷ نشان ❸ ٹھکانہ ❹ ذرا سا پتہ۔

اُتار۔(ہ) مذکر ❶ ڈھلان ❷ کمی ❸ زوال (بحالت صفت) لڑاکا عورت ❹ میلا جوڑا ❺ اُترے ہوئے کپڑے۔

اُتارا۔(ہ) مذکر ❶ صدقہ ❷ خیرات جو سر پر سے وار کر کسی کو دی جاوے ❸ پڑاؤ ❹ دریا کا گھاٹ ❺ میلے یا پنتھ کا مقام قیام۔

اُتارا اُترنا۔(ہ) فعل ❶ صدقہ اتارنا ❷ صدقہ وغیرہ کسی کے اوپر وارنا۔

اُتار چڑھاؤ۔(ہ) مذکر ❶ اونچ نیچ ❷ برائی بھلائی ❸ سمندر کا مدو جزر ❹ پالیسی ❺ دھوکا ❻ فریب ❼ سازش ❽ حکمت عملی۔

اُتار چڑھاؤ دینا/اُتار چڑھاؤ بتانا(ہ) فعل ❶ دھوکا دینا ❷ دم جھانسہ دینا۔

اُتار لینا۔(ہ) فعل ❶ نیچے لے آنا ❷ توڑ ڈالنا ❸ مٹا دینا۔

اُتارنا۔(ہ) فعل ❶ نیچے لانا ❷ دریا سے پار کرنا ❸ بدن سے علیحدہ کرنا ❹ وارنا ❺ قربان کرنا ❻ نقل کرنا ❼ کاٹنا ❽ ٹھہرانا جگہ دینا ❾ کسی عضو کو اپنی جگہ سے دوسری جگہ کر دینا۔ داخل کرنا۔ گھسانا۔ قرض ادا کرنا۔ نگلنا۔ حلق سے نیچے کرنا۔ نازل کرنا۔ روزی پیدا کرنا۔ پکانا۔ تکنا۔ گھٹانا۔ ذلیل کرنا۔

اُتارے کا رُخ۔(ا) ❶ تابع فعل ❷ پڑاؤ کا رخ ❸ قیام کی صورت۔

اتالیق۔(ت) مذکر ❶ ادیب ❷ استاد ❸ معلم ❹ سدھانے والا۔

اتاول یا اُتاولی۔(ہ) ❶ اسم مونث ❷ جلدی تیزی شتابی۔

اُتاوَلا۔(ہ) اسم مذکر ❶ جلدباز ❷ تیزباز ❸ شتابی کرنیوالا۔

اُتاوَلا سو باوَلا۔(ہ) مقولہ ❶ جلدباز پاگل ہے ❷ بے سوچے سمجھے جلدی کام کرنیوالا احمق ہے ❸ جلدبازی حماقت ہے۔

اُتائی۔(ہ) مذکر ❶ بے استاد جس نے کسی فن کی تعلیم صرف شوقیہ حاصل

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0324...

www.besturdubooks.net

کی ہو اور باقاعدہ کسی کا شاگرد نہ ہو۔

**اِتباع۔**(ع) مذکر ① پیروی کرنا ② متابعت کرنا ③ تقلید کرنا۔

**اَتباع۔**(ع) جمع ہے تابع کی ① اِتحاد ② (ع) مذکر ③ دوستی کرنا ④ باہم موافقت کرنا ⑤ محبت ⑥ پیار ⑦ مطابقت ⑧ یک جہتی۔

**اُتر۔**(ہ) مذکر ① مقابل ② سمت ③ جواب ④ (مونث) شمال ⑤ قطب شمالی ⑥ سمت۔

**اُترا۔**(ہ) مذکر ① اترا ہوا ② موقوف شدہ ③ معزول شدہ۔

**اُراشحنہ مردک نام۔**(ا) مثل ① موقوف شدہ افسر کی عزت نہیں ہوتی ② شحنہ بمعنی کوتوال ③ اور مردک کلمہ تحقیر بمعنی نفرت ④ نوکری سے ہٹا ہوا ⑤ کوتوال نفر کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

**اُترا گھاٹی ہوا ماٹی۔**(ہ) مقولہ ① گھاٹی بمعنی ② حلق سے اتر کر سب چیز مٹی اور نجاست سے ہو جاتی ہے ③ خواہ کیسی ہی اعلیٰ کیوں نہ ہو۔

**اترانا۔**(ہ) فعل ① غرور کرنا ② اکڑنا ③ ناز کرنا ④ گھمنڈ کرنا۔

**اِتر آنا۔**(ہ) فعل ① نیچے آنا ② آمادہ ہونا ③ تیار ہو جانا ④ تیر کر دریا عبور کر آنا ⑤ کسی جگہ پر فروکش ہونا ⑥ مقام کرنا۔

**اُترائی۔**(ہ) مونث ① (حاصل مصدر از اترنا) نشیب ② ڈھلوان ③ دریا اور گھاٹ کا محصول ④ کشتی کا کرایہ ⑤ پہاڑ سے دیس میں آنے کا وقت ⑥ (اکتوبر نومبر کا مہینے)۔

**اُترتا چاند۔**(ا) مذکر ① مہینے کا آخر ② زوال ③ ماہ ④ اندھیر کا پاکھ۔

**اترتی برسات۔**(ہ) مونث ① نکلتی برسات ② برسات کا گزرتا موسم ③ برسات کا آخر ④ اترتی بمعنی گزرتی ہوئی۔

**اُترتی ندی کنارے ڈھائے۔**(ہ) مقولہ ① ندی کا پانی طغیانی سے اُترتے وقت کناروں کی مٹی ساتھ بہا لیجاتا ہے ② اپنا نقصان ہو جانے پر دوسروں کو برا بھلا کہنا یا دوسروں کا نقصان کرنا۔

**اُترسوں۔**(ہ) تابع فعل ① ظرف زماں ② پرسوں سے اگلا روز ③ چوتھا دن ④ چوتھ ماضی اور مستقبل دونوں زمانوں پر بولا جاتا ہے۔

**اترگئی لوئی تو کیا کریگا کوئی۔**(ہ) مثل ① جس نے بیشرمی اختیار کر لی اسے کسی کا کیا ڈر بے لحاظ ہمیشہ گستاخ ہو جاتا ہے ② بیحیا کا کوئی کیا کر سکتا ہے ④ مرن تو حیا کا ہے۔

**اُترن۔**(ہ) اسم مونث ① اُترے ہوئے کپڑے پرایا میلا لباس۔

**اُترن پترن۔**(ہ) اسم مونث ① تحقیری الفاظ ہیں ② پھٹے پرانے کپڑے ③ میلا کچیلا لباس ④ پہنے ہوئے کپڑے۔

**اترنا۔**(ہ) فعل ① لازم ہے اتارنا کا ② اونچی جگہ سے نیچے آنا ③ لباس اور کپڑے کا بدن سے علیحدہ ہونا ④ گھٹنا ⑤ سستا ہونا ⑥ ذلیل وحقیر ہونا ⑦ قیام ہونا ٹھہرنا ⑧ نازل ہونا ⑨ دریا سے پار ہونا۔ کٹ جانا۔ جدا ہونا۔ پورا ہونا۔ معزول و موقوف ہونا۔ جوڑ اُکھڑنا۔ غائب ہونا۔ جاتا رہنا۔ ٹلنا۔ بے عزت ہونا۔ اڑ جانا۔ مرجانا۔ فوت ہونا۔ پھیلنا ٹوٹنا۔

**اُترنگ۔**(ہ) مذکر ① سردر ② وہ لکڑی جو دروازے میں اوپر کی طرف چوکھٹ کے مقابل لگاتے ہیں۔

**اُتری ہوئی پاپوش۔**(ا) مونث ① اتری ہوئی جوتی ② طلاق دی ہوئی عورت ③ نظر سے گری ہوئی چیز ④ بے حقیقت آدمی یا عورت ⑤ حقیر و ذلیل چیز۔

**اُترہری۔**(ہ) مونث ① شمالی ہوا ② وہ ہوا جو شمال کی طرف سے چلتی ہے۔

**اتصال۔**(ع) ① مذکر مصدر ہے ② ملنا ③ میل ملاپ ④ نزدیکی ⑤ ریلوں کا جنکشن ⑥ سنگھم۔

**اتفاق۔**(ع) مذکر ① موافقت کرنا ② میل جول ③ ایکا ④ یکدلی ⑤ یکجہتی ⑥ نفاق کی ضد۔

**اتفاقاً یا اتفاقیہ۔**(ع) یکا یک ① اچانک ② ناگاہ ③ جس کا گمان نہ ہو۔

**اتفاق رائے۔**(ع) ① رائے کا مل جانا ② ہمخیالی ③ سب کا ایک ہی رائے رکھنا۔

**اتفاق حسنہ۔**(ع) اچھا اتفاق ① نیک موقع ② مبارک موقع ③ حسب منشا۔

**اتقیا۔**(ع) مذکر ① متقی کی جمع ② پرہیزگار لوگ۔

**ات کا بھلا نہ برسنا ات کی بھلی نہ دھپ / ات کا بھلا نہ بولنا ات کی بھلی نہ چپ** (ہ) جو چیز حد اعتدال سے بڑھ جائے وہ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بری ہی بری۔

اِت کے نہ اُت کے بیچ کھائے گُت کے۔(ا) محاورہ ❶ نہ ادھر کے نہ ادھر کے بیچ میں ہی ڈنڈے کھائے ❷ ذلیل ہوئے۔

اُت گت۔(ہ) ❶ عورتوں کی بولی بے حد ❷ بے انتہا۔

اِتمام حجّت۔(ع) ❶ حجت کا پورا کرنا ❷ جھگڑا مٹانا ❸ فیصلہ کردینا ❹ آخری کوشش کرنا۔

اُتم۔(ع) ❶ پورا پورا ❷ کامل بڑا کامل۔

اُتم۔(ہ) ❶ مونث ❷ نہایت عمدہ ❸ بہت اعلےٰ ❹ بہت اچھی بات ❺ شریف ❻ خاندانی۔

اُتم پُرش۔(ہ) مذکر ❶ شریف آدمی ❷ خاندانی شخص ❸ (اُتم بہ معنی عمدہ ❹ پرش بہ معنی آدمی)۔

اُتم سے اُتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ/پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ۔ ہر چیز اپنی اصل اور ہم جنسوں سے موافقت رکھتی ہے ❶ اعلےٰ سے اعلےٰ ملنا ❷ ادنےٰ سے ادنےٰ۔

اُتم کھیتی مدھم بیوپار۔ نکھد چاکری بھیک ندار یا بھیک کنوار۔(ہ) کھیتی اعلےٰ بیوپار اوسط درجہ ❶ سب سے نکمی نوکری ❷ سب سے بدتر بھیک مانگنی ہے۔

اِتنا۔(ہ) مذکر ❶ اُس قدر ❷ اُس درجہ ❸ وہاں تک۔

اِتنا اُتنا۔(ہ) مذکر ❶ تھوڑا بہت ❷ ذرا سا بچا کھچا۔

اِتنا سا منہ نکل آیا۔(ہ) فعل ❶ لاغر اور دبلا ہو گیا ❷ ذرا سا منہ نکل آیا ❸ شرمندہ ہو گیا۔

اتنا بھرا کہ چھلک گیا۔(ہ) مثل ❶ اتنی رشوت لی کہ مشکل ہو گئی ❷ اتنا کھایا کہ ہضم نہ ہو سکا ❸ اتنا نفع لیا کہ بدنام ہو گیا وغیرہ وغیرہ۔

اتنا پکا کہ باسی تھکا۔(ہ) مثل ❶ کھانا اتنا پکایا گیا کہ باسی بچکر خراب ہو گیا ❷ بات بہت بڑھ گئی ❸ باہمی تنازع بہت بڑھ گیا۔

اتنی۔(ہ) اتنا کی مونث ہے۔

اتنی سی جان سوا گز کی بات۔(ہ) مثل ❶ چھوٹا منہ بڑی بات ❷ اپنی بساط اور حیثیت سے بڑھ کر بات کہنا۔

اِتنے سے اِتنا ہونا۔(ہ) محاورہ ❶ چھوٹے سے بڑا ہونا ❷ بچے سے جوان یا غریب سے امیر ہونا ❸ چھوٹے درجے سے بڑے درجے پر پہنچ جانا ❹ ترقی کرنا۔

اتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے۔(ا) مثل ❶ زیادہ عقل بھی ناقص ہوتی ہے ❷ بہت عقل بھی خراب کرتی ہے اور کام بگاڑتی ہے ❸ (العلم حجاب الاکبر) کا ترجمہ ہے۔

اتنے کی بڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا/اتنے کی کمائی نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا(ہ) ❶ اتنے کا فائدہ نہیں ہوا جتنے کا نقصان ہو گیا ❷ فائدے کی نسبت نقصان زیادہ ہو گیا۔

اتنی ہی تھی یا اتنی ہی لکھی تھی۔(ہ) مثل ❶ اتنی عمر تھی ❷ زندگی اتنی ہی لکھی تھی ❸ صبر سے کام لو۔

اُتو۔(ف) اسم مذکر ❶ (اصل میں بلا تشدید تھا) کپڑوں پر نقش و نگار کرنے کا آلہ ❷ ٹھپا ❸ مجازاً نقش و نگار ❹ باریک کشیدہ۔

اِتوار۔(ہ) مذکر ❶ اصل میں آیت وار یعنی سورج کا دن ❷ سورج سے منسوب ہونے کے باعث یہ نام ہو گیا ❸ یکشنبہ۔

اُتو ساز یا اُتو کش۔(ف) مذکر ❶ اُتو کرنیوالہ کپڑے پر نقش و نگار کرنیوالا۔

اُتو کرنا۔(ا) فعل ❶ کپڑے پر نقش و نگار کرنا ❷ مار مار کر کھال اتار دینا ❸ زخمی کر دینا ❹ نشہ میں بدحواس کرنا ❺ مست بے خود کر دینا ❻ قمچی سے مار مار کر جسم پریشان کر دینا۔

اتھاہ۔(ہ) ❶ بے تھاہ ❷ بے پایاں بہت گہرا ❸ عمیق پانی۔

اِتہام۔(ع) مذکر ❶ تہمت دینا ❷ الزام لگانا ❸ بہتان ❹ بہتان جڑنا۔

اُتھک۔(ہ) ❶ نہ تھکنے والا ❷ سخت جفاکش ❸ بڑا محنتی۔

اُتھل پتھل کرنا۔(ہ) زیروزبر کرنا ❶ الٹ پلٹ کر دینا ❷ اوپر نیچے کرنا۔

اُتھلا۔(ہ) مذکر ❶ ابھرواں بدن ❷ ابھرا ہوا۔

اِتھیت۔(ہ) مذکر ❶ اس میں الف نفی کا ہے اور تیت بہ معنی تیتھ تاریخ،

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140307218

www.besturdubooks.net

بے تاریخا② وہ شخص جس کے قیام کی مدت مقرر نہ ہو③ مجازاً فقیر④ جوگی جو ایک جگہ نہ ٹھہرے۔

## ا ـــــ ٹ

**اٹاری۔**(ہ) مونث① بالا خانہ② اونچا③ چوبارہ④ بلند مکان⑤ لاہور اور امرتسر کے عین درمیان ایک گاؤں کا نام ہے جہاں کا سردار شام سنگھ نام مہاراجہ رنجیت سنگھ والئے لاہور کا خسر تھا۔

**اٹال یا اٹالا۔**(ہ) پہلا مونث دوسرا مذکر بولا جاتا ہے)① ڈھیر② تودہ③ نکما اور ناکارہ اسباب④ گھر کا اسباب⑤ کاٹ کباڑ۔

**اٹانا۔**(ہ) بھرنا (میل کچیل گرد و غبار سے) میلا کرنا② گرد آلود کرنا۔

**اٹاوا۔**(ہ) گنگا کے کنارے ایک شہر کا نام ہے۔

**آٹاوے کے کاریگر۔**(ا) مذکر① وہ کاریگر جو اپنے آپ کو بتاویں تو کاریگر، مگر کام ٹھیک نہ کرسکیں۔

**اَٹاٹٹ۔**(ہ)① بھرپور② بھرا ہوا③ لبالب پُر۔

**اَٹ سٹ۔**(ہ) مونث① سازش② جوڑ میل③ عورت مرد کی دوستی④ بے فائدہ شغل⑤ رازداری۔

**اَٹک۔**(ہ) مونث① روک② رکاوٹ③ جھجک پرہیز④ بچاؤ⑤ مزاحمت (حاصلمصدر از اٹکنا۔)

**اَٹک۔**(ہ) مذکر① پنجاب کے مشہور دریا کا نام ہے جسے دریائے سندھ بھی کہتے ہیں۔

**اٹکانا۔**(ہ) فعل① روکنا② تھامنا③ الجھانا (عورتیں) ذرا کی ذرا کسی زیور یا کپڑے کو پہننا④ سرسری طور پر دیکھنا⑤ لگانا مشغول کرنا⑥ تعلق کرانا۔

**اٹکاؤ۔**(ہ) مذکر① حاصلمصدر از اٹکانا) دیر② روک تھام③ التوا④ بندھن۔

**اُٹکرلیں۔**(ہ)① جلد باز② اوٹ پٹانگ③ واہیات④ بے قاعدہ⑤ بیہودہ۔

**اٹکل۔**(ہ) مونث① اندازہ② قیاس③ تمیز④ سلیقہ⑤ تاڑ⑥ جانچ۔

**اٹکل باز۔**(ا) مذکر① تاڑنے والا② بھانپ جانے والا③ جانچ لینے والا۔

**اٹکل پچو۔**(ہ) مذکر① وہمی بات② بے تکی بات③ اندازہ④ بے سوچی سمجھی بات۔

**اٹکل پچو غیر مقرر۔**(ا) محاورہ① خیالی بات② اُوٹ پٹانگ بات③ ایسی بات جس میں درستی کا نام و نشان بھی نہ ہو④ فضول اور لغویات۔

**اٹکلنا۔**(ہ) فعل① جانچنا② پرکھنا③ تاڑ لینا④ اندازہ لگانا⑤ پہچان لینا۔

**اٹکنا۔**(ہ) فعل① رُکنا② ٹھہرنا③ بند ہونا④ اَڑ جانا⑤ پھنسنا⑥ غیر مرد یا عورت سے آشنائی ہونا⑦ لڑنا⑧ جھگڑنا⑨ رُک رُک کر بولنا۔

**اَٹکن بٹکن۔**(ہ) مذکر① چھوٹے بچوں کا ایک کھیل ہے جس میں سب آپسمیں زمین پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جاتے ہیں② اور ایک بچہ اپنی انگلی ایک ایک کے ہاتھ پر رکھ کر کچھ الفاظ بولتا جاتا ہے③ اور آخر میں کہا جاتا ہے④ ''کھنڈا ماروں یا چھری''؟ اگر وہ جواب میں کھنڈا کہے تو وہ کہتا ہے کہ 'تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا' اگر چھری کہے تو کہتا ہے کہ 'تیری ماں بُری' پھر اس کا ہاتھ چھاتی پر رکھوا دیتا ہے⑤ اسی طرح جب سب کے ہاتھ چھاتیوں پر آجاتے ہیں⑥ تو سب کے سب جھوٹ مُوٹ کی چکی پیستے ہیں⑦ اور ہاتھوں کی چھلنی بنا کر اُسے چھانتے ہیں⑧ بُھوسی کا فرضی دودھ لاتے اور فرضی کھیر پکاتے ہیں اور جھوٹ موٹ ہی لپ لپ کر کے کھاتے اور غل مچاتے ہیں۔

**اَٹکھیل۔**(ہ)۔ مذکر① بڑا چالاک② شوخ③ سرکش④ ہوشیار۔

**اَٹکھیلی۔**(ہ) مونث① معشوق کی مستانہ چال② خرام ناز③ شوخ چال④ دل لگی۔

**اَٹکھیلیوں سے چلنا۔**(ہ) فعل① ناز سے چلنا② اِترا کر چلنا③ مٹک مٹک کر چلنا۔

**اٹکھلیاں کرنا۔**(ہ) فعل① کھلاڑیاں کرنا② نازونخرے کرنا③ مذاق کرنا۔

**اٹل۔**(ہ) مذکر① (اسم فاعل سماعی ٹلنا سے) نہ ٹلنے والا② اپنی جگہ یا بات سے نہ ہٹنے والا③ ضروری اور لابدی۔

**اٹم۔**(ہ) مذکر① تودہ② ڈھیر③ انبار۔

**اَٹنا۔**(ہ) فعل① گرد سے بھرنا② غبار آلود ہونا③ پُر ہونا④ جمع ہونا⑤ بھر جانا۔

**اَٹنگا۔**(ہ) مذکر① ٹخنوں سے اونچا② (بدوضع کپڑا)③ بالخصوص اونچا

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

پاجامہ)۔

**اٹنگن**۔(ہ) مذکر ❶ ایک خاردار درخت کا نام ہے جس کا بیج دوائیوں میں کام آتا ہے۔

**اٹواٹی کھٹواٹی یا اٹوانٹی کھٹوانٹی**۔(ہ) مونث ❶ ٹوٹی ہوئی چارپائی ❷ کھاٹ کھٹولا ❸ استر بستر ❹ آسن پاٹی۔

**اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑنا**۔(ہ) فعل ❶ رنج وغم میں الگ پڑا رہنا ❷ غصے میں سوگواروں کی سی حالت بنانا ❸ کسی فکر کے باعث علیحدگی میں پڑا رہنا ❹ مجازاً عورتوں کا مکروفریب سے سوگواری شکل بنانا ❺ اور پلنگ پر لیٹ رہنا۔

**اٹوک**۔(ہ) مذکر ❶ بے روک ٹوک ❷ بے شبہ ❸ بلاشک ❹ لگاتار۔

**اُٹھا بیٹھی**۔(ہ) مونث ❶ جلدی جلدی اٹھنا بیٹھنا ❷ بے قراری ❸ بے چینی اضطراب ❹ بیٹھک لگانا۔

**اُٹھا دینا**۔(ہ) فعل ❶ کسی جگہ سے باہر نکال دینا ❷ دیوار چن دینا ❸ بوجھ اونچا کرنا کسی کام کو چھوڑ بیٹھنا ❹ خرچ یا صرف میں لے آنا۔

**اُٹھا رکھنا**۔(ہ) فعل ❶ سنبھال چھوڑنا ❷ بچا رکھنا ❸ ملتوی کرنا ❹ کسی وقت پر موقوف رکھنا ❺ منحصر رکھنا۔

**اٹھارہ**۔(ہ) اسم عدد ❶ دس اور آٹھ ۱۸۔

**اٹھاسی**۔(ہ) اسم عدد ❶ اسی اور آٹھ ۸۸ ❷ ہشتاد وہشت۔

**اُٹھالانا**۔(ہ) فعل ❶ خرید لانا ❷ بیٹھے ہوئے کو بلا لانا ❸ لے آنا۔

**اُٹھا مارنا**۔(ہ) فعل ❶ پچھاڑ نا دے ٹپکنا ❷ کوئی چیز اٹھا کے کسی کو دے مارنا ❸ دور بھیج دینا۔

**اُٹھان**۔(ہ) مونث ❶ آغاز شروع ❷ بڑھاؤ بالیدگی ❸ اُبھار ❹ قوت نامیہ صرف وخرچ۔

**اُٹھانا**۔(ہ) فعل ❶ کسی چیز کا اوپر کرنا ❷ اونچا کرنا ❸ سہارا دینا ❹ شروع کرنا ❺ پرندے کا دانا چگنا ❻ مکان یا دیوار وغیرہ کا بنانا ❼ کسی کو اپنا کرنا ❽ تحریک دینا ❾ ابھارنا۔ ترقی دینا۔ مٹانا۔ سیاہی پانی وغیرہ کو جذب کرنا۔ سوکھنا۔ دیدینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ چرالینا۔ نکالنا۔ برداشت کرنا۔ جھیلنا چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔ ملتوی کرنا۔ منحصر رکھنا۔ موقوف کرنا۔ بڑھنا۔ پڑھانا۔ جگانا۔ بیدار کرنا وغیرہ۔ غرض کسی شئے کو خواہ وہ ذہنی ہو یا مادی اونچا کرنے کے لئے آتا ہے۔

**اٹھانوے**۔(ہ) اسم عدد ❶ نوے اور آٹھ ۹۸۔

**اُٹھاؤ چولھا**۔(ہ) اسم مذکر ❶ ایسا چولہا جسے ہر جگہ اٹھا کر لے جاسکیں ❷ مجازاً خانہ بدوش۔

**اٹھاؤ میرا مکنا میں گھر سنبھالوں اپنا**۔(ہ) محاورہ ❶ اس عورت کے لئے طنزاً بولا کرتے ہیں جو شادی ہوتے ہی خاوند کو لے کر ساس نند الگ ہو جائے اور اپنے گھر کا خود انتظام کرنے لگے ❷ مکنا بہ معنی ❸ گھونگٹ۔

**اُٹھاون**۔(ہ) ۴ عدد ❶ پچاس اور آٹھ ۵۸۔

**اُٹھاونی**۔(ہ) مونث ❶ میت کا تیجا ❷ سوم ❸ پھول ❹ غلہ گھی وغیرہ کا خاص حصہ جو کسی دیوی، دیوتا یا پیر فقیر کی نذر مان کر علیحدہ اٹھا رکھتے ہیں تاکہ کوئی چھوئے نہیں۔

**اُٹھائی گیرا**۔(ہ) مذکر ❶ اُچکا ❷ بدمعاش ❸ آنکھ بچا کر بازار سے چیز چرانے والا۔

**اٹھائیس**۔(ہ) اسم ❶ عدد بیس اور آٹھ ۲۸۔

**اٹھ بیٹھ**۔(ہ) فعل ❶ جاگ اٹھ ❷ امر کا صیغہ ہے ❸ اسم مونث ❹ جلدی جلدی اٹھنا بیٹھنا ❺ بے چینی ❻ اضطراب ایک سزا بھی ہے جو شاگردوں کو دیجاتی ہے ❼ ایک ورزش کا نام بھی ہے۔

**اُٹھک بیٹھک**۔(ہ) مونث ❶ (دیکھو ❷ اُٹھ بیٹھ)۔

**اُٹھ بیٹھنا**۔(ہ) فعل ❶ جاگ اٹھنا ❷ بیدار ہونا ❸ بیماری سے شفا پانا ❹ تندرست ہونا۔

**اُٹھ پہری**۔(ہ) اسم مذکر ❶ ومونث ❷ سست مرد یا عورت ❸ دیر میں کام کرنے والا ❹ کبھی اس کے برعکس ❺ نہایت چالاک اور ہر وقت کام پر تیار رہنے والے کو بھی کہا کرتے ہیں ❻ کھیتوں کا محافظ اور نگہبان۔

**اُٹھتے بیٹھتے**۔(ہ) تابع فعل ❶ سہارا لے کر ❷ دم لے لے کر ❸ آہستہ آہستہ ❹ سہج سہج ❺ رفتہ رفتہ۔

**آٹھتالیس**۔(ہ) اسم عدد ❶ چالیس اور آٹھ، ۴۸۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149071218

اَٹھتیس۔(ہ) اسم عدد تیس اور آٹھ، ۳۸۔

اُٹھتی جوانی۔(ا) مونث ① آغاز شباب ② جوانی کا شروع ③ نوجوانی۔

اُٹھتا جوبن۔(ا) مذکر ① نیا جوبن ② تازہ حسن ③ سینے کا اُبھار۔

اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات۔(ہ) محاورہ ① ہر وقت مارتے رہنا ② ہر دم مار پیٹ ③ نہایت جوتا ④ پیزار رہنا ⑤ نہایت ذلیل، حقیر رکھنا۔

اُٹھتی کونپل۔(ہ) مونث ① نوجوان ② آغاز شباب ③ نوعمر ④ نوخیز ⑤ وہ کونپل جو ابھی نکلی ہو۔

اُٹھ جانا۔(ہ) فعل ① چلا جانا ② رخصت ہونا ③ مر جانا ④ فوت ہو جانا ⑤ خرچ ہو جانا ⑥ حکومت کا بدل جانا ⑦ رسم کا موقوف ہو جانا۔

اُٹھرا۔(ہ) مذکر ① ایک بیماری کا نام ہے جو عورتوں کو ہوتی ہے ② بچہ آٹھویں مہینے میں پیدا ہو جاتا ہے ③ اور یہ اکثر زندہ نہیں رہتا ④ یا حمل گر جاتا ہے۔

اُٹھ کر پانی بھی نہیں پیا جاتا۔(ہ) محاورہ ① نہایت کمزور ② کاہل ③ سست ④ آلکسی۔

اُٹھ کھڑا ہونا۔(ہ) فعل ① چلنے کو تیار ہو جانا ② فتنہ وغیرہ پیدا ہو جانا ③ صحتیاب ہونا ④ بیماری سے صحت پانا ⑤ مرتے مرتے بچ جانا۔

اِٹھلانا۔(ہ) فعل ① ناز و انداز سے چلنا ② مٹک مٹک کر چلنا ③ معشوقانہ نخرے سے چلنا ④ شوخی کرنا ⑤ اترانا۔

اُٹھلو۔(ہ) مذکر ① جم کر کام نہ کرنے والا ② متلون مزاج ایک جگہ قیام نہ رکھنے والا۔

اٹھلماری۔(ہ) مذکر آٹھ گولیوں وال طمنچہ۔

آٹھ ماشی۔(ہ) مونث ① پونڈ ② پندرہ روپے قیمت کا سونے کا سکہ جو آٹھ ماشہ وزن میں ہوتا ہے ③ انگریزی پونڈ۔

اٹھنی۔(ہ) مونث ① آٹھ آنے کا سکہ ② آدھا روپیہ۔

اُٹھنا۔(ہ) فعل ① اٹھانا کا لازم ہے ② کھڑا ہونا ③ اونچا ہونا ④ بلند ہونا ⑤ پیدا ہونا ⑥ چلنا ⑦ جانا ⑧ مرنا ⑨ فوت ہونا۔

اٹھی پینٹھ آٹھویں دن۔(ہ) مثل ① موقع گنوا کر دیر تک انتظار کرنا پڑتا ہے ② وقت ضائع کر کے پھر کبھی جا کر شاید موقع ہوتا ہے۔

اٹھوارہ۔(ہ) مذکر ① آٹھ دن کا عرصہ ایک دن سے لیکر پھر اسی دن تک کا وقت۔

اُٹھوانس۔(ہ) مذکر ① ہشت پہلو ② وہ چیز جس کے آٹھ کونے ہوں۔

اٹھوانسا۔(ہ) مذکر ① (اصل میں آٹھ ماہا تھا) وہ بچہ جو آٹھ ماہ کے بعد پیدا ہو ② قلعہ والے آٹھویں مہینے زچہ کے ناخن تراشنے کی رسم کو کہتے ہیں۔

اَٹی۔(ہ) مونث ① سوت کی اٹیا ② ایٹر پر لپیٹا ہوا سوت ③ انٹی۔

اٹیرن۔(ہ) مذکر ① سوت کی انٹی بنانے کی لکڑی اس کی شکل کی کشتی کے اک داؤ کا نام ہے ② چکر ③ لاغری۔

اٹیرن پھیرنا۔(ہ) فعل ① گھوڑے کو خاص طریق سے کاوہ دینا۔

اٹیرن کر دینا۔(ہ) فعل ① کشتی کے ایسے داؤں پیچ کرنا کہ حریف چکرا جائے ② دم نہ لینے دینا۔

اٹیرنا۔(ہ) فعل ① سوت لپیٹنا ② ایٹرن کے ذریعے سے سوت کی اٹیاں بنانا۔

اٹیک۔(ہ) مذکر ① حرف نفی ② ٹیک بہ معنی سہارا ③ بے سہارا۔

## ا ــ ث

اثاث۔ اثاثہ۔ اثاث البیت۔(ع) مذکر ① گھر کا اسباب ② سامانِ خانہ داری ③ جمع کیا ہوا جوڑا ہوا سرمایہ ④ اثالا۔

اثامی۔(ع) مذکر ① مجرم ② خطاوار ③ ملزم۔

اِثبات۔(ع) مذکر ① ثابت کرنا ثبوت لینا ② دعویٰ جمانا ③ (نفی کی ضد ہے)۔

اَثر۔(مذکر ① نشان ② کھوج ③ پاؤں کا نشان تاثیر نتیجہ ④ سایہ پر چھائیں ⑤ سید محمد میر کا تخلص ہے جو خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے، انکی تصنیف سے مثنوی اثر مشہور کتاب ہے۔

اثر پذیر۔(ف) اثر قبول کرنے والا۔

اثقال۔(ع) مذکر ① ثقل کی جمع ہے ② بوجھ وزن

اِثم۔(ع)۔ مذکر ① گناہ ② خطا ③ قصور ④ جرم۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**اَثمار۔**(ع) مذکر۔ جمع ثمر کی ۔ پھل۔


(اَثمار)

**اَثنا۔**(ع) ثناء کی جمع ① درمیان بیچ ② دوران۔

**اِثنان۔**(ع) دو۔

**اَثنا عشر۔**(ع) بارہ۔ اصطلاح میں بارہ اماموں سے مراد ہے۔

**اَثنا عشری/اثنا عشر** (ع) مذکر ① بارہ اماموں کو ماننے والا گروہ ② شیعہ لوگ ③ امامیہ مذہب والے۔

**اثواب۔**(ع) مذکر ① ثوب کی جمع ② کپڑے ③ جامہ۔

**اَثیم۔**(ع) گنہگار ① مجرم ② خطاوار۔

**آثیر۔**(ع) مذکر ① بلند ② اونچا ③ عالی ④ مراد آسمان۔

## ا ← ج

**اِجابت۔**(ع) مونث ① قبولیت ② رفع حاجت ③ پاخانہ خارج ہونا۔

**اِجارہ۔**(ع) مذکر ① ٹھیکہ ② کرایہ ③ (امانی کی ضد) زبردستی ④ زور، ⑤ قبضہ ⑥ حکومت۔

**اجارہ دار۔**(ف) مذکر ① ٹھیکہ دار ② دعویدار ③ حاکم۔

**اُجاڑ۔**(ہ) مذکر ① غیر آباد ② ویرانہ ③ خرابہ ④ کھنڈر (آبادی کی ضد) اسم ظرف۔

**اُجاڑا۔**(ہ) مذکر ① تباہی ② بربادی ③ اجڑا ہوا برباد شدہ ④ (حاصلمصدر)۔

**اُجاڑنا۔**(ہ) فعل ① ویران کرنا ② ڈھادینا ③ اینٹ سے اینٹ بجانا ④ برباد کرنا۔

**اُجاڑو۔**(ہ) اسم مذکر ① اسم فاعل ② سماعی ③ اجاڑنے والا ④ کھاؤ لٹاؤ ⑤ ویران کرنیوالہ ⑥ برباد کرنیوالہ۔

**اِجازت۔**(ع) مونث ① منظوری ② رخصت ③ حکم ارشاد ④ پروانگی۔

**اجاگر۔**(ہ) مذکر ① روشن ② مشہور ③ ظاہر کھلا ہوا۔

**اُجالا۔**(ہ) مذکر ① روشنی ② چمک ③ نور کا تڑکا ④ جانا ⑤ چاندنا ⑥ رونق ⑦ جیسے مالک گھر کا اجالا ہوتا ہے۔

**اُجالا ہونا۔**(ہ) فعل ① جانا ہونا ② روشنی ہونا ③ دن نکلنا ④ لٹ جانا ⑤ کچھ باقی نہ رہنا۔

**اُجالنا۔**(ہ) فعل ① چمکانا ② جلا کرنا ③ زیور سے میل دور کرنا ④ نکھارنا۔

**اجان۔**(ہ) مذکر ① (اصل میں انجان تھا ②) ناواقف ③ نادان ④ معصوم ⑤ چھوٹا بالک۔

**اَجانب۔**(ع) مذکر ① (اجنبی کی جمع) پردیسی ② غیر ③ بیگانے۔

**اجتماع۔**(ع) مذکر ① اکٹھ ② جماؤ ③ جمع ہونا ④ اکٹھا ہونا ⑤ نجومیوں کی اصطلاح میں سورج اور چاند کا ایک وقت میں ایک ہی برج میں جمع ہونا۔

**اجتماع ضدین۔**(ع) مذکر ① دو مخالف چیزوں کا ایک جگہ جمع ہونا ② ناممکن بات کا ممکن ہونا۔

**اجتناب۔**(ع) مذکر ① پہلو بچانا ② بچاؤ ③ کنارہ کشی ④ پرہیز ⑤ علیحدگی۔

**اجتہاد۔**(ع) مذکر ① جدوجہد کرنا ② کوشش کرنا ③ بڑے غور سے مسائل دینی نکالنا۔

**اَجداد۔**(ع) مذکر ① (جد کی جمع ②) دادے ③ پردادے ④ وغیرہ اوپر کی پشتیں ⑤ بزرگ۔

**اُجڈ۔**(ع) مذکر ① بیوقوف ② گنوار ③ جاہل مطلق ④ بے سمجھ ⑤ نادان۔

**اَجر۔**(ع) مذکر ① بدلہ ② نیک کام کا عوض ③ ثواب ④ اجرت ⑤ انعام۔

**اِجرا۔**(ع) مذکر ① جاری کرنا ② شروع کرنا ③ کام چلانا۔

**اَجرام۔**(ع) مذکر ① جرم کی جمع بہ معنی جسم ② بدن ③ سیارے اور ستارے۔

**اُجرت۔**(ع) مونث ① مزدوری ② کام کا معاوضہ ③ بدلہ۔

**اُجڑا۔**(ہ) مذکر ① اجڑا ہوا ② ویرانہ ③ غیر آباد ④ کھنڈر ⑤ خانہ خراب۔(اسم مفعول)

**اُجڑا پجڑا۔**(ہ) مذکر ① لٹا کھسٹا ② برباد شدہ۔

**اُجڑنا۔**(ہ) فعل ① تباہ ہونا ② برباد ہونا ③ ویران ہونا ④ غارت ہونا ⑤ مٹ جانا گھر یا گاؤں کا برباد ہو جانا ⑥ خانہ خرابی۔

Join Us on whatsapp Naveed Baig 0314977218

www.besturdubooks.net

**اجڑے گھر کا پُلپلینڈا۔**(ہ) ① گھر کی تباہی کے بعد کسی نالائق کا بچ جانا ② خاندان میں سے کسی نکمے آدمی کا باقی رہ جانا۔

**اُجڑی نگری سُنا دیش۔**(ہ) برباد گھر ① خالی شہر ② بے آباد گاؤں۔

**اجزا۔**(ع) مذکر۔(جزو کی جمع) حصے ٹکڑے۔

**اَجس۔**(ہ) مذکر ① وہ آدمی جس میں کوئی خوبی نہ ہو ② بے ہنر ③ بے جوہر ④ بدنام۔

**اَجساد۔**(ع) مذکر ① (حسد کی جمع) جسم ② بدن ڈیل۔

**اَجسام۔**(ع) مذکر۔(جسم کی جمع) تن بدن۔

**اَجگر۔**(ہ) مذکر ① وہ سانپ جو بھاری اور روزنی ہونے کی وجہ سے حرکت نہ کرسکتا ہو ② مشہور ہے کہ یہ بکری وغیرہ کو سانس کے زور سے کھینچ کر منہ میں ڈال کر نگل جاتا ہے ③ اژدھا ④ بہت بڑا سانپ ⑤ مجازاً بہت بھاری ⑥ وزنی۔

**اجگر کے داتا رام۔**(ہ) سست اور کاہل آدمیوں کو خدا ہی اپنے فضل سے روزی دیتا ہے۔

**اَجل۔**(ع) مونث ① لغوی معنی مہلت اور وقت ② عمر ختم ہونے کا عرصہ ③ مجازاً موت ④ مرگ ⑤ قضا۔

**اجل رسیدہ یا اجل گرفتہ۔**(ف) مذکر ① موت لیا ② وہ شخص جس کی موت آئی ہو ③ موت کے پنجے میں آیا ہوا ④ جانہار۔

**اُجلا۔**(ہ) مذکر ① صاف ② سفید ③ روشن ④ چمکدار ⑤ نرمل ⑥ چٹّا ⑦ براق۔

**اُجلا پن۔**(ہ) مذکر ① صفائی ② سفیدی ③ روشنی ④ چمک ⑤ رونق۔

**اِجلاس۔**(ع) مذکر ① بٹھانا ② مجازاً دربار یا کچہری ③ حاکموں کی نشستگاہ جہاں بیٹھ کر مقدمات کا فیصلہ کرتے ہیں۔

**اُجلا منہ ہونا۔**(ہ) فعل ① سرخرو ہونا ② الزام سے بری ہونا ③ آبرو بچنا ④ قرض سے فارغ ہونا ⑤ کسی کی امانت ادا کر چکنا۔

**اجلاف۔**(ع) مذکر ① (جلف کی جمع) کمینے رذیل ② چھوٹے طبقے کے آدمی ③ گھٹیل ④ شودر۔

**اجل کا صدمہ پہنچنا۔**(ا) فعل ① مرجانا ② کسی عزیز کے مرنے سے غم کا آنا جو نا قابل برداشت ہو۔

**اِجلال۔**(ع) مذکر ① بزرگی ② شان وشوکت ③ جاہ وجلال ④ عظمت و شان۔

**اُجلانا۔**(ہ) فعل ① صاف ہونا ② روشن ہونا ③ چمکنا ④ بارونق ہونا۔

**اُجلی۔**(ہ) مونث ① صاف ② سفید ③ روشن ④ عورتوں کی اصطلاح میں دھوبن۔

**اُجلی سمجھ۔**(ہ) مونث ① بہت جلد بات کی تہ تک کو پہنچنے والی عقل ② عقل رسا ③ عمدہ سمجھ ④ نہایت ذہین ⑤ ذکی اور فہیم۔

**اُجلی طبیعت۔**(ا) اسم مونث ① صاف طبیعت سلجھی ہوئی طبیعت جسکی ہر بات عمدہ ور دانائی کیساتھ ہو طبع رسا۔

**اُجلی گزران۔**(ا) اسم مونث ① امیرانہ گزران ② خوش گزران ③ سفید پوشی ④ کھانا ⑤ لباس اچھا ہونا ⑥ دولتمندی میں بسر کرنا۔

**اجماع۔**(ع) مذکر ① جمع ہونا ② کسی بات پر متفق ہونا، ③ اکٹھا ہونا۔

**اِجمال۔**(ع) مذکر ① گول مول بات کرنا ② گفتگو کرنا ③ ایسا بیان جو مفصل نہ ہو ④ دقیق اور مختصر بات۔

**اَجناس۔**(ع) مذکر ① جنس کی جمع ② چیزیں ③ اشیاء ④ قسمیں انواع۔

**اَجنبی۔**(ع) مذکر ① غیر شخص ② ناواقف ③ پردیسی وہ آدمی جسے جانتے نہ ہوں۔

**اَجنٹ/ ایجنٹ** (ای) مذکر ① وہ شخص جو کسی سوداگر یا سرکار کی طرف سے کسی کام پر مقرر ہو ② گماشتہ ③ مختار ④ وکیل۔

**اَجنٹی/ اَیجنٹی** (ای) مونث ① ایجنٹ کا کام ② اجارہ ③ ٹھیکہ ④ ایجنٹ کا دفتر ⑤ ایجنٹ کا محکمہ۔

**اُجوانا۔**(ہ) فعل ① کسی سیال اور مائع چیز کا ایک برتن سے دوسرے برتن میں انڈلوانا ② پانی وغیرہ کا گھڑے میں سے لوٹے وغیرہ میں ڈلوانا۔

**اَجوائن۔**(ہ) مونث ① ایک مشہور دوائی کا نام جو درد شکم کو نافع ہے ② تین قسم کی ہوتی ہے ③ دیسی اجوائن ④ اڑب اجوائن ⑤ خراسانی اجوائن۔

**اجودھیا۔**(ہ) مذکر ① علاقہ ② اودھ کے مشہور شہر فیض آباد کا دوسرا نام ہے، یہ مقام راجہ رام چندر جی کی جائے پیدائش ہے اور ہندوؤں کا بڑا بھاری تیرتھ ہے، یہ شہر راجہ جسرتھ جو رام چندر جی کے والد تھے، کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

راجدھانی تھا۔ یہاں بہت سے مندر بنے ہوئے ہیں اور بندر بکثرت ہیں۔

آجُورہ۔(ف) مذکر ❶ اجرت مزدور ❷ مزدوری ❸ کرایہ ❹ بھاڑا ❺ کام کا معاوضہ۔

اَجُوٹھا۔(ہ) مذکر ❶ وہ چیز جو کسی نے جوٹھی نہ کی ہو ❷ اچھوتا ❸ بن چکھا۔

اَجْہل۔(ع) مذکر ❶ بہت ہی جاہل ❷ نہایت اجڈ پرلے درجے کا بیوقوف۔

اُجھڑ۔(ہ) مذکر ❶ جاہل مطلق ❷ لڑاکا ❸ کج بحث ❹ خبطی بات بات میں الجھنے والا جھکی۔

اُجھینا۔(ہ) اسم مذکر ❶ چولہے آگ جلانے کیلئے ایک خاص طرز سے جوڑے ہوئے ❷ ہندو اجھونا بولتے ہیں۔

اُجھینا لگانا۔(ہ) فعل ❶ چولہے میں اپلوں کو خاص طریقہ سے لگانا ❷ جس سے آگ بخوبی جل سکے۔

اَجی۔(ہ) حرف ندا ❶ اے جناب اے صاحب واسطے خطاب کے آتا ہے ❷ جسمیں تعظیم ملحوظ ہوتی ہے ❸ عورتیں اپنی ساس کو خاوند کو تعظیماً اسی لفظ سے خطاب کرتی ہیں۔

اَجیت۔(ہ) مذکر ❶ بن جیتا ❷ غیر مفتوحہ ❸ وہ ملک جسے فتح نہ کیا جاسکے ❹ ناقابل فتح ❺ نہایت زبردست ❻ بہت طاقتور۔

اَجیٹین۔(ای) مذکر ❶ صحیح ایڈجوٹنٹ ہے ❷ فوجی افسر ❸ فوج کا سردار۔

اَجیر۔(ع) مذکر ❶ اجرت پر کام کرنے والا ❷ مزدور ❸ محنتی ❹ روزانہ دار ❺ (دہاڑی دار پنجابی)۔

اَجیرن۔(ہ) مذکر ❶ وہ کھانا جو ہضم نہ ہو ❷ غیر منہضم ❸ ان پچ ❹ ناپسند ❺ ناگوار۔

اَجیرن ہونا۔(ہ) فعل ❶ ناگوار ہونا ❷ پسند نہ ہونا ❸ نہایت مشکل ہونا ❹ دوبھر ہونا ❺ ناموافق طبع ❻ ناقص ہونا۔

اَجیو۔(ہ) مذکر ❶ بے جان بے روح ❷ جسمیں جیو یعنی جان نہ ہو۔

## ا ← چ

اُچابت۔(ہ) مذکر ❶ سامان خورد ونوش کا کسی دکاندار کے پاس سے ادھار لینا۔

اُچابت اٹھانا۔(ہ) فعل ❶ دوکاندار سے اُدھار لانا ❷ سودا ادھار خریدنا۔

اُچاٹ۔(ہ) مذکر ❶ دل برداشتہ ❷ اداس ❸ اُکھڑا ہوا ❹ اُکتایا ہوا۔

اچانچک۔ اچانک۔(ہ) تابع فعل ❶ دفعتاً ❷ یکا یک ❸ بیخبری میں ❹ ناگاہ ❺ ایکا ایکی ناگہاں۔

اُچاٹن۔(ہ) مونث ❶ دل برداشتگی ❷ بیزار ہوجانا ❸ اداسی ❹ تقسیم۔

اُچاٹنا۔(ہ) فعل ❶ بانٹنا تقسیم کرنا ❷ الگ الگ کرنا ❸ علیحدہ کردینا۔

اُچار۔(ہ) دستور ❶ قاعدہ ❷ آئین ❸ طریقہ ❹ ڈھنگ ❺ تلفظ۔

اچار اٹھنا۔(ہ) فعل ❶ اچار کا استعمال کے قابل ہوجانا ❷ کھانے کے لائق ہونا۔

اچار ڈالنا۔(ہ) فعل ❶ اچار بنانا ❷ کسی کی چیز کو دیر تک اپنے پاس رکھ کر خراب کرنا۔

اُچارج۔(س) مذکر ❶ مرشد ❷ استاد ❸ اعلےٰ درجے کا عالم و فاضل ❹ ہندوؤں میں مردونکی کریا کرم کرانیوالا ❺ مہابرہمن ❻ دان پن اور کریا کرم کا مال لینے والا برہمن۔

اُچان۔(ہ) ❶ بلندی ❷ اونچائی۔

اُچپل/اُچپلا (ہ) اسم صفت مذکر ❶ بے چین ❷ چکرانا ❸ وہ شخص جو نچلا نہ رہ سکے ❹ شوخ ❺ طرار ❻ چالاک ❼ شریر چنچل۔

اُچپلا ہٹ۔(ہ) اسم مذکر ❶ (اسم مصدر) ❷ بے چینی بے قراری ❸ شوخی ❹ چالاکی۔

اُچٹانا۔(ہ) فعل ❶ اُچھالنا ❷ چٹخانا ❸ گیند وغیرہ ❹ کسی چیز کو دوسری چیز پر مار کر اچھالنا جدا کرنا ❺ اکھڑنا ❻ بہکانا ❼ نشانہ پر نہ لگنے دینا ❽ چوکنا کرنا ❾ شکار کو ہوشیار کردینا۔ نیند وغیرہ کو دور کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بکھیرنا۔ الگ الگ کر دینا۔

**اچٹ جانا۔**(ہ) فعل ① اپنی جگہ سے اچھل جانا ② چیخ جانا ③ بدک جانا ④ بہک جانا۔

**اُچٹنا۔**(ہ) فعل ① اچھلنا ② چٹخنا ③ الگ ہونا ④ برداشتہ ہونا ⑤ بکھرنا ⑥ اکھڑنا ⑦ بدلنا ⑧ اُڑنا ⑨ جاتا رہنا۔

**اَچَر۔**(ہ) مذکر ① بیجان ② غیر متحرک ③ نہ ہلنے والا ④ ایسی چیز جو ادھر ادھر نہ رکھ سکیں ⑤ غیر منقولہ۔

**اُچرنا۔**(ہ) فعل ① بولنا ② کلام کرنا ③ الگ ہونا۔

**اَچرج۔**(ہ) اسم مذکر ① اچنبھا ② تعجب حیرانگی ③ حیرت۔

**اُچک۔**(ہ) مونث ① (حاصل مصدر از اچکنا) کود چھلانگ ② اچھل ③ جھپٹا۔

**اُچکا۔**(ہ) اسم مذکر ① (فعل از اُچکنا) اُچک لینے والا ② اُٹھائی گیرا ③ جیب کترا ④ بدمعاش ⑤ چور۔

**اُچک جانا۔**(ہ) فعل ① کود جانا ② چھلانگ مارنا ③ اچھل جانا ④ اچھل پڑنا۔

**اُچکاپن۔**(ہ) اسم مذکر ① چوری ② بدمعاشی ③ شرارت۔

**اُچکن۔**(ہ) مونث ① جست اور بٹن دار انگہ۔

**اُچکنا۔**(ہ) فعل ① کودنا اُبھرنا ② اُچھلنا ③ لپکنا ④ اوپر ہی اوپر سے لے لینا ⑤ چھین لینا ⑥ لے اڑنا ⑦ لے بھاگنا۔

**اُچک لے جانا۔**(ہ) فعل ① اڑا لے جانا ② بھگا لے جانا ③ جھپٹا مار کر لے جانا۔

**اُچل۔**(ہ) اسم صفت ① جو اپنی جگہ سے چل نہ سکے ② نہ چلنے والا۔

**اچن۔**(ہ) مذکر ① بے نشان ② بے قدر ③ ذلیل ④ گم نام۔

**اچنبا۔**(ہ) مذکر ① حیرانی ② حیرت ③ نرالا ④ اچرج۔

**اچنت۔**(ہ) اسم صفت ① جس کو کوئی فکر نہ ہو (الف بہ معنی بے ② چنت بہ معنی چنتا یعنی نکما) بے فکرا ③ بے پرواہ ④ اتاولا (ہ) جلد باز۔

**اَچنتا۔**(ہ) اسم مونث ① بے فکری ② لاپرواہی۔

**اَچنگ لگنا۔**(ہ) فعل ① انگ لگنا ① امنگ پیدا ہو جانا ② بڑے شوق سے کسی کام کے پورا ہونے کی آرزو کرنا۔

**اچوک۔**(ہ) اسم صفت ① نہ چوکنے والا ② بے خطا نشانہ ③ بے خطا ④ بے قصور ⑤ وہ آدمی جس سے کوئی قصور نہ ہو ⑥ پاک ⑦ معصوم۔

**اِچھا۔**(ہ) اسم مونث ① مرضی ② آرزو ③ خواہش ④ تمنا۔

**اَچھا۔**(ہ) مذکر ① اسم صفت ② (برا کی ضد) بھلا ③ نیک ④ عمدہ ⑤ خوب تندرست ⑥ بہتر ⑦ بے عیب ⑧ کھرا ⑨ مبارک۔ کلمہ ایجاب ہے۔ ہاں منظور ہے۔ (پنجابی آہو) خوشگوار۔ مزیدار۔ خلیق۔ خوش خلق۔ موافق۔ خیر۔ (طنزاً بہ معنی برا۔ نا مناسب وغیرہ۔) قابل تعریف۔

**اُچھا بچھا / اُچھا خاصا**(ہ) مذکر ① اسم صفت ② بھلا چنگا ③ صحیح سالم ④ تندرست ⑤ بہت ٹھیک ⑥ درست۔

**اَچھا رہنا۔**(ہ) فعل ① حسب منشا کام بن جانا ② تندرست رہنا ③ ٹھیک رہنا۔

**اچھا کرنا۔**(ہ) فعل ① تندرست کرنا ② راضی کرنا ③ نیکی کرنا ④ عمدہ کام کرنا ⑤ راضی کرنا ⑥ نیکی کرنا ⑦ بھلا کرنا ⑧ خوب کرنا۔ کام صفائی سے کرنا۔

**اچھا کیا خدا نے بُرا کیا بندے نے۔**(ہ) مثل ① نیکی خدا کی طرف منسوب ہے اور بدی بندے کی طرف ② اگرچہ نیکی بدی دونوں کا خالق خدا ہے ③ مگر بھلائی خدا کی طرف سے ہے ④ اور برائی بندے کی طرف سے ایک ہی کام بزرگوں کی جانب سے ہو تو نیک اور عام لوگوں کی طرف سے ہو تو برا ہو۔

**اُچھالا۔**(ہ) اسم مذکر ① لکڑی کے زینے کو چھت سے باندھنے کی رسی ② باڑھ ③ غرق شدہ کو پانی کے اوپر اٹھا دینا ④ قے ⑤ اُبال ⑥ جوش۔

**اُچھال چھکّا۔**(ہ) اسم مونث ① شوخ ② بدکار ③ فاحشہ عورت۔

**اُچھل پڑنا۔**(ہ) فعل ① بلا ارادہ اوپر کو کود پڑنا ② محبت خوشی ③ غصہ ④ خوف ⑤ تپ وغیرہ کی حالت میں۔

**اُچھل اُچھل پڑنا۔**(ہ) فعل۔ اُچھل پڑنا کی نسبت زیادہ مبالغہ ہے۔

**اچھا لگنا۔**(ہ) فعل ① گوارا ہونا ② بھلا معلوم ہونا ③ مزیدار لگنا۔

**اُچھالنا۔**(ہ) فعل ① کسی چیز کو اوپر پھینکنا ② ابھارنا ③ اوپر کرنا۔

**اچھا ہونا۔**(ہ) فعل ① مرض سے شفا پانا ② تندرست ہونا ③ بے روگ ہونا ④ نیک ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

**اُچھت** ۔(ہ) اسم صفت ❶ بے چھوئی چیز ❷ تصرف میں نہ آئی ہوئی چیز۔

**اَچھّر** ۔(ہ) اسم مذکر ❶ اُنچھ ❷ حرف ❸ انک ❹ لفظ ❺ کلمہ ❻ بول۔

**اَچھرابھیاس** ۔(ہ) مونث ❶ حرف شناسی ❷ حروف کی پہچان۔

**اُچھرَس** ۔(ہ) مذکر ❶ گنے کا رس ❷ اُچھ بہ معنی گنا رس ❸ پانی۔

**اُچھلنا** ۔(ہ) فعل ❶ اوپر اٹھنا ❷ کودنا ❸ اڑنا ❹ بھولنا ❺ کسی چیز کا تیزی سے نکلنا ❻ پیدا ہونا ❼ بیماری کا پھر آنا ❽ کسی کی مدد پر غرور کرنا ❾ دوسرے کے سہارے پر فخر کرنا۔

**اُچھوانی** ۔(ہ) اسم مونث ❶ اجوائن ❷ سونٹھ ❸ گھی اور کھانڈ کو خاص طریقہ سے پکا کر زچہ عورت کو پلانے کی دوا۔

**اُچھو** ۔(ہ) مذکر ❶ گلے میں پھندا لگنا ❷ کھانا ❸ کھانے یا پانی پینے کے وقت سانس لینے کی نلی میں خوراک کا کچھ حصہ چلے جانے سے کھانسی سی لگ جایا کرتی ہے ❹ اس کو اُچھو بولتے ہیں ❺ ہندو اُتھو کہتے ہیں۔

**اَچھُوتا** ۔(ہ) اسم صفت ۔ مذکر ❶ بن چھوا ❷ پاک صاف ❸ محفوظ بے ہاتھ لگا جوں کا توں ❹ بے استعمال ❺ دیوی دیوتا کی نذر ❻ ناخوردہ ❼ کوارا ❽ کنوارا ❾ سچا۔

**اَچھُوتی** ۔(ہ) مونث ۔ اسم صفت ❶ اَچھوتا کی مونث ہے ❷ کنواری عورت۔

**اَچھوتی کوکھ** ۔(ہ) اسم مونث ❶ بچی گود ❷ وہ گود جس کے سب بچے زندہ ہوں، مراد وہ عورت جس کا کوئی بچہ مرا نہ ہو۔

**اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں** ۔(ا) مثل ۔ نیکوں کی اولاد نیک ہی ہوا کرتی ہے۔

**اَچھی** ۔(ہ) مونث ۔ اسم صفت ❶ بری کی ضد ❷ مہربان ❸ بھلی ❹ نیک درست بے عیب کھری ۔ (اچھا کی مونث۔

**اَچھے** ۔(ہ) اچھا کی جمع ۔ جمع مذکر کو خطاب میں بولتے ہیں اور ندا بھی۔

**اچھے اچھے** ۔(ہ) اسم صفت مذکر ❶ بڑے بڑے ❷ نیک ذی علم امیر ❸ اعلیٰ عہدے دار ❹ باکمال بزرگ۔

**اَچھے دن** ۔(ہ) تابع فعل ❶ اچھا موسم ❷ خوشی کے دن ❸ قسمت کے موافق ہونا ❹ تقدیر کھل جانے کا وقت ❺ فارغ البالی کا زمانہ۔

**اَچھی چیز اپنی جگہ آپ کر لیتی ہے** ۔(ا) مقولہ ❶ اچھی چیز کی قدر ہر جگہ اور ہر شخص کرتا ہے ❷ نیکوں کی ہر جگہ قدر ہے۔

**اچھے رہے** ۔(ہ) محاورہ ❶ واہ واہ ❷ خوب ہوئی ❸ آپ نے خوب ہی کہا ❹ سبحان اللہ خوب رہے ❺ مزے میں رہے آرام سے رہے۔

**اچھی طرح** ۔(ہ) کلمہ مزاج پرسی ہے خوب طرح بخیریت۔

**اچھے ہیں خدا کام نہ ڈالے** ۔(ہ) مثل ۔ ظاہر میں تو اچھے ہیں مگر باطن میں نہایت برے ہیں معاملہ پڑنے پر اچھے برے کی شناخت ہوتی ہے ۔ بظاہر تو سب اچھے ہی ہیں۔

**اُچیتا** ۔(ہ) اسم مذکر ❶ بے خیال ❷ سادہ لوح۔

**اُچیلنا** ۔(ہ) فعل ❶ اُکھاڑنا ❷ اُدھیڑنا۔

**اُچیڑنا** ❶ کھال کا اتارنا ❷ زخم پر سے کھرنڈ چھیل دینا۔

## ا ــــ ح

**اُح / اُہ** (ہ) ❶ کھانسی کی آواز ❷ درد اور دکھ کی صدا کراہنے کی آواز۔

**اَحَادْ** ۔(ع) مذکر ❶ احد کی جمع ❷ اکائیاں ❸ ایک سے نو تک ہندسے۔

**اَحادیث** ۔(ع) مونث ❶ (حدیث کی جمع) باتیں ❷ خبریں ۔ پیغمبر صاحب کے اقوال اور احکام۔

**اِحاطہ** ۔(ع) اسم مذکر ❶ گھیرا ❷ چکر ❸ گروہ ❹ چار دیواری ❺ ملکی تقسیم کی حد ❻ صوبہ سرکل ❼ دائرہ ❽ پریزیڈنسی ❾ منڈل۔

**اِحاطہ کرنا** ۔(ا) فعل ❶ گھیرا ڈالنا ❷ گھیرنا ❸ حد بندی کرنا ❹ مکان بنانا ❺ چار دیواری کرنا۔

**اَحِبّا** ۔(ع) اسم مذکر ❶ (حبیب کی جمع) دوست ❷ یار ❸ پیارے۔

**اَحْباب** ۔(ع) اسم مذکر ۔ (حبیب کی جمع) دوست ۔ آشنا۔

**اَحبار** ۔(ع) اسم مذکر ۔ ❶ (حبر کی جمع) دانا ❷ عاقل عالم ❸ خبردار ❹ یہودیوں کے علماء ❺ بائبل کے مجموعہ میں ایک کتاب ❻ اِحتباس ۔(ع) مذکر ۔ (مصدر بروزن افتعال) ❼ روکنا ❽ بخل کرنا ❾ خون حیض کے بند ہونے کی بیماری جو عورتوں کو لاحق ہوتی ہے۔

**احتراز** ۔(ع) مذکر ۔ ❶ (بروزن افتعال) پرہیز کرنا ❷ بچاؤ کنارہ کشی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کرنا ③ علیحدگی۔

اِحتراق۔(ء) مذکر ① (بابِ افتعال) جلنا ② شدت ③ حرارت ④ ایک ہی برج میں سورج کے ساتھ دوسرے سیارے کا آ کر روشنی کھو بیٹھنا۔

اِحترام۔(ء) مذکر۔ ① (باب افتعال) عزت توقیر ② آؤ بھگت۔

اِحتساب۔(ء) مذکر ① (باب افتعال۔) حساب لینا ② جانچنا ③ پڑتال کرنا۔

اِحتشام۔(ء) مذکر ① (باب اِفتعال) شان و شوکت دبدبہ ② لاؤ لشکر ③ رعب داب۔

اِحتلام (ء) مذکر (باب افتعال) ① ناپاک ہوجانا ② نہانے کی حاجت ہوجانا ③ خواب دیکھنا ④ بدخوابی۔

اِحتمال (ء) مذکر۔(باب افتعال) ① شک وشبہ بھرم ② گمان۔

احتمالی (ء) اسم مذکر ① شبہ والا ② ظنی ③ خیالی ④ ایک ماضی کا نام جس سے کام کے ہونے یا نہ ہونے کا شک زمانہ ماضی میں پایا جائے جیسے کیا ہوگا۔

اِحتوا (ء) مذکر ① حاوی ہونا ② گھیرنا۔

اِحتیاج (ء) اسم مونث ① باب افتعال ② ضرورت ③ حاجت ہونا ④ غرض ⑤ خواہش۔

احتیاط (ء) اسم مونث ① لغوی معنی گرد پھرنا ② احاطہ کرنا ③ مجازاً پرہیز ④ رکاؤ ⑤ بچاؤ ⑥ حفاظت ⑦ ہوشیاری ⑧ چوکسی۔

احتیاطاً (ء) تابع فعل۔ بچاؤ کے طور پر ہوشیاری سے خبرداری سے۔

احتیال۔(ء) اسم مذکر ① حیلہ بہانہ ② مکروفریب کرنا ③ دھوکا ④ دینا۔

احد۔(ء) اسم مذکر ① ایک ② اکیلا ③ لاشریک خداوند تعالیٰ کا صفاتی نام۔

اُحد۔(ء) اسم مذکر۔ مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے۔

اَحدی (ء) اسم مذکر ① یکا ② سست کاہل ③ اکبر بادشاہ نے تیراندازوں کی ایک فوج تیار کی تھی جو گھر بیٹھے تنخواہ پاتی تھی اور کسی فوجی گروہ میں شمار نہ ہوتی تھی۔ وہ بعد میں بہت کاہل وسست ہوگئے۔ اس لئے یہ لفظ صرف کاہل اور سست آدمی کے لئے خاص ہوگیا۔

احدی بیل (ا) مذکر ① سست اور کاہل آدمی نہایت ہی سست ② مٹھا، ③ ٹھس کاہلوں کا کاہل ④ پرلے درجے کا سست ⑤ جم۔

اَحرار۔(ء) مذکر ① حُر کی جمع آزاد (غلام کی ضد) ② بے قید ③ شریف۔

اِحراز۔(ء) مذکر ① محفوظ رکھنا ② بچائے رکھنا ③ محفوظ رکھنا۔

اِحرام۔(ء) مذکر۔ خاص مقامات سے لیکر حج اور زیارت خانہ کعبہ تک چند جائز کاموں کو اپنے اوپر حرام کرلینا۔

اِحرام باندھنا۔(ا) فعل ① سلے ہوئے کپڑے بدن سے اتارنا اور بن سلے کپڑے پہن کر چند جائز چیزوں کو حرام جاننا ② چادر اور تہ بند سے بدن ڈھانکنا۔

احساس۔(ء) مذکر ① معلوم کرنا ② محسوس کرنا ③ جاننا ④ سمجھنا۔

احسان۔(ء) مذکر ① نیکی کرنا ② بھلائی سے پیش آنا ③ اچھا سلوک ④ شکریہ ⑤ بھلائی کی داد حافظ غلام رسول خاں کے بیٹے حافظ عبدالرحمان خاں کا تخلص بھی ہے جنہوں نے ۱۲۶۷ھ میں انتقال فرمایا۔

احسان اٹھانا۔(ا) فعل ① ممنون ہونا ② شاکر ہونا ③ سہارا ڈھونڈنا۔

احسان رکھنا۔(ا) فعل۔ دوسرے کو ممنون بنانا۔

احسان کرنا۔(ا) فعل ① نیکی کرنا ② بھلائی کرنا ③ اچھا سلوک کرنا۔

احسان فراموش۔(ا) اسم مذکر ① بے وفا ② احسان نہ ماننے والا ③ احسان کو بھول جانے والا۔ بے مروت۔

احسان لیجئے جہان کہ نہ لیجئے شاہجہان کا۔(ا) مثل ① غیروں کا احسان لیجئے، مگر رشتہ داروں کا احسان نہ لینا خواہ وہ شاہجہاں ہی کیوں نہ ہو ② استغنا اور بے پرواہی نہایت اچھی بات ہے۔

احسان ماننا یا احسان اٹھانا/احسان لینا (ا) فعل ① ممنون ہونا ② شکرگزار ہونا ③ گن ماننا ④ شکر کرنا۔

احسان مند (ف) مذکر۔ اسم فاعل ترکیبی ① احسان ماننے والا ② شاکر ③ شکرگذار۔

احسنت (ء) ① آفرین ② مرحبا تجھے شاباش۔

احسنت کہنا۔(ا) فعل ① شاباش کہنا ② آفرین کہنا تعریف کرنا ③ اچھا کہنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...7218

احکام ۔(ء) اسم مذکر ① حکم کی جمع ہے ② فرامین ③ ہدایت ④ ارشاد۔

اَحمد ۔(ء) اسم مذکر ① بڑا تعریف کرنے والا ② بڑی صفات والا ③ حضرت رسولؐ خدا کا نام مبارک۔

احمد کی پگڑی محمود کے سر۔(ا) مثل ① ایک کا منصب اور عزت دوسرے کو دیدینا ② فرائض منصبی سے بے خبری اور غفلت ناانصافی اور ظلم۔

احمد کی داڑھی بڑی ہے کہ محمود کی۔(ا) مثل ① بے فائدہ ② بحث ③ فضول تکرار ④ لغو باتیں ⑤ اصلی کام کو چھوڑ کر فضولیات کی بحث میں پڑنا۔

اَحمر ۔(ء) اسم مذکر ① بہت سرخ ② نہایت گہرا لال ③ ایک سمندری بحیرے کا نام بھی ہے۔

اَحمق ۔(ء) اسم مذکر ① بڑا ہی بے وقوف ② بے تمیز ③ بے عقل نادان۔

احمق الناس ۔(ء) اسم مذکر ① آدمیوں میں سب سے زیادہ بے وقوف ② احمقوں کا سا کام۔

احمق الذی ۔(ء) مذکر ① اجڈ ② جاہل مطلق ③ سخت احمق۔

احمق بنانا ۔(ا) فعل ① کھلی اُڑانی ② تمسخر کرنا ③ ہنسی اڑانی ④ دھوکا دینا ⑤ فریب دینا ⑥ کسی کے ساتھ چالاکی کرنی۔

احمق پن ۔(ا) اسم مذکر ① بیوقوفی ② نادانی ③ جہالت ④ احمق پنا۔

احوال ۔(ء) اسم مذکر ① حال کی جمع ② حالات واقعات ③ ماجرے۔

احوال پرسی ۔(ف) اسم مونث ① حالات پوچھنے والا ② خیر و عافیت دریافت کرنی۔

اَحول ۔(ء) اسم مذکر ① بھینگا ② وہ شخص جس کو آنکھوں میں فرق ہونے کے باعث ہر چیز دو دو نظر آئے ③ یہ ایک بیماری ہے۔

اَحیان ۔(ء) اسم مذکر ① جمع ہے حین کی ② وقت۔

اِحیاء ۔(ء) اسم مذکر ① زندہ کرنا ② جلا دینا ③ زندگی دینا۔

اَحیاناً ۔(ء) تابع فعل ① اتفاقاً ② شاید ③ کبھی کسی وقت ④ اتفاق سے۔

## ا ← خ

اَخ ۔(ء) مذکر۔ بھائی برادر۔

اَخاہ ۔(ا) کلمہ تعجب ① بہت اچھا ② بہت خوب۔

اَخبار ۔(ء)۔ مذکر۔ ① (خبر کی جمع) خبریں ② وہ چھپا ہوا پرچہ جس میں بہت سی خبریں درج ہوں ③ اصطلاح شرعی میں احادیث نبوی سے مراد ہوتی ہے ④ روزنامہ نیوز پیپر۔

اخبار نویس ۔(ف) مذکر ① خبریں لکھنے والا ② ایڈیٹر۔

اختتام ۔(ء) مذکر ① ختم کرنا ② خاتمہ ③ انجام ④ اخیر۔

اَختر ۔(ء) مذکر ① ستارہ ② تارا ③ فال شگون ④ طالع ⑤ جھنڈا۔

اِختراع ۔(ء) مذکر۔ لغوی معنی ① چیرنا ② پھاڑنا۔ اصطلاحی معنی ③ نئی بات نکالنا ④ ایجاد کرنا ⑤ نئی بات پیدا کرنا۔

اِختر بختر ۔(ا) مذکر ① اصل استر بستر تھا ② برتن بھانڈا ③ بدھنا بوریا ④ کپڑا لتا۔

اختر چمکنا ۔(ا) فعل ① قسمت جاگنا ② دن پھرنا ③ تقدیر سامنے ہونا ④ خوش قسمتی ہونا۔

اختر شماری ۔(ف) اسم مونث ① تارے گننا ② رات بھر جاگتے رہنا ③ محبت میں بے قراری۔

اختر شناس ۔(ف) مذکر ① طالع کا حال پہچاننے والا انجومی ② جوتشی ③ ستاروں کی چال جاننے والا۔

اختصار ۔(ء) مذکر ① لغوی معنی چھوٹا کرنا ② قریب کے رستے سے جانا ③ گھٹانا ④ اصطلاح میں مختصر کرنے کو کہتے ہیں ⑤ بہت مطلب کو تھوڑے الفاظ میں بیان کرنا۔

اِختلاج ۔(ء) مذکر ① پھڑکنا ② بے چین ہونا ③ بے قرار ہونا ④ دھڑکا دل کا۔

اِختلاج قلب ۔(ء) مذکر ① دل کا دھڑکا ② ایک بیماری کا نام جس میں دل بہت دھڑکتا رہتا ہے۔

اختلاط ۔(ء) مذکر ① میل جول ② ربط ضبط ③ مل جل جانا ④ محبت ہونا ⑤ دوستی ہونا ⑥ چھیڑ چھاڑ کرنا ⑦ بے تکلفی۔

اختلاف ۔(ء) مذکر ① اتفاق کی ضد ② ناموافقت کرنا ③ خلاف ہونا ④ فرق ⑤ تفاوت ⑥ عداوت ⑦ ان بن ⑧ دشمنی ⑨ ضد۔

اَختہ ۔(ف) مذکر ① خصیے نکالا ہوا نر جانور ② بدھیا ③ خصی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03190712187

**اختیار**۔(ع) مذکر ① پسند کرنا ② چننا ③ چھانٹنا ④ قابو ⑤ اجازت منظور ⑥ حکومت ⑦ طاقت امکان ⑧ اجازت ⑨ جائز۔

**اختیارات**۔(ع) مذکر ① (اختیار کی جمع) حکومت ② زور ③ مداخلت وغیرہ۔

**اختیار بدست مختار**۔(ف) ① حاکم جو چاہے کرے زبردست کے ہاتھ میں اختیار ہے، مراد خدا ہر چیز کا مالک ہے ② سب کچھ اسی کے قبضہ میں ہے۔

**اختیار کرنا**۔(ا) فعل ① منظور کرنا ② پسند کرنا ③ مان لینا۔

**اختیار لینا**۔(ا) فعل ① اجازت لینا ② منظوری حاصل کرنا ③ حکومت لینا۔

**اختیار ملنا**۔(ا) ① حکومت ملنا ② اجازت ملنا ③ قبضہ ملنا۔

**اختیار میں ہونا**۔(ا) فعل ① قابو اور قبضے میں ہونا ② بس میں ہونا۔

**اختیاری**۔(ع) اسم مونث ① قابو کی ② بس کی ③ وہ بات جس کے کرنے نہ کرنے کا آدمی مختار ہو۔

**اخذ کرنا**۔(ع) اسم مذکر ① لے لینا ② پکڑ لینا ③ اختیار کرنا ④ کوئی بات اڑا لینا ⑤ بات میں سے بات نکالنا ⑥ نتیجہ نکالنا۔

**اخراج**۔(ع) مذکر ① نکال دینا ② شہر بدر کرنا ③ باہر کرنا ④ دور کرنا ⑤ گرانا ⑥ صرف ⑦ خرچ ⑧ نکاس ⑨ دخل کی ضد۔

**اخراجات**۔(ع) مذکر ① (خرچ کی جمع الجمع ہے) بہت سے خرچ ② مصارف۔

**اخروٹ**۔(ہ) مذکر۔ ایک مشہور میوہ ہے۔

**اخضر**۔(ع) نہایت ① سبز ہرا رنگ ② ایک بھیڑیے کا نام بھی ہے۔

**اخفا**۔(ع) مذکر ① پوشیدہ کرنا ② چھپانا ③ پنہاں کرنا۔

**اَخفش**۔(ع) مذکر۔ کمزور نظر والا۔

**اَخگر**۔(ف) مونث ① چنگاری ② آگ کی ڈلی۔

**اخلاص**۔(ع) مذکر ① دوستی ② محبت ③ یگانگت میل ملاپ ④ ربط ضبط قرآن مجید کی ایک سورت کا نام ہے ⑤ لاڈ ⑥ ناز ⑦ بے ریا عبادت۔

**اخلاص جوڑنا**۔(ا) فعل ① (عورتوں کی زبان ہے) دوستی کرنا ② بہنا یا کرنا۔

**اخلاص کرنا**۔(ا) فعل ① دوستی کرنا ② محبت کرنا ③ ربط ضبط ④ میل جول کرنا۔

**اخلاص میں آنا**۔(ا) فعل ① ناز میں آنا ② لاڈ کرنا ③ کسی برتے پر کودنا ④ کسی کے سہارے پر کودنا۔

**اخلاص مند**۔(ع) مذکر ① سچا دوست ② خیر خواہ ③ یار صادق ④ ہمدرد دوست (مونث) سہیلی ⑤ بہیلی ⑥ گوئیاں۔

**اَخلاط**۔(ع) مذکر ① (خلط کی جمع) چاروں خلطیں یعنی صفرا ③ سودا ④ بلغم ⑤ خون ⑥ جن سے خدا نے دنیا کو بنایا ہے ⑦ ہر شئے میں موجود ہیں ⑧ ان کی کمی بیشی سے ہی صحت میں فرق آجاتا ہے۔

**اخلاق**۔(ع) مذکر ① (خلق کی جمع) عادتیں خصلتیں ② انسانیت ③ مروت ④ وہ علم جس میں سیاست، تہذیب، نفس اور معاد و معاش وغیرہ کا بیان ہو۔

**اخلاق و معاشرت**۔(ع) باہم مل جل کر رہنے کے طریقے اور آداب۔

**اخنی پلاؤ**۔(ا) پلاؤ کی ایک خاص قسم ہے۔

**اِخوان**۔(ع) مذکر ① اخ کی جمع ② بھائی ③ برادر ④ بان جائے۔

**اخوت**۔(ع) مونث ① بھائی بندی ② برادری بھائی چارہ۔

**اخی**۔(ع) مذکر ① بھائی ② برادر ③ میرا بھائی ④ یائے متکلم ہے۔

**اخیافی**۔(ع) وہ بھائی جن کے باپ الگ اور ماں ایک ہو۔

**اخیر**۔(ع) پچھلا ① انتہائی ② حد ③ تمام سب انجام کار ④ آخر کو ⑤ قریب ختم ⑥ سرا ⑦ کنارہ قطعی۔

## ا ← د

**اُدا**۔(ع) اسم مونث ① چکتا کرنا ② چکانا ③ پورا کرنا ④ پہنچا دینا ⑤ بیباق کرنا ⑥ بیان کرنا ⑦ پڑھنا ⑧ ترتیل۔

**اَدا**۔(ف) اسم مونث ① ناز و انداز ② معشوقانہ حرکات ③ رمز و اشارہ۔

**اَدات**۔(ع) اسم مذکر ① آلات ② اوزار ③ کسی شے کے حاصل کرنے کا سامان ④ آلہ۔

**اُداس**۔(ہ) مذکر ① غمگین ② افسردہ دل ③ دل برداشتہ ④ بیزار بے رونق ⑤ پھیکا ⑥ ہلکا رنگ ⑦ بجھی بجھی سی روشنی۔

**اُداسا**۔(ہ) مذکر ① (فقیروں کی اصطلاح) استر بستر ② بندھنا بوریا۔

Join us on whatsapp Naveed BAIG 03149077218

اوڑھنا بچھونا۔

اُداسا کسنا۔(ہ)فعل ❶ بوریا بستر باندھ کر سفر کی تیاری کرنا ❷ سامان سفر باندھنا ❸ سفر کی تیاری کرنا۔

اُداسا کھینچنا۔(ہ)فعل ❶ یکسو ہونا ❷ ایک طرف دھیان لگانا ❸ قطع تعلق کر کے الگ ہو رہنا۔

اُداسی۔(ہ) اسم مونث ❶ غمگینی ❷ پریشانی ❸ دل برداشتگی ❹ بے رونقی ❺ ویرانی ❻ گرونانک صاحب کے بیٹے کے چیلوں کا ایک فرقہ ❼ فقیروں کی جماعت ❽ شوخی کی ضد۔

اُداسی برسنا۔اُداسی چھانا۔(ہ) فعل ❶ غم یا پریشانی ظاہر کرنا ❷ پریشانی کا اظہار کرنا بے رونقی ظاہر ہونا ❸ طبیعت کا اُچاٹ معلوم ہونا۔

ادشناس۔(ف) مذکر ❶ اشارہ سمجھنے والا ❷ اشارے سے بات کو تاڑ جانے والا ❸ ذراسی حرکت سے بات کو سمجھ جانے والا۔

ادا کرنا۔(ہ)فعل ❶ چکانا ❷ قرض اتارنا ❸ بے باق کرنا ❹ پڑھنا ❺ حروف کا ان کے مخرج سے نکالنا ❻ کھولکر بیان کرنا ❼ نخرے کرنا ❽ انداز دکھانا۔

اُدان۔(ہ) مونث ❶ ڈکار ❷ ایک قسم کی ہو جو پیٹ سے منہ کو آیا کرتی ہے۔

ادا ہونا۔(ا)فعل ❶ قرض اترنا ❷ نوکری پوری ہونا ❸ حرفوں کی پوری ادائیگی۔

اُداہٹ۔(ہ)اسم مونث ❶ اودین ❷ اودی ❸ رنگت ❹ بینگنی رنگت۔

اَدب۔(ع) اسم مذکر ❶ حفظ مراتب ❷ دستور ❸ قاعدہ ❹ ہر چیز کی حد ❺ لحاظ ❻ احتیاط زباندانی کا علم ❼ لٹریچر۔

اَدب آموز۔(ف) مذکر ❶ ادب سکھانیوالا ادیب ❷ اُستاد۔

اَدبار۔(ع) لغوی معنی پیٹھ پھیرنا ❶ (اصطلاحی معنی) دولت کا منہ پھیر لینا ❷ نحوست تنزل ❸ مفلسی ❹ غریبی ❺ ناداری ❻ بدبختی (اقبال کی ضد)۔

ادابدا کر۔(ہ) تابع فعل ❶ ضرور بالضرور ❷ ضد سے شرارت سے ❸ زبردستی۔

ادخال۔(ع) اسم مذکر ❶ داخل کرنا ❷ درج رجسٹر کرنا ❸ فیس جرمانہ ❹ وغیرہ ادا کرنا۔

ادرار۔(ع) اسم مذکر ❶ روزینہ ❷ وظیفہ جاری ہونا ❸ بہنا ❹ پیشاب کا بار بار آنا ❺ زیادہ بارش ہونا۔

ادراک۔(ع) اسم مذکر ❶ پانا ❷ دریافت کرنا ❸ عقل ❹ سمجھ ❺ رسائی فہم۔

اُورسا۔(ہ) اسم مذکر ایک قسم کا سفید اور باریک کپڑا۔

اُدرک۔(ہ)اسم مونث ❶ ایک قسم کی خوشبودار جڑ ہے ❷ جس کو سکھا کر سونٹھ بناتے ہیں ❸ یوپی لوگ آدی اور پنجابی ادرک کہتے ہیں۔

اُدرکی۔(ہ) اسم مونث ❶ تازے گڑ میں سونٹھ ملا کر اس کی ٹکیاں بنا لیتے ہیں ❷ عام پتلی پتلی گڑ کی ٹکیاں۔

ادریس۔(ع) اسم مذکر۔ایک پیغمبر کا نام۔

اِدعا۔(ع) اسم مذکر ❶ دعوے کرنا ❷ خواہش ❸ اور آرزو تمنا کرنا۔

ادق۔(ع) اسم مذکر ❶ (صفت کا درجہ تفضل کل) نہایت دقیق ❷ بہت ہی کٹھن ❸ نہایت دوبھر ❹ سخت مشکل۔

ادنچہ۔(ت) اسم مذکر ❶ کلابتونی یا کارچوبی حاشئے کی ایک چادر ہوتی ہے ❷ جس کو اکثر توشک کے نیچے بچھاتے ہیں اور اوپر بچھونا کر لیتے ہیں۔

ادگدرا۔(ہ) اسم مذکر ❶ نیم پختہ پھل ❷ آدھا کچا ❸ آدھا پکا میوہ وغیرہ۔

ادلا بدلا/ادل بدل/اُدھر کی اِدھر (ہ) اسم صفت ❶ مذکر ❷ معاوضہ ❸ باہمی تبادلہ ایک چیز دینی اور دوسری کے عوض میں لے لینی ❹ اُلٹ پلٹ ❺ اِدھر کی اُدھر۔

اُدّم۔(ہ) مذکر ❶ محنت ❷ کوشش ❸ جانفشانی ہمت۔

اُدم سے دلدر گھٹے۔(ہ) مثل کوشش اور ہمت سے نحوست اور بدبختی دور ہو جاتی ہے۔

ادنٰے۔(ہ) مذکر ❶ (دنیا کا مذکر) اعلےٰ کی ضد بہت نیچا ❷ کمینہ ❸ چھوٹے طبقے کا ❹ کم درجے کا کم قدر ❺ مفلس ❻ غریب۔

ادوائن/ادوائن (ہ) مونث ❶ وہ رسی جو چارپائی میں پائنتی کی طرف اس غرض سے ڈالتے ہیں کہ ڈھیلی ہو جانے پر چارپائی کو کس دیا جائے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140797218

ادویہ۔(ع) اسم مونث ① دوا کی جمع ② بہت سی دوائیں ③ دارو ④ اوکھد۔

ادھا۔(ہ) اسم مذکر (آدھا کا مخفف ہے ①) نصف حصہ ② کسی چیز کے دو برابر حصوں میں سے ایک حصہ۔

اُدھا۔(ہ) اسم صفت مذکر ① نصف کسی چیز کا نصف حصہ ② بوتل کا نصف طبلے کی ایک تال کا نام ③ بچوں کی ایک شرط بھی ہے ④ جب کسی دوست کے پاس کھانے کی کوئی چیز دیکھ کر یہ لفظ کہدیں تو اس میں سے آدھی لے لیتے ہیں۔

اُدھار۔(ہ) اسم مذکر ① خوراک ② کھانا ③ سہارا ④ آسرا ⑤ قوت لایموت۔

اُدھار۔(ہ) اسم مذکر ① (نقد کی ضد ②) کوئی چیز خرید کر قیمت کچھ عرصہ بعد دینی ③ قرض دام ④ مستعار ⑤ مانگنے کی چیز۔

اُدھار دینا۔(ہ) فعل۔قرض دینا مانگے دینا۔

اُدھار دیجے دشمن کیجیے۔(ا) مقولہ اُدھار دے کر دوست کو دشمن بنالو قرض محبت نہیں رہنے دیگا۔قرض محبت کی قینچی ہے۔

اُدھار کھائے بیٹھا ہے/اُدھار کھائے ہوئے ہے۔(ہ) محاورہ ① پہلے ہی سے تیار اور مستعد ہیں ② تلے بیٹھے ہیں ③ بدی کا ارادہ ہے ④ دشمنی کی ٹھان لی ہے۔

اُدھار کی ماں مری ہے۔(ہ) ① اُدھار تو کہیں نہیں گیا ② نقد نہیں ہے نہ سہی۔

اُدھار گھر کے بار۔(ہ) ① مقولہ اُدھار ایسا ہی یقینی ہے جیسا کوئی گھر کے دروازے پر لئے کھڑا ہے ② جب چاہیں گے وصول کر لیں گے ③ جب ضرورت ہوگی لے لیں گے۔

اُدھار سے کار نہیں چلتا۔(ہ) ① مقولہ اُدھار وقت پر نہیں ملا کرتا ② اپنا روپیہ ادھار چلا کر اپنا کام خراب کر لینا ہے ③ مایا اُدھار دے کر کام کیسے چلے (سوداگروں کا مقولہ ہے)۔

اُدھار کھانے سے بھوکہ پڑ رہنا اچھا ہے۔(ہ) یہ مثل ① پنجابی مثل کے مطابق ہے ② قرض قیامت بھکھ نیامت۔(نعمت)۔

اُدھار مانگنا۔(ہ) فعل ① اپنا قرضہ مانگنا ② دیا ہوا روپیہ طلب کرنا۔

اِدھر۔(ہ) تابع فعل۔دراصل یہ دھر یعنی اس طرف۔

اُدھر۔(ہ) تابع فعل۔دراصل وہ دھر یعنی اُس طرف۔

اَدھر۔(ہ) تابع فعل۔معلق ① وسط میں درمیان میں ② زمین و آسمان کے درمیان۔بے سہارے کی چیز بے لاگ۔

اَدھر چلنا۔(ہ) فعل ① زمین پر پاؤں لگائے بغیر چلنا ② اترا کر چلنا۔

ادھراج/ادھیراج (ہ) اسم مذکر ① جو راجہ اپنے عہد کے تمام راجوں پر غالب اور فائق ہو ② بڑا راجہ ③ مہاراجہ ④ شہنشاہ۔

اِدھر اُدھر۔(ہ) تابع فعل ① اِرد گرد ② آس پاس ③ جگہ جگہ ④ ہر جگہ ⑤ بکھرا بکھرا ⑥ تتر بتر ⑦ چاروں طرف ⑧ بے ترتیب ⑨ ایسے ویسے۔

اِدھر اُدھر کی باتیں۔(ا) محاورہ ① فضول باتیں ② بے تعلق باتیں غیر ضروری باتیں۔

اِدھر سے اُدھر۔اُدھر سے اِدھر۔(ہ) محاورہ ① غیر مستقل ② ایک جگہ نہ ٹھیرنا کہیں کہیں پھرنا۔

اِدھر سے اُدھر کر دینا/اِدھر اُدھر کر دینا (ہ) فعل ① چھپا دینا ② غائب کر دینا ③ پوشیدہ کرنا ④ چرالینا ⑤ اُڑا لینا ⑥ بے ترتیب کرنا ⑦ گڈمڈ کرنا ⑧ ملا دینا۔

اِدھر کاٹے اُدھر پلٹ جائے۔(ہ) مثل ① تکلیف پہنچائے اور صاف مکر جائے ② سانپ کی طرح کاٹ کر جھٹ اُلٹ جائے ③ نقصان پہنچا کر انکار کر جائے ④ دغا باز اور فریبی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

ادھر کنواں اُدھر کھائی۔(ہ) مثل ① ہر طرح مصیبت ② جدھر دیکھو تکلیف ہی تکلیف ③ ہر طرف سے مشکل ④ ادھر بھی تعلق اور ادھر بھی کریں تو کیا کریں۔

ادھر کی اُدھر لگانا۔(ہ) فعل ① چغلخوری کرنا ② غیبت کرنا ③ اِدھر کی برائیاں اُدھر کہنا ④ دشمنی اور لڑائی کا سبب بننا۔

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جانا۔(ہ) فعل ① سخت انقلاب ہونا ② انتظام زمانہ کا ٹوٹ جانا ③ نہایت تباہی آنا ④ یہ فقرہ ضد پر اڑ جانے کے وقت بولا کرتے ہیں خواہ اِدھر کی دنیا اُدھر ہو جائے ⑤ ہم یہ نہیں کریں گے۔

اِدھر کے نہ اُدھر کے۔(ا) محاورہ ① کسی طرف کے بھی نہیں نہ دین

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

کے نہ دنیا، کے دوست کے طرفدار نہ دشمن کے مددگار ❷ کسی گنتی میں نہیں۔

**اِدھر کی نہ ادھر کی یہ بلا کدھر کی۔** (ہ) مثل ❶ نکمے ❷ نالائق ❸ بار خاطر ❹ دو بھر جسے کوئی نہ پوچھے ❺ یونہی ❻ فضول۔

**اَدھرم۔** (ہ) اسم مذکر ❶ بے دین ❷ ناانصاف۔

**اِدھر یا ادھر ہونا۔** (ہ) فعل ❶ فیصلہ ہونا ❷ جھگڑا اچک جانا یا مرجائے یا صحت پاجائے ❸ یک طرف ہو جانا ❹ یکسو ہو جانا۔

**اُدھر ہی اُدھر۔** (ہ) تابع فعل ❶ اوپر ہی اُوپر ❷ بالا بالا ❸ پرے ہی پرے۔

**اُدھر میں چھوڑنا۔** (ہ) فعل ❶ درمیان میں چھوڑ دینا ❷ دغا دینا ❸ نہ ادھر کے رکھنا نہ اُدھر کے ❹ نامکمل چھوڑ دینا۔

**اُدھڑنا۔** (ہ) فعل ❶ سلائی کا اکھڑنا ❷ مار کھانا ❸ مفلس ہونا ❹ کھال اترنا ❺ تباہ ہونا دیوالہ نکلنا۔

**ادھ سیرا۔** (ہ) اسم مذکر۔ آدھ سیر کا باٹ۔

**ادھ کچرا۔** (ہ) مذکر ❶ آدھا پکا ہوا پھل ❷ گدر میوہ۔

**ادھ کچلا۔** (ہ) مذکر ❶ آدھا کٹا ہوا ❷ موٹا سفوف ❸ نیم کوفتہ۔

**ادھ گلا۔** (ہ) مذکر۔ نیم پختہ۔

**اُدھل جانا۔** (ہ) فعل ❶ آوارہ ہونا مستی کے جوش میں باہر چلے جانا۔

**اُدھلا پڑنا۔** (ہ) فعل ❶ جوش میں آپے سے باہر ہونا ❷ فاحشہ ہو جانا ❸ قابو میں نہ رہنا۔

**اُدھلنا۔** (ہ) فعل ❶ بدکار ہونا ❷ فاحشہ ہو کر گھر سے نکل جانا۔

**اُدہم۔** (ا) ❶ سیاہ رنگ کا گھوڑا ❷ مشکی گھوڑا ❸ بلخ کے ایک ولی کا نام ہے۔

**اُدھلی بہو بلیندے سانپ دکھاوے۔** (ہ) مثل فاحشہ عورت یا بدکار ہو کر بھاگ جانے والی عورت نازیبا اور ان ہونے بہانے سینکڑوں بنالیتی ہیں۔

**اَدھن۔** (ہ) مذکر ❶ چاول یا کھچڑی پکانے کیلئے ابلتا ہوا پانی ❷ مجازاً گرم پانی بے دولت ❸ مفلس ❹ کنگال۔

**اَدھنا۔** (ہ) مذکر ❶ (اصل آدھا آنہ) آنے کا آدھا ❷ دو پیسے کا برابر ❸ دو پیسے کا ایک تانبے کا سکہ ❹ سکہ ❺ چھ پائی۔

**ادھواڑ۔** (ہ) اسم مونث ❶ آدھی بوتل ❷ نصف حصہ ❸ کسی چیز کا برابر آدھوں آدھ کا حصہ ❹ دو میں سے ایک ٹکڑا نصف۔

**اُدھوتر۔** (ہ) اسم مونث ❶ دیسی سوت کا بنا ہوا باریک کپڑا ❷ دھوتر۔

**اَدھورا۔** (ہ) اسم مذکر ❶ ناقص ❷ ناتمام ❸ نامکمل ❹ بیچ میں چھوڑا ہوا کام۔

**اَدھوڑی۔** (ہ) مونث ❶ موٹا چمڑا ❷ گائے بھینس کا چمڑا (نری کے خلاف۔)۔

**اَدھوڑی استر۔** (ہ) مذکر۔ وہ جوتا جس کے اندر کی طرف ادھوڑی اور باہر نری لگی ہوئی ہو۔

**اَدھوڑی بھرنا/اَدھوڑی تانا** (ہ) فعل ❶ خوب پیٹ بھرنا ❷ ڈٹ کے کھانا ❸ بہت زیادہ کھانا۔

**اَدھی۔** (ہ) مونث۔ پیسے کا آٹھواں حصہ آدھی دمڑی۔

**ادھیا۔** (ہ) مونث ❶ پیداوار کی نصف حصہ کی بٹائی ❷ آدھوں آدھ کا حصہ۔

**ادھیا سا گیا۔** (ہ) فقرہ ❶ آدھا ہو گیا ❷ شرمندہ اور نادم ہو گیا ❸ خجالت سے رنگ اڑ گیا ❹ آدھا رہ گیا ❺ لاغر ہو گیا ❻ پتلا پڑ گیا۔

**اُدھیانا۔** (ہ) فعل ❶ نصفا نصف تقسیم کرنا ❷ آدھوں آدھ بانٹنا ❸ آدھا کر دینا ❹ لاغر اور دُبلا ہونا ❺ بیماری یا شرم سے گھن لگنا۔

**ادھیاسے۔** (س) مونث۔ پارٹ۔

**ادھیرج۔** (ہٗ) مونث ❶ بے قراری، اضطراب، بے چینی ❷ گھبراہٹ۔

**ادھیڑ۔** (ہ) اسم صفت ❶ آدھی عمر کا نوجوان نہ بوڑھا ❷ ۳۰ سال سے اوپر اور پچاس سال سے کم عمر کا بوڑھا۔

**اُدھیڑ بن۔** (ا) اسم مونث ❶ فکر سوچ بچار ❷ تردد ❸ تدبیر ❹ تجویز ❺ کوئی ارادہ کرنا ❻ پھر موقوف کر دینا ❼ منصوبے سوچنا۔

**اُدھیڑنا۔** (ہ) فعل ❶ ٹانکے توڑنا ❷ سلائی اُکھاڑنا ❸ کھال اتارنا ❹ مارنا ❺ پرندے کے پر نوچنا ❻ چھت اُکھیڑنا ❼ کاٹ کاٹ کر لال کرنا ❽ جیسے مچھروں نے پیٹھ ادھیڑ دی ❾ خوب کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔

**اَدھی کی چُوں چڑں۔** (ہ) مونث چوں چوں بچوں کا ایک کم قیمت کھلونا ہے جو دمڑی دھیلے کو مل جاتا ہے۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

اُدھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں۔(ہ) محاورہ❶ (دانا لوگ ہر چیز دیکھ بھال کر لیتے ہیں❷ مدعا یہ کہ ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔

اُدھیلا۔(ہ) مذکر آدھا پیسہ دھیلا۔ (پنجابی پائی)

اُدھیلا نہ دے اُدھیلی دے۔۔(ہ) مثل❶ کنجوس زیادہ نقصان اُٹھاتا ہے❷ آدھے پیسے کے بدلے آٹھ آنے کا نقصان سہتا ہے❸ خوشی سے تھوڑا نقصان نہیں اُٹھاتا❹ زبردستی زیادہ برداشت کرتا ہے❺ گنوار اور کنجوس کی بابت بولا کرتے ہیں۔

اُدھیلی۔(ہ) مونث، (یورپی زبان) آدھا روپیہ اٹھنی۔ دہلی والے بخلاف (الف دھیلی بولتے ہیں)۔

اَدِھین۔(ہ) اسم مذکر❶ احسانمند❷ غریب متواضع❸ منکسر مزاج❹ فرمانبردار❺ نوکر❻ ملازم۔

اَدیان۔(ع) دین کی جمع❶ مذاہب❷ بہت سے دھرم بہت سے دین۔

ادیب۔(ع) مذکر❶ استاد❷ زباندان❸ ادب دینے والا❹ علم ادب جاننے والا❺ اتالیق۔

اَدیم۔(ع) اسم مونث❶ دھوڑی❷ کھال چمڑا❸ فرش سطح۔

اَدِیم یمنی۔(ع) اسم مونث یمن کا خوشبودار اور دھاریدار چمڑا جو سہیل ستارے کے طلوع ہونے کی تاثیر سے وہاں تیار ہوجاتا ہے۔

## ا ← ڈ

اَڈّا۔(ہ) اسم مذکر❶ پالتو جانوروں کے بٹھانے کی بیٹھک جو لکڑی لوہے وغیرہ کی بنائی جاتی ہے❷ جالی کاڑھنے اور کارچوبی کام کا چوکھٹا❸ کلہاروں کی ڈولیوں گاڑیوں❹ تانگے ٹمٹموں کے کھڑا ہونے کا مقام❺ گوٹے کناری وغیرہ کے تھان کا اندازہ❻ فاحشہ اور بدکار عورتوں کے بدکاری کی مقررہ جگہ❼ جوتے کی ایڑی بننے کا کام کرنے کی تپائی❽ ٹھہرنے کی جگہ❾ سٹیشن۔

اڈمیشن۔(ای) مونث❶ اجازت❷ پروانگی❸ داخل ہونے کا حکم۔

اُڈّو اُڈّو کرنا۔(ہ) فعل❶ کسی کو بدنام کرنا❷ رسوا کرنا❸ نفرت کی نظر سے دیکھنا❹ قابل صحبت سمجھنا❺ ذلیل جاننا۔

اُڈّو اُڈّو ہونا۔(ہ) فعل❶ بدنام ہونا❷ رسوا ہونا❸ نکو ہونا❹ نگاہوں سے گر جانا❺ انگشت نما ہونا۔

اُڈّی۔(ہ) مونث❶ جوتے کا پچھلا حصہ❷ ایڑی۔

اڈیشن۔(ای) مذکر❶ چھپائی● کتاب چھاپہ خانہ❸ کتاب طبع کرنا❹ طباعت۔

اڈیشنل۔(ای) اسم صفت❶ فالتو❷ زائد❸ بڑھا ہوا❹ زیادہ۔

اُڈیک۔(پنجابی) اسم مذکر انتظار۔

اُڈیکنا۔(پنجابی) مصدر❶ انتظار کرنا❷ کسی کا خیال ہونا❸ چشم براہ ہونا❹ کسی کے انتظار میں بیٹھنا۔

## ا ← ذ

اذان۔(ع) (اصلی معنی خبردار کرنا)❶ آگاہ کرنا❷ اطلاع دینا❸ مجازاً نماز کے واسطے بلانا❹ بانگ نماز دینا۔

اذان دینا/اذان کہنا (ا) فعل❶ نماز کی خبر دینا❷ خاص کلمات سے جو نماز کیلئے بلانیکے واسطے رائج ہیں لوگوں کو وقت نماز کی خبر دینا❸ بانگ دینا۔

اذبک۔(ت) اسم مذکر❶ تاتاریوں کے ایک نہایت جنگجو لڑاکے اور اکھڑ قبیلے کا نام ہے❷ اصطلاح میں احمق❸ بے وقوف اور بہت لمبے آدمی کو بولتے ہیں۔

اِذعان۔(ع) اسم مذکر❶ بھروسہ کرنا❷ اعتماد کرنا❸ یقین کرنا❹ مان لینا۔

اِذن۔(ع) اسم مذکر❶ اجازت● حکم آگیا❸ فرمان۔

اِذنِ عام۔(ع) مذکر❶ عام اجازت ہونا❷ سب کو جانے اور آنے کی اجازت دینا❸ مجازاً میت کی نماز کے بعد پکار دینا کہ جس کا جی چاہے❹ واپس چلا جائے اور جو چاہے مدفن اور قبر تک ساتھ آئے۔

اذکار۔(ع) اسم مذکر (ذکر کی جمع)● قصے کہانیاں● بیانات❸

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140007218

وعظ ④ وردوظیفہ۔

**اِذِیت۔**(ع) اسم مونث ① تکلیف ② دکھ ③ نقصان ④ ضرر ⑤ ایذا۔

## ا ← ر

**اَر۔**(ا) اسم مذکر ① ایک قسم کی نہایت ہلکی اور سبک لکڑی ہوتی ہے جس سے صندوق اور تلواروں کے میان وغیرہ بنائے جاتے ہیں (فارسی میں) اگر حرف شرط کا مخفف ہے (ھندی میں ② آر ③ آنکس ④ پینی ⑤ کانٹا کے معنی دیتا ہے)۔

**اَرّا۔**(ہ) اسم مذکر ① لکڑی چیرنے کے اوزار کا نام ہے جسے آرا بھی کہتے ہیں ② یکہ یا گاڑی کے پہیے کے ڈنڈے۔

**اَرابہ۔**(ف) اسم مذکر ① بیل گاڑی ② چھکڑا ③ سامان وغیرہ لاد کر لے جانے کی گاڑی رہڑہ۔

**آراٹا۔**(ہ) اسم مذکر ① بڑی چیز کے گرنے کی آواز ② زور سے چلا کر رونا ③ شوروغل کرنا ④ ارانا کا حاصل مصدر۔

**اَراٹا جھونا/اَراٹا مچانا**(ہ) فعل ① چلا کر رونا ② بہت دیر تک باآواز بلند رونا ③ رونے میں نہایت شوروغل کرنا ④ مسلسل اور لگاتار چیخ کر روتے رہنا۔ گائے بھینس وغیرہ کا بلند آواز سے بولنا اور عاں عاں کرنا۔

**ارادت۔**(خواہش ① تمنا ② آرزو ③ یقین ④ اعتقاد۔

**اِرادت مند۔**(ع) اسم مذکر صفت ① معتقد ② اعتقاد رکھنے والا، یقین رکھنے والا۔

**ارادہ۔**(ع) اسم مذکر ① خواہش ② نیت منشا ③ تمنا ④ آرزو ⑤ قصد ⑥ عزم تجویز۔

**اَراذِل۔**(ع) اسم مذکر ① رذیل کی جمع ② کمینے ③ نیچ ذات ④ ادنےٰ ⑤ حقیر ⑥ شودر۔

**اَرارُوٹ۔**(ا۔ی) مذکر ① (آڑا یا یا اُڑا، ایک درخت کا نام ہے ② اور روٹ انگریزی میں جڑ کو کہتے ہیں) یخ ارا ایک غذا ہے جو بچوں کو اور بیماروں کو پانی یا دودھ کیساتھ دی جاتی ہے ③ یہ ہندوستان میں ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے جس کو ارار کا درخت کہتے ہیں۔

**اراضی۔**(ع) مونث ① ارض کی جمع ② زمین ③ بھوئی ④ بھوم ⑤ دھرتی۔

**اراکین۔**(ع) مذکر ① ارکان کی جمع اور رکن کی جمع الجمع ② ستون ③ تھم کھمبے ④ اڑداڑین سلطنت اور بادشاہت کا انتظام کرنے والے امیر وزیر وغیرہ ⑤ بڑے بڑے ذمہ دار آدمی جن کے سہارے سلطنت قائم رہے۔

**اَرنا۔**(ہ) فعل ① لگاتار آواز نکالنا ② مسلسل بولتے رہنا ③ غل مچانا ④ گھس پڑنا ⑤ داخل کرنا۔

**اَرب۔**(ہ) اسم عدد مذکر۔ سو کروڑ۔

**اَرباب۔**(ع) اسم مذکر ① (رب کی جمع) پالنے والے ② صاحب ③ مالک ④ آقا ⑤ والی ⑥ محسن ⑦ دوست۔

**اَربابِ سخن۔**(ف) مذکر ① صاحبان کلام ② گفتگو کے مالک اعلےٰ درجے کی گفتگو والے ③ مجازاً شاعر اور ناظم (بوجہ عمدگی کلام)

**اَربابِ نشاط۔**(ف) مذکر ① صاحبان شادی خوش رکھنے والے ② گانے بجانے والے لوگ ③ گویّے ④ قوال وغیرہ۔

**اَربَع۔**(ع) اسم مذکر عدد ① چار ② چہار ۴۔

**اربعہ عناصر۔**(ع) مذکر (لغوی معنی چار مفرد چیزیں) مراد آگ، پانی، ہوا اور مٹی جن سے تمام عالم اجسام بنا ہوا ہے یہ چاروں اگرچہ آج کل مرکب ثابت ہو چکی ہیں مگر پھر بھی انہی چاروں کے بنائے عالم قرار دیا ہے۔

**اَربعہ متناسبہ۔**(ع) مذکر ① حساب کے قاعدے کا نام ہے ② جس میں چار ہم نسبت عدد ہوتے ہیں ③ ان میں سے اگر ایک عدد نا معلوم ہو تو باقی تینوں کے ذریعہ سے وہ چوتھا نا معلوم عدد دریافت کر سکتے ہیں۔

**اَرب کھرب۔**(ہ) مجازاً بے اندازہ ① بیشمار ② بہت سا ③ سو ارب کا ایک کھرب ہوتا ہے۔

**اِرتباط۔**(ع) مذکر ① میل جول ② تعلق ③ واسطہ ④ دوستی محبت ⑤ ربط ضبط۔

**ارتفاع۔**(ع) اسم مذکر ① بلندی ② اونچائی ③ علم مساحت کی اصطلاح میں عمود۔

**اِرتکاب۔**(ع) اسم مذکر ① شروع کرنا ② کر گزرنا ③ اختیار کرنا ④ گناہ کرنا۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

اَرتھ۔(ہ) اسم مذکر (1) معنی (2) بیان (3) ترجمہ، مطلب، نیت اور ارادہ کے معنی میں بھی آیا ہے (4) دولت (5) مادہ (6) باعث۔

ارتھ بچارنا یا رتھ نکالنا۔(ہ) فعل (1) معنی نکالنا (2) مطلب بتانا (3) مطلب سمجھنا (4) مدعا جاننا۔

ارتھات۔(ہ) تابع فعل۔یعنی مثلاً جیسے مثال کے طور پر۔

ارتھمیٹک۔(ا۔ی) علم حساب۔حساب کی کتاب۔

ارتھی۔(ہ) مونث (1) ہندوؤں کا جنازہ (2) لکڑی کا تختہ جس پر میت کو رکھ کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں۔

اَرتھی نکلے۔(ہ) بددعا کا فقرہ ہے یعنی خدا کرے مرجائے۔ جنازہ نکلے۔

اِرْث۔(ع) مونث (1) میراث (2) ترکہ (3) وہ مال جو کسی آدمی کے مرنے کے بعد اسکے وارثوں کو ملے۔

اِرجاع نالش۔(ف) مذکر (1) نالش دائرہ کرنا (2) عدالت میں عرضی دینا۔

ارجل۔(ع) مذکر (1) وہ گھوڑا جس کے تین پاؤں کسی اور رنگ کے اور چوتھا پاؤں سفید ہو (2) یہ بڑا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

ارجمند۔(ف) مذکر (1) اسم فاعل ترکیبی (ارج بہ معنی قدر مند علامت فاعل) قدر والا (2) صاحب قدر (3) قیمت والا (4) بلند مرتبہ (5) عالی مرتبہ (6) معزز۔

ارجن۔(ہ) اسم مذکر (1) تیرانداز (2) نشانہ پر بے خطا تیر مارنے والا (3) پانچوں پانڈوں میں سے ایک کا نام ہے جس نے دروپدی کے سوئمبر کی شرط جیتی تھی (4) سری کرشن جی کا پھوپھی زاد بھائی اور بہنوئی تھا۔

ارجنٹ۔(ا۔ی) (1) ضروری (2) فوری۔

ارحم۔(ع) اسم صفت مذکر (1) نہایت (2) رحم کرنے والا (3) سب سے زیادہ رحیم (4) بڑی مہربانی کرنیوالا۔

اُرد۔(ہ) اسم مذکر (1) ماش (2) ایک غلہ کا نام ہے جس کی دال دلکر پکاتے ہیں۔

اُرد۔(ف) اسم مذکر (1) نظیر (2) ثانی (3) مثل (4) اگر اس لفظ کو بالضم یعنی اُرد پڑھیں تو غصہ اور قہر کے معنی دیتا ہے (5) فارس کے ایک ساسانی بادشاہ اردشیر بابکان کا لقب ہے (6) یہ بہمن بن اسفندیار کا پوتا تھا۔

اُردا بیگنی۔(ا) اسم مونث (1) سپاہی عورت (2) پہرہ دینے والی عورت جو باقاعدہ مردانہ لباس پہن کر اور ہتھیار لگا کر بادشاہی محلوں میں پہرے چوکی کا کام کیا کرتی تھی۔

اُرداس۔(ہ) مونث (1) عرض (2) التجا (3) التماس (4) نذر (5) بھینٹ (6) نذر نیاز (7) آس (8) امید (9) تمنا۔آرزو۔خواہش۔آسرا۔سہارا۔

اُردبر سفیدی۔(ا) مونث (1) محاورہ (2) بہت تھوڑا (3) ذرا سا (4) مقدار قلیل کی طرف اشارہ ہے۔

اردا گرد/ارد گرد(ا) تابع فعل (1) چاروں طرف (2) ہر سو (3) چوگرد یا ادھرادھر (4) آس پاس۔

ارداوہ۔(ہ) اسم مذکر (1) یہ اصل میں اردابہ یعنی آرد آبہ تھا وہ موٹا دلیا جو پانی میں بھگو کر مویشیوں کو دیا جائے (2) بانٹ (3) دلیا (4) گیہوں (5) جو چنے کا موٹا آٹا۔

اُردب۔(ف) مذکر (1) درمیان میں آدھمکنے والا (2) چوٹ اور صدمہ سے بچانے والا (3) شطرنج کا وہ مہرہ جو بادشاہ کو شکست سے بچانے کیلئے درمیان میں آجائے۔

اردلی۔(ا) مذکر (1) سپاہی جو حاکم کے ساتھ رہے (2) اطلاع پہنچانے والا سپاہی۔

اردلی بازار۔(ا) اسم مذکر (1) ظرف مکاں (2) وہ بازار جو بادشاہوں اور حاکموں کیساتھ دورے میں رہتا ہے (3) رسد دینے والا بازار۔

اردلی میں چلنا۔(ا) فعل (1) حاکم کی سواری کے ساتھ چلنا (2) سواری کے ساتھ رہنا۔

اُردو۔(ت)۔مذکر (1) فوج (2) لشکر (3) بازار لشکر۔

اُردو۔(ت) مونث (1) لشکر کی زبان (2) بازاری زبان (3) عربی (4) فارسی (5) ہندی (6) انگریزی (7) سنسکرت وغیرہ سے مل کر بنی ہوئی زبان (8) شاہجہان کے لشکر میں ہر قوم کے لوگ تھے (9) لہٰذا ان کے خلط ملط ہونے سے آپس کی بولی اردو زبان بھی مخلوط ہوگئی۔اسی کا نام اردو ہوگیا۔

اُردوئے مُعلّٰے۔(ف) مذکر (1) اعلٰے لوگوں کی زبان (2) خاص دلی کی زبان (3) نہایت فصیح اور مستند اردو (4) غالب کے خطوط کی کتاب کا نام۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اَرذل۔(ع) مذکر ❶ نہایت ذلیل ❷ نہایت کمینہ ❸ بہت ہی قابل نفرت شخص۔
ارزاں۔(ف) مذکر ❶ سستا ❷ کم قیمت ❸ گراں کی ضد ❹ بہتات ہونا۔
ارزانی۔(ف) اسم مونث ❶ ارزاں سے اسم مصدری ❷ سستا پن ❸ بہتات ❹ بے قدری زیادتی ❺ کثرت۔
ارزاں بعلت گراں بحکمت۔(ف) مقولہ سستی چیز میں ضرور کوئی نہ کوئی عیب اور مہنگی چیز میں ضرور کوئی نہ کوئی خوبی ہوگی۔
اَرزاق۔(ع) رزق کی جمع ❶ روزی ❷ (بالکسر اول) تو رزق دینا ❸ روزی دینا۔
اَزرق۔(ع) نیلا ❶ نیلگوں ❷ آسمانی رنگ کا ❸ کبود یہ ❹ (صحیح ازرق ہے)۔
اَزرق چشم۔(ف) مذکر ❶ نیلی آنکھوں والا کیری آنکھوں والا ❷ گربہ چشم۔بے مروت بے وفا۔
ارژنگ۔(ف) مذکر ❶ چین کے مشہور مصور مانی کا نگار خانہ ❷ مانی کی کتاب جس میں نہایت اعلیٰ درجے کے نقشے اور تصویریں ہیں ❸ ایک دیو کا نام بھی جس کو رستم نے جنگ ماژندران میں قتل کیا تھا ❹ توران کے ایک مشہور پہلوان کا نام بھی ہے جو طوس کے ہاتھ سے قتل ہوا ❺ تصاویر اور نقشوں سے سجا ہوا مکان۔
ارزن۔(ف) مذکر ❶ چینا ❷ کنگنی ❸ ایک قسم کا نہایت باریک دانوں والا غلہ۔
ارزن کی آش۔(ا) اسم مونث۔چینے کا حریرا۔
اَرَس۔(ہ) اسم صفت ❶ بے رس ❷ خشک بے مزا بے ذائقہ۔
اِرسال۔(ع) اسم مذکر ❶ بھیجنا ❷ روانہ کرنا ❸ خط یا روپیہ وغیرہ بھیجنا۔سرکاری خزانہ میں لگان کا روپیہ داخل کرنے کی فارم۔
اَرسطو۔(یونانی) اسم مذکر ❶ یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے جسے ارسطالیس بھی کہتے ہیں ❷ افلاطون کا شاگرد اور سکندر بادشاہ کا استاد اور وزیر اعظم تھا ❸ یہ حکیم ۳۸۴ قبل مسیح میں اکسٹھ سال کی عمر میں فوت ہوا ❹ علم منطق کا بانی تھا ❺ اسی وجہ سے اس کو معلم اول کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے ❻ (لغوی معنی) کامل فاضل ❼ مناظرہ کرنے والا۔
اِرشاد۔(ع) مذکر ❶ نیک ہدایت ❷ مجازاً حکم۔
اَرشد۔(ع) اسم مذکر نہایت ہدایت یافتہ مرزا عبدالغنی گورگانی کا تخلص بھی ہے۔
ارشمیدس۔(یونانی) مذکر۔ایک حکیم کا نام ہے، یہ دعوے کیا کرتا تھا کہ اگر مجھے کوئی ایسی جگہ مل جائے جو زمین سے علیحدہ ہو تو میں زمین کو بھی اپنی کلوں سے ہلا دوں وزن مخصوص کا اصول جس سے سونے چاندی میں ملاوٹ کا فوراً پتہ چل سکتا ہے اسی نے دریافت کیا تھا یہ ۲۱۲ قبل مسیح میں قتل ہوا تھا۔
اَرض۔(ع) اسم مونث ❶ زمین ❷ دھرتی ❸ بھوم ❹ بھومی۔
ارغوان۔(یونانی۔) اسم مذکر ❶ ارگن ❷ ارغن ❸ ایک باجے کا نام ہے۔
ارغواں۔(ف) اسم مذکر ❶ ایک نہایت خوشنما سرخ رنگ کا پھول ہے جو چکھنے میں ذرا میٹھا سا ہوتا ہے۔
ارغوانی۔(ف) اسم مونث ❶ (بیائے نسبتی ❷ منسوب بہ ارغواں) نہایت سرخ رنگ کی۔
اِرکان۔(ع) اسم مذکر ❶ (رکن کی جمع۔) ستون ❷ کھمب مجازاً امرا وزرا جن پر سلطنت کا دارومدار ہو ❸ نیز وہ امور جن پر دینی مسائل کا مدار ہو، جیسے ارکان نماز ❹ ارکان حج۔
ارکان دولت۔(ع) اسم مذکر ❶ سلطنت کے امرا وزرا ❷ بڑے بڑے اہلکار۔
ارگجا۔(ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا مرکب عطر غالیہ ❷ خوشبو۔
اَرگن۔(ا۔ی) اسم مذکر۔ایک باجے کا نام ہے۔
اَرگھ چڑھنا۔(ہ) فعل ❶ تکبر ہونا ❷ غرور ہونا ❸ بھینٹ دینا۔
اَرگھ چڑھانا۔(ہ) فعل ❶ مغرور بنانا ❷ بھینٹ چڑھانا ❸ دیوتا پر کوئی چیز چڑھانا۔
ارل۔(ا۔ی) اسم مذکر ❶ نواب ❷ رئیس ❸ اِنگلستان میں تیسرے درجے کے امیروں کا خطاب ہے۔
اِرَم۔(ع) مذکر ❶ بہشت ❷ جنت ❸ بہشت کے نمونے پر شداد بن عاد کا بنوایا ہوا باغ ❹ قوم عاد کا شہر جس کا طول اور عرض بارہ بارہ فرسنگ تھا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172618

www.besturdubooks.net

**ارمان۔**(ت) اسم مذکر ❶ تمنا ❷ خواہش ❸ حسرت ❹ افسوس تاسف ❺ دریغ ❻ ارے میاں کا مخفف بھی ہے۔

**ارمان جی کے جی میں رہنا۔**(ا) فعل ❶ خواہش پوری نہ ہونا ❷ حسرت رہ جانا ❸ دل کی آرزوئیں دل ہی میں رہنا ❹ شوق پورا نہ ہونا۔

**اَرمان نکالنا۔**(ا) فعل ❶ آرزو پوری ہونا ❷ کام بن جانا ❸ حوصلہ نکالنا۔

**اَرمغان۔**(ع) مذکر ❶ تحفہ ❷ پیشکش ❸ ہدیہ ❹ سوغات۔

**ارمنی۔**(ا) اسم صفت ❶ ارمن کا رہنے والا آرمینیا کا باشندہ ❷ ایران کے شمال مغرب کی طرف ایک صوبے کا نام آرمینیا یا ارمن ہے۔

**اَرنا۔**(ہ) اسم مذکر ❶ جنگل میں گائے بھینس وغیرہ چوپایوں کا گوبر جو پڑا پڑا اسی طرح سوکھ جائے ❷ ارنا ایلا ❸ کنڈا ❹ پاچکدشتی ❺ جنگلی گوہا۔

**اَرنا بھینسا۔**(ہ) مذکر ❶ جنگلی بھینسا جو بڑا طاقتور اور شہ زور ہوتا ہے ❷ اور بے سونڈ کا ہاتھی ہوتا ہے ❸ مجازاً نہایت موٹا آدمی ❹ بڑا طاقتور جوان ❺ پنجابی میں اسے جھوٹا یا سنڈا بولتے ہیں۔

**اَرنڈ۔**(ہ) مذکر ❶ ایک درخت کا نام ہے جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں اور جڑ نہایت کمزور ہوتی ہے ❷ اس کے بیجوں کی گری کا تیل نکالتے ہیں۔

**اَرنڈ کی جڑ۔**(ہ) اسم صفت ❶ نہایت بودی اور ناپائدار چیز کو کہتے ہیں ❷ نوکری سے مراد ہے۔

**ارنڈی۔**(ہ) ارنڈ کے بیج ❶ ان کا تیل ❷ جلاب دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں ❸ جلاتے بھی ہیں۔

**ارنڈی خربوزہ۔**(ا) مذکر ❶ یہ ایک خربوزہ کی طرح کا ایک درخت کا پھل ہوتا ہے۔ جس کے پتے ارنڈ کے ہمشکل ہوتے ہیں ❷ کھانے کے کام آتا ہے ❸ قبض کشا ہے ❹ پپیتا بھی کہتے ہیں۔

**اَرِنی۔**(ع) فقرہ ❶ تو مجھے دکھا ❷ تو مجھے نظر آجا ❸ موسےٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر اللہ تعالیٰ سے درخواست کی تھی ❹ ''رَبِّ اَرِنی'' ❺ اُدھر سے جواب ملا ❻ ''لن ترانِ'' (یعنی تو مجھے نہیں دیکھ سکیگا) ❼ شاعر لوگ شوق اور اشتیاق دیدار میں بطور تشبیہ استعمال کرتے ہیں۔

**اَرواح۔**(ع) اسم مونث ❶ روح کی جمع ❷ جان جیو ❸ آتما ❹ جیوڑا ❺ نیت ❻ خواہش۔

**اَرواح اُدھر ہی رہے۔**(ا) عورتوں کا محاورہ ہے۔ جب کسی مردے کا ذکر کرتی ہیں تو پہلے دعائیہ طور پر بولا کرتی ہیں کہ اس کی روح ستانے نہ آئے وہیں رہے۔

**اَرواح بھٹکنا۔**(ا) فعل ❶ روح کا پریشان ہونا ❷ دل چاہتے رہنا ❸ سیر نہ ہونا ❹ کسی حسرت وارمان میں جان نکل جانا۔

**اَرواح بھر جانا۔**(ا) فعل ❶ نیت بھرنا ❷ جی بھر جانا ❸ خواہش کا پورا ہوجانا۔

**ارواح پھرنا۔**(ا) فعل ❶ رغبت نہ رہنا ❷ جی میں بیزاری آجانا۔

**ارواح نہ شرمائے۔**(ا) محاورہ ❶ (عورتیں بولا کرتی ہیں) جب کسی متوفی کی برائی بیان کرنے لگتی ہیں تو کہا کرتی ہیں کہ اسکی روح رمندہ نہ ہو۔

**اُروی۔**(ہ) مونث ❶ ایک مشہور لیسدار سی ترکاری جو آلو کی طرح جڑ کی قسم ہوتی ہے ❷ لکھنو والے گھیاں اور پنجابی اربی بولتے ہیں۔

**اَرّہ۔**(ہ) اسم مذکر۔ لکڑی چیرنے کا اوزار۔

**اَرے۔**(ہ) کلمہ ندا ❶ کم رتبہ اور کم درجہ آدمی کو بلانے اور خطاب کرنے کا کلمہ ہے ❷ کسی غلطی سے متنبہ کرنے کے وقت بھی بولا جاتا ہے ❸ دفعتہً خبردار کرنے کو بھی۔

**اَری۔**(ہ) مونث ❶ کم رتبہ عورت کو بلانے اور خطاب کرنے کا لفظ ہے ❷ کلمہ ندا و تنبیہہ۔

**اُریب۔**(ہ) اسم صفت ❶ ترچھا ❷ ٹیڑھا ❸ مکار ❹ فریبی ❺ کپٹی۔

**اَرے تُرے کرنا۔**(ہ) فعل ❶ بے ادبی سے بولنا ❷ گستاخی کرنا ❸ ابے تبے کرنا۔

**اُریب کی باتیں۔**(ہ) مونث ❶ ٹیڑھا طریقہ ❷ دھوکہ بازی ❸ فریب کی چال۔

## ڑ ← ا

**اَڑ۔**(ہ) ضد ❶ ہٹ ❷ تعصب ❸ قبض ❹ بچوں کے پیٹ کا خلل جو

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ثقیل غذا کھانے سے ہو۔

**اُڑ۔**(ہ) فعل۔ اُڑنا مصدر سے فعل امر۔

**اُڑان۔**(ہ) اسم مذکر 1 مصدر سے حاصل المصدر ہے 2 پرواز 3 اُڑنا۔

**اُڑاڑا۔**(ہ) اسم مذکر 1 اسم صوت 1 دیوار یا اونچے مکان کے گرنے کی آواز 2 پورب میں دریا کے کنارے کو بھی کہتے ہیں۔

**اُڑاڑا کر گرنا/اُڑاڑا کر بیٹھنا**(ہ) فعل 1 مکان کا بلند آواز سے گرنا 2 دھماکے سے گرنا۔

**اُڑاس۔**(ہ) اسم مونث 1 تنگ 2 جگہ 3 وہ مقام جہاں سے بہ مشکل آدمی نکل سکے 4 اٹکاؤ 5 اُلجھاؤ 6 ٹھہرا دینا 7 سہارا دینا 8 اٹک۔

**اڑاس دینا۔**(ہ) فعل 1 اٹکاؤ کرنا 2 ٹھہرا دینا 3 سہارا دینا 4 روک دینا 5 روک پیدا کر دینا 6 تھام دینا۔

**اُڑا لینا۔**(ہ) فعل 1 چھپا لینا بے معلوم طور پر لے جانا 2 تیزی ذہن سے کوئی چیز دیکھ کر ہی سیکھ لینا۔

**اَڑانا۔**(ہ) فعل 1 ٹھہرانا 2 اٹکانا 3 روکنا 4 دبانا 5 چھپانا 6 زور سے چلانا 7 گھسیڑ دینا 8 داخل کرنا 9 مجبور اور تنگ کرنا۔

**اَڑانا۔**(ہ) فعل 1 درد کی وجہ سے چیخ چیخ کر رونا 2 سخت آواز سے بولنا۔

**اُڑانا۔**(ہ) فعل 1 پرندے یا پتنگ وغیرہ کا ہوا پر رواں کرنا 2 کاٹنا 3 تراشنا 4 نقل کرنا 5 غائب کرنا 6 کاٹنا 7 تراشنا 8 باتوں میں ٹالنا فضول خرچ کرنا 9 برباد کرنا۔

**اُڑان گھائی بتانا۔**(ہ) فعل 1 دھوکا دینا 2 بہکانا 3 فریب کی باتیں کرنا 4 جوئے بازوں کا گھائی میں کوڑی وغیرہ چھپا کر دھوکا دینا۔

**اڑاؤ یا اڑاؤ کھاؤ۔**(ہ) اسم مذکر 1 فضول خرچ آدمی 2 چٹورا 3 بد چلن 4 گھر لٹا دینے والا لٹاؤ۔

**اَڑب۔**(ہ) اسم صفت 1 جاہل 2 بیوقوف 3 اکھڑ نا 4 نادان 5 احمق 6 اجوائن کی ایک قسم بھی ہے۔

**اُڑ بھاگنا۔**(ہ) فعل 1 تیزی سے بھاگ جانا 2 قابو سے نکل جانا 3 بس کا نہ رہنا۔

**اڑبڑ۔**(ہ) اسم صفت، 1 ناہموار 2 اونچا نیچا۔

**اڑبنگ یا اڑبنگا۔**(ہ) اسم مذکر 1 ٹیڑھا 2 ترچھا 3 بانکا 4 چھیلا 5 ضدی 6 بکھیڑیا 7 رخنہ 8 فساد۔

**اُڑ بھنبھیری ساون آیا۔**(ہ) مثل 1 موقعہ اور موسم کے موافق مزے اڑانے کے لئے بولی جاتی ہے 2 یا طنزاً جب کسی نو دولت کو بہت سا مال مل جائے اور وہ گلچھرے اُڑائے۔

**اَڑ بیٹھنا۔**(ہ) فعل 1 ضد کرنا 2 اپنی ہٹ پر اصرار کرنا 3 اپنی بات کو نہ چھوڑنا۔

**اڑتالیس۔**(ہ) اسم عدد مذکر۔ آٹھ اور چالیس (۴۸)۔

**اڑتلا۔**(ہ) مذکر 1 آڑ 2 پناہ 3 روک 4 بھروسہ 5 سہارا 6 بہانہ 7 عذر خراب جگہ۔

**اڑتلا پکڑنا/اڑتلا لینا**(ہ) فعل 1 پناہ لینا 2 حمایت میں آنا 3 بہانہ ڈھونڈنا 4 سہارا لینا۔

**اُڑتی چڑیا کو پہچاننا/اُڑتی چڑیا کے پر گننا۔**(ہ) فعل 1 نہایت نظر باز ہونا 2 غضب کا ذہین ہونا 3 پرلے درجے کی چالاکی رکھنا 4 ذرا سی دیر میں تاڑ جانا 5 اندازہ لگا لینا۔

**اُڑتے ستو پتروں کے نام۔**(ہ) مثل 1 بیجا کام 2 نازیبا کام 3 مفت اور بے خرچ کئے ثواب کی تمنا 4 فضول تمنا۔

**اُڑتی سی خبر یا اُڑتی ہوئی خبر۔**(ا) مونث 1 افواہ 2 بے تحقیق خبر 3 یونہی سنی سنائی خبر 4 غیر معتبر خبر۔

**اُڑ جانا۔**(ہ) فعل 1 کسی پرندے کا چلا جانا 2 پرواز کرنا 3 لپک جانا 4 رنگ اُڑنا 5 غائب ہونا 6 خرچ ہو جانا 7 مٹ جانا (بحالت اسم) اُڑ جانے والا 8 مٹ جانے والا مرن جوگا 9 غارت ہونے والا۔

**اُڑ جائے۔**(ہ) بددعا ہے۔ مٹ جائے۔ غارت ہو جائے۔ مر جائے۔

**اُڑ چلنا۔**(ہ) فعل 1 اترانا 2 حد سے بڑھ کر چلنا اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرنا 3 شان و شوکت دکھانا 4 بدچلنی اور چالاکی دکھانا۔

**اُڑاڑ ادھم یا اڑاڑ ادھڑم یا اڑاڑاؤ دھون۔**(ہ) اونچی چیز یا مکان وغیرہ کے گرنے کی آواز۔

**اُڑد۔**(ہ) اسم مذکر 1 ایک قسم کا غلہ ہے جس کی دال دلتے ہیں 2 ماش۔

**اُڑد پر سفیدی۔**(ہ) محاورہ 1 مقدار قلیل کے لئے بولتے ہیں 2 بہت

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

تھوڑی سی چیز۔

اُڑد پڑھ کر مارنا/اُڑد پڑھ کر پھینکنا ① سحر کرنا ② سحر پھونکنا۔

اُڑد کے آٹے کی طرح اینٹھنا یا اکڑنا۔(ہ) ① نہایت اکڑنا ② بہت خفا ہونا۔

اڑسٹھ۔(ہ) اسم عدد۔ ساٹھ اور آٹھ شصت۔ وہشت۔(۶۸)۔

اُڑسنا۔(ہ) فعل ① اٹکانا ② ٹانکنا ③ اُلجھانا ④ پاجامے کے نیفے یا دھوتی یا کسی سوراخ میں کوئی چیز پھنسا دینا۔

اُڑ کر کہاں جاؤ گے۔(ہ) محاورہ ① مجھ سے بھاگ کر کہاں چھپو گے ② میرے سامنے تمہاری چالاکی نہیں چلے گی۔

اُڑ کھڑا ہونا۔(ہ) فعل ① روک کر کھڑا ہونا ② سدراہ ہونا ③ ضد کر کے کھڑا ہو جانا ④ مستقل رہنا۔

اُڑ کے بیٹھنا۔(ہ) فعل ① گھس کر بیٹھنا جم کر بیٹھنا ② دھرنا مار کے بیٹھنا ③ ضد کر کے بیٹھنا۔

اُڑ کے منہ میں کھیل بھی نہیں گئی۔(ہ) محاورہ۔ بالکل خالی پیٹ ہے کچھ بھی نہیں کھایا۔

اڑگڑا۔(ہ) اسم ظرف مذکر ① وہ جگہ جہاں گھوڑے پھیرے جاتے ہیں گاڑیوں وغیرہ کے کھڑا ہونے کا مقام ② اڈا ③ جوت کی لکڑی جس میں نئے گھوڑے کو جوت کر سدھاتے ہیں۔

اڑنا۔(ہ) فعل ① جمنا ② ضد کرنا ③ قائم ہونا ④ مستقل رہنا ⑤ مچلنا ⑥ رکنا پھنسنا سدراہ ہونا ⑦ گڑنا ⑧ چبھنا ⑨ مزاحم ہونا۔

اُڑانا۔(ہ) فعل ① پرواز کرنا ② کودنا ③ دور ہو جانا ④ جاتا رہنا ⑤ رفو چکر ہونا ⑥ چلدینا ⑦ جلدی خرچ ہو جانا ⑧ غرور کرنا ⑨ گھوڑے کا ترارے بھرنا۔

اُڑنچھو ہونا۔(ہ) فعل ① بھاگنا ② چلدینا ③ غائب ہونا ④ گنڈے تعویز والوں کا چھومنتر کر کے مرض کو دور کر دینا۔

اُڑن کھٹولا۔(ہ) اسم مذکر ① پریوں کے سیر کرنے کا تخت ② تخت رواں ③ آجکل کے موافق ہوائی جہاز۔

اڑنگا۔(ہ) اسم مذکر ① پہلوانوں کے داؤ کا نام ہے جس میں حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرا دیتے ہیں ② مجازاً روک ③ آڑ مزاحمت ④ رخنہ۔

اڑنگا لگانا۔(ہ) فعل ① بنتے بناتے کام کو روک دینا ② سدراہ ہونا ③ راستہ روکنا۔

اڑنگا مارنا یا دینا۔(ہ) فعل ① اڑنگے کا پیچ کرنا ② داؤ لگانا ③ رخنہ انداز ہونا ④ رکاوٹ پیدا کرنا۔

اڑنگ بڑنگ۔(ہ) اسم مذکر ① بچوں کا ایک کھیل فضول اور مہمل باتیں ② بے معنی باتیں۔

اڑنگے پر چڑھانا۔(ہ) فعل ① اڑنگے کے پیچ پر لانا ② فریب دیکر داؤں پر لانا ③ پیچ پر لے آنا۔

اڑنگے پر مارنا۔(ہ) فعل ① داؤ پر مارنا ② حریف کو داؤ سے گرا دینا۔

اڑواڑ۔(ہ) اسم ① لکڑی جو پرانی چھت کے نیچے گر پڑنے کے خوف سے لگا دیا کرتے ہیں ② ستون۔

اڑوس پڑوس۔(ہ) اسم مذکر ① ہمسائیگی ② پڑوس میں ③ مکان کے پاس ہی ④ دیوار بہ دیوار۔

اڑھائی۔(ہ) اسم عدد۔ دو اور آدھا۔

اڑھائی چاول الگ پکانا یا گلانا۔(ہ) محاورہ ① اپنی رائے الگ ظاہر کرنا ② نا اتفاقی۔

اڑھائی چلو لہو پینا۔(ہ) محاورہ ① نہایت تنگ کرنا ② بہت دق کرنا۔

اڑھائی دن کی بادشاہت۔(ا) مثل ① چند روزہ حکومت ② ناپائیدار عیش ③ چند روز کی خوشی۔

اڑھائی دن کا جھونپڑا۔(ہ) مذکر ① ناپائیدار مکان ② اجمیر میں ایک مکان ہے جسے گرا کر اڑھائی دن میں دوسری شکل بنا لیا گیا تھا۔

اڑھائی دن بھیڑ والے۔(ہ) مثل ① چند روزہ غرور جوانی یا دولت ② چار دن کی چاندنی۔

اڑھایا۔(ہ) اسم مذکر ① فضول اور نکمی گھاس جو کھیتوں میں پودوں کی جڑوں میں اُگ آیا کرتی ہے اور نلائی کے وقت نکال پھینکدی جاتی ہے ② سبزۂ بیگانہ ③ اڑھائی کا پہاڑہ۔

اَڑی۔(ہ) اسم مونث ① اڑی ہوئی بات ② مشکل ③ وقت ④ مصیبت۔ تکلیف کا وقت ⑤ چوسر والوں کے ایک مشکل داؤں کا نام ہے کشتی کا ایک پیچ۔

اُڑی اُڑی طاق پر بیٹھی۔(ا) محاورہ ① ہوتے ہوتے شہرت پکڑ گئی ② آہستہ آہستہ مشہور ہو گئی۔

اَڑیل۔(ہ) اسم مذکر ① اسم فاعل سماعی ② ضدی ③ ہٹیلا ④ سرکش ⑤ اڑی کرنیوالا ⑥ گھوڑا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

اڑی مار۔(ہ) اسم مذکر ① اسم فاعل ترکیبی یار مار ② دوست کو دھوکہ دینے والا دغاباز ③ ضدی ④ فریبی ⑤ مکار۔

اڑی میں آڑے آنا۔(ہ) محاورہ ① مصیبت کے وقت مدد کرنا ② مشکل کے وقت کام دینا ③ نہایت تکلیف کی حالت میں مدد دینا۔

اُڑ پیچ۔(ہ) اسم مذکر ① دشمنی ② عداوت ③ بیر ④ بغض۔

اڑے وقت کا گہنا۔(ا) مذکر ① مصیبت اور ضرورت کے وقت کام آنے والی چیز مشرقی ممالک میں (گہنا) ② زیور ہے بیوی کا سنگار کے علاوہ مشکل وقت میں کام بھی لیا جاتا ہے۔

اڑیوا۔(ہ) اسم مذکر ① ذخیرہ ② جمع جتھا ③ سرمایہ۔

## ا ← ز

اَزار۔(ف) حرف خبر ہے بہ معنی سے۔

اِزا۔(ء) مذکر ① مقابلہ کرنا ② مقابلہ ③ مقابل ہونا۔

ازار۔(ء) اسم مذکر ① پاجامہ ② شلوار ③ سُتھن ④ متبان (خصوصاً عورتوں کا)۔

اِزار بند۔(ف) اسم مذکر ① ناڑا ② کمر بند۔

اِزار بند کا رشتہ۔(ا) بیوی کی طرف کا رشتہ۔

اِزار بند کا ڈھیلا۔(ا) مذکر ① بدکار ② زانی۔

اِزار بند کی ڈھیلی۔(ا) مونث ① بدکار عورت ② فاحشہ عورت ③ چھنال ④ بیسوا۔

اِزار بند کی سچی۔(ا) مونث ① پاکدامن عورت ② باعصمت وعفت خاتون۔

اِزار میں ڈالکر پہن لینا۔(ا) ① ڈر نہ ماننا ② خیال میں نہ لانا ③ حیا شرم نہ کرنا ④ ادب لحاظ نہ جاننا۔

اِزالہ۔(ء) مذکر ① زائل کرنا ② مٹانا ③ بے عزتی اور رسوائی کرنا۔

اِزالہ حیثیت عرفی۔(ء) اسم مونث ① مشہور عزت کو زائل کرنا ② کسی شخص کی ہتک کرنا ③ کسی کی ہتک کرنا ④ کسی کی بے عزتی کرنا ⑤ بدنامی کرنا۔

ازبر۔(ف) تابع فعل ① فقط ② نوک زبان زبانی یاد کرنا ③ بن دیکھے پڑھنا۔

ازبرائے خدا۔(ف) تابع فعل۔ خدا کے لئے۔

ازحد۔① حد سے زیادہ ② بہت ③ نہایت ④ نہایت ہی۔

ازخود۔(ف) تابع فعل ① آپ سے آپ ② آپ ہی آپ ③ قصداً عمداً ④ اپنے آپ ⑤ خود ہی۔

ازخود رفتہ۔(ف) اسم مذکر ① آپے سے باہر ② دیوانہ ③ پاگل۔

ازخرس موئے بس است۔(ف) مقولہ ① ریچھ سے بال مل جانا بھی غنیمت ہے ② کنجوس آدمی اگر تھوڑی سی خیرات بھی کردے تو کافی ہے ③ نالائق کی تھوڑی سی بھلائی بہتر ہے۔

ازدواج۔(ء) اسم مذکر ① جوڑا بنانا ② شادی کرنا ③ بیاہ کرنا ④ نکاح کرنا۔

ازدحام۔(ء) اسم مذکر ① بھیڑ بھاڑ ② ہجوم ③ کثرت بہتات۔

ازدیاد۔(ء) اسم مذکر ① زیادہ ہونا ② بہت ہونا ③ زیادتی ④ ترقی۔

ازسرتاپا۔(ف) تابع فعل ① سر سے پاؤں تم ② تمام ③ سارا ④ سارے کا سارا ⑤ بالکل مکمل ⑥ اول سے آخر تک۔

ازسرنو۔(ف) تابع فعل ① نئے سرے سے دوبارہ ② پھر۔

ازغیا۔ اسم مذکر ① حرامی ② ولدالزنا ③ حرام کا نطفہ۔

ازغیبی۔(ف) ① غیب کی طرف سے نامعلوم طور پر ② خدا کی طرف سے بےخبری میں۔

ازغیبی دھکا یا ازغیبی گولا۔(ا) مذکر ① آسمانی مار ② ناگہانی آفت ③ خدا کا غضب ④ دفعتہ آجانے والی مصیبت ⑤ بےخبری میں آلینے والی بلا۔

ازکی ازیا ایز کی ایز۔(ا) جوں کی توں ① بخسبہ ② بعینہ ③ ٹھیک ٹھیک ④ کم نہ زیادہ۔

اَزَل۔(ء) اسم مونث ① شروع ② آغاز ③ ابتداء دنیا کی پیدائش سے پہلے کا وقت جس کی کوئی ابتدا نہیں ④ (ابد کی ضد)۔

ازماست کہ برماست۔(ف۔ء۔ا) مقولہ ① ہم پر جو مصیبت آئی ہمارے ہی ہاتھوں آئی ② اپنے کیے کی سزا ہے۔

ازواج۔(ء) جمع ① ہے زوج کی جوڑیاں منکوحہ عورتیں ② بیویاں۔

ازواج مطہرات۔(ء) پاک بیویاں حضرت محمدؐ کی بیویوں سے مراد ہے۔

ازہار۔(ء) زہر کی جمع ① زہر بہ معنی کلی ② کلیاں ③ شگوفے۔

اَزہَر۔(ء) ① نہایت زرد ② مصر کی ایک پرانی یونیورسٹی کا نام بھی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہے ❸ اسے "جامع ازہر" بھی کہتے ہیں۔
**ازیں سوراندہ۔ وزآں سودر ماندہ۔** (ف) مثل ❶ ادھر کے نہ ادھر کے ❷ ادھر سے پھٹکار ادھر سے دھتکار۔

## ا ــ ژ

**اژدر یا اژدہا۔** (ف) اسم مذکر ❶ بہت بڑا سانپ ❷ اجگر۔
**اژدھات۔** (ا) مونث ❶ (اصل میں ہشت دھات تھا) آٹھ ملی ہوئی دھاتیں ❷ سونا ❸ چاندی ❹ تانبا ❺ پیتل ❻ جست ❼ لوہا ❽ سکہ ❾ قلعی کا مرکب۔ مجازاً نہایت سخت۔ مضبوط۔ پختہ۔
**اژدہا کے منہ میں ہاتھ دینا یا ڈالنا۔** (ا) مثل ❶ خطرناک کام کرنا ❷ دشمن کے قابو میں جانا ❸ بُرے آدمیوں سے میل جول رکھنا۔

## ا ــ س

**اِس** (ہ) اشارہ قریب۔
**اُس۔** (ہ) اشارہ بعید اور ضمیر غائب واحد۔
**اساتذہ** (ع) اسم مذکر ❶ استاد کی جمع ❷ تعلیم دینے والے ❸ اپنے فن کے کامل۔
**اسادھ۔** (ہ) اسم صفت ❶ لاعلاج کٹھن ❷ مشکل۔
**اُسارہ۔** (ہ) اسم مذکر ❶ چھپر ❷ برآمدہ ❸ برانڈہ ❹ سائبان ❺ دوا کا نتھرا پانی۔
**اَسارہ۔** (ہ) اسم مذکر ❶ ریشم کا دھاگا ❷ جس پر کلابتون کا تار چڑھاتے ہیں۔
**اُسارنا۔** (ہ) فعل ❶ پانی نکالنا ❷ دوا بھگو کے اس کا آب زلال لینا۔
**اساڑھ۔** (ہ) اسم مذکر ❶ ہندی سال کا چوتھا مہینہ ❷ برسات کے شروع کا مہینہ ❸ نصف جون سے نصف جولائی تک۔
**اساڑھی۔** (ہ) اسم مونث ❶ فصل ربیع وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اُٹھائی جاتی ہے ❷ ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام بھی ہے۔
**اَساس۔** (ع) اسم ❶ موبخ ❷ بنیاد ❸ جڑ ❹ اصل۔

**اَسالیب۔** (ع) اسم مذکر ❶ (اسلوب کی جمع ❷) طریقے ❸ ڈھنگ ❹ طرزیں۔
**اَسامی۔** (ع) اسم مونث ❶ (اسم کی جمع الجمع ہے) نام اسم ❷ نفر ❸ آدمی ❹ کسان ❺ لین دین رکھنے والا ❻ گاہک ❼ خریدار ❽ عہدہ نوکری ❾ مالدار۔
**اَسامی بنانا۔** (ا) فعل ❶ ٹھگنا ❷ بیوقوف بنا کر نفع اُٹھانا ❸ اپنی گوں کا بنانا ❹ یار بنا کر ٹھگنا۔
**اسامی غیر موروثی۔** (ف) اسم مذکر۔ وہ کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق نہ ہو۔
**اَساوری۔** (ہ) مونث۔ سری راگ کی راگنیوں میں سے ایک راگ کا نام ایک قسم کا نہایت باریک کپڑا۔
**اُسانا۔** (ہ) فعل ❶ جوش دینا ❷ اُبالنا۔
**اَسانید۔** (ع) مونث ❶ (اسناد کی جمع) ❷ وہ کتابیں جن میں ہر ایک حدیث اس کے راویوں کے نام سمیت لکھی ہو جیسے مسلم بخاری شریف وغیرہ۔
**اَسباب۔** (ع) اسم مذکر ❶ (سبب کی جمع) سامان ❷ اثاثہ ❸ وجوہ۔
**اَسباط۔** (ع) اسم مونث ❶ (سبط کی جمع) پوتے پوتیاں ❷ دوہتے ❸ دوہتیاں۔
**اِس برتے پر تتا پانی۔** (ا) محاورہ ❶ اس حوصلہ پر بہادری کا صلہ ❷ نالائقی پر لیاقت کا دعویٰ ❸ نکمے اور نالائق شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
**اِس بھول کا خدا حافظ۔** (ا) کہاوت ❶ بہت نسیان والے کی نسبت کہا کرتے ہیں ❷ اس بھول کا کوئی علاج نہیں ❸ بڑی بھاری بھول ہے ❹ اللہ نگہبان۔
**اَسپ۔** (ف) اسم مذکر ❶ گھوڑا ❷ شطرنج کے ایک مہرہ کا نام بھی ہے ❸ جو اڑھائی گھر چلتا ہے۔
**اَسپات۔** (ہ) اسم مذکر۔ لوہے کی ایک بہت پختہ قسم کا نام جو فولاد سے دوسرے درجے پر خیال کی جاتی ہے۔
**اسپتال۔** (ا۔ ی) ❶ اصلی تلفظ ہوسپٹل ہے) اردو میں اسپتال بولتے ہیں ❷ شفاخانہ وہ مقام جہاں ڈاکٹر لوگ بیماروں کا علاج کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اِسپغول۔(ف)اسم مذکر ❶ایک مشہور دوا کا نام ❷ایک قسم کے لعابدار بیج ہوتے ہیں۔

اِسپنج یا اِسفنج۔(ا)مذکر ❶سمندری جانوروں کے گھر ہوتے ہیں ❷جن کو غوطہ خور کاٹ لاتے ہیں بازاروں مین عام بکتے ہیں ❸ان کی ساخت کچھ ایسی ہوتی ہے کہ پانی بہت سا جذب کر لیتے ہیں اور نچوڑنے پر بالکل خشک ہوجاتے ہیں۔

اِسپند۔(ف) مذکر ❶ ہرمل ❷ کالا دانہ ❸ جاہل لوگ دفع نظر بد کے لئے جلاتے ہیں۔

اُسپیچ۔(ا۔ی) مونث ❶ صحیح لفظ سپیچ ہے ❷ تقریر ❸ گفتگو ❹ لیکچر۔

اُستا۔(ف)اسم مونث ❶ آتش پرستوں کی زندگی تفسیر (بحالت مذکر) ❷نائی ❸حجام۔

اِستاد۔(ف) مذکر ❶خیمہ کی چوبیں ❷شامیانہ کا بوجھ سنبھالنے والی لکڑی ❸کھم ❹ستون ❺پائے۔

اُستاد۔(ف) اسم مذکر ❶ سکھانے والا ❷ پڑھانے والا ❸ معلم ❹ کامل فن ❺ تجربہ کار ❻ عیار ❼ چالاک۔

اُستاد باپ کی جگہ ہوتا ہے۔(ا) مقولہ ❶ اُستاد کا درجہ باپ کے برابر ہے کیونکہ باپ جسمانی تربیت کرتا ہے اُستاد روحانی تربیت کرتا ہے ❷باپ صورت اور اُستاد سیرت بناتا ہے۔

اُستادی۔(ف) اسم مونث ❶ کمال ہنرمندی ❷ نہایت چالاکی ❸ عیاری۔

استامبول۔(ف) اصل ❶میں اسلامبول یعنی اسلام کا شہر ❷بول ترکی میں شہر کو کہتے ہیں ❸قسطنطنیہ کا نام ہے۔

اُستانی۔(ف) اسم مونث ❶ معلمہ ❷ پڑھانے والی عورت ❸ آتون ❹ اُستاد کی بیوی۔

اِستبداد۔(ء)۔ مذکر ❶ ظلم ❷ زبردستی ❸ اصرار ❹ ہٹ کرنا۔

استقلال ❶ضد کرنا ❷زبردستی کرنا۔

استبرق۔(ء) مذکر ❶ سبز ❷ اطلس کی قسم کا ریشمی کپڑا ہے۔

استثناء۔(ء)مذکر ❶باہر نکالنا ❷علیحدہ کرنا ❸الگ کر دینا۔

استحالت/استحالہ(ء) مذکر ❶صورت بدل جانا ❷ حالت تبدیل ہو جانا ❸ کسی چیز کا بات کا ناممکن ہونا۔

استحالہ کیمیائی (ء) جب کئی مختلف چیزیں ملکر ایک ایسی چیز بن جائیں جو خواص میں ان سب سے نرالی ہو تو اس تبدیل حالت کو استحالہ کیمیائی کہتے ہیں۔ جیسے تانبا اور گندھک ملکر نیلہ تھوتھا بن جاتا ہے۔

اِستحقاق۔(ء) مذکر ❶ حق چاہنا ❷ حقدار ہونا ❸ مجاز ہونا ❹ حق رکھنا ❺ سزاوار ہونا ❻ کسی کام کے لائق ہونا۔

استحکام۔(ء) مضبوطی ❶ پختگی ❷ استقلال ❸ پکا ہونا ❹ مضبوط ہونا۔

استخارہ۔(ء) مذکر ❶ طلب خیر کرنا ❷ نیکی طلب کرنا ❸ نیکی کی توفیق مانگنا ❹ شرعی اصطلاح مین کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت کسی غیبی اشارے کو خواہش کرنا ❺ مجاز اُفال دیکھنا ❻ شگون چاہنا۔

استخارہ آنا/استخارے کا راہ دینا(ا) استخارے کا جواب حسب منشا نکلنا۔ کسی کام کے لئے خدا کے طرف سے اشارہ ہوجانا۔

استخارہ کرنا یا استخارہ دیکھنا(ا) کسی کام کے لئے اس کے ہونے یا نہ ہونے کی بابت خداوند کریم سے ارشاد و اشارہ چاہنا۔

استخراج (ء) اِسم مذکر ❶ نکالنا ❷ چھانٹنا ❸ خارج کرنا ❹ علیحدہ کرنا ❺ جدا کرنا ❻ علم منطق کی اصطلاح میں چند افراد پر تجربہ کر کے کسی قاعدے کی صحت یا غلطی معلوم کرنا ❼ نتیجہ نکالنا۔

استخفاف۔(ء) اسم مذکر ❶ خفیف اور ہلکا سمجھنا ❷ حقارت ❸ شرمندگی۔

اُستخوان (ف) مذکر۔ ہڈی۔

اُستخوان فروشی (ف) مشہور آباؤ اجداد کے کارنامے جتا کر عزت چاہنا۔

استدراج (ء) خرق ❶ عادت ❷ خلاف کرامت یا کام جو کسی غیر مسلم سے سرزد ہو۔

استدعا(ء) مونث ❶ چاہنا ❷ خواہش کرنا ❸ درخواست کرنا ❹ دعوے کرنا۔

استدلال۔(ء) مذکر ❶ دلیل لانا ❷ دلیل طلب کرنا ❸ ثبوت مانگنا۔

اُستر۔(ف) ❶ دوہرے یا روئی دار کپڑے کا نچلا حصہ ❷ نیچے رہنے والا کپڑا ❸ خچر کو بھی کہتے ہیں۔

اِستراحت۔(ف) مونث ❶ آرام کی خواہش آرام کرنا ❷ مجازاً

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سونا③ نیند لینا۔

استرکاری۔(ف) مذکر① دیواروں پر سفیدی کرنا② پختہ دیوار پر چونہ سُرخی وغیرہ کا پلستر چڑھانا③ لیپنا۔

اُسترہ۔(ف) مذکر① بال مونڈنے کا آلہ② حجامت کرنے کا ایک اوزار۔

اُسترا لینا:(ہ) فعل① بال مونڈنا② پاکی کرنا③ موئے زہار مونڈنا۔

اِستری۔(ہ) مونث① عورت② زوجہ③ بیوی لوہے کا ایک اوزار جس کے اندر گرم کوئلے ڈال کر اور گرم کر کے کپڑوں پر پھیرتے ہیں جس سے کپڑوں کے شکن دور ہو کر صفائی آجاتی ہے④ اور سلوٹیں بیٹھ جاتی ہیں۔

اِستسقا۔(ع) اسم مذکر① پانی مانگنا② تشنگی③ ایک بیماری کا نام جسے جلندر اور جلودر کہتے ہیں اس میں پیٹ پھول جاتا ہے اور پیاس بہت لگتی ہے④ تین طرح کی ہوتی ہے⑤ زقی⑥ طبلی⑦ لحمہ⑧ وہ جس سے معدے کے پردوں اور دل وجگر میں پانی جمع ہو جاتا ہے طبلی وہ جس سے انہی مقامات میں غلیظ ریاح جمع ہو جاتی ہے اور ڈھم ڈھم آواز نکلتی ہے لحمی وہ جس سے تمام اعضا میں ورم آجاتا ہے

اِستصواب۔(ع) اسم مذکر① رائے لینا② مشورہ طلب کرنا③ تجویز پوچھنا۔

استطاعت۔(ع) اسم مونث① مقدور طاقت② حیثیت③ دسترس④ قوت۔

استعارہ۔(ع) اسم مذکر① مانگ لینا② علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم ہے حقیقی اور مجازی معنوں کے درمیان تشبیہ کا تعلق ہونا یعنی حقیقی معنوں کو لباس الگ کرنا③ معنوں کو پہنانا④ جیسے چاند اور لعل چاند کا استعارہ چہرے سے اور لب کا لعل سے استعارہ ہے⑤ اس میں مشبہ بولا ہے اور مشبہ مراد لی ہے⑥ اسی کا نام استعارہ ہے۔

استعارہ بالتصریح۔(ع) اسم مذکر① جس میں مشبہ ب مضاف موجود ہو اور مشبہ مضاف الیہ غیر موجود جیسے صنم سے معشوق مراد ہے② یہاں معشوق کو صریح طور پر بت کہا گیا۔

استعارہ بالکنایہ۔(ع) اسم مذکر① اگر مشبہ بہ غیر موجود اور مشبہ موجود ہو جیسے رخ روشن میں رُخ موجود ہے② اور آفتاب جس سے تشبیہ دی گئی ہے غیر موجود تو اسے استعارہ بالکنایہ کہیں گے۔

استعانت۔(ع) اسم مونث① مدد مانگنا② معاونت چاہنا③ حمایت طلب کرنا④ سہارا۔

استعجاب۔(ہ) اسم مذکر① تعجب② حیرانگی③ تعجب کرنا④ حیران ہونا⑤ اچرج⑥ اچنبھا۔

استعداد۔(ع) مونث① لیاقت② قابلیت③ مادہ④ ملکہ۔

استعفا۔(ع) اسم مذکر① معافی مانگنا② عفو طلب کرنا③ (اصطلاح میں) نوکری چھوڑنے کی عرضی۔

استعمال۔(ع) مذکر① کام میں لانا② برتنا③ عمل میں لانا۔

استغاثہ۔(ع) مذکر① فریاد کرنا② بدلہ چاہنا③ قانونی اصطلاح میں فوجداری میں دعویٰ کرنا④ استغاثہ اور دیوانی میں عرضی دینا دعوے کہلاتا ہے۔

استغراق۔(ع) مذکر۔ کسی خیال میں غرق ہونا محویت۔

استغفار۔(ع) مخذر① مغفرت مانگنا② بخشش چاہنا③ توبہ کرنا④ معافی مانگنا۔

استغفر اللہ۔(ع)① میں خدا سے معافی مانگتا ہوں خدا بچائے② کسی کام سے نفرت اور انکار کے موقعہ پر مستعمل ہے۔

استغنا۔(ع) مونث① بے پروائی② بے نیازی بے فکری۔

استفاضہ۔(ع) مذکر① فیض پانا② نفع لینا③ فائدہ اُٹھانا④ لابھ اٹھانا۔

استفتا۔(ع) مذکر① فتوی طلب کرنا② حکم شرعی چاہنا③ شرعی مسئلہ کسی عالم سے دریافت کرنا④ وہ تحریر جس پر فتوے مانگا جائے۔

استفراغ۔(ع) مذکر① قے② اُلٹی③ بدن کا فضلے سے خالی کرنا④ فصد⑤ مسہل قے۔

استفراغ امتلائی۔(ع) مذکر۔ وہ قے جو پیٹ کے بھرا ہونے کی وجہ سے معمولی طور پر ہو بخلاف استفراغ وبائی کے جو وبا کے دنوں میں صرف آب وہوا کے بگاڑ سے ہو جاتا ہے۔

استفسار۔(ع)① دریافت کرنا② پوچھنا۔

استفہام۔(ع) مذکر① سمجھنا② سمجھنے کی خواہش کرنا③ سوال کرنا④ سوال۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249072218

**استقامت**۔(ع) مونث ❶ سیدھا رہنا ❷ جما رہنا ❸ ڈٹا رہنا ❹ سیدھا پن۔

**استقبال**۔(ع) مذکر ❶ آگے آنے والا ❷ آئندہ زمانہ ❸ پیشوائی ❹ آگے بڑھکر لینا۔

**استقبالیہ**۔(ع۔ا) مونث۔ وہ دعوت یا جلسہ جو کسی کے خیر مقدم کے لئے کیا جائے۔

**استقرار**۔(ع۔ا) مذکر ❶ ٹھہرنا ❷ قائم ہونا ❸ طے پانا۔

**استقراء**۔(ع) مذکر ❶ تلاش کرنا ❷ ڈھونڈنا ❸ جستجو کرنا ❹ اصطلاح منطق میں وہ عمل جس سے کسی جنس کی چند افراد پر کوئی تجربہ کر کے اس کی تمام افراد پر وہی قاعدہ مقرر کرلیں۔

**استقلال**۔(ع) مذکر ❶ صبر ❷ ثابت قدمی ❸ پائداری ❹ مضبوطی ❺ مستقل مزاجی ❻ جماو۔

**استمالت**۔(ع) مونث ❶ خوشامد ❷ دلجوئی کرنا ❸ دلداری کرنا۔

**استمداد**۔(ع) مونث ❶ مدد مانگنا ❷ سہارا ڈھونڈنا۔

**استمرار**۔(ع) ❶ ہمیشہ رہنا ❷ ہمیشگی ❸ دوام چلنا۔

**استمراری**۔(ع) مونث ❶ دوامی ❷ ہمیشہ کے لئے۔

**استمزاج**۔(ع) اسم مذکر ❶ مزاج پوچھنا ❷ رائے معلوم کرنا ❸ مرضی دریافت کرنا۔

**استنباط**۔(ع) مذکر ❶ چھانٹنا ❷ نکالنا ❸ اخذ کرنا۔

**استنجا**۔(ع) مذکر ❶ اپنے بدن کو ناپاکی سے پاک کرنا ❷ طہارت کرنا ❸ ڈھیلا لینا۔

**استنجے کا ڈھیلا**۔(ا) اسم مذکر ❶ مٹی کا ڈھیلا جسے استنجا کر کے پھینک دیا کرتے ہیں ❷ وہ آدمی جسے نظروں سے گرا دیا جائے ❸ بے عزت ❹ ذلیل۔

**استوا**۔(ع) مذکر ❶ برابر ہونا ❷ برابری ❸ جغرافئے کی اصطلاح میں خط استوا وہ فرضی خط ہے جو دونوں قطبوں سے برابر فاصلے پر شرقاً غرباً کھینچا ہوا مانا گیا ہے اور کرۂ زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

**اُستوار**۔(ف) مذکر ❶ پکا ❷ مضبوط ❸ مستحکم ❹ پائدار۔

**اُستھان**۔(ہ) مذکر ❶ بزرگوں کے رہنے کی جگہ ❷ مکان ❸ ٹھکانا ❹ آستانہ۔

**اُستھاپن کرنا**۔(ہ) فعل ❶ مورتی کو مندر میں رکھنا ❷ ٹھکانے لگنا ❸ مقرر کرنا ❹ ٹھیرانا۔

**استہزا**۔(ع) ❶ ٹھٹھا کرنا ❷ ٹھٹھا مخول ❸ مذاق کرنا ❹ ہنسی کرنا۔

**استیصال**۔(ع۔ا) مذکر ❶ جڑ سے اکھارنا ❷ تباہ و برباد کرنا۔

**استیعاب**۔(ع۔ا) مذکر ❶ ساری چیز لینا ❷ کسی کتاب کا شروع سے آخر تک مسلسل اور اچھی طرح پڑھنا۔

**استیلا**۔(ع۔ا) مذکر ❶ غلبہ ❷ تسلط ❸ قابو میں رکھنا۔

**اسٹابری**۔(ع۔ا) مونث۔ ایک قسم کا میوہ دار درخت اور اس کا پھل جو بہی دانہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

**اسٹاپ**۔(ای) ❶ اڈا ❷ ٹھہرنے کی جگہ ❸ مستحکم۔

**اِسٹار**۔(ای۔ا) مذکر ❶ تارہ ❷ ستارہ جیسے کوئی شے جیسے تمغہ وغیرہ ❸ ممتاز فنکار۔

**اِسٹارٹ**۔(ای۔ا) مذکر ❶ ابتدا ❷ روانی۔

**اِسٹاف**۔(ای۔ا) مذکر ❶ عملہ وفعلہ ❷ ایک محکمہ کے سب نوکر۔

**اِسٹاک**۔(ای۔ا) مذکر ❶ ذخیرہ ❷ مشترکہ کمپنی کا سرمایہ ❸ تمسک۔

**اِسٹاک ایکس چینج**۔(ای۔ا) مذکر۔ وہ مقام جہاں تمسکات کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

**اِسٹاک ٹیکنگ**۔(ای۔ا) مذکر۔ دوکان یا دفتر کے سامان کا جائزہ۔

**اِسٹاکسٹ**۔(ای۔ا) مذکر۔ تھوک فروش۔

**اسٹال**۔(ای۔ا) مذکر۔ ❶ میلہ یا بازار میں عارضی دوکان ❷ سودا فروخت کرنے کی میز ❸ تھیٹر میں سامنے کی نشستیں اور سینما کی پچھلی نشستیں۔

**اسٹام/اسٹامپ**۔(ای۔ا) مذکر ❶ تمسک لکھنے کا سرکاری مہر والا کاغذ ❷ جس پر قیمت بھی چھپی ہوتی ہے ❸ وثیقہ کا سرکاری کاغذ ❹ ٹکٹ۔

**اسٹائل**۔(ای۔ا) مذکر ❶ طرز ❷ اسلوب بیان ❸ وضع ❹ نمونہ۔

**اسٹپل** (ای۔ا) مذکر۔ نقطوں کی نقاشی یا کندہ کاری۔

**اَسٹرلنگ**۔(ای۔ا) مذکر ❶ برطانیہ کے سکہ کا نام ❷ پونڈ۔

**اِسٹریٹ**۔(ای۔ا) مذکر ❶ گلی ❷ سڑک۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772189

اِسٹریچر۔(ای۔ا) مذکر ❶ وہ تختہ جس پر لٹکا کر بیمار کو ہسپتال لے جاتے ہیں ❷ بیمار ڈولی۔
اسٹنٹ۔ ❶ کمال۔کارنمایاں ❷ اشتہاری حرکت۔ وہ کام جو اشتہار کے لیے کیا جائے۔
اسٹووَ۔(ای۔ا) مذکر۔تیل سے جلنے والا چولھا۔
اِسٹو۔(ای۔ا) مذکر ❶ گوشت آلو پیاز وغیرہ دم پخت ❷ سالن۔
اسٹوڈینٹ (ای۔ا) مذکر۔طالب علم۔
اسٹوڈیو۔(ای۔ا) مذکر ❶ فوٹو گرافی کا کمرہ یا دوکان ❷ ریڈیو یا ٹیلی ویژن کا کوئی کمرہ جہاں سے ڈرامہ، تقاریر اور گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں ❸ فلم کمپنی، نگارخانہ یا کارخانہ۔
اسٹور۔(ای۔ا) مذکر ❶ ذخیرہ ❷ بڑی دوکان جہاں سب چیزیں ملتی ہیں۔
اسٹوری۔(ای۔ا) مونث ❶ قصہ ❷ کہانی ❸ داستان ❹ افسانہ۔
اسٹول۔(ای۔ا) مذکر ❶ تپائی ❷ قدمچہ ❸ پیشاب۔
اسٹیٹ۔(ای۔ا) مونث ❶ ریاست ❷ جائداد ❸ علاقہ ❹ ملک
اسٹیج۔(ای۔ا) مذکر ❶ چبوترا ❷ نمایاں جگہ ❸ تماشہ گاہ کا چبوترہ ❹ مقرر کے تقریر کرنے کا چبوترہ ❺ مرحلہ۔
اسٹیچو (ای۔ا) مذکر ❶ مورت ❷ مجسمہ ❸ بت۔
اسٹیڈیم۔(ای۔ا) مذکر ❶ ورزشی کھیلوں کا میدان ❷ دوڑ کا میدان۔
اسٹیشن۔(ای۔ا) مذکر ❶ قیام گاہ ❷ اڈا ❸ چوکی ❹ ٹھہرنے کی جگہ۔
اسٹیشنر۔(ای۔ا) مذکر۔تاجر سامانِ تحریر، کاغذ، قلم، دوات، فروخت کرنے والا۔
اسٹیشنری۔(ای۔ا) مونث۔سامانِ تحریر، کاغذ، قلم، دوات وغیرہ۔
اسٹیل۔(ای۔ا) مذکر ❶ فولاد ❷ اسپات ❸ حدید۔
اسٹیم۔(ای۔ا) مونث ❶ بھاپ ❷ دخان۔
اسٹیم انجن۔(ای۔ا) مذکر ❶ دخانی انجن ❷ بھاپ سے چلنے والا انجن
اسٹیمر۔(ا۔ی) مذکر ❶ دخانی جہاز ❷ اگنبوٹ سمندروں اور بڑے دریاؤں میں چلنے والا جہاز۔
اسٹیمیٹ۔(ای۔ا) مذکر ❶ تخمینہ ❷ اندازہ ❸ تخمینی مقدار۔
اسٹینڈ۔(ای۔ا) مذکر ❶ مقام ❷ میز ❸ گاڑیوں کا اڈا ❹ سہارا۔وہ چیز جس پر کچھ رکھا جائے۔
اسٹینڈرڈ۔(ای۔ا) مذکر ❶ معیار ❷ مستند۔
اسٹینسل۔(ای۔ا) مذکر۔نقش ساز تختی یا کاغذ جس کو کاٹ کر حروف یا نقش بنائے جاتے ہیں اور اس کے ذریعے نقاشی یا چھپائی کی جاتی ہے۔
اسٹینو گرافر۔(ای۔ا) مذکر ❶ مختصر نویس ❷ محرر۔
اسٹینو گرافی۔(ای۔ا) مونث۔مختصر نویسی۔
اِسحاق۔(ع) مذکر۔حضرت ابراہیمؑ کے لڑکے کا نام ہے۔
اَسد اللہ۔(ع) مذکر ❶ شیر خدا ❷ حضرت علیؓ کا لقب ہے ❸ اردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا نام بھی ہے۔
اَسد۔(ع) ❶ شیر ❷ سنگھ ❸ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج جس کی شکل شیر کی سی بناتے ہیں ❹ مرزا غالب کا ابتدائی تخلص بھی ہے۔
اُسَر۔(ہ) مونث ❶ بنجر زمین ❷ غیر مزروعہ زمین۔
اَسُر۔(ہ) مذکر ❶ ہند کی اصلی باشندوں کو آریہ لوگ اس نام سے پکارتے تھے ❷ جن ❸ خبیث۔
اسرار۔(ع) مذکر ❶ (سر کی جمع) بھید ❷ راز ❸ چھپی بات ❹ آسیب ❺ جن بھوت وغیرہ کا سایہ۔
اِسراف۔(ع) اسم مذکر ❶ فضول خرچی ❷ فضول خرچ کرنا ❸ روپیہ اڑانا ❹ پیسہ لٹانا۔
اَسرافیل۔(ع) اسم مذکر ایک فرشتے کا نام ہے جو قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔
اِسرائیل۔(ع) اسم مذکر۔حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام۔
اسسٹنٹ۔(ای۔ا) مذکر ❶ نائب ❷ مددگار ❸ معاون۔
اسقاط۔ ❶ گرانا ❷ حمل گرانا۔
اسقاط حمل۔(ع) مذکر ❶ گرنا ❷ حمل کرنا ❸ پیٹ گرنا ❹ حمل ضائع کرنا یا ہونا۔
اُسقف۔(ع) مذکر ❶ لاٹ پادری ❷ لارڈ بشپ ❸ پادریوں کا سردار۔
اسکاٹ۔(ای۔ا) مذکر ❶ اسکاٹ لینڈ کا باشندہ ❷ اسکاچ۔
اسکاٹ لینڈ یارڈ۔(ای۔ا) مذکر ❶ لندن کی خفیہ پولیس ❷ خفیہ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

پولیس کا صدر مقام۔

اسکاچ۔(ا۔ی) مذکر۔ سکاٹ لینڈ کا باشندہ۔

اسکاؤٹ۔(ای۔ا) مذکر ① تحریک طلیعہ۔ ایک بین الاقوامی رضا کارانہ تحریک جو خدمت خلق کا جذبہ لڑکوں اور لڑکیوں میں پیدا کرتی ہے۔ ② تحریک طلیعہ کا رضا کار یا سپاہی۔

اِسکرپٹ۔(ای۔ا) مذکر ① مسودہ ② تحریر۔

اِسکرٹ۔(ای۔ا) مذکر ① ایک انگریزی لباس ② لہنگا ③ سایا۔

اِسکرو۔(ای۔ا) مذکر ① پیچ ② خصوصاً بوتل کا کاک نکالنے کا پیچ۔

اِسکرین۔(ای۔ا) مونث ① پردہ ② آڑ۔

اِسکندر۔(یونانی) ① مشہور بادشاہ یونان کا نام جس نے ہندوستان پر بھی حملہ کیا اور بہت سا علاقہ فتح کر لیا تھا ② یہاں سے جاتے وقت بابل کے قریب پہنچ کر مر گیا۔

اَسکندریہ۔(ع) مذکر ① سکندر کا بسایا ہوا شہر جو ملک مصر کے شمال میں بحیرہ ② روم کے کنارے پر بندرگاہ ہے۔

اسکور۔(ای۔ا) مذکر ① کھیل میں حاصل کئے جانے والے نمبر ② کوڑی۔

اِسکوائر۔(ای۔ا) مذکر ① صاحب ② عموماً شرفا کے نام کے ساتھ آتا ہے۔

اِسکورٹ۔(ای۔ا) مذکر ① فوجی دستہ ② ہمراہی ③ بدرقہ ④ آگے آگے رستہ بتانے اور بنانے والا۔

اِسکول۔(ای) مدرسہ ① پڑھنے کی جگہ تعلیم گاہ ② مکتب جہاں متوسط درجے تک تعلیم ہوتی ہو۔

اسکواش۔(ای۔ا) مذکر ① عرق، شربت ② ایک کھیل کا نام جو ریکٹ اور نرم گیند سے محصور کوٹ میں کھیلا جاتا ہے۔

اسکیچ۔(ای۔ا) مذکر ① تصویر کا خاکہ ② خلاصہ۔

اسکیم۔(ای۔ا) مذکر ① منصوبہ ② چال۔

اسکینڈل۔(ای۔ا) مذکر ① رسوائی ② تہمت ③ بدنامی۔

اسلاف۔(ع۔ا) مذکر ① اگلے وقتوں کے لوگ ② پردادا ③ باپ دادا۔

اِسکو وہاں ماریئے جہاں پانی نہ ملے۔(ا) محاورہ ① سخت دشمن کی نسبت بولتے ہیں یعنی اس پر رحم اور ترس نہیں کرنا چاہیئے ② یہ بڑا ہی بد ہے۔

اِسلام۔(ع) مذکر ① ماننا ② قبول کرنا ③ گردن جھکانا ④ اطاعت کرنا ⑤ دین محمدی جس میں آدمی ہمہ تن خدا کا ہی ہو رہتا ہے۔

اِسلام لانا/اِسلام قبول کرنا۔(ا) فعل ① دین محمدیؐ قبول کرنا ② مسلمان ہونا۔

اَسلحہ۔(ع) مذکر ① (سلاح کی جمع) ہتھیار ② لڑائی کے آلات ③ جنگ کے اوزار۔

اسم۔(ع۔ا) مذکر۔ نام۔ وہ کلمہ جس سے کسی شخص، چیز یا جگہ کو پہچانا جاتا ہے۔

اسم نویسی۔(ف۔ا) مذکر و مونث ① ناموں کی فہرست ② نام رجسٹر میں درج کرنا ③ گواہوں کی فہرست۔

اسمبلی۔(ای۔ا) مونث ① مجلس ② جرگہ ③ مجلس شورا یا قانون ساز ④ مدرسہ کے طلباء و طالبات کا صبح کے وقت دعا کے لیے جمع ہونا۔

اُسمگلر۔(ای۔ا) مذکر ① خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنے والا ② چنگی یا محصول ادا کئے بغیر سامان لے جانے والا۔

اسمگل کرنا۔(ا۔مصدر) خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنا۔

اسمگلنگ۔(ای۔ا) مونث۔ ناجائز درآمد یا برآمد۔

اُسلوب۔(ع) ڈھنگ ① طریقہ ② قاعدہ ③ دستور ④ راہ ⑤ راستہ۔

اُسلوب تحلیلی۔(ع) مذکر وہ قاعدہ جس میں کسی چیز کے اجزا الگ الگ کھول کر دکھائیں۔

اُسلوب ترکیبی۔(ع) مذکر۔ وہ طریقہ جس میں کسی چیز کے اجزا کو ترکیب دیکر اُسے سالم بنالیں۔

اسم۔(ع) مذکر۔ علم صرف میں وہ کلمہ جو اپنے معنی بالا استقلال ظاہر کرے اور جس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔

اِسم اعظم۔(ع) مذکر۔ خدا تعالیٰ کا سب سے بزرگ نام۔

اَسماء۔(ع) مذکر۔ اسم کی جمع۔

اسماعیل۔(ع) اسم مذکر۔ ایک بڑے جلیل القدر پیغمبر کا نام ہے۔

اِسم بامسمّی۔(ع) مذکر ① جیسا نام ویسا کام ② نام اور صفات باہم موافق ہوں۔

اَسناد۔(ع) مذکر ① (سند کی جمع) سرٹیفکیٹ سندیں ② وثیقے ③ دلیلیں۔

اَسوار۔(ا) مذکر ① (اصل میں اسب وار تھا) ② گھوڑ چڑھا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149072218

www.besturdubooks.net

اَسوج۔(ہ) مذکر ❶ ہندی سال کا ساتواں مہینہ ❷ نصف ستمبر سے نصف اکتوبر تک۔
اَسوجھ۔(ہ) مذکر ❶ جو دکھائی نہ دے ❷ مخفی ❸ پوشیدہ ❹ پنہاں۔
اَسوچ۔(ہ) ❶ بے فکرا ❷ لاپرواہ۔
اَسود۔(ع) مذکر ❶ نہایت سیاہ ❷ بہت ہی کالا ❸ نہایت سیاہ رنگ کا ایک بجیرے کا نام بھی ہے جس کے پانی کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔
اَسوگ۔(ہ) ❶ جہاں سوگ یعنی ماتم نہ ہو ❷ یعنی سکھ چین ❸ آرام۔
اِسہال۔(ع) مذکر ❶ دست ❷ دست آنا ❸ پیٹ چلنا ❹ پتلا پاخانہ۔
اِسی۔(ہ) ❶ اس ہی کا مخفف ہے ❷ اور اُسی اُس ہی کا ❸ حصر اور تاکید کا کلمہ ہے۔
اُسی کی جوتی اُسی کا سر۔(ا) محاورہ ❶ کسی کا روپیہ اسی پر خرچ کرنے کے موقعہ پر بولتے ہیں ❷ ہمارا کیا گیا ❸ اسی کا مال اسی کو کھلا دیا ❹ اپنے ہاتھوں اپنی سزا پانا۔
اِسی برتے پر۔(ہ) محاورہ ❶ اسی حوصلے پر اسی ہمت پر ❷ اسی زور پر ❸ اسی دولت پر ❹ اسی قوت و طاقت پر۔
اُسی برس کی عمر نام میاں معصوم۔(ا) ❶ بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا ❷ نام کے خلاف کام کرنا ❸ عمر کا بوڑھا کام بچوں والے۔
اَسیر۔(ع) مذکر ❶ قیدی ❷ پابند ❸ عاشق۔
اَسیرباد۔(ہ) مونث۔ دعائے خیر و برکت۔
اَسیس۔(ہ) مونث ❶ دعائے خیر ❷ اچھی دعا ❸ نیک دعا۔
اَسیس دینا یا اسیسنا۔(ہ) فعل ❶ دعائے خیر دینا ❷ برکت دینا۔
اَسیسر۔(اں۔ا) مذکر ❶ مددگار ❷ معاون ❸ پہنچ۔
اَسیونا۔(ہ) پیچھ۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی نکالنا۔

## ا ← ش

اِشارت۔(ع) مونث ❶ اشارہ کرنا ❷ سین مارنا ❸ رمز ❹ کنایہ۔
اِشارات۔(ع) مونث ❶ علم حکمت کی ایک کتاب کا نام ہے جو ابو علی سینا کی تصنیف ہے۔
اشارہ۔(ع) سین ❶ رمز ❷ کنا ❸ ایما ❹ شناخت ❺ پہچان۔
اش اش۔(ف) مذکر۔ حیرت، خوشی اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں

اش اش کرنا۔(ا۔محاورہ) ❶ نہایت خوش ہونا ❷ واہ واہ کرنا
اِشاعت۔(ع) مونث ❶ پھیلانا ❷ مشہور کرنا ❸ شائع کرنا۔
اشتباہ۔(ع) مذکر ❶ شبہ پڑنا ❷ شک ہونا ❸ گمان ❹ دھوکا لگنا۔
اشتداد۔ مذکر ❶ شدت ❷ زیادتی ❸ کثرت ❹ بہتات ❺ فراوانی ❻ ترقی۔
اُشتر۔(ف) مذکر۔ اونٹ۔
اشتراک۔(ع۔ا) مذکر ❶ مشترک ❷ ساجھا ❸ حصہ داری۔
اشتراکی۔(ع) صفت ❶ اشتراکیت سے منسوب ❷ سوشلسٹ۔
اشتراکیت۔(ع۔ا) مونث ❶ ساجھا ❷ اجتماعیت ❸ ایک انقلابی نظریہ حیات جس کے مطابق ذرائع پیداوار پر عوام کی مشترکہ ملکیت ہونی چاہیے۔ ❹ سوشلزم۔
اشتعال۔(ع) مذکر ❶ بھڑکنا ❷ جوش مارنا ❸ شعلہ اُٹھنا ❹ غصے ہونا ❺ شعلہ ❻ لو۔
اِشتعال طبع۔(ع) مونث ❶ طبیعت کا جوش ❷ غصہ کا بھڑک اُٹھنا۔
اشتعالک۔(ع) مونث ❶ چنگاری ❷ شعلہ ❸ ہو ❹ لپٹ ❺ تحریک۔
اشتعالک دینا۔(ا) فعل ❶ بھڑکانا ❷ چمکانا ❸ بہکانا
اشتغال۔(ع) ❶ مشغول ہونا ❷ کام میں لگنا ❸ مشغولی ❹ مشغولیت ❺ شغل۔
اشتقاق۔(ع) مذکر ❶ نکالنا ❷ بنانا ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانا صیغے نکالنا۔
اشتمال۔(ہ) مذکر ❶ شامل ہونا ❷ ملنا ❸ شریک ہونا۔
اشتہا۔(ع) مونث ❶ بھوک ❷ گرسنگی ❸ خواہش ❹ کھدیا۔
اشتہار۔(ع) مذکر ❶ شہرت دینا ❷ نوٹس ❸ اعلان۔
اشتہاری۔(ع) مذکر ❶ اس میں پائے نسبتی ہے ❷ وہ چیز جس کی بابت شہرت دی گئی ہو ❸ جیسے اشتہاری حکیم ❹ جو شخص اشتہار بازی سے پیسے بٹورتا ہو۔
اشتیاق۔(ع) مذکر ❶ شوق ❷ آرزو ❸ تمنا ❹ محبت ❺ چاہت۔
اَشجار۔(ہ) مذکر ❶ (شجر کی جمع ہے) درخت روکھ ❷ پیڑ۔
اشخاص۔(ع) مذکر ❶ شخص کی جمع ❷ بہت سے لوگ ❸ بہت سے آدمی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

اَشدّ۔(ء) مذکر ❶ بہت سخت ❷ نہایت مضبوط ❸ تیز مزاج ❹ تند طبع۔

اشرار۔(ء) مذکر ❶ (شریر کی جمع) فسادی ❷ فتنہ انگیز۔

اشراف۔(ء) مذکر ❶ (جمع شریف کی) بھلے مانس ❷ مہذب ❸ اردو میں یہ لفظ واحد اور مفرد کے طور پر بولا جاتا ہے۔

اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے۔(ا) مثل ❶ شریف آدمی بوجہ شرافت ذاتی نرمی کرتا ہے ❷ اور کمینہ اُلٹا دلیر اور اس پر شیر ہو جاتا ہے۔

اشراف پرست۔(ف) مذکر۔ وہ شخص جو شریفوں کی قدر کرنے والا ہو شریف پرور۔

اشرافت۔(ا) مونث ❶ شائستگی ❷ بھلے مانسی ❸ نیک ہونا۔

اشراف وہ جس کے پاس اشرفی۔(ا) مثل ❶ روپیہ والا ہی آجکل اشراف ہے ❷ نہ خوش اخلاق ❸ فی زمانہ مالدار ہی اشراف ہے۔

اِشراق۔(ء) مذکر ❶ روشنی دینا ❷ طلوع کرنا ❸ سورج نکلنے کا وقت ❹ وہ نماز جو آفتاب کے نیزہ دو نیزہ بلند ہو جانے پر پڑھی جاتی ہے ❺ روشن دلی ❻ حکمت۔

اشراقی یا اَشراقیہ۔(ء) مذکر ❶ (بیائے نسبت منسوب بہ اشراق) حکماء کا ایک گروہ جو اپنے باطنی نور اور دل کی صفائی سے دور ہی بیٹھے تعلیم و تعلم اور درس و تدریس کر سکتے ہیں ❷ ایک دوسرے کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑتی ❸ اس کی جمع اشراقین ہے۔

اَشرف۔(ء) مذکر ❶ بڑا ہی شریف ❷ نہایت بزرگ ❸ بہت ہی اچھا اور نیک آدمی۔

اشرف المخلوقات۔(ء) اسم مذکر ❶ تمام مخلوقات میں بزرگ ❷ مراد انسان۔

اَشرفی۔(ء) مونث ❶ وہ سونے کا سکہ جس کی قیمت سولہ روپے ہے ❷ پونڈ ❸ گنی ❹ ساورن ❺ لیرا ❻ دینار ❼ ایک زرد رنگ کے پھول کو بھی کہتے ہیں۔

اَشرفی بوٹی۔(ا) اسم مونث اشرفی کے مقدار کا پھول جو عموماً چھینٹوں وغیرہ پر بنا ہوتا ہے۔

اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر مہر۔(ا) محاورہ۔ اس شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں جو غیر ضروری اخراجات میں تو ہزاروں روپے خرچ کر دے اور ضروری اور چھوٹی چھوٹی باتوں میں سنگدلی برتے۔

اشعار۔(ء) اسم مذکر ❶ شعر کی جمع ❷ ادبیات۔

اشغلا۔(ا) مذکر ❶ چٹکلہ ❷ فساد کی بات چھچھوندر یعنی جھوتی بناوٹی فتنہ برپا کرے والی بات۔

اَشغلا اُٹھانا یا اَشغلا چھوڑنا۔(ا) فعل ❶ فساد برپا کرنا ❷ جھوٹی بات بنا کر دو آدمیوں کو لڑوا دینا ❸ بہتان لگانا۔

اشفاق۔(ء) مذکر ❶ شفقت کی جمع ❷ مہربانیاں عنایتیں ❸ نوازشات۔

اَشقیا۔(ء) مذکر ❶ شقی کی جمع ❷ بد بخت ❸ سنگدل ❹ بے رحم ❺ ظالم۔

اشک۔(ف) اسم مذکر ❶ آنسو ❷ ٹسوا۔

اشکال۔(ء) مونث ❶ شکل کی جمع صورتیں ❷ شکلیں۔

اشکباری۔(ف) مونث ❶ آنسو برسانا ❷ رونا ❸ آنسو بہانا۔

اشک شوئی۔(ف) مونث ❶ آنسو پونچھنا ❷ آنکھیں پونچھنا ❸ تسلی دینا ❹ دلاسا دینا۔

اُشلک۔(ت) مونث ❶ تہمت ❷ بہتان ❸ الزام (اصل میں اُشلق تھا)۔

اُشلک لگانا۔(ا) فعل ❶ تہمت لگانا ❷ الزام دینا ❸ بہتان باندھنا۔

اَشنان۔(س) مذکر ❶ نہانا ❷ غسل کرنا ❸ تمام بدن کو پانی سے خوب ملکر صاف کرنا۔

اَشنان دھیان کرنا۔(ا) فعل ❶ پوجا پاٹ کرنا ❷ غسل کر کے پوجا کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

اَشہب۔(ء) مذکر ❶ سبزہ گھوڑا ایسے سیاہ رنگ کا گھوڑا جس میں سفیدی غالب ہو ❷ کبھی محض گھوڑے کے معنی بھی دیتا ہے۔

اَشیاء۔(ء) مونث۔(شئے کی جمع) چیزیں۔

اشیائے صرف۔(ف۔ع۔ا) مونث۔ روز مرہ کے استعمال کی چیزیں۔

اَشیر باد۔(س) مونث ❶ دعائے خیر ❷ دعائے برکت ❸ اسیس۔

## ا ← ص

اصابت(ء) مونث ❶ رسائی ❷ پہنچ ❸ پختگی ❹ مضبوطی ❺ استحکام۔

اصالت(ء) اصلیت ❶ پیدائشی ❷ اثر ❸ ذاتی اور جبلی اثر ❹ تخم کی تاثیر ❺ خاندانی اثر۔

اصالت پر آنا/ اصالت پر آجانا۔(ا) فعل ❶ خاندانی اثر دکھانا ❷ شرارت کرنا ❸ سفلہ پن ظاہر کرنا ❹ کمینگی دکھانا۔

اصالتاً۔(ء) خود ❶ اپنے آپ ❷ بذات خود۔

اَصح۔(ء) مذکر ❶ بہت درست ٹھیک ❷ نہایت صحیح ❸ بالکل درست۔

اصحاب۔(ء) اسم مذکر ❶ ہم نشین ❷ ساتھی ❸ حمایتی ❹ یار و مددگار۔ دوست۔(صاحب کی جمع) ❶ آقا ❷ مالک مجازاً وہ بزرگ جنہوں نے رسول اللہ کی صحبت سے فیض پایا ہو۔

اصحاب فیل۔(ہ) مذکر ❶ ہاتھیوں والے ان لوگوں سے مراد ہے جنہوں نے ابراہہ بن صباح حاکم یمن کے ماتحت مکہ معظمہ پر فوجکشی کی ❷ اور خدا تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ابابیلوں کا لشکر بھیج کر ان کو شکست دلائی۔

اصحاب کہف(ء) مذکر ❶ غار کے ساتھی غار والے لوگ ❷ اصطلاح میں ان لوگوں سے مراد جو دقیانوس بادشاہ کی خدائی سے انکار کرنے کے سبب اسکے ظلم سے تنگ آکر غار میں جا چھپے تھے۔

اصدار(ء) مذکر ❶ صادر کرنا ❷ حکم جاری کرنا ❸ بھیجنا۔

اصرار(ء) مذکر ❶ ضد ❷ ہٹ ❸ تکرار ❹ تاکید ❺ کسی بات پر اڑ جانا۔

اصراف(ء) مذکر ❶ (صرف کی جمع) بہت سے خرچ ❷ اخراجات ❸ (بصورت کسرہ الف اول) خرچ کرنا۔

اصطباغ(ع۔ا) مذکر ❶ رنگنا، غوطہ دینا ❷ عیسائی مذہب میں ملانا۔

اصطباغ دینا(ء) عیسائی مذہب میں لانا ❶ بپتسمہ دینے کے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم ادا کرنا۔

اصطبل(ء) مذکر ❶ طویلہ ❷ وہ مقام جہاں گھوڑے وغیرہ باندھے جاتے ہیں۔

اصطرلاب(ء) مذکر ❶ ستاروں کی بلندی اور نحوست وغیرہ دریافت کرنے کا آلہ ❷ یہ تیل کا ایک گولہ ہوتا ہے جس پر بہت سے حروف اور نقوش ہوتے ہیں۔

اصطفا(ء) مذکر ❶ چننا ❷ چھانٹنا ❸ برگزیدہ کرنا۔

اصطلاح(ء) مونث ❶ کسی گروہ کا ایک لفظ اس کے اصل معنوں کے علاوہ اور معنوں پر اتفاق کرنا ❸ اصلی معنوں کے سوا اور معنی ٹھیرالینا۔

اصغا(ء) مذکر ❶ سننا ❷ کان دھرنا۔

اصغر(ء) مذکر ❶ نہایت چھوٹا ❷ سب سے چھوٹا ❸ اس کی مونث صغریٰ ہے۔

اصفار(ء) مذکر(صفر کی جمع ہے) کچھ نہیں علم ہندسہ میں (۰)۔

اصفہان(ف) مذکر ❶ فارس کے ایک بہت بڑے شہر کا نام ❷ جہاں کا سرمہ اور تلوار مشہور ہے ❸ کبھی بڑا آباد تھا۔

اصفیا(ء) مذکر ❶ (صفی کی جمع ہے) برگزیدہ لوگ ❷ نورانی آدمی ❸ پاک باطن انسان۔

اصل(ء) مونث ❶ جڑ ❷ بنیاد ❸ نسل ❹ نطفہ ❺ ذات ❻ کھرا ❼ بے کھوٹ ❽ مادہ ❾ خلاصہ۔

اصلا یا اصلاً(ء) تابع فعل ❶ ہرگز ❷ زنہار ❸ بالکل ❹ ذرا بھی۔

اصلاح(ء) مونث ❶ درستی ❷ درست کرنا ❸ غلطی دور کرنا ❹ سنوارنا۔

اصلاح دینا(ا) فعل ❶ درست کرنا ❷ کسی مسودہ کو ٹھیک کرنا ❸ غلطی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149772218

www.besturdubooks.net

دور کرنا۔

**اصل خیر سے۔** (ا) تابع فعل۔ خیر وعافیت سے بخیر وخوبی۔

**اصل اصل ہے اور نقل نقل۔** (ا) محاورہ۔ اصل کی خوبی کو نقل نہیں پہنچ سکتی۔

**اصل اصول۔** (ء) مذکر ① جڑ ② بنیاد ③ اصلی۔

**اصلی السوس۔** (ء) مونث ① ملٹھی ② کھانسی کو دور کرنے والی دوا۔

**اصل بد از خطا خطا نہ کند۔** (ف) مثل ① بد اصل آدمی ضرور خرابی کرتا ہے ② بُرا اپنی بُرائی سے نہیں چوکتا۔

**اصلون۔** (ا) تابع فعل ① اصلاً ② بالکل ③ ہرگز ④ مطلق ⑤ اصل کی جمع بھی ہے۔

**اصل سے نہیں خطا، وفا کم اصل سے نہیں** (ا) مقولہ ① شریفوں سے بُرائی کبھی نہیں ہوسکتی ② ذلیل اور رذیل سے کبھی بھلائی نہیں ہو سکتی۔

**اصلی۔** (ء) مونث ① فطری ② پیدائشی ③ ذاتی ④ ٹھیک ⑤ درست نقلی کی ضد ⑥ خاص ⑦ قدیم ⑧ باشندے۔

**اصلّیت۔** (ع) مونث ① درحقیقت ② حقیقی بات ③ اصلی معاملہ۔

**اصم** (ء) مذکر ① بہرا جسے سنائی نہ دیتا ہو ② نہ سننے والا (پنجابی ڈورا) ③ بولا۔

**اصناف** (ء) مونث ① صنف کی جمع قسمیں ② طرزیں ③ نوعیں۔

**اصنام** (ء) مذکر ① صنم کی جمع ② بت ③ مورتیں ④ مراد معشوق (بوجہ سنگدلی)۔

**اصوات۔** (ء۔ا) مونث۔ صوت کی جمع۔ آوازیں۔

**اصول** (ء) مذکر ① اصل کی جمع جڑیں قاعدے طریقے ② قانون ③ آئین۔

**اصول موضوع** (ء) مذکر ① بنایا ہوا مقرر کیا ہوا صول ② قائم کردہ قاعدہ۔

**اصول کلام** (ء) علم کلام میں نقلی باتوں کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرنا۔

**اصولی۔** (ء) صفت ① کسی قاعدہ یا قانون کے تحت ② مسلمانوں کا وہ فرقہ جو تقلید مجتہدین کا قائل ہے۔

**اصیل** (ء) مذکر ① اچھی نسل کا ② اچھی قوم کا ③ اچھے خاندانوں کا، اصیل مرغ ④ اصیل تلوار ⑤ اصیل گھوڑا ⑥ شریف عالی خاندان آدمی ⑦ خادمہ ⑧ ماما ⑨ گھر کی ملازمہ۔

## ا ← ض

**اضافت۔** (ء) مونث ① تعلق ② نسبت ③ لگاؤ (اعراب میں زیر کسرہ)۔

**اضافہ۔** (ء) مذکر ① زیادتی ② ترقی ③ بیشی ④ بڑھوتری۔

**اضافہ کرنا۔** (ا) فعل ① بڑھانا ② زیادہ کرنا ③ تنخواہ میں ترقی دینا۔

**اضافی۔** (ء) نسبتی ① تعلق والا ② جو اصلی نہ ہو ③ فالتو۔

**اضافیت۔** (ء۔ا) مونث ① نسبتی یا اضافی تعلق ② فلسفہ کا نظریہ کہ علم کوئی حقیقی اور اصلی شے نہیں بلکہ اعتباری چیز ہے۔

**اَضحیٰ۔** (ء۔ا) مذکر ① قربانی کا دن ② قربانی۔

**اضحوکہ۔** (ء) مذکر ① وہ چیزیں جن سے ہنسی آئے ② ہنسی کی باتیں۔

**اضحیہ** (ء۔ا) مونث۔ قربانی کا جانور۔

**اضداد** (ء) مونث ① ضد کی جمع ② مخالف ③ مخالفین۔

**اضراب** (ء) مذکر ① منہ پھیرنا ② ایک ہی جگہ ٹھیرا دینا ③ ضرب دینا۔

**اضطراب۔** (ء) مذکر ① بیقراری ② بے چینی ③ گھبراہٹ ④ بیتابی۔

**اضطرابی۔** (ء۔ف۔ا) مونث وصفت ① جلدی ② بوکھلاہٹ ③ اضطراب سے متعلق۔

**اضطرار۔** (ء) مذکر ① بے اختیاری ② بیقراری ③ پریشانی۔

**اضطراری** (ء) مونث ① بے اختیاری حالت ② پریشانی کی حالت۔

**اضعاف۔** (ء) مذکر ① ضعف کی جمع دوگنا ② تگنا وغیرہ۔

**اضعف۔** (ء) مذکر ① نہایت کمزور ② بہت ہی ناتواں ③ نہایت ضعیف۔

**اضلاع۔** (ء) مذکر ① (ضلع کی جمع) پسلیاں ② پہلو ③ وہ علاقہ جو ایک ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو ④ اطراف ⑤ اشکال جیسے مربع ⑥ مستطیل وغیرہ کی طرفین ⑦ کنارے۔

**اضلال** (ء) مذکر ① گمراہ کرنا ② بہکانا ③ راستہ بھلا دینا۔

**اضمار۔** (ء) مذکر ① کلام میں کسی اسم کی طرف ضمیر کا لانا ② گھوڑے کا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

لاغر کرنا۔

اضمار قبل الذکر۔(ء) ❶ کسی اسم کے ذکر سے پہلے اس کی طرف ضمیر لانا۔

اضمحلال۔(ء) مذکر ❶ پژمردگی ❷ افسردگی ❸ سستی ❹ کمزوری ❺ ناتوانی۔

ا ← ط

اطاعت۔(ء) مونث ❶ کہاتابعداری ❷ حکم ماننا ❸ فرمانبرداری۔

اطاق۔(ت۔ا) مونث وصفت ❶ کوٹھری ❷ کمرہ ❸ حجرہ۔

اطال۔(ء) فعل ❶ لمبے کرے ❷ بڑھائے۔

اطال اللہ عمرہ۔(ء) ❶ دعائیہ فقرہ ہے ❷ خدا اس کی عمر بڑھائے۔

اطبا۔(ء) مذکر ❶ طبیب کی جمع ❷ ڈاکٹر ❸ بید ❹ حکیم۔

اطراف۔(ء) مونث ❶ طرف کی جمع ❷ کنارے گرداگرد ❸ جانب ❹ سمتیں۔

اطریفل۔(ء) مذکر ❶ تری پھل ❷ (تر پھلا) ایک قسم کی معجون ہے جس میں ہڑ ❸ بہیڑا اور آملہ پڑتا ہے۔

اطعمہ۔(ء) مذکر ❶ طعام کی جمع ہے ❷ کھانا ❸ غذا ❹ بھوجن ❺ خوراک۔

اطفا۔(ء) ❶ بجھانا ❷ آگ فرو کرنا۔

اطفال۔(ء) مذکر ❶ طفل کی جمع ❷ لڑکے ❸ بال بچے۔

اطلاع۔(ء) مونث ❶ خبر دینا ❷ خبر ❸ آگاہی ❹ رپورٹ ❺ نوٹس۔

اطلاع نامہ۔(ف) مذکر ❶ عدالت کا سمن ❷ نوٹس ❸ حکمنامہ ❹ پروانہ۔

اطلاق۔(ء) کھولنا ❶ چھوڑنا ❷ آزاد کرنا ❸ وارد کرنا ❹ بولا جانا ❺ استعمال ہونا۔

اطلس۔(ء) مونث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو نہایت چمکدار ہوتا ہے۔

اطمینان۔(ء) مذکر ❶ تسلی ❷ تشفی ❸ ڈھارس ❹ دلاسا ❺ صبر ❻ طمانیت۔

اطناب (ع۔ا) مونث ❶ بات کو طول دینا ❷ لمبا کرنا۔

اطوار۔(ء) مذکر ❶ طور کی جمع ❷ عادات، طریقہ روش ❸ چال چلن۔

اطہار۔(ء) مذکر ❶ طاہر کی جمع ❷ پاک لوگ نہایت نیک آدمی۔

اطہر۔(ء) مذکر ❶ نہایت پاک صاف ❷ بہت ہی پاکیزہ۔

اطیب۔(ء) ❶ بہت پاک ❷ نہایت خوشبودار ❸ بہت عمدہ۔

ا ← ظ

اظفار (ع۔ا) مذکر ❶ ظفر کی جمع ❷ ناخن۔

اظفر (ع۔ا) مذکر۔ بڑے ناخنوں والا۔

اظلال (ء) مذکر ❶ ظل کی جمع ❷ سائے ❸ چھاؤں۔

اظلم (ء) مذکر ❶ بڑا ظالم ❷ بہت ستانیوالا۔

اظہار (ء) مذکر ❶ حاکم کے سامنے بیان دینا ❷ گواہی دینا ❸ کھولنا ❹ ظاہر کرنا۔

اظہار دینا (ا۔محاورہ) ❶ گواہی دینا ❷ عدالت میں مقدمہ کے واقعات وحالات بیان کرنا۔

اظہار قانونی (ء۔ا) مذکر۔ قانون کی رو سے درست گواہی۔

اظہار نامہ (ء۔ف۔ا) مذکر ❶ عدالت کا سمن ❷ اشتہار۔

اظہار نویس (ء۔ف۔ا) مذکر۔ وہ محرر جو عدالت میں بیان وشہادت لکھتا ہے۔

اظہار نویس (ء۔ف۔ا) مذکر۔ وہ محرر جو عدالت میں بیان وشہادت لکھتا ہے۔

اظہر۔(ء) مذکر ❶ خوب ظاہر ❷ بالکل روشن ❸ نہایت واضح ❹ بہت ہی صریح۔

اظہر من الشمس۔(ء) مذکر ❶ سورج سے زیادہ روشن ❷ بالکل صاف اور ظاہر، نہایت واضح ❸ صاف ❹ کھلا۔

ا ← ع

اعادہ (ء) اسم مذکر ❶ لوٹانا ❷ پھیرنا ❸ کسی بات یا کام کا دوبارہ سہ بارہ کہنا یا کرنا۔

اعظمہ (ء۔ا) مذکر ❶ اعظم کی جمع ❷ بہت بڑے لوگ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

اعانت (ع) مونث ① مدد دینا ② معاونت کرنا ③ سہارا دینا۔

اعتاق (ع) مذکر۔ غلام آزاد کرنا۔

اعتبار (ع) اسم مذکر ① بھروسا ② یقین ③ ساکھ ④ قیام ⑤ لحاظ ⑥ عبرت پکڑنا۔

اعتبار اُٹھ جانا (ا۔محاورہ) ① بھروسہ نہ رہنا ② ساکھ جاتی رہنا۔

اعتدال (ع) مذکر ① میانہ روی ② تناسب ③ ٹھیک کم نہ زیادہ ④ یکساں۔

اعتذار (ع)۔ مذکر ① عذر بیان کرنا ② عذر بنانا ③ حیلہ کرنا۔

اعتراض (ع) مذکر ① عیب جوئی ② شک و شبہ کرنا ③ نکتہ چینی ④ گرفت۔

اعتراف (ا) اسم مذکر ① اقرار کرنا ② ماننا ③ تسلیم کرنا۔

اعتصام (ع) مذکر ① پنجہ مارنا ② مضبوط پکڑنا۔

اعتقاد (ع) اسم مذکر ① یقین ② بھروسا ③ آسرا ④ دھرم ⑤ ایمان ⑥ ایمان لانا۔

اعتکاف (ع) مذکر ① مسجد میں گوشہ نشین ہونا ② نفس کو دنیاوی لذتوں سے روکنا ③ بالخصوص رمضان کے آخری عشرہ میں گوشہ گیری۔

اعتلا۔ (ع) اسم مذکر ① بلندی ② اُنچائی۔

اعتماد۔ (ع) مذکر ① بھروسہ ② یقین ③ اعتبار۔

اعتنا۔ (ع) اسم مونث ① پروا کرنا ② ہمدردی کرنا ③ درد شریک ہونا ④ کسی کا دھیان رکھنا۔

اعجاز۔ (ع) مذکر ① معجزہ ② کرشمہ ③ کرامت ④ خلاف عادت بات ⑤ عاجز کر دینا ⑥ کسی کو ہرا دینا۔

اعجازِ بیان۔ (ع) مذکر ① بیان کا معجزہ ایسا بیان جو دوسرے کو عاجز کر دے ② فصیح اور عمدہ کلام (اگر بلا اضافت ہو) تو وہ آدمی جس کا بیان دوسرے کو لاجواب اور ساقط کر دے۔

اعجازِ مسیحائی۔ (ع) مذکر ① حضرت عیسےٰؑ کا معجزہ ② اندھے کو بینا کرنا ③ بیمار کو تندرست کرنا ④ مردے میں جان ڈالنا وغیرہ۔

اعجوبہ (ع) مونث ① اچنبھے کی چیز ② انوکھی چیز ③ طرفہ ④ عجب چیز ⑤ نرالی بات۔

اعدا (ع) مذکر ① دشمن ② بیری ③ مخالف ④ عدو کی جمع۔

اعداد (ع) مذکر ① عدد کی جمع ② گنتی ③ شمار ہندسہ ④ رقم۔

اعدل۔ (ع) مذکر ① بڑا منصف ② بہت ہی انصاف کرنیوالا۔

اعراب۔ (ع) مذکر ① عرب کی جمع ② بدو لوگ ③ جنگلی آدمی۔

اِعراب۔ (ع) مذکر ① حرکات ثلاثہ ② زبر ③ زیر ④ اور پیش۔

اعرابی۔ (ع) مذکر ① عرب کا جنگلی آدمی ② صحرا نشین عرب ③ بدو۔

اعراض۔ (ع) مذکر ① منہ پھیر لینا ② انکار ظاہر کرنا ③ روگردانی کرنا ④ انکار۔

اعراض۔ (ع) مذکر ① جوہر کی ضد ② عرض کی جمع ③ قائم بالغیر چیزیں ④ وہ اشیاء جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں ⑤ دوسرے کے سہارے ہوں۔

اعراف۔ (ع) مذکر ① بہشت اور دوزخ کے درمیان ایک مقام ہے ② قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام بھی ہے۔

اعزاز۔ (ع) مذکر ① عزت کرنا ② عزت ③ درجہ ④ مرتبہ ⑤ توقیر۔

اعزہ (ع) مذکر ① عزیز کی جمع ② پیارے ③ بھائی بند ④ رشتہ دار۔

اعصاب۔ (ع) مذکر ① عصب کی جمع ② بدن کے پٹھے ③ عضلات۔

اعضاء۔ (ع) مذکر۔ عضو کی جمع جس کے حصے ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان وغیرہ۔

اعضائے رئیسہ۔ (ع) مذکر ① جسم کے نہایت اچھے حصے ② سردار جوڑ جیسے دل ③ جگر ④ دماغ وغیرہ۔

اعضائے شکنی۔ (ف) مونث ① بدن ٹوٹنا ② جوڑ جوڑ میں درد ہونا۔

اعطا۔ (ع) مذکر ① بخشش کرنا ② عطا کرنا ③ عنایت کرنا ④ دینا۔

اعظم۔ (ع) مذکر ① بہت بڑا ② نہایت بزرگ۔

اعقاب۔ (ع) مذکر ① عقب کی جمع ② پسماندگان ③ آل اولاد ④ ورثا ⑤ پچھلی نسل۔

اَعلا (ع۔ا) مذکر ① بلند ہونا ② چڑھنا ③ غالب کرنا۔

اِعلا (ع) صفت ① بہت بلند ② بہت اونچا۔

اُعلام (ع۔ا) مذکر ① علم کی جمع ② جھنڈے۔

اِعلام۔ (ع) مذکر ① خبر دینا ② جتلانا ③ علم کرنا ④ کھولنا ⑤ ظاہر کرنا۔

اعلان۔ (ع) مذکر ① اشتہار ② اشتہار دینا ③ خبر کرنا ④ نوٹس دینا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**اعلیٰ**۔(ء) مذکر ① بلند ② عالی ③ بہت اونچا ④ بڑے پائے کا ⑤ اونچے درجہ کا (ادنٰی کی ضد)۔

**اعلیٰ علیین**۔(ء) مذکر ① بہشت ② بلند پاک روحوں کا مقام ③ عزت کے لئے بادشاہوں کی بجائے مرحوم بولتے ہیں۔

**اعمال**۔(ء) مذکر ① (عمل کی جمع) کام ② افعال ③ ورد ④ وظیفے۔

**اعمالنامہ**۔(ف) مذکر ① وہ کتاب جس میں کراماً کاتبین آدمی کے اعمال لکھتے رہتے ہیں ② قیامت کے دن کا حساب کتاب اسی کی رو سے ہوگا۔

**اعمٰی**۔(ء) مذکر ① اندھا ② نابینا ③ وہ شخص جو مادرزاد اندھا ہو۔

**اعوان**۔(ء) مذکر ① (عون کی جمع) مددگار حمایتی ② معاون ③ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام۔

**اعیان**۔(ء) مذکر ① عین کی جمع ② سردار امراء وزرا ③ افراد موجود ④ نقط عین کے کئی معنی ہیں اوران کے لحاظ سے اس کی جمع کے اوزان بھی مختلف ہیں ⑤ چنانچہ عین بمعنی آنکھ جمع اعین۔

**اعیانی**۔(ء) مذکر ① سگے بھائی ② ماں جائے بھائی ③ وہ بھائی جو ایک ہی ماں باپ سے ہوں۔

## ا ← غ

**اغتسال** (ء۔ا) مذکر ① غسل کرنا ② دھونا۔

**اغذیہ**۔(ت) مونث ① غذا کی جمع ② خوراکیں ③ کھانے ④ غذائیں

**اغراض**۔(ء) مونث ① غرض کی جمع ② مطلب ③ مقصد ④ مدعا۔

**اغراق**۔(ء) مذکر ① ڈبودینا ② مبالغہ کا ایک درجہ۔

**اغلاط**۔(ء) مذکر ① غلط ② بھول ③ چوک ④ خطائیں۔

**اغلاق** (ء) مذکر ① مشکل کرنا ② بات کو پیچیدگی کے ساتھ کہنا ③ دشواری۔

**اغلام**۔(ء) مذکر ① لغوی معنی سواری لینا ② اصطلاح میں لونڈوں کے ساتھ بدفعلی کرنا۔

**اغلامی**۔(ء) مذکر۔لونڈے باز۔

**اغلب**۔(ء) مذکر ① غالب تر ② یقینی ③ یقین کے قریب ④ قوی تر۔

**اغل بغل**۔(ا) تابع فعل ① ایک طرف ② الگ ③ ادھر ادھر ④ آس پاس۔

**اغماز**۔(ء) مذکر ① نخرہ ② غمزہ ③ ناز ④ اترانا ⑤ غرور کرنا۔

**اغماض**۔(ء) مذکر ① درگزر کرنا ② چشم پوشی کرنا ③ بے پروائی ④ روگردانی۔

**اغنیا**۔(ء) مذکر ① غنی کی جمع ② امیر لوگ ③ دولتمند ④ زردار لوگ ⑤ بے پروا لوگ۔

**اغوا** (ء۔ا) مذکر ① بہکانا ② بھگالے جانا ③ اکسانا ④ ورغلانا۔

**اغوا کرنا**۔(ا) فعل ① بہکانا ② ورغلانا ③ ابھارنا۔

**اغیار**۔(ء) مذکر ① (غیر کی جمع) بیگانے ② اجنبی ③ پردیسی ④ دشمن ⑤ رقیب۔

## ا ← ف

**اُف**۔(ء) حرف صوت۔مونث ① افسوس ② حسرت اور آہ سرد ③ غلطی اور بھول کے موقع پر یہ کلمہ منہ سے نکلتا ہے۔

**اف کردینا** (ا۔محاورہ) ① جلا کر خاک کردینا ② تباہ وبرباد کردینا۔

**اف نہ کرنا** (ا۔محاورہ) ① صبر وضبط کرنا ② کچھ نہ بولنا۔

**اف ہوجاتا** (ا۔محاورہ) ① مٹ جانا ② کچھ باقی نہ رہنا۔

**افادہ**۔(ء) مذکر ① فائدہ ② نفع ③ فائدہ پہنچانا ④ نفع رسانی ⑤ دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔

**افادہ عام**۔(ء) مذکر۔سب کو نفع پہنچانا ہر ایک کو فائدہ بخشنا۔

**اَفاضل** (ع۔ا) مذکر ① افضل کی جمع ② عالم وفاضل لوگ یا بزرگ۔

**افاضہ**۔(ء) اسم مذکر ① فیض پہنچانا ② فائدہ دینا۔

**افاغنہ**۔(ء) مذکر ① افغان کی جمع ② پٹھان لوگ۔

**افاقہ**۔(ء) مذکر ① آرام ② صحت ③ بیماری کی کمی ④ فرق ⑤ ہوش میں آنا۔

**اُفتاد**۔(ف) مونث ① حاصل مصدر از افتادن ② دکھ ③ دکھ مصیبت کا بڑھ جانا ④ پیدائش ⑤ فطرت ⑥ اتفاقیہ ⑦ بنیاد ⑧ ابتداء شروع

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

حادثہ۔

**اُفتاد پڑنا**۔(ا) فعل ① بنیاد پڑنا ② اتفاق پڑنا ③ حادثہ پیش آنا۔

**اُفتادگی**۔(ف)۔اسم مصدری مونث ① عاجزی ② خاکساری انکساری۔

**اُفتادہ**۔(ف) اسم مذکر ① ناکارہ ② غیر مزروعہ ③ فضول اوغیر آباد (زمین)۔

**افتتاح**۔(ء) مذکر ① کھولنا ② شروع کرنا ③ ظاہر کرنا۔

**افتخار**۔(ء) مذکر ① فخر ② ناز ③ گھمنڈ ④ بڑائی ⑤ غرور تکبر کرنا۔

**افترا**۔(ء) مذکر ① جھوٹا الزام ② تہمت ③ بہتان۔

**افتراپرواز**۔(ف) اسم مذکر تہمت لگانے والا۔ الزام لگانے والا۔

**افتراپروازی**۔(ف)۔اسم مونث تہمت رکھنا۔ الزام دینا۔

**افتراق**۔(ء) مذکر ① فرق ڈالنا ② الگ کر دینا ③ علیحدہ کرنا ④ جدا کرنا۔

**افتقار**۔(ء) مذکر ① فقیری ② حاجتمندی مفلسی۔

**افتیموں**۔(ء) مونث ① اکاس بیل ② ایک زرد سی بیل ہوتی ہے جس کی جڑ ہوا میں ہوتی ہے ③ درختوں پر پڑی رہتی ہے۔

**اف تیرا کاٹا نہ جئے**۔(ا) ① ظالم ② موذی ③ زہر قاتل ④ دغاباز ⑤ سانپ۔

**افراتفری**۔(ا) ① ہل چل ② پریشانی ③ گھبراہٹ ④ کھلبلی۔

**افراتفری پڑنا**۔(ا) فعل ① کھلبلی پڑنا ② بھاگڑ پڑنا ③ گھبراہٹ ہونا۔

**افراد**۔(ء) مذکر ① فرد کی جمع فرد بمعنی ایک چیز ② آدمی ایک بیت (شعر)۔

**افراسیاب**۔(ف) مذکر۔ توران کے ایک بادشاہ کا نام ہے۔

**افراط**۔(ء) ① زیادتی ② کثرت ③ حد اعتدال سے بڑھ جانا۔

**افراط تفریط**۔(ء) مونث ① کمی بیشی ② زیادتی و کمی بے اعتدالی۔

**افروختہ** (ف) اسم صفت از افروختن ① جلا ہوا ② جلا بھنا ③ روشن ④ چمکدار۔

**افروختہ کرنا یا برافروختہ کرنا**۔(ا) فعل ① بھڑکانا ② غصہ دلانا۔

**افریقہ**۔(ء) مذکر ① نہایت گرم علاقہ ② ایک براعظم کا نام ہے۔

**افزایش**۔(ف) مونث ① حاصل مصدر از افزودن) زیادتی ② بیشی ③ کثرت ④ ترقی۔

**افزوں**۔(ف) مذکر ① اسم صفت ② زیادہ کثیر ③ بڑھ کر۔

**افسانہ**۔(ف) مذکر ① قصہ کہانی ② داستان ③ جھوٹی بات ④ سرگذشت ⑤ کرازکار ⑥ چرچا ⑦ شہرت۔

**افسر**۔(ف) مذکر ① تاج ② مکٹ ③ حاکم ④ سردار۔

**افسردگی**۔(ف)۔ مونث ① طبیعت کا بجھ جانا ② رنجیدہ ہونا ③ اداسی ④ دلگیری۔

**افسردہ**۔(ف) اسم مذکر ① (صفت از افسردن) مرجھایا ہوا ② بجھا ہوا ③ دلگیر ④ اداس ⑤ غمزدہ ⑥ رنجیدہ۔

**افسردہ خاطر/افسردہ دل** (ف)۔ اسم مذکر ① صفت ② مرکب ③ بجھے ہوئے دل والا ④ رنجیدہ دل ⑤ پژمردہ دل ⑥ اداس ⑦ غمگین۔

**افسوس** (ف) مذکر ① رنج ② تاسف ③ دریغ ④ غم ⑤ حسرت۔

**افسوں**۔(ف) مذکر ① جادو ② سحر ③ منتر حیلہ ④ مکر ⑤ فریب۔

**افشا**۔(ء) مذکر ① ظاہر کرنا ② کھول دینا ③ آشکار ④ کھلا ⑤ فاش۔

**افشائے راز کرنا**۔(ا) فعل ① بھید کھولنا ② کسی چھپی ہوئی بات کو ظاہر کرنا۔

**افشاں**۔(ف) مونث ① چھڑکاؤ ② سنہری یا رپہلی برادہ یا پوڈر یا گوٹے مقیش کی کترنیں جو عورتیں آرایش کے لئے ماتھے اور مانگ وغیرہ پر چھڑک لیا کرتی ہیں۔

**افشاں اترنا** (ا۔محاورہ) چنی ہوئی افشاں کا چھٹ جانا۔

**افشاں چننا**۔(ا۔محاورہ) ماتھے اور گالوں پر افشاں ملنا۔

**افشردہ**۔(ف) اسم مفعول ① نچوڑا ہوا ② کسی پھل سے نچوڑا ہوا عرق یا رس۔

**افصح**۔(ء) مذکر ① بڑا خوش بیان ② نہایت فصیح۔

**افضال**۔(ء) مذکر ① فضل کی جمع ② خدا کی مہربانیاں ③ عنایتیں۔

**افضل**۔(ء) مذکر ① بہت بزرگ ② بڑا فضیلت والا ③ سب سے عمدہ۔

**افضلیت**۔(ء) مونث ① بزرگی ② بڑائی ③ فضیلت۔

**افطار**۔(ء) مذکر ① روزہ کھولنا ② روزہ ختم کرکے کھانا پینا۔

**افطاری**۔(ا) مونث ① روزہ کھولنے کی چیزیں ② روزہ کھولنا۔

Join us on whatsapp Naveed Bag 03149077218

www.besturdubooks.net

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03...

**افعال۔**(ع)مذکر ❶ فعل کی جمع ❷ کام ❸ اعمال۔

**افعی۔**(ع)مذکر ❶ زہریلا سانپ ❷ بڑا زہریلا ناگ۔

**افغان۔**(ف)مذکر ❶ افغانستان کا رہنے والا ❷ پٹھان ❸ مسلمانوں کی ایک ذات۔

**افغانستان۔**(ف)مذکر۔پٹھانوں کا ملک۔

**افق۔**(ع)مذکر ❶ کنارہ ❷ حد نگاہ جہاں زمین اور آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

**افکار۔**(ع)مذکر ❶ (فکر کی جمع) سوچ بچار ❷ غم ❸ غور ❹ شعراء کا کلام۔

**افگار۔**(ف) ❶ زخمی ❷ مجروح ❸ زخم ❹ چور چور۔

**افلاس۔**(ع)مذکر ❶ غریبی ❷ تنگدستی ❸ محتاجی ❹ ناداری۔

**افلاطون۔**(یونانی)۔مذکر ❶ یونان کے ایک نامور طبیب کا نام ہے جو ارسطو کا استاد اور بقراط کا شاگرد تھا ❷ ۵۰۷ قبل مسیح میں ۷۷ برس کی عمر میں فوت ہوا۔

**افلاطون کا سالا۔**(ا) مذکر ❶ بڑا متکبر ❷ مغرور ❸ وہ آدمی جو کسی بڑے حاکم یا زور آور یا افسر کا رشتہ دار ہو ❹ طنزاً بھی غرور کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**افلاک۔**(ع)مذکر ❶ فلک کی جمع ❷ آسمان ❸ اکاس ❹ امبر ❺ چرخ۔

**افواج۔**(ف) مونث ❶ (فوج کی جمع) لشکر ❷ سپاہ جنگلی لوگوں کے گروہ۔

**افواہ۔**(ع) مونث ❶ فوہ بمعنی منہ کی جمع ❷ مجازاً منہ سے نکلی ہوئی بات ❸ فضول اور غلط خبر ❹ بے بنیاد خبر ❺ گپ۔

**افواہ اڑانا۔**(ا) فعل ❶ جھوٹی خبر اڑانا ❷ گپ ہانکنا بے تکی بات مشہور کرنا۔

**افوہ۔**(ا) ❶ افسوس ❷ تعجب اور حیرانی کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔

**افہام۔**(ع) مصدر ❶ سمجھانا ❷ بتانا ❸ جتانا سوجھانا۔

**افیم۔**(ا) مونث ❶ مشہور نشلی اور زہریلی چیز ہے ❷ جو پوست کے دودھ کو جما کر بناتے ہیں ❸ افیون۔

**افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر۔**(ا) مثل ❶ امیر یا فقیر کے سوا اور کسی کو افیم نہیں کھانی چاہیئے ❷ اول تو لاغر کر دے گی ❸ دوسرے اونگھ ❹ غفلت اور سستی بہت پیدا کر دے گی اور آدمی ناکارہ ہو جائیگا ❺ کاروباری کو افیون کھانی بہت نقصان کا باعث ہوگی۔

**افیون۔**(ا) مونث ❶ افیم ❷ پوست کے ڈوڈے کا رس۔

**افیونی۔**(ا) مذکر ❶ افیمی ❷ افیم کھانے والا جو افیون کے بغیر گزارہ نہ کر سکے ❸ افیون کے نشہ میں غلطاں رہنے والا۔

**افیون کا گھولا۔**(ا) مذکر ❶ پانی میں افیم گھولی ہوئی ❷ افیون کا گھلا ہوا قدح (پیالہ)

**افیونی جنونی۔**(ا) مذکر ❶ افیم کھانے والا ❷ دیوانہ وار ہوتا ہے ❸ ہوش ٹھکانے نہیں رہتے ❹ لہذا پاگل ہو جاتا ہے ❺ افیمی اور پاگل دونوں برابر۔

## ا ← ق

**اکادیمہ**(ع۔ا) مونث ❶ انگریزی اکیڈمی سے معرب ❷ علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن ❸ اکادمی۔

**اقارب۔**(ع) مذکر ❶ اقرب کی جمع ❷ قریبی ❸ خاص رشتہ دار سگے ❹ خاندانی۔

**اقالہ**(ع۔ا) مذکر ❶ معافی چاہنا ❷ بیع کو مسترد یا منسوخ کرنا۔

**اقالیم۔**(ع) مونث ❶ اقلیم کی جمع ❷ ولایت اگلے لوگوں نے ملک آب و ہوا کے لحاظ سے زمین کی تقسیم سات حصوں میں کی ہے ❸ ان میں سے ہر ایک حصہ ایک اقلیم کہلاتا ہے ❹ آجکل کے جغرافیہ دانوں نے پانچ حصے کیے ہیں۔

**اقامت۔**(ع) مونث ❶ ٹھیرنا ❷ قیام کرنا ❸ کھڑے ہونا ❹ نماز کی تکبیر جس کے بعد فرضوں کی نیت باندھتے ہیں۔

**اقانیم۔**(ع) اقنوم کی جمع ❶ جڑیں ❷ اصل بنیادیں۔

**اقبال۔**(ع) مذکر ❶ خوش قسمتی ❷ نیک نصیبی ❸ کامیابی ❹ دولت ❺ اقرار ماننا ❻ بدولت ❼ برکت ❽ قبول کرنا۔

**اقبال دعویٰ۔**(ع) اسم مذکر ❶ مخالف کے دعوے کو مان لینا ❷ حاکم کے سامنے اپنے حریف کے دعوے کو درست تسلیم کرنا۔

**اقبال کا آفتاب ڈھلنا شروع ہوا۔**(ا) فقرہ ❶ بدقسمتی کا آغاز ہو

www.besturdubooks.net

گیا ② برے دن آنے شروع ہو گئے۔

**اقبال مند۔**(ف) اسم مذکر ① بھاگوان قسمت والا ② خوش نصیب۔

**اقبال مندی۔**(ف) خوش قسمتی۔نیک نصیبی۔

**اقتباس۔**(ء) مذکر ① روشنی لینا ② نور حاصل کرنا ③ چھانٹنا ④ انتخاب کرنا ⑤ نقل کرنا ⑥ کسی کلام سے کچھ لے لینا۔

**اقتدا۔**(ء) مونث ① پیروی کرنا ② پیچھے چلنا ③ تابعداری کرنا۔

**اقتدار۔**(ء) مذکر ① طاقت ② قدرت ③ قوت ④ اختیار ⑤ حکومت۔

**اقتدار جائز۔**(ء) مذکر وہ اختیار جو قانوناً درست اور جائز ہو۔

**اقتران۔**(ء) مذکر ① نزدیک ہونا ② پاس ہونا ③ قرین ہونا۔

**اقتصاد** (ع۔ا) مذکر ① میانہ روی ② اعتدال سے کام لینا ③ کفایت شعاری۔

**اقتصادی** (ع) صفت ① اقتصاد کے متعلق ② مالی ③ معاشی۔

**اقتضا۔**(ء) مذکر ① خواہش ② چاہنا ③ وجہ ④ سبب ⑤ ضروری ⑥ تقاضا۔

**اقدار** (ع۔ا) مونث ① قدر کی جمع ② قدریں ③ اصول۔

**اقدام۔**(ء) مذکر ① پیشقدمی کرنا ② آگے بڑھنا ③ دلیری ④ ارادہ ⑤ قصد ⑥ ارتکاب فعل۔

**اَقدام** (ء) مذکر (قدم کی جمع) ① پاؤں ② پیر۔

**اقدس۔**(ء) مذکر۔نہایت پاک بالکل بے عیب۔

**اقرار۔**(ء) مذکر ① ہاں کرنا ② مان لینا ③ قبول کر لینا ④ وعدہ قول ⑤ عہد ⑥ زبان کر لینا۔

**اقرار صالح۔**(ء) مذکر ① حلفی بیان ② پکا اقرار درست اقرار۔

**اقرار نامہ۔**(ف) مذکر ① وہ کاغذ جس پر وعدہ لکھ کر دیا جائے اقرار کا تمسک ② باؤنڈ۔

**اقراری۔**(ء) مذکر ① اقبالی ② مان لینے والا ③ تسلیم کر لینے والا ④ اپنے جرم کا اقبال کر لینے والا۔

**اقرب۔**(ء) مذکر ① بہت نزدیک ② نہایت قریب

**اقربا۔**(ء) مذکر ① قریب کی جمع ② نزدیکی رشتہ دار ③ قریب کے رشتہ دار ④ قریبی بھائی بند ⑤ یگانے ⑥ اپنے۔

**اقساط** (ء) مذکر ① قسط کی جمع ② حصے ③ ٹکڑے ④ اجزاء۔

**اقسام۔**(ء) مونث ① قسم کی جمع ② قسمیں انواع ③ طرحیں۔

**اقصیٰ۔**(ء) اسم مذکر ① بہت دور ② نہایت پرے۔

**اقطار۔**(ء) اسم مذکر ① قطر کی جمع ② دائرے کے مرکز سے گزر کر محیط پر ختم ہونے والے خطوط ③ جو دائرے کے نصفا نصف کر دیتے ہیں۔

**اقل۔**(ء) اسم مذکر ① نہایت قلیل بالکل تھوڑا ② حقیر۔

**اقلیت** (ع۔ا) مونث ① تھوڑا ہونا ② کسی ملک میں کوئی خاص گروہ جس کی تعداد دوسروں سے کم ہو۔

**اقلیدس۔**(یونانی۔) اسم مذکر۔اقلی بمعنی کنجی دس بہ معنی ہندسہ علم ہندسہ کی کنجی ریاضی کی ایک کتاب کا نام ہے جس کے مصنف کا نام بھی یہی تھا یہ شخص مصر میں ہوا ہے اس نے سکندریہ میں ریاضی کا مدرسہ قائم کیا تھا۔

**اقلیم۔**(ء) اسم مونث ① ولایت ② ملک ③ دیس ④ آباد زمین کا ساتواں حصہ ⑤ حسب تقسیم قدیم۔

**اقنوم۔**(ء) مونث ① جڑ ② بنیاد ③ اصل ④ دین مسیحی میں خدا کا ہر جزو یعنی (باپ، بیٹا، روح القدس) میں سے ہر ایک۔

**اقوال۔**(ء) مذکر ① (قول کی جمع ② باتیں گفتگو میں کلام۔

**اقوام۔**(ء) مونث ① قوم کی جمع ② قومیں فرقے ③ ذاتیں۔

**اقویا** (ع۔ا) مونث ① قوی کی جمع ② قوت والے۔

## ا ← ک

**اک۔**(ہ) ایک کا مخفف ہے۔

**اِک اکیلا** (ا۔محاورہ) تن تنہا۔

**اِک بارگی** (ا) متعلق فعل ① دفعتاً ② اچانک ③ ناگہاں ④ ایک دم ⑤ اکٹھا۔

**اِک تارا** (ا۔ا) مذکر ① ایک قسم کا باریک کپڑا ② ایک تار کا تنبورا۔

**اِک درا** (ا۔ا) مذکر۔ایک دروازہ والا دالان۔

**اِک نظر** (ا) متعلق فعل ① ذرا سی دیر ② ایک لحہ ③ سرسری نظر۔

**اکا۔**(ہ) لغوی ① معنی ایک سے نسبت رکھنے والا ② ایک گھوڑے کی گاڑی ③ یکہ بازو پر باندھنے کا ایک نگینے کا تعویذ ④ ایک بتی کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

شمعدان 5 پہلوانوں کے اُٹھانے کا بھاری مگدر 6 تاش کا ایک ٹکے والا پتا 7 اپنی کمپنی کے سپاہیوں کی رپورٹ دینے والا سپاہی 8 احدی (بادشاہی زمانے میں ہوتے تھے) 9 بے مثل۔

اکادکا۔(ہ) مذکر 1 اکیلا دکیلا 2 ایک آدھ 3 کوئی کوئی 4 بہت کم 5 خال خال۔

اکابر۔(ع) مذکر 1 اکبر کی جمع 2 بڑے آدمی 3 بزرگ 4 صاحب اقدار لوگ 5 حیثیت والے۔

اکارت۔اسم صفت 1 ضائع برباد 3 بے فائدہ 4 خراب نکما 5 ناکارہ۔

اکاسی۔(ہ) اسم عدد اسی اور ایک ۸۱

اکاؤنٹ (ای۔ا) مذکر 1 حساب وکتاب 2 کھاتا۔

اکاؤنٹنٹ۔(ای۔ا) مذکر 1 محاسب 2 حساب کی پڑتال کرنے والا 3 منیم۔

اکاؤنٹنٹ جنرل۔(ای۔ا) اسم مذکر 1 حساب کتاب کے دفتر کا اعلےٰ افسر۔

اکائی۔(ہ) مونث 1 ایک 2 اکیلا 3 گنتی کا پہلا درجہ 4 اصطلاح علم ریاضی میں ایک سے نو تک کا ہر ہندسہ 5 کیونکہ ایک درجہ پر لکھا جاتا ہے۔

اکبار یا اکبارگی۔(ہ) تابع فعل 1 ایک دم یک لخت 2 دفعتہً 3 ناگاہ 4 ایک ہی دفعہ۔

اکبر۔(ع) مذکر 1 سب سے بڑا 2 بہت بزرگ 3 خاندا مغلیہ کا تیسرا بادشاہ جس کا نام جلال الدین اور لقب اکبر تھا۔

اکبری۔(ا) مونث 1 ایک عورت کا نام 2 جس کا قصہ مراۃ العروس میں ہے۔

اکبری نورتن۔(ا) مذکر 1 اکبر بادشاہ کے نو وزیر جن میں سے ہر ایک کو بوجہ اعلیٰ قابلیت کے رتن یعنی جواہر کہا گیا ہے 2 وہ یہ ہیں۔
(۱) مرزا عبدالرحیم خانخاناں (۲) خان اعظم مرزا عزیز کوکلتاش (۳) حکیم ابوالفتح گیلانی (۴) ملک الشعرا ابوالفیض فیضی۔(۵) علامہ ابوالفضل موتمن الدولہ۔(۶) حکیم ہمام۔(۷) راجہ ٹوڈرمل صدر دیوان۔(۸) راجہ مان سنگھ پنج ہزاری۔(۹) راجہ بیربل سہ ہزاری۔

اک پیچا۔(ہ) اسم مونث 1 ایک خاص قسم کی پگڑی 2 صرف ایک پیچ کا حقہ چھوٹا پیچوان۔

اکت۔(ہ) مونث 1 ذہنی قوت 2 ایجاد کی طاقت 3 ذکا 4 ذہانت۔

اکتا جانا۔(ہ) فعل 1 بیزار ہو جانا 2 تنگ ہونا 3 دل برداشتہ ہونا 4 اچاٹ ہونا۔

اکتارا۔(ہ) مذکر 1 ہندو فقیروں کا بھجن گانے کا تنبورا 2 ایک نہایت باریک ڈوریے سے مشابہ کپڑا 3 ایک تار کا تاگا۔

اکتالا۔(ہ) مذکر 1 نغمہ کے ایک اصول کا نام ہے 2 طبلے کی ایک تان کا نام بھی ہے۔

اکت سے کرنا۔(ہ)۔فعل 1 اپنی طبیعت اور ذہانت سے کرنا 2 ایجاد طبع سے کرنا۔

اکتالیس۔(ہ) اسم عدد۔چالیس اور ایک چہل دیک۔

اکتانا۔(ہ) فعل 1 دل براداشتہ ہونا 2 ملول ہونا 3 بیزار ہونا 4 تنگ ہونا۔

اکتائی کمہاری ناخن سے مٹی کھودے۔(ہ) مثل بے دلی سے کام کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

اکتساب (ع) مذکر 1 کمانا 2 حاصل کرنا 3 سعی اور کوشش سے پیدا کرنا 4 کوئی کسب یا ہنر کر کے حاصل کرنا۔

اکتفا کرنا (ا) فعل 1 کفایت کرنا 2 کافی جاننا 3 قناعت کرنا 4 بس کرنا۔

اکتوبر (ای) انگریزی سال کا دسواں مہینہ۔

اکتیس (ہ) اسم عدد تیس اور ایک۔ ۳۱

اکثر (ع) اسم صفت 1 بہت 2 عموماً 3 ہمیشہ بارہا 4 کمتر کی ضد۔

اکثر اوقات (ع) 1 بارہا 2 کئی 3 دفعہ 4 خاصکر 5 خصوصاً۔

اِکٹ (ای) مذکر 1 ایکٹ 2 قانون 3 ضابطہ 4 آئین۔

اکٹھا (ہ) اسم صفت 1 باہم 2 ملکر 3 مل جل کر۔

اک چت (ہ) اسم مذکر 1 یکدلا 2 یک طرفہ 3 ایک باگا آدمی 4 اپنی بات کا پورا۔

اک چھت (ہ) اسم مذکر 1 ایک چھتر 2 راج 3 ساری دنیا کی بادشاہی 4 شہنشاہی مہاراجگی۔

اک جہاں یا ایک جہاں دیکھا ہے (ہ) مثل 1 بڑا سیاح ہے 2 بڑا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

جہاندیدہ ہے ③ ہوشیار تجربہ کار ہے۔

**اکجا۔** (ا) تابع فعل ① اکٹھا ② ایک ہی جگہ ③ بہ ہیئت مجموعی۔

**اک درا۔** (ا)۔ اسم مذکر ① ایک دروازے والا دالان ② ایک در کا مکان۔

**اک ڈالا۔** (ہ) اسم مذکر ① ایک چمنی کا دیوار گیر لیمپ ② ایک ہی چیز کا۔

**اک ڈال۔** (ہ) اسم صفت ① بے جوڑ یکساں وہ چھری یا خنجر جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو۔

**اکر۔** (ہ) اسم مونث۔ (الف نافیہ۔ کر بمعنی محصول) محصول سے معاف چیز۔

**اکرا۔** (ہ) مذکر ① مہنگا ② گراں (ہندو لوگ بولتے ہیں) ایک قسم کی ادنیٰ گھاس۔

**اکرام۔** (ہ) مذکر ① کرم کرنا ② بخشش کرنا ③ عزت کرنا ④ تعظیم و توقیر ⑤ بزرگی۔

**اکراہ۔** (ہ) اسم مذکر ① گھن ② نفرت ③ بیزاری ناپسند ④ جبر ⑤ زبردستی۔

**اک رخا۔** (ا) اسم صفت ① یک طرفہ ایک پہلو پر رہنے والا ② حنیف۔

**اکڑ۔** (ہ) اسم مونث ① ٹیڑھا پن ② شیخی ③ غرور ④ نخوت ⑤ شوخی ⑥ سختی ⑦ اینٹھ۔

**اکڑا۔** (ہ) مذکر ① سخت اینٹھا ہوا ② سردی سے سکڑا ہوا۔

**اکڑباز۔** (ہ) مذکر ① مغرور ② اینٹھو خاں ③ چھاتی تان کر چلنے والا آدمی۔

**اکڑ کے چلنا۔** (ہ) فعل ① اترا کر چلنا ② متکبرانہ اور مغرورانہ چلنا۔

**اکڑوڑا۔** (ہ) اسم مذکر زچہ کو پلانے یا آبدست کروانے کی کسیلی دوائیاں۔

**اکڑنا۔** (ہ) فعل ① غرور کرنا ② زور دکھانا ③ سرکشی کرنا ④ ٹھٹھرنا ⑤ سکڑنا ⑥ ضد کرنا ⑦ تنا ⑧ ناراض ہونا ⑨ چھاتی ابھارنا۔

**اکڑفوں کرنا۔** (ہ) فعل ① غرور کرنا ② گھمنڈ کرنا ③ بل دکھانا۔

**اکڑوں بیٹھنا۔** (ہ) فعل ① پاؤں کے بل اس طرح بیٹھنا کہ پنڈلیاں کھڑی رہیں اور چوتڑ زمین اور ایڑیوں سے الگ رہیں۔

**اکسار۔** (ہ) اسم صفت ① یکساں ② ہموار ③ برابر ④ ہموزن ⑤ ہم شکل ⑥ مشابہ۔

**اکسانا۔** (ہ) فعل ① ابھارنا ② چراغ کی بتی بڑھانا ③ بہکانا ④ اٹھانا ⑤ برانگیختہ کرنا۔

**ایکسپورٹس۔** (ای۔) مذکر ① مال برآمد ② تجارتی مال جو غیر ملکوں کو بھیجا جائے۔

**اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر۔** (ای) زائد نائب کمشنر۔

**اکسٹھ۔** (ہ) اسم عدد۔ ساٹھ اور ایک ۶۱۔

**اکسنا۔** (ہ) فعل ① ابھرنا ② سر اٹھانا ③ اٹھنا متحرک ہونا ④ ہلنا ⑤ ذرا جنبش کرنا ⑥ بہتر حالت میں ہونا۔

**اکسنے نہ دینا۔** (ہ) فعل ① ابھرنے نہ دینا ② ہلنے نہ دینا ③ بہتر حالت ہونے نہ دینا ترقی نہ کرنے دینا۔

**اکسیر۔** (ع) مونث ① ادنے دھاتوں کو اعلیٰ بنانے والی دوائی ② کیمیا ③ پارس ④ رسائن ہر مرض میں مفید دوا ⑤ نہایت مفید چیز۔

**اکسیر گر۔** (ع) مذکر ① کیمیا گر ② مہوس ③ کیمیا بنانے والا۔

**اک گونہ۔** (ا) صفت ① تھوڑا سا ② ایک طرح کا ③ ایک قسم کا ④ ایک طرز کا ذرا سا۔

**اکلانا۔** (ہ) فعل ① اکتانا ② متلانا ③ بیقرار ہونا تھک جانا ④ (ہندو)۔

**اکل کھرا یا اکھل کھرا۔** (ہ) اصلی معنی ① اکیلا کھانے والا ② مجازاً خود غرض ③ روکھا بے مروت بے فیض جلے تن ④ حاسد ⑤ بدمزاج۔

**اکل کھرا جگ سے برا۔** (ہ) مقولہ ① خود غرض بے مروت آدمی سب سے برا ② تندخو ③ حاسد کی نسبت بولا جاتا ہے۔

**اکلوتا۔** (ہ) مذکر ① اکیلا بیٹا ② ایک ہی بیٹا وہ لڑکا جو اپنے ماں باپ کے ہاں ایک ہی ہو۔

**اکل وشرب۔** (ع) مذکر۔ کھانا پینا۔

**اکلینا۔** (پوربی) ① کمینہ ② نیچ ③ فرومایہ ④ ادنیٰ ذات کا۔

**اکلیل۔** (ع) مذکر ① تاج ② مکٹ ③ کلاہ ④ ٹوپی۔

**اکلیل الملک۔** (ع) مذکر ① بھوپھلی ② ایک گرم خشک دوائی جو لیپ کے کام آتی ہے۔

**اکمل۔** (ع) مذکر ① نہایت کامل ② نہایت قابل ③ اپنے فن میں کامل۔

**اک منزلہ۔** (ع) مذکر ایک چھت والا مکان وہ مکان جس پر چوبارہ نہ ہو۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

www.besturdubooks.net

اکنالجمنٹ/ایکنالجمنٹ۔(ا۔ی) مونث ① رسید ② اقرار۔

اکناف۔(ع) تابع فعل ① کنف کی جمع ② اطراف کنارے ③ طرفین ④ سمتیں۔

اک نظر دیکھنا۔(ا) فعل ① ذرا ذرا دیکھنا ② تھوڑی دیر دیکھنا ③ ایک دفعہ دیکھنا۔

اُکھاڑ (ہ۔ا) مونث ① اُکھاڑنے کا عمل ② بربادی ③ کشتی کا ایک داؤ۔

اکھاڑ پچھاڑ (ہ۔ا) مونث ① الٹ پلٹ ② لگائی بجھائی ③ اِدھر کی چیز اُدھر اور اُدھر کی چیز اِدھر کرنا۔

اکھاڑا۔(ہ) مذکر ① پہلوانوں کا دنگل ② مجلس محفل ③ جیسے راجہ اندر کا اکھاڑا۔

اکھاڑا جمنا (ا۔محاورہ) ① کھلاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہوتے ② کسی مقام پر بہت سے آدمیوں کا ③ ہجوم ہونا۔

اکھاڑنا یا اکھیڑنا۔(ہ) فعل ① جڑ سے نکال ڈالنا ② باہر نکالنا ③ نوکری سے جدا کرنا ④ کسی چیز سے دل ہٹانا ⑤ کھونٹے وغیرہ کا زمین سے باہر لانا ⑥ قبر کھودنا ⑦ بے دخل کرنا ⑧ ڈھانا ⑨ گاڑنا کی ضد۔

اکھٹا۔(ہ) اسم صفت مذکر ① جمع ② ڈھیر لگایا ہوا ③ یکجا شدہ ④ ایک ساتھ ⑤ سب سے ملکر ⑥ ایک ہی دفعہ ⑦ اس لفظ کو اکٹھا بھی لکھتے ہیں۔

اکہرا۔(ہ) مذکر ① دوہرے کی ضد ② ایک ہی تہ کا ③ اکیلا ④ ایک ہی۔

اکہرا بدن۔(ہ) مذکر ① دبلا بدن ② لاغر جسم ③ چھریرا۔

اکھڑ۔(ہ) اسم صفت ① سخت مزاج ② جاہل ناشائستہ ③ بے تمیز ④ جھگڑالو ⑤ اجڈ بدطبع ⑥ بھلائی کی بات کی طرف منہ تک نہ کرنے والا ⑦ سرکش۔

اکھڑپن۔(ہ) اسم مصدری مذکر ① تند مزاجی ② جہالت ③ بے تمیزی ④ ضد ⑤ سرکشی۔

اُکھڑا اُکھڑا (ہ) صفت ① اپنی جگہ سے الگ ② الگ الگ ③ رنجیدہ۔

اُکھڑا اُکھڑا رہنا/اُکھڑے اُکھڑے رہنا (ا۔محاورہ) ① ملاپ نہ رکھنا ② دُور دُور رہنا ③ ناراض رہنا۔

اکھڑنا۔(ہ) فعل ① جڑ سے الگ ہونا ② نوکری سے موقوف ہونا ③ دل برداشتہ ہونا شکست کھانا ④ عضو کا ٹوٹنا ⑤ سانس کھلے طور پر نہ آنا تال سُر سے دور چلے جانا ⑥ گاہک بچلنا ⑦ بھڑکنا ⑧ ڈھے جانا ⑨ اوپر اٹھنا۔

اُکھڑوانا (ہ) مصدر ① جڑ سے نکلوا دینا جوڑ سے الگ کروانا ③ کھدوانا۔

اُکھڑی اُکھڑی (ہ) صفت ① الگ الگ ② دُور دُور ③ دل برداشتہ۔

اکھڑی اکھڑی باتیں کرنا۔(ا) فعل ① رنج بھری باتیں کرنا ② نارضگی جتانا دل اچاٹ ہونے کی گفتگو کرنا۔

اُکھلی (ہ۔ا) مونث۔لکڑی یا پتھر کا ایک برتن جس میں اناج وغیرہ کو کوٹتے ہیں۔

اُکھلی میں سر دیا تو دھمکوں/موسلوں کا کیا ڈرنا (ا۔مثل) جب کوئی خطرے کا کام اپنے ذمہ لے لیا تو کے ڈرانے دھمکانے سے خوف کھانا بے سود ہے۔

اُکھلی میں سر دینا (ا۔محاورہ) ① مشکل کام اپنے ذمہ لینا ② اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

اِکی (ہ۔ا) مونث ① اکا ② تاش کا وہ پتا جس پر ایک بوٹی ہو۔

اِکے دُکے (ہ) صفت ① تنہا تنہا ② الگ الگ۔

اکیڈمی (ای۔ا) مونث ① علم وادب کو ترقی دینے والی انجمن ② اکادمی ③ اقادیمیہ۔

اکیلا۔(ہ) مذکر ① دکیلا کی ضد ② تنہا ③ مجرد ④ جدا ⑤ واحد ⑥ غیر آباد ⑦ سونا ⑧ خالی ⑨ لاثانی۔یکتا۔

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔(ا)۔مثلاً اکیلا آدمی کسی بڑی مہم کو سر انجام نہیں دے سکتا۔

اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا۔(ا) مقولہ اکیلے کی خوشی اور غم دونوں ہی بے سود نہ خوشی میں کوئی شامل نہ غم میں شریک۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی۔(ہ) مثل ① اکیلے سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ ② اکیلا بالکل ناکارہ۔

اکیلے چلئے نہ باٹ جھاڑ بیٹھئے کھاٹ۔(ہ) مقولہ ① اکیلے سفر نہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977018

www.besturdubooks.net

کرو② چارپائی کو پہلے جھاڑ لو③ پھر اس پر بیٹھو۔

**اکیلی تو خدا کرے بن میں لکڑی بھی نہ ہو۔**(ہ) مقولہ① تنہا چیز بری معلوم ہوتی ہے② منحوس ہوتی ہے③ لہذا یہ فقرہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی اکیلے آدمی کے رنج وغم میں کوئی شامل نہیں ہوتا۔

**اکیلے دوکیلے کا اللہ بیلی۔**(ا) مثل اکیلے آدمی کا خدا ہی دوست اور حافظ ہے۔

**اکیلی جان** (ا۔ا) مونث وصفت① تن تنہا② جس کا کوئی شریک اور ساتھی نہ ہو۔

## اــــ گ

**اگاڑنا۔**(ہ) فعل① کنواں صاف کرنا② سیاہ کیچڑ وغیرہ کنوئیں سے نکال پھینکنا۔

**اگاڑی۔**(ہ) اسم مونث① روبرو② آگے سا③ آگے کا حصہ④ وہ رسہ جو گھوڑے کے گلے میں باندھ کر دائیں بائیں دو میخوں میں باندھ دی جاتی ہے⑤ کپڑے کا سامنے والا حصہ (کرتے وغیرہ)۔

**اگال۔**(ہ) اسم مذکر① پان کی پیک② اگلی ہوئی چیز۔

**اگالدان۔**(ا) اسم مذکر۔ پیک ڈالنے اور تھوکنے کا برتن۔

**اگاہنا/**(ہ) فعل① وصول کرنا② حاصل کرنا③ لینا④ لگان یا قسط سرکاری وصول کرنا۔

**اگاہی۔**(ہ) اسم مونث① وصولی② واجب الوصول بقایا③ تحصیل۔

**اگر۔**(ف) حرف شرط① جب② بشرطیکہ③ بالفرض④ جو۔

**اگر۔**(ہ) اسم مذکر① عود ہندی② ایک خوشبودار درخت③ جس کی لکڑی جلانے میں صندل کی سی خوشبو دیتی ہے۔

**اگرچہ۔**(ف) حرف شرط① ہرچند② باوجودیکہ گوکہ③ ہرطرح۔

**اگردان یا اگرسوز۔**(ا) مذکر① وہ انگیٹھی جس میں اگر کی بتیاں جلاتے ہیں② اگروٹا۔

**اگر کی بتی۔**(ا) مونث① اگر صندل اور چند اور خوشبودار چیزیں ملا کر بتیاں بناتے ہیں② ان کو مجلسوں اور محفلوں میں خوشبودار ہوا کی صفائی کے لئے جلاتے ہیں۔

**اگر ماند شبے ماند شبے دیگر نمے ماند۔**(ف) مثل① تھوڑی دیر کی چہل پہل ہے ناپائدار ہے② اگر رہی رات بھر رہے گی③ دوسری رات ختم۔

**اگر مگر کرنا۔**(ا) فعل① حجت کرنا② حجتیں نکالنا③ جھگڑنا④ کج بحثی کرنا⑤ ہچکچانا۔

**اگروال یا اگروالا۔**(ہ) مذکر① بنیوں کا ایک فرقہ ہے② اگر داہا سے آیا ہوا ہے۔

**اگڑم بگڑم۔**(ہ) مونث① بیہودہ باتیں② بکواس③ ہزلیات④ واہیات۔

**اگڑ دھوں دھوں۔**(ہ) اسم مذکر① دھونسے کی سی آواز② موٹا آدمی③ بھاری بدن کا مرد④ پھپس آدمی۔

**اگزیبیشن۔**(ای) نمائش① ہنر② دستکاری③ اور کرتب وغیرہ کا تماشا۔

**اگزیمی نیشن۔**(ای۔ا) مذکر① امتحان② آزمائش③ جانچ۔

**اِگزکٹو** (ای) صفت۔ انتظامی۔

**اگست۔**(ای) مذکر انگریزی سال کا آٹھواں مہینہ اکتیس دن کا۔

**اگل آنا یا اگل پڑنا۔**(ہ) فعل① نگلی ہوئی چیز کا منہ کے باہر آنا② تلوار کا میان سے نکل پڑنا③ خفا ہونا④ برا بھلا کہنا⑤ دل کا بھید ظاہر کرنا۔

**اگلا۔**(ہ) اسم صفت① پہلا② پہلے کا③ مقدم پیشین④ گذشتہ زمانہ⑤ آگے آنے والا وقت⑥ آگے چلنے والا۔

**اگلے نے کیا پچھلے پر آئی** (ا۔مثل) محاورہ① بڑے قصور کریں چھوٹے سزا پائیں② افسر خطا کرنے③ ماتحت ملزم ٹھہرے۔

**اَگل پچھل** (ہ۔ا) مونث① آگے پیچھے② پس وپیش③ گھوڑے کی جوڑی بجائے برابر جوڑنے کے آگے پیچھے جوڑنا۔

**اگلنا۔**(ہ) فعل① منہ سے باہر نکالنا② قے کرنا③ کھایا پیا مال مجبوراً واپس کرنا④ راز افشا کرنا⑤ نکالنا⑥ پیدا کرنا⑦ شکوہ کرنا⑧ بیان کرنا۔

**اگل نگل کے کھانا** (ا) فعل① خواہش بغیر کھانا② بلا رغبت کھانا کھانے

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

کوجی نہ چاہے پھر بھی کھائے جانا۔

**اگل دینا۔**(ہ) فعل ❶ کھایا پیا مال واپس دینا ❷ رنج ظاہر کرنا ❸ دل کا بھید ظاہر کر دینا۔

**اگلے تو اندھا کھائے تو کوڑھی۔**(ہ) مثل ❶ جب کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے ہر دو صورتوں میں نقصان ہی نقصان ہو تو اس موقعہ پر یہ مثل بولی جاتی ہے ❷ یعنی سانپ چھچھوندر کو اگل دے تو اندھا کہلائے اور نگل جائے تو کوڑھی ہو جائے ❸ دونوں صورتیں ناممکن ❹ گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل۔

**اگلے کا گھاس نہ پچھلے کو پانی۔**(ا) مثل ❶ نظام کی خرابی پر بولتے ہیں ❷ نہایت ابتری ہے ❸ بڑی بد انتظامی ہے ❹ کوئی بندوبست نہیں۔

**اگم۔**(س) اسم مذکر ❶ غیب ❷ غیب کی بات خفیہ بات ❸ اندرونی بات اور باطنی بات۔

**اگم شاستر۔**(س) اسم مذکر وہ کتاب جس میں غیب کی باتوں کا حال درج ہو۔

**اگن۔**(ہ) اسم مونث ❶ آنچ ❷ آگ ❸ شعلہ ❹ حسد ❺ دشمنی* ❻ گرمی ❼ تپش ❽ آتشک کا مرض ❾ اگنی۔(مذکر۔) نہایت چھوٹا ٹمیالا سا خوش آواز پرندہ بھی ہے۔

**اگن باؤ۔**(ہ) اسم مذکر ❶ گرمی کی بیماری ❷ آتشک کا مرض ❸ بادسموم ❹ سخت لُو ❺ گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں ان کے بال گر جاتے ہیں اور کھال ادھڑ جاتی ہے۔

**اگن بوٹ۔**(ا) اسم مذکر ❶ آگ بوٹ ❷ دخانی جہاز ❸ سٹیمر ❹ آگ اور پانی سے چلنے والی کشتی۔

**اگنت۔**(ہ) عاقبت ❶ آخرت ❷ دنیا کے بعد کی حالت ❸ موت کے بعد کا زمانہ۔

**اگن چڑیا۔**(ہ) اسم مذکر ❶ آگ کا کیڑا ❷ اسے فارسی میں سمندر کہتے ہیں۔

**اگواڑ۔**(ہ) مذکر ❶ رہائشی مکان کے سامنے کا بڑا سا احاطہ جسے مویشیوں وغیرہ کے باندھنے کے کام میں لایا جاتا ہے ❷ صحن خانہ کے علاوہ آگے کا اور حصہ۔

**اگوانی۔**(ہ) مونث ❶ برات کا استقبال آگے آنا ❷ پیشوائی ❸ اوپر کا کام کرنے والا۔

**اگھاڑنا۔**(ہ) فعل ❶ ظاہر کرنا ❷ کھولنا ❸ پردہ فاش کرنا ❹ ننگا کرنا ❺ روشن حروف لکھنا ❻ واضح کرنا۔

**اگھانا۔**(ہ) فعل ❶ سیر ہونا ❷ رجنا ❸ چکھنا ❹ کتانا ❺ بیزار ہونا ❻ ابھرنا ❼ اینڈنا ❽ جیسے کھانا اور اگھانا۔

**اگھڑنا۔**(ہ) فعل ❶ معلوم ہونا ❷ کھلنا ❸ ننگا ہونا ❹ واضح ہونا ❹ پردہ فاش ہونا ❺ (لازم از اگھاڑنا۔)

**اگھوری۔**(مذکر) اسم صفت ❶ غلی ❷ اگھورپنتھ کا معتقد ❸ گندہ ❹ ناپاک ❺ بلانوش ❻ نجاست تک کھا جانے والا۔

**اگیا** (ہ) مونث ❶ حکم ❷ اجازت ❸ فرمان۔

**اگیاری۔**(ہ) پوجا کے وقت آگ جلانا اور مورتی کو خوشبو دینے کا کام ہون کرنا۔

**اگیا بتیال۔**(ہ) مذکر ❶ غول بیابانی ❷ چھلاوہ ❸ ایک آتشگیر مادہ ❹ فاسفورس وغیرہ سے مرکب ہوتا ہے ❺ اور عموماً مرگھٹ ❻ دلدل اور پرانے قبرستان میں چراغ کی طرح روشن ہو جاتا ہے ❼ جسے جاہل لوگ بھوت پریت کہا کرتے ہیں۔

## ا ← ل

**اَل۔**(ہ) اسم مونث ❶ آبائی لقب ❷ کنیت یا عرف مثلاً بنی ہاشم ❸ سوندھے کے وغیرہ کل کا نام ❹ خاندان کا نام ❺ جس نام سے کسی کی کل مشہور ہو۔

**الا۔**(ء) حرف استدراک ❶ پر ❷ مگر ❸ لیکن ❹ بجز ❺ بغیر ❻ سوائے۔

**الا اللہ۔**(ء) ❶ کلمہ طیبہ کا ایک حصہ ہے ❷ صوفیوں کا ذکر نفی ❸ معنی اللہ کے سوا۔

**اِلّا ماشاء اللہ** (ع) فعل ❶ مگر جو کچھ چاہا اللہ نے ❷ مجازاً شاذ و نادر ❸ کہیں کہیں۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**الابلا۔** (ا) اسم مونث ❶ خراب چیز ❷ نکمی ❸ اور واہیات چیز ❹ بری چیز ❺ دکھ ❻ مصیبت بھوت پریت۔

**الابلا بگردن ملا۔** (ا) مقولہ ❶ جزا سزا ملا کی گردن پر ❷ عذاب ثواب ملا کے سر۔

**الا بلالوں صحنک سر کا لوں** (ا۔مثل) ❶ چکنی چپڑی باتیں کر کے مطلب نکالنا ❷ بلائیں لینا۔

**اَلاپ۔** (ہ) مونث ❶ بول چال ❷ نغمہ ❸ سر ❹ گانے میں آواز کا اُتار چڑھاؤ ❺ تان سر۔

**الاپنا۔** (ہ) فعل ❶ اونچی آواز سے گانا ❷ تان اڑانا ❸ آواز لگانا ❹ گانا۔

**الاچا۔** (ع) مذکر ❶ دھاری دار کپڑا ❷ خواہ ریشمی ہو یا سوتی ❸ چوڑیا۔

**الاچی/ الائچی۔** (ہ) مونث ❶ ایک مشہور پھل کا نام ہے ❷ جس کے دانے خوشبودار ہوتے ہیں ❸ دو قسم کی ہوتی ہے ❹ ایک سبزی مائل سفید جسے چھوٹی الائچی کہتے ہیں ❺ دوسری سرخ سی ❻ اسے بڑی الائچی بولتے ہیں ❼ چھوٹی پان میں اور بڑی گرم مصالحہ میں برتی جاتی ہے۔

**الائچی دانہ۔** (ا) مذکر ایک مشہور مٹھائی جو الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھا کر بناتے ہیں۔

**اُلار۔** (ہ) اسم صفت ❶ الٹ جانے کے قابل گاڑی وغیرہ ❷ جب گاڑی کا پچھلا حصہ اگلے حصے سے زیادہ بھاری ہو کر اگلا حصہ اوراٹھ جائے تو کہا کرتے ہیں کہ گاڑی اُلار ہے ❸ اچکاؤ۔

**اَلاراسی۔** (ہ) اسم صفت ❶ بے پرواہ توجہی ❷ لاابالی۔

**اَلاراسی کارخانہ۔** (ا)۔ اسم مذکر ❶ بے پروائی مزاج ❷ لاابالی طبیعت۔

**الاراسی مزاج۔** (ا) اسم مذکر ❶ بے پروائی کا کام ❷ بے توجہی کا کارخانہ۔

**الارم۔** (ای۔ا) مذکر۔ گھنٹی یا جگانے والی گھڑی کی آواز۔

**الارم کلاک/ الارم ٹائم پیس** (ای) جگانے والی گھڑی۔

**الاسٹک** (ای۔ا) مذکر ❶ لچک دینے والی چیز ❷ ربڑ اور دھاگے کا بنا ہوا فیتہ۔

**الاغ** (ع۔) مذکر و مونث ❶ چھوٹی کشتی ❷ ڈاک گھوڑا ❸ خر بارکش۔

**الاقرب کالعقرب۔** (ع) ❶ قریبی آدمی بچھو کی مانند ہوتے ہیں ❷ جب عزیزوں اور یگانوں سے تکلیف پہنچتی ہے تب کہا کرتے ہیں۔

**الامان۔** (ع) اسم مونث ❶ امن مانگنا ❷ خدا کی پناہ چاہنا ❸ پناہ ❹ رحم ❺ فضل ❻ حفاظت ❼ کسی حادثہ کے نازل ہونے کے وقت پر بولتے ہیں۔

**الان۔** (ہ) اسم مونث۔ ہاتھی باندھنے کی زنجیر۔

**اَلآن۔** (ع) اب ❶ اس وقت ❷ یہ وقت ❸ موجودہ ساعت ❹ اس گھڑی۔

**اَلےالآن۔** (ع) ❶ اب تک ❷ اس وقت تک۔

**الان کما کان۔** (ع) ❶ اب تک ویسا ہی ہے ❷ جیسا تھا ❸ تا حال ویسا ہی ہے۔

**الانا۔** (ہ) فعل ❶ چیخنا چلانا ❷ شور کرنا ❸ اسپ بے زین۔

**الانتظار راشد من الموت۔** (ع) مقولہ ❶ انتظار موت سے زیادہ سخت ہے ❷ انتظار کی نہایت تکلیف کے وقت بولا جاتا ہے۔

**النگنا۔** (ہ) فعل ❶ پھلانگنا ❷ پھاندنا ❸ چابک سوار گھوڑے پر پہلی دفعہ چڑھنے کو کہا کرتے ہیں۔

**الاؤ۔** (ہ) اسم مذکر ❶ آگ کا ڈھیر ❷ گاؤں والوں کا تاپنے کے لئے بہت سی آگ جلانا۔

**الاؤنس۔** (ای۔ا) اسم مذکر ❶ زائد خرچ ❷ بھتہ۔

**الاہنا۔** (ہ) اسم مذکر ❶ گلہ ❷ شکوہ ❸ بدنا ❹ برائی ❺ دوش۔

**البتہ۔** (ع) حرف تحقیق ❶ بیشک ❷ ضرور ❸ ہاں ❹ بہت اچھا ❺ مگر ❻ لیکن۔

**البرٹ میڈل۔** (ای۔ا)۔ مذکر۔ شہزادہ البرٹ کی یادگار کا تمغہ۔

**البم۔** (ای۔ا) مذکر ❶ تصویروں کا مرقع ❷ تصاویر کی کتاب یا کاپی۔

**البیلا۔** (ہ) اسم صفت ❶ چھیلا ❷ بانکا ❸ جوان ❹ رعنا ❺ آزاد ب ❻ بے پروا ❼ الھڑ ❽ انوکھا ❾ عجیب۔ سیدھا سادہ۔

**البیلی نے پکائی کھیر۔ دودھ کی جگہ ڈالا نیر۔** (ہ) مثل ❶ بے وقوفی ❷ اور پھوہڑ پنے سے کام خراب کردینے اور کچھ کا کچھ کر دینے کے موقعہ پر بولتے ہیں پھوہڑ نے کی کھیر پکائی ❸ دودھ کی جگہ پانی ڈال دیا۔

Join us on whatsapp Naveed Bali 03149077218

البا کا یا الپکا۔(ای۔ا) مذکر ❶ افریقہ کے ایک جانور کا نام ہے۔ افریقہ کا ہرن ❷ ایک اونی کپڑا ❸ جس کے کوٹ وغیرہ بناتے اور گرمیوں میں پہنتے ہیں۔

الپن۔(پرتگال) مونگھنڈی دار رسوئی پن (انگریزی پن)

التباس۔(ع) مذکر ❶ شبہ پڑنا ❷ ہمشکل ہونا ❸ مشابہت باہمدگر۔

اِلتجا۔(ع) اسم مونث ❶ لغوی معنی پناہ لیجانا ❷ مجازاً ❸ تمنا ❹ آرزو ❺ منت ❻ ساجنت ❼ عرض معروض ❽ گزارش کرنا۔

اِلتزام۔(ع) اسم مذکر ❶ لازم پکڑنا ❷ ضروری جاننا۔

التفات۔(ع) اسم مذکر ❶ لغوی معنی الفت و توجہ کرنا ❷ رغبت ❸ میلان توجہ ❹ مہربانی دھیان ❺ خیال ❻ نظر عنایت۔

اِلتماس۔(ع) اسم مونث ❶ لغوی درخواست کرنا ❷ عرض ❸ گزارش ❹ التجا ❺ بنتی۔

اَلتمش۔(ف) مذکر ❶ ہراول ❷ خاندان غلاماں کے ایک بادشاہ کا لقب جس کا نام شمس الدین تھا۔

اَلتمغا۔(ت) اسم مذکر ❶ سرخ مُہر ❷ فرمان شاہی ❸ جاگیر کا پٹا ❹ معافی جاگیر کا حکم۔

اِلتوا۔(ع) اسم مذکر ❶ دیر کرنا ❷ ملتوی کر دینا ❸ اٹھا رکھنا ❹ ٹال دینا۔

اِلتیام۔(ع) ❶ زخم کا بھر آنا ❷ میل ملاپ ❸ آپس میں مل جانا۔

اُلٹ۔(ہ) اسم مذکر ❶ جواب ❷ توڑ ❸ برعکس ❹ ضد ❺ نقیض۔

اُلٹ پڑنا۔(ہ) فعل ❶ مخالف ہونا ❷ بگڑ جانا ❸ حملہ کرنا ❹ لوٹ کر خلاف ہونا ❺ پلٹا کھانا ❻ کروٹ بدلنا ❼ برہم ہونا ❽ ارادے سے پھر جانا۔

اُلٹ پلٹ۔(ہ) مونث ❶ گڈمڈ ❷ تہ و بالا ❸ زیروزبر ❹ درہم برہم۔

الٹ پھیر۔(ہ) مذکر ❶ ادل بدل ❷ تغیر وتبدل ❸ کرتب ❹ چالاکی ❺ برگشتگی ❻ انقلاب۔

اُلٹ جانا۔(ہ) فعل ❶ پلٹ جانا ❷ رخ بدل جانا ❸ چت ہو جانا ❹ اوندھا ہونا ❺ برخلاف ہونا ❻ مکر جانا ❼ خرچ زیادہ ہونے سے مفلس ہو جانا ❽ تباہ و برباد ہو جانا ❾ برگشتہ ہو جانا۔ گر جانا۔ بیہوش ہو نا نشہ پر کر۔

اُلٹ دینا۔(ہ) فعل ❶ رخ بدلنا ❷ اوندھا کر دینا ❸ چت کر دینا ❹ قے کر دینا ❺ منکر ہو جانا۔

اُلٹ کے کروٹ نہ لینا۔(ہ) ❶ بے خبر ہو جانا ❷ پھر آکر خبر نہ لینا۔ پرلے درجہ کی غفلت کرنا۔

اُلٹا۔(ہ) اسم صفت مذکر ❶ سیدھے کی ضد ❷ ٹیڑھا ❸ خلاف ❹ لوٹا ہوا ❺ اوندھا معکوس بیوقوف ❻ سر کے بل نقیض ❼ کج رائے۔

اُلٹا پلٹا۔(ہ) اسم صفت مذکر ❶ الٹا سیدھا ❷ زیروزبر اوپر نیچے ❸ تہ و بالا ❹ تلے اوپر ❺ بے ترتیب ❻ گڈمڈ ❼ درہم برہم۔

اُلٹا پھرنا۔(ہ) فعل ❶ واپس ہونا ❷ لوٹ آنا ❸ معاودت کرنا۔

اُلٹا پاسا پڑنا۔(ہ) محاورہ ❶ ہار جانا ❷ معاملہ کا اپنی مرضی کے خلاف ہونا۔

اُلٹا پاؤں۔(ہ) اسم مذکر ❶ بایاں پاؤں ❷ پائے چپ۔

الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔(ہ) اپنے کیے پر شرمندہ نہ ہوا اور دوسرے ڈانٹنا اور جھڑکنا شروع کر دے۔ بے غیرت اور گستاخ آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

اُلٹا دھڑا باندھنا۔(ہ) فعل ❶ جھوٹی گواہی دینے والے کے سر الزام دھرنا ❷ برعکس کرنا۔

اُلٹا زمانہ۔(ا) ❶ بُرا زمانہ ❷ کلجگ ❸ مخالف زمانہ۔

الٹا لیا جائے نہ سیدھا۔(ہ) محاورہ ❶ کسی طرح قائل نہ ہونے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں کسی طرح بھی نہیں مانتا ❷ نہ سیدھے راہ پر آتا ہے نہ الٹے پر۔

اُلٹا ہاتھ۔(ہ) اسم مذکر ❶ بایاں ہاتھ ❷ دست چپ یسار ❸ کھبا ہاتھ۔

اُلٹنا۔(ہ) فعل ❶ پلٹنا ❷ اوندھا کرنا ❸ زیروزبر کرنا ❹ اندر کا رخ باہر کرنا ❺ تہ و بالا کرنا ❻ گرا دینا ❼ خلاف کرنا ❽ شراب وغیرہ سے مدہوش کرنا ❾ قے کرنا۔

اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا۔(ہ) فعل ❶ آخری دم لینا ❷ مرتے وقت سانس کی تکلیف ہونا ❸ قریب المرگ ہونا ❹ اوپر کو سانس کھینچنا۔

اُلٹی آنکھیں دکھانا۔(ہ) فعل ❶ آپ ہی خطاوار ہونا اور آپ ہی خفا ہو کر دوسروں کو گھورنا ❷ فضول غصہ کرنا۔

اُلٹی پٹی پڑھانا۔(ہ) فعل ❶ بہکانا ❷ برائی پر آمادہ کر دینا ❸ پھیر

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03146077218

www.besturdubooks.net

دینا❹ ٹکرا دینا❺ ورغلانا❻ برخلاف کرنا۔

اُلٹی ٹانگیں گلے پڑنا۔(ہ) فعل❶ اپنی باتوں سے خود ہی مغلوب ہو جانا❷ اپنے داؤں سے خود ہی پچھڑ جانا۔

اُلٹی چھری سے حلال کرنا۔(ہ) فعل❶ نہایت ظلم کرنا❷ سخت بیرحمی کرنا❸ تڑپا تڑپا کر مارنا❹ بہت بری طرح ستانا۔

اُلٹی چین۔ نیچے کی ایک بندش کا نام جس میں دھاگوں کے بغیر صرف کپڑے سے دھاریاں بنتی جاتی ہیں۔

اُلٹی ریت۔(ہ) اسم مونث❶ خلاف دستور❷ بے قاعدہ رسم❸ الٹا رواج❹ ریت بہ معنی رسم❺ دستور❻ قاعدہ۔

اُلٹی سمجھ اُلٹی مت۔(ہ) اسم مونث❶ غلط فہمی❷ بے عقلی❸ خراب عقل۔

اُلٹی سمجھے نہ سیدھی۔(ہ) محاورہ❶ ضدی اور ہٹیلا ہے کسی طرح قائل نہیں ہوتا کسی طور سے بھی نہیں مانتا۔

اُلٹی سیدھی سنانا۔(ہ) فعل❶ برا بھلا کہنا❷ گالی گلوچ دینا❸ سخت کلامی کرنا۔

اُلٹی کرنا۔(ہ)❶ قے کرنا❷ ابکائی کرنا❸ اوکنا❹ (اُبکنا)۔

اُلٹی کھوپری اندھا گیان۔(ہ) مثل❶ بے وقوف اور احمق آدمی کی نسبت بولتے ہیں❷ اوندھی کھوپری اور اوندھی عقل ہوتی ہے یعنی سخت بے وقوف۔

اُلٹی کھوپری کا۔(ہ) محاورہ❶ الٹی سمجھ والا❷ کج فہم❸ بے وقوف❹ کوڑھ مغز۔

اُلٹی گنگا بہنا۔(ہ) فعل❶ خلاف دستور ہونا❷ فطرت کے خلاف ہونا۔

اُلٹی مالا پھیرنا۔(ہ) فعل کسی کی ہلاکت کے لئے وظیفہ پڑھنا۔

اُلٹی میٹم۔(ای۔ا) مذکر❶ اعلان جنگ❷ لڑائی کی اطلاع۔

اُلٹے۔(ہ) اسم صفت❶ برخلاف❷ برعکس۔

اُلٹے بانس بریلی۔ یا الٹے بانس پہاڑ چڑھے۔(ہ) مثل❶ خلاف معمول کام❷ برعکس بات❸ الٹی باتیں❹ بے فائدہ کام۔

اُلٹے پاؤں پھرنا۔(ہ) فعل❶ فوراً واپس آنا❷ جلد واپس آنا❸ ترت پلٹ آنا۔

اُلٹے ہاتھ کا داؤں۔(ہ) مذکر❶ نہایت آسان کام❷ سہل بات۔

اَلجبرا۔(ا۔ی) علم جبر و مقابلہ۔

الجوع (ع۔ا) مذکر❶ اشتہا❷ بھوک❸ بھوک کی شدت کا اظہار۔

اُلجھا۔(ہ) مذکر❶ صفت❷ لپٹا ہوا❸ درہم برہم گتھا ہوا❹ گلجھٹی والا❺ گرہ دار❻ سخت❼ مشکل❽ سلجھا کی ضد۔

اُلجھانا۔(ہ) فعل❶ رسی یا سوت کو درہم برہم کرنا❷ وقت میں پھنسانا❸ نوکری میں اڑا دینا❹ کسی بات کو جھگڑے میں ڈالنا❺ اٹکانا❻ عشق و محبت میں مبتلا کرنا❼ دامِ فریب میں لانا❽ فیصلہ نہ کرنا❾ کسی معاملہ میں دیر لگانا۔

اُلجھاؤ۔(ی) اسم مذکر❶ حاصل مصدر ہے❷ اُلجھانا❸ سے❹ دقت❺ مشکل❻ بکھیڑا جھگڑا❼ پھندا❽ گتھی❾ گلجھٹی۔

اُلجھن۔(ہ) اسم مونث❶ گھبراہٹ❷ بیچینی❸ بے قراری❹ کشمکش❺ تشویش۔

اُلجھنا۔(ہ) فعل❶ بال یا سوت یا رسی الٹ پلٹ ہو جانا❷ اٹکنا❸ پھنسنا❹ محبت میں مبتلا ہونا❺ مصروف و مشغول رہنا❻ رکنا❼ بکھیڑے میں پڑنا❽ جھگڑانا❾ بیجا بحث کرنا۔

اَلجھیڑا۔(ہ) اسم مذکر❶ جھگڑا❷ بکھیڑا❸ کشمکش❹ تکلیف❺ مصیبت۔

اُلجوع۔(ء) اسم مونث❶ بھوک ہے❷ گرسنگی ہے۔

اِلحاح۔(ء) مونث❶ زاری کرنا❷ خوشامد❸ منت سماجت کرنا❹ گڑگڑانا۔

اَلحاصِل۔(ء) تابع فعل❶ خلاصہ کلام❷ آخر❸ آخر کار❹ قصہ کو تاہ❺ الغرض۔

اَلحال۔(ء) تابع فعل❶ (اب) اسی وقت❷ ابھی❸ بالفعل❹ فوراً۔

الحاق۔(ء) اسم مذکر❶ ملنا❷ شامل ہونا❸ داخل ہونا❹ شریک ہونا۔

الحان۔(ء) اسم مذکر❶ لحن کی جمع❷ آواز❸ گیت❹ اچھی آواز❺ سُر۔

اَلحذر۔(ء) اسم مذکر❶ الامان❷ پناہ بخدا❸ خوف ڈر❹ پرہیز❺ بچاؤ۔

اَلحذر مانگنا۔(ا) فعل❶ پناہ مانگنا❷ پرہیز کرنا❸ بچنا❹ امن مانگنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

اَلحفیظ۔ (ع) اسم مذکر ❶ خدا بچائے ❷ خدا کی پناہ ❸ خوف کی جگہ پر بولتے ہیں۔
اَلحق۔ (ع) تابع فعل ❶ یہ حق ہے ❷ سچ ہے فی الحقیقت بے شک ❸ لاریب۔
اَلحمد۔ (ع) اسم مونث ❶ قرآن شریف کی پہلی سورۃ ❷ سورۃ فاتحہ۔
اَلحمد اللہ۔ (ع) ❶ شکریہ کا کلمہ ہے ❶ لغوی معنی سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں خدا کا شکر ہے ❷ اللہ کی عنایت ہے ❸ رب کی مہربانی ہے۔
اَلخ۔ (ع) الیٰ آخرہٖ کا مخفف ہے ❶ اس سے آخر تک ❷ طویل کلام کو نقل کرنے کی جگہ چند کلمات کا ذکر کر کے آگے نقطہ دار خط کو لکھ کر آگے الخ لکھ دیتے ہیں جس سے مطلب یہ ہے کہ آخر تک۔
اَلخالق یا اَلخلقا یا خلقا۔ (ت) اسم مونث ❶ کھلی آستینوں والی روئی دار قبا ❷ روئی دار انگرکھا ❸ خواہ باغات کا ہو یا چھینٹ کا۔
الخاموشی نیم رضا۔ (ف) ❶ چپ ہو جانا ❷ آدھی رضامندی ہے ❸ جب کسی سوال کے جواب میں مخاطب خاموش ہو جائے تو یہ فقرہ بولتے ہیں۔
اِلزام۔ (ع) اسم مذکر ❶ تہمت ❷ بہتان کسی کے سر جھوٹی بات تھوپنا۔
الزام دینا۔ (ا) فعل ❶ مجرم ٹھہرانا ❷ عیب لگانا ❸ قصوروار بنانا ❹ گنہگار ٹھہرانا ❺ اعتراض کرنا ❻ تہمت دھرنا۔
اَلزم۔ (ع)۔ اسم مذکر ❶ نہایت لازم ❷ بہت ضروری۔
السانا۔ (ع) فعل ❶ اونگھنا ❷ تھکنا ❸ سست ہونا ❹ ڈھیلا پڑ جانا۔
السلام علیکم۔ (ع) فقرہ دعائیہ ❶ تم پر سلامتی ہو ❷ مسلمانوں کے سلام کا طریق۔
اَلسنہ۔ (ع) اَلسان کی جمع۔ زبانیں بولیاں۔
اَلسی (ہ) مونث ❶ ایک درخت کا بیج ہے ❷ سرخ رنگ کا ہوتا ہے ❸ اس کا تیل نکالتے ہیں جو جلانے اور کھانے کے کام آتا ہے۔
اَلسی کا جھوڑا گدھا کھائے نہ گھوڑا۔ (ہ) مثل ❶ ادھیڑ یا سیانی عمر کی عورتیں ❷ کسر نفسی سے اپنے آپ کو کہا کرتی ہیں ❸ یعنی میں کسی شرب کی نہیں ❹ مجھ سے کسی کا کوئی کام سنور ہی نہیں سکتا۔
اَلسی والے بھلسے بیٹھے چور پڑاویں گھاتی۔ (ہ) مثل ❶ باری والے باہر رہ گئے اور چالاک چور کا کام نکال لے گئے ❷ کسی کام کی باری اگر کسی سے فوت ہو جائے اور دوسرا اس سے پہلے کام کر جائے تو اس موقعہ پر یہ مثل بولا کرتے ہیں۔
اَلسیٹ۔ (ہ) اسم مونث ❶ سستی ❷ غفلت دغا ❸ فریب ❹ نادہندی ❺ بدمعاملگی ❻ حساب کتاب میں صفائی کا نہ ہونا ❼ چھل بل۔
اَلسیٹیا۔ (ہ) اسم فاعل ❶ سست ❷ غافل دغا باز ❸ فریبی ❹ کسی کا روپیہ لے کر نہ دینے والا ❺ بدمعاملہ آدمی ❻ چھلیا ❼ نادہند۔
اُلش۔ (ف) مذکر ❶ جھوٹھا کھانا ❷ پس خوردہ ❸ کسی بڑے آدمی کا بچا ہوا کھانا۔
اُلش کرنا۔ (ا) فعل۔ کسی امیر کا کھانے کو ذرا سا کھا کر جھوٹا کر دینا۔
اَلطاف۔ (ع) اسم مذکر ❶ لطف کی جمع مہربانیاں ❷ نوازشیں ❸ عنایتیں۔
الطاف نامہ۔ (ع) اسم مذکر ❶ مہربانی کا خط ❷ سناتیوں کی چھٹی ❸ کرپا پتر۔
اَلعبد۔ (ع) اسم مذکر ❶ بندہ ❷ غلام اصطلاح میں دستخط ❸ نشانی کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
اَلعطش۔ (ع) اسم مونث۔ پیاس ہے سخت پیاس کے اظہار کے وقت بولتے ہیں۔
اَلعظمۃ للہ۔ (ع) کلمہ تعظیم۔ تمام بزرگی اللہ ہی کے لئے ہے۔
الغارون۔ (ت) ❶ اس میں دن جمع کا ہے اور الغار ترکی میں ڈبل کوچ کو کہتے ہیں یعنی ❷ ریل پیل ❸ مجازاً کثرت سے بہتات سے ❹ ات گت ❺ ازحد۔
اَلغرض۔ (ع) تابع فعل ❶ آخر کار ❷ غرض ہے قصہ مختصراً ❸ انجام کار ❹ بالآخر۔
اَلغوزہ۔ (ع) ❶ ایک قسم کی بانسری جس کو عموماً چرواہے بجاتے ہیں اور یہ دوہوا کرتے ہیں ❷ جوڑی کا اکٹھا منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں۔
اَلغیاث۔ (ع) اسم مونث ❶ فریاد ❷ دہائی ❸ فریاد ہے ❹ پناہ ❺ پکار۔
اَلف۔ (ع) اسم مذکر۔ حروف تہجی کا پہلا حرف صوفی لوگ اللہ سے مراد لیتے ہیں۔
اَلف۔ (ع)۔ اسم عدد مذکر ❶ ہزار ❷ دس سینکڑے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اِلف۔(ع) اسم مذکر ① باہم محبت کرنا ② آپس میں دوستی کرنا ③ دوستی محبت پیار۔

الفاظ۔(ع) اسم مذکر ① لفظ کی جمع ② منہ سے نکلے ہوئے کلمے ③ باتیں ④ کلام۔

الف اللہ۔(ع) اسم مذکر ① اللہ کے الف کی طرح بے لاگ بے تعلق ② تنہا ③ اکیلا ④ فقیر ⑤ مجرد ⑥ قلاش ⑦ مفلس ⑧ خالی ⑨ کنگال۔

الف بے۔ یا الف بے تے۔(ا) مونث ① حروف تہجی ② اب ت وغیرہ ہی تک جو بچوں کو اول اول سکھاتے ہیں۔

اُلفت۔(ع) اسم مونث ① دوستی ② محبت پیار ③ اُنس۔

اَلفتہ۔(ع) مذکر ① پریشان ② آوارہ ③ لچا ④ شہدا ⑤ غیر ⑥ بدچلن ⑦ بدمعاش ⑧ فسادی ⑨ فتنہ انگیز

الفربہ خواہ مخواہ مرد معقول۔(ا) مقولہ۔ موٹا آدمی خواہ مخواہ معقول اور معزز معلوم ہوتا ہے۔

الف سے بے نہ کہنا۔(ا) محاورہ ① کسی کو برا نہ کہنا ② کسی کی بدگوئی نہ کرنا ③ برالفظ ایک بھی زبان سے نہ نکالنا۔

الف کھینچنا۔(ا) ① فقیر ہونا ② ٹیکا لگانا ③ بینوا فقیروں میں شامل ہونا۔

الف کے نام بے نہیں جانتے۔(ا) مثل ① ان پڑھ اور بے تمیز ہیں ② لکھنا ③ پڑھنا نہیں جانتے۔

الف لیلہ۔(ع) اسم مونث۔ ایک کتاب کا نام جس میں ایک وزیرزادی نے بادشاہ کو ایک ہزار رات تک قصے کہانیاں سنائیں۔

الف مقصورہ۔(ع) مذکر۔ وہ الف جس پر مد نہ ہو اور تلفظ میں کھینچ کر نہ پڑھا جائے جیسے قضا رضا میں۔

الف ممدودہ۔(ع) مذکر۔ وہ الف جس پر مد ہو اور کھینچ کر پڑھا جائے جیسے آتش۔ آل میں۔

الف ہونا۔(ع) ① سیخ پا ہونا ② گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر سیدھا کھڑا ہوجانا ③ مادرزاد ننگا ہونا ④ بالکل برہنہ ہونا۔

اَلفی۔(ا) اسم مونث ① کفنی بے آستین کا کرتہ ② مردوں اور فقیروں کا لباس۔

اِلقا۔(ع) ① ڈالنا ② خدا کی طرف سے دل میں سی بات کا آجانا ③ غیب سے کسی بات کا دل میں آنا۔

اَلقاب۔(ع) اسم مذکر ① لقب کی جمع ہے عزت کا نام ② خط کا سرنامہ ③ وہ الفاظ جو خطاب کے لئے مکتوب الیہ کو خط کے عنوان میں لکھے جاتے ہیں ④ برائے عزت۔

اَلقصہ۔(اسم مذکر) ① قصہ کوتاہ ② الغرض خلاصہ ③ یہ کہ ④ الحاصل ⑤ المختصر۔

القط کرنا۔(ا) ① فعل کاٹ دینا ② ترک کرنا چھوڑ دینا ③ قطع تعلق کرنا ④ الگ کردینا ⑤ دوستی چھوڑنا۔

اَلکسانا۔(ہ) فعل ① سستی اور غفلت کرنا ② اُونگھنا ③ نیند کا خمار ہونا۔

اَلکسی۔(ہ)۔ اسم مونث ① سستی غفلت کاہلی ② اونگھ۔

الکسیا یا الکسی۔(ہ) (پورب) ① سست ② کاہل ③ احدی ④ سُست الوجود۔

اَلکسی سوار ہونا۔(ا) فعل ① کام کرنے جی نہ چاہنا ② بدن بھاری بھاری ہونا ③ سستی ہونا۔

اَلکھ۔(ہ) اسم مذکر ① اسم مذکر ① غائب ہے ② جو دیکھنے میں نہ آئے ③ مجازاً خدا ④ ہندو فقیروں کے سلام کا خاص طریقہ۔

اَلکھ پرش۔(ہ) اسم مذکر۔ وہ آدمی یا ذات جو نظر نہ آئے۔

اَلکھ پُرش کی مایا کہیں دھوپ کہیں سایہ (ہ) مثل ① خدا کی قدرت کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ② کہیں خوشی کہیں غم ③ کہیں دھوپ کہیں چھاؤں ④ کوئی سکھی کوئی دکھی ⑤ کہیں امیری کہیں غریبی۔

اَلکھ جاگے (ہ) ① حرف ندا ② یعنی خدا موجود ہے ③ جوگی لوگ یہ صدا کرتے مانگا کرتے ہیں

اَلکھ جگانا۔(ہ) فعل ① خدا کا نام لینا ② مناجات کرنا ③ گداگری کرنا ④ جوگی بن کر در بدر بھیک مانگنا ⑤ خدا کا نام لے کر مانگنا۔

اَلکھ دھاری۔(ہ) اسم مذکر ① ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو خدا کے سوا اور کسی کو نہیں مانتا ② موحد ③ ایک ہندو شاعر کا تخلص جس نے دیدوں کا اردو ترجمہ کیا ہے۔

الگ الگ۔(ہ) تابع فعل ① جدا جدا ② پرے پرے ③ دور دور ④ (نفرت کے وقت بولتے ہیں)۔

الگ پڑنا۔(ہ) فعل ① جدا سونا ② الگ ہو کر دوسرے جگہ یا دوسری چارپائی پر سونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**الگ تھلگ**۔(ہ) تابع فعل (1) علیحدہ (2) جدا بے تعلق بے لاگ (3) بچا ہوا (4) اچھوتا۔

**الگ کرنا** (ہ) فعل (1) جدا کرنا (2) دور کرنا (3) ہٹانا (4) قطع تعلق کرنا (5) موقوف کرنا (6) تقسیم کرنا (7) بیچ ڈالنا (8) ختم کرنا (9) جیسے کھاپی کر الگ کرو۔

**الگنی** (ہ) مونث۔ کپڑے ٹانگنے یا پردہ لٹکانے کی رسی یا ڈوری وغیرہ۔

**الگنی پر ڈالنا** (ہ) فعل (1) دھوبیوں کی زبان سکھانا (2) ہوا دینا۔

**الگنی پر ڈالنے کے لائق ہو گئے**۔(ا) مثل (1) بہت لاغر ہو گئے (2) بڈھے ضعیف ہو گئے (3) کمزور ہو گئے۔

**الگ ہی الگ**۔(ہ) تابع فعل (1) اکیلے ہی اکیلے (2) دور ہی دور (3) علیحدہ ہی علیحدہ (4) اوپر ہی اوپر۔

**الل بچھیرا**۔(ہ) اسم مذکر (1) اصل میں ایلل بچھیرا ہے (2) گھوڑے کا وہ بچہ جس پر سواری نہ ہوئی ہو (3) ناکند بچھیرا (4) جوان بچہ ناتجربہ کار بے پروا (5) بے خبر (6) نو عمر۔

**اَلل ٹپو**۔(ہ) صفت (1) خیالی (2) اٹکل پچو بے ٹھکانے (3) بے نشانہ (4) بادہوائی۔

**اللے تللے**۔(ہ) اسم مذکر (1) فضول خرچی (2) اسراف (3) عیش عشرت (4) موجیں (5) لہریں۔

**اَلم**۔(ع) مذکر (1) رنج (2) دکھ (3) فکر (4) غم (5) اندیشہ تردد۔

**الماری** (پرتگال) مونث (1) اونچا دراز دار صندوق جو کتابیں وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے (2) دیوار میں خانہ دار طاق۔

**الماس**۔(ع) مذکر (1) ہیرا (2) ایک نہایت قیمتی پتھر (3) سفید اور نہایت چمکدار رنگ کا۔

**المختصر**۔(ع) اسم مذکر (1) مختصر یہ ہے (2) قصہ کوتاہ (3) الحاصل (4) اتمام کار (5) بالآخر۔

**المدد**۔(ع) (1) پناہ دے (2) سہارا دے۔

**المست**۔(ا) مذکر (1) دیوانہ (2) پاگل (3) بیہوش (4) بے فکرا (5) بے پروا (6) سرشار۔

**المضاعف**۔(ع) مذکر (1) دوگنا (2) دوچند (3) دونا (4) چوگنا (5) وغیرہ۔

**المعنی فی بطن الشاعر**۔(ع) فقرہ (1) اسکے معنی شاعر کے پیٹ میں (2) یعنی اس شعر کا مطلب شاعر خود جانتا ہے (3) کسی بے معنی شعر کے لئے بولتے ہیں۔

**الم غلم**۔(ا) اسم مذکر (1) لغوی اور مہمل باتیں بیہودہ اور نکما اسباب (2) بے ٹھکانے چیز (3) بے تکی باتیں غائب غائب۔

**المکتوب نصف الملاقات** (ع) مثل (1) خط آدھی ملاقات کے برابر ہے کیونکہ باتیں تو ہو جاتی ہیں مگر دیدار نہیں ہوتا (2) یہ فقرہ خط نہ بھیجنے کی تاکید کے لئے بولا جاتا ہے۔

**الم نشرح کرنا**۔(ا) فعل (1) مشہور کرنا (2) ظاہر کرنا (3) شہرت دینا (4) بدنام کرنا۔

**اَلندنا**۔(ہ) فعل (1) انڈیلنا (2) ڈالنا (3) کسی مائع چیز کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں الٹانا۔

**النگ**۔(ہ) اسم مونث (1) جانب پہلو (2) طرف (3) سمت۔

**الو**۔(ہ) اسم مذکر (1) ایک منحوس جانور کا نام ہے (2) بے وقوف اور احمق آدمی۔

**اولوالعزم**۔(ع) مذکر۔ صفت (1) صاحب ارادہ باحوصلہ (2) بہادر (3) من چلا (4) پکے ارادے والا مستقل مزاج۔

**اولوالعزمی**۔(ع) اسم مونث (1) جرأت (2) ہمت استقلال (3) حوصلہ (4) بہادری۔

**الوان**۔(ع) مذکر (1) لون کی جمع (2) رنگا رنگ رنگ برنگ (3) بہت سے رنگ پشمینہ اونی چادر (4) نوجوان بکری یا بھیڑ کا کچا گوشت۔

**الو بولنا**۔(ا) فعل (1) اجڑنا (2) ویران ہونا (3) برباد ہونا (4) تباہ ہو جانا۔

**الو بنانا**۔(ا) فعل (1) احمق بنانا (2) بے وقوف بنانا (3) آسامی بنانا۔

**الوپ**۔(ہ) صفت (1) پوشیدہ (2) غائب (3) مخفی زمین میں دھنس جانا (4) ناپدید۔

**الوپ انجن** (ہ) اسم مذکر۔ وہ سرمہ جس سے آپ تو سب کچھ دیکھے مگر کوئی دوسرا اسے نہ دیکھ سکے۔

**الو پھنسنا** (ہ) فعل (1) کسی کو دھوکا کھا جانا دام فریب میں آجانا (2) قابو میں آنا۔

**الوداع**۔(ع) اسم مذکر (1) رخصت (2) وداع بدا۔

**الوک**۔ مذکر (1) نظر (2) بینائی (3) سوجھ۔

**الو کا پٹھا** (ا) (1) بڑا بے وقوف (2) سخت احمق (3) الو کا بچہ۔

**الو کا گوشت کھلانا** (ا) فعل (1) بے وقوف بنانا (2) احمق بنانا (3) ایک پرانا خیال ہے کہ اگر کسی کو قابو میں لانا ہوتا اسے الو کا گوشت کھلا دیں (4) مسخر ہو جائیگا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249072183

**الو کی دم فاختہ** (ا) محاورہ ❶ نہایت احمق ❷ پرلے درجہ کا بیوقوف ❸ نہایت احمق۔

**الول کلول** (ہ) ❶ کھیل کود بدمستی ❷ چھیڑ چھاڑ ❸ ہنسی مذاق۔

**الوہونا** (ہ) فعل ❶ نشے میں مست ہونا ❷ بے وقوف بن جانا۔

**الونا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ بے نمک ❷ پھیکا ❸ بدمزہ ❹ پہلا الف نافیہ ہے ❺ اور دوسرا افاعلیت کا یعنی بے لون یعنی نمک والا۔

**الوہیت** (ع) اسم مونث ❶ ربانیت ❷ الوہیت ❸ خدائیت۔

**الہ** (ع) اسم مذکر ❶ معبود پوجا کے قابل ❷ عبادت کے لائق ❸ خدا ❹ اللہ۔

**اللہ** (ع) اسم مذکر ❶ خدا کا ذاتی نام ❷ پرمیشر (خدا کی حالت میں) اے خدا ❸ اے پرمیشر یا الٰہی تعجب ❹ حسرت افسوس ❺ انبساط کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں۔

**اللہ اکبر** (ع) اسم مذکر ❶ اللہ بہت بڑا ہے (اذان) تکبیر ❷ تکبیر رکوع و سجود عیدین اور ذبح کے وقت بولتے ہیں۔) تعجب اور حیرت شکوے شکایت کے موقع پر بھی استعمال ہوتی ہے ❸ کمال عظمت اور فخر اور جنگ کے مقام پر بولا کرتے ہیں۔

**اللہ اللہ** (ع) مذکر ❶ کلمہ تحسین ❷ واہ واہ شکایت کے لئے ❸ فقیر لوگ سلام کی جگہ بولتے ہیں۔

**اللہ اللہ خیر صلاح / اللہ اللہ خیر سلا** (ا) ❶ خاتمہ کلام کے وقت بولتے ہیں ❷ یعنی بس آگے اللہ کا نام ہے بس ختم ہو گیا ❸ فراغت ہو گئی ❹ چلو چھٹی ہوئی۔

**اللہ آمین** (ع) فقرہ دعائیہ۔ خدا یونہی کرے یا اللہ ایسا ہی ہو۔

**اللہ آمین سے پالنا** (ا) فعل ❶ نہایت ناز ونعمت سے پالنا ❷ بڑی منتیں مان کر پرورش کرنا ❸ پیر فقیر منا کر پالنا۔

**اللہ آمین کا بچہ** (ہ) اسم مذکر۔ نہایت لاڈلا بچہ۔

**اللہ بخشے** (ا) دعائیہ فقرہ ❶ کسی مرحوم کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ فقرہ بولتے ہیں ❷ یعنی خدا اس پر رحمت کرے ❸ اللہ اسے بخشے۔

**اللہ بس باقی ہوس** (ا) محاورہ ❶ خدا ہی کافی ہے اس کے سوا باقی سب دنیاوی خواہشات اور لالچ ہیں ❷ اللہ کے سوا کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔

**اللہ بیلی۔** (ا) کلمہ دعائیہ ❶ کیس کے رخصت ہونے کے وقت کہا کرتے ہیں ❷ خدا نگہبان ❸ اللہ حافظ ❹ اللہ نگہبان۔

**اللہ توکلی۔** (ا) تابع فعل ❶ خدا کے بھروسے پر ❷ توکل بخدا ❸ اتفاق سے اتفاقیہ۔

**اللہ حافظ۔** (ا) کلمہ دعائیہ۔ رخصت کے وقت کے کلمے ہیں۔

**اللہ اللہ کرنا۔** (ع) فعل ❶ خدا کو یاد کرنا ❷ تسبیح کرنا ❸ مالا جپنا ❹ صبر اور توکل کرنا۔

**اللہ اللہ کر کے۔** (ا) تابع فعل۔ خدا خدا کر کے بڑی مشکل سے۔

**اللہ اللہ کرو۔** (ا) محاورہ ❶ خدا کا نام لو جھوٹ نہ بولو ❷ خدا خدا کرو۔

**اللہ پر نظر رکھو۔** (ا) ❶ خدا پر بھروسہ رکھو ❷ ناامیدی کیوں کرتے ہو ❸ وہ کارساز ہے ❹ ڈرو مت ❺ خدا ہی مالک ہے۔

**اللہ جانتا ہے۔** (ا) کلمہ قسم ہے ❶ بہ معنی خدا کی قسم ❷ خدا سب کچھ جانتا ہے۔

**اللہ دے اور بندہ لے۔** (ا) محاورہ۔ انتہائے غم و رنج اور مصیبت کے وقت کا جب کسی کا ذکر سناتے ہیں تو ایک ادھ گن کر پھر اختصار کے طور پر کہا کرتے ہیں یعنی جتنی مصیبتیں آئیں وہ سب سہیں۔

**اللہ رے۔** (ا) ندا کا کلمہ تعجب ❶ اوہو ❷ واہ رے ❸ اوہو ❹ بل بے۔

**اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی۔** (ا) محاورہ ❶ بل بے تیری بیحیائی تیری شوخی ❷ تیری بے وفائی۔ اللہ اللہ۔

**اللہ رے میں۔** (ا) کلمہ تفاخر ❸ خودستائی کے موقع پر کہا کرتے ہیں۔

**اللہ غنی۔** (ا) کلمہ تعجب۔ حیرت اور تعجب کے مقام پر کہا کرتے ہیں۔

**اللہ غنی تو کا ہے کی کمی۔** (ا) مقولہ۔ جب اللہ بے پرواہ ہے اور سب کچھ دے سکتا ہے تو پھر کمی کس چیز کی ہے۔

**اللہ کا کلام۔** (ا) اسم مذکر۔ قرآن شریف۔

**اللہ کا گھر۔** (ا) اسم مذکر ❶ خانہ کعبہ ❷ مسجد ❸ دل۔

**اللہ کا نام لو۔** (ا) محاورہ ❶ خدا خدا کرو ❷ توبہ توبہ کرو ❸ اتنا جھوٹ نہ بولو۔

**اللہ کا نام ہے۔** (ا) فقرہ ❶ کچھ نہیں محتاج ہیں ❷ کنگال ہیں ❸ اللہ کے سوا کچھ نہیں

**اللہ کا نور۔** (ا) اسم مذکر ❶ خدا کی تجلی ❷ مجازاً ڈاڑھی ❸ پاک اور نیک آدمی ❹ نہایت خوبصورت آدمی طنزاً بدشکل ❺ شریر ❻ شیطان سیرت۔

**اللہ کرے۔** (ا) کلمہ دعائیہ ہے ❶ ایسا ہی ہو ❷ خدا ایسا ہی کرے۔

**اللہ کی امان پیروں کا سایہ / اللہ کی امان پر پیغمبر کا سایہ** (ا) محاورہ۔ میں تجھے خدا کی حفاظت میں اور بزرگوں کی مدد میں چھوڑتی ہوں۔

**اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے** ۔ (ا) ① خدا کی عالم الغیب ہے ② انسان کی سمجھ اس کی باتوں تک نہیں پہنچ سکتی ③ اس کی باتیں وہی جانتا ہے۔

**اللہ کی پناہ** (ا) کلمہ دعائیہ ① خدا بچائے ایسے ظالم سے خدا محفوظ رکھے ② ایسے بد سے خدا دور رکھے۔

**اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری** (ا) مقولہ ① سخت بے حیائی اور گستاخی سے گناہ کرتے وقت کہا کرتے ہیں ② نہایت بے غیرتی اور بے شرمی۔

**اللہ کی شان** ۔ (ا) ادنےٰ سے اعلےٰ ہو جانے یا اعلےٰ سے ادنےٰ یا بھلے چنگے آدمی کے مر جانے وغیرہ وغیرہ موقعوں پر بولتے ہیں۔

**اللہ کے گھر سے پھرنا** ۔ (ا) فعل ① نہایت تکلیف کے بعد بچ جانا ② مر مر کے زندہ رہنا ③ نئے سرے سے جنم لینا ④ کعبے یا مسجد سے واپس آنا ⑤ برگشتہ ہونا ⑥ منحرف ہونا۔

**اللہ لگتی** ۔ (ہ) اسم مونث ① حق بات ② سچ بات ③ طنزاً انصاف کی بات۔

**اللہ لوگ یا اللہ والے لوگ** ۔ (ا) مذکر ① عابد آدمی ② نیک لوگ ③ سیدھے سادے آدمی ④ سائیں لوگ ⑤ متوکل بے آواز۔

**اللہ مارا** ۔ (ا) مذکر۔ کلمہ نفرت ① نگوڑا ② خدائی خوار ③ مفلس ④ کنگال ⑤ کاہل ست ⑥ مصیبت زدہ۔

**اللہ میاں** ۔ (ا) اسم مذکر ① خدا تعالیٰ ② خدائے برتر۔

**اللہ میاں کی بھینس** ۔ (ا) ① ایک سیاہ رنگ کا کیڑا ہے ② موٹے بھدے آدمی کو بھی مجازاً کہہ دیتے ہیں۔

**اللہ میاں کی گائے** ۔ (ا) مونث ① نہایت بھولے بھالے اور سیدھے سادے آدمی کو کہہ دیا کرتے ہیں ② نیک آدمی بے آزار آدمی۔

**اللہ نہ دکھائے** ۔ (ا) دعائیہ دکھ۔ درد مصیبت مصیبت کے وقت بولا کرتے ہیں۔

**اللہ ہی اللہ ہے** ۔ (ا) محاورہ ① خدا ہی خدا ہے ② خدا کی ذات کے سوا باقی سب ہیچ ہے کسی حسین کی تعریف کے وقت بھی بولتے ہیں ③ فقیروں کے سوال کے جواب میں بھی مستعمل ہے ④ تعجب کے موقعہ پر بھی بولا جاتا ہے ⑤ سبحان اللہ ⑥ کیا کہتے ہیں۔

**الہام** ۔ (ع) اسم مذکر۔ وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے۔ القا۔

**الھڑ** ۔ (ا) ① نادان بے تمیز ② الیل بے پرواہ ③ چھوٹی عمر کا۔

**الہنا** ۔ (ہ) اسم مذکر ① گلہ ② شکوہ ③ شکایت ④ طعنہ ⑤ مہنا۔

**الٰہی** ۔ (ع) اسم مذکر ① لغوی معنٰی میرا معبود مجازاً خدا ② ندا کی حالت۔

**الہیا** ۔ (ہ) مونث۔ ایک راگنی کا نام ہے۔

**الٰہیات** ۔ (ع) مونث۔ علم الٰہی کے مسائل اور بخششیں۔

**الٰہی خرچ** ۔ (ا) اسم مذکر۔ خیرات۔ شاہی خرچ بہت خرچ بے حساب خرچ۔

**الٰہی رات** ۔ (ا) مونث ① رات جگا ② تمام رات جاگنا ③ رات بھر عبادت کرنا۔

**الٰہی مہر** ۔ (ا) مونث۔ ایسا کام جس کا کرنا ایسا ضروری ہو کہ گویا اس پر خدائی مہر لگی ہوئی ہے۔

**الیاس** ۔ (ع) مذکر۔ ایک پیغمبر کا نام جو خشکی میں بھولے بھٹکے مسافر کو رستہ بتاتے ہیں

**الیچنا** ۔ (ع) فعل ① پانی سونتنا ② کسی جگہ سے پانی باہر پھینکنا۔

**الیل** ۔ (ع) اسم مذکر ① ناتجربہ کار ② الھڑ ③ ناکند پچھیرا ④ بے پروا ⑤ نوجوان ⑥ دنیا کے کاروبار سے بے خبر۔

**الیکٹڈ ممبر** ۔ (ای) مذکر ① منتخب ممبر ② انتخاب شدہ ممبر ③ مشخص ممبر ④ چنا ہوا ممبر ⑤ چھانٹا ہوا۔

**الیکٹرک** ۔ (ای) مونث ① بجلی کا ② برق کا۔

**الیکشن** ۔ (ای) مذکر ① انتخاب ② چھانٹ ③ چناؤ۔

## ا ← م

**اُمّ** ۔ (ع) مونث ① ماں ② والدہ ③ ماتا ④ مادر۔

**اما** ۔ (ع) حرف استدراک ① لیکن ② پر ③ مگر ④ الا۔

**اما یا اماں** ۔ (ہ) اسم مونث ① ماتا ② ماں ③ والدہ ④ بڑی بوڑھی عورت کو تعظیماً کہا کرتے ہیں۔

**اماباوا** ۔ (ا) اسم مذکر۔ ماں باپ۔

**اما بعد** ۔ (ع) بعد ازیں ① اس کے بعد ② اصل میں اما بعد ③ حمد و نعت کا مخفف ہے۔

**امارت** ۔ (ع) مونث ① حکومت ② سرداری ③ امیری ④ دولتمندی۔

**امارہ** ۔ (ع) اسم مذکر ① بہت حکم دینے والا ② فرمانفرما ③ سرکش ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

ظالم۔

**اماس۔** (ف) مونث ① سوجن ② ورم ③ اماسیدن کا حاصل مصدر۔

**ام الامراض** (ع) مونث ① بیماریوں کی ماں ② مجازاً کھانسی ③ نزلہ ④ زکام۔

**ام الصبیاں۔** (ع) مونث ① بچوں کی ماں مجازاً مرگی ② صرع ③ جو ایک بیماری بچوں کی۔

**ام الکتاب۔** (ع) مونث ① کتاب ② کی ماں ③ مراد سورۃ فاتحہ۔

**امام۔** (ع) مذکر ① پیشوا ② استاد ③ مجتہد ④ ہادی ⑤ رہبر ⑥ کسی فن کا کام تسبیح کے دونوں دھاگوں میں دیا ہوا بڑا دانہ۔

**امام باڑہ۔** (ا) مذکر ① وہ جگہ جہاں شعیہ لوگ تعزیہ رکھتے ہیں اور مجلس عزا منعقد کرتے ہیں ② مجازاً خانقاہ ③ مجلس خانہ ④ تعزیہ گاہ۔

**امامت۔** (ع) مونث ① راہنمائی ② رہبری ③ نماز پڑھانا ④ جماعت کرانا۔

**امام شافعی۔** (ع) اسم مذکر ① اصلی نام محمد بن ادریس ② اپنے جداعلے شافع بن سائب کی نسبت سے شافعی مشہور ہوئے اہل سنت و الجماعت کے نزدیک آپ تیسرے درجے کے فقیہہ اور مجتہد ہیں ③ آپ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔

**امام ضامن** (ع) اسم مذکر۔ حضرت سیدنا علی رضا بن موسے کاظم کا لقب ہے۔

**امام ضامن کا روپیہ** (ا) اسم مذکر۔ حضرت علی رضا کی نیاز کا روپیہ، جس کو لوگ سفر پر جاتے وقت اپنے بازو پر باندھ لیا کرتے ہیں، تاکہ سفر میں بخیریت رہیں منزل مقصود پر پہنچ کر وہ سیدوں کو تقسیم کیا جاتا ہے، یہ رسم امام ضامن کے زمانے سے جاری ہوئی۔

**امام غزالی۔** (ع۔ف) اسم مذکر۔ آپ کا اصلی نام محمد، مقام غزالہ علاقہ خراساں میں ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور مدرسہ نظامیہ نیشا پور میں تعلیم پائی۔ پھر بغداد آئے آخر عمر میں اپنے وطن گئے۔ اور وہیں مدرسہ جاری کیا۔ ۵۰۵ھ میں وفات پائی۔ آپ بڑے فقیہہ، محقق، صوفی اور عالم فاضل حکیم تھے۔

**امام مالک۔** (ع) اسم مذکر۔ آپ چاروں اماموں میں سے دوسرے امام ہیں ۹۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۹ھ میں وفات پائی۔ آپ نے اپنی عمر کا تقریباً تمام زمانہ مسجد نبوی میں درس دیتے ہی گذارا۔

**امامیہ۔** (ع) اسم مذکر۔ شیعہ لوگ۔ وہ فرقہ جو بارہ اماموں کے سوا اور کسی کو قابل امامت نہیں جانتے۔

**امان۔** (ع) مونث ① بچاؤ ② پناہ ③ امن ④ حفاظت ⑤ آرام تسکین۔

**امانا۔** (ہ) فعل ① سمانا ② بھر جانا ③ اٹ جانا ④ آجانا۔

**امانت۔** (ع) اسم مونث ① سپرد کی ہوئی چیز کسی چیز کو حفاظت کے لئے دوسرے کے پاس رکھ دینا ② (صفت) جوں کی توں۔ اردو کے مشہور شاعر آغا حسن ولد میر آغا لکھنوی کا تخلص بھی ہے جو ۱۲۳۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۷۵ھ میں وفات پائی ③ اندر سبھا اور دیوان امانت آپ کی تصنیف ہیں۔

**امانتدار۔** (ف) مذکر ① امین ② معتبر ③ ایماندار؛ خیانت نہ کرنے والا ④ تحویلدار۔

**امانی۔** (ع) مونث۔ وہ کام جو اپنے طور پر بنوایا جائے ٹھیکے اور اجارے کی ضد۔

**امانی آبادی اجارا اجاڑا۔** (ا) بے ٹھیکے کا کام عمدہ اور ٹھیکے میں کام خراب ہوتا ہے امانی کام اجارے سے بہتر اور نفیس ہوتا ہے۔

**اماوس۔** (ع) مونث قمری مہینے کا آخری دن۔

**امبر۔** (ہ) اسم مذکر۔ ① لغوی معنی چادر ② مجازاً آسمان کاس ③ بادل۔

**امبیا۔** (ہ) مونث ① کیری ② کچا آم ③ آم کا چھوٹا کچا پھل۔

**امپائر۔** (ای) مونث ① سلطنت ② بادشاہت ③ راج۔

**امپرر۔** (ای) مذکر ① شہنشاہ ② قیصر، مہاراجہ ③ دھیراج۔

**امپرر آف انڈیا۔** (ای) مذکر ① قیصر ہند ② ہند کا شہنشاہ۔

**امپرس۔** (ای) ① ملکہ ② قیصرہ۔

**امپورٹس۔** (ای) مونث ① مال درآمد ② وہ تجارتی مال جو بناہر سے کسی ملک میں آئے۔

**امپیریل۔** (ای) مذکر ① بادشاہی ② شہنشاہی ③ راجسی۔

**اُمت۔** (ع) مونث ① گروہ ② پیرو ③ کسی پیغمبر کا فرقہ ④ تابع۔

**امتحان۔** (ع) مذکر ① آزمانا ② ازمائش ③ جانچ پڑتال۔

**امتحان پاس کرنا۔** (ا) فعل ① امتحان میں کامیاب ہونا ② ازمائش میں پورا اترنا۔

**امتحان دینا۔** (ا) ① آزمائش میں آنا ② آزمایا جانا۔

**امتحان لینا / امتحان کرنا۔** (ا) ① آزمائش کرنا ② آزمانا ③ تجربہ کرنا۔

**امتداد۔** (ع) اسم مذکر ① طوالت ② درازی ③ لمبائی ④ طول۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

امتزاج۔(ع) اسم مذکر ① مرکب کرنا ② ملانا ③ آمیزش کرنا ④ ملا دینا ⑤ ملاوٹ۔

امتزاج کیمیائی۔(ف) مذکر ① کیمیائی ملاوٹ علم طبعی کی رو سے دو یا دو سے زیادہ مختلف خاصیتوں والی چیزوں کو ملا کر ایک ایسی چیز پیدا کرنا جو خاصیت میں ان سب اجزا سے مختلف ہو ② اس ملاوٹ کو امتزاج کیمیائی کہتے ہیں۔

امتلا۔(ع) مذکر ① پیٹ بھرنا ② پری ③ بدہضمی ④ جی متلانا ⑤ قے کی طرف طبیعت کا رجوع کرنا۔

امتلائی ہیضہ۔(ا) مذکر ① وہ ہیضہ جو پیٹ کے زیادہ بھر جانے سے پیدا ہو بخلاف ② وبائی کے کہ وہ آب و ہوا کی خرابی سے ہوتا ہے۔

امتناع۔(ع) مذکر ① روک ② رکاوٹ ③ ممانعت ④ منع کرنا ⑤ ہٹانا۔

امتناع تداخل۔(ع) مذکر ① کسی دوسرے جسم کو داخل ہونے سے روک دینا ② مادہ کی ایک خاصیت کا نام ہے کہ ایک ہی وقت میں ایک ہی جگہ دو جسم نہیں سما سکتے۔

امتنان۔(ع) اسم مذکر ① احسان کرنا ② کسی کے ساتھ نیکی کرنے۔

اُمتی۔(ع) اسم مذکر ① امت کے لوگ ② فرقہ اور جماعت کے آدمی ③ مقلد ④ پیرو ⑤ پیغمبر اسلام کی پیرو جماعت۔

امتیاز۔(ع) اسم مذکر ① تمیز کرنا ② پہچان کرنا ③ فرق کرنا ④ ترجیح دینا ⑤ سمجھ ⑥ شعور۔

امٹ۔(ہ) اسم صفت ① نہ مٹنے والی چیز ② غیر فانی ③ پائدار مضبوط ④ پتھر کی لکیر۔

امثال(ہ) مونث۔ مثل کی جمع ① کہاوتیں ② مانند ③ مشابہ ④ ہمشکل۔

ام جانا۔(ہ) فعل ① شل ہو جانا ② دکھ کی وجہ سے کسی عضو کا ایسا اکڑ جانا ③ کہ ہاتھ تک نہ لگایا جانا ④ دکھ جانا ⑤ پکا پھوڑا ہو ہو جانا ⑥ تھک جانا۔

امجد۔(ع) اسم مذکر ① بڑا بزرگ ② بہت اعلے۔

امچور۔(ہ) اسم مذکر ① آم کا چورا ② آم کی سوکھی پھانکیں ③ مجازاً لاغر اور سوکھا آدمی ④ چرمر ⑤ کھٹا ⑥ ترش ⑦ کھٹائی۔

امداد۔(ع) مونث ① مدد دینا ② حمایت ③ اطاعت سلوک ④ سہارا۔

امدادی۔(ع) صفت ① وہ کام جس میں کیس کی امداد شامل ہو ② سہارے کا ③ مدد کیا ہوا۔

امڈنا یا امنڈنا۔(ہ) فعل ① ابلنا ② چھلکنا ③ جوش مارنا ④ بادل وغیرہ کا گھر آنا ⑤ فوج یا آدمیوں کا ہجوم کر آنا ⑥ دریا کا چڑھنا۔

امر۔(ع) مذکر ① حکم ② فرمان ③ ارشاد۔

اَمر۔(ہ) اسم صفت ① غیر فانی ② ابدی ③ باقی نہ مرنے والا (خدا۔ ایشور۔ پرماتما۔)

امرا۔(ع) اسم مذکر ① امیر کی جمع ② دولتمند ③ حاکم ④ رئیس ⑤ ارکان ⑥ سلطنت ⑦ معزز۔

امراض۔(ع) اسم مذکر ① مرض کی جمع دکھ بیماریاں ② روگ۔

امربیل۔(ہ) مونث ① اکاس بیل ② افیتموں ③ ایک زرد رنگ کی بیل درختوں پر ہوا کرتی ہے۔

امرت۔(ع) مذکر ① آب حیات ② زہر کی ضد ③ اکسیر ④ مجازاً نہایت عمدہ اور کارآمد اور لذیذ اشیا ⑤ نعمت غیر مترقبہ۔

امرت بانی۔(ہ) مونث ① شیریں کلامی ② خوش بیانی ③ میٹھی باتیں۔

امرتی۔(ہ) مونث۔ جلیبی کی شکل کی ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے سے بنتی ہے۔

امرد۔(ہ) مذکر ① مرد نہ ہو ② قوت رجولیت نہ رکھتا ہو ③ کمسن ④ خوبصورت لڑکا ⑤ بے ڈاڑھی مونچھ کا لڑکا۔ نابالغ۔

امرس۔(ہ) مذکر ① آم کا رس ② کچے آموں کو پکا کر حریرا سا بنایا ہوا۔

امرلہگ۔(ہ) مذکر ① دیوتاؤں کا مکان ② بہشت ③ جنت ④ سرگ۔

امرود۔(ہ) مذکر ① ایک قسم کا گول سا مشہور پھل ② الہ آباد اور دلی کے امرود بہت میٹھے اور مزیدار ہوتے ہیں۔

امرمعروف۔(ع) مذکر ① نیک کا حکم دینا ② نیکی کرنے کو کہنا ③ نیک ہدایت دینا۔

امروز فرد۔(ف) مذکر ① آج کل ② ٹال مٹول لیت و لعل ③ حیلہ بہانہ۔

امرونہی۔(ع) مذکر۔ حکم اور مخالفت کرنے اور نہ کرنے کے کام۔

امریاں۔(ہ) مونث ① آموں کا باغ ② آموں کے جھنڈ ③ آموں کے درخت ④ دہلی کے ایک باغ کا نام ہے جو قطب صاحب میں ہے۔

امریکہ۔(ای) مذکر ① ایک براعظم ہے جسے نئی دنیا بھی کہتے ہیں ② اس کو کولمبس نے ۱۴۹۲ء میں دریافت کیا تھا۔

امریکن۔(ای) اسم صفت ① امریکہ کا باشندہ ② امریکہ سے نسبت

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03124997218

رکھنے والا۔

**امس۔**(ہ) مذکر ① حبس ② گرمی کی شدت ③ گھٹ ④ گرمی میں ہوا کا بند ہو جانا۔

**امساک۔**(ہ) مذکر ① رکنا ② رکاوٹ ③ دیر ④ کمی بخل ⑤ کنجوسی ⑥ بارش کا نہ ہونا ⑦ خشک سالی ⑧ قحط۔

**امسال۔**(ف) مذکر ① اس سال ② یہ سال یہ برس ③ سنہ رواں۔

**امشب۔**(ف) مونث ① آج رات یہ رات ② اس رات

**امصار۔**(ع) مذکر ① مصر کی جمع ② شہر ③ بلاد۔

**امضا۔**(ع) مذکر ① جاری کرنا ② رواں کرنا ③ مہر لگانا ④ حکم نافذ کرنا۔

**امعان۔**(ع) مذکر ① گہری نظر ② بہ نظر غور تعمق ③ خوض۔

**امک۔**(ع) مذکر ① فلاں فلانا ② وہ شخص جس کا نام معلوم نہیں۔

**امک ڈھمک/امکا ڈھمکا**(ہ) مذکر ① یہ وہ ② فلانا فلانا ③ حقارت سے فلاں کی جگہ بولتے ہیں ④ واہیات بیہودہ ⑤ نکمی اور خراب چیزیں۔

**امکان۔**(ع) مونث ① طاقت ② مقدور ③ مجال ④ قابو ⑤ اختیار۔

**امل۔**(ہ) اسم مذکر ① نشہ ② شراب کے علاوہ باقی تمام نشے۔

**امل۔**(ع) مونث ① امید ② آس ③ آرزو ④ خواہش ⑤ اچھا۔

**امل۔**(ہ) اسم صفت ① نہ ملنے والے ② بے مروت ③ وہ آدمی جو ملنسار نہ ہو۔

**املا۔**(ع) مذکر ① لغوی یاد سے لکھنا ② مجازاً رواج کے موافق صحیح لکھنا ③ بتائی ہوئی عبارت کو درست کر کے لکھنا۔

**املاک۔**(ع) اسم مونث ① ملک بہ معنی ملکیت کی جمع ② جائداد ③ جاگیر ④ اسباب مال و دولت۔

**امل بید۔**(ہ) مذکر ① گلگل کی قسم کا ایک کھٹا پھل ہوتا ہے ② پہاڑی گلگل چورن بناتے ہیں۔

**امل پتی۔**(ہ) مونث ① ترپن کی چپٹی سلائی ② جو املی کی پتی کے برابر ترپی جاتی ہے ③ نشہ لانیوالی پتی جیسے بھنگ وغیرہ۔

**املتاس۔**(ہ) اسم مذکر ① ایک درخت اور اس کا پھل ② اس پھل کے اندر پیسے سے ہوتے ہیں ③ ان پر ایک سیاہ سی لیسدار چیز ہوتی ہے ④ جسے مغز فلوس خیار شنبر کہتے ہیں ⑤ یہ جلاب دینے کے کام آتا ہے۔

**املنا۔**(ہ) فعل ① ترش ہونا ② کند ہونا ③ جیسے امل گئے ④ دکھنا ⑤ پیٹ کے پٹھوں کا کھچ جانا۔

**املی۔**(ہ) اسم مونث ① تمر ہندی ② ایک قسم کا پھل جو کھٹا ہوتا ہے ③ اور اس کا درخت۔

**امن۔**(ع) مذکر ① پناہ ② حفاظت ③ چین ④ آرام ⑤ بچاؤ تسلی ⑥ اطمینان ⑦ دلجمعی۔

**امن و امان/امن و چین** (ا) اسم مذکر ① حفاظت ② آرام ③ تسلی ④ پناہ ⑤ حفظ و امان۔

**امنڈنا۔**(ہ) فعل ① جوش آنا ② ہجوم ہونا ③ جمع ہونا ④ ابلنا ⑤ چڑھنا ⑥ طغیانی ہونا۔

**امنگ۔**(ہ) اسم مونث ① جوش ولولہ ② اشتیاق لہر ③ ترنگ ④ دلی شوق۔

**امنگی۔**(ہ) مونث ① خواہشمند ② آرزومند ③ حریص ④ لالچی۔

**اموا۔**(ہ) مذکر ① نہایت سبز رنگ ② آم کے پتوں کے رنگ جیسا۔

**اموات۔**(ع) مونث ① موت کی جمع ② موتیں ③ وفا میں مرنا۔

**امواج۔**(ع) مونث۔ موج کی جمع لہریں۔

**اموال۔**(ع) مذکر ① مال کی جمع ② مال و دولت ③ دھن دولت ④ روپیہ پیسہ۔

**امور۔**(ع) مذکر ① امر کی جمع ② بہت سے کام احکام ③ فرامین ④ باتیں۔

**امونیا۔**(ای) مذکر ① ایک تیز بو والی دوا جو چونے اور نوشادر سے مرکب ہوتی ہے ② زکام میں سونگھتے ہین۔

**اُمی** (ع) صفت ① ان پڑھ ناخواندہ آدمی ② کنایۃً ③ پیغمبر اسلام سے مراد ہے۔

**آمیٹھنا۔**(ہ) فعل ① اینٹھنا ② مروڑنا ③ بل دینا۔

**امید۔**(ع) مونث ① آس ② آرزو ③ خواہش ④ حمل ⑤ پیٹ۔

**امید سے ہونا۔**(ا) فعل ① پیٹ سے ہونا ② حاملہ ہونا۔

**امیدوار۔**(ف) مذکر ① خواہشمند ② آرزومند ③ آئندہ کے بھروسے پر کام کرنے والا۔

**امید و بیم۔** مذکر ① دبدھا ② امید اور خوف ③ ڈر بھی اور امید بھی مشتبہ حالت۔

**امیر۔**(ع) مذکر۔ بہت حکم دینے والا حاکم والئے کابل کا لقب۔

**امیر خسرو۔**(ف) مذکر۔ دہلی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص ہے جو اعلٰے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03114077218

www.besturdubooks.net

درجے کے صوفی اور حضرت نظام الدین اولیا کے خلیفہ تھے۔ اور سلطان محمد کے اتالیق اور ادیب ۷۲۵ھ میں وفات پائی۔

**امیر الامرا۔**(ع) مذکر ① امیروں کا امیر ② بہت بڑا رئیس ③ نہایت دولتمند ④ بہت بڑا سردار۔

**امیر البحر۔**(ع) مذکر ① سمندر کا سردار ② بحری فوج کا کمانیر ③ بحری فوج کا افسر۔

**امیر المومنین۔**(ع) مذکر۔ مسلمانوں کا سردار اسلام کا اعلےٰ حاکم۔

**امیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دم بھاری۔**(ا) مقولہ۔ امیر موت کو اور فقیر زندگی کو دوبھر جانتا ہے۔

**امیری۔**(ع) مونث ① حکومت ② دولتمندی۔

**امیری اور فقیری کی بو سو برس تک نہیں جاتی۔**(ا) مقولہ۔ جو بات فطرت میں جم جائے وہ مدتوں نہیں چھوٹتی بلکہ خاندان تک سرائیت کر جاتی ہے۔

**امیری کارخانہ ہے۔**(ا) مقولہ۔ بڑے بے ڈھب خرچ ہیں بے پرواہی کا کام ہے۔

**امین۔**(ع) مذکر ① امانتدار ② معتبر ③ ایک عہدہ کا نام بھی ہے۔

**امین الملتہ یمین الدولہ۔**(ع) مذکر ① مذہب کا امانتدار ② سلطنت کا دایاں بازو ③ سلطان محمود غزنوی کا خطاب ہے جو اسے خلیفہ بغداد کی طرف سے ملا تھا۔

## ا ← ن

**اَن۔**(ہ) نفی کا کلمہ ہے ① حرف نافیہ جیسے ان پڑھ ② (حرف استثنا) سوا بجز اور۔

**آن۔**(س) مذکر ① غلہ ② اناج ③ رزق ④ غذا ⑤ خوراک۔

**اِن۔**(ہ) ① یہ ② یے ③ اشارہ قریب۔

**اُن۔**(ہ) ① وہ ② وے ③ اشارہ بعید عورتیں ④ خاوند ⑤ شوہر، خصم ⑥ پتی۔

**اَنّا۔**(ت) مونث ① دایہ ② دودھ پلانے والی عورت ③ مرضعہ۔

**انابیب الشعری۔**(ع) مونث ① نہایت باریک نلیاں بال سے باریک سوراخ ② وہ خاصیت جس کے ذریعہ مائعات اشیاء اپنی سطح سے اونچی چڑھ جاتے ہیں، جیسے تیل بتی میں، پانی کھانڈ کی ڈلی میں۔

**انابت۔**(ع) مونث ① خدا کی طرف رجوع کرنا ② اللہ کی عبادت پر مائل ہونا۔

**اناپ شناپ۔**(ا) صفت ① اندھا ② دھند ③ اوٹ پٹانگ ④ بے غور وفکر ⑤ بے سوچے سمجھے۔

**اناج۔**(ہ) مذکر ① غلہ ② ان ③ جنس۔

**اناج کا دشمن۔**(ا) مذکر ① زیادہ پیٹو ② سست کاہل وجود جیسے کھانے اور مگنے سے ہی واسطہ ہو ③ کام کاج بہت تھوڑا کرے۔

**اناجیل۔**(ع) مونث ① جمع انجیل ② خوشخبریاں عمدہ عمدہ خبریں۔

**اناجیل اربعہ۔**(ع) مونث۔ چاروں انجیلیں متی، مرق، لوقا، یوحنا کی انجیلیں۔

**اناد۔**(ہ) مذکر ① ازل ② وہ زمانہ جس کا آغاز نہ ہو۔

**انادی۔**(ہ) مونث ① اس زمانے کا جس کی ابتدا نہ ہو ② بہت پرانی۔

**انار۔**(ف) مذکر ① ایک مشہور درخت اور اس کا پھل ② ایک قسم کی آتشبازی۔

**انارا۔**(ا) مذکر ① ایک قسم کا کبوتر سرخ آنکھوں والا ② دلی والے اناری کہتے ہیں۔

**انار بھرنا۔**(ا) فعل۔ آتشبازی کے انار کی شکل کے کوزے میں بارود بھرنا۔

**انار چھوڑنا یا انار داغنا۔**(ا) فعل۔ آتشبازی کے انار چلانا۔

**اناردانہ۔**(ف) مذکر ① کھٹے اناروں کے سوکھے ہوئے دانے ② ایک قسم کا کپڑا اچار خانیدار۔

**اناردانہ بنا ہوا ہے۔**(ا) محاورہ ① سرخ وسفید بنا ہوا ہے ② موٹا تازہ ہو رہا ہے ③ پلا ہوا ہے۔

**انارکسٹ۔**(ای) مذکر ① انتہا پسند ② شخصی سلطنت کے دشمن ③ شخصی سلطنت برباد کرنے کی سازش کرنے والے۔

**انارکی۔**(ای) مونث ① انتہا پسندی ② بادشاہت کی دشمنی کرنا۔

**اناڑی۔**(ہ) مذکر ① مورکھ ② جاہل ③ ناواقف ④ بے تمیز ⑤ بے سلیقہ ⑥ پھوہڑ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

**اناڑی کا سودا بارہ باٹ۔** (ہ) مثل۔ ناواقف اور ناتجربہ کار سودے میں نقصان ہی اُٹھاہے۔

**اناللّٰہ وانا الیہ راجعون۔** (ع) فقرہ ① بیشک ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی طرف رجوع کرنے والے ہیں ② مطلب سب کو مرنا اور خدا کے پاس جانا ہے قرآن شریف کی ایک آیت ہے جو کسی مصیبت یا کسی کی موت کی خبر سن کر پڑھا کرتے ہیں

**انام۔** (ع) مونث ① خلقت ② دنیا ③ کوموجودات ④ پیدا شدہ چیزیں۔

**انانیت۔** (ع) مونث ① خودی ② غرور ③ تکبر ④ مروڑ ⑤ گھمنڈ ⑥ میں ہوں کہنا۔

**انب یا انبہ۔** (ف) مذکر۔ آم کا درخت اور پھل۔

**انبار۔** (ف) مذکر ① ڈھیر ② تودہ ③ ذخیرہ۔

**انباری۔** (ف) مونث ① ہاتھی کی عماری ② ہودہ ③ ہاتھی ④ کی کابھی۔

**انباز۔** (ف) مذکر ① شریک ② ہمسر (مونث حالت سوکن۔ سوت۔)

**انبساط۔** (ع) مونث ① خوشی ② شادی ③ شادمانی ④ خرمی۔

**انبلی۔** (ا) مونث ① املی ② تمرہندی ③ ایک قسم کا کھٹا پھل اور اس کا درخت۔

**ان بن۔** (ہ) مونث ① دشمنی ② عداوت بیر مخالفت ③ لڑائی ④ بگاڑ ⑤ رنجش۔

**ان بندھا موتی۔** (ا) اسم ① کنواری عورت ② باکرہ ③ شوہر نادیدہ ④ ناکتخدا عورت۔

**ان بولی رانی۔** (ا) اسم مونث ① بھولی بھالی عورت ② (طنزاً) بددماغ عورت۔

**انبوہ۔** (ف) مذکر ① بھیڑ بھاڑ ② کثرت ③ زیادتی ہجوم دھکم دھکا۔

**ان بھول۔** (ہ) مونث ① ناواقفیت ② ناتجربا کاری ③ غلطی ④ سہو ⑤ سادہ مزاج ⑥ ناواقف انجان۔

**انبیا۔** (ع) مذکر ① نبی کی جمع ② بہت سے نبی پیغمبر ③ رسول۔

**انبیا۔** (ہ) مونث۔ آم کا کچا پھل جس میں جالی نہ پڑی ہو۔

**ان پانی۔** (ہ) مذکر ① آب ودانہ ② کھانا پانی ③ دانہ پانی۔

**ان پڑھ یا ان پڑھا۔** (ہ) اسم مذکر ① جاہل بے علم ② ناخواندہ۔

**انت۔** (ہ) مذکر ① آخر ② اخیر ③ انجام خاتمہ۔

**انتالیس۔** (ہ) اسم عدد تیس اور نو، ۳۹۔

**انت آپہنچنا۔** (ہ) فعل ① قریب المرگ ہونا ② موت قریب آپہنچنا۔

**انتباہ۔** (ہ) اسم مذکر ① خبرداری ② تنبیہ کرنا ③ اطلاع ④ آگاہ کرنا ⑤ آگاہی۔

**انت برے کا برا۔** (ہ) مقولہ۔ آخر برے کا انجام برا ہی ہوتا ہے۔

**انت بھلا سو بھلا۔** (ہ) مقولہ۔ جس کی زندگی درست ہوگئی وہی بھلا اور عمدہ۔

**انت بھلے کا بھلا۔** (ہ) مقولہ۔ نیک آدمی کا انجام بھی آخر کار نیک ہی ہوتا ہے۔

**انتخاب۔** (ع) مذکر ① چھانٹ ② خلاصہ ③ انتصار چنا ④ چھانٹنا۔

**انتر۔** (ہ) مذکر ① فاصلہ ② دوری ③ فرق ④ بعد ⑤ عرصہ۔

**انترا۔** (ہ) مذکر ① پہلے فقرے کے سوا گیت کا فقرہ ② بولی ③ کری ④ ٹیک ⑤ بغیر ⑥ سوائے ⑦ نزدیک۔

**انتر بید۔** (ہ) مذکر۔ دوآبہ گنگا اور جمنا کے درمیانی دوآبہ کا نام۔

**انتر بھاؤ۔** (ہ) صفت ① طبعی ② قدرتی ③ نیچرل ④ ذاتی۔

**انتر گیانی۔** (ہ) مذکر ① ہمہ دان ② ہر چیز کو جاننے والا علیم ③ غیب جاننے والا۔

**انتر ہونا۔** (ہ) فعل ① غائب ہونا ② دور ہونا ③ فرق ہونا ④ فاصلہ ہونا۔

**انتر منتر۔** (ہ) اسم مذکر ① جادوٹونا ② جھاڑ پھونک ③ دم جھاڑا۔

**انتریامی یا انترجامی۔** (ہ) مذکر۔ محیط کل سالم کل سب پر حاوی۔

**انتڑی۔** (ہ) مونث ① آنت ② رودہ (آندر پنجابی۔)

**انتڑی میں روپ اور بقچی میں راچھب۔** (ا) مقولہ ① خوراک سے حسن اور پوشاک سے زیبائش زیادہ ہو جاتی ہے ② یہ دونوں چیزیں لازم وملزوم ہیں۔

**انتڑیاں چلنا۔** (ہ) فعل ① نہایت بھوک بھوک لگنا ② بہت بھوکا ہونا۔

**اِنتساب۔** (ع) اسم مذکر ① نسبت رکھنا ② لگاؤ رکھنا ③ واسطہ تعلق۔

**اِنتشار۔** (ع) مذکر ① پھیلنا ② گھبراہٹ ③ پریشانی ④ شہوت ہرنا۔

**اِنتظار۔** (ع) مذکر ① امید ② آس ③ اڈیک اڈیکنا ④ راہ دیکھنا ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

آسرا۔

انتظار کرنا۔(ء) فعل ① آسرا رکھنا ② راہ دیکھنا ③ اڈیکنا۔

انتفاع۔(ء) مذکر ① فائدہ اٹھانا ② نفع کمانا ③ منافع لینا۔

انتقال۔(ء) مذکر ① ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا ② موت ③ مرگ۔

انتقال جائداد۔(ء) مذکر۔ جائداد کا ایک کے قبضہ سے نکل کر دوسرے کے پاس چلے جانا۔

انتقال ذہنی۔(ء) مذکر ① ذہن کا بدل جانا ② ایک طرف سے ہٹ کو دوسری طرف رسائی کرنا۔

انتقام۔(ء) مذکر ① بدلہ ② عوض ③ پاداش ④ دشمنی کرنا۔

ان تلوں میں تیل نہیں۔(ہ) مثل ① یہاں سے مطلب براری نہیں ہوگی ② بہت کنجوس اور بخیل ہیں ③ نہایت بے مروت اور بے فیض ہیں۔

انت لینا۔(ہ) فعل ① نہایت دق کرنا ② بہت زچ کرنا ③ سخت تنگ کرنا۔

انتہا۔(ء) مونث ① اخیر ② اختتام ③ انجام ④ حد ⑤ نہایت۔

انتی۔(ہ) مونث۔ کان کا ایک زیور۔

انتیس۔(ہ) اسم عدد۔ بیس اور نو۔ ۲۹۔

انتی سار ہو کر نکلے۔(ہ) ① بددعا ہے یعنی انتی کی طرح پھوڑ پھوڑ کر نکلے ② خدا کرے زخم ہو ہو کر نکلے ③ کٹ کٹ کر نکلے۔

انٹا۔(ہ) اسم مذکر ① بڑی گولی ② افیون کی موٹی سی گولی ③ ایک انگریزی کھیل کا نام بھی ہے جو میز پر سفید گولیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

انٹا چیت/ انٹا غفیل (ہ) مذکر ① بالکل ہوش نشہ میں چور ② بالکل بدمست۔

انٹا گھر۔(ہ) مذکر ① وہ مقام جہاں انٹا کھیلا جاتا ہے ② انٹا کھیلنے کی جگہ ③ مقام۔

انٹر پریٹر۔(ای) مذکر ① ترجمان ② کسی غیر زبان کی بات چیت کو دوسری زبان میں سمجھانے والا۔

انٹر کلاس۔(ای) درمیانی درجہ کی گاڑی ریل میں ڈیوڑھا درجہ۔

انٹر میڈیٹ۔(ای) مذکر ① درمیانہ درجہ ② وسطی کالج جو سرف الیف ③ اے تک تعلیم دے۔ وسطی درجہ۔

انٹرنیشنل لا (ای) بین الاقوامی قانون۔

انٹرڈیوس کرنا۔(ای) ① ملاقات کرانا ② شناسائی کرانا ③ پچھنوانا۔

انٹرنس۔(ای) مذکر ① دروازہ ② داخلہ ③ شروع ④ آغاز ⑤ ابتدائی تعلیم کا آخری امتحان مجازاً دسویں جماعت۔

انٹی۔(ہ) مونث ① سوت یا ریشم کی لپیٹی ہوئی گچھی ② اٹی ③ انگلیوں کے درمیان کی گھاٹی ④ دو انگلیوں کی درمیانی جگہ۔

انٹی باز/ انٹی مار (ا) مذکر ① جواریوں کی اصطلاح ہے ② وہ شخص جو کھیلتے وقت انگلیوں کی گھائی میں کچھ چھپا رکھے مجازاً دغاباز ③ فریبی ④ مکار ⑤ عیار۔

انٹی پر چڑھ جانا۔(ا) فعل ① دھوکا کھا جانا ② قابو آجانا ③ دام فریب میں پھنس جانا۔

انٹی میں آنا۔(ا) فعل ① دھوکے میں آنا ② قابو میں آنا ③ بس میں اور فریب میں آنا۔

انجام۔(ف) مذکر ① آغاز کی ضد ② اخیر ③ اختتام خاتمہ ④ نتیجہ ⑤ مکمل ہونا ⑥ کام کا پورا ہو جانا۔

انجام بخیر ہونا۔(ا) فعل ① نتیجہ اچھا نکلنا ② خاتمہ بالخیر ہونا ③ ایمان کے ساتھ دنیا سے جانا۔

انجام پذیر ہونا۔(ا) فعل ① ختم ہونا ② تمام ہونا ③ کام کا پایہ تکمیل کو پہنچ جانا۔

انجام کار۔(ا) تابع فعل ① آخرکار ② آخر کو ③ انجام کو۔ نتیجہ۔

انجان۔(ہ) اسم صفت ① ناواقف ② نہ جاننے والا ③ ناآشنا ④ ناتجربہ کار۔

انجان بننا۔(ہ) فعل ① جان بوجھ کر ناواقف ہونا ② دیدہ دانستہ نادان بن جانا۔

انجاح۔(ء) اسم مذکر ① پورا کرنا ② مطلب پورا کرنا ③ مراد بر لانا ③ مراد کو پہنچانا۔

انجر پنجر۔(ہ) مذکر ① عضو بدن ② جوڑ ③ بند ④ جوڑ ⑤ جوڑ ⑥ عضو عضو ⑦ ہڈی پسلی

انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔(ہ) فعل ① ہر جوڑ تھک جانا ② ہر عضو ڈھیلا ہو جانا ③ جوڑ جوڑ کا تھک جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Ahmad 03149972218

www.besturdubooks.net

اجس۔(ہ) اسم مذکر صفت ❶ حروف نفی جس بہ معنی عزت ❷ بے ہنر ❸ بے عزت ❹ ذلیل ❺ بدنام ❻ رسوا، ناکارہ۔

ان جَس۔(ع) اسم مذکر ❶ پلید ❷ ناپاک ❸ نجس ❹ نہایت ہی پلید و ناپاک۔

ان جل۔(ہ) اسم مذکر ❶ دانہ پانی کھانا ❷ پینا۔

ان جل نہ کرنا۔(ہ) فعل ❶ کچھ نہ کھانا ❷ پینا ❸ بھوکا مرنا ❹ بھوکا ہونا یا رہنا۔

انجم۔(ع) اسم مذکر ❶ نم کی جمع ❷ ستارے تارے۔

انجمن۔(ف) اسم مونث ❶ مجلس ❷ سبھا ❸ محفل کمیٹی۔

اَنجن۔(ہ) اسم مذکر ❶ سرمہ ❷ آنکھوں میں لگانے کی خشک دوا مگر باریک پسی ہوئی کاجل۔

انجن۔(ای) مذکر۔ بھاپ کی کل آلہ بخارات۔

انجن ڈرائیور۔(ای) مذکر۔ انجن چلانیوالا۔

انجنیر۔(ان) مذکر۔ کلوں اور عمارتوں کا کام جاننے والا۔

انجیر۔(ف) مذکر ❶ مشہور میوہ ❷ ہے جو گول اور سیاہی مائل ہوتا ❸ ذائقہ میں میٹھا سا ❹ دوائیوں میں کام آتا ہے۔

انجیل۔(یونانی) مونث ❶ خوشخبری ❷ نوید ❸ مژدہ ❹ حضرت عیسےٰ پر نازل شدہ آسمانی کتاب۔

انچ۔(ای) مذکر ❶ فٹ کا بارھواں حصہ یا گز کا چھتیسواں حصہ ❷ ایک پیسے کے لمبائی چوڑائی۔

انچاس۔(ہ) اسم عدد چالیس اور نو ۴۹۔

انچاؤ یا اونچائی۔(ہ) اسم مونث۔ بلندی ارتفاع۔

انچے انچے رہنا (ہ) محاورہ ❶ دور دور رہنا ❷ الگ الگ رہنا ❸ ناراض رہنا۔

انحراف (ع) اسم مذکر ❶ منہ پھیر لینا ❷ کنارہ کشی کرنا ❸ کنارے ہو جانا ❹ انکار کرنا ❺ مخالفت۔ پھرنا۔

انحطاط (ع) اسم مذکر ❶ کمی ❷ تنزل ❸ گھٹاؤ۔

انحصار (ع) اسم مذکر ❶ گھرنا ❷ محصور ہونا ❸ منحصر ہونا ❹ دارو مدار ہونا ❺ موقوف ہونا ❻ سمانا۔

ان داتا (ہ) اسم مذکر ❶ رازق ❷ رزق دینے والا ❸ آقا ❹ مالک ❺ کھانا دینے والا۔

اندارا/انہارا (ہ) اسم مذکر۔ بڑا گہرا اور پختہ کنواں جس میں بے تھاہ پانی ہو۔

انداز۔(ف) اسم مذکر ❶ نداختن سے حاصل مصدر طرز ❷ ڈھنگ ❸ طور ❹ طریقہ ❺ ناز معشوقانہ ❻ قیاس ❼ اٹکل ❽ حد ❾ مقدار۔

انداز اُڑانا۔(ا) فعل ❶ کسی کی طرز سیکھ لینا ❷ کسی بات میں اس کی تقلید کرنا ❸ کسی کا ڈھنگ اڑا لینا۔

انداز پٹی۔(ہ) اسم مونث ❶ بناؤ سنگار میں ہر وقت مصروف رہنے والی عورت ❷ اپنے ناز و نزاکت پر غرور اور فخر کرنے والی عورت۔

انداز سے باہر ہو جانا (ہ) فعل ❶ اپنی حیثیت سے باہر ہو جانا ❷ مقدور سے باہر کام کرنا ❸ حد سے بڑھ جانا۔

اندازہ۔(ف) مذکر ❶ پیمائش ❷ ناپ ❸ اٹکل ❹ جانچ ❺ مقدار ❻ قیاس ❼ حد اعتدال۔

اندام۔(ف) مذکر ❶ بدن ❷ جسم ❸ جثہ ❹ انگ۔

اندامِ نہانی۔(ف) ❶ پوشیدہ جسم ❷ مجازاً شرمگاہ ❸ ستر ❹ فرج۔

اندر۔(ف) حرف جار۔ تابع فعل ❶ بھیتر ❷ درمیان ❸ بیچ میں۔

اَندر۔(ہ) مذکر ❶ دیوؤں کا راجہ ❷ بہشت کا راجہ ❸ مینہ برسانے والا دیوتا ❹ رعد ❺ گرج ❻ کڑک ❼ بجلی ❽ ہوشیاری ❾ چالاکی۔

اندراج۔(ع) اسم مذکر ❶ درج کرنا ❷ تحریر کرنا ❸ لکھنا ❹ داخل کرنا ❺ شامل کرنا۔

اندر آسن۔(ہ) اسم مذکر۔ اندر کا تخت راجہ اندر کا سنگاسن۔

اندر آسن آنا۔(ہ) فعل ❶ عیش و آرام سے زندگی گزارنا ❷ پرے عیش منانا۔

اندرائن۔(ہ) مذکر ❶ حنظل ❷ پھر پھیند وا ❸ ایک قسم کا مشہور پھل ہے جو دیکھنے میں خوبصورت خربزے جیسا ہوتا ہو مگر ذائقہ میں نہایت تلخ۔

اَندرائن کا پھل۔(ہ) مذکر۔ مجازاً وہ آدمی جو شکل میں اچھا اور سیر میں برا ہو۔

اندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں (ہ) مثل ❶ ظاہر عمدہ باطن خراب ❷ صورت اچھی ہے ❸ سیرت خراب ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**اندرجال۔** (ہ) مذکر ① دھوکا ② فریب ③ دغا ④ مکر ⑤ شعبدہ۔

**اندرجو۔** (ہ) مذکر ① عربی میں لسان العصافیر ② فارسی میں زبان کنجشک کہتے ہیں جو کے مشابہ اور ہم شکل ایک درخت کا پھل یہ گھٹی میں ڈالا جاتا ہے۔

**اندرسا۔** (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی جو چاولوں کے آٹے اور مٹھائی ملا کر گھی میں تلی جاتی ہے۔

**اندر کا اکھاڑا۔** (ہ) مذکر ① راجہ اندر کی محفل جس میں پریاں ناچتی ہیں ② مجازاً حسینوں اور خوبصوروں کی مجلس ③ راگ رنگ کی محفل ③ خوبصورتوں کا جمگھٹ ⑤ شکیلہ جمیلہ عورتوں کا مجمع۔

**اندروالا۔** (ہ) مذکر ① دل ② من ہی ③ حاملہ کے پیٹ کا بچہ۔

**اندری۔** (ہ) مونث۔ محسوس کرنے کا اوزار ① آلۂ ادراک ② ظاہری اور باطنی ہر ایک حس ③ آلۂ تناسل ④ اندام نہانی خواہش نفسانی ⑤ کام دیو۔

**اندک** (ف) اسم صفت ① تھوڑا تھوڑا سا ② ذرا سا ③ کم ④ خفیف سا۔

**اندلس۔** (ف) مذکر ① ہسپانیہ کا معرب ہے ② جس کو اسپین بھی کہتے ہیں۔

**اندمال۔** (ع) مذکر ① زخم کا بھرنا ② تسلی ③ دل جمی ④ اطمینان۔

**اندوختہ۔** (ف) مذکر۔ اسم مفعول ① زائد خزانہ جمع کیا ہوا ② بچا ہوا ③ مجازاً مال ④ دولت۔

**اندوہ۔** (ف) اسم مذکر ① غم فکر ② تردد ③ رنج ④ ملال پریشانی۔

**اندوہناک/اندوہگین** (ف) اسم مذکر ① (صفت مشبہ یا اسم فاعل ترکیبی۔) غمناک ② غمگین ③ متفکر۔

**اندھا۔** (ہ) اسم مذکر۔ (صفت) ① نابینا ② کور بے سوچے سمجھے کام کرنیوالا ③ دھندلا غیر شفاف ④ ناواقف ⑤ بے خبر ⑥ جاہل ان پڑھ۔

**اندھا آئینہ۔** (ا) مذکر ① دھندلا آئینہ ② غیر شفاف شیشہ ③ تاریک آئینہ جس میں کچھ دکھائی نہ دے۔

**اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھرا پنوں کو ہی دے۔** (ہ) مثل ① قرابت دوست آدمی کی نسبت بولتے ہیں ② اپنوں کو ہی فائدہ پہنچانا۔

**اندھا بنانا** (ہ) فعل ① نابینا کرنا ② جل دینا ③ دھوکا دینا ④ آنکھوں میں خاک ڈالنا ⑤ سامنے سے چرا لے جانا ⑥ صریح جھوٹ بولنا۔

**اندھا بھینسا** (ہ) اسم مذکر ① لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے جس میں ایک لڑکا دوسرے کی پیٹھ پر چڑھ کر اس کی آنکھیں بند کر لیتا ہے پھر ایک ایک لڑکا باری باری اس کے نیچے سے نکلتا ہے ② سوار لڑکا نکلنے والے کا نام پوچھتا ہے ③ جس کا نام درست بتا دے پھر اس کو بھینسا بناتے ہیں یعنی اس پر سوار ہوتے ہیں علی ہذا ④ مجازاً! ناتجربہ کار آدمی۔ اُجڈ آدمی۔

**اندھا جانے آنکھوں کی سار۔** (ہ) محاورہ ① سار بہ معنی قدر ② آنکھوں کی قدر اندھا ہی جانتا ہے ③ کسی نعمت کی قدر اس کے نہ رہنے پر ہوتی ہے۔

**اندھا جئے برے حالوں۔** (ہ) مقولہ ① دکھ میں زندگی وبال ہے ② مصیبت میں حیات کا مزہ نہیں۔

**اندھا دربار۔** (ا) اسم مذکر ① وہ عدالت جہاں انصاف نہ ہو ② ظلم وستم کا اندھیرا چھایا ہو۔

**اندھا دوزخی بہرا بہشتی۔** (ا) مثل ① اندھا آدمی مشکوک طبع ہوتا ہے اور خیال فاسد رکھتا ہے ② بہرا آدمی حسد کی باتوں سے پاک ہوتا ہے لہذا یہ مثل بن گئی۔

**اندھا دھند۔** (ہ) اسم صفت ① بے سوچے سمجھے ② بدانتظامی سے ③ بدنظمی سے ④ بے حساب ⑤ بے احتیاطی سے ⑥ بیدھڑک۔

**اندھا دھند لٹانا۔** (ہ) فعل۔ بے حساب خرچ کرنا بے دھڑک خرچ کرنا۔

**اندھا دھند مچنا۔** (ہ) فعل ① بے انصافی ہونا ظلم وستم ہونا ② لوٹ مار ہونا۔

**اندھا راجہ چوپٹ نگری/اندھیر نگری چوپٹ راجہ/ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا** (ہ) مثل ① ظالم حاکم بے پرواہ حکومت ② بے آئین سلطنت ③ بے قاعدہ بادشاہت ④ جہاں راجہ کی غفلت کے باعث اندھیر مچ رہا ہو نیک وبد کی تمیز نہ ہو ⑤ رعایا کے حال کی پرواہ نہ ہو۔

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 03144907218

www.besturdubooks.net

**اندھا کنواں۔** (ہ) مذکر ① خشک کنواں ② چاہ تاریک ③ بچوں کا کھیل جو چار کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔

**اندھا کیا جانے لالے کے بہار/اندھا کیا جانے جنگل کی سار** (ہ) مثل ① ناقدر شناس آدمی اچھی چیز کی قدر نہیں جان سکتا ② جس میں تمیز کا مادہ ہی نہ ہو وہ کسی چیز کو کیا سمجھ سکتا ہے ③ فارسی میں ہے ④ چہ داند بوزنہ لذات ادرک۔

**اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔** (ہ) محاورہ ① حاجت مند آدمی کو اپنی حاجت برائی ہی غرض ہوتی ہے ② بھوکا ③ روٹی ہی روٹی پکارتا ہے کور راچہ بائد دو چشم۔

**اندھا گائے بہرا بجائے۔** (ہ) مثل ① نااہلوں کی مجمع ہے ② نالائق اور نکمے اکٹھے ہو رہے ہیں ③ بے وقوف ہی جمع ہیں ④ مجہولوں کی سوسائٹی۔

**اندھا گھوڑا۔** (ہ) اسم مذکر۔ فقیروں کی اصطلاح میں جوتے کو کہتے ہیں۔

**اندھا گیا سگائی کا آپ کو کہ بھائی کو۔** (ہ) مثل ① خودغرض اور مطلب پرست کی نسبت بولتے ہیں ② خودغرض کو اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے۔

**اندھا ہونا۔** (ہ) ① مغرور ہونا ② نابینا ہونا ③ گمراہ ہونا ④ نشہ میں مست ہونا ⑤ جوانی کے جوش میں سرشار ہونا ⑥ بے دیکھے بھالے کام کرنا۔

**اندھڑ/اندھکار** (ہ) اسم مذکر ① باد صرصر ② بادِ تند ③ جھکڑ ④ آندھی ⑤ بدنظمی ⑥ لوٹ کھسوٹ۔

**اندھوں میں کانا راجہ۔** (ہ) مثل۔ نالائقوں میں تھوڑی لیاقت والا بھی بڑا قابل سمجھا جاتا ہے۔

**اندھے کے آگے رونا اپنے نین کھونا۔** (ہ) مثل۔ اندھے اور خود غرض کے سامنے گریہ زاری بے سود ہوتی ہے۔

**اندھیر۔** (ہ) اسم مذکر ① بدنصیبی ② پریشانی ③ ظلم و ستم ④ بے انتظامی ⑤ دغابازی ⑥ بے ایمانی ⑦ سیاہی ⑧ تاریکی مصیبت آفت۔

**اندھیرا/اندھیارا** (ہ) اسم مذکر ① تاریکی ② سیاہی ③ اجالے کی ضد۔

**اندھی پیسے کتا کھائے۔** (ہ) مثل ① بے تمیزی سے کام کرنا ② پھوہڑ عورت کی نسبت بولتے ہیں۔

**اندھی سرکار۔** (ا) محاورہ ① ظالم حاکم ② بے انصاف بادشاہ ③ ستمگر افسر۔

**اندھیر کھاتا۔** (ا) اسم مذکر ① بدنظمی ② بدمعاملگی ③ پرلے درجے کی بے ایمانی ④ سخت ظلم

**اندھیرا گھپ۔** (ہ) اسم مذکر ① بیحد تاریکی جس میں کچھ نہ سوجھے ② سخت اندھیرا۔

**اندھیر مچانا۔** (ہ) فعل ① سخت ② ظلم و ستم برپا کرنا ③ ستم ڈھانا ④ ہلڑ مچانا۔

**اندھیرا ہونا۔** (ہ) ① تاریکی ہونا ② ظلم اور ناانصافی ہونا۔

**اندھیری۔** (ہ) اسم صفت مونث۔ سیاہ و تاریک چمڑے کا ٹکڑا جو بگھی وغیرہ کے گھوڑے کی آنکھوں پر باندھا جاتا ہے۔

**اندھیری لگانا۔** (ہ) فعل ① آنکھوں پر پٹی باندھنا ② گھوڑے کی آنکھوں پر چمڑے کا چشمہ لگانا تاکہ صرف آگے ہی دیکھ سکے۔

**اندھیرے اجالے۔** (ہ) تابع فعل ① وقت بے وقت دیر سویر ② کسی نہ کسی وقت۔

**اندھیری کوٹھڑی۔** (ہ) اسم مونث ① تاریک گھر ② اندھیرے والا مکان ③ مجازاً جسم کا اندر کا حصہ ④ عورت کا رحم نامعلوم شے۔

**اندھیرے گھر کا اجالا۔** (ہ) مذکر ① اکلوتا بیٹا ② گھر کا دیا ③ گھر کا چراغ۔

**اندھیرے منہ یا منہ اندھیرے/اندھیرے اندھیرے** (ہ) تابع فعل ① بہت سویرے ② تڑکے تڑکے ③ بہت ہی تڑکے جب صرف منہ دکھائی دے۔

**اندھے کو اندھا رستہ کیونکر بتا دے۔** (ہ) مثل ① جو خود ہی گمراہ ہو اوروں کی کیا رہنمائی کر سکتا ہے ② او خویشتن گم است کرا رہبری کند۔

**اندھے کو دن اور رات برابر۔** (ہ) مثل ① بے تمیز آدمی برے بھلے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072 18

میں تمیز نہیں کر سکتا ② بے وقوف اچھے برے کو نہیں جانچ سکتا۔

اندھے کے آگے روئیے اپنے نین کھوئے۔(ہ) مثل ① بے سمجھ کو سمجھانا ② سر درد خریدنا ③ نالائق کے سامنے لقمان کی حکمت کس کام کی بے درد کو اپنا درد سنانا ③ نتیجہ معلوم ④ بالکل بے سود۔

اندھے کی جورو کا اللہ بیلی۔(ہ) مثل ① جس کا کوئی محافظ نہ ہو اس کا اللہ ہی نگہبان ہے ② جس کا کوئی مددگار نہ ہو اس کا اللہ ہی مددگار ہوتا ہے۔

اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا۔(ہ) فقرہ ① مجبور کی خطا خطا نہیں ہوتی ② معذور کا جرم قابل سزا ہی نہیں۔

اندھے کی لاٹھی یا لکڑی۔(ہ) اسم مونث ① ایک بچہ جو کئی بچوں میں سے بچا ہو ② بڑھاپے کا سہارا ③ مددگار ④ معاون ⑤ یا غمخوار۔

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی۔(ہ) محاورہ۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جب کسی کم حوصلہ آدمی کو نایاب شے مل جائے اور وہ اس کا بیجا استعمال کرے یا بے حیثیت کو اس کی طاقت سے بڑھکر کوئی چیز مل جائے تو طنزاً کہا کرتے ہیں۔

اندیشہ۔(ف) اسم مذکر ① فارسی مصدر اندیشیدن کا حاصل مصدر ② ڈر ③ خوف ④ کھٹکا۔

اندیشناک۔(ف) اسم مذکر اسم فاعل ① خوفناک ② پرخطر۔

ان دیکھی۔(ہ) اسم مونث ① ناواقف ② ناآشنا ③ نادیدہ ③ بے دیکھی چیز۔

انڈا۔(ہ) اسم مذکر ① بیضہ ② مجازاً آدمی کا خصیہ۔

انڈا کھٹکنا۔(ا) فعل ① پرندے کے بچے نکلنے ② انڈے کا پھوٹنا ③ اور بچے کا باہر آنا۔

انڈلانا۔(ہ) فعل ① شوخی کرنا ② مچلنا ③ اٹھلانا۔

اِنڈوا۔(ہ) اسم مذکر۔ مزدور لوگ جو کپڑا تہ کر کے اپنے سر پر رکھ لیتے ہیں تاکہ بوجھ سے گٹھڑی سر میں نہ چبھے۔

انڈواسی۔(ہ) اسم مونث۔ مرغی وغیرہ جو انڈے دینے کو تیار ہو۔

انڈوں پر ہونا۔(ہ) فعل ① انڈے سینا ② بچے نکالنے کے لئے انڈوں کو گرمی پہنچانا۔

انڈیانا۔(ہ) فعل ① انڈے دینے پر ہونا ② بیل بھینسے وغیرہ کو جلدی چلانے کے لئے اس کے خصیوں کو ملنا۔

انڈے اُڑانا۔(ہ) فعل ① بہت جھوٹ بولنا ② انڈے پارہ بھر کر اور منہ موم سے بند کر کے اُڑاتے ہیں ③ مراد دھوکا دینا ④ فریب بازی کرنا۔

انڈے ببول میں لانبے کھجور میں۔(ا) محاورہ ① بدانتظامی ② بے ترتیبی ③ کوئی چیز کہیں کوئی کہیں۔

انڈے بچے۔(ا) اسم مذکر ① آل اولاد بیٹے ② پوتے ③ لڑکے بالے۔

انڈے سینا۔(ہ) فعل ① کسی پرندے کا انڈوں پر بیٹھ کر ان کو گرمی پہنچانا ② تاکہ بچے نکل آئیں ③ گھر میں بیٹھے رہنا ④ گھر گھس ہونا۔

انڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی۔(ہ) محاورہ۔ محنت کوئی کرے فائدہ کوئی اٹھائے۔

انڈے سیوے فاختہ اور کوے میوے کھائیں۔(ہ) محاورہ ① فاختہ بیچاری محنت کر کے بچے نکالے اور کوے کھا جائیں ② حرام خور آدمی کو کہا کرتے ہیں۔

انڈے کا شہزادہ۔(ا) اسم مذکر ① وہ آدمی جو گھر سے باہر نہ نکلا ہو ② ناواقف ③ ناتجربہ کار ④ بھولا بھالا ⑤ سیدھا سادہ۔

انڈے لڑانا۔(ہ) فعل ① قمار باز نوروز کے دن انڈے ہاتھوں میں لے کر ایکدوسرے پر مارتے ہیں جس کا انڈا ٹوٹ جائے وہ ہار جاتا ہے ② دوسرا بازی جیت لیتا ہے۔

انڈیلنا۔(ہ) فعل ① اوندھا ہونا ② گرانا ③ ڈالنا ④ الٹنا ⑤ ایک برتن سے کوئی چیز دوسرے میں الٹا دینا۔

انڈے ہونگے تو بچے بھی ہو رہینگے۔(ہ) مثل ① مرد و عورت ہوں گے تو اولاد بھی ہو ہی جاوے گی ② کام اور محنت کرینگے تو نفع ہوگا۔

انڈیا۔(ای) مذکر ① ہندوستان ② بھارت ورش۔

انڈین۔(ای) اسم صفت ہندی ① ہندوستانی ② ہندوستان کا رہنے والا۔

انڈین ایمپائر۔(ای) مذکر۔ سلطنت ہندوستان۔

انڈین پینل کوڈ۔(ای) مذکر۔ تعزیرات ہند۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

انڈین کونسل۔(ای) مذکر۔وزیرِ ہند کی کونسل۔

انرتھ۔(ہ) اسم صفت ① اصل میں ان ارتھ ہے بہ معنی بے معنی ② بیہودہ ③ مہمل ④ لغو ⑤ فضول ⑥ نامناسب۔

انریت/انریتی۔(ہ) اسم مونث ① بے روجی ② بے رسمی ③ بدچلنی۔

انزال۔(ع) اسم مذکر ① اتارنا ② اترنا ③ منی نکلا ④ جھڑنا ⑤ چھٹنا۔

اَنس۔(ہ) اسم مونث ① عطر ② مغز ③ ست ④ طاقت ⑤ قوت ⑥ زور ⑦ کسر ⑧ حصہ ⑨ ٹکڑا۔

انس۔(ع) عربی۔اسم مذکر ① انسان کی جمع ② آدمی لوگ ② آدمی کی نسل۔

اُنس۔(ع) اسم مذکر ① محبت پیار ② رغبت میلان خاطر ③ میل جول۔

انسان۔(ع) مذکر ① آدمی ② آدم کی اولاد منش ③ پرش ④ محبت رکھنے والا۔

انسان بنانا۔(ا) فعل ① مروت ② ہمدردی سے پیش آنا ③ اچھا سلوک کرنا ④ خلق سے برتاؤ کرنا۔

انسانیت۔(ع) اسم مونث ① آدمیت عقلمندی ② سمجھ ③ خبرداری۔

انسانیت برتنا۔(ا) فعل ① آدمیت سے پیش آنا ② خلق و مروت کا سلوک کرنا۔

انسب۔(ع) اسم مذکر ① نہایت مناسب بہت درست ② نہایت ہی ٹھیک۔

انسپکٹر۔(ای) اسم مذکر ① معائنہ کرنے والا ② دیکھ بھال کرنے والا۔

انسپکٹر جنرل۔(ای) اسم مذکر ① معائنہ کرنے والا بڑا افسر ② مہتمم اعلیٰ۔محکمے کا نگران کار۔

انسٹھ۔(ہ) اسم عدد۔پچاس اور نو۔۵۹۔

انسٹیٹیوشن۔(ای) اسم مونث ① سکول کالج وغیرہ ② علمی مجلس ③ قاعدوں اور اصولوں کا ایک ضابطہ۔

انسٹیٹیوٹ۔(ای) اسم مونث۔محکمہ ترقی علوم وفنون۔

انسداد۔(ع) مذکر ① روک تھام ② بندوبست انتظام ③ مزاحمت۔

انس نکالنا۔(ہ) فعل ① ست نکالنا ② جان نکالنا ③ طاقت لینا ④ کمزور کرنا۔

انسی۔(ہ) اسم مذکر ① شریک ② حصہ دار ساجھی ③ رشتہ دار ④ تعلق دار ⑤ ہمدرد۔

انشاء۔(ع) اسم مونث ① لغوی معنی پیدا کرنا ② اپنے دل سے پیدا کر کے کوئی عبارت لکھنا ③ مجازاً طرز تحریر ④ عبارت ⑤ خطوط نویسی کی کتاب ⑥ سید انشاءاللہ خاں لکھنوی کا تخلص۔

انشاءاللہ تعالیٰ۔(ع) نقرہ۔اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔

انشاپرداز۔(ع،ف) اسم مونث ① منشی ② ناثر نثر لکھنے والا۔

انشائیہ۔(ع) اسم مذکر۔وہ جملہ کہ جس کے متکلم کو جھوٹا یا سچا نہ کرسکیں۔

انشراح۔(ع) اسم مذکر ① کھلنا ② واضح ہونا ③ کشادہ ہونا ④ ظاہر ہونا۔

انصار۔(ع) اسم مذکر ① ناصر کی جمع ہے ② مددگار ③ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اصحاب جنہوں نے مدینہ منورہ میں آپ کی مدد کی۔

انصاف۔(ع) اسم مذکر ① لغوی معنی برابر دو حصے کرنا ② نصفا نصف ③ مجازاً عدل ④ نیاؤ ⑤ داد۔

انصرام۔(ع) اسم مذکر ① لغوی معنی کٹنا ② مجازاً انجام کو پہنچانا ③ انتظام ④ انتظام کرنا۔

انضباط۔(ع) اسم مذکر ① لغوی معنی ملاپ مضبوطی ② مجازاً تعین ③ ضابطہ طریقہ۔

انضباط اوقات۔(ع) اسم مذکر ① وقت کی تقسیم ② وقت کی تعین ③ پابندی وقت ٹائم ٹیبل ④ تقسیم اوقات۔

انضمام۔(ع) اسم مذکر ① ملک پیوستہ ہونا ② ملانا ③ جوڑنا ④ جڑانا۔

انطاکیہ۔(ع) اسم مذکر۔ملک روم کا ایک نہایت پرانا شہر ہے۔

انطباع۔(ع) اسم مذکر ① نقش ہونا ② چھپ جانا ③ چھاپہ خانہ میں کسی کتاب کا چھپنا۔

انطباق۔(ع) اسم مذکر ① آپس میں ملنا ② بالکل ③ منطبق ہونا۔

انطفا۔(ع) اسم مذکر ① آگ کا بجھ جانا ② افسردہ ہونا ③ آگ ٹھنڈی ہو جانا۔

انعام۔(ع) اسم مذکر ① نعمت دینا ② بخشش عطیہ احسان ③ کام کرنیکا صلہ۔

انعام واکرام۔(ع) مذکر۔خلعت وعزت دینا۔

انعقاد۔(ع) اسم مذکر ① بندھنا ② گرہ پڑنا ③ منعقد ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

انعکاس۔(ع) ① الٹنا ② لوٹنا ③ واپس ہونا عکس ④ سایہ۔

انفار۔(ع) مذکر ① نفر کی جمع ② سپاہی ③ آدمی نوکر ④ ملازم ⑤ کم رتبہ اشخاص کے لئے بولتے ہیں

انفارمیشن۔(ای) مونث ① اطلاع ② خبر۔

انفاس۔(ع) اسم مذکر ① نفس کی جمع ② سانس ③ دم۔

انفجار۔(ع) اسم مذکر ① چشمہ کا پھوٹنا ② پھوڑا نکلنا ③ پھوٹ بہنا۔

انفحہ۔(ع) اسم مذکر ① چاک ② چستہ ③ پنیر مایہ معدہ۔

انفراغ۔(ع) اسم مذکر ① فارغ ہونا ② فراغت پانا ③ فرصت پانا ④ کام ختم ہونا۔

انفصال۔(ع) مذکر ① جدا ہونا ② فیصلہ ہونا طے ہو جانا ③ چک جانا۔

انفعال۔(ع) مذکر ① شرمندہ ہونا ② شرم ③ ندامت خفت ④ سبکی۔

انفلوئینزا۔(ای) مذکر ① بائی نزلہ ② وہ بخار جو نزلہ کے باعث ہو ③ نمونیا۔

انفلوئینس۔(ای) مذکر ① رسوخ ② رعب۔

انفنٹری۔(ای) مونث ① پیادہ فوج ② پلٹن ③ پیدل فوج۔

انقباض۔(ع) مذکر ① رکاوٹ ② روک قبض ③ سبکی۔

انقضاء۔(ع) اسم مذکر ① گزر جانا ② پورا ہو جانا ③ چھوٹ جانا ④ گذرنا۔

انقطاع۔(ع) اسم مذکر ① کٹ جانا ② تعلق ٹوٹ جانا ③ قطع تعلق ہونا۔

انقلاب۔(ع) اسم مذکر ① بدل جانا ② الٹ پلٹ ہو جانا ③ تغیرو تبدل ④ الٹ پھیر۔

انکار۔(ع) اسم مذکر ① نامنظور ② اقرار کی ضد ③ نہ ماننا ④ ناکر دینا ⑤ انحراف۔

ان کا کیڑا۔(ہ) اسم مذکر ① اناج میں پیدا ہونے والا کیڑا ② اناج گزارہ کرنیوالا مجازاً انسان ③ آدمی۔

انکاؤ۔(ہ) مذکر ① تخمینہ ② اندازہ ③ جانچ۔

انکس۔(ہ) اسم مذکر۔ ہاتھی کو چلانے کا اوزار کجک۔

انکسار۔(ع) اسم مذکر ① ٹوٹ جانا ② خاکساری ③ فروتنی ④ تواضع ⑤ عاجزی۔

ان کک۔(ہ) اسم مذکر۔ محاسب خاندان خاندان کا نگران۔

انکنا۔(ہ) ① اندازہ ہونا ② جچنا ③ پسندیدہ ہونا ④ پسند آنا۔

انکم ٹیکس۔(ای) ① آمدنی کا ٹیکس ② آمد کا محصول ③ رعیت پر آمدنی کا حساب سرکاری لگان۔

ان کلیمڈ۔(ای) مذکر ① لاوارث مال ② وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔

انکوٹ۔(ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کا ایک تیوہار جو دیوالی سے دوسرے روز ہوتا ہے جس میں طرح طرح کے کھانے پکا کر دیوتاؤں کو بھوگ لگاتے ہیں۔

انکھڑیاں۔(ہ) اسم مونث ① محبوب کی آنکھوں کو پیار سے تصغر کر کے کہتے ہیں انکھ کی تصغیر ہے ② چشم ③ انکھیں۔

انکھوا۔(ہ) اسم مذکر ① انکڑا ② ٹوک ③ آٹے کا شگوفہ جو گھی میں مل کر میٹھا لگا کر کھاتے ہیں ④ دال کا ناک جو دلتے وقت ٹوٹ کر الگ ہو جاتا ہے۔

ان کے چاٹے روکھ بھی ہرے نہیں ہوئے۔(ہ) محاورہ ① بڑا گھاؤ گھپ ہے بڑا ہیٹرا ہے ② بڑا چالاک ہے ③ ان کے کھانے کا پتہ نہیں چلا۔

ان کے کھائے پانی بھی نہیں مانگا۔(ا) محاورہ ① وہ بڑے عیار ہیں نہایت ٹھگ ہیں ② وہ لوٹ کھسوٹ کر پتہ نہیں دیتے ③ بن پانی ہی ہضم کر جاتے ہیں۔

انگ۔(ہ) مذکر ① جسم ② بدن ③ عضو ④ جوڑ ⑤ چھاتی پستان ⑥ سینہ ⑦ جزو بدن۔


انگ

انگا۔(ہ) مذکر ① جامہ ② پیراہن ③ انگرکھا۔

انگار/انگارا۔(ہ) مذکر ① دہکتا ہوا ② اپلا یا بڑا سا کوئلہ ③ مجازاً لال ④ سرخ نہایت سرخ ⑤ دہک دہک کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

انگارا بننا۔(ہ) فعل ① نہایت غضب آلود ہونا ② سخت غصہ ہونا ③ غصے سے لال ہو جانا کھا پی کر خوب موٹا تازہ لالوں لال کل ہونا۔

انگاروں پر لٹانا (ہ) فعل ① نہایت رکھ دینا ② تڑپانا ③ تکلیف پہنچانا ④ رنج دینا۔

انگاروں پر لوٹنا/انگاروں پر لٹنا (ہ) فعل ① نہایت دکھ پہنچنا ② دکھ سہنا ③ تڑپنا ④ رشک اور حسد سے جلانا بہت تکلیف اٹھانا ⑥ دل ہی دل میں کڑھنا۔

انگارے برسنا۔(ہ) فعل ① خدا کا قہر نازل ہونا ② شدت کی گرمی پڑنا ③ لو چلنا۔

انگد بدیا۔(ہ) اسم مذکر ① علم تشریح ② جسم کی بناوٹ کا علم ③ تشریح الابدان۔

انگبین۔(ف) اسم مذکر ① شہد ② عسل۔

انگرکھا۔(ہ) مردوں کے پہننے کا ایک کپڑا چپکن۔قبا۔

انگریز۔(ای) مذکر ① انگلستان کا رہنے والا ② فرنگی۔

انگریزی۔(ای) مونث۔انگریزوں کی زبان انگریزوں کا

انگڑائی۔(ہ) مونث ① خمیازہ ② سستی رفع کرنے کے لئے جسم کا تننا ③ اکڑنا ④ ہر حیوان کے واسطے رفع کسل کے لئے ایک قدرتی حرکت ہے۔

انگڑائی توڑنا۔انگڑائی لینا۔(ہ) فعل ① سستی اتارنا ② خمیازہ کشی کرنا ③ بے کاری اور غفلت میں گزارنا ④ سست پڑے رہنا۔

انگڑ کھنگڑ۔(ہ) اسم مذکر ① پرانا ② اسباب خانہ زاری ③ آڑ کباڑ ④ بیکار چیزیں ٹوٹا پھوٹا سامان ⑤ فضول اشیا۔

انگشت۔(ف) مونث انگلی۔

انگشتانہ۔(ف) ① پیتل یا لوہے کا خانہ دار حلقہ جو کپڑا سیتے وقت اکثر انگلی سرے میں پہن لیا کرتے ہیں تا کہ سوئی نہ چبھے ② تیر اندازوں کا لوہے کا حلقہ جسے شست کہتے ہیں ③ زرہ گیر۔

انگشت بدنداں ہونا۔(ہ) فعل ① دانتوں میں انگلی دابنا ② حیرت ③ تعجب اور افسوس کے اظہار کے وقت یہ حالت ہوا کرتی ہے ④ مجازاً افسوس کرنا ⑤ حیران ہونا۔

انگشتری۔(ف) مونث۔انگوٹھی انگلی میں پہننے کا زیور۔

انگشت شہادت۔(ف) مونث ① انگوٹھے کے پاس کی انگلی ② سبابہ ③ تصدیق کرنے کی انگلی۔

انگشتر۔(ف) ① انگوٹھا ② ابہام۔

انگشت نما۔(ف) اسم مذکر۔صفت۔ترکیب مفعولی ① انگلی سے دکھایا ہوا ② وہ شخص جو اپنے افعال سے بہت بدنام ہو ③ مطعون رسوا ④ عیب دار ⑤ عیبی۔

انگل۔(ا) مذکر ① پیمانہ ② ناپ جو انگلی کی چوڑائی کی مقدار میں ہوتا ہے ③ آٹھ جو عرضی کے برابر۔

انگلستان۔(ا) مذکر ① انگریزوں کا وطن ② جزیرہ انگلینڈ۔

انگلش۔(ای) مذکر ① انگلستان کی ② انگریزی انگریزوں کے ملک کی ③ برطانیہ سے تعلق رکھنے والی اشیا یا آدمی وغیرہ۔

انگ لگنا۔(ہ) فعل ① بغلگیر ہونا ② معانقہ کرنا ③ غذا کا جزو بدن ہونا ④ کام میں آنا ⑤ ٹھکانے لگنا۔

انگ لگو۔(ہ) اسم مذکر۔وہ بچہ جو ہر وقت ماں کی گود میں ہی رہے۔

انگلس۔(ا) اسم مونث ① پنشن جو سپاہیوں وغیرہ سرکاری ملازموں کا بوڑھا اور کمزور ہونے پر گورنمنٹ سے ملتی ہے ② روپے کی امداد۔

انگلسی یا انگلسیا۔(ا) پنشن خوار۔مجاز اُست اور اپاہج آدمی۔

انگلی۔(ہ) اسم مونث۔انگشت۔

انگلیاں اٹھانا۔(ہ) فعل۔اشارہ کرنا کسی بدنام آدمی کی طرف اشارہ کرنا۔

انگلیاں چٹخانا۔(ہ) فعل۔انگلیوں کو دبا کر یا کھینچ کر چٹ چٹ کی آواز نکالنا۔

انگلیاں چمکانا۔(ہ) فعل۔عورتوں کا لڑتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر انگلیاں نچانا۔

انگلیاں کانوں میں دینا۔(ہ) فعل ① کسی بات یا آواز کے سننے سے نفرت کرنا ② شور وغل سے کانوں کو بچانا۔

انگلیاں نچانا۔(ہ) فعل۔انگلیاں ہلا کر کسی کو چڑانا۔

انگلی پکڑنا۔(ہ) فعل ① سہارا لینا ② مدد لینا ③ آسرا پکڑنا ④ تھوڑا سا سہارا پانا۔

انگلی پکڑ کے پہنچا پکڑنا۔(ہ) فعل ① تھوڑا سا سہارا لے کر زیادہ کے

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

سر ہو جانا ❷ تھوڑے سے تعلق پر پوری چیز کا دعویدار بن جانا۔
انگلی دھرنا یا انگلی رکھنا۔(ہ) فعل ❶ حرف گیری کرنا ❷ عیب نکالنا ❸ نکتہ چینی کرنا ❹ قبضہ کرن ❺ دخل اور قابو کرنا ❻ دوستی لگانا ❼ کچھ تعلق بنا لینا۔
انگلی میں لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا۔(ا) فعل ❶ کسی کام میں برائے نام دخل پڑا کر اس کا دعویدار بننا ❷ جھوٹا مدعی ❸ مکار فریبی۔
انگلی نہ لگانا۔(ہ) فعل ❶ تہ نہ لگانا ❷ نہ چھونا ❸ نہ چھیڑنا ❹ نفرت کرنا۔
انگلینڈ۔(ای) مذکر۔ انگریزوں کا ملک انگلستان۔
انگلیوں پر نچانا۔(ہ) ❶ ہنسی اڑانا ❷ مذاق کرنا ❸ تمسخر کرنا ❹ ذلیل کرنا ❺ ستانا ❻ تنگ کرنا۔
انگلیٹ۔(ہ) اسم مونث۔ ❶ (عورتیں) وجود جسم کی ساخت ❷ وضع ❸ ڈیل ڈول۔
ان گنا۔(ہ) اسم مذکر۔ (مفعول) ❶ نہ گنا ہوا ❷ ناشمردہ ❸ گننے کے ناقابل۔
ان گنا برس۔(ہ) اسم مذکر ❶ عورتوں کی اصطلاح میں بچے کی عمر کا آٹھواں سال کیونکہ آٹھ کو عورتیں منحوس سمجھتی ہیں ❷ لہذا اسے ان گنا بولتی ہیں۔
ان گنا مہینہ۔(ہ) اسم مذکر ❶ حمل کا آٹھواں مہینہ ❷ کیونکہ اس ماہ میں پیدا شدہ بچہ اکثر زندہ نہیں رہتا ❸ نیز زائچہ کا آٹھوان خانہ موت کا گھر ہے اس لئے اس لفظ کا نام تک لینا بھی نحوست سمجھتی ہیں۔
انگنائی۔(ہ) اسم مذکر ظرف ❶ صحن ❷ انگن ❸ گھر کے سامنے کھلی جگہ (وہڑا پنجابی)
ان گنت۔(ہ) اسم صفت ❶ لاتعداد ❷ بے قیاس ❸ بے حد ❹ جس کی گنتی نہ ہو سکے۔
انگوٹھا۔(ہ) اسم مذکر ❶ ابہام ❷ انگشت نر ❸ ٹھونسا ❹ ٹھینگا۔
انگوٹھا چومنا۔(ہ) فعل ❶ خوشامد کرنا ❷ چاپلوسی کرنا ❸ عاجزی ❹ تابعداری بیحد محبت کرنا۔
انگوٹھا دکھانا۔(ہ) فعل ❶ چڑانا ❷ ٹھینگا ❸ دکھانا ❹ انکار کرن ❺ کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا ❻ پرواہ نہ کرنا ❼ حقیر جاننا۔
انگوٹھی نچانا۔(ہ) فعل ❶ کسی انگوٹھا ہلا کر چڑانا ❷ کسی کو برا سمجھنا ❸ لڑنا۔
انگوٹھی۔(ہ) مونث ❶ انگشتری ❷ خاتم ❸ (مندری پنجابی)۔
انگوچھا۔(ہ) مذکر ❶ چھوٹا ❷ سا کپڑا جو ہندو لوگ نہاتے وقت کمر پر باندھ لیتے ہیں ❸ پرنا ❹ صافہ ❺ چھوٹی دھوتی ❻ تولیہ ❼ رومال ❽ بدن صاف کرنے کا۔
انگور۔(ف) ایک مشہور میوہ ❶ تاک ❷ داکھ ❸ رز ❹ زخم کا کھرنڈ ❺ پپڑی۔
انگور بندھنا۔(ہ) فعل ❶ زخم کا بھرنا ❷ زخم اچھا ہو کر کھرنڈ آجانا ❸ زخم پر پپڑی آنا۔
انگور پھٹ جانا۔(ہ) فعل ❶ راضی شدہ ❷ زخم کا پھر تازہ ہو جانا ❸ زخم کھل جانا۔
انگور کی ٹٹیاں۔(ا) اسم مونث۔ بانس کی ٹٹیاں جن پر انگوروں کی بیلیں چڑھاتے ہیں۔
انگوری بیل۔(ا) اسم مونث۔ کپڑے پر کشیدہ کی ہوئی یا بنی ہوئی انگور کی شکل۔
انگوری شراب۔(ف) اسم مونث ❶ وہ شراب جو انگوروں سے بنائی گئی ہو ❷ انگوروں سے کھینچی ہوئی شراب۔
انگھڑ۔(ہ) اسم مذکر مفعول ترکیبی یعنی صفت ❶ نہ گھڑا ہوا ❷ بے ترتیب ❸ بے ڈول ❹ بے سلیقہ ❺ ناموزوں بے ڈھنگا۔
انگیا۔(ہ) اسم مونث ❶ محرم ❷ عورتوں کا سینہ بند ❸ چولی۔
انگیا کا بنگلہ۔(ا) ❶ خربوزے کی سی چھ پھانکیں ❷ جو انگیا پر گوٹے کناری وغیرہ سے بناتی ہیں
انگیا کا ٹھرا۔(ا) مذکر ❶ سوت کا ڈورا ❷ جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے اندر ہوتا ہے۔
انگیا کا گھاٹ۔(ہ) مذکر۔ انگیا کا گریبان۔
انگیا کے پان۔(ہ) مذکر۔ انگیائی کٹوریوں میں دو چھوٹے چھوٹے اوپر کی طرف کپڑے کے ٹکڑے۔
انگیا کے پٹھے۔(ہ) مذکر ❶ انگیا کی چوڑی گوٹ ❷ چوڑی مغزی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314967218

**انگیا کی چڑیا**۔(ہ) مونث۔ انگیا کی دونوں کٹوریوں کی درمیانی سیون۔

**انگیا کی خواصی**۔(ہ) مونث۔بغل کے برابر ایک چھوٹی سی دھجی جسے گھائی بولتے ہیں۔

**انگیا کی ڈوری**۔(ہ) مونث۔وہ ریشمی ڈور جو انگیا کے گریبان کے گردا گرد لگاتی ہیں۔

**انگیا کی دیواریں**۔(ا) مونث۔کٹوریوں کے نیچے کے حصے۔

**انگیا کی کٹوریاں**۔(ہ) اسم مونث ① انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ② محرم ملکٹ ③ چھاتیوں کا غلاف۔

**انگیٹھا**۔(ہ) اسم مذکر۔سناروں کا آتشدان جس میں رکھ کر وہ سونا چاندی گرم کرتے ہیں۔

**انگیٹھی**۔(ہ) اسم مونث ① آتشدان ② مجمر ③ آگ تاپنے کا برتن جسے کشمیری لوگ کانگڑی بولتے ہیں

**انگیزنا**۔(ہ) فعل ① برداشت کرنا ② سہارنا ③ اٹھانا ④ گوارا کرنا ⑤ ذمہ لینا۔

**ان لینڈ**۔(ای) مذکر ① ملک کے اس طرف ملک کے اندر اندر ② خشکی کے اندر اندر۔

**انمان** (ہ) اسم مذکر ① اندازہ ② تخمینہ ③ نتیجہ ④ ماحصل۔

**ان مت**۔(ہ) اسم مذکر ① بے متا ② بے عقل ③ بے شعور ④ پاگل ⑤ متوالا ⑥ دیوانہ۔

**ان مل**۔(ہ) اسم مذکر۔صفت ① وہ چیز جو کسی سے ملتی جلتی نہ ہو ② بے تکی بے ڈھنگی۔

**ان ملا یا انملا**۔(ہ) مذکر۔وہ آدمی جو کسی سے میل ملاقات نہ رکھتا ہو۔

**ان مل بے جوڑ**۔(ہ) مذکر ① بے تکی بے ترتیب ② بے ربط ③ بے تعلق بے ڈھنگی باتیں۔

**ان ملی کے جتی**۔(ہ) ① مکار ② آدمی ③ بے صبرا ④ نہ ملی تو سادھو جتی ستی بنے رہے مل گئی تو بھوگ لگانے کو شیر ہو گئے دھوکے کے فقیر ⑤ ظاہری بھلے مانس۔

**انمنا/ان منی** (ہ) سم صفت ① حروف نفی منا بہ معنی دل والا ② بے دل ③ بے ہوش ③ مضطرب، بے قرار ④ علیل ⑤ بیمار ⑥ متفکر۔

**انمول**۔(ہ) اسم صفت ① بیش قیمت ② نہایت قیمتی بے بہا ③ نہایت نادر ④ بہت کمیاب چیز۔

**ان میل**۔(ہ) اسم صفت ① ناموافق ② مخالف ③ مختلف ④ بے ربط۔

**اناس**۔(پرتگالی) اسم مذکر ① ایک قسم کا نہایت لذیذ کھٹ میٹھا خوشبودار پھل ② خربوزے سے ذرا چھوٹا اور لمبوترا ہوتا ہے۔

**اَنت یا ان انت** (ہ) اسم صفت ① بے پایاں بے تھاہ بے حد ② بے انتہا ③ ابدی ④ خدا ⑤ پرمیشور ⑥ چودہ گانٹھوں کا ڈورہ جو بھادوں کی چودہ تاریخ کو ہندو بازو پر باندھتے ہیں۔

**انت چودس**۔(ہ) اسم مونث۔ایک تیوہار کا نام ہے جس میں ہندو لوگ بھادوں کی چودہ تاریخ کو چودہ گانٹھوں کا ڈورہ بازوؤں پر باندھتے ہیں۔

**ان نینوں کا یہی بسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ**۔(ہ) مثل ① ان آنکھوں کا یہی قاعدہ ہے ② وہ بھی دیکھا ہے یہ بھی دیکھ ③ انکھیں دنیا میں برائی بھلائی سب کو دیکھتی ہیں ④ آدمی کو دکھ سکھ سب ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں ⑤ خوشی اور رنج کو ہنسی خوشی گزار دے۔

**ان نیائی**۔(ہ) اسم مذکر ① ناانصاف ② ظالم ③ خبیث ④ ستمگر بے داد گر۔

**انوار**۔(ہ) اسم مذکر ① نور کی جمع ② روشنیاں ③ اجالے ④ تجلیاں۔

**انواع**۔(ع) اسم مونث ① نوع کی جمع ② قسم قسم کی ③ طرح طرح ④ رنگارنگ۔

**انوپ**۔(ہ) اسم صفت ① لاثانی ② بے نظیر ③ یکتا ④ بے مثل۔

**انوپان**۔(ہ) اسم مذکر ① دوا کھانے کا طریق ② دوا کا پرہیز وغیرہ ③ طریق استعمال۔

**انوٹ**۔(ہ) اسم مونث ① پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک گھنگرو دار زیور ② چھب ناز و انداز ③ نخرہ ④ آن کی تصغیر۔

**انوٹھا**۔(ہ) اسم صفت مذکر ① عجیب ② انوکھا ③ نرالی بات ④ خلاف عادت ⑤ خلاف واقعہ۔

**انور**۔(ہ) اسم مذکر ① نہایت روشن ② بہت چمکیلا ③ نہایت نورانی ④ بہت خوبصورت۔

**انوری**۔(ہ) اسم مذکر۔وحد الدین خاوری کا تخلص ہے۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149277218

www.besturdubooks.net

انوسار۔ (ہ) تابع فعل ① مطابق ② موافق ③ حسب۔

اُنہتر۔ (ہ) اسم عدد۔ ساٹھ اور نو۔ ۶۹۔ 69۔

انہدام۔ (ع) اسم مذکر ① باب انفعال ② گرانا ③ ڈھانا ④ مسمار کرنا ⑤ برباد کرنا ⑥ اینٹ سے اینٹ بجانا۔

انہزام۔ (ع) اسم مذکر۔ مصدر ① باب انفعال شکست کھانا ② بھاگنا ③ بھاگ جانا۔

انہماک۔ (ع) اسم مذکر۔ مصدر ① باب انفعال ② کسی کام میں محو ہونا ③ محویت ④ مصروفیت ⑤ مشغولیت۔

ان ہوت۔ (ہ) اسم مونث ① ناداری ② مفلسی ③ کنگالی ④ نہ ہونا۔

ان ہونی۔ (ہ) اسم مونث ① نہ ہونے کے قابل ② دشوار ③ محال ④ ناممکن ⑤ نہ ہونے والی۔

ان ہونی نہیں اور ہونی ہو و نہار (ہ) مقولہ ① نہ ہونے والی بات ہو نہیں سکتی ② اور ہونے والی ضرور ہو کر رہیگی۔

اِنہیں۔ (ہ) اسم اشارہ قریب۔ ان کو۔

اُنہیں۔ (ہ) اسم اشارہ بعید۔ اُن کو۔

انی۔ (ہ) اسم مونث ① تیر یا نیزے کی نوک ② بھال ③ سنان ④ جوتے کی نوک ⑤ حرف ندا ⑥ اری اِے۔

انیاؤ۔ (ہ) اسم مذکر ① ناانصافی ② ظلم ③ ستم ④ بے داد۔

انیائی۔ (ہ) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① ظالم ستمگر ② بے دادگر ③ نامنصف ④ انصاف ⑤ نہ کرنیوالا۔

انیتی۔ (ہ) اسم مونث ① شرارت ② برائی ③ بے انصافی ④ ظلم ⑤ شور وغل ⑥ فتنہ و فساد بدنیتی ⑦ نیت کا فرق۔

انیس۔ (ہ) اسم مذکر ① دوست ② غمخوار ③ محبت رکھنے والا ③ میر ببر علی لکھنوی کا تخلص جو مرثیہ کہنے میں لاثانی گزرے ہیں۔

اُنیس۔ (ہ) اسم عدد۔ دس اور نو۔ ۱۹۔

انیس بیس۔ (ہ) ① ذرا سا فرق ② تھوڑا سا فرق جزوی فرق جو انیس بیس میں ہوتا ہے۔

انیس بیس ہونا۔ (ہ) فعل ① ہرج مرج ہونا ② لڑائی بھڑائی ہونا ③ خرابی ہونا ④ جھگڑا ہونا۔

انیسون۔ (ہ) ایک دوا ہے۔ جو اجوائن کی شکل کی ہوتی ہے۔

انیک۔ (ہ) اسم صفت ① لغوی معنی نہیں ایک اصطلاح معنی ② چند ③ کئی ④ بہت سے ⑤ طرح طرح کے ⑥ قسم قسم کے ⑦ بے شمار ⑧ ان گنت۔

انیلا۔ (ہ) اسم مذکر ① صفت ② ناتجربہ کار ③ نادان ④ سادہ ⑤ انجان ⑥ بھولا ⑦ خام ⑧ ناآزمودہ کار۔

انیلا پن۔ (ہ) اسم مذکر ① سادگی ② بھولا پن ③ البیلا پن ④ بانکپن ⑤ ناتجربہ کاری۔

## ا ← و

او۔ (ہ) حرف ندا ہے ① اے ② ارے ③ ابے چھوٹے اور کم رتبہ آدمی کو اس لفظ سے پکارتے ہیں ④ حقارتاً۔

اوازہ توازہ۔ (ہ) اسم مذکر ① مہنہ ② طعنہ ③ بولی ٹھولی ④ طعن ⑤ تشنیع۔

اوان۔ (ہ) مسلمانوں کی ایک جنگجو قوم ہے جو کوہستانی ملک میں پائی جاتی ہے۔

اواخر۔ (ہ) اسم مذکر ① آخر کی جمع ② پچھلے ختم ③ اختتام ④ انتہا ⑤ انجام ⑥ برلا سراہ۔

اوارجہ۔ (ف) مذکر ① روزنامچہ ② روزانہ خبریں ③ ڈائری ④ (یہ لفظ الف ممدودہ سے بھی ہے۔)

اوائل۔ (ہ) اسم مذکر ① اول کی جمع ② پہلے حصے ③ آغاز ④ ابتدا ⑤ شروع۔

اوائل۔ (ہ) اسم مذکر ① بیٹر ② وہ رسی جس پر چرخے کی مال ہوتی ہے۔

اووائی۔ (ہ) اسم مونث ① اصل میں ہوائی ہے ② شہرت ③ بے سروپا بات کسی کی آمد کی خبر۔

اوباش۔ (ہ) اسم صفت ① بدمعاش ② آوارہ ③ شہدا ④ لچا ⑤ غنڈا ⑥ بدچلن۔

اوباشی۔ (ہ) اسم مصدری ① بدمعاشی ② آوارگی ③ لچ پنا ④ بدچلنی ⑤ غنڈاپن۔

اوبزویٹری۔ (ای) ① رصدگاہ ② وہ مینار جس پر چڑھ کر ستاروں کی چال معلوم کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140078218

اوپ ۔ (ہ) اسم مونث ① جلا ② آب ③ صفائی ④ چمک ⑤ رونق ⑥ آب وتاب۔

اونچی ۔ (ہ) اسم مذکر ① ہتھیار بند ② مسلح ③ ہتھیاروں سے سجا ہوا ④ سپاہی ⑤ بانکا سپاہی۔

اوپر۔ (ہ) کلمہ ظرف ① نیچے کی ضد ② بلند ③ اونچا ④ فوق باہر ⑤ زیادہ ⑥ جیسے دس سے اوپر آدمی تھے۔

اوپر اوپر۔ (ہ) تابع فعل ① الگ الگ ② پوشیدہ ③ چپکے چپکے ④ بالا بالا ⑥ ظاہری نمائش۔

اوپر اوپر جانا۔ (ہ) فعل ① بیکار جانا ② ضائع ہونا بے فائدہ اور لاحاصل جانا ③ نشانے کا ٹھیک نہ بیٹھنا۔

اوپر تلے۔ (ہ) تابع فعل ① نیچے اوپر تہ وبالا ② پے درپے ③ لگا تار یکے بعد دیگرے ④ متواتر۔

اوپر تلے کے۔ (ہ) تابع فعل ① وہ بچے جن کے درمیان کوئی بچہ پیدا نہ ہوا ہو ② عورتوں کا خیال ہے کہ ایسے بچوں میں ہمیشہ جھگڑے پڑے رہتے ہیں کبھی بنتی نہیں۔

اوپر ڈری۔ (ہ) اسم مونث ① الزام تہمت ② یونہی ③ خواہ مخواہ ④ ظاہری باتیں۔

اوپر ڈرے پکڑنا۔ (ہ) فعل ① الزام لگانا ② تہمت دھرنا ③ قیاس لگانا ④ بے تحقیق جھوٹ موٹ بات کرن ⑤ قرائن سے معلوم کرنا۔

اوپر سے۔ (ہ) تابع فعل ① اونچے سے علاوہ آزیں ② بالائی آمد ③ تنخواہ کے علاوہ دوسری صورت سے ④ یعنی رشوت وغیرہ۔

اوپر کا۔ (ہ) تابع فعل ① اجنبی ② غیر ③ بیگانہ ④ فالتو ⑤ رشوت وغیرہ کا۔

اوپر کا دم بھرنا (ہ) فعل ① آخری سانس لینا ② قریب المرگ ہونا ③ اکھڑے سانس لینا۔

اوپر کا کام (ا) اسم مذکر ① فالتو کام ② زائد کام ③ فرض منصبی کے علاوہ ④ سودا سلف لانے وغیرہ کا کام۔

اوپرلا۔ (ہ) صفت ① اوپر والا ② اوپر کا۔

اوپروالا۔ (ہ) اسم مذکر ① نیا چاند ② خدا ③ پرمیشور ④ پیش خدمت۔

اوپر والے۔ (ہ) اسم مذکر ① منتظم اور کارکن لوگ ② غیر آدمی ③ بیگانے۔

اوپروالیاں۔ (ہ) اسم مونث ① پریاں ② چڑیلیں ③ چیلیں اوپر کا کام کرنے والیاں۔

اوپرہی اوپر۔ (ہ) تابع فعل ① الگ الگ ② چپ چپ ③ بالا بالا۔

اوپری۔ (ہ) اسم صفت مونث ① باہر کی بالائی ② ناموزوں ③ پردیسی۔

اُوت۔ (ہ) اسم مذکر (صفت) ① بے وقوف ② نادان ③ جاہل ④ لاولد ⑤ نامراد۔

اُوت۔ (ہ) اسم مونث ① کسر کی ضد ② نفع ③ فائدہ ④ بچت ⑤ جیت ⑥ کفایت ⑦ امید صحت ⑧ افاقہ، یہ لفظ بواؤ مجہول ہے۔

اوت کسر ماری جانا۔ (ہ) فعل۔ نفع یا نقصان ہوجانا۔

اوتار۔ (ہ) اسم مذکر (وتد کی جمع) لغوی معنی میخیں۔ اصطلاحاً اولیا اللہ کا ایک خاص درجہ ہوتا ہے۔

اُوتار۔ (ہ) ① پیغمبر ② رسول ③ خدا کا کسی جنم میں آکر لوگوں کی اصلاح کرنا ③ فرشتہ ④ سیرت نیک آدمی ⑤ استاد ⑥ مرشد۔

اوتاری۔ (ہ) اسم مذکر ① نیک ② شریف ③ صالح ④ پاک ⑤ طنز شریر ⑥ بدمعاش۔

اوتاری ہونا۔ (ہ) فعل ① کسی کام پر متوجہ ہونا ② کسی امر کے لئے مستعد ہوجانا ③ تیار ہوجانا۔

اوتر پاتر ہونا۔ (ہ) فعل ① بدلا ہونا ② معاوضہ ہونا ③ برابر ہونا ④ بے باق ہونا ⑤ قرضہ اُتر جانا۔

اوٹ۔ (ہ) اسم مونث۔ (بواؤ مجہول) ① پردہ ② آڑ ③ چھپاؤ ④ حفاظت ⑤ اوجھل ⑥ غائب ⑦ گھونگٹ ⑧ گھات ⑨ کمین گاہ۔

اوٹا۔ (ہ) مذکر ① دروازے کی چوکیاں ② دروازے کے دائیں بائیں دو پتھر بیٹھنے کے لئے لگا دیا کرتے ہیں چرخی اوٹنے والا۔

اوٹ پٹانگ۔ (ہ) اسم صفت ① مہمل واہیات ② لغو ③ بیہودہ ④ بے معنی ⑤ بے تکے۔

اوٹل جانا/اوٹلنا (ہ) فعل ① نظر سے غائب ہوجانا ② آنکھ سے اوجھل ہوجانا ③ غائب ہونا ④ گم ہونا۔

اوٹنا۔ (ہ) فعل ① کپاس میں سے روئی اور بنولے الگ کرنا ② بیلنا ③ کسی کی ضمانت کرن ④ اکسی قرضہ اپنے ذمے لینا ⑤ پردہ کرنا ⑥ آڑ

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149072

کرنا (7) بچانا (8) بیلوں کا جوڑا اٹھانا۔

اوٹنی۔(ہ) اسم مونث (1) چرخی (2) کپاس اوٹنے کی بیلنی۔

اوج۔(ع) مذکر (1) بلندی (2) اونچائی (3) رتبہ (4) عزت (5) ترقی (6) عروج۔

اوجاج یا اجاع۔(ت) اسم مذکر (1) چولھا (2) دیگدان۔

اوج کو پہنچنا۔(ہ) فعل (1) بڑا رتبہ پانا (2) ترقی کے اعلےٰ رتبہ پر پہنچنا۔

اوج موج۔(ا) مونث (1) مزے (2) لطف (3) خوشحالی (4) فارغ البالی۔

اوجڑ۔(ہ) اسم صفت (1) ویران (2) غیر آباد (3) برباد شدہ (4) تباہ (5) خراب شدہ جگہ۔

اوجڑ نگری سونا دیس (ہ) مثل (1) گاؤں تباہ (2) ملک برباد (3) ویران (4) علاقہ (5) حاکم ظالم کے ظلم سے تباہی اور بربادی کے وقت بولتے ہیں۔

اوجھ۔(ہ) اسم مذکر (1) پیٹ (2) شکم (3) چوپائے جانوروں کا معدہ۔

اوجھا۔(ہ) اسم مذکر (1) لغوی (2) قلم (3) اصطلاح میں نجومی (4) جوتشی (5) رمال (6) جادوگر کو بولتے ہیں۔

اوجھ بھرنا۔(ہ) فعل (1) پیٹ بھرنا (2) شکم پر ہونا (3) ٹھونس ٹھونس کر بہت کھانا۔

اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے۔(ہ) مقولہ (1) بہت پیٹ بھر کر کھانا (2) بیماری پیدا کرتا ہے (3) تھوڑا کھانا (4) انگ لگانا (5) بہتا کھانا اوجھ بڑھانا (6) تھوڑا کھانا (7) بیماری سے بچاتا ہے۔

اوجھڑ۔(ہ) اسم مونث (1) ضرب (2) صدمہ دھکا چوٹ۔

اوجھڑ لگانا/اوجھڑ مارنا۔(ہ) فعل (1) دشمن کی ڈھال پر ڈھال مارنا (2) حریف کی پھری پر پھری لگانا (3) دھکا دینا (4) ضرب لگانا (5) صدمہ پہنچانا۔

اوجھڑی۔(ہ) اسم مونث (1) جانوروں کا معدہ (2) اوجھ۔

اوجھل۔(ہ) مونث (1) غائب (2) آڑ (3) پردہ (4) حجاب وغیرہ (5) (دیکھو اوٹ)۔

اوجھنا (بواؤ مجہول) (ہ) مصدر (1) پانی انڈیلنا (2) الٹنا (3) ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا۔(ہندو بولتے ہیں)

اوچھن۔(ہ) اسم مونث (1) کمی (2) کسر (3) تھوڑا رہنا۔

اوچھا۔(ہ) اسم مذکر صفت (1) کم ظرف (2) کمینہ (3) ہلکا (4) ادھورا (5) جیسے تلوار کا وار اوچھا پڑا چھوٹا (6) کم گہرا (7) خفیف (8) نامناسب۔

اوچھا برتن ہی چھلکتا ہے۔(ہ) محاورہ۔کم ظرف آدمی تھوڑی سی پونجی پر اتراتا ہے۔

اوچھا ہاتھ پڑنا۔(ہ) فعل (1) ہلکا ہاتھ پڑنا (2) زخم کاری نہ لگنا (3) خفیف سا وار لگنا۔

اوچھی پونجی خصم کو کھائے۔(ہ) فعل۔تھوڑے سرمائے سے تجارت کرنا اصل سرمایہ کو بھی ہاتھ سے دے بیٹھنا ہے۔

اوچھے کا احسان۔(ہ) مثل (1) کمینے آدمی کا احسان جان کا روگ ہوتا ہے۔ہمیشہ طعنے دیتا رہے گا (2) لہٰذا کمظرف کا احسان نہ لینا چاہیئے۔

اوچھے کی پیت بالو کی بھیت۔(ہ) مثل (1) کمینے کی دوستی ریت کی دیوار کی طرح ضرور خراب اور برباد ہو جائیگی (2) کمظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں

اوچھے کے گھر کھانا جنم جنم کا طعنہ۔(ا) مقولہ۔نیچ اور کمظرف آدمی تھوڑا سا احسان کر کے ہمیشہ طعنے دیا کرتا ہے۔

اوخویشتن گم است کرا رہبری کند۔(ہ) مثل (1) جو شخص خود بھولا ہوا ہے وہ دوسرے کو کیا رستہ بتائیگا (2) جو خود ہی نا قابل ہے وہ دوسرے کی کیا مدد کرے گا۔

اودا۔(پ) (1) بینگنی رنگ (2) سرخی مائل (3) سیاہ رنگ (4) سرخی لئے (5) نیلا رنگ۔

اود بلاؤ۔(ہ) اسم مذکر (1) ایک آبی جانور کا نام ہے (2) جو مچھلیاں کھاتا ہے دریائی بلی (3) بے وقوف آدمی (4) بے سمجھ شخص۔

اودھ بلاؤ کی ڈھیری۔(ہ) اسم مونث۔وہ قضیہ او جھگڑا جو کبھی فیصل نہ ہو۔

اودھار۔(ہ) اسم مذکر (1) قرض (2) مستعار (3) قرضہ۔

اودھار دیجئے دشمن کیجئے۔(ا) مثل۔قرض دینے سے دشمنی پیدا ہوتی ہے۔

اودھ سا یا ادا سا یا اودھس۔(ہ) اسم مونث (1) مصیبت (2) خوف (3) ڈر (4) دکھ (5) درد۔

اودھم۔(ہ) اسم مذکر (1) شور وغل (2) ہنگامہ (3) غلغلہ (4) فساد (5) جھگڑا (6)

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03249072

www.besturdubooks.net

دنگا 7 دھوم شوروشر۔

**اودھم مچانا / اودھم اٹھانا / اودھم جوتنا۔**(ہ) فعل 1 فساد برپا کرنا 2 جھگڑا کرنا 3 بہت شوروغل کرنا۔

**اودھمی ۔**(ہ) اسم مذکر 1 دنگئی 2 شریر فسادی 3 جھگڑالو۔

**اودھو۔**(س) اسم مذکر۔ شری کرشن جی کے دوست۔

**اودھ۔**(ہ) اسم مذکر 1 ایک مشہور صوبے کا نام ہے 2 جس کا دارالخلافہ لکھنؤ ہے۔

**اور۔**(ہ) اسم مونث 1 کنارہ 2 حد 3 ابتدا 4 شروع 5 طرف جانب 6 حمایت 7 مدد 8 منڈل 9 فریق۔

**اور۔**(ہ) حرف عطف ہے 1 پھر آگے 2 علاوہ 3 بعدازیں 4 دوسرا 5 مختلف 6 بلکہ جیسے اچھے ہیں اور اچھے 7 اور بھی غیر 8 برکس 9 جیسے ان کا ارادہ اور ہے۔

**اوارد۔**(ع) اسم مذکر 1 ورد کی جمع 2 وظیفے 3 روزانہ کچھ پڑھنا 4 بلاناغہ پڑھنا۔

**اوراق۔**(ع) اسم مذکر 1 ورق کی جمع پتے کاغذ کا تاؤ 2 پرت۔

**اور تو اور۔**(ہ) محاورہ 1 غیر تو ایک طرف ہے 2 اوروں کو تو چھوڑو 3 ان کو تو چھوڑو۔

**اور تور۔**(ہ) (ہر دو بواؤ مجہول) اسم مونث 1 کسر کسور 2 دشمنی 3 عداوت 4 چھدا بہانہ رکھنا 5 بات کہیں کی 6 سزا کسی اور پر۔

**اور تور نکالنا۔**(ہ) فعل 1 سزا دینا 2 پہلے کوئی بات خلاف مرضی دیکھکر خاموشی اور پھر دوسرے ذرا سے قصور پر سزا دینا 3 کسر نکالنا 4 کمی پوری کرلینا۔

**اور چھور۔**(ہ) ہر دو بواؤ مجہول۔ مذکر 1 آغاز وانجام ابتدا انتہا 2 شروع اخیر 3 کنارہ حد۔

**اور سنو۔**(ہ) فقرہ 1 نئی بات سنو 2 اور بات سنو 3 نیا رنگ دیکھو۔

**اورس چورس۔**(ہ) اسم مونث 1 ہموار 2 برابر سطح 3 چوکور۔

**اور سے اور ہونا۔**(ہ) فعل 1 ترقی یا تنزل کا دفعتہً ہوجانا 2 حالت کا تغیر ہوجانا 3 حالت بدلنا 4 حالت غیر ہونا۔

**اور کو نصیحت اپنے تئیں فصیحت۔**(ا) محاورہ۔ اس آدمی کی نسبت بولا کرتے ہین جو دوسروں کو تو نصیحت کرے اور آپ عمل نہ کرے۔

**اور کیا۔**(ہ) 1 ندا اور تحسین کے لئے 2 شاباش 3 خوب کیا 4 یونہی چاہیئے 5 بیشک 6 یہی بات ہے۔ کلمہ استفہام بھی ہے۔

**اور کے نام انڈے بچے ہمارے نام کڑ کڑ۔**(ہ) محاورہ 1 غیر نفع اٹھائیں اپنے خالی رہیں 2 اوروں سے سلوک اچھا ہو 3 ہمارے ساتھ کچھ بھی نہیں۔

**اورما۔**(ہ) اسم مذکر 1 ایک خاص قسم کی سیون کا نام ہے 2 ایک خاص سلائی۔

**اوورما بنانا / اورما کرنا**(ہ) فعل 1 بہت مارنا 2 سخت سزا دینا 3 مارتے مارتے الو بنا دینا 3 اورمے کی سلائی کرنا 4 اورما سینا۔

**اورنگ ۔**(ف) مذکر 1 تخت 2 بادشاہی تخت 3 گل فندق کو بھی کہتے ہیں۔

**اورنگ زیب۔**(ف) اسم مذکر 1 تخت کی زیبائش 2 تخت کو سجانے والا 3 مجازاً شہنشاہ عالمگیر محی الدین شہنشاہ ہند کا لقب جو مغلیہ خاندان میں چھٹا بادشاہ ہوا ہے۔

**اورنگ زیبی بات ۔**(ا) مونث 1 نہایت دانائی اور سمجھ کی بات 2 مزیدار اور پیچدار بات۔

**اورنگ زیبی پھوڑا۔**(ا) مذکر 1 مغلی پھوڑا 2 ایک خاص قسم کی بڑی تکلیف دینے والا پھوڑا جو بڑی مشکل سے راضی ہوتا ہے 3 بلکہ اکثر راضی ہوتا ہی نہیں 5 کاربنکل۔

**اوور ٹائم۔**(ای) مذکر 1 زائد وقت 2 مقررہ وقت کے علاوہ۔

**اوورسیر۔**(ای) مذکر 1 داروغہ 2 ناظر 3 نگراں 4 میر عمارت۔

**اوورکوٹ۔**(ای) 1 دگلا 2 لمبا کوٹ 3 بارانی کوٹ۔

**اور ہی بات ہے۔**(ا) محاورہ 1 کچھ اور ہی لطف ہے اور ہی مزا ہے 2 نئی بات ہے عجیب ہی بات ہے۔

**اوری انٹل۔**(ای) مونث 1 مشرقی 2 پوربی۔

**اورے دھورے۔** بواؤ مجہول۔(ہ) تابع فعل 1 آس پاس 2 اردگرد 3 ادھر اُدھر۔

**اوڑا۔**(بواؤ مجہول) 1 کمی 2 خشک سالی 3 قحط 4 جرمانہ 5 ڈنڈ 6 مضادرہ 7 نادان۔

**اوڑا پڑنا۔**(ہ) فعل 1 کمی ہونا 2 قحط پڑنا 3 ناپید ہونا 4 کم ہونا 5

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

غارت ہونا❻ مٹ جانا۔

اوڑا لینا(ہ) فعل❶ جرمانہ لینا❷ کھیت کے بگاڑ کا جرمانہ لینا❸ (دیہات میں)۔

اوڑھنا۔(ہ) فعل❶ کپڑا پہننا❷ بدن لپیٹنا❸ سر پر کپڑا ڈالنا۔

اوڑھنا اتارنا۔(ہ) فعل❶ بے عزت کرنا❷ ہتک کرنا❸ عورتوں کے لئے مخصوص ہے۔

اوڑھنا اوڑھانا یا ڈالنا۔(ہ) فعل❶ کسی بیوہ کیساتھ نکاح کرنا❸ بیوہ کا نکاح ثانی کرنا❹ دوپٹہ اوڑھانا۔

اوڑھنا بچھونا۔(ہ) اسم مذکر❶ لحاف توشک❷ استر بستر❸ تھوڑا سرمایہ❹ پونجی بال۔

اوڑھنا گلے میں ڈالنا۔ (ہ) فعل❶ گنواری رسم❷ سر ہونا❸ پلہ پکڑنا❹ تہمت یا الزام لگانا❺ خلاف مرضی کام کا استغاثہ کرنا❻ گلی پڑنا۔

اوڑھنی۔(ہ) اسم مونث❶ چونری❷ چھوٹی❸ چادر❹ دوپٹہ۔

اوڑھنی بدلنا۔(ہ) فعل❶ بہناپا کرنا❷ سہیلی بنانا❸ منہ بولی بہن بنانا❹ ساتھن بنانا۔

اوڑھوں کہ بچھاؤں۔ محاورہ❶ لغو اور فضول چیز❷ کسی مصرف کی نہیں❸ کسی کام کی نہیں نکمی اور بیکار چیز ہے۔

اوڑھی چادر ہوئی برابر میں بھی شاہ کی خالہ۔(ا) مثل❶ تھوڑی سی پونجی پر شیخی مارنا❷ کم حیثیت آدمی کا ذرا سے تعلق سے بڑے آدمیوں سے رشتہ ظاہر کرنا۔

اوزار۔(ف) اسم مذکر❶ آلات❷ ہتھیار❸ کسی خاص پیشے کا سامان۔

اوزان۔(ع) اسم مذکر❶ وزن کی جمع❷ باٹ❸ بٹے❹ تولنے کے پیمانے۔

اوس۔(ہ) اسم مونث۔ شبنم۔ (تریل پنجابی)

اوسان۔(ہ) اسم مذکر❶ حواس❷ ہوش وحواس❸ ہمت❹ جرآت❺ حوصلہ۔

اوسان اڑنا/اوسان جاتے رہنا/اوسان خطا ہونا(ہ) فعل❶ ہوش وحواس جاتے رہنا❷ حواس قائم نہ رہنا❸ گھبرا جانا❹ عقل درست نہ رہنا❺ حوصلہ ہار جانا❻ استقلال اور ہمت کا جاتے رہنا۔

اوس پڑنا یا اوس پڑ جانا(ہ) فعل❶ شبنم گرنا❷ مرجھانا❸ بیرونقی چھا جانا❹ شرمندہ ہونا❺ کم قیمت ہونا❻ پژمردگی سی ہوجانا❼ اداسی ہونا۔

اوسان گئی(ہ) اسم صفت مونث❶ بے چین❷ بے قرار❸ بدحواس❹ حواس باختہ۔

اوسر۔(ہ) اسم مونث❶ جوان بچھڑی❷ وہ گائے جو بیائی نہ ہو۔

اوسر۔(ہ) اسم مونث❶ شور زمین❷ کلر زمین جس میں ریہہ کے سوا کچھ نہ ہو۔

اوسر۔(ہ) اسم مذکر❶ وقت❷ موقع❸ سماں❹ رت❺ موسم۔

اوسرا۔(ہ) اسم مذکر❶ باری❷ نوبت❸ نمبردار❹ دور۔

اوسر چوکی ڈومنی گاوے تال بیتال۔(ہ) مثل❶ وقت کا چوکا ہوا ناکام ہی رہتا ہے❷ موقع جب ہاتھ سے نکل گیا تو پھر اس کی تلافی مشکل ہے۔

اوسر کھیت میں کیسر(ہ) مثل❶ بدوں کے گھر میں نیک اولاد پیدا ہونا❷ غریبوں کے گھر خوش اقبال بچہ پیدا ہونا۔

اوسط۔(ع) مونث❶ بیچ کا❷ درمیانی حصہ❸ درمیانہ درجہ❹ بیچ کا حصہ۔

اوس کے موتی۔(ا) اسم مذکر❶ زوال پذیر❷ فنا ہوجانے والا❸ جلدی مٹ جانے والا۔

اوسوں پیاس نہیں بجھتی۔(ہ) محاورہ❶ زیادہ ضرورت کے وقت اگر تھوڑی چیز بہم پہنچے تو اس وقت بولتے ہیں اس سے کام نہیں چلتا❷ تھوڑی چیز سے یہ ضرورت پوری نہیں ہوتی۔

اوصاف۔(ع) مذکر❶ وصف کی جمع❷ تعریفیں❸ سراہنا❹ خوبیاں❺ ہنر❻ کمالات نیکیاں بھلائیاں❼ پتہ❽ نشان۔

اوضاع۔(ہ) اسم مذکر❶ وضع کی جمع❷ بناوٹیں طور❸ طرز❹ ڈھنگ❺ طریق❻ اسلوب❼ اوغرا۔

اوض۔(ای) مذکر❶ سرشتہ❷ محکمہ❸ دفتر❹ منشی خانہ❺ کام کرنے کی جگہ۔

اوفیسر۔(ای) مذکر❶ سردار❷ حاکم❸ افسر۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

www.besturdubooks.net

اوفیشل۔(ای)اسم صفت ❶ محکمانہ ❷ سرکاری ❸ سررشتہ کی منصبی۔

اوقات۔(ع) مذکر ❶ وقت کی جمع ❷ سماں زمانہ ❸ عرصہ ❹ ٹائم ❺ حیثیت ❻ طاقت مقدور۔

اوقات بسری۔(ف) اسم مونث ❶ وقت گزارنا ❷ دن پورے کرنا ❸ وجہ معیشت ❹ روزینہ۔

اوقات ضایع کرنا۔(ا) فعل ❶ وقت برباد کرنا ❷ فضول کام کرنا ❸ نکمی باتیں کرنا ❹ کچھ کام نہ کرنا۔

اوقاف۔(ع) اسم مذکر ❶ وقف کی جمع ❷ الگ کی ہوئی چیزیں ❸ خدا کے نام ٹھیرائی ہوئی اشیا۔

اوک۔(بواو مجہول)(ہ) مذکر ❶ برتن بغیر صرف ہاتھ سے پانی پینے کا طریقہ ❷ چلو (پنجابی) بک۔

اوک چوک۔(ہ) مونث ❶ غلطی ❷ بھول ❸ نسیان ❹ سہو ❺ بھول ❻ چوک۔

اوکسن۔(ای) مزکر۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ۔

اوکشن۔(ای) مذکر ❶ نیلام ❷ بولی بول کر خرید وفروخت کرنا۔

اوکنا۔(ہ) فعل ❶ قے کرنا ❷ ڈالنا ❸ زمین ڈیکھنا جی برا کرنا ❹ دل متلانا۔

اوکنا۔(ہ) فعل ❶ چوکنا ❷ غلطی کرنا ❸ سہو کرنا ❹ نشانہ خطا کرنا۔

اوکھ۔(ہ) اسم مذکر۔(بواو مجہول) ❶ گنا ❷ نیشکر۔

اوکھا۔(ہ) اسم صفت۔(بواو مجہول) ❶ کھوٹا ❷ غش ❸ کھرے کی ضد۔

اوکھا۔(ہ) اسم صفت۔(بفتح الف اول) ❶ بونگا ❷ بے ڈھب ❸ بے ڈھنگا ❹ تنگ مشکل۔

اوکھد۔(ہ) اسم مونث ❶ دوا ❷ دارو ❸ دوائی ❹ علاج۔

اوکھلی۔(ہ) اسم مونث ❶ ہاون ❷ بڑی کونڈی جس میں غلہ وغیرہ موسل سے کوٹتے ہیں۔

اوکھلی میں سر دے کر رونا۔(ہ) محاورہ ❶ چھپ کر رونا ❷ خطرہ کی جگہ خود پڑ کر افسوس کرنا۔

اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں سے کیا ڈر/اوکھلی میں سر دیا تو دھمکیوں کا کیا ڈر(ہ) مثل۔ ❶ جب کوئی خطرناک کام اختیار کر ہی لیا تو پھر اس کے خطروں کا کیا خوف ❷ برا کام کر کے برائی سے بچنے کی کوشش کرنا ❸ بے سود۔

اوکھلی میں سر دینا۔(ہ) فعل ❶ خطرناک کام اختیار کرنا ❷ خطرے کی جگہ خود چلے جانا ❸ جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا۔

اوکھی۔(ہ) اسم مونث ❶ بیجا بے موقعہ ❷ مشکل ❸ دشوار ❹ خراب ❺ کھوٹی ❻ خلاف شان ❼ عیب دار ❽ ناقص ❾ نکمی۔

اوکے چوکے (ہ) تابع فعل ❶ بھولے بھٹکے اتفاق سے کبھی کبھار ❷ بے ارادہ۔

اوکیلنا۔(ہ) فعل۔ بٹی ہوئی ڈوری یا رسی کے بل کھولنا۔

اوگ۔(بواو مجہول)(ہ) اسم مذکر ❶ ہل میں ہلس یعنی لمبی رسی لکڑی کے تنگ اور سخت کرنے کا خانہ ❷ خانہ۔

اوگرا۔(ہ) اسم صفت مذکر ❶ ابالا ہوا ❷ بن گھی کا بدمزا کھانا ❸ ابالی کھچڑی۔

اوگن۔(ہ) اسم مذکر۔(ہندو) ❶ عیب ❷ نقص ❸ خرابی ❹ گن کی ضد ❺ برائی ❻ جرم ❼ خطا قصور ❽ گناہ ❾ دکھ۔

اوگن لگانا۔(ہ) فعل ❶ الزام لگانا ❷ گنہگار ٹھیرانا ❸ تہمت دینا ❹ عیب لگانا۔

اوگھٹ۔(ہ) اسم مذکر ❶ بے گھاٹ ❷ ناقابل گزر مشکل ❸ دشوار ❹ ناہموار کٹھن ❺ اندھا ❻ ٹیڑھا ❼ پینڈا۔

اوگھٹ گھاٹی۔(ہ) اسم مونث ❶ وہ راستہ ❷ جس سے گزرنا محال ہو۔

اوگنا۔(ہ) فعل ❶ حالت غضب میں سلوک اور احسان کو ظاہر کرنا ❷ احسان جتانا۔

اوگھی۔(ہ) اسم مونث ❶ لمبا چابک ❷ وہ لمبی رسی جس کو چکر دیکر ٹھپکارنے سے بڑی آواز نکلتی ہے ❸ یہ گھوڑے سدھانے اور جانوروں کو اڑانے میں کام آتی ہے۔

اوگی۔(ہ) اسم مونث ❶ شیر ❷ ہاتھی اور بھیڑیئے وغیرہ کے پکڑنے کا گڑھا ❸ جو اوپر سے یونہی خس پوش ہوتا ہے ❹ کارچوبی جوتے کا پنا ❺ گوٹے کی انٹی۔ اڈا۔

اول۔(بواو مجہول) اسم مذکر ❶ زمین قند ❷ ایک ترکاری جو زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907218

**اول** ۔(بواؤ مجہول) اسم مونث ① عرض ② بدلہ معاوضہ ③ ضمانت میں گرور کھاہوا آدمی ہرغمال ④ آڑ ⑤ وسیلہ ⑥ ضمانت۔

**اول** ۔(ع) اسم صفت ① مقدم ② پہلا ③ آغاز شروع ④ بہتر ⑤ سب سے عمدہ ایک

**اولا** ۔(ہ) اسم مذکر ① ژالہ ② بجری ③ ٹھنڈا ④ ٹھنڈا یخ ⑤ سفید براق۔

**اولا** ۔(ہ) اسم مذکر ① پردہ ② راز ③ بھید ④ سر ⑤ آڑ ⑥ گھونگٹ۔

**اولاد** ۔(جمع ولد کی) ① بیٹا بیٹی ② لڑکے بالے عیال اطفال۔

**اولا کرنا** ۔(ہ) فعل ① عورتوں کا پردہ کرنا ② گھونگٹ نکالنا ③ منہ چھپانا۔

**اولا ہونا** ۔(ہ) فعل ① نہایت ٹھنڈا ہونا ② ژالہ سا سرد ہونا ③ سرد یخ ہوجانا۔

**اولتی** ۔(ہ) اسم مونث ① چھپر یا کھپریل کا نیچے کا کنارہ ② جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے ③ چھپر کا پانی نیچے گرنیکی جگہ۔

**اولڈٹام** ۔(ای۔) مونث۔ اولڈنام۔ ایک انگریزی شراب کا نام ہے۔

**اول جلول** ۔(ہ) اسم صفت ① بیہودہ ② بے وقوف ③ انگھڑ ④ بے ڈھنگا۔

**اول خویش بعد درویش** ۔(ف) مثل ① پہلے اپنے پھر غیر ② پہلے رشتہ داروں سے نیک سلوک کرو ③ پھر دوسروں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔

**اول دن سے** ۔(ہ) تابع فعل ① پہلے دن سے ② ابتدا سے ③ شروع سے ④ پیدائش کے دن سے۔

**اولڈ** ۔(ای) اسم صفت ① پرانا ② بوڑھا ③ پہلا۔

**اول طعام بعدہ کلام** ۔(ع) محاورہ ① کھانا ② مقدم اور کام بعد میں ③ کھائے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا ④ کھانا کھانے میں بہت سی باتیں کرنے والی کی تنبیہہ کے لئے بولتے ہیں

**اول فول بکنا** ۔(ہ) فعل ① گالی گلوچ دینا ② بیہودہ باتیں کہنا ③ دشنام دینا۔

**اولما** ۔(ت) اسم مذکر اصل میں یولما تھا ① گرم پانی میں کھال اتارنا ② جسم پر گرم پانی ڈالکر کھال اتارنا ③ مجازاً انتڑیوں میں قیمہ بھر کر پکانا ④ بغل یا چڈے کے غدود پھولنا۔

**اولما کرنا** ۔(ا) فعل ① قیمہ کرنا ② گوشت کو کوٹ کوٹ کر باریک کر دینا ③ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**اول مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا** ۔(ا) محاورہ ① جس کام کے کیئے چارہ ہی نہیں ② پھر اس سے خوف کیا کرنا ③ شدنی امر سے کسی حالت میں ڈرنا نہیں چاہیئے۔

**اول منزل** ۔(ف) اسم مونث ① پہلا پڑاؤ ② مجازاً ③ قبر ④ گور ⑤ لحد ⑥ قبر کی اول رات۔

**اول منزل پہنچانا** ۔(ا) فعل ① قبر میں رکھنا ② دفن کرنا ③ مردے کو دبانا۔

**اول چول وہی میں موسل** ۔(ا) مثل ① ایک کام میں دوسرا غیر متعلق کام بے ربط گفتگو کام ② بے موقع بات ③ بے تعلق کام۔

**اول میں دینا** ۔(ا) فعل ① ضمانت میں دینا ② اپنے بیٹے یا پوتے کو بطور ضمانت سپرد کرنا۔

**اولوں کا مارا کھیت ۔ باقی کا مارا گاؤں ۔ چلموں کی ماری آگ یا چولھا نہیں پنپنا** ۔(ا) مثل ① جس کھیت کو اولوں نے تباہ کردیا ہو وہ سرسبز نہیں ہوتا ② جس گاؤں کا لگان ادا ہوسکے وہ آباد نہیں رہ سکتا ③ جس آگ یا چولھے میں سے چلمیں یعنی حقہ بہت دفعہ بار بار بھری جائے اس میں حرارت یا تاؤ بالکل نہیں رہ سکتا۔

**اولوں ماری فاختہ** ۔(ا) مثل ① مصیبت کی ماری ② دکھیاری ③ خواہ مخواہ ستائی ہوئی۔

**اولھا** ۔(ہ) اسم مذکر ① چولھے کے بائیں طرف کا ایک سوراخ جس پر ہانڈی کو رکھ کر چولھے میں آگ جلا کر پکاتے لیتے ہیں ② ایک قسم کی انگیٹھی۔

**اولےٰ** ۔(ع) مذکر ① سب سے بہتر ② سب سے عمدہ ③ نہایت اعلےٰ ④ بہت مناسب نہایت اچھا۔

**اولیل یا اوتول** ۔(بواؤ غیر ملفوظ)(ہ) مونث۔ گھوڑے کی اچھل کود۔

**اولیا** ۔(ع) اسم مذکر ① ولی کی جمع ② دوست ③ رفیق ④ خیر خواہ ⑤ ساتھی ⑥ ہم نشین ⑦ اردو میں یہ لفظ بطور واحد بھی مستعمل ہے۔

**اولیا اللہ** ۔(ع) اسم مذکر ① خدا رسیدہ لوگ اللہ والے ② اہل اللہ ③ مقربان بارگاہی ادشناس ④ بھولے بھالے آدمی کو بھی کہہ دیا کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**اولیائے دولت** (ء) اسم مذکر ① صاحبان ② سلطنت ③ امرا ④ وزراء ⑤ رئیس ⑥ ارکان سلطنت۔

**اولیا کے گھر بھوت** (ا) مثل ① نیکوں کے گھر بد ② اچھوں کے گھر بری اولاد۔

**اولین۔** (ف) ① سب سے پہلا گزرا ہوا ② اگلے لوگ ③ گذشتہ زمانہ ④ گذشتہ زمانے کے لوگ۔

**اون۔** (ہ) اسم مونث ① بال ② بال ③ پشم ④ صوف ⑤ جانوروں کی کھال پر کے بال۔

**اونا۔** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی پتلی اور چھوٹی تلوار جو نہایت تیز ہوتی ہے۔

**اونٹ۔** (ہ) اسم مذکر ① شتر ② جبر ③ دراز قد آدمی کو بھی کہہ دیا کرتے ہیں۔



اونٹ

**اونٹا۔** (ہ) اسم مذکر ① ساڑھے تین کا پہاڑہ ② ساڑھے تین کی مہارنی۔

**اونٹ بڑھا ہوا پر موتنا نہ آیا۔** (ا) مثل ① سیانا ہو گیا ② عمر گذار دی ③ لیکن تمیز نہ آئی اونٹ کو بڑھا ہو کر بھی سیدھی طرح موتنا نہ آیا ④ اُلٹا ہی موتا کیا۔

**اونٹ برابر ڈبل بڑھا پاپوش برابر عقل نہ آئی۔** (ا) مثل ① قد تو اتنا بڑا ہو گیا ② مگر عقل ذرا بھی نہیں ③ اونٹ کی برابر بڑھ گیا ④ مگر عقل خاک نہیں۔

**اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے۔** (ا) مثل۔ جب کوئی کام بھی کرتا رہے اور بڑبڑاتا بھی رہے تو اس وقت یہ مثل بولا کرتے یعنی یہ کام تو اسی طرح مجبوری سے ہوا ہی کرتے ہیں۔

**اونٹ پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپ کو سمجھتا ہے۔** (ا) مثل ① آدمی اپنے سے زیادہ ② رتبے والے کو دیکھ کر اپنی حقیقت کو پہچانتا ہے۔

**اونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو/ اونٹ مکے کو ہی بھاگتا ہے۔** (ا) مثل۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔

**اونٹ چڑھی بونٹ مانگے۔** (ہ) مثل ① بے موقع سوال اور بے محل بات کی نسبت بولا کرتے ہیں ② غیر موزوں کام کرنا۔

**اونٹ دیکھئے کس کل بیٹھے۔** (ا) مثل ① دیکھئے ② انجام کیا ہو ③ نتیجہ کیا نکلے۔

**اونٹ ڈوبیں بھیڑیں تھاہ مانگیں۔** (ہ) مثل ① اس وقت بولتے ہیں جہاں بڑوں کی حقیقت نہ ہو ② چھوٹے اپنی ہی شکایت کریں ③ جہاں بزرگوں کے حوصلے پست ہیں وہاں چھوٹے کیا کر سکتے ہیں۔

**اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی** (ہ) مثل ① اونٹ کی تمام بناوٹ ٹیڑھی ہے ② اس لئے دغاباز فریبی اور جھوٹے آدمی کی نسبت یہ کہاوت مشہور ہوگئی ③ جھوٹے کی کس بات پر اعتبار کریں ④ جھوٹے پر یقین نہیں جمتا۔

**اونٹ سے بڑے اور نام میں چھوٹے خاں۔** (ا) مثل ① بے تمیزی کے کام کرنا اور طاقت ② حیثیت اور خلاف چلنا اپنے اعمال سے خاندان کا نام ڈبونا ③ برعکس نہند نام زنگی کافور۔

**اونٹ فرشتے کی ذات ہے** (ا) مثل ① اونٹ صابر ② قانع اور نرم طبع جانور ہے ③ اونٹ بڑا نیک ہے۔

**اونٹ کا پاد زمین کا نہ آسمان کا** (ا) ① بے فیض آدمی سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا ② بخیل امیر سے کسی کو فیض نہیں ③ بیہودہ ④ بکواسی جو کام کی بات کوئی نہ کہے اور بکواس بہتیری۔

**اونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب سے خدا بچائے۔** (ا) مقولہ ① اونٹ کینہ توز جانور ہے جب دشمن کو پکڑ لیتا ہے تو پھر چھوڑتا نہیں گوشت الگ کر دیتا ہے ② عورت کے مکر کو بھی انسان سمجھ نہیں سکتا ③ سخت گیر اور مکار شخص کی نسبت بولتے ہیں۔

**اونٹ کی پکڑ اور کتے کی جھپٹ** (ہ) مقولہ ① دونوں باتیں سخت ہیں ② انسان پھنسے کی نجات کہاں دونوں مہلک ہیں۔

**اونٹ کٹارا یا اونٹ کٹیلا۔** (ہ) اسم مذکر ① ایک کانٹے دار جھاڑی کا نام ہے جس کو اونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے ② اُشتہ خار۔

**اونٹ کے گلے میں بلی** (ا) مثل ① غلط حجت ② بیجا دلیل ③ مفت کا حیلہ ④ بیہودہ بات ⑤ سوسائٹی کے خلاف سخت شرائط ⑥ روایت ہے کہ ایک شخص کا اونٹ گم ہو گیا، اس نے منت مانی کہ اگر مل جائے تو

Join us On WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ٹکے کو فروخت کردوں گا، اتفاقاً وہ مل گیا، اب مالک نے سوچا کہ ڈیڑھ سو روپے کا اونٹ مفت جاتا ہے۔ آخر تجویز کی کہ اونٹ کے گلے میں بلی باندھ کر منادی کردی کہ ٹکے کا تو اونٹ اور ڈیڑھ سو کی بلی بکتی ہے، مگر شرط یہ ہے کہ دونوں اکٹھے بکیں گے۔ علیحدہ علیحدہ نہیں اس سے یہ مثل بن گئی۔

**اونٹ کے گلے میں ٹلی** (ا) مثل ① چھوتی ② نابالغ لڑکی کسی ادھیڑ یا نوجوان بالغ کے ساتھ بیاہ دینا ③ یا اس کے برعکس کرنا۔

**اونٹ کے منہ میں زیرہ۔** (ا) مثل ① بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کیلئے دینا ② پیٹو کو تولہ بھر چیز سے کیا تسلی ③ یہ ایسے شخص کو ایسی چیز مل جائے جو اس کے لائق نہ ہو۔

**اونٹ گاؤ** (ا) مذکر ① شتر گاؤ پلنگ ② ایک جانور کا نام جو افریقہ میں ہوتا ہے۔

**اونٹ رہے بیگاری** (ا) مثل ① بیگار میں پکڑا ہوا اونٹ خوب لدتا ہے ② جتنا بوجھ چاہا لاد دیا ③ کوئی درد تھوڑا ہی ہے۔

**اونٹنا۔** (ہ) اسم مذکر۔ گاڑی یعنی چھکڑے کے آگے کی مری ہوئی لکڑی جس سے سرا زمین سے اوپر اٹھتا رہتا ہے۔

**اونٹنی** (ہ) اسم مونث ① گڑ اور گھی کو دودھ میں خاص قوام کے مطابق پکا کر بیلوں اور کمزور مویشیوں کو کھلانے کی دوا ② اس سے وہ بہت جلد موٹے اور طاقتور ہو جاتے ہیں۔

**اونچا۔** (ہ) اسم صفت۔ مذکر ① بلند ② بالا ③ اوپر دراز قد آور ④ بڑا امیر ⑤ دولتمند ⑥ عالی رتبہ ⑦ خاندانی ⑧ طنزاً کوتاہ، چھوٹا، تنگ۔

**اونچا سننا یا سنائی دینا۔** (ہ) فعل ① کم سننا ② تھوڑا سنائی دینا ③ بہرا ہونا۔

**اونچا ہاتھ۔** (ہ) اسم مذکر ① صفت ② بالادست امیر ③ سخی ④ فیاض ⑤ افسر عالی مرتبہ۔

**اونچا گھرانہ۔** (ہ) اسم مذکر ① بڑا خاندان عالی رتبہ قبیلہ ② امیر کنبہ۔

**اونچا نیچا۔** (ہ) اسم صفت مذکر ① ناہموار ② پست و بلند ③ خراب ④ نادرست۔

**اونچ نیچ۔** (ہ) اسم مذکر ① نشیب و فراز ② نیک و بد ③ اتار؛ چڑھاؤ ④ نفع نقصان۔

**اونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے نہیں سنبھل سکتا۔** (ا) مثل ① غریب ہو کر آدمی پھر مالدار ہو سکتا ہے ② مگر بے عزت ہو کر ذی عزت نہیں ہو سکتا۔

**اونچی دکان۔** (ہ) اسم مونث ① بڑی دکان ② بہت سرمایہ کی دکان اور دکانوں کی نسبت بلند دکان۔

**اونچی دکان پھیکا پکوان۔** (ہ) مثل ① مشہور دکان اور مال خراب ② نام مشہور اور کام نکما ③ وہاں بولتے ہیں جہاں کی شہرت زیادہ ہو پر اصل میں کچھ نہ ہو۔

**اونچی ناک کرنا۔** (ہ) فعل ① آبرو بخشنا ② عزت دینا ③ ذی عزت بنا دینا۔

**اونچی ناک ہونا۔** (ہ) فعل ① اپنے ہمسروں میں معزز ہونا ② باآبرو اور باعزت ہونا۔

**اوند۔** (ہ) اسم مونث۔ وہ رسی جس چھپر کو نیچے جانے سے روکنے کے لئے باندھتے ہیں۔

**اوندھا۔** (ہ) اسم صفت مذکر ① الٹا ② واژون ٹیڑھا ③ الٹی سمجھ کا ④ بے وقوف ⑤ سر کے بل ⑥ پٹ ⑦ چت کی ضد۔

**اندھانا۔** (ہ) فعل ① گرانا ② پانی وغیرہ سیال چیز کا الٹانا ③ انڈیلنا ④ لنڈھانا ⑤ برباد کرنا۔

**اوندھا ہو جانا۔** (ہ) فعل ① نشہ میں بدمست ہو جانا ② بیہوش و بے خبر ہو جانا ③ الٹ جانا۔

**اوندھی پیشانی/اوندھی کھوپڑی** (ہ) اسم مونث ① جھکا ہوا ماتھا ② بدصورت بے ڈھنگا آدمی ③ الٹی قسمت والا ④ الٹی تقدیر والا ⑤ بے وقوف ⑥ بدقسمت۔

**اوندھی کھوپڑی الٹی مت۔** (ہ) محاورہ ① بے وقوف کی بے وقوفی کی بابت بولا کرتے ہیں ② کوڑھ مغز ③ اپنی عقل ہے دوسروں کے مانتا نہیں۔

**اوندھے منہ دودھ پینا۔** (ہ) ① بچہ بننا ② بچوں کی سی باتیں کرنا ③ نہایت نادان اور بے سمجھ ہونا۔

**اوندھے منہ شیطان کا دھکا۔** (ا) بددعا ہے۔ یعنی سر کے بل گرے اور تباہ ہو۔ اور اوپر سے شیطان کا دھکا لگے۔

Join Us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اونڈھے منہ گرنا۔(ہ) فعل ❶ منہ کے بل گرنا ❷ ذلت اٹھانا ❸ اپنی سزا بھگتنا ❹ نہایت راغب ہونا ❺ ٹوٹ پڑنا ❻ ہارنا ❼ شکست کھانا۔

اونڑی۔(ہ) اسم مونث۔ چوپایوں کے دودھ دہنے کی جگہ مشک کا دہانہ باندھنے کے رسی۔

اونس۔(ای) اسم مذکر۔ تقریباً اڑھائی تولے پونڈ کا بارھواں حصہ۔

اونگنا۔(ہ) فعل۔ گاڑی کے دھرے کو چکنائی وغیرہ لگانا۔

اونگھ۔ اونگھاس۔ اونگھائی۔(ہ) اسم مونث ❶ غنودگی ❷ جھپکی ❸ نیند۔

اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ۔(ہ) مثل ❶ ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کام کرنے کو اپنا جی نہ چاہے ❷ دوسرے کے منع کرنے سے رک جائے۔ ذرا سا بہانہ ہونا ❸ حیلہ ہاتھ لگ جانا ❹ ہلکا سا سبب بن جانا۔

اونگھتے کو سوجاتے کیا دیر (ا) ❶ جب کام نہ کرنے کا ارادہ کرلیا تو ہٹ جانے میں کیا دیر ❷ جس بات کا ارادہ کرلیا وہ ہوئی کی ہوئی۔

اونگھنا۔(ہ) فعل ❶ غنودہ ہونا ❷ نیند کی جھپکی آنا ❸ سستی اور غفلت کا آنا۔

اونہ۔(ہ) کلمہ استغنا واستکراہ بلا سے ❶ کیا پروا ❷ تکلیف میں کراہنے کی آواز۔

اونی۔(ہ) اسم صفت ❶ اون کا ❷ پشم کا ❸ پشمینہ کا۔

اونے پونے بیچ ڈالنا۔(ہ) فعل ❶ کم قیمت پر فروخت کر ڈالنا ❷ تھوڑے نفع یا نقصان پر دیدینا ❸ کم وبیش بیچ دینا ❹ خرید کا لحاظ کئے بغیر دے ڈالنا۔

اوہ۔(ہ) کلمہ استغنا ❶ کیا پرواہ ہے ❷ کیا مضائقہ ہے ❸ بلا سے ❹ بیماری میں کراہنے کی آواز۔

اوہا۔(ہ) اسم مذکر۔ چولھے کے اوپر کی گول سی جگہ جہاں توا، دیگچی وغیرہ رکھ دیتے ہیں۔

اوہام۔(ع) اسم مذکر ❶ وہم کی جمع ❷ تخیل ❸ فکر ❹ خیالات ❺ خیالی تصور۔

اوہوت۔(ہ) ❶ ندا کا کلمہ ❷ بازاری لوگ ❸ کسی جاتے آدمی کو پکارتے ہیں تو یہ لفظ بولتے ہیں ❹ معنی ارے میاں جانے والے ادھر آ۔

اوئی یا ووئی یا اوہی۔(ہ) کلمہ تعجب وافسوس۔ عورتوں کا تکیہ کلام ہے جو نازونخرے یا دہشت تکلیف اور تعجب کے وقت زبان پر لاتی ہیں۔

اویر۔(ہ) تابع فعل۔(الف نافیہ + دیر بہ معنی ویلا یعنی وقت) ❶ بے وقت ❷ دیر ❸ عرصہ۔

اویر سویر۔(ہ) تابع فعل ❶ وقت بے وقت ❷ گاہے بگاہے ❸ آگے پیچھے۔

اویر کی تشریح گزر چکی۔ ❶ (دیکھو اویر) سویر میں (س بہ معنی شدت و تاکید اثبات دیر بہ معنی وقت) ❷ یعنی اچھے وقت۔

## ا ← ہ

اَبّا۔(ہ) کلمہ تعجب و انبساط ❶ بہت خوشی ہے ❷ حیرت ہے ❸ حیرانی ہے۔

اہار۔(ہ) اسم مذکر ❶ کھانا ❷ بھوجن ❸ کلف دینا ❹ چیپ لگانا۔

اہالی موالی/اہالی متوالی (ع) اسم مذکر ❶ اہل و موالی کی جمع ❷ یار دوست ❸ مصاحب کارکن ❹ اہلکار ❺ سلطنت کے امراء وزراء ❻ نوکر چاکر ❼ بال عیال ❽ متعلقین۔

اہانت۔(ع) اسم مونث ❶ حقارت ❷ توہین ❸ بے عزتی ❹ ذلت ❺ خواری ❻ رسوائی ❼ ہتک کرنا۔

اہاہا/اہاہاہا (ہ) کلمہ تحسین وانبساط ❶ واہ واہ ❷ خوب خوب۔

اہتدا۔(ع) اسم مذکر ❶ ہدایت کرنا ❷ رستہ بتانا ❸ رہبری کرنا ❹ راستے پر لانا۔

اہتزاز۔(ع) اسم مذکر ❶ ہوا کا چلنا ❷ ٹہنیوں پھولوں وغیرہ کا ہلنا اور کھلنا ❸ مجازاً خوش ہونا ❹ خوشی ❺ مسرت ❻ راحت۔

اہتمام۔(ع) اسم مذکر ❶ بدوبست ❷ انتظام سرانجام ❸ کوشش ❹ سعی۔

اہرا۔(ہ) ❶ مٹی کا بنا ہوا ایک گول سا برتن جس میں اپلے لگا کر آگ جلاتے اور دودھ کڑھاتے یا کوئی اور چیز پکاتے ہیں ❷ دودھ وغیرہ کی ہانڈی رکھ کر کڑھانے پکانے کی انگیٹھی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314

اہرام مصری۔(ء) اسم مذکر۔ مصر کے چوپہل مخروطی مینار جو دریائے نیل سے پانچ میل کے فاصلے پر بنے ہوئے ہیں۔

اہر جانا۔(ہ) 1 ہٹ جانا 2 ٹل جانا 3 آگے بھاگنا 4 کان دبا کر چلے جانا۔

اہرن۔(ہ) اسم مذکر 1 سندان 2 لوہے کا بڑا ڈبل بھاری اوزا جس پر لوہار لوہا اور سنار سونا چاندی وغیرہ کوٹتے ہیں

اہل۔(ء) اسم مذکر 1 لوگ 2 گھر کے لوگ 2 صاحب مالک 3 گھر بار کا کنبہ 4 خاندان 5 (بحالت صفت) لائق 6 قابل 7 شریف 8 ہنر دار 9 سلیم الطبع۔

اہل اللہ۔(ء) اسم مذکر 1 اللہ والے لوگ 2 اولیا اللہ و بزرگ 3 خدا رسیدہ آدمی 4 عارف لوگ۔

اہل باطن/اہل دل (ء) اسم مذکر 1 وہ لوگ جن کے دل صاف ہوں 2 صاف دل لوگ 3 صاف باطن آدمی 4 کشف و کرامت والے۔ عابد۔ زاہد لوگ۔

اہلبیت۔(ء) 1 گھر والے 2 خاندانی آدمی 3 اعزہ واقربا 4 عزیز 5 رشتہ دار لوگ 6 رسول خدا کا خاندان۔

اہل تسنن۔(ء) اسم مذکر۔ اہل سنت والجماعت مسلمانوں کا ایک فرقہ ہے جو چاروں خلیفوں کو مانتے ہیں۔ ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ۔

اہل تشیع۔(ء) اسم مذکر 1 شیعہ لوگ 2 جو چاروں خلیفوں میں سے صرف حضرت علیؓ کو مانتے ہیں۔

اہل حرفہ۔(ء) اسم مذکر 1 کاریگر 2 پیشہ ور 3 ہنر دار 4 کوئی کام اور پیشہ کرنے والے لوگ۔

اہل خانہ۔(ف) اسم مذکر 1 گھر کے لوگ 2 مراد بیوی 3 زوجہ 4 گھر والی 5 استری 6 گھر کی مالکہ۔

اہل دنیا۔(ف) اسم مذکر 1 دنیا دار لوگ 2 دنیا کے طالب 3 دنیا کے خواہاں 4 دنیا کے بندے۔

اہل دَوَل۔(ء) اسم مذکر 1 دولتمند 2 امیر 3 بادشاہ سلطان 4 دولت والے۔

اہلِ رائے۔(ف) اسم مذکر 1 عقلمند 2 دانا 3 درست رائے والے 4 صاحب عقل۔

اہل رزم۔(ف) اسم مذکر 1 جنگی لوگ 2 فوجی اشخاص 3 جنگجو 4 لڑاکے 5 لڑنے والے۔

اہل روزگار۔(ف) اسم مذکر 1 زمانے کے لوگ 2 بنائے جنس 3 نوکری پیشہ لوگ۔

اہل زبان۔(ف) اسم مذکر 1 زباندان 2 زبان کے مالک 3 کسی زبان کے ماہر۔

اہل سخن۔(ف) اسم مذکر 1 شاعر لوگ 2 شعراء عمدہ طور پر کلام کرنے والے لوگ۔

اہل سنت۔(ء) اسم مذکر۔ سُنّی فرقہ اہل تسنن سنی لوگ۔

اہل سیف۔(ء) اسم مذکر 1 تلوار والے 2 فوجی لوگ 3 سپاہی 4 فوجی۔

اہل شرع۔(ء) اسم مذکر 1 شریعت کے حکموں پر چلنے والے 2 متشرع آدمی۔

اہل صنعت۔(ء) اسم مذکر 1 کاریگر 2 دستکار ہنرمند۔

اہل صورت۔(ء) اسم مذکر 1 ظاہر بین لوگ 2 ظاہری آدمی 3 صرف ظاہر کو دیکھنے والے۔

اہل غرض۔(ء) اسم مذکر 1 خود غرض آدمی مطلبی لوگ 2 غرض مند 3 مطلب کے یار۔

اہل قلم۔(ء) اسم مذکر 1 لکھے پڑھے لوگ 2 منشی آدمی 3 خواندہ لوگ 4 محرر 5 کلرک۔

اہل کار۔(ف) اسم مذکر 1 کام کرنے والے کارندے 2 دفتر والے 3 کچہری دربار کے منشی متصدی وغیرہ۔

اہل کتاب۔(ء) اسم مذکر 1 کتاب والے وہ لوگ جو اس پیغمبر کے پیرو کار ہوں جس پر آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو 2 جیسے یہود و نصاریٰ اور مسلمان۔

اہل مد۔(ء) اسم مذکر 1 صدر محرر 2 کسی سر رشتے کے ایک صیغے کا ہیڈ کلرک۔

اہل نظر۔(ء) اسم مذکر 1 آنکھوں والے پرکھنے والے 2 تاڑ جانے والے 3 دوربین 4 دور اندیش 5 ہوشیار 6 عاشق 7 طالب

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149007218

دید⑧دید باز۔

**اہل وعیال** (ء)اسم مذکر①بال بچے②لڑکے بالے③کنبہ④کٹم⑤قبیلہ⑥جورو بچے وغیرہ۔

**اہل ہنر** ۔(ف)اسم مذکر①صاحب فن②ہنر جاننے والے③استاد لوگ۔

**اہلیت** ۔(ء)اسم مونث①قابلیت②لیاقت آدمیت③انسانیت④شرافت۔

**اہلے گہلے پھرنا** ۔(ہ)فعل①نازنخرے کرتے پھرنا②اتراتے پھرنا③معشوقانہ ناز سے چلنا۔

**اہلیہ** ۔(ء)①بیوی②جورو③گھروالی④لگائی⑤استری⑥زوجہ۔

**اہم** ۔(ء)اسم صفت①مشکل ترین②نہایت سخت نہایت دشوار③بہت کٹھن④ضروری۔

**اہوہو یا اہوہوہو** ۔(ہ)کلمہ انبساط وتعجب واہ وا①خوب②بہت اچھا۔

**اہیر** ۔(ہ)اسم مذکر①گوالا②گھوسی③ہندوؤں کی ایک قوم کا نام بھی ہے④چرواہا۔

## اــ ے

**اے اے** ۔(ف)حرف ندا①پکارنے کے لئے بولتے ہیں او②ہو③ارے وغیرہ۔

**ایاز** ۔(ف)اسم مذکر۔سلطان محمود غزنوی کے باوفا جانباز غلام کا نام ہے۔

**ایاز قدر خود بشناس** ۔(ف)مثل①جب کوئی شخص اپنی حیثیت سے باہر قدم مارتا ہے تو اس وقت اس کی گذشتہ حالت کو یاد دلا کر کہا کرتے ہیں②ایاز قدر خود بشناس③یعنی اپنی حیثیت کے مطابق کام کرنا④چاہئے⑤اپنی قدرومنزلت کا ہر دم خیال رکھنا چاہئے۔

**ایاغ** ۔(ت)اسم مذکر①پیالہ②ساغر③کوزہ④پیمانہ گلاس۔

**ایال** ۔(ا)اسم مونث①گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال②شیر کی گردن کے بڑے بڑے بال۔

**ایام** ۔(ء)اسم مذکر①یوم کی جمع②دن③روز④زمانہ حیض آنا⑤معمول کے دن۔

**ایام بیض** ۔(ء)اسم مذکر①روشن دن②چاندنے کے دن③ہر ماہ کے تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخیں۔

**ایام اسود** ۔(ء)اسم مذکر①کالے دن②اندھیرے دن③ہر ماہ کے ۲۷،۲۸،۲۹ تاریخیں④جن میں راتیں بالکل اندھیری ہوتی ہیں۔

**ایام سے ہونا** ۔(ا)فعل①حیض سے ہونا②عورت کا حیض آلود ہونا③کپڑوں سے ہونا۔میلے سر سے ہونا④سر سے پلید ہونا۔

**ایانا** ۔(ہ)اسم مذکر①بچہ نادان②کم سن③کم عمر④نابالغ⑤چھوٹی عمر کا۔

**اے باد صبا ایں ہمہ آوردہ است** ۔(ف)مصرعہ بطور ضرب المثل مشہور ہو گیا یہ سب کچھ فتنہ①آپ کی ہی کے دم قدم کی برکت ہے②یہ سب خرابی آپ ہی نے تو ڈالی ہے۔

**ایتر** ۔(ہ)اسم مذکر①کمینہ②کمظرف③اوچھا④رذیل⑤سفلہ۔

**ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر** ۔(ہ)مثل①اوچھے کو جب کوئی اچھی چیز مل جاتی ہے②تو اترانے لگ جاتا ہے اور طرح طرح سے اس کی نمود کرتا ہے۔

**ایٹہ** (ہ)اسم مذکر۔صوبہ متحدہ آگرہ یعنی یوپی کے ایک شہر کا نام ہے۔

**ایٹ ہوم** ۔(ای)تابع فعل①گھر پر②مکان میں③گھر پر دعوت کھلانا۔

**ایٹیکیٹ** ۔(ای)اسم مذکر①آداب مجلس②رسوم مجلس۔

**ایثار** ۔(ء)①غیر کو اپنے اوپر ترجیح دینا②دوسرے کے نفع کو اپنے سے مقدم جاننا۔

**ایجاب وقبول** ۔(ء)اسم مذکر①ماننا اور منظور کرنا②قول واقرار③نکاح④عقد۔

**ایجاد** ۔(ء)اسم مونث①نئی بات نکالنا②وہ بات کرنا جو پہلے نہ ہو اختراع۔

**ایجاد بندہ اگرچہ گندہ** ۔(ف)①نئی بات کو بہت انکساری سے پیش کرنا②یعنی یہ چیز بندہ کی ایجاد ہے اگرچہ خراب ہے

**ایجنٹ** (ای)اسم مذکر①گماشتہ②آڑھتی③قائم مقام④سربراہ کار۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 0314077218

**ایجنسی** (ای) اسم مذکر ① آڑھت ② وہ دکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید وفروخت ہو۔

**ایجوکیشن** (ای) اسم مونث ① تعلیم ② پڑھائی ③ ودیا۔

**ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ** (ای) اسم مذکر ① محکمہ تعلیم ② سررشتہ تعلیم۔

**ایجوکیشنل۔** (ای) اسم صفت ① تعلیمی ② تعلیم کا۔

**ایجوکیٹیڈ۔** (ای) اسم مذکر۔ صفت ① خواندہ ② پڑھا لکھا ③ تعلیم یافتہ ودیادان ④ عالم

**ایجی ٹیشن۔** (ای) اسم مذکر ① تحریک ② جوش۔

**ایجی ٹیٹر۔** (ای) اسم مذکر ① تحریک کرنے والا ② جوش پھیلانے والا۔

**ایچ پیچ۔** (ہ) اسم مذکر ① ہیر پھیر ③ داؤں گھاٹ دم جھانسے ④ مکروفریب۔

**ایچ پیچ کی باتیں۔** (ہ) اسم مونث ① ہیر پھیر کی باتیں ② پیچدار باتیں ③ دغا فریب کی باتیں۔

**ایچ پیچ نہ جاننا۔** (ہ) فعل ① دغا فریب نہ جاننا ② زمانے کے مکروفریب نہ جاننا ③ زمانے کے مکروفریب سے ناواقف ہونا ④ سیدھا سادہ ہونا۔

**ایڈ۔** (ای) اسم مونث ① امداد ② اعانت ③ سہارا۔

**ایڈریس۔** (ای) اسم مذکر ① خطاب ② سرنامہ ③ پتہ ④ سپاسنامہ ⑤ نیکیوں کا اظہار۔

**ایڈوانس۔** (ای) اسم مذکر ① پیشگی ② آگے ③ پہلے ④ اول ⑤ ترقی ⑥ اصلاح ⑦ درستی۔

**ایڈوائزر۔** (ای) اسم مذکر ① مشیر ② اصلاح کار ③ ناصح۔

**ایڈورٹائزمنٹ۔** (ای) ① اشتہار ② نوٹس ③ مشہوری ④ شہرت ⑤ اعلان۔

**ایڈووکیٹ** (ای) اسم مذکر ① وکیل ② قانونی مشیر ③ مددگار معاون مقدمہ ④ صلاح دینے والا۔

**ایڈمیرل۔** (ای) اسم مذکر ① سپہ سالار بحری ② امیر البحر ③ سمندری فوج کا افسر اعلیٰ۔

**ایڈیٹر۔** (ای) اسم مذکر ① مدیر ② اخبار نویس رسالہ یا اخبار کا اہتمام کرنے والا۔

**ایڈیٹوریل۔** (ای) اسم صفت ① ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون ② منسوب بہ ایڈیٹر۔

**ایڈی کانگ۔** (ای) اسم مذکر ① مصاحب ② رفیق ③ محافظ۔

**ایذا۔** (ع) مونث ① تکلیف ② دکھ ③ ستانا ③ دکھ پہنچانا ④ اذیت۔

**ایرا پھیری۔** (ہ) اسم مونث ① سودے کو باز بار خرید کر بدلنا ② ہیرا پھیری کرنا ③ بار بار آنا جانا ④ ادل بدل کرنا۔

**ایراد۔** (ع) اسم مذکر ① وارد کرنا ② بیان کرنا۔

**ایران۔** (ف) اسم مذکر ① ملک فارس کا نام ② فارس کا ملک جس کا پایہ تخت طہران ہے۔

**ایرانی۔** (ف) اسم صفت ① ایران کا رہنے والا ② ایران کی بنی ہوئی چیز۔

**ایراوتی۔** (ہ) اسم مذکر۔ پنجاب کے مشہور دریائے راوی کا دوسرا اور پرانا نام۔

**ایرپھیر کرنا۔** (ہ) ① بیوپار کرنا ② ادھر ادھر کرنا ③ انقلاب۔

**ایرکھا۔** (ہ) اسم مذکر ① حسد ② شک ③ جلن ڈاہ ④ دوسرے کی ترقی دیکھ نہ سکنا۔

**اے روشنی طبع تو برمن بلاشدی۔** (ف) مثل ① اس موقعہ پر کہا کرتے ہیں ② جب کسی کی اعلیٰ درجے کی لیاقت اور سمجھ اس کے نقصان اور ضرر کا سبب ہوجائے۔

**ایرے غیرے۔** (ہ) اسم مذکر ① پکھلے ② پرائے ③ غیر لوگ ④ ناواقف ⑤ اجنبی۔

**ایڑ۔** (ہ) مونث ① پاشتہ ② مہمیز ③ ایڑی۔

**ایڑ کرنا / ایڑ لگانا / ایڑ مارنا** (ہ) فعل ① کوچ کرنا ② رخصت ہونا ③ چلنا ④ گھوڑے کو مہمیز لگا کر تیز کرنا ⑤ ایڑی مارنا ⑥ روانہ ہونا ⑦ گھوڑے کو ابھارنا ⑨ تیز چلانا۔

**ایڑی۔** (ہ) اسم مونث ① پاشنہ ② پاؤں کا پچھلا حصہ ③ جوتے کا وہ حصہ جس پر پاؤں کی ایڑی ٹکتی ہے۔

**ایڑیاں رگڑنا / ایڑیاں گھسیٹنا۔** (ہ) فعل ① پاؤں پیٹنا ② جان کنی کی حالت میں ہونا ③ تکلیف اٹھانا ④ سخت کوشش کرنا ⑤ ضد کرنا ⑥ ہٹ کرنا۔

**ایری چوٹی پر سے وارنا / قربان کرنا / نثار کرنا۔** (ا)

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

فعل ① (عورتیں) نفرت اور حقارت کے وقت عورتیں بولا کرتی ہیں ② حقیر و ذلیل جاننا ③ نفرت کرنا ④ کسی چیز کو سر اور پاؤں پر سے وار کر۔ صدقہ میں دے دینا۔

**ایڑی چوٹی کا پسینہ بہانا/ ایڑی چوٹی کا پسینہ ایک کر دینا** (ہ) فعل ① بے حد کوشش کرنا ② سخت محنت اٹھانا ③ بے انتہا جدوجہد کرنا ④ سر کا پسینہ پاؤں تک چلا جانا۔

**ایڑی سے چوٹی تک**۔ (ہ) تابع فعل۔ سراپا سر سے لے کر پاؤں تک۔

**ایزاد**۔ (ع) اسم مذکر ① زیادہ کرنا ② بڑھا دینا ③ ترقی دینا۔

**ایزد**۔ (ف) اسم مذکر ① خدا تعالیٰ ② اللہ جل وشانہ ہو۔

**اے زرتو خدانہ ولیکن بخدا ستار عیوب وقاضی الحاجاتی**۔ (ف) مثل ① ہے بصورت شعر ② دولت تمام عیوب کو چھپانے والی اور حاجات کو پورا کرنے والی چیز ہے۔

**ایس۔ اے**۔ (ای) اسم مذکر ① مضمون جو کسی خاص بات کی بحث پر لکھا گیا ہو ② جواب مضمون مضمون نویسی۔

**ایسا**۔ (ہ) اسم صفت ① مانند ② ہم شکل ③ اس قسم کا اس طرح کا ④ اس قدر ⑤ اتنا ⑥ جیسے ایسا پانی پیا کہ منہ کے راستے نکلا۔

**ایسا تیسا**۔ (ہ) اسم مذکر ① کلمہ حقارت ② سفلہ ③ کمینہ ④ پاجی ⑤ حقیر ⑥ ذلیل۔

**ایسا گیا گزرا ہے**۔ (ا) محاورہ ① بالکل نکما تو نہیں ہے ② اتنا حقیر و ذلیل تو نہیں۔

**ایسا ویسا**۔ (ہ) صفت ① ناچیز ② ناکارہ ③ بے حقیقت ④ برا بھلا ⑤ واہیات ⑥ بیہودہ معمولی۔

**ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملو کا آتا نہیں**۔ (ا) مثل ① معمولی کھانا پسند نہیں ② شاہی کھانا ملتا نہیں ③ غریب ہو کر امیر مزاج رکھنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**ایسٹ**۔ (ای) مذکر ① مشرق ② پورب ③ پروا۔

**ایسٹ انڈیا کمپنی**۔ (ای) اسم مذکر۔ انگیزز سوداگروں کی وہ جماعت جو ۱۶۰۰ء میں ہندوستان میں آئی اور پھر ۱۸۵۷ء میں ملک ہند پر قابض ہوگئی۔

**ایسٹ انڈیا یا ریلوے**۔ (ای) اسم مذکر۔ ولایتی سوداگروں کی بنائی ہوئی ہندوستانی ریل۔ وہ لائن جو کلکتہ سے شملہ تک چلتی ہے۔ ای۔ آئی۔ آر۔ اب اسے سرکار نے خرید لیا ہے۔

**ایسٹر**۔ (ای) مذکر۔ حضرت مسیح کو زندہ آسمان پر اٹھائے جانے کا دن۔

**ایسوسی ایشن**۔ (ای) مونث ① جماعت ② مجلس ③ گروہ ④ کمیٹی۔

**ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں**۔ (ا) مثل ① ایسے برے آدمی پر تو تین حرف ② یعنی لام ③ عین ④ نون ⑤ لعن ⑥ (لعنت) بھیجتے ہیں ⑦ بہت برا جانتے ہیں۔

**ایسے تو میری جیب میں پڑے ہیں/ ایسے تو میرے ناخنوں میں پڑے ہیں** (ا) محاورہ۔ ① میں ان سے زیادہ چالاک ہوں ② ان کی چالاکی مجھ پر اثر نہیں کر سکتی۔

**ایسی تیسی**۔ (ہ) کلمہ حقارت ① برا بھلا کہنا ② یوں توں کرنا۔

**ایسی تیسی کرنا**۔ (ہ) فعل ① سخت کلامی کرنا ② بہت برا کام کرنا ③ کام برباد کرنا ④ ذلیل کرنا ⑤ ایک کلمہ ہے جس سے گالی مفہوم ہوتی ہے۔

**ایسی تیسی میں جائے**۔ (ہ) محاورہ ① ہمیں کوئی مطلب نہیں ② دوزخ میں یا بھاڑ میں پڑے ③ ہمیں کچھ سروکار نہیں۔

**ایسی ویسی بات کرنا**۔ (ہ) فعل ① بری حرکت کرنا ② بری بات کرنا ③ نامناسب بات کرنا۔

**ایسی کہی کہ دھوئی پچھوڑی/ ایسی کہی دودھوں دھوئی** (ا) محاورہ ① نہایت عمدہ اور پرلے درجے کی کھری بات کہی ② دل لگتی اور موثر بات کہی ③ ایسی کہی جس کا جواب اور ثانی نہ ہو سکے ④ نہایت اعلیٰ درجہ کی بات کہی۔

**ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہ رہی ہے**۔ (ہ) مثل ① ایسی تجھ میں ہی کیا خصوصیت ہے ② کیا تو ہی بڑا مالدار ہے ③ کیا تیرے سوا اور کوئی اس کام کو کر ہی نہیں سکتا۔

**ایسی کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے**۔ (ہ) مثل ① ایسا کیا جرم کیا ہے ② جو اتنا خوف کریں ③ ہم بے قصور ہیں ہم نے کیا گناہ تھوڑا ہی کیا ہے۔

**ایسے کیڑے پڑ گئے**۔ (ہ) محاورہ ① ایسی بری حالت ہوگئی ② ایسا معاملہ خراب ہوگیا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

**ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔** (ہ) مثل ① ایسے غائب ہوئے کہ کہیں نشان تک بھی نہ ملا۔ بالکل ہی گم ہو گئے ② پتہ تک ندارد۔

**ایسے میں۔** (ہ) تابع فعل ① ایسی حالت میں ایسے موقعہ پر ② ایسے زمانہ میں ایسے وقت میں۔

**ایسے ہوتے تو عید بقر عید کے کام آتے۔** (ا) محاورہ ① کسی کام کے نہیں ② نہایت نکمے ہیں ③ بلکل فضول اور بیکار ہیں نہایت خراب ہیں۔

**ایسے ہی بھولے ہیں۔** (ا) محاورہ ① وہ بھولے نہیں ہیں ② بڑے چالاک ہیں ③ نہایت ہوشیار ہیں ④ بڑے پختہ اور تجربہ کار ہیں۔

**ایشاں۔** (س) اسم مذکر ① خدا ② ایزد ③ اللہ ④ مہادیو ⑤ پربھو ⑥ شیو۔

**ایشیا۔** (ای) اسم مذکر۔ ہمارے برِاعظم کا نام ہے۔

**ایشیائی۔** (ا) اسم صفت ① ایشیا کی بنی ہوئی چیزیں ② ایشیا کے رہنے والے لوگ۔

**ایصال۔** (ع) اسم مذکر ① پہنچانا ② وصول کرنا ③ ملانا ④ جوڑنا۔

**ایصال حرارت۔** (ع) اسم مذکر ① گرمی پہنچانا ② علم طبعی کا ایک عمل ہے جس کے ذریعہ سے سیال اشیا میں حرارت ایک جگہ سے دوسری جگہ چلی جاتی ہے۔

**ایصال مالگذاری۔** (ف) ① زمین کا لگان ادا کرنا ② زر مالگذاری ادا کرنا ③ لگان کا روپیہ سرکاری خزانہ میں داخل کرنا۔

**ایضاً۔** (ع) تابع فعل ① ویسا ہی ② اسی طرح کا۔

**ایف۔اے۔** (ای) اسم مذکر ① فرسٹ آرٹس ② بی۔اے سے دو سال پہلے یا نیچے کا درجہ۔

**ایفا۔** (ع) اسم مذکر ① وفا کرنا ② پورا کرنا ③ انجام کو پہنچانا ④ نباہنا۔

**ایفائے وعدہ۔** (ع) مذکر ① وعدہ پورا کرنا ② اقرار بناہنا ③ وعدہ وفائی۔

**ایک۔** (ہ) اسم عدد ① واحد ② اکیلا ③ تنہا ④ ایک عدد ⑤ دوسرا ⑥ بڑا ⑥ لاثانی۔

**ایکا۔** (ہ) اسم مذکر ① اتفاق ② یگانگت ③ سازش ④ ساز باز ⑤ میل ملاپ۔

**ایکا ایکی۔** (ہ) تابع فعل ① حرف مفاجات ② ناگہاں اچانک ③ یکبارگی ④ دفعتہ۔

**ایکائی۔** (ہ) اسم مونث ① یگانت ② ایک درجہ کا علم حساب میں شمار کا پہلا درجہ۔

**ایک آدھ۔** (ہ) اسم صفت ① کوئی ② چند ③ تھوڑے اکا دکا ④ خال خال۔

**ایکانت میں رہنا۔** (ہ) فعل ① خلوت میں رہنا ② تنہائی میں رہنا۔

**ایک آم کی دو پھانکیں ہیں/ایک سیب کے دو ٹکڑے ہیں** (ا) محاورہ۔ ① دونوں ایسے مشابہ ہیں کہ کوئی فرق نہیں ② دونوں ہم شکل اور بالکل ملتے جلتے ہیں ذرہ بھر تفاوت نہیں۔

**ایک انار سو بیمار۔** (ا) محاورہ چیز ① ایک اور اس کے طالب بہت سے ② ایک ہی چیز کے بہت سے خواہاں۔

**ایک انچ کی کسر رہ گئی۔** (ا) محاورہ ① تھوڑی سی کمی ہے ② کام بنتے بنتے رہ گیا۔

**ایک انڈہ وہ بھی گندا۔** (ہ) محاورہ ① ایک لڑکا ② وہ بھی نالائق ③ ایک بچہ وہی برا نکل آیا۔

**ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں۔** (ہ) محاورہ ① ایک دفعہ نقصان اٹھا کر تجربہ ہو جاتا ہے ② بار بار دھوکا نہیں کھایا جاتا ہے ③ دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے ④ ایک دفعہ دھوکا کھا کر آئندہ احتیاط کرتا ہے اور چوکنا ہو جاتا ہے۔

**ایک آنکھ سب کو دیکھنا۔** (ا) محاورہ ① سب کے ساتھ مساوات برتنا ② سب کو یکساں سمجھنا ③ اپنے بیگانے کو برابر جاننا ④ انصاف کرنا۔

**ایک آنکھ میں لہر بہر ایک میں خدا کا قہر۔** (ا) محاورہ۔ متلون مزاج اور مغلوب الغضب آدمی کی نسبت بولتے ہیں دم بھر میں مہربان اور دم بھر میں آگ بھبھوکا۔

**ایک آنکھ نہ بھانا۔** (ا) فعل ① ذرا بھی پسند نہ آنا ② ایک نظر دیکھنے تک سے نفرت کرنا ③ بالکل ناپسند۔

**ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ** (ہ) مثل ① دونوں نور نظر ہیں دونوں برابر ہیں دونوں یکساں ہیں ② دونوں کے دکھ سے دکھ اور خوشی سے خوشی ہے۔

**ایک انگور سوزنبور۔** (ا) محاورہ ① ایک ایک پر سو سو بھڑیں ② چیز تھوڑی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03

❸ حاجتمند بہت ایک انار سو بیمار۔

**ایک آوے کے برتن ہیں۔**(ہ) مثل ❶ سب کے عادات یکساں ہیں ❷ سب برابر ہیں کوئی بھلا نہیں ❸ سب باہم برابر ہیں۔

**ایک اور ایک گیارہ۔**(ہ) مثل ❶ دو شخص ملکر بہت کچھ کر سکتے ہیں ❷ اتفاق باہمی کی قوت کی طرف اشارہ ہے۔

**ایک اور سو کا فرق ہے۔**(ا) محاورہ ❶ ان میں باہم کوئی نسبت نہیں ❷ زمین آسمان کا فرق ہے ❸ رات اور دن کا فرق ہے ❹ بہت ہی فرق ہے۔

**ایک ایک۔**(ہ) تابع فعل ❶ سب ❷ تمام کلہم ❸ باری باری ❹ جدا جدا الگ الگ یکے بعد دیگرے۔

**ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے۔**(ا) محاورہ ❶ بہت ہی غیر معتبر ہے ❷ نہایت جھوٹا ہے ❸ کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ❹ کسی بات پر جمتا ہی نہیں۔

**ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا۔**(ا) محاورہ ❶ ہر ایک سے اپنا دکھڑا بیان کرنا ❷ ہر ایک سے مدد مانگنا۔

**ایک ایک کا منہ تکنا یا دیکھنا۔**(ا) محاورہ ❶ افلاس اور لاچاری ❷ ہر ایک سے امید رکھنا۔ مجبوری۔

**ایک ایک کر کے۔**(ہ) تابع فعل ❶ رفتہ رفتہ ❷ آہستہ آہستہ ❸ یکبارگی کی ضد ❹ تھوڑا تھوڑا کر کے ❺ سب ❻ تمام کل ❼ سارے کے سارے۔

**ایک ایک کی چار چار لگانا۔**(ہ) محاورہ ❶ بہت زیادہ بڑھا کر چغلی کھانا ❷ ذراسی بات کو بتنگڑ بنا کر غیبت میں کہنا۔

**ایک ایک کے دو دو ہونا**(ہ) محاورہ ❶ تجارت میں دوگنا نفع کمانا ❷ کام کا خوب رونق پکڑنا۔

**ایک ایک کے دو دو اور بھاگوان کے تین تین۔**(ا) محاورہ ❶ ایک ایک کے دو دو حصے اور بڑے آدمی کے تین ٹکڑے کر دئے جائیں ❷ لڑائی اور جنگ میں پانی تعریف کے وقت سپاہیوں کا باہمی جوش ❸ سخت ❹ لڑائی اور گھمسان کا رن ❺ فتح کا جوش اکیلے آدمی کا تفاخر ❻ یعنی میرے سامنے آؤ گے تو دو کر دوں گا کاٹ کر۔

**ایک اینٹ کے لئے مسجد ڈھانا۔**(ا) محاورہ ❶ دنیا کے لئے دین گنوانا ❷ تھوڑے سے دنیاوی نفع کے واسطے بہت بڑا نقصان آخرت اُٹھانا۔

**ایک بات۔**(ہ) اسم مونث ❶ سہل ہے ❷ آسان سی بات ❸ معمولی اور ادنےٰ کام ٹھیک قیمت۔

**ایک بات میں۔**(ہ) تابع فعل ❶ ذرا سے اشارے میں ❷ یونہی ❸ بڑی آسانی سے معمولی بات میں۔

**ایک بارگی**(ہ) حرف ❶ مفاجات ❷ ناگاہ ❸ اچانک ❹ یکا یک ❺ ایکا ایکی۔

**ایک بچن۔**(ہ) مذکر ❶ ایک قول ❷ ایک بات ایک کلام صیغہ واحد۔

**ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے۔**(ہ) مقولہ۔ ایک برا سارے خاندان کو بدنام کر دیتا ہے۔

**ایک پاؤں اندر ایک پاؤں باہر/ ایک پاؤں گھر میں ایک پاؤں باہر**(ہ) محاورہ ❶ زیادہ پھرنے سے مراد ہے ❷ کبھی گھر کبھی باہر کبھی یہاں کبھی وہاں کبھی کہیں کبھی کہیں۔

**ایک پر ایک گرنا۔**(ہ) محاورہ ❶ بہت بھیڑ ہونا ❷ بہت ہجوم ہونا ❸ بکثرت متوجہ ہونا ❹ ٹوٹ پڑنا۔

**ایک پر بیٹھ رہنا۔**(ہ) محاورہ ❶ ایک کیساتھ عمر گزارنا ❷ زیادہ دوست نہ بنانا ❸ ایک سے دوستی رکھنا۔

**ایک پلک یا ایک پل۔**(ہ) تابع فعل ❶ پل بھر ذرا کی ذرا ❷ ایک آن ❸ آن کی آن ❹ دم بھر۔

**ایک پنتھ دو کاج۔**(ہ) مثل ❶ اس وقت بولتے ہیں ❷ جہاں ایک کام کے ساتھ اور بھی کئی کام بن جائیں ❸ ایک سبب میں دو کام نکل آئیں۔

**ایک پیٹ کے۔**(ہ) اسم مذکر ❶ حقیقی ❷ بھائی بہن ❸ سگے بہن بھائی ❹ ایک ماں جائے۔

**ایک ترکش کے تیر ہیں۔**(ا) محاورہ ❶ سب برابر ہیں ❷ سب مساوی ہیں سب ستانے والے ہیں

**ایک تندرستی ہزار نعمت ہے۔**(ا) مقولہ۔ ایک تندرستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے۔

**ایک تنکے کا احسان نہ لینا۔**(ا) فعل ❶ ذرہ بھر کسی کا احسان نہ اٹھانا ❷

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149071218

www.besturdubooks.net

قانع اور صابر رہنا۔

**ایک تنکے کا سہارا بھی بہت۔** (ا) محاورہ۔ مفلسی اور بیکسی میں تھوڑی سی امداد بھی بہت معلوم ہوتی ہے۔

**ایک تو۔** (ہ) تابع فعل ❶ اول تو ❷ پہلے تو ❸ اولاً

**ایک تو چوری دوسرے سرزوری یا سینہ زوری۔** (ا) مثل ❶ قصور بھی کرنا اور دھمکانا بھی قصور پر شرمندہ نہ ہونا ❷ اُلٹی سرکشی کرنا۔

**ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے۔** (ا) مثل ❶ ایک تو ظالم دوسرے اختیار مل جائے ❷ بہادر کو بے خوفی کا سامان مل جائے۔

**ایک تو کریلا دوسرے نیم چڑھا۔** (ہ) مثل ❶ اول تو خود کڑوے دوسرے ہم صحبتی بھی کڑوے ہی ملے ❷ بد سے بدتر ہو گئے ❸ برے کو سامان بھی برے مل گئے۔

**ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھالی بھنگ۔** (ہ) مثل۔ کچھ تو سست تھے ہی اوپر سے سامان بھی اور زیادہ سستی کے کر لئے۔

**ایک توے کی روٹی کیا موٹی کیا چھوٹی۔** (ہ) مثل ❶ سب برابر ہیں ❷ کوئی کم نہیں ❸ برادری میں سب برابر ہیں کیا امیر کیا غریب۔

**ایک تھان کے ٹکڑے ہیں / ایک تھیلی کے بٹے ہیں / ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں** (ہ) ❶ کوئی نیک نہیں ❷ سب بدمعاش ہیں ❸ سب برابر ہیں ❹ ایک سے ایک بڑھکر ہے۔

**ایکٹ۔** (ای) اسم مذکر ❶ نقل ❷ سوانگ ❸ ضابطہ ❹ قانون ❺ آئین جو کسی با اختیار جماعت یا بادشاہ کی طرف سے جاری کیا گیا ہے۔

**ایک ٹانگ۔** (ہ) اسم مونث۔ کسی چیز کی چوتھائی روپیہ میں سے چونی۔

**ایک ٹانگ پھرنا۔** (ہ) فعل ❶ برابر پھرے جانا ❷ دم نہ لینا ❸ بہت چکر لگانا ❹ دوڑے پھرنا۔

**ایک ٹانگ کھڑا رہنا۔** (ہ) فعل ❶ حکم ماننے کے لئے تیار رہنا ❷ تعمیل حکم کو ہر دم تیار رہنا۔

**ایکٹر۔** (ای) مذکر ❶ نقل ❷ کرنے والا ❸ تماشا کرنے والا ❹ مرد ❺ پارٹ کرنے والا آدمی۔

**ایکٹرس۔** (ای) مونث ❶ نقل کرنے والی ❷ پاٹ کرنے والی عورت۔

**ایک جا کرنا۔** (ا) فعل ❶ فراہم کرنا ❷ جمع کرنا ❸ اکٹھا کرنا ❹ ملا دینا ❺ دولت بنا دینا ❻ صلح کرا دینا۔

**ایک جان۔** (ا) اسم صفت ❶ ایسے طور پر ملنا ❷ کہ فرق نہ رہنا ❸ پورا پورا اختلاط ❹ پکا دوست دلی دوست۔

**ایک جان دو قالب۔** (ا) ❶ نہایت پکا دوست انتہا درجے کی دوستی ❷ عاشق و معشوق۔

**ایک جان کرنا۔** (ا) فعل ❶ کئی چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا ❷ باہم ملا دکر حل کر دینا۔

**ایک جان ہزار ارمان / ایک جان ہزار امید۔** (ہ) مقولہ ❶ ایک جان اور ہزاروں آرزوئیں ❷ زندگی بھر امیدیں ہی رہتی ہیں ❸ ایک جان اور ہزاروں حسرتیں ہوتی ہیں ❹ سینکڑوں تمنائیں اور خواہشیں۔

**ایک جان ہزار غم ایک دل ہزار داغ۔** (ا) مقولہ۔ ایک جان کو ہزار غم اور ایک دل کو ہزاروں رنج ہیں دل رنج ہی رنج کا گھر ہے۔

**ایک چپ سو کو ہراوے یا ایک چپ سو چپ۔** (ہ) ❶ خاموشی سب کو خاموش کر دیتی ہے ❷ تم کسی کو کچھ نہ کہو تمہیں کوئی کچھ نہ کہے گا۔

**ایک چپ لاکھ بلا کو ٹالتی ہ۔** (ا) محاورہ ❶ خاموش رہنا ہزاروں مصیبتوں سے بچاتا ہے ❷ خاموشی ہر طرح بہتر ہی بہتر ہے۔

**ایک چنے کی دو دالیں ہیں۔** (ہ) محاورہ ❶ دونوں ہم شکل ہیں ❷ بالکل مشابہ ہیں ❸ ایک آم کی دو پھانکیں ہیں۔

**ایک چیخ زمین ایک چیخ آسمان** (ا) محاورہ ❶ نہایت ہی چیخنا ❷ بہت ہی چلانا۔

**ایک حمام میں سب ننگے۔** (ا) مثل ❶ برے کام میں سب شامل ہیں ❷ سب ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔

**ایک خطا دو خطا تیسری مادر خطا۔** (ا) محاورہ ❶ ایک دو بار خطا ہونا تو تقاضائے بشری ہے ❷ مگر بار بار قصور کرنا گنہگاری ہے ❸ بار بار جرم قابل مواخذہ ہے۔

**ایک دانت کاٹی روٹی کھاتے ہیں۔** (ا) محاورہ ❶ نہایت گہرے دوست ہیں ❷ ایک دوسرے کا جوٹھا کھانے تک سے دریغ نہیں ❸

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

نہایت دل ملے ہوئے ہیں

**ایک در بند ہزار در کھلے۔** (ا) مثل ① اگر ایک جگہ سے آدمی کی آمدنی بند ہوجاتی ہے ② تو خداوند تعالےٰ ہزار اسباب اور پیدا کردیتا ہے۔

**ایک دل یاروں میں ایک چوکیداروں میں۔** (ا) محاورہ ① مذبذب ہونا ② دگدا میں ہونا ③ بے حد فکر ہونا ④ نہایت پریشانی ہونا ⑤ دودلی ہونا۔

**ایک دم۔** (ا) ① بے توقف ② برابر ③ فوراً متواتر ④ یکساں۔

**ایک دم کا دمامہ ہے۔** (ا) محاورہ۔ تھوڑی سی زندگی کے ساتھ بہت سے بکھیڑے کرنے پڑتے ہیں۔

**ایک دم کیساتھ سب سامان ہے/ ایک دم کیساتھ سب کھیل ہے** (ا) ① ایک آدمی کی کمائی پر سب عیش منا رہے ہیں ② ایک آدمی خاندان بھر میں کماؤ ہے وہ نہ ہو تو سارے تین کوڑی کے بھی نہیں ③ اسی کے ساتھ سب عیش میں ہیں۔

**ایک دم ہزار دم۔** (ا) ① ایک سانس لینے میں ہزار سانس لینے کی امید ہوتی ہے ② یعنی جب تک سانس تب تک آس ہے۔

**ایک دن سب کو مرنا ہے۔** (ا) محاورہ ① موت سے مفر نہیں ② جو پید ہوا وہ ضرور ایک دن مرے گا ③ ہمیشہ زندہ رہنے والا خدا کے سوا کوئی نہیں۔

**ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن کا بلائے جان۔** (ا) مقولہ۔ سب مہمان ایک دو دن تو عزیز اور بھلا ہوتا ہے تیسرے دن تو دو بھر معلوم ہوتا ہے۔

**ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول۔ دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول۔ تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول۔**
(ا) مثل ایک دن کا مہمان نہایت پیارا اور گلاب کے پھول سا معلوم ہوتا ہے دوسرے دن کا مہمان کنول کے مشابہ ہے تیسرے دن کا مہمان میزبان کی نفرت اور بیزاری کا باعث ہوتا ہے۔

**ایک دو۔** (ا) صفت ① چند ② تھوڑے ③ بہت ④ کم ⑤ قلیل مقدار ⑥ تھوڑی تعداد۔

**ایک دے گا دس پائے گا۔** (ا) ایک سلوک نیک کرے گا تو دس گنا ثواب اور اجر ملے گا۔

**ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے سب ڈوبیں تو کون بچائے۔** (ا) مثل ① اگر ایک آدمی خرابیاں کرے تو اس کو لوگ سمجھا سکتے ہیں ② مگر جب سب ہی گناہوں میں غرق ہوں تو انہیں عذاب سے کون چھڑا سکتا ہے۔

**ایک ذات کا۔** (ا) صفت ① ایک جنس کا ② ایک ہی قسم کا ③ بکثرت ④ بافراط ⑤ ایک ہی قوم کا ⑥ یک لخت۔

**ایک راس۔** (ا) محاورہ ① ایک قسم ② ایک جنس ③ یکساں ④ برابر ⑤ باہم ⑥ موافق۔

**ایک رسی میں بندھنا۔** (ا) فعل ① باہم اتفاق ہونا ② یک جہتی ہونا ③ شریک مشورہ ہونا ④ ایک حکم میں چلنا ⑤ ایک سردار کا کہنا کرنا ⑥ ایک کے ماتحت ہونا۔

**ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا** (ہ) فعل ① چہرے کا رنگ بدل جانا ② خوف یا صدمے کے سبب سے چہرے کا رنگ کا متغیر ہونا ③ منہ پر ہوائیاں اڑنا ④ رنگ فق ہونا ⑤ نہایت خوف اور غم کا اظہار۔

**ایکٹر۔** (ای) اسم مذکر ① زمین کا رقبہ کرنے کا پیمانہ جس میں ۴۸۴۰ مربع گز زمین شامل ہیں۔

**ایک زبان۔** (ا) اسم صفت ① ہم قول ② ہمزبان ③ متفق اللفظ ④ سب کی ایک ہی بات سب کا ہی جواب ⑤ ایک سخن ⑥ سودے میں ایک قیمت کہنا۔

**ایک سانچے کے ڈھلے ہیں۔** (ہ) محاورہ۔ سب ہم شکل ہیں ایک سے ہیں سر مو فرق نہیں

**ایکسرسائز۔** (ای) مونث ① ورزش ② کسرت ③ مشق۔

**ایک سر ہزار سودا۔** (ا) مثل ① ایک آدمی اور ہزاروں خیال ② ہزاروں فکر ③ ہزاروں آرزوئیں ④ ہزاروں رنج وغم

**ایکسٹرا۔** (ای) اسم صفت مذکر ① فالتو ② زائد ③ ضمیمہ ④ علیحدہ۔

**ایکسچینج۔** (ای) اسم مذکر۔ سکوں کا تبادلہ۔

**ایک سرے سے سب کو ہلا دینا۔** (ا) محاورہ ① سب کو حیران کر

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

دینا❷ سب کو ہوش بگاڑنے۔

**ایک سور ماچُتا بھاڑنہیں ڈھا سکتا** (ہ) ایک اکیلا آدمی خواکیساہی دریام ہو مگر اس کام کو نہیں نباہ سکتا جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو۔

**ایک سے ایک اعلےٰ سبحان ربی الاعلےٰ۔** (ا) مثل ❶ سب کے سب نورعلیٰ نور ہیں ایک سے ایک بڑھ کر ہے ❷ یہ مثل اس جگہ بولتے ہیں جہاں بدی اور شرارت میں ایک سے ایک بڑھا ہوا ہو۔

**ایک سے دن نہ رہنا۔** (ہ) فعل۔ زمانے کا ایک سی حالت پر نہ رہنا۔ کہا کرتے ہیں دن سدا ایک سے نہیں رہتے۔ یعنی حکومت اور عیش سدا نہیں رہا کرتے۔

**ایک سے دو بھلے۔** (ہ) مقولہ ❶ اکیلے آدمی کا کسی کام پر جانا ٹھیک نہیں ❷ دو اس کو اچھی طرح کر سکتے ہیں تنہائی بہت بری چیز ہے ❸ اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا۔

**ایک سے ہونا۔** (ہ) فعل ❶ ہم شکل ہونا ❷ باہم مشابہت رکھنا ❸ ہم خیال اور ہم رائے ہونا۔

**ایک شیر مارتا ہے تو سولومڑیاں کھاتی ہیں/ایک شیر مارتا ہے تو سو گیدڑ کھاتے ہیں** (ا) مثل۔ ❶ بہادر اور جوانمرد آدمی اپنی کمائی سے سینکڑوں محتاجوں کو پالتے ہیں ❷ سخی اور بہادر کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے۔

**ایک طرح کا۔** (ا) ❶ ایک قسم کا ایک نوع کا یکساں ❷ ایک جنس ❸ کا۔

**ایک طرف کا بازار بند ہے۔** (ا) محاورہ ❶ یک چشم ہے ❷ کانا ہے ❸ اعور ہے کانے آدمی کو تعریضاً کہا کرتے ہیں۔

**ایک عالَم۔** (ا) اسم مذکر ❶ تمام دینا ❷ سارا جہاں۔

**ایک عمر۔** (ا) اسم مونث ❶ تمام عمر ❷ عمر بھر ❸ بہت مدت ❹ مدتوں ❺ عرصہ دراز ❻ مدت ❼ مدید۔

**ایک قلم۔** (ا) تابع فعل ❶ یک لخت ❷ بطالکل ❸ برابر ❹ فوراً ❺ ایک قلم۔

**ایک کا منہ شکر سے بھرا جاتا ہے سو کا خاک سے بھی نہیں بھرا جا سکتا۔** (ا) محاورہ ❶ ایک کا مطلب بخوبی پورا کیا جا سکتا ہے ❷ سو کا تھوڑا تھوڑا بھی پورا نہیں ہو سکتا ❸ ایک آدمی کی خاطر تواضع خوب ہو سکتی ہے ❹ بہتوں کو ❺ روکھی روٹی دینی بھی دوبھر ہے۔

**ایک کرے دس بھریں۔** (ہ) ❶ ایک قصور کرے دس سزا پائیں ❷ ایک جرم میں دس گرفتار ❸ ایک کی وجہ سے سب بدنام۔

**ایک کو پانی اور ایک کو پیچھ۔** (ہ) مثل ❶ بہت بے انصافی ❷ نامنصفی ❸ بدانتظامی۔

**ایک کو دے دے رتبہ عالی ایک کو دے کھر پا جالی۔** (ا) مثل ❶ خدا کی حکمت اور بے نیازی ہے ❷ کسی کو عیش و آرام دیتا ہے اور کسی کو دکھ درد اور تکلیف و محنت۔

**ایک کو سائی ایک کو بدھائی۔** (ہ) مثل ❶ ہرجائی ہونا ❷ بے وفائی کرنا ❸ وعدہ خلاف ہونا ❹ جھوٹ بولنا ❺ جھوٹے وعدے ہر ایک سے۔

**ایک کو سائی ایک کو بدھائی۔** (ہ) مثل ❶ ہرجائی ہونا ❷ بے وفائی کرنا ❷ وعدہ خلاف ہونا ❸ جھوٹ بولنا ❹ جھوٹے وعدے سے ہر ایک سے۔

**ایک کھائے ملیدا ایک کھائے بھس۔** (ہ) مثل اپنی اپنی تقدیر ہے کوئی عیش کرے کوئی دکھ بھرے۔

**ایک کہو گے تو دس سنو گے۔** (ہ) مثل ❶ اگر تم کسی کو برا کہو گے تو وہ تمہیں بدتر بنائیگا ❷ تم ایک بری بات کہو گے تو دوسرا تمہیں دس سنائیگا ❸ بدزبانی سے روکنے کے لئے کہا کرتے ہیں۔

**ایک کہے نہ چار سنے۔** (ا) محاورہ ❶ نہ کسی کو برا کہو نہ خود برا سنو ❷ نہ برا کہے نہ کہلائے نہ گالی دے نہ گالی کھائے۔

**ایک کی دوا دو یا ایک کی دارو دو۔** (ہ) مثل۔ ایک آدمی پر غالب آنے کے لئے دو آدمی کافی ہوتے ہیں۔

**ایک کی سو سناتا ہے/ایک کی دس سناتا ہے** (ہ) مثل ❶ سخت بد زبان ہے بڑا بدلگام آدمی ہے ❷ ایک بات کے جواب میں دس سنا کر بھی بس نہیں کرتا۔

**ایک گھاٹ اُتارنا** (ہ) فعل ❶ تمام لوگوں کیساتھ یکساں سلوک کرنا ❷ سب چھوٹے بڑوں سے ایک ہی سا معاملہ اور برتاؤ کرنا۔

**ایکلا۔** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ اکیلا ❷ واحد ❸ تنہا ❹ فرد ❺ لاثانی ❻

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03490772218

یکتا ⑦ بے نظیر ⑧ لاجواب۔

**ایک لاٹھی سب کو ہانکنا۔**(ہ) مثل ① ادنےٰ اور اعلےٰ میں تمیز نہ کرنا ② شریف اور رذیل کو نہ پہنچاننا ③ سب سے سختی کا سلوک کرنا ④ کسی کا لحاظ نہ کرنا۔

**ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اجالا ہو۔**(ا) مثل ① اکیلا آدمی کیا کرسکتا ہے اور اس کی کوشش کہاں تک بارآور ہوسکتی ہے ② ایک طرف چلا گیا ③ دوسری طرف خالی۔

**ایک ماں باپ کے ہونا۔**(ا) فعل ① ایک نطفے سے ہونا ② سگے بھائی ہونا ③ باہم پیار و محبت رکھنا۔

**ایک ماں باپ کے ہو جاؤ۔**(ا) فقرہ ① سگے بہن بھائیوں کی طرح پیار سے رہو ② محبت سے رہو ③ آرام سے بیٹھو ④ شور نہ مچاؤ ⑤ شور و غوغا نہ کرو ⑥ حرام کے نہ بنو۔

**ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کر دیتی ہے۔**(ا) مثل ① ایک برا آدمی ساری قوم کو بدنام کر دیتا ہے ② ایک نالائق سارے خاندان کی ناک کٹوا دیتا ہے۔

**ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوسکتی۔**(ا) مثل ① تھوڑی پونجی بہت جگہ تقسیم نہیں ہوسکتی ② ذرا سی چیز بہت جگہ الگ الگ بانٹ کر کیا فائدہ ہوسکتا ہے۔

**ایک مشت۔**(ا) تابع فعل ① دفعتہً ایک دفعہ تمام ② اکٹھا ③ ایک بارگی ④ کل ⑤ سارے کا سارا۔

**ایک منہ۔**(ا) اسم صفت ① ہم زبان ② متفق ③ طور پر ④ سب کی ایک بات۔

**ایک منہ میں ہزار باتیں کر جانا۔**(ا) فعل ① بکواسی ہونا ② ہرزہ گوئی کرنا ③ یاوہ گوئی ④ ذرا سی دیر میں ہزار بھلی بری کرنا۔

**ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں** (ا) مثل ① ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہشمند کبھی مل کر اور سلوک سے نہیں رہ سکتے ② ضرور دونوں کی کھٹکے گی۔

**ایک نٹ کھٹ ہے۔**(ہ) محاورہ ① بڑا شریر ہے ② بڑا چالاک ہے ③ بہت ہی شیطان ہے ④ بڑا ہی ڈھیٹھ ہے۔

**ایک نظر۔**(ا) تابع فعل ① ذرا کی ذرا ② تھوڑی دیر ③ یونہی ④ سرسری نگاہ۔

**ایک نظر کے گنہگار ہیں۔**(ا) محاورہ ① آنکھ سے دیکھنے کے خطاوار ہیں اور کچھ نہیں جانتے ② آنکھ سے دیکھا تو ضرور ہے اور کوئی جرم نہیں کیا۔

**ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا**(ا) مقولہ ① کپڑے سے انسان کی خوبصورتی اور شان و شوکت دوبالا ہو جاتی ہے ② الناس باللباس کپڑا انسان کے وقار اور عزت کو بڑھا دیتا ہے۔

**ایک نہ ایک۔**(ا) کوئی نہ کوئی۔

**ایکھ۔**(ہ) اسم مذکر ① گنے کا کھیت ② نیشکر ③ اوکھ ④ کتارہ کا کھیت ⑤ کتارہ۔

**ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی/ایک ہاتھ تالی نہیں بجتی۔**(ا) مثل ① محبت یا عداوت ایک طرف سے نہیں ہوتی ② دونوں کا قصور ہے۔

**ایک ہو جانا۔** محاورہ ① اتفاق کر لینا ② متفق ہو جانا ③ ایکا کر لینا۔

**ایک ہے۔**(ا) محاورہ ① لاثانی ہے بےنظیر ہے ② یکتا ہے ③ لاجواب ہے فرد ہے۔

**اگریکلچر۔**(ا) اسم مذکر۔ محکمہ کاشتکاری۔

**ایگریمنٹ۔**(ای) اسم مذکر ① اقرارنامہ ② معاہدہ۔

**ایگزیمین۔**(ن) اسم مذکر ① امتحان ② جانچ پڑتال ③ معائنہ۔

**ایگزیمینر۔**(ای) اسم مذکر ① ممتحن ② جانچنے والا ③ پڑتال کرنے والا۔

**ایل ایل۔**(ای) اسم مذکر۔ قانون کا لائسنس دار سند یافتہ وکیل۔

**ایل ایل بی۔**(ای) اسم مذکر۔ قانون کا امتحان وکالت کا اعلےٰ امتحان۔

**ایل ایل ڈی۔**(ای) اسم مذکر ① یونیورسٹی کا ایم۔اے کے بعد درجہ ② ڈاکٹر آف لاز ③ یعنی فاضل اکمل۔

**ایل ایم ایس۔**(ای) اسم مذکر ① ڈاکٹری کا لائسنس دار ② سند یافتہ۔

**ایلاسٹک۔**(ای) اسم مذکر۔ سوت اور ربڑ کا بنا ہوا کپڑا جو اکثر انگریزی بوٹوں میں اور جوتوں میں لگایا جاتا ہے۔

**ایلچی۔**(ت) اسم مذکر ① قاصد ② پیغام لیجانے والا ③ سفیر ④ نامہ بر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

ایلوا۔(ہ) حرف استعجاب ❶ لو ❷ اور سنو ❸ سنو ❸ دیکھو ❹ تعجب کے وقت مخاطب کو بولتے ہیں۔

ایلومینیم ۔(ای) اسم مونث۔ایک قسم کی دھات ہے جس کے برتن بناتے ہیں۔

ایم۔او۔ایل۔(ای) اسم مذکر۔ پنجاب یونیورسٹی کی مشرقی زبانوں کے اعلےٰ امتحان کی ڈگری۔ایم اے کے برابر۔

ایم۔بی۔(ای) مذکر۔ڈاکٹروں کی ڈگری جو بی اے کے برابر ہوتی ہے۔

ایم۔پی۔(ای) مذکر۔ممبراوف پارلیمنٹ۔

ایما۔(ع) اسم مذکر ❶ لغت میں اشارہ سروانگشت اصطلاح میں صرف اشارہ ❷ رمز ❸ کنایہ ❹ سین ❺ عندیہ ❻ منشا حکم۔

ایمالینا۔(ا) فعل ❶ عندیہ یا منشا معلوم کرنا ❷ مرضی دریافت کرنا۔

ایمان۔(ع) اسم مذکر ❶ یقین ❷ اعتبار ❸ عقیدہ دل سے یقین کرنا ❹ مذہب ❺ دھرم۔

ایمان بغل میں دبانا۔(ا) فعل ❶ بے ایمانی کرنا ❷ جھوٹ بولنا ❸ ایمان کی پروانہ کرنا۔

ایمان بیچنا یا کھونا۔(ا) فعل ❶ دین کو دنیا کی خاطر برباد کرنا ❷ روپے کی طمع میں راستی سے کنارہ کش ہونا ❸ مذہب کے خلاف کام کرنا۔

ایمان پر چھوڑنا۔(ا) فعل ❶ ایمان پر بھروسہ کرنا ❷ کوئی بات کسی دوسرے شخص کے ایمان پر موقوف رکھنا۔

ایمان ٹھکانے نہ ہونا۔(ا) فعل ❶ نیت بدل جانا ❷ بدظن ہونا ❸ ایمان پر قائم نہ رہنا۔

ایمان دار۔(ع۔ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ ایمان رکھنے والا ❷ دھرماتما ❸ دیندار ❹ راستباز ❺ دیانتدار ❻ منصف ❼ صاحب ایمان۔

ایمانداری۔(ع۔) اسم مونث اسم مصدری ❶ راستبازی ❷ دیانتداری ❸ صداقت۔

ایمان کا۔(ا) اسم صفت ❶ ایمان والا دھرم وان ❷ سچا ❸ انصاف والا ❹ نیت کا پورا۔

ایمان کانپنا۔(ا) فعل ❶ خدا کے خوف یا مذہبی غیرت سے کانپنا ❷ خدا کا خوف کرنا ❸ اعبرت حاصل کرنا ❹ رونگٹے کھڑے ہونا۔

ایمان کی کہنا۔(ا) فعل ❶ سچی بات کہنا ❷ حق حق کہنا ❸ سچی شہادت دینا ❹ خدالگتی کہنا۔

ایمان لانا یا لے آنا۔(ا) فعل ❶ اسلام لانا ❷ مسلمان ہونا ❸ مذہب اسلام اختیار کرنا ❹ خدا کو برحق اور سچا جاننا ❺ ماننا ❻ تسلیم کرنا ❼ بھروسا ❽ اور اعتبار کرنا ❾ یقین رکھنا۔

ایمان میں فرق آنا۔(ا) ❶ بدعقیدہ ہو جانا ❷ یقین نہ رہنا ❸ ڈھلمل یقین ہونا ❹ بدنیت ہونا ❺ بددیانت ہو جانا ❻ خیانت کرنا ❼ نیت بگڑ جانا۔

ایمان ہے تو سب کچھ(ا) مثل ❶ ایمان تمام چیزوں سے بڑھکر ہے ❷ ایمان کی حفاظت سب چیزوں سے زیادہ ضروری ہے ❸ ایمان ہی مقدم ہے۔

ایمن۔(ع) اسم صفت۔ مذکر ❶ بے خوف ❷ نڈر ❸ امن دیا ہوا ❹ دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام بھی ہے۔

ایمونیا۔(ای) اسم مذکر ❶ ایک گیس ہے جسے سونگھا کر بیماروں کو ہوش میں لاتے ہیں ❷ اس کا سونگھنا زکام کے لئے بھی مفید ہے ❸ سالٹ ایمونیک ❹ نوشادر۔

ایمونیشن ۔(ای) اسم مذکر۔سامان جنگ بارود وغیرہ۔

ایمہ۔(ع) اسم مذکر ❶ امام کی جمع ❷ پیشوا ❸ رہبران ❹ مذہب دینی پیشرو۔

این۔(ہ) اسم مذکر (پوربی) ❶ بھینس ❷ گائے بکری ❸ وغیرہ کا باکھ ❹ کھیری ❺ دودھ کا خزانہ۔

ای یا یا ہیں۔(ہ) یہ کلمہ تعجب استفہام ❶ تنبیہ وتہدید کے مقام پر بولا جاتا ہے ❷ کیا ❸ کیوں ❹ اوہو خبردار۔

اینٹ ۔(ہ) اسم مونث ❶ مٹی کی بنی ہوئی پکی یا کچی خشت وآجر ❷ تشبیہاً سونے کی مکعب ڈلی کو بھی کہہ دیتے ہیں ❸ سخت بنیاد ❹ بنیادی پتھر جیسے آج یونیورسٹی ہال کی اینٹ رکھی جائیگی۔

اینٹ سے اینٹ بجانا۔(ہ) فعل ❶ تباہ کرنا ❷ ڈھا دینا ❸ گرانا ❹

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

برباد کر دینا۔

اینٹ سے اینٹ بج جانا۔(ہ) فعل ❶ مسمار ہو جانا ❷ ویراں ہو جانا ❸ برباد ہو جانا۔

اینٹ کا جواب پتھر سے دینا۔(ا) فعل ❶ کسی بری بات کا جواب اور زیادہ برائی سے دینا ❷ سخت کلامی کا جواب اس سے بھی زیادہ سخت کلامی سے دینا۔

اینٹ کا گھر مٹی کر دینا۔(ہ) فعل ❶ دولت برباد کر ڈالنا ❷ لاکھ کا گھر خاک کر دینا ❸ روپیہ غارت کر دینا۔

اینٹھ۔(ہ) اسم مونث ❶ اکڑ ❷ غرور ❸ شیخی ❹ مروڑ ❺ نخوت ❻ سر کشی ❼ بل۔

اینٹھ جانا۔(ہ) فعل ❶ اکڑ جانا ❷ خفا ہو جانا ❸ ناراض ہو جانا ❹ غصے میں اٹھ جانا۔

اینٹھ رکھنا۔(ہ) فعل ❶ کینہ رکھنا ❷ بل رکھنا ❸ دبا لینا ❹ قابو کر لینا ❺ دبا رکھنا۔

اینٹھ کر چلنا۔(ہ) فعل ❶ غرور سے چلنا ❷ اکڑ کر چلنا ❸ اترا کر چلنا۔

اینٹھن۔(ہ) اسم مونث ❶ کھچاؤ ❷ بل تشنج اعضا ❸ مروڑ پٹھوں اور رگوں کا کھچ جانا۔

اینٹھنا۔(ہ) فعل ❶ مروڑنا ❷ بل دینا ❸ بل کھانا ❹ اکڑنا ❺ غصہ ہونا ❻ روٹھنا ٹھٹھرنا ❼ سکڑنا ❽ غصب کرنا ❾ چھینک دبا بیٹھنا۔

اینٹھے خاں یا اینٹھے باز۔(ا) اسم مذکر ❶ اکڑباز مغرور ❷ اکڑ خاں ❸ سرکش۔

اینچ۔(ہ) اسم مونث ❶ کشش ❷ کھچاؤ ❸ ٹیڑھا پن۔

اینچا تانا۔(ہ) اسم مذکر ❶ بھینگا ❷ احول۔

اینچا تانی یا اینچا کھینچی۔(ہ) اسم مونث ❶ کشاکش ❷ کشمکش ❸ بکھیڑا ❹ کھینچ ❺ گھسیٹ۔

اینچ تان کے۔(ہ) تابع فعل ❶ ہزار مشکل سے ❷ بڑی دقت سے ❸ بصد مشکل بہ ہزار خرابی۔

اینچ دینا۔(ہ) ❶ پھانسی دینا ❷ سولی چڑھانا۔

اینچ کرنا۔(ہ) فعل ❶ کھینچنا ❷ اکڑ کرنا ❸ نااتفاقی کرنا۔

اینچ لینا۔(ہ) فعل ❶ کھینچ لینا ❷ نکال لینا ❸ تلوار میان سے باہر نکال لینا ❹ دم لگانا ❺ پینا ❻ ذمہ دار ہونا ❼ ضمانت دینا ❽ بہت سا روپیہ کما لینا۔

اینچ منوتی۔(ہ) اسم مونث۔ ضمانت ذمہ داری۔

اینچن۔(ہ) اسم مونث حاصل مصدر ہے ❶ کشاکش ❷ ضمانت وغیرہ۔

اینچنا۔(ہ) فعل ❶ کھینچنا ❷ گھسیٹنا ❸ تانا ❹ کسنا ❺ اوٹنا ❻ ضامن ہونا۔

ایندھن۔(ہ) اسم مذکر ❶ جلانے کی چیزیں ❷ لکڑی کے اپلے ❸ کوئلے وغیرہ ❹ بالن۔

ایندھن ہو جانا۔(ہ) فعل ❶ جلانے کے قابل ہو جانا ❷ ناکارہ ہو جانا ❸ بوڑھا ہو جانا ❹ تھک جانا ❺ سخت کمزور ہو جانا۔

اینڈ۔(ہ) اسم صفت ❶ نکما ❷ ناکارہ ❸ نامکمل ❹ ادھورا بھنور ❺ گرداب چکر ❻ ٹیڑھا۔

اینڈ۔(ہ) اسم مذکر ❶ تخمینہ ❷ سرسری اندازہ ❸ دھڑ ادھڑنا ❹ جانچ۔

اینڈ اینڈا پھرنا۔(ہ) فعل ❶ اتراتا پھرنا ❷ نازاں اور خراماں پھرنا ❸ اینٹھا اینٹھا پھرنا۔

اینڈ کر چلنا۔(ہ) فعل ❶ اکڑ کر چلنا ❷ مغرورانہ چلنا ❸ نازو انداز سے چلنا۔

اینڈ کر دینا۔(ہ) فعل ❶ نکما کر دینا ❷ ردی کو چھوڑ نا بیکار کر دینا۔

اینڈنا۔(ہ) فعل ❶ غرور کرنا ❷ اکڑنا ❸ بدن کو تانا ❹ بار بار انگڑائیاں لینا ❶ کچھ کام نہ کرنا ❷ پلنگ توڑنا ❸ سست ہو کر لیٹے رہنا ❹ پڑا رہنا ❺ کروٹیں بدلنا ❻ کاہلی کرنا۔

اینڈ ہونا۔(ہ) فعل ❶ نکما ہونا ❷ بگڑ جانا ❸ پھنس جانا ❸ ناکارہ ہونا۔

اینڈوا۔(ہ) اسم مذکر ❶ کپڑے یا بانوں کا حلقہ جو مزدور لوگ بوجھ اٹھاتے وقت سر پر رکھ لیا کرتے ہیں ❷ تاکہ گٹھڑی سر میں نہ چبھے۔

اینڈوی۔(ہ) اسم مونث۔ مونجھ کے بان کی بنی ہوئی گول حلقہ دار چیز جو بوجھ اٹھاتے وقت عورتیں سر پر رکھ لیا کرتی ہیں۔

اینڈے بینڈے(ہ) اسم صفت مذکر ❶ ٹیڑھے ❷ ترچھے نالائق سست ❸ نکمے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

اینڈی بینڈی چال (ہ) اسم مذکر ❶ نازکی چال ❷ خرام ناز ❸ مستانہ چال۔

اینڈی بینڈی سنانا۔ (ہ) فعل ❶ ناشائستہ باتیں کہنا ❷ سخت سست کہنا ❸ ٹیڑھی ترچھی سنانا ❹ بری بھلی سنانا ❺ گالیاں دینا۔

ایں کارازتو آیدومرداں چنیں کنند۔ (ف) مثل ❶ واہ وا کیا کہنے ہیں یہ تمہارا ہی کام ہے ❷ بہادر ایسا ہی کیا کرتے ہیں تمہارے سوا یہ کون کرسکتا ہے۔

ایں گل دیگر شگفت۔ (ف) مثل ❶ یہ اور ہی گل کھل گیا ❷ یہ نئی شرارت اٹھ کھڑی ہوئی ❸ یہ دوسری حرکت ہوئی ❹ یہ نیا واقعہ ہوگیا۔

اینگلوورنیکلر۔ (ای) مذکر۔ دیسی زبان اور انگریزی کا مدرسہ۔

اینگلوانڈین۔ (ای) مذکر۔ ہندوستان میں رہنے والے انگریز۔

اینگلواوری انٹل۔ (ای) مذکر۔ انگریزی مشرقی۔

اینگلوعربک۔ (ای) مذکر۔ انگریزی عربی۔

اینگلوسنسکرت۔ (ای) انگریزی سنسکرت۔

این وآن۔ (ف) اسم اشارہ مذکر ❶ لیت ❷ وہ کنایۃً حجت ❸ دلیل ❹ چون وچرا ❺ اعتراض بحث ومباحثہ۔

ایں ہم اند عاشقی بالائے غمہائے دگر۔ (ف) مقولہ ❶ یہ بھی

دوسری مصیبتوں کے ساتھ آگئی ❷ جہاں سو دہاں سوائے سہی ❸ جہاں اور مصائب ہیں وہاں ایک اور سہی۔

ایں ہم بچہ شتر است۔ (ف) محاورہ ❶ یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے ❷ مراد یہ بھی اسی خاندان سے ہے ❸ یہ بھی اسی قوم کا ہے۔

ایں ہم برسرالم۔ (ف) مقولہ۔ اور تکالیف کے ساتھ ایک یہ بھی سہی ہونے دو۔

ایوان۔ (ف) اسم مذکر ❶ محل ❷ مکان ❸ حویلی۔

ایوبؑ۔ (ع) اسم مذکر۔ ایک پیغمبر کا نام ہے۔

ایوننگ پارٹی۔ (ای) اسم مونث ❶ شام کے وقت کی انگریزی دعوت ❷ وہ انگریزی جلسہ جو شام کے وقت ہو۔

ایہام۔ (ع) اسم مذکر ❶ لغت میں وہم میں ڈالنے کو کہتے ہیں مگر اصطلاح میں شاعر لوگ اس صفت کو بولتے ہیں کہ شعر میں ایک ایسا لفظ آئے جس کے دو معنی ہوں ❷ ایک معنی اس مقام کے قریب ہوں اور دوسرے بعید ❸ لیکن شاعر معنی بعید سے مراد لے جیسے ... فلک ڈال پالا کر ... ❹ تجل ... کی طرح جیسے جل جاؤں گا ❺ اس شعر میں لفظ "پالا" میں ایہام ہے۔

اے ہے۔ (ہ) کلمۂ تاسف وافسوس ہائے۔

[illegible]

www.besturdubooks.net

# ب

اردو، فارسی اور عربی حروف تہجی کا دوسرا حرف اور ہندی کا تیسواں حرف ہے

ب۔(ء) ① اردو، فارسی اور عربی حروف تہجی کا دوسرا حرف اور ہندی کا تیسواں حرف ہے۔ اس کو بائے ابجد بائے موحدہ اردو میں اس کا تلفظ "بے" ہے اور عربی میں "با" ② حساب ابجد میں اس کے عدد دو ہیں ③ اردو میں فارسی عربی الفاظ کیساتھ کبھی معیت کے معنی دیتی ہے جیسے بدل و جان کبھی قسم کے جیسے بخدا کبھی اصال۔ جیسے ومبدم۔ ان معنوں میں کبھی اردو الفاظ کے ساتھ بھی مستعمل ہے جیسے گھر گھر۔ دن بدن کبھی صاحب اور والا کے معنوں میں بزیادتی الف جیسے با ایمان۔ باوفا وغیرہ۔

با (حرف ربط سابقہ) ہمراہ ① مع ② والا ③ باوصف ④ موافق ⑤ باوجود ⑥ مطابق۔

باجرا (ف) ① قانون ② کسی حکم کے نافذ کرنے یا عمل میں لانے سے۔

باجلاس (ف) ① اجلاس میں ② پیشی میں۔

بافراط (ف) ① کثرت سے ② وافر ③ بہت زیادہ۔

بایں ہمہ (ف۔ع)۔ ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے۔

بجز (ف) ① بغیر ② مگر۔

بچشم (ف)۔ سر آنکھوں پر۔

بحال (ف) اس صورت میں۔ حال میں۔

بحساب (ف۔ع) اس حساب سے۔

بحضور (ف۔ع) روبرو۔

بحق (ف۔ع) ① حق میں ② موافقت میں۔

بحکم (ف۔ع) حکم کے تحت۔

بخدا (ف۔ع) خدا کی قسم۔

بخلاف (ف۔ع) ① اس کے اُلٹ ② برخلاف۔

بخوبی (ف۔ع) اچھی طرح سے۔

بدرجہ غایت (ف۔ع) حد سے زیادہ، انتہا تک۔

بدست (ف) ① ہاتھ سے ② بذریعہ۔

بدستور (ف)۔ دستور یا قاعدے کے مطابق۔

بدولت (ف) ① آسرا ② سبب سے۔

بذات خود (ف۔ع) اپنی ذات سے۔

بروئے (ف) ① سامنے ② بلحاظ۔

بزور (ف) ① زبردستی ② قوت سے۔

بسر و چشم (ف) بڑی خوشی سے۔

بشرطیکہ (ف۔ع)۔ اس شرح سے۔

بصورت (ف۔ع) حال میں انداز سے۔

بصورت دیگر (ف)۔ دوسری صورت میں۔

بضد (ف) ① ہٹ پر ② ضد پر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بطریق (ف۔ع) طریقے سے۔

بطورخود (ف۔ع) اپنی طرف سے۔

بطورخاطر (ف۔ع) رضامندی سے۔

بعوض (ف۔ع) ❶ بجائے ❷ بدلہ میں۔

بقول (ف۔ع) کہنے کے مطابق۔

بقیدحیات (ف۔ع) زندگی کی قید میں۔

بکار (ف) کام سے۔

بمدارج (ف۔ع) درجہ بدرجہ۔

بمراتب (ف۔ع) مرتبوں کے لحاظ سے۔

بموجب (ف۔ع) ❶ مطابق ❷ موافق۔

بنام (ف) ❶ نام پر ❷ بخلاف۔

بہرحال (ف۔ع) ❶ ہر طریقے سے ❷ بہر طور۔

بہرصورت (ف۔ع) ہر طرح سے۔

بہرکیف (ف۔ع) ہر صورت سے۔

بالآخر (ع) ❶ آخرکار ❷ آخر میں۔

بالاتفاق (ع) ❶ متفقہ طور پر ❷ متحدہ ہوکر۔

بالتحقیق (ع) ❶ بلاشبہ ❷ یقینی طور پر۔

بالتخصیص (ع) ❶ خاص طور پر ❷ خاص کر۔

بالتصریح (ع) ❶ صاف صاف ❷ واضح طور پر۔

بالجبر (ع) ❶ زبردستی ❷ جبراً۔

بالذات (ع) ❶ بلاشرکت غیرے ❷ اپنی ذات سے۔

بالعموم (ع) ❶ عموماً ❷ عام طور سے۔

بالقوہ (ع) ❶ ازروئے قوت ❷ قوت وطاقت سے۔

بالکل (ع) ❶ پوری طرح سے ❷ ہوبہو۔

بالکنایہ (ع) ❶ اشارہ سے ❷ رمز کے طور پر۔

بالمشافہ (ع) ❶ روبرو ❷ آمنے سامنے۔

بالمقابلہ (ع) ❶ آمنے سامنے ❷ موجودگی میں۔

بالواسطہ (ع) ❶ وسیلے سے ❷ کسی ذریعہ سے۔

بفضلہ تعالیٰ (ع) ❶ خدائے برتر کے فضل وکرم سے ❷ اللہ کے کرم وفضل سے۔

## ب ← ا

با۔ (ف) حرف ❶ ربط ❷ ساتھ ❸ ہمراہ ❹ باوجود ❺ باوصف ❻ صاحب ❼ والا کے معنی ❽ میں

باآبرو (ف) صفت ❶ عزت رکھنے والا ❷ معزز۔

بااثر۔ (ف) اسم صفت ❶ اثر والا تاثیر ❷ رکھنے والا تجرب ❸ صاحب اثر ❹ بارسوخ۔

باایمان۔ (ف) اسم فاعل ❶ ترکیبی یعنی صفت مشبہ ❷ ایمان والا سچا ❸ دیانتدار ❹ دیندار۔

بااخلاص (ف۔ع) صفت ❶ خلوص والا ❷ سچا دوست۔

بااخلاق (ف۔ع) صفت ❶ ملنسار ❷ اچھی عادات والا۔

باادب (ف۔ع) صفت ❶ ادب اور تمیز والا ❷ ادب واحترام کے ساتھ۔

باادب بانصیب بے ادب بے نصیب (ف۔مثل) بڑوں کا احترام کرنے والا خوش قسمت ہوتا ہے اور گستاخ بدقسمت ہوتا ہے۔

باتدبیر (ف۔ع) صفت ❶ مدبر ❷ دوراندیش۔

باتمیز (ف۔ع) صفت ❶ مہذب ❷ تمیزدار۔

باحیا (ف۔ع) صفت ❶ حیاوالا ❷ شرم کرنے والا۔

باخبر (ف۔ع) صفت ❶ خبر رکھنے والا ❷ ہوشیار ❸ آگاہ۔

باذوق (ف) صفت ❶ اچھا ذوق رکھنے والا ❷ دلچسپی رکھنے والا۔

باشرع (ف۔ع) صفت ❶ نیک ❷ شریعت کا پابند۔

باشعور (ف۔ع) صفت ❶ عقل مند ❷ سلیقہ مند۔

باضابطہ (ف۔ع) ❶ طریقہ کے مطابق ❷ دستور کے مطابق۔

بافراغت (ف۔ع) ❶ اطمینان سے ❷ آرام کے ساتھ۔

باقرینہ (ف۔ع) ❶ سلیقہ سے ❷ قاعدے سے۔

بامروت (ف۔ع) صفت ❶ خوش اخلاق ❷ فیاض ❸ سخی ❹ ملنسار۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

بانصیب (ف) صفت ❶ خوش بخت ❷ اچھی قسمت والا
بانوا (ف) مذکر و صفت ❶ آواز والا ❷ مسلمان آزاد فقیروں کا گروہ
باوجود (ف۔ع) ❶ اگرچہ ❷ کسی چیز کے ہوتے ہوئے بھی۔
باوضع (ف۔ع) صفت ❶ وضع دار ❷ خوش اخلاق۔
باوفا (ف۔ع) صفت ❶ وفادار ❷ قول نباہنے والا ❸ دوستی کا حق ادا کرنے والا۔
باوقار (ف۔ع) صفت ❶ عزت والا ❷ محترم
باب۔ (ع) اسم مذکر ❶ دروازہ ❷ در ❸ بابت ❹ مقدمہ ❺ معاملہ ❻ کتاب کا حصہ ❼ عنوان قسم ❽ نوع ❾ مطلب غرض
بابا۔ (ف) اسم مذکر ❶ باپ ❷ پتا ❸ والد ❸ دادا ❹ جد ❹ درویش ❺ فقیر ❻ مہنت ❼ فقیر لوگ ❽ ہر دنیادار کو تعظیماً کہتے ہیں


بابا

بابت۔ (ع) اسم مونث ❶ حساب ❷ مد کے بارے ❸ نسبت ❹ سبب لئے ❺ واسطے معاملہ
بابر۔ (اسم) مونث۔ ایک قسم کی گھاس ہے جس کے بان بٹتے ہیں
بابر۔ (ت) اسم مذکر۔ سلاطین مغلیہ میں سے سب سے پہلا بادشاہ جس نے ہندوستان میں مغلیہ حکومت کی بنیاد ڈالی تھی۔
بابرکت۔ (ف) اسم فاعل ترکیبی یا صفت ❶ شیبہ ❷ برکت والا ❸ نیک آدمی ❹ عابد ❺ متبرک ❻ فیض والا۔
بابل۔ (ع) اسم مذکر ❶ دریائے فرات کے کنارے کوفہ کے قریب نمرود کا آباد کیا ہوا شہر ہے ❷ سکندر رومی یہیں فوت ہوا تھا۔
بابل۔ (ہ) اسم مذکر ❶ باپ ❷ والد ❸ پتا پیار سے بولتے ہیں۔
بابن۔ (اں۔ا) اسم مونث ❶ ڈوری ❷ باریک فیتہ جو سپاہیوں کی وردی کے کوٹوں پر لگایا جاتا ہے۔
بابن نٹ۔ (ا) اسم مونث ❶ لوٹ جالی ❷ ایک نہایت باریک جالی دار کپڑا۔
بابوا۔ (ہ) اسم مذکر ❶ تعظیمی خطاب ❷ حضرت جناب ❸ شہزادہ ❹ رئیس زادہ ❺ انگریزی کلرک ❻ زور آور جیسے مائیاں ہی ٹھگی ہیں ❼ بابو کوئی نہ ملا۔
بابونہ۔ (ہ) اسم مذکر۔ ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پھولوں سے بنایا ہوا تیل درد وغیرہ کے کام آتا ہے۔
باپ۔ (ہ) اسم مذکر ❶ پتا ❷ پدر ❸ والد ❹ ابا ❺ باوا ❻ بزرگ ❼ اعلےٰ ❽ افضل استاد ❾ جیسے شیطان تو ہے۔ یہ اس کا بھی باپ ہے۔
باپ بنانا۔ (ہ) فعل ❶ والد کے برابر سمجھنا ❷ بزرگ جاننا ❸ خوشامد درآمد کرنا ❹ جیسے وقت پر گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں۔
باپ بھکاری پوت بھنڈاری۔ (ع) مثل ❶ باپ بھیک مانگ کر کوڑی کوڑی جمع کرتا ہے ❷ بیٹا جھولیاں بھر بھر کر لٹاتا ہے ❸ باپ کی حیثیت کے خلاف بیٹے کا فضول خرچی کرنا۔
باپ بنیا پوت نواب۔ (ہ) مثلاً باپ بخیل اور بیٹا شاہ خرچ۔ باپ جوڑتا بیٹا اڑاتا ہے۔
باپ تک جانا یا پہنچنا۔ (ا) فعل ❶ کسی کو باپ کی گالی دینا ❷ باپ کو برا بھلا کہنا۔
باپ دادا۔ (ہ) اسم مونث ❶ پشت ❷ پڑھی کل ❸ بزرگ ❹ مربی ❺ پرکھا ❻ باب ❼ وجد۔
باپ کا۔ (ہ) اسم صفت ❶ موروثی ❷ ورثہ کا پشتینی ❸ پیڑھیوں کا پرکھوں کا ❹ باپ کی ملکیت کا ❺ باپ کرنے باپ پائے بیٹا کرے بیٹا پائے ❻ (مثل) جو کرے گا سو بھرے گا ❼ ہر شخص اپنا کیا بھوگتا ہے ❽ ہر ایک اپنے اعمال کی جزا پاتا ہے۔
باپ مارے کا بیر۔ (ہ) محاورہ ❶ قدیمی دشمنی پشتینی عداوت ❷ پرانا کینہ۔
باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیر انداز۔ (ا) مثل ❶ بزدل خاندان کا آدمی اگر بہادری کی شیخی مارے تو اس وقت یہ مثل کہا کرتے ہیں۔
بات۔ (ہ) مونث ❶ لفظ ❷ کلمہ ❸ بول ❹ شبد ❺ گفتگو ❻ بول چال ❼ کلا ❽ مقولہ ❾ کہا۔
بات اٹھانا۔ (ا) محاورہ ❶ سخت کلامی کی برداشت کرنا ❷ آرزو بر لانا ❸ حکم بجا لانا ❹ سوال یا قول نہ ماننا ❺ سوال چھیڑنا ❻ بات شروع کرنا۔
بات اُلٹنا۔ (ا) محاورہ ❶ بات رد کرنا ❷ پہلی گفتگو کو بدل دینا ❸ گفتگو کو

Johnson WhatsApp Naveed Butt 03340-7218

پلٹ دینا۔

بات آنا۔(ا) فعل ❶ الزام لگنا ❷ برائی آنا ❸ بےنگائی آنا ❹ بول چال سکنا۔

بات میں بات کھینچنا۔(ا) فعل ❶ خواہ مخواہ ناراض ہونا ❷ ہر بات میں روٹھنا ❸ ہر بات کو برا منانا ❹ ہر بات میں ترش ہونا ❺ یونہی بگڑ بیٹھنا۔

بات بات میں۔(ہ) تابع فعل ❶ ہر بات میں ہر کام میں ❷ ہر دفعہ ❸ ہر بار ❹ ادنیٰ ادنیٰ بات میں ❺ سرتاسر ❻ بالکل۔

بات بات میں چھری کٹاری۔(ہ) محاورہ ❶ ہر بات میں لڑائی کو تیار ❷ ذرا سی بات میں لڑ پڑنا۔

بات باندھنا۔(ہ) فعل ❶ (پورب) مکرنا ❷ جھوٹی دلیلیں دینا ❸ خلاف بیانی کرنا۔

بات بدلنا۔(ہ) فعل ❶ کہہ کر مکر جانا ❷ کہہ کر پلٹ جانا ❸ زبان سے پھر جانا۔

بات بدلی سا کھ بدلی۔(ا) محاورہ ❶ بات میں فرق آیا اور اعتبار گیا ❷ وعدہ خلافی سے آدمی کا اعتبار بالکل اٹھ جاتا ہے ❸ بات بدلنے سے عزت نہیں رہتی۔

بات بڑھانا۔(ا) فعل ❶ گفتگو کو طول دینا ❷ بحث لمبی کرنا ❸ فساد برپا کرنا ❹ جھگڑا بڑھانا ❺ کسی بات کو ترجیح دینا ❻ کلام کی تائید کرنا ❼ عزت دینا۔

بات بڑھنا۔(ا) فعل ❶ فساد زیادہ ہو جانا ❷ طول کلام ہو جانا ❸ تکرار بڑھنا۔

بات بڑی کرنا۔(ا) فعل ❶ کلام کی تائید کرنا ❷ ہاں میں ہاں ملانا ❸ عزت دینا۔

بات بگاڑنا۔(ہ) فعل ❶ کام بگاڑنا ❷ اعتبار کھو بیٹھنا ❸ زوال نکالنا ❹ نسبت اور سگائی ہٹا دینا۔

بات بننا۔(ہ) فعل ❶ کامیاب ہونا ❷ اعتبار جمنا ❸ عزت پانا ❹ بزرگی ملنا ❺ آبرو پیدا ہونا ❻ موقع ملنا ❼ بول بالا ہونا۔

بات بنانا۔(ہ) فعل ❶ فضول گوئی کرنا ❷ بہانہ بنانا ❸ بنا کر کہنا ❹ جھوٹ بولنا ❺ بات گھڑنا ❻ سخن سازی کرنا ❼ افریب بنانا۔

بات پانا۔(ہ) فعل ❶ تاڑ لینا ❷ مطلب کو پہنچ جانا ❸ منشا اور عندیہ معلوم ہو جانا ❹ بات کی اصل حقیقت معلوم ہو جانا۔

بات پر آنا / بات پر اڑنا۔(ہ) فعل ❶ ضد کرنا ❷ ہٹ کرنا ❸ اپنے قول کی پچ کرنا ❹ اپنی گفتگو کی طرفداری کرنا۔

بات پر جانا۔(ہ) فعل ❶ کسی کے قول پر بھروسہ کر لینا ❷ کسی کی بات کا خیال اور دھیان رکھنا۔

بات پچنا۔(ہ) ❶ بات کا پوشیدہ رکھنا ❷ بات کا ہضم ہو جانا ❸ ضبط کر لینا ❹ کسی سے راز کا نہ کہنا۔

بات پچار۔(ہ) اسم مذکر۔ منطق کا علم۔

بات پکانا / بات پکی کرنا۔(ہ) فعل ❶ مضبوط کرنا ❷ ارادہ کرنا ❸ وعدہ پکا کرنا ❹ پختہ کرنا ❺ سچائی کا اظہار کرنا ❻ معاملہ پختہ کرنا ❼ بات کھری کرنا۔

بات پلٹنا۔(ہ) فعل ❶ بات بدلنا ❷ کہہ کر مکر جانا ❸ زبان سے پھر جانا۔

بات پکڑنا۔(ہ) فعل ❶ نکتہ چینی کرنا ❷ بات میں نقص نکالنا ❸ کسی کو اسی کے قول سے قائل کرنا۔

بات پوچھنا۔(ہ) فعل ❶ سوال کرنا ❷ حال دریافت کرنا ❸ بات دریافت کرنا ❹ خبر لینا ❺ عزت کرنا ❻ خاطر تواضع کرنا ❼ جیسے اس نے مہمان سے بات تک نہ پوچھی۔

بات پھوٹنا۔(ہ) فعل ❶ بھید ظاہر ہو جانا ❷ راز فاش ہونا۔

بات پھیلانا۔(ہ) فعل ❶ راز فاش کرنا ❷ بات کو مشہور کرنا ❸ شہرت دینا۔

بات پھیلنا۔(ہ) فعل ❶ بات مشہور ہونا ❷ بات کا طول پکڑ جانا ❸ بات بڑھنا ❹ چرچا ہو جانا۔

بات پھینکنا۔(ہ) فعل ❶ طعنہ مارنا ❷ آوازہ کسنا ❸ رمز ڈھالنا ❹ بولی مارنا۔

بات پر بات یاد آنا۔(ہ) اثنائے گفتگو میں کوئی اور بات یاد آنا قصے پر قصہ مثل پر مثل یاد آنا۔ ایک موقعہ میں دوسرا موقعہ یاد آنا۔

بات پی جانا۔(ہ) فعل ❶ غصہ دلانے والی بات کو ضبط کر جانا ❷ سخت کلامی سن کر خاموش ہو جانا اور برداشت کرنا ❸ کسی سے درگزر کر جانا۔

www.besturdubooks.net

**بات پیدا کرنا۔** (ا) فعل ① حیلہ بہانہ بنالینا ② کمال حاصل کرنا ③ عزت پیدا کرنا ④ خوبی پیدا کرنا۔

**بات تو یہ ہے** (ہ) تابع فعل ① اصل تو یہ ہے، خلاصہ یہ ہے ② الغرض ③ القصہ ④ مدعا یہ ہے۔

**بات ٹالنا** (ہ) فعل ① اصل بات کا جواب نہ دینا اور ادھر ادھر باتوں کو لے بیٹھنا حیلے بہانے کرنا ② وعدے کو پورا نہ کرنا ③ سنی ان سنی کر دینا۔

**بات ٹھہرنا** (ہ) فعل ① تجویز ② قرار پانا ③ وعدہ ہو جانا۔

**بات جانا** (ہ) فعل ① اعتبار نہ رہنا ② عزت میں فرق آنا ③ ساکھ جاتے رہنا ④ پت بگڑنا۔

**بات جمانا** (ہ) فعل ① بات دوسرے شخص کے ذہن میں بٹھانا ② عزت قائم کرنا۔

**بات جو چاہے اپنی پانی مانگ نہ پی** (ہ) اگر اپنی عزت چاہتے ہو تو پانی تک کا بھی سوال نہ کرو۔ کسی کا احسان اٹھانے سے عزت نہیں رہا کرتی۔

**بات چبا جانا** (ہ) فعل ① بات کے پہلو کو بدل دینا ② بات کا رخ بدل دینا۔

**بات چلانا** (ہ) فعل ① ذکر چھیڑنا ② بات شروع کرنا ③ ذکر آغاز کرنا۔

**بات دہرانا۔** (ہ) فعل ① ایک بات کو پھر دوبارہ کہنا ② از سرِ نو پھر کہنا ③ پھر کہنا۔

**بات دینی آنا۔** (ہ) فعل ① جوابدہ ہونا ② الزام آنا ③ شرط ہارنا ④ عزت نہ رہنا۔

**بات رکھ لینا۔** (ہ) فعل ① آبرو نہ بگڑنے دینا ② عزت رکھ لینا ③ ساکھ تھام لینا ④ عیب چھپالینا ⑤ پردہ رکھ لینا ⑥ کہا مان لینا ⑦ قول ٹال نہ دینا۔

**بات رہ جانا۔** (ہ) ① عزت رہ جانا ② آبرو نہ جانا ③ ساکھ رہ جانا ④ یادگار باقی رہ جانا ⑤ کامیاب ہو جانا ⑥ بھلائی رہ جانا۔

**بات رہنا۔** (ہ) فعل ① عزت آبرو رہنا ② عزت قائم رہنا۔

**بات کا بتنگڑ بنانا / کرنا** (ہ) فعل ① بات کو مبالغہ سے بیان کرنا ② پر کا کاگ بنانا ③ ذرا سی بات کو بہت بڑھا کر کہنا۔

**بات کا بھید۔** (ہ) اسم مذکر ① بات کی تہ مطلب کلام ② مغزِ سخن۔

**بات کا پورا** (ا) اسم مذکر ① وعدے کا سچا ② باوفا آدمی ③ راستباز ④ راستی پیشہ ⑤ قول کا سچا۔

**بات کاٹنا۔** (ہ) فعل ① دوسرے کی بات میں بات کرنا ② قطع کلامی کرنا ③ خواہ مخواہ دخل در معقولات دینا۔

**بات کا سر پیر نہ ہونا۔** (ہ) فعل۔ ناقص گفتگو ایسی بات جس کا آغاز ہو نہ انجام غیر مسلسل بات ہونی بے تکی بات۔

**بات کان پڑنا۔** (ہ) فعل ① افواہ سننا ② خبر پانا ③ اطلاع ملنا ④ کوئی بات سن لینا۔

**بات کا ہیٹا۔** (ہ) اسم مذکر ① بات کا کمزور ② وہ شخص جو اپنی بات پر قائم نہ رہے ③ قول کا کچا جھوٹا۔

**بات کو آنچل میں باندھنا** (ہ) فعل ① کسی بات کو یاد رکھنا ② بات یاد رکھنے کے لئے کچھ نشان کر لینا ③ وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا ④ کسی بات کا خیال رکھنا ⑤ یاد آجانے کے لئے پلے میں گرہ دے دلینا۔

**بات کو کھٹائی میں ڈالنا۔** (ہ) فعل ① دیر لگانا ② ٹال مٹول کرنا ③ آجکل کرنا ④ حیلہ حوالہ بنانا ⑤ جھگڑا کرنا۔

**بات کھلنا۔** (ہ) فعل ① راز فاش ہو جانا ② بھید ظاہر ہونا ③ پردہ ظاہر ہونا۔

**بات کہنے میں۔** (ہ) تابع فعل ① ذرا دیر میں ② لمحہ بھر میں ③ بہت ہی جلدی۔

**بات کھو دینا۔** (ہ) فعل ① عزت گنوا دینا ② اقرار کے خلاف کرنا ③ ساکھ بگاڑ دینا۔

**بات کہی پرائی ہوئی۔** (ہ) مثل ① بات منہ سے نکلی اور مشہور ہو گئی ② منہ سے بات نکلی پھر لاکھ جتن کرو چھپ تھوڑا ہی سکتی ہے۔

**بات کرنے میں پھول جھڑنا** (ا۔ محاورہ) ① شیریں کلام ہونا ② نرم گفتگو کرنا ③ شیریں گفتار ہونا۔

**بات کی بات میں** (ہ) تابع فعل ① ذرا سی دیر میں، بس یونہی ② لمحہ بھر میں پل کے پل میں ترت پھرت ③ بہت جلدی ④ ترتا پھرتی۔

**بات کی پیچ۔** (ہ) اسم مونث ① بات پر ضد ② بات کی پیروی کرنا ③ اصرار کرنا ④ پاسِ سخن ⑤ منہ سے نکلی ہوئی بات پر مستقل رہنا ⑥ سخن

Join us on WhatsApp Naveed PaiG 03149077218

پروری۔

**بات گرہ/گھانٹھ میں باندھنا** (ہ) فعل ① بات کو خوب رکھنا ② یاد رکھنے کی کوشش کرنا۔

**بات گھڑنا** (ہ) فعل ① سخن سازی ② ڈھکوسلا ③ کھڑا کرنا ④ جھوٹی بات بنانا ⑤ افواہ اڑنا۔

**بات لاکھ کی کرنی خاک کی** (ہ) مثل ① قول و قرار اچھے ② فعل ③ بڑی باتیں بکثرت اور کر کچھ نہیں سکتے۔

**بات لگانا۔** (ہ) فعل ① چغلی کھانا ② غیبت کرنا ③ بدی کرنا ④ نندا کرنا ⑤ کان بھرنا۔

**بات مارنا۔** (ہ) فعل ① بات دبا لینا ② چھپا لینا ③ جھٹلانا ④ دوسرے کی بات کو باطل کر دینا ⑤ طعنے دینا۔

**بات منہ پر رکھنا یا لانا۔** (ہ) فعل ① کسی بات کو جتانا ② ذکر کرنا ③ طعن مارنا ④ احسان جتلانا ⑤ نیکی ظاہر کر کے طعنہ دینا۔

**بات میں سے بات نکالنا۔** دوسرے کے قول اپنا مطلب ثابت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

**بات میں فرق آنا۔** (ا) فعل ① عزت میں کمی آجانا ② تنزل ہونا ③ درجہ کم ہو جانا ④ ساکھ نہ رہنا ⑤ بے اعتباری ہو جانا۔

**بات میں نی نکالنا۔** (ا) فعل ① بات میں عیب نکالنا ② نکتہ چینی کرنا ③ بات میں نقص نکالنا ④ خرابی ظاہر کرنا ⑤ کسر جتا دینا۔

**بات نیچی پڑنا۔** (ا) فعل ① مات ہونا ② ہار جانا ③ عزت نہ رہنا ④ حقیر ہونا۔

**بات نیچے ڈالنا۔** (ہ) فعل۔ اپنی بات کو رد ہونے دینا۔

**بات ہیٹی ہونا۔** (ہ) ① عزت کم ہونا ② ساکھ بگڑنا ③ قدر نہ رہنا ④ درجہ سے گرنا۔

**باتوں باتوں میں کام نکالنا۔** (ہ) فعل ① مفت میں کام نکالنا ② ترکیب سے کام نکال لینا ③ کچھ خرچ کیے بغیر یونہی کام بنا لینا ④ چالاکی سے کام نکال لینا۔

**باتوں کا جھاڑ باندھنا۔** (ہ) فعل ① لگاتار بولے جانا ② باتوں کا تانتا باندھ دینا ③ برابر کہے جانا۔

**باتوں کا دھنی۔** (ہ) اسم صفت مذکر ① بڑا باتونی، سخن ساز ② بہت باتیں کرنے والا۔

**باتوں میں اڑانا۔** (ہ) فعل ① ہنسی میں اڑانا ② ٹالنا ③ دھوکا دینا ④ فریب دینا۔

**باتوں میں آنا۔** (ہ) فعل ① جھانسے میں آنا ② دم میں آنا ③ فریب اور دھوکا ④ کھانا ⑤ کہنے میں آنا۔

**باتوں میں پھسلانا۔** (ہ) فعل ① باتوں میں بہکا لینا ② چکنی چپڑی باتیں کر کے دھوکا دینا۔

**باتوں میں دھر لینا۔** (ہ) فعل ① لاجواب کرنا ② قائل کرنا ③ باتوں میں مغلوب کرنا۔

**باتوں میں لگا لینا۔** (ہ) فعل۔ گفتگو میں مشغول کر لینا۔

**باتیں۔** (ہ) اسم مونث ① بات کی جمع ② گفتگوئیں۔

**باتیں بنانا/باتیں جھونکنا** (ہ) فعل ① باتیں زیادہ کرنا ② جھوٹ بولنا ③ خوشامد کرنا ④ شیخی مارنا ⑤ الزام دھرنا ⑥ بڑھ بڑھ کر بولنا۔

**باتیں چھانٹنا۔** (ہ) فعل ① طنزاً باتیں کرنا ② مہنے ③ طعنے دینا ④ باتیں بنانا۔

**باتیں سننا۔** (ہ) فعل ① غور سے سننا ② دھیان سے سننا ③ طعنہ برداشت کرنا ④ کڑوی باتیں سہارنا ⑤ گالیاں سہنا۔

**باتیں سنانا۔** (ہ) فعل ① برا بھلا کہنا ② گالیاں دینا ③ سخت کلامی کرنا۔

**باتیں سنوارنا۔** (ہ) فعل ① دوسرے سے برا بھلا کہلوانا ② کسی کی گالی گلوچ کو کھری بنانا۔

**باتیں ملانا۔** (ہ) فعل ① باتیں کرنا ② فریب اور دھوکے کا کلا کرنا ③ ہاں میں ہاں ملانا۔

**باتیں ہی باتیں ہیں۔** (ا) محاورہ ① نکما ہے ② باتوں کے سوا اور کچھ بھی نہیں ③ بالکل ڈراوا ہے ④ ڈھکوسلے ہیں ⑤ دھوکے ہیں۔

**باتون/باتونی/باتونیا** (ہ) صفت ① بہت باتیں بنانے والا ② بکواسی ③ بے ہودہ گو ④ بکواس۔

**باٹ دیکھنا** (ہ) فعل ① انتظار کرنا ② راہ دیکھنا ③ تلاش کرنا ④ ڈھونڈنا۔

**باٹ دینا** (ہ) فعل ① سودا بیچ کر پیسے لے لینا ② اہرے یا کوٹھی وغیرہ پر بناتے وقت ردا دینا ③ پیسے وصول کر لینا۔

**باٹ مارنا** (ا۔ محاورہ) ① راستہ روکنا ② نقصان پہنچانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**باج ۔**(ف) اسم مذکر ① لگان معاملہ زمین ② زر مال گزاری ③ زمین کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے ④ باچھ ⑤ خراج زمین

**باج ۔**(ہ) اسم مونث ۔ بجنے کی آواز وہ آواز جو زیورات اور باجہ وغیرہ سے نکلتی ہے

**باجا ۔**(ہ) اسم مذکر ① بجنے کی چیز ② بجنے والا ساز ③ آلہ موسیقی



**باجا گاجا ۔**(ہ) اسم مذکر ① مختلف قسم کے باجے ② بجانا ③ دھوم دھڑکا۔

**باجرا ۔**(ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا اناج ② بارش کی باریک بوندیاں ③ پھوہار ④ ترشح جیسے باجرا برس رہا ہے ⑤ پازیب وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے گھنگرو

**باجرا برسنا ۔**(ہ) فعل ① پھوہار پڑنا ② ترشح ہونا ③ ننھی ننھی بوندیں برسنا

**باجنا ۔**(ہ) فعل ① بجنا ② مشہور ہونا ③ موسوم ہونا۔

**باجی ۔**(ہ) اسم مونث ① بہن ② بڑی بہن ③ جی جی ④ ہمشیرہ۔

**باچھ ۔**(ہ) اسم مونث ① ہونٹوں کے گوشے بچی ② چندہ ③ جمعبندی ④ محصول زمین ⑤ لبوں کے سرے ⑥ لگان۔

**باچھ ڈالنا ۔**(ہ) اسم مونث ① اگاہی کرنا ② بچی ڈالنا ③ لگان تقسیم کرنا ④ کھاتے دار ⑤ لگان مقرر کرنا جو پٹواری لوگ کیا کرتے ہیں

**باچھنا ۔**(ہ) فعل ① تراشنا ② گودنا ③ گھاس وغیرہ کھیت میں سے چننا۔

**باچھیں کھلنا یا کھل جانا** (ہ) فعل ① نہایت ہنسنا ② خوش ہونا ③ کھلنا ④ قہقہہ مار کر ہنسنا ⑤ بہت ہی خوش ہونا۔

**باد ۔**(ہ) اسم مذکر ① دستوری ② پٹہ ③ دلالی ④ مقدمہ زیادتی ⑤ بڑھوتری ⑥ بحث ⑦ تکرار ⑧ مکالمہ جھگڑا ⑨ کنکھیاں

**باد ۔**(ف) اسم مونث ① ہوا ② پون ③ باؤ ④ بیال ⑤ بائے۔

**بادام ۔**(ف) اسم مذکر ① مشہور میوہ ہے ② مجازاً محبوب کی آنکھ۔

**بادامہ ۔**(ف) اسم مذکر ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

**بادامی ۔**(ف) اسم صفت ① ہلکے زرد رنگ کا ② بادام کے رنگ کا ③ خواجہ سرا ④ ایک قسم کی مخروطی ڈبیہ

**بادامی آنکھ ۔**(ہ) اسم مونث ① بیضوی شکل کی آنکھ ② بادام کی شکل کی آنکھ نہایت ③ خوبصورت آنکھ۔

**بادبان ۔**(ف) اسم مذکر ① جہاز کا مستول ② پال جو جہاز پر اس کے جلدی چلنے کے لئے تان دیتے ہیں۔

**بادخایہ ۔**(ف) اسم مذکر ① ایک بیماری کا نام ہے جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں شقاق ② گھوڑے کے فوطے بڑھ جانے کی بیماری۔

**بادخورہ ۔**(ف) اسم مذکر ① گنج ② ایک بیماری ہے جس میں گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں۔

**بادرفتار ۔**(ف) اسم صفت ① تیز چلنے والا گھوڑا ② چالاک گھوڑا ہوا کی طرح تیز چلنے والا۔

**بادریسہ ۔**(ف) ایک سوراخ دار گول لکڑی جو خیمہ کی چوب کے اوپر لگاتے ہیں، عوام اس کو بادریشہ بولتے ہیں

**بادریہ ۔**(ف) اسم مذکر ۔ چھت کا روشندان

**بادشاہ ۔**(ف) اسم مذکر ① اصل لفظ پادشاہ ہے پاد بمعنی تخت اور شاہ بمعنی مالک ہے ② یعنی مالک تخت ۔ راجہ ③ مالک ④ حاکم ⑤ مختار ⑥ کامل استاد ⑦ جیسے جھوٹوں کا بادشاہ ⑧ آزاد جیسے طبیعت کا بادشاہ ⑨ شطرنج کا ایک مہرہ

**بادشاہانہ ۔**(ف) اسم صفت ① بادشاہوں کا سا ② شان و شوکت کا۔

**بادشاہت ۔**(ف) اسم مصدری مذکر ① راج ② بادشاہی ③ حکومت ④ سلطنت

**بادشاہی ۔**(ف) اسم صفت ① راج ② سلطنت ③ قلمرو ④ بادشاہ کا ⑤ بادشاہ سے متعلق۔

**بادصبا ۔**(ف) اسم مونث ① صبح کے وقت کی ہوا ② پروا ③ ہوا جس سے کلیاں کھلتی ہیں

**بادصرصر ۔**(ف) اسم مونث ① جھکڑ کی ہوا ② تند اور تیز ہوا ③ آندھی۔

**بادفروش ۔**(ف) اسم مذکر ① باتونی ② خوشامدی ③ چاپلوسی کرنے والا ④ شیخی خورہ

**بادکش ۔**(ف) اسم مذکر ۔ پنکھا۔

**بادل ۔**(ہ) اسم مذکر ① سحاب ② ابر ③ گھٹا ④ میغ ⑤ مینگھ۔

**بادل آنا ۔**(ہ) ① گھٹا آنا ② بادل ظاہر ہونا ③ برسنے کے قریب ہونا۔

**بادل پھٹنا ۔**(ہ) فعل ① ابر کھل جانا ② مطلع صاف ہونا ③ آسمان پر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149047218

بادلوں کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھرتے ہوئے دکھائی دینا۔ (ہ)

بادل چھانا۔ (ہ) فعل ❶ گھٹا گھرنا ❷ ابر پھیلنا ❸ ابر محیط ہونا۔

بادلہ۔ (ہ) اسم مذکر ❶ سونے چاندی کے تار جن سے گوٹا بنایا جاتا ہے اور کلابتوں بنا جاتا ہے ❷ زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے تیار ہوتا ہے ❸ تمامی ❹ زری۔

بادنجان۔ (ع) اسم مذکر ❶ بادنگان کا معرب ہے ❷ بیگن ❸ بتاؤں ❹ ایک مشہور ترکاری۔

بادنما۔ (ف) اسم مذکر وہ آلہ جس سے ہوا کا رخ معلوم کرتے ہیں ہوا کا رخ معلوم کرنے کا آلہ۔

بادہ۔ (ف) اسم مذکر ❶ شراب ❷ دارو ❸ مے۔

بادہ ہوائی۔ (ا) اسم مونث ❶ بیہودہ ❷ لغو بے معنی ❸ بیکار ❹ نکما ❺ شریر ❻ بدذات۔

بادی۔ (ع) اسم مذکر ❶ ملذی ❷ تماشی ❸ شریر ❹ بدذات ❺ چالاک ❻ نٹ ❼ بازیگر ❽ جسمانی کسرت کے کھیل دکھانے والا۔

بادی۔ (ف) اسم صفت ❶ منسوب بہ باد ہوئی ❷ پھولا ہوا ❸ ریح پیدا کرنے والا ❹ سرد ❺ ٹھنڈا۔

بادی۔ (ع) اسم مذکر ❶ زاہد ❷ ابتدا کرنے والا ❸ شروع کرنے والا کسی کام میں پہل کرنے والا۔

بادی النظر۔ (ع) تابع فعل ❶ ابتدائے نظر میں ❷ دیکھتے ہی ❸ سرسری نظر میں ایک نظر میں۔

بادیان۔ (ف) اسم مونث سونف۔

بادی پھیلانا۔ (ہ) فعل ❶ سستی ڈالنا ❷ جھگڑا مچانا ❸ خرابی کرنا ❹ فساد اٹھانا۔

بادی چور۔ (ا) اسم مذکر ❶ پکا چور ❷ کامل کتا چور ❸ چوروں کا استاد۔

بادیہ۔ (ف) اسم مذکر ❶ بڑا پیالہ ❷ بڑا کٹورا ❸ جنگل ❹ دشت ❺ صحرا ❻ بیابان۔

باڈی۔ (ای۔ا) مونث ❶ عورتوں کا تنگ شلوکہ ❷ عورتوں کی انگیا ❸ دھڑ کا لباس۔

باڈی۔ (ای۔ا) مونث ❶ جسم ❷ دھڑ ❸ ڈھانچہ ❹ چولی کپڑے کا انگیا ❺ شخص۔

باڈی بلڈر (ای۔ا) مذکر ❶ تن ساز ❷ ورزش سے جسم بنانے والا ❸ موٹر وغیرہ کا ڈھانچہ بنانے والا۔

باڈی بلڈنگ (ای۔ا) مونث ❶ تن سازی ❷ گاڑیوں کے ڈھانچے کی بنائی۔

باڈی گارڈ (ای۔ا) اسم مذکر ❶ حفاظتی فوج کا دستہ ❷ فوج جو کسی حاکم کے ساتھ اس کی جان کی حفاظت کے لئے رہتی ہے۔

بار (ای۔ا) مذکر ❶ وکیلوں کی عدالت میں کھڑا ہونے کی جگہ ❷ بیرسٹر وکیل اور وکیلوں کی جماعت ❸ شراب خانہ ❹ لوہے کی بھاری سلاخ۔

بار ایسوسی ایشن (ای۔ا) مونث ❶ وکیلوں کی مجلس ❷ انجمن۔

بار آور (ف) صفت ❶ پھلدار ❷ نتیجہ خیز ❸ حاملہ۔

بار ایٹ لا (ای۔ا) مذکر ❶ بیرسٹر ایٹ لا کا مخفف ❷ قانون کا ایک اعلیٰ ترین امتحان جو انگلستان میں دیا جاتا ہے۔

بار۔ (ہ) اسم مذکر ❶ دیر عرصہ ❷ یوم ❸ دن ❹ وقت سماں ❺ مرتبہ ❻ دفعہ ❼ دروازہ ❽ دوارہ ❾ ہفتہ کا دن۔

بار۔ (ف) اسم مذکر ❶ بوجھ ❷ بھار ❸ رخصت اجازت ❹ پھل ثمر ❺ مرتبہ ❻ دفعہ ❼ غم فکر ❽ نتیجہ ❾ دشوار۔

بار۔ (ع) اسم مذکر ❶ اللہ تعالیٰ کا وصفی نام بزرگ ❷ بلند تعالیٰ ❸ بزرگ ❹ نیکوکار۔

بار بار۔ (ہ) تابع فعل ❶ گھڑی گھڑی ❷ متواتر ❸ بلا وقفہ ❹ کئی دفعہ ❺ باری باری۔

بار بر۔ (ای۔ا) اسم مذکر ❶ حجام ❷ نائی ❸ دلاک ❹ موتراش ❺ بال کاٹنے والا۔

بار بردار۔ (ف) اسم مذکر ❶ بوجھ اٹھانے والا ❷ حمال ❸ قلی ❹ پلہ دار۔

بار برداری۔ (ف) اسم مونث ❶ بوجھ اٹھانا ❷ بوجھ اٹھانے کا سامان ❸ گاڑی ❹ چھکڑا ❺ اونٹ ❻ گھوڑا ❼ خچر ❽ گدھا ❾ بیل وغیرہ۔

بارتنگ۔ (ف) اسم مذکر ایک دوا کا نام جو اکثر چٹنیوں میں کام آتی ہے۔

بار خاص۔ (ف) اسم مذکر ❶ خاص اجازت ❷ دربار خاص ❸ جج کا اجلاس۔

بار خاطر۔ (ف) اسم صفت ❶ دشوار ❷ دوبھر ❸ ناگوار طبع ❹ تکلیف

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...218

www.besturdubooks.net

**بارہ گنی لکھتی ہوں۔**(ا) محاورہ (1) بارہ گنی (2) ہار پر شرط باندھتی ہوں (3) ایک کے بارہ یعنی ایک روپے کے بدلے بارہ روپے دوں گی اگر یہ کام نہ ہوا۔

**بارہ ماسہ۔**(ہ) اسم مذکر (1) وہ نظم جس میں مہجور کی طرف سے ہندی بارہ مہینوں کی مصیبتوں اور تکلیفوں کا ذکر ہو۔

**بارہ مہینے۔**(ہ) تابع فعل (1) تمام سال (2) ہمیشہ (3) نت (4) سدا (5) مدام (6) دائم۔

**بارہ وفات۔**(ا) اسم مذکر۔ ماہ ربیع الاول کے شروع کے بارہ دن جن میں حضرت محمدؐ نے بیمار رہ کر وفات پائی۔

**باری۔**(ع) اسم مذکر (1) خاک سے پیدا کرنے والا خالق (2) اگانے والا۔

**باری۔**(ا) اسم مونث (1) نمبردار (2) نوبت (3) موقعہ وقت (4) پہرہ چوکی (5) دفعہ (6) پنجابی کھڑکی۔

**بارے۔**(ف) تابع فعل (1) یکایک (2) دفعتہً (3) الغرض (4) آخر کار (5) آخر الامر۔

**باریا۔**(ہ) اسم مذکر۔ کنواں چلاتے وقت پانی کا بھرا ہوا چرسا پکڑنے والا۔

**باریاب۔**(ف) اسم صفت (1) اجازت پانیوالا (2) دربار اور کچہری میں آنے جانے والا۔

**باری باری۔**(ا) تابع فعل (1) نوبت بہ نوبت (2) متواتر (3) گھڑی گھڑی (4) اپنی اپنی بار۔

**باری تعالیٰ۔**(ع) اسم مذکر (1) خدائے بزرگ (2) خداوند تعالیٰ (3) خالق اکبر۔

**باری دار۔**(ف) اسم مذکر (1) پہرہ والا (2) چوکی والا محافظ۔

**باریک۔**(ف) اسم صفت (1) پتلا (2) مہین (3) ہلکا (4) مشکل (5) دقیق (6) جیسے باریک مسئلہ (7) خفیف ادنےٰ جیسے باریک فرق (8) نہایت چھوٹا۔

**باریک بین۔**(ف) اسم صفت (1) تیز فہم (2) رمز شناس (3) واقفکار (4) دقیقہ رس۔

**باریک کام۔**(ف) اسم مذکر (1) دیدہ ریزی کا کام (2) کتابت (3) نقاشی (4) مصوری (5) وغیرہ (6) نازک کام۔

**بازیکہ۔**(ا) اسم مذکر (1) باریک بالوں کا بنا ہوا قلم (2) موقلم۔

**باریکی۔**(ا) اسم مونث (1) نکتہ (2) دقیقہ (3) پتلا پن (4) نزاکت (5) مہین پن۔

**باریکیاں نکالنا۔**(ا) فعل (1) نکتہ چینی کرنا (2) خوبیاں چھانٹنا (3) اچھا بیان کرنا۔

**باری کی تپ۔**(ا) اسم مونث۔ ایک دن یا کم وبیش وقفہ دے کر چڑھنے والا بخار۔

**باڑ۔**(ہ) اسم مونث (1) دھار (2) دم شمشیر (3) کنارہ کور (4) درختوں کی قطار (5) سپاہیوں کی صف (6) کانٹوں یا جھاڑی کی احاطہ بندی (7) مہرا (8) زد پر (9) آگے۔

**باڑا۔**(ہ) اسم مذکر (1) احاطہ (2) چاردیواری (3) بگڑ (4) خیرات (5) وغیرہ جو شادی کے موقعہ پر فقیروں اور مسکینوں کو دیتے ہیں۔

**باڑ باندھنا۔**(ہ) فعل (1) کانٹوں یا جھاڑیوں سے احاطہ کھیرنا (2) کسی جگہ کو محفوظ کرنا۔

**باڑ پر چڑھانا۔**(ہ) فعل (1) سان پر رکھنا (2) دھار تیز کرنا (3) دم میں لانا (4) آمادہ کرنا (5) اکسانا۔

**باڑھ۔**(ہ) اسم مذکر۔ دیکھو باڑ۔

**باڑھ کاٹے نام ہو تلوار کا۔**(ا) محاورہ (1) کام کوئی کرے نام ہو کسی کا (2) لڑیں مریں سپاہی فتح ہو سردار کی۔

**باڑ کا ڈورا۔**(ہ) اسم مذکر (1) خط شمشیر (2) وہ خفیف سا نشان جو تلوار کی دھار سے پڑ جائے

**باڑی۔**(ہ) اسم مونث (1) رہنے کی جگہ (2) مسکن (3) باغیچہ (4) چھوٹا چمن (5) پائیں (6) باغ (7) کپاس کا درخت۔

**باڑیا۔**(ہ) اسم مذکر (1) دھار تیز کرنے والا (2) سان پر رکھنے والا (3) صیقل گر۔

**باز۔**(ع) اسم مذکر ایک شکاری پرندے کا نام ہے۔



باز

**باز۔**(ف) باختن کا امر۔ اسم کے آخر میں آکر اسم فاعل ترکیبی کا فائدہ دیتا ہے (1) پھر (2) بار دیگر (3) پرہیز (4) اجتناب (5) اعادہ واپس۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140077218

www.besturdubooks.net

**باز آنا۔** (ا) ❶ لوٹنا ❷ پلٹنا ❸ ہٹ جانا ❹ واپس آنا ❺ ہاتھ اٹھانا ❻ چھوڑنا ❼ توبہ کرنا ❽ انکار کرنا۔

**بازار۔** (ف) اسم مذکر ❶ مرکب از ابا ❷ بہ معنی سامان خوراک اور زار بہ معنی جگہ، سامان خوراک کی جگہیں ❸ ہاٹ ❹ منڈی ❺ دوکانوں کی قطار ❻ نرخ ❼ بھاؤ ❽ ساکھ ❾ اعتبار بکری۔

**بازار بٹا۔** (ا) اسم مذکر ❶ کٹوتی ❷ منہائی ❸ ڈسکونٹ ❹ کمیشن۔

**بازار بند ہونا۔** (ا) فعل ❶ دوکانیں نہ کھلنا ❷ ہڑتال ہونا ❸ دکانوں کا بند ہو جانا۔

**بازار خرچ۔** (ا) اسم مذکر ❶ جیب خرچ ❷ روزمرہ کا ذاتی خرچ۔

**بازار چودھری۔** (ہ) اسم مذکر۔ بازار کی روزانہ رپورٹ دینے والا سرکاری ملازم۔

**بازار دکھانا۔** (ا) فعل ❶ بازاری ❷ کسی چیز کو فروخت کے لیے بازار لے جانا۔

**بازار سرد ہونا۔** (ا) فعل ❶ کساد بازاری ❷ بے رونقی ❸ رونق نہ ہونا ❹ بازار میں چیزوں کے لین دین کی کمی ❺ بکری نہ ہونا۔

**بازار کا بھاؤ۔** (ا) اسم مذکر ❶ بازار کا نرخ ❷ عام بھاؤ ❸ ٹھیک قیمت ❹ اصلی قیمت ❺ کھلا نرخ۔

**بازار کا چلن۔** (ا) اسم مذکر ❶ بازار کا دستور یا برتاؤ ❷ بازار کا رواج یا طریقہ۔

**بازار کا بھاؤ پٹنا۔** (ا) فعل ❶ خوب پٹنا ❷ اس طرح پٹنا کہ سب کو خبر ہو جائے ❸ بہت پٹنا۔

**بازار کی مٹھائی۔** (ا) اسم مونث ❶ ہر ایک کے استعمال کی چیز ❷ آسانی سے مل جانے والی چیز۔

**بازار گرم ہونا۔** (ا) فعل ❶ خوب ❷ رونق ہونا ❸ لین دین ❹ اچھی طرح سے ہونا ❺ کسی چیز کا زوروں پر ہونا ❻ غلبہ ہونا ❼ جیسے بیماری کا بازار گرم ہے۔

**بازار لگانا۔** (ا) فعل ❶ دوکانیں کھولنا ❷ چیزوں کو پھیلانا، بھیڑ کرنا ❸ ہجوم کرنا ❹ پیٹھ ❺ لگانا ❻ انبوہ کرنا۔

**بازار مندا ہونا۔** (ا) فعل ❶ چیزوں کی قیمت کم ہو جانا ❷ بکری کم ہونا ❸ سرد بازاری۔

**بازار ناپنا۔** (ا) فعل ❶ آوارہ گردی کرنا ❷ فضول پھرنا ❸ بازار میں ادھر ادھر چکر لگانا ❹ خالی یونہی پھرنا۔

**بازاروے۔** (ہ) اسم صفت ❶ قابل فروخت چیز چلاؤ چیز ❷ مراد ہلکی نکمی ❸ صرف دکھاوے کی چیز ناقابل استعمال خانہ ❹ ظاہر میں آراستہ پیراستہ۔ درحقیقت خراب چیز۔

**بازاری۔** (ف) اسم صفت ❶ بیائے نسبتی ❷ بازار سے نسبت رکھنے والا ❸ عام ❹ معمولی ❺ مروجہ ❻ بازار کے بیٹھنے والے ❼ اوباش ❽ شہدے غیر معتبر۔

**بازاری بات۔** (ا) اسم مونث ❶ گپ ❷ بیہودہ بات لغو کلام ❸ افواہ ❹ اڑائی۔

**بازاری عورت۔** (ا) اسم مونث ❶ کسبی ❷ بیسوا کنچنی ❸ پاتر۔

**بازپرس۔** (ف) اسم مونث ❶ پوچھ گچھ ❷ محاسبہ جواب طلبی ❸ جوابدہی ❹ تحقیقات ❺ محاسب۔

**بازود۔** (ف) اسم مذکر ❶ جواب طلب کرنے والا ❷ تحقیقات کرنے والا ❸ محاسب۔

**بازگشت۔** (ف) اسم مونث ❶ واپسی ❷ مراجعت ❸ لوٹ آنا ❹ عادت۔

**بازو۔** (ف) اسم مذکر ❶ ڈنڈ ❷ بھجا ❸ کہنی سے مونڈھے تک کا حصہ ❹ پرندوں کا وہ حصہ جس میں اڑنے کے لیے پر لگے ہوتے ہیں ❺ پہلو اطراف ❻ فوج کا دایاں بایاں ❼ پہلو ثانی ❽ جواب سگا بھائی ❾ دوست۔

**بازوبند۔** (ف) اسم مذکر۔ عورتوں کے پہننے کا ایک زیور ہوتا ہے جسے بانہہ پر باندھتی ہیں۔

**بازو پھڑکنا۔** (ا) فعل۔ بازو کے گوشت کا خود بخود بلا ارادہ ہلنا اس سے لوگ شگون لیتے ہیں۔

**بازی۔** (ف) اسم مذکر ❶ کھیل ❷ تماشا ❸ کرتب ❹ فریب، دھوکا ❺ شرط کا روپیہ ❻ شرط ❼ کبوتر کی پٹیاں، داؤ ❽ روک ❾ غلبہ۔ جیت۔

**بازی بدنا۔** (ا) ❶ شرط لگانا ❷ داؤ لگانا۔

**بازی جیتنا۔** (ا) فعل ❶ شرط جیتنا ❷ فتح پانا ❸ کامیاب ہونا۔

Join Islam whatsapp Naveed Bajwa 03140857218

بازی لگانا۔ (ا) فعل ❶ شرط بدنا ❷ دوڑ لگانا ❸ شرط باندھنا ❹ شرط مقرر کرنا۔

بازی لے جانا۔ (ا) فعل ❶ بازی جیت لینا ❷ بڑھ جانا ❸ سبقت لے جانا ❹ غالب آنا ❺ فتح مند ہونا۔

بازی ہارنا۔ (ا) فعل ❶ شرط ہارنا ❷ مات کھانا ❸ مغلوب ہونا ❹ شکست کھانا۔

بازیچہ۔ (ف) اسم مذکر ❶ کھیل ❷ تماشا ❸ کھلونا ❹ کھیل کی جگہ، تماشا گاہ۔

بازیگر۔ (ف) اسم مذکر ❶ تماشا کرنے والا ❷ مداری ❸ بھان متی ❹ نٹ ❺ کلا کرنے والا شعبدہ باز۔

باس۔ (ہ) اسم مؤنث ❶ مہک ❷ خوشبو دار ❸ سڑاند ❹ رہائش ❺ بستی ❻ آبادی۔

باسا کرنا۔ (ہ) فعل ❶ بسیرا کرنا ❷ ٹھہرنا ❸ شب باش ہونا ❹ بسنا ❺ رہائش کرنا ❻ آباد کرنا۔

باسک۔ (ہ) اسم مذکر ❶ وہ سانپ جس پر پرانے لوگوں کے خیال میں زمین قائم ہے ❷ سانپوں کا بادشاہ ❸ سب ناگوں کا سردار۔

باسلیق۔ (یونانی) بازو کی اس بڑی رگ کا نام ہے جو دل اور جگر سے ہو کر آتی ہے جو اگر کٹ جائے تو آدمی مر جاتا ہے۔

باسمتی۔ (ہ) اسم مذکر ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول۔

باسن۔ (ہ) اسم مذکر ❶ برتن ❷ بھانڈا ❸ ظرف۔

باسنا۔ (ہ) اسم مذکر ❶ خوشبو ❷ مہک ❸ بو ❹ خوشبو میں بسانا ❺ معطر کرنا۔

باسی۔ (ہ) اسم صفت ❶ رات کا بچا ہوا کھانا وغیرہ ❷ وہ چیز جس پر سے رات گزر چکی ہو، مرجھایا ہوا ❸ آباد ہونے والا ❹ رہنے والا، باشندہ ❺ ساکن۔

باسی بچے نہ کتا کھائے۔ (ا) مثل ❶ نہ زیادہ پکایا نہ خراب کیا ❷ اندازے کے مطابق ❸ خرچ کرنا ❹ نہ کم نہ زیادہ ❺ باقی نہ رہے ❻ سب خرچ ہو جائے۔

باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی ہم تیری آس نہیں۔ (ا) مثل ❶ جس طرح باسی پھولوں میں خوشبو نہیں رہتی اسی طرح پردیسی

والے خاوند سے محبت کے ساتھ کی امید نہیں رہتی۔

باسی دانتوں۔ (ہ) تابع فعل ❶ نہار منہ ❷ علی الصباح ❸ منہ ہاتھ دھونے سے پہلے۔

باسی عید۔ (ا) اسم مؤنث ❶ عید الاضحیٰ ❷ دوسرا دن ❸ عید کے اگلا روز۔

باسی کڑھی میں ابال آنا۔ (ہ) مثل ❶ بے وقت جوش آنا ❷ وقت کے بعد جوش آنا ❸ وقت گزرنے پر کسی کام کے کرنے کا ولولہ پیدا ہونا۔

باسی منہ۔ (ہ) اسم مذکر ❶ نہار منہ ❷ ناشتہ نہ کھایا ہوا منہ ❸ بن دھویا منہ۔

باشندہ۔ (ہ) اسم فاعل مذکر ❶ قیاسی ❷ رہنے والا ❸ بسنے والا ❹ بسنے والا ❺ ساکن ❻ باشی۔

باشوق۔ (ف) اسم فاعل ❶ خوشی اور شوق کے ساتھ ❷ شوق والا ❸ شوقین ❹ چاہت والا ❺ (بصورت تابع فعل) برضا و رغبت۔

باشہ۔ (ف) اسم مذکر ایک شکاری پرندے کا نام ہے۔

باضابطہ۔ (ف) تابع فعل ❶ دستور کے ساتھ ❷ قانون کے مطابق قاعدہ کے اور حسب منشاء۔

باطل۔ (ع) اسم فاعل ❶ مفید صفت مذکر ❷ جھوٹا ❸ خراب ❹ کھوٹا ❺ ردی ❻ غلط ❼ بے بنیاد ❽ لغو ❾ بیہودہ۔

باطل کرنا۔ (ا) فعل ❶ رد کرنا ❷ منسوخ کرنا ❸ نکما ہونا ❹ جھٹلانا ❺ غلط ٹھہرانا۔

باطن۔ (ع) اسم مذکر ❶ اندرون ❷ دل ❸ پوشیدہ اندرونی حصہ ❹ قلب۔

باعث۔ (ع) اسم مذکر ❶ سبب ❷ سوزن ❸ علت ❹ موجب ❺ نئی بات نکالنا ❻ اصل حقیقت ❼ بنیاد۔

باغ۔ (ف) اسم مذکر ❶ پھلواڑی ❷ گلزار ❸ چمن ❹ بہت سے درختوں کا جھنڈ۔

باغ باڑی۔ (ا) اسم مؤنث ❶ (ہندو) پھلواڑی، آل اولاد ❷ بال بچے۔

باغ باغ ہونا۔ (ا) ❶ بہت خوش ہونا ❷ کھلنا ❸ ہنسنا ❹ پھولے نہ سمانا۔

باغ سبز دکھانا۔ (ا) فعل ❶ دھوکا دینا ❷ فریب دینا ❸ مکاری کرنا ❹ مکر کھیلنا۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03214907218

باغبان۔ (ف) اسم مذکر ① مالی ② باغ کا محافظ۔

باغیچہ۔ (اسم مذکر) ① عام لوگ، باغچہ اور بغچہ بولتے ہیں ② چھوٹا سا باغ، چمن۔

باغی۔ (ع) اسم مذکر ① بغاوت کرنیوالا ② سرکش ③ پھرا ہوا ④ حاکم کا حکم نہ ماننے والا ⑤ نافرمان ⑥ منکر ⑦ متمرد ⑧ منحرف ⑨ برگشتہ۔

باغی۔ (ا) اسم مذکر ① باغ کا بویا ہوا ② باگ کا لگا ہوا ③ جنگلی کے خلاف جیسے باغی بیر۔

بافتہ۔ (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

باقاعدہ۔ (ف) اسم مذکر ① قاعدے کے موافق، دستور کے مطابق ② ٹھیک ③ درست ④ صحیح۔

باقرخانی۔ (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کی روغنی روٹی جو شکر، دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔

باقلا۔ (ع) اسم مذکر ① ایک قسم کی سبز ترکاری جسکی پھلیاں پکاتے ہیں۔

باقی۔ (ع) اسم مونث ① بچی کھچی چیز ② بچت ③ بقیہ ④ بقایا زر مالگزاری جو ادا نہ ہوا ہو (صفت کی حالت میں) ⑤ پایندہ ⑥ فنا نہ ہونیوالا ⑦ قائم ⑧ زندہ ⑨ موجود۔

باقی دار۔ (ف) اسم مذکر ① مقروض ② دیندار ③ وہ شخص جس کے ذمہ قرضہ ہو۔

باقی دارد۔ (ف) جملہ ① ابھی اور باقی ہے ② باقی پھر سہی۔

باقی ساقی۔ (ف) اسم مونث ① بچی کھچی ② بچی بچائی رہی سہی، تھوڑی بہت جتنی باقی ہے۔

باقی نام اللہ کا۔ (ا) محاورہ ① خدا کے سوائے سب کو موت ہے ② ہمیشہ زندہ رہنے والی صرف خدا کی ذات ہے اور بس۔

باک۔ (ف) اسم مذکر ① خوف ② ڈر ③ اندیشہ ④ فکر ⑤ خطرہ ⑥ دہشت۔

باکرہ۔ (ع) اسم مونث ① دوشیزہ ② کنواری ③ چیرا بند ④ اچھوتی کنیا۔

باکلی۔ (ہ) اسم مونث ① (گنوار) ابلا ہوا ② اناج ③ گھنگنی۔

باکھڑی یا باکھلی۔ (ہ) اسم مونث۔ پانچ مہینے دودھ دے کر رک جانے والی گائے یا بھینس۔

باکھل۔ (ہ) اسم مذکر ① باڑا ② بگڑ ③ احاطہ ④ چند گھروں کا محلہ ⑤ چند مکانات کی بستی۔

باگ۔ (ہ) اسم مونث ① عنان ② زمام ③ راس، لگام کی ڈوڑ جو سوار کے ہاتھ میں رہتی ہے۔

باگا۔ (ہ) اسم مذکر ① (ہندو) دولھا کا جوڑا ② پوشاک نوشہ کا خلعت ③ فاخرہ ④ لباس جو نوشہ کو پہنایا جاتا ہے۔

باگ اٹھانا / باگ لینا (ہ) فعل ① گھوڑا دوڑانا ② چلنا ③ روانہ ہونا۔

باگ ڈور۔ (ہ) اسم مونث ① وہ رسی جو لگام میں سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے ② کوتل گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسی ③ پالہنگ۔

باگ ڈھیلی کرنا / باگ ڈھیلی چھوڑنا ① گھوڑے کو اس کی مرضی کے موافق دوڑنے دینا ② خوب دوڑانا ③ کسی کی غلطی سے چشم پوشی کرنا ④ پرواہ نہ کرنا ⑤ توجہ نہ کرنا ⑥ فعل مختار کر دینا۔

باگ روکنا / باگ کھینچنا (ہ) فعل ① گھوڑے کو ٹھہرانا ② گھوڑا ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا ③ تنبیہ کرنا۔

باگ مڑنا۔ (ہ) فعل ① چیچک کے دانوں کا مرجھانا ② ستیلا ڈھلنا ③ رخ بدلنا ④ خیال دوسری طرف ہو جانا ⑤ توجہ ہٹ جانا۔

باگ کا ہاتھ سے چھوٹنا / باگ کا ہاتھ سے نکل جانا، فعل ① موقعہ ہاتھ سے جاتے رہنا ② بے قابو ہو جانا ③ اختیار نہ رہنا ④ کسی چیز کا اختیار سے باہر ہو جانا۔

باگھ۔ (ہ) اسم مذکر ① شیر ② سنگھ ③ اسد چیتا ④ پلنگ ⑤ مجازاً غضبناک ⑥ خونخوار ⑦ بہادر۔

بال۔ (ای۔ا) اسم مونث ① ایک قسم کا انگریزی ناچ ② رقص ③ گیند۔

بال۔ (ہ) اسم مذکر ① بچہ ② چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی (سولہ سال سے کم عمر)۔

بال بچوں والی۔ (ہ) اسم مونث ① اولاد والی ② صاحب اولاد ③ کنبہ دار ④ مجازاً سیتلا اور کو بھی کہا کرتی ہیں۔

بال بچے۔ (ہ) اسم مذکر ① لڑکے ② بالے ③ جورو بچے ④ کنبہ قبیلہ ⑤ خاندان ⑥ ٹبر ٹور۔

بال بدھ۔ (ہ) اسم مونث ① بچوں کی عقل ② ناتجربہ کاری ③ بچوں کی سی سمجھ ④ ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

بال بدھوا۔ (ہ) اسم مونث ① کمسن ② رانڈ ③ نوعمر بیوہ ④ وہ عورت جو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بچپن ہی میں رانڈی ہوجائے۔

**بال گوپال۔**(ہ)❶بال بچے❷لڑکے بالے چیلے چانٹے❸مرید۔

**بال ہٹ۔**(ہ)اسم مونث❶بچوں کی ضد❷اڑ۔

**بال۔**(ہ) اسم مذکر❶ مولے❷ رواں❸ پشم❹ کیس❺ باریک شگاف❻مصری کا دھاگا❼چینی شیشے وغیرہ کے ٹوٹنے کی لکیر، اس کے بنے ہوئے الفاظ ومحاورات دیکھو)۔

**بال اترنا۔**(ہ)فعل❶بالوں کا خودبخود گر جانا❷سونڈن ہونا❸موتراشی ہونا۔

**بال آنا۔**(ہ) فعل❶بال اگنا❷ بال پیدا ہونا❸ دراڑ آنا❹ شگاف پڑنا❺چینی وغیرہ ٹوٹ جانے کی لکیر❻خط پڑجانا۔

**بال بال۔**(ہ) تابع فعل ❶ہر ایک بال ❷ ذرا ذرا بالکل سرتاپا❸ہوبہو❹جروکل۔

**بال بال بچنا۔**(ہ)فعل❶صاف بچ جانا❷ذرا بھی تکلیف نہ پہنچنا❸بہت قریب سے بچنا۔

**بال بال دشمن ہونا۔**(ا)فعل❶دشمنی کے مبالغہ کے وقت کہا کرتے ہیں یعنی سب اپنے بیگانے دشمن ہیں❷یہاں تک کہ موئے بدن بھی دشمنی سے تکلیف پہنچاتے ہیں۔

**بال بال گج موتی پرونا۔**(ہ)فعل❶خوب آراستہ ہونا❷نہایت سنگار کرنا❸خوب بننا ٹھننا۔

**بال بال گنہگار ہے۔**(ا) محاورہ❶ہر شخص سرتاپا گنہگار ہے❷نہایت گنہگار ہے۔

**بال باندھا**(ہ) اسم صفت❶ تابع فرمان❷ مطیع❸ ٹھیک❹ سچ❺ مجرب❻تیر بہدف❼غلاموں کی طرح۔

**بال باندھا چور۔**(ہ)اسم مذکر❶پورا چور❷مراد عاشق کا دل جو معشوق کے ہر بال سے بندھا ہوا ہے۔

**بال باندھا۔غلام۔**(ہ)اسم مذکر❶نہایت فرمانبردار غلام❷بے عذر غلام❸اشارہ پرکام کرنیوالا۔

**بال باندھا نشانہ اڑانا/بال باندھی کوڑی لانا۔**(ا)فعل❶نہایت قادر انداز ہونا❷بے خطا نشانہ مارنا❸بے چوک نشانہ لگانا❹ تیر بہدف لگانا۔

**بال برابر۔**(ا) اسم مذکر❶ ذرا بھر❷ نہایت باریک ذرا❸ ذرا سا❹ یونہی سا فرق۔

**بال بکھیرنا۔**(ہ) فعل❶ماتم کرنا❷ بال پریشان کرنا❸غم ورنج کی علامتیں ظاہر کرنا۔

**بال بنانا۔**(ہ) فعل❶ چوٹی گوندھنا❷بالوں کو پیچدار اور گھنگریالے بنانا❸ حجامت بنانا❹خط بنانا۔

**بال بیکا نہ ہونا۔**(ہ)فعل❶ تکلیف نہ پہنچنا❷بال تک ٹیڑھا نہ ہونا❸ آنچ نہ آنا❹ذرا بھی صدمہ نہ پہنچنا❺برا اثر نہ ہونا۔

**بال پکنا۔**(ہ)فعل❶خوشہ یا پھل کا پختہ ہونا❷بال سفید ہونا❸بڑھاپا آنا۔

**بال توڑ۔**(ہ) اسم مذکر❶ایک قسم کا پھوڑا ہوتا ہے جو ران یا بازو پر بال ٹوٹنے سے پیدا ہوجاتا ہے۔

**بال جھڑنا۔**(ہ)فعل❶ دماغ کی ناطاقتی یا کنگھی کرنے سے بالوں کا گرنا❷ سخت بیماری سے تندرست ہوجانے کے بعد بالوں کا اتر جانا۔

**بال چننا۔**(ہ) فعل❶ سوچنے سے سفید بال اکھیڑنا❷ موچنے سے خط بنانا۔

**بال چھترنا۔**(ہ)فعل۔بال بکھرنا۔

**بال چھتری۔**(ہ) اسم مونث۔ایک قسم کی پگڑی جسے شاہجہانی پگڑی کہتے ہیں۔

**بالچھڑ۔**(ہ) اسم مذکر❶ ایک نہایت خوشبو دار دوا کا نام ہے❷ سنبل الطیب۔

**بال خورا۔**(ہ)اسم مذکر❶ایک مرض کا نام ہے جس سے مویشیوں وغیرہ کے بال بالکل گرجاتے ہیں۔

**بال دینا۔**(ہ)فعل❶ کریا کرم کرنے کے لئے بال منڈوانا❷ بھدرا کروانا❸ مسلمان عورتوں کا سر کے بالوں سے تعزیہ کو ہوا دینا اور ماتم کرنا۔

**بال رکھنا۔**(ہ)فعل❶ بالوں کی منت ماننا❷ بالوں کو بڑھنے نہ دینا❸ بالوں کو لمبا کرنا۔

**بال سفید ہونا۔**(ہ)فعل۔بڑھاپا آنا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149772218

**بال سلجھانا۔** (ہ) فعل ❶ اُلجھے ہوئے بالوں کو سیدھا کرنا ❷ بالوں کو کنگھی کرنا۔

**بال سے باریک ہونا۔** (ہ) فعل ❶ نہایت باریک ہونا ❷ بہت دبلا پتلا ہونا۔

**بال کا کمبل بنانا/ بال کی بھیڑ بنانا** (ا) محاورہ ❶ بات کو مبالغے کے ساتھ بڑھا کر کہنا، بات کا بتنگڑ بنانا ❷ رائی کا پربت بنانا ❸ بات کو برا کر کے دکھانا۔

**بال کترنے سے مردہ ہلکا نہیں ہوتا۔** (ہ) مثل ❶ بھاری وزن میں سے اگر کچھ قلیل سا حصہ کم کر دیا جائے تو وہ کمی کمی نہیں سمجھی جاتی ❷ من میں سے اگر تولہ یا چھٹانک نکال دیں تو وہ کس گنتی میں ہے۔

**بال کمانی۔** (ا) اسم مونث ❶ گھڑی کے اندر کی باریک کمانی جو گھڑی کو چلاتی ہے ❷ سپرنگ۔

**بال کھڑے ہونا۔** (ہ) فعل ❶ خوف یا ڈر معلوم ہونا ❷ بخار کے ایسا معمولی طور پر سردی لگنے سے بدن کے بال یا رواں اوپر اٹھ جانا۔

**بال کھولنا۔** (ہ) نوحہ یا ماتم کے لئے عورتوں کا سر کے بال بکھیرنا۔

**بال کی کھال کھینچنا/ بال کی کھال نکالنا/ بال کی کھال اتارنا** (ا) فعل ❶ نکتہ چینی کرنا ❷ باریکیاں نکالنا ❸ موشگافیاں کرنا ❹ نقص ڈھونڈنا ❺ عیب ظاہر کرنا۔

**بال لینا۔** (ا) فعل ❶ استرا لینا ❷ پاکی کرنا۔

**بال۔** (ف) پرندے کے بازو کا پچھلا حصہ جس میں شہ پر ہوتے ہیں جن کے زور سے وہ پرواز کرتا ہے۔

**بال و پر نکالنا۔** (ا) فعل ❶ اڑان بھرنا ❷ اڑنے لگنا ❸ پرواز کرنا ❹ شرارت کرنا ❺ چالاکی کرنا ❻ بدمعاشیاں کرنا ❼ مخالفت اور مقابلہ کرنا ❽ دشمنی سے پیش آنا ❾ الٹے کام کرنا۔ خلافِ منشاء مربی چلنا۔ نو دولت ہونا۔

**بالا۔** (ہ) اسم مذکر ❶ کان میں پہننے کا زیور چھوٹی عمر کا بچہ ❷ سولہ برس تک کا بالک خواہ لڑکا ہو لڑکی ❸ گیہوں کا یا جو کا مٹھی بھر کا پڑا۔

**بالا۔** (ہ) اسم صفت ❶ بچوں کا یا ❷ نیا جیسے بالا جوبن یعنی اٹھتی جوانی ❸ نادان ❹ بے کم عمر۔

**بالا۔** (ف) اسم صفت ❶ اوپر ❷ بلند ❸ اونچا قد ❹ قد آور ❺ لمبا فائق۔

**بالا بالا۔** (ف) تابع فعل ❶ اوپر ہی اوپر ❷ پوشیدہ طور پر بے اطلاع ❸ الگ ہی الگ۔

**بالا بتانا۔** (ا) ❶ بہانہ کرنا ❷ ٹالنا ❸ حیلے حوالے کرنا ❹ اوپر ہی اوپر اٹال دینا۔

**بالا بر۔** (ا) اسم مذکر ❶ انگرکھے یا کوٹ کا وہ حصہ جو پیش کی حد سے بڑھا ہوا ہوتا ہے ❷ اچکن کا اگلا پردہ ❸ ایک خاص قسم کا انگرکھا بھی ہوتا ہے۔

**بالا بند۔** (ف) اسم مذکر ❶ سرپیچ ❷ بتانہ ❸ وہ گوشوارہ جو پگڑی کے اوپر باندھ لیتے ہیں۔

**بالا بھولا۔** (ہ) اسم صفت ❶ طفل معصوم ❷ سیدھا سادہ ❸ فن فریب سے ناواقف ❹ بے ریا۔

**بالا پوش۔** (ف) اسم مذکر ❶ غلاف ❷ پلنگ پوش ❸ برقعہ ❹ اور کوٹ۔

**بالاتفاق۔** (ع) تابع فعل ❶ سب کی صلاح سے ❷ سب کی رضامندی سے ❸ سب کی مرضی سے۔

**بالاجمال۔** (ع) تابع فعل ❶ مختصر طور پر ❷ اجمالاً خلاصہ کے طور پر ❸ خلاصۃً۔

**بالاخانہ۔** (ف) اسم مذکر ❶ چوبارہ ❷ اوپر کا کمرہ ❸ اٹاری۔

**بالاخوانی۔** (ف) اسم مذکر ❶ شیخی ❷ غرور ❸ غرور کی باتیں ❹ فخریہ باتیں ❺ ڈینگ ❻ غپ۔

**بالادست۔** (ف) ❶ اوپر کا ❷ اعلیٰ ❸ زبردست ❹ افسر ❺ حاکم، عمدہ ❻ نہایت نفیس۔

**بالا دینا۔** (ا) ❶ اوپر ہی اوپر ٹالنا ❷ گلدر کو اوپر نیچے اٹھانا اور خوب ہلانا۔

**بالارادہ۔** (ع) تابع فعل ❶ اپنے ارادے سے جان بوجھ کر ❷ عمداً ❸ قصداً۔

**بالانشین۔** (ف) اسم مذکر ❶ صدر مجلس ❷ ممبر مجلس ❸ صدر نشین ❹ اونچا بیٹھنے والا ❺ عمدہ ممبرانہ ❻ معزز حیثیت والا۔

**بالائی۔** (ف) اسم مونث ❶ اوپر کا حصہ ❷ بلندی ❸ اونچائی ❹ دودھ کے اوپر کی ملائی۔

**بالائی یافت۔** (ا) اسم مونث ❶ تنخواہ کے علاوہ اور آمدنی ❷ رشوت یا کمیشن۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0324...

www.besturdubooks.net

بالائے طاق۔(ا) اسم مذکر ❶ دور ❷ دفع ❸ الگ ❹ ایک طرف ❺ بھول خیال نہ ہونا ❻ علیحدہ۔

بالتخصیص۔(ع) تابع فعل ❶ خصوصاً ❷ خاص کر ❸ خاص طور پر۔

بالتصریح۔(ع) تابع فعل ❶ صاف صاف وضاحت سے ❷ صاف کھول کر۔

بالتفصیل۔(ع) تابع فعل ❶ تفصیل کے ساتھ کھول کر ❷ الگ الگ ❸ تفصیل دار۔

بالٹی۔(ہ) اسم مونث ❶ ٹین کا ڈول ❷ ڈولچی ❸ باٹی۔

بالسٹ ٹرین۔(ای۔ا) اسم مونث ❶ سامان ڈھونے والی ریل گاڑی ❷ گنجی گاڑی۔

بالش۔(ہ) اسم مونث ❶ سرہانہ ❷ تکیہ ❸ سوتے یا لیٹتے وقت سر کے نیچے رکھنے کا کپڑا۔

بالشت۔(ا) اسم مذکر ❶ شیر ❷ وجب ❸ بلاند ❹ انگلیاں اگر خوب اچھی طرح تان کر کھول لی جائیں تو چھنگلیاں کی نوک سے انگوٹھے کی نوک تک کا فاصلہ ۱۲، انگل کا، پیمانہ گز کا چوتھا حصہ۔

بالشتیا۔(ا) اسم مذکر ❶ بالشت بھر قد کا آدمی ❷ وہ شخص جس کے قد کی لمبائی ایک بالشت ہو ❸ مجازاً پست قد ❹ باؤنا۔

بالضرور یا بالضرورت۔(ع) تابع فعل ❶ ضرور ہی ❷ بلاشبہ ❸ قطعی ❹ ضروری ❺ البتہ۔

بالعکس۔(ع) تابع فعل ❶ برخلاف ❷ الٹا ❸ برعکس۔

بالغ۔(ع) اسم فاعل مذکر ❶ پہنچ جانے والا ❷ پورا جوان ❸ اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کا ❹ ہوشیار ❺ تجربہ کار ❻ رسا۔

بالغ نظر۔(ع) اسم صفت ❶ پوری نگاہ والا ❷ حقیقت بین ❸ گہری نظر والا ❹ تاڑ جانے والا۔

بالغہ۔(ع) اسم مونث ❶ پوری عورت ❷ جوان عورت۔

بالفرض۔(ع) تابع فعل ❶ فرض کے طور پر ❷ مان لیا ❸ تسلیم کیا ❹ مان کر۔

بالفعل۔(ع) تابع فعل ❶ سردست ❷ اس وقت ❸ اب ❹ فی الحال (طب کی اصطلاح میں) بظاہر ❺ دیکھت کے معنوں میں آتا ہے۔

بالقوہ۔(ع) تابع فعل ❶ از روئے لدادہ قوت ❷ میں (طب) دار اصل در حقیقت۔

بالک۔(ہ) اسم مذکر ❶ چھوٹی عمر کا بچہ ❷ شیر خوار ❸ بالا ❹ یانا ❺ ننھا بچہ۔

بالکا۔(ہ) اسم مذکر ❶ بچہ ❷ شاگرد ❸ جوگیوں یا ہندو فقیروں کا چیلا ❹ مرید۔

بالکل۔(ہ) تابع فعل ❶ تمام ❷ سب ❸ جملہ ❹ تمام و کمال ❺ سارا بکلی ❻ قطعی۔

بال گیر۔(ہ) اسم مذکر ❶ گھوڑے کی خدمت کرنے والا ❷ وہ سوار جس کا اپنا ذاتی گھوڑا نہ ہو۔

بالم۔(ہ) اسم مذکر ❶ خداوند ❷ شوہر ❸ خصم ❹ پتی ❺ عاشق ❻ پیتم۔

بالمشافہ۔(ع) تابع فعل ❶ آمنے سامنے ❷ روبرو سمکھ ❸ دوبدو۔

بالمقابل۔(ع) تابع فعل ❶ مقابل میں سامنے ❷ روبرو ❸ دوبدو ❹ طرف ❺ مخالف میں۔

بالمقطع۔(ع) تابع فعل ❶ چکت میں چکتے طور ❷ قطعی ❸ بھاؤ تاؤ کے بغیر۔

بالم کھیرا۔(ہ) اسم مذکر ❶ برساتی کھیرا ❷ بڑا کھیرا ❸ بالمواجہ ❹ (ع) تابع فعل ❺ موجودگی میں ❻ سامنے۔

بالمیک۔(ہ) اسم مذکر ❶ رامائن کے مشہور مصنف کا نام ہے جو بڑے نامور شاعر تھے۔

بالن۔(ہ) اسم مذکر ❶ ایندھن ❷ جلانے کی لکڑی وغیرہ۔

بالو۔(ہ) اسم مذکر ❶ ریت ❷ ریگ ❸ بھوڑ ❹ پہاڑ کا ریتہ۔

بالوشاہی۔(ا) اسم مذکر۔ایک قسم کی مٹھائی جسے خرمہ کہتے ہیں، بہت خستہ ہوتی ہے۔

بالی کی سوئیاں۔(ہ) اسم مونث۔وہ سوئیاں جو گندم کے خوشہ کے گردا گرد ہوتی ہیں۔

بالے میاں۔(ا) اسم مذکر ❶ سالار ❷ مسعود غازی سپہ سالار سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے جو محمود کے علم بردار تھے بعض جاہل لوگ ان کے نام کی چھڑیاں چڑھاتے ہیں اور میلہ کرتے ہیں۔

بالی۔(ہ) اسم مونث ❶ کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ ❷ چھوٹی عمر کی لڑکی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907721

بالی عمر۔(ا) اسم صفت ① اوائل عمر ② صغیرسنی ③ بچپن کی عمر ④ لڑکپن ⑤ بچپن۔

بالیدگی۔(ف) اسم مونث ① نمود روئیدگی ② بڑھوتری ③ بڑھاؤ ④ پیدائیش۔

بام۔(ف) اسم مذکر ① چھت ② کوٹھا ③ بالاخانہ ④ اٹاری۔

بام۔(ہ) ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کی شکل کی ہوتی ہے۔

بامداد۔(ف) اسم مذکر ① تڑکا ② صبح ③ صبح کا وقت۔

بامروت۔(ف) اسم مذکر ① باوفا ② ملنسار ③ خوش اخلاق ④ لحاظ دار ⑤ فیاض ⑥ سخی۔

بامسلمان اللہ اللہ با برہمن رام رام۔(ف) مثل ① صلح کل ② ہر شخص کے ساتھ اتفاق اور اتحاد کے ساتھ رہنا چاہیے کسی کی دل شکنی نہ کرنی چاہیے۔

بامن۔(ہ) اسم مذکر ① وشنوجی کا پانچواں اوتار بونا ② ہندوؤں کی سب سے افضل اور اعلٰے ذات ③ ویدوں کا عالم صحیح برہمن ہے۔

بامنی۔(ہ) اسم مونث ① برہمن کی عورت ② مصرانی ایک سنہری رنگ کا چمکدار جسم والا برساتی کیڑا جس کی دم سرخ ہوتی ہے ③ سانپ کی خالا ④ آنکھ کی پلکیں گرنے کی بیماری جس میں برنیاں سرخ رہتی ہیں ⑤ سبل نیلوفر کے پھول کا زرد رنگ کا زیرا جسے مسلمان بچے شہزادی اور ہندو رانی یا بامنی کہتے ہیں۔

بان۔(ف) کلمہ فاعلیت ① اکثر اسموں کے آخر میں محافظت کا فائدہ دیتا ہے جیسے گاڑیبان ② خیابان وغیرہ۔

بان۔(ہ) اسم مذکر مونج وغیرہ کی باریک رسی جس سے چارپائیاں بنتے ہیں۔

بان۔(ہ) اسم مونث ① عادت ② خو ③ سبھاؤ ④ مزاج ⑤ طور ڈھنگ ⑥ مائیاں ⑦ مانجھا یعنی شادی سے دولہا دولھن کو ابٹنا وغیرہ لگانے کی رسم ⑧ تیر ⑨ تکہ۔

باں باں کرنا۔(ہ) فعل ① بکواس کرنا ② بیہودہ بکنا ③ بک بک کرنا۔

بان بیٹھنا۔(ہ) فعل ① مائیوں بیٹھنا ② مانجھے بیٹھنا ③ ابٹنا لگوانا۔

بان پڑنا۔(ہ) فعل ① عادت پڑنا ② سبھاؤ ہونا ③ عادی ہوجانا ④ خوگر ہونا۔

بان ڈالنا۔(ہ) ① عادت ڈالنا ② عادی کرنا ③ سدھانا ④ خوگر ہونا۔

بانا۔(ہ) اسم مذکر ① لباس ② پوشاک ③ وضع ④ وردی ⑤ بھیس ⑥ روپ سروپ ⑦ عادت ⑧ سبھاؤ۔

بانا باندھنا۔(ہ) فعل ① مسلح ہونا ② کمر باندھنا ③ تیار ہونا ④ سامان جوڑنا ⑤ لاجواب اور لاثانی ہونے کا دعویٰ کرنا ⑥ ٹھاننا ⑦ سازش کرنا ⑧ منصوبہ باندھنا۔

بانا بدلنا۔(ہ) فعل ① بھیس بدلنا ② روپ بھرنا ③ مکر کا لباس پہننا۔

بانات/ بنات۔(ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا اونی کپڑا جو نہایت دبیز اور ہرے رنگ کا ہوتا ہے۔

بانات کی حالت۔(ا) اسم صفت مونث ① بانات کی طرح کا سرخ ② سرخ بانات سا ③ لال انگارا ④ نہایت غف ⑤ بانات سا موٹا۔

بانبی۔(ہ) اسم مونث ① سانپ کا بل ② سانپ کا سوراخ۔

بانٹ۔(ہ) اسم مونث ① تقسیم ② بٹوارہ ③ خارج ④ قسمت ⑤ دودھ دوہتے وقت جو گائے بھینس کے آگے کھانا دانہ رکھ دیتے ہیں ⑥ اسے بھی بانٹ یا بانڈ کہتے ہیں ⑦ بٹ تولنے کے بٹے ⑧ وزنے۔

بانٹ دینا۔(ا) اسم مذکر ① نسب کا ② مخرج ③ کسر کا نیچے کا ہندسہ۔

بانٹا۔(ہ) اسم مذکر ① پورب ② حصہ ③ بٹوارہ ④ تقسیم بخرہ ⑤ بھاگ باچھ۔

بانٹنا۔(ہ) فعل ① حصے بخرے کرنا ② تقسیم کرنا ③ بھاگ کرنا ④ بٹوارہ کرنا۔

بانٹیا۔(ہ) اسم مذکر ① (بقال لوگوں کی اصطلاح ہے) ② واسطہ ③ سروکار ④ مطلب ⑤ غرض ⑥ تعلق ⑦ علاقہ ⑧ سبب ⑨ حساب۔

بانجھ۔(ہ) اسم صفت ① بنجر زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو ② شور کلر ③ اوسر ④ وہ عورت جس کو حمل نہ رہے ⑤ عقیمہ ⑥ عاقرہ ⑦ ایک قسم کا درخت جس کی گٹھلیاں بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رہنے کیلئے ڈالتے ہیں۔

باندھنا۔(ہ) فعل ① کسنا ② جکڑنا ③ جوڑنا ④ لٹکانا ⑤ لپیٹنا ⑥ تہ کرنا ⑦ شرط وغیرہ مقرر کرنا ⑧ پانی روکنا ⑨ بند لگانا۔

باندھنو۔(ہ) اسم مذکر ① بندھیج ② چیرا ③ مختلف رنگوں کے لئے ڈورے کی بندش ④ رنگریزوں کے چنریاں رنگتے وقت مختلف رنگ رکھنے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

کے لئے مونج کے بندھ لگانا⑤ بدلش⑥ بہتان⑦ ارادہ⑧ خیال⑨ تصور منصوبہ۔

**باندھنو باندھنا۔**(ہ) فعل① تہمت لگانا② الزام دینا③ بہتان دھرنا④

**باندی۔**(ہ) اسم مونث① لونڈی② کنیز③ چیری④ داسی۔

**باندی کا بیٹا/ جنا/ بچہ۔**(ہ) اسم مذکر① خانہ زاد غلام② نہایت مطیع③ فرمانبردار④ طنزاً طعنہ کے طور پر بہ معنی ذلیل وحقیر⑤ کمینہ۔

**بانڈا۔**(ہ) اسم صفت① ٹیڑھی ٹانگوں والا② کبڑا دم کٹا③ لانڈا④ پھانجا⑤ ٹیڑھا چلنے والا⑥ کسی کی بات نہ ماننے والا⑦ کج رفتار⑧ کج فہم۔

**بانڈی۔**(ہ) اسم مونث① لاٹھی② چھڑی③ چوب دستی④ سونٹی⑤ ایک قسم کا لباس بھی ہے۔

**بانڈی باز۔**(ا) اسم مذکر① لٹھ باز② جھگڑالو③ فسادی لڑاکا④ جنگجو۔

**بانڈی چلنا۔**(ہ) فعل① لڑائی ہو جانا② لٹھ چلنا③ مار کٹائی ہونا④ لٹھ کھڑکنا۔

**بانس۔**(ہ) اسم مذکر① ایک لمبا پتلا گرہ دار درخت جو اندر سے عموماً کھوکھلا ہوتا ہے② بمبو③ سوا تین گز کا تیرہ بالشت کا ایک پیمانہ۔

**بانسا۔**(ہ) اسم مذکر① نتھنوں کے بیچ کی ہڈی② ناک کی ہڈی③ ریڑھ کی ہڈی④ ایک جھاڑی کا نام بھی ہے جس کے کوئلوں کی بارود خوب بنتی ہے۔

**بانسا پھر جانا۔**(ہ) فعل① ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا② جان کنی کے وقت اکثر یہ حالت ہوتی ہے۔

**بانس پر چڑھنا۔**(ہ) فعل① بدنام ہونا② بے شرم و بے حیا ہونا③ رسوا ہونا۔

**بانس پر چڑھانا۔**(ہ) فعل① فصیحت کرنا② نا واجب③ تعریف کرنا④ بدنام کرنا⑤ رسوا کرنا۔

**بانس ٹوٹنا۔**(ہ) فعل① خوب پٹنا② نہایت مار کھانا③ بانس پڑنا④ لاٹھیوں سے پٹنا۔

**بانسری۔**(ہ) اسم مونث① نے② مرلی③ بانسلی④ منہ سے بجانے کا الغوزے جیسا ایک باجہ۔

**بانسوں اچھلنا/ بانسوں کودنا**(ہ) فعل① خوشی میں کودنا② نہایت خوش ہونا③ دریا کی لہروں کا بلند ہونا④ لہروں کا اونچا اچھلنا جیسے پانی بانسوں اچھل رہا ہے۔

**بانس پھوڑ۔**(ہ) اسم مذکر۔ وہ لوگ جو بانس کا کام کرتے ہیں۔

**بانسی۔**(ہ) اسم مونث① نہایت پتلی قسم کا بانس جس سے نیچے بناتے ہیں② ایک سفیدی مائل زرد پتھر بھی ہوتا ہے۔

**بانک۔**(ہ) اسم مذکر① لغوی معنی ٹیڑھا② ہنوٹ③ اور بکیتی کا کرتب جیسے ٹیڑھی چھری④ کٹاری⑤ خنجر وغیرہ سے بیٹھ کر یا لیٹ کر دکھاتے ہیں⑥ لڑائی کے ہنروں میں سے ہے⑦ ٹیڑھا⑧ ترچھا⑨ کج۔

**بانکا۔**(ہ) اسم مذکر صفت① ٹیڑھا② ترچھا③ چھیلا④ دلیر⑤ بہادر⑥ مغرور⑦ خودنما⑧ لچا⑨ شہدا۔

**بانکا چور۔**(ہ) اسم مذکر① پورا چور② عیار و چالاک چور۔

**بانکپن۔**(ہ) اسم مذکر① چھیلا پن② البیلا پن، وضعداری جو خودنمائی لئے ہو③ شہ④ شرارت⑤ سرکشی⑥ لچ پن⑦ کج روی۔

**بانکیا۔**(ہ) اسم مذکر① ایک تانبے پیتل کا ٹیڑھا میڑھا سا باجہ جو مہنتوں اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے② یہ بگل کی آواز دیتا ہے۔

**بانکی ادا۔**(ا) اسم مونث① انداز محبوبانہ والا ڈھنگ② نئی طرز۔

**بانگ۔**(ف) اسم مونث① آواز② صدا③ نماز کی اذان④ مرغ کی صبح کے وقت کی آواز⑤ مرغ کی آواز⑥ نماز کا بلاوہ۔

**بانگ دینا۔**(ا) فعل① اذان دینا② پکارنا③ آواز دینا۔

**بانگر۔**(ہ) اسم مذکر① وہ زمین جس میں پانی کمیاب ہو② کھاد کی ضد۔

**بانگرو۔**(ہ) اسم مذکر① احمق② بے وقوف③ بے تمیز④ بے سلیقہ۔

**بانو۔**(ف) اسم مونث① گھر کی مالک② شہزادی③ بیوی④ بیگم۔

**بانوا۔**(ف) اسم مذکر① صاحب سامان② لاؤ لشکر والا③ دولت و حشمت والا④ آزاد فقیروں کا ایک گروہ بھی ہے۔

**بانہہ۔**(ہ) اسم مونث① بازو② بھجا③ مددگار④ حامی⑤ سگا بھائی⑥ مدد⑦ سہار⑧ ضامن⑨ طاقت۔

**بانہہ بل۔**(ہ) اسم مذکر① قوت بازو② معاون③ دستگیر④ حقیقی بھائی⑤ جانی دوست۔

**بانہہ بلند ہونا** (ا) فعل① بلند حوصلہ ہونا② طاقتور ہونا③ دھرمی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ہونا۔

**بانہہ پکڑنا** (ہ) فعل ① دستگیری کرنا ② مدد کرنا ③ معاونت کرنا ④ مربی بننا ⑤ کسی کی سرپرستی کا ضامن ہونا۔

**بانہہ پکڑے کی لاج** (ہ) محاورہ ① دستگیری کی شرم ② سرپرست بننے کی حیا۔

**بانہہ ٹوٹنا** (ہ) فعل ① مربی یا سرپرست کا مر جانا ② سگے بھائی کا مر جانا ③ مددگار نہ رہنا۔

**بانہہ دینا** (ہ) فعل ① سہارا دینا ② مدد کرنا ③ خبر گیری کرنا ④ حمایت کرنا۔

**بانہیں چڑھانا** (ہ) فعل ① تیار ہونا ② آمادہ ہونا ③ جھگڑا کرنا ④ لڑائی پر کمربستہ ہونا۔

**بانی** (ہ) اسم مونث ① آواز ② صدا ③ زبان پراکرت ④ ہندی و دہرہ یا گیت ⑤ قول ⑥ مقولہ ⑦ بولی ⑧ فقراء کی صدا جو ستھرے شاہی گاتے پھرا کرتے ہیں ⑨ وعظ و نصیحت۔

**بانی** (ع) اسم مذکر (فاعل از بنا) ① بنیاد ڈالنے والی ② بنانے والا ③ شروع کرنے والا ④ موجد ⑤ منبع ⑥ باعث ⑦ سبب ⑧ موجب۔

**باؤ** (ہ) اسم مونث ① باد ② ہوا ③ پون ④ ریح ⑤ کرہ ہوائی ریح ⑥ پادو گوز ⑦ خردماغی ⑧ غرور تکبر ⑨ ہتھیا۔

**باوا** (ہ) اسم مذکر ① باپ ② پتا ③ پدر ④ استاد تعظیماً فقیر لوگ ادبا ہر شخص کو بول دیتے ہیں۔

**باوا آدم** (ا) اسم مذکر ① حضرت آدمؑ ② بہت طویل العمر ③ ہادی ④ رہبر ⑤ مالک ⑥ نسل انسانی کا مورث اعلے۔

**باوا آدم نرالا ہونا** (ا) فعل ① سب سے نرالا کام کرنا ② کسی سے متفق نہ ہونا ③ نئی طرز ④ نیا انداز ہونا۔

**باوا کا** (ہ) مفید صفت۔ موروثی ① باپ دادا کا ② جدی ③ ذاتی ④ نج کا ⑤ اپنا ⑥ خاص۔

**باؤ بندی** (ہ) اسم مونث ① خیالی بات ② بے اصل ③ مبالغہ ④ فریب ⑤ دھوکا ⑥ کج بحثی ⑦ فریب کی دلیل ⑧ من گھڑت ⑨ گودنہ آنا۔

**باؤ بندی کرنا** (ا) فعل ① دھوکا دینا ② فریب کرنا ③ داؤ کرنا ④ خیالی پلاؤ پکانا۔

**باؤ باندھنا** (ہ) فعل ① خوشامد کرنا ② چاپلوسی کرنا ③ منت سماجت کرنا۔

**باؤ بھری کھال** (ہ) اسم مونث ① مرادار انسان ② فانی چیز ③ وہ شئے جو بہت نازک ہو۔

**باؤ بھڑکنا** (ہ) فعل ① پاگل ہونا ② دیوانہ ہونا ③ سڑی سودائی ہونا ④ لڑاکا ہونا۔

**باؤ بھک / باد بھک** (ہ) اسم مذکر ① بکواسی واہی تباہی گفتگو کرنے والا ② بلبلا ③ حباب بیہودہ ④ لغو ⑤ فضول۔

**باؤ بہنا** (ہ) فعل ① ہوا چلنا ② روانئے باد۔

**باؤ پر آجانا** (ہ) فعل ① مغرور ہونا ② متکبر بننا ③ دماغ میں ہوا اور غرور بھر جانا۔

**باؤ بڑنگ** (ہ) اسم مذکر ① بڑنگ کابلی ② ایک قسم کے بیج جو مرچ سیاہ کے برابر ہوتے ہیں جو دافع ریاح و بلغم ہوتے ہیں اور بچوں کے مسہل کے کام آتے ہیں۔

**باؤٹا** (ہ) اسم مذکر ① جھنڈا ② علم ③ نشان ④ بانہہ میں پہننے کا ایک زیور تشنج ⑤ اینٹھن ⑥ فیج گڈھ کی پہاڑی کے قریب دلی میں ایک جگہ کا نام۔

**باؤٹا اڑانا۔** (ہ) فعل ① نشان کھڑا کرنا ② جھنڈا گاڑنا ③ فتح پا کر قبضہ کرنا ④ پھریرا اڑانا۔

**باؤ ڈنڈی پھرنا۔** (ہ) فعل ① آوارہ پھرنا ② ڈانواں ڈول پھرنا۔

**باور** (ف) اسم مذکر ① یقین ② اعتبار ③ بھروسہ ④ اعتماد۔

**باورچی** (ف) اسم مذکر ① کھانا پکانے والا رسوئیا ② طباخ ③ پکوتا۔

**باورچی خانہ۔** (ف) اسم مذکر ① مطبخ ② کھانے پکانے کی جگہ ③ رسوئی۔

**باؤ سرنا** (ہ) فعل ① گوز آنا ② ریح آنا ③ پاد آنا ④ پیٹ کی فاسد ہوا کا خارج ہونا۔

**باؤ سول۔** (ہ) اسم مذکر ① درد شکم ② باؤ گولہ ③ پیٹ کا ریحی درد۔

**باؤ کا رخ بتانا۔** (ا) فعل ① ٹالنا ② فریب دینا۔

**باؤ کھمبا۔** (ہ) اسم مذکر۔ ایک دوا کا نام ہے۔

**باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا۔** (ا) فعل ① مغرور ہونا ② متکبر

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03219071218

www.besturdubooks.net

ہونا③ جلد بازی کرنا④ شتاب زدگی کرنا۔

**باؤ گولہ۔**(ہ) اسم مذکر① ریح کا گولہ جو تلی میں بھر جانے کی باعث لاحق ہو جاتا ہے۔

**باؤلا۔** (ہ) اسم مذکر① دیوانہ② پاگل③ سڑی④ سودائی⑤ بیوقوف⑥ احمق⑦ بے عقل۔

**بالر۔** (ای۔ا) اسم مذکر کرکٹ کے کھیل میں گیند پھینکنے والا کھلاڑی۔

**باؤلی۔**(ہ) اسم مونث① بڑا لمبا چوڑا کنواں جسمیں پانی بھرنے کی خاطر سیڑھیاں لگی ہوتی ہیں② بائیں③ وہ چیزیں جس سے پرندوں اور جانوروں کا شکار پکڑ سکھاتے ہیں④ سودائن⑤ پگلی⑥ دیوانی⑦ سرن⑧ فریب⑨ دھوکا۔

**باؤلی دینا** (ہ) فعل① دلیری دینا② بھڑکی دینا③ شکاری پرندے پر کسی دوسرے پرند کو چھوڑ کر تیز اور دلیر کرنا۔

**باون** (ہ) اسم عدد۔ پچاس اور دو ۵۲۔

**باون بیر** (ہ) اسم مذکر① باون بہادر② فسادی③ فتنہ انگیز④ فطرتی۔

**باون تولے پاؤرتی** (ہ) فعل① مہوسوں اور کیمیا گروں کی اصطلاح ہے② پورے کا پورا③ بجنسہ④ ٹھیک⑤ درست نہایت⑥ عمدہ۔

**باون گز کا** (ا) اسم صفت① لمبا② طویل③ دراز قد④ فسادی⑤ شریر⑥ فتنہ انگیز۔

**باہ** (ع) اسم مونث① قوت جماع② قوت مردمی۔

**باہ** (ہ) اسم مونث① تعلق② واسطہ③ معاملہ④ کام⑤ زمینداروں کا کھیت کا باہنا⑥ کھیت میں ہل چلانا۔

**باہ پڑنا/ باہا پڑنا** (ہ) فعل① معاملہ پڑنا② تعلق ہونا③ کام پڑنا۔

**باہر** (ہ) تابع فعل① اندر کے خلاف② بیرون خارج③ علیحدہ④ جدا⑤ پخانہ⑥ پردیس میں سفر میں (ندا میں) نکلنا⑦ پرے ہو⑧ پرے ہٹ۔

**باہر باہر** (ہ) ندا① باہر کی تاکید② پرے پرے③ دور دور④ چل دور ہو⑤ ہٹ سامنے سے⑥ ہٹ ہٹ⑦ چل چل۔

**باہر بھیتر جانا باہر جانا** (ہ) فعل① سیر تماشے کے لئے جانا② سفر کو جانا③ جنگل جانا④ ٹٹی جانا⑤ پخانہ جانا⑥ حد سے گزرنا⑦ احاطہ سے نکل جانا۔

**باہر کا** (ہ) اسم مذکر① اجنبی② غیر جگہ کا③ اوپرا④ گنوار دیہاتی⑤ جنگلی۔

**باہر کرنا** (ہ) فعل① نکالنا② دھتکارنا③ خارج کرنا④ شراکت، ورثہ، برادری سے نکال دینا⑤ طلاق دینا⑥ چھوڑنا⑦ عاق کرنا۔

**باہر کی پھرنے والی** (ہ) اسم مونث① بے پردہ عورت② نوکرانی③ ملازمہ④ وہ عورت جو چادر لے کر بازار سے سودا سلف کے لئے نکلے۔

**باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی کرموں ماری** (ا) محاورہ① حد سے بڑھ کر نمود اور شیخی رکھنے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں② باہر تو میاں نواب صاحب بنے پھرتے ہیں گھر میں بیوی اپنی قسمت اور میاں کی جان کو روتی ہے۔

**باہر والا** (ہ) اسم مذکر① چوہڑا② خاکروب③ بھنگی④ مہتر⑤ حلال خور۔

**باہر ہونا** (ہ) فعل① نکل جانا② خارج ہونا③ چلے جانا④ شراکت وغیرہ سے علیحدہ ہونا۔

**باہم** (ف) تابع فعل① آپس میں② مل جل کر③ ایک دوسرے کے ساتھ④ بالاتفاق⑤ در پردہ⑥ چپ چپاتے⑦ پوشیدہ طور پر۔

**باہن** (ہ) اسم مذکر① دیوتاؤں کی سواری کا گھوڑا② گاڑی③ رتھ وغیرہ (یورپ) ایک گاڑی کے پہیوں کا نشان (عام) باہی ہوئی زمین④ جوتی ہوئی دھرتی⑤ دل کی لکیریں جنہیں ہرائی کہتے ہیں۔

**باہنا/ بانا** (ہ) فعل① ہل چلانا② ہل جوت کر زمین پھاڑنا③ محنت کرنا④ منہ پھیلانا⑤ جیسے منہ بنانا⑥ کھولنا⑦ پھاڑنا⑧ گھسانا⑨ باڑنا۔

**بائی** (ہ) اسم مونث① مہارانی② رانی③ بیگم④ لیڈی⑤ بہن⑥ بوا⑦ ہمشیرہ⑧ بڑی گویا عورت⑨ نائکہ۔

**بایاں** (ہ) اسم مذکر صفت① چپ② راست کی ضد③ الٹا ہاتھ④

Join us on whatsapp Naveed BaIG 03140772183

یسار⑤ جانب⑥ دوسرے درجے کا مصاحب⑦ بائیں ہاتھ کی طرف کا طبلہ⑧ ڈگی جسے فارسی والے تم کہتے ہیں⑨ زیر کے خلاف۔

**بایاں پاؤں پوجنا بایاں قدم لینا** (ا) فعل① کسی کے کمال کا اقرار کرنا② مسلم الثبوت استاد ماننا③ کسی کو کامل فن کار سمجھ کر اس کی تعظیم کرنا④ تسلیم کرنا⑤ باز آنا⑥ ہار ماننا⑦ شرارت اور بدذاتی کا قائل ہونا۔

**بائب یا بایب** (س) اسم مذکر① شمال مغرب کا کونہ② نشانہ چوکنا③ سرکنا④ علیحدہ ہونا⑤ دیگر⑥ اور⑦ علاوہ۔

**بائیبل** (ای۔ا) اسم مونث① عیسائیوں کی آسمانی کتاب② انجیل۔

**بائندوشائند** (ف) تابع فعل① جیسا چاہیے② جیسا مناسب ہے③ جس طرح چاہیے۔

**بائیس** (ہ) اسم عدد۔ بیس اور دو۔ ۲۲۔

**بائیسی** (ا) اسم مونث① بائیس ضلعوں کی فوج والا جلوس جو شاہان مغلیہ کا دستور تھا② بائیس سو آدمیوں کا سردار③ امیر④ جتھا⑤ پنچایت باؤنی⑥ جماعت۔

**بائیسی ٹوٹنا** (ہ) فعل① تمام فوج کا حملہ کرنا② اپنا سارا زور لگا لینا③ درجہ ٹوٹنا۔

**بائیسکل** (ای۔ا) اسم مونث۔ دو پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلتی ہے۔

**بائیکاٹ** (ا۔ای) اسم مذکر① مقاطعہ② قطع تعلق③ خود کسی کام کو چھوڑ دینا۔

**بائع** (ع) اسم مذکر① فاعل از بیع② فروخت کرنیوالا③ بیچنے والا④ بیع کرنے والا۔

**بائیں بولنا** (ہ) فعل① چوروں کی اصطلاح ہے② اچھا شگون لینا③ کام بننا④ گھات لگنی⑤ مال ہاتھ آنا۔

**بائیں بائیں کرنا** (ہ) فعل① بکواس کرنا② بیہودہ بکنا③ غل مچانا④ شور کرنا۔

**بائیں ہاتھ کا کھیل/ بائیں ہاتھ کا کرتب** (ا) محاورہ① بہت آسان کام ہے② نہایت سہل ہے③ بالکل معمولی بات ہے④

سرسری طور پر کر لینے کے قابل ہے۔

**بایوگریفی** (ای) اسم مذکر① سوانح مری② تذکرہ۔

## ب ← ب

**بباد** (ہ) اسم مونث① بحث② جھگڑا③ تکرار④ فساد⑤ تنازع⑥ مقدمہ۔

**بباد** (ا ف) تابع فعل① برباد کا مخفف ہے② تباہ③ خراب④ تباہی⑤ بربادی۔

**بباد اٹھانا** (ہ) فعل① جھگڑا اٹھانا② لڑانا③ مقدمہ کرنا④ فساد ڈالنا⑤ بکھیڑا کرنا۔

**بباد دینا** (ا) فعل① برباد کرنا② تباہ کرنا③ مٹا دینا④ خراب کر ڈالنا۔

**ببر** (ع) اسم مذکر① کبری شیر② ایک قسم کا نہایت تند و غضبناک شیر جسکی گردن پر گھوڑے کی طرح یال ہوتی ہے اور افریقہ کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔

**ببرا** (ا) اسم مذکر① لکسی کبوتر② ایک نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالی کالی چتیاں ہوتی ہیں۔

**ببری** (ا) اسم مونث① کاکل② پیشانی کے وہ بال جو عورتیں چھوٹے کر کے خوبصورتی کے واسطے ماتھے پر چھوڑ لیتی ہیں③ ایال کے تراشے ہوئے بال④ طرہ⑤ چھوٹی ہوئی لٹ⑥ لکسی کبوتری۔

**ببریاں چھوڑنا** (ہ)① زلفیں چھوڑنا② لٹیں چھوڑنا۔

**ببول** (ہ) اسم مذکر① کیکر کا درخت② مغیلاں③ ایک خاردار درخت۔

**ببولا** (ہ) اسم مذکر① بگولا② گرد باد۔

**ببول کے پیڑ بونا** (ہ) فعل① کیکر کے درخت لگانا② مجازاً برے کام کرنا③ اپنے رستے میں کانٹے بونا۔

**ببی** (ہ) اسم مونث① بوسہ② چوما③ چومی④ پیار⑤ مٹھو۔

**ببئی** (ہ) اسم مونث① ایک قسم کی مینا ہوتی ہے جو درختوں کی کھوکھ میں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

گھر بنا کر رہتی ہے (3) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

بیبیا (ا) اسم مونث (1) بی بی کی تصغیر (2) تاش کی ملکہ۔

بیبیانہ (ا) اسم صفت زنانہ (1) صرف عورتوں کے استعمال کی چیزیں۔

بیس (ہ) اسم مونث۔ بواسیر۔

بیسیا (ہ) اسم مذکر (1) بواسیر والا (2) وہ شخص جس کو بواسیر کی بیماری ہو۔

## ب ← پ

بپا (ف) تابع فعل (1) (اصل میں برپا) قائم (2) برپا (3) کھڑا۔

بپت یا بپتا (ہ) اسم مونث (1) دکھ (2) مصیبت بلا (3) ناگہانی آفت۔

صدمہ درد/ آفت بپتا پڑنا۔ (ہ) فعل (1) مصیبت پڑنا (2) آفت نازل ہونا (3) بلا میں پھنسنا۔

بپتسما (ای) اسم مذکر (1) پانی چھڑکنا (2) پانی میں غوطہ دینا (3) اصطباغ (4) عیسائی مذہب کی ایک رسم ادا کرنا (5) عیسائی بنانا۔

بپتس (ہ) اسم مونث (1) وراثت (2) ترکہ (3) ورثہ (4) موروثی مال۔

بپھارا (ہ) اسم مذکر (1) بخارات دینا (2) بھاپ۔

بپھرنا (ہ) فعل (1) پھر جانا (2) سرکشی کرنا (3) باغی ہونا، ضد کرنا (4) مچلنا (5) قابو سے باہر ہونا (6) غضبناک ہونا (7) جانور کا بدکنا (8) چمکنا (9) لڑنے کو تیار ہوجانا۔ ستانا۔ بکھرنا۔

## ب ← ت

بت (ہ) اسم مذکر (1) طاقت (2) بساط (3) حیثیت (4) بل قدرت (5) حوصلہ (6) دولت (7) مال (8) شان وشوکت (9) عمر۔

بت (ف) اسم مذکر (1) مورتی (2) مورت (3) پتلا (4) صنم (5) لعبت (6) پتھر یا پیتل وغیرہ کی مورت جس کی پرستش کریں (7) معشوق (8) محبوب۔

بتا (ہ) اسم مذکر (1) فریب (2) دھوکا (3) دھونس (4) جھانسا (5) چھل (6) حیلہ (7) بہانہ۔

بتا (ہ) اسم مذکر (1) فاصلہ (2) گتا (3) بالشت۔

بتاس (ہ) اسم مونث (پورب) (1) ہوا (2) باؤ (3) باد۔

بتاسا/ بتاشا (ہ) اسم مذکر (1) بلبلہ حباب (2) ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو بناتے وقت ہوا بھر کر بلبلے کی طرح پھول جاتی ہے (3) آتشبازی کا نہایت چھوٹا انار۔

بت بننا یا بت ہونا (ا) فعل (1) چپ ہونا (2) گنگ ہونا (3) خاموش ہونا (4) صم بکم ہونا۔

بت پرست (ف) اسم مذکر (اسم فاعل ترکیبی) (1) مورتی پوجنے والا (2) بتوں کی پرستش کرنیوالا۔

بت تراش (ف) اسم مذکر (1) اسم فاعل ترکیبی (2) بت گر (3) بت بنانے والا (4) مورتی بنانے والا۔

بت خانہ/ بت کدہ (اسم مذکر ظرف) (1) بت رکھنے کی جگہ (2) مندر (3) شوالہ (4) شودوارہ۔

بتا دینا (ہ) فعل (1) دھوکا دینا (2) جھانسا دینا (3) دم دینا (4) فریب دینا (5) حیلے بنانا۔

بتا دینا (ہ) فعل (1) کہنا (2) جتلانا (3) دکھا دینا (4) بھانڈا پھوڑنا (5) ظاہر کرنا۔

بتاشے کا قفل (ا) اسم مذکر (1) چھوٹا سا تالا (2) چھوٹا سا قفل (3) گول قفل۔

بتاشے کی طرح بیٹھ جانا (ا) فعل (1) یکا یک نہایت کمزور ہو جانا (2) تھوڑی سی بیماری میں بہت کمزور اور لاغر ہو جانا (3) تھوڑی سی تکلیف میں گھل جانا۔

بتانا (ہ) فعل (1) جتلانا (2) واقف کرنا (3) دکھلانا (4) ظاہر کرنا (5) کھولنا (6) اشارہ کرنا (7) سمجھانا (8) ٹھیک بنانا (9) مارنا۔

بتانا (ہ) اسم مذکر (1) چوڑی کا ڈول (2) چوڑی کا میانہ (3) وہ لوہے کا کڑا جو منہاری کے پاس ہاتھ کا اندازہ دیکھنے کے لئے بھیجتے ہیں سونے چاندی کی چوڑی جو عورتیں کانچ کی چوڑیوں کے بیچ میں پہنتی ہیں (4) پورب کے ایک زیور کا نام بھی ہے۔

بتاؤں (ہ) فعل (1) کہوں (2) سمجھاؤں (غصہ کے وقت لہجہ بدل کر) (3) ماروں (4) ٹھیک بناؤں (5) ٹھوکوں (6) مزہ چکھاؤں (بحالت اسم) پنجابی (7) بیگن (8) بادنجان۔

بت بنا (ہ) اسم مذکر (1) جھوٹی باتیں گھڑنے والا (2) باتونی (3) لسان (4) چرب زبان (5) باتیں بنانیوالا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**بتر** (ف) اسم صفت ① بدتر کا مخفف ② نہایت خراب ③ نہایت برا ④ نکما ⑤ ناقص۔

**بترا** (ہ) اسم مذکر صفت ① کند ② کھنڈا ③ کھوٹا ④ کھنڈی دھار والا ہتھیار۔

**بترانا** (ہ) وہ فعل ① بکھرنا ② پریشان ہونا ③ پراگندہ ہونا ④ عیب لگانا ⑤ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔

**بتنکڑ** (ہ) اسم مذکر ① ذراسی بات کو بڑی بنالینا ② رائی کا پربت یا پر کا کاگ بنانا۔

**بتلانا** (ہ) فعل ① سمجھانا ② سمجھانا (دیکھو بتانا)۔

**بتنگ** (ا) اسم صفت ① عاجز ② مجبور ③ لاچار ④ عام لوگ تنگ کی جگہ بولتے ہیں۔

**بتنگڑ** (ہ) اسم مذکر ① مبالغہ کرنا ② بات کو بہت ہی زیادہ بڑھالینا (بتنگڑ دیکھو)۔

**بتول** (ع) اسم مونث ① لغوی معنی کنواری ② تارک اصطلاح میں حضرت فاطمہؓ سے مراد ہے کیونکہ آپ تارک الدنیا تھیں ③ اسی وجہ سے اس لقب سے ملقب ہوئیں۔

**بتولا** (ہ) اسم مذکر ① دھوکا ② فریب ③ جھانسا ④ دم ⑤ مکر ⑥ حیلہ ⑦ بہانہ۔

**بتولے بنانا** (ہ) فعل ① دھوکا دینا ② فریب کی باتیں کرنا ③ سخن سازی کرنا۔

**بتھ** (ہ) اسم مونث ① درز ② دراڑ ③ فاصلہ ④ فرق۔

**بتھا** (ہ) اسم مونث ① مصیبت ② دکھ ③ تکلیف ④ آفت ⑤ سرگزشت ⑥ سربیتی ⑦ بیان مصائب، واقعات غم۔

**بتھوا** (ہ) اسم مذکر ایک قسم کا دست آور ساگ جو گیہوں کے کھیت میں اگ آتا ہے۔

**بتی** (ہ) اسم مونث۔ لڑکوں کا ایک کھیل ہے۔

**بتی** (ہ) اسم مونث ① فتیلہ ② روئی یا سوت وغیرہ کی ڈوری جو چراغ یا لیمپ کے تیل میں رکھ کر جلاتے ہیں یا مرہم لگا کر زخم میں رکھتے ہیں ③ موم یا چربی کی شمع ④ شافہ یعنی دوا وغیرہ کی شیاف ⑤ پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ ⑥ چھپر یا کھپریل میں آڑی باندھی ہوئی سرکنڈوں یا بانس کی گڈی ⑦ لاکھ یا اگر یا صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ شتابہ، حیوانات کی ہڈی کا ادھر ادھر کا گوشت میل کر مروڑی ⑨ دیاسلائی کی تیلی۔

**بتی جلانا** (ہ) فعل ① چراغ روشن کرنا ② چراغ جلانا ③ روشنی کرنا۔

**بتی چڑھانا** (ہ) فعل ① فانوس یا کنول وغیرہ میں موم بتی رکھنا ② دوائی کی بتی زخم میں داخل کرنا ③ تبی کو اوپر سرکانا۔

**بتی دکھانا/بتی لگانا** (ہ) فعل ① آگ دینا ② آگ لگانا ③ روشنی کرنا ④ بندوق اور توپ کو آگ دینا ⑤ توپ داغنا ⑥ بندوق چھوڑنا۔

**بتی دینا** (فعل) ① آگ دینا ② داغنا ③ زخم میں دوائی کی بتی رکھنا۔

**بتیا** (ہ) اسم مذکر ① ہرا اور کچا پھل ② لمبا بیگن، اڑو کے خلاف ③ بتاؤں۔

**بتیت** (ہ) فعل ① گزرجانا ② بیتنا ③ ختم ہوجانا۔

**بتیس** (ہ) اسم عدد تیس اور دو۔ ۳۲

**بتیس ابرن/بتیس ابھرن** (ہ) اسم مذکر ① بتیس زیور ② بتیس گہنے ③ پورے پورے سنگار اور کثرت زیور کے وقت بولتے ہیں۔

**بتیس دانتوں کی بھکیا/بتیس دانتوں کی بھاکا** (ہ) اسم مونث ① آدمی کا کہا ② آدمی کی بات ③ آدمی کا کوسا ④ مظلوم کی بددعا۔

**بتیس دانتوں میں زبان** (ا) محاورہ ① چاروں طرف دشمنوں سے گھرا ہوا ② سب طرف سے پھنسا ہوا ③ دشمنوں کے نرغے میں۔

**بتیس دھار/بتیس دھایں** (ہ) اسم مونث ① ماں کا دودھ جو روز مرہ بچوں کے پینے میں آتا ہے اور ہر شخص بچپن میں پیتا ہے۔

**بتیس دھار ہو کر نکلنا** (ہ) فعل ① بددعا ہے بتیس زخموں کے رستے ہو کر نکلنا ② پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔

**بتیسا** (ہ) اسم مذکر ① بتیس دوائیوں کا حلوا جو کمر کی مضبوطی کے لئے عورتیں کھاتی ہیں ② بتیس دواؤں کا مصالحہ جو گھوڑی کو بچہ جننے کے بعد دیتے ہیں ③ سوہن حلوے کی قسم کی ایک مٹھائی جو پنجاب میں بنتی ہے۔

**بتیسی** (ہ) اسم مونث ① سلک دنداں ② آدمی کے دانتوں کی دونو باڑیں ③ اوپر اور نیچے کے جبڑوں کے بتیس دانتوں کی دونوں ٹریاں۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03..4907218

**بتیسی بجنا** (ہ) فعل ① سردی کے سبب دانت بجنا ② ٹھٹھرنا ③ کپکپانا ④ تھرانا۔

**بتیسی بند ہونا** (ہ) فعل۔ دانتوں کے دونوں جبڑوں کا غشی یا خوف سے مل کر جکڑا جانا۔

**بتیسی دکھانا** (ہ) فعل ① بیہودہ ہنسنا ② دانت دکھانا ③ چڑانا ④ مخول کرنا ⑤ عاجز ہونا ⑥ انکساری کرنا ⑦ چاپلوسی کرنا۔

## ب ← ٹ

**بٹ** (ہ) اسم مذکر ① ٹکڑا ② حصہ ③ تقسیم شدہ ④ دانہ تولنے کے اوزان۔

**بٹ** (ہ) اسم مونث ① گردن یا پیٹ کی سلوٹیں جو موٹائی کے سبب پڑیں ② راہ ③ پگڈنڈی بٹیا ④ چوٹ لگ جانے کی سوجن ⑤ ورم ⑥ اوجھڑی کا موٹا گوشت جس میں خار ندارد ہوں۔

**بٹا** (ہ) اسم مذکر ① ورنہ ② تولنے کا وزن ③ کٹوتی ④ کمی ⑤ گھاٹا ⑥ فرق جیسے اس میں اور اس میں بہت بٹا ہے ⑦ نقص ⑧ کھوٹ ⑨ دھبہ۔

**بٹا باز** (ہ) اسم مذکر ① شعبدہ باز ② بازیگر ③ ٹھگ عیار ④ مکار ⑤ (بٹے باز زیادہ بولتے ہیں)۔

**بٹا ڈھال** (ہ) اسم صفت ① اردو میں ڈھال مشہور معنوں کے علاوہ حرف تشبیہ بھی ہے یہاں بھی کام دیتا ہے یعنی مثل بٹا ② برباد، ہموار ③ برابر ④ سپاٹ۔

**بٹا لگانا** (ہ) فعل ① کٹوتی، کاٹنا ② کمی پوری کرنا ③ عیب لگانا ④ دھبہ لگانا۔

**بٹا لگنا** (ہ) فعل ① عیب لگانا ② الزام آجانا ③ دھبہ لگ جانا۔

**بٹالین** (ای۔ا) اسم مذکر ① پلٹن ② فوج کا ایک حصہ۔

**بٹانا** (ہ) فعل ① بکھیرنا ② دور کرنا ③ ہٹانا ④ بدلنا ⑤ عوض دینا ⑥ توجہ کو ادھر ادھر کرنا۔

**بٹاؤ** (ہ) اسم مذکر ① راہ گیر ② مسافر ③ غیر ④ دوسرا ⑤ اجنبی۔

**بٹائی** (ہ) اسم مونث ① تقسیم ② بٹوارا ③ زمین کی پیداوار میں سے کاشتکار سے حق مالکانہ لینا ④ غلہ تیار کرنے کا موسم ⑤ کھیت اٹھانے کا زمانہ ⑥ بٹنے کی اجرت۔

**بٹلوئی** (ہ) اسم مونث ① دال وغیرہ پکانے کا پیتل کا برتن ② دیگچہ دیگچی۔

**بٹ مار** (ہ) اسم مذکر ① راہزن ② ڈاکو ③ قزاق ④ راستہ لوٹنے والا۔

**بٹن** (ا۔ن) اسم مذکر ① بوتام ② سیپ ③ سینگ وغیرہ چپٹے اور گول تکمے ④ گھنڈیاں۔

**بٹنا** (ہ) اسم مذکر ① جسم کی میل کچیل صاف کرنے کا مصالحہ، جسم کی رنگت نکھارنے کا مصالحہ۔

**بٹنا** (ہ) فعل ① بل دینا ② اینٹھنا ③ لپٹنا ④ حاصل کرنا ⑤ وصول کرنا ⑥ کمانا ⑦ کھٹنا ⑧ باہم تقسیم ہونا ⑨ حصے ہونا۔

**بٹنگ** (ہ) اسم مونث ① کشمیری ناشپاتی ② ایک میوہ کا نام ہے۔

**بٹنی** (ہ) اسم مونث ① سرپستان ② چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے۔

**بٹوا** (ہ) اسم مذکر ① پیسے ٹکے رکھنے یا چھالیاں، الائچی وغیرہ کیلئے چھوٹا سا کیسہ ② پاکٹ بیگ۔

**بٹوار** (ہ) ① چنگی لینے والا ② اگاہی وصول کرنے والا ③ آمدنی وصول کرنے والا۔

**بٹوارا** (ہ) اسم مذکر ① تقسیم ② اپنا اپنا حصہ علیحدہ کرنا ③ بانٹنا۔

**بٹوا سا قد** (ہ) اسم مذکر ① مٹکنا سا قد ② بونا سا قد ③ چھوٹا اور گول قد۔

**بٹوا سا منہ** (ہ) اسم مذکر ① چھوٹا سا گول منہ ② غنچہ دہن ③ پیاری شکل ④ خوبصورت منہ۔

**بٹورن** (ہ) اسم مونث ① کوڑا کرکٹ ② بچی کھچی چیز ③ پیداوار کی فراہمی ④ اناج کی جمع آوری۔

**بٹورنا** (ہ) فعل ① جمع کرنا ② فراہم کرنا ③ اکٹھا کرنا ④ چننا ⑤ سمیٹنا۔

**بٹورا** (ہ) اسم مذکر ① سوکھے اپلوں کا مینار نما ڈھیر جس میں اپلے رکھ کر چاروں طرف سے گوبر سے لیپ دیتے ہیں اور اوپر پھوس وغیرہ لگا دیتے ہیں۔

**بٹوئیا** (ہ) اسم مذکر ① راہ گیر، مسافر ② قاسم ③ تقسیم کنندہ۔

**بٹوانا** (ہ) فعل ① تقسیم کرانا ② علیحدہ علیحدہ کرانا ③ کھٹوانا ④ وصول کرانا ⑤ کمائی کرانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149...218

بٹھانا/بٹھلانا۔ (ہ) فعل ❶ قایم کرنا ❷ کھڑا کرنے کے خلاف ❸ جمانا ❹ جڑنا ❺ ملانا ❻ جگہ پر لگانا ❼ کسی جانور سے انڈے سیوانا ❽ جانور کو انڈوں پر گرمی پہنچانے کیلئے چھوڑ دینا ❾ گدی دینا سخت نشین کرنا۔ سسکارنا۔ بمعنی بچے کو نچیا نہ پھروانا۔ گرور کھنا یا دانو پر اڑنا۔ ڈالنا۔ داخل کرنا۔ مثلاً کسی عورت کو گھر میں بٹھانا۔ مقرر کرنا۔ جیسے پہرہ بٹھانا۔ تباہ کرنا۔ جیسے وہ تو اب بالکل بیٹھ گئے۔ مضمحل کرنا جیسے غم نے بٹھا دیا۔ مدرسہ یا مکتب میں داخل کرنا۔ مشق اور مہارت سے کمال پیدا کرنا۔ جیسے ہاتھ بٹھالو۔ شادی نہ کرنا۔ جیسے جوان بیٹی کو بٹھا رکھنا۔ پارے وغیرہ کو سخت کرنا۔ آنکھ وغیرہ کو اندر دھنسا دینا۔ سینہ کا مکانات کو گرانا۔ پانی کا کسی کو غرق کرنا۔ حساب وغیرہ پھیلانا۔ اتارنا۔ ظاہر کرنا۔ جیسے سیر کا سوا سیر بٹھانا۔

بٹھور (ہ) اسم مؤنث۔ چولہے کی جلی ہوئی لال مٹی۔

بٹی (ہ) اسم مونث۔ کلابتوں بٹنے کا کام۔

بٹیا (ہ) اسم مذکر ❶ کلابتوں بٹنے والا ❷ سوت، مونج یا سن بٹنے والا۔

بٹیا (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی پتھری ❷ سنگریزہ جو اکثر دریا کے پانی کے ساتھ بہتا ہوا رگڑ کھا کر گول مول سا ہو جاتا ہے ❸ چھوٹا بٹ ❹ لیک ❺ پگ ڈنڈی، کھیتوں کے بیچ کا راستہ ❻ ناریل کی گری ❼ کھوپرے کا گولہ۔

بٹیا (ہ) اسم مونث ❶ بیٹی کی تصغیر ❷ چھوٹی سی لڑکی ❸ دختر ❹ صبیہ۔

بٹیاں (ہ) اسم مونث ❶ ابھری ہوئی چھاتیاں ❷ نوعمر عورت کی چھاتیاں۔

بٹیر (ہ) اسم مونث۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔

بٹیر باز (ہ) اسم مذکر۔ بٹیر پالنے اور لڑانے والا۔

بٹیر کا بہ جانا (ہ) فعل بٹیر کا لاغر اور دبلا ہونا بوجہ دانہ نہ ملنے کے۔

بٹیر کا جگانا (ہ) فعل رات کو بٹیر کے کان میں آواز پھرنا۔

بٹیری (ہ) اسم مونث ❶ ہندوؤں کی ایک رسم ہے ❷ دلہن والوں کی طرف سے دولہا کو کپڑے اور نقدی ملنا۔

بٹے کھاتے (ہ) تابع فعل ❶ غیر وصولی ❷ مد وصول نہ ہونے والی رقوم کا کھاتہ ❸ ناقابل وصول رقم کا حساب۔

## ب ← ج

بجا (ف) اسم صفت ❶ درست ❷ ٹھیک ❸ صحیح ❹ مناسب ❺ جائز ❻ برمحل ❼ برموقع ❽ طنزاً اس کے برخلاف نہیں ❾ نامناسب ناجائز نہیں۔

بُجا (ہ) اسم مذکر ❶ کپڑے کی چھوٹی سی گدی ❷ مٹھا سو سا ❸ گھاس پھونس کا لپٹا ہوا مٹھا ❹ جوڑی۔

بجا آوری (ف) اسم مؤنث ❶ تعمیل حکم ❷ کہنا ماننا ❸ اجرائے کار ❹ کام انجام دینا۔

بجار (ہ) اسم مذکر ❶ سانڈ ❷ بیج کا بیل جو گایوں کیلئے رکھ چھوڑتے ہیں ❸ کسی مردے کے نام پر داغ دیکر چھوڑا ہوا بیل ❹ زبردست آدمی ❺ زور آور ❻ قد آور ❼ موٹا تازہ۔

بجالانا/بجانا (ہ) فعل ❶ تعمیل حکم کرنا ❷ انجام دینا ❸ کہنے کے موافق کرنا۔

بجانا (ہ) فعل ❶ باجے کی آوز نکالنا ❷ روپیہ ٹھنکارنا ❸ مارنا ❹ پیٹنا ❺ غیر کرنا ❻ داغنا ❼ جیسے گولا بجانا ❽ تعمیل حکم کرنا۔

بجائے۔ (ف) تابع فعل ❶ قائم مقام یا بعوض جگہ پر ❷ بدلے میں۔

بجبجانا (ہ) فعل ❶ کسی چیز میں سڑ کر بلبلے اٹھنا ❷ ابس کر کیڑوں کا چل دینا۔

بجٹ (ای) اسم مذکر ❶ اندازہ ❷ فرد حساب ❸ ملکی جمع خرچ کا حساب۔

بجد ہونا (ا) فعل ❶ ضد کرنا ❷ کوشش کرنا ❸ جدوجہد کرنا ❹ اڑنا ❺ سر ہونا ❻ اصرار کرنا۔

بجریا بجر (ہ) اسم مذکر ❶ لغوی معنی پتھر ❷ مجازاً سخت اور بھاری ❸ بوجھل ❹ کڑا ❺ کٹھن ❻ مشکل ❼ دشوار ❽ وقت طلب ❾ سست کاہل وجود۔

بجرا (ای) اسم مذکر ایک قسم کی نہایت خوش نما اور گول امیروں کے سیر کرنے کی کشتی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149078218

www.besturdubooks.net

بجر بٹو (ہ) ❶ ایک قسم کا کالے رنگ کا پھل جس سے ہندو مالا بناتے ہیں اور ریچھ نچانے والے اس سے ریچھ کے بال پرو کر نظر وغیرہ کے دفعیہ کے لئے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں ❷ ایک قسم کا کھلونا۔

بجری (ہ) اسم مؤنث ❶ کنکر ❷ لال کنکر ملی مٹی، چھوٹے چھوٹے اولے ❸ باریک ژالہ۔

بجز (ف) حرف ❶ استثناء ❷ سوائے ❸ بن ❹ بدوں، علاوہ ❺ بغیر۔

بجلی (ہ) اسم مؤنث ❶ برق ❷ صاعقہ ❸ وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے ❹ رعد ❺ دامنی ❻ آم کی گری ❼ آم کی گٹھلی کا مغز (حالت صفت میں) چالاک ❽ پھرتیلا ❾ طرار تر تریا۔

بجلی بسنت (ہ) اسم صفت مؤنث ❶ بسنت ہندی میں آگ کو کہتے ہیں پس لغوی معنی بجلی اور آگ یعنی ایسی تیز جیسے بجلی اور آگ ❷ نیز بسنت ایک موسم خاص یعنی آغاز بہار کا نام بھی ہے جس میں بجلی کی کڑک زیادہ ہوتی ہے ❸ مجازاً نہایت تیز رفتار، بہت چالاک ❹ مہیب ❺ غضب ناک ❻ دہشت ناک ❼ آتش کا پرکالہ۔

بجلی بل (ہ) اسم مؤنث ❶ قوت برقی ❷ قوت کہربائی جیسے بجلی ❸ زور والا۔

بجلی پڑنا یا بجلی گرنا (ہ) فعل ❶ بجلی کا شعلہ گرنا ❷ آفت آنا ❸ صدمہ پہنچنا ❹ تباہ ہونا ❺ برباد ہونا ❻ غارت ہونا۔

بجلی ٹوٹے یا گرے یا پڑے (ہ) دعائے بد ❶ آگ لگے ❷ مرجائے ❸ تباہ ہوجائے ❹ برباد ہوجائے۔

بجلی چمکنا (ہ) فعل ❶ بجلی کوندنا ❷ بادلوں سے شعلہ کا نمودار ہونا۔

بجلی کے بالے (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کے چوڑے اور گول بالے جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں۔

بجلی کی تلوار (ا) اسم مؤنث براں نہایت کاٹ کرنے والی تلوار۔

بجنا (ہ) فعل ❶ آواز نکلنا ❷ چھوڑنا ❸ بندوق کا فائر ہونا ❹ حالت اسم میں ❺ کھرا روپیہ۔

بجنسہ (ع) تابع فعل ❶ جوں کا توں ❷ ہو بہو ❸ بعینہ ❹ کل ❺ سب ❻ سب کا سب ❼ تمام۔

بجو (ہ) اسم مذکر ❶ ایک جانور کا نام ہے جو پرانے درختوں کی کھوکھ میں رہتا اور مردوں کو قبروں میں سے نکال کر کھاتا ہے ❷ بڑا سخت جان ❸ ہاتھی کے پاؤں تلے بھی نہیں مرتا ❹ سکڑے منہ کا آدمی ❺ چھوٹی چھوٹی آنکھوں والا آدمی۔

بجورنا (ہ) فعل ❶ خوب پیٹنا ❷ دھننا ❸ ملنا ❹ رگڑنا ❺ دابنا۔

بجوگ (ہ) اسم مذکر ❶ دو منحوس ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ❷ جدائی ❸ مصیبت ❹ بپتا ❺ سبب ❻ باعث ❼ صدمہ ❽ حادثہ ❾ برعکس۔

بجوگ پڑنا (ہ) فعل ❶ بچھڑنا ❷ جدائی، مفارقت ہونا ❸ بپتا پڑنا ❹ مصیبت آنا۔

بجھانا (ہ) فعل ❶ آگ کو ٹھنڈا کرنا ❷ آگ پر پانی ڈالنا ❸ شعلہ فرو کرنا ❹ شعلہ خاموش کرنا ❺ دور کرنا ❻ رفع کرنا ❼ پیاس وغیرہ ❽ دھاردار چیز کو آب دینا ❾ پان چڑھانا۔

بجھانا (ہ) فعل ❶ پورب میں پھنسانا ❷ دام میں لانا ❸ پھانسنا جیسے مچھلی بجھانا۔

بجھنا (ہ) فعل ❶ فرو ہونا ❷ آگ کا ٹھنڈا ہونا ❸ بھوک کا مرنا ❹ ٹھٹھرنا ❺ مرجھانا ❻ کملانا ❼ سرد ہونا ❽ نرم ہونا ❾ دھیما ہونا۔

بجھول (ہ) اسم مونث ❶ پہیلی ❷ چیستان ❸ بجھارت (پنجابی)۔

بجے (ہ) اسم مذکر ❶ فتح ❷ ظفر ❸ نصرت، جے ❹ جیت، شکست کے خلاف۔

بجے دسمی (ہ) اسم مونث ❶ دسویں فتح ❷ دسہرہ کنوار کے مہینے کی دسویں تاریخ جس میں سری رامچندر جی نے راون پر دسویں لڑائی کے بعد فتح پائی تھی۔

بجیا (ہ) اسم مونث ❶ بھنگ ❷ بھانگ ❸ سبزی۔

بچ (ہ) اسم مونث۔ ایک کڑوی اور بدبودار دوا کا نام ہے (بحالت فعل) بچنا سے امر حاضر۔

بچا (ہ) اسم مذکر ❶ چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی ❷ صبی ❸ طفل ❹ سپرک۔

بچا جانا (ہ) فعل ❶ چھوڑ جانا ❷ بھول جانا ❸ رعایت اور لحاظ کرنا (۔)

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772185

**بچار** (ہ) اسم مونث ① خیال ② سوچ ③ فکر ④ اندیشہ تصور، ⑤ وہم ⑥ غور ⑦ تامل ⑧ قیاس ⑨ اٹکل۔

**بچارنا / بچار کرنا** (ہ) فعل ① سوچنا ② خیال خیال کرنا ③ فکر کرنا ④ وہم کرنا ⑤ تصور کرنا ⑥ ادھیڑ بن کرنا ⑦ جیسے لوگ من میں بچار کرتے ہیں ⑧ عقل لڑانا ⑨ تمیز کرنا۔

**بچا کھچا / بچا کچا** (ہ) اسم مذکر ① بچا ہوا ② باقی ماندہ ③ بقیہ۔

**بچا لانا** (ہ) فعل ① بچت کر کے واپس لے آنا ② چھڑا لانا ③ محفوظ کرنا۔

**بچالی** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی خشک گھاس جو گھوڑے کے تھان پر بچھاتے ہیں ② پرالی۔

**بچانا** (ہ) فعل ① حفاظت کرنا ② پناہ دینا ③ مدد کر کے محفوظ کر دینا ④ ہٹانا ⑤ پرے کرنا ⑥ کنارے کرنا ⑦ رستہ دینا ⑧ جمع کرنا ⑨ بچت کرنا۔

**بچاؤ** (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ① حفاظت، آسرا ② سہارا ③ آڑ ④ بریت ⑤ پناہ ⑥ سلامتی، نجات ⑦ مخلصی ⑧ عذر ⑨ بہانہ۔

**بچاؤ کرنا / نکالنا** (ہ) فعل ① نجات اور مخلصی کی تجویز کرنا ② بریت کی جگت بنانا ③ حفاظت کا رستہ نکالنا۔

**بچپن** (ا) اسم مذکر ① لڑکپن ② کم سنی ③ بال پن ④ کم عمری۔

**بچت** (ہ) اسم مونث ① بقیہ ② باقی ماندہ ③ نفع ④ سود ⑤ فائدہ ⑥ جو صرف کر کے کچھ رہ گیا ہو۔

**بچ رہنا** (ہ) فعل ① چھٹنا ② نجات پانا ③ باقی رہنا ④ بچ جانا ⑤ محفوظ ہونا۔

**بچکانہ** (ا) اسم صفت ① بچوں کے لائق بچوں کا ② کم عمر کا ③ کمسن ④ بچے کا جوتا ⑤ کتھک کا لڑکا۔

**بچکنی** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا چھوٹا سا زیور۔

**بچ کھیلنا** (ہ) فعل ① اپنی حفاظت کرنا ② اپنے آپ کو بچا کر کام کرنا۔

**بچ کے چلنا** (ہ) فعل ① سنبھل کے چلنا ② ہٹ کر چلنا ③ ہوشیاری اور احتیاط سے چلنا۔

**بچل** (ہ) اسم مذکر ① بیچ کا ② درمیانہ ③ منجھلا، وسطی۔

**بچلا** (ہ) اسم صفت ① متوسط ② درمیانہ ③ بیچ کی راس ④ اوسط درجے کا۔

**بچلنا** (و) فعل ① بہکنا ② بھولنا ③ غلطی کرنا ④ پھسلنا، چوکنا ⑤ جیسے ہاتھ بچل گیا ⑥ گم ہونا ⑦ راستہ بھولنا ⑧ کھویا جانا ⑨ بھٹکنا۔

**بچن** (ہ) اسم مذکر ① کلام ② بات ③ قول ④ گفتگو ⑤ سخن ⑥ عہد و پیمان ⑦ شرط ⑧ شگون۔

**بچن پال** (ہ) اسم مذکر ① (افعال ترکیبی) بات کا پکا ③ قول کا پورا ④ عہد اقرار کا سچا ⑤ بات کی پچ کرنے والا ⑥ اپنے اقرار کی حفاظت کرنے والا۔

**بچن پالنا** (ہ) فعل ① اپنے قول کا پاس رکھنا، اقرار پر جمے رہنا ② اپنی شرط پر قائم رہنا ایمان پر ثابت رہنا۔

**بچن ڈالنا** (ہ) فعل ① سوال کرنا ② طلب کرنا ③ آرزو کرنا ④ انکار کرنا ⑤ قبول نہ کرنا۔

**بچن لینا** (ہ) فعل ① پختہ اقرار کرنا ② عہد لینا ③ قول لینا۔

**بچن مارنا** (ہ) فعل ① ہاتھ پر ہاتھ مارنا ② پختہ اقرار کرنا۔

**بچن ہارنا** (ہ) فعل ① زبان دینا ② اقرار کرنا ③ قول دینا ④ عہد کرنا ⑤ قول سے پھر جانا ⑥ بات پر قائم نہ رہنا ⑦ عہد شکنی کرنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔

**بچنا** (ہ) فعل ① الگ رہنا ② باقی رہنا ③ بڑھنا ④ سلامت رہنا ⑤ محفوظ رہنا ⑥ زندہ رہنا ⑦ جینا ⑧ ہٹنا ⑨ آرام ہونا۔

**بچو / بچیو / بچ جاؤ** (ہ) صیغہ امر حاضر ① ہٹو پرے ہو جاؤ ② راستہ چھوڑ دو ③ احتیاط کرو وغیرہ۔

**بچورنا** (ہ) ① مالیدہ کرنا ② چوری کرنا ③ بکنا ④ رگڑنا ⑤ تومنا ⑥ کھولنا ⑦ الگ الگ کرنا۔

**بچولیا** (ہ) اسم مذکر ① ثالث ② پنچ ③ درمیانی و دلال فیصلہ کرنے والا ④ جھگڑا مٹانے والا ⑤ بیچ میں پڑ کر شادی کرنے والا۔

**بچوں کا کھیل** (ہ) ① نہایت آسان کام ② سہل بات ③ فضول بات ④ سرسری کام معمولی کار ⑤ بچوں کے کھلونے۔

**بچو مگڑا** (ہ) اسم مونث ① بچہ کی تصغیر ② ننھا سا بچہ ③ کودک ④ بال ⑤ بالک ⑥ چھوٹی سی عمر کا بچہ ⑦ نادان بچہ ⑧ ناواقف۔

**بچہ** (ف) اسم مذکر ① چھوٹی عمر کا ② بالک ③ ننھا ④ طفل ⑤ شیر خوار ⑥ کونڈا ⑦ لڑکا ⑧ چھورا ⑨ چھوکرا۔

**بچہ دان / بچہ دانی** (ہ) اسم نمبر ۱ مذکر نمبر ۲ مونث ① رحم ② کوکھ ③

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 0314-4077218

www.besturdubooks.net

بچہ کی پیٹ میں پرورش پانے کی جگہ۔

**بچہ کش** (ف) اسم مذکر۔ بہت بچے جننے والی عورت۔

**بچہ کشی** (ف) اسم مونث ① بچے مار ڈالنا ② بال تہیا ③ بچوں کو قتل کر ڈالنا ④ بچہ کا پیدائیشسے پہلے جان بوجھ کر ضائع کردینا۔

**بچھا** (ہ) اسم مذکر ① فاصلہ ② بتا ③ وقفہ ④ مہلت ⑤ بیچ کا عرصہ ⑥ درمیانی فاصلہ ⑦ اچھا کا مراد۔

**بچھا جانا** (ہ) فعل ① عاجز یکرنا ② نہایت منکسر مزاج سے پیش آنا ③ بہت ہی متواضع ہونا ④ عجز وانکسار کے مارے جھکا جانا ⑤ خرچ کے سبب تباہ ہونا ⑥ صرف کے مارے برباد ہونا ⑦ بہت خرچ سے خستہ حال ہوجانا۔

**بچھانا/ بچھا دینا** (ہ) فعل ① فرش کرنا ② بچھونا کرنا ③ پھیلانا ④ بہت مارنا ⑤ زمین پر گرادینا ⑥ کھنڈانا ⑦ پراگندہ کرنا۔

**بچھڑا** (ہ) اسم مذکر ① گوسالہ ② گائے کا بچہ ③ پیار سے موٹے تازے لڑکے کو بھی کہتے ہیں۔



بچھڑا

**بچھڑا کھونٹے کے بل پر کودتا ہے** (ا) محاورہ ① کمزور آدمی کا حمایتی اگر زبردست ہو تو اس وقت بولتے ہیں ② حمایتی کے زور پر اترتا ہے ③ زبردست حمایتی کے زور پر کودتا ہے ④ کسی سہارے پر ہی باتیں بناتا ہے۔

**بچھڑا ہوا** (ہ) اسم مذکر مفعول کی صورت میں صفت مشبہ ہے ① مہجور ② علیحدہ ③ الگ ④ جدا ہوا ہوا ⑤ قافلہ سے الگ رہا ہوا ⑥ گم شدہ ⑦ آوارہ ⑧ کھویا ہوا۔

**بچھڑ جانا** (ہ) فعل ① جدا ہو جانا ② گم ہو جانا ③ کھویا جانا ④ بھول جانا ⑤ قافلہ سے الگ رہ جانا۔

**بچھنا** (ہ) فعل ① فرش ہونا ② عاجزی کرنا ③ انکساری سے پیش آنا۔

**بچھناک** (ہ) اسم مذکر۔ ایک زہریلی اور مہلک دوا۔

**بچھو** (ہ) اسم مذکر ① ایک ٹیڑھی دم والا زہریلا جانور ② کژدم ③ عقرب ④ برچھک ⑤ نیز ایک پہاڑی پودا ہوتا ہے جس



بچھو

کے پتوں کے چھوئے جانے سے بچھو کے کانٹے کی طرح جلن ہو جاتی ہے اور پالک ملنے سے رفع ہوتی ہے (بحالت صفت نہایت چالاک اور فتنہ انگیز)۔

**بچھوا** (ہ) اسم مذکر ① کٹار ② بانچہ ③ خنجر ④ جمدھر ⑤ چھوٹا چھرا ⑥ ایک اور ہتھیار کا نام بھی ہے جو بچھو کی دم کی طرح نہایت تیز اور ٹیڑھا ہوتا ہے ⑦ پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا زیور ⑧ سن کی خشک پھلی سے چھن چھن بولتی ہے ⑨ ایک قسم کا نہایت تیز اور چٹ پٹا اچار جس میں مرچیں بہت ہوتی ہیں۔

**بچھو کا منتر یاد نہیں سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالتا ہے** (ہ) مثل چھوٹے کام کے لائق نہیں بڑے کام کی خواہش کرتا ہے۔

**بچھونا** (ہ) اسم مذکر ① فرش ② بستر ③ توشک وغیرہ، ماتم اور سوگ کا ٹاٹ یا بوریا۔

**بچھونا اٹھنا** (ہ) فعل ① ماتم داری ختم ہونا ② سوگ دور ہونا ③ بستر تہ ہونا۔

**بچھونا پڑنا** (ہ) فعل۔ ماتم داری کے لئے بوریا وغیرہ بچھانا۔

**بچھونا** (ہ) اسم مذکر ① جدائی ② بجوگ ③ مفارقت۔

**بچھیا** (ہ) اسم مونث۔ اوسر گائے کا مادہ بچہ۔

**بچھیا کا باوا** (ہ) اسم مذکر ① بیل ② پرلے درجے کا بیوقوف ③ احمق ④ بےعقل ⑤ گاودی ⑥ جاہل۔

**بچھیرا** (ہ) اسم مذکر ① گھوڑے کا نر بچہ ② مجرا ③ تندرست ④ ہٹا کٹا ⑤ نوعمر نوجوان لڑکا۔

**بچھیرا پلٹن** (ا) اسم مذکر۔ نوجوان لڑکوں کی فوج نوعمر بچے۔

**بچھیری** (ہ) اسم مونث ① گھوڑے کا مادہ بچہ ② نوعمر گھوڑی ③ کمسن گھوڑی۔

**بچھیلا** (ہ) اسم مذکر آلہ وہ فاز جو ہل میں پھالی کے مضبوط رکھنے کو

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ٹھوک دیا جاتا ہے۔

بچی (ہ) اسم مونث ① چھوٹی لڑکی ② دختر ③ دوشیزہ ④ وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ ہوتے ہیں۔

بچے تو آپ سے نہ بچے تو سگے باپ سے (ا) مثل۔ عورت ذات اپنی مرضی سے بچ سکتی ہے حفاظت کرنے سے نہیں۔

بچے بھرانا (ہ) فعل ① پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا ② چوگا دینا۔

بچے مچے (ہ) اسم مذکر ① لڑکے بالے ② چھوٹے بڑے بچے وغیرہ۔

بچے نکلوانا (ہ) فعل ① مرغی وغیرہ کو انڈوں پر بٹھانا ② پرندوں سے بچے لینا ③ اولاد جنوانا۔

## ب ← ح

بحال (ء) صفت ① برقرار ② قائم ③ خوش ④ ٹھہرا ہوا ⑤ اچھی حالت میں ⑥ سرسبز ⑦ شاداب ⑧ تروتازہ ⑨ تندرست جیسے وہ اب بحال ہوگئے۔

بحال ہونا (ہ) فعل ① تندرست ہونا ② پھر اپنے کام پر لگنا ③ دوبارہ مقرر ہونا۔

بحال رکھنا (ا) فعل ① قائم رکھنا ② بدستور رکھنا ③ اسی طرح رکھنا جیسے پہلے تھا۔

بحال کرنا (ا) فعل ① دوبارہ اسی عہدے پر مقرر کرنا جس پر تھا ② بدستور اجازت دینا۔

بحالی (ا) اسم مونث۔ ① نئے سرے سے تقرری ② بدستور مقرر ہونا ③ خوشی ④ تازگی ⑤ خوشدلی ⑥ فرحت۔

بحث (ء) اسم مونث ① لغوی معنی کریدنا ② کھودنا ③ مجازی تکرار ④ مباحثہ ⑤ دلیل ⑥ حجت ⑦ جھگڑا سوال وجواب ⑧ گفتگو ⑨ مناظرہ۔ واسطہ۔ تعلق۔

بحثا بحثی (ا) اسم مونث ① تکرار باہمی ② گفتگو ③ جھگڑا ④ تنازع ⑤ ضدم ضدا۔

بحثنا (ا) فعل ① مباحثہ کرنا ② مناظرہ کرنا ③ جھگڑا کرنا ④ تکرار کرنا ⑤ بحث کرنا۔

بحرا (ء) اسم مذکر ① بڑا سمندر ② دریائے محیط مہا ساگر ③ شعر کا وزن ④ علم عرض میں ۱۹ مقررہ اوزان جن پر شعر کا وزن ٹھیک کرتے ہیں۔

بحرالکاہل (ء) اسم مذکر ① سمندر ② اس بہت بڑے قطعے کا نام ہے جو ایشیا کے مشرق اور امریکہ کے مغرب کی طرف واقعہ ہے۔

بحران (ء) اسم مذکر۔ بیماری کے زور کا دن، طبیعت اور مرض کے مقابلہ کا دن۔

بحراوقیانوس/ بحرظلمات (ء) اسم مذکر۔ سمندر کا وہ قطعہ جو عظیم امریکہ کے مشرق اور پرانی دنیا کے مغرب کی طرف واقعہ ہے۔

بحرجنوبی (ء) ① کرہ ارض کے جنوب کی طرف کے سمندر کو کہتے ہیں ② بحرخضر یا خزر ③ جھیل کیسپین۔

بحر کھلنا (ا) فعل ① دل کا پردہ اٹھنا ② ذہن اور حافظہ کا تیز ہونا ③ تبحر ہونا ④ ہردہ کھلنا۔

بحرمنجمد (ء) اسم مذکر جما ہوا سمندر وہ سمندر جس کا پانی برف کی طرح جما رہتا ہے، وہ ہیں ایک شمالی دوسرا جنوبی۔

بحری (ء) اسم صفت ① منسوب بہ بحر ② سمندری، دریائی ③ پانی کا رہنے والا۔

بحیرہ (ء) اسم مونث ① بحر سے اسم تصغیر ② چھوٹا سمندر جو تقریبا چاروں طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہو۔

## ب ← خ

بخار۔ (ء) اسم مذکر ① بھاپ ② گرمی ③ حرارت، تپ ④ غصہ کا جوش ⑤ کدورت ⑥ رنج۔

بخارات (ء) اسم مذکر۔ بخار کی جمع۔

بخار آنا۔ (ا) فعل ① تپ آنا ② بدن گرم ہونا۔

بخار چڑھنا۔ (ا) فعل ① جسم گرم ہونا ② تپ چڑھنا کسی سے ڈر لگنا ③ خوف کھانا جیسے اس کے نام سے بخار چڑھتا ہے۔

بخار دل میں رکھنا۔ (ا) فعل ① دل میں کینہ رکھنا ② عداوت اور بغض رکھنا۔

بخار نکالنا۔ (ا) فعل ① دل کا جوش نکالنا ② غصہ اتارنا ③ لڑنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بخاری۔(ا) اسم مونث ① کوٹھی ② کوٹھڑی جو باورچی خانے یا دالان وغیرہ میں غلہ رکھنے کی خاطر بنا لیتے ہیں ③ چمنی ④ انگیٹھی ⑤ جو دیوار میں بنا دیتے ⑥ جس کے ذریعہ دھواں چھت کے اوپر جا کر نکلتا ہے ⑦ امام بخاری کی تالیف کردہ احادیث نبویہ کی کتاب ⑧ جو صحیح بخاری کہلاتی ہے۔

بخت (ف) اسم مذکر ① حصہ، تقدیر ② قسمت، پرالبد ③ بھاگ ④ نصیب۔

بخت اڑ گئے بلندی رہ گئی۔(ا) مثل ① ملک اور ریاست سب کچھ جاتا رہا صرف نام باقی رہ گیا ② بے ملک نواب ③ نام کے رئیس۔

بخت آزمائی۔(ف) اسم مونث ① تقدیر آزمانا ② بھاگ پرکھنا ③ نصیبہ جانچنا ④ کوشش، جدوجہد۔

بختاور (ف) اسم صفت مشبہ۔ یا اسم فاعل ترکیبی ① بھاگوان ② صاحب نصیب یا اقبال ③ طنزاً ④ اس کے برعکس یعنی بدنصیب نربھاگ ⑤ بدقسمت۔

بختاوری (ف) اسم مصدری ① مونث ② خوش قسمتی ③ اقبالمندی (برعکس) کم بختی ④ شامت ⑤ نکبت ⑥ ادبار۔

بختوں جلی۔(ا) اسم مونث ① بدنصیب ② بدقسمت ③ بے اولاد ④ رانڈ ⑤ بال بدھوا۔

بختے (ا) دلے ہوئے بھنے چنے جن پر چھلکا نہ ہو، نخود بریاں کی دال۔

بختی (ف) اسم مذکر ① بڑا اونٹ ② تیز رفتار شیر، اس نسل کے اونٹ پہلے بخت نصر بادشاہ نے پالے تھے اس نسبت سے ان کی نسل بختی کے نام سے مشہور ہوگئی۔

بختیار (ف) اسم صفت ① نصیبے والا ② خوش نصیب ③ دولتمند ④ بااقبال ⑤ ایران کے ایک قبیلہ کا نام۔

بخرا (ف) اسم مذکر ① حصہ بانٹنا ② بھاگ ③ بھاجی۔

بخش (ف) اسم مذکر ① حصہ ② نصیب ③ قسمت، تقسیم ④ بھاجی (بحالت فعل) امر ہے بخشنا مصدر سے۔

بخش دینا (ا) فعل ① معاف کرنا ② سزا نہ دینا ③ مفت دیدینا ④ بلا معاوضہ دینا ⑤ حصہ بانٹنا ⑥ بھاجی تقسیم کرنا۔

بخشش (ف) مونث ① انعام ② عطیہ ③ معافی ④ عفو۔

بخشنا (ا) فعل ① دینا ② عطا کرنا ③ معاف کرنا ④ عفو کرنا ⑤ چھوڑ دینا۔

بخشوانا (ا) فعل ① معاف کرانا ② چھڑا دینا، عفو کرانا۔

بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی جئے گا (ا) مثل ① میں آپ کی عنایت نہیں چاہتا ② آپ کی مہربانی کے بغیر ہی اچھا ہوں ان مہربانیوں کو رہنے دیجئے ③ روایت ہے کہ ایک بلی نے چوہے کو ہاتھ مارا ④ ہاتھ جو پڑا اوچھا ⑤ چوہا ⑥ تو نکل گیا ⑦ مگر دم رہ گئی ⑧ چوہا بل میں جا گھسا بلی نے کہا کہ بھانجے تو ادھر تو آ ⑨ یہ لے اپنی دم لے جا۔

بخشی (ف) اسم مذکر ① فوج کی تنخواہ بانٹنے اور حساب کتاب رکھنے والا نوکر ② عام طور پر تنخواہ تقسیم کرنیوالا ③ فوج کی تنخواہ بانٹنے والا ④ سپہ سالار۔

بخشی خانہ۔ اسم مذکر ① ظرف مکان ② بخشی کا دفتر ③ فوج کی تنخواہ تقسیم ہونے کی جگہ۔

بخشی کا دھگڑ (ا) ① افسر سپاہ کا یار ② زبردست کا دوست ③ رستم کا سالا ④ زور آور کا، آشنا حاکم کا کوڑھی۔

بخل (ع) اسم مذکر ① لالچ ② طبع ③ کنجوسی ④ تنگدلی۔

بخوبی (ف) تابع فعل ① بآرام ② خوبی کیساتھ، اچھی طرح سے ٹھیک ٹھیک ③ صاف صاف۔

بخور (ع) اسم مذکر ① خوشبو ② سگندھت ③ دھونی۔

بخیر (ف) تابع فعل ① اچھی طرح سے ② خیریت کے ساتھ۔

بخیل (ع) اسم مذکر ① کنجوس ② تنگدل ③ ممسک ④ لالچی۔

بخیہ (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کی نہایت باریک سیون ② پکا ٹانکا ③ دہرا ٹانکا ④ جمع ⑤ سرمایہ، پونجی ⑥ حوصلہ ⑦ بساط ⑧ قابلیت۔

بخیہ ادھیڑنا (ا) فعل ① راز فاش کرنا ② حقیقت ظاہر کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

# ب ← د

بد۔اسم مونث۔وہ پھوڑا جو جڑوں میں اٹھتا ہے۔

بد (ف) اسم مذکر صفت ❶ نیک کے خلاف ❷ برا ❸ خراب ❹ ناقص ❺ نکما ❻ شریر ❼ فسادی ❽ فتنہ انگیز، مفسد۔

بداخلاق (ف۔ع) اسم صفت ❶ بری عادات والا، ناشائستہ ❷ بدتہذیب ❸ نالائق۔

بدارنا (ہ) فعل ❶ پھاڑنا ❷ چیرنا۔

بداسلوب (ا) اسم صفت ❶ بے ڈھنگا، بے ڈول ❷ بدراہ ❸ بدچلن۔

بداصل (ا) اسم صفت ❶ کمینہ ❷ بری نسل کا ❸ پاجی، بدذات ❹ کم ذات۔

بداطوار (ا) اسم صفت ❶ بدچلن ❷ برے چال چلن والا بے ڈھنگا۔

بدانتظامی (ا) اسم مونث ❶ بندوبست کا نہ ہونا ❷ ظلم ❸ ندھیر ❹ خراب انتظام ہونا۔

بداندیش (ف) اسم صفت ❶ برا چاہنے والا ❷ دشمن ❸ بری ❹ مخالف۔

بدباطن (ا) اسم صفت ❶ دل کا خراب ❷ کینہ ور سیاہ دل ❸ کپٹی ❹ برے دل کا۔

بدبخت (ا) اسم صفت ❶ بدنصیب ❷ قسمت کا ہیٹا ❸ مصیبت زدہ ❹ نربھاگ ❺ بھاگا دکھیا ❻ آوارہ ❼ خراب ❽ رختہ۔

بدبلا (ا) اسم مونث ❶ بری بلا ❷ بڑی بھاری چڑیل ❸ نہایت شریر۔

بدبو (ف) اسم مونث ❶ سڑاند ❷ خراب بو۔

بدپرہیزی (ف) اسم مونث ❶ بلا نوشی، بے اعتدالی، بے احتیاطی ❷ فضول خرچی ❸ عیاشی احتیاط نہ کرنا

بدتر (ب) اسم صفت ❶ نہایت خراب ❷ بہت برا ❸ ادنے درجہ کا۔

بدچلن (ا) اسم صفت ❶ بدراہ ❷ بد اطوار ❸ ناکارہ ❹ فضول خرچان ❺ سرگردان۔

بدخط (ا) اسم صفت ❶ خراب لکھنے والا ❷ بری تحریر والا ❸ برے خط والا ❹ بدنصیب۔

بدخلق (ا) اسم صفت ❶ بری عادت والا ❷ اکھڑ ❸ بد مزاج ❹ روکھا ❺ بے فیض۔

بدخو (ا) اسم صفت ❶ بدسیرت ❷ بری خصلت والا ❸ بداخلاق۔

بدخوابی (ا) اسم مونث ❶ ڈراونے خواب ❷ بے چینی ❸ نہانے کی حالت۔

بدخواہ (ا) اسم صفت ❶ براچاہنے والا ❷ دشمن، بیری۔

بدخواہی (ا) اسم مونث ❶ دشمنی، کسی کا براچاہنا ❷ عداوت ❸ بیر۔

بددعا (ا) اسم مونث ❶ کوسنا ❷ سراپ دینا ❸ بری دعا دینا۔

بددل (ا) اسم صفت ❶ ناراض ❷ ناخوش ❸ برداشتہ ❹ بدظن ❺ بدگمان۔

بددماغ (ا) اسم صفت ❶ مزاج کا چڑچڑا، ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینے والا ❷ مدمغ مغرور۔

بددماغی (ا) اسم مونث ❶ غرور ❷ تکبر ❸ چڑچڑا پن، خفگی ❹ ناراضگی۔

بددیانت (ا) اسم صفت۔خیانت کرنیوالا، خائن۔

بدذات (ا) اسم صفت ❶ کمینہ ❷ بدذات، پاجی۔

بدذہن (ا) اسم صفت ❶ کند ذہن ❷ کوڑمغز ❸ ناقص العقل۔

بدراہ (ف) اسم صفت ❶ بدچلن ❷ بدوضع ❸ کھوٹا ❹ گمراہ۔

بدرنگ (ف) اسم مذکر ❶ خراب رنگ ❷ بری رنگت والا ❸ تاش میں رنگ بدلا ہوا ❹ بری طرز کا۔

بدزیب (ف) اسم صفت ❶ غیر موزوں ❷ بدنما ❸ بھونڈا ❹ بیڈول ❺ نازیبا۔

بدسلوکی (ا) اسم مونث ❶ براسلوک کرنا ❷ برائی رکھائی ❸ بدی ❹ بری طرح پیش آنا۔

بدشگون یا بدشگنی (ا) اسم مونث۔نحوست، بدفالی۔

بدصورت (ا) اسم صفت ❶ بری شکل والا ❷ بھونڈی شکل کا ❸ بدشکلا۔

بدطینت (ا) اسم صفت ❶ بری نیت والا ❷ بدخو ❸ بری عادت والا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149017218

www.besturdubooks.net

**بدظن** (ا) اسم صفت ① بدگمان ② شکی ③ شک کرنے والا ④ برے خیال والا۔

**بدعملی** (ا) اسم مونث ① بے انتظامی ② اندھیر ③ حاکم کا ظلم ④ حکومت کی خرابی۔

**بدعہد** (ا) اسم صفت ① اقرار سے پھر جانے والا ② وعدہ پورا نہ کرنے والا ③ بے وفا۔

**بدفعلی** (ا) اسم مونث ① بدکاری ② زنا کاری ③ حرام کاری۔

**بدکار** (ا) اسم صفت ① حرامکار ② زنا کار ③ زانی ④ فاسق ⑤ فاجر ⑥ خرافاتی۔

**بدگمانی** (ف) اسم مصدری مونث ① بدظنی ② خیال فاسد ③ بے جا شبہ۔

**بدگوئی** (ف) اسم مصدری مونث ① غیبت ② چغلی ③ برائی ④ جھوٹ ⑤ بدی۔

**بدلحاظ** (ا) اسم صفت ① گستاخ، بے حیا ② بے ادب ③ بے شرم۔

**بدلگام** (ا) اسم صفت ① وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے منہ زور گھوڑا ② منہ پھٹ آدمی ③ گستاخ، سرکش ④ بے ادب۔

**بدمزاج** (ف) اسم صفت ① چڑ چڑے مزاج والا، غصیلا ② تند خو ③ ترش رو۔

**بدمزگی** (ف) اسم مصدری مونث ① ذائقہ کی خرابی ② رنجش ③ ناراضگی ④ مخالفت ⑤ ناموافقت، بگاڑ۔

**بدمزہ** (ف) اسم صفت ① بے سواد ② وہ شئے جس کا مزہ اچھا نہ ہو۔

**بدمست** (ف) اسم صفت ① بیہوش ② مست ③ نشہ میں چور ④ شیطان۔

**بدمعاش** (ف) اسم صفت ① حرام خور ② چور ③ لچا، گنڈا جس کی آمدنی اور روزی برے کاموں پر منحصر ہو ④ شریر۔

**بدمعاشی** (ف) اسم مصدری مونث ① شرارت ② حرام خوری ③ چوری ④ بدچلنی۔

**بدمعاملگی** (ف) اسم مصدری مونث ① لین دین کی صفائی نہ ہونا ② بدعہدی ③ بے ایمانی، نادہندگی۔

**بدمعاملہ** (ف) اسم صفت ① بے ایمان ② نادہندہ ③ لین دین کا خراب ④ بددیانت۔

**بدنام** (ف) اسم صفت ① رسوا ② برا ③ ناقص ④ عیبی، پرعیب ⑤ ذلیل۔

**بدنامی** (ف) اسم مصدری مونث ① رسوائی، ذلت ② بری شہرت۔

**بدنصیب** (ف) اسم صفت ① کم بخت ② بدقسمت ③ تقدیر کا ہٹیا۔

**بدنما** (ف) اسم صفت ① بے زیب ② بھونڈا ③ برا بھلا ④ ناقص ⑤ بری شکل والا ⑥ برا دکھائی دینے والا۔

**بدنظر دیکھنا** (ا) فعل ① بری نظر سے دیکھنا ② نفسانی شہوت سے گھورنا ③ دشمنی کی نظر سے دیکھنا ④ بری نیت سے دیکھنا۔

**بدنیت** (ف ء) اسم صفت ① بری نیت والا ② برے ارادے والا ③ لالچی ④ طامع ⑤ ندیدہ، زنا کا ارادہ ⑥ حرام کار ⑦ حرامکاری ⑧ بری خواہش والا۔

**بدوضع** (ء) اسم صفت ① بدچلن ② بد اطوار ③ حرام کار ④ بدصورت ⑤ بدشکل ⑥ نازیبا۔

**بدہضمی** (ء) اسم مصدری مؤنث ① ہضم نہ ہونا ② ہضم کی خرابی ③ سوء ہضمی ④ گرانی شکم۔

**بدہیئت** (ء) اسم صفت ① بدشکل ② بری شکل کا ③ بدصورت ④ مہیب (۔)

**بدا** (ہ) اسم مؤنث ① رخصت ② اجازت ③ جدائی ④ روانگی ⑤ دلہن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا ⑥ الوداع۔

**بدابدی** (ہ) اسم صفت ① ہماہمی، تکرار ② زبردستی ③ سینہ زوری ④ شرطیہ ⑤ ضروری ⑥ بحث۔

**بدبر کرنا** (ہ) فعل ① بدظن کرنا ② بدگمان کرنا۔

**بدا ہونا** (ہ) فعل ① قسمت میں ہونا ② نصیبوں میں ہونا ③ ضرور ہونا ④ شرطیہ ہونا ⑤ لازمی ہونا۔

**بدر کرنا** (ہ) فعل ① نکالنا ② خارج کرنا ③ جلاوطن کرنا ④ باہر نکال دینا ⑤ نکال باہر کرنا۔

**بدر نکالنا** (ہ) ① نقص نکالنا ② غلطی برآمد کرنا ③ ذمے لگانا ④ بقایا نکالنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**بدرنویسی** (ف) اسم مؤنث ① قابل ساعت رقوم کا لکھنا ② حساب کی ماہیت دریافت کرنا۔

**بدر رو** (ف) اسم ظرف مؤنث ① پانی باہر جانے کا راستہ ② موری ③ بڑی نالی۔

**بدر کامل** (ف) اسم مذکر ① پورا چاند ② چودھویں کا چاند ③ ماہ کامل۔

**بدرقہ** (ف) اسم مذکر ① رہبر ② رہنما ③ مددگار ④ سہارا ⑤ وسیلہ ⑥ اصلاح ⑦ درستی ⑧ اعتدال پر لانا ⑨ سپاہ محافظ۔

**بدری** (ہ) اسم مؤنث ① جست کے برتنوں پر سونے چاندی کا کام ② منسوب بہ بِدر جو دکن کے ایک شہر کا نام ہے جہاں سے یہ کاریگری ایجاد ہوئی تھی۔

**بدری** (ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کے ایک بڑے تیرتھ کا نام ہے جسے بدری ناتھ بھی کہتے ہیں۔

**بدستور** (ف) تابع فعل ① حسب دستور ② پہلے قاعدے کے موافق ① سابق دستور ② اسی طرح۔

**بدعت** (ع) اسم مؤنث ① دین میں نئی بات یا نئی رسم نکالنا ② نیا دستور ③ رخنہ ④ خرابی ⑤ جھگڑا، فساد ⑥ دنگا شرارت۔

**بدعتی** (ع) اسم صفت مذکر ① مذہب میں نئی بات اختراع کرنے والا ② مجازاً فسادی ③ مفسد ④ شریر ⑤ دنگئی ⑥ جھگڑالو ⑦ حجتی ⑧ ظالم ⑨ تشدد کرنے والا۔

**بدکانا** (ہ) فعل ① گھوڑے کو ڈرانا ② بھڑکانا ③ اکھیڑنا ④ چمکانا ⑤ دھمکانا ⑥ چونکانا۔

**بدکنا** (ہ) فعل ① بھڑکنا ② ڈر کر چونکنا ③ ڈرنا ④ اکھڑنا ⑤ چمکنا ⑥ بھاگنا۔

**بدل / بدلا / بدلہ** (ہ) اسم مذکر ① عوض، معاوضہ ② تبادلہ ③ انتقام ④ اُجرت ⑤ سزا ⑥ ایک شئے کے عوض۔

**بدل جانا** (ہ) فعل ① اور کا ہو جانا ② حالت غیر ہو جانا ③ وعدہ خلافی کرنا ④ بھول جانا۔

**بدلائی** (ہ) اسم معاوضہ مؤنث ① عوض ② معاوضہ بٹا سکتے کی تبدیلی کا معاوضہ۔

**بدلنا** (ہ) فعل ① تبادلہ کرنا ② پلٹنا۔ انقلاب ہونا ③ رنگ تغیر ہونا ④ تبدیل کرنا۔

**بدلوانا** (ہ) فعل ① پلٹوانا ② تبادلہ کرانا ③ ایک چیز کی جگہ دوسری دلوانا۔

**بدلہ** (ہ) اسم مذکر ① معاوضہ ② عوض ③ انتقام ④ اجر ⑤ پاداش ⑥ صلہ ⑦ انعام ⑧ بخشش، اجرت ⑨ محنتانہ۔

**بدلہ لینا** (ہ) فعل ① عوض لینا ② بدی کے عوض میں بدی کرنا ③ قصاص لینا۔

**بدلی** (ہ) اسم مؤنث ① تبدیلی ② منتقلی ③ تبادلہ ④ بادل کا چھوٹا ٹکڑا ⑤ ابر ⑥ بادل کی تصغیر ہے۔

**بدن** (ع) اسم مذکر ① اس کی جمع ابدان ہے ② جسم ③ دیہہ ④ تن ⑤ پنڈا ⑥ کایا ⑦ سریر (پنجابی) اندام نہانی ⑧ شرمگاہ۔

**بدن بگڑ جانا / بدن پھوٹ جانا۔** (ا) فعل ① جذام ہو جانا، کوڑھ ہو جانا ② ایک مرض سے جسم کا ہر عضو گر جانا۔

**بدن پر نہیں لتا پان کھائیں البتہ** (ا) مثل۔ غریبی میں امیری کے ٹھاٹھ رکھنا۔

**بدن پھیکا ہونا** (ا) جسم گرم ہونا ① بخار ہونا ② حرارت ہونا ③ تپ کے آثار۔

**بدن پھل جانا** (ا) فعل ① پھوڑے پھنسیوں یا گرمی دانوں سے تمام بدن بھر جانا ② تمام جسم پر پھوڑے نکل آنا۔

**بدن ٹوٹنا** (ا) فعل ① اعضا شکنی ہونا ② بدن میں سستی اور کسل ہونا ③ جسم درد کرنا۔

**بدن چرانا** (ا) فعل ① جسم کو سکیڑنا ② سریر کو چھپانا ③ جسم کو بچانا ④ بچا کر رکھنا ⑤ کام میں جسم کو نہ دینا ⑥ کام سے بچنا۔

**بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا** (ا) فعل ① سردی یا خوف کی وجہ سے بالوں کی جڑوں کا کھڑا ہو جانا ② سردی لگنا ③ ڈر لگنا ④ خوف کھانا ⑤ خوف کی حالت ہونا۔

**بدنا** (ا) فعل ① شرط لگانا ② شرط کرنا ③ اقرار کرنا ④ قول دینا ⑤ وعدہ کرنا ⑥ جاننا ⑦ سمجھنا ⑧ قرار دینا ⑨ ٹھہرانا۔

**بدنی** (ع) اسم مؤنث ① مفعولی معنوں میں ② مقررہ شرط ③ وہ شرط

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

جو فصل آنے سے پہلے غلے وغیرہ کے نرخ کے متعلق طے کر لیتے ہیں 4 رسائی 5 بیعانہ 6 نرخ 7 مقررہ قیمت۔

بدنی (ع) اسم صفت 1 منسوب بہ بدن 2 بدن کا، بدن کے متعلق 3 جسمانی۔

بدو (ع) اسم مذکر 1 عرب کے صحرانشین لوگ 2 بن باسی اور خانہ بدوش قبائل عرب چونکہ ان لوگوں کو لوٹ مار سے دریغ نہیں 3 لہٰذا یہ لفظ مجازاً لٹیرا 4 دھوکے باز 5 بدنام 6 ٹھگ 7 وغیرہ کے مذموم معنوں میں استعمال ہونے لگ گیا۔

بدو کرنا (ع) فعل 1 بدنام کرنا 2 رسوا کرنا 3 نکو جانا۔

بدو ہونا (ا) فعل 1 انگشت نما ہونا 2 رسوا ہونا 3 بدنام ہونا 4 نکو ہونا۔

بدولت (ع) تابع فعل 1 بباعث 2 بہ سبب 3 بہ طفیل 4 آسرے سے 5 طفیل۔

بدھ (ہ) اسم مؤنث 1 خدا 2 پرمیشور 3 بدھنا 4 چاند 5 طرح 6 ڈھب 7 وضع جیسے جس بدھ کا بنے بنالو 8 نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا 9 میزان۔

بدھ کھانا (ہ) فعل 1 موافقت ہونا 2 اتفاق رائے ہونا 3 پکنا 4 پگ آنا۔

بدھ ملانا (ہ) فعل 1 جنم پتری ملانا 2 زائچہ 3 مطابق کرنا 4 میزان کا مقابلہ کرنا 5 پڑتال کرنا 6 گھٹنا 7 ساز باز کرنا 8 تجویزیں بنانا 9 پرت پھیلانا۔

بدھ ملنا (ہ) 1 مطابق ہونا 2 مطابقت کھانا 3 موافقت ہونا 4 سازگاری ہونا 5 دوستی لگنا 6 کام بن جانے کی تجویز ہونا۔

بدھ (ہ) اسم مؤنث فعل 1 کچھ زانائی 2 بدھی ہوشیاری 3 تیز فہمی۔

بدھ (ہ) اسم مذکر 1 علیہم علیم گل 2 وشن جی کا نواں اوتار، عطارد ستارہ 3 ویزتک 4 آسمان کا منشی 5 کاتب 6 تقدیر 7 چہارشنبہ کا دن منگل سے اگلا دن 8 گوتم جس نے بدھ مت قائم کیا۔

بدھاتا (س) اسم مؤنث 1 خالق 2 خدا علیم 3 بھگوان 4 پرمیشور 5 برہما۔

بدھاوا (ہ) اسم مذکر 1 لغوی معنی بڑھوتری 2 زیادتی 3 اصطلاحی، بچہ پیدا ہونے یا شادی بیاہ کی خوشی میں جو انعام دعائے افزائش کے صلہ میں دیا جاتا ہے 4 مبارکباد 5 شادیانہ 6 آنند 7 خوشی 8 جے جے نار 9 بیاہ کا انعام۔

بدھائی (ہ) اسم مؤنث 1 شادیانہ 2 خوشی کے گیت 3 دیکھو بدھاوا۔

بدھائی دینا۔ بدھائی گانا (ہ) فعل 1 مبارکباد دینا 2 شادیانہ کے گیت گانا 3 مبارکباد کے راگ گانا 4 شادی کے ترانے سنانا۔

بدھنا (ہ) اسم مذکر۔ مٹی کا بڑی ٹونٹی والا لوٹا (۔)

بدھو (ہ) لغوی معنی 1 عقلمند 2 دانا 3 مگر طنزاً 4 بیوقوف 5 الو 6 احمق 7 مورکھ 8 گدھا۔

بدھوا (ہ) اسم مؤنث (ہندو) 1 وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو 2 رانڈ 3 بیوہ۔

بدھوان یا بدھمان (ہ) اسم صفت 1 ترکیبی 2 علم والا 3 عقل والا 4 عقلمند 5 تمیزدار 6 ہوشیار 7 ذکی 8 تیزفہم 9 سیانا۔

بدھی (ہ) اسم مؤنث 1 سمجھ 2 عقل 3 فہم 4 دانائی سمجھنے اور جاننے کی قوت۔

بدھی بھرشٹ (ہ) اسم صفت ترکیبی 1 لغوی معنی پلید 2 عقل والا 3 ناپاک عقل والا 4 اصطلاحی معنی بے تمیز 5 سراسر الو 6 وہ شخص جس کی عقل خراب ہو چکی، ہو بے عقل 7 بدفہم۔

بدھی (ہ) اسم مؤنث 1 پھولوں کا ہار جو اکثر دولہا کو پہنایا جاتا ہے 2 تلوار کا آڑا زخم 3 قمچی یا کوڑے وغیرہ کی بار کا نشان 4 حجام کا چھوٹا ٹپکا جو گلے میں ڈال لیتے ہیں 5 برما پھرانے کا چمڑا 6 گلے میں پہننے کا ایک زیور۔

بدھی پہنانا (ا) فعل 1 چمڑے یا ریشم وغیرہ کی بدھی ڈالنا 2 جرمنت کیلئے بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں 3 شادی میں دولہا کو پھولوں کا ہار پہنانا۔

بدھیا (ہ) اسم صفت 1 آختہ 2 خصی 3 وہ بیل جس کے فوطے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نکال ڈالے ہوں ④ آنڈو کے خلاف چھوٹا اور دوشاخہ گنا جو کہ نہایت میٹھا ہوتا ہے ⑤ نامردخنثہ ⑥ ہیجڑا ⑦ خوجہ۔

**بدھیا بیٹھنا** (ہ) فعل ① (لشکری زبان ہے) روپیہ ڈوبنا ② نقصان ہونا ③ ٹوٹا آنا ④ دیوالیہ نکالنا ⑤ مفلس ہونا۔

**بدھیا کرنا** (ا) فعل ① آختہ کرنا ② خصی کرنا ③ نامرد کرنا۔

**بدھیا مری تو مری مگر آگرہ دیکھ لیا** (ا) ذراسی تفریح کیلئے بہت سا نقصان گوارا کرلینا۔ تھوڑے سے آرام کی خاطر زیادہ گھاٹے کی پرواہ نہ کرنا، بے پرواہ اور لاابالی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**بدھیاں پڑنا** (ہ) فعل ① چوٹ کا نشان پڑنا ② قمچی یا کوڑے کی مار کا نشان ابھر آنا۔

**بدھیاں ڈالنا** (ہ) فعل ① مار مار کر نشان ڈالنا ② مار مار کر کھال ادھیڑنا ③ کھال اڑانا۔

**بدی** (ہ) اسم مونث ① اندھیرا پاکھ ② چاند کا دوسرا پاکھ ③ قمری مہینے کے آخری پندرہ دن ④ وہ پندرھواڑ جس میں چاند گھٹتا ہے۔

**بدی** (ف) اسم مونث ① برائی ② بدخواہی ③ چغلی ④ پیٹھ پیچھے برا کہنا۔

**بدی پر آنا** (ا) فعل ① برائی پر آمادہ ہونا ② دشمنی کو تیار ہوجانا ③ سرکشی کرنا ④ بغاوت پر کمربستہ ہونا ⑤ ضد کرنا ⑥ ہٹ کرنا۔

**بدی چیتنا** (ا) فعل ① برائی کا خیال کرنا ② برائی کی نیت کرنا ③ کسی کا برا منانا ④ برائی چاہنا۔

**بدی کرنا** (ا) فعل ① برائی کرنا ② دشمنی کرنا ③ تکلیف دینا ④ ستانا ⑤ غیبت کرنا ⑥ سرکشی اور ضد کرنا۔

**بدیا** (س) اسم مونث ① علم جاننا ② واقفیت ③ گن ④ ہنر ⑤ چالاکی ⑥ دھوکا ⑦ شاستر کا علم ⑧ علم فقہ وحدیث ⑨ چھل۔

**بدیارتھی** (س) اسم مذکر ① طالب علم ② متعلم ③ علم کا خواہشمند۔

**بدیاوان** (س) اسم فاعل ترکیبی مذکر مفید صفت عالم ① فاضل ② گنی ④ گیانی ⑤ فقہ دان ⑥ ماہر فن۔

**بدیس** (ہ) اسم مذکر ① دوسرا ملک ② غیر ملک ③ پردیس۔

**بدیسی** (ہ) اسم صفت ① منسوب بہ بدیس ② غیر ملک کا ③ پردیسی ④ مسافر ⑤ ویری ⑥ اجنبی۔

**بدیہہ** (ع) اسم مذکر ① صریح ② ظاہر ③ پرگھٹ ④ اظہر من الشمس ⑤ بے سوچے اور بلا تامل ⑥ کوئی صحیح اور درست بات کہنا ⑦ برجستہ کہنا۔

**بدیہی** (ع) اسم صفت از بدیہہ ① وہ بات جس کی دلیل کی ضرورت نہ ہو ② ظاہر ③ روشن ④ علانیہ ⑤ الم نشرح۔

## ب ← ڈ

**بڈارنا** (ہ) فعل ① جلا وطن کرنا ② نکالنا ③ باہر کرنا ④ چیرنا ⑤ پھاڑنا ⑥ ٹکڑے ٹکڑے اور پارچہ پارچہ کردینا جیسے اگیا کومت بڈارو گیتوں میں اکثر آتا ہے۔

**بڈھا** (ہ) اسم مذکر ① بہت لمبا چوڑا گڑھا ② کھائی ③ خندق ④ آواز ⑤ شروع ⑥ کٹائی اور کھدائی کا شروع کا حصہ جو کٹ گیا ہو یا کھدلیا ہو۔

**بڈھا لگانا** (ہ) فعل ① کھدائی یا کٹائی کا کام شروع کرنا ② آغاز کرنا ③ وار لگانا ④ نقب لگانا ⑤ کوبھل دینا۔

**بڈھا** (ہ) اسم مذکر صفت ① بوڑھا ② عمر رسیدہ، ضعیف ③ سالخوردہ ④ دیرینہ سال ⑤ پیر۔

**بڈھا لگنے لگنا** (ہ) فعل۔ بڑھاپے بغیر ہی بوڑھا معلوم ہونا۔

**بڈھی** (ہ) اسم صفت مونث ① بڑھیا عورت ضعیف العمر زال ② پیرزن ③ بوڑھی۔

## ب ← ذ

**بذاتہ** (ع) تابع فعل ① اپنی ذات خاص سے بذاتِ خود ② خاص آپ ہی ③ اپنے دم سے ④ بہ نفس نفیس۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**بذل** (ع) اسم مونث 1 سخاوت 2 انعام، بخشش 3 خرچ 4 صرف 5 عطا۔

**بذلہ** (ع) اسم مذکر 1 لطیفہ 2 چٹکلا 3 خوش طبعی کی بات یا دل پسند بات۔

**بذلہ سنج یا بذلہ گو** (ع+ف) اسم مذکر 1 صفت مشبہ 2 خوش طبع 3 مذاق آمیز گفتگو کرنے والا 4 لطیفہ گو۔

## ب ← ر

**بَرّ** (ع) اسم مذکر 1 بحر کی ضد 2 خشکی جنگل 3 بیاباں 4 زمین 5 دھرتی 6 میدان۔

**براعظم** (ع) اسم مذکر 1 خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں بہت سے ملک شامل ہوں جیسے ایشیا 2 افریقہ 3 یورپ وغیرہ۔

**بر** (ہ) اسم مذکر 1 خدا کی دی ہوئی طاقت 2 آسمانی برکت 3 مدد 4 برکت 5 خاوند بنا 6 نوشتہ 7 مراد 8 تمنا 9 دعا۔

**برجوگ** (ہ) اسم صفت 1 قابل شادی 2 بیاہنے کے لائق جوان اور بالغہ لڑکی۔

**بردینا** (ہ) فعل 1 طاقت دینا 2 مراد بخشنا 3 دعا دینا 4 خاوند دینا، بیاہنا 5 شادی کرنا۔

**برمانگنا** (ہ) فعل 1 مراد چاہنا، دعا مانگنا 2 تمنا کرنا 3 طلب خاوند کرنا۔

**بر** (ف) اوپر 1 بالا 2 بلند 3 پھل 4 تن بدن 5، سینہ پستان، بغل 6 چوڑائی 7 آغوش 8 کنار، پہلو 9 کوکھ۔

**برا** (ہ) اسم صفت مذکر 1 اچھا کی ضد 2 خراب 3 بدزبوں 4 نجس 5 پلید 6 نکما 7 ناروا 8 شریر 9 بدذات دشمن۔

**برابنا** (ہ) فعل 1 دشمن ہونا 2 ملزم ہونا 3 مخالف ہونا۔

**برا بھلا** (ہ) اسم صفت نیک و بد 1 روا ناروا ناجائز 2 گالی گلوچ 3 سخت سست 4 خلاف تہذیب 5 ناشائستہ۔

**برا بھلا کہنا** (ہ) فعل 1 لعنت ملازمت کرنا سخت سست کہنا 2 بھڑکنا 3 خفا ہونا۔

**برا بیٹا اور کھوٹا پیسہ وقت پر کام آتا ہے** (ا) مقولہ۔ 1 ہر شے کارآمد ہے 2 خواہ وہ کیسی ہی نکمی اور بری کیوں نہ ہو 3 کسی چیز کو برا نہ سمجھو 4 وقت پر برے سے برا بھی کام دے جاتا ہے۔

**براچیتنا** (ہ) فعل 1 بدخواہی کرنا 2 نقصان چاہنا۔

**برا حال کرنا / برا درجہ کرنا / برا لکھا کرنا** (فعل) 1 دق کرنا 2 ستانا 3 خراب کرنا 4 تباہ کرنا۔

**برا حال ہونا** (ہ) فعل۔ 1 خراب وخستہ ہونا 2 پتلا حال ہونا 3 مرنے کے قریب ہونا۔

**برا کام** (ا) اسم مذکر 1 شریعت یا مذہب یا تہذیب کے خلاف کام 2 بری حرکت 3 زنا کاری 4 حرامکاری 5۔ بدفعلی۔

**برا کہنا** (ہ) فعل 1 غیبت کرنا 2 بدنام کرنا 3 رسوا کرنا 4 شکایت کرنا۔

**برا لکھا** (ہ) 1 بدقسمتی 2 بے نصیبی 3 برا حال 4 بڑا درجہ 5 درگت۔

**برا لگنا** (ہ) فعل 1 ناگوار معلوم دینا 2 گراں گزرنا 3 زیب نہ دینا 4 ناموزوں ہونا۔

**برا ماننا** (ہ) فعل 1 ناخوش ہونا 2 ناراض ہوا 3 خفا ہونا 4 رنجیدہ دل ہونا 5 آزردہ دل ہونا۔

**برا نہ ہو** (ہ) کلمہ دعائیہ 1 بددعا کی جگہ بولتے ہیں 1 برا ہو 2 خانہ خراب 3 مصیبت پڑے 4 آفت آئے 5 ناس جائے 6 ستیاناس ہو۔

**براوقت** (ا) اسم مذکر 1 بری گھڑی 2 مصیبت کے دن 3 تنگی اور غریبی کا زمانہ 4 قسمت ناموافق ہونے کا وقت۔

**برا ہو** (ہ) کلمہ دعائیہ 1 بددعا ہے 2 خانہ خراب ہو 3 تباہی آئے 4 برباد ہو جائے 5 ناس ہو۔

**برابر** (ف) اسم صفت 1 مساوی 2 یکساں 3 نہ کم نہ زیادہ، ہمسر 4 ہم رتبہ 5 ہموار 6 چورس 7 سپاٹ 8 مستوی 9 قول کا پورا۔

**برابر برابر** (ف) تابع فعل 1 پاس پاس 2 پہلو بہ پہلو 3 ایک قطار میں۔

**برابر سرابر** (ا) اسم صفت (اس میں سرابر تابع مہمل یعنی بے معنی ہے) بیباق 1 یکساں، مساوی 2 نہ گھٹتی نہ بڑھتی 3 بالکل 4 برابر۔

**برابر کا** (ا) تابع فعل یا اسم 1 جوان 2 ہم قد جیسے برابر کا بیٹا 3 جوڑ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172218

کا④ پلے کا۔ ہمسر⑤ مساوی کا⑥ نصف کا۔

برابر کرنا (ا) فعل ① یکساں کرنا ② مساوی کرنا۔ ہموزن کرنا③ نا④ چورس کرنا⑤ حساب چکانا⑥ روپیہ گنوا دینا⑦ خرچ کر ڈالنا⑧ اٹھا دینا⑨ تباہ کرنا۔

برابر کی بانہہ (ہ) اسم مونث ① برابر کا بھائی ② دوست ③ رفیق ④ معاون ⑤ مددگار ⑥ ساتھی ⑦ چھوٹا بھائی۔

برابر کی ٹکر (ہ) اسم مونث ① مقابلے کا ② جوڑ کا، ہم پلہ ③ ہم رتبہ ④ ہمسر ⑤ یکساں زوروالا ⑥ برابر کی طاقت والا۔

برابر ہونا (ا) فعل ① یکساں ہونا ② مطابق ہونا ③ مساوی ہونا ④ ہموزن ہونا ⑤ بیباق ہونا ⑥ ہم قامت ہونا ⑦ خرچ ہونا ⑧ صرف ہونا ⑨ چورس ہونا۔

برابری (ف) اسم مونث ① یکسانیت ② مساوات ③ ہمسری ④ ہم منصبی ⑤ رقابت ⑥ مطابقت ⑦ موافقت ⑧ چورس ہونا ⑨ ہمواری۔

❀ برأت (ع) ① بیزاری ② نفرت ③ کراہت ④ ناگواری ⑤ لعنت ⑥ حقارت۔

برات (ف) اسم مونث ① حصہ ② قسمت ③ نصیب خوشی ④ شادمانی ⑤ بل ⑥ قبض الوصول۔

برات (ہ) اسم مونث ① دولہا کی سواری کا جلوس ② نوشہ کے ہمراہی ③ انبوہ ④ ازدحام ⑤ گنجفہ کی ایک بازی کا نام بھی ہے۔

برات چڑھنا (ہ) فعل ① بڑی شان وشوکت کے ساتھ دولہا کے جلوس کا دولہن کے گھر جانا ② داماد کا نکاح کیلئے بمعہ جلوس جانا۔

براتِ عاشقاں برشاخِ آہو (ف) مثل ① برات برشاخ آہو ② فارسی میں جھوٹے وعدے اور جھوٹی بات کو کہتے ہیں ③ مثل کے معنی ہیں کہ عاشقوں کے ساتھ جو وعدے ہیں وہ بالکل جھوٹے اور بے بنیاد ہیں ④ مطلب نکلنا مقصود وہونا ہے ⑤ جب ٹل گیا تو ٹل گیا۔

براتی (ہ) اسم مذکر ① دولہا کے ہمراہی ② برات کے آدمی ③ برات میں شامل ہونے والے لوگ۔

براتی تو کھایا پیا الگ ہوئے یا کام دولہا دلہن سے پڑتا ہے (ا) مثل ① قرض لیکر شادی کرنے کے موقعہ پر بولتے ہیں ② براتی تو کھاپی کر رخصت ہوئے، مصیبت دولہا دولہن پر آتی ہے جنہیں قرض کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔

براجمان ہونا (ہ) فعل ① رونق افروز ہونا ② بیٹھنا ③ تشریف رکھنا ④ زینت بخشنا ⑤ سجنا ⑥ کسی بڑے آدمی کے بیٹھنے اور تشریف لانے کے لئے بولتے ہیں ⑦ ادباً وتعظیماً۔

براجنا (ہ) فعل ① زیب دینا ② سجنا ③ جیسے پر پرمکٹ براجے ④ شان وشوکت سے بیٹھنا ⑤ تشریف رکھنا ⑥ رہنا ⑦ بسنا ⑧ فارغ البالی سے بسر کرنا ⑨ مزے سے گزارنا۔

برادر (ف) اسم مذکر ① بھائی ② بھیا ③ رشتہ دار، ہم مذہب ④ ہم پیشہ ⑤ ہم قوم۔

برادر اخیافی (ف+ع) ① وہ بھائی جن کی ماں ایک اور باپ جدا جدا ہوں ② گیلڑ پچھلگ۔

برادر اعیانی یا برادر حقیقی (فع) اسم مذکر ① ایک ماں باپ کی اولاد ② سگا بھائی ③ ایک ماں باپ سے پیدا شدہ بھائی۔

برادر رضاعی (ف) اسم مذکر ① دودھ شریک بھائی ② کوکہ ③ انا کا بیٹا ④ وہ لڑکا جس نے دوسرے لڑکے کے ساتھ ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہے۔

برادرزادہ (ف) اسم مذکر ① بھائی کا بیٹا ② بھتیجا۔

برادر علاتی (ف) اسم مذکر۔ سوتیلے بھائی جن کا باپ ایک مائیں جدا جدا ہوں۔

برادری (ف) اسم مونث ① قوم ② ذات، خاندان ③ گھر ④ رشتہ داری ⑤ قرابت ⑥ بھائی بندی، رشتہ دار ⑦ یگانہ ⑧ گروہ ⑨ جماعت۔

برادری سے خارج کرنا (ا) فعل ① ذات سے نکال دینا ② کسی قومی جرم پر قوم کا ایک شخص سے قطع تعلق کرنا ③ حقہ پانی بند کرنا۔

برادہ (ف) اسم مذکر ① چورا ② سفوف لکڑی کا جو سوہان یا آرہ وغیرہ سے نکلے یا لوہے کا جو ریتی کی رگڑ سے برآمد ہو ③ ریزہ۔

براز (ع) اسم مذکر ① پاخانہ ② میلا ③ گوہ ④ فضلہ ⑤ گند ⑥ نجاست ⑦ غلاظت ⑧ چرک۔

براق۔ اسم مذکر ① ایک مشہور بہشتی گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا چوپایہ جس پر سوار ہو کر رسول کریم شب معراج کو عرش پر گئے ② وہ تعزیہ جس کا چہرہ آدمی کا اور دھڑ گھوڑے کا سا ہوتا ہے۔

براق (ع) اسم صفت ① صیغہ مبالغہ ② چمکتا ہوا ③ نہایت چمکیلا ④

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جگمگاتا ہوا⑤ تیز رو برق رفتار⑥ ہوشیار⑦ چالاک⑧ مشتاق⑨ تیز ذہن۔

برآمد (ف) اسم مونث① نکاس② خرچ آمدنی③ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکلے۔

برآمدہ (ف) اسم مذکر① برانڈہ② سائبان۔

برآمد ہونا (ا) فعل① نکلنا② باہر آنا③ پایا جانا④ بازیافت ہونا⑤ ظاہر ہونا جیسے چوری کا سارا مال برآمد ہونا۔

بران (ف) اسم مذکر حالیہ① بہت تیز۔ نہایت کاٹ کرنے والا② کاٹ کر پھینک دینے والا۔

بڑآنا (ا) فعل① خواب میں بڑبڑانا② وحشت ناک خواب دیکھ کر ڈرنا③ سپنے میں باتیں کرنا۔

برنا (ہ) اسم صفت مذکر① بیگانہ② غیر کا③ وہ چیز جو اپنی نہ ہو④ پرایا⑤ دوسرے کا۔

برانچ (ا۔ی) اسم مونث① شاخ② ٹہنی③ ٹکڑا④ ڈالی۔

برانداز (ف) اسم صفت ترکیبی① لٹانے والا② برباد کرنے والا③ کھاؤ④ لٹاؤ⑤ مکھ لٹ۔

برانڈہ۔ اسم مذکر① اوپر کا باہر نکلا ہوا کمرہ② غلام گردش③ برآمدہ۔

برانڈی (ا۔ن) اسم مونث۔ انگریزی تیز شراب۔

برانڈی (ا) اسم مونث① بارانی② بارش اور سردی کے وقت اوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔

برانگیختہ کرنا (ا) اکسانا① ابھارنا② بھڑکانا③ اغواء کرنا④ بہکانہ⑤ آمادہ کرنا۔

برآورد (ف) اسم مونث① تنخواہ کا گوشوارہ② بل، فہرست حساب③ فرد تخمینہ۔

براہی (س) اسم مونث① کھجلی کی ماتا② پھپھولے والی دیوی۔

برائی (ہ) اسم مونث① بدی② زبونی③ خرابی④ نقصان⑤ قباحت⑥ نحوست⑦ شر⑧ شرارت، غیبت⑨ بدگوئی۔

برائے (ف) تابع فعل۔ واسطے کیلئے لئے۔

برائے خدا (ف) تابع فعل① خدا کے واسطے② خدارا③ خدا کیلئے④ للہ۔

برائے نام (ف) تابع فعل① نام کیلئے شہرت، کیلئے② فرضی③ خیالی④ جھوٹ موٹ۔

برباد (ف) اسم صفت① تباہ② ویرانا، جاڑ③ اوجڑ④ کھویا ہو⑤ خراب⑥ غارت⑦ تلف⑧ ضائع۔

برباد کرنا (ا) فعل① اجاڑنا② تباہ کرنا③ ویران کرنا④ کھونا⑤ اڑانا⑥ ضائع کرنا⑦ مفلس بنانا⑧ بگاڑنا⑨ مٹانا۔

برباد ہونا (ا) فعل① تباہ ہونا② اجڑنا③ لٹ جانا④ کنگال ہوجانا⑤ نام ونشان نہ رہنا۔

بربادی (ف) اسم مونث① تباہی② خرابی③ ناس④ ویرانی⑤ اجاڑا۔

بربرا (ہ) اسم صفت مذکر① خستہ② بھربھرا③ نرم آسانی سے رگڑا جانے والا۔

بربرانا (ہ) فعل① چھڑکنا② چھینٹا دینا③ برکنا④ برورنا۔

بربری (ف) اسم مونث صفت① منسوب بہ بربر② ملک بربر کی بکری جو خوبصورت③ چیتکبری اور بڑی ہوتی ہے (بحالت اسم مونث) ایک چھوٹی سی خوبصورت بکری④ جس کی بابت مشہور ہے کہ ہرن اور بکری کے ملاپ سے پیدا ہوتی ہے۔

بربری خانہ (ف) اسم ظرف مذکر① وہ جگہ جہاں شاہی بکریاں رہتی ہیں② کھڑک③ باڑا④ بکریوں کا احاطہ۔

بربط (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کا باجہ ہے جو ستار اور سارنگی کی طرح تاروں سے بجتا ہے

ابرپا (ف) اسم صفت① لغوی معنی پاؤں پر یعنی وہ شئے جو سیدھی اپنے سہارے کھڑی ہو مجازاً قائم② ٹھہرا ہوا③ برقرار۔

برپا کرنا (ا) فعل① کھڑا کرنا② قائم کرنا③ اٹھانا④ ٹھہرانا۔

برپا ہونا (ا) فعل① بلند ہونا② اٹھنا③ قائم ہونا④ ٹھہرنا۔

برت (س) اسم مذکر① روزہ② صوم③ بھوکا پیاسا رہنا④ اناج پانی نہ کھانا پینا۔

برت (س) اسم مونث① وجہ معاش② معیشت آمدنی③ مال و متاع④ معافی زمین⑤ حق⑥ نیگ ورثہ⑦ انعام⑧ ججمان⑨ پرورش کنندہ۔

برتا (ہ) اسم مذکر① طاقت② بل③ کس④ زور⑤ بھروسہ⑥ امید⑦ حوصلہ⑧ ہمت⑨ مقدور۔

برتا (ہ) اسم مذکر① برتنے کے قابل چیز② قابل استعمال③ لکڑی یا سرکنڈے کا گول سر والا قلم جس سے مبتدی بچے تختی پر مٹی ڈال کر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

یا زمین پر ہندی حروف لکھنے کی مشق کرتے ہیں۔

برتانا (ہ) فعل ① تقسیم کرنا ② بانٹنا ③ حصہ دینا ④ حصہ لگانا۔

برتانت (س) اسم مونث ① سرگزشت ② کتھا کہانی ③ حکایت ④ بیان حال ⑤ تذکرہ ⑥ خبر ⑦ اطلاع۔

برتاؤ یا برتاوا۔ (ہ) اسم مذکر ① سلوک ② رسم ③ طرز عمل درست ہونا ④ مہربانی سے پیش آنا۔

برتھ ڈے (ا۔ ی) اسم مذکر ① پیدائش کا دن ② سالگرہ ③ جنم دن ④ روز ولادت ⑤ روز پیدائش۔

برتر (ہ) اسم صفت ① زیادہ بلند ② نہایت اونچا ③ بہت بزرگی ④ نہایت عمدہ۔

برتری (ف) اسم مونث ① بیائے مصدری ② عمدگی ③ بزرگی ④ فضیلت ⑤ بڑائی۔

برتن (ا) اسم مذکر ① باسن ② بھانڈا ③ ظرف۔

برتنا (ہ) فعل ① کام میں لانا ② عمل میں لانا ③ تجربہ کرنا ④ آزمائش کرنا ⑤ بھگتنا ⑥ نباہنا ⑦ صرف کرنا ⑧ خرچ میں لانا ⑨ اٹھانا۔

برتھا (س) اسم صفت ① ضائع ② اکارت ③ رائگاں ④ فضول ⑤ لغو ⑥ یونہی ⑦ برباد۔

برتی (ہ) اسم مذکر ① روزہ دار ② صائم۔

برج (ء) اسم مذکر ① گنبد ② گمٹ ③ مٹھ ④ راس ⑤ سیارہ کا گھر یا مقام ⑥ آسمانی دائرہ کا نظری اور خیالی طور پر بارھواں حصہ ⑦ غبارہ، بیلون۔

برج (ہ) اسم مذکر ① متھرا کا ضلع ② گنگا اور اس کے معاونوں سے سیراب ہونے والا علاقہ یہ علاقہ کرشن جی کی پیدائش اور زبان کی فصاحت کے باعث بہت مشہور ہے۔

برج بھاشا / برج بھاکا (ہ) اسم مونث ① برج کی زبان ② متھرا ③ گوکل اور بندرابن کے علاقے کی بولی۔

برجستہ (ف) اسم صفت ① بے ساختہ ② بروقت ③ برمحل ④ بے تکلف ⑤ عین موقعہ پر۔

برجنا (ہ) فعل ① منع کرنا ② روکنا ③ باز رکھنا ④ سمجھنا ⑤ فہمائش کرنا۔

برجی (ہ) اسم مونث ① برج کی تصغیر ② چھوٹا برج مینار ③ گنبد کے اوپر کا گول کا حصہ۔

برچن (ہ) اسم مذکر۔ ہیروں کا چورن۔

برچھ (ہ) اسم مذکر ① درخت ② پیڑ ③ روکھ۔

برچھا (ہ) اسم مذکر ① لمبا نیزہ ② بھالا ③ بلم۔

برچھک (ہ) اسم مذکر ① برج عقرب ② آسمان کا آٹھواں برج۔

برچھی (ہ) اسم مونث ① چھوٹا نیزہ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے ② چھوٹا بھالا۔

برچھیت (ہ) اسم مذکر فاعل ① خوب نیزہ چلانے والا ② بھالے بردار ③ خوب برچھا پھرانے والا۔

برحق (ف) اسم صفت ① ٹھیک ② درست ③ بجا ④ واقعی ⑤ سچ ⑥ صحیح۔

برخاست (ف) ماضی مطلق از برخاستن بہ معنی اسم مفعول ① موقوف ② موقوف شدہ۔

برخاست کرنا (ا) فعل ① موقوف کرنا ② بند کرنا ③ ہٹا دینا ④ اٹھانا ⑤ علیحدہ کرنا۔

برخاستگی (ف) اسم حاصل مصدر از برخاستن مونث ① موقوفی ② علیحدگی ③ برطرفی۔

برخاست (ا) فعل ① موقوف ہونا ② دفتر وغیرہ بند ہونا ③ علیحدہ ہونا۔

برخلاف (ف) اسم صفت ① الٹا ② برعکس ③ مختلف ④ مخالف ⑤ ناموافق۔

برخوردار (ف) اسم صفت ① اقبال مند ② بااقبال ③ بختاور ④ زندگی کا پھل اٹھانے والا ⑤ حظ اٹھانے والا ⑥ بیٹا ⑦ پسر ⑧ فرزند ⑨ دعائیہ جیتے رہو۔

برخورداری (ا) اسم مونث ① کثیر الاولادی ② بہو بیٹی کا لقب۔

برد (ف) ① بالائی آمدنی ② فتوح ③ رشوت ④ نفع ⑤ یافت ⑥ شرط ⑦ شطرنج کی بازی میں جب اکیلا بادشاہ ہی رہ جاتا ہے تو وہ بازی برد کہلاتی ہے اور آدھی بازی سمجھی جاتی ہے جیت۔

برد دینا (ا) فعل ① ہارنا ② بازی دینا ③ آدھی مات کھانا۔

برد مارنا (ا) فعل ① بازی جتنا ② فائدہ اٹھانا ③ مال مارنا ④ رشوت لینا ⑤ غبن کرنا ⑥ آدھی مات کرنا ⑦ آدھی بازی جیت لینا۔

برداشت (ف) اسم مونث حاصل مصدر از برداشتن ① تحمل ②

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...7218

سہارا❸ بردباری❹ صبر❺ سنتوکھ❻ اچاپت❼ ادھار سودا اٹھانا❽ غمخواری❾ تیمارداری۔

**برداشت کرنا** (ا) فعل ❶ سہارا❷ سہنا❸ گوارا کرنا❹ جھیلنا❺ جانوروں کی غمخواری کرنا❻ ادھار سودا خریدنا۔

**برداشتہ خاطر ہونا** (ا) فعل ❶ دل اکھڑنا❷ بیدل ہونا❸ طبیعت اچاٹ ہونا❹ دل گھبرانا۔

**بردِ اطراف** (ع) اسم مذکر ❶ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ جانا❷ سیست ❸ ٹھنڈک❹ سردی۔

**بردبار** (ف) اسم صفت ❶ بھاری بھرکم❷ متحمل ❸ سہنے والا❹ برداشت کرنے والا❺ جھیلنے والا۔

**بردباری** (ف) اسم مونث ❶ تحمل❷ سہارا❸ برداشت❹ قناعت❺ صبر❻ اہلیت۔

**بردہ** (ف) اسم مذکر ❶ وہ لڑکے لڑکیاں جولڑائی میں ہاتھ لگیں❷ غلام❸ داس❹ بندہ❺ قیدی۔

**بردہ فروشی** (ف) اسم مونث ❶ غلام بیچنا❷ غلاموں کی تجارت۔

**برزباں تسبیح و دردل گاؤ خر** (ف) مثل ❶ زبان پر اللہ اللہ اور دل میں سوسو خیال ❷ ظاہر کچھ اور باطن کچھ ❸ ریاکاری کی عبادت❹ ظاہر میں نیک باطن میں خراب ❺ یکسو ہوکر عبادت نہ کرنا۔

**برزخ** (ع) اسم مذکر ❶ روک ❷ مزاحمت❸ وقفہ❹ عرصہ❺ مرنے سے لیکر قیامت تک کا وقت❻ خیالی صورت❼ تصوری شکل جیسے پیر کا برزخ❽ دو مخالف چیزوں کی درمیانی شئے❾ جس میں ان دونوں میں سے کسی کی صفات بھی عائد نہ ہوتی ہوں جیسے اعراف بہشت اور دوزخ کے درمیان برزخ ہے۔

**برزن** (ف) اسم مذکر ❶ کوچہ ❷ گلی❸ سڑک❹ چھوٹا راستہ۔

**برس** (ہ) سال❶ بارہ مہینے کا عرصہ ❷ سنہ۔

**برسا برس** (ہ) اسم مذکر ❶ تمام سال❷ ہر سال❸ سارا برس❹ برس دن کا تہوار❺ عید۔

**برس بدھاوا** (ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کی ایک رسم ہے جس میں بیاہ سے برس دن بعد جو چیزیں گھر آئی تھیں وہ واپس کی جاتی ہیں۔

**برس بیاوڑ** (ہ) اسم مونث ❶ ہر سال بچہ دینے والی گائے ، بھینس❷ مجازاً نیچی سوڑ کی عورت بچہ کش ❸ ظرافتاً عورت کیلئے بولتے ہیں۔

**برس دن کا دن** (ہ) اسم مذکر ❶ سالانہ تہوار❷ تعطیل❸ سال بھر میں ایک دن۔

**برسات** (ہ) اسم مونث ❶ بارش کا موسم❷ چوماسا برشکال❸ برکھا ریت❹ موسم باراں۔

**برساتی** (ہ) اسم مونث ❶ بارش کے وقت پہننے کا بڑا کوٹ❷ گھوڑوں ، اونٹوں اور بکریوں وغیرہ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے جو انہیں برسات کے دنوں میں ہوجاتی ہے اور ان کے پاؤں گل جاتے ہیں۔

**برساتی کیڑے** (ہ) اسم مذکر ❶ حشرات الارض❷ مجازاً وہ لڑکے بالے یا آدمی جو ایک ہی خاندان میں بکثرت ہوں❸ ڈوموں اور مراسیوں کو بھی کہا کرتے ہیں۔

**برسانا** (ہ) فعل ❶ بارش کرنا❷ اناج کو بھوسہ سے الگ کرنے کیلئے ہوا کے رخ گرانا❸ اناج سے بھوسہ الگ کرنا۔

**برساؤ** (ہ) اسم فاعل مذکر ❶ برسنے والا❷ برسنے کے قابل بادل❸ برسن ہار۔

**برس پڑنا** (ہ) فعل ❶ برا بھلا کہنا❷ گالیوں کا تار باندھ دینا❸ بارش کا شروع ہونا❹ مارنے لگنا❺ مہربانی کرنا۔

**برسر فرزند آدم ہرچہ آئد بگذرد** (ف) مثل ❶ انسان پر جو پڑتی ہے اسے سہ ہی لیتا ہے❷ جو مصیبت آدمی پر آتی ہے❸ آخر گزر ہی جاتی ہے۔

**برسنا** (ہ) فعل ❶ بارش ہونا❷ مینہ یا پانی پڑنا❸ گرجنا❹ روپیہ بکثرت آنا❺ خفا ہونا❻ گرجنا❼ نمایاں ہونا جیسے آنکھوں میں خون برس رہا ہے❽ پھوٹنا مواد نکلنا❾ غصہ اتارنا۔

**برسوں جھولنا** (ہ) فعل ❶ کسی امید یا انتظار میں برسوں گزر جانا❷ مدتوں سعی وتلاش میں رہنا۔

**برسویں دن** (ہ) تابع فعل ❶ سال بھر میں ایک بار ہر سال❷ سال پیچھے❸ سال بھر بعد۔

**برسی** (ہ) اسم مونث ❶ پورب❷ جاڑے میں آگ رکھ کر سینکنے کی انگیٹھی ، جسے کشمیری لوگ کانگڑی اور فارسی آتشدان بولتے ہیں۔

**برسی** (ہ) اسم مونث ❶ مردے کی سال پورا ہونے کی فاتحہ❷ مردہ کی سالانہ رسم۔

**برس** (ف) اسم مذکر ❶ ایک معجون کا نام ہے جس کا جزو اعظم افیون

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

ہے ② اسے برشعشہ بھی کہتے ہیں۔

برش (ای) اسم مذکر ① موقلم ② بالوں کا قلم ③ کونچی ④ اونی کپڑے یا ٹوپیاں وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔

برش (ف) اسم مونث ① حاصل مصدر از بریدن ② کاٹ ③ تیزی ④ چیر پھاڑ۔

برشا (ہ) اسم مونث ① برسات ② برکھارت ③ بارش کا موسم ④ چوما سا ⑤ برسنا۔

برشکال (س) اسم مونث ① برش بمعنی برسنا ② اور کال بمعنی وقت سے مرکب ہے یعنی برسنے کا وقت ③ موسم باراں ④ بارش کے دن ⑤ برسات ⑥ برکھارت۔

برص (ع) اسم مونث ① پھل بہری ② ایک مرض کا نام ہے جو خون کے فساد سے جسم پر سفید سفید داغوں کی صورت میں نمایاں ہوتا ہے ③ کچا کوڑھ۔

برطرف (فع) اسم صفت ① کنارہ پر ② الگ علیحدہ ③ جدا ④ موقوف۔

برطرف کرنا (ا) فعل ① موقوف کرنا ② علیحدہ کرنا ③ نوکری سے ہٹادینا ④ برخاست کرنا ⑤ نام کاٹ دینا۔

برطرفی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① برطرف کرنا ② علیحدگی ③ موقوفی ④ کنارے ہوجانا ⑤ معزولی ⑥ برخاستگی۔

برف (ف) اسم مونث ① کہر پالا ② پانی کے وہ جمے ہوئے بخارات جو روئی کی طرح سے آسمان سے برستے ہیں برف میں جما ہوا پانی ③ دودھ یا شربت (صفت میں) ٹھنڈی ④ اولاد ⑤ سفید براق ⑥ اجل۔

برف پرورد (ف) اسم صفت ① برف میں لگایا ہو ② برف میں رکھا ہوا۔

برف پڑنا (ا) فعل ① پالا پڑنا ② نہایت سردی پڑنا ③ برف برسنا۔

برف گلنا (ا) فعل ① برف گھلنا ② برف پگھلنا ③ نہایت سردی پڑنا۔

برف میں لگانا (ا) فعل۔ برف میں ٹھنڈا کرنا۔

برف ہونا (ا) فعل ① نہایت ٹھنڈا ہونا ② سرد اور خشک ہونا۔

برفانی (ف) اسم صفت۔ بڑا سرد وہ مقام جہاں برف زیادہ پڑتی ہو۔

برفی (ف) اسم مونث ① منسوب بہ برف ② ایک مشہور مٹھائی ہے جو دودھ اور کھانڈ کے قوام سے بناتے ہیں۔

برق (ع) اسم مونث ① بجلی ② صاعقہ ③ چمک ④ (بحالت صفت) چالاک ⑤ تیز رفتار ⑥ چمکدار۔

برق خرام۔ یا۔ برق رفتار (عف) اسم صفت مرکب ① تیز چلنے والا ② صبا رفتار ③ تیز رفتار ④ بہت جلدی چلنے والا۔

برق دم ہونا (ا) فعل ① نہایت تیز ہونا ② مستعد ہونا ③ چمکنا ④ آب دکھانا۔

برق ہے (ا) مقولہ ① نہایت تیز ② ہوشیار ③ چالاک ہے۔

برقرار (فع) اسم صفت ① قائم ② باقی ③ موجود ④ حاضر ⑤ بحال ⑥ مستقل جیسے اپنی جگہ برقرار ہوگیا ہے۔

برقع (ع) اسم مذکر ① نقاب ② پردہ ③ گھونگٹ ④ وہ سلا ہوا کپڑا جو عورتیں باہر نکلتے وقت سر سے لیکر پاؤں تک اوڑھ لیتی ہیں ⑤ لباس ⑥ پوشاک ⑦ جامہ جیسے فقیری شیر کا برقع ہے ⑧ وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔

برقع اٹھانا (ا) فعل بے پردہ کرنا ① منہ سے نقاب ہٹا دینا ② راز فاش کرنا ③ بھید ظاہر کرنا۔

برقع ڈالنا (ا) فعل ① برقع اوڑھنا ② بھید چھپانا ③ پردہ کرنا۔

برقنداز (ف) اسم مذکر ① (اصل میں برق اور انداز سے مرکب ہے) فوراً بندوق چلانے والا ② توڑے دار بندوق رکھنے والا سپاہی بندوقچی ③ سپاہی ④ چپراسی ⑤ محافظ ⑥ نگہبان۔

برک (ف) اسم مذکر۔ وہ اونی کپڑا جو اونٹ کی پشم سے تیار کیا جاتا ہے۔

برک (ہ) اسم مونث ① گاڑھے گزی کا تہہ کیا ہوا تھان ② بارہ گز لمبے کھدر کا تھان ③ بارہ گز کھدر کا لپٹا ہوا تھان ④ کورا یا دھلا ہوا۔

برکا (ہ) اسم مذکر ① قاش ② پھانک ③ دانتوں سے کاٹا ہوا۔

برکت (ع) اسم مونث ① زیادتی ② افزونی ③ افزائش ④ کثرت ⑤ بہتات ⑥ بالیدگی ⑦ نیک شگون کیلئے تولتے وقت بنئے لوگ پہلی تول پر ایک کی جگہ بھی بولتے ہیں ⑧ خاتمہ پر اور نہیں کی جگہ بھی یہ لفظ بولتے ہیں ⑨ اس کی جمع برکات بمعنی نعمتیں۔

برکت اٹھنا / برکت جانا (ا) فعل ① شے نہ رہنا ② افزائش

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

معلوم نہ ہونا③ بہتات نہ ہونا④ بے رونق⑤ رونق نہ رہنا⑥ زیادتی جاتی رہنا۔

برکت دینا (ا) فعل ① درازی بخشنا② اس معنی میں صرف عمر کے ساتھ مستعمل ہے اور لفظوں کے ساتھ افزونی اور زیادتی کے معنوں میں آتا ہے③ افزائش نصیب کرنا④ ترقی دینا⑤ بہتات عنایت کرنا۔

برکت ہونا (ا) فعل ① افزائش ہونا② دراز ہونا③ تمام ہونا④ ختم ہوچکنا۔

برکلا (ہ) اسم مذکر۔ گوبر کی چھوٹی چھوٹی لڑیوں کا ہار جو ہندو لوگ ہولی ماتا پر جلانے کیلئے چڑھایا کرتے ہیں۔

برکنا (ہ) فعل ① چھڑکنا② ڈالنا③ بکھیرنا④ چھینٹا دینا⑤ چٹکی سے باریک پسی ہوئی چیز کو بکھیرنا⑥ چلو میں پانی لیکر بوند بوند ڈالنا⑦ خوشوں اور بالوں کو اوپر سے کاٹنا۔

برکھ (س) آسمان کے برج ثور کا نام ہے جس کی شکل بیل کی سی مانتے ہیں اور یہ دوسرا برج ہے۔

برکھا (ہ) اسم مونث ① برشکال② برسات③ بارش④ مینہ۔

برکی ڈالنا/ برکی مارنا (ہ) فعل ① مٹی کی چٹکی پر جادو پڑھ کر ڈالنا② جادو کرنا③ جاد کی پڑیا مارنا④ اپنی محبت میں گرویدہ کرلینا⑤ فریفتہ کرنا⑥ عاشق بنانا⑦ موہ لینا۔

برگ (ف) اسم مذکر ① پتا② ورق③ پات④ ساز و سامان⑤ اسباب⑥ توشہ۔

برگاہ (ہ) اسم مذکر ① چھوٹی کڑی② چھوٹے چھوٹے ڈنڈے جو چھت میں کڑیوں کی جگہ غریب لوگ رکھ لیتے ہیں۔

برگد (ہ) اسم مذکر۔ بڑ کا درخت (پنجابی) بوہڑ۔

برگزیدہ (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی از برگزیدن ① چنا ہوا② چھانٹا ہوا③ منتخب④ پسندیدہ⑤ دل پسند⑥ ہردلعزیز⑦ نیک۔

برگشتہ (ف) اسم صفت بہ قاعدہ مفعول از برگشتن ① پھرا ہوا② باغی③ سرکش④ الٹا ہوا۔

برگشتہ بخت (ف) اسم صفت ① بدنصیب② بدقسمت③ نربھاگ④ ابھاگی۔

برگشتگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری پھرنا① انقلاب② الٹ پلٹ③ الٹا و پلٹا۔

برلا (ہ) اسم مونث ① کوئی کوئی② ایک آدھ③ خال خال④ شاذ و نادر⑤ انوکھا۔

برلانا (ا) فعل ① پورا کرنا② انجام کو پہنچانا۔

برما (ہ) اسم مذکر آلہ ① لکڑی میں چھید کرنے کا آلہ② سنبہ۔

برملنا (ہ) فعل ① برمے سے لکڑی میں چھید کرنا② سوراخ کرنا۔

برمحل (ع) اسم صفت ① عین موقع پر② ٹھیک وقت پر③ مناسب④ نہایت عمدہ⑤ ٹھکانے والی۔

برملا (ف) تابع فعل ① سرمجلس② علانیہ③ کھلم کھلا سب کے سامنے⑤ کھلے طور پر۔

برموہی (ہ) اسم صفت مونث ① برے منہ والی بھونڈی شکل کی② بدصورت۔

برن (س) اسم مذکر ① قوم② ذات③ فرقہ④ رنگ⑤ روپ⑥ نقشہ⑦ بناؤ سنگھار⑧ لباس⑨ حروف۔

برن سنکر۔ یا۔ برن شنکر (ہ) اسم مذکر ① دوغلا آدمی جس کا باپ اور قوم سے اور ماں اور قوم سے ہو② لوڈی بچہ③ سربھنگی آزاد۔

برن مالا (ہ) اسم مونث ① حروف تہجی② الف بے تے۔

برنا (ف) اسم مذکر ① نوجوان② نوعمر③ پورا جوان④ آدمی۔

برنا (ہ) اسم مذکر ① ایک درخت کا نام ہے جس کا پھل گولر سے مشابہ اور کڑوا ہوتا ہے② شادی یا بیاہ کرنا۔

برنج (ف) اسم مذکر ① چاول② پیتل۔

برنج کابلی (ع) اسم مذکر ① باؤبڑنگ② ایک دوا کا نام ہے۔

برنجی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① پتیلی② پیتل کا③ (صفت میں) چھوٹی کیل لوہے کی۔

برنن (ہ) اسم مذکر ① تفصیل② تشریح③ بیان④ اظہار⑤ خوبی⑥ بکھان۔

برنی (ہ) اسم مونث ① بھڑ② (پنجابی ڈیمو) ایک چھوٹا اڑنے والا زہریلا کیڑا زرد رنگ کا۔

برنی (ہ) اسم مونث ① وہ جگہ جہاں پلکیں اگتی ہیں② آنکھوں کے پپوٹوں کا کنارہ③ گنی۔

بروا (ہ) اسم مذکر ① پودا② درخت③ پیڑ④ بوٹا⑤ مجازاً⑥ نوجوان⑦ لڑکا⑧ معصوم⑨ ہونہار۔

بروت (ف) پونچھ۔ سبیل۔

www.besturdubooks.net

برودت (ع) اسم مونث ① سردی ② خنکی ③ ٹھنڈک۔
بروٹھا (ہ) اسم مذکر ① ڈیوڑھی ② دہلیز۔
برودھ (س) اسم مذکر ① دشمنی ② بیر ③ عداوت ④ مخالفت ⑤ حسد ⑥ کینہ ⑦ فساد۔
برودھی (س) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی جھگڑالو ① فسادی ② دشمن ③ بیری۔
بروقت (فع) تابع فعل ① عین وقت پر ② ٹھیک موقع پر ③ حسب موقع ④ نہایت مناسب۔
بروگ (ہ) اسم مذکر ① بچھوڑا ② تفرقہ ③ جدائی ④ ہجر ⑤ فراق ⑥ علیحدگی ⑦ برہ۔
بروگن (ہ) اسم مونث ① فراق زدہ عورت ② مہجور برہ کی ماری ③ ہجراں زدہ عورت۔
بروگی (ہ) اسم مذکر ① اپنے یار سے بچھڑا ہوا مرد ② ہجر کا مارا ③ فراق زدہ مرد۔
برہ (ف) اسم مذکر ① بھیڑ یا بکری کا چھوٹا سا بچہ ② حلوان ③ بزغالہ ④ بکروٹا۔
برہ فلک (ف) برج حمل۔ آسمان کا پہلا برج۔
برہ (ہ) اسم مذکر ① ہجر ② جدائی ③ مفارقت ④ دوری ⑤ مفارقت کا راگ ⑥ جدائی کا گیت۔
برہان (ع) اسم مونث ① دلیل ② حجت ③ قطعی اور پکا ثبوت۔
برہان انی (ع) ایک قسم کی دلیل جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کرتے ہیں۔
برہسپت / برسپت (ہ) اسم مذکر ① ایک ستارے کا نام ہے جسے عربی میں مشتری اور برجیس اور فارسی میں ہرمزد اور قاضی فلک کہتے ہیں ② پنجشنبہ ③ جمعرات ④ بیروار۔
برہم (ف) اسم صفت ① خفا ② رنجیدہ ③ ناراض ④ الٹ ⑤ پلٹ۔
برہم ہونا (ا) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہونا ③ گڈمڈ ہونا ④ تباہ ہونا ⑤ تتر بتر ہونا ⑥ گڑبڑ ہونا ⑦ بگڑنا۔
برہم (س) اسم مذکر ① ہرجا موجود ② پرمیشر ③ خدا ④ وید ⑤ برہما ⑥ خالق ⑦ برہمن ⑧ روح۔
برہم بھوج (س) مذکر ① برہمنوں کی ضیافت ② برہمن کو کھانا کھلانا ③ برہمن جمانا۔
برہمچاری (س) اسم مذکر ① ویدوں اور شاستروں کا عالم ② پرہیزگار ③ پاکدامن ④ وہ آدمی جو وید اور شاستر کا طالبعلم ہو ⑤ برہمنوں کی عمر کا وہ حصہ جس میں وہ ودیا سیکھتے ہیں۔
برہم چرج (س) اسم ① عفت ② پاکدامنی۔
برہم ہتیا (ہ) اسم مذکر ① برہمن کشی ② برہمن کو مارنا ③ برہمن کا قتل۔
برہما (ہ) اسم مذکر ① ہندوستان کے جنوب مشرق میں ایک ملک ہے ② خالق ③ خدا ④ پرمیشور ⑤ روح ⑥ بھگوان۔
برہمن (ہ) اسم مذکر ① وید جاننے والا ② پنڈت وید کا عالم ③ خداشناس ④ عارف ⑤ ہندوؤں کا پجاری ⑥ ہندوؤں کا پیر ⑦ ہندوؤں میں سب سے اونچی ذات کا نام بھی ہے۔
برہمی (ف) اسم مونث ① ابتری ② گڑبڑ ③ خرابی ④ ناراضگی ⑤ رنجیدگی۔
برہمی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① ملک برہما کا باشندہ ② ملک برہما کی چیز۔
برہن (ہ) اسم مونث ① بروگن ② ہجراں زدہ عورت ③ خاوند سے دور عورت ④ عاشقہ۔
برہنہ (ف) اسم صفت ① ننگا ② عریاں ③ کھلا ہوا۔
برہی روٹی (ہ) اسم مونث ① وہ روٹی جس کے اندر دال ② قیمہ یا آلو وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں۔
برہیلا (ہ) اسم مذکر ① سوئر ② خنزیر ③ خوک ④ باہر ہیڑا ⑤ جنگلی سور۔
بری (ہ) اسم مونث ① سامان ② ساچق ③ وہ وہ اور اشیاء ④ زیورات وغیرہ جو نکاح سے پہلے دولہا کی طرف سے دولہن کے گھر بھیجے جاتے ہے۔
بری (ع) اسم صفت ① آزاد ② چھوٹا ہوا ③ باہر مستثنے ④ خارج ⑤ پاک ⑥ بیگناہ ⑦ بیقصور۔
بری الذمہ (ع) اسم صفت ① ذمہ داری سے ② پاک ③ جوابدہی سے خارج ④ وہ شخص جس پر ثبوت جرم نہ ہو۔ معاملہ سے مستثنے۔
بری (ہ) اسم صوت مونث۔ ہاتھی کے ہانکنے اور چلانے کی آواز جو فیلبان بولتے ہیں۔
بری (ع) اسم صفت ① خشکی کا ② جنگلی ③ زمین کی چیز ④ بحری کی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...7218
www.besturdubooks.net

ضد۔

**بری** (ہ) اسم صفت مونث (1) ناقص (2) خراب (3) بد نکمی (4) ردی (5) ناپسند۔

**بری بست/ بری چیز** (ہ) اسم مونث (1) صفت وموصوف (2) ناقص چیز (3) نکمی چیز (4) حرام شے۔

**بری سنانا** (ہ) فعل (1) ہوئی بات کہنا (2) خراب باتیں بیان کرنا۔

**برے حالوں جینا۔** (ہ) فعل (1) غریبی اور مفلسی میں زندگی بسر کرنا (2) خراب وخستہ حالت میں بسر کرنا۔

**برے کی جان کو رونا** (ہ) فعل (1) ظالم کے ظلم کی شکایت کرنا (2) ظلم پر صبر کرنا (3) قہر درویش بر جان درویش (4) مجبوراً ظلم سہنا۔

**بریاں** (ف) اسم صفت بصیغہ اسم حالیہ از برشتن (1) بھنا ہوا (2) پکا ہوا (3) پک کر سرخ ہوا ہو۔

**بریاں لینا** (ہ) اسم مونث (1) دفعہ (2) باری (3) نوبت وار (4) وقت (5)

**بریانی** (ف) اسم مونث (1) ایک قسم کا پلاؤ (2) جس میں گوشت بھون کر ڈلا جاتا ہے۔

**بریت** (ء) اسم مونث (1) رہائی (2) آزادی (3) چھٹکارا (4)۔ نجات (5) خلاصی (6) معافی۔

**بریٹھا** (ہ) اسم مذکر (1) پورب میں دھوبی (2) گاذر (3) کپڑے دھونے والا۔

## ب ← ڑ

**بڑ** (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے جو بڑے پھیلاؤ کا ہوتا ہے، جس میں لال لال رنگ کی جڑی ڈاڑھی کی سی لٹکتی ہیں۔

**بڑ** (ہ) اسم مونث (1) بکواس (2) مجذوبانہ باتیں دیوانوں جیسا کلام۔

**بڑا** (ہ) اسم صفت بڑا کا مخفف۔ عموماً دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر آتا ہے۔

**بڑبولا** (ہ) اسم مذکر (1) صفت بہ ترکیب فاعلی بڑا بول بولنے والا (2) شیخی بگھارنے والا (3) گھمنڈ کرنے والا۔

**بڑبھاگی** (ہ) اسم صفت (1) بڑی قسمت والا (2) بڑے نصیبے والا۔

**بڑپن/ بڑپنا** (ہ) اسم مذکر (1) بڑا ہونا (2) بزرگی (3) شان وشوکت (4) بڑائی (5) عزت (6) مرتبہ (7) درجہ۔

**بڑپیٹا/ بڑپیٹو** (ہ) اسم مذکر صفت (1) بڑے پیٹ والا (2) توندل (3) حریص (4) بلانوش۔

**بڑدیتا** (ہ) اسم صفت (1) بڑے دانتوں والا (2) دانتوں۔

**بڑکنا** (ہ) اسم صفت (1) بڑے بڑے کانوں والا (2) دراز گوش۔

**بڑگرو** (ہ) اسم صفت (1) بڑا گرو (2) گروگھنٹال (3) خاندان کا سب سے بڑا آدمی (4) قبیلہ میں سب سے بزرگ۔

**بڑما** (ہ) اسم صفت مونث (1) بڑی اماں کا مخفف ہے طنزاً اس عورت کو کہتے ہیں جو بڑی تو ہو اور اپنے آپ کو بڑی جانے (2) بڑے لوگوں میں شریک ہونے والی۔

**بڑمہی** (ہ) (1) بڑی تھوتھنی والی عورت (2) مجازاً سورنی طنزاً بکواسن اور مغرور عورت۔

**بڑا** (ہ) مونگ یا ماش کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیاں یا قلمیں۔

**بڑا** (ہ) اسم صفت مذکر (1) بزرگ (2) اعلیٰ (3) برتر (4) نمایاں (5) جیسے بڑا کام کیا (6) لمبا (7) طویل (8) بلند اونچا (9) موٹا معزز۔

**بڑا ابا** (ا) اسم مذکر (1) بڑا چچا (2) تایا (3) خسر (4) سسرا (5) (بازاری لوگ) استاد (6) پیر (7) شریر۔

**بڑا آدمی** (ا) اسم مذکر (1) دولتمند (2) جلیل القدر (3) معزز (4) ذی عزت۔

**بڑا آزار** (ا) اسم مذکر (1) کوڑھ (2) تپ دق (3) سل (4) (عورتیں)۔

**بڑا بوڑھا** (ہ) اسم مذکر (1) مربی (2) سرپرست۔

**بڑا بول** (ہ) اسم مذکر۔ شیخی اور غرور کی بات تکبر کا لفظ۔

**بڑا بول بولنا** (ہ) فعل (1) غرور کی باتیں کرنا (2) غرور کرنا (3) شیخی مارنا۔

**بڑا جانور** (ا) اسم مذکر۔ گائے بیل۔

**بڑا چلہ** (ا) زچہ۔ چالیسویں دن کا غسل۔

**بڑا دن** (ہ) اسم (1) دسمبر کی ۲۵ تاریخ (2) انگریزی تحقیق کے موافق بگ ڈے کا ترجمہ ہے جس کے معنی بزرگ دن یعنی مقدس اور کرسمس ڈے بڑا دن۔

**بڑا دیدہ ہونا** (ا) فعل (1) گستاخ اور بیوقوف ہونا (2) نڈر اور بیباک ہونا (3) من چلا ہونا۔

**بڑا رستہ پکڑنا** (ہ) فعل (1) دور کا سفر اختیار کرنا (2) مرنا (3) انتقال

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140677218

کرنا❹

بڑا روگ (ہ) اسم مذکر ❶ کوڑھ ❷ تپ دق ❸ سل۔

بڑا شخص (ہ) اسم صفت ❶ جلیل القدر آدمی ❷ تجربہ کار ❸ عالی فہم ❹ عالی دماغ۔

بڑا صاحب (ا) اسم مذکر ❶ حاکم اعلیٰ ❷ افسر اعلیٰ۔

بڑا کرنا (ہ) فعل ❶ بڑھانا ❷ بلند رتبہ کرنا ❸ جوان کرنا ❹ تائید کرنا ❺ پروان چڑھانا ❻ پال پوس کر ہوشیار کرنا ❼ چراغ گل کرنا ❽ عزت دینا۔

بڑا کوئی / بڑا کوئی (ہ) اسم صفت ❶ چالاک ❷ ہوشیار ❸ بڑا استاد ❹ شریر ❺ بدمعاش ❻ عیار۔

بڑا گھر (ہ) اسم مذکر ❶ لمبا چوڑا مکان ❷ امیر گھر ❸ قید خانہ ❹ جیل خانہ۔

بڑا گھرانا (ہ) اسم مذکر ❶ امیر گھر ❷ اعلیٰ خاندان ❸ معزز قبیلہ۔

بڑا نام کرنا (ا) فعل ❶ شہرت پانا ❷ مشہور کرنا ❸ نہایت اعلیٰ کام کرنا ❺ ناموری حاصل کرنا۔

بڑا پا (ہ) اسم مونث ❶ بڑائی ❷ بڑا پن ❸ بزرگی ❹ عظمت ❺ دیرینہ سال ہونا۔

بڑانا (ہ) فعل (گنوار) ❶ داخل کرنا ❷ گھسیڑنا ❸ دھکیلنا ❹ باڑنا۔

بڑانا (ہ) فعل ❶ بکنا ❷ بہکنا ❸ بڑ ہانکنا ❹ بکواس کرنا ❺ بڑبڑانا ❻ شوروغل مچانا، جیسے اونٹ بڑاتا ہے ❼ خواب میں کچھ بولنا ❽ بڑ مارنا۔

بڑانا (ہ) فعل ❶ چلانا ❷ حواس باختہ ہو جانا ❸ گھبرا اٹھنا ❹ مگر کسی چیز کی تنگی سے۔

بڑا نوالہ کھائے بڑا بول نہ بولے۔ (ا) مثل ❶ امیرانہ کھانے کھائے مگر غرور نہ کرے ❷ غذا عمدہ کھائے مگر شیخی اور تکبر کے پاس تک نہ پھٹکے۔

بڑائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بڑا ہونا ❷ عظمت ❸ بزرگی ❹ کلانی ❺ عمر کی زیادتی ❻ درازی عمر ❼ خوبی ❽ برتری ❾ مدح وثناء۔

بڑائی دینا (ہ) فعل ❶ عزت دینا ❷ درجہ بڑھانا ❸ بڑے عہدے تک پہنچا دینا۔

بڑائی کرنا (ہ) فعل ❶ تعریف کرنا ❷ سراہنا ❸ ستائش کرنا ❹ شیخی مارنا ❺ لاف زنی کرنا ❻ خودستائی کرنا ❼ متعدی ولازم۔

بڑائی مارنا (ہ) فعل لازم ❶ خودستائی کرنا ❷ ڈینگ مارنا۔

بڑبڑ (ہ) اسم مونث ❶ جھک جھک ❷ بک بک ❸ بکواس ❹ دروغ گوئی۔

بڑبڑانا / بڑبڑانا (ہ) فعل ❶ منہ ہی منہ میں باتیں کرنا ❷ چپکے چپکے برا کہنا ❸ بکنا ❹ حقارتاً تسبیح پھیرنا ❺ وظیفہ کرنا۔

بڑبڑیا (ہ) اسم مذکر ❶ بڑ ہانکنے والا ❷ بکواسی ❸ بیہودہ گو ❹ شیخی خور۔

بڑبھس (ہ) اسم مونث ❶ بڑھاپے میں جوانی کی باتیں ❷ مجازاً وہ بدمزاجی کی باتیں جو بڑھاپے میں انسان کیا کرتا ہے۔

بڑبھس لگنا (ہ) فعل ❶ بڑھاپے میں مستی چھوٹنا ❷ بوڑھا ہو کر جوانی کی باتیں کرنا ❸ باسی کڑھی میں ابال آنا۔

بُڑک (اسم مذکر۔ پورب) دانت کی گرفت ❶ منہ سے کاٹنا ❷ دانتوں کی کاٹ (حیوان کی)۔

بڑک (ہ) اسم مونث ❶ ڈبکی ❷ غوطہ (پنجابی ٹبی)۔

بڑک (ہ) اسم مونث ❶ پاؤں کی آہٹ ❷ کھڑکا، آواز پا ❸ صدائے رفتار ❹ وہ کھڑکا جو برتنوں وغیرہ کے اندھیرے میں باہم ٹکرانے سے ہو ❺ چوروں کے چھت پر چلنے پھرنے کی آواز۔

بُڑکا (ہ) اسم مذکر (پورب) ❶ انسانی دانتوں کی گرفت ❷ دانتوں کی کاٹ (پنجابی چک)۔

بڑ مارنا / بڑ ہانکنا (ہ) فعل ❶ بکواس کرنا ❷ بیہودہ گوئی کرنا ❸ بے تکی ہانکنا ❹ شیخی بگھارنا ❺ یاوہ گوئی کرنا۔

بڑنا (ہ) فعل ❶ داخل ہونا ❷ گھسنا ❸ اندر جانا۔

بڑنکا (ہ) اسم مذکر ❶ بڑی ناک والا ❷ معزز ❸ عزت دار۔

بڑنگا (ہ) اسم مذکر۔ چھت کی کڑی تیر سقف۔

بڑوں کی بڑی بات (ا) محاورہ ❶ تجربہ کاروں کی بات پختہ اور درست ہوتی ہے۔ ❷ امیروں ❸ افسروں اور حاکموں کے خیالات اور باتیں بھی اعلیٰ اور زندہ ہی ہوتی ہیں۔

بڑولی (ہ) اسم مونث ❶ برہٹے ❷ بڑ کے درخت کا پھل جس طرح پیپل کے پھل کو پیپلی کہتے ہیں، اسی طرح بڑ کے پھل کو بڑولی اور نیم کے پھل کو نمولی یا نبولی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**بڑھاپا** (ہ) اسم مذکر ① پیرانہ سالی ② بوڑھا ہونے کے نشان ③ کہن سالی۔

**بڑھار** (ہ) اسم مونث ① ضیافت رخصت و داعگی کی ضیافت جو دولہن ولوں کی طرف سے آخری دن ہوتی ہے ② قاعدہ ہے کہ فال اور شگون نیک کی وجہ سے بڑھانا کا لفظ رخصت اور وداع کی موقعہ پر بولتے ہیں، جیسے چراغ بڑھانا، دوکان بڑھانا اسی اصول پر یہ لفظ بڑھار یعنی وداعگی کا کھانا بوجہ فال خیر۔

**بڑھانا** (ہ) فعل ① زیادہ کرنا ② دراز کرنا ③ لمبا کرنا ④ پھیلانا ⑤ کھینچنا، جیسے تار بڑھانا ⑥ ترقی کرنا ⑦ بلند کرنا ⑧ اونچا کرنا۔

**بڑھاوا** (ہ) اسم مذکر ① لغوی معنی زیادتی ② جھوٹی تعریف ③ لوبھ ④ طمع ⑤ تحریص ⑥ ترغیب ⑦ خوشامد ⑧ فریب ⑨ بہکاوا۔

**بڑھاوا دینا** (ہ) فعل ① جھوٹی ہمت بڑھانا ② لالچ دینا ③ جھوٹی تعریف سے ہمت بڑھانا ④ پہلا سرا دینا۔

**بڑھاوے میں آنا** (ہ) فعل ① خوشامد میں آنا ② تعریف پر پھول جانا۔ لالچ میں آنا ③ دھوکے میں آنا۔

**بڑھ بڑھ کے بولنا** (ہ) فعل ① فخر کی باتیں کرنا ② شیخی بگھارنا ③ حیثیت سے بڑھ کر بولنا۔

**بڑھتی** (ہ) اسم صفت ① زیادہ ② افزوں ③ فالتو ④ زائد ⑤ معمول سے زیادہ ⑥ برکت ⑦ زیادتی۔

**بڑھتی دولت** (ا) اسم مونث ① دن بدن بڑھنے والی دولت ② ترقی کرنے والی دولت ③ مراد کے موافق زیادہ ہونے والی دولت۔

**بڑھ جانا** (ہ) فعل ① اندازے سے زیادہ ہوجانا ② عہدے مرتبے اور عزت میں ترقی کرنا ③ آگے نکل جانا۔

**بڑھ چلنا** (ہ) فعل ① حیثیت سے باہر قدم رکھنا ② مغرور ہونا ③ گستاخ ④ حد سے زیادہ میل جول کرنا۔

**بڑھکا** (ہ) اسم صفت ① اعلیٰ درجہ کا ② عمدہ قسم کا بیش قیمت۔

**بڑھ کر بولنا** (ہ) فعل ① گستاخانہ کلام کرنا ② بڑا بول بولنا ③ اپنے رتبہ سے زیادہ بولنا۔

**بڑھل** (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام جس کا پھل بھی اسی نام سے پکارا اور زرد رنگ کا شریفہ کی وضع کا ہوتا ہے۔

**بڑھنا** (ہ) فعل ① بلند ہونا ② اونچا ہونا ③ نمو پانا ④ اگنا ⑤ جسم اور جسامت میں زیادہ ہونا ⑥ حد سے گزرنا ⑦ بچنا ⑧ زائد ہونا ⑨ کنکوا اڑانا۔

**بڑھوتری / بڑھوتر** (ہ) اسم مونث ① زیادتی ② ترقی ③ بیشی ④ منافع ⑤ افزونی۔

**بڑھنی** (ہ) اسم مونث ① جھاڑو ② صاف کرنے کا آلہ ③ دمدار ستارہ۔

**بڑھئی** (ہ) اسم مذکر ① نجار ② ترکھان ③ کنکار ④ کٹھ پھوڑا ⑤ ایک سبز رنگ کا جانور۔

**بڑھیا** (ہ) اسم صفت ① اعلیٰ قسم کا ② بیش قیمت ③ نہایت عمدہ ④ خوش وضع۔

**بُڑھیا** (ہ) اسم مونث ① بوڑھی عورت ② ضعیفہ، کہن سالہ ③ پیر زال ④ ماں ⑤ والدہ ⑥ آک کے ڈوڈے کی روئی۔

**بُڑھیا آفت کی پڑیا** (ا) محاورہ ① نہایت مکار ② عیارہ ③ چالاک ④ فتنہ انگیز ⑤ فسادی عورت۔

**بُڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اٹھانے لگی** (ا) مثل ① اس کی نسبت بولتے ہیں جو دیوانگی میں بھی اپنے ہی فائدے کو مدنظر رکھے ② دیوانہ بکارِ خویش ہشیار۔ مطلب کی دیوانی۔

**بُڑھیا تو مری سو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا** (ا) مثل۔ ایک نقصان کی تو خیر چنداں فکر نہیں مگر مشکل تو یہ ہوگئی کہ آئندہ نقصان کیلئے رستہ نکل آیا۔

**بُڑھیل** (ہ) اسم مونث ① تحقیراً ② بڑی بوڑھی ③ پیر ④ زال۔

**بڑی** (ہ) اسم مونث۔ اڑد یا مونگ کی دال کی پیٹھی پیس کر اور اس کا خمیر اٹھا کر چھوٹے چھوٹے غلیلہ سے بنا کر سکھا لیتے ہیں جنہیں مصالحہ وغیرہ خوب ڈال کر شوربے دار پکاتے ہیں۔

**بڑی** (ہ) اسم صفت مونث ① کلاں ② بزرگ ③ عظیم ④ دراز ⑤ نہایت ⑥ از حد۔

**بڑی بات** (ہ) اسم مونث ① عمدہ بات ② امر عظیم ③ امر محال ④ نہایت اچھی اور کارآمد بات۔

**بڑی بات نہیں** (ہ) محاورہ ① کوئی مشکل نہیں ② کوئی حقیقت نہیں۔

**بڑی بوڑھی** (ہ) اسم مونث ① سیانی ② بڑی عمر کی عورت ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03146707218

www.besturdubooks.net

مخدومہ ④ بزرگ ⑤ تجربہ کار عورت۔

**بڑی بہو** (ہ) اسم مونث ① بڑے بیٹے کی عورت (پنجابی نوہ) مجازاً پھوہڑ اور بیوقوف عورت بدسلیقہ اور بے تمیز منتظم خانہ ② پھوہڑ گھر والی۔ بدتمیز بیوی۔ خاوند سے زیادہ عمر والی بیوی۔

**بڑی بہو بڑے بھاگ چھوٹی بہو سسرے کو ڈاگ** (ہ) ہندو مثل۔ بڑی بہو نہایت خوش قسمتی ہے اور چھوٹی بہو سسرے کے حق میں مضر ہے۔ کیونکہ بڑی بہو آتے ہی گھر بار سنبھال لے گی اور چھوٹی کے جوان ہونے تک لاگ نیگ وغیرہ کے اخراجات ہی بے شمار ہوں گے۔

**بڑی بہو کو بلاؤ کھیر میں نون ڈالے** (ہ) مثل نہایت بے تمیزی کے اظہار کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی اسے بلاؤ کہ کام خراب کردے۔

**بڑی بی** (ہ) اسم مونث ① تعظیماً بڑی بوڑھی کو کہتے ہیں ② بڑھیا۔

**بڑی چیز** (ا) اسم مونث ① عورتیں ② قرآن شریف فرقان حمید سے مراد لیا کرتی ہیں۔

**بڑی چیز اٹھانا / بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا** (ا) فعل ① قرآن شریف اٹھا کر قسم کھانا ② قرآن کریم ہاتھ میں لیکر حلف کرنا ③ قرآن کی قسم کھانا۔

**بڑیاں** (ہ) اسم مونث ① بڑی کی جمع ② ماش یا مونگ کی دال کی پیٹھی پیس کر کچی پکوڑیاں ③ پیٹھی کے غلولے سکھائے ہوئے پیٹھی کی بڑی بڑی گولیاں یا ٹکیاں۔

**بڑیاں توڑنا / بڑیا ٹوکنا** (ہ) فعل ① چھاج یا بوریئے وغیرہ پر بڑیاں بنانا ② پکوڑیاں بنانا۔

**بڑے بوڑھے** (ہ) اسم مذکر ④ عمر رسیدہ ⑤ بزرگ ⑥ بڑے تجربہ کار۔ سرپرست۔ مربی۔

**بڑے بڑے ڈھب ہو** (ہ) محاورہ ① بڑے چالاک ہو ② نہایت شریر ہو ③ قیامت کے فسادی ہو ④ بڑے فطرتی ہو ⑤ غضب کے چالباز ہو۔

**بڑے بول کا سر نیچا** (ہ) مثل ① غرور کا انجام، ذلت ② مغرور ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے ③ مغرور سر کے بل گرا کرتا ہے۔

**بڑے پاک ہو** (ا) محاورہ ① نہایت بے حیا ہو ② پرلے درجے کے بے شرم ہو ③ بہت بے غیرت ہو۔

**بڑے صاحب** (ا) اسم مذکر ① بڑے میاں عمر رسیدہ ② امیر کا بیٹا ③ عدالت کا حاکم اعلیٰ ④ اعلیٰ افسر۔

**بڑے گھر پڑیئے۔ اینٹ پتھر ڈھوڈھو مریے** (ہ) مثل۔ بڑے گھرانے میں رشتہ ہونے پر ہمیشہ ان کی خدمت ہی کرنی پڑتی ہے، امیر گھر میں شادی کرا کر ساری عمر ان کی غلامی میں ہی رہنا پڑتا ہے۔

**بڑے گھر جانا** (ا) ① مرجانا ② انتقال کرنا ③ قید ہونا ④ جیل خانے جانا۔

**بڑے میاں** (ا) اسم مذکر ① گھر کا سردار ② خاندان کا بزرگ ③ کلمہ تعظیم۔ بڑا بوڑھا۔

**بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ** (ا) مثل۔ بڑے میاں تو تھے سو تھے چھوٹے میاں نہایت ہی بدمعاش نکلے۔

## ب ← ز

**بز** (ف) اسم موءنث۔ بکری۔ گوسفندر۔ (بصورت مذکر) بکرا۔

**بزاخفش۔** (فعل) اسم مذکر ① اخفش نحوی کا بکرا ② بے سمجھے بوجھے گردن ہلانے والا ③ کھوکھلے دماغ کا بے سمجھے اقرار کر لینے والا ④ روایت اخفش نام ایک شخص عرب میں نہایت غبی تھا ایک دن استاد سے شکایت کی کہ مجھے سبق یاد نہیں ہوتا کیا علاج کروں استاد نے کہا کہ کسی کو پڑھایا کرو وہ بولا مجھ سے پڑھنا کون قبول لے گا۔ استاد نے کہا ایک بکرا خرید لے اسے پڑھایا کر۔ اخفش نے استاد کی نصیحت پر عمل کیا اور بکرا خرید لیا۔ رات کو بیٹھ کر بکرے کو سبق سناتا۔ جب تک بکرا بول نہ اٹھتا یا سر نہ ہلا دیتا یہ سبق کا پیچھا نہ چھوڑتا رفتہ رفتہ دماغ کھل گیا اور ایسا فاضل ہوا کہ عربی صرف و نحو پر ایک طویل کتاب لکھی۔

**بزدل / بزدلانہ** (ف) اسم صفت ترکیبی ① ڈرپوک ② کم ہمت ③ نامرد ④ کم حوصلہ ⑤ کمزور ⑥ بے ہمت ⑦ ڈراکل (پنجابی)۔

**بزدلی** (ف) اسم مونث بیا سے مصدری ① ڈرپوک پن ② بے ہمتی ③ نامردی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

بزغالہ (ف) ① بکری کا بچہ ② حلوان ③ جنگلی بکرا ④ پہاڑی بکرا۔

بزاز (ع) اسم مذکر ① پارچہ فروش ② کپڑا بیچنے والا۔

بزازا (ا) اسم مذکر ① کپڑا بکنے کا بازار ② کپڑے کی منڈی ③ کپڑے کا بازار۔

بزازی (عف) اسم مونث بیاسے مصدری ① پارچہ فروشی ② کپڑا ③ بیچنا ④ کپڑے بیچنے کا پیشہ۔

بزرگ (ف) اسم صفت ① بڑا ② کلاں ③ امیر ④ معزز ⑤ بڑی عمر کا ⑥ عمر رسیدہ ⑦ بڑی شان وشوکت ⑧ (بحالت اسم) ⑨ بڑا آدمی۔

بزرگ زادہ (ف) اسم مذکر ① شریف زادہ ② امیر گھرانے کا ③ حاکم کی اولاد ④ استاد یا پیر کا بیٹا ⑤ عالی خاندان ⑥ عالی نسل۔

بزرگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بڑا ہونا ② بڑا پن ③ بڑائی ④ برتری ⑤ عزت۔

بزرگی بہ عقل است نہ بسالُ (ف) مثل ① بڑائی عقل پر منحصر ہے عمر پر نہیں ② عمر سے آدمی بڑا نہیں ہوتا بلکہ عقل سے بڑا ہوتا ہے۔

بزم (ف) اسم مونث ① مجلس ② محفل ③ سبھا سماج ④ سوسائٹی ⑤ مجمع ⑥ مجلس عیش۔

بزمگاہ (ف) اسم مذکر ① عیش ونشاط کی مجلس ② محفل طرب۔

بزن (ف) فعل امر از زدن ① مار قتل کر ② مار ڈال (بحالت اسم) قتل کا حکم ③ قتل عام۔

بزور (ف) تابع فعل ① زبردستی سے ② ہیکڑی سے جبراً ③ حکماً ④ طاقت سے۔

## ب ← س

بس (ف) اسم صفت ① بہت ② بکثرت ③ کافی ④ وافی ⑤ مکتفی ⑥ صرف ⑦ فقط ⑧ تمام ⑨ چپ رہو۔

بس بس (ا) اسم صفت ① ٹھہرو ٹھہرو ② بہت ہے ③ کافی ہو چکا ④ اب کچھ ضرورت نہیں۔

بس حد ہوگئی (ا) محاورہ ① بہت بری ہوئی ② نہایت ہوگئی ③ حجت ختم ہوگئی۔

بس دیکھ لیا (ا) محاورہ ① خوب جانچ لیا ② اچھی طرح آزما لیا ③ تمہارا امتحان کرلیا ④ سب حال کھل گیا۔

بس کرو (ا) ① ختم کردو ② جانے دو ③ ٹھہرو ④ چپ رہو ⑤ موقوف کرو ⑥ صبر کرو ⑦ قناعت کرو۔

بس (ہ) اسم مذکر ① قابو ② طاقت ③ کس ④ بل ⑤ اختیار ⑥ داؤ ⑦ چارہ ⑧ علاج ⑨ موقع۔

بس جانا (ہ) فعل ① معطر ہونا ② خوشبو سے بھر جانا ③ آباد ہونا۔

بس چلنا (ہ) فعل ① دسترس ہونا ② قابو پانا ③ اختیار ہونا ④ دخل ہونا۔

بس میں (ہ) تابع فعل ① قابو میں ② قبضہ میں ③ دانوں میں۔

بس میں آنا (ہ) فعل ① قابو میں آنا ② دانوں میں آنا ③ قبضہ میں آنا ④ پھنس جانا ⑤ گرفت میں آنا۔

بس میں پڑنا/بس میں ہونا (ہ) فعل ① کسی کے پنجے میں پڑنا ② قابو میں رہنا۔

بس میں رہنا (ہ) فعل ① اختیار میں رہنا ② قابو میں رہنا ③ فرمانبرداری۔

بس میں کرنا / بس میں لانا (ہ) فعل ① قابو میں لانا ② زیر کرنا ③ مغلوب کرنا ④ موہنا ⑤ فریفتہ کرنا ⑥ اطاعت میں لانا۔

بس (ہ) اسم مذکر ① زہر ② سم ③ ہلاہل ④ کھوٹ ⑤ عیب ⑥ فساد ⑦ جھگڑا ⑧ شریر ⑨ فسادی۔

بس اگلنا (ہ) فعل ① زہر اگلنا ② بدگوئی کرنا ③ غیبت کرنا ④ بدلہ لینا ⑤ دشمنی نکالنا۔

بس بونا (ہ) فعل ① فساد کا بیج بونا ② کسی کے واسطے برائی کا تخم بونا ④ بدی کرنا ⑤ فساد کی جڑ جمانا۔

بس بھری (ہ) اسم مونث ① زہریلی ② زہر آلود ③ کپٹی ④ فسادی ⑤ فتنہ انگیز۔

بس کی گانٹھ (ہ) اسم صفت ① زہر قاتل ② فسادی ③ کینہ توڑ ④ کپٹی ⑤ (بحالت اسم) سانپ۔

بس ملانا (ہ) فعل ① زہر ملانا ② نقص کرنا ③ کھوٹ کرنا۔

بسارنا (ہ) فعل ① بھولنا ② فراموش کرنا۔

بساط (ع) اسم مونث ① چادر ② بستر ③ بچھونا ④ شطرنج کا کپڑا ⑤

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

حیثیت ⑥ پونجی ⑦ گھر کا اثاثہ ⑧ حوصلہ ⑨ فراخی۔

بساطی (ع) اسم مذکر ① خوردہ فروش ② چادر بچھا کر بازار میں سوئی، سرمہ وغیرہ بیچنے والا، چھوٹی چھوٹی چیزیں فروخت کرنے والا۔

بسانا (ہ) فعل ① آباد کرنا ② معطر کرنا ③ خوشبو میں رچانا۔

بسانا/بساہنا (ہ) فعل ① خریدنا ② مول لینا ③ جیسے بیر بساہنا ④ ذمہ لینا ⑤ جیسے باپ بسانا۔

بساند (ہ) اسم مونث ① ناگوار بو ② بدبو ③ آبی پرندے ④ مچھلی اور گوشت کی نئی بو ⑤ اصلی مادے کا اثر ⑥ اصلی عیب ⑦ نطفے کا اثر ⑧ کمظرف یا نیچ آدمی کی بڑوں کے برابر گفتگو کرنے اور غلطی کھانے کے موقع پر بولا جاتا ہے ⑨ کہا کرتے ہیں ابھی تک بساند نہیں گئی۔

بساندا (ہ) اسم صفت اس میں الف فاعلیت کا ہے ① بدبودار ② بدمزہ ③ بدذائقہ ④ ناسنجیدہ ⑤ غیر مہذب ⑥ ناشائستہ آدمی جو مہذب لوگوں کی برابری کا دم مارے۔

بست (ہ) اسم مونث ① چیز ② شئے ③ اسباب ④ اثاثہ۔

بستار (ہ) اسم مذکر ① پھیلاؤ ② وسعت ③ فراخی ④ بات کو بڑھانا ⑤ تفصیل ⑥ درخت کا خوب پھل جانا ⑦ طول کلامی۔

بستار کرنا (ہ) ① درخت کا اپنی شاخیں دور تک پھیلا دینا ② طول کلامی ③ بات کو خوب بڑھا کر بیان کرنا۔

بستر (ہ) اسم مذکر ① لباس ① صرف کپڑا ② سامان اسباب۔

بستر (ہ) اسم مذکر ① بچھونا ② فرش ③ فقیروں اور سپاہیوں کا بچھونا۔

بسترا (ا) اسم مذکر ① سامن ② اسباب ③ فقیروں اور سادھوؤں کا مسکن ④ تکیہ۔

بسترا لگانا/بسترا جمانا (ہ) فعل ① کسی رات بسر کرنے کو بچھونا کرنا ② رات کے سونے کا سامان کرنا۔

بستنی (ف) اسم مونث بیائے قابلیت ① غلاف ② پنجرے یا ستار وغیرہ پر لپیٹنے کا کپڑا ③ بقچہ ④ اوپر باندھنے کا کپڑا۔

بستہ (ف) اسم مذکر ① بندھا ہوا ② جما ہوا ③ جزدان ④ بقچہ ⑤ گٹھری ⑥ کاغذات باندھنے کا کپڑا۔

بستی (ہ) اسم مونث ① گاؤں ② قصبہ ③ آبادی ④ رونق ⑤ چہل پہل ⑥ جیسے آپ کے دم کی بستی ہے ⑦ اجاڑ کے خلاف ⑧ علاقہ یوپی کے ایک ضلع کا نام بھی ہے۔

بسر (ہ) حرف استثناء ① بغیر ② بن ③ بدوں۔

بسرام کرنا (ہ) فعل ① آرام کرنا ② رات گزارنا ③ ٹھہرنا ④ مقیم ہونا۔

بسرانا (ہ) فعل ① دل سے بھلانا ② دل سے اتارنا ③ ذہن میں نہ رکھنا۔

بسر کرنا (ا) فعل ① گزارنا ② پورا کرنا ③ نباہنا ④ وقت گزارنا ⑤ بھرنا ⑥ زندگی کے دن پورے کرنا۔

بسرنا یا بسر جانا (ہ) فعل ① بھول جانا ② چوک جانا ③ یاد نہ رکھنا ④ فراموش ہونا۔

بسروچشم (ف) تابع فعل ① سرآنکھوں سے ② بڑی خوشی سے۔

بسر ہونا (ا) فعل ① گزرنا ② پورا ہونا ③ انجام کو پہنچنا ④ ختم ہونا۔

بسط (ع) اسم مذکر ① شرح ② تفصیل ③ وضاحت۔

بس کھپرا (ہ) اسم مذکر ① ایک دوا کا نام ہے ② ایک قسم کا کیڑا بھی ہے جو غلہ کو کھا جاتا ہے۔

بسکٹ (ای) اسم مذکر۔ روغنی ٹکیہ۔

بسم اللہ (ع) اسم مونث ① بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف ہے جس کے معنی ہیں کہ میں بخشنے والے مہربان خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں ② خدا کا نام لینا ③ ٹھوکر کھانے یا گرنے یا صدمہ پہنچنے پر یہ کلمہ خدا محفوظ رکھے کے معنی دیتا ہے ④ کلمہ ایجاب بھی ہے۔ بمعنی بہت بہتر۔ بہت اچھا۔ ہاں۔ بہت مناسب ④ کسی بڑے آدمی کے آنے پر تعظیماً بھی بولتے ہیں۔

بسم اللہ کا گنبد (ا) اسم مذکر ① امن گاہ ② جائے پناہ۔

بسم اللہ کرنا (ا) فعل ① شروع کرنا ② آغاز کرنا ③ کھانا تناول کرنا۔

بسم اللہ ہی غلط (ا) محاورہ ① ابتداء ہی غلط ② شروع سے ہی غلطی ③ کام کے شروع ہی میں چوک۔

بسمل (ع) ذبیحہ ① قربان کیا ہوا جانور ② گھائل ③ مجروح ④ زخمی ⑤ مجازاً عاشق ⑥ فریفتہ ⑦ والہ ⑧ شیدہ۔

بسنا (ہ) فعل ① آباد ہونا ② رہنا ③ گھر بنانا ④ ٹکنا ⑤ ٹھہرنا ⑥ سمانا جیسے من میں بسے سو سپنا دے خوشبودار ہونا ⑦ معطر ہونا ⑧ رچنا۔

بسنا (ہ) فعل سڑنا ① متعفن ہونا ② بدبودار ہونا ③ چپیدار ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**بسنا** (ہ) اسم مذکر ❶ بنک ❷ مہاجنی کوٹھی ❸ وہ تھیلی یا کپڑا جس میں کوئی چیز رکھیں جیسے صرافوں کا بسنا۔

**بسنت** (ہ) اسم مذکر ❶ موسم بہار کا آغاز ❷ چیت سے بیساکھ تک کا موسم ❸ سری راگ کی چوتھی راگنی ❹ سرسوں کے کھلے ہوئے زرد پھول ❺ بہار کے موسم کا تیوہار بھی ہے ❻ ستیلا چیچک۔

**بسنت پنچمی** (ہ) اسم مونث ❶ ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو ماگھ شدی پنچمی کو ہوتا ہے۔

**بسنت پھولنا** (ہ) فعل ❶ زردی چھانا ❷ یرقان ہونا ❸ سرسوں کے پھول کھلنا۔

**بسنت کی خبر** (ا) اسم مونث ❶ زمانہ کے تغیر و انقلاب کی خبر ❷ آئندہ حالات کی واقفیت۔

**بسنتی** (ہ) اسم مونث بیا سے نسبت صفت زرد ❶ پیلا ❷ بسنت کے میلے میں جانے والے چیچک ❸ ستیلا ❹ (اسم مونث کی حالت میں) زرد لباس ❺ پیلی پوشاک۔

**بسنتی پوش** (ا) اسم مذکر ❶ زرد پوش ❷ زرد لباس والا۔

**بسندر / بسنتر** (ہ) اسم مونث ❶ اگنی ❷ اگنی دیوتا ❸ پرستش کی آگ ❹ پاک و مقدس آگ۔

**بسوانسی** (ہ) اسم مونث ❶ بسوے کا بیسواں حصہ ❷ گٹھے کو گٹھے میں ضرب دینے کا حاصل ضرب ❸ بیس کچوانسی کی مقدار کا مربع پیمانہ پیمائش ❹ زمین کا پیمانہ۔

**بسورنا** (ہ) فعل ❶ رونی صورت بنانا ❷ ہونٹ نکال کر آہستہ آہستہ رونا۔

**بسولا** (ہ) اسم مذکر ❶ آلہ ❷ لکڑی ❸ چھیلنے کا اوزار جو بڑھئی کے پاس ہوتا ہے ❹ تیشہ ❺ بڑھئی کا تیشہ۔

**بسولی** (ہ) اسم مونث آلہ ❶ اینٹیں گھڑنے کا آلہ ❷ تیشہ معمار۔

**بسوہ** (ہ) اسم مذکر ❶ بیگھے کا بیسواں حصہ ❷ بیس بسوانسی کی مقدار ❸ زمین کا اندازہ ❹ زمین کا حصہ۔

**بسوہ دار** (ا) اسم مذکر زمین کے کسی حصے کا مالک ❶ شریک ❷ کاشتکاری کا حق رکھنے والا۔

**بسیٹھ** (ہ) اسم مذکر ❶ قاصد ❷ ایلچی ❸ بچولیا ❹ ثالث ❺ چغلخور ❻ غیبت کرنے والا۔

**بسیرا** (ہ) اسم مذکر ❶ شب باشی ❷ پرندوں کا آرام کرنے کا وقت ❸ رات کو ٹھہرنے کی جگہ۔

**بسیرا لینا / بسیرا کرنا** (ہ) فعل ❶ پرندوں کا رات کو آرام کرنا ❷ رات کو درختوں پر یا گھونسلوں میں پرندوں کا سونا ❸ فقیر لوگ شب باش ہونے کے معنوں میں بھی بولتے ہیں۔

**بسیرے کا وقت** (ا) اسم مذکر ❶ سرشام ❷ پرندوں کا گھونسلوں میں جانے کا وقت۔

**بسیط** (ع) اسم مذکر ❶ بچھا ہوا ❷ کشادہ ❸ وسیع ❹ علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔

**بسیکھ** (ہ) اسم مذکر ❶ خاصیت ❷ عادت ❸ خو ❹ سبھاؤ ❺ بان جیسے ان نینن کا یہی بسیکھ ❻ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ بہ۔

**بسیلا** (ہ) اسم مذکر ❶ صفت ❷ زہردار ❸ زہریلا ❹ مسموم ❺ ایک قسم کی پھنسی جو کسی زہریلی شئے کے اثر سے اکثر ہاتھ کی انگلیوں سے نکلتی ہے۔

**بسیندھا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ بدبودار ❷ سڑا ہوا ❸ بسا ہوا ❹ تعفن دار ❺ سڑاند والا۔

## ب ← ش

**بش** (ف) اسم مذکر ❶ ہر چیز کا جوڑ ❷ بند ❸ لوہے تانبے یا پیتل وغیرہ کا پترا ❹ جو صندوق وغیرہ کے جوڑ کے مقام پر مضبوطی کیلئے لگاتے ہیں۔

**بشارت** (ع) اسم مونث ❶ خوشخبری ❷ مژدہ ❸ الہام غیبی ❹ وحی ❺ القا۔

**بشارت دینا** (ا) فعل ❶ مژدہ سنانا ❷ خواب میں کوئی بات جتانا ❸ القا ہونا۔

**بشاش** (ع) اسم صفت ❶ نہایت خوش و خرم ❷ مسرور ❸ بہت مگن ❹ آنند۔

**بشاشت** (ع) اسم مونث ❶ خندہ پیشانی سے ہر شخص کے ساتھ ملنا ❷ خوش ہو کر بات کرنا ❸ خوش اخلاقی ❹ خوشی ❺ مسرت ❻ تازہ روئی ❼ تازگی۔

**بشر** (ع) اسم مذکر ❶ لغوی معنی ❷ انسان کی کھال اور جلد ❸ آدمی ❹ انسان مرد ہو خواہ عورت ❺ آدم زاد۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

بشر (ع) اسم مذکر ① بیرونی جلد ② چہرہ ③ مکھڑا ④ پیشانی ⑤ حلیہ ⑥ قیافہ۔

بشریت (ع) اسم مونث ① آدمیت ② انسانیت۔

بشن (ہ) اسم مذکر ① وشن ② خدا ③ رب ④ دولت کا خاوند ⑤ لکشمی کا پتی۔

بشن پد (ہ) اسم مذکر ① حمد کا گیت ② تعریف خداوند ایک قسم کا ہندی راگ جسے دھر بد بولتے ہیں۔

بشن دیوا (ہ) اسم مذکر۔ سادھوؤں کا ایک پنتھ جو بشن کے سوا کسی دیوتا کو نہیں مانتا۔

بشنوئی (ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کی ایک قوم کا نام ہے جو مسلمانوں اور ہندوؤں دونوں کی رسمیں برتتے ہیں۔

بشنی / بشنوئی (ہ) اسم مذکر۔ وشن جی کا پوجنے والا۔

بشیر (ع) اسم مذکر۔ خوشخبری دینے والا۔

## ب ← ص

بصارت (ع) اسم مونث ① بینائی چشم ② آنکھ کی روشنی ③ جوت ④ نظر ⑤ بینائی۔

بصرہ (ع) اسم مذکر۔ عراق عرب میں ایک مشہور شہر ہے۔

بصیر (ع) اسم مذکر صفت مشبہ ① بینا ② دیکھنے والا دانا ③ ہوشیار ④ خدا کا ایک وصفی نام ⑤ ماہر نابینا ⑥ اندھا۔

بصیرت (ع) اسم مونث ① بینائی ② نظر ③ ہوشیاری ④ رائے ⑤ تجویز ⑥ تدبیر ⑦ خیال ⑧ بصیرت ⑨ بینائی۔

## ب ← ض

بضاعت (ع) اسم مونث ① پونجی ② سرمایہ ③ دھن دولت ④ سامان ⑤ اسباب ⑥ پتی ⑦ حصہ ⑧ حیثیت ⑨ استعداد۔

بضاعت مزجاۃ (ع) اسم مونث ① گھٹیل پونجی ② کھوٹے دام۔

## ب ← ط

بط / بطخ (ع) ایک قسم کا آبی پرندہ مرغابی کی ایک خاص قسم۔

بطانہ (ع) اسم مذکر ① استر ② بھرتی ③ بھراؤ ④ زیر پیچ ⑤ وہ کپڑا جو پگڑی کے نیچے لپیٹ لیتے ہیں۔

بطحا (ع) اسم مذکر ① مکہ معظمہ کا نام ② لغوی معنی فراخ زمین ③ بدررو ④ نالی ⑤ برساتی نالہ۔

بطک (ف) اسم مونث۔ بط کی تصغیر۔

بطلان (ع) اسم مذکر ① جھوٹ ② دروغ ③ کذب ④ بے اصل بات ⑤ بناوٹی بات۔

بطلیموث (یونانی) اسم مذکر ① یہ مشہور مہندس حکیم سکندریہ کا باشندہ جالینوس کا شاگرد تھا ② علم نجوم اور علم ہندسہ کا بڑا ماہر ہو گزرا ہے ③ سب سے پہلے اسی نے زمین کا نقشہ مرتب کیا اور صدخانہ کی بناڈالی۔

بطن (ع) اسم مذکر ① پیٹ ② شکم ③ اندر ④ بھیتر ⑤ پوشیدگی۔

بطناً بعد بطن (ع) تابع فعل ① پشت در پشت ② نسلاً بعد نسل ③ آبائی ④ موروثی۔

بطون (ع) اسم مذکر ① بطن کی جمع ② پوشیدگیاں۔

## ب ← ع

بعد (ہ) تابع فعل ① پس ② آخر ③ پیچھے۔

بعد (ع) اسم مذکر ① فاصلہ ② دوری ③ فرق ④ تفاوت ⑤ مسافت۔

بعد المشرقین (ع) اسم مذکر ① مشرق اور مغرب کا فاصلہ ② بہت ہی زیادہ فرق ③ بڑا بھاری فرق ④ بے انتہا فرق۔

بعض (ع) اسم صفت ① کوئی ② کچھ ③ چند ④ مختلف متفرق۔

بعضا (ا) اسم صفت مذکر ① زائدہ ② بمعنی بعض۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**بعضے** (ء) اسم صفت ① چند ② کئی۔

**بعید** (ء) اسم صفت ① دور ② فاصلہ پر ③ الگ ④ علیحدہ ⑤ دوری

**بعید العقل** (ء) صفت ① عقل کے خلاف ② وہ بات جو عقل کے نزدیک ناممکن اور محال ہو ③ انہونی ④ نامناسب ⑤ بیہودہ۔

**بعینہٖ** (ء) تابع فعل ① ہو بہو ② جوں کا توں ③ ویسا ہی ④ جیسے کا تیسا۔

## ب ← غ

**بغارہ** (ف) اسم مذکر اصل بفتح بائے موحدہ ہے ① رخنہ ② دیوار یا چھت یا کپڑے وغیرہ میں بڑا چھید ③ بھٹ ④ گہرا زخم ⑤ گھاؤ۔

**بغاوت** (ء) اسم مونث ① سرکشی ② نافرمانی ③ بلوہ ④ حکم کے خلاف کرنا ⑤ انحراف ⑥ تعمیل سے انکار۔

**بغبغا** (ا) اسم مذکر ① غبغب ② گردن کے نیچے کی سلوٹیں ③ وہ بل جو موٹاپے کے سبب سے گردن میں پڑ جاتے ہیں۔

**بغبغانہ** (ا) فعل ① کبوتر کا مستی میں گونجنا ② حالت مستی میں اونٹ کا ٹرانا ③ مست ہونا ④ مستی پر آنا۔

**بغچہ** (ف) اسم مذکر۔ بقچہ گٹھڑی۔

**بغداد** (ف) اسم مذکر ① باغ داد کا مخفف ہے ② عراق عرب میں نوشیرواں کا بسایا ہوا شہر جو خلفائے عباسیہ کا دارالخلافہ رہا اور جہاں کی یونیورسٹی زمانہ اسلام میں تمام دنیا میں مشہور تھی۔

**بغدی** (ء) اسم مذکر۔ بڑھیا اور بیش قیمت اونٹوں کی ایک خاص قسم و نسل۔

**بغض** (ء) اسم مذکر ① لغوی معنی ② نفرت کرنا ③ اصطلاحی معنی عداوت ④ بیر ⑤ دشمنی ⑥ حسد ⑦ کینہ۔

**بغض للّٰہی** (ا) اسم مذکر ① خدا واسطے کی دشمنی ② ناحق کا بیر ③ خواہ مخواہ کی عداوت۔

**بغل** (ف) اسم مونث ① شانے کے نیچے کا حصہ ② پہلو ③ کنارہ ④ کولی ⑤ طرف ⑥ جانب ⑦ کروٹ ⑧ برابر ⑨ ایک طرف۔

**بغل کا دشمن** (ا) اسم مذکر ① دوست ہو کر دشمنی کرنے والا ② پاس رہ کر دشمنی کرنے والا ③ فریبی ④ دغاباز ⑤ قریبی دشمن۔

**بغل گند** (ا) اسم مونث ① بغل سے بدبو آنا ② یہ ایک بیماری ہے ③ آنکھ کی ایک بیماری جسے سبل بولتے ہیں۔

**بغلگیر ہونا** (ا) فعل۔ گلے ملنا ① ہم آغوش ہونا ② معانقہ کرنا۔

**بغل میں دبانا/بغل میں مارنا** (ا) فعل ① کسی چیز کو بغل میں چھپانا ② دھوکے سے کسی چیز پر قبضہ کرنا ③ ہم آغوشی ④ بغل میں لینا سنبھالنا۔

**بغل میں ایمان دبانا/بغل میں ایمان رکھنا** (ا) فعل ① بددیانتی کرنا ② ایمان نگلنا ③ بے ایمانی کرنا ④ ایمان کو بالائے طاق رکھنا۔

**بغلول** (ا) اسم مذکر ① بیوقوف ② احمق ③ مورکھ ④ کوڑھ مغز۔

**بغلی** (ا) اسم صفت ① پہلو کا ② برابر کا ③ ایک طرف کا ④ (بحالت اسم) مگدر ہلانے کا ایک خاص طریق ⑤ تلے دانی جس میں سوئی تاگا وغیرہ رکھتے ہیں ⑥ فقیر کی جھولی ڈنڈے کھیلنے کا ایک طریقہ ⑦ کشتی کا ایک دانو۔

**بغلی تکیہ** (ا) اسم مذکر۔ برابر رکھنے کا تکیہ۔

**بغلی گھونسا** (ا) اسم مذکر ① غیبی مار ② آستین کا سانپ ③ بغل کا دشمن۔

**بغلیں بجانا** (ا) فعل ① کسی کی برائی پر خوش ہونا ② فخر کرنا ③ خوشی میں اچھلنا۔

**بغلیں جھانکنا** (ا) فعل ① شرمندہ ہونا ② ندامت کھینچنا ③ پشیمان ہونا ④ بھاگنے کا موقعہ دیکھنا ⑤ پیچھے ہٹنا۔

**بغلیں لینا** (ا) فعل۔ بغل کے بال مونڈنا۔

**بغیا** (ا) اسم مونث ① چھوٹا سا باغیچہ ② چھوٹا سا باغ۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149072

www.besturdubooks.net

بغیر (ف۔ع) تابع فعل ❶ علاوہ ❷ بجز ❸ بن ❹ بدوں ❺ سوائے۔

## ب ← ف

بفا (ف) اسم مونث ❶ خشکی کے باعث دماغ کے چھلکے ❷ سر کی خشکی ❸ کر ❹ روسی۔

## ب ← ق

بقا (ع) اسم مونث ❶ زندگی ❷ قیام ❸ مداومت ❹ ہمیشگی ❺ باقی رہنا ❻ فنا کی ضد۔

بقال (ع) اسم مذکر ❶ لغوی معنی بقولات بیچنے والا یعنی سبزی فروش ❷ کنجڑا ❸ اصطلاح میں پرچون فروش ❹ بنیاد ❺ مودی ❻ غلہ فروش۔

بقایا (ع) اسم مذکر ❶ بقیہ یا باقی کی جمع ❷ بچت ❸ بچا ہوا ❹ چھوٹا ہوا۔

بقچہ (ت) اسم مذکر ❶ چھوٹی گٹھڑی ❷ اس کو بغچہ بغین بغچہ بھی بولتے ہیں۔

بقچی (ا) اسم مونث بیائے تصغیر ❶ چھوٹا بقچہ ❷ چھوٹی سی گٹھڑی۔

بقر (ع) اسم مونث ❶ گائے ❷ گئو ماتا ❸ گائے ماتا۔

بقراط (یونانی) اسم مذکر ❶ ایک مشہور حکیم ہوا ہے ۹۵ برس زندہ رہا ❷ اس نے فن طب میں مستند کتابیں لکھیں ❸ علم طب نے دنیا میں اسی حکیم کی محنت سے فروغ پایا۔

بقر عید (ع) اسم مونث ❶ عید الضحیٰ ❷ عید قربان مسلمانوں کا ایک اہم مذہبی تہوار ہے۔

بقول (ف۔ع) تابع فعل ❶ کہنے کے مطابق کہاوت کے بموجب ❷ موافق ❸ مطابق۔

بقولہ (ع) اسم مونث ❶ سبزی ❷ نوری ترکاری ❸ ساگ پات ❹ زمین سے اگی ہوئی سبزی جو کچی یا پکا کر کھائی جاتی ہے۔

بقولات (ع) اسم مونث ❶ سبزیاں ❷ توری ❸ ترکاریاں ❹ بقولہ کی جمع۔

بقیہ (ع) اسم مذکر ❶ بچا ہوا ❷ باقی رہا ہوا ❸ بچت۔

## ب ← ک

بک (ای) اسم مونث کتاب ❶ نسخہ ❷ پستک ❸ پوتھی۔

بک پوسٹ (ای۔ا) ❶ کتابوں کا وہ پلندا جس کے دونو کنارے کھلے ہوں ❷ ڈاک بہنگی۔

بک ڈپو (ای۔ا) ❶ کتابیں بیچنے کی دوکان ❷ کتابوں کا ذخیرہ ❸ گودام۔

بک (ہ) اسم مونث ❶ بکواس ❷ بکواد ❸ زڑ یاوہ وئی ❹ بڑ ❺ فضول بات ❻ ہرن کا بچہ ❼ بگلا جو نہایت سفید پروں کا ایک پرندہ ہوتا ہے۔

بک لگنا (ہ) فعل ❶ بڑ ❷ چھوٹنا ❸ زڑ لگنا ❹ بار بار ایک ہی بات کو کہے جانا ❺ فضول باتیں کہتے رہنا۔

بکا (ہ) اسم مذکر ❶ مٹھی ❷ مٹھی بھر ❸ مشت خاک ❹ دھوئیں یا بھاپ کا اکٹھا ہو کر نکلنا ❺ اگو رنور کے ساتھ مضاف ہو کر آئے یعنی نور کا بکا کہیں تو شعلہ اور لپٹ کی کثرت سے مراد ہوتی ہے۔

بکا (ع) اسم مذکر ❶ رونا ❷ پیٹنا ❸ گریہ وزاری ❹ ماتم ❺ سوگ۔

بکاء (ع) اسم مصدر ❶ گریہ وزاری ❷ ماتم ❸ سوگ کرنا۔

بکار/وکار (ہ) اسم مذکر ❶ تبدیل حالت ❷ خون کا بگاڑ ❸ روگ ❹ بیماری ❺ دکھ ❻ مرض۔

بکان/بکائن (ہ) اسم مذکر و مونث۔ نیم کی قسم کا ایک درخت ہوتا ہے جس میں مکولوں کے گچھے لگتے ہیں اور پتے نیم کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔

بکاؤ (ہ) اسم صفت ❶ بکری سار ❷ بکنے کے قابل ❸ فروختنی ❹ وہ چیز جو بازار میں آ گئی ہو اور ابھی بکی نہ ہو۔

بکاول (ف) اسم مذکر ❶ بھنڈاری ❷ باورچی ❸ کھانا پکانے اور تقسیم کرنے والا۔

بکاولی (س) اسم مونث ❶ (بک بمعنی بگلا اور اولی بمعنی گروہ) یعنی بگلوں کا گروہ، ریوان کے راجہ میکل جوگ کی لڑکی کا لقب ہے جس کا اصلی نام نرمدال تھا ❷ یہ حسن و جمال میں لاثانی تھی۔

بک بک (ہ) اسم مونث ❶ بکواس ❷ زڑ بڑ ❸ جھوک ❹ بیہودہ

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

باتیں (5) بے معنی باتیں۔

**بک بک کرنا** (ہ) بیہودہ بکنا (1) جھک جھک کرنا (2) جھک مارنا (3) ہرزہ سرائی کرنا۔

**بک بک لگانا** (ہ) فعل (1) بکواس کرنا (2) بڑ ہانکنا (3) زٹر لگانا۔

**بکبکا** (ا) اسم صفت مذکر (1) خراب (2) مدمزہ (3) بے آور ذائقہ (4) قابل نفرت۔

**بکبکانا** (ہ) فعل (1) بکنا بڑبڑا (2) بیہودہ گوئی کرنا۔

**بکتر** (ف) اسم مذکر (1) چلتہ جولوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں (2) زرہ کی ایک خاص قسم ہوتی ہے۔

**بکٹ** (ای) اسم مذکر (1) محافظ فوج (2) پہرہ دار فوج (3) حفاظتی دستہ فوج (4) ٹوکری یا بالٹی۔

**بکٹ** (ہ) اسمصفت (1) سخت مشکل (2) دشوار (3) کٹھن (4) ٹیڑھا (5) کج (6) خوفناک (7) کسردار۔

**بکٹا** (ہ) اسم مذکر (1) چنگل (2) پنجہ (3) ناخنوں کی گرفت۔

**بکٹا بارنا** (ہ) فعل (1) پنجہ مارنا (2) چنگل سے پکڑنا (3) ناخنوں سے نوچنا۔

**بکٹ پہاڑہ** (ہ) اسم مذکر (1) کسری پہاڑہ یعنی سوایا (2) ڈیوڑھا (3) ڈھایا وغیرہ۔

**بک جانا** (ہ) فعل (1) فروخت ہونا (2) احسانمند ہونا (3) مطیع ہونا (4) غلام ہوجانا (5) غلام بے رام ہونا۔

**بکر** (ع) اسم مونث (1) کوارپن (2) دوشیزگی (3) غیر مستعمل کام میں نہ آئی ہوئی چیز۔

**بکرا** (ہ) اسم مذکر (1) بز (2) بوک (3) گوسفند (4) ایک مشہور جانور ہے (5) مجازاً بے حیا آدمی (6) موٹا تازہ۔

**بکر قصاب / بکرا قصائی** (ہ) وہ قصاب جو صرف بھیڑ بکری کا گوشت بیچے۔

**بکرما جیت** (ہ) اصل و کرمادت (1) بہادری کا سورج (2) مشہور مہاراجہ ہوگزرا ہے (3) پایہ تخت اجین تھا جس کا سمت ۵۷ء سے اب تک جاری ہے (4) کالیداس اسی کے دربار کا ایک رکن تھا۔

**بکری** (ہ) اسم مونث (1) فروختگی (2) فروخت (3) وہ روپیہ یا قیمت جو کسی چیز کے بیچنے سے حاصل ہو۔

**بکری** (ہ) اسم مونث (1) ایک مشہور جانور (2) بکرے کی مادہ (3) بز (4) غریب (5) مسکین (6) بے آزار آدمی۔

**بکرے کی اولاد** (ا) محاورہ (1) پرلے درجے کا بیجیا (2) زانی (3) بے غیرت (4) بے شرم حد درجے کا۔

**بکرے کی ماں کب تک خیر منائیگی** (ہ) مثل (1) بدکار اور بدمعاش آخر ایک نہ ایک دن ضرور سزا پائے گا (2) بکرا جو ذبح ہونے کی چیز ہے ضرور ایک دن ذبح ہوگا۔

**بکری نے دودھ تو دیا پر مینگنوں سے بھرا،**

**بکری نے دودھ دیا پر مینگنے ڈال کر** (ہ) مثل (1) کام تو کیا مگر خراب کرکے (2) کام کیا تو سہی مگر نہ کرنے کے برابر (3) ایسا کرنے سے نہ کرنا بہتر (4) ایسا دینے سے نہ دینا اچھا۔

**بکس** (ای) اسم مذکر (1) صندوق (2) پیٹی (3) ڈبا (4) ڈبیا۔

**بکس والا** (ا) اسم مذکر (1) پھیری والا (2) بساطی خوردہ فروش۔

**بکسیلا** (ہ) اسم صفت مذکر (1) کسیلا (2) کڑوا (3) تلخ۔

**بکسنا** (ہ) فعل (1) کلی کھلنا (2) کلی چٹکنا (3) مسکرانا، خوش ہونا (5) فرحت پانا (6) پژمردہ سونا (7) کہلانا (8) مرجھانا۔

**بکسوا** (ہ) اسم مذکر۔ اصل میں بانکا یعنی ٹیڑھا سوا، لوہے کا ایک کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے کسنے یا باندھنے کے لئے حلقہ سا لگا ہوتا ہے۔

**بکل** (ہ) اسم مذکر (1) درخت کی چھال، چھلکا (2) کھال (3) پوست درخت۔

**بکل** (ہ) اسم مونث (1) چادر یا دوپٹہ کی ایک خاص طرز سے بدن پر لپیٹ۔

**بکل مارنا** (ہ) فعل (1) رضائی یا چادر وغیرہ کو اوڑھ کر خاص طریق سے کندھے پر ڈالنا (2) بکل مارنا۔

**بکنا** (ہ) فعل (1) بڑبڑانا (2) بیہودہ بولنا (3) بادہ گوئی کرنا۔

**بکنا** (ہ) فعل۔ فروخت ہونا۔

**بکنی** (ہ) اسم مونث (1) برادہ (2) سفوف (3) چورا، آٹا (4) پرانا (5) بودا (6) بوسیدہ۔

**بکواد / بکواس** (ہ) اسم مونث (1) حاصل مصدر از بکنا بک بک (2) بیہودہ بات (3) بڑ (4) طبعی (5) بات (6) طول کلامی (7) جھک جھک (8) ہرزہ گوئی۔

**بکواسی** (ہ) اسم مذکر فاعل سماعی (1) بہت بکنے والا (2) بکی (3) بیہودہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 0310071218

گوزڑی۔

بکوانا (ہ) فعل (1) فروختکر (2) سودا کانا (3) مول تول کرانا (4) قیمت مقرر کرانا۔

بکوٹنا (ہ) فعل (1) نوچنا (2) گھسوٹنا (3) ناخن سے کھرچنا (4) ناخن سے زخم کرنا یا لگانا۔

بکھ (ہ) اسم مذکر (1) زہر (2) سم (3) بس۔

بکھ بونا (ہ) فعل (1) فساد ڈالنا (2) دشمنی پیدا کرنا فساد انگیز باتیں کرنا۔

بکھان (ہ) اسم مذکر (1) تشریح (2) بیان تفصیل (3) تعریف (4) گالی (5) مذمت۔

بکھان کرنا/ بکھاننا (ہ) فعل (1) تعریف کرنا (2) بیان کرنا (3) شروع کرنا (4) تفصیل کے ساتھ کھول کر مطلب بتانا (5) برا کہنا (6) گالی دینا۔

بکھر (ہ) تیل دار بیج جیسے تل (1) سرسوں وغیرہ کچی کھانڈ کا شیرہ (2) کھانڈ کا شربت کچا۔

بکھر پکانا (ہ) فعل (1) کھانڈ کا شیرہ یا قوام پکانا (2) کچی شکر میں سے میل نکالنا۔

بکھر پیلنا (ہ) فعل ۔ تیل دار بیجوں کو کولھو وغیرہ میں ڈال کر تیل نکالنا۔

بکھرنا (ہ) فعل (1) پراگندہ ہونا (2) تتر بتر ہونا (3) پریشان ہونا (4) بھر بھرا ہونا (5) گر پڑنا (6) الٹ جانا (7) بگڑنا (8) غصے ہو جانا (9) بدحال ہونا بال پریشان ہونا۔

بکھل (ہ) اسم مذکر (1) احاطہ (2) کوچہ (3) محلہ (4) بگڑ۔

بکھی (ہ) اسم مونث (1) پہلو (2) پہلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ (3) بغل کے نیچے کی طرف۔

بکھیاں ٹوٹنے لگیں (ہ) جملہ (1) بہت ہی ہنسے (2) پیٹ میں بل پڑنے لگے۔

بکھیر۔ یا۔ بکھیرا (ہ) اسم مونث مذکر۔ وہ روپیہ پیسہ جو دولھن کے اوپر سے وداع ہونے کے وقت نثار کیا جاتا ہے۔

بکھیرنا (ہ) فعل (1) منتشر کرنا (2) پھیلانا (3) پراگندہ کرنا (4) لٹانا (5) کھنڈانا۔

بکھیڑا (ہ) اسم مذکر (1) الجھاؤ جنجال جھگڑا فساد (2) دنگا (3) چت (4) تکرار (5) ہنگامہ (6) پھیلاوا (7) طوالت (8) حرج (9) روک۔

بکھیڑا چکانا (ہ) فعل (1) جھگڑا دور کرنا (2) معاملہ طے کرنا (3) لڑائی ختم کرنا (4) فیصلہ کرنا۔

بکھیڑا ڈالنا (ہ) فعل (1) جھگڑا کرنا (2) وقت ڈالنا (3) کام بڑھانا (4) خرابی ڈالنا۔

بکھیڑیا (ہ) اسم مذکر (1) فاعل بمعنی صفت (2) جھگڑالو فسادی (3) فتنہ انگیز (4) مفسد (5) پاکھنڈی۔

بکھیڑے میں ڈالنا (ہ) فعل (1) جھگڑے میں ڈالنا (2) مصیبت میں پھنسانا (3) خطرے میں ڈالنا۔

بکّی (ہ) اسم فاعل (1) بکواسی (2) بک بک کرنے والا (3) جھک مارنے والا (4) زڑی۔

بکیت (ہ) اسم مذکر (1) بنوٹیا (2) بنوٹ کے فن میں ماہر (3) خنجر کی ورزش میں چالاک۔

بکیتی (ہ) اسم مونث (1) بنوٹ مانک کا ہنر (2) ایک سپاہیانہ ورزش ہے جسے کٹاری ٹیڑھی چھریوں سے بیٹھ کر یا لیٹ کر کھیلتے ہیں۔

## ب ← گ

بگاڑ (ہ) اسم مذکر (1) جھگڑا (2) نقصان (3) خرابی (4) زوال ناچاقی (5) عدوات (6) بدگمانی (7) غریبی (8) ناپاکی بدچلنی (9) لڑائی۔

بگاڑ ڈال دینا (ہ) فعل (1) باہم راض کر دینا (2) بخش کرا دینا (3) دشمنی ڈالنا۔

بگاڑ دینا (ہ) فعل (1) خراب کر دینا (2) برباد کر دینا (3) دوالہ نکلوا دینا (4) شکل بدل ڈالنا (5) نکما کر دینا فضول خرچی میں روپیہ برباد کر دینا۔

بگاڑنا (ہ) فعل (1) خراب کرنا (2) آزردہ کرنا (3) ناراض کرنا (4) شکل کو بدل ڈالنا (5) ناپاک کرنا (6) پاکدامنی کو برباد کرنا (7) نقصان پہنچانا (8) ناکارہ کرنا (9) تباہ کرنا۔

بگاڑو (ہ) اسم مذکر فاعل بہ معنی صفت (1) بگاڑنے والا (2) فضول خرچ (3) اڑاؤ (4) لٹاؤ (5) فسادی۔

بگ ٹٹ (ہ) تابع فعل (1) سرپٹ (2) عنان گستہ (3) گھوڑے کی بے تحاشا دوڑ گھوڑے اس طرح دوڑانا گویا لگام کی باگیں ٹوٹ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

گئیں اور گھوڑا بے لگام ہوگیا۔

بگڑ (ہ) اسم مذکر ❶ احاطہ ❷ کوچہ ❸ محلّہ ❹ پڑوس ❺ ہمسایہ۔

بگڑ بیٹھنا (ہ) فعل ❶ ناراض ہونا ❷ خفا ہونا سرکشی کرنا ❸ لڑائی کے لئے تیار ہونا ❹ ہاتھی یا گھوڑے وغیرہ کا اطاعت سے باہر ہو جانا ❺ قابو میں نہ رہنا ❻ سرکش ہوجانا۔

بگڑنا (ہ) فعل ❶ خراب ہونا ❷ فاحشہ ہونا ❸ عفت وعصمت برباد کر دینا ❺ مفلس وقلاش ہونا ❹ تباہ ہونا ❻ برباد ہونا ❼ بدچلن ہونا ❽ لڑائی پر آمادہ ہونا عیب ہونا۔

بگڑے دل (ا) اسم صفت ❶ دل چلا ❷ دیوانہ ❸ وہ شخص جس کا دل قابو میں نہ ہو ❹ نڈر بے باک آزاد ❺ ذراسی بات پر لڑنے مرنے والا ❻ اکھڑ ❼ ہر ایک سے الجھنے والا۔

بگل (ان) اسم مذکر ❶ ترئی ❷ ترم ❸ نفیری نرسنگا۔

بگلا (ہ) اسم مذکر ❶ بوتیمار ❷ غمخوار ❸ ماہی خور ایک آبی پرندے کا نام ہے (بحالت صفت) نہایت سفید جو مچھلیاں شوق سے کھاتا ہے ❹ بالکل چٹا ❺ اجلا۔

بگلا بھگت (ہ) اسم مذکر ❶ کپٹی ❷ کینہ توز ❸ مکار ❹ زاہد خشک۔

بگولا (ہ) اسم مذکر۔ ہوا کا چکر جو گرد وغبار کو لے کے بڑی تیزی سے چلے۔

بگونا (ا) فعل ❶ بدی کرنا ❷ غیبت کرنا ❸ ہجو کرنا کسی کو پیٹھ پیچھے برا کہنا۔

بگوئیا (ہ) اسم مذکر ❶ غیبت کرنے والا ❷ بدی بیان کرنے والا ❸ بدگو ❹ پاجی۔

بگھار (ہ) اسم مذکر ❶ چھونک ❷ داغ ❸ گھی یا تیل میں پیاز وغیرہ کے داغ دے کر سبزی یا دال وغیرہ کو تڑکنا ❹ سیر داغ ❺ روغن جوش۔

بگھارنا / بگھار لگانا / بگھار دینا (ہ) فعل ❶ چھونکنا ❷ تڑکنا ❸ بھوننا ❹ تلنا ❺ روغن ❻ جوش کرنا ❼ داغ کرنا ❽ غیر زبان بولنا ❾ شیخی مارنا۔

بگھن (ہ) اسم مذکر (ہندو) قتل عام ❶ بزن ❷ مزاحمت ❸ روک ❹ رکاوٹ ❺ غضب ❻ ظلم ❼ پاپ، گناہ عظیم ❽ جرم۔

بگھی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی بہت بڑی مکھی جو گھوڑوں کو بہت ستاتی ہے

بکھیلا / بگھیرا (ہ) اسم مذکر ❶ شیر کا بچہ ❷ مشہور ہے کہ شیرنی کے اگر ایک بچہ پیدا ہوتو شیر اگر دو ہوں تو ایک شیر دوسرا جو چھوٹا ہو تو بگھیلا ہوتا ہے ❸ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام بھی ہے۔

بگی (ان) اسم مونث ❶ سواری دو یا چار پہیوں والی گاڑی ❷ گھوڑا گاڑی ❸ ہندی والے بگھی بھی بولتے ہیں۔

بگیر بچہ (ا) لے بچہ۔ ایک رسم جو چھٹی کے روز زچہ کو تارے دکھانے کے بعد کی جاتی ہے۔

بکیلنا (ہ) فعل ❶ دھکیلنا ❷ دھسانا (گنوار لوگ بولتے ہیں)۔

## ب ← ل

بل (ای) اسم مذکر ❶ قبض الوصول ❷ حساب کی فرد ❸ دستاویز ❹ ہنڈوی ❺ چیک۔

بل پاس ہونا (ا) فعل ❶ حساب کی فرد کی منظوری ❷ قبض الوصول کا منظور ہونا۔

بل۔ (ہ) اسم مذکر ❶ سوراخ ❷ بالخصوص چوہے کا سوراخ ❸ بھٹا ❹ روزن ❺ روزنہ۔

بل ڈھونڈنا / بل میں گھسنا (ہ) فعل ❶ ڈر مارے چھپنا چھپتے پھرنا ❷ دبکنا ❸ دبکی مارنا ❹ خوفزدہ ہوکر چھپ جانا۔

بل (ہ) اسم مذکر ❶ زور ❷ طاقت ❸ قوت ❹ پیچ مروڑ ❺ لپٹ اینٹھ ❻ خم ❼ کجی ❽ ٹیڑھ ❾ رخ، سمت۔

بل آنا (ہ) فعل ❶ زور آنا ❷ قوت ❸ ناراضگی ہونا۔

بل بوتا (ہ) اسم مذکر ❶ زور ❷ طاقت ❸ قوت ❹ ڈیل ڈول ❺ ہمت، جرات ❻ اکڑفوں ❼ شیخی لاف ❽ ڈینگ۔

بل بھرنا (ہ) فعل ❶ زور دکھانا ❷ طاقت جتانا ❸ اینٹھنا ❹ ناراض ہونا۔

بل پڑنا (ہ) فعل ❶ شکن پڑنا ❷ سلوٹ پڑنا ❸ نقص آنا ❹ ناراضگی ہونا ❺ گرہ پڑنا ❻ مروڑی آنا ❼ حساب میں غلطی پڑنا ❽ فرق آنا ❾ نفاق پڑنا۔

بل جانا (ا) فعل ❶ قربان ہونا ❷ فدا ہونا ❸ صدقے جانا ❹ وارے جانا۔

بل دینا (ہ) فعل ❶ بٹنا ❷ مروڑنا ❸ اینٹھنا ❹ قربانی دینا ❺ نظر

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

چڑھانا۔

**بل کرنا** (ہ) فعل ① اکڑنا ② اینٹھنا ③ غرور کرنا ④ کینہ رکھنا ⑤ بغض رکھنا۔

**بل دکھانا** (ا) فعل ① پیچ وتاب کھانا ② خم کھان ٹیڑھا ہونا ③ اکڑنا۔

**بل کھلنا** (ہ) فعل ① پیچ دور ہونا ② بل نکلنا ③ سلجھنا ④ سیدھا ہونا ⑤ غرور وغصہ دور ہونا۔

**بل کھولنا** (ا) فعل ① سلجھانا ② سیدھا کرنا ③ خم نکلنا ④ غرور رور کرنا۔

**بل کی لینا** (ہ) فعل ① فخر کرنا ② غرور کرنا ③ گھمنڈ کرنا ④ زور دکھانا۔

**بل نکالنا** (ہ) فعل ① کجی دور کرنا ② سیدھا بنانا سزا دینا ③ درست کرنا ④ شیخی کرکری کرنا۔

**بل نکلنا** (ہ) فعل ① کجی دور ہونا ② بل کھانا ③ سیدھا ہونا ④ درست ہوجانا۔

**بلا** (ہ) اسم مذکر۔ گیند پر مارنے کا چوڑا سا سونٹا گلی اچھالنے کا ڈنڈا۔

**بلا** (ا) اسم مذکر ① نشان ② تمغہ ③ سپاہیوں یا افسروں کا طغرائے امتیاز۔

**بلا** (ع) تابع فعل ① بغیر ② سوا ③ بدوں ④ بن ⑤ بنا بے۔

**بلا اکرہ واجبار** (ع) تابع فعل ① نفرت اور سختی کے بغیر ② خوشی سے ③ رضامندی سے ④ پیار ومحبت سے۔

**بلا تامل** (ع) تابع فعل ① بلا دیر کئے ② فوراً ③ اسی وقت ④ بے سوچے۔

**بلا تردد** (ع) تابع فعل ① بے اندیشہ ② بیفکری سے ③ بے سوچے ④ (بحالت اسم مونث) بن جتی زمین۔

**بلا تشبیہ** (ع) تابع فعل ① بلا مناسبت مشابہت بغیر ② بلا تعلق ③ بے نسبت ④ بلا واسطہ۔

**بلا تصنع** (ع) تابع فعل ① بناوٹ بغیر ② بے ساختہ ③ خود بخود ④ ٹھیک ٹھیک ⑤ صحیح صحیح۔

**بلا تکلف** (ع) تابع فعل ① بے ساختہ ② فی البدیہہ بلا وسواس۔

**بلا توقف**۔ (ع) تابع فعل ① فوراً ② جلدی ترت ③ دیر بغیر۔

**بلا شرط**۔ (ع) تابع فعل ① پابندی بغیر ② بغیر شرط ③ آزادی سے ④ بلا اقرار۔

**بلا شک/ بلا شبہ** (ع) تابع فعل ① بیشک ② بے شبہ صحیح ③ صاف ④ صاف۔

**بلا ناغہ**۔ (تابع) فعل ① متواتر ② لگاتار ③ روزمرہ ④ مسلسل۔

**بلا واسطہ** (ع) تابع فعل ① بے وسیلہ ② براہ راست ③ بے وجہ ④ ناحق۔

**بلا** (ع) اسم مونث ① مصیبت ② سختی ③ بپتا ④ دکھ ⑤ آفت ⑥ قہر ⑦ غضب (بحالت صفت) مہیب ⑧ ڈراؤنا ⑨ مصیبت۔

**بلا بدتر** (ف) اسم صفت ① نکما ② ناکارہ ③ نہایت خراب۔

**بلا بوغما** (ف) اسم صفت (عورتیں) ① بھوہڑ ② غیر مہذب ③ ناشائستہ ④ ناکارہ۔

**بلا پیچھے لگانا** (ا) فعل ① مصیبت میں پھنسانا ② آفت میں ڈالنا۔

**بلا جانے** (ا) کلمہ ① استغنا ② جوتی جانے ③ بیزار سے ④ پروائے نیست۔

**بلا چٹ/ بلا نوش** (ا) اسم صفت ① الم غلم سب کچھ کھانے جانے والا ② صدقہ خور ③ بہت شراب پینے والا ④ سمندر سوکھ ⑤ اناپ شناپ ⑥ کھانے والا۔

**بلا سے** (ا) کلمہ استغنا ① کچھ پروا نہیں ② کچھ غم نہیں ③ کوئی غم نہیں ④ جوتی سے۔

**بلا کا** (ا) اسم صفت مذکر ① غضب کا ② قیامت کا ③ نہایت تیز ④ آتش کا پرکالہ بھبھوکا۔

**بلا کش** (ف) اسم صفت مذکر ① بہ ترکیب فاعلی ② آفت جھیلنے والا ③ بلا سہنے والا ④ جفاکش ⑤ دکھ درد سہ جانے والا۔

**بلا کی طرح پیچھے پڑنا** (ا) فعل ① ہر دم ساتھ رہنا ② پیچھا نہ چھوڑنا ③ ہر وقت سر رہنا ④ سر چڑھے رہنا ⑤ چچڑ ہونا۔

**بلا گرداں** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① بلا کو ہٹا دینے والا ② صدقے ہونیوالا ③ قربان جانے والا۔

**بلا لوں** (ا) ① نہایت محبت کے سات بولتے ہیں ② کلمہ خوشامد ③ صدقے جاؤں قربان جاؤں ④ فدا ہوں ⑤ واری جاؤں۔

**بلا لینا/ بلائیں لینا** (ا) فعل ① صدقہ ہونا ② قربان ہونا ③ کسی عزیز کے سر پر ہاتھ پھیرنا ④ اپنی دونوں کنپٹیوں پر رکھ کر چٹخانا ⑤ جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ سب بلائیں ہم نے اپنے سر لے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149...218

www.besturdubooks.net

لیں۔

**بلا بھیجنا** (ا) فعل ❶ طلب کرنا ❷ آدمی بھیج کر بلوانا ❸ بلانا ❹ پیغام دیکر بلانا۔

**بلاپ** (ہ) اسم مذکر ❶ رونا ❷ پیٹنا ❸ ماتم ❹ سیاپا، نوحہ کرنا ❺ باتیں کرنا ❻ آہ وزاری سوگ کہرام ❼ مردہ کو بین کر کے رونا۔

**بلاپ کرنا/ بلاپ کر کے رونا** (ہ) فعل۔ مردہ کو بین کر کے بلند آواز سے رونا میت کے کاموں کو یاد کر کے رونا پیٹنا۔

**بلا تماشا** (ع) تابع فعل ❶ اندھا دھند ❷ بے تابانہ بے قرار ❸ بے اوسان ہوکر بھاگنا۔

**بلا ریب** (ع) تابع فعل ❶ بلا شبہ ❷ بلا شک ❸ بے گمان ❹ بالکل صحیح۔

**بلاسنا** (ہ) فعل (پورب) ❶ عیش منانا ❷ مزے اڑانا ❸ خوشیاں کرنا۔

**بلاغت** (ع) اسم مونث ❶ علم بیان کی حد کو پہنچنا ❷ موقع کے مطابق گفتگو کرنا ❸ خوش بیانی۔

**بلاق** (ت) اسم مذکر ❶ منکا ❷ ایک زیور کا نام ہے جیسے عورتیں اکثر ناک میں پہنتی ہیں۔

**بلاقی** (ا) وہ آدمی جس نے بچپن میں بلاق پہنا ہو۔

**بلالؓ** (ع) اسم مذکر۔ حضرت رسول خدا کے موذن کا نام ہے جو حبش کے رہنے والے تھے ۲۰ھ میں فوت ہوئے۔

**بلالانا** (ہ) فعل ❶ ساتھ لے آنا ❷ پکار لانا ❸ ہمراہ لانا۔

**بلانا** (ہ) فعل ❶ پکارنا ❷ حاضر کرنا ❸ طلب کرنا ❹ آواز نکالنا ❺ جیسے حقہ بلانا ❻ آواز دینا ❼ نوکر رکھنا ❽ تقرر کرنا ❾ پسند کرنا۔

**بلانا** (ہ) فعل ❶ مٹانا ❷ غائب ہونا ❸ دور ہونا۔

**بلانا** (ہ) فعل ❶ پورب ❷ بلبلانا ❸ زار زار رونا ❹ بلکنا۔

**بلاند** (ہ) اسم مذکر ❶ بالشت ❷ طول ناپنے کا پیمانہ جو چار گرہ یا نو انچ کے برابر ہوتا ہے ❸ سولہ انگل عرض کا پیمانہ۔

**بلاؤ** (ہ) اسم مذکر ❶ بلا ❷ بلار ❸ گربہ نر ❹ جنگلی بلا۔

**بلاوا** (ہ) اسم مذکر ❶ طلبی ❷ نیوتا ❸ دعوت ❹ چاہنا ❺ خواہش۔

**بلاول** (ہ) اسم مونث۔ ایک راگنی کا نام ہے جو رات کے وقت گاتے ہیں۔

**بلاہر** (ہ) اسم مذکر کمین ❶ ٹہلوا ❷ شودر ❸ چوہڑا ❹ خدمتی ❺ ہر کارہ ❻ راہنما ❼ رہبر ❽ بیگاری ❾ پاسبان۔

**بلا ہے کا بلا ہا ہے نہیں چھیڑا تو ضرور** (ہ) مثل ❶ شیر کا بچہ شیر ہی ہوگا ورنہ بگھیرا تو ضرور ہوگا ❷ شیرنی کے اگر ایک بچہ ہوتو کہری شیر ہوتا ہے ❸ اگر دو ہوں ذرا کمزور ہوتے ہیں ❹ بڑوں کے بڑے ہی ہوتے ہیں۔

**بلائیں لینا** (ہ) فعل ❶ واری جانا ❷ صدقے ہونا ایک خاص طریقہ سے قرباں جانا ❸ پیار کرنا۔

**بلبل** (عف) اسم مذکر و مونث دونوں طرح جائز ہے ❶ گلدم ❷ ہزار داستان ❸ مرغ چمن ❹ ایک قسم کا خوش آواز پرندہ ہے جس کی دم کے نیچے یک نہایت خوشنما ❺ سرخ رنگ کا پھول سا ہوتا ہے ❻ شعراء اسے عاشق گل باندھتے ہیں۔

**بلبل چشم** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کی وبناوٹ اور بُنتی کا نام ہے جس میں بلبل کے آنکھ کی طرح کوٹھڑیاں اور خانے سے ہوتے ہیں۔

**بلبلا** (ہ) اسم مذکر ❶ حباب ❷ پانی میں ہوا بھر کر یا کسی چیز کے سڑ کر ابلنے سے جو گول سی شکل بن جاتی ہے ❸ مجازاً بہت جلد مٹ جانے والا ❹ ناپائدار ❺ جلد فنا ہو جانے والا ❻ فانی۔

**بلبلانا** (ہ) فعل ❶ تڑپنا ❷ بے چین ہونا ❸ چوٹ یا درد سے بلکنا ❹ بیکل ہونا ❺ بچے کا زار و زار رونا ❻ بھوک میں مضطرب ہونا ❼ گڑگڑانا۔

**بلبلانا** (ہ) فعل ❶ اونٹ کا مستی میں بولنا ❷ مستی پر آنا ❸ لال پیلا ہونا ❹ غصے میں دانت پیسنا ❺ بھبھوکا ہونا ❻ جوش مارنا۔

**بلبل ٹین** (ای) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا نہایت خوبصورت کپڑا سوتی مخمل ❷ نقلی مخمل۔

**بلبل جانا** (ہ) فعل ❶ واری جانا ❷ قربان ہونا ❸ نثار ہونا ❹ صدقے ہونا۔

**بل بھکوا** (ہ) اسم صفت ❶ لالچی حریص ❷ بوالہوس۔

**بل بے** (ہ) تعجب اور تحسین کا کلمہ ہے ❶ اف رے ❷ اہو ❸ آہا ❹ واہ رے واہ وا ❺ شاباش۔ مرحبا ❻ کیا کہنے ہیں۔

**بل تاڑ** (ہ) اسم مذکر۔ وہ نرتاڑ جس میں پھل کی جگہ بالیں نکلتی ہیں۔

**بلتوڑ** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا پھوڑا ہوتا ہے جو بال ٹوٹ جانے کی باعث موسم برسات میں نکل آیا کرتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072618

www.besturdubooks.net

بلٹی (ای) اسم مونث ① بل کی تصغیر ہے ② کاغذ کا پرزہ ③ پرچہ ④ کاغذ کا ٹکڑا ⑤ حساب کی فرد چیزوں کی فہرست معہ کرایہ وغیرہ۔

بلدر (ف) اسم صفت ① واقف ② خبردار ③ مطلع ④ اطلاع یافتہ ⑤ جاننے والا۔

بلد (ہ) اسم مذکر (پنجابی) ① بیل ② گائے کا نر۔

بلدار (ا) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① پیچ والا ② بل والا ③ خمدار ④ مڑا ہوا۔

بل دان (ہ) اصل ① بلی دان ② اسم مذکر ③ دیوتا یا ایشور کے نام پر قربانی کرنا ④ نذر ماننا ⑤ نذر بھینٹ ⑥ چڑھاوا۔

بلدنا (ہ) فعل (گنوار) گائے بھینس کو حمل رکھوانا کیا بھن کروانا۔

بل رانڈ (ہ) اسم مذکر ① بال رانڈ ② صغرسنی میں بیوہ شدہ عورت ③ بال بدھوا ④ چھوٹی عمر کی بدھوا۔

بلسنا (ہ) فعل ① سکھ پانا ② آرام پانا ③ لطف اٹھانا ④ استعمال میں لانا ⑤ برتنا ⑥ کام میں لانا ⑦ کام نکالنا۔

بلغم (ع) اسم مذکر ① کھنکھار ② کف ③ نزلہ کا تھوک چاروں خلطوں میں سے ایک خلط۔

بلغمی (ع) اسم صفت بیائے فاعلیت ① بلغم والا وہ چیز جو بلغم پیدا کرے ② مرطوب ③ وہ آدمی جس کے بدن میں بلغم بڑھ گیا ہو ④ موٹا ⑤ موٹی سمجھ کا ⑥ کاہل۔

بلقیس (ع) اسم مونث۔ شہر سبا واقع عرب کی ملکہ کا نام تھا جو بعد میں حضرت سلیمانؑ کی بیوی بنی۔

بلڈوگ (ای) ایک قسم کے کتے کو کہتے ہیں جو نہایت مضبوط اور طاقتور ہوتا ہے۔

بلکانا (ہ) فعل ① رلانا ② زار زار رولانا ③ دکھ دینا ④ بے چین کرنا ⑤ بیقرار کرنا۔

بلکنا (ہ) فعل ① زارزار رونا ② بچوں کا بیقرار ہوکر رونا ③ لے تابانہ رونا ④ پھڑکنا ⑤ بے چین ہوکر چلانا ⑥ چلا کر رونا۔

بلک ٹرین (ای) اسم مونث ① بیل گاڑی ② چوپہیہ گاڑی۔

بلکہ (ف) حرف ① ترقی واضراب ② پھر لیکن ③ والا۔

بللا (ا) اسم صفت مذکر ① اصل میں بے للّا تھا جس کے معنی ہیں بے تمیز بے شعور ② احمق ③ بیوقوف گاؤدی ④ لغو ⑤ بیہودہ۔

بلم / بلما (ہ) اسم مذکر ① اصل میں بلبو ② شوہر ③ محبوب۔

بلم (ہ) اسم مذکر ① بھالا ② برچھا ③ نیزہ ④ برچھی ⑤ عصا ⑥ نشان ⑦ بڑی لاٹھی ⑧ امیروں اور شاہوں کی سواری کے آگے آگے لے چلنے والا سنہری یا رپہلی عصا۔

بلم بردار (ا) اسم مذکر ① نیزہ اٹھانے والا ② عصا لے کر چلنے والا ③ وہ شخص جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے عصا لے کر چلتے ہیں ④ نشان لے کر چلنے والا۔

بلما (ہ) اسم مذکر ① ایک زہریلا کیڑا جو برسات میں گھاس ② ہوتا ہے ③ جسے کھا کر مویشی بیمار ہوجاتے ہیں۔

بلمانا (ہ) ① ٹھیرنا ② دیر لگانا ③ دیر کرنا ④ بیٹھ رہنا ⑤ روکنا ⑥ ٹھیرانا ⑦ پکڑ رکھنا ⑧ جیسے پتیم کس سوتن نے بلمائے ⑨ معشوق بنانا۔

بلم ٹیر (ان) اسم مذکر ① والنیٹر ② اپنی مرضی سے ملکی وقومی حفاظت کی خاطر فوج کا سپاہی بننا۔

بلمنا (ہ) فعل ① جانوروں کا بلما کیڑا کھا کر بیمار ہوجانا ② اس میں ان کے پاؤں لنگڑے ہوجاتے ہیں اور چورنگ ہوجاتے ہیں۔

بلنا (ہ) فعل ① سلگنا ② جلنا ③ بھڑکنا ④ روشن ہونا ⑤ شعلہ اٹھنا (گنوار) بٹنا ⑥ بل دینا ⑦ کسی زیور میں ڈورہ ڈالنا ⑧ پٹوے کا کام کرنا۔

بلند (ف) اسم صفت ① اونچا ② برتر ڈالی ③ رفیع ④ دراز قد ⑤ لمبا۔ بڑے ڈیل کا۔

بلند آواز (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی اونچی آواز والا۔ بڑی آواز والا۔

بلند پرواز (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① اونچی اڑان والا ② بلند خیال والا ③ عالی دماغ بلند فکر والا۔

بلند حوصلہ (ف) اسم صفت ① من چلا ② بڑی ہمت والا ③ بہادر ④ فراخ دل ⑤ سخی ⑥ دلاور جرات ⑦ صاحب جرات۔

بلند کرنا (ا) فعل ① اونچا اٹھانا ② ترقی دینا ③ رتبہ بڑھانا۔

بلند نظر (ف) اسم صفت فاعلی ① عالی ہمت ② دور اندیش ③ باحوصلہ۔

بلند ہمت (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① بڑی ہمت والا ② من چلا ③ دلاور ④ بہادر ⑤ جری ⑥ بلند حوصلہ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140917218

**بلند ہونا** (ہ) فعل ① اونچا ہونا ② ترقی پانا ③ اعلیٰ درجہ پر پہنچنا۔

**بلندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① اونچائی ② اونچان ③ ارتفاع ④ درازی ⑤ لمبائی نخوت ⑥ تکبر ⑦ غرور ⑧ برائی کا خیال۔

**بلنگنی** (ہ) اسم مونث (ہندو) ① لگنی ② لٹکن ③ کپڑے وغیرہ ٹانگنے کی دوڑی ④ ٹنگنا۔

**بلوہ/ بلوا** (ف) اسم مذکر ① ہلڑ ② ہنگامہ ③ دنگا فساد ④ بغاوت ⑤ سرکشی ⑥ بدانتظامی ⑦ شور وغل ⑧ بہت سے آدمیوں کا فساد پر آمادہ ہونا۔

**بلوہ عام** (ا) اسم مذکر ① بہت سے آدمیوں کی سرکشی ② سازش کر کے فساد برپا کرنا۔

**بلوان** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① بل بمعنی زور ② وان بمعنی والا ③ زوروالا ④ طاقتور ⑤ شجاع ⑥ بلی ⑦ مضبوط۔

**بلوانا** (ہ) فعل۔ بلانا کا متعدی ہے۔

**بلوٹا** (ہ) اسم مذکر ① بلی کا بچہ ② بلونگڑا۔

**بلور** (ع) اسم مذکر۔ ایک شفاف شیشے کی قسم کا کانی معدنی ہوتا ہے جسے عام لوگ کچا ہیرا کہتے ہیں۔

**بلورسا/ بلور کی مانند** (ا) اسم صفت ① شفاف ② مجلا ③ صاف۔

**بلوریں/ بلوری** (ف) اسم صفت ① منسوب بہ بلور ② بلور کا ③ مثل بلور۔

**بلوط** (ع) اسم مذکر۔ ایک قسم کا درخت ہے، جسے سیتا سپاری اور سیتا برچھ بھی کہتے ہیں۔

**بلوغ** (ع) اسم مذکر ① جوانی ② شباب ندوی۔

**بلوغت** (ع) اسم مذکر ① جوانی ② شباب ③ مردی۔

**بلونا** (ہ) فعل ① متھنا ② دہی میں سے رئی کے ذریعہ گھی نکالنا ③ گھنگولنا ④ کسی چیز کو متواتر حرکت دینا۔

**بلوں بلوں** (ہ) اسم مونث ① کسی چیز کی تنگی ② کمیابی ③ ضرورت ④ مانگ ⑤ طلب ⑥ خواہش ⑦ ہائے وائے پکار۔

**بلوں بلوں پڑنا/ بلوں بلوں ہونا** (ہ) فعل ① مانگ ہونا ② پکار ہونا۔

**بلوں بلوں کرنا** (ہ) فعل ① پکار کرنا ② گھبرانا ③ بدحواس ہونا ④ بڑانا ⑤ ہائے وائے کرنا۔

**بلونت** (ہ) اسم صفت ① بہادر شجاع ② زورآور ③ طاقتور۔

**بلہار جانا** (ہ) فعل ① قربان جانا ② تصدیق ہونا ③ صدقے جانا ④ نثار ہونا۔

**بلہاری** (ہ) اسم مونث ① صدقہ ② واری ③ قربان فدا ④ نثار۔

**بلہوس** (ف) اسم صفت ① لالچ ② آرزو ③ وہ شخص جو نہایت لالچی ہو ④ حریص طامع۔

**بلی** (ہ) اسم صفت ① طاقتور ② زورآور ③ بلوان ④ ملونت ⑤ بل دار۔

**بلی** (ہ) اسم مونث ① چھوٹا درندہ جانور ہوتا ہے جسے شیر کی خالہ یا استانی کہتے ہیں ② عام طور پر گھروں پر چوہے پکڑ کر کھایا کرتی ہے نیز وہ لکڑی یا کواڑوں میں اندر کی طرف کنڈی کی بجائے لگاتے ہیں۔



بلی

**بلی الانگنا** (ہ) فعل۔ لڑنے کو تیار ہونا بلی کا راستہ کاٹنا۔

**بلی بھی لڑتی ہے تو منہ پر پنجہ دھر لیتی ہے** (ا) مثل ① حیوان بھی لڑائی سے شرم کرتے ہیں ② انہیں بھی حیا آتی ہے۔

**بلی روتی ہے منگل کس دن گا رہی تھی** (ہ) مثل ① کام نہ کرنیوالے اور کام کو دیکھ کر ردنی صورت بنا لینے والے آدمی کی نسبت بولتے ہیں ② غمزدہ ہے ③ خوش کس دن ہوا ④ وہ تو ہمیشہ روتا ہی رہتا ہے ہمیشہ مغموم اور متفکر ہی رہتا ہے۔

**بلی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی** (ا) ① بددیانت کو خزانچی بنانا ② چور اور بدمعاش کو امین اور منتظم مقرر کرنا ③ نااہل کو کام پر لگانا۔

**بلی کے خواب میں چھیچھڑے/ بلی کو چھیچھڑوں کے ہی خواب** (ا) مثل ① اپنی گوں کے ہی خواب دیکھنے ② ہر دم اپنے ہی مطلب کی سوجھنی ③ خودغرض شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا** (ا) ① حسب منشا کام ہوگیا ②

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

مرضی کے موافق مرادل گئی بے تکلف ہی آرزو پوری ہوگئی۔

بلی کی میاؤں سے ڈرلگتا ہے (ا) مثل ① حاکم ② افسر یا بایا امیر اورزورآور آدمی کا رعب داب ہی کافی ہوتا ہے۔

بلی لوٹن (ہ) اسم مذکر ① بالچھڑ ② سنبل الطیب بادر نجبویہ ایک خوشبودار بوٹی کا نام ہے جس کی بو پر بلی عاشق ہے۔

بلی (ہ) اسم مونث ① نثری وہ سب چیزیں کی بوجھ سہارنے والی چیز ② اصطلاح میں سال کے درخت کی لمبی اور موٹی سی شاخ جو کشتی چلانے باقم اور تھونی دینے کے کام آتی ہے۔

بلیغ (ع) اسم صفت ① پہنچنے والا ② کامل ③ کمل پورا فاضل ④ موقع کے موافق گفتگو کرنیوالا۔

بلیلہ (ف) اسم مذکر ① بہیڑا ② بڑی ہڑ کی قسم کی دوائی کا نام ہے۔

بلیرڈ (ای) اسم مذکر۔انٹے کا کھیل۔

بلینڈا (ہ) اسم مذکر ① چھپر کے بیچ کا یا کنارے بڑا بانس ② چھپر کی منڈیر ③ سخت مزاج آدمی۔

## ب ← م

بم (و) اسم مؤنث ① چشمہ ② منبع ③ پانی کا سوراخ ④ بومب ⑤ بمبا ⑥ غل ⑦ شور ⑧ شیوجی کے پکارنے کی آواز جیسے بم بم بھولے ناتھ ⑨ نقارہ۔

بم (ا) اسم مذکر۔بگی کا بانس۔بگی کے آگے کی لکڑیاں جن میں گھوڑا جوتتے ہیں۔

بم (ف) اسم مونث ① باجہ یاراگ کی اونچی آواز ② بخلاف زیر۔

بم (ا) اسم مونث ① پمپ ② ہوا اور پانی کے بھرنے یا نکالنے کی مشین ③ آتشگیر مادے کا بنایا ہوا گولہ۔

بم بلانا (ہ) فعل ① خراب کرنا ② پوپلا کرنا ③ نقارہ کی طرح بجانا ④ سخت تکلیف پہنچانا۔

بم پھوٹنا (ہ) فعل ① کنوئیں کی تہ میں سے پانی کا جوش مار کر ابلنا ② گولہ پھٹنا۔

بم مچ جانا / بم مچانا (ا) فعل ① شوروغل کرنا ② دہائی مچانا ③ بہت شور مچانا ④ فریاد کرنا ⑤ چلا کر بولنا۔

بم بم بھولے ناتھ / بم مہادیو (ہ) خدا ① مہادیو مدد کرو ② مدد یا باوا آدم ③ مہادیو کی جے ④ مہادیو کی فتح ⑤ شیوجی کا بول بالا۔

بمان / بوان (ہ) اسم مذکر ① سخت رواں ② ہوائی جہاز ③ دیوتاؤں کی سواری کا رتھ ④ خدا کی طرف سے آیا ہوا نیک بندوں کی سواری کا رتھ یا تخت ⑤ وہ آراستہ ارتھی جو ہندو لوگ بوڑھے آدمیوں کو اٹھا کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں۔

بمبا (ا) اسم مذکر۔اصل میں منبع ہے، وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے۔

بمبو (ای) اسم مذکر۔بانس (اردو میں) چنڈو پینے کی نلکی۔

بم پولس (ا) اسم مذکر ① لشکری ② عام پہنچانے کی جگہ ③ عام لوگوں کے پیخانے پھرنے کی جگہ ④ ٹٹی۔

بمنزلہ (ف) تابع فعل ① بجائے ② بطور ③ درجہ میں جگہ پر ④ بالعوض۔

بمنیٹا (ہ) اسم تصغیر۔بامن کا بیٹا۔

بموجب (ف) تابع فعل ① موافق ② مطابق ③ جیسا ④ حسب۔

## ب ← ن

بن (ہ) اسم مذکر ① قہوہ ② کافی ③ ایک قسم کا بیج ہوتا ہے جسے بھون کر کھاتے ہیں یا چائے کی طرح ابال کر پیتے ہیں۔

بن (ہ) اسم مذکر ① جنگل ② زار ③ خودرو درختوں کا جنگل ④ صحرا ⑤ بیابان ⑥ روئی کا کھیت ⑦ روئی کا درخت ⑧ باڑی کپاس۔

بن بلاؤ (ہ) اسم مذکر ① جنگلی بلا ② باہر بلاؤ۔

بن مانس (ہ) اسم مذکر ① جنگلی آدمی ② وحشی انسان ③ نسناس ④ آدمی کی صورت سے بالکل ملتا جلتا بندر ⑤ گوریلا۔

بن (ع) اسم مذکر ① بیٹا ② ولد ③ پور۔

بن (ا) تابع فعل ① بغیر سوائے ② بجز ③ جھٹ ④ بدوں۔

بن آئی مرنا (ہ) فعل ① بے موت مرنا ② ناحق مرجانا ③ آناً فاناً مرنا ④ بے وقت مرنا ⑤ ناحق تباہ و برباد ہوجانا ⑥ بے قصور مرنا ⑦ مصیبت میں پھنسنا۔

بن بلائی احمق لے دوڑی صحنک (ا) مثل ① بے طلب آنا اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کھانا کھانے اور لے جانے کا سامان بھی لانا (2) پرلے درجہ کی حماقت (3) خواہ مخواہ دخل ورمعقولات۔

بن داموں کا غلام (ا) اسم مذکر (1) بے دام غلام (2) مفت کا غلام (3) نہایت تابعدار (4) بے عذر کام کرنے والا (5) نہایت ممنون۔

بن مارے کی توبہ (ا) اسم مونث (1) ناحق کی فریاد (2) بے جا شکایت (3) قبل ازمرگ واویلا۔

بن مانگے ماں بھی بچے کو دودھ نہیں دیتی (ا) مثل (1) بے جدوجہد کچھ نہیں ملتا (2) کوشش سے ہی کچھ ملتا ہے (3) منہ سے کہے بغیر کسی کو کیا معلوم کہ تمہیں کیا چیز درکار ہے۔

بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک (ا) مثل (1) توکل والے کی سب مرادیں پوری ہوجاتی ہیں (2) بن مانگے قیمتی اشیاء مل جاتی ہیں اور مطلوبہ چیز بڑی مشکل سے ملتی ہے۔

بِناء (ع) اسم مونث (1) عمارت (2) بنیاد (3) تعمیر (4) مکان (5) نیو (6) وجہ (7) باعث (8) شروع۔

بنا ڈالنا (ا) فعل (1) بنیاد رکھنا (2) آغاز کرنا (3) ڈھنگ ڈالنا (4) خاکہ ڈالنا۔

بنائے دعویٰ (ع) اسم مونث (1) دعویٰ کی وجہ (2) استغاثہ کا باعث (3) دعویٰ کی دلیل۔

بنا (ع) تابع فعل (1) بدوں (2) بغیر سوائے (3) بجز (4) چھوٹ۔

بَنّا (ہ) اسم مذکر (1) نوشہ (2) دولہا (3) بنڑا (4) یہ عوام میں بہ تشدید نون بولا جاتا ہے۔

بُننا (ہ) فعل۔ کپڑا وغیرہ تانا بانا تن کر تیار کرنا۔

بننا/ بنجانا (ہ) فعل (1) تیار ہونا (2) مکمل ہونا (3) درست ہونا (4) تصنیف وتالیف ہونا (5) نئی بات پیدا ہونا (6) اتفاق ہونا (7) موقع پڑنا (8) کام درست ہونا (9) سنوارنا۔

بنا بنایا (ہ) اسم صفت (1) درست ٹھیک ٹھاک (2) آراستہ پیراستہ (3) لیس (4) تیار (5) کیل کانٹے سے درست (6) فروش سے آراستہ۔

بنا ٹھنا (ہ) اسم صفت (1) سجا سجایا (2) سنگار کیے ہوئے (3) درست لباس اور زیور سے آراستہ۔

بننا ٹھننا (ہ) فعل (1) آراستہ ہونا (2) بناؤ سنگار کرنا (3) ساز وسامان سے خوب لیس ہونا۔

بنارس (ہ) اسم مذکر (1) یوپی یعنی ممالک متحدہ آگرہ اودھ کا ایک مشہور شہر ہے (2) جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے۔

بنارسی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی (1) بنارس کا (2) بنارس کی بنی ہوئی چیز۔

بنارسی ٹھگ (ا) اسم مذکر (1) بڑا عیار (2) نہایت دھوکے باز۔

بناس پتی (ہ) اسم مونث (1) نباتات (2) جنگل کی جڑی بوٹی (3) نباتات (4) پیداوار دشتی۔

بُنالا (ہ) اسم مذکر۔ گوٹہ کناری وغیرہ کا بانا۔

بنانا (ہ) فعل (1) مکمل کرنا (2) تکمیل کو پہنچانا (3) تیار کرنا (4) درست کرنا (5) مرتب کرنا (6) سنوارنا (7) سنگارنا (8) تعمیر کرنا (9) گھڑنا۔

بن آنا/ بن پڑنا (ہ) فعل (1) مراد کے موافق ہونا (2) قسمت کھل جانا (3) موقع ملنا (4) ممکن ہونا۔

بناؤ (ہ) مذکر۔ حاصل یا مصدر (1) سجاوٹ (2) آراستگی (3) دوستی (4) موافقت (5) میل ملاقات (6) (فعل امر کی صورت میں) تیار کرو (7) درست کرو (8) سنوارو۔

بناوٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر (1) ساخت (2) وضع (3) تکلف (4) تصنع (5) نمائش نمود (6) باتیں گھڑنی (7) جھوٹے اظہار (8) مکروفریب (9) جعلسازی۔

بناوٹی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت (1) مصنوعی خود ساختہ (2) دکھلاوے کا۔

بن باس (ہ) اسم مذکر (1) جنگل میں بسنا (2) جنگل کی بستی (3) جلا وطنی (4) جنگلوں بنوں میں رہنا۔

بن باس دینا (ہ) فعل (1) جنگل میں رہنے کا حکم دینا (2) جلاوطن کرنا (3) آبادی سے نکل جانے کا حکم دینا۔

بن باس کرنا (ہ) فعل (1) جنگل میں جا رہنا (2) آبادی سے نکل جانا (3) جلاوطن ہونا۔

بَن بَن کر بگڑنا (ہ) فعل (1) درست ہوکر خراب ہوجانا (2) کسی کام کا ہوکر بگڑ جانا (3) مراد کو پہنچ پہنچ کر نامراد رہنا (4) دانستہ خفا ہونا (5) درست نہ ہونا (6) کام نہ بننا۔

بن بیٹھنا (ہ) فعل (1) تیار ہوجانا (2) آمادہ رہنا (3) امیر بن جانا (4)

Join us on whatsapp Naveed Baig 031497218

www.besturdubooks.net

دولتمند ہونا۔

بن نہ آنا/ بن نہ پڑنا (ہ) فعل (1) مجبور ہونا (2) بندوبست نہ ہوسکنا (3) کام کا انتظام نہ ہونا (4) جواب نہ دے سکنا۔

بَنَت (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی توئی ہوتی ہے جس میں گھوکھرو سلما ستارا وغیرہ لگا ہوتا ہے۔

بنت (ع) اسم مونث (1) لڑکی (2) بیٹی (3) دختر۔

بِنْتی۔ یا۔ بِینْتی (ہ) اسم مونث (1) عذر (2) معذرت (3) التماس (4) عرض (5) پرارتھنا (6) منت سماجت۔

بنٹا (ہ) اسم مذکر (1) پیتل کا بڑا لوٹا (2) کھانا پکانے کا بڑا سا برتن (3) بڑا کٹروا۔

بنٹا ڈھار کرنا (ہ) فعل (1) برباد کر ڈالنا (2) تباہ کر ڈالنا (3) ستیاناس کر دینا۔

بنج (ہ) اسم مذکر (1) لین دین (2) سوداگری (3) تجارت (4) خرید و فرخت (5) بیوپار (6) رشتہ (7) ناتا (8) پیشہ (9) کسب کار۔

بنجنا (ہ) فعل (1) لین دین کرنا (2) معاملہ ڈالنا (3) خریدوفرخت (4) بیوپار کرنا (5) تعلق پیدا کرنا (6) رشتہ کرنا۔

بنجارا (ہ) اسم مذکر (1) سوداگر غلہ (2) بیوپاری (3) سوداگر (4) ایک قوم کا نام بھی جو غلہ کی سوداگری کرتی ہے۔

بنجاری (ہ) اسم مونث (1) بنجارے کی عورت (2) بنجاروں کا ڈیرہ (صفت میں) مضبوط (3) پائیدار (4) خوبصورت۔

بنجاری کتا (ہ) اسم مذکر (1) وہ کتا جسے بنجارے لوگ اپنے مال کی حفاظت کیلئے اپنے ساتھ رکھتے ہیں (2) چوکیدار کتا (3) قافلے کے ساتھ رہنے والا کتا۔

بنجر (ہ) اسم مونث و مذکر (1) غیر مزروعہ زمین (2) وہ زمین جس میں مدت سے کچھ بویا نہ گیا ہو (3) افتادہ زمین۔ بے تردد زمین۔

بند (ف) اسم مذکر (1) جوڑ (2) عضو (3) گانٹھ (4) روک پشتہ انگرکھے کی تنی (5) بندھن (6) کپڑے کی پٹی (7) قید (8) حبس (9) داؤ پیچ۔

بند باندھنا (ا) فعل (1) پشتہ باندھنا (2) گرہ لگانا (3) بندوبست کرنا (3) تدبیر کرنا (4) پانی کی آمد کو روک دینا۔

بند بند (ف) اسم مذکر (1) ہر ایک جوڑ (2) جوڑ جوڑ (3) عضو عضو (4) (صفت میں) رکا ہوا (5) منقبض (6) افسردہ دل (7) مرجھایا ہوا (8) دل بجھا سا ہوا۔

بند بند جدا کرنا (ہ) فعل (1) پرزے اڑانا (2) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا (3) جوڑ جوڑ کاٹ ڈالنا۔

بند بند جکڑ جانا (ہ) فعل (1) ہر عضو میں درد ہونا (2) ہر جوڑ کا اینٹھ جانا۔

بند بند ڈھیلے کر دینا (ہ) فعل (1) تھکا دینا (2) جوڑ جوڑ ہلا دینا (3) چولیں ہلا دینا۔

بند چھڑانا (ہ) فعل (1) قید سے آزاد کرنا (2) مشکل آسان کرنا (3) جوڑ الگ کرنا۔

بند رہنا (ہ) فعل (1) قید رہنا (2) رکے رہنا (3) مقفل رہنا (4) خاموش رہنا۔

بند کرنا (ہ) (1) روکنا (2) قید کرنا (3) مقفل کرنا (4) خاموش کرنا۔

بند ہونا (ہ) (1) رک جانا (2) تھمنا (3) کسی کام کی چلت نہ ہونا (4) ختم ہونا (5) چپ ہونا (6) آمدورفت نہ ہونا (7) کند ہونا (8) دھار موٹی ہونا (9) چال نہ چلنا۔

بِند (ہ) اسم مذکر (1) صفر نکتہ (2) بندی (3) بوند (4) قطرہ (5) تخم (6) نطفہ (7) بیج۔

بُندا (ہ) اسم مذکر (1) کان کا آویزہ (2) کان میں پہننے کا ایک صراحی دار زیور۔

بُندا بڑھانا (ہ) فعل (1) کان سے بندا اتارنا (بطور تفاول نیک بولتے ہیں) منت بڑھانا (2) عورتیں بچوں کے کانوں میں کسی بزرگ کی نذر مان کر بندے ڈال دیتی ہیں تاکہ یہ اسی بزرگ کا غلام ہو کر جیتا رہے (3) جب وہ بڑا ہو جاتا ہے تو اتار کر اس بزرگ کے مزار پر چڑھا دیتی ہیں (4) اس فعل کو بندے بڑھانا بولتے ہیں۔

بندا (ہ) اسم مذکر۔ بڑا سا ٹیکا جو اکثر ہندو ماتھے پر لگا لیتے ہیں۔

بندال (ہ) (1) ایک قسم کی تلخ ذائقہ کی گھاس کا نام ہے جس سے چھینکیں بہت آتی ہیں (2) دست آور قاطع بلغم ہے۔

بندال پھلا/ بندال دوڈا (ہ) اسم مذکر (1) بندال کا پھل (2) بندال کا گولر (3) یہ کپاس کے گولر کی شکل کا ہوتا ہے (4) مگر نہایت تلخ۔

بندر (ف) اسم مذکر (1) سمندر کے ساحل پر وہ شہر جہاں غیر ملکوں سے جہاز آ کر لنگر ڈالیں بندر کہلاتا ہے (2) جہازوں کی قیامگاہ الضبطا (5) نظم و نسبق (3) ضابطہ (4) قاعدہ (5) آئین (6) سلیقہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**بندوبست استمراری / بندوبست دوامی / بندوبست دائمی** (ف) اسم مذکر (1) ہمیشہ کیلئے زمین کی لگان مقرر کرنا (2) تمام علاقے کی ایک باری زر مالگذاری قائم کردینا (3) ہمیشہ کیلئے ایک ہی دفعہ لگان تشخیص کر دینا۔

**بندوبست دیہی** (ف) اسم مذکر (1) دیہات کے کھیتوں کی حد بندی کر کے مالگذاری کے کاغذات تیار کرنا (2) زمین کی حیثیت اور لگان کا اندازہ کرنا۔

**بندوڑا** (ہ) اسم مونث (1) باندی کی تصغیر (2) کنیزک (3) چیری (4) کم رتبہ ارنڈی (5) وہ باندی جسے بیوی بنالیں۔

**بندوق** (ع) اسم مونث (1) تفنگ (2) تفک (3) لوہے کی وہ نالی جس میں بارود بھر کر چھوڑیں۔

**بندوق بھرنا** (ا) فعل (1) بندوق میں گولی اور بارود ڈالنا (2) بندوق تیار کرنا۔

**بندوق چلانا۔ یا۔ بندوق لگانا** (ا) فعل (1) بندوق چھوڑنا (2) بندوق سر کرنا۔

**بندوق چھتیانا** (ا) فعل۔ بندوق کو چھاتی پر رکھ کر نشست باندھنا۔

**بندوچی** (ع ف) اسم مذکر۔ فاعل (1) بندوق رکھنے والا سپاہی (2) قراول۔

**بندہ** (ف) اسم مذکر (1) غلام (2) نوکر (3) ملازم (4) مطیع (5) فرمانبردار (6) سیوک (7) داس (8) انسان (9) بشر۔

**بندہ بشر ہے** (ا) محاورہ (1) انسان کی فطرت میں بھول چوک داخل ہے (2) آدمی سے بھول چوک ہو ہی جاتی ہے (3) انسان سہو وخطا کا پتلا ہے۔

**بندہ پرور** (ف) اسم مذکر (1) فاعل (2) بندہ نواز (3) آقا (4) غلاموں کے پالنے والے (5) فیاض (6) سخی کریم (7) جناب (9) حضرت۔

**بندۂ درگاہ** (ف) اسم مذکر (1) دربار کا غلام (2) نیاز مند (3) شاہی نوکر (4) آپ کا غلام (5) نیاز مند۔

**بندہ زاد** (ف) اسم مذکر (1) غلام زادہ (2) میرا بیٹا (3) جناب کا غلام (4) غلام کی اولاد (5) خادم کا بچہ۔

**بندہ عاجز ہے** (ا) محاورہ (1) انسان مجبور ہے (2) لاچار ہے (3) بے اختیار ہے (4) میں لاچار ہوں (5) محتاج ہوں۔

**بندہ نواز** (ف) اسم مذکر (1) فاعل (2) مالک (3) مختار (4) بندہ پرور (5) غلاموں پر مہربانی کرنے والے۔

**بندھا پانی** (ا) اسم مذکر (1) کھڑا پانی (2) معین پانی۔

**بندھا خوب مار کھاتا ہے** (ا) مثل (1) لاچار جس کو جس طرح چاہو (2) ستاؤ (3) مارو (4) سزا دو (4) قابو میں آیا ہوا خوب مجبور ہوتا ہے۔

**بندھائی** (ہ) اسم مذکر (1) مزدور (2) قلی ایک فرقہ جو کڑی (3) تختہ پھر وغیرہ ڈھونے کا کام کرتا ہے (4) گولہ انداز خلاصی (5) محنتی۔

**بندھائی** (ہ) اسم مونث (1) بندش (2) باندھنے کی اجرت (3) روپیہ بندھانے کی کمیشن۔

**بندھک** (ہ) اسم مذکر (1) رہن (2) گرو (3) گردی (4) گروی رکھی ہوئی چیز (5) رہن نامہ (6) تمسک۔

**بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر** (ا) مثل (1) جو چیز استعمال میں آگئی ہو وہ عمدہ جو نا قابل استعمال رہی (2) وہ نکمی اور بے سود (3) جو کارآمد ہوگئی (4) وہ کام کی ورنہ ردی۔

**بندھن** (ہ) اسم مذکر (1) بندش (2) پٹی (3) بند (4) روک (5) رکاوٹ (6) لگاؤ (7) لاگ (8) درد (9) وظیفہ۔

**بندھنا** (ہ) فعل (1) گرہ لگنا (2) بندش میں آنا (3) پھنسنا (4) مبتلا ہونا (5) مقرر ہونا (6) دستور ہونا (7) شعر کا مضمون اور قافیہ درست بیٹھنا (8) لپٹنا (9) قید ہونا۔

**بندھنا** (ہ) اسم مذکر (1) تلے دانی (2) وہ تھیلی جس میں سینے پرونے کا سامان رکھا جائے (3) خریطی۔

بند۲ بیٹھ جانا (5) گھسنا (6) جیسے گوشت میں نمک مرچ کا بندھنا۔

**بندھن وار / بندر دار** (ہ) اسم مذکر (1) اصل میں بندھن ہار تھا (2) یعنی وہ ہار جو مالی کسی خوشی کے موقعہ پر پتوں اور پھول کا بنا کر دروازہ پر باندھ جاتے ہیں (3) کسی افسر یا حاکم کی آمد کی خوشی میں رنگ برنگ کاغذوں یا کپڑوں کے ہار جو چوراہوں یا آمد کے راستوں پر لٹکاتے ہیں۔

**بندھو** (ہ) اسم مذکر (1) متعلقین (2) رشتہ دار (3) بھائی بند (4) دوست (5) اقرباء۔

**بندھوا** (ہ) اسم مذکر (1) قیدی (2) اسیر (3) پابند (4) زندانی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بندھوانا (ہ) فعل ❶ قید کرانا ❷ گرفتار کرانا ❸ جکڑوانا ❹ باندھنے کا حکم دینا ❺ قید کا حکم جاری کرنا۔

بندھی بات (ہ) اسم مونث ❶ مقررہ بات ❷ معمولی بات ❸ مسلم الثبوت امر۔

بندھیج (ہ) اسم مذکر ❶ روک ❷ رکاوٹ ❸ پرہیز ❹ دستور ❺ معمولی ❻ قابضات ❼ قبض کرنے والے چیز بستگی ❽ انجماد ❾ کفایت شعاری۔

بندھی مٹھی (ہ) اسم صفت ❶ سربستہ ❷ پوشیدہ راز ❸ سر (بحالت اسم) سلوک ❹ اتفاق ❺ جتھا ❻ ایکا ❼ کنبے کا اتفاق (بصورت تابع فعل) ❽ یکمشت، اکٹھا ❾ چپ چاپ۔

بندھی مٹھی لاکھ برابر (ا) مثل ❶ اتفاق نہایت عمدہ چیز ہے ❷ اتفاق سے ساکھ بنی رہتی ہے ❸ یک دل آدمی لاکھوں پر بھاری اور فتح یاب ہوتے ہیں ❹ راز سربستہ کی حفاظت نہایت اچھی ہوتی ہے۔

بندی (ا) اسم مونث ❶ لونڈی ❷ باندی ❸ کنیز (ضمیر متکلم واحد مونث) ❹ یعنی انکسار کے طور پر اپنے لئے بولتی ہیں۔

بَندی (ف) اسم مذکر فاعل ❶ قیدی ❷ اسیر ❸ گرفتار ❹ بندھوا۔

بندی خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ❶ قید خانہ ❷ زندان ❸ مجلس ❹ جیل ❺ قیدیوں کے رہنے کی جگہ۔

بِندی (ہ) اسم مونث ❶ نقطہ ❷ صفر ❸ چھوٹا سا گول ٹیکا ❹ نشان ❺ علامت ❻ چھینٹ ❼ کانچ کی رنگدار ٹکلی ❽ جو عورتیں برسات کے دنوں میں ماتھے پر لگالیا کرتی ہیں ❾ قشقہ۔

بِندیا (ہ) اسم مونث۔ بندی کی تصغیر ہے۔

بُندیلن (ہ) اسم مونث ❶ عطر ❷ خوشبو وغیرہ بیچنے والی عورت ❸ گندھی کی تانیث ❹ گندھن۔

بنڈل (ای) اسم مذکر (ان) ❶ گٹھڑی ❷ پیکٹ ❸ پلندہ۔

بنڑا (ہ) اسم مذکر ❶ پرش ❷ دولہا ❸ نوشہ ❹ خاوند ❺ شوہر ❻ بنا ❼ بنا کی تصغیر ہے۔

بنڑی (ہ) اسم مونث ❶ دلہن ❷ بنی ❸ بنّی۔

بنس (ہ) اسم مذکر ❶ خاندان ❷ نسل ❸ اولاد ❹ نسب ❺ گھرانا ❻ کل بیٹے پوتے۔

بنسلوچن (ہ) اسم مذکر ❶ ایک سفید سی دوائی کا نام ہے جو بانس کی گرہوں میں سے نکلتی ہے ❷ طباشیر۔

بنسی (ہ) اسم مونث ❶ بانسری ❷ بنسری ❸ بانسلی ❹ مرلی ❺ نے ❻ الغوزہ ❼ مچھلی پکڑنے کی بانس کی لمبی سی چھڑ معہ ڈور اور کانٹا۔

بنفشہ (ف) اسم مونث ❶ ایک خودرو بوٹی کا نام ہے جو مسہل اور مکین کیلئے استعمال میں آتی ہے، یہ اونچے پہاڑوں کی ڈھلانوں کے کناروں میں اگتی ہے ❷ مجازاً شعرا بالوں سے تشبیہ دیا کرتے ہیں ❸ سر کے بال ❹ زلف۔

بنک (ان) اسم مذکر ❶ روپیہ اماناً رکھنے کی جگہ ❷ ساہوکارے کی کوٹھی ❸ روپیہ جمع رکھنے والی کمپنی ❹ بنک گھر۔

بنکارنا (ہ) فعل ❶ نشہ پی کو شور وغل مچانا ❷ دھاڑنا ❸ چلا کر بولنا ❹ بلند آواز سے بولنا ❺ پکار کر بولنا کسی بھوت پریت کا سایہ سر پر آکر بولنا ❻ سر سے کھیلنا ❼ شیخی بگھارنا ❽ ڈینگ مارنا۔

بن کر کھیل بگڑنا (ہ) ❶ کسی کام کا درست ہو کر خراب ہو جانا ❷ کام ہوئے ہوتے رک جانا ❸ کامیاب ہوتے ہوتے رہ جانا اور ناکام ہو جانا۔

بنگ (ف) اسم مونث ❶ ایک نشیلی بوٹی ہے بھنگ ❷ سبزی۔

بنگا (ہ) اسم مذکر ❶ بانس کا ٹونا ❷ سونٹا ❸ ڈنڈا، بمبو۔

بنگا ٹھوکنا (ہ) فعل ❶ میخ ٹھوکنا ❷ روک دینا ❸ مزاحم ہو جانا ❹ رک دینا۔

بنگالہ (ہ) اسم مذکر ❶ ہندوستان کا مشہور صوبہ ہے ❷ بنگال۔

بنگالی (ہ) اسم مذکر ❶ بنگالے کی چیز ❷ بنگالے کا رہنے والا ❸ بنگال کی بولی۔

بنگلہ (ہ) اسم مذکر ❶ بنگال کا پان ❷ پان کی ایک خاص قسم ❸ پھوس کی چوٹی دار مکان ❹ بانسی کوٹھی۔

بنگو/بنگی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا آواز دار لٹو جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے اور اس میں ایک سوراخ ہوتا ہے جس سے زور سے آواز نکلتی ہے۔

بنو (ا) اسم مونث ❶ بانو کا مخفف ہے ❷ بیگم خاتون ❸ دلہن ❹ عروس ❺ نئی شادی شدہ عورت۔

بنواڑی (ہ) اسم مذکر ❶ لغوی معنی جنگل کا ❷ بن والا ❸ اصطلاح میں کرشن جی کا لقب ہے۔

بنوانا (ہ) فعل ❶ تیار کرانا ❷ درست کرنا ❸ تعمیر کرانا ❸ چنوانا ❹

Join us on Whatsapp Naveed Baloch 03140772218

رسوئی کرانا❹ گوشت صاف کرانا۔
بنوانا (ہ) فعل❶ سوت سے کپڑا تیار کرانا❷ رسیوں اور بانوں سے چارپائی وغیرہ درست کرانا۔
بنوائی (ہ) اسم مونث❶ معاوضہ❷ بننے کی اجرت۔
بنوائی (ہ) اسم مونث۔❶ معاوضہ❷ بنانے کی اجرت❸ کام تیار کرانے کا معاوضہ۔
بنوٹ (ہ) اسم مونث❶ سپہ گری کے ایک فن کا نام ہے یا لکڑی جلانے کا فن❷ پھکیتی❸ بکیتی❹ بانک۔
بنولا (ہ) اسم مذکر❶ کپاس کا بیج❷ پنبہ دانہ۔
بنولی (ہ) اسم مونث۔ چھوٹے چھوٹے اولے جنہیں بجری بھی کہتے ہیں۔
بنی (ء) اسم مونث❶ نبڑی❷ دلہن❸ بیوی خوش اقبالی❹ بگڑی کے خلاف۔
بنینی۔یا۔ بنیانی (ہ) اسم مونث❶ زن بقال❷ بن❸ بیلا❹ نیستان❺ چھوٹا سا گھنا جنگل❻ جھاڑی دار جنگل۔
بنی جان (ء) اسم مذکر❶ جنوں کی نسل❷ جنوں کی اولاد۔
بنیا (ہ) اسم مذکر❶ اناج غلہ وغیرہ بیچنے والا❷ آٹے دال کی سوداگری کرنے والا❸ ایک قوم کا نام بھی ہے❹ بودا❺ بزدل❻ کنجوس❽ ممسک❾ ست۔
بنیا اپنا گڑ بھی چھپا کر ہی کھاتا ہے (ا) مثل۔ ہر کام میں رازداری بہتر ہے۔
بنیا جب تولتا ہے زیادہ ہی بولتا ہے (ا) مثل❶ ہوشیار آدمی❷ ہر حالت میں اپنا مطلب اور اپنا فائدہ نہیں چھوڑتا۔
بنئے سے سیانا سو دیوانہ (ا) مثل۔ لین دین کے معاملہ میں اگر کوئی شخص بنئے سے زیادہ ہوشیار ہے تو وہ الو ہے، احمق ہے، پاگل ہے کیونکہ یہ لوگ پشتوں سے اس کام میں پڑے ہوئے ہیں اس کے نکات اور داؤں گھات خوب جانتے ہیں۔
بنئے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے (ا) مثل❶ سیانا آدمی کسی خاص نفع کیلئے ہی نقصان گوارا کرتا ہے❷ یوں نقصان نہیں اٹھاتا۔
بنئے کا چھیلا آدھا اجلا آدھا میلا (ہ) مثل۔ کاروباری آدمی سے شوقینی نہیں نبھ سکتی۔
بُنیاد (ء) اسم مذکر❶ نیو❷ جڑ❸ اصل❹ بیخ❺ طاقت❻ قوت❼ مقدور حیثیت❽ بساط۔
بنیاد نہ ہونا (ا) فعل❶ حیثیت نہ ہونا❷ حقیقت نہ ہونا❸ جڑ نہ ہونا۔
بُنیان (ان) اسم مونث❶ بنین❷ بدن کے ساتھ رہنے والا کپڑا❸ ایک خاص قسم کا۔
بنیٹی (ا) اسم مونث❶ شعلہ جوالہ❷ ایک لکڑی کے دونوں سروں پر مشعلیں باندھ کر اس طرح چکر دیتے ہیں کہ آگ کا چکر جسم کے گرد بندھ جاتا ہے، اس کھیل کا نام بنیٹی ہے۔
بنیٹی پھینکنا / ہلانا (ا) فعل❶ بنیٹی کی ورزش کرنا❷ کرب دکھانا۔
بنینی (ہ) اسم مونث❶ زن بقال❷ بنئے کی جورو❸ بنیانی۔

## ب ← و

بُو (ا) اسم مونث❶ باس❷ سگندھ❸ مہک❹ شمیم❺ بدبو❻ سڑاند❼ ورگند۔
بُو آنا (ا) فعل❶ سڑاند آنا❷ بدبو معلوم ہونا❸ علم ہونا❹ پتہ لگنا❺ باس آنا❻ سگندھ آنا۔
بُو پھوٹنا (ا) فعل❶ بُو پھیلنا❷ بھید ظاہر ہونا❸ بات کا کھل جانا❹ راز افشا ہونا۔
بُو نکلنا (ا) فعل❶ بو کا جاتے رہنا❷ بو آنا❸ بو معلوم ہونا۔
بوا (ہ) اسم مونث❶ خواہر❷ بہن❸ ہمشیرہ❹ کلمہ❺ خطاب جو عورتیں ایک دوسری کو باہم خطاب کرتے وقت بولتی ہیں❻ پھوپھی یعنی باپ کی بہن۔
بوار یا بوازا (ہ) اسم مذکر❶ گنوار❷ بیج بونے کا وقت❸ بیج ہونا❹ تخم پاشی❺ تخم ریزی۔
بواسیر (ء) اسم مونث❶ باسور کی جمع ہے❷ پھنسیاں❸ اصطلاح میں ایک بیماری کو کہتے ہیں جس سے مقعد میں مسے ہوجاتے ہیں اگر ان سے خون بہے تو خونی ورنہ بادی کہلاتا ہے۔
بوالعجب (ء) اسم صفت❶ (ابو معنی باپ اور عجب بمعنی تعجب) کلمہ تعجب❷ بازیگر❸ شعبدہ باز❹ انوکھا❺ نرالا❻ متحیر❼ حیران

Join Us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

بیوقوف ❽ احمق۔

**بوالفضول** (ع) اسم صفت ❶ ابو بمعنی باپ اور فضول بمعنی کاہل، لغو ❷ لغوگو ❸ بکواسی ❹ بیہودہ بکنے والا ❺ بک بک کرنے والا۔

**بوالہوس** (ع) اسم صفت ❶ لالچ کا باپ ❷ مراد نہایت طامع ❸ بڑا حریص ❹ سخت لالچی ❺ نفسانی خواہشات کا مرید۔

**بوانا** (ہ) فعل ❶ بیج ڈلوانا ❷ بوائی کرنا ❸ کاشت کروانا۔

**بوائی** (ہ) اسم مونث ❶ شگاف ❷ تریڑ ❸ وہ دراڑیں جو سردی کے باعث ایڑیوں میں پھٹ جاتی ہیں اور سخت تکلیف دیتی ہیں۔

**بوائی پھٹنا** (ہ) فعل ❶ ایڑی میں تریڑ آنا ❷ مجازاً بہت تکلیف ہونا ❸ مصیبت پڑنا ❹ دکھ سہنا۔

**بُوبا** (ہ) اسم مذکر ❶ عورتیں حقارت کے طور پر پیٹ کیلئے بولا کرتی ہیں ❷ شکم ❸ اوجھ جیسے وہ تو اپنا ہی بوبا بھرتا رہتا ہے۔

**بُوباس** (ف۔ہ) اسم مونث ❶ جسم یا پھولوں کی خوشبو ❷ مہک دیا ❸ سراغ ❹ کھوج ❺ انداز ❻ طور ❼ ڈھنگ ❽ عادت ❽ سبھاؤ۔

**بُوبک** (ہ) اسم مذکر ❶ بوڑھا ❷ پیرنالغ ❸ پیر ❹ فرتوت ❺ احمق ❻ بیوقوف ❼ پاجی۔

**بوبلا** (ہ) اسم مذکر ❶ بالوریت ❷ ریگ ❸ گروا ❹ باجرے کی بالوں کا بھس۔

**بُوبُو** (ف) اسم مونث ❶ بہن ❷ خواہر ❸ ہمشیرہ ❹ خطاب لئے بولتے ہیں ❺ وہ عورت جس کی گود میں بچہ نے پرورش پائی ہو بیوی بنائی ہوئی کنیز۔

**بُوتا** (ہ) اسم مذکر ❶ زور ❷ طاقت ❸ بل ❹ حیثیت۔ بساط ❺ مقدور۔

**بُوتام** (ان) اسم مذکر ❶ بٹن ❷ گھنڈی تکمہ۔

**بوتل** (ان) اسم مونث ❶ شیشہ ❷ قرابہ ❸ مینار کانچ کا ایک خاص قسم کا برتن۔



بوتل

**بُوتہ** (ف) اسم مذکر ❶ اونٹ کا بچہ ❷ چھوٹا درخت ❸ کٹھالی ❹ سونے چاندی کے پگھلانے کا ظرف ❺ تمسخراً بھدے اور بدشکل آدمی کو بھی کہا کرتے ہیں۔

**بُوٹ** (ای۔ا) اسم مذکر۔ انگریزی جوتا جس میں سارا پاؤں چھپ جائے۔

**بوٹ** (ای۔ا) اسم مذکر ❶ کشتی ❷ چھوٹی ناؤ ❸ بویام ❹ خم شراب ❺ بورڈ یعنی دبیز ملٹ کاغذ جو چھاپے کے پتھر کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

**بوٹ** (ہ) اسم مذکر ❶ گھانس کا ٹنڈا ❷ گوشت کا بڑا سا ٹکڑا۔

**بوٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ گوشت کی بڑی بوٹی ❷ کچھ گوشت ❸ شہتیر کا ٹکڑا ❹ لکڑی کا پورا۔

**بوٹا۔ یا۔ بونٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ چھوٹا درخت ❷ پودا ❸ گلبن ❹ پھول کا پودا ❺ کپڑے کاغذ کی گلکاری پھول پتی وغیرہ کا نقش۔

**بوٹا سا قد** (ا) اسم صفت ❶ قد موزوں ❷ چھوٹا سا پیارا پیارا قد ❸ خوبصورت قد۔

**بوٹی/بونٹی** (ہ) اسم مونث ❶ بڑی ❷ نباتات ❸ دوا ❹ بھنگ ❺ بجیا ❻ سبزی ❼ چھوٹا پھول۔

**بوٹی** (ہ) اسم مونث ❶ گوشت کا چھوٹا سا ٹکڑا ❷ (بحالت صفت) لال ❸ سرخ ❹ گہرا لال۔

**بوٹی اتارنا/بوٹی اڑانا/بوٹی بھرنا** (ہ) فعل ❶ بوٹی کاٹنا ❷ بکٹا بھرنا ❸ دانتوں یا چونچ سے گوشت اتار لینا۔

**بوٹی بوٹی پھڑکنا/تھڑکنا** (ہ) فعل ❶ جوڑ جوڑ میں حرکت ہونا ❷ نہایت چنچل ہونا ❸ چلبلا ہونا ❹ نچلا نہ بیٹھنا ❺ نہایت شریر اور چالاک کیلئے بولتے ہیں۔

**بوٹیاں** (ہ) اسم مونث۔ بوٹی کی جمع۔

**بوٹیاں اڑانا** (ہ) فعل ❶ سخت سزا دینا ❷ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ❸ مار مار کر قیمہ کر دینا ❹ دھجیاں اڑانا۔

**بوٹیاں توڑنا/نوچنا۔** (ہ) فعل ❶ جسمانی سزا دینا ❷۔ گودنا طعنے دینا۔

**بوٹیاں کاٹنا** (ہ) فعل ❶ قیمہ کوٹنا ❷ سخت سزا دینا۔

**بوٹیاں کھانا** (ہ) فعل ❶ صدمہ دینا ❷ پرزے اڑانا ❸ نہایت غصے ہونا ❹ جھلانا ❺ لال پیلا ہونا۔

**بوجھ** (ہ) اسم مونث ❶ فہم ❷ سمجھ ❸ دانش ❹ تاڑ ❺ دریافت ❻ کنجے کے پتوں میں اپنے پتے سے شگون لیکر بانٹنے والے سے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172218

ویسے ہی پتے مانگنا (7) پہیلی کا جوب بوجھنا۔

**بوجھنا/بوجھ لینا** (ہ) فعل (1) گنجفہ کے پتوں کی کمی پوری کرنے کا حساب لگالینا (2) معلوم کرلینا (3) سمجھ لینا (4) تاڑ جانا۔

**بوجھ** (ہ) اسم مذکر (1) بار (2) وزن (3) بھار (4) حمل (5) فکر (6) خیال (7) وقت (8) مشکل (9) دشواری۔

**بوجھا** (ہ) اسم مذکر (1) گھاس وغیرہ کی گٹھڑی (2) پانڈ (3) ایک آدمی کے اٹھانے کا انداز (4) جہاز کشتی یا گاڑی وغیرہ کے وزن کا اندازہ۔

**بوجھ اتارنا** (ہ) فعل (1) سر سے بوجھ کو نیچے رکھ دینا (2) بھار گٹھڑی کو نیچے اتار دینا (3) قرض یا فرض ادا کر چکنا (4) سبکدوش ہوا (5) دل لگا کر کام نہ کرنا (6) بیگار ٹالنا (7) کسی کے احسان کا بدلہ اتارنا۔

**بوجھ اٹھانا** (ہ) فعل (1) بوجھا سر پر رکھنا (2) خرچ برداشت کرنا (3) کسی کا خرچ اپنے ذمہ لینا (4) کام سنبھالنا۔

**بوجھ بھار** (ہ) اسم مذکر (1) بھاری بھرکم (2) آدمیت نحوست (3) بلا (4) آفت (5) ذمہ داری (6) فکر (7) فرض جیسے میں روپے چکا اب ان تک پہنچانے کا بوجھ بھار آپ کے سر پر ہے۔

**بوجھ پڑنا** (ہ) فعل (1) دباو پڑنا (2) فکر ہونا (3) روزی کا غم ہونا (4) خرچ میں دب جانا۔

**بوجھ پکڑنا** (ہ) فعل (1) ذی رتبہ ہوجانا (2) بھاری بھرکم ہوجانا (3) عورت کا گھر سے نہ نکلنا۔

**بوجھ سر پر ہونا** (ہ) فعل (1) فکر سر پر ہونا کسی کام کا (2) احسان یا قرض یا فرض کی ادائیگی کا خیال بندھا رہنا۔

**بوجھل** (ہ) صفت (1) بھاری (2) وزنی (3) سنگین (4) ذی رتبہ (5) امیر۔

**بوجھ بجھول** (ہ) اسم مونث (1) پہیلیاں پوچھنا اور بتانا (2) پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔

**بوچا** (ہ) اسم مذکر (1) کیکر کی چھال کا وہ برادہ جو دھوڑی رنگنے کے بعد بچ رہتا ہے جسے پنجابی میں بوٹ کہتے ہیں (2) یہ تنور گرم کرنے کے کام آتا ہے۔

**بُوچا** (ہ) اسم صفت مذکر (1) کن کٹا (2) بریدہ گوش (3) مجازاً چھوٹے چھوٹے کانوں والا۔

**بوچا سب سے اونچا** (ہ) محاورہ (1) عیب وار اور معیوب آدمی ہمیشہ اپنے عیوب کے باعث ہر شخص پر غالب ہوتا ہے (2) برے تیرا تو خوف نہیں مگر تیری برائی کا ڈر ہے، مدعا یہ کہ برے کی برائی اور بد زبانی یا بدی سے ہر شخص خوف کھاتا ہے۔

**بُوچڑ** (ای۔ا) اسم مذکر (1) قصاب (2) گوشت بیچنے والا (3) قصائی۔

**بوچھاڑ** (ہ) اسم مونث (1) بارش ہوا کے زور کے ساتھ سختی سے پڑنا (2) مینہ کا ہوا کے زور سے ترچھا بکثرت برسنا (3) کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کو بولا جاتا ہے (4) مجازاً کثرت (5) زیادتی (6) بہتات۔

**بوچھاڑ پڑنا** (ہ) فعل (1) کسی بات کا مسلسل اور لگا تار رہنا (2) بکثرت گالیاں یا کوسنے یا جھاڑیں پڑنا (3) ہر طرف سے اعتراض ہونا (4) گولیوں یا اولوں یا تیروں وغیرہ کا بکثرت برسنا۔

**بوچھاڑ کرنا** (ہ) فعل (1) بکثرت روپیہ لٹانا (2) بکھیرا کرنا (3) بہت بخشش کرنا (4) باتوں کا زور باندھ دینا (5) اعتراضوں کا پل باندھنا۔

**بُوچی** (ہ) اسم مونث (1) کن کٹی (2) چھوٹے چھوٹے کانوں والی (3) بوچے کی مونث (4) کانوں کے زیور سے تنگی (بحالت اسم) کان کٹی ہوئی بکری یا کتیا وغیرہ۔

**بود** (ف) اسم مونث (1) ہستی (2) موجودگی (3) ہوت۔

**بودا** (ہ) اسم مذکر (1) کمزور (2) بے طاقت (3) بزدل (4) سست (5) دبلا (6) ماڑا (7) کم ہمت (8) ڈرپوک (9) پھس پھسا اور پھیکا تمباکو۔

**بودا کرنا** (ہ) فعل (1) ہمت توڑ دینا (2) کچا کر دینا (3) ہمت ہار دینا (4) کمزور کر دینا۔

**بودا ہونا** (ف) فعل (1) کمزور ہونا (2) بے ہمت ہونا (3) دبلا ہونا (4) نامرد ہونا (5) پرانا ہونا۔

**بودار** (ف) اسم صفت (1) معطر (2) خوشبودار (3) مگر اردو میں یہ معنی سڑا ہوا، بدبو والا۔

**بونار/بوگیر** (ف) اسم صفت (1) بو پر لگا ہوا کتا (2) شکاری جانور۔

**بودلا** (ہ) اسم مذکر صفت (1) سیدھا سادہ (2) لوح (بحالت اسم) مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ ہے۔

**بودوباش** (ف) اسم مونث (1) حال مصدر انہ بودن (2) سکونت (3) رہائش (4) قیام (5) رہنا سہنا۔

**بودی بات** (ہ) اسم مونث (1) اوچھی بات (2) کم رتبہ بات (3) ناقص

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دلیل یا بے وجہ بات۔

**بُور** (ہ) اسم مونث۔ لغوی معنی ① بہت خیرات کرنا ② مجازاً وہ پیسے جو دولہا کی طرف سے غریبوں اور محتاجوں کو دیا کرتے ہیں ③ نچھاور ④ نثار ⑤ دکشنا ⑥ وچھنا۔

**بُور** (ہ) اسم مونث ① بھوسہ، بھوسی ② لکڑی کا برادہ ③ خرابی ④ نقش ⑤ چوکر۔

**بُور کے لڈو** (ہ) اسم مذکر ① بھوسی یا مکئی کے گلے پر مٹھائی چڑھا کر بنائے ہوئے لڈو ② دھوکے کی مٹھائی ③ فریب ④ چالبازی۔

**بُور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے** (ا) مثل۔ وہ کام جس کے کرنے اور نہ کرنے دونوں صورتوں میں حسرت وافسوس کرنا پڑے۔

**بُور ملانا** (ہ) فعل ① خرابی ڈالنا ② نقص پیدا کرنا ③ جیسے میں نے اس میں کیا بور ملادی۔

**بُورا** (ہ) اسم مونث ① صاف کی ہوئی کھانڈ ② چینی (بحالت مذکر) برادہ ③ چونس ④ چورن ⑤ سفوف۔

**بورا** (ہ) اسم مذکر ① ٹاٹ کا تھیلا ② گون ③ پلہ ④ موٹے کپڑے کا تھیلا۔

**بُورا** (ہ) اسم مذکر ① دیوانہ ② پاگل ③ سڑی ④ باؤلا ⑤ مخبوط الحواس ⑥ سودائی۔

**بور بور کرنا** (ہ) فعل ① ٹکڑے ٹکڑے کرنا ② پارہ پارہ کرنا ③ آٹا سا کردینا ④ پاش پاش کرنا۔

**بورڈ** (ان) اسم مذکر ① مجلس ② محفل ③ انجمن ④ جماعت ⑤ کمیٹی ⑥ جہاز کا تختہ ⑦ اجلاس دربار کی میز ⑧ ملٹ کا موٹا کاغذ۔

**بورڈنگ ہاؤس** (ای۔ا) اسم مذکر۔ سکولوں اور کالجوں کے لڑکوں کے رہنے کا مکان۔

**بوڑ سہاگن** (ہ) دعا ① اصل میں بوڑھی سہاگن ہے ② یعنی خدا کرے تیرا خاوند تیرے بڑھاپے تک جیتا ہے سائیں جئے۔

**بوڑنا** (ہ) فعل ① بھگونا ② قلم میں سیاہی ہونا۔

**بوری** (ہ) اسم مونث ① بھنے ہوئے اور صاف کئے ہوئے جو ② باولی ③ پگلی ④ دیوانی ⑤ سزان۔

**بوری** (ہ) اسم مونث۔ ٹاٹ کی بڑی سی تھیلی جس میں اناج غلہ وغیرہ بھرتے ہیں۔

**بوریا** (ف) اسم مذکر ① چٹائی ② حصیر ③ صف۔

**بوریا بندھنا/سنبھالنا** (ا) فعل ① کوچ کرنا ② چل دینا ③ چلنے کی تیاری کرنا ④ جگہ بدلنا۔

**بُوڑھا** (ہ) اسم مذکر ① بڑی عمر کا ② ضعیف ③ کمزور ④ دیرینہ ⑤ سال ⑥ پیر کہن ⑦ سال۔

**بُوڑھا بالا برابر** (ہ) مثل بوڑھے اور بچے کی عقل برابر ہوتی ہے۔

**بوڑھا بُوبک** (ہ) اسم مذکر ① بیوقوف بڈھا پیر نابالغ ② بڑھاپے میں جوانی کی سی سج دھج اور شوقینی کے نازوانداز۔

**بُوڑھا چونچلا** (ہ) اسم مذکر۔ بڑھاپے کا نخرا۔

**بوڑھا چونڈا** (ہ) اسم مذکر ① سفید بال ② برف سے بال ③ بڑھاپا۔

**بوڑھا چونڈا ہلانا/ بوڑھا نخرا ہلانا** (ہ) فعل ① بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز کرنا ② سفید بال لیکر معشوقانہ انداز دکھانا طنزاً۔

**بوڑھا خرانٹ** (ا) اسم مذکر ① بہت بوڑھا ② تجربہ کار بوڑھا۔

**بوڑھا طوطا** (ا) اسم مذکر ① بڑی عمر کا ② بے عقل آدمی ③ معمر ④ بےوقوف۔

**بوڑھا کھپات/ بوڑھا کھپرو/ بوڑھا کھوسٹ** (ہ) اسم مذکر ① نہایت بوڑھا ② پیر فرتوت۔

**بوڑھا گھاگ** (ہ) اسم مذکر ① جہاندیدہ ② تجربہ کار ③ پرانا بوڑھا۔

**بوڑھا ہونا** (ہ) فعل ① پرانا ہونا ② بڑھاپا آنا ③ عمر کو پہنچ جانا۔

**بوڑھی جزوا** (ہ) اسم مونث۔ عمر رسیدہ عورت بوڑھی عورت۔

**بوڑھی گھوڑی لال لگام** (ہ) مثل بڑھاپے میں جوانوں کی سی زیب وزینت کرنے والی عورت۔

**بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں/ بوڑھے طوطے سے نہیں پڑھا کرتے/نہیں پڑھتے** (ا) مثل ① عمر رسیدہ آدمی علم نہیں سیکھ سکتا ② جس نے جوانی میں ہی نہ پڑھا وہ بوڑھے ہوکر کیا پڑھے گا۔

**بوڑھے منہ مہاسے** (ہ) مثل۔ بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا۔

**بوزہ/ بوزا** (ف) اسم مذکر ① جو اور چاول کے شیرہ سے بنی ہوئی شراب ② بیئر۔

**بوزہ/ بوزا** (ف) اسم مذکر ① بندر میموں ② شادی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**بوستاں** ۔(ہ) اسم مذکر ظرف 1 باغ 2 باغیچہ 3 شیخ سعدی کی نظم کی ایک مشہور کتاب۔

**بوس و کنار** (ف) اسم مذکر 1 حاصل مصدر از بوسیدن 2 بوسہ بازی 3 چوما چاٹی 4 چومنا اور گود میں لینا 5 محبت اور پیار کرنا۔

**بوسہ** (ف) اسم مذکر 1 چوما 2 پیار 3 پپی۔



بوسہ

**بوسہ بازی** (ف) اسم مونث 1 چوما چاٹی 2 بوسے لینا دینا۔

**بوسیدگی** (ف) اسم مونث 1 بیانے مصدری 2 پرانا پن۔

**بوسیدہ** (ف) اسم صفت 1 ترکیب مفعولی 2 پرانا 3 بودا 4 گلا سڑا 5 ٹوٹا پھوٹا 6 پھٹا پرانا۔

**بوغبند** (ف) اسم مذکر 1 وہ دہرا سیا ہوا کپڑا جس میں گھوڑوں کے زین یا لحاف توشک وغیرہ باندھ کر رکھ دیتے ہیں 2 گٹھڑی باندھنے کا کپڑا 3 گٹھڑی بقچہ۔

**بوغرا** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا کھانا ہے جو آٹے اور ابالے ہوئے گوشت سے تیار کرتے ہیں۔

**بوغرا نکالنا** (ا) فعل 1 بھرکس نکالنا 2 مارتے مارتے ست کر دینا 3 پلیتھن نکالنا 4 کٹی کر دینا 5 بہت زیادہ مارنا۔

**بوغما** (ف) اسم مذکر 1 گھوڑے کی ایک بیماری ہے جس سے اس کے سارے بدن کو پسینہ آتا ہے 2 بند ہیضہ 3 پانی کی خرابی سے جو گلے میں گلہڑ پھول جاتے ہیں 4 انہیں بھی بوغما بولتے ہیں 5 چیتھڑے گودڑے 6 کوڑا کرکٹ 7 فالتو 8 فضول 9 بیکار۔

**بوک** (ہ) اسم مذکر 1 بیج کا بکرا 2 نر اور جوان بکرا بوڑھا بکرا۔

**بوکھلانا** (ہ) فعل 1 گھبرانا 2 بے قرار ہونا 3 بے چین ہونا 4 مضطرب ہونا 5 دیوانوں کی طرح پھرنا 6 دیوانہ ہونا 7 پاگل ہونا 8 پریشان اور آوارہ ہونا۔

**بُول** (ہ) اسم مذکر 1 پیشاب 2 موت۔

**بول** (ہ) اسم مذکر 1 سخن 2 بات 3 کلام 4 قول 5 حکم 6 گیت کا ٹکڑا 7 انترہ 8 طعنہ 9 طنز۔

**بول اٹھنا** (ہ) فعل 1 چپ نہ رہنا 2 چلا اٹھنا 3 چیخ اٹھنا 4 شکست کھانا 5 ہار مان لینا 6 اپنی عمدگی اور بہتری کی خود گواہی دینا 7 جیسے تصویر خود بول اٹھی کہ میں ایسی ہوں 8 چیں بول جانا 9 ٹیں کر اٹھنا۔

**بول جانا** (ہ) فعل 1 ہو چکنا 2 ختم ہو جانا 3 نیڑانا کم ہو جانا 4 مر جانا 5 عاجز ہو جانا 6 جواب دے دینا 7 لوہا ماننا 8 ہار جانا 9 گھس جانا۔

**بول سنانا** (ہ) فعل 1 طعنے دینا 2 خفگی ظاہر کرنا 3 برا بھلا کہنا۔

**بول مارنا** (ہ) فعل۔ طعنے دینا۔

**بولا چالی** (ہ) اسم مونث 1 بات چیت 2 تکرار 3 خفیف سا جھگڑا 4 میل ملاقات۔

**بولانا** (ہ) فعل 1 گھبرانا 2 دوسرے کو بدحواس کرنا 3 باؤلا بنانا 4 الو بنانا۔

**بول بالا ہونا** (ا) فعل 1 عزت بنی رہنا 2 اقبال بلند ہونا 3 ہر دلعزیز ہونا 4 جاہ و منصب میں ترقی ہونا 5 شہرت زیادہ ہونا 6 کام حسب مراد ہونا 7 عزت بڑھنا۔

**بولتا** (ہ) اسم مذکر 1 نفس ناطقہ 2 روح 3 سانس 4 دم 5 جی دل پران۔

**بول چال** (ہ) اسم مونث 1 گفتگو 2 بات چیت گفت و شنید 3 روزمرہ محاورہ بولنے کا طریقہ 4 میل ملاقات 5 بحث 6 تکرار۔

**بول چال ہو جانا** (ہ) فعل 1 موافقت ہو جانا 2 تکرار و بحث ہونا۔

**بولنا** (ہ) فعل 1 گفتگو کرنا 2 آواز نکلنا 3 جُرکنا 4 بات کرنا 5 پرندوں کا خوش الحانی کرنا 6 چہچہانا 7 بلانا 8 سُلانا 9 نیلام کی آواز دینا۔

**بولی** (ہ) اسم مونث 1 آواز 2 زبان 3 گفتگو 4 بھاشا 5 بھاکھا۔

**بولیاں** (ہ) اسم مونث۔ بولی کی جمع۔

**بولیاں بولنا** (ہ) فعل 1 آواز لگانا 2 طرح طرح کی آوازیں نکالنا 3 چہچہانا 4 کئی زبانوں میں گفتگو کر لینا 5 طعنہ دینا۔

**بولیاں سنانا / بولیاں بارنا** (ہ) فعل طعنے مہنے مارنا۔

**بولی ٹھولی** (ہ) اسم مونث 1 آواز 2 تمسخر 3 مذاق 4 پھبتی 5 طعن۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بُوم (ف) اسم مذکر ① اُلو ② بُغد ③ ایک ویرانا پسند منحوس جانور ④ جو دن کو نکلتا ہے اور رات کو شکار کرتا ہے (بحالت مونث) زمین اصلی بھومی۔

بونا (ہ) ① تخم ریزی کرنا ② بیج ڈالنا۔

بُونا (ہ) اسم مذکر ① پست قد ② ٹھنگنا ③ اصل میں یہ لفظ باون، پچاس اور دو سے مشتق ہے، یعنی باؤنا جس کے معنی باون اُنگل کا یعنی تیرہ چپے کا یعنی چھوٹا آدمی ④ پانچواں اوتار۔

بُونٹ (ہ) اسم مذکر ① ہراچنا ② چنے کا پودا ③ چھوٹا اور مضبوط گھوڑا۔

بُونٹ بلاؤ (ا) اسم مذکر۔ وہ پلاؤ جو ہرے چنے اور چاول ملا کر پکایا ہو۔

بُوند (ہ) اسم مونث ① قطرہ ② نطفہ ③ آبدار ④ نہایت تیز ہتھیار ⑤ تیز شراب ⑥ چتی دار ریشمی کپڑا بہت اعلیٰ۔

بُوند بھر (ہ) صفت ① ذرا سا ② کم مقدار ③ تنک سا ④ قلیل۔

بوند ساون (ہ) اسم مذکر ① بہت چھوٹا دن ② ذرا سا دن۔

بوند ہونا (ہ) فعل ① بہت اونچا ہونا ② تارا ہونا ③ بہت اوپر چڑھ جانا۔

بوندا (ہ) اسم مذکر ① کچی کلی ② غنچہ ③ پوست کا ڈوڈا ④ مکی کا بھٹا ⑤ جوار کا سٹا۔

بوندا باندی (ہ) اسم مونث ① تقاط ② ترشح ③ تھوڑی تھوڑی بارش ④ بوند برسنا۔

بُوندی (ہ) اسم مونث ① تلے ہوئے بیسن کی گول گول قطرہ نما مٹھائی کے دانے جن کے لڈو بناتے ہیں ② بوند کی تصغیر ③ ایک ریاست کا نام بھی جہاں کی کٹار مشہور ہے اور صرف کٹار کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

بوندیں (ہ) اسم مونث ① قطرے ② چھینٹیں۔

بونگا (ہ) اسم صفت ① (بانکا بمعنی ٹیڑھا سے بنا ہوا) کج رائے ② بے موقع باتیں کرنے والا آدمی ③ بیوقوف ④ احمق۔

بُونگا (ہ) اسم مذکر ① بھُس وغیرہ کا مخروطی شکل کا ڈھیر جس کے چاروں طرف بُھونس باندھ دیا جاتا ہے بانس کا ٹکرا ② جو چھوٹا سا ہو ③ پورب میں ناریل کو کہتے ہے۔

بونگی (ہ) اسم مونث صفت ① بونگا کی تانیث ② ٹیڑھی بیوقوف عورت ③ احمق عورت ④ کج ادا۔

بوہرا (ہ) اسم مذکر ① دیہاتی ساہوکار ② مہاجن ایک تاجر قوم کا نام بھی ہے جن کی زیادہ تر آبادی گجرات اور بمبئی میں ہے۔

بوہنی (ہ) اسم مونث ① وہ دام جو دکان کھولتے ہی دکان دار سب سے پہلے اپنے گلے میں ڈالتا ہے ② اول بکری۔

بوئی (ہ) اسم مونث ① فرضی نام ہے جس سے عورتیں بچے کو ڈرایا کرتی ہیں ② ایک جنگلی بوٹی کا نام بھی ہے جس کو سکھا کر غریب لوگ جلانے کے کام میں لاتے ہیں۔

بوئیا (ہ) اسم مذکر۔ بہت چھوٹے منہ کی تنگ سی ٹوکری جو روٹی کی بوٹیاں رکھنے کے کام آتی ہے۔

بویام (ہ) اسم مذکر ① مرتبان چینی کا قرابہ ② بیام ③ اچار، مربہ ڈالنے کا بڑا مرتبان۔

بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا (ہ) مثل ① بے محنت و تکلیف کام بن گیا ② بلا وقت مال ہاتھ آ گیا۔

بوبیا (ہ) اسم مذکر ① بہت بولنے والا ② بواسیر کی بیماری والا ③ بکواسی ④ بکی۔

## ب ← ہ

بہ (ہ) اسم مذکر ① عورتوں کی ناک یا کان کا چھید ② موتی کا چھیلہ۔

بہ (ف) اسم صفت ① اچھا ② عمدہ ③ خوب ④ ستھرا۔

بہا (ف) اسم مونث ① قیمت ② مول ③ دام۔

بہا بہا پھرنا (ہ) فعل ① آوارہ پھرنا ② لالچ میں سرگرداں ہونا ③ گھی کا کھانے میں بکثرت ہونا ④ کھانے کا نشہ زیادہ ہونا کم ظرف ہونا۔

بھابڑ (ہ) ایک قسم جنگلی پہاڑی گھاس جس سے اکثر بان بٹ کر چارپائیاں وغیرہ بُنتے ہیں۔

بھابی (ہ) اسم مونث ① بھائی کی بیوی بھاوج ② بھاوجہ۔

بھاپ (ہ) اسم مونث ① بخارات ② دھواں سا جو گرم ہو کر کسی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772718

مرطوب چیز یا پانی سے اڑا کرے۔

**بھات** (ہ) اسم مذکر ① پانی میں پکے ہوئے چاول خشکہ میٹھے چاول جو ہندو لوگ ستیلا پر چڑھاتے ہیں ② بھائی کی طرف سے بہن کے بچوں کی شادی کی تقریب پر جو سامان بہن کی امداد کے لئے بھیجا جاتا ہے۔

**بھات بھرنا** (ہ) فعل ① نانا یا ماموں کی طرف سے بیاہ کے موقعہ پر کچھ چاول اور گڑ کی بھیلی لے کر جانا ② اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ آپ شادی میں شامل ہو کر عزت افزائی کریں اور حسب حیثیت لڑکی یا بہن کی امداد کریں۔

**بھاتی / بھاتئ** (ہ) اسم مذکر۔ شادی کا بھات لے کر آنے والے۔

**بھاٹ** (ہ) اسم مذکر ① کبت بنانے والے یادخواں بادفروش ② گن گانے والا ③ خوشامدی ④ لا بہ گر ایک قوم کا نام ہے جو کرسی نامے یاد رکھتی اور شادی بیاہ کے موقعہ پر انہیں بیان کر کے روپے بٹورتی ہے۔

**بھاٹا** (ہ) اسم مذکر ① جوار کی ضد ② جزر ③ اتار ④ تنزل ⑤ سمندر کے پانی کا اتار جو دن میں ایک دفعہ ضرور ہوتا ہے ⑥ پتھر ⑦ روڑا (پورب میں) بینگن۔

**بھاجڑ** (ہ) اسم مونث ① پریشانی ② حیرانی ③ سامان واسباب وغیرہ۔

**بھاجی** (ہ) اسم مونث ① پکا ہوا ساگ ② ترکاری ③ حصہ ④ بخرہ ⑤ کھانے پینے کی چیز کا حصہ۔

**بہادر** (ف) اسم مذکر ① جوانمرد ② دلیر ③ نڈر ④ شجاع ⑤ سورما ⑥ سوربیر۔

**بہادری** (ف) اسم مونث ① جوانمردی ② دلیری ③ شجاعت ④ بے خوفی۔

**بھادوں** (ہ) اسم مذکر ① ہندی سال کا چھٹا مہینہ ② تقریبا نصف اگست سے نصف ستمبر تک۔

**بھادوں کی بھرن** (ہ) اسم مونث۔ بھادوں کے مہینے کی بارشیں جن سے گہرے جوہڑ بھر جاتے ہیں۔

**بہا دینا** (ہ) فعل ① برباد کرنا ② سستا بیچ ڈالنا ③ ضائع کر دینا ④ برباد کر ڈالنا۔

**بھار** (ہ) اسم مذکر ① بوجھ ② وزن ③ بار بڑی گٹھڑی ④ لکڑیوں وغیرہ کا گٹھا ⑤ ناگوار۔

**بہار** (ف) اسم مونث ① لطف ② پھول کھلنے کا موسم ③ بسنت رت ④ موسم ربیع کھلے پھول ⑤ جیسے روغن بہار ⑥ رونق ⑦ مزا ⑧ جوبن ⑨ لہر۔

**بہار پر آنا / بہار پر ہونا** (ا) فعل ① جوبن پر آنا ② جوان ہونا ③ پھولوں کا کھلنا ④ رونق پر ہونا ⑤ جوش شباب پر ہونا۔

**بہار لوٹنا** (ا) فعل ① مزے اڑانا ② عیش کرنا ③ سیر و تماشا دکھانا ④ کسی کو تباہ اور برباد کرنا ⑤ پر رونق جگہ کو غیر آباد اور خاک کر دینا۔

**بھارکس** (ء) اسم مذکر ① چھکڑا ② بوجھ لادنے کی گاڑی ③ وہ تسمہ جو بگھی یا یکے کے گھوڑے کی پیٹ اور یکے کے بانسوں پر لپٹا ہوتا ہے جسے جوت کہتے ہیں ④ سن کا وہ رسا جو چھکڑوں کے بوجھ کو کھینچنے اور کسے کے لئے اس پر لپیٹتے ہیں۔

**بہارنا** (ہ) فعل ① ہندو ② جھاڑو دینا ③ صاف کرنا ④ جھاڑنا۔

**بہاری / بہارنی** (ہ) اسم مونث ① جھاڑو ② جاروب ③ سوہنی۔

**بھاری** (ہ) اسم صفت ① بوجھل ② گراں ③ ہلکے کی ضد ④ جسیم ⑤ گرانڈیل ⑥ موٹا تازہ ⑦ قیمتی ⑧ بیش قیمت جیسے بھاری جوڑا سخت مضبوط ⑨ مستحکم۔

**بھاری بھرکم** (ہ) اسم صفت ① بردبار ② گھمبیر ③ متحمل ④ گراں جثہ ⑤ جسیم ⑥ ذی رتبہ ⑦ عالی قدر ⑧ بھلا مانس ⑨ شریف۔

**بھاری پتھر** (ہ) وزنی پتھر ① وزندار چیز ② قابو سے باہر ③ ناممکن۔

**بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا** (ہ) مثل ناممکن یا محال کام سے ہٹ جانا۔ کسی کام کو مشکل سمجھ کر چھوڑ دینا۔

**بھاری لگنا** (ہ) فعل ① ناگوار گزرنا ② برا معلوم ہونا ③ دوبھر لگنا۔

**بھاری ہونا** (ہ) فعل ① وزنی ہونا ② دوبھر ہونا مشکل اور دشوار ہونا ③ کٹھن ہونا ④ غالب ہونا ⑤ منحوس ہونا ⑥ چندرا ہونا ⑦ جنوں پری کا گزر ہونا۔

**بھاڑ** (ہ) اسم مذکر۔ بھٹی، جس میں دانے وغیرہ بھونتے ہیں۔

**بھاڑ جھونکنا** (ہ) فعل ① بھاڑ میں پتے وغیرہ ڈالنا اور بھاڑ کو گرم کرنا ② ذلیل اور حقیر کام کرنا ③ وقت ضائع کرنا بے ہنر رہنا کوئی کام یا ہنر یا پیشہ وغیرہ نہ سیکھنا۔

**بھاڑ میں پڑے / جائے** (ہ) دعائے بد ① آگ لگے ② غارت ہو ③ برباد ہو ④ چولھے میں پڑے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**بھاڑ میں جھونکنا** (ہ) فعل ❶ چولھے میں ڈالنا ❷ جلانا ❸ برباد کرنا ❹ پھینکنا ❺ ضائع کرنا ❻ بے مصرف خرچ کرنا۔

**بھاڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ اجرت ❷ کرایہ ❸ محصول ❹ مزدوری اور محنتانہ جو گاڑی وغیرہ کی بابت ہو۔

**بھاڑو** (ہ) اسم مذکر ❶ بھڑا ❷ دیوث ❸ دلال ❹ کٹنا ❺ بے وقوف ❻ احمق۔

**بھاڑے کا ٹٹو** (ہ) اسم مذکر ❶ کرایہ پر چلنے والا ٹٹو ❷ غیر مستقل ❸ کسی چیز کے سہارے کام کرنے والا ❹ بودا ❺ ناپائدار ❻ ہمیشہ برمت طلب چیز ❼ دوائی کا خوگر آدمی۔

**بھاشا / بھاکا / بھاکھا** (س۔ہ) ❶ زبان ❷ بولی ❸ سنسکرت سے نکلی ہوئی زبان ❹ دیسی زبان روزمرہ۔

**بھاکسی** (ہ) اسم مونث ❶ بھٹی ❷ تنور۔

**بھاکنا** (و) فعل ❶ بولنا ❷ بکنا ❸ جیسے وہ جھوٹ بھاکے ہے۔

**بہاگ** (ہ) اسم مذکر۔ ایک مشہور راگ کا نام ہے۔

**بھاگ** (ہ) اسم مذکر ❶ حصہ ❷ ٹکڑا ❸ جزو ❹ تقسیم ❺ بانٹ ❻ قسمت ❼ تقدیر ❽ نصیب ❾ کرم۔

**بھاگ بھرا** (ہ) اسم صفت ❶ خوش نصیب ❷ اقبالمند ❸ بھاگوان ❹ بدنصیب ❺ نربھاگا۔

**بھاگ بھری** (ہ) اسم صفت مونث ❶ خوش نصیب عورت ❷ اقبالمند عورت ❸ بھاگوان عورت ❹ ایک تیوہار کا نام بھی ہے۔

**بھاگ پھوٹنا** (ہ) فعل ❶ تقدیر بگڑ جانا ❷ قسمت الٹ جانا ❸ نصیب پلٹنا۔

**بھاگ جاگنا / بھاگ کھلنا** (ہ) فعل ❶ قسمت کھلنا ❷ دن پھرنا ❸ خوش اقبال ہونا ❹ نصیبہ کھلنا ❺ شادی بیاہ ہونا۔

**بھاگ لگانا** (ہ) فعل ❶ تقسیم کرنا ❷ بانٹنا ❸ دن پھرنا ❹ لہر بہر کرانا ❺ ترقی دینا۔

**بھاگ لگنا** (ہ) فعل ❶ نصیب ❷ جاگنا ❸ دن بھرنا ❹ اقبال یاور ہونا ❺ بٹنا ❻ تقسیم ہونا۔

**بھاگا بھاگ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ دوڑا دوڑ ❷ گریز ❸ رواں دواں ❹ دوڑتا ہوا ❺ لگاتار دوڑتا ہوا ❻ متواتر بھاگتا ہوا۔

**بھاگتے کی لنگوٹی / بھاگتے بھوت کی لنگوٹی / بھاگتے چور کی لنگوٹی** (ہ) مثل ❶ جاتے مال کا کچھ حصہ مفلس اور کنگال مقروض سے قرض خواہ کو کچھ تھوڑا سا مال ملنا ❷ بخیل آدمی سے تھوڑی سی خیرات غنیمت۔

**بھاگتے کے آگے اور مارتے کے پیچھے** (ہ) مثل۔ بزدل، ڈرپوک اور نامرد کی صفت میں طنزاً بولا کرتے ہیں۔

**بھاگ جانا** (ہ) فعل ❶ فرار ہو جانا ❷ رفو چکر ہونا ❸ کافور ہو جانا ❹ شکست کھانا ❺ چلا جانا ❻ پیٹھ دکھانا ❼ ہمت ہارنا ❽ کام چھوڑ جانا ❾ بے وفائی کرنا۔

**بھاگڑ** (ہ) اسم مونث ❶ ڈر کے مارے بھاگنے کی جلدی ❷ ہل چل ❸ ہڑ بڑی ❹ گھبراہٹ ❺ اضطراب ❻ بے چینی ❼ جلبلاہٹ ❽ شکست ہار ❾ بے ترتیبی سے بھاگنا۔

**بھاگڑ پڑنا / بھاگنا** (ہ) فعل ❶ فرار ہونا ❷ لپکنا ❸ دوڑنا ❹ پیٹھ دکھانا ❺ شکست ❻ کھانا ❼ پرہیز کرنا ❽ بچنا و اعتراض کرنا۔

**بھاگوان / بھاگ مان** (ہ) اسم صفت ❶ بہ ترکیب فاعلی ❷ خوش اقبال ❸ خوش نصیب ❹ قسمت والا ❺ دولتمند ❻ امیر ❼ مالدار ❽ سخی ❾ کریم النفس۔

**بھاگی** (ہ) اسم صفت ❶ بھاگ والا ❷ خوش قسمت ❸ نیک نصیب ❹ شریک ❺ ساجھی ❻ جوڑی دار ❼ پتی دار۔

**بھال** (ہ) اسم مونث ❶ نیزہ کا پھل ❷ برچھی یا تیر کی انی ❸ تیر کی نوک ❹ پیکان ❺ تلاش ❻ ڈھونڈیا ٹوہ ❼ تفتیش ❽ دیکھ بھال، غور و فکر ❾ دور اندیشی۔

**بھالا** (ہ) اسم مذکر ❶ برچھا ❷ نیزہ ❸ یہ عموماً ساڑھے تین گز یعنی سات ہاتھ لمبا ہوتا ہے۔

**بھالو** (ہ) اسم مذکر ❶ ریچھ ❷ خرس۔



بھالو

**بہان** (ہ) اسم مذکر (پورب) ❶ صبح تڑکا ❷ بھور ❸ بامداد ❺ پگاہ گجروم۔

**بھان** (ہ) اسم مذکر ❶ شعاع ❷ کرن ❸ سورج شمس ❹ مہر (بحالت مونث) ❺ ریزہ ❻ خوردہ ریزگاری جیسے روپے کا بھان لے آؤ۔

**بہانا** (ہ) فعل ❶ بہنے کا متعدی ❷ لنڈھانا ❸ کسی سیال کو گرانا ❹ جاری کرنا ❺ رواں کرنا ❻ پانی میں چلانا ❼ رو میں ڈالنا ❽ ضائع

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کردینا⑨ گنوا دینا۔

بھانپنا (ہ) فعل ① تاڑنا ② چہرہ دیکھ کر معلوم کر لینا ③ شناخت کر لینا ④ دیکھنا ⑤ تاکنا۔

بھانپو (ہ) اسم مذکر ① بھانپو ② تاڑنا ③ معلوم کرنے والا ④ سراغ لگانیوالا۔

بھانت (ہ) اسم مونث ① قسم ② طرح ③ طور ④ ڈھنگ طرز ⑤ انداز ⑥ رسم ⑦ طریقہ ⑧ ریت۔

بھانت بھانت کا (ہ) اسم صفت ① طرح طرح کا ② قسم قسم کا ③ انواع مختلفہ کا ④ انواع واقسام کا۔

بھانجا (ہ) اسم مذکر ① بہن کا بیٹا ② ہمشیرہ زادہ ③ خواہر زادہ۔

بھانجنا (ہ) فعل ① بل دینا ② بلنا ③ موڑنا ④ چھپے ہوئے کاغذ کو تہ کرنا۔

بھانجی (ہ) اسم مونث ① بہن کی بیٹی ② خواہر زادی ③ ہمشیرہ زادی۔

بھانجی (ہ) اسم مونث ① رکاوٹ ② روک ③ سد ④ رخنہ ⑤ مزاحمت ⑥ خلل۔

بھانجی خور (ا) اسم صفت ① خرابی ڈالنے والا ② کسی کے بنتے ہوئے کام کو بگاڑنے والا۔

بھانجی مارنا (ہ) فعل ① کسی کی بھلائی میں خلل انداز ہونا ② چلتی گاڑی کا روڑا اٹکانا ③ چغلی کرنا ④ کام میں خرابی ڈالنا۔

بھانڈ (ہ) اسم مذکر ① نقال ② مسخرا ③ ظریف ④ جھوٹی تعریف کرنے والا ⑤ پیٹ کا ہلکا ⑥ محفلوں میں ناچنے گانے اور نقلیں بنانے والا اوچھا۔

بھانڈا (ہ) اسم مذکر ① مٹی کا برتن ② ظرف گلی ③ مٹکا ④ گھڑا ⑤ راز ⑥ بھید ⑦ سر۔

بھانڈا پھوٹنا (ہ) فعل ① راز افشا ہونا ② بھید ظاہر ہونا ③ بھید کھل جانا۔

بھانڈا پھوڑ (ہ) اسم مذکر۔ بھید ظاہر کرنے والا۔

بھانڈا پھوڑنا (ہ) فعل ① بھید کھول دینا ② افشائے راز کرنا۔

بھان متی (ہ) اسم مذکر ① مداری ② شعبدہ باز ③ مکار ④ فریبی۔

بھانا (ہ) فعل ① مروڑنا جیسے مل دینا جیسے رستا بھانا ② خراد چڑھانا ③ گھمانا ④ پھیرنا جیسے تسبیح بھانا ⑤ بار بار پڑھنا ⑥ ورد کرنا جیسے وظیفہ ⑦ توڑنا ⑧ شکستہ کرنا۔

بہانہ (ف) اسم مذکر ① عذر ② حیلہ مس ③ بناوٹ ظاہر داری ④ دھوکا فریب جیسے انھیں سینکڑوں بہانے یاد ہیں ⑤ سبب ⑥ باعث ⑦ رزق بہانے موت۔

بہانہ خور (ہ) اسم مذکر ① حیلہ گر ② بہانہ ساز ③ دھوکے باز ④ فریبی۔

بہانہ ڈھونڈنا (فعل) موقع تاکنا ① ڈھب تلاش کرنا ② موقعہ کا منتظر رہنا ③ موقع تلاش کرنا۔

بہانہ کرنا (ا) فعل ① حیلہ کرنا ② فریب دینا ③ دھوکا کرنا ④ چال کرنا۔

بہاؤ (ہ) اسم مذکر ① پانی بہنے کا رخ ② روانی آب ③ چڑھاؤ ④ طغیانی۔

بھاؤ (ہ) اسم مذکر ① حالت ② کیفیت ③ امنگ ④ روپ رنگ ⑤ ڈھنگ ⑥ طور ⑦ طریق ⑧ مول ⑨ قیمت شرح۔

بھاؤ بتانا (ہ) فعل ① ناچتے وقت ہاتھ یا دیگر اعضا کے اشارے سے گیت کے الفاظ کا ڈھنگ بتانا ② اشارے کنارے کرنا۔

بھاؤ بہانا (ہ) فعل ① نرخ بگاڑنا ② بھاؤ کم کرنا ③ قدر کم کرنا۔

بھاؤ تاؤ (ہ) اسم مذکر ① مول مول ② قیمت کیفیت ③ نرخ۔

بھاؤ تیز ہونا / بھاؤ چڑھنا (ہ) فعل لازم ① قیمت چڑھنا ② گراں ہونا ③ مہنگا ہونا۔

بھاؤ نکالنا (ہ) فعل ① قیمت ٹھیرانا ② نرخ مقرر کرنا۔

بھاوج (ہ) اسم مونث ① بھائی کی بیوی ② بھائی کی جورو۔

بھاویں / بھاؤں / بھائیں (ہ) تابع فعل ① لیکھے ② نزدیک ③ حساب میں اثر خیال ④ توجہ ⑤ خبر ⑥ خواہ ⑦ یا تو ⑧ چاہو ⑨ چاہے جیسے بھاویں یہ لو بھاویں وہ۔

بھائی (ہ) اسم مونث۔ ایک روح کا نام ہے جو سوتے میں بچوں کو ہنساتی اور رلاتی ہے ایک گیت بھی ہے جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اکثر گایا کرتی ہیں۔

بھائی (ہ) اسم مذکر ① برادر ② اخوان ③ بھراتا ④ ببرن ⑤ بیر ⑥ اخ ⑦ رفیق ⑧ دوست ⑨ ساتھی۔

بھائی بند (ا) اسم مذکر ① برادر ② ہم قوم ③ ہم مذہب ④ یک جدی ⑤ رشتہ دار ⑥ ناتادار ⑦ رفیق۔

بھائی بندی (ا) اسم مونث ① برادری ② یگانگت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

**بھائی بھاؤ کا نہیں اپنے داؤ کا** (ہ) مثل (1) بھائیوں سے نفع کم ہوتا ہے (2) مطلب نکال کر الگ ہو جاتے ہیں (3) بھائی خودغرض اور اپنی گوں کو عزیز رکھتے ہیں۔

**بھائی چارا** (ہ) اسم مذکر (1) وہ دوستی جو بھائی بندوں کے درجہ کی ہو (2) پکی دوستی (3) گہرا یارانہ (4) یگانگت (5) حسبی ونسبی رشتہ (6) جدی رشتہ۔

**بھائیں بھائیں کرنا** (ہ) فعل (1) ویرانی برسنا (2) کسی جگہ کا غیر آباد ہونے کے باعث خوفناک معلوم ہونا۔

**بھبھا** (ہ) اسم صفت مذکر (1) خودرائے (2) مغرور احمق جسے نہ اپنی عقل ہو نہ اور کا کہا مانے۔

**بھبک** (ہ) اسم مونث (1) شعلہ کی بھڑک (2) نہایت گرم بھاپ (3) کسی تیز یا سڑی ہوئی چیز کی بو تعفن (4) ٹھکراند۔

**بھبکا** (ہ) اسم مذکر (1) عرق کھینچنے کا آلہ (2) لو شعلہ (3) لپٹ (4) تعفن غرا کر بولنا (5) اس صورت میں یہ ماضی مطلق ہے بھبکنا سے۔

**بھبکانا** (ہ) فعل (1) تیز کرنا (2) بھڑکانا (3) غصہ دلانا (4) لڑائی کرانا (5) پانی گرانا (6) پانی کھنڈانا (7) پانی اوندھنا۔

**بھبکنا** (ہ) فعل (1) تیز ہونا (2) گرم ہونا (3) بھڑکنا (4) غصہ میں لال پیلا ہونا (5) شعلہ اٹھنا (6) جھلسنا (7) آگ لگنا (8) غرانا (9) غضب میں آنا۔

**بھبکی** (ہ) اسم مونث (1) دھمکی (2) گھرکی (3) غصہ کی صورت بنا کر ڈرانا (4) ڈرانا (5) بھبکا کی تصغیر۔

**بھبکی دینا** (ہ) فعل (1) دھمکی دینا (2) ڈرانا (3) گھرکی دینا۔

**بھبکی میں آجانا** (ہ) فعل (1) ڈر جانا (2) دھمکی سے خوف کھا جانا (3) ڈر مان جانا۔

**بھبوت** (ہ) اسم مذکر مونث (1) راکھ (2) خاکستر (3) وہ راکھ جو جوگی یا سنیاسی لوگ اپنے بدن پر مل لیتے ہیں (4) دھونی کی راکھ۔

**بھبوت رمانا/ لگانا/ ملنا** (ہ) فعل ہندو فقیر کا اپنے بدن (1) پر راکھ ملنا (2) جوگ لینا (3) بیراگ لینا (4) ایک جگہ فقیر بن کر بیٹھ رہنا۔

**بہبودی** (ف) اسم مونث (1) بہتری (2) بھلائی (3) فائدہ (4) خیریت (5) فارغ البالی (6) خوش قسمتی (7) ترقی افزونی (8) زیادتی۔

**بھبوکا** (ہ) اسم مذکر (1) شعلہ (2) شرارہ (بحالت صفت) لال انگارا (2) نہایت سرخ (3) آتش کا پرکالہ، نہایت حسین (4) نور کا پتلا، سفید براق (5) تاباں (6) روشن (7) گرم (8) جلتا ہوا، دہکتا ہوا (9) غضبناک۔

**بھبوکا بننا** (ہ) (1) غصہ ہونا (2) غضبناک ہونا (3) آگ بگولا ہونا (4) غضب میں بھرنا۔

**بھبوکے اٹھنا** (ہ) فعل (1) شعلہ اٹھنا (2) کسی بات سے نہایت خفا ہونا (3) غصے کے مارے بخار چڑھ جانا۔

**بھپارا دینا** (ہ) فعل (1) بھاپ (2) دینا (3) سینک دینا (4) کسی چیز کو ابال کر اس کی بھاپ سے سینکنا (5) دم دینا (6) فریب دینا (7) دھوکا دینا۔

**بہت** (ہ) اسم صفت (1) زیادہ (2) کثیر (3) از حد (4) فراواں (5) کثرت سے (6) کافی (7) وافی (8) بس (9) بسیار۔

**بہت اچھا** (ہ) اسم صفت (1) نہایت خوب (2) (کلمہ ایجاب) بہت بہتر (3) بہت مبارک (4) (بصورت تابع فعل) خیر کیا مضائقہ کیا ڈر ہے (5) سمجھوں گا۔

**بہت دور ہو** (ہ) (1) ندا و تعریف کے لئے بہت دور کی سوچتے ہو (2) بڑے بے ڈھب ہو (3) بڑے فسادی اور جھگڑالو ہو۔

**بہت کر کے** (ہ) تابع فعل (1) اکثر (2) عموماً (3) اکثر کر کے۔

**بہت ہے** (ہ) محاورہ (1) برکت ہے (2) یعنی یہ نہیں ہے (3) چونکہ نہیں کے لفظ کو عورتیں منحوس سمجھتی ہیں (4) لہذا نہیں کے موقع پر یہ لفظ بولا کرتی ہیں۔

**بہت ہی بہت ہے** (ہ) محاورہ (1) بالکل نہیں (2) ذرا بھی نہیں۔

**بہتا ہوا جوڑا** (ہ) (1) کبوتروں کا وہ جوڑا جو جلدی جلدی انڈے بچے دے (2) متواتر اور لگاتار پے در پے انڈے بچے دینے والا جوڑا۔

**بھتا/ بھتہ** (ہ) اسم مذکر (1) ابلے ہوئے چاول (2) خشکہ خوراک (3) الاؤنس (4) زائد تنخواہ۔

**بہتات** (ہ) اسم مونث (1) افراط (2) کثرت (3) زیادتی (4) فراوانی۔

**بھتار** (ہ) اسم مذکر (1) خاوند (2) شوہر (3) خصم (4) بنڑا (5) پتی (6) پرش۔

**بہتان** (ہ) اسم صفت (1) بہت (2) تیسرا تول (3) چونکہ بقال تین کو منحوس سمجھتے ہیں لہذا تولتے وقت تیسرے تول کو بہتان کہتے ہیں (4) جیسے پہلے تول کو برکت کہتے ہیں۔

**بہتان** (ع) اسم مذکر (1) الزام (2) تہمت (3) دوش (4) کلنک (5)

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

عیب (6) بدنامی (7) دھبا۔

**بہتان جوڑنا / دھرنا / رکھنا / لگانا / دینا** (ا) فعل (1) الزام لگانا (2) جھوٹی تہمت دھرنا (3) کلنک لگانا (4) طوفان اٹھانا۔

**بہتر** (ف) اسم صفت (1) بہت اچھا (2) بہت خوب (3) عمدہ (4) اعلٰے (5) افضل (6) ماننا (7) تسلیم کرنا۔

**بہتر** (ہ) اسم عدد (1) ستر اور دو (2) ہفتہ دو دو۔ ۷۲ کثرت کیلئے بھی بولا جاتا ہے (3) جیسے ایسے ایسے بہتر پھرتے ہیں۔

**بہتری** (ف) اسم مونث (1) بھلائی (2) نیکی (3) عمدگی (4) بہبودی (5) ترقی (6) فائدہ۔

**بھتنا** (ہ) اسم مذکر (1) بھوت کی تصغیر (2) ناپاک روح پریت (3) خبیث (4) پلید (5) بدصورت (6) کالا بھجنگا (7) مٹی میں لتھڑا ہوا جسم۔

**بھتنی** (ہ) اسم مونث (1) چڑیل (2) ڈائن (3) بدصورت (4) بلا۔

**بھتی** (ہ) اسم مونث (1) وہ چاول یا کھچڑی جو کنبہ کے لوگ میت والے گھر بھیجا کرتے ہیں (2) جسے کڑوی کھچڑی یا کڑوا نکڑا کہتے ہیں طعام مرگ۔

**بھتی کھائے** (ہ) محاورہ (1) نہایت سخت قسم دلانے کے وقت بولتے ہیں (2) یعنی ہمارا ماتم کرے (3) ہمیں پیٹے۔

**بھتیانا** (ہ) فعل (1) بھوت کی مانند ہو جانا (2) نہایت پرغیظ وغضب ہو جانا (3) مست اور فربہ ہو جانا۔

**بھتیجا** (ہ) اسم مذکر (1) برادرزادہ (2) بھائی کا بیٹا۔

**بھتیجی** (ہ) اسم مونث (1) بھائی کی بیٹی (2) برادرزادی۔

**بہتیرا** (ہ) اسم صفت (1) بہت سا (2) ازحد (3) بکثرت (4) کافی (5) وافر (6) بافراط۔

**بھٹ** (ہ) اسم مذکر (1) غار (2) کھوہ (3) سانپ کا بل (4) چولھا (5) بھاڑ (6) بھٹی (7) بانبی (8) چولھے کی جلی ہوئی سرخ مٹی۔

**بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان** (ہ) (1) وہ سونا جو کانوں کو دکھ دے چولھے میں پڑے (2) وہ ساز وسنگار (3) آرائش وزیبائش جس سے تکلیف پہنچے (4) بالکل نکما ہے (5) تکلیف دینے والی دولت بالکل نکمی ہے۔

**بھٹا** (ہ) اسم مذکر (1) اینٹ (2) چونہ وغیرہ پکانے کی بھٹی (3) بڑا چولھا (4) تنور (5) بھاڑ (6) آوا (7) چولھے کی جلی ہوئی سرخ مٹی (8) بھٹور۔

**بھٹا** (ہ) اسم مذکر (1) مکئی کی ککڑی (2) مکئی کی بال سٹا۔

**بھٹا سا اڑانا** (ہ) فعل۔ ہلکی سی ضرب میں گردن یا کسی چیز کو کاٹ ڈالنا۔

**بھٹک** (ہ) اسم مونث (1) گمراہی (2) آوارگی (3) رستہ بھول جانا (4) صفت میں اترت (5) جلدی (6) فوراً جیسے سخی سے شوم بھلا جو (7) بھٹکدے جواب۔

**بھٹکا پھرنا** (ہ) فعل (1) آوارہ پھرنا (2) راہ بھولے بھولے پھرنا (3) ڈانوانڈول پھرنا۔

**بھٹکانا** (ہ) فعل (1) ترسانا (2) خواہش میں رکھنا (3) گمراہ کرنا (4) دھوکا دینا۔

**بھٹ کٹیا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک خاردار بوٹی کا نام ہے (2) جس سے کھانسی کی دوا بنتی ہے (3) اس کے پتے مارگزیدہ کے لئے بے حد مفید ہیں۔

**بھٹکنا** (ہ) فعل (1) راہ بھولنا (2) آوارہ ہونا (3) جا بجا پھرنا (4) سرگرداں پھرنا (5) تلاش میں ہونا (6) سخت خواہش ہونا (7) ڈھونڈتے پھرنا (8) جیسے اسی کے لئے میرا جی بھٹکتا ہے (9) بے قرار اور بے چین ہونا۔

**بھٹنا** (ہ) فعل (1) کسی ناپاک چیز یا آدمی سے چھوا جانا (2) چوہڑے چمار سے ہاتھ یا کسی کھانے پینے کی چیز کا چھوا جانا (3) ناپاک ہو جانا (4) پلید ہو جانا (5) نجس ہو جانا۔

**بھٹنی** (ہ) اسم مونث (1) سرپستان (2) عورت کی پستان کا منہ (3) جیسے منہ میں کر لے بچہ دودھ پیتا ہے۔

**بھٹور** (ہ) اسم مونث۔ چولھے کی جلی ہوئی سرخ مٹی۔

**بھٹئی** (ہ) اسم مونث (1) بھاٹ کی سی تعریف (2) بھاٹ پنا (3) مدح سرائی (4) گدائی (5) طنز (6) ہجو (7) برائی (8) پھکڑ بازی (9) عیب جوئی۔

**بھٹئی کرنا** (ہ) فعل (1) خوشامد کرنا (2) مدح سرائی کرنا (3) مانگنا (4) جھوٹی صفت کرنا۔

**بھٹی** (ہ) اسم مونث (1) چولھا (2) گلخن (3) دھوبیوں (4) سناروں (5) شیشہ گروں وغیرہ کا آتشدان (6) کوزہ (7) شراب (8) کھینچنے کی جگہ (9) راجپوتوں کی ایک قوم کا نام بھی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**بھٹی چڑھانا** (ہ) فعل۔ کپڑوں کو ریہہ لگا کر میل صاف کرنے کے لئے جوش دینا۔

**بھٹی دار** (ہ) اسم مذکر ① کلال ② مے فروش ③ شراب بنانے اور کھینچنے والا۔

**بھٹیارا** (ہ) اسم مذکر ① نانبائی ② روٹی پکانے والا ③ تنور جھونکنے اور روٹی بیچنے کا پیشہ کرنے والا ④ باورچی ⑤ سرائے میں مکان دینے اور مسافروں کی خدمت کرنے والا۔

**بھٹیار خانہ** (ا) اسم مذکر ① ظرف ② سرائے غریبوں کے رہنے کا مکان ③ وہ جگہ جو غریب لوگوں کے اترنے کے کام آتی ہے۔

**بھٹیاری** (ہ) اسم مونث۔ بھٹیارے کی بیوی سرائے میں ٹھہرانے والی عورت۔

**بھج** (ہ) اسم مونث ① بازو ② بھجا ③ کہنی سے اوپر کا حصہ۔

**بھج بند** (ہ) اسم مذکر۔ ایک زیور کا نام جیسے بازو بند کہتے ہیں۔

**بھجا** (ہ) اسم مذکر ① بازو ② مثلث کا ایک ضلع یا ساق۔

**بہ جانا** (ہ) فعل ① پانی کے ساتھ رواں ہو جانا ② پھیل جانا ③ پھسل جانا ④ برباد ہو جانا ⑤ تباہ ہو جانا ⑥ گائے بھینس وغیرہ کا حمل قبل از وقت گر جانا ⑦ یعنی تر وہنا ⑧ اسقاط ⑨ ہونا۔

**بہجت** (ع) اسم مونث ① خوشی ② شادمانی ③ مسرت ④ تازگی ⑤ سرور۔

**بھجن** (ہ) اسم مونث ① خدا کی تعریف کا راگ ② دیوتاؤں کی صفت کے گیت ③ نعت ④ شکریہ۔

**بھجن کرنا** (ہ) فعل ① نعت کے گیت گانا ② عبادت کرنا ③ شکریہ کرنا ④ رام نام کے گن گانا ⑤ خدا کا نام جپنا۔

**بھجن گانا** (ہ) فعل ① گیان دھیان کرنا ② آنند سنانا ③ خوش ہونا ④ گن گانا ⑤ بے فکر ہونا ⑥ شکریہ کے گیت گانا۔

**بھجنا** (ہ) فعل ① جپنا ② رٹنا ③ رام نام لینا ④ تسبیح پھیرنا ⑤ سمرن جپنا ⑥ تعریف کرنا ⑦ سراہنا۔

**بھجنگ** (ہ) اسم صفت ① نہایت کالی چیز ② کالا سانپ ③ کالا کوئلہ ④ نہایت کالا۔

**بھجیا** (ہ) اسم مونث ① بھاجی بڑیا اور ابال نچور کر بگھار ہوا ساگ ② شلغم یا مولی وغیرہ کو کچل کر پکانا ③ بھنے ہوئے دھان جنکے ستو بناتے ہیں۔

**بھچک** (ہ) اسم صفت مونث ① حیران ② متحیر متعجب ③ درماندہ ④ ششدر ⑤ ہک دھک۔

**بھچک رہ جانا** (ہ) فعل ① حیران رہجانا ② متحیر ہو جانا ③ ہک دھک رہجانا ④ ہکابکا رہنا۔

**بھچنا** (ہ) فعل ① دبنا ② پچکنا ③ سکڑنا ④ سمٹنا ⑤ شرمانا ⑥ مجبور ہونا ⑦ لاچار ہونا۔

**بھچیڑ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① دباؤ ② تنگی ③ سکیڑ ④ بے ایمانی ⑤ دھاندلی ⑥ نادہندی ⑦ تنگدلی ⑧ مکروفریب۔

**بھچیڑنا/ بھچیڑ لانا** (ہ) فعل ① تنگدلی کرنا ② کسی سے چیز لیکر نہ دینا ③ تنگدلی کرنا۔

**بھد** (ہ) اسم صوت ① ریت پر کسی پھل یا چیز کے گرنے کی آواز ② بطخ کے چلنے کی آواز۔

**بھدا** (ہ) اسم صفت مذکر ① موٹا آدمی ② بھونڈا ③ بدشکل ④ سست ⑤ کاہل ⑥ بیوقوف ⑦ کندہ ⑧ ناتراش۔

**بھداکا** (ہ) اسم مذکر ① گرنے کی آواز ② دھاکا ③ پٹخنا ④ بھدکنا۔

**بھدکا دینا/ سنانا** (ہ) فعل ① پٹخنی دینا ② دے مارنا ③ گرادینا۔

**بہدانہ** (ف) اسم مذکر۔ اصل میں بہی دانہ یعنی بہی کا بیج۔

**بھد بھد** (ہ) اسم صوت ① تابع فعل ② موٹے اور بھدے آدمی یا بطخ کے پاؤں کی آواز ③ پھل وغیر کے گرنے کی آواز۔

**بھدر** (ہ) بھلا مانس۔ شریف گھوڑی۔

**بھدرا** (ہ) اسم مونث ① منحوس یعنی چاند کی دوسری ساتویں اور بارھویں تاریخیں ② سری کرشن جی کی ایک استری کا نام بھی ہے (بحالت مذکر) ③ سر ④ ڈاڑھی ⑤ مونچھوں اور بھوؤں کا مونڈن ⑥ نیک ⑦ شریف عورت۔

**بھدرا کرانا** (ہ) فعل ① کسی عزیز کے مرجانے پر کریا کرم کے واسطے سر داڑھی اور مونچھوں وغیرہ کو منڈانا ② کسی تیرتھ پر جاکر یہی فعل کرنا۔

**بھدرک** (س) اسم مونث ① فائدہ نفع ② لابھ ③ استقلال ④ مضبوطی ⑤ استحکام ⑥ اعتبار ⑦ وقعت سلیقہ ⑧ سگھڑاپا ⑨ لطف۔

**بھدیسلا** (ہ) اسم مذکر ① موٹا ② بھپس ③ سست ④ کاہل ⑤ بیوقوف۔

**بھدیسلی** (ہ) اسم صفت مونث ① بھونڈی ② بدشکل ③ مکروہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03...7218

صورت۔

**بھڈری** (ہ) اسم مذکر ❶ ڈکوت ❷ رہلیا ❸ رمال ❹ جوتشی ❺ ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر ماضی اور مستقبل کی خبر بتانے والا۔

**بھر** (ہ) اسم صفت ❶ تمام ❷ سارا ❸ کل ❹ پورا ❺ مقدار ❻ اندازہ ❼ تک تلک ❽ جیسے۔

**بھرا** (ہ) اسم مذکر ❶ ترکیب ❷ بہکاؤ ❸ فریب ❹ دھوکا ❺ مکر ❻ لوبھ ❼ دم جھانسا ❽ پھرکی وغیرہ پھرنے کی آواز ❾ ایک قسم کا پتنگ پرندوں کے دفعتہً اڑ جانے کی آواز۔

**بھرا دینا** (ہ) فعل ❶ دم دینا ❷ فریب دینا ❸ دھوکا دینا ❹ ترغیب دینا ❺ کبوتروں کا یکبارگی اڑا دینا۔

**بھرے میں آنا/بھروں میں آنا** (ہ) فعل ❶ دھوکے میں آنا ❷ فریب کھانا کسی کی ترغیب میں آنا ❸ دم میں آجانا۔

**بہرا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ وہ شخص جس کی سننے کی طاقت نہ رہی ہو ❷ سماعت سے مجبور ❸ بولا ❹ اصم ❺ خاص خدمتگار کو بھی کہتے ہیں۔

**بہرا پھتر۔ بہرا بھنڈ** (ہ) اسم صفت ❶ نہایت بہرا ❷ بالکل بولا جو بندوق کی آواز سے بھی خبردار نہ ہو۔

**بھرا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ پر۔ لبریز ❷ معمور ❸ ٹھیک ❹ عین ❺ سارا ❻ تمام جیسے اس سے تو بھرا گھر ناراض ہے۔

**بھرا بھتولا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ رجا بجا ❷ فارغ البال ❸ صاحب اولاد۔

**بھرا پڑا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ فارغ البال ❷ صاحب اولاد ❸ امیر ❹ دولتمند۔

**بھرا گھرا** (ہ) اسم مذکر ❶ خانہ آباد ❷ آباد گھر ❸ بڑا کنبہ مال اور جان کی افراط ❹ وہ گھر جو اسباب خانہ داری سے معمور ہو۔

**بھرا** (ہ) اسم صفت ❶ نہایت کالے کی صفت میں یہ لفظ مبالغہ کے طور پر بولا جاتا ہے ❷ جیسے سیاہ بھرا یعنی بہت کالا۔

**بھرانا** (ہ) اسم صفت۔ پرندوں کے پرواز کی آواز۔

**بھرانا** (ہ) فعل ❶ آواز بھاری ہونا ❷ گلا بیٹھ جانا۔

**بھرانا** (ہ) فعل ❶ پرندوں کا اپنے بچوں کی چونچ میں چونچ دے کر دانہ کھلانا ❷ کسی چیز کو پر کرانا ❸ گھوڑی کو گیابھن کرانا۔

**بھر آنا** (ہ) فعل ❶ زخم کا مندمل ہونا ❷ زخم پر انگور آنا ❸ زخم بھر جانا ❹ کھرنڈ آجانا ❺ رحم آنا ❻ ہمدردی ہونا ❼ آنکھوں میں آنسو آ جانا ❽ پر ہونا ❾ لبریز ہونا۔

**بھراؤ** (ہ) اسم مذکر ❶ بھرتی ❷ گڑھے وغیرہ کے بھرنے کی مقدار ❸ حشو ❹ لحاف ❺ وغیرہ کے اندر روئی وغیرہ پر کرنا ❻ آبپاشی۔

**بھرائی** (ہ) اسم مونث ❶ معاوضہ ❷ بھروانے کی اجرت سقے کی تنخواہ ❸ بنہاری کی ❹ مزدوری ❺ پانی دینا ❻ پلائی ❼ بھرتی ❽ آگندگی۔

**بھربھرا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ خستہ ❷ سخت کے خلاف ❸ ردے دار ❹ وہ چیز جس کے اجزائے اہم ملے ہوئے نہ ہوں۔

**بھربھرانا** (ہ) فعل ❶ بکھیرنا ❷ کھنڈانا ❸ خستہ ہونا ❹ کسی طرف طبیعت کا راغب ہونا ❺ دل لگنا۔

**بھربھرانا** (ہ) فعل ❶ ورم کرنا ❷ سوج جانا ❸ سوجن ہونا ❹ کم ورم ہونا ❺ ٹمٹمانا۔

**بھربھراہٹ** (ہ) اسم مونث ❶ خستگی ❷ خستہ پن ❸ تری۔

**بھرپانا** (ہ) فعل ❶ دام دام وصول ہو جانا ❷ باز آنا ❸ نجات پانا ❹ بدلہ پانا ❺ اپنے کیئے پر پشیمان ہونا ❻ پچھتانا۔

**بھرپور** (ہ) اسم صفت ❶ پورا ❷ لبریز ❸ لبالب ❹ بھرا ہو ❺ بے پروا۔

**بھرت** (ہ) اسم مونث ❶ کئی دھاتوں سے ملا کر بنائی ہوئی ایک دھات ❷ کانسی ❸ کوٹ ❹ جست ❺ تانبے اور سیسے سے مل کر بنی ہوئی دھات۔

**بھرت** (س) اسم مذکر۔ راجہ حبرتھ کے بیٹے کا نام ہے جس کے نام پر تمام ہندوستان کو بھرت کھنڈ یا بھارت ورش کہتے ہیں۔

**بھرت کھنڈ** (ہ) اسم مذکر ❶ بھرپور ملک ❷ مکمل ملک ❸ مراد ہندوستان جو اپنی آبادی اور پیداوار وغیرہ کے لحاظ ہر طرح مکمل ہے ❹ راجہ بھرت کے ماتحت ملک۔

**بھرتا** (ہ) اسم مذکر ❶ بھبھلائے ہوئے بینگنوں یا شلغموں وغیرہ کو متھ کر اور بگھار وغیرہ دیکر تیار کیا ہوا سالن۔

**بھرتا کر دینا** (ہ) فعل ❶ بھبھلا دینا ❷ جھلس دینا ❸ سخت دکھ دینا۔

**بھرتی** (ہ) اسم مونث ❶ حشو ❷ بھراؤ ❸ وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے اندر بھری جائے داخلہ ❹ اندراج ❺ کسی محکمہ میں نام لکھانا ❻ تکمیل ❼ بری ❽ بیکار چیز ❾ فضول اسباب روی اشیاء۔

**بھرتی بھرنا** (ہ) فعل ❶ گوڈر وغیرہ سے کسی چیز کو بھرنا ❷ کسی کی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140 ... 7218

پیٹھ پیچھے اسے برا کہنا ❸ افسر یا حاکم یا بڑے آدمی کے پاس کسی کا بدگوئی کرنا ❹ سوداگری کا مال واسباب بھرنا۔

بھرتی کا شعر (ہ) اسم مذکر ❶ برا بھلا شعر ❷ وہ شعر جو غزل کے شعروں کی تعداد پوری کرنے کے لئے داخلِ غزل کر دیا گیا ہو ❸ بے لطف شعر۔

بھرتی کا مال (ہ) اسم مذکر ❶ سوداگری کا مال وہ مال جو اچھا نہ ہو ❷ رسمی مال ❸ معمولی مال۔

بھرتی کرنا (ہ) فعل ❶ نوکر دیکھنا ❷ کسی محکمہ میں لے لینا ❸ بہت کھالینا ❹ پیٹ میں ٹھونس کر بھرنا۔

بھرتیا (ہ) اسم مذکر ❶ کسیرا ❷ ٹھٹھیرا ❸ تانبے پیتل کے برتن بنانے والا۔

بھر جانا (ہ) فعل ❶ پر ہونا ❷ لبریز ہونا ❸ لتھڑ جانا ❹ سن جانا ❺ حاملہ ہونا۔

بہرحال (ا) تابع فعل ❶ ہر طور پر ❷ ہر حالت میں ❸ ہر طرح سے۔

بھر دینا (ہ) فعل ❶ پر کر دینا ❷ لبریز کر دینا ❸ مالا مال کر دینا ❹ رجا دینا ❺ نقصان پورا کر دینا ❻ تاوان دینا ❼ چکا دینا ❽ بے باق کر دینا سان دینا ❾ لتھیڑ دینا۔

بھرشٹ کرنا (ہ) فعل ❶ ناپاک کرنا ❷ پلید کر دینا ❸ گندا کرنا ❹ بھٹینا ❺ خراب کرنا۔

بھرلٹی (ہ) اسم مونث ❶ وسط ابرو ❷ دونوں بھوؤں کی درمیانی جگہ۔

بھرکس نکالنا (ہ) فعل ❶ مار مار کر چورا کر دینا ❷ چور چور کر دینا ❸ ہڈی پسلی توڑ ڈالنا ❹ بیدم ❺ کرنا تباہ کر ڈالنا ❻ برباد کر دینا۔

بھرکس نکلنا (ہ) فعل ❶ بے دم ہونا ❷ طاقت نہ رہنا ❸ جان نکلنا ❹ دیوالیہ نکلنا ❺ برباد ہونا۔

بہر کیف (فع) تابع فعل ❶ ہر حالت میں ❷ ہر طرح پر ❸ ہر طور سے۔

بھر لینا (ہ) فعل ❶ کسی چیز کو پُر کرنا ❷ تاوان لینا ❸ پوری پوری قیمت وصول کر لینا۔

بھرم (ہ) اسم مذکر ❶ اعتبار ❷ ساکھ ❸ بھروسا ❹ شک و شبہ ❺ گمان ❻ دھوکا ❼ ناموری ❽ شہرت ❾ راز۔

بھرم باندھنا / بھرم بندھانا (ہ) فعل ❶ اعتبار بٹھانا ❷ ساکھ جمانا ❸ ہوا باندھنا ❹ اپنی عزت کا سکہ جمانا۔

بھرم جانا (ہ) محاورہ ❶ بے اعتبار ہو جانا ❷ ساکھ نہ رہنا ❸ کسی پر شبہ جانا ❹ کسی جرم یا بددیانتی وغیرہ کا گمان کرنا۔

بھرم کرنا / رکھنا (ہ) فعل ❶ بدظن ہونا ❷ بُرا خیال کسی کی نسبت کرنا۔

بھرم کھلنا / بھرم نکلنا (ہ) فعل ❶ بھید ظاہر ہو جانا ❷ راز فاش ہونا ❸ قلعی کھلنا ❹ ساکھ اور اعتبار اُٹھنا۔

بھرما کرنا (ہ) فعل ❶ بوچھاڑ کرنا ❷ بکثرت و بہ تسلسل کام کرنا ❸ مبالغہ اور کثرت کیلئے بولتے ہیں۔

بھرمانا (ہ) فعل ❶ لالچ دینا ❷ للچانا ❸ دھوکا دینا ❹ ورغلانا ❺ بہکانا ❻ دم دینا۔

بھرن (ہ) اسم مونث ❶ زور کی بارش ❷ موسلا دار مینہ ❸ موسلا د بارش ❹ بکثرت بارش۔

بھرن پڑنا (ہ) فعل ❶ زور کی بارش ہونا موسلا دار مینہ برسنا ❷ بھادوں کی بارش۔

بھرنا (ہ) فعل ❶ لبالب کرنا ❷ پورا کرنا تمام کرنا ❸ ختم کرنا لتھڑانا ❹ آلودہ کرنا ❺ رنج میں ہونا غم میں عمر گزارنا ❻ سمانا ❼ آجانا ❽ تاوان دینا ❾ سیر ہونا۔

بھرت بھرنا / بھرتا بھرنا (ہ) فعل ❶ دوسرے کے خرچ کو اپنے ذمہ لینا ❷ رشوت دینا۔

بھر نظر دیکھنا (ا) فعل ❶ پوری طرح دیکھنا ❷ گھور کے دیکھنا ❸ خوب اچھی طرح دیکھنا۔

بھر نیند سونا (ہ) فعل ❶ خوب سونا ❷ اچھی طرح سونا ❸ پوری نیند سونا۔

بہروپ (س) اسم مذکر ❶ لغوی معنی بہت سے روپ ❷ اصطلاحی معنی طرح طرح کے بھیس بدلنا ❸ سانگ بھرنا ❹ دھوکا دینا ❺ شعبدہ بازی کرنا ❻ مکر ❼ نقالی ❽ مکاری۔

بہروپیا (ہ) اسم مذکر ❶ نقالی ❷ سانگی ❸ رنگ رنگ کے بھیس بدلنے والا مکار فریبی حیلہ باز۔

بھروٹا (ہ) اسم مذکر ❶ گھاس کا لکڑیوں وغیرہ کا گٹھا ❷ بھار کی تصغیر ہے۔

بھروسا (ہ) اسم مذکر ❶ امید ❷ توکل ❸ اعتماد ❹ اعتبار ❺ توقع ❻ سہارا ❼ آسرا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بُہرہ (ف) اسم مذکر ① حصہ ② نصب ③ بھاگ ④ قسمت ⑤ فائدہ ⑥ نفع۔

بہرہ کھلنا (ہ) نصیبہ کھلنا ① بھلے ہونا ② کمال ہونا ③ بہرہ کھلنا ④ ذہن کھلنا ⑤ دل روشن ہونا۔

بہرہ مند۔ بہرہ ور۔ بہرہ یاب (ف) اسم صفت ① ترکیب فاعلی ② صاحب نصیب ③ خوش قسمت ④ اقبال مند ⑤ فائدہ اُٹھانے والا۔

بہری (ہ) اسم مونث ① ایک شکاری پرندے کا نام ہے ② کانوں سے مجبور عورت وہ عورت جس کی قوت سامعہ جاتی رہی ہو۔

بھری برسات (ہ) اسم مونث ① مینہ ② موسم بارش ③ بارش کا موسم۔

بھرے بیٹھے ہیں۔ یا۔ بھرے ہوئے ہیں (ہ) محاورہ ① غصہ میں پُر ہیں ② غضب ناک بیٹھے ہیں ③ غم ناک اور آزردہ ہیں۔

بھرے کو بھرنا (ہ) فعل ① بھرے کو بھرنا ② رجے کو رجانا ③ امیر کو اور دولت دینا ④ دولتمند کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

بھری محفل میں یا بھری مجلس میں (ہ) تابع فعل ① سرِ مجلس ② عین محفل میں۔



بھڑ

بھڑ (ہ) اسم مونث ① زنبور ② ایک قسم کا زرد کیڑا جسکے ڈنگ میں زہر ہوتا ہے (پنجابی ڈیمو)۔

بھڑاس (ہ) اسم مونث ① غبار خاطر ② دل کا بخار ③ کینہ ④ ذلی دشمنی ⑤ دلی عداوت۔

بھڑاس نکالنا (ہ) فعل ① دل کا غبار نکالنا ② عداوت نکالنا ③ رد کر یا لڑ کر اپنے غصے کو فرو کرنا۔

بھڑانا (ہ) فعل ① ملانا ② قریب لانا ③ لڑائی کروانا ④ رشوت دینا ⑤ ساجھا ملانا ⑥ پٹی ڈالنا ⑦ دانوں پر لگانا ⑧ کٹنا پا کرنا ⑨ دلائی کرنا۔

بُھڑ بُھڑیا (ہ) اسم صفت ① کسی کے خلاف غصہ کے وقت آپے سے باہر ہو جانے والا ② مغلوب الغضب ③ پیٹ کا ہلکا ④ اوچھا ⑤ کم ظرف ⑥ شیخی خورا ⑦ گپی۔

بھڑ بھونجا (ہ) اسم مذکر ① پہاڑ میں اناج بوننے والا ② کہن افروز ③ صفت میں کالا ④ سیاہ فام ⑤ بدصورت ⑥ بدحال۔

بھڑ بھونجن (ہ) اسم مذکر ① بھڑ بھونجے کی جورو ② اناج بھوننے والی عورت ③ کالی بدصورت۔

بھڑ تنگا (ہ) اسم مذکر ① غل غپاڑہ ② شور وغل۔

بھڑک (ہ) اسم مونث ① چمک دمک ② رونق ③ ٹیپ ٹاپ ④ بناوٹ سجاوٹ ⑤ گھبراہٹ ⑤ جھجک ⑥ اشتعال ⑦ شعلہ ⑧ اُمنگ اُبھار ⑨ جوش۔

بھڑک اُٹھنا (ہ) فعل ① شعلہ زن ہونا ② جل اٹھنا ③ خفا ہونا ④ غصہ سے تیز ہونا ⑤ چمک جانا ⑥ پُررونق ہونا۔

بھڑک دار (ہ) اسم صفت ① زرق برق ② چمک دار ③ روشن ④ خوب صورت۔

بھڑکانا (ہ) فعل ① آگ کو تیز کرنا ② آگ روشن کرنا ③ بھکانا ④ غصہ دلانا ⑤ بدکانا ⑥ حقہ کے چلم کو تیز کر کے تمباکو جلا دینے کو بھی کہتے ہیں۔

بھڑکنا (ہ) فعل ① آگ تیز ہونا ② شعلہ مارنا ③ غصے میں برافروختہ ہونا ④ چوکنا ⑤ بدکنا ⑥ ڈرنا ⑦ خوف کھانا ⑧ بھبکنا ⑨ تشنج ہونا۔

بھڑ کے بیٹھنا (ہ) فعل ① پاس بیٹھنا ② مل کر بیٹھنا ③ بہت پاس پاس بیٹھنا ④ تنگ بیٹھنا۔

بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا / بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا (ہ) فعل ① فسادی آدمی کو چھیڑ دینا ② برے آدمی کو غصہ دلانا یا اکسانا۔

بھڑکیلا (ہ) اسم صفت ① مذکر ② نہایت پُر تکلف رزق برق ③ چمکیلا۔

بھڑنا (ہ) فعل ① بلنا ② تنگ ہونا ③ پیوست ہونا ④ مقابل ہونا ⑤ لڑنا ⑥ ٹکر مارنا ⑦ ٹکرانا ⑧ ٹکر کھانا ⑨ لڑائی کرنا۔

بھڑوا (ہ) اسم مذکر ① دیوث ② بچولیا ③ دلال ④ کٹنا ⑤ بے حیا ⑥ بے غیرت۔

بھڑی دینا / بھڑہاں دینا (ہ) فعل کبوتروں کو اڑنا سکھانا کبوتروں کو کبھی اڑانا کبھی بٹھانا کبھی دق کرنا تنگ کرنا ② ستانا۔

بھس (ہ) اسم مذکر ① اناج کا چھلکا ② اناج کے پودوں کا چورا ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

بھوسہ ④ پھٹکن ⑤ چوکر ⑥ توڑا۔

**بھس بھروانا** (ہ) فعل۔ کھال اتروا کر اس میں بھس بھروا دینا ② بونگے یا کوٹھے میں بھس ڈلوانا۔

**بھس کے مول ملیدہ** (ا) محاورہ ① قیمتی چیز کا نہایت رزال بکنا ② بہت سستا۔

**بھس ملانا** (ہ) فعل ① خرابی کرنا ② خراب کرنا ③ بگاڑنا۔

**بھس میں چنگاری ڈال جمالو دور کھڑی/ بھس میں آگ لگاؤ مانو دور کھڑی** (ا) مثل۔ دو شخصوں میں لڑائی کروا کر الگ ہو جانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**بھساڑا/ بھسیاڑا** (ہ) اسم مذکر ① ظرف ② بھس ڈالنے اور جمع رکھنے کا مکان ③ بھوسے کا کوٹھا۔

**بھساکو** (ہ) اسم مذکر ① لکھنؤ والے ہلکے تمباکو کو کہتے ہیں ② وہ تمباکو جو کڑوا نہ ہو ③ بھس جیسا تمباکو ④ نقاقص اور روی تمباکو۔

**بھسٹل** (ہ) اسم صفت مونث ① پلید ② کثیف ③ گندی ④ نجس ⑤ بھرشٹ۔

**بھسٹر** (ہ) اسم صفت مذکر ① نہایت موٹا اور بھدا آدمی ② بھدیسٹرا۔

**بھسکنا** (ہ) فعل ① حقارتاً چبانے اور کھانے کو کہتے ہیں ② بھینس کی طرح کھانا۔

**بھسکو** (ہ) اسم مونث ① بہت کھانے والی عورت ② بسیار خور ③ ہرجائی عورت۔

**بھسم** (ہ) اسم مذکر ① خاکستر ② راکھ ③ بھبوت۔

**بھسم اشنان** (ہ) اسم مذکر۔ اپلوں کی راکھ سے نہانا۔

**بھسم پتری** (ہ) اسم مونث۔ گانجا ایک نشیلی چیز کا نام جسے تمباکو کی طرح پیتے ہیں۔

**بھسم کر دینا** (ہ) فعل ① جلا کر خاک سیاہ کر دینا ② راکھ کر دینا ③ سخت خفا کر دینا۔

**بھسم ہونا** (ہ) فعل ① جل کر راکھ ہونا ② ہضم ہونا ③ غصہ میں آگ بن جانا ④ لال پیلا ہونا۔

**بھسمنٹ ہونا** (ہ) فعل ① راکھ ہونا ② فنا ہونا ③ جل کر خاکستر ہونا۔

**بہشت** (ف) جنت ① خلد ② باغ ③ فردوس ④ عیش ⑤ کی جگہ ⑥ آرام کا مقام۔

**بہشت میں لات مارنا** (ا) فعل ① نیکو کے ساتھ برا سلوک کرنا ② ماں باپ کو ستانا۔

**بہشتی** (ف) اسم مذکر ① بہشت کا رہنے والا ② سقا ③ پانی بھرنے والا ④ ماشکی ⑤ بحالت صفت ⑥ نیک ⑦ بھلا ⑧ نیکوکار ⑨ جنتی۔

**بھشٹا** (ہ) اسم مونث ① گندگی ② فضلہ ③ گوہ ④ گوبر ⑤ براز۔

**بھشٹل** (ہ) اسم مونث ① پھوہڑ ② بے تمیز ③ بدسلیقہ گھناؤنی ④ بدصورت عورت۔

**بھک** (ہ) اسم مونث ① فوراً اڑ جانے والا مادہ ② تمباکو کے پتوں کا چورا ③ دراڑ۔

**بھک بھک** (ہ) اسم مونث۔ انجن میں سے دھواں نکلنے کی آواز۔

**بھک سے اڑ جانا** (ہ) فعل۔ بارود دفعتہً اُڑ جانا۔

**بہکانا** (ہ) فعل ① ورغلانا ② گمراہ کرنا ③ اغوا کرنا ④ دھوکا دینا ⑤ فریب دینا ⑥ غلطی کرانا ⑦ جھوٹی امید دلانا ⑧ کانا بھرنا ⑨ بدگوئی کرنا۔

**بھگتی** (س) اسم مونث ① عبادت ② پرہیزگاری ③ تپسیا پرستش ④ سیوا۔

**بہک** (ہ) اسم مونث ① بکواس ② باؤلی باتیں ③ غلطی ④ گمراہی ⑤ بک بک۔

**بہک اٹھنا** (ہ) فعل ① نشے میں بکنا ② دیوانگی کی باتیں کرنا ③ غلطی کرنا ④ بڑبڑانا۔

**بہک چلنا** (ہ) فعل ① بڑھ چلنا ② حد سے بڑھنا ③ مغرور ہونا ④ اترانا۔

**بھکراند** (ہ) اسم مونث ① بدبو ② ناگوار بو بھیگنے کے گلے ہوئے اناج کی سی بو ③ اصل میں یہ لفظ بکراند یعنی بکری کے جسم کی بو سے بگڑا ہوا ہے۔

**بھکشا** (س) اسم مونث ① بھیک ② خیرات بھچا۔

**بھک منگا** (ہ) اسم مذکر ① بھیک مانگنے والا ② سائل ③ بھوکا ④ کنگال ⑤ غریب ⑥ مانگ کر گزارہ کرنے والا ⑦ منگتا

**بھُگ مُوا** (ہ) اسم مذکر ① بھوکوں کا توڑا ہوا ② فاقہ کش ③ روٹیوں کا مارا گرسنہ۔

**بہکنا** (ہ) فعل ① رستہ سے پھرنا ② گمراہ ہونا ③ بھٹکنا ④ دھوکا کھانا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140777218

⑤ رپٹنا ⑥ پھسلنا جیسے پاؤں بھکنا ⑦ ہذیان ہونا نیند یا نشہ میں کچھ کا کچھ بولنا ⑧ پاؤں ڈگمگانا ⑨ لڑکھڑانا۔

بھکنا (ہ) فعل ① گھپنا ② گھس جانا ③ سوئی یا کیل یا سوئی وغیرہ کا جسم کے اندر اتر جانا۔

بھکوا (ہ) اسم مذکر ① نادان ② احمق ③ جاہل ④ بیوقوف ⑤ بکواسی ⑥ مسخرہ ⑦ یاوہ گو۔

بھکوسنا (ہ) فعل ① کھانا نگلنا ② ڈکارنا۔

بھگ (ہ) اسم مونث ① اندام نہانی ② شرمگاہ ③ فرج، کُس۔

بھگا (ہ) اسم صفت ① سادہ آدمی ② نرم طبع ③ بیوقوف ④ بھولا بھالا۔

بُھگا (ہ) اسم صفت مونث لڑائی سے بھاگی ہوئی بٹیر۔ بھگوڑی بٹیر۔

بھگانا (ہ) فعل ① شکست دینا ② سرپٹ لے جانا ③ علیحدہ کرنا ④ گھر سے نکال لانا ⑤ اغوا کرنا ⑥ منہ پھیرنا ⑦ پسپا کرنا۔

بُگھت (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو بھگت۔

بُگھت بننا (ہ) فعل ① پارسا اور پرہیزگار ہونا ② اپنے آپکو عابد، زاہد ظاہر کرنا۔

بُھگتانا (ہ) فعل ① پورا کرنا ② انجام کو پہنچانا ③ ادا کرنا بے باق کرنا ④ تعمیل حکم کرنا ⑤ فیصلہ کرنا ⑥ بانٹنا ⑦ تقسیم کرنا ⑧ جھگڑا مٹانا ⑨ جانسے مارڈالنا۔

بھگتنا (ہ) فعل ① پورا ہونا ② انجام کو پہنچنا ③ سہنا ④ برداشت کرنا ⑤ قرضہ وغیرہ بے باق ہونا ⑥ بھرنا ⑦ بھوگنا ⑧ جیسے قید بھگتنا ⑨ تباہ کرنا۔

بھگتیا/بھگتی (ہ) اسم مذکر (فاعل) سائی ① کاٹ ② نقال ③ ناچنے گانے والا۔

بُھگرا (ہ) اسم صفت ① گلا سڑا غلہ ② کھتے کا اناج ③ انس یاست نکلا ہوا غلہ ④ غلہ۔

بُھگل (ہ) اسم مذکر ① دغا ② فریب ③ دھوکا ④ مکر ⑤ چھل۔

بُھگل گانٹھنا (ہ) فعل ① فریب بنانا ② دھوکا بازی کرنا ③ مکر بنانا ④ بناوٹ کرنا ⑤ شعبدہ بازی کرنا۔

بھگلی (ہ) اسم مذکر فاعل ① فریبی ② دھوکہ باز ③ مکار ④ شعبدہ باز

بھگو (ہ) اسم مذکر ① بھگوڑا ② بھاگنے والا ③ بادشاہ کے پاس سے بھاگنے والا ملازم۔

بھگوان (ہ) اسم مذکر ① مختار کل ② خدا ③ پرمیشور ④ ایشر۔

بھگو بھگو کے لگانا / مارنا (ہ) فعل ① بھگو کر جوتیاں مارنا ② لعنت ملامت کرنا۔

بھگوتی (ہ) اسم مونث ① درگاہ دیوی، بزدل ② ڈرپوک ③ نامرد۔

بھگونا (ہ) فعل ① تر کرنا ② گیلا کرنا۔

بھگی (ہ) اسم مونث ① بھاگڑ ② ہل چل ③ شکست ④ پسپائی۔

بھگی پڑنا (ہ) فعل ① ہل چل پڑنا ② بھاگنا ③ پسپا ہونا ④ بے ترتیبی سے بھاگنا۔

بھلا (ہ) اسم صفت مذکر ① اچھا ② خوب ③ عمدہ ④ بہتر ⑤ نیک ⑥ پارسا ⑦ نرالا ⑧ عجیب ⑨ سہاؤنا۔

بھلا آدمی (ا) اسم مذکر ① نیک آدمی ② بھلا مانس شریف ③ بزرگ۔

بھلا جی / بھلا صاحب (ا) کلمہ ندا۔ خیر کیا مضائقہ ہے۔

بھلا چاہنا (ہ) فعل ① بہتری چاہنا ② بھلائی چاہنا ③ نیکی کرنا۔

بھلا چنگا (ہ) اسم مذکر ① تندرست ② اچھا بچھا ③ صحیح سالم۔

بھلا کرنا (ہ) فعل ① نیکی کرنا ② سلوک کرنا ③ خیرات کرنا۔

بھلا لگنا (ہ) فعل ① پسند آنا ② مرغوب طبع ہونا اچھا لگنا ③ زیب دینا۔

بھلا مانس (ہ) اسم مذکر ① نیک آدمی ② شریف ③ خلیق ④ ملنسار ⑤ سادہ طبع ⑥ صاف دل ⑦ طنزاً شریر فسادی ⑧ بد۔

بھلانا (ہ) فعل ① فراموش کرنا ② یاد سے اتارنا ③ یاد نہ رکھنا ④ دھوکہ دینا۔

بہلانا (ہ) فعل ① بہر جانا ② پھسلانا ③ کھیل میں لگا لینا ④ فریب دینا ⑤ سیر و تماشے سے دل کو خوش کرنا ⑥ جھوٹی باتیں بنا کر دل کو تسلی دینا ⑦ بچے کو کسی شغل میں مشغول رکھنا۔

بھلاوا (ہ) اسم مذکر حاصل بالمصدر مغالطہ ① پھسلاوا ② بھکاوا ③ چھل ④ فریب ⑤ دغا۔

بہلاوا (ہ) اسم مذکر ① تفریح ② جی پرچاوا ③ جی بہلانے کا شغل۔

بھلانواں (ہ) اسم مذکر ① ایک دوائی کا نام ہے ② ایک درخت کا پھل ہے۔

بھلائی (ہ) اسم مونث ① خیرخواہی ② ہمدردی ③ فائدہ ④ نیک نامی ⑤ حسن خوبی ⑥ احسان ⑦ سلوک عمدگی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03...218

www.besturdubooks.net

بھلائی رہنا (ہ) فعل ① نیک نامی رہنا ② نام نیک ③ یادگار رہنا ④ نیکی قائم رہنا۔

بھلائی لینا (ہ) فعل ① نیکی کمانا ② ثواب حاصل کرنا ③ دعا لینا۔

بھلبُلانا (ہ) فعل ① کسی چیز کو بھوبل یا بالو ریت میں بھوننا ② نیم بریاں کرنا ③ آدھ بھُنی کرنا۔

بُھلسنا (ہ) فعل ① نیم سوختہ ② جھلسنا ③ بھُوننا ④ جلنا ⑤ بھوبھل یا بھاڑ میں جلا کر بھرتا ہو جانا۔

بُھلکڑ (ہ) اسم صفت ① فراموش کار ② بھول جانے والا بہت بھولنے والا۔

بھلمنسائی/بھلمنسی (ہ) آدمیت شرافت ① انسانیت ② آدمیت کی قدر کرنا۔

بہلنا (ہ) فعل ① سیر و تماشے سے خوش ہونا ② رنج و غم ہٹ جانا۔

بھلے کا زمانہ نہیں (ا) مثل ① نیکی کرنے کا زمانہ نہیں ② بڑا الٹا زمانہ ہے ③ نیکی کرو تو برائی پلے بندھتی ہے ④ دنیا احسان فراموش ہو گی ہے۔

بھلے کو (ہ) تابع فعل ① خوب ہوا ② بہتر ہو ③ خیر ہو گی ④ اچھا ہو گیا

بھلے گھوڑے کو ایک چابک/ بھلے آدمی کو ایک بات (ا) مثل۔ نیک سرشت کو ذرا سی نصیحت کافی ہے۔

بُھلی ہے (ہ) فقرہ ① خیر ہے ② اچھی ہے ③ بے مزہ ہے۔

بہم (ف) تابع فعل ① آپس میں ② ساتھ ③ باہم یا ہم دیگر یا یکدیگر۔

بہم پہنچنا (ا) فعل ① حاصل ہونا ② دستیاب ہونا ③ مہیا ہونا ④ میسر آنا۔

بہم پہنچانا (ا) فعل ① حاصل کرنا ② پیدا کرنا۔

بُھمبا کا/ بھمباقا (ہ) اسم مذکر ① آرپار سُوراخ ② بڑا سوراخ۔

بُھنا (ہ) فعل ① جلنا ② بریاں ③ ہونا ④ تپنا ⑤ حسد سے جلنا ⑥ کسی کی دولت و عزت کو دیکھ کر کڑھنا ⑦ غصہ میں برافروختہ ہونا ⑧ روپے یا اشرفی کا خردہ کرانا۔

بِہنا (ہ) اسم مذکر ① دُھنیا ② حلاج ③ عداف۔

بہناپا (ہ) اسم مذکر ① منہ سے بہن بنا لینا ② بہنیلاپن ③ سہیلی پن ④ بہن بنانا۔

بُھناس (ہ) اسم مذکر ① لکڑی کا موٹا کھونٹا ② جس سے ہاتھی کو باندھتے ہیں۔

بھنانا (ہ) فعل ① جلانا ② برما کرانا ③ روپیہ تڑانا ④ خوردہ کرانا۔

بھنانا (ہ) فعل ① کسی صدمے سے دماغ چکرانا ② چوٹ کے باعث دماغ سے بھن بھن آواز نکلنا ③ خرچ سے عاجز آنا ④ گھبرانا۔

بھنبوڑنا (ہ) فعل ① درندے جانور کی طرح دانتوں سے کسی چیز کو کاٹنا ② پھاڑنا ③ نوچ نوچ کر کھانا۔

بھنبیری (ہ) اسم مونث ① ایک پتنگے کا نام ہے جو برسات میں نکلتا ہے ② پھرتیلا چست و چالاک۔

بھنٹا (ہ) فعل اسم مذکر ① بینگن ② بتاؤں ③ بادنجان۔

بھنڈ، بھنڈا (ہ) اسم مذکر ① سوکھا ہوا ڈالا ② کھپا ③ گھما ④ تر اور نرم چیزیں ملکر جو ایک ڈالا سا بندھ جاتا ہے جیسے کھجوروں کا بھنڈ ⑤ تمباکو۔

بھنڈار (ہ) اسم مذکر ① گودام ② ذخیرہ پانی کا خزانہ ③ پانی کی سطح۔

بھنڈارا (ہ) اسم مذکر ① فقیروں کا لنگر ② کھوپری ③ سری ④ پیٹ ⑤ بطن ⑥ شکم ⑦ پھکیتی میں حریف کے بائیں پہلو پر ضرب مارنا۔

بھنڈاری (ہ) اسم مذکر ① باورچی ② خانساماں ③ گودام کا محافظ ④ مودھی ⑤ خوراک تقسیم کرنے والا فقیر۔

بھنڈسال/بھنڈسار (ہ) اسم مونث جائے ① ذخیرہ غلہ ② کھتا ③ گودام ④ گنج ⑤ کھوٹھا جس میں مہنگا بیچنے کی غرض سے غلہ جمع رکھا جائے۔

بھنڈ کرنا (ہ) فعل ① بگاڑنا ② خراب کرنا ③ توڑنا ④ بے رونقی کرنا ⑤ بدنظمی کرنا ⑥ ذلیل کرنا۔

بھنڈی (ہ) اسم مونث۔ ایک ترکاری کا نام ہے کھڑی توری۔

بھنڈے خانہ (ہ) اسم مذکر۔ وہ مکان جہاں حقے کا سامان رہتا ہے۔

بھنڈیلا (ہ) اسم مزکر ① تصغیر از بھانڈ ② نقال مگر گھٹیا درجے کا ③ مسخرا ④ پھکڑ باز۔

بھنگتی صورت (ا) اسم مونث ① گھناؤنی صورت ② بھونڈی صورت۔

بھنکنا (ہ) فعل ① مکھیوں کا بھنبھنانا ② اور ہجوم کرنا سست اور کاہل

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172218

بیٹھنا③ خالی بیٹھنا۔

**بھنگ** (لا) اسم مونث ① سبزی ② بنگ ③ ٹھنڈائی ④ ایک قسم کی نشیلی بوٹی ⑤ شکستگی ⑥ بربادی ⑦ مسماری۔

**بھنگ ڈالنا** (ہ) فعل ① خرابی ڈالنا ② بربادی ڈالنا ③ خرابی کرنا۔

**بھنگ کرنا** (ہ) فعل ① توڑنا ② مسمار کرنا ③ تباہ کرنا ④ برباد کرنا ⑤ غارت کرنا ⑥ خراب کرنا بگاڑنا۔

**بھنگ کے بھاڑے میں جانا** (ہ) فعل ① رائیگاں جانا ② مفت جانا ③ ضائع ہونا۔

**بھنگا** (ہ) اسم مذکر ① چھوٹا سا اڑنے والا کیڑا جو برسات کے دنوں میں پیدا ہوتا ہے اور گولر کے پھل کے اندر بھی ہوتا ہے

**بھنگرا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک بدبودار بوٹی کا نام ہے۔

**بھنگڑ** (ہ) اسم مذکر فاعل ① بہت بھنگ پینے والا ② سبزی باز ③ گپی ④ بلواسی ⑤ یاوہ گو

**بھنگن** (ہ) اسم مونث ① مہترانی ② حلال خوری ③ خاکروب عورت بھنگ پینے اور بیچنے والی عورت۔

**بھنگی** (ہ) اسم مذکر ① خاکروب ② چوہڑا ③ مہتر ④ حلالخور ⑤ بھنگ پینے والا ⑥ ایک قسم کا لٹو جو چلتے اور گھومتے ہوئے وقت آواز دیتا ہے۔

**بہنگی** (ہ) اسم مونث بانس کی موٹی سی لکڑی جس کے دونوں سروں پر رسیاں باندھ کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔

**بھنگیڑا** (ہ) اسم مذکر ① گھٹی ہوئی بھنگ بیچنے والا ② پسی ہوئی بھنگ بیچنے والا۔

**بھنگڑ خانہ** (ہ) اسم مذکر ① وہ مقام جہاں بھنگ گھوٹی اور پیسی جائے۔

**بھنگیرن** (ہ) اسم مونث ① ساقن ② بھنگ اور حقہ پلانے والی عورت۔

**بھنور** (ہ) اسم مذکر ① گرداب ② ورطہ ③ پانی کا چکر ④ بلا ⑤ غم ⑥ دوکھ ⑦ الزام۔

**بھنور پڑنا** (ہ) فعل ① گرداب پڑنا ② پانی کا چکر کھانا۔

**بھنور جال** (ہ) اسم مذکر ① دنیا کے پھندے ② زمانے اور دنیا کی گردش۔

**بھنورکلی** (ہ) اسم مونث۔ لوہے وغیرہ کا حلقہ جو کتے اور بکری کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

**بہنوئی** (ہ) اسم مذکر ① بہن کا خاوند ② جیجا ③ دولہا بھائی ④ شوہر خواہر۔

**بُھنی** (ہ) اسم مونث ① پہلی بکری ② سب سے پہلے دام جو دوکان کھولتے ہی دکاندار گاہک سے وصول کر کے گلے میں ڈالتا ہے۔

**بہنیلی** (ہ) اسم مونث۔ منہ بولی بہن کا خواہر خواندہ۔

**بہو** (ہ) اسم مونث ① نئی بیاہی ہوئی عورت جورو ② بیوی ③ استری ④ زوجہ ⑤ پسر ⑥ معزز ⑦ عورت۔

**بہو بیگم نام رکھنا** (ہ) فعل ① اپنی عزت خود ظاہر کرنا ② اپنے منہ میاں مٹھو ③ فخریہ لقب اختیار کرنا۔

**بھَو/ بھے** (ہ) اسم مذکر ① خوف ② ڈر ③ دہشت۔

**بُھوم/ بھوں** (ہ) اسم مونث ① مٹی ② خاک ③ زمین ④ دھرتی۔

**بھوں نہ بچھا سب سے اچھا** (ہ) مثل ① طنزاً ② فضول خرچ آدمی کی نسبت بولتے ہیں ③ بے فکر ④ بے پروا ⑤ نہ کسی سے لینا ⑥ نہ کسی کا دینا ⑦ اپنا گزارہ جس طرح ہوا کرلیا ⑧ زمین کی فکر نہ بیلوں کا ذکر۔

**بُھوآ** (ہ) اسم مونث ① (ہندو) کی بہن ② پھوپھی ③ پھپھی۔

**بھوانی** (ہ) اسم مونث ① شیورانی شیوجی کی استری ② درگا دیوی ③ پاربتی ④ جوا ⑤ چیچک ⑥ ستیلا ⑦ ٹھنڈی۔

**بُھوبل** (ہ) اسم مونث ① تیز گرم ② راکھ ③ خاکستر ④ گرم ⑤ گرم ریت۔

**بھوپالی** (ہ) اسم مونث صفت ① (بیائے نسبت) بھوپال کی چیز ② ریاست بھوپال کا رہنے والا ③ ایک راگنی کا نام بھی ہے۔

**بُھوت** (ہ) اسم مذکر ① ناپاک روح ② خبیث ③ پلید ④ شیطان ⑤ پریت ⑥ جن ⑦ ہندوستانی حکماء کے نزدیک عناصر میں سے ایک عنصر (بحالت صفت) چم چیچڑ ⑧ پیچھا نہ چھوڑنے والا ⑨ سر ہو جانے والا۔

**بُھوت اتارنا** (ہ) فعل ① منتر یا عمل کے ذریعہ پر پریت کی تکلیف رفع کرنا ② جن اتارنا ③ آسیب دور کرنا ④ غصہ اتارنا۔

**بُھوت اترنا** (ہ) فعل ① غصہ اترنا خفگی دور ہونا ② پریت کا اثر دور ہونا ③ ہوش میں آجانا ④ آپے میں آنا۔

**بُھوت بننا** (ہ) فعل ① نشہ میں مست ہونا ② گرد آلودہ ہونا ③ بہت

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

ہی مصروف ہونا④ جیسے کھیل میں بھوت بن رہا⑤ یعنی سر منہ کی خبر نہیں⑥ ہمہ تن مصروف ہے⑦ غصہ ہونا⑧ برافروختہ ہونا⑨ چم چچڑ ہونا۔

**بُھوت چڑھنا** (ہ) فعل① غصے یا جوانی کے جوش کا سوار ہونا② مغلوب الغضب ہونا۔

**بُھوت کا پکوان** (ہ) اسم مذکر① مفت کی دولت② وہ پکوان اور مٹھائی جو بھوت کے ذریعہ سے ملے۔

**بُھوت ہوکر چمٹنا** (ہ) فعل① سر ہو جانا② نہایت گرد ہونا③ پیچھا نہ چھوڑنا④ چم چیچڑ ہو جانا یا چمٹ جانا۔

**بُھوت ہونا** (ہ) فعل① نشہ میں غرق ہونا② غصے میں آگ بگولا ہونا③ غصہ میں آپے سے باہر ہو جانا۔

**بُھوتنی** (ہ) اسم مونث① بھوت کی جورو② بدشکل③ بدصورت④ ڈائن⑤ چڑیل⑥ بھوتنی۔

**بھوجائی / بھوجی** (ہ) اسم مونث① زن برادر بھائی کی بیوی② بھاوج③ بھاوجہ۔

**بھوج پتر** (ہ) اسم مذکر① اصل میں ایک درخت کی چھال ہے جو تہ درتہ ورق کی طرح ہوتی ہے② پرانے زمانے میں لوگ اس سے کاغذ کا کام لیتے تھے۔

**بھوجن** (ہ) اسم مذکر① کھانا② ہار③ خوراک④ طعام⑤ اُلش۔

**بھوجن کرنا** (ہ) فعل① کھانا کھانا② تناول فرمانا۔

**بُھوجی** (ہ) اسم مونث۔ بھجیا۔

**بھوچکّا** (ہ) اسم مذکر صفت① خوف سے بدحواس② بک دھک③ ہکابکا④ حیران⑤ تعجب⑥ متحیر⑦ حیرت زدہ ششدر۔

**بھوڈل** (ہ) اسم مذکر① ابرک② ابرق۔

**بھور** (ہ) اسم مونث① صبح② نور کا تڑکا③ بامداد پگاہ④ گجردم⑤ چورا⑥ برادہ⑦ ریزہ⑧ ٹکڑا⑨ تھکن۔

**بھور اُڑانا** (ہ) فعل① خرچ کرنا② ضائع کر دینا③ کنگال بنا دینا۔

**بھور کرنا** (ہ) فعل① مار مار کر چور کر دینا② ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**بھور ہونا** (ہ) فعل① تھک جانا② چور ہونا③ صبح ہونا④ تڑکا ہونا⑤ ختم ہونا⑥ تنگی میں آنا⑦ کنگال ہونا⑧ بڑھاپا آنا۔

**بُھورا** (ہ) اسم صفت مذکر① مٹیالا سا رنگ② شتری رنگ③ سرخی اور زردی سے سیاہ رنگ④ نیلا بھورا کبوتر۔

**بھورا** (ہ) اسم مذکر① ریزہ② چھوٹا سا ٹکڑہ③ مٹھائی یا روئی کا ذرا چورا④ بواؤ مجہول۔

**بُھوری** (ہ) اسم صفت مونث① بُھورا کی تانیث② نیز وہ روٹی جو انگاروں پر پکائی جاوے۔

**بھورے** (ہ) اسم مذکر① بھورا کی جمع② ریزے③ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے④ مٹھائی اور کھانے وغیرہ کے ریزے جن کو مکھی یا چیونٹی لے جاسکے۔

**بُھوڑ** (ہ) اسم مونث① وہ زمین جس میں تردد کے باوجود بھی کچھ نہ اگ سکے② مشہور زمین③ ریگستان④ ریتلی زمین⑤ ریت کا ملک۔

**بھوڑا** (ہ) اسم مذکر① واپسی کا کھانا② احضر③ ولیمہ④ واپس آیا⑤ الٹا پھرا⑥ آگیا⑦ آپہنچا۔

**بُھوسا** (ہ) اسم مذکر① بُھس② اناج کے پودوں کا چورا③ توڑا④ توڑی۔

**بُھوسی** (ہ) اسم مونث تصغیر از بُھس① سبوس② چھلکا③ چوکر④ غلہ کا وہ چھلکا جو آٹے میں سے نکلتا ہے⑤ چھان۔

**بُھوک** (ہ) اسم مونث① اشتہار رجوع گرسنگی② کھانے کی خواہش③ کھدبا④ ضرورت⑤ حاجت⑥ چاہ⑦ چاہت⑧ نجاروں کی اصطلاح میں گنجائش⑨ سمائی۔

**بُھوک بند ہونا** (ہ) فعل① بھوک نہ رہنا② کھانے کی خواہش نہ ہونا۔

**بُھوک بھاگنا** (ہ) فعل① کھانے پینے کی پروانہ رہنا② کسی عمدہ اور خوبصورت چیز کی بیحد تعریف③ مثلاً اسے دیکھ کر بھوک بھاگتی ہے۔

**بُھوک پیاس** (ہ) اسم مونث① کھانے پینے کی ضرورت② غریبی③ نہوت④ فاقہ کشی⑤ تنگی⑥ مفلسی⑦ ناداری⑧ کنگالی۔

**بُھوک لگنا** (ہ) فعل① اشتہا ہونا② کھدیا لگنا معدے کا کھانے کو مانگنا۔

**بُھوک مرنا** (ہ) فعل① اشتہا زائل ہو جانا② بھوک لگ کر نہ رہنا۔

**بُھوکا** (ا) اسم صفت① گرسنہ بھوک والا② خواہشمند③ خواہاں④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

غرضمند ⑤ فاقہ کش ⑥ نہایت ⑦ مفلس ⑧ کنگال ⑨ عاشق۔

**بُھوکا بنگالی بھات بھات پکارے** (ہ) فعل۔ جن اشیاء کی ضرورت اور عادت ہوتی ہے وہی یاد رہتی ہیں اور انہی کی طلب ہوتی ہے۔

**بھوکا بھوک ہی بھوک پکارتا ہے** (ہ) مثل ① ناداری اور مجبوری سے تنگ آ کر انسان سب کچھ کر بیٹھتا ہے ② لاچاری سب کچھ کرا دیتی ہے۔

**بھوکے شریف سے رجے رذیل سے ڈرنا چاہیئے** (ہ) مثل ① بمعنی ظاہر ② وجہ یہ کہ ان میں سے کسی کو بھی ہمدردی بنی نوع نہیں ہوتی۔

**بھوگ** (ہ) مذکر ① کھانا ② طعام ③ پرشاد ④ دیوی ⑤ دیوتا کا چڑھاوا ⑥ بربھاتی یعنی کرشن جی کے بھوگ کا راگ اور بھجن۔ خوشی ⑦ مسرت ⑧ عیش وعشرت ⑨ جماع۔

**بھوگ بلاس** (ہ) اسم مذکر ① رنگ رلیاں ② عیش ونشاط ③ عیش و عشرت۔

**بھوگ پڑنا** (ہ) فعل ① لعنت پڑنا ② گالیاں پڑنا ③ دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا۔

**بھوگ دینا/ بھوگ سنانا** (ہ) فعل ① گالیاں دینا ② لعنت ملامت کرنا۔

**بھوگ کرنا** (ہ) فعل ① مجامعت کرنا ② ہم بستر ہونا ③ صحبت کرنا۔

**بھوگ لگانا** (ہ) فعل ① کھانا تناول کرنا ② نوش کرنا ③ دیوتاؤں پر شیرینی وغیرہ بڑھانا۔

**بھوگلی** (ہ) اسم مونث ① ناک کی کھوکھلی نلکی ② جس میں لونگ پہنا جاتا ہے۔

**بھوگنا** (ہ) فعل ① حظ اٹھانا ② مزے اڑانا ③ عیش کرنا ④ آنند منانا ⑤ جھیلنا ⑥ سہنا ⑦ اُٹھانا ⑧ گوارا کرنا ⑨ بُھگتنا۔

**بھوگی** (ہ) اسم مذکر فاعل ① زناء کار ② شہوت پرست ③ زانی ④ خوش خوراک ⑤ کھانے والا ⑥ دیوتاؤں پر چڑھاوا چڑھانے والا ⑦ گرہستی ⑧ خانہ دار۔

**بُھول** (ہ) اسم مونث ① چوک ② سہو ③ نسیان ④ غلطی ⑤ خطا ⑥ قصور ⑦ لغزش ⑧ دھوکا ⑨ شبہ۔

**بُھول چُوک** (ہ) اسم مونث ① سہو ② خطا ③ لغزش۔

**بُھول چُوک لینی دینی** (ا) محاورہ ① سہو وخطا ② غلطی ملطی جو حساب وکتاب میں ہوگی ③ وہ کمی بیشی لی دی جائے گی۔

**بُھول کے نہ آنا** (ہ) فعل ① غلطی سے آنا ② دھوکے سے آنا ③ سہو سے آنا۔

**بُھول کے نہ کرنا** (ہ) فعل ① بالکل نہ کرنا ② ہرگز ہرگز نہ کرنا۔

**بُھول کے یاد کرنا** (ہ) فعل ① غلطی سے یاد کر لینا ② کسی کام کو فراموش کر کے پھر یاد کرنا۔

**بھولا** (ہ) اسم صفت مذکر ① سیدھا سادہ ② نادان ③ بچوں کی سی عقل والا ④ کم عقل ⑤ ناتجربہ کار ⑥ اپنے برے بھلے میں تمیز نہ کرنے والا ⑦ انجان ⑧ ناواقف۔

**بھولا بھالا** (ہ) اسم صفت مذکر ① اصل میں بھولا بھالا تھا ② سیدھا سادہ بے تکلف ③ معصوم ④ بیگناہ بچہ۔

**بھولا پن/ بھولپن** (ہ) ① سادگی ② سادہ پن ③ معصومیت ④ نادانی ⑤ نرمی اور ملائمت جو بچوں اور معشوقوں کے چہرے پر برستی ہے۔

**بُھولا بسرا/ بُھولا چوکا** (ہ) اسم صفت ① یاد سے اترا ہوا ② چوکا ہوا ③ بھولا ہوا ④ از یاد رفتہ ⑤ راہ گم کردہ ⑥ راستہ بُھولا ہوا۔

**بُھولا بھٹکا** (ہ) اسم صفت ① ڈانواڈول ② راہ بھولا ہوا ③ رستہ چوکا ہوا ④ اتفاقیہ۔

**بُھولا چِنیا** (ہ) اسم مذکر ① نسیان کے غلبہ والا ② خراب حافظہ ③ سہو و نسیان کی عادت۔

**بُھول بھلّیاں** (ہ) اسم مونث ① پیچ دار راستے کا مکان ② گورکھ دھندے کا مکان ③ بار بار سمجھانے سے بھی سمجھ میں نہ آنے والا کام ③ عقل حیران کرنے والا رستہ ④ فہم چکرا دینے والا راہ ⑤ تھیٹر کا ایک تماشہ۔

**بُھولنا** (ہ) فعل ① فراموش ہونا ② چیت سے اترنا ③ یاد نہ رہنا ④ غلطی کرنا ⑤ چوکنا ⑥ بھٹکنا ⑦ گمراہ ہونا ⑧ راستہ گم کرنا ⑨ دھوکا کھانا۔

**بھولی** (ہ) اسم مونث ① سیدھی سادی عورت ② بے کینہ عورت ③ کمسن عورت ④ سادہ مزاج۔

**بھولی بھولی باتیں** (ہ) اسم مونث ① پیاری پیاری بچوں کی سی باتیں ② سادہ باتیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...218

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**بھولی بھولی صورت** (ا) اسم مونث ① پیاری پیاری صورت ② سہاونی صورت۔

**بھولے بھٹکے** (ہ) تابع فعل ① کبھی کبھار ② گاہ بگاہ ③ گاہے گاہے ④ بھول چوک کر ⑤ راستہ بھول کر۔

**بھوم** (ہ) اسم مونث ① زمین ② دھرتی ③ بُوم دنیا ④ سنسار ⑤ خلقت ⑥ جگہ ⑦ مقام ⑧ ملک ⑨ وطن۔

**بھومیا** (ہ) اسم مذکر ① زمیندار ② مالک زمین گاوں کا پرانا باشندہ ③ وہ سانپ جونہایت پرانا ہوجسکے بال نکل آئے ہو۔

**بھومیا بھوپال کھیڑے کے رکھوال** (ہ) مثل ① پرانا ② سانپ گاؤں اورخزانے کا محافظ ہوتا ہے۔

**بَھوں** (ہ) اسم مونث ① ابرو ② وہ کمان کی شکل کے بال جو دونوں آنکھوں کے اوپر کی طرف اور ماتھے کے نیچے کی طرف ہوتے ہیں۔

**بَھوں تاننا/ بَھوں چڑھانا** (ہ) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہوا ③ رنجیدہ ہونا ④ آزردہ ہونا ⑤ نازنخرے کرنا۔

**بَھوَن** (س) اسم مذکر ① جگہ ② مقام ③ استھان ④ مندر ⑤ مٹھ ⑥ دیوی کا استھان۔

**بُھوں بھوں رونا** (ہ) فعل ① بری آواز سے رونا ② کتے کی طرح رونا ③ کتے کی زاری کی نقل۔

**بَھوں بھوں کرنا** (ہ) فعل ① بھونکنا ② بکنا ③ بکواس کرنا ④ کتے کی طرح بولنا ⑤ کتے کی آواز کی نقل کرنا۔

**بُھوں بھوں کرنا** (ہ) فعل ① بھنبھنانا ② بھنورے کے پروں کی آواز نکلنا ③ بھونرے کی بولنا۔

**بَھونپُو** (ہ) اسم مذکر ① نرسنگا ② ترئی ③ شیو جی کی فوج کا تُرم ④ سینگ کا ایک لمبا سا ترم جسے جوگی اور بیراگی فقیر اکثر بجاتے ہیں۔

**بُھونچال** (ہ) اسم مذکر ① لرزہ ② زلزلہ ③ زمین کا ہلنا۔

**بُھونچکا** (ہ) اسم صفت ① خائف ② متحیر ہوکر رہنا ③ ہکا ④ حیران پریشان ⑤ ششدر۔

**بُھوندو** (ہ) اسم صفت مذکر ① سادہ ② بیوقوف ③ احمق ④ ناتجربہکار ⑤ ناواقف۔

**بُھونڈا** (ہ) اسم صفت مذکر ① بے ڈھب ② بدصورت ③ بدوضع ④ زشت ⑤ زبون۔

**بُھونڈاپن/ بُھونڈپنا** (ہ) اسم مذکر ① بدتمیزی ② پھوہڑپن ③ بدتہذیبی۔

**بُھونڈاانخرہ** (ا) اسم مذکر ① برانخرہ ② بیجاناز۔

**بُھونڈی** (ہ) اسم مونث۔ بھونڈا کی تانیث۔

**بَھونر** (ہ) اسم مذکر ① گرداب ② پانی کا چکر ③ مصیبت ④ آفت ⑤ بلا۔

**بَھونرا** (ہ) اسم مذکر ① ڈھپ ② ایک کالے رنگ کا تتیا سا جانور جو لکڑی میں چھید کرکے رہتا ہے ③ ہندی شاعر اس کو کنول اور چمپہ کے پھولوں کا عاشق کہتے ہیں ④ تہ خانہ وخمہ ⑤ قید خانہ ⑥ چاہ زندان ⑦ نہایت کالی چیز کو اس سے تشبیہہ دیا کرتے ہیں۔

**بَھونری** (ہ) اسم مونث ① بھونرے کی تازہ بالوں کا چکر جو سر میں ہو یا گھوڑے کے بدن پر جسے منحوس سمجھتے ہیں (پورب) باٹی ② انگاروں پر پکی ہوئی روٹی۔

**بُھونسنا** (ہ) فعل ① بھونکنا ② گھسیڑنا ③ چھونا۔

**بھونکانا** (ہ) فعل ① بکوانا ② پٹوانا ③ چھوانا ④ تنگ کرنا ⑤ ستانا ⑥ چھیڑکریامارکرغل مچانا۔

**بھونکڑا** (ہ) اسم صفت ① موٹا ② بھدا ③ موٹی ناک ④ چوڑی چپٹی ناک ⑤ بڑے بڑے ٹانکوں کی سلائی ⑥ شکنگا ⑦ لمبے لمبے شلنگوں کی سلائی۔

**بُھونکنا** (ہ) فعل ① کتے کا چلانا ② بھوں بھوں کرنا ③ عوعو کرنا ④ بکنا یاوہ گوئی کرنا ⑤ غل مچانا ⑥ چیخنا۔

**بھونکنا** (ہ) فعل ① چبھونا ② کسی کے جسم میں نوکدار چیز گھسانا ③ گھونپنا ④ موٹی سلائی کرنا بواؤ مجہول ہے۔

**بُھوننا** (ہ) فعل ① بریاں کرنا ② بھلبھلانا ③ تکنا ④ جلانا ⑤ سوختہ کرنا ⑥ طعنہ دیکر جی جلانا ⑦ دق کرنا ⑧ سخت برافروختہ کرنا۔

**بھی** (ہ) حرف عطف ① نیز ② ہم ③ اور ④ علاوہ ⑤ زیادہ ⑥ شامل۔

**بھئی** (ہ) اسم مذکر ① بھائی کا مخفف ② برابر والوں کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں ③ کبھی پیارا اور محبت کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں۔

بھے (ہ) اسم مذکر 1 ڈر 2 خوف 3 اندیشہ 4 خطرہ 5 چنتا۔

بہی (ہ) اسم مونث۔ ناشپاتی کے مشابہ ایک میوہ ہوتا ہے۔

بہی (ہ) اسم مونث 1 روزنامچہ 2 کھاتہ 3 ایک لمبی کتاب جس میں مہاجن لوگ اپنا حساب کتاب رکھتے ہیں۔

بہی پر اتارنا / بہی پر چڑھانا (ہ) فعل 1 بہی پر نقل کرنا 2 روزنامچہ سے یادداشت کی کتاب میں لکھنا 3 بہی میں درج کرنا۔

بہی کھاتہ (ہ) اسم مونث 1 کتاب حساب اکونٹ بک 2 مسودہ 3 خسرہ 4 پرانا حساب کتاب۔

بہی در بہی (ا) تابع فعل 1 مسلسل 2 تفصیل وار 3 بہ در بہ۔

بھیا (ہ) اسم مذکر۔ بھائی کی تصغیر۔

بھیا دُوج (ہ) اسم مونث 1 جم دُتیا 2 ایک تہوار کا نام ہے جس میں بہنیں بھائیوں کے واسطے ٹیکا اور شیرینی لیکر جاتی ہیں۔

بھیانک (ہ) اسم صفت 1 ڈراؤنا 2 متوحش 3 خوفناک 4 ہو کا عالم 5 سنسان 6 ویران 7 اجاڑ 8 بے رونق 9 متحیر۔

بھیت (ہ) اسم مونث 1 دیوار 2 پاکھا۔

بھیتر (ہ) تابع فعل 1 اندر 2 درمیاں 3 بیچوں بیچ 4 پوشیدہ۔

بھیتری مار (ہ) اسم مونث 1 گپت مار 2 وہ مار جس کا نشان جسم پر بالکل نہ ہو 3 مگر اندرونی اعضاء کو صدمہ پہنچ جائے ضرب خفی 4 اندر ہی اندر طعنے دیکر جلانا 5 اندرونی تکلیف 6 گجھی مار (پنجابی)۔

بھیٹ۔ یا۔ بھینٹ (ہ) اسم مونث 1 بھڑنا 2 لڑنا 3 سامنا کرنا 4 مقابلہ کرنا 5 ملاپ ملاقات 6 نذر 7 پیشکش 8 سوغات 9 تحفہ۔

بھینٹ بکر (ہ) اسم مذکر 1 نذر کا بکرا 2 منت کا بکرا 3 صدقے کا بکرا۔

بھینٹ چڑھانا / بھینٹ دینا (ہ) فعل 1 کسی دیوی دیوتا کی نذر کرنا 2 نذرانہ دینا 3 صدقہ دینا 4 رشوت دینا 5 چڑھاوا چڑھانا۔

بھیٹ لینا (ہ) فعل 1 نذر لینا 2 چڑھاوا لینا 3 مار ڈالنا۔

بھیٹ ہونا (ہ) فعل 1 ملاقات ہونا 2 مقابلہ ہونا 3 آمنا سامنا ہونا 4 چھوا جانا 5 قربان ہونا۔

بھیجا (ہ) اسم مذکر 1 سر کا مغز 2 دماغ 3 سر کا گودا (بصورت فعل) روانہ کیا 4 چلتا کیا۔

بھیجا پکنا (ہ) فعل 1 سر درد ہونا 2 دماغ کا درد کرنا 3 بہت سی بک بک سنتے سنتے دماغ تھک جانا۔

بھیجا کھانا (ہ) فعل 1 بہت ہی بکواس سے دماغ پریشان کرنا 2 مفت کی مغز خراشی کرنا۔

بھیجنا (ہ) فعل 1 روانہ کرنا 2 چلتا کرنا 3 کرنا 4 انکار کرنا 5 جیسے لعنت بھیجنا۔

بھیچنا (ہ) فعل 1 دبانا 2 سکیڑنا 3 کچلنا 4 مسوسنا 5 مجبور کرنا 6 بھچیڑنا۔

بھید (ہ) اسم مذکر 1 راز 2 تیز پوشیدہ بات 3 دل کی بات 4 اثر 5 نشان 6 پتہ 7 بوجھ 8 پہیلی 9 حال احوال۔

بھید دینا / کہنا / کھولنا (ہ) فعل 1 افشائے راز کرنا 2 بھرم کھولنا 3 گھر کی بات ظاہر کر دینا۔

بھید لینا (ہ) فعل 1 راز کی بات معلوم کرنا 2 منشاء معلوم کرنا 3 عندیہ لینا۔

بھیدی (ہ) اسم مذکر 1 رازدار 2 واقف حال 3 دل کی بات جاننے والا کھوجی 4 سراغ رساں 5 جاسوس 6 مخبر 7 دُوت۔

بھیر (ہ) اسم مونث 1 سامان و متعلقین فوج۔ فوج کے شاگرد پیشہ اور دوکاندار وغیرہ جو فوج کے ساتھ پیچھے پیچھے ہوا کرتے ہیں 2 اسباب فوج 3 بھیڑ 4 انبوہ 5 ہجوم۔

بھیڑ بھنگا (ا) اسم مونث 1 اصل میں بھیر بنگاہ بنگاہ ہے 2 بہ معنی شاگرد پیشہ 3 خیمے 4 تنبو اور دکاندار وغیرہ۔

بھیروں (ہ) اسم مذکر 1 ایک دیوتا کا نام ہے جسے شیو جی کا اوتار کہتے ہیں 2 چھ راگوں میں سے ایک راگ کا نام (بحالت صفت) نہایت خوفناک 3 ڈراؤنا۔

بھیروں ناچنا (ہ) فعل 1 اجاڑ ہونا 2 حیرانی برسنا 3 محفل کا بے رونق ہو جانا۔

بھیروی (ہ) اسم مونث 1 بھیروں کی استری 2 درگا 3 کالی دیوی 4 بھیروں راگ کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگ کا نام بھی ہے۔

بھیروی اُڑانا / گانا (ہ) فعل 1 عیش منانا 2 خوشی کرنا 3 خوشی کے راگ الاپنا 4 لطف اٹھانا 5 مزے لوٹنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**بھیروی مارنا** (ہ) فعل (1) تباہی پھرنا (2) بربادی چھانا (3) ویران ہوجانا (4) برباد ہونا۔

**بھیڑ** (ہ) اسم مونث (1) بھیڑی (2) غریب (3) طبع (4) مسکین (5) مجازاً دولتمند (6) مالدار بے آزار (7) کسی کو تکلیف یا آزار نہ پہنچانے والا۔

**بھیڑ جہاں جائے گی وہیں منڈے گی** (ہ) مثل (1) غریب جہاں جائے گا وہاں خدمت ہی کرے گا (2) کمزور سے نقصان ہو ہی نہیں سکتا (3) مالدار کو ہر جگہ خرچ کرنا ہی پڑے گا۔

**بھیڑ پر اون کوئی نہیں چھوڑتا / بھیڑ پر اون کون چھوڑتا ہے** (ہ) (1) مالدار سے سب ہی نفع اٹھانا چاہتے ہیں اور اٹھاتے ہیں (2) مسکین سے سب ہی کام لیتے ہیں۔

**بھیڑ چال / بھیڑیا چال** (ہ) اسم مونث (1) اندھا دھند تقلید (2) رسوم کی پابندی (3) کورانہ تقلید۔

**بھیڑیا دھسان** (ہ) اسم مونث (1) اتنا کیچڑ جس میں بھیڑ پھنس کر چل نہ سکے (2) بھیڑوں کا گھس گھس کر بیٹھنا۔

**بھیڑ کا بچہ چھوڑ دے** (ہ) (1) ستیلا پوجتے وقت خاکروب یہ فقرہ بولتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ صدقہ میں بھیڑ کا بچہ مجھ سے مول لیکر چھوڑ دے (2) آنکھ مچولی کے کھیل میں سب لڑکوں کے چھپ جانے کے بعد ایک لڑکا یہی آواز لگاتا ہے (3) تاکہ دائی اس کو چھوڑ دے جس کی آنکھیں میچ رکھی ہیں۔

**بھیڑ کی لات ٹخنوں تک** (ہ) مثل کمزور کی دلاوری سے کسی کو نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

**بھیڑ ہے** (ہ) محاورہ (1) حقارت اور تحقیر کے لئے کسی کو کہہ دیا کرتے ہیں (2) مراد بیوقوف ہے (3) کورانہ تقلید کرتا ہے (4) مسکین غریب اور احمق ہے۔

**بھیڑ** (ہ) اسم مونث (1) انبوہ (2) ہجوم (3) ازدحام (4) جمگھٹ (5) مصیبت (6) بپتا (7) آفت۔

**بھیڑ بھاڑ / بھیڑ بھڑکا** (ہ) اسم مونث (1) بہت کی خلقت کا ہجوم (2) جمگھٹا (3) کثرت۔ زیادتی (4) (مذکر) دھوم دھام (5) شان و شوکت (6) بہتات۔

**بھیڑ پڑنا** (ہ) فعل (1) مصیبت پڑنا (2) آفت آنا (3) دقت پڑنا (4) بپتا پڑنا۔

**بھیڑ چھٹنا** (ہ) فعل (1) ہجوم کا کم ہوجانا (2) چھیڑ ہونا (3) لوگوں کا کہیں کہیں چلے جانا۔

**بَہیڑا** (ہ) اسم مذکر (1) بلیلہ (2) بڑی ہڑ کی قسم کا ایک پھل ہے جو دوائیوں میں کام آتا ہے (3) ترپھلے کا تیسرا جزو ہے (4) (یعنی ترپھلا = ہڑ۔ آملہ۔ بہیڑا)

**بھیڑنا** (ہ) فعل (1) دروازہ بند کرنا (2) موندنا (3) تالا لگانا (4) قفل لگانا (5) ادا کرنا (6) دنیا جیسے دس روپے میں صرف پانچ ہی بھیڑے ہیں۔

**بھیڑیا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک درندہ جانور ہے (2) کتے کی قسم کا (3) گرگ (4) ذئب۔

**بھیس** (ہ) اسم مذکر (1) روپ (2) ہیئت (3) شکل (4) لباس (5) وضع قطع (6) طور (7) ڈھنگ (8) رنگ روپ (9) سانگ۔

**بھیس بدلنا** (ہ) فعل (1) لباس بدلنا (2) سوانگ بھرنا (3) روپ بدلنا جیسے بھیس بدل کر بہروپیا بن گیا (4) ہیئت تبدیل کرنا۔

**بھیک / بھیکھ** (ہ) اسم مذکر (1) دُہرن میں آتا ہے یعنی بھیس (2) بال (3) موئے سر۔

**بھیک** (ہ) اسم مونث (1) بھچھا (2) بھکشا (3) گدائی (4) گداگری (5) خیرات (6) وہ چیز جو خیرات میں ملے (7) خدا کے نام کی چیز۔

**بھیک کا ٹکڑا** (ہ) اسم مذکر (1) خدا واسطے کی روٹی (2) لقمہ گدائی (3) مانگنے کی چیز۔

**بھیک کا ٹھیکرا** (ہ) اسم مذکر (1) کشکول کاسۂ گدائی (2) مانگنے کا پیالہ (3) کمائی کا آلہ (4) وہ چیز جس کے ذریعے سے کچھ کمایا جائے۔

**بھیک مانگنا** (ہ) فعل (1) گداگری کرنا (2) خیرات لینا (3) گدائی کرنا۔

**بھیگنا** (ہ) فعل (1) تر ہونا (2) گیلا ہونا (3) نہدار ہونا۔

**بھیگی بلی بتانا** (ہ) فعل (1) ٹالنا (2) بیجا عذر کرنا (3) بہانہ بنانا (4) اس کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

روایت یہ ہے کہ ایک آقا اور ایک نوکر کسی مکان میں سو رہے تھے آقا نے کہا کہ بھئی چراغ گل کر دو۔ نوکر بولا کہ حضور منہ پر کپڑا لے لیں اندھیرا ہو جائے گا تھوڑی دیر بعد پھر آقا نے کہا کہ اب دیکھو تو سہی ابر ہو رہا تھا بارش ہو رہی ہے یا کھل گیا نوکر تھا باتونی اور پرلے درجے کا سست بولا حضور بارش ہو رہی ہے آقا نے کہا کہ کمبخت اندر پڑا پڑا جواب دیئے جاتا ہے۔ تجھے کسی طرح معلوم ہوا کہ بارش ہو رہی ہے۔ نوکر نے کہا کہ حضور ابھی بلی باہر سے آئی تھی اور میں نے اس کی پیٹھ پر جو ہاتھ لگایا تو وہ بھیگی ہوئی تھی۔ اسی وجہ سے بھیگی بلی بتانا عذر بیجا کی ضرب المثل ہو گئی۔

**بھیگی مرغی** (ہ) اسم مونث (1) نہایت مسکین (2) شکل (3) بہت منکسر مزاج (4) عاجز۔

**بھیل** (ہ) اسم مذکر۔ ہندوستان کے قدیم اصلی باشندے جو آریہ ہندوؤں سے مغلوب ہو کر پہاڑوں اور جنگلوں میں جا چھپے آجکل اضلاع دکن اور راجپوتانے میں کسی قدر آباد ہیں۔

**بھیلسا** (ہ) اسم مذکر۔ ریاست گوالیار میں ایک مقام ہے جہاں کا تمباکو بہت مشہور ہے بلکہ اب عمدہ تمباکو کو بھی بھیلسا بولتے ہیں۔

**بھیلی** (ہ) اسم مونث۔ گڑ کی ڈھیلی جو عام طور پر پانچ یا تین سیر کی ہوتی ہے۔

**بہیلیا** (ہ) اسم مذکر (1) چڑی مار (2) شکاری (3) شکاری قوم کا نام (4) بہلی چلانے والا۔

**بھیمڑا پسارنا** (ہ) فعل۔ ضدی بچے کا بھوں بھوں کر کے رونا (از روئے حقارت بولتے ہیں)

**بھیں** (ہ) اسم صفت مونث۔ بھیڑ اور بھینس کی آواز۔

**بھینا** (ہ) اسم صفت (1) ہلکا (2) نرم (3) لطیف (4) میٹھا (5) جیسے بھینا رنگ۔

**بھیں بھیں رونا/کرنا** (ہ) فعل (1) روتے وقت آواز نکالنا (2) بری آواز سے رونا۔

**بھینٹ** (ہ) اسم مونث (1) ملاقات (2) مٹھ بھیڑ۔

**بھینٹنا** (ہ) فعل (1) ملنا (2) بھڑنا۔



بھینس

**بھینس** (ہ) اسم مونث (1) ایک مویشی کا مادہ گاؤمیش (2) مجھ۔

**بھینس کے آگے بین بجائی/بھینس کھڑی رو چھپائی** (ہ) مثل (1) ناقدر شناس کے سامنے ہنر نمائی فضول ہے (2) اندھے کے آگے رونا اپنے نین کھونا۔

**بھینسا** (ہ) مذکر (1) بھینس کا نر (2) جاموس سانڈ۔

**بھینسیا داد** (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا نہایت سخت اور بہت بڑا داد (2) جس کو بے حد خارش ہوتی ہے (3) یہ مرض خون کی خرابی سے ہوتا ہے۔

**بھینسیا گوگل** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا گوند ہے جو دوا میں پڑتا ہے۔

**بھینسا لہسن** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا بڑا سرخ یا سیاہ داغ جو اکثر گال یا گردن وغیرہ کی جلد میں ہو جاتا ہے۔

**بھینگا** (ہ) صفت (1) حول (2) اکھڑ چشم (3) آنکھ دبا کر دیکھنے والا (4) جسے ہر ایک شے دو دو دکھائی دیتی ہے (5) ڈھیرا۔

**بھینگرا بجانا** (ہ) فعل (1) بدآوازی سے رونا (2) نہایت بری آواز سے رونا (3) بلند آواز سے رونا۔

**بھینی بھینی بُو** (ہ) اسم مونث (1) ہلکی ہلکی اور میٹھی میٹھی خوشبو (2) بڑی لطیف خوشبو۔

## ب ← ی

**بی** (ا) اسم مونث (1) بی بی کا مخفف (2) عورتوں کو خطاب کرنے کا کلمہ ہے (3) بیوی (4) رانی (5) بیگم (6) بائی۔

**بی شادی** (ا) اسم مونث (1) عورتیں، بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام (2) ہوا (3) بھاؤ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

بے (ہ) حرف ندا ❶ ابے کا مخفف ہے ❷ ارے ❸ ادنیٰ یا بے تکلفی والے کو اس لفظ سے پکارا کرتے ہیں۔

بے (ف) حرف نفی ❶ بغیر ❷ سوائے ❸ بدوں ❹ بن ❺ بنا ❻ بلا۔

بے آپے ہونا (ا) فعل ❶ بے قابو ہونا ❷ مضطرب ہونا ❸ اشتعال انگیز بات سن کر غصہ سے سخت برافروختہ ہونا۔

بے اختیار (ف) اسم صفت ❶ (سابقہ) بے بس ❷ بے قابو ❸ مجبور ❹ لاچار ❺ نہایت ❻ ازحد ❼ جبراً ❽ چاروناچار۔

بے ادب (فع) اسم صفت ❶ گستاخ ❷ شریر ❸ شوخ۔

بے آرامی (ف) اسم مونث ❶ بےچینی ❷ بیکلی ❸ دکھ ❹ سنکٹ۔

بے اصل (فع) اسم صفت ❶ بے بنیاد ❷ بے ٹھکانے ❸ غلط ❹ خلاف ❺ لغو۔

بے اندازہ (ف) اسم صفت ❶ بے حساب ❷ ازحد ❸ بہت زیادہ ❹ بے قیاس۔

بے اولاد (فع) ❶ اوت نپوتا ❷ لاولد ❸ وہ آدمی جس نے بیٹا بیٹی وغیرہ کوئی نہ ہو۔

بے ایمان (فع) اسم صفت ❶ بے دین ❷ وہ شخص جس کا دین دھرم کچھ نہ ہو ❸ بدعقیدہ ❹ خائن ❺ بددیانت ❻ دغاباز ❼ جھوٹا ❽ بے انصاف۔

بے باق کرنا (ہ) فعل ❶ چکا دینا ❷ ادا کردینا ❸ بھرنا ❹ حساب صاف کردینا ❺ قرضہ سے سبکدوش ہونا ❻ فیصلہ کرنا ❼ بھگتا دینا۔

بے باک (ف) اسم صفت ❶ نڈر بے خوف ❷ دلیر ❸ باہمت ❹ پرحوصلہ ❺ بہادر۔

بے بال و پر (ف) اسم صفت ❶ بے یارومددگار ❷ وہ شخص جس کا کوئی رفیق نہ ہو ❸ مفلس ❹ غریب ❺ نادرد ❻ بے سامان ❼ عاجز ❽ مجبور ❾ کمزور۔

بے بدل (فع) اسم صفت ❶ لاثانی ❷ بینظیر ❸ بے مثل ❹ یکتا۔

بے بس (ا) اسم صفت ❶ لاچار ❷ مجبور ❸ کمزور ❹ بے قابو ❺ ناتواں ❻ قیدی ❼ محبوس ❽ بے اختیار۔

بے بہا (ف) اسم صفت ❶ بیش قیمت ❷ بہت قیمتی ❸ انمول۔

بے بہرہ (ف) اسم صفت ❶ بے نصیب ❷ بدقسمت ❸ خالی ❹ مزوم ❹ آوارہ ❺ واہیات ❻ ہرزہ گرد ❼ بے تمیز ❽ بے ادب ❾ گستاخ۔

بے بہرہ پھرنا (ا) فعل ❶ خراب وخستہ پھرنا ❷ بے پردہ اور آوارہ پھرنا۔

بے بہرہ ہونا (ا) فعل ❶ بدتمیز ہونا ❷ آزاد ہونا ❸ بے سرا ہونا ❹ محروم ہونا ❺ تہذیب سے خالی رہنا ❻ کسی کے کہنے پر چلنا۔

بے پر (ف) اسم صفت ❶ بے کس ❷ بے سروسامان ❸ بے یارومددگار ❹ غریب ❺ مفلس ❻ لاچار ❼ کنگال ❽ محتاج ❾ لنڈمنڈ۔

بے پردگی (ف) اسم مونث ❶ پردہ کا نہ ہونا ❷ بے حیائی ❸ بے شرمی ❹ بے حجابی ❺ پردہ دری ❻ افشائے راز۔

بے پر کی اڑانا (ا) فعل ❶ بے بنیاد بات کہنا ❷ گپ اڑانا ❸ انہونی چیز مشہور کرنا ❹ جھوٹ موٹ کسی بات کو شہرت دے دینا۔

بے پروا (ف) اسم صفت ❶ بے فکرا ❷ غافل ❸ مستغنی ❹ امیر ❺ سست ❻ کاہل ❼ توکل کرنے والا ❽ بے غرض۔

بے پیر (ف) اسم صفت ❶ بے استاد ❷ بے ایمان ❸ بداعتقاد ❹ سنگدل ❺ بیرحم ❻ کٹر ❼ بے مرشد ❽ بے ہنر ❾ بے کمال۔

بے تاب (ف) اسم صفت ❶ کمزور ❷ ناتواں ❸ ضعیف ❹ بے چین بے قرار ❺ مضطرب ❻ غیر متحمل ❼ برداشت نہ کرنے والا۔

بے تابانہ (ف) اسم صفت ❶ بے قراروں کی طرح مضطربانہ ❷ گھبرایا ہوا ❸ بہت جلد ❹ بلاتامل ❺ فی الفور۔

بے تابی (ف) اسم مونث ❶ بےچینی ❷ گھبراہٹ ❸ اضطراب۔

بے تاثیر (فع) اسم صفت ❶ بے اثر ❷ بیفائدہ ❸ وہ چیز جس کا اثر کچھ نہ ہو۔

بے تحاشا (ف) تابع فعل ❶ بے تابانہ ❷ مضطربانہ ❸ بدحواس ❹ اندھا دھند ❺ بلا تامل ❻ بے دھڑک ❼ بے حد ❽ نہایت ❾ بہت۔

بے تقصیر (ف) اسم صفت ❶ بے قصور ❷ بے جرم ❸ بے گناہ ❹ ناحق ❺ بے وجہ۔

بے تکلف (ف) اسم صفت ❶ بلاتصنع ❷ بے بناوٹ ❸ بلاتامل ❹ بے دھڑک ❺ آزادانہ ❻ بے حجاب ❼ سیدھا ❽ سادہ ❾ محرم راز۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03124907218

www.besturdubooks.net

بے تکلفی (ف) اسم مونث ❶ آزادی ❷ بے ساختگی ❸ دل کھلی ❹ ہمرنگی ❺ سادگی ❻ محرم راز ہونا۔

بے تمیز (ف) اسم صفت ❶ پھوہڑ ❷ بدتمیز ❸ بے سلیقہ ❹ بدلحاظ ❺ بے ادب۔

بے تھاہ (ہ) اسم صفت ❶ نہایت گہرا ❷ بہت عمیق ❸ بے پایاں ❹ بے ٹھکانے ❺ بے پتے ❻ جس کے نیچے زمین نہ ہو۔

بے ٹھکانے۔یا۔ بے ٹھور (ا) اسم صفت ❶ بے موقعہ ❷ بے محل ❸ وہ شخص جس کا ٹھکانا کچھ نہ ہو ❹ بے نشان ❺ بے پتہ ❻ بیہودہ ❼ بکواسی۔

بے ثبات (فع) اسم صفت ❶ ناپائدار ❷ فانی ❸ بودا ❹ بوسیدہ۔

بے جا (ف) اسم صفت ❶ بے موقع ❷ نامناسب ❸ نازیبا ❹ بے ٹھکانے ❺ فضول ❻ بے کار ❼ ناحق ❽ نکمی بات۔

بے جان (ف) اسم صفت ❶ مردہ ❷ پژمردہ ❸ کمزور ❹ نحیف ❺ بوسیدہ ❻ بودا ❼ جمادات۔

بے جوڑ (ا) اسم صفت ❶ ثابت ❷ پورا جس میں جوڑ نہ ہو ❸ بے مثل ❹ لاثانی ❺ یکتا ❻ جس کے مقابلے کا اور نہ ہو۔

بے چارہ (ف) اسم صفت ❶ لاعلاج ❷ عاجز ❸ مجبور ❹ لاچار ❺ غریب ❻ ناتواں ❼ کمزور ❽ کم بخت۔

بے چراغ کرنا (ا) فعل ❶ ویران کرنا ❷ اجاڑنا ❸ تباہ کر دینا ❹ بلا اندیشہ۔

بے چوبہ (ف) اسم مذکر ❶ وہ خیمہ جس میں چوبیں نہ ہوں ❷ مراد آسمان۔

بے چین (ا) اسم صفت ❶ بے قرار ❷ مضطرب ❸ بے کل ❹ بیاکل۔

بے حال (فع) اسم صفت ❶ برے حال والا ❷ ردی ❸ خراب ❹ خستہ ❺ بوسیدہ ❻ بیجان ❼ قریب المرگ ❽ کمزور ❾ ناتواں۔

بے حجاب (فع) اسم صفت ❶ بے پردہ ❷ بدلحاظ ❸ بے تکلف ❹ کھلم کھلا۔

بے حد (فع) اسم صفت ❶ بے شمار ❷ بے حساب ❸ بہت سا ❹ نہایت ❺ زیادہ ❻ بے انتہا ❼ بے روک۔

بے حرمت کرنا (ا) فعل ❶ عورتیں ❷ ذلیل کرنا ❸ رسوا کرنا ❹ کسی کی عصمت وعفت خراب کرنا ❺ عزت اتارنا۔

بے حرمتی (ا) اسم مونث ❶ فضیحت ❷ رسوائی ❸ بے عزتی۔

بے حساب (ف) اسم صفت ❶ بے شمار ❷ ان گنت ❸ لاتعداد ❹ غیر متعدد۔

بے حس و حرکت (ف) اسم صفت ❶ غیر متحرک ❷ حیران ❸ سن ❹ ششدر۔

بے حمیت (ف) اسم صفت ❶ بے مروت ❷ بے حیا ❸ بے شرم ❹ بے غیرت ❺ مذہبی اور قومی جوش سے بالکل خالی ❻ بے ننگ و ناموس۔

بے حواس (ف) اسم صفت ❶ بے خود ❷ بے خبر ❸ مضطرب ❹ بے اوسان۔

بے حیا (ف) اسم صفت ❶ بے شرم ❷ بے غیرت ❸ گستاخ ❹ بے ادب ❺ بدلحاظ۔

بے حیائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے شرمی ❷ بے غیرتی ❸ گستاخی۔

بے حیائی کا برقع منہ پر لینا / بے حیائی کا برقع اوڑھنا / بے حیائی کا جامہ پہننا (ا) فعل ❶ بے شرمی ❷ اختیار کرنا ❸ بے شرم ہونا ❹ بالکل بے حیا بن جانا ❺ شرم کے پاس نہ جانا ❻ بے غیرتی پر کمر باندھنا۔

بے خبر (فع) اسم صفت ❶ ناواقف ❷ انجان ❸ غافل ❹ ناگاہ ❺ اچانک ❻ بلا اطلاع ❼ جاہل ❽ گمراہ ❾ بھولا ہوا۔

بے خطر (فع) اسم صفت ❶ نڈر ❷ بے خوف ❷ دلیرانہ ❸ دلاور ❹ محفوظ ❺ امن سے۔

بے خود (ف) اسم صفت ❶ بیہوش، آپ سے باہر ❷ بے خبر ❸ مدہوش ❹ مخمور ❺ بدحواس۔

بے خودی (ف) اسم مونث ❶ بیہوشی ❷ عالم وجد بے خبری۔

بے خور و خواب (ف) اسم صفت ❶ بہت بے قرار بے تاب ❷ وہ آدمی جو نہ کھائے نہ سوئے نہایت بے آرام مصیبت کا مارا۔

بے دخل کرنا (ا) فعل ❶ خود قبضہ کر لینا ❷ دوسرے کا قبضہ ہٹا دینا ❸ خارج کرنا الگ کر دینا۔

بے درد (ف) اسم صفت ❶ بے رحم ❷ ظالم ❸ سنگ دل ❹ کڑ کھٹور۔

بے درد قصائی کیا جانے پیر پرائی (ا) مثل۔ ظالم بے رحم

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

دوسروں کی تکلیف کو محسوس نہیں کرتا۔

بے دردی (ف) اسم مونث ❶ ظلم ❷ بے رحمی ❸ سنگ دلی۔

بے دریغ (ف) اسم مونث ❶ بہت کثرت سے جیسے بے دریغ روپیہ لٹانا ❷ بے افسوس ❸ بلا تامل ❹ جیسے بے دریغ چلے آؤ ❺ کسی بات سے انکار نہ کرسکنے والا ❻ فیاض۔

بے دست و پا (ف) اسم صفت ❶ لنجا ❷ اپاہج ❸ معذور ❹ مجبور ❺ یارومددگار آدمی جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں۔

بے دستور (فع) اسم صفت ❶ بے قاعدہ خلاف قانون ❷ نامناسب رواج کے خلاف ❸ غیر ضابطہ۔

بے دل (ف) اسم صفت ❶ نڈر ❷ بہادر ❸ جری ❹ بے جگر ❺ غم زدہ ❻ دل دکھا ہوا ❼ افسردہ ❽ اُچاٹ ❾ بے خواہش۔

بے دم (ف) اسم صفت ❶ مردہ ❷ بے جان ❸ کمزور ❹ بوسیدہ ❺ ہارا ہوا ❻ تھکا ٹوٹا ❼ سُست ❽ کاہل۔

بے دوش (ا) اسم صفت ❶ بے قصور ❷ بے جرم ❸ بے خطا ❹ بے گناہ ❺ بے عیب ❻ عمدہ کھرا ❼ اچھا ❽ بے نقص۔

بے دھڑک (ا) اسم صفت ❶ بے کھٹکے ❷ بے خوف ❸ بے تامل ❹ بہادر من چلا۔

بے ڈول (ا) اسم صفت ❶ بد وضع ❷ بے ڈھنگا ❸ بھونڈا ❹ بد شکل ❺ بدصورت ❻ ناموزوں ❼ بدزیب۔

بے ڈھب (ا) اسم صفت ❶ بے طور ❷ بے طرح ❸ جیسے بے ڈھب گرا ❹ غیر موقع ❺ بے ٹھکانے ❻ جیسے بے ڈھب چوٹ لگی ❼ بکثرت ❽ بافراط ❾ جیسے بے ڈھب پٹا۔

بے ڈھنگا (ا) اسم صفت ❶ بے سلیقہ بدڈھب غیر موزون ❷ بد زیب ❸ بدنما ❹ بدچلن ❺ بدوضع ❻ بدراہ۔

بے راہ (ف) اسم صفت ❶ بے راہ ❷ بے طریقہ ❸ بے اصول ❹ بیجا ❺ بدچلن ❻ ناجائز ❼ بے دستور ❽ ناانصاف ❾ ظالم بے موقع۔

بے ربط (فع) اسم صفت ❶ بے میل ❷ بے مشق ❸ بے تعلق ❹ بے واسطہ۔

بے رحم (فع) اسم صفت ❶ بے درد ❷ ظالم ❸ سنگدل ❹ نامہربان ❺ بے ترس۔

بے رخ ہونا (ا) فعل ❶ منہ پھیر لینا ❷ ناراض ہونا ❸ بگڑنا ❹ متوجہ نہ ہونا ❺ دھیان نارکھنا ❻ بھیس بدلنا۔

بے رُخی کرنا (ا) فعل ❶ ناراضگی جتانا ❷ بگڑ جانا ❸ توجہ نہ کرنا ❹ بے مروتی برتنا ❺ خیال سے بات نہ کرنا۔

بے روپ (ا) اسم صفت ❶ بدنما ❷ بدزیب ❸ بدشکل ❹ بھونڈا۔

بے ریا (فع) اسم صفت ❶ جس میں ظاہری نہ ہو ❷ صاف باطن ❸ سادہ دل ❹ کھرا ❺ دکھاوے کے بغیر۔

بے ریش/بے ریشا (ف) اسم صفت۔ اَن داڑھیا۔ وہ نوعمر جس کے منہ پر ابھی داڑھی نہ آئی ہو ❶ ناتجربہ کار ❷ سادہ رو۔

بے ریشہ (ف) اسم صفت ❶ بے صوف ❷ صاف۔

بے زبان (ف) اسم صفت ❶ نہ بولنے والا ❷ کم گو ❸ خاموش ❹ گونگا ❺ شرمیلا ❻ حیا دار ❼ بالحاظ ❻ مجبور ❼ مسکین ❽ حیوان ❾ جانور۔

بے زر (ف) اسم صفت ❶ مفلس ❷ کنگال ❸ محتاج۔

بے زوال (فع) اسم صفت ❶ پائدار ❷ قائم رہنے والا ❸ نہ گھٹنے والا۔

بے ساختہ (ف) اسم صفت ❶ بے تکلف ❷ بے تصنع ❸ بنائے بغیر ❹ بلا بناوٹ ❺ بے ارادہ ❻ بر جستہ ❼ بلاتامل ❽ فی البدیہہ۔

بے سرا (ا) اسم صفت ❶ آوارہ ❷ بد چلن ❸ بے سردار ❹ خودرائے ❺ وہ شخص جس کا کوئی وارث یا کہنے سننے والا نہ ہو ❻ خودمختار ❼ بے بہرہ۔

بے سُرا (ا) اسم صفت ❶ بہ ترکیب فاعلی ❷ تال سر کے بغیر ❸ سُر تال سے باہر ❹ بے تالا۔

بے سروپا (ف) اسم صفت ❶ حیرانو پریشان ❷ مجبور ❸ محتاج ❹ کنگال ❺ بے ٹھکانے ❻ بے معنی ❼ غلط ❽ لغو ❾ بے بنیاد۔

بے سروسامان (ف) اسم صفت ❶ کنگال ❷ محتاج ❸ بے اسباب وآلات۔

بے سلیقہ (فع) اسم صفت ❶ بے تمیز ❷ بھوہڑ ❸ بے ڈھنگا ❹ بے ہنر۔

بے شعور (فع) اسم صفت ❶ نادان ❷ بے خبر ❸ بے وقوف ❹ بے عقل۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03490772180

بے شک (ف) تابع فعل ① بے شبہ ② ٹھیک ③ صحیح ④ درست ⑤ لازمی ⑥ ضروری۔

بے شمار (ف) اسم صفت ① ان گنت ② لاتعداد ③ غیر متعدد ④ بکثرت ⑤ بہت۔

بے صبر / بے صبرا (فع) اسم صفت ① بے قرار ② لاصبور ③ ناشکیبا مضطرب ④ بے چین۔

بے صبری (فع) اسم مونث ① بے قراری ② بے اطمینانی ③ گھبراہٹ۔

بے طرح (فع) تابع فعل ① بری طرح سے ② عجیب طور پر (بحالت صفت) نہایت ③ از حد وہ غزل جو مشاعرے میں طرح کے خلاف ہو۔

بے عزت (فع) اسم صفت ① ذلیل ② رسوا ③ بے آبرو ④ بے قدر ⑤ بے حرمت۔

بے عزتی کرنا (ا) فعل ① ذلیل کرنا ② بے آبرو کرنا ③ کرکری کرنا ④ رسوا کرنا ⑤ ہتک کرنا۔

بے عیب (فع) اسم صفت ① بے نقص ② بے داغ ③ پاک صاف ④ کھرا ⑤ عمدہ ⑥ اچھا۔

بے غرض (فع) اسم صفت ① بلا مطلب ② بے تعلق ③ خواہش نہ رکھنے والا۔

بے غل و غش (فع) اسم صفت ① بلا تکلف ② اندھا دھند ③ اناپ شناپ ④ بے دریغ ⑤ کھوٹ اور کھٹکے کے بغیر ⑥ بے اندیشہ ⑦ (بحالت تابع فعل) بے پروائی سے بے فکری سے ⑧ بکثرت ⑨ بافراط۔

بے غیرت (فع) اسم صفت ① بے حیا ② بے شرم ③ ذلیل ④ بے عزت ⑤ رسوا ⑥ بے حمیت ⑦ جس میں مذہبی جوش نہ ہو۔

بے فائدہ (فع) اسم صفت ① بے سود ② بلا منافع ③ لاحاصل ④ ناحق بے کار ⑤ کارت پر تھا۔

بے فیض (فع) اسم صفت ① بخیل ② کنجوس ③ مہک ④ وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے۔

بے فیض گر یوسف ثانی ہے تو کیا ہے (ا) مثل۔ جس سے کوئی فائدہ نہ ہو وہ نکما ہے۔

بے قابو (فع) اسم صفت ① بے اختیار ② اپنے بس سے باہر ③ آزاد ④ خود مختار۔

بے قاعدہ (فع) اسم صفت ① بے دستور ② بے ضابطہ ③ بے ترتیب بے موقع۔

بے قدرا (فع) اسم صفت ① قدر نہ کرنے والا ② ناشکر گزار ③ کسی خوبی یا ہنر کی داد نہ دینے والا

بے قرار (فع) اسم صفت ① بے چین ② مضطرب ③ بے صبر ④ ناصبور

بے قصور (فع) اسم صفت ① بے گناہ ② بے خطا ③ بے عیب ④ بے الزام۔

بے قیاس (فع) اسم صفت ① اندازے سے باہر ② سمجھ میں نہ آنے والا ③ بے حساب ④ لاانتہا ⑤ بہت ⑥ ان گنت ⑦ زات گت۔

بے قید (فع) اسم صفت ① غیر مشروط ② آزاد ③ خود مختار ④ بے روک۔

بے کار (ف) اسم صفت ① ناکارہ ② نکما ③ خراب ④ خالی ⑤ معطل۔

بے کار سے بیگار بھلی (ا) مثل ① خالی رہنے سے غیروں کا کام مفت کر دینا ہی اچھا ہے ② خالی رہنے سے بلا مزدوری کام اچھا ہے۔

بے کاری (ف) اسم مونث ① بے روزگاری ② خالی پن ③ خون کی خرابی۔

بے کران (ف) اسم صفت ① بہت زیادہ ② نہایت وسیع ③ بے حدود ④ بے کنارہ ⑤ بے تھاہ۔

بے کس (ف) اسم صفت ① محتاج ② غریب ③ عاجز ④ بے یار و مددگار ⑤ یتیم ⑥ پردیسی ⑦ اجنبی۔

بے کل (ا) اسم صفت ① بے چین ② بے قرار ③ بے آرام ④ بے تاب۔

بے کلی (ا) اسم صفت ① بے آرام ہونا ② بے چینی ③ اضطراب ④ ناف تلے کی بیماری ⑤ ناف ٹل جانا ⑥ رحم کا اپنی جگہ پر نہ رہنا ⑦ بچہ دانی کا بے جگہ ہو جانا۔

بے کم و کاست (ف) اسم صفت ① بے گھٹائے ② ٹھیک ٹھیک ③ جوں کا توں ④ پورے کا پورا ⑤ صحیح صحیح ⑥ بالکل صحیح و سالم

Join us on whatsapp Naveed Bajwa 03149017218

www.besturdubooks.net

بے گناہ (ف) اسم صفت ① بے جرم ② بے خطا ③ ناحق ④ بے وجہ۔

بے لاگ (ا) اسم صفت ① بے تعلق بے لگاؤ ② آزاد ③ صاف ستھرا ④ پاک ⑤ غیر طرفدار ⑥ بے تعصب ⑦ غیر جانبدار ⑧ بلا مدد ⑨ بے سہارا

بے لطف (فع) اسم صفت ① بے مزہ ② بے لذت ③ بدذائقہ ④ بد مزہ ⑤ بے سواد۔

بے لگام (ف) اسم صفت ① منہ پھٹ بے ادب ② زبان دراز ③ بدزباں ④ شریر ⑤ سرکش ⑥ لگام کو نہ ماننے والا ⑦ بے قابو گھوڑا۔

بے لگاؤ (ا) اسم صفت ① بے جوڑ ② بے میل ③ بے ربط ④ الگ اور علیحدہ ⑤ محفوظ مکان۔

بے محابا (ف) اسم صفت ① بے دھڑک ② بے خوف ③ بے ڈر ④ بلا تامل۔

بے محل (ف) اسم صفت ① بے جا ② نامناسب ③ بے موقع ④ لغو ⑤ اور فضول بات۔

بے مروت (ف) اسم صفت ① نامرد ② انسانیت سے خارج ③ نامہربان ④ بیوفا ⑤ طوطا چشم ⑥ بداخلاق ⑦ بے درد بے رحم ⑧ نروئی ⑨ ظالم۔

بے مزگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بے لطفی ② باہمی رنجش ③ ناسازی ④ علالت۔

بے مزہ (ف) اسم صفت ① بے لطف ② بے لذت ③ ناساز ④ علیل ⑤ بیمار ⑥ رنجور کبیدہ خاطر ⑦ خفا ⑧ ناراض ⑨ رنجیدہ۔

بے معنی (ف) اسم صفت ① لغو ② مہمل ③ وہ لفظ جس کے کچھ معنی نہ ہوں ④ بیہودہ۔

بے مقدور (ف) اسم صفت ① کم حیثیت ② غریب ③ کنگال ④ مفلس ⑤ نادار۔

بے منت (ف) اسم صفت ① بے احسان ② مستغنی ③ بے پروا ④ بلا کوشش ⑤ بلا غور وخوض ⑥ بے دریغ۔

بے منتا (ا) اسم مذکر ① بھنگڑوں کی بھنگ چھاننے کی دو شاخی لکڑی ② صافی ③ کسی کا احسان نہ اٹھانے والا۔

بے موجب (ف) اسم صفت ① بے وجہ ② بلا سبب ③ ناحق ④ ناروا ⑤ بے جا ⑥ خلاف ⑦ دستور ⑧ بلاواسطہ۔

بے موسم (ف) اسم صفت ① بے رت ② غیر وقت ③ بے وقت۔

بے موقع (ف) اسم صفت ① بے جا ② بے محل ③ بے وقت ④ بے فائدہ ⑤ بیہودہ ⑥ نامناسب ⑦ نازیبا ⑦ غیر موزوں۔

بے نام ونشاں (ف) اسم صفت ① گمنام آدمی ② بے ٹھکانے ③ بے پتے۔

بے نصیب (ف) اسم صفت ① بدقسمت ② کم بخت ③ نربھاگ ④ نالائق۔

بے نظیر (ف) اسم صفت ① لاثانی ② بے مثل ③ یکتا ④ بے ہمتا ⑤ بے مثال۔

بے نقط سنانا (ا) فعل ① فحش گالیاں دینا ② بے دھڑک گالیاں سنانا ③ بیلاگ گالیاں دینا۔

بے نمک (ف) اسم صفت ① بے نمک کا ② الونا ③ پھیکا ④ بے مزہ ⑤ وہ آدمی جس کے رنگ میں ملاحت نہ ہو۔

بے ننگ و ناموس (ف) اسم صفت بے حیا ① بے غیرت ② نہنگ ③ آزاد ④ بدچلن ⑤ بدوضع۔

بے نیاز (ف) اسم صفت ① بے پروا ② لاطمع بے غرض ③ بے احتیاج۔

بے نیازی (ف) اسم مونث ① بیائے مصدری ② بے پروائی ③ استغنا ④ بے احتیاجی ⑤ آزادی۔ مطلق العنانی۔ خورمختاری۔

بے وفا (ف) اسم صفت ① وہ شخص گا دوستی کا حق ادا نہ کرے ② بے مروت ③ ناشکرا ④ نامہربان ⑤ وعدہ پورا نہ کرنے والا ⑥ دوستی نہ نبھانے والا۔

بے وقت (ف) اسم صفت ① بے محل ② بے موقع ③ اویر سویر ④ ناموزوں۔

بے وقر (ف) اسم صت ① لغوی معنی بن بوجھ کا ② اصطلاح میں ذلیل وخوار ③ اوچھا ④ کمینہ ⑤ بے عزت ⑥ بے قدر۔

بے وقری (ف) اسم مونث ① بیائے مصدری ② بے عزتی ③ ذلت ④ رسوائی ⑤ بے قدری۔

بے وقوف (ف) اسم صفت ① نادان ② جاہل ③ احمق ④ بے عقل۔

بے وقوفی (ف) اسم مونث ① بیائے مصدری ② بے خبری ③

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149017218

www.besturdubooks.net

نادانی (4) جہالت (5) بے عقلی۔

بے ہمت (ف) اسم صفت (1) کم دلا (2) بزدل (3) سست (4) کاہل (5) کم حوصلہ۔

بے ہنر (ف) اسم صفت (1) کوئی ہنر نہ رکھنے والا (2) وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی کام نہ ہو (3) نکما (4) نکھٹو (5) پھوہڑ۔

بے ہنگم (ا) اسم صفت (1) بے ہنگام کا مخفف ہے (2) بے موقع (3) بھونڈا (4) بیڈول (5) بدزیب (6) ناموزوں۔

بے ہوش (ف) اسم صفت (1) بے خبر (2) ناواقف (3) بے سدھ۔

بیا (ہ) اسم مذکر (1) چڑیا سے ذرا چھوٹا زرد رنگ کا پرندہ (2) یہ بڑا اچھا گھونسلا بناتا ہے اس کو آدمی کئی طرح کے کرتب سکھاتے ہیں (3) مثلاً چھلا کنوئیں کی تہ تک نہ جانے دینا (4) توپ چلانا۔

بیابان (ف) اسم مذکر (1) بے معنی نا اور آبان بمعنی پانی سے مرکب ہے (2) وہ سرزمین جہاں کوسوں تک پانی نہ ملے (3) ریگستان صحرا (4) ویرانہ (5) اجاڑ (6) جنگل (7) دشت۔

بیاپنا (ہ) فعل (1) سمانا (2) رہنا (3) بسنا (4) بیٹھنا (5) اثر کرنا (6) سرایت کرنا (7) گزرنا (8) کھٹکا ہونا۔

بیاج (ہ) اسم مذکر (1) سود منافع (2) ربا (3) زیادتی بڑھوتری (4) کسی جنس کے بدلے میں وہی جنس کچھ زیادہ لینا (5) مثلاً روپیہ دیکر اس کے کچھ زیادہ روپیہ لینا (6) گندم کے بدلے میں گندم وغیرہ۔

بیاج پر بیاج (ہ) اسم مذکر (1) سود در سود (2) سود پر سود (3) بیاج کا بیاج۔

بیاج خور یا بیاج جڑیا (ا) اسم مذکر (1) سود خوار (2) ربا خوار (3) جنس پر اسی جنس کا نفع کھانے والا (4) سود پر روپیہ چلانے والا۔

بیاجو (ہ) تابع فعل (1) سود پر (2) سودی (3) بحالت صفت (4) وہ روپیہ جو سود پر لیا جائے۔

بیادھ (ہ) اسم مذکر (1) روگ (2) بیماری (3) دکھ مرض (4) فساد (5) فتنہ (6) جھگڑا۔

بَیار / بیال (ہ) اسم مونث (1) ہوا (2) باد۔

بیاسی (ہ) اسم عدد (1) اسی اور دو۔ (2) ۸۲۔

بیاض (ع) اسم صفت (1) سفیدی (2) دھولاپن (3) بہی (4) سادہ کاغذ (5) نوٹ بک (6) پاکٹ بک (7) ڈائری (8) یادداشت کی کتاب (9) شعر لکھنے کی کاپی۔

بَیاکرن (س) اسم مذکر (1) اصل لفظ ویاکرن ہے (2) قواعد حرف و نحو (3) گریمر۔

بَیاکل (س) اسم صفت (1) مضطرب (2) بے چین (3) بیکل (4) بیقرار (5) متفکر (6) بے آرام۔

بَیالو (ہ) اسم مذکر (1) ہندو (2) طعام شب (3) رات کا کھانا (4) خوراک شب۔

بیالیس (ج) اسم عدد چالیس اور دو ۴۲

بیان (ع) اسم مذکر (1) لغوی معنی صاف صاف بولنا (2) اصطلاح میں شرح، گفتگو (3) تقریر (4) گواہی (5) اظہار (6) شہادت (7) تفصیل (8) تفسیر (9) بکھان۔

بیان امر واقعی (ع) اسم مذکر (عدالتی اصطلاح) ٹھیک بات کا اظہار۔

بیان بدلنا (ا) فعل (1) عدالتی (2) اپنے اظہار گواہی کو بدل دینا (3) گواہی کو پلٹ دینا۔

بیان تائیدی (ع) اسم مذکر (قانون) پہلے اظہار کی تائید میں کچھ کہنا۔

بیان حلفی (ع) اسم مذکر۔ (قانون) قسمیہ طور پر کچھ کہنا یا لکھ کر دینا۔

بیان دعویٰ (ع) اسم مذکر (1) (قانون) صورتحال (2) حقیقت حال (3) ثبوت (4) دعویٰ۔

بیان ضمنی (ع) اسم مذکر۔ (قانون) اصلی مطلب کے درمیان یونہی آجانے والا بیان۔

بَیانا (ہ) فعل (1) جننا (2) مویشی کا بچہ دینا (3) گائے بھینس (4) بکری کا بچہ پیدا ہونا۔

بیاہ (ہ) اسم مذکر (1) شادی (2) کتخدائی (3) عقد و نکاح (4) پھیرے۔

بیاہ رچانا (ہ) فعل (1) شادی کی رسمیں شروع کرنا (2) خوشی منانا۔

بیاہ لانا (ہ) فعل (1) دلہن کو گھر لانا (2) شادی کرلانا (3) دلہن لیکر گھر آنا۔

بیاہ رچانا (ہ) فعل (1) بالغ ہونا (2) شادی کی خواہش کرنا (3) تاریخ شادی دریافت کرنا۔

بیاہا (ہ) اسم مذکر۔ (اسم مفعول) (1) سماعی (2) بیاہا ہوا (3) شادی شدہ۔

بیاہتا (ہ) اسم مونث اسم مفعول (1) سماعی (2) شادی شدہ عورت (3) منکوحہ عورت (4) وہ عورت جس کو شرعی یا مذہبی طور پر برات کے ساتھ بیاہ کرلائیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072818

www.besturdubooks.net

**بیاہنا** (ہ) فعل ① شادی کرنا ② نکاح کرنا ③ برات لے جا کر دلہن کو لانا۔

**بیاہی بیٹی پڑوسن داخل** (ا) مثل ① شادی ہو جانے کے بعد بیٹی چونکہ اپنے سسرال میں رہنے سہنے لگتی ہے ② لہٰذا اس کا تعلق اب ایسا رہ جاتا ہے کہ جیسا کوئی ہمسایہ ہو۔

**بی بی** (ف) اسم مونث ① بیگم ② بانو ③ خاتون ④ خانم ⑤ امیرزادی ⑥ شریف زادی ⑦ نیک ⑧ پرہیزگار ⑨ حضرت فاطمہؓ سے بھی مراد لیتے ہیں۔

**بی بی جی** (ا) اسم مونث۔ کلمۂ ① خطاب ② رانی جی ③ بڑی نند ④ شوہر کی بہن۔

**بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے** (ا) مثل ① آقا کی خطا ہو اور الزام نوکر پر ② بڑے کی خطا ہو غریب چھوٹے کی شامت۔

**بی بی خیلا دو چٹے ایک میلا** (ہ) مثل۔ بدتہذیب اور پھوہڑ عورت کو زیب و زینت کی پروا نہیں ہوتی۔

**بی بی زن** (ا) اسم صفت ① پارسا عورت ② پرہیزگار عورت ③ با عصمت ④ نہایت پاکدامن ⑤ پتی برتا ⑥ پاکباز۔

**بی بی کا دانا** (ا) محاورہ حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا۔

**بی بی کا کھانا دانہ کھانے والی** (ا) محاورہ۔ پاکباز اور پارسا عورت جس میں حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا کھانے کی قابلیت ہو۔

**بیپار** (ہ) اسم مذکر ① اصل میں بیوپار ہے ② لین دین ③ بنج ④ تجارت ⑤ سوداگری۔

**بیپاری** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① بیوپار کرنے والا ② تاجر ③ سوداگر ④ مویشیوں کا سوداگر ⑤ بنجارا۔

**بَیت** (ہ) اسم مونث ① بید ② ایک درخت کی لکڑی جو نہایت مضبوط اور لچکدار ہوتی ہے۔

**بَیت** (ع) اسم مونث ① گھر ② مکان ③ حویلی ④ محل ⑤ فرد ⑥ شعر ⑦ دوہا ⑧ دوہرا ⑨ ایک شعر۔

**بیت الحرام** (ع) اسم مذکر ① خانہ کعبہ ② مکہ ③ وہ گھر جہاں جانور کا قتل اور بعض جائز اشیاء کو منع کیا گیا ہے۔

**بَیت الحزن** (ع) اسم مذکر ① غم کا گھر ② رنج کا گھر ③ غم کدہ ④ یوسفؑ کی جدائی میں حضرت یعقوبؑ کے رونے کا مکان ⑤ مجازاً ہر عاشق مہجور کا گھر۔

**بَیت الشرف** (ع) ① بزرگی اور بلندی کا گھر مجازاً قصر شاہی ② معشوق کا گھر ③ نجومیوں کی اصطلاح میں سات سیاروں میں سے کسی کو شرف و سعادت حاصل ہونے کا مقام ④ مثلاً آفتاب کا شرف برج حمل میں ⑤ چاند کا برج ثور میں ⑥ مشتری کا سرطان میں ⑦ زہرہ کا حوت میں ⑧ عطارد کا سنبلہ میں ⑨ مریخ کا جدی میں۔

**بَیت الصنم** (ع) اسم مذکر ① بت خانہ ② مندر خانہ محبوب ③ معشوق کا گھر ④ مکان مطلوب۔

**بَیت اللہ** (ع) اسم مذکر ① خدا کا گھر ② مراد خانہ کعبہ ③ مکہ معظمہ۔

**بیت العتیق** (ع) اسم مذکر ① پرانا گھر ② قدیم مکان ③ مراد خانہ کعبہ۔

**بَیت الغزل** (ع) اسم مذکر ① شاہ بیت ② غزل کا سب سے اعلیٰ شعر ③ عمدہ بیت۔

**بیت المال** (ع) اسم مذکر ① سرکاری خزانہ ② خزانہ عامرہ ③ شاہی خیرات خانہ ④ لاوارث اسباب ⑤ مال غنیمت ⑥ نجس مال ⑦ بدنصیب ⑧ بدشگون۔

**بیت المعمور** (ع) اسم مذکر ① بھرا ہوا گھر ② بھرپور گھر ③ خانہ کعبہ کے مقابل ایک مسجد ہے۔

**بیت المقدس** (ع) اسم مذکر ① پاک گھر ② متبرک مقام ③ پوتر استھان ④ مسجد اقصیٰ کا دوسرا نام ہے ⑤ یروشلم کا عبادت خانہ پرانا قبلہ۔

**بیت بازی/بحثی** (ف) اسم مونث ① شعروں میں بحث کرنا۔

**بَیتال** (ہ) اسم مذکر ① بھوت پریت ② بلا آسیب ③ خلل ④ اوپری روگ ⑤ نجس روح ⑥ پلید روح۔

**بَیتیلا** (ا) اسم صفت ① لاوارث مال ② بے دعویٰ مال ③ چوری کا مال ④ چرایا ہوا اسباب ⑤ نالائق ⑥ نکما ⑦ خراب ⑧ کمبخت ⑨ بے نصیب۔

**بیتلی** (ا) اسم صفت ① بیتلا کی مونث ② نکمی ③ نگوڑی ④ موٹی ⑤ ناکارہ ⑥ بدکار ⑦ بدبخت عورت۔

**بیتنا** (ہ) فعل ① گزرنا ② تم ہونا ③ کٹنا ④ آمادہ ہونا ⑤ رفع ہونا ⑥ مثلاً جس پر بیتے وہی جانے۔

**بیتی** (ہ) اسم صفت مفعول ① گزری ہوئی ② سرگزشت ③ ماجرا ④

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

واردات۔

بیٹ (ہ) اسم مونث (1) پرندوں کا فضلہ (2) پنجال (3) نکھد (4) خراب (5) اونی (6) حقیر تر (7) گندھک اور نمک کا ایک مرکب۔

بیٹا (ہ) اسم مذکر (1) لڑکا (2) پسر (3) پوت (4) پتر (5) فرزند نرینہ (6) پیارا (7) دولہا (8) فقیر لوگ (9) ہر ایک دنیادار اور خصوصاً اپنے مریدوں کو بھی بیٹا کہتے ہیں۔

بیٹا بنانا (ہ) فعل (1) متبنّیٰ بنانا (2) گود لینا۔

بیٹا بیٹی (ہ) اسم مذکر (1) لڑکے بالے (2) بال بچے (3) بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے (4) گارے کی ایک ٹکیا سی بنا کر پتھر یا سل پر پٹختے ہیں (5) بڑی آواز کو بیٹا اور چھوٹی کو بیٹی کہتے ہیں۔ پنجابی (آکا۔ باقا)۔

بیٹا بن کر ہر کوئی کھائے باپ بن کر کوئی نہیں کھاتا (ا) مثل (1) خدمت کر کے اور چھوٹا بن کر ہر کوئی کھاتا اور فائدہ اٹھاتا ہے (2) زبردستی اور جبراً کوئی نہیں کھا سکتا۔

بٹھا ہونا (ہ) فعل (1) جاگنا (2) اٹھنا (3) بیدار ہونا (4) ہوشیار ہونا (5) نیند سے اٹھنا۔

بیٹھ ہونا (ہ) (1) کھڑا ہونے کی ضد (2) جلوس کرنا (3) نشست فرمانا (4) دھنس جانا (5) پچک جانا (6) اندر کو گڑ جانا (7) جیسے آنکھ وغیرہ کا بیٹھ جانا (8) گر پڑا (9) ڈھے جانا۔

بیٹھک (ہ) اسم مونث (1) دیوان خانہ (2) نشستگاہ مردانہ مکان (3) پینڈا (4) تلا (5) آسن (6) جلسہ (7) بیٹھنے کا ڈھنگ (8) ایک قسم کی ورزش کا نام ہے (9) بیٹھکی پریوں کی حاضرات۔

بیٹھک دینا (ہ) فعل (1) تعظیم دینا (2) بٹھانا (3) بٹھانا (4) آسن دینا (5) پریوں یا جنوں کی حاضرات دینا۔

بیٹھن (ہ) اسم مذکر (1) وہ کپڑا جس میں سوداگر لوگ قیمتی کپڑے یا گوٹہ کناری باندھ کر رکھتے ہیں (2) بستہ (3) بندھن (4) بندھنا (5) بسنتی کپڑا۔

بیٹھنا (ہ) فعل (1) بیٹھ جانا کے معنوں کے علاوہ انڈے سینا (2) جفتی کرنا (3) حاصل ہونا (4) وصول ہونا (5) خرچ ہونا (6) لاگت آنا جیسے ایک پر دو آنے بیٹھے (7) مدرسہ میں داخل ہونا (8) لکھنے کی مشق ہونا (9) صبر کرنا۔

بیٹھواں (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی اسم مونث (1) پھڈی (2) چپٹی (3) بیٹھی ایڑی کا جوتا (4) کھڑی کے خلاف۔

بیٹھے بٹھائے / بیٹھے بیٹھے (ہ) تابع فعل (1) بے سبب (2) بے وجہ (3) بلا واسطہ (4) ناحق (5) بے فائدہ (6) بے سود (7) یکا یک (8) اچانک۔

بیٹھے رہو (ہ) محاورہ (1) کوئی کام نہ کرو (2) وظیفہ لیتے رہو (3) آرام کرو (4) چپ رہو (5) خاموش رہو۔

بیٹھے سے بیگار بھلی (ا) مثل (1) خالی بیٹھنے سے کچھ نہ کچھ کام کرنا بہتر ہے (2) خواہ مفت کا اور جبری ہی کیوں نہ ہو۔

بیٹی (ہ) اسم مونث (1) دختر (2) لڑکی (3) بنت (4) دھی (5) نور چشمی (6) بیٹی کی طرح عزیز (7) بھانجی (8) بھتیجی لڑکے کی بیوی۔

بیٹی دینا (ہ) (1) بیٹی بیاہنا (2) بیٹی کی شادی کر دینا (3) داماد بنانا۔

بیٹی والے (ہ) اسم مذکر (1) دلہن کی طرف کے لوگ (2) سمدھیانے والے۔

بیج (ای۔ا) اسم مذکر (1) چپڑاسی (2) نشان۔

بیج (ہ) اسم مذکر (1) تخم (2) دانہ (3) نطفہ (4) بند (5) اصل (6) بنیاد (7) جڑ۔

بیج بونا (ہ) فعل (1) تخم ریزی کرنا (2) کسی چیز کی بنیاد ڈالنا (3) باعث ہونا (4) سبب بننا (5) ایجاد کرنا۔

بیج پڑنا (ہ) فعل (1) تخم پاشی ہونا (2) بنیاد ہونا (3) حمل رہنا (4) نطفہ پڑنا۔

بیج جاتا رہنا (ہ) فعل (1) اولاد نہ رہنا (2) نسل منقطع ہو جانا (3) مرد کو کسی ایسی بیماری کا لگ جانا جس سے نسل نہ بڑھے۔

بیج جمنا (ہ) فعل (1) تخم کا اُگنا (2) نکلنا (3) نطفہ قرار پانا (4) حمل رہنا۔

بیج ڈالنا (ہ) فعل (1) تخم ریزی کرنا (2) حاملہ کرنا (3) نطفہ ڈالنا (4) حمل رکھوانا۔

بیج مارا جانا (ہ) فعل (1) آگے کو کسی چیز کا پیدا نہ ہونا (2) نسل منقطع ہو جانا (3) تباہ ہونا (4) ناپید ہونا۔

بیج ناس کرنا (ہ) فعل (1) بالکل غارت کرنا (2) برباد کرنا (3) نیست و نابود کرنا۔

بیجا (ہ) اسم مذکر۔ ایک ڈراؤنی اور خوفناک شکل کا کاغذی چہرہ جسے بچے منہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔

بیچک (ہ) اسم مذکر (1) وہ فہرست جس میں مال کی قیمت خرید (2) تعداد

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140177218

www.besturdubooks.net

اورخرچہ وغیرہ بالتفصیل درج ہو③ مال کی فرد④ چالان سرمایہ⑤
اصل زر⑥ اسباب کی گھٹڑی پر لگانے کا ٹکٹ یا چٹ⑦ نشان⑧
علامت⑨ سودا۔
بیجک بننا/ بیجک کھانا (ہ) فعل① سودا بننا② فہرست تیار ہونا③
معاملہ درست ہونا۔
بیجک پٹنا (ہ) فعل① فہرست پر ہونا② فرد بھری جانی③ حساب کی
فہرست تیار ہونا۔
بیجنا (ہ) اسم مذکر① پکھا② بادکش③ بادبیون (بصورت فعل)
بونا④ تخم ریزی کرنا۔
بیجنا ڈلانا/ ڈھلانا (ہ) فعل① پنکھا ہلانا② پنکھا جھلنا۔
بیجو (ہ) اسم صفت① بیج کا وہ تخم یا پھل جو بیج کے واسطے رکھ چھوڑتے
ہیں② توڑتے نہیں۔
بیجھڑ/بیجھڑا (ہ) اسم مونث① جو چنے اور غلہ ملا ہوا ہو② جو چنے مٹر
وغیرہ کا مرکب اناج③ موٹا اناج④ جسے غربا کھاتے ہیں⑤
بعض دفعہ دیگر اشیاء کی مرکب شے کو بھی کہہ دیتے ہیں۔
بیجیلا/بجیلا (ہ) اسم صفت① وہ پھل جس میں بہت سے بیج ہوں②
بہت بیجوں والا۔
بیچ (ہ) اسم ظرف① درمیان② اندر③ بھیتر④ مابین⑤ (بحالت
اسم مذکر) وسط⑥ میانہ⑦ قلب⑧ منجھ۔⑨ (تابع فعل) باہم۔
بیچ بچاؤ کرنا (ہ) فعل① جھگڑا مٹانا② رفع فساد کرنا③ سمجھانا④
بجھانا⑤ فیصلہ کرنا⑥ صلح کرانا⑦ جھگڑا چکانا⑧ اتفاق اور میل
ملاپ کرانا۔
بیچ کا (ہ) اسم صفت① منجھلا② درمیانی③ بچلا④ وسطی۔
بیچ کھیت (ہ) تابع فعل① عین وسط میں ٹھیک ٹھیک② موقع پر③
علانیہ④ سب کے روبرو⑤ آشکارا⑥ سب کے سامنے ضرور
بالضرور⑦ بیس بسوئے۔
بیچ کی راس (ہ) اسم صفت① درمیانہ② نہ برا نہ بھلا③ اوسط
درجے کا۔
بیچ کی انگلی (ہ) اسم مونث① ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی② وسطی③
انگشت④ میانہ۔
بیچ کے گھڑے کی (ہ) اسم صفت۔ نہایت تیز اور خالص شراب۔
بیچ میں پڑنا (ہ) فعل① ثالث بننا② ذمہ لینا③ ضامن ہونا④ بیچ
ہونا⑤ کسی کا کفیل بننا⑥ ذمہ وار ہونا۔
بیچا (ہ) اسم مذکر① فروشندہ② بیچنے والا③ بیچو④ (بحالت فعل)
فروخت کیا⑤ بیع کر دیا۔
بیچا بیچ (ہ) تابع① ٹھیک بیچ② بالکل وسط③ مرکز④ عین درمیان
میں۔
بیچنا (ہ) فعل① فروخت کرنا② بیع کرنا③ کسی چیز کو قیمتاً دینا④
مول دینا⑤ ہنڈی کی پیٹھ پر بیچا لکھ دینا۔
بیچو (ہ) اسم مذکر① فروخت کرنے والا② فروشندہ③ بائع۔
بیچوں بیچ (ہ) تابع فعل۔ (دیکھو بیچا بیچ)
بیخ (ف) اسم مونث① جڑ② بنیاد③ اصل④ مول⑤ حسب
نسب⑥ سلسلہ⑦ خاندان۔
بیخ بنیاد (ف) اسم مونث① جڑ② بنیاد③ اصل نسل④ خاندانی⑤
سلسلہ۔
بیخ کنی کرنا (ا) فعل① جڑ اکھاڑنا② جڑ کھودنا③ قطع نسل کرنا④ ستو
نابود کرنا⑤ ستیاناس کرنا⑥ تباہ کر دینا۔
بید (ہ) اسم مذکر① ہندی طبیب② معالج③ چارہ گر
بید (ف) اسم مذکر① ایک قسم کا درخت ہے جس کی شاخوں میں بہت
لچک ہوتی ہے② سترہ قسم کا بتاتے ہیں③ بیت④ لچکدار چیز۔
بید کی طرح کانپنا (ا) فعل① خوف اور ڈر کے مارے بید کی طرح
لرزنا② ڈر سے اس طرح ہل جانا جیسے ہوا سے بید
بید مجنوں (ف) اسم مذکر① ایک قسم کا بید ہوتا ہے جس کی ساخیں
نہایت جھکی ہوئی اور مرجھائی ہوئی ہوتی ہیں اسی باعث سے یہ نام
پڑ گیا② اسے بے ثمر بتاتے ہیں
بید مشک (ف) اسم مذکر① ایک قسم کا درخت ہوتا ہے جس کے سبزی
وسیاہی مائل زرد پھولوں سے نہایت خوشبودار اور مصرح دل عرق
کھینچتے ہیں② یہ پھولوں پتوں سی پہلے ہی کھل چکتے ہیں③ مزاجا
سرد ہوتا ہے۔
بیدا (ء) اسم مذکر① دشت② جنگل③ صحرا④ بیابان۔
بیداد (ف) اسم مونث① بے انصاف② ظالم بے انصافی③ ظلم
وستم④ جور و جفا⑤ جبر و سختی⑥ وہ بات جو انصاف کے خلاف ہو۔
بیدار (ف) اسم صفت① جاگتا② ہوشیار③ خوابیدہ کے خلاف④
چوکنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072
www.besturdubooks.net

**بیدار بخت** (ف) اسم صفت ❶ خوش اقبال ❷ نصیبے والا ❸ خوش قسمت۔

**بیدار دل** (ف) اسم صفت ❶ ہوشیار ❷ چوکنا ❸ صاحبدل ❹ حاضر طبع۔

**بیدار مغز** (ف) اسم صفت ❶ عالی دماغ ❷ عقلمند ❸ زور فہم ❹ بڑے دماغ کا۔

**بیداری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ جاگ ❷ ہوشیاری ❸ جگن ❹ خواب کی ضد۔

**بیدانت** (ہ) اسم مونث۔ دیاس جی کا بنایا ہوا وہ شاستر جس میں توحید پر بحث کی گئی ہے

**بیدانتی** (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت بیدانت یعنی علم توحید جاننے والا۔ موحد۔

**بیدک** (ہ) اسم مونث ❶ علم طب ❷ ہندی ❸ طریق علاج ❹ طبابت ❺ حکمت ❻ ڈاکٹری

**بیدن/ بیدنا** (ہ) اسم مونث ❶ تکلیف ❷ پیڑ ❸ درد ❹ دکھ مصیبت ❺ بلا آفت۔

**بیر بٹھانا** (ہ) فعل ❶ جادو کرنا ❷ جن کو کسی پر مقرر کرنا۔

**بیر بل/ بیر بر** (ہ) اسم مذکر ❶ لغوی معنی زور اور پہلوان ❷ اصطلاحی معنوں میں راجہ مہیش داس کا عرفی نام ہے جو اکبری نورتنوں میں سے تھا

**بیر** (ہ) اسم مذکر ❶ کنار ❷ ایک قسم کا پھل ہے دو قسم کا ہوتا ہے ❸ جنگلی اور پیوندی (بصورت تابع فعل) بار ❹ دفعہ ❺ نوبت (یہ بار کا مالہ ہے) وقفہ ❻ دیر ڈھیل ❼ توقف ❽ تامل۔

**بیر گٹھلی** (ہ) اسم صفت ❶ برا بھلا ❷ الم غلم ❸ مفید وغیرہ۔

**بیر گٹھلی سب ہضم** (ہ) محاورہ ❶ جائز ناجائز سب ہی ہضم ❷ سب کچھ کھالیا۔

**بیئر** (ای۔ا) اسم مونث۔ جو کی بنی ہوئی انگریزی شراب جس میں نشہ کم ہوتا ہے

**بیر** (ہ) اسم مذکر ❶ دشمنی ❷ عداوت ❸ بغض کینہ ❹ خلا ❺ مخالفت ❻ بدلہ ❼ انتقام۔

**بیر باندھنا** (ہ) فعل ❶ دشمنی خریدنا ❷ مخالفت کرنا ❸ بغض نکالنا ❹ عداوت کا بدلہ لینا ❺ کینہ کشی کرنا ❻ ضد باندھنا ❼ دشمنی کرنا۔

**بیر پڑنا** (ہ) فعل ❶ عداوت کرنا ❷ ان بن ہونا ❸ ناچاتی ہونا ❹ دشمنی پر آمادہ ہونا۔

**بیر نکالنا** (ہ) فعل ❶ بدلہ لینا ❷ انتقام لینا ❸ کینہ کشی کرنا ❹ عوض لینا ❺ اپنی ضد پوری کرلینا ❻ دشمن سے بدلہ لے لینا

**بیرا** (ہ) اسم مذکر ❶ (کنوارا بھائی) ❷ برابر ❸ عزیز۔

**بیرا کھیری** (ہ) اسم مونث ❶ دشمنی ❷ عداوت ❸ مخالفت ❹ (کھیری یہاں تابع مہمل ہے۔

**بیراگ** (ہ) اسم مذکر ❶ جوگ ❷ فقر ❸ ریاضت ❹ نفس کشی ❺ لذات نفسانی کو مارنا۔

**بیراگ لینا** (ہ) فعل ❶ تارک الدنیا ہونا ❷ جوگ لینا ❸ فقیری اختیار کرنا۔

**بیراگا** (ہ) اسم مذکر ❶ بیراگی فقیروں کے ٹیک لگا کر بیٹھنے کی ٹیڑھی چوٹی سی لکڑی ❷ ظفر ❸ تکیہ۔

**بیراگن** (ہ) اسم مونث ❶ بیراگی فقیر کی عورت ❷ جوگن فقیرنی ❸ وہ چھوٹی بانکی ٹیڑھی لکڑی جس پر فقیر لوگ تکیہ لگا کر مراقبہ کرتے یا بیٹھتے ہیں ❹ ظفر ❺ تکیہ۔

**بیراگی** (ہ) اسم مذکر ❶ جوگی ❷ باخدا اور درویش نفس کش فقیر ❸ مرتاض ❹ تارک الدنیا ❺ ہندو فقیروں کا ایک گروہ جس نے کام کرودھ ❻ موہ لوبھ ❼ ہنکار کو بالکل ترک کر دیا ہو۔

**بیر بہٹی** (ہ) اسم مونث ❶ ایک نہایت گہرے گہرے سرخ رنگ اور مخمل سے نرم بدن والا مکڑی سے مشابہ چھوٹا ❷ سا کیڑا جو برسات میں زمیں سے پیدا ہوتا ہے ❸ تشبیہا نہایت سرخ خون کبوتر۔

**بیرق** (ف) اسم مزکر ❶ علم ❷ فوج ❸ نشان ❹ جھنڈا

**بیرن** (ہ) اسم مونث ❶ دشمن عورت ❷ بدخواہ ❸ عورت سوکن ❹ سوت۔

**بیرن** (ای۔ا) اسم مذکر۔ انگلستان میں امیروں کا ایک درجہ ہے

**بیرنگ** (ای۔ا) اسم صفت۔ محصولدار۔ وہ مال یا چھٹی جس کا محصول پہلے نہ ادا کیا گیا ہو۔

**بیروزہ** (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا مادہ گوندسا جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے ❷ اور گندہ بیروزہ کہلاتا ہے۔

**بیرون** (ف) اسم ظرف مکان ❶ باہر ❷ اندر کے خلاف ❸ سوائے ❹ علاوہ ❺ بدوں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**بیرونجات** (ف) اسم مذکر ① دیہات قصبے شہر کے باہر کے دیہات ② نواح شہر ③ حوالی شہر ④ بیروں کی جمع ⑤ مضافات۔

**بیرونٹ** (ای۔ا) اسم مذکر۔ انگلستان میں نوابی خطاب ہے۔

**بیری** (ہ) اسم مذکر ① دشمن ② بدخواہ ③ مخالف ④ عدو ⑤ ایک شکاری پرندے کا نام بھی ہے جو کبوتروں کا شکار کرتا ہے جسے بہری بھی کہتے ہیں

**بیری** (ہ) اسم مونث ① بیر کا درخت ② کنار بار ③ دفعہ۔

**بیڑا** (ہ) اسم مونث۔ سوت باسن کا موٹا جو بوجھ باندھنے یا سوہاگہ پھیرنے کے کام آتا ہے۔

**بیڑا** (ہ) اسم مذکر ① کشتی ② ناؤ ③ سفینہ ④ بانسوں یا لکڑیوں کا گٹھڑ جس کا ذریعہ دریا سے پار اترتے ہیں ⑤ گھڑناؤ جو گھڑا کئی جہازوں اور کشتیوں کا سلسلہ جہازوں کا مجمع ⑥ فوجی آدمیوں کا جتھا ⑦ فوج کا جتھا ⑧ منڈلی ⑨ گروہ طائفہ۔

**بیڑا باندھنا** (ہ) فعل ① بہت سے آدمیوں کو جمع کر لینا ② لانگا ٹیر جمع کر لینا ③ لکڑیوں کے کندوں کو دریا کے راستے کسی مقام پر لے جانے کے لیے کرنا۔

**بیڑا پار کرنا / لگانا** (ہ) فعل ① کشتی یا جہاز کو سلامتی سے اور بخیر وعافیت پار اتارنا ② مشکل آسان ہونا ③ مدد کرنا ④ امید پوری کرنا ⑤ مصیبت میں کام آنا۔

**بیڑا پار ہونا** (ہ) فعل ① جہاز کشتی وغیرہ کا بہ سلامت منزل مقصود پر پہنچ جانا ② مراد بر آنا ③ مشکل آسان ہونا ④ مراد پا لینا ⑤ خاتمہ ہونا ⑥ کام تمام ہونا ⑦ انجام کو پہنچ جانا

**بیڑا** (ہ) اسم مذکر ① پان کی گلوری ② کتھا ③ چونہ چھالیا پڑا ہوا پان ④ بنا ہوا پان ⑤ تلوار کا میان اور قبضہ باندھنے کا فیتہ اور ڈورا وغیرہ۔

**بیڑا اٹھانا** (ہ) فعل ① ذمہ لینا ② عہد کرنا ③ عزم ④ بالجزم کرنا ⑤ آمادہ ہونا ⑥ کسی مشکل کام کے سرانجام کو اپنے ذمے لینا ⑦ اگلے زمانہ کے راجاؤں کا دستور تھا کہ جب کوئی مشکل کام پیش آتا تو اپنے تمام سرداروں کو جمع کر کے اول کام کی حالت اور حقیقت سناتے پھر خاصدان میں پان کی گلوری رکھ کر سب کے سامنے پھراتے جو شخص اس پان کو اٹھا کر کھا لیتا وہ گویا اس کام کا ذمہ دار بن جاتا ⑧ اسی وجہ سے یہ بیڑا اٹھانا۔

**بیڑا کھلانا** (ہ) فعل ① پان کھلانا نسبت کرنا ② منگنی کرنا ③ نسبت قرار پانے کی وقت سمدھانے کی عورتیں باہم قرار دینے کے واسطے رسم کے طور پر پان دیتی ہیں۔

**بیڑھنی** (ہ) اسم مونث ① گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ جیسے کنجری ② ڈومنی وغیرہ۔ (پنجابی بیرنی)

**بیڑی** (ہ) اسم مونث ① زنجیر یا سلسلہ پا ② سلاسل ③ لوہے کی وہ زنجیر جو قیدیوں اور مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

**بیڑی پڑنا** (ہ) فعل ① قید ہونا ② پابند ہونا ③ بال بچوں میں گرفتار ہونا ④ آزاد نہ رہنا ⑤ نکاح ہونا ⑥ شادی ہونا۔

**بیڑی پہنانا۔ یا۔ ڈالنا** (ہ) فعل ① قید کرنا ② منت کا طوق ڈالنا۔

**بیڑی کٹنا** (ہ) فعل ① آزاد ہونا ② قید سے رہائی پانا ③ قطع تعلق ہونا۔

**بیڑی** (ہ) اسم مونث ① تمباکو کی بتی ② دیسی سگریٹ ③ دیسی تمباکو کو لپیٹ کر اوپر کاغذ یا ڈھاک کا پتا لگا کر بتیاں سی بنا لیتے ہیں اور سگریٹ کی طرح پیتے ہیں۔

**بیزار** (ف) اسم صفت ① ناراض ② متنفر ③ رنجیدہ ④ کراہت کرنے والا ⑤ خفا ⑥ ناخوش۔

**بیس** (ہ) اسم عدد ① دس اور دس ② بست ③ ۲۰۔

**بیس بسوے** (ہ) اسم صفت ① لغوی معنی ایک بیگھ ② اصطلاحی معنی تمام ③ کل ④ کلہم ⑤ غالبا ⑥ یقینا ⑦ بالضرور ⑧ تمام گاؤں ⑨ ساری زمین۔ کل فصل (سجالت سم) جیت فتح۔ جیسے زبردست کے بسوے بیس۔

**بیسیا** (ہ) اسم مذکر۔ پورے بیس ناخنوں والا کتا۔

**بیساکھ** (ہ) اسم مذ ① سمت بکری کا دوسرا مہینہ۔

**بیساکھی** (ہ) اسم مونث ① پاجوں کا عصا ② چھپر کے نیچے کا ستون ③ بڑی ہٹر ④ بیساکھ کے مہینے کی پیداوار ⑤ بیساکھ کی پہلی تاریخ کو جو تہوار منایا جاتا ہے۔

**بیسر** (ہ) اسم مونث۔ ناک میں پہننے کی چھوٹی نتھنی جو بلاق کی جگہ پہنتی ہیں۔

**بیسرا** (ا) اسم صفت ① بے تالا ② وا گویا جو سرتال کا خیال نہ رکھے۔

**بیسن** (ہ) اسم مذکر۔ چنے کی دال کا آٹا۔

**بیش** (ف) اسم صفت ① زیادہ ② افزون فاضل ③ بہتر ④ عمدہ ⑤

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

افصل۔

بیش بہا/بیش قیمت (ہ) اسم صفت 1 بڑی قیمت 2 بھاری مول کا 3 بڑھیا 4 عمدہ 5 نفیس۔

بیش تر (ف) اسم صفت 1 زیادہ تر 2 اکثر 3 عموماً 4 بارہا۔

بیشہ (ف) اسم مذکر 1 جنگل 2 بیابان 3 اُجاڑ ویران۔

بیشی (ف) اسم مونث 1 زیادتی 2 بڑھوتری 3 افزونی 4 نفع 5 سود

بیضوی (ع) اسم صفت 1 بائے نسبتی انڈے کی شکل کا 2 آفتابی کے خلاف 3 انڈے کی طرح لمبوتری گولائی والا 4 بادامی ڈول کا۔

بیضہ (ع) اسم مذکر 1 انڈا 2 خایہ مرغ 3 خصیہ 4 فوطہ 5 آنڈ۔

بیطار (ع) اسم مذکر 1 سلوتری 2 مویشیوں اور گھوڑوں کا ڈاکٹر 3 جانوروں کا طبیب۔

بیع (ع) اسم مونث 1 فروخت 2 بکری۔

بیع بالوفا (ع) اسم مونث 1 شرطی رہن 2 جس میں اگر میعار مقررہ پر روپیہ ادا نہ ہو تو وہ شے آئی گئی ہو جائے 3 شرطی رہن کی میعار کا پورا ہو جانا۔

بیع شرطی (ع) اسم مونث 1 کچی بکری 2 وہ بیع جو کسی شرط سے وابستہ ہو 3 شرط پوری ہو جائے تو بیع جائز ورنہ بیع فسخ۔

بیع سلطانی (ع) اسم مونث 1 وہ بیع جو بادشاہ یا حاکم کے حکم سے ہو 2 خواہ بذریعہ نیلام خواہ ایک شخص کے نام بذریعہ فرمان۔

بیع فاسد (ع) اسم مونث۔ وہ بکری جو قانوناً ناجائز ہو۔

بیع قطعی (ع) اسم مونث 1 مکمل بیع 2 فروخت کامل 3 پکی بکری 4 بیع مطلق۔

بیع ناقص (ع) اسم مونث 1 وہ بیع جس کے قبضے کا اجرا ملتوی رہے 2 نامکمل بیع۔

بیعنامہ (عف) اسم مذکر 1 قبالہ 2 تمسک فروخت کی دستاویز۔

بیع وشرا (ع) اسم مونث۔ خرید وفروخت لینا اور بیچنا۔

بیعانہ (عف) اسم مذکر 1 سائی 2 وہ روپیہ جو سودا پکا کرنے کے لئے کل قیمت ادا کرنے سے پہلے بیچنے والے کو دیا جاتا ہے 3 اور بعد میں کل قیمت دیتے وقت حساب وضع کر لیا جاتا ہے۔

بیعت (ع) اسم مونث 1 عہد باندھنا 2 مرید بننا 3 چیلا ہونا 4 اطاعت اور فرمانبرداری کا عہد کرنا۔

بیک کرشمہ دو کار (ف) مثل 1 ایک تدبیر سے دو کام 2 ایک پنتھ دو کاج۔

بیکر (ان) اسم مذکر 1 نانبائی 2 روٹی پکانے والا۔

بیکر (ان) اسم مذکر 1 سائنس کے تجربے کے لئے شیشے کا ہلکا سا گلاس جس میں پانی یا تیزاب وغیرہ تھوڑی مقدار میں پاس رکھ لیا کرتے ہیں 2 چونچ دار گلاس۔

بیکنٹھ (س) 1 سرگ 2 بہشت 3 جنت 4 فردوس 5 جناں۔

بیکنٹھ باشی (ہ) اسم صفت 1 سرگباشی 2 مرحوم 3 مغفور۔

بیگ (ت) اسم مذکر 1 سردار 2 شہزادہ 3 میرزا 4 مغلوں کا ایک خطابی نام ہے جو ان کے ناموں کے آخر لگایا جاتا ہے۔

بیگ (ہ) تابع فعل 1 جلد 2 تُرت 3 جھٹ پٹ 4 فوراً 5 تاؤلی 6 پھرتی سے۔

بیگ (ان) اسم مذکر 1 تھیلا 2 بوری 3 ریل وغیرہ کے مسافروں کے کپڑا لتا رکھنے کا تھیلا۔

بیگار (ف) اسم مونث 1 بلا مزدوری کا کام 2 سخرہ 3 کر 4 جبر 5 بیدلی کا کام 6 حاکمانہ کام۔

بیگار ٹالنا (ہ) فعل 1 بے دلی اور کم اتفاقی سے کوئی کام کرنا 2 دفع الوقتی کرنا۔

بیگاری (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت 1 بیگار میں کام کرنے والا 2 بلا اجرت 3 حاکمانہ طور پر بلایا ہوا مزدور۔

بیگاری کام/ بیگار و کام (ا) تابع فعل 1 بے دلی کا کام 2 مفت کام 3 بار خاطر۔

بیگانگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 غیر ہونا 2 اجنبیت 3 ناواقفیت 4 مغایرت۔

بیگانہ (ف) اسم صفت 1 غیر 2 اجنبی 3 ناواقف 4 پرایا 5 دوسرے کا 6 یگانہ کی ضد۔

بیگانہ خو (ف) اسم صفت 1 اکھڑ 2 نامانوس 3 وہ شخص جسے محبت کی عادت ہی نہ ہو۔

بیگانہ وار (ف) اسم صفت۔ غیروں کی طرح اجنبیوں کی مانند۔

بیگانے بردے آزاد کرتے ہیں (ا) مثل 1 پرائے غلام چھوڑتے ہیں 2 غیر کے مال پر فیاض بنتے ہیں۔

بیگم (ت) اسم مونث 1 ملکہ 2 خاتون 3 شہزادی امیر زادی 4

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

لیڈی (5) نواب زادی۔

**بیگمی** (ا) اسم صفت (1) بیگموں کے لائق (2) عمدہ اور نفیس چاولوں کی ایک قسم ہے (3) ایک طرح کا فوری عمدہ پان (4) ایک خاص قسم کا نمکین پنیر بھی ہے۔

**بیگہ۔یا۔بیگھ** (ہ) اسم مذکر۔زمین کی پیدائش کی ایک مقدار جو بیس بسوے یا چالیس کنال کے برابر ہوتی ہے۔

**بیل** (ہ) اسم مذکر (1) گائے کی نر (2) نرگاؤ (3) ثور (4) ستور (5) بلد۔ احمق (6) بیوقوف (7) بیل نہ کودا کودی گون۔

**بیل** (ہ) اسم مونث (1) لتا (2) لتر (3) وہ درخت جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں جیسے انگور خربوزہ وغیرہ (4) ریشمی یا زری وغیرہ کا فیتا، کپڑے پر نکالے ہوئے گل بوٹے (5) چنبیلی کی قسم کا ایک پھول جسے رائے بیل بولتے ہیں (6) کشتی کھیلنے کا ڈنڈا (7) بانس (8) ایک درخت اور اس کا پھل (9) سلسلہ۔

**بیل بٹا** (ہ) اسم مذکر (1) (بیل باٹا کا بگاڑ ہے) تصدق (2) نثار (3) وہ انعام جو چندہ کے طور پر بوقت شادی ارباب نشاط اور ڈومنوں وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

**بیل بڑھنا** (ہ) فعل (1) بنس بڑھنا (2) نسل زیادہ ہونا (3) قد بڑھنا (4) قامت دراز ہونا۔

**بیل بوٹہ** (ہ) اسم مذکر۔نقش ونگار۔

**بیل پتر** (ہ) اسم مذکر۔بیل کے درخت کے پتے جو شیوجی پر چڑھا کرتے ہیں۔

**بیل دینا** (ہ) فعل (1) نچھاور دینا (2) ڈومنیوں وغیرہ کو شادی کے موقع پر خیرات دینا۔

**بیل منڈھے چڑھنا** (ہ) فعل (1) شادی وقت آنا (2) کامیابی حاصل کرنا (3) خوش نصیب ہونا (4) بامراد ہونا (5) کام بننا (6) سہر بندھنے کا دن آنا (7) پروان چڑھنا۔

**بیلا** (ہ) اسم مذکر (1) بڑا کٹورا (2) چنبلی کی قسم کا ایک درخت (3) سارنگی سے مشابہ ایک باجہ (4) دریا کے کنارے کا جنگل (5) شادی کے موقعہ کی خیرات (6) وقت (7) زمانہ (8) مخنث ہیجڑا۔

**بیلا بٹنا** (ہ) فعل (1) خیرات بٹنا (2) صدقہ تقسیم ہونا (3) خیر خیرات کا دیا جانا۔

**بیلا برادر** (ف) اسم مذکر۔خیرات کے روپوں کی تھیلی لے کر چلنے والا۔

**بیلچہ** (ف) اسم مذکر۔پھاوڑے کی طرح کا لمبے دستے والا ایک اوزار ہوتا ہے۔

**بیلدار** (ف) اسم مذکر (1) بیلچہ سے کام کرنیوالا وہ چیز جس پر بیل بوٹے یعنی نقش ونگار کا کام ہوا ہوا ہو (2) کھودنے کا کام کرنے والا۔

**بیلن** (ہ) اسم مذکر (1) محور (2) دھرا (3) لوہے یا لکڑی کا وہ اوزار جس سے چکلے پر روٹی یا پوری بڑھاتے ہیں (4) لوہے یا پتھر کا وہ ڈھول نما اوزار جس سے سڑک ہموار کرتے یا چونہ پیتے ہیں (5) گنے پیل کر رس نکالنے کا اوزار ارگن باجے کا گول تر۔

**بیلنا** (ہ) فعل۔بیلن سے روٹی وغیرہ بڑھانا کپاس میں سے روئی اور بنولے الگ الگ کرنا (بحالت اسم مذکر) کپاس اوٹنے کا آلہ بیلن۔

**بیلنس** (ان) اسم مذکر (1) ترازو (2) باقی (3) بقایا۔

**بیلون** (ان) اسم مذکر (1) غبارہ (2) ہوائی جہاز (3) اڑن کھٹولا۔

**بیلہ** (ف) اسم مذکر (1) دوآبہ (2) رود خانہ (3) دریا کے کنارے کا جنگل (4) ایک خوشبودار پھل جس سے پھلیل بنتا ہے (5) تھیلی۔

**بیلی** (ا) اسم مذکر (1) نگہبان (2) حافظ و ناصر (3) محافظ مددگار (4) رکھوالا (5) جیسے اللہ بیلی (پنجابی دوست)۔

**بیم** (ف) اسم مذکر (1) خوف (2) اندیشہ (3) ڈر (4) دہشت (5) سہم (6) رعب۔

**بیمار** (ف) اسم مذکر (1) بیم اور آر سے مرکب ہے علیل (2) دکھی (3) مریض (4) روگی (5) عاشق (6) فریفتہ۔

**بیمار پرسی** (ف) اسم مونث (1) بیمار کی خبر پوچھنا (2) عیادت۔

**بیمار خانہ** (ف) اسم مذکر (1) ظرف مکان (2) ہسپتال دارالشفا (3) بیماروں کے رہنے کا گھر۔

**بیماردار** (ف) اسم صفت (1) بیمار کی خدمت اور اس کے علاج معالجہ میں کوشش کرنے والا (2) بیمار کا خبر گیر۔

**بیمارداری** (ف) اسم مونث (1) بیمار کی خبرگیری (2) بیمار کی خدمت کی ذمہ داری۔

**بیماری** (ف) اسم مونث (1) روگ (2) دکھ (3) مرض (4) علالت (5)

Join Us On WhatsApp Naveed Baig 0314...7218

آزار⑥ عارضہ⑦ ماندگی⑧ علت لت۔

بیمہ (ف) اسم مذکر① بیم اور ہا سے نسبت سے مرکب ہے② اندیشہ③ نقصان کا ذمہ ٹھیکہ④ ضمانت⑤ سوداگر لوگ جب مال یا نقدی کہیں بھیجتے ہیں تو اس مال وغیرہ کا ٹھیکہ کسی کمپنی یا ایک شخص سے کر لیتے ہیں اور اسے کچھ کمیشن ادا کرتے ہیں جس کا مطلب ہے کمپنی اس بات کی ضامن ہوتی ہے کہ مال تلف ہو جانے کی صورت میں وہ مال بھر دے گی۔ یہی اقرار بیمہ کہلاتا ہے۔ اسی طرح انسان کی زندگی اور سب قسم کی جائدادوں کا بھی بیمہ ہوتا ہے۔

بین (ہ) اسم مونث۔ ایک باجے کا نام ہے جو تونبے سے بنا ہوتا ہے اور منہ سے بجتا ہے۔

بین نواز (ف) اسم مذکر۔ بین بجانے والا۔

بین (ہ) اسم مذکر① بکھان② نوحہ③ مردے کے اوصاف بیان کر کے خود رونا اور دوسروں کو رلانا④ ماتمی راگ (گیتوں میں) قول بچن⑤ بول⑥ بانی۔

بَین (ع) اسم مذکر① درمیان② بیچ③ فاصلہ④ فرق⑤ فصل۔

بین السطور (ع) اسم مذکر① سطروں کا درمیانی فاصلہ② سطروں کے بیچ کا فرق۔

بینا (ہ) اسم مذکر① جھومر کی قسم کا ماتھے پر پہننے کا ایک زیور② بھاجی③ حصہ④ بخرہ۔

بینا (ف) اسم صفت① دیکھنے والا② ناظر③ دانا④ عقلمند⑤ ہوشیار⑥ دور اندیش۔

بینائی (ف) اسم مونث① آنکھ کی روشنی② بصارت③ نظر④ جوت⑤ دانائی⑥ ہوشیاری۔

بینا (ہ) فعل① چننا② چگنا③ بٹورنا④ سمیٹنا⑤ جدا جدا کرنا⑥ الگ کرنا۔

بین بین (ع) اسم صفت① متوسط② بیچ کا③ درمیانی④ ملا جلا⑤ سمویا ہوا۔

بینٹا (ہ) اسم مذکر① چھری② چاقو③ کلہاڑی④ پھاوڑے وغیرہ اوزاروں کا دستہ۔

بینجنی/ بیگنی (ہ) اسم صفت① بینگن کے رنگ کا اودا② سرخی مائل سیاہ۔

بینچ (ای) اسم مذکر① مستطیل شکل کی بیٹھنے کی چوکی جو سٹول سے لمبی ہو② ججوں کے اجلاس کی نشست③ ایک سے زیادہ جج④ کچہری۔

بیندھنا (ہ) فعل① سوراخ کرنا② چھید کرنا③ طعنے دینا④ کچوکے دینا⑤ کودنا۔

بینڈ (ای) اسم مذکر① گروہ② جماعت③ جتھا④ انگریزی باجے والوں کا گروہ۔

بینڈ (ہ) اسم مونث۔ سرکنڈوں یا رسوں کا گٹھا۔

بینڈا (ہ) اسم صفت① ٹیڑھا② کج③ ترچھا④ آڑا⑤ نہایت دشوار⑥ بے ڈھب⑦ ناشائستہ⑧ اجڈ⑨ جو دروازے کے نہ کھلنے کے لئے لگاتے ہیں۔

بینڈا (ہ) اسم مذکر۔ ایک برساتی کیڑا ہوتا ہے جو درختوں پر بڑے زور سے ٹیں ٹیں کرتا ہے۔

بینڈی (ہ) اسم مونث① بینڈا کی تانیث ہے② ٹیڑھی③ ترچھی④ مشکل⑤ اوکھی۔

بینڈی بات (ہ) اسم مونث① ٹیڑھی بات② نازیبا③ نا ملائم بات۔

بینڈی کھوپری کا (ہ) اسم صفت① الٹی سمجھ کا② کج فہم۔

بینڈی (ہ) اسم مونث بیائے تانیث① بالوں کا جوڑا② بان یا ستلی وغیرہ کی پچھی۔

بینڈیا (ہ) اسم مذکر۔ وہ تیسرا یا پانچواں بیل جو جوت کے آگے جتا ہوتا ہے۔

بینکر (ای) اسم مذکر① خزانچی② مہاجن③ صراف روپے کا لین دین کرنے والا۔

بینگن (ہ) اسم مذکر① بتاؤں② بادنجان③ اودے رنگ کی ترکاری۔



بینگن

بینگ (ہ) اسم مذکر① (پورب) مینڈک② غوک (پنجابی ڈڈو)۔

بینی (ف) اسم مونث① ناک② وہ لمبی لکڑی جو بائیں کواڑ میں بدیں غرض لگاتے ہیں دروازہ بند کرتے وقت دونوں کواڑ خوب مل

Join us on WhatsApp Naveed Bajwa 03140077218

جائیں اور جھری نہ رہے ③ کتاب کی جلد کا آگے کو بڑھا ہوا حصہ جو کتاب بند کرنے پر اوپر آجاتا ہے ④ تلوار کے قبضے کی جھنڈی جس میں نتھنی پڑتی ہے۔

**بینی کوہ** (ف) اسم مذکر ① پہاڑ کی چوٹی ② قلہ کوہ ③ اونچی دھار۔

**بیوپار** (ہ) اسم مذکر ① سوداگری ② تجارت ③ لین دین ④ بنج۔

**بیوپاری** (ہ) اسم مذکر ① سوداگر ② تاجر ③ بنجارا ④ مہاجن۔

**بیوتات** (ہ) اسم مذکر ① بیت کی جمع الجمع ہے بہت سے گھر ② شاہی محل ③ حرام سرا ④ رنواس ⑤ اخراجات خانگی ⑥ مصارف خانگی ⑦ گھر کے خرچ۔

**بیورا** (ہ) اسم مذکر ① خبر ② پیغام ③ بات ④ حال احوال ⑤ پتہ ⑥ نشان ⑦ بھید ⑧ مژدہ ⑨ بشارت۔

**بیورے وار** (ہ) اسم صفت ① بہ در بہ ② مفصل بیان وار ③ مشرح۔

**بیوستھا** (ہ) اسم مذکر ① فتوے ② شرعی فیصلہ ③ شاستر کے بموجب فیصلہ۔

**بیوگ** (ہ) اسم مذکر ① بروگ ② جدائی ③ ہجر ④ مفارقت علیحدگی ⑤ فراق۔

**بیونت** (ہ) اسم مونث ① کاٹ چھانٹ ② قطع ③ تراش ④ برید ⑤ کپڑے کا اندازہ ⑥ ماپ ڈھب ⑦ موقع ⑧ تقسیم ⑨ حساب۔

**بیونت کھانا** (ہ) فعل ① حساب پھیلنا ② اندازہ لگنا ③ پڑت کھانا اندازہ ٹھیک آنا۔

**بیونتنا** (ہ) فعل ① قطع کرنا ② کترنا ③ کپڑے کی کاٹ چھانٹ کرنا ④ آدمی کو لوٹنا ⑤ قتل کرنا ⑥ ٹکڑے کرنا۔

**بیوہ** (ف) اسم مونث ① رانڈ ② بدھوا ③ وہ عورت جس کا خاوند فوت ہوگیا ہو۔

**بیوہار** (ہ) اسم مذکر ① دستور ② قاعدہ ③ ضابطہ طریقہ ④ لین دین ⑤ معاملہ ⑥ بیوپار ⑦ تجارت نامہ پیام ⑧ خط کتابت ⑨ بیاہ شادی۔

**بیوہار کی بات** (ہ) اسم مونث ① دستور کی بات ② قاعدے کی بات ③ رائج بات ④ ٹھیک بات ⑤ صحیح بات ⑥ معاملہ کی بات۔

**بیوی** (ا) اسم مونث ① زن ② جورو ③ استری عورت ④ بانو ⑤ بیگم ⑥ شریف زادی ⑦ نیکوکار ⑧ پارسا عورت ⑨ بڑی بوڑھی۔

**بیوی کی صحنک/ نیاز/ بیوی کا دانہ/ کونڈا** (ا) ① حضرت فاطمہ علیہا السلام کی فاتحہ ② اس نیاز میں بڑی احتیاط برتی جاتی ہے ③ سہاگن ④ پارسا خاندانی عورتوں کے سوا اور کوئی عورت نہیں کھا سکتی دوہاجو عورت بھی نہیں کھا سکتی ⑤ اس نیاز کی سیدانیوں کو کھلانا افضل سمجھا جاتا ہے۔

**بیوی وارے باندی کھائے گھر کی بلا باہر نہ جائے** (ا) ① کسی کی بخل میں بیحد تعریف کے موقع پر بولتے ② یعنی صدقہ اور خیرات تک بھی فقیر کو نہیں ملتا ③ بلکہ گھر میں ہی رہ جاتا ہے۔

**بیہڑ** (ہ) اسم صفت ① ناہموار اونچی نیچی زمین ② جر جر زمین ③ غاروں اور نالوں کھالوں والی زمین ④ بن ⑤ چراگاہ ⑥ جنگل ⑦ بیلہ۔

**بیہودگی** (ہ) اسم مونث ① لغوی معنی بیفائدہ ہونا غیر منفعت ② خرابی ③ بے سلیقگی ④ پھوہڑ پن ⑤ نادانی ⑥ حماقت ⑦ نالائقی ⑧ ناشائستگی ⑨ بے ڈھنگا پن۔

**بیہودہ** (ف) اسم صفت ① بے حرف اور نفی اور ہودہ بمعنی فائدہ اور حق ② بے فائدہ ③ لغو ④ پوچ ⑤ باطل ⑥ ناحق ⑦ نادان ⑧ احمق ⑨ نالائق۔

**بیہودہ پھرنا** (ا) فعل۔ آوارہ و سرگشتہ پھرنا۔

**بیہودہ گوئی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہرزہ سرائی ② بک بک ③ بکواس ④ جھک جھک ⑤ فضول گوئی ⑥ لغو ⑦ بکواس کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

# پ

اردو فارسی حروف تہجی کا تیسرا حرف اور ہندی میں یہ اکیسواں حرف ہے۔

پ (ف) اسم مونث۔ اردو فارسی حروف تہجی کا تیسرا حرف ابجد کے حساب میں اس کے عدد ت کے برابر دو ہی گنے جاتے ہیں۔ ہندی میں یہ اکیسواں حرف ہے۔

## پ ← ا

پا (ف) اسم مذکر ❶ پاؤں ❷ پیر ❸ قدم (بحالت صفت) ❹ نیچے ❺ تحت ❻ زیر (ترکیب پاس) ❼ پائیداری ❽ مضبوطی ❾ استقلال ❿ قیام۔

پا (ف) اسم صفت۔ ❶ تحت ❷ زیریں ❸ نیچے ❹ ٹھہرنے والا۔

پا (ف) اسم لاحقہ۔ جو اسم کے آخر میں آکر بطور لاحقہ مستعمل ہے مثلاً دیرپا۔

پا (ف)۔ اسم لاحقہ۔ مرکبات میں لاحقہ کے طور پر مستعمل ہے۔ ملاپا۔ جلاپا۔ بڑھاپا۔

پا بزکاب (ف) اسم صفت ❶ جس کا رکاب میں پاؤں ہو ❷ جانے پر آمادہ ❸ چلنے پر مستعد۔

پا بزنجیر (ف) اسم صفت۔ ❶ مقید ❷ پابند ❸ بیڑیاں پہنے ہوئے۔

پابند (ف) اسم صفت ❶ گرفتار۔ مقید ❷ ماتحت۔ مطیع ❸ مجبور۔ رکا ہوا ❹ خوگر۔ عادی۔

پا (ف) ❶ وہ شخص جس کے زنجیر، بیڑی یا رسی سے پاؤں بندھے ہوئے ہوں ❷ محکوم۔ ملازم ❸ گھوڑے کی پچھاڑی۔

پابندی (ف) مونث ❶ اطاعت۔ فرمابرداری ❷ استقلال ❸ عادت ❹ روک ❺ ملازمت ❻ تابعداری ❼ رسی۔ زنجیر۔

پا انداز (ف) اسم مذکر۔ وہ فرش جو مکان کے دروازے پر پاؤں کی گرد صاف کرنے کے لئے بچھا دیتے ہیں۔

پابند (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی مقید ❶ پابستہ ❷ رکا ہوا ❸ خوگر ❹ عادی ❺ محتاج (بحالت اسم مذکر) گھوڑے کی پچھاڑی ❻ نوکر ❼ ملازم ❽ مطیع ❾ فرمانبردار۔

پابند ہونا (ا) فعل ❶ نوکر ہونا ❷ تابعدار ہونا ❸ مقید ہونا ❹ عادی ہونا ❺ خوگر ہونا ❻ ذمہ دار ہونا ❼ کسی کام کا ذمہ لینا۔

پابندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ روک ❷ ملازمت ❸ غلامی ❹ قید ❺ گرفتاری ❻ استحکام ❼ استقلال ❽ لحاظ ❾ خیال۔

پابوس (ف) اسم مذکر وصفت ❶ پاؤں چومنے والا ❷ خوشامدی ❸ تسلیم کرنے والا ❹ (اسم مونث) حاصل مصدر ہے ❺ قدم لینا ❻ پاؤں پڑنا ❼ پیر چومنا ❽ پاؤں چھونا ❾ بزرگوں سے ملاقات کرنا۔

پابوسی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ قدمبوسی ❷ بڑوں کی ملاقات ❸ جھکنا ❹ تسلیم کرنا۔

پاپ (س) اسم مذکر ❶ گناہ ❷ جرم ❸ قصور ❹ دوش ❺ اوگن ❻ اپرادھ ❼ دکھ ❽ عذاب ❾ مصیبت۔

پاپ اُبھرے پر اُبھرے (ہ) مثل ❶ برے کام اور گناہ چھپے نہیں

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218



www.besturdubooks.net

رہتے ② ضرور کبھی نہ کبھی ظاہر ہو کر رہیں گے۔ (بمعنی ضرور)۔

**پاپ کاٹنا** (ہ) فعل ① جھگڑا طے کرنا ② فیصلہ کر دینا ③ قضیہ چکانا ④ تعلق قطع کر دینا ⑤ قرضہ ادا کرنا ⑥ نجات دینا ⑦ گناہ بخشنا ⑧ خطا معاف کرنا۔

**پاپ کٹنا** (ہ) فعل ① جھگڑا چکنا ② قضیہ دور ہونا ③ مصیبت ٹلنا ④ عذاب ہٹ جانا۔



پاپا

**پاپ کی پوٹ** (ا۔ا) اسم صفت ① گناہوں کی گٹھڑی ② سراپا گناہ ③ مجسم گناہ

**پاپا** (ف) اسم مذکر ① باپ ② والد ③ پدر ④ ابا ⑤ باوا۔

**پاپڑ** (ہ) اسم مذکر ① چنے یا مونگ یا ماش کے آٹے کی نہایت پتلی بیلن سے بیلی ہوئی چپاتی ② پپڑی روٹی سینکتے وقت اس کا ابھار (بحالت صفت) ③ پتلا ④ باریک پان سا ⑤ کاغذ سا ⑥ سوکھا۔

**پاپا** (ای) اسم مذکر ① ابا ② کیتھولک عیسائیوں کا مذہبی پیشوا ③ پادری ④ پوپ۔

**پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈبوتی ہے** (ا۔مثل) گناہ گار کو اس کے عروج کے وقت گناہ کی سزا ملتی ہے۔

**پاپڑ بیلنا۔** (ہ) فعل ① بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا ② بہت محنت اور وقت سے بسر اوقات کرنا ③ مصیبت پیٹنا ④ افلاس اور تنگدستی میں گزران کرنا ⑤ بہت حیلے بہانے کر کے روزی کمانا۔

**پاپن** (ہ) اسم مونث ① گنہگار عورت ② خطا کار عورت ③ مجرمہ ④ ظالمہ ⑤ ہتیاری۔

**پاپوش** (ف) اسم مونث ① جوتی ② پیزار کفش

**پاپوش پر مارنا** (ا) فعل ① پرواہ نہ کرنا ② خاطر میں نہ لانا ③ ٹھکرانا ④ ذلیل اور حقیر سمجھنا۔



پاپوش

**پاپوش کے برابر نہ سمجھنا** (ا) فعل ① بہت حقیر سمجھنا ② پرواہ نہ کرنا ③ ذرا خاطر میں نہ لانا۔

**پاپوش کی نوک سے** (ا) فعل۔ تابع فعل ① بلا سے ② پروا نہیں جوتی سے۔

**پاپلین** (ای) مونث ایک قسم کا کپڑا۔

**پاپی** (ہ) اسم صفت ① گنہگار ② بدکار ③ مجرم ④ خطا کار ⑤ ہتیارا ⑥ ظالم ⑦ نگوڑا ⑧ بے رحم۔

**پات** (ہ) اسم مذکر ① پتا ② برگ ③ ورق ④ ایک زیور جو کان میں پہنا جاتا ہے۔

**پاتابہ** (ف) اسم مذکر ① پاؤں کو گرمی سے بچانے والی شے ② موزہ ③ جراب ④ چمڑے کا تلا جو جوتے کے اندر میں سلا کر ڈال لیتے ہیں موزے کو محفوظ رکھنے والا کپڑے کا جوتا سا۔

**پاتال** (ہ) اسم مونث ① زمین کا سب سے نیچے کا حصہ ② تحت الثریٰ ③ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ ④ غار۔ گڑھا۔

**پاتھر** (ہ) اسم مذکر ① سنگ ② پتھر ③ حجر۔

**پاتھنا** (ہ) فعل ① تھاپنا ② اپلے بنانا ③ اینٹوں وغیرہ کو سانچے میں ڈھالنا۔

**پاتی** (ہ) اسم مونث ① چٹھی ② پتری ③ رقعہ ④ خط ⑤ سندیسہ ⑥ پتا ⑦ نشان۔

**پاٹ** (ہ) اسم مذکر ① دریا اور کپڑے کی چوڑائی، عرض ② چوڑان ③ چکی کا ایک پتھر ④ بڑا تخت ⑤ مسند حکومت ⑥ کولھو یا بیلنے کی وہ لکڑی جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے۔

**پاٹ** (ی) اسم مذکر ① ظرف ② برتن۔

**پاٹنا** (ہ) فعل ① ڈھانکنا ② چھت ڈالنا ③ ڈھانپنا ④ گڑھے وغیرہ کو بھرنا ⑤ پر کرنا ⑥ ڈھیر لگانا ⑦ ریل پیل کرنا ⑧ مالا مال کرنا ⑨ سینچنا۔

**پاٹھ** (ہ) اسم مذکر ① سبق ② لین ③ متن ④ ورد ⑤ وظیفہ ⑥ دعا ⑦ منتر ⑧ ختم۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124007218

www.besturdubooks.net

**پاٹھ شالا** (ہ) اسم مونث (1) ظرف مکان (2) ابتدائی تعلیم کا مدرسہ (3) سکول (4) مکتب۔

**پاٹھا** (ہ) اسم مذکر (1) جوان ہاتھی (2) ہاتھی کا نر بچہ (3) ہر جوان جانور (4) خوب جوان آدمی (5) پہلوان۔

**پاٹھک** (ہ) اسم مذکر فاعل (1) معلم (2) متعلم (3) مدرس (4) ٹیچر (5) واعظ۔

**پاجامہ/ پائے جامہ** (ف) اسم مذکر (1) شلوار شرعی (2) شرعی جامہ (3) آزاد (4) ستھنا۔

**پاجی** (ف) اسم صفت (1) کمینہ (2) رذیل (3) بدذات (4) بدمعاش (5) لچا (6) شہدا (7) گھٹیا نوکر (8) ادنیٰ غلام۔

**پاجی پن** (ف) اسم مذکر۔ حاصل اسم یعنی اسم مصدری (1) کمینگی (2) رذالت (3) بدمعاشی (4) شرارت (5) بدذاتی۔

**پاجیانہ** (ف) متعلق مذکر (1) رذیلوں کی طرح کا (2) کمینوں کی طرح کا۔

**پاچھنا** (ہ) فعل (1) گودنا (2) چھپنے لگانا (3) کسی نوکدار اوزار سے کچو کے لگانا (4) کچونا (5) فصد کھلنا۔

**پاچھی** (ہ) اسم مونث (1) دولتی (2) جانوروں کا پچھلی دونوں ٹانگوں سے ضرب لگانا۔

**پاخانہ** (ف) اسم مذکر (1) جائے ضرور (2) رفع حاجت کی جگہ (3) بیت الخلا (4) براز (5) گوہ (6) فضلہ۔

**پاد** (ہ) اسم مذکر (1) گوز (2) پھسکی (3) ریح (4) باؤ (5) ہوا۔

**پادابوٹی** (ہ) اسم صفت (1) نازک (2) ناتواں (3) نحیف (4) کمزور۔

**پاداش** (ف) اسم مونث (1) بدلہ (2) عوض (3) نتیجہ (4) صلہ (5) مکافات (6) معاوضہ (7) سزا (8) تعزیر۔

**پادری** (پرتگال) (1) عیسائیوں کا پیشوا (2) اسقف، واعظ (3) عیسائی کرستان (4) کرسچن۔

**پادشاہ۔ پادشہ** (ف) اسم مذکر (1) سلطان (2) قیصر (3) بادشاہ (4) فرمانروا۔

**پادشاہ سلامت** (ف) دعائیہ فقرہ بمعنی خدا بادشاہ کو سلامت رکھے۔

**پادشازادہ** (ف) اسم مذکر بہ ترکیب مفعولی (1) راج کمار (2) شہزدہ (3) بادشاہ کا بیٹا (4) شاہی نسل کا۔

**پادنا** (ہ) فعل (1) بائی سرنا (2) گوز مارنا (3) ہمت ہارنا (4) ہار ماننا (5) چین بولنا۔

**پار** (ف) اسم مذکر (1) سال (2) گزشتہ (3) گزارا ہوا (4) ایک سابقہ۔

**پار** (ہ) اسم مذکر (1) دوسری طرف (2) دریا کا پرلا کنارہ (3) حد (4) کسی چیز کا اختتام (5) بیگانہ۔ غیر۔

**پارلگانا** (ہ) فعل (1) دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچانا (2) نجات دینا (3) کامیابی حاصل کرنا۔

**پارا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک سفید مائع وزنی دھات کا نام ہے (2) سیماب (3) زئبق (بحالت صفت) وزنی (4) بوجھل (5) بھاری (6) بے چین (7) مضطرب۔

**پارا پلانا** (ہ) فعل (1) کسی شے میں پارا بھرنا (2) بوجھل کرنا (3) وزنی کرنا (4) ثقیل بنانا۔

**پاربتی** (ہ) اسم مونث (1) پہاڑ کی بیٹی (2) درگا دیوی (3) شیوجی کی رانی۔

**پارٹ** (ای) اسم مذکر (1) ٹکڑہ (2) حصہ (3) ایکٹر کا نام (4) فصل (5) مقالہ (6) حصہ کا کام۔

**پارچہ** (ف) اسم مذکر (1) لتا (2) کپڑا (3) لباس (4) پوشاک بسترا (5) پارہ (6) ٹکڑا (7) پھانک (8) قاش (9) گھاٹ پنگھٹ۔



پارچہ

**پارس** (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا پتھر ہے جس کی نسبت مشہور ہے کہ اس کے چھو جانے سے لوہا سونا ہو جاتا ہے (2) اکسیر (بحالت صفت) (3) تندرست امر یعنی غیر فانی نفیس اور عمدہ مٹھائی (4) داتا (5) ملک ایران کا نام بھی ہے مگر اس معنی میں بالکسر رائے مہملہ ہے۔

**پارسا** (ف) اسم صفت (1) متقی (2) پرہیزگار (3) مصالح (4) نیک (5) پاکباز (6) جتی (7) عفیفہ (8) درویش (9) عارف۔

**پارسائی** (ف) اسم مونث (1) اتقا (2) تقوے (3) پرہیزگاری (4) عفت (5) پاکدامنی۔

**پارسل** (ی) مذکر (1) وہ سامان جو بذریعہ ڈاک یا ریل یا ٹرک وغیرہ سے بھیجا جاتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172189

www.besturdubooks.net

**پارسی** (ف) اسم مذکر ① پارس کا رہنے والا ② فارسی زبان ③ آتش پرست ④ مجوسی ⑤ گبر ⑥ ایک قوم کا نام جو زردشت کی پیرو ہے۔

**پارک** (ئ) مونث ① احاطہ ② گھرا ہوا مقام ③ باغ ④ سبزہ گاہ ⑤ سیر و تفریح کی جگہ۔

**پارلیمان** (ف) مونث ① انگریزی لفظ پالیمنٹ کا مؤرد ② کسی آزاد جمہوری ملک کی سب سے بڑی مجلس قانون ساز ③ مقننہ۔

**پارلیمنٹ** (ای) مونث ① پارلیمان ② عوام کے منتخب نمائندوں کی مجلس جس کے سامنے وزراء جواب دہ ہوتے ہیں۔

**پارلیمنٹری** (ای) صفت ① پارلیمانی ② پارلیمانکے شیان شان الفاظ اور زبان۔

**پارنا** (ہ) فعل ① چراغ کی لو پر کوئی اچیز رکھ کر کاجل بنانا ② کاجل اتارنا ③ کاجل جمع کرنا۔

**پارہ** (ہ) اسم مذکر ① حصہ ② ٹکڑہ ③ ریزہ ④ پرچہ ⑤ پُرزا۔

**پارہ پارہ کرنا** (ہ) فعل ① ریزہ ریزہ کرنا ② دھجیاں اڑانا ③ پرخچے اڑانا ④ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**پارہ دوز** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① ٹکڑوں کو جوڑنے والا ② کترنوں کو سینے والا ③ پیوند لگانے والا ④ درزی ⑤ موچی۔

**پارے کی دیوار** (ہ) اسم مونث۔ صرف پتھروں کی دیوار جس میں گارا اور چونا لگا ہو۔

**پاڑ** (ہ) اسم مونث ① ٹانڈ ② مچان ③ معماروں کے بیٹھ کر کام کرنے کی بانسوں کی نشست ④ کنوئیں کا جال ⑤ پھانسی کا تختہ۔

**پاڑھا** (ہ) اسم مذکر۔ ہرن کی قسم کا ایک جنگلی جانور جسے شکار کر کے کھاتے ہیں۔

**پازیب/پائے زیب** (ف۔ا) مونث ① پاؤں کو زینت دینے والا ② عورتوں کے پاؤں کا زیور ③ خلخال۔

**پاس** (ف) اسم مذکر ① حفاظت ② نگہبانی ③ لحاظ ④ خیال ⑤ باعث ⑥ وجہ ⑦ سبب ⑧ طرفداری ⑨ پہرہ۔

**پاس آبرو** (ف۔ع) مذکر ① عزت کا لحاظ ② حرمت کا خیال۔

**پاس** (ای) اسم مذکر ① کامیابی ② فیل کے خلاف اجازت کا پروانہ ③ رؤنہ ④ راہداری کا ٹکٹ ⑤ اجازت نامہ ⑥ گزرنا ⑦ دستاویز۔

**پاس** (ہ) تابع فعل ① قریب ② نزدیک ③ قابو میں ④ قبضے میں ⑤ ملکیت میں ⑥ مصرف میں۔

**پاس بک** (ای) اسم مونث ① بہی ② حساب کی کتاب ③ بنک کے لین دین کی کتاب۔

**پاسپورٹ** (ای) مذکر ① پروانہ راہداری ② ملک سے باہر جانے کا اجازت نامہ۔

**پاس کرنا** (ا) فعل ① گزرنا ② ترقی کرنا ③ منظور کرنا ④ پسند کرنا ⑤ خیال اور ادب کرنا ⑥ طرفداری کرنا ⑦ بچ کرنا ⑧ دیکھ بھال کرنا۔

**پاس ہونا** (ا) فعل ① کامیاب ہونا ② امتحان میں پورا اترنا۔

**پاس پاس** (ہ) تابع فعل ① قریب قریب ② تقریباً ③ برابر برابر ④ قطار میں ⑤ مسلسل ⑥ مل کر ⑦ ہمسایہ میں ⑧ پڑوس میں۔

**پاس پڑوس** (ہ۔ا) مذکر ① قرب و جوار ② اردگرد ③ آس پاس ④ ہمسائیگی۔

**پاسا** (ہ) اسم مذکر ① رخ ② پہلو ③ طرف ④ جانب ⑤ قرعہ۔

**پاسا پلٹنا/الٹنا** (ہ) فعل ① داؤں کا مرضی کے خلاف ہونا ② ہار ہونا ③ شکست ہونا ④ تدبیر کا بگڑ جانا ⑤ زمانے کا انقلاب ہونا۔

**پاسا پھینکنا** (ہ) فعل ① قرعہ ڈالنا ② قسمت آزمائی کرنا۔

**پاسبان** (ف) اسم مذکر ① چوکیدار ② پہرے دار ③ نگہبان ④ رکھوالا ⑤ محافظ ⑥ دربان۔

**پاسداری** (ف) اسم مونث ① طرفداری ② جانبداری ③ رعایت ④ نگہبانی ⑤ لحاظ۔

**پاسنگ** (ف) اسم مذکر ① وہ ذرا سا وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے کے لیے رکھا جاتا ہے (بحالت صفت) ② جزوی ③ ذرا سا ④ خفیف سا ⑤ بہت ہی کم ⑥ بالکل ہیچ ⑦ ترازو کے پلڑوں کا فرق۔

**پاسنگ بھی نہیں** (ا) محاورہ ① ذرا بھی لگا نہیں کھاتا ② ذرا بھی برابر نہیں ③ کوئی بھی نسبت نہیں ④ کچھ تعلق ہی نہیں بالکل ہیچ ہے۔

**پاسی** (ہ) اسم مذکر ① پاسبان ② نگہبان ③ چوکیدار ④ محافظ ⑤ پھندہ ⑥ پھانسی ⑦ گھاس یا بھوسہ وغیرہ باندھنے کی جالی ⑧ چڑیمار ⑨ ایک قوم کا نام ہے جو تاڑی یعنی تاڑ کا رس بیچنے کا پیشہ کرتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

پاشا (ت) اسم مذکر ① عامل ② لارڈ ③ ترکوں کا سردار ④ ترکی سرداروں کا لقب اور خطاب۔

پاش پاش (ف) تابع فعل ① ٹکڑے ٹکڑے ② ریزہ ریزہ ③ پارہ پارہ ④ پرزے پرزے۔

پاشنہ (ہ) اسم مذکر ① ایڑی ② کھری ③ عقب ④ گھوڑے کی چالوں میں سے ایک چال کا نام ہے جسے سرپٹ کے قریب قریب سمجھنا چاہیے۔

پاشویہ (ف) اسم مذکر ① پاؤں دھونا ② ایک خاص ترکیب سے دوائیوں کے پانی میں پاؤں پاؤں دھونا (یہ اسم مصدری ہے) پیروں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا۔

پاشویہ کرنا (ا) فعل ① پاؤں دھونا ② گرم پانی یا دوائیوں کے پانی میں پیر ڈال کر بیٹھنا اور ٹکور کرنا۔

پاک (ف) اسم صفت ① صاف ② بے غش ③ نتھرا ④ نرل ⑤ پوتر ⑥ بے لوث ⑦ بے گناہ ⑧ نیک ⑨ پرہیزگار۔

پاکباز (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ① بے گناہ ② بے لوث ③ ایماندار ④ زاہد ⑤ مجرد ⑥ کھرا ⑦ صاف دل ⑧ نیک نیت ⑨ نیک نظر۔

پاک دامن (ف) ① باعصمت ② عفیفہ ③ پارسا عورت۔

پاک صاف (ف) اسم صفت ① نیک ② اچھا ③ نیک نیت ④ اچھوتا ⑤ غیر مستعمل ⑥ بہت بے لوث۔

پاک محبت (ف) مونث ① الفت جس میں کوئی غرض ملحوظ نہ ہو ② بے غرض محبت ③ سادہ الفت۔

پاکٹ (ای۔ا) مونث ① جیب ② کھیسہ۔

پاکٹ بک (ای) مونث ① جیب میں رکھنے کی نوٹ بک ② جیبی کتاب۔

پاکھنڈ (ہ) اسم مذکر ① وید کے خلاف ② بدعت فریب ③ دھوکا ④ فساد ⑤ بھگتی ⑥ ریا ⑦ دکھاوے عبادت ⑧ بناوٹ ⑨ تصنع۔

پاکھنڈ پھیلانا (ہ) فعل ① مکر کا جال بچھانا ② بھگل گانٹھنا ③ دھوکا دینا ④ فریب دینا۔

پاکھنڈی (ہ) اسم مذکر ① بدعتی ② منافق ③ ریاکاری ④ دغا باز ⑤ فریبی ⑥ دھوکے باز ⑦ ٹھگ ⑧ جو فروش، گندم نما۔

پاکیزگی (ہ) اسم مونث ① ستھراپن ② صفائی ③ طہارت۔

پاکیزہ (ف) اسم صفت ① پاک ② صاف ③ ستھرا ④ طاہر ⑤ طیب ⑥ خوبصورت ⑦ بے عیب ⑧ بے نقص۔

پاگ (ہ) اسم مونث ① پگڑی ② دستار ③ پاؤں ④ مٹھائی۔

پاگ جوڑنا (ہ) فعل ① پاؤں جوڑنا ② جھولے میں ایک خاص طریقہ سے اس طرح بیٹھنا کہ ایک کے پاؤں دوسری کی طرف آ جائیں۔

پاگل (ہ) اسم مذکر ① دیوانہ ② باؤلا ③ سڑی ④ مجنوں ⑤ خبطی ⑥ بیوقوف ⑦ احمق ⑧ مورکھ۔

پاگل پن (ہ) اسم مذکر ① جنون ② خبط ③ دیوانگی ④ حماقت ⑤ بیوقوفی۔

پاگل خانہ (ا) اسم مذکر ظرف ① پاگلوں کے رہنے کی جگہ ② وہ مکان جہاں سارے پاگل رکھے جاتے ہیں ③ پاگلوں کا ہسپتال۔

پاگلوں کے سر سینگ ہوتے ہیں (ا۔ مثل) پاگلوں کی کوئی خاص ظاہری نشانی نہیں ہوتی وہ اپنی حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں۔

پال (ہ) اسم مونث ① سپاہیوں کے رہنے یا میلہ وغیرہ میں دوکانداروں کے رہنے کا چھوٹا سا خیمہ ② کشتی کا پردہ ③ پتوار ④ پانی روکنے کا بند ⑤ پشتہ ⑥ وہ گھانس پھونس جس میں کچے میوے کو رکھ کر پکایا جاتا ہے ⑦ کسی چھوٹے بچے یا جانور کی پرورش کرنا۔

پال ڈالنا (ہ) فعل۔ کچے میوے کو پھونس میں دبا کر پکانا۔

پالا پڑنا (ہ) فعل ① کہر پڑنا ② برف باری ہونا ③ سخت سردی پڑنا ④ واسطہ پڑنا ⑤ تعلق ہونا ⑥ سابقہ پڑنا ⑦ قابو میں آنا ⑧ بس میں پڑنا ⑨ پھندے میں پھنسنا۔

پالا پوسا (ہ) اسم مذکر ① پرورش کیا ہوا ② پرورش کردہ ③ دست

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

پرورده۔

پالاگن (س) اسم مونث ① پاؤں لگنا ② قدم بوسی ② پاؤں پڑنا ③ تسلیم ④ آداب ⑦ نمستے ⑧ گڈ مارننگ۔

پالان (ہ) اسم مذکر ① وہ گدڑی یا نرم کپڑا جو گدھے اور اونٹ کی پیٹھ پر رگڑ سے بچاؤ کے لیے ڈالتے ہیں ② جھول ④ گدی۔

پالتی (ہ) اسم مونث ① چار زانو بیٹھنے کا ایک خاص طریقہ جسے آلتی پالتی مارنا بولتے ہیں ② پیراکی کی ایک قسم۔

پالسی (ای) مونث ① حکمت عملی ② تدبیر ③ مصلحت ④ چال ⑤ دور اندیشی ⑥ غور وفکر ⑦ سوچ بچار ⑧ اصول ⑨ سیاسی تجویز۔

پالش (ای) اسم مونث ① صفائی ② صیقل ③ جلا ④ ریگ مال ⑤ روغن ⑥ چمک۔

پالک (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا ساگ اور بیج کا نام ② اسفاناخ ③ اسپاناخ۔

پالکی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی خمدار ڈنڈوں والی ڈولی ② محافہ ③ فنس ④ پینس۔

پالکی نشین (ا) اسم مذکر۔ بڑے رتبہ کا امیر۔

پالن (ہ) اسم مونث ① پرورش ② تربیت ③ تعلیم ④ دیکھ بھال ⑤ نگرانی ⑥ نگہبانی ⑦ بچاؤ ⑧ حفاظت۔

پالنا (ہ) فعل ① پرورش کرنا ② تربیت کرنا بحالت اسم مونث ③ پرورش ④ خبر گیری (بحالت اسم مذکر) ⑤ پنگوڑا ⑥ گہوارہ ⑦ ایک قسم کا جھولا ⑧ ہنڈولا۔

پالی (ہ) اسم مونث ① شمال مشرقی ہندوستان کی قدیم زبان جس میں بدھ مت کی مذہبی کتابیں ہیں ② پرندوں کی لڑائی کی مقرر جگہ۔

پالیز (ہ) اسم مذکر ظرف ① سبزہ زار ② مرغزار ③ ہریاول کی جگہ ④ کھیرے، ککڑی ⑤ وغیرہ کا کھیت۔

پام (ای۔ا) مذکر ① ناریل۔ کھجور ② وہ درخت جن کے پتے لمبے، چوڑے اور بے شاخ ہوتے ہیں ③ ہتھیلی۔

پامال (ف) اسم صفت ① پاؤں ملا ہوا ② روند ہوا ③ تباہ شدہ ④ برباد ⑤ خراب۔

پامسٹ (ای) مذکر ① ہاتھ کی لکیروں سے حالات بتانے والا ② دست شناس ③ نجومی۔

پامسٹری (ای) مونث ① ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانا ② جوتش ③ نجوم۔

پان (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا خوشبودار پتا برگ تنبول ② جوتے کی ایڑی پر لگا ہوا کیمخت یا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا ③ لنگوٹ کے اوپر کا میرنی چمڑہ ④ تاش کی بازی میں ایک رنگ کا نام (اسم مونث) جولاہوں کا کلف جو بننے سے پہلے سوت کو دیتے ہیں مانڈی۔

پان بنانا (ہ) فعل ① چونا کتھا اور چھالیہ وغیرہ ڈال کر پان کی گلوری بنانا ② بیڑا تیار کرنا ③ مانڈی دینا ④ کلف لگانا ⑤ پھول بوٹے وغیرہ کاڑھنا۔ پان کی شکل اور نقش ونگار بنانا۔

پان پتا (ہ) اسم مذکر ① لوازِ خانہ داری ② سودا سلف ③ اشیائے خوردنی ④ برگ تنبول۔

پان دینا (ہ) فعل ① پان کی تواضع کرنا ② رخصت کرنا۔

پان اسلامک (ای) صفت ① کل اہل اسلام کا ② ہمہ اسلامی ③ پین اسلامک۔

پان افریکن (ای) صفت۔ ① کل اہلِ افریکہ ② کل اہلِ امریکہ کا ③ پین افریکن۔

پان امریکن (ای) صفت ① قرعہ ② پہلو ③ چوسر کی بازی میں شش پہل ٹکڑا جسے کھلاڑی پھینک کر داؤ چلتے ہیں۔

پانا (ہ) فعل ① وصول کرنا ② حاصل کرنا ③ معلوم کرنا ④ تاڑنا ⑤ جانچنا ⑥ گم شدہ چیز کا مل جانا ⑦ ڈھونڈنا ⑧ تلاش کرنا ⑨ بھگتنا۔

پانچ (ہ) اسم عدد چار اور ایک ① پنج ② خمس (بحالت صفت) ہوشیار ③ چالاک ④ استاد ⑤ تجربہ کار ⑥ چلتا پرزا۔

پانچواں (ہ) صفت عددی ① پنجم ② خامس ③ پانچویں درجہ میں ④ پانچویں نمبر پر۔

پانچوں (ہ) صفت ① پانچ کے پانچ ② پورے پانچ ③ ہر پانچ۔

پانچوں انگلیاں برابر نہیں (ہ) مثل تمام انسان مختلف طبیعت کے ہیں ① ایک کی طبع دوسرے سے نہیں ملتی ② سب آدمی برابر نہیں ③ ہر شخص کا مزاج جدا جدا ہے۔

پانچوں انگلیاں گھی میں (ا۔مثل) ① ہر طرح مزے میں ہے ② ہر چیز قابو میں ہے۔

پانچوں سواروں میں نام لکھانا (ا) مثل ① ادنےٰ آدمی کا اپنے آپ کو بڑے لوگوں میں شمار کرنا ② ڈینگ مارنا۔

پاندان (ا) اسم مذکر ظرف ① پٹاری ② پان اور اس کا مصالحہ رکھنے کی

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

صندوقچی (3) پانوں کا ڈبہ (4) تھیلی۔

**پانڈو** (ہ) اسم مونث (1) وہ سرزمین جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہو (2) بارانی زمین (3) بھاری بوجھ والا۔

**پانڈی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) پانڈ والا (2) بوری اٹھانے والا (3) بوجھ اُٹھانے والا (3) قلی (4) مزدور۔

**پانسا** (ہ۔ا) مذکر (1) قرعہ (2) پہلو (3) چوسر کی بازی میں شش پہل ٹکڑا جسے کھلاڑی پھینک کر داؤ چلتے ہیں۔

**پانو** (ہ) اسم مذکر (1) پاؤں (2) پیر (3) قدم۔

**پانی** (ہ۔ا) مذکر (1) آب۔ ماء۔ جل (2) عرق (3) پسینہ (4) بارش (5) منی (6) شراب (7) آنسو (8) رطوبت (9) ملمع۔

**پانی اترنا** (ہ) فعل (1) بارش ہونا (2) مینہ برسنا (3) نزول الماء یعنی موتیا بند کی بیماری لگ جانا (4) دریا کے پانی کا کم ہو جانا (5) پانی گھٹ جانا۔

**پانی اٹھنا** (ہ) فعل (1) ابر آنا (2) گھٹا کا نمودار ہونا پانی خرچ ہو جانا (3) مہینہ کا نازل ہو جانا۔

**پانی آنا** (ہ) فعل (1) بارش وغیرہ کا سماں دکھائی دینا (2) زخم اور آنکھ (3) ناک وغیرہ سے رطوبت آنا (4) فوطوں میں پانی بھر جانا۔

**پانی بجھانا** (ا۔محاورہ) دھات یا اینٹ کو گرم کر کے پانی میں ڈالنا۔

**پانی برسنا** (ہ) فعل (1) مینہ برسنا (2) بارش ہونا۔



پانی برسنا

**پانی بھرنا** (ہ) فعل (1) کسی چیز میں پانی ڈالنا (2) کنوئیں سے گھڑوں وغیرہ کے ذریعہ پانی لانا (3) پانی کھینچنا (4) غلامی اور خدمتگاری اختیار کرنا (5) شرمانا (6) عاجزی اور انکساری کرنا (7) اطاعت کرنا۔

**پانی پانی کرنا** (ہ) فعل (1) پگھلانا (2) گلانا (3) پتلا کرنا (4) رقیق کرنا (5) شرمندہ کرنا (6) پسینہ پسینہ کرنا (7) غیرت دلانا۔

**پانی پانی ہونا** (ہ) گھلنا (1) پگھلنا (2) پتلا اور عرق عرق ہونا (3) آب آب ہونا (4) خجالت اور شرمندگی کھینچنا (5) نادم ہونا (6) بہت زیادہ پانی برسنا۔

**پانی پڑنا** (ہ) فعل (1) بارش ہونا (2) مینہ برسنا (3) سن بلوغ کو پہنچنا (4) پھوڑے یا چھالے کا پک جانا۔

**پانی پھر جانا** (ہ) فعل (1) ڈوب جانا (2) غرق ہو جانا (3) محنت رائیگاں جانا (4) تباہ و برباد ہو جانا (5) جاتے رہنا (6) اکارت جانا (7) ضائع ہونا۔

**پانی پھونکنا** (ہ) فعل۔ کچھ پڑھ کر پانی پر دم کرنا۔

**پانی پھیر دینا** (ہ) فعل (1) احسان فراموشی کرنا (2) برباد کرنا (3) حق مٹا دینا (4) سابقہ حقوق پر نظر نہ رکھنا (5) کام خراب کر دینا۔

**پانی پی پی کر دعا دینا** (ا) فعل (1) ہر وقت دعا دیتے رہنا (2) ہر گھونٹ کے ساتھ دعا دینا (3) بے حد دعائیں (4) خوش ہو کر بہت ہی دعائیں دینا۔

**پانی پی پی کر کوسنا** (ہ) فعل (1) ہر وقت کوستے رہنا (2) نہایت کوسنا (3) اٹھتے بیٹھتے کوستے رہنا (4) بہت ہی سراپ دینا۔

**پانی توڑنا** (ہ) فعل (1) بند یا نہر میں سے پانی چھوڑنا (2) پانی کھینچنا (3) پانی کم کرنا۔

**پانی ٹپکانا** (ہ) فعل (1) پانی چوآنا (2) پانی نچوڑنا (3) دہی لٹکا کر اس کا پانی نکالنا۔

**پانی چڑھانا** (ہ) فعل (1) پانی اوپر لے جانا (2) پانی ڈکوسنا یا زیادہ پینا۔

**پانی چوانا** (ہ) فعل (1) پانی ٹپکانا (2) قطرہ قطرہ پانی گرانا۔

**پانی دکھانا** (ہ) فعل (1) گھوڑے، مویشی وغیرہ کو پانی پلانا (2) جانور کے سامنے پانی رکھنا۔

**پانی دینا** (ہ) فعل (1) آبپاشی کرنا (2) پانی پلانا (3) سینچنا (4) پیڑوں کو پانی دینا (5) مردے کے نام پر پانی بہانا۔

**پانی سے پہلے پُل باندھنا** (ہ) فعل (1) قبل از مرگ واویلا کرنا (2) تکلیف آنے سے پہلے ہی اس کی روک تھام کا انتظام کرنا (3) بے جا فکر کرنا۔

**پانی کاٹنا** (ہ) فعل (1) ایک نالی سے دوسری نالی میں یا نہر سے کھیت میں پانی چھوڑنا (2) تیرتے وقت ہاتھوں سے پانی ہٹانا۔

**پانی کر دینا** (ہ) فعل (1) ٹھوس چیز کو پگھلا دینا (2) نہایت آسان اور سہل کر دینا (3) غصہ فرو کر دینا (4) غضب کو ٹھنڈا کر دینا۔

**پانی کے مول** (ہ) اسم صفت (1) بہت ہی سستا (2) نہایت ارزاں۔

**پانی لینا** (ہ) فعل (1) آبدست لینا (2) طہارت کرنا (3) استنجا کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پانی مرنا** (ہ) فعل ❶ دیوار یا چھت میں پانی کا جذب ہونا ❷ پانی کا سرایت کرنا ❸ خرابی یا عیب ہونا ❹ کم اصل ہونا ❺ نادم و خجل ہونا۔

**پانی میں آگ لگانا** (ہ) فعل ❶ ناممکن بات کرنا ❷ چغلی کھانا ❸ لڑائی کرانا ❹ شعبدہ بازی کرنا ❺ فتنہ وفساد پیدا کرنا ❻ سوتی بات جگانا۔

**پانی میں گرہ باندھنا / دینا / لگانا** (ہ) فعل ❶ ناپائداری اور فنا پذیری کے موقع پر بولا جاتا ہے ❷ جلدی ہونا ❷ شتابی مٹ جانا ❸ غیر مستقل اور ناپائدار کام۔

**پانی نکلنا** (ہ) فعل ❶ قطرہ آنا ❷ انزال ہونا ❸ منی خارج ہونا ❹ پانی باہر آجانا۔

**پانی نہ مانگنا** (ہ) فعل ❶ جلدی مرجانا ❷ فوراً جان نکل جانا ❸ چٹ پٹ مرجانا۔

**پانی ہوجانا** (ہ) سخت چیز کا رقیق ہونا ❶ گداز ہونا ❷ پگھلنا ❸ مشکل کام آسان ہوجانا ❹ نرم پڑنا ❺ دھیما ہوجانا۔

**پاور** (ای) مونث ❶ طاقت ❷ اختیار ❸ بجلی کی طاقت۔

**پاور ہاؤس** (ای۔ا) مذکر۔ بجلی گھر۔

**پائپ** (ای) مذکر ❶ ٹونٹی ❷ نلی ❸ نال ❹ جیبی حقہ ❺ انگریزی وضع کا حقہ۔

**پائیوریا** (ای) مذکر۔ دانتوں کی ایک بیماری جس میں دانتوں سے خون آتا ہے اور منہ سے سخت بدبو آتی ہے۔

**پائلٹ** (ای۔ا) مذکر ❶ ہواباز ❷ راہ نما ❸ جہاز ران کسی بڑے حاکم کے آگے موٹر سائیکل یا جیپ میں چلنے والا۔

**پاؤ** (ہ) اسم صفت ❶ چوتھا حصہ ❷ چہارم ❸ ربع ❹ چوتھائی ❺ ¼

**پاؤ روٹی** (ہ) اسم مونث ❶ ڈبل روٹی ❷ نان پاؤ۔

**پاؤلا** (ہ) اسم مذکر ❶ کسی سکہ کا چوتھا حصہ ❷ چونی ❸ چار آنے ❹ روپے کا چوتھا حصہ۔

**پاؤلی** (ہ) اسم مونث ❶ چونی ❷ چار آنے ❸ روپے کی چوتھائی ❹ وہ چاندی کا سکہ جو چار آنے میں ملتا ہے۔



پاؤں

**پاؤں** (ہ) اسم مذکر ❶ پیر ❷ پائے ❸ چرن ❹ قدم ❺ پد ❻ پایہ ❼ راستہ چلنے کا آلہ ❽ کھڑے ہونے کا عضو ❾ بنیاد اصل۔

**پاؤں اُترنا** (ہ) فعل ❶ پاؤں کا گٹے سے ہٹ جانا ❷ جوڑ کی جگہ سے سرک جانا ❸ پاؤں سماجانا ❹ پاؤں دھنس جانا۔

**پاؤں اٹھا کر چلنا** (ہ) فعل ❶ تیز قدم چلنا ❷ جلدی جلدی چلنا ❸ جلدی سے چلنا۔

**پاؤں اٹھانا** (ہ) فعل ❶ جلدی چلنا ❷ پھرتی سے قدم رکھنا ❸ تیز رفتار ہونا۔

**پاؤں اکھڑ جانا** (ہ) فعل ❶ بھاگ جانا ❷ پاؤں اکھڑ جانا ❸ لڑائی سے بھاگ نکلنا ❹ بھاگڑ پڑنا ❺ میدان جنگ سے نکل بھاگنا۔

**پاؤں اڑانا** (ہ) فعل ❶ دشمن کا وار خالی جانا ❷ پاؤں بچانا (بصورت متعدی) ❸ حریف کا پاؤں کاٹنا ❹ پاؤں تراشنا۔

**پاؤں اڑانا** (ہ) فعل ❶ دخل دینا ❷ دخل در معقولات ہونا ❸ استقلال دکھانا ❹ ہمت بہادری سے مستحکم رہنا ❺ استقلال نہ چھوڑنا۔

**پاؤں اکھاڑنا** (ہ) فعل ❶ شکست دینا ❷ بھگا دینا ❸ سامنے سے ہٹا دینا ❹ پسپا کر دینا ❺ ارادہ توڑنا۔

**پاؤں اکھڑ جانا** (ہ) فعل ❶ پاؤں نہ جمنا ❷ ثبات نہ رہنا ❸ شکست پانا ❹ بھاگ نکلنا ❺ فرار ہوجانا ❻ سامنے نہ ٹھہرنا۔

**پاؤں باہر نکالنا** (ہ) فعل ❶ اپنی حد سے باہر ہوجانا ❷ بڑھ کر چلنا ❸ اترانا ❹ گھمنڈ کرنا ❺ مرتبے سے زیادہ بات کرنا ❻ گھر سے باہر جانا ❼ بے شرم اور بدلحاظ ہوجانا ❽ بے غیرت ہوجانا۔

**پاؤں باہر نکلنا** (ہ) فعل ❶ بدچلنی ظاہر ہونا ❷ آوارہ ہونا ❸ بداطواری ظاہر ہونا۔

**پاؤں بڑھانا** (ہ) فعل ❶ جلدی چلنا ❷ آگے چلنا ❸ آگے جانا ❹ حد سے بڑھنا ❺ قبضہ کرنا۔

**پاؤں بھاری ہونا** (ہ) فعل ❶ حمل ہونا ❷ پیٹ ہونا ❸ گربھ

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

ہونا۔

**پاؤں پاؤں چلنا** (ہ) فعل ❶ قدم قدم چلنا ❷ پا پیادہ چلنا ❸ بچے کا پیروں پر چلنا۔

**پاؤں پر سر رکھنا** (ہ) فعل ❶ نہایت عاجزی کرنا ❷ پاؤں پڑنا ❸ کچھ منانے کو نہایت خوشامد کرنا ❹ منت سماجت کرنا۔

**پاؤں پر گرنا/پڑنا** (ہ) فعل ❶ قدموں پر گرنا ❷ گڑگڑانا ❸ خوشامد کرنا ❹ فروتنی اور عاجزی کرنا ❺ سماجت کرنا ❻ تعظیم کرنا ❼ قدمبوسی کرنا ❽ قدم چومنا ❾ پناہ میں آنا۔

**پاؤں پسارنا** (ہ) فعل ❶ ٹانگیں پھیلانا ❷ چین سے سونا ❸ آرام سے رہنا ❹ انتقال کرنا۔

**پاؤں پکڑنا** (ہ) فعل ❶ قدم چھونا ❷ پاؤں کو ہاتھ لگانا ❸ قدموں پر گرنا ❹ پاؤں پڑنا ❺ تعظیم کرنا ❻ عزت کرنا ❼ نہایت خوشامد کرنا ❽ پناہ میں آنا ❾ تابع ہونا۔

**پاؤں پھسلنا** (ہ) فعل ❶ قدم کا لغزش کھانا ❷ پاؤں رپٹنا ❸ گناہ سرزد ہونا ❹ لالچ وحرص میں مبتلا ہونا۔

**پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا** (ہ) فعل ❶ کسی کام کو نہایت ہی احتیاط سے کرنا ❷ سنبھل سنبھل کر کوئی کام کرنا ❸ ڈرتے ڈرتے کرنا ❹ بچ بچ کر کرنا۔

**پاؤں پھیلانا** (ہ) فعل ❶ پاؤں پسارنا ❷ چین سے سونا ❸ مرنا ❹ انتقال کرنا ❺ ضد کرنا ❻ اسرار کرنا ❼ ہٹ کرنا۔

**پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا** (ہ) فعل ❶ نہایت تکلیف اٹھا کر مرنا ❷ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا ❸ سخت مصیبت بھگت کر جان دینا۔

**پاؤں پیٹنا** (ہ) فعل ❶ تکلیف کے باعث پاؤں دے دے مارنا ❷ نہایت تکلیف سے جان دینا ❸ جان کنی میں ہونا ❹ کوشش کرنا ❺ سعی کرنا ❻ جیسے پاؤں تو بہتیرے پیٹے پر ایک نہ چلی ❼ ذلیل وخوار ہونا۔

**پاؤں تلے چیونٹی** (ہ) مثل ❶ نہایت حقیر چیز ❷ ادنےٰ سے ادنےٰ ❸ بہت کمزور۔

**پاؤں تلے کی زمین سرک/نکل جانا** (ا) محاورہ ❶ بیان نہایت مصیبت کے وقت بولتے ہیں ❷ بھچکا ہونا ❸ سن ہو جانا ❹ ہوش اڑ جانا ❺ کانپ اٹھنا ❻ بہت ڈر جانا ❼ ہل جانا ❽ خوف زدہ ہونا۔

**پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا** (ہ) فعل ❶ وحشت ناک خبر سننے سے حیران رہ جانا ❷ سن ہو جانا ❸ بے ہوش ہونا ❹ بے اوسان ہونا ❺ خبر رہنا۔

**پاؤں تلے ملنا** (ہ) فعل ❶ پاؤں میں روندنا ❷ پامال کرنا ❸ پاؤں میں کچلنا ❹ نہایت تکلیف دینا ❺ تباہ کر دینا ❻ سخت نقصان پہنچانا۔

**پاؤں توڑ کر بیٹھنا** (ہ) فعل ❶ ہمت ہار کر بیٹھ رہنا ❷ نہایت کوشش اور سعی کے بعد مایوس ہو کر بیٹھنا ❸ محنت اور کوشش کرتے کرتے تھک کر خاموش ہو رہنا ❹ توکل اختیار کرنا۔

**پاؤں توڑنا** (ہ) فعل ❶ فضول آمد ورفت رکھنا ❷ یوں ہی ادھر ادھر پھرنا ❸ بیکار آنا جانا ❹ حیران پھرنا ❺ پریشان پھرنا ❻ کوشش کرنا ❼ بے حد پیروی کرنا ❽ تھکانا ❾ دوڑانا پھرانا۔

**پاؤں تھرتھرانا** (ہ) فعل ❶ پاؤں کانپنا ❷ کسی کام کے کرنے سے ڈر آنا۔

**پاؤں ٹکانا** (ہ) فعل ❶ قدم دھرنا ❷ پاؤں جمانا ❸ کسی جگہ ٹھیرنا ❹ قیام کرنا ❺ ایک جگہ جم کر رہنا۔

**پاؤں جمانا** (ہ) فعل ❶ پاؤں گاڑنا ❷ ثابت قدم رہنا ❸ اپنی جگہ پر ڈٹے رہنا ❹ استقلال اور مضبوطی سے قائم رہنا ❺ سہار لینا ❻ سہارا دیکھنا ❼ تعلق پیدا کرنا ❽ واسطہ ڈالنا۔

**پاؤں چلنا** (ہ) فعل ❶ پاپیادہ چلنا ❷ پیروں چلنا ❸ پیدل چلنا ❹ بچوں کا پہلے پہل چلنے کی کوشش کرنا۔

**پاؤں چھوٹنا** (ہ) فعل ❶ حیض جاری ہونا ❷ ماہوار خون آنا ❸ خون حیض کا بہت زیادہ آنا ❹ مقید نہ رہنا ❺ آزاد ہونا ❻ رہا ہونا ❼ بری ہونا۔

**پاؤں دھرنا** (ہ) فعل ❶ قدم رکھنا ❷ دینا ❸ آگے چلنا شروع کرنا ❹ اختیار کرنا۔

**پاؤں دھودھو کر پینا** (ہ) فعل ❶ نہایت تعظیم سے پیش آنا ❷ بہت عزت کرنا ❸ نہایت پیار ومحبت رکھنا ❹ نہایت عقیدت رکھنا ❺ بہت خلوص رکھنا ❻ ماننا ❼ خوشامد وچاپلوسی کرنا۔

**پاؤں ڈالنا** (ہ) فعل ❶ کسی کام کو شروع کرنا ❷ کسی بڑے کام کی ابتداء کرنا۔

**پاؤں ڈگمگانا** (ہ) فعل ❶ پاؤں پھسلنا ❷ پاؤں کا لغزش کھانا ❸

Join us on WhatsApp Naveed Baig 031407218

www.besturdubooks.net

پاؤں بہکنا④ گمراہ ہونا⑤ خطا ہونا⑥ گناہ سرزد ہونا۔

**پاؤں رگڑنا** (ہ) ① نزع کی حالت میں ہونا② کوشش کرنا③ پیروی کرنا④ بیہودہ پھرنا⑤ ذلیل وخوار پھرنا⑥ تکلیف اٹھانا۔

**پاؤں رہ جانا** (ہ) فعل① طاقت نہ رہنا② تھک جانا③ ہار جانا④ چور ہونا⑤ ٹانگیں شل ہوجانا⑥ ناقابل رفتار ہونا۔

**پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا** (ہ) فعل① پاؤں کانپنا② لرزہ ہونا③ ڈگمگانا④ بے چین وبے قرار ہونا⑤ عدیم الفرصت ہونا⑥ بہت مصروف ہونا⑦ مغرور ہونا⑧ گھمنڈ ہونا۔

**پاؤں سے لگی سر میں بجھی** (ا) محاورہ① نہایت غصہ آیا② بہت حسد ہوا③ بہت جھنجلایا④ تن بدن جل گیا⑤ سرتاپا جل گیا۔

**پاؤں کھینچنا** (ہ) فعل① چلنے پھرنے سے باز رہنا② کوچہ گردی کو ترک کردینا④ آوارہ گردی سے ہاتھ اٹھانا۔

**پاؤں کی بیڑی** (ہ) اسم مونث① زنجیر② سلسلہ پا③ قید④ پابندی⑤ روک⑥ بیوی⑦ جورو⑧ زوجہ⑨ استری۔

**پاؤں کی جوتی سر کو لگنا** (ہ) فعل① کمینے آدمی کا مقابلہ پر آنا② ادنٰے ہوکر برابری کا خیال کرنا③ رذیل ہوکر معزز کی برابری کرنا④ ذلیل کو شریف کے برابر کا عہدہ ملنا⑤ کمینہ شخص کا سر چڑھنا۔

**پاؤں گاڑنا** (ہ) فعل① اِستقلال دکھانا② جم کر کام کرنا③ ڈٹ جانا④ پاؤں جمالینا⑤ لڑائی میں جم کر مقابلہ کرنا۔

**پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں** (ا۔ محاورہ)① کمزوری اور لاغری یا مہلک بیماری کے باعث مرنے کو بیٹھے ہیں② مرنے کو تیار ہیں③ مرنے کو مستعد ہیں④ گور میں پاؤں زیادہ بولتے ہیں۔

**پاؤں گھسنا** (ہ) فعل① زیادہ دوڑ دھوپ سے تھک جانا② پاؤں کا فرسودہ ہونا③ کسی کے ہاں بار بار آنا جانا۔

**پاؤں لڑکھڑانا** (ہ) فعل① پاؤں پھسلنا② کانپنا③ پاؤں لرزنا۔

**پاؤں میں بیڑی پڑنا** (ہ) فعل① منگنی ہونا② مزاحمت ہونا③ پاؤں میں زنجیر ڈالی جانا④ بال بچوں میں پھنس جانا⑤ شادی ہونا⑥ قید ہونا۔

**پاؤں میں سر دینا** (ہ) فعل① قدموں پر سر رکھنا② نہایت عاجزی کرنا③ کسی کام کے قبول کرانے کو خوشامد کرنا④ پاؤں پڑنا۔

**پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے** (ا۔ محاورہ)① کون سی مجبوری ہے② نہ جانے یا نہ آنے کا کیا سبب ہے۔

**پاؤں میں مہندی لگنا** (ہ) فعل① انکار یا بہانہ ہونا② نہ آنے کا بہانہ بنالینا③ عذر لنگ ہونا④ بیجا بہانہ ہونا۔

**پاؤں نکالنا** (ہ) فعل① حد سے باہر قدم دھرنا② بڑھ کر چلنا③ باغی وسرکش ہونا۔

**پاؤں نہ دھلوانا** (ہ)① خاطر میں نہ لانا② کسی کو حقیر سمجھنا کہ اس سے پاؤں دھونے کی خدمت کو بھی عار سمجھنا③ نہایت حقیر وکمینہ سمجھنا۔

**پاؤنڈ** (ای) مذکر① انگلستان کا سکہ② انگریزی وزن جو آدھے سیر سے کم ہوتا ہے۔

**پائی** (ہ) اسم مونث① آنے کا بارھواں حصہ② پیسے کا تیسرا حصہ۔

**پائے** (ف) اسم مذکر① پاؤں② پا③ قدم④ پیر⑤ پگ⑥ پاگ⑦

**پائے تخت** (ف) اسم مذکر① دارالخلافہ② صدر مقام③ راجدھانی④ بادشاہ یا گورنر کے رہنے کا مقام۔

**پائے ثبات** (ف) مذکر① ثابت قدمی② استقلال۔

**پائیدار** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی① مضبوط② مستحکم③ پکا④ پختہ⑤ دیر تک رہنے والا دیرپا۔

**پائیداری** (ف) اسم مونث① مضبوطی② استحکام③ پختگی④ دیرپائی۔

**پائل** (ہ) اسم مونث① ایک قسم کا پاؤں میں پہننے کا زیور② تیز رفتار ہتھنی③ پاؤں کے بل پیدا شدہ بچہ۔

**پائیں باغ** (ف) مذکر① قلعہ کے نیچے کا باغ② مکان کے پیچھے کا باغ۔

**پائینچہ** (ا) اسم مذکر۔ آزار کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03146077218

پایاب (ف) صفت ① کم گہرا ② اتار و پانی ③ گھاٹ۔

پایاں (ف) مذکر ① آخر ② انجام ③ کنارہ۔

پایہ (ف) اسم مذکر ① پاؤں ② پاکھا ③ زینہ سیڑھی ④ قدمچہ ⑤ تھم ⑥ کھمبا ⑦ ستون ⑧ درجہ ⑨ منصب۔

## ب ← پ

پبلسیٹی (ای) مونث ① نشرو اشاعت ② اشتہار و اعلان ③ پروپیگنڈا۔

پبلشر (ای) مذکر۔ کتاب یا اخبار کا شائع کرنے والا۔

پبلک (ای۔ا) مونث ① عام آدمی ② عامۃ الناس ③ عام آبادی ④ تمام مخلوق ⑤ جملہ ⑥ سب۔

پبلک انسٹرکشن (ای) مذکر ① تعلیم عامہ ② محکمہ تعلیم۔

پبلک پراسیکیوٹر (ای) مذکر ① کسی مقدمہ کا سرکاری وکیل ② حکومت کی طرف سے کسی مقدمہ کا پیروکار وکیل۔

پبلک ورکس (ای) مذکر۔ محکمہ تعمیرات عامہ۔

پپئی (ہ) اسم مونث ① ایک خوش آواز پرندہ ہے جو مینا کی قسم کا ہے۔

## پ ← پ

پپیرمنٹ (ای) مونث ① سرکاری ملازمت ② عام لوگوں کی خدمت۔

پپیر (ہ) مذکر ① دیوار کی کہگل (پلاسٹر) کا وہ حصہ جو پھول کر کلگ و جاتا ہے ② وہ کھرنڈ جو بڑے زخم پر چپکا ہوا ہو ③ پاپڑا۔

پپڑا (ہ) مذکر ① پاپڑ ② ایک پودا ③ چھلکا ④ چھال ⑤ بڑی پپڑی۔

پپڑا جانا (ہ) فعل ① پپڑی بندھ جانا ② اوپر سے سوکھ جانا ③ بالائی حصے کا خشک ہو جانا۔

پپڑی (ہ) اسم مونث ① خشک پرت ② سوکھ پوست ③ کھرنڈ ④ اوپر کا خشک پوست۔

پپڑی آنا (ہ) فعل ① پرت جمنا ② تہ جمنا ③ پرت آنا ④ اوپر کا حصہ ⑤ پتلا سا پرت خشک ہو جانا۔

پپلی (ہ) مونث ① لمبی مرچ ② پتے جھڑنے کا موسم ③ خزاں ④ خریف۔

پپوٹا (ہ) اسم مذکر ① آنکھ کا غلاف ② آنکھ کی چھت ③ پشت چشم۔

پپوٹن (ہ) اسم مونث ① ایک پودے کا نام ہے جس کے پتے دوا میں برتے جاتے ہیں۔

پپولنا (ہ) فعل ① دانتوں کے بغیر کسی چیز کو منہ میں ڈال کر چوسنا ② دانتوں بغیر نچوڑنا۔

پپیا (ہ) اسم مذکر ① آم کی اگی ہوئی گٹھلی ② سیٹی بجانے کا کھلونا ③ ایک درخت کا پھل ④ نہایت تیز آواز والا ⑤ انجن وغیرہ کی سیٹی۔

پپیانا (ہ) فعل ① پیپ پڑ جانا ② زخم سے پیپ نکلنا ③ پیپ پڑ جانا۔

پپیہا (ہ) ایک خوش آواز پرندے کا نام ہے جو پی کی یاد دلانے والا اور غم جدائی تازہ کرنے والا خیال کیا جاتا ہے۔

## ت ← پ

پت (ہ) اسم مونث ① عزت ② آبرو ③ ساکھ ④ اعتبار ⑤ پتی ⑥ خاوند ⑦ مالک ⑧ دھنی ⑨ سوامی۔

پت جھڑ (ہ۔ا) مذکر ① پتے جھڑنے کا موسم ② خزاں ③ خریف۔

پت جانا (ہ) فعل ① ساکھ بگڑنا ② اعتبار جانا ③ عزت برباد ہونا۔

پت رکھنا (ہ) فعل ① آبرو رکھنا ② عزت رکھنا ③ ساکھ رکھنا ④ اعتبار رکھنا۔

پت گنوانا (ہ) فعل ① آبرو کھونا ② عزت کی بربادی کرنا ③ اعتبار اور ساکھ کھونا۔

پِت (ہ) اسم مذکر ① صفرا ② تلخہ ③ گرمی ④ چاروں غلطوں سے ایک غلط کا نام ہے جس کا رنگ زرد۔ مقام پتا اور خاصیت گرم خشک ہے۔

پتا (ہ) اسم مذکر ① والد ② باپ ③ پدر ④ پتر ⑤ ابا۔

پتا (ہ) اسم مذکر ① برگ ② پات ③ پتر ④ ورق ⑤ تاش کا پتا ⑥ کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے ⑦ دھوکا ⑧ فریب۔

پتا مارنا (ہ) فعل ① دھوکا دینا ② فریب دینا ③ داؤں کھیلنا ④ چال

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

چلنا۔

**پتا نہ ہلنا** (ہ) فعل ① جنبش برگ نہ ہونا ② حبس ہونا ③ ہوا نہ چلنا۔

**پتا ہونا** (ہ) فعل ① دوڑ جانا ② ہوا ہو جانا ③ رفو چکر ہو جانا۔

**پتا** (ہ) اسم مذکر ① سراغ ② نشان ③ اثر کھوج ④ علامت ⑤ مقام ⑥ جگہ ⑦ حیلہ ⑧ اشارہ ⑨ کنایہ۔

**پتا لگنا** (ہ) فعل ① کھوج لگنا ② گم شدہ چیز کا نشان معلوم ہونا ③ سراغ لگنا۔

**پتا** (ہ) اسم مذکر ① اندرونی اعضا میں سے ایک عضو ہے ② جہاں صفرا کا مقام ہے مرارہ ③ زہرہ ④ صفرا کی تھیلی ⑤ تاب ⑥ طاقت حوصلہ ⑦ جرات ⑧ ہمت ⑨ جگرا۔

**پتا مارنا** (ہ) فعل ① برداشت کرنا ② غصہ کو دبا لینا ③ ضبط کرنا ④ دل مارنا ⑤ ہمت کرنا ⑥ حوصلے سے کام لینا ⑦ دل لگانا ⑧ محنت کرنا۔

**پتر** (ہ) اسم مذکر ① بیٹا ② پوت ③ لڑکا ④ فرزند ⑤ پسر۔

**پتر** (ہ) اسم مذکر ① پات ② پتا ③ برگ ④ ورق ⑤ پان ⑥ خط ⑦ چٹھی ⑧ پرچہ ⑨ کاغذ کا ورق۔

**پتر** (ہ) اسم مذکر ① مربی ② پرکھا ③ فوت شدہ بزرگ ④ مردے ⑤ دیوتا۔

**پترا** (س) اسم مذکر ① ورق ② صفحہ ③ جنتری ④ تقویم دھات کا ٹکڑا۔

**پتری** (ہ) اسم مونث ① لڑکی ② دختر ③ بیٹی۔

**پتری** (ہ) اسم مونث ① کاغذ کی پرچی ② خط ③ چٹھی ④ مکتوب ⑤ جنم کنڈلی ⑥ زائچہ ⑦ طالع ⑧ مولود۔

**پتلا** (ہ) اسم صفت ① رقیق ② مائع ③ سیال ④ عرق بہنے والی چیز ⑤ باریک ⑥ چھینا ⑦ مہین ⑧ تنگ۔

**پتلا حال کرنا** (ہ) فعل ① برا حال کرنا ② تنگ کرنا ③ مٹی پلید کرنا ④ عاجز کرنا ⑤ غیر حال کرنا ⑥ مارتے مارتے قریب المرگ کرنا۔

**پتلا حال ہونا** (ہ) فعل ① تنگ ہونا ② عاجز ہونا ③ غریب ہونا ④ محتاج ہونا ⑤ خراب اور تباہ حال ہونا ⑥ ناتواں ہونا ⑦ لاغر ہونا ⑧ مفلس وقلاش ہونا۔

**پُتلا** (ہ) اسم مذکر ① مورت ② بت ③ گڈا ④ تمثال ⑤ پیکر ⑥ آٹے مٹی وغیرہ کی مورت ⑦ مجسمہ ⑧ ڈھانچہ۔

**پتلون** (ای) مونث۔ انگریزی وضع کا پاجامہ جس میں میانی نہیں ہوتی اور کمر بند کی جگہ پٹی باندھی جاتی ہے۔

**پتلون ڈھیلی ہونا** (ا۔محاورہ) ① پریشان ہونا ② ٹرّی تمام ہونا ③ گھبرانا۔

**پتلی** (ہ) اسم مونث ① پتلا کی تانیث ② گڑیا ③ مورت ④ آنکھ کی ڈھیری ⑤ آنکھ کا تل ⑥ آنکھ کی سیاہی۔

**پتلیاں پھر جانا** (ہ) فعل ① آنکھ کی پتلیوں کا چڑھ جانا ② حالت غیر ہونا ③ مرنے کے قریب ہونا ④ موت کی نشانیاں ظاہر ہونا۔

**پتلیاں نچانا** (ہ) فعل ① پتلیوں کا تماشا دکھانا ② لعبت بازی کرنا ③ آنکھوں کے اشارے کرنا ④ آنکھیں مٹکانا۔

**پتنا** (ہ) فعل ① پوتا پھرنا ② کوچی ہونا ③ پچارا پھرنا ④ پوچا پھرنا ⑤ قلعی ہونا ⑥ رنگا جانا (بحالت) اسم مذکر ⑦ پوتا۔

**پتنگ** (ہ) اسم مذکر ① پروانہ ② ایک پردار کیڑا جو چراغ پر عاشق ہوتا ہے ③ گڈی ④ کنکوا۔

**پتنگ بازی** (ا) اسم مونث ① پتنگ کا کھیل ② کنکوے بازی۔

**پتنگا** (ہ) اسم مذکر ① پروانہ ② ٹڈا ③ پروار کیڑا ④ چنگاری ⑤ آگ کا شرارہ ⑥ آتش کا پرکالہ ⑧ چراغ کا پھول۔

**پتنگے لگنا** (ہ) فعل ① آگ لگنا ② مرچیں لگنا ③ حسد کرنا ④ رشک کرنا ⑤ غصے ہونا ⑥ آگ بگولا ہونا ⑦ سخت اظہار ناراضی کے موقع پر بولتے ہیں۔

**پتوار/ پتوال** (ہ) اسم مذکر ① کشتی کا دنبالہ ② کشتی کے موڑنے اور پھیرنے کی کل ③ اڑواڑ ④ تھم ⑤ کھمب۔

**پتواس** (ہ) اسم مونث ① اڈا ② پرندے کے بیٹھنے کی جگہ ③ چکتس۔

**پتھر** (ہ) اسم مذکر ① سنگ ② حجر ③ ہیرا ④ سل اولا ⑤ ژالہ ⑥ سنگدل ⑦ بے رحم ⑧ ثقیل ⑨ ساکت۔

**پتھر برسنا** (ہ) فعل ① اولے برسنا ② پتھر برسنا۔

**پتھر بن جانا** (ہ) فعل ① کٹھور ہو جانا ② سنگدل ہو جانا ③ ظالم و جابر بن جانا ④ رحم نہ کرنا ⑤ پرواہ نہ کرنا ⑥ سخت اور کڑا ہو جانا ⑦ بہرا ہو جانا ⑧ بت ہو جانا ⑨ خاموشی اختیار کر لینا۔

**پتھر پانی ہو جانا** (ہ) فعل ① نہایت سنگدل آدمی کو رحم آ جانا ② سختی نہ رہنا ③ ظالم کو ترس آ جانا ④ بخیل کا فیاض ہو جانا ⑤ رحم کرنا ⑥ سنگدل کا نرم ہو جانا۔

**پتھر پڑنا** (ہ) فعل ① سنگساری ہونا ② پتھر برسنا ③ تباہی آنا ④ خدا کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

غضب نازل ہونا⑤ آفت پڑنا⑥ ژالہ باری ہونا⑦ اولے برسنا⑧ قحط اور کال ہونا⑨ درحقیقت کچھ نہ ہونا۔

**پتھر پڑیں** (ہ) دعائے بد① خدا کا غضب آئے② قہر نازل ہو③ غارت ہو④ مٹ جائے⑤ اجڑ جائے⑥ برباد ہو جائے۔

**پتھر پسیجنا** (ہ) فعل① پتھر میں نمی آنا② ملائم ہونا③ پگلنا④ نرم ہونا⑤ سخت دل کا نرمی اختیار کرنا⑥ بخیل سے فیض ہو جانا۔

**پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا** (ہ)① کسی مصیبت یا وقت سے نجات حاصل کرنا② زبردست کی قید سے نکلنا③ کسی اہم کام سے خلاصی پانا۔

**پتھر تلے کا ہاتھ** (ہ) تابع فعل① مجبوری② بے بسی③ لاچاری④ بے اختیار اور لاچاری کی حالت۔

**پتھر چٹا** (ہ) اسم مذکر① ایک قسم کا سانپ جو مٹی کے بجائے پتھر چاٹتا ہے② ایک قسم کی مچھلی③ ایک قسم کی گھاس بھی ہوتی ہے④ کنجوس⑤ مسک⑥ سان گر۔

**پتھر چٹانا** (ہ) فعل① سان پر تیز کرنا② دھار لگانا③ پتھری یا سان پر اوزار کی دھار کو تیز کرنا۔

**پتھر چھاتی پر دھرنا** (ہ) فعل① صبر کرنا② کسی سخت صدمے کو برداشت کرنا③ غم و رنج کی حالت میں دل پر جبر کر کے خاموش ہو رہنا④ مصیبت میں مستقل رہنا⑤ استقلال رکھنا۔

**پتھر ڈھونا** (ہ) فعل① نہایت سخت محنت کرنا② مشکل کام کرنا③ بے فائدہ اور بے سود کام کرنا④ فضول کام کرنا⑤ ناحق محنت اٹھانا⑥ مفت میں وقت ضائع کرنا۔

**پتھر سا پھینک مارنا** (ہ) فعل① نہایت سخت اور اکھڑ جواب دینا② بے تامل بول اٹھنا③ جو منہ میں آنا کہہ بیٹھنا۔

**پتھر سے سر پھوڑنا** (ہ) فعل① سر پٹکنا② بیوقوف کو سمجھانا③ کوڑ مغز کو پڑھانا④ بے فیض کی خدمت میں وقت ضائع کرنا⑤ بہرے آدمی سے گفتگو کرنا⑥ بے فائدہ اور بے سود کوشش کرنا⑦ بیوفا سے دوستی کرنا۔

**پتھر کا دل/کلیجہ** (ا)① سخت دل② بیرحم دل③ پکا دل۔

**پتھر کا جگر پانی ہونا** (ا۔محاورہ)① ظالم کو ترس آنا② بخیل کا فیاضی پر مائل ہونا۔

**پتھر کی لکیر** (ا) اسم صفت① پکا② مضبوط③ نقش نگین④ انمٹ⑤ پائدار⑥ مستحکم۔

**پتھر مارنا** (ہ) فعل① سنگسار کرنا② سنگ زنی کرنا③ پتھر لگانا④ ملائم باتیں کرنا⑤ سخت کلامی سے پیش آنا۔

**پتھر مارے موت نہیں** (ہ) مثل۔ نہایت سخت جان ہے پرلے درجے کا بے حیا ہے اِسے کسی طرح موت نہیں آتی۔

**پتھر ہونا** (ہ) فعل① سخت ہونا② بھاری ہونا③ اچل ہونا④ بت ہونا⑤ بہرا گونگا ہونا⑥ چپ اور خاموش ہونا⑦ کٹھور⑧ سنگدل ہونا⑨ اندھا ہونا۔

**پتھراؤ** (ہ) اسم مذکر۔ حاصل بالمصدر① سنگباری② پتھر برسانا۔

**پتھراؤ کرنا** (ہ) فعل① پتھر برسانا② سنگ زنی کرنا③ پتھر مارنا④

**پتھروٹا** (ہ) اسم مذکر① پتھر کی کونڈی② سل بٹا③ نندولا۔

**پتھری** (ہ) اسم مونث① سنگ دان جو پرندوں کے پوٹے کے ایک طرف ہوتا ہے جہاں دانہ کے ساتھ کنکر، پتھر وغیرہ سب ہضم ہو جاتے ہیں② پتھر کا ٹکڑا③ سنگریزہ سنگ مثانہ یعنی وہ پتھریلا مادہ جو مثانہ میں جم جاتا ہے اور پیشاب کرتے وقت تکلیف دیتا ہے④ چقماق یعنی آگ جلانے کا پتھر استرہ وغیرہ تیز کرنے کا پتھر کا ٹکڑا۔

**پتھریلا** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی① پتھر ملا ہوا② پتھر کا سنگ آمیز۔

**پتی** (ہ) اسم مونث① پتے کی تصغیر ہے② چھوٹا سا پتا③ کونپل④ سبزی⑤ بھنگ⑥ بجیا⑦ حصہ⑧ چندہ⑨ شراکت۔

**پتی دار** (ہ) اسم مذکر① بہ ترکیب فاعلی② حصہ دار③ ساجھی④ بہرہ ور⑤ شریک۔

**پتی** (ہ) اسم مونث① صفرا کا بگاڑ② پت کی خرابی③ فسادِ خون وصفرا۔

**پتی اُچھلنا** (ہ) فعل① تمام بدن پر دوڑے پڑ کر خارش شروع ہو جانا② پتی کا مرض لاحق ہو جانا۔

**پتی** (ہ) اسم مذکر① خاوند② شوہر③ خصم④ مالک آقا⑤ میاں⑥ سوامی⑦ بھرتا۔

**پتیل** (ہ) اسم صفت① پتلا② باریک③ جھرجھرا④ چھدرا⑤ جھینا⑥ بنا ہوا⑦ جھونا۔

**پتیلا** (ا) اسم مذکر① بڑے منہ کا دیگچہ② تانبے، پیتل کا بڑے کھلے منہ والا دیگچہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

پتیلی (ا) اسم مونث ① دیگچی ② تانبے پیتل یا دھات کی کھلے منہ کی دیگچی ③ عام دیگچی

## پ ← ٹ

پٹ (ہ) اسم مذکر ① تختہ ② کواڑ ③ الٹا ④ برگشتہ ⑤ اوندھا ⑥ گھونگٹ ⑦ نقاب ⑧ آڑ ⑨ جیسے پٹ مارنا بمعنی گھونگٹ کرنا۔

پٹ بھیڑنا (ہ) فعل ① کواڑ بند کرنا ② دروازہ معمور کرنا۔

پَٹ (ہ۔ا) مذکر ① پاٹ کا مخفف ② تخت ③ سلطنت۔

پٹ کھولنا (ہ) فعل ① کواڑ کھولنا ② نقاب اٹھانا ③ گھونگٹ کھولنا۔

پٹ رانی (ہ) اسم مونث ① مہارانی ② ملکہ ③ بڑی ④ رانی ⑤ پہلی رانی۔

پٹا (ہ۔ا) مذکر ① سپہگری کے ایک فن کا نام ② گدکے کا کھیل۔

پٹاباز/ پٹے باز (ا) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ① پٹا کھیلنے والا ② لکڑی باز ③ نٹ ④ کھلونا جو ہلانے سے پٹا کھلتا ہے اور چت نہیں گرتا۔

پٹا (ہ) اسم مذکر ① چوپایوں یا پالتو جانوروں کے گلے میں ڈالنے کا پٹکا ② طوق ③ گلو بند ④ ٹھیکہ نامہ ⑤ اجارہ نامہ ⑥ سر کے لمبے بال ⑦ پٹے ⑧ کامدار جوتی کا پنا۔

پٹا اُتارنا (ہ) فعل ① چپراس چھین لینا ② سپاہی یا چپراسی کو موقوف کرنا ③ پیٹی لے لینا۔

پٹا تڑانا (ہ) فعل ① رسی تڑانا ② قلاوہ توڑ کر کسی جانور کا نکل جانا ③ خلاصی پانا ④ آزادی چاہنا ⑤ آزاد ہو جانا ⑥ زنجیر تڑانا ⑦ مغرور ہونا ⑧ فرار ہونے کا ارادہ رکھنا۔

پٹاپٹی کا پردہ (ہ) اسم مذکر ① وہ پردہ جس پر کار چوبی کا کام بنا ہوا ہو ② نہایت خوش رنگ اور رنگارنگ کے پھول بوٹے والا پردہ۔

پٹاپٹی کی گوٹ (ہ) اسم مونث ① رنگ برنگ کی گوٹ ② طرح طرح کے پھول ملا کر تیار کیا ہوا حاشیہ ③ قسم قسم کی کشیدہ کاری سے بنایا ہوا کنارہ۔

پٹاخ (ا۔ا) مونث ① تراق ② پٹاخے ③ بندوق یا تھپڑ کی آواز۔

پٹاخا (ہ) اسم مذکر ① پڑاکا ② آتشبازی کی ایک قسم ہے ③ بندوق کی ٹوپی (بصورت صفت) ① چنچل ② چالاک ③ طرار فرار ④ خوب بولنے والی ⑤ خوش آواز ⑥ رسیلی آواز ⑦ دلی معشوق ⑧ خوبصورت ⑨ نہایت شوخ وشنگ۔

پٹاخ سے بولنا (ہ) فعل ① نہایت جلدی سے بولنا ② پٹ سے بولنا ③ طراری سے بولنا۔

پٹارا (ہ) اسم مذکر ① چمڑے سے منڈھا ہوا یا سادہ بانس کا ڈھکنے دار ٹوکرا ② صندوق بانس کا صندوقچہ۔

پٹاری (ہ) اسم مونث ① بانس یا بید کی ڈھکنے دار ٹوکری ② پائیدان ③ تانبے پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پان اور اس کے لوازمات رکھتے ہیں ④ انگور کی ڈبیا۔

پٹاش/ پوٹاش (ای) مذکر۔ ایک آتش گیر مادہ کا نام ہے جس سے پٹاخے بنایا کرتے ہیں۔

پٹاک (ہ۔ا) مونث ① پٹاق ② بندوق کی آواز ③ کسی چیز کے گرنے کی آواز ④ پٹاقے کی آواز۔

پٹاک (ہ) اسم مذکر صوت۔ پٹ پھل وغیرہ کے اونچے سے گرنے یا درخت سے گرنے کی آواز۔

پٹاکا ((ہ۔ا) مذکر ① پٹاخا ② پڑاقا ③ ایک آتش بازی جس کے چھوٹنے پر بندوق سی آواز نکلتی ہے۔

پٹانا (ہ) فعل ① وصول کرانا ② سودا کرنا ③ آبپاشی کرنا ④ پانی لگانا ⑤ مکان کی چھت ڈلوانا ⑥ آباد کرنا ⑦ بھرنا ⑧ پر کرنا۔

پٹاؤ (ہ) اسم مذکر ① پوشش ② کڑی ③ تختہ ④ آبپاشی ⑤ لین دین، معاملہ۔

پٹ پٹ بولنا (ہ) فعل ① تڑتڑ بولنا ② جلدی سے جواب دینا ③ تڑاق پڑاق جواب دینا۔

پٹخنا دینا (ہ) اسم مذکر ① گدکا بھدکنا دینا ② زمین پر دے مارنا ③ گدکا دینا یا اٹھا پھینکنا۔

پٹخنا (ہ) فعل ① پچھاڑنا ② زمین پر دے مارنا ③ بھدکنا دینا ④ ورم کا کم ہو جانا ⑤ سوجن گھٹ جانا ⑥ پھوڑے وغیرہ کا پچکنا ⑦ بیٹھ جانا ⑧ دب جانا۔

پٹخنیاں کھانا (ا) فعل ① پچھاڑیں کھانا ② گر گر پڑنا ③ لوٹنیاں کھانا ④ لوٹنا ⑤ تڑپنا۔

پٹڑا (ہ) اسم مذکر ① تختہ ② چھوٹی سی چوکی ③ کپڑا دھونے کا تختہ ④ سہاگہ ⑤ ٹپیلا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140772187

www.besturdubooks.net

پٹڑا پھیرنا (ہ) فعل ❶ سہاگہ پھیرنا ❷ زمین ہموار کرنا ❸ صفایا کرنا ❹ لوٹ لینا ❺ لٹا دینا ❻ دولت اڑا دینا ❼ اٹھا ڈالنا ❽ تباہ کر دینا۔

پٹرول (ای) مذکر ❶ وہ معدنی تیل جو موٹریں چلانے کے کام آتا ہے ❷ انجن کا تیل۔

پٹڑی (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی سی بیٹھنے کی چوکی جس پر بیٹھ کر عموماً عورتیں روٹی وغیرہ پکاتی ہیں ❷ پٹی ❸ لوح ❹ روش ❺ چمن ❻ باغ کی روش ❼ نہر کا کنارہ ❽ حاشیہ کپڑے کا کنارہ۔

پٹس (ہ) اسم مونث ❶ پٹن ❷ کہرام ❸ ماتم۔

پٹکا (ہ) اسم مذکر ❶ پٹی ❷ کمر بند ❸ کمر سے باندھنے کا دوپٹہ یا رومال ❹ مٹی کی دیوار میں چونے یا پتھر کی چٹائی میں اینٹوں کی پٹی۔

پٹکنا (ہ) ❶ پٹخنا ❷ دے مارنا ❸ پچھاڑ دینا ❹ گرا دینا۔

پٹم (ہ) اسم صفت ❶ اندھا ❷ چوٹ ❸ نابینا ❹ بند ❺ مندا ہوا۔

پٹم ہونا (ہ) فعل ❶ چوپٹ ہونا ❷ اندھا ہونا۔

پٹن (ہ) اسم مذکر ❶ گھاٹ ❷ دریا کو عبور کرنے کی جگہ ❸ آبادی ❹ بستی۔

پٹن (ہ) اسم مونث ❶ ماتم ❷ کہرام ❸ رونا ❹ پیٹنا۔

پٹنا (ہ) فعل ❶ مار کھانا ❷ ماتم ❸ کہرام ❹ ناگوار کام ❺ وہ کام جو پسند خاطر نہ ہو۔

پٹنا (ہ) فعل ❶ پوشش ہونا ❷ وصول ہونا ❸ آبپاشی ہونا ❹ قیمت چکنا ❺ دام طے ہونا ❻ بھرنا ❼ اٹنا ❽ کثرت اور افراط کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔

پٹو (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا اونی کپڑا ❷ برساتی ❸ کمبل اور لوئی وغیرہ کی طرح کا موٹی اون سے بنا ہوا کپڑا۔

پٹو (ہ) اسم صفت ❶ مار کھانے والا ❷ پٹ جانے والا ❸ شکست کھانے والا ❹ ہار جانے والا۔

پٹوا (ہ) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ❶ پٹ کا کام کرنے والا ❷ ریشم کا کام کرنے والا۔

پٹواری (ہ) اسم مذکر ❶ گاؤں کی زمین کی پیمائش کرنے والا ❷ محاسب ❸ گاؤں کا حساب رکھنے والا ❹ سرکاری لگان اور معاملہ مقرر کرنے اور لگانے والا۔

پٹوانا (ہ) فعل ❶ پٹنا کا متعدی ❷ جوتے لگوانا ❸ ضرب لگوانا ❹ دلوانا ❺ چھکوانا ❻ ستانا ❼ دق کرنا ❽ تنگ کرنا۔

پٹھ (ہ) اسم مونث ❶ ملاوٹ ❷ آمیزش، چاشنی ❸ خوشبو وغیرہ ❹ کسی چیز کا ملاؤ ❺ بکرے کی پیٹھ کا گوشت جو دم سے اوپر کو ہوتا ہے۔

پٹھ (ہ) اسم مونث۔ جوان بکری جو ابھی بیائی نہ ہو۔

پٹھا (ہ) اسم مذکر ❶ نوجوان ❷ نوعمر ❸ نوخیز ❹ پاٹھا جانوروں یا انسانوں کا نوجوان بچہ ❺ عصب ❻ لمبا چوڑا اور موٹا پتا ❼ پہلوان کا شاگرد۔

پٹھان (ہ) اسم مذکر ❶ افغان ❷ مسلمانوں کی چار ذاتوں میں سے چوتھی ذات ❸ کابلی لوگ ❹ سپاہی ❺ جنگی نوکر (صفت میں) خونخوار ❻ جلاد ❼ سفاک ❽ لڑاکا۔

پٹھو (ہ) اسم مذکر ❶ مددگار ❷ سہارا دینے والا ❸ پشت و پناہ ❹ معاون ❺ ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا ❻ دم چھلا۔

پٹھوال (ہ) اسم مذکر ❶ نقب زنوں اور چوروں کی اصطلاح وہ بہادر اور مضبوط آدمی جو نقب زنوں کے پیچھے انکی مدد کے لیے نقب کے منہ پر کھڑا رہتا ہے ❷ مددگار ❸ معاون ❹ رفیق ❺ ساتھی۔

پٹھور (ہ) اسم مونث و مذکر ❶ چوزہ ❷ بکری کا بچہ جو ابھی جوان ہوا ہو ❸ خوبصورت۔

پٹھوری (ہ) اسم مونث ❶ نوجوان بکری ❷ مجازاً خوبصورت عورت ❸ نوجوان عورت۔

پٹھے (ہ) اسم مذکر ❶ پٹھا کی جمع ❷ سر کے دونوں طرف کے بال ❸ نو عمر ❹ نوجوان لڑکے۔

پٹھی (ہ) اسم مونث ❶ دھلی ہوئی اور سل بٹے پر پسی ہوئی دال ❷ پیٹھی (پنجابی)۔

پٹی پڑھانا (ہ) فعل ❶ سبق دینا ❷ سکھانا ❸ بہکانا ❺ ورغلانا ❻ اپنے مطلب کی باتیں سکھانا ❼ فریب کی باتیں کرنا۔

پٹی دار (ا) اسم مذکر ❶ شریک ❷ ساجھی دار ❸ گاؤں کا حصہ دار۔

پٹی داری (ہ) اسم مونث ❶ موروثی قبضہ ❷ حصہ داری ❸ گاؤں کے حصے کی ملکیت۔

پٹی دینا (ہ) فعل ❶ ترغیب دینا ❷ بہکانا ❸ گھوڑے کو لمبا دوڑانا۔

پٹی دار (ہ) تابع فعل ❶ حصہ دار ❷ حصہ کے موافق۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پٹیاں جمانا** (ہ) فعل ① بالوں کو ماتھے پر ادھر ادھر تیل اور پانی وغیرہ سے جمانا ② پتھر کی سلوں کو فرش، چھت یا دیوار میں قطار در قطار لگانا۔

**پٹیل** (ہ) اسم مذکر ① گاؤں کا سردار ② مقدم ③ چودھری ④ نمبردار۔

**پٹیلا** (ہ) اسم مذکر ① دریا کے کنارے ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے جس سے چٹائیاں بناتے ہیں ② سہاگہ جو کھیت میں زمین ہموار کرنے کے لئے پھیرا جاتا ہے ③ زمین ہموار کرنے تختہ ④ سل ⑤ چٹان ⑥ بیڑا ⑦ لکڑیوں اور بانسوں کو باندھ کر سطح آب پر ایک چبوترہ سا بنا لیتے ہیں جس کے ذریعہ بیلوں اور گاڑیوں کو دریا سے پار اتارتے ہیں۔

**پٹیلنا** (ہ) فعل ① دے مارنا ② پھینک دینا ③ پچھاڑنا ④ زیر کرنا ⑤ جیت لینا ⑥ وصول کرنا ⑦ کمانا ⑧ مارنا۔

**پٹین** (ا۔ا) مونث ① شیشے جوڑنے کا مصالحہ جس کے ذریعہ کواڑوں میں شیشے لگاتے ہیں ② لکڑی کی درزوں اور چھیدوں کو بند کرنے کا مصالحہ ③ انگریزی کا مورّد۔

## پ ← ج

**پُجا** (ہ۔ا) صفت ① آباد ② بھرا ہوا۔

**پجایا** (ہ) اسم مذکر ① پوجنے کا سامان ② دیوتا کی نذر ③ دیوتا کی بھینٹ ④ چڑھاوا ⑤ نذر ⑥ جھگڑا ⑦ بکھیڑا ⑧ دکھ ⑨ مصیبت۔

**پجایا پھیلانا** (ہ) فعل ① بکھیڑا پھیلانا ② بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا ③ دوکان سی لگانا۔

**پجاری** (ہ) اسم مذکر ① پوجا کرنے والا ② بت پرست ③ پوجا کرانے والا ④ پوجا کے طریقے بتانے والا ⑤ مجاور ⑥ چڑھاوا لینے والا ⑦ نذر بھینٹ لینے والا۔

**پجاوا** (ا) اسم مذکر ① پڑاوہ ② اینٹیں پکانے کا آوا ③ اینٹیں پکانے کی بھٹی۔

**پجوانا** (ہ) مصدر ① عبادت کرانا ② پرستش کرانا ③ بندگی کرانا۔

## پ ← پچ

**پچ** (ہ) اسم مونث ① طرح داری ② پاس ③ ضد ④ اصرار ⑤ حمایت ⑥ رعایت ⑦ لحاظ ⑧ کوشش ⑨ سعی۔

**پچ کرنا** (ہ) فعل ① طرفداری ② حمایت کرنا ③ آڑ کرنا ④ بات کا پاس کرنا ⑤ اپنے قول کی تائید کرنا ⑥ ضد کرنا ⑦ ہٹ کرنا ⑧ آڑ کرنا ⑨ تعصب کرنا۔

**پچ رنگ / پچ رنگا** (ا) اسم صفت۔ پانچ رنگ کا۔

**پچ میل** (ہ) صفت ① پانچ طرح کی مرکب چیز ② پانچ قسم کی۔

**پچارا** (ہ) اسم مذکر ① پلستر ② کوچی ③ برش ④ سفیدی کی پتلی تہ۔

**پچارا پھیرنا** (ہ) فعل ① برش پھیرنا ② کوچی کرنا ③ صاف کرنا ④ سفیدی کرنا ⑤ پتلی پتلی لپائی کرنا ⑥ کپڑے کے ذریعہ سے رنگ یا سفیدی کرنا ⑦ اُکسانا ⑧ ترغیب دینا ⑨ ابھارنا۔

**پچاس** (ہ) اسم عدد ① پنجاہ ② پنج دہائیاں ③ ۵۰۔

**پچاسوں** (ہ) تابع فعل۔ افراط کے موقعہ پر بولا جاتا ہے، جیسے پچاسوں کوس ہے یعنی بہت دور ہے۔

**پچانا** (ہ) فعل ① چٹ کرنا ② ہضم کر جانا ③ گلانا ④ گوارا کرنا ⑤ کسی کا مال مار لینا۔

**پچانوے** (ہ) اسم ① عدد ② نوے اور پانچ ③ ۹۵۔

**پچاؤ** (ہ) اسم مذکر ① ہاضمہ ② ہاضمہ کی طاقت ③ برداشت ④ بربادی ⑤ سہار۔

**پچ پچ** (ہ) اسم مونث صوت۔ کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز۔

**پچ پچ کرنا** (ہ) مصدر۔ بار بار پیک تھوکنا۔

**پچپن** (ہ) اسم عدد ① پچاس اور پانچ ② ۵۵۔

**پچتانا** (ہ) فعل ① پشیمان ہونا ② افسوس کرنا ③ غم کھانا ④ کوئی کام کر کے نادم ہونا ⑤ کڑھنا ⑥ غم کھانا ⑦ رنج کرنا۔

**پچتاوا** (ہ) اسم مذکر ① تاسف ② افسوس ③ پشیمانی۔

**پچرا** (ہ) اسم مونث ① میخ ② فانہ ③ روک ④ کھونٹی ⑤ تعرض۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772185

**پُچکار** (ہ) اسم مونث صوت ① دونوں ہونٹوں کو ملا کر پیار کی آواز ② پیار ③ چمکار ④ دلاسا۔

**پُچکارنا** (ہ) فعل ① پیار کرنا ② تھپکنا ③ دلاسا دینا ④ پیار سے بلانا ⑤ تھپکی دینا۔

**پچکاری** (ہ) اسم مونث ① پیار کی آواز ② چکاری۔

**پچکاری دینا** (ہ) فعل۔ جانور یا بچے کو پیار سے بلانا۔

**پچکاری** (ہ) اسم مونث ① دم گیر ② دم کلا ③ حقہ ④ پان کی پیک ⑤ دھار باندھ کر پھینک دینے کی آواز ⑥ رنگ پاشی کا آلہ۔

**پچکانا** (ہ) فعل ① دبانا ② بھینچنا ③ دھنسانا ④ سکیڑنا ⑤ اندر کو گاڑنا۔

**پچکنا** (ہ) فعل ① دبانا ② بھچنا ③ سکڑنا ④ اندر کو دھنس جانا ⑤ پٹخنا۔

**پچنا** (ہ) فعل ① ہضم ہونا ② گلنا تحلیل ہونا ③ گوارا ہونا ④ طرفداری کرنا ⑤ کمال کوشش کرنا ⑥ ہمہ تن کوشاں رہنا ⑦ محنت کرنا ⑧ ہار ماننا ⑨ تھکنا۔

**پچوترا** (ہ) اسم مذکر ① پانچ فی صد زائد از مالیہ اصل زرلگان سے پانچ فی صد زائد ② رقم جس میں نمبرداری وغیرہ دیگر اخراجات دیئے جاتے ہیں۔

**پچھاڑ** (ہ) اسم مونث ① پچھاڑنا ② پیٹھ کے بل زمین پر گرنا۔

**پچھاڑی** (ہ) اسم مونث ① پاؤں میں باندھنے کی رسی ② عقب میں ③ پیچھا۔

**پچھاڑیں کھانا** (ہ) فعل ① پیٹھ کے بل گرنا ② لوٹنیاں کھانا ③ تڑپ کر گرنا ④ گر پڑنا ⑤ پٹخنیاں کھانا ⑥ کثرت رنج یا درد سے بار بار زمین پر گرنا ⑦ صدمہ سہنا ⑧ ضعف سے گرنا ⑨ غش کھانا۔

**پچھتر** (ہ) اسم عدد ① ستر اور پانچ ② ۷۵۔

**پچھتانا** (ہ) مصدر ① پشیمان ہونا ② افسوس کرنا ③ ہاتھ ملنا ④ تاسف کرنا۔

**پچھتاوا** (ہ۔ا) مذکر ① پشیمان ② حسرت ③ افسوس ④ ندامت ⑤ رنج۔

**پچھڑنا** (ہ) فعل ① چت گرنا ② بیمار پڑنا ③ مات پڑنا ④ ہارنا ⑤ شکست کھانا۔

**پچھلا** (ہ) اسم صفت ① آخر کار ② پچھلے کا ③ (اسم مذکر) رات کا آخری پہر ④ آخر شب ⑤ سحری رمضان ⑥ پڑھا ہوا۔

**پچھلا پہر** (ہ) اسم مذکر۔ رات یا دن کا آخری حصہ۔

**پچھلپائی** (ہ) اسم مونث ① چڑیل ② بھتنی ③ جادوگرنی ④ ڈائن ⑤ جس کے پاؤں کی انگلیاں پیچھے اور ایڑی آگے کو ہو۔

**پچھلے پاؤں پھرنا** (ہ) فعل ① الٹے پاؤں لوٹ جانا ② واپس چلے جانا ③ پسپا ہونا ④ شکست ۹ کھانا ⑤ ہارنا۔

**پچھلی رات** (ہ) اسم مونث۔ آدھی رات کے بعد کا وقت۔

**پچھم** (ہ) اسم مذکر ① مغرب ② پچھان ③ مغرب کی جانب ④ مغربی ممالک۔

**پچھمی** (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ① مغربی ممالک کا ② مغرب کی طرف کا ③ پچھم کی چیز۔

**پچھنا** (ہ) اسم مذکر ① استرا ② نشتر ③ فصد گودنا۔

**پچھنے دینا** (ہ) فعل ① سنگی ② گودنا ③ معنے طعنے دینا۔

**پچھوا** (ہ) اسم مونث ① پچھم کی ہوا ② باد قبلہ ③ انگیا کی پیٹھ کا کپڑا۔

**پچھواڑا** (ہ) اسم مذکر ① گھر کے پیچھے کی جگہ ② عقب خانہ ③ پشت مکان۔

**پچی** (ہ) اسم صفت ① جڑا ہوا ② ٹھونکا ہوا ③ چپکا ہوا ④ سیا ہوا ⑤ ایک جان ⑥ دھانس ⑦ ہجر ⑧ فانہ ⑨ جوڑ۔

**پچی کاری** (ا) اسم مونث ① گانٹھنا ② جڑاؤ ③ چونے اور اینٹ کا مضبوط کام ④ پیوند لگانا ⑤ سانٹنا ⑥ جڑاؤ کا کام۔

**پچاسی** (ہ) اسم عدد ① اسی اور پانچ ② ۸۵۔

**پچانوے** (ہ) اسم عدد ① نوے اور پانچ ② ۹۵۔

**پچیس** (ہ) اسم عدد ① بیس اور پانچ ② ۲۵۔

**پچیسواں** (ہ) صفت عدد ① پچیس سے نسبت رکھنے والا ② پچیسویں درجے کا پچیسویں نمبر کا۔

**پچیسی** (ہ) اسم مونث۔ چوسر کے ایک کھیل کا نام ہے جو پانسوں کی بجائے سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

## پ ← خ

پخ (ا) اسم مونث ❶ شرط ❷ روگ ❸ خرابی ❹ وقت ❺ جھگڑا ❻ بک بک ❼ چخ چخ ❽ غل ❾ شور۔

پخ لگانا (ا) فعل ❶ شرط لگانا ❷ روگ لگانا ❸ دقت میں ڈالنا ❹ بیہودہ بکنا ❺ بے جا تکرار کرنا ❻ رکاوٹ ڈالنا۔

پخ مچانا (ا۔محاورہ) ❶ شور مچانا ❷ بے ہودہ بکنا ❸ مذاق کرنا۔

پخ نکالنا (ا۔محاورہ) ❶ نقص ظاہر کرنا ❷ اعتراض کرنا ❸ تکرار پیدا کرنا۔

پُخت (ف) مونث ❶ پکنے کا عمل ❷ کسی تقریب کے لیے پکوایا ہوا کھانا۔

پخال (ا) اسم مونث ❶ پانی کی کھال ❷ پانی بھر کر لانے کی وہ دو بڑی بڑی مشکیں جو سقے بیل پر لاد کر باہر سے لایا کرتے ہیں۔

پخت ویز (ف) اسم مونث ❶ درستی ❷ پختگی ❸ ٹھیک ٹھاک ❹ اقرار مدار ❺ وعدہ وعید ❻ صلاح ❼ مشورہ۔

پختگی (ف) اسم مونث ❶ مضبوطی ❷ استحکام ❸ کھانے یا پھل کا پک جانا ❹ بلوغت ❺ تجربہ کاری ❻ واقفیت۔

پُختہ (ف) اسم صفت ❶ پکا ہوا ❷ بھونا ہوا ❸ بریاں ❹ خام کی ضد ❺ مضبوط ❻ پکا مستحکم ❼ چونے کی کچ اینٹوں کا چنا ہوا ❽ مستقل ❾ ٹھیک۔

پختہ کار (ف) اسم صفت ❶ تجربہ کار ❶ آزمودہ کار ❷ جہاندیدہ ❸ اپنے کام میں نہایت ہوشیار و چالاک۔

پختہ کرنا (ا) فعل ❶ بات ٹھہرانا ❷ پکی کرنا ❸ معین کرنا ❹ تیار کرنا ❺ بات ٹھیک ٹھاک کرنا۔

## پ ← خ

پد (س) اسم مذکر ❶ پاؤں ❷ پیر ❸ قدم ❹ پگ ❺ چرن ❻ قول ❼ فقرہ ❽ شبد ❾ بچن۔

پدا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے ❷ غلیل کا وہ حصہ جس میں غلیلا رکھ کر پھینکتے ہیں۔

پدا (ا۔ا) صفت ❶ چھوٹا ❷ حقیر ❸ ناچیز ❹ رذیل ❺ ادنیٰ۔

پدانا (ہ) فعل ❶ تھکانا ❷ ہرانا ❸ مغلوب کرنا ❹ عاجز کرنا ❺ تنگ کرنا۔

پدر (ف) اسم مذکر ❶ باپ ❷ والد ❸ پتا ❹ ابا۔

پدرانہ (ف) صفت ❶ باپ کی طرح ❷ باپ سے منسوب۔

پدری (ف) اسم صفت ❶ باپ سے نسبت رکھنے والی ❷ باپ کی آبائی ❸ موروثی۔

پڈری (ہ) اسم مونث ❶ پدی ❷ پھدکی ❸ ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا ❹ بے حقیقت۔

پدم (س) اسم مذکر ❶ گول چکر جو آدمی کی انگلیوں پر ہوتا ہے ❷ نیلو فر ❸ کنول ❹ ہاتھی کی کھال کے نشان یا داغ ❺ شمار میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے۔

پدمنی (س) اسم مونث ❶ نہایت خوبصورت نازک اندام عورت ❷ عورتوں میں اول درجہ کی نازک اندام عورت۔

پدھارنا (ہ) فعل ❶ تشریف لانا ❷ قدم رنجہ فرمانا ❸ کسی بڑے معزز آدمی کا آنا ❹ بیٹھنا ❹ تشریف رکھنا ❺ تشریف لے جانا ❻ سدھارنا۔

پدھان (ہ) اسم مذکر ❶ مقدم ❷ گاؤں کا چودھری ❸ میرزادہ ❹ نمبردار ❺ صدر۔

پدھی (ہ) اسم مونث ❶ چڑھی ❷ کمر کی سواری۔

پدید / پدیدار (ف) صفت ❶ ظاہر ❷ آشکار ❸ عام ❹ واضح۔

## پ ← ڈ

پڈا (ف) مذکر۔کھیت کی حد۔

پڈنگ (ای) مونث ❶ ایک میٹھا کھانا ❷ دودھ اور انڈے سے تیار ہونے والا حلوہ۔

## پ ← ذ

پذیر (ف) لاحقہ ❶ قبول کرنے والا ❷ پکڑنے والا، جیسے دل پذیر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پذیرا** (ف) اسم مونث صفت (1) قابل قبول (2) مقبول (3) منظور (4) مستجاب (5) پسند۔

**پذیرائی** (ف) مونث (1) قبولیت (2) منظوری (3) مہمان نوازی (4) استقبال۔

## پ ← ر

**پَر** (ہ) حرف (1) اوپر کا مخفف (2) لیکن (3) تاہم (4) مگر (5) ورنہ (6) کیونکہ۔

**پَر** (ف) اسم مذکر (1) بازو (2) پنکھ (3) تیر کے بازو (4) قوت (5) طاقت (6) زور (7) بل۔

**پر باندھنا** (ا) فعل (1) پروں کو دھاگے یا ڈور وغیرہ سے باندھ دینا (2) بے بس کرنا (3) عاجز کرنا (4) لاچار کرنا (5) قید کردینا۔

**پر جلنا** (ہ) فعل (1) بیتاب ہونا (2) طاقت نہ رہنا (3) کسی بل نہ رہنا (4) دخل نہ پانا (5) رسائی نہ ہونا (6) پہنچ نہ سکنا (7) خوف ہونا (8) دور ہونا (9) پروبال سوختہ ہوجانے۔

**پر قینچ کرنا** (ا) فعل (1) پروں کو کاٹ ڈالنا (2) اڑنے کے پروں کو کتر ڈالنا (3) بےبس کردینا (4) بے قابو کرنا (5) عاجز کرنا (6) مجبور کرنا۔

**پر لگنا** (ا) فعل (1) اترانا (2) شیخی کرنا (3) غرور کرنا (4) پروبال نکالنا۔

**پر لینا** (ا) فعل (1) پر کترنا (2) پر کاٹنا (3) پر قینچ کرنا۔

**پروبال نکالنا** (ہ) فعل (1) ہوش سنبھالنا (2) باتمیز ہونا (3) عقل پیدا ہونا (4) جوبن پر آنا (5) خوبصورتی پر آنا (6) جبروتعدی کرنا (7) فتنہ اٹھانا (8) جھگڑا کرنا۔

**پُر** (ف) اسم صفت (1) بھرا ہوا (2) معمور (3) سیر (4) رجا ہوا۔

**پُرآشوب** (ف) صفت (1) فتنہ انگیز (2) فساد سے بھرا ہوا۔

**پُرتکلف** (ف) صفت۔ بہت آراستہ۔

**پُرخم** (ف) صفت (1) ٹیڑھا (2) ترچھا۔

**پُردرد** (ف) صفت (1) درد سے بھرا ہوا (2) دردناک (3) غمناک۔

**پُرشکم** (ف) صفت (1) پیٹ بھرا (2) آسودہ۔

**پُرشکوہ** (ف) صفت (1) عظیم الشان (2) شان وشوکت والا۔

**پُرفریب** (ف) صفت (1) بارونق (2) سرسبز (3) وسیع (4) کشادہ (5) خوش منظر۔

**پُرفضا** (ف) صفت (1) بارونق (2) سرسبز (3) وسیع (4) کشادہ (5) خوش منظر۔

**پُرفن** (ف) صفت (1) چالاک (2) ہوشیار جسے بہت فن آتے ہوں۔

**پُرکار** (ف) صفت (1) مرصع (2) اچھا بنا ہوا (3) دبیز (4) گاڑھا (5) موٹا (6) دانا (7) ہوشیار۔

**پُرگو** (ف) صفت (1) بہت باتیں کرنے والا (2) بہت شعر کہنے والا۔

**پُرمغز** (ف) صفت (1) عالمانہ (2) عمدہ (3) مضمون سے بھرا ہوا۔

**پُرملال** (ف) صفت (1) رنج سے بھرا ہوا (2) رنجیدہ (3) غمگین۔

**پُرنم** (ف) صفت (1) تر (2) بھیگی ہوئی (3) بھیگا ہوا (4) آنسوؤں سے بھری ہوئی۔

**پَرا** (ہ۔ا) مذکر (1) سلسلہ (2) صف (3) قطار (4) گروہ (5) غول (6) ٹکری۔

**پَرا باندھنا** (ا۔محاورہ) (1) قطار بنانا (2) صف بستہ ہونا (3) سلسلہ وار کھڑے ہونا۔

**پَرا جمانا** (ا۔محاورہ) (1) صف بنانا (2) قطار قائم کرنا۔

**پرابلم** (ای۔ا) مونث (1) قضیہ (2) مسئلہ (3) امر دشوار (4) معما۔

**پراپرٹی** (ای۔ا) مونث (1) جائیداد (2) جاگیر (3) املاک۔

**پراپرٹی ٹیکس** (ای) مذکر (1) جائیداد کا ٹیکس (2) محصول جائیداد۔

**پراسپیکٹس** (ای) مذکر۔ وہ رسالہ یا کتابچہ جس میں کسی تعلیمی ادارے یا تجارتی ادارے کی خصوصیات، تفصیلی حالات اور قواعد و ضوابط درج ہوں۔

**پراکسی** (ای) مونث (1) مختار نامہ (2) اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو رائے دینے ووٹ دینے یا کوئی اور کام کرنے کا اختیار دینا۔

**پراگندگی** (ف) صفت (1) پریشان (2) منتشر (3) تتر بتر۔

**پرامپٹر** (ای) مذکر۔ وہ شخص جو اسٹیج کے پیچھے بیٹھ کر ایکٹروں کی سماعت کرتا ہے اور جہاں وہ اٹکتے ہیں لقمہ دیتا ہے۔

**پرامیسری نوٹ** (ای) مذکر (1) تمسک (2) وہ دستاویز جس میں معیار مقررہ پر کسی زر نقد کی بابت عندالطلب ادائیگی کا قطعی اقرار ہو (3) درشنی ہنڈی۔

**پران** (س) اسم مذکر (1) انس (2) دم (3) نقش ہوا (4) روح (5) جان

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149772184

❻ جانی ❼ دلبر ❽ پیارا۔
پران چھوٹنا (ہ) فعل ❶ دم نکلنا ❷ مرجانا ❸ جاں بحق ہونا ❹ تھک جانا ❺ ہمت وجرات نہ رہنا ❻ سانس پھولنا ❼ بدحواس ہوجانا ❽ ہوش وحواس نہ رہنا۔
پران لینا (ہ) فعل ❶ جان لینا ❷ انس نکالنا ❸ تھکا مارنا ❹ ستانا ❺ تنگ کرنا ❻ ناک میں دم کرنا ❼ جان کھانا۔
پرانا (ہ) فعل ❶ دکھ ہونا ❷ درد ہونا ❸ تکلیف ہونا ❹ پیڑ ہونا ❺ صدمہ پہنچنا۔
پَرانا (ہ) فعل ❶ پورا پورا تقسیم کردینا ❷ سب کا حصہ لگا دینا ❸ پورا ڈالنا۔
پُرانا (ہ) اسم صفت ❶ قدیم ❷ نئے کی ضد ❸ پارینہ ❹ پراچین ❺ اگلے فیشن ❻ پہلی وضع کا ❼ فرسودہ ❽ قرتوت ❾ بوڑھا۔
پرانا پڑنا (ا) فعل ❶ کہنہ ہونا ❷ فرسودہ ہوجانا ❸ بوسیدہ ہونا۔
پرانا خرانٹ (ہ) اسم صفت ❶ نہایت بوڑھا ❷ کہن ❸ پیر کہن سال ❹ بوڑھا پھونس ❺ پرانا تجربہ کار۔
پرانا دھرانا (ہ) اسم صفت ❶ بوسیدہ ❷ پھٹا پرانا ❸ نکما اور ناقص ❹ فرسودہ۔
پرانا گھاگ (ہ) اسم صفت ❶ نہایت بوڑھا ❷ پرانا تجربہ کار۔
پرانا ہونا (ہ) فعل ❶ نکما اور خراب ہونا ❷ کہنہ اور فرسودہ ہونا ❸ نیا نہ رہنا۔
پرانی (ہ) اسم مذکر ❶ روح ❷ نفس (بحالت صفت) ❸ پران والا ❹ ذی روح ❺ جاندار ❻ جانور۔
پرانی (ہ) اسم صفت ❶ پرانا کی تانیث ❷ کہن سالہ ❸ فرسودہ ❹ بڑھیا ❺ ضعیفہ ❻ پیرزن ❼ نکمی ❽ خراب۔
پرانی کھوپڑی (ہ) اسم مونث ❶ کہن سال بوڑھا ❷ بہت بوڑھا آدمی ❸ گرگ کہن تجربہ کار ❹ جہاندیدہ ❺ آزمودہ کار۔
پراویڈنٹ فنڈ (ای) مذکر۔ وہ رقم جو ملازم کی تنخواہ میں سے کاٹی جاتی ہے اور ملازمت کے خاتمہ پر اسے ملتی ہے۔
پُرانے مردے اکھیڑنا (ا) محاورہ ❶ قدیمی شکائتیں کرنا ❷ پچھلے جھگڑے لے بیٹھنا ❸ خواہ مخواہ جھگڑا مول لینا ❹ فضول شکائتیں کرنا۔
پرائز (ای) مذکر ❶ انعام ❷ صلہ ❸ اجر۔
پرائمری (ای) صفت ❶ ابتدائی ❷ اول ❸ سب سے پہلا ❹ اصلی۔
پراچہ (ا) اسم مذکر ❶ پارچہ فروشی کا کام کرنے والا۔ ایک قوم کا نام ہے جس کا پیشہ سلے سلائے کپڑے بیچنا ہے ❷ پرانے دھرانے کپڑوں سے ٹوپیاں وغیرہ بنا کر بیچنے والا۔
پرائی (ہ) صفت ❶ بیگانی ❷ دوسرے کی ❸ غیر کی جو اپنی نہ ہو۔
پرایا (ہ) اسم صفت ❶ غیر کا ❷ بیگانہ ❸ پردیسی ❹ غیر ❺ اوپر ❻ جیسے اپنے پرائے۔
پرائے دھن کو چور روئیں (ہ) ❶ کہاوت غیر کے مال کا افسوس کسی کو نہیں ہوتا سوائے اس شخص کے جس کو اس کے ملنے کی امید ہو ❷ بیگانے مال کا افسوس چور کے سوا اور کسی کو نہیں ہوتا کیونکہ چور اس کے چرانے کی امید رکھتا تھا۔
پرائے گھر کا ہونا (ہ) فعل محاورہ ❶ دوسرے کا بن جانا ❷ بیٹی کا بیاہا جانا ❸ لڑکی کی شادی ہوجانا۔
پرائے مال پر یا حسین (ا) مثل ❶ غیر کے مال کو اپنا خیال کرکے بزرگوں کی نذر کرنا ❷ دوسرے کے مال پر شیخی بگھارنا ❸ حلوائی کی دکان پر نانا جی کی فاتحہ۔
پرائیویٹ (ای) صفت ❶ خاص ❷ نج دا ❸ ذاتی ❹ پوشیدہ ❺ مخفی۔
پراٹسٹنٹ (ای) اسم مذکر ❶ عیسائیوں کا ایک فرقہ ❷ معترض۔
پراآدھین (س) اسم صفت ❶ پر بمعنی غیر اور آدھین بمعنی متعلق ❷ تابع غیر ❸ ماتحت ❹ محکوم ❺ دوسرے کے تابع غیر کے بس کا۔
پراونس (ای) مذکر ❶ صوبہ ❷ احاطہ ❸ پرگنہ علاقہ۔
میلہ ❻ ہجوم ❼ بھیڑ ❽ اکٹھ ❾ ہیرے کی قسم۔
پربال (ہ) اسم مذکر ❶ آنکھ کے اندر کے بال ❷ وہ زائد پلکیں جو آنکھوں میں سخت تکلیف دیتی ہیں۔
پربت (ہ) اسم مذکر ❶ پہاڑ ❷ جبل ❸ کوہ۔
پرچا (ہ) اسم مذکر ❶ پرکھ ❷ شناخت ❸ آزمائش ❹ جانچ ❺ پڑتال ❻ امتحان ❼ ثبوت ❽ استدلال۔
پرچا دینا (ہ) فعل ❶ خوشخبری دینا ❷ کرامت دکھانا ❸ پوشیدہ یا غیب کی بات بتانا۔
پرچا لینا (ہ) فعل ❶ امتحان لینا ❷ آزمانا ❸ ثبوت لینا ❹ خوش کر دینا ❺ دل لگا لینا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140707218

پُر چک (ہ) اسم مونث 1 چکار 2 پچکار 3 خطا پر سزا کی جگہ پیار دینا 4 تھپکی 5 دلاسا 6 اطمینان، حمایت 7 رعایت 8 مدد 9 امداد۔

پرچون (ہ) اسم مذکر 1 کریانہ کا سودا 2 تھوک کی ضد۔

پرچہ (ف) اسم مذکر 1 چیتھڑا 2 پرزہ 3 ذرا سا ٹکڑا 5 کاغذ کا ٹکڑا 6 رقعہ 7 خط 8 رسالہ۔

پرچہ لگنا (ا) فعل 1 خبر لگنا 2 پتہ لگنا 3 اطلاع پہنچنا 4 حاکم یا بادشاہ کو کسی امر کی خبر لگنا۔

پرچہ نویس (ف) اسم مذکر 1 خبریں لکھ کر بھیجنے والا 2 خبر نویس 3 وقائع نگار 4 مخبر۔

پرچہ نویسی (ہ) اسم مونث 1 جاسوسی 2 مخبری 3 خبر رسانی 4 تاریخ نویسی 5 تحریری اطلاع دینا 6 تاریخ نویسی 7 خط لکھنا 8 رقعہ لکھنا 9 پرچہ لکھنا۔

پرچھانواں/ پرچھاواں (ہ) اسم مذکر 1 سایہ 2 عکس 3 چھاؤں 4 پرتو 5 عادت 6 اثر 7 رنگ ڈھنگ 8 سبھاؤ 9 عادت۔

پرچھانواں پڑنا (ہ) فعل 1 سایہ پڑنا 2 اثر ہونا 3 کسی کی عادت یا اثر یا رنگ ڈھنگ اختیار کرنا 4 خصلت کا مشابہ ہونا۔

پرچھائیں (ہ) اسم مونث 1 عکس 2 سایہ 3 چھاؤں۔

پرچھائیں سے بھاگنا (ہ) فعل 1 کسی کے سائے سے خوف کھانا 2 سخت متنفر ہونا 3 ازحد نفرت کرنا 4 کسی سے دور بھاگنا 5 پاس نہ بھٹکنا۔

پرچھتی (ہ) اسم مونث 1 چھوٹا چھپر جو کچے مکانوں کے منڈیروں پر بارش کے بچاؤ کے لئے ڈال دیتے ہیں 2 ٹانڈ مچان۔

پرخاش (ف) اسم مونث 1 لڑائی 2 جھگڑا 3 ناچاقی 4 نااتفاقی 5 غبار 6 رنج 7 فساد 8 بگاڑ 9 ٹنٹا۔

پرخاش جو (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی 1 جھگڑالو 2 لڑائی کو تیار 3 بکھیڑیا 4 لڑاکا 5 جنگ جو۔

پرداخت (ف) اسم مونث 1 پرورش 2 پالن 3 دستگیری، مدد 4 امداد 5 سہارا 6 نگرانی 7 دیکھ بھال 8 حفاظت۔

پردادا (ہ) اسم مذکر 1 دادا کا باپ 2 باپ کا دادا۔

پردادی (ہ) اسم مونث 1 پردادا کی بیوی 2 جدہ پدر 3 دادا کی ماں۔

پرداز (ف) اسم مونث 1 ابتدا 2 آغاز 3 شروع 4 تمہید 5 اٹھان 6 آرائش 7 درستی 8 سجاوٹ 9 جلا۔

پردہ (ف) اسم مذکر 1 ستر 2 حجاب 3 اوٹ 4 آڑ 5 اُوجھل 6 دروازے کی چک 7 چلمن 8 دروازے کے سامنے کا اوٹا۔

پردہ اٹھانا (ا) فعل 1 نقاب یا گھونگٹ دور کرنا 2 چلمن ہٹا دینا 3 چک کو اونچا کر دینا 4 حجاب رفع کرنا 5 بے تکلف ہونا 6 راز افشاء کرنا 7 بھید کھول دینا 8 بات نہ چھپانا 9 حقیقت ظاہر ہونا۔

پردہ پڑنا (ا) فعل 1 چک یا چلمن ڈل جانا 2 حجاب ہونا 3 اُوٹ ہونا 4 سجھائی نہیں دیتا 5 عقل پر پردہ پڑنا 6 بیوقوفی کرنا۔

پَردہ پوش (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی 1 عیب پوش 2 کسی کی برائی کو چھپانے والا 3 رازدار 4 بھید چھپانے والا۔

پَردہ پوشی (ف) اسم مونث 1 عیب پوشی 2 راز داری 3 پَردہ داری۔

پَردہ چھوڑنا (ا) فعل 1 چک یا چلمن وغیرہ گرانا 2 نقاب اُتارانا 3 بے پردہ ہونا۔

پردہ دار (ف) اسم صفت 1 راز دار 2 بھید چھپانے والا 3 عیب پوش 4 دربان 5 حاجب۔

پردہ داری (ف) اسم مونث 1 پردہ پوشی 2 عیب چھپانا۔

پردہ در (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی 1 راز فاش کرنے والا 2 بھانڈا پھوڑ 3 عیب نما 4 عیب ظاہر کرنے والا 5 چغل خور 6 جاسوس 7 مخبر۔

پردہ دری (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 عیب نمائی 2 راز فشائی 3 جاسوسی کرنا۔

پردہ ڈالنا (ا) فعل 1 رازداری کرنا 2 عیب چھپانا 3 نقاب لینا 4 گھونگٹ کرنا 5 چک ڈالنا 6 چلمن لٹکانا۔

پردہ ڈھانکنا (ا) فعل 1 عیب چھپانا 2 دینا سے اٹھانا یا اٹھنا 3 مرنا 4 موت دینا 5 عیب پوشی کرنا۔

پردہ رکھنا (ا) فعل 1 حجاب کرنا 2 سامنے نہ ہونا 3 چھپنا 4 بات چھپانا 5 رازداری کرنا 6 اخفائے راز کرنا۔

پردہ فاش کرنا (ا) فعل 1 بھید ظاہر کرنا 2 راز افشاء کرنا 3 بھانڈا پھوڑنا 4 پردہ داری کرنا 5 عیب ظاہر کرنا 6 ساکھ بگاڑنا 7

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...218

www.besturdubooks.net

عزت خراب کرنا⑦ قلعی کھول دینا⑧ بخیہ اُدھیرنا۔

پردہ نشین (ف) اسم صفت۔ پردہ میں بیٹھنے والی عورت۔

پردے بٹھانا (ا) فعل ① باہر پھرنے والی عورت یا لڑکی کو پردے میں بٹھانا② غیر محرموں سے چھپانا③ نامحرموں سے الگ رکھنا۔

پردے پردے میں (ہ) تابع فعل ① چوری چوری سے ② چپکے چپکے③ چھپ چھپا کر④ اندر ہی اندر۔

پردیس (ہ) اسم مذکر ① ملک غیر ② بدیس ③ دوسر ملک ④ غربت⑤ غیر وطن۔

پردیس چھانا (ہ) فعل ① غیر جگہ سکونت اختیار کرنا② دوسرے ملک میں رہ پڑنا③ غیر ملک میں وطن بنالینا④ جنم بھومی کو چھوڑ کر دوسرے ملک میں جابسنا⑤ دوسرے ملک جا نوکر ہونا۔

پردیسن (ہ) اسم مونث ① غیر وطن کی عورت② مسافر عورت۔

پردیسی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① غریب الوطن② اجنبی③ مسافر④ دوسرے ملک کا⑤ بدیسی⑥ ناواقف۔

پُرزہ (ف) اسم مذکر ① ٹکڑا ② دھجی ③ کتر ④ چیتھڑا ٹکڑا⑤ پارچہ⑥ حصہ⑦ اعضا⑧ جزو⑨ کسی مشین کا حصہ۔

پُرزے اُڑانا (ا) فعل ① کاغذ یا کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا② پارہ پارہ کرنا③ کھال اڑانا④ خوب پیٹنا⑤ چمڑی ادھیڑنا⑥ سخت سزا دینا۔

پَرس (ای۔ا) مذکر ① بٹوا② تھیلی③ روپیہ پیسہ رکھنے کا چھوٹا بیگ۔

پُرس (ہ) اسم مذکر۔ مرکبات کے ساتھ استعمال ہو کر پوچھنے یا پوچھنے والے کے معنی دیتا ہے۔

پُرسا (ہ) اسم مذکر① ماتم پرسی② تعزیت③ مردے کے وارثوں کی تسلی اور دلاسا دینے کو ان کے گھر جانا۔

پرساد (س) اسم مذکر ① تبرک ② چڑھاوا ③ نذر ④ پرشاد ⑤ دیوتاؤں کا کھانا⑥ عطیہ⑦ تحفہ⑧ پھل۔

پرسال (ف) مذکر ① پوچھنے والا ② دریافت کرنے والا ③ مددگار ④ معاون ⑤ رفیق ⑥ یار ⑦ دوست ⑧ فریاد سننے والا⑨ شکایت۔

پرستان (ا) اسم مذکر① پریوں کے رہنے کی جگہ② دیوؤں اور جنوں کی رہائش گاہ③ پریوں کا اکھاڑہ۔

پرستان کا عالم (ا) اسم مذکر ① پرستان کی سی حالت ② نہایت مزیدار③ اعلیٰ درجہ کی خوبصورت آرام دہ جگہ۔

پرستش (ف) اسم مونث ① پوجا② عبادت③ تعظیم④ عزت⑤ تکریم⑥ توقیر⑦ بے حد تعظیم⑧ اطاعت⑨ طاعت۔

پرستش گاہ (ف) اسم مونث ① عبادت گاہ② معبد③ مندر④ شوالہ⑤ جائے عبادت⑥ جائے پرستش۔

پُرسش (ف) اسم مونث ① پوچھ② باز پرس③ پوچھ گچھ④ پوچھ پاچھ⑤ تحقیق⑥ تحقیقات⑦ دریافت⑧ بازپرس⑨ جواب طلبی۔

پرسش کرنا (ا) پوچھنا① جواب طلب کرنا② باز پرس کرنا③ تحقیقات کرنا④ تفتیش کرنا⑤ دریافت کرنا⑥ خبر گیری کرنا⑦ استفسار کرنا⑧ دیکھ بھال کرنا⑨ نگرانی پڑتال کرنا۔

پرسنل (ای) صفت① ذاتی② نجی③ شخصی۔

پَرسنل اسسٹنٹ (ای) مذکر ① پیش کار② وہ عہدہ دار جو کسی افسر کا مددگار یا معاون کی حیثیت سے کام کرے۔

پرسوں (ہ) اسم مذکر ظرف زمان تابع فعل۔ کل سے پہلا یا پچھلا دن۔

پُرسہ (ف) اسم مذکر① خبر پرسی② ماتم پرسی③ عذر خواہی مرگ۔

پرشاد (ہ) اسم مذکر① چڑھاوا② تبرک③ دیوتاؤں کا بھوگ۔

پرکالہ (ف) اسم مذکر① ٹکڑا② شرارہ③ حصہ④ بھاگ⑤ جزو⑥ پارہ⑦ خرار⑧ چنگاری⑨ شعلہ۔

پُرکھ (ہ) اسم مذکر① آدمی② انسان③ مرد④ شخص⑤ خاوند⑥ پرمیشور۔

پَرکھ (ہ) اسم مونث① جانچ② شناخت③ برے بھلے کی تمیز④ امتحان⑤ آزمائش⑥ تجربہ⑦ وقوف۔

پرکھا (ہ) اسم مذکر① مورکھ② آباؤ اجداد③ باپ دادا④ نیک لوگ⑤ بھلے مانس⑥ بڑے بوڑھے لوگ⑦ مربی⑧ خاندان کے داوے⑨ پردادے۔

پرکھانا/ پرکھوانا (ہ) فعل① چوانا② آزمائش کرانا③ امتحان کرانا④ امتحان کرانا⑤ شناخت کرانا⑥ حوالہ کرنا⑦ سپرد کرنا⑧ سونپنا⑨ سنبھلوانا۔

پرکھنا (ہ) فعل① جانچنا② امتحان کرنا③ شناخت کرنا④ کھرا کھوٹا⑤ معلوم کرنا⑥ کسنا⑦ کسوٹی پر چڑھانا⑧ آزمانہ تجربہ میں

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

لانا۔

پرکھوائی (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② روپیہ زیور یا سونا ③ وغیرہ جانچنے اور پرکھنے کی اجرت۔

پرکھیا/ پرکھیا (ہ) اسم مذکر فاعل ① جانچ کرنے والا ② پرکھنے والا صراف ③ جانچو۔

پرگنہ (ف) اسم مذکر ① ضلع ② حصہ ③ تھوڑا سا علاقہ ④ ملک کا چھوٹا سا حصہ ⑤ وہ زمین جس سے مال گزاری اور اخراج وصول کرنے کو ایک افسر مقرر ہو۔

پرگنہ دار (ا) اسم مذکر فاعل ① ضلع کا افسر ② پرگنہ کا حاکم۔

پرگٹ (ہ) اسم صفت ① عیاں ② ظاہر ③ کھلا ہوا ④ علانیہ ⑤ صریح ⑥ آشکارا۔

پرلا (ہ) اسم صفت ① دوسری طرف کا ② ادھر کا ③ پرے کا ④ اس پار کا۔

پرلو (ہ) اسم مونث ① فنا ② قیامت ③ سب کے مرنے اور فنا ہونے کا روز۔

پرلوک (ہ) ① دوسری دنیا ② آخرت ③ عالم جزا۔

پرمٹ (ای) مونث ① اجازت ② پروانگی داخلہ ③ وہ مال جو بلا اجازت اندر نہ آسکے ④ نمک وغیرہ کا سرکاری محصول چنگی ⑤ محصول درآمد ⑥ چٹھی ⑦ سرکاری محصول لینے کی جگہ۔

پرمل (ہ) اسم مذکر ① خاص طریقہ سے مکئی، جوار اور باجرے وغیرہ کے بھنے ہوئے دانے جنہیں کھلیں بولتے ہیں یہ نہایت نرم اور خستہ ہو جاتے ہیں ② گدگدے۔

پرنالا (ہ) اسم مذکر ① میزاب ② کوٹھے یا بالا خانے کا پانی زمین پر آنے کی نالی یا موری ③ بدرو۔

پرنالی (ہ) اسم مونث ① پرنالہ کی تصغیر و تانیث نالی ② بدررو۔

پرنام (س) اسم مذکر و مونث ① بندگی ② سلام ③ تسلیم۔

پرنانا (ہ) اسم مذکر۔ نانا کا باپ۔

پرنانی (ہ) اسم مونث ① پرنانا کی بیوی ② والدہ کی نانی ③ نانی کی ماں۔

پرنٹر (ای) مذکر ① چھاپنے والا ② طبع کرنے والا۔

پرنٹنگ (ای) مونث ① چھپائی ② طباعت۔

پرنٹنگ پریس (ای) مذکر ① مطبع ② چھاپہ خانہ۔

پرندہ (ف) اسم مذکر ① اڑنے والا ② پکھیرو ③ مرغ ④ طائر۔

پرندہ پر نہیں مار سکتا (ا) محاورہ ① پکھیرو تک بھی وہاں جا نہیں سکتا نہایت پابندی ہے ② محفوظ ③ ناقابل گزار ④ دشوار گزار ⑤ کٹھن مقام۔

پرنس (ای) اسم مذکر ① شہزادہ ② بادشاہ زادہ ③ بادشاہ کا بیٹا ④ شاہی نسل کا ⑤ شہنشاہ انگلستان کا ولی عہد۔

پرنسپل (ای) ① کالج کا مدرس اعلیٰ ② ناظم اعلیٰ۔

پروا (ہ) اسم مونث ① پورب کی ہوا ② باد مشرق ③ باد صبا۔

پروا (ہ) اسم مونث ① خواہش ② رغبت ③ تمنا ④ آرزو ⑤ میلان ⑥ ضرورت ⑦ توجہ ⑧ خوف ⑨ وحشت۔

پروار (ہ) اسم مذکر ① خاندان ② قبیلہ ③ ہمراہی ④ خاندان کے لوگ۔

پروان (ہ) اسم مذکر ① مکمل ② پورا ③ بالغ ④ جوان ⑤ کامیاب ⑥ بامراد ⑦ حسب مراد ⑧ پھل ⑨ ثمر۔

پروان چڑھنا (ہ) فعل ① کامیاب ہونا ② مراد کو پہنچنا ③ جوان ہونا ④ پرورش پا کر عمر طبعی کو پہنچ جانا ⑤ پھل لانا ⑥ نتیجہ نکلنا۔

پروانجات (ف) اسم مذکر ① پروانہ کی جمع ہے ② حکم نامے ③ اجازت نامے۔

پروانگی (ف) اسم مونث ① اجازت ② حکم ③ فرمان ④ رخصت ⑤ آگیا۔

پروانہ (ف) پتنگا ① ایک خاص قسم کا برساتی پردار کیڑا جو چراغ پر آکر گرا کرتا ہے ② حکمنامہ ③ فرمان ④ اجازت نامہ ⑤ صدقہ ہونے والا ⑥ قربان جانے والا ⑦ عاشق ⑧ شیدا۔

پروبیشن (ای) مذکر ① کسی عارضی ملازم یا امیدواروں کی اہلیت کی آزمائش ② کام سیکھنے کا زمانہ ③ مجرم کی معیاد سے پہلے امتحاناً رہائی۔

پروبیشنر (ای) مذکر ① کام سیکھنے والا شخص ② وہ عارضی ملازم جس کی کارکردگی کی آزمائش منظور ہو۔

پروپرائٹر (ای) مذکر۔ مالک۔

پروپوزل (ای) مذکر ① تجویز ② منصوبہ۔

پروپیگنڈا (ای) مذکر ① اشاعت تبلیغ ② تشہیر ③ ڈھنڈورا۔

پروتا (ہ) اسم مذکر ① پوتے کا بیٹا ② بیٹے کا پوتا ③ آٹا ہلدی وغیرہ

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

سامان رسد جو کسی مسکین کو کسی تقریب کے موقع پر دیا جاتا ہے۔
پروٹسٹنٹ (ای) مذکر ❶ عسائیوں کا وہ فرقہ جو پوپ کو نہیں مانتا ❷ کیتھولک فرقہ کے خلاف ایک فرقہ۔
پروٹین (ای) مونث ❶ بیضہ ❷ لحمیہ ❸ حیوانی اور نباتاتی خوراک کا ایک جزو۔
پروڈکشن (ای) مذکر ❶ ایجاد ❷ پیشکش ❸ صنعتی اور زرعی پیداوار۔
پروڈیوسر (ای) مذکر ❶ پیدا کرنے والا ❷ پیش کرنے والا ❸ مہیا کرنے والا۔
پروردگار (ف) اسم مذکر فاعل ❶ ترکیبی ❷ پالنے والا ❸ پالن ہار ❹ پرورش کرنے والا ❺ خدا تعالٰے ❻ رب۔
پرورده (ہ) اسم مذکر ❶ پرورش یافتہ ❷ پلا ہوا ❸ پالا ہوا ❹ بسایا ہوا۔
پرورش (ف) مونث ❶ پالن ❷ پالنا ❸ تعلیم و تربیت ❹ مہربانی ❺ عنایت بخشش۔
پروسنا (ہ) فعل ❶ کھانا چننا ❷ پتّل ڈالنا ❸ مہمان کے آگے کھانا رکھنا۔
پروسیشن (ای) مذکر۔ جلوس۔
پروف (ای) مذکر ❶ سب سے پہلے چھپا ہوا ❷ پرچہ جو اصلاح اور درستی کے لئے دکھایا جاتا ہے۔
پروف ریڈر (ای) ❶ وہ شخص جو مسودہ کی اصلاح اصل سے ملا کر کرے ❷ اصل کو دیکھ کر مسودہ کی تصحیح کرنے والا۔
پروفیسر (ای۔ا) مذکر۔ معلم۔ مدرس اعلےٰ وہ استاد جو کالج کی کسی جماعت کو تعلیم دے۔
پروکلیمیشن (ای) مذکر۔ اعلان۔
پروگرام (ای) مذکر ❶ ترتیب ❷ سلسلہ ❸ طریق ❹ انضباط اوقات۔
پَرول (ای) ❶ وہ خاص الفاظ جو پہرے والے کو بتائے جاتے ہیں ❷ مشروط رہائی۔
پرولتاری (ای) صفت ❶ محنت کشوں کا حامی ❷ حامی عوامیت۔
پرولتاریہ (ای) مذکر ❶ عوام الناس ❷ مفلس اور غریب طبقہ۔
پرونا (ہ) فعل ❶ سوراخ میں تاگا ڈالنا ❷ گھسیڑنا ❸ بیندھنا ❹ داخل کرنا ❺ سوئی یا موتی یا تسبیح کے دانوں وغیرہ میں دھاگا ڈالنا۔
پرونوٹ (ای) اسم مذکر ❶ رقعہ ❷ اقرار ❸ نامہ جو روپے کی وصولی اور ادائیگی کے لئے لکھا جاتا ہے ❹ درشنی ہنڈی۔
پروہت (ہ) اسم مذکر ❶ خاندانی پنڈت ❷ خاندانی گرو ❸ مذہبی کام اور رسوم کو ادا کرنے والا پنڈت۔
پروین (ف) اسم مذکر ❶ ثریا کا گچھا ❷ سات سہیلیوں کا جھمکا ❸ سات کا گچھا جو سردیوں میں سب سے پہلے نظر آیا کرتا ہے۔
پره (ف) اسم مذکر ❶ دامن ❷ کنارہ ❸ طرف ❹ چکی کا پاٹ ❺ قطار ❻ صف ❼ لائن۔
پرہیز (ف) اسم مذکر ❶ بچنا ❷ بچاؤ ❸ دوری ❹ علیحدگی ❺ تقویٰ ❻ اتقا ❼ اجتناب۔
پرہیز گار (ہ) اسم صفت ❶ متقی ❷ گناہوں سے کنارہ کرنے والا ❸ نیک آدمی ❹ نیکوکار۔
پرہیز گاری (ف) اسم مونث ❶ تقویٰ ❷ اتقا ❸ اجتناب۔
پرے (ہ) تابع فعل ❶ ادھر ❷ اس طرف ❸ اس پار ❹ ورے کی ضد ❺ دور ❻ الگ فاصلہ پر (بصورت اسم مذکر) پرے کی جمع ❼ قطاریں ❽ صفیں ❾ لائنیں۔
پری (ف) اسم صفت ❶ اڑنے والی عورت ❷ نہایت حسین مہ جبیں عورت ❸ ایک قسم کی خیالی مخلوق ❹ جنات کی بیوی ❺ خوبصورت اور عمدہ عورت یا چیز۔
پری پیکر (ف) اسم صفت ❶ پری جیسے چہرے والی ❷ پری رو ❸ پری رخسار ❹ پری کی شکل کی، مراد معشوق۔
پری خواں (ف) اسم مذکر ❶ پریوں کو بلانے والا ❷ پریوں کی حاضرات کرنے والا۔
پری زاد (ف) اسم صفت ❶ پری کی اولاد ❷ پری کا بچہ ❸ خوبصورت۔
پری کا سایہ (ا) اسم مذکر ❶ آسیب ❷ جن و پری کا اثر ❸ بھوت پریت وغیرہ کا صدمہ۔
پریت (ہ) اسم مونث ❶ پیار ❷ محبت ❸ دوستی ❹ الفت ❺ اخلاص ❻ انس ❼ عشق۔
پریت لگانا (ہ) فعل ❶ اخلاص کرنا ❷ دوستی گانٹھنا ❸ محبت کرنا ❹ یاری لگانا۔
پریت نہ جانے جات کجات (ہ) مقولہ۔ عشق اور محبت ذات کو نہیں دیکھتے۔

Join us on whatsapp Naveed BAIG 03149077218

www.besturdubooks.net

پریتم (ہ) اسم صفت ❶ بہت پیارا ❷ نہایت محبوب بہت ہی عزیز ❸ (بصورت اسم مذکر) پتی ❹ خاوند ❺ بالم ❻ شوہر ❼ مالک۔

پریڈ (ای) مونث ❶ قواعد ❷ جنگی تربیت ❸ صف۔

پریس (ای) مذکر ❶ چھاپنے کی مشین ❷ دبانے کی کل ❸ مطبع ❹ چھاپہ خانہ۔

پریس مین (ای) مذکر ❶ چھاپنے والا ❷ چھاپے خانہ کتابیں چھاپنے والا۔

پریشان (ف) اسم صفت ❶ منتشر ❷ بکھرا ہوا ❸ سرگرداں ہونا ❹ تتر بتر ❺ پراگندہ ❻ خستہ ❼ متفکر ❽ متردد ❾ حیران۔

پریشان حال (ف) اسم صفت ❶ تنگ حال ❷ مصیبت زدہ ❸ خستہ حال ❹ مفلس ❺ کنگال۔

پریشان خاطر (ف) اسم صفت ❶ اداس ❷ آشفتہ خاطر ❸ متفکر ❹ رنجیدہ ❺ ملول۔

پریشانی (ف) اسم مونث ❶ اضطراب ❷ بے قراری ❸ فکر ❹ تردد۔

پریکٹس (ای) مونث ❶ مشق ❷ مہارت ❸ بار بار کام کرکے ایک قسم کا ملکہ۔

پریکٹشنر (ای) وہ شخص جو وکیل، طبیب یا ڈاکٹر کا پیشہ کرتا ہو۔

پریکٹیکل (ای) مذکر ❶ عملی ❷ عملی تجربات کا امتحان۔

پریم (س) اسم مذکر ❶ محبت ❷ پیار ❸ الفت ❹ لاڈ ❺ یارانہ ❻ دوستی۔

پریمیم (ای) مذکر ❶ وہ رقم جو بیمہ کروانے والا معینہ مدت میں بیمہ کمپنی کو ادا کرتا ہے ❷ انعام حیلہ ❸ بخشش ❹ منافع۔

پریہ (ہ) اسم صفت ❶ پری تمثال ❷ نہایت حسین بہت خوبصورت۔

## پ ← ڑ

پڑا (ہ) صفت ❶ گرا ❷ افتادہ ❸ لیٹا ہوا ❹ بیمار۔

پڑا پایا (ہ) فعل ❶ مفت ملنا ❷ بلا تکلیف کسی چیز کا ہاتھ آنا ❸ سستا مل جانا ❹ کوڑیوں کے مول ہاتھ آجانا۔

پڑا رہنا (ا۔محاورہ) ❶ ایک حالت میں رہنا ❷ بے حرکت رہنا۔

پڑا (ہ۔ا) مذکر۔ بھینس کا نر بچہ۔

پُڑا (ہ۔ا) مذکر ❶ بڑی پڑیا ❷ طبلہ یا ڈھولک پر چڑھانے کا چمڑا۔

پڑاؤ (ہ) اسم مذکر ❶ ٹھہرنے کی جگہ ❷ منزل ❸ چوکی ❹ فرودگاہ ❺ اترنے کی جگہ ❻ ٹھکانا ❼ قیامگاہ ❽ اسٹیشن ❾ سرائے۔

پڑاؤ ڈالنا (ہ) فعل ❶ چھاؤنی چھانا ❷ رہ پڑنا ❸ چھاؤنی ڈالنا۔

پڑپڑانا (ہ) فعل ❶ جوتوں سے بہت پیٹنا ❷ چرچراہٹ سے زبان پر چھالے پڑنا ❸ خشکی کے باعث ہونٹوں پر پپڑیاں بندھ جانا۔

پڑت (ہ) اسم مونث ❶ قیمت خرید ❷ اصلی نرخ ❸ بازاری قیمت ❹ بچک کی فرد میں درج شدہ حساب ❺ پھیلاوٹ ❻ حساب ❼ میزان۔

پڑتا (ہ) اسم مذکر ❶ لگان ❷ معاملہ ❸ شرح مالگذاری فی ایکڑ ❹ حصہ ❺ پتی ❻ لگان۔

پڑتال (ہ) اسم مونث ❶ نظر ثانی ❷ مقابلہ ❸ جانچ ❹ دیکھ بھال ❺ جائزہ ❻ امتحان ❼ آزمائش۔

پڑتالنا (ہ) فعل ❶ نظر ثانی کرنا ❷ جانچنا ❸ سنبھال کرنا ❹ مقابلہ کرنا ❺ دیکھنا بھالنا۔

پڑجانا (ہ) فعل ❶ بیمار ہوجانا ❷ بچھڑ جانا ❸ پسر جانا ❸ لیٹ جانا ❹ مصر ہونا ❺ ٹھہرنا۔

پڑمرنا (ہ) فعل ❶ ایک جگہ مرتے دم تک رہنا کسی کے ساتھ نہایت وفاداری سے رہنا ❷ مرے بغیر کسی کا ساتھ نہ چھوڑنا۔

پڑنا (ہ) فعل ❶ لیٹنا ❷ سونا ❸ آرام کرنا ❹ بسنا ❺ رہنا ❻ بیٹھنا ❼ گرنا ❽ آرہنا ❾ پڑاؤ کرنا۔

پڑوس (ہ) اسم مذکر ❶ ہمسائیگی ❷ قرب و جوار ❸ گھر کے نزدیک۔

پڑوسن (ہ) اسم مونث ❶ ہمسائی ❷ ہمسایہ کی عورت ❸ پڑوس میں رہنے والی۔

پڑوسی (ہ) اسم مذکر ❶ ہمسایہ ❷ گھر کے قریب رہنے والا۔

پڑھا (ہ) اسم صفت ❶ خواندہ ❷ تعلیم یافتہ ❸ لکھا پڑھا۔

پڑھا لکھا (ہ) اسم صفت ❶ خواندہ ❷ تعلیم یافتہ ❸ عالم۔

پڑھانا (ہ) فعل ❶ تعلیم دینا ❷ علم سکھانا ❸ درس دینا ❹ سبق

Join Us on WhatsApp Naveed RaiG 03490772218

دینا⑤ بہکانا⑤ اغوا کرنا⑥ بدگوئی کر کے کسی کو متنفر کر دینا⑦ برائی جمانا⑧ کسی کو بیزار کر دینا۔

**پڑھائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① معاوضہ ② طریقہ تعلیم ③ تعلیم ④ تعلیم دینے کا ڈھنگ ⑤ تعلیمی کتب ⑥ نصاب تعلیم ⑧ درسی کتابیں ⑨ مدرسے کی فیس تعلیم کی اجرت۔

**پڑھ پتھر** (ہ) اسم صفت ① کند ذہن ② پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا آدمی۔

**پڑھنا** (ہ) فعل ① تعلیم پانا ② سبق لینا ③ درس سیکھنا ④ علم سیکھنا ⑤ وظیفہ کرنا بار بار رٹنا ⑥ جانور کا بولنا ⑦ جانور کا آدمی وغیرہ کی بولی کا نقل کرنا ⑧ جیسے طوطے کا پڑھنا ⑨ چھو کرنا۔

**پڑھنت** (ہ) اسم مونث ① پڑھ کر پھونک مارنا ② جادو ③ منتر ④ ٹونا ⑤ سحر خوانی ⑥ افسوں ⑦ افسوں گری۔

**پڑھوانا** (ہ) فعل ① تعلیم دلوانا ② سکھوانا ③ پڑھنا۔

**پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل** (ا۔ مثل) جانتے کچھ نہیں اور قابل بھی بنتے ہیں۔

**پڑیا** (ہ) اسم مونث ① وہ پتا یا کاغذ کا پرزہ جس میں دوا وغیرہ لپیٹی جاتی ہے ② کاغذ کی پوٹلی۔

**پڑیا** (ہ۔ا) مونث۔ بھینس کا مادہ بچہ۔

## پ ← ز

**پزاوہ** (ف) اسم مذکر ① آوا ② بھٹی ③ وہ جگہ جہاں اینٹیں پکتی ہیں ④ بھٹہ۔

**پزیر** (ف) لاحقہ جو کسی اسم کے بعد آ کر قبول کرنے والا یا پکڑنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دل پذیر۔

**پزیرا** (ف) صفت ① قبول کیا ہوا ② قبول کرنے والا ③ منظور۔

**پزیرائی** (ف) مونث ① قبولیت ② منظوری۔

## پ ← ژ

**پژمردگی** (ف) اسم مونث ① مرجھایا پن ② افسردگی ③ کملاہٹ ④ مایوسی۔

**پژمردہ** (ف) اسم صفت ① مرجھایا ہوا ② کملایا ہوا ③ افسردہ ④ مایوس۔

**پژمردہ خاطر** (ف) اسم صفت ① رنجیدہ دل ② افسردہ خاطر ③ مغموم کبیدہ خاطر ④ مردہ دل ⑤ وہ دل جو خوشی سے بالکل خالی ہو۔

## پ ← س

**پس** (ف) تابع فعل ① پھر پیچھے ② بعد ③ بعدازاں ④ علاوہ ازیں ⑤ لہٰذا ⑥ اس لئے ⑦ آخرکار ⑧ آخر کو ⑨ لیکن۔

**پس انداز** (ف) اسم مذکر ① باقی ② بچا ہوا ③ اندوختہ ④ جمع ⑤ بچت ⑥ وہ روپیہ جو خرچ سے بچ رہا ہو ⑦ کفایت شعاری ⑧ بچایا ہوا ⑨ اکٹھا کیا ہوا۔

**پس اندازی** (ف) اسم مونث ① بچت ② جمع۔

**پس پشت ڈالنا** (ا۔ محاورہ) ① بے پروائی کرنا ② چھوڑنا ③ پرواہ نہ کرنا۔

**پس ماندہ** (ف) صفت ① پیچھے رہا ہونا ② بقایا ③ وارث۔

**پس خوردہ** (ف) اسم مذکر ① الش ② آگے کا بچا ہوا۔

**پس غیبت** (ا) تابع فعل ① پیٹھ پیچھے غیبت میں ② غیر حاضری میں ③ عدم موجودگی میں۔

**پس و پیش** (ف) اسم مذکر ① آگے پیچھے ② آگا پیچھا ③ سوچ بچار ④ اونچ نیچ ⑤ فکر و تردد ⑥ اندیشہ تشویش ⑦ شش و پنج ⑧ دبدھا ⑨ دگدا۔

**پسارنا** (ہ) فعل ① پھیلانا ② دراز کرنا ③ کھولنا ④ فراغ کرنا ⑤ کشادہ کرنا ⑥ پھاڑنا ⑦ بانا۔

**پسانا** (ہ) فعل ① ابال کر پانی نچوڑنا ② کسی ابلی ہوئی چیز مثلاً چاول یا سویاں ابال کر ان کا پانی ٹپکانا ③ گائے بھینس کے تھنوں کو زول کر ان میں ہاتھ سے دودھ اتارنا۔

**پسپا ہونا** (ہ) فعل ① پیچھے ہٹنا ② شکست کھانا ③ بھاگ جانا ④ پیٹھ دکھانا۔

**پست** (ف) اسم صفت ① نیچے ② نشیب ③ بے ہمت ④ کم

Join us on Whatsapp Naveed Baig 0314077218

www.besturdubooks.net

رتبہ ⑤ کمینہ ⑥ بخیل ⑦ خسیس ⑧ کم ہمت آدمی۔

**پست خیال** (ف) اسم مذکر ① صاحب خیال پست ② گھٹیا خیالات کا۔

**پست فطرت** (ف) اسم مذکر ① کم عقل ② نادان ③ بیوقوف ④ کمینہ ⑤ ذلیل۔

**پست قد** (ف) اسم صفت ① چھوٹے قد کا ② ٹھگنا ③ بونا۔

**پست کرنا** (ا) فعل ① مغلوب کرنا ② ہمت توڑنا ③ ہرانا ④ شکست دینا۔

**پست ہمت** (ف) اسم صفت ① کم ہمت ② بزدلا ③ بے ہمت۔

**پستان** (ف) اسم مونث ① چھاتی ② چوچی ③ کچا۔

**پشک** (س) اسم مونث ① کتاب ② پوتھی ③ گرنتھ۔

**پستول** (ہ) اسم مذکر ① پسٹل ② تپنچہ ③ تمنچہ ④ تفنگچہ ⑤ چھوٹی ذراسی بندوق۔

**پستہ** (ف) اسم مذکر۔ ایک میوے کا نام ہے تشبیہ کے طور پر ایک چھوٹے سے کتے کو بھی کہتے ہیں۔

**پستی** (ف) اسم مونث ① نچائی ② بلندی کی ضد ③ کمینہ پن ④ کم ہمتی۔

**پسر** (ف) اسم مذکر ① بیٹا ② پتر ③ لڑکا ④ فرزند ⑤ ابن ولد ⑥ پوت۔

**پسرنا** (ہ) فعل ① پھیلنا ② ہاتھ پاؤں پھیلا کر لیٹ جانا ③ فریب اور مکر کرنا ④ ضد کرنا ⑤ ہٹ کرنا ⑥ لیٹنا ⑦ پڑنا ⑧ ٹانگیں پھیلانا۔

**پسرہٹا** (ہ) اسم مونث ① وہ بازار جہاں پنساریوں کی دکانیں بکثرت ہوں ② پنساریوں کا بازار۔

**پسلی** (ہ) اسم مونث ① پہلو ② طرف ③ پہلو کی ہڈی سینے کی ہڈیاں جو ریڑھ کی ہڈی سے نکل کر جگر معدے اور دل کے اوپر تک چھائی ہوئی ہوتی ہیں۔

**پسلی پھڑکنا** (ہ) فعل ① کسی بات کی خبر ہونا ② یاد آنا ③ مطلع ہونا ④ پیٹھ پیچھے کسی کا حال معلوم ہو جانا ⑤ بے چینی ہونا ⑥ بیقراری ہونا ⑦ کسی کی یاد میں بیتاب ہونا۔

**پسلی کا آزار** (ا) اسم مذکر ① پسلی کا دکھ ② مسان کی ایک بیماری ہے جو بچوں کو لاحق ہو جاتی ہے۔

**پسنا** (ہ) فعل ① آٹا ہونا ② چور چور ہونا ③ مصیبت میں تباہ ہو جانا ④ برباد ہونا ⑤ فریفتہ ہونا ⑥ عاشق ہونا ⑦ مٹنا ⑧ گرفتار ہونا ⑨ کچلا جانا۔

**پسند** (ف) اسم مونث ① مقبول ② حسب دل خواہ ③ خاطر خواہ ④ من بھاتا ⑤ منظور نظر۔

**پسندے** (ا) اسم جمع مذکر ① گوشت کے کچلے ہوئے ٹکڑے جنہیں بھون کر کباب بناتے ہیں ② ایک قسم کے کباب۔

**پسندیدہ** (ف) اسم صفت ① مرغوب طبع ② مقبول ③ پسند ④ خاطر ⑤ دل پسند ⑥ دلچسپ ⑦ حسب دلخواہ ⑧ منظور نظر۔

**پسنہاری** (ہ) اسم مونث ① آٹا ② پیسنے والی عورت۔

**پسوانا** (ہ) فعل۔ ① آٹا کرنا ② چور چور کرنا ③ مسلوانا ④ کچوانا۔

**پسوائی** (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② پیسنے کی اجرت ③ پسائی۔

**پسیجنا** (ہ) فعل ① پسینہ آنا ② نمی آنا ③ سیل آنا ④ تری آنا ⑤ ملائم و نرم ہونا ⑥ رحم کھانا ⑦ ترس کھانا ⑧ غور کرنا ⑨ توجہ کرنا۔

**پسینا** (ہ) اسم مذکر ① عرق ② نمی ③ رطوبت ④ وہ نمی جو بدن کے مسامات سے نکلا کرتی ہے۔

**پسینے پسینے ہونا** (ہ) فعل ① عرق عرق ہونا ② آب آب ہونا ③ پسینوں میں ڈوبنا ④ زیادہ گرمی سے پسینے میں شور بور ہونا ⑤ بہت شرمندہ اور منفعل ہونا۔

**پسینہ کی جگہ خون بہانا** (ا۔محاورہ) ① کسی کے لیے جان دینے سے بھی دریغ نہ کرنا ② بہت محنت کرنا۔

**پسیو** (ہ) اسم مذکر ① نمی ② رطوبت ③ پسینہ ④ بھاپ انجرے۔

## ش ← پ

**پشت** (ف) اسم مونث ① پیٹھ ② کمر ③ ظہر ④ پیچھے، پچھاڑی ⑤ غیبت ⑥ مدد ⑦ اعانت ⑧ سہارا ⑨ نسل۔

**پشت بہ پشت** (ف) تابع فعل ① باپ دادا سے ② پیڑھیوں سے ③ جد سے۔

**پشت پناہ** (ف) اسم مونث ① مدد گاری ② حمایتی ③ مدد کرنے والا ④ معاون ⑤ وسیلہ ⑥ ذریعہ ⑦ رفیق ⑧ ساتھی ⑨ قوت

Join us on whatsapp Naveed Bal 03124970218

بازو۔

**پشت دکھانا** (ا) فعل 1 بھاگ جانا 2 پیٹھ دکھانا 3 لڑائی میں شکست کھانا 4 ہار کر بھاگنا۔

**پُشتا پشت/پُشتہا پُشت** (ف) مونث 1 کئی نسلوں سے 2 پیڑھی در پیڑھی۔

**پشتارہ** (ف) اسم مذکر 1 بوجھ 2 گٹھا 3 ڈھیر 4 انبار 5 اٹم۔

**پشتو** (ف) اسم مونث 1 پختو 2 پٹھانوں کی زبان 3 افغانی بولی۔

**پشتہ** (ف) اسم مذکر 1 مٹی کا ڈھیر 2 دریا کا بند 3 چمڑا یا کپڑا جس سے کتاب کی پُشت کے پٹھے جوڑے جاتے ہیں 4 مینڈھ۔

**پشتہ بندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 پشتہ باندھنا 2 بند باندھنا 3 دیوار یا دریا کے کنارے کو مضبوط کرنا۔

**پشتی** (ف) اسم مونث 1 تائید 2 حمایت 3 ٹیک 4 سہارا 5 حفاظت 6 نگہبانی 7 پناہ۔

**پشتیبان** (ہ) اسم مذکر 1 سہارا دینے والا 2 مددگار 3 رفیق 4 ساتھی 5 وہ لکڑی جو کواڑوں یا تخت یا دیوار کی پشت پر مضبوطی اور استحکام کے لئے لگاتے ہیں۔

**پشتینی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی 1 قدیم 2 موروثی 3 خاندانی۔

**پشم** (ف) 1 نرم بال 2 اون 3 بے حیثیت 4 بے حقیقت 5 کم اصل 6 بیکار 7 نکمی چیز 8 ناقص 9 ردی۔

**پشمینہ** (ف) اسم مذکر 1 منسوب بہ پشم 2 اونی کپڑا 3 بالوں کا پارچہ۔

**پشواز** (ا) اسم مونث 1 لہنگے کی طرح کا ایک قسم کا کپڑا جو ناچنے والی عورتیں پہنا کرتی ہیں 2 جامہ 3 لباس رقص 4 گون۔

**پشہ** (ف) اسم مذکر 1 مچھر 2 بے حقیقت اور بودی چیز۔

**پشیمان** (ا) اسم صفت 1 شرمندہ 2 نادم 3 پچھتانے والا 4 افسوس کرنیوالا 5 متاسف۔

**پشیمانی** (ف) اسم مئونث 1 پچھتاوا 2 شرمندگی 3 ندامت 4 افسوس۔

## پ ← ف

**پُف** (ف) مونث 1 پھونک 2 وہ ہوا جو منہ سے نکالی جائے۔

## پ ← ک

**پکا** (ہ) اسم صفت 1 پکا ہوا 2 تجربہ کار 3 مضبوط 4 بالغ 5 اُبلا 6 چالاک 7 پورے وزن کا 8 بھروسے کے لائق 9 کھرا۔

**پکا پکایا** (ہ) اسم صفت 1 مفت 2 بے محنت 3 بے وقت 4 بلا تکلیف 5 بے کوشش 6 تیار شدہ 7 درست 8 ٹھیک 9 لیس۔

**پکا پھوڑا** (ہ) اسم صفت 1 مواد سے بھرا ہوا زخم 2 دُکھیارا 3 غمزدہ۔

**پکا پیسا** (ہ) اسم صفت 1 بہت ہوشیار 2 بہت تجربہ کار 3 نہایت سیانا 4 بہت دانا 5 بڑا زیرک 6 عقلمند۔

**پکا چٹھا** (ہ) اسم مذکر 1 سالانہ حساب کی فرد 2 پکا کھاتہ 3 پکا روزنامچہ 3 پختہ بہی حساب۔

**پکا کرنا** (ہ) فعل 1 آمادہ کرنا 2 بالکل تیار کرنا 3 مضبوط بنانا 4 پختہ کرنا 5 ذہن نشین کرنا۔

**پکا ہونا** (ہ) فعل 1 وعدہ پختہ ہو جانا 2 ارادہ مصمم ہونا 3 معاملہ پختہ ہونا 4 اینٹھنا۔

**پکار** (ہ) اسم مونث 1 آواز 2 ہانک 3 غل 4 شور 5 ہلڑ 6 فریاد 7 دہائی 8 بلاوا 9 طلب۔

**پکار کے** (ہ) تابع فعل 1 اعلانیہ 2 کھلم کھلا 3 ڈنکے کی چوٹ 4 چلا کے 5 زور سے 6 خفا ہو کر 7 ناراض ہو کر۔

**پکارنا** (ہ) فعل 1 بلانا 2 آواز دینا 3 ہانک مارنا 4 چلانا 5 غل مچانا 6 خبر کرنا 7 رٹنا گھوٹنا 8 ذہن میں بٹھانا۔

**پکانا** (ہ) فعل 1 کھانا تیار کرنا 2 پختہ کرنا 3 سبق یاد کرنا 4 مواد کو خارج کرنے کے قابل بنانا 5 پیپ کو رقیق کرنا 6 مضبوط کرنا 7 پختہ کرنا 8 رٹنا۔

**پکاؤ** (ہ) اسم مذکر 1 پختگی 2 تیاری 3 مواد کا پکنا۔

**پکائی** (ہ) اسم مونث اسم 1 معاوضہ 2 پکانے کی اجرت 3 پکوائی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

پکچر (ای) مونث ① تصویر ② فلم ③ سینما۔

پکچر ہاؤس (ای) مذکر ① نگار خانہ ② سینما گھر۔

پکڑانا (ہ) فعل ① حوالے کرنا ② سپرد کرنا ③ ہاتھوں ہاتھ دے دینا ④ ہاتھ میں دینا ⑤ پکڑوانا ⑥ گرفتار کرانا ⑦ وارنٹ نکلوانا۔

پکڑ لانا (ہ) فعل ① گرفتار کر کے لے آنا ② باہر لے آنا ③ قابو میں لانا ④ دشمن کو داؤ میں لے آنا ⑤ حریف کے پیچھے جا لگنا ⑥ پہلوانوں کا پکڑ لانا۔

پکڑنا (ہ) فعل ① گرفتار کرنا ② پھانسنا ③ قید کرنا ④ مجرم وغیرہ کا کسی چیز کو ہاتھ میں تھامنا ⑤ سائی یا بیانہ لینا ⑥ گرفت کرنا ⑦ اعتراض کرنا ⑧ ٹوکنا ⑨ بدر نکالنا۔

پکڑوانا (ہ) فعل ① پکڑنا کا متعد المتعدی ② گرفتار کرانا ③ پھنسوانا ④ سہارا دینا ⑤ ہاتھوں ہاتھ دلانا ⑥ حوالہ کرانا ⑦ سپرد کرانا ⑧ پکڑانا ⑨ تھمونا۔

پکنا (ہ) فعل ① تیار ہونا ② پختہ ہونا ③ رندھنا ④ کھانا تیار ہونا ⑤ بالغ ہونا ⑥ گدرانا ⑦ پھل کا پختہ ہونا ⑧ پھوڑے میں پیپ پڑنا ⑨ مواد فاضل اخراج ہونا۔

پکوان (ہ) اسم مذکر ① تلی ہوئی چیز پکا کھانا ② کھانا ③ کچوری، پراٹھا وغیرہ پکا کھانا۔

پکوانا (ہ) فعل ① ریندھوانا ② رسوئی تیار کرنا ③ کھانا بنوانا ④ کھانا تیار کرنا۔

پکوائی (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② پکانے کی اُجرت ③ پکانے کی مزدوری۔

پکوڑا (ہ) اسم مذکر ① بڑی پھلکی ② بتاسا ③ پھولا ہوا گول گپا ④ گلگلے کی طرح پھولا ہوا ⑤ پکوان ⑥ مجازاً پھولی ہوئی چیز ⑦ جیسے پکوڑا سی ناک ⑧ پکوڑا سا بیر۔

پکوڑی (ہ) اسم مونث ① پکوڑا کی تصغیر یا تانث ② بیسن یا پیٹھی کی بنی ہوئی چھوٹی پھلکی۔

پکھال پیٹا (ہ) اسم مذکر ① بڑے پیٹ والا ② دراز شکم ③ کھاؤ ④ گھاؤ گھپ۔

پکھاوج (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا طبلہ، چھوٹی سی خاص طرز کی ڈھولک ② مندل مردنگ۔

پکھاوجی (ہ) اسم مذکر ① مزدنگ بجانے والا ② پکھاوج بجانے والا ③ مردنگ نواز۔

پکھراج (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا نہایت بیش قیمت چمکیلا جوہر جس کا رنگ زرد ہوتا ہے ② یہ جوہر نیلا اور سبز مائل بہ سفیدی بھی ہوتا ہے۔

پکھروٹا (ہ) اسم مذکر ① چاندی کا ورق لپیٹی ہوئی پان کی گلوری ② نیز وہ ورق جو پان کی گلوری پر لپیٹ دیا جاتا ہے۔

پکھوا (ہ) اسم مذکر ① پہلو ② بغل ③ کنار ④ آغوش، جیسے ماں کے ہی پکھوے سے لگی بیٹھی ہو۔

پکھیرو (ہ) اسم مذکر فاعل ① پنکھ والا ② پردار ③ پرندہ ④ پنچھی ⑤ طائر ⑥ مثلاً آدمی کو بول دیتے ہیں کیونکہ ہر جگہ جا سکتا ہے۔

پکی (ہ) اسم صفت ① پکا کی تانیث ② بالغہ ③ تجربہ کار ④ پختہ ⑤ پوری ⑥ مضبوط ⑦ مستحکم ⑧ پوری کچوری کی عورت ⑨ مفبنہ۔

پکی پیسی (ہ) اسم صفت ① لیس ② پکی پکائی ③ تجربہ کار عورت ④ جہاندیدہ عورت ⑤ نہایت ہوشیار عورت۔

پکی کرنا (ا) فعل ① پکا کرنے کے ہم معنی ② استحکام کرنا ③ پخت و پز کرنا ④ تجویز پختہ کرنا ⑤ معین کرنا ⑥ مقرر کرنا۔

## پ ← گ

پگ (ہ) اسم مذکر ① پاؤں ② پیر ③ قدم۔

پگا (ہ) اسم مذکر ① پینگھڑا ② پچھاڑی ③ زنجیر پا ④ پاؤں میں باندھنے

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کی رسی ⑤ مویشیوں کے گلے کی رسی۔ باگ ڈور۔

پگانا (ہ) فعل ① کھلاڑیوں کا کھیل کو ختم کرنا ② وعدہ پورا کرنا ③ بے باق کرنا۔

پگاہ (ہ) اسم مونث ① اصل میں بگاہ یعنی بروقت ② اصطلاحی معنی صبح ③ سحر ④ مجر ⑤ تڑکا ⑥ بھور۔

پگڈنڈی (ہ) اسم مونث ① بیٹا ② باٹ ③ رستہ ④ راہ ⑤ پاؤں کی لکیر جو زمین پر پڑ جاتی ہے ⑥ تنگ راستہ ⑦ پیروں کا نشان ⑧ پیدل چلنے کا راستہ۔



(پگڑی)

پگڑی (ہ) اسم مونث ① دستار ② عمامہ سر پر باندھنے کا کپڑا ③ عزت آبرو ④ توقیر ⑤ نفر ⑥ آدمی ⑦ جی ⑧ جان جیسے پگڑی ⑨ پیچھے دو دو لڈو دیدو۔

پگڑی اتارنا (ہ) فعل ① بے عزتی کرنا ② آبرو ریزی کرنا ③ لوٹنا ④ ٹھگنا ⑤ قیمت زیادہ لینا ⑥ گاہک سے دغا کرنا ⑦ دھوکا فریب دینا۔

پگڑی اترنا (ہ) فعل ① ذلیل ہونا ② ٹھگا جانا ③ دھوکا کھانا ④ آبرو گنوانا ⑤ بے عزت ہونا۔

پگڑی اٹکنا (ہ) فعل محاورہ ① ہمسری ہونا ② برابر کا دعوے دار بننا ③ پگڑی کا الجھنا ④ مقابلہ ہونا ⑤ مساوات ہونا۔

پگڑی اچھالنا (ہ) ① ذلیل کرنا ② رسوا کرنا ③ بے عزت کرنا ④ مذاق ارانا ⑤ تمسخر اڑانا ⑥ ہنسی کرنا ⑦ مذاق کرنا ⑧ باہم ایک دوسرے کی توہین کرنا ⑨ خوشی کرنا۔

پگڑی باندھنا (ہ) فعل محاورہ ① دستار باندھنا ② سر پر پگڑی لپیٹنا ③ عزت دینا ④ زندگی بخشنا ⑤ قائم مقام اور جانشین کرنا ⑥ وارث قرار دینا ⑦ استاد فن اور کامل ⑧ ماہر فن تسلیم کرنا ⑨ سردار بنانا۔

پگڑی بدلنا (ہ) فعل محاورہ ① بھائی بنانا ② گہری دوستی کا اظہار کرنا ③ یارانہ کرنا ④ یار بنانا ⑤ محبت و پیار کرنا ⑥ بھائی بندی کا تعلق پکا کرنا۔

پگڑی بندھنا (ہ) فعل ① دستار بندی ہونا ② کسی کا قائم مقام ہونا ③ گدی نشین ہونا ④ سرداری یا وارثت پانا ⑤ حاکم یا پنچ قرار دیا جانا۔

پگڑی رکھ گھی چکھ (ہ) مقولہ ① عزت آبرو کو سنبھال اور عیش میں زندگی بسر کرنا ② معزز بن کر ہر ایک جگہ خاطر و مدارات کرانا۔

پگڑی والا (ہ) اسم مذکر ① طبیب ② حکیم ③ ڈاکٹر ④ بید ⑤ معالج ⑥ عورتیں چونکہ صبح کے وقت حکیم ڈاکٹر کا لفظ کہنا منحوس سمجھتی ہیں، اسلیئے اُسکی بجائے پگڑی والا یا چیرے والا بولتی ہیں ⑦ دستار والا ⑧ عمامہ والا یعنی مرد بچہ۔

پگلنا (ہ) فعل ① تپنا ② گرم ہو کر پتلا ہونا ③ نرم ہونا ④ پسیجنا ⑤ راضی ہونا ⑥ رضامند ہونا ⑦ ترحم آنا ⑧ فیاضی کو تیار ہو جانا۔

پگیا (ہ) اسم مونث ① پگڑی کی تصغیر ہے اور پیار کے طور پر گیتوں میں استعمال ہوتا ہے ② چھوٹی پگڑی۔

## پ ← ل

پل (ف) اسم مذکر ① پانی پر سے گزرنے کا راستہ دریا کو عبور کرنے کا راستہ ② جُر ③ بند ④ پشتہ ⑤ محاورے میں افراط اور کثرت کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔

پل باندھنا (ا) فعل ① دریا یا ندی وغیرہ کے عبور کرنے کو کچھ پاٹ کر یا عمارت بنا کر راستہ بنانا ② پاڑ باندھنا ③ ڈھیر لگانا ④ تودہ لگانا ⑤ افراط اور کثرت میں مبالغہ کرنا ⑥ جیسے باتوں کا پل باندھ دیا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**پل بندی** (ف) اسم مونث ① پل باندھنا ② پار باندھنا ③ پل کی مرمت کرنا ④ پل کا محصول۔

**پل ٹوٹنا** (ا) فعل ① پل کا گر جانا ② پل بہہ جانا یا گرنا ③ افراط ہونا ④ بکثرت ہونا ⑤ بندش نہ رہنا ⑥ اسہال بکثرت آنا ⑦ دست بہت زیادہ آنے ⑧ رکاوٹ نہ رہنا ⑨ بار بار پیخانہ آنا۔

**پَل** (ہ) اسم مونث ① پلک ② فترہ ③ اصل میں پلک کا مخفف ہے ④ پلک جھپکنے کا عرصہ ⑤ دقیقہ ⑥ ثانیہ ⑦ منٹ کا ساٹھواں حصہ ⑧ آن ⑨ لحظہ۔

**پل بھر میں** (ہ) تابع فعل ① ذرا سی دیر میں ② آن کی آن میں تھوڑی سی دیر میں ③ ایک پل ④ آنا فانا ⑤ فوراً ⑥ بہت جلد ⑦ آنکھ جھپکنے میں۔

**پلا** (ہ) اسم مذکر ① دامن ② آنچل ③ سر کا بوجھ ④ تھیلا ⑤ گونڈ جیسے پلے دار ⑥ مدد ⑦ امداد ⑧ ترازو۔

**پلاؤ** (ف) اسم مذکر ① گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول ② قج پائے ③ ذراسی۔

**پلائی** (ہ) اسم مونث ① دودھ پلانے والی ② انا ③ انکہ ④ وہ لڑکی جس کو دوسری عورت کا دودھ پلایا گیا ہو ⑤ رضاعی بیٹی ⑥ دختر رضائی۔

**پل پڑنا** (ہ) فعل ① بہت زور سے حملہ کرنا ② ملکر زور لگانا ③ حملہ آور ہونا ④ جھک پڑنا ⑤ بالکل متوجہ ہو جانا ⑥ سر ہو جانا ⑦ یکسو ہو کر کسی کام میں مصروف ہو جانا ⑧ مارکٹائی کو مستعد ہو جانا۔

**پلپلا** (ہ) اسم صفت ① پیل کرنے والا ② نرم ③ لچلچا ④ گھلا ہوا۔

**پلپلا** (ہ) اسم صفت ① اندر سے کھوکھلا ② پولا ③ اندر سے خالی۔

**پلپلانا** (ہ) فعل ① نرم کرنا ② دبا کر پھل وغیرہ کو نرم اور ڈھیلا کر لینا، ملائم کر لینا۔

**پلٹا** (ہ) اسم مذکر ① بدلہ ② معاوضہ ③ عوض ④ انتقام ⑤ روٹی کو توے پر الٹنے کا آلہ ⑥ بڑی سی کھرچنی ⑦ گردش ⑧ دورہ ⑨ چکر۔

**پلٹا کھانا** (ہ) فعل ① انقلاب ہونا ② برگشتہ ہونا ③ الٹ جانا، حالت کا بدل جانا ③ پہلو بدلنا ④ لوٹ جانا ⑤ سر نیچے پاؤں اوپر ہو جانا۔

**پلٹی** (ہ) اسم مونث ① پلٹا کی تانیث ② قلابازی ③ سر نیچے اور پاؤں اوپر کر کے چھلانگ مارنا ④ بازیگروں کی ایک طرح کی ورزش۔

**پلٹس** (ای) اسم مونث ① لیپ ② ضماد ③ لپری ④ وہ لئی جو السی اور گرم اشیاء ملا کر پکاتے ہیں اور مواد پکانے کی غرض سے پھوڑے باندھتے ہیں۔

**پلٹن** (فرنچ) ① پیادہ فوج کا دستہ ② آٹھ سو آدمیوں کا ایک گروہ جو لفٹنٹ کرنل کے ماتحت ہو۔

**پلٹنا** (ہ) فعل ① پلٹا کھانا ② الٹ جانا ③ الٹنا پھرنا ④ انکار کرنا ⑤ واپس ہونا ⑥ لوٹنا ⑦ واپس جانا ⑧ باز آنا ⑨ بیوفائی کرنا۔

**پلڑا** (ہ) اسم مذکر ① ترازو کا پلا ② دو پلڑی ٹوپی کا ایک حصہ۔

**پلستر** (ای) اسم مذکر ① گچکاری ② مرہم۔

**پلستر بگاڑنا** (ا) فعل ① شکل بگاڑنا ② حیثیت کھو دینا ③ صورت خراب کر دیتا ہے ④ کھال ادھیڑنا ⑤ مار مار کر ہیئت بگاڑ دینا ⑥ لیپ میں خرابی ڈال دینا ⑦ کہگل یا گچکاری کو خراب کر دینا۔

**پلک** (ہ) اسم مونث ① آنکھ کی بال دم ② آن لحظہ ③ لمحہ ④ ثانیہ۔

**پلک پیٹا** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① وہ بیمار جو بار بار آنکھ جھپکائے ② روشنی کے تاب نہ لانے والا۔

**پلک جھپکنا** (ہ) فعل ① پلک مارنا ② آنکھ جھپکنا ③ آنکھ لگنا ④ نیند آنا ⑤ ذرا کی ذرا سونا ⑥ قلیل زمانہ۔

**پلک لگنا** (ہ) فعل ① ذرا کی ذرا نیند آنا ② کچھ خفیف سی آنکھ لگنا ③ جھپکی لینا۔

**پلک مارنا** (ہ) فعل ① انکھ سے اشارہ کرنا ② ایما کرنا۔

**پلک نواز** (ا) اسم صفت ① فارسی ② دم بھر میں نہال کر دینے والا ③ ذرا سی بات پر بخش دینے والا ④ خدا تعالیٰ کی صفت ہے۔

**پلک نہ پسیجنا** (ہ) فعل ① رحم نہ آنا ② آنسو نہ آنا ③ سنگدل ہونا ④ نام کا بھی رونا نہ آنا ⑤ دیا نہ ہونا۔

**پلک نہ جھپکنا** (ہ) فعل ① نیند نہ آنا ② آنکھ نہ لگنا ③ بے چینی اور بیقراری میں آنکھ نہ لگنا۔

**پلکا** (ہ) اسم صفت ① کبوتر ② ابلق کبوتر ③ دورنگا کبوتر۔

**پلکوں سے نمک چننا** (ہ) فعل ① ہاتھوں کے بجائے پلکوں سے کام لینا ② نہایت جبر و سزا کے اظہار کے وقت بولا جاتا ہے۔

**پلنا** (ہ) فعل ① زور لگانا ② ہمہ تن مصروف ہو جانا ③ پوری جد و جہد کرنا ④ کسی کام کے سر ہو جانا ⑤ کچلا جانا ⑥ دبایا جانا ⑦

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

پسنا ⑧ تیل نکلنا ⑨ دبا کر رس نکلنا۔

**پلنگ** (ہ) اسم مذکر ① بڑی چارپائی ② کھاٹ، مسہری ③ ماچا ④ اونچے اونچے پایوں کی نوار یا بان سے بنی ہوئی چارپائی۔

**پلنگ پوش** (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ بالا پوش وہ چادر جو بسترے کی حفاظت کی خاطر پلنگ پر ڈال دی جاتی ہے۔

**پلنگڑی** (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ① پلنگ کی تصغیر ہے ② کھٹولی ③ چھوٹی سی چارپائی ④ کھٹیا ⑤ چھوٹا پلنگ۔

**پلّو** (ہ) اسم مذکر ① دامن ② چھوڑ ③ آنچل ④ کنارہ ⑤ چوڑی گوٹ ⑥ چوڑا ٹھپا۔

**پلوانا** (ہ) فعل ① پینے اور پلانے کا متعدی المتعدی ہے ② روغن نکلوانا ③ کولھو کے ذریعہ سے رس یا عرق نکلوانا۔

**پلوٹھا یا پہلوٹھا** (ہ) اسم صفت ① پہلونٹی کا ② وہ لڑکا جو پہلے پہل پیدا ہو ③ پہلا لڑکا ④ پہلا ⑤ زچہ ⑥ جیٹھا لڑکا۔

**پلول** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی ترکاری ہوتی ہے جو یورپ میں زیادہ رواج رکھتی ہے ② ایک خاص قسم کی گھاس کا نام بھی ہے پنجاب کے ایک مشہور قصبے کا نام بھی ہے۔

**پلول** (ای) پرول اسم مونث ① زبانی بات چیت ② مقررہ الفاظ ③ جنگ کے دنوں میں سپاہیوں میں روزانہ پہرہ کے وقت مقرر شدہ الفاظ جن سے وہ غیر کی فوج کے جاسوسوں وغیرہ کا پتہ لگا لیتے ہیں ④ یہ الفاظ روزانہ نئے مقرر ہوا کرتے ہیں۔

**پلول ملانا** (ا) ① سازباز کرنا ② ہمراز بنانا ③ گانٹھنا ④ صلاح ایک رکھنا۔

**پلہ** (ف) اسم مذکر ① ترازو کا پلڑا ② سیڑھی ③ پیڑی ④ زینہ ⑤ درجہ ⑥ رتبہ ⑦ مرتبہ۔

**پلی** (ہ) اسم مونث ① تیل یا گھی وغیرہ نکالنے کا آلہ ② ٹیڑھا چمچہ ③ کھڑے رخنے والی ذرا سی پیالی جس کے ذریعہ سیال اشیاء برتن میں سے نکالتے ہیں۔

**پلی پلی جوڑنا** (ہ) فعل محاورہ ① تھوڑا تھوڑا جمع کرنا ② جیسے بندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھا دے کپے ③ مثل ③ مطلب یہ ہے کہ آدمی تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور سارا جمع کیا کرایا ایک دم میں خرچ کر دیتا ہے۔

**پلی** (ہ) اسم مونث۔ (پل کی تصغیر) چھوٹا سا پل۔

**پلّے باندھنا** (ہ) فعل ① آنچل میں باندھنا ② گرہ باندھنا ③ سنبھالنا ④ اپنے ذمہ لینا ⑤ حوالے کرنا ⑥ سپرد کر دینا ⑦ یاد رکھنا ⑧ عمل پیرا ہونا ⑨ نصیحت ماننا۔

**پلیتھن نکالنا** (ہ) فعل ① مار مار کر ادھ موا کر دینا ② کچومر نکالنا ③ بہت مارنا ④ تباہ حال کر دینا ⑤ بھرکس نکالنا ⑥ کندی کر دینا ⑦ دھن کٹی کرنا ⑧ خوب ہی مارنا۔

**پلیٹ** (ای) اسم مونث ① تھالی ② رکابی۔

**پلیٹ فارم** (ای) اسم مذکر ① سطح ② چبوترہ ③ وہ اونچی جگہ جس کے قریب آ کر ریل گاڑی کھڑی ہوتی اور مسافر لوگ اترتے چڑھتے ہیں ④ وہ اونچا مقام جہاں کوئی مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرتا ہے۔

**پلیٹ فارم ٹکٹ** (ای) اسم مذکر ① پلیٹ فارم کے داخلہ کا ٹکٹ ② وہ ٹکٹ جو ریل والے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے قیمتاً دیتے ہیں۔

**پلیٹ لیئر** (ای) اسم مذکر۔ ریل کی سڑک کا نگران افسر۔

**پلیگ** (ای) اسم مونث۔ ایک متعدی مہلک دبائی بیماری کا نام ہے جسے طاعون کہتے ہیں جو چوہوں سے پھیلتی ہیں۔

**پلین** (ای) اسم مذکر ① تجویز ② ڈھنگ ③ تدبیر ④ مسودہ ⑤ (بحالتِ صفت) ہموار ⑥ سادہ ⑦ کشادہ ⑧ میدان ⑨ صوفیانہ۔

**پلید** (ف) اسم صفت ① ناپاک ② نجس ③ گندہ ④ غلیظ ⑤ بھوت پریت ⑥ جن۔

**پلے دار** (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① قلی ② مزدور ③ حمال ④ پانڈیا ⑤ بوجھ اٹھانے والا۔

**پلے سے باندھنا** (ہ) فعل ① دامن سے باندھنا ② بیاہ دینا ③ نکاح کر دینا۔

**پلے ہونا** (ہ) فعل ① گرہ میں ہونا ② نقد دام پاس ہونا ③ گانٹھ میں ہونا روپیہ پاس ہونا۔

## پ ← م

**پمفلٹ** (ای) اسم مذکر ① چھوٹی سی کتاب ② رسالہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

پمن گیہوں (ہ) اسم مذکر ➊ ایک قسم کا بڑا لوچ دار اور عمدہ گیہوں ➋ گھٹیا گیہوں۔

## پ ← ن

پُن (ای) اسم مونث۔ گھنڈی دار سوئی۔

پُن (س) اسم مذکر ➊ نیک ➋ نیک کام ➌ عمدہ کام ➍ ثواب ➎ ثواب کا کام ➏ خیرات ➐ تصدق ➑ صدقہ ➒ توجہ التفات۔

پن کرنا (ہ) فعل ➊ لِلّٰہ دینا ➋ خیرات کرنا ➌ تصدق کرنا ➍ صدقہ دینا ➎ بخشنا ➏ عطا کرنا ➐ گائے سانڈ وغیرہ چھوڑنا ➑ وقف کرنا۔

پنّا (ہ) اسم مذکر ➊ سبز رنگ کا ایک جواہر جسے زمرد کہتے ہیں ➋ آم یا املی کی ترشی میں ملا ہوا کچا شربت ➌ جوتی کے اوپر کا چمڑا اوگی ➍ ورق ➎ پنا جیسے بہی کا تیسرا پنا ➏ ورق کا سونا۔

پنّا (ہ) فعل ➊ روئی دُھنا ➋ روئی اُوٹنا ➌ روئی تومنا۔

پَنا (ا) اسم مذکر ➊ عرض ➋ چوڑائی ➌ پاٹ ➍ آثار ➎ فارسی لفظ پہنا سے لیا گیا ہے۔

پناہ (ف) اسم مونث ➊ پناہ ➋ مدد ➌ سہارا ➍ دیوار کا سایہ ➎ ظل سرن ➏ آسرا ➐ بچنے کا ٹھکانا ➑ بچاؤ ➒ حفاظت گاہ۔

پناہ دینا (ا) فعل ➊ دشمنوں سے بچانا ➋ سہارا دینا ➌ آن دینا ➍ اپنی حفاظت میں لینا ➎ اپنی حمایت میں ٹھہرانا۔

پناہ گاہ (ا) اسم مونث ➊ امن کی جگہ ➋ مامن ➌ ماوا ➍ ٹھکانے کی جگہ ➎ اسم ظرف ہے۔

پناہ گیر (ف) اسم مذکر ➊ پناہ لینے والا ➋ سرن آنے والا۔

پناہ لینا (ا) فعل ➊ دشمنوں کے خوف سے کہیں جا ٹھہرنا ➋ امن میں جانا ➌ کسی کی حمایت میں آنا ➍ آرام لینا۔

پناہ مانگنا (ا) فعل ➊ سرن چاہنا ➋ آرام دامن طلب کرنا ➌ فریاد کرنا ➍ دوری چاہنا ➎ دادرسی چاہنا۔

پن ٹبا (ہ) اسم مذکر۔ پان رکھنے کا ڈبہ ایک قسم کا خاصدان۔

پن بھتا (ہ) اسم مذکر ➊ پانی میں پکے ہوئے چاول پتلے پکے ہوئے چاول ➋ گلتھی جسے فالودہ کی طرح شربت میں ڈال کر پیتے ہیں۔

پنبہ (ف) اسم مذکر ➊ روئی ➋ کپاس۔

پنبئی (ف) اسم صفت ➊ روئی دار ➋ روئی بھرا کپڑا ➌ وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہو۔

پنپنا (ہ) فعل ➊ سرسبز ہونا ➋ تروتازہ ہونا ➌ ترقی کرنا ➍ بڑھنا ➎ تنگدستی رفع ہونا ➏ صحت پانا ➐ سنبھلنا ➑ لاغری کے بعد فربہی یا مفلسی کے بعد امیری ہونے لگنا ➒ پھوٹنا۔

پنتھ (ہ) اسم مذکر ➊ فرقہ ➋ جتھا ➌ جماعت ➍ گروہ ➎ امت ➏ قوم ➐ ملت ➑ مذہب ➒ دین۔

پنتھی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ➊ پنتھ والا ➋ راہ رو ➌ مسافر ➍ بٹاؤ ➎ سیاح ➏ مذہب کا پیرو ➐ دیندار۔

پنتھی پورنا (ہ) فعل ➊ چارزانو بیٹھنا ➋ پالتی مار کر بیٹھنا۔

پنجتن (ف) اسم مذکر۔ پنجتن پاک یعنی۔

(۱) رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

(۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہ

(۳) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(۴) حضرت امام حسن علیہ السلام

(۵) حضرت امام حسین علیہ السلام سے مراد ہے۔

پنج روزہ (ف) اسم صفت ➊ پانچ دن کا چند روزہ ➋ تھوڑا عرصہ ➌ کوئی دن کا ہفتے کے سات دنوں میں سے ایک دن تو آنے کی تکلیف یعنی پیدائش کا دوسرا دن جانے کی مصیبت اپنی موت کا۔ باقی پانچ دن زندگی کے ہیں ➍ ان میں آرام دکھ ➎ شادی وغم سب کچھ ہی ہے جو نہایت قلیل عرصہ ہے۔

پنج شاخہ (ف) اسم مذکر ➊ پنجی ➋ لوہے کا بنا ہوا پنجہ جو بانس کی لکڑی میں لگا لیتے ہیں اور اس میں فیتے لگا کر روشن کرتے ہیں ➌ پانچ بتیوں والا فانوس۔

پنج عیب (ف) ➊ وہ گھوڑا جس میں پانچوں موجود عیب ہوں ➋ یعنی جثری ➌ کری ➍ شب کور ➎ کہنہ لنگ اور ➏ منہ زور۔

پنج عیب شرع (فع) اسم مذکر ➊ وہ شخص جس میں پانچوں سخت عیب موجود ہوں ➋ یعنی چوری ➌ زنا کاری ➍ جوئے بازی ➎ جھوٹ بولنا ➏ اور شرابخواری ➐ نہایت بدذات ➑ شہدا ➒ لچہ۔

پنج گوشہ (ف) اسم صفت ➊ پانچ کونے والا ➋ پنج کونیا۔

پنج نوبت (ف) اسم مونث ➊ وہ پانچ وقتی نوبت جو بادشاہوں کے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دروازے پر بجا کرتی تھی ② نماز پنجگانہ ③ پنج سفید یعنی پانچ باجے یعنی دف ڈھول ④ طاسہ ⑤ نفری ⑥ دمامہ۔

**پنج ہونا** (ا) فعل ① گھوڑے کا جوان ہونا ② سات برس کا ہونا ③ نہایت شریر ہونا۔

**پنجر** (ہ) اسم مذکر ① پسلی ② ڈھانچ ③ ڈھانچہ ④ قالب۔

**پنجر** (ہ) اسم مذکر ① قفس ② پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں کا گھر ③ قالب ④ قالب انسانی۔

**پنجری** (ہ) اسم مونث۔ پنجرہ کی تصغیر ہے۔

**پنجری** (ہ) اسم مونث۔ چوسر کے ایک داؤں کا نام ہے جس مین پانچ کوڑیاں جت پڑتی ہیں۔

**پنجم** (ف) اسم صفت عددی پانچوں پانچویں درجے کا ایک خمس پنجن۔

**پنجنا** (ہ) فعل ① ٹانکا لگنا ② جڑنا ③ پیوست ہونا ④ رانگ یا ٹانکے وغیرہ سے جڑ جانا۔

**پنجوانا** (ہ) پنجنا سے متعدی المتعدی ہے ① ٹانکا لگوانا ② جڑوانا ③ پیوست کرانا۔

**پنجوں کے بل چلنا** (ا) فعل ① اترا کر چلنا ② مغرورانہ چال سی چلنا ③ زمین پر پاؤں نہ رکھنا ④ بے آہٹ چلنا ⑤ چپکے چپکے چلنا۔

**پنجہ** (ف) اسم مذکر ① پانچ سے منسوب اس میں ہائے نسبتی ہے ② ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیاں ③ ہاتھ ④ حیوانات کا چنگل ہاؤس ⑤ لپ مٹھی ⑥ جوتے کا اگلا حصہ جس میں انگلیاں رہتی ہیں ⑦ پنج شاخہ ⑧ پنجی ⑨ ڈنگر کی پسلی کی چوڑی ہڈی جس سے خاکروب میلا اٹھاتے ہیں۔

**پنجہ پھیرنا** (ا) فعل ① ہاتھ مروڑنا ② مغلوب کرنا ③ عاجز کرنا ④ ہرانا۔

**پنجہ کرنا** (ہ) فعل ① دو آدمیوں کا انگلیاں باہم ملا کر زور کرنا ② پنجہ لڑانا۔

**پنجہ مارنا** (ا) فعل ① چنگل مارنا ② جھپٹا مارنا۔

**پنجی** (ہ) اسم مونث۔ پنج شاخہ فلیتے جلانے کا آلہ۔

**پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا یا چمٹنا** (ہ) فعل ① بری طرح چمٹنا ② نہایت سر ہونا ③ سخت تکلیف دینا ④ ستانے پر ہی مستعد رہنا۔

**پنجیرا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① برتن پانجھنے والا ② برتن جھالنے والا ③ ٹانکا لگانے والا۔

**پنجیری** (ہ) اسم مونث ① پانچ چیزوں کا مرکب خشک حلوا یعنی سوجی، گھی، سونٹھ، گوند، میوہ ② مثل کھانہ چوہارا وغیرہ کا مرکب یہ اکثر نوماسہ کی تقریب پر یا شب زفاف کے بعد دلہن کے میکے سے آتی ہیں ③ وہ گوندیا کشنیز وغیرہ جوزچہ کے لیے بناتے ہیں یا جنم اشٹمی کے دن تیار کیا جاتا ہے۔

**پنچ** (ہ) اسم صفت ① اسم عدد ② پانچ کا مخفف ③ (بحالتِ اسم مذکر) حاکم ④ ثالث ⑤ فیصلہ کرنے والا ⑥ جج ⑦ قوم کا سردار ⑧ پنچایت میں بیٹھ کر فیصلہ کرنے والا ⑨ صلاح کار۔

**پنچ پاتر** (اس) اسم مذکر ① پانچ دھاتوں کا بنا ہوا گلاس جو پوجا کے وقت کام آتا ہے ② پانچ قسم کے پھول جو دیوتاؤں پر چڑھاتے ہیں سونا۔ چاندی ③ وغیرہ پانچ دھاتوں کی بنی انگوٹھی۔

**پنچ فیصلہ** (ا) اسم مذکر ① وہ فیصلہ جو پنچوں نے کیا ہو ② پنچایتی فیصلہ ③ سردار قوم کا فیصلہ۔

**پنچ امرت** (س) اسم مذکر۔ ایک قسم کا شربت جو دودھ، دہی، چینی، گھی اور شہد سے بنا کر دیوتاؤں کے اشنان کے لیے تیار کرتے ہیں۔

**پنچایت** (ہ) اسم مونث ① مجلس شورائے پنچوں کی جماعت ② برادری کے کم از کم پانچ بڑے بڑے معزز آدمیوں کا مجمع ③ باہمی جھگڑا چکانے کا جلسہ ④ نزع فیصل کرنے کی سبھا ⑤ صلاح ⑥ مشورہ ⑦ ثالثی ⑧ شوروغل ⑨ ہلڑ۔

**پنچایت جوڑنا** (ہ) فعل ① پنچوں کو بلانا ② پنچوں کو جمع کرنا ③ پنچایت کو اکٹھا کرنا ④ پنچایت کرنا ⑤ مشورہ لینا ⑥ صلاح کرنا ⑦ کسی ایک کی صلاح پر بعد تجاوز متحد ہونا ⑧ ہجوم کرنا ⑨ ہلڑ مچانا۔

**پنچایت نامہ** (ہ) اسم مذکر ① پنچوں کا کیا ہوا فیصلہ ② پنچوں کی تحریر ③ پنچایتی تحریر ④ پنچوں کی تجویز۔

**پنچایتی** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب ② بہ پنچایت ③ پنچایت سے متعلق ④ وقف مال وہ اشیا جن میں سب کا حق ہو ⑤ ساجھا ⑥ شاملات۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

**پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی** (ہ) مثل ① سب کی رائے سی اتفاق کرنا بہتر ہوتا ہے ② جو چار آدمی کہیں وہی بجا ہے۔
**پن چکی** (ہ) اسم مونث ① پانی کی چکی ② موٹر کے ذریعے چلنے والی چکی۔
**پنچم** (س) اسم مذکر ① پانچواں ② راگ کے سات سُروں میں سے پانچواں سُر ہے۔ جس کا مخرج دل اور آواز کوئل کی سی ہے۔
**پنچمی** (ہ) اسم مونث۔ چاند کی پانچویں تاریخ۔
**پنچورا** (ہ) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ① پانی چرانے والا ② ایک کھلونے کا نام ہے ③ جب اس میں پانی بھر کر منہ بند کر لیتے ہیں تو وہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس میں پانی ہے ہی نہیں ④ جب منہ کھول دیتے ہیں تو اس کے پیندے کے کئی سوراخوں سے پانی گرنے لگتا ہے ⑤ متوار ⑥ بہت موتنے والا ⑦ بار بار پیشاب کرنے والا۔
**پنچوں کا کہا سر آنکھوں مگر پرنالہ یہیں رہے گا** (ہ) مثل۔ اس آدمی کے لیے بولتے ہیں جو پنچوں کے سمجھانے پر بھی اپنی ضد اور ہٹ نہ چھوڑے۔
**پنچھالہ** (ہ) اسم مذکر ① کنکوے کی دم ② دنبالہ ③ پچھ لگ پچھ لگو ④ ہر وقت ساتھ رہنے والا ⑤ ہر وقت ماں کے ساتھ ساتھ رہنے والا بچہ ⑥ نوکر ⑦ خادم ⑧ خدمت گار ⑨ خوشامدی۔
**پنچھی** (ہ) اسم مونث ① تتلی ② گیڑی۔
**پند** (ف) اسم مونث ① نصیحت ② سیکھ ③ بھلائی کی بات ④ نیک صلاح ⑤ مذہبی عقیدے۔
**پندرہ** (ہ) اسم مدد ① دس اور پانچ ② ۱۵ ③ افراط اور کثرت کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔
**پنڈ پڑنا** (ہ) اسم مذکر ① آٹے کے گولے ② آٹے کی پینڈی جنہیں پتروں کے جسم خیال کرتے ہیں ③ جسم ④ بدن ⑤ کایا ⑥ سریر ⑦ گول چیز ⑧ گیند ⑨ گولہ۔
**پنڈ پڑنا / پینڈے پڑنا** (ہ) فعل ① تعاقب کرنا ② پیچھا کرنا ③ سر ہونا ④ ذمے لگنا ⑤ واسطہ پڑنا ⑥ حصے میں آنا ⑦ سپردگی میں آنا ⑧ حوالے ہونا۔
**پنڈ چھوٹنا** (ہ) فعل ① رہائی پانا ② خلاصی ہونا ③ نجات ہونا ④ پیچھا چھوٹنا ⑤ واسطہ چھوٹنا ⑥ الگ ہونا ⑦ علیحدہ ہونا ⑧ جدا ہونا۔
**پنڈ چھڑانا** (ہ) فعل ① خلاصی کرانا ② پیچھا چھڑانا ③ نجات دینا ④ بچنا ⑤ بچاؤ کرنا۔
**پنڈا** (ہ) اسم مذکر ① جسم ② تن ③ بدن ④ سریر ⑤ دیہ ⑥ کایا ⑦ دیہی۔
**پنڈا دھونا** (ہ) فعل ① نہانا ② غسل کرنا ③ جسم پر پانی ڈالنا ④ اشنان کرنا۔
**پنڈا پھیکا ہونا** (ہ) فعل ① بدن گرم ہونا ② ہلکا بخار ہونا ③ کسلمند ہونا۔
**پنڈا** (ا) اسم مذکر ① برہمن ② پجاری ③ مجاور ④ خادم ⑤ درگاہ ⑥ مندر کی خدمت کرنیوالا ⑦ مت مذہب ⑧ عقل ⑨ سمجھ۔
**پنڈارا** (ہ) اسم مذکر ① مرہٹہ ② مرہٹوں کی خاص ذات ③ لٹیرا ④ رہزن ⑤ ڈاکو ⑥ ٹھگ ⑦ بقالوں کی ایک قوم کا نام۔
**پنڈال** (ہ) اسم مذکر ① شامیانہ ② خیمہ ③ جلسوں اور سبھاؤں کا مکان جو عارضی طور پر بانسوں، بلیوں اور کپڑے سے تیار کیا جاتا ہے ④ احاطہ۔
**پنڈالو** (ہ) اسم مذکر ① کچالو کی قسم کی ایک ترکاری ہے ② ایک قسم کا زمیں کند۔
**پنڈیا** (ہ) اسم مذکر ① غوطہ خور ② مرغابی ③ غوطہ مارنے والی چڑیا ④ پانی کا بھوت جو اکثر آدمی کو ڈبو دیتا ہے۔
**پنڈت** (س) اسم مذکر ① داتا ② عالم ③ فاضل ④ معلم ⑤ علم سکھانے والا ⑥ استاد ⑦ قاضی، مذہبی قانون دان ⑧ جوتشی ⑨ نجومی۔
**پنڈتانی** (س) اسم مونث ① پنڈت کی بیوی ② معلمہ ③ عالمہ ④ فاضلہ۔
**پنڈتائی** (ہ) اسم مونث ① پندت ② پنا ③ پنڈت کا کام ④ پروہت پن ⑤ علیت ⑥ فضیلت۔
**پنڈول** (ہ) اسم مونث ① پوتنی مٹی ② ایک قسم کی سفید مٹی جو لیپنے اور پوچا دینے اور صفائی کرنے کے کام آتی ہے۔
**پنس** (ا) اسم مونث ① پالکی پینس ② ایک قسم کی امیرانہ سواری جسے کمہار لے کر چلتے ہیں، دلہن کو اکثر اسی میں بٹھا کر لاتے ہیں۔
**پنس** (ای) اسم مذکر۔ ایک انگریزی سکے کا نام ہے جو ہندوستان میں ایک آنے کے برابر ہوتا ہے۔
**پنسار ہٹا** (ہ) اسم مذکر ظرف مکان ① وہ بازار جہاں پنساریوں کی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

دوکانیں زیادہ ہوتی ہیں ② پنساریوں کا سودا ③ عطاری کی دوکان۔

**پنساری** (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ① دوا فروش ② عطار ③ پنساری کی دوکان کرنے والا۔

**پنسال** (ہ) اسم مونث ظرف مکان ① بذریعہ لفظ سال ② جائے آب ③ پانی پلانے کی جگہ ④ پیاؤ ⑤ سبیل ⑥ پانی ناپنے کا آلہ ⑦ پانی کی سکیل ⑧ (بحالتِ صفت) ہموار ⑨ چورس۔

**پنسل** (ای) اسم مونث۔ سکے کا قلم۔



(پنسل)

**پنسوئی** (ہ) اسم مونث۔ (پورب) ① چھوٹی کشتی ② ڈونگہ۔

**پنسیری** (ہ) اسم مونث ① پانچ سیر کا وزن ② پانچ سیر وزن کا بٹ۔

**پنشن** (ای) اسم مونث ① وظیفہ ② مدد ③ امداد ④ سہارا۔

**پن کال/ پنیا کال** (ا) اسم مذکر۔ وہ قحط جو پانی مراد بارش کی کثرت سے پڑے۔

**پن کپڑا** (ہ) اسم مذکر۔ پانی سے بھیگا ہوا وہ کپڑا جو زخم پر باندھا کرتے ہیں۔

**پن کٹی** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی کھرل ② جس میں پوپلے آدمی پان کوٹ کر کھاتے ہیں ③ پان کوٹنے کا آلہ۔

**پنکھ** (ہ) اسم مذکر ① پر ② بازو ③ بال ④ آنچل ⑤ دامن جیسے وہ تو پنکھ پسارے کھڑی ہے۔

**پنکھ پسارنا** (ہ) فعل ① بازو پھیلانا ② پر پھیلانا ③ ہاتھ پھیلانا ④ بانہہ لمبی کرنا ⑤ لالچ کرنا ⑥ حریص ہونا ⑦ اوڑھنی کو اس طرح پھیلانا کہ ایک دامن لٹکتا رہے۔

**پنکھا** (ہ) اسم مذکر ① (منسوب بہ پنکھ) اس میں الف نسبتی ہے۔ بادکش ② بادبیزن۔

**پنکھا کھینچنا** (ہ) فعل ① فراشی پنکھا ہلا کر ہوا نکالنا ② فراشی پنکھا جھلنا۔

**پنکھڑی** (ہ) اسم مونث ① پنکھ سے اسم تصغیر ہے ② پھول کی پتی ③ برگِ گل ④ ورق گل ⑤ چرغے کے چکر کا وہ حصہ جو اس کے مندے میں ٹھکا ہوتا ہے۔

**پنکھیا یا پنکھی** (ہ) اسم مونث ① پنکھا کی تصغیر ② چھوٹا سا پنکھا۔

**پنکھے لگ جانا** (ہ) فعل۔ (عورتیں) ① دھڑکن ہونا ② دل دھڑکنا ③ ہول آنا ④ دل کا بکثرت اختلاج ہونا ⑤ اختلاج قلب۔

**پنگا** (ہ) اسم مذکر ① تنکا ② لکڑی ③ انگلی ④ خرابی ⑤ وقت مصیبت ⑥ مشکل۔

**پنگا** (ہ) اسم صفت ① پیروں کی کجی والا ② کج پاؤں پھرا ہوا۔

**پنگت یا پنگتی** (ہ) اسم مونث ① صفت ② قطار ③ لائن ④ ضیافت کی لائن ⑤ درجہ وار بیٹھنے کی مجلس۔

**پنگوڑا** (ہ) اسم مذکر ① مہد ② گہوارہ ③ جھولا ④ پالنا ⑤ ہنڈولہ۔

**پن گھٹ** (ہ) اسم مذکر ظرف مکان ① پانی بھرنے کا گھاٹ ② پانی لینے کی جگہ ③ آبخور۔

**پنواڑا** (ہ) اسم مذکر ① بڑا لمبا قصہ ② طولانی کہانی ③ افسانہ ④ قصہ ⑤ رام کہانی۔

**پنواڑی** (ہ) اسم مونث بیائے فاعلیت ① پان بیچنے والا ② پان فروش ③ تنبولی۔

**پنوانا** (ہ) فعل ① کٹوانا ② چھنوانا ③ باپ دادا کو گالیاں دلوانا ④ گالیاں کہلوانا ⑤ بکھان کروانا ⑥ لعن طعن کرانا ⑦ بزرگوں کو برا بھلا کہلوانا۔

**پنہانا/ پہنانا** (ہ) فعل ① دوسرے شخص کو لباس، پوشاک یا زیور وغیرہ سے آراستہ کرنا ② زیب تن کرانا ③ کپڑے اوڑھانا۔

**پہنانا** (ہ) فعل ① گائے بھینسوں کے تھنوں کو دودھ دہنے کے واسطے نرمانا ② تھنوں کو نرم کرنا ③ تھنوں کو پانی سے دھونا ④ پہانا۔

**پنہی** (ہ) اسم مونث ① جوتی ② پاپوش ③ کفش ④ پار پورب میں بولتے ہیں۔

**پنھیارا** (ہ) اسم مذکر ① پانی بھرنے والا کہار ② ہندو سقا ③ یہ لفظ پانی ہارا سے جو اسم فاعل کا صیغہ ہے بگڑا ہوا ہے۔

**پنھیاری** (ہ) اسم مونث ① پنھیارا کی مونث ② پانی بھرنے والی عورت ③ کہاری ④ سقن۔

**پنی** (ہ) اسم مونث ① رانگ یا پیتل وغیرہ کا ورق ② وہ رپہلا چمڑا جوتیوں کی لیٹروں پر خوبصورتی کے لیے لگاتے ہیں ایک قسم کی لمبی گھاس جس کے چھپر بناتے ہیں اور جس کی جڑیں خس کہلاتی ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پنی** (ہ) اسم مونث ❶ چاولوں کے آٹے اور گڑ کے لڈو ❷ روا یا سوجی کو گھی میں بھون کر چینی اور میوہ ڈال کر بنائے ہوئے لڈو۔

**پنیا** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ پانی والا پانی کا ❷ پانی میں رہنے والا پھیکا ❸ بدمزہ۔

**پنیا سوت** (ہ) اسم مذکر ❶ پانی کا چشمہ ❷ وہ تالاب جس میں سوت سے پانی آتا ہو۔

**پنیا تما** (س) اسم صفت (مرکب) ❶ زپنی یعنی پن والا اور آتما بمعنی جان پن والی، جان سخاوت کرنے والا آدمی ❷ سخی روح ❸ کریم النفس ❹ فیاض۔

**پنیالا** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا عنابی رنگ کا میوہ جو قد میں جامن کے برابر ہوتا ہے ❷ پینا ❸ پانی کے مزہ کا پھیکا ❹ بے مزہ۔

**پنیائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نیکی کی جزا ❷ نیکی کا عوض نیکی وسخاوت کا پھل ❸ اولاد ❹ بال بچے کٹم ❺ قبیلہ۔

**پنیر** (ہ) اسم مذکر ❶ بوگیر کتا ❷ ایک قسم کا شکاری کتا جو شکار کی بو پر دوڑتا اور اسے پکڑوا دیتا ہے۔

**پنیر** (ف) اسم مذکر ❶ پھاڑ کر نچوڑا ہوا ❷ دودھ کا سفید نمکین مادہ، نچوڑا ہوا دہی۔

**پنیر جمانا** (ا) فعل ❶ قالب میں رکھ کر پنیر کی چکتیاں بنانا ❷ اپنا حق جمانا ❸ کسی کام کی بنیاد رکھنا ❹ جڑ جمانا۔

**پنیر چٹانا** (ہ) فعل ❶ خوشامد کرنا ❷ چیتے کو پنیر چٹانا ❸ ہلانا ❹ مانوس کرنا۔

**پنیری** (ا) اسم مونث ❶ چھوٹے چھوٹے بوٹے ❷ ذخیرہ ❸ پود ❹ پود کی جگہ ❺ بیج بونے کا مقام ❻ کھٹے کا گودا جو پھانکوں کے اوپر ہوتا ہے۔ پنیر کا بنا ہوا۔

**پنیلا** (ہ) اسم صفت ❶ پانی کا ❷ پانی دار ❸ پانی کی وضع کا ایک قسم کا کپڑا۔

## پ ← و

**پو** (ہ) اسم مونث ❶ پانی کی سبیل ❷ پیاؤ ❸ صبح کی سفیدی ❹ سپیدہ صبح ❺ نور کا تڑاکا ❻ نرد بازوں کی اصطلاح میں طاق داؤ یا دس پچیس ❼ تیس کا داؤ کہ وہ بھی طاق کا حکم رکھتا ہے۔

**پو بارہ** (ہ) اسم مونث ❶ بارہ داؤں کے ایک پو کا نتیجہ ❷ ہر طرح سے جیت ❸ پانچوں گھی میں ❹ نہایت خوش قسمتی۔

**پو بارہ پڑنا** (ہ) فعل ❶ جیت کا پانسہ پڑنا ❷ حسب مراد داؤ پڑنا۔

**پو بارہ ہونا** (ہ) فعل ❶ گہرے ہونا ❷ پانچوں گھی میں ہونا ❸ خوش قسمتی ہونا ❹ جیت میں ہونا ❺ بن آنا ❻ حسب مراد کام ہونا۔

**پو پھٹنا** (ہ) فعل ❶ صبح کی سفیدی کا نمودار ہونا ❷ سحر ہونا ❸ بھور ہونا ❹ تڑکا ہونا ❺ صبح صادق کا ظہور ہونا۔

**پوآ** (ہ) اسم مذکر ❶ پوڑا ❷ چوڑی چوڑی گھی میں تلی ہوئی ٹکیاں ❸ چوڑا گلگلہ۔

**پوآ** (ہ) اسم مذکر ❶ سپولیا ❷ سانپ کا بچہ ❸ ایک قسم کی گھاس۔

**پوآل** (ہ) اسم مونث ❶ گھاس پھوس ❷ سوکھی گھاس۔

**پوا** (ہ) اسم مذکر ❶ پاؤ سیر کا بٹ ❷ پاؤ سیر وزن ❸ چار چھٹانک کا وزن ❹ سیر کا چوتھا حصہ پائنٹ یعنی پاؤ بھر شراب کی بوتل ❺ پوسیری بوتل۔

**پوائی** (ہ) اسم مونث ❶ جوتی کا ایک پیر ❷ ایک پیر کی جوتی ❸ زنجیر ❹ بیڑی۔

**پوپ** (ای) اسم مذکر ❶ پادری ❷ پاپائے روم ❸ رومن کیتھولک چرچ کا سب سے بڑا پیشوا یا گرو۔

**پوپلا** (ہ) اسم صفت ❶ دندان ریختہ ❷ وہ شخص جس کے تمام دانت گر گئے ہوں بے دانت کا منہ۔

**پوت/ پھوتھ** (ہ) اسم مونث ❶ شبہ کانچ کے چھوٹے چھوٹے موتی کے برابر سوراخ دار دانے ❷ کانچ کے منکے ❸ دانوں باری ❹ نوبت ❺ والہ۔

**پوت پورا کرنا** (ہ) فعل ❶ کمی کو پورا کرنا ❷ جوں توں کر کے گزارہ کرنا ❸ کسی کام کو بمشکل انجام کو پہنچانا ❹ بصد دقت ختم کرنا۔

**پوت** (ہ) اسم مذکر ❶ بیٹا ❷ پتر ❸ پسر ❹ فرزند ❺ ابن ❻ بن۔

**پوت بیگانے چومئے منہ رالوں سے بھریئے** (ا) کہاوت ❶ بیگانی اولاد کو پرورش کرنے والے شخص کو نصیحتاً کہا کرتے ہیں ❷ بیگانی اولاد سے وفا کی توقع فضول ہے۔

**پوت فقیرنی کا چال چلے احدیوں کی** (ا) مثل۔ اس شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں جو غریبی اور ناداری کی حالت میں امیرانہ ٹھاٹھ رکھے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03...

**پوت کے پاؤں پالنے میں ہی دیکھے جاتے ہیں** (ہ) مثل۔ بچپن اور طفلی کی حالت میں ہی نیک و بد کے آثار معلوم ہو جایا کرتے ہیں۔

**پوتا** (ہ) اسم مذکر ① بیٹے کا بیٹا ② نبیرہ ③ فرزند زادہ ④ پسر زادہ۔

**پوتا** (ہ) اسم مذکر آلہ ① پچارا ② کوچی ③ برش ④ وہ کپڑا جو پنڈول یا چکنی مٹی میں بھگو کر لپی ہوئی جگہ پر صفائی کی خاطر پھیرتے ہیں ⑤ زمین کا محصول۔

**پوتا پھیرنا** (ہ) فعل ① پچارا پھیرنا ② کوچی پھیرنا ③ صفائی کرنا ④ سفیدی پھیرنا۔

**پوتر** (س) اسم صفت ① پاک صاف ② منزہ ③ مقدس۔

**پوتڑا** (ہ) اسم مذکر۔ گدی جو بچے کے چوتڑوں کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ بستر پر پیشاب پاخانے سے آلودہ نہ ہو۔

**پوتڑوں کے رئیس/ امیر/ نواب** (ا) اسم صفت ① خاندانی ② امیر ③ قدیمی نواب ④ پرانے امیر ⑤ امیر بن امیر ⑥ خاندانی رئیس۔

**پوتڑوں کے واقف** (ا) اسم صفت ① ابتدا سے جاننے والا ② بچپن سے ہی واقف۔

**پوتنا** (ہ) فعل ① پوتا پھرنا ② کوچی پھرنا ③ پچارا دینا ④ بحالت اسم مذکر ⑤ پوتا کوچی۔

**پوتھی** (ہ) اسم مونث ① کتاب ② پستک ③ کاپی ④ لہسن کی گٹھی ⑤ لہسن کا جوا۔

**پوتھیا** (ہ) اسم مذکر ① بٹوا ② وہ چھوٹی تھیلی جو گنوار لوگ پیسے یا تمباکو وغیرہ رکھنے کو پگڑی یا نیفے میں رکھ لیا کرتے ہیں۔

**پوتی** (ہ) اسم مونث ① بیٹے کی بیٹی ② دختر پسر۔

**پوٹ** (ہ) اسم مونث ① گٹھڑی ② بنڈل ③ بڑا گٹھر ④ پشتارا ⑤ ڈھیر ⑥ انبار ⑦ ضمن ⑧ دو ورقوں کے درمیان کی خالی جگہ ⑨ وہ چادر جو مردے پر لپیٹی جاتی ہے۔

**پوٹا** (ہ) اسم مذکر ① پرندوں کا معدہ ② پیٹ شکم ③ معدہ ④ بساط حیثیت ⑤ اصل ⑥ طاقت ⑦ قوت ⑧ حوصلہ۔

**پوٹا تر ہونا** (ا) فعل ① شکم سیر ہونا ② دولت سے بے فکری اور بے پرواہی ہونا ③ مالدار ہونا ④ بہت امیر ہونا۔

**پوٹلی** (ہ) اسم مونث ① چھوٹی سی گٹھڑی ② تھیلی ③ چھوٹی سے گانٹھ۔

**پوجا** (ہ) اسم مونث ① عبادت ② پرستش ③ سیوا کرنا ④ طریق عبادت ⑤ نذر و نیاز ⑥ یہ پوجنا سے حاصل مصدر ہے۔

**پوجنا** (ہ) فعل ① پرستش کرنا ② عبادت کرنا ③ سیوا کرنا ④ نذر کرنا ⑤ بھینٹ دینا ⑥ کسی کو رشوت دینا ⑦ ناحق روپیہ دینا ⑧ پورا کرنا ⑨ پاٹنا۔

**پوچ** (ہ) اسم صفت ① لاغر ② کمزور ③ ضعیف ④ عاجز ⑤ ناتواں۔

**پوچھ** (ہ) اسم مونث ① حاصل مصدر از پوچھنا ② پرستش۔ دریافت ③ بازپرس ④ تلاش ⑤ ملاؤ ⑥ طلبی ⑦ ضرورت ⑧ توقیر ⑨ قدر۔

**پوچھ گچھ** (ہ) اسم مونث ① استفسار ② پوچھا پاچھی ③ تفتیش ④ خاطر داری ⑤ عزت ⑥ قدر و منزلت ⑦ توقیر۔

**پوچھا** (ہ) اسم مذکر ① فال ② شگون ③ نجومیوں کی صلاح ④ جوتشوں کی رائے ⑤ آسیب زدہ یا پیروں کے پاس سے بیماری وغیرہ کے حالات دریافت کرنا ⑥ (وبحالت فعل) پوچھنا سے ماضی مطلق ہے ⑦ دریافت کیا ⑧ استفسار کیا ⑨ معلوم کیا۔

**پوچھا پاچھی/ پوچھا تاچھی** (ہ) اسم مونث ① تحقیقات ② تفتیش ③ دریافت ④ سیانے ⑤ نجومیوں سے فال دکھانا ⑥ شگون لینا

**پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر بھی مل جاتا ہے۔** (ا) کہاوت ① دریافت اور محنت سے آدمی ہر مشکل چیز پر قادر ہو سکتا ہے ② تلاش اور طلب کامیابی کی چابی ہے۔

**پوچھن** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر از پوچھنا ① سوال کا جواب ② جواب استفسار ③ استخارہ ④ فال ⑤ تعبیر ⑥ مطلب ⑦ شگون۔

**پوچھنا** (ہ) فعل ① دریافت کرنا ② تحقیق کرنا ③ معلوم کرنا ④ چھان بین کرنا ⑤ سوال کرنا ⑥ پرستش کرنا ⑦ خیر و خبر معلوم کرنا ⑧ قدر و منزلت کرنا ⑨ توقیر کرنا۔

**پود** (ہ) اسم مونث ① چھوٹا درخت ② نیا پیڑ ③ وہ درخت جو ایک جگہ بو کر دوسری جگہ لگایا جا سکے ③ اولاد کثیر ⑤ ہنس ⑥ نسل۔

**پود جمانا** (ہ) فعل ① چھوٹے چھوٹے درخت اگانا۔ بیج بو کر پانی دینا تاکہ بیج اگ آئے ② چھوٹے چھوٹے پودے پیدا کرنا ③ ذخیرہ اگانا۔

**پودلگانا** (ہ) فعل ① چھوٹے چھوٹے پودے پیدا کرنا اکھاڑ کر دوسری جگہ یعنی کھیت میں لگانا ② بنیاد رکھنا ③ مطلب براری کی تدابیر و

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140077218

تجاویز کرنا (4) گربھ رکھنا (5) گربھ کھانا۔

**پودا** (ہ) اسم مذکر (1) نیا پیڑ (2) نونہال (3) نہال بوٹا (4) کم عمر کا درخت (5) چھوٹے قد کا درخت (6) بلبل کی پیٹی میں باندھنے کا ریشمی یا سوتی پھندنا۔



پودا

**پودا لگانا** (ہ) فعل (1) چھوٹے پیڑ کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (2) کسی امید پر کسی بچے کی پرورش کرنا (3) تعلیم و تربیت کرنا (4) بنیاد رکھنا (5) ابتدائے تربیت کرنا (6) چھوٹا پیڑ جمانا۔

**پودنا** (ہ) اسم مذکر (1) مدا (2) ایک چھوٹا سا خوب صورت پرندہ جو درختوں پر پھدکتا پھرتا ہے (3) پستہ قد آدمی (4) بونا (5) ٹھگنا (6) چھوٹے قد کا آدمی۔

**پودنا سا** (ہ) اسم صفت (1) چھوٹا سا (2) ذرا سا (3) دبلا پتلا (4) لاغر و کمزور (5) ناتواں (6) حقیر و نحیف۔

**پودینہ** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم نہایت تیز خوشبودار نباتات۔

**پوڈر** (ای) اسم مذکر (1) سفوف (2) چورن (3) برادہ (4) آٹا۔

**پوڈ** (ہ) اسم مونث (1) بند انگشت (2) انگلیوں کے جوڑ (3) انگلی کی گانٹھ (4) انگلیوں کی گرہ (5) دو گرہوں کا درمیانی فاصلہ گنے یا بانس یا چری مکئی وغیرہ کا وہ حصہ جو ایک گانٹھ سے دوسری گانٹھ تک ہوتا ہے۔

**پور پور** (ہ) تابع فعل (1) بند (2) بندیں (3) انگلی کے ہر ایک پوروے میں (4) ہر پور میں ہر بند میں۔

**پور** (ہ) اسم مذکر (1) گانوں (2) دیہہ (3) قصبہ (4) بستی (5) آبادی (6) کڑاہی میں پکوان وغیرہ کا ایک پرگا (7) پکوان یعنی گلگلوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں آسکے۔

**پور** (ف) اسم مذکر (1) بیٹا (2) پوت (3) بن (4) ابن (5) ولد (6) پتر۔

**پورا** (ہ) اسم مذکر (1) درخت کے مندے کا حصہ درخت کے تنے کا وہ حصہ جو جڑ اور شاخوں کے درمیان ہوتا ہے (تشبیہہ میں) گول مٹول موٹا تازہ بچہ (2) بواء مجھوں۔

**پورا** (ہ) اسم صفت (1) کامل (2) مکمل (3) ٹھیک (4) درست (5) صحیح (6) اچھا ہوا (7) کل (8) تمام (9) بھرپور۔

**پورا اترنا** (ہ) فعل (1) کافی ہونا (2) کنایت کرنا (3) بخوبی (4) گزارا ہونا (5) فراغت سے گزر ہونا۔

**پورا ڈالنا** (ہ) فعل (1) انجام کو پہنچانا (2) نباہنا (3) کمی پوری کرنا (4) گزارا کرنا۔

**پورا ہونا** (ہ) فعل (1) کامل ہونا (2) تکمیل کو پہنچنا (3) ٹھیک اترنا (4) وزن میں درست ہونا (5) امید بر آنا (6) آرزو حاصل ہونا (7) مر جانا (8) جاں دینا (9) عمر ختم ہو جانا۔

**پورب** (ہ) اسم مذکر (1) مشرق (2) خاور (3) باختر (4) سورج نکلنے کی جگہ (5) وہ طرف جدھر سے سورج نکلتا ہے (6) جائے طلوع (7) سمیت (8) طلوع آفتاب۔

**پوربی** (ہ) اسم صفت (1) یائے نسبتی (2) مشرقی پورب کا رہنے والا (3) منسوب بہ پورب (بحالت اسم مونث۔ ایک راگنی کا نام ہے جو غروب آفتاب سے کچھ پہلے گائی جاتی ہے نیز وہ زبان جو پورب میں بولی جاتی ہے۔ پوربی بولی۔)

**پوربی زرد** (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کے لمبے پتے کا تمباکو جو کھانے کے کام آتا ہے۔

**پوربیا** (ہ) اسم مذکر فاعل (1) پورب کا رہنے والا (2) باشندہ پورب۔

**پورٹ** (ای) اسم مذکر (1) بندرگاہ (2) وہ مقام جہاں جہاز ٹھہرتے ہیں (3) جہازوں کا اسٹیشن۔

**پورٹ بلیر** (ای) اسم مذکر (1) جزائر انڈمان کا صدر (2) وہ مقام جہاں عمر کے قیدی بھیجے جاتے ہیں (3) ہندوستان کا کالا پانی۔

**پورٹ ٹرسٹ** (ای) اسم مذکر (1) مجلس (2) بناور (3) بندرگاہوں کا انتظام کرنے والی کمیٹی۔

**پورٹ وائن** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی انگریزی شراب ہے۔

**پورٹر** (ای) اسم مذکر (1) بوجھ ڈھونے والا مزدور (2) قلی۔

**پورن** (ہ) اسم صفت (1) کامل (2) مکمل (3) بھرپور (4) لبالب (5) تمام (6) ٹھیک (7) بحالت اسم مذکر ایک بھگت اور رشی کا نام ہے۔ جو بادشاہی چھوڑ کر فقیر ہو گیا اس کے سوانگ ہولی کے دنوں میں نکلتے ہیں اور سیالکوٹ میں پیدا ہوا تھا۔

**پورن ماشی** (ہ) اسم مونث (1) پونو (2) چاند کے پاکھ کی پندرھویں تاریخ (3) چاند پورا یعنی بدر ہونے کی تاریخ (4) شب بدر (5) اگلا دن اور تاریخ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

**پورہ** (ہ) اسم مذکر ① آبادی ② بستی ③ گاؤں ④ دیہ یہ لفظ تلفظ میں بواؤ معدولہ بولا جاتا ہے ⑤ یعنی پرہ۔

**پوری** (ہ) اسم مونث ① گھی میں تلی ہوئی پتلی روٹی ② بحالت صفت کامل ③ تمام ④ ساری۔

**پوری نہ پڑنا** (ہ) فعل ① کافی نہ ہونا ② کفایت نہ کرنا ③ گزارہ نہ چلنا ④ گزر نہ ہونا۔

**پورے دنوں سے ہونا** (ہ) فعل ① نواں مہینہ ہونا ② نو مہینے کا حمل پورے دنوں ہونا ③ جنے کو ہونا ④ پیدائش کے قریب ہونا۔

**پوڑا** (ہ) اسم مذکر۔ روا اور کھانڈ گھول کر گھی میں تلا ہوا گلگلہ۔

**پوزمال** (ف) اسم مذکر۔ گھوڑے کے نعلبندی وغیرہ کے وقت قابو میں لانے کیلئے جو سن یا بالوں کی رسی اس کے ہونٹ میں بل دینے کیلئے رکھتے ہیں۔

**پوزی** (ف) اسم مونث ① مہری ② گھوڑے کا پیش بند۔

**پوس** (ہ) اسم مونث ① قمری سال کا نواں اور فصلی سال کا چوتھا مہینہ جو تقریباً ۱۵ دسمبر سے ۱۵ جنوری تک ہوتا ہے ② پوہ ③ سردی کی شدت کا مہینا۔

**پوست** (ف) اسم مذکر ① چھلکا ② چھال ③ بکل ④ چمڑا ⑤ چرم کھال ⑥ کوکنار ⑦ خشخاش کا ڈوڈا۔

**پوست کندہ** (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① کھلم کھلا ② صاف صاف ③ علانیہ ④ کھری کھری۔

**پوستی** (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① پوست کا نشہ کرنے والا وہ آدمی جو خشخاش کے ڈوڈ لے گھول کر پیتا ہو ② کاہل وجود ③ غافل ④ بے وقوف ⑤ مخبوط الحواس ⑥ مجہول العقل۔

**پوستین** (ف) اسم مذکر ① منسوب پوست ② کھال کا کوٹ چمڑے کا لباس چمڑے کی بالدار پوشاک جو نہایت گرم ہوتی ہے اور استعمال میں آتی ہے۔

**پوسٹ آفس** (ای) مذکر ① ڈاک خانہ ② دفتر ③ ڈاک خانے کا دفتر۔

**پوسٹل گائیڈ** (ای۔ا) مونث ① ہدایت نامہ ڈاک ② رہنمائے قواعد ڈاک خانہ ③ دستور العمل ④ ڈاک خانجات۔

**پوسٹ ماسٹر** (ای۔ا) مذکر ① ڈاک خانہ کا افسر ② نگران ڈاک۔

**پوسٹ ماسٹر جنرل** (ای۔ا) مذکر۔ تمام صوبے کے ڈاک خانوں کا افسر اعلیٰ۔

**پوسٹ مین** (ای۔ا) ① ڈاک کا سرکارہ ② چٹھی رساں۔

**پوسنا** (ہ) فعل ① پرورش کرنا ② پالنا ③ لکھانا پڑھانا ④ تعلیم و تربیت کرنا اور یہ لفظ پالنا کے ساتھ مستعمل ہے یعنی پالنا پوسنا۔

**پوسیرا** (ہ) اسم مذکر ① اصل میں پاؤں بمعنی ربع اور سیر بمعنی وزن تولے سے مرکب ہے ② یعنی [illegible] ② تولے کا وزن ③ پاؤسیر کا باٹ ④ بیس تولے وزن کا بٹہ۔

**پوسیری** (ہ) اسم مونث ① پاؤسیر کی چیز ② پاؤسیر کا پیمانہ۔

**پوشاک** (ا) اسم مونث۔ لباس پہننے کے کپڑے۔

**پوشاک بڑھانا** (ا) فعل ① کپڑے سے اتارنا ② بدن پر سے لباس اتارنا۔

**پوشاکی** (ا) اسم صفت بیائے قابلیت ① پہننے کے قابل ② عمدہ لباس ستھرا لباس ③ اگر یائے فاعلیت تصور کریں تو نہایت ستھری پوشاک پہننے والا خوش پوش ④ شوقین لباس۔

**پوش پوش** (ف) حرف ندا ہے ① جو تنبیہ کے موقع پر استعمال ہوتا ہے ہٹو ہٹو ② بچو بچو ③ کنارے ہو جاؤ ④ پوش کے اصلی معنی ہیں کنارہ ⑤ دو دفعہ تاکید کے لئے بولا جاتا ہے ⑥ گاڑیاں وغیرہ لوگوں کے سامنے سے ہٹانے کے واسطے بولتے جاتے ہیں۔

**پوشش** (ف) اسم مونث ① لباس ② پوشاک ③ غلاف وہ کپڑا جو پلنگ یا مزار وغیرہ پر زیبائش کے لئے ڈال دیتے ہیں ④ مجازاً سامان آرائش۔

**پوشیدگی** (ف) اسم مونث ① بیائے مصدری ② خلوت ③ تنہائی ④ اخفا ⑤ پردہ داری۔

**پوشیدہ** (ف) اسم صفت ① چھپا ہوا ② مخفی ③ گپت ④ خفیہ ⑤ در پردہ۔

**پوکھرا** (ہ) اسم مذکر ① تالاب ② جوہڑ ③ ساگر ④ پٹہ بازی کی ایک ضرب کا نام ہے ⑤ جو حریف کی دائیں طرف کمر پر مارتے ہیں اجمیر کے پاس ایک تیرتھ بھی ہے۔

**پول** (ہ) اسم مذکر ① ساڑھے پانچ گز کا طولانی پیمانہ ② فرلانگ کا چالیسواں حصہ۔

**پول** (ہ) اسم مذکر ① کھوکھ ② خلا ③ کھوکل ④ اندر سے کسی چیز کا خالی ہونا ⑤ قصابوں کی اصطلاح میں گوشت ⑥ ماس۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.booksurdubooks.net

**پولا** (ہ) اسم مذکر ① کانس یا سرکڑہ وغیرہ کا مٹھا ② گھاس کا مٹھا۔

**پولاد** (ف) اسم مذکر ① فولاد کا مبدل ہے ② ایک قسم کا نہایت سخت اور پائدار لوہا ③ اسپات بحالت صفت ④ نہایت مضبوط مستحکم ⑤ پائدار اور سخت۔

**پولیس** (ای) اسم مذکر ① شہر کی حفاظت کرنے والا تھانہ ② تھانہ کے سپاہی ③ تھانہ کا عملہ۔

**پولی** (ہ) اسم مونث ① پولا کی تصغیر و تانیث ② گیہوں، جوار، مکئی، باجرے وغیرہ کی گڈی ③ مٹھے گڈے۔

**پولی** (ہ) اسم مونث (پنجابی) ① دروازہ ② دہلیز ③ چوکھٹ ④ چوبی ⑤ روپے کا چوتھا حصہ۔

**پولیٹیکل** (ای) اسم صفت ① ملکی ② سیاسی ③ شاہی ④ قومی۔

**پون** (ہ) اسم صفت ① تین چوتھائی ② چار حصوں میں سے تین حصے۔

**پون** (ہ) اسم مونث ① ہوا ② باد ③ بایو ④ بادصبا ⑤ صبح کی ٹھنڈی ہوا ⑥ دم سانس روح ⑦ وہ پلید اور خبیث روحیں جو جادوگر لوگ کسی آدمی پر نقصان پہنچانے کی غرض سے مقرر کر دیتے ہیں ⑧ پیر ⑨ موکل۔

**پون بٹھانا** (ہ) فعل ① بھوت پریت ② شین کرنا ③ موکل بٹھانا ④ جادو کرنا ⑤ سحر کرنا ⑥ جادو کے زور سے کسی کو قابو میں لانا۔

**پون پرچھا** (ہ) اسم مونث ① اصل میں پون پرکشا یعنی ہوا کو پرکھنے والا ہے ② ہوا کے رخ کی تحقیق ③ ہوا کا امتحان۔

**پون چلانا / مارنا** (ہ) فعل ① جادو کی موٹھ چلانا ② بیر دوڑانا ③ جادو چلانا ④ جادو کرنا۔

**پون کا پوت** (ہ) اسم مذکر ① ہنومان جی کا لقب ہے ② مہابیر ③ ناگ ④ سانپ۔

**پون کا پوت پتال کا راجا** (ہ) محاورہ ① سانپ زمین کے نیچے حکومت کرتا ہے ② خفیہ اور پوشیدہ خوفناک شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**پونا** (ہ) اسم مذکر ① تین چوتھائی ایک کسری پہاڑے کا نام بھی ہے ② تین چوتھائی کا پہاڑہ ③ ٹوٹے ہوئے چاول ④ کنی۔

**پونا** (ہ) فعل ① پرونا ② دھاگا پردنا ③ تاگا ڈالنا ④ روٹی پکانا ⑤ روٹی بنانا۔

**پون ٹوٹی** (ا) اسم مونث ① چنگی ② شہر میں آ کر بکنے والی چیزوں کا محصول۔

**پونجی** (ہ) اسم مونث ① سرمایہ ② مول ③ بضاعت جائداد ④ ملکیت ⑤ اصل ⑥ حقیقت ⑦ بساط ⑧ حوصلہ۔

**پونجا** (ہ) اسم مذکر ① ساڑھے پانچ کا پہاڑہ ② کسری پہاڑہ جو ساڑھے پانچ کا ہے۔

**پونچھڑی** (ہ) اسم مونث ① پونجھ کی تصغیر ہے ② ہلکی دم ③ چھوٹی پونجھ ④ وہ پانی جو نالے میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے ⑤ نالے میں رو کے آنے سے پہلے آتا ہوا تھوڑا سا پانی۔

**پونچھن** (ہ) اسم مونث ① پوچھن ② صافی ③ ڈسٹر ④ جھاڑن۔

**پونچھنا** (ہ) فعل ① صاف کرنا ② جھاڑنا۔

**پونڈ** (ای) اسم مذکر ① اشرفی ② ساورن ③ بیس ④ شلنگ کا سکہ ⑤ سونے کا ایک سکہ جو پندرہ روپے قیمت رکھتا ہے ⑥ آٹھ ماشہ ⑦ سولہ اونس کا بٹ ⑧ ۳۶ تولے کا دونہ ⑨ عوام میں آدھا سیر کا یعنی چالیس تولے کا مشہور ہے۔

**پونڈا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا موٹا گنا جو سفید یا سرخی مائل بہ سیاہی ہوتا ہے۔

**پون سلائی** (ہ) اسم مونث ① اصل میں مرکب اضافی ہے یعنی پونیوں کی سلائی ② وہ پتلی سی لکڑی جس پر دھنکی ہوئی روئی کی پونیاں بناتے ہیں۔

**پونگا** (ہ) اسم مذکر ① سیب کا کیڑا ② کرم ③ صدف۔

**پونگا** (ہ) اسم مذکر ① بانس ② بانس کی پوری ② نلی ③ پاؤں کی نلی ④ خالی ⑤ کھوکھلا ⑥ موٹا بانس ⑦ نبگانے میں جلیبی کی شاخ یعنی سانک کو بولتے ہیں۔

**پونگی** (ہ) اسم مونث ① تونبے کا بنا ہوا ② ایک باجہ جسے سپیرے بجاتے پھرا کرتے ہیں۔

**پونگی پھل** (ہ) اسم مونث ① چھالیا ② سپاری ③ توفل۔

**پونواہ** (ہ) اسم مونث ① ہندی قمری مہینے کا آخری دن ② سلخ۔

**پونی** (ہ) اسم مونث ① وہ نرم اور پولی روئی کی بتی جو کاتنے کے واسطے پون سلائی کے ذریعہ بناتے ہیں ② صفت میں کم مقدار قلیل وزن جیسے ابھی تو بن میں سے پونی بھی نہیں کتی۔

**پونیا** (ہ) اسم مذکر۔ وہ کپڑا جس کا تھان پون تھان کے برابر اور عرض میں کسی قدر کم ہو اس کا تھان اکثر بارہ گز کا اور کپڑا نہایت عمدہ اور

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149017218

گاڑھا ہوتا ہے۔

**پونیا** (ا) اسم مذکر ① اصل میں فارسی لفظ پویہ کا بگاڑ ہے ② گھوڑے کی وسطی چال، تیز رفتار ③ دلکی ④ سرپٹ کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

**پوئیش** (ا) حرف ندا و تنبیہ۔ دیکھو پوش۔

**پونیوں جانا** (ا) فعل ① سرپٹ جانا ② دلکی جانا ③ دوڑ کر جانا ④ تیز چلنا روڑتے ہوئے جانا ⑤ بہت تیز جانا۔

## پ ← ہ

**پہ** (ہ) حرف استدراک ① پر کا مخفف لیکن ایک الا ② اتا ③ مگر۔

**پھاپا کٹنی/ پھاپھا کٹنی** (ہ) اسم مونث ① مکارہ ② دلالہ ③ کٹنی ④ وہ مکارہ بڑھیا عورت جو کٹنا پا کرتی پھرتی ہو ⑤ نہایت چالاک اور بوڑھی عورت۔

**پھاٹک** (ہ) اسم مذکر ① بڑا دروازہ ② درکلاں ③ گیٹ ④ باڑا ⑤ احاطہ ⑥ کٹہرا ⑦ جہاں مدعی و مدعا علیہ کھڑے کیے جاتے ہیں ⑧ کانجی ہاوس یعنی آوارہ مویشیوں کو بند کرنے کا مکان۔

**پھاٹک بندی** (ا) اسم مونث ① حوالات ② بندی خانہ ③ قید خانہ

**پھاٹک وار** (ہ) اسم مذکر ① دربان ② ڈیوڑھی ③ بان ④ محافظ در۔

**پہاڑ** (ہ) اسم مذکر ① کوہ ② جبل ③ پربت ④ ٹیلہ گر ⑤ ڈونگر ⑥ (صفت میں) بھاری ⑦ مشکل ⑧ کٹھن ⑨ دوبھر۔

**پہاڑ ٹوٹنا/ ٹوٹ پڑنا** (ہ) فعل ① نہایت ہی سخت مصیبت کا نازل ہونا ② ناگہانی صدمہ پہنچنا۔

**پہاڑ ساون** (ہ) اسم مذکر ① بہ ترکیب تشبیہی صفت ② بہت بڑا دن ③ گرمی کا دن ④ مصیبت کے ایام۔

**پہاڑ سے ٹکر لینا** (ہ) فعل ① زبردست سے مقابلہ کرنا ② طاقتور سے لڑنا۔

**پہاڑ سی راتیں** (ہ) اسم مونث ① مصیبت کی راتیں ② شب ہائے ہجر ③ جدائی کی راتیں ④ سردی کی راتیں ⑤ لمبی راتیں۔

**پہاڑ کاٹنا** (ہ) فعل ① مصیبت ٹالنا ② مشکل اور سخت کام کرنا۔

**پہاڑ کا دامن** (ا) اسم مذکر ① تلہٹی ترائی ② پہاڑ کے نیچے کا میدان۔

**پہاڑ کٹنا** (ہ) فعل ① مصیبت رفع ہونا ② بامشکل کام کا پورا ہونا ③ مشکل حل ہونا۔

**پہاڑ کے پتھر ڈھونا** (ہ) ① بے معاوضہ محنت اٹھانا ② تکلیف سخت اٹھانا اور اس کے مطابق اجر نہ ملنا ③ لغو اور فضول محنت شاقہ برداشت کرنا۔

**پہاڑ کی ڈانک** (ہ) اسم مونث۔ سلسلہ کوہ پہاڑوں کی طویل قطار۔

**پہاڑ کی گھاٹی** (ہ) ① پہاڑ کا درمیانی راستہ درہ کوہ ② پہاڑ کے اتار چڑھاؤ کا رستہ۔

**پہاڑ گزرنا** (ا) دوبھر معلوم ہونا ① ناگوار، دشوار گزرنا ② اجیرن معلوم ہونا۔

**پھاڑ کھانا** (ہ) فعل ① کاٹ کھانا ② بھنبھوڑ ڈالنا ③ درندے جانور کا کسی کو پھاڑ کر کھا جانا ④ سخت غصہ کرنا ⑤ نہایت غضب آلودہ ہو کر جھلانا۔

**پھاڑ کھانے کو دوڑنا** (ہ) فعل ① محاورہ ② کاٹنے کو دوڑنا ③ نہایت غصہ کرنا ④ بے حد غضبناک ہونا ⑤ بدمزاجی سے پیش آنا۔

**پھاڑ کھاؤ** (ہ) اسم صفت ① بہ ترکیب فاعلی ② پھاڑ کھانے والا ③ نہایت سخت مزاج ④ درندہ خو ⑤ خونخوار ⑥ جلاد ⑦ غلیسل ⑧ بدمزاج

**پھاڑنا** (ہ) فعل ① چیرنا ② ٹکڑے ٹکڑے کرنا ③ دریدن ④ کاٹنا ⑤ بھنبھوڑنا ⑥ درندے کا شکار کو چیر ڈالنا ⑦ قطع کرنا ⑧ بیونتنا ⑨ چاک کرنا۔

**پہاڑی** (ہ) اسم صفت ① منسوب بہ پہاڑ ② پہاڑ کی تصغیر ہے ③ چھوٹا پہاڑ ④ ٹیلا ⑤ ٹیبا ⑥ ٹیکری ⑦ ڈونگری۔

**پہاڑی کوا** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا نہایت ساہ رنگ کا کاگ ② زاغ کوہی ③ اس کی آواز بھاری اور رنگ گہرا سیاہ ہوتا ہے اور قد بھی معمولی کوے سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔

**پھاگ** (ہ) اسم مذکر ① پھاگن کا تہوار ② ہولی کے کھیل تماشے ③ ہولی کے راگ رنگ ④ گلال اور عنبر وغیرہ۔

**پھاگ کھیلنا** (ہ) فعل ① ہولی کھیلنا ② خوشی منانا ③ عیش اڑانا ④ مزے لوٹنا ⑤ گلچھرے اڑانا ⑥ لطف اٹھانا جیسے جمع لگے سرکار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ (کہاوت) یعنی خرچ کسی کی گرہ سے ہو اور مزے کوئی اڑائے۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پھاگن** (ہ) اسم مذکر (1) قمری ہندسی سال کا گیارھواں (2) ہندی بارھواں (3) اور مصلی سال کا چھٹا مہینہ ہونا (4) اس میں گرمی کی آمد شروع ہوتی ہے تقریباً آخیر فروری سے وسط مارچ تک ہوتا ہے۔

**پھال** (ہ) اسم مونث (1) پھالی (2) لوہے کی ایک نوکدار سلاخ جو ہل کے اندر زمین کھودنے کے لئے لگاتے ہیں (3) چھالیہ سپاری کو بھی بولتے ہیں۔

**پھالسا** (ہ) اسم مذکر (پورب) (1) فالسہ (2) ایک ترش اور اودے رنگ کا پھل کا نام ہے جو جنگلی جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے مزاجاً سرد وخشک ہے۔

**پھاند** (ہ) اسم مونث (1) تانت یا بالوں کا پھندا (2) دام حیوانات یعنی ہاتھی وغیرہ کے پکڑنے کا جال (3) کلانچ دقند (4) زغند چھلانگ (5) جست (6) کود (7) پھلانگ۔

**پھاند مارنا/ پھاند لگانا** (ہ) فعل۔ کبوتروں وغیرہ کو جال یا پھندے لگا کر پکڑنا۔

**پھاندی** (ہ) اسم مونث (1) گنوں کی پولی (2) پونڈوں کا بوجھا (3) نیشکر کا پشتارہ (4) سو یا پچاس گنوں کا بندھا ہوا بنڈل۔

**پھانس** (ہ) اسم مونث (1) لکڑی کا ریشہ (2) بانس یا بان وغیرہ کا کانٹا (3) صوف (4) خار (5) کھٹکا (6) خلش (7) دکھ (8) فکر (9) رنج۔

**پھانس نکلنا** (ہ) فعل (1) کھٹکا نہ رہنا (2) خلش دور ہونا (3) مضر آدمی کا دور ہوجانا۔

**پھان** (ہ) اسم مذکر۔ پھندا۔

**پھانس لانا** (ہ) فعل (1) گرفتار کرلانا (2) جال میں پھنسانا (3) فریب میں لانا (4) دھوکے سے آنا (5) دم دے کر پکڑ لانا۔

**پھانسنا** (ہ) فعل (1) پکڑنا (2) گھیرنا (3) گرفتار کرنا (4) جعل یا فریب یا دھوکے سے لانا (5) قابو میں لانا (6) کنویں میں ڈول ڈالنا (7) لوٹا لٹکانا (8) قید کرنا (9) عاجز کرنا۔

**پھانسی** (ہ) اسم مونث (1) پھندا (2) کمند (3) بند (4) گلے میں رسی ڈال کر گلا گھونٹنا (5) آدمی کو سزائے موت دینے کے لئے گڑے ہوئے ستون اور رسی کا پھندا (6) سزائے موت جو پھندے کے ذریعہ سے دی جاتی ہے۔

**پھانسی پانا** (ہ) فعل (1) پھانسی چڑھنا (2) پھانسی کے ذریعہ سے مارا جانا

**پھانسی دینا** (ہ) فعل (1) پھندا ڈال کر سزائے موت دینا (2) گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔

**پھانسی کھڑی ہونا** (ہ) فعل (1) پھانسی کا سامان تیار ہوجانا (2) پھانسی دینے کا کھم وغیرہ گڑنا۔

**پھانک** (ہ) اسم مونث (1) ٹکڑا (2) قاش۔

**پھانکڑا** (ہ) اسم صفت (1) بانکا (2) ترچھا (3) بہادر (4) دلیر (5) جری (6) قوی (7) طاقتور (8) جسیم (9) مسٹنڈا۔

**پھانکنا** (ہ) فعل (1) سفوف وغیرہ کو ہتھیلی پر رکھ کر پھنکی لگانا (2) کسی خشک چیز کو یکبارگی منہ میں ڈال لینا (3) زیادہ کھانا (4) بہت جلدی کھانا (5) راستہ یا سفر کو بہت جلدی طے کرلینا (6) جلد جلد راستہ طے کرنا (7) ریل یا تیز رفتار آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں (8) راستہ پھانکنا (9) لگاتار بولنا۔

**پھاوڑا** (ہ) اسم مذکر (1) مٹی صاف کرنے کا لوہے کا آلہ (2) کسی (3) بیلچہ گل صفا (4) پھرسا (5) کدال (6) فارسی میں کلند اور کلنگ بولتے ہیں

**پھاڑ وا بجانا** (ہ) فعل (1) مسمار کرنا (2) ڈھانا (3) مکانات گرانا۔

**پھاوڑی** (ہ) اسم مونث (1) بیاہے تصغیر چھوٹا پھاوڑا (2) ڈنٹر پیلتے (3) وقت ہاتھ رکھنے کی لکڑی (4) بیاگھی (5) بیراگن (6) جوگیوں کی لاٹھی (7) لید یا گوبر (8) ہٹانے کا وہ لکڑی کا تختہ جس میں دستہ لگا ہوتا ہے۔

**پھاہا/ پھایا** (ہ) اسم مذکر (1) مرہم لگائیں (2) کپڑا زخم پر لگاتے ہیں (3) گول کترا یا زخم کی شکل کا بنا ہوا کپڑا (4) روئی ذرا گالا۔

**پھبتا** (ہ) اسم صفت (1) موزوں (2) مناسب (3) ٹھیک (4) درست (5) رہائش گاہ (6) عمدہ (7) قابل اعتبار۔

**پھبتی** (ہ) اسم صفت۔ ایسی بات جو کہ پھب جائے کسی کو مذاقیہ طور پر کسی سے تشبیہ دینا۔

**پھبتی اڑانا/ پھبتی کہنا** (ہ) فعل (1) ظرافتاً تشبیہ دینا (2) مذاق اڑانا (3) ہنسی اڑانا (4) ہنسی کے طور پر کوئی چبھتی بات کہنا۔

**پھبدنا** (ہ) فعل (1) بہت سی پھنسیاں نکلنا (2) پھنسیاں پھلنا (3) پھبکنا۔

**پھبکنا/ پھبکنا** (ہ) (1) خوب بڑھنا (2) خوب نشوونما پانا (3) دفعتہً اُگ آنا (4) خوب ڈبل لکالنا (5) موٹا تازہ ہونا (6) فربہ ہونا۔

**پھبن** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر از پھبنا (1) سجاوٹ (2) آرائش (3)

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140172218

زیبائش ④ مناسبت ⑤ موزونی ⑥ خوب صورتی۔

**پھبنا** (ہ) فعل ① زیبا ہونا ② زیب ہونا ③ سوہنا ④ پھلانگنا ⑤ ٹھیک ہونا، موافق ہونا ⑥ موزوں ہونا ⑦ کھلنا۔

**پھپا** (ہ) اسم مذکر ① باپ کی بہن کا خاوند ② پھوپھی کا شوہر۔

**پھپیٹ** (ہ) اسم مذکر ① چھل ② فریب ③ مکر ④ دھوکا ⑤ فتنہ وفساد۔

**پھپیٹ باز** (ہ) اسم مذکر ① فسادی ② مکار ③ فریبی ④ مفسد۔

**پھپدنا** (ہ) فعل ① دیکھو ② پھبدنا ③ پھد پھدانا۔

**پھپس** (ہ) اسم صفت ① بادی کے جسم والا ② پھولے ہوئے بدن والا ③ بھدا ④ موٹا ⑤ ذبہ ⑥ پھولا ہوا ⑦ وہ پھل جو اندر سے پولا اور خالی ہو ⑧ جیسے پھونٹ خربوز، مولی وغیرہ۔

**پھپکا** (ہ) اسم مذکر ① پھپھولا ② چھالا ③ آملہ۔

**پھپھولا** (ہ) اسم مذکر ① آبلہ ② چھالا ③ پھپکا۔

**پھپھولے پڑنا** (ہ) فعل ① آبلے پڑنا ② چھالے اٹھنا۔

**پھپھولے پھوٹنا** (ہ) فعل ① آبلوں کا پانی نکلنا ② آرزو پوری ہونا ③ دشمنی یا عداوت نکلنا ④ دل ٹھنڈا ہونا۔

**پھپھوندنا** (ہ) فعل۔ پھپھوند لگنا۔

**پھپھوندی** (ہ) اسم مونث۔ رطوبت کے باعث ایک سفید سفیدی تہ کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتی ہے وہ سفید پھپھوندی کہلاتی ہے۔

**پھپھی** (ہ) اسم مونث ① باپ کی بہن ② بوا ③ خواہر پدر۔

**پھپھیا سسر / پھپھیا سسرا** (ہ) اسم مذکر۔ سسرے کی بہن کا شوہر پھوپسترا۔

**پھپیرا** (ہ) اسم مذکر ① پھپھی کا بیٹا ② پھوپھی زاد بھائی۔

**پھپیری** (ہ) اسم مونث ① پھپھی کی بیٹی ② پھوپھی زاد بہن۔

**پھٹ** (ہ) اسم صفت ① طاق ② خرد ③ یکا ④ تنہا۔

**پھٹ** (ہ) کلمہ نفریں ① لعنت ② تف ③ دھرکار دور ہو۔

**پھٹ پھٹ** (ہ) کلمہ نفریں وملامت ④ لعنت ⑤ ملامت ⑥ تھوتھو ⑦ تھڑی تھڑی ⑧ دردرم ⑨ دور ہو۔

**پھٹا پڑنا** (ہ) فعل ① نہایت موٹا ہونا ② موٹائی کے باعث جسم کا بے قابو ہونا۔

**پھٹ پڑنا** (ہ) فعل ① یکدم نہایت موٹا ہوجانا ② بہت فربہ ہونا ③ کسی چیز کا بکثرت وافراط پیدا ہوجانا ④ بشدت ہونا جیسے ماشاءاللہ ان کا حسن پھٹ پڑا۔

**پھٹ پھٹ** (ہ) اسم مونث ① صوت ② پھٹی جوتی کی آواز۔

**پھٹ پھٹانا** (ہ) فعل۔ پھڑ پھڑانا۔

**پھٹک** (ہ) اسم مذکر ① بلور ② کچا ہیرا ③ الماس خام ④ دام ⑤ جال ⑥ پنجرا۔

**پھٹکار** (ہ) اسم مونث ① دھرکار ② لعنت ملامت ③ دُر ④ دھتکار ⑤ بددعا ⑥ سراپ آمیزش ⑦ چاشنی ⑧ ملاوٹ ⑨ جیسے اس میں گلاب کی پھٹکار ہے۔

**پھٹکار برسنا** (ہ) فعل ① لعنت برسنا ② چاروں طرف سے لعنت ملامت ہونا۔ چہرے کا نور نہ رہنا ③ اداسی اور بے رونقی چھانا۔

**پھٹکار لگنا** (ہ) فعل ① بددعا لگنا ② سراپ لگنا ③ دھتکار پڑنا ④ شامت آنا۔

**پھٹکا** (ہ) اسم مونث۔ اسم صورت ① کوڑے یا تازیانے کی آواز ② پتھر پر کپڑا دھونے یا چھاج میں اناج پچھوڑنے کی آواز ③ گھوڑے کو سدھارنے کیلئے لمبی رسی یا لمبے چابک کی آواز۔

**پھٹکارنا** (ہ) فعل ① چابک مارنا ② کوڑا لگانا ③ پیٹنا ④ مار کر نکال دینا ⑤ درو دبک کرنا ⑥ کپڑے کو پتھر پر مار کر دھونا ⑦ حاصل کرنا ⑧ وصول کرنا ⑨ کمالینا۔

**پھٹکا نہ کھانا** (ہ) فعل ① فوراً جان بحق ہوجانا ② ہاتھ پاؤں ہلانے تک کی بھی نوبت نہ آنا ③ چٹ پٹ مرجانا۔

**پھٹکری / پھٹکڑی** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی دوا ہے جو کان سے نکلتی ہے ② نمک۔

**پھٹکل** (ہ) اسم صفت ① اکیلا ② فرد ③ واحد ④ اکا ⑤ تنہا ⑥ جدا ⑦ علیحدہ ⑧ مختلف ⑨ متفرق۔

**پھٹکن** (ہ) اسم مونث۔ اناج کی بھوسی وغیرہ جو چھاج میں پھٹکنے سے نکلا کرتی ہے۔

**پھٹکنا** (ہ) فعل ① غلہ صاف کرنا ② جھاڑنا ③ پچھوڑنا ④ اناج کو چھاج سے صاف کرنا ⑤ جدا کرنا ⑥ آجانا ⑦ جا نکلنا ⑧ مانوس ہونا ⑨ اس معنی میں یہ لفظ نہیں کے ساتھ آتا ہے۔

**بھٹکنا** (ہ) اسم مذکر آلہ۔ غلیل کا فیتہ جس میں انٹا رکھ کر چلاتے ہیں۔

**پھٹکی** (ہ) اسم مونث ① گرہ ② گانٹھ ③ خون یا پیپ وغیرہ کا دھبہ ④ جو کھنگھارے کے ساتھ آوے ⑤ خشک چیز مثلاً آٹے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03142907218

وغیرہ کو پانی میں گھوندتے وقت جو گانٹھیں سی پڑ جاتی ہے ⑥ ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا۔

**پھٹکی** (ہ) اسم مونث ① ایک چھوٹے سے منہ کا پنجرہ نما ٹوکرا ② جس میں چڑیماز جانوروں کو پکڑ کر لاتے ہیں میوہ دار درختوں پر جانوروں کے اڑانے کو بندھا ہوا کھٹکا۔

**پھٹنا** (ہ) فعل ① شگافتہ ہونا ② شق ہونا ③ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ④ دیدہ ہونا ⑤ دودھ کا اجزا جدا ہونا ⑥ تڑکنا ⑦ تڑخنا ⑧ جدا ہونا ⑨ علیحدہ ہونا جیسے دل پھٹنا۔

**پھٹے منہ / پھٹے منہ سے** (ہ) محاورہ ① کلمہ نفرین ② لعنت ہے ③ منہ پر تھو ہے زوف ہے ④ لف ہے۔

**پھٹیل** (ہ) اسم صفت ① جوڑے سے اس زوج کے خلاف ② فرد ③ اکیلا ④ تنہا ⑤ جدا ⑥ طاق ⑦ پھٹ سے منسوب ہے ⑧ یل حرف نسبت ہے جیسے نکیل میں۔

**پھٹے میں پاؤں دینا** (ہ) فعل ① دخل ② درمعقولات دینا ③ خواہ مخواہ کسی کی بلا میں پڑنا ④ یونہی کسی کی بات میں آنا۔

**پہچان** (ہ) اسم مونث ① واقفیت ② شناسائی ③ روک ④ تمیز ⑤ علامت ⑥ نشانی۔

**پہچاننا** (ہ) فعل ① شناخت کرنا ② معلوم کرنا ③ سمجھنا ④ جاننا ⑤ تمیز کرنا۔

**پھدپھدانا** (ہ) فعل ① گرمی دانوں یا پھنسیوں کا گرمی کی وجہ سے یکدم نکل آنا ② درخت میں شاخوں کا بکثرت پھوٹنا۔

**پھدکنا** (ہ) فعل ① اچھلنا ② مینڈک کی طرح کدکنا ③ جست بھرنا ④ متحرک ہونا ⑤ خوشی سے کودنا۔

**پھدکی** (ہ) اسم مونث۔ ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے۔

**پھدکی مارنا** (ہ) فعل ① چھلانگ مارنا ② جست بھرنا ③ پھلانگنا۔

**پھدا** (ہ) اسم صفت ① چپٹا ② چوڑا ③ وہ جوتا جس کی ایڑی بٹھالیں ④ وہ آدمی جس کے دونوں پیروں میں خم ہو اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے نیز وہ شخص جو پاؤں رگڑتا اور لنگڑاتا ہوا چلے۔

**پھڈا** (ہ) اسم مذکر۔ طاقچہ کسی دیوار یا کنوئیں میں اترنے اور چڑھنے کی خاطر جو پاؤں رکھنے کیلئے گڑھے سے بنالیا کرتے ہیں یا گیلی گار والی جگہ میں خشک مٹی یا موٹی اینٹیں رکھ کر پاؤں رکھنے کی جگہ بنا لیتے ہیں یعنی پاؤں رکھنے کی جگہ پاؤں اور ہوڈا بہ معنی آسرا سے مرکب ہے یعنی پاؤں کا آسرا پاؤں کا سہارا۔

**پھر** (ہ) اسم مونث ① صوت ② پرندوں کے یا بارود کے اڑنے کی آواز۔ بھک سے، جلدی سے، پھر سے اڑ جانا ③ (ہ) فعل جلدی سے اُڑ جانا ④ بہت تیزی سے اُڑ جانا۔

**پھر** (ہ) تابع فعل ① دوبارہ پس ② پس ازاں ③ فعل، بعدازاں ④ باز ⑤ باز دیگر تب تو۔

**پہر** (ہ) اسم مذکر ظرف زمان۔ دن کا چوتھا حصہ ۳ گھنٹے کا عرصہ۔

**پہرا** (ہ) اسم مذکر ① چوکی ② حفاظت ③ نگہبانی ④ رکھوالی ⑤ حراست، تحویل ⑥ قید ⑦ پہرے دار سنتری ⑧ دربان ⑨ محافظ۔

**پہرا بدلنا** (ہ) فعل ① چوکی بدلنا ② نوکری سے مہلت ملنا ③ ایک سپاہی کی جگہ دوسرے کا پہرے پر آ جانا۔

**پہرا بیٹھنا** (ہ) فعل ① پہرا لگنا ② نگرانی ہونا ③ دربان مقرر کرنا ④ سپاہیوں کا پہرا لگ جانا۔

**پہرا دینا** (ہ) فعل ① محافظت کرنا ② حفاظت کرنا ③ نگرانی کرنا ④ رکھوالی کرنا ⑤ دیکھنا بھالنا ⑥ نوکری پر کھڑا ہونا ⑦ جاگنا۔

**پھراٹا** (ہ) اسم مذکر صورت ① پرندے یا پردے کے اڑنے کی آواز فراٹا ② پھرتی ③ جلدی ④ تیزی۔

**پھراٹا بھرنا** (ہ) فعل ① پھرتی سے اڑنا ② تیزی سے اڑنا ③ جلدی جلدی پڑھنا ④ لہریں مارنا ⑤ موجیں مارنا ⑥ خراٹے بھرنا۔

**پھراس** (ہ) اسم مذکر ① ایک درخت کا نام ہے جس کے پتے جھاؤ کی قسم کے ہوتے ہیں ② یہ درخت بہت جلدی بڑھتا ہے۔

**پھرانا** (ہ) فعل ① لہرانا ② جھنڈے کے پھر برے کا ہوا میں لہرانا لہلہانا ③ کودنا ④ اچھلنا ⑤ جست بھرنا۔

**پھرانا** (ہ) فعل ① گشت کرنا ② گھمانا ③ چکر دینا ④ لئے پھرنا ⑤ ساتھ لے جانا ⑥ ناپسند کر کے موڑنا ⑦ واپس کرنا ⑧ لوٹانا۔

**پہرانا** (ہ) فعل ① پہنانا ② کپڑے یا زیور کو بدن پر پہنانا ③ لباس زیب تن کرنا۔

**پھراؤ** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① پھیرنے کے وعدے کا سودا ② ٹوٹتا ہوا ③ الٹا پھرتا ہوا جیسے پھراؤ میلہ ④ ہیری پھیری

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

چیز 5 بساؤ کے خلاف۔

**پھڑائی** (ہ) اسم مونث 1 لباس 2 پوشاک 3 پہناوا 4 واپس کرنے کا ہرجانہ 5 واپسی۔

**پھر پھرانا** (ہ) فعل 1 کان میں کسی جانور یا کیڑے کا جا کر پھر پھر کرنا 2 کان میں روئی کی جنبش دینا 3 حرکت کرنا 4 ہلنا جلنا 5 بالوں یا ہلکی چیز کا ہوا میں لہرنا۔

**پھر پھری** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری 1 پھریری 2 جنبش 3 لرزہ کپکپی 4 تھرتھراہٹ۔

**پھر پھند** (ہ) اسم مذکر 1 فریب 2 جعل 3 چھل 4 مکروفریب۔

**پھر پھندی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت 1 مکار 2 فریبی 3 جعلساز 4 چالاک۔

**پھرت** (ہ) اسم مونث 1 حاصل مصدر ہے پھرنا سے حرکت گردش 2 ناچنے میں پھرتی سے پھر جانا 3 وہ روپیہ جو کسی سے دینے کی بجائے واپس لیا جائے۔

**پھرت** (ہ) اسم مونث 1 تیزی 2 جلدی 3 طراری۔

**پھرتا** (ہ) اسم صفت 1 پھرت 2 پھراؤ 3 بٹا 4 دلالی 5 کمیشن۔

**پھرتا رہنا** (ہ) فعل 1 واہی تباہی پھرنا 2 آوارہ گردی کرنا 3 ڈانواڈول پھرنا 4 چکر میں رہنا۔

**پھرتی** (ہ) اسم مونث 1 بیائے مصدری یا یائے زائدہ 2 تیزی 3 جلدی 4 طراری 5 چستی۔

**پھرتی سے** (ہ) فعل 1 جلدی سے 2 فوراً 3 عجلتاً۔

**پھرتی کرنا** (ہ) فعل 1 چستی ظاہر کرنا 2 کسی کام سے چالاکی دکھانا 3 جلدی کرنا۔

**پھرتیلا** (ہ) اسم صفت 1 چست 2 تیز 3 ہوشیار 4 چالاک 5 جلدی کام کرنے والے 6 جلد باز۔

**پھر جانا** (ہ) فعل 1 باغی ہونا 2 منحرف ہونا 3 خریدی ہوئی چیز کا واپس ہونا 4 ٹیڑھا ہونا 5 مڑ جانا جیسے چاقو کی دھار پھر گئی 6 گردش کرنا 7 چکر کھانا 8 پلٹ جانا 9 بدل جانا۔

**پھرچا** (ہ) اسم مذکر 1 فیصلہ 2 حکم آخر 3 آخری فیصلہ 4 نزل 5 صاف 6 کھرا 7 کھلنا 8 پھر ہٹنا 9 پھٹنا، بادل وغیرہ۔

**پھرسا** (ہ) اسم مذکر 1 کدال 2 پھاوڑا 3 کلہاڑی۔

**پھرنا** (ہ) فعل 1 دیکھو پھر جانا 2 سیر کرنا 3 ٹہلنا 4 چہل قدمی کرنا گل گشت کرنا۔

**پھری** (ہ) اسم مونث 1 ڈھال 2 سپر 3 پٹا کھیلنے کے وقت کام دینے والی سوت اور بانس کی سی ہوئی ڈھال۔

**پھرے دار** (ا) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی 1 سنتری 2 چوکر کا محافظ دربان 3 رکھوالا۔

**پھریری** (ہ) اسم مونث 1 لرزہ 2 خفیف 3 جھرجھری 4 کپکپی 5 بدن کے رونگٹے کھڑے ہوکر جو دفعتہً جھرجھری آتی ہے اسے پھریری بولتے ہیں 6 سردی یا خوف یا غم کے سبب سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوکر دفعتہً جسم میں ایک حرکت سی پیدا ہو جاتی ہے 7 روئی کا پھانا جو کان میں پھرا جائے 8 عطر کا پھویا جو سینک پر لپیٹ لیا کرتے ہیں۔

**پھریری آنا** (ہ) فعل۔ سردی یا خوف یا رحم کے باعث رونگٹے کھڑے ہوکر لرزہ جسم میں آ جانا۔

**پھریری لینا** (ہ) فعل 1 جھرجھری لینا 2 تھرتھرانا 3 کانپنا 4 لرزنا 5 ہوشیار ہونا 6 سنبھلنا 7 چونکنا 8 پرندے کا پر جھڑجھڑنا 9 کتے کا پھٹپھٹانا۔

**پہرے میں دینا** (ہ) فعل 1 حوالات میں ڈالنا 2 حراست میں دینا۔

**پہرے میں رکھنا** (ہ) فعل 1 قید رکھنا 2 نظر بند رکھنا 3 حوالات میں رکھنا۔

**پہرے میں ہونا** (ہ) فعل 1 قید میں ہونا، حوالات میں ہونا 2 نظر بند ہونا۔

**پھڑ** (ہ) اسم مونث 1 جوا کھیلنے کا اڈا 2 قمار خانہ 3 گاڑی کی بم بمبو بانس 4 وہ جگہ جہاں اسباب رکھ کر بیچتے ہیں 5 توپ کی گاڑی وہ چبوترہ یا تپائی جس پر توپ چڑھا کر رکھتے ہیں۔

**پھڑباز** (ہ) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی 1 جواری 2 قمار باز 3 جواریا۔

**پھڑبازی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری 1 جوا کھیلنا 2 قماربازی۔

**پھڈ پھکنا** (ہ) فعل 1 جوا ہونا 2 قمار باز 3 جوا کھیلا جانا۔

**پھڑ پھڑانا** (ہ) فعل 1 پروں کو جھڑجھڑانا 2 پھٹپھٹانا 3 پروں کو مارنا 4 تڑپنا 5 بے قرار ہونا 6 مضطرب اور بے چین ہونا 7 پھڑکنا۔

**پھڑک** (ہ) اسم مونث 1 اضطراب 2 پھڑکن 3 بے قراری 4 بے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...7218

چینی ⑤ بے کلی ⑥ تپش۔

**پھڑکانا** (ہ) فعل ① بے چین کرنا ② بے قرار کرنا ③ تڑپانا ④ لٹانا ⑤ بے حد جوش ہونا۔

**پھڑک جانا** (ہ) فعل ① عاشق ہو جانا ② لوٹ جانا ③ بے قرار ہو جانا ④ ترس جانا ⑤ سخت مشتاق ہو جانا ⑥ فریفتہ ہونا ⑦ بے چین ہونا جانا۔

**پھڑکن** (ہ) اسم مونث۔ (دیکھو پھڑک)۔

**پھڑکن کی اولاد** (ہ) اسم مونث ① وہ اولاد جو بڑی تمناؤں اور دعاؤں کے سبب حاصل ہوئی ہو ② لاڈلی اولاد ③ چاؤ کی اولاد۔

**پھڑکنا** (ہ) فعل ① تڑپنا ② بے قرار ہونا ③ بے چین ہونا ④ کسی خاص عضو کا حرکت کرنا ⑤ ہلنا ⑥ متحرک ہونا ⑦ پھڑ پھڑانا ⑧ کبوتر کی طرح لوٹنا ⑨ نہایت مشتاق ہونا۔

**پھڑولنا** (ہ) فعل۔ ① گڈمڈ کرنا ② بے ترتیب کرنا ③ تلاش کرتے وقت چیزوں کو الٹ پلٹ کر دینا ④ چیزوں کو اتھل پتھل دینا۔

**پھڑی** (ہ) اسم مونث ① پتھروں کا چکر ② پتھروں کی ڈھیر ③ پتھروں کی وہ پیمائش جس میں ایک گز چوڑی ایک گز اونچی چھت ④ بہت تیزی۔

**پھڑیا** (ہ) تابع فعل ① دربارہ ② پھوڑا کی تصغیر سے چھوٹا سا پھوڑا ③ پھنسی۔

**پھڑیا** (ہ) اسم مذکر ① پھڑی لگانے والا ② جواری ③ خوردہ فروش ④ تھوک فروش کی ضد ⑤ متفرق اناج بیچنے والا بنیا۔

**پھس** (ہ) اسم مونث ① ہلکی آواز، پھسکی کی آواز ② حقارتاً ہلکی اور خفیف آواز۔

**پھس دیسی کہنا** (ہ) فعل ① چپکے سے کہہ دینا ② آہستہ سے کہنا ③ اس میں دیسی حرف تشبیہ کا کام دیتا ہے۔

**پھس** (ہ) اسم مونث ① کلمہ حقارت ہے جو لڑکے اکثر بولتے ہیں ② جب کسی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا تو اسے چھیڑنے کی خاطر بولا کرتے ہیں ③ چھی ④ شرم ⑤ حیف ⑥ چچ۔

**پھس پھس** (ہ) اسم مونث ① صوت ② بلی کے بلانے کی آواز۔

**پھس پھسانا** (ہ) فعل ① کانا پھوسی کرنا ② چپکے چپکے باتیں کرنا ③ آہستہ آہستہ منہ میں بولنا۔

**پھسڈی** (ہ) اسم صفت ① اول نمبر یعنی میری کے خلاف ② سب سے پیچھے رہا ہوا ③ خواہ مرتبے یا درجے میں خواہ وقعت میں کھیل ④ ناقص ⑤ محروم ⑥ نا قابل۔

**پھسر پھسر** (ہ) اسم مونث ① کھسر پھسر ② چپکے چپکے باتیں کرنا۔

**پھسکنا** (ہ) فعل ① (دہندو) اندر کو بیٹھنا ② دھسکنا ③ پچکنا ④ ڈھنا ⑤ پھٹ جانا ⑥ کھل جانا ⑦ تراق جانا ⑧ جیسے چنے بھرنے سے گول پھسک گئی۔

**پھسلانا** (ہ) فعل۔ پھسلنا کا متعدی۔

**پھسلانا** (ہ) فعل ① بچوں کو بہلانا ② فریب دینا ③ دھوکا دینا ④ دم دینا، جھانسا دینا ⑤ ترغیب دینا ⑥ رغبت دلانا۔

**پھسلاوا** (ہ) اسم مذکر ① دھوکا فریب ② دم جھانسا۔

**پھسلن** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر از پھسلنا۔ لغزش۔

**پھسلنا** (ہ) فعل ① رپٹنا ② لڑکنا ③ لغزش کرنا ④ بہکنا ⑤ چوکنا ⑥ غلطی کھانا ⑦ دھوکے میں آ جانا ⑧ راغب ہونا ⑨ (بحالت صفت) پٹواں۔

**پھسلنا پتھر** (ہ) اسم مذکر۔ وہ پتھر جس پر چڑھ کر لڑکے پھسلا کرتے ہیں پٹواں پتھر۔

**پھسینڈا** (ہ) اسم صفت ① بودار ② بساندا ③ نامعقول آدمی ④ بیہودہ گو ⑤ بے وقوفی کی باتیں کرنے والا۔

**پھسینڈی** (ہ) اسم مونث ① بدبودار چیز ② بساندی ③ نامعقول عورت ④ بیہودہ گو عورت۔

**پھش** (ہ) کلمہ نفرت ① چھی ② تف ③ لعنت ④ چچ۔

**پھک** (ہ) اسم مونث ① صوت ② کسی تیز چیز کے یکدم اڑ جانے کی آواز ③ جیسے بارود کے اڑنے کی آواز نیز کسی نرم چیز میں کسی سخت چیز کے جلدی سے داخل ہونے کی آواز ④ ترت ⑤ فوراً، جلد ⑥ یکدم۔

**پھک دیسی / پھک دینی / پھک سے** (ہ) تابع فعل ① دفعتہً فق سے ② ترت ③ جھٹ سے ④ سٹ سانی۔

**پھک سے اڑنا** (ہ) فعل ① جلدی اڑنا ② یکایک اڑ جانا ③ فوراً اڑ جانا ④ یکدم اڑ جانا ⑤ دم کے دم میں اڑ جانا۔

**پھکارنا** (ہ) فعل ① اکھاڑنا ② الٹنا ③ کھولنا ④ ہٹانا ⑤ جیسے سر پھکارنا ⑥ بکھیرنا ⑦ پھیلانا ⑧ پریشان کرنا ⑨ جیسے بال پھکارنا۔

**پھکیرنا** (ہ) فعل۔ پھکارنا سے امالہ کیا ہوا ہے۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

پھکڑ (ہ) اسم مذکر ❶ گالی گلوچ ❷ فحش ❸ بازاری لوگوں کی پوچ اور بے معنی گفتگو۔
پھکڑ باز (ا) اسم مذکر بہ ترکیب ❶ فاعلی ❷ پھکڑ لڑنے والا ❸ گالی گلوچ بکنے والا ❹ فحش ❺ بکواس کرنے والا۔
پھکڑ لڑنا (ہ) فعل ❶ آپس میں بکواس کرنا ❷ گالی گلوچ دینا ❸ گپ شپ لڑانا ❹ فحش باتیں کہنا۔
پھکڑ ہونا (ہ) فعل ❶ فحش ہنسی ہونا ❷ بہت بے تکلفی ہونا ❸ بیہودہ ہنسی ہونا۔
پھکنا (ہ) اسم مذکر ❶ پیشاب کی تھیلی ❷ مثانہ ❸ حیونات۔
پھکنا (ہ) فعل ❶ آگ لگنا ❷ جلنا ❸ بھلسنا ❹ آگ میں سوختہ ہونا ❺ غم وحسد وعشق ومحبت وتپ من جلنا ❻ جلن ہونا۔
پھکنی (ہ) اسم مونث ❶ آلہ دھونکنی ❷ دم کش ❸ بانس کی وہ سوراخ دار پوری جس سے آگ جلانے کو پھونک مارا کرتے ہیں ❹ آتش افروز۔
پھکنی (ہ) اسم مونث ❶ پھنکی ❷ سفوف پھانکنے کی دوا۔
پھکیت (ہ) اسم مونث ❶ پٹہ باز ❷ لکڑی باز ❸ پھری گدکے کا کھلاڑی۔
پھکیتی (ہ) اسم مونث ❶ چوب بازی ❷ پٹہ بازی ❸ لکڑی بازی۔
پھگوا (ہ) اسم مذکر ❶ ہولی کا انعام ❷ وہ مٹھائی اور کپڑا جو ہولی کی خوشی میں خدمت گاروں کو دیا جاتا ہے ❸ (پورپ) ہولی ❹ پھاگ۔
پہل (ہ) اسم مونث ❶ ابتداء ❷ آغاز ❸ شروع ❹ اول (مذکر) دھنکی ہوئی روئی کا گالا ❺ لحاف وغیرہ میں لگی ہوئی اور دبی ہوئی روئی ❻ پہلو کا مخفف ❼ رخ ❽ بل ❾ جانب۔
پہل کرنا (ہ) فعل ❶ کسی کام کوسب سے پہلے شروع کرنا ❷ ابتداء کرنا ❸ شروع کرنا ❹ آغاز کرنا ❺ پہلے ہاتھ لگانا۔
پہل دار (ہ) اسم صفت ❶ پہلوؤں والی شئے ❷ وہ چیز جس کے کنارے کھڑے ہوں ❸ کنارہ دار۔
پھل (ہ) اسم مذکر ❶ بار ❷ ثمر ❸ میوہ ❹ نتیجہ ❺ حاصل ❻ ثمرہ ❼ بدلہ عوض ❽ خواب کی تعبیر ❾ آل اولاد۔
پھل آنا (ہ) فعل ❶ درخت کا بارور ہونا ❷ میوہ لگنا۔
پھل پانا (ہ) فعل ❶ ثمرہ حاصل کرنا ❷ نتیجہ پانا ❸ بدلہ پانا ❹ اجر ملنا ❺ بدلہ لینا ❻ نفع حاصل کرنا ❼ سودا ٹھانا ❽ بھلائی پانا۔
پھل پھلاری (ہ) اسم مونث ❶ مختلف قسم کے میوے ❷ طرح طرح کی ترکاریاں اور پھل وغیرہ۔
پھل تاڑ (ہ) فعل ❶ اسم مذکر ❷ تاڑ کا مادہ درخت بخلاف بل تاڑ کے کہ وہ نردرخت کہلاتا ہے ❸ پام کا درخت۔
پھل دار (ا) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ وہ درخت جس میں پھل لگتے ہوں ❷ میوہ دار ❸ ثمر دار ❹ پھلنے والا درخت۔
پھل کھانا آسان نہیں (ہ) مثل۔ ہر کام کا نفع محنت اور تکلیف سے ہی ملا کرتا ہے۔
پھل لگنا (ہ) فعل ❶ ثمرور ہونا ❷ باردار ہونا ❸ بارور ہونا۔
پھل ملنا (ہ) فعل۔ (دیکھو پھل پانا)۔
پہلا (ہ) اسم صفت ❶ اس میں الف مفید فاعلیت ہے ❷ اگلا ❸ اول کا ❹ ابتدائی ❺ شروع کا ❻ اولین ❼ قدیمی ❽ پرانا ❾ اول نمبر۔
پہلا پھل (ا) اسم مذکر ❶ ثمرنو ❷ نو بادہ ❸ وہ میوہ جو درخت سے سب سے پہلے اترے اول ہی اول درخت میں لگنے والا پھل پہلوٹھی کا بچہ ❹ وہ بچہ جو اول پیدا ہو۔
پہلا پھل (ا) اسم مذکر ❶ ثمرنو ❷ نو بادہ ❸ وہ میوہ جو درخت سے سب سے پہلے اترے، اول ہی اول درخت میں لگنے والا پھل ❹ پہلوٹی کا بچہ ❺ وہ بچہ جو اول پیدا ہو۔
پھلا (ہ) اسم مذکر بہ ترکیب مفعولی مفید صفت ❶ یعنی پھول کی طرح پھولی ہوئی چیز ❷ محاورہ میں بھنی ہوئی مکئی یا جوار کی کھیلیں ❸ آنکھ کا ٹینٹ جو چیچک وغیرہ سے پھول کر باہر نکل آئے ❹ جالا ❺ جھلی آنکھوں کی۔
پھلا پڑنا (ہ) فعل۔ چیچک وغیرہ کے باعث آنکھ میں ٹینٹ پڑ جانا۔
پھلا پھولا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ ہرا ابھرا ❷ سرسبز ❸ نصیب والا ❹ بھاگوان ❺ خوش قسمت ❻ دولتمند ❼ مالا مال۔
پھلانا (ہ) فعل ❶ پھونک مار کر کسی چیز کو تاننا ❷ پھونک بھرنا ❸ ہوا بھرنا ❹ موٹا کرنا ❺ فربہ کرنا ❻ مغرور کرنا ❼ متکبر بنانا ❽ بے جا تعریفیں کر کے غرور سے بھر دینا۔
پھلانگ (ہ) اسم مونث ❶ چھلانگ ❷ ڈگ ❸ کلانچ ❹ کود۔
پھلانگنا (ہ) فعل ❶ چھلانگ مارنا ❷ کودنا ❸ الانگنا ❹ ڈگ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172185

بھرنا 5 اغند لگانا 6 پھاند جانا 7 کلانچ مارنا۔

پھکت (ہ) اسم مونث 1 پھلنا سے حاصل مصدر ہے کثرت سے پھل آنا 2 پھلنے کی حالت ستاروں کے نیک وبد آثار ستاروں کی گردش کا پھل یعنی فائدہ 3 گنت کی ضد۔

پھلجھڑی (ہ) اسم مونث 1 گلریز 2 گل چکاں 3 آتشبازی کی قلمیں جنہیں آگ لگانے سے پھول جھڑتے ہیں (بحالت صفت) گل کھلانے والی عورت 4 فتنہ پرداز عورت 5 چغل خور عورت 6 لڑائی جھگڑا کرنے والی عورت۔

پھلر وسا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی 1 پھول کی مانند 2 چھوٹا سا بچہ 3 پیارا پیارا بچہ۔

پھلڑا (ہ) اسم مذکر 1 پھل کی تصغیر 2 ہتھیارہ 3 پھل 4 چھری 5 چاقو وغیرہ کا وہ حصہ جو دستہ کے علاوہ ہو۔

پھلسا (ہ) اسم مذکر 1 دروازہ 2 دروازے کے کواڑ 3 گاؤں کا وہ بڑا آدمی جو اس کی تمام باتوں کو مظہر امتحان دیکھتا ہوا اور لوگوں کو ان کے بھلے برے سے آگاہ کرتا ہو 4 گاؤں کا بزرگ۔

پھلکا (ہ) اسم مذکر 1 چھوٹی سی پھولی ہوئی چپاتی 2 پھول کی مانند ہلکا 3 جیسے ہلکا پھلکا 4 یہ لفظ ان معنوں میں بھی اکیلا نہیں۔

پھلکا پڑنا (ہ) فعل 1 آبلہ ہونا 2 پھپھولا پڑنا 3 چھالا پڑنا۔

پھلکاری (ہ) اسم مونث 1 پھول بوٹے کا کام 2 گلکاری 3 ایک قسم کا پھول بوٹے والا کپڑا۔

پھلنا (ہ) فعل 1 میوہ لگنا 2 بارور ہونا 3 مبارک ہونا 4 سپھل ہونا 5 نفع دینا 6 چیچک کا یا گرمی دانوں اور پھنسیوں وغیرہ کا بکثرت نکل آنا 7 اولاد کی کثرت ہونا 8 خاندان کی زیادتی ہونا 9 خوش نصیب ہونا۔ بہتری ہونا۔

پھلنا پھولنا (ہ) فعل 1 سرسبز وشاداب ہونا 2 خوب پھل پھول آنا 3 بارور ہونا 4 امیر اور اقبال ہونا 5 صاحب اولاد ہونا۔

پھلنگ / پھننگ (ہ) اسم مونث 1 درخت کی چھوٹی ٹہنی اور شاخ کا آخری حصہ 2 چابک اور کوڑے وغیرہ کا آخری حصہ۔

پہلو (ہ) اسم مذکر 1 پسلی 2 کولا 3 کھوا 4 بازو کی جانب 5 طرف 5 رخ 6 بغل 7 گود 8 آغوش 9 کنارہ۔

پہلو بچانا (ا) فعل 1 کنارہ کرنا 2 کترانا 3 چلے جانا 4 حیلہ نکالنا 5 تدبیر کرنا۔

پہلو بسانا (ا) فعل 1 پاس رہنا 2 پڑوس بسانا 3 پاس آرہنا 4 برابر میں دفن ہونا 5 قبر کے پاس قبر ہونا 6 بغل میں لیٹنا 7 وصل ہونا 8 بغل گیر ہونا 9 ملنا۔ پاس پاس بیٹھنا۔

پہلو پر (ہ) تابع فعل 1 رخ پر 2 بل پر حمایت پر 3 مدد پر۔

پہلو وار (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی 1 پہلدار 2 کندے دار 3 ذاسہ دار 4 رمزوار بات 5 کنائیہ دار 6 مشتبہ 7 مبہمات 8 ایسی بات جو کوئی نہ کوئی باریکی لئے ہو 9 دورخی بات۔

پہلو دبانا (ا) فعل 1 کسی طرف کو مغلوب کردینا 2 چڑھائی کرکے فوج کے کسی پہلو کو قابو میں کرلینا 3 زور دینا 4 غلبہ کرنا 5 دباؤ ڈالنا۔

پہلو گرم کرنا (ا) فعل 1 بغل میں بیٹھنا یا بٹھانا 2 گود میں لیٹنا یا لٹانا 3 ہم صحبت ہونا 4 بغل میں سونا یا سلانا 5 کسی معشوق کو بغل میں بٹھانا۔

پہلو میں (ا) تابع فعل 1 برابر میں 2 مقابل میں سامنے 3 آگے۔

پہلو میں بیٹھنا (ا) فعل 1 صحبت میں رہنا 2 قریب رہنا 3 مدد کرنا 4 حمایت کرنا 5 رخ پر رہنا 6 مکھوے سے لگنا۔

پہلو نکالنا (ا) فعل 1 موقع نکالنا 2 ڈھب 3 پیدا کرنا 4 تجویز نکالنا 5 تدبیر سوچنا۔

پہلو نکلنا (ا) موقع نکلنا 1 ڈھب بننا 2 تجویز نکل آنا 3 انداز معلوم ہونا 4 رمز وکنایہ ظاہر ہونا۔

پھلوا (ہ) اسم مذکر 1 بٹا ہوا 2 گرہ دار پھندنا 3 جھالر 4 گچھا۔

پھلواڑی (ہ) اسم مونث 1 ظرف 2 باغیچہ 3 چمن 4 چھوٹا سا باغیچہ جس میں پھول، پودے وغیرہ لگا لیا کرتے ہیں 5 ہنس 6 آل واولاد 7 بال بچے 8 کنبہ 9 خاندان۔

پہلوان (ف) اسم مذکر صفت 1 قوی جثہ جسیم 2 طاقتور بل 3 کشتی کا فن جاننے والا کشتی گیر 3 بہادر 4 دلیر 5 سورما 6 پرحوصلہ 7 باہمت 8 لڑاکا 9 جنگجو۔


(پھلی)

پھلی (ہ) اسم مونث۔ بیائے نسبتی 1 منسوبانہ پھل 2 پھل کی تھیلی، دانوں کا غلاف 3 مٹر، لوبیا، مونگ، ماش، موٹھ وغیرہ کا پھل جس میں بہت سے دانے ہوتے ہیں کیلے کے پھل

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...218

کو بھی کہتے ہیں۔

**پھلی** (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ① پھولا کی تصغیر ہے ② وہ سفید نقطہ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے ③ گل چشم ④ ٹینٹ۔

**پہلی** (ہ) اسم مونث صفت ① پہلا کی تانیث ② ابتدائی ③ اولین ④ سابقہ ⑤ مقدم۔

**پہلے پہل** (ہ) تابع فعل ① اول ہی اول ② اول مرتبہ ③ پہلے ④ شروع شروع۔

**پہلے مارے سو میری / پہلے مارے سو جیتے** (ا) مثل۔ سب سے پہلے اور برموقع کام کرنے والا ہی فتحیاب ہوتا ہے۔

**پہلے ہی بوسے میں گال کاٹا** (ا) مثل۔ آغاز ملاقات میں ہی رنج پہنچایا۔

**پھلیل** (ہ) اسم مذکر ① خوشبودار تیل ② پھولوں میں معطر کیے ہوئے تلوں کا تیل۔

**پھلیندا** (ہ) اسم مذکر ① جامن ② جامون ③ ایک میوے کا نام ہے جو اودے رنگ کا اور پیوندی بیر کے برابر ہوتا ہے۔

**پھن** (ہ) اسم مذکر۔ سانپ کا پھیلا ہوا سر جو کھڑے ہونے کے وقت دکھائی دیتا ہے۔


(پھن)

**پھن مارنا** (ہ) فعل ① سر دھننا ② سر مارنا ③ سانپ کا کسی کو ڈسنا ④ کاٹنا۔

**پہن** (ہ) اسم مذکر ① وہ دودھ جو محبت اور پیار کے باعث ماں کی چھاتیوں میں بھر آتا ② جھاگ ③ کف جو دودھ پر آیا کرتی ہے۔

**پہنا** (ف) اسم صفت ① چوڑا ② عریض ③ فراخ ④ بڑے پہنے کا

**پہننا** (ہ) فعل ① کپڑا زیب تن کرنا ② اوڑھنا ③ کپڑا بدن میں ڈالنا ④ جامہ زیب تن کرنا۔

**پہنانا** (ہ) پہننا سے متعدی ہے دوسرے کو کپڑوں وغیرہ سے آراستہ کرنا۔

**پہناوا** (ہ) اسم مذکر حاصل بالمصدر از ① پہنانا و پہننا ② لباس ③ پوشاک ④ کپڑا ⑤ پوشش ⑥ زیور گہنا ⑦ اوڑھنے پہننے کا طریق رواج ⑧ رسم ⑨ طور۔

**پھنپھنانا** (ہ) فعل ① غیظ وغضب کی حالت میں ہونا ② نہایت غضبناک ہونا ③ یکدم غصے میں بھر جانا ④ سانپ کا پھن اٹھا کر غصے سے پھنکار مارنا۔

**پہنچ** (ہ) اسم مونث ① رسائی ② آمد ③ رسید ④ اطلاع ⑤ خبر ⑥ وصولی۔

**پہنچا** (ہ) اسم مذکر ① اعد ② کلائی (بحالت فعل) پہنچنا سے ماضی مطلق۔

**پہنچانا** (ہ) فعل۔ کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

**پہنچا ہوا** (ہ) اسم مذکر ① اسم مفعول مفید صفت ② خدا رسیدہ ③ بزرگ ④ پارسا ⑤ عارف باللہ ⑥ مقبول خدا ⑦ نہایت ہوشیار ⑧ تجربہ کار ⑨ جہاندیدہ۔

**پہنچنا** (ہ) فعل ① داخل ہونا ② رسائی پانا ③ باریاب ہونا ④ گھسنا ⑤ راستہ طے ہو جانا ⑥ سفر طے کر لینا ⑦ ملنا ⑧ وصول پانا ⑨ عارف باللہ ہونا۔

**پہنچی** (ہ) اسم مونث ① عورتوں کے پہننے کا ایک زیور جو کلائی پر باندھا جاتا ہے ② دست بند۔

**پھند** (ا) اسم مذکر ① دام ② فریب ③ دھوکا ④ مکر ⑤ دغا ⑥ جھوٹ۔

**پھند کٹنا** (ہ) فعل ① مصیبت سے رہائی پانا ② خلاصی ہونا ③ نجات پانا ④ قید سے چھوٹنا ⑤ قرضہ سے سبکدوش ہونا۔

**پھندا** (ہ) اسم مذکر ① بال یا ریشم وغیرہ کا حلقہ کمند ② پھانسا ③ پھاند ④ جال ⑤ دام فریب میں ⑥ قابو ⑦ قبضہ ⑧ پنجہ ⑨ جیسے وہ دشمن کے پھندے میں ہے۔

**پھندا پڑنا** (ہ) فعل ① کمند یا جال میں پھنسنا ② حلق میں پھانسا پڑنا۔

**پھندا دینا / لگانا** (ہ) فعل۔ گرہ دینا پھانسا لگانا۔

**پھندنا سا** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی ① چھوٹا سا ② پیارا پیارا بچوں کی تعریف میں بولا جاتا ہے۔

**پھندے میں پڑنا / پھنسنا** (ہ) فعل ① بلا میں گرفتار ہونا ② آفت میں پڑنا ③ کسی کے بس میں آنا ④ قابو میں آ جانا ⑤ قید میں پھنس جانا ⑥ نکاح میں آ کر تکلیف اٹھانا۔

**پھندے میں پھنسانا** (ہ) فعل ① جال میں پھانسنا ② قابو میں

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

لانا③ دھوکا دے کر نکاح میں لے آنا۔

پھنسانا (ہ) فعل ① لپیٹنا ② الجھانا ③ پکڑوانا ④ گرفتار کرانا ⑤ قابو میں لانا ⑥ فریب میں لانا ⑦ اڑانا ⑧ اٹکانا۔

پھنساؤ (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر از پھنسانا ① اڑائیں ② اھیڑا ③ دقت ④ قید ⑤ وہ جگہ جہاں سے نکلنا مشکل ہوا۔

پھنسنا (ہ) فعل ① الجھنا ② اٹکنا ③ پکڑا جانا ④ گرفتار ہونا ⑤ ماخوذ ہونا ⑥ کسی کی محبت اور عشق میں گرفتار ہونا ⑦ آشنائی کرنا ⑧ بچھنا ⑨ دلدل یا کیچڑ وغیرہ میں دھنس جانا۔

پھنسوانا (ہ) فعل۔ پھنسنا کا متعدی المتعدی ہے۔

پھنسی (ہ) اسم مونث ① چھوٹا سا پھوڑا ② وہ دانہ جو جسم پر پڑ جائے۔

پھنکا (ہ) اسم مذکر ① پھنکی کا اسم مکبر ہے ② بڑی سی پھنکی ③ ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار ④ جیسے کھانڈ یا چنوں کا ایک پھنکا ⑤ برسات کے دنوں میں پروانے شمع پر گر کر مرنے والے پتنگے کی ایک خاص قسم۔

پھنکا لگانا / پھنکا مارنا (ہ) فعل ① ایک ہی دفعہ پھانک جانا ② کسی سوکھی یا پسی ہوئی چیز کو منہ میں یکدم ڈال کر نگلنا۔

پھنکنا (ہ) فعل ① دور ② آگرنا ③ بکھرنا ④ کھنڈنا ⑤ ضائع ہونا ⑥ خراب ہونا ⑦ گر جانا ⑧ پریشان ہو جانا۔

پھنکنا (ہ) فعل ① جلنا ② جھلسنا ③ مشتعل ہونا ④ پھڑکنا ⑤ جیسے بدن میں آگ پھنک گئی۔

پھنکنی (ہ) اسم مونث آلہ۔ بانس کا وہ کھوکھلا ٹوٹا جس سے آگ میں پھونک مارتے ہیں۔

پھنکی (ہ) اسم مونث ① سفوف ② چٹکی ③ ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار

پھنگا (ہ) اسم مذکر ① پروانہ کی ایک خاص قسم ② پتنگ ③ وہ برساتی کیڑے جو رات کے وقت بکثرت شمع پر آ گرتے ہیں۔

پھننگ (ہ) اسم مونث۔ (دیکھو پھانگ)۔

پھنو (ہ) اسم مونث ① بہو ② دیوسینکری چھوٹے بچوں کا عضو تناسل۔

پھنی (ہ) اسم مذکر ① ایک خاص قسم کا بڑے پھن والا سانپ جو نہایت زہریلا ہوتا ہے ② (بحالت مونث) کنگھی کی شکل کا گوٹہ بنانے کا آلہ، یہ تیلیوں کا بنا ہوتا ہے۔ اور تانے کے تار اس میں پروئے ہوئے ہوتے ہیں۔

پھنی (ہ) اسم مونث ① فانہ ② پانہ ③ وہ مخروطی شکل کی لکڑی جو بڑھئی لوگ تختے چیرتے وقت شگاف کے کھلا رہنے کے لئے دے دیتے ہیں۔

پھو (ہ) اسم صوت۔ تھوکنے کی آواز۔

پھوا (ہ) اسم مونث ① باپ کی بہن ② بوا ③ پھپھی۔

پھوا پھو (ہ) اسم مذکر۔ لڑکیوں کے ایک کھیل کا نام ہے جس میں وہ باہم ہاتھ ملا کر حلقہ میں چکھیریاں کھاتی ہیں۔

پھوار (ہ) اسم مونث ① پھار و تقاطر ② ترشح ③ ہلکی اور خفیف بارش۔

پھوارا (ہ) اسم مذکر۔ فوارہ۔

پھولیس (ہ) اسم مونث ① پھپیا ② ساس۔

پھوپسرا (ہ) اسم مذکر ① پھپیا خسر ② شوہر کی پھوپھی کا خاوند۔

پھوپو (ہ) اسم مونث۔ پھپی۔

پھوٹ (ہ) کلمہ نفرین ① لعنت ہے ② تف ڈوب مر ③ درگور۔

پھوٹ (ہ) اسم مونث ① نااتفاقی ② نفاق ③ اختلاف ④ مخالفت ⑤ بگاڑ ⑥ بغض ⑦ باہمی عداوت ⑧ ایک قسم کی ککڑی جو پک کر کھل جاتی ہے ⑨ سینڈھی۔

پھوٹ پڑنا (ہ) فعل ① نفاق ہو جانا ② نااتفاقی پڑنا ③ دشمنی ہونا ④ عداوت ہونا ⑤ علیحدگی ہونا ⑥ اختلاف رائے ہونا۔

پھوٹ پھٹک رہنا (ہ) فعل ① ان بن رہنا ② نااتفاقی اور جھگڑا وغیرہ رہنا ③ جدائی، علیحدگی اور دشمنی رہنا ④ فساد باہمی رہنا۔

پھوٹ پھوٹ کر رونا (ہ) فعل ① زار زار رونا ② زار و قطار رونا ③ بے حد رونا ④ بہت سبک سبک کر رونا ⑤ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

پھوٹ ڈالنا (ہ) فعل ① نااتفاقی ڈالنا ② دشمنی پیدا کرنا ③ باہم عداوت کرنا ④ جدائی کرا دینا۔

پھوٹ سا کھل جانا (ہ) فعل ① خستہ ہونے کی وجہ سے پھٹ جانا ② دو پارہ ہو جانا ③ کئی ٹکڑے ہو جانا۔

پھوٹ نکلنا (ہ) فعل ① بدن پر پھنسیوں کا بکثرت نکل آنا ② جسم پر مواد کا بہت ہی ظاہر ہونا ③ بہہ نکلنا ④ توڑ کر نکل جانا۔

پھوٹا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی بحذف۔ ① علامت ② شکستہ ③ شگافتہ ④ ٹوٹا ہوا ⑤ (بحالت فعل) ٹوٹنا سے ماضی مطلق۔

پھوٹک (ہ) اسم مونث حاصل مصدر از ① پھوٹنا ② ریزہ ③ ریزگاری ④ روپیہ کے چھوٹے سکے جیسے انی، دونی، چونی وغیرہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314-4027218

**پھوٹنا** (ہ) فعل (1) ٹوٹنا (2) شکستہ ہونا (3) کھلنا پھونٹ کی طرح پھٹنا (4) مواد کا جسم پر ظاہر ہونا (5) پھنسیاں نکلنا (6) ظاہر ہو جانا (7) نمودار ہو جانا (8) بیج کا ابھرنا (9) اگنا۔

**پھوٹی** (ہ) اسم صفت مونث (1) خلاف علامت مفعولی (2) ٹوٹی ہوئی شکستہ چیز (3) نکمی (4) ناقص شئے جسے کوئی نہ خریدے (5) جیسے پھوٹی کوڑی۔

**پھوٹی آنکھ کا تارا** (ہ) اسم مذکر۔ نہایت عزیز بیٹا کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو۔

**پھوٹی آنکھ کا دیدہ** (ہ) اسم مذکر۔ کئی بچوں میں ایک بچہ جو زندہ رہا ہو۔

**پھوٹی نظروں/ دیدوں نہ بھانا** (ا) فعل (1) ذرا نہ بھانا (2) بالکل پسند نہ آنا (3) بالکل نہ سہانا۔

**پھوٹے منہ سے** (ہ) تابع فعل (1) برے منہ سے (2) ناکارہ اور نکمے منہ سے۔

**پھوڑا** (ہ) اسم مذکر (1) دنبل (2) بڑی اور کچھ موٹی پھنسی (3) گومڑا دنبل۔

**پھوڑا پھوٹنا** (ہ) فعل (1) پھوڑے سے آلائش نکلنا (2) تکلیف دور ہونا۔

**پھوڑنا** (ہ) فعل (1) ٹکڑے کرنا (2) دیوار وغیرہ میں سوراخ کرنا زخمی کرنا (3) آنکھ کی بینائی زائل کرنا (4) بدقسمت بنانا۔

**پھوس** (ہ) اسم مذکر (1) لمبی گھاس جس سے بناتے ہیں پرانی اور نرم گھاس (بحالت صفت) نہایت بوڑھا ضعیف کمزور (2) تمباکو۔

**پھوسڑا** (ہ) اسم مذکر (1) روئی یا ریشم وغیرہ کا ریشہ (2) عورتیں انکساراً بچے اور اولاد کو بھی کہہ دیتی ہیں۔

**پھوک** (ہ) اسم مذکر (1) کسی چیز کو نچوڑنے سے جو فضلہ بچتا ہے وہ پھوک کہلاتا ہے (2) خالی (3) کھوکھلا (4) بدمزا (5) بدذائقہ (6) کم اثر (7) ابالا۔

**پھوکا** (ہ) اسم مذکر۔ ہلکا۔

**پھوکٹ** (ہ) اسم مذکر صفت (1) مفت کا (2) داموں کے بغیر کا (3) بن داموں کا۔

**پھوکٹ میں** (ہ) تابع فعل (1) مفت میں (2) بے مول (3) پیسہ خرچ کئے بغیر (4) بے خرچے۔

**پھوکل** (ہ) اسم صفت (1) خالی (2) مفلس (3) غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

**پھول** (ہ) اسم مذکر (1) گل (2) شرارہ (3) پتنگا (4) چراغ کی بتی کا جلا ہوا سرا جو شرارے کی طرح جھڑ جاتا ہے (5) نقش ونگار (6) گلکاری (7) ہندوؤں مردے کی ہڈیاں جو جل چکنے کے بعد چن کر گنگا جی میں بہانے کے واسطے بھیجی جاتی ہیں (8) کانسی جو ایک قسم کی مرکب دھات ہے (9) حیض کا خون۔

**پھول اترنا** (ہ) فعل (1) درخت سے پھولوں کا چنا جانا (2) پھول ٹوٹنا۔

**پھول اٹھنا** (ہ) فعل (1) ابھر جانا (2) بڑھ جانا (3) ماتم دور ہونا (4) تیجے کی رسم کا ادا ہو جانا (5) ورم کر جانا (6) سوج جانا۔

**پھول آنا** (ہ) فعل (1) درخت میں گل لگنا (2) بہار آنا (3) ایام حیض ہونا (4) حیض آنا (5) کپڑوں سے ہونا۔

**پھول پڑنا** (ہ) فعل (1) پتنگا پڑنا (2) چنگاری گرنا (3) آگ لگنا (4) جلنا۔

**پھول جھڑنا** (ہ) فعل (1) سوکھے پھولوں کا درخت سے گرنا (2) خزاں ہونا (3) خوش کلامی اور فصاحت سے بولنا (4) آتش بازی میں سے پھول نکلنا۔

**پھول چڑھانا** (ہ) فعل (1) مزار یا قبر پر پھول رکھنا۔

**پھول چننا** (ہ) فعل (1) پھول توڑنا (2) پھول چگنا (3) ہندوؤں کے تیجے کی رسم جس میں وہ مردے کی جلی ہوئی ہڈیاں مرگھٹ سے چن کر گنگا جی میں بہانے کو بھیجتے ہیں۔

**پھول سونگھ کر رہنا** (ہ) فعل۔ نہایت کم خوراک کھانا۔

**پھول سونگھ کے رہنا** (ہ) (1) خوشبو ہی پر رہنا (2) ذرا سا کھا کر زندگی بسر کرنا (3) محاورہ طنزاً بولا کرتے ہیں۔

**پھول کترنا** (ہ) فعل (1) گل کترنا (2) قینچی وغیرہ سے پھول پتیاں کترنا (3) نہایت انوکھا اور عجیب اور باریک کام کرنا۔

**پھول کھلنا** (ہ) فعل (1) گل کا شگفتہ ہونا (2) پیار آنا (3) شادی ہونا (4) بیاہ ہونا (5) کنواری عورت کا بیاہی جانا۔

**پھول نہ پان کہنے کو ہاں** (ہ) محاورہ (1) خرچ کچھ نہ کرنا۔ اور باتیں بنائے جانا۔

**پھول والوں کی سیر** (ا) (1) سیر گل فروشاں (2) دہلی میں برسات کے دنوں میں ایک مشہور میلہ ہوتا ہے جو خواجہ قطب الدین کاکی کے مزار پر منعقد ہوتا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پھول وہی جو مہیش چڑھے** (ہ) مثل ① چیز وہی اچھی ہے جسے بڑے لوگ پسند کریں ② تدبیر وہی جو کام آئے، مہیش اور مہیشور اصل میں مہادیوسی کا لقب ہے۔

**پھول ہونا** (ہ) فعل ① فاتحہ، سوم کی رسم کا ادا ہونا ② تیجا ہونا۔

**پھولا** (اسم مذکر) ① آنکھ کا ٹینٹ، پھلی ② پھپھولا ③ آبلہ ④ روئی کا گالا ⑤ کاجل۔

**پھولا پھلا** (ہ) اسم صفت۔ (دیکھو پھلا پھولا)۔

**پھولا نہ سمانا** (ہ) فعل ① نہایت خوش ہونا ② خوشی سے پھول جانا ③ اصل میں پھولا انگ نہ سمانہ، یعنی پھول کر جسم میں نہ سمانہ۔

**پھولام** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں قسم قسم کے پھول بنے ہوتے ہیں۔

**پھول بیٹھنا** (ہ) فعل ① ناراض ہوکر بیٹھنا ② روٹھ جانا ③ خوش ہوکر بیٹھ جانا۔

**پھول پھول کر بیٹھنا** (ہ) فعل ① نہایت خوش وخرم ہوکر بیٹھنا ② مغرور ہونا ③ متکبر ہوکر بیٹھنا۔

**پھولتا پھرنا** (ہ) فعل ① خوش ہوکر پھرنا ② اینٹھتے پھرنا ③ اترانا ④ خفگی اور غصے سے پھرنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔

**پھول جانا** (ہ) فعل ① ابھرنا ② سوج جانا ③ ورم کر جانا ④ بھر بھرا جانا ⑤ ابھر جانا ⑥ فربہ ہونا ⑦ موٹا ہونا ⑧ مغرور ہونا ⑨ متکبر ہونا۔

**پھولنا** (ہ) فعل ① سوجنا ② ورم ہونا ③ ہوا بھرنا ④ شگفتہ ہونا ⑤ کھلنا جیسے گل پھولنا ⑥ موٹا ہونا ⑦ فربہ ہونا ⑧ اپھرنا ⑨ نفخ ہونا۔

**پھولنا پھلنا** (ہ) فعل ① لغوی معنی پھول آ کر پھل لگنا ② درخت کا سرسبز ہونا ③ بارور ہونا ④ امیر اور آسودہ حال ہونا ⑤ صاحب اولاد ہونا ⑥ بامراد ہونا۔

**پھولوں** (ہ) اسم مذکر ① پھول کی جمع ② بہت سے پھول۔

**پھولوں کا گہنا** (ہ) اسم مذکر ① پھولوں کا وہ زیور جو شادی کے موقع پر دلہا اور دلہن کو پہناتے ہیں یعنی سہرا ② بدھی ③ طرہ ④ نازک چیز جو پائدار نہ ہو۔

**پھولوں کا ہار** (ہ) اسم مذکر ① پھولوں کا گنتھا ② حمائل گل۔

**پھولوں کی چادر** (ہ) اسم مونث۔ پھولوں کی وہ جالی جو بزرگوں کے مزار پر اعتقاد کے طور چڑھاتے ہیں۔

**پھولوں کی چھڑی** (ہ) اسم مونث۔ وہ پھولوں کی لکڑی جس میں چوتھی کھیلنے کے واسطے پھولوں کے ہار لپیٹ کر رکھتے ہیں۔

**پھولوں کی سیج** (ہ) اسم مونث ① بستر گل وہ پلنگ جو پھولوں سے سجایا گیا ہو ② بستر راحت۔

**پھولے پھلے / پھولو پھلو** (ہ) دعائیہ فقرہ ہے خوش وخورم رہو۔ بامراد اور صاحب اولاد رہو۔

**پھونٹ** (ہ) اسم مونث۔ دیکھو پھونٹ۔ ایک خاص قسم کی ککڑی جو پک کر کھل جاتی ہے۔

**پھونس** (ہ) اسم مذکر (دیکھو پھونس)۔

**پھونسٹرا** (ہ) اسم مذکر۔ (دیکھو پھوسٹرا)۔

**پھونک** (ہ) اسم مونث ① وہ ہوا جو منہ سے نکالیں ② سانس ③ دم ④ (بحالت صفت) ہلکی سی چیز ⑤ ورق سی چیز ⑥ ہلکا زیور۔

**پھونک پھونک کر قدم رکھنا** (ہ) محاورہ ① کمال احتیاط سے چلنا ② خائف رہنا ③ چوکنا رہنا ④ ڈرتے ڈرتے کوئی کام کرنا ⑤ بچ بچ کر کوئی کام کرنا ⑥ آہستہ آہستہ سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا۔

**پھونک مارنا** (ہ) فعل ① منہ کی ہوا کو زور سے چھوڑنا ② چراغ وغیرہ بجھانا ③ دیا خاموش کرنا ④ جادو کرنا ⑤ جلانا ⑥ سلگانا۔

**پھونک نکل جانا** (ہ) فعل ① ہوا نکل جانا ② پران چھوٹ جانا ③ مرجانا۔

**پھونک دینا** (ہ) فعل ① آگ لگا دینا ② جلا دینا ③ جلا کر بھسم کر دینا ④ جلا کر راکھ کر ڈالنا ⑤ بہکانا ⑥ حقہ کا پانی نکالنا ⑦ پھیلا دینا ⑧ شہرت کر دینا۔

**پھونکنا** (ہ) فعل ① پھونک مارنا ② منہ کی ہوا خارج کرنا ③ نکالنا ④ جلانا ⑤ آگ لگانا ⑥ راکھ کر دینا ⑦ بھسم کرنا ⑧ حقہ کا پانی نکالنا ⑨ پھیلانا اعلان کرنا۔

**پھوہا** (ہ) اسم مذکر ① روئی کا ذرا سا ٹکڑا ② عطر یا خوشبو میں بسایا ہوا ذرا سا روئی کا ٹکڑا ③ گالے کا ٹکڑا۔

**پھوہار / پھوآر** (ہ) اسم مونث دیکھو پھوآر۔

**پھوہڑ / پھوئڑ** (ہ) اسم صفت ① سگھڑ کے خلاف ② بے تمیز ③ بد سلیقہ ④ بدتہذیب ⑤ ناشائستہ ⑥۔ گھامڑ ⑦ نامہذب ⑦ بے ہنر بے وقوف ⑧ گدھی ⑨ وہ عورت جو امور خانہ داری کی سمجھ د

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149017218

عقل نہ رکھتی ہو۔

**پھُوئی** (ہ)اسم مونث ❶ پھپھوندی ❷ گھی کے گرم کرتے اور تاتے وقت جو پھول اوپر آجاتا ہے اسے بھی پھوئی بولتے ہیں۔

**پھُویا** (ہ)اسم مذکر۔دیکھو پھوہا۔

**پھیپھڑا** (ہ)اسم مذکر ❶ شش ❷ ریہ ❸ ایک عضو کا نام ہے جس میں ہوا باہر سے جاکر خون کو صاف کرتی ہے اور خراب ہو کر باہر آجاتی ہے یہ دل کے اوپر کی طرف پنکھے کی طرح ہے۔

**پھیپھڑی** (ہ)اسم مونث ❶ ہونٹوں کی پپڑی ❷ ہونٹوں کی خشکی ❸ پیاس یا گرمی کے غلبہ سے خشکی ہونا۔

**پھیٹ** (ہ) اسم مونث ❶ کمر کا پٹکا ❷ کمر بند ❸ وہ کپڑا جو کمر پر باندھا جائے۔

**پھیٹا** (ہ)اسم مذکر ❶ سر سے باندھنے کا چھوٹا سا دوپٹہ ❷ چھوٹی پگڑی ❸ سرپیچ۔

**پھیٹنا** (ہ) ملانا ❶ ایک جان کرنا ❷ انگلی یا ہاتھ وغیرہ سے خوب متھنا جیسے انڈے کی زردی سفیدی وغیرہ کو پھیٹنا اور بالکل ایک جان کردینا۔

**پھیر** (ہ) اسم مذکر ❶ چکر ❷ موڑ ❸ فاصلہ ❹ دوری ❺ فرق ❻ تشویش ❼ سختی ❽ مشکل دقت ❾ انقلاب تغیر و تبدل۔

**پھیر باندھنا** (ہ)فعل ❶ بازو باندھنا ❷ سلسلہ باندھنا ❸ تسلسل ڈالنا۔

**پھیر بدل** (ہ) اسم مذکر ❶ ادل بدل ❷ الٹا پلٹی ❸ عوض ❹ معاوضہ۔

**پھیر بدلنا** (ہ)فعل ❶ تسلسل ہونا ❷ تار بندھنا ❸ لگاتار کسی چیز کا ہوتے رہنا۔

**پھیر پڑنا** (ہ)فعل ❶ تفاوت اور فرق پڑنا ❷ چکر لگنا ❸ تسلسل قائم ہونا۔

**پھیر دینا** (ہ)فعل ❶ موڑ دینا ❷ واپس کرنا ❸ رخ بدلنا ❹ سمت بدلنا۔

**پھیر ڈالنا** (ہ)فعل۔دیکھو پھیر باندھنا۔

**پھیر لینا** (ہ)فعل ❶ واپس لینا ❷ لوٹا لینا ❸ واپس کر لینا۔

**پھیر میں آنا** (ہ)فعل ❶ مصیبت میں آنا ❷ بکھیڑے میں پھنسنا ❸ چکر میں آنا ❹ گردش میں آنا ❺ لالچ میں آنا۔

**پھیر میں ڈالنا** (ہ)فعل ❶ مصیبت میں پھنسانا تکلیف میں ڈالنا ❷ لالچ دلانا ❸ بھٹکانا ❹ گمراہ کرنا ❺ چکر میں ڈالنا۔

**پھیرا** (ہ)اسم مذکر ❶ گشت ❷ دورہ ❸ چکر ❹ کسی جگہ جاکر واپس آجانا ❺ حلقہ ❻ دائرہ ❼ گھماؤ ❽ موڑ ❾ طواف۔

**پھیرا پھیری** (ہ)اسم مونث۔کسی چیز کا باہم لینا اور واپس کرنا۔

**پھیرا لگانا** (ہ)فعل ❶ جاکر پھر آنا ❷ گشت ❸ دورہ کرنا ❹ ہو آنا۔

**پھیرنا** (ہ)فعل ❶ چکر دینا ❷ پھرانا ❸ گھمانا ❹ لوٹانا ❺ واپس کرنا ❻ موڑنا ❼ رخ بدلنا ❽ پیچھے ہٹانا ❾ سدھانا۔

**پھیری** (ہ)اسم مونث ❶ طواف ❷ پرکما ❸ گشت ❹ چکر ❺ پھیرا کی تانیث ❻ فقیروں کا ایک خاص جگہ پر دورہ کرنا ❼ حوردہ فرش کا گشت لگانا ❽ ہندوؤں کا چیت دوری کو اپنے شہر کے گرد پھرنا بھی پھیری کہلاتا ہے۔

**پھیری پھرنا** (ہ) ❶ بیچنے یا بھیک مانگنے کے لئے جانا ❷ گشت لگانا۔

**پھیری لگانا** (ہ)فعل ❶ گشت لگانا ❷ دورہ کرنا ❸ گدائی کے واسطے نکلنا ❹ خردہ فروشی کرنا ❺ کمائی کو جانا۔

**پھیری والا** (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ محلوں میں پھر کر سودا وغیرہ بیچنے والا ❷ خوانچہ والا ❸ بساطی ❹ بکس والا ❺ بزاز ❻ وہ فقیر جو کئی دن تک پھیری لگائے۔

**پھیرے** (ہ)اسم مذکر ❶ پھیرا کی جمع ❷ ہندوؤں کے نکاح کی رسم کا جزو اعظم۔

**پھیرے پڑنا/ ہونا** (ہ)فعل ❶ نکاح ہونا ❷ دورہ ہونا۔

**پھیرے ڈالنا** (ہ)فعل ❶ نکاح کرنا ❷ عقد ❸ کسی کام کو بار بار جانا۔

**پھیکا** (ہ)اسم صفت ❶ الونا ❷ بے نمک کا، بے لون کا ❸ کم میٹھا ❹ کم مٹھاس والا ❺ بدمزہ میٹھا ❻ بد ذائقہ ❼ بے لطف ❽ بے لذت ❾ اداس۔

**پھیلانا** (ہ)فعل ❶ بچھانا ❷ فرش کرنا ❸ پسارنا ❹ دراز کرنا ❺ لمبا کرنا ❻ کھولنا ❼ کشادہ کرنا ❽ بڑھانا ❾ چوڑا کرنا۔

**پھیلاؤ** (ہ)اسم مذکر ❶ حاصل مصدر پھیلانا سے چوڑائی ❷ وسعت ❸ کشادگی ❹ فراخی ❺ درازی طوالت ❻ تقسیم وضرب وغیرہ کی پڑتال ❼ اندازہ ❽ تخمینہ ❾ مقدار۔

**پھیل کر/ پھیل پھیل کر سونا** (ہ)فعل ❶ خوب ہاتھ پاؤں پھیلا کر

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.bestUrdubooks.net

سونا (2) بڑی بیفکری سے سونا (3) نہایت امن واطمینان وآرام سے سونا۔

پھیل کر بیٹھنا (ہ) فعل (1) کھل کر بیٹھنا (2) چارزانو ہوکر بیٹھنا (3) آلتی پالتی مارکر فراغت اور بے فکری سے بیٹھنا۔

پھیلنا (ہ) فعل (1) پھیلانا سے لازم ہے بچھنا (2) فرش ہونا (3) وسیع ہونا (4) کشادہ ہونا (5) فراخ ہونا (6) مشہور ہونا (7) منتشر ہونا (8) بکھرنا (9) چھانا۔

پہیلی (ہ) اسم مونث (1) بوجھ (2) بجھارت (3) چیستان (4) لغز (5) معمہ۔

پھین (ہ) اسم مذکر (1) جھاگ کف (2) ناک کی رینٹ (3) سنک۔

پھینپنا (ہ) اسم مذکر (1) رینٹ کا بلبلا (2) سنک کا پھینڈا (3) بہت سا سنک (4) جوایک ہی دفعہ ناک سے نکل پڑے۔

پھینٹ (ہ) اسم مونث (1) پھیٹ (2) کمر کا پٹکا، دوپٹہ۔

پھینٹا (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو پھٹیا۔

پھینٹنا (ہ) فعل دیکھو پھٹینا۔

پھینٹی (ہ) اسم مونث۔ سنوت کی انٹی۔

پھینک (ہ) اسم مونث حاصل مصدر از پھینکنا۔ (بکھیر دیکھو)۔

پھینکنا (ہ) فعل (1) گرانا (2) ڈالنا (3) کھنڈانا (4) بکھیرنا (5) دے مارنا (6) پٹخنا۔

پھینی (ہ) ایک قسم کی گھی میں تلی ہوئی میدہ کی لچھے دار گول ٹکیہ جسے گرم دودھ میں بھگوکر کھایا کرتے ہیں۔

## پ ← ے

پے (ہ) اسم مذکر (1) پٹھا (2) عصب (3) رودہ (4) تانت جو کمان غلیل پر لپیٹتے ہیں (5) پائے کا مخفف (6) پاؤں (7) قدم (8) کھوج (9) نشان۔

پی (ہ) اسم مذکر (1) پریتم (2) پیارا (3) سائیں (4) شوہر (5) معشوق (6) عزیز (7) خاوند (8) خصم (9) وارث۔

پیا (ہ) اسم مذکر (1) خاوند (2) پیارا (3) شوہر (4) عزیز (5) خصم (6) وارث (7) سائیں (8) معشوق۔

پیا یا پہیہ (ہ) اسم (1) مذکر (2) گاڑی کا چکر (3) چرخی چاک (4) چکر (5) وہ گول چکر جس میں دھرا ڈال کر گاڑی یا مشین کو پھرایا جاتا ہے۔

پیادہ (ف) اسم مذکر (1) سواروں کی ضد (2) پیدل (3) شطرنج کا مہرہ جس کی رفتار ایک گھر سیدھی اور ایک گھر ترچھی ہوتی ہے (4) شاہی ہرکارہ (5) نفر (6) چپراسی (7) حاکم کا نوکر، جیسے قاضی پیادہ۔

پیادہ پا (ف) اسم صفت (1) پاپیادہ (2) پیدل چلنے والا۔

پیار (ہ) اسم مذکر (1) محبت (2) الفت (3) پریت (4) حب (5) پریم (7) جوش محبت جو تہ دل سے ہو لاڈ (8) دلار (9) مامتا۔

پیار آنا (ہ) فعل (1) محبت آنا (2) دل کا مائل ہونا (3) الفت ہونا (4) کسی کی صورت پر یا سیرت پر لبھ جانا (5) فریفتہ ہونا۔

پیار رکھنا (ہ) فعل (1) محبت واخلاص رکھنا (2) ربط بڑھانا (3) میل جول بڑھانا (4) دوستی رکھنا۔

پیار کرنا (ہ) فعل (1) محبت کرنا (2) مالوف ہونا (3) پچکارنا (4) چمکارنا (5) بوسہ لینا (6) چومنا (7) مٹھولینا (8) چاہنا (9) عشق کرنا۔

پیار نکالنا (ہ) فعل (1) حسرت نکالنا (2) چاؤ نکالنا۔

پیارا (ہ) اسم صفت (1) محبوب (2) لاڈلا (3) دلارا (4) چاہیتا (5) منظور نظر (6) دل پسند (7) مہیت (8) دلبر (9) دلربا۔

پیاروں پٹی (ہ) اسم مونث (1) بددعا ہے وہ عورت جس کے عزیز مرگئے ہوں (2) نگوڑی ناٹھی (3) بن بھائی بہن۔

پیاری (ہ) اسم مونث (1) محبوبہ (2) معشوقہ (3) عزیزہ (4) لاڈلی (5) لاڈو۔

پیاری پیاری باتیں (ہ) اسم مونث شیریں (1) سخنی (2) میٹھی میٹھی باتیں (3) سخنان دلاویز (4) بھولی بھولی باتیں (5) دل پسند باتیں۔

پیاز (ہ) اسم مونث (1) گنٹھا (2) بصل (3) ایک سبزی کا تنہ ہے جو زمین کے اندر ہی اندر بڑھتا ہے۔

پیازی (ہ) اسم صفت (1) منسوب بہ پیاز (2) ہلکا سرخ (3) ہلکا گلابی (4) شربتی (5) (بصورت اسم مذکر) ایک خاص قسم کا نہایت خوش رنگ اور قیمتی لعل۔

پیاس (ہ) اسم مونث (1) تشنگی پانی (2) پینے کی خواہش (3) تمنا (4) چاہت (5) چاہنا (6) ترشنا۔

پیاس بجھانا (ہ) فعل (1) پانی پلاکر تسکین دینا (2) تشنگی فرو کرنا (3) امید برلانا (4) خواہش پوری کرنا (5) ترشنا پوری کرنا۔

پیاس لگنا (ہ) فعل (1) پانی کی خواہش ہونا (2) تشنگی ہونا۔

پیاس مارنا (ہ) فعل (1) پانی کی خواہش کو روکنا (2) تشنگی کو سہار لینا (3)

Join us on WhatsApp NaveedBaiG 03147907218

پیاس کو برداشت کرنا۔

**پیاسا** (ہ) اسم مذکر صفت بالف وصفی فاعلی ① تشنہ ② خواہان آب ③ مشتاق ④ آرزومند

**پیاسا مرنا** (ہ) فعل۔ پانی کے لئے بیقرار ہونا۔ تشنگی سے بے چین ہونا۔

**پیال** (ہ) اسم مذکر ① پرال ② پرالی ③ دھان کے پودوں کا بھس ④ جسے اکثر غریب لوگ جاڑوں میں بچھا کر سوتے ہیں۔

**پیالہ** (ف) اسم مذکر ① جام ② کاسہ ③ قدح ④ ساغر ⑤ پیانہ ⑥ کٹورا ⑦ بیلا ⑧ توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ ⑨ عرس۔

**پیالہ بھرنا** (ہ) فعل ① پیالے کو پر کرنا ② عمر ختم کر لینا ③ دن پورے ہونا ④ عمر آخر ہونا۔

**پیالہ پینا** (ا) فعل شراب یا بھنگ وغیرہ پینا ① مرید ہونا ② چیلا بننا ③ فقراء کی صحبت میں رہنا۔

**پیالہ دینا** (ا) فعل۔ شراب کی تواضع کرنا۔

**پیالی** (ا) اسم مونث ① چھوٹا پیالہ ② بلیا۔

**پیام** (ف) اسم مذکر ① پیغام کا مخفف ہے ② سندیسہ ③ زبانی کہلا بھیجنا ④ زبانی درخواست۔

**پیامبر** (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ① قاصد نامہ بر ② ایلچی ③ سفیر۔

**پیانو** (ای) مذکر۔ ایک قسم کے انگریزی باجے کا نام ہے۔



(پیانو)

**پیپا** (ا) اسم مذکر وہ لکڑی کا ظروف جس میں شراب بھرتے ہیں۔ اس میں ۱۲۶ گیلن یعنی ۶۳۰ بوتل شراب آتی ہے

**پیپر** (ای) اسم مذکر ① کاغذ ② پتر ③ پترا ④ پرچہ ⑤ اخبار۔

**پیپل** (ہ) اسم مذکر ① ایک بڑے سایہ دار درخت کا نام ہے جسے ہندو نہایت متبرک سمجھتے ہیں ② اس کے پتے پان کے مشابہ ہوتے ہیں ③ ایک چرچری دوا کا نام بھی ہے جو کسی درخت کا پھل ہوتا ہے فلفل دراز ④ دار فلفل۔

**پیپلا** (ہ) اسم مذکر ① تلوار کی انی ② تلوار کی نوک ③ تلوار کا سر ④ سر شمشیر۔

**پیپلا موڑ** (ہ) اسم مونث۔ صحیح پیپلاوں ہے پیپل کی جڑ۔

**پیپلی** (ہ) اسم مونث ① پیپل کا پھل ② پیوپی ③ پپلوندی۔

**پیت** (ہ) اسم مونث ① پریت ② محبت ③ الفت ④ وفا ⑤ زرد ⑥ پیلا ⑦ اصفر ⑧ نہایت زرد۔

**پیتامبر** (ہ) اسم مذکر ① زرد رنگ کا ریشمی کپڑا ② زرد رنگ کی ریشمی دھوتی سے اکثر عورتیں باندھتی ہیں ③ زرد پوشش ④ زرد پوش ⑤

**پیتاوا** (ا) اسم مذکر۔ (دیکھو پاتابہ)۔

**پیترا / پینترا** (ا) کشتی یا پٹے کے کھیل کا ٹھاٹھ ① چوب بازی کے قاعدے کے موافق قدم رکھنا ② پاؤں کا نشان ③ کھوج ④ سراغ ⑤ پیڑ ⑥ اثر ⑦ نشان پا ⑧ نشان قدم۔

**پیترا بدلنا** (ہ) فعل ① پٹا کھیلتے وقت انداز وطریق کے موافق پاؤں کو حرکت دینا ② دستور کے مطابق پاؤں رکھنا اور اٹھانا ③ ٹھاٹھ دکھانا۔

**پیتس** (ہ) اسم مونث۔ خسر کے چھوٹے بھائی کی بیوی چچیا ساس۔

**پیتسرا** (ہ) اسم مذکر۔ خسر کا چھوٹا بھائی چچا خسر۔

**پیتل** (ہ) اسم مذکر ① تانبے اور جست کا ایک مرکب جس کا رنگ زرد ہوتا ہے ② برنج۔

**پیتلی** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① پیتل کا ② برنجی ③ زرد ④ پیلا۔

**پیٹ** (ہ) اسم مذکر ① شکم ② اوجھ ③ پوٹیا ④ رحم ⑤ بچہ دانی ⑥ کوکھ ⑦ معدہ ⑧ حمل ⑨ گرب۔

**پیٹ اپھرنا** (ہ) فعل ① پیٹ پھولنا ② نفخ ہونا ③ راز کی برداشت نہ ہونا۔

**پیٹ آنا** (ہ) فعل ① پیٹ چلنا ② دست آنا ③ اسہال جاری ہونا۔

**پیٹ باندھنا** (ہ) فعل ① خواہش سے کم کھانا ② ضبط اشتہا کرنا۔

**پیٹ بجانا** (ہ) فعل ① خوشی منانا ② پیٹ کا نقارہ بنانا ③ خوب خوش ہونا۔

**پیٹ بڑھانا** (ہ) فعل ① بہت کھانا۔ دوسرے کے مال پر دانت رکھنا ② اندازہ اور مقدار خوراک سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**پیٹ بڑھنا** (ہ) فعل ① خوراک بڑھنا ② خوراک زیادہ ہونا ③ پیٹ ابھرنا۔

**پیٹ بولنا** (ہ) فعل ① پیٹ میں گڑگڑ ہونا ② ریح کے سبب پیٹ کا آواز دینا۔

**پیٹ بھاری ہونا** (ہ) فعل ① بدہضمی ہونا ② گرانی ہونا۔

**پیٹ بھرا** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① شکم سیر ② امیر ③ توانگر ④ مالدار ⑤ فارغ البال ⑥ آزاد طبع ⑦ خودمختار۔ بے پروا۔

**پیٹ بھراؤ** (ہ) اسم صفت بہ معنی قابلیت۔ پیٹ بھرنے کے قابل۔

**پیٹ بھر جانا** (ہ) فعل ① سیر ہو جانا ② ابھر جانا ③ مغرور ہو جانا ④ کم ظرفوں کا امیر ہو کر اترانا۔

**پیٹ بھر کر** (ہ) تابع فعل ① بخوبی خاطر خواہ ② از حد ③ جیسے پیٹ بھر کر ④ احمق۔

**پیٹ بھرنا** (ہ) فعل ① سیر ہونا ② گزران کرنا ③ دن کاٹنا ④ مالدار ہونا ⑤ دولتمند ہونا ⑥ اکتانا ⑦ طبیعت بھرنا۔

**پیٹ پاٹنا** (ہ) فعل ① اوجھ بھرنا ② بھوک میں جیسا کیسا ملے اسی کو سیر ہو کر کھالینا۔

**پیٹ پالنا** (ہ) فعل ① مشکل سے کما کر کھانا ② بڑی دقت سے گزارہ کرنا ③ غریبانہ گزارا کرنا ④ پیٹ بھرنا ⑤ اپنے گزارے کے قابل کما لینا ⑥ نفس پرستی کرنا۔

**پیٹ پالو** (ہ) اسم مذکر ① نفس پرست ② بندہ شکم۔

**پیٹ پانی ہونا** (ہ) فعل ① دست آنا ② بدہضمی ہونا ③ تخمہ ہونا۔

**پیٹ پکڑ کر بھاگنا** (ہ) فعل ① بے تابانہ دوڑنا ② گھبرا کر بھاگنا ③ جلد بھاگنا ④ دل پر صدمہ گزرنا ⑤ دل کو لگنا ⑥ تکلیف ہونا۔

**پیٹ پکڑے / تھامے پھرنا** (ہ) فعل ① مضطرب وار پھرنا ② غمزدہ پھرنا ③ پریشان ہونا ④ آپ میں نہ رہنا۔

**پیٹ پوچھن / پیٹ کھرچن** (ہ) اسم مذکر ① آخری بچہ ② اخیر کی اولاد۔

**پیٹ پھاڑنا** (ہ) فعل ① شکم دریدن ② پیٹ چاک کرنا ③ بیقرار ہونا ④ بے چین ہونا ⑤ مضطرب ہونا ⑥ ہنسا کر بے قرار کر دینا ⑦ یا ہونا ⑧ مرنا ⑨ حصہ لینے میں جلدی کرنا۔

**پیٹ پھٹنا** (ہ) فعل ① پیٹ چاک ہونا ② مرنا ③ بے چین ہونا ④ بے قرار ہونا ⑤ وضع حمل ہونا ⑥ مرنا ⑦ حسد کرنا ⑧ رشک کرنا ⑨ دور ہونا۔

**پیٹ پھلانا** (ہ) فعل ① پیٹ کو سانس سے اونچا کر لینا ② حاملہ ہونا ③ کھانے کا مشتاق اور آرزومند ہو کر بیٹھنا ④ بہت کھالینا ⑤ فربہ ہونا ⑥ موٹا ہونا ⑦ توند بڑی ہو جانا۔

**پیٹ پھولنا** (ہ) فعل ① نفخ ہونا ② پیٹ ابھرنا ③ حاملہ ہونا ④ بیتاب ہونا ⑤ بقرار رہنا ⑥ اضطراب اور جلدی ہونا۔

**پیٹ پیٹنا** (ہ) فعل ① پیٹ بجانا ② بھوک کے شور مچانا ③ اضطراب و بیقراری جتانا ④ ہوس کرنا ⑤ ہوکا کرنا ⑥ لالچ کرنا۔

**پیٹ ٹھنڈا رہنا** (ہ) فعل ① اولاد سے خوش رہنا ② اولاد کا زندہ اور قائم رہنا ③ اولاد کا سکھ دیکھ لینا۔

**پیٹ جلنا** (ہ) فعل ① بخار ہونا ② تپ کی گرمی سے پیٹ تپنا۔

**پیٹ چپاتی ہونا** (ہ) فعل ① فاقوں کے مارے پیٹ کا سکڑ جانا ② بھوک سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔

**پیٹ چوٹی** (ہ) اسم مونث۔ وہ عورت جس کا حمل اچھی طرح نہ پہچانا جائے۔

**پیٹ چھٹنا** (ہ) فعل ① پیٹ صاف ہو جانا ② دستوں کا زیادہ آنا ③ پیٹ کی موٹائی یا ابھار کم ہو جانا ④ دبلا ہو جانا ⑤ نفاس کا بخوبی جاری رہنا ⑥ زچہ کے پیٹ کی آلائش کا خوب نکل جانا۔

**پیٹ دکھانا** (ہ) فعل ① بھوک اور افلاس کی شکایت کرنا ② پیٹ ملوانا ③ دائی سے حمل کی شناخت کرانا۔

**پیٹ ڈالنا** (ہ) فعل ① اسقاط حمل ② حمل گرانا۔

**پیٹ رکھانا** (ہ) فعل ① حاملہ کرنا ② حاملہ ہونا۔

**پیٹ رہنا** (ہ) فعل ① حمل قرار پانا ② حاملہ ہونا ③ باردار ہونا ④ پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا۔

**پیٹ سے پاؤں نکالنا** (ہ) فعل ① بدراہ ہونا ② بڑھ چلنا ③ اترانا ④ حیثیت سے باہر کام کرنا ⑤ بدی پر آجانا ⑥ خباثت ظاہر کرنا۔

**پیٹ سے ہونا** (ہ) فعل ① حمل ہونا ② باردار ہونا ③ گربھ ہونا۔

**پیٹ کا بچہ** (ہ) اسم مذکر ① اپنا جایا ② اپنا بچہ ③ سگا بچہ ④ حقیقی اولاد ⑤ نیز وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہی ہو ⑥ پیدا نہ ہوا ہو۔

**پیٹ کا پانی نہ ہلنا** (ہ) فعل بے تکان جانا۔ ایسے طور سے سواری کا چلنا کہ سوار کو کچھ بھی وقت معلوم نہ ہو۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

پیٹ کا پردہ (ا) اسم مذکر۔ اوجھڑی آنتوں کی جھلی۔

پیٹ کاٹنا (ہ) فعل ① تھوڑا کھا کر گزران کرنا ② مقدار خوراک سے کم کھانا ③ دوسرے کو بھوکا مارنا ④ خوراک سے کم دینا۔

پیٹ کا دکھ دینا (ہ) فعل ① بھوک کی سزا دینا ② کھانے کو نہ دینا ③ بھوکا مارنا۔

پیٹ کا دکھیا (ہ) اسم مذکر ① مریض شکم ② جسے کھانا ہضم نہ ہوتا ہو ③ بندہ شکم ④ نفس پرور ⑤ تن پرور۔

پیٹ کا دھندا (ہ) اسم مذکر فکر روزی ① فکر معاش ② کھانے پینے کا کام۔

پیٹ کا کتا (ہ) اسم مذکر ① شکم بندہ ② کھانے پر مرنے والا۔

پیٹ کا ہلکا (ہ) اسم صفت ① وہ شخص جسے بات نہ پچے ② اوچھا ③ کمظرف۔

پیٹ کو دھوکا دینا (ہ) فعل ① بن کھائے رہنا ② پیٹ کو دم دینا۔

پیٹ کو لگنا (ہ) فعل ① اشتہا ہونا ② کھانے کی خواہش ہونا ③ بھوک لگنا۔

پیٹ کی آگ بجھانا (ہ) فعل ① بھوکے کو کھلانا ② بھوک دور کرنا ③ روٹی کھلانا۔

پیٹ کی بات (ہ) اسم مونث۔ راز نہاں۔ پوشیدہ بات۔ مخفی بھید۔

پیٹ کے بال (ہ) اسم مذکر۔ وہ بال جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اپنے سر پر ساتھ لاتا ہے۔

پیٹ کے لئے دوڑنا (ہ) فعل ① تلاش کرنا روزی وغیرہ کو ② سامان زیست کے لئے ادھر ادھر چکر لگانا۔

پیٹ کی مار مارنا/ دینا (ہ) فعل بھوک کی سزا دینا۔ عداوت سے خواہ تکھیا۔

پیٹ مار مرنا (ہ) فعل ① خودکشی کرنا ② پیٹ میں خنجر گھونپ لینا۔

پیٹ مارنا (ہ) فعل ① خودکشی کر لینا ② چھری پیٹ میں مار لینا ③ نفس کشی کرنا ④ خوراک سے کم کھانا ⑤ تقلیل غذا کرنا ⑥ بھوک کو مارنا۔

پیٹ مسوسنا (ہ) فعل ① پیٹ کاٹنا ② اپنی خوراک میں سے بچانا ③ مقدار خوراک سے کم کھانا۔

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت (ہ) کہاوت نہایت بوڑھا ① برفرتوت ② نہایت کمزور کے لئے بولا کرتے ہیں۔

پیٹ میں بل پڑنا (ہ) فعل ① نہایت ہنسنا۔ ہنستے ہنستے لوٹ جانا ② ہنسی کے باعث کمر کا دہرا ہو جانا۔

پیٹ میں پاؤں ہونا (ہ) فعل ① پوشیدہ گن ہونا ② نہایت مکار ہونا ③ خوراک کا سہارا مل جائے تو ہی چل پھر سکنا۔

پیٹ میں پٹھو لینا (ہ) فعل۔ کھیلتے وقت اپنے پیٹ میں ایک دو بچہ فرض کر کے دوہری باری لینی۔

پیٹ میں پڑا چارا تو کودنے لگا بچارا (ہ) مثل۔ کھانے کو مل گیا تو طاقت آ گئی۔ روٹی مل گئی تو شرارتیں سوجھنے لگیں۔

پیٹ میں چوہے دوڑنا/ چھوٹنا (ہ) فعل ① کسی کے خوف سے بہت ہی اضطراب اور اضطرار ہونا ② سخت تشویش اور کھٹکے میں ہونا ③ خوف زدہ ہو جانا ④ بھوک سے بیقرار ہونا۔

پیٹ میں چوہے قلابازیاں کھانے لگے (ا) مثل ① نہایت بھوک لگ آئی ② بھوک سے بیتابی کے وقت بولا کرتے ہیں۔

پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا۔ (ہ) فعل ① حقارتاً نہایت کم خوراک ہونا ② بن کھائے جینا ③ پھول سونگھ کر رہنا۔

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا (ہ) فعل۔ سمجھدار اور عقلمند لڑکے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ بچپن میں بوڑھوں کی سی تجربہ کی باتیں کرنا۔

پیٹ میں ڈالنا (ہ) فعل ① زبردستی طوعاً و کرہاً کچھ کھانا ② بے رغبتی سے کھانا۔

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا (ہ) فعل نئے نئے گن ظاہر کرنا۔ بداطواری اور بدراہی کے کام کرنے لگنا۔

پیٹ میں گڑبڑ ہونا (ہ) فعل ① شکم میں قراقر ہونا ② دست آنے کے نشان ہونا۔

پیٹ میں گھوڑے دوڑنا (ہ) فعل ① پیٹ کی خرابی سے بدہضمی ہونا ② قراقر ہونا۔

پیٹ والی (ہ) اسم مونث فاعل ① حاملہ عورت ② حمل والی عورت ③ کھانے پینے کی ہر چیز کی خواہاں عورت۔

پیٹ ہڑبڑانا (ہ) فعل ① قراقر ہونا ② گڑبڑ ہونا ③ پیٹ میں خرابی ہونا۔

پیٹا (ہ) اسم مذکر ① محیط ② گولائی ③ دور ④ نکل پا۔

پیٹا توڑنا (ہ) فعل۔ کنکوے کی ڈور کو توڑ لینا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140007218

www.besturdubooks.net

پیٹا چھوڑنا (ہ) فعل۔ تکل کی ڈور کا لٹک جانا۔
پیٹا تھو (ہ) صفت ① پیٹو ② بسیار خوار۔
پیٹ پیٹ کر (ہ) تابع فعل ① مار مار کر جیسے پیٹ پیٹ کر سجا دیا ② اپنے آپ کو مار مار کر ③ جھینک جھینک کر ④ دق ہو ہو کر ⑤ رلا رلا کر۔
پیٹرن (ای) اسم مذکر ① مربی ② سرپرست ③ حامی۔
پیٹک پیا/پیٹ پٹوا (ہ) اسم مذکر ① نوحہ ② ماتم ③ کہرام ④ جھگڑا ⑤ فساد ⑥ فتنہ۔
پیٹک پیا ڈالنا (ہ) فعل ① رونا پیٹنا ڈالنا ② ماتم کرنا ③ نوحہ کرنا ④ کہرام مچانا ⑤ جھگڑا اٹھانا ⑥ فتنہ وفساد برپا کرنا۔
پیٹل (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① توندل ② بڑی توند والا ③ بڑے پیٹ والا ④ پکھال پیٹا۔
پیٹنا (ہ) فعل ① مارنا ② ضرب لگانا ③ جسمانی سزا ④ سزا دینا ⑤ چوٹ لگانا ⑥ کوٹنا ⑦ کچلنا ⑧ نوحہ کرنا ⑨ ماتم کرنا۔
پیٹنا (ہ) اسم مذکر ① ماتم ② نوحہ جیسے اس دنیا میں انسان کو پیٹ کا ہی پیٹنا ہے ③ مصیبت۔
پیٹنٹ (ای) صفت ① رجسٹری شدہ ② سند یافتہ ③ مستند۔
پیٹو (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① بسیار خوار ② شکم بندہ ③ بہت کھانے والا ④ حریص۔
پیٹو مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو (ہ) مثل۔ کھانے کا لالچی کھانے پر جان دیتا ہے اور بہادر اور نامور اپنی شہرت پر مرمٹتا ہے۔
پیٹھ (ہ) اسم مونث ① پشت ② کمر ③ حمایت ④ مدد ⑤ کمک ⑥ سہارا ⑦ آسرا ⑧ اوٹ پیچھے ⑨ پچھاڑی۔
پیٹھ کا پرکا (ہ) اسم مذکر ① اوپر کا ② بعد کا ③ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہو ④ چھوٹا بھائی ⑤ برادر خرد۔
پیٹھ پر کھانا (ہ) فعل ① نامردی سے شکست کھا کر بھاگتے ہوئے مار کھانا ② سامنے نہ ٹھیرنا ③ چوتڑوں پر کھانا ④ بری طرح شکست کھانا۔
پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا (ہ) فعل ① پیار کرنا ② شاباش دینا ③ ہمت بڑھانا۔

پیٹھ پر ہونا (ہ) فعل ① مدد پر ہونا ② حمایت کرنا ③ مدد دینا ④ کمک پر ہونا ⑤ ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا پیدا ہونا۔
پیٹھ موڑنا (ہ) فعل ① پیٹھ موڑنا ② رخصت ہونا ③ انتقال کرنا ④ مرنا ⑤ دینا سے چل بسنا ⑥ شکست کھانا ⑦ منہ موڑ کر بیٹھنا ⑧ بیزری یا نفرت کا اظہار کرنا ⑨ عرض کرنا۔
پیٹھ پیچھے (ہ) تابع فعل ① غیبت میں ② بعد میں ③ عدم موجودگی میں ④ مرنے کے بعد ⑤ بعد از وفات۔
پیٹھ پیچھے کہنا (ہ) فعل ① غیبت کرنا ② بدگوئی کرنا ③ غیر حاضری میں برا کہنا ④ بدیاں کرنا۔
پیٹھ توڑنا (ہ) فعل ① مایوس کرنا ② ناامید کرنا ③ ہمت توڑنا ④ چڑھی لینا ⑤ پیٹھ پر سوار ہونا۔
پیٹھ ٹھوکنا (ہ) فعل ① ہمت باندھنا ② شاباش دینا ③ قوت دینا ④ دلاسا دینا ⑤ چکارنا ⑥ بچکارنا ⑦ پیار کرنا۔
پیٹھ دکھا کر جانا (ہ) فعل۔ رخصت ہو کر چلنا۔
پیٹھ دکھانا (ہ) فعل ① موڑنا ② لڑائی سے بھاگنا ③ ترک کر دینا ④ چھوڑ جانا ⑤ پردیس کو جانا ⑥ سفر کرنا۔
پیٹھ دینا (ہ) فعل ① روگرداں ہونا ② منہ موڑنا ③ فریب دینا ④ دھوکا دینا ⑤ لڑائی سے بھاگنا ⑥ مرنا ⑦ انتقال کرنا ⑧ مرجانا۔
پیٹھ کا کچا (ہ) اسم صفت ① کمر کا نازک وہ جانور جس کی پیٹھ سواری میں جلد زخمی ہو جائے ② سواری کا بودا۔
پیٹھ لگانا (ہ) فعل ① سواری کے جانور کو بے تمیزی زین وغیرہ کسنا ② گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ کو زخمی کر دینا ③ کشتی میں دوسرے حریف کو پچھاڑنا ④ چت کرنا ⑤ مغلوب کرنا۔
پیٹھ لگنا (ہ) فعل ① پیٹھ میں زخم ہو جانا بڑے بڑے ② پیٹھ کا پک جانا ③ کشتی میں چت ہو جانا۔ زیر ہونا ④ مغلوب ہونا ⑤ چپک جانا ⑥ چپساں ہو جانا ⑦ آرام ہونا ⑧ سونا ⑨ چین ہونا۔
پیٹھ (ہ) اسم مونث ① دخل ② رسائی ③ باریابی ④ گزر ⑤ جیسے وہ خوب گھسن پیٹھ جاتا ہے ⑤ روز بازار ⑥ وہ بازار جو مقررہ مقاموں میں آٹھویں دسویں دن لگتا ہے ⑦ متنے ⑧ نقل ⑨ ہنڈوی کی نقل۔
پیٹھ بیٹھنا (ہ) فعل ① زخم میں میل وغیرہ کا جم جانا ② کانٹے کے خلا میں میل گھس جانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**پیٹھ لگنا** (ہ) فعل ① بازار لگنا ② روز بازار کا قیام ہونا۔

**پیٹھا** (ہ) اسم مذکر ① ایک گول گھئے سے بڑا پھل ہوتا ہے ② جس کا مربا اور مٹھائی مشہور ہے

**پیٹھنا** (ہ) فعل ① گھسنا ② داخل ہونا ③ بیٹھنا ④ جمنا ⑤ پیوست ہونا۔

**پیٹھی** (ہ) اسم مونث ① مونگ ماش وغیرہ کی دال کی لگدی ② جو سل بٹے پر پیس لی جاتی ہے۔

**پیٹی** (ہ) اسم مونث ① کمر بند ② پٹکا ③ نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوق ④ خرجی ⑤ جامہ دانی ⑥ بلبل یا بٹیر کی کمر میں بندھا ہوا ڈورا ⑦ بندوق یا توپ وغیرہ کے سامان کا بکس ⑧ نیفہ کا استر ⑨ بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کی کمر سے باندھا ہوا کپڑا۔

**پیٹی اترنا** (ہ) فعل۔ سپاہی کا معطل یا موقوف ہونا۔

**پیٹی باندھنا** (ہ) فعل ① کمر کسنا ② کمر بندی کرنا ③ ہاتھ پر بیٹھنے والے جانور کی کمر میں ڈورا باندھنا ④ مستعد اور تیار ہونا۔

**پیٹیا** (ہ) اسم صفت ① بسیار خوار ② پیٹو ③ (بحالت اسم مذکر) ایک دن کی مقدار ④ خوراک ⑤ روزینہ ⑥ وظیفہ ⑦ روزانہ رسد

**پیج** (ای) اسم مذکر ① صفحہ ② پنا ③ ورق کی ایک طرف۔

**پیجامہ** (ا) اسم مذکر۔ پاجامہ کا مخفف ہے۔

**پی جانا** (ہ) فعل ① نوش کرنا ② غٹک جانا ③ چڑھا جانا ④ ٹال جانا ⑤ چپ ہو رہنا ⑥ ضبط کرنا ⑦ برداشت کرنا ⑧ سہار لینا۔

**پیچ یا پیچھ** (ہ) اسم مونث ① ابلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب لوگ پی لیتے ہیں۔ دھوبی کلف بناتے ہیں کاغذ والے اہار کے کام لاتے ہیں ② مانڈی۔

**پیچ پی ہزار نعمت کھائی** (ا) مثل کھانے کو جو مل گیا نعمت سمجھ کر کھالیا اور خدا کا شکر ادا کیا۔

**پیچ** (ف) اسم مذکر۔ ① حاصل مصدر از پیچیدن ② بل ③ تاب ④ لپیٹ ⑤ حلقہ ⑥ چوڑی ⑦ پھیر ⑧ چکر ⑨ خم۔

**پیچ اٹھانا** (ا) فعل ① تکلیف اٹھانا ② غم وغصہ کھانا ③ رنج وسختی سہنا ④ کنکوے کی ڈور کو دوسرے کنکوے کی ڈور سے الگ کر لینا۔

**پیچ اٹھنا** (ا) فعل ① پیٹ میں درد ہونا ② مروڑ اٹھنا ③ کنکوے بڑھنا۔

**پیچ اکھڑنا** (ا) فعل ① مشین کے پرزے کا ڈھیلا ہو جانا ② کل کے پرزے اکھڑنا ③ کیل نکلنا ④ کنکوے کی ڈور کا دونوں حریفوں کے ہاتھوں سے ٹوٹ جانا۔

**پیچ باندھنا** (ا) فعل ① کشتی کے داؤ کا توڑ کر دینا ② گرفت کرنا ③ پگڑی باندھنا ④ دستار باندھنا۔

**پیچ پڑنا** (ا) فعل ① الجھنا ② مشکل پڑنا ③ بکھیڑ پڑنا۔ دقت پیش آنا ④ ہرج ومرج ہونا ⑤ رکاوٹ ہونا ⑥ خرابی ہونا ⑦ پتنگ کی ڈور کا دوسرے کے پتنگ کی ڈور پر پڑنا۔

**پیچ چلنا** (ا) فعل ① فریب سے کامیاب ہونا ② دغا سے غالب آنا ③ چال چلنا ④ دھوکا دینا۔

**پیچ چھٹنا** (ا) فعل، کنکوے کی ڈور کا علیحدہ ہو جانا۔

**پیچدار**۔ (ف) اسم صفت ترکیب فاعلی ① بلدار ② پیچیدہ ③ پہلودار ④ مشکل اور دشوار بات ⑤ دقیق بات

**پیچ در پیچ** (ف) اسم صفت ① بہ ترکیب فاعلی بذریعہ حرف جار وصلی ② نہایت پیچیدہ ③ نہایت مشکل ④ دشوار گزار ⑤ بل پر بل پڑا ہوا۔

**پیچ دینا** (ا) فعل ① مروڑنا ② لپیٹنا ③ گھمانا ④ بل دینا ⑤ چال کھیل جانا۔

**پیچ ڈالنا** (ا) فعل ① چال چلنا ② چال پھیلانا ③ فریب کرنا ④ داؤ لگانا ⑤ وقت میں ڈالنا ⑥ دوسرے کے کنکوے پر ڈور ڈالنا۔

**پیچ کاٹنا** (ا) فعل ① کنکوے کی ڈور کاٹنا ② پتنگ کاٹنا۔

**پیچ کرنا** (ا) فعل ① داؤ کرنا ② کشتی کا داؤ چلانا ③ فریب کرنا ④ دھوکا دینا۔

**پیچ کھانا** (ا) فعل بل کھانا ① اینٹھنا ② دل ہی دل میں غصہ کھانا۔

**پیچ کھلنا** (ا) فعل ① عقدہ وا ہونا ② سلجھنا ③ بل دور ہونا ④ پگڑی کا پھیر کھل جانا ⑤ راز فاش ہونا ⑥ بھید کھلنا۔

**پیچ کھیلنا** (ا) فعل ① دھوکا دینا ② جل کھیلنا ③ چال چلنا ④ فریب کرنا۔

**پیچ لڑانا** (ا) فعل ① کنکوا لڑانا ② پتنگ کی ڈور سے لڑانا۔

**پیچ مارنا** (ا) فعل ① کام اٹکا دینا ② مزاحمت کرنا ③ حرج کرنا ④ جل کھیلنا ⑤ فریب دینا ⑥ بل کھانا ⑦ اینٹھنا۔

**پیچ میں آنا** (ا) فعل ① گردش میں آنا ② مصیبت میں پھنسنا ③ پھیر میں آنا ④ دم میں آنا ⑤ جل میں آنا ⑥ فریب کھانا ⑦ دم فریب

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140771218

www.besturdubooks.net

میں گرفتار ہونا ⑧ پھندے میں پھنسنا۔

**پیچ وتاب** (ف) اسم مذکر ① بل ② غم وغصہ ③ جم وخم ④ معشوقانہ حرام ناز وانداز کی چال ⑤ بے چینی ⑥ بے قراری، فکر واندیشہ۔

**پیچ وتاب کھانا** (ا) فعل ① بل کھانا ② دل ہی دل میں گھٹنا ③ حسد یا رشک سے جلنا ④ برافروختہ ہونا ⑤ بے قرار ہونا ⑥ فکر واندیشہ میں رہنا ⑦ انگاروں پر لوٹنا۔

**پیچاں** (ف) اسم حالیہ مفید صفت ① بل کھایا ہوا ② بلدار ③ پیچیدہ، جیسے زلف پیچاں۔

**پیچش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از پیچدن ① مروڑ ② مروڑا ③ درد ہو کر دست یا پیخانہ یا آنو آنا۔

**پیچک** (ف) اسم مونث ① کچے دھاگے کی گولی ② لپیٹے ہوئے ③ سوت کی گٹی ④ پیچدار نال کا نیچہ۔

**پیچو** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا آڑو ② زرد آلہ ③ کریل کا پکا پھل ④ پکا سرخ ٹینٹ۔

**پیچوان** (ف) اسم مذکر ① لغوی معنی بلدار ② اصطلاح میں نور جہان بیگم کے ایجاد کردہ حقے کو کہتے ہیں ③ اس کا نیچہ جست کے تاروں اور بھوج پتر سے بنایا جاتا ہے اسے دور ونزدیک لیٹ کر بیٹھ کر کھڑا ہو کر بآسانی پی سکتے ہیں۔

**پیچھا** (ہ) اسم مذکر سامنے کی ضد ① پشت عقب ② پس ③ پچھلا حصہ ④ تعاقب ⑤ پیروی۔

**پیچھا پکڑنا** (ہ) فعل ① سر ہونا ② تکلیف کے درپے ہونا ③ ہر وقت ساتھ رہنا ④ دنبالہ ہونا۔

**پیچھا چھڑانا** (ہ) فعل ① آزادی حاصل کرنا ② خلاصی پانا ③ جان بچانا ④ پنڈ چھڑانا ⑤ چھٹکارا پانا ⑥ نجات پانا۔

**پیچھا چھوڑنا** (ہ) فعل ① رہائی دینا ② جان چھوڑنا ③ نجات دینا۔

**پیچھا نہ چھوڑنا** (ہ) فعل ① ساتھ نہ چھوڑنا ② پنڈ نہ چھوڑنا ③ سر ہونا ④ ساتھ لگے رہنا ⑤ تعاقب سے باز نہ آنا ⑥ کسی کام سے نہ ہٹنا ⑦ ستاتے رہنا ⑧ جان کو آنا۔

**پیچھے** (ہ) تابع فعل ① غیبت میں ② عقب میں ③ بعد میں ④ بعد ⑤ عقب ⑥ پسِ پشت ⑦ بعدہٗ ⑧ بعد ازاں۔

**پیچھے آنا** (ہ) فعل ① عقب میں آنا ② تعاقب کرنا ③ دیر میں آنا ④ بعد میں آنا۔

**پیچھے پڑنا** (ہ) فعل ① درپے ہونا ② سر ہونا ③ دق کرنا ④ ستانا ⑤ آزار دینا ⑥ عداوت ⑦ دشمنی کرنا ⑧ رسوائی چاہنا ⑨ بار بار مانگنا۔

**پیچھے پھرنا** (ہ) فعل ① لوٹنا ② واپس ہو جانا ③ مر جانا ④ کسی کام کے لئے پھرنا۔

**پیچھے پیچھے** (تابع فعل) ① عنقریب ② تھوڑی دیر میں ③ لگے ہاتھوں ④ ساتھ کے ساتھ۔ ساتھ ہیں۔

**پیچھے چھوڑنا** (ہ) فعل ① سبقت لے جانا ② کسی سے آگے بڑھ جانا ③ اندوختہ یا جاگیر ومال ودولت چھوڑ کر مر جانا۔

**پیچھے ڈالنا** (ہ) فعل ① تعاقب کرنا جیسے شکار کے پیچھے گھوڑا ڈالنا ② پیچھے چھوڑنا ③ آگے بڑھ جانا ④ تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا ⑤ پس انداز کرنا ⑥ بچت کرنا۔

**پیچھے رہنا** (ہ) فعل ① آخر میں رہنا ② بعد میں، باقی رہنا۔

**پیچھے سے** (ہ) تابع فعل ① پس پشت سے ② عقب سے ③ بعد ازاں ④ تھوڑی دیر بعد۔

**پیچھے لگنا** (ہ) فعل ① درپے ہونا ② سر ہونا ③ دق کرنا ④ ساتھ ہولینا ⑤ ہمراہ ہونا ⑥ رسوائی چاہنا ⑦ بار بار کسی کام کو کرنا۔

**پیچیدگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مروڑ ② لپیٹ ③ اینٹھ ④ البیٹ ⑤ الجھاؤ۔

**پیچیدہ** (ف) اسم صفت بہ ترکیب ① مفعولی ② لپٹا ہوا ③ مشکل بات ④ وہ بات جو مشکل سے سمجھ میں آئے ⑤ دق بات۔

**پیخال** (ف) اسم مونث ① بیٹ ② پرندے کا فضلہ۔

**پیخانہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① جائے ضرور ② بیت الخلا ③ ٹٹی (اسم مذکر ذات) براز ④ گوہ ⑤ فضلۂ انسان۔

**پیدا** (ہ) اسم صفت۔ ظاہر ① عیاں ② موجود ③ زائیدہ ④ متولد ⑤ جنا ہوا (اسم مونث) کمائی ⑥ آمدنی ⑦ یافت (اسم مذکر) ایجاد ⑧ اختراع۔

**پیدا کرنا** (ا) فعل ① ظاہر کرنا ② موجود کرنا ③ ہت کرنا ④ جنانا ⑤ تولد کرنا ⑥ کمانا ⑦ حاصل کرنا ⑧ بہم پہنچانا جیسے کمال پیدا کرلیا۔

**پیداواری پیداوار** (ف) اسم مونث ① محاصل کھیتی باڑی یا تجارت وغیرہ کی آمدنی ② نفع ③ زراعت ④ وہ چیز جو کھیت میں اگے۔

**پیدا ہونا** (ا) فعل ① پیٹ سے نکلنا ② جنم لینا ③ دنیا میں آنا ④ زمین

Join us on whatsapp Naveed Baig

سے جنا 5 ظاہر ہونا 6 تولد ہونا۔

پیدائش (ف) اسم صفت 1 بوضع حاصل مصدر 2 جنم 3 آفرنشیں 4 فطرت 5 جبلت۔

پیدائشی (ف) اسم مونث بیائے نسبتی صفت 1 جنم کا 2 جنمی 3 فطرتی 4 جبلی 5 اصلی۔

پے در پے (ف) اسم صفت بہ ترکیب حرف 1 جار وصلی 2 یکے بعد دیگرے 3 متواتر 4 لگا تار 5 اوپر تلے۔

پیدل (ہ) اسم صفت 1 پا پیادہ 2 پیروں 3 سوار کے خلاف 4 شطرنج کا وہ مہرہ جو سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے 5 پیدل چلنے والا 6 لشکر 7 پیادوں کی فوج۔

پیڈ (ای) اسم صفت 1 ادا کیا ہوا 2 وہ محصول یا رقم جو ادا کر دی گئی ہو۔

پیر (ا) اسم مذکر ظرف زمان 1 سوموار 2 دوشنبہ 3 چاند کا دن 4 اتوار سے اگلا دن۔

پیر (ہ) اسم مذکر 1 پاؤں 2 قدم 3 چرن 4 کھوج 5 سراغ 6 نقش پا 7 کھلیان 8 اناج کا ڈھیر 9 بن صاف غلے کا ڈھیر۔

پیر چھوٹنا (ہ) فعل۔ خون حیض کا معمول سے زیادہ جاری ہونا۔

پیر (ف) اسم صفت 1 بوڑھا 2 سالخوردہ۔

پیر سن رسیدہ 1 مس 2 سب گنوں پورا شریر 3 چالاک 4 استاد

پیر بھچڑی (ا) اسم مذکر۔ ہیجڑوں کا مانا ہوا پیر۔

پیر بھچڑی کی کڑھائی (ہ) اسم مونث۔ وہ حلوا یا پکوان جو ہیجڑہ بناتے وقت مخنث لوگ اپنے پیر کی فاتحہ پڑھ کر کھلاتے ہیں۔ جس کے کھاتے ہی آدمی ہیجڑا بننے پر رضا مند ہو جاتا ہے۔ یہ خاص ہیجڑوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

پیرزادہ (ف) اسم مذکر مفعول 1 پیر کا بیٹا 2 مرشد کی اولاد 3 گرو کا بیٹا 4 وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی ہوتی ہے۔

پیر مغاں (ف) اسم مذکر 1 آتش پرستوں کا پادری 2 گبر پجاری 3 آتش کدہ کا مجاور 4 آتش پرستوں کا پیشوا 5 (اردو میں) طنزا گرو گھنٹال 6 کلال 7 شراب بیچنے والا 8 میفروش۔

پیر نابالغ (ف۔ ع) اسم صفت 1 بوڑھا 2 بیوقوف 3 وہ بوڑھا جو نادان بچوں کی سی باتیں کرے۔

پیرا (ہ) اسم مذکر 1 مقدم 2 اثر قدوم 3 کسی چیز کا شگون 4 نشان، پار 5 متبرک قدم۔

پیراک (ہ) اسم مذکر صفت 1 تیراک 2 شناور 3 تیرنے والا۔

پیراکی (ہ) اسم مونث 1 بیائے مصدری 2 شناوری 3 تیراکی۔

پیراؤ (ہ) اسم صفت۔ بواؤ قابلیت 1 تیرنے کے قابل پانی 2 ڈباؤ پانی۔

پیراہن (ف) اسم مذکر 1 پوشاک 2 لباس 3 چولا 4 بدن کا کپڑا 5 جامہ کرتا۔

پیرا ہوا (ہ) اسم صفت 1 نہایت تجربہ کار 2 ہوشیار 3 چالاک 4 جہاندیدہ۔

پیرائی (ا) اسم مونث 1 تیراکی 2 تیرنے کا ڈھنگ 3 تیرنا سکھانے کی اجرت 4 تیرنے کی جگہ 5 وہ مقام جہاں تیرنا سکھایا جائے۔

پیرنا۔ (ہ) فعل 1 تیرنا 2 شناوری کرنا 3 بہنا 4 رواں ہونا۔

پیرو۔ (ف) اسم صفت 1 پیچھے چلنے والا 2 پیروی کرنے والا 3 تقلید کرنے والا 4 مقلد 5 چیلا 6 مرید 7 کسی فرقہ کا معتقد 8 کسی خاص ہادی کا ماننے والا۔

پیرو۔ اسم مذکر 1 فیل مرغ 2 ایک خاص قسم کا بڑا مرغ۔

پیروں۔ (ہ) تابع فعل 1 پا پیادہ 2 پیدل پاؤں 3 سوار کے خلاف۔

پیروں پڑنا۔ (ہ) فعل 1 پاؤں پر سر رکھنا 2 منت وزاری کرنا 3 عاجزی کرنا 4 نہایت خوشامد کرنا 5 گوڈے چھونا 6 قدم لینا 7 تعظیماً بڑوں کا ادب بجالانا۔

پیروں پھرنا۔ (ہ) فعل 1 پردہ نشیں عورت کا بلا سواری باہر نکلنا 2 چھوٹے بچوں کا پاؤں کے بل چلنا۔

پیروں پیروں چلنا۔ (ہ) فعل سواری کے بغیر رستہ طے کرنا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔

پیروں میں سر دینا۔ (ہ) فعل 1 قدموں پر سر رکھنا 2 نہایت عاجزی کرنا۔

پیروں میں مہندی لگنا۔ (ہ) فعل 1 بے جا عذر کرنا 2 فضول بہانے بنانا 3 نامعقول عذر پیش کرنا۔

پیروی۔ (ف) اسم مونث 1 بیائے مصدری تقلید 2 قدم بقدم چلنا 3 کسی کے پیچھے چلنا 4 اطاعت 5 فرما نبرداری 6 کوشش، جدوجہد 7 تلاش وجستجو 8 تندہی 9 محنت جانکاہی۔

Join Us on Whatsapp Naveed Baloch

www.besturdubooks.net

پیرہن ۔ (ف) اسم مذکر۔ پیراہن کا مخفف ہے۔

پیری ۔ (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری ❶ بڑھاپا ❷ کہن سالی ❸ ضعیفی ❹ کمزوری ❺ ناتوانی ❻ مرید بنانے کا پیشہ ❼ استادی ❽ عیاری ❾ چالاکی۔

پیراگراف ۔ (ای) اسم مذکر ❶ کسی مضمون کے نئے مطلب کو نئی سطر سے شروع کرنا ❷ سطر توڑنا۔

پیڑا ۔ (ہ) اسم مونث ❶ دکھ ❷ درد ❸ تکلیف ❹ صدمہ ❺ دردِزہ ❻ بچہ پیدا ہونے کا درد۔

پیڑ (ہ) اسم مذکر ❶ درخت ❷ شجر ❸ روکھ ❹ بروا ❺ برچھ ❻ ترور ❼ پودا ❽ نہال ❾ بوٹا۔

پیڑ لگانا۔ (ہ) فعل۔ درخت لگانا۔

پیڑ لگنا۔ (ہ) فعل ❶ ایک درخت کا دوسری جگہ اکھڑ کر جم جانا ❷ پودا جمنا۔

پیڑا۔ (ہ) اسم مذکر ❶ دودھ کے کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مٹھائی کا نام ہے ❷ گندھے آٹے کی گولی جس کو بڑھا کر روٹی بناتے ہیں، گولی ❸ گول مول ❹ خستہ چیز۔

پیڑھا۔ (ہ) اسم مذکر ❶ کرسی نما کھٹولی ❷ پشت والی مربع شکل کی کھٹولی۔

پیڑھی۔ (ہ) اسم مونث۔ بیائے تصغیر ❶ چھوٹی سی چوکور کھٹولی جس پر عورتیں بیٹھا کرتی ہیں ❷ پشت ❸ نسل ❹ خاندان کا سلسلہ قرن ❺ عرصہ دراز ❻ قدیم الایام۔

پیڑھی در پیڑھی۔ (ہ) اسم صفت ❶ بہ ترکیب حرف جار وصلی ❷ قدیم الایام سے ❸ قرنوں سے ❹ مدت سے ❺ پشت در پشت ❻ نسل بعد نسل ❼ موروثی ❽ روایتی۔

پیڑھیوں سے (ہ) تابع فعل ❶ قدیم الایام سے ❷ مدتوں سے ❸ بڑوں سے۔

پیڑی۔ (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی منسوب بہ پیر زینہ ❶ قدمچہ ❷ پیر رکھنے کی جگہ ❸ سیڑھی ❹ سیڑھی کا ڈنڈا ❺ کوٹھے پر چڑھنے کی سیڑھی۔

پیڑیں لگنا (ہ) فعل ❶ درد شروع ہونا ❷ دردِزہ شروع ہو جانا۔

پیز (ا) اسم مونث ❶ دشمنی ❷ عداوت ❸ مخالفت ❹ ضد ❺ جیسے وہ تو میری پیز سے وہاں جاتا ہے ❻ دیوار کی شور لگی ہوئی اینٹوں کی مرمت۔

پیز پڑنا یا پڑ جانا (ا) ❶ مخالفت ہو جانا ❷ دشمنی ہو جانا ❸ ضد ہو جانا۔

پیزار۔ (ف) اسم مونث ❶ (ظرف بذریعہ حرف۔ زار جیسے گلزار) جوتی ❷ کفش پا ❸ پاپوش نعلین ❹ پگ رکھی۔

پیزار پر مارنا۔ (ا) فعل ❶ حقیر جاننا ❷ ناچیز سمجھنا ❸ خاطر میں نہ لانا ❹ حقیقت نہ جاننا ❺ پرواہ نہ کرنا ❻ اصل نہ سمجھنا۔

پیزار دکھانا۔ (ا) فعل ❶ جوتی دکھانا ❷ معشوقانہ شوخی سے انکار کرنا ❸ بے پروائی جتانا ❹ خاطر میں نہ لانا۔

پیزار سے۔ (ا) تابع فعل ❶ بلا سے ❷ جوتی سے ❸ کیا پرواہ ہے ❹ پروائے نیست۔

پیسا۔ (ہ) اسم مذکر ❶ پول ❷ پول سیاہ ❸ فلوس ❹ فلس ❺ روپے کا چونسٹھواں حصہ ❻ تانبے کا ایک سکہ جو تین پائی کے برابر ہوتا ہے ❼ دولت ❽ مال ❾ زر۔

پیسا اُٹھانا۔ (ہ) فعل ❶ روپیہ خرچ کرنا ❷ صرف کرنا۔

پیسا اُڑانا (ہ) فعل ❶ فضول خرچی کرنا ❷ روپیہ برباد کرنا ❸ بے جا خرچ کرنا۔

پیسا پیسا جوڑا چلنی بھر اُٹھایا (ہ) کہاوت۔ تھوڑا کر کے مدت میں بڑی مشکل سے جمع کیا اور ذرا سی دیر میں خواہ مخواہ لٹا دیا۔

پیس ڈالنا۔ (ہ) فعل ❶ ریزہ ریزہ کر ڈالنا ❷ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ❸ تباہ کر دینا ❹ نہایت تکلیف دینا ❺ خاک کر ڈالنا۔

پیس لوں تو پیٹوں۔ (ہ) کہاوت ❶ روزی کی فکر پہلے کر لوں پھر مردے کا ماتم کروں ❷ فکرِ روزی ماتم مردہ سے زیادہ مقدم ہے۔

پیس مارنا۔ (ہ) فعل ❶ ستا مارنا ❷ بے حد تکلیف دینا ❸ نہایت ستانا ❹ دق کرنا۔

پیس موئی اکا موئی آلے لوٹھے کھا گئے۔ (ہ) کہاوت ❶ تکلیف ہم اُٹھائیں ❷ فائدہ کوئی اور لے۔

پیسنا۔ (ہ) فعل ❶ آٹا کرنا ❷ ریزہ ریزہ کرنا ❸ رگڑنا ❹ گھسنا ❺ سخت دکھ دینا ❻ تباہ کر ڈالنا ❼ خاک میں ملانا ❽ سخت کام کرنا ❾ محنت شاقہ اُٹھانا۔

پیسنا۔ (ہ) اسم مذکر ❶ مصیبت ❷ سخت تکلیف ❸ محنت۔

پیسنا پیسنا (ہ) فعل ❶ دکھ بھرنا ❷ نہایت تکلیف سے کمانا ❸ بڑی تکلیف سے کمانا ❹ سخت مزدوری کرنا۔

پیسنجر (ای) اسم مذکر۔ مسافر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

**پیسنجر گاڑی**۔ (ا) اسم مونث (1) مسافر گاڑی (2) ریل کی وہ گاڑی جو عام مسافروں کو ہر سٹیشن سے لے جائے اور اتارے۔

**پیسنی**۔ (ہ) اسم مونث (1) ایک آدمی کے پیسنے کی مقدار (2) اتنا غلہ جو ایک آدمی ایک مرتبہ پیس سکے۔

**پیش**۔ (ف) تابع فعل (1) آگے سامنے (2) پس کی ضد (3) زمانہ ماضی (4) مستقبل کا زمانہ (5) پہلے قبل آئندہ (6) (اسم مذکر) ضمہ ضم رفع وہ حرکت جو کسی حرف کے اوپر (و) کی صورت میں لکھتے ہیں (7) انگرکھے کی اگاڑی (8) واسکٹ کی سامنے کی چھانٹ جو چھاتی پر رہتی ہیں (9) تسبیح کا بڑا دانہ جو سب سے اوپر رہتا ہے۔

**پیش آنا**۔ (ا) فعل (1) سامنے آنا (2) ظاہر ہونا (3) برا یا بھلا سلوک کرنا۔

**پیش بند**۔ (ف) اسم مذکر (1) زیر بند (2) وہ چمڑا یا نواڑ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے درمیان بدین غرض باندھ دیتے ہیں کہ گردن نیچے کو جھکی رہے (3) آگے سے روکنے والا۔

**پیش بندی**۔ (ف) اسم مونث (1) پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا (2) دور اندیشی (3) حفظ ما تقدم (4) کسی تدبیر کو پہلے ہی جمانا۔

**پیش بین**۔ (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی (1) دور اندیش (2) مال اندیش (3) انجام کو سوچ لینے والا (4) آخر بین (5) ہوشیار (6) تجربہ کار۔

**پیش بینی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) دور اندیشی (2) عاقبت اندیشی۔

**پیش جانا یا چلنا** (ا) فعل (1) کارگر ہونا (2) قابو چلنا (3) اثر ہونا (4) پار بسانا۔

**پیش خدمت**۔ (ف) اسم مذکر (1) ٹہلوا (2) خدمت گار (3) اوپر کے کام کا نوکر (4) (اسم مونث) خادمہ (5) ماما (6) آیا (7) خدمتگار عورت۔

**پیش خیمہ**۔ (ف) اسم مذکر (1) لین ڈوری (2) حاکموں یا امیروں کی سواری آنے کی علامت (3) سواری سے پہلے آنے والا خیمہ (4) فوج کے کوچ کا سامان جو آگے بھیج دیا جاتا ہے (5) ہرکارہ (6) پیادہ (7) ہراول۔

**پیش دست**۔ (ف) اسم مذکر صفت بہ ترکیب فاعلی (1) آگے کام کرنے والا (2) اسسٹنٹ نائب (3) معاون (4) پیشکار (5) آگے بڑھ جانے والا (6) سبقت کرنے والا۔

**پیش دستی کرنا**۔ (ا) فعل (1) پہل کرنا (2) سبقت کرنا (3) حملہ کرنا (4) پہلے ہاتھ اٹھانا (5) بڑھنا۔

**پیش رفت**۔ (ف) اسم مذکر (1) قابو (2) بس (3) دانو۔

**پیش رو**۔ (ف) اسم صفت (1) آگے چلنے والا (2) اگوا۔

**پیش قبض**۔ (ف) اسم مذکر (1) خنجر (2) چھرا (3) کٹار (4) کٹاری۔

**پیش قدمی**۔ (ف) اسم مونث بیائے مصدری سبقت (1) چڑھائی (2) حملہ (3) بڑھ کے کام کرنا (4) جرات (5) دلیری (6) ہمت چالاکی۔

**پیش کرنا**۔ (ا) فعل (1) روبرو کرنا (2) سامنے کرنا (3) حاضر کرنا (4) آگے رکھنا (5) نظر دکھانا۔

**پیش نماز**۔ (ف) اسم مذکر بہ ترکیب مفعولی (1) نماز میں آگے کیا ہوا (2) امام (3) اگوا۔

**پیش نہاد**۔ (ف) اسم مذکر بہ ترکیب مفعولی (1) سامنے رکھا ہوا (2) ارادہ (3) مدِ نظر۔

**پیشاب**۔ (ف) اسم مذکر (1) موت (2) بول (3) شاشہ۔

**پیشاب بند ہونا**۔ (ا) فعل (1) موت رکنا (2) موت بند ہونا (3) کسی سے خوف کھانا۔

**پیشاب خطا ہونا**۔ (ا) فعل (1) موت نکلنا (2) خوف کے مارے کانپنا (3) نہایت ڈرنا۔

**پیشاب کرنا**۔ (ا) فعل (1) بول کرنا (2) موتنا (3) خاطر میں نہ لانا (4) حقیقت نہ جاننا۔

**پیشاب کی راہ بہانا**۔ (ا) فعل (1) کھانے پینے میں اڑانا (2) فضول خرچی کرنا (3) روپیہ کی حقیقت نہ سمجھنا (4) بدکاری میں ضائع کرنا۔

**پیشاب نہ کرنا** (ا) فعل (1) کسی چیز کو اتنا حقیر جاننا کہ اس پر پیشاب تک کرنے سے گریز کرنا (2) بے حد حقیر سمجھنا۔

**پیشاب نکلنا**۔ (ا) فعل (1) خوف کے مارے موت دینا (2) نہایت ڈرنا (3) کانپنا۔

**پیشانی**۔ (ف) اسم مونث (1) ماتھا (2) جبین (3) ناصیہ (4) تقدیر (5) قسمت (6) پرالبدہ (7) سرخی القاب (8) سرنامہ (9) کاغذ کا وہ حصہ جو عبارت سے اوپر چھوڑ دیتے ہیں۔

**پیشتر**۔ (ف) تابع فعل (1) سب سے آگے (2) بہت آگے (3) بہت پہلے (4) اول (5) مقدم۔

**پیشکار**۔ (ف) اسم مذکر صفت (1) ایجنٹ (2) منیجر (3) مددگار (4) نائب (5) مسلخواں (6) سررشتہ دار۔

**پیشکاری**۔ (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) نیابت (2) مسلخوانی (3) سررشتہ داری۔

**پیشکش** (ف) اسم مذکر (1) نذر (2) بھینٹ (3) تحفہ (4) ہدیہ (5)

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

محصول ⑥ خراج۔

پیشگاہ۔ (ف) اسم مذکر ظرف ① سامنے روبرو ② حضور ③ دربار ④ صدر اجلاس ⑤ بادشاہ ⑥ صاحب تخت ⑦ حاکم ⑧ صدر مجلس۔

پیشگی۔ (ف) اسم مونث ① وہ اجرت جو کام سے پہلے دی جائے ② سائی ③ بیعانہ۔

پیشوا۔ (ف) اسم مذکر ① رہنما ② رہبر ③ امام ④ اگوا ⑤ نمونہ ⑥ نظیر ⑦ مرہٹوں کا سب سے اعلیٰ کارکن افسر۔

پیشواز۔ (ف) اسم مونث۔ (دیکھو پشواز)

پیشوائی۔ (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① رہنمائی ② رہبری ③ استقبال ④ کسی کو اگوانی لے جانا۔

پیشہ۔ (ف) اسم مذکر ① ہنر ② کسب ③ فن ④ شغل ⑤ حرفہ کام ⑥ دھندا ⑦ روزگار۔

پیشہ ور۔ (ف) اسم فاعل ترکیبی ① اہل حرفہ ② دکاندار ③ تاجر ④ کسی قسم کا کام کرنے والا۔

پیشی۔ (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مقدمہ کی سنوائی ② تاریخ مقدمہ ③ حضوری۔

پیشی کا منشی یا محرر۔ (ا) اسم مذکر ① مسلخواں ② پیشکار ③ مقدمہ کے کاغذات پیش والا آدمی۔

پیشگوئی۔ (ف) اسم مونث ① نجوم یا کشف ② آئندہ کا حال بتانا ③ کسی بات کا قبل از وقوع ذکر کرنا۔

پیغام۔ (ف) اسم مذکر ① سندیا ② زبانی بات ③ خبر سفارت ④ پیام ⑤ شادی یا منگنی ⑥ سوال وجواب زبانی کہلا کر بھیجنا۔

پیغام ڈالنا۔ (ا) فعل ① نسبت کی درخواست کرنا ② شادی کی درخواست کرنا۔

پیغام سلام۔ (ا) اسم مذکر ① سوال وجواب ② بات چیت۔

پیغامی۔ (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① پیغام لانے والا ② پیغامبر۔

پیغمبر۔ (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① پیغام پہنچانے والا ② قاصد رسول ③ نامہ بر ④ ایلچی ⑤ دوت ⑥ سفیر ⑦ سندیسا لیجانے والا ⑧ خدا کا حکم لانے والا ⑨ مرسل نبی۔

پیغمبری۔ (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① رسالت ② ایلچی گری ③ نبوت۔

پیک۔ (ہ) اسم مونث۔ پان کا رنگ دار تھوک۔

پیک۔ (ف) اسم مذکر ① ہرکارہ ② دوت ③ قاصد ④ نامہ بر۔

پیکار۔ (ف) اسم مذکر ① جنگ ② لڑائی ③ محصل ④ وصول کنندہ ⑤ خردہ فروش ⑥ پھیری پھیرنے والا۔

پیکان۔ (ف) اسم مونث ① تیر کی نوک ② نیزہ کی نوک ③ بھال ④ برچھی کی انی۔

پیکدان۔ (ا) اسم مذکر ظرف ① اگالدان ② وہ برتن جس میں پان کی تھوک ڈالتے ہیں۔

پیکر۔ (ف) اسم مونث ① لعل ② برابر ③ متو دپر تلے ④ چہرا ⑤ ڈھانچ۔

پکھینا۔ (ہ) فعل ① نظر کرنا ② ریس کرنا ③ حرص کرنا ④ خواہش کرنا۔

پینڈ بھرنا۔ (ہ) فعل ① لغوی معنی قدم رکھنا ② اصطلاح میں قسم کھانے کے لئے کسی تیرتھ یا جاترا کی طرف قدم اٹھانا جیسے اگر تم سچے ہو تو گنگا جی کے چار پینڈ بھر دو۔

پینڈ۔ (ہ) اسم مذکر۔ پورا درخت کا ٹکڑا۔

پینڈ/ پینڈا (ہ) اسم مذکر ① گائے بھینس وغیرہ مویشیوں کے ایک دفعہ کئے ہوئے گوبر کا ڈھیر ② تھوڑا سا گوبر ③ اتنا گوبر جتنا جانور ایک دفعہ کردے۔

پینڈا (ہ) اسم مذکر ① راستہ ② باٹ، راہ ③ گیل ④ گھڑونچی۔

پینڈولم۔ (ای) اسم مذکر ① گھنٹے کا لٹکن یا لنگر ② کلاک کا لٹکن۔

پینڈی۔ (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کے لڈو ہوتے ہیں جو میدے کو گھی میں بھون کر اس میں کھانڈ اور میوہ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں یہ بری کے دن دولھن کی طرف سے دولھا کو بھیجے جاتے ہیں ② بازچہ کے واسطے بنائی جاتی ہیں،

پنیس (ا) اسم مونث ① پالکی ② ایک قسم کا ڈولا ③ ناک کی ایک بیماری کا نام بھی ہے

پینسٹھ۔ (ہ) اسم عدد ① ساٹھ اور پانچ ② شصت پنج ③ ۶۵۔

پینک۔ (ہ) اسم مونث ① افیون یا پوست کے نشے کی غنودگی ② افیونی کی اونگھ ③ پوستی کی غنودگی۔

پینک میں آنا۔ (ہ) فعل ① افیون کی غنودگی سے اونگھیا ② افیونی کا اونگھ جانا۔

پے نکالنا۔ (ا) فعل ④ نقص نکالنا ⑤ نکتہ چینی کرنا ⑥ فی نکالنا ⑦

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140771218

www.besturdubooks.net

عیب تلاش کرنا۔

پینگ (ہ) اسم مونث۔ جھولے کا وہ لمبا جھونٹا جو خود کھڑے ہو کر لیتے ہیں۔

پینگ بڑھانا (ہ) فعل۔ ایسا لمبا جھونٹا لینا جو بہت اونچا جائے۔

پیو۔ (ہ) اسم مذکر ❶ پیارا ❷ خاوند ❸ پیا ❹ پریتم ❺ معشوق ❻ محبوب۔

پیوڑی۔ (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی پیلی مٹی ہوتی ہے۔

پیوست کرنا۔ (ا) فعل ❶ ملانا ❷ چپاں کرنا ❸ مضبوط کرنا ❹ قوی کرنا ❺ خشک کرنا ❻ جذب کرنا ❼ پلانا ❽ ایک جان کرنا ❾ ایک جگہ کرنا۔

پیوست ہونا۔ (ا) فعل ❶ ایک جان ہونا ❷ ملنا ❸ پکا ہو جانا ❹ خشک ہو جانا ❺ جذب ہونا۔

پیوستہ (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ ملا ہوا ❷ ایک جان ❸ بلا فصل میتصل ❹ بلا فاصلہ ❺ ایک جگہ ❻ ایک دل ❼ ہمیشہ۔

پیوسی۔ (ہ) اسم مونث ❶ وہ گاڑھا اور غلیظ دودھ جو بچہ پیدا ہونے کے تین دن بعد تک گاڑھا ہی رہتا ہے اور جب اس کو آگ پر رکھتے ہیں تو وہ منجمد سا ہو کر پھٹ جایا کرتا ہے ❷ گرم گرم شکر کی پنی جو روڑیاں مارنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔

پیون۔ (ای) اسم مذکر ❶ قاصد ❷ چٹھی رساں ہرکارہ ❸ ڈاکیا۔

پیوند۔ (ف) اسم مذکر حاصل مصدر از پیوستن ❷ جوڑ ❸ ملاپ ❹ تھگلی ❺ چیپی ❻ میل ❼ مناسبت ❽ بندش ❾ بستگی۔

پیوند لگانا۔ (ا) فعل ❶ جوڑ لگانا ❷ تھگلی لگانا ❸ گدڑی سینا ❹ ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ میں جوڑنا ❺ میل سے میل ملانا ❻ قلم لگانا۔

پیوندی۔ (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ پیوند لگایا ہوا ❷ قلم لگایا ہوا وہ درخت جس میں کسی دوسرے درخت کی ٹہنی کا پیوند لگایا گیا ہو ❸ پیوند والے درخت کا پھل بڑا آلو ❹ دوغلا ❺ دورنگا ❻ بیڑا ❼ دوخیمہ۔

پیوندی موچھیں۔ اسم مونث۔ وہ لمبی حلقہ دار موچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر بل دیکر گالوں پر چپکا لیتے ہیں

پیہر۔ (ہ) اسم مذکر ❶ میکے والے میکا ❷ ماں کا گھر ❸ پتا کا گھر۔

پیہم۔ (ف) تابع فعل ❶ برابر ❷ متواتر ❸ لگاتار ❹ مسلسل ❺ اوپر تلے۔

پیہو۔ (ہ) اسم مذکر ❶ پسو ❷ کیک۔

پیٹی (ہ) اسم مونث۔ وہ چھوٹا صندوق یا پٹیارا جس میں پہننے کے کپڑے رکھا کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ت

فارسی اور اردو حروف تہجی کا چوتھا حرف ہے اور عربی حروف تہجی کا تیسرا حرف ہے۔

ت (ء) اسم مونث فارسی اور اردو حروف تہجی کا چوتھا حرف ہے۔ اور عربی اب ت کا تیسرا۔ حساب جمل میں اس کی قیمت چار سو کے برابر ہے۔ عربی فارسی میں اس کا تلفظ (ا) کے ساتھ (تا) ادا ہوتا ہے۔ مگر اردو میں تے کے ساتھ (تے) بولتے ہیں۔

**تا ← ا**

تا (ہ) بچوں کے جھانک مینے اور جھات مات کرنے کا ایک کلمہ ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دیکھو ہم یہاں کھڑے ہیں۔

تا (ف) تابع فعل ❶ جب تک جس وقت تک۔ شمار اور گنتی جیسے یکتا دوتا وغیرہ ❷ حرف انتہا یعنی تک ❸ جیسے از لاہور تا دہلی ❹ تو جیسے تاہم بمعنی تو بھی ❺ حرف علت یعنی اس لئے ❻ اس واسطے جیسے تاکہ۔

تا بہ حیات (ف) تابع فعل۔ زندگی بھر۔

تا بہ زیست (ف) تابع فعل ❶ عمر بھر ❷ زندگی بھر ❸ جنم بھر ❹ ساری عمر۔

تا بکجا (ف) تابع فعل ❶ کہاں تک ❷ کب تک۔

تا بکے (ف) تابع فعل ❶ کب تک ❷ کہاں تک۔

تا مقدور (ف) تابع فعل ❶ جہاں تک ممکن تھا پار بساتے ❷ حتی الامکان۔

تا حال (ف) تابع فعل ❶ اب تک ❷ اس لحہ تک ❸ اس وقت تک۔

تا کہ (ا) حرف علت ❶ اس لئے ❷ اسواسطے ❸ کیونکہ۔

تا ہم (ف) تابع فعل ❶ تو بھی ❷ پھر بھی ❸ تس پر بھی۔

تاب (ف) اسم مونث حاصل بالمصدر از تابیدن وتافتن ❶ چمک ❷ روشنی ❸ نور ❹ فروغ ❺ گرمی ❻ حرارت ❼ پیچ ❽ خم ❾ جیسے اسے تاب کہاں۔

تاب نہ رہنا (ا) فعل ❶ سہارا نہ رہنا ❷ گھبرا جانا ❸ برداشت نہ ہونا۔

تاب نہ لانا (ا) فعل ❶ برداشت نہ کر سکنا ❷ متحمل نہ ہونا ❸ بوکھلا جانا۔

**تاب وتواں/ تاب و طاقت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر ❶ یہ ترکیب دو امر دوسرا اس کا مرادف ہے ❷ بمعنی مجال وقدرت صبع و قرار ❸ برداشت وتحمل ❹ حوصلہ اور ظرف۔

تابان (ف) اسم حالیہ بمعنی صفت مشبہ ❶ روشن ❷ درخشاں ❸ چمکنے والا ❹ چمکدار ❺ تابیدہ ❻ خمدار ❼ بل کھائی ہوئی۔

تابدان (ف) اسم مونث ❶ روشندان ❷ روزن ❸ روزن دیوار ❹ وہ موگھا جو روشنی کے لئے عمارت میں چھوڑ دیتے ہیں۔



www.besturdubooks.net
Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

تابڑتوڑ (ہ) تابع فعل۔ ❶ متواتر ❷ پے در پے ❸ لگاتار ❹ سست جلد ❺ نہایت جلدی ❻ پیہم۔

تابش (ف) اسم مونث ❶ حرارت ❷ تپش ❸ دھوپ ❹ دھوپ کی چمک ❺ روشنی ❻ فروغ ❼ نور ❽ اجالا۔

تابع (ع) اسم فاعل مفید صفت ❶ مطیع ❷ فرمانبردار ❸ محکوم ❹ پابند ❺ ماتحت ❻ نوکر ❼ ملازم۔

تابع کرنا (ا) فعل ❶ قابو کرنا ❷ مطیع کرنا ❸ فرمانبردار بنانا ❹ قابو میں لانا ❺ بس میں کرنا۔

تابعدار (ا) اسم صفت ❶ فرمانبردار ❷ مطیع ❸ محکوم ❹ ماتحت۔

تابعداری (ا) اسم مونث ❶ اطاعت ❷ فرمانبرداری ❸ ماتحتی ❹ نوکری۔

تابعداری کرنا (ا) فعل ❶ نوکری کرنا ❷ حکم ماننا ❸ اطاعت کرنا

تابعین (ع) اسم مذکر ❶ تابع کی جمع سالم ❷ تابعدار ❸ پیرو ❹ مقلد۔

تابندہ (ف) اسم فاعل ❶ چمکنے والا ❷ چمکدار ❸ روشن ❹ درخشاں ❺ بلدار و خمدار۔

تابوت (ع) اسم مذکر ❶ وہ صندوق جس میں مردے کی لاش رکھ کر لے جاتے ہیں ❷ ارتھی ❸ جنازہ ❹ لاش ❺ نعش ❻ لاشہ۔

تابہ (ف) اسم مذکر ❶ بٹا ہوا ❷ پیچیدہ ❸ بل کھایا ہوا ❹ چمکدار ❺ درخشاں ❻ لوہے کا توا جس پر روٹیاں پکایا کرتے ہیں۔

تابیدہ (ف) اسم مفعول بہ معنی صفت ❶ بلدار ❷ چمکدار ❸ چمکیلا ❹ درخشاں بٹا ہوا۔

تاپ (ہ) اسم مذکر ❶ گرمی ❷ حرارت ❸ تاب ❹ تاپ ❺ بخار ❻ تپ۔

تاپ تلی (ا) اسم مونث ❶ تلی ❷ طحال ❸ ورم ❹ طحال جو اکثر بخاروں کی وجہ سے زیادہ ہو جاتا ہے ❺ مرض لطحال۔

تاپنا (ہ) فعل ❶ سینکنا ❷ گرمی پہنچانا ❸ دھوپ یا آگ کے سامنے بیٹھ کر گرم ہونا۔

تاتا (س) اسم مذکر ❶ پیار کا کلمہ جو چھوٹے یا بڑے بھائی ❷ بچے ❸ باپ یا اور کسی عزیز کی بابت بولا جاتا ہے۔

تاتا (ہ) اسم صفت ❶ گرما گرم ❷ تیز گرم۔

تاتا تھئی (ہ) اسم مونث۔ گویوں کے تال پر زبان اور ہتھیلی سے ادا کرنے کا لفظ فارسی میں اسے تے نے کہتے ہیں۔

تات پرچ (ہ) اسم مذکر ❶ مطلب ❷ ارتھ ❸ مضمون ❹ نتیجہ ❺ ماحصل۔

تاثر (ع) اسم مذکر ❶ اثر قبول کرنا ❷ اثر رہنا ❸ نشان رہنا۔

تاثیر (ع) اسم مونث ❶ کسی چیز میں نشان چھوڑنا ❷ نشان ❸ چن ❹ نتیجہ ❺ پھل ❻ خاصیت ❼ اثر ❽ گن ❾ عمل۔

تاثیر کرنا (ا) فعل ❶ گن کرنا ❷ فائدہ دینا ❸ خاصیت ❹ ظاہر کرنا ❺ سرایت کرنا۔

تاج (ع) اسم مذکر ❶ بادشاہی کلاہ ❷ افسر شاہی ❸ پیہم ❹ کلغی ❺ پروں کا طرہ ❻ پرندے کی چوٹی ❼ دیوار کی کنگنی ❽ مکان کا چھجا ❾ گنجفہ کے ایک رنگ کا نام۔

تاج بخش (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی۔ بڑا بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے۔ شہنشاہ۔

تاج بخشی کرنا (ا) فعل ❶ بادشاہی کرنا ❷ سلطنت بخشنا خطا معاف کرنا ❸ عطا۔

تاج خروس (عف) اسم مذکر ❶ مرغ کے سر کی کلغی ❷ ایک پھول کا نام بھی ہے جو مرغ کی کلغی سے مشابہ ہوتا ہے۔

تاجدار (عف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ تاج رکھنے والا ❷ صاحب تاج۔

تاج رکھنا (ا) فعل ❶ بادشاہ بننا ❷ تاج پہننا۔

تاجور (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ صاحب تاج ❷ بادشاہ۔

تاجر (ع) اسم فاعل مذکر ❶ تجارت کرنے والا ❷ سوداگر ❸ بنج کرنے والا۔

تاجو (ہ) اسم مونث ❶ ایک برادر کش عورت کا نام ہے ❷ کٹر ❸ ظالم ❹ بے رحم ❺ بے درد عورت جیسے تاجو بہن ❻ تاجو ماں۔

تاخت (ف) اسم مونث حاصل مصدر از تاختن ❶ دوڑ ❷ حملہ ❸

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

لوٹ (4) غارت۔

تاخت و تاراج کرنا (ا) فعل (1) لوٹ گھسوٹ کر تباہ و برباد کر دینا (2) ستیاناس کرنا (3) غارت کرنا (4) برباد کرنا۔

تاخیر (ع) اسم مونث (1) ڈھیل (2) دیر (3) دیر کرنا (4) درنگ (5) توقف (6) وقفہ۔

تادیب (ع) (1) ادب سکھانا (2) ادب دینا (4) تنبیہہ (5) چشم نمائی (6) زباندانی سکھانا (7) علم مجلس کی تعلیم دینا۔

تار (ف) اسم مذکر (1) رشتہ (2) دھاگا (3) تاگا (4) لوہے، پیتل اور تانبے وغیرہ کا لمبا سا سوت (5) تانا بانا (6) سلسلہ (7) ریزہ (8) ٹکڑا۔

تار باندھنا (ا) فعل (1) سلسلہ باندھنا (2) متواتر اور لگاتار کوئی کام کرنا (3) پے در پے کوئی کام کرنا۔

تار برقی (فع) اسم مونث (1) علامتوں کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ تک خبر پہنچانے کا تار نیز وہ خبر جو تار برقی کے ذریعہ سے آئے۔

تار تار کرنا (ا) فعل (1) دھجیاں اڑانا (2) پھاڑنا۔

تار توڑا (ا) اسم مذکر (1) کارچوبی کا کام (2) سوئی کا نہایت باریک کام (3) کشیدے کا اعلےٰ درجہ کا کام۔

تار ٹوٹنا (ا) فعل (1) سلسلہ منقطع ہو جانا (2) سلسلہ میں فرق آنا (3) تواتر نہ رہنا (4) کسی کام میں رکاوٹ پیدا ہو جانا۔

تار دیکھنا (ا) فعل (1) چاندی (2) سونے کے تاروں کو کوٹ کر گوٹا بننے کے لئے چوڑا کرنا۔

تارکش (ف) اسم مذکر فاعل۔ سونے، چاندی کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر باریک اور لمبا کرنے والا۔

تارکشی (ف) اسم مونث (1) تار کھینچنے کا کام (2) تار کھینچنے کا پیشہ۔

تار گھر (ا) اسم مذکر (1) تار برقی کا دفتر (2) تار برقی کی خبر روانہ کرنے کا مکان۔

تار لگانا (ا) فعل (1) کسی کام کا تسلسل ہوتے رہنا (2) کسی کام کا سلسلہ بندھنا۔

تار نکالنا (ا) فعل (1) کپڑے میں سے تاگے کھینچ دینا (2) پتا لگانا (3) کھوج نکالنا (4) لمبی لمبی اور باریک باریک سوئیاں بڑھانا۔

تار نہ ٹوٹنا (ا) فعل (1) تسلسل میں فرق نہ آنا (2) وار خالی نہ جانا (3) مسلسل اور متواتر کوئی کام ہوئے جانا۔

تارا (ف۔س) اسم مذکر (1) نجم (2) ستارہ (3) کوکب (4) پچھتر (5) اختر (6) نیر (7) آنکھ کی پتلی (8) مردمک چشم (9) ترمرا۔

تارا ٹوٹنا (ا) فعل۔ کسی شرارے کا آسمان سے گرنا۔

تارا ڈوبنا (ا) فعل (1) تارا غروب ہونا (2) نحوست چھانا (3) بدقسمتی ظاہر ہونا (4) برسات کے دنوں میں تاروں کی جنبش کو بھی کہتے ہیں۔

تارا سی آنکھیں ہو جانا (ا) فعل (1) آنکھوں کا دکھ جاتا رہنا (2) آنکھوں کو آرام ہو جانا (3) آنکھیں کھل جانا۔

تارا منڈل (ا) اسم مذکر (1) ستاروں کی دنیا (2) ایک قسم کی آتشبازی کا نام بھی ہے۔

تارا ہو جانا (ا) فعل (1) نہایت اونچا یا نیچا ہو جانا (2) بلندی میں آسمان سے لگ جانا (3) پستی میں بہت ہی گہرا ہونا۔

تاراج (ف) اسم مذکر (1) لوٹ (2) غارت (3) دستبرد (4) لوٹ کھسوٹ۔

تاراج کرنا (ا) فعل (1) لوٹنا (2) تباہ کرنا (3) ستیاناس کرنا۔

تارا میرا (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا بیج ہے جو سرسوں سے مشابہ ہوتا ہے اس کا تیل نکالتے ہیں۔

تارک (ع) اسم مذکر فاعل (1) ترک کرنے والا (2) چھوڑ دینے والا (3) تیاگ دینے والا۔

تارک والدنیا (ع) اسم صفت (1) دنیا کو چھوڑ بیٹھنے والا (2) درویش (3) صحرانشین (4) گوشہ گزیں آدمی (5) پرہیزگار (6) متقی۔

تارک الصلوٰۃ (ع) اسم صفت بہ ترکیب اضافی (1) نماز کو چھوڑنے والا (2) نماز نہ پڑھنے والا (3) بے نماز۔

تارنا (ہ) فعل (1) بخشنا (2) گناہ معاف کرانا (3) نجات دینا (4) پار کر دینا (5) نہال کر دینا۔

تاروں بھری رات (ا) اسم مونث (1) صاف اور کھلی رات (2) وہ رات جس میں تارے خوب کھلے ہوئے ہوں۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

**تاروں کی چھاؤں** (ا) اسم مونث ❶ تاروں کی روشنی ❷ بہت سویرا ❸ تڑکا ❹ پچھلی رات کا وقت۔

**تارے توڑنا** (ا) فعل ❶ عجیب کام کرنا ❷ عیاری کرنا ❸ چالاکی کرنا ❹ ایسا کام کرنا جو دوسروں سے نہ ہو سکے۔

**تارے چھٹکنا** (ا) فعل ❶ تاروں کا نہایت روشن ہونا ❷ مطلع بالکل صاف ہونا ❸ ابر ہٹ جانا ❹ تارے نکل آنا ❺ تارے چمکنا ❻ ستاروں کا تاباں ہونا۔

**تارے دکھانا** (ا) فعل ❶ زچہ کو چھٹی کے دن باہر لا کر آسمان دکھانا ❷ کبوتروں کو رات کے وقت باہر رہنے کی مشق اور مہارت کرانا۔

**تارے دکھائی دینا** (ا) فعل۔ دماغی صدمہ یا کمزوری کے باعث آنکھوں کے آگے ترمرا آجانا۔

**تارے کھلنا** (ا) فعل ❶ تارے نکلنا ❷ ستاروں کا طلوع کرنا ❸ تارے دکھائی دینا۔

**تارے گننا** (ا) فعل ❶ اختر شماری کرنا ❷ نہایت انتظار کرنا ❸ رات بھر جاگنا ❹ مصیبت اور پریشانی میں رات کاٹنا۔

**تاریخ** (ع) اسم مونث ❶ ایک دن رات مہینے کا ایک دن ❷ کسی چیز کے ظہور کا وقت ❸ وہ جملہ یا شعر وغیرہ جس کے عدد نکالنے سے مادہ تاریخ نکلے کسی قوم یا ملک کے متعلقہ واقعات کا مسلسل سچا تذکرہ۔

**تاریخ ٹھیرنا** (ا) فعل ❶ دن مقرر ہونا ❷ نسبت یا بیاہ یا کسی اور کام کا تقرر ہونا۔

**تاریخ کہنا** (ا) فعل ❶ کسی واقعہ کی تاریخ ❷ بحساب حروف جمل ظاہر کرنا۔

**تاریک** (ف) اسم صفت ❶ کالا ❷ سیاہ ❸ سیہ ❹ اندھیرا ❺ دھندلا۔

**تاریکی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سیاہی ❷ کالک ❸ کلونس ❹ اندھیری ❺ دھندلا پن۔

**تاڑ** (ہ) اسم مذکر۔ تاڑی کا درخت جو کھجور سے مشابہت رکھتا ہے جس میں سے تاڑی جو ایک قسم کا نشہ عراق ہے نکلتا ہے۔

**تاڑنا** (ہ) فعل ❶ جان لینا ❷ سمجھ لینا ❸ کسی چیز کو علامات کے بغیر ہی پہچان لینا ❹ قیافے اور علامات سے جان لینا ❺ نکالنا ❻ ہنکانا ❼ دھتکارنا ❽ مارنا ❾ پیٹنا۔

**تاڑو** (ہ) اسم صفت ❶ تاڑنے والا ❷ بھانپ لینے والا ❸ جانچو ❹ پرکھیا۔

**تاڑی** (ہ) اسم مونث تانیث ❶ درخت کا دودھ یا رس جس کے پینے سے نشہ ہو جاتا ہے ❷ کٹار کا قبضہ ❸ خنجر کی موٹھ ❹ کٹاری کا دستہ۔

**تاڑیا** (ہ) اسم صفت ❶ تاڑو ❷ جانچو ❸ پرکھیا ❹ بھانپو۔

**تازگی** (ف) اسم مونث ❶ طراوت ❷ تازہ ہونا ❸ پژمردگی کی ضد ❹ ہرا بھرا ہونا ❺ سرسبزی ❻ نیاپن ❼ جدت۔

**تازہ** (ف) اسم صفت ❶ ہرا بھرا ❷ سرسبز ❸ تر ❹ مرطوب ❺ شاداب ❻ جدید ❼ نیا، حال کا ❽ پیڑ کا ٹوٹا ہوا میوہ۔

**تازہ بتازہ** (ف) اسم صفت ❶ ترت کا ❷ بالکل تازہ ❸ ڈال کا ٹوٹا ❹ نیا ❺ جدید ❻ اس وقت کا ❼ حال کا۔

**تازہ خیال** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ وہ شخص جسے ہر دم نئی سوجھے ❷ موجد ❸ نئے خیال اور نئی باتیں نکالنے والا۔

**تازہ دم** (ف) اسم صفت ❶ چست ❷ مستعد ❸ توانا ❹ بے تکان۔

**تازہ کار** (ف) اسم صفت ❶ نیا کام کرنے والا ❷ عجیب ❸ انوکھا۔

**تازہ کرنا** (ا) فعل ❶ طراوت پہنچانا ❷ کملاہٹ ❸ ہٹانا ❹ یاد دلانا ❺ ہرا کرنا ❻ حقے کا پانی بدلنا ❼ بچہ بھگونا ❽ آرام دینا ❾ تکان اتارنا۔

**تازہ وارد** اسم صفت فاعلی ❶ حال میں ہی آیا ہوا ❷ نو وارد۔

**تازی** (ف) اسم صفت ❶ عرب کا رہنے والا ❷ عربی ❸ عرب کی چیز ❹ عربی شئے ❺ (اسم مذکر) عربی گھوڑا ❻ شکاری کتا۔

**تازی خانہ** (ف) اسم مذکر ظرف۔ کتوں کا طویلہ۔

**تازیانہ** (ف) اسم مذکر ❶ چابک ❷ کوڑا ❸ قمچی۔

**تازیانہ ہونا** (ا) فعل ❶ تنبیہہ ہونا ❷ چابک لگنا ❸ کوڑا لگنا ❹ طرہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہونا۔

تاسف (ع) اسم مذکر مصدر ❶ افسوس ❷ افسوس کرنا ❸ پچھتاوا ❹ پچھتانا۔

تاش (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا زری کا کپڑا جس میں تانا ریشی اور بانا بادلہ کا ہوتا ہے ❷ زربفت ❸ بادلہ ❹ تمامی ❺ گنجفہ کی طرح کا ایک کھیل۔

تاشہ (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کے باجے کا نام ہے جس کو گلے میں ڈالکر ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں۔

تافتاں (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کے موٹے کناروں والی خمیری روٹی۔

تافتہ (ف) اسم مذکر ❶ ایک طرح کا ریشمی چمکدار کپڑا ❷ گھوڑوں اور کبوتروں کا ایک خاص رنگ۔

تاقی (ا) اسم صفت ❶ مختلف رنگوں کی آنکھوں والا گھوڑا یا جانور ❷ وہ جانور جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں۔

تاک (ف) اسم مذکر ❶ انگور کی بیل ❷ انگور کا درخت۔

تاک (ہ) اسم مونث (تاکنا کا حاصل مصدر) ❶ جمی ہوئی نگاہ ❷ ٹکٹکی ❸ کمیں ❹ گھات ❺ تلاش ❻ جیسے کسی تاک میں ہو ❼ انتظار ❽ نشست ❾ نشانہ (بصورت فعل) تاکنے کا امر۔

تاک باندھنا (ہ) فعل ❶ ٹکٹکی باندھنا ❷ نشانہ باندھنا ❸ شست لگانا۔

تاک جھانک (ہ) اسم مونث ❶ حاصل مصدر دیکھ بھال ❷ تلاش ❸ جستجو ❹ نظربازی ❺ گھوراکھاری ❻ نظارہ خفیہ۔

تاک رکھنا (ہ) فعل ❶ تاڑ رکھنا ❷ پہچان رکھنا ❸ گھات میں لگے رہنا۔

تاک لگانا (ہ) فعل ❶ گھات لگانا ❷ گھورنا ❸ تلاش میں رہنا ❹ منتظر رہنا ❺ انتظار میں رہنا۔

تاکنا (ہ) ❶ گھورنا ❷ ٹکٹکی لگانا ❸ پہلے سے جان رکھنا ❹ جھانکنا ❺ چھپ کر دیکھنا ❻ پہچاننا ❼ تاڑنا ❽ نشانہ باندھنا ❾ شست لگانا۔

تاکید (ع) اسم مونث ❶ ہٹ ❷ ضد ❸ اصرار ❹ تقاضا ❺ کوشش ❻ زور دے کر کہنا ❼ بار بار کہنا ❽ سخت حکم دینا۔

تاکید کرنا (ا) فعل ❶ اصرار سے کہنا ❷ زور سے کہنا ❸ سخت تقاضا کرنا۔

تاکیداً (ع) تابع فعل ❶ زور سے تاکید ❷ نہایت اصرار سے ❸ زور دے کر۔

تاکیدی حکم (ا) اسم مذکر ❶ سخت حکم ❷ ضروری حکم ❸ سخت تقاضا۔

تاگا (ہ) اسم مذکر ❶ دھاگا ❷ ڈورا ❸ رشتہ ❹ سوت ❺ تار ❻ (پورب) آدمیوں کا محصول۔

تاگڑی/تگڑی (ہ) اسم مونث ❶ لنگوٹی باندھنے کے لئے دھاگوں کا بڑا ہوا ڈورا ❷ زنجیر کی قسم کا ایک زیور جسے امیر ہندو مرد اور عورتیں کمر میں باندھ لیتے ہیں۔

تال (ہ) اسم مذکر ❶ تالاب ❷ بڑا حوض ❸ عینک کا ہر ایک چشمہ ❹ شیشہ ❺ (اسم مونث) راگ کا سر درست رکھنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ❻ پیتل کی دو چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلہ یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں ❼ منجیرے کی جوڑی (پورب) پہلوانوں کا خم ٹھوکنا ❽ تھاپی مارنا۔

تال بے تال (ا) تابع فعل ❶ سر بے سر ❷ موقع بے موقع۔

تال دینا (ہ) فعل ❶ سر درست رکھنے کے لئے تالی بجانا ❷ گانے بجانے میں اصول قائم رکھنے کیلئے سہارا دینا۔

تال سے بے تال ہونا (ہ) فعل ❶ اصول نغمہ کے مقام سے اکھڑ جانا ❷ سر تال کا اپنے وزن پر قائم نہ رہنا ❸ سر سے باہر ہونا۔

تال میل (ہ) اسم مذکر ❶ موافقت ❷ سوز و نیت ❸ میل جول ❹ ربط صبط ❺ قرینہ سے ❻ حسب موقع ❼ مناسبت۔

تال میل کھانا (ہ) فعل ❶ موافقت ہونا ❷ سنجوگ ہونا ❸ گھل مل جانا ❹ ستارہ ملنا۔

تالا (ہ) اسم مذکر ❶ قفل ❷ جندرا، کنجی بغیر نہ کھلنے کا آلہ۔

تالا بھڑنا (ہ) فعل ❶ قفل لگنا ❷ دروازہ بند ہونا ❸ ایک قسم کی سخت بددعا ہے یعنی کوئی وارث وغیرہ نہ رہنا ❹ اوت پنوت جانا۔

تالا بھیڑنا (ہ) فعل ❶ قفل لگانا ❷ دروازہ بند کرنا ❸ کوئی ایسا بوڑھیا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

کام کرنا جو اگلی نسل سے نہ ہو سکے ❹ بڑی کرتوت کرنا۔

تالا توڑنا (ہ) فعل ❶ قفل توڑنا ❷ قفل توڑنے کا جرم کرنا۔

تالا کنجی (ہ) اسم مذکر ❶ قفل معہ چابی ❷ ہندوؤں کے بچوں کا کھیل بھی ہوتا ہے۔

تالاب (ا) اسم مذکر ❶ (تال بمعنی حوض اور آب بمعنی پانی سے مرکب ہے) ابگیر ❷ بڑا حوض، چشمہ۔

تال مکھانہ (ہ) اسم مذکر ❶ ایک چوڑے کالے سے بیج کا نام ہے جس کے معجون بناتے ہیں۔

تالو (ہ) اسم مذکر ❶ کام دہن ❷ منہ کے اوپر کی چھت ❸ دماغ کے اوپر کی چھت ❹ چندیا ❺ گھوڑے کی ایک بیماری کا نام بھی ہے۔

تالو اٹھانا (ہ) فعل ❶ بچہ ہوتے ہی دائی کا انگلیوں سے اس کے کام دہن کو درست اور باموقع کرنا ❷ کام برداشتن۔

تالو سے زبان نہ لگنا (ا) فعل ❶ برابر بکتے رہنا ❷ چپ نہ رہنا ❸ بڑبڑانا۔

تالو لٹکنا (ہ) فعل۔ تالو کا اپنی اصلی جگہ سے نیچے آ جانا۔ بوجہ مرض دہن۔

تالی (س) اسم مونث ❶ کنجی ❷ چابی ❸ کلید۔

تالی (ہ) اسم مونث ❶ کف دست ❷ ہتھیلی ❸ دستک ❹ تھپڑی ❺ دونوں ہاتھوں کے بجانے کی آواز۔

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی / تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے (ا) ضرب المثل ❶ محبت یا لڑائی جھگڑا ہمیشہ دونوں طرف سے ہوا کرتا ہے۔ ایک طرف سے کبھی نہیں ہو سکتا۔

تالی بجانا (ہ) فعل ❶ ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا ❷ گانے کے وقت مطرب تالی بجاتے ہیں۔

تالی بجنا / تالی پٹنا (ہ) فعل ❶ بدنامی ہونا ❷ رسوائی اور تضحیک ہونا۔

تالیاں بجانا / دینا (ہ) فعل ❶ ذلیل ہونا ❷ رسوا کرنا ❸ ہنسی اڑانا ❹ تمسخر اڑانا ❺ مسخرا بنانا۔

تالیف (ء) اسم مونث ❶ دو چیزوں کا باہم ملانا ❷ جمع کرنا ❸ مختلف کتابوں کے مضامین کو نئی طرز سے ترتیب دینا ❹ باہم الفت کرنا ❺ دوستی پیدا کرنا ❻ دو دلوں کو ملانا ❼ تالیف کردہ ❽ مصنفہ ❾ مولفہ۔

تالیف قلوب (ء) اسم مونث ❶ دلجوئی کرنا ❷ باہم الفت دلانا۔

تام (ء) اسم صفت ❶ پورا ❷ مکمل ❸ کامل ❹ کل ❺ تمام۔

تامجان / تام جھام (ا) اسم مذکر ❶ امیروں کی سواری کی ایک قسم ہے ❷ ہوادار ❸ نالکی۔

تامڑا (ہ) اسم مذکر ❶ یاقوت کی ادنے قسم کا جوہر ❷ بدرنگ یاقوت ❸ سیاہ یاقوت تانبے کے رنگ کا، گنجے کی کھوپڑی ❹ صاف مطلع ❺ ایک قسم کا کاغذ۔

تامس (ہ) اسم مذکر ❶ غضب ❷ غصہ ❸ خشم۔

تامسی (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ❶ خشم آلود ❷ غضبناک ❸ طالع آدمی۔

تامل (ء) اسم مذکر ❶ نہایت غور و فکر سے کسی بات کو سوچنا ❷ ڈھیل ❸ توقف ❹ دیر ❺ عرصہ ❻ صبر و تحمل ❼ برداشت ❽ شک و شبہ ❾ تذبذب۔

تاملوٹ / تاملیٹ (ا) اسم مذکر ❶ ٹین کا آبخورہ ❷ ڈونگا ❸ پانی پینے کا ٹین کا برتن۔

تامیسری (ہ) اسم مذکر بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ تانبا ❷ ایک قسم کا گنجا ❸ تانبے کے رنگ کا ❹ مسی رنگ ❺ تانبا ملا ہوا ❻ چاندی سونا۔

تان (ہ) اسم مونث ❶ سر ❷ الاپ ❸ گیت ❹ تال ❺ پلنگ یا ہوادار کا لوہا جو مضبوطی کی خاطر ارد گرد لگا دیتے ہیں ❻ ایک درخت کا نام بھی ہے۔

تان اڑانا (ہ) فعل ❶ گانا ❷ الاپنا ❸ کسی لے یا طرز کا حاصل کر لینا۔

تان بھرنا / تان لینا / تان مارنا (ہ) فعل گاتے وقت ایک خوشنما اور عمدہ انداز سے بعض سروں کو دوبارہ سہ بارہ زبان سے نکالنا۔

تان توڑنا (ہ) فعل ❶ طعنہ دینا ❷ اور تان لینا ❸ احسان جتانا ❹ مورد طعن بنانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

تان کی جان (ا) اسم مونث ❶ اصل مدعا حاصل مطلب ❷ خلاصہ، مقصد۔

تان کے مان (ا) تابع فعل ❶ عین موقع پر ❷ اصل مطلب کے درمیان ❸ دوسرے کام کے ہونے اور مکمل ہونے میں کسی اور بات کا ذکر ❹ دوران گفتگو میں ❺ اثنائے کلام میں۔

تانا (ا) اسم مذکر ❶ وہ لمبا اور طویل تاروں کا مجموعہ جسے جولاہے بننے کے واسطے ترتیب دیتے ہیں ❷ تار۔

تانا بانا (ا) اسم مذکر ❶ تارو پود ❷ خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا بانا کرنا (ا) فعل ❶ ہیرا پھیری کرنا ❷ بے فائدہ چکر لگانا ❸ خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا (ہ) فعل ❶ گرم کرنا ❷ پگلانا ❸ تپانا ❹ تاؤ دینا ❺ آزمانا ❻ تجربہ کرنا ❼ امتحان کرنا۔

تانبا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک دھات کا نام ہے ❷ نحاس ❸ گوشت کا تکا جو شکاری پرندوں باز وشاہیں وغیرہ کو کھلاتے ہیں ❹ بن چربی کا گوشت۔

تانبا سا (ہ) اسم صفت ❶ تانبے کی طرح کا ❷ کم سرخ ❸ گلابی۔

تانب چون (ہ) اسم مذکر ❶ تانبے کا برادہ ❷ جیسے لوہ چون لوہے کا برادہ۔

تانبے کا تار نہیں (ا) نہایت کنگال اور مفلس ہے۔ وہ عورت جس کے پاس زیور کے نام چھلا تک بھی نہ ہو۔

تانت (ہ) اسم مونث ❶ بھیڑ، بکری، گائے وغیرہ کی وہ انتڑی جسے بٹ کر کمان غلیل اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں ❷ سارنگی کا تار ❸ جولاہوں کا راچھ۔

تانت باجی راک پایا (ہ) محاورہ۔ قرینہ سے ہی مطلب تاڑ لیا جاتا ہے۔

تانت باندھنا (ہ) فعل ❶ تاگا باندھنا ❷ نشانی باندھنا۔

تانت سا (ہ) اسم صفت ❶ ترکیب تشبیہی ❷ از حد لاغر ❸ نہایت دبلا۔

تانتا (ہ) اسم مذکر ❶ سلسلہ ❷ تسلسل ❸ قطار ❹ لازگا تیر۔

تانتا بندھنا (ہ) فعل ❶ قطار ہونا ❷ سلسلہ قائم ہونا ❸ لگا تار ہونا۔

تان تروز (ا) اسم مذکر ❶ مہنہ ❷ طعنہ ❸ آوازہ ❹ اشارہ ❺ کنایہ۔

تانتڑی (ہ) اسم مونث ❶ تانت کی تصغیر ❷ بذریعہ ڑی حرف تصغیر ❸ چھوٹی سی تانت ❹ نہایت دبلا پتلا ❺ منحنی۔

تانتڑی سا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی ❶ نہایت دبلا ❷ بے حد لاغر۔

تانتوا (ہ) اسم مذکر ❶ فتق ❷ آنت اتر آنے کی بیماری۔

تانتی (ہ) اسم مونث ❶ تانتا کی تانیث ❷ سلسلہ ❸ قطار ❹ اولاد ❺ بال بچے ❻ جلاہا ❼ نور باف ❽ پاچہ باف ❾ سفید باف۔

تانتیا (ہ) اسم صفت ❶ نہایت دبلا ❷ بے حد لاغر ❸ تانت سا۔

تانسنا (ہ) فعل ❶ ڈانٹنا ❷ ڈرانا ❸ دھمکانا ❹ گھرکنا ❺ تنبیہہ کرنا ❻ سختی و جبر کرنا ❼ بھوکا مارنا ❽ خوراک تھوڑی دینا ❾ برا کہنا۔

تان سین (ہ) اسم مذکر ❶ ہندوستان کے نامی نایکوں میں چھٹا نایک ہے ❷ ذات کا برہمن تھا ❸ بڑا کلانوت اور فن موسیقی کا استاد ہوا ہے۔

تان کے (ہ) تابع فعل ❶ کھینچ کے ❷ زور سے ❸ چٹاخ سے ❹ دبا کر۔

تانگا/تانگہ (ہ) اسم مذکر ❶ رہڑو ❷ چار سواری کی دو پہیہ گاڑی جس کی نشست گاہیں ٹم ٹم سے نیچی ہوتی ہیں۔

تاننا (ہ) فعل ❶ کسنا ❷ کھینچنا ❸ جکڑنا ❹ جھول دور کرنا ❺ مقدمہ دائر کرنا ❻ قید کرنا جیسے وہ دو برس کو تانا گیا ❼ بھیجنا، ارسال کرنا ❽ روانہ کرنا جیسے خط تاننا۔

تانی (ع) اسم مونث ❶ تاخیر دیر ❷ درنگ ❸ توقف ❹ وقفہ ❺ تاخیر کرنا ❻ دیر لگانا ❼ غفلت ❽ سستی ❾ کاہلی۔

تانی (ہ) اسم مونث ❶ تانا کی مونث یا تصغیر ❷ چھوٹا سا تانا ❸ گوٹا کناری ٹانکنے کی نخ۔

تانیث (ع) اسم مونث ❶ مونث ہونا ❷ مونث۔

تاؤ (ہ) اسم مذکر ❶ تایا ❷ باپ کا بڑا بھائی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**تاؤ** (ہ) اسم مذکر ① گرمی ② حرارت ③ تاب ④ تاپ بخار ⑤ تپ ⑥ پگلاؤ۔

**تاؤ آنا** (ہ) فعل ① کسی دھات کا تپ جانا ② لوہے وغیرہ کا گرم ہو کر سرخ ہو جانا ③ چکر کھانا ④ چرخ کھانا ⑤ پگل جانا ⑥ جوش کھانا جیسے خون تاؤ کھا گیا ⑦ غصہ آنا ⑧ جھنجھلانا۔

**تاؤ بند** (ا) اسم مذکر۔ وہ دوائی جس کی تاثیر سے چاندی یا سونے کا گھوٹ چرخ دینے پر بھی ظاہر نہ ہو۔

**تاؤ بھاؤ** (ہ) اسم صفت ① ذرا سا ② بہت ہی کم ③ کسی قدر۔

**تاؤ پیچ** (ہ) تابع فعل ① پیچ وتاب ② غم وغصہ۔

**تاؤ دینا** فعل ① گرمانا ② گرم کرنا ③ تانا ④ تپانا ⑤ پگلانا ⑥ چرخ دینا ⑦ آنچ دینا ⑧ لال کرنا ⑨ بل دینا۔

**تاؤ کھانا** (ہ) فعل ① سرخ ہونا ② آنچ سے لال ہو جانا ③ قوام جل جانا ④ اینٹھنا سخت ہو جانا ⑤ پگلنا ⑥ رقیق ہو جانا ⑦ کشتہ کا آنچ کھا جانا ⑧ غضب ظاہر کرنا۔

**تاؤ لگنا** (ہ) فعل ① آنچ لگنا ② خوب گرم ہونا۔

**تاوا** (ہ) اسم مذکر ① چکر ② گردش ③ کبوتروں کا مکان گرد چکر کھانا۔

**تاوا دینا یا کھلانا** (ہ) فعل۔ کبوتروں کو چکر دینا۔

**تاوان** (ف) اسم مذکر ① ڈنڈ ② ڈانڈ ③ جرمانہ ④ بدلہ عوض ⑤ دیت ⑥ قصاص ⑦ کفارہ ⑧ ہرجہ ⑨ چٹی۔

**تاول** (ہ) اسم مونث ① جلدی ② شتابی۔

**تاولا** (ہ) اسم صفت ① لاف فاعلی ② جلد باز ③ شتابی کرنے والا ④ مضطرب۔

**تاولا سو باولا** (ہ) مثل۔ جلد باز دیوانہ اور پاگل ہوتا ہے۔

**تاولی** (ہ) اسم مونث ① جلدی ② شتابی ③ تعجیل۔

**تاویل** (ع) اسم مونث ① کسی بات کو اصل کے خلاف بیان کرنا ② کسی بات کو دوسری طرح کہنا ③ عذر ④ عذر بیجا ⑤ بچاؤ کی دلیل۔

**تاہم** (ف) حرف ربط ① پھر بھی ② تو بھی ③ اس پر بھی ④ باوجودیکہ ⑤ تس پر بھی۔

**تائی** (ہ) اسم مونث ① بڑی چچی ② باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔

**تایا** (ہ) اسم مذکر ① تاؤ ② باپ کا بڑا بھائی ③ بڑا چچا۔

**تائب** (ع) اسم مذکر فاعل ① توجہ کرنے والا ② گناہ سے باز آنے والا ③ پچھتانے والا ④ گناہ چھوڑ دینے والا۔

**تائید** (ع) اسم مونث ومصدر ① طاقت دینا ② مضبوطی ③ استحکام ④ مدد ⑤ اعانت ⑥ حمایت ⑦ رعایت ⑧ طرفداری ⑨ دعوے کے استحکام کی دستاویز۔

**تائید کرنا** (ا) فعل ① مدد کرنا ② سہارا دینا ③ حمایت کرنا ④ ساتھ دینا۔

**تائید کلام** (ع) اسم مونث ① کلام کو تقویت دینا ② بات کی پچ کرنا ③ سخن پروری۔

**تایس/ تائیس** (ہ) اسم مونث ① خسر کے بڑے بھائی کی بیوی ② زوجہ کی تائی ③ خاوند کی تائی۔

**تایسرا/ تائیسرا** (ہ) اسم مذکر ① خسر کا بڑا بھائی ② زوجہ کا تایا ③ خاوند کا تایا۔

## ت ← ب

**تب** (ف) اسم مذکر ① تاب کا مخفف ہے ② گرمی ③ حرارت ④ بخار ⑤ تپ۔

**تب** (ہ) ظرف زمان ① بعد ازاں ② پھر ③ اس وقت ④ تو (حرف جزا) تو جب کا جواب۔

**تب بھی** (ہ) تابع فعل ① تاہم ② پھر بھی ③ اس پر بھی۔

**تب تک** (ہ) جب تک۔ اس وقت تک۔

**تب ہی** (ہ) تابع فعل ① اسی وقت جب ہی، اسی سبب سے ② اسی وجہ سے۔

**تبارک** (ع) اسم صفت ① بڑا بزرگ ② عالی ③ (اسم مونث) قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام ہے ④ اسم مذکر، مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم ہے جو ماہ رجب میں اکتالیس بار سورۃ تبارک پڑھ کر ادا کی جاتی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ہے۔
تبارہ (ا) صفت ❶ تیسری دفعہ ❷ سہ کرد۔
تباسی (ہ) اسم صفت۔ تین دن کی باسی چیز۔
تباہ (ف) اسم صفت ❶ برباد ❷ خراب ❸ ویران ❹ اُجاڑ ❺ شکستہ ❻ خستہ ❼ جہاز کے ساتھ ❽ غرقاب ❾ غرق شدہ کے معنی دیتا ہے۔
تباہ حال (ف) اسم صفت ❶ خستہ حال ❷ ذلیل حالت والا۔
تباہ کرنا (ا) فعل ❶ برباد کرنا ❷ ویران کرنا ❸ اجاڑنا ❹ ضائع کرنا ❺ لٹانا ❻ دیوالہ نکالنا ❼ مفلس بنانا ❽ ڈبونا ❾ ستیاناس کرنا۔
تباہ ہونا (ا) فعل ❶ برباد ہونا ❷ ویران ہونا ❸ اجڑنا ❹ ضائع ہونا ❺ لٹنا ❻ دیوالہ نکلنا ❼ مفلس ہونا ❽ غرق ہونا ❾ ڈوبنا۔
تباہی (ف) اسم مونث ❶ بربادی ❷ خرابی ❸ ویرانی ❹ ذلت ❺ رسوائی ❻ آفت مصیبت۔
تباہی زدہ (ف) اسم صفت ❶ مصیبت زدہ ❷ مصیبت کا مارا ❸ بدبخت ❹ بدنصیب ❺ فلک زدہ ❻ تباہی کا مارا۔
تباین (ء) اسم مذکر ❶ تفاوت ❷ فرق ❸ جدا جدا ہونا ❹ دو چیزوں کا فرق ❺ خلاف ❻ نقیض ❼ الٹ۔
تبحر (ء) اسم مذکر ❶ بحر علم میں غوطا لگانا ❷ نہایت عالم ہونا ❸ علامہ ہونا ❹ کسی علم یا فن میں غایت درجہ کا کمال ہونا۔
تبخیر (ء) اسم مونث ❶ بخارات بننا ❷ بھاپ ❸ مہک، ہلکی سی حرارت ❹ خفیف سا بخار ❺ وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے ہیں اور قدرے جسم کو گرم کر دیتے ہیں۔
تبدل (ء) اسم مذکر ❶ بدل ❸ بدلنا ❹ بدل ڈالنا ❺ بدل جانا۔
تبدیل (ء) اسم مونث ❶ و مصدر بروزن تفعیل ❷ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا ❸ نقل مکانی ❹ بدلنا ❺ پٹنا۔
تبدیل آب و ہوا (ہ) پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کو دوسری جگہ جانا۔
تبدیل کرنا (ا) فعل ❶ بدل ڈالنا ❷ بدلی کرنا ❸ لباس بدلنا۔
تبدیل مکان (ف) اسم مذکر ❶ گھر بدلنا ❷ جگہ بدل لینا۔
تبدیل ناجائز (ء) اسم مذکر۔ تمسک وغیرہ میں جعل سازی سے کچھ کا کچھ کر دینا۔
تبدیل ہیئت کرنا (ا) فعل ❶ بھیس بدلنا ❷ روپ دھارنا ❸ دھوکا دینے کے واسطے صورت بدلنا۔
تبدیلی (ا) اسم مونث ❶ بیائے زائدہ بدلی ❷ پلٹی ❸ نوکر کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدل جانا۔
تبر (ف) اسم مذکر ❶ کلہاڑی ❷ لکڑی کاٹنے کا ایک اوزار ❸ نیز ایک ہتھیار کا نام بھی ہے۔
تبرا (ء) اسم مذکر ❶ نفرت ❷ تنفر ❸ بیزاری ❹ لعن طعن۔
تبرا بھیجنا (ا) فعل ❶ نفرت کرنا ❷ لعنت بھیجنا ❸ کراہت ❹ ظاہر کرنا ❺ نفرت بدلنا۔
تبرا کرنا (ا) فعل ❶ برا بھلا کہنا ❷ لعنت ملامت کرنا۔
تبرائی (ء) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ تبرا کرنے والا۔
تبرک (ء) اسم مذکر و مصدر ❶ وہ شئے جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو ❷ تحفہ ❸ پرشاد ❹ ہدیہ ❺ کسی بزرگ کا پس خوردہ ❻ ختم فاتحہ کی چیز ❼ بزرگ کا عطیہ ❽ (بحالت صفت) قلیل ❾ تھوڑا سا، ذرا سا۔
تبرکاً (ء) تابع فعل ❶ بخیال برکت ❷ برکت لینے کی امید سے ازروئے تبرک ❸ بطور برکت ❹ (بحالت صفت) قدر قلیل تھوڑا سا۔
تبرکاً و تیمناً (ء) تابع فعل ❶ یمن و برکت کے طور پر ❷ مبارک اور متبرک سمجھ کر۔
تبرکات (ء) اسم مذکر ❶ تبرک کی جمع ❷ برکت حاصل کرنے کی چیزیں ❸ وہ چیزیں جو بزرگان دین کی نشانیاں سمجھ کر رکھی جائیں۔
تبرید (ء) اسم مونث و مصدر ❶ ٹھنڈا کرنا ❷ ٹھنڈائی ❸ ٹھنڈی دوا۔
تبسم (ء) اسم مذکر و مصدر ❶ خندہ زیر لب ❷ مسکراہٹ ❸ وہ ہنسی جس میں لب نہ کھلیں۔
تبلی (ا) اسم مونث ❶ توشہ دان ❷ توسدان ❸ بندوق کے کارتوس رکھنے کا چھوٹا سا بکس ❹ پردہ، جو ستار یا طنبور کے تونبے پر لگایا جاتا ہے۔
تبعیت (ء) اسم مونث ❶ تابعداری ❷ اِتباع ❸ پیروی ❹ تقلید ❺ فرمانبرداری۔
تبلیغ (ء) اسم مونث و مصدر پہچانا ❶ کہہ دینا ❷ اصطلاح میں شرعی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218
www.besturdubooks.net

احکام کا عام لوگوں یا دوسرے مذہب والوں تک پہنچا دینا۔

## ت ← پ

**تپ** (س) اسم مذکر ① گرمی ② حرارت ③ بخار ④ دھونی ⑤ مالگزیاں دھیان میں لگنا ⑥ تپسیا ⑦ روحی ⑧ یا قلبی عبادت۔

**تپ** (ف) اسم مونث ① گرمی کا بخار ② حرارت جو مادّہ کے سڑ جانے سے جسم میں پیدا ہو۔

**تپ اترنا** (ا) فعل ① بخار کم ہونا ② بخار دھیما ہونا۔

**تپ چڑھنا** (ا) فعل ① بخار سے بدن کا جلنے لگنا ② بخار کا دورہ ہونا ③ بدن گرم ہونا ④ بخار کا جسم پر ظاہر ہونا۔

**تپ دق** (ف) اسم مونث ① تب کہنہ ② تپ استخوانی ③ وہ بخار جس سے اعضائے رئیسہ میں حرارت غریبی سرایت کر کے بدن کی رطوبت کو سکھا دیتی ہے ④ بڑا آزار۔

**تپ لرزہ** (ف) اسم مونث ① سردی کا بخار ② جڑ۔

**تب نوبت یا تب نوبہ** (ف) اسم مونث۔ باری کا بخار۔

**تپاک** (ف) اسم مذکر ① بے قراری ② بے تابی ③ دھڑکن جیسے تپاک قلب ④ فرط محبت گرمجوشی ⑤ گرمی ⑥ آو بھگت ⑦ خاطر تواضع ⑧ عشق۔

**تپانا** (ہ) فعل ① گرم کرنا ② تاؤ دینا ③ سونے چاندی وغیرہ کو آگ میں دے کر دیکھنا ④ دکھ دینا ⑤ تکلیف پہنچانا ⑥ سخت ناراض کرنا ⑦ جیسے بس مجھے زیادہ نہ تپاؤ۔

**تپائی** (ا) اسم مونث ① بنچ ② تین پایوں کی چوکی ③ سہ پائی۔

**تپڑ** (ہ) اسم مونث و مذکر۔ ٹاٹ کی گدی جس پر نئے لوگ بیٹھتے ہیں۔

**تپش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از تپیدن گرمی ① حرارت ② تمازت ③ سوزش ④ جلن ⑤ اضطراب ⑥ بے چینی ⑦ بے قراری۔

**تپشیا** (ہ) اسم مونث ① جسم کو تکلیف دے کر عبادت کرنا ② دھوتی رما کر پرستش کرنا ③ نفس کے خلاف کر کے گیان و دھیان میں لگنا۔

**تپک** (ت) اسم مونث و مذکر۔ توپ کی تصغیر۔

**تپک مارنا** (ا) فعل ① توپ چلانا ② بہادری کا کام کرنا ③ جرات دکھانا۔

**تپک** (ا) اسم مونث ① چیک پکے ہوئے پھوڑے کی ٹیس ② راد کی کھولاہٹ، پھوڑے میں پاک کی کھولن ③ ضربان۔

**تپکنا** (ا) فعل ① زخم میں ٹیسیں ہونا ② چیک مارنا ③ ہولیں اٹھنا۔

**تپنا** (ہ) فعل ① گرم ہونا ② جلنا ③ بھکنا ④ رعب بیٹھنا ⑤ جلال بیٹھنا جیسے آجکل ان کی حکومت خوب تپ رہی ہے ⑥ بھاگوان ہونا ⑦ صاحب نصیب ہونا ⑧ دھونی ہونا ⑨ دھونی کے سامنے سیکنا۔

**تپو بن** (ہ) اسم مذکر ① تپشیا کرنے کا بن ② وہ جنگل جہاں جوگی لوگ جا کر تپ کرتے ہیں ③ ہردوار کے قریب ایک تیرتھ کا نام ہے ④ جہاں سنیاسی جوگی جا کر رہتے ہیں۔

**تپی یا تپسی** (ہ) اسم مذکر فاعل ① بیائے فاعلیت ② تپشیا کرنے والا ③ عابد ④ رشی۔

## ت ← ت

**تت** (ہ) اسم مذکر ① ست ② روح ③ عطر ④ مغز ⑤ طاقت ⑥ کسی چیز کا جوہر ⑦ ذاتی ⑧ پونجی ⑨ راس المال۔

**تتا** (ہ) اسم صفت ① گرم ② تیز گرم ③ جلنا ④ ہوا ⑤ تند ⑥ تیز مزاج ⑦ عصبان ⑧ غضبناک ⑨ جری۔ بہادر۔ شجاع۔

**تتا توا** (ا) اسم صفت بہ ترکیب تشبیہی ① گرم توا ② گرم تو اسا ③ تابہ ④ سوزاں ⑤ لڑاکا ⑥ فسادی ⑦ جھگڑالو۔

**تتبع** (ء) اسم مذکر و مصدر ① پیروی ② نقل ③ ریس۔

**تتر بتر** (ہ) اسم صفت ① تار بتار ② پریشان ③ الگ الگ ④ متفرق ⑤ جدا جدا۔

**تتری** (ہ) اسم مونث ① بہت غصے والی عورت ② جنم جلی ③ تیز مزاج ④ نہایت بخیل۔

**تتری نے دیا جنم جلی نے کھایا۔ جیب چلی نہ سواد آیا** (ہ) مثل برے سے برے کو فائدہ پہنچا ① کسی نیک کا بھلا نہ ہوا ② باہم ہی فائدہ اٹھانے کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔

**تتکال** (ہ) تابع فعل ① ترت ② فوراً ③ اسی وقت۔

**تتلانا** (ہ) فعل ① لکنت کرنا ② صاف نہ بولنا ③ رک رک کر بولنا۔

**تتلی** (ہ) اسم مونث ① تیتری ② بھنبیری۔

**تتمبا** (ا) اسم مذکر (عود) دقت ① دشواری ② جھگڑا ③ بکھیڑا ④

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

مشکل۔

تتمہ (ع) اسم مذکر ❶ بقیہ ❷ باقی ماندہ ❸ بچا ہوا ❹ کتاب یا عبارت کا وہ حصہ جو اسی کتاب کے متعلق اسی کے اخیر میں لگا دیتے ہیں ❺ ضمیمہ ❻ خاتمہ۔

تتھ (ہ) اسم مونث ❶ ہندی مہینوں کے دن ❷ چاند کی تاریخ۔

تتھا (ہ) اسم مونث ❶ طاقت ❷ زور ❸ بوتا ❹ بل ❺ قابلیت ❻ لیاقت ❼ (بحالت صفت) ویسا ❽ اسی طرح کا حرف تشبیہ ہے ❾ جیسے جتھا راجہ تتھا پرجا یعنی جیسا بادشاہ ویسی ہی رعیت۔

تتہرا (ہ) اسم مذکر۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔

تتی (ہ) اسم مونث ایک چھوٹا سا ٹونٹی دار برتن جس سے بچے پانی پیا کرتے ہیں۔

تتیا (ہ) اسم مذکر ❶ لال رنگ کی بھڑ ❷ ایک قسم کی تیز ڈنگ اور زہر دار بھڑ جس کے ڈنگ مارنے سے جسم سوج جاتا ہے اور نہایت درد کرتا ہے ❸ (بحالت صفت) تیز چالاک ❹ پھرتیلا ❺ چریرا ❻ ذہین۔

تتیا مرچ (ہ) اسم مونث ❶ ایک کی مرچ لال جو نہایت چرچری ہوتی ہے (صفت میں) تیز چالاک ❷ پھرتیلا ❸ ذہین۔

## ت ← ٹ

تٹ (ہ) اسم مذکر ❶ ساحل ❷ کنارہ۔

## ت ← ث

تثلیث (ع) اسم مونث و مصدر ❶ تین حصوں میں بانٹنا ❷ عیسائیت میں خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ بیٹا ❸ روح القدس ❹ نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔

تثنیہ (ع) اسم مذکر ❶ دگنا ❷ دگنا کرنا ❸ دو صیغہ ❹ جس سے دو سمجھے جائیں جیسے طرفین ❺ والدین وغیرہ۔

## ت ← ج

تج (ہ) اسم مذکر ❶ دار چینی ❷ ایک درخت کی خوشبودار چھال ہے جو لیسدار ہوتی ہے اور دوا کے کام آتی ہے۔

تجار (ع) اسم مذکر ❶ تاجر کی جمع ❷ سوداگر لوگ۔

تجارت (ع) اسم مونث ❶ سوداگری ❷ بیوپار ❸ بنج۔

تجارتی مال (ا) اسم مذکر ❶ اسباب سوداگری ❷ سوداگری کا مال۔

تجاری (ع) اسم مذکر ❶ تیسرے دن کا بخار ❷ تیا تپ۔

تجاوز (ع) اسم مذکر و مصدر ❶ گزرنا ❷ حد سے بڑھنا ❸ لانگنا ❹ فرق ❺ تفاوت۔

تجاہل (ع) اسم مذکر و مصدر ❶ جان بوجھ کر انجان بننا ❷ اپنے تئیں نادان ظاہر کرنا ❸ ٹالنا ❹ چشم پوشی کرنا۔

تجاہل عارف/ عارفانہ (ع) اسم مذکر ❶ دیدہ دانستہ انجان بننا ❷ علم بدیع میں کسی معلوم بات کو نا معلوم طور پر بیان کر کے اس کی تمیز میں اپنی حیرانی اور ناواقفیت ظاہر کرنا۔

تجدید (ع) اسم مونث و مصدر ❶ از سر نو کچھ کام کرنا ❷ نئے سرے سے کسی کام کو کرنا ❸ ایجاد ❹ اختراع۔

تجربہ (ع) اسم مذکر ❶ آزمائش ❷ جانچ ❸ امتحان ❹ پڑتال ❺ ثبوت ❻ دلیل ❼ مشاہدہ کی اصل۔

تجربہ کار (ع) اسم صفت ❶ ہوشیار ❷ واقفکار ❸ ماہر ❹ جہاندیدہ۔

تجربہ کاری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ہوشیاری ❷ مہارت ❸ واقفیت۔

تجرد (ع) اسم مذکر و مصدر ❶ لغوی معنی عریانی ❷ ننگا ہونا ❸ اصطلاحی تنہائی ❹ علیحدگی ❺ خلوت ❻ مجرد رہنا ❼ ترک دنیا ❽ قطع تعلق ❾ دنیاوی۔

تجرید (ع) اسم مونث و مصدر ❶ عریانی ❷ تنہائی ❸ علیحدگی ❹ علم بیان کی ایک صنعت بھی ہے جس میں زوائد کو چھوڑ کر صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

تجسس (ء) اسم مذکر و مصدر ① تلاش ② جستجو ③ کھوج ④ کھوج لگانا ⑤ تحقیقات ڈھونڈنا۔

تجلّی (ء) اسم مونث و مصدر ① پردہ ہٹنا ② ظاہر ہونا ③ روشنی ④ چمک ⑤ نور ⑥ جلوہ ⑦ جھلک۔

تجمّل (ء) اسم مذکر و مصدر ① شان و شوکت ② ٹھاٹھ باٹھ ③ دھوم دھام ④ تزک وشان ⑤ احتشام۔

تجنا (ہ) فعل ① چھوڑنا ② تیاگنا ③ کنارہ کرنا ④ ترک کرنا ⑤ طلاق دینا ⑥ دست بردار ہونا۔

تجنیس (ء) اسم مونث و مصدر ① ہمجنس ہونا ② علم بدیع کی اصطلاح میں دو لفظوں کا تلفظ میں متحد اور معنوں میں مختلف ہونا۔

تجوید (ء) اسم مونث و مصدر۔ حروف کا ان کے مخارج سے ادا کرنا۔

تجویز (ء) اسم مونث و مصدر ① جائز سمجھنا ② روا رکھنا ③ رائے ④ تدبیر ⑤ فیصلہ ⑥ تصفیہ ⑦ بندوبست ⑧ انتظام ⑨ درستی۔

تجویز اخیر (ء) اسم مونث۔ اخیری فیصلہ۔

تجویز ثانی (ء) اسم مونث ① نظر ثانی ② فیصلہ کی پڑتال۔

تجھ یا تج (ہ) اسم ضمیر ① ضمیر واحد حاضر ② تو ③ تیرے۔

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے (ا) قسم یا ایفائے عہد کے لئے بولتے جو تجھ سے پھرے تو کافر ہو۔

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو (ہ) مثل ① تو اپنی فکر کر۔ تجھے غیرو سے کیا مطلب ہے ② خواہ مخواہ دوسرے کے عیب جو کو کہا کرتے ہیں۔

تجھ مجھ (ہ) تابع فعل ① اپنا بیگانہ ② ہر ایک ہر کس و ناکس۔

تجھے (ہ) اسم ضمیر واحد حاضر۔ حالت مفعولی تجھ کو۔

تجہیز و تکفین کرنا (ا) فعل ① مردہ کو کفن وغیرہ دے کر تیار کر کے دفن کرنا ② گور گڑھا کرنا ③ مردہ کو گاڑنا ④ دبانا۔

## ت ← چ

تچانا (ہ) فعل ① آگ پر رکھنا ② سینکنا ③ پگھلانا ④ تانا ⑤ گرم کرنا۔

تچنا (ہ) فعل ① گرم ہونا ② سکنا ③ پگھلنا ④ تپنا ⑤ گداختہ ہونا۔

تچھ (ہ) اسم صفت ① خالی ② تہی ③ کھوکھلا ④ ادنٰے ⑤ ناکارہ ⑥ نکما ⑦ بے وقوف ⑧ ذلیل ⑨ کمینہ۔

تچھنا (ہ) فعل ① درست ہونا ② زخمی ہونا ③ لکڑی کے کندے کا کھپیاں اتر کر صاف اور قابل استعمال ہو جانا۔

## ت ← ح

تحائف (ء) اسم مذکر ① تحفہ کی جمع ② سوغاتیں۔

تحت (ء) اسم مذکر ① نیچے کا حصہ ② قبضہ ③ اختیار ④ قابو ⑤ بس (بحالت صفت) نیچے تلے ⑥ زیر۔

تحت الثریٰ (ء) اسم مونث۔ زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔

تحت اللفظ (ء) تابع فعل ① حرف بحرف لفظی ترجمہ ② لفظوں کے معنی بالکل عین ان کے نیچے ہی لکھے ہوئے ③ مرثیہ کو بے راگ کے پڑھنا ④ جریدہ ⑤ مجرد ⑥ تنہا ⑦ دم نقد ⑧ چھڑا۔

تحت و تصرف میں لانا (ا) فعل ① قبضہ میں لانا ② قبضہ و صرف میں لانا ③ کام میں لانا۔

تحریر (ء) اسم مونث و مصدر ① آزاد کرنا ② لونڈی یا غلام کو رہا کر دینا ③ لکھت ④ نوشت ⑤ دستاویز ⑥ تمسک ⑦ وثیقہ ⑧ لکھنے کا ڈھنگ ⑨ مضمون نویسی کا انداز۔

تحریر ظہری (ء) اسم مونث ① پشت کا لکھا ہوا ② دوسری طرف کی عبارت ③ کسی کاغذ کی پیٹھ پر لکھی ہوئی عبارت۔

تحریص (ء) اسم مونث و مصدر ① لالچ دلانا ② حرص دلانا ③ رغبت دلانا ④ ورغلانا ⑤ اغواء کرنا ⑥ بہکانا ⑦ بہکاوا ⑧ اغواء ⑨ ترغیب۔

تحریف (ء) اسم مونث و مصدر ① ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف رکھ دینا ② حالت بدلنا ③ وضع بدلنا۔

تحریک (ء) اسم مونث و مصدر ① حرکت دینا ② ہلانا ③ ورغلانا ④ بہکانا ⑤ کسی بات کو چھیڑنا ⑥ شروع کرنا ⑦ برانگیختہ کرنا ⑧ کوشش ⑨ سعی۔

www.besturdubooks.net

تحس نحس (ا) اسم صفت (1) تہ و بالا (2) تباہ و برباد (3) ویران (4) خراب (5) ستیاناس (6) تباہی (7) خرابی (8) بربادی۔

تہس نحس کرنا (ا) فعل (1) ستیاناس کرنا (2) برباد کرنا (3) بگاڑ دینا (4) خراب کرنا۔

تحسین (ع) اسم مونث و مصدر (1) نیکی سے منسوب کرنا (2) سراہنا (3) تعریف کرنا (4) آفرین (5) مرحبا (6) واہ واہ (7) شاباش۔

تحصیل (ع) اسم مونث و مصدر (1) حاصل کرنا (2) آگاہی کرنا (3) وصول کرنا (4) جمع کرنا (5) اکٹھا کرنا (6) خراج (7) پھول جاتے ہیں۔

تحصیلدار (عف) اسم مذکر ترکیب فاعلی (1) وصول کرنے والا (2) محصل وہ سرکاری افسر جو کسی علاقہ کا لگان وصول کرے۔

تحصیلداری (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) تحصیلدار کا کام (2) عہدہ تحصیلداری۔

تحفہ جات (ف) اسم مذکر (1) تحفہ کی جمع (2) فارسی قاعدے پر عربی لفظ کی جمع ہے۔

تحفگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) خوبی (2) بھلائی (3) بہتری (4) فوقیت (5) عمدگی۔

تحفہ (ع) اسم مذکر (1) ہدیہ (2) سوغات (3) ارمغان (4) نذر (5) پیشکش (6) انعام (7) (بحالت صفت) انوکھا (8) طرفہ (9) عجیب۔

تحفہ یا طرفہ معجون (ع) اسم مذکر (1) عجیب آدمی (2) نرالا شخص (3) ستھرا (4) نقل قلفل (5) خوش ستھرا (6) عجیب قسم کا آدمی۔

تحقیر (ع) اسم مونث مصدر و حقیر جاننا (1) ذلیل سمجھنا (2) بے حرمتی (3) بے عزتی۔

تحقیق (ع) حقیقت معلوم کرنا (1) اصل معلوم کرنا (2) راست، صحیح، درست (3) ٹھیک (4) سچ (5) تصدیق (6) ثبوت (7) مسلم (8) یقین (9) اعتبار۔

تحقیقات (ع) اسم مونث (1) تحقیق کی جمع کھوج لگانا (2) جھوٹ سچ کا ثبوت قانونی تفتیش۔

تحکم (ع) اسم مذکر (1) جبری حکومت (2) زور آوری (3) زبردستی (4) دعوے (5) غلبہ۔

تحکم جتانا۔ تحکم کرنا (ا) فعل (1) خواہ مخواہ زبردستی جتانا (2) حکومت جتانا (3) زور آوری ظاہر کرنا۔

تحلیل (ع) اسم مونث و مصدر (1) گھلاوٹ گھلنا (2) اجزاء کا حل ہونا (3) ہاضمہ (4) بچاؤ۔

تحلیل کرنا (ا) فعل (1) پچانا (2) ہضم کرنا (3) گلانا (4) گھلانا (5) حل کرنا (6) ایک جان کرنا (7) کسی چیز کو پگھلا کر فنا کرنا (8) دبلا کرنا (9) لاغر کرنا۔

تحلیل ہونا (ا) فعل (1) پچنا (2) ہضم ہونا (3) گھلنا (4) حل ہونا (5) ایک جان ہونا (6) دبلا ہونا (7) لاغر ہونا (8) مرجانا (9) دم نکل جانا۔

تحمل (ع) اسم مذکر مصدر (1) برداشت (2) سہارا (3) صبر (4) صبر کرنا (5) برداشت کرنا (6) سمائی کرنا (7) اسہارنا (8) اٹھانا۔

تحویل (ع) اسم مونث مصدر (1) بھرنا (2) لوٹنا (3) سپرد کرنا (4) حوالے کرنا (5) امانت (6) دھرودر (7) سرمایہ (8) خزانہ (9) پونجی۔

تحویل دار (عف) اسم مذکر (1) خزانچی (2) امین۔

تحیر (ع) اسم مذکر مصدر (1) اچنبھا (2) حیرانی (3) حیرانگی ہونا (4) تعجب۔

## ت ← خ

تخت (ف) اسم مذکر (1) چوکی (2) بادشاہ کے بیٹھنے کی کرسی (3) سنگھاسن (4) سند (5) گدی (6) سریر (7) اورنگ (8) دار السلطنت (9) دار الخلافہ۔

تخت بخت (ف) کلمہ دعائیہ (1) سہاگ بھاگ (2) راج سہاگ۔

تخت پر بٹھانا (ا) فعل (1) بادشاہ بنانا (2) حکومت دینا (3) حاکم بنانا۔

تخت پوش (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی (1) تخت ڈھانپنے کی چادر (2) تخت کی چادر۔

تخت چڑھنا (ا) فعل (1) پلنگ پر جانا (2) چارپائی پر چڑھنا (3) سونا (4) آرام کرنا۔

تخت چھوڑنا (ا) (1) بادشاہی چھوڑ بیٹھنا (2) راج تیاگنا (3) سلطنت چھوڑنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**تخت رواں** (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ① ہوادار ② وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے ③ شادیوں میں لڑکوں کے ناچنے کا تخت ④ اڑن کھٹولا۔

**تخت سلیمان/ سلیمانی** (ف) اسم مذکر ① حضرت سلیمان علیہ السلام کے بیٹھ کر چلنے کا تخت جس کو ہوا اڑا کر لیجایا کرتی تھی ② سرینگر کے قریب ایک پہاڑ کا نام بھی ہے۔

**تخت سے اتارنا** (ا) فعل ① بادشاہی سے معزول کرنا ② سلطنت چھین لینا۔

**تخت طاؤس** (ف) اسم مذکر۔ اس تخت کا نام تھا جسے شاہجہان نے چھ کروڑ کی لاگت سے بنوایا تھا۔ اور جسے نادر شاہ ۳۰۵۰ء میں ہندوستان سے لوٹ کر ایران لے گیا تھا۔

**تخت کا تختہ ہونا** (ا) فعل ① بادشاہی کا جاتا رہنا ② تباہی آ جانا ③ بربادی ہونا۔

**تخت کی رات** (ا) اسم مونث ① بیاہ کی رات ② شب طلوت ③ سہاگ رات۔

**تخت گاہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① دار الخلافہ ② بادشاہ کے رہنے کی جگہ ③ راج دھانی ④ دار السلطنت۔

**تخت نشین** (ف) اسم فاعل مذکر ① تخت پر بیٹھنے والا ② بادشاہ ③ حاکم۔

**تخت نشینی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تخت پر بیٹھنا ② راج تلک۔

**تختہ** (ف) اسم مذکر ① پڑا ② لکڑی کا چوڑا لکڑا ③ چوب پارہ ④ لوح ⑤ تختی ⑥ پٹی ⑦ کاغذ کا تاؤ ⑧ جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا ⑨ چوکی۔

**تختہ الٹنا** (ا) فعل ① آباد جگہ کا ویران ہونا ② شہر اجڑنا۔

**تختہ بندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① لکڑی کے تختوں کی دیوار یا فرش ② کیاریوں کا باسلیقہ اور باقرینہ ہونا۔

**تختہ پل** (ف) اسم مذکر۔ کواڑ کی طرح بند اور کھل جانے والا پل جو خندق کے اوپر قلعہ میں آنے جانے کے لئے بنالیا کرتے ہیں۔

**تختہ تابوت** (ف) اسم مذکر ① ارتھی ② جنازہ، وہ صندوق یا تختہ جس پر مردہ کو لے جاتے ہیں۔

**تختہ تباہ ہونا** (ا) فعل ① شہر کا برباد ہو جانا ② ملک ویران ہو جانا ③ کھیت یا کیاری وغیرہ کا اجڑ جانا۔

**تختہ تعلیم/ مشق** (ف) اسم مذکر ① لڑکوں کے لکھنے اور مشق کرنے کی پٹی ② لوح ③ وہ چیز جو بہت استعمال میں آوے۔

**تختہ گردن** (ف) اسم مذکر ① وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر نہ مڑے ② سخت اور موٹی گردن کا گھوڑا۔

**تختہ نرد** (ف) اسم مذکر ① وہ تختہ جس پر نروں رکھ کر کھیلتے ہیں ② شطرنج کے جواب میں ایک کھیل کا نام۔

**تختہ ہو جانا** (ا) فعل ① اکڑ جانا ② سخت ہو جانا ③ جکڑا جانا۔

**تختی** (ا) اسم مونث بیائے تصغیر ① چھوٹا تختہ ② لوح ③ پٹی ④ تختہ مشق ⑤ چاندی ⑥ عقیق وغیرہ پر کھدا ہوا نقش جو بچوں کے گلے میں دفعیہ نظر بد کے لئے ڈال دیتے ہیں۔

**تخریب** (ع) اسم مونث و مصدر ① خرابی ② تباہی ③ بربادی ④ ویرانی ⑤ ابتری ⑥ بیخکنی کرنا ⑦ خرابی ڈالنا ⑧ قلع وقمع کرنا۔

**تخصیص** اسم مونث و مصدر۔ خصوصیت مخصوص کرنا۔

**تخفیف** (ع) اسم مونث و مصدر ① کمی نعصادر ② بوجھ ہلکا کرنا ③ خرچ کی کمی ④ فاقہ ⑤ آرام۔

**تخفیف کرنا** (ا) فعل ① کمی کرنا ② گھٹانا ③ خرچ ④ تھوڑا کرنا ⑤ نوکر کم کرنا ⑥ توڑنا ⑦ موقوف کرنا۔

**تخفیف میں آنا** (ا) فعل ① موقوف ہو جانا ② برخاست ہونا ③ ٹوٹ جانا۔

**تخلص** (ع) اسم مذکر و مصدر ① تفغل ② چھٹکارا ③ چھٹکارا ہونا ④ بچاؤ ⑤ بچنا ⑥ شاعر کا وہ مختصر سا نام جو شعروں میں آتا ہے۔

**تخلیہ** (ع) اسم مذکر ① خلوت ② تنہائی ③ اکیلا پن ④ ایکانت ⑤ علیحدگی۔

**تخم** (ف) اسم مذکر ① بیج ② بیضہ ③ انڈا ④ فایہ ⑤ اولاد ⑥ نسل ⑦ گٹھلی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

تخم بالنگو/تخم بالنگا (ا) اسم مذکر ❶ علسی کا بیج ❷ ایک قسم کے بیج ہوتے ہیں جو پانی میں ڈالنے سے پھول جاتے ہیں۔
تخم تاثیر صحبت کا اثر (ا) نسل نطفہ کا اثر ضرور ہوتا ہے۔
تخم ریحاں (فع) اسم مذکر۔ ناز بوز کے بیج۔
تخم ریزی (ف) اسم مونث ❶ بیج بونا ❷ بوائی ❸ بوارا ❹ تخم افشانی۔
تخم کتان (ا) اسم مذکر ❶ السی کا بیج ❷ السی۔
تخمہ (ء) اسم مذکر ❶ بدہضمی کی ایک خاص قسم کی قے ہے جو غذا کے فساد سے پیدا ہوجاتی ہے ❷ بخلاف ہیضہ کے کہ وہ خلطوں کے فساد سے ہوتا ہے۔
تخمہ نکلنا (ا) فعل۔ کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسوں کا نکلنا۔
تخمیناً (ء) تابع فعل ❶ اندازاً ❷ قیاس سے قریب قریب ❸ کم وبیش۔
تخمینہ (ء) اسم مذکر ❶ اندازہ ❷ بجٹ ❸ قیاس۔
تخویف (ء) اسم مونث و مصدر ❶ ڈر ❷ خوف ❸ دھمکی ❹ خوف دلانا۔
تخویف مجرمانہ (ف) ❶ ناجائز دھمکی ❷ بدنیتی سے ڈرانا۔

## ت ← د

تداخل (ء) اسم مذکر و مصدر ❶ ایک دوسرے میں داخل ہونا ❷ گھسنا۔
تدارک (ء) اسم مذکر و مصدر ❶ تفاعل ❷ لغت میں گم شدہ چیز کے پانے کو کہتے ہیں ❸ تلافی ❹ پاداش ❺ بدلہ ❻ سزا ❼ دادرسی ❽ تدبیر ❾ بندوبست۔
تدارک کرنا (ا) فعل ❶ سزا دینا ❷ تلافی کرنا ❸ تیاری کرنا ❹ انتظام۔
تدبیر (ء) اسم مونث و مصدر ❶ کسی کام کا انجام و آغاز سوچنا ❷ علاج ❸ چارہ ❹ درمان ❺ تجویز ❻ بندوبست ❼ جتن ❽ کوشش ❾ فکر و اندیشہ۔
تدریج (ء) اسم مونث و مصدر ❶ رجہ دینا ❷ نبردار لگانا ❸ درجہ بدرجہ ❹ تھوڑا تھوڑا۔
تدریس (ء) اسم مونث و مصدر ❶ درس دینا ❷ سبق پڑھانا ❸ تعلیم ❹ پڑھائی۔
تدھار (ہ) اسم مذکر ❶ تین دھاروں کے ملاپ کی جگہ ❷ وہ مقام جہاں تین دریا ملتے ہوں ❸ ایک قسم کا تھوہڑ جس کے تنے پر کانٹوں کی صرف تین ہی قطاریں ہوں۔
تدوین (ء) اسم مونث و مصدر ❶ دیوان جمع کرنا ❷ ترتیب دینا ❸ تالیف کرنا۔
تدین (ء) اسم مذکر و مصدر ❶ دینداری ❷ پرہیزگاری ❸ دیانتداری ظاہر کرنا۔

## ت ← ذ

تذبذب (ء) اسم مذکر ❶ دبدھا ❷ دگدا ❸ دہ دلا ہونا ❹ متردد ہونا ❺ شک وشبہ۔
تذکرہ (ء) اسم مذکر ❶ ذکر ❷ بیان ❸ یادداشت ❹ یادگار ❺ چرچا ❻ اغواء ❼ تاریخ ❽ واقعات کا بیان ❾ سرگزشت۔
تذکیر (ء) اسم مونث و مصدر تفعیل ❶ مذکر ہونا ❷ مردیت ❸ نر ہونا ❹ نرپنا ❺ ذکر کرنا ❻ ذکر الٰہی کرنا۔

## ت ← ر

تر (ہ) اسم مذکر ❶ وہ لکڑی جس پر جولاہے بنتے وقت کپڑا لپیٹتے جاتے ہیں ❷ وہ بیلن جس پر گوٹہ کناری بنتے وقت لپیٹتے جاتے ہیں۔
تر (ف) اسم صفت ❶ نم دار ❷ گیلا ❸ بھیگا ہوا ❹ نیا ❺ تازہ ❻ ترت کا ❼ ہرا ❽ رسیلا ❾ نرم۔
تربتر (ف) اسم صفت ❶ اس میں پائے اتصالی ہے ❷ شرابور ❸

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

شور بور (4) گھی ٹپکنا (5) تراتراتا (6) مرغن (7) خوب گھی والا۔

**تروتازہ** (ف) اسم صفت (1) ڈال کا ٹوٹا (2) ترت کا اترا (3) تازہ اترا ہوا پھل، بارونق آبدار (4) سرسبز وشاداب (5) ہرا بھرا۔

**ترا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا بیج جو سرسوں سے مشابہ ہے جس کا تیل نکالتے ہیں (2) تارامیرا۔

**تراب** (ع) اسم مونث (1) مٹی (2) خاک (3) غبار (4) گرد۔

**ترارا** (ا) اسم مذکر (1) گھوڑے کی جست، کلانچ (2) چھلانگ (3) تیزی (4) چستی (5) ڈینگ (6) غپ (7) شیخی (8) نشہ (9) سرور۔

**ترارا بھرنا** (ا) فعل (1) تیز دوڑنا (2) کلانچیں مارنا (3) سرپٹ جانا (4) چھلانگیں مارنا (5) فراٹے بھرنا (6) نہایت مشتاق ہونا (7) کسی کام میں نہایت جلدی اور تیزی سے کام لینا۔

**ترارامارنا** (ا) فعل (1) ڈینگ مارنا (2) شیخی مارنا (3) غپ ہانکنا۔

**ترازو** (ف) اسم مونث (1) تکھڑی (2) میزان (3) تولنے کا آلہ (4) برج میزان (5) تلا راس۔

**ترازو ہوجانا** (ا) فعل (1) تیر کا آر پار ہو کر تل جانا (2) آدھے تیر کا نشانہ سے باہر رہ کر لٹک جانا (3) دو فوجوں کا تعداد میں اس طرح برابر ہونا کہ ایک دوسرے پر غلبہ نہ پاسکے۔

**تراس** (س) اسم مونث (1) پیاس (2) تشنگی (3) پانی کی خواہش (4) (بحالت مذکر) خوف (5) ڈر (6) بھے۔

**تراسی** (ہ) اسم عدد (1) اسی اور تین (2) ۸۳۔

**تراش** (ف) اسم مونث (1) حاصلمصدر (2) از تراشیدن (3) کاٹ (4) کاٹ چھانٹ (5) کتر بیونت (6) کاٹنے کا ڈھنگ (7) تراشنے کا طریقہ (8) ایجاد (9) اختراع۔

**تراش وخراش** (ف) اسم مونث (1) وضع وقطع (2) کاٹ (3) چھانٹ (4) طرز ڈھنگ (5) بناؤ سنگار (6) زیب وزینت۔

**تراشنا** (ا) فعل (1) کاٹنا (2) کترنا (3) چھانٹنا (4) چھیلنا (5) قطع کرنا (6) کاٹ کر صورت گھڑنا (7) تاش اتارنا (8) ٹانکی لگانا (9) مونڈنا۔

**ترانا** (ہ) فعل (1) ابھارنا (2) تیرانا (3) ڈوبتے کو نکالنا (4) پار لنگھانا (5) گناہوں سے بچانا۔

**ترانوے** (ہ) اسم عدد (1) نوے اور تین (2) ۹۳۔

**ترانہ** (ف) اسم مذکر (1) لغت میں جوان رعنا کو کہتے ہیں (2) اصطلاح میں نغمہ (3) گیت الاپ (4) ایک خاص سر (5) خاص گیت کا نام بھی ہے۔

**تراوش** (ف) اسم مونث (1) حاصلمصدر (2) از تراویدن (3) ٹپکنا (4) ٹپکاؤ۔

**تراوش کرنا/تراوش ہونا** (ا) فعل (1) ٹپکنا (2) مترشح ہونا (3) ظاہر ہونا (4) اشارہ کنایہ سے پایا جانا (5) حرکات وسکنات سے پایا جانا۔

**تراویح** (ع) اسم مونث (1) ترویحہ کی جمع (2) لغت میں راحت دینا (3) اصطلاح میں نماز نفل کی وہ بیس رکعتیں جو صرف ماہ رمضان ہی میں بعد نماز عشاء قبل از وتر پڑھی جاتی ہیں۔ ان میں عموماً سارے مہینے میں سارا قرآن شریف سنا دیا جاتا ہے۔

**تراہ** (ہ) حرف فریاد وندا (1) پناہ دو (2) رحم کرو (3) فریاد وفغاں (4) پناہ (5) واویلا (6) الامان (7) کرپا کرو (8) دیا کرو۔

**تراہ تراہ کرنا** (ہ) فعل (1) دیا اور رحم کے لئے پکارنا (2) پناہ پناہ پکارنا (3) پناہ مانگنا (4) الامان الامان کہنا (5) ہائے ہائے کرنا (6) فریاد و فغاں کرنا (7) بلاپ کرنا۔

**تراہا** (ا) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی (1) تین راہوں والا (2) وہ مقام جہاں تین راستے ملتے ہوں۔

**تراہی** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی۔ مقام تراہ کی بنی ہوئی تلوار یا کٹار۔

**ترائی** (ا) اسم مونث (1) بیائے نسبتی منسوب بہ تری (2) نمناک زمین (3) ندی یا دریا کے کنارے کی زمین (4) کھادر (5) بیلہ (6) مرغزار (7) سبزہ زار۔

**ترب** (ا) اسم مذکر۔ وہ تار جو سارنگی یا ستارہ وغیرہ میں اصل تار کی مدد کے لئے لگاتے ہیں۔

**تربت** (ع) اسم مونث (1) لغوی معنی مٹی (2) اصطلاحی (3) قبر (4) گور مزار (5) خانقاہ (6) ڈھیر۔

**تربوز** (ا) اسم مذکر (1) (فارسی میں تربز) بڑا متیرا (2) ایک قسم کا عام پھل ہے (3) جس کا گودا سرخ اور میٹھا ہوتا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

تربہ (ع) اسم مذکر ① قبرستان ② گورستان ③ مدفن۔

تربھر ہونا (ہ) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہونا ③ بگڑنا۔

تربھون (س) اسم مذکر ① (سرگ ① پرتھوی ② پاتال ③ تینوں لوک) مراداً کل دنیا ② تمام جہان۔

تربیت (ع) اسم مونث ① پرورش ② پالن ③ تعلیم ④ تادیب ⑤ تہذیب ⑥ تعلیم اخلاق۔

تربیت کرنا (ا) فعل تعلیم کرنا ① سکھانا ② مہذب بنانا ③ پالنا ④ پرورش کرنا۔

تربیدی (ہ) اسم مذکر ① بیائے فاعلیت ② تین وید جاننے والا ③ برہمنوں کی ایک قوم کا نام۔

تربینی (س) اسم مونث۔ تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ مگر اصطلاح میں صرف الہ آباد کو کہتے ہیں جہاں گنگا، جمنا اور سرسوتی تینوں دریا ملتے ہیں۔

ترپ (ان) مذکر ① فوجی رسالہ کا آٹھواں حصہ ② اسی سواروں کی جماعت۔

ترپال (ان) اسم مذکر۔ رال چڑھا ہوا ٹاٹ جو بارش کے وقت مال و اسباب کے اوپر ڈال دیتے ہیں۔

ترپائی (ا) اسم مونث ① لڑھیاون ② پسوج ③ بخیہ کے اوپر کی سیون۔

ترپائی کرنا (ا) فعل ① لڑھیانا ② بخیہ کے اوپر سلائی کرنا۔

ترپن (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کی سلائی جو کنارے پر کپڑے کی کوریں دبانے کو کی جاتی ہیں۔

ترپین/تارپین (ا) اسم مذکر۔ گندہ بروزے کا تیل، جو چیڑ (صنوبر کے درخت سے نکلتا ہے۔)

ترپنا (ہ) فعل ① ترپائی کرنا ② لڑھیانا ③ سلائی کے سرے کو الٹ کر سینا ④ پسوج کر موڑ کر سینا۔

ترپولیا (ہ) اسم مذکر ① سہ درہ ② وہ جگہ جہاں ایک ہی سمت میں برابر تین دروازے ہوں تاکہ بادشاہوں اور راجاؤں کی سواری با سانی گزر سکے۔

ترپھلا (ہ) اسم مذکر ① ہلیلہ ② بلیلہ ③ آملہ ④ تینوں پھلوں کا مرکب ⑤ ہڑ ⑥ بہیڑا ⑦ آنولہ تین پھل کا چاقو۔

ترت (ہ) تابع فعل ① فوراً جلدی ② ابھی ③ اسی وقت ④ ترنت۔

ترت پھرت یا ترپا پھرتی (ہ) تابع فعل ① بہت جلد اور پھرتی سے ② فوراً کمال تیزی سے ③ بڑی پھرتی سے ④ (اسم مونث) پھرتی ⑤ چالاکی ⑥ طراری۔

ترترا/ترتریا (ا) اسم صفت ① تیز ② چست و چالاک ③ طرار فرار ④ ہوشیار ⑤ شوخ ⑥ اچپل ⑦ لسان ⑧ بہت باتیں بنانے والا۔

ترتراتا (ا) اسم صفت ① بہ ترکیب اسم حالیہ ② گھی میں غرق ③ بہت گھی والا ④ چک بچا۔

ترتیب (ع) اسم مونث ① اپنے اپنے مرتبہ سے رکھنا ② درجہ بدرجہ رکھنا ③ آرائش ④ انتظام ⑤ تسلسل۔

ترتیب تہجی (ع) اسم مونث ① حروف ہجا کی ترتیب ② حروف تہجی کی ترتیب کے موافق ③ الف، بے، تے کے قاعدہ اور ترتیب کے مطابق۔

ترتیب سے (ا) تابع فعل ① قرینہ سے ڈھنگ سے سلیقہ سے باقاعدہ سے موقع بموقع ② درجہ دار۔

ترتیب دینا/کرنا (ا) فعل ① ملانا ② درجہ وار رکھنا ③ سلسلہ وار ④ لگانا ⑤ ٹھکانے سے چننا ⑥ قطار جمانا۔

ترتیب وار (ف) تابع فعل ① قاعدہ سے ② سلسلہ وار ③ درجہ بدرجہ ④ باقاعدہ ⑤ باضابطہ۔

ترجمان (ع) اسم مذکر ① ترمیم ② ایک زبان سے دوسری زبان میں مطلب بتانے والا ③ شارح ④ مفسر۔

ترجیح (ع) اسم مونث ① زیادتی ② افزونی ③ فوقیت ④ بہتری ⑤ برتری ⑥ فضیلت ⑦ فضیلت دینا ⑧ بہتر جاننا ⑨ فوقیت دینا۔

ترجیح دینا (ا) فعل ① غلبہ دینا ② فضیلت دینا ③ دوسرے کو اپنے سے بہتر کرنا یا جاننا ④ فوقیت دینا۔

ترجیح رکھنا (ا) فعل ① خود کسی سے بہتر ہونا ② دوسرے پر فضیلت

Join us on WhatsApp Naveed BaIG 03124907218

www.besturdubooks.net

رکھنا۔

ترجیع (ع) اسم مونث ① پھیرنا ② رجعت ③ واپسی ④ بازگشت ⑤ (نجوم) ستاروں کا اپنی عام حرکت میں واپس آنا یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانا۔

ترجیع بند (ف) اسم مذکر ① بند کو پھر بیان کرنا ② بند کی طرف رجوع کرنا ③ علم عروض میں ایک ہی مختلف القافیہ وردیف شعر کو چند متحد القافیہ وردیف اشعار کے بعد بار بار لانا ④ یہ شعر ہر بند کے آخر کے مضمون سے مربوط ہوتا ہے۔

ترچھا (ہ) اسم صفت ① کج ② آڑا ③ ٹیڑھا ④ بانکا ⑤ ایک ریشمی کپڑے کا نام بھی ہے۔

ترچھی نظر/نگاہ (ا) اسم مونث مرکب توصیفی ① نگاہ ناز ② معشوقانہ انداز سے دیکھنا ③ کن آنکھوں سے دیکھنا ④ نیم نگاہ ⑤ غضب آلود نگاہ ⑥ نظر قہر نگاہ خشم آلود۔

ترحم (ع) اسم مذکر ① رحم ② دیا ③ کرپا ④ مہربانی کرنا ⑤ ترس ⑥ خوف خدا۔

ترخیم (ع) اسم مونث ① لغوی دم کاٹنا ② اصطلاح ③ علم صرف میں کسی کلمہ کے آخر سے کسی حرف کو گرادینا، جیسے مانند سے ماں۔

تردد (ع) اسم مذکر ① آمدورفت ② سوچ ③ فکر و اندیشہ ④ تشویش ⑤ پس وپیش ⑥ ادھیڑ بن ⑦ زراعت ⑧ کاشتکاری کے لئے کھیت کی تیاری۔

تردید (ع) اسم مونث ① رد کرنا ② کاٹنا ③ منسوخ کرنا ④ کسی بات کا جواب دینا۔

ترس (ف) اسم مذکر ① ڈر، خوف ② خوف خدا ③ رحم ④ دیا ⑤ درد ⑥ (بحالت فعل) ترسنا سے ⑦ للچا ⑧ مشتاق رہ۔

ترس آنا (ہ) فعل ① رحم آنا ② درد آنا ③ دل دکھنا ④ خوف خدا آنا۔

ترس کھانا (ہ) فعل ① رحم کھانا ② دیا کرنا ③ درد کرنا ④ دل کڑھنا۔

ترسا (ف) اسم مذکر فاعل بہ الف فاعلیت جیسے دانا ① لغوی ڈرنے والا ② خائف ③ اصطلاح میں آتش پرست ④ نصرانی ⑤ مجازاً معشوق سے مراد لیتے ہیں۔

ترساترسا کر دینا (ہ) فعل شوق دلا دلا کر نہ دینا ① خواہش سے کم دینا ② تھوڑا تھوڑا دینا ③ کم کم دینا۔

ترساترسا کر مارنا (ہ) فعل ① تکلیف دے دے کر مارنا ② ایک دفعہ ہی کام تمام نہ کرنا ③ رنج دینا ④ للچا للچا کر نہ دینا۔

ترساں (ف) اسم حالیہ مفید صفت ① ڈرتا ہوا ② خوف کھاتا ہوا ③ خوف زدہ ④ خائف۔

ترسانا (ہ) فعل ① للچانا ② خواہش دلانا ③ امید دلا کر محروم رکھنا ④ شوق دلانا ⑤ جھوٹی امید ⑥ لانا ⑦ بھڑکانا ⑧ مشتاق رکھنا ⑨ بلکانا جیسے پانی کو بھی ترساتے ہیں۔

ترسنا (ہ) فعل ① کسی چیز کا پیاسا بھوکا ہونا ② خواہاں ③ خواہش میں رہنا ④ دیدہ ہونا ⑤ کمال مشتاق رہنا ⑥ ایسی چیز کا خواہاں رہنا جو مل نہ سکے ⑦ اشتیاق رہنا ⑧ بھڑکنا ⑨ محتاج ہونا۔

ترسول (ہ) اسم مذکر ① تر بمعنی تین اور رسول بمعنی کانٹا سے مرکب ہے ② لوہے کا تین شاخہ بھالا۔

ترسیل (ع) اسم مونث ① روانگی ② ابلاغ ③ بھیجنا ④ ارسال کرنا۔

ترش (ف) اسم صفت ① کھٹا ② ناخوش ③ ناراض ④ تندمزاج ⑤ سخت طبع ⑥ بددماغ۔

ترشاؤ (ف) اسم صفت ① مقلرب بے دماغ ② ناراض ③ مکدر ④ بدمزاج ⑤ چڑچڑا ⑥ نک چڑھا ⑦ بددماغ ⑧ سخت گیر۔

ترشروئی (ف) اسم مونث ① بدمزاجی ② چڑچڑاپن ③ سخت گیری۔

ترشاجانا (ا) فعل ① کھٹا ہوجانا ② کھٹاس آجانا۔

ترشائی (ا) اسم مونث حاصل مصدر ① کھٹاس ② کھٹائی ③ ترشی۔

ترشح (ع) اسم مذکر و مصدر ① بوندا باندی ② تقاطر ③ قطرہ قطرہ برسنا ④ ٹپکنا ⑤ ظاہر ہونا ⑥ عیاں ہونا ⑦ نمایاں ہونا۔

ترشنا (س) اسم مونث ① پیاس ② تشنگی ③ عطش ④ خواہش ⑤ لالچ ⑥ لوبھ ⑦ تمنا ⑧ چاہت۔

ترشنا (ا) فعل ① تراش سے بنایا ہوا ② چاقو یا چھری سے کٹنا ③ قلم ہونا۔

ترشی (ف) اسم مونث بیائے مصدر ① کھٹاس ② کھٹائی ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ناراضگی 4 بدمزگی 5 ناخوشی۔

ترصد (ع) اسم مذکر 1 آس 2 امید 3 امید رکھنا 4 آس کرنا۔

ترغیب (ع) اسم مونث 1 رغبت دلانا 2 لالچ دینا 3 خواہش 4 تحریص 5 شوق 6 اغواء 7 اغواء کرنا 8 بہکاوٹ کرنا 9 بہکانا۔

ترغیب دینا (ا) فعل 1 شوق دلانا 2 رغبت دلانا 3 لالچ دینا 4 بہکانا 5 پھسلانا 6 ورغلانا 7 فریب دینا 8 دھوکا دینا۔

ترفان (ا) اسم مذکر 1 ایک لمبا سا تونا 2 سوہاں ہوتا ہے جس سے کاریگر لوگ بندوق کی نالی کو اندر سے صاف کیا کرتے ہیں۔

ترقی (ع) اسم مونث 1 اوپر چڑھنا 2 بلندی 3 برتری 4 زیادتی 5 افزونی 6 اضافہ 7 بڑھوتری 8 افزائش۔

ترقی پانا (ا) فعل 1 عہدہ بڑھنا 2 جماعت چڑھنا 3 رتبہ بڑھنا 4 درجہ بڑھنا۔

ترقی دینا (ا) فعل 1 تنخواہ بڑھانا 2 عہدہ زیادہ کرنا 3 اختیارات وسیع کر دینا 4 جماعت چڑھانا 5 نمبر بڑھانا 6 درجہ بڑھانا۔

ترقیم (ع) اسم مونث 1 رقم کرنا 2 لکھنا 3 تحریر 4 نوشت۔

ترک (ع) اسم مذکر 1 چھوڑنا 2 گزاشت درگزر 3 تیاگ 4 دست برداری 5 بھول چوک 6 سہو نسیان 7 صفحہ کے خاتمہ پر جدول کے باہر اخیر کونے پر آئندہ عبارت کا ایک لفظ لکھ دیا کرتے ہیں جو ہندسہ کی جگہ کام دیتا ہے 8 پاورق۔

ترک ادب (ع) اسم مذکر 1 بے ادبی 2 گستاخی 3 بے قاعدگی 4 دلیری 5 جرات۔

ترک دنیا (ع) اسم مذکر 1 دنیاداری اور عیش وعشرت وغیرہ کو چھوڑ دینا 2 قطع علائق کر لینا 3 توبہ کرنا۔

ترک وطن (ع) اسم مذکر 1 اپنا دیس چھوڑ دینا 2 مہاجرت 3 ہجرت۔

ترکاری (ا) اسم مونث 1 بھاجی 2 ترہ 3 ساگ پات 4 سبزی 5 پھل 6 پھلیاری 7 گوشت 8 لحم 9 ماس۔

ترکٹا (ہ) اسم مذکر 1 سونٹھ 2 پیپل اور مرچ سیاہ کا سفوف 3 جو ہاضمہ کے لئے بنایا کرتے ہیں۔

ترکش (ف) اسم مذکر 1 تیردان 2 تیر رکھنے کا ناوا۔

ترکہ (ع) اسم مذکر 1 مال 2 میراث 3 ورثہ 4 متوفی کی جائیداد 5 مردہ کا مال ومتاع۔

ترکھا (ہ) اسم مونث 1 پیاس 2 تس 3 عطش 4 تشنگی 5 خواہش 6 اچھا 7 ضرورت۔

ترکی (ف) اسم مونث 1 ترکستان کی ٹوپی 2 ترکوں کی زبان 3 ترکستان کی چیز 4 ان میں یائے نسبتی ہے 5 مردانگی 6 سپاہی پن 7 معشوقیت 8 غرور ونخوت۔

ترکی تمام ہونا (ا) فعل 1 گھمنڈ جاتا رہنا 2 غرور ٹوٹ جانا 3 خاتمہ ہو جانا 4 کچھ نہ رہنا 5 ہو چکنا 6 ساری بہادری وسپاہ گری نکل جانا۔

ترکی بہ ترکی جواب دینا (ا) فعل 1 برابر کا جواب دینا 2 سخت جواب دینا 3 جس طرح یا جس زبان میں سوال ہوا اسی طرح کا جواب دینا۔

ترکیب (ع) اسم مونث 1 ملانا 2 مرکب کرنا 3 کئی چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا 4 بناوٹ 5 ساخت 6 ڈھب 7 ڈول 8 ڈھنگ 9 تدبیر۔

ترکیب بند (ف) اسم مذکر۔ ترجیع بند اور ترکیب بند میں یہ فرق ہے کہ ترجیع بند میں بار بار ایک شعر آتا ہے اور ترکیب بند میں بند کا ہر شعر الگ ہوتا ہے۔

ترکیب دینا (ا) فعل 1 ملانا 2 بنانا 3 مختلف اشیاء کو ملا کر ایک خاص چیز بنانا۔

ترکیب کرنا فعل 1 مرکب کرنا 2 ملانا 3 تدبیر کرنا 4 صورت نکالنا 5 تجویز کرنا 6 طرز نحوی کے مطابق اجزائے جملہ کو ظاہر کر کے پھر ملا کر جملہ بنا دینا۔

ترلوک (س) اسم مذکر 1 تینوں عالم سرگ بھومی 2 پاتال مراد اُتمام دنیا 3 سب مخلوق۔

ترم (ہ) اسم مذکر 1 بگل 2 ترئی 3 دھوتو۔

ترمتی (ا) اسم مونث۔ بہری کی طرح کا ایک شکاری پرندہ ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...218

ترمرا (ہ) اسم مذکر (1) چکنائی کے دھبے جو پانی یا شوربے پر آ جاتے ہیں (2) دماغ کو صدمہ پہنچنے پر جو آنکھوں کے آگے تارے سے آ جایا کرتے ہیں انہیں بھی ترمرا بولتے ہیں۔

ترمیم (ع) اسم مونث (1) درستی (2) اصلاح (3) تغیر و تبدل (4) نظر ثانی۔

ترنا (ہ) فعل (1) کسی چیز کا سطح آب پر رہنا (2) ابھرنا (3) اوپر آنا (4) ظاہر ہونا (5) مشہور ہونا (6) نمایاں ہونا (7) ترقی پانا (8) مراد کو پہنچنا (9) کامیاب ہونا۔

ترنج (ف) اسم مذکر (1) چکوترا (2) بجورا (3) ایک قسم کا بڑا نیبو۔

ترنجبین (ف) اسم مذکر (1) ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارا کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے (2) مسہل میں کام آتی ہے۔

ترنگ (ف) اسم مونث (1) صوت (2) صدا (3) کمان کے چلنے کی آواز جو تیر چلتے وقت نکلتی ہے (4) تلوار کی چھنکار اور باجے کی جھنگار کو بھی بولتے ہیں۔

ترنگ (ہ) اسم مونث (1) لہر (2) موج (3) امنگ (4) جوش طبع (5) خیال (6) تصور (7) وہم (8) خام خیالی (9) شیخی۔

ترنگ (ہ) اسم مذکر (1) گھوڑا (2) اسپ (3) سنسکرت میں ترگ اور فارسی میں کرنگ کہتے ہیں۔

تروٹ (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا کانا ترانہ کی طرح کا ایک راگ ہے۔

ترودشی (ہ) اسم مونث۔ اجلے اور اندھیرے پاکھ کی تیرھویں تاریخ۔

ترور (ہ) اسم مذکر (1) درخت (2) پیڑ (3) روکھ (4) پروا۔

ترہ تیزک (ف) اسم مذکر۔ ہالم کا ساگ ایک قسم کا ساگ ہے جس کی چٹنی بنا کر کھاتے ہیں۔

تری (ہ) اسم صفت (1) تین (2) تین کا (3) تاش کا وہ پتا جس پر تین ٹکے ہوتے ہیں (4) تکی۔

تری پھل (ہ) اسم مذکر (دیکھو اطریفل)۔

تری (ف) اسم مونث (1) نمی، رطوبت (2) سیل (3) نم (4) بحر (5) سمندر۔

ترئی (ہ) اسم مونث (1) ایک قسم کی ترکاری کا نام ہے (2) توری (3) سبزی (4) سرنائے (5) بگل (6) ترم جو جنگ کے موقعہ پر یا شادیوں میں بجاتے ہیں۔

ترئی کا پھول (ہ) اسم مذکر (1) زرد آنکھیں، نہایت ہلکی زردی (2) روپیہ اس طرح خرچ ہو جانا کہ معلوم نہ ہونا۔

تریا (ہ) اسم مونث (1) عورت (2) استری (3) لگائی (4) نار (5) ناری۔

تریاراج (ہ) اسم مذکر (1) عورتوں کا زور (2) جورو کی حکومت (3) عورتوں کا راج۔

تریاہٹ (ہ) اسم مونث (1) عورتوں کی ضد (2) اصرار زناں (3) عورتوں کی آڑ۔

تریاق۔ تریاک (معرب) اسم مذکر (1) زہر مہرہ (2) نا وزہر ایک خاص قسم کی معجون ہوتی ہے جو شہد اور دیگر ادویات کا مرکب ہے حیوانی زہروں کے لئے از حد مفید ہے تریاق فاروق یہی ہے (3) اصطلاح میں افیون کو بھی کہتے ہیں۔

تریتا (س) اسم مذکر۔ اہل ہند کا دوسرا جگ جس کی تعداد بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کی تھی، یہ چاندی کا جگ کہلاتا ہے۔

تریڑا (ہ) اسم مذکر (1) پانی کا دھار باندھ کر کسی قدر بلندی سے گرانا (2) ادویات جوشیدہ۔

تریڑا دینا (ہ) فعل (1) دوائیوں کو پکا کر ان کا پانی دھار باندھ کر اوپر سے ڈالنا (2) دھارنا (3) برابر پانی ڈالے جانا۔

تریز (ای) اسم مونث۔ کرتے کی چوڑے منہ کی کلی جو چو بغلے کے نیچے لگائی جاتی ہے۔

## ٹ ← ت

تڑ (ہ) اسم مونث صوت (1) تھپڑ کی آواز (2) صدمے یا ضرب کی آواز (3) چٹاخ۔

تڑابھڑی (ہ) اسم مونث (1) جلدی (2) شتابی (3) موت کی کثرت (4)

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 03149077218

وبائے موت ❺ فوراً مر جانا ❻ بھیڑ بکریوں کی طرح روگ آنا ❼ پے درپے مرنا۔

تڑا بھڑی پڑنا (ہ) فعل ❶ جاری ہونا ❷ گھبراہٹ ہونا ❸ اضطراب ہونا۔

تڑا بھڑی ہونا (ہ) فعل ❶ موت کا بازار گرم ہونا ❷ جلدی جلدی مرنا۔

تڑاپڑ/تڑپڑ (ا) تابع فعل ❶ جلدی ❷ فوراً ❸ فی السبد یہ جواب۔

تڑاتڑ (ہ) اسم مونث صوت ❶ مارنے کی لگاتار آواز ❷ بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز ❸ جوتیوں یا لکڑی سے مارنے کی آواز۔

تڑاق (ا) اسم مذکر صوت ❶ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ❷ سنگی توڑنے کی آواز ❸ چٹاخ۔

تڑاق پڑاق (ا) تابع فعل ❶ برابر ❷ لگاتار ❸ متواتر ❹ جلد جلد ❺ تڑاتڑ ❻ پڑاپڑ ❼ چٹاچٹ ❽ چٹاخ چٹاخ ❾ رودررو۔

تڑاقا (ا) اسم مذکر صوت ❶ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ❷ بوسہ کی آواز ❸ چٹاخا حقہ کے دم لگانے کا کڑاکا ❹ چٹخارا ❺ ذائقہ کی آواز ❻ زور ❼ شدت ❽ جیسے تڑاقے کا مینہ ❾ کمی۔

تڑاقا بیتنا (ا) فعل۔ فاقہ گزرنا۔

تڑاقا کھا کر گرنا (ا) فعل ❶ کسی صدمے یا فاقے سے بے ہوش ہو کر گرنا ❷ غش کھا کر گرنا۔

تڑاقا کھانا (ا) فعل ❶ کمی ہونا ❷ توڑا ہونا ❸ ڈٹنا ❹ جیس یلاٹھی تڑاقا کھا گئی۔

تڑاق تڑاق (ا) تابع فعل۔ (دیکھو تڑاق پڑاق)۔

تڑاقے کا (ا) اسم صفت ❶ شدت کا ❷ زوردار ❸ شدومد کا جیسے تڑاقے کا مینہ ❹ چمکدار جیسے تڑاقے کی محرم ❺ لذیذ مزیدار ❻ خوش ذائقہ ❼ لذت دار ❽ چٹپٹا جیسے تڑاقے کی چٹنی۔

تڑانا (ہ) فعل ❶ زخم میں نیند آنا ❷ زخم کا چرنے لگنا ❸ ورم کے باعث جسم کا پھٹا پڑنا۔

تڑانا (ہ) فعل ❶ چھڑانا ❷ علیحدہ کرنا ❸ جدا کرنا ❹ توڑ ڈالنا ❺ توڑ لینا جیسے باگ تڑانا ❻ خردہ کرنا ❼ بھنانا جیسے روپیہ تڑانا ❽ قیمت میں کمی کرانا ❾ قیمت چھڑانا۔

تڑائی (ہ) اسم مونث ❶ معاوضہ ❷ پھل وغیرہ تڑانے کی اجرت ❸ روپیہ بھنانے کا بٹہ۔

تڑپ (ہ) اسم مونث۔ حاصل مصدر ❶ بے قراری ❷ پھڑک ❸ بے چینی ❹ تپش ❺ گرمی ❻ جیسے مضمون کی تڑپ ❼ کود پھاند جیسے گھوڑے کی تڑپ کودنا ❽ جلد جلد چمکنا ❾ جیسے بجلی کی تڑپ۔

تڑپانا (ا) فعل ❶ پھڑکانا ❷ بے قرار کرنا ❸ بے آرام کرنا ❹ چین نہ لینے دینا ❺ ستانا ❻ دق کرنا ❼ ترسانا ❽ کدانا ❾ کدنا۔

تڑپتا ہوا (ا) اسم ❶ گرما گرم مضمون ❷ موثر ❸ بے چین کر دینے والا ❹ شعر یا مضمون۔

تڑپنا (ا) فعل ❶ پھڑکنا ❷ بے تاب ہونا ❸ بے قرار ہونا ❹ لوٹنا ❺ تلملانا ❻ پھڑ پھڑانا ❼ اچھلنا ❽ کودنا ❾ دھڑکنا۔

تڑپھڑانا (فعل) بمعنی تڑپنا۔

تڑخ کر بولنا (ا) فعل ❶ نہایت چیخ کر بولنا ❷ غصہ سے بولنا ❸ خفا ہو کر جواب دینا۔

تڑخنا/تڑقنا (ا) فعل ❶ پھٹکنا ❷ کسی خشک چیز کا پھٹنا ❸ شیشہ وغیرہ میں بال آنا ❹ زخم کا پھٹا پڑنا ❺ بگڑ کر بولنا۔

تڑکا (ہ) اسم مذکر ❶ صبح ❷ بھور ❸ علی الصباح ❹ بگھار ❺ گھی کو جلا کر داغ دینا۔

تڑکا ہونا (ہ) فعل ❶ سویرا ہونا ❷ چاننا ہونا ❸ پو پھٹنا ❹ صدمہ دماغی سے تارے دکھائی دینا ❺ مار کھانا ❻ خوب پٹنا ❼ دیوار نکلنا ❽ کچھ نہ رہنا۔

تڑکنا (ہ) فعل ❶ بگھارنا ❷ چھونکنا۔

تڑی (ہ) اسم مونث ❶ مار ❷ ضرب ❸ دھونس ❹ دم ❺ فریب ❻ دھوکا جیسے اچھی تڑی دی ❼ نقصان ❽ خسارہ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149977218

www.besturdubooks.net

تڑی دینا (ہ) فعل ❶ دھونس دینا ❷ فریب دینا ❸ دم دینا ❹ بھرا دینا ❺ بنانا ❻ بے وقوف بنانا ❼ الو بنانا۔

## ت ← ز

تزک (ف) اسم مونث ❶ ضابطہ فوج ❷ ترتیب لشکر ❸ انتظام مجلس ❹ روزنامچہ ❺ شاہی وہ حالات جو بادشاہ خود اپنے زمانے کی بابت تحریر کرے ❻ شان وشوکت ❼ لاؤلشکر ٹھاٹھ باٹھ ❽ تجمل ❾ دھوم دھڑکا۔

تزکیہ (ع) اسم مذکر ❶ پاک کرنا ❷ نجاست وغلاظت دور کرنا ❸ صفائی جیسے تزکیہ نفس۔

تزلزل (ع) اسم مذکر ❶ ہلچل ❷ حزالی ❸ گڑبڑ ❹ تہلکہ ❺ زلزلہ ❻ جنبش۔

تزویر (ع) اسم مونث ❶ مکروفریب ❷ فریب دینا ❸ مکر کرنا۔

تزئین (ع) اسم مونث ❶ آرائش ❷ زیبائش ❸ زیب وزینت ❹ آراستہ کرنا ❺ سجانا ❻ زیب وزینت دینا۔

## ت ← س

تس (ہ) اسم مونث ❶ تشنگی ❷ پیاس عطش ❸ خواہش ❹ آرزو ❺ تمنا۔

تس (ہ) اسم اشارہ ❶ پرانا ہے ❷ اب متروک۔

تس (ہ) اسم مذکر ❶ دان کا ریشہ ❷ چاول کے اوپر کا چھلکا ❸ عام اناج کا چھلکا۔

تسپر (ہ) تابع فعل ❶ باوجود اس کے ❷ پھر بھی۔

تسار (ہ) اسم مونث ❶ کہر ❷ پالا ❸ سردی ❹ ٹھنڈ۔

تسالا (ہ) اسم صفت ❶ تین سالہ ❷ تین برس کا ❸ گھوڑے کی عمر کے حساب میں بولتے ہیں۔

تساہل (ع) اسم مذکر ❶ سستی ❷ سہل انگاری ❸ غفلت ❹ سستی کرنا ❺ غفلت کرنا۔

تسبیح (ع) اسم مونث ❶ سبحان اللہ، سبحان اللہ کہنا ❷ سو یا ایک سو ایک دانوں کی مالا ❸ ورد ❹ وظیفہ ❺ ایک قسم کا پودا جس کے بیج تسبیح کے دانوں کی طرح اور پھول سرخ ہوتا ہے۔

تسخیر (ع) اسم مونث ❶ تابع کرنا ❷ مطیع کرنا ❸ فرمانبردار کرنا ❹ قابو میں لانا ❺ جن یا پری کو قید کرنا ❻ کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا ❼ محاصرہ کرنا ❽ گھیر لینا ❾ عمل روحانیت۔

تسطیر (ع) اسم مونث ❶ لغوی سطر بندی ❷ اصطلاحی تحریر ❸ لکھنا ❹ رقم کرنا۔

تسکین (ع) اسم مونث ومصدر ❶ آرام دینا ❷ تسلی دینا ❸ تشفی دینا ❹ دلاسا ❺ ڈارس ❻ افاقہ ❼ آرام ❽ صحت۔

تسلا (ہ) اسم مذکر ❶ تانبے یا لوہے وغیرہ کا طشت ❷ پرات (طشت کا بگاڑ اور تصغیر ہے)۔

تسلسل (ع) اسم مذکر ❶ سلسلہ بندی ❷ لڑی توالی ❸ لگاتار ہونا ❹ قطار بندی۔

تسلط (ع) اسم مذکر ❶ غلبہ ❷ حکومت ❸ قبضہ اور تحت ❹ زیر قابو۔

تسلی (ع) اسم مونث ❶ لغوی معنی خوشی ❷ اصطلاح میں اطمینان ہونا ❸ طمانیت خاطر جمع۔

تسلیم (ع) اسم مونث ❶ سلام کرنا ❷ سپرد کرنا ❸ حوالے کرنا ❹ سونپنا ❺ خدا کی رضا پر راضی ہونا ❻ ماننا ❼ قبول کرنا ❽ کورنش ❾ بندگی۔

تسلیم کرنا (ا) فعل ❶ ماننا ❷ قبول کرنا ❸ منظور کرنا ❹ آداب بجا لانا ❺ بڑے کو سلام کرنا ❻ بندگی کرنا۔

تسلیمات (ع) اسم مونث ❶ تسلیم کی جمع آداب، کورنشات ❷ بندگی ❸ سلام ❹ نمسکار۔

تسمہ (ف) اسم مذکر ❶ دوال چرمی ❷ چمڑے کا ٹکڑا جو طول میں زیادہ اور عرض میں بہت ہی کم ہو ❸ سرھی۔

تسمہ کھینچنا (ا) فعل ❶ خاص طریق سے گلا گھونٹ کر مارنا ❷ پھانسی دینا ❸ مار کر باریک باریک ٹکڑے بنا دینا ❹ سرھیاں کھینچنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**تسمہ لگا نہ رکھنا** (ا) فعل ① صاف جواب دینا ② دوٹوک جواب دے دینا ③ تعلق نہ رکھنا ④ صاف گردن اڑا دینا، لگاؤ تک نہ رہنے دینا۔

**تسو** (ہ) اسم مذکر ① سوا انچ ② گز کا چوبیسواں حصہ۔

**تسوانسی** (ہ) اسم مونث ① بسوانچ کا بیسواں حصہ ② کچوانسی۔

## ت ← ش

**تشبیہہ** (ء) اسم مونث ① مشابہت دینا ② تمثیل ③ مانند کرنا۔

**تشت** (ف) اسم مذکر ① بڑی پرات ② لگن ③ تسلا ④ تھال۔

**تشت از بام ہونا** (ا) ① راز کھل جانا ② مشہور ہوجانا ③ ظاہر ہونا ④ بھانڈا پھوٹنا ⑤ آشکارا ہونا ⑥ مشتہر ہوجانا۔

**تشت چوکی** (ا) وہ چوکی اور طشت جو زچہ خانے میں اور امیروں کے پنجانے میں رکھا جاتا ہے۔

**تشتری** (ف) اسم مونث۔ تصغیر از تشت چھوٹی رکابی۔

**تشخیص** (ء) اسم مونث ① مقرر کرنا ② معین کرنا ③ قرار دینا ④ ٹھیرانا ⑤ بیماری کا جانچنا ⑥ مرض کی جانچ ⑦ تحقیق۔

**تشدد** (ء) اسم مذکر ① سختی ② شدت ③ زیادتی ④ جبر کرنا ⑤ زیادتی کرنا۔

**تشدید** (ء) اسم مونث ① ایک جنس کے یا قریب المخرج دو حرفوں کو ملا کر پڑھنا ② حرف مشدد پر جو علامت لکھی جاتی ہے " وہ بھی تشدید کہلاتی ہے۔

**تشریح** (ء) اسم مونث ① شرح کرنا ② کھول کر بیان کرنا ③ مفصل کہنا ④ مطلب کھلا کھلا بتانا ⑤ وضاحت ⑥ جسم انسانی کی بناوٹ کا علم ⑦ ساخت انسانی کی تحقیق۔

**تشریف** (ء) اسم مونث ① شرف دینا ② بزرگی بخشنا ③ بزرگی ④ شرف ⑤ تعظیم ⑥ عزت ⑦ عزت کرنا ⑧ خلعت پہنانا ⑨ لباس فاخرہ بخشنا۔

**تشریف ارزانی فرمانا** (ا) فعل ① بزرگی بخشنا ② محاورے میں کسی امیر یا بزرگ کا آنا۔

**تشریف رکھنا** (ا) فعل ① قیام کرنا ② بیٹھنا ③ ٹھیرنا۔

**تشریف لانا** (ا) فعل ① آنا ② قدم رنجہ فرمانا۔

**تشریف لے جانا** (ا) فعل ① رخصت ہونا ② چلے جانا ③ سدھارنا۔

**تشفی** (ء) اسم مونث ① لغوی شفا چاہنا ② اصطلاحی ③ تسلی ④ تسکین ⑤ ڈھارس ⑥ اطمینان ⑦ دلجمعی ⑧ تسلی دینا ⑨ اکھائی۔

**تشنا** (ا) اسم مذکر ① طعنہ ② لعنت ملامت ③ برا کہنا۔

**تشنا دینا** (ا) فعل ① مہنا دینا ② طعنہ مارنا ③ لعنت ملامت کرنا۔

**تشنج** (ء) اسم مذکر ① جکڑ ② اینٹھن ③ اکڑ جانا ④ یبوست یعنی خشکی ⑤ یا برودت یعنی سردی یا بادی کی وجہ سے پٹھوں کا کھچ جانا۔

**تشنگی** (ف) اسم مونث ① پیاس ② عطش ③ تس ④ تمنا۔

**تشنہ** (ف) اسم صفت ① پیاسا ② خواہاں ③ نہایت مشتاق۔

**تشنہ خون** (ف) اسم صفت ① لہو کا پیاسا ② جانی دشمن۔

**تشنہ لب** (ف) اسم صفت ① بہت پیاسا ② ایسا پیاسا جس کے ہونٹوں پر مارے پیاس کے پپڑیاں جم جائیں ③ نہایت مشتاق ④ بہت ہی خواہاں۔

**تشنیع** (ء) اسم مونث ① برا کہنا ② ملامت کرنا ③ طعنہ (طعن تشنیع بولتے ہیں)۔

**تشویش** (ء) اسم مونث ① فکر ② تردد ③ گھبراہٹ ④ پریشانی ⑤ پریشان ہونا۔

**تشہیر** (ء) اسم مونث ① شہرت دینا ② مشہور کرنا ③ ڈھنڈورا پیٹنا ④ منادی کرنا ⑤ کسی مجرم کو بہت بری صورت بنا کر بازار میں پھرانا۔

## ت ← ص

**تصادم** (ء) اسم مذکر ① باہم صدمہ کھانا ② دھکا دینا ③ ٹکرانا۔

**تصانیف** (ء) اسم مونث۔ تصنیف کی جمع۔

**تصحیح** (ء) اسم مونث ① صحت کرنا ② تندرستی کرنا ③ درست کرنا ④

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

صحیح کرنا۔

**تصدق** (ء) اسم مذکر (1) صدقہ دینا (2) وارنا (3) نثار کرنا (4) قربانی (5) طفیل (6) بدولت (7) ذریعہ (8) صدقہ۔

**تصدق کرنا** (ا) فعل (1) وارنا (2) نچھاور کرنا (3) نثار کرنا (4) صدقے کرنا۔

**تصدق ہونا** (ا) فعل (1) نثار ہونا (2) قربان ہونا (3) واری جانا۔

**تصدیع** (ء) اسم مونث (1) دردسر (2) دکھ (3) تکلیف (4) دکھ دینا (5) تکلیف پہنچانا۔

**تصدیعہ** (ء) اسم مذکر (1) دکھ (2) تکلیف (3) دردسر۔

**تصدیعہ اٹھانا** (ا) فعل (1) تکلیف گوارا کرنا (2) دردسر اٹھانا۔

**تصدیعہ دینا** (ا) فعل (1) تکلیف دینا (2) کام لینا۔

**تصدیق** (ء) اسم مونث (1) صداقت (2) سچائی (3) راستی (4) ثبوت (5) اثبات (6) شہادت (7) گواہی (8) علم منطق میں (9) تصور یا حکم۔

**تصدیق کرنا** (ا) فعل (1) صحت کرنا (2) شہادت دینا (3) گواہی دینا (4) سفارش کرنا (5) سچ بتانا (6) تائید کرنا (7) ماننا (8) قبول کرنا۔

**تصرف** (ء) اسم مذکر (1) دست اندازی کرنا (2) کوئی کام شروع کر دینا (3) ہیر پھیر (4) ادل بدل (5) قبضہ (6) مداخلت (7) اختیار (8) قابو (9) صرف خرچ۔

**تصرف بیجا کرنا** (ا) فعل (1) (قانون) غبن کرنا (2) خیانت کرنا (3) خورد برد کرنا۔

**تصرفی** (ء) اسم مونث۔ خاصہ کے خلاف وہ کھانا جو نوکروں چاکروں کے لئے تیار ہو۔

**تصریح** (ء) اسم مونث (1) کھول کر بیان کرنا (2) تشریح کرنا (3) وضاحت (4) تفصیل (5) تفسیر۔

**تصریف** (ء) اسم مونث (1) مصدروں اور فعلوں کی گردان کرنا (2) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرانا۔

**تصغیر** (ء) اسم مونث (1) چھوٹا کرنا (2) تخفیف، چھٹائی (3) کوتاہی (4) خردی (5) انقصار (6) قواعد، میں وہ اسم ذات جس میں چھٹائی پائی جائے۔

**تصفیہ** (ء) اسم مذکر (1) صفائی (2) فیصلہ (3) صلح (4) نیاؤ (5) بیچ بچاؤ (6) چکوتہ بے باقی۔

**تصنع** (ء) اسم مذکر (1) ساخت (2) بناوٹ (3) آراستگی (4) آرائش (5) بناؤ سنگار (6) دکھاوا (7) جعل (8) دھوکا (9) تغیر وتبدل۔

**تصنیف** (ء) اسم مونث (1) قسم وار لگانا (2) دل سے کوئی کتاب بنانا (3) طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا (4) ایجاد۔

**تصور** (ء) اسم مذکر (1) صورت باندھنا (2) دل میں خیال کر لینا (3) دھیان (4) غور (5) مراقبہ (6) علم منطق کی اصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے بغیر عقل میں آنا۔

**تصوف** (ء) اسم مذکر (1) نفسانی خواہشات سے پاک ہونا (3) علم پاکیزگی (4) نفس (5) تزکیہ (6) نفس کا قاعدہ (7) مظاہر صفات کو حق جاننا (8) مذہب صوفیہ۔

**تصویر** (ء) اسم مونث مصدر بہ معنی مفعول (1) صورت (2) مورت (3) شبیہ (4) روپ (5) فوٹو (6) نقش (7) نقشہ (8) خاکہ (9) نہایت خوبصورت۔

**تصویر کھینچنا** (ا) فعل (1) شبیہ اتارنا (2) مورت بنانا۔

**تصویر کی حالت** (ا) اسم (1) نہایت حسین (2) قبول صورت (3) صاحب جمال۔

**تصویر ہو جانا** (ا) فعل (1) ساکت ہونا (2) خاموش ہونا (3) بت بن جانا (4) بالکل بے حس ہو جانا۔

## ت ← ض

**تضحک** (ء) اسم مونث (1) ہنسی اڑانا (2) مذاق کرنا (3) ذلت (4) رسوائی (5) تذلیل (6) توہین۔

**تضرع** (ء) اسم مذکر (1) گڑگڑانا (2) گریہ زاری کرنا (3) نالہ وفریاد (4) رونا پیٹنا (5) خوشامد درآمد (6) منت سماجت۔

**تضمین** (ء) اسم مونث (1) ملانا (2) شامل کرنا (3) علم عروض میں کسی دوسرے شاعر کے مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں چسپاں کرنا، دوسرے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140477218

کے شعر پر مصرعے لگانا۔

تضیع (ء) اسم مونث (1) ضائع کرنا (2) برباد کردینا (3) تباہ کردینا۔

تضیع اوقات (ء) اسم مونث (1) وقت کو رائگاں کھونا (2) وقت ضائع کرنا۔

## ت ← ط

تطابق (ء) اسم مذکر (1) باہم مطابقت کھانا (2) باہم مطابق ہونا (3) مشابہت۔

تطاول (ء) اسم مذکر (1) دست درازی کرنا (2) لوٹ مچانا (3) ظلم کرنا (4) تعدی۔

تطبیق (ء) اسم مونث (1) مطابق کرنا (2) مشابہت دینا (3) مشابہ کرنا (4) ملانا۔

تطویل (ء) اسم مونث (1) دراز کرنا (2) لمبا کرنا (3) طوالت (4) لمبائی (5)

تطہیر (ء) اسم مونث (1) پاک کرنا (2) طہارت (3) پاکیزگی۔

## ت ← ظ

تظلم (ء) اسم مذکر (1) ظلم ظاہر کرنا (2) فریاد کرنا (3) فریاد۔

## ت ← ع

تعارض (ء) اسم مذکر (1) ایک دوسرے کے مقابل ہونا (2) باہم جھگڑنا۔

تعارف (ء) اسم مذکر (1) ایک دوسرے کی جان پہچان کرانا (2) شناسائی (3) واقفیت (4) جان پہچان۔

تعاقب (ء) اسم مذکر (1) پیچھا (2) پیچھا کرنا۔

تعاقب کرنا (ا) فعل (1) پیچھا کرنا (2) بھاگے ہوئے کے پیچھے جانے۔

تعالٰے (ء) اسم صفت (1) بلند (2) بلند و برتر (3) اعلٰے (4) بزرگتر (5) عالی مرتبہ۔

تعالٰے اللہ (ء) (1) کلمہ تعجب ہے (2) لغوی معنی بزرگ ہے (3) اصطلاح میں تعجب (4) حیرت (5) سبحان اللہ (6) واہ واہ کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

تعب (ء) اسم مذکر (1) تکلیف (2) دکھ (3) مصیبت (4) ماندگی (5) کلفت۔

تعبیر (ء) اسم مونث (1) بیان کرنا (2) عبارت لانا (3) خواب کا مطلب بتانا (4) نتیجہ خواہ (5) ظاہر کرنا۔

تعبیر کرنا (ا) فعل (1) مراد رکھنا (2) مطلب لینا۔

تعجب (ء) اسم مذکر (1) اچنبھا (2) انوکھا (3) اچرج (4) نرالاپن۔

تعجیل (ء) اسم مونث (1) جلدی (2) شتابی (3) عجلت (4) اضطراب کسی کام میں اس کے وقت سے پہلے جلدی کرنا۔

تعداد (ء) اسم مونث (1) گنتی (2) شمار (3) نمبر (4) مقدار (5) اندازہ (6) تخمینہ (7) رقم۔

تعدی (ء) اسم مونث (1) حد سے بڑھنا (2) ظلم وستم (3) جبر وسختی فعل لازم کو متعدی بنانا (4) فعل کا فاعل سے گزر کر مفعول پر واقع ہونا۔

تعرض (ء) اسم مذکر (1) سامنے آنا (2) آگے آنا (3) مقابلہ کرنا (4) حائل ہونا (5) روکنا (6) مزاحمت (7) روک ٹوک ہونا (8) سدراہ ہونا۔

تعریف (ء) اسم مونث (1) پہچاننا (2) پہچان کرنا (3) واقفیت (4) شناسائی (5) بیان ثنا (6) ملاح (7) وصف (8) صفت (9) توصیف۔

تعریف المجہول یا مجہول (ء) تابع فعل۔ کسی نامعلوم بات کو اس طرح بتانا کہ سمجھ میں نہ آئے۔

تعریف کرتے منہ سوکھنا (ا) فعل۔ تعریف میں بہت مبالغہ سے کام لینا نہایت عاجزی سے تعریف کرنا۔

تعزیت (ء) اسم مونث (1) عزاداری کرنا (2) ماتم پرسی کرنا (3) پرسا دینا (4) غم میں شریک ہونا (5) تسلی دینا (6) صبر دینا۔

تعزیر (ء) اسم مونث (1) سیاست (2) سزا (3) تادیب (4) گوشالی (5) حد شرعی سے کم سزا دینا (6) کم سے کم چالیس درے لگانا (7) تنبیہہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

کرنا (8) ڈانٹنا۔

تعزیہ (ع) اسم مذکر (1) ماتم پرسی (2) امام حسن و حسین علیہم السلام کی تربتوں کی نقل جو محرم کے دنوں میں کاغذوں اور بانسوں سے تیار کرتے اور ماتم داری کی شرائط بجالاتے ہیں۔

تعزیہ ٹھنڈا کرنا (ا) فعل (1) تعزیہ دفن کرنا (2) کسی بڑے آدمی کو مار ڈالنا (3) کسی امیر کا کام تمام کردینا۔

تعزیہ دار (عف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی۔ وہ شخص جو تعزیہ نکالے۔

تعزیہ داری (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) تعزیہ نکالنا (2) تعزیہ بنانا۔

تعزیہ داری لینا (ہ) فعل۔ تعزیہ بنانے کو اپنے اوپر واجب کرلینا۔

تعشق (ع) اسم مذکر (1) اظہار الفت (2) چاہ (3) پیار (5) شوق (6) اشتیاق (7) آرزو (8) تمنا (9) چاؤ۔

تعصب (ع) اسم مذکر (1) حمایت (2) پشتی (3) مددگاری (4) طرفداری (5) مذہبی (6) جانبداری (7) جانبداری کرنا۔

تعطیل (ع) اسم مونث (1) بیکاری (2) چھٹی (3) خانہ نشینی (4) آرام کا دن (5) فارغ رہنا (6) کام نہ کرنا۔

تعظیم (ع) اسم مونث (1) بڑا جاننا (2) بزرگ ماننا (3) بزرگی (4) عظمت (5) عزت (6) حرمت (7) تکریم (8) توقیر (9) قدرومنزلت۔

تعظیم دینا (ا) فعل (1) کسی کی تشریف آوری پر کھڑا ہو جانا (2) کھڑے ہوکر عزت کرنا (3) سلامی اتارنا (4) نہایت عزت کی جگہ بٹھانا۔

تعظیم کرنا (ا) فعل (1) عزت کرنا (2) آداب بجالانا (3) سلامی اتارنا۔

تعفن (ع) اسم مونث (1) سڑانا (2) بدبو (3) بدبودار ہونا۔

تعقید (ع) اسم مونث (1) لغت میں گرہ دینے کو کہتے ہیں (2) اصطلاح عروض میں الفاظ کو بے موقعہ بٹھانا (3) الٹا پلٹا کر بیان کرنا (4) مشکل میں ڈالنا۔

تعلق (ع) اسم مذکر (1) علاقہ رکھنا (2) لگاؤ رکھنا (3) میل جول (4) نسبت (5) واسطہ (6) رشتہ (7) سروکار (8) خواہش (9) میلان۔

تعلق خاطر (ع) طالع فعل (1) دلی لگاؤ (2) فکر (3) میلان طبع (4) دل کا رجحان۔

تعلقہ (ع) اسم مذکر (1) علاقہ (2) ضلع (3) قبضہ (4) تصرف (5) ملکیت (6) جاگیر (7) جائداد۔

تعلقہ دار (ف) اسم مذکر (1) جاگیردار (2) علاقہ دار (3) ضلعدار۔

تعلّی (ع) اسم مونث (1) بلندی (2) برتری (3) شیخی (4) غرور (5) ڈینگ۔

تعلّی کی لینا (ا) فعل (1) بڑائی جتانا (2) شیخی بگھارنا (3) غرور کی بات کرنا۔

تعلیقہ (ع) اسم مونث (1) مکان کی ترقی (2) مال و اسباب کی ضبطی (3) قرق شدہ (4) اسباب کی فہرست۔

تعلیل (ع) اسم مونث (1) سبب بیان کرنا (2) وجہ بتانا (3) قواعد میں حروف علت کے باعث تبدیل (4) عراب کرنا۔

تعلیم (ع) اسم مونث (1) سکھانا (2) علم پڑھانا (3) تربیت (4) تادیب (5) تلقین و ہدایت (6) تہذیب (7) ناچنے گانے اور رقص کی مشق (8) خوش خطی کا نمونہ (9) جسے دیکھ کر طالب مشق کرے۔

تعلیم پانا (ا) فعل (1) تربیت پانا (2) ہدایت پانا (3) تلقین پانا (4) ناچنا (5) گانا سیکھنا (6) رقص و سرور کی مشق کرنا۔

تعلیم دینا (ا) فعل۔ ناچنا، گانا سکھانا۔

تعلیم لینا (ا) فعل۔ ناچنا، گانا سیکھنا۔

تعمیر (ع) اسم مونث لغوی معنی پر کرنا (1) اصطلاحاً (2) عمارت بنانا (3) مرمت کرنا (4) مکانات بنانا (5) خالی یا سفید زمین پر عمارت بنانا۔

تعمیل (ع) اسم مونث (1) عمل میں لانا (2) عمل کرنا (3) حکم بجالانا (4) فرمانبرداری۔

تعمیہ (ع) اسم مذکر (1) پوشیدگی (2) چھپانا (3) معمہ بیان کرنا۔

تعویذ (ع) اسم مذکر (1) پناہ (2) پناہ میں لانا (3) امان (4) بچاؤ (5) حرفہ (6) نقش (7) نقش لکھ کر گلے میں ڈالنا (8) لوح مزار (9) قبر کا کوہان۔

تعویق (ع) اسم مونث (1) ڈھیل (2) دیر (3) لیت و لعل (4) تساہل۔

تعہد (ع) اسم مذکر (1) عہد نامہ (2) اقرار نامہ (3) ذمہ داری لینا۔

تعین (ع) اسم مذکر (1) ٹھیرانا (2) مقرر کرنا (3) اتقرر (4) قید (5)

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

روک ⑥ انحصار۔

**تعینات** (ا) اسم مذکر ① مقرر ② متعین ③ وہ شخص جو کسی کام پر مقرر کیا جائے۔

**تعیناتی** (ا) اسم مونث (عوام) ① تقرری ② مقرر کرنا۔

## ت ← غ

**تغار** (ف) اسم مذکر ① مٹی کا کونڈا یا ناند ② وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونہ بھگونے کے واسطے تھالی کی شکل کا بنالیا جاتا ہے۔

**تغاری** (ا) اسم مونث ① مٹی کا وہ برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں ② کونڈا۔

**تغافل** (ء) اسم مذکر ① اپنے آپ کو دیدہ دانستہ غافل بنانا ② بے خبری ③ بے التفاتی ④ بے توجہی ⑤ بے احتیاطی ⑥ بے پرواہی ⑦ سستی ⑧ تساہل۔

**تغافل شعار** (ء) اسم صفت ① بہ ترکیب ② اسم فاعل ترکیبی ③ بے پرواہ ④ غفلت شعار آدمی۔

**تغلب** (ء) اسم مذکر ① غلبہ کرنا ② قبضہ کرنا ③ غبن ④ خیانت۔

**تغماد** (ا) اسم مذکر ① (صحیح لفظ ترکی تمغا ہے) نشانی ② مہر ③ میڈل ④ حسن کارگزاری کا نشان ⑤ سکہ ⑥ محصول چونگی ⑦ تحکم ⑧ حکومت۔

**تغما بٹھانا** (ا) فعل ① تحکم جتانا ② سکہ بٹھانا ③ رعب جمانا۔

**تغیر** (ء) اسم مذکر ① بدلی ② تبدیل کرنا ③ حالت پلٹنا ④ انقلاب۔

## ت ← ف

**تف** (ء) اسم مذکر و مونث ① تھوک ② لعاب دہن ③ منہ کی رال ④ لعنت ⑤ ملامت ⑥ زوف ⑦ کلمہ نفرین وملامت۔

**تفاخر** (ء) اسم مذکر ① فخر جتانا ② شیخی بگھارنا ③ ڈینگ مارنا۔

**تفاریق** (ء) اسم مونث ① تفریق کی جمع ② فرق، تدریج ③ مختلف وقت ④ جدائیاں ⑤ تفرقے۔

**تفاوت** (ء) اسم مذکر ① فرق ② فاصلہ ③ دوری ④ جدائی ⑤ دور کرنا۔

**تفتہ** (ف) اسم صفت ① سوختہ ② بھنا ہوا ③ جلا ہوا ④ عاشق۔

**تفتہ جگر** (ف) اسم صفت مرکب ① ترکیب مفعولی ② جگر جلا ③ دل جلا ④ آتش عشق کا بھنا ہوا ⑤ سوختہ جگر۔

**تفتیش** (ء) اسم مونث ① تحقیقات کرنا ② تلاش کرنا ③ چھان بین کرنا ④ کھودنا ⑤ سراغ ⑥ کھوج ⑦ جستجو ⑧ کوشش ⑨ پوچھ گچھ۔

**تفحص** (ء) اسم مذکر ① دیکھ ② تفتیش۔

**تفرقہ** (ء) اسم مذکر ① جدائی ② پھٹنا ③ دو چیزوں میں فرق ہونا ④ مفارقت ⑤ علیحدگی ⑥ ہجر ⑦ پھوٹ ⑧ نااتفاقی ⑨ نفاق۔

**تفرقہ پڑنا** (ا) فعل ① جدائی پڑنا ② مفارقت ہونا ③ علیحدگی ہونا ④ نفاق پڑنا ⑤ نااتفاقی ہوجانا۔

**تفریح** (ء) اسم مونث ① فرحت پہنچانا ② خوشی ہونا ③ راحت دینا ④ مزاح ⑤ دل لگی ⑥ ہنسی ⑦ مذاق ⑧ چہل ⑨ ہواخوری۔

**تفریح طبع** (ء) اسم مذکر ① جی پرچاوا ② دل بہلاوا ③ خوشی ④ فرحت ⑤ مزاح ⑥ دل لگی ⑦ ہنسی ⑧ چہل ⑨ ٹھٹھول۔

**تفریحاً** (ء) تابع فعل ① فرحت کے طور پر ② مزاح کے طریقہ پر ③ دل لگی سے ④ ہنسی سے۔

**تفریق** (ء) اسم مونث ① جدائی ② فرق ③ علیحدگی ④ تفاوت وعلم حساب ⑤ ایک بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹا کر باقی نکالنا ⑥ تمیز قانون ⑦ بٹوارا ⑧ بانٹ ⑨ بٹائی۔

**تفسیر** (ء) اسم مونث ① اصل بات کو ظاہر کرنا ② تشریح ③ تفصیل قرآن کریم کی شرح ④ آسمانی کتاب کی شرح۔

**تفسیر کرنا** (ا) فعل ① کھول کر بیان کرنا ② صریح طور پر بیان کرنا۔

**تفصیل** (ء) اسم مونث ① علیحدہ کرنا ② فصل کرنا ③ جدا جدا کرنا ④ کھولکر بیان کرنا ⑤ تشریح ⑥ تفسیر ⑦ فہرست ⑧ فرد ⑨ کیفیت۔

**تفضیل** (ء) اسم مونث ① بزرگی دینا ② بڑھانا ③ فضیلت دینا ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ترجیح دینا۔

تفضیل بعض (ء) اسم مونث ① بعض پر ترجیح دینا ② صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو کسی دوسرے موصوف پر ترجیح دی جائے۔

تفضیل کل (ء) اسم مونث ① سب پر فوقیت دینا ② وہ درجہ صفت جس میں موصوف کو سب پر فوقیت دی جائے۔

تفضیل نفسی (ء) اسم مونث ① ذاتی فضیلت ② سادہ صفت ③ وہ صفت جس میں کسی موصوف سے مقابلہ نہ کیا جائے۔

تفکر (ء) اسم مذکر ① سوچ ② فکر ③ اندیشہ ④ فکر کرنا ⑤ سوچنا۔

تفنگ (ف) اسم مونث ① بندوق ② اگن ③ بان ④ توپ ⑤ وہ بڑا نرسل جس میں مٹی یا آٹے کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر رکھ کر پھونک کر زور سے چلاتے ہیں۔

تفنن (ء) اسم مذکر ① رنگ برنگ کا ہونا ② طرح طرح کا ہونا ③ دل لگی ④ چہل شغلی مشغلہ۔

تفنن طبع (ء) اسم مذکر ① دل لگی کے طور پر، ہنسی کے طور پر ② ہنسی مزاخ دل لگی۔

تفویض (ء) اسم مونث ① سپردگی۔ حوالے کرنا ② سونپنا ③ حوالگی ④ تحویل۔

## ت ← ق

تقابل (ء) اسم مذکر ① باہم مقابل ہونا ② آمنے سامنے ہونا۔

تقارب (ء) اسم مذکر ① باہم قریب ہونا ② علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔

تقاضا (ء) اسم مذکر ① خواہش ② طلب ③ مانگ ④ طلبی ⑤ تاکید ⑥ تشدد ⑦ کام ⑧ (قانون) دعوے ⑨ مطالبہ۔

تقاضائے سن/عمر/وقت (ء) ① وقت یا عمر کے موافق ② حسب موقع وقت کی ضرورت کے مطابق۔

تقاطع (ء) اسم مذکر ① کٹنا ② باہم منقطع ہونا۔

تقاوی (ء) اسم مونث ① قوت دینا ② زور مدد کرنا ③ وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زمینداروں کی زراعت کے واسطے بطور امداد قرض دیا جاتا ہے۔

تقدیر (ء) اسم مونث ① اندازہ ② مقدار ③ قسمت ④ بھاگ ⑤ نصیب ⑥ مقسوم۔

تقدیر آزمانا (ا) فعل ① قسمت آزمائی کرنا ② قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا ③ نصیب کا تجربہ کرنا۔

تقدیر الٹنا/ تقدیر بگڑنا/ تقدیر پلٹنا (ا) فعل ① نصیب کا یاد نہ ہونا ② بد اقبالی آنا ③ بخت ④ برگشتہ ہونا ⑤ ادبار آنا ⑥ نصیب کا ساتھ نہ دینا۔

تقدیر پھر جانا (ا) فعل ① اقبال رہنا ② دن پھرنا ③ بھلے دن آنا ④ اقبال ہونا۔

تقدیر پھوٹ جانا (ا) فعل ① تقدیر کا بگڑ جانا ② نربھاگی ہونا ③ مرتد کا برخلاف ہو جانا ④ بری جگہ بیاہی جانا ⑤ برے کے پلے پڑنا۔

تقدیر جاگنا/ تقدیر چمکنا/ تقدیر سیدھی ہونا (ا) فعل ① بھلے دن آنا ② بخت کا یاد ہونا ③ قسمت کا مساعد ہونا ④ تقدیر یاور ہونا ⑤ بات بن جانا ⑥ اقبال ہونا۔

تقدیر کا بدا (ا) اسم مذکر ① نوشتہ تقدیر ② تقدیر کا لکھا ③ جو مقدر میں لکھا ہو۔

تقدیر کا ال (ا) اسم مذکر ① قسمت کا پھیر ② نگوں بختی ③ مقدر کا بگاڑ۔

تقدیر کا بنا (ا) اسم مذکر ① مساعدت بخت ② قسمت کی درستی۔

تقدیر کا پلٹا کھانا (ا) فعل ① قسمت الٹ جانا ② نصیب پھر جانا۔

تقدیر کا سو جانا (ا) فعل ① نصیبوں کا ناموافق ہونا ② بدبختی آجانا۔

تقدیر کا کھیل (ا) اسم مذکر ① قسمت کی بات ② قسمت کا کام ③ نصیب کا کرشمہ۔

تقدیر کا لکھا (ا) اسم مذکر ① نوشتہ ازلی ② کرم کی ریکھ ③ تقدیری معاملہ۔

تقدیر کا ہیٹا (ا) اسم مذکر ① بدنصیب ② قسمت کا کمزور ③ نربھاگا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**تقدیر لڑنا** (ا) فعل ① تقدیر کا موافق ہونا ② تقدیر کا سازگار و یاور ہونا۔

**تقدیر لوٹ جانا** (ا) فعل ① تقدیر کا پھر جانا ② یاورن ہونا ③ دغا دے جانا۔

**تقدیری امر** (ء) اسم مذکر ① شدنی کام ② نوشتہ تقدیر ③ ہونی ④ شدنی ⑤ وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو۔

**تقدیم** (ء) اسم مونث ① پیش کرنا ② بجالانا ③ پہل ④ پیشقدمی ⑤ برتری ⑥ ترجیح۔

**تقرب** (ء) اسم مذکر ① نزدیکی ② قرب ③ قربت۔

**تقرر** (ء) اسم مذکر ① مقرر ہونا ② تعین ③ قیام لگنا۔

**تقرری** (ء) اسم مونث ① تعیناتی ② مقرر ہونا ③ ملازمت ④ نوکری۔

**تقریب** (ء) اسم مونث ① قریب کرنا ② نزدیکی ذریعہ ③ سبب ④ باعث ⑤ ذریعہ ⑥ موقع ⑦ رشتہ داروں کے جمع ہونے کا باعث ⑧ چھوٹی سی شادی ⑨ ریت۔

**تقریباً** (ء) تابع فعل ① انداز ② تخمیناً ③ قریب قریب۔

**تقریر** (ء) اسم مونث ① بات چیت ② گفتگو ③ ذکر اذکار ④ بیان ⑤ علمی بحث ⑥ عقلی تکرار ⑦ بحث و مباحثہ ⑧ زبانی لکچر ⑨ وعظ۔

**تقریری** (ء) اسم مونث۔ زبانی۔

**تقریض/تقریظ** (ء) اسم مونث ① دوست کی تعریف ② ساتھی کی صفت ③ ریویو ④ کسی کتاب پر رائے لکھنا ⑤ زندہ کی تعریف خواہ جھوٹ ہو یا سچ۔

**تقسیم** (ء) اسم مونث ① بٹوارہ ② بانٹ ③ قسمت، حساب کا وہ قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے پر بانٹتے ہیں۔

**تقسیم کرنا** (ا) فعل ① بانٹنا ② بھاگ کرنا۔

**تقسیم ہونا** (ا) فعل ① بٹنا ② حصہ ہونا ③ حصہ رسدی ملنا۔

**تقصیر** (ء) اسم مونث ① کمی کرنا ② کوتاہی کرنا ③ قصور کرنا ④ گناہ کرنا ⑤ جرم کرنا ⑥ خطا ⑦ چوک ⑧ سہو ⑨ نسیان۔

**تقصیروار** (عف) اسم صفت ① گنہگار ② مجرم ③ قصوروار۔

**تقطیع** (ء) اسم مونث ① کاٹنا ② ٹکڑے ٹکڑے کرنا ③ بیت کے اجزاء کو بحر کے اجزاء کے بالمقابل اس طرح رکھنا کہ ساکن کے مقابلے میں ساکن اور متحرک کے مقابلے میں متحرک آ جائے ④ الف بے تے میں حرفوں کو باہم ملا کر سکھایا جانا ⑤ جیسے بابت جاجت جج جدو غیرہ۔

**تقلید** (ء) اسم مونث ① پیروی کرنا ② نقل کرنا ③ کسی کے قدم بقدم چلنا ④ (قانون) جعل ⑤ فریب ⑥ دھوکا۔

**تقویٰ** (ء) اسم مذکر ① پرہیزگاری ② خوف خدا ③ خدا سے ڈرنا۔

**تقویت** (ء) اسم مونث ① قوت دینا ② زور دینا ③ طاقت ④ زور ⑤ بل ⑥ مدد ⑦ ڈھارس ⑧ تسکین ⑨ تسلی۔

**تقویم** (ء) اسم مونث ① جنتری ② پترا ③ وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخوں اور ستاروں اور گرہن وغیرہ کا حال درج ہو۔

**تقویم پارینہ** (ف) اسم مونث ① پرانی جنتری کی چیز ② بیکار چیز جو کارآمد نہ ہو ③ بوڑھی۔

**تقید** (ف) اسم مونث ① لغوی قید کرنا ② اصطلاح میں تاکید اور تنبیہ کو کہتے ہیں۔

## ت ← ک

**تک** (ہ) اسم مذکر۔ قافیہ۔

**تک بندی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① قافیہ بندی ② تک جوڑنا ③ بے معنی اور لغو قافیے باندھنا۔

**تک جوڑنا** (ہ) فعل ① تک ملنا ② قافیہ ملانا ③ جھوٹ باندھنا ④ دروغ گوئی کرنا۔

**تک** (ہ) اسم مونث ① بڑی ترازو ② ڈنڈی۔

**تک** (ہ) حرف جار ① انتہا کے لئے ② حروف مغرہ یا عاملہ میں سے ایک حرف ہے ③ حد ④ انتہا ⑤ خاتمہ ⑥ پاس ⑦ نزدیک ⑧ قریب جیسے تم تک بھی نہ آیا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314907218

www.besturdubooks.net

تکا (ا) اسم مذکر ❶ گوشت کا ٹکڑا ❷ پارہ گوشت ❸ گوشت کی لمبی بوٹی ❹ پتلی بوٹی ❺ لوتھڑا ❻ بیٹا ❼ ولد ❽ تولد جیسے حرامی تکا (فارسی میں تکہ)

تکا اتارنا (ا) فعل ❶ منگل کے دن دوپہر کے وقت گوشت وار کر چیلوں کو کھلانا ❷ یہ بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کو کرتی ہیں۔

تکا بوٹی کرنا (ا) فعل ❶ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ❷ دھجی دھجی کرنا ❸ بانٹنا ❹ تقسیم کرنا ❺ تیاپانچا کرنا۔

تکا بوٹی ہو جانا (ا) فعل ❶ ہاتھوں ہاتھ اڑ جانا ❷ صرف ہو جانا ❸ تقسیم ہو جانا۔

تکا (ا) اسم مذکر ❶ بے بھال کا تیر ❷ گھنڈی دار تیر ❸ تیر ❹ ناوک ❺ بان ❻ سیدھا ❼ عمودوار۔

تکا سا (ا) اسم صفت ❶ تیرنا ❷ سیدھا ❸ عموداً۔

تکان (ا) اسم مونث ❶ تھکاوٹ ❷ ماندگی ❸ خستگی ❹ تھکان ❺ سستی ❻ آلکس ❼ اعض اشکنی ❽ ہچکولوں کا صدمہ ❾ سفر کی تھکن۔

تکان اتارنا (ا) فعل ❶ سستی دور کرنا ❷ آرام لینا ❸ تازہ دم ہونا (بازاری) مجامعت کرنا۔

تکان چڑھنا (ا) فعل ❶ تھکنا ❷ سستی آنا ❸ ہارنا۔

تکبر (ء) اسم مذکر ❶ دانستہ بڑائی ظاہر کرنا ❷ غرور گھمنڈ ❸ رعونت ❹ مروڑ ❺ اکڑ۔

تکبیر (ء) اسم مونث ❶ اللہ اکبر کہنا ❷ بزرگ جاننا ❸ تعظیماً اللہ کا نام لینا ❹ لڑائی یا نماز یا ذبح یا خوف ❺ اور تعجب کے وقت اللہ اکبر کہنا ❻ جوش میں آکر خدا کی بڑائی کا ذکر کرنا۔

تکبیر اولے (ء) اسم مونث ❶ نماز کی سب سے پہلی تکبیر جس کو تکبیر تحریمہ بھی کہتے ہیں ❷ اول دفعہ امام کے اللہ اکبر کہنے میں شریک ہونا۔

تک تک (ہ) اسم مونث صوت ❶ بیل کو آگے چلانے کی آواز ❷ بیل ہانکنے کی آواز۔

تک تک کرنا (ہ) فعل ❶ آنکس کرنا ❷ آر کرنا ❸ ٹھونکنا ❹ یاد دہانی کرتے رہنا۔

تکرار (ء) اسم مونث ❶ دو تین بار کہنا ❷ بار بار کہنا ❸ حجت ❹ بحث ❺ ردوکد ❻ جھگڑا ❼ بکھیڑ ❽ اٹنا ❾ لڑائی۔

تکرار کرنا (ا) فعل ❶ جھگڑنا ❷ جھگڑا کرنا ❸ الجھنا ❹ سر ہونا ❺ جھگڑ کر سودا خریدنا۔

تکراری (ا) اسم صفت ❶ جھگڑالو ❷ جھکی ❸ لڑاک ❹ حجتی۔

تکریم (ء) اسم مونث ❶ عزت کرنا ❷ بزرگی کرنا ❸ تعظیم ❹ ادب ❺ اور آؤ بھگت۔

تکڑا (ہ) اسم صفت ❶ کڑا ❷ مضبوط ❸ توانا ❹ طاقتور ❺ زوردار ❻ زورآور ❼ ہٹا کٹا ❽ موٹا تازہ ❾ فربہ۔

تکذیب (ء) اسم مونث ❶ جھٹلانا ❷ جھوٹا بنانا ❸ دروغگو ثابت کرنا۔

تکڑی (ہ) اسم مونث ❶ ترازو ❷ میزان ❸ تکڑا کی مونث بھی ہے۔

تکس (ا) اسم مذکر ❶ (اصل میں ترکش تھا) پان کا بیڑا رکھنے کا پتا ❷ تارگٹی کی گڈیوں کا مٹھا۔

تکفیر (ء) اسم مونث ❶ کافر کہنا ❷ کفر کا فتوے دینا۔

تکلف (ء) اسم مذکر ❶ جان بوجھ کر تکلیف میں پڑنا ❷ تکلیف سے کوئی کام کرنا ❸ بناوٹ ❹ سجاوٹ ❺ تصنع ❻ آرائش ❼ ٹھاٹھ ❽ غیریت برتنا ❾ غیر رہنا۔

تکلف برتنا (ا) فعل ❶ ظاہر داری برتنا ❷ مغائرت کا سا سلوک کرنا۔

تکلف برطرف (ف) تابع فعل ❶ تکلیف دور کر کے ❷ تکلیف کے بغیر ❸ بے تکلف ❹ بے حجاب ❺ آزادانہ ❻ صاف صاف ❼ خطا صاف۔

تکلف کا کھانا (ا) اسم مذکر ❶ امیرانہ خوراک ❷ قیمتی کھانا۔

تکلف کا مکان (ا) اسم مذکر ❶ سجا ہوا مکان ❷ آراستہ و پیراستہ ❸ مکان۔

تکلف کرنا (ا) فعل ❶ آرائش کھانا ❷ آراستہ کرنا ❸ حجاب کرنا ❹

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

شرم کرنا⑤ ٹیپ ٹاپ دکھانا۔

**تکلیف** (ع) اسم مونث ① طاقت سے زیادہ کام لینا ② دکھ ③ درد ③ رنج ④ ایذا ⑤ مصیبت ⑥ بپتا ⑦ تنگی ⑧ مفلسی ⑨ دقت۔

**تکلیف کرنا** (ا) فعل ① تکلیف اٹھانا ② قدم رنجہ فرمانا ③ چلنا۔

**تکلے کے بل نکالنا** (ہ) فعل ① خوب سیدھا کرنا ② کجی نکالنا ③ ساری شرارتیں نکال دینا ④ خوب مارنا ⑤ اچھی طرح ٹھیک کرنا۔

**تکملہ** (ع) اسم مذکر ① ضمیمہ ② خاتمہ ③ وہ مضمون جو پہلے مضمون کو مکمل کردے۔

**تکمہ** (ف) اسم مذکر ① گھنڈی ② بٹن ③ گریبان کا حلقہ۔

**تکمیل** اسم مونث ① مکمل کرنا ② پورا کرنا ③ تمام کرنا ④ کمال کو پہنچانا۔

**تکمیل تمسک** (ع) اسم مونث (قانون) شرائط قانونی کے موافق تمسک کا پورا ہونا۔

**تکمیل رہن** (ع) اسم مونث ① رہن کی میعاد ختم ہونا ② رہن کی میعاد کا پورا ہونا۔

**تکنا** (ہ) فعل ① دیکھنا ② گھورنا ③ ٹکٹکی باندھنا ④ آسرا رکھنا ⑤ امید رکھنا ⑥ نظر بازی کرنا ⑦ بدنیتی سے دیکھنا ⑧ گھورا گھاری کرنا ⑨ انتظار کرنا۔

**تکوا** (ا) اسم مذکر ① تکلا ② دوک۔

**تک و دو** (ف) اسم مونث ① حاصل مصدر (اصل میں تگ و دو ہے) کوشش جستجو ② دوڑ دھوپ ③ پیروی ④ فکر ⑤ تشویش ⑥ ادھیڑبن۔

**تکونا یا تکونیا** (ہ) اسم صفت ① سہ گوشہ مثلث ② تکون ③ ترکھونٹا ④

**تکھڑی** (ہ) اسم مونث۔ چھوٹی ترازو۔

**تکے لگانا** (ہ) فعل ① کباب بھوننا ② کباب لگانا ③ جلانا ④ رشک دلانا ⑤ چھیڑنا ⑥ مرچیں لگانا ⑦ ایذا دینا۔

**تکی لگانا** (ہ) فعل۔ گھورنا۔

**تکیہ** (ف) اسم مذکر ① آرام کی جگہ ② سرہانے رکھنے کی جگہ ③ فقیر کی رہائش گاہ ④ گورستان ⑤ قبرستان ⑥ مدفن۔

**تکیہ دار** (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ① قبرستان میں رہنے والا فقیر ② گورستان کا مجاور۔

**تکیہ کرنا** (ا) فعل ① بھروسہ کرنا ② اعتبار کرنا ③ اعتماد کرنا۔

**تکیہ کلام** (ف) اسم مذکر ① کسی زبان پر چڑھے ہوئے لفظ کو بار بار جا و بیجا موقع بے موقع بولنا ② سخن تکیہ۔

**تکیہ لگانا** (ہ) فعل۔ دیوار وغیرہ کسی چیز کا سہارا لے کر بیٹھنا۔

## ت ← گ

**تگا** (ہ) اسم مذکر ① تار ② ڈورا ③ دھاگا ④ تاگا کا مخفف ہے۔

**تگا** (ہ) اسم صفت ① ٹیڑھا ② خمیدہ ③ کبڑا ④ کجرفتار۔

**تگاپو** (ف) اسم مونث ① حاصلمصدر راس میں اغاطفہ ہے ② دوڑ دھوپ ③ کوشش ④ سعی ⑤ جلدی سے آنا جانا ⑥ نہایت کوشش و جستجو کرنا ⑦ بے فائدہ تردد۔

**تگڑی** (ہ) اسم مونث ① تاگڑی کا مخفف ہے ② کمربند ③ پٹکا۔

**تکدمہ یا تکدمہ** (ا) اسم مذکر۔ کسی چیز کی تیاری کا تخمینہ برآورد۔

**تگنا** (ہ) اسم مذکر صفت ① تین گنا ② (اسم مذکر) پاجامہ ③ پرانا ④ میلا پاجامہ یا لہنگا۔

**تگنی** (ہ) اسم مونث ① صفت تین گنی ② (اسم ذات مونث) پرانا ③ میلا کچیلا چھوٹا سا پاجاما ④ لہنگا ⑤ چھوٹا سا گھگھرا۔

**تگی** (ہ) اسم مونث ① جھک کر کسی کے اوپر چڑھ بیٹھنا ② چڑھی ③ آدمی کی سواری ④ تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر تین کا نشان ہو۔

## ت ← ل

**تل** (ہ) اسم مذکر ① تلے کا نیچے کا حصہ ② نشیب۔ تھاہ۔

**تل دھار موصل دھار برسنا** (ہ) فعل۔ بڑے زور کی بارش ہونا۔

**تل کرنا** (ہ) فعل ① نیچے دبا لینا ② چرا لینا ③ غائب کر لینا ④ چھپا لینا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

تل نظرا (ا) اسم صفت ❶ نیچے نگاہ رکھنے والا ❷ نیچی نظروں سے دیکھنے والا ❸ وہ شخص جو اوپر آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے۔

تل (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا بیج ہے جس سے تیل نکلتا ہے ❷ کنجد ❸ خال یعنی وہ کالا نقطہ جو گورے جسم یا رخسار پر ہوتا ہے ❹ کاجل کا نقطہ ❺ آنکھ کی پتلی ❻ مردمک چشم ❼ رتی ❽ ذرہ۔

تل برابر (ا) اسم مونث ❶ ذرہ بھر ❷ ذرا سا ❸ بہت ہی کم مقدار۔

تل بنانا / لگانا (ہ) فعل۔ خوبصورتی کے لئے کاجل کی بندی رخسارے یا منہ یا پیشانی پر لگانی۔

تل بندھنا (ہ) فعل ❶ سورج کی کرنوں کا کسی آتشی شیشہ میں سے گزر کر ایک نقطہ پر جمع ہو جانا ❷ کسی شے پر تل سا بن کر پڑنا۔

تل بھگا (ہ) اسم مذکر ❶ تل کوٹ کر اس میں کھانڈ ملا لیتے ہیں ❷ اس کو تل بھگا بولتے ہیں۔

تل چاٹنا (ہ) فعل۔ مسلمان عورتوں میں ایک دستور ہے کہ دولھا کو وداع کرتے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل دے کر چھواتی ہیں تاکہ تمام عمر دولھا مطیع رہے۔

تل چاولے بال (ہ) اسم مذکر ❶ سیاہ و سفید بال ❷ کھچڑے بال۔

تل چاولی ڈاڑھی (ہ) اسم مونث ❶ سیاہ و سفید ڈاڑھی ❷ کھچڑی ڈاڑھی ❸ وہ داڑھی جس میں آدھے بال سفید آدھے سیاہ ہوں۔

تل چٹا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا جھینگر۔

تل چور سو بحر چور (ہ) مثل۔ چور خواہ تھوڑی چیز چراوے خواہ زیادہ بہر حال وہ چور تو ہے۔

تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا (ہ) فعل ❶ جگہ کی تنگی ہونا ❷ بالکل جگہ نہ ہونا ❸ اسباب کی زیادتی یا چیچک کے دانوں کے لئے بولتے ہیں۔

تل شکری (ا) اسم مونث ❶ تل اور شکر سے بنی ہوئی ایک مٹھائی جسے گزک کہتے ہیں ❷ پنجابی گنجک۔

تل کٹ (ہ) اسم مذکر ❶ مٹھائی ملا کر کوٹے ہوئے تل ❸ تل بھگا۔

تل کے اوجھل پہاڑ (ہ) مثل ❶ ذرا سے پردے میں کسی بڑی بھاری چیز کا چھپ جانا ❷ کسی انوکھی چیز کے ظاہر ہونے سے مراد ہوتی ہے۔

تلا (ہ) اسم مذکر ❶ جوتے کا نچلا حصہ جو زمین پر ٹکتا ہے ❷ پیندا۔

تلا دینا (ہ) فعل۔ آگ سے محفوظ رکھنے کے لئے ہانڈی وغیرہ کے نیچے گارا لگانا۔

تلا (ا) اسم مذکر ❶ پگڑی کا زرین سرا ❷ سنہری تار ❸ گوٹہ ❹ زری وغیرہ۔

تلا (ہ) اسم مذکر ❶ ترازو ❷ تکھڑی ❸ تک ❹ برج ❺ میزان۔

تلادان (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی خیرات جس میں بادشاہ یا راجہ مہاراجہ اپنے جسم کے برابر چاندی سونا، چاول، گھیا و ربیش قیمت چیزیں تول کر غربا اور برہمنوں کو خیرات کر دیا کرتے تھے۔

تلاتل (س) اسم مذکر۔ زمین کا چوتھا طبقہ۔

تلاش (ت) اسم مونث ❶ سعی ❷ جستجو ❸ کوشش ❹ ڈھونڈیا ❺ کھوج ❻ سراغ ❼ پتہ۔

تلاش کرنا (ا) فعل ❶ ڈھونڈنا ❷ کھوج لگانا ❸ پتا لگانا۔

تلاش معاش (ف) ❶ روزی کی فکر ❷ روزی ڈھونڈنا ❸ جستجوے روزگار۔

تلاشی (ف) اسم مونث بیائے فاعلیت ❶ تلاش کرنے والا ❷ جوئندہ ❸ ڈھونڈنے والا ❹ جھاڑا ❺ گم شدہ چیز کے شبہ میں گھر بار کی دیکھ بھال کرنا۔

تلاشی لینا (ا) ❶ جھاڑا لینا ❷ ڈھونڈنا ❸ تلاش کرنا۔

تلاطم (ع) اسم مذکر ❶ تھپیڑ مارنا ❷ لہر ❸ موج ❹ پانی کی تھپیڑیں ❺ جوش ❻ ولولہ۔

تلافی (ع) اسم مونث ❶ عوض ❷ بدلہ ❸ پادرش ❹ مکافات ❺ بدلہ دینا ❻ عوض کرنا۔

تلاملی (ہ) اسم مونث ❶ اضطراب ❷ گھبراہٹ ❸ بے قراری ❹ بےچینی ❺ تلملاہٹ سے بنا ہے۔

تلاگودن کرنا (ہ) فعل ❶ لغوی ❷ تلی پر کچو کے لگانا ❸ اصطلاحی طعنہ مہنہ دینا ❹ برا بھلا کہنا۔

Join us on whatsapp: Naveed Baloch 03124907218

www.besturdubooks.net

تلاؤ (ا) اسم مذکر ① تالاب ② حوض جوہڑ ③ پوکھر ④ تال۔

تلاوا / طلایہ (ا) اسم مذکر ① فوج کا محافظ دستہ ② وہ دستہ فوج جو رات کو لشکر گاہ یا شہر کی حفاظت کے لئے پہرا دے ③ شب گرد۔

تلاوا (ہ) اسم مذکر۔ دھرے کے اوپر لگی ہوئی وہ لکڑی جس پر گاڑی کا تمام بوجھ تلا رہے۔

تلاوت (ع) اسم مونث ① قرآن شریف پڑھنا ② مطالعہ کرنا۔

تلائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدر ہی ① تیل پلانا ② مشغل پر کپی میں سے تیل ڈالنا ③ کڑھائی۔ تلنے کا چھوٹا سا برتن۔

تل بیٹھنا (ہ) فعل ① ہموزن ہو کر بیٹھنا ② ترازو میں بیٹھنا ③ بادشاہوں یا راجاؤں کا تلاون کرنے کیلئے سالگرہ کے موقع پر سونے چاندی وغیرہ میں تلنے کو ترازو میں بیٹھنا ④ کسی کام کے کرنے کے لئے بالکل مستعد ہو جانا ⑤ تیار ہو جانا۔

تلبیس (ع) اسم مونث ① لغت میں لباس پہنانا ② پوشیدہ کرنا ③ اصطلاح میں دغا فریب ④ دھوکا دینا۔

تلبیس سکہ (ع) اسم مذکر ① سکہ بدل کر چلانا ② قلب سکہ۔

تلبیس لباس (ع) اسم مذکر۔ دھوکا کے واسطے سرکاری وردی، سرکاری افسروں کی وردی پہن لینا۔

تلپٹ کرنا (ہ) فعل ① اوپر تلے کر دینا ② تہ و بالا کرنا ③ زیر و زبر کرنا ④ برباد کرنا ⑤ تباہ کرنا۔

تلچھٹ (ہ) اسم مونث ① درد رتہ نشین ② گاد ③ وہ چیز جو پانی وغیرہ میں نیچے بیٹھ جایا کرتی ہے۔

تلچھنا (ہ) فعل ① بے قرار ہونا ② تڑپنا ③ بے چین ہونا ④ مضطرب ہونا ⑤ پریشان ہونا۔

تلچھوں ملچھوں کرنا (ہ) فعل ① چلبلا پن ② دکھانا ③ نچلا بیٹھنا ④ بیتابانہ پھرنا۔ مضطرب وار پھرنا۔

تلخ (ف) اسم صفت ① کڑوا ② شیریں کی ضد ③ بدمزہ ④ بدذائقہ ⑤ ناگوار ⑥ ناپسند۔

تلخی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کڑواہٹ ② شدت ③ سختی ④ بدمزگی۔

تلڑ (ہ) اسم مذکر ① پیٹ ② شکم ③ اوجھ ④ جیسے تلڑ بھرنا ⑤ قبضے جیسے روپیہ اس کے تلڑ میں ہے۔

تلڑا (ہ) اسم مذکر بترکیب فاعلی ① تین لڑوں والا ② تین لڑی کا ③ ایک زیور کا نام ہے۔

تلذذ (ع) اسم مذکر ① باب تفعل ② لذت ③ ذائقہ ④ مزہ ⑤ حظ ⑥ لطف اٹھانا ⑦ کیفیت لینا۔

تلسی (ہ) اسم مونث ① ایک چھوٹی سی خوشبودار جھاڑی کا نام ہے جسے ہندو لوگ متبرک سمجھتے ہیں ② کرشن جی کی معشوقہ کا نام ہے۔

تلسی دانہ (ا) اسم مذکر۔ ایک زیور کا نام ہے۔

تلسی دل (ہ) اسم مذکر ① تلسی کا پتا ② برگ ریحان۔

تلطف (ع) اسم مذکر ① لطف ② لطف اٹھانا ③ مہربانی ④ کرم ⑤ نوازش ⑥ عنایت۔

تلف (ع) اسم مذکر ① برباد ② خراب ③ ضائع ④ ہلاک ⑤ رائگاں ⑥ فنا۔

تلفظ (ع) اسم مذکر ① لفظ کا منہ سے ٹھیک طرح ادا کرنا ② لہجہ۔

تلقین (ع) اسم مونث ① سمجھانا ② نصیحت کرنا ③ تعلیم دینا۔

تلک (ہ) اسم مذکر ① ٹیکا ② قشقہ ③ صندل رولی ④ سندور وغیرہ کا نشان جو ہندو لوگ پیشانی پر لگاتے ہیں ⑤ پشواز ⑥ جامہ ⑦ ایک قسم کی پرانی زنانہ پوشاک تھی ⑧ گدی نشینی کی رسم۔

تلک دھارنا / تلک دھارن کرنا (ہ) فعل ① ٹیکا لگانا ② قشقہ کھینچنا۔

تلک دھاری (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① ٹیکا لگانے والا ② وہ شخص جو روزمرہ بلاناغہ ٹیکا لگائے۔

تلک کرنا / تلک لگانا (ہ) ① گدی نشینی کرنا ② منگنی کرنا ③ الوداع۔

تلک (ہ) تابع فعل۔ (دیکھو تک) آجکل بہت کم مستعمل ہے۔

تلّی (ہ) اسم مونث۔ پانی تیل وغیرہ پتلی چیزوں کی دھار۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

**تلّی بندھنا** (ہ) فعل ❶ دھار ❷ فوارہ چھوٹنا ❸ ٹونٹی جانا۔

**تلملانا** (ہ) فعل ❶ بوکھلانا ❷ بولانا ❸ گھبرانا۔

**تلمیح** (ہ) اسم مونث ❶ نمک ڈالنا ❷ خوش مزہ بنانا ❸ علم بیان میں کسی قصے وغیرہ کی طرف کلام میں اشارہ کر جانا۔

**تلمیذ** (ہ) اسم ذکر ❶ شاگرد ❷ طالب علم ❸ چیلا۔

**تلنا** (ہ) فعل۔ کڑھائی میں گھی یا تیل گرم کر کے کچھ پکانا۔

**تلنا** (ہ) فعل ❶ وزن ہونا ❷ برابر ہونا ❸ آمادہ ہونا ❹ پر ہونا ❺ جیسے بادل تلا کھڑا ہے ❻ اندازہ ہونا ❼ جانچ ہونا ❽ اٹکل ہونا ❾ جیسے تلوار کا ٹلا ہوا ہاتھ۔

**تلنگا** (ہ) اسم مذکر ❶ تلنگانہ کا رہنے والا ❷ وہ انگریزی سپاہی جسے انگریزی لباس پہنایا جائے ❸ ایک قسم کا کنکوا بھی ہے۔

**تلنگنی** (ہ) اسم مونث۔ (مرکب از تل وانگنی) ❶ ایک قسم کی مٹھائی ہے جو خربوزے کے بیج ❷ مرچ سیاہ ❸ اور کھانڈ سے بناتے ہیں ❹ پہلے بیجوں کی جگہ تل ڈالا کرتے تھے۔

**تلوا** (ہ) اسم مذکر ❶ کف پا ❷ ایڑی اور پنجے کے درمیان کا حصہ ❸ پاؤں کے نیچے کا حصہ۔

**تلوا کھجلانا / کھجانا** (ہ) فعل ❶ کف پا میں خارش ہونا ❷ اس سے لوگ سفر پیش آنے کا شگون لیتے ہیں ❸ سفر درپیش ہونا ❹ صحرا نوردی چاہنا۔

**تلوانہ ٹکنا** (ہ) ❶ ایک جگہ نہ ٹھہرنا ❷ جم کر نہ بیٹھنا۔

**تلوا** (اسم مونث) ❶ شمشیر ❷ تیغ ❸ سیف ❹ بک خمدار تیز دار ❺ والا ہتھیار۔

**تلوار برسنا** (ہ) فعل ❶ برابر تلوار چلنا ❷ تلوار پر تلوار پڑنا ❸ شدت سے تیغ زنی ہونا۔

**تلوار بند** (ا) اسم مذکر ❶ تلوار یا تیغ زن ❷ تلوار باندھے رہنے والا۔

**تلوار پر ہاتھ رکھنا / تلوار کے قبضے کو چھونا** (ا) فعل ❶ تلوار مارنے کی نیت سے قبضے کو ہاتھ لگانا ❷ تلوار کی قسم کھانا ❸ دست بہ شمشیر بردن۔

**تلوار تولنا** (ہ) فعل ❶ تلوار کو جانچنا تاکہ پورا وار پڑے ❷ تلوار سنبھالنا ❸ تیغ زنی کی نیت کرنا۔

**تلوار چلنا** (ہ) فعل ❶ جنگ ہونا ❷ لڑائی ہونا ❸ کشت وخون ہونا۔

**تلوار زیب کمر کرنا** (ہ) فعل ❶ کمر سے تلوار باندھنا ❷ تلوار سجا کر تیار ہونا۔

**تلوار سونتنا** (ہ) فعل ❶ تلوار کو میان سے باہر نکالنا ❷ قتل کا ارادہ کرنا۔

**تلوار کا ابر / تلوار کا چھالا** (ا) اسم مذکر ❶ بادل کی شکل کے نشان جو تلوار پر نمایاں ہوں ❷ آبلہ کی شکل کا نشان جو تلوار پر ہوتا ہے۔

**تلوار کا بل یا خم** (ا) اسم مذکر ❶ تلوار کی کجی ❷ خم شمشیر ❸ تلوار کا زور ❹ تلوار کا گھمنڈ ❺ تلوار کا تکبر ❻ تلوار کا رخ۔

**تلوار کا پانی** (ا) ❶ آب شمشیر ❷ تلوار کی چمک اور آبداری۔

**تلوار کا پٹھا** (ہ) اسم مذکر۔ تلوار کی چوڑی دھار۔

**تلوار کا پھل** (ہ) اسم مذکر ❶ قبضہ کے علاوہ باقی ساری تلوار ❷ پیکر ❸ تیغ۔

**تلوار کا ڈورا** (ہ) اسم مذکر ❶ دم شمشیر ❷ تلوار کی باڑھ ❸ تلوار کی دھار ❹ وہ دور جو تلوار کے میان میں بندھا ہوتا ہے۔

**تلوار کا کھیت** (ہ) اسم مذکر ❶ میدان جنگ ❷ میدان کارزار ❸ لڑائی کا میدان۔

**تلوار کا گھاٹ** (ہ) اسم مذکر۔ جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے اس جگہ کو تلوار کا گھاٹ بولتے ہیں۔

**تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا نہیں بھرتا** (ا) مثل کسی عزیز کی بدزبانی اور بدسلوکی کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

**تلوار کا وار / تلوار کا ہاتھ** (ہ) اسم مذکر ❶ حملہ شمشیر ❷ شمشیر ❸ زخم شمشیر۔

**تلوار کھینچنا** (ہ) فعل ❶ تلوار کو میان سے باہر نکالنا ❷ تلوار سونتنا ❸ قتل کو تیار ہونا۔

**تلوار کی آنچ** (ہ) اسم مونث ❶ تلوار کے زخم کا مقابلہ ❷ گزند شمشیر ❸ صدمہ شمشیر ❹ تلوار کا سامنا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140077218

www.besturdubooks.net

**تلوار مارے ایکبار احسان مارے بار بار** (ا) مثل (1) احسان کی مار تلوار کی مار سے کہیں زیادہ ہے (2) تلوار احسان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

**تلوار میان میں کرنا/تلوار میان کرنا** (ا) تلوار غلاف میں رکھنا۔ لڑائی ترک کرنا قتل کے ارادے سے باز رہنا۔

**تلواروں کی چھاؤں میں** (ہ) تابع فعل (1) برہنہ شمشیروں کے نیچے (2) میدان جنگ میں (3) تلواروں کی حراست میں (4) تلواروں کے بیچ میں۔

**تلواتا** (ہ) فعل۔ تلنا کا متعدی ہے۔

**تلوانا** (ہ) فعل۔ تلنا کا متعدی ہے۔

**تلوائی** (ہ) اسم مونث (1) معاوضہ (2) تولنے کی اجرت۔

**تلوریا** (ہ) اسم مذکر (1) تلوار چلانے والا (2) تلوار کا دھنی۔

**تلون** (ع) اسم مذکر (1) رنگ بدلنا (2) تبدیل رنگت (3) ایک حالت پر قیام نہ کرنا (4) چھچھورا پن (5) اضطراب۔

**تلون مزاج** (ع) اسم صفت (1) وہ شخص جس کا مزاج ایک حال پر نہ رہے (2) غیر مستقل طبیعت کا۔

**تلون مزاجی** (ع) اسم مونث (1) بے استقلالی (2) غیر مستقل مزاجی۔

**تلون میں سے تیل نکالنا** (ہ) فعل (1) کفایت شعاری میں سلیقہ دکھانا (2) فائدے کی بات کرنا۔

**تلوں میں تیل نہ ہونا** (ہ) فعل (1) غیر مفید ہونا (2) فائدہ نہ ہونا (3) روی ہونا۔

**تلووں تلے میٹنا** (ہ) فعل (1) روندنا (2) پامال کرنا (3) تباہ کر دینا۔

**تلووں سے آگ لگنا** (ہ) فعل (1) نہایت غصہ ہونا (2) غضب میں آنا (3) کمال غیظ وغضب کی حالت کا اظہار ہونا۔

**تلووں سے آنکھیں ملنا** (ہ) فعل (1) تلووں کے نیچے آنکھیں رگڑنا (2) نہایت عداوت اور سخت دشمنی ظاہر کرنا (3) دشمن کی آنکھیں نکلوا کر پاؤں سے روندنا (4) نہایت عاجزی دکھانا (5) خوشامد کرنا (6) سخت عجز وانکساری کرنا۔

**تلووں سے لگنا** (ہ) فعل (1) تلووں میں اثر کرنا (2) حسد یا رشک ہونا غصہ آنا (3) پیروی کرنا (4) سر ہونا (5) تقلید کرنا (6) عاجزی کرنا۔

**تلووں سے لگنا اور سر میں جا کے بجھنا** (ہ) فعل (1) سرتاپا جلنا (2) حسد کی آگ سے بالکل جلنا (3) سر سے پا تک غصے میں جلنا۔

**تلوے چاٹنا** (ہ) فعل (1) نہایت خوشامد کرنا (2) بہت عاجزی کرنا۔

**تلوے چھلنی ہو جانا** (ہ) فعل (1) کسی کام میں بہت بھاگ دوڑ کرنا (2) نہایت سعی وکوشش کرنا (3) کسی کام میں بہت پھرنا۔

**تلوے دھو دھو کے پینا** (ہ) فعل (1) نہایت اطاعت اور فرمانبرداری کرنا (2) بے حد قدر کرنا (3) آنکھوں پر رکھنا۔

**تلوے سہلانا** (ہ) فعل (1) نہایت خوشامد کرنا (2) چاپلوسی کرنا (3) بہلانا (4) پھسلانا۔

**تلوے کھجانا/کھجلانا** (ہ) فعل (1) صحرانوردی چاہنا (2) تلوے میں خارش ہونا (3) سفر در پیش ہونا۔

**تلی** (ہ) اسم مونث (1) پینڈی (2) پیندا (3) نیچے کا حصہ ہر چیز کا (پنجابی) کف دست۔

**تلی** (ہ) اسم مونث۔ جولاہے کی کوچی۔

**تلی** (ہ) اسم مونث (1) طحال (2) سپرز (3) تاپ تلی (4) معدے کے بائیں طرف کے ایک اندرونی عضو کا نام۔

**تلے** (ہ) اسم صفت (1) نیچے زیر (2) تحت (3) پائیں (4) ماتحت (5) بس۔

**تلے اوپر** (ہ) اسم صفت (1) زیر و بالا (2) نیچے اوپر (3) گڈمڈ (4) بے ترتیب (5) متواتر (6) پے در پے (7) لگاتار (8) یکے بعد دیگرے۔

**تلے اوپر کی اولاد** (ا) اسم مونث۔ وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد بلاواسطہ پیدا ہوں۔

**تلے اوپر ہونا** (ہ) فعل (1) درہم برہم ہونا (2) انقلاب ہونا (3) اضطراب وگھبراہٹ کے معنی میں آتا ہے (4) جی متلانا۔

**تلے پڑنا** (ہ) فعل (1) نیچے لیٹنا (2) آگے پڑنا (3) زمین پر سونا۔

**تلے تلے دیکھنا** (ہ) فعل (1) نیچی نظروں سے دیکھنا (2) خفیہ طور چپکے چپکے دیکھنا۔

**تلے کا سانس تلے اوپر کا اوپر رہنا** (ہ) فعل (1) محاورہ (2) حیران دوم بخود ہونا (3) متحیر ہونا (4) ہکا بکا ہونا (5) حیرت زدہ ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149072189

www.besturdubooks.net

**تلیا** (ہ) اسم مونث ① تالاب کی تصغیر ② چھوٹا تالاب۔

**تلیٹی** (ہ) اسم مونث ① پینیڈا ② تلا ③ پکا فرش ④ تہ زمین نواح ⑤ مردے کے کفن کا نیچے کا حصہ۔

**تلیچا** (ہ) اسم مذکر ① چھت کے نیچے کا وہ حصہ جو ڈاٹ سے کنگنی تک ہوتا ہے ② محراب سے اوپر کا حصہ۔

**تلے دانی** (ا) اسم مونث۔ قینچی سوئی دھاگا رکھنے کا جزو دان سا یا تھیلی۔

**تلیسر** (ہ) اسم مذکر۔ ایک چھوٹے سے پرندے کا نام ہے جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے۔

**تلین** (ء) اسم مونث ① نرمی ② نرم کرنا ③ طبی اصطلاح میں طبیعت کو ایسا نرم کر دینا کہ مسہل کے وقت اجابت خوب کھل کر ہو جائے۔

**تلینڈی** (ہ) اسم مونث ① ہولی کا تیسرا دن ② ہولی کے بعد کا تیسرا دن۔

## ت ← م

**تم** (ا) اسم ضمیر جمع ① مخاطب کا صیغہ ② تو کی جمع ③ تعظیماً تو کی جگہ بولتے ہیں ③ آپ۔

**تم سے پھرے تو خدا سے پھرے** (ا) محاورہ۔ ایک قسم کی نہایت سخت قسم ہے یعنی جو تم سے بے وفائی کرے وہ خدا سے دور پڑے۔

**تم سے خدا پناہ میں رکھے/تم سے اللہ کی پناہ** (ا) کہاوت ① تم سے خدا بچائے ② میں تمہارے افعال سے تنگ آ کر خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔

**تماچہ** (اسم مذکر) ① تھپڑ ② لپڑ ③ طمانچہ۔

**تمارض** (ء) اسم مذکر ① دیدہ دانستہ مرض ظاہر کرنا ② بیماری کا بہانہ بنانا۔

**تماشا** (ء) اسم مذکر ① باہم ② پیدل چلنا یا پیادہ سیر کرنا ③ دیدہ ④ نظارہ ⑤ سیر ⑥ لطف ⑦ بہار ⑧ کھیل ⑨ بازیچہ اطفال۔

**تماشا بین/ تماشبین** (ف) سیلانی ① ہر قسم کی سیر دیکھنے والا ② عیاش ③ بدکار۔

**تماشا دکھانا** (ا) فعل ① سیر دکھانا ② بہار دکھانا ③ سزا دینا ④ مارنا ⑤ تنبیہ کرنا۔

**تماشا دیکھنا** (ا) فعل ① سیر دیکھنا ② کشتی دیکھنا ③ جھڑپ دیکھنا۔

**تماشا کرنا** (ا) فعل ① روپ بھرنا ② سوانگ کرنا ③ کرتب دکھانا ④ روپ دھارنا ⑤ ٹھٹھا کرنا ⑥ ہنسی اڑانا ⑦ مخول کرنا۔

**تماشا گاہ** (ف) اسم مذکر ① سیر گاہ ② جس جگہ بیٹھ کر سیر دیکھیں ③ وہ مقام جہاں تماشا ہوتا ہو ④ ناچ گھر ⑤ تھیٹر۔

**تماشا ہونا** (ا) فعل ① انوکھی بات ہونا ② مزا ہونا ③ لطف ہونا ④ انوکھا بننا ⑤ مسخرا ہونا۔

**تماشائی** (ء) اسم مذکر ① سیلانی ② نظارہ کرنے والا ③ سیر کرنے والا۔

**تماشے کی بات** (ا) اسم مونث ① انوکھی بات ② عجیب بات ③ نرالی بات ④ دل خوش کرنے والی بات ⑤ مزے کی بات ⑥ دل لگی کی بات۔

**تمام** (ء) اسم صفت ① کل ② سب ③ سارا ④ بالکل ⑤ اخیر ⑥ آخر ⑦ ختم ⑧ تیار۔

**تمام تر** (عف) ① مطلق ② محض ③ بالکل۔

**تمام کرنا** (ا) فعل ① ختم کرنا ② پورا کرنا ③ انجام کو پہنچا دینا ④ باقی نہ رکھنا ⑤ کچھ نہ چھوڑنا۔

**تمام و کمال** (ء) اسم صفت ① سب کا سب ② کل ③ بتمامہ ④ سرتاپا ⑤ بالکل یک لخت ⑥ کامل طور سے ⑦ پورے طور سے ⑧ کھول کر ⑨ پوست کندہ۔

**تمام ہونا** (ا) ① پورا ہونا ② انجام کو پہنچنا ③ آخر ہونا ④ ختم ہونا ⑤ مرجانا ⑥ جاں نکل جانا ⑦ بند ہو جانا ⑧ ہو چکنا ⑨ خرچ ہو جانا۔

**تمامی** (ف) اسم مونث ① آخر ② انجام ③ انت ④ اخیر ⑤ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

**تمباکو** (ا) اسم مذکر۔ امریکہ سے آیا ہوا ہے۔ ایک مشہور پودے کا نام ہے جس کے پتے حقہ میں پیتے اور پان میں کھاتے ہیں۔ ہند میں

Join us on whatsapp Naveed Bari 03014907218

جلال الدین اکبر کے عہد میں آیا۔

**تمتمانا** (ہ) فعل ① گرمی یا بخار سے چہرہ سرخ ہو جانا ② چمکنا ③ جگمگانا ④ گرم ہونا ⑤ گرجانا ⑥ غصے سے چہرہ سرخ ہو جانا۔

**تمتماہٹ** (ہ) اسم مؤنث حاصل مصدر ① چہرہ کی سرخی ② چمک دمک ③ گرمی کا اثر ④ آماس ⑤ سوجن۔

**تمثیل** (ع) اسم مونث ① مثال ② مثال دینا ③ نظیر ④ نظیر بیان کرنا ⑤ مشابہت۔

**تمثیل دینا** (ا) فعل ① مثال دینا ② نظیر بیان کرنا ③ مشابہت دینا۔

**تمرد** (ہ) اسم مذکر ① بغاوت ② سرکشی ③ نافرمانی ④ حکم نہ ماننا ⑤ عدول حکمی ⑥ گستاخی ⑦ توہین عدالت ⑧ ضد ⑨ ہٹ۔

**ترہندی** (ع) اسم مونث۔ املی کا درخت اور اس کا پھل۔

**تمسخر** (ع) اسم مذکر ① مسخراپن ② ظرافت ٹھٹھولی ③ ٹھٹھے بازی ④ ہنسی ⑤ مخول ⑥ کھلی۔

**تمسک** (ع) اسم مذکر ① لغت میں گرفت پکڑ کو کہتے ہیں ② اصطلاح میں اقرارنامہ قرض کی سند ③ عہدنامہ وغیرہ۔

**تمغات** (ت) اسم مذکر ① محصول چنگی سوداگری کے مال پر سرکاری لگی ہوئی مہر ② فرمان شاہی ③ عزت کا نشان ④ بلا ⑤ چپڑاس ⑥ سند ⑦ جاگیر کی سند ⑧ سائی ⑨ دماغ۔

**تمغا بٹھانا** (ا) فعل ① سکہ بٹھانا ② حکومت جمانا ③ رعب بٹھانا۔

**تمکنت** (ع) اسم مونث ① قدرت زور ② طاقت ③ درجہ ④ حکومت ⑤ عزت ⑥ مرتبہ دکھانا ⑦ عزت ظاہر کرنا ⑧ غرور ⑨ گھمنڈ۔

**تمکنت دکھانا / تمکنت کرنا** (ا) فعل ① اترانا ② غرور کرنا ③ گھمنڈ کرنا ④ شیخی دکھانا۔

**تمکین** (ع) اسم مونث ① طاقت زور ② بل ③ قوت ④ عزت و توقیر ⑤ جادو ⑥ جلال ⑦ مرتبہ وعزت ⑧ کروفر۔

**تملق** (ع) اسم مذکر ① نرمی ② ملائمت ③ خوشامد ④ چاپلوسی ⑤ خوشامد کرنا۔

**تمن** (ت) اسم مذکر ① دس ہزار کی تعداد رسالہ ② پلٹن ③ گروہ ④ سپاہ ⑤ ترپ ⑥ سوسو آدمیوں کا فریق یعنی کمپنی ⑦ ایک سکہ طلائی جو پہلے تین روپے کا ہوتا تھا اب ساڑھے چار کا ہے۔

**تمن دار** (ف) اسم مذکر ① رسالہ دار ② رسالہ کا کمانیر۔

**تمنا** (ع) اسم مونث ① خواہش ② آرزو ③ امید ④ بنتی ⑤ شوق ⑥ اشتیاق۔

**تمنچہ** (ف) اسم مذکر ① پستول ② چھوٹی سی بندوق ③ تفنگچہ ④ چھوٹا سا معشوق ⑤ بچکانہ۔

**تمنچہ داغنا** (ا) فعل ① پستول مارنا ② پستول چلانا۔

**تموج** (ع) اسم مذکر ① لہریں مارنا ② لہریں لینا ③ موج زنی ④ تحریک ⑤ جوش ⑥ تلاطم۔

**تمول** (ع) اسم مذکر ① دولت مندی ② امیری ③ مالداری۔

**تمہارا** (ہ) اسم ضمیر ① تم سب کا ② آپ کا ③ تمہارا ④ حضور کا۔

**تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں** (ا) مثل۔ خودغرض آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جو دوسرے کا مال تو لیلے اور اپنی باری میں ہنس کر ٹال دے۔

**تمہارا منہ کھانڈ سے پُر / تمہارے منہ میں گھی شکر** (ا) مثل ① حسب مراد جواب میں یہ دعا دیا کرتے ہیں یعنی خدا تمہاری زبان راست لائے ② اگر ایسا ہو جائے تو تمہیں خوش کرونگا۔

**تمہید** (ع) اسم مونث ① فرش بچھانا ② بچھونا ③ کسی مضمون کا آغاز کسی بات کی تقریب اور راس کی اٹھان ④ دیباچہ ⑤ عنوان ⑥ مقدمہ ⑦ آغاز کتاب۔

**تمہید اٹھانا / تمہید کرنا** (ا) فعل ① کسی بات یا کسی مضمون کی تقریب کرنا ② کسی امر کا ڈول ڈالنا ③ آغاز کرنا ④ ابتداء کرنا ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

شروع کرنا 6 عنوان بتانا۔

تمیز (ع) اسم مونث 1 جدا کرنا علیحدہ کرنا 2 شناخت پہچان 3 فرق 4 تفاوت 5 اندازہ 6 جانچ 7 عقل سلیم 8 ہوش۔

## ت ← ن

تن (ہ) اسم مذکر 1 ایک درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سرخ سی ہوتی ہے 2 تن کے پھول کو بھی بولتے ہیں جو زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

تن (ف) اسم مذکر 1 جسم 2 بدن 3 پنڈا 4 دیہہ 5 کایا 6 رنگ 7 ڈیل 8 جثہ 9 سریر۔

تن آسانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 آرام طلبی 2 سہل انگاری 3 سستی۔

تن پرور (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی 1 آرام طلب 2 خود غرض 3 شکم بندہ۔

تن تنہا (ف) اسم صفت 1 اکیلا 2 دم نقد 3 واحد 4 مجرد 5 جریدہ۔

تن درست (ف) اسم صفت 1 بھلا چنگا 2 ہٹا کٹا 3 صحیح سالم 4 نروگا۔

تن دہ (ف) اسم صفت 1 ساعی 2 کوشاں 3 محنتی 4 زحمت کش 5 ہمدرد۔

تن دہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 سعی 2 کوشش 3 محنت 4 دلسوزی۔

تن دینا (ا) فعل 1 کوشش کرنا 2 سعی کرنا 3 توجہ کرنا 4 متوجہ ہونا۔

تن سکھی تو من سکھی (ہ) مثل۔ جسم تندرست تو عقل درست رہتی ہے۔

تن من (ہ) اسم مذکر 1 روح اور جان 2 جسم و جان 3 قالب و روح۔

تن من ایک ہونا (ہ) فعل 1 گہرا دوست ہونا 2 دلی دوست ہونا 3 دو قالب ایک جان ہونا 4 محب صادق ہونا 5 یار غار ہونا۔

تن من سے (ہ) تابع فعل 1 جان و دل سے 2 ہر طرح سے۔

تن من مارنا (ہ) فعل 1 اپنے آپ کو مٹانا 2 نفس کشی کرنا 3 نفسانی خواہشات کو زیر کرنا 4 لالچ اور خواہشوں کو چھوڑنا 5 نہایت کوشش کرنا 6 چپ رہنا 7 ضبط کرنا 8 خاموش ہونا۔

تننا (ہ) فعل 1 کھنچنا 2 کشیدہ ہونا 3 سیدھا ہو کر بیٹھنا 4 پھیلنا 5 دراز ہونا 6 پھولنا 7 بھر کر پھول جانا 8 جیسے مشک تن گئی 9 اکڑنا۔

تناخوری (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 تنہا خوری کا مخفف ہے 2 تجرد 3 تنہا 4 اکیلے کھانا۔

تناریری (ہ) اسم مونث 1 چند مقررہ الفاظ ہیں جو گانے والے گانا سیکھنے میں برتتے ہیں 2 کھڑاگ 3 جھگڑا 4 بکھیڑا 5 بے لطف 6 راگ 7 بے وقت کا گانا۔

تنازع (ع) اسم مذکر 1 باہم جھگڑا کرنا 2 جھگڑا دنگا 3 فساد 4 تکرار 5 رنجش 6 بغض 7 عداوت 8 ناراضگی۔

تناسب (ع) اسم مذکر 1 باہم نسبت رکھنا 2 مناسبت ہونا 3 موزوں ہونا 4 باہمی تعلق 5 آپس میں موافق ہونا 6 مطابقت باہمی خوبصورتی۔

تناسب اعضا (ع) اسم مذکر 1 جسم کے تمام اعضا کا ٹھیک اپنے اپنے انداز اور موقع سے ہونا 2 اعلیٰ درجہ کی خوبصورتی۔

تناسخ (ع) اسم مذکر 1 روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں آنا 2 آواگون 3 جون بدلنا 4 چولا بدلنا 5 بار بار جنم لینا۔

تناسل (ع) اسم مذکر 1 نسل بڑھانا 2 باہم اولاد جننا 3 نسل قائم رکھنا۔

تنانا (ہ) فعل 1 لمبا ہونا 2 دراز ہونا 3 کسی صدمہ سے، سنانا 4 جھنجھنانا 5 ورم سے زخم کا پھٹا پڑنا تڑ جا جانا۔

تناؤ (ہ) اسم مذکر 1 حاصل مصدر کھنچاؤ 2 کھنچاوٹ۔

تناور (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعل 1 موٹے جسم والا 2 قوی جثہ 3 موٹا 4 مضبوط 5 قوی 6 مسٹنڈا 7 تن و توانا۔

تناول فرمانا/کرنا (ا) فعل 1 کھانا کھانا 2 نوش جان فرمانا 3

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218
www.besturdubooks.net

بھوجن کرنا۔

**تنبا** (ف) اسم مذکر ❶ ڈھیلا پاجامہ ❷ غرارہ ❸ پاجامہ ❹ تنباں بھی بولتے ہیں۔

**تنبا کو** (ہ) اسم مذکر۔ (دیکھو تماکو)۔

**تنبو** (ہ) اسم مذکر ❶ خیمہ ❷ ڈیرہ ❸ پال ❹ خرگاہ ❺ نمگیرہ۔

**تنبور/تنبورا** (ف) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا باجا جس کو ستار کی طرح تین تار لگے ہوتے ہیں۔

**تنبورچی** (ا) اسم مذکر۔ تنبور بجانے والا۔

**تنبول** (ہ) اسم مذکر ❶ پان کا پتا ❷ بیاہ شادی کے موقع پر جو عزیز و اقارب وغیرہ حسب مقدور نقدی دیتے ہیں اسے بھی تنبول کہتے ہیں ❸ نیوتہ۔

**تنبول آنا** (ہ) فعل۔ لگام کے صدمہ سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا۔

**تنبول پینا** (ہ) فعل۔ پان کا مرکب عرق پینا۔

**تنبول ڈالنا** (ہ) فعل۔ برادری میں شادی کے موقعہ پر روپیہ دینا۔

**تنبولن** (ہ) اسم مونث ❶ تنبواڑن ❷ پان بیچنے والی عورت۔

**تنبولی** (ہ) اسم مذکر ❶ تنبواڑی ❷ پان بیچنے والا مرد۔

**تنبہ** (ع) اسم مذکر ❶ نصیحت ❷ عبرت ❸ دھمکی ❹ آگاہی ❺ خبرداری۔

**تنبیا جانا** (ہ) فعل ❶ برساتی ہوا سے گوٹہ کناری کا رنگ تانبے کی مانند ہوجانا ❷ ماند پڑجانا۔

**تنبیہ** (ع) اسم مونث ❶ جتلانا ❷ خبردار کرنا ❸ پند نصیحت ❹ عبرت ❺ تاکید ❻ حکما ❼ سزا ❽ جھڑکی ❾ گھرکی۔

**تنت** (ہ) اسم مذکر ❶ ٹھیک ❷ عین موقع ❸ ٹھیک وقت ❹ وقت ضرورت ❺ عین برزل ❻ آخیر ❼ انجام ❽ توڑ ❾ نازک حالت۔

**تنتر** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک شاستر کا نام ہے ❷ منتر ❸ جادو ❹ ٹونا ❺ ٹوٹکا۔

**تنتری** (ہ) اسم مونث ❶ گویا ❷ قوال ❸ مطرب ❹ گاییک ❺ سپردائی ❻ ایک باجے کا نام۔

**تنت کار** (ہ) اسم مذکر ❶ نچنیا ❷ سارنگیا ❸ ستاریا ❹ ساز بجانے والا۔

**تن تن** (ہ) اسم صوت۔ ستار سارنگی وغیرہ کی آواز۔

**تنتنا/تنتنہ** (ا) اسم مذکر ❶ شان وشوکت ❷ حکومت ❸ تحکم ❹ غصہ ❺ غضب ❻ ظلم ❼ قہر۔

**تنتنانا** (ہ) فعل ❶ سنسنانا ❷ جھنجھنانا۔

**تنتناہٹ** (ہ) اسم مونث ❶ ورم ❷ سوجن ❸ تکلیف جو سوزش سے ہو۔

**تنتنی** (ہ) اسم مونث بیائے فاعلیت ❶ تن تن کرنے والی ❷ چھوٹا ستار ❸ ستاری ❹ سارنگی ❺ دوتارا۔

**تن پھن/تن فن کرنا** (ہ) فعل ❶ غصے کی باتیں کرنا ❷ جلی بھنی باتیں کرنا۔

**تنخواہ** (ف) اسم مونث ❶ مہینے کی اجرت ❷ مشاہرہ، درماہ ❸ طلب ❹ ماہیانہ۔

**تنخواہ دار** (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ❶ ملازم ❷ نوکر ❸ تنخواہ پانے والا۔

**تنخواہ ذاتی** (ف) اسم مونث ❶ نج کی تنخواہ ❷ اپنی تنخواہ۔

**تند** (ف) اسم صفت ❶ تیز ❷ چرچرا ❸ جھلا ❹ خونخوار ❺ غضبناک ❻ غصیل ❼ سخت ❽ کڑا ❾ دوآتشہ۔

**تندخو/تندمزاج** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ بدمزاج ❷ بدخو ❸ چڑچڑا۔

**تندرست** (ف) اسم صفت ❶ دیکھو ❷ تن درست۔

**تندرستی ہزار نعمت ہے** (ا) مقولہ ❶ انسانی بیماریاں ہزار ہیں اور ہر بیماری سے صحت پانا ایک نعمت ہے ❷ لہٰذا ایک تندرستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے۔

**تندور** (ا) اسم مذکر ❶ تنور ❷ بھٹی ❸ مطبخ ❹ گلخن۔

**تندور جھونکنا** (ا) ❶ بھٹیارے کا کام کرنا ❷ تنور گرم کرنا۔

**تندی** (ف) اسم مصدر ❶ تیزی ❷ چرچراہٹ ❸ سختی ❹ غصہ ❺ غضبناکی ❻ بدمزاجی ❼ خیری ❽ ایستادی ❾ نفوظ۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**تندیل** (ہ) اسم صفت 1 توند والا 2 بڑے پیٹ والا 3 توندل 4 فرب 5 تنومند۔

**تنزل** (ء) اسم مذکر 1 اترنا 2 زوال ہونا 3 درجہ ٹوٹنا 4 گھٹنا 5 کمی۔

**تنزل ہونا** (ا) فعل 1 گھٹنا 2 درجہ کم ہونا 3 تخفیف میں آنا۔

**تنزیہ** (ء) اسم مونث 1 پاک صاف کرنا 2 گندگی دور کرنا 3 تنقیہ کرنا۔

**تنسیخ** (ء) اسم مونث 1 منسوخ کرنا 2 رد کرنا 3 باطل کرنا۔

**تنصیف** (ہ) اسم مونث 1 آدھم آدھ کرنا 2 دو ٹوک کرنا 3 برابر کے دو ٹکڑے کرنا 4 دو ٹکڑوں میں تقسیم کرنا۔

**تنفس** (ء) اسم مذکر 1 سانس لینا 2 دم لینا 3 ہانپنا۔

**تنقیح** (ء) اسم مونث 1 کسی چیز کو عیوب اور زائد چیزوں سے پاک کرنا 2 خالص کرنا 3 فیصلہ 4 صفائی 5 کھوج 6 تحقیق 7 تفتیش۔

**تنقیح کرنا** (ا) 1 فیصلہ کرنا 2 صفائی کرنا 3 تحقیق کرنا 4 قائم کرنا۔

**تنقیح نکالنا** (ا) فعل 1 مقدمہ کے فیصلہ کے لئے چند ضروری باتیں چننا 2 ایسی باتیں چننا جن پر مقدمہ کا دارومدار ہو۔

**تنقیہ** (ء) اسم مذکر 1 آنتوں ک وصاف کرنا 2 جلاب لینا 3 صاف کرنا 4 چکوتہ۔

**تنک** (ہ) اسم صفت 1 ذرا سا 2 تھوڑا سا 3 کچھ 4 قدرے۔

**تنک** (ف) اسم صفت 1 ہلکا 2 کمزور 3 نازک 4 کم 5 لطیف 6 اوچھا تنک ظرف۔

**تنک مزاج** (ف) اسم صفت 1 تیز مزاج 2 زود رنج 3 چڑچڑا۔

**تنکا** (ہ) اسم مذکر 1 گھانس کا ڈنٹھل 2 گھانس کا پٹھا 3 خس 4 بزرگ کاہ۔

**تنکا اتارے کا احسان ماننا** (ا) فعل 1 بڑا گن ماننا 2 تھوڑے سے احسان کو بہت بڑا سمجھنا۔

**تنکا دانتوں میں لینا/ پکڑنا/ تنکا منہ میں لینا** (ہ) فعل 1 عاجزی کرنا 2 گڑگڑانا 3 اپنے آپ گائے تصور کر کے رحم کی التجا کرنا 4 جان بخشی چاہنا 5 امان چاہنا 6 مغلوب ہونا 7 پناہ مانگنا۔

**تنکا سر سے اتارنا** (ا) فعل۔ کسی پر تھوڑا سا احسان کرنا۔

**تنکا نہ رہنا** (ہ) فعل 1 کچھ نہ رہنا 2 فقیر ہو جانا 3 قلاش ہو جانا۔

**تنکنا** (ہ) فعل 1 خفا ہونا 2 ناراض ہونا 3 بگڑنا 4 ترپھر ہونا 5 پھڑ پھڑانا 6 بے چین ہونا 7 بے قرار ہونا۔

**تنکی** (ف) ایک قسم کی نہایت خستہ اور پتلی روٹی۔

**تنکے چننا** (ہ) فعل 1 نشہ میں دیوانہ ہونا 2 بدحواس ہونا 3 پاگل ہونا 4 باولا ہونا 5 فریفتہ ہونا 6 دالہ وشیدا ہونا 7 عاشق ہونا۔

**تنکے چنوانا** (ہ) فعل 1 پاگل بنانا 2 دیوانہ کر دینا 3 آوارہ کر دینا 4 فریفتہ کرنا 5 عاجز کر دینا 6 لاچار کر دینا۔

**تنکے کا سہارا** (ہ) اسم مذکر 1 ذرا سی مدد ذرا سا سہارا 2 تھوڑی سی تسلی۔

**تنکے کو پہاڑ کر دکھانا** (ہ) فعل 1 چھوٹی سی بات کو بڑی کر دکھانا 2 ادنے کو اعلے مرتبہ پر پہنچا دینا 3 گدا کو بادشاہ بنا دینا۔

**تنکے کی اوٹ/ اوجھل پہاڑ اوجھل** (ہ) فعل 1 ذرا سی بات میں کسی بڑی بات کا مخفی ہونا 2 تھوڑی آڑ میں بہت کچھ چھپ جاتا 3 بڑی مشکل بات کا کسی آسان سی تدبیر سے حل ہو جانا۔

**تنگ** (ف) اسم مذکر 1 تھیلا 2 بوری 3 گون۔

**تنگ** (ف) اسم صفت 1 سکڑا 2 کم جوڑا 3 بھچا ہوا 4 چست 5 پھنسا ہوا 6 کم 7 تھوڑا 8 قلیل 9 نازک۔

**تنگ آنا** (ا) فعل 1 عاجز ہونا 2 مغلوب ہونا 3 دق ہونا 4 بیزار ہونا۔

**تنگ پکڑنا** (ا) فعل 1 سخت گرفت کرنا 2 عاجز کرنا 3 زچ کرنا 4 ہر طرف سے لاچار کرنا 5 گھوڑے کے لگام کو کھچا ہوا رکھنا۔

**تنگ چشم/ تنگ ظرف/ تنگ حوصلہ/ تنگ دل** (ف) اسم صفت فاعلی کم بین 1 کم ظرف 2 کم حوصلہ 3 کمینہ 4 بخیل 5 کنجوس 6 پس تہمت 7 ممسک 8 اوچھا۔

**تنگ حال** (ف) اسم صفت 1 ملس 2 نادار 3 محتاج 4 نازک حال 5 قریب المرگ 6 تباہ حال 7 جاں کنی۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314...

www.besturdubooks.net

تنگ دست (ف) اسم صفت ❶ مفلس ❷ نادار ❸ غریب ❹ محتاج ❺ کنگال۔
تنگ دستی (ف) اسم مونث ❶ مفلسی ❷ ناداری ❸ غریبی۔
تنگ دہن (ف) اسم صفت ❶ غنچہ دہن ❷ چھوٹے منہ والا معشوق۔
تنگ کرنا (ا) فعل ❶ دق کرنا ❷ ستانا ❸ عاجز کرنا ❹ حیران کرنا ❺ تکلیف دینا۔
تنگ وقت (ف) اسم مذکر ❶ نازک حالت ❷ نازک وقت ❸ فرصت قلیل۔
تنگ ہاتھ ہونا (ا) فعل ❶ نادار ہونا ❷ پیسہ پاس نہ ہونا ❸ مفلس ہونا۔
تنگا ترشی ہونا (ا) فعل ❶ پیسے کی کفایت اور جزرسی کرنا ❷ کفایت شعاری برتنا ❸ نہایت غربت سے گزارہ کرنا۔
تنگ ترش ہونا (ا) فعل ❶ خفا ہونا ❷ ناراض ہونا ❸ غصے ہونا۔
تنگی (ف) اسم مونث ❶ کوتاہی ❷ کمی ❸ مفلسی ❹ محتاجی ❺ غریبی ❻ مصیبت ❼ سختی ❽ دشواری ❾ مشکل وقت۔
تنگی کرنا (ہ) فعل ❶ کمی کرنا ❷ بخل کرنا ❸ جبر کرنا ❹ کم ظرفی کرنا۔
تنگی گئی فراخی آئی (ا) مثل۔ برے دن گئے بھلے دن آئے۔
تنگی ہونا (ہ) فعل ❶ کمی ہونا ❷ مفلسی ہونا ❸ گنجائش نہ ہونا ❹ غریبی ہونا۔
تنور (ہ) اسم مذکر۔ بھٹی۔
تنومند (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ تن والا ❷ جسیم ❸ موٹا ❹ فربہ زورآور ❺ قوی۔
تنومندی (ف) بیائے مصدری ❶ فربہی ❷ طاقت ❸ قوت ❹ زور۔
تنوین (ع) اسم مونث ❶ نون ❷ حرکات ثلاثہ کو دو چند کرنے کی آواز نکالنا ❹ یعنی لفظ کے دوزیر یا دوزبر یا دوپیش پیدا کرنا۔
تنہ (ف) اسم مذکر ❶ درخت کا دھڑ ❷ منڈلا ❸ درخت کا وہ حصہ جہاں ٹہنے نہ نکلے ہوں۔
تنہا (ف) اسم صفت ❶ اکیلا ❷ واحد ❸ جریدہ ❹ نرالا ❺ صرف ❻ فقط ❼ اپنے دم سے یکتا ❽ لاثانی ❾ بےنظیر۔
تنہائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ علیحدگی ❷ جدائی ❸ خلوت ❹ نرالا پن ❺ اکیلا رہنا۔
تنی (ہ) اسم مونث ❶ ڈوری ❷ بند ❸ کسی چیز کے باندھنے یا کسنے کی ڈور ❹ حصہ ❺ ساجھا ❻ چی ❼ شیئر۔
تنی میں گانٹھ دینا (ہ) فعل ❶ منگنی کرنا ❷ نسبت کرنا ❸ سگائی کرنا ❹ یاد رکھنا ❺ یادداشت کے واسطے بند میں گرہ لگانا۔
تنیا (ہ) اسم مذکر ❶ گنوار ❷ لنگوٹی ❸ ایک کپڑے کی دھجی جو رذیل قوموں کے لوگ ستر پوشی کے واسطے باندھ لیا کرتے ہیں۔

## ت ← و

تو (ع) معرف۔ اگر اور جب کا جواب۔
تو (ہ) تابع فعل ❶ پھر بھی ❷ تس پر بھی ❸ تاہم۔
تو (ہ) اسم ضمیر ❶ خطاب ❷ بسوے ادنے ❸ کم درجہ کے آدمی کی نسبت بولا جاتا ہے۔
تو تڑاق کرنا (ا) فعل ❶ گالی گلوچ کرنا ❷ بدزبانی کرنا ❸ زبان درازی کرنا۔
تو تکار (ہ) اسم مونث ❶ گالی گلوچ ❷ بدزبانی ❸ زبان درازی ❹ بدکلامی۔
تو تو میں میں (ا) اسم مونث ❶ ادنے لوگوں کی سی لڑائی ❷ گالی گلوچ ❸ زبان درازی ❹ جھگڑا رگڑا۔
تو ڈال ڈال میں پات پات (ہ) مثل۔ میں تجھ سے بھی ایک درجہ زیادہ ہوں۔
تو مجھ کو میں تجھ کو (ہ) مثل۔ تو میری مدد کر میں تیری مدد کروں گا۔
تو میری گور کھود میں گاڑ آؤں تجھ کو (ا) مثل ❶ تو میری بدی کی نیت رکھتا ہے میں تیری بدی کی ❷ جیسی نیت کروگے ویسا ہی پھل

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

پاؤگے۔

توا (ہ) اسم مذکر ❶ تابہ ❷ لوہے کا وہ گول سا ٹکڑا جس پر روٹی پکاتے ہیں ❸ ٹھیکرے کا گول گرواجو چلم میں تمباکو کے اوپر رکھتے ہیں ❹ حمام یا سقایہ میں پانی گرم کرنے کے لئے لگایا ہوا تانبے کا گول پترا (بحالت صفت) نہایت کالا۔

تواسر سے باندھنا (ہ) فعل ❶ سر کو محفوظ کر لینا تا کہ دماغی صدمہ نہ پہنچے ❷ سر کی حفاظت کر کے لڑنے کو تیار ہونا۔

تواہنسنا (ہ) فعل ❶ توے کے ساحل کا جلنا ❷ کاربن کے۔

تواتر (ع) برابر ❶ مدام ❷ تابڑتوڑ۔

توارد (ع) اسم مذکر ❶ لغت میں باہم ایک جگہ اترنے کو کہتے ہیں ❷ اصطلاح میں دوشاعروں کا ایک ہی مضمون پر شعر کہہ دینا ❸ مضمون لڑ جانا۔

تواری (ہ) برہمنوں کے ایک فرقہ کا نام ہے جنہیں تین وید پڑھنے کا حق ہے۔

تواریخ (ع) اسم مونث ❶ تاریخ کی جمع ❷ مہینوں کے دن ❸ سنوں کا حساب ❹ علم واقعات ❺ قصے ❻ تذکرے ❼ کہانیاں۔

تواضع (ع) اسم مونث ❶ عاجزی ❷ انکساری ❸ فروتنی ❹ آؤبھگت ❺ خاطر ❻ مدارت ❼ خوش اخلاقی ❽ نذر، بھینٹ ❾ ضیافت۔

تواضع سمرقندی (ف) اسم مونث ❶ جھوٹی تواضع ❷ اوپر کی صلاح ❸ ظاہرداری کی آؤ بھگت۔

تواضع کرنا (ا) فعل ❶ عاجزی سے پیش آنا ❷ انکسار کرنا ❸ خوش اخلاقی سے پیش آنا ❹ آؤ بھگت کرنا ❺ نذر کرنا ❻ بھینٹ دینا ❼ دعوت کرنا۔

توام (ع) اسم مذکر۔ جڑواں، ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوئے دو بچے۔

تواں (ف) حاصلمصدر ازتوانسن۔اسم۔

توائی (ا) اسم مونث۔ (دیکھو تباہی)۔

توباہ (ا) اسم مونث۔ اردو والوں نے توبہ کا اشباع کر لیا ہے۔

توبڑا (ا) اسم مذکر ❶ فارسی میں توبرہ ہے ❷ گھوڑے کو دانہ کھلانے کا چمڑے یا ٹاٹ کا تھیلا ❸ تحقیراً توبہ کو بھی کہہ دیتے ہیں۔

توبڑا چڑھانا (ا) ❶ گھوڑے کو دانہ کھلانا ❷ اگر مرچوں کے ساتھ استعمال کیا جائے تو سخت سزا سے مراد ہوتی ہے۔

توبہ (ع) اسم مونث ❶ لغت میں گناہ سے باز آنا ❷ اصطلاح میں افسوس ❸ پچھتاوا ❹ پشیمانی ❺ ندامت ❻ شرمندگی ❼ عہد ❽ انکار ❾ قول۔

توبہ بلوانا/کرانا (ا) فعل ❶ چین بلوانا ❷ چھوانا ❸ عاجز کرنا۔

توبہ توبہ (ع) خطاب ❶ ندا ❷ بڑی بھاری یا پکے اقرار وعدہ یا عبرت و افسوس کے موقع پر یہ کلمے زبان سے نکالتے ہیں۔

توبہ توڑنا (ا) فعل ❶ قول وقسم توڑنا ❷ عہدواقرار سے پھرنا۔

توبہ کر کے کہنا (ا) فعل ❶ خاک پاٹ کے کہنا ❷ عاجزی سے کہنا ❸ خدا سے ڈر کر کہنا ❹ بوثوق کہنا۔

توبہ کرنا (ا) فعل ❶ باز آنا ❷ گناہ سے پرہیز کرنا ❸ قول واقرار کرنا ❹ قسم کھانا ❺ عبرت پکڑنا ❻ معذرت چاہنا ❼ معافی چاہنا ❽ افسوس کرنا ❾ تاسف کرنا۔

توبیخ (ع) اسم مونث ❶ جھڑکی ❷ ملامت ❸ زجر ❹ طعنہ ❺ طنز۔

توپ (ف) اسم مونث ❶ گولہ چلانے کا آلہ ❷ (بحالت صفت) موٹا آدمی۔

توپ چلانا (ا) فعل ❶ توپ چھوڑنا ❷ گولہ مارنا ❸ توپ کی آواز کرنا۔

توپ چی (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ توپ چلانے والا ❷ گولنداز۔

توپ خانہ (ا) اسم مذکر ظرف ❶ توپوں کے رکھنے کا مقام ❷ میگزین ❸ چھ توپوں کی تعداد مع سامان وغیرہ۔

توپ دم کرنا (ا) فعل ❶ توپ کی بھاپ سے اڑانا ❷ توپ کے منہ اڑانا۔

توپ کے منہ اڑانا (ا) فعل ❶ سزائے موت دینا ❷ مجرم کو توپ کے منہ سے باندھ کر توپ داغنا۔

توت (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے جس کو

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

شہتوت بھی کہتے ہیں اس کے پتے ریشم کے کیڑوں کا من بھاتا کھا جا ہے۔

**توتلا** (ہ) اسم صفت۔ وہ آدمی جس کی زبان موٹی ہو اور حرف صاف نہ ادا کر سکے ہکلا۔

**توتو** (ہ) ندا۔ بواؤ مجہول کتے کے بلانے کی آواز۔

**توتی** (ف) اسم مذکر۔ ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا کا نام ہے جو توت کے موسم میں اکثر دکھائی دیتی ہے اور توت اکثر رغبت سے کھاتی ہے۔

**توتی بولنا** (ا) فعل ❶ شہرہ آفاق ہونا ❷ کسی ہنر یا حسن جمال یا کمال میں دھاک بندھ جانا ❸ اقبال سامنے ہونا ❹ دور دورا ہونا ❺ اقبال یاور ہونا۔

**توتیا** (ف) اسم مذکر ❶ سرمہ ❷ نیلا تھوتھا ❸ مس کشتہ۔

**توتئے جوڑنا / توتے جوڑنا** (ہ) فعل ❶ جھوٹی تہمت لگانا ❷ بہتان باندھنا ❸ بدنام کرنا ❹ طوفان تولنا۔

**توجہ** (ع) اسم مونث ❶ کسی کی طرف منہ کرنا ❷ رخ کرنا ❸ میلان طبع ❹ رغبت ہونا ❺ مہربانی ❻ عنایت ❼ شفقت ❽ خیال ❾ لحاظ۔

**توجہ باطن / توجہ باطنی** (ع) اسم مونث ❶ دلی خیال ❷ دلی مہربانی۔

**توجیہہ** (ع) اسم مونث ❶ وجہ بیان کرنا ❷ دلیل لانا ❸ وجہ ❹ باعث ❺ سبب ❻ حلیہ ❼ چہرے کے خط وخال۔

**توجیہہ نویس** (عف) اسم مذکر ❶ حلیہ نویس ❷ خط و خال لکھنے والا۔

**توحید** (ع) اسم مونث ❶ ایک جاننا ❷ ایک ماننا ❸ واحد سمجھنا ❹ ایک ہونا ❺ وحدانیت یکتائی ❻ ایک ہونے پر یقین لانا۔

**تودہ** (ہ) اسم مذکر ❶ ڈھیر ❷ انبار ❸ انم ❹ نشانہ گاہ ❺ ہدف ❻ بہت ❼ بکثرت ❽ مٹی کا ٹیلا۔

**تودہ بندی** (ا) اسم مونث۔ حدود بندی۔

**تودہ طوفان** (ا) اسم مذکر ❶ بہت الزام لگانے والا ❷ فسادی ❸ فتنہ پرداز ❹ مکار ❺ شریر۔

**تور** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا غلہ جس کے دانے ابال کر کھاتے اور دال بناتے ہیں ❷ چوبندی وہ رسی جو پردہ نہ اڑنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔

**تورہ** (ف) اسم مذکر ❶ قانون ❷ آئین ❸ شرع ❹ سنت ❺ دستور العمل ❻ وہ طریقہ جو چنگیز خان نے وضع کیا تھا ❼ شاہی سخت حکم ❽ مختلف کھانوں کے خوان جو امرا شادی سے چند یوم پیشتر تقسیم کیا کرتے ہیں ❾ غرور۔

**تورہ بندی** (ف) ❶ شادی سے پہلے گھر گھر تورہ تقسیم کرنے کی تقریب ❷ مختلف کھانوں کے خوان بھیجنے کی تقریب۔

**تورہ پوش** (تف) اسم مذکر ❶ خوان پوش ❷ بانس کا بنا ہوا ڈھکنا جو تورہ کے خوان پر ڈھانکا جاتا ہے۔

**تورہ پیٹی** (ا) اسم مونث (عو) طنزاً مغرور عورت ❶ متکبر عورت ❷ وہ عورت جو ظاہر شرع کی پابندی ظاہر کرے۔

**تورہ جتانا** (ا) فعل ❶ نخرہ کرنا ❷ غرور کرنا ❸ پابندی شرع ظاہر کرنا ❹ دکھاوے کی پرہیزگاری جتانا ❺ اترانا ❻ شیخی کرنا۔

**تورہ لگنا** (ا) فعل ❶ نخرہ لگنا ❷ اترانا ❸ شاہی حکم شدید نافذ ہونا۔

**توری** (ہ) اسم مونث ❶ ترئی ایک قسم کی ترکاری ❷ سبزی۔

**توریت** (عبرانی) اسم مونث ❶ وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسےٰ علیہ السلام پر اتری تھی۔

**تورے والی** (ا) اسم مونث ❶ عورت پابند شرع ❷ پرہیزگار زن۔

**توڑ** (ہ) اسم مذکر ❶ حاصلمصدر ❷ شکستگی ❸ ٹوٹ پھوٹ ❹ شق ❺ رخنہ ❻ درز ❼ شگاف ❽ دیوار یا فصیل میں توپ سے پڑا ہوا غار ❾ آب پاشی۔

**توڑ پھوڑ** (ہ) اسم مونث ❶ شکستگی ❷ ٹوٹ پھوٹ ❸ نیست و نابود ❹ خرابی ❺ بربادی ❻ ویرانی ❼ سازش ❽ بہکاوا ❾ اغواء۔

**توڑ جوڑ** (ہ) اسم مذکر ❶ حاصلمصدر ❷ توڑنا ❸ جوڑنا ❹ لڑائی اور صلح ❺ داؤ پیچ ❻ داؤ گھات ❼ تدبیر ❽ عبارت کی بندش ❾ مکاری۔

**توڑ کرنا** (ا) فعل ❶ بدل کرنا ❷ جواب دینا ❸ داؤ کا جواب دینا ❹

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

نیزہ یا کشتی کے پیچ کا جواب دینا۔
**توڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ بھس ❷ بھوسہ ❸ چارہ ❹ موٹا بھوسہ۔
**توڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ کمی ❷ قحط ❸ قلت ❹ تباہی ❺ ٹوٹا ❻ رسی کا ٹکڑا ❼ ہل کی ہلس یعنی وہ لمبی لکڑی جس میں جوا لگتا ہے ❽ بندوق کا فتیلہ ❾ پلیتہ۔
**توڑا مروڑی** (ا) اسم مونث ❶ (بازاری) ملنا ❷ توڑنا مروڑنا ❸ ہاتھا پائی۔
**توڑا پڑنا/ پڑ جانا** (ہ) فعل ❶ کمی ہو جانا ❷ قلت ہو جانا ❸ قحط ہونا۔
**توڑنا** (ہ) فعل ❶ ٹکڑے کرنا ❷ چیرنا پھاڑنا ❸ پھوڑنا ❹ چور چور کرنا ❺ جدا کرنا ❻ پھل کا ٹہنی سے الگ کرنا ❼ پھول چننا ❽ نئی زمین کو قابل زراعت بنانا ❾ ڈاکہ ڈالنا۔
**توڑنا جوڑنا** (ہ) فعل ❶ بنانا ❷ بگاڑنا ❸ سنوارنا ❹ کسی کام کی پوری قابلیت رکھنا۔
**توڑنا مروڑنا** (ہ) فعل۔ ملنا دلنا۔
**توڑی** (ہ) اسم مونث ❶ گیہوں یا جو کا باریک بھس ❷ بھوسہ ❸ چارہ۔
**توڑ ہمیشہ/ توڑیا** (بواؤ مجہول) (ہ) اسم مذکر ❶ سرسوں کی قسم کا ایک تیلدار بیج ہوتا ہے ❷ جو بالکل سرسوں ہی معلوم ہوتا ہے۔
**توڑے دار** (ا) اسم مونث۔ وہ بندوق جو فیلتہ کے ذریعہ سے چھوڑی جاتی ہے۔
**توزک** (ت) اسم مونث ❶ شان وشوکت ❷ آرائش ❸ انتظام ❹ شان وجلال ❺ قانون ❻ قاعدہ ❼ آئین ❽ شاہی روزنامچہ جو بادشاہ خود اپنی قلم سے لکھتے ہیں۔
**توسط** (ع) اسم مذکر ❶ قائم وسط قائم رکھنا ❷ اعتدال ❸ میانہ روی برتنا ❹ بیچ ❺ درمیان ❻ آسرا ❼ وسیلہ ❽ ذریعہ ❾ سفارش۔
**توسن** (ف) اسم مذکر ❶ اصیل ❷ بچھیرا ❸ تند اور سرکش گھوڑا ❹ وہ بچھیرا جس سے ابھی سواری نہ لی ہو۔
**توسہی** (ہ) تابع فعل ❶ بالضرور ❷ شرطیہ ❸ بے شک ❹ یقیناً ❺ سمجھونگا ❻ دیکھ تو ❼ یہ لفظ درحقیقت ضد اور اصرار کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
**توشدان** (ف) اسم مذکر ظرف۔ دو برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں۔
**توشک** (ف) اسم مونث ❶ روئی دار ❷ گدا ❸ گدیلا ❹ نہالچہ ❺ فرش پلنگ۔
**توشک خانہ** (ف) اسم مذکر ❶ وہ مکان جہاں اوڑھنے بچھانے کے کپڑے رہیں ❷ اسباب وزیور وغیرہ رکھنے کا مکان۔
**توشہ** (ف) اسم مذکر (توش طاقت اور ہائے نسبتی سے مرکب ہے) ❶ زادراہ ❷ وہ کھانا جو مسافر اپنے ساتھ لیجائے ❸ کھانے پینے کی چیز ❹ مردے کے ساتھ لے جانے کا کھانا ❺ راستہ کا خرچ ❻ سفرخرچ۔
**توشہ عاقبت/ توشہ عقبےٰ** (ف) اسم مذکر ❶ اعمال نیک ❷ اچھے کام جو وہاں کام آئیں ❸ معصوم متوفی بچہ جو آخرت کو ماں باپ کے گناہ بخشوائے گا۔
**توشہ خانہ/ توشے خانہ** (ف) اسم مذکر ظرف۔ دیکھو توشک خانہ۔
**توشیح** (ع) اسم مونث ❶ لغت میں ہار پہنانے کو کہتے ہیں ❷ مجازاً آرائش کرنا ❸ علم بیان میں ایک صنعت ہے ❹ جس میں ہر ہیت یا ہر مصرع کا حرف اول لینے سے ممدوح کا نام نکل آتا ہے۔
**توصیف** (ع) اسم مونث ❶ وصف کرنا ❷ تعریف کرنا ❸ سراہنا ❹ تعریف ❺ خوبی ❻ بیان۔
**توضیح** (ع) اسم مونث ❶ روشن کرنا ❷ ظاہر کرنا ❸ شرح ❹ تشریح ❺ وضاحت ❻ کھول کر کہنا ❼ توجیہ ❽ بیان (قانون نقشہ مالگزاری۔
**توغل** (ع) اسم مذکر ❶ کسی کام میں بہت لگا رہنا ❷ کامل مشق کرنا۔
**توفیر** (ع) اسم مونث ❶ وافر ہونا ❷ زیادتی ❸ فاضل ❹ فالتو ❺ بچت ❻ فائدہ۔
**توفیق** (ع) اسم مونث ❶ موافق وبرابر ہونا ❷ اللہ تعالےٰ کا بندے کی خواہش کے موافق ❸ اسباب بہم پہنچانا ❹ ہدایت ❺ راہنمائی ❻

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

خدا کی مہربانی ⑦ قابلیت ⑧ امداد ⑨ آسرا۔

**توقع** (ع) اسم مونث ① آس ② امید ③ بھروسا ④ خواہش ⑤ آرزو ⑥ اچھا۔

**توقف** (ع) اسم مذکر ① وقفہ ② ڈھیل ③ صبر وتحمل ④ تاخیر۔

**توقیر** (ع) اسم مذکر ① تعظیم ② عزت ③ حرمت ④ بزرگی ⑤ تعظیم کرنا ⑥ وقعت وعظمت۔

**توکل** (ع) اسم مذکر ① خدا پر بھروسا کرنا ② تکیہ بھروسا ③ اعتماد ④ اپنے تمام کاموں کو خدا پر چھوڑنا۔

**توکل پر بیٹھنا** (ا) فعل ① خدا کے بھروسے پہ بیٹھ رہنا ② اپنے سارے کام خدا پر چھوڑ دینا ③ بیکار بیٹھنا ④ بہتری کی امید رکھنا۔

**تو کو نہ مو کو چولھے میں جھونکو** (ہ) مثل ① نہ تیرے کام کا رہے گا ② نہ میرے کام کا یونہی برباد ہو جائے گا۔

**تول** (ہ) اسم مذکر و مونث ① وزن ② جانچ ③ اندازہ ④ مقررہ وزن۔

**تولا/تولہ** (ہ) اسم مذکر ① بارہ ماشے کا وزن ② تولنے والا ③ تلویا۔

**تولہ بھر کی آرسی نائی بولے فارسی** (ا) ذرا سا احسان کر رہا ہے اور جتا رہا ہے بہت۔

**تولا** (ع) اسم مذکر ① محبت ② دوستی ③ الفت ④ امید ⑤ توقع ⑥ آس۔

**تولد** (ع) اسم مذکر ① پیدائش ② پیدا ہونا ③ جنم۔

**تولد ہونا** (ا) فعل ① پیدا ہونا ② جنم لینا۔

**تولنا** (ہ) فعل ① وزن کرنا ② جوکھنا ③ جانچنا ④ اندازہ کرنا ⑤ لیاقت اور قابلیت جانچنا ⑥ مقابلہ کرنا ⑦ فکر کرنا ⑧ خیال کرنا ⑨ تصور جمانا۔

**تولیا/تولیہ** (ا) اسم مذکر ① رومال ② دست مال ③ انگوچھا۔

**تولید** (ع) اسم مونث ① جتانا ② پیدا کرنا ③ پرورش کرنا ④ پالنا۔

**تومڑی** (ہ) اسم مونث ① تصغیر ② از تونبا ③ سوکھے ہوئے تونبے کی چھاگل ④ کچکول ⑤ کشتی گدائی ⑥ ایک قسم کی آتشبازی ⑦ گھڑیال ⑧ یا مگر مچھ کی تھوتھنی ⑨ رسولی۔

**تومنا** (ہ) فعل ① بچورنا ② روئی کا رواں رواں جدا کرنا ③ کاتنے کے لئے روئی کو ہاتھوں سے کھولنا ④ ملنا دلنا ⑤ عیب ظاہر کرنا ⑥ قعی کھولنا ⑦ قچی یا بید سے سخت سزا دینا ⑧ گڑے مردے اکھیڑنا۔

**تولیا سوت** (ہ) اسم مذکر ① بہت باریک سوت ② نہایت عمدہ کتا ہوا سوت۔

**تونا/تو جانا** (ہ) فعل ① گائے بھینس وغیرہ ② حیوانات کا حمل گر جانا ③ اسقاط ہو جانا۔

**تونبا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا کدو جسے اندر سے خالی کر کے کشکول یا چھاگل بناتے ہیں۔

**تونبی** (ہ) اسم مونث ① تونبا کی تصغیر و تانیث ② چھوٹا تونبا ③ تومڑی ④ پونگی ⑤ بین جو سپیرے لوگ بجایا کرتے ہیں۔

**تونبی ہاتھ میں لینا** (ہ) فعل ① جوگی بننا ② فقیری لینا ③ جوگن بننا۔

**توں تاں کرنا** (ہ) فعل ① گالی گلوچ کرنا ② مغلظات بکنا ③ تو تو میں میں کرنا۔

**توند** (ہ) اسم مونث ① بڑا پیٹ ② فربہی ③ شکم۔

**توندل** (ہ) اسم صفت ① بڑ پیٹو ② فربہ شکم۔

**تونس** (ہ) اسم مونث ① بڑی سخت پیاس ② وہ پیاس جو کسی طرح نہ بجھے۔

**تونسنا** (ہ) فعل ① گرمی کے مارے بیتاب ہونا ② پیاس اور تشنگی کا بہت بڑھ جانا۔

**تونگر** (ف) اسم صفت ① تونگر کا مخفف ہے ② توانا ③ طاقت ور ④ زور آور ⑤ دولتمند ⑥ امیر ⑦ مالدار ⑧ دھنی ⑨ متمول۔

**تونگری** (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① امیری ② دولتمندی ③ توانائی ④ استغنا۔

**توہم** (ع) اسم مذکر ① وہم میں ڈالنا ② وہم، وسواس ③ گمان ④ شک۔

**توہین** (ع) اسم مونث ① لغوی سست کرنا ② ڈھیلا کرنا ③ اصطلاح میں ④ طعن کرنا ⑤ طنز ⑥ طعنہ ⑦ ذلت ⑧ حقارت بے عزتی

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149072218

www.besturdubooks.net

کرنا (9) آبروریزی۔

**توہین عدالت** (ع) اسم مونث۔ عدالت کی حقارت۔

**توئی** (ا) اسم مونث۔ کپڑے پر بنی ہوئی ایک جنم کی سیل جو زنانے دوپٹوں اور رضائیوں پر لگائی جاتی ہے۔

**توے کی بونڈ** (ہ) اسم صفت (1) فناپذیر (2) مندوم (3) فانی (4) بہت جلد فنا ہوجانے والی چیز (5) ناپائدار (6) مطمئن اور سیر نہ کرنے والی چیز۔

**تورے کی تیر میری** (ا) کہاوت۔ بےانتظامی۔

## ت ← ہ

**تہ** (ف) اسم مونث (1) پائیں (2) زیر نیچ (3) بالا کی ضد (4) نشیب (5) تلا (6) پیندا (7) پیندی (8) تھاہ (9) انت۔

**تہ بازاری** (ف) اسم مونث۔ وہ محصول جو بازار میں بیٹھنے والے سبزی فروشوں اور بساطیوں وغیرہ سے لیا جاتا ہے۔

**تہ بہ تہ** (ف) تابع فعل (1) طبق درطبق (2) پرت در پرت (3) (بحالت صفت) پیچ در پیچ۔

**تہ بند** (ف) اسم مذکر (1) نیچے باندھنے کا کپڑا (2) تہمت (3) لنگی (4) لنگوٹ (5) دھوتی (6) تہمد۔

**تہ پوشی** (ف) اسم مونث (1) زنانہ پاجامہ (2) وہ کپڑا جو ساڑھی کے نیچے ستر پوشی کے لئے باندھ لیا کرتے ہیں۔

**تہ پیچ** (ف) اسم مذکر (1) بہ ترکیب فاعلی (2) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔

**تہ توڑنا** (ا) فعل (1) نبیڑ دینا (2) ختم کر دینا (3) انجام کو پہنچا دینا (4) کنوے کا پانی بالکل نکال ڈالنا۔

**تہ جمانا** (ا) فعل (1) ایک چیز پر دوسری چیز کو پرت در پرت رکھتے جانا (2) کھائے پر کھانا (3) ایک چیز کھا کر دوسری پھر کھالینا۔

**تہ خانہ** (ف) اسم ظرف (1) مذکر (2) بھونرا (3) دخمہ (4) سردابہ (5) سرد خانہ زمین کے نیچے بنا ہوا مکان۔

**تہ دار** (ف) اسم صفت فاعل ترکیبی (1) دقیق (2) مشکل (3) پیچدار (4) پہلودار (5) کنایہ (6) مخفی معنی رکھنے والا (7) ظاہر کچھ باطن کچھ۔

**تہ درز** (ف) اسم صفت (1) نیا کپڑا (2) وہ کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔

**تہ دیگی/ تہ دیغی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری (1) دیگ کے نیچے کا کھانا پلاؤ (2) زردے وغیرہ کی کھرچن جس میں گھی بہت ہوتا ہے۔

**تہ دینا** (ا) فعل (1) پرت جمانا (2) ہلکا رنگ دینا۔

**تہ کر رکھو** (ا) محاورہ (1) بےغرضی اور عدم خریداری کے موقع پر بولتے ہیں (2) لپیٹ رکھو (3) اب نہیں چاہیئے (4) رکھ چھوڑو۔

**تہ کرنا** (ا) فعل (1) لپیٹنا (2) چھوٹا کر دینا (3) فیصلہ کرنا (4) چکانا (5) نمٹانا (6) ترک کرنا (7) چھوڑنا۔

**تہ کا سچا** (ا) اسم مذکر (1) وہ کبوتر جو اپنا گھر نہ بھولے (2) تھاں کا سچا (3) جگہ کا پورا۔

**تہ کو پہنچنا** (ا) فعل (1) کسی بات کی اصلیت کو پالینا (2) بات کا مغز معلوم کرلینا (3) منشاء کو پہنچنا (4) انتہا کو پہنچنا (5) اصل مدعا پالینا۔

**تہ کی بات** (ا) اسم مونث (1) انتہا کی بات (2) اصلی بات (3) گہری بات۔

**تہ ملانا** (ا) فعل (1) جوڑ املانا (2) نر کے ساتھ مادہ کو ملانا۔

**تہ نشین ہونا** (ا) فعل (1) نیچے بیٹھ جانا (2) دل میں جم جانا (3) نقش کالحجر ہونا۔

**تہ نہ ٹوٹنا** (ا) فعل (1) کپڑے وغیرہ کا استعمال میں نہ آنا (2) بالکل نیا ہونا۔

**تہ و بالا** (ف) اسم صفت (1) زیروزبر (2) الٹ پلٹ (3) تلے کا اوپر (4) اوپر کا تلے۔

**تہ و بالا کرنا** (ا) فعل (1) برباد کرنا (2) مسمار کرنا (3) خاک میں ملانا (4) ڈھانا (5) گرا دینا۔

**تھا** (ہ) فعل (1) ناقص (2) علامت (3) ماضی بعید (4) ہونک کا ترجمہ۔

**تھاپ** (ہ) اسم مونث (1) تھپڑ (2) طمانچہ (3) تھپکی (4) جیسے شیر کی تھاپ (5) طبلہ کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی پوری انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے۔

**تھاپ دینا** (ہ) فعل (1) طبلہ پر ضرب لگانا (2) ناچ ختم ہونے کی

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

علامت ہے۔

**تھاپ مارنا** (ہ) فعل ① شیر کا تھپیڑ مارنا ② پہلوانوں کا اپنی رانوں یا ڈنٹروں پر تھپکی مارنا جو کشتی کے شروع میں کیا کرتے ہیں۔

**تھاپا** (ہ) اسم مذکر ① لغوی معنی پاؤں کا نشان ② اصطلاح میں وہ نشان جو سمدھیانے کے لوگ وداع کے وقت سمدھی کی کمر پر لگاتے ہیں ③ یہ رسم ہندو صاحبان کی ہے چاک یا گیلی مٹی پر لگا انگلیوں کا نشان تاکہ چوری معلوم ہو جائے ④ ہلدی اور آٹے سے ہاتھ کا نشان جو ہندو لوگ شادی مونڈن وغیرہ کے موقعہ پر گھر کی دیوار پر لگا کر پوجتے ہیں۔

**تھاپنا** (ہ) فعل ① گوبر پاتھنا ② اپلے بنانا ③ مورتی پوجا کرنا۔

**تھاپی** (ہ) اسم مونث ① تھپکی ② طمانچہ ③ کمہاروں کا برتن گھڑنے کا اوزار ④ چونہ کوٹنے کا ایک چوبی آلہ ⑤ کوبہ ⑥ گوبر کا اپلا۔

**تھال** (ہ) اسم مونث ① پیتل یا کانسی کا خوان طشت ② بڑا طباق ③ اسینی۔

**تھالا** (ہ) اسم مذکر ① نیا پودا لگانے کا گڑھا وہ گول سا گڑھا جس میں دوسری جگہ سے لاکر پودا لگاتے ہیں ② ہر چیز کا پیندا ③ آدمی کے چوتڑ۔

**تھالی** (ہ) اسم مونث ① تھال کی تصغیر ② طشتری ③ تانبے پیتل وغیرہ کی چھوٹی سی رکابی ④ مٹھائی کا خوان۔

**تھالی بجنا** (ہ) فعل۔ سانپ کے کاٹے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا۔

**تھالی پھرنا** (ہ) فعل۔ اس قدر ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکیں تو زمین پر نہ گرے بلکہ لوگوں کے سروں پر ہی سے جائے۔

**تھالی جوڑ** (ہ) اسم مذکر ① کٹورا معہ تھالی وسرپوش ② پانی کو ادب و حفاظت سے پلانے کا سامان جو اکثر امراء کو جہیز میں دیا جاتا ہے۔

**تھالی کا بینگن** (ہ) اسم صفت ① رکابی، مذہب ② بن پلیندی کا بدھنا ③ غیر مستقل مزاج ④ لالچ کے باعث ہر ایک کا طرفدار۔

**تھامنا** (ہ) فعل ① روکنا ② باز رکھنا ③ آڑ لگانا ④ ٹیکن لگانا ⑤ گرفتار کرنا ⑥ پکڑنا ⑦ ہاتھ میں لینا ⑧ ٹھیرانا ⑨ کھڑا کرنا۔

**تہاں** (ہ) تابع فعل ① وہاں، اس جگہ ② جیسے جہاں تہاں دیکھو وہی موجود ہے۔

**تھان** (ہ) اسم مذکر ① جگہ ② مقام ③ استھان ④ مکنا ⑤ ٹھیرنے کی جگہ ⑥ گھوڑا باندھنے کی جگہ ⑦ اصطبل ⑧ آخور ⑨ گھانس جو گھوڑے کے نیچے بچھا دیتے ہیں۔

**تھان کا ٹرا** (ہ) اسم صفت ① وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے ② اپنے گھر پر شیر رہنے والا آدمی ③ اپنے کوچہ کا کتا۔

**تھان کا سچا** (ہ) اسم صفت۔ وہ گھوڑا یا کبوتر جو اپنی جگہ اور مکان کو ہرگز نہ بھولے، ہر جگہ سے اپنی جگہ پر آجانے والا گھوڑا۔

**تھان لینا / تھان میں آنا** (ہ) فعل۔ گھوڑے کا خاک میں لوٹنا۔

**تھانگ** (ہ) اسم مذکر ظرف ① چوروں کا مسکن ② پتہ کھوج ③ سراغ ④ سازش ⑤ جیسے بے تھانگ چوری۔

**تھاہ ملنا** (ہ) فعل ① نہ ملنا ② دریا کی گہرائی کا پتہ لگنا ③ انجام ملنا ④ انتہا ملنا۔

**تہائی** (ہ) اسم عدد کسری۔ تیسرا حصہ۔ ثلث ایک بٹا تین۔

**تہایت** (ہ) اسم مذکر ① غیر ② اجنبی ③ بیگانہ۔

**تہ بند** (ف) اسم مذکر ① تنگی ② لنگوٹ ③ دھوتی ④ تہمد ⑤ انگوچھا۔

**تھپ جانا** (ہ) فعل ① لگ جانا ② کسی بات کا اپنے ذمے پڑ جانا۔

**تھپیڑ** (ہ) اسم مذکر ① طمانچہ ② تھاپ ③ لپڑ ④ دھپٹ ⑤ طبق ⑥ لیو ⑦ پرت ⑧ واد کا چھتا ⑨ پھنسیوں کا بکثرت ایک جگہ نکل آنا۔

**تھپیڑ لگانا / مارنا** (ہ) فعل ① دھپ جڑنا ② رہپٹ مارنا ③ طمانچہ رسید کرنا۔

**تھپڑی** (ہ) اسم مونث ① تالی ② دونوں ہتھیلیوں کو مار کر تالی بجانا۔

**تھپڑی بجنا / پٹنا** (ہ) فعل ① خاک اڑنا ② رسوائی ہونا ③ ذلت ہونا ④ تالی پٹنا۔

**تھپک تھپک کر رکھنا** (ہ) فعل ① تھام تھام رکھنا ② دم دلاسا دے کر روکنا ③ طمع دے کر باز رکھنا۔

**تھپکنا** (ہ) فعل ① بچے کو سلانے کے لئے آہستہ آہستہ تھپکی لگانا ② سہج سہج ہاتھ آہستہ آہستہ چوٹ یا ضرب لگانا جیسے چونہ پر تھپکی

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

لگانا③غصہ فرو کرنا④ کسی بات کو روکنا⑤ تھامنا⑥ دبانا۔

تھپکی (ہ) اسم مونث① کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا② دشمن کے ہتھیار یعنی تلوار وغیرہ پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ وہ اوندھا جا پڑے۔

تھپنا (ہ) فعل① ذمہ لگنا② سر ہونا③ الزام لگنا۔

تھپیڑا (ہ) اسم مذکر۔ تھپڑ کی تصغیر اور حقارت۔

تہتر (ہ) اسم عدد۔ ستر اور تین۔ ۷۳۔

تہتر کے بیجوں کو پہنچنا (ہ) فعل① برباد ہونا② تباہ ہونا③ ستیاناس ہونا④ تہس نہس ہو جانا۔

تہتک (ء) اسم مذکر① رسوائی② ذلت③ پردہ داری④ بے آبروئی ⑤ بے عزتی۔

تھتکارا (ہ) اسم مذکر① تھوتھو کرنے کے قابل② نام نہ لینے کے قابل (بحالت صفت) نالائق③ نکما④ مردود⑤ ٹھپکارا ہوا⑥ ملعون⑦ لعنت زدہ۔

تھتکارنا (ہ) فعل① تھوتھو کرنا② ذرا ذرا تھوکنا③ نفرت کرنا④ لعنت بھیجنا⑤ توبہ کرنا⑥ دھتکارنا⑦ حقارت سے نکال دینا⑧ جھوٹی قسم یا بھول کے بعد تھوتھو کرنا۔

تھتکاری (ہ) اسم مونث① زنجیر② بیڑی③ چڑیل④ ڈائن⑤ چھپکلی⑥ چلپاسہ۔

تھتکاریاں (ہ) اسم مونث① بیڑیاں② زنجیر③ جوتیاں④ بلائیں⑤ چڑیلیں⑥ چھپکلیاں۔

تھرتھر کپنی (ہ) اسم مونث۔ ایک چڑیا کا نام ہے جو ہر وقت درختوں پر تھرتھراتی رہتی ہے۔

تھرتھری (ہ) اسم مونث① حاصلمصدری② کپکپی③ لرزہ④ تپ نوبہ⑤ جاڑے کا بخار۔

تھرڈ (ای) اسم صفت عددی① سوم② تیسرا③ تیسرے درجہ والا۔

تھرکنا (ہ) فعل① مٹکنا② ناچنا③ ٹھمکنا④ بھڑکنا⑤ اعضا کو معشوقانہ انداز سے حرکت دینا۔

تھرمامیٹر (ای) اسم مذکر① حرارت ناپنے کا آلہ② مقیاس الحرارت۔

تہرد (ف) اسم مذکر۔ زین کے نیچے کی گدی۔

تھڑا (ہ) اسم مذکر ظرف① جگہ② دوکان یا مکان کے آگے کا چبوترہ③ گدی④ دوکاندار کے بیٹھنے کی جگہ۔

تھڑ ولا (ہ) اسم صفت① بزدل② ڈرپوک③ تھوڑے دل کا آدمی④ نامرد⑤ کنوجس⑥ تنگدل⑦ بخیل⑧ کم ظرف⑨ کم حوصلہ۔

تھڑم تھڑا کرنا (ہ) فعل① تھوتھو کرنا② لعنت ملامت کرنا③ دردر کرنا④ لعنت کرنا۔

تھڑی (ہ) اسم مونث① کمی② توڑا③ قلت④ کلمہ نفرین⑤ لعنت⑥ ملامت۔

تھڑی تھڑی ہونا (ہ) فعل① رسوائی ہونا② نفرین ہونا③ لعنت ہونا④ پھٹکار ہونا۔

تھڑنا (ہ) فعل① کمی ہونا② توڑا ہونا③ ختم ہو جانا④ تمام ہونا⑤ سیٹر جانا۔

تہس نہس (ا) اسم صفت① تہ و بالا② زیر و زبر③ اوپر تلے④ تباہ⑤ برباد⑥ اوجڑ⑦ ویران۔

تھکا (ہ) اسم صفت۔ صیغہ مفعول① تھکا ہوا② ماندہ③ کوفتہ④ سست⑤ ناچار⑥ اکتایا ہوا۔

تھکا بیل (ہ) اسم صفت① سست آدمی② کام چور③ جی چھوڑ دینے والا۔

تھکا ماندہ (ا) اسم صفت① عاجز شخص② ہارا تھکا③ تھکا ٹوٹا۔

تھکا مارنا (ہ) فعل① دق کر دینا② عاجز کر دینا③ ہرا دینا④ جی چھڑا دینا۔

تھکان (ہ) اسم مونث① تھکنا② ماندگی③ کوفتگی۔

تھکانا (ہ) فعل① ہرانا② دق کرنا③ مضمحل کرنا④ بھگانا⑤ حیران کرنا⑥ پدانا⑦ عاجز کرنا۔

تھک کر چور ہونا (ہ) فعل① نہایت مضمحل ہو جانا② تھکان سے جوڑ جوڑ دکنا③ نہایت شل ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed BaIG 03149077218

تھکم تھکا (ہ) اسم مونث ① رسوائی ② ذلت۔
تھکن (ہ) اسم مونث ① حاصلمصدر ② ماندگی ③ کوفت۔
تھکنا (ہ) فعل ① محنت سے ماندہ ہونا ② کوفت ہونا ③ عاجز ہونا ④ ناتواں ہونا ⑤ سست ہونا ⑥ مایوس ہونا ⑦ نا امید ہونا ⑧ بند سونا ⑨ رک جانا۔
تھگلی (ہ) فعل ① جوڑ لگانا ② پیوند لگانا ③ چپنا ناممکن ہو وہاں چلے جانا۔
تھل (ہ) اسم مذکر ① جگہ ٹھور مکان ② استھان ③ خشک زمین ④ تھل ⑤ پھوڑ زمین ⑥ ریت میں شیر کے رہنے کی جگہ۔
تھل ① ٹھکانے بیٹھنا ② آرام سے بیٹھنا ③ آرام کرنا۔
تھل بیڑ (ہ) اسم مذکر ظرف ① جہاز کی لنگر گاہ ② بچھڑا ٹھیرنے کی جگہ۔
تھل بیڑا لگنا (ہ) فعل ① ٹھکانا لگنا ② ملنا ③ پتا ملنا۔
تھل تھل (ہ) اسم صفت ① ڈھیلا ② پلپلا ③ نرم ④ مولا ⑤ پھپس۔
تھلتھلانا (ہ) فعل ① موٹائی کے باعث جسم کا ہلنا ② موٹے بدن کا تھل تھل کرنا۔
تھلک (ء) اسم مذکر ① ہلاکت ② موت ③ بربادی ④ خوف ⑤ دہشت ⑥ شوروغل ⑦ کہرام ⑧ آفت ⑨ بلا۔
تہمت جوڑنا / دھرنا / دینا / لگانا / لینا (ا) فعل ① کسی کو الزام دینا ② عیب لگانا ③ جھوٹا الزام دینا ④ برائی سر تھوپنا۔
تہمت کا گھر / تہمت کی ٹٹی (ا) اسم صفت ① عیب کی جگہ ② بدنامی کا گھر ③ وہ چیز جس میں بدنامی ہو ④ ہر ایک کو الزام دینے والا مقام یا آدمی ⑤ یا جگہ۔
تہمتی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① بہتانی ② تہمت لگانے والا ③ عیب سر دھرنے والا۔
تھمنا (ہ) فعل ① رکنا ② باز رہنا ③ ٹھیرنا ④ تحمل کرنا ⑤ صبر کرنا ⑥ چپ رہنا۔
تھن (ہ) اسم مذکر ① گائے بکری وغیرہ کی پستان ② چوپایہ کی چوچی ③ چھاتی ④ دودھی۔

تہنال (ف) اسم مذکر۔ تلوار کا چیلا رہنے کا، پیتل تانبے وغیرہ کا نیام کا حصہ۔
تہنیت (ء) اسم مونث ① مبارکبادی ② بدھائی ③ بدھاوا۔
تھو (ہ) اسم صوت ① تھوکنے کی آواز ② تھوک ③ برا ④ چھی ⑤ قابل نفرت۔
تھوتھو (ہ) کلمہ نفرین ① نہایت نفرت ظاہر کرنا ② خدا نہ کرے ③ فوج ④ خدا بچائے۔
تھوتھو ہونا (ہ) فعل ① تھڑی تھڑی ② بدنامی ہونا ③ رسوائی ہونا۔
تھوا (اسم مزکر ① ڈھیما ② گیلی مٹی کا لوندا ③ حقارتاً نکما آدمی۔
تھوبڑا (ہ) اسم مذکر ① تحقیراً ② منہ ③ تھوتھنی۔
تھوبڑا بجانا (ہ) فعل ① روٹھنا ② خفا ہونا۔
تھوپنا (ہ) فعل ① بٹورنا ② جمع کرنا ③ اکٹھا کرنا ④ بن گہڑے توے پر روٹی ڈال کر تھاپنا ⑤ لیپنا ⑥ لیمو لگانا ⑦ ذمہ ڈالنا ⑧ جیسے تہمت تھوپنا ⑨ سہارا دینا۔
تھوترا (ہ) اسم صفت ① کترا ہوا ② چوہوں کا کاٹا ہوا اناج ③ نکما ④ خراب۔
تھوترا پچھوڑنا / تھوترے پچھوڑنا (ہ) فعل ① نکمی باتیں کرنا ② خراب اور بے سود باتیں کرنا، بے فائدہ اور فضول بکواس کرنا۔
تھوتنا / تھوتڑا (ہ) اسم مذکر ① تحقیراً ② حیوانات کا منہ ③ منہ ④ تھوتھنی۔
تھوتھ (ہ) اسم مذکر و مونث ① کھوکھلا پن ② کھوکھلا ③ جوف ④ خلا ⑤ خلو ⑥ خالی جگہ۔
تھوتھا (ہ) اسم صفت بالف وصفی ① خالی ② کھوکھلا ③ اندر سے خالی ④ بے مغز ⑤ کند بے نوک ⑥ بن دار کا ⑦ جیسے تھوتھا تیز طوطیا ⑧ نیلا تھوتھا ⑨ مہمل۔
تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ) مثل ① کی شیخی ② ناحق کی اولاد ③ بانگ دور کا ترجمہ ہے۔
تھوتھی بات (ہ) اسم مونث ① بیہودہ بات ② بے معنی بات ③ مہمل بات ④ لغو بات۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03490772218

تھوتھے تیروں سے اڑانا / چھاننا (فعل) ① کند تیروں سے اڑانا ② سخت تکلیف دینے اور بری طرح مارنے کی غرض سے کھنڈے ہتھیاروں سے قتل کرنا ③ اکھنائی چھری سے ذبح کرنا۔

تہوز (ء) اسم مذکر ① قوت غضبی کی زیادتی ② بے جا دلیری ③ بہادری ④ ہمت ⑤ جرات۔

تھورنا (ہ) فعل ① تحقیراً کھانے کو کہتے ہیں ② نگلنا ③ ٹھونسنا ④ اوجھ بھرنا۔

تھوڑا (ہ) اسم صفت ① قلیل ② کچھ ③ خفیف ④ ادنٰے ⑤ ذرا۔

تھوڑا بہت (ہ) اسم صفت ① کم و بیش ② کچھ نہ کچھ ③ کسی قدر ④ تھوڑا سا۔

تھوڑا تھوڑا ہونا (ہ) فعل ① شرمندہ ہونا ② نادم ہونا ③ جھل ہونا ④ پانی پانی ہونا۔

تھوبڑا ہی (ہ) حرف نفی ① بالکل نہیں ② ہرگز نہیں ③ جیسے وہ تھوڑا ہی کہتے ہیں۔

تھوک (ہ) اسم مذکر ① آب دہاں ② منہ کا لعاب ③ رال ④ کف ⑤ تف۔

تھوک اچھالنا (ہ) فعل ① بیہودہ بکنا ② ناحق کی محنت کرنا۔

تھوک بلونا (ہ) فعل ① بیہودہ بکواس کرنا ② بے فائدہ گفتگو کرنا۔

تھوک دینا (ہ) ① نفرت کر کے چھوڑ دینا ② ترک کرنا ③ عاق کرنا۔

تھوک کر چاٹنا (ہ) فعل ① وعدہ کر کے پھر جانا ② عہد توڑنا ③ کچھ دے کر واپس لینا۔

تھوک لگانا (ہ) فعل ① وعدہ کر کے پھر جانا ② شکست دینا ③ ایک قسم کی گالی بھی ہے۔

تھوک لگا کر رکھنا (ہ) فعل ① بڑی حفاظت سے رکھنا ② جوڑ جوڑ رکھنا ③ کنجوسی سے جمع کرنا۔

تھوک لگا کر / تھوک کر چھوڑنا (ہ) فعل ① ذلیل کر کے چھوڑنا ② رسوا کر کے ترک کرنا ③ ذلیل و حقیر کر کے ترک کرنا۔

تھوک ہے (ہ) کلمہ نفرین ① لعنت ہے ② تف ہے۔

تھوکنا (ہ) فعل ① منہ کا لعاب پھینکنا ② لعنت ملامت کرنا ③ برا بھلا کہنا ④ نفرت کرنا ⑤ ذلیل کرنا ⑥ رسوا کرنا ⑦ بے عزت کرنا۔

تھوکوانا (ہ) فعل ① ذلیل کرانا ② تھوکنا کا متعدی۔

تھولی (ہ) اسم مونث ① میٹھا دکیا ② دلیا۔

تھونی (ہ) اسم مونث ① تھم ② کھم ③ ستون ④ دراڑ۔

تھوہر (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا خاردار درخت جو زہریلا ہوتا ہے اور جس میں سے دودھ نکلتا ہے ② زقوم۔

تھئی (ہ) اسم ونث ① روٹیوں کے ② بہت سی اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں ③ تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے۔

تھیئٹر (ای) تماشا گھر۔

تھیلا (ہ) اسم مذکر ① بڑی گون ② بلور بڑی ③ تھیلی ④ کوتھلا گوجھا۔

تھیلا کرنا (ہ) فعل ① ہڈی پسلی توڑ کر رکھ دینا ② لوتھ کر دینا۔

تھیلی (ہ) اسم مونث ① کیسہ ② کوتھل ③ گوبھی ④ جیب ⑤ توڑا ⑥ چار ہزار روپے کی مقدار۔

تھینکس (ای) اسم مذکر ① شکریہ ② بہت بہت شکریہ۔

تھینک یو (ای) آپ کا بہت شکریہ۔ اظہار تشکر کے لئے بولتے ہیں۔

تھیوا (ہ) اسم مذکر۔ انگوٹھی میں لگانے کا نگینہ۔

تھیوری (ای) اسم مونث ① خیال ② قیاس ③ تصور۔

تہیہ (ء) اسم مذکر ① سامان ② آزدگی ③ تیاری۔

## ت ← ء

تئی (ہ) اسم مونث ① جوڑی کڑھائی ② جوڑا تھال جس میں ٹکیہ کے کباب بناتے ہیں۔

## ت ← ی

تیار کرنا (ا) فعل ① درست کرنا ② لیس کرنا ③ موجود کرنا ④ پکانا ⑤ بلانا ⑥ سدھانا ⑦ جیسے گھوڑا تیار کرنا ⑧ موٹا تازہ کرنا ⑨ پورا کرنا۔

تیار ہونا (ا) فعل ① مستعد ہونا ② آمادہ ہونا ③ موٹا تازہ ہونا ④ پک جانا ⑤ عمارت ختم ہو چکنا ⑥ بن چکنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

تیاری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① آمادگی ② مستعدی ③ موجودگی ④ آراستگی ⑤ درستی۔

تیاگنا (ہ) فعل ① ترک کرنا ② چھوڑنا ③ تجنا ④ دست بردار ہونا۔

تیپچی (ہ) اسم مونث ایک قسم کی کچی سلائی خلاف بخیہ۔ کھڑا کرنا۔

تیپچی بھرنا (ہ) فعل۔ کچی سیون کرنا۔

تیپچی کا نکاح (ا) اسم مذکر ① کچا نکاح ② بودا نکاح۔

تیتالیس/ تینتالیس (ہ) اسم عدد۔ چالیس اور تین ۴۳۔

تیتر (ہ) اسم مذکر ① تیہو ② دراج ③ ایک پرندے کا نام ہے ④ جس کو شوقین لوگ لڑاتے ہیں۔

تیترے کے منہ پچھمی (ہ) مثل ① دوسرے کے اختیار کی بات ② قسمت اور تقدیر پر موقوف ہے ③ یہ ایسے موقع پر بولتے ہیں ④ جہاں کسی بے وقوف آدمی کو ایسے کام کے فیصلہ کے لئے منتخب کریں ⑤ جس کا وہ اہل نہ ہو۔

تیسترا (ہ) اسم صفت۔ وہ لڑکا یا لڑکی جو تیسرے نمبر پر پیدا ہو یعنی دو کے بعد۔

تیسترا بیٹا راج رجائے تیسری بیٹی بھیک منگائے (ا) مثل ہے ① کے طور کہا کرتے ہیں ② کہ تیسرا بیٹا خوش قسمت ہوتا ہے اور تیسری لڑکی نہایت بدقسمت۔

تیتری (ہ) اسم مونث بیائے تانیث ① تیتر کی مادہ ② ایک قسم کی بھنبیری ③ ایک طرح کا پردار خوشرنگ خوبصورت برساتی کیڑا ④ ایک قسم کی دوا جو باری کے بخار میں دیتے ہیں۔

تینتیس/تیتیس (ہ) اسم عدد۔ تین۔ ۳۳۔

تیج (ہ) اسم مذکر ① جاہ وجلال ② رعب وداب ③ طاقت ④ غصہ ⑤ جوش ⑥ سورج کی کرن ⑦ آفتاب کی روشنی جیسے تیج بھان۔

تیج (ہ) اسم مونث ① تیسری تاریخ ② ہندوؤں کا تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے اس میں بہنوں بیٹیوں کو گھر بلاتے ہیں اور سدھارا بھیجتے ہیں۔

تیج تہوار (ہ) ① رسم کرنا ② ایک تہوار ③ تیج ④ عید ⑤ بقرعید وغیرہ۔

تیجا (ہ) اسم مذکر ① فاتحہ سوم کی رسم ② پھول چننا ③ بیٹھارنی۔

تیج پات (ہ) اسم مذکر ① ایک خوشبودار پتا ② ساوج ہندی ③ تیج پت۔

تیجا (ہ) اسم صفت (صحیح تیکھا) ① پیٹھنے والا ② مجازاً شوخ ③ شریر ④ چھبیلا ⑤ معشوق ⑥ طرحدار منموہن۔

تیخی (ا) اسم صفت ① صحیح ② سیکھی۔

تیر تکوں پر گزارہ کرنا (ا) فعل ① محاورہ ② دربدر پھر کر گزارہ کرنا ③ ادھر ادھر سے حیلہ حوالہ بنا کر روٹی کھانا ④ شکار مار کر کھانا۔

تیر حکمی (فع) اسم صفت ① وہ تیر جو کبھی خطا نہ کرے ② شرطیہ نشانے پر لگنے والا تیر۔

تیر چلانا (ا) فعل ① تیر چھوڑنا ② تیر پھینکنا ③ نشانے پر تیر مارنا۔ (طنزاً) کوئی برا کام کرنا جیسے ایسا ہی تیر چلایا تھا۔

تیر سا لگنا (ا) فعل ① نہایت برا معلوم ہونا ② تیر کی طرح چبھنا۔

تیر کرنا (ا) فعل ① چھپا لینا ② غائب کرنا ③ چرا لینا ④ دن گزارنا ⑤ بسر کرنا۔

تیرگر (ف) اسم فاعل ترکیبی ① تیر بنانے والا ② تیر ساز۔

تیر نتھنوں میں دینا (ا) فعل ① نہایت دق کرنا ② تنگ کرنا ③ ناک چنے چبوانا۔

تیر ہوائی (ف) اسم صفت ① وہ تیر جو یونہی ہوا کے رخ پھینکا یا جائے اور اس کا نشانہ کوئی نہ ہو ② فضول ③ لغو ④ بیکار ⑤ غیر مصرف۔

تیرا (ہ) اسم ضمیر مضاف الیہ صیغہ واحد حاضر ادنے کی طرف خطاب کیا جاتا ہے۔

تیرا میرا کرنا (ا) فعل ① غیریت کی باتیں کرنا ② جھگڑنا ③ غیروں کی طرح لڑنا۔

تیراک (ہ) اسم مذکر ① تیرنے والا ② پیراک ③ شناور۔

تیرتا ہی ڈوبتا ہے/ تیراک ہی ڈوبا کرتا ہے (ا) مثل۔ جو جس فن میں طاق ہو وہی فن اس کی موت کا سبب ہوا کرتا ہے کیونکہ اس کام کے کرنے سے خوف نہیں ہوتا۔

تیراؤ پانی (ہ) اسم صفت۔ تیرنے کے قابل پانی۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

تیرتھ (ہ) اسم مذکر ❶ دریا کا گھاٹ ❷ کنارہ ❸ دریا ❹ درشن ❺ زیارت ❻ پاک جگہ ❼ ہندوؤں کا وہ مقدس مقام جو دریا کے کنارہ پر ہو ❼ برہمنوں کی قوم۔

تیرتھ جانترا (ہ) اسم مذکر ظرف۔ زیارت۔

تیرگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سیاہی ❷ اندھیرا ❸ دھندلا پن ❹ کلونس کندورت۔

تیرنا (ہ) فعل ❶ پیرنا ❷ شناوری کرنا ❸ کسی فن میں ماہر کامل ہونا ❹ بخوبی مہارت رکھنا۔

تیرہ (ف) اسم صفت ❶ دھندلا ❷ کالا۔

تیرہ بخت/ تیرہ روزگار (ہ) (صفت مرکب ❶ بدنصیب ❷ رنجت۔

تیرہ (ہ) اسم عدد۔ دس اور تین ۱۳۔

تیرہ تیزی یا تیراں تیزی (ا) اسم مذکر۔ و مونث ❶ صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن ❷ جن میں حضرت رسول صلعم بیمار پڑے تھے ❸ اور اسی وجہ سے یہ ایام منحوس خیال کئے جاتے ہیں۔

تیرھویں (ہ) صفت عددی ❶ ہندوؤں کی ایک رسم ہے ❷ دن تیرہ برہمن جمائے جاتے ہیں۔

تیرھویں صدی (ا) اسم مونث ❶ سنہ ہجری کے بعد تیرہ سو سال کا عرصہ جسے نہایت منحوس خیال کرتے ہیں ❷ کلجگ کا زمانہ۔

تیز (ف) اسم صفت ❶ دھار والا ❷ باڑھ دار ❸ بران ❹ برندہ ❺ تند ❻ چرپرا ❼ جلد ❽ زود ❾ شتاب۔

تیل چڑھانا (ہ) فعل۔ دولہن کے بدن پر تیل ہلدی وغیرہ کا بٹنا ملتے ہیں۔

تیل پلاؤ کرنا (ہ) فعل ❶ بارش کے پانی پر تیل ڈال کر بہانا جس سے بادلوں کے تھمنے کا شگون لیا کرتے ہیں ❷ جہلا کا طریقہ ہے۔

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو (ہ) مثل ❶ تامل کرو ❷ سوچو ❸ سمجھو ❹ صبر کرو ❺ پھر یہ کام کرنا ❻ یہ کام بڑی سوچ بچار کے بعد کرنا۔

تیل لگانا (ہ) فعل ❶ تیل چپڑنا ❷ تیل ملنا۔

تیل ماش اتارنا/ رکھانا (ا) فعل۔ کسی مسافر کے گھر پر اس کے عزیزوں کا ایک طباق میں ماش بھر کر اس میں تیل کا کٹورا بھر کر رکھ دیتے ہیں سفر سے آنے والا اس میں اپنا منہ دیکھ کر دو چار دانے ماش کے ڈال دیتا ہے پھر یہ سب تصدق کر دیا جاتا ہے یہ گویا سفر سے مع الخیر آنے کا صدقہ ہے۔

تیل ملنا (ہ) فعل۔ تیل کی مالش کرنا۔

تیل میں ہاتھ ڈالنا (ہ) فعل ❶ سخت قسم کھانا ❷ زمانہ جاہلیت کی قسم یا بالفاظ دیگر چور سے اقرار کراتا ہے ❸ اس کا طریق یہ تھا کہ منکر آدمی کو جلتے تیل میں ہاتھ ڈالنے کے لئے کہا جاتا تھا ❹ چونکہ آگ کا کام ہمیشہ جلانا ہے لہذا چور ڈر کے مارے اپنے جرم سے اقرار کر لیا کرتا تھا۔

تیل نکالنا (ہ) فعل ❶ تل وغیرہ پیلنا ❷ کسی چیز میں سے تیل نکالنا ❸ سخت محنت لینا ❹ پسینے پسینے کرنا ❺ جان نکالنا ❻ ست نکالنا۔

تیلری (ہ) اسم مونث ❶ تیل کا برتن ❷ روغن دان ❸ باری ❹ بارا۔

تیلن (ہ) اسم مونث ❶ تیلی کی بیوی ❷ تیلی قوم کی عورت ❸ روغن فروش عورت ❹ بندلین۔

تیلی (ہ) اسم مونث ❶ سلائی ❷ پنجرے کی تار ❸ سیخ ❹ ناک کا ایک زیور ❺ چھوٹا لونگ۔

تیلی (ہ) اسم مذکر ❶ روغن گر ❷ روغن فروش، ایک نام کا نام ہے جس کا پیشہ تیل نکالنا اور بیچنا ہے ❸ (بحالت صفت) نہایت میلا آدمی ❹ میلا کچیلا آدمی غلیظ اور کثیف کپڑوں والا۔

تیلی تنبولی (ہ) اسم مذکر ❶ تیل اور پان بیچنے والا قوم ❷ رذیل قوم کے آدمی کو کہہ دیتے ہیں۔

تیلی خصم کیا اور پھر بھی روکھا ہی کھایا (ہ) مثل ❶ خلاف طبیعت کام بھی کیا اور پھر بھی مراد نہ ملی ❷ امیر سے شادی بھی کی اور پھر بھی تنگی اٹھائی۔

تیلی راجا تیلیا راجا (ہ) اسم مذکر ❶ فقیروں کا ایک فرقہ ہے جو تیل مانگ کر اپنے کپڑوں اور سر پر ملا کرتا ہے ❷ نہایت ہی میلے کپڑے لینے والا آدمی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

تیلی کا بیل (ہ) اسم مذکر ❶ وہ شخص جو رات دن محنت کے چکر میں پھنسا رہے ❷ بہت ہی محنت شاقہ کرنے والا۔

تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار (ہ) مثل۔ مقید آدمی آزادی کی قدر نہیں جان سکتا۔

تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا دل کڑھے (ہ) فعل۔ نقصان کسی کا ہو غم کوئی کرے۔

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (ہ) مثل۔ کمزور اور غریب آدمی کو گھر کی محنت اور دقت ہی ہزاروں دقتوں کے برابر ہے۔

تیلی کی جورو ہو کے کیا پانی نہائی (ہ) امیر کے خادم ہو کر بھی فائدہ نہ ہوا تو پھر کیا موقع ملے گا۔

تیلیا (ہ) اسم صفت بالف فاعلیت تشبیہی تیل کے رنگ کا چکنا۔ چکنائی والا۔

تیلیا پانی (ہ) اسم مذکر۔ ترمرے والا اور نہایت کھاری پانی جو پرانے کنوؤں میں اکثر ہو جایا کرتا ہے۔

تیلیا سرنگ (ا) اسم مذکر ❶ سیاہی مائل ❷ سرخا گھوڑا۔

تیلیا سہاگہ (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سہاگہ جو چکنا چکنا ہوتا ہے۔

تیلیا کا کریزی (ا) اسم مذکر۔ سیاہی مائل گہرا اودا رنگ۔

تیلیا کتھا (ا) اسم مذکر۔ اندر سے کالا کتھا۔

تیلیا کمیت (ا) اسم مذکر ❶ ایک طرح کا سیاہی مائل کمیت رنگ کا گھوڑا ❷ سیاہی مائل سرخ۔

تیمارداری اسم مونث بیائے مصدری ❶ غمخواری ❷ ہمدردی ❸ بیمار کی خدمت ❹ علاج معالجہ۔

تیمم کرنا (ا) فعل۔ طہارت کے لئے بیماری یا پانی نہ ملنے کی حالت میں مٹی پر ہاتھ مار کر بہ نیت عبادت وضو یا غسل کرنا۔

تین (ا) اسم عدد۔ ۳۔

تین بلائے تیرہ آئے دے دال میں پانی (ہ) مثل۔ اگر مطلوبہ تعداد سے زیادہ آدمی آ جائیں تو اسی میں نمٹانا پڑتا ہے۔

تین پانچ (ہ) اسم مونث ❶ جھگڑا فساد ❷ تکرار ❸ بکھیڑا ❹ ٹنٹا ❺ پرخائش ❻ فریب ❼ دغا ❽ مکر ❾ چالاکی۔

تین پانچ کرنا (ہ) فعل ❶ مکر و فریب کرنا ❷ جھگڑا کرنا ❸ فساد کرنا ❹ تکرار کرنا۔

تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان (ا) مثل۔ شیخی خورے کی نسبت بولا کرتے ہیں جو تھوڑی سی چیز پر بہت سا اترائے۔

تین تیرہ (ہ) اسم صفت ❶ پاران باٹ ❷ تتر بتر ❸ پریشان ❹ متفرق۔

تین تیرہ کرنا (ہ) فعل ❶ تتر بتر کرنا ❷ پراگندہ کرنا ❸ خرچ کر دینا ❹ اڑا دینا ❺ صرف کر دینا۔

تین ٹانگ کی گدھی کو من کی لدنی (ہ) مثل۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی طاقت سے زیادہ کام یا فساد کرے۔

تین حرف بھیجنا (ا) فعل۔ ل۔ ع۔ ن ❶ لعن بھیجنا ❷ لعنت بھیجنا ❸ پھٹکارنا ❹ پھٹکار کرنا ❺ دھتکارنا۔

تین دن قبر میں بھاری ہیں (ا) مثل۔ مر کر بھی قبر میں تین دن حساب کتاب میں جان کو اضطراب رہتا ہے۔

تین کانے (ہ) اسم مذکر نامرادی ❶ ناکامی ❷ ناکامیابی سے مراد ہوتی ہے ❸ نرد بازی کے پانسوں میں سے ہر ایک پر ایک طرف ایک ایک نقطہ ہوتا ہے جب داؤ میں پانسہ پھینکتے وقت یہ تینوں صفر آن پڑتے ہیں تو یہ سب سے گھٹیا داؤں خیال کیا جاتا ہے لہٰذا ناکامی مراد لیتے ہیں۔

تین گناہ خدا بھی بخش دیتا ہے (ا) مثل۔ جس شخص نے پہلے کوئی جرم نہ کیا ہو وہ یہ لفظ کہہ کر اپنے قصور کی معافی مانگا کرتا ہے کہ تین گناہ تو خدا بھی بخش دیتا ہے تم بھی میرا یہ قصور معاف کر دو۔

تین میں نہ تیرہ میں (ہ) مثل۔ اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کی کہیں بھی عزت و پرسش نہ ہو۔

تیندوا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک درندے کا نام ہے ❷ ایک قسم کا چیتا ❸ باگھ فارسی میں اس کو پلنگ کہتے ہیں۔

تینوں (ہ) اسم عدد ❶ استغراق کے معنی یعنی ہر سہ ❷ پورے تین ہی۔

تیور (ہ) اسم مذکر ❶ بصارت ❷ بینائی ❸ آنکھ کی روشنی ❹ نور نظر ❺

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

مثلاً تیورحل گئے نظر ❻ چتون ❼ انداز وطرز نگاہ ❽ تیر گئے چشم ❾ یعنی اندھیرا۔

**تیورآنا** (ہ) فعل ❶ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا ❷ سر میں چکر آنا۔

**تیور بوجھنا** (ہ) فعل ❶ نظر سے ہی دل کا حال جان لینا ❷ معلوم کر لینا۔

**تیور بدل جانا** (ا) فعل ❶ نگہ کا سفیر ہونا ❷ انداز وطریقہ نگاہ کا بدل جانا ❸ بے مروت ہو جانا ❹ عدم محبت کا اظہار کرنا ❺ موت کی نشانی ظاہر ہونا ❻ آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا۔

**تیور برے نظر آنا** (ا) فعل ❶ دل میں فرق معلوم ہونا ❷ دشمن جان ہونا ❸ برا ارادہ معلوم ہونا۔

**تیور بگڑنا** (ہ) فعل ❶ پتلیوں کا پھر جانا ❷ موت کی علامت ظاہر ہونا ❸ نظریں پھر جانا ❹ نظر سے خفگی اور دشمنی ٹپکنا۔

**تیور جلنا** (ہ) فعل ❶ نظر خراب ہو جانا ❷ چمکدار چیز کی تاب نہ لانا ❸ چکاچوند لگ جانا۔

**تیور میلے ہونا** (ہ) فعل ❶ برے آثار دکھائی دینا ❷ نظر سے رنجش و ملال ٹپکنا۔

**تیورآنا** (ہ) فعل ❶ غش آنا ❷ چکرانا ❸ چکر آنا ❹ سر پھرنا ❺ ڈگمگانا ❻ کسی دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آ جانا۔

**تیورس** (ہ) اسم مذکر۔ آیندہ یا گزشتہ تیسرا برس۔

**تیوری** (ہ) اسم مونث ❶ چین ❷ جبیں ❸ ماتھے کا بل ❹ ماتھے کی سلوٹیں ❺ نظر نگاہ ❻ چتون۔

**تیوری بدلنا** (ہ) فعل۔ ناک بھوں۔

**تیوری چڑھانا/ تیوری میں بل پڑنا چڑھانا** ❶ خفا ہونا ❷ آنکھیں بدلنا ❸ غصے ہونا ❹ ناراض ہونا ❺ ماتھے پر بل ڈالنا ❻ ترش رو ہونا۔

**تیوری چڑھنا/ تیوری میں بل پڑنا** (ہ) فعل ❶ ماتھے میں بل پڑنا ❷ آزردگی اور خفگی ظاہر ہونا ❸ ترشروئی ظاہر ہونا۔

**تیون** (ہ) اسم مذکر ❶ لاؤن ❷ سالن ❸ ترکاری ❹ نان خورش۔

**تیوہار** (ہ) اسم مذکر ❶ عید ❷ جشن ❸ خوشی کا دن ❹ پرب ❺ جیسے ہولی ❻ دیوالی ❼ عید ❽ کرسمس وغیرہ۔

**تیوہاری** (ہ) اسم مونث ❶ تیوہار کا انعام عیدی ❷ تیوہار کی خوشی کا کھانا ❸ رسد وغیرہ جو عزیزوں، رشتہ داروں کے ہاں بھیجتے ہیں یا ملازموں کو دیا کرتے ہیں۔

**تیہا** (ہ) اسم مذکر ❶ تیزی ❷ جوش ❸ حرارت ❹ غصہ ❺ غضب ❻ قہر ❼ خشم ❽ مثلاً اپنے تیہے میں آپ ہی مری جاتی ہے۔

**تئیس** (ہ) اسم عدد۔ بیس اور تین۔ ۲۳۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ٹ

ہندی حروف تہجی کا گیارہواں اور اردو حروف تہجی کا پانچواں حرف ہے۔

ٹ (ہ) ہندی حروف تہجی کا گیارہواں اور اردو حروف تہجی کا پانچواں حرف ہے۔ اسے تائے ہندی اور تائے ثقیلہ بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے عدد بھی تائے فوقانی کے برابر یعنی چار سو شمار کئے جاتے ہیں۔

## ٹ ← ا

ٹائر (ہ) اسم مذکر ① خاندان ② قبیلہ ③ کنبہ ④ چھوٹا سا گھر ⑤ جھونپڑا ⑥ چھوکرا ⑦ طفل ⑧ (پورب) جوہڑ ⑨ چھوٹی سی جھیل۔

ٹاپ (ہ) اسم مونث ① گھوڑے کا سم ② (اسم صوت) گھوڑے کے سم کی زمین پر پڑنے کی آواز ③ تھاپ ④ تالاب یا جوہڑ میں سے مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا ⑤ چارپائی کے پائے کا نچلا گردہ جو زمین پر ٹکتا ہے ⑥ پھونس کا جھونپڑا ⑦ چھپر۔

ٹاپ دار (ا) اسم صفت ① موٹے سر کا ② موٹے سر والا ③ آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا۔

ٹاپا (ہ) اسم مذکر ① مرغیاں بند کرنے کا کھانچا ② ایک قسم کی کشتی یا بیڑا ③ حقارتاً گنے کے اس کھیت کو بھی بولتے ہیں جس میں اکھ کم ہو ④ گنوں کا بھرا کھیت۔

ٹاپا ٹوئی کرنا (ہ) فعل ① ٹٹولنا ② ڈھونڈنا ③ جستجو کرنا ④ ٹوہنا ⑤ چھان مارنا ⑥ ٹپکتے ہوئے مکان کی مرمت کرنا۔

ٹاپرا (ہ) اسم مذکر ① جھونپڑا ② چھپر کا گھر۔

ٹاپنا (ہ) فعل ① دانہ پانی وغیرہ کی طلب کے لئے گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا ② پاؤں پیٹنا ③ کوشش کرنا ④ انتظار کرنا ⑤ آواز پھرنا ⑥ مضطرب ہونا ⑦ افسوس کرنا ⑧ ہاتھ ملنا ⑨ جیسے دوست چلا گیا میں ٹاپتا رہ گیا۔

ٹاپو (ہ) اسم مذکر ① جزیرہ ② دیپ ③ وہ خشک زمین جو دریا یا سمندر کے درمیان ہو۔

ٹاٹ (ہ) اسم مذکر ① سن کا بنا ہوا کپڑا ② لاس کرپاس ③ چنے کے اوپر کا خول جو پودے کو لگتا ہے ④ ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی تپڑ۔

ٹاٹ تپڑ الٹنا (ہ) فعل ① دیوالہ نکلنا ② دیوالیہ ہونا ③ کاروبار بند ہونا۔

ٹاٹ میں موجھ کا بخیہ (ا) مثل ① مناسب جگہ ② مناسب کام ہونا ③ کسی چیز میں اس کے لوازمات کا استعمال کرنا۔

ٹاٹ بانی جوتا (ا) اسم مذکر ① تاربانی کا بگاڑا ہوا ہے ② کامدار جوتا۔

ٹال (ہ) اسم مونث ① گھانس ② کڑی ③ ایندھن وغیرہ کا انبار ④ ڈھیر ⑤ تودہ ⑥ بھوسے یا لکڑیوں کی دکان ⑦ گائے، بھینسوں وغیرہ کے گلے میں باندھنے کا ایک قسم کا گھنٹا ⑧ ٹالنا سے حاصل مصدر بمعنی ٹال مٹول۔

ٹال آنا (ہ) فعل ① کمتی بڑھتی ② بیچ آنا ③ جس قیمت پر بکے دے آنا ④ دم دلاسا دے کر کسی کو رخصت کر دینا ⑤ اپنے ذمہ اتار دینا۔

ٹال پٹول / ٹال مٹول (ہ) اسم مونث ① حیلہ ② بہانہ ③ لیت ولعل ④ حیلہ حوالہ۔

ٹالا / ٹالا بالا (ہ) اسم مذکر ① مالف زائدہ ② حیلہ بہانہ ③ حیلہ حوالہ ④ آج کل۔

ٹالا بالا کرنا / ٹالا بالا بتانا / ٹال مٹول کرنا (ہ) فعل ① حیلہ بہانہ کرنا ② ٹال دینا ③ لیت ولعل کرنا ④ دھوکا دے دینا ⑤ فریب دینا ⑥

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218


www.besturdubooks.net

بہانے بنا دینا ⑦ ٹال دینا ⑧ الگ کر دینا ⑨ دفع کرنا۔

ٹالنا (ہ) فعل ① حیلہ سے پھیر دینا ② بہانہ بنانا ③ سرکانا ④ علیحدہ کرنا ⑤ دفع کرنا ⑥ دیر کرنا ⑦ گزارنا ⑧ ضائع کرنا ⑨ جیسے وقت ٹالنا۔

ٹالی (ہ) اسم مونث ① چھوٹی گھنٹی جو چوپایوں کے گلے میں باندھتے ہیں ② (دلالوں کی اصطلاح میں) اٹھنی، نصف روپیہ۔

ٹانٹ (ہ) اسم مذکر ① آدمی کے سر کی کھوپڑی ② تارک ③ سر۔

ٹانٹ کھجانا (ہ) ① سر میں کھجلی ہونا ② سر میں جوتے کھانے کی نیت ③ نقصان اٹھانے کو دل چاہنا ④ خسارے کی نیت ہونا۔

ٹانٹ کے بال اڑانا/ٹانٹ گنجی کرنا (ہ) فعل ① جوتوں دھپوں سے چندیا کے بال اڑا دینا ② خوب چانٹے لگانا ③ بھرکس نکالنا ④ سر گنجا کر دینا ⑤ دیوالہ نکلوانا۔

ٹانٹ گنجی ہونا (ہ) فعل ① چندیا پر بال نہ رہنا خواہ قرض کے مارے یا جوتوں یا بوجھ کے باعث سر گنجا ہونا ② مفلس ہو جانا ③ نہایت مقروض ہو جانا ④ اسراف سے تباہ ہو جانا۔

ٹانٹھا (ہ) اسم صفت ① مضبوط ② قوی ③ زبردست ④ مسٹنڈا ⑤ توانا ⑥ بلی ⑦ بلونت ⑧ طنزاً ابلا ⑨ جھگڑا۔

ٹانٹا مکانا (ہ) فعل ① جھگڑا چکا دینا ② فیصلہ کرنا ③ بکھیڑا دور کر دینا ④ خرخشہ مٹا دینا۔

ٹانچنا (ہ) فعل ① مزے سے خراماں خراماں پھرنا ② اڑتے پھرنا۔

ٹانڈ/ٹانڈھ (ہ) اسم مونث ① مچان ② اسباب رکھنے کے لئے مکان کے اندر کی پرچھتی جو دو کڑیاں رکھ کر بنا لیا کرتے ہیں ڈونچہ یعنی لکڑیوں کا اونچا سا چبوترہ جس پر کھڑے ہو کر زمیندار گوپیا پھینکا کرتے ہیں ③ کھیتوں کی رکھوالی کے لئے بنایا ہوا ڈونچا۔

ٹانڈا (ہ) اسم مذکر ① قافلہ ② کارواں ③ سوداگروں کا گروہ ④ بنجارے کا اسباب ⑤ خاندان ⑥ کنبہ ⑦ قبیلہ ⑧ کٹنب ⑨ کھیپ۔

ٹانڈا لدنا (ہ) فعل ① سامان سفر روانہ ہونا ② اسباب لدنا ③ ڈیرہ لدنا ④ کوچ ہونا ⑤ مرنا ⑥ انتقال کرنا۔

ٹانک (ہ) اسم مونث ① جوہریوں کی اصطلاح میں ۲۴ رتی کا وزن ② کمان جانچنے کا وزن یعنی ۲۵ سیر وزن ③ آنک۔ جانچ اندازہ (ہندو) حصہ ④ پتی ⑤ شراکت۔

ٹانک (ای) اسم صفت ① قوت دینے والی دوا ② مقوی ③ طاقت دینے والی۔

ٹانکا (ہ) اسم مذکر ① سلائی ② سیون ③ سوئی دھاگے کا کپڑے میں سے ایک دفعہ نکلنا ④ دھاتوں کو جوڑنے کا مصالح نیز وہ جوڑ جو مصالح سے لگایا جائے ⑤ پینے کے لئے جمع کئے ہوئے برساتی پانی کا حوض یا تالاب یا کنواں ⑥ پیوند جوڑ۔

ٹانکا بھرنا (ہ) فعل ① سینا ② کچی بھرنا ③ زخم کو سینا۔

ٹانکا ٹوٹنا (ہ) فعل ① سیون ادھیڑنا ② زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا۔

ٹانکا لگانا (ہ) فعل ① کپڑے یا زخم کو سینا ② برتن وغیرہ کو جوڑنا ③ پانجنا۔

ٹانکا مارنا (ہ) فعل۔ ٹانکا بھرنا۔

ٹانک رکھنا (ہ) فعل ① یادداشت کے لئے لکھ رکھنا ② نوٹ کر لینا ③ نتھی کر چھوڑنا۔

ٹانکنا (ہ) فعل ① سینا ② دو کپڑوں کو ملا کر ٹانکا بھرنا ③ چسپاں کرنا ④ جوڑنا ⑤ جھالنا ⑥ نتھی کرنا ⑦ درج کرنا ⑧ یادداشت لکھنا ⑨ دینا۔

ٹانکی (ہ) اسم مونث ① چھینی ② سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام ③ تربوز ④ خربوزہ وغیرہ کی تراش ⑤ چھید سوراخ ⑥ لکڑی یا لوہے کا ظروف جس میں پانی بھر کر رکھتے ہیں ⑦ دندانہ ⑧ دانتا۔

ٹانکی بجنا (ہ) فعل ① بسولی ② بجنا ③ عمارت کا چنا جانا ④ سنگتراشی کا کام ہونا۔

ٹانکی لگانا (ہ) فعل ① تراشنا ② چھید کرنا ③ سوراخ کرنا ④ تراش کر دیکھنا۔

ٹانکے (ہ) اسم مذکر۔ ٹانکا کی جمع۔

ٹانکے ادھیڑنا (ہ) فعل ① سلائی ادھیڑنا ② سیون کھولنا ③ حقیقت ظاہر کرنا ④ قلعی کھولنا ⑤ شکست دینا ⑥ ہرا دینا ⑦ عاجز کر دینا۔

ٹانکے ٹوٹنا (ہ) فعل ① زخم یا کپڑے کی سلائی کھل جانا ② سلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا۔

ٹانکے دینا/لگانا (ہ) فعل۔ زخم یا جامہ وغیرہ کا سینا۔

ٹانکے کھلنا (ہ) فعل ① سیون ادھڑنا ② سلائی کھل جانا ③ بھید ظاہر ہو جانا۔

ٹانکے مارنا (ہ) فعل ① موٹی سلائی کرنا ② جلدی جلدی سینا ③ گھونپنا۔

ٹانگ (ہ) اسم مونث ① لکد ② لات ③ ران کی جڑ سے پاؤں تک کا عضو ④ حصہ ⑤ پتی ⑥ چہارم ⑦ چوتھائی ⑧ چوتھائی حصہ۔

ٹانگ اڑانا (ہ) فعل ① مزاحم ہونا ② پاؤں پھنسانا ③ دخل دینا ④ کسی کام کے بنتے وقت بیچ میں بولنا ⑤ (پہلوانی) ٹانگ کے پیچ سے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03144017218

www.besturdubooks.net

حریف کو گرانا۔

**ٹانگ برابر** (ا) اسم صفت ❶ تشبیہی ❷ چھوٹا سا پست قد ❸ پستہ ❹ جیسے ٹانگ برابر آدمی الجھتا ہے بڑوں سے۔

**ٹانگ پسار کے سونا** (ہ) فعل ❶ بے فکر ہو کے سونا ❷ بخت ہو کر سونا۔

**ٹانگ تلے سے/ ٹانگ کے نیچے سے نکالنا** (ہ) فعل ❶ کسی کو عاجز کرنا ❷ مغلوب کرنا ❸ نیچا دکھانا ❹ مطیع کرنا ❺ ہرانا۔

**ٹانگ تلے سے نکلنا** (ہ) فعل ❶ ہار ماننا ❷ مطیع ہونا ❸ مغلوب ہونا ❹ چین بولنا۔

**ٹانگ توڑنا** (ہ) فعل ❶ بیکار کرنا ❷ کسی کام کا نہ رکھنا ❸ اپاہج کر دینا ❹ معطل کرنا ❺ کسی زبان کی ذرا سی واقفیت سے اس میں دخل دینا۔

**ٹانگ دینا** (ہ) فعل ❶ لٹکا دینا ❷ آویختہ کرنا ❸ پھانسی دینا۔

**ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا** (ہ) فعل ❶ پہلو میں بٹھانا ❷ پاس سے سرکنے نہ دینا۔

**ٹانگ لینا** (ہ) فعل ❶ ٹانگ پکڑنا ❷ کتے کی طرح کاٹنا ❸ کتے کا کاٹنا ❹ سر ہونا ❺ پیچھے پڑنا ❻ لٹکا لینا ❼ آویزاں کر لینا ❽ جیسے سر نیزے پر ٹانگ لیا۔

**ٹانگن** (ہ) اسم مذکر ❶ پہاڑی ٹٹو ❷ نہایت تیز رفتار ❸ پستہ قد ٹٹو۔

**ٹانگنا** (ہ) فعل ❶ لٹکانا ❷ آویزاں کرنا ❸ پھانسی دینا ❹ پھانسی پر چڑھا دینا۔

**ٹانگیں توڑنا** (ہ) فعل ❶ تھکنا ❷ چکر لگانا ❸ حیران ہونا ❹ عاجز کر دینا۔

**ٹانگیں رہ جانا** (ہ) فعل ❶ بہت تھک جانا ❷ چلنے سے رہ جانا ❸ گنٹھیا یا فالج وغیرہ کی بیماری سے ٹانگوں کا بیکار ہو جانا۔

**ٹائپ** (ای) اسم مذکر ❶ چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف ❷ ٹھپا ❸ چھاپ ❹ اسٹامپ ❺ نقشہ ❻ وضع ❼ نمونہ ❽ شکل صورت ❾ طرز۔

**ٹائپ رائٹر** (ای) ❶ ٹائپ کرنے کی مشین ❷ ٹائپ کرنے والا۔

**ٹائٹل** (ای) ❶ سرورق ❷ کتاب کا پہلا ورق جس پر اس کا نام اور قیمت وغیرہ لکھی ہوتی ہے۔

**ٹائر** (ہ) اسم مذکر ❶ کمزور ❷ گھوڑا ❸ بودا سا ٹٹو ❹ تابع مہمل کی جگہ پر بھی بولتے ہیں۔

**ٹائری** (ہ) اسم مونث ❶ ٹائر کی مونث ہے ❷ بودی سی گھوڑی۔

**ٹائم** (ای) اسم مونث ❶ وقت ❷ ساعت۔

**ٹائم ٹیبل** (ای) ❶ نقشہ تقسیم اوقات ❷ انضباط اوقات۔

**ٹائر** (ای) اسم مذکر۔ موٹر، تانگے اور بائیسکل وغیرہ کے پہیوں پر لگنے والا ربڑ۔

**ٹاؤن** (ای) ❶ قصبہ ❷ شہر۔

**ٹاؤن ہال** (ای) ❶ پنچایتی مکان ❷ شہر کی وہ عمارت جس میں میونسپل کمیٹی کے ممبروں کا اجلاس اور شہر کا انتظام ہوتا ہے۔

**ٹائیں ٹائیں** (ہ) اسم مونث ❶ بکواس ❷ کائیں کائیں ❸ چیں چیں ❹ طوطے کی آواز سے لیا ہے۔

**ٹائیں ٹائیں فش** (ا) محاورہ۔ بکواس بہت اور نتیجہ کچھ بھی نہیں۔

## ٹ ← ب

**ٹب** (ای) اسم مذکر ❶ کھڑا ❷ اندر بیٹھ کر نہانے کا برتن ❸ کٹھوتی۔

**ٹبر** (ہ) اسم مذکر ❶ خاندان ❷ کنبہ ❸ قبیلہ ❹ کٹم ❺ اقربا ❻ رشتہ دار ❼ کنبے کا خرچ۔

**ٹبر چلنا** (ہ) فعل ❶ کنبے کا خرچ پورا ہونا ❷ خاندان کا پرورش پانا ❸ جیسے ان ہی کے سر پر تو میرا سارا ٹبر چلتا ہے۔

## ٹ ← پ

**ٹپ** (ہ) اسم مونث۔ بگھی وغیرہ کا سائبان جو بارش یا دھوپ کے وقت کھول لیتے ہیں (اسم صوت) ٹپکنے کی آواز بوند گرنے کی آواز۔ کود پھاند۔

**ٹپا** (ہ) اسم مذکر ❶ فاصلہ ❷ زد ❸ جیسے گولی کا ٹپا ❹ ایک قسم کا گیت (دکن) ❺ ڈاکخانہ، پوسٹ آفس ❻ کود، چھلانگ ❼ ضلع ❽ چکلہ ❾ بیڑا جو بادبانوں کے ذریعہ سے چلایا جاتا ہے۔

**ٹپا بھرنا/ ڈالنا/ مارنا** (ہ) فعل ❶ موٹی سلائی کرنا ❷ کوکنا ❸ تیپچی بھرنا ❹ لنگر ڈالنا ❺ بے ترتیبی سے بڑھنا۔

**ٹپا کھانا** (ہ) فعل ❶ گولی یا گیند وغیرہ کا ٹکرا کر اچھلنا ❷ ٹکرانا ❸ چٹخنا ❹

**ٹپانا** (ہ) فعل ❶ کدانا ❷ پھندانا ❸ چھلانگیں لگوانا۔

**ٹپا ٹپ** (ہ) تابع فعل اسم صوت ❶ متواتر ❷ پے در پے ❸ آنسوؤں کے برابر گرنے کی آواز۔

**ٹپ ٹپ** (ہ) اسم صوت ❶ ٹپکنے کی آواز ❷ آنسوؤں یا پانی کے قطروں

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907218

www.besturdubooks.net

کے متواتر گرنے کی آواز۔

**ٹپس** (ہ) اسم مونث ❶ سہارا ❷ وسیلہ ❸ دعویٰ ❹ ذرا سا تعلق ❺ رسائی ❻ تانک جھانک۔

**ٹپس جمانا/ٹپس لڑانا/ٹپس لگانا** (ہ) فعل ❶ بنیاد ڈالنا ❷ دعوے جمانا ❸ تعلق پیدا کرنا ❹ مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا۔

**ٹپک** (ہ) اسم مونث ❶ درد زخم ❷ ٹیس ❸ چپک ❹ (اسم صوت) پانی گرنے کی آواز۔

**ٹپک پڑنا** (ہ) فعل ❶ چکیدہ ہونا ❷ رسنا ❸ معطر ہونا ❹ جلد مائل ہو جانا ❺ پھوڑے کا پھوٹ جانا ❻ ظاہر ہونا ❼ کھل جانا ❽ ضبط نہ ہوسکنا۔

**ٹپک نویس** (ا) اسم مذکر۔ غلط رپورٹ دینے والا۔

**ٹپکا** (ہ) اسم مذکر ❶ تقاطر ❷ رساؤ ❸ بوند بوند گرنا ❹ پکا ہوا آم جو پیڑ پر پک کر اترتا ہے ❺ دھبا ❻ انگلی سے لگایا ہوا رنگ ❼ (بحالت صفت) گرا ہوا ❽ جھڑا ہوا ❾ چکیدہ۔

**ٹپکا ٹپکی** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ بوندا باندی ❷ ترشح ❸ تقاطر ❹ پھوہار ❺ پھلوں کا گرنا ❻ گاہکوں کا بہت مائل ہونا ❼ ایک کے بعد ایک کا مرنا، ایک آدھ آدمی کا روز مر جانا ❽ (بصورت تابع فعل) اکا دکا ❾ کبھی کبھی۔

**ٹپکا پڑنا** (ہ) فعل ❶ نکلا پڑنا ❷ ضبط نہ ہوسکنا ❸ کثرت یا زیادتی کے باعث کسی چیز کا بے مادہ ظاہر ہوتے رہنا ❹ گرے پڑنا ❺ مائل ہو جانا۔

**ٹپکا لگنا** (ہ) فعل ❶ چونا ❷ رسنا ❸ چکیدگی شروع ہونا ❹ آموں کا درخت سے پک پک کر متواتر گرنا۔

**ٹپکانا** (ہ) فعل ❶ ٹپکنا سے متعدی ہے ❷ بوند بوند گرانا ❸ رسانا ❹ عرق نکالنا ❺ نچوڑنا ❻ چوانا ❼ تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا۔

**ٹپکنا** (ہ) فعل ❶ رسنا ❷ قطرہ قطرہ گرنا ❸ ترشح ہونا ❹ چھننا ❺ نچڑنا ❻ پھل کا درخت سے پک کر گرنا ❼ ظاہر ہونا ❽ نمایاں ہونا ❾ کسی کی طرف مائل ہونا۔

**ٹپن** (ای) اسم مونث ❶ ٹفن ❷ ناشتہ ❸ تیسرے پہر کا کھانا ❹ جو انگریز کھاتے ہیں۔

**ٹپنا** (ہ) فعل (گنوار) ❶ کودنا ❷ پھاندنا ❸ چھلانگ مارنا ❹ سرپوش سے ڈھکنا ❺ ڈھانکنا ❻ جفتی کھانا ❼ جوڑا لگنا۔

**ٹپے ٹولی** (ہ) اسم مونث ❶ تلاش ❷ جستجو ❸ تجسس ❹ ٹٹول ❺ ٹوہا ٹوئی۔

## ٹ ← ٹ

**ٹٹ پونجیا** (ہ) اسم صفت ❶ تھوڑی پونجی والا ❷ کم سرمایہ والا ❸ اوچھی پونجی والا ❹ وہ شخص جس کی پونجی ٹوٹ گئی ہو۔

**ٹٹروں ٹوں** (ہ) اسم مونث صوت ❶ ٹٹرو کی آواز ❷ فاختہ کی آواز (بصورت صفت) تنہا ❸ اکیلا ❹ دم نقد ❺ اپنے دم سے۔

**ٹٹری** (ہ) اسم مونث ❶ ٹانٹ ❷ ٹٹی کاسہ ❸ سر ❹ ڈھانچ۔

**ٹٹری گنجی ہونا** (ہ) فعل۔ (دیکھو ٹانٹ گنجی ہونا)۔

**ٹٹکارنا** (ہ) فعل ❶ ہانکنا ❷ جانوروں کو ٹٹکاری دے کر آگے بڑھانا ❸ چلانا ❹ ایڑ لگانا۔

**ٹٹکاری/ٹٹکار** (ہ) اسم مونث صوت ❶ جانور کو ہنکانے کی آواز ❷ مفت کی ٹیپ ٹاپ ❸ زبانی جمع خرچ جیسے گاڑی بیل سرکار کے ٹٹکاری یاروں کی ❹ اشارہ ❺ سیٹی ❻ آواز۔

**ٹٹکاری پر لگنا** (ہ) فعل ❶ اشارہ پر لگنا ❷ سیٹی یا آواز پر چلے آنا ❸ ہل جانا ❹ مانوس ہو جانا ❺ آواز پہچاننا ❻ آواز پر لگنا۔

**ٹٹو** (ہ) اسم مذکر ❶ چھوٹے قد کا گھوڑا یابو ٹاکن ❷ ٹائر۔

**ٹٹو بار ہونا** (ہ) فعل ❶ (عوام) کام کا انجام پذیر ہونا ❷ کامیابی حاصل ہونا۔

**ٹٹوانی** (ہ) اسم مونث ❶ اسم میں انی علامت تانیث ہے ❷ ٹٹو کی مادہ ❸ چھوٹے قد کی گھوڑی ❹ ٹائری۔

**ٹٹول دیکھنا** (ہ) فعل ❶ تلاش کر لینا ❷ ڈھونڈھ لینا ❸ آزمائش کر لینا ❹ امتحان کر لینا۔

**ٹٹولنا** (ہ) فعل ❶ اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا۔ اندھے کا کسی چیز کو مس کر کے دیکھنا ❷ ہاتھ پھیرنا ❸ چھو کر معلوم کرنا ❹ چھونا ❺ مس کرنا ❻ منشاء دریافت کرنا ❼ تلاش کرنا ❽ کھوج لگانا ❾ ٹوہنا۔

**ٹٹولواں** (ہ) تابع فعل ❶ اندازے سے ❷ اٹکل سے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

ٹٹی (ہ) اسم مونث ① بانس یا سرکنڈوں کا بندھا ہوا چھوٹا سا ٹٹا ② آڑ ③ اوٹ ④ پردہ ⑤ پاخانہ ⑥ جائے ضرور ⑦ بیت الخلا بیاہ شادیوں کے موقعہ پر پھول وغیرہ کی آرائش جو تخت رواں پر لے جاتے ہیں ⑧ انگور کی بیل چڑھانے کی چھت یا لکڑی کی چار دیواری ⑨ شکار کھیلنے کی آڑ جس کو شکاری ساتھ رکھتے ہیں۔

ٹٹی جانا (ہ) فعل ① پیخانے جانا ② دسا جانا۔

ٹٹی کا آئینہ (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا نہایت پتلا شیشہ۔

ٹٹی کی آڑ/ اوٹ/ اوجھل شکار کھیلنا (ہ) فعل ① در پردہ عیب کرنا ② پوشیدہ طور پر گلچھرے اڑانا۔

ٹٹی لگانا (ہ) فعل ① چک ڈالنا ② پردہ کرنا ③ قنات کھڑی کرنا ④ اوٹ کرنا ⑤ بھیڑ لگانا ⑥ ہجوم کرنا۔

ٹٹیا (ہ) اسم مونث ① ٹٹی کی تصغیر ② چھوتی ٹٹی تحقیراً بھی بولا کرتے ہیں۔

ٹیٹری (ہ) اسم مونث ① ایک پرندے کا نام ہے جس کی آواز پر اس کا نام پڑ گیا ② یہ اپریل مئی کو اکثر بولتی اور انڈے دیتی ہے ③ ایک کھلونے کا نام بھی ہے جس کو چکر دینے سے یہی آواز نکلا کرتی ہے۔

## ٹ ← چ

ٹچا/ ٹوچا/ ٹونچا (ہ) اسم صفت ① کم ظرف ② تنگدل ③ کم حوصلہ ④ اوچھا ⑤ ٹیچی خورہ ⑥ کچا ⑦ کمینہ ⑧ نالائق ⑨ پاجی۔

## ٹ ← خ

ٹخ ٹخ (ہ) اسم مونث صوت ① ٹک ٹک ② گدھے اور تحقیراً گھوڑے کے چلانے کی آواز۔

ٹخنہ (ا) اسم مذکر ① شتالنگ ② گٹا ③ ایڑی اور پنڈلی کے جوڑ پر اٹھی ہوئی ہڈی۔

## ٹ ← ڈ

ٹڈا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا پردار کیڑا جو آکھ کے درخت اور گھانس وغیرہ پر ہوتا ہے ② بھنگا (بحالت صفت) پتلا دبلا آدمی۔

ٹڈی (ہ) اسم مونث ① ملخ ② ایک قسم کا پردار کیڑا جو اکثر کھیتی کو بہت نقصان پہنچاتا ہے، اس کا غول آتا ہے اور زراعت کو برباد کر دیتا ہے، درختوں چھال تک کو چٹ کر جاتا ہے۔

ٹڈی دل (ہ) اسم مذکر ① ٹڈیوں کا بڑا گروہ بہت بڑی فوج ② نہایت بھیڑ بھاڑ ③ جمہور انام ④ انبوہ کثیر ⑤ مجمع عظیم۔

## ٹ ← ر

ٹر (ہ) اسم مونث صوت ① مینڈک کے بولنے کی آواز ② (بحالت صفت) پوچ اور لغویات ③ ہٹ ④ ضد ⑤ اکھڑپن ⑥ عید کے بعد کا میلہ ⑦ شیخی ⑧ خودستائی ⑨ بڑائی۔

ٹرٹر (ہ) اسم مونث ① بک بک ② جھک جھک ③ گستاخی ④ مینڈک کی آواز۔

ٹرٹرانا (ہ) فعل ① (پورب) بک بک کرنا ② بکنا ③ حقارتاً رونا ④ بڑبڑانا۔

ٹرا (ہ) اسم صفت ① اکھڑ ② بدمزاج ③ سخت گو ④ ڈھنگی ⑤ شوخ ⑥ شریر ⑦ بدذات ⑧ بکواسی ⑨ بک بک کرنے والا۔

ٹرا (ہ) اسم ذات ① دانہ ② حب ③ بیج ④ وہ اناج جو زیادہ صرف ہو اور بکت نہ رکھتا ہو ⑤ جیسے باجرا ⑥ موٹھ ⑦ جوار وغیرہ۔

ٹراپن (ہ) اسم مذکر ① بدمزاجی ② اکھڑپن۔

ٹرانا (ہ) فعل ① مینڈک کا بولنا ② بک بک کرنا ③ ٹرٹر کرنا ④ شور وغل مچانا ⑤ بے سود بولنا ⑥ گستاخی کرنا ⑦ شرارت کرنا۔

ٹرپھس/ ٹرپھس (ہ) اسم مونث ① شرارت ② اکھڑپن ③ اکڑفوں ④ بدمزاجی ⑤ خشونت۔

ٹربنگا/ ٹوبنکا (ہ) اسم صفت ① (ٹیڑھا بانکا کا بگاڑ ہے) کج مج ② ٹیڑھا ③ بانکا ④ خمیدہ۔

ٹرپھس کرنا (ہ) فعل ① دنگا کرنا ② اکڑنا ③ شرارت کرنا ④ بدمزاجی کرنا۔

ٹرکانا/ ٹرخانا (ہ) فعل ① ٹالنا ② بہانہ کرنا ③ حیلہ ④ بالا بتانا۔

ٹرن (ای) اسم مونث ① باری ② نوبت ③ دور ④ چکر۔

ٹرنک (ای) اسم مذکر آلہ۔ لوہے کا ہلکا صندوق۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

ٹریٹر (ای) اسم مذکر ① باغی نمک حرام ② دغاباز ③ بے وفا ④ غدار۔
ٹریڈ (ای) اسم مونث ① تجارت ② سوداگری۔
ٹریڈ مارک (ای) اسم مذکر ① تجارتی نشان ② مارکہ ③ کسی کارخانے کا اپنا خاص نشان۔
ٹریڈل (ای) اسم مونث۔ پاؤں سے چلانے والی مشین جس میں ٹائپ یا بلاک چھاپتے ہیں۔
ٹریژری (ای) اسم ظرف۔ خزانہ۔
ٹریس (ای) اسم مذکر ① کھوج ② نشاں ③ خاکہ۔
ٹرین (ای) اسم مونث ① سلسلہ ② لڑی ③ قطار ④ زنجیر ⑤ ریل گاڑی۔
ٹرینڈ (ای) اسم صفت ① ماہر ② واقف ③ واقف کار ④ تربیت یافتہ۔
ٹریننگ (ای) اسم مونث۔ تعلیم و تربیت۔
ٹریننگ سکول (ای) اسم مذکر ظرف۔ وہ مدرسہ جہاں استادوں کو تعلیم و تربیت کے اصول سکھائے جاتے ہیں۔

## ٹ ← ڑ

ٹڑو (ہ) اسم مذکر ① لغوی لڑانے والا ② اصطلاحی مینڈک ③ غوک ④ ایک کھلونے کا نام بھی ہے جس پر جھلی منڈھی ہوتی ہے، اسے چکر دینے سے ٹرٹر کی آواز نکلا کرتی ہے۔

## ٹ ← س

ٹسر (ہ) اسم مذکر ① کچاریشم ② ریشم کی ایک ادنٰے ترین قسم ہے۔
ٹسر ٹسر رونا (ہ) فعل ① زار زار رونا ② پھوٹ پھوٹ کر رونا ③ بسورنا۔
ٹس سے مس نہ ہونا (ہ) فعل ① بالکل حرکت نہ کرنا ② جنبش نہ کھانا ③ ذرا رحم نہ کھانا ④ گداز نہ ہونا ⑤ نہ گلنا ⑥ ذرا نہ سرکنا ⑦ نہ ہلنا۔
ٹسر مسر (ہ) اسم مونث ① (عوام) ڈھیل ② تیاری ③ ہچر مچر ④ سستی ⑤ وقفہ ⑥ توقف۔
ٹسک (ہ) اسم مونث ① چسک ② ٹیس ③ درد ④ ہول۔
ٹسکا (ہ) اسم مذکر ① بچوں کی کھانسی ② کھر کھری کی کھانسی۔
ٹسکا لگنا (ہ) فعل۔ بچوں کو ایسی کھانسی ہونی جس میں کھر کھر کی سی آواز نکلے۔
ٹسکنا (ہ) فعل ① ہلنا ② جلنا ③ سرکنا ④ جنبش و حرکت کرنا ⑤ گلنا ⑥ گداز ہونا ⑦ ہولیں اٹھنا ⑧ درد معلوم ہونا ⑨ کسکنا۔
ٹسکنا (ہ) فعل۔ (پورب) ① رونا ② سبکنا ③ ٹسوے بہانا ④ گریہ کرنا ⑤ زاری کرنا ⑥ بسورنا۔
ٹسن (ہ) اسم مونث ① شرارت ② تکرار ③ جھگڑا ④ بے ایمانی ⑤ پرخاش ⑥ بکھیڑا۔
ٹسن کرنا/ لانا (ہ) فعل ① بے ایمانی کرنا ② جھگڑا کرنا ③ شرارت کرنا۔
ٹسوے بہانا (ہ) فعل ① آنسو بہانا ② رونا گریہ کرنا ③ جھوٹ موٹ رونا (شقارتا)۔

## ٹ ← ف

ٹفن (ای) اسم مذکر ① انگریزوں کا سہ پہر کھانا ② ٹِپن۔
ٹفن باسکٹ (ای) اسم مذکر آلہ۔ کھانا رکھنے کا ڈبہ۔

## ٹ ← ک

ٹک (ہ) اسم صفت ① ذرا ② اندک ③ کچھ ④ ذراسی دیر ⑤ تھوڑی دیر کے لئے۔
ٹک جیا تو کیا جیا (ہ) مثل ① ذراسی راحت پائی تو کیا پائی ② ذرا سے آرام کا کیا لطف۔
ٹک سا (ہ) اسم صفت ① ذرا سا ② یونہی سا ③ واجبی سا۔
ٹکا (ہ) اسم مذکر ① دو پیسے ② تنکہ ③ دو پیسے کا پیسا ④ اوھنی ⑤ (یورپ) روپیہ ⑥ دام ⑦ نقدی۔
ٹکا بھر (ہ) اسم صفت ① دو تولے ② دو پیسے بھر ③ ذرا سا ④ کسی قدر ⑤ بہت تھوڑا۔
ٹکا پاس نہیں (ہ) فقرہ ① مفلس ہے ② کنگال ہے ③ کوڑی پاس نہیں۔
ٹکا سا جواب دینا (ہ) فعل ① صاف جواب دینا ② کورا ③ جواب دینا ④ ترت جواب دے دینا ⑤ فوراً نہ کر دینا۔
ٹکا سی جان/ دم (ا) اسم مونث و مذکر ① اکیلی جان ② اکیلا دم ③ دم نقد۔
ٹکانا (ہ) فعل ① سہارا لینا ② روکنا ③ ٹھہرانا ④ مکان یا سرائے میں قیام کرانا ⑤ جگہ دینا ⑥ مارنا ⑦ لگانا جیسے اس نے بھی دو ٹکے خوب زور سے ٹکائے ⑧ دینا ⑨ ادا کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03...7218

ٹکاؤ (ہ) اسم فاعل ① دیرپا ② پائدار ③ مضبوط۔

ٹکاؤ (ہ) اسم مذکر ① رہائش ② ٹھہراؤ ③ قیام ④ قرار۔

ٹکٹ (ای) اسم مذکر ① پرچہ ② دستاویز ③ اجازت نامہ ④ پاس ⑤ چپراس ⑥ پکے ⑦ دھاگوں کا پتا ⑧ ریل ⑨ بیچک۔

ٹکٹ کلکٹر (ای) اسم مذکر۔ ریل کے ٹکٹ بیچنے اور جمع کرنے والا بابو۔

ٹکٹ گھر (ا) اسم مذکر ظرف۔ ریل کے ٹکٹ ملنے کی جگہ۔

ٹکٹ لگانا (ا) فعل ① خطوں وغیرہ پر اسٹامپ چسپاں کرنا ② ٹیکس لگانا۔

ٹکٹکی (ہ) اسم مونث ① تاک ② برابر دیکھے جانا ③ گھورنا ④ مجرموں کو سزائے بید دینے یا کوڑے مارنے کے لئے ان کے ہاتھ پاؤں باندھنے کی تپائی۔

ٹکٹکی باندھنا (ہ) فعل ① برابر دیکھے جانا، تاکنا ② پلک نہ جھپکانا ③ گھورنا ④ آنکھیں لڑانا۔

ٹکٹکی سے باندھنا (ہ) فعل ① سزائے تازیانہ ② دینا ③ تپائی سے باندھ کر بید مارنا۔

ٹکٹکی لگانا (ہ) فعل ① دیکھو ② ٹکٹکی باندھنا۔

ٹکر (ہ) اسم مونث ① دھکا ② صدمہ ③ آسیب ④ ٹھوکر ⑤ دو چیزوں کا باہم لڑ جانا ⑥ مقابلہ برابری ⑦ ہمسری ⑧ مقابل ⑨ برابر۔

ٹکر کھانا (ہ) فعل ① لڑ جانا ② مڈبھیڑ ہو جانا ③ صدمہ اٹھانا ④ نقصان اٹھانا ⑤ ضرب کھانا ⑦ چوٹ لگنا ⑧ بھڑنا ⑨ لڑنا۔

ٹکر لڑنا (ہ) فعل ① سر لڑنا ② ماتھے سے ماتھا لڑانا۔

ٹکر مارنا (ہ) فعل ① سر مارنا ② سر کا دھکا دینا ③ بیگاری کی نماز پڑھنا ④ بے دلی سے نماز ادا کرنا ⑤ بے فائدہ کوشش کرنا ⑥ بہت کوشش کرنا ⑦ سر سے سر لڑانا ⑧ مستک بازی کرنا۔

ٹکرانا (ہ) فعل ① ٹکر کھانا ② لڑ جانا ③ بھڑ جانا ④ ٹکر لگانا ⑤ ڈھونڈنا ⑥ تلاش کرنا ⑦ حیران سرگردان پھرنا ⑧ ڈانواں ڈول پھرنا ⑨ اندھیرے میں تلاش کرنا۔

ٹکڑ (ہ) اسم مذکر ① ٹکڑی سے اسم مکبر ہے ② موٹی اور سخت روٹی۔

ٹکڑا (ہ) اسم مذکر ① ٹوک ② حصہ ③ جزو ④ پارہ ⑤ پھانک ⑥ قطعہ ⑦ پرچہ ⑧ ریزہ ⑨ روٹی کا نوالہ۔

ٹکڑا توڑ کر جواب دینا/ٹکڑا سا جواب دینا (ا) فعل ① سخت جواب دینا ② صاف انکار کرنا ③ صاف جواب دے دینا ④ دوٹوک جواب دینا۔

ٹکڑا دینا (ہ) فعل ① روٹی کا ٹکڑا ② فقیر وغیرہ کو دینا ③ رزق دینا ④ وظیفہ مقرر کر دینا۔

ٹکڑا سا نور کے ہاتھ میں دینا (ہ) فعل ① دوٹوک جواب دینا ② سخت جواب دینا ③ بالکل لگی لپٹی نہ رکھنا۔

ٹکڑا مانگنا (ہ) فعل ① گداگری کرنا ② بھیک مانگنا۔

ٹکڑ گدا (ا) اسم مذکر فاعل ① بھکاری ② بھیک مانگنے والا فقیر۔

ٹکڑوں پر پڑنا (ہ) فعل ① غیروں کی کمائی کھانا ② مفت کی روٹیاں چیرنا ③ بیگانے سہارے پر رہنا ④ پرائی روٹی پر پڑنا۔

ٹکڑے اتارنا (ہ) فعل ① پرزے اڑانا ② دھجیاں اڑانا ③ کسی کے جسم کو تلوار وغیرہ سے پارہ پارہ کرنا۔

ٹکڑے پکانا (ہ) سوکھی روٹی یا نان کے ٹکڑوں کو میٹھا وغیرہ ڈال کر پکانا۔

ٹکڑے توڑنا (ہ) فعل ① کسی کے ہاں مفت کی روٹیاں کھانا ② پرائی آس رکھنا۔

ٹکڑے کرنا (ہ) فعل ① پرزے کرنا ② پارہ کرنا ③ بانٹنا ④ حصے کرنا۔

ٹکڑے ٹکڑے کرنا (ہ) فعل ① پارہ پارہ دھجیاں بکھیرنا ② پاش پاش کرنا۔

ٹکڑی (ہ) اسم مونث ① شیشے یا آئینے کا ٹکڑا ② کبوتروں یا پرندوں کا غول ③ جھلڑ ④ گروہ ⑤ جتھا (عوام) کپڑے کا تھان ⑥ کاتک سدی پورنماشی کے تھان کا میلہ۔

ٹکڑی (ہ) اسم مونث ① چھوٹی روٹی ② چکتی ③ قرض ④ ٹکڑ کی تانیث وتصغیر ہے۔

ٹکس (ای) اسم مذکر ① ٹیکس ② محصول۔

ٹک سا (ہ) اسم صفت ① ذرا سا ② تھوڑا سا ③ قدرے ④ اند کے ⑤ رتی بھر۔

ٹکسال (ہ) اسم مذکر ① ٹک بمعنی ٹکہ یا سکہ اور سال بمعنی جگہ سے مرکب ہے، سکے بننے کی جگہ ② دار الضرب ③ سکہ خانہ ④ روپے پیسے بنانے کا رخانہ۔

ٹکسال باہر (ا) اسم صفت ① وہ روپیہ جو ٹکسال میں نہ بنا ہو ② غیر مروج ③ کھوٹا سکہ ④ متروک ⑤ وہ محاورہ جو اہل زبان نہ بولتے ہوں ⑥ وہ شخص جو کسی فن یا ہنر میں کسی مستند استاد کا شاگرد نہ ہو ⑦ بے پیرا۔

ٹکسال چڑھنا (ہ) فعل ① کھرا کھوٹا پرکھا جانا ② ماہر و کامل مانا جانا ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03014007718

استاد ہوجانا❹ بیحیائی اور گستاخی میں کامل ہوجانا۔

**ٹکسال کا کھوٹا** (ہ) اسم مذکر صفت ❶ کم اصل ❷ کمینہ ❸ بدذات ❹ حرامزادہ۔

**ٹکسالی** (ہ) اسم مذکر ❶ داروغہ دار الضرب (بحالت صفت) ❷ آزمودہ ❸ پاس شدہ ❹ رائج الوقت ❺ مانا ہوا ❻ مستعد ❼ مسلم۔

**ٹکسالی بات** (ہ) اسم مونث ❶ کھری بات ❷ جچی اور پکی بات۔

**ٹکسالی بولی/ زبان** (ا) ❶ تسلیم شدہ زبان ❷ فصیح زبان ❸ مستعد زبان ❹ مانی ہوئی بات۔

**ٹکلی** (ہ) اسم مونث ❶ (پورب) بندی ❷ ماتھے کا زیور ❸ ستارہ۔

**ٹِکنا۔** (ہ) فعل ❶ سیا جانا ❷ ٹانکا جانا ❸ جڑا جانا ❹ سوہن یا ریتی کے دندانوں کا تیز ہونا ❺ بیٹھے ❻ سوہن کا تیز ہونا ❼ سوہان یا ریتی کے خار نکلنا۔

**ٹکور۔** (ہ) اسم مونث ❶ ضرب ❷ چوٹ ہلکا دھکا ❸ خفیف صدمہ ❹ گرم چیز سے کسی عضو جسم کو سینکنا ❺ نوبت کی آواز ❻ صدائے نقارہ۔

**ٹکورا۔** (ہ) اسم مذکر ❶ آلہ ❷ ڈنکا ❸ نوبت کی آواز ❹ دوسرے معنی میں اسم صوت ہے۔

**ٹکورنا۔** (ہ) فعل ❶ سینکنا ❷ پوٹلی سے کسی عضو کو گرم کرنا۔

**ٹکہائی۔** (ہ) اسم مونث ❶ ٹکے ٹکے پر فلاں کرنے والی عورت ❷ ادنیٰ درجہ کی لونڈی۔

**ٹکی** (ہ) اسم مونث ❶ ٹکیا ❷ چھوٹی روٹی۔

**ٹکیا** (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی روٹی ❷ چکتی ❸ تمباکو کی گول گتی ❹ پری ❺ لگدی ❻ ماتھا ❼ پیشانی ❽ جبیں۔

**ٹکے کی اری میں ٹاٹ کا ٹکڑا** (ہ) کہاوت۔ سستی چیز میں کوئی نہ کوئی خرابی ضرور ہوتی ہے۔

**ٹکے گز کی چال۔** (ہ) اسم مونث ❶ میانہ روی ❷ کفایت شعاری ❸ زندگی بسر کرنا۔

**ٹکے گننا۔** (ہ) ❶ حقے کا کڑا کے سے بولنا ❷ خوب گڑگڑ کر کے بولنا۔

## ٹ ← ل

**ٹلّا** (ہ) اسم مذکر ❶ دھکا ❷ ٹکور ❸ ضرب۔

**ٹلا نویسی کرنا** (ا) فعل لغوی معنی دھکے لگنا ❶ مجازاً تضیع اوقات کرنا ❷ خالی پھرنا ❸ حیلہ بہانہ کرنا ❹ ناجائز خدمت کرنا ❺ بیکار پھرنا۔

**ٹلانا** (ہ) فعل۔ (دیکھو ٹالنا)۔

**ٹل جانا۔** (ہ) فعل ❶ ہٹ جانا ❷ سرک جانا ❸ بے جگہ ہوجانا ❹ جیسے ناف ٹل جانا ❺ چلا جانا ❻ علیحدہ ہوجانا ❼ گزر جانا ❽ نکل جانا، غائب ہوجانا ❾ مرجانا۔

**ٹلکنا** (ہ) فعل ❶ سہج سہج چلنا ❷ آہستہ چلنا گزرنا ❸ مرنا ❹ پھل گرنا ❺ پھل ٹپکنا۔

**ٹلنا** (ہ) فعل ❶ ٹلانا کا لازم ❷ جگہ سے ہٹنا ❸ سرکنا ❹ الگ ہونا ❺ بچنا ❻ غائب ہونا ❼ چلا جانا ❽ گزرنا ❾ بیتنا۔

**ٹلوا** (ہ) اسم مذکر ❶ گرہ دار ٹیڑھی لکڑی ❷ ٹیڑھی گیڑی ❸ سر مونڈنے کا استرہ ❹ (پورب) خوشامدی ❺ چاپلوس ❻ (حقارتاً) پست قد چھوٹا سا آدمی۔

**ٹلّی للّی** (ہ) اسم مونث صوت ❶ بیچ کی انگلی ہلا کر چڑانے کی آواز ❷

## ٹ ← م

**ٹمّا** (ہ) اسم مذکر ❶ دباؤ ❷ آدمی ❸ ٹھگنا آدمی ❹ نہایت پستہ قد آدمی۔

**ٹماک/ ٹماخ** (ہ) اسم مونث ❶ زنانہ نمود ❷ غرور ❸ کروفر ❹ نخوت ❺ شان وشوکت ❻ بناؤ سنگار ❼ ٹیپ ٹاپ۔

**ٹمٹم** (ای) اسم مونث۔ دو پہیے کی انگریزی گاڑی جس پر سایہ وغیرہ نہ ہو۔

**ٹمٹمانا** (ہ) فعل ❶ کم روشنی دینا ❷ جھلملانا ❸ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا ❹ ستاروں کی سی روشنی دینا ❺ قریب المرگ ہونا ❻ آنکھوں کا ذرا کی ذرا کھولنے کے معنی دیتا ہے۔

## ٹ ← ن

**ٹن** (ہ) اسم مونث صوت ❶ گھنٹے یا کسی دھات کے برتن کی آواز ❷

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314-4007218

شکار ③ جھنکار ④ (پورب) غرور، تکبر ⑤ شیخی ⑥ پچ ⑦ طرفداری ⑧ پاس سخن۔

ٹن (ای) اسم مذکر ① ۲۸ من کا وزن ② ۲۲۴ پونڈ کا وزن ③ ۱۰۰۰ کلوگرام کا وزن۔

ٹِن (ای) اسم مذکر ① ٹین ② انگریزی لوہا ③ ایک نرم دھات کا نام ہے ④ لوہے کے نہایت پتلے ملمع دار تختے کا نام۔

ٹنا (ہ) اسم مذکر ① بینگن ② کدو وغیرہ کا نام ③ کو پھل کے پینڈے کی سخت لکڑی۔

ٹنٹا (ہ) اسم مذکر ① قضیہ ② جھگڑا ③ راڑ ④ تکرار ⑤ حجت ⑥ پرخاش ⑦ رد و کد۔

ٹنٹا (ہ) اسم مذکر ① بن ہاتھ کا آدمی ② ملنجا ③ ایک ہاتھ والا آدمی۔

ٹن ٹن (ہ) اسم مونث صوت۔ گھنٹے یا دھات کے برتن کی آواز۔

ٹنٹنانا (ہ) فعل ① گھنٹہ بجانا ② ٹن ٹن کرنا۔

ٹُچ (ہ) اسم صفت ① حقیر ② کم مایہ ③ کم ظرف ④ خفیف ⑤ ذرا سا۔

ٹچ بھڑانا/ ٹچ لڑانا (ہ) فعل ① تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا ② تھوڑی پونجی سے جوا کھیلنا اور آہستہ آہستہ جیتنا۔

ٹنچ (ہ) اسم صفت ① تیار ② آمادہ ③ مستعد ④ لیس ⑤ بخیل ⑥ سنگدل ⑦ چالاک ⑧ ہوشیار۔

ٹنچن/ ٹچن (ای) اسم صفت ① اٹینشن سے بگڑا ہے ② دھیان ③ توجہ ④ غور ⑤ خیال ⑥ لیس ⑦ تیار ⑧ آمادہ ⑨ مستعد۔

ٹنڈ (ہ) اسم مذکر صفت۔ کٹا ہوا ہاتھ یا ٹہنی۔

ٹنڈ (ہ) اسم مونث ① بدھنا ② لوٹا ③ مٹی کا وہ ڈیوا جو رہٹ میں کام دیتا ہے۔

ٹنڈا (ہ) اسم صفت ① بن ہاتھ کا ② ہاتھ کٹا ③ لنجہ۔

ٹنڈا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی سبز ترکاری ② ٹینڈسی ③ طنزاً موٹا اور ٹھگنا آدمی۔

ٹنڈی (ہ) اسم مونث ① گنوار ② ناف ③ سونڈی ④ بازو ⑤ ڈنڈ ⑥ وہ عورت جس کا ایک ہاتھ ہو۔

ٹنڈیاں (ہ) اسم مونث ① ٹنڈی کی جمع تافین ② ڈنڈ ③ مشکیں ④ لنجیاں۔

ٹنڈیاں باندھنا/ ٹنڈ ٹان کسنا/ کھینچنا (ہ) فعل ① مشکیں باندھنا ② مجرم کے ہاتھ یا بازوں کو جکڑنا ③ آجکل ہتھکڑیاں لگانا مستعمل ہے۔

ٹنڈیل (ا) اسم مذکر ① خلاصیوں کا افسر ② میٹ ③ داروغہ میگزین ④ قلیوں کا افسر۔

ٹنکار (ہ) اسم مونث صوت ① جھنکار ② تانت کی آواز ③ غلیل کی آواز ④ دھات کے برتن کی آواز۔

ٹنکارنا (ہ) فعل ① بجانا ② آواز نکالنا ③ روپیہ بجانا ④ کمان کی تانت کو کھینچ کر آواز نکالنا ⑤ چینی یا مٹی کے برتن کو بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا۔

ٹنگ (ہ) اسم مونث۔ ٹانگ کا مخفف۔

ٹنگری (ہ) اسم مونث۔ ٹانگ کی تصغیر۔

ٹنگری پر اُڑانا (ہ) فعل ① ٹانگ کے داؤں پر گرانا ② ٹانگ مار مار کر گرانا ③ اڑنگا مارنا ④ اڑنگا لگانا۔

ٹنگنا (ہ) فعل ① لٹکنا ② پھانسی پر چڑھنا ③ الگنی جس پر کپڑے لٹکائے جاتے ہیں۔

ٹنہایا (ہ) اسم مذکر ① فاعل سماعی ② جادوگر ③ فسونگر ④ ٹونا کرنے والا۔

ٹنیا/ ٹیاں (ہ) اسم صفت ① پستہ قد ② باونا ③ ٹھگنا ④ چھوٹا ⑤ چھوٹے قد کا۔

ٹنیا/ ٹیاں طوطا (ہ) ایک قسم کا چھوٹے قد کا طوطا جو خوب بولتا ہے۔

## ٹ ← و

ٹوپ (ہ) اسم مذکر ① بڑی ٹوپی ② جاڑوں میں پہننے کا کنٹوپ ③ خود ④ لڑائی میں پہننے کی لوہے کی ٹوپی ⑤ غلاف ⑥ پوشش ⑦ انگشتانہ۔

ٹوپا (ہ) اسم مذکر ① ٹانکا ② سیون ③ سلائی روئی دار ④ ٹوپی ⑤ کنٹوپ۔

ٹوپا بھرنا (ہ) فعل ① ٹانکا لگانا ② ٹانکا بھرنا ③ سینا۔

ٹوپی (ہ) اسم مونث ① کلاہ ② تاج ③ شکاری جانوروں کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی ④ بندوق کا پٹاخہ ⑤ سپارا ⑥ پھل کے اوپر کا خول۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149071218

www.besturdubooks.net

ٹوپی اُچھالنا (ہ) فعل ① خوشی کرنا ② وجد کرنا ③ خوشی سے کودنا ④ پگڑی اچھالنا ⑤ بےعزتی کرنا۔

ٹوپی بدلنا (ہ) فعل ① کسی کو بھائی بنالینا ② نہایت گہری دوستی پیدا کرنا۔

ٹوپی بدل بھائی (ا) اسم مذکر ① وہ بھائی جس سے ٹوپی بدل کر دینی اور دینوی بھائی بنالیا ہو ② پگڑی بدل یار ③ جانی دوست۔

ٹوپی دار بندوق (ا) اسم مونث ① پٹاخے دار بندوق ② وہ بندوق جو پٹاخے کے ذریعہ چلے ③ توڑے دار کے خلاف۔

ٹوپی والا (ہ) اسم مذکر۔ فاعل ① قیاسی ٹوپی ② مجازاً انگریز ③ فرنگی۔

ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیئے (ا) مقولہ۔ بے مشورہ کوئی کام نہیں کرنا چاہیے اگر کوئی نہ ملے تو ٹوپی ہی سہی۔

ٹوٹ (ہ) اسم مونث ① شکستگی ② ٹوٹن پھوٹن ③ وہ عبارت یا رہا ہوا فقرہ ④ جو بعد میں درستی کے وقت حاشیہ پر لکھ دیا کرتے ہیں۔

لوٹ پڑنا (ہ) فعل ① گر پڑنا ② دل و جان سے کسی کام میں ہمہ تن لگ جانا ③ حملہ کرنا ④ بےجگری سے دھاوا بولنا۔

ٹوٹ پھوٹ کر ملنا/ایک ہونا (ہ) فعل ① ٹکڑے ٹکڑے ہو کر مل جانا ② بالکل ایک جان ہو کر ملنا۔

ٹوٹ جانا (ہ) فعل ① شکستہ ہو جانا ② پھوٹ جانا ③ علیحدہ ہو جانا ④ جدا ہونا ⑤ جیسے رشتہ داروں کا ٹوٹ جانا ⑥ بیماری سے لاغر ہو جانا ⑦ قرض یا نقصان یا اسراف سے تنگ حال ہونا ⑧ پانی کم ہو جانا ⑨ توڑا ہونا۔

ٹوٹ کر برسنا/ٹوٹ ٹوٹ کر برسنا (ہ) فعل ① بڑے زور سے برسنا ② شدت سے برسنا۔

ٹوٹ کر گرنا (ہ) فعل ہجوم کر کے حملہ کرنا ① چاروں طرف سے گرنا ② کسی کام کے سر ہو جانا۔

ٹوٹا (ہ) اسم صفت ① شکستہ ② پھوٹا ہوا ③ ناقص ④ قابل مرمت ⑤ تھکا ماندہ ⑥ مفلس ⑦ بےزر۔

ٹوٹا پھوٹا () اسم صفت۔ دیکھو ٹوٹا۔

ٹوٹا (ہ) اسم مذکر ① بانس کا ٹکڑا ② موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا ③ نقصان ④ خسارہ ⑤ خسران ⑥ کارتوس (ہندو لوگ) کمی ⑦ توڑا ⑧ جیسے اس کا ٹوٹا نہیں ہے ⑨ معاوضہ۔

ٹوٹا اُٹھانا/سہنا (ہ) فعل ① خسارہ اٹھانا ② نقصان اٹھانا۔

ٹوٹا بھرنا/دینا (ہ) فعل ① تاوان دینا ② نقصان پورا کرنا ③ معاوضہ دینا۔

ٹوٹا پڑنا (ہ) فعل ① کمی پڑنا ② نقصان ہونا ③ خسارہ پڑنا ④ گھاٹا ہونا۔

ٹوٹرو (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا پرندہ جو فاختہ سے پتلا اور چھوٹا ہوتا ہے ② بھنگ کا فضلہ۔

ٹوٹروسادم (ا) اسم مذکر ① اکیلا دم ② تن تنہا ③ اکیلی جان۔

ٹوٹروسا (ہ) اسم صفت ① واحد بہ تشبیہہ ② اکیلا ③ تنہا ④ واحد۔

ٹوٹکا (ہ) اسم مذکر ① جادو ② افسوں ③ ٹونا ④ طلسم ⑤ سحر ⑥ جنتر منتر۔

ٹوٹکا کرنا (ہ) فعل ① جادو کرنا ② ٹونا کرنا۔

ٹوٹکا کرنے آنا (ہ) فعل ① جلدی آ کر فوراً واپس چلے جانا ② کھڑے کھڑے آنا۔

ٹوٹکے ہائی (ہ) اسم مونث ① جادو کرنے والی ② جادوگرنی ③ وہ عورت جو ہر ایک کے بچوں پر یا ہر بال بچے والی عورت پر جادو کرتی پھرے۔

ٹوٹنا (ہ) فعل ① شکستہ ہونا ② ٹکڑے ٹکڑے ہونا ③ پھوٹنا ④ کسی پر ہجوم کرنا ⑤ ملکر حملہ کرنا ⑥ گرنا ⑦ قائل ہونا ⑧ جھکنا ⑨ علیحدہ ہونا۔

ٹوٹی بانہہ گلے پڑنا (ہ) فعل ① دوسرے کا بوجھ اپنے اوپر پڑنا ② اپاہج یا کسی عزیز و اقارب کا خرچ اپنے ذمہ پڑنا۔

ٹوٹی کی بوٹی نہیں (ہ) مثل ① موت کا کوئی علاج نہیں ② موت کی دارو نہیں۔

ٹور (ای) اسم مذکر ① سفر ② گشت۔

ٹورا (ہ) اسم صفت ① بدوضع ② غیرموزوں ③ ٹھگنا ④ باؤنا۔

ٹورنامنٹ (ای) ① گیند بلا ② ہاکی وغیرہ ③ کسرتی کھیلوں کا مقابلہ۔

ٹوڑی/ٹوڈی (ہ) اسم مونث ① ایک راگنی کا نام ہے ② شاہ پرست آدمی۔

ٹوسا (ہ) اسم مذکر ① ڈوڈا ② خوشہ ③ آکھ کا پھل ④ جوار باجرے وغیرہ کا خوشہ ⑤ ریشہ ⑥ پھوسڑا۔

ٹوک (ہ) اسم مذکر ① پارہ ② پارچہ ③ ٹکڑا ④ جزو ⑤ حصہ ⑥ (بواؤ

Join us on whatsapp Naveed Butt 03140072218

معرف ہے)

ٹوک (ہ) اسم مونث ① نظر بد ② ممانعت ③ مزاحمت ④ روک ⑤ تعرض۔

ٹوک ٹاک (ہ) اسم مونث ① مزاحمت ② روکا ٹوکی ③ پوچھ گچھ ④ دیکھ بھال۔

ٹوک میں آنا (ہ) فعل ① نظر لگنا ② ہوس میں آنا۔

ٹوکرا (ہ) اسم مذکر ① سبد ② ڈلا ③ چھابا ④ چھبرا ⑤ چھوٹی سی کشتی ⑥ بجرا ⑦ ڈونگا۔

ٹوکری (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر و تانیث ① جھلی ② چھیتری ③ چھبڑی۔



(ٹوکری)

ٹوکری ڈھونا (ہ) فعل ① قلی کا کام کرنا ② چھیتری اٹھانا ③ ادنیٰ درجے کا کام کرنا۔

ٹوکرے پر ہاتھ رہنا (ہ) فعل ① بھرم بندھا رہنا ② عزت رہنا ③ آبرو قائم رہنا۔

ٹوکنا (ہ) اسم مذکر ① کاسا ② پانی رکھنے کا ایک بڑا پتیلی برتن۔

ٹوکنا (ہ) فعل ① روکنا ② مزاحم ہونا ③ پوچھنا ④ دریافت کرنا ⑤ نظر لگانا ⑥ حسد کرنا ⑦ جلنا۔

ٹوکی (ہ) اسم مونث۔ وہ کپڑا جو جاکٹ کے اوپر لگایا جاتا ہے۔

ٹول (ا) اسم مذکر ① ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے ② تیز سرخ کپڑا ③ قند ④ حلوان۔

ٹول (ہ) اسم مذکر ① صدمہ ② دھکا ③ نطفہ ④ گروہ ⑤ جتھا ⑥ جماعت ⑦ گاؤں۔

ٹول (ای) اسم مذکر۔ سڑک کا محصول چنگی۔

ٹول کلکٹر (ای) اسم مذکر۔ محصول وصول کرنے والا۔

ٹولا (ہ) اسم مذکر ① محلہ ② کوچہ ③ سنگریزہ ④ روڑا ⑤ پتھر وغیرہ کا ٹکڑا ⑥ بدھی ⑦ نیل ⑧ چوٹ کا نشان ⑨ بڑی کوڑی۔

ٹولا پڑنا (ہ) فعل ① نیل پڑنا ② ضرب کا نشان ہو جانا ③ بدھی پڑنا۔

ٹولی (ہ) اسم مونث بیائے تانیث ① جماعت جتھا ② گروہ ③ برا ④ غول ⑤ پتھر کی سل۔

ٹوم (ہ) اسم مونث ① گہنا ② زیور ③ سنگار ④ خوبصورت ⑤ معشوق ⑥ شکیلہ عورت ⑦ مالدار عورت ⑧ چالاک ⑨ ہوشیار۔

ٹوم ٹام (ہ) اسم مونث ① گہنا پاتا ② زیور وغیرہ ③ اکا دکا ④ کوئی کوئی۔

ٹوم چھلا (ہ) اسم مذکر ① ادنیٰ ساز یور ② جھوٹا موٹا گہنا۔

ٹون (ہ) اسم مونث صوت ① آواز ② گوز ③ پون۔

ٹونا (ہ) اسم مذکر ① جادو ② افسوں ③ منتر ④ طلسم ⑤ سحر ⑥ شادی کے موقعہ کا ایک گیت۔

ٹونٹ (ہ) اسم مونث (پورب) ① چونچ ② منقار ③ نول۔

ٹونٹی (ہ) اسم مونث ① پرنالہ ② لوٹے یا بدھنے کی نلی جس میں سے پانی نکالتے ہیں۔

ٹونڈی (ہ) اسم مونث ① سونڈی ② ناف (ہریانہ) گاجر ③ مولی وغیرہ کی نوک۔

ٹوہ (ہ) اسم مونث ① حاصل مصدر ہے ٹوہنا سے ② ٹٹول ③ تلاش ④ تجسس ⑤ دیکھ بھال ⑥ نگہبانی۔

ٹوہ بوہ رکھنا (ہ) فعل ① خبر رکھنا ② نگہبانی رکھنا۔

ٹوہ رکھنا (ہ) فعل ① خیال رکھنا ② تلاش رکھنا ③ خبر رکھنا۔

ٹوہ لگانا (ہ) فعل ① کھوج لگانا ② خبر لگانا ③ سراغ لگانا ④ پتا لگانا۔

ٹوہ میں رہنا (ہ) فعل ① تلاش میں رہنا ② عیب جوئی کے درپے رہنا۔

ٹوہا ٹوئی/ٹوہا ٹاہی (ہ) اسم مونث ① حاصل مصدر بتکرار ② چھان بین ③ دیکھ بھال۔

ٹوہنا (ہ) فعل ① ڈھونڈنا ② تلاش کرنا ③ کھوج لگانا ④ ہاتھ ڈالنا ⑤ ہاتھ لگانا ⑥ چھیڑنا جیسے میاں نے ٹوہی گھر بار سے کھوئی۔

ٹوہیا (ہ) اسم مذکر ① فاعل سماعی ② تلاش کرنے والا ③ کھوج لگانے والا ④ جاسوس ⑤ مخبر ⑥ خبر رساں۔

ٹوئی (ہ) اسم مونث ① نیزہ کی پوری ② قلم ③ جوار وغیرہ کے ٹانڈے کی پوری۔

## ٹ ← ہ

ٹھا (ہ) اسم مونث ① جگہ ② ٹھاؤں استھان ③ مکان ④ مقام ⑤ مدھم آواز ⑥ متوسط آواز میں لگانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140771218

www.besturdubooks.net

ٹھاٹ (ہ) اسم مذکر ① بانس کا چوکھٹا ② پنجر ③ ڈھانچا ④ فیشن ⑤ طرز ⑥ ڈھنگ ⑦ سجاوٹ ⑧ آرائش ⑨ زیب وزینت۔

ٹھاٹ باندھنا (ہ) فعل ① ڈھانچا قائم کرنا ② ٹٹی باندھنا ③ پٹے بازوں کا قاعدہ ④ خاص سے کھڑا ہونا۔

ٹھاٹ بدلنا (ہ) فعل ① نیا انداز بدلنا ② طرز بدلنا ③ پینترا بدلنا۔

ٹھاٹ مارنا (ہ) فعل ① موج مارنا ② منہ سے اڑانا ③ لطف اٹھانا ④ مرغیوں کا پروں کو جھڑ جھڑانا۔

ٹھاٹر (ہ) اسم مذکر ① ڈھانچ ② ٹٹی ③ چھتری ④ کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال ⑤ کبوتر خانہ ⑥ دیوالی یا خوشی کے موقع پر روشنی کرنے کی ٹٹی۔

ٹھاٹر بندی (ہ) اسم مونث۔ روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا۔

ٹھاڈا/ ٹھاڑا (ہ) اسم صفت ① استادہ ② کھڑا ہوا ③ زبردست ④ توانا ⑤ طاقتور ⑥ قوی ہیکل ⑦ قوی جثہ۔

ٹھاڈا رہنا (ہ) فعل ① ٹھہرے رہنا سے بگڑا ہوا ہے ② کھڑا رہنا ③ ڈٹا رہنا۔

ٹھاڈا مارے اور آگے دھرے/ ٹھاڈا مارے اور رونے نہ دے (ہ) مثل ① زبردست ظلم کر کے فریاد بھی نہیں کرنے دیتا ② ظالم کی شکایت نہ ہوسکنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

ٹھاکر (ہ) اسم مذکر ① دیوتا ② ایشور ③ دیوتا کی مورت ④ سوامی ⑤ مالک ⑥ سردار ⑦ زمیندار ⑧ راجپوت ⑨ چھتری۔

ٹھاکر دوارہ (ہ) اسم مذکر ① ظرف مکان ② دیوا استھان ③ وہ مقام جہاں ٹھاکر جی کی مورت رہتی ہے ④ مندر۔

ٹھاکر سیوا (ہ) اسم مونث ① دیوتا کی پرستش ② دیوتا کی خدمت ③ جاگیر ④ وقف ⑤ وہ جاگیر جو مندر کیلئے وقف ہو۔

ٹھال (ہ) اسم مونث۔ ① فرصت بیکاری ② بے شغلی ③ نکماپن ④ سوفتہ ⑤ سیتاب۔

ٹھالی (ہ) اسم صفت ① خالی ② بیکار ③ بے شغل ④ نکما ⑤ بے روزگار۔

ٹھاں (ہ) اسم مذکر صوت۔ بندوق کی آواز۔

ٹھاں ٹھاں ہونا/ ٹھائیں ٹھائیں ہونا (ہ) فعل ① لگاتار ② بندوقیں چلنا۔

ٹھانسنا (ہ) فعل ① ٹھونسنا ② کھچا کھچ بھرنا ③ خوب بھرنا ④ ٹھسا ٹھس بھرنا ⑤ (لوطی) گھسیڑنا ⑥ دخول کرنا۔

ٹھاننا (ہ) فعل ① پکا ارادہ کرنا ② نیت کرنا ③ منصوبہ باندھنا ④ ٹھیرانا ⑤ سوچنا ⑥ قرار دینا۔

ٹھاون (ہ) اسم مونث ① جگہ ② مقام ③ استھان ④ ٹھور ⑤ ٹھکانا ⑥ اسم ظرف ہے۔

ٹھپا (ہ) اسم مذکر ① چھاپ ② نقش جو ابھرواں ہو ③ سکہ ④ مہر چھاپنے کا آلہ ⑤ نقش کرنے کا آلہ ⑥ ایک قسم کا چوڑا منقش بادلہ کا بنا ہوا گوٹا ⑦ لیس ⑧ سانچا۔

ٹھپا لگانا (ہ) ① سکہ لگانا ② نقش کرنا۔

ٹھٹ (ہ) اسم مذکر ① ہجوم ② گروہ ③ بھیڑ ④ مجمع ⑤ انبوہ ⑥ اجتماع ⑦ ازدحام۔

ٹھٹ کے ٹھٹ (ہ) اسم صفت ① گروہ کے گروہ ② بہت ازدحام ③ بھیڑ بھاڑ۔

ٹھٹا/ ٹھٹھا (ہ) اسم مذکر ① ہنسی ② کھلی ③ مذاق ④ مزاخ ⑤ ٹھٹھول ⑥ چہل ⑦ تمسخر ⑧ استہزا ⑨ خندہ۔

ٹھٹھا اڑانا/ ٹھٹھا کرنا (ہ) فعل ① ہنسی اڑانا ② مذاق کرنا ③ مخول کرنا ④ چہل کرنا ⑤ ہنسی کرنا ⑥ تمسخر اڑانا ⑦ مسخرا بنانا۔

ٹھٹھا لگانا/ مارنا (ہ) فعل ① قہقہہ مارنا ② کھل کھلا کر ہنسنا ③ چھیڑنا۔

ٹھٹرنا/ ٹھٹھرنا/ ٹھرنا (ہ) ① اینٹھنا ② سردی سے اکڑنا ③ سرد ہونا ④ سردی کے مارے سن ہوجانا ⑤ درخت یا پودے یا انسان کا بڑھنے سے رہ جانا ⑥ سکڑنا ⑦ کانپنا ⑧ مرجھانا ⑨ سردی سے لرزنا۔

ٹھٹکنا/ ٹھٹھکنا (ہ) فعل ① اچانک رک جانا ② متعجب ہوکر رک جانا ③ تامل کرنا ④ توقف کرنا ⑤ رکنا ⑥ ٹھیرنا۔

ٹھٹھول/ ٹھٹھول (ہ) اسم صفت ① خوش طبع ② ظریف ③ مسخرا ④ ٹھٹھے باز ⑤ (بہ معنی اسم مصدری) ظرافت ⑥ تمسخر ⑦ خوش طبعی ⑧ مزاج ⑨ مذاق۔

ٹھٹولی/ ٹھٹھولی (ہ) اسم مونث۔ بیائے مصدری۔ (دیکھو ٹھٹھول۔ بہ معنی اسم مصدری)

ٹھٹھے بازی (ا) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① ہنسی ② مذاق ③ تمسخر۔

ٹھٹھے میں اڑانا (ہ) فعل ① مسخرا بنانا ② ہنسی میں اڑانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ٹھیٹھرا/ٹھٹیرا (ہ) اسم مذکر ❶ پیتل، تابنے وغیرہ کے برتن بنانے اور بیچنے والا کسیرا ❷ جوار یا باجرے کی لکڑی پھٹا ❸ ڈانڈا۔

ٹھیٹھرے/ٹھٹیرے بدلائی (ا) مثل ❶ دو ہم پیشہ اور ہم فن ہوشیار آدمیوں کا معاملہ ❷ برابر کی ٹکر۔

ٹھڈا (ہ) اسم مذکر ❶ کنکوے یا پتنگ کی بیچ کی موٹی پتلی کھپچی ❷ پیٹھ کی ہڈی ❸ ریڑھ کی ہڈی ❹ تین یا زیادہ گاؤں کی حد ملنے کی جگہ پر بنا ہوا چبوترہ ❺ سہ حدہ ❻ سرحدہ۔

ٹھڈا ٹوٹی (ہ) اسم صفت ❶ بہ ترکیب مفعولی مونث ❷ کبڑی عورت وہ عورت جس کی کمر جھک گئی ہو۔

ٹھڈّی (ہ) اسم مونث ❶ ٹھوڑی ❷ ذقن ٹھوڈی ❸ بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا یا خستہ نہ ہوا ہو۔

ٹھر (ہ) اسم مونث ❶ ٹھنڈ ❷ خنکی ❸ پالا ❹ نہایت سردی۔

ٹھرّا (ہ) اسم مذکر ❶ دیسی اور خراب شراب ❷ گھٹیل اور کم نشہ والی شراب ❸ انگینا کے بند ❹ کچی اور خراب اینٹ ❺ ایک قسم کا گنوار و جوتا۔

ٹھرنا (ہ) فعل ❶ جاڑے مرنا ❷ سردی سے سکڑنا۔

ٹھس (ہ) اسم صفت ❶ ٹھوس ❷ پرمغز ❸ نگر ❹ بھاری ❺ بوجھل ❻ اٹل ❼ جنبش نہ کرنے والا ❽ سست ❾ کاہل۔

ٹھس پن (ہ) اسم مذکر اسم مصدری ❶ بھدا پن ❷ ایک جگہ جم جانا۔

ٹھسّا (ہ) اسم مذکر ❶ غرور ❷ تکبر ❸ گھمنڈ ❹ جلوس ❺ سواری ❻ دھوم ❼ جلو ❽ ٹھاٹ ❾ ناز و ادا۔

ٹھساٹھس (ہ) اسم صفت۔ بالف اتصال ❶ کھچا کھچ ❷ خوب بھرا ہوا (زیر اور پیش دونوں طرح درست)۔

ٹھسک (ہ) اسم مونث ❶ بھڑک ❷ شان وشوکت ❸ ناز و ادا ❹ خرام ❺ معشوقانہ کھانسی کی آواز ❻ ٹھسک۔

ٹھسکا (ہ) اسم مذکر ❶ کھانسی کی آواز ❷ تھوڑی تھوڑی کھانسی ❸ دھسک۔

ٹھسکی (ہ) اسم مونث۔ پھسکی۔

ٹھسنا (ہ) فعل ❶ بھرنا ❷ سمانا ❸ آنا ❹ ایک چیز میں دوسری چیز کا مشکل سمانا۔

ٹھسوانا (ہ) فعل ❶ بھروانا ❷ گھسڑوانا ❸ ٹھسنا کا متعدی۔

ٹھکانا (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ منزل ❷ جگہ ❸ مقام ❹ اسٹیشن ❺ پتا ❻ نشان ❼ سراغ ❽ رشتہ داری ❾ اعتبار۔

ٹھکانا ڈھونڈنا (ہ) فعل ❶ جگہ تلاش کرنا ❷ رہنے کا مکان ڈھونڈنا ❸ نوکری تلاش کرنا ❹ لڑکی کیلئے بَر ڈھونڈنا۔

ٹھکانا کرنا (ہ) فعل ❶ جگہ کرنا ❷ موقع تلاش کرنا ❸ بیاہ کرنا ❹ گھر بسانا ❺ بندوبست کرنا ❻ انتظام کرنا۔

ٹھکانا لگانا (ہ) فعل ❶ پتا لگانا ❷ سراغ لگانا۔

ٹھکانے (ہ) اسم مذکر ❶ ٹھکانا کی جمع ❷ حروف عاملہ کی صورت میں۔

ٹھکانے چکانا (ہ) فعل۔ بیاہ شادی یا کسی بوڑھے کے مرنے پر نوکر چاکر کمین وغیرہ کو حسب معمول روپے تقسیم کرنا۔

ٹھکانے لگانا (ہ) فعل ❶ اطمینان دلانا ❷ تسلی بخشنا ❸ ٹھیرانا ❹ کامیابی بخشنا ❺ منزل مقصود اور دعا کو پہنچانا ❻ مار ڈالنا ❼ ہلاک کرنا ❽ کام تمام کرنا ❾ جیسے میں نے دشمن کو ٹھکانے لگا دیا۔

ٹھکانے لگنا (ہ) فعل ❶ مدعا حاصل ہونا ❷ منزل مقصود کو پہنچنا ❸ مراد کو پہنچنا ❹ کام آنا ❺ ضائع نہ ہونا ❻ جیسے بلبل کی مٹی ٹھکانے لگ گئی ❼ مرنا ❽ تمام ہونا ❾ مارا جانا۔

ٹھکرانا (ہ) فعل ❶ ٹھوکر مارنا ❷ ذلیل سمجھنا ❸ حقیر جاننا ❹ روندنا ❺ پامال کرنا۔

ٹھکرانی (ہ) اسم مونث ❶ انی علامت تانیث ❷ ٹھاکر کی بیوی ❸ بہو بیٹی ❹ ٹھاکر قوم کی عورت ❺ نائی کی بیوی ❻ نائن۔

ٹھکرائی (ہ) اسم مونث مصدری ❶ سرداری ❷ حکومت ❸ راج جہانبانی ❹ جہانداری ❺ امیری ❻ دولت مندی ❼ بندائی ❽ الوہیت۔

ٹھکنا (ہ) فعل ❶ گڑنا ❷ اندر گھسنا ❸ پٹنا ❹ سزا پانا ❺ بچھڑنا ❻ کشتی کھانا ❼ مغلوب ہونا ❽ نقصان اٹھانا ❾ ضرب پڑنا۔

ٹھگ/ٹھگیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ ٹھگنے والا ❷ دغاباز ❸ چور ❹ فریبی ❺ عیار ❻ چالاک ❼ راہزن ❽ چھلیا ❾ راہ مار۔

ٹھگ بدیا (ہ) اسم مونث ❶ علم قزاقی ❷ مکاری ❸ فریب دہی کا علم ❹ چالاکی عیاری۔

ٹھگی/ٹھگائی (ہ) اسم مونث ❶ فریب ❷ دھوکا ❸ مکر۔

ٹھگا یا جانا (ہ) فعل ❶ دھوکے میں آجانا ❷ دھوکا کھانا ❸ دھوکے میں آکر نکمی چیز خرید لینا۔

ٹھگ لینا (ہ) فعل ❶ ڈھوکا دینا ❷ غریب بھوکے آدمی کو دم دے کر

کچھ لینا③ چھل لینا④ جل دینا۔

ٹھگنا (ہ) فعل ① فریب دینا② دھوکا دینا③ جل دینا④ دغا دینا⑤ چھلنا⑥ موسنا⑦ چوری کرنا⑧ کسی غیر کو کم داموں میں خرید لینا۔

ٹھگنی (ہ) اسم مونث ① ٹھگ کی جورو② ٹھگ قوم کی عورت③ قزاقنی④ راہزن عورت⑤ ٹھگنے والی⑥ فریب دینے والی⑦ مکار⑧ دغاباز۔

ٹھگوانا (ہ) فعل ① فریب دلوانا② دھوکا دلوانا③ کم داموں کی چیز زیادہ داموں دلوانا۔

ٹہل (ہ) اسم مونث ① خدمت② سیوا③ خدمتگاری④ کام کاج⑤ غلامی⑥ بندگی⑦ (بصورت فعل) صیغہ امر حاضر ٹہلنا سے⑧ رخصت ہوجانا⑨ (بصورت حاصل مصدر) گشت۔

ٹہلانا (ہ) فعل ① ٹہلنا سے متعدی② گھوڑے کو آہستہ آہستہ پھروا کر ٹھنڈا کرنا③ چہل قدمی کرنا④ پھرانا⑤ ٹالنا⑥ دفع کرنا⑦ رخصت کرنا⑧ موقوف کرنا⑨ برطرف کرنا۔

ٹہل جانا۔ (ہ) فعل ① چل دینا② رخصت ہوجانا③ طل جانا④ بھاگ جانا⑤ سرک جانا⑥ ہٹ جانا⑦ مرجانا⑧ انتقال کرجانا⑨ مرجانا۔

ٹہلنا (ہ) فعل ① آہستہ آہستہ پھرنا② چہل قدمی کرنا③ علیحدہ ہونا④ رخصت ہونا⑤ مرنا⑥ انتقال کرنا⑦ ہوا کھانا⑧ سیر کرنا۔

ٹہلنی/ٹہلوی (ہ) اسم مونث ① خادمہ، خدمت کرنے والی عورت② ملازمہ③ باندی④ گھر کا کام کاج کرنے والی عورت⑤ داسی۔

ٹہلوا (ہ) اسم مذکر ① فاعل سائی② خادم③ خدمتگار④ داس⑤ غلام⑥ بندہ⑦ نوکر چاکر⑧ سلوک۔

ٹھلیا (ہ) اسم مونث تصغیر ① چھوٹا گھڑا② سبوچہ گلی③ پانی رکھنے کی گگری۔

ٹھمری (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا چھوٹا سا گیت② گودیوں کا گیت③ افواہ④ گپ⑤ جھوٹی بات۔

ٹھمری اڑانا (ہ) فعل مستعدی ① گیت گانا② گپ اڑانا۔

ٹھمک (ہ) اسم مونث ① خرام ناز ناچنے کی چال② ناز و انداز کی چال۔

ٹھمک ٹھمک کر (ہ) تابع فعل ① مٹک مٹک کر② خرام ناز سے۔

ٹھمک چال (ہ) اسم مونث ① رفتار② معشوقانہ③ خرام ناز۔

ٹھمکا (ہ) اسم صفت ① چھوٹا② ٹانا③ پستہ قد④ ٹھگنا⑤ کوتہ قد۔

ٹھمکنا (ہ) فعل ① خرام کرنا② ناز سے چلنا③ مٹکنا۔

ٹھمکی (ہ) اسم مونث ① جھٹکانا② چھوٹا چھوٹا جھٹکا③ کنکوے کی ڈور کو اس کے ہوا پر ٹھہرانے کیلئے آہستہ آہستہ ہاتھ سے ہلانا۔

ٹھنا (ہ) اسم مذکر ① موٹی اور بڑی شاخ② ڈالا③ گڈا۔

ٹھننا (ہ) فعل ① جمنا② چپنا③ پکا ارادہ ہونا④ ذہن نشین ہونا⑤ قرار پانا⑥ ٹھیرنا۔

ٹھنٹھ (ہ) اسم مذکر ① سوکھا ہوا② درخت یا ڈالا③ کٹا ہوا ہاتھ یا پہنچا وغیرہ۔

ٹھن ٹھن (ہ) اسم مونث۔ صوت ① روپے یا گھنٹے یا گھڑیال کی آواز② ٹن ٹن۔

ٹھن ٹھن گوپال (ہ) اسم مذکر ① بے سمجھے بوجھے گوپال کے نام پر گھنٹی بجانے والا بیوقوف② بدھو③ احمق④ کچھ نہیں⑤ ہیچ⑥ خالی⑦ ٹھوٹھ۔

ٹھنٹھنانا (ہ) فعل ① گھنٹی بجانا② ٹھن ٹھن کرنا③ کسی جگہ موجود رہ کر مزے اڑانا④ بجنا⑤ کھنکنا⑥ ٹھنکنا⑦ جیسے پتیلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں۔

ٹھنڈا (ہ) اسم صفت ① سرد② خنک③ سیتل④ سرد دل⑤ افسردہ دل⑥ چپ⑦ خاموش⑧ نامرد⑨ کم شہوت۔

ٹھنڈا پڑنا (ہ) فعل ① سرد ہونا② خشک ہونا③ سست ہونا④ مندا ہونا⑤ غصہ فرو ہونا⑥ غصہ دھیما ہوجانا۔

ٹھنڈا رکھنا (ہ) فعل ① خوش رکھنا② آرام سے رکھنا③ راست دینا④ آسائش پہنچانا۔

ٹھنڈا سانس (ہ) اسم مذکر ① دم② سرد آہ۔

ٹھنڈا کرنا (ہ) فعل ① سرد کرنا② خنک کرنا③ بجھانا④ بڑھانا⑤ بتانا جیسے چراغ کا غصہ فرو کرنا⑥ توڑنا⑦ شکستہ کرنا⑧ جیسے چوڑیاں ٹھنڈی کرنا⑨ دفن کرنا۔

ٹھنڈا ملمع (ہ) اسم مذکر۔ وہ ملمع جو آگ کی مدد کے بغیر تیزاب یا برقی دھات سے چڑھایا جاتا ہے۔

ٹھنڈا ہونا (ہ) فعل ① سرد ہونا② خنک ہونا③ غصہ دھیما ہونا④ عرصہ دور ہونا⑤ مرجانا⑥ وفات پانا⑦ بجھنا⑧ بڑھنا⑨ جیسے چراغ۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

**ٹھنڈائی** (ہ) اسم مونث۔ بیائے مصدری 1 تبرید 2 وہ دوا جو گرمی کو دفع کرنے کیلئے پی جائے 3 بھنگ 4 بوٹی 5 بجیا 6 بوزہ۔

**ٹھنڈک** (ہ) اسم مونث 1 سردی 2 خنکی 3 آرام 4 تسلی 5 خوشی۔

**ٹھنڈک پڑنا** (ہ) فعل 1 جلن 2 سوزش یا گرمی کا رفع ہو جانا 3 دل کو آرام آنا 4 مراد پوری ہونا 5 کسی فتنے وغیرہ کا کم ہو جانا 6 غصہ فرو ہونا 7 دشمنی دور ہونا 8 تسلی ہونا 9 صبر آنا۔

**ٹھنڈی** (ہ) اسم صفت، مونث 1 ٹھنڈا کی تانیث 2 سرد 3 بارد خنک 4 سیتل 5 خوش وخرم 6 بامراد 7 (اسم مونث) چیچک 8 ستیلا۔

**ٹھنڈی آگ** (ہ) اسم مونث 1 مراد برف 2 یخ 3 آب بستہ۔

**ٹھنڈی ڈھلنا** (ہ) فعل 1 چیچک کے دانوں کا مرجھانا 2 ستیلا کا زور کم ہونا 3 بگ مڑنا۔

**ٹھنڈی کڑھائی** (ہ) اسم مونث۔ پکوان کے خاتمہ پر بچے ہوئے گھی کا حلوا بنا کر تقسیم کرنے کی رسم۔

**ٹھنڈی گرمیاں** (ا) اسم مونث 1 اوپری محبت 2 ظاہری الفت 3 جھوٹی گرم جوشی۔

**ٹھنڈی مار** (ہ) اسم مونث 1 گپتی مار 2 اندرونی سزا 3 اندرونی ضرب 4 وہ مار جس کا نشان نہ پڑے۔

**ٹھنڈی مٹی** (ہ) اسم مونث 1 کم بڑھنے اور نہ پھیلنے والا جسم 2 دیر میں بالغ ہونے والا آدمی 3 زنانہ 4 زنخہ۔

**ٹھنڈی نکلنا** (ہ) فعل 1 چیچک نکلنا 2 ستیلا کا نمودار ہونا۔

**ٹھنڈے** (ہ) ٹھنڈا کی جمع اور حروف عاملہ کے عمل سے تغیر شدہ صورت۔

**ٹھنڈے پیٹوں** (ہ) تابع فعل 1 بطیب 2 خاطر 3 خوش دل سے 4 خوشی سے 5 آرام سے 6 بے لڑے جھگڑے 7 راستی راستی۔

**ٹھنڈے ٹھنڈے** (ہ) تابع فعل 1 سویرے سویرے 2 صبح ہی صبح علی الصباح 3 سورج کی گرمی سے پہلے پہلے 4 آرام سے 5 بخیریت۔

**ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا** (ہ) فعل۔ خوشی خوشی گھر جانا۔

**ٹھنڈے سانس بھرنا** (ہ) فعل 1 کسی کے عشق میں آہ سرد بھرنا 2 افسوس ظاہر کرنا 3 پچتانا۔

**ٹھنکنا** (ہ) فعل 1 رونا 2 لاڈ کر کے رونا 3 مار سے رونا 4 ایں ایں کرنا 5 بچوں کی طرح۔

**ٹھنگنا** (ہ) اسم مذکر 1 بادنا 2 پستہ قد 3 کوتہ قامت 4 ٹنیا۔

**ٹھینگرا** (ہ) اسم مونث 1 کسی خشک چیز مثلاً اناج کے بھنے ہوئے دانوں کو نقل کے طور پر ایک کر کے کھانا 2 جیسے چنوں یا ریوڑیوں کی ٹھینگر لگانا 3 ٹھونگنا سے مشتق اور سماعی حاصل مصدر ہے۔

**ٹھینگرنا** (ہ) فعل 1 کسی خشک چیز کو ایک ایک کر کے کھانا 2 پھانکنے کے خلاف۔

**ٹہنی** (ہ) اسم مونث 1 شاخ 2 شاخچہ 3 ڈالی 4 قلم، کنول، گھاس وغیرہ لگانے کی ٹہنی۔

**ٹہنی ہلانا** (ہ) فعل 1 آتشک کے زخم سے مکھیاں اڑانا 2 آتشک میں گلنا 3 اصل میں نیم میں ٹہنی ہلانے کا مخفف ہے۔

**ٹھوٹ یا ٹھوٹھ** (ہ) اسم صفت 1 بے مغز 2 بے وقوف 3 احمق 4 آبلہ 5 مورکھ 6 جاہل۔

**ٹھور** (ہ) اسم مونث 1 ظرف 2 جگہ مقام 3 مکان 4 موقع 5 ٹھکانا 6 سراغ 7 نشان 8 پتا۔

**ٹھور بے ٹھور** (ہ) تابع فعل 1 موقع بے موقع 2 جا بجا 3 کٹھور۔

**ٹھور ٹھکانا** (ہ) اسم مذکر ظرف 1 جائے رہائش 2 جائے بود و باش 3 مسکن 4 مقر۔

**ٹھور رکھنا** (ہ) فعل 1 اسی جگہ مار ڈالنا 2 جان سلامت نہ لے جانے دینا 3 کھیت رکھنا 4 جان سے مار ڈالنا 5 بچ کر نہ جانے دینا۔

**ٹھوڑی** (ہ) اسم مونث 1 ذقن 2 زنخدان 3 تھوڈی 4 ٹھڑی۔

**ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا** (ہ) فعل۔ مغموم اور غمزدہ بیٹھنا۔

**ٹھوڑی پکڑنا / ٹھوڑی میں ہاتھ دینا** (ہ) فعل 1 منت کرنا 2 خوشامد کرنا 3 کسی کو ملائم کرنا 4 نرم کرنا 5 غصہ فرو کرنا۔

**ٹھوڑی تارا** (ہ) اسم مذکر۔ کسی حسین کی ٹھوڑی کا قدرتی یا مصنوعی تل۔

**ٹھوس** (ہ) اسم صفت 1 پر مغز 2 نگر 3 بھاری 4 بوجھل 5 سخت 6 ٹھس 7 بھدا 8 غبی۔

**ٹھوسا** (ہ) اسم مذکر 1 ہاتھ کا انگوٹھا 2 ٹھینگا۔

**ٹھوسا دکھانا** (ہ) فعل 1 انگوٹھا دکھانا 2 ٹھینگا دکھانا 3 انکار کرنا 4 ضد کرنا 5 معشوقانہ انداز انکار۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249071218

**ٹھوسے سے** (ہ) فعل ① بلا سے ② جوتی سے ③ بیزار سے ④ نہایت استغنا کا کلمہ ہے۔

**ٹھوکا دینا** (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں سے دھکا دینا ② ٹھیلنا ③ جھنجھوڑنا ④ جتانا ⑤ آگاہ کرنا ⑥ خبردار کرنا ⑦ متنبہ کرنا ⑧ ہوشیار کرنا ⑨ جگانا۔

**ٹھوک بجا کے** (ہ) تابع فعل ① اچھی طرح دیکھ بھال کے کھرا کھوٹا ② پھوٹا ٹوٹا دیکھ کے ③ جانچ کے ④ اطمینان کر کے ⑤ چٹکی لگا کے ⑥ سوچ سمجھ کے ⑦ اعلانیہ۔

**ٹھوکر** (ہ) اسم مونث ① سنگ راہ وغیرہ سے ② پاؤں کو لگی ہوئی ضرب یا پاؤں کی نوک سے یا پشت پا سے کسی چیز کو قصداً مارنا ③ پاؤں کی ٹکر ④ پالغز سنگ راہ کی چوٹ ⑤ سکندری گھوڑے کی ٹھوکر ⑥ لات ⑦ لگد ⑧ صدمہ ⑨ دھکا۔

**ٹھوکر اٹھانا** (ہ) فعل ① صدمہ اٹھانا ② نقصان اٹھانا۔

**ٹھوکر کھانا** (ہ) فعل ① سنگ راہ کی ٹکر کھانا ② پاؤں پر چوٹ کھانا ③ الجھنا ④ الجھ کر گرنا ⑤ صدمہ اٹھانا ⑥ ضرب کھانا ⑦ نقصان اٹھانا ⑧ ضرر اٹھانا ⑨ بھولنا۔

**ٹھوکر کھاوے بدھ پاوے** (ہ) مثل۔ نقصان اٹھا کر ہی آدمی تجربہ کار بنتا ہے۔

**ٹھوکر لگانا** (ہ) فعل ① کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا ② پشت پر مارنا۔

**ٹھوکر لینا** (ہ) فعل ① گھوڑے کا سکندری کھانا ② الجھ کے گرنا۔

**ٹھوکر مارنا** (ہ) فعل ① پشت پا مارنا ② سرپا مارنا ③ ٹھیس لگانا ④ ٹھوکا دینا۔

**ٹھوکروں پر پڑنا** (ہ) ① کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا ② جوتیوں میں رہنا ③ ذلت کی نوکری کرنا یا حقارت سے کہیں رہنا۔

**ٹھوکریں کھاتے کھاتے پھرنا** (ہ) فعل ① مارے مارے پھرنا ② صدمے اٹھاتے پھرنا ③ آوارہ پھرنا ④ خراب و تباہ پھرنا ⑤ روندن میں آنا ⑥ پامال ہونا۔

**ٹھوکریں کھانا** (ہ) ① لاتیں کھانا ② صدمے اٹھانا ③ ذلیل ہونا ④ نقصان اٹھانا ⑤ پامال ہونا ⑥ گرنا ⑦ پڑنا مہنے لڑکنا ⑧ خراب و خستہ ہونا ⑨ طعنے معنے سہنا۔

**ٹھوکنا** (ہ) فعل ① کسی امر کے جتانے کو ہاتھ یا پیر سے دھکا دینا ② ہوشیار کرنا ③ خبردار کرنا ④ متنبہ کرنا ⑤ آگاہ کرنا ⑥ جھنجھوڑنا ⑦ کہنی مارنا۔

**ٹھوکنا/ٹھونکنا** (ا) فعل ① گاڑنا ② میخ وغیرہ کو ③ کوٹنا ④ زدوکوب کرنا ⑤ مارنا ⑥ پیٹنا ⑦ لات مکے سے مارنا ⑧ کوڑے لگانا ⑨ عرضی دینا۔

**ٹھوکے دینا** (ہ) فعل ① ہولیں مارنا ② آر کرنا ③ جھنجوڑنا ④ جھڑجھڑانا ⑤ جتانا ⑥ آگاہ کرنا ⑦ خبردار کرنا ⑧ (عوام) طعنے دینا ⑨ مہنے مارنا۔

**ٹھونسنا** (ہ) فعل ① دبا کر بھرنا ② خوب زور سے بھرنا ③ گھسیڑنا ④ دخول کرنا ⑤ نگلنا ⑥ کھا جانا ⑦ تحقیراً۔

**ٹھونگ/ٹھونگا** (ہ) اسم مونث و مذکر ① چونچ سے مارنا ② ضرب منقار ③ چونچ منقار ④ ٹولا ⑤ بیچ کی انگلی کو دوہرا کر کے مارنا۔

**ٹھیا** (ہ) اسم مذکر ① دکاندار کے بیٹھنے کی جگہ ② ستھان ③ مقام ④ حد ⑤ تودہ ⑥ ڈھولا ⑦ ٹھڈا۔

**ٹھیٹ** (ہ) اسم صفت ① ٹھیک ② نارمل ③ خالص ④ روزمرہ کی بولی ⑤ اصلی۔

**ٹھی ٹھی** (ہ) اسم مونث صوت ① بے تمیزی سے ہنسنے کی آواز ② ہنسی کی آواز۔

**ٹھیلرنا** (ہ) فعل ① روکنا ② تھامنا ③ ٹھانا ④ منصوبہ باندھنا ⑤ قائم کرنا ⑥ جمانا ⑦ جیسے پارہ ٹھیرانا ⑧ ٹھکانا کرنا ⑨ فروکش کرنا۔

**ٹھیراؤ** (ہ) اسم مذکر ① قیام ② استحکام ③ پائیداری ④ وقفہ ⑤ مقام ⑥ ٹھکانا ⑦ حاصل مصدر ہے۔

**ٹھہرنا** (ہ) فعل ① رکنا ② قیام کرنا ③ کھڑا رہنا ④ جمنا ⑤ منصوبہ ہونا ⑥ اترنا ⑦ مقرر ہونا ⑧ قیمت چکنا ⑨ بھاؤ تاؤ ٹھیرنا۔

**ٹھیس** (ہ) اسم مونث ① صدمہ ② خفیت ③ دھکا ④ ٹھوکر ⑤ ٹکر ⑥ ضرب۔

**ٹھیس لگنا** (ہ) ① دھکا لگنا ② ٹھوکر کھانا۔

**ٹھیک** (ہ) اسم مونث ① پچر ② ٹیک ③ سہارا ④ اڑواڑ ⑤ تلا ⑥ پیندی ⑦ جوتے کی ایڑی ⑧ کڑاہی کی پیندی کا ہرتوا۔

**ٹھیک نکلنا** (ہ) فعل ① سہارا نہ رہنا ② خراب ہو جانا ③ بے وسیلہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہو جانا ④ برباد ہو جانا۔

**ٹھیک** (ہ) اسم صفت ① راست ② صحیح ③ درست ④ بجا ⑤ موزوں ⑥ برابر ⑦ چست ⑧ ہو بہو ⑨ بعینہ۔

**ٹھیک آنا** (ہ) فعل ① فٹ آنا ② درست آنا ③ کپڑے کا بدن پر یا جوتے کا پیر میں درست آنا ④ برمحل آنا ⑤ عین وقت پر آنا۔

**ٹھیک بنانا** (ہ) فعل ① سزا دینا ② تنبیہ کرنا ③ مارنا ④ پیٹنا ⑤ درست کرنا ⑥ راہ راست پر لانا ⑦ سدھارنا ⑧ کسی کام کے مطابق کرنا ⑨ عاجز کرنا۔

**ٹھیک ٹھاک** (ہ) تابع فعل ① اسم صفت ② لیس ③ تیار ④ چست ⑤ ہر طرح سے موزوں۔

**ٹھیک ٹھاک کرنا** (ہ) فعل ① درست کرنا ② مرمت کرنا ③ ٹھیرانا ④ پختہ کرنا۔

**ٹھیک ٹھیک** (ہ) صفت ① ٹھیک کی تاکیدی صورت ہے ② بالکل درست ② صحیح صحیح ③ سچ سچ ④ قریب قریب ⑤ تقریباً۔

**ٹھیکا/ٹھیکہ** (ہ) اسم مذکر ① سہارا ② آرام ③ اجارہ ④ قرارداد ⑤ کرایہ ⑥ پٹا ⑦ اجرت ⑧ بیٹھک ⑨ مقر۔

**ٹھیکا بجانا** (ہ) فعل۔ گویے کے ساتھ اس کی آواز کو سہارا دلانے کیلئے خاص طریق سے طبلہ یا ڈھولک بجانا۔

**ٹھیکا بھینٹ** (ہ) اسم مونث۔ نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے۔

**ٹھیکا پٹا** (ہ) اسم مذکر ① دستاویز ② اجارہ۔

**ٹھیکا دینا** (ہ) فعل۔ کسی چیز یا گاؤں کا اجارہ پر دینا۔

**ٹھیکرا** (ہ) اسم مذکر ① مٹی کے برتن کا ٹکڑا ② ڈھوبرا ③ کڑیل ④ پرانے مسی برتن کو حقارتاً بولتے ہیں ⑤ تحقیراً مکان یا جائیداد کبھی انکساراً بھی ⑥ اوزار ⑦ وسیلہ۔

**ٹھیکرا پھوڑنا** (ہ) فعل ① تہمت لگانا ② الزام دینا ③ بہتان تھوپنا۔

**ٹھیکری** (ہ) اسم مونث ① ٹھیکرا کی تصغیر ② مٹی کا توا۔

**ٹھیکری ہونا** (ہ) فعل ① (غور) کثرت سے صرف ہونا ② بیقدری سے خرچ ہونا۔

**ٹھیکی** (ہ) اسم مونث ① سہارا ② بوجھ اتار کر آرام لینا ③ ٹھیرنا ④ غلہ کی بوری۔

**ٹھیکی لگانا/لینا** (ہ) فعل ① بوجھ اتار کر دم لینا ② سہارا لینا ③ بوروں میں اناج بھر کر اوپر تلے لگانا ④ انبار لگانا۔

**ٹھیکے دار** (ہ) اسم مذکر ① فاعل سماعی ② ٹھیکہ لینے والا ③ اجارہ دار ④ لائسنس دار۔

**ٹھیلا** (ہ) اسم مذکر ① دھکا ② ریلا ③ ہاتھ سے دھکیلنے کی ایک قسم کی گاڑی ④ اگر بیلوں کے ذریعہ چلتا ہو تو اسے بیل ٹھیلا بولتے ہیں۔

**ٹھیلنا** (ہ) فعل ① دھکیلنا ② ٹھوکا دینا ③ کہنی مارنا۔

**ٹھینٹھی** (ہ) اسم مونث ① کان کے میل کی گولی ② کان کا جما ہوا میل۔

**ٹھینگا** (ہ) اسم مذکر ① انگوٹھا ② ٹھوسا ③ لاٹھی ④ سونٹا ⑤ ختکہ ⑥ عضو تناسل ⑦ ذکر۔

**ٹھینگا باجنا** (ہ) فعل ① رسوائی ہونا ② ہنسی اڑنا ③ لڑائی فساد ہونا۔

**ٹھینگا دکھانا** (ہ) ① انگوٹھا دکھانا ② ٹھوسا دکھانا ③ چڑانا ④ چھیڑنا ⑤ خاطر میں نہ لانا ⑥ انکار کرنا۔

**ٹھینگے سے** (ہ) تابع فعل ① بلا سے ② بیزار ③ کچھ پرواہ نہیں۔

## ٹ ← ع

## ٹ ← ی

**ٹیاں** (ہ) اسم صفت ① ننھا سا ② چھوٹا سا ③ پستہ قد ④ باونا ⑤ ٹھگنا ⑥ (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا چھوٹا سا طوطا ⑦ کبیری کی ضد۔

**ٹیبا/ٹبا** (ہ) اسم مذکر ① ٹیلا ② پہاڑی۔

**ٹیپ** (ہ) اسم مونث ① دباؤ ② داب ③ اونچا سر ④ اونچی لے ⑤ یادداشت کے طور پر کچھ لکھ لینا ⑥ مسدس کی تیسری بیت اور مثلث و مخمس کی آخری بیت ⑦ بند ⑧ گرہ ⑨ فوج کا دستہ۔

**ٹیپ ٹاپ** (ہ) اسم مونث ① بھڑک ② آرائش وزیبائش ③ ظاہری

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140771218

www.besturdubooks.net

بناوٹ ❹ تکلف ❺ خودنمائی ❻ خودآرائی۔
**ٹی پارٹی** (ای) اسم مونث ❶ چائے وغیرہ کا جلسہ ❷ تفریحی جلسہ۔
**ٹیپنا** (ہ) فعل ❶ دبانا ❷ بھینچنا ❸ لکھ لینا ❹ ٹانک لینا ❺ درج یادداشت کرلینا ❻ (گنجفہ) دو پتوں سے ایک پتا جیتنا۔
**ٹیٹک منجھا** (ہ) اسم مذکر ❶ جھمیلا ❷ الجھاوا ❸ دقت ❹ دشواری ❺ کشمکش۔
**ٹیر** (ہ) اسم مونث ❶ آواز ❷ ہانک ❸ پکار۔
**ٹیر کرنا** (ہ) فعل ❶ گزارنا ❷ بسر کرنا ❸ کاٹنا ❹ بھگتنا جیسے عمر ٹیر کرنا۔
**ٹیرا** (ہ) اسم صفت ❶ کج چشم ❷ وہ آدمی جس کی نظر ٹیڑھی ہو ❸ آنکھوں کی پتلیوں کو چڑھا کر دیکھنے والا۔
**ٹیرنا** (ہ) فعل ❶ پکارنا ❷ بلانا ❸ آواز دینا ❹ گزارنا ❺ دن کاٹنا ❻ بسر اوقات کرنا۔
**ٹیروا** (ہ) اسم مذکر ❶ آب نے ❷ فوارہ ❸ حقہ یا کلی کی وہ نلی جس پر چلم رکھتے ہیں۔
**ٹیڑھ** (ہ) اسم مونث ❶ کجی ❷ خمیدگی ❸ اکڑ مروڑ ❹ شرارت ❺ سرکشی ❻ جلالت۔
**ٹیڑھ دینا** (ہ) فعل ❶ جھکنا ❷ لیٹنا ❸ حقارتاً سوجانا۔
**ٹیڑھ کی لینا/ ٹیڑھ کی چلنا** (ہ) فعل ❶ شرارت کرنا ❷ سرکشی کرنا ❸ اکڑنا ❹ اینٹھنا ❺ بل لانا ❻ فیل لانا ❼ مکر کرنا۔
**ٹیڑھا** (ہ) اسم صفت ❶ خمیدہ ❷ کج ❸ ترچھا ❹ بانکا ❺ جھکا ہوا ❻ سخت ❼ منحرف ❽ پڑا ہوا ❾ برگشتہ۔
**ٹیڑھا بانکا** (ہ) اسم صفت ❶ چھیلا چھیل ❷ چھبیلا ❸ طرح دار ❹ خوبصورت ❺ وضعدار ❻ سپاہی وضع کا آدمی ❼ بہادر۔
**ٹیڑھا پن/ ٹیڑھ پنا** (ہ) اسم مذکر ❶ کجی ❷ خمیدگی ❸ مخالفت ❹ شرارت۔
**ٹیڑھا ہونا** (ہ) فعل ❶ کج ہونا ❷ خمیدہ ہونا ❸ بگڑنا ❹ خفا ہونا ❺ اکڑنا ❻ اینٹھنا۔
**ٹیڑھی** (ہ) اسم صفت مونث ❶ خمیدہ ❷ بانکی ❸ ترچھی ❹ اکڑ ❺ کج ❻ واژرن۔
**ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا** (ہ) فعل ❶ ترچھی نظر سے دیکھنا ❷ دشمنی کی نظر سے دیکھنا ❸ نظر بد سے دیکھنا ❹ بگڑ کر دیکھنا ❺ خفا ہو کر دیکھنا۔

**ٹیڑھی سنانا** (ا) فعل ❶ الٹا جواب دینا ❷ برا بھلا سنانا ❸ اونگی بونگی بولنا۔
**ٹیڑھی کھیر** (ا) اسم مونث ❶ مشکل کام ❷ دشوار امر۔
**ٹیڑھے کو گھن بھی نہیں لگتا** (ہ) مثل ❶ برے کو کوئی دکھ نہیں ہوتا ❷ برا آدمی دنیا میں تکلیف کم دیکھتا ہے۔
**ٹیڑی** (ہ) اسم مونث ❶ ٹڈی ❷ ملخ۔
**ٹیس** (ہ) اسم مونث ❶ درد ❷ چیک ❸ ہول ❹ ہوک ❺ کتاب کی جزوبندی ❻ شیراز۔
**ٹیسیں اٹھنا/ مارنا** (ہ) فعل ❶ بار بار درد اٹھنا ❷ چیک مارنا ❸ پھوڑے میں ہولیں اٹھنا۔
**ٹیسو** (ہ) اسم مذکر ❶ ڈھاک کا پھول ❷ پلاس کا پھول جس سے ایک قسم کا زرد رنگ نکلتا ہے ❸ بچوں کے ایک کھیل جس میں لڑکے دسہرہ کے ایام میں ایک صورت سر بنا کر راتوں کو لئے اور گاتے پھرتے ہیں اور دسہرہ کے روز اس کو پھوڑ ڈالتے ہیں ❹ ٹیسو راجہ کا گیت۔
**ٹیک** (ہ) اسم مونث ❶ اڑواڑ ❷ تھونی ❸ سھم ❹ کھمبا ❺ تھم ❻ پشتی ❼ سہارا (پورب) مستقل ارادہ ❽ پکا ارادہ ❾ عزت آبرو۔
**ٹیکا** (ہ) اسم مذکر ❶ تاک تشقہ سندھور یا صندل وغیرہ کا نشان پیشانی پر ❷ ایک زیور کا نام جو ماتھے پر عورتیں پہنتی ہیں ❸ ولی عہد ❹ کنور ❺ تاج اور گدی کا وارث ❻ سگائی یا بیاہ کے موقع کی ایک ہندوانہ رسم ❼ بچوں کے بازو پر چیچک کی احتیاط کیلئے لاگ لگا کر تشند سے گودا ہوا زخم۔
**ٹیکا بھیجنا** (ہ) فعل ❶ نشان بھیجنا ❷ نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا ❸ سگائی کرنا۔
**ٹیکن** (ہ) اسم مونث ❶ سہارا ❷ اڑواڑ ❸ تھونی ❹ مدد ❺ تکیہ گاہ ❻ ٹیک۔
**ٹیکنا** (ہ) فعل ❶ رکھنا ❷ ٹکانا ❸ سہارا لینا ❹ داؤ پر لگانا۔
**ٹیلے کا** (ہ) اسم صفت ❶ مخصوص ❷ انوکھا ❸ نرالا ❹ خاص صفات والا ❺ ولی عہد کا حق رکھنے والا۔
**ٹیلا** (ہ) اسم مذکر ❶ تودہ ❷ ٹیبا ❸ پہاڑی ❹ اونچی زمین ❺ مٹی پتھر وغیرہ کا انبار۔
**ٹیلیفون** (ای) اسم مذکر۔ برقی مشین جس سے دور بیٹھے باتیں کرلیتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ٹیلی گراف (ای) مذکر۔تار برقی کے ذریعے خبر رسانی کا تار۔
ٹیلی گرام (ای) وہ چیز جو تار برقی کے ذریعہ آئی یا گئی ہو۔
ٹیم (ای) ٹائم کا بگاڑ ہے ❶ وقت ❷ ساعت۔
ٹیم (ہ) اسم مونث ❶ بتی کا گل ❷ چراغ کی بتی کا اگلا حصہ جو جل کر سیاہ ہو جائے۔
ٹیم (ای) ہاکی۔فٹ بال وغیرہ کھیلوں کی جماعت۔
ٹیمی/ عاصم (ہ) اسم مونث ❶ نمود و نمائش ❷ دکھاوا۔
ٹیم ٹام (ہ) اسم ❶ نمود و نمائش ❷ دکھاوٴ۔
ٹیمی (ہ) اسم مونث۔چنگاری۔
ٹین (ای) ❶ ایک سفید نرم دھات کا نام ہے ❷ لوہے کی قلعی کی ہوئی نہایت پتلی چادر۔
ٹین (ہ) اسم مونث ❶ صوت ❷ طوطے کی آواز کی نقل کرنا ❸ وہ آواز جو طوطا بلی سے دب کر دفعتہً مرتے وقت منہ سے نکالتا ہے۔
ٹیں ٹیں (ا) اسم مونث صوت ❶ طوطے کی متواتر آواز ❷ بکواس ❸ مہمل بات۔
ٹیں ٹیں کرنا (ہ) فعل ❶ طوطے کی طرح بولنا ❷ چیں چیں کرنا ❸ بڑبڑانا۔
ٹیں ہونا (ہ) فعل ❶ تحقیراً طوطے کی طرح مرنا ❷ یک دم مرجانا۔
ٹینٹ (ہ) اسم مذکر ❶ کریل کا پھل ❷ آنکھ کا وہ ابھرا ہوا دانہ جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے ❸ کپاس کا ڈوڈا ❹ روئی کا پھل ❺ ڈھنیڈہ۔
ٹینٹوا (ہ) اسم مذکر ❶ گلا ❷ حلق ❸ نرخرا ❹ تالے ❺ کلو ❻ گھینٹی۔
ٹینٹوا دبانا (ہ) فعل ❶ گلا گھونٹنا ❷ گردن دبانا ❸ عاجز کردینا ❹ تقاضا کرنا۔
ٹینی (ہ) اسم مذکر ❶ بد اصل مرغیوں کی نسل ❷ دوغلی مرغیاں ❸ (بحالت صفت) پستہ قد ❹ بونا ❺ ٹھگنا۔
ٹیو (ہ) اسم مونث ❶ عادت ❷ لت ❸ علت ❹ چسکا ❺ دھت۔
ٹیوا (ہ) اسم مذکر ❶ (ہندو) جنم پتری ❷ زائچہ ❸ عادت ❹ چسکا ❺ مزہ۔
ٹیوکی (ہ) اسم مونث۔(گنوار) چھپر کی تھونی۔
ٹیہلا (ہ) اسم مذکر ❶ بیاہ کی ہر ایک رسم، تیج تہوار ❷ تقریب ❸ نیگ انعام ❹ شادی۔
ٹیہلا پھیلانا (ہ) فعل۔شادی رچانا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ث

فارسی کا پانچواں عربی کا چوتھا، اردو کا چھٹا حرف ہے۔

ث (ء) اسم مونث ❶ فارسی کا پانچواں عربی کا چوتھا ❷ اردو کا چھٹا حرف ہے ❸ اس کو ثائے مثلث کہتے ہیں ❹ ابجد میں اس کے عدد پانسو (۵۰۰) ہیں۔

## ث ← ا

ثابت (ء) اسم فاعل مفید صفت ❶ پورا کامل ❷ سارا ❸ ڈھیٹ ❹ قایم ❺ مستقل برقرار ❻ مضبوط ❼ مستحکم ❽ مستند ❾ مصدقہ۔

ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (ا) مثل۔ درست اور نیک آدمی کو ہر جگہ ٹھکانا مل سکتا ہے۔

ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (ا) مثل ❶ کان ندارد آرائش کا خیال ❷ کام کی لیاقت نہیں سامان کی شکایت نہیں۔

ثابت ہو جانا (ا) فعل ❶ تحقیق ہو جانا ❷ پایہ صداقت کو پہنچ جانا ❸ پورا ہو جانا ❹ ٹوٹی ہوئی چیز کا جڑ وانا۔

ثاقب (ء) اسم فاعل مفید صفت ❶ روشن ❷ تاباں ❸ درخشاں ❹ فروزاں ❺ چمکدار۔

ثالث (ء) صفت عددی ❶ تیسرا ❷ تیسرا آدمی ❸ بچولیا ❹ پنچ۔

ثالث بالخیر (ء) اسم مذکر۔ وہ پنچ جو کسی کی رو رعایت نہ کرے۔

ثالث نامہ (عف) اسم مذکر بہ قلب اضافت۔ پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ۔

ثالثی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ پنچایت ❷ صلح۔

ثامن (ء) صفت عددی ❶ آٹھواں ❷ ہشتم۔

ثانی (ء) صفت عددی ❶ دوسرا ❷ دوم ❸ دوجا ❹ (اسم مذکر) نظیر ❺ مانند ❻ عدیل ❼ (فاعل مذکر) ہلانے والا ❽ جنبش دینے والا ❾ حرکت دینے والا۔

ثانی الحال (ء) تابع فعل ❶ بعد ازاں ❷ پھر اس کے بعد ❸ من بعد۔

ثانیہ (ء) اسم مذکر ❶ پل ❷ سیکنڈ ❸ دقیقہ ❹ منٹ کا ساٹھواں حصہ ❺ لحظہ۔

## ث ← ب

ثبات (ء) اسم مذکر ❶ قرار ❷ پائیداری ❸ استقلال ❹ مضبوطی ❺ استحکام۔

ثبات رائے (ء) اسم مذکر ❶ رائے کی مضبوطی ❷ استقلال رائے۔

ثبت (ء) اسم مذکر ❶ تحریر ❷ رقم کرنا ❸ نوشت ❹ مہر ❺ نقش ❻ ٹھپہ۔

ثبت کرنا (ا) فعل ❶ دستخط کرنا ❷ درج کرنا ❸ لکھنا ❹ مہر کرنا۔

ثبوت (ء) اسم مذکر ❶ اپنی جگہ پر قیام کرنا ❷ استحکام ❸ مضبوطی ❹ قیام ❺ دلیل ❻ تحقیق ❼ راستی ❽ ثابت ہو جانا ❾ گواہی سے کسی بات کی تصدیق ہونا۔


www.besturdubooks.net
Join us on whatsapp Naveed BaiG 03124907218

## ث ← ر

ثروت (ع) اسم مونث ❶ مال کی کثرت ❷ دولت ❸ امیری ❹ شان وشوکت ❺ اختیار ❻ حکومت۔

ثری (ع) اسم مذکر ❶ لغت میں نمدار مٹی ❷ اصطلاح میں زمین کے نیچے کی مٹی کو کہتے ہیں ❸ نمناک خاک۔

ثُریا (ع) اسم مذکر ❶ پروین ❷ وہ سات ستارے جو اکٹھے نظر آتے ہیں ❸ سات سہیلیوں کا جھمکا۔

ثُریا جاہ (ع) اسم صفت ❶ بلند رتبہ ❷ عالی رتبہ۔

## ث ← ع

ثعالب (ع۔ا) مذکر ❶ ثعلب کی جمع ❷ لومڑیاں۔

ثعبان (ع۔ا) مذکر ❶ اژدہا ❷ بڑا سانپ۔

ثعلب مصری (ع) اسم مونث۔ ایک پودے کی جڑ جو لومڑی کے خصیوں کے مانند ہوتی ہے طبیب لوگ اسے مغلظ ومنی لکھتے ہیں۔

## ث ← غ

ثغر (ع۔ا) مذکر ❶ سرحد ❷ حد۔ کنارہ ❸ اگلے دانت۔

ثغور (ع۔ا) ❶ ثغر کی جمع ❷ سرحدیں ❸ حدیں ❹ کنارے۔

## ث ← ف

ثفل (ع۔ا) مذکر ❶ پھوک ❷ کھوکھس ❸ چبائی ہوئی ہڈی وغیرہ۔

ثفل دان (ع۔ا) مذکر۔ پھوک رکھنے کا برتن جو اکثر کھانے میں دستر خوان پر رکھا جاتا ہے۔

## ث ← ق

ثقات (ع۔ا) مونث ❶ ثقہ کی جمع ❷ معتبر لوگ۔

ثقافت (ع۔ا) مونث ❶ تہذیب ❷ طرز تمدن ❸ کلچر۔

ثقالت (ع) اسم مونث ❶ بھاری پن ❷ گرانی ❸ بوجھ ❹ سختی جو بدہضمی سے ہو۔

ثقل (ع) اسم مذکر ❶ بوجھ ❷ وزن ❸ گرانی ❹ سختی۔

ثقہ (ع) اسم مذکر ❶ معتبر آدمی ❷ وہ شخص جس کے قول وفعل کا اعتبار ہو۔

ثقاہت (ع۔ا) مونث ❶ قابلِ اعتبار ہونا ❷ متانت ❸ سنجیدگی۔

ثقیل (ع) اسم صفت ❶ مثبہ ❷ بھاری ❸ گراں ❹ وزنی ❺ بوجھل ❻ دیرہضم ❼ ناقابل ہضم۔

## ث ← ل

ثلاثہ (ع۔ا) صفت۔ تین۔

ثلاثی (ع۔ا) صفت ❶ سہ حرفی کلمہ ❷ تین حرفوں کا مجموعہ۔

ثلث (ع) اسم مذکر ❶ ایک تہائی ❷ یکسرا حصہ۔

## ث ← م

ثُم (ع) حرف عطف ❶ بعد ❷ پیچھے ❸ پھر ❹ تب۔

ثَم (ع) متعلق فعل ❶ وہاں ❷ اس جگہ۔

ثمار (ع۔ا) مذکر ❶ ثمر کی جمع ❷ پھل۔

ثمر (ع) اسم مذکر ❶ پھل ❷ میوہ ❸ پیداوار ❹ فائدہ ❺ نتیجہ ❻ نفع ❼ باردرخت ❽ اولاد ❾ مال ودولت۔

ثمردار/ثمرور (ع۔ا) صفت ❶ پھل دار ❷ بارور ❸ پھل والا۔

ثمرات (ع۔ا) مذکر ❶ حاصل ❷ فائدہ ❸ بدلہ ❹ معاوضہ ❺ نتیجہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

⑥ انجام۔

**ثَمرہ** (ء) اسم مذکر ① بدلہ ② معاوضہ ③ عوض ④ انجام۔

**ثُمن** (ء) اسم عدد۔ عدد کسری۔ آٹھواں حصہ۔

**ثَمن** (ء) اسم مذکر ① قیمت ② مول ③ اجرت ④ طلب نامہ ⑤ حکم نامہ ⑥ بُلاوا عدالتی ⑦ آخری معنوں میں یہ لفظ غلط العام ہوگیا ہے اصلی لفظ سمّن انگریزی ہے، جو رواج میں پڑ گیا سو پڑ گیا۔

**ثمانیہ** (ء) اسم مذکر۔ عدد۔ آٹھ۔ ہشت۔ ۸ ستہ ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں سات معلوم متناسب عددوں سے آٹھواں نامعلوم عدد دریافت کرلیتے ہیں۔

**ثمین** (ع۔ا) صفت ① قیمتی ② ہشت پہلو۔

## ث ← ن

**ثنا** (ء) اسم مونث ① تعریف ② توصیف ③ حمد و نعت ④ ستائش ⑤ مدح۔

**ثناء خوان/گر/گستر/گو** (ع۔ف) اسم مذکر ① ساعی ② مداح ③ تعریف کرنے والا۔

**ثناء خوانی/گری/گستری/گوئی** (ع۔ف) مذکر ① ثنا کرنا ② مدح کرنا ③ تعریف کرنا۔

**ثنویت** (ع۔ا) مونث ① دوئی۔ دوہونا ② دہراپن ③ دو خدا ہونے کا عقیدہ۔

**ثنیّہ** (ع۔ا) مونث ① جوان گائے یا بیل ② آگے کے دانت ③ گاٹی۔

## ث ← و

**ثواب** (ء) اسم مذکر ① اچھا بدلہ ② نیک کام کی جزا ③ عوض ④ بدلہ ⑤ عذاب کی ضد ⑥ اردو میں بھلائی اور نیکی کے معنوں میں مستعمل ہے۔

**ثواب کمانا** (ا) فعل ① نیکی کمانا ② نیکی حاصل کرنا ③ بھلائی کا کام کرنا۔

**ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مفت میں** (ا) فعل۔ تضیع اوقات اور عمل بے سود کی مثال ہے۔

**ثواقب** (ع۔ا) صفت ① ثاقب کی جمع ② روشن ③ چمکتے ہوئے۔

**ثوب** (ع۔ا) مذکر ① کپڑا ② لباس ③ پوشاک۔

**ثوابت** (ء) اسم مذکر ① ثابت کی جمع ② غیر متحرک ستارے ③ ایک جگہ قائم ستارے۔

**ثور** (ء) اسم مذکر ① بیل ② نرگاؤ ③ آسمان کا دوسرا برج جو بیل کی شکل کا ہے برکھ۔

## ث ← ی

**ثیاب** (ع۔ا) مذکر ① ثوب کی جمع ② لباس ③ پوشاک ④ پہننے کے کپڑے۔

**ثیب** (ع۔ا) صفت۔ وہ مرد یا عورت جو کنوارے نہ ہوں۔

**ثیبہ** (ء) اسم مونث ① بیاہی عورت ② شادی شدہ عورت ③ زن شوہر دیدہ ④ باکرہ کی ضد۔

**ثیوبت** (ع۔ا) مونث۔ رنڈاپا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ج

فارسی کا چھٹا، عربی کا پانچواں اور اردو کا ساتواں، ہندی سنسکرت کا آٹھواں حرف ہے۔

ج (ء) اسم مونث ❶ فارسی کا چھٹا ❷ عربی کا پانچواں اور اردو کا ساتواں ❸ ہندی سنسکرت کا آٹھواں حرف ہے ❹ جمل میں اس کے تین عدد فرض کیے گئے ہیں۔

## ج ← ا

جا (ف) اسم مونث ❶ جگہ ❷ مقام ❸ ٹھاؤں ❹ ٹھکانا ❺ موقع ❻ (اردو میں) آ کی ضد ہے ❼ چل دے ❽ ہٹ جا ❾ چلا جا۔

جا بجا (ف) تابع فعل ❶ ہر جگہ ❷ ہر موقع پر ❸ ہر مقام پر۔

جا بیجا (ف) اسم صفت ❶ موقع بے موقع ❷ غلط صحیح ❸ بھلا برا ❹ مناسب نامناسب۔

جا ضرور/ جائے ضرور (ف) اسم مذکر ❶ بیت الخلاء ❷ پاخانہ کا مکان ❸ ٹٹی۔

جانشین (ف) اسم مذکر ❶ ولی عہد ❷ قائم مقام ❸ نائب سلطان۔

جانماز (ف) اسم مونث۔ نماز پڑھنے کا فرش مصلیٰ۔

جابر (ء) اسم مذکر ❶ جبر کرنیوالا ❷ ظالم ❸ ٹوٹی چیز کو جوڑنے والا ❹ بے انصاف ❺ خودسر ❻ خود مختار ❼ شخصی حکومت کا بادشاہ ❽ نقصان دینے والا۔

جاپ (ہ) اسم مذکر ❶ (گنوار) مویشی کے منہ کا چھینکا ❷ ایک قسم کی گورنس ❸ جپنا سے حاصل مصدر بھی ہے ❹ پاٹھ ❺ جپ ❻ وظیفہ ❼ ورد۔

جاپا (ہ) اسم مذکر ❶ جنا ❷ زچگی ❸ زچہ پن ❹ زائیدگی ❺ زائیدہ ❻ جنا ہوا ❼ بیٹا ❽ بیٹی ❾ اولاد۔

جات (ہ) اسم مونث ❶ جاپا ❷ اولاد ❸ بچہ ❹ بالک ❺ طفل ❻ نسل ❼ بنس ❽ بیل ❾ آل۔

جات برادری (ا) اسم مونث ❶ ہندو جات پانت ❷ قوم ❸ خاندان ❹ بنس ❺ نسل ❻ گوت۔

جات پات/ جات پانت (ہ) اسم مونث ❶ قوم ❷ خاندان ❸ نسل۔

جات دینا (ہ) فعل ❶ نذر دینا ❷ دیوی دیوتا کی بھینٹ چڑھانا ❸ ماننا ادا کرنا۔

جات سبھاؤ (ہ) اسم مذکر ❶ قومی اثر ❷ قومی عادت ❸ خاندانی سیرت۔

جاتا رہنا (ہ) فعل ❶ گم ہو جانا ❷ غائب ہو جانا ❸ خراب ہو جانا ❹ نقل جانا ❺ اسقاط ہونا ❻ بالکل دور ہو جانا۔

جاترا (ہ) اسم مونث ❶ تیرتھ کو جانا ❷ سفر ❸ کوچ ❹ تیوہار ❺ عید ❻ زیارت ❼ تیرتھ ❽ دیوتا کی مورتی کو رتھ میں سواری کے طور پر لے جانا۔

جاتری (ہ) اسم مذکر ❶ جاترا کو جانے والا ❷ زیارت کرنے والا ❸ زائر مسافر۔

جاتک (ہ) اسم مذکر ❶ گنوار ❷ بچہ ❸ طفل ❹ اولاد ❺ نسل ❻



Join us on whatsapp Naveed Baig 03140771218
www.besturdubooks.net

بیٹا ⑦ بیٹی۔

**جاتی دنیا دیکھنا** (ہ) فعل۔ دنیا کو فانی یا موت کو سامنے خیال کر کے کسی کام کو ضروری سمجھنا۔

**جاٹ** (ہ) اسم مذکر۔ ایک زراعت پیشہ قوم کا نام ہے۔

**جاجم** (ت) اسم مونث ① چھپا ہوا فرش ② بیل بوٹے دار بنا ہوا فرش کا کپڑا، اسے جازم بھی بولتے ہیں۔

**جاچک** (ہ) اسم مذکر ① امتحان لینے والا ② ممتحن ③ جانچ کرنے والا ④ منگتا ⑤ مانگنے والا۔

**جاچکی** (ہ) اسم مذکر ① جھانجھ بجانے والا ② وہ لوگ جو بوڑھے کی میت پر برات وغیرہ میں طبلہ سارنگی لے کر گاتے بجاتے چلتے ہیں۔

**جادلی کے اور وہی ہتھا وہی کھوڑ** (ہ) مثل۔ خواہ کہیں چلے جاؤ قسمت اور جسم تو وہی رہے گا جو ہے۔

**جادو** (ہ) اسم مذکر ① ٹونا ② سحر ③ افسوں ④ منترہ۔

**جادو برحق کرنے والا کافر** (ا) مثل۔ جادو کا اثر ضرور ہے مگر کرنے والا بے ایمان اور کافر ہوتا ہے۔

**جادو جگانا** (ہ) فعل ① جادو کے اثر کو آزما کر دیکھنا ② کرنے سے پہلے جادو کی آزمائش کر لینا۔

**جادو چلانا/ جادو ڈالنا** (ہ) فعل ① سحر کرنا ② افسوں پڑھنا ③ ٹوٹکا کرنا۔

**جادو چلنا** (ہ) فعل ① ٹونے کا موثر ہونا ② سحر کا کارگر ہونا۔

**جادو کا پتلا** (ہ) اسم مذکر ① آٹے سے بنی ہوئی انسان یا حیوان کی وہ مورت جس پر جادوگر جادو کا عمل کرتے ہیں ② جادوگر ③ دل عاشق کو نگاہ سے مسخر کرنے والا ④ معشوق۔

**جادوگر** (ف) اسم مذکر ① جادو کرنے والا ② سحر ③ سیانا۔

**جادوگرنی** (ا) اسم مونث ① جادوگر کی مونث ② جادو کرنے والی عورت ③ ساحرہ۔

**جادوگری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ساحری ② سحرکاری۔

**جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے** (ا) مثل ① تدبیر وہی جو کارگر ہو جائے ② تحقیقات وہی جس میں مجرم خود اپنی زبان سے اقبال جرم کرے۔

**جادوبنسی** (ہ) اسم مذکر۔ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے۔ جو چندر بنسی کی ایک شاخ ہے۔ سری کرشن جی اسی شاخ میں سے تھے۔

**جادہ** (ء) اسم مذکر ① بیٹا ② لیک ③ لکیر ④ وہ پتلا رستہ جو لوگوں کی آمد و رفت سے جنگل میں پڑ جاتا ہے ④ ڈگری ⑤ ڈگر۔

**جادھمکنا** (ہ) فعل ① جا پہنچنا ② جا موجود ہونا ③ زبردستی جا پہنچانا۔

**جاذب** (ء) اسم مذکر ① جذب ② چوسنے والا ③ کھینچ لینے والا ④ سوکھنے والا ⑤ سیاہی چٹ ⑥ ٹنگ پیپر ⑦ کاغذ سوختہ۔

**جاذبہ** (ء) اسم مونث ① اعضائے بدنی کی وہ قوت جو اپنی مناسب و موافق مادے کو کھینچتی رہتی ہے ② چوسنے والی ③ سوکھنے والی ④ کھینچنے والی۔

**جار** (ء) اسم مذکر ① ہمسایہ ② پڑوسی ③ جر دینے والا ④ زیر یا کسرہ دینے والا ⑤ کھینچ کر لا ملانے والا۔

**جار** (ہ) اسم مذکر ① آشنا ② یار ③ عاشق۔

**جارنی** (ہ) اسم مونث ① آشنا عورت ② زانیہ ③ یارانہ والی عورت ④ حرامکاری۔

**جاروب** (ف) اسم مونث ① جھاڑو ② سونی ③ بہاری۔

**جاروب کش** (ف) اسم مذکر ① جھاڑو دینے والا ② خاکروب۔

**جاری** (ء) اسم فاعل ① بہتا ہوا ② چلنے والا ③ نافذ۔

**جاری** (ہ) اسم مونث ① حرامکاری ② فسق و فجور ③ جوا۔

**جاریہ** (ء) اسم مونث ① لونڈی ② باندی ③ کنیز ④ خادمہ ⑤ گھر کے کاروبار میں پھرنے والی عورت۔

**جاڑ** (ہ) اسم مونث ① ڈاڑھ ② (اسم مذکر۔ گنوار) کچی کنوئیوں کے بیچ میں درختوں کی ٹہنیوں کا چک جو پانی کی چھال سے کنوئی کی دیواروں کو بچاتا ہے۔

**جاڑا** (ہ) اسم مذکر ① سردی ② سردی کا موسم ③ زمستان ④ شتا ⑤ سردی ⑥ خنکی۔

**جاڑا بھیڑ ابری بلا ہے** (ہ) مثل۔ سردی بڑی آفت ہے۔

**جاڑا پڑنا** (ہ) فعل ① سردی ہونا ② سردی کا روز ہونا ③ سردی کا چمکنا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140507218

www.besturdubooks.net

جاڑا چڑھنا (ہ) فعل ① سردی لگنا ② تپ لرزہ کا اثر ہونا ③ کپکپی ہونا۔
جاسوس (ء) اسم مذکر ① خفیہ نویس ② مخبر ③ بھیدی ④ دوت ⑤ گوئندہ ⑥ شہر خبرا ⑦ ایک ملک کی خبریں دوسرے ملک میں لے جانے والا۔
جاسوسی (ا) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① مخبری ② خفیہ نویسی۔
جاکٹ (ہ) اسم مونث ① کمری ② واسکٹ ③ نیم آستین کرتی۔
جاکڑ (ہ) اسم مذکر ① بندھک ② دھروڑ ③ پسند کے اقرار پر کسی چیز کا خریدنا۔
جاکڑ بہی (ہ) اسم مونث ① وہ بہی جس میں شرطی بکری کی یاداشت لکھی جائے ② روکڑ کی ضد۔
جاگ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر جاگنا سے ① یگ ② بیداری ③ بے خوابی ④ ہوشیاری ⑤ جیسے جاگ ہوجانے پر چور بھاگ گئے ⑥ رت جگا ⑦ شب بیداری ⑧ ہون۔
جاگ اٹھنا/ جاگ پڑنا (ہ) فعل ① بیدار ہوجانا ② چونک اٹھنا ③ سوئے سے اٹھ بیٹھنا ④ ہوشیار ہوجانا۔
جاگتی جوت (ہ) اسم مونث ① ظاہر کرامات ② صاف اور نمایاں معجزہ۔
جاگتے کی کٹیا اور سوتے کا کٹڑا (ہ) مثل۔ ہوشیار شخص فائدہ اٹھاتا ہے اور غافل نقصان۔
جاگرن (ہ) اسم مونث ① شب بیداری ② رت جگا۔
جاگنا (ہ) فعل ① بیدار ہونا ② نیند سے اٹھنا ③ ہوشیار ہونا ④ چوکنا ہونا ⑤ متنبہ ہونا۔
جاگے گا سو پائے گا۔ سوئے گا سو کھوئے گا (ہ) مثل۔ ہوشیاری سے کامیابی اور غفلت سے نقصان ہوگا۔
جاگر (ہ) اسم صفت ① جاگنے والا ② شب بیدار ③ ہوشیار ④ چوکنا۔
جاگیر (ا) اسم مونث ① وہ قطعہ زمین جو سرکار کی طرف سے انعام میں ملے ② پرگنہ ③ معافی ④ تعلقہ۔
جاگیردار (ف) اسم مذکر ① مالک ② جاگیر ③ تعلقہ دار۔

جال (ہ۔ف) اسم مذکر ① پھندا ② دام ③ فریب ④ مکر ⑤ دھوکا ⑥ جادو ⑦ طلسم ⑧ پرتلہ ⑨ پٹکا۔



(جال)

جال پھیلانا/ جال بچھانا/ جال لگانا (ہ) فعل ① دام گستروں کا ترجمہ ② مکروفریب کا ڈھنگ ڈالنا ③ دھوکا کرنا ④ فریب بازی کرنا۔
جال ڈالنا (ہ) فعل ① دریا میں جال پھینکنا ② فریب کرنا۔
جال کرچ (ہ) اسم مونث۔ پیٹی اور تلوار معہ پرتلہ۔
جال میں پھنسانا (ہ) فعل کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا۔
جالا (ہ) اسم مذکر ① وہ سفید اور کاغذی جھلی جو مکڑی اپنے منہ کے لعاب سے انڈوں کے اوپر لگا دیتی ہے ② وہ چند تار جو عنکبوت تنتی ہے ③ آنکھ میں پیدا شدہ سفید جھلی ④ پھولا ⑤ بھوسہ باندھنے اور لے جانے کا سن کا بنا ہوا خانہ دار یاران ⑥ جالی، جس میں گھسیارے گھانس باندھتے ہیں۔
جالی (ہ) اسم مونث ① خانہ دار کپڑا یا کوئی اور چیز ② چھید دار ③ مشبک چیز ④ حلقہ دار ⑤ شے ⑥ کشیدہ ⑦ کڑھا ہوا کپڑا جس میں بہت سے خانے ہوں ⑧ بان یا سن کا وہ کپڑا جس میں گھسیارے گھانس باندھتے ہوں۔
جالی کاڑھنا/ نکالنا (ہ) فعل ① کشیدہ نکالنا ② جالی کا کام کرنا ③ کپڑے پر کچھ دستکاری کرنا۔
جالی لوٹ (ہ) اسم مونث۔ ایک باریک جالی دار انگریزی کپڑا۔
جالیا (ا) اسم مذکر فاعل سماعی ① جعل ساز ② فریبی ③ مکار۔
جالینا (ہ) فعل ① پکڑ لینا ② قابو کر لینا ③ جا پکڑنا ④ تھام لینا۔
جام (ف) اسم مذکر ① پیالہ ② کٹورا ③ قدح ④ ساغر ⑤ گلاس ⑥ شراب پینے کا برتن ⑦ علاقہ خراساں کے ایک شہر کا نام ہے جہاں کے ملا عبدالرحمن صاحب جامی ہوئے ہیں۔
جام جم/ جام جمشید (ف) اسم مذکر ① جمشید کا پیالہ، جو فارس کے

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 03149077218

www.besturdubooks.net

حکیموں نے بنایا تھا اس کے ذریعہ سے ہفت آسمان کا حال اور ان کے ذریعہ ہر سوال کا جواب اور انجام حسب ہدایات نجوم معلوم ہو جایا کرتا تھا۔ اسی کو جام جہاں نما بھی کہتے ہیں ❷ ایک تاریخ کی اور ایک حساب کی مشہور کتاب کا نام بھی ہے۔

جام جہاں نما (ف) اسم مذکر ❶ وہی جام جم ❷ روشنی کا وہ مینار جس کی روشنی میں جہاز سمندر میں راستہ معلوم کرتے ہیں۔

جام چڑھانا (ا) فعل ❶ قدح نوشی کرنا ❷ شراب کا پیالہ پینا۔

جام صحت پینا (ا) فعل ❶ کسی بڑے آدمی کی تندرستی کا گلاس پینا ❷ انگلستان کا دستور ہے کہ اپنے دوستوں یا حاکموں وغیرہ کی صحت و کامیابی کیلئے خاص یا عام جلسوں میں جام شراب پیتے ہیں۔

جام (ہ) اسم مذکر ❶ پہر ❷ دن رات کا آٹھواں حصہ ❸ تین گھنٹہ کا عرصہ ❹ تخم ❺ بیج ❻ نطفہ ❼ اولاد ❽ نسل ❾ پوت۔

جامد (ع) اسم صفت ❶ جما ہوا ❷ پتھر ❸ اصطلاح صرف میں وہ لفظ جو کسی لفظ سے نہ بنا ہو اور نہ اس سے اور کوئی لفظ بنا ہو۔

جامدانی (ا) اسم مونث ❶ اصل لفظ ❷ جامہ دانی تھا ❸ کپڑوں کی پیٹی ❹ چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں ❺ ایک قسم کے کڑھے ہوئے پھولدار کپڑے کا نام۔

جامع (ع) اسم فاعل مفید صفت ❶ جمع کرنے والا ❷ شامل ❸ حاوی ❹ تمام ❺ کل سب۔

جامع مسجد (ع) اسم مذکر ❶ جمعہ مسجد ❷ وہ مسجد جس میں بہت سے لوگ جمع ہوں۔

جامن (ہ) اسم مونث۔ ایک اودے رنگ کے ترش پھل اور اس کے درخت کا نام ہے۔

جاموں۔ وہی جمانے کا چھاچھ یا دہی۔

جامہ (ف) اسم مذکر ❶ کپڑا ❷ لباس ❸ پوشاک ❹ پشواز ❺ پیراہن ❻ ایک قسم کا گھیر دار چوغہ نما لباس جو درباری اور امراء پہنا کرتے تھے۔

جامہ زیب (ف) اسم صفت۔ وہ آدمی جس پر ہر لباس چھپ جائے اور بھلا معلوم ہو۔

جامہ سے باہر ہو جانا (ا) فعل ❶ خودی میں نہ رہنا ❷ آپے سے باہر ہو جانا۔

جامہ میں پھولا نہ سمانا (ا) فعل ❶ نہایت خوش ہونا ❷ خوشی کے مارے آپے میں رہنا۔

جامعہ دار (ف) اسم مونث ❶ ایک قسم کی پھولدار چھینٹ ❷ اونی پھولدار چادر۔

جان (ہ) اسم مونث ❶ واقفیت ❷ آگاہی ❸ علیت۔

جان بوجھ کر (ہ) تابع فعل ❶ عمداً ❷ دیدہ دانستہ ❸ ارادۃً ❹ قصداً۔

جان پہچان (ہ) اسم مونث ❶ واقفیت ❷ آشنائی ❸ ملاقات (بحالت صفت) ❹ واقف کار ❺ ملاقاتی ❻ جانا پہچانا ہوا۔

جان لینا (ہ) فعل ❶ پہچان لینا ❷ سمجھ لینا ❸ معلوم کر لینا ❹ واقف ہونا۔

جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام/ جان نہ پہچان میں تیرا مہمان (ا) مثل ❶ آشنائی پر نہایت گہرا تعلق جتانے اور خواہ مخواہ اظہار تپاک کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

جان ہار (ہ) اسم فاعل ❶ مرنے جوگا ❷ جانے والا ❸ جینے کی باتیں نہ کرنے والا ❹ قابل مرگ ❺ چلن ہار۔

جان (ہ) اسم مونث ❶ روح ❷ جی ❸ پران ❹ دم ❺ حیات ❻ زندگی ❼ آتما ❽ بل ❾ زور۔

جان آنا (ہ) فعل ❶ طاقت آنا ❷ توانائی آنا ❸ پنپنا ❹ تازگی آنا ❺ رونق حاصل ہونا ❻ خوشی حاصل ہونا۔

جان باز (ف) اسم فاعل مذکر ❶ جان قربان کرنے والا ❷ سپاہی ❸ دلیر ❹ بے باک ❺ جفاکش ❻ محنتی ❼ اولوالعزم۔

جان بازی (ف) اسم مونث ❶ دلیری ❷ جفاکش ❸ اولوالعزمی ❹ محنت ❺ بیباکی ❻ جان جوکھوں۔

جان بچی تو لاکھوں پائے (ا) محاورہ زندہ رہنا ہی بڑی دولت اور غنیمت ہے۔

جان بخشی (ف) اسم مونث ❶ معافی ❷ عفو ❸ درگزر ❹ رہائی ❺ نجات ❻ خلاصی ❼ مکتی۔

جان پر ہونا (ا) فعل ❶ جان سلامت لے جانا ❷ جیتا بچ جانا۔

جاں بلب (ف) اسم صفت ❶ نزع کی حالت میں ❷ جان کنی میں ❸ قریب مرگ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

جان بےکل ہونا (ا) فعل ❶ دل بے چین ہونا ❷ مضطرب ہونا ❸ پریشان ہونا۔

جان پر بننا (ا) فعل ❶ جان پر مصیبت آجانا ❷ سخت تکلیف ہونا ❸ جان ہلاکت میں آنا ❹ مصیبت وارد ہونا۔

جان پر کھیلنا (ا) فعل ❶ جان کو جوکھوں میں ڈالنا ❷ اپنے آپ کو ہلاکت کے موقع میں لے جانا۔

جان پڑنا (ا) فعل ❶ کسی میں روح پڑنا ❷ خوش ہونا ❸ مسرور ہونا ❹ تروتازہ ہونا۔

جان توڑ کر (ا) تابع فعل ❶ نہایت محنت سے ❷ بڑی مشقت سے ❸ ہمہ تن مصروف ہوکر۔

جان جوکھوں (ا) اسم مونث ❶ خطرہ ❷ ہلاکت ❸ ڈر ❹ اندیشہ ❺ خوف۔

جان چرانا (ا) فعل ❶ کسی کام سے پہلوتہی کرنا ❷ جی چھپانا ❸ گریز کرنا۔

جان چھڑانا (ا) فعل ❶ جان بچانا ❷ نجات پانا ❸ کسی کو مار ڈالنا ❹ قتل کر دینا۔

جان دار (ف) اسم فاعل ❶ حیوان ❷ ذی روح ❸ طاقتور ❹ زور آور ❺ مضبوط ❻ ہٹا کٹا ❼ قوی ❽ چالاک ❾ پھرتیلا۔

جان دوبھر ہونا (ا) فعل ❶ جان بھاری ہونا ❷ زندگی سے بیزار ہونا۔

جان دینا (ا) فعل ❶ مرنا ❷ جان تسلیم کرنا ❸ جان سونپنا ❹ جان قربان کرنا ❺ جاں نثار کرنا ❻ نہایت بخل کرنا ❼ از حد ممسک ہونا ❽ زندگی بخشنا ❾ جلانا۔

جان سوکھنا (ا) فعل ❶ دم خشک ہونا ❷ غم و اندیشہ میں غرق ہونا ❸ خوف سے بےحس و حرکت ہونا ❹ دم نکلنا ❺ مرنا ❻ ناگوار گزرنا۔

جان سے دور (ا) محاورہ۔ کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیزوں سے تشبیہتہً ذکر کرتے وقت یہ کلمہ بولا کرتے ہیں۔

جان سے گزرنا/ جانا/ گزر جانا (ا) مرنا ❶ فنا ہونا ❷ پران چھوڑنا ❸ فوت ہونا ❹ جی دینا۔

جان سے مارنا (ا) فعل ❶ مار ڈالنا ❷ قتل کر دینا ❸ ہلاک کر دینا۔

جان سے نکلنے لگنا (ا) فعل ❶ سخت تکلیف گزرنا ❷ روح کو صدمہ گزرنا ❸ جان پر صدمہ پہنچنے لگنا۔

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا (ا) فعل ❶ زندگی سے ناامید ہو جانا ❷ زیست سے مایوس ہونا ❸ مرنے پر تیار ہو جانا۔

جان فشانی کرنا (ا) فعل ❶ جان چھڑکنا ❷ جان نثاری کرنا ❸ محنت و مشقت کرنا ❹ پلنا ❺ از حد کوشش کرنا ❻ زور مارنا ❼ جان توڑ کر کام کرنا۔

جان کا بیری/ لاگو/ لیوا (ا) اسم صفت ❶ دشمن جان ❷ جانی دشمن ❸ ملک الموت ❹ قابض ارواح ❺ عدو ❻ حاسد ❼ بد خواہ۔

جان کا ٹکڑا (ا) اسم مذکر ❶ جگر پارہ ❷ لخت جگر ❸ آرام دل ❹ معشوق۔

جان کا جنجال (ا) اسم مذکر ❶ بار خاطر ❷ دوبھر بکھیڑا ❸ وبال جان۔

جان کا روگ/ عذاب (ا) اسم صفت۔ زندگی کو بدمزہ کرنے والا۔

جان کاہ (ف) اسم فاعل صفت ❶ جان گداز ❷ جان گھلانے والا ❸ جان گھٹانے والا۔

جان کندنی/ جان کنی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نزع کی حالت ❷ موت کے وقت سانس کا اکھڑ جانا ❸ دم توڑنے کی حالت ❹ عذاب ❺ عقوبت ❻ تکلیف ❼ دکھ۔

جان کو جان نہ سمجھنا (ا) فعل ❶ جان کا خیال نہ کرنا ❷ جان کو عزیز نہ جاننا۔

جان کو رونا (ا) فعل بددعا دینا ❶ کسی سے تکلیف اٹھا کر اسے کوسنا ❷ صبر کر بیٹھنا۔

جان کھانا/ جان کو کھانا (ا) فعل ❶ تنگ کرنا ❷ ستانا ❸ دق کرنا ❹ تکلیف دینا ❺ بہت سی باتیں کرنا ❻ بیزار کرنا۔

جان کھونا (ا) فعل ❶ ہلاک ہونا ❷ مرنا ❸ جان دینا۔

جان کی امان (ا) اسم مونث ❶ معافی ❷ عفو ❸ نجات ❹ رہائی ❺ جان بخشی۔

جان کی برابر رکھنا (ا) فعل ❶ جان کی سی قدر کرنا ❷ جان سے الگ نہ کرنا۔

جان کے لالے پڑنا (ا) فعل ❶ زیست سے ناامید ہونا ❷ زندگی کی تمنا نہ ہونا ❸ جان ہلاکت کے قریب ہونا ❹ زندگی کی آرزو نہ کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

**جان کی جان گئی اور ایمان کا ایمان گیا** (ا) مثل۔ نہ دین کے رہے نہ دنیا کے ہر طرح کا نقصان ہوگیا۔

**جان لینا** (ا) فعل ① ہلاک کرنا ② قتل کرنا ③ مارنا ④ عاجز کرنا ⑤ تنگ کرنا ⑥ دق کرنا ⑦ ستا۔

**جان مار کر کام کرنا** (ا) فعل ① نہایت محنت اور کوشش سے کام کرنا ② بڑی مشقت سے کسی کام کو کرنا ③ دل لگا کر بڑی محنت سے کام کرنا۔

**جان مارنا** (ا) فعل ① محنت کرنا ② کوشش و جان فشانی کرنا ③ اوحد مشقت اٹھانا ④ عاجز کرنا ⑤ ستانا ⑥ تنگ کرنا ⑦ دق کرنا ⑧ پران لینا۔

**جان من** (ف) لغوی معنی میری جان ① مجازاً معشوق ② محبوب ③ چاہتی بیوی یا فرزند کے لئے بولا جاتا ہے۔

**جان میں جان آنا** (ا) فعل ① تسلی پانا ② اطمینان حاصل ہونا ③ خوشی ہونا ④ خوف سے بچنا ⑤ تسکین حاصل ہونا ⑥ تقویت پانا۔

**جان نثار** (ف) اسم صفت مشبہ ترکیب فعلی ① جان فدا کرنے والا ② جان قربان کرنیوالا ③ جان باز ④ وہ مردہ جو بڑی سختی سے جان دے

**جان نثاری** (ف) اسم مونث ① جان بازی ② جانفشانی ③ محنت کشی ④ خیر خواہی ⑤ جفاکشی ⑥ تندہی۔

**جان نکلنا** (ا) فعل ① مرنا ② دم نکلنا ③ پران دینا ④ فوت ہونا ⑤ وفات پانا ⑥ کسی پر عاشق ہونا ⑦ شیدا ہونا ⑧ سخت تکلیف اٹھانا ⑨ جفاکشی کرنا۔

**جان ہلکان کرنا** (ا) فعل ① ستانا ② دق کرنا ③ تکلیف دینا ④ دکھ دینا ⑤ ہلاک کرنا۔

**جان ہے تو جہان ہے** (ا) مثل۔ زندگی کے ساتھ ہی دنیا کی ہر چیز کا لطف ہے۔

**جانا** (ہ) فعل ① سدھارنا ② رخصت ہونا ③ چلنا ④ روانہ ہونا ⑤ گزرنا ⑥ بیتنا ⑦ ٹلنا۔

**جاناں** (ف) اسم مذکر ① دلبر ② معشوق ③ پیارا جانی ④ یار محبوب۔

**جانب** (ء) اسم مونث ظرف ① پہلو ② طرف ③ سمت ④ رخ۔

**جانب دار** (عف) اسم فاعل ① طرفدار ② حمایتی ③ مددگار ④ معاون ⑤ پچ کرنے والا ⑥ پناہ ⑦ ساتھی۔

**جانب داری** (عف) اسم مونث ① پچ ② طرفداری ③ مدد ④ حمایت ⑤ رعایت ⑥ ساتھ۔

**جانبین** (ء) اسم مذکر ① جانب کی جمع ② طرفین ③ فریقین ④ دونوں طرف ⑤ دوطرف۔

**جانچ** (ہ) اسم مونث ① اندازہ ② قیاس ③ تخمینہ ④ پڑتال ⑤ اٹکل پرکھ۔

**جانچنا** (ہ) فعل ① پرکھنا ② پڑتال کرنا ③ اندازہ لگانا ④ تاڑنا ⑤ تولنا ⑥ معلوم کرنا ⑦ دریافت کرنا۔

**جانگلو** (ہ) اسم صفت ① وحشی ② جنگلی ③ غیر مہذب ④ ناشائستہ ⑤ اجڈ ⑥ احمق ⑦ انکھڑ۔

**جانگھ** (ہ) اسم مونث ① ران ② زانو ③ سانتھل۔

**جانگھیا** (ہ) اسم مذکر ① گھٹنا ② چھوٹا پاجامہ جو صرف رانوں تک رہے۔

**جاننا** (ہ) فعل ① واقف ہونا ② آگاہ ہونا ③ پہچاننا ④ معلوم کرنا ⑤ تمیز کرنا ⑥ اعتبار کرنا ⑦ بھروسا کرنا ⑧ فیاض بننا۔

**جانور** (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ① درندہ ② جانداری ③ ذی روح ④ حیوان ⑤ کیڑا مکوڑا ⑥ ڈھور ڈنگر ⑦ چوپایہ ⑧ چرندہ۔

**جانے** (ہ) تابع فعل ① جیسے ② گویا ③ فرض کرلو ④ تسلیم کرلو ⑤ جیسے جانے ہم بادشاہ ہیں۔

**جانی** (ف) اسم صفت ① جان سے نسبت رکھنے والا ② پیارا ③ دلربا ④ محبوب ⑤ دلدار ⑥ معشوق ⑦ دوست عزیز از جان۔

**جانی دشمن** (ا) اسم مذکر ① سخت دشمن ② عدو جان ③ جان کا خواہاں دشمن۔

**جانی دوست** (ا) اسم مذکر ① دلی دوست ② نہایت گہرا دوست۔

**جانے دو** (ہ) محاورہ ① نہ روکو ② چلنے دو ③ باز آؤ ④ معاف کرو ⑤ درگزر کرو ⑥ خیال نہ کرو۔

**جانے کے لچھن** (ہ) محاورہ ① مرنے کی علامت ② نیست ونابود

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہونے کے نشان ❸ برے آثار۔

**جاؤ بیٹھو/ جاؤ بھی** (ہ) محاورہ ❶ اپنا کام کرو ❷ کام میں مشغول ہو جاؤ ❸ اپنے کام سے لگو ❹ ہٹ جاؤ ❺ بیٹھے رہو ❻ چپ رہو ❼ خاموش رہو۔

**جاؤ دیوتا دکھن وہی کرم کے پچھن** (ہ) محاورہ۔ کہیں جاؤ قسمت سب جگہ ساتھ ہے۔

**جاوید/ جاویداں** (ف) اسم صفت ❶ ہمیشہ ❷ مدام ❸ دایم ❹ نت ❺ سدا ❻ قدیم۔

**جاویدانی** (ف) اسم مونث ❶ قدامت ❷ ہمیشگی۔

**جاہ** (ف) اسم مونث ❶ رتبہ ❷ مرتبہ ❸ عزت ❹ درجہ ❺ شکوہ ❻ شان ❼ شوکت ❽ عظمت ❾ رعب وداب۔

**جاہ وجلال** (ف) اسم مذکر ❶ شان وشوکت ❷ رعب وداب ❸ جبروت ❹ دبدبہ ❺ شکوہ ورفعت۔

**جاہ وحشم** (ف) اسم مذکر ❶ لاؤ لشکر ❷ ٹھاٹ ❸ حشمت ❹ کروفر ❺ رفعت ومنزلت ❻ دولت ❼ عزت ❽ اقتدار۔

**جاہ ومنصب/ جاہ ومنزلت** (ف) اسم مذکر ❶ قدر ومنزلت ❷ درجہ ❸ رتبہ ❹ مرتبہ ❺ پایہ عہدہ ❻ جلال ❼ شان۔

**جاہل** (ع) اسم فاعل مذکر ❶ مفید صفت ❷ نادان ❸ اناڑی ❹ مورکھ ❺ ان پڑھ ❻ ناخواندہ ❼ بے علم ❽ وحشی ❾ نامہذب۔

**جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو** (ا) مثل۔ جاہل فقیر پر شیطان سوار ہوتا ہے۔ لاعلمی کے باعث جدھر چاہا لے گیا۔

**جائے** (ف) اسم مونث ❶ جگہ ٹھاؤں مقام ❷ مکان ❸ ٹھور ❹ ٹھکانا ❺ وسعت ❻ گنجائش۔

**جائے استاد خالی است** (ف) مثل ❶ استاد کی جگہ خالی ہے ❷ استاد پھر بھی استاد ہی ہے ❸ کوئی شخص اگر کوئی عمدہ تجویز بتائے تو وہاں یہ مثل بولتے ہیں گویا ہم آپ کے شاگرد ہیں ❹ اب آپ کی ہی کسر باقی ہے۔

**جائے تنگ است مردماں بسیار** (ف) مثل۔ چھوٹی مجلس اور بہت سے آدمی تنگ جگہ اور کثرت مجمع کے موقع پر بولتے ہیں۔

**جائے سے/ جائے سر** (ا) اسم صفت بذریعہ حرف جر ❶ مناسب ❷ واجب ❸ بجا واقعی ❹ درست ❺ ٹھیک ❻ ٹھکانے پر ❼ درست طور سے۔

**جائے ضرور** (ا) اسم مذکر ❶ بیت الخلا ❷ پاخانہ ❸ ٹٹی۔

**جائے لاکھ رہے ساکھ** (ہ) مثل۔ لاکھ کا ٹوٹا پڑ جائے تو پرواہ نہیں ہے، مگر اعتبار بنا رہے۔

**جائی** (ہ) اسم مونث ❶ دختر ❷ بیٹی ❸ دھی ❹ لڑکی ❺ پتری۔

**جایا** (ہ) اسم مذکر ❶ پسر ❷ بیٹا ❸ پوت ❹ پتر ❺ لڑکا۔

**جائیا** (ہ) اسم صفت ❶ جانے والا ❷ مرنے جوگا ❸ جان ہار ❹ شریر ❺ بدذات ❻ ہوشیار ❼ چالاک ❽ تیز فہم۔

**جائے پھل** (ہ) اسم مذکر ❶ جائفل ❷ جوز بویا ❸ ایک دوا کا نام ہے۔

**جائداد** (ف) اسم مذکر ❶ ملکیت ❷ مال واسباب ❸ جاگیر ❹ پونجی ❺ پیداوار ❻ کھڑی فصل ❼ چیز بست۔

**جائداد آبائی** (ف) اسم مونث ❶ قدیمی وراثت ❷ باپ دادا کی جاگیر۔

**جائداد غیر منقولہ** (ف) وہ جائداد جو جگہ نہ بدل سکے جیسے زمین مکان سکونتی وغیرہ قانونی اصطلاح ہے۔

**جائداد مکفولہ** (ف) اسم مونث (قانون) وہ جائداد جو ضمانت میں رہن کردی جائے آڑ یعنی رہن رکھی ہوئی جائداد۔

**جائداد منقولہ** (ف) اسم مونث ❶ قانون ❷ وہ جائداد جسے ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے جاسکیں ❸ جیسے مال ❹ داسباب ❺ غلہ ❻ وغیرہ ❼ چیز ❽ بست ❾ ذاتی اور رنج کی جائداد۔

**جائز** (ع) اسم فاعل ❶ روا ❷ بجا ❸ درست ❹ واقعی ❺ ٹھیک ❻ واجب ❼ مناسب ❽ مباح ❾ مطابق شرع۔

**جائز رکھنا** (ا) فعل ❶ ماننا ❷ تسلیم کرنا ❸ منظور کرنا ❹ روا رکھنا ❺ مباح سمجھنا ❻ حلال جاننا۔

**جائز وارث** (ع) اسم مذکر ❶ وہ وارث جو وراثت کا صحیح حقدار ہو ❷ اصلی بیٹا ❸ والد الحلال۔

**جائز ولی** (ع) اسم مذکر۔ (قانون) یتیموں کا محافظ کورٹ آف

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

وارڈس۔

جائزہ (ع) اسم مذکر ① صلہ ② بدلہ ③ انعام ④ نیک بدلہ ⑤ صحت کی لکیر ⑥ پڑتال کی علامت ⑦ مقابلہ ⑧ جانچ ⑨ پڑتال۔

جائزہ دینا (ا) فعل ① چارج دینا ② سنبھلوانا ③ حساب کتاب دینا۔

جائزہ لینا (ا) فعل ① موجودات لینا ② پڑتال کرنا ③ جانچنا۔

جائی جوئی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا پھول اور آتشبازی۔

جائیسی (ہ) صفت ① نسبتی منسوب بہ جائس ملک محمد جائیسی سے مراد ہے جو ہندی فارسی کا بہت بڑا شاعر ہوا شیر شاہ کے زمانہ میں ۹۴۷ میں موجود تھا ② پدمادت کی مثنوی کا مصنف اور سوٹ راگنی کا موجد ہے۔

## ج ← ب

جب (ہ) تابع فعل ① جس وقت ② ہر گاہ ③ جد ④ حرف ⑤ شرط بھی ہے ⑥ درحالیکہ کے قابل۔

جب آنکھ بند کر لی پیچھے کچھ ہی ہو (ہ) مثل۔ جب خود مر گئے بعد کچھ ہوتا رہے۔

جب تک / جب تلک (ہ) تابع فعل ① جس وقت تک ② تاوقتیکہ۔

جب تک رکابی میں بھات۔ تب تک میرا تیرا ساتھ (ہ) مثل۔ خود غرض آشنا کی بابت بولتے ہیں جو صرف مطلب کے یار ہوتے ہیں۔

جب تک سانس تب تک آس (ہ) مثل۔ مرتے دم تک امید رہتی ہے۔

جب دانت نہ تھے تب چنے تھے جب دانت ہوئے تو چنے نہیں (ہ) مثل۔ جب تک اولاد نہ تھی خوشحال تھے اب جو اولاد ہوئی تو تنگی آ گئی۔

جب اتار لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی جب سر سے اتار لی تو کیا غم۔ (ہ) مثل ① جب خود بے حیا بن گئے تو پھر کسی کی کیا پرواہ ② بے حیا کا کوئی کیا کر سکتا ہے۔

جب منہ لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کا ہاٹ (ہ) مثل۔ چٹورے آدمی کو ہمیشہ اپنے چسکے کا ہی خیال رہتا ہے۔

جب ہاتھ لیا کانسا۔ تو کیا ٹکڑوں کا سانسا (ہ) مثل ① جب مانگنے پر نیت دھر لی تو روٹیوں کی کیا کمی ② جب بے غیرتی اختیار کر لی تو روٹیاں بہتیری۔

جب ہی (ع) تابع فعل ① فوراً ② اسی وقت ③ اسی گھڑی ④ اسی دم۔

جبرا (ع) اسم مذکر ① زیادتی ② سختی ③ زبردستی ④ سینہ زوری ⑤ ظلم و ستم ⑥ جور و جفا ⑦ رقم بھرنا ⑧ پٹی باندھنا ⑨ کمی اور ٹوٹے کا پورا کرنا۔

جبر اٹھانا (ا) فعل ① سختی جھیلنا ② مصیبت اٹھانا ③ دکھ سہنا۔

جبر کرنا (ا) فعل ① زبردستی کرنا ② دبانا ③ تنگ کرنا ④ مجبور کرنا ⑤ ستانا۔

جبر نقصان (ع) اسم مذکر ① نقصان پورا کرنا ② نقصان کا معاوضہ ③ ڈنڈ بھرنا۔

جبر و تعدی (ع) اسم مونث ① زبردستی ② ظلم و ستم ③ جور و جفا ④ سینہ زوری۔

جبر و مقابلہ (ع) اسم مذکر۔ علم ریاضی میں ایک صیغہ کا نام ہے جس میں علامات اور حروف کے ذریعہ عمل کیا جاتا ہے اور مقادیر معلومہ کے ذریعہ مقادیر مجہولہ دریافت کرتے ہیں۔

جبراً و قہراً (ع) تابع فعل ① چاروناچار ② مجبوراً جس طرح ہو سکے اسی طرح۔

جبراً لے لینا (ا) فعل ① زبردستی چھین لینا ② ناحق لے لینا۔

جبروت (ع) اسم مذکر ① عظمت ② بزرگی ③ تکبر ④ جلال آسمانی کی حالت ⑤ صفات الٰہیہ۔

جبرائیل (ع) اسم مذکر ① ایک مشہور اور مقرب فرشتہ کا نام ہے ② جو رسولوں پر وحی لے کر آیا کرتا تھا۔

جبڑا (ہ) اسم مذکر ① کلہ ② چانہ ③ وہ جگہ جہاں دانتوں کی قطاریں لگی ہوتی ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

جبل (ء) اسم مذکر ① پہاڑ ② کوہ۔

جبلی (ء) اسم صفت ① پہاڑی ② کوہی ③ پہاڑ کی چیز۔

جبلت (ء) اسم مونث ① فطرت ② خلقت ③ پیدائش ④ قدرت ⑤ حقیقت۔

جبلی (ء) اسم صفت ① خلقی ② پیدائشی ③ طبعی ④ قدرتی ⑤ اصلی۔

جبن (ء) اسم مذکر ① بزدلی ② کم ہمتی ③ ترس ④ ڈر ⑤ خوف ⑥ ڈرپوک پن ⑦ نامردی۔

جبن چھانا (ا) فعل ① خوف چھانا ② ڈر بیٹھنا ③ نامردی چھا جانا۔

جبہ (ء) اسم مذکر ① چوغہ ② جامہ ③ ایک قسم کا روحی اور عربی لقہ لباس۔

جبہ (ء) اسم مذکر ① پیشانی ② ماتھا ③ جبین ④ ناصیہ۔

جبہ سائی (عف) اسم مونث ① ماتھا رگڑنا ② منت سماجت کرنا ③ ناک رگڑنا۔

جبھا (ہ) اسم مذکر ① حوصلہ ② دلیری ③ بہادری ④ رعب وداب ⑤ دبدبہ ⑥ زبردستی۔

جبیا (ہ) اسم مونث ① جیب کی تصغیر ہے اور حقارت بھی ② زبان ③ للو۔

جبین (ف) اسم مونث ① ماتھا ② پیشانی ③ جبہ ④ ناصیہ۔

## ج ← پ

جپ (ہ) اسم مونث ① تسبیح ہلانا ② مالا پھیرنا ③ پوجا پاٹ کرنا ④ جپنا ⑤ خدا کو یاد کرنا ⑥ عبادت الٰہی کرنا ⑦ جادو ⑧ منتر ⑨ افسوں۔

جپ جی (ہ) اسم مونث۔ سکھوں کی ایک مقدس کتاب کا نام ہے۔

جپ تپ (ہ) اسم مونث ① پوجا پاٹ ② عبادت وریاضت ③ عبودیت ④ مجازاً تکالیف ودکھ جیسے میں نے تیرے بڑے جپ تپ سہے۔

جپ کرنا (ہ) فعل ① کسی مطلب کے لئے منتر پڑھوانا ② پوجا پاٹ کرانا۔

جپ مالا (ہ) اسم مونث ① سمرنی ② سمرن ③ پوجا پاٹ کرنے کی مالا ④ تسبیح۔

جپنا (ہ) فعل ① مالا پھیرنا ② تسبیح ہلانا ③ خدا تعالےٰ کا نام رٹنا ④ بار بار کہنا ⑤ یاد کرنا۔

جپنی (ہ) اسم مونث ① تسبیح ② سمرن ③ ورد ④ وظیفہ ⑤ رٹ۔

جپی تپی (ہ) اسم مذکر فاعل ① پجاری ② جپ تپ کرنے والا ③ مرتاض ④ عابد۔

## ج ← ت

جت (ہ) اسم مونث ① تجرید ② مجرد رہنا ③ ترک لذات ④ تقوے۔

جتا ساری (ہ) اسم مونث۔ مرکب از جتا بمعنی چکی وساری کا راگ یعنی وہ راگ جو عورتیں چکی پیستے وقت گایا کرتی ہیں۔

جتانا/ جتلانا (ہ) فعل ① آگاہ کرنا ② خبردار کرنا ③ مطلع کرنا ④ متنبہ کرنا ⑤ ہوشیار کرنا ⑥ بتانا ⑦ کان کھولنا ⑧ یاد دلانا۔

جتانا/جتوانا (ہ) فعل ① غلبہ دلانا ② غالب کرانا ③ شکست دلانا ④ ہرانا کی ضد۔

جتن (ہ) اسم مذکر ① تدبیر ② تجویز ③ بندوبست ④ علاج ⑤ محنت ومشقت ⑥ کرتوت ⑦ فعل ⑧ رنگ ڈھنگ ⑨ سنسار۔

جتنا (ہ) اسم موصول ① مقداری ② جس قدر ③ جو کچھ ④ سارا ⑤ تمام ⑥ کل۔

جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا ہوتا ہے (ہ) مثل۔ جتنا وہم کرو گے اتنے نقص نکلتے چلے آئینگے۔

جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا/ جتنا اوپر ہے اتنا ہی نیچے ہے (ہ) مثل۔ پست قد دشمن اور چالاک آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں کہ اسے چھوٹا نہ سمجھو یہ بڑا چالاک اور سخت موذی ہے۔

جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا (ہ) جتنا خرچ کرو گے اتنا ہی کام اچھا اور زیادہ ہوگا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جتنا (ہ) فعل ① بیلوں وغیرہ کا ہل وغیرہ میں لگنا ② پلنا ③ مشغول ہونا ④ بھرانا ⑤ لڑنا ⑥ مقابل ہونا ⑦ ٹہل کرنا ⑧ خدمت کرنا ⑨ کوشش کرنا۔

جتنی (ہ) اسم مذکر ① جتن کرنے والا ② مدبر ③ ہوشیار ④ چالاک۔

جتنی (ہ) اسم مونث۔ بالوں کی وہ رسی جو مال کے ٹکاو کے لئے چرخے کی پنکھڑوں کے کنارے پر باندھتے ہیں۔

جتنی (ہ) اسم موصول مقداری۔ جتنا کی تانیث۔

جتنی چادر دیکھئے اتنے ہی پاؤں پھیلائے (ہ) مثل۔ اپنی حیثیت اور آمدنی کے موافق خرچ کرنا چاہیے۔

جتنے (ہ) اسم موصول مقداری۔ جتنا کی جمع۔

جتنے دم اتنے ہی غم (ا) مثل ① جتنی زندگی اتنی ہی تکلیف ② یا جتنی عیالداری زیادہ اتنی فکر زیادہ رہتی ہے۔

جتنے منہ اتنی باتیں (ہ) مثل۔ ہر ایک آدمی کی رائے الگ ہوتی ہے۔

جتھا (ہ) اسم مذکر ① منڈلی ② گروہ ③ جماعت ④ ٹولی ⑤ بھیڑ ⑥ ہجوم ⑦ سرمایہ ⑧ پونجی ⑨ جیسے جمع جتھا سب لٹا دیا۔

جتھا باندھنا (ہ) فعل ① اتفاق کرنا ② جماعت بنانا ③ ایکا کرنا۔

جتی (ہ) اسم صفت ① جت والا ② تارک لذات نفسانی ③ سنت جوگی۔

جتی ستی (ہ) اسم صفت ① نیک ② مجرد ③ پارسا ④ پرہیزگار ⑤ دنیا سے بے تعلق ⑥ مجرد ⑦ تارک الدنیا۔

جتیانا (ہ) فعل ① جوتیاں مارنا ② جوتی سے خبر لینا ③ پیٹنا ④ مارنا۔

## ج ← ٹ

جٹ (ہ) اسم مذکر۔ جاٹ کا مخفف ہے۔

جٹ (ہ) اسم مونث ① جوڑا ② جفت ③ جگ ④ دو متحد آدمی یا چیز ⑤ ہمسر ⑥ ثانی۔

جٹا (ہ) اسم مونث ① گندھے ہوئے بال ② چوٹی ③ گیسو ④ بڑکی ⑤ ڈاڑھی ⑥ رسا ⑦ لمبی رسی۔

جٹا دھاری (ہ) اسم صفت ① لمبے لمبے بالوں والا ② دراز گیسو ③ آدمی ④ جوگی ⑤ سنیاسی شیوجی کے چیلوں کو بھی پہلے کہتے ہیں (اسم مذکر) شیوجی ① مہیش ② مہادیو ③ پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں ④ مار کمنہ ⑤ زعفران ⑥ کیسر۔

جٹا بانسی (ہ) اسم مونث ① بالچھڑ ② سنبل الطیب۔

جٹنا (ہ) فعل ① بھڑنا ② لڑنا ③ گتھنا ④ چڑنا ⑤ پیوند ہونا ⑥ سازش کرنا ⑦ چمٹنا ⑧ لپٹنا ⑨ سیر ہونا۔

جٹھانی (ہ) اسم مونث ① جیٹھ کی بیوی ② خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جٹی (ہ) اسم مونث ① (ہندو) سوکھے تمباکو کی گڈی ② روٹیوں کی تھیلی ③ روپوں پیسوں کی بیڑی ④ پاس پاس ⑤ پیوستہ ملی ہوئی۔

جٹی بھویں (ہ) اسم مونث۔ پیوستہ جڑواں بھویں۔

جٹی بٹی (ہ) اسم مونث۔ (ہندو) جڑی بوٹی۔

## ج ← ث

جثہ (ع) اسم مذکر ① تن ② جسم ③ بدن ④ انگ ⑤ کاٹھی ⑥ جسم کی ساخت ⑦ لاش ⑧ نعش ⑨ جسامت۔

## ج ← ج

جج (ای) اسم مذکر ① منصف ② فیصلہ کرنیوالا۔



(جج)

ججمان (ہ) اسم مذکر ① ہوم کے واسطے پانڈوں کو نوکر رکھنے والا ② جگہ کرنیوالا ③ وہ شخص جس پر نائی برہمن وغیرہ برت کا حق رکھتے ہوں ④ مخدوم ⑤ مربی ⑥ آسامی۔

ججمانی (ہ) اسم مونث۔ وہ روپیہ جو ججمان برہمن نائی وغیرہ کو دے۔

ججھ (ہ) اسم مذکر ① جدھ ② بدھ ③ لڑائی ④ معرکہ عظیم ⑤ رن ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جنگ وجدال ❼ کارزار۔

## ج ← چ

چچا (ہ) اسم صفت ❶ اندازہ لگایا ہوا ❷ پورا ❸ درست ❹ صحیح ❺ ٹھیک ❻ جیسے تلوار۔ چچا تلا ہاتھ (خوبصورت اسم مونث۔ ہندو) ❼ زچہ کا بگاڑ ہے وہ عورت جس کے بچہ پیدا ہوا ہو۔

چچا گیریاں (ہ) اسم مونث (عور) وہ گیت جو زچہ خانے میں گاتے جاتے ہیں۔

چچنا (ہ) تلنا ❶ انکنا ❷ اندازہ ہونا ❸ آزمایا جانا ❹ امتحان ہونا ❺ قیمت لگنا ❻ وقعت ہونا ❼ ثابت ہونا ❽ یقین کو پہنچنا۔

چچی تلی/ چچا تلا (ہ) اسم صفت ❶ ٹھیک ❷ درست ❸ صحیح ❹ تجربہ اور امتحان کے موافق ❺ بالکل ٹھیک۔

## ج ← د

جد (ء) اسم مذکر ❶ دادا ❷ باپ کا باپ۔

جد (ء) اسم مونث ❶ کوشش ❷ سعی ❸ دوڑ دھوپ ❹ اپائے ❺ محنت۔

جدوجہد (ء) اسم مونث ❶ کوشش ❷ محنت ومشقت۔

جدا (ف) اسم صفت ❶ الگ ❷ نیارا ❸ علیحدہ ❸ نرالا ❹ مختلف ❹ بچھڑا ہوا۔

جدا جدا (ف) صفت موکدہ (تابع فعل) ❶ الگ الگ ❷ نیارا نیارا ❸ علیحدہ علیحدہ ❹ تفصیل وار۔

جدا کرنا (ا) فعل ❶ الگ کرنا ❷ علیحدہ کرنا ❸ ہٹانا ❹ کاٹنا ❺ توڑنا ❻ نفاق ڈالنا ❼ نکالنا

جداگانہ (ف) تابع فعل ❶ الگ ❷ علیحدہ ❸ ایک طرف۔

جدائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ علیحدگی ❷ بچھویا ❸ بچھوڑا ❹ تفقد ❺ مفارقت۔

جدل (ء) اسم مونث ❶ لڑائی ❷ جنگ ❸ معرکہ ❹ کارزار ❺ رزم۔

جدوار (ء) اسم مونث ❶ نربسی ❷ ایک زہر دور کرنے والی جڑ۔

جدول (ء) اسم مونث ❶ نہر ❷ نالی ❸ روش ❹ وہ سرخ یا سیاہ لکیریں جو صفحے جو اختتام پر کھینچی جاتی ہیں۔

جدھر (ہ) تابع فعل ❶ جس طرف ❷ جہاں ❸ جہاں کہیں ❹ جس مقام پر۔

جدھر تدھر (ہ) تابع فعل ❶ جہاں تہاں ❷ یہاں وہاں۔

جدی (ء) اسم مذکر ❶ بکرا ❷ بزغالہ ❸ اصطلاح میں وہ آسمانی برج جو بزغالہ کی شکل کا ہے اور ہندی میں مکر کہلاتا ہے ❹ قطب شمالی کے قریب ایک ستارہ ہے ❺ خط استوا سے ۲۳ درجے جنوب کی طرف، ایک وہمی خط بھی جو منطقہ حارہ کی جنوبی حد ہے۔

جدی (ء) اسم صفت ❶ باپ دادا کی ❷ آبائی ❸ موروثی ❹ پشتینی۔

جدید (ء) اسم مونث ❶ بروزن فیصل ❷ نیا ❸ تازہ ❹ حال کا ❺ ترت کا

## ج ← ذ

جذام (ء) اسم مذکر ❶ کوڑھ ❷ فساد خون کی ایک بیماری کا نام ہے جس میں ہاتھ پاؤں کی انگلیاں گر جاتی ہیں۔

جذامی (ء) اسم صفت مذکر بیائے نسبتی ❶ کوڑھی ❷ کوڑھ والا۔

جذب (ء) اسم مذکر ❶ کھینچ ❷ کشش ❸ سوکھنا ❹ چوسنا۔

جذب کرنا (ء) فعل ❶ کھینچ کرنا ❷ سوکھ لینا ❸ چوس لینا ❹ پی جانا ❺ لبھانا ❻ اپنی طرف مائل کر لینا۔

جذبات (ء) اسم مذکر۔ جذبہ کی جمع ہے۔

جذبات دلی (عف) اسم مذکر ❶ دلی خواہشیں ❷ دلی ولولے ❸ دلی کوشش۔

جذبات طبعی (عف) اسم مذکر ❶ قدرتی ولولے ❷ قدرتی خواہشیں۔

جذبہ (ء) اسم مذکر ❶ کشش قلبی ❷ شوق ❸ اشتیاق ❹ دلی توجہ ❺ غصہ ❻ غضب ❼ کرودھ ❽ جوش دل ❾ ایک دم کھینچ لینا۔

جذر (ء) اسم مذکر ❶ جڑ ❷ مول ❸ اصل ❹ علم ❺ حساب میں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124907218

دوسرے درجہ کا گھٹاؤیعنی کسی عدد کو فی نفسہ ضرب دینے سے جو رقم بنتی ہے ❻ وہ مجذور اور عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے۔

جذرالکعب (ع) اسم مذکر ❶ علم حساب میں تیسرے درجہ ❷ اگر کسی عدد کو فی نفسہ تین ضرب دیں تو وہ عدد اس حاصل ضرب کا جذرالکعب کہلائیگا۔

## ج ← ر

جر (ع) اسم مذکر ❶ کشش ❷ کھچاؤ ❸ زیر ❹ کسرہ ❺ کسر۔

جرثقیل (ع) اسم مذکر ❶ وہ علم جس کے وسیلے سے بھاری بوجھ بآسانی اٹھالیں چرخیوں کا علم ❷ بل بدیا۔

جراب (ا) اسم مونث۔ موزہ۔ (اصلی لفظ جوراب) ہے۔

جرات (ع) اسم مونث ❶ دلیری ❷ مردانگی ❸ چالاکی ❹ بہادری ❺ حوصلہ ❻ دلاوری ❼ بے باکی۔

جراثیم (ع) اسم مذکر ❶ جرم کی جمع ❷ کیڑے بیماری اور وبا وغیرہ کے کرم۔

جراح (ع) اسم مذکر صیغہ مبالغہ از جرح مفید برائے پیشہ ❶ بہت زخم لگانے والا ❷ چیرادینے والا ❸ زخم کا علاج کرنے والا ❹ فصاد ❺ سرجن۔

جراحت (ع) اسم مونث ❶ زخم ❷ گھاؤ ❸ ریش۔

جراحی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ فصادی ❷ زخموں کے علاج کرنے کا پیشہ ❸ چیرپھاڑ ❹ ڈاکٹری۔

جرار (ع) اسم صفت مبالغہ ❶ ایک بڑا بھاری لشکر ❷ بہادر ❸ سورما ❹ جنگی ❺ جنگ جو ❻ کھینچنے والا ❼ تیز رفتاری سے روکنے والا۔

جراید (ع) اسم مذکر ❶ جریدہ کی جمع ❷ اخبار ❸ دفتر ❹ ہتا ❺ اکیلے۔

جرائم (ع) اسم مذکر ❶ جریمہ کی جمع ❷ جرم ❸ قصور ❹ گناہ ❺ دوش ❻ خطائیں ❼ پاپ ❽ کھوٹ۔

جرح (ع) اسم مذکر ❶ زخم ❷ گھاؤ ❸ (قانون) اعتراض ❹ گرفت ❺ عذر ❻ جواب ❼ دلیل۔

جرس (ع) اسم مذکر ❶ گھنٹا ❷ گھڑیال ❸ ٹال۔

جرم (ع) اسم مذکر ❶ جسم ❷ تن ❸ دھڑ ❹ دیہ ❺ بدن ❻ نورانی جسم ❼ جسم لطیف۔

جرم (ع) اسم مذکر ❶ چارہ ❷ گریز ❸ علاج۔

جرم (ع) اسم مذکر ❶ قصور ❷ گناہ ❸ دوش ❹ پاپ ❺ کھوٹ ❻ خطا۔

جرمانہ (ع) اسم مذکر ❶ ڈنڈ ❷ تاوان ❸ گنہگاری ❹ ملی سزا۔

جرمانہ بھرنا (ا) فعل ❶ تاوان ادا کرنا ❷ ڈنڈ بھرنا ❸ تاوان دینا۔

جرمانہ کرنا (ا) فعل ❶ ڈنڈ لینا ❷ مالی سزا دینا۔

جرا (ہ) اسم مونث ❶ جورو کی تصغیر ❷ بیوی ❸ عورت ❹ استری ❺ زن ❻ ناری۔

جری (ع) اسم صفت ❶ بترکیب ❷ فاعلی ❸ دلیر ❹ دلاور ❺ دلا چلا ❻ من چلا ❼ سورما ❽ بہادر۔

جری/ جر (ہ) اسم مونث ❶ ہلکا بخار ❷ دائمی بخار ❸ پرانا تپ۔

جریان (ع) اسم مذکر ❶ بہاؤ ❷ روانی ❸ ایک مرض کا نام ہے جس میں پیشاب کے بعد یا پہلے دھات گرتی ہے۔

جریب (یونانی) ❶ لفظ گریک کا معرب ہے زمین ناپنے کا خاص پیمانہ ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی پچپیس گز کی زنجیر چوبیس گھنٹے کی ہوتی ہے ❷ عصا ❸ چوبدستی لاٹھی ❹ چاندی کے خول والی شاہی چوبداروں کی لاٹھی۔

جریب ڈالنا (ا) فعل ❶ زمین ناپنا ❷ جریب کے ذریعہ زمین کی پیمائش کرنا۔

جریب کش (ف) اسم مذکر۔ جریب کھینچنے والا۔

جریح (ع) صفت ❶ مجروح ❷ زخمی ❸ گھایل ❹ زخم خوردہ۔

جریدہ (ع) اسم مذکر ❶ منفرد ❷ تنہا ❸ اکیلا ❹ مجرد ❺ واحد ❻ مجاز اخبار ❼ دفتر۔

## ج ← ڑ

جڑ (ہ) اسم مونث ❶ بیخ ❷ مول ❸ لگن ❹ اصل بنا ❺ بنیاد ❻ مبدا۔

جڑاکھیڑنا (ہ) فعل ❶ بیخ کنی کرنا ❷ بنیاد مٹانا ❸ ملیامیٹ کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03490772218
www.besturdubooks.net

**جڑ پکڑنا** (ہ) فعل ❶ جمنا ❷ جماؤ ❸ پکڑنا ❹ مضبوط ہونا۔

**جڑ کاٹنا** (ہ) غارت کرنا ❶ ڈھانا ❷ نیست ونابود کرنا ❸ منہدم کرنا۔

**جڑاؤ** (ہ) اسم مذکر مرصع۔ جواہرات سے جڑا ہوا۔

**جڑاول** (ہ) اسم مونث ❶ سامان سرما ❷ جاڑے کے کپڑے ❸ گرم کپڑے۔

**جڑنا** (ہ) فعل ❶ ملنا ❷ پیوستہ ہونا ❸ پیوند لگنا ❹ چپکنا ❺ چسپاں ہونا ❻ شریک ہونا ❼ شامل ہونا ❽ جمع ہونا ❾ میسر ہونا جیسے روٹی جڑ گئی تو کھالی۔

**جڑنا** (ہ) فعل ❶ کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا ❷ پچی کرنا ❸ کوفت کرنا ❹ وصل کرنا ❺ جوڑنا ملانا ❻ مارنا ❼ لگانا ❽ جیسے دھول جڑنا ❾ چغلی کھانا۔

**جڑی** (ہ) اسم مونث ❶ جڑ وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو ❷ مرچی کھندکی جڑ جو سانپ کے کاٹے تریاق کا اثر رکھتی ہے۔

**جڑی بوٹی** (ہ) اسم مونث۔ کسی درخت کے وہ پتے جو دوا میں کام آتے ہیں۔

**جڑیا** (ہ) اسم مذکر ❶ مرصع ساز ❷ زیورات میں جواہرات جڑنے والا ❸ لگو ❹ آشنا۔

**جڑیلا / جڑیلی** (ہ) اسم ❶ جڑوار ❷ وہ شلغم یا مولی جس میں جڑیں نکل کر سخت ہوگئی ہوں۔

## ج ← ز

**جز** (ف) تابع فعل ❶ سوائے ❷ بدوں ❸ علاوہ ❹ ماسوا ❺ بن ❻ چھٹ ❼ (بصورت اسم مذکر) پارہ ❽ ٹکڑا ❾ حصہ۔

**جزا** (ع) اسم مونث ❶ پھل ❷ بدلہ ❸ عوض ❹ تلافی ❺ نتیجہ ❻ پاداش ❼ صلہ ❽ انتقام ❾ نیکی کا بدلہ۔

**جزاک اللہ** (ع) کلمہ دعائیہ ❶ خدا تجھے نیک صلہ دے ❷ شاباش ❸ مرحبا۔

**جزائر** (ع) اسم مذکر۔ جزیرہ کی جمع بہت سے ٹاپو۔

**جز بز ہونا** (ا) فعل ❶ بھنچنا ❷ تنگ ہونا ❸ دق ہونا ❹ آزردہ ہونا ❺ ناک بھوں چڑھانا۔

**جزر** (ع) اسم مذکر ❶ بھاٹا ❷ سمندر کے پانی کا اتار ❸ مد کی ضد۔

**جزم** (ع) اسم مذکر ❶ مضبوط ❷ پکا ❸ مصمم ❹ اٹل کسی حرف کو ساکن کرنا ❺ نیز علامت سکون۔

**جزو** (ع) اسم مذکر ❶ حصہ ❷ ٹکڑا ❸ پارہ ❹ ریزہ کاغذ کے سولہ صفحے مجموعہ یا ۸ ورق کا۔

**جزو بدن ہونا** (ا) فعل ❶ کسی خوراک کا بخوبی ہضم ہو کر صرف بدن ہونا ❷ انگ لگنا۔

**جزو بندی** (ف) اسم مونث۔ کتاب کے اجزا کو ڈورے سے سینا۔

**جزودان** (ف) اسم مذکر آلہ ❶ بستہ ❷ تھیلا، جس میں کتابیں رکھی جائے۔

**جزورس / جزرس** (عف) اسم مذکر ❶ صفت بہ ترکیب فاعلی ❷ کفایت شعار ❸ صرفہ کرنے والا ❹ بخیلی کنجوسی کرنے والا ❺ کم خرچ ❻ نکتہ رس ❼ زود فہم ❽ ذکی ❾ ہوشیار۔

**جزورسی** (عف) اسم مونث ❶ بیائے مصدری کفایت شعاری ❷ کنجوسی ❸ بخیلی ❹ صرفہ۔

**جزوکل** (ع) تابع فعل ❶ بالکل ❷ تمام ❸ سارا ❹ پورا ❺ سب ❻ سرتاسر۔

**جزوی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ ذرا سا ❷ تھوڑا سا ❸ منسوب بہ جزو ❹ حقیر ادنٰے ❺ ہیچ ❻ قلیل ❼ چھوٹا۔

**جزویات** (ع) اسم مذکر ❶ فروحات ❷ افراد حصے ❸ چھوٹی باتیں ❹ کلیات کی ضد۔

**جزیرہ** (ع) اسم مذکر ❶ ٹاپو ❷ دیپ ❸ وہ قطع زمین جو دریا یا سمندر میں اس طرح واقعہ ہو کہ چاروں طرف پانی سے محیط ہو۔

**جزیرہ نما** (ف) اسم مذکر ❶ جزیرہ کی طرح نظر آنے والا ❷ جزیرہ سا ❸ ٹاپو سا ❹ وہ قطعہ زمین جس کے تین طرف سمندر اور ایک طرف خشکی ہو۔

**جزیہ** (ع) اسم مذکر ❶ محصول ❷ ٹیکس۔

## ج ← س

**جس** (ہ) اسم مذکر ❶ شہرت ❷ نام ❸ ناموری ❹ آبرو ❺ عزت ❻

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ساکھ 7 اعتبار 8 بڑائی 9 نیکی۔

جس (ہ) اسم موصول کی علامت۔ جونسا۔

جس برتن کھائیں اسی میں چھید کریں/جس ہانڈی میں کھائیں اسی میں چھید کریں/جس ڈالی بیٹھیں اسی کی جڑ کاٹیں (ہ) مثل 1 جس سے پرورش پائیں اسی کو نقصان پہنچائیں 2 محسن کش 3 نمک حرام شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

جس پر (ہ) تابع فعل 1 تو بھی 2 تب 3 بعدازاں 4 پھر بھی۔

جس تن لگے وہی تن جانے (ا) مثل 1 جس کو دکھ ہو وہی اس کی تکلیف کو جانتا ہے دوسرے کو کیا خبر 2 دکھ کا اندازہ صاحب درد ہی لگا سکتا ہے۔

جس ٹہنی پر طوطا بیٹھا وہ ٹہنی بھی جھک گئی (ا) مثل۔ اپنی نحوست کے اثر کو دوسرے تک پہنچ جانے کے وقت بولا کرتے ہیں یعنی جس کی پناہ لی وہ بھی مغلوب اور عاجز ہو گیا۔

جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار (ا) مثل 1 بنیے کی مطلب پرستی اور خود غرضی کی بابت بولتے ہیں 2 جو بنیے کی دوستی پر بھروسہ کرے اسے دشمن کی کیا ضرورت ہے اس کو تو وہی لوٹ لے گا۔

جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے (ہ) مثل 1 جو شخص کسی کام کو کرتا ہو وہی اس کو کر سکے گا 2 دوسرا کرے گا تو انگشت نما ہوگا۔

جس کو رکھے سائیاں اسے مار نہ سکے کوئی (ہ) مثل۔ جس کو خدا بچائے اسے کوئی نہیں مار سکتا۔

جس کی دیگ اسی کی تیغ (ا) مثل۔ جو کھانا دیگا اسی کے نام کی تلوار چلے گی یعنی بادشاہ کے لئے رعیت مرتی ہے۔

جس کی تیغ اسی کی دیگ/جس کی لاٹھی اس کی بھینس (ا) مثل۔ زبردست آدمی کا ہر چیز پر قبضہ ہو جاتا ہے۔

جس کی کوٹھی میں دانے اس کے پاگل بھی سیانے (ہ) مثل۔ دولت بیوقوف کو عقلمند بنا دیتی ہے۔

جس کے ناک پر پیسا اس کا نخرہ کیسا (ا) مثل۔ جسے قیمت دیدی پھر اس کا احسان کیا۔

جس کے نہیں پھٹی بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی (ہ) مثل سکھیا

آدمی کو دکھ کا کیا اندازہ۔

جس کے ہاتھ روئی اسی کا سب کوئی (ہ) مثل۔ کھانا دینے والے یا تقسیم کرنے والے کی خوشامد اور تعریف کرتے ہیں۔

جس نے اپنی پگڑی اتار دی وہ دوسرے کی اتارنے سے کب ڈرتا ہے (ہ) مثل جسے اپنی آبرو کی پرواہ نہیں اسے دوسروں کو بے عزت کرنے میں کیا تامل ہے۔

جسامت (ع) اسم مونث 1 جسم ہونا 2 مٹائی ڈیل ڈول 3 فربہی دل 4 طول وعرض۔

جست (ہ) اسم مذکر 1 ایک دھات کا نام 2 روح طوطیا 3 جستا۔

جست (ف) اسم مونث 1 چھلانگ 2 قلانچ 3 زغند 4 کود 5 پھلانگ 6 چوکڑی۔

جست بھرنا (ا) فعل 1 چھلانگ مارنا 2 چوکڑی بھرنا 3 زغند لگانا۔

جستجو (ف) اسم مونث 1 ڈھونڈ ڈھانڈ 2 ٹٹول 3 تلاش 4 کھوج۔

جسم (ع) اسم مذکر 1 بدن 2 تن 3 ڈیل 4 سریر 5 کایا 6 دیہ 7 پنڈا۔

جسمانی (ع) اسم صفت 1 بدنی 2 جسم کے متعلق 3 مادی۔

جسمی (ع) اسم صفت 1 شخصی 2 بدنی 3 کایا کے متعلق۔

جسولنی (ا) اسم مونث 1 چوہدرانی 2 شاہی محلوں میں خبر خیر پہنچانے والی عورت۔

جسیم (ع) اسم صفت 1 فربہ 2 موٹا 3 تن وتوش والا۔

جسے پی چاہے وہی سوہاگن (ہ) مثل جو مالک کا پیارا وہی سب کا پیارا۔

جسے دیکھ تاب نہ آئے وہی شوہر مجھے بیاہنے آئے (ہ) مثل 1 دشمن سے معاملہ ہونا 2 قابل نفرت سے رغبت نہیں ہوا کرتی۔

## ج ← ش

جشن (ف) اسم مذکر 1 شادی 2 مہمانی 3 عیش ونشاط 4 عید 5

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03249072180

www.besturdubooks.net

خوشی 6 تیوہار 7 لہر بہر 8 تاریخ تخت نشینی کا جلسہ یا مجلس 9 اس رسم کا بانی جمشید تھا۔

جشن اڑانا (ا) فعل 1 مزے اڑانا 2 عیش کرنا 3 لطف اٹھانا۔

جشن منانا (ا) فعل 1 ناچ رنگ میں مشغول ہونا 2 خوشی منانا 3 گل چھرے اڑانا۔

## ج ← ع

جعفری (ء) اسم مونث 1 زر خالص 2 کندن 3 طلا کھرا سونا 4 ایک قسم کا زرد گیندے کا پھول 5 مجازاً 6 مطلق زرد۔

جعل (ء) اسم مذکر لغوی معنی 1 بنانا 2 بدلنا 3 تبدیل 4 تقلیب۔ اصطلاح میں نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعویٰ کرنا 5 مکر 6 فریب 7 دھوکا 8 بناوٹ 9 پاکھنڈ

جعل بنانا/کرنا (ا) فعل 1 جھوٹا کاغذ بنانا 2 جھوٹے دستخط بنانا 3 جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا 4 فریب بنانا۔

جعل ساز (ف) اسم مذکر 1 فریبی 2 مکار 3 دھوکے باز۔

جعلسازی (ف) اسم مونث 1 مکاری 1 دھوکے بازی 2 شرارت۔

جعلی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی 1 بناوٹی 2 فریبی 3 مصنوعی 4 نقلی 5 باطل 6 قلبی 7 کھوٹی 8 مکار۔

## ج ← غ

جغرافیہ (یونانی لفظ) 1 جیوگریفی کا معرب ہے 2 زمین کی خشکی تری اور دیگر حالات کے بیان کا علم۔

جغرافیکل ریڈر (ا) اسم مونث 1 وہ کتاب 2 جس میں علم جغرافیہ کی اصطلاحات اور دیگر امور کا بیان ہو۔

## ج ← ف

جفا (ف) اسم مونث 1 ظلم وستم 2 جور وتعدی سختی 3 ان نیاؤ۔

جفا کفا (ف) اسم مونث 1 ظلم وستم 2 جور وسختی 3 مصیبت 4 کشت 5 سختی۔

جفا کفا اٹھانا (ا) فعل 1 سختی سہنا 2 مصیبت جھیلنا۔

جفاکش (ف) اسم صفت 1 سختی جھیلنے والا 2 زحمت کش 3 محنتی۔

جفت (ف) اسم مذکر 1 جوڑا 2 زوج 3 جوڑ 4 جوٹ 5 جوڑا 6 علم حساب میں وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے ہمسر 7 ثانی 8 نظیر 9 جوتی کا جوڑا۔

جفتہ (ف) اسم مذکر 1 لغت میں خمیدگی 2 مجازاً شکن 3 سلوٹ 4 چنٹ 5 گنجلک 6 جنیو 7 جھری 8 بال جو اکثر جواہرات اور شیشے وغیرہ میں آجاتا ہے 9 شگاف۔

جفتے (ا) اسم مذکر 1 سلوٹیں 2 شکنیں 3 جھریاں۔

جفتے پڑنا (ا) فعل 1 سلوٹ پڑنا 2 شکن پڑ جانا 3 دھلے ہوئے کپڑے کا تار تار ہونا 4 عزت میں فرق آنا 5 شان میں فرق آنا۔

## ج ← ک

جکڑ بند (ہ) اسم صفت 1 کسا ہوا 2 تنا ہوا 3 مضبوط اور تنگ بندھا ہوا 4 گتھی 5 وجع المفاصل۔

جکڑنا (ہ) فعل 1 کسنا 2 جوڑنا 3 کس کر باندھنا 4 مشکیں باندھنا 5 سخت ہو جانا۔

جکڑی (ہ) اسم مونث 1 قصہ 2 کہانی 3 گیت 4 کشتی کے داؤں پیچ 5 کشتی 6 سخت پکڑ۔

جکڑی لگانا (ہ) فعل 1 کشتی کرنا 2 کشتی میں سخت پکڑنا 3 حریف کو بھینچنا۔

## ج ← گ

جگ (ہ) اسم مذکر 1 عالم 2 جہان 3 دنیا 4 سنسار 5 جگت 6 (بصورت اسم مونث) مخلوق 7 خلقت 8 لوگ 9 خدائی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**جگ جیتنا** (ہ) فعل ❶ ہرا دینا ❷ مغلوب کرنا ❸ عاجز کرنا ❹ تھکا مارنا ❺ مٹانا۔

**جگ دینا/کرنا** (ہ) فعل ❶ غربا کو کھانا کھلانا ❷ دعوت دینا ❸ جشن مہاراجگی۔

**جگ ہنسائی** (ہ) اسم مونث ❶ رسوائی ❷ ذلت ❸ بدنامی۔

**جگ** (ای) اسم مذکر ❶ لوٹا ❷ صراحی ❸ دودھ یا پانی رکھنے کا برتن۔

**جگ** (ہ) اسم مذکر ❶ زمانہ ❷ عہد ❸ مدت ❹ وقت ❺ قرن ❻ عمر ❼ اتفاق ❽ میل جول ❾ چوسر میں دو نردوں کا ایک ہی خانے میں اکٹھا بیٹھنا۔

**جگ ٹوٹنا** (ہ) فعل ❶ میل بکھرنا ❷ نفاق ہونا ❸ اتفاق جاتا رہنا ❹ جدائی ہو جانا۔

**جگ جگ** (ہ) تابع فعل ❶ ہمیشہ ❷ سدا ❸ مدام ❹ دایم ❺ تا ابد۔

**جگا جگا کر رکھنا** (ہ) فعل ❶ سنبھال سنبھال کر رکھنا ❷ احتیاط سے رکھنا ❸ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔

**جگالنا** (ہ) اسم مونث ❶ حیوانات کا اپنے چارہ کو معدہ سے منہ میں لا کر دوبارہ چبانا ❹ مارسی نشخوار۔

**جگان** (ہ) اسم مذکر ❶ دھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی بالا دی ❷ کپڑوں کے جوڑے۔

**جگانا** (ہ) فعل ❶ بیدار کرنا ❷ نیند سے اٹھانا ❸ ہوشیار کرنا ❹ خبردار کرنا ❺ اکسانا ❻ روشن کرنا۔

**جگت** (ہ) اسم مذکر ❶ دنیا ❷ سنسار ❸ جہان عالم ❹ دہر ❺ زمانہ (بصورت اسم مونث) ❻ کنوئیں کی مینڈ ❼ لب چاہ۔

**جگت استاد/جگت گرو** (ا) اسم مذکر ❶ استاد زمانہ ❷ بڑا کاریگر ❸ مسلم استاد ❹ سب کا مانا ہوا استاد۔

**جگت سیٹھ** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا بھاری ❷ ساہوکار ❸ زمانہ کا مالدار۔

**جگت سیٹھ کا سالا** (ہ) اسم مذکر (گالی ہے) بڑے دولتمند کا رشتہ دار۔

**جگت** (ہ) اسم مونث ❶ چترائی ❷ حکمت ❸ دانائی ❹ تدبیر ❺ رائے ❻ جتن ❼ تجویز ❽ توڑ جوڑ ❾ کرتب۔

**جگت باز** (ف) اسم مذکر ❶ لطیفہ گو ❷ مدبر ❸ صاحب تدبیر ❹ پولیٹیکل چالوں سے واقف آدمی۔

**جگت بازی** (ا) اسم مونث ❶ لطیفہ گوئی ❷ ضلع بازی ❸ بذلہ سنجی۔

**جگت لگانا** (ہ) فعل ❶ توڑ جوڑ بٹھانا ❷ تدبیر لڑانا ❸ موقع نکالنا ❹ راہ ورسم پیدا کرنا۔

**جگت ملانا** (ہ) فعل ❶ مطلب گانٹھنا ❷ باتیں بنانا ❸ ساز باز کرنا۔

**جگر** (ف) اسم مذکر ❶ اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام ہے ❷ مخزن خون ❸ کلیجہ ❹ کلیجی ❺ مراداً ❻ دل ❼ چیت ❽ من ❾ جان۔

**جگر بند** (ف) اسم مذکر ❶ دل ❷ تلی ❸ پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ ❹ مراداً جگر پارہ ❺ فرزند پیارا ❻ جان ❼ نور چشم۔

**جگر جگر** ہے اور دگر دگر ہے۔ بہرحال اپنا اپنا ہی ہے اور غیر غیر ہی ہے۔ مدعا یہ کہ غیر کبھی یگانہ نہیں ہو سکتا۔

**جگر گوشہ** (ف) اسم مذکر بقلب اضافت ❶ جگر کا ٹکڑا ❷ پیارا عزیز۔

**جگرا** (ا) اسم مذکر ❶ حوصلہ ❷ ہمت ❸ جرات ❹ دلیری ❺ کلیجہ ❻ دل گردہ۔

**جگر جگر کرنا** (ہ) فعل ❶ چمکنا ❷ جگمگانا۔

**جگری** (ف) اسم صفت ❶ اندرونی ❷ جگر سے نسبت رکھنے والا ❸ صادق ❹ سچا ❺ گہرا ❻ پیارا ❼ سچا۔

**جگری داغ** (ف) اسم مذکر ❶ لاعلاج صدمہ ❷ لاعلاج مصیبت ❸ بال جو کسی جواہر میں ہو۔

**جگل** (ہ) اسم مذکر ❶ جوڑا ❷ زوج ❸ جفت ❹ دو۔

**جگمگانا** (ہ) فعل ❶ چمکنا ❷ جھلکنا ❸ روشن ہونا ❹ تاباں ہونا ❺ ڈلکنا ❻ جگر جگر کرنا۔

**جگمگاہٹ** (ہ) اسم مونث ❶ چمک دمک ❷ جلوہ ❸ جھلک ❹ روشنی ❺ تابش رونق ❻ آبداری ❼ تجلی۔

**جگمگ جگمگ کرنا** (ء) فعل ❶ چمکنا ❷ دمکنا ❸ روشن ہونا ❹ درخشاں ہونا۔

**جگنو** (ہ) اسم مذکر ❶ کرم شب تاب ❷ گلے میں پہننے کی جگنی۔

**جگنی** (ہ) اسم مونث ❶ گلے میں پہننے کا ایک زیور ❷ جگنو۔

**جگہ** (ہ) اسم مونث ❶ ٹھور ❷ مقام ❸ مکان ❹ ٹھکانا ❺ محل ❻

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...218

موقع 7 سمائی 8 گنجائش 9 عہدہ۔
جگہ جگہ (ہ) تابع فعل 1 ہر جگہ 2 ہر جا 3 ہر موقع پر 4 سب جگہ۔
جگہ چھوڑنا (ہ) فعل 1 مقام چھوڑنا 2 نوکری یا عہدہ دینا 3 رہنے کو گھر دینا 4 پرے ہٹنا 5 سرکنا 6 ہٹ جانا۔

## ج ← ل

جُل (ہ) اسم مذکر 1 فریب 2 دھوکا 3 دم 4 جھانسا 5 دغا 6 مکر 7 فطرت 8 شرارت۔
جُل باز (ا) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی 1 فریبی 2 دھوکے باز 3 مکار 4 پاکھنڈی 5 شریر۔
جُل دینا/ کھیلنا (ہ) فعل 1 ٹھگنا 2 چھلنا 3 دھوکا دینا 4 فریب کھیلنا 5 دم دینا 6 بالا بتا دینا 7 دغا دینا۔
جَل (ہ) اسم مذکر 1 پانی 2 آب 3 ماء۔
جَل پان (ہ) اسم مذکر 1 ناشتہ 2 تھوڑا سا کھانا پینا۔
جَل ترنگ (ہ) اسم مذکر 1 ایک طرح کا باجہ جو پیالیوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجاتے ہیں 2 پانی کی لہر 3 موج 4 ہلورا۔
جَل تُرئی/ جل توری (ہ) اسم مونث 1 مچھلی 2 ماہی 3 مچھی۔
جَل تھل (ہ) اسم مذکر 1 بحر و بر 2 تری و خشکی۔
جَل تھل ایک ہونا (ہ) فعل 1 کثرت سے بارش ہونا 2 پانی ہی پانی نظر آنا۔
جَل جوگنی (ہ) اسم مونث 1 جونک 2 زلو 3 چیل 4 زغن 5 جلے تن 6 بدمزاج۔
جَل کر (ہ) اسم مذکر 1 محصول آب 2 مچھلیاں پکڑنے کی جگہ کا محصول 3 بحری آمدنی 4 سنگھاڑوں یا کنول وغیرہ کے تالابوں کا لگان۔
جَل ککڑ (ہ) اسم مذکر 1 مرغ آبی 2 پانی کا پرندہ 3 جلا تن 4 بد مزاج 5 غصیل۔
جَل کی مچھی جل ہی میں بھلی (ہ) ہر شخص کا گزارہ اپنی قوم میں ہوسکتا ہے۔
جَل مانس (ہ) اسم مذکر 1 مرد آبی 2 پانی کا آدمی۔

جلا (ء) اسم مونث 1 صفائی 2 آبداری 3 آب 4 صیقل 5 چمک 6 دمک 7 رنگ و روپ 8 رونق زندگی۔
جلا دینا/ کرنا (ا) فعل 1 رونق دینا 2 آب دینا 3 چمکانا 4 اجالنا 5 زندگی بخشنا۔
جلا کار (ف) اسم مذکر 1 صیقل گر 2 اجالنے والا۔
جُلّاب (ا) اسم مذکر 1 گلاب کا معرب ہے 2 مسہل کا جزو اعظم ہونے کی وجہ سے مجازاً مسہل پر بولنے لگ گئے 3 دست آور دوا 4 مسہل۔
جُلاب لینا (ا) فعل 1 مسہل کی دوا پینا 2 دست آور دوا کھانا۔
جلا بُلا/ جلا بھنا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی 1 غضبناک 2 غصیل 3 سوختہ افروختہ 4 مغموم 5 رنجیدہ خاطر 6 تند مزاج۔
جُلّابی (ا) اسم مذکر۔ مسہل لینے والا۔
جلاپا (ہ) اسم مذکر 1 رنج 2 غم 3۔ آزردگی 4 جلن 5 سوگ 6 اندوہ ملال 7 رشک وحسد، جیسے سوکن کا جلاپا 8 بغض وعداوت۔
جلا تن (ہ) اسم صفت 1 بد مزاج 2 جھلّا 3 غضبناک 4 تند مزاج 5 حاسد 6 رشک کرنے والا 7 مغلوب الغضب۔
جلا جلا کر مارنا/ خاک کرنا (ا) فعل 1 تنگ کر کے مارنا 2 غصہ دلا دلا کر ہلاک کرنا 3 ستا کر مارنا 4 ازحق دق کرنا۔
جلّاد (ء) اسم مذکر مبالغہ 1 لغوی معنی کھال کھینچنے والا 2 تند مزاج 3 ڈرے مارنے والا 4 مجازاً قاتل 5 سفاک 6 بے رحم 7 سنگدل 8 بے درد۔
جلّادِ فلک (ء) اسم مذکر 1 مریخ 2 منگل 3 ایک آتشی ستارے کا نام ہے۔
جلادت (ء) اسم مونث 1 بہادری 2 جرات 3 دلیری 4 دلاوری۔ شجاعت 5 چستی 6 چالاکی۔
جلّادی (ا) اسم مونث 1 بے رحمی 2 بیدردی 3 قصائی پنا۔
جلال (ء) اسم مذکر 1 بزرگی 2 عظمت 3 بڑائی 4 شان و شوکت 5 رعب وداب 6 غصہ 7 کرودھ 8 تیزی 9 سختی۔
جلالی (ء) اسم صفت مونث 1 وہ صفت الٰہی جس میں شان غضب کا اظہار ہو 2 جمالی کی ضد 3 درویشوں کا ایک فرقہ منسوب بہ سید

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218
www.besturdubooks.net

جلال الدین بخاری ❹ کل شمسی مہینوں کا نام ❺ صاحب جلال ❻ خوفناک ❼ غضبناک۔

**جلالیہ** (ا) اسم مذکر۔ سید جلال الدین بخاری کو ماننے والا فقیر۔

**جَلّا میری** (ا) لڑکوں کا ایک کھیل جسے اڑان چھلا بھی بولتے ہیں۔

**جلانا** (ہ) فعل ❶ زندہ کرنا ❷ روح ڈالنا ❸ زندگی بخشنا ❹ جان ڈالنا ❺ طراوت بخشنا ❻ تروتازگی دینا ❼ موت سے بچانا ❽ مرنے نہ دینا ❾ دھات کے کشتے کو پھر اصلی حالت پر لانا۔

**جَلانا** (ہ) فعل ❶ بالنا ❷ آگ لگانا ❸ سلگانا ❹ بھڑکانا ❺ آگ دینا ❻ لُو کا لگانا ❼ غصہ دلانا ❽ غضبناک کرنا ❾ دق کرنا۔

**جلا وطن** (ع) اسم صفت ❶ دیس سے نکالا ہوا ❷ شہر بدر (بصورت اسم) دیس نکالا ❸ ہجرت بن باس۔

**جلا وطن کرنا** (ا) فعل ❶ دیس نکالا دینا ❷ شہر بدر کرنا ❸ کالے پانی بھیجنا۔

**جلا وطنی** (ع) اسم مونث ❶ بن باس ❷ ہجرت ❸ دیس نکالا۔

**جُلاہا** (ا) اسم مذکر ❶ جامہ باف ❷ نور باف ❸ کپڑا بننے والا ❹ پانی کے ایک سیاہ رنگ کیڑے کا نام ہے ❺ (بحالت صفت) احمق مورکھ ❻ نادان ❼ بیوقوف ❽ اوت۔

**جل بجھنا** (ہ) فعل ❶ جل کر خاک ہوجانا ❷ راکھ ہوجانا ❸ بھسم ہوجانا۔

**جِلد** (ع) اسم مونث ❶ کھال ❷ چمڑا ❸ پوست ❹ چرم چام کتاب کا پٹھا ❺ کتاب کی سلائی وغیرہ ❻ کتاب کا حصہ۔

**جَلد ساز/ جلد گر** (ف) اسم مذکر۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔

**جَلد** (ف) تابع فعل ❶ تُرت ❷ فوراً ❸ جھٹ پٹ ❹ شتاب۔

**جَلد باز** (ف) اسم مذکر فاعل سماعی ❶ تاؤلا شتابی کرنے والا ❷ زود کار ❸ شتاب کار۔

**جلدی** (ع) اسم مونث بیائے زائدہ شتابی تاؤلی ❶ پھرتی ❷ چستی ❹ سرعت۔

**جلدی کا کام شیطان کا** (ا) مثل۔ جلدی میں کام بگڑ جاتا ہے۔

**جَلسہ** (ع) اسم مذکر ❶ نشست ❷ اجلاس ❸ بیٹھک ❹ محبت ❺ ملاقات ❻ سبھا ❼ مجلس ❽ محفل ❾ دعوت۔

**جل مرنا** (ہ) فعل ❶ حسد سے جل جانا ❷ کسی کی بھلائی دیکھ نہ سکنا ❸ حسد کرنا۔

**جَلن** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر جلنا سے ❶ سوزش ❷ تپش ❸ جلنے کی حالت ❹ حسد ❺ رشک ❻ کینہ ❼ دشمنی ❽ عداوت۔

**جَلنا** (ہ) فعل ❶ بلنا ❷ آگ لگنا ❸ سلگنا ❹ روشن ہونا ❺ جھلسنا ❻ بھننا ❼ داغ لگنا ❽ راکھ ہونا۔

**جِلَو** (ت) اسم مونث ❶ باگ ❷ لگام ❸ کرئیل گھوڑا ❹ ٹھاٹ ❺ زینت ❻ سواری کا ٹھاٹ ❼ تجمل ❽ شان وشوکت ❾ ہمراہی۔

**جلوخانہ** (تف) اسم مذکر ظرف ❶ صحن ❷ انگنائی ❸ چوک ❹ ڈیوڑھی ❺ شاہی دروازے کے سامنے کا میدان۔

**جلو دار** (تف) اسم فاعل سماعی ❶ مصاحب ❷ خادم ❸ ہم نشین ❹ ہمرکاب ❺ نوکر چاکر۔

**جُلُوس** (ع) اسم مذکر ❶ نشست ❷ بیٹھک ❸ تخت نشینی ❹ راج تلک ❺ راج گدی ❻ شاہانہ شوکت ❼ کروفر ❽ تجمل ❾ امیروں اور بادشاہوں کی سواری۔

**جلوسی** (ع) اسم صفت ❶ تخت نشینی سے منسوب ❷ شاہی جلوس کے ملازم۔

**جلوہ** (ع) اسم مذکر ❶ نمودار ہونا ❷ دیدار ❸ نظارہ سامنے آنا ❹ تجلی نور ❺ چمک۔

**جلوہ دکھانا** (ا) محاورہ ❶ کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا ❷ نظارہ دینا۔

**جلوہ گر ہونا** (ا) فعل ❶ ظاہر ہونا ❷ نمودار ہونا ❸ بادشاہوں کا تشریف لانا۔

**جَلی** (ع) اسم صفت ❶ روشن ❷ آشکارا ❸ ظاہر۔ ❹ نمایاں ❺ عیاں ❻ پرگھٹ ❼ پرکار ❽ موٹا لکھا ہوا خط ❾ متا (خفی کی ضد)

**جلیبا** (ہ) اسم مذکر ❶ شہتوت ❷ توت ❸ بڑی جلیبی۔

**جلیبی** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کڑاہی میں تل کر شیرہ میں ڈبوئی جاتی ہے۔

**جلے پاؤں کی بلی** (ہ) محاورہ ❶ ہرزہ گرد عورت ❷ وہ عورت جسے پھرنے کے سوا اور کوئی کام نہ ہو ❸ آوارہ گرد ❹ مضطرب ❺

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

بیقرار۔

جلے پر نمک چھڑکنا/ لگانا (ہ) فعل ① رنج پر رنج دینا ② ستائے ہوئے کوستانا ③ جلے کو جلانا۔

جلے پھپھولے پھوڑنا (ہ) فعل ① حسد نکالنا ② بدلہ لینا ③ دل کا بغض ظاہر کرنا ④ عداوت نکالنا۔

جلی کٹی کہنا (ہ) فعل ① برا کہنا ② بدی کرنا ③ دشمنی اور حسد کی باتیں کرنا ④ کسی کے خلاف کہنا۔

جَلیس (ہ) اسم صفت مشبہ مذکر ① ہم نشین ② مصاحب ③ ساتھی ④ رفیق ⑤ ہمراہی ⑥ پاس بیٹھنے والا۔

جلیل (ع) اسم صفت ① بزرگی والا ② بزرگ ③ بڑا ④ کلاں ⑤ عظیم ⑥ اعلیٰ ⑦ افضل۔

جلیل القدر (ع) اسم صفت ① عالی مرتبہ ② بڑا معزز ③ بڑی شان والا۔

## ج ← م

جم (ف) اسم مذکر۔ ① بڑا بادشاہ ② سلیمان علیہ السلام کا نام ③ جمشید شاہ ایران کا نام۔

جم جاہ (ف) اسم صفت ① بڑے مرتبے والا ② جمشید جیسے مرتبے والا۔

جَم (ہ) اسم مذکر (ہندو) ① دھرم راج ② پاتال کا راجہ ③ ملک الموت ④ موت ⑤ قضا ⑥ ناگوار ⑦ طبع آدمی جو پاس سے نہ ہٹے ⑧ توام ⑨ جوڑواں۔

جَم دُوت (ہ) اسم مذکر ① ملک الموت ② موت کا فرشتہ۔

جم دیا (ہ) اسم مذکر۔ (ہندو) جم دیوتا کے نام کا چراغ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا کرتے ہیں۔

جم راج (ہ) اسم مذکر ① جم لوک کا بادشاہ ② تحت الثرائے کا بادشاہ ③ پاتال کا راجہ۔

جم ہو جانا (ہ) فعل ① موت کی طرح ٹلنے کا نام نہ لینا ② پیچھا نہ چھوڑنا ③ قضائے مبرم بن جانا۔

جماد (ہ) اسم مذکر ① غیر ذی روح اشیاء ② بیجان چیزیں ③ اینٹ پتھر وغیرہ ④ وہ زمین جس پر پانی نہ برسے ⑤ قحط سالی ⑥ خشک سالی ⑦ بخیل ⑧ کنجوس ⑨ سخت زمین۔

جمادی الاول (ع) اسم مذکر۔ عربی قمری سال کا پانچواں مہینا۔

جمادی الآخر/ جمادی الثانی (ع) عربی قمری سال کا چھٹا مہینہ۔

جماعت (ع) اسم مونث ① گروہ ② آدمیوں کا جتھا ③ ہجوم ④ بھیڑ ⑤ انبوہ ⑥ فریق ⑦ فرقہ ⑧ غول ⑨ ٹولی۔

جماعت کرامات (ا) محاورہ۔ اتفاق میں بہت برکتیں ہیں۔

جُماگی (ا) اسم مونث ① ہفتہ کا خرچ ② جیب خرچ ③ جمعراتی۔

جمال (ع) اسم مذکر ① حسن ② خوبصورتی ③ جوبن۔

جمالگوٹہ (ع) اسم مذکر ① ایک دست آور دوا کا نام ہے ② حسب الملوک۔

جمالی (ع) اسم صفت نسبتی ① نوری ② شان رحمت کی تجلی ③ منسوب بہ جمال الٰہی ④ (بصورت اسم مذکر) ایک قسم کا سردا ⑤ خربوزہ ⑥ صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات، پیاز، لہسن۔

جَمانا (ہ) فعل۔ ① منجمد کرنا ② بستہ کرنا ③ آمادہ کرنا ④ ترتیب سے لگانا ④ قایم کرنا ⑤ ٹھیرانا ⑥ اکھاڑنا کے خلاف ⑦ چسپان کرنا ⑧ جوڑنا۔

جماؤ (ہ) اسم مذکر ① استحکام ② بستگی ③ انجماد ④ جمنے کی قابلیت ⑤ بھیڑ ⑥ ہجوم ⑦ قیام ⑧ پختگی۔

جماہی/ جمائی (ہ) اسم مونث۔ سستی اور خمار کی حالت میں منہ کھول کر سانس لینا۔

جَم جَم (ا) تابع فعل ① عورتیں ② ہمیشہ ③ سدا ④ نت ⑤ سلامتی اور اقبال کے ساتھ ⑥ بالضرور ⑦ درحقیقت۔

جمدھر (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی چھری ② خنجر ③ ایک طرح کا بادامی کاغذ۔

جمع (ع) اسم مذکر ① کل ② تمام ③ اکٹھا ④ میزان ⑤ چند رقموں کا مجموعہ ⑥ سرمایہ ⑦ دولت ⑧ زرنقد۔

جمعبندی (ف) اسم مونث ① فرد لگان ② قرار ③ جمع ④ تقسیم لگان۔

جمع کرنا (ا) فعل ① اکٹھا کرنا ② بٹورنا ③ سمیٹنا ④ ڈھیر کرنا ⑤

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

گودام میں رکھنا ⑥ جوڑ لگانا ⑦ میزبان دینا ⑧ اُگاہنا ⑨ وصول کرنا۔

جمع والا (ا) اسم مذکر ① دولتمند ② پونجی والا ③ سرمایہ دار ④ مہاجن ⑤ ساہوکار۔

جمع خرچ (عف) اسم مذکر ① آمد وخرچ ② مداخل ومخارج۔

جمع ہونا (ا) فعل ① فراہم ہونا ② اکٹھا ہونا ③ سمٹنا ④ وصول ہونا۔

جمعدار (عف) اسم مذکر ① جماعت کا افسر ② سردار جماعت ③ چند سپاہیوں کا افسر۔

جمعداری (عف) اسم مونث ① جمعدار کا عہدہ ② جماعت یا گروہ کی افسری۔

جمعرات (ا) اسم مونث ① شب جمعہ ② پنجشنبہ کا دن۔

جمعراتی (ا) اسم مونث ① وہ جیب خرچ جو لڑکوں کو جمعرات کو ملتا ہے ② مکتبی ملاؤں کا پیسہ ③ پاٹ شالا کے پنڈت اس کو اتواری کہتے ہیں۔

جمعہ (ء) اسم مذکر ① لشکر وار ② یوم آدینہ ③ نماز جمعہ کو بھی مراداً کہہ دیتے ہیں۔

جَمعیت (ء) اسم مونث ① فراہمی ② اکٹھا ہونا ③ روہ ④ مجمع ⑤ انبوہ ⑥ فوج ⑦ لشکر ⑧ اطمینان ⑨ تسکین۔

جمعیت خاطر (ء) اسم مونث ① دل جمعی ② تشفی ③ تسلی ④ آسود گئے خاطر ⑤ بیفکری ⑥ تسکین دل۔

جم غفیر (ء) سم مذکر ① (جم بمعنی انبوہ۔ غفیر بمعنی کثیر) انبوہ کثیر ② بڑا جمگھٹ۔

جمگھٹ / جمگھٹا (ہ) اسم مذکر ① بھیڑ ② انبوہ ③ ہجوم ④ بہت بڑا مجمع۔

جُمل (ء) اسم مذکر۔ حروف ابجد کے اعداد کا حساب۔

جُملگی (ءف) اسم مونث ① تمامی ② عمومیت ③ کلہم ④ کل ⑤ سب ⑥ سارے ⑦ سارے کے سارے۔

جُملہ (ء) اسم صفت ① تمام ② سب ③ کل ④ میزان کل ⑤ کلموں کا ⑤ فقرہ ⑥ کلام۔

جملہ معترضہ (ء) اسم مذکر ① وہ جملہ جو کسی دوسرے جملہ کے دو اجزا کے ذکر درمیان واقع ہو ② بات میں بات۔

جَمنا (ہ) فعل ① منجمد ہونا ② اکٹھا ہو ③ قایم ہونا ④ اگنا ⑤ زمین سے نکلنا ⑥ چپکنا ⑦ چسپان ہونا ⑧ مضبوط ہونا ⑨ پکا ہونا۔ جموٹ (ہ) اسم مونث ① (پورب) کنوئیں کی بنیاد ② رسم بنیاد وچاہ۔

جمہور (ء) اسم مذکر ① عام لوگ ② سب لوگ ③ تمام ④ امرا، وزراء اور عوام۔

جمہوری سلطنت (ا) اسم مونث۔ ① وہ سلطنت جہاں کا بادشاہ مطلق العنان نہ ہو ② لوگوں کے نمایندوں کی حکومت۔

جمیع (ء) اسم صفت ① سب ② تمام ③ کل ④ سارے کے سارے۔

جمیل (ء) اسم صفت مذکر ① خوبصورت ② حسین ③ سندر ④ خوب ⑤ نیکو۔

جمیلہ (ہ) اسم صفت مونث ① خوبصورت عورت ② حسینہ ③ شکیلہ۔

## ج ← ن

جن (ء) اسم مذکر ① بھوت ② دیو ③ پریت کی وہ قسم جو آگ سے پیدا کی گئی ہے ④ ہمزاد ⑤ روح ⑥ غصہ ⑦ غضب ⑧ سخت آدمی ⑨ کڑا اور پکا آدمی۔

جن اتارنا (ا) فعل ① بھوت کو قابو کرنا ② کسی کے سر سے بھوت پریت وغیرہ کے آسیب کو دور کرنا ③ کسی کے غصے کو ٹھنڈا کرنا۔

جن چڑھنا (ا) فعل ④ آسیب کا اثر ہو جانا ⑤ غصہ چڑھنا ⑥ ضد چڑھنا۔

جَنا (ہ) اسم مذکر مفعول ① جنا ہوا ② پیدا شدہ نطفہ ③ تخم جیسے حرام کا جنا ④ مرد ⑤ آدمی ⑥ شخص۔

جناب (ء) اسم مونث ① درگاہ ② آستانہ ③ حضرت قبلہ صاحب ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140171218

حضور خود بدولت۔

**جناب اقدس** (ع) اسم مذکر ❶ حضور والا ❷ حضور عالی ❸ عالی جناب۔

**جناب عالی** (ع) اسم مذکر ❶ خداوند نعمت ❷ حضرت سلامت ❸ عالی جناب۔

**جنابت** (ع) اسم مونث ❶ آلودگی ❷ ناپاکی ❸ نجاست۔

**جنّات** (ع) اسم مذکر ❶ جن کی بے قاعدہ جمع ❷ بہت سے بھوت پریت وغیرہ۔

**جنازہ** (ع) اسم مذکر ❶ لاش ❷ لوتھ ❸ مردہ جسم ❹ تابوت ❺ میت۔ ارتھی ❻ بوان۔

**جنازہ نکلے/ جنازہ دیکھے** (ا) ❶ دعائے بد اور قسم کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں ❷ مردہ دیکھے ❸ میّت نکلے ❹ مرے ❺ مرجائے۔

**جنانا/ جنوانا** (ہ) فعل ❶ پیدا کرنا ❷ بچہ کو پیٹ سے نکالنا ❸ دائی کا عورت کا پیٹ میں سے بچہ باہر نکالنا۔

**جنائی** (ہ) اسم مونث ❶ جنانے والی عورت ❷ دائی ❸ قابلہ ❹ جنانے کی اجرت۔

**جنبش** (ف) اسم مونث ❶ حرکت ❷ چال ❸ رفتار ❹ ہلنا جلنا۔

**جنبش دینا** (ا) فعل ❶ حرکت دینا ❷ ہلانا ❸ جھنجوڑنا۔

**جنّت** (ع) اسم مونث ❶ بہشت ❷ خلد ❸ فردوس ❹ سرگ ❺ سرپر ❻ بیکنٹھ ❼ دوزخ کی ضد۔

**جنت نصیب کرے** (ا) ❶ دعائے خیر ❷ خدا کرے بہشت ملے۔

**جنتر** (س) اسم مذکر آلہ ❶ کل ❷ اوزار ❸ راچھ ❹ آلہ جرثقیل ❺ ایک طرح کا باجا ❻ بین ❼ افسون جادو ❽ ٹونہ ❾ ٹوٹکا۔

**جنتر منتر** (س) اسم مذکر ❶ بازی گری ❷ نظر بندی ❸ سحر سازی ❹ شعبہ بازی ❺ مکاری ❻ فریب ❼ دھوکا بازی۔

**جنتری** (ہ) اسم مونث ❶ تارکشوں کے تار کھینچنے کا ایک سوراخ دار آلہ ❷ تقویم پترا ❸ حساب یکسالہ۔

**جنتو** (ہ) اسم مذکر ❶ جیو ❷ جانور ❸ پرانی ❹ حیوان ❺ رینگنے والے جانور ❻ حشرات الارض۔

**جنّتی** (ع) اسم صفت ❶ بہشتی ❷ سرگی ❸ بہشت میں رہنے والا ❹ مرحوم ❺ مغفور ❻ سرگباشی ❼ نیک آدمی ❽ بھلا آدمی ❾ سیدھا سادہ آدمی۔

**جنتی** (ہ) اسم مونث ❶ ماں ❷ مادر ❸ ماتا ❹ اماں ❺ والدہ ❻ جنی ❼ تار کھینچنے کا اوزار ❽ لوہے کا سوراخ دار آلہ۔

**جنٹلمین** (ای) اسم مذکر ❶ شریف آدمی ❷ بھلا مانس۔

**جنجال** (ع) اسم مذکر ❶ بلا ❷ آفت ❸ مصیبت ❹ وبال ❺ عذاب ❻ بپتا ❼ دکھ ❽ مشکل ❾ دقت۔

**جنجال میں پڑنا/ پھنسا** (ا) مصیبت میں گرفتار ❶ عذاب پڑنا ❷ مشکل میں پڑنا۔

**جنجالی** (ہ) اسم مذکر ❶ بکھیڑیا ❷ جھگڑالو ❸ مزاحم۔

**جندرا** (ہ) اسم مذکر ❶ قفل ❷ تالا۔

**جندرے ڈھیلے ہونا** (ا) محاورہ ❶ کل پرزے ڈھیلے ہونا ❷ سست ہونا ❸ کاہل ہونا۔

**جندڑی** (ہ) اسم مونث ❶ جان ❷ روح ❸ آتما۔

**جنڈ** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک جنگلی درخت کا نام ہے جسے سانگر کہتے ہیں ❷ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالتے ہیں۔

**جنرل** (ای) ❶ بڑا فوج کا افسر اعلیٰ ❷ عام حاکم۔

**جنرل پوسٹ آفس** (ای) بڑا ڈاک خانہ۔

**جنس** (ع) اسم مونث ❶ چیز ❷ شے ❸ اسباب ❸ سودا ❹ سوداگری کا اسباب ❺ نوع ❻ قسم ❼ جماعت ❽ اناج ❾ غلہ۔

**جنس وار** (عف) اسم مذکر ❶ قسم دار ❷ تفصیل وار ❸ پٹواریوں کی گرداوری کا نقشہ۔

**جنسیّت** (ہ) اسم مونث ❶ ہم قسم ہونا ❷ یکسہ ہونا ❸ ایک میل ہونا۔

**جنکشن** (ع) اسم مونث ❶ دو یا دو سے زیادہ ریلوں کا مقام ❷ اتصال۔

**جنگ** (ہ) اسم مذکر ❶ پشتارہ ❷ گٹھڑ ❸ بنڈل ❹ مجموعہ۔

**جنگ** (ف) اسم مونث ❶ لڑائی ❷ زن ❷ جدل ❸ معرکہ ❹ رزم ❺ کارزار ❻ نبرد پیکار ❼ عداوت ❽ دشمنی ❾ کینہ۔

**جنگ آزمودہ** (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ دلیر ❷ بہت سی لڑائیوں میں رہ چکنے والا ❸ لڑائی کی گھاتوں سے واقف۔

**جنگ آور** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ لڑنے والا ❷ لڑائی پر چڑھنے والا۔

**جنگجو** (ف) اسم صفت ❶ لڑاکا ❷ جھگڑالو ❸ تکراری آدمی۔

**جنگ زرگری** (ف) اسم مونث ❶ جھوٹ موٹ کی لڑائی ❷ دشمن

کو دھوکا دینے کے لئے بلا عداوت اور مصلحت کی لڑائی ❸ سازشی لڑائی۔

**جنگ کرنا** (ا) فعل ❶ لڑنا ❷ جھگڑنا ❸ لڑائی کرنا۔

**جنگ وجدل** (ف) ❶ اسم مذکر ❷ لڑائی جھگڑا ❸ لڑائی بھڑائی ❹ کھٹا پٹی ٹنٹا ❺ دنگا فساد۔

**جنگل** (ف) اسم مونث ❶ میدان ❷ نخلستان ❸ صحرا ❹ بیابان ❺ ریگستان ❻ بنجر اور ویران جگہ ❼ چراگاہ ❽ چوپایوں کے چرنے کی زمین ❾ بادشاہی شکارگاہ۔

**جنگل کا آدمی** (ا) اسم مذکر ❶ بن مانس ❷ بندر ❸ وحشی آدمی ❹ صحرائی آدمی ❺ غیر مہذب ❻ ناشائستہ۔

**جنگل میں منگل ہونا** (ا) فعل ❶ ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا ❷ جنگل میں عیش عشرت کا سامان موجود ہونا۔

**جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا** (ا) مثل۔ غیر ملک میں یا پردیس میں سخاوت کی تو کس کام کی۔ عزت وہی جو اپنے وطن میں ہو۔

**جنگلا** (ا) اسم مذکر ❶ جھنڈ ❷ گھنا جنگل ❸ کٹہرا ❹ احاطہ ❺ باڑ ❻ جالی ❼ ویرانہ اور غیر آباد جگہ ❽ دوپٹے وغیرہ پر گوٹہ کناری کا حاشیہ ❽ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے۔

**جنگلی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ دشتی ❷ صحرائی ❸ بھڑکنے والا ❹ بدکنے والا ❺ خودرو قدرتی ❻ آپ ہی اُگا ہو ❼ گنوار ❽ اُجڈ ❾ غیر مہذب۔

**جنگلی سور** (ا) اسم مذکر ❶ قابل ❷ خوک صحرائی ❸ موٹا اور بدصورت آدمی۔

**جنگی** (ف) اسم مذکر ❶ قابل جنگ بہادر ❷ دلیر سپاہی ❸ لشکری ❹ سورما ❺ (بحالت صفت) فوجی ❻ ملٹری ❼ جنگی افسر ❽ بڑا عظیم۔

**جنگی بیڑا** (ا) اسم مذکر ❶ لڑائی کے جہازوں کا سلسلہ ❷ بحری فوج اور سامان جنگ سے لدے ہوئے جہاز ❸ بحری ❹ فوج۔

**جنگی پرنالہ** (ا) اسم مذکر ❶ وہ پرنالہ جس دھار مردور گرے ❷ خصی پرنالے کی ضد۔

**جنگی جہاز** (ف) اسم مذکر ❶ لڑائی کا جہاز ❷ بہت بڑا جہاز۔

**جنگی فوج** (ف) اسم مونث ❶ لڑائی کی فوج ❷ بحری فوج۔

**جنگی لاٹ** (ا) اسم مذکر ❶ سپہ سالار ❷ کمانڈر انچیف ❸ فوج کا سب اعلیٰ افسر۔

**جنم** (ہ) اسم مذکر ❶ ولادت ❷ پیدائش ❸ نسل ❹ بنیاد ❺ اصل ❻ خلقت ❼ فطرل ❽ روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا ❾ عمر۔

**جنم اندھا** (ہ) اسم مذکر ❶ پیدائشی اندھا ❷ کور مادر زاد ❸ مادر زاد نابینا۔

**جنم بگاڑنا** (ہ) فعل ❶ دھرم بگاڑنا ❷ ایمان خراب کرنا ❸ گناہ میں زندگی بسر کرنا ❹ زندگی خراب کر لینا۔

**جنم بھوم/جنم بھومی/جنم استھان** (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ پیدائش کی جگہ ❷ زادبوم ❸ مولد ❹ وطن ❺ دیس۔

**جنم پتری/جنم پترا** (ہ) اسم مونث ❶ زائچہ ❷ تقویم ❸ لگن کنڈلی۔

**جنم جلا/جنم جلی** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ پیدائشی بد نصیب ❷ بداختر ❸ بدطالع ❹ منحوس ❺ شوم ❻ نگوڑا ❼ بیچارہ۔

**جنم جنم** (ہ) اسم صفت ❶ ہمیشہ ❷ نت ❸ سدا ❹ مدام ❺ تناسخ ❻ اواگون۔

**جنم دن** (ہ) اسم مذکر ❶ یوم پیدائش ❷ روز ولادت ❸ سالگرہ کا دن۔

**جنم روگی** (ہ) اسم صفت ❶ دائم المریض ❶ سدا روگی ❷ جنم کا دکھیا۔

**جنم کنڈلی** (ہ) اسم مونث ❶ زائچہ خرد ❷ چھوٹی جنم پتری ❸ لگن کنڈلی۔

**جنم کے اندھے نین سکھ** (ہ) مثل نا قابل ہونے کی صورت میں ناموری کی مثال۔

**جنم لینا** (ہ) فعل ❶ پیدا ہونا ❷ دنیا میں آنا (عقائد ہنود) ❸ تناسخ ❹ اواگون ❺ ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا۔

**جنم مرن** (ہ) اسم مونث ❶ (ہندو عورتیں) ہمیشہ کی موت ❷ موت ابدی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772

www.besturdubooks.net

جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ (ہ) مثل۔ غریبی میں بڑوں کی ریس کرنا۔

جننا (ہ) فعل ❶ بچہ دینا ❷ بیانا۔

جننگ فیکٹری (ای) اسم مذکر۔ روئی سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ۔

جنواسا (ہ) اسم مذکر ظرف۔ دولھا اور برات کے ٹھیرانے کا مکان۔

جنوانسا/ جواسا (ہ) اسم مذکر۔ ایک خاردار پودا جسے اکثر اونٹ کھاتا ہے اور گرمی میں لوگ خس کی ٹٹوں کی جگہ بھی لگاتے ہیں۔

جنوائی/ جوائی (ہ) اسم مذکر ❶ داماد ❷ بیٹی کا خاوند ❸ خویش ❹ دشمن ❺ مار آستین ❻ بغلی دشمن ❼ بیٹی کی گالی بھی ہے جو نہایت سخت سمجھی جاتی ہے۔

جنوب (ع) اسم مونث ❶ شمال کی ضد ❷ دکھن ❸ قطب شمالی کے عین نیچے کی طرف کا ملک۔

جنون (ع) اسم مذکر ❶ دیوانگی ❷ سودا ❸ باؤلاپن ❹ خبط ❺ سالخولیا ❻ جوش ❼ غصہ ❽ غضب ❾ ختم۔

جنون آنا (ع) فعل ❶ غصہ آنا ❷ حسرت وافسوس آنا۔

جنون چڑھنا (ا) فعل ❶ پاگل ہونا ❷ غصہ چڑھنا ❸ طیش آنا۔

جنونی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی فاعلیت جنون والا ❶ پاگل ❷ دیوانہ ❸ غضبناک ❹ خبطی ❺ باؤلا۔

جنہیں (ہ) اسم ضمیر موصول ❶ جن کو ❷ جن لوگوں کو ❸ جس کسی کو۔

جنی (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ نسخہ جن کا عامل ❷ بھوت پریت اتارنے والا ❸ سیانا ❹ عامل ❺ اوجھا ❻ جادوگر اور ساحر۔

جنی/ جنانی خط (ا) اسم مذکر ❶ بدخط ❷ وہ خط جو پڑھا نہ جائے ❹ شکستہ خط ❺ گھسیٹا ہوا خط۔

جنی (ہ) اسم مونث ❶ جنا کی مونث ❷ لگائی ❸ تریا ❹ بیٹی ❺ لڑکی (بحالت صفت) جنی ہوئی ❻ پیدا شدہ ❼ سہیلی ❽ گوئیاں۔

جنیا (ا) جان کی تصغیر ❶ جان من ❷ میری جان ❸ عزیز ❹ پیارا۔

جنیت (ہ) اسم مونث۔ برات۔

جنید (ع) اسم مذکر۔ بغداد کے ایک مشہور ولی کامل کا نام ہے۔

جنین (ہ) اسم مذکر ❶ وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو ❷ پیٹ کا بچہ۔

جنیئو (ہ) اسم مذکر ❶ زنار ❷ بدھی کی طرح ڈالا ہوا ❸ برہمنوں کھتریوں وغیرہ کے گلے کا دھاگا ❹ جواہرت کی آڑی ❺ سیدھی لکیر ❻ جرم سنگ ❼ بال جو شیشہ وغیرہ میں اس کے ٹوٹنے سے آجاتا ہے۔

جنیئو کا ہاتھ (ہ) اسم مذکر۔ پٹے یا تلوار کا ترچھا ہاتھ یعنی ضرب جو حریف کی چھاتی پر لگاتے ہیں۔

جنیوا (لاطینی) اسم مذکر۔ سوئٹزرلینڈ کے ایک بڑے مشہور شہر کا نام جہاں کی گھڑیاں مشہور ہیں۔

## ج ← و

جو (ہ) اسم موصول ❶ جو شخص ❷ جو کوئی ❸ جونسا ❹ اگر ❺ بشرطیکہ ❻ بالفرض ❼ جس قدر ❽ جتنے لوگ۔

جو جو (ہ) تابع فعل ❶ ہر کوئی ❷ ہر چیز ❸ ہر چیز۔

جو کہ (ہ) حرف شرط ❶ چونکہ ❷ اگرچہ۔

جو ہو (ہ) تابع فعل ❶ جو کچھ ہو ❷ کچھ ہی ہو سو قدر ❸ جتنا جیسے جو ہو سو لے آؤ۔

جو ہو سو ہو (ہ) تابع فعل ❶ ہرچہ ❷ بادا باد ❸ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔

جو ہیں (ہ) تابع فعل ❶ جبکہ ❷ فوراً جس وقت کہ ❸ جس لحہ کہ۔

جو (ف) اسم مذکر ❶ ایک غلہ کا نام ہے ❷ شعیر ❸ مقدار قلیل ❹ قدرے ❺ اند کے ❻ ذرا ❼ انچ کا تیسرا حصہ۔

جو فروش گندم نما (ف) اسم صفت ❶ دغاباز ❷ فریبی ❸ دھوکا دینے والا ❹ ریاکار ❺ دکھاوے کی عبادت کرنے والا۔

جوکوب (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی تشبیہی ❶ موٹا کٹا ہوا ❷ دردرا۔

جوا (ہ) اسم صفت ❶ بہت چھوٹی چیز ❷ لہسن کی مرپوتھی ❸ کار چوبی ❹ کام میں ایک طرح کا کشیدہ۔

جوا (ہ) اسم مذکر ❶ وہ لکڑی جس میں گاڑی یا ہل کے بیلوں کو جوتتے ہیں ❷ لباد ❸ قمار ❹ داؤں بازی۔

جواچور (ہ) اسم صفت مذکر۔ وہ کھلاڑی جو اپنا داؤں جیت کر چلتا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

بنے۔

جواکھیلنا (ہ) فعل ❶ داؤں لگانا ❷ قمار بازی کرنا۔

جواب (ع) اسم مذکر ❶ سوال کی ضد ❷ بات کا اتر ❸ اتر ❹ پاسخ ❺ مقابل ❻ جوڑ ❼ ثانی ❽ نظیر ❾ مثل۔

جواب الجواب (ع) اسم مذکر ❶ جواب کا جواب ❷ اتر کا اتر۔

جواب باصواب (ع) اسم مذکر ❶ مناسب اور عمدہ جواب ❷ معقول جواب ❸ بہتر جواب۔

جواب پانا/ ملنا (ا) فعل ❶ موقوف ہونا ❷ بدطرف ہونا ❸ سزا پانا ❹ سزا ملنا۔

جواب پڑھنا (ا) فعل۔ سوز خوانی کا مرثیہ کے پہلے مصرے کو دہرانا۔

جواب ترکی بہ ترکی (ف) مثل۔ جیسا کہوگے ویسا سنوگے۔

جواب جاہلاں باشد خموشی (ف) مثل۔ بات نہ ماننے والے جاہلوں کو جواب دینے سے خاموشی بہتر ہے۔

جواب دعوے (ہ) اسم مونث (قانون) مدعا علیہ کا تحریری جواب۔

جواب دہ (ف) اسم صفت ❶ (قانون) ضمہ دار ❷ ضامن۔

جواب دہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ (قانون) مواخذہ ❷ بازپرس ❸ کفالت۔

جواب دہی کرنا (ا) فعل (قانون) ❶ مواخذہ کرنا ❷ دعوے کا جواب دینا ❸ بازپرس کرنا۔

جواب دینا (ا) فعل ❶ اتر دینا ❷ پاسخ دینا ❸ تردید کرنا ❹ کفیل ہونا ❺ بازپرس کرنا ❻ موقوف کرنا ❼ معزدل کرنا ❽ خارج کرنا ❾ چھوڑنا۔

جواب وسوال (ع) اسم مذکر ❶ بحث مباحثہ ❷ تکرار ❸ حجت ❹ مناظرہ ❺ گفت وشنید ❻ جھگڑا ❼ مقابلہ ❽ تعرض ❾ بحثابحثی۔

جواب شافی (ع) اسم مذکر ❶ تسلی بخش جواب ❷ ٹھیک جواب ❸ پورا جواب۔

جواب صاف (ع) اسم مذکر ❶ بالکل انکار ❷ صاف انکار ❸ مطلق انکار۔

جواب طلب (ع) اسم صفت ❶ قابل بازپرس ❷ قابل مواخذہ ❸ مشتبہ ❹ شکوک ❺ قابل دریافت۔

جواب طلب کرنا (ا) فعل ❶ بازپرس کرنا ❷ مواخذہ کرنا ❸ سبب پوچھنا ❹ شک وشبہ دور کرنا ❺ باعث دریافت کرنا۔

جواب قطعی (ع) اسم مذکر ❶ پورا پورا جواب ❷ بالکل انکار۔

جواب کرنا (ا) فعل ❶ جرح کرنا ❷ مقابلہ کرنا ❸ مباحثہ کرنا۔

جواب ہونا (ا) فعل ❶ موقوف ہونا ❷ سزا ملنا ❸ جوڑ ہونا ❹ ہمسر ہونا ❺ مقابل ہونا۔

جوابی (ع) اسم مذکر ❶ وہ شخص جو سوز خوانوں میں مرثیہ کا پہلا مصرع دہراتا ہے ❷ مقابل ❸ مثنے نظیر ❹ فریق ثانی ❺ طرف ثانی ❻ مخالف ❼ حجتی ❽ تکراری۔

جوار (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کا غلہ۔ ❷ چری کا بیج ❸ سمندر کا اتار جزر کے خلاف۔

جوار بھاٹا (ہ) اسم مذکر ❶ سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ جو چاند کی کشش سے روزمرہ ہوتا ہے ❷ مدوجزر۔

جوارش (معرب) اسم مونث ❶ گزارش کا معرب ہے ❷ ایک خوش ذائقہ ہاضم اور مقوی معدہ مرکب دوائی کا نام ہے ❸ معجون کی ضد۔

جواری (ہ) اسم مذکر ❶ قمار باز ❷ جوا کھیلنے والا ❸ بازی لگانے والا ❹ ہار جیت والا۔

جواری ڈھنڈاری (ہ) اسم مذکر ❶ لچہ ❷ بدمعاش ❸ بدچلن ❹ پانچوں عیب شرعی۔

جواری (ا) اسم مونث ❶ ستار کی گھوڑی ❷ ستار کی کھرج ❸ وہ ڈور جو ستار یا طنبور کے اوپر لگا ہوتا ہے اور جس پر سروں کا اونچا کرنا موقوف ہے۔

جوالا (س) اسم مونث ❶ شعلہ ❷ تولپٹ ❸ بھپکا ❹ جوت ❺ آتش ❻ آگ ❼ نار ❽ تیزی ❾ تندی۔

جوالا مکھی (ہ) اسم صفت ❶ آتش دہان ❷ (اسم مذکر) کوہ آتش فشان ❸ وہ پہاڑ جہاں سے آگ کے شعلے نکلتے ہیں۔

جوان (ف) اسم صفت ❶ نوعمر ❷ نوخیز ❸ کم سن ❹ بچہ ❺ پٹھا ❻ مضبوط ❼ قوی ❽ نیا ❾ تازہ۔

جوان بخت (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ نصیبے والا ❷ کامران ❸ اقبالمند ❹ بھاگوان ❺ خوش نصیب ❻ خوش قسمت ❼ خاندان مغلیہ کے آخری بادشاہ بہادر شاہ کے ولی عہد کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

نام ہے۔

**جوانِ صالح** (ف) اسم مذکر ❶ نیک بخت جوان ❷ جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا ❸ نیک چلن ❹ پرہیز گار۔

**جوان مرد** (ف) اسم صفت ❶ سخی ❷ کریم ❸ داتا ❹ فیاض ❺ دھرماتما ❻ فراخدل ❼ بلند ہمت ❽ بلند حوصلہ ❾ شجاع۔

**جوان مردی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سخاوت ❷ فیاضی ❸ بہادری ❹ شجاعت ❺ عالی ہمتی ❻ بے باکی ❼ دلیری ❽ جرات ❾ دریادلی۔

**جواں مرگ/ جوانہ مرگ** (ف) اسم صفت ❶ جوان موت مرنے والا ❷ عالم شباب میں مرجانے والا ❸ جان ہار ❹ مرنے جوگا۔

**جوانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری شباب ❶ برنائی ❷ صغرسنی ❸ اوائل عمری ❹ بلوغت۔

**جوانی اٹھنا/ جوانی ابھرنا** (ہ) فعل ❶ آغاز شباب ہونا ❷ بلوغت کا ظاہر ہونا ❸ مدھ میں بھرنا ❹ قد نکالنا ❺ تن و توش بہم پہنچانا ❻ گدرانا۔

**جوانی چڑھنا** (ا) فعل ❶ جوانی کا زوروں پر ہونا ❷ مستی پر آنا ❸ بلوغت کو پہنچنا۔

**جوانی دیوانی** (ا) کہاوت۔ جوانی میں آدمی نشیب و فراز نہیں سوچتا یعنی جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے۔

**جوانی ڈھلنا/ جوانی اترنا** (ا) فعل ❶ عالم شباب کا زوال ہونا ❷ شباب اترنا ❸ جوبن کا کم ہوجانا ❹ عمر سے اترنا۔

**جوانی کا پھل/ جوانی کا سکھ** (ا) اسم مذکر ❶ راحت و شباب ❷ جوانی کا چین و آرام ❸ نشاط شباب۔

**جوانی کا سکھ دیکھے** (ا) فعل ❶ دعائے نیک اپنی جوانی سے بہرہ ور ہو ❷ جوانی کا عیش نصیب ہو۔

**جوانی کا عالم** (ا) اسم مذکر ❶ جوانی کے دن ❷ جوانی کی حالت۔

**جوانی کی نیند** (ا) اسم مونث ❶ گہری نیند ❷ جوانی کی گہری اور بے خبری کی نیند۔

**جواہر** (ع) اسم مذکر ❶ جوہر کی جمع ❷ قیمتی پتھر گوہر ❸ من ❹ نگ ❺ لعل و زمرد یاقوت وغیرہ۔

**جواہرات** (ع) اسم مذکر ❶ جواہر کی جمع الجمع ہے۔

**جواہر خانہ** (عف) اسم مذکر ❶ وہ شاہی مکان جس میں بادشاہی جواہرات رکھے رہتے ہیں ❷ توشہ خانہ ❸ زیور خانہ۔

**جواہر نگار** (ف) اسم صفت ❶ مرصع ❷ جڑاؤ ❸ خوشخط ❹ عمدہ خوبصورت تحریر والا۔

**جوبن** (ہ) اسم مذکر ❶ اٹھتی جوانی ❷ عنفوان شباب ❸ چڑھتی جوانی ❹ خوبصورتی ❺ حسن و جمال ❻ عالم حالت ❼ ہیئت۔

**جوبن ابھرنا/ امنڈنا** (ہ) فعل ❶ جوانی ابھرنا ❷ چھاتیاں اٹھنا۔

**جوبن پر آنا** (ہ) فعل ❶ جوانی پر آنا ❶ بہار پر آنا ❷ پھلنا پھولنا ❸ سر سبز ہونا۔

**جوبن پھٹ پڑنا** (ہ) فعل ❶ حسن و جمال میں کمال زیادتی ہونا ❷ خوبصورتی کا بہت بڑھنا۔

**جوبن ٹپکنا** (ہ) فعل ❶ خوبصورتی کا نمایاں ہونا ❷ جوانی کا ظاہر ہونا۔ ❸ بدھ میں بھرنا۔

**جو بندھ گیا سو موتی جو رہ گیا سو پتھر** (ہ) مثل۔ جو درست اور کار آمد ہوگیا وہی اچھا ورنہ ردی۔

**جوبن ڈھلنا** (ہ) فعل ❶ جوانی ڈھلنا ❷ حسن جمال میں فرق آنا۔

**جوبن کا** (ہ) اسم صفت ❶ بہار کا ❷ مزے دار ❸ پرلطف ❹ لذیذ ❺ خوش مزہ۔

**جوبن کی ماتی** (ہ) اسم صفت مونث۔ ❶ سرشار جوانی ❷ بدمست عورت ❸ مستی میں بھری ہوئی ❹ جوانی میں بھری ہوئی۔

**جوبن نکالنا** (ہ) فعل ❶ بلوغت کو پہنچنا ❷ بہار پر آنا ❸ خوبصورتی پر آنا۔

**جوت** (ہ) اسم مونث ❶ روشنی ❷ اجالا ❸ چمک ❹ نور ❺ آنکھ کی بینائی ❻ نظر ❼ قوت باصرہ ❽ نگاہ ❾ رونق۔

**جوت بتی کرنا/ جوت جگانا/ جوت چڑھانا** (ہ) فعل ❶ بھگتوں کی اصطلاح ہے ❷ کسی سیانے کا چراغ جلا کر اپنے دیوتا کو بلانا ❸ موکلوں کی حاضرات کرنا۔

**جوت** (ہ) اسم مونث ❶ جوتنا سے حاصل مصدر ❷ کاشتکاری ❸ ہل چلانا ❹ کھیتی ❺ کھیتی باڑی ❻ زراعت ❼ جوتی ہوئی زمین ❽ لگان جو کاشت کار دیتا ہو۔

**جوت جمع** (ہ) اسم مونث ❶ لگان ❷ وہ روپیہ جو کاشتکار سرکار میں داخل کرے ❸ محاصل۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig

www.besturdubooks.net

**جوت** (ہ) اسم مذکر ① جوتے کا اسم مکبر ② بڑا جوتا ③ لڑائی ④ دنگا ⑤ فساد ⑥ سرزنش۔

**جوت برسنا** (ہ) فعل ① جوتیاں پڑنا ② سزا ملنا ③ فساد ہونا۔

**جوت پڑنا/لگنا** (ہ) فعل ① دعوے کے خلاف جواب پانا ② احسان سر ہونا۔

**جوت چلنا** (ہ) فعل ① لڑائی ہونا ② فساد ہونا ② دنگہ مشتی ہونا۔

**جوتا** (ہ) اسم مذکر ① کسان ② جوتنے والا ③ مزارع ④ کاشتکار ⑤ مالی ⑥ ہل جوتنے والا ⑦ اسامی ⑧ (بازاری) مباشر ⑨ ہم بستر ہونے والا (یہ بواؤ مجہول ہے)۔

**جوتا** (ہ) اسم مذکر ① دیوار کی حد فاصل ② بیلوں کی گردن کا تسمہ ③ گردن کے پاس کے پٹھے۔

**جوتا** (ہ) اسم مذکر ① کفش پا ② پاپوش ③ نقصان ④ گھاٹا ⑤ طنز ⑥ بھاری احسان اور سلوک کو بھی کہتے ہیں۔

**جوتا اٹھانا** (ہ) فعل ① جوتا لے کر مقابلہ کرنا ① گستاخی کرنا ② اطاعت کرنا ③ تابعداری کرنا ④ حکم ماننا ⑤ نہایت فرمانبرداری کرنا (بغاوت اضداد میں ہے)۔

**جوتا اچھلنا/ چلنا** (ہ) فعل ① جوتوں سے لڑنا ② جوتی پیزار ہونا ③ جاہلانہ لڑائی ہونا۔

**جوتا برسنا** (ہ) فعل ① خوب جوتیاں لگنا ② خوب لڑائی ہونا ③ جوتیوں کی سلامی ہونا۔

**جوتا لگنا** (ہ) فعل ① جوتے کی چوٹ لگنا ② نقصان ہونا ③ ٹوٹا آنا ④ شرمندگی ہونا ⑤ خجالت ہونا۔

**جوتا مارنا** (ہ) فعل ① ملامت کرنا ② طعنہ دینا ③ احسان کر کے شرمندہ کرنا ④ نیک سلوک کر کے ممنون کر دینا۔

**جوتاؤ** (ہ) اسم صفت ① جوتنے کے قابل زمین ② قابل کاشت۔

**جوتے** (ہ) اسم مذکر ① جوتا کی جمع ② بہت سی جوتیاں۔

**جوتے سے آنا** (ہ) فعل ① جوتیوں سے خبر لینا ② جوتے لگانا ③ جوتے مارنا۔

**جوتے کا یار** (ا) اسم مذکر ① جوتے کے ذریعے کام دینے والا شخص ② زبردستی سے کام دینے والا آدمی ③ خوف و دہشت سے کام دینے والا آدمی۔

**جوتی** (ہ) اسم مونث ① پیزار ② کفش پا ③ پاپوش۔

**جوتی پر جوتی چڑھنا** (ہ) فعل ① لفظی معنی ظاہر ② سفر کا شگون نکلنا ③ سفر کی فال نکلنا۔

**جوتی پر رکھ کر روٹی دینا** (ہ) فعل ① حقارت سے روٹی دینا ② نہایت ذلت اور بے قدری سے کھانا پانی دینا۔

**جوتی پر/ جوتی کے نوک پر مارنا** (ہ) فعل ① ٹھکرانا ② ذلیل اور ہیچ سمجھنا ③ نہایت ادنے چیز خیال کرنا ④ پروا نہ کرنا ⑤ نفرت ظاہر کرنا۔

**جوتی پہنانا** (ہ) فعل ① دوسرے شخص کو جوتی خرید کر دینا ② غیر کے پاؤں میں جوتی ڈالنا۔

**جوتی پیزار/ جوت پیزار** (ا) اسم مونث ② جوتم جوتا ③ مار کٹائی ④ لڑائی دنگا ⑤ جھگڑا ⑥ ٹنٹا ⑦ دھول دھپا۔

**جوتی چھپائی** (ہ) اسم مونث۔ (عورتیں) وہ رقم جو دولھا کی سالیاں اس کے وداع کرنے کے وقت اس کی جوتیاں چھپا کر اس سے لیتی ہیں۔

**جوتی چور** (ہ) اسم مذکر فاعل ① لوگوں کی جوتیاں چرا کر بیچ ڈالنے والا ② جوتیوں کا چور۔

**جوتی خور/ جوتی خورا** (ا) اسم مذکر فاعل۔ وہ شخص جسے پٹنے کی عادت ہو۔

**جوتی سے/ جوتی کی نوک سے** (ہ) تابع فعل ① بلا سے ② کچھ پروا نہیں ③ نہایت حقارت کے وقت بولتے ہیں۔

**جوتی کاری** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① مار پیٹ ② جوتیوں سے خبر لینا۔

**جوتی کے برابر سمجھنا** (ہ) فعل ① کچھ حقیقت نہ سمجھنا ② بالکل خاطر میں نہ لانا ③ ہیچ اور ناچیز سمجھنا۔

**جوتیاں اٹھانا/ سیدھی کرنا** (ہ) فعل ① کسی بڑے آدمی کی خدمت کرنا ② نوکری بجانا ③ تربیت میں رہنا ④ کسی آدمی کی خدمت کرنا ⑤ نہایت عجز ظاہر کرنا۔

**جوتیاں بغل میں دبانا/ مارنا** (ہ) فعل ① جوتیوں کو بغل میں چھپانا ② بے آہٹ نکل جانا۔

**جوتیاں چٹخاتے پھرنا** (ا) فعل ① آوارہ گردی کرنا ② ہرزہ گرد ہونا ③ بادہوائی پھرنا ④ نکما پھرنا ⑤ خراب و خستہ پھرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...218

www.besturdubooks.net

**جوتیاں کھانا** (ہ) فعل ❶ جوتیوں پٹنا ❷ طعنے مہنے سہنا ❸ برا بھلا سننا ❹ ذلت اٹھانا۔

**جوتیاں گانٹھنا/ جوتیاں سی گانٹھنا** (ہ) فعل ❶ جوتیوں کی مرمت کرنا ❷ حقیر وذلیل پیشہ اختیار کرنا۔

**جوتیاں مارنا** (ہ) فعل ❶ سزا دینا ❷ مہنے طعنے دینا ❸ ذلیل و خوار کرنا۔

**جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا** (ہ) فعل ❶ بڑی گستاخی سے کسی سچی بات کا انکار کرنا ❷ زبردستی جھٹلانا ❸ آنکھوں میں خاک ڈالنا۔

**جوتیوں کا صدقہ** (ا) محاورہ ❶ اظہار ممنونیت کے وقت انکسار کے طور پر کہا کرتے ہیں ❷ سب کچھ آپ کے طفیل ہے ❸ آپ کی بدولت ہے۔

**جوتیوں میں دال بٹنا** (ہ) فعل ❶ آپس میں جھگڑا ہونا ❷ نفاق پڑنا ❸ پھوٹ پڑنا ❹ مار کٹائی ہونا۔

**جوتری** (ہ) اسم مونث۔ جوز یا جائفل کا پھول۔

**جوتش** (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ علم نجوم ❷ علم ہیئت ❸ رمل ❹ پچھتر اور گرہ جاننے کا شاستر۔

**جوتشی** (ہ) اسم مذکر۔ علم جوتش جاننے والا۔

**جوتنا** (ہ) فعل ❶ بیلوں گھوڑوں وغیرہ کو ہل گاڑی وغیرہ میں لگانا ❷ ساتھ لگانا ❸ مصروف کرنا ❹ ہل چلانا ❺ زمین باہنا ❻ تردد کرنا ❼ کاشت کرنا ❽ بونا۔

**جوٹ** (ہ) اسم مونث ❶ جوڑ ❷ جفت ❸ جوڑی ❹ ہمسر ❺ نظیر ❻ برابر کا ❼ ہم پلہ ❽ مقابل ❾ ثانی۔

**جوٹ باندھنا** (ہ) فعل ❶ جوڑ لگانا ❷ ہم قد اور ہم عمر سے جوڑا لگانا۔

**جوٹی/ جوٹیا** (ہ) اسم مذکر ❶ ساتھی ❷ معاون ❸ مددگار ❹ جوڑ۔

**جھوٹھا/ جوٹھا** (ہ) اسم مذکر ❶ پس خوردہ ❷ مستعمل۔

**جوجھنا** (ہ) فعل ❶ لڑنا ❷ مار پیٹ کرنا ❸ خانہ جنگی کرنا ❹ لڑائی میں مارا جانا ❺ قتل ہونا ❻ ہتھیار سنبھالنا ❼ سخت کوشش کرنا ❽ بڑی محنت کرنا ❾ محنت شاقہ کرنا۔

**جوجو** (ا) اسم مذکر ❶ ڈراؤنی اور مہیبت چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں ❷ ہوا ❸ ہاؤ۔

**جود** (ع) اسم مذکر ❶ بخشش ❷ سخاوت۔

**جودت** (ع) اسم مونث ❶ تیز رفتاری ❷ تیزی ❸ چالاکی ❹ ذہن کی تیزی۔

**جودھا** (ہ) اسم مذکر صفت ❶ سپاہی ❷ بہادر ❸ شجاع ❹ دلیر ❺ سورما ❻ رستم صفت ❼ لشکری (بواو مجہول ہے)۔

**جوڈیشل** (ان) تابع فعل ❶ عدالتی ❷ حاکمی ❸ شرعی ❹ دیوانی ❺ فوجداری۔

**جوڈیشل اختیارات** (ا) اسم مذکر ❶ فوجداری اختیارات ❷ دیوانی اختیارات۔

**جوڈیشل کارروائی** (ا) اسم مونث ❶ دیوانی اور فوجداری کارروائی۔

**جور** (ع) اسم مذکر ❶ ظلم ❷ ستم ❸ جفا ❹ جبر ❺ زبردستی ❻ بیرحمی ❼ سختی ❽ درشتی۔

**جورو** (ہ) اسم مونث ❶ بیوی ❷ زوجہ ❸ استری ❹ بہو ❺ اہلیہ ❻ ایک قسم کی گالی بھی ہے جیسے فلانے کی جورو۔

**جورو خصم کی لڑائی دودھ کی سی ملائی** (ہ) مثل۔ میاں بیوی کی شکر رنجی میں بھی ایک قسم کا لطف ہوتا ہے۔

**جورو کا مزدور** (ا) اسم مذکر ❶ زن مرید ❷ جورو کا غلام ❷ جورو کا تابع۔

**جورو کا بھائی** (ہ) اسم مذکر ❶ سالا ❷ ایک قسم کی گالی۔

**جوری** (ہ) اسم مونث ❶ ہلکا اور خفیف بخار ❷ تپ لرز۔ (بواؤ معدولہ)۔

**جوڑ** (ہ) اسم مونث جفت ❶ ہمسر ❷ سنجوگ ❸ مقابل ساتھی ❹ رفیق ❺ ہم قد ❻ ہم شکل ❼ بندگرہ ❽ گانٹھ۔

**جوڑ باندھنا** (ہ) فعل ❶ دو برابر کے پہلوانوں کو کشتی کے لئے مقرر کرنا ❷ جوڑ لگانا۔

**جوڑ بٹھانا** (ہ) فعل ❶ چول بٹھانا ❷ جوڑ ملانا۔

**جوڑ بند** (ا) اسم مذکر ❶ بندش ❷ جوڑ ❸ عضو۔

**جوڑ دار** (ا) اسم صفت ❶ جوڑا ہوا ❷ پیوند لگا ہوا ❸ جوڑ والا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149071218

www.besturdubooks.net

جوڑتوڑ (ہ) اسم مذکر ❶ ساز باز ❷ تجویز ❸ داؤں پیچ ❹ بندش ❺ حکمت ❻ فریب ❼ جل ❽ چھل ❾ دھوکا۔
جوڑتوڑ کرنا (ہ) فعل ❶ تجویز کرنا ❷ فریب کرنا ❸ چالاکی کرنا ❹ جگت بنانا ❺ کسی کیخلاف ساز باز کرنا ❻ سازش کرنا۔
جوڑ جوڑ (ہ) اسم مذکر ❶ ہر عضو ❷ ہر بند ❸ بند بند ❹ عضو عضو۔
جوڑ چلنا (ہ) فعل ❶ تہمت دھرنا ❷ بہتان لگانا ❸ داؤں چلانا۔
جوڑ کا (ہ) اسم صفت ❶ برابر کا ❷ ہم پایہ ❸ ہم مرتبہ۔
جوڑ کو جوڑ ملنا (ہ) فعل۔ جیسے کو تیسا ملنا۔
جوڑ لگانا (ہ) فعل ❶ جوڑ باندھنا ❷ جوڑ لگانا ❸ میزان دینا ❹ ٹوٹل لگانا ❺ حساب جوڑنا ❻ پیوند لگانا ❼ تھگلی لگانا ❽ گانٹھنا ❾ جوڑنا۔
جوڑ مارنا (ہ) فعل ❶ فریب دینا ❷ دھوکا دینا ❸ چال چلنا ❹ بہتان دھرنا ❺ تہمت دینا ❻ عیب لگانا۔
جوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ جفت ❷ دو چیزیں ❸ ہمتا۔ ہمسر ❹ میاں بیوی ❺ نر و مادہ ❻ مقابل کا ❼ برابر کا ❽ ہمراہی ❾ ساتھی۔
جوڑا بنانا (ہ) فعل ❶ کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا ❷ چوڑیاں تیار کرنا۔
جوڑا بڑھانا (ہ) فعل ❶ پوشاک اتارنا ❷ کپڑے اتار کر رکھنا۔
جوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ سر کے بالوں کا جٹا ❷ بالوں کی وہ گرہ جو عورتیں اکٹھا کر کے گدی دے دیتی ہیں ❸ مونجھ کی بٹی ہوئی رسی ❹ بلبل کی کلغی یا چوٹی۔
جوڑا باندھنا (ہ) فعل۔ سر کے بالوں کو اکٹھا کر کے پیچھے گرہ دے لینا۔
جوڑا کھولنا (ہ) فعل۔ بالوں کا جٹا کھولنا۔
جوڑنا (ہ) فعل ❶ ہاتھ پاؤں رسی سے کس دینا ❷ کس کر باندھنا ❸ جکڑنا (بواؤ معروف ہے)۔
جوڑنا (ہ) فعل ❶ پیوستہ کرنا ❷ چسپاں کرنا ❸ پیوند لگانا ❹ سینا ❺ چپکانا ❻ ایک کرنا ❼ اکٹھا کرنا ❽ فراہم کرنا ❾ جمع کرنا۔
جوڑواں (ہ) اسم مذکر ❶ توام ❷ وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں۔
جوڑی (ہ) اسم مونث ❶ برابر کے دو شخص یا دو چیزیں جیسے بیلوں کی جوڑی ❷ دو بیویاں ❸ طبلہ کیساتھ بجانے کا منجیرا مگدر یعنی کسرت کیلئے ہلانے کی موگریاں۔
جوڑی وار (ا) اسم مذکر ❶ ساتھی ❷ رفیق ❸ پہرا چوکی والوں میں سے ہر ایک۔
جوڑی والا (ہ) اسم مذکر فاعل۔ رقاصہ کے پیچھے طبلہ یا منجیرا بجانے والا۔
جوڑی ہلانا (ہ) فعل ❶ مگدر ہلانا ❷ موگریاں پھیرنا۔
جوز (ع) اسم مذکر ❶ جائفل ❷ اخروٹ ❸ ناریل۔
جوزا (ع) اسم مذکر ❶ متھن راس ❷ آسمان پر تیسرے برج کا نام جو پشت جڑواں ننگے دو لڑکوں کی شکل کا بتایا جاتا ہے۔
جو سر اٹھا کر چلیگا وہی ٹھوکر کھائیگا (ا) مثل۔ جو غرور کریگا وہی ذلیل ہوگا۔
جوش (ف) اسم مذکر ❶ ابال ❷ پھان ❸ کھدبد ❹ چھیڑ ❺ ہیجان ❻ ولولہ ❼ شورش ❽ حرارت ❾ موج۔
جوش آنا (ا) فعل ❶ ابال آنا ❷ کھدبد آنا ❸ غصہ آنا ❹ طیش آنا ❺ ولولہ آنا۔
جوش جوانی (ف) اسم مذکر ❶ جوانی کی ترنگ ❷ جوانی کی تیزی ❸ جہل جوانی۔
جوش و خروش (ف) اسم مذکر ❶ شور و غل ❷ غل غپاڑا ❸ گونج گرج ❹ غصہ ❺ غضب ❻ طیش۔
جوش خون (ف) اسم مذکر ❶ خون کی زیادتی ❷ کثرت خون ❸ پدری و مادری الفت ❹ نسبی حرارت ❺ برادرانہ جوش۔
جوش دہن (ف) اسم مذکر ❶ منہ پھلنا ❷ منہ آنا۔
جوش دینا (ا) فعل ❶ ابالنا ❷ کھولانا ❸ اونٹانا۔
جوش کھانا/ مارنا (ا) فعل ❶ ابلنا ❷ کھولنا ❸ اونٹنا ❹ زیادتی ہونا ❺ غصے ہونا۔
جوش میں آنا (ہ) فعل ❶ برانگیختہ ہونا ❷ طیش میں آنا ❸ آگ بگولا ہونا ❹ ورم ہو جانا ❺ سوج جانا ❻ لہرانا ❼ غصہ میں آنا ❽ ولولہ اٹھنا۔
جوشاندہ (ف) اسم مذکر ❶ اونٹی ❷ کاڑھا ❸ جوش دی ہوئی دوا۔
جوشن (ف) اسم مذکر ❶ زرہ بکتر ❷ چار آئینہ ❸ ایک قسم کا باز و بند زیور۔
جوع (ع) اسم مونث ❶ بھوک ❷ گرسنگی ❸ اشتہار ❹ کھانا کھانے

Join us on WhatsApp Naveed Butt 0314-4077218
www.besturdubooks.net

کی تمنا۔
جوع البقر (ع) اسم مونث ❶ ایک بیماری کا نام ہے جس میں بھوک بہت لگتی ہے ❷ لغوی معنی گائے کی بھوک ❸ ہر وقت کھاتے رہنا۔
جَوف (ع) اسم مذکر ❶ برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے ❷ غار ❸ گڑھا ❹ شکم ❺ پیٹ ❻ ہر ایک چیز کا اندرونی خلا ❼ کھوکھلا پن۔
جُوق (ت) اسم مذکر ❶ گروہ ❷ بھیڑ ❸ جماعت ❹ ہجوم ❺ طائفہ پرا ❻ جتھا ❼ پرندوں کا جھلڑ ❽ غول ❾ جھنڈ۔
جُوق جُوق (ت) تابع فعل ❶ گروہ گروہ ❷ پرے کے پرے ❸ بہت بہت سے۔
جوکھ (ہ) اسم مونث ❶ جانچ ❷ پرکھ ❸ شناخت ❹ اندازہ ❺ کسوٹی پر کس دیکھنا ❻ تول ❼ وزن ❽ دھڑا۔
جوکھنا (فعل) ❶ تولنا ❷ وزن کرنا ❸ جانچنا ❹ امتحان ❺ کسنا
جوکھوں/ جوکھم (ہ) اسم مونث ❶ اندیشہ ❷ خطرہ ❸ خوف ❹ ڈر ❺ خدشہ قیمتی اشیا نقدی وغیرہ ❻ نقصان ❼ آفت ❽ مصیبت شامت۔
جوکھو اُٹھانا (ہ) فعل ❶ خسارہ اٹھانا ❷ ٹوٹا اُٹھانا ❸ گھاٹا بھرنا ❹ نقصان سہنا۔
جوکھوں کا کام (ا) اسم مذکر ❶ خوف واندیشہ کا کام ❷ سارہ وضرر کا کام۔
جوکھوں میں پڑنا (ہ) فعل ❶ خطرہ میں پڑنا ❷ آفت میں پڑنا۔
جوگ (ہ) اسم مذکر ❶ ستاروں کا ملنا ❷ سنجوگ ❸ قران ❹ لگن ❺ میل جوڑ ❻ سبھ گھڑی ❼ ساعت ❽ سعید۔
جوگ سادھنا (ہ) فعل ❶ دم کشی کرنا ❷ حبس دم کرنا ❸ رشیوں کی طرح ❹ عبادت وریاضت میں دن گزارنا۔
جوگ لینا (ہ) فعل ❶ دنیا سے کنارہ کش ہونا ❷ تارک الدنیا ہونا ❸ فقیری اختیار کرنا ❹ سنت بننا ❺ بیراگ لینا ❻ جوگی بننا۔
جوگا (ہ) اسم صفت ❶ مناسبت والا یعنی مناسب ❷ شایاں ❸ قابل ❹ موزوں ❺ مطابق ❻ ٹھیک ❼ درست ❽ بروقت۔
جوگر جتے ہیں وہ برستے نہیں (ہ) مثل۔ شیخی خوروں سے کوئی کام نہیں ہوتا۔
جوگن (ہ) اسم مونث ❶ جوگی کی تانیث ❷ جوگی کی بیوی ❸ فقیرنی ❹ سادھنی۔
جوگنی (ہ) اسم مونث ❶ بھوتنی ❷ دیوی ❸ درگا ❹ گوری ❺ پاربتی ❻ بھدرکالی وغیرہ ۶۴ جوگنیاں مشہور ہیں ❼ دیوی کی پوجا میں رہنے والی عورت ❽ منازل قمر کی روحیں ❾ جوگ جاننے والی عورت۔
جوگی (ہ) اسم مذکر ❶ جوگ کمانے والا ❷ سادھ ❸ سنت ❹ عابد ❺ زاہد ❻ رشی منی ❼ پجاری ❽ مجاور ❾ جادوگر۔
جوگی کس کے میت (ہ) کہاوت۔ فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے۔
جوگیا (ہ) اسم مونث ❶ منسوب بہ جوگی سرخی مائل رنگ ❷ گیروا رنگ ❸ ایک قسم کا کبوتر ❹ ایک قسم کی قمری ❺ ایک راگنی کا نام بھی ہے۔
جوگیوں کا ڈانڈا بیراگیوں کے سر (ہ) مثل ❶ خطا کوئی کرے جرمانہ کوئی بھرے ❷ کسی کی چٹی کوئی ادا کرے۔
جولاں (ف) اسم مونث ❶ بیڑی ❷ مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی زنجیر ❸ ہتھکڑی کی ضد۔ جیسے پابجولاں۔
جولاں (ع) اسم مذکر ❶ بفتح جیم ❷ کود پھاند ❸ گھوڑے کی دوڑ۔
جَولانی (ع) اسم مونث ❶ گھوڑے کی دوڑ ❷ سپاٹا ❸ تیزی ❹ چالاکی ❺ سرعت ❻ جلدی ❼ تیز رفتاری ❽ چستی ❾ پھرتی۔
جولانیوں پر آنا (ا) فعل ❶ جوش میں آنا ❷ زوروں پر آنا ❸ تیزی پر آنا۔
جولاہے کی مسخری ماں بہن کے ساتھ (ہ) مثل۔ سفلہ اور کمینہ آدمی بزرگوں کے ساتھ تمسخر کیا کرتا ہے۔
جولائی (ای) اسم مذکر۔ انگریزی سال کا ساتواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے۔
جو ماں سے زیادہ چاہے سو پھاپھا کٹنی کہلائے جو ماں سے زیادہ چاہے وہ ڈائن (ہ) مثل۔ ماں سے زیادہ محبت سراسر بناوٹ اور دھوکا ہے۔
جو من میں بسے سو سپنے دِسے (ہ) مثل۔ دل میں جو بات سما جائے وہی خواب میں دکھائی دیا کرتی ہے۔
جُون (ای) اسم مذکر۔ انگریزی سال کے چھٹے مہینے کا نام ہے جو تیس دن کا ہوتا ہے۔
جُوں (ہ) حرف تشبیہ ❶ مانند ❷ مثل ❸ نظیر کی طرح ❹ (بصورت

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

اسم مونث) سپس ⑤ بالوں یا کپڑوں میں عفونت جسم یا میل کے باعث پیدا شدہ کیڑے ہیں۔

**جُوں کی چال** (ہ) اسم مونث ① نہایت سست رفتار ② بہت آہستہ چال۔

**جُوں مُونہا** (ہ) اسم صفت ① غریب صورت ② فطرتی ③ پاکھنڈی ④

**جُونسا** (ہ) اسم موصول ① جوکوئی ② جو شخص۔

**جُون** (ہ) اسم مونث ① جنم ② پیدائش ③ ولادت ④ بَرَن ⑤ تناسخ ⑥ اواگون ⑦ زمانہ ⑧ وقت ⑨ عرصہ۔

**جُون بدلنا/ پلٹنا** (ہ) فعل ① کایا بدلنا ② چولا بدلنا ③ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا ④ حالت بدلنا ⑤ دبلا موٹا ہونا ⑥ ترقی یا منزل پانا۔

**جُون پوری کرنا** (ہ) فعل ① زندگی بسر کرنا ② دن پورے کرنا ③ دن کاٹنا۔

**جُونا** (ہ) اسم مذکر ① گھاس یا لکڑیوں کا گٹھا ② باندھنے کیلئے گھانس یا بان کی بٹی ہوئی رسی ④ گھانس یا بان کی رسی جس سے برتن مانجھتے ہیں۔

**جُوں تُوں** (ہ) تابع فعل ① بہرحال ② بہرصورت ③ جس طرح ہوسکا ④ کسی نہ کسی طرح سے منت سماجت سے ⑤ خوشامد سے۔

**جُوں تُوں کر کے** (ہ) تابع فعل ① کسی طرح سے ② بڑی مشکل سے ③ بصد دقت ④ خدا خدا کر کے ⑤ بمشکل تمام۔

**جُوں جُوں** (ہ) تابع فعل ① جس قدر ② جہاں تک ③ جب تک۔

**جونک** (ہ) اسم مونث ① خاص قسم کا کیڑا ② زلو ③ زلوچہ ④ وہ پانی کا کیڑا جو فاسد خون نکالنے کیلئے جسم پر لگاتے ہیں (بازاری) کسبی ⑤ رنڈی ⑥ فاحشہ عورت۔

**جونک ہوکے لپٹنا/ چمٹنا** (ہ) فعل۔ اس طرح چمٹنا کہ چھوٹنا مشکل ہو۔

**جُوں کا تُوں/ جُوں کی تُوں** (ہ) تابع فعل ① ویسے کا ویسا ہی ② بعینہٖ ③ برقرار ④ تمام ⑤ پورا ⑥ کامل ⑦ اچھوتا۔

**جونکیں لگوانا** (ہ) فعل ① جونکوں کے ذریعہ فاسد خون نکلوانا ② کیڑیاں لگوانا۔

**جونہی/ جوں ہی** (ہ) تابع فعل ① جس وقت ② فوراً ③ اسی وقت۔

**جُوہار** (ہ) اسم مذکر بواؤ معدولہ ① ٹھاکروں کا سلام ② جینیوں کی رام رام ③ باہمی سلام۔

**جو ہانڈی میں ہوگا وہی ڈوئی میں نکلے گا** (ہ) مثل ① جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے ② جیسا مال ہوگا ویسا ہی دکھائی دیگا۔

**جَوہَر**۔ اسم مذکر ① (گوہر کا معرب ہے) قیمتی پتھر ② نگ ③ من جیسے لعل و یاقوت وغیرہ ④ اصل چیز ⑤ خلاصہ ⑥ عطر ⑦ لب لباب عرض کی ضد ⑧ قایم بالذات شے ⑦ تلوار یا فولاد کے وہ نقش جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہوتی ہے ⑧ خاصیت ⑨ گن۔

**جوہر دکھانا** (ا) فعل ① کمال دکھانا ② ہنر دکھانا ③ خوبی ظاہر کرنا ④ کرتب دکھانا ④ چالاکی دکھانا ⑤ خباثت نفسی ظاہر کرنا ⑥ کوتک دکھانا۔

**جوہر فرد** (ف) اسم مذکر ① جوہر یکتا ② مراداً دہانِ محبوب۔

**جوہر کرنا** (ا) فعل ① جیوہرنا سے بنایا گیا ہے ② جان لینا ③ قتل کرنا ④ خودکشی کرنا ⑤ اپنی جان پر کھیل جانا ⑥ اپنے آپ کو مار ڈالنا ⑦ قدیم بہادر راجپوتوں کی رسم تھی۔ کہ تمام دنیاوی مال و تعلقات ضائع کر کے دشمن پر ٹوٹ پڑتے تھے۔

**جوہر کھلنا/ کھل جانا** (ا) فعل ① ہنر ظاہر ہوجانا ② کمال اور خوبی کا نمایاں ہونا ③ قلعی کھلنا ④ بھید کھلنا۔

**جوہری** (ع) اسم مذکر ① جوہر فروش ② پرکھیا ③ نقاد ④ جانچو ⑤ شناسا ⑥ جوہر شناس۔

**جوہڑ** (ہ) اسم مذکر ① بارانی تالاب ② جھیل ③ ڈابر ④ تال ⑤ ڈبرا ⑥ چھپڑ۔

**جوہنا** (ہ) فعل ① ٹٹولنا ② دیکھنا ③ انتظام کرنا ④ جانچنا ⑤ ٹوہنا ⑥ امتحان کرنا۔

**جوہی** (ہ) اسم مونث ① جنگلی چنبیلی ② ایک قسم کی آتشبازی ③ ایک قسم کا کھیتی کا کیڑا۔

**جوے** (ہ) اسم مونث (گنوار) ① بیوی ② زوجہ ③ جورو گھر والی۔

**جُوئے خانہ** (ا) اسم مذکر ① قمار خانہ ② جوا کھیلنے کی جگہ ③ جوے بزی کا مکان۔

**جُوے** (ف) اسم مونث ① ندی ② نالہ ③ نہر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

## ج ← ہ

جھابا (ہ) اسم مذکر (1) گھی یا تیل رکھنے چمڑے کا ٹونٹی دار برتن (2) چمڑے کا بنا ہوا (3) گول خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں (4) روشنی کا جھاڑ (5) تولا (6) ڈال سینچنے کی باری۔

جھابر (ہ) اسم مونث (1) گنوار (2) دلدل (3) دلدلی زمین (بصورت اسم مذکر) بڑے بڑے بالوں والا (4) چوڑے چہرے کا شیر (6) مجازاً قوی جثہ آدمی (7) بڑا وجیہہ اور موٹا شخص۔

جھابڑ جھلا (ہ) اسم صفت (1) بدشکل (2) بد ہیئت (3) بدنما آدمی (4) ڈھیلا ڈھالا (5) سست۔

جہاد (ء) اسم مذکر (1) کوشش کرنا (2) سعی و جہد کرنا (3) شرائط اسلام بند کردینے صرف دین کی خاطر جان و مال سے کفار کے ساتھ لڑنا۔ بشرطیکہ وہ بھی اہل اسلام کے ساتھ لڑیں (5) دین کی حمایت کیلئے ہتھیار اٹھانا۔

جہاد اصغر (ء) اسم مذکر۔ (صوفیوں کی اصطلاح) کفار کے ساتھ لڑنا۔

جہاد اکبر (ء) اسم مذکر (1) (اصطلاح صوفیاں) نفس کشی (2) ریاضت سخت۔

جھارا (ہ) اسم مذکر (1) پتلی چھنی ہوئی بھنگ کا مقطر پانی (2) چھاج یا چھلنا (3) جس میں گندم وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کرتے ہیں (3) مویشی وغیرہ کے پاؤں پر دوائیاں پکا کر گرم گرم پانی سے ٹکور کرنا۔

جھارا دینا (ہ) فعل (1) دوائیاں (2) پکا کر ان کے گرم گرم پانی سے مویشیوں کی ضرب خوردہ ٹانگ کی ٹکور کرنا۔

جھارنا (ہ) فعل (1) چھانا (2) رولنا (3) ٹکورنا۔

جھاری (ہ) اسم مونث۔ ایک لمبی نالی والی ٹونٹی دار صراحی۔

جھاڑ (ہ) اسم مذکر (1) کانٹوں کے درخت (2) جھاڑی (3) جھڑ (4) بیری یا اس کا سوکھا ہوا درخت (5) ہر وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت ہوں (6) امیروں کے مکانوں میں روشنی اور زیبائش کیلئے لٹکایا ہوا بلور یا آبگینہ کا فانوس (7) ایک قسم کی آتشبازی۔

جھاڑ باندھنا (ہ) فعل (1) تار باندھنا (2) لگا تار کچھ کہے جانا۔

جھاڑ بسانا (ہ) فعل (1) لڑائی خریدنا (2) جھگڑا مول لینا۔

جھاڑ پہاڑ (ہ) اسم مذکر (1) خارج از بحث بات (2) فضول بات (3) بات کا بتنگڑ۔

جھاڑ کا ازار بند (ا) اسم مذکر۔ بڑے بڑے پھندنوں والا ایک قسم کا آزار بند۔

جھاڑ کا کانٹا (ہ) اسم مذکر صفت (1) لڑاکا (2) جنگجو (3) وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔

جھاڑ ہو کر لپٹنا (ہ) فعل (1) جھاڑ کی طرح لپٹنا (2) جونک کی طرح چمٹنا (3) سر ہونا (4) لپ ہونا۔

جھاڑا (ہ) اسم مذکر (1) تلاشی (2) تجسس (3) کوڑا کرکٹ (گنوار) پاخانہ (4) براز (5) گوہ (6) منتر پڑھ کر پھونکنا۔

جھاڑا پھونکی / جھاڑ پھونک (ہ) اسم مونث (1) جنتر منتر (2) افسوں (3) دم کرنا (4) کچھ پڑھ کر جھاڑنا (5) ہتھ پھیری (6) ٹوٹا (7) گنڈا (8) تعویذ (9) بازیگری۔

جھاڑا لینا (ہ) فعل (1) تلاشی لینا (2) کپڑے اتروا کر دیکھنا۔

جھاڑ پونچھ (ہ) اسم مونث (1) صفائی (2) جھاڑنا (3) پونچھنا سے حاصل مصدر ہے۔

جھاڑ باقی (ا) اسم مونث (1) بالکل بے باق (2) رہا سہا (3) بچا کھچا۔

جھاڑ جانا (ہ) فعل (1) کھا جانا (2) کھا کر صاف کر دینا (3) سب کچھ چٹ کر جانا (4) اُڑا جانا۔

جھاڑن (ہ) اسم مذکر مونث (1) جھاڑنے کا کپڑا (2) تولیہ (3) صفائی کا رومال (4) صفائی ڈسٹر (5) (بصورت مونث) چھلنی (6) غربال (7) کوڑا کرکٹ (8) ریزہ (9) پوچھن۔

جھاڑن پوچھن (ہ) اسم مونث (1) وہ چیز جو جھاڑنے پونچھنے سے نکلے (2) وہ بچہ جس کے بعد اور بچہ پیدا نہ ہوا (3) اخیر کا بچہ۔

جھاڑنا (ہ) فعل (1) صاف کرنا (2) گرد و غبار دور کرنا (3) جھاڑو دینا (4) بہارنا (5) پونچھنا (6) درخت سے پھل گرانا (7) پھل توڑنا (8) جھٹکنا (9) پھٹکنا۔

جھاڑنا / جھٹکنا (ہ) فعل (1) جھاڑو بہارو دینا (2) گردو غبار صاف

Join us On Whatsapp Naveed Baig 03149072218

کرنا (3) جو ملے کسی کے پاس سے لے لینا۔

**جھاڑو** (ہ) اسم مونث (1) جاروب (2) بہاری سوہنی (3) دنبالہ دار ستارہ (4) دمدار ستارہ۔

**جھاڑو پھرنا** (ہ) فعل (1) صفایا ہونا (2) بربادی ہونا (3) کچھ نہ رہنا۔

**جھاڑو پھیرنا/پھیر دینا** (ہ) فعل (1) صفایا کر دینا (2) سب کچھ چرالے جانا (3) اجاڑنا (4) تباہ کرنا (5) لوٹ لینا (6) غارت کر دینا۔

**جھاڑو تارا** (ہ) اسم مذکر (1) دنبالہ دار ستارہ (2) دمدار ستارہ۔

**جھاڑو دینا** (ہ) فعل (1) صفائی کرنا (2) بہارنا (3) جاروب کشی کرنا (4) لوٹ کرلے جانا (5) دھڑی دھڑی کر کے لوٹ لینا (6) سب چٹ کر جانا (7) تھالی خالی کر دینا۔

**جھاڑو مارنا** (ہ) فعل (1) نفرت ظاہر کرنا (2) تنفر ظاہر کرنا۔

**جھاڑی** (ہ) اسم مونث (1) چھوٹا خاردار درخت (3) جھڑبیری کے درخت (4) بن (5) جنگل۔

**جھاڑی بوٹی کا بیر** (ہ) اسم مذکر۔ جنگلی چھوٹے چھوٹے سرخ سرخ بیر۔

**جہاز** (ع) اسم مذکر (1) لغت میں گھر کے مال واسباب کو کہتے ہیں (2) اصطلاح میں اسباب لادنے والی بہت بڑی کشتی جو بحری سفر کے لئے بناتے ہیں (3) نہایت وسیع وفراخ۔

**جہاز کا جہاز** (ا) اسم صفت (1) بہت ہی بڑا (2) نہایت ہی فراخ اور وسیع۔

**جہاز کا کوا** (ا) اسم مذکر (1) وہ کوا جو جہاز کے ساتھ ہولے اور سمندر میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کے سبب جہاز کے اردگرد ہی اڑتا رہے (2) وہ شخص جسے ایک جگہ کے سوا ٹھور ٹھکانا نہ ملے۔

**جہازی** (ع) اسم مذکر (1) خلاصی (2) ملاح (3) جہاز چلانے والا (4) جہاز کے سوار (5) جہاز میں بیٹھنے والے (6) (بحالت صفت) بحری سمندری۔

**جھاگ** (ہ) اسم مذکر (1) کف (2) پھین (3) وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے جوش سے یا آدمی کے منہ سے نکلتے ہیں۔

**جھاگ لانا** (ہ) فعل (1) کف لانا (2) غصہ کے مارے منہ سے تھوک اڑانا۔

**جھال** (ہ) اسم مونث (1) چرچراہٹ (2) تیزی جلن (3) دھات کا جوڑ (4) ٹانکا (5) جھلی (6) بڑا اور چوڑا توکرا (7) لہر (8) موج۔

**جھالا** (ہ) اسم مذکر (1) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو کہیں برسے اور کہیں نہ (2) عورتوں کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں کے چند لڑیاں ہوتی ہیں۔

**جہالت** (ع) اسم مونث (1) بے علمی (2) نادانی (3) ناواقفیت (4) بیوقوفی (5) اجڈپن۔

**جھالر** (ہ) اسم مونث (1) پھلوے کرنا (2) پھندنے حاشیہ (3) کنارہ۔

**جھالردار** (ا) اسم صفت (1) پلے دار (2) وہ چیز جس میں جھالر لگی ہو۔

**جھالرا** (ہ) اسم مذکر (1) روپیوں کی بنی ہوئی ہیکل بڑا چوڑا کنواں (2) جھرنا۔

**جھالنا** (ہ) فعل (1) دھات کو ٹانکا لگانا (2) برتن جوڑنا (3) زیور میں مصالح سے جوڑ لگانا (4) پانی کو برف یا شورے اور نمک میں لگا کر ٹھنڈا کرنا۔

**جھام** (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا بڑا پھاوڑا جو کنوے کی کوٹھی گلانے کے کام آتا ہے (2) ایک قسم کا لوہے کا چرس جس سے کنوئیں کا ملبہ نکالتے ہیں۔

**جہان** (ف) اسم مذکر (1) کھنڈ (2) زمین (3) دھرتی (4) تمام ملک (5) جگ (6) دنیا (7) سنسار۔

**جہاں پناہ** (ف) اسم مذکر (1) بادشاہ (2) سلطان راجا (3) وہ حاکم جس کی پناہ میں دینا ہو۔

**جہاں جائے بھوکا وہیں پڑے سوکھا** (ہ) مثل۔ بدبخت کی قسمت ہر جگہ ساتھ ہی ہے۔

**جہاں ججمان وہاں پروہت** (ہ) مثل (1) بڑے آدمیوں کیساتھ متعلقین بھی ضرور ہوں گے (2) آقا کے ساتھ خادم ضرور۔

**جہاں چار باسن ہونگے ضرور کھڑکیں گے** (ہ) مثل۔ گھر میں اگر بول چال ہو جائے تو رفع رنج کے وقت کہا کرتے ہیں یعنی بے جان مٹی کے چار برتن بھی کھڑک جاتے ہیں یہ تو جاندار ہیں۔

**جہاندیدہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی (1) دنیا میں پھرا ہوا (2) تجربہ کار (3) پختہ کار (4) آزمودہ کار۔

**جہاندیدہ بسیار گوید دروغ** (ف) مثل۔ تجربہ کار بہت جھوٹ بھی بولتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جہاں دیکھی توا پرات وہیں گنوائی ساری رات / جہاں دیکھے توا پرات وہیں گاوے ساری رات (ہ) مثل۔ خود غرض اور ذلیل آدمی اور پیٹو آدمی اپنے فائدے کو دیکھتا ہے۔

جہاں روکھ نہیں وہاں آرنڈ ہی درخت ہے (ہ) مثل۔ جہاں عمدہ چیز میسر نہ ہو وہاں بری چیز ہی غنیمت ہے۔

جہاں سو وہاں سوا سو (ہ) مثل۔ جہاں سو دے کر کام نہ بنے وہاں کچھ اور زیادہ دے کر کام نکال لینا چاہئے۔

جہاں کانسا وہیں بجلی کا سانسا (ہ) فعل۔ جہاں مال ہوگا وہیں چور اچکا۔

جہاں گڑ ہوگا وہاں مکھی بھی ضرور ہوگی (ہ) مثل ❶ نفع رساں اور لذیذ چیز پر اس شے سے فائدہ اور لذت اٹھانے والے بہت سے جمع ہو جائیںگے ❷ کامل کو شاگرد بہت ❸ رشی منی کے چیلے بہتیرے۔

جہاں گل ہوگا وہاں خار بھی ضرور ہوگا جہاں پھول وہیں کانٹا۔ (ا) مثل۔ سکھ کے ساتھ دکھ یا دکھ کے ساتھ سکھ لازمی ہے۔

جہاں مرغا نہیں وہاں کیا سویرا نہیں ہوتا (ہ) مثل۔ کسی کے نہ ہونے سے دنیا کے کام بند نہیں ہو جاتے۔

جہاں تک (ہ) تابع فعل ❶ جب تک ❷ تا بمقدور ❸ حتی الامکان۔

جہاں تہاں (ہ) تابع فعل ❶ ادھر ❷ ادھر ❸ ہر جگہ۔

جہاں کہیں (ہ) تابع فعل ❶ جس جگہ ❷ جس مقام پر۔

جہاں کی تہاں (ہ) تابع فعل ❶ کہیں کی کہیں ❷ بے موقع ❸ بے جگہ ❹ اسی جگہ ❺ اسی مقام پر ❻ وہیں کی وہیں۔

جھانپ (ہ) اسم مذکر ❶ بانس کا بڑا خوان پوش ❷ تورہ پوش ❸ بانس کا ٹوکرا ❹ بگی کی ٹب ❺ چوکھٹ کا چھوٹا سا سائبان ❻ جھنجی کوڑی او پر سے ٹوٹی ہوئی کوڑی۔

جھانپل (ہ) اسم مونث ❶ ایک کالا سا بڑا چالاک پرندہ ❷ کال کلچی۔

جھانپنا (ہ) فعل ❶ ڈھانکنا ❷ چھپانا ❸ غلاف چڑھانا ❹ پوشیدہ کرنا۔

جھانپو (ہ) اسم مونث ❶ ایک چڑیا کا نام جو دم کو اکثر تھرکاتی رہتی ہے ❷ کال چڑی ❸ دھوبن چڑی ❹ جماع کے از حد خواہاں عورت ❺ چھنال۔

جھانجھ (ہ) اسم مونث ❶ جھونجل ❷ غصہ ❸ قہر ❹ تیزی ❺ تندی ❻ بیقراری ❼ بے صبری ❽ بے تابی ❾ بڑا مجیرا۔

جھانجھ لانا (ہ) فعل ❶ فیل لانا ❷ تکرار کرنا ❸ جھگڑا کرنا۔

جھانجن / جھانجر (ہ) اسم مونث۔ پاؤں میں پہننے کا ایک آواز دار زیور۔

جھانجی (ہ) اسم مونث ❶ ٹیسو کے ایام میں لڑکیوں کے ایک کھیل کا نام ہے ❷ جس میں وہ اسیس مانگتی ہیں ❸ جھانجی کا گیت۔

جھان (ہ) اسم مذکر ❶ دھوکا ❷ فریب ❸ دغا ❹ حیلہ ❺ دم چھل ❼ جل۔

جھان دینا / بتانا (ہ) فعل ❶ جل دینا ❷ بنا دینا ❸ دھوکا دینا۔

جھانسیا (ہ) اسم مذکر بہ ترکیب فاعل ❶ دھوکے باز ❷ فریبی ❸ دمباز ❹ چھلیا۔

جھانسے میں آنا (ہ) فعل ❶ دھوکے میں آنا ❷ دم میں آنا ❸ فریب کھانا۔

جھانک (ہ) اسم مونث ❶ دز دیدہ نظر ❷ تاک ❸ (جھانکنا سے حاصل مصدر ہے)

جھانکا جھونکی (ہ) اسم مونث ❶ تاک جھانک ❷ دیکھا دیکھی۔

جھانکڑ (ہ) اسم مذکر ❶ جھاڑی ❷ خار دار درخت ❸ دبلا پتلا ❹ لاغر۔

جھانکنا (ہ) فعل ❶ چھپ کر دیکھنا ❷ دز دیدہ نظر سے دیکھنا ❸ کھڑکی یا دروازہ سے دیکھنا ❹ ذرا کی ذرا جانا ❺ جا کر پھرنا۔

جھانکی (ہ) اسم مونث ❶ نظارہ ❷ دید بازی ❸ لیلا ❹ نمائش ❺ سوانگ ❻ تماشا ❼ روزن ❽ سوراخ ❾ رخنہ۔

جھانگیری (ا) اسم مونث ❶ ہاتھ کا ایک جڑاؤ زیور ❷ کانچ کی چوڑی جو جہانگیر بادشاہ کی ایجاد ہے۔

جھانواں (ہ) اسم مذکر ❶ کھردری اینٹ یا پتھر وغیرہ جس سے پاؤں یا بدن کا میل اتارتے ہیں ❷ سنگ یا آوے یا پزاوے میں پگھل کر قائم چمٹی اور جڑی ہوئی اینٹیں اور راکھ۔

جھانولی (ہ) اسم مونث ❶ جھپکی ❷ آنکھ کا اشارہ ❸ غمزہ چشم ❹ ناز و

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03249077218

اندازوالی گردش چشم ⑤ ذراسادیکھنا ⑥ نازواداسنیاسی جھلک۔

جھانولی باز (ا) اسم مذکر بترکیب فاعلی ① کرشمہ ساز ② نخرے باز ③ عشوہ گر ④ چھلیا۔

جھانولی دینا (ہ) فعل ① آنکھ کی جھپکی دینا ② غمزہ کرنا ③ جھلک دکھا کرچھپ جانا۔

جھاؤ (ہ) اسم مذکر ① ایک درخت جو دریا کے کنارے ہوتا ہے۔ جس کی ٹوکریاں بناتے ہیں ② درخت گز۔

جھائیں (ہ) اسم مونث ① عکس ② پرچھائیں ③ سایہ ④ سورج کی شعاع پڑنے سے شیشے یا کسی صاف چیز کا عکس ⑤ کلف ⑥ چھیپ چہرے کے داغ۔

جھائیں جھپا (ہ) اسم مذکر ① جھلک دکھا کر جلدی چھپ جانا ② مجازاً فریب دینا ③ دھوکا ومکر ④ جھانسا ⑤ چھل ⑥ عجل۔

جھائیں مائیں (ہ) اسم مونث۔ بچوں کا ایک کھیل۔

جھائیں جھائیں (ہ) اسم مونث ① کائیں کائیں ② جھک جھک ③ بک بک ④ بمعنی شور۔

جھبا (ہ) اسم مذکر ① گچھا ② پھندنا ③ گچھ ④ آویزا ⑤ پھلوا۔

جھبرا (ہ) اسم مذکر۔ بڑے بڑے بالوں والا کتا۔

جھپ (ہ) صفت ① جلدی ② فوراً ③ فی الفور ④ بے توقف۔

جھپ جھپ (ہ) اسم صفت ① جھٹ پٹ ② جلد جلد ③ بڑی جلدی۔

جھپ کھانا (ہ) فعل۔ پتنگ یا کنکوئے کا جلدی سے پیندی کے بل گرنا۔

جھپاکا (ہ) اسم مذکر ① جلدی ② فورا ③ شتابی۔

جھپاکا مارنا (ہ) جلدی سے کوئی کام کرنا۔

جھپاک سے (ہ) تابع فعل ① جلدی سے ② ترت پھرت۔

جھپان (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی عماری یا پالکی ② جو پہاڑوں میں مروج ہے۔

جھپانی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ جھپان اٹھانے والا کہار۔

جھپٹ (ہ) اسم مونث ① جھپٹنا سے حاصل مصدر ② جلدی کا حملہ ③ دوڑ ④ زغن ⑤ چھلانگ ⑥ چھین جھپٹ سے کشاکش۔

جھپٹا/ جھپٹنا (ہ) اسم مذکر ① بھوت پریت وغیرہ کا اثر ② آسیب ③ سایہ جن وپری۔

جھپٹا (ہ) اسم مذکر ① چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو لیجانا ② پنجہ ③ چنگل۔

جھپٹا مارنا (ہ) فعل ① چنگل مارنا ② چیل کا جلدی سے کسی چیز کو اُچک لے جانا۔

جھپٹانا (ہ) فعل ① حملہ کرنا ② حربہ کرنا ③ دوڑنا جلدی چلانا ④ تیز دوڑانا۔

جھپٹنا (ہ) فعل ① جلدی سے اُڑالینا ② جلدی چلانا ③ تیز دوڑانا۔

جھپک (ہ) اسم مونث ① جھپکنا سے حاصل مصدر پلکوں کا باہم ایک دفعہ لگنا ② حیا ③ شرم۔

جھپکنا (ہ) فعل ① آنکھوں کا بند ہونا اور کھلنا ② پلکوں کا باہم ٹکرانا ③ شرمندہ ہونا ④ حجاب کرنا ⑤ خوف کھانا ⑥ ڈرنا۔

جھپکی (ہ) اسم مونث۔ حاصل مصدر از جھپکنا بزیادتی بائے تحتانی ① نیند ② غنودگی ③ ذرا کی ذرا صورت دکھانا ④ ذرا سی دیر کے لئے آنا ⑤ جھلک۔

جھپیٹ (ہ) اسم مونث ① دوڑ ② تاخت ③ حملہ ④ زد ⑤ جن بھوت کا سایہ ⑥ صدمہ۔

جھپیٹ میں آنا (ہ) فعل ① زد میں آنا ② دھکا کھا کر گرنا ③ بھوت پریت سے ٹھکرایا جانا ④ صدمہ پہنچنا ⑤ دوڑتی ہوئی چیز کی زد میں آنا۔

جھپیٹا (ہ) اسم مذکر ① سایہ ② جن وپری کا سایہ۔

جہت (ء) اسم مونث ① طرف ② سوئے ③ جانب سمت ④ وجہ باعث ⑤ سبب۔

جھٹ پٹ (ہ) تابع فعل ① بہت جلد ② ترت ہی ③ جلد تر ④ شتاب۔

جھٹالنا (ہ) فعل ① جھٹلانا ② جھوٹا کرنا ③ جھوٹا بنانا ④ چکھ کر یا کھا کر اچھوتا نہ رہنے دینا۔

جھٹ پٹا (ہ) اسم مذکر ① صبح یا شام کی سیاہی دونو ملنے کا سماں ② غروب کا وقت۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314...218

جھٹکا (ہ) اسم مذکر ❶ صدمہ ❷ جنبش ❸ ٹکر ❹ آفت ❺ مصیبت ❻ شریعت اسلام کے خلاف تلوار کے ایک ہی ہاتھ میں ذبح کیا ہوا جانور۔

جھٹکا اٹھانا (ہ) فعل ❶ صدمہ اٹھانا ❷ مصیبت سہنا ❸ ٹکرانا ❹ نقصان اٹھانا۔

جھٹکا دینا (ہ) فعل ❶ جھاڑنا ❷ صدمہ دینا ❸ جھٹکنا۔

جھٹکا کھانا (ہ) فعل ❶ غیر ذبیحہ جانور کھانا ❷ صدمہ اٹھانا ❸ آفت زدہ ہونا ❹ ٹکرانا ❺ ٹھوکر کھانا ❻ آپس میں لڑ جانا۔

جھٹکنا (ہ) فعل ❶ جھاڑنا ❷ کپڑے وغیرہ کو زور سے ہلانا ❸ صدمہ دینا ❹ دبلا ہونا ❺ لاغر ہونا۔

جھٹکے کا مال (ا) اسمِ مذکر ❶ چوری کا مال ❷ ڈاکے کا مال۔

جھٹل (ہ) تابع فعل ❶ جھوٹ موٹ ❷ سچل کی ضد۔

جھٹلانا (ہ) فعل ❶ جھوٹا ثابت کرنا ❷ تکذیب کرنا ❸ باطل کرنا ❹ جھٹالنا۔

جھٹیل (ہ) اسم مونث ❶ مستعملہ ❷ ہر ایک کی جھوٹی کی ہوئی عورت ❸ بدکار عورت۔

جھجر (ہ) اسم مذکر ❶ مٹی کی ٹھلیا ❷ دہلی کے قریب ایک قصبہ کا نام ہے ہوگا۔

جھجک / جھجک (ہ) اسم مونث ❶ حاصل مصدر جھجکنا سے ❷ بدک ❸ شرم ❹ وحشت ❺ رمیدگی ❻ چونک ❼ روک ٹوک ❽ اٹک ❾ ڈر۔

جھجک نکلنا (ہ) فعل ❶ خوف دور ہونا ❷ مانوس ہونا ❸ رکاوٹ اور اٹک جاتی رہنا۔

جھجکنا (ہ) فعل ❶ رکنا ❷ بدکنا ❸ شرم کرنا ❹ وحشت سے بھاگنا ❺ ڈرنا ❻ خوف کھانا۔

جھد (ہ) اسم مونث ❶ کوشش ❷ سعی ❸ طاقت۔

جھڈو (ہ) اسم مذکر صفت ❶ بے حیا ❷ بے وقوف ❸ احمق ❹ ناکارہ ❺ حقارتاً ❻ بوڑھا ❼ جھڑوس۔

جھر / جھراٹا (ہ) اسم مونث ❶ صوت ❷ کپڑے کے دفعتہً پھٹ جانے کی آواز ❸ بچہ کو چڑانے کی آواز۔

جھر جھرا (ہ) اسم صفت ❶ بہت باریک کپڑا ❷ جس کے تار فاصلے سے ہوں ❸ جھونا۔

جھر جھری (ہ) اسم مونث ❶ بخار چڑھنے سے پہلے کا لرزہ ❷ کپکپی ❸ لرزہ۔

جھر کٹ (ہ) اسم صفت ❶ مرجھایا ہوا ❷ پژمردہ ❸ بے رونق ❹ جھاڑی کا تابع مہمل۔

جھرمٹ (ہ) انبوہ ❶ ہجوم ❷ گروہ ❸ عورتوں کا حلقہ ❹ بکل ❺ دوپٹے یا دوشالے وغیرہ میں لپیٹنا ❻ دوچ ❼ سڑک ❽ کوٹنے کا آلہ۔

جھرمٹ مارنا (ہ) فعل ❶ حلقہ باندھ کر جانا ❷ جمع ہو کر جانا ❸ اکٹھا ہو کر جانا ❹ بکل مارنا۔

جھرنا (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ آبشار ❷ پانی جھرنے کی جگہ ❸ پانی کی چادر ❹ پانی صاف کرنے کی چھلنی ❺ حلوائیوں کا سوراخدار کفگیر ❻ ایک قسم کی بڑی چھلنی۔

جھرنا (ہ) فعل ❶ ٹپکنا ❷ رسنا ❸ چونا ❹ بہنا ❺ جاری ہونا۔

جھرنا (ہ) فعل ❶ مرجھانا ❷ زوال پانا ❸ کمزور ہونا ❹ سوکھنا ❺ دبلا ہونا ❻ رونق نہ رہنا ❼ حسد یا بیماری کے سبب زرد و ناتواں ہونا۔

جھروکا (ہ) اسم مذکر ❶ کھڑکی ❷ دریچہ ❸ روشندان ❹ سیرگاہ ❺ تماشا گاہ۔

جھروکا درشن (ہ) اسم مذکر دہلی کے لال قلعہ کی وہ کھڑکیاں جو پائین باغ اور دربار کی طرف بنے ہوئے ہیں جو شاہی سیرگاہ تھیں۔

جھری (ہ) اسم مونث ❶ درز ❷ شگاف ❸ سوراخ ❹ رخنہ ❺ پانی کا گڑھا جس میں ادھر ادھر رس کر پانی جمع ہو جائے۔

جھری (ہ) اسم مونث ❶ شکن ❷ سلوٹ جو بڑھاپے میں کھال کے ڈھیلا ہونے سے پڑ جاتی ہیں۔

جھریاں (ہ) اسم مونث ❶ جھری کی جمع ❷ شکنیں ❸ سلوٹیں۔

جھریاں پڑنا (ہ) فعل ❶ چین پڑنا ❷ شکن پڑنا ❸ مرجھا کر نشان پڑ جانا۔

جھڑ (ہ) اسم مذکر ❶ متواتر بارش ❷ (بصورت مونث) قفل کا پردہ یا کھٹکا۔

جھڑ بدلی (ہ) اسم مونث ❶ وہ بدلی جو بہت سی جھڑی لگائے ❷ جھڑی کی بدلی ❸ ساون کی بدلی۔

جھڑ بیری (ہ) اسم مونث ❶ وہ جھاڑی جس میں بیر لگتے ہیں ❷

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

جنگلی بیری ③ کنار دشتی۔

**جھڑ بیری کا کانٹا** (ہ) اسم مذکر ① اصلی معنی ظاہر ② لڑاکا آدمی ③ جھاڑ ہو کر لپٹنے والا آدمی۔

**جھڑا جھڑ** (ہ) تابع فعل ① مسلسل ② متواتر ③ پے در پے ④ بکثرت۔

**جھڑاکا** (ہ) اسم مذکر ① جھڑپ ② ہلکی سی لڑائی جھپٹ ③ دو دو چونچیں ④ زور کی بارش ⑤ جھڑی (بصورت اسم صوت) بال یا گھانس بھاڑ کی آواز۔

**جھڑپ** (ہ) اسم مونث ① جھپٹ ② ہلکی سی لڑائی ③ جھڑاکا ④ صدمہ باہمی ⑤ تیزی ⑥ تندی ⑦ جوش گرمی۔

**جھڑپانا** (ہ) فعل ① پرندوں کو لڑانا ② دو دو چونچیں کرانا ③ دو آدمیوں کو باہم لڑانا۔

**جھڑپنا** (ہ) فعل ① مرغوں کا باہم لڑنا ② لڑنا جھگڑنا۔

**جھڑجھڑانا** (ہ) فعل ① جنبش دینا ② ہلانا ③ آڑے ہاتھوں لینا ④ دھمکانا ⑤ خبر لینا ⑥ لتاڑنا۔

**جھڑکی** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ہے جھڑکنا سے ① زجر و توبیخ ② لعنت ملامت ③ سخت بات ④ ڈانٹ ڈپٹ ⑤ سرزنش۔

**جھڑکی دینا** (ہ) فعل ① برا بھلا کہنا ② گھرکی دینا ③ سرزنش کرنا۔

**جھڑکیاں پڑنا** (ہ) فعل ① مورد عتاب ہونا ② لتاڑ پڑنا ③ دھتکار پڑنا۔

**جھڑن** (ہ) اسم مونث ① جھاڑنے کا حاصل کھرچن ② تلچھٹ۔

**جھڑنا** (ہ) فعل ① گرنا ② ٹپکنا ③ بجنا ④ بچ رہنا ⑤ بچت ہونا ⑥ قیمت دینا لینا ⑦ کوڑا کرکٹ صاف ہونا ⑧ جھاڑ و دیا جانا ⑨ انزال منی ہونا۔

**جھڑوانا** (ہ) فعل ① گرمانا ② درخت سے پھل اتروانا ③ گرد و غبار صاف کروانا ④ دم کروانا ⑤ انزال کرانا ⑥ منی نکلوانا ⑦ نفع دلوانا۔

**جھڑوس** (ہ) اسم مذکر ① بوڑھا ② پیر ③ فرتوت ④ بے حمیت و بے غیرت ⑤ دیوث۔

**جھڑی** (ہ) اسم مونث وہ بارش جو بجلی اور کڑک کے بغیر متواتر اور آہستہ آہستہ برسے۔

**جھڑی بندھنا/لگنا** (ہ) فعل ① لگاتار مینہ برسنا ② متواتر بارش ہونا۔

**جھک** (ہ) اسم صفت ① صاف ② چمکدار ③ تاباں روشن ④ دیوانگی ⑤ بک بک ⑥ بکواس ⑦ ژٹل ⑧ ہرزہ درائی۔

**جھک مارنا** (ہ) فعل ① بیہودہ بکنا ② یاوہ گوئی کرنا ③ بکواس کرنا ④ لغو باتیں کرنا۔

**جھکا جھک** (ہ) اسم صفت بالف اتصال ① خوب روشن ② نہایت چمکدار ③ درخشاں ④ صاف ⑤ اجلا ⑥ نرمل ⑦ مصفا۔

**جھکانا** (ہ) فعل ① مغالطہ دینا ② جھپکی دینا ③ پھرانا ④ دکھانا ⑤ حیران کرنا ⑥ ستانا ⑦ ہیرا پھیری کرنا ⑧ رلانا۔

**جھکانا** (ہ) فعل ① خمیدہ کرنا ② نیچا کرنا ③ خم کرنا ④ دوہرا کرنا ⑤ سرنگوں کرنا ⑥ ہاتھ نیچا کر کے دینا ⑦ شست باندھنا ⑧ نشانہ جمانا۔

**جھکاوٹ** (ہ) اسم مونث ① خمیدگی ② خم ③ رجحان ④ توجہ ⑤ رخ ⑥ یہ دونوں جھکانا سے حاصل مصدر ہیں۔

**جھکائی** (ہ) اسم مونث ① بیائے مصدری مغالطہ ② جھپکی۔

**جھکائی دینا** (ہ) فعل ① مغالطہ میں ڈالنا ② جھپکی دینا۔

**جھک کر سلام کرنا** (ہ) فعل ① نہایت ادب سے سلام کرنا ② طنزاً سلام کرنا ③ شرارت میں استاد ماننا۔

**جھکڑ** (ا) اسم مذکر ① سخت ہوا ② باد تند ③ ہوا کا طوفان ④ اندھیاؤ۔

**جھکنا** (ہ) فعل ① خمیدہ ہونا ② خم ہونا ③ نیچا ہونا ④ دہرا ہونا ⑤ مڑنا ⑥ بل کھانا ⑦ فروتن ہونا ⑧ متواضع ہونا ⑨ نیند سے آنکھیں بند ہونا۔

**جھکندن** (ہ) اسم مونث ① جھک جھک تکرار ② عذاب جان۔

**جھکور** (ہ) اسم مونث ① ہوا کی لہر ② ہلورا ③ نقصان۔ ④ ضرر ⑤ ٹوٹا ⑥ شامت ⑦ آفت ⑧ وبال۔

**جھکولا** (ہ) اسم مذکر ① لہر ② ترنگ ③ موج ④ ہلکورا ⑤ پانی کا زور سے آنا ⑥ غوطہ ⑦ ڈبکی۔

**جھکولنا** (ہ) فعل ① دھونا ② صاف کرنا ③ پانی ڈالنا ④ ڈبکی مارنا ⑤ غوطہ لگانا۔

**جھکولے کھانا/جھکولے لینا** (ہ) فعل ① ہلکورے لینا ② موجیں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مارنا❸ لہریں مارنا❹ کبھی پانی میں ڈوبنا❹ کبھی ابھرنا❺ ڈوبنا❻ اچھلنا❼ زمانے کا گرم وسرد آزمانا۔

**جھگڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ بکھیڑا ❷ مخمصہ ❸ ٹنٹا ❹ فساد ❺ خصومت ❻ قضیہ ❼ حجت ❽ خرخشہ ❾ خلجان۔

**جھگڑا پاک ہونا/ چکنا** (ا) فعل ❶ فساد رفع ہونا ❷ نزاع دور ہونا ❸ فیصلہ ہونا ❹ تصفیہ ہونا ❺ مر جانا ❻ فوت ہونا ❼ موت آ جانا۔

**جھگڑا چکانا** (ہ) فعل ❶ فیصلہ کر لینا ❷ قضیہ دور کرنا ❸ فساد رفع کرنا ❹ قرض بے باق کرنا ❺ مار ڈالنا ❻ تعلقات دنیاوی سے چھڑا دینا۔

**جھگڑالو** (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ لڑاک ❷ فسادی ❸ شریر ❹ حجتی ❺ تکراری ❻ جنگجو۔

**جھگڑنا** (ہ) فعل ❶ لڑنا ❷ فساد کرنا ❸ شرارت کرنا ❹ بحث کرنا ❺ حجت کرنا ❻ دلیل لانا ❼ تکرار کرنا ❽ ضد کرنا ❾ ہٹ کرنا۔

**جھگڑے کی تین جڑ۔ زر۔ زمین۔ زن۔** (ا) مثل۔ فساد کا باعث اکثر یہی تین چیزیں ہیں۔

**جھل** (ہ) اسم مونث ❶ غصہ ❷ خفگی ❸ طیش ❹ کرودھ ❺ عتاب ❻ حسد ❼ رشک ❽ جلن ❾ خواہش جماع۔

**جھل ہائی** (ہ) اسم مونث فاعل ❶ غصیل ❷ بدمزاج ❸ حاسدہ ❹ پرشہوت ❺ چھنال جماع کی بہت خواہش رکھنے والی۔

**جھل** (ء) اسم مونث ❶ اناڑی پن ❷ جہالت ❸ نادانی ❹ بے خبری ❺ ناواقف ❻ اکڑ پن ❼ جاہلانہ ضد ❽ لفظی تکرار ❾ بحث۔

**جھلا** (ہ) اسم مذکر ❶ پاگل ❷ دیوانہ ❸ مجنون ❹ غصیل ❺ ٹوکرا ❻ چھابا۔

**جھلا بور** (ہ) اسم صفت ❶ زرق برق ❷ چمکتا دمکتا ❸ تابان۔ ❹ درخشاں ❺ چمکدار ❻ چمکیلا طوفان ❼ طغیانی ❽ چڑھاؤ۔

**جھلا جھل** (ہ) اسم صفت ❶ چاندی سونے کی چمک۔ ❷ نہایت تیز روشن ❸ درخشندگی۔

**جھلانا** (ہ) فعل ❶ جھوٹا دینا ❷ جھولے میں بٹھا کر حرکت دینا ❸ ہلانا ❹ لیت ولعل کرنا ❺ کسی کام میں آجکل کرنا ❻ ٹالنا ❼ وعدہ خلافی کرنا ❽ جھوٹی امید دلانا۔

**جھلانا** (ہ) فعل ❶ غصہ میں ہونا ❷ خشمناک ہونا ❸ جلن ہونا ❹ ٹیس مارنا ❺ کسی چوٹ کا دیر تک رہنا ❻ سنسانا۔

**جھلجھلاہٹ** (ہ) اسم مونث ❶ جھلجھلانا سے حاصل مصدر۔ چراہٹ ❷ تیزی ❸ سوزش ❹ جلن۔

**جھلجھلانا** (ہ) فعل ❶ سوزش کرنا ❷ جلن کرنا ❸ دیر تک تیزی رہنا ❹ چمکنا دمکنا۔

**جھلڑ** (ہ) اسم مذکر ❶ پرندوں کا غول ❶ پرا ❷ جتھا ❸ جھنڈ۔

**جھلسا** (ہ) اسم مذکر ❶ شعلہ ❷ لو ❸ لاٹ۔

**جھلسا دینا/جھلسا لگانا** (ہ) فعل ❶ لو کا لگانا ❷ جلانا ❸ آگ لگانا ❹ آگ دینا۔

**جھلک** (ہ) اسم مونث ❶ رونق ❷ چمک ❸ تابش ❹ روشنی ❺ اوپ روپ ❻ جلوہ۔

**جھلکا** (ہ) اسم مذکر ❶ روشنی ❷ پرتو ❸ عکس ❹ جلوہ ❺ جھلک۔

**جھلکنا** (ہ) فعل ❶ چمکنا دمکنا ❷ روشن ہونا ❸ کوندنا ❹ جلوہ دکھانا ❺ عکس ظاہر ہونا ❻ جھجھانا۔

**جھلکی** (ہ) اسم مونث ❶ رونق ❷ چمک ❷ ذرا سی خودنمائی۔

**جھلکی دکھانا/ جھلک دکھانا** (ہ) فعل ❶ جلوہ دکھانا ❷ تجلی دکھانا۔

**جھلم** (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کی زرہ ❷ جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں۔

**جہلم** (ہ) اسم ظرف ❶ پنجاب کا ایک مشہور دریا ❷ شہر اور ضلع کا نام ہے۔

**جھلمل** (ہ) اسم مونث ❶ جگمگاہٹ ❷ پانی کی چمک ❷ ستاروں کی کم کم چمک ❸ پانی پر چراغوں کا عکس پڑنے کی کیفیت۔

**جھلملانا** (ہ) فعل ❶ جھلکنا ❷ لہرانا ❸ دھندلی سی روشنی دینا ❹ چراغ یا تارے کا تھوڑا تھوڑا چمکنا۔

**جھلملی** (ہ) اسم مونث ❶ چلمن ❷ چک ❸ جھری دار پردہ یا کواڑ ❹ کان کا ایک زیور ❺ دھیمی روشنی ❻ ہلکی سی چاندنی۔

**جھلنا** (ہ) فعل ❶ پنکھا ہلانا ❷ ہوا کرنا ❸ جڑنا ❹ پیوند لگنا ❺ ٹانکا لگنا ❻ برف یا شورے وغیرہ میں پانی ٹھنڈا کرنا ❼ مکھیاں اڑانا ❽ مگس رانی کرنا۔

**جھلنگا** (ہ) اسم مذکر ❶ ٹوٹی ہوئی چارپائی ❶ نیز وہ بان جو بنا کا بنا چارپائی میں سے نکال لیں ❷ لاغر ❸ دبلا ❹ کمزور ❺ پتلا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**جھلوانا** (ہ) فعل ① پنکھا کرنا ② مکھیاں اڑوانا ③ تانبے وغیرہ کے برتنوں میں ٹانکا لگوانا۔

**جھلی** (ہ) اسم مونث ① باریک اور چربی دار پردہ ② آنکھ کا جالا ③ (بحالت صفت) نہایت پتلا ④ بہت باریک ⑤ پوست پیاز سا ⑥ کاغذ سا۔

**جھلی** (ہ) اسم مونث ① خشمناک عورت ② غصیل عورت ③ دیوانی ④ پگلی ⑤ بدمزاج ⑥ بڑاٹوکرا ⑦ جھانا۔

**جھما جھم** (ہ) اسم مونث صوت ① مینہ کے برسنے کی آواز ② گوٹہ کناری کی چمک ③ چھما چھم ناچنے کی ضد۔

**جھماکا** (ہ) اسم مذکر ① (پورب) دھڑاکا ② دھماکا ③ موسلا دھار مینہ ④ چمک ⑤ تابش ⑥ روشنی۔

**جھم جھم** (ہ) اسم مذکر ① مینہ کے برسنے کے آواز ② چھم چھم ③ رم جھم ④ چمکیلا ⑤ چمکدار۔

**جھم جھمانا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① چمکنا دمکنا ② گوٹہ کناری سے جھلکتا ہوا ③ جگمگ جگمگ کرنا۔

**جھم جھمانا** (ہ) فعل ① چمکنا ② روشن ہونا ③ جھلکنا ④ جھلک مارنا ⑤

**جھمک** (ہ) اسم مونث ① جھلک ② چمک۔

**جھمکانا** (ہ) فعل ① چمکانا ② جھلکانا ③ روشن کرنا ④ چمک دکھانا۔

**جھمکا** (ہ) اسم مذکر ① گچھا ② جھنڈ ③ خوشہ ④ پروین ⑤ عقد ثریا ⑥ کانوں کا ایک زیور۔

**جھمکڑا** (ہ) اسم مذکر ① تجمل ② شان وشوکت ③ کروفر ④ جھمک سے اسم مکبر ہے ⑤ (بحالت صفت) چمک دمک ⑥ خوبصورتی۔ تجلی ⑦ دیدار معشوق ⑧ ربوہ۔

**جھمکنا** (ہ) فعل ① چمکنا ② جھلکنا۔

**جھمورا** (ہ) اسم مذکر ① بہت گھنے اور لمبے بالوں والا حیوان ② ریچھ ③ خرس ④ ڈھیلے ڈھالے کپڑوں والا بچہ ⑤ ایک قسم کا بھورا ریچھ ⑥ بازیگروں کے ساتھ کا لڑکا۔

**جھمیل** (ہ) اسم مونث ① دیر ② اٹکاؤ ③ تامل ④ بکھیرا ⑤ جھگڑا۔

**جھمیلیا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① جھگڑالو ② فسادی ③ بکھیڑیا ④ آشنائی ⑤ دوستی۔

**جھمیلا** (ہ) اسم مذکر ① بکھیڑا ② جھگڑا ③ ناحق کا فساد ④ (جھمیل سے مذکر ہے)۔

**جھن** (ہ) اسم مونث صوت ① تھالی وغیرہ کے بجنے کی آواز ② جھنکار ③ تلوار کے گرنے کی آواز۔

**جھنجھلانا** (ہ) فعل ① خفا ہونا ② ناراض ہونا ③ چڑچڑانا ④ غضبناک ہونا۔

**جھنجوٹی** (ہ) اسم مونث ① پہاڑی قوموں کا ایک گیت اور ایک راگنی کا نام ہے ② باہمی تکرار۔

**جھنجوڑنا** (ہ) فعل ① کسی کے ہاتھ یا پاؤں کو بیدار کرنے کی خاطر زور سے ہلانا ② جگانا ③ بیدار کرنا ④ دانتوں سے پکڑ کر جھٹکے دینا ⑤ ہوشیار کرنا ⑥ خبردار کرنا ⑦ متنبہ کرنا۔

**جھنجھٹ** (ہ) اسم مذکر ① جھگڑا ② فساد ③ دنگا ④ قضیہ ⑤ بحث ⑥ تکرار ⑦ حیرانی ⑧ دقت ⑨ بکھیڑا۔

**جھنجھٹیا** (ہ) اسم صفت مذکر فاعل ① فسادی ② لڑاک ③ لڑاکا ④ جھگڑالو ⑤ زود رنج۔

**جھنجھری** (ہ) اسم مونث ① سوراخ دار یا جالیدار توا ② جو کوئلوں کے چولھے میں راکھ چھن کر گرتے رہنے کو لگا دیتے ہیں۔

**جھنجھن** (ہ) اسم مونث صوت ① دھات کے برتن کے کھڑکنے کی آواز ② (بصورت اسم مذکر) بیوقوف۔ سست۔ کاہل۔ گوبر گیش۔

**جھنجھنا** (ہ) اسم مذکر ① بچوں کا کھلونا جس میں اندر بجنے کیلئے کنکر وغیرہ ڈال دیا کرتے ہیں۔

**جھنجھنانا** (ا) فعل ① چھنکارنا ② بجنا ③ سستانا ④ ٹنٹنا۔

**جھنجھناہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر جھنکار ① سنسناہٹ۔

**جھنجھنی** (ہ) اسم مونث ① بیڑی ② جولان۔

**جھنجنی** (ہ) اسم مونث ① ٹوٹی کوڑی ② چھوٹی کوڑی ③ چھید والی کوڑی ④ وہ عورت جس کی ناک پچکی یا بیٹھی ہوئی ہو۔

**جھنڈ** (ہ) اسم مذکر ① غول ② گروہ ③ جمگھٹا ④ بھیڑ ⑤ انبوہ ⑥ ایک دوسرے کے پاس اگے ہوئے بہت سے درخت ⑦ درختوں کا ذخیرہ ⑧ گھانس کا پولا ⑨ مٹھا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**جھنڈ کے جھنڈ** (ہ) اسم مذکر (1) گروہ کے گروہ (2) غول کے غول (3) پرے کے پرے (4) ٹھٹ کے ٹھٹ۔

**جھنڈا** (ہ) اسم مذکر (1) نشان علم (2) باوٹا (3) بیرق (4) پھریرا (5) نیزہ۔

**جھنڈا کھڑا کرنا** (ہ) فعل (1) لوگوں کے فراہم یا فوج کے جمع کرنے کو نشان گاڑنا (2) نشان فتح نصب کرنا (3) کامیابی حاصل کرنا (4) فتح کرنا۔

**جھنڈا گاڑنا** (ہ) فعل (1) کسی مقام کو فتح کر لینا (2) اپنی جوانمردی کی یادگار چھوڑ جانا (3) قبضہ کر لینا (4) سکہ بٹھانا (5) اپنی حکومت میں لے آنا۔

**جھنڈ بابرا/جھنڈ بابرو** (ہ) اسم مذکر۔ وہ بچہ جس کے بال بہت بہت لمبے لمبے ہوں جیسے شیر ببر کے۔

**جھنڈے پر چڑھانا** (ہ) فعل (1) دنیا میں بدنام کرنا (2) عیب لگانا (3) بدنام کرنا (4) الزام لگانا (5) مشہور کرنا (6) شہرت دینا (7) مراسیوں کے گڑا باندھنے سے لیا گیا ہے۔

**جھنڈے پر چڑھنا** (ہ) فعل (1) رسوا ہونا (2) بدنام ہونا (3) مشہور ہونا۔

**جھنڈے تلے کا** (ہ) اسم مذکر (1) چیدہ (2) نہایت چالاک (3) تجربہ کار (4) شریر (5) مشہور (6) بدمعاش (7) اعلےٰ درجہ کا غنڈا۔

**جھنڈے تلے کی دوستی** (ا) اسم مونث (1) لشکر کی دوستی (2) چند روزہ راہ کی دوستی (3) حمام کی ملاقات (4) اتفاقی دوستی۔

**جھنڈی** (ہ) اسم مونث (1) جھنڈا کی تانیث (2) کپڑا لگی ہوئی چھڑی (3) چھوٹا سا نشان بیرق۔

**جھنڈی۔** (ہ) اسم مونث (1) وہ کھونٹیاں یا جڑیں جو پودے کاٹنے کے بعد کھیتوں میں رہ کر پھوٹ آتی ہے (2) گنے، مکئی، جوار یا سرکنڈا وغیرہ کی جڑ (3) وہ کنڈے جن میں حلقے پڑے ہوئے ہوتے ہیں۔

**جھنک۔** (ہ) اسم مونث صوت (1) گھنگرو وغیرہ کے نیچے کی آواز (2) جھنکار (3) چھن چھن۔

**جھنکٹ** (ہ) اسم مذکر (1) موٹا پھونس (2) درخت کی خشک اور نہایت ہی پتلی شاخ۔

**جھنکار۔** (ہ) اسم مونث صوت (1) چینی یا شیشے کا برتن کے ٹوٹنے کی آواز (2) کانسی کے برتن (3) تلوار جھانج اور زنجیر وغیرہ کی آواز۔

**جھنگار۔** (ہ) اسم مونث (4) حاصل مصدر ہے کوک (5) چیخ (6) مور یا جھینگر کی آواز (7) نوت کی ٹیکور (8) اُلاپ (9) جھولے کے کھیتوں کی گونج

**جھنگارنا۔** (ہ) فعل (1) کوکنا (2) موریا (3) جھینگر کا آواز سے بولنا (4) خوش الحانی سے گانا (5) نغمہ سرائی کرنا۔

**جہنم۔** (ع) اسم مذکر (1) گہرا کنواں (2) چاہ عمیق (3) تحت الثریٰ (4) دوزخ (5) نرک۔

**جہنم میں پڑے/ جائے۔** (ا) عو (1) دعائے بد ہے (2) نہایت نفرت کے وقت بولتے ہیں (3) دفع ہوئے (4) چولھے میں گرے۔

**جھوت** (ہ) اسم مونث۔ نہایت تنگ گلی وہ گلی جس میں دونوں طرف کے پڑلے گرتے ہوں۔

**جھوترا۔** (ہ) اسم مذکر بواؤ معروف (1) سر کے بے ترتیب بال (2) بن دھوئے بال۔

**جُھوترے۔** (ہ) اسم مذکر (1) بواؤ معروف جھوترا کی جمع ہے (2) سر کے بال چونڈا (3) بے ترتیب اور بن دھوئے بال۔

**جُھوٹ۔** (ہ) اسم مذکر (1) سچ کی ضد (2) دروغ (3) ناراست (4) کذب (5) غلط پھل (6) فریب (7) دھوکہ (8) کھوٹ۔

**جُھوٹ بنانا۔** (ہ) فعل (1) تہمت دھرنا (2) بہتان باندھنا (3) سچ کے خلاف بات گھڑ لینا۔

**جُھوٹ بولنا۔** (ہ) فعل (1) دروغ گوئی کرنا (2) خلاف بیانی کرنا (3) غلط کہنا۔

**جُھوٹ پکڑنا** (ہ) فعل (1) جھوٹ ثابت کر دینا (2) جھوٹ کی گرفت کرنا (3) جھوٹ کا پتہ لگا لینا۔

**جھوٹ جاننا** (ہ) فعل (1) اعتبار نہ کرنا (2) باور کرنا (3) خلاف جاننا۔

**جھوٹ سچ** (ہ) اسم مذکر (1) دروغ آمیز (2) راستی (3) اُلٹی سیدھی بات (4) دروغ (5) دروغ مصلحت آمیز۔

**جھوٹ لگانا** (ہ) فعل (1) چغلی کھانا (2) غیبت کرنا (3) برائی کرنا (4) بد گوئی کرنا۔

**جھوٹ کا پتلا** (ہ) اسم مذکر (1) بالکل جھوٹا (2) سر سے پاؤں تک

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03490777218

جھوٹا③ دروغ مجسم④ جھوٹ کی پوٹ۔

**جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے** (ہ) مثل ① جھوٹ کو قیام وثبات نہیں ہوتا② جھوٹ نہیں چلتا۔

**جُھوٹ کے پل باندھنا** (ہ) فعل ① نہایت جھوٹ بولنا② جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔

**جھوٹ کے دفتر** (ا) اسم مذکر ① افسانے② داستانیں③ کہانیاں۔

**جھوٹ موٹ** (ہ) اسم مذکر مونث ① موٹ تابع مہمل② غلط ملط③ دروغ④ مذاقاً۔

**جھوٹ/جھوٹن** (ہ) اسم مونث ① سنسکرت کے لفظ جشٹ سے بنا ہے② پس خوردہ③ بچا ہوا کھانا۔

**جھوٹ کوٹ** (ہ) اسم مذکر ① کوٹ تابع موضوع① پس خوردہ② بچا کھچا کھانا③ آگے کا اُٹھایا ہوا۔

**جھوٹا** (ہ) بواؤ مجہول اسم مذکر ① بھینس کا نر② بھینسا③ جنبش④ جھوکا⑤ دھکا⑥ عورتوں کے سر کے لمبے بال⑦ لٹیں⑧ نیند کا ہچکولا۔

**جھوٹا** (ہ) اسم صفت ① کاذب② دروغگو③ سچا کی ضد④ لپاٹی⑤ بے ایمان⑥ چھلیا⑦ فریبی⑧ ناقص⑨ کھرا کی ضد۔

**جھوٹا بٹ/ پیمانہ** (ا) اسم مذکر ① کم وزن بٹ② کمتی پیمانہ۔

**جھوٹا پڑنا** (ہ) فعل ① دروغگو ٹھیرنا② وعدہ خلاف ہونا③ نکما اور بے کار ہوجانا④ کام سے رہ جانا⑤ جیسے اس کا ہاتھ جھوٹا پڑ گیا۔

**جھوٹا جوڑا** (ہ) اسم مذکر ① کھوٹا جوڑا② چوڑیوں کا یا جوتے یا دلہن کی پوشاک کا وہ جوڑا جس میں جھوٹا مصالح لگے۔

**جھوٹا کاغذ** (ا) اسم مذکر ① بنایا ہوا تمسک② جعل سازی کا کاغذ

**جھوٹا کام** (ہ) اسم مذکر۔ جھوٹے مصالح کا زردوزی وغیرہ کا کام۔

**جھوٹا کوٹا** (ہ) اسم صفت ① پس خوردہ② اُلش③ آگے کا بچا ہوا کھانا۔

**جھوٹا کھاتے ہیں میٹھے کے لالچ** (ہ) مثل۔ فائدے کے لئے تکلیف بھی اٹھاتے ہیں۔ مزے کی خاطر۔ قابل نفرت چیز کو بھی کھائی جاتی ہے۔

**جھوٹا لپاٹی** (ہ) اسم مذکر ① نہایت کاذب② بہت ہی دروغگو③ دغا باز④ مکار۔

**جھوٹوں کا بادشاہ** (ا) اسم مذکر ① بہت ہی جھوٹا② جھوٹوں کا سردار③ کذاب۔

**جھوٹوں منہ نہ چھوانا/ جھوٹوں نہ پوچھنا** (ہ) فعل ① نام کو بھی نہ پوچھنا② بالکل بات تک نہ پوچھنا③ خاطر میں نہ لانا④ ظاہرداری تک بھی نہ کرنا⑤ بھول کر بھی نہ پوچھنا۔

**جھوٹی قسم۔** (ا) اسم مونث ① غلط② سوگند③ حلف دروغی④ سوگند دروغ۔

**جھوٹی گواہی۔** (ا) اسم مونث ① غلط گواہی② بن دیکھے گواہی④ حلف دروغی۔

**جھوٹی نالش۔** (ا) اسم مونث ① خواہ مخواہ کی نالش② بے سبب نالش③ جھوٹا دعوے۔

**جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ مارنا۔** (ا) فعل ① پرلے درجے کا بخیل اور ممسک ہونا② مکھی چوس ہونا۔

**جھوجھا۔** (ہ) بواؤ مجہول اسم مذکر ① مسلمانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے② (پورب) معدہ او جھ۔

**جھوجرا** (ہ) اسم مذکر ① صفت② شکستہ③ ٹوٹا ہوا④ بال آیا ہوا⑤ ٹوٹا پھوٹا۔

**جھوڑ** (ہ) اسم مذکر ① جھنڈ کا اشباع② جھونڈ اور جھونڈ سے بگڑا جھوڑ ہوا③ جھاڑی④ جھانکڑ⑤ جھنڈ۔

**جھوڑ** (ہ) اسم مونث ① لڑائی جھگڑا② تکرار③ ضد④ محبت⑤ بحث⑥ کھانے یا آم گنے کو ایک مرتبہ بیٹھ کر پیٹ بھر کر کھا لینا۔

**جھوڑ لگانا** (ہ) فعل ① ڈٹ کر کھا لینا② پیٹ بھر کر کھا لینا۔

**جھوک** (ہ) اسم مونث ① خمیدگی② خم③ کجی④ دھکا، ہچکولا⑤ ریلا⑥ غفلت⑦ ترازو کے ایک پلڑے کا جھکنا⑧ تول۔

**جھوک سنبھالنا** (ہ) فعل ① ہچکولے کو سہنا② کسی لمبی چھڑی بانس کی لچک کو روکنا۔

**جھوک مارنا** (ہ) فعل ① کم تولنا② ڈنڈی مارنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140917218

www.besturdubooks.net

جھوکا/جھونکا (ہ) اسم مذکر ① ہوا کا ریلا ② ہوا کی ٹکر ③ ہوا کا دھکا ④ نیند کا ہچکولا۔

جھونکنا (ہ) فعل ① ڈالنا ② پھینکنا ③ کوڑا کرکٹ وغیرہ بھاڑ میں ڈالنا ④ تنور یا بھاڑ میں ایندھن ڈالنا ⑤ بھاڑ گرم کرنا ⑥ برباد کرنا ⑦ دے ڈالنا ⑧ بے پروا کے پلے باندھنا۔

جھول (ہ) بواوٗ مجہول ① ڈھیلا پن ② شکن سلوٹ ③ سئے کپڑے کی ناہمواری ④ ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا ④ ملمع ⑤ گلٹ ⑥ ایک دفعہ جننا ⑦ ایک دفعہ کئی بچوں کا جننا۔

جھول جھال (ہ) اسم مذکر ① ڈھیل ڈھال ② التوا ③ وقفہ ④ جھگڑا ⑤ ٹنٹا ⑥ بحث ⑦ تکرار۔

جھول چڑھانا (ہ) فعل ① ملمع کرنا ② خول چڑھانا ③ گلٹ کرنا۔

جھول نکالنا (ہ) فعل ① بچے نکالنا ② مرغی کا بچے دینا ③ کپڑے کی ڈھیل درست کرنا۔

جھول (ہ) بواوٗ معروف اسم مونث ① پوشش حیوانات ② جل ③ ہاتھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ④ ڈھیلی ڈھال بدنما پوشاک۔

جھولا (ہ) بواوٗ معروف ① جھولنے کی رسی ② درخت یا کھم میں پڑی ہوئی رسی جس پر بیٹھ کر جھوٹے لیتے ہیں ③ ہنڈولا۔

جھولا (ہ) بواوٗ مجہول اسم مذکر ① تھیلا سا ڈھیلا ② فالج ③ رعشہ ④ ادھرنگ ⑤ ہاتھ کا اشارہ ⑥ لو یا گرم ہوا کا اثر ⑦ بانات یا چمڑے کا بنا ہوا بندوق کا غلاف سپاہیوں وغیرہ کا سامان رکھنے کا تھیلا۔

جھولا مار جانا (ہ) فعل ① بیکار ہو جانا ② نکما ہو جانا ③ سست ہو جانا ④ فالج ہونا ⑤ ادھرنگ ہو جانا۔

جھولنا۔ (ہ) فعل ① جھوٹے لینا ② پینگ چڑھانا ③ لٹکانا ④ امیدوار رہنا۔

جھولنا (ہ) اسم مذکر۔ جھولا کی تصغیر ہے ① تھیلا ② تھیلی ③ دامن کی جھولی۔

جھولی (ہ) اسم مونث ① جھولا کی تانیث و تصغیر ہے ② بغلی تھیلی ③ دامن کی گردی جو کسی چیز کے لینے کیلئے پھیلائی جائے۔

جھولی چھوڑنا (ہ) فعل ① بدن کا ڈھیلا پڑ کر دونوں پہلوؤں کا گوشت لٹک جانا ② علامِ پیری۔

جھولی دار (ا) اسم صفت ① بڑے پیٹ والا حیوان ② دوہرے بدن کا بیل وغیرہ حیوان۔

جھولی ڈالنا (ہ) فعل ① دریوزہ گری کو تیار ہونا۔ ② مانگنے کا سامان لے کر کھڑا ہونا۔

جھوم جھوم کر (ہ) تابع فعل ① لہرا لہرا کر ② ہل ہل کر ③ جھول جھول کر ④ غلبے کے ساتھ ⑤ غنودگی سے۔

جھومر (ہ) اسم مذکر ① ماتھے پر پہننے کا ایک زیور ② ایک قسم کا ناچ ③ ایک طرح کا گہنا ④ گروہ ⑤ جھنڈ ⑥ جھرمٹ ⑦ مجمع۔

جھومنا (ہ) فعل ① مستی یا نیند کی حالت میں جھوٹے لینا ② اونگھنا ③ لٹکنا ④ جھکنا ⑤ لڑکھڑانا ⑥ ڈگمگانا ⑦ سر ہلانا ⑧ عالم سرور و وجد میں جنبش کرنا ⑨ ہاتھی کی سی چال چلنا۔

جھونا (ہ) بواوٗ مجہول اسم مذکر ① ایک قسم کی باریک دھوتر ② چھدرا بنا ہوا کپڑا ③ اعلیٰ قسم کی چھالیا۔

جھونا (ہ) بواوٗ مجہول فعل ① بیان کرنا ② جڑنا ③ دکھڑا رونا ④ آغاز کرنا ⑤ شروع کرنا ⑥ پیسنا ⑦ لگانا ⑧ مارنا۔

جھونپڑا (ہ) اسم مذکر ① چھپر کا گھر ② کٹیا ③ پھونس کا مکان ④ چھوٹا سا مکان۔

جھونپڑی (ہ) اسم مونث ① جھونپڑا کی تصغیر و تانیث ② چھپر کی چھوٹی سی کٹیا۔

جھونٹا (ہ) اسم مذکر ① پینگ ② جھولے کی حرکت ③ عورت کے سر کے بال ④ بھینسا ⑤ بھینس کا بچہ ⑥ بھینس کا سانڈ۔

جھونٹا دینا (ہ) فعل ① جھلانا ② جھولے کو ہلانا ③ دھکا دینا۔

جھونٹا لینا (ہ) فعل ① جھولنا ② پینگ چڑھانا۔

جھونٹے پکڑنا (ہ) فعل ① بڑی ذلت سے سر کے بال پکڑنا ② بال نوچنا۔

جھونج (ہ) اسم مونث ① کھجلی ② خارش ③ کھاج ④ خواہش ⑤ مزا ⑥ چسکا ⑦ (پورب) گھونسلا۔

جھونج مارنا (ہ) فعل ① کھجلی ہونا ② خارش ہونا ③ کھاج ہونا۔

جھونجل (ہ) اسم مونث ① جھنجلانا سے حاصل مصدر ② غصہ ③ خشم ④ غضب ⑤ کرودھ ⑥ خفگی۔

جھونجل اتارنا (ہ) فعل ① غصہ اتارنا ② بغض نکالنا ③ جل کر بدلہ لینا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140771218

جھونجل آنا (ہ) فعل ① غصہ آنا ② طبیعت جلنا ③ خفا ہونا۔

جھونک (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ① خمیدگی ② خم ③ ترازو کے پلڑے کا نیچا ہونا ④ اونگھ ⑤ غنودگی ⑥ بار ⑦ بوجھ۔

جھونکنا (ہ) فعل ① سینگ مارنے کیلئے بیل کا آنا ② بیل کا سینگ مارنے کیلئے دوڑنا۔

جھونکے آنا (ہ) فعل ① غنودگی یا نشے کے باعث سر کا بار بار جھکنا ② ہوا کے ہلکے ہلکے تھپیڑے آنا۔

جھپنا / جھینپنا (ہ) فعل ① شرمانا ② لجانا ③ آنکھ چرانا۔

جھیرا (ہ) اسم مذکر ① بیائے مجہول ② چشمہ ③ سوتا ④ دہانہ ⑤ کنواں ⑥ باؤلی ⑦ گڑھا ⑧ غار ⑨ اندھا کنواں۔

جھیر جھیر (ہ) اسم صفت ① پارہ پارہ ② ٹکڑے ٹکڑے ③ پرزے پرزے۔

جہیز (ء) اسم مذکر ① اسباب ② سامان ③ وہ سامان جو بیٹی کو شادی میں دیا جاتا ہے۔

جہیز میں آنا (ا) اسم مونث ① ماں باپ کے گھر سے آنا ② اپنے دعوے کی چیز ہونا۔

جھیل (ہ) اسم مونث ① ڈل ② ڈابر ③ تالاب پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے گھرا ہوا ہو ④ دلدل ⑤ نیچی زمین ⑥ گیت کا وہ حصہ جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جائے۔

جھیلنا (ہ) فعل ① سہنا ② برداشت کرنا ③ اٹھانا ④ بچانا ⑤ ہضم کرنا۔

جھیلنی (ہ) اسم مونث ایک طرح کا زیور جو کانوں کے زیورات کا بوجھ سہارنے کو سر کے بالوں میں اٹکا لیتے ہیں۔

جھیلی دینا (ہ) فعل بچہ پیدا ہوتے وقت زچہ کو ایک خاص ترکیب سے جنبش دینا۔

جھینکنا (ہ) فعل ① رونا ② گریہ وزاری کرنا ③ دکھڑا بیان کرنا ④ افسوس کرنا ⑤ پچھتانا ⑥ غم کرنا ⑦ رنج کرنا ⑧ (بصورت اسم مذکر) شکوہ ⑨ شکایت۔

جھینگا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی

جھینگر (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا برساتی کیڑا جس کی مونچھیں بڑی ہوتی ہیں ② کپڑوں کو چاٹ جاتا ہے۔

## ج ← ی

جَے (ہ) اسم مونث ① فتح ② نصرت ③ جیت ④ خوشی ⑤ خرمی ⑥ نشاط ⑦ سلامتی ⑧ ترقی ⑨ زیادتی۔

جَے پتر (ہ) اسم مذکر ① فتح نامہ ② فیصلہ ③ ڈگری۔

جَے جَے کار / جے جے کارا (ہ) اول مونث ① دوم مذکر ② فتح و نصرت ③ خوشی وخرمی۔

جَے جَے کار رہیں (ہ) دعائے خیر ہے ① اقبال بنا رہے ② سلامت رہو ③ فتح مند رہو۔

جَے (ہ) اسم صفت مقدار ① جس قدر ② جتنے۔

جئ (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا چھوٹا جو۔

جی (ہ) حرف ایجاب ① ہاں ② بلے ③ جناب ④ حضرت ⑤ صاحب ⑥ درست ہے ⑦ بجا ہے ⑧ ایک طرح کا کلمہ تعظیم ہے۔

جی کہو جی کہلاؤ (ہ) کہاوت ① دوسروں کا ادب کرو گے تو اپنا ادب کراؤ گے ② صاحب کہو گے صاحب کہلاؤ گے۔

جی (ہ) اسم مذکر ① جان ② روح ③ دم ④ پران ⑤ پرانی ⑥ سانس ⑦ زندگی ⑧ عمر ⑨ دل۔

جی اُٹھانا (ہ) فعل ① توجہ اٹھانا ② بیزار ہونا ③ رغبت نہ رکھنا ④ دل اُچاٹ ہونا۔

جی آ جانا (ہ) فعل ① دل آنا ② عاشق ہونا ③ دل مائل ہونا۔

جی اُٹھنا (ہ) فعل ① دل اچٹنا ② طبیعت نہ لگنا ③ زندہ ہو جانا ④ جان پڑ جانا ⑤ سیر و تماشے کو جی چاہنا۔

جی اچٹ جانا / اچٹنا (ہ) فعل ① کسی کام پر دل نہ لگنا ② دل بیزار ہونا۔

جی اداس ہونا (ہ) فعل ① دل پریشان ہونا ② دل پژمردہ ہونا ② دل نہ لگنا۔

جی اڑا جانا (ہ) فعل ① دل بیزار ہونا ② دل درہم برہم ہونا ③ گھبرا جانا۔

جی اکتانا (ہ) فعل ① دل برداشتہ ہونا ② دل گھبرا جانا ③ جی میں نفرت آ جانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جی الٹنا (ہ) فعل ❶ دل گھبرانا ❷ دل پریشان ہونا۔

جی بٹنا (ہ) فعل ❶ دل بہلنا ❷ دل پیچھے پڑنا ❸ خیال کا دوسری طرف لگ جانا۔

جی بُرا کرنا (ہ) فعل ❶ قے کرنا ❷ اگلنا ❸ رد کرنا ❹ ناراض کرنا ❺ رنجیدہ کرنا۔

جی بڑھانا (ہ) فعل ❶ دلیری دینا ❷ حوصلہ بڑھانا ❸ دلیر کرنا ❹ دلاسا دینا۔

جی بڑھنا (ہ) فعل ❶ ہمت بڑھنا ❷ حوصلہ ہوجانا ❸ دل تازہ ہوجانا ❹ خوش ہونا۔

جی بکھرنا/ بکھرا جانا/ جی بگڑ جانا (ہ) فعل ❶ جی متلانا ❷ متلی ہونا ❸ غش آنا ❹ حالت خراب ہوجانا ❺ دل بیٹھنا۔

جی بند ہونا (ا) فعل ❶ دل رکنا ❷ طبیعت نہ چاہنا ❸ بیزار ہونا ❹ کبیدہ خاطر ہونا۔

جی بھاری کرنا (ہ) فعل ❶ غمناک ہونا ❷ رنجیدہ ہونا ❸ دل پر بوجھ ڈالنا ❹ ناراض ہونا۔

جی بھٹکنا (ہ) فعل ❶ خواہاں ہونا ❷ مشتاق ہونا ❸ دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا۔

جی بھر آنا (ہ) فعل ❶ رحم آنا ❷ آنسو آجانا ❸ رونا آنا ❹ دل امنڈ آنا۔

جی بھر جانا (ہ) فعل ❶ اکتا جانا ❷ دل سیر ہوجانا ❸ خوب اچھی طرح سیر ہوجانا۔

جی بھر کر (ہ) تابع فعل ❶ سیر ہو کر ❷ حسب خواہش ❸ بخوبی۔

جی بہلانا (ہ) فعل ❶ دل خوش کرنا ❷ جی پرچانا ❸ دل کو اور طرف لگانا ❹ رنج وکلفت کو رفع کرنا۔

جی بہلنا (ہ) فعل ❶ دل کا اور طرف متوجہ ہونا ❷ دل خوش ہونا ❸ دل لگنا ❹ کسی کام میں طبیعت کا مشغول ہوجانا۔

جی بیٹھا جانا (ہ) فعل ❶ دل کا نڈھال ہونا ❶ دل کا گر جانا ❷ مایوس ہونا۔

جی پانی کرنا (ہ) فعل ❶ دل موم کرنا ❷ نہایت نرم کرنا ❸ سخت ❹ محنت کرنا ❺ زحمت اٹھانا۔

جی پر کھیلنا (ہ) فعل ❶ جان جوکھوں میں ڈالنا ❷ جان پر کھیلنا ❸ خطرناک کام کرنا۔

جی پڑنا (ہ) فعل ❶ زندہ ہوجانا ❷ روح پڑنا ❸ کیڑے پڑنا۔

جی پک جانا (ہ) فعل ❶ دل دکھ جانا ❷ آزار رسیدہ ہوجانا ❸ عاجز اور تنگ ہوجانا۔

جی پکڑا جانا (ہ) فعل ❶ دل میں شبہ پڑنا ❷ ماتھا ٹھنکنا۔

جی پکڑ لینا (ہ) فعل ❶ رنج یا صدمہ کی تاب نہ لانا ❷ کلیجہ پکڑ لینا۔

جی پھر جانا (ہ) فعل ❶ غش ہونا ❷ دل آنا ❸ دل مائل ہونا۔

جی پیچھے پڑنا (ہ) فعل ❶ جی بہلنا ❷ دل کا مشغول ہونا ❹ دل بٹنا۔

جی پھیکا ہونا (ہ) فعل۔ دل کا کسی چیز سے متنفر اور بیزار ہونا۔

جی ترسنا (ہ) فعل ❶ دل کا مشتاق ہونا ❷ جی للچانا ❸ دل کا آرزومند ہونا۔

جی ٹوٹ جانا (ہ) فعل ❶ شکستہ خاطر ہونا ❷ رنج پہنچ جانا ❸ مایوس ہوجانا۔

جی ٹھکنا (ہ) فعل ❶ حوصلہ ہونا ❷ تسلی ہونا ❸ خاطر جمع ہونا۔

جی ٹھنڈا ہونا (ہ) دل خوش ہونا ❶ جی راضی تسلی ہونا ❷ دل کی ہوس نکلنا۔

جی جان سے فدا/ قربان/ نثار ہونا (ہ) فعل نہایت شیدا دوالہ ہونا۔

جی جانتا ہے (ہ) فقرہ ❶ جی کو خبر ہے ❷ دل ہی واقف ہے ❸ دل ہی پر صدمہ ہے ❹ بیان سے باہر ہے۔

جی جلانا (ہ) فعل ❶ غم دینا ❷ دل میں آگ لگانا ❸ غصہ دلانا ❹ حسد دلانا ❺ ستانا ❻ چھیڑنا۔

جی جلنا (ہ) فعل ❶ غصہ آنا ❷ نہایت رنج پہنچنا ❸ رشک وحسد ہونا۔

جی چاہنا (ہ) فعل ❶ دل للچانا ❷ دل کا مائل ہونا ❸ کسی چیز پر راغب ہوجانا۔

جی چاہے (ہ) تابع فعل ❶ اگر دل میں خواہش ہو ❷ اگر مرضی ہو۔

جی چرانا/ جی چھپانا (ہ) فعل ❶ دم چرانا ❷ پہلو تہی کرنا ❸ حیلہ جو ہونا ❹ عاشق کا دل لے لینا ❺ عاشق کے دل کی چوری کرنا۔

جی چلا (ہ) اسم صفت ❶ دلیر ❷ بہادر ❸ من چلا ❹ سور بیر ❺ سورما ❻ دیوانہ ❼ مجنوں ❽ پاگل ❾ سخی۔

جی چلنا (ہ) فعل ❶ خواہش ہونا ❷ رغبت ہونا ❸ ارادہ ہونا ❹ جنون ہونا ❺ دل کا قابو میں نہ رہنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جی چھوٹنا (ہ) فعل ❶ بد دل ہونا ❷ ناامید ہونا ❸ ہمت نہ رہنا ❹ عاجز ہونا ❻ بزدلی آجانا ❼ جرأت نہ رہنا۔

جی چھوڑنا (ہ) فعل ❶ پران تجنا ❷ انتقال کرنا۔

جی دار (ہ) اسم صفت ❶ دل چلا ❷ من چلا ❸ بہادر ❹ جری ❺ سخت ❻ مضبوط ❼ جاندار۔

جی دان (ہ) اسم مذکر ❶ لغوی سخاوت جان ❶ مجازاً جان بخشی ❷ موت کے حکم سے رہائی۔

جی دُکھانا (ہ) فعل ❶ پوشیدہ طور پر رنج پہنچانا ❷ تکلیف دینا ❸ صدمہ پہنچانا۔

جی دھڑکنا (ہ) فعل ❶ دل کانپنا ❷ خوف و اندیشہ ہونا ❸ افسوس آنا ❹ دل کا دھڑکنا۔

جی دھک دھک ہونا (ا) محاورہ۔ خوف واندیشہ سے دل کانپنا۔

جی دہلنا (ہ) فعل ❶ خوف کھانا ❷ جی ڈرنا ❸ دل دھڑکنا۔

جی ڈوبنا / جی ڈھیا جانا (ہ) فعل ❶ دل نڈھال ہونا ❷ غش چلا آنا ❸ دل کا بے قابو ہونا۔

جی رُکنا (ہ) فعل ❶ دم گھبرانا ❷ دل کا حاضر نہ ہونا ❸ دل نہ ملنا۔

جی رکھنا (ہ) فعل ❶ دلداری کرنا ❷ خوش کرنا ❸ حوصلہ رکھنا ❹ جرأت دار ہونا۔

جی سنسنانا (ہ) فعل ❶ ناتوانی اور کمزوری سے دل خراب ہونا ❷ دل پریشان ہونا۔

جی سے اتر جانا (ہ) فعل ❶ بے قدر ہو جانا ❷ نظروں سے گر جانا ❸ قابل نفرت ہو جانا۔

جی سے جانا (ہ) فعل ❶ مر جانا ❷ دم نکل جانا۔

جی کرنا (ہ) فعل ❶ جرات کرنا ❷ دلیری کرنا ❸ ہمت کرنا ❹ کسی چیز کو دل چاہنا ❺ رغبت ہونا۔

جی کڑھنا (ہ) فعل ❶ غمزدہ ہونا ❷ دل میں درد ہونا ❸ ہمدردی سے رنج ہونا ❹ متاسف ہونا۔

جی کو لگنا (ہ) فعل ❶ دل پر اثر ہونا ❷ بھانا ❸ پسند ہونا ❹ دل کو بھلا معلوم ہونا۔

جی کو مارنا (ہ) فعل ❶ ترک لذت کرنا ❷ حق مارنا ❸ خواہشوں کو ضبط کرنا۔

جی کھپانا (ہ) فعل ❶ سخت شاقہ کرنا ❷ جان لڑانا ❸ جان دینا ❹ جان توڑ کر کام کرنا ❺ دکھ دینا۔

جی کھٹا ہونا (ہ) فعل ❶ دل بیزار ہونا ❷ نفرت ہونا۔

جی کھلنا (ہ) فعل ❶ طبیعت کا خوش ہونا ❷ شرم وحجاب دور ہونا ❸ بے باک ہونا ❹ حوصلہ ہونا۔

جی کھول کر (ہ) تابع فعل ❶ بخوبی ❷ آزادانہ ❸ بکثرت ❹ بے دریغ ❺ بے تامل۔

جی کی امان چاہنا / مانگنا (ا) فعل ❶ جان بخشی چاہنا ❷ عرض مطلب سے پیشتر ادباً اور تعظیماً بولتے ہیں جس سے انکساری مراد ہوتی ہے۔

جی کی جی میں رہنا (ہ) فعل ❶ دل کی حسرت کا دل ہی میں رہ جانا ❷ آرزو پوری نہ ہونا ❸ ارمان رہنا۔

جی گرا جانا (ہ) فعل ❶ دل کا بیٹھا جانا ❷ طبیعت میں سستی اور توانائی کا اثر نمودار ہونا۔

جی گھبرانا (ہ) فعل ❶ دل کا پریشان ہونا ❷ دل نہ لگنا ❸ توحش ہونا۔

جی گنوانا (ہ) فعل ❶ دل برباد کرنا ❷ جی کھونا ❸ جان دینا ❹ مرنا۔

جی لبھانا (ہ) فعل ❶ دل مائل کرنا ❷ دل موہنا ❸ ترغیب دینا ❹ جادو یا خوبصورتی سے کسی کو اپنی طرف مائل کر لینا۔

جی لڑانا / لڑا دینا (ہ) فعل ❶ ساری توجہ سے مصروف ہو جانا ❷ جان کھپانا ❸ نہایت کوشش اور محنت کرنا ❹ ہمہ تن مصروف ہو جانا۔

جی لگانا (ہ) ❶ دل کو متوجہ کرنا ❷ دل کا مشغول کرنا ❸ جی بہلانا ❹ عشق کرنا ❺ کسی کی طرف دل کو مائل کرنا۔

جی لگنا (ہ) فعل ❶ جی بہلنا ❷ دل مشغول ہونا ❸ عاشق ہونا ❹ دل آنا ❺ عشق ہونا۔

جی للنا (ہ) فعل ❶ دل کا غارت ہونا ❷ فریفتہ ہونا ❸ عاشق ہونا

جی للچانا (ہ) فعل ❶ دل کا راغب ہونا ❷ مائل ہونا ❸ آرزومند ہونا۔

جی لوٹنا (ہ) فعل ❶ دل چھین لینا ❷ دل کو راغب کر لینا ❸ عاشق کرنا۔

جی لوٹنا (ہ) بواوٗ مجہول ❶ دل تڑپنا ❷ دل کا بیتاب ہونا ❸ سخت

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

مشتاق ہونا④ دل کا از حد آرزومند اور متمنی ہونا۔

**جی متلانا** (ہ) فعل① دل بیزار ہونا② طبیعت کا قے کی طرف رجوع ہونا۔

**جی مرجانا** (ہ) فعل① طبیعت پژمردہ ہوجانا② نہایت افسردہ و مردہ ہوجانا۔

**جی ملنا** (ہ) فعل① دل کا موافق ہونا② ہم خیال ہونا③ یکدل ہونا

**جی میں آنا** (ہ) فعل① خیال آنا② کسی خیال کا دل میں گزرنا③ خواہش کرنا④ ارادہ ہونا۔

**جی میں بیٹھنا/ جی میں گھر کرنا** (ہ) فعل① دل میں کھبنا② دل میں گھر کرنا③ دل میں جمنا④ دل میں اثر کرنا۔

**جی میں جی آنا** (ہ) فعل① دم میں دم آنا② جان میں جان آنا③ تسلی و تشفی ہوا④ امید جان ہونا۔

**جی میں جی ڈالنا** (ہ) فعل① کسی سے بہت الفت کرلینا② دوسرے کے دل کو اپنا سا بنالینا③ یقین دلانا④ اپنی بات دوسرے کے دل میں نشین کرنا۔

**جی میں ڈالنا** (ہ) فعل① دل میں خیال لانا② دل میں اتارنا③ اثر پیدا کرنا۔

**جی میں رکھنا** (ہ) فعل① چھپا کر رکھنا② پوشیدہ رکھنا③ راز ظاہر نہ کرنا④ عداوت رکھنا⑤ کینہ رکھنا⑥ قبضہ رکھنا۔

**جی میں کھبنا/ گڑنا/ بیٹھنا** (ہ)① دل میں اثر کرنا② دل میں چبھنا③ دل میں گھسنا۔

**جی نڈھال ہونا** (ہ) فعل① دل پریشان ہونا② مضمحل ہونا③ افسردگی ہونا۔

**جی نکلنا** (ہ) فعل① دم نکلنا② مرنا③ ہلاک ہونا④ مفتون ہونا⑤ عاشق ہونا⑥ بہت خوف ہونا۔

**جی وارنا** (ہ) فعل① جان قربان ہونا② تصدق جانا③ قربان ہونا۔

**جی ہارنا** (ہ) فعل① جی چھوڑنا② ہمت ہارنا③ کسی کام سے عاجز ہوکر اس سے باز رہنا۔

**جی ہوا ہوجانا/ جی ہوا ہونا** (ہ) فعل① روح کا قالب سے نکل جانا② دم نکلنا③ جان فنا ہونا۔

**جی ہی جی میں باتیں کرنا** (ہ) فعل① آپ ہی آپ باتیں کرنا② دل ہی دل میں خیال پکانا۔

**جیا** (ہ) اسم مذکر① جی کی تصغیر② جان③ پیارا④ جانی⑤ محبوب⑥ عزیز۔

**جیا گریفی** (ای) اسم مذکر① جغرافیہ② زمین کا بیان۔

**جیالوجی** (ان) اسم مذکر① علم طبقات الارض② وہ علم جس سے زمین کے بیرونی طبقات کی ساخت و ماہیت کا حال معلوم ہوتا ہے۔

**جیب** (ہ) اسم مونث① کیسہ② تھیلی③ دہن④ گریبان⑤ سینہ⑥ پیراہن⑦ قبضہ⑧ قابو۔

**جیب خرچ** (ا) اسم مذکر① روزمرہ کیلئے رکھا ہوا بالائی خرچ② پاکٹ منی۔

**جیب کترا** (ا) اسم مذکر فاعل① جیب کترنے والا② اچکا③ بر④ عیار⑤ بدمعاش۔

**جیب گھڑی** (ا) اسم مون جیب میں رکھنے کی چھوٹی گھڑی

**جیب میں پڑا ہونا** (ا) فعل① قابو میں ہونا② قبضہ میں ہونا۔

**جیب میں نہیں کھلی کی ڈلی۔ چھیلا پھرے گلی گلی** (ا) مثل① بھوکے نکمے اور آوارہ گرد کی نسبت بولتے ہیں② فاقہ مست ہیں اور آوارگی نہیں چھوڑتے۔

**جیب/ جیبھ** (ہ) اسم مونث① زبان② لسان③ للو۔

**جیب نکالنا** (ہ) فعل① زبان نکالنا② زبان کھینچنا③ گرمی یا کام کی زیادتی سے عاجز ہونا۔

**جیب کے تلے جیب ہونا** (ہ) فعل① دوغلی بات کرنا② ایک بات پر قائم نہ رہنا۔

**جیبی** (ہ) اسم صفت۔ جیب سے تعلق رکھنے والی چیز جیسے رومال یعنی چھوٹا رومال۔

**جیبی کتا** (ا) ایک نہایت چھوٹی نسل کا کتا ہوتا ہے۔

**جیبی/ جیبھی** (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی① زبان صاف کرنے کا آلہ② لگام کا ایک حصہ③ دریا یا ندی کے پانی کا پہلا کف دار حصہ جو طغیانی کے وقت سب سے پہلے آتا ہے۔

**جیت** (ہ) اسم مونث① ہار کی ضد② فتح③ فتح مندی④ کامیابی⑤ نفع⑥ فائدہ⑦ بیشی⑧ غلبہ⑨ فوقیت۔

**جیت گڑھ** (ہ) فعل① وہ مقام جہاں سے کسی شہر کو فتح کیا ہو② فتح

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

گرھ۔

**جیت ہونا** (ہ) فعل ❶ فتح ہونا ❷ غلبہ ہونا ❸ نفع ہونا ❹ اوت ہونا۔

**جیتا** (ہ) اسم صفت ❶ حیات والا ❷ زندہ ❸ جاندار ❹ زیادہ پیش جیسے ذرا جتنا کپڑا اپھاڑو۔

**جیتا جاگتا** (ہ) اسم صفت۔ زندہ وسلامت۔ صحیح وسالم۔

**جیتا رہنا** (ہ) فعل۔ زندہ وسلامت رہنا۔

**جیتا سو ہارا / ہارا سو مرا** (ہ) مثل۔ مقدمہ بازی میں جو شخص جیت جائے وہ درحقیقت ہارنے کے برابر ہے اور ہارنے والا تو گویا مر گیا۔

**جیتا گاڑنا** (ہ) فعل۔ زندہ آدمی کو قبر میں دبا دینا۔

**جیتا لہو** (ہ) اسم مذکر۔ تازہ خون جو ابھی ابھی بدن میں سے نکلا ہو۔

**جیتنا** (ہ) اسم مذکر ❶ فتح کرنا ❷ سر کرنا ❸ زیر کرنا ❹ غالب آنا ❺ بازی لے جانا۔

**جیتے جی** (ہ) تابع فعل ❶ عمر بھر ❷ تمام عمر ❸ تاحیات۔

**جیتے جی مرنا** (ہ) فعل ❶ تباہ ہونا ❷ برباد ہونا ❸ زندگی میں ہی مرنے کے برابر ہونا۔

**جیتی مکھی نگلنا / کھانا** (ہ) فعل ❶ جان بوجھ کر مصیبت یا آفت میں پھنسنا ❷ دیدہ دانستہ تکلیف واذیت سہنا۔

**جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی** (ہ) کہاوت ❶ دیدہ دانستہ نقصان نہیں اٹھایا جاتا۔

**جیٹھ / جیٹ** (ہ) اسم مذکر ❶ خاوند کا بڑا بھائی ❷ ہندی سال کا دوسرا مہینہ اور بکرمی سن کا تیسرا مہینہ جو ۱۵ جون سے ۱۵ مئی تک ہوتا ہے ❷ روٹیوں کی تھئی ❸ اوپر تلے رکھے ہوئے برتنوں کا سلسلہ ❹ آغوش۔

**جیٹھ کے بھروسے پیٹ** (ہ) مثل۔ مشکل اور اہم کام غیروں کے بھروسے پر نہیں ہوا کرتا۔

**جیٹھا** (ہ) اسم صفت ❶ جیٹھ کے مہینے کی پیدائش ❷ پہلونٹھی کا بچہ ❸ وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہو ❹ سب سے بڑا ❺ سب سے اونچا ❻ سب سے بلند۔

**جیٹھانی** (ہ) اسم مونث ❶ جیٹھ کی بیوی ❷ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔

**جیجا** (ہ) اسم مذکر ❶ بہنوئی ❷ بہن کا خاوند۔

**جیجی** (ہ) اسم مونث ❶ بہن ❷ خواہر ❸ ہمشیرہ ❹ چھاتی۔

**جیجی پینا** (ہ) فعل ❶ دودھ پینا ❷ پستان چوسنا ❸ بچے کے لئے مخصوص ہے۔

**جید** (ع) اسم صفت ❶ خوب ❷ کھرا ❸ نیک ❹ مضبوط ❺ طاقتور ❻ زبردست۔

**جیسا** (ہ) اسم موصول تشبیہی تابع فعل ❶ ویسا کا نقیض ❷ جس طرح ❸ جس طرح کا ❹ جس صورت کا۔

**جیسا تیسا** (ہ) تابع فعل ❶ جس طرح کا ❷ جس قسم کا۔

**جیسا چاہو** (ہ) تابع فعل ❶ جس قسم کا درکار ہو ❷ جس طرح کا مطلوب ہو۔

**جیسا چاہیئے** (ہ) تابع فعل ❶ جیسا چاہو ❷ قابل تعریف ❸ بخوبی ❹ من مانا۔

**جیسا دیس ویسا بھیس** (ہ) مثل جہاں رہنا ہو وہیں کے طریقے اختیار کرنے چاہئیں۔

**جیسا راجہ ویسی پرجا** (ہ) مثل۔ رعیت عام طور پر بادشاہ کی راہ و روش کی پیروی کیا کرتی ہے۔

**جیسا کرو گے ویسا بھرو گے** (ہ) مثل نیکی کا بدلہ نیک اور بدی کا بدلہ بد ملے گا۔

**جیسا کہ** (ہ) تابع فعل ❶ جس طرح کہ ❷ بموجب مطابق۔

**جیسا منہ ویسا تھپڑ۔ جیسی ذات ویسی بات** (ہ) مثل۔ جو آدمی جس قابل ہو اس سے ویسا ہی سلوک ہوتا ہے۔

**جیسے** (ہ) تابع فعل ❶ اسم موصول ❷ دیکھو جب ❸ ویسے کی ضد۔

**جیسے کنتھا گھر رہے ویسے رہے پردیس** (ہ) مثل۔ نکھٹو خاوند کا پاس رہنا یا پردیس میں جانا برابر ہے۔

**جیسے کو تیسا** (ہ) مثل۔ ہر فرعونے را موسیٰ۔

**جیسی** (ہ) تابع فعل ❶ جیسا کی تانیث ❷ جس طرح ❸ جس طرح کی۔

**جیسی روح ویسے فرشتے** (ا) مثل ❶ جس طرح کا نیک یا بد آدمی ہو ویسے ہی فرشتے لکھ دیتے ہیں یعنی نیک کو نیک اور بد کو بد ❷ جیسی نیت ویسا ہی پھل۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

جیغہ (ت) اسم مذکر۔ایک مرصع زیور کا جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے۔
جیل (ہ) اسم مونث بیائے مجہول 1 قطار 2 صف 3 پرا 4 لار 5 ڈار 6 ایک زنجیر میں بندھے ہوئے قیدیوں کی قطار 7 سلسلہ زنجیر 8 ہولی کی گوبر کی پھرکیاں جن کا ہار بناتے اور ہولی کی آگ میں جلاتے ہیں۔
جیل (ای) اسم مذکر 1 قید خانہ 2 مجلس زندان۔
جیل خانہ (ا) اسم مذکر۔قید خانہ۔
جیلر (ای) اسم مذکر۔داروغہ زندان۔
جیلی (ہ) اسم مونث 1 کھانس وغیرہ اکٹھا کرنے کا تین شاخہ آلہ 2 اوجھ کے اوپر کی چربی دار جھلی۔
جین (س) اسم مذکر 1 بوڑھا آدمی 2 بڈھا 3 پیر فرتوت 4 سراوگیوں کے مذہب کا نام جس میں ویدوں کو نہیں مانا جاتا 5 جین مت کا پیرو۔
جینا (ہ) فعل 1 زندہ رہنا 2 خوشی منانا 3 مزے اڑانا 4 عمر کاٹنا 5 زندگی بسر کرنا (بصورت اسم مذکر) حاصل مصدر کا کام دیتا ہے 6 زیست زندگی 7 حیات 8 جیسے جینا مشکل ہو گیا اسم فاعل کے معنی میں بھی مستعمل ہے یعنی جینے والا 9 عمر والا۔
جینی (ہ) اسم مذکر بیائے نسبتی 1 جین مت والا 2 سراوگی۔
جیو آتما (ہ) اسم مونث 1 روح 2 جان 3 پران 4 ایشور پرماتما کے سوا باقی تمام جاندار 5 ذی روح۔
جیوٹ (ہ) اسم صفت 1 جی دار 2 بہادر 3 شجاع 4 مردانہ 5 جری 6 دلیر۔
جیوری (ای) اسم مونث 1 ججوں کی عدالت 2 مجلس ثالثاں۔
جیوڑا (ہ) اسم مذکر 1 جی کی تصغیر 2 دل 3 جان 4 پران 5 معشوق 6 دلبر 7 جانی 8 محبت سے جان کو بھی بولتے ہیں 9 کیڑوں کو دینے کا اناج۔
جیوڑی (ہ) اسم مونث 1 رسی 2 ڈور 3 ڈوری۔
جیونار (ہ) اسم مذکر 1 ضیافت 2 دعوت۔
جیومیٹری (ای) اسم مونث 1 وہ علم جس میں زمین کی سطح خطوں زاویوں کے متعلق بحث ہوتی ہے 2 علم مساحت 3 اقلیدس۔
جے ہو (ہ) دعا ہے (ہندو) 1 فتح ہو 2 بول بالا ہو 3 اقبال بلند ہو۔
جیشٹھا (ہ) اسم مذکر 1 چاند کا اٹھارہواں نچھتر جس میں تین ستارے شامل ہیں 2 بیچ کی انگلی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# چ

فارسی حروف تہجی کا ساتواں اور اردو کے حروف ہجا کا آٹھواں حرف ہے

چ (ف) اسم مونث ❶ فارسی حروف تہجی کا ساتواں اور اردو کے حروف ہجا کا آٹھواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد (ج) کے برابر یعنی ۳ شمار ہوتے ہیں۔

## چ ← ا

چاب (ہ) اسم مونث ❶ بچہ پیدا ہونے کے وقت عورتیں اکثر گاتی بجاتی ہیں ان میں کچھ مٹھائی وغیرہ تقسیم کی جاتی ہے یہ چاب کہلاتی ہے ❷ مندر کا چڑھاوا لے جانے والے کو بھی کہتے ہیں ❸ پاؤں کی آہٹ ❹ چبائی جانے والی چیز۔

چابک (ف) اسم مذکر ❶ تازیانہ ❷ چھچی ❸ سانٹا ❹ کوڑا ❺ ہنٹر ❻ (بحالت صفت) چالاک ❼ تیز ❽ چست ❾ پھرتیلا۔

چابکدست (ف) اسم صفت ❶ ہاتھ کے کام کا چالاک ❷ ہنرمند ❸ دستکار۔

چابک سوار (ف) اسم صفت ❶ بہت عمدہ سوار ❷ گھوڑوں کو سدھانے والا سوار ❸ سوداگر اسپ۔

چابنا (ہ) فعل (گنوار) ❶ چبانا ❷ کھانا ❸ پیسنا۔

چابی (ہ) اسم مونث ❶ کنجی ❷ کلید ❸ تالی۔

چاپ (ہ۔ا) مونث ❶ پاؤں کی آہٹ یا آواز ❷ (فارسی میں) چھاپنا۔ چھپنا۔ چھاپ۔

چاپلوس (ف۔ا) صفت ❶ خوشامدی ❷ بے جا تعریف کرنے والا۔

چاپلوسی (ف) اسم مونث ❶ خوشامد ❷ بیجا تعریف ❸ میٹھی میٹھی باتوں میں کسی کی تعریف۔

چاتر (ہ) اسم صفت ❶ ہوشیار ❷ ہنرمند ❸ دانا ❹ عقلمند ❺ چالاک ❻ عیار ❼ مکار ❽ فریبی۔

چاٹ (ہ) اسم مونث ❶ ذائقہ ❷ سواد ❸ مزا ❹ چسکا ❺ عادت ❻ لت ❼ دھت ❽ لپکا ❾ گزک وغیرہ مزیدار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرے۔

چاٹ لگنا (ہ) فعل ❶ سواد پڑنا ❷ چسکا پڑنا۔

چاٹنا (ہ) فعل ❶ کسی پتلی اور رقیق چیز کو زبان یا انگلیوں سے اٹھانا یا کھانا ❷ چٹ کرنا۔

چاٹی (ہ) اسم مونث ❶ مٹی کا ایک قسم کا بڑا سا برتن ❷ دودھ کی بڑی ہانڈی۔

چاچا (ہ) اسم مذکر ❶ باپ کا چھوٹا بھائی ❷ چچا۔

چاچی (ہ) اسم مونث ❶ باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی ❷ چچی ❸ چچا کی بیوی۔

چادر (ف) اسم مونث ❶ بڑا اوڑھنا ❷ بڑا اور چوڑا دوپٹہ ❸ مزاروں اور قبروں پر چڑھانے کی پھولوں کی ردا ❹ لوہے اور ٹین کے بہت لمبے چوڑے پترے ❺ پانی کی چوڑی دھار۔

چادر اتارنا (ا) فعل ❶ عورت کو بے پردہ کرنا ❸ عزت اتارنا۔

چادر چڑھانا (ا) فعل۔ کسی بزرگ کے مزار پر کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا۔



Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218
www.besturdubooks.net

**چادر ڈالنا/اوڑھنا** (ا) فعل (1) ہندوؤں اور سکھوں میں بیوہ کے ساتھ شادی کرنے کا طریقہ (2) مردے پر شال ڈالنا (3) اوڑھنا ڈالنا۔

**چادر سے باہر پاؤں پھیلانا** (ا) فعل (1) بساط سے باہر کام کرنا (2) اپنی حیثیت سے بڑھ کر خرچ کرنا۔

**چادر ہے تھوڑی پاؤں پھیلائے بہت** (ا) مثل۔ آمد کم خرچ زیادہ۔

**چادرا** (ا) اسم مذکر (1) چادر اسم مکبر ہے (2) بڑی چادر (3) مردانہ چادر۔

**چار** (ف) اسم عدد (1) چہار کا مخفف (2) دو اور دو (3) چوک (4) گنڈا (5) چند۔

**چار آدمی** (ا) اسم مذکر (1) دو چار بھلے مانس آدمی (2) پنچ۔

**چار آنکھیں ہونا** (ا) فعل (1) سامنے آنا (2) مقابل ہونا (3) ملنا (4) زیادہ سمجھ آنا (5) زیادہ واقف ہونا (6) زیادہ تجربہ کار ہونا۔

**چار آئینہ** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کی زرہ جس میں لوہے کی چار تختیاں سینے اور پشت پر ڈالنے کے لئے ہوتی ہیں۔

**چار بالش/ بالشت** (ف) اسم مذکر (1) امرا کی پشت کا تکیہ (2) گاؤ تکیہ (3) مسند۔

**چار پانچ کرنا** (ا) اسم مذکر (1) عذر کرنا (2) حیلہ کرنا (3) حجت کرنا۔

**چار پایہ** (ف) اسم مذکر (1) چار پاؤں والا جانور (2) ڈنگر (3) ڈھور ڈنگر وغیرہ۔

**چارپائی** (ا) اسم مونث (1) منجی (2) کھاٹ (3) پلنگڑی (4) جنازہ۔

**چارپائی پر پڑنا** (ا) فعل (1) بیمار ہونا (2) صاحب فراش ہونا (3) چارپائی پر لیٹنا۔

**چارپائی سے پیٹھ لگ جانا** (ا) فعل (1) بیماری میں کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا (2) سخت بیماری میں مبتلا ہونا۔

**چارپائی میں کان نکل جانا** (ا) فعل (1) چارپائی کا اونچا نیچا ہو جانا (2) بھیگ کر چارپائی میں خم آ جانا۔

**چار پیر** (ف) اسم مذکر۔ زاہدوں کے سلسلے کے چار بانی بزرگ یعنی امام حسنؓ، امام حسینؓ، حسن بصری، کمیل ابن زیاد۔

**چار پیسے** (ا) اسم مذکر (1) دولت (2) روپیہ (3) زر۔

**چار تار** (ا) اسم مذکر (1) چند جوڑے (2) چار کپڑے (3) چار گہنے (4) چند زیور۔

**چارتال** (ا) اسم مذکر (1) چوتالہ (2) طبلہ کے ساز میں ایک تال کا نام ہے۔

**چارتخم** (ا) اسم مذکر (1) خرفہ (2) اسبغول (3) بالنگو اور تخم ریحان سے مراد ہے۔

**چارتکبیر** (ا) اسم مذکر۔ نماز جنازہ۔

**چار جامہ** (ف) اسم مذکر۔ زین کی طرح گدی دار پوشش جو گھوڑے پر ڈال کر سوار ہونے کے کام آتی ہے۔

**چار چاند لگانا** (ا) فعل (1) مرتبہ اور عزت بڑھانا (2) دوبالا رونق دینا۔

**چار چاند لگنا** (ا) فعل (1) عزت اور مرتبہ بڑھنا (2) توقیر زیادہ ہونا۔

**چارچشم** (ا) اسم صفت (1) بے مروت (2) گستاخ (3) بے وفا (4) طوطا چشم۔

**چار چوٹ کی مار** (ا) اسم مونث (1) ضرب شدید (2) لکڑی اور کوڑے سے مارنا (3) لات مکے (4) بہت سخت مارنا۔

**چار حرف بھیجنا** (ا) فعل متعدی (1) لعنت بھیجنا (2) بیزاری ظاہر کرنا۔

**چارخانہ** (ف) اسم مذکر۔ خانہ دار کپڑا۔

**چاردانت** (ا) چوپایوں کی عمر شباب سے مراد ہوتی ہے۔

**چار دانگ** (ف) چار طرف (1) مجازاً تمام عالم (2) ساری دنیا۔

**چاردن** (ا) اسم صفت (1) چند روز (2) تھوڑے دن۔

**چار دن کی بہار** (ا) اسم مونث (1) تھوڑے دنوں کی رونق (2) ناپائدار چیز۔

**چار دن کی چاندنی** (ا) اسم مونث (1) چند یوم کی خوشی اور خرمی (2) چند دن کی دولت۔

**چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ/ اندھیری رات** (ا) مثل (1) چند روز کا عیش اور پھر وہی مصیبت (2) چند روزہ آرام اور پھر وہی تکلیف۔

**چار دیواری** (ا) اسم مونث (1) شہر کی فصیل (2) گھر کا احاطہ (3) شہر پناہ۔

**چار زانو بیٹھنا** (ا) فعل۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

**چارشنبہ** (ف) اسم ظرف (1) بدھ وار (2) بدھ کا دن (3) یوم عطارد۔

**چارضرب** (ف۔ع) اسم مذکر (1) صوفیائے کرام کے ایک ذکر کا نام ہے (2) داڑھی مونچھوں سر اور بھوؤں کے بالوں کا کٹوا دینا چار ابرو کا صفایا (3) نہایت ہوشیار اور چالاک آدمی۔

**چارطوفان** (ف۔ع) اسم مذکر۔ وہ چار مشہور طوفان جو چار پیغمبروں کی امت پر ان کی بددعا سے نازل ہوئے۔

**چارعنصر** (ف۔ع) اسم مذکر۔ موجودات عالم کے چار اصل اجزا۔ آگ، ہوا، مٹی اور پانی۔

**چارقل** (ف۔ع) اسم مذکر۔ قرآن شریف کے آخری پارے کی چار سورتیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03407721

www.besturdubooks.net

چار کھونٹ (ا) اسم مونث ❶ چار طرف ❷ چار سو ❸ ہر جانب ❹ ہر طرف۔

چار کے کاندھے پر جانا/ چڑھنا (ا) فعل ❶ مرنا ❷ جنازہ نکلنا ❸ ارتھی پر جانا ❹ مرنے کے بعد چار آدمیوں کے کندھے پر جانا۔

چار مغز (ف) اسم مذکر ❶ تربوز ❷ خربوزہ ❸ کھیرا اور کدو کے مغزوں کو کہتے ہیں۔

چار منزل (ف۔ع) اسم مونث ❶ شریعت ❷ طریقت ❸ حقیقت ❹ معرفت۔

چار میخا کرنا (ا) فعل ❶ چاروں ہاتھ پاؤں باندھ کر سزا دینا ❷ دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں میخیں گاڑھ کر سزا دینا۔

چار ہاتھ جگہ/ زمین (ا) اسم مونث ❶ قبر ❷ دفن ہونے کی جگہ ❸ تھوڑی سی زمین۔

چار یار (ف) اسم مذکر ❶ رسول کریمؐ کے چار مصاحب یعنی حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ ❷ مجازاً چند اصحاب چند دوست۔

چار یاری (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ چار یاروں کو ماننے والا فرقہ یعنی سنی، اہل سنت والجماعت ❷ کلمہ کا روپیہ جو اکبر اور جہانگیر کے وقت میں بنا تھا ❸ (بیائے مصدری) اسم مونث۔ دوستی ہونا ❹ مصاحبت۔

چارا (ہ) اسم مذکر ❶ مویشیوں کی سبز خوراک ❷ گھاس ❸ وہ چیز جو مچھلی شکار کرنے کی غرض سے کانٹے میں لگائی جائے ❹ چھوٹا پودا۔

چارٹ (ای۔ا) مذکر ❶ نقشہ ❷ خاکہ ❸ جدول۔

چارٹر (ای۔ا) مذکر ❶ سند ❷ پروانہ ❸ منشور ❹ فرمان۔

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ (ای۔ا) مذکر۔ سند یافتہ محاسب۔

چارج (ای۔ا) مذکر ❶ خدمت ❷ فرض ❸ سپردگی ❹ تحویل ❺ الزام ❻ جرم ❼ تہمت ❽ دھاوا، حملہ۔

چارج شیٹ (ای۔ا) مونث۔ فرد جرم۔

چارکول (ای۔ا) مذکر۔ لکڑی کا کوئلہ۔

چارنا چار (ف) تابع فعل ❶ مجبوراً ❷ زبردستی ❸ جبراً قہراً۔

چاروں (ہ) اسم صفت ❶ مفید استغراق ❷ ہر چہار ❸ چار کے چار۔

چاروں خانے چت گرنا/ چاروں شانے چت گرنا (ا۔محاورہ) ❶ اس طرح گرنا کہ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں برابر پھیل جائیں ❷ حیران و ششدر رہ جانا۔

چارہ (ف) اسم مذکر ❶ تدبیر ❷ علاج ❸ مدد ❹ تجویز ❺ درستی ❻ بہتری ❼ بھلائی ❽ صلاح۔

چارہ جوئی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ علاج چاہنا ❷ فریاد ❸ نالش ❹ استغاثہ کرنا۔

چارہ ساز/ چارہ گر (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ کام بنانے والا ❷ کام درست کرنے والا ❸ خدا تعالیٰ ❹ حکیم ❺ معالج ❻ طبیب ❼ مولوی۔

چارہ سازی/ گری (ف) اسم مونث ❶ علاج ❷ تدبیر ❸ تجویز ❹ مدد۔

چاشت (ف) اسم مذکر ظرف ❶ پہر دن چڑھے کا وقت ❷ حاضری ❸ صبح کا کھانا ❹ ناشتہ۔

چاشنی (ف) اسم مونث ❶ ذائقہ ❷ مزہ ❸ سواد ❹ شربت کا تار ❺ قوام ❻ تھوڑی سی ملاوٹ ❼ مٹھاس کے اندر کی کھٹاس ❽ چکھنے کے قابل چیز۔

چاشنی گیر (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ داروغہ باورچی خانہ ❷ خانساماں۔

چاق (ت) اسم صفت ❶ مضبوط ❷ توانا ❸ تندرست و چالاک ❹ ہوشیار۔

چاق و چوبند (ا) اسم صفت ❶ آٹھوں گانٹھ ❷ کمیت ❸ مضبوط ❹ موٹا تازہ ❺ چست و چالاک ❻ تندرست ❼ بھلا چنگا۔

چاقو (ف) اسم مذکر ❶ آلہ ❷ چھوٹی سی چھری ❸ قلم تراش۔

چاک (ف) اسم صفت ❶ تراشیدہ ❷ کٹا ہوا ❸ دریدہ ❹ (اسم مذکر) آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصہ۔

چاک کرنا (ا) فعل ❶ چیرنا ❷ دریدہ کرنا ❸ پھاڑنا ❹ پرزے کرنا۔

چاک (ہ) اسم مذکر آلہ ❶ کمہار کا چرخ جس پر وہ برتن بناتے ہیں ❷ کنوئے کی چرخی ❸ مصری جمانے کا گول برتن ❹ گڑ بنانے کا کچی مٹی کا گول برتن ❺ کواڑ کی درز کھلیان پر چھاپا لگانے کا آلہ۔

چاک کی طرح پھرنا (ا) فعل ❶ چرخ کی طرح گردش کرنا ❷ بہت پھرنا ❸ گھومنا۔

چاک (ای) اسم مونث ❶ کھڑیا ❷ کھڑیا مٹی۔

چاکر (ف) اسم مذکر ❶ نوکر کا نوکر ❷ مجازاً نوکر ❸ ملازم ❹ خدمتگار۔

چاکری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ملازمت ❷ نوکری ❸ خدمت گاری۔

چاکری میں آکری کیا (ہ) مثل۔ نوکری میں غرور اور اکڑ نہیں چلتی۔

چاکسو (ہ) اسم مذکر۔ ایک دوائی کا نام ہے جو پیس کر آنکھوں میں ڈالی جاتی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907218

ہے۔

چاکی (ہ) اسم مونث ① پٹہ بازوں کی اصطلاع میں اس ضرب کو کہتے ہیں کہ حریف کے سر پر گتکا پھرا کر خالی جگہ پر مارتے ہیں ② چٹکی ③ آسیا۔

چال (ہ) اسم مونث ① رفتار ② روش ③ طور ④ طرز ⑤ چوسر یا شطرنج کے مہروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کو بھی چال ہی کہتے ہیں ⑥ دھوکہ ⑦ عادت ⑧ سبھاؤ ⑨ گھوڑے کی رفتار۔

چال پڑنا / پڑ جانا (ہ) فعل ① دھوکا ② فریب کارگر ہو جانا ③ تدبیر بن پڑنا۔

چال چلن (ہ) اسم مذکر ① عادت ② انداز ③ سبھاؤ ④ طریقہ ⑤ روش ⑥ طرز۔

چال چلنا (ہ) فعل ① فریب دینا ② برتاؤ کرنا ③ پیش آنا ④ سلوک کرنا۔

چال دکھانا (ہ) فعل ① قدم دکھانا ② روانہ ہونا ③ چلنا۔

چال ڈھال (ہ) اسم مذکر ① طرز و طریقہ ② روش ③ گفتار و کردار۔

چالا (ہ) اسم مذکر ① رخصت ② روانگی ③ نئی دولھن کا سسرال سے پہلی دفعہ میکے میں جانا ④ مہورت ⑤ رجال الغیب کے حساب سے سفر کرنے کا اچھا دن۔

چالا دیکھنا (ہ) فعل ① مہورت دیکھنا ② نجوم کی رو سے وقت سفر مقرر کرنا۔

چالاک (ف) اسم صفت ① پھرت باز ② کام میں ہوشیار ③ جلد باز ④ تیز رفتار ⑤ مکار ⑥ فریبی ⑦ دھوکے باز ⑧ ذہین۔

چالاکی کرنا (ا) فعل ① بددیانتی کرنا ② دھوکا دینا ③ فریب کرنا۔

چالان (ہ) اسم مذکر ① بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست ② بیجک ③ ملزم کو سپاہیوں کے ہمراہ حاکم کے پاس بھیجنا ④ راہداری کا پروانہ ⑤ روانگی ⑥ ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ میں روانگی۔

چالیا (ہ) اسم صفت ① چال کرنے والا ② فریبی ③ دھوکے باز۔

چالیس (ہ) اسم عدد ① چہل ② ۴۰۔

چالیس سیر (ہ) اسم مذکر ① ایک من ② بھاری ③ وزنی ④ ٹھیک ⑤ خالص ⑥ بے مثل۔

چالیس سیرا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① پورا ② ٹھیک ③ چالیس سال کے یعنی ۱۹۴۰ بکرمی کا قحط۔

چالیس سیرا اوت (ہ) اسم صفت ① نہایت بے وقوف ② بالکل احمق۔

چالیس سیری تول (ہ) ① پوری تول ② من کا پورا وزن۔

چالیسا (ہ) اسم مذکر فاعل ① چالیس برس کی عمر کا ② چالیس پہلوانوں کو پچھاڑنے جوان ③ ۱۹۴۰ء بکرمی کا قحط ④ چالیسن دوائیوں کے ایک مشہور چورن کا نام بھی ہے۔

چالیسواں (ہ) اسم صفت ترتیبی ① وہ شے جس پر چالیس کی گنتی ختم ہو ② چہلم ③ مردے کے سوا مہینے کی فاتحہ ④ منسوب بہ چالیس۔

چام (ہ) اسم مذکر ① چمڑا ② کھال۔

چام پیارا نہیں کام پیارا ہے (ہ) کہاوت۔ خوبصورتی کی نسبت کام کی زیادہ قدر ہے۔

چام کے دام (ا) اسم مذکر ① چمڑے کا روپیہ ② نظام سقہ کے سونے کی کیل والے چمڑے کے روپیہ کی طرف اشارہ ہے ③ جو اس نے ہمایوں کو بچانے کے صلہ میں نصف روز کی حکومت میں رائج کیا تھا۔

چام کے دام چلانا (ہ) فعل۔ نہایت جبر و زبردستی کرنا۔

چانپ (ہ) اسم مونث۔ بندوق کا وہ حصہ جس کے ذریعہ سے کندہ اور نال باہم ملے ہوتے ہیں۔

چانٹا (ہ) اسم مذکر ① طمانچہ ② تھپڑ ③ ڈھول۔

چاند (ہ) اسم مذکر ① ماہ ② ماہتاب ③ مہ ④ قمر ⑤ ڈھال کی پھلی ⑥ مہینا جیسے صفر کا چاند ختم ہو گیا ⑦ مہینے کا آخیر دن ⑧ ہلال نماز یور کا نام بھی ہے ⑨ تاج مکٹ۔

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی (ہ) مثل ① اچھوں کو کلنگ نہیں لگ سکتا ② بھلے آدمی برے نہیں ہو سکتے۔

چاند تارا (ہ) اسم مذکر ① پھولدار ململ ② ایک قسم کا کنکوا۔

چاند چڑھنا (ہ) فعل ① چاند کا بلند ہونا ② طلوع ماہ کا ہونا ③ ہلال کی نمود ہونا ④ غرہ نظر آنا ⑤ ایام حیض کا مہینہ گزر جانا ⑥ حمل ٹھہرنا ⑦ طنزاً بڑی غلطی یا چوک ہو جانا۔

چاند چڑھے کل عالم دیکھے (ا) مثل۔ ظاہر بات تمام دنیا پر روشن ہو جاتی ہے۔

چاند رات (ہ) اسم مونث ① شب ماہ ② نیا چاند نمودار ہونے کی رات۔

چاند سا مکھڑا / چاند سی صورت (ا) اسم صفت ① چاند سا منہ ② نہایت خوبصورت چہرہ۔

چاند سورج (ہ) اسم مذکر۔ سونے یا چاندی کے ایک زیور کا نام ہے جو سورج اور چاند کی شکل کا بنا کر عورتیں چوٹی میں لٹکا لیتی ہیں۔

چاند کا ٹکڑا (ہ) اسم مذکر ① مہ پارہ ② نہایت جمیل و شکیل آدمی۔

چاند کا کنڈل بیٹھنا / چاند کا کنڈل مارنا (ہ) فعل ① چاند کا اپنے گرداگرد ہالہ بنانا ② ماہ کا ہالہ نشیں ہونا۔

چاند کا کھیت کرنا (ہ) فعل ① طلوع ماہ ہونا ② چاند نکلنا ③ چاند ابھرنا ④

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

چاند کی روشنی کا خوب نمایاں ہونا۔

**چاند کو گہن لگنا** (ہ) فعل ① خسوف ماہ ہونا ② چاند اور سورج کے بیچ میں زمین کا آ جانا ③ حسن کو عیب لگنا ④ بہت خوبیوں کے ساتھ کوئی عیب بھی ہونا ⑤ خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا۔

**چاند گرہن / چاند گہن** (ہ) اسم مذکر۔ چاند اور سورج کے درمیان جب زمین کا کرہ آ پڑ جاتا ہے تو چاند پر زمین کا سایہ آ جانے کے باعث چاند بالکل سیاہ ہو جاتا ہے، یہی گرہن ہے۔

**چاند ماری** (ہ) اسم مونث ① نشانہ بازی ② ہدف نشانہ ③ نشانہ کی مشق۔

**چاندنا / چاننا** (ہ) اسم مذکر ① دن چڑھنا ② روشنی کا نمایاں ہونا ③ اجالا ④ پاکھ ⑤ رونق ⑥ زیبائش ⑦ سفید بازوؤں والا کبوتر۔

**چاندنا / چاننا ہو جانا** (ہ) فعل ① رونق ہو جانا ② اجالا ہونا ③ روشنی کا نمودار ہو جانا ④ دماغی چوٹ سے آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا ⑤ آنکھوں میں گم شدہ بینائی کا واپس آ جانا۔

**چاندنی / چاننی** (ہ) اسم مونث ① چاند کی روشنی ② ایک قسم کے سفید پھول کا نام سفید فرش ③ دری کے اوپر بچھانے کی سفید چادر۔

**چاندنی چوک** (ہ) اسم مذکر ظرف۔ دہلی کے ایک مشہور بازار کا نام ہے۔

**چاندنی چھٹکنا** (ہ) فعل ① چاند کی روشنی کا پھیلنا ② چاندنی کھلنا۔

**چاندنی دیکھنا** (ہ) فعل ① چاندنی رات کی سیر کرنا ② باغ یا دریا کی سیر کو چاندنی رات میں نکلنا۔

**چاندنی رات** (ہ) اسم مونث۔ وہ رات جس میں تمام رات چاند کی روشنی رہے۔

**چاندنی کا کھیت کرنا** (ہ) فعل ① چاندنی کا زمین پر پھیلنا ② ہر طرف چاندنی کا پھیلنا ③ چاندنی کی چادر بچھنا۔

**چاندنی مارنا / مر جانا** (ہ) فعل ① چاندنی کا اثر ہونا ② چاندنی کے اثر سے فالج ہو جانے یا جھولا مارنے کو بھی کہتے ہیں ③ (چاندنی کی مرطوب ہوا کے باعث آدمی یا گھوڑے وغیرہ کا زخم دیر میں مندمل ہوتا ہے)

**چاندہ** (ہ) اسم مذکر ① چھپر کا پاکھا ② پیمائش کا وہ خاص مقام جس کے ذریعہ سے حد بندی کی جاتی ہے ③ یوپی (ممالک متوسط) کے ایک شہر کا نام ہے۔

**چاندی** (ہ) اسم مونث ① سیم ② نقرہ ③ روپا ④ زیور اور روپیہ وغیرہ بنانے کی دھات ⑤ مال و دولت ⑥ دھن و دولت ⑦ نفع ⑧ فائدہ۔

**چاندی خانہ** (ا) اسم مذکر ظرف۔ امیروں کے گھروں میں سناروں کے زیور بنانے کی جگہ۔

**چاندی کا پہرا** (ہ) اسم مذکر ① اقبال مندی کا زمانہ ② دھن و دولت کا زمانہ۔

**چاندی کا تار** (ا) اسم مذکر۔ تحقیراً چاندی کا زیور۔

**چاندی کا جوتا / جوتی مارنا** (ہ) فعل۔ روپیہ کے زور سے کسی کو شرمندہ کر دینا۔

**چاندی کا ورق** (ا) اسم مذکر۔ چاندی کا نہایت ہی باریک پترا جو اکثر کھانے کی چیزوں پر لگاتے ہیں۔

**چاندی کر دینا** (ہ) فعل ① تمباکو کا دم لگا کر اس کو بالکل راکھ کر دینا ② سلفہ کو اس طرح کھینچنا کہ بالکل راکھ ہو جائے۔

**چاندی کی ریت نہیں، سونے کی توفیق نہیں** (ہ) مثل۔ نہ یہ کر سکتے ہیں نہ وہ ہر طرح مجبور ہیں۔

**چاندی ہونا** (ہ) فعل ① جل کر راکھ ہو جانا ② کامیابی ہونا۔

**چانسلر** (ای) اسم مذکر۔ یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدہ دار۔

**چانگ** (ہ) اسم مذکر ① چاک تھاپ ② اناج پر ٹھپا لگانے کی لکڑی ③ جھاڑا پھونکی کا حلقہ کھینچنا جو درد کے چاروں طرف ہوتا ہے۔

**چانگلا** (ہ) اسم صفت ① توانا ② طاقتور ③ ہوشیار ④ چالاک ⑤ خوشحال ⑥ گھوڑے کے ایک رنگ کا نام بھی ہے۔

**چانول / چاول** (ہ) اسم مذکر ① کسی چھلکے دار تخم کا مغز ② برنج جو ایک طرح سفید رنگ کا غلہ ہوتا ہے ③ گری مغز ④ رتی کا آٹھواں حصہ۔

**چاؤ** (ہ) اسم مذکر ① پیار ② محبت ③ الفت ④ خوشی ⑤ شوق ⑥ تمنا ⑦ آرزو ⑧ نازہ ⑨ نخرہ۔

**چاؤ چوچلا** (ہ) اسم مذکر ① لاڈ پیار ② ناز نخرہ۔

**چاؤ نکالنا** (ہ) فعل ① ولولہ پورا کرنا ② حسرت پوری کرنا ③ ارمان نکالنا۔

**چاؤں چاؤں** (ا) اسم مونث ① بیفائدہ شور ② چائیں چائیں ③ چاں چاں۔

**چاؤں چاؤں کر کے پیچھے پڑنا** (ہ) فعل۔ شور و غل مچا کر در پے ہو جانا۔

**چاہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① کنواں ② گڑھا ③ غار ④ جیسے چاہ غبغب۔

**چاہ بابل** (ف) اسم مذکر۔ شہر بابل کا کنواں جس میں ہاروت ماروت دو فرشتے قید ہیں۔

**چاہ رستم** (ف) اسم مذکر۔ وہ کنواں جس میں رستم کو اس کے بھائی شغاد

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140071218

نے مکر وفریب سے گرا کر قتل کر دیا۔

**چاہ ذقن/ چاہ زنخداں**۔ اسم مونث۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔

**چاہ کن را چاہ درپیش** (ف) مثل ① ستانے والا خود بھی ستایا جاتا ہے ② جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

**چاہ نخشب** (ای) اسم مذکر ① حکیم عطا ابن مقنع کا کنواں جس میں سے اس نے بزور سحر چاند نکالا تھا ② نخشب ترکستان کا شہر ہے۔

**چاہ یوسف/ چاہ کنعاں** (ف) اسم مذکر۔ وہ کنواں جس میں حضرت یوسف کو ان کے بھائیوں نے گرایا تھا۔

**چاہ** (ہ) اسم مونث ① شوق ② محبت ③ آرزو ④ خواہش ⑤ تمنا ⑥ ضرورت ⑦ طلب ⑧ دوستی ⑨ عشق۔

**چاہت کی نوکری کیجیے آن چاہت کا نام نہ لیجیے** (ہ) مثل۔ قدردان کی خدمت کرو اور بے قدروں کے پاس بھی نہ بھٹکو۔

**چاہنا** (ہ) فعل ① خواہش کرنا ② مانگنا ③ درخواست کرنا ④ پیار کرنا ⑤ الفت کرنا ⑥ درستی کا طالب ہونا ⑦ قبول کرنا ⑧ پسند کرنا ⑨ مائل ہونا۔

**چاہنا** (ہ) اسم مونث ① خواہش ② طلب ③ ضرورت۔

**چاہو/ چاہے** (ہ) حرف تردید ① خواہ خواہی ② جیسا مرضی میں آئے۔

**چاہی** (ف) اسم مونث۔ وہ زمین جس کی آبپاشی کنوئیں سے ہوتی ہو۔

**چاہتا** (ا) اسم صفت مذکر ① لاڈلا ② دلپسند ③ پیارا ④ محبوب۔

**چاہتی** (ہ) اسم صفت مونث ① لاڈلی ② پیاری محبوبہ۔

**چاہیے** (ہ) اسم فعل ① باید شاید ② مطلوب ہے ③ واجب ہے ⑤ لازم ہے۔

**چائے** (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کے درخت کے پتے جنھیں قہوے کی طرح ابال کر پیتے ہیں۔

**چائے پانی** (ا) اسم مذکر ① ہلکی ضیافت ② صبح کے وقت کی انگریزوں کی دعوت۔

**چائے پوچی** (ا) اسم مونث ① چائے پکانے کا برتن ② چائے دانی۔

**چائیں چائیں** (ہ) اسم مونث صوت ① بیہودہ شور وغل ② چڑیوں کی آواز ③ کائیں کائیں ④ بکواس۔

## چ ← ب

**چبا چبا کر باتیں کرنا** (ہ) فعل ① دانستہ ② طنز آمیز باتیں کرنا ③ طعنے مہنے دینا ④ تکلف کی باتیں کرنا۔

**چبانا** (ہ) فعل ① دانتوں سے کسی چیز کو پیسنا ② جگالنا ③ دانتوں سے کچلنا۔

**چبانا** (ہ) فعل ① چبھونا ② کسی نوکدار چیز کو جسم میں گڑونا۔

**چپڑ چپڑ** (ہ) اسم مونث صوت ① کتے کے پانی یا دودھ وغیرہ چاٹنے کی آواز ② بک بک ③ بکواس۔

**چبک/ چبکا** (ہ) اسم مونث ① درد ② پیڑ ③ ہول ④ ٹیس۔

**چبکنا** (ہ) فعل ① ہولیں اٹھنا ② ٹیسیں مارنا ③ زخم میں درد سخت ہونا۔

**چبلا** (ہ) اسم صفت ① چھچھورا ② مسخرا کم عقل ③ بے لیاقت۔

**چبلا پن** (ہ) اسم مونث ① سفلہ پن ② چھچھوڑا پن ③ بچوں کی سی طبع ④ مسخرا پن۔

**چبنا/ چبھنا** (ہ) فعل ① گڑنا ② کسی نوکدار چیز کا جسم میں گڑ جانا ③ خلیدہ ہونا ④ جھکنا ⑤ دل پہ اثر کرنا ⑥ دل کو لگنا ⑦ ناگوار گزرنا۔

**چبنی ہڈی** (ہ) اسم مونث ① چبانے کے قابل ہڈی ② کرکری ہڈی ③ بھربھری اور پتلی ہڈی۔

**چبھونا/ چبونا** (ہ) فعل ① کسی نوکدار شئے کا جسم میں بھونکنا ② پیوست کرنا۔

**چبوترا** (ہ) اسم مذکر ① چوترا ② اونچی جگہ خواہ مستطیل ہو یا مربع ③ بڑا تھانہ ④ کوتوالی۔

**چبوڑ** (ہ) اسم مونث ① حجت ② بیہودہ گوئی ③ فضول بات ④ بکواس۔

**چبوڑا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① حجتی ② بیہودہ گو ③ بکواسی۔

**چبینا** (ہ) اسم مذکر ① چابنے کے قابل غلہ ② بھنا ہوا اناج۔

**چبینی** (ہ) اسم مذکر ① خشک خوراک ② وہ مٹھائی جو ہندوؤں میں براتیوں کو دولھا والوں کی طرف سے ناشتے کے طور پر دیا کرتے ہیں۔

## چ ← پ

**چپ** (ہ) اسم مونث ① ہٹ ② اصرار ③ ضد ④ شرم ⑤ جھجک ⑥ ندامت۔

**چپ** (ف) اسم صفت ① بائیں طرف ② الٹے ہاتھ کی طرف ③ بایاں ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03490/7218

الٹا دور نگا❺ (بصورت اسم مذکر) بایاں ہاتھ ❻ الٹا ہاتھ ❼ کھبا ہاتھ۔

**چپ وراست** (ف) اسم مذکر ❶ دائیں بائیں ❷ ادھر ادھر۔

**چپ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ خاموشی ❷ سکوت ❸ منہ سے نہ بولنا ❹ بہت کم بولنا ❺ (بحالت صفت) خاموش ❻ گم صم ❼ گنگ ❽ منہ سے نہ بولنے والا۔

**چپ چاپ/ چپ چپاتے** (ا) تابع فعل ❶ آہستہ سے ❷ خاموشی سے ❷ چپکے چپکے ❸ خطبہ ❹ پوشیدہ طور سے۔

**چپ چپ/ چپ گپ** (ہ) اسم صفت ❶ کم گو خاموش ❷ دم بستہ ❸ (بصورت تاکید فعل) خاموش رہو ❹ مت بولو۔

**چپ سادھنا/ چپ باندھنا** (ہ) فعل ❶ خاموشی اختیار کرنا ❷ کم گو ہو جانا ❸ ساکت ہونا ❹ دم بخود ہونا۔

**چپ کرنا** (ہ) فعل ❶ بولنے سے روکنا ❷ خاموش کرنا۔

**چپ کی داد خدا دیتا ہے** (ا) مثل۔ صبر کا اجر خدا سے مل جاتا ہے۔

**چپ لگانا** (ہ) فعل ❶ سکوت اختیار کرنا ❷ ساکت رہنا ❸ بت بنانا ❹ دم بستہ کر دینا ❺ دم بخود کر دینا۔

**چپ ہونا** (ہ) فعل ❶ خاموش ہونا ❷ جواب نہ بن پڑنا ❸ بول نہ سکنا۔

**چپا** (ہ) اسم مذکر ❶ چار انگل جتنا ناپ ❷ چار انگل جگہ ❸ ذرا سی جگہ ❹ چار بالشت۔

**چپا بھر** (ہ) تابع فعل۔ بہت تھوڑی سی جگہ۔

**چپا چپا** (ہ) تابع فعل ❶ ذرا ذرا جگہ ❷ گلی گلی ❸ کوچہ کوچہ ❹ ادنٰے سے ادنٰے جگہ۔

**چپاتی** (ہ) اسم مونث۔ نہایت پتلی روٹی جو طمانچہ کے زور سے بڑھائی جاتی اور توے پر پکائی جاتی ہے۔

**چپاتی سا پیٹ** (ہ) اسم مذکر۔ کمر سے لگا ہوا اور پتلا پیٹ۔

**چپانا** (ہ) فعل ❶ شرمندہ کرنا ❷ نادم کرنا ❸ شرمانا ❹ شرم دلانا۔

**چپت** (ہ) اسم مذکر ❶ دھول ❷ چانٹا ❸ تھپڑ ❹ جو سر پر مارا جائے۔

**چپت دھرنا/ لگانا/ مارنا** (ہ) فعل ❶ تھپڑ مارنا ❷ چانٹا لگانا۔

**چپٹنا** (ہ) اسم صفت ❶ چوڑا ❷ چکلا ❸ پہن ❹ بیٹھے ہوئے پینڈے کا۔

**چپچپانا** (ہ) فعل ❶ لیسدار ہونا ❷ چپکنا ❸ چیپ دار ہونا۔

**چپچپاہٹ** (ہ) اسم مونث ❶ چیپ ❷ لیس ❸ چپک۔

**چپرا** (ہ) اسم صفت ❶ انکار کرنے والا ❷ مکر جانے والا ❸ زبردستی سے ❹ خواہ مخواہ ❺ دھینگا دھینگی سے۔

**چپراس** (ف) اسم مذکر۔ سپاہی ہونے کا تمغہ جو پیتل میں کھدا ہوتا ہے اور پیٹی یا ٹپکے میں لگایا جاتا ہے (چپ وراست یعنی امیروں کے دائیں بائیں رہنے والا سے جکڑا ہوا ہے) چوڑی دھجی۔

**چپراسی** (ا) اسم مذکر ❶ چپراس والا ❷ سپاہی ❸ قاصد ❹ ہرکارہ۔

**چپرانا** (ہ) فعل ❶ جھٹلانا ❷ جھوٹا بنانا ❸ جھوٹا کرنا۔

**چپرنا** (ہ) فعل ❶ ضد کرنا ❷ کہیں جا کر نہ آنے کی ہٹ کرنا ❸ آکڑ خاں بن جانا ❹ خفیہ ہونا ❺ پوشیدہ ہونا ❻ چلے جانا۔

**چپڑا** (ہ) اسم مونث ❶ صاف شدہ لاکھ ❷ لک ❸ مفعول ❹ عمدہ دھوئی سنواری لاکھ۔

**چپڑ خندی** (ا) اسم مونث ❶ آوارہ گرد بازاری عورت ❷ کمینی عورت۔

**چپڑ غٹو** (ا) اسم صفت ❶ بدمعاش ❷ اسیر بلا ❸ گرفتار آفت ❹ غت پٹ ❺ گتھم گتھا۔

**چپڑ قناتیا** (ا) اسم صفت ❶ کمینہ ❷ سفلہ ❸ آوارہ گرد ❹ بیہودہ ❺ عاشق بے زر ❻ مفت خورہ ❼ کنگال۔

**چپڑنا** (ہ) فعل ❶ گھی لگانا ❷ چرب کرنا ❸ چکنا کرنا ❹ روغن کرنا ❺ پالش کرنا ❻ عیب چھپانا ❼ عیب پوشی ❽ خوشامد کرنا۔

**چپڑی** (ہ) اسم مونث صفت ❶ گھی لگائی ہوئی روٹی ❷ مرغن روٹی۔

**چپڑی اور دو دو** (ہ) محاورہ ❶ عمدہ چیز بھی اور زیادہ بھی ❷ کامیابی اور پھر عمدگی کے ساتھ۔

**چپقلش** (ف) اسم مونث ❶ جھگڑا ❷ لڑائی ❸ بکھیڑا ❹ تکرار ❺ راڑ ❻ ٹنٹا ❼ بک بک ❽ جگہ کی تنگی ❾ بھیڑ بھاڑ۔

**چپکا** (ہ) اسم صفت ❶ خاموش ❷ ساکت ❸ مکا ❹ فریبی۔

**چپکانا** (ہ) فعل ❶ چسپاں کرنا ❷ چمٹانا ❸ لئی وغیرہ سے جوڑنا ❹ تعلق پیدا کرنا ❺ نوکری پر لگانا۔

**چپکن** (ہ) اسم مونث ❶ بالا بر کا انگرکھا ❷ خدمتگاروں کا سا کوٹ ❸ ایک قسم کی قبا کا نام ہے۔

**چپکنا** (ہ) فعل ❶ چمٹنا ❷ جڑنا ❸ نوکر ہونا ❹ الجھنا ❺ پھنسنا ❻ آنکھ لگنا۔

**چپکی** (ہ) اسم مونث ❶ سکوت ❷ خاموشی ❸ گھنی۔

**چپکی سادھنا** (ہ) فعل ❶ خاموشی اختیار کرنا ❷ گھنی سادھنا۔

**چپنا** (ہ) فعل ❶ شرمندہ ہونا ❷ خجل ہونا ❸ چپ ہونا ❹ خاموش ہونا۔

www.besturdubooks.net

چپنی (ہ) اسم مونث ❶ ہانڈی کا مٹی کا ڈھکنا ❷ گلی سرپوش ❸ ڈھکن گھٹنے کی ہڈی۔

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا (ہ) فعل ❶ نہایت ہی شرمندہ ہونا ❷ غیرت اور شرم دلانے کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

چپنی چاٹ کر گزران کرنا (ہ) فعل ❶ نہایت غریبی میں صبر وقناعت سے گزارہ کرنا ❷ جو ملے اسی پر کفایت کرنا۔

چپو (ہ) اسم مذکر۔ کشتی کھیلنے کا ڈانڈا۔

چپوٹی (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی سی پرانی ٹوپی ❷ گھٹیا ٹوپی ❸ اونی ٹوپی۔

چپی (ہ) اسم مونث ❶ آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں کو دبانا ❷ مالش اعضاء۔

چپی کرنا (ہ) فعل ❶ ہاتھ پاؤں دبانا ❷ مالش کرنا۔

چپے جتنی کوٹھڑی میاں محلے دار (ا) مثل۔ تھوڑی پونجی پر اترانے اور کم ظرف کی کم ظرفی کے اظہار کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

چپیڑ (ہ) اسم مونث ❶ ہاتھ کی ضرب ❷ تھپڑ ❸ دھول ❹ دھکا ❺ بلائے ناگہانی ❻ ناگہانی آفت ❼ نقصان ❽ خسارہ ❾ ٹوٹا۔

چپکنا (ہ) فعل ❶ چمٹانا ❷ چپکانا ❸ سرمنڈھنا ❹ ذمہ لگانا ❺ نوکر کرانا۔

## چ ← ت

چت (ہ) اسم صفت ❶ پیٹھ کے بل ❷ ریٹ کی ضد ❸ سینے کے رخ ❹ کشتی کا ایک کرتب۔

چت گرانا (ہ) فعل ❶ پچھاڑنا ❷ پیٹھ کے بل گرانا ❸ شکست دینا ❹ ہرانا۔

چت لیٹنا (ہ) فعل۔ پیٹھ کے بل پڑنا۔

چت ہونا (ہ) فعل ❶ ہارنا ❷ شکست کھانا ❸ پچھڑنا ❹ پشت کے بل لیٹ جانا ❺ مرنا ❻ جان سے جانا ❼ نشے میں بے ہوش ہونا۔

چت (ہ) اسم مونث ❶ نظر ❷ چتون ❸ نگاہ ❹ توجہ ❺ عقل ❻ سمجھ ❼ سرت ❽ ہوش ❾ گیان۔

چت بٹانا (ہ) فعل ❶ خیال بٹانا ❷ دل ڈانوانڈول کرنا ❸ توجہ بٹانا۔

چت بھنگ ہونا (ہ) فعل ❶ اوسان خطا ہونا ❷ عقل گم ہو جانا ❸ گھبرا جانا ❹ مضطرب ہو جانا۔

چت پر چڑھنا / چت چڑھنا (ہ) فعل ❶ دھیان پر چڑھ جانا ❷ ہر دم خیال میں رہنا ❸ دل میں سما جانا ❹ الفت ہونا ❺ بھا جانا۔

چت چور (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ دل چرا لینے والا ❷ دلربا ❸ من موہن۔

چت دھرنا (ہ) فعل ❶ دھیان کرنا ❷ توجہ کرنا ❸ خیال کرنا۔

چت سے اترنا (ہ) فعل ❶ توجہ نہ رہنا ❷ ناپسند ہونا ❸ یاد نہ رہنا ❹ خیال سے نکل جانا ❺ حقیر ہونا ❻ دل سے گر جانا۔

چت میں بیٹھنا (ہ) فعل ❶ گھٹ میں سمانا ❷ نظروں میں جم جانا ❸ دل میں ہر دم خیال رہنا ❹ محفل میں سمانا۔

چتا (ہ) اسم مونث ❶ مردہ لاش کو جلانے کے لئے لاش کے چاروں طرف چنا ہوا لکڑیوں کا ڈھیر ❷ ہندوؤں کا روزمرہ۔

چتاپنڈ (ہ) اسم مذکر۔ چاول اور دودھ کا پنڈ جو تیسرے روز دریا میں بہاتے ہیں جسے توشۂ آخرت خیال کرتے ہیں۔ نیز ارتھی کے ساتھ جو کے آٹے کے غلولے جو دریا برد کئے جاتے ہیں۔

چتا چننا (ہ) فعل۔ مردے کو جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا۔

چتا میں بیٹھنا (ہ) فعل۔ ستی ہونے کے لئے مردہ لاش کے ساتھ بیٹھنا۔

چتانا (ہ) فعل ❶ یاد دلانا ❷ ہوشیار کرنا ❸ اشارہ کرنا ❹ عبرت لانا۔

چتر (ہ) اسم مذکر ❶ بڑی چھتری ❷ چھاتا ❸ چھتر یہ لفظ چھتر سے مقرس ہے۔

چتر (ہ) اسم صفت ❶ دانا ❷ ہوشیار ❸ لائق ❹ چالاک ❺ چاتر۔

چترائی (ہ) اسم مونث ❶ دانائی ❷ ہوشیاری ❸ چالاکی ❹ عیاری۔

چترنگ (ہ) اسم مذکر ❶ چار رنگ کی فوج ❷ وہ فوج جس میں ہاتھی گھوڑے سوار اور پیادے شامل ہوں ❸ شطرنج کا پرانا ہندی نام ❹ ایک قسم کا گیت۔

چتکبرا (ہ) اسم صفت ❶ ابلق چتلا ❷ داغدار ❸ سفید اور سیاہ رنگ کا یا سرخ اور سیاہ یا سرخ اور سفید رنگ کا۔

چتون چڑھانا (ہ) فعل ❶ غضب آلود نظر سے دیکھنا ❷ تیوری چڑھانا۔

چتون کہے دیتی ہے (ہ) محاورہ۔ بیان کرنے کی ضرورت نہیں طرز نگاہ اور انداز نظر سے ہی ظاہر ہے۔

چچھا (ہ) اسم مذکر۔ زخمی اور شکست خوردہ بٹیر جس کو حریف نے مجروح کر دیا ہو۔

چچھاڑنا (ہ) فعل ❶ چیرنا ❷ پھاڑنا ❸ پارہ پارہ کرنا ❹ دھجی دھجی اڑانا ❺ ذلیل کرنا ❻ رسوا کر دینا۔

چیتھڑا / چتھڑ (ہ) اسم مذکر ❶ دھجی پرزہ ❷ پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔

چیتھڑے لگانا (ہ) فعل ❶ پرانے پھٹے کپڑے پہنے پھرنا ❷ گودڑیا فقیر بنے پھرنا۔

چچھل (ہ) اسم صفت ❶ مخولیا ❷ ٹھٹھے باز ❸ ظریف ❹ خوش طبع ❺

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03124977218

مسخرا۔

**چھچل بازی** (ہ) اسم مونث ① ظرافت ② خوش طبعی ③ تمسخرا۔

**چپی** (ہ) اسم مونث ① دھبہ ② داغ ③ بند کی پکنے کا نشان۔

**چپی پڑنا** (ہ) فعل ① روٹی کا پختہ ہونا ② پکنے کا نشان ظاہر ہونا ③ روٹی پکنا۔

**چپی دار** (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی۔ داغدار۔

## چ ← ٹ

**چٹ** (ہ) تابع فعل ① اسی وقت ② فوراً فی الفور ③ ترت۔

**چٹ پٹ** (ہ) تابع فعل ① بہت جلد ② فی الفور ③ ترت ④ اسی وقت۔

**چٹ پٹ ہونا** (ہ) فعل ① فوراً مر جانا ② دفعتہً مرنا۔

**چٹ پٹ بلائیں لینا** (ہ) فعل۔ فرطِ اُلفت اس طرح بلا گرداں ہونا کہ انگلیوں کی آواز متواتر نکلے۔

**چٹ پٹ چوڑیاں ٹوٹنا** (ہ) فعل۔ مسلسل اور پے در پے چوڑیوں کا ٹوٹنا۔

**چٹ روٹی پٹ دال** (ہ) مثل ① ہر کام فوراً تیار ② سب سے مہیا۔

**چٹ منگنی پٹ بیاہ** (ہ) مثل ① منگنی اور بیاہ دونوں کا دفعتہً ہو جانا ② ارادہ کے ساتھ ہی کام کا نتیجہ ظاہر ہو جانا۔

**چٹ** (ہ) اسم مونث ① کاغذ یا کپڑے کی دھجی ② کاغذ کا پرچہ ③ کاغذ کی پرچی جو دوائی کی شیشوں یا کتابوں کی پشت پر لگا دیتے ہیں۔

**چٹا** (ہ) اسم صفت مذکر ① اجلا ② سفید ③ برف جیسا ④ (اسم مذکر) سکہ چاندی کا ⑤ روپیہ۔

**چٹا** (ہ) اسم مذکر ① الزام ② تہمت ③ بہتان ④ ڈنڈ ⑤ خواہ مخواہ کا بہتان۔

**چٹا** (ہ) اسم مذکر ① چیلا ② گرو کا شاگرد ③ پاٹ شالا کا طالب علم۔

**چٹا پٹی** (ہ) اسم مونث ① ترتا پھرتی ② مارا مار ③ موت پر موت ④ عام دبا۔

**چٹا چٹ** (ہ) اسم مونث ① پے در پے ② انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

**چٹاخ / چٹاک** (ا) اسم مونث صوت ① لکڑی کے ٹوٹنے یا انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ② (تابع فعل) فوراً ③ فی الفور ④ اسی وقت۔

**چٹاخ پٹاخ** (ا) تابع فعل ① تڑاتڑ ② تڑاق۔

**چٹاخا / چٹاکا** (ا) اسم مونث صوت ① نرم لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز یا بلائیں لینے کی آواز (بحالت صفت ② شدت ③ کثرت جیسے چٹاخے کی پیاس۔

**چٹان** (ہ) اسم مونث ① بڑا اور چوڑا پتھر ② پتھر کی بڑی سی سل ③ پتھریلی زمین۔

**چٹانا** (ہ) فعل کا متعدی ① بچے یا بیمار کو شربت یا شہد وغیرہ ذرا ذرا کر کے کھلانا ② رشوت دینا۔

**چٹائی** (ہ) اسم مونث ① گھاس یا کھجور کے پتوں کا بنا ہوا فرش ② بوریا ③ حصیر۔

**چٹ پٹا** (ہ) اسم صفت ① مزیدار ② کرارا ③ خوب نمک مرچ مصالحہ دار۔

**چٹخارا / چٹکارا** (ا) اسم مذکر صوت ① کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینے سے جو آواز زبان اور تالو کے ملنے سے نکلتی ہے ② مجازاً ③ مزا ④ لطف۔

**چٹخارے بھرنا** (ہ) فعل ① خوب مزے لینا ② ہونٹ چاٹنا ③ کسی مزیدار چیز کا مزہ لینا۔

**چٹخارے کا سالن** (ا) اسم مذکر ① چٹ پٹا اور مزے دار سالن ② تیز نمک مرچ والا سالن۔

**چٹخانا / چٹکانا** (ہ) فعل ① انگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز نکالنا ② الگ کرنا ③ چھوڑنا ④ ترک کرنا۔

**چٹخنا / چٹکنا** (ہ) فعل ① آگ پر کسی چیز کا گر کر آواز دینا جیسے ہرمل چٹخ گئی ② خفا ہونا ③ بگڑنا ④ چلدینا ⑤ کڑکنا ⑥ کلی کا کھلنا۔

**چٹخ کر بات کرنا / بولنا** (ہ) فعل ① خفا اور ناراض ہو کر بات کرنا ② تڑنگر بولنا ③ کڑک کر بات کرنا ④ غصے سے بات کرنا۔

**چٹخنا** (ہ) اسم مذکر ① تھپڑ ② چانٹا ③ دھول ④ دھپا۔

**چٹخنا لگانا / ٹکانا** (ہ) فعل ① چانٹا لگانا ② دھول جمانا ③ تھپڑ مارنا۔

**چٹک** (ہ) اسم مونث صوت و حاصل مصدر کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ① جلدی تیزی ② بھڑک ③ آرائش ④ سجاوٹ ⑤ چمک دمک۔

**چٹک جانا** (ہ) فعل ① ٹوٹ جانا ② تڑخ جانا۔

**چٹک مٹک** (ہ) اسم مونث ① شان و شوکت ② آرائش و زیبائش ③ غرور ④ نخوت ⑤ نخرہ۔

**چٹک مٹک سے بیٹھنا** (ہ) فعل ① ناز و نخرے سے بیٹھنا ② بن سنور کے بیٹھنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

چٹک مٹک کر چلنا (ہ) فعل ① اکڑ کر نزاکت سے چلنا ② اترا کر چلنا۔

چٹکا (ہ) اسم مذکر ① بڑی چٹکی ② لپ بھر آٹا۔

چٹ کر جانا (ہ) فعل ① نگل جانا ② کھا جانا ③ اڑانا ④ برباد کر دینا ⑤ تباہ کر دینا۔

چٹ کرنا (ہ) فعل ① کھا نگلنا ② اڑانا۔

چٹکلا (ہ) اسم مذکر ① دلچسپ فقرہ ② لطیفہ ③ مزیدار بات ④ ذرا سی پر تاثیر دوا ⑤ عجیب چیز ⑥ نادر شے ⑦ پرلطف بات۔

چٹکلا چھوڑنا (ہ) فعل ① شگوفہ چھوڑنا ② نئی بات بیان کرنا ③ طلسم دکھانا۔

چٹکلا سا (ہ) اسم صفت ① نہایت دلپسند ② بہت دلچسپ ③ دلآویز۔

چٹکنا (ہ) فعل ① پھول یا ساگ وغیرہ کو اوپر اوپر سے توڑنا ② چٹکی بھرنا ③ سانپ کا کاٹنا یا ڈسنا۔

چٹکنی (ہ) اسم مونث ① دروازہ روکنے کی چیز ② پرندے پکڑنے کی کل جو پنجرے میں لگاتے ہیں۔

چٹکی (ہ) اسم مونث ① دو انگلیوں میں پکڑ کر گوشت کو مسلنا ② مٹھی بھر چیز ③ چٹکا ④ بندوں کے پیالے کا سرپوش ⑤ کنگرے دار بنایا ہوا گوٹا ⑥ لچکا ⑦ گوکھرو وغیرہ ⑧ پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور ⑨ کپڑا چھاپنے کا طریقہ۔

چٹکی بجاتے میں (ہ) تابع فعل ① فوراً ② ذرا سی دیر میں ③ پلک مارنے میں ④ آن کی آن میں۔

چٹکی بجانا (ہ) فعل ① انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر بجانا ② جمائی آتے وقت منہ کے آگے چٹکیاں بجانا ایک رسم ہے۔

چٹکی بھرنا (ہ) فعل ① دو انگلیوں میں پکڑ کر گوشت کو مسلنا ② آٹا یا ذرا سا سفوف دو انگلیوں میں اٹھانا ③ چلتی ہوئی بات کہنا۔

چٹکی لگانا (ہ) فعل ① روپیہ پرکھنا (بزاز) کپڑے کو انگلیوں سے پھاڑنا ② بدمعاشی سے جیب کترنا ③ پتے کا پیالہ سا بنانا ④ پتے کو موڑ کر اس میں بندش لگانا۔

چٹکی لینا (ہ) فعل ① چٹکی بھرنا ② تکلیف پہنچانا ③ چٹکی کے اشارہ سے کسی بات کو منع کرنا ④ روکنا۔

چٹکیوں میں اڑانا (ہ) فعل ① باتوں باتوں میں ذلیل کرنا ② ہنسی میں اڑانا ③ ٹھٹھ میں اڑانا ④ خاطر میں نہ لانا ⑤ ناپسند کرنا۔

چٹکیوں میں کام کرنا (ہ) فعل ① کسی کام کو بہت ہی جلدی کرنا ② آنا فانا کر لینا۔

چٹکیلا (ہ) اسم صفت مذکر بترکیب فاعلی ① بھڑک دار ② شوخ رنگ ③ مزیدار ④ خوش ذائقہ ⑤ چٹ پٹا ⑥ مصالح دار۔

چٹکیلی دھوپ (ہ) اسم مونث ① چلچلاتی دھوپ ② تیز اور گرم دھوپ۔

چٹلا (ہ) اسم مذکر ① چوٹی کے پیچھے لگانے کا سونے یا چاندی کا گھپا سا ② لمبے لمبے بالوں کا بنا ہوا چٹا جو سر میں لگاتی ہیں (پنجابی چونڈا)

چٹنی (ہ) اسم مونث ① چاٹنے کی چیز ② وہ چیز جس میں سبز دھنیا، نمک مرچ اور کوئی ترش چیز سرکہ وغیرہ ملا کر پیس لیتے ہیں۔

چٹنی کرنا/کر ڈالنا (ہ) فعل ① بری طرح پیس ڈالنا ② مار ڈالنا ③ چٹ پٹ کھا جانا ④ چٹنی کی طرح چاٹ لینا۔

چٹنی ہونا (ہ) فعل ① جلدی ختم ہو جانا ② ناکافی ہونا۔

چٹوانا (ہ) فعل ① چاٹنے کا متعدی ② دھار بندھوانا ③ تلوار وغیرہ کی باڑھ رکھوانا ④ سان پر دھروانا۔

چٹورا (ہ) اسم صفت ① چٹو ② وہ آدمی جسے زبان کا سواد ہو۔

چٹوراپن/چٹورپن (ہ) اسم مذکر اسم مصدری ① چٹوروں کی سی عادت ② زبان کا مزہ۔

چٹھا (ہ) اسم مذکر۔ خون کے جوش کا داغ جو بدن پر پڑ جایا کرتا ہے۔

چٹھا پڑنا (ہ) فعل۔ جلد پر خون کی خرابی سے سیاہ یا سرخ داغ پڑنا۔

چٹھا (ہ) اسم مذکر ① تنخواہ کی کتاب ② چندے یا روزنامچے کی کتاب ③ حساب جمع و خرچ ④ لین دین کی کتاب ⑤ مقسوم ⑥ وہ روپیہ جو ماہ بماہ کسی کام کی یا تنخواہ میں دیا جائے۔

چٹھا بانٹنا (ہ) فعل ① مزدوری ② تنخواہ یا اجرت وغیرہ تقسیم کرنا۔

چٹھا باندھنا (ہ) فعل ① بل تیار کرنا ② فہرست تیار کرنا ③ قبض الوصول بنانا ④ لین دین کے حساب کی فرد تیار کرنا ⑤ موجودہ اسباب کی فرد بنانا۔

چٹھا بٹنا (ہ) فعل۔ تنخواہ یا اجرت تقسیم ہونا۔

چٹھی (ہ) اسم مونث ① خط ② رقعہ ③ مراسلہ ④ پتری ⑤ پاتی ⑥ یادداشت کی چٹ ⑦ ہنڈی ⑧ چک ⑨ سند۔

چٹھی پڑنا/ڈلنا (ہ) فعل۔ کسی چیز پر قرعہ اندازی ہونا۔

چٹھی رساں (ا) اسم مذکر فاعل ① خط بانٹنے والا ② ڈاکیا ③ ہرکارہ۔

چٹھی کرنا (ہ) فعل ① کسی کے نام پر ہنڈوی لکھنا ② ہنڈوی کرنا۔

چٹھی نویس (ا) اسم فاعل مذکر ① خط لکھنے والا ② کسی چیز کے منگانے کی چٹھی کرنے والا ③ (اسم مونث) وہ لکھنے والی جو امیروں کے ہاں نوکر ہوتی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

چھٹے مٹھوں کا مزا پڑنا (ہ) فعل ❶ زبان کا مزا پڑنا ❷ چٹورا ہو جانا۔

چٹی (ہ) اسم مونث ❶ تاوان ❷ جرمانہ ❸ ڈنڈ ❹ نقصان ❺ خسارہ ❻ ٹوٹا ❼ خرچ ❽ صرف ❾ اٹھاؤ۔

چٹی بھرنا / چٹی دھرنا (ہ) فعل ❶ جرمانہ ادا کرنا ❷ تاوان دینا ❸ ڈنڈ بھرنا ❹ ڈنڈ ڈالنا ❺ تاوان بھرنا۔

چٹی (ہ) اسم مونث ❶ لال کی مادہ ❷ منیا (بحالت صفت) گوری ❸ دھولی ❹ اجلی ❺ سفید۔

چٹیا (ہ) اسم مونث ❶ چوٹی کی تصغیر ہے ❷ وہ بالوں کی چندیا جو ہندو عام طور پر سب اور مسلمان جاہل منت کے طور پر رکھ لیا کرتے ہیں۔

چٹیانا (ہ) فعل ❶ کاٹنا ❷ ڈسنا ❸ زخم دینا ❹ گھائل کرنا ❺ کچلنا۔

چٹیا یا ہوا (ہ) اسم صفت ❶ (بترکیب مفعولی) زخمی ❷ زخم رسیدہ ❸ مجروح ❹ گھائل۔

چٹے بٹے (ہ) اسم مذکر ❶ چھوٹے بچوں کے کھلونے ❷ مداریوں کے تماشا دکھانے کے چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں۔

چٹے بٹے لڑانا (ہ) فعل ❶ لڑائی جھگڑا کرنا ❷ شعبدہ بازی دکھانا۔

چٹیل (ہ) اسم صفت ❶ صاف ❷ کف دست میدان ❸ وہ میدان جس میں کوئی درخت و... نہ ہو۔

چٹیل میدان (ا) ... ظرف ❶ صاف میدان ❷ بے درخت میدان ❸ بیابان۔

چٹیل / چٹیلا (... ت ❶ زخمی ❷ زخم رسیدہ ❸ مجروح ❹ گھائل۔

چٹیلنا (ہ) ...ں ❶ زخمی کرنا ❷ کاٹنا ❸ ڈسنا ❹ گھائل کرنا ❺ مجروح کر... ...لنا۔

ٹ چ

چچا (ہ) اسم ... چھوٹا بھائی۔

چچا بنا کے / کر کے چھوڑنا (ہ) فعل ❶ اچھی طرح قرار واقعی سزا دے کر چھوڑنا ❷ خوب بدلا لے کے اور درست بنا کے چھوڑنا۔

چچا بنانا (ہ) فعل ❶ درست کرنا ❷ ٹھیک بنانا ❸ پوری سزا دینا۔

چچازاد بھائی (ہ) اسم مذکر ❶ چچا کا بیٹا ❷ بھائی ❸ چچیرا بھائی۔

چچڑی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا خون پینے والا کیڑا جو اکثر گائے بھینس وغیرہ کے جسم پر چمٹا رہتا ہے۔

چچڑی ہو کر چمٹنا (ہ) فعل ❶ سر ہونا ❷ پیچھا نہ چھوڑنا۔

چچوڑنا (ہ) فعل۔ چوسنا۔ بچے کا چھوتیوں کو چوسنا۔

چچی (ہ) اسم مونث ❶ چچا کی بیوی ❷ زوجہ عم۔

چچیا ساس (ہ) اسم مونث ❶ بیوی کی چچی ❷ خاوند کے چچا کی بیوی ❸ پتیس۔

چچیا سسرا (ہ) اسم مونث ❶ خاوند کا چچا ❷ بیوی کا چچا ❸ پتیرا۔

چچیرا (ہ) اسم مذکر ❶ چچا کا بیٹا ❷ چچازاد ❸ عموزاد۔

چچینڈا (ہ) اسم مذکر۔ ککڑی کی طرح کی ایک سبز ترکاری کا نام ہے۔

چ ← خ

چخ (ف) اسم مونث ❶ جھگڑا ❷ راڑ ❸ ٹنٹا ❹ تکرار ❺ بحث ❻ بکواس ❼ شور و غل۔

چخ چخ (ا) تابع فعل ❶ بکواس ❷ بک بک ❸ جھک جھک ❹ لفظی تکرار۔

چخے (ا) کلمہ نفرین ❶ چل دور ہو ❷ پرے ہٹ ❸ منہ نہ دکھا ❹ دفع دفان۔

چخیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ بکواسی ❷ جھکی ❸ جھتی ❹ تکراری۔

چ ← د

چدر (ہ) اسم مونث۔ چادر کا مخفف ہے۔

چدریا (ہ) اسم مونث۔ چادر کی تصغیر یا حقارت ہے۔

چ ← ڈ

چڈا (ہ) اسم مذکر ❶ ران کی جڑ ❷ جانگھ کی جڑ ❸ مسخرہ آدمی ❹ بھڑوا۔

چڈا گلخیر و (ا) اسم صفت ❶ مسخرہ ❷ احمق ❸ بھڑ ساں ❹ نقل مجلس۔

چڈھی (ہ) اسم مونث۔ پیٹھ کی سواری۔

چڈھی توڑنا (ہ) فعل ❶ پیٹھ کی سواری لینا ❷ پشت پر چڑھنا۔

چڈھی چڑھانا (ہ) فعل۔ پیٹھ پر سواری دینا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

چڑھی چڑھنا (ہ) فعل۔ پیٹھ پر سوار ہونا۔

چڑھی دینا (ہ) فعل ① پیٹھ کی سواری دینا ② غلام کرانا ③ لواطت کرانا۔

## چ ← ر

چرا (ہ) اسم مونث صوت ① کسی چیز کے پھٹنے کی آواز ② جھر۔

چر (ہ) اسم مونث صوت۔ سوکھے پتوں وغیرہ کے اڑنے اور ٹوٹنے وغیرہ کی آواز۔

چرمر ہونا (ہ) فعل ① ٹوٹ پھوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانا ② مرجھا کر ذرا سا ہو جانا ③ جھریاں پڑ جانا۔

چراغ (ف) اسم مذکر ① دیا ② دیپک ③ لیمپ ④ شمع ⑤ وہ برتن جس میں تیل بتی ڈال کر جلائیں ⑥ بیٹا ⑦ لعل ⑧ فرزند ⑨ لڑکا۔

چراغ بتی کرنا (ہ) فعل ① چراغ جلانا ② روشنی کا سامان کرنا ③ روشنی کرنا۔

چراغ بتی کا وقت (ا) اسم مذکر ① مغرب کا وقت ② شام کا وقت ③ سانجھ۔

چراغ بڑھانا/ بجھانا/ چراغ ٹھنڈا کرنا/ خاموش کرنا/ چراغ گل کرنا/ چراغ کو ہاتھ دینا/ مارنا (ہ) فعل ① دیا بجھانا ② اندھیرا کرنا ③ روشنی کو بند کرنا ④ چراغ کو پھونک مارنا۔

چراغ بجھنا/ بڑھنا (ہ) فعل۔ چراغ کا خاموش ہو جانا۔

چراغ پا ہونا (ہ) فعل ① گھوڑے کا سیدھا کھڑا ہو جانا ② گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا ③ الف ہو جانا ④ اکڑنا ⑤ خفا ہونا ⑥ ناراض ہونا۔

چراغ تلے اندھیرا (ہ) فعل۔ غیروں کو فیض اور اپنے محروم رہیں۔

چراغ جلانا (ہ) فعل ① دیا بالنا ② چراغ روشن کرنا ③ دیوار نکالنا۔

چراغ جلنا (ا) فعل ① دیا بلنا ② شام ہونا ③ فروغ پانا جیسے کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا۔

چراغ جلے (ا) اسم ظرف زمان ① شام کے وقت جھٹ پٹے وقت ② سورج چھپے۔

چراغ دان (ف) اسم مذکر۔ شمع دان۔

چراغ دکھانا (ا) فعل ① روشنی کرنا ② روشنی دکھانا۔

چراغ روشن کرنا (ا) فعل ① دیا جلانا ② دیا بالنا۔

چراغ روشن مراد حاصل (ف) ① دعائیہ فقرہ ہے ② با مراد رہو ③ خانہ آباد رہے۔

چراغ سحری ہونا/ چراغ صبح ہونا (ف۔ع) اسم صفت ① صبح کا چراغ ہونا ② قریب مرگ ہونا ③ مرنے کے قریب ہونا ④ کوئی دم کا مہمان ہونا ⑤ آخری وقت ہونا۔

چراغ سے پھول جھڑنا (ا) فعل ① چراغ سے جلتے وقت جو تیل ٹپکتا ہے اس سے نیک شگون لیا کرتے ہیں ② چراغ کا گل افشاں ہونا۔

چراغ سے چراغ جلنا (ا) فعل ① ایک بزرگ سے دوسرے کو فیض پہنچنا ② ولی سے ولی بننا ③ ایک فیاض کو دوسرے سے فیض ملنا۔

چراغ کا ہنسنا (ا) فعل۔ دیکھو چراغ سے پھول جھڑنا۔

چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا (ا) فعل ① اوروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا ② عادل حاکم کے قرب میں ظلم ہونا ③ روشن دلوں سے بے خبری کا وقوع میں آنا۔

چراغ گل پگڑی غائب (ا) کہاوت ① موقع ملا اور مال اڑایا ② غافل پایا اور مال چرایا۔

چراغ گل کرنا (ا) فعل ① دیا بجھانا ② نیست و نابود کر دینا ③ نام لیوا اور پانی دیوا تک نہ چھوڑنا ④ رونق کھونا۔

چراغ گور (ف) اسم مذکر۔ وہ دیا جو کسی قبر یا مزار پر جلایا جاتا ہے۔

چراغ لیکر ڈھونڈنا (ہ) محاورہ ① کسی کی تلاش ② نہایت محنت اور کوشش سے کرنا۔

چراغ میں بتی پڑنا (ا) فعل ① چراغ جلنا ② شام کا وقت ہونا۔

چراغ میں بتی پڑی لاڈو میری تخت چڑھی (ا) سر شام سے سو جانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

چراغ ہو جانا (ہ) فعل ① چراغ بجھ جانا ② آدمی کا مر جانا۔

چراغا (ا) اسم مذکر ① نذرانہ ② پیسہ ③ حبشی کا بچہ ④ فقیر اور آزاد لوگ بولتے ہیں۔

چراغاں (ف) اسم مذکر ① دیپ مالا ② روشنی ③ بہت سے چراغوں کا روشن کرنا۔

چراغی (ا) اسم مونث ① وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانے کے واسطے دی جاتی ہے ② مجازاً نذرانہ ③ بھینٹ پیشکش۔

چراغی چڑھانا (ا) فعل ① بھینٹ چڑھانا ② نذرانہ دینا ③ مزار پر نقدی چڑھانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Bag 03149077218

چراگاہ (ف) اسم مونث ظرف ① چرا بمعنی چرنا یا چارہ اور گاہ بمعنی جگہ ڈنگروں ڈھوروں کے چرنے چگنے کی جگہ ② بیڑ ③ جنگل ④ سبزہ زار۔

چرانا (ہ) فعل ① گھانس کھلانا ② ڈنگروں کو جنگل میں لے جا کر سبز گھانس کھلانا ③ دھوکہ اور فریب دینا ④ بے وقوف بنانا۔

چرانا (ہ) فعل ① چوری کرنا ② چھپانا ③ بچانا ④ چوسنا ⑤ سوکھنا ⑥ جذب کر لینا ⑦ جیسے بوند چرانا یعنی نطفہ جذب کر لینا۔

چراند (ہ) اسم مذکر ظرف ① چراگاہ ② بیڑ ③ جنگل ④ چرنے کی جگہ۔

چراند (ہ) اسم مونث ① چمڑے ② بال ③ ہڈی ④ روغن وغیرہ کے جلنے کی بدبو۔

چراندا (ہ) اسم صفت ① بدبودار ② بدمزاج ③ تیز مزاج ④ چراند کا بسا ہوا۔

چراندا مزاج (ا) اسم صفت ① چڑچڑا مزاج ② بیمار کا سا مزاج۔

چراندا ہونا (ہ) فعل ① ناراض ہونا ② بدمزاج ہونا ③ بات بات پر بگڑ جانا۔

چراؤ (ہ) اسم مذکر ① لکڑی چیرنے کا نشان ② شگاف ③ پھٹاؤ۔

چرائی (ہ) اسم مونث۔ لکڑی چیرنے کی اجرت۔

چرائی (ہ) اسم مونث ① مویشی چرانے کی اجرت ② مویشیوں کو گھانس کے لئے جنگل بھیجنا۔

چرائتا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں سی دوائی جو مصفی خون اور دافع بخار سوداوی ہوتی ہے۔

چرب (ف) اسم صفت ① چکنا ② روغنی ③ موٹا ④ فربہ ⑤ جسیم ⑥ غالب ⑦ تیز ⑧ زیادہ۔

چرب زبان (ف) اسم صفت ① تیز زبان ② گویا ③ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔

چربانک / چرباک (ا) صفت ① عیار شوخ ② نڈر ③ بیخوف ④ چالاک ⑤ عیار۔

چربانک دیدہ (ا) اسم صفت ① شوخ چشم ② دیدہ دلیر ③ نڈر عورت۔

چربراک (ا) اسم صفت ① چالاک ② عیار ③ بے باک ④ ہوشیار۔

چربہ (ف) اسم مذکر ① کاغذ وغیرہ کو چکنا کر کے کسی چیز کی ہو بہو نقل اتارنا ② خاکہ ③ دودھ کے اوپر کی ملائی۔

چربہ اتارنا (ا) فعل ① ہو بہو نقل اتارنا ② خاکہ اتارنا ③ کسی کا انداز اپنی ذات میں پیدا کرنا ④ ڈھنگ اڑانا ⑤ طرز سیکھنا۔

چربی (ف) اسم مونث ① روغن ② چکنائی ③ جسم کی چکنائی ⑤ خون اور رطوبت سے پیدا شدہ ایک سفید مادہ۔

چرپرا (ہ) اسم صفت ① چٹ پٹا ② چٹخارے دار ③ تیز ④ تند۔

چرپرانا (ہ) فعل ① ٹیس مارنا ② تیزی کرنا ③ مرچیں لگنا ④ خشکی کے باعث زخم کا پھٹنا۔

چرپراہٹ (ہ) اسم مونث ① مرچ کی جھل ② جھال ③ تیزی ④ جلن ⑤ دشمنی ⑥ حسد۔

چرپوز (ف) اسم صفت ① بیہوں ② لغو پوچ ③ لچر ④ کمینہ ⑤ بے وقوف ⑥ سفلہ۔

چرتر (س) اسم مذکر ① عادت ② مزاج ③ سبھاؤ ④ قصہ ⑤ کہانی ⑥ فسانہ ⑦ چالاکی ⑧ ہوشیاری ⑨ ہنر۔

چرتی (ہ) اسم مونث ① برتی کی ضد ② برت نہ رکھنے والا۔

چرچا (ہ) اسم مذکر ① گفتگو ② ذکر ③ افواہ ④ تکرار ⑤ بحث ⑥ شہرہ اوائی۔

چرچا کرنا (ہ) فعل ① کسی کا ذکر کرنا ② تذکرہ کرنا ③ شہرت دینا۔

چرچا ہونا (ہ) فعل ① شہرہ ہونا ② بات پھیلنا ③ بڑا ذکر مشہور ہونا۔

چرچٹا (ہ) اسم مذکر۔ ایک خاردار پودے کا نام ہے جس کی بالیں چمٹ جایا کرتی ہیں۔

چرچر (ہ) اسم مونث صوت۔ نئی جوتی کی آواز۔

چرچرانا (ہ) فعل ① زخم میں جلن ہونا ② درد ہونا ③ زخم کا درد کرنا۔

چرچراہٹ (ہ) حاصل مصدر ① جلن ② درد ③ سوزش۔

چرخ (ف) اسم مذکر ① پھرنے والا ② چاک ③ چرخی ④ پیا ⑤ آسمان ⑥ فلک ⑦ گردوں ⑧ گردش ⑨ چکر۔

چرخ پوجا (ا) اسم مونث۔ پورب کے ایک مشہور تماشے اور رسم کا نام ہے۔

چرخ چڑھانا (ا) فعل ① تانبے وغیرہ کے برتنوں کو خراد چڑھانا ② سان پر رکھنا۔

چرخ چڑھنا (ا) فعل ① خراد چڑھنا ② صاف ہونا۔

چرخ کھانا (ا) فعل ① گھومنا ② تاؤ کھانا ③ دھات کا پگھل کر پانی ہونا ④ گردش کرنا۔

چرخ چوں / چرک چوں (ا) اسم مونث صوت ① گاڑی یا کنوئیں کے چلنے کی آواز مجازاً دھیمی آواز ② آہستہ چال ③ سہج رفتار۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

چرخہ (ف) اسم مذکر آلہ۔ اس میں ہ نسبتی ہے منسوب بہ چرخ ① سوت کاتنے کا آلہ ② ڈھیرا ③ ایک قسم کے ناچ کا نام بھی ہے ④ پنجر ⑤ ڈھانچ ⑥ ڈھانچہ ⑦ اعضائے جسم پرانی اور کمزور گاڑی۔

چرخہ پونی (ا) اسم مونث ① چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان ② عورت کا کام ③ زنانہ ہنر۔

چرخہ کاتنا (ا) فعل ① چرخے کا کام کرنا ② سوت کاتنا ③ چرخے کے ذریعے دھاگے بنانا۔

چرخہ ہو جانا / چرخہ ہل جانا (ا) فعل ① نہایت کمزور ہو جانا ② پیرو نحیف ہو جانا ③ اعضائے بدن کا سست اور ڈھیلا پڑ جانا ④ کام کے لائق نہ رہنا۔

چرخی (ف) اسم مونث ① روئی کو بنولوں سے الگ کرنے کا آلہ ② اوٹنی ③ ایک قسم کی آتشبازی ④ گھرنی ⑤ کنوئیں سے پانی کھینچنے کا پیا پھرکی ⑥ بھونی ⑦ ڈوریا وغیرہ لپیٹنے کا آلہ۔

چرس (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا نشہ جس کو تمباکو کی طرح پیتے ہیں ② چمڑے کا بنا ہوا ایک بہت بڑا ڈول جو زمین کی آبپاشی کے کام آتا ہے۔

چرس (ہ) اسم مونث ① فرش یا کپڑے کی شکن ② سلوٹ ③ چنٹ ④ بٹ ⑤ چین۔

چرسا (ہ) اسم مذکر ① بھینس یا گائے بیل کا رنگا ہوا پکا چمڑا ② چمڑے کا بڑا ڈول۔

چرسا بھر زمین (ا) اسم مونث۔ تھوڑی سی زمین یعنی صرف اتنی زمین جس میں بھینس یا گائے وغیرہ بیٹھ سکے۔

چرسی (ہ) اسم مذکر ① چرس کا نشہ کرنے والا ② چرس پینے والا ③ بار الینے والا ④ چرس کو کنوئیں میں سے نکالنے اور ڈالنے والا۔

چرسی یار کس کے دم لگایا اور کھسکے (ہ) مثل۔ خود غرض اور مطلبی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

چرسیا (ہ) اسم مذکر ① چرس کا نشہ کرنے والا ② چرس پینے والا۔

چرغ (ہ) اسم مذکر۔ تیندوا یا لگڑ بھگا درندہ ایک شکاری پرندہ مثل باز و شکرہ۔

چرغم چرغم کرنا (ا) فعل ① کھسر کھسر کرنا ② چج چج کرنا۔

چرغینا (ا) اسم مذکر ① نیچ آدمی ② سفلہ آدمی ③ کمینہ شخص۔

چرک (ف) اسم مذکر ① میل ② میل کچیل ③ لید ④ گوبر ⑤ غلاظت ⑥ ریم ⑦ پیپ ⑧ رادھ۔

چرکا (ا) اسم مذکر ① ہلکا سا زخم ② چیر ③ زخم ④ گھاؤ ⑤ لوہے کی کسی چیز کو تپا کر اس سے داغ دینا ⑥ نقصان ⑦ خسارہ ⑧ گھاٹا۔

چرکا دینا / چرکا لگانا (ا) فعل ① زخم لگانا ② نقصان پہنچانا ③ داغ دینا ④ جلانا۔

چرکٹا (ہ) اسم مذکر ① ہاتھی کا چارہ کاٹنے والا ② مہاوتوں کا خدمت گار ③ کمینہ۔

چرک دھانس (ہ) اسم مونث ① آئے دن کا روگ ② ہر روز کی بیماری ③ مرض کا کچھ نہ کچھ بقیہ ④ خلل ⑤ مرض ⑥ جھگڑا۔

چرکنا (ہ) فعل ① تھوڑا تھوڑا ہگنا ② ذرا ہگنا ③ ذرا سا براز نکلنا۔

چرکیں (ف) اسم صفت ① پلید ② میلا ③ نجس ④ غلیظ ⑤ شیخ باقر علی ساکن لکھنؤ کا تخلص ہے جو نہایت غلیظ اور نجس گو شاعر تھا۔

چرم (ف) اسم مذکر ① پوست چمڑا ② کھال۔

چرم (ہ) اسم صفت ① مرجھایا ہوا ② سوکھ کر چورا چورا ہوا ③ بوڑھا ④ لاغر ⑤ دبلا۔

چرمیں (ف) اسم صفت ① چمڑے کا بنا ہوا ② اس میں نسبتی ہے۔

چرن (س) اسم مذکر ① پاؤں ② پیر ③ قدم ④ پا ⑤ مجازاً جوتی تھم۔

چرن برادر (ا) اسم مذکر فاعل ① جوتی بردار ② جوتیاں اٹھانے والا ③ خادم۔

چرن چھونا (ہ) فعل ① پیروں پڑنا ② قدم لینا ③ خدمت کرنا۔

چرن لینا (ہ) قدم کو ہاتھ لگانا ① پیروں پڑنا ② قدم لینا۔

چرنا (ہ) فعل ① گھاس کھانا ② گھاس چگنا ③ کھانا ④ (اسم مذکر کی صورت میں) گھٹنا ⑤ اونچا اور چھوٹا سا پاجامہ۔

چرنا (ہ) فعل ① لکڑی کا دو ٹکڑے ہونا ② پھٹنا ③ دریدہ ہونا ④ ترقنا۔

چرن (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کے باریک سوت جیسا سفید رنگ کا کیڑا جو بچوں کے معدے کی خرابی سے پڑ جاتے ہیں۔

چروانا (ہ) فعل ① چرانا کا متعدی ہے ② چوری کرنا۔

چروانا (ہ) فعل۔ لکڑیاں دو ٹکڑے کرانا۔

چرواہا / چروایا (ہ) اسم مذکر فاعل ① گوالا ② گڈریا ③ مویشیوں کو چرانے والا ④ محافظ مویشی۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03014907218

www.besturdubooks.net

چری (ہ) اسم مونث۔ جوار کے پودے، باجرے یا مکئی کے ہرے پودے کو بھی بعض اوقات بول دیتے ہیں۔

## چ ← ڑ

چڑ/ چڑھ (ہ) اسم مونث ① ناگوار طبع ② کھجاوٹ ③ کھج ④ کھجی ⑤ نفرت۔

چڑ نکالنا (ہ) فعل ① کھجانا ② نفرت کرنا ③ غصہ دلانا ④ چھیڑ نکالنا۔

چڑا (ہ) اسم مونث ① کنجشک نر ② چڑیا کا نر۔

چڑانا (ہ) فعل ① کسی بات کی نقل سے کسی کو غصہ دلانا ② کھجانا ③ چھیڑنا ④ منہ بنا کر غصہ دلانا۔

چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا (ہ) فعل ① بکواس کرنا ② بک بک کرنا ③ بڑبڑانا۔

چڑ چڑ (ہ) اسم مونث صوت ① چٹخنے کی آواز ② کڑکڑ ③ بک بک۔

چڑ چڑا (ہ) اسم مونث صوت۔ جلتے تیل یا گھی کی کڑاہی میں پانی کے چھینٹے پڑنے کی آواز۔

چڑ چڑا (ہ) اسم صفت ① تنگ مزاج ② بدخو ③ کج خلق ④ تیز مزاج۔

چڑ چڑانا (ہ) فعل ① جلتے تیل یا گھی کی کڑاہی میں پانی پڑ کر آواز نکلنا ② بگڑنا ③ خفا ہونا ④ تیز مزاج ہونا۔

چڑنا (ہ) فعل ① خفا ہونا ② بگڑنا ③ کھجا ④ ناراض ہونا۔

چڑوے (ہ) اسم مذکر۔ گیلے بھنے ہوئے دھان کو کوٹ کر چپٹے بنائے ہوئے چاول جو عموماً دسہرے کے دنوں میں کھاتے ہیں۔

چڑھانا (ہ) فعل ① نیچے سے اوپر لے جانا ② لادنا ③ سوار کرنا ④ اونچا کرنا ⑤ بلند کرنا ⑥ اتارنا کی ضد ⑦ پینا ⑧ نوش کرنا ⑨ نذر کرنا۔

چڑھاؤ (ہ) اسم مذکر ① طغیانی ② عروج ③ ترقی ④ دریا کے پانی کے آنے کا رخ یعنی وہ رخ جدھر سے پانی آتا ہے ⑤ باقی ⑥ پیشگی روپیہ کا جو کاریگر اپنے ذمہ رکھ لیں۔

چڑھاوا (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ① چڑھانا ② بھینٹ ③ نذر ④ وہ زیور جو منگنی کے وقت دولھا کی طرف سے دولھن کو پہنایا جاتا ہے ⑤ شادی سے پہلے دولھا والوں کی طرف بھیجے ہوئے کپڑے زیور وغیرہ ⑥ بڑھاوا ⑦ دم دلاسا ⑧ تسلی۔

چڑھاوا بڑھاوا دینا (ہ) فعل ① نشیب و فراز سمجھانا ② دم دلاسا دینا ③ اونچ نیچ سمجھانا ④ نرمی سے فریب دینا۔

چڑھائی (ہ) اسم مونث ① اونچائی ② بلندی ③ حملہ ④ دھاوا۔

چڑھتا (ہ) اسم صفت ① عروج پاتا ہوا ② ترقی کرتا ہوا ③ جوش سے آتا ہوا ④ زوروں پر آتا ہوا جیسے چڑھتا جوبن۔

چڑھ بننا (ہ) فعل ① بن آنا ② حسب مراد ہو جانا ③ کام کا درست اور خاطر خواہ ہو جانا۔

چڑھنا (ہ) فعل ① نیچے سے اوپر جانا ② بلندی پر جانا ③ صعود کرنا ④ اٹھنا ⑤ ترقی کرنا ⑥ طغیانی پر آنا ⑦ حملہ کرنا ⑧ دھاوا کرنا ⑨ اڑنا۔

چڑھواں/ چڑھانواں (ہ) اسم صفت ① کھڑی ایڑی کی جوتی ② مردانہ جوتی۔

چڑھیت (ہ) اسم صفت ① بہت چڑھنے والا ② سوار ③ سواری کرنے والا۔

چڑھتیا (ہ) اسم مذکر۔ دوسرے شخص کے گھوڑے کا نوکر سوار۔

چڑی (ہ) اسم مونث ① چڑیا ② کنجشک ③ پرند ④ پرندہ۔

چڑی مارنا/ دینا (ہ) فعل۔ لات جو کسی بھاگتے کو اچھل کر ماری جائے۔

چڑی مار (ہ) اسم مذکر فاعل ① صیاد ② پرندوں کو اڑانے والا ③ چڑیاں پکڑنے والا۔

چڑی ٹولا (ہ) اسم مذکر ① گزری ② وہ مقام جہاں قسم قسم کے جانور بکتے ہیں۔

چڑیا (ہ) اسم مونث ① پرندہ ② کنجشک مادہ ③ نیفہ میں ازار بند ڈالنے کی جگہ ④ چھپر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی کے اوپر کی لکڑی جو سہارا دینے کے لئے آڑا سوراخ کر کے لگا دیتے ہیں ⑤ انگیا کی وہ سیون جو کٹوریوں کو باہم ملاتی ہے۔



(چڑیا)

چڑیا خانہ/ چڑیا گھر (ا) اسم مذکر ظرف۔ وہ مکان یا جگہ جہاں قسم قسم کے پرند اور جانور رہتے ہیں۔

چڑیا کا دودھ (ہ) اسم مذکر ① ناممکن بات ② نایاب چیز۔

چڑیا کے چھنالے میں پکڑا جانا (ہ) مثل ① خواہ مخواہ کی ناگہانی آفت میں مبتلا ہونا ② ناحق کی مصیبت اور عتاب میں پڑنا۔

چڑیا نوچن (ہ) اسم مذکر ① بوٹیاں توڑنا ② سخت تکلیف ③ تھوڑا تھوڑا نوچنا۔

چڑیل (ہ) اسم مونث ① ڈائن ② بھوتنی ③ بھتنی ④ میلی کچیلی عورت ⑤ بدصورت عورت۔

Join us on whatsapp Naveed Bajwa 03247007218

چڑیوں کے جھنڈ (ہ) اسم مذکر ① جھلڑ ② چڑیوں کا غول ③ بہت سی چڑیوں کا جھلڑ۔

## چ ← س

چسانا (ہ) فعل۔ پلانا۔
چسپان (ف) اسم صفت ① چپکا ہوا ② چسپیدہ ③ مناسب ④ ٹھیک ⑤ موزوں ⑥ زیبا۔
چسپان کرنا (ہ) فعل ① چپکانا ② لگانا ③ اشتہار وغیرہ۔
چست (ف) اسم صفت ① چالاک ② پھرتیلا ③ تنگ ④ کھچا ہوا ⑤ موزوں ⑥ ٹھیک ⑦ مستحکم ⑧ مضبوط ⑨ پائدار۔
چستہ (ہ) اسم مذکر ① بکری کے بچے کا معدہ جس میں پیا ہوا دودھ رہتا ہے ② پنیر مایہ۔
چستی (ف) اسم مونث ① چالاکی ② پھرتی ③ درستی ④ موزونی۔
چسک (ہ) اسم مونث ① ہلکا ہلکا درد ② خفیف درد ③ گوٹے اطلس وغیرہ کی گوٹ جو سنجاف یا معزی کے آگے لگاتے ہیں۔
چسکا (ہ) اسم مذکر ① سواد ② مزہ ③ چٹورا پن ④ چاٹ ⑤ عادت ⑥ لت ⑦ دھت ⑧ شوق وذوق۔
چسکنا (ہ) فعل ① میٹھا میٹھا ہلکا ہلکا درد ہونا ② پرانی چوٹ میں کسک ہونا۔
چسکی (ہ) اسم مونث ① گھونٹ ② سُڑک ③ افیون یا پوست کا خلاف معمول گھونٹ۔
چسکی لگانا (ہ) فعل ① کش لگانا ② سڑکی لگانا ③ پی جانا ④ افیون پینا۔
چسنا (ہ) فعل ① چوسنا کا لازم ② پیا جانا ③ طاقت کا تباہ ہو جانا ④ نچڑ جانا۔ غرق ہو جانا۔ (بصورت اسم) مذکر۔ بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔
چسنی (ہ) اسم مونث ① بچوں کے چوسنے کا کھلونا ② دودھ پلانے کی شیشی۔

## چ ← ش

چشم (ف) اسم مونث ① آنکھ ② نین ③ دیدہ ④ آس ⑤ امید ⑥ توقع۔
چشم بد دور (ف) فقرہ دعائیہ ① بری نظر دور رہے ② نظر نہ لگے۔



(چشم)

چشم پوشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① آنکھ چرانا ② دیکھ کر ٹال جانا۔
چشم نمائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تنبیہ ② ملامت ③ جھڑکی۔
چشم و چراغ (ف) اسم مذکر ① نور چشم ② آنکھ کی پتلی ③ نہایت پیارا عزیز۔
چشک (ا) اسم مونث۔ وہ کھانا جو باورچی لوگ تقریبوں کے موقعہ پر اپنے واسطے بطور حصے دورے میں بھر کر رکھ لیتے ہیں۔
چشمک (ہ) اسم مونث ① آنکھ کا اشارہ ② انقباض ③ شکر رنجی۔
چشمک زنی کرنا (ہ) فعل ① طعنہ دینا ② چھیڑنا ③ آوازہ کسنا۔
چشمہ (ف) اسم مذکر ① منسوب بہ چشم ② پانی نکلنے کی جگہ ③ پانی کی سوت ④ تالاب ⑤ جوہر ⑥ عینک۔

## چ ← غ

چغد (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کا چھوٹا سا الو ② کوتری۔
چغل (ف) اسم مذکر ① لاوا لترا ② نمام ③ غماز ④ چغلیاں اور بدگوئیاں کرنے والا ⑤ گٹی ⑥ کنکر جو چلم کے خزانے میں رکھ کر اوپر سے تمباکو رکھتے ہیں۔
چغل خور (ف) اسم مذکر فاعل ① نمام ② لاوا لترا ③ غماز۔
چغلی (ف) اسم مونث ① غیبت ② کسی کی برائی ظاہر کرنا ③ سخن چینی کرنا۔

## چ ← ف

چفتی (ا) اسم مونث ① چپٹی لکڑی جس کے ذریعہ سے سیدھی لکیریں کھینچتے

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

ہیں 2 مسطر۔

## چ ← ق

**چق** (ف) اسم مونث 1 چک 2 چلمن 3 بانس 4 یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ۔

**چقر** (ف) چشمہ 1 چوبڑ 2 ڈابر۔

**چقماں یا چقمق** (ت) اسم مونث 1 آگ نکالنے کا پتھر 2 جس پر لوہے وغیرہ مار کر آگ کی چنگاریاں نکالتے ہیں۔

**چقندر** (ف) اسم مذکر۔ شلغم کی طرح کی جڑ کا نام ہے جو نہایت سرخ ہے اور پکانے کے کام آتی ہے۔

## چ ← ک

**چک** (ہ) اسم مذکر 1 قطعہ زمین 2 پٹی 3 کاشت 4 جھگڑا 5 تنازعہ 6 کھٹیک یعنی ہندو قصاب 7 پھیر 8 جماؤ 9 دودھ کی دہی وغیرہ کا جم جانا۔

**چک بندی** (ا) اسم مونث 1 زمین کی حد بندی 2 کشتوار 3 پیائش کی آسانی کے لئے حد بست کے نقشے کے اندر کئی مناسب حصے کرنا۔

**چک بندھنا** (ہ) فعل۔ کسی چیز کا بکثرت ہونا۔

**چک** (ہ) اسم مونث 1 دھکا 2 لچکا 3 جھٹکا 4 درد کمر 5 لچک۔

**چک** (ای) اسم مذکر 1 نقدی ملنے کا پرچہ 2 ہنڈی جو کسی بنک وغیرہ کے نام لکھی جائے 3 کاغذ 4 زر 5 (بصورت اسم مونث) چلمن 6 چق۔

**چکا** (ہ) اسم مذکر 1 مربع یا گول چیز 2 پیائش کے لئے کسی چیز کا ڈھیر 3 بحالت صفت) جما ہوا منجمد، جیسے دہی کا چکا۔

**چکا باندھنا** (ہ) فعل۔ پیائش کے لئے اینٹوں یا پتھروں کا اونچا چوکور ڈھیر لگانا۔

**چکا چک** (ہ) اسم مونث صوت 1 تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز 2 (بصورت اسم صفت) تربتر 3 تیل یا گھی میں خوب ڈوبا ہوا 4 لت پت۔

**چکا چوند/ چکا چوندی** (ہ) اسم مونث 1 تیز اور زیادہ روشنی کے باعث آنکھ کا جھپک جانا 2 تعجب 3 حیرت۔

**چکارا** (ہ) اسم مذکر 1 ایک قسم کا نہایت چالاک اور چھوٹا سا ہرن 2 چھوٹا مرگ 3 چھوٹی سارنگی 4 دوتارا۔

**چکانا** (ہ) فعل 1 نمٹانا 2 بے باق کرنا 3 فیصلہ کر دینا 4 قیمت مقرر کرنا 5 مول کر لینا 6 ختم کرنا 7 پورا کرنا۔

**چکائی دینا** (ہ) فعل 1 فریب دینا 2 دھوکا دینا۔

**چک بچک** (ہ) اسم صفت 1 تیل یا گھی میں تربتر 2 ڈوبا ہوا 3 شور بور۔

**چک پھیری** (ہ) اسم مونث۔ چکر باندھ کر دائرہ میں پھرنا۔

**چکٹ مارنا** (ہ) فعل 1 بکٹا مارنا 2 دانتوں سے کاٹ کھانا 3 دانت مارنا 4 منہ مارنا۔

**چکتا** (ہ) اسم مذکر 1 بڑا اور گول دھبا 2 گول نشانی 3 گوشت کا ٹکڑا 4 دانتوں کے کاٹے کا نشان 5 (بھرنا اور ڈالنا مارنا کے ساتھ مستعمل ہے)

**چکتی** (ہ) اسم مونث 1 قرض 2 ٹکیا 3 دنبہ کی چوڑی دم کی چکی۔

**چکٹ** (ہ) اسم صفت 1 میلا 2 غلیظ 3 از حد چکٹا ہوا۔

**چکٹ/ چکٹا** (ہ) اسم مذکر 1 مٹھی بھر 2 پنجہ بھر۔

**چکٹنا** (ہ) فعل 1 چکنا ہو کر چپکنے لگنا 2 چپچپانے لگنا 3 میلا ہونا 4 کثیف ہونا۔

**چکچکی** (ہ) اسم مونث۔ دو چپٹی لکڑیاں جو اکثر جوگی ایک ہاتھ میں لے کر بجاتے اور مانگتے پھرتے ہیں۔

**چکچک لونڈے کھانا/ چکھنا** (ہ) گھی میں تربتر نوالے کھانا۔

**چکر** (ہ) اسم مذکر 1 دائرہ 2 حلقہ 3 گول 4 احاطہ 5 گرداب 6 بھنور 7 گردش 8 گھمیر 9 گھمیری۔

**چکر آنا** (ہ) 1 سر گھومنا 2 غش آنا۔

**چکر باندھنا** (ہ) فعل۔ اس طرح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے۔

**چکر کھا جانا** (ہ) فعل 1 گھومنا 2 گردش کرنا۔

**چکر لانا** (ہ) فساد اٹھانا 1 شرارت کرنا 2 فتنہ برپا کرنا۔

**چکر لگانا** (ہ) فعل 1 گھومنا 2 گرد پھرنا 3 گردش کرنا 4 منڈلانا۔

**چکر میں آنا** (ہ) فعل 1 پھیر میں آنا 2 مصیبت میں پھنسنا 3 گردش میں آنا۔

**چکر میں ڈالنا** (ہ) فعل 1 بکھیڑے میں ڈالنا 2 راہ راست سے بہکانا 3 راستہ بھلانا 4 حواس باختہ کرنا 5 مصیبت میں ڈالنا۔

**چکرانا** (ہ) فعل 1 چکر کھانا 2 گھیرنا 3 سر گھومنا 4 غش کھانا 5 مصیبت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

میں پڑنا ⑥ چکر کھانا۔

**چکر مکر** (ا) اسم مذکر ① دغا ② دھوکا ③ فریب ④ دم ⑤ جھانسا ⑥ حیلہ ⑦ بہانا۔

**چکریا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① چاکری پیشہ کرنے والا ② نوکری پیشہ۔

**چکڑی** (ہ) اسم مونث ① ایک طرح کی زرد رنگ کی لکڑی ② جس کی اکثر کنگھیاں بنتی ہیں۔

**چکس** (ہ) اسم مذکر ① پرندوں کو بٹھانے کی لکڑی ② بلبل کا اڈا۔

**چکل** (ہ) اسم مذکر۔ کسی پودے کو مٹی سمیت ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھانا۔

**چکلا** (ہ) اسم صفت ① چوڑا ② گول ③ چپٹا ④ عریض۔

**چکلا** (اسم مذکر ① دانہ دینے کی بغیر گرنڈ کی چکی ② لکڑی یا پتھر کا گول تختہ جس پر پوریاں، روٹی، پھلکے وغیرہ بیلتے یا مصالحہ پیستے ہیں ③ ضلع ④ صوبہ ⑤ جاگیر ⑥ ضلع کا کوئی حصہ۔

**چکلا بندی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① حد بندی ② حدی بست۔

**چکلے دار** (ا) اسم مذکر فاعل ① ناظم صوبہ دار ② جاگیردار۔

**چکما / چکمہ** (ہ) اسم مذکر ① دھوکا ② جل ③ نقصان ④ خسارہ ⑤ ایک کھیل کا نام بھی ہے۔

**چکمہ اٹھانا** (ہ) فعل ① نقصان اٹھانا ② دھوکہ کھانا ③ ٹوٹا بھرنا ④ خسارہ بھرنا ⑤ فریب کھانا۔

**چکما دینا** (ہ) فعل ① فریب دینا ② دھوکا دینا ③ ضرر پہنچانا۔

**چکمہ کھانا** (ہ) فعل ① فریب میں آجانا ② حریف سے دھوکا کھانا۔

**چکن** (ف) ① ایک طرح کا بیل بوٹے دار کپڑا ② کشیدہ ③ سوئی کا کام۔

**چکن دوز** (ا) اسم مذکر فاعل ① کشیدہ کا کام کرنے والا ② چکن کار۔

**چکن** (ای) چوزہ۔ مرغی کا بچہ۔

**چکنا** (ہ) اسم صفت ① روغنی ② تیلیا ③ چرب ④ چربی دار ⑤ فربہ ⑥ موٹا ⑦ پھسلنا ⑧ رپٹواں ⑨ پھسلنے والا۔

**چکنا چپڑا** (ہ) اسم صفت ① صاف ستھرا ② چھیل چھبیلا ③ خوش پوش ④ بنا ٹھنا ⑤ خوش لباس۔

**چکنا دیکھ پھسل پڑے** (ہ) مثل ① خوبصورت دیکھ کے فریفتہ ہوگئے ② دولت دیکھ کے جی للچا گیا۔

**چکنا گھڑا** (ہ) اسم صفت ① بے حیا ② بے شرم ③ بے غیرت۔

**چکنا گھڑا بوند پڑی پھسل گئی** (ہ) مثل۔ نہایت بے غیرت ہے لاکھ لعنت ملامت کرو اثر ندارد۔

**چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی** (ہ) مثل۔ بے عزت شرمندہ نہیں ہوتا۔

**چُکنا** (ہ) فعل ① قیمت طے ہونا ② بھاؤ ٹھیرنا ③ بے باق ہونا ④ حساب صاف ہونا ⑤ قضیہ دفع ہونا ⑥ جھگڑا ختم ہونا ⑦ بڑنا ⑧ بکیا۔

**چکنہ چور** (ہ) اسم صفت ① ٹکڑے ٹکڑے ② پارہ پارہ ③ ریزہ ریزہ ④ تھکا ماندہ ⑤ مضمحل۔

**چکنا چور کرنا** (ہ) فعل ① تھکا مارنا ② ٹکڑے ٹکڑے کرنا ③ تیل میں ڈبو دینا۔

**چکناوٹ / چکناہٹ** (ہ) اسم مونث یا نیم مصدری ① صفائی ② چکنائی خوبصورتی۔

**چکنائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① دہنیت ② چربی ③ روغن ④ تیل ⑤ گھی۔

**چکنی** (ہ) اسم صفت مونث ① روغنی ② مرغن ③ چربی دار ④ پھسلنی ⑤ ایک قسم کی چھالیہ۔

**چکنی باتیں** (ہ) اسم مونث ① پرلطف باتیں ② مزیدار باتیں۔

**چکنی چپڑی باتیں** (ہ) اسم مونث ① دلفریب باتیں ② بامزہ باتیں۔

**چکنی ڈلی** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی چھالیا ہے جسے کچی کو دودھ میں پکاتے ہیں۔

**چکنی مٹی** (ہ) اسم مونث ① لیسدار مٹی ② لیپنے کے کام آنے والی مٹی۔

**چکنے منہ کو بھی چومتے ہیں** (ہ) مثل ① امیر کی سبھی خوشامد کرتے ہیں ② خوبصورت کی ہر جگہ قدر و منزلت ہوتی ہے۔

**چکینا** (ہ) اسم صفت ① بانکا چھیلا ② چھیل چھیلا۔

**چکورہ** (ہ) اسم مذکر ① چھوٹا چاقو ② قلم تراش۔

**چکوا چکوی** (ہ) اسم مذکر ① سرخاب کا جوڑا ② چکادک ③ ایک آبی پرندے کے جوڑا کو کہتے ہیں دن کو ساتھ ساتھ رہتے ہیں لیکن رات کو الگ ہو جاتے ہیں۔

**چکوتا** (ہ) اسم مذکر ① فیصلہ ② چکتا ③ بیباق ④ ایک بیماری کا نام بھی جو زانو کے نیچے پھنسیوں کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے اور پھر تمام ٹانگ پھل جاتی ہے۔

**چکوترا** (ہ) اسم مذکر۔ لیمو اور نارنگی کے پیوند سے بنا ہوا ایک پھل ہوتا ہے۔

**چکور** (ہ) اسم مذکر۔ تیتر کی قسم کا ایک بڑا خوبصورت پرندہ۔ اسی چاند کا عاشق سمجھا جاتا ہے

**چکھانا** (ہ) فعل ① ذائقہ دکھانا ② کھلانا ③ نوش کرانا ④ چاشنی دکھانا ⑤ سواد دکھانا۔

Join us on whatsapp Naveed Butt 03149072 18

**چکھنا** (ہ) فعل ❶ چکھانا کا لازم ❷ مزہ لینا ❸ نوش کرنا ❹ لذت اٹھانا ❺ ذائقہ دیکھنا۔

**چکھ ڈالنا** (ہ) فعل ❶ بالکل کھا جانا ❷ اڑا ڈالنا۔

**چکھوتیاں** (ہ) اسم مونث ❶ لذیذ اور مزیدار کھانے ❷ چٹخارے۔

**چکھی** (ہ) اسم مونث ❶ چکھوتی ❷ چاٹ ❸ چٹخارہ ❹ بٹیروں کا کھانا دانہ۔

**چکی** (ہ) اسم مونث ❶ آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ ❷ آسیا ❸ گھٹنے کی ہڈی ❹ بجلی ❺ چکی چلانا ❻ آٹا پیسنا ❼ وظیفہ پڑھنا۔

**چکی جھونا** (ہ) فعل ❶ چکی شروع کرنا ❷ چکی چلانا ❸ دکھڑا بیان کرنا ❹ مصیبت دہرانا ❺ اپنی بیتی کہنا۔

**چکی رہا** (ہ) اسم مذکر فاعلی ❶ چکی کو اوزار سے گودنے والا ❷ چکی میں دندانے بنانے والا ❸ چکی کو کھردرا کرنے والا۔

**چکی رہانا** (ہ) فعل ❶ چکی کو کھردرا کرنا ❷ چکی کو گودنا۔

**چکی کا پاٹ** (ہ) اسم مذکر ❶ چکی کا ہر حصہ ❷ پرہ ❸ (بحالت صفت) وعدہ خلاف ❹ اقرار سے پھر جانے والا۔

**چکی کا کھونٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ چکی کا ہتا ❷ دستہ ❸ چکی چلانے کا ڈنڈا۔

**چکی کی مانی** (ہ) اسم مونث ❶ وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے ❷ قطب دھروتارا۔

**چکٹی** (ہ) اسم مونث ❶ پھرکی ❷ ایک گول کھلونا لکڑی کا جس سے بچے کھیلا کرتے ہیں ❸ مجازاً گول ❹ مدور۔

**چکٹی آڑو** (ہ) اسم مذکر ❶ گول شفتالو ❷ گول آڑو۔

**چکیدہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ ٹپکا ہوا ❷ مقطر ❸ چوا ہوا ❹ پیدا شدہ۔

## چ ← گ

**چگانا** (ہ) فعل ❶ جانوروں کو گھانس کھلانا ❷ پرندوں کو دانہ دنکا کھلانا۔

**چگ ڈاڑھیا** (ہ) اسم صفت۔ چھوٹی سی داڑھی۔

**چگنا** (ہ) فعل ❶ چگانا کا لازم ❷ جانوروں کا گھانس کھانا ❸ پرندوں کا دانہ چننا۔

**چگی** (ہ) اسم صفت ❶ چھوٹی سی چیز ❷ ذرا سی ❸ ننھی سی ❹ چٹکی بھر۔

## چ ← ل

**چل** (ہ) اسم مونث ❶ کھاج ❷ خارش ❸ کھجلی ❹ مستی ❺ شہوت ❻ بے کلی ❼ بے چینی ❽ اضطراب ❾ بے قراری۔

**چل** (ہ) چلنا مصدر سے فعل امر ❶ جو اظہار نفرت یا ادائے ناز کے وقت معشوقوں کی زبان پر آتا ہے ❷ ہٹ پرے ❸ پرے ہو ❹ لمبا بن ❺ دور ہو ❻ چمپت ہو ❼ پڑنا مصدر کے ساتھ ابتری ❽ پراگندگی جیسے آپ کے چلتے ہی سب میں چل پڑ گئی۔

**چل بے** (ہ) محاورہ۔ نفرت اور خفگی کے اظہار کے لئے ناز سے بولتے ہیں۔

**چل بسنا** (ہ) فعل ❶ مر جانا ❷ جہاں سے اٹھ جانا ❸ گزر جانا۔

**چل چخ / چل چخے / چل دور** (ا) محاورہ ❶ چل ہٹ ❷ دور ہو ❸ چلا جا ❹ چمپت ہو ❺ لمبا بن ❻ دفع دفاں۔

**چل نکلنا** (ہ) فعل ❶ حد سے بڑھ جانا ❷ اترا جانا ❸ غرور میں آ جانا ❹ آگے نکلنا ❺ سبقت لے جانا ❻ بڑھ جانا ❼ روانہ ہونا ❽ چل پڑنا ❾ گستاخ۔

**چل ہوا بن / چل ہوا ہو / چل ہوا کھا** (ا) محاورہ ❶ چل ہوا کھا ❷ چلتا بن ❸ چمکتا پھرتا نظر آنا۔

**چلا** (ہ) اسم مذکر ❶ پگڑیوں کا کلابتونی بنا ہوا پلا ❷ تلہ وار کنارہ ❸ (یہ لفظ طلا سے بگڑا ہے۔) وہ میٹھی خمیری روٹی جو آٹا پتلا کر کے کڑھائی میں تلی جائے ❹ پوڑا۔

**چلا چلی** (ہ) اسم مونث ❶ موت کی گرم بازاری ❷ وبا کی شدت ❸ ہل چل ❹ رواروی ❺ سفر کی تیاری۔

**چلانا** (ہ) فعل ❶ غل مچانا ❷ شور کرنا ❸ چیخنا ❹ غوغا کرنا ❺ رونا ❻ گریہ زاری کرنا ❼ فریاد کرنا ❽ غصہ سے چیخنا ❾ اظہار غضب کرنا۔

**چلانا** (ہ) فعل ❶ چلنا کا متعدی ❷ روانہ کرنا ❸ ہانکنا ❹ چھیڑنا ❺ جاری کرنا ❻ بہانا ❼ کاروبار جاری کرنا ❽ کام کو رونق دینا ❾ کام نکالنا۔

**چلاؤ** (ف) اسم مذکر ❶ نمکین خشکہ چاول ❷ بن گوشت کا پلاؤ۔

**چل بچل** (ہ) اسم صفت ❶ بے موقع ❷ بے جا ❸ بے جگہ ❹ (بحالت اسم مونث) غلطی ❺ چوکنا ❻ خطا ❼ علیحدگی ❽ حرکت ❾ جنبش۔

**چل بچل ہونا** (ہ) فعل ❶ بے جگہ بگڑنا ❷ ابتر ہونا ❸ خراب ہونا ❹ جیسے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مجلس میں چل بچل ہوگئی ہو۔
چُلبُلا (ا) اسم صفت ❶ بے چین ❷ بے کل ❸ آرام سے نہ بیٹھنے والا ❹ شوخ مزاج ❺ زندہ دل۔
چلتا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ جاری ❷ بہتا ہوا ❸ رواں ❹ مروج ❺ چالاک ❻ بھگتا ہوا ❼ کارگر ❽ پراثر۔
چلتا پرزہ (ا) اسم مذکر ❶ بڑا چالاک ❷ فتنہ انگیز ❸ فسادی۔
چلت پھرت (ہ) اسم مونث ❶ جنبش ❷ گردش ❸ حرکت ❹ پھرتی ❺ چالاکی ❻ رفتار ❼ رقص۔
چلتر (ہ) اسم مذکر ❶ فریب ❷ دھوکا ❸ چھل چھل بٹا ❹ چال۔
چلتر بازی (ا) اسم مونث ❶ چالاکی ❷ دھوکا ❸ فریب بازی۔
چلتہ (ف) اسم مذکر ❶ زرہ بکتر ❷ لڑائی کے وقت پہننے کی ایک پوشاک کا نام (فارسی چھل تہ)
چلتے پھرتے نظر آؤ (ا) محاورہ ❶ جاؤ ❷ رخصت ہو ❸ چال دکھاؤ۔
چلتے چور لنگوٹی لابھ (ہ) محاورہ۔ بہت نقصان ہونے پر جو مل جائے وہی غنیمت ہے۔
چلتی/ڈھلتی پھرتی چھاؤں (ہ) مثل ❶ دنیا کی بے ثباتی ❷ ناپائداری عالم ❸ دولت کے موقع پر بولتے ہیں۔
چلتی کا نام گاڑی ہے (ہ) مثل۔ جب تک کام درست رہے تب ہی تک نام ہے۔
چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا (ہ) محاورہ ❶ بنتے کام میں خرابی پیدا کرنا ❷ ہوتے ہوتے کام میں مزاحمت ہونا۔
چلتی ہوا سے لڑنا (ہ) محاورہ ❶ نہایت بدمزاج ہونا ❷ خواہ مخواہ لڑائی لڑنا۔
چلچل (ہ) اسم مونث ❶ ابرک ❷ ابرک بھوڈل ❸ طلق ❹ ایک کانی جوہر کا نام ہے ❺ (بصورت اسم صوت) گلہری اور چھچھوندر کے چلنے کی آواز۔
چلچلانا (ہ) فعل ❶ چیخ کر بولنا ❷ رونا ❸ فریاد کرنا ❹ دھوپ کا تیز ہونا ❺ سخت گرمی پڑنا۔
چل چلاؤ (ہ) اسم مذکر ❶ چلا چلی ❷ رواروی ❸ سفر ❹ کوچ ❺ مرنا ❻ گزرنا۔
چلڑ (ہ) اسم مذکر ❶ جوں ❷ سپش۔
چلغوزہ (ف) اسم مذکر ❶ ایک مقوی دماغ میوہ ہے ❷ درخت صنوبر کا پھل۔
چلک (ہ) اسم مونث ❶ تابش ❷ روشنی ❸ چمک دمک ❹ جھلک۔

چلکا (ہ) اسم مذکر ❶ روپیہ ❷ چاندی کا سکہ ❸ (لکھنؤ والے بولتے ہیں)
چلکتا ہوا (ہ) اسم صفت ❶ چمکتا ہوا ❷ روشن ❸ مجلا ❹ صاف ❺ چمکدار۔
چلکنا (ہ) فعل ❶ روشن ہونا ❷ چمکنا ❸ درخشاں ہونا ❹ تابش دکھانا۔
چلم (ہ) اسم مونث ❶ سرقلیان ❷ آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف ❸ جسے حقہ پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔
چلم بردار (ا) اسم مذکر ❶ حقہ پلانے والا ❷ نوکر ❸ ملازم ❹ حقہ۔
چلم پینا (ا) فعل ❶ تمباکو پینا ❷ غیر گوت یا غیر ذات ہونے کے سبب حقہ پر سے چلم اتار کر پینا ❸ سلفہ پینا ❹ چرس پینا۔
چلم چٹ (ہ) اسم مذکر ❶ بے غیرت ❷ کنجوس چلم تک پی جانے کا ارادہ رکھنے والا ❸ حقے کا لتیا ❹ حقے کا سخت عادی۔
چلموں پر آگ رکھنا/چلمیں بھرنا (ہ) فعل ❶ حقے بھر بھر کر پلانا ❷ حقہ پلانے کی خدمت کرنا ❸ سیوا کرنا ❹ ٹہل کرنا ❺ فرمانبردار رہنا۔
چلمچی (ف) اسم مونث۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن جو ایک خاص وضع کا بنا ہوتا ہے۔
چلمن (ہ) اسم مونث ❶ چق ❷ چک ❸ تیلیوں کا بنایا ہوا پردہ۔
چلن (ہ) اسم مذکر ❶ رفتار ❷ چال ❸ طریقہ ❹ ڈھنگ ❺ طرز ❻ رسم ❼ ریت رواج ❽ عادت ❾ سبھاؤ۔
چلن سے چلنا (ہ) فعل ❶ کفایت شعاری سے خرچ کرنا ❷ جزرسی کرنا ❸ بھلامانس رہنا ❹ نیک معاش رہنا۔
چلن ہار (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ چلنے کے قابل ❷ چلنے والا ❸ رفتنی ❹ مرنے جوگا ❺ مسافر ❻ کوچ کو تیار۔
چلنا (ہ) فعل ❶ حرکت وجنبش کرنا ❷ روانہ ہونا ❸ کوچ کرنا ❹ روپیہ پیسہ وغیرہ کا رواج پانا ❺ مروج ہونا ❻ سفر کرنا ❼ جاترا کو جانا ❽ بہنا ❾ جاری ہونا۔
چلو (ہ) اسم مونث۔ ہاتھ کو اس طرح موڑنا کہ جس میں کوئی پتلی چیز ٹھیر جائے۔
چلو بھر (ہ) تابع فعل ❶ تھوڑا سا ❷ قلیل مقدار ❸ چلو جتنا۔
چلو میں الو ہونا (ہ) فعل ❶ ذرا سی تیز شراب ❷ یا تند بھنگ میں بیہوش ہونا۔
چلو میں سمندر نہ سمانا (ہ) فعل ❶ کوزے میں دریا نہ سمانا ❷ اوچھے سے بڑا کام نہ سنبھلنا۔
چلوؤں رونا (ہ) فعل ❶ بکثرت رونا ❷ زار زار رونا ❸ آٹھ آٹھ آنسو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

رونا۔

چلوؤں لہو پینا (ہ) فعل ❶ بہت سا مارنا ❷ اچھی طرح ذبح کر کے لہو پینا ❸ خوب ستانا ❹ خوب پیٹنا ❺ بری طرح مارنا۔

چلہ (ف) اسم مذکر ❶ چالیس دن کا عرصہ ❷ چالیس دن کی وظیفہ خوانی ❸ چالیس دن کا عمل ❹ وہ مقام جہاں چلہ کشی کی جائے ❺ کلاوہ یا ڈور جو منت کے طور پر کسی مقدس مقام پر باندھا جائے ❺ زچہ کا چالیسویں دن نہانا ❻ کسان کی تانت۔

چلہ باندھنا (ا) ❶ منت ماننا ❷ مراد ماننا۔

چلہ چڑھانا (ا) فعل ❶ کمان کو زہ کرنا ❷ تانت کو کھینچ کر کمان کے گوشہ میں باندھنا۔

چلہ کھینچنا (ا) چالیس روز تک کوئی عمل کرنا یا وظیفہ پڑھنا۔

چلی چلی بی ماکھو آئیں (ہ) کہاوت۔ پھیلتے پھیلتے بات دور تک پھیل گئی۔

چلیپا (ت) اسم مونث ❶ سولی ❷ صلیب دار۔

چلے چلنا (ہ) فعل ❶ متواتر چلتے رہنا ❷ برابر چلے جانا ❸ سفر کرتے رہنا۔

## چ ← م

چم (ہ) اسم مذکر ❶ چام کا مخفف ہے ❷ چمڑا ❸ چرم ❹ کھال ❺ پوست۔

چمار (ہ) اسم مذکر ❶ چم اور آر کا مرکب ہے یعنی چمڑا لانے اور بنانے والا ❷ موچی چرم دوز ❸ چرم ساز ❹ چمرنگ ❺ (بحالت صفت) کمینہ ❻ پنچ ❼ سفلہ ❽ غلیظ ❾ گندا۔

چمار چودس (ہ) اسم مونث ❶ چماروں کا تہوار ❷ چماروں کی عید ❸ کم ظرفی کے باعث تھوڑی سی خوشی پر اترا جانا۔

چماروں کو عرش پر بھی بیگار (ا) غریب کنگال کی ہر جگہ آ بختی ہے۔

چماری (ہ) اسم مونث ❶ چمار کی مونث ❷ چمار کی بیوی ❸ نیلوفر کے پھول کا وہ زیرہ جو اپنی اصلی سے گر گیا ہو بجائے زردی کے سیاہی پکڑ گیا ہو۔

چمبک (ہ) اسم مذکر۔ مقناطیس۔

چمپا (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت جس کا پھول سفیدی مائل زرد اور نہایت مست خوشبودار ہوتا ہے۔

چمپا کلی (ہ) اسم مونث۔ گلے کے ایک زیور کا نام ہے۔

چمپت بننا (ہ) فعل ❶ چلا جانا ❷ رفو چکر ہونا ❸ جلدی سے چلا جانا۔

چمپت ہونا (ہ) فعل ❶ رخصت ہونا ❷ بھاگ جانا ❸ ہوا ہو جانا۔

چمپئی (ہ) اسم صفت ❶ چمپا کے رنگ کا ❷ ہلکا زرد رنگ۔

چمٹا (ہ) اسم مذکر آلہ ❶ دست پناہ ❷ آگ پکڑنے کا اوزار۔

چمٹانا (ہ) فعل ❶ چپکانا ❷ چسپاں کرنا ❸ پیچھے لگانا۔

چمٹنا (ہ) فعل ❶ پیچھے پڑ جانا ❷ چمٹ جانا ❸ لپٹنا۔

چمچ (ہ) اسم صفت ❶ چچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا ❷ پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

چمچہ (ہ) اسم مذکر ❶ ڈوئی ❷ دودھ وغیرہ پتلی چیز پینے کا اوزار۔

چمچی (ا) اسم مونث ❶ چھوٹا چمچہ ❷ چونا کتھا لگانے والا۔

چمر (ہ) اسم مذکر۔ چمار کا مخفف۔

چمر توحید (ا) صوفیوں کی اصطلاح ادنٰے درجے کی توحید جو کم فہم اور جاہل وحدت الوجود کی حقیقت سمجھے بغیر ہی ہمہ اوست کے قائل ہوں۔

چمر جلاہا (ا) اسم مذکر ❶ کولی ❷ چمار جولاہا ❸ مومن جلاہے کی ضد۔

چمرخ (ا) اسم مونث ❶ چمڑے یا مونچھ کی پتلی سی چیز ❷ جس کے اندر تکلا پھرتا ہے ❸ دبلی ❹ کمزور عورت۔

چمرس (ہ) اسم مذکر۔ جوتی کے چمڑے کا زخم۔

چمڑا (ہ) اسم مذکر ❶ پوست ❷ کھال ❸ چام ❹ ادھوڑی ❺ جانوروں کی کھال ❻ (بحالت صفت) سخت ❼ گلنے کے نا قابل ❽ نہ ٹوٹنے کے قابل۔

چمڑی (ہ) اسم مونث ❶ چمڑے کی تصغیر ❷ کھال ❸ پوست۔

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (ہ) مثل ❶ سخت کنجوس ❷ ایسے بخیل کی نسبت بولا کرتے ہیں ❸ جو پیسہ دینے کی جگہ جسمانی سزا بھگتنے کو تیار ہو۔

چمڑی اتارنا / چمڑی لینا (ہ) محاورہ۔ مال کھا کر اڑا دینا۔

چمک پتھر (ہ) اسم مونث ❶ جھلک ❷ روشنی ❸ بھڑک ❹ بڑھتا ہوا درد ❺ ہول۔

چمک چاندنی / چمک جانی (ہ) اسم مونث۔ وہ عورت جو بنی ٹھنی رہتی ہو۔

چمک دار (ا) اسم صفت ❶ روشن ❷ منور ❸ چمکیلا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03...218

چمک دمک (ہ) اسم مونث ① جھلک ② زیب وزینت۔

چمک (ہ) اسم مذکر ① مقناطیس ② آہن ربا۔

چمکارنا (ہ) فعل ① دلاسا دینا ② پیار کرنا ③ پچکارنا ④ گھوڑے وغیرہ تھپکنا۔

چمکارا (ہ) اسم مذکر ① چمک ② کرن ③ روشنی ④ تابش ⑤ جھلک۔

چمکانا (ہ) فعل ① صقیل کرنا ② آب دینا ③ بھڑکانا ④ روشن کرنا ⑤ گھوڑے کو دوڑانا۔

چمکنا (ہ) فعل ① چمکانا کا لازم ② روشنی دینا ③ کوندنا ④ درخشاں ہونا ⑤ رونق پانا ⑥ چلا جانا ⑦ مشہور ہونا ⑧ نام پانا ⑨ زیب وزینت حاصل کرنا۔

چمکو (ہ) اسم مونث۔ بترکیب فاعل ① چھناں ② فاحشہ ③ بدکار ④ چنچل ⑤ شوخ ⑥ لڑاکا ⑦ جھگڑالو ⑧ غبار۔

چمکول (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① چمکتا ہوا ② روشن ③ درخشاں ④ تاباں۔

چمکی (ہ) اسم مونث ① جھوٹا کام ② جھوٹا مقیش۔

چمگادڑ (ہ) اسم مذکر ① سیرہ ② ایک پرندہ کا نام ہے جو رات کو اڑتا ہے اور دن کو گھروں کی چھتوں میں لٹکا رہتا ہے ③ دن کی روشنی سے متنفر ہے۔



(چمگادڑ)

چمن (ف) اسم مذکر ① سبزکیاری ② گھر کے اندر کا باغیچہ ③ نہایت آباد اور خوش وضع شہر۔

چمو (ہ) اسم مونث۔ امیر خسرو کے وقت میں ایک بھٹیاری کا نام تھا۔

چمورانی (ہ) اسم مونث ① بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے ② جسے سات سمندر اور پہلا درجہ بھی بولتے ہیں۔

چموٹی (ہ) اسم مونث۔ وہ چمڑے کی پٹی جو قیدیوں کے پاؤں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے واسطے لگا دیتے ہیں۔

## چ ← ن

چنا (ہ) اسم مذکر ① نخود ② بونٹ۔

چننا (ہ) جمع کرنا ① سمیٹنا ② چھانٹنا ③ پسند کرنا ④ لینا ⑤ تعمیر کرنا ⑥ عمارت بنانا ⑦ ترتیب وار لگانا ⑧ سمانا ⑨ سلیقہ سے رکھنا۔

چنار (ف) اسم مذکر۔ ایک بہت بڑے درخت کا نام ہے جس کے پتے پنجہ شکل کے اور پتیاں سرخ ہوتی ہے اور اکثر اوقات اس مین خود بخود آگ لگ جایا کرتی ہے۔

چناں وچنیں (ف) اشارہ تشبیہی (چوں آں وچوں ایں) ایسا ویسا ① اس طرح اس طرح ② زباندرازی ③ نکتہ چینی ④ عیب ⑤ نقص ⑥ ذکر ⑦ چرچا ⑧ بحثا بحثی۔

چنانچہ (ف) مثلاً۔ جیسا کہ ① جس طرح پر ② اس طور سے۔

چنائی (ہ) اس مونث ① عمارت کی ساخت ② عمارت چننے کی مزدوری۔

چنبر (ف) اسم مذکر ① گروہ ② حلقہ ③ محیط وحال دام ④ آسمان کا دور ⑤ چلم کا ڈھکنا ⑥ گردن کی ہنسلی۔

چنبل (ا) ایک مشہور ندی جو دریائے جمنا میں آ گرتی ہے ① بھیک مانگنے کا پیالہ ② چلم کا سرپوش ③ داد کی قسم کی ایک بیماری۔

چنبلی/چمبلی (ہ) اسم مونث بپائے نسبتی ایک چوڑا پیالہ جو لگن سے مشابہ ہوتا ہے۔

چنبیلی (ہ) اسم مونث ① ایک مشہور خوشبودار پھول کا نام ہے ② یاسمن ③ زرد اور سفید دو قسم کا ہے۔

چنبیلی چاؤ میں آئی (ہ) مثل۔ گستاخ اور بے ادب لونڈی یا عورت سر چڑھی۔

چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی (ہ) مثل۔ منہ لگایا سفلہ سر چڑھ گیا۔

چنت (ہ) اسم مونث ① شکن ② سلوٹ ③ چین۔

چنتا (ہ) اسم مونث ① فکر ② اندیشہ ③ خوف ④ خطرہ ⑤ ڈر ⑥ سوچ ⑦ بچار ⑧ تامل۔

چنچل (ہ) اسم صفت ① شوخ ② چست و چالاک ③ بے چین ④ بے قرار ⑤ ترتریا۔

چنچنا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① بدمزاج چیں چیں کرنے والا ② چڑچڑا۔

چنچنانا (ہ) فعل ① بچے کا رونا ② چیں چیں کرنا ③ بدمزاج ہونا ④ بگڑنا۔

چن چن کے نام رکھنا (ہ) فعل ① چھانٹ چھانٹ کے نام رکھنا ② ہر

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

بات پر طعنہ دینا ③ برا کہنا۔

**چنچنے** (ہ) اسم مذکر ① چرنے ② کرم شکم ③ باریک سوت سے کیڑے جو بچوں کے معدے میں پیٹ کے بگاڑ سے پڑ جاتے ہیں۔

**چنچنے لگنا** (ہ) فعل ① مرچیں لگنا ② ناگوار گزرنا۔

**چند** (ف) صفت ① قلیل ② تھوڑے ③ کسقدر ④ کتنے ⑤ کئی۔

**چندروزہ** (ف) اسم صفت ① ناپائدار ② عارضی ③ بے ثبات۔

**چندا** (ہ) اسم مذکر ① چاند کی تصغیر پیار سے چاند ② ماہ ③ مہ ④ مور کی دم کا چاند ⑤ مکان کے دروازے کے پاس کی دیوار۔

**چنداماموں** (ہ) اسم مذکر ① بچے چاند کو کہتے ہیں ② نیز ماں باپ بھی بچے کو بہلانے کے لئے چاند کو اس نام سے پکارتے ہیں۔

**چنداں** (ف) تابع فعل ① اتنے ② اسقدر ③ اتنی ④ ایسی۔

**چندر** (س) اسم مذکر ① چاند ② مہتاب ③ مہ ④ ماہ ⑤ قمر۔

**چندربنسی** (ہ) اسم مذکر ① چاند کے خاندان کا ② راجپوتوں کی مشہور شاخ اور خاندان کا نام ہے ③ جس میں پانڈو اور کورو ہوئے ہیں۔

**چندرکلا** (ہ) اسم مذکر۔ چاند کے قطر کا سولھواں حصہ۔

**چندرما/ چندرماں** (ہ) اسم مذکر ① چاند ② ماہ ③ مہ ④ مہتاب ⑤ قمر۔

**چندرہار/ چندن ہار** (ہ) اسم مذکر۔ گلے میں پہننے کا ایک قسم کا ہار۔

**چندرا** (ہ) اسم صفت ① منحوس ② بدبخت ③ نربھاگ ④ بے نصیب ⑤ کم بخت۔

**چندرانا** (ہ) فعل ① جھٹلانا ② تجاہل ③ عارفانہ کرنا ④ جان بوجھ کر جھوٹا ثابت کرنا۔

**چندراول** (ہ) اسم مذکر ① آشنا ② ساتھی ③ آشنا۔

**چندن** (ہ) اسم مذکر ① صندل ② صندل کا درخت ③ صندل کی لکڑی جو خوشبودار ہوتی ہے۔

**چندن کی چٹکی بھلی گاڑی بھرا نہ کاٹھ** (ہ) مثل ① عمدہ چیز تھوڑی مقدار میں بہت سی خراب چیز سے بہتر ہے ② ذرا سا صندل ایندھن کی گاڑی سے اچھا ہے۔

**چندوا** (ہ) اسم مذکر ① ٹوپی کے اوپر کا حصہ ② ٹوپی کے اوپر کا گردہ۔

**چندہ** (ہ) اسم مذکر ① حصہ ② بانٹ ③ تقسیم ④ وہ روپیہ جو بہت سے لوگوں سے جمع کر کے کسی کام میں لگایا جائے۔

**چندھا** (ہ) اسم صفت ① وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لاسکیں ② سیسل کی بیماری والا ③ پلک جھڑا ④ شپرہ چشم ⑤ بامنی کھایا۔

**چندی** (ہ) اسم مونث ① ٹکڑا ② حصہ ③ بھاگ ④ ذرا ذرا ⑤ معنی در معنی ⑥ بال کی کھال جیسے ہندی کی چندی سمجھانا۔

**چندیا** (ہ) اسم مونث ① کھوپری سر ② سر کا اوپر کا حصہ ③ چھوٹی سی روٹی بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا جو بڑھاتے وقت رہ جاتی ہے۔

**چندیا پر بال نہ چھوڑنا** (ہ) فعل ① لوٹ لوٹ کے کھا جانا ② کھوپڑی پر بال تک نہ رہنے دینا ③ کنگال کر دینا ④ مفلس بنا دینا۔

**چندیا مونڈنا** (ہ) فعل ① سر مونڈنا ② لوٹ کر کھا جانا ③ سخت سزا دینا ④ دغا سے روپیہ کھا جانا۔

**چندیا کھجانا** (ہ) فعل ① سر کھجانا ② جوتیاں کھانے کو جی چاہنا ③ شامت آنا۔

**چندے آفتاب چندے ماہتاب** (ا) محاورہ۔ عورتوں کی خوبصورتی کی تعریف میں بولا جاتا ہے۔ یعنی حسن و جمال اور چمک دمک میں سورج اور چاند سے بڑھ کر ہے۔

**چنڈال** (ہ) اسم صفت ① نیچ ② کمینہ ③ ادنٰے ذات کا آدمی ④ بدنصیب ⑤ ممسک ⑥ کنجوس۔

**چنڈال بال** (ہ) اسم مذکر۔ ایک بڑا بال جو ماتھے پر ہوتا ہے جسے منحوس سمجھتے ہیں۔

**چنڈالنی** (ہ) اسم مونث ① چنڈال کی تانیث ② کمینی ③ بدبخت ④ منحوس عورت ⑤ ضدن۔

**چنڈاول** (ہ) اسم مذکر ① لشکر کا آخری دستہ ② ہراول کی ضد ③ سنتری ④ پاسبان ⑤ چوکیدار۔

**چنڈو** (ہ) اسم مذکر۔ ایک طرح کا نشہ جو افیون کو پانی میں پکا کر بنایا جاتا ہے اور حقہ کی طرح پیا جاتا ہے۔

**چنڈوباز** (ا) اسم مذکر فاعل ① چنڈو کا نشہ پینے والا ② زرد رنگ کا آدمی۔

**چنڈول** (ہ) اسم مونث ① ایک خوش الحان چڑیا سے بڑے اور تاجدار پرندے کا نام ہے بیہودہ آدمی ② بے وقوف شخص ③ سکھپال ④ ڈولا ⑤ ایک زنانہ سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں ⑥ ایک مٹی کا کھلونا۔

**چنری** (ہ) اسم مونث ① رنگ برنگ کا زنانہ دوپٹہ ② چونری ③ چونریا۔

**چنگ** (ہ) اسم مونث ① کمر کا جھٹکا ② ایک طرح کی بٹیر بھی ہے جو گرمی

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140077218

میں نکلتی ہے۔

چنگ (ہ) اسم مونث ① ایک طرح کا کنکوا جس کو رات کے وقت غبارہ کی طرح ایک گیند روشن کر کے اڑاتے ہیں ② گنجفہ کی ایک بازی کا نام ③ چننگ ④ سوزش مثانہ ⑤ پیشاب تکلیف سے آنے کی بیماری۔

چنگ (ف) اسم مذکر ① ایک باجے کا نام ہے ② آدمی یا جانور کا پنجہ۔

چنگا (ہ) اسم صفت ① اچھا ② تندرست ③ طاقتور سورما (اکثر بھلا کے ساتھ مستعمل ہے)

چنگاری چنگی (ہ) اسم مونث ① انگاری ② اخگر ③ شرارہ ④ آگ کا پتنگا ⑤ لوگوں کو رنجیدہ کرنے والی بات ⑥ ناراض کرنے والا کلام۔

چنگاری چھوڑنا (ہ) فعل ① فتنہ انگیزی کی بات کرنا ② رنجیدہ بات کرنا ③ آگ لگانا ④ لڑائی کرانا ⑤ فساد مچوانا۔

چنگاری/چنگی ڈالنا (ہ) فعل ① آگ لگانا ② فساد کرنا ③ فتنہ برپا کرنا ④ لڑائی کرانا ⑤ لڑائی کا باعث بننا۔

چنگاریاں چھوٹنا (ہ) فعل ① آگ کی لپیٹیں اٹھنا ② آگ کے شرارے نکلنا ③ نہایت غصہ اور غضب کا اظہار ہونا ④ خونخواری برسنا ⑤ بہادر اور خونخوار شخص کی صفت میں بولتے ہیں۔

چنگل (ف) آدمی یا جانور کا پنجہ ① مٹھی ② ہاتھ۔

چنگھاڑ (ہ) اسم مونث ① چیخ ② چلا کر آواز دینا ③ زور کی آواز ④ ہاتھی یا دیو کی آواز۔

چنگھاڑ مارنا (ہ) فعل ① ڈراؤنی آواز نکالنا ② ہاتھی یا دیو کا چیخ مارنا۔

چنگھاڑنا (ہ) فعل ① ہاتھی کا گرجنا ② ہاتھی کا چیخ مارنا ③ دھاڑنا ④ مہیب آواز نکالنا ⑤ مور کا جھنگارنا ⑥ مور کا بولنا۔

چنگی (ہ) اسم مونث ① چنگاری ② شرارہ ③ اخگر ④ آگ کا پتنگا ⑤ رنجدہ بات۔

چنگی (ہ) اسم مذکر ① چٹکی بھر ② ذرا سا ③ ٹیکس محصول جو باہر سے آنے والی اشیاء پر شہروں میں لیا جاتا ہے۔

چنگیر (ہ) اسم مونث ① پھولوں کی ٹوکری ② پھول رکھنے کا خوان ③ خوان کا سرپوش۔

چنگیری (ہ) اسم مونث ① روٹیاں رکھنے کی ٹوکری ② ایک قسم کی پھیلی ہوئی بیٹھک دار ٹوکری ③ گندم کی تیلیوں کی ٹوکری کا کنارہ۔

چنندہ (ا) اسم مذکر ① منتخب ② اچھے سے اچھا ③ چوٹی کا ④ نہایت عمدہ۔

چننگ (ہ) اسم مونث ① پیشاب کرتے وقت کی جلن ② پیشاب کی سوزش۔

چنوانا (ہ) فعل ① چننا کا متعدی ② بنوانا ③ اکٹھا کروانا ④ تعمیر کروانا۔

چنور (ہ) اسم مذکر ① مورچھل ② چنوری ③ سرا ④ گائے کی دم کے بالوں کا گچھا جو امیروں کے پاس مکھیاں اڑانے کے لئے ہوتا ہے ⑤ مگس ران۔

چنہ (ہ) اسم مونث ① علامت ② نشان ③ خط وخال ④ اشارہ ⑤ کنایہ ⑥ شناخت۔

چنی (ہ) اسم مونث۔ یاقوت سرخ کا ٹکڑا جو موتیوں کے ساتھ نتھ میں ڈالتے ہیں۔

چنیا بطخ (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی چھوٹی اور خوبصورت چتیوں دار بطخ۔

چنیا گوند (ہ) اسم مذکر۔ ڈھاک کا گوند۔

چنے کا مارا مرنا (ہ) فعل۔ ذرا سی چوٹ سے مرنا۔

چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا (ا) محاورہ۔ مجرم کے ساتھ بے گناہ کی بھی شامت آگئی۔

## چ ← و

چو (ہ) اسم عدد ① چار ② اربع ③ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے چوکور، چوپیہ۔

چوا (ہ) اسم مذکر ① گنجفہ کا چار نقطوں والا ورق ② چار چیزوں کا ڈھیر۔

چوالیس (ہ) اسم عدد ① چالیس اور چار چہل وچار ② ۴۴۔

چوانا (ہ) فعل۔ ٹپکانا۔

چواؤ (ہ) اسم مذکر ① ٹپکاؤ ② رساؤ ③ نچوڑ۔

چوب (ف) اسم مونث ① لکڑی ② کندہ ③ سونٹا ④ شامیانے یا خیمہ کی لکڑی ⑤ باجا بجانے کی لکڑی ⑥ آنکھ کی چوٹ۔

چوبا (ہ) اسم مذکر ① کیل ② کھونٹا ③ میخ ④ ایک قسم کے میٹھے چاول۔

چوبا (ہ) اسم مذکر ① چار ویدوں کا عالم برہمن متھرا کے برہمنوں کی ایک قوم ② چتر ویدی۔

چوبارا (ہ) اسم مذکر ① چار دروازوں والا ② مکان کے اوپر کا کمرہ جس کے چاروں طرف دروازے یا کھڑکیاں ہوں۔

چوبائی (ہ) اسم مونث ① چاروں طرف ہوا ② چوطرفی ہوا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907218

چوبچہ (ا) اسم مذکر (1) اصل میں چاہ بچہ تھا (2) چھوٹا حوض (3) حوضہ (4) گندے پانی کا گڑھا۔

چوب چینی (ف) اسم مونث (1) ایک دوا کا نام (2) گل عباسی کی جڑ۔

چوبدار (ف) اسم مذکر فاعل سماعی (1) عصا بردار (2) نقیب (3) سونٹا بردار (4) دربار شاہی کا نقیب جن کے ہاتھوں میں سونے چاندی کے منڈھے ہوئے ڈنڈے ہوتے ہیں۔

چوبدستی (ف) اسم مونث (1) ہاتھ کی لکڑی (2) چھڑی۔

چوبرسی (ہ) اسم مونث۔ ہندوؤں کی ایک رسم ہے جو مردے کے چار سال بعد کرتے ہیں۔

چوبغلا (ا) اسم مذکر (1) کرتے (2) انگرکھے یا چوغے کی بغل کے نیچے کا حصہ۔

چوبندی (ہ) اسم مونث (1) نعلبندی (2) خراج۔

چوبولا (ہ) اسم مذکر (1) چار مصرعوں کا گیت (2) ہندی زبان کا ایک گیت۔

چوبی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی۔ لکڑی کا بنا ہوا۔

چوبیس (ہ) اسم عدد (1) چار اور بیس (2) بست و چہار (3) ۲۴۔

چوبیسا (ہ) اسم مذکر (1) چوبیس گانوں کا پرگنہ (2) ایک قسم کا تعویذ (3) چوبیس کا نقش۔

چوپایہ (ف) اسم مذکر (1) چار پاؤں کا جانور (2) چار پایہ جیسے بیل (3) گھوڑا وغیرہ۔

چوپال (ہ) اسم مونث (1) بیٹھک (2) نشستگاہ (3) گاؤں کا پنچایتی مکان۔

چوپائی۔ یا۔ چوپئی (ہ) اسم مونث۔ رباعی چار مصرعوں کی نظم۔

چوپٹ (ہ) اسم صفت (1) چاروں طرف سے کھلا (2) چاروں دروازے کھلے ہوئے (3) فراخ (4) نابینا (5) اندھا (6) سور دامن (7) جاہل (8) مطلق (9) ویران۔

چوپٹ کرنا (ہ) فعل (1) اجاڑنا (2) ویران کرنا (3) لوٹنا (4) غارت کرنا۔

چوپڑ (ہ) اسم مونث (1) نردبازی (2) چوسر (3) پچیسی (4) بساط چوسر (5) چوسر کا وہ کپڑا جس پر نردیں رکھتے ہیں۔

چوپڑ کا بازار (ا) اسم مذکر ظرف (1) وہ بازار جس کے چاروں طرف دوکانیں ہوں (2) چارسو بازار (3) چار رستوں کا بازار۔

چوپہلا (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا ڈولا (2) محافہ۔

چوپھلا (ہ) اسم مذکر صفت (1) چار پھل والا (2) چاقو (3) وہ چاقو جس کے چار کارد ہوں۔

چوپہل (ہ) اسم صفت۔ مربع چار پہلو (اسم مونث) چوڑی اینٹ۔

چوتارا (ہ) اسم مذکر (1) چار تار کا بنایا ہوا کپڑا (2) ایک باجے کا نام (3) باجے کے ایک اوزار کا نام۔

چوتالا (ہ) اسم مذکر (1) طبلہ بجانے کا ایک طریق (2) چار ضرب۔ ایک قسم کا گیان بھی ہے۔

چوترا بنانا (ہ) فعل (1) اینٹ سے اینٹ بجانا (2) مسمار کرنا (3) ڈھانا۔

چوتڑ (ہ) اسم مذکر (1) کولا (2) پٹھا (3) سرین (4) کفل۔

چوتھ (ہ) اسم مونث (1) ہر ایک پاکھ کی چوتھی تاریخ (2) آمدنی کی چوتھائی جو مرہٹے خراج کے طور پر لیا کرتے تھے (3) چوتھا حصہ (4) چار یک (5) ربع۔

چوتھا (ہ) اسم صفت عددی (1) چہارم (2) رابع (3) میت کے چوتھے یا تیسرے دن کی رسم (4) سوم (5) تیجا۔

چوتھائی (ہ) اسم مونث۔ چوتھا حصہ رابع۔

چوتھی (ہ) اسم مونث چوتھا کی تانیث۔ بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے۔

چوتھی کا جوڑا (ہ) اسم مذکر۔ وہ قیمتی جوڑا جو ساچق کے دن چوتھی کے نام سے دیا جاتا ہے۔ جس کو دلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔

چوتھی کھیلنا (ہ) فعل۔ چوتھی کے دن دولھن کے گھر جا کر چھڑیوں اور میووں وغیرہ سے کھیلنا ان چیزوں کو ایک کا دوسرے پر پھینکنا۔

چوتھے پانچویں (ہ) تابع فعل (1) گاہ بگاہ (2) کبھی کبھار (3) گاہے گاہے۔

چوتہی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا سوتی بستر جس کو چار تہ کر کے بچھاتے ہیں۔

چوتھیا (ہ) اسم مذکر (1) چوتھے روز کا بخار (2) نمبردار (3) زمیندار۔

چوٹ (ہ) اسم مونث (1) صدمہ (2) ضرب (3) مار (4) کوفت (5) دکھ (6) درندے (7) جانور کا حملہ (8) وار (9) طعن۔

چوٹ آنا (ہ) فعل (1) صدمہ پہنچنا (2) ضرب آنا (3) طعنہ مارنا (4) آوازہ کسنا۔

چوٹ ابھرنا (ہ) فعل (1) درد کا دوبارہ ظاہر ہونا (2) صدمہ کا از سر نو دکھنا۔

چوٹ بچانا (ہ) فعل (1) حریف کا وار خالی دینا (2) دشمن کی ضرب سے بچنا۔

چوٹ چلنا (ہ) فعل (1) وار چلنا (2) حملہ کرنا (3) طعنہ دینا (4) طنز کرنا (5) دو

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314 0172 18

حریفوں کا باہم وار چلنا ⑥ باہم لڑنا ⑦ وار کرنا۔

**چوٹ کرنا** (ہ) فعل ① کاٹنا ② ڈسنا ③ ضرب مارنا ④ وار کرنا ⑤ داؤں کرنا ⑥ طعنہ دینا۔

**چوٹ کھانا** (ہ) فعل ① نقصان اٹھانا ② مار کھانا ③ پٹنا ④ زخمی ہونا۔

**چوٹ لگنا** (ہ) فعل ① ضرب لگنا ② صدمہ پہنچنا ③ اثر ہونا ④ عشق ہونا ⑤ پھانس لگنا۔

**چوٹا** (ہ) اسم مذکر ① چور ② درز ③ اچکا ④ اٹھائی گیر۔

**چوٹی** (ہ) اسم مونث ① سر کے بال ② چونڈا ③ جعد ④ گندھے ہوئے بال ⑤ عورتوں کے سر کے بال ⑥ پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ ⑦ قلہ کوہ ⑧ پرندے کی کلغی ⑨ بڑا سردار۔

**چوٹی رکھنا** (ہ) فعل۔ سر پر منت کے بال رکھنا۔

**چوٹی کا** (ہ) اسم صفت ① سب سے اول ② اول درجہ کا ③ عمدہ ④ بڑھیا۔

چھٹا ہوا

**چوٹی کرنا/ کنگھی چوٹی کرنا/ چوٹی گوندھنا** (ہ) فعل ① بال سنوارنا ② بال گوندھنا۔

**چوٹی والا** (ہ) اسم مذکر ① بھتنا ② ہمزاد ③ سایہ ④ بلا۔

**چوٹی ہاتھ ہونا** (ہ) فعل ① قابو میں ہونا ② بس میں ہونا ③ بھوتنے کا قابو میں ہونا۔

**چوٹی** (ہ) اسم مونث ① چوٹا کی تانیث ② چور عورت ③ چورنی ④ عیارہ۔

**چوٹی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی** (ہ) مثل۔ کسی بدیانت کو امانت سونپنا۔

**چوچڑ** (ہ) اسم مذکر صفت ① بے وقوف ② بدھو ③ بھوندو ④ کم دودھ دینے والی گائے۔

**چوچلا/ چونچلا** (ہ) اسم مذکر ① پیار ② اخلاص ③ ناز نخرہ ④ لاڈ۔

**چوچلا بگھارنا** (ہ) فعل ① ناز و انداز کرنا ② نخرے کرنا۔

**چوچل ہائی** (ہ) اسم مونث ① نازک مزاج ② نخرے والی ③ اترانے والی۔

**چوچند** (ا) اسم صفت ① جا گنا ② چار گنا ③ چار چند۔

**چوچی** (ہ) اسم مونث ① عورت کا تھن ② پستان ③ چھاتی ④ جیجی۔

**چوچی پیتا** (ہ) اسم صفت ① نادان ② بے تمیز ③ بے عقل ④ بچہ ⑤ دودھ پیتا۔

**چوچی پینا** (ہ) فعل ① دودھ پینا ② آنچل منہ میں ڈالنا۔

**چودانی** (ہ) اسم مونث۔ موتیوں کے چار دانوں والا کان میں پہننے کا ایک زیور۔

**چودس** (ہ) اسم مونث ① چاند کی چودہ تاریخ ② ہندی مہینے کے پر باکھ کی چودھویں۔

**چودہ** (ہ) اسم عدد ① چار اوپر دس ② چہاردہ ۱۴ ③ بیس سے چھ کم۔

**چودہ بدیا** (ہ) اسم مونث ① ہندی کے چودہ علموں کا عالم ② بڑا فاضل ③ پختہ کار ④ تجربہ کار ⑤ نہایت قابل اور لائق پنڈت۔

**چودہ بدیا ندھنان** (ہ) اسم مذکر ① چودہ علموں کا عالم ② بڑا فاضل ③ پختہ کار ④ تجربہ کار ⑤ نہایت قابل اور لائق پنڈت۔

**چودہ خانوادے** (ا) اسم مذکر ① زاہدوں اور عارفوں کے چودہ خاندان ② جو چار پیروں سے نکلے ہیں۔

**چودھرات/ چودھرایت** (ہ) اسم مونث۔ اسم مصدری ① چودھری کا عہدہ ② نمبرداری ③ سرداری ④ چودھری بننے کا حق ⑤

**چودھری** (ہ) اسم مذکر ① نمبردار ② ہم پیشہ ③ لوگوں کا بڑا سردار ④ افسر ⑤ زمینداروں کا خطاب۔

**چودھویں** (ہ) اسم صفت ① چہاردہم ② چودہ سے نسبت رکھنے والا۔

**چودھویں رات** (ہ) اسم مونث ① شب چہاردہم ② چاند کی وہ رات جس میں وہ پورا ہو جاتا ہے۔

**چودھویں رات کا چاند** (ہ) اسم مذکر ① ماہ کامل ② بدر ماہ تمام ③ پورنماشی کا چاند ④ مجازاً معشوق۔

**چور** (ہ) اسم مذکر فاعل ① چوٹا ② دزد ③ سارق ④ غاسور ⑤ چھپا زخم ⑥ مہندی لگانے کے بعد جو سفیدہ رہ جاتی ہے۔

**چوراچکا** (ہ) اسم صفت ① چور بھی اور ٹھگ بھی ② چور ٹھگ وغیرہ۔

**چوراچکا چودھری غنڈی رن پردھان** (ہ) مثل۔ زمانے کا انقلاب ہے۔ کمینے اور سفلے عروج پا رہے ہیں کسی پر عیب آدمی کے جھگڑے میں غالب رہنے کے وقت بولتے ہیں۔

**چور بالو** (ہ) اسم مذکر ① چہلا ② دلدل ③ یالو بیت سراب۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

**چور بدن** (ہ) اسم مذکر ① وہ بدن جس کی موٹائی معلوم نہ ہو ② پوشیدہ موٹائی۔

**چور بیٹھنا** (ہ) فعل ① اندیشہ ہونا ② بدگمانی ہونا ③ بدظنی ہونا۔

**چور پر مور پڑنا** (ہ) فعل ① چور کے گھر میں چوری ہو جانا ② ٹھگوں کو ٹھگنا۔

**چور پیٹ** (ہ) اسم صفت ① نامعلوم حمل ② وہ پیٹ جس کا حمل معلوم نہ ہو ③ مداری کے کرتب دکھانے کا دو پیٹیا لوٹا۔

**چوپہرہ** (ہ) اسم مذکر ① خفیہ پہرہ ② پوشیدہ ③ چوکیداری۔

**چور پیسا** (ہ) اسم مذکر۔ ڈبل پیسا جو گر کر مشکل سے ملا کرتا ہے۔

**چور تالا** (ہ) اسم مذکر ① بے معلوم قفل ② ہضمی تالا۔

**چور لیک** (ہ) اسم مذکر۔ چور راستہ۔

**چورو چتر** (ہ) اسم مذکر ① آپ ہی چور اور خود ہی شاہد ② چور بھی اور کوتوال بھی۔

**چور چکار** (ہ) اسم مذکر ① چور ٹھگ ② چور اور اچکا ③ چور بدمعاش۔

**چور چوری سے جائے ہیرا پھیری سے نہ جائے** (ہ) بدعادت چھوٹا نہیں کرتی۔

**چور چرائے اور گردن ہلائے** (ا) مثل۔ برا کام کر کے مکر جانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**چور خانہ** (ا) اسم مذکر ① صندوقچہ کا خفیہ خانہ ② پنجرے کے اندر کا خانہ در خانہ ③ خلوت گاہ ④ خلوت خانہ۔

**چور دروازہ** (ا) اسم مذکر ① وہ دروازہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو ② خفیہ دروازہ۔

**چور راستہ** (ہ) اسم مذکر ① غیر مشہور راستہ ② نامعلوم راستہ۔

**چور زمین** (ہ) اسم مونث ① دلدلی زمین ② دلدل ③ دھساؤ۔

**چور سے کہے چوری کر ساہ سے کہے تیرا گھر لٹا** (ہ) مثل ① اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان کرائے اور خود ہی ہمدردی جتائے ② دونوں طرف مل جانے والا آدمی۔

**چور کھڑکی** (ہ) اسم مونث ① پوشیدہ دریچہ ② غیر مشہور کھڑکی۔

**چور کا بھائی گھ کترا** (ہ) مثل ① برے کا ساتھی برا ② بد کا ساتھی بد۔

**چور کا شاہد چراغ** (ا) مثل۔ جب کوئی چور کسی کا بھید کھول دے اس وقت بولا کرتے ہیں۔

**چور کا مال سب کوئی کھائے چور کی جان اکارت جائے** (ہ) مثل۔ برے سے فائدہ تو ہر کوئی اٹھا لیتا ہے مگر اس کی مصیبت میں ہمدرد کوئی نہیں بنتا۔

**چور کو چور ہی پہچانے / چور کو چور ہی سوجھتا ہے** (ہ) مثل۔ جیسے کو تیسا ہی تاڑتا ہے اور ہر شخص دوسرے کو اپنے جیسا ہی سمجھتا ہے۔

**چور کی داڑھی میں تنکا** (ہ) کہاوت ① عیب دار کو ہمیشہ کھٹکا رہتا ہے ② چور چوری کی بات کو اپنے ہی اوپر لے جاتا ہے۔

**چور کی ماں کوٹھی میں سر دے اور روئے** (ہ) مثل ① برے کا بھیدی دل ہی دل میں کڑھتا ہے ② چور کی ماں چھپ کر بھڑاس نکالتی ہے کسی کے سامنے کیا کہے۔

**چور کے پیر کہاں** (ہ) محاورہ۔ چوری میں استقلال نہیں ہو سکتا۔ ذرا سی آہٹ سے بھاگ جاتا ہے۔

**چور گلی** (ہ) اسم مونث ① خفیہ راستہ ② پوشیدہ کوچہ۔

**چور گیا کہ اندھیر** (ہ) مثل ① بدی کے مواقع بہت ہیں ② بدکار آدمی موقع پا کر ضرور بدی کرتے ہیں۔

**چور محل** (ا) ① وہ بیوی جو بیاہتا نہ ہو ② حرام عورت ③ منکوحہ کی ضد۔

**چور مونگ / ارڑ** (ہ) اسم مذکر ① وہ ارڑ جو گلتی نہیں □ دشمن کی ضرب سے بچنا ③ چور کا مال خریدنے والا دکاندار۔

**چور ہٹیا** (ہ) اسم فاعل۔ چوروں کا مال خریدنے والا دوکاندار۔

**چور** (ہ) اسم مذکر ① ریزہ ② ٹکڑا ③ تھکا ہوا ④ مست ⑤ بے ہوش ⑥ سرشار۔

**چورا** (ہ) اسم مذکر ① ریزہ ② برادہ ③ سفوف۔

**چورا کرنا** (ہ) فعل ① ریزہ ریزہ کرنا ② پیسنا ④ کوٹنا ⑤ خوب مارنا ⑥ زدوکوب کرنا۔

**چوراسی** (ہ) اسم عدد ① اسی اور چار ② ہشتاد و چہار ۸۴۔

**چوراسیا** (ہ) اسم صفت ① چوراسی سال کی عمر کا ② (بحالت اسم مذکر) برہمنوں کی ایک قوم۔

**چورانوے / چورانویں** (ہ) اسم عدد ① نوے اور چار ② نود و چہار ③ ۹۴۔

**چوراہا** (ہ) اسم مذکر ① وہ مقام جہاں سے چاروں طرف کو رستہ جاتا ہو ② چوک۔

**چورس** (ہ) اسم صفت ① چوکور ② ہموار ③ مربع ④ مسطح۔

www.besturdubooks.net

چورسانا (ہ) فعل (1) ہموار کرنا (2) مسطح کرنا (3) چوکور بنانا (4) صاف کرنا۔

چورسائی (ہ) اسم مونث (1) ہمواری (2) یکسانیت۔

چورما (ہ) اسم مذکر (1) ملیدہ (2) روٹی کو گھی اور میٹھا ڈال کر خوب ملا ہوا۔

چورن (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی کو رفع کرنے کو کھاتے ہیں (2) پھنکی۔

چوڑنا (ہ) فعل۔ ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی پتلی چیز کو دودھ وغیرہ میں ڈبونا۔

چورنگ (ہ) اسم مذکر (1) مشق (2) شمشیر (3) وہ چیزیں جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں (4) ایک ہی وار میں چار ٹکڑے کرنا (5) تلوار کی ضرب (6) تلوار کا وار (7) تلوار کا ہاتھ۔

چورنگ کاٹنا (ہ) فعل (1) تلوار کے ایک ہی وار میں چار ٹکڑے کرنا (2) ضرب شمشیر سے ٹکڑے ٹکڑے اڑا دینا۔

چوری (ہ) اسم مونث (1) گھی اور میٹھا ملا کر چورا کی ہوئی روٹی (2) روٹی کا مالیدہ (3) چورما۔

چوری (ہ) اسم مونث۔ بیائے مصدری (1) سرقہ (2) دزدی۔

چوری اور چترائی (ہ) محاورہ (1) ایک تو چوری کرنا (2) دوسرے حیلہ بازی جتانا۔

چوری اور سرزوری/ چوری اور سینہ زوری (ا) کہاوت (1) ایک تو قصور کرنا پھر اکڑنا بھی (2) اپنے قصور پر نادم نہ ہونا (3) الٹا دوسروں کو قصوروار ٹھہرانا۔

چوری چوری/ چوری چھپے/ چوری سے (ہ) تابع فعل (1) درپردہ (2) خفیہ طور سے (3) چھپے چھپے۔

چوری کا گڑ میٹھا (ہ) کہاوت۔ مفت کا اور حرام مال سب کو پیارا لگتا ہے۔

چوڑا (ہ) اسم صفت (1) فراخ (2) کشادہ (3) چکلا (4) عریض۔

چوڑا (ہ) اسم مذکر (1) ہاتھی دانت یا لاکھ یا چاندی کی چوڑیوں کا جوڑا (2) ایک قسم کا زیور۔

چوڑا (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول (1) پیشاب گوبر وغیرہ ملی ہوئی کیچڑ (2) (بصورت صفت) گیلا (3) میلا (4) بہت غلیظ (5) بھیگا ہوا۔

چوڑا کر دینا (ہ) فعل (1) سخت میلا کر دینا (2) نہایت غلیظ کرنا (3) گیلا کرنا (4) بھگو دینا۔

چوڑان (ہ) اسم مونث و مصدری (1) چوڑائی (2) عرض (3) پہنائی (4) فراخی (5) وسعت۔

چوڑانا (ہ) فعل (1) پھیلانا (2) فراخ کرنا (3) وسیع کرنا (4) کشادہ کرنا۔

چوڑاؤ (ہ) اسم مذکر (1) پھیلاؤ (2) پاٹ (3) عرض (4) فراخی۔

چوڑائی (ہ) اسم مونث (1) فراخی (2) کشادگی (3) پھیلاؤ (4) وسعت۔

چوڑی (ہ) اسم مونث (1) سونے چاندی لاکھ وغیرہ کے حلقے جو سہاگن عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں (2) دست برنجن (3) پیچ کا ہر حلقہ جو کسی پرزے میں کٹا ہوتا ہے (4) چمنی وغیرہ کانچ کی اشیاء کا بال یعنی شکن (5) جو ٹوٹنے سے پڑ جاتا ہے (6) (بحالت صفت) نہایت نازک اور بودی چیز۔

چوڑی کی مثال/ مانند (ا) اسم صفت (1) نہایت نازک (2) بودا۔

چوڑیا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

چوڑی دار پائجامہ (ا) اسم مذکر۔ تنگ موری کا سلوٹوں والا پاجامہ۔

چوڑیاں (ہ) اسم مونث۔ چوڑی کی جمع۔

چوڑیاں بڑھانا (ہ) فعل۔ چوڑیاں اتارنا۔

چوڑیاں پہننا (ہ) فعل (1) ہاتھوں مین چوڑیاں ڈالنا (2) نامرد ہو کر مردی اختیار کرنا (3) شادی کرنا (4) نکاح ثانی کرنا۔

چوڑیاں پہنانا (ہ) فعل۔ بیوہ عورت کی شادی کرنا۔

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا (ہ) فعل (1) محاورہ۔ خاوند کے مرجانے پر یا لڑائی میں غیظ غضب کھا کر چوڑیاں توڑنا (2) (ان دو موقعوں کے سوا یہ کام فال بد ہے۔)

چوزہ (ا) اسم مذکر (1) مرغی کا بچہ (2) پٹھا (3) نوعمر اور خردسال لڑکا (4) جوان لڑکی (5) پٹھیا۔

چوزہ باز (ا) اسم مونث (1) بچوں سے زیادہ رغبت رکھنے والی (2) لونڈوں سے فعل بد کرنے والی کسبی۔

چوسٹھ/ چونسٹھ (ہ) اسم عدد (1) ساٹھ اور چار (2) شصت و چہار (3) ۶۴۔

چوسر (ہ) اسم مونث (1) نرد بازی (2) چوپڑ (3) پچیسی (4) بساط (5) جس پر نردیں رکھتے ہیں۔

چوسر باز (ا) اسم مذکر فاعل۔ چوپڑ کا کھلاڑی۔

چوسنا (ہ) فعل (1) نچوڑنا (2) جذب کرنا (3) دودھ پینا (4) عرق نکال لینا۔

چوغہ (ت) اسم مذکر (1) جبہ (2) لبادہ (3) عبا (4) نہایت تہذیب کا لباس۔

چورس (ہ) اسم مونث (1) بھول (2) قصور (3) غلطی (4) سہو (5) ایک قسم کا کھٹا

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314...218

www.besturdubooks.net

ساگ (6) لیموں سے بنی ہوئی ایک کھٹی چیز (7) ترش (8) نہایت کھٹا۔

**چوک** (ہ) اسم مذکر (1) مربع میدان (2) وہ بڑا بازار جس میں چار طرف سے راستے ہوں (3) صحن (4) انگنائی (5) سامنے کے چار دانت خواہ اوپر کے خواہ نیچے کے (6) ایک زیور کا نام بھی ہے جو سر پر پہنتی ہیں۔

**چوکا** (ہ) اسم مذکر (1) ہندوؤں کے روٹی کھانے اور پکانے کا مقام (2) چار مساوی اور یکساں ہم جنس چیزوں کی تعداد (3) اگلے چار دانتوں کی لڑی (4) سنگ مرمر (5) کی چوکور سل (6) مربع سل (7) مربع پتھر۔

**چوکا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا کھٹا ساگ (2) (بصورت فعل) چوکنا سے ماضی مطلق۔

**چوکر** (ہ) اسم مذکر (1) چوکھر (2) بھوسی۔

**چوکڑ** (ہ) اسم صفت (1) نہایت اچھا (2) عمدہ (3) اعلے۔

**چوکڑی** (ہ) اسم مونث (1) ہرن کی کلانچ (2) چاروں پیر جوڑ کر ہرن کی چھلانگ (3) چار گھوڑوں کی بگھی (4) حد (5) حد بست۔

**چوکڑی بھرنا** (ہ) فعل (1) زغند لگانا (2) چھلانگ مارنا (3) ہرن کا لانچیں مارنا۔

**چوکڑی بھول جانا** (ہ) فعل (1) گھبرا جانا (2) جوش جاتا رہنا (3) سٹ پٹا جانا۔

**چوکس** (ہ) اسم صفت (1) ہوشیار (2) خبردار (3) چوکر (4) سرتا (5) سپرد (6) حوالے (7) تول (8) جوکھ میں پورا۔

**چوکس رہنا** (ہ) فعل (1) ہوشیار رہنا (2) خبردار رہنا (3) اچھی طرح نگہبان رہنا۔

**چوکسی** (ہ) اسم مونث (1) ہوشیاری (2) خبرداری (3) نگہبانی (4) احتیاط۔

**چوکنا** (ہ) اسم صفت (1) چار کانوں والا مجازاً نہایت ہوشیار (2) خبردار۔

**چوکنا** (ہ) فعل (1) غلطی کرنا (2) خطا کرنا (3) بھول جانا (4) سہو ہونا۔

**چوکنا/ چونکنا** (ہ) فعل (1) نیند میں اچھل پڑنا (2) متوحش ہونا (3) ڈرنا (4) خوف کھانا (5) پدکنا (6) بھڑکنا۔

**چوکور** (ہ) اسم صفت (1) مربع (2) چوگوشہ (3) چورس (4) مذاقاً (5) موٹا آدمی (6) فربہ اندام۔

**چوکھا** (ہ) اسم صفت (1) کھرا (2) بے کھوٹ (3) بے میل (4) بے غش (5) اچھا (6) خوب (7) بلے کا ترجمہ (8) نادر (9) عمدہ۔

**چوکھٹ** (ہ) اسم مونث (1) دروازہ کی چار لکڑیاں جن میں کواڑ لگاتے ہیں (2) چوب آستانہ (3) دہلیز (4) عتبہ۔

**چوکھٹا** (ہ) اسم مذکر (1) ڈھانچا (2) تصویر یا قطعہ وغیرہ کا فریم (3) آئینہ کا گھر۔

**چوکھونٹ** (ہ) اسم ظرف (1) چاروں طرف (2) چودیس (3) دیسا (4) عالم (5) (تابع فعل) ہر طرف (6) ہر سو۔

**چوکھونٹا** (ہ) اسم صفت (1) چوپہل (2) چار گوشہ (3) مربع۔

**چوکی** (ہ) اسم مونث (1) چھوٹا سا تخت (2) کرسی (3) پہرا (4) پاسبانی (5) اسٹیشن (6) پڑاؤ (7) خدمت (8) سیوا (9) نوکری۔

**چوکی بٹھانا** (ہ) فعل (1) پہرا بٹھانا (2) نگہبانی کرنا (3) حراست میں لینا (4) محافظ بٹھانا (5) جادو کرنا (6) پیر بٹھانا (7) موکل مقرر کرنا۔

**چوکی بھرنا** (ہ) فعل (1) باری باری جاگنا (2) پہرہ دینا (3) بھینٹ چڑھانا (4) پیار دلوانا۔

**چوکی پر جانا** (ا) فعل (1) امرا کا پاخانے میں جانا (2) صحت خانے میں جانا۔

**چوکی جانا** (ہ) فعل۔ خرچی پر جانا۔

**چوکی خانہ** (ا) اسم مذکر۔ امرا کے حاضر ہونے کا مکان۔

**چوکی دینا** (ہ) فعل (1) پہرا دینا (2) نگہبانی کرنا (3) کرسی دینا (4) کرسی پر بٹھانا۔

**چوکیدار** (ا) اسم مذکر (1) پاسبان (2) نگہبان (3) پہریدار (4) محافظ (5) نگران۔

**چوکیدارا** (ا) اسم مذکر (1) چوکیداری کا ٹیکس (2) چوکیدار کی نوکری کی اجرت۔

**چوکیداری** (ا) اسم مونث (1) پاسبانی (2) حفاظت (3) چوکیداری کی نوکری (4) حفاظت کا ٹیکس۔

**چوگا** (ہ) اسم مذکر (1) پرندوں کی خوراک (2) دانہ۔

**چوگان/ چوغان** (ف) اسم مذکر (1) گیند کا بلا (2) پولو کا کھیل (3) جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلتے ہیں (4) نقارے کی چوب (5) گلی کا ڈنڈا۔

**چوگڈا** (ہ) اسم ظرف۔ وہ مقام جہاں چار گاؤں کی حد ملتی ہے۔

**چوگڈی** (ہ) اسم مونث۔ جانوروں اور پرندوں کو پکڑنے کی کل جو بانس کی تیلیوں سے بناتے ہیں۔

**چوگرد** (ا) تابع فعل (1) گرداگرد (2) چاروں طرف (3) آس پاس۔

**چوگلا** (ا) اسم مذکر (1) چار پتیوں کا پھول (2) گل چار برگہ۔

**چوگنا** (ہ) اسم صفت۔ چار چند۔

**چوگوشیا** (ا) اسم مذکر (1) چار گوشہ والی ٹوپی (2) ایک قسم کا ترکی گھوڑا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314-4077218

www.besturdubooks.net

چوگھڑا (ہ) اسم مذکر ① چار خانے والا بکس ② بچوں کے ایک کھلونے کا نام بھی ہے ③ ساچق کی آرایش کی وہ ٹھلیاں جو میوے سے بھر کر ایک ایک تختہ پر چار چار رکھتے ہیں ④ الائچی۔

چول (ہ) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جاتا ہے ① قفل ② جوڑ بند۔

چولا (ہ) اسم مذکر ① بدن ② جسم ③ تن ④ ایک پوشاک کا نام جو دولھن کو برات کے دن پہناتے ہیں ⑤ چولی ⑥ انگرکھے کا اوپر کا حصہ۔

چولا بدلنا (ہ) فعل ① قالب بدلنا ② ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا۔

چولا چھوڑنا (ہ) فعل ① پران چھوڑنا ② مرنا ③ انتقال کرنا۔

چولائی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا ساگ لال ساگ۔ اس کے بیج کو بھون کر لڈو بناتے ہیں۔

چولھا (ہ) اسم مذکر ① آتشدان ② آگ رہنے کی جگہ ③ ہنڈیا پکانے کی جگہ۔

چولھے آگ نہ گھڑے پانی (ہ) کہاوت۔ نہایت مفلس اور کنگال کی نسبت بولتے ہیں۔

چولھے میں پڑے / چولھے میں جائے (ہ) محاورہ ① آگ لگے ② خاک میں ملے ③ اجڑ جائے ④ ہمیں اس سے کچھ سروکار نہیں۔

چولی (ہ) اسم مونث ① انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ ② انگیا۔

چولی دامن کا ساتھ (ہ) لازم ملزوم ① ہمیشہ ساتھ رہنے والے دو آدمی ② قدیمی ساتھ۔

چولیں ڈھیلی ہونا (ہ) فعل۔ کام کی وجہ سے زیادہ چلنے پھرنے سے تھک کر چور چور ہونا۔

چوما (ہ) اسم مذکر ① بوسہ ② پپی ③ مِٹھی۔

چوما چاٹی (ہ) اسم مونث ① بوس و کنار ② ناز و نیاز۔

چوماسہ (ہ) اسم مذکر ظرف زمان ① برکھا ② رت ③ برسات کے چار مہینے ④ موسم برسات۔

چوم چاٹ کے چھوڑنا (ہ) فعل ① کام نکال کر چھوڑ دینا ② بے قابو چیز کو سلام کر کے اس سے باز آنا ③ ہاتھ اٹھانا۔

چومکھ (ہ) اسم مذکر ① وہ چراغ جس کی چار بتیاں چاروں طرف روشن ہوں ② چار بتی کا چراغ خواہ دھات کا ہو یا آٹے مٹی وغیرہ کا۔

چومکھ جلانا (ہ) فعل ① منت کا چراغ جلانا ② نذر کا دیا جلانا۔

چومکھا (ہ) اسم صفت ① چار منہ کا (اسم مذکر) چار بتی کا چراغ ② پٹا بازی کا وہ ہاتھ جو چار طرف اس طرح پھرایا جائے کہ حریف کا داؤں نہ لگے ③ وہ پھکڑ باز جو اکیلا چار کو جواب دے۔

چومکھی (ہ) اسم مونث ① ایک درخت کے بیج کا نام ② ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام۔

چومنا (ہ) فعل ① بوسہ لینا ② کسی بزرگ کے مزار کو ادب سے منہ لگانا ③ بوسہ لینا ④ پیار کرنا ⑤ چکارنا ⑥ پچکارنا۔

چومنزلا (ا) اسم مذکر ① چار منزل کا مکان ② چار درجوں والا مکان۔

چومیخا کرنا (ا) فعل۔ اوندھا یا چت لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا۔

چون (ف) حرف شرط جب ① حرف تشبیہ ② جیسا ③ مانند ④ مثل۔

چون (ہ) اسم مذکر ① آٹا ② آرد ③ چونہ۔

چوں (ہ) اسم مونث صوت ① آواز گوز ② چڑے کی آواز۔

چوں نہ کرنا (ہ) فعل ① آواز تک نہ نکالنا ② اف تک نہ کرنا ③ خاموش رہنا۔

چون (ہ) اسم عدد ① پچاس اور چار۔ پنجاہ و چہار ③ ۵۴۔

چونا (ہ) اسم مذکر ① قلعی ② سفیدی ③ آہک ④ کوئلوں میں پکایا ہوا پتھر یا کنکر (بحالت صفت) تیز و تند کھٹاس ⑤ (بحالت فعل) ٹپکنا ⑥ چھت سے بوند بوند پانی گرنا۔

چونپ (ہ) اسم مونث ① چاؤ ② شوق ③ خواہش ④ امنگ ⑤ بڑھاوا ⑥ ضد ⑦ ہٹ ⑧ سونے کی کیل جو اکثر ہندو نجات کی غرض سے دانتوں میں لگاتے ہیں ⑨ ہوشیاری۔

چونپ دینا (ہ) فعل ① بڑھاوا دینا ② کسی کام کے لئے آمادہ و تیار ہو۔

چونپنا (ہ) فعل ① ہوشیار رہنا ② متفکر رہنا ③ متوحش ہونا (بحالت اسم مونث) ہوشیاری ④ چالاکی۔

چونتیس (ہ) اسم عدد ① تیس اور چار ② سی و چہار ③ ۳۴۔

چونچ (ہ) اسم مونث ① پرندوں کا منہ ② منقار ③ نول ④ نوک ⑤ سرا ⑥ زبان ⑦ جھڑپ ⑧ باتوں کی تیزی ⑨ لفظی جھگڑا۔

چونچ سنبھالو (ہ) محاورہ ① بدزبانی نہ کرو ② زبان روکو ③ زبان سنبھالو۔

چونچ مارنا (ہ) فعل ① ٹھونگ مارنا ② بیہودہ بکنا ③ زبان سے واہیات بولنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772185

www.besturdubooks.net

**چونچال** (ہ) اسم صفت ❶ ہوشیار ❷ مستعد ❸ چالاک ❹ دانا ❺ سیانا ❻ سمجھدار۔

**چونچلا** (ہ) اسم مذکر ❶ نازونخرہ ❷ عشوہ وادا ❸ نازوکرشمہ۔

**چوں چوں** (ہ) اسم مونث صوت ❶ چڑیوں کی آواز ❷ گاڑی کے چلنے کی آواز ❸ ایک کھلونے کا نام جو کھینچنے سے اسی طرح کی آواز دیتا ہے۔

**چوندھ** (ہ) اسم مونث ❶ خیرگی چشم ❷ آنکھ کا روشنی کی برداشت نہ کرنا۔

**چوندھیانا** (ہ) فعل ❶ خیرگی چشم ہونا ❷ چمکدار یا زیادہ روشنی دیکھنے کی تاب نہ لانا ❸ آنکھ چھپک جانا ❹ گھبرا جانا ❺ حیران ہو جانا۔

**چونڈا** (ہ) اسم مذکر ❶ سر کے بالوں کا جوڑا ❷ سر کے بال ❸ بالوں کی چوٹی ❹ پرندوں کے وہ چند پر جو سر پر ابھرے ہوتے ہیں ❺ کچا کنواں ❻ پرندوں کی کلغی۔

**چونڈے پر ڈولا اچھلنا** (ہ) فعل ❶ سوکن بننا ❷ سوکن بن کر آنا۔

**چونر** (ہ) اسم مونث ❶ چنری ❷ گنواری رنگ ❸ رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ۔

**چونری** (ہ) اسم مونث ❶ مورچھل ❷ پولیس کی چوکی۔

**چونری** (ہ) اسم مونث ❶ مگس راں ❷ مورچھل۔

**چونسٹھ** (ہ) اسم عدد ❶ ساٹھ اور چار ❷ شصت وچار ❸ ۶۴۔

**چونسٹھ کھمبا** (ہ) اسم مذکر ❶ دہلی کی دو مشہور عمارتیں ہیں ❷ ایک مرزا عزیز کوکہ کا مدفن جو نظام الدین اولیا میں ہے ❸ دوسری ترکمان دروازے کے باہر خراب پڑی ہے۔

**چونک** (ہ) اسم مونث ❶ وحشت ❷ بھڑک ❸ رمیدگی ❹ چمک ❺ جھجک ❻ چونپ۔

**چونک اٹھنا/ چونک پڑنا** (ہ) فعل ❶ گھبرا کر یک دم جاگ اٹھنا ❷ سوتے سوتے اچھل پڑنا ❸ ہوشیار ہو جانا ❹ چوکنا ہو جانا ❺ بدک جانا۔

**چونکنا** (ہ) چونک پڑنا ❶ سوتے سوتے جاگ اٹھنا ❷ پھڑکنا ❸ بدکنا ❹ جاگنا ❺ بیدار ہونا ❻ چوکنا ہونا ❼ حیرت زدہ ہونا۔

**چونکہ** (ف) حرف شرط ❶ کیونکہ ❷ اس نے کہ ❸ اسواسطے کہ۔

**چونگا** (ہ) اسم مذکر ❶ خوشامد درآمد ❷ چاپلوسی ❸ للوپتو ❹ فریب ❺ نلوا ❻ بانس کا نلوا ❼ کھوکھلا بانس۔

**چون و چرا** (ف) اسم مذکر ❶ بحث وتکرار ❷ حیل وحجت ❸ ردوکد ❹ جرح وقدح۔

**چونی** (ہ) اسم مونث ❶ وہ موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے ❷ دال کا برادہ۔

**چونی بھی کہے مجھے گھی سے گھاؤ** (ہ) سفلہ اور کمینہ آدمی بھی بڑوں میں برابری کی شمولیت کا مدعی ہے۔ قابلیت سے بڑھ کر تعظیم کا طالب ہے۔

**چونی** (ہ) اسم مونث ❶ چار آنے کی قیمت کا چاندی کا سکہ ❷ روپے کا چوتھا حصہ چوتھائی حصہ ❸ پاؤلا ❹ پاولی۔

**چونے والیاں** (ہ) اسم مونث۔ ایک طرح کی ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی ہیں۔



(چوہا)

**چوہا** (ہ) اسم مذکر ❶ موش ❷ موسا ❸ ناک کا سوکھا ہوا ❹ نیٹ ❺ ناک کا میل۔

**چوہا بل میں سماتا نہیں دم سے باندھا چھاج** (ہ) مثل۔ اپنی تو گزرتی نہیں دوسرے کا بار سر پر لے لیا۔

**چوہان** (ہ) اسم مذکر۔ راجپوتوں کی ایک ذات کا نام ہے۔

**چوہرا** (ہ) اسم مذکر ❶ چار تہ کا ❷ چار تہوں والا۔

**چوہتر** (ہ) اسم عدد ❶ ستر اور چار ❷ ہفتاد وچہار ❸ ۷۴۔

**چوہٹا** (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ چوک ❷ وہ بازار جس کے چار طرف راستے ہوں ❸ چار دکانوں کی جگہ۔

**چوہڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ خاکروب ❷ بھنگی ❸ حلال خور۔

**چوہڑی** (ہ) اسم مونث ❶ چوہڑا کی تانیث بھنگن ❷ حلال خوری ❸ خاکروبن۔

**چوہی** (ہ) اسم مونث۔ چوہا کی تانیث چوہیا۔

**چوہیا سے دانت** (ہ) اسم مذکر۔ چھوٹے چھوٹے دانت۔

**چوہے کا بچہ بھی نہیں** (ہ) کہاوت ❶ نام کو بھی اولاد نہیں ❷ بے اولاد ہے۔

**چوہے کے ہاتھ لدی کی گرہ لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا** (ہ) مثل۔ اوچھا اور کم ظرف آدمی تھوڑی سی پونجی ہاتھ لگنے پر اترانے لگ

جاتا ہے اور اپنا ثانی کسی کو نہیں سمجھتا۔

**چوہے دنتی** (ہ) اسم مونث ❶ عورتوں کے ہاتھ میں پہننے کے ایک زیور کا نام ہے جس کے دندانے چوہے کے دانتوں جیسے ہوتے ہیں ❷ کنگن۔

**چوہے کا جنا بل ہی کھودتا ہے** (ہ) ❶ ہر ایک آدمی اپنی اصل پر ہی جاتا ہے ❷ عاقبت گرگ زادہ گرگ شود۔

**چویا** (ہ) اسم مذکر ❶ سطح آب ❷ دریا کے کنارے کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی جھر جھر کر ٹھہر جائے۔

## چ ← ہ

**چہ** (ف) حرف استفہام۔ کیا۔

**چہ خوش** (ف) کلمہ۔ طنز ❶ کیا بات ہے ❷ کیا خوب ❸ واہ وا کیا کہنے۔

**چہ خوش چرا نباشد** (ف) کلمہ طنز ❶ کیا کہنے ❷ ہاں کیوں نہ ہو۔

**چہ معنی دارد** (ف۔ع) ❶ کیا سبب ہے ❷ کیا وجہ ہے ❸ کیا باعث ہے۔

**چہ** (ف) اسم مذکر ظرف ❶ چاہ مخفف ہے ❷ کنواں ❸ گڑھا ❹ پل کے دونوں سرے۔

**چھ** (ہ) اسم عدد ❶ شش ❷ تین اور تین۔ ٦۔

**چھاپ** (ہ) اسم مونث ❶ ٹھپا ❷ مہر ❸ علامت ❹ نشان ❺ چندن لگانے کا دھات کا چھاپہ۔

**چھاپ لگانا** (ہ) فعل ❶ ٹھپا لگانا ❷ مہر لگانا۔

**چھاپا** (ہ) اسم مذکر ❶ ٹھپا ❷ مہر ❸ ہندوؤں کا تیرتھوں میں جا کر کندھوں اور بازوؤں پر لگوایا ہوا نشان ❹ چھاپنے کا آلہ ❺ چھپا ہوا ❻ مطبوع ❼ شب خون تجارت کے مال کا نشان جو محصول ادا ہو جانے کی علامت ہے ❽ تصویر ❾ نقشہ۔

**چھاپا مارنا** (ہ) فعل ❶ شب خون مارنا ❷ رات کو خفیہ طور پر حریف پر حملہ کرنا۔

**چھاپنا** (ہ) فعل ❶ نقش کرنا ❷ شائع کرنا ❸ مہر لگانا ❹ طبع کرنا ❺ مشہور کرنا ❻ بیاہ کی رسم ❼ رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نشانات سے سجانا۔

**چھاپے خانہ** (ا) اسم ظرف مکان۔ مطبع کتابیں چھاپنے کا کارخانہ۔

**چھاپے خانہ والا** (ا) اسم مذکر ❶ مالک مطبع ❷ مینیجر مطبع۔

**چھاتا** (ہ) اسم مذکر ❶ چھتری سے اسم مکبر ❷ بڑی چھتری ❸ بڑا سینہ ❹ سینہ کشادہ ❺ چھاتی سے اسم مکبر ہے ❻ بڑی چوڑی چھاتی۔

**چھاتی** (ہ) اسم مونث ❶ سینہ ❷ جوچی ❸ پستان ❹ جرات ❺ حوصلہ ❻ دلیری ❼ مضبوطی ❽ استقلال ❾ فیاضی۔

**چھاتی بھر آنا** (ہ) فعل ❶ آنسو بھر آنا ❷ محبت مادری سے چھاتی میں دودھ اتر آنا ❸ رونے کو تیار ہونا ❹ چھاتی کا گوشت سے پر ہونا ❺ رحم آنا ❻ ترس آنا۔

**چھاتی بھر جانا** (ہ) فعل۔ گھوڑے کے سینے میں خون کا جمع ہو جانا۔

**چھاتی پتھر بن جانا/ ہو جانا** (ہ) فعل ❶ رحم نہ رہنا ❷ دل کا سخت ہو جانا۔

**چھاتی پر پتھر رکھنا** (ہ) فعل ❶ دل سخت کر لینا ❷ غم کو پاس نہ آنے دینا ❸ صبر کرنا۔

**چھاتی پر پھرنا** (ہ) فعل ❶ ہر وقت یاد رہنا ❷ ہر دم خیال میں رہنا۔

**چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چلو پینا** فعل ❶ جان سے مار ڈالنا ❷ سخت سزا دینا۔

**چھاتی پر دھر کر لے جانا** (ہ) فعل۔ دھن دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔

**چھاتی پر سانپ پھر جانا** (ہ) فعل ❶ حسرت ہونا ❷ رنج ہونا ❸ افسوس کرنا ❹ رشک کرنا۔

**چھاتی پر سانپ لوٹنا** (ہ) فعل ❶ رنج اور صدمہ گزرنا ❷ حسرت آنا ❸ رشک آنا۔

**چھاتی پر مونگ دلنا** (ہ) فعل ❶ رشک دلانا ❷ غیرت دلانا ❸ سزا دینا ❹ عذاب دینا۔

**چھاتی پک جانا** (ہ) فعل ❶ جوچی پک جانا ❷ زخم ہو جانا ❸ تکلیف یا غم سہتے سہتے عاجز آ جانا ❹ عاجز ہو جانا ❺ نزلہ سے سینے میں درد ہونا۔

**چھاتی پکڑ کر رہ جانا** (ہ) فعل ❶ دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا ❷ کسی رنج پر اف تک نہ کرنا ❸ بڑی برداشت اور تحمل سے صبر کرنا۔

**چھاتی پھٹنا** (ہ) فعل ❶ دل پر بڑا بھاری صدمہ گزرنا ❷ کسی بات سے سخت صدمہ ہونا ❸ سینہ کا شق ہو جانا ❹ کسی کے مال و دھن پر رشک

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

کرنا⑤ جلنا⑥ حسد کرنا۔

**چھاتی پیٹنا** (ہ) فعل ① ماتم کرنا ② رونا ③ سینہ کوبی کرنا ④ غصہ ظاہر کرنا ⑤ غصہ میں سینہ کوٹنا ⑥ حسد ظاہر کرنا ⑦ کسی کی دولت پر جلنا۔

**چھاتی پر بال ہونا** (ہ) فعل ① مروت ② سخاوت ③ اور شجاعت کی علامت ہے مردانگی ④ اور مروت کا نشان ہونا۔

**چھاتی تلے رکھنا** (ہ) فعل ① ہر دم پاس رکھنا ② ہر وقت سامنے رکھنا ③ جان کے برابر رکھنا ④ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔

**چھاتی ٹھکنا** (ہ) فعل ① ہمت بندھنا ② حوصلہ ہونا ③ تسلی ہونا ④ اطمینان ہونا۔

**چھاتی ٹھنڈی کرنا** (ہ) فعل ① دل خوش کرنا ② دشمنی نکال کر خوش ہونا ③ دل ٹھنڈا کرنا ④ بغض نکالنا ⑤ ارمان پورا ہونا۔

**چھاتی جلانا** (ہ) فعل ① رنج دینا ② رشک دینا ③ حسد دلانا ④ دل جلانا۔

**چھاتی جلنا** (ہ) فعل ① سینہ میں جلن ہونا ② حسد رشک یا غم سے جلنا۔

**چھاتی چھننا/ چھنی ہو جانا** (ہ) فعل۔ غم یا صدموں کے باعث سینہ کا داغ داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا۔

**چھاتی دھڑکنا** (ہ) فعل ① خوف چھانا ② دل کانپنا ③ دل پر صدمہ گزرنا۔

**چھاتی دینا** (ہ) فعل۔ بچے کو دودھ پلانا۔

**چھاتی سراہنا** (ہ) فعل ① تحمل اور بردباری کی تعریف کرنا ② صد رحمت کرنا۔

**چھاتی سے لگانا** (ہ) فعل ① پیار کرنا ② گلے سے لگانا ③ جوش محبت سے سینہ سے چمٹانا ④ تسلی دینا ⑤ اطمینان دلانا۔

**چھاتی سے لگا کر رکھنا** (ہ) فعل ① بہت پیار سے اپنے پاس رکھنا ② جان کے برابر رکھنا۔

**چھاتی سے پتھر ٹلنا** (ہ) فعل ① بار خاطر ہٹ جانا ② دل کا بوجھ دور ہو جانا ③ بیٹی کا بیاہا جانا۔

**چھاتی کا ابھار** (ہ) فعل۔ عورت کی چھاتیوں کا بلوغت کے وقت ابھر آنا۔

**چھاتی کا پتھر/ پہاڑ** (ہ) اسم صفت ① مخالف طبع ② ناگوار خاطر ③ بار خاطر۔

**چھاتی کا پھوڑا** (ہ) اسم مذکر ① وبال جان ② خلاف طبع ③ وبال گردن۔

**چھاتی کا جم** (ہ) اسم مذکر ① ملک الموت ② قابض ارواح ③ فرشتہ موت ④ ناگوار طبع ⑤ وہ آدمی جو پاس سے نہ ہلے۔

**چھاتی کوٹنا** (ہ) فعل ① ماتم کرنا ② سینہ کوبی کرنا ③ کسی کی دولت پر رشک سے جلنا۔

**چھاتی کے کواڑ** (ہ) اسم مذکر ① چھاتی کے دونوں پہلو ② دائیں بائیں اطراف۔

**چھاتی کے کواڑ کھلنا** (ہ) فعل ① سینہ چاک ہونا ② سینہ شق ہونا ③ ایک دم چیخ نکلنا ④ بے تحاشا چیخ پڑنا ⑤ دل سے کثافت دردی دور ہو جانا ⑥ سینہ روشن ہو جانا۔

**چھاتی گرم کرنا** (ہ) فعل ① دلربا سے ہمکنار ہونا ② تسلی ہونا ③ اطمینان کرنا۔

**چھاتی مسلنا** (ہ) فعل ① چھاتی مروڑنا ② چھاتی دبانا ③ چھاتی ملنا۔

**چھاتی مسوسنا** (ہ) فعل ① دل پکڑ کر رہ جانا ② صدمہ اٹھانا ③ افسوس کرنا ④ صدمہ دینا ⑤ رنج دینا ⑥ دل دکھانا۔

**چھاتی نکال کر چلنا** (ہ) فعل ① اترا کر چلنا ② سینہ تان کر چلنا ③ پہلوانوں کی چال چلنا ④ سینہ کو ابھار کر چلنا۔

**چھاج** (ہ) اسم مذکر آلہ ① غلہ پھٹکنے کا اوزار ② وہ حصہ جس اوپر گھوڑے کی باگ رہتی ہے۔

**چھاج تو بولے سو بولے چھلنی بھی بولی جس میں ستر چھید** (ہ) مثل۔ جو خود عیب دار ہو وہ بے عیب کی برابری نہیں کرسکتا۔

**چھاج سی داڑھی** (ہ) اسم مونث بڑی اور چوڑی داڑھی۔

**چھاجوں مینہ برسنا** (ہ) فعل ① بکثرت بارش ہونا ② موسلا دھار برسنا۔

**چھاچھ** (ہ) اسم مونث ① کھٹا ② چھا ③ بلویا ہوا یا گھی نکالا ہو ④ دودھ یا دہی وہ کھٹا سفید دودھ جو گھی گرم کرنے کے بعد نیچے رہ جاتا ہے۔

**چہار** (ف) اسم عدد ① چہار ② اربع ③ ۴۔

**چہار چند** (ف) اسم صفت ① چوچند ② چوگنا۔

**چہار شنبہ** (ف) اسم مذکر ① بدھ وار ② بدھ کا دن۔

**چہارم** (ف) صفت عددی ① چوتھا ② چوتھائی حصہ۔

**چھاڑ/ چاڑ** (ہ) اسم مونث ① دریا کا کنارہ ② کراڑا ③ پتھریا بڑا ساڈھیلا۔

**چھاک** (ہ) اسم مذکر۔ میدے کے بڑے بڑے سہال جو شادی میں جایا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

کرتے ہیں۔

چھاگل (ہ) اسم مونث ① مشکیزہ ② چھوٹی سی مشک ③ سفر میں پانی رکھنے کا مٹی کا برتن ④ جھانجن ⑤ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور۔

چھال (ہ) اسم مونث ① درخت کا اوپر کا بکل ② درخت کا پوست۔

چھالا (ہ) اسم مذکر ① پھلکا ② بتخالہ ③ آبلہ ④ شیشے یا تلوار کا داغ۔

چھالا پڑنا (ہ) فعل ① آبلہ ظاہر ہونا ② چھالا اٹھنا ③ بتخالہ نمودار ہونا۔

چھالیا (ہ) اسم مونث ① سپاری ② چھال۔

چھاں (ہ) اسم مونث ① چھاؤں ② سایہ ③ ظل ④ پرچھائیں ⑤ شربت چھاننے کی صافی۔

چھانا (ہ) فعل ① پاٹنا ② پھونس یا کھپریل وغیرہ کی پوشش کرنا ③ سایہ کرنا ④ اندھیرا کرنا ⑤ بادلوں کا ہجوم کرنا ⑥ غالب ہونا ⑦ طاری ہونا ⑧ گھرنا ⑨ محیط ہونا۔

چھان بین (ہ) اسم مونث ① تجسس ② دریافت ③ کھوج ④ پتہ ⑤ سراغ۔

چھانٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① فضلہ ② چھیچھڑے ③ کترن ④ انتخاب ⑤ پرچیدگی ⑥ کتربیونت ⑦ طرز ⑧ تراش ⑨ وضع قطع۔

چھانٹ لینا (ہ) فعل ① چن لینا ② انتخاب کر لینا ③ قطع کر لینا ④ تراش لینا ⑤ کتر لینا ⑥ کاٹ لینا ⑦ پسند کرنا ⑧ اختیار کرنا۔

چھانٹن / چھٹن (ہ) اسم مونث ① جو چیز چھانٹنے سے بچ رہے ② فضلہ ③ کترن ④ جھاڑن۔

چھانٹنا (ہ) فعل ① چننا ② انتخاب کرنا ③ پسند کرنا ④ اختیار کرنا ⑤ کاٹنا ⑥ کترنا ⑦ بیونتنا ⑧ قطع کرنا ⑨ قلم کرنا۔

چھاند (ہ) اسم مونث ① پالہنگ ② باگ ڈور ③ پنگا پچھاڑی۔

چھاندا (ہ) اسم مذکر ① حصہ ② نخرا ③ بھاگ ④ بھاجی۔

چھانس (ہ) اسم مونث ① چھنن ② بھوسی ③ لور ④ کوڑا۔

چھان ڈالنا / چھان مارنا (ہ) فعل ① ڈھونڈنا ② تلاش کر لینا ③ کسی کی جستجو میں چپہ چپہ دیکھ ڈالنا ④ شک کرنا ⑤ چھلنی کر دینا۔

چھاننا (ہ) فعل ① چھلنی کے ذریعہ آٹا چھاننا ② چھلنی میں سے آٹا نکالنا ③ رولنا ④ صاف کرنا ⑤ نتھارنا شربت وغیرہ ⑦ امتحان کرنا ⑧ جانچنا ⑨ پرکھنا۔

چھاؤں (ہ) اسم مونث ① سایہ ② ظل ③ پرتو ④ پرنوا ⑤ کرن ⑥ روشنی جیسے تاروں کی چھاؤں ⑦ بڑی سی مشابہت۔

چھاؤنی (ہ) اسم مونث ① چھاؤں کرنے کی چیز ② کھپریل ③ سپاہیوں کی بارگیں ④ فوجی کیمپ ⑤ فوج کا قیامگاہ ⑥ لشکر گاہ ⑦ فوج کا مسکن۔

چھاؤنی چھانا / چھاؤنی ڈالنا (ہ) فعل ① لشکر گاہ بنانا ② کیمپ ڈالنا ③ فوج رکھنا ④ قیام کرنا ⑤ چھپر یا کھپریل ڈالنا ⑥ مسکن بنانا۔

چھائیاں (ہ) اسم مونث ① کلف ② سیاہ داغ ③ جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے ہیں۔

چھائیں پھوئیں (ہ) تابع فعل ① خدا نہ کرے ② خدا بچائے ③ خدا پرے ہی رکھے۔

چھائیں مائیں (ہ) اسم مونث ① غائب ہو جانا ② چھپ جانا ③ چکر لگا لگا کر کھیلنے کا بچوں کا ایک کھیل بھی ہے ④ چپ چپان۔

چھایا (ہ) اسم مونث ① سایہ ② چھاؤں۔

چھب (ہ) اسم مونث ① زیب و زینت ② آرائش و زیبائش ③ معشوقانہ ④ ناز انداز ⑤ خوبصورتی ⑥ اعضا کی بناوٹ ⑦ انداز جسم ⑧ بدن کی ساخت ⑨ رعب۔

چھب تختی (ا) اسم مونث ① جسم اور بدن کی خوبصورتی ② سینے کی خوبی ③ بدن اور جسم کی خوش وضعی۔

چھبڑا (ہ) اسم مذکر ① چھبیا ② چھابا ③ چوڑا ٹوکرا۔

چھبی (ہ) اسم مونث ① پیسہ ② فلوس ③ دلالوں کی اصطلاح سے۔

چھ بند کیا (ہ) اسم مذکر ① ایک نہایت زہریلے جانور کا نام ہے جس کی پیٹھ پر چھ داغ ہوتے ہیں ② اور اس کا کاٹا سانپ سے بھی جلد مرتا ہے۔

چھبیس (ہ) اسم عدد (بیس اور چھ۔ بست و شش۔ ۲۶۔

چھبیلا (ہ) اسم صفت۔ ترکیب فاعلی ① چھب والا ② خوش وضع ③ وجیہ ④ خوش اندام۔

چھپ (ہ) اسم مونث صوت۔ پانی کی آواز۔

چھپ چھپ (ہ) اسم مونث ① پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز ② منہ پر پانی ڈالنے کی آواز۔

چھپا (ا) اسم صفت ① مخفی ② پوشیدہ ③ گپت ④ نامعلوم چھپا ہوا۔

چھپا رستم / چھپے رستم (ا) اسم مذکر ① فن آدمی اپنے فن میں استاد کامل مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو ② بڑا شریر ③ نہایت بدمعاش۔

چھپاکا (ہ) اسم مذکر ① پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز ② تریڑا ③ چھینٹا۔

چھپانا (ہ) فعل ① پوشیدہ کرنا ② ڈھانپنا ③ ڈھانکنا ④ ڈھانک لینا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772218

چھپائی (ہ) اسم مونث ① چھاپنے کی اجرت ② طبع کرائی کی مزدوری۔

چھپٹی (ہ) اسم مونث ① چوب ریزہ ② لکڑی کی وہ چھلپن جو کام بناتے وقت نکل جایا کرتی ہے۔

چھپر (ہ) اسم مذکر ① پھونس کا سائبان ② پھونس کی چھت ③ بوجھ ④ بھار ⑤ ڈابر ⑥ برساتی پانی کی جھیل۔

چھپر پر پھونس نہیں نقارہ ڈیوڑھی پر (ا) مثل۔ مفلس اور قلاش ہو کر بھی نمود و نمائش ظاہری کا خیال ہے۔

چھپر بند (ا) اسم مذکر فاعل ① چھپر نہانے والا ② سائبان چھاتے والا۔

چھپر پر پھونس نہ ہونا (ہ) فعل ① نہایت کنگال اور تنگ حال ہونا ② مفلس ہونا۔

چھپر پر رکھنا (ہ) فعل ① طاق پر رکھنا ② خاطر میں نہ لانا۔

چھپر پھاڑ کر دینا (ہ) فعل ① بے محنت کئے دولت دے دینا ② غیب سے دینا ③ گھر بیٹھے دولت دینا۔

چھپر چھانا (ن) فعل ① چھپر ڈالنا ② چھپر بنانا۔

چھپر رکھنا (ہ) فعل ① بار احسان رکھنا ② بوجھ رکھنا۔

چھپر کھٹ (ہ) اسم مذکر ① مسہری ② دلہن کا پلنگ ③ امیروں کے سونے کا چھتری دار پلنگ۔

چھپکا (ہ) اسم مذکر ① پانی کا بہت بڑا چھینٹا ② دو لکڑیوں میں بنا ہوا کبوتر پکڑنے کا بڑا سا جال ③ ایک قسم کا زیور جسے عورتیں بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکاتی ہیں ④ پگلائی ہوئی رانگ کا چوڑ انکڑا ⑤ کنڈی میں لگانے کا لوہے کا چوڑا سا پترا۔

چھپکلی (ہ) اسم مونث ① ایک جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا ہے اور مکھیاں وغیرہ کھاتا ہے ② چلپاسہ ③ دبلی پتلی عورت۔

چھپن (ہ) اسم عدد ① پنجاہ و شش ② پچاس اور چھ۔ ۵۶۔

چھپنا (ہ) فعل ① مخفی ہونا ② پوشیدہ ہونا ③ بچنا ④ آنکھ بچانا ⑤ چاند سورج وغیرہ کا غروب ہونا ⑥ پردہ کرنا ⑦ اوٹ کرنا۔

چھپنا (ہ) فعل ① طبع ہونا ② مہر لگنا ③ عکس اترنا ④ نقش و نگار بنانا۔

چھت (ہ) اسم مونث ① سائبان ② سقف ③ کوٹھا ④ بام ⑤ چھت گیری۔

چھت بندھنا (ہ) فعل ① چھایا رہنا ② ابر محیط رہنا۔

چھت پٹنا / چھت پڑنا (ہ) فعل۔ مکان کے اوپر سقف کا چھا جانا۔

چھتا (ہ) اسم مذکر ① پٹا ہوا راستہ ② جانا ہوا ③ مہال کی مکھیوں اور بھڑوں کا گھر ④ خانہ ⑤ زنبور ⑥ ہجوم ⑦ گروہ ⑧ دادیا پھنسیاں جو پاس پاس نکلی ہوں ⑨ گھانس کا پھیلاؤ جس کی جڑ ایک سی ہو۔

چھتر (ہ) اسم مذکر ① بڑا چھاتا ② بادشاہ کے سر کی چھتری ③ چتر ④ شامیانہ ⑤ ملجاء کی جگہ۔

چھتراؤ (ہ) اسم مذکر ① پراگندگی ② تتر بتر ہونا ③ انتشار۔

چھتر جانا (ہ) فعل ① درخت کا بہت پھیلاؤ پر ہونا ② جوگی یا راجہ کے سر پر بڑے چھتر کا سایہ ہونا۔

چھتر (ہ) اسم مذکر ① ٹوٹی ہوئی جوتی ② جوتی کے لیترے۔

چھتر پلاؤ ہونا (ہ) فعل ① باہم لڑائی ہونا ② جوتیوں سے آپس میں لڑنا ③ گالی گلوچ ہونا۔

چھتر لگنا (ہ) فعل ① جوتیاں پڑنا ② سخت ندامت اٹھانا ③ پھٹکاریں پڑنا۔

چھتری (ہ) اسم مونث ① چھوٹا چھاتا ② بارش اور دھوپ کے بچاؤ کی چیز ③ جو سر پر تان لیتے ہیں ④ کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹر ⑤ ایک قسم کا گنبد دار محل ⑥ ڈولی کے اوپر کا ٹھٹر ⑦ ہندوؤں کی ایک قوم کا نام سر کے گھنے اور لمبے بال وہ مکان جہاں کسی ہندو جوگی یا راجہ وغیرہ کی ہڈیاں دفن ہوں ⑧ بڑے درخت کا گنبد نما بہت سا پھیلاؤ۔

چھت گیری (ا) اسم مونث ① وہ کپڑا یا لکڑی جو چھت کے نیچے مٹی وغیرہ کے گرنے کے لئے لگا دیا کرتے ہیں ② چادر چھت ③ لکڑ چھت ④ پوشش سقف۔

چھتیانا (ہ) فعل۔ بندوق کو چھاتی سے لگا کر شست باندھنا۔

چھتیس (ہ) اسم عدد ① چھ اور تیس ② سی و شش ۳۶۔

چھتیسا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① چھتیس ہنر جاننے والا ② نہایت ہنر مند ③ تجربہ کار ④ تمام عیوب و ہنر سے واقف۔

چھتیسی (ہ) اسم مونث ① چھتیسا کی تانیث چالاک ② عیارہ ③ تمام عیب و ہنر سے واقف اوباش وضع عورت ④ نہایت ہوشیار عورت۔

چھٹ (ہ) حرف استثنا ① ماسوائے ② سوائے ③ بجز ④ جدا ⑤ علیحدہ۔

چھٹ (ہ) اسم مذکر صفت۔ چھوٹا کا مخفف ہے۔

چھٹ بھیا (ہ) اسم مذکر ① کم درجہ کا آدمی ② چھوٹا دوکاندار ③ نیچ قوم کا۔

چھٹ پن / چھٹ پنا (ہ) اسم مذکر ① خردی ② بچپن ③ طفولیت ④ طفلی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140077218

چھٹ/ چھٹھ (ہ) اسم مونث۔ ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔
چھٹا (ہ) صفت نسبتی ❶ چھ سے تعلق رکھنے والا ❷ ششم۔
چھٹانک (ہ) اسم مونث ❶ پانچ تولہ ❷ سیر کا سولھواں حصہ ❸ پانچ تولے کا بٹ ❹ چھٹینکی۔
چھٹانک دھنیا خیر آبادی کوٹھی (ا) مثل۔ کم سرمایہ پر بہت شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
چھٹکا (ہ) اسم صفت مونث ❶ (ہندو) چھوٹا خرو ❷ کلاں کی ضد۔
چھٹکا (ہ) اسم مذکر۔ پنیس کا منقش ورنگین پردہ۔
چھٹکارا (ہ) اسم مذکر ❶ نجات ❷ خلاصی ❸ رہائی ❹ رستگاری ❺ فرصت ❻ مہلت۔
چھٹکنا (ہ) فعل ❶ پھیلنا ❷ پراگندہ ہونا ❸ بکھرنا ❹ تاروں کا روشنی دینا ❺ چمکنا۔
چھٹنا (ہ) فعل ❶ صاف ہونا ❷ مواد ملبہ وغیرہ نکلنا ❸ گھٹنا ❹ دبلا ہونا ❺ چنا جانا ❻ درخت وغیرہ کا قلم ہونا ❼ قطع ہونا ❽ علیحدہ ہونا ❾ جدا ہونا۔
چھٹنا (ہ) فعل ❶ آزاد ہونا ❷ برطرف ہونا ❸ موقوف ہونا ❹ بچنا ❺ باقی رہنا ❻ پیٹ چلنا ❼ دست لگنا ❽ ست ہونا ❾ ڈھیر پڑ جانا۔
چھٹوانا (ہ) فعل ❶ چھٹنا کا متعدی المتعدی ہے ❷ جدا کرانا ❸ رہا کرانا ❹ موقوف کرانا۔
چھٹوتی (ہ) اسم مونث ❶ رعایت ❷ کمی ❸ تخفیف ❹ چھوٹ۔
چھٹی (ہ) اسم صفت نسبتی مونث ❶ چھ سے نسبت رکھنے والی ❷ تاریخ ❸ ششم ❹ بچے کے پیدا ہونے کے بعد چھٹے دن کی رسم ❺ زچہ کے پاس چھٹے دن آنے والی اشیاء ❻ مثلاً کھلونے ❼ کھچڑی ❽ جوڑا ❾ طشت۔
چھٹی کا دودھ یاد آنا (ہ) فعل۔ سخت مصیبت کے دنوں میں ایام عیش و نشاط کا خیال آنا۔
چھٹی کا رجا (ہ) اسم مذکر ❶ خاندانی امیر ❷ پوتڑوں کا امیر ❸ اصل میں اس امیر کو کہتے ہیں جس کے پیدا ہونے پر نانا کے گھر سے بے حد دولت آئے۔
چھٹی کا کھایا پیا نکلنا (ہ) فعل ❶ پیچھے۔ عیش و آرام کی کسر نکل جانا ❷ سارا عیش و آرام جاتا رہنا۔
چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سوکھے (ہ) مثل۔ ابھی ناتجربہ کار اور بچے ہو عقل کے کچے ہو۔
چھٹی (ہ) اسم مونث ❶ تعطیل ❷ فرصت ❸ موقوفی ❹ برطرفی ❺ مرنا ❻ انتقال ❼ نقالوں کا چٹکلہ ❽ لطیفہ۔
چھٹی دینا (ہ) فعل ❶ اجازت دینا ❷ موقوف کرنا ❸ تعطیل دینا ❹ بچوں کو مکتب سے چھوڑنا۔
چھٹی ملنا (ہ) فعل ❶ رخصت ملنا ❷ اجازت پانا ❸ فراغت پانا ❹ موقوف ہونا ❺ برخاست ہونا۔
چھٹی ملی/ ہوئی (ہ) محاورہ ❶ خوب بچے ❷ چلو فراغت ہوئی۔
چھٹے چھماہے (ہ) تابع فعل ❶ گاہ بگاہ ❷ گاہے گاہے ❸ کبھی کبھار ❹ بھولے بھٹکے سے۔
چھٹیاں (ہ) اسم مونث ❶ نقالوں کے چٹکلے اور لطیفے ❷ مزاقیہ باتیں۔
چھجا (ہ) اسم مذکر ❶ چھت کا وہ بڑھاؤ جو دھوپ یا بارش کی بوچھاڑ کی حفاظت کے لئے لگایا جاتا ہے ❷ برآمدہ ❸ برانڈہ انگریزی ٹوپی کا اگلا حصہ۔
چھجانا (ہ) فعل۔ چھیجنے کا متعدی ہے۔
چھچھڑا (ہ) اسم مذکر ❶ غشائے گوشت ❷ گوشت کا نکما اور پتلا حصہ ❸ (بحالت صفت) لڑبڑا ❹ لجلجا۔
چھچھکارنا (ہ) فعل ❶ ملامت کرنا ❷ کتے لشکارنا ❸ کتے کو پیچھے لگانا۔
چھچھا (ا) اسم مذکر ❶ پرندوں کی خوشی کی آواز ❷ خوش الحانی ❸ خوش آوازی۔
چھچھا (ہ) اسم صفت۔ سرخ رنگ جو نہایت شوخ ہو۔
چھچھانا (ہ) فعل ❶ خوشی اور خوش الحانی سے بولنا ❷ راگ گانا ❸ چہکنا۔
چھچھانا (ہ) فعل ❶ سرخی ٹپکنا ❷ نہایت شوخ سرخ ہونا ❸ شوخی برسنا۔
چھچھورا (ہ) اسم صفت ❶ بچوں کی سی عادت والا ❷ لترا ❸ پیٹ کا ہلکا ❹ کمظرف ❺ کمینہ ❻ سفلہ ❼ اوچھا۔
چھچھوراپن (ہ) اسم مذکر ❶ سفلہ پن ❷ کمینگی۔
چھچھوندر (ہ) اسم مونث ❶ کورموش ❷ ایک قسم کا چوہا جو رات کو نکلتا ہے اس کے بدن سے سخت بدبو آتی ہے ❸ ایک قسم کی آتشبازی ❹ ادھر ادھر لڑائی کرانے والی عورت۔
چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل (ا) مثل ❶ کمینہ اور عالی رتبہ ❷ آدمی ادنے اور اتنا بڑا مرتبہ۔
چھچھوندر چھوڑنا (ہ) ❶ شگوفہ چھوڑنا ❷ نئی بات گھڑ کے کہنا ❸

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا۔

**چھدا** (ہ) اسم مذکر 1 بہتان 2 الزام 3 تہمت 4 گلہ 5 شکوہ 6 بار احسان 7 بہانہ۔

**چھدا اتارنا** (ہ) اسم مذکر 1 الزام دھونا 2 گلہ اتارنا 3 شکوہ رفع کرنا 4 احسان اتارنا 5 جلدی سے آ کر چلا جانا۔

**چھدا دھرنا/رکھنا** (ہ) اسم مذکر 1 بہتان لگانا 2 الزام دینا۔

**چھدرا** (ہ) اسم صفت 1 چھید دار 2 فرق فرق 3 فاصلے فاصلے سے 4 گھنا کی ضد۔

**چھدرا کر چلنا** (ہ) فعل 1 ٹانگیں چوڑی کر کے چلنا 2 ٹانگوں کو فرق سے رکھ کر چلنا 3 ختنہ والے یا آتشک والے کی طرح پر چلنا۔

**چھدام** (ہ) اسم مذکر 1 دمڑی 2 پیسے کا چوتھا حصہ۔

**چھدنا** (ہ) فعل 1 بندھنا 2 سوارخ دار یا زخمی ہونا 3 مجروح ہونا 4 چبھنا۔

**چھدے مدے** (ہ) اسم مذکر۔ پیار کا کلمہ ہے جو ماں اپنے ننھے بچے کو خوش ہو کر کہا کرتی ہے۔

**چھرا** (ہ) اسم مذکر 1 لوہے یا سکے کی چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں چلاتے ہیں 2 سنگریزہ۔

**چھرا چلنا** (ہ) فعل 1 سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا 2 تبرا کرنا 3 گالیوں وغیرہ کا پے درپے پڑنا۔

**چھرا** (ہ) اسم مذکر 1 بڑا چاقو 2 چھوٹی تلوار کارد۔

**چہرا** (ہ) اسم مذکر 1 منہ 2 مکھڑا 3 صورت 4 رخسارہ 5 سامنے کا رخ 6 مہرا 7 حلیہ 8 خط وخال۔

**چہرا اترنا** (ہ) فعل 1 منہ اترنا 2 صورت کا مرجھانا 3 شرمندہ ہو جانا۔

**چہرا بگاڑنا** (ہ) فعل 1 بدصورت بنا دینا 2 ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے۔

**چہرا بنانا** (ہ) فعل 1 منہ بنانا 2 منہ چڑانا۔

**چہرہ تمتمانا** (ہ) فعل۔ گرمی یا بخار سے چہرہ سرخ ہو جانا۔

**چہرہ شاہی روپیہ** (ا) اسم مذکر 1 چہرے دار روپیہ 2 سرکاری روپیہ جس پر بادشاہی چہرہ بنا ہوا ہو۔

**چہرہ ہونا** (ہ) فعل 1 فوج میں بھرتی ہو جانا 2 فوج میں نام لکھا جانا۔

**چھری** (ہ) اسم مونث 1 چھوٹا چھرا 2 کزلک چاقو جو بند نہ ہو سکے۔

**چھری بند بھائی** (ہ) اسم مذکر 1 قصائی بھائی 2 بوچڑ 3 ہم پیشہ آدمی۔

**چھری بھلی نہ کٹاری** (ہ) کہاوت 1 دشمن سب برابر 2 مصیبت کوئی بھی اچھی نہیں ہے۔

**چھری بھونکنا** (ہ) فعل 1 چھری مارنا 2 چھری گھسیڑنا 3 چھری گھونپنا۔

**چھری پھیرنا** (ہ) فعل 1 ذبح کرنا 2 گلا کاٹنا 3 قتل کرنا 4 حلال کرنا 5 تکلیف دینا 6 آزار پہنچانا۔

**چھری تلے دم لینا** (ہ) فعل 1 مصیبت سہنا 2 تکلیف برداشت کرنا 3 صبر کر ٹھیرنا 4 تامل کرنا۔

**چھری تیز رہنا** (ہ) فعل 1 مارنے کو تیار رہنا 2 ظلم وجور جاری رہنا۔

**چھری تیز کرنا** (ہ) فعل 1 چھری پر آب چڑھانا 2 لوہا تیز کرنا 3 دھمکانا 4 سزا دینا 5 قابو چلانا۔

**چھری تیز ہونا** (ہ) فعل 1 بس چلنا 2 قابو چلنا 3 لوہا تیز ہونا۔

**چھری چلنا** (ہ) فعل 1 چھریوں سے مار کٹائی ہونا 2 ان بن رہنا 3 رنج پہنچنا 4 صدمہ پہنچنا۔

**چھری کٹاری** (ہ) اسم مونث 1 وہ لڑائی جس میں چھری کٹاری تک نوبت پہنچ جائے 2 سخت دشمنی 3 جانی دشمنی۔

**چھری کٹاری رہنا** (ہ) 1 باہم ان بن رہنا 2 کھٹا پٹی رہنا 3 ہر دم لڑتے رہنا۔

**چھری کٹاری ہونا** (ہ) فعل 1 سخت عداوت ہونا 2 لڑائی جھگڑا ہونا 3 لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا۔

**چھری مارنا** (ہ) فعل 1 خنجر بھونکنا 2 چھری گھونپنا 3 زخمی کرنا 4 گھائل کرنا 5 بری بات کہنا 6 ناگوار بات کرنا۔

**چھریرا** (ہ) اسم صفت 1 لاغر 2 دبلا پتلا 3 اکہرا بدن 4 ہلکا پھلکا جسم۔

**چھریوں کا غسل دینا** (ہ) فعل 1 بھاری سزا دینا 2 چھریاں مارنا 3 زخمی کرنا 4 چھریوں سے قتل کرنا۔

**چھڑ** (ہ) اسم مونث۔ پتلا اور لمبا بانس۔

**چھڑا** (ہ) اسم صفت مذکر 1 اکیلا 2 تنہا 3 مجرد 4 ناکتخدا 5 (اسم مذکر) پاؤں کا ایک قسم کا زیور 6 پاؤں کی چوڑی 7 کان کا ایک موتیوں کا زیور۔

**چھڑانا** (ہ) فعل 1 چھوڑنا کا متعدی 2 رہا کرانا 3 آزاد کرانا 4 جدا کرنا 5 علیحدہ کرنا 6 ترک کرانا 7 نوکری سے موقوف کرانا 8 پھندا کھولنا۔

**چھڑائی** (ہ) اسم مونث 1 معاوضہ رہائی کا عوضانہ 2 چھڑنے کی اجرت 3 کنکوا اڑانے کے وقت دوسرے کے ہاتھ سے ڈور چھڑوانا 4 وہ نقدی جو چڑیمار کر دے کر پرندے چھڑواتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

چھڑکاؤ (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر۔ آبپاشی پانی کا زمین پر چھڑکنا۔

چھڑکائی (ہ) اسم مونث۔ معاوضہ پانی چھڑکنے کی اجرت۔

چھڑکنا (ہ) فعل ① آبپاشی کرنا ② زمین پر تھوڑا پانی چھڑک کر اسے تر کرنا ③ تصدق کرنا ④ قربان کرنا ⑤ رنگ ڈالنا۔

چھڑکوانا (ہ) فعل۔ چھڑکنا کا متعدی ہے۔

چھڑنا (ہ) فعل ① شروع کرنا ② آغاز کرنا ③ بجنا ④ ابتدا کرنا۔

چھڑنا (ہ) فعل ① اوکھلی میں غلہ ڈال کر موسل سے کوٹنا ② محلہ صاف کرنا ③ لاتوں سے دوسرے کو مارنا۔

چھڑوانا (ہ) فعل ① کسی دوسرے شخص سے کسی کو چھڑوانا ② غصہ دلانا ③ چھیڑ خانی کرنا۔

چھڑوانا (ہ) فعل۔ رہائی دلانا (دیکھو چھڑانا)

چھڑی (ہ) اسم مونث ① چوبدستی ② پتلی لکڑی ③ بید ④ قچی ⑤ کسی بزرگ کے نام پر بتائی ہوئی جھنڈی ⑥ چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قچی کو کھرواور چٹکی وغیرہ کی سیدھی ٹکن جو عورتیں اکثر پاجامے وغیرہ میں ٹانک لیا کرتی ہیں (بحالت صفت۔ تنہا۔ اکیلی۔ مجرد)۔

چھڑی سواری (ا) اسم صفت ① دم نقد ② تن تنہا ③ جریدہ ④ بیک بینی دو گوش۔

چھڑی چھٹانک (ہ) اسم صفت ① تنہا ② اکیلی ③ جریدہ ④ سبکدوش ⑤ دم نقد۔

چھڑیوں کا میلا (ہ) اسم مذکر۔ وہ میلہ جو کسی بزرگ کی جھنڈیوں کے نام سے کیا جاتا ہے۔

چھکا (ہ) اسم مذکر ① اینٹوں یا پتھروں کا فرش جو صحن یا چھت پر لگایا جاتا ہے ② لوکا جھلسا ③ داغ۔

چھکا دینا/ لگانا (ہ) فعل ① آگ سے جلانا ② لوکا لگانا ③ فرش لگانا۔

چھکا (ہ) اسم مذکر ① چھ سے نسبت رکھنے والا ② تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر چھ نقطے ہوں ③ پاسے کا چھ نقطے والا داؤں۔

چھکا چھک (ہ) اسم صفت ① بدمست ② سرشار ③ نشہ میں چور ④ سیر ⑤ رجا ہوا۔

چھکا دینا (ہ) فعل ① سیر کر دینا ② غنی اور بے پروا کر دینا۔

چھکارنا (ہ) فعل ① چہچہانا ② چہچہا کرنا ③ پرندوں کا خوشی سے نغمہ سرائی کرنا

چھکڑ (ہ) اسم مذکر ① گڈا ② وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں ③ اسباب لادنے کی گاڑی۔

چھکنا (ہ) فعل ① جی بھر کے کھا پی لینا ② سیر ہو کر کھانا ③ خوب رج جانا۔

چہکنا (ہ) فعل ① چہچہانا ② خوش الحانی سے بولنا ③ زمزمہ سنجی کرنا۔

چھکے چھوٹنا (ہ) فعل ① گھبرا جانا ② حواس باختہ ہونا ③ عقل زائل ہو جانا۔

چھل (ہ) اسم مونث ① دیوار کی چندگری ہوئی اینٹیں ② دیوار کا گرا ہوا حصہ ③ (اسم مذکر) مکر ④ فریب ⑤ دھوکا ⑥ دم ⑦ جھانسا ⑧ جل ⑨ عیاری۔

چھل بٹا/ بٹے (ہ) اسم مذکر ① فریب ② دھوکا ③ دم ④ مکروخدع۔

چھل بل (ہ) اسم مذکر ① چھل بٹے ② چالاکی ③ شوخی۔

چھل بل کرنا/ چھل کرنا (ہ) فعل ① دھوکا دینا ② فریب دینا ③ عیاری کرنا۔

چہل (ہ) اسم مونث ① مزاح ② ہنسی ③ دل لگی ④ مسخراپن ⑤ زندہ دلی ⑥ خوش مزاجی۔

چہل باز (ا) اسم صفت ① ظریف ② مسخرا ③ زندہ دل ④ خوش طبع ⑤ خوش مزاج۔

چہل (ف) اسم عدد ① چالیس ② ۴۰۔

چہل ابدال (ف۔ ع) اسم مذکر۔ وہ چالیس پاک آدمی جن کو حق تعالےٰ نے نظام عالم کے قیام اور دیکھ بھال کے لئے مقرر کیا ہے نیز فقر کا ایک نہایت بڑا درجہ اور رتبہ۔

چہل چراغ (ف) اسم مذکر۔ ایک طرح کا پتیل کا جھاڑ جس میں چالیس چراغ جلتے ہیں۔

چہل قدمی کرنا (ا) فعل ① سیر کرنا ② ٹہلنا ③ مٹرگشت کرنا ④ چالیس قدم تک چلنا۔

چہلا (ا) اسم مذکر ① وہ زمین جہاں دلدل اور کیچڑ زیادہ ہو ② خلاب ③ کیچڑ دار زمین ④ (بحالت صفت) گیلا ⑤ چوڑا ⑥ غلیظ۔

چھلا (ہ) اسم مذکر ① کنڈلی ② حلقہ ③ انگشتری ④ مندری ⑤ کلابتون ریشم کے گول ⑥ گول نشان جو نیچے پر ڈالے جاتے ہیں ⑦ دیوالی کے موقعہ پر ہیجڑوں کے گانے کے تکرار فقرے ⑧ گھر کی دیوار جو ایک طرف سے پکی دوسری جانب سے کچی ہو۔

چھلا دھو کر اٹھانا (ہ) فعل ① منت کا چھلا پاک کر کے رکھ دینا ② نامراد بر آنے پر للہ دیا جائے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140-7218

**چھلا چھپول** (ہ) اسم مذکر۔ شوخ طبع لوگوں کا ایک مذاقیہ کھیل ہے۔

**چھلا نشانی کا** (ہ) اسم مذکر۔ سونے یا چاندی کا چھلا جو یادگار کے طور پر کسی کو دیں یا کسی سے لیں۔

**چھلانگ** (ہ) اسم مونث ① زغند ② جست ③ پھلانگ ④ کود ⑤ کلانچ۔

**چھلانگ مارنا/ چھلانگنا** (ہ) فعل ① اچھل جانا ② زغند لگانا ③ کود جانا۔

**چھلاوا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① چھل دینے ② آسیب ③ غول بیابانی ④ بھتنا ⑤ شعبدہ باز ⑥ طلسم دکھانے والا ⑦ (بحالت صفت) شوخ و طرار ⑧ معشوق ⑨ چلبلا آدمی۔

**چھلاوا کھیلنا** (ہ) فعل ① شہابہ کا ادھرادھر جانا ② چھلاوے کا دوڑا پھرنا۔

**چھلبدار** (ا) اسم مذکر ① بڑھائی ② ایک طرح کے ڈوم جو دائرہ یا ڈھول بجا کر پیروں کے گن گاتے ہیں اور گانا انہیں تمام عمر بھی نہیں آتا۔

**چھل پلانا** (ہ) فعل۔ بازار میں پھر کر کٹورے بجا بجا کر پیاسوں کو پانی پلانا۔

**چھل پہل** (ہ) اسم مونث ① رونق ② آبادی کی کثرت ③ گہما گہمی ④ آبادی کی گنجانی ⑤ خوشی ⑥ زندہ دلی ⑦ ہنسی ⑧ ٹھٹھا۔

**چھلچھلانا** (ہ) فعل ① چھل چھل ② موتنا ③ پانی چھوڑنا ④ پیشاب کرنا ⑤ اترانا ⑥ اکڑنا۔

**چھلکا** (ہ) اسم مذکر ① چھال ② بکل ③ پوست ④ کھال۔

**چھلکانا** (ہ) فعل ① لبالب بھر کر ② پھر جنبش دے کر گرانا ③ ڈھلکانا ④ بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا۔

**چھلکتا ہوا** (ہ) اسم صفت ① بھرا ہوا ② لبالب ③ لبریز۔

**چھلکنا** (ہ) فعل ① ڈھلکنا ② لبریز ہو کر ٹپکنا ③ نیچے گرنا ④ باہر نکلنا ⑤ کہاروں کی اصطلاح میں ذرا خالی گھڑے کو پر یا لبالب ⑥ پر کو ذرا خالی کرنا۔

**چھلکنا** (ہ) فعل ① بلا ارادہ یا اور کسی سبب سے پیشاب نکل جانا ② پانی چھوڑنا ③ موتنا۔

**چھلکیوں موتنا** (ہ) فعل ① چلووں موتنا ② ڈر کے مارے پیشاب نکلنا ③ بہت سا موتنا۔

**چہلم** (ف) اسم صفت نسبتی ① چالیسواں ② میت کے سوا مہینے مرحوم کو ثواب پہنچانے کی رسم ③ شہدائے کربلا کا چالیسواں جو ہر سال محرم سے چالیس دن بعد کیا جاتا ہے۔

**چھلنا** (ہ) فعل ① فریب دینا ② ٹھگنا ③ دھوکا دینا ④ مکر کرنا ⑤ جل دینا ⑥ دم دینا ⑦ (بحالت اسم مذکر) بڑی چھلنی ⑧ باگی ⑨ جھارا۔

**چھلنا** (ہ) فعل ① کسی چیز کی کھال اتر جانا ② چڑا اکھڑنا ③ خراشیدہ ہونا ④ چھینٹ آنا۔

**چھلنی** (ہ) اسم مونث۔ چھاننے کا آلہ۔

**چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا** (ہ) فعل ① رسوا کرنا ② بات کا بتنگڑ بنانا ③ مشہور کرنا۔

**چھلنی ہو جانا** (ہ) فعل ① سوراخ سوراخ ہو جانا ② بندھ جانا ③ جگہ جگہ سے چھد جانا۔

**چھلوری** (ہ) اسم مونث ① چھالا کی تصغیر ② وہ چھوٹا چھالا جو انگلی یا ناخن کے اندر ہو جاتا ہے اور چیرا دیئے بغیر راضی نہیں ہوتا۔

**چھلے کا گل** (ا) اسم مذکر ① وہ داغ ② جو محبت جتانے کی غرض سے معشوق کا چھلا لال کر کے اپنے جسم پر کھاتے ہیں۔

**چھلیا** (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① چھل لینے والا ② فریبی ③ مکار ④ جل باز ⑤ دھوکے باز۔

**چھما** (ہ) اسم مونث ① معافی ② درگزر ③ خطا بخشی ④ لغوی معنی ہیں ⑤ مجازاً کرپا ⑥ دیا ⑦ رحم ⑧ کرم۔

**چھما کرنا** (ہ) فعل ① دیا کرنا ② کرپا کرنا ③ رحم کرنا ④ مہربانی کرنا ⑤ سمائی کرنا۔

**چھم چھم** (ہ) اسم مونث صوت ① مینہ کے آہستہ آہستہ برسنے کی آواز ② گھنے کی آواز ③ گھنگرو بجنے کی آواز ④ چھنکار۔

**چہ میگوئیاں** (ا) اسم مونث ① نکتہ چینیاں ② طعنے ③ طعنے کی باتیں ④ لاڈ پیار کی باتیں نخرا تلا ⑤ ناز و انداز کی باتیں۔

**چھن** (ہ) اسم مذکر صوت ① جلتے توے پر پانی کی بوند پڑ جانے کی آواز ② گھنگرو کی آواز ③ روپے کی ٹھنکار ④ بجری ⑤ سنگریزہ ⑥ کنگن کی خاص قسم جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں ⑦ تلنے کی آواز ⑧ کڑکڑاتے تیل میں کسی چیز کے پڑنے کی آواز ⑨ پائل وغیرہ بجنے یا گھنے کی آواز۔

**چھن** (ہ) اسم مونث ① پل ② لمحہ ③ ثانیہ ④ سیکنڈ۔

**چھنا** (ہ) اسم مذکر مکبر ① بڑی چھلنی ② غرباں کلاں۔

**چھننا** (ہ) فعل ① کسی چیز کا چھلنی میں سے نکلنا ② چھانا جانا ③ سوراخ سوراخ ہونا ④ چھید چھید ہو جانا ⑤ تیروں یا گولیوں سے بدن کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149..7218

www.besturdubooks.net

بندھ جانا❻ شک ہو جانا❼ جنگ ہونا❽ لڑائی ہونا❾ آپس میں بگاڑ ہونا۔

**چھناکا** (ہ) اسم مذکر صوت ❶ ٹھناکا ❷ جھنکار ❸ دولت کی آواز ❹ روپے کی آواز۔

**چھنال** (ہ) اسم مونث صفت ❶ اچھنال کا مخفف ہے ❷ نہایت چالاک اور عیار عورت ❸ خراب اور فاحشہ عورت ❹ اوباش و بدکار عورت ❺ فاجرہ ❻ بےشرم ❼ بےحیا ❽ بےباک ❾ مکار عورت۔

**چھنٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ چھانٹ ❷ کترن ❸ چھٹن ❹ فضلہ۔

**چھٹنا** (ہ) فعل ❶ علیحدہ ہونا ❷ انتخاب ہونا ❸ بدن کا دبلا ہونا ❹ کنواں وغیرہ صاف ہونا ❺ ملبہ نکلنا۔

**چھنچھنانا** (ہ) فعل ❶ چھن چھن کی آواز نکلنا ❷ چھنکار ہونا۔

**چھند** (ہ) اسم مذکر ❶ مکر وفریب ❷ جعل و دغا ❸ دھوکا ❹ دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا ❺ ایک خاص قسم کے اشعار اشلوک ❻ وزن ❼ بحر ❽ گانے کے سر ❾ مطالب۔

**چھند بند** (ا) اسم مذکر ❶ مکر وفریب ❷ چالاکی ❸ عیاری۔

**چھند چور** (ہ) اسم مذکر۔ تصنیف کا چور۔

**چھند ماترا** (ہ) اسم مذکر ❶ تقطیع ❷ اوزان بحرین ❸ وزن ❹ شعر۔

**چھتر** (ہ) اسم مذکر ❶ زناکار ❷ زانی ❸ بدکار ❹ عیاش ❺ شہدا ❻ لچہ ❼ شرابی۔

**چھنگا** (ہ) اسم مذکر ❶ چھ انگلیوں والا آدمی ❷ چھ انگلیوں والا۔

**چھنگلی/ چھنگلیا** (ہ) اسم مونث۔ ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔

**چھن من/ چھنن منن** (ہ) اسم مونث۔ بگھارے جانے یا تلے جانے کی آواز۔

**چھنوانا** (ہ) فعل۔ چھیننا کا متعدی۔

**چھنوانا** (ہ) فعل۔ چھانٹنے کا متعدی۔

**چھو** (ہ) اسم مذکر ❶ الفت ❷ محبت ❸ مہربانی ❹ رحم ❺ الطاف ❻ غصہ ❼ خفگی۔

**چھو ہونا** (ہ) فعل ❶ جھنجھلانا ❷ ناراض ہونا ❸ خفا ہونا۔

**چھو** (ہ) اسم مذکر ❶ دم کرنا ❷ کچھ پڑھکر پھونکنا ❸ منتر ❹ جادو ❺ دم۔

**چھو بننا/ چھو ہونا/ ہو جانا** (ہ) فعل ❶ رخصت ہونا ❷ چلتا بننا ❸ ہوا ہونا ❹ کافور ہونا ❺ رفوچکر ہونا ❻ احمق ہونا۔

**چھو چھو بنانا** (ہ) فعل۔ احمق بنانا۔

**چھو کرنا** (ہ) فعل ❶ دم کرنا ❷ دعا پڑھکر پھونکنا۔

**چھومنتر** (ہ) اسم مذکر ❶ کچھ پڑھکر پھونکنا ❷ دم کرنا ❸ چھو بمعنی دم اور منتر بمعنی جادو سے مرکب ہے۔

**چھوا چھو** (ہ) اسم صفت مونث۔ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی آواز۔

**چھوارا/ چھہارا** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کی سوکھی کھجور ❷ خرما۔

**چھوارا بیر** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سرخ رنگ لمبا اور نہایت میٹھا بیر۔

**چھوانا** (ہ) فعل ❶ چھونا کا متعدی بھی ہے اور مزید علیہ بھی ❷ لگانا ❸ مس کرنا۔

**چھوپنا** (ہ) ❶ گیلی ❷ مٹی چڑھانا ❸ گیلی مٹی دیوار وغیرہ پر تھوپنا ❹ کچی دیوار کی مرمت کرنا۔

**چھوت** (ہ) اسم مونث ❶ ناپاکی ❷ پلیدی ❸ ناپاک آدمی کا سایہ ❹ چھواؤ ❺ مس۔

**چھوت اتارنا** (ہ) فعل ❶ ناپاک آدمی کے سایہ کا دفعیہ کرنا ❷ پرچھانویں کا علاج کرنا۔

**چھوت جھاڑنا** (ہ) فعل۔ (دیکھو چھوت اتارنا)

**چھوٹ** (ہ) اسم مونث ❶ آزادی ❷ رہائی ❸ نجات ❹ دستکاری ❺ چھٹکارا ❻ فرصت ❼ مہلت ❽ کمی ❾ تخفیف۔

**چھوٹ لڑنا** (ہ) فعل ❶ گتکے پھری کے کسی کامل فن استاد سے ہتھیاروں کے ساتھ مقابلہ کرنا اور اس کا سب کو جواب دینا ❷ گالی گفتار کرنا ❸ گالی گلوچ کرنا۔

**چھوٹ ہونا** (ہ) فعل ❶ فرصت ہونا ❷ وقت ہونا ❸ پھکڑ بازی ہونا ❹ چوب بازی میں آزادی سے پھری گتکوں سے لڑنا۔

**چھوٹا** (ہ) اسم صفت ❶ کوتاہ ❷ تنگ ❸ اوچھا ❹ کوچک ❺ صغیر ❻ خرد ❼ قد یا عمر میں کم ❽ کمتر ❾ کہتر۔

**چھوٹا کپڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ انگیا ❷ عورتوں کا سینہ بند۔

**چھوٹا منہ بڑی بات** (ہ) کہاوت ❶ اپنی حیثیت اور لیاقت سے بڑھ کر بات کرنا ❷ حوصلہ سے زیادہ کام ❸ حوصلہ سے بڑھ کر بات۔

**چھوٹی الائچی** (ہ) اسم مونث۔ سفید الائچی۔

**چھوٹی امت** (ا) اسم مونث ❶ نیچ قوم ❷ کمینے لوگ ❸ اخیر زمانہ کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

اولاد 4 موجودہ زمانے کی نسل 5 حال کی اولاد۔

چھوٹے گاؤں سے ناطہ کیا؟ (ہ) کہاوت۔ جس گاؤں کو ترک کر دیا ہو پھر وہاں رشتہ داری کیسی۔

چھوچھک (ہ) اسم مونث و مذکر 1 زچہ خانے کی ایک رسم کا نام ہے 2 چھٹی۔

چھوچھو (ہ) اسم مونث (عورتیں) 1 بچوں کے پوتڑے دھونے والی عورت 2 وہ لڑکی جو لڑکیوں کی خدمت کے لئے مقرر ہو 3 دائی کھلائی۔

چھوڑنا (ہ) فعل 1 تیاگنا 2 ترک کرنا 3 رد کرنا 4 آزاد کرنا 5 نجات دینا 6 رہا کرنا 7 بخشنا 8 معافی دینا 9 بندوق چلانا۔

چھوڑ دیا گاؤں تو کیا لینا ناؤں (ہ) مثل 1 جب کسی سے تعلق ہی قطع کر لیا تو پھر اس کا ذکر ہی کیوں کرنا 2 بے تعلق کا ذکر ہی فضول۔

چھوکرا (ہ) اسم مذکر 1 لڑکا 2 مرد 3 غلام 4 چیلا 5 داس 6 مرید 7 نادان 8 ناتجربہ کار۔

چھوکری (ہ) اسم مونث 1 لڑکی 2 چھوری 3 دختر کوچک 4 باندی 5 لونڈی 6 کنیز۔

چھولداری (ا) اسم مونث 1 سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا خیمہ 2 پال 3 راوٹی۔

چھونا (ہ) فعل 1 ہاتھ لگانا 2 مس کرنا 3 ٹوہنا 4 چھیڑنا۔

چھونا (ہ) اسم مذکر (پورب) بچہ 2 طفل 3 لڑکا 4 جانور کا بچہ۔

چھونک (ہ) اسم مذکر 1 بگھار 2 داغ 3 تڑکا۔

چھونکنا (ہ) فعل 1 بگھارنا 2 دال وغیرہ کو داغ دینا 3 گھی داغ کرنا 4 تڑکنا۔

چھوئی موئی (ہ) اسم مونث 1 ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پتے آدمی کا ہاتھ لگتے بلکہ سایہ تک پڑ جانے سے مرجھا جاتے ہیں 2 لجولی 3 لاجونتی 4 (بحالت صفت) نہایت نازک 5 موم کی جان۔

چھہتر (ہ) اسم عدد 1 ستر اور چھ 2 ہفتاد و شش ۷۶۔

چھے (ہ) اسم مونث 1 نقصان 2 بربادی۔

چھی (ہ) اسم مونث 1 کلمہ نفرت 2 تف 3 تھوہ 4 گوہ 5 براز 6 خراب 7 برا 8 چھینکنے کی آواز 9 چھینک کی نقل۔

چھی چھی (ہ) کلمہ تنفر 1 نہایت برا 2 خراب 3 نکما 4 بچے کا گوہ۔

چھی چھی پھرنا/کرنا (ہ) فعل 1 بچے کا ہگنا 2 پیخانہ پھرنا۔

چھیاسٹھ (ہ) اسم عدد 1 ساٹھ اور چھ شصت و شش 2 ۶۶۔

چھیاسی (ہ) اسم عدد 1 اسی اور چھ 2 ہشتاد و شش 3 ۸۶۔

چھیالیس (ہ) اسم عدد 1 چالیس اور چھ چہل و شش 2 ۴۶۔

چھیانوے (ہ) اسم عدد 1 نوے اور چھ 2 نود و شش 3 ۹۶۔

چھیپ (ہ) اسم مونث 1 چھائیں 2 داغ 3 دھبا 4 ایک قسم کا میوہ 5 مچھلیاں پکڑنے کی چھڑ۔

چھیپی (ہ) اسم مذکر و مونث 1 کپڑا چھاپنے والا 2 کبوتر اڑانے کی کپڑا بندھی ہوئی چھڑ۔

چھیتا (ہ) اسم صفت 1 چاہا ہوا 2 عزیز 3 پیارا 4 محبوب 5 جانی 6 معشوق۔

چھیتنا (ہ) فعل 1 مارنا 2 پیٹنا 3 کوٹنا 4 زدوکوب کرنا 5 ڈنک مارنا 6 کاٹنا۔

چھیتی (ہ) اسم مونث 1 چھیتا کی تانیث 2 پیاری 3 محبوبہ 4 معشوقہ 5 چاہیتی۔

چھیج (ہ) اسم مونث 1 نقصان 2 زوال 3 کمی۔

چھی جانا (ہ) فعل 1 کسی سوراخ کا پھٹ جانا 2 چھید کا بہ جانا۔

چھیجنا (ہ) فعل 1 گھٹنا 2 زوال آنا 3 کم ہو جانا 4 جان سے جانا 5 مرنا 6 خراب ہونا 7 ضائع ہونا 8 تلف ہونا 9 اترنا۔

چھید (ہ) اسم مذکر 1 سوراخ 2 رخنہ 3 گڑھا 4 بل۔

چھیدنا (ہ) فعل 1 سوراخ کرنا 2 بیندھنا 3 بل بنانا۔

چھیڑ (ہ) اسم مونث 1 آدمیوں کی کمی 2 ہجوم کا کم ہونا 3 بھیڑ کی ضد ہے۔

چھیڑ (ہ) اسم مونث 1 مساس پرسنگ 2 چھونا 3 ہنسی 4 مخول 5 چھیڑ خانی 6 دل لگی 7 ٹھٹھول 8 نوکا چوکی 9 رنج و فساد۔

چھیڑ خانی (ا) اسم مونث 1 ٹھٹھا 2 ہنسی مخول 3 رنج 4 مخالفت 5 فساد 6 چڑ 7 چڑانے کی بات۔

چھیڑ چھاڑ (ہ) اسم مونث 1 مذاق 2 ہنسی 3 طعن 4 بات چیت 5 خط و کتابت 6 لڑائی بھڑائی۔

چھیڑ نکالنا (ہ) فعل 1 چڑ نکالنا 2 کسی کو رنج دلانے والی بات کہنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

چھیڑنا (ہ) فعل (1) مس کرنا (2) ہاتھ لگانا (3) چھونا (4) گدگدی کرنا (5) خفا کرنا (6) چڑانا (7) رنجیدہ کرنا (8) بھڑکانا (9) گھوڑے کو دوڑانا۔

چھیک (ہ) اسم مذکر (1) چھید (2) سوراخ (3) رخنہ (4) بل (5) گڑھا (بیائے مجہول ہے)

چھیل (ہ) اسم صفت (1) بانکا جوان (2) رنگیلا آدمی (3) چکنیا (4) رسیلا (5) خوش پوش آدمی (6) خوش وضع شخص۔

چھیل پن (ہ) اسم مذکر (1) بانکپن (2) رنگیلا پن۔

چھیل چکنیا (ہ) اسم صفت (1) بانکا (2) ترچھا (3) تیکھا (4) رنگیلا۔

چھیل چھبیلا (ہ) اسم مذکر (1) رنگیلا آدمی (2) ایک قسم کی خوشبودار گھانس۔

چھیلا (ہ) اسم مذکر صفت (1) رنگیلا (2) بانکا۔

چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھل کی ڈلی (ہ) مثل (1) بھوکا (2) بنگالی کنگال ہو کر ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنے والے کو کہا کرتے ہیں۔

چھیلنا (ہ) فعل (1) کھال اتارنا (2) چھلکا اتارنا (3) کھرچنا (4) خراش کرنا (5) کھجلی کرنا (6) حرف اڑانا (7) چک کرنا۔

چھیلی/ چھیری (ہ) اسم مذکر (1) گوسفند (2) بکری (3) بز (4) بزغالہ (5) (گنوار بولتے ہیں)

چھینا (ہ) فعل (1) سوراخ کا بہ جانا (2) کان وغیرہ کے سوراخ کا پھٹ جانا (3) سوراخ کا پھٹ جانا۔

چھیننا (ہ) فعل (1) زبردستی اچک لینا (2) جھٹک لینا (3) جھپٹا مارنا (4) غصب کرنا (5) پرایا حق زبردستی لے لینا (6) دولت یا جائیداد دبا بیٹھنا۔

چھینی چھپٹی/ چھینا چھانی/ چھین چھپٹ (ہ) اسم مونث (1) زبردستی چھیننا (2) جھپٹنا (3) نوچ گھوٹ لینا (4) کھینچا تانی (5) نوچا (6) گھسوٹی۔

چھینٹ (ہ) اسم مونث (1) قطرہ (2) بوند (3) ایک قسم کا بیل بوٹے دار کپڑا (4) داغ (5) دھبہ (6) دریس۔

چھینٹا (ہ) اسم مذکر (1) چھبکا (2) پانی کا چلو (3) خفیف سا مینہ (4) طعنہ (5) آوازہ (6) نوکا چوکی (7) چنڈو کا ایک دم (8) مدک کا دم (9) فریب۔

چھینٹا پڑنا/ ہونا (ہ) فعل (1) ہلکی سی بارش ہونا (2) خفیف سا مینہہ برسنا۔

چھینٹا دینا (ہ) فعل (1) چلو بھر پانی پھینکنا یا چھڑکنا (2) چیچک مرجھانے پر بچے پر سونے کا پانی چھڑکنا (3) فریب دینا (4) دھوکا دینا (5) لالچ دینا (6) طمع دینا۔

چھینٹے چلنا/ چھینٹے لڑنا (ہ) فعل (1) پانی کے کنارے بیٹھ کر دو شخصوں کا باہم پانی سے لڑنا (2) طعنے دینا (3) آوازے کسنا (4) دھوکے دینا (5) دم دینا (6) دو بدو سوال و جواب کرنا (7) باہم مقابلہ کرنا۔

چھینک (ہ) اسم مونث۔ ناک کی آواز جو نزلے یا سلسلاہٹ کے باعث نکلے۔

چھینک ہونا (ہ) فعل (1) چھینک آنا (2) عطیہ ہونا (3) شگون بد ہونا۔

چھینکا (ہ) اسم مذکر۔ وہ جالی یا ٹکن جو کھانا رکھنے کیلئے چھت میں لٹکا دیتے ہیں۔ نیز وہ جالی جو چوپایوں کا منہ بند کرنے کو منہ سے باندھ دیتے ہیں آم یا پھل توڑنے کی جالی۔

چھینکنا (ہ) فعل (1) عطیہ لینا (2) ناک کی خراش کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا۔

چھین لینا (ہ) فعل (1) زبردستی لے لینا (2) جھپٹ لینا (3) دبا بیٹھنا (4) مار لینا (5) غصب کرنا۔

چھینی (ہ) اسم مونث آلہ (1) لوہا کاٹنے کا اوزار (2) کھانی (3) ٹانکی۔

## چ ← ی

چیاں (ہ) اسم مذکر (1) املی کا (2) بیج (3) تخم (4) ترہندی۔

چیاں سا/ چیاں سی (ہ) اسم صفت (1) ذرا سا (2) ذرا سی (3) چھوٹا (4) چھوٹی سی۔

چیپ (ہ) اسم مذکر (1) لاسا (2) لیس (3) چپکنے والی چیز (4) رطوبت۔

چیپڑ (ہ) اسم مذکر (1) آنکھ کی رطوبت (2) آنکھ کا میل کچیل۔

چیپ دار (ا) اسم صفت (1) چپکتا ہوا (2) لیس دار۔

چیپڑ بہنا (ہ) فعل۔ آنکھوں سے ڈھیڈ جاری رہنا۔

چیپنا (ہ) فعل بیائے مجہول (1) جوڑنا (2) چپکانا (3) سرمنڈھنا (4) سرتھوپنا (5) کسی ملازمت پر لگا دینا (6) نوکر رکھا دینا۔

چیپی (ہ) اسم مونث (1) کاغذ کا پیوند (2) کاغذ کی پتری جو چپکائی جائے۔

چیت (ہ) اسم مذکر (1) پہلا مہینہ (2) ہندی سال کا بارھواں مہینہ (3) چیت کے گیت۔

چیتا (ہ) اسم مذکر۔ بیائے مجہول (1) حافظہ (2) ذہن (3) فہم (4) خیال (5) عقل (6) سمجھ گیان دینے والا (7) جتانے والا (8) تمنا (9) شوق۔

چیتا (ہ) اسم مذکر۔ ایک پتلی کمر اور چتنوں دار کھال والا درندہ۔

چیتل (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا جنگلی شکار کا جانور جو ہرن کی قسم سے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149...

ہے ② ایک قسم کا موٹا چتکبرا سانپ۔

چیتنا (ہ) فعل۔ بیائے مجہول ① ہوشیار ہونا ② دگنا ③ سمجھ میں آنا ③ خیال کرنا ④ چونکنا۔

چیتیا (ہ) فعل ① برتن وغیرہ کو منقش کرنا ② چتساں ڈالنا ③ لتھڑنا ④ خواہش کرنا ⑤ چاہنا۔

چیتھڑا (ہ) اسم مذکر ① لت کپڑے کا ٹکڑا ② لیرا۔

چیتھڑے لگنا (ہ) فعل۔ غریبی مفلسی کے باعث ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔

چیٹک (ہ) فعل ① لگن ② لودھن ③ لے ④ شوق ⑤ اشتیاق۔

چیٹک لگنا (ہ) فعل ① لگن لگنا ② لولگنا ③ دل بستگی ہونا ④ دھن لگنا ⑤ لاگ ہونا۔

چیچک (ہ) اسم مونث ① ستیلا ② ماتا۔

چیچک رو (ا) اسم صفت ① ستیلا کا منہ داغ ② جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔

چیخ (ا) اسم مونث ① خوف یا تکلیف کی حالت میں زبان سے نکلی ہوئی فریاد ② شوردار آواز ③ چنگھاڑ کوک ④ درد کی آواز ⑤ سخت آواز ⑦ چلانے کی آواز۔

چیخ اٹھنا (ا) فعل ① چلا اٹھنا ② بول جانا ③ رو پڑنا ④ بول اٹھنا ⑤ عاجز آ جانا۔

چیخ مارنا (ا) فعل شور وغل کرنا ① رولا ڈالنا ② ہنگامہ برپا کرنا ③ گھر سر پر اٹھالینا۔

چیخم چاخ مچنا (ا) فعل ① غل شور پڑنا ② پکار پڑنا ③ رولا ہونا۔

چیخ چہاڑا مچانا / چیخم دھاڑ مچانا (ا) فعل ① ہنگامہ برپا کرنا ② رولا ڈالنا ③ شور وغل مچانا۔

چیخنا (ا) فعل ① شور کرنا ② غل مچانا ③ چلانا ④ ڈھاڑنا ⑤ کلکاری کرنا۔

چیدہ (ف) اسم صفت ① چنا ہوا ② منتخب ③ پسندیدہ ④ عمدہ ⑤ برگزیدہ۔

چیدہ چیدہ (ف) اسم صفت ① عمدہ عمدہ ② اچھے اچھے۔

چیر (ہ) اسم مونث ① شگاف ② درز ③ کپڑے کی دھجی ④ کپڑے کی پٹی ⑤ دوپٹہ۔

چیرا (ہ) اسم مذکر ① زخم ② نشتر کا شگاف ③ ایک قسم کی رنگین پگڑی۔

چیرا بند (ا) اسم صفت ① چیرا باندھنے والا ② پگڑی باندھنے والا ③ دوشیزہ ④ باکرہ ⑤ کنواری۔

چیرا دینا (ہ) فعل ① نشتر سے زخم کو پھاڑنا ② زخم میں شگاف ڈالنا ③ شگاف دینا۔

چیر پھاڑ (ہ) اسم مونث ① عمل جراحی ② کاٹ ③ کوٹ ④ فن تشریح۔

چیرنا (ہ) فعل ① عمل جراحی کرنا ② پھاڑنا ③ کاٹنا ④ شگاف دینا ⑤ کسی کا مال چرالینا ⑥ تختے وغیرہ کاٹنا ⑦ تراشنا۔

چیرو (ا) اسم مذکر۔ سرخ رنگ کا کچا سوت جو ولایت سے آتا ہے۔

چیرہ (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی منقش رنگدار پگڑی۔

چیرز (ای) اسم مذکر ① ہرے ② نعرہ ہائے آفرین ③ واہ وا۔

چیئرمین (ای) اسم مذکر ① صدر ② صدر مجلس ③ پریزیڈنٹ ④ پردھان۔

چیری (ہ) اسم مونث ① چیر کی تصغیر و تانیث کپڑے کی دھجی ② کترن۔

چیری لگانا / چیریاں لگانا (ہ) فعل ① بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر سان کر دھجیاں لپیٹنا ② تاکہ بزغالے دودھ نہ چونگھ لیں۔

چیری (ہ) اسم مونث ① کنیز ② کنیزک ③ باندی ④ لونڈی ⑤ خادمہ بیائے مجہول ہے۔

چیرے بند (ا) اسم مذکر ① پگڑی والا ② چیرہ باندھنے والا ③ حکیم ④ طبیب ⑤ معالج ⑥ بید۔

چیڑ (ہ) اسم مونث ① ایک درخت کا نام ہے ② درخت صنوبر۔

چیز (ف) اسم مونث ① شے ② جنس ③ بست ④ بستو ⑤ گہنا ⑥ زیور جواہرات ⑦ راگ ⑧ گیت ⑨ حیثیت۔

چیز بست (ا) اسم مونث۔ اثاثہ اسباب۔

چیزی (ا) اسم مونث (بچے) ① شیرینی ② مٹھائی خوش ذائقہ شے۔

چیس (ہ) اسم مونث ① درد ② پیڑ ③ ٹیس۔

چیستان (ف) اسم مونث ① پہیلی ② بجھارت ③ معما۔

چیف (ای) اسم صفت ① افضل ② اعلیٰ ③ بڑا ④ سردار۔

چیف جسٹس (ای) اسم مذکر ① اعلیٰ ② جج ③ صدرالصدور ④ بڑا جج۔

چیفکورٹ (ای) اسم مذکر ① عدالت عالیہ ② بڑی کچہری۔

چیفس کالج (ای) اسم مذکر ① امرا و نواب زادوں کی تعلیم گاہ ② بڑے بڑے امیروں کے بچوں کے پڑھنے کا مدرسہ۔

چیکٹ (ہ) اسم مذکر ① تیل کی گاد ② چراغ کی گاد ③ تیل کے باعث سیاہ اور چکتی ہوئی مٹی (بحالت صفت) کالا کلوٹا۔

چیل (ہ) اسم مونث ① زغن ② ایک شکرے اور باز کی قسم کے پرندے کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نام ہے۔

**چیل جھپٹا** (ہ) اسم مذکر۔ چیل کی طرح کسی چیز کو اچک لے جانا۔

**چیل چلو** (ہ) اسم مونث ① چیل کو بلا کر گوشت کھلانے کی آواز ② بچوں کے ایک کھیل کا نام۔

**چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں** (ہ) کہاوت۔ فضول خرچ کے پاس روپیہ کہاں۔

**چیلا** (ہ) اسم مذکر۔ جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا۔

**چیلا** (ہ) اسم مذکر ① مرید ② پیرو ③ غلام ④ داس ⑤ خدمتی ⑥ خادم ⑦ ٹہلوا ⑧ ٹہل کرنے والا۔

**چیلو** (ہ) اسم مذکر ① زرد آلو ② آڑو سے مشابہ ③ ایک پہاڑی میوہ۔

**چیلوں کو دینا** (ہ) فعل (عورتیں) ① نہایت غصے کے باعث مجرم کا گوشت کاٹ کر چیلوں کو کھلانا ② بڑی تکلیف سے مارنا ③ اظہار غیظ وغضب سخت کرنا۔

**چیمبر** (ای) اسم مذکر ① ادارہ ② ایوان ③ کمرہ۔

**چیمبر آف کامرس** (ای) اسم مذکر۔ بڑے بڑے تاجروں کی مجلس۔

**چیمپیئن** (ای) اسم مذکر ① مردِ میدان ② کسی کھیل میں سب کھلاڑیوں پر سبقت لے جانے والا۔

**چین** (ای) اسم مذکر ① زنجیر ② لڑی ③ گھڑی کی زنجیر۔

**چین** (ہ) اسم مذکر ① آرام ② سکھ ③ راحت ④ کل ⑤ آسودگی ⑥ عیش ⑦ اطمینان۔

**چیں** (ف) اسم مونث ① بل ② سلوٹ ③ شکن ④ جھری ⑤ چنت۔

**چین ابرو/ چیں بہ جبیں ہونا** (ا) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہونا ③ تیوری چڑھانا ④ تیوری پر بل ڈالنا ⑤ شر دہونا۔

**چیں** (ہ) اسم مونث صوت۔ چڑیا کی آواز۔

**چیں بولنا** (ہ) فعل ① عاجز ہونا ② ہار ماننا ③ شکست کھانا ④ مات کھانا۔

**چیں چپڑ کرنا** (ہ) فعل ① تکرار کرنا ② جھگڑا کرنا۔

**چیں چیں** (ہ) اسم مونث ① غل ② شور ③ چوں چوں ④ تکرار لفظی ⑤ بحث مباحثہ ⑥ پرندوں خصوصاً چڑیا یا اس کے بچے کے پکڑا جانے کے وقت رونے کی آواز۔

**چیں چیں کرنا** (ہ) فعل ① غل مچانا ② رونا ③ تکرار کرنا۔

**چینٹ** (ہ) اسم مونث ① خراش ② رگڑ ③ چھل جانا۔

**چینٹا** (ہ) اسم مذکر ① بڑی چیونٹی ② چیونٹا۔

**چینٹی** (ہ) اسم مونث ① چینٹا کی مونث ② تصغیر ③ چیونٹی ④ مور کیڑی۔

**چینچلا** (ہ) اسم مذکر ① پرند کا وہ بچہ جس کے ابھی پر نہ نکلے ہوں ② ٹوٹی ہوئی ککڑی ③ الجھا ہوا سوت۔

**چیند** (ہ) اسم مونث ① بے ایمانی ② حق تلفی ③ بدمعاملگی ④ بھیٹر۔

**چیند بازی** (ا) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① بے ایمانی ② حق تلفی ③ بدمعاملگی۔

**چیند کرنا** (ہ) فعل ① گڑبڑ کرنا ② بے ایمانی کرنا ③ ناانصافی کرنا ④ حق تلفی کرنا۔

**چیندیا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① چیند باز ② بے ایمان ③ ناانصاف ④ روٹھی۔

**چینی** (ہ) اسم مونث ① کھانڈ ② بورا ③ شکر ④ سفید چینی مٹی کے برتن ⑤ چین کا باشندہ ⑥ چین کی بنی ہوئی چیز۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

www.besturdubooks.net

# ح

عربی کا چھٹا۔ فارسی آٹھواں اور اردو کا نواں حرف

**ح** (ء) اسم مونث ① عربی کا چھٹا۔ فارسی آٹھواں اور اردو کا نواں حرف ② حساب جمل میں اس کے عدد آٹھ شمار کیے جاتے ہیں۔ جائے حطی کے نام سے موسوم ہے۔

## ح ← ا

**حاتم** (ء) اسم مذکر ① قبیلہ طے کا ایک مشہور سردار جو اپنی سخاوت کے لیے بڑا مشہور تھا ② (صفت) سخی ③ فیاض ④ بلند حوصلہ۔

**حاتم کی گور پر لات مارنا** (ا) فعل ① نہایت سخاوت کرنا ② حاتم کو بھی مات کرنا ③ مفلسی میں سخاوت کرنا۔

**حاجات** (ع۔ا) مونث ① حاجت کی جمع ② ضروریات۔

**حاجب** (ء) اسم مذکر ① پردہ دار ② دربان ③ نگہبان ④ ڈیوڑھی پر رہنے والا ⑤ افسر۔

**حاجت** (ء) اسم مونث ① چاہ ② ضرورت ③ خواہش ④ آرزو ⑤ عرض ⑥ مطلب ⑦ التجا۔

**حاجت رفع کرنا** (ا) فعل ① ضرورت پوری کرنا ② مطلب نکالنا ③ پاخانے جانا۔

**حاجت روائی کرنا** (ا) فعل ① کسی کی ضرورت پوری کر دینا ② کسی کا کام پورا کر دینا۔

**حاجتمند** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① مراد مند ② خواہاں ③ ضرورت والا ④ غرض مند ⑤ غریب ⑥ محتاج ⑦ مفلس ⑧ کنگال۔

**حاجتی** (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ① غریب ② محتاج ③ ضرورت والا ④ وہ برتن جو بیمار کے پیشاب پاخانہ لینے کے لئے ہوتا ہے تاکہ بیمار کو اٹھنے بیٹھنے کی تکلیف نہ ہو۔

**حاجز** (ع) صفت ① حائل ہونے والا ② روکنے والا ③ مانع ④ (مذکر) پردہ ⑤ آڑ ⑥ روک۔

**حاجی** (ء) اسم مذکر فاعل ① حج کرنے والا ② وہ شخص جو بیت اللہ کا حج کر آیا ہو۔

**حاجی الحرمین** (ء) اسم مذکر ① مکے اور مدینے دونوں جگہ کا حاجی ② پورا حاجی۔

**حادث** (ء) اسم مذکر فاعل ① نو پیدا شدہ ② فنا ہونے والا ③ زوال پذیر ④ قدیم کی ضد ⑤ مخلوق سے مراد ہے ⑥ نیا۔

**حادثہ** (ء) اسم مذکر بیائے تانیث ② نئی بات ③ واردات ④ وقوعہ ⑤ صدمہ ⑥ سانحہ ⑦ دردناک واقعہ۔

**حاذہ** (ہ) اسم مذکر بہ ترکیب وصفی ① وہ زاویہ جو قائمہ سے چھوٹا ہو ② منفرجہ کی ضد۔

**حاذق** (ع) اسم مذکر فاعل ① دانا ② کامل ③ ماہر ④ زیرک ⑤ اپنے فن میں یکتا ⑥ استاد تجربہ کار (حکیم کی صفت میں آتا ہے)

**حار** (ع) اسم صفت ① حرارت رکھنے والا ② گرم گرمی کرنے والا۔

**حارج** (ء) اسم مذکر فاعل ① روکنے والا ② مزاحمت کرنے والا ③ اسد راہ ہونے والا ④ معترض۔

**حارونی** (ا) اسم صفت ① سرکش ② ڈنگئی ③ شریر ④ نافرمان۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

حاسّہ (ع۔ا) مذکر ① محسوس کرنے کی قوت ② جمع (حواس)۔

حاسد (ع) اسم مذکر فاعل ① حسد کرنے والا ② دشمن ③ بدخواہ ④ سرکش ⑤ کینہ رکھنے والا۔

حاشا (ع) حرف تردید وانکار۔ ہرگز نہیں۔

حاشیہ (ع) اسم مذکر ① کنارہ ② سنجاف ③ گوٹ ④ شرح جو کسی کتاب کے متن کے باہر لکھی جاوے ⑤ نوٹ ⑥ فٹ نوٹ۔

حاشیہ چڑھانا (ہ) فعل ① گوٹ لگانا ② کسی کتاب پر شرح یا تفسیر لکھنا ③ بات بڑھانا ④ مبالغہ سے بیان کرنا ⑤ اپنی طرف سے نمک مرچ لگانا۔

حاشیہ چھوڑنا (ا) فعل ① چاروں طرف سے کاغذ چھوڑ دینا ② گروہ چھوڑنا ③ متن کے چاروں طرف گنجائش رکھ دینا۔

حاشیہ نشین (ا۔ا) مذکر ① پاس بیٹھنے والا ② مصاحب۔

حاصل (ع) اسم مذکر فاعل ① کسی چیز کا نتیجہ ② بقیہ ③ نقدی ④ آمدنی ⑤ محصول ⑥ بکری ⑦ پیداواری ⑧ منافع ⑨ فائدہ۔

حاصل تفریق (ع) اسم مذکر۔ وہ رقم جو منہا کرنے کے بعد باقی رہے۔

حاصل تقسیم (ع) اسم مذکر ① خارج قسمت ② وہ رقم جو تقسیم کر کے حاصل ہو۔

حاصل جمع (ع) اسم مذکر ① میزان ② مجموعہ ③ ٹوٹل۔

حاصل ضرب (ع) اسم مذکر ① وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔

حاصل کرنا (ہ) فعل ① پانا ② بہم پہنچانا ③ کمانا ④ کھٹکنا ⑤ پیدا کرنا ⑥ جمع کرنا۔

حاصل کلام (ع) تابع فعل ① القصہ ② الغرض ③ خلاصہ کلام ④ خلاصہ مطلب۔

حاصل حصول (ا) اسم مذکر ① لغو ② بے فائدہ ③ فضول ④ کام نہ کاج۔

حاصل ہونا (ا) فعل ① پانا ② وصول ہونا ③ ہاتھ لگنا ④ فائدہ ہونا۔

حاضر (ع) اسم مذکر فاعل ① سامنے ② پیش ③ قانع ④ مطمئن ⑤ مستعد ⑥ موجود ⑦ نیاز ⑧ آمادہ۔

حاضر باش (ف) اسم فاعل ترکیبی۔ موجود رہنے والا۔

حاضر باشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① موجود رہنا ② حاضر رہنا۔

حاضر جواب (ع) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① فوراً جواب دینے والا ② بات سنتے ہی فوراً معقول جواب دینے والا۔

حاضر رہنا (ا) فعل ① پاس رہنا ② کھڑا رہنا ③ موجود رہنا۔

حاضر کرنا (ا) فعل ① بلا کر لانا ② موجود کر دینا ③ سامنے دھرنا۔

حاضر ہونا (ا) فعل ① موجود ہونا ② سامنے ہونا ③ آنا۔

حاضرات (ا) اسم مونث۔ بھوت پریت اور بدروحوں کے جمع کرنے کا جلسہ جو عامل لوگ کیا کرتے ہیں۔

حاضرات کرنا (ا) فعل۔ بھوتوں وغیرہ کو بلا کر کسی پوشیدہ بات یا حال کو دریافت کرنا۔

حاضری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① حاضر ہونا ② موجودگی ③ بھتی یعنی وہ کڑوا کھانا یا نقد روپیہ جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جائے ④ انگریزوں کا صبح کا کھانا ⑤ شہدائے کربلا حضرت عباسؓ کی فاتحہ کا کھانا۔

حاضری پکارنا (ا) فعل ① گننا ② شمار کرنا ③ موجودات لینا ④ جائزہ لینا۔

حاضری دینا (ا) فعل ① صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا ② میت کے گھر کچھ نقدی یا کھانا دینا ③ موجودات دینا۔

حاضری کھانا (ا) فعل ① ناشتہ کھانا ② صبح کا کھانا کھانا ③ حلوے مرگ چھانا۔

حافظ (ع) اسم مذکر فاعل ① حفاظت کرنے والا ② محافظ ③ نگہبان ④ خبر گیر ⑤ قرآن شریف ⑥ ازبر یاد رکھنے والا ⑦ اندھوں کا لقب اندھا ⑧ سورداس۔

حافظ حقیقی (ع) اسم مذکر۔ اصلی نگہبان خدا تعالے۔

حافظہ (ع) اسم مذکر ① یاد رکھنے کی قوت ② یاد ③ چیتا ④ افعال حواس کو دماغ میں محفوظ رکھنے کی قوت۔

حاکم (ع) اسم مذکر فاعل ① حکومت کرنے والا سردار ② فرمانروا ③ بادشاہ ④ آقا ⑤ ملک ⑥ نمبردار ⑦ زمیندار۔

حاکم بالا (ف) اسم مذکر ① خدا ② خداوند تعالے ③ بڑا حاکم۔

حاکم اعلٰے (ع) اسم مذکر ① بڑا حاکم ② اعلٰے افسر ③ بادشاہ ④ راجہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...7218

www.besturdubooks.net

**حاکم وقت** (ء) اسم مذکر۔ موجودہ وقت کا حاکم۔

**حاکمانہ** (ف) اسم صفت ① حاکم کے طور پر ② مثل حاکم۔

**حاکمی** (یہ) اسم صفت بیائے مصدری ① حکومت ② بادشاہی ③ سرداری ④ چودھرایت۔

**حال اعون** (ا) اسم مذکر ① موجودہ زمانہ ② موجودہ وقت ③ حالت ④ گت حیثیت ⑤ طریقہ ⑥ طور ⑦ ڈھنگ ⑧ جذبہ ⑨ محبت الٰہی کا جوش۔

**حال آنا** (ا) فعل ① وجد آنا ② رقت طاری ہونا ③ کیفیت ہونا۔

**حالآنکہ/ حالانکہ** (ف) تابع فعل ① باوجودیکہ ② درالیکہ۔

**حال بے حال ہونا** (ا) فعل ① حالت بگڑنا ② اچھی حالت سے بری ہو جانا ③ حیثیت بگڑنا۔

**حال کھل جانا** (ا) فعل ① بھید یا راز کا ظاہر ہونا ② قلعی کھل جانا ③ گت بننا ④ سزا پا جانا۔

**حال کھیلنا** (ا) فعل ① وجد میں آنا ② راگ سُن کر لہوحق کرنا۔

**حال گیا احوال گیا دل کا خیال گیا** (ا) مثل۔ حالت خراب ہوگئی مگر بد عادت نہ چھوٹی۔

**حالات** (ء) اسم مذکر۔ حال کی جمع۔

**حالت** (ء) اسم مونث ① سہارا ② گت ③ درجہ ④ لین دین۔

**حالت موجودہ** (ف) اسم مونث ① اس وقت کی کیفیت ② اب کی حالت۔

**حالت نزع** (ء) اسم مونث ① جان توڑنے کی کیفیت ② جان کنی کا وقت۔

**حالی** (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی ① سعدی ہند خواجہ الطاف حسین رئیس پانی پت کا تخلص ہے جنہوں نے نیچرل شاعری کی بنیاد ڈالی ② حال کا ③ وقتی۔

**حامل** (ء) اسم مذکر فاعل ① بوجھ اٹھانے والا ② کوئی چیز اٹھا کر لے جانے والا۔

**حاملہ** (ء) اسم مونث فاعل ① پیٹ والی عورت ② باردار ③ پیٹ میں بچہ والی عورت۔

**حامی** (ء) اسم مذکر فاعل ① حمایت کرنے والا ② مددگار ③ معاون ④ نگران ⑤ نگہبان۔

**حامی بھرنا** (ا) فعل ① اقرار کرنا ② وعدہ دینا ③ ارادہ کرنا ④ ہمت کرنا ⑤ دلاسا دینا ⑥ طاقت دینا۔

**حامی کار** (ا) اسم مذکر ① کسی کام کا مددگار ② حمایتی ③ اقرار کرنے والا۔

**حاوی** (ء) اسم مذکر فاعل ① گھیرنے والا ② ہونے والا ③ عائد ④ قابو کرنے والا ⑤ کسی فن میں کامل ماہر۔

**حائل** (ء) اسم مذکر فاعل ① بیچ میں آنے والا ② روکنے والا ③ آڑ ④ باز رکھنے والا ⑤ منع کرنے والا۔

## ح ← ب

**حب** (ء) اسم مذکر و مونث ① دوا کی گولی ② دانہ ③ تخم ④ بیج۔

**حُب** (ء) اسم مونث ① پیار ② اُنس ③ محبت ④ پریم ⑤ پریت ⑥ آشنائی ⑦ دوستی ⑧ توفیق ⑨ مرضی۔

**حب الوطن** (ء) اسم مونث۔ وطن کی محبت۔

**حب کا عمل** (ا) اسم مذکر ① وہ عمل یا منتر جس سے باہم الفت و محبت پیدا ہو جائے ② موہنی منتر۔

**حباب** (ء) اسم مذکر ① پانی کا بلبلا ② ہاتھ میں پہننے کا ایک زیور بھی ہے ③ روشنی کے باریک کنول ④ شیشے کے گولے۔

**حباب آسا** (ا) اسم صفت ① ناپائدار ② فانی ③ باریک ④ پتلا ⑤ ذرا سا ⑥ تاؤ بھاؤ۔

**حبس** (ء) اسم مذکر ① بند ② قید ③ قید خانہ ④ زندان ⑤ ہوا کا بند ہونا ⑥ گھٹن ⑦ جیل۔

**حبس بیجا** (ف) تابع فعل ① ناجائز بندش ② کسی کو زبردستی مکان میں بند کرنا جو قانوناً جرم ہے۔

**حبس دم** (ف) اسم مذکر ① دمہ ② ضیق نفس ③ دم روکنا ④ دم کو قابو کرنا ⑤ ہندو فقرا کا ایک عمل ہے۔

**حبس دوام بعبور دریائے شور** (عف) اسم مذکر ① ہمیشہ کی قید ② ساری عمر کی قید ③ جو کالے پانی جا کر بھگتنی پڑتی ہے۔

**حبش** (ع) اسم مذکر ① حبشیوں کا ملک ② زنجبار ③ سوڈان ④ افریقہ کا

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149772185

www.besturdubooks.net

ملک۔

**حبشی** (ء) اسم مذکر بیائے نسبت ❶ حبش کا رہنے والا ❷ زنگی ❸ کالا آدمی یا غلام ❹ سیاہ ❺ کالا کلوٹا۔

**حبل** (ع۔ا) مونث ❶ رسی ❷ موٹا دھاگا ❸ رگ ❹ نس ❺ بند ❻ جوڑ ❼ اتحاد ❽ عہد۔

**حبوب** (ء) اسم مذکر ❶ حب کی جمع ہے ❷ بمعنی دانہ ❸ گولیاں۔

**حبہ** (ء) اسم مذکر ❶ غلہ کا دانہ ❷ دانہ ❸ ذرا ذرا سا ❹ مقدار قلیل ❺ رتی۔

**حبہ بھر** (ا) اسم صفت ❶ چاول جتنا ❷ ذرا سا ❸ رتی بھر۔

**حبیب** (ء) اسم مذکر ❶ بمعنی محبوب ❷ پیارا دوست ❸ معشوق ❹ پریتم۔

## ح ← ت

**حتیٰ** (ء) (صرف عطف) ❶ یہاں تک ❷ اسقدر ❸ جہاں تک ❹ اس قدر۔

**حتی المقدور/حتی الامکان** (ء) تابع فعل ❶ مقدور بھر ❷ جہاں تک طاقت ہے ❸ جہاں تک ممکن ہو۔

## ح ← ج

**حج** (ء) اسم مذکر ❶ لغت میں ارادہ کرنا ❷ اصطلاح میں کعبہ کے طواف کا عبادت کی نیت سے ارادہ کرنا اور شرائط طواف ادا کرنا ❸ نویں ذی الحج کو مقام عرفات میں پہنچنا۔

**حج اکبر** (ء) اسم مذکر ❶ بڑا حج ❷ وہ حج جو جمعہ کے دن ہو۔

**حج کرنا** (ا) فعل۔ بہ نیت عبادت باشرائط مقررہ خانہ کعبہ کا طواف کرنا۔

**حجاب** (ء) اسم مذکر ❶ پردہ ❷ اوٹ ❸ آڑ ❹ چلمن ❺ شرم و حیا ❻ لاج ❼ لحاظ۔

**حجاب اٹھنا/حجاب ٹوٹنا** (ا) فعل ❶ لاج نہ رہنا ❷ شرم اٹھنا ❸ پردہ دور ہونا ❹ روک نہ رہنا۔

**حجام** (ء) اسم مذکر ❶ نائی ❷ موتران ❸ بال مونڈنے والا ❹ استاد ❺ خلیفہ۔

**حجامت** (ہ) اسم مونث ❶ بال کاٹنے اور داڑھی مونڈنے وغیرہ کا کام ❷ نائی وغیرہ کا کام۔

**حجامت بنانا** (ا) فعل ❶ سر مونڈنا ❷ ٹھگنا ❸ لوٹ لینا۔

**حجب** ((ع۔ا) مونث ❶ پوشیدگی ❷ اِخفا ❸ چھپاؤ ❹ ورثہ سے محرومی۔

**حجت** (ء) اسم مونث ❶ بحث ❷ تکرار ❸ جھگڑا ❹ دلیل و برہان۔

**حجت کرنا** (ا) فعل ❶ بحث کرنا ❷ لڑنا جھگڑنا ❸ تکرار کرنا۔

**حجت نکالنا** (ا) فعل ❶ نئی بات نکالنا ❷ اعتراض کرنا۔

**حجتی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ جھگڑالو ❷ جھکی ❸ تکرار کرنے والا۔

**حجر** (ء) اسم مذکر ❶ پتھر ❷ سنگ۔

**حجر اسود** (ء) اسم مذکر۔ ایک مقدس پتھر کا نام جس کو حج کا طواف کرتے وقت اہل اسلام بوسہ دیتے ہیں کیونکہ یہ حضرت آدمؑ کی یادگار ہے اس پتھر کا رنگ سیاہ ہے۔

**حُجرہ** (ء) اسم مذکر ❶ کوٹھڑی ❷ مسجد کی کوٹھڑی ❸ علیحدہ بیٹھ کر یاد خدا کرنے کا خلوت خانہ۔

**حُجرہ بھی مجرہ بھی** (ہ) تنہائی و بے گانگی کے ساتھ عزت۔

**حجریات** (ع۔ا) مذکر۔ پتھروں کا علم۔

**حجم** (ء) اسم مذکر ❶ موٹائی ❷ جسامت ❸ ضخامت۔

## ح ← د

**حد** (ء) اسم مونث ❶ کنارہ ❷ سرحد ❸ انتہا ❹ تعریف ❺ اقلیدس کے مقررہ اصول ❻ شرعی اصطلاح میں مجرم کی سزا ❼ روانہ ہونے کی جگہ ❽ احاطہ۔

**حد بست کرنا** (ا) فعل ❶ حد بندی کرنا ❷ سرحد معین کرنا یا سفر کرنا۔

**حد بلوغ** (ع۔ف) جوان یا بالغ ہونے کی عمر۔

**حد بلوغ کو پہنچنا** (ا) فعل ❶ جوان ہونا ❷ جوانی کو پہنچ جانا ❸ سیانا ہونا ❹ بالغ ہونا۔

**حد سے بڑھنا** (ا) محاورہ ❶ اپنی حیثیت سے باہر کام کرنا ❷ ساکھ سے باہر ہونا۔

**حد جاری کرنا** (ا) اسلامی شرع کے مطابق مجرم کو سزا دینا۔

**حد سے زیادہ** (ہ) اسم صفت ❶ حد سے باہر ❷ بہت زیادہ ❸ نہایت ہی ❹ انتہا سے زیادہ ❺ از حد۔

**حد نہ رہنا** (ا) فعل ❶ انتہا ہو جانا ❷ آخری درجہ ہونا ❸ انتہا نہ رہنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907218

www.besturdubooks.net

احداشت (ع۔ا) مونث ① نیا پن ② نو عمری ③ نو جوانی ④ شروع ⑤ آغاز ⑥ تازگی۔

حدّاد (ع۔ا) مذکر ① لوہار ② نعل بندی ③ قید خانے کا داروغہ۔

حدب (ع۔ا) مذکر ① ٹیلا ② اونچی زمین ③ کبڑا پن۔

حِدت (ء) ① تیزی ② تندی ③ گرمی۔

حدث (ء) اسم مذکر ① وضو ٹوٹ جانا ② نئی چیز ③ ایجاد ④ پاخانہ۔

حُدُوث (ء) اسم مذکر ① نیا پیدا ہونا ② (قدیم کی ضد)۔

حُدُود (ء) اسم مونث ① حد کی جمع ② حدیں۔

حُدود اربعہ (ء) اسم مونث ① چاروں طرفین ② چاروں سمتیں یعنی شمال، جنوب، مشرق اور مغرب۔

حدود شرعی (ع) شرعی سزائیں۔

حدیث (ء) اسم مونث ① نئی بات ② نئی چیز ③ کلام ④ گفتگو ⑤ رسولِ مقبول ﷺ کے قول و فعل کی خبر ⑥ ذکر ⑦ بیان ⑧ حکایت ⑨ خبر۔

حدیث کھینچنا (ا) محاورہ ① توبہ کرنا ② عہد کرنا ③ تارک ہونا ④ اقرار کرنا۔

حدید (ع۔ا) مذکر ① لوہا ② آہن۔

حدیقہ (ء) اسم مذکر ① باغ کی چار دیواری ② پھولوں کی موجیں ③ حکیم ثنائی کی مثنوی کا نام بھی۔

ح ← ذ

حِذاقت (ہ) اسم مونث ① دانائی ② مہارت ③ زیرکی۔

حَذر (ء) اسم مذکر ① انکار ② پناہ ③ بچاؤ ④ اجتناب یا عبارت سے لفظ کاٹ دینا۔

حذف (ع۔ا) مذکر ① دور کرنا ② الگ کرنا ③ گرا دینا ④ عبارت سے کسی لفظ کو گرا دینا یا نکالنا۔

حذف کرنا (ا) فعل ① کم کرنا ② نکال ڈالنا۔

ح ← ر

حُر (مذ) ① آزاد شخص ② جمع احرار ③ جو کسی کا غلام نہ ہو۔

حِرا (ع۔ا) مذکر۔ مکہ کے قریب مشہور پہاڑیاں جہاں پیغمبر خدا ﷺ عبادت کرتے تھے وہاں پر پہلے پہل آپ پر وحی نازل ہوئی تھی۔

حَرارت (ع) اسم مونث ① گرمی ② تبخیر ③ جوش ④ غصہ ⑤ شوق ⑥ سرگرمی ⑦ بخار ⑧ تپ ⑨ حدت۔

حرارت غریبی (ع) اسم مونث ① بیرونی حرارت ② غیر طبعی حرارت۔

حرارت ہونا (ع) اسم مونث ① ہلکا بخار ہونا ② جسم گرم ہونا۔

حرارت دینی (ع) اسم مونث ① دینی جوش ② مذہبی تیزی۔

حرارت غریزی (ع) اسم مونث ① فطری گرمی ② اصل حرارت ③ جسم کی وہ حرارت جس پر انسانی زندگی کا دارومدار۔

حرارہ (ع) اسم مذکر ① تیزی ② تندی ③ غضب یا شوق کا غلبہ ④ جوش ⑤ گرمی۔

حِراست (ہ) اسم مونث ① نگہبانی ② سپردگی ③ نگرانی ④ حوالات۔

حراست میں رہنا (ہ) فعل ① حوالات میں رہنا ② نگہبانی میں رہنا۔

حراف (ہ) اسم صفت ① باتونی ② مکار ③ فریبی ④ گستاخ ⑤ عیار ⑥ معشوق ⑦ چالاک عورت۔

حرام (ع) اسم صفت ① خلاف شرع ② ناجائز ③ غیر مباح ④ ناپاک ⑤ پلید ⑥ نحس ⑦ بدکاری ⑧ زنا ⑨ چھنالا۔

حرام خور/حرام کھانا (ع۔ف) اسم مذکر فاعل ① مُردار کھانے والا ② نمک حرام ③ مفت خور ④ رشوت خور ⑤ بے وفا ⑥ بے مروت ⑦ بے دید۔

حرام چالیس گھر لے کر ڈوبتا ہے (ہ) محاورہ۔ بدکاری کا اثر دور تک پہنچتا ہے۔

حرام خور (ع۔ا) اسم مذکر ① نمک حرام ② بے مروت ③ بے وفا ④ بد ذات۔

حرام زادہ (ع) اسم مذکر مفعول ① وہ شخص جو بے نکاح پیدا ہوا ہو ② (حالت صفت) فسادی ③ شریر ④ دنگئی ⑤ بدذات۔

حرام زادے کی رسی دراز (ہ) اسم مونث ① بدکار جلدی نہیں مرتا ② بدکاری کی سزا مل کر رہتی ہے مگر دیر میں۔

حرام کار (ع۔ف) صفت ① بدکار ② بدفعل۔

حرام کا مال گلے میں اٹکے (ا) محاورہ۔ ناجائز کمائی بری طرح ضائع ہوتی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314007218

**حرام کرنا** (ا) فعل (1) زنا کرنا (2) بدکاری کرنا (3) جاری کرنا۔

**حرام مغز** (عف) اسم مذکر۔ ریڑھ کی ہڈی یا پیٹھ کے مہروں کے اندر کا گودا جس کا کھانا جائز ہے۔

**حرام کر دینا** (ا) فعل (1) ناگوار کر دینا (2) تلخ کر دینا۔

**حرام موت مرنا** (ا) محاورہ (1) خودکشی کرنا (2) بن آئی مرنا (3) زہر کھا کر یا کسی اور طرح اپنی جان دے دینا جو جائز نہیں۔

**حرام ہونا** (ا) فعل (1) دشواری ہونا (2) ناجائز ہونا۔

**حرام ہو جانا** (ا) محاورہ (1) تلخ ہونا (2) ناگوار ہونا۔

**حرامی** (ء) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) چور (2) دزد (بحالت صفت) شریر (3) حرامزادہ (4) بدذات۔

**حرامی پلا** (ا) اسم مذکر (1) حرام کا جنا (2) حرام کی اولاد (3) حرام کا بچہ (4) شریر (5) فسادی۔

**حرامی موت** (ا) اسم مذکر (1) ولدالزنا (2) نطفہ حرام (3) شریر (4) فتنہ انگیز۔

**حرب** (ء) اسم مذکر (1) سلاح جنگ (2) ہتھیار (3) دھاوا (4) جست (5) جھپٹنا۔

**حرب ضرب** (ا) تابع فعل (1) ہر دفعہ (2) ہر بار (3) بار بار (4) ہر گھڑی (5) ہر دم (6) ہر آن۔

**حرج** (ء) اسم مذکر (1) سختی (2) تنگی (3) نقصان (4) وقفہ (5) کمی (6) دیر۔

**حرز** (ء) اسم مذکر (1) پناہ کی جگہ (2) ملجا (3) مامن (4) تعویذ (5) جنتر۔

**حرص** (ء) اسم مونث (1) لالچ (2) طمع (3) لوبھ (4) آرزو (5) خواہش (6) رغبت (7) آرزو (8) ہوس۔

**حرصا حرصی** (ا) تابع فعل (1) ریس (2) دیکھا دیکھی (3) دوسرے کو دیکھ کر آپ بھی وہی کام کرنا۔

**حرصی** (ا) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت (1) لوبھی (2) لالچی (3) حریص۔

**حرف** (ء) اسم مذکر (1) لغوی کنارہ (2) طرف (3) دھار (4) پہاڑ کی چوٹی (5) اصطلاحی آواز کو ظاہر کرنے والا نشان (6) زبان بننے کی آوازیں (7) لفظ (8) بات (9) سخن۔

**حرف آنا** (ا) فعل (1) الزام لگنا (2) داغ لگنا (3) شناسی ہو جانا (4) حرفوں کا معلوم ہو جانا۔

**حرف بحرف** (ء) تابع فعل (1) لفظ بہ لفظ (2) ایک ایک کرکے (3) بالکل (4) ہو بہو۔

**حرف بنانا** (ا) محاورہ (1) حرفوں کو درست کرنا (2) چھاپے کے پتھر پر حرف سنوارنا (3) حرف کھودنا (4) جعل سازی کرنا (5) خط بدل جانا۔

**حرف پکڑنا** (ا) فعل (1) غلطی پکڑنا (2) عیب نکالنا (3) نکتہ چینی کرنا۔

**حرف شناس** (عف) اسم مذکر فاعل (1) حروف تہجی کو پہچاننے والا (2) ابجد خواں۔

**حرف گیری** (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) عیب جوئی (2) نکتہ چینی۔

**حرف لانا** (ا) فعل (1) الزام دھرنا (2) عیب لگانا (3) نقص نکالنا۔

**حرف نہ اٹھ سکنا** (ا) فعل (1) پڑھ نہ سکنا (2) پڑھا نہ جانا (3) پڑھنے سے لاچار ہو جانا۔

**حرفت** (ء) اسم مونث (1) پیشہ (2) کسب (3) کاریگری (4) ہنر (5) گن (6) عیاری (7) چالاکی (8) ہتھکنڈا۔

**حرفہ** (ء) اسم مذکر (1) پیشہ (2) دستکاری (3) کسب (4) ہنر (5) کاریگری۔

**حرکت** (ء) اسم مونث (1) رفتار (2) چال (3) جنبش (4) ہلنا جلنا (5) دھڑکن (6) بے قراری (7) اضطراب۔

**حرکت دینا** (ا) فعل (1) ہلانا (2) گردش دینا (3) جنبش دینا (4) وقفہ ہونا (5) ہلکا سا بخار ہونا (6) کسل ہونا۔

**حرکت کرنا** (ا) فعل (1) چلنا پھرنا (2) قصور کرنا (3) نامناسب کام کرنا (4) نقصان کرنا (5) دیر کرنا (6) جماع کرنا (7) جنبش کرنا۔

**حرکت دینا** (ا) فعل (1) ہلانا (2) گردش کرنا (3) جنبش دینا۔

**حرم** (ء) اسم مذکر (1) احاطہ (2) کعبہ کی چار دیواری (3) گھر کی بیوی (4) شریف گھروں کی عورتیں (5) اندرون خانہ (بصورت مونث) منکوحہ بیوی (6) گھر کی بیوی (7) بیوی بنائی ہوئی باندی (8) لونڈی (9) باندی۔

**حرم سرائے** (عف) اسم مونث ظرف، زنانخانہ امرا کی بیگمات اور حرموں کے رہنے کا مکان۔

**حرمت** (ء) اسم مونث (1) آبرو (2) عزت (3) پت (4) بڑائی (5) توقیر (6)

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

قدرومنزلت 7 شرعی اصطلاح حرام ہونا 8 حلال کی ضد۔

**حرمت اتارنا** (ا) فعل 1 بے عزتی کرنا 2 ذلیل کرنا 3 رُسوا کرنا۔

**حرمت کرنا** (ا) فعل 1 عزت کرنا 2 تعظیم وتکریم سے پیش آنا 3 آؤ بھگت کرنا 4 آدر کرنا۔

**حرمت لینا** (ا) فعل 1 آبرو لینا 2 عزت بگاڑنا 3 گستاخی کرنا۔

**حرمت والا** (ا) اسم مذکر فاعل مفید صفت 1 معزز 2 معتبر 3 ذی عزت 4 عزت دار 5 شریف 6 ساکھ والا 7 رئیس۔

**حرمزدگی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 شوخی 2 شرارت 3 بدذاتی 4 عیاری 5 چالاکی۔

**حروف** (ع) اسم مذکر۔ حرف کی جمع ہے۔

**حریر** (ع) اسم مذکر 1 ریشم کا کپڑا 2 ریشم 3 ریشمی کپڑا۔

**حریرہ** (ع) اسم مذکر 1 کھانڈ اور میدے کو ملا کر پتلا سا بنا لیتے ہیں 2 لذیز پینے کی چیز ہے۔

**حریری** (ع) اسم صفت 1 ریشم کا 2 ریشمیں 3 ریشمی 4 باریک اور دبلا پتلا آدمی۔

**حریص** (ع) اسم صفت 1 لالچی 2 کنجوس 3 لوبھی 4 حاسہ 5 طامع 6 پیٹو 7 ریس کرنے والا 8 کھاؤ 9 حرصی۔

**حریف** (ع) اسم مذکر 1 ہم پیشہ 2 ایک ہی کام کرنے والا 3 رقیب 4 دشمن 5 بدخواہ 6 چالاک 7 ہوشیار 8 اسم مذکر 9 ہم نبرد۔

**حریق** (ع۔ا) صفت 1 جلا ہوا 2 سوختہ 3 جلی ہوئی چیز 4 آنچ 5 شعلہ۔

**حریم** (ع۔ا) مذکر 1 خانہ کعبہ کی چار دیواری 2 ممانعت 3 مزاحمت۔

## ح ← ز

**حزب** (ع۔ا) مونث 1 جماعت 2 گروہ 3 وظیفہ 4 تقسیم جمع 5 احزاب۔

**حزم** (ع۔ا) مذکر 1 احتیاط 2 ہوشیاری 3 خبرداری 4 دور اندیشی۔

**حزن** (ع) اسم مذکر 1 غم ورنج 2 دکھ درد 3 رنج وملال۔

**حزنیہ** (ع۔ا) صفت مونث 1 المیہ 2 دردناک۔

**حزین** (ع) اسم صفت 1 غمناک 2 رنجیدہ 3 دکھیارا 4 دردمند 5 ملول۔

## ح ← س

**حس** (ع) اسم مونث 1 جاننے اور معلوم کرنے کی قوت 2 حرکت 3 جنبش۔

**حس مشترک** (ع) اسم مونث 1 عام عقل 2 وہ قوت جو حواس خمسہ کے بہم پہنچائے ہوئے علم کو قبول کر لیتی ہے 3 اس کا مقام پیشانی کے جوف میں ہے۔

**حساب** (ع) اسم مذکر 1 شمار 2 گنتی 3 علم ریاضی 4 چیزوں کا نرخ 5 بھاؤ 6 قاعدہ 7 طرز 8 ڈھنگ۔

**حساب بے باق کرنا** (ا) فعل 1 لین دین کا فیصلہ کرنا 2 حساب چکانا 3 قرضہ بالکل ادا کر دینا 4 قرضہ سے بالکل سبکدوش ہونا۔

**حساب جو جو بخشش سو سو** (ا) مثل 1 معاملہ ذرا ذرا مکمل طور پر طے ہونا چاہیے 2 انعام یا معافی چاہے جس قدر دے دو۔

**حساب جوڑنا** (ا) فعل 1 جمع کرنا 2 میزان دینا 3 مختلف رقوم کو یکجا کرنا۔

**حساب دار** (ا) اسم مذکر فاعل۔ بنک میں روپیہ جمع کرنے والا۔

**حساب دوستاں دردل** (ف) مثل 1 دوستوں کا حساب دل ہی دل میں ہوا کرتا ہے 2 جو آ گیا سو آ گیا 3 جو دے دیا سو دے دیا۔

**حساب دینا** (ا) فعل 1 چارج دینا 2 حساب سمجھانا 3 حساب سپرد کرنا 4 ذمہ پڑنا۔

**حساب رکھنا** (ا) فعل 1 درج کرنا 2 لین دین کی فہرست بنا لینا 3 ربط رکھنا 4 آشنائی رکھنا۔

**حساب سے باہر** (ا) اسم صفت 1 بے حد 2 بے انتہا 3 بہت 4 ان گنت 5 لاتعداد۔

**حساب کتاب** (ا) اسم مذکر 1 لین دین 2 میل ملاپ 3 ربط ضبط۔

**حساب کرنا** (ا) فعل 1 لین دین 2 گننا 3 قرض دینا 4 حساب سمجھانا 5 بے باک کرنا۔

**حساب لڑنا** (ا) فعل 1 آنکھ لڑنا 2 آشنائی ہونا 3 ربط ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**حساب لگانا** (ا) فعل ① حساب پھیلانا ② آشنائی قائم کرنا ③ یاری گانٹھنا۔

**حسابی** (ا) اسم صفت۔ بیائے فاعلیت ① حساب دان ② ماہر حساب ③ (بصورت اسم مونث) حساب کی بات ④ قاعدے اور طریقے کی بات۔

**حسب** (ء) تابع فعل ① مطابق ② موافق ③ بموجب۔

**حسب اتفاق** (ء) ① اتفاقاً ② ناگاہ ③ ناگہاں ④ اچانک۔

**حسب ارشاد** (ء) تابع فعل ① حکم کے موافق ② حسب الحکم ③ حسب الارشاد۔

**حسب توفیق** (ء) تابع فعل ① حیثیت کے مطابق ② بساط کے مطابق ③ سردھا کے بموجب۔

**حسب حال** (ء) تابع فعل ① ٹھیک موقعہ کے موافق ② برمحل ③ حالت کے مطابق۔

**حسب ذیل** (ء) تابع فعل ① مندرجہ ذیل ② نیچے لکھے ہوئے کے مطابق۔

**حسب ضابطہ/ حسب قاعدہ** (ء) تابع فعل ① باقاعدہ طور پر ② قاعدے کے موافق۔

**حسب مراد** (ء) تابع فعل ① مراد کے موافق ② خواہش اور آرزو کے موافق۔

**حسب معمول** (ء) تابع فعل۔ دستور کے مطابق۔

**حسب مقدور** (ء) تابع فعل ① مقدور بھر ② حیثیت کے مطابق۔

**حسب منشا** (ء) تابع فعل ① آرزو اور خواہش کے موافق ② اپنی مرضی کے مطابق۔

**حسب** (ء) اسم مذکر ① نسل ② سلسلہ خاندان ③ نسب کی ضد ④ دولت کی عزت ⑤ دینی بزرگی ⑥ ماں کی طرف کا سلسلہ ⑦ سلسلہ مادری۔

**حسب و نسب** (ء) اسم مذکر ① نسبت پدری ② لاکلوتا ③ سلسلہ یعنی ماں باپ دونوں کی طرف

**حسد** (ء) اسم مذکر ① جلن ② رشک ③ عداوت ④ کینہ ⑤ بغض ⑥ مرتبہ کا زوال چاہنا۔

**حسد رکھنا** (ا) فعل ① جلنا ② کسی کی دولت دیکھ کر کڑھنا ③ درپے نقصان ہونا۔

**حسرت** (ء) اسم مونث ① کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس ② ارمان ③ پشیمانی ④ آرزو ⑤ شوق۔

**حسرت برسنا/ حسرت ٹپکنا** (ا) فعل ① حسرت و افسوس نمایاں ہونا ② افسوس اور ارمان کی مجسم شکل دکھائی دینا۔

**حسرت بھرا** (ا) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① پرشوق ② پررنج ③ پر تاسف۔

**حسن** (ء) اسم صفت ① بھلا ② اچھا ③ خوب نیک ④ بصورت اسم مونث ⑤ خوبی ⑥ عمدگی ⑦ خوبصورتی (اسم مذکر) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بڑے صاحبزادے امام ثانی ابومحمد کا نام نامی ہے۔

**حسن** (ء) اسم مذکر ① بھلائی ② عمدگی ③ خوبی ④ خوبصورتی خوشحالی ⑤ دلربائی ⑥ جمال ⑦ رونق ⑧ جوبن ⑨ بہار۔

**حسن تدبیر** (ء) اسم مذکر ① تدبیر کی خوبی ② خوش تدبیری۔

**حسن ظن** (ء) اسم مذکر ① نیک خیال ② اچھا گمان۔

**حسن محفل** (ء) اسم مذکر ① مجلس کا سنگار یعنی حقہ ② قلیان ③ پیچوان۔

**حسین** (ء) اسم مذکر ① حسن کی تصغیر ② امام ثالث ابوعبداللہ سیدنا حسین ابن علی کرم اللہ کا اسم شریف ہے جنہوں نے دسویں محرم ۶۱ھ بروز جمعہ میدان کربلا میں شہادت پائی۔

**حسین** (ء) اسم صفت ① خوبصورت ② شکیل ③ حسن والا ④ جمیل ⑤ وجیہہ ⑥ شکیلہ ⑦ من موہن۔

**حسود** (ع۔ا) مذکر ① حاسد کی جمع ② حسد کرنے والا ③ بدخواہ۔

**حسیب** (ع۔ا) صفت ① حساب کرنے والا ② حساب لینے والا ③ انتقام لینے والا۔

## ح ← ش

**حشر** (ء) اسم مذکر۔ لغوی معنی ① اٹھنا ② اصطلاحی معنی قیامت ③ روز حساب ④ شور و غل۔

**حشر برپا کرنا** (ا) فعل ① قیامت ڈھانا ② شور مچانا ③ کہرام مچانا۔

**حشر توڑنا** (ا) فعل ① نہایت خفا ہونا ② قیامت برپا کرنا ③ جھنجھلانا۔

**حشر ٹوٹنا** (ا) فعل ① خفگی ہونا ② آفت ٹوٹنا۔

**حشرات** (ء) اسم مذکر ① غل ② شور ③ ہنگامہ ④ خوف و مصیبت ⑤ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو زمین میں سوراخ کر کے رہتے ہیں ⑥

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072188

www.besturdubooks.net

برساتی کیڑے۔

حشرات الارض (ع) اسم مذکر (1) زمینی کیڑے (2) موذی کیڑے۔

حشمت (ع) اسم مونث (1) خدمتگار (2) نوکر (3) چاکر (4) خادموں کی جماعت (5) مرتبہ (6) عظمت (7) شان وشوکت (8) دبدبہ (9) سواری کا سازوسامان۔

## ح ← ص

حصار (ع) اسم مذکر (1) قلعہ (2) چار دیواری (3) فصیل (4) وہ دائرہ جو عامل لوگ یا جادوگر کوئی عمل کرتے وقت اپنے گرد حفاظت کے لیے کھینچ لیتے ہیں۔

حصار باندھنا (ا) فعل (1) قلعہ باندھنا (2) چاروں طرف سے گھیر لینا (3) چار دیواری کھڑی کر دینا (4) جادو یا دعا کے ذریعہ چاروں طرف کی روک کر دینا (5) جن وغیرہ کا عمل۔

حصول (ع) اسم مذکر (1) حاصل (2) فائدہ (3) نفع (4) سود (5) مطلب (6) نتیجہ۔

حصہ (ع) (1) ٹکڑا (2) بخرہ (3) بانٹ (4) تقسیم (5) جزو کتاب (6) علاقہ (7) سررشتہ (8) درجہ (9) کمرہ۔

حصہ بخرہ (ا) اسم مذکر (1) بھاجی (2) کھانے پینے کی چیز کا حصہ (3) میل ملاپ۔

حصہ داری (ا) اسم مونث بیائے مصدری (1) زمینداروں کی شراکت (2) کشت زمین کی پتی۔

حصہ رسد (عف) تابع فعل (1) حصے کے موافق تقسیم سے (2) جتنا جتنا حصے میں آوے۔

حصہ کرنا/ حصہ لگانا (ا) فعل (1) بانٹنا (2) تقسیم کرنا (3) ٹکڑے کرنا (4) باہم پتی کرنا (5) ڈھیریاں لگانا۔

حصے دار (ا) اسم مذکر فاعل (1) شریک (2) ساجھی (3) شریک دہ یا کشت۔

حصیر (ع) اسم مذکر (1) بوریا (2) چٹائی (3) ٹاٹ۔

## ح ← ض

حضرت (ع) اسم مذکر (1) نزدیکی (2) درگاہ (3) قرب (4) جناب (5) حضور (6) قبلہ (7) تعظیم وعزت کا لقب (8) سلام علیک تسلیم وغیرہ کی جگہ بھی بولتے ہیں (9) (بصورت صفت) طنزاً شریر۔

حضرت سلامت (ع) اسم مذکر۔ جناب عالی۔

حضوروالا (ع) اسم مذکر (1) حضوروالا (2) جناب عالی۔

حضوری (ع) اسم مونث بیائے مصدری (1) حاضری (2) حاضر باشی (3) قربت (4) نزدیکی (5) دوری کی ضد (6) (بحالت صفت) دربار شاہی (7) بادشاہی اجلاس۔

## ح ← ظ

حظ (ع) اسم مذکر (1) لطف (2) لذت (3) خیر (4) اخیری (5) خوشی (6) انبساط (7) قسمت کی یاوری (8) یاوری بخت (9) بہرہ۔

حظ اٹھانا (ا) فعل (1) مزہ اڑانا (2) لذت پانا (3) لطف اٹھانا (4) عیش کرنا (5) مزے لوٹنا (6) موج مارنا۔

حظائظ (ع) حضا کی جمع (1) مزے (2) لطف (3) خوشیاں۔

حظ نفسانی (ع) اسم مونث بیائے نسبتی (1) نفس کی خوشی (2) حیوانی خوشی۔

## ح ← ف

حف (ع) اسم مذکر (1) کسی چیز کا بیکار ہو جانا (2) اُڑتے وقت پرندوں کے پروں کی آواز (3) زمین کی گھاس خشک ہو جانا۔

حفظ ماتقدم (ع) اسم مذکر (1) پیش بندی (2) کسی کام کا پہلے ہی سے بچاؤ۔

حفظ مراتب (ع) اسم مذکر (1) درجہ کی رعایت (2) پاس (3) ادب (4) مرتبہ کا لحاظ۔

حف نظر (ا) (1) چشم بددور (2) حف بمعنی واپس ہو جائے نظر بمعنی نظر یعنی تیری نظر واپس ہو جائے (3) نظر بد ادھر ہی رہے (4) کسی کی تعریف سے پہلے یہ لفظ زبان سے بولتے ہیں۔

## ح ← ق

حق (ع) اسم مذکر (1) خدا (2) اللہ تعالےٰ (3) سچ (4) راست (5) لائق (6) واجب (7) ثابت (8) قائم (9) ٹھیک۔

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 0324907218

حق ادا کرنا (ا) فعل ❶ ڈیوٹی بجالانا ❷ فرض ادا کرنا ❸ کسی کام کو ویسا ہی کرنا جیسے کرنا چاہتے تھے ❹ نوکری ❺ خدمت بجالانا۔

حق اللہ/حق پاک ذات اللہ (ا) فقرہ۔ اللہ حق ہے اور اس کی ذات تمام عیبوں سے پاک ہے۔ (طوطوں کو یہ الفاظ سکھاتے ہیں)

حق پرست (عف) اسم مذکر فاعل۔ خدا کو پوجنے والا۔

حق تعالےٰ (ء) اسم مذکر۔ خدائے عزوجل بزرگ و برتر خدا۔

حق تلفی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کسی کا حق ضائع کر دینا ❷ پرایا حق مارنا ❸ ظلم اور بے انصافی کرنا۔

حق ثابت کرنا (ا) فعل ❶ اپنا استحقاق تسلیم کرنا ❷ دعوے کا ثبوت بہم پہنچانا۔

حق حق کرنا (ا) فعل ❶ انصاف کرنا ❷ عدل کرنا ❸ خدا کا نام لینا ❹ شراب کا شیشے میں سے نکلتے وقت قل قل کی آواز دینا۔

حق رسی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نیاؤ ❷ عدل ❸ داد ❹ انصاف۔

حق سرکار (ء) اسم مذکر ❶ راج ❷ محصول ❸ خراج ❹ زرِ مالگزاری۔

حق شفعہ (ء) اسم مذکر ❶ پڑوس اور ہمسائیگی کا حق ❷ ملحقہ جائداد کے خریدنے کا استحقاق۔

حق شناس (عف) اسم صفت ❶ قدردان ❷ منصف ❸ جوہر شناس۔

حق سے خدا راضی ہے (ا) جملہ۔ راستی اور سچائی سے خدا خوش ہے۔

حق کو پہنچنا (ا) فعل ❶ انصاف کو پہنچنا ❷ انصاف کرنا ❸ سچ کو دریافت کرنا۔

حق لینا (ا) فعل ❶ واجبی حصہ پانا ❷ ورثہ لینا ❸ مال مارنا ❹ جائداد دبا لینا۔

حق ناحق (ا) تابع فعل ❶ خواہ مخواہ ❷ بے سبب ❸ بلاوجہ ❹ یونہی۔

حق نام اللہ کا (ا) محاورہ۔ سچا تو نام اللہ ہی کا ہے۔

حق نمک ادا ہونا (ا) فعل۔ نوکری اور نمک خواری کا حق ادا ہونا۔

حق ہونا (ا) فعل ❶ سچ ہونا ❷ راست ہونا ❸ مرنا ❹ دنیا سے گزر جانا ❺ انصاف ہونا ❻ نیاؤ ہونا۔

حقارت (ء) اسم مونث ❶ بے عزتی ❷ بے آبروئی ❸ ذلت ❹ خواری ❺ خفت ❻ سبکی۔

حقارت کی نظر سے دیکھنا (ا) فعل ❶ دوسرے کو ذلیل جان کر توجہ نہ کرنا ❷ خاطر میں نہ لانا۔

حقنہ (ء) اسم مذکر ❶ پچکاری ❷ کسی دوائی کی بتی یا پچکاری جو پیخانہ آنے کی خاطر سفرے میں چڑھائی جاتی ہے۔

حقنہ کرنا (ا) فعل۔ سفرے میں پچکاری یا بتی چڑھانا۔ تاکہ پیخانہ آجائے۔

حقوق (ء) اسم مذکر۔ حق کی جمع۔

حقہ (ء) اسم مذکر ❶ ڈبا ❷ جواہرات وغیرہ رکھنے کی ڈبیا ❸ درج ❹ کلیان ❺ پیچوان ❻ کا پیالہ جس میں نلیاں لگا کر تمبا کو بھر کر پیتے ہیں۔

حقہ باز (عف) اسم مذکر فاعل ❶ مداری ❷ بھان متی ❸ بہت حقہ پینے والا۔

حقہ بجانا (ا) فعل ❶ بکثرت حقہ پینا ❷ حقہ بلونا ❸ حقہ گڑگڑانا۔

حقہ بردار (عف) اسم مذکر فاعل ❶ حقہ بھرنے اور حقہ اٹھانے والا ❷ حقہ ساتھ لے کر چلنے والا۔

حقہ بھرنا (ا) فعل ❶ چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا ❷ حقہ پر آگ رکھنا۔

حقہ پانی بند کرنا/حقہ پانی گرا دینا (ا) فعل ❶ ذات سے اتار دینا ❷ برادری سے خارج کرنا ❸ ذلیل اور مجبور کرنا۔

حقہ تازہ کرنا (ا) فعل۔ حقہ کا پانی بدلنا۔

حقیت (ء) اسم مونث ❶ ملکیت ❷ حق ❸ حصہ داری۔

حقیر (ء) اسم صفت ❶ ادنےٰ ❷ چھوٹا ❸ لاغر ❹ دبلا پتلا ❺ نحیف البدن ❻ بے قدر ❼ خوار ❽ اوچھا ❾ خفیف۔

حقیر جاننا (ا) فعل ❶ ناچیز سمجھنا ❷ کمینہ سمجھنا ❸ ذلیل و خوار جاننا۔

حقیقت (ء) اسم مونث ❶ اصل ❷ جڑ ❸ ماہیت ❹ کیفیت ❺ چگونگی ❻ حال ❼ بساط ❽ حیثیت ❾ سرگزشت۔

حقیقت کھل جانا (ا) فعل ❶ کیفیت ظاہر ہونا ❷ قلعی کھل جانا ❸ مزا آجانا ❹ بھید کھل جانا ❺ تمام حال معلوم ہو جانا۔

حقیقی (ء) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ حقیقت ❷ اصلی ❸ سگا ❹ اپنا ❺ اپنی ❻ سگی۔

حقیقی بھائی (ا) اسم مذکر ❶ ماں یا بھائی ❷ سگا بھائی ❸ برادرِ عینی ❹ ایک

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...218

www.besturdubooks.net

ماں باپ کا دوسرا یا تیسرا وغیرہ بیٹا۔

## ح ← ک

**حک** (ع) اسم مذکر ① مٹانا ② کھرچنا ③ چھیلنا ④ دور کرنا۔

**حکاک** (ع) اسم مذکر ① مہر کھودنے والا ② مہر کن ③ مہر پر حروف بنانے والا۔

**حکام** (ع) اسم مذکر۔ حاکم کی جمع۔

**حکایت** (ع) اسم مونث ① کہانی ② داستان۔

**حکایتاً** (ع) تابع فعل ① قصے کے طور پر ② کہانی کے طور پر ③ بطور ذکر ④ تذکرہ۔

**حکم** (ع) اسم مذکر ① پنچ ② ثالث ③ انصاف کرنے والا ④ جج ⑤ فیصلہ کرنے والا۔

**حکم** (ع) اسم مذکر ① فرمان آگیا ② ارشاد ③ شرعی ④ فیصلہ ⑤ فتوے ⑥ قانونی فیصلہ ⑦ منطق ⑧ ایسی دلیل جس سے قائل ساقط ہو جائے۔

**حکم اٹھانا** (ا) فعل ① حکم ماننا ② گنجفہ میں سر لینے کے واسطے حکم کا پتا ڈالنا۔

**حکم انداز** (ف) اسم مذکر فاعل ① کامل تیر انداز ② بے خطا نشانہ پر مارنے والا۔

**حکم بجالانا** (ا) فعل ① کہا ماننا ② تعمیل ارشاد کرنا۔

**حکم بردار** (ف) اسم مذکر فاعل ① کہا کرنے والا ② فرماں بردار ③ حکم ماننے والا۔

**حکم جاری کرنا** (ا) حکم صادر کرنا ① ڈونڈی پٹوانا ② اشتہار دینا۔

**حکم چلانا** (ا) فعل ① بیٹھے بیٹھے حکم دیئے جانا ② حکومت کرنا ③ جبر کرنا ④ سختی کرنا۔

**حکم حاکم مرگ مفاجات** (ف) مقولہ حاکم کا حکم فوراً جاری ہو جاتا جی چاہے یا نہ چاہے فی الفور ماننا پڑتا ہے۔

**حکم دینا** (ا) فعل ① کام فرمانا ② فتوی صادر کرنا ③ اجازت دینا ④ اشتہار دینا ⑤ فیصلہ کرنا۔

**حکم رانی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① سلطنت ② حکومت ③ بادشاہی ④ فرمانروائی۔

**حکم ظہری** (ع) اسم مذکر ① کاغذ یا رپورٹ کی پشت پر لکھا ہوا حکم ② پشتی حکم۔

**حکم قطعی** (ع) اسم مذکر ① حکم اخیر ② اخیری فیصلہ ③ حکم ناطق۔

**حکم کرنا** (ا) فعل ① سختی کرنا ② ارشاد فرمانا ③ اجازت دینا ④ حکم چلانا۔

**حکم کشتی** (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① پھرنے والا حکم ② سرکلر ③ وہ حکم جو بہت سی جگہوں میں بھیجا جاوے۔

**حکم لگانا** (ا) محاورہ ① دفعہ لگانا ② حد لگانا ③ پختہ رائے ظاہر کرنے والا ④ دعوے جمانا ⑤ پہلے سے کام کے نتیجہ کا فیصلہ کر دینا۔

**حکم مطلق** (ع) اسم مذکر ① عام حکم ② قطعی حکم ③ اخیری حکم۔

**حکمنامہ** (عف) اسم مذکر ① تحریری حکم ② وہ فرمان جو جج کی طرف سے لکھا جائے۔

**حکمت** (ع) اسم مونث ① عقل ② دانائی ہر شے کی حقیقت معلوم کرنے کا علم ③ بیدک ④ طب ⑤ علاج ⑥ مطلب ⑦ ڈھنگ ⑧ غرض ⑨ تدبیر و ترکیب۔

**حکمت عملی** (ع) اسم مونث ① تہذیب اخلاق اور سیاست مدن کی واقفیت ② دور اندیشی ③ چالاکی ④ ہوشیاری ⑤ پالیسی ⑥ توڑ جوڑ۔

**حکمت کرنا** (ا) فعل ① تدبیر کرنا ② دانائی کرنا ③ طبابت کرنا ④ ڈاکٹری یا طبابت کا پیشہ کرنا۔

**حکمت مدنی** (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ① سیاست مدن کے انتظام ② انتظامات شہری ③ نظام کے قاعدے۔

**حکمتی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① چالاک فلسفی ② ہوشیار ③ چاتر۔

**حکومت** (ع) اسم مونث ① راج ② سلطنت ③ زبردستی ④ اختیار ⑤ بس۔

**حکومت جتانا** (ا) فعل ① تیزی دکھانا ② زبردستی کرنا ③ رتبہ دکھانا۔

**حکمی** (ع) اسم صفت بیائے فاعلیت ① بے خطا ② ٹھیک نشانے پر ③ شرطی ④ ہمیشہ مدام ⑤ ضروری ⑥ محکوم ⑦ فرمانبردار۔

**حکیم** (ع) اسم صفت مذکر ① دانا ② عقلمند ③ ہوشیار ④ محقق ⑤ فلسفی ⑥ بید ⑦ ڈاکٹر ⑧ طبیب۔

**حکیم اور قارورہ سے لاعلاج** (ا) مثل۔ کسی کام کرنے والا کو اپنے کام

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

سے کیا شرم اور نفرت۔

حکیمی (ا) اسم صفت بیائے مصدری 1 ڈاکٹری طبابت 2 ویدک۔

## ح ← ل

حل (ع) اسم مذکر 1 کھولنا 2 سلجھانا 3 عقدہ کشائی 4 مشکل بات کو آسان کرنا 5 گھلنا ملنا 6 گھٹائی 7 پسائی 8 حساب کا سوال نکالنا۔

حل کرنا (ا) فعل 1 آسان کرنا 2 عقدہ کشائی کرنا 3 انکشاف کرنا 4 کھولنا 5 سلجھانا 6 اجزا علیحدہ کرنا 7 پیسنا 8 کھرل کرنا 9 ملانا۔

حلال (ع) اسم صفت 1 جائز 2 مباح 3 روا 4 درست 5 حرام کی ضد 6 ذبیحہ 7 ذبح کیا ہوا جانور 8 شرعاً و قانوناً جائز 9 حسب شرع۔

حلال خور (ا) اسم مذکر فاعلی 1 حلال کی کھانے والا 2 خاکروب 3 بھنگی 4 مہتر۔

حلال کا (ا) اسم صفت 1 ولد الحلال 2 وہ بچہ جو منکوحہ ماں سے پیدا ہو۔

حلال کرنا (ا) فعل 1 ذبح کرنا 2 شریعت کے موافق چھری پھیرنا 3 کاٹنا 4 قتل کرنا 5 مارنا 6 پیٹنا۔

حلال کر کے کھانا (ا) فعل 1 محنت کر کے کھانا 2 خوب کام کر کے مزدوری لینا 3 بری طرح مارنا 4 سخت پیٹنا۔

حلال میں حرکت حرام میں برکت (ا) مثل 1 الٹی بات 2 زمانہ کی الٹی بات 3 انقلاب زمانہ۔

حلاوت (ع) اسم مونث 1 مٹھاس 2 لذت 3 مزا 4 ذائقہ 5 راحت 6 آرام 7 شیرینی۔

حلف (ع) اسم مذکر 1 قسم 2 سوگند 3 قرآن 4 عہد و پیمان۔

حلف اٹھانا (ا) فعل 1 قسم کھانا 2 سوگند کھانا 3 قرآن اٹھانا 4 گنگا جلی اٹھانا۔

حلف دروغی (عف) اسم مونث بیائے مصدری 1 جھوٹی قسم کھانا 2 جھوٹی سوگند۔

حلف دینا (ا) فعل 1 قرآن یا گنگا جلی اٹھوانا 2 قسم دینا۔

حلفاً (ع) اسم صفت 1 قسمیہ طور پر 2 قسم کے طور پر۔

حلق (ع) گلا 1 ٹیٹوا 2 گلو 3 نرخرا 4 گردن 5 منہ 6 زبان۔

حلق بند کرنا (ع) فعل 1 زبان بند کرنا 2 خاموش کرنا 3 منہ پکڑنا۔

حلق پر چھری پھیرنا (ا) فعل 1 حلال کرنا 2 ذبح کرنا 3 مار ڈالنا 4 قتل کرنا 5 ظلم کرنا 6 جبر کرنا 7 زبردستی کرنا 8 ستم کرنا۔

حلق دبانا (ا) فعل 1 گلا گھونٹنا 2 ٹیٹوا دبانا 3 بات کرتے روک دینا۔

حلق کا دربان (ا) اسم مذکر 1 ماں کو کچھ نہ کھانے دینے والا بچہ 2 کھانا کا مانع۔

حلق کا نہ تالو کا یہ مال میاں لالو کا (ا) کہاوت۔ کھایا نہ پیا، یوں ہی کتوں کو دے کر خراب کر دیا۔

حلق میں نوالہ پھنسنا (ا) فعل۔ کسی عمدہ چیز کے کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست کا دھیان آ جانا۔

حلقوم (ع) اسم مذکر 1 گلو 2 گلا 3 نائے 4 ٹیٹوا 5 مقتل 6 سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا 7 گلے کا گھنگرو۔

حلقہ (ع) اسم مذکر بیائے نسبتی 1 منسوب بہ حلق احاطہ 2 گھیرا 3 مجلس 4 منڈلی 5 لوہے کا گول کنڈا 6 سانپ کی کنڈلی 7 چاند کا ہالہ 8 کھنڈی کا گھر 9 علاقہ۔

حلقہ باندھنا (ا) فعل 1 چار طرف سے گھیر لینا 2 گھیرا ڈالنا۔

حلقہ بگوش (عف) اسم مذکر 1 غلام 2 فرمانروا (ایران میں دستور تھا کہ غلاموں کے کان میں حلقہ ڈال دیا کرتے تھے)

حلم (ع) اسم مذکر 1 نرمی 2 بردباری 3 ملائمت 4 نرم طبعی کسی کی سزا میں نرمی کرنا۔

حلوا (ع) اسم مذکر 1 میٹھا 2 میٹھی چیز 3 نرم 4 مٹھائی 5 موہن بھوگ 6 نرم مال 7 ملائم چیز۔

حلوا خاتون (ع) اسم مونث 1 حلوا خور بیگم 2 اختو بختو 3 کاٹھ کی پتلیاں 4 جن کا تماشا کیا کرتے ہیں۔

حلوا خوردن را روئے بائید (ف) مثل۔ عزت کے لئے لیاقت و شرافت درکار ہے۔

حلوا سمجھنا (ا) فعل 1 بالکل آسان جاننا 2 کسی کو نرم سمجھنا 3 کمزور جاننا۔

حلوا کھائے (ا) 1 قسم سخت 2 ہمیں مرا ہوا دیکھے 3 ہماری بھتی کھائے۔

حلوا نکل جانا (ا) فعل 1 کنگال اور بدحال ہو جانا 2 نہایت سختی سے بدحال ہونا۔

حلوے بے دود (ف) اسم مذکر 1 پیڑ پر پکا ہوا میوہ 2 قدرتی حلوہ 3 نرم چارہ۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140172180

حلوان (ا) اسم مذکر ① بھیڑ یا بکری کا دودھ پیتا بچہ ② نرم گوشت ③ ایک کپڑے کا نام۔

حلوائی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① حلوا بنانے اور بیچنے والا ② مٹھائی فروش ③ شیر فروش۔

حلوائی کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ/ حلوائی کی دکان پر نانا جی فاتحہ (ا) مثل۔ پرائے مال کو بے دریغ خرچ کرنے یا غیر کے مال کو اپنا سمجھ کر صرف کرنے کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔

حلوے مانڈے سے کام رکھنا (ا) فعل ہر حالت میں اپنے مطلب کو مقدم جاننا۔

حلیم (ع) اسم صفت ① بردبار ② متحمل مزاج ③ ملائم طبع ④ نرم دل ⑤ دھیما ⑥ گھمبیر ⑦ کھچڑ ⑧ ایک قسم کا کھانا ہوتا ہے ⑨ جو محرم میں شہدائے کربلا کی فاتحہ کے لئے پکایا جاتا ہے۔

حلیہ (ع) اسم مذکر ① زیور ② گہنا ③ خلعت ④ خط و خال ⑤ چہرہ ⑥ صورت۔

## ح ← م

حماقت (ع) اسم مونث ① بے وقوفی ② نادانی ③ احمق پن۔

حمال (ع) اسم مذکر فاعل مبالغہ یا پیشہ ① پانڈی ② مزدور ③ بوجھ اٹھانے والا ④ باربردار۔

حمام (ع) اسم مذکر ظرف ① نہانے کی جگہ ② گرم آبہ ③ گرمابہ۔

حمام کرنا (ا) فعل ① نہانا ② غسل کرنا ③ اشنان کرنا۔

حمام کی لنگی (ا) اسم مونث۔ ہر شخص کے استعمال میں آنے والی چیز۔

حمامی (ع) اسم مونث بیائے فاعلیت ① حمام والا ② نہلانے والا ③ نائی ④ حجام۔

حمایت (ع) اسم مونث ① طرفداری ② مدد ③ امداد ④ نگہبانی ⑤ محافظت ⑥ سایہ۔

حمایت کرنا۔ حمایت لینا۔ حمایت میں لینا (ا) فعل ① کسی کی مدد کرنا ② طرفداری کرنا ③ پشتی کرنا ④ حامی بننا ⑤ مددگار بننا۔

حمایتی (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① مددگار ② حامی ③ معاون ④ طرفدار ⑤ مدد۔

حمایتی گھوڑی عراقی کے لات مارتی (ا) مثل۔ جس کا کوئی مددگار ہو وہ ادنٰی ہو کر بھی بڑوں کا مقابلہ کر بیٹھتا ہے۔

حمایتی کا ٹٹو (ا) اسم مذکر ① دوسرے کی مدد پر کام کرنے والا ② دوسرے کے بل پر کودنے والا۔

حمائل (ع) اسم مونث ① گلے میں لٹکانے کی چیز ② چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف۔

حمد (ع) اسم مونث۔ خدا کی تعریف

حمق (ع) اسم مونث ① بے وقوفی ② نادانی ③ حماقت ④ احمق پن۔

حمل (ع) اسم مذکر ① بوجھ ② بار ③ پیٹ ④ گربھ ⑤ آسمان پر ایک برج کا نام بھی ہے جو مینڈھے کی شکل کا ہے۔

حمل اسقاط ہونا (ا) فعل ① پیٹ گرنا ② گربھ چھن جانا ③ توہ جانا۔

حمل رہنا (ہ) فعل ① پیٹ رہنا ② پیٹ میں بچہ پڑنا۔

حمل گرانا (ا) فعل ① اسقاط گرانا ② پیٹ گرانا۔

حملہ (ع) اسم مذکر ① ہلا ② دھاوا ③ یورش ④ چڑھائی ⑤ حربہ ⑥ وار ⑦ چوٹ۔

حملہ آور (عف) اسم مذکر فاعل ① دھاوا ② چڑھائی کرنے والا۔

حملہ کرنا (ا) فعل ① دھاوا کرنا ② یورش کرنا ③ حربہ کرنا ④ وار چلانا ⑤ چوٹ کرنا۔

## ح ← ن

حنا (ع) اسم مونث۔ مہندی۔

حنا بندی (عف) اسم مونث۔ بیائے مصدری۔ مہندی کی رسم جو ساچق سے ایک دن پہلے مسلمانوں میں کی جاتی ہے۔

حنائی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① گیرو دار رنگ ② مہندی کا سا رنگ ③ مہندی سے رچا ہوا ④ زردی مائل سرخ رنگ۔

## ح ← و

حوا (ع) اسم مونث ① باوا آدم کی بیوی کا نام ہے ② بنی آدم کی ماں (بحالت اسم مذکر) کالے چہرے اور لمبے دانتوں والا ڈراؤنا ③ بھوت جو فرضی ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**حواری** (ء) اسم مذکر ① مسیح کے دوست ② حضرت عیسٰے علیہ السلام کے اصحاب۔

**حواس** (ء) اسم مذکر ① حاسہ کی جمع ② مدرکہ قوتیں ③ اندریاں ④ محسوس کرنے کی طاقتیں ⑤ ہوش ⑥ اوسان ⑦ بدھ ⑧ بدھی ⑨ فہم۔

**حواس باختہ** (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① ہکا بکا ② گھبرایا ہوا ③ بے اوسان ④ جس کے حواس بجانہ ہوں۔

**حواسوں پر سے صدقہ دینا** (ا) فعل ① ہوش درست کرنا ② عقل بنوانا ③ عقل کی خبر لینا۔

**حواصل** (ء) اسم مذکر و مونث۔ ایک سفید آبی پرندہ ہے جس کا پوٹا بہت بڑا ہوتا ہے۔

**حوالات** (ا) اسم مونث ① حوالت سے بگڑا ہے ② سپردگی ③ تحویل ④ حراست ⑤ قید ⑥ وہ مکان جس میں مجرموں کو تحقیقات مقدمہ تک رکھا جاتا ہے۔

**حوالات کرنا/ حوالات میں دینا** (ا) فعل ① نظر بند کرنا ② نگرانی میں رکھنا ③ قید کرنا ④ نظر بندی میں رکھنا۔

**حوالہ** (ء) اسم مذکر ① تحویل ② سپردگی ③ نشان ④ پتہ ⑤ کسی امر کی اقوال اساتذہ سے تصدیق۔

**حوالہ دار** (ہ) اسم مذکر فاعل ① وہ سپاہی افسر جس کی سپردگی میں کچھ آدمی ہوں ② چند سپاہیوں کا افسر۔

**حوالی** (ء) اسم مونث ① آس پاس ② گردونواح ③ قریب ④ قرب و جوار۔

**حوالے کرنا** (ا) فعل ① سپرد کرنا ② دینا ③ پکڑانا۔

**حوت** (ء) اسم مونث۔ مچھلی ماہیئے کلاں (بصورت اسم مذکر) آسمان کا بارھواں برج ہیں۔

**حور** (ء) اسم مونث ① حورا کی جمع ② سیاہ بالوں اور پتلیوں والی ہر گوری چٹی عورت ③ خوبصورت ④ جمیلہ ⑤ شکیلہ ⑥ نہایت حسین عورتیں جو بہشت میں نیکوں کی بیویاں ہوں گی۔

**حور کا بچہ** (ا) اسم صفت ① نہایت حسین ② پریزاد ③ پری جمال ④ پری صورت۔

**حوصلہ** (ء) اسم مذکر ① پرند کا پوٹا ② معدہ مرغاں ③ دلیری ④ جرات ⑤ ہمت ⑥ مقدور ⑦ سمائی ⑧ بردباری ⑨ ارمان۔

**حوصلہ نکالنا** (ا) فعل ① ہوس نکالنا ② ارمان پورے کرنا ③ بڑی ہمت کرنا ④ خوب خرچ کرنا ⑤ جی کھول کر صرف کرنا۔

**حوض** (ء) اسم مذکر ظرف ① پانی جمع کرنے کی جگہ ② تالاب ③ ہودہ ④ متن ⑤ حاشیہ کے اندر کا میدان۔

**حوض بھرے فوارہ چھوٹے** (ا) مثل آمدنی ہو تو خرچ بھی ہو جاتا ہے۔

**حویلی** (ا) اسم مونث ظرف ① چاردیواری کا مکان ② محل سرا ③ پختہ اور بڑا مکان ④ عالیشان گھر۔

## ح ← ی

**حیا** (ء) اسم مونث ① شرم ② حجاب ③ لاج ④ لحاظ ⑤ غیرت۔

**حیادار/ حیامند** (ا) اسم صفت ① غیرت مند ② شرم دار ③ شرمیلا ④ شرمیلی ⑤ نیک بخت۔

**حیا والا اپنی حیا سے ڈرا بے حیا جانے مجھ سے ڈرا** (ا) مثل۔ جب کسی رذیل کے مقابلے میں کوئی شریف خاموشی اختیار کرلے اس وقت بولا کرتے ہیں۔

**حیات** (ء) اسم مونث ① زندگی ② جان ③ روح ④ پران ⑤ زیست ⑥ عمر۔

**حیات مستعار** (ء) اسم مونث ① مانگے کی زندگی ② بے ثبات زندگی ③ فانی عمر ④ ناقابل اعتبار زیست ⑤ غریبانہ گزارہ ⑥ معمولی گزران۔

**حیثیت** (ء) اسم مونث جعلی مصدر ہے ① مقدور ② بساط ③ استعداد ④ مالیت دولت ⑤ ملکیت ⑥ عزت ⑦ آبرو۔

**حیثیت عرفی** (ء) اسم مونث ① ظاہری عزت مانی ہوئی ② آبرو ③ بنی ہوئی ساکھ ④ اعتبار۔

**حیران دنگ** (ء) اسم صفت ① متحیر ② حیرت زدہ ③ ہکا بکا ④ اور پریشان۔

**حیرانی** (ء) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① تحیر ② حیرت ③ پریشانی ④ تعجب۔

**حیرت** (ء) اسم مونث ① اچنبھا ② تعجب ③ حیرانی ④ اچرج سکتے کی حالت ⑤ جھجک رہنا۔

**حیص بیص** (ء) اسم مونث ① تکرار ② بحث ③ تردد ④ جھگڑا ⑤ شور و

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

غوغا❻ تذبذب۔
حیض (ء) اسم مذکر ❶ عورتوں کو آنے والا ماہواری خون ❷ کپڑے ❸ ایام ماہواری۔
حیطہ (ع۔ا) مذکر ❶ احاطہ ❷ چاردیواری۔
حیف (ء) اسم مذکر ❶ ہائے ❷ دریغ ❸ افسوس ❹ ظلم ❺ زبردستی ❻ جور و ستم ❼ حیرو تعدی۔
حیلہ (ء) اسم مذکر ❶ فریب ❷ مکر ❸ بہانہ ❹ دھوکا ❺ جل ❻ کام ❼ نوکری ❽ روزگار۔
حیلہ باز/حیلہ ساز/ حیلہ گر (عف) اسم مذکر فاعل مفید صفت ❶ مکار ❷ بہانہ باز ❸ چالاک ❹ فریبی ❺ دغاباز۔
حیلہ حوالہ (ء) اسم مذکر ❶ آلا بالا ❷ لیت و لعل ❸ ٹال مٹول۔
حیلے رزق بہانے موت (ا) مثل رزق اور موت کسی نہ کسی سبب پر منحصر ہے۔
حیلہ کرنا (ا) فعل ❶ بہانہ کرنا ❷ روزگار کرنا ❸ کام اور پیشہ کرنا۔

حین (ا) اسم مذکر طرف ❶ وقت ❷ ہنگام ❸ زمانہ ❹ عرصہ ❺ آن ❻ ویلا۔
حین حیات (ء) اسم مونث ❶ جیتے جی ❷ زندگی بھر ❸ عمر بھر ❹ تمام عمر۔
حیوان (ء) اسم مذکر ❶ لغوی معنی زندگانی ❷ مجازاً جانور ❸ جاندار ❹ ذی روح ❺ بہائم (بحالت صفت) نادان ❻ بے وقوف ❼ وحشی ❽ جنگلی۔
حیوان مطلق (ء) اسم صفت ❶ حیوان آزاد ❷ بے سلیقہ حیوان یا جانور ❸ پشو ❹ ڈنگر۔
حیوان ناطق (ء) اسم صفت۔ بولنے والا جانور یعنی انسان۔
حیوانی (ء) اسم صفت بیائے مصدری ❶ انسانی کی ضد ❷ شہوانی ❸ نفسانی ❹ حیوان سے حاصل ہونے والی چیز۔
حیوانیت (ء) اسم مونث و مصدری ❶ وحشت ❷ وحشی پن ❸ بے شرمی ❹ بے حیائی ❺ نادانی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# خ

عربی کا ساتواں فارسی کا نواں۔ اردو کا دسواں حرف ہے۔

خ (ء) اسم مونث۔ عربی کا ساتواں فارسی کا نواں۔ اردو کا دسواں حرف ہے۔ حساب جمل ہیں اس کے عدد ۶۰۰ فرض کیے گئے ہیں۔ خائے منجمہ کے نام سے بولی اور لکھی جاتی ہے۔

## خ ← ا

خاتم (ء) اسم مذکر ① ختم کرنے والا ② انجام کو پہنچا دینے والا ③ اسم مونث ④ انگوٹھی ⑤ انگشتری ⑥ مندری ⑦ مہر ⑧ چھاپ۔

خاتم الانبیاء (ء) اسم مذکر ① آخری رسول ② آخری نبی ③ نبیوں کی نبوت کو ختم کر دینے والا ④ حضرت محمد صلعم سے مراد ہے۔

خاتمہ (ء) اسم مذکر ① انجام ② نتیجہ ③ اخیر ④ موت ⑤ رحلت ⑥ انتقال ⑦ وہ عبارت جو کتاب کے ختم کرنے پر لکھی جائے۔

خاتمہ بالخیر (ء) اسم مذکر ① انجام بخیر ② حسن خاتمہ کی دعا ③ مرتے وقت ایمان کی سلامتی کے ساتھ دنیا سے گزر جانا۔

خاتمہ ہونا (ا) فعل ① تمام ہونا ② ہو چکنا ③ مر جانا ④ گزر جانا ⑤ انجام کو پہنچنا۔

خاتون (ت) اسم مونث ① بیگم ② لیڈی ③ رانی ④ ملکہ ⑤ امیر گھر کی عورت ⑥ امیرزادی۔

خاتون جنت (ف۔ع) اسم مونث ① جنت کی شہزادی ② حضرت فاطمہ زہرا علیہ السلام کا لقب رسول کریم ﷺ کی صاحبزادی اور حضرت علیؓ کی زوجہ تھیں۔

خادم (ء) اسم مذکر فاعل ① خدمت کرنے والا ② خدمت گار ③ نوکر ④ ٹہلوا ⑤ سیوک ⑥ کسی درگاہ کا مجاور ⑦ پیر کا مرید۔

خار (ف) اسم مذکر ① کانٹا ② پھانس ③ کھٹک ④ مرغ کے پاؤں کا کانٹا جو ٹخنے سے اوپر نکلتا ہے ⑤ حسد ⑥ جلن ⑦ رشک ⑧ داڑھی ⑨ داڑھی کے بال۔

خار پشت (ف) اسم مذکر ① ساہی ② ایک کانٹے دار جنگلی جانور جو کترنے والے جانوروں میں سے ہے ③ جنگلی خاردار چوہا ④ پیٹھ کھجانے کا لوہے کا پنجہ۔

خار خار (ف) اسم صفت ① بکثرت ② بہت ③ بے حد ④ غم و حسد کے لئے آتا ہے۔

خاردار (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① کانٹے دار ② ڈاڑھی والا ③ کانٹوں والا۔

خار کھانا (ا) فعل ① جلنا ② حسد کرنا ③ دشمنی اور عداوت کرنا۔

خار گزرنا / لگنا (ا) فعل ① برا لگنا ② کھٹکنا ③ ناگوار معلوم ہونا ④ رشک ہونا ⑤ جلن ہونا۔

خاروخس / خاروخاشاک (ف) اسم مذکر۔ کوڑا کرکٹ۔

خار ہونا (ا) فعل ① ناگوار گزرنا ② برا معلوم ہونا ③ حسد ہونا ④ رشک ہونا ⑤ جلن ہونا ⑥ جلنا۔

خارا (ف) اسم مذکر ① سخت پتھر ② نیلا پتھر۔

خارشکن / تراش (ف۔ا) صفت ① پتھر توڑ دینے والا ② پتھر کاٹنے والا ③ پتھر تراشنے والا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03400772

خارج (ا) اسم صفت فاعل بہ مفعول (1) نکلا ہوا (2) باہر (3) مخروج (4) دور (5) علیحدہ (6) علاوہ۔

خارج از بحث (عف) تابع فعل (1) بحث سے باہر (2) بحث سے الگ (3) ناقابل سماعت۔

خارج از عقل (عف) تابع فعل مفید صفت (1) احمق (2) نادان (3) بے عقل۔

خارج قسمت (ء) اسم مذکر (1) مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے جو عدد حاصل ہو اسے خارج قسمت کہتے ہیں (2) حاصل قسمت۔

خارج کرنا (ا) فعل (1) نکال دینا (2) دور کرنا (3) علیحدہ کر دینا (قانونا) مقدمہ کو ڈسمس کر دینا (4) مقدمہ کو نا قابل سماعت سمجھنا۔

خارجہ (ء) اسم مذکر (1) خارج شدہ (2) باہر کا داخلہ کی نقیض۔

خارجی (ء) اسم مذکر (1) باہر کا (2) بیرونی (3) باہر سے متعلق (4) مذہب سے خارج شدہ (5) دین اسلام سے باہر (6) مسلمانوں کا وہ فرقہ جنہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہ کو خلیفہ برحق نہیں مانا اور ان سے باغی ہو کر لڑے۔

خارجیت (ع۔ا) مونث (1) ظاہر پرستی (2) ظاہر داری (3) ظاہری اور مادی باتوں پر زور دینے کا مسلک۔

خارش/ خارشت (ف) اسم مونث (1) کھجلی (2) ایک جلدی مرض ہے جس سے تمام جسم پھل جاتا ہے۔

خارق (ع۔ا) صفت (1) پھاڑنے والا (2) توڑنے والا (3) جمع: خوارق۔

خازن (ع۔ا) مذکر (1) خزانچی (2) نگہبان (3) جمع کرنے والا۔

خاسر (ع۔ا) صفت (1) خارہ اٹھانے والا (2) گھاٹا کھانے والا (3) ہارنے والا۔

خارشی کتیا مخمل کی جھول (ا) مثل۔ بدصورت مگر خوش لباس آدمی کو کہا کرتے ہیں۔

خاشاک (ف) اسم مذکر۔ کوڑا کرکٹ۔

خاص (ء) اسم صفت (1) عام کی ضد ہے (2) اپنا (3) ذاتی (4) ذات کا (5) مخصوص (6) ٹھیک (7) ٹھٹھہ (8) عمدہ (9) چیدہ۔

خاص تراش (ف) اسم مذکر فاعل (1) بادشاہوں اور امیروں کا نائی (2) امیروں کی حجامت کرنے والا۔

خاص کر (ا) تابع فعل (1) خصوصاً (2) بالخصوص۔

خاص و عام (ء) اسم مذکر (1) ادنیٰ و اعلیٰ (2) تمام امیر و غریب (3) سب لوگ۔

خاصا (ا) اسم ظرف بالف وصفی (1) اچھا (2) خوب (3) موزوں (4) برا نہ بھلا (5) متوسط (6) درمیانی۔

خاصہ (ا) اسم مذکر (1) عادت (2) خوبان (3) خصلت۔

خاصا رہا (ا) محاورہ (1) اچھا نکلا (2) خوب رہا (3) سوہنا نکلا۔

خاصہ (ا) اسم صفت۔ امیروں اور بادشاہوں کا کھانا۔

خاصی (ا) اسم صفت (1) اچھی (2) عمدہ (3) بھلی (4) میانہ (5) بری نہ بھلی (6) امیروں کی بندوق۔

خاصیت (ء) اسم مونث (1) مزاج (2) طبع (3) خو (4) بان (5) عادت (6) تاثیر (7) اثر (8) وصف (9) گن۔

خاطر (ء) اسم مذکر فاعل لغوی (1) دل میں گزرنے والا خیال (2) مجازاً دل (3) تواضع (4) من (5) جگر (6) کلیجہ (7) آؤ بھگت (8) ارادہ۔

خاطر جمع (ء) اسم مونث (1) تسلی (2) اطمینان (3) دل جمعی (4) تسکین۔

خاطر خواہ (عف) تابع فعل (1) موافق طبع (2) حسب منشا (3) حسب دلخواہ۔

خاطر داری (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) تواضع (2) آؤ بھگت (3) مہماں نوازی۔

خاطر مدارات (ع۔ف) مونث (1) آؤ بھگت (2) مہمان نوازی (3) خاطر تواضع۔

خاطر میں نہ لانا (ا) فعل (1) دھیان نہ کرنا (1) توجہ نہ کرنا (2) عزت نہ کرنا (3) بات نہ پوچھنا۔

خاطر ہونا (ا) فعل (1) آؤ بھگت ہونا (2) مدارات ہونا (3) تعظیم ہونا (4) تعریفاً (5) بٹنا (6) مار کھانا۔

خاقان (ت) اسم مذکر (1) بڑا بادشاہ (2) سلطان (3) پہلے چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب تھا اب ہر ایک کو کہہ دیتے ہیں۔

خاک (ف) اسم مونث (1) گرد (2) دھول (3) مٹی (4) راکھ (5) بھبوت (6) بھسم (7) زمین (8) کچھ (9) ذرا۔

خاک اڑانا (ا) فعل (1) گرد اڑانا (2) بدنام کرنا (3) آوارہ پھرنا۔

خاک برسنا (ا) فعل (1) ریت برسنا (2) ویرانی برسنا (3) دھول اڑنا۔

خاک بسر (ف) اسم صفت (1) پریشان حال (2) بدحال (3) خستہ خراب۔

خاک پاؤں سے نہ لگنے دینا (ا۔محاورہ) (1) بہت تیز جانا (2) زمین پر پاؤں نہ رکھنا (3) اترانا (4) ناز کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314…

**خاک پھانکنا** (ا) فعل (1) آوارہ پھرنا (2) جھوٹ بولنا (3) بہتان لینا۔

**خاک تودہ** (ف) اسم مذکر (1) مٹی کا ڈھیر (2) چاندی کا ڈھانچا (3) آماجگاہ۔

**خاک چاٹ کر بات کہنا/ خاک چاٹ کر کہنا** (ا) فعل (1) نہایت عجز وانکسار (2) دعوی کی بات کو عاجزی اور نرمی سے کہنا۔

**خاک چھاننا** (ا) فعل (1) تلاش اور جستجو بے حد کرنا (2) آوارہ پھرنا (3) برباد ہونا (4) ملک بہ ملک پھرنا۔

**خاک ڈالنا** (ا) فعل (1) دبانا (2) چھپانا (3) مخفی کرنا (4) توجہ نہ کرنا (5) خیال نہ کرنا (6) عیب پوشی کرنا۔

**خاک سر پر اڑانا/ ڈالنا** (ا) فعل (1) رونا (2) پیٹنا (3) ماتم کرنا (4) افسوس کرنا۔

**خاک سیاہ ہوجانا** (ا) فعل (1) راکھ ہوجانا (2) جل کر خاکستر ہوجانا (3) تباہ ہوجانا (4) برباد ہوجانا۔

**خاک شفا** (فع) اسم مونث (1) تندرست کرنے والی مٹی (2) شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک۔

**خاک کا پتلا** (ا) اسم مذکر (1) آدمی (2) انسان (3) مشت خاک۔

**خاک کا پیوند ہونا** (ا) فعل (1) خاک میں ملنا (2) مرنا (3) زمین میں دفن ہونا۔

**خاک کرنا** (ا) فعل (1) اجاڑنا (2) تباہ کرنا (3) جلا کر راکھ کرنا (3) کچھ نہ کرنا۔

**خاک لے ڈالنا** (ا) فعل کسی کے گھر بہت سے پھیرے کرنا۔

**خاک میں ملانا** (ا) فعل (1) تباہ کرنا (2) برباد کرنا (3) مٹانا (4) پامال کرنا (5) ویران کرنا (6) اجاڑنا۔

**خاک میں مل جائے** (ا) فقرہ (1) مرجائے (2) دفن ہوجائے۔

**خاک نہ دھول بکائن کے پھول** (ا) مثل (1) کام کے نہ کاج کے مفت کے نمائشی (2) بالکل نکما اور بیکار ہے (3) شیخی ہی شیخی ہے (4) کچھ بھی نہیں۔

**خاک نہیں** (ا) اسم صفت (1) کچھ نہیں (2) خالم خالی (3) بالکل نہیں (4) کنگال (5) ذرا نہیں (6) قلاش۔

**خاک ہوجانا** (ا) فعل (1) گل کر مٹی ہوجانا (2) بوسیدہ ہوجانا (3) نفس کشی کرنا (4) فروتن ہونا۔

**خاکہ/ خاکا** (ا) اسم مذکر (1) پنسل یا چاک وغیرہ سے بنایا ہوا نقشہ کا نشان (2) چربہ (3) نقشہ (4) ڈھانچا۔

**خاکہ اتارنا** (ا) فعل (1) کچا نقشہ بنانا (2) مسودہ بنانا (3) نقل اتارنا (4) چربہ اتارنا۔

**خاکا اڑانا** (ا) فعل (1) نقل اتارنا (2) رسوا کرنا (3) بدنام کرنا (4) ذلیل کرنا (5) ڈھنگ اڑانا (6) ہنسی کرنا (7) مذاق اڑانا (8) مخول کرنا۔

**خاکروب** (ف) اسم مذکر فاعل (1) مہتر (2) چوہڑا (3) بھنگی (4) حلال خور۔

**خاکسار** (ف) اسم مذکر (1) خاک کی مانند (2) عاجز (3) حقیر (4) عجز وانکسار کا کلمہ (5) فروتن۔

**خاکساری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) فروتنی (2) انکسار (3) عاجزی (4) غریبی (5) تواضع۔

**خاکستر** (ف) اسم مونث (1) راکھ (2) بھبوت (3) جلی ہوئی چیز کی بھبوت۔

**خاکسی** (ا) اسم مونث (1) خوب کلاں (2) ایک نہایت باریک تخم کا نام ہے۔

**خاکنائے** (ف) اسم مونث (1) خشکی کے دو بڑے قطعوں کو ملانے والا خشکی کا ایک تنگ سا قطعہ (2) خاک بمعنی مٹی نائے بہ معنی گردن، گردن زمین۔

**خاکی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی (1) خاک کا بنا ہوا (2) خاک کی پیدائش (3) گرد آلود (4) مٹیالا (5) خاک کے رنگ کا (6) سپاہیوں کی وردی (7) فقیروں کا ایک فرقہ (8) جو خاکی شاہ کا مرید ہے۔

**خاکی انڈا** (ا) اسم مذکر (1) وہ انڈا جو جفتی کیے بغیر مرغی خاک میں لوٹ کر دے دے (2) حرامی بن باپ کا (3) حرامی پلا۔

**خاگینہ** (ف) اسم مذکر۔ انڈوں کا سالن جو تلے ہوئے انڈے اور کترا ہوا پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا جاتا ہے۔

**خال** (ء) اسم مذکر (1) تل (2) سیاہ نقطہ جو قدرتی طور پر چہرے یا بدن پر ہو (3) دورنگا کبوتر (4) مصنوعی تل (5) کاجل کا بنایا ہوا تل جو نازنین چہرے پر بنایا کرتے ہیں (6) ماموں (7) ماں کا بھائی۔

**خال خال** (ا) تابع فعل (1) بعض بعض (2) کم کم (3) اکا دکا (4) کوئی کوئی۔

**خالص** (ء) اسم صفت (1) صاف (2) کھرا (3) بے میل (4) بے ملاپ (5) بے ملاوٹ۔

**خالصہ** (ء) اسم صفت (1) سرکاری زمین جس میں کسی کا حق نہ ہو (2) معزز سکھ سردار (3) عام سکھ (4) سکھوں کی فوج (5) سکھوں کی حکومت۔

**خالق** (ء) اسم مذکر فاعل (1) پیدا کرنے والا (2) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ہے۔

**خالو** (ا) اسم مذکر (1) خالہ کا خاوند (2) ماں کی بہن کا خاوند۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig

خالہ (ء) اسم مونث بیائے تانیث ① ماں کی بہن ② ماؤسی۔

خالہ جایا (ا) اسم مذکر ① خالہ کا بیٹا ② موسیرا بھائی۔

خالہ زاد بھائی (ا) اسم مذکر ① خالہ جایا ② خالہ کا بیٹا۔

خالہ جی کا گھر نہیں (ا) محاورہ ① آسان کام نہیں ② معمولی بات نہیں ہنسی مذاق نہیں ہے۔

خالی (ء) اسم صفت ① بھرا کی ضد ② تہی ③ فارغ ④ کھوکھلا ⑤ صرف ⑥ اکیلا ⑦ تنہا ⑧ بیکار ⑨ نکما۔

خالی جانا (ا) فعل ① نشانہ پر نہ لگنا ② گولی نہ لگنا ③ بندوق کا نشانہ خطا ہونا۔

خالی دینا (ا) فعل ① حریف کا وار بچانا ② وار نہ لگنے دینا ③ توڑ کرنا۔

خالی سے بیگار بھلی (ا) مثل۔ بے شغل سے مفت کام کرنا بھی بہتر ہے۔

خالی کا چاند / مہینا (ا) اسم مذکر ① ذی قعدہ کا چاند ② قمری گیارھواں مہینا۔

خالی کرنا (ا) فعل ① تہی کرنا ② اُنڈیلنا ③ بندوق چھوڑنا ④ مکان سے اسباب یا قبضہ اٹھالینا۔

خالی ہاتھ (ا) اسم صفت ① نادار ② کنگال ③ مفلس۔

خام (ف) اسم صفت ① کچا ② پختہ کی ضد ③ خالص ④ بودا ⑤ کمزور ⑥ ناتجربہ کار ⑦ سربستہ ⑧ فضول۔

خام خیالی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① جھوٹا خیال ② وہم ③ غلط گمان۔

خام کرنا (ا) محاورہ۔ ① بند کرنا ② ٹانکا لگانا۔

خاموش (ف) اسم صفت ① چپ ② ساکت ③ دم بخود۔

خاموشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سکوت ② چپ رہنا ③ دم بخود ہونا۔

خامہ (ف) اسم مذکر ① قلم ② کلک۔

خامی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کچا پن ② کمی ③ نقص ④ خرابی ⑤ ناتجربہ کاری۔

خان (ف) اسم مذکر ① رئیس ② سردار ③ امیر ④ پہلے صرف شاہان تاتار کے لئے تھا ⑤ پٹھانوں کا لقب ⑥ ڈوم اور خانساماں کا خطاب۔

خان بہادر (ف) اسم صفت۔ عزت کا خطاب ہے۔ جو گورنمنٹ کی طرف سے ملتا ہے۔

خان خاناں (ت) اسم مذکر ① سرداروں کا سردار ② امیروں کا امیر ③ مرزا عبدالرحیم ولد بیرم خاں کا خطاب جو اکبری نورتن میں سے تھا۔

خاندان (ف) اسم مذکر ① گھرانا ② کنبہ ③ نسل ④ قبیلہ۔

خاندانی (ف) اسم مونث ① بیائے نسبتی ② اچھے خاندان کا ③ اچھی نسل کا ④ قدیمی رئیس۔

خانساماں (ف) اسم مذکر ① گھر کا سامان کرنے والا ② داروغہ ③ میر ساماں ④ انگریزوں کو کھانا کھلانے والا نوکر ⑤ خدمتگار۔

خانقاہ (ع-ا) اسم مونث ① درویشوں کے رہنے کی جگہ ② کسی بزرگ یا پیر کا مقبرہ۔

خانگی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① گھریلو گھر کا ② منسوب بہ خانہ ③ نج کا ④ ذاتی ⑤ اپنا ⑥ پوشیدہ ⑦ کسب کرانے والی پردہ نشین عورت۔

خانگی جھگڑا (ا) اسم مذکر ① گھر کا بکھیڑا ② باہمی تکرار ③ آپس کا جھگڑا۔

خانم (ف) اسم مونث ① خان کی تانیث ② اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب ③ امیر زادی ④ بیگم ⑤ پٹھان قوم کی عورت ⑥ پٹھان کی بیوی۔

خانماں (ف) اسم مذکر ① خان بمعنی گھر اور مان بمعنی اسباب سے مرکب ہے ② اسباب خانہ ③ گھر کا سامان ④ اثاثہ۔

خانماں خراب (ف) ① جس کا گھر ویران ہوگیا ہو ② تباہ و برباد۔

خانوادہ (ف) اسم مذکر ① فقیروں کا سلسلہ خاندان ② ایک گھر کے لوگ ③ ایک خاندان کے آدمی ④ ایک ہی بزرگ کی اولاد۔

خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ① گھر ② مکان ③ گھونسلا ④ صندوق یا صندوقچے وغیرہ کے اندر کا گھر ⑤ چوسر ⑥ شطرنج کے مہرے کا گھر ⑦ کسی چیز کے رکھنے کا گھر ⑧ جیسے گھڑی خانہ۔

خانہ آباد (ف) کلمہ دعائیہ ① گھر بھرا رہے ② بھرپور گھر ③ خوش ④ مسرور۔

خانہ آباد دولت زیادہ (ف) دعائیہ فقرہ ① گھر آباد اور دولت بڑھتی رہے ② تم اپنے گھر خوش رہو ہم اپنے گھر خوش ہیں۔

خانہ باغ (ف) اسم مذکر ① بستان سرا ② حدیقہ ③ چار دیواری کے اندر کا باغ۔

خانہ بدوش (ف) اسم صفت ① پریشان ② آوارہ ③ آج کہیں کل کہیں ④ وہ لوگ جو گھر بسا کر نہ رہیں ⑤ بے ٹھکانے قوم وہ قوم جو گھر ساتھ لئے پھرتے ہیں ⑥ بنجارہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140177218

www.besturdubooks.net

خانہ بربادی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گھر یا خاندان کی تباہی ❷ عورت یا سرپرست کے مرجانے پر کہا کرتے ہیں۔
خانہ پری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نقشہ بھرنا ❷ سرکاری مقرر نقشوں کو پر کرنا۔
خانہ جنگ (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی۔ گھر میں لڑائی رکھنے والا۔
خانہ جنگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ آپس کی لڑائی ❷ باہمی دنگا فساد ❸ گھر کی لڑائی۔
خانہ خدا (ف) اسم مذکر ❶ مسجد ❷ معبد ❸ عبادت گاہ ❹ مندر ❺ شوالہ۔
خانہ خراب (ف) اسم مذکر صفت ❶ آوارہ گرد ❷ ہرجائی (اجڑا اجڑا) تباہ ❸ ویران۔
خانہ خرابی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گھر کی بربادی ❷ ویرانی ❸ ناس ❹ ستیاناسی۔
خانہ خمار (فع) اسم مذکر ❶ شراب خانہ ❷ میخانہ ❸ بھٹی ❹ شراب بننے یا پکنے کی جگہ۔
خانہ داری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گھر بار کا کام کاج ❷ گھر کے معاملات ❸ انتظام خانہ۔
خانہ داماد (ف) اسم مذکر ❶ گھر جنوائی ❷ داماد کو فرزندی میں لے کر اپنے ہی گھر رکھا ہوا۔
خانہ زاد (ف) اسم مذکر ❶ پرستار زادہ ❷ وہ غلام جو گھر کا پیدا شدہ ہو ❸ لونڈی کا بچہ۔
خانہ ساز (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ❶ معمار ❷ گھر بنانے والا بہ ترکیب مفعولی ❸ گھر کی بنی ہوئی دوا ❹ وہ دوا جو خود گھر میں بنائی گئی ہو۔
خانہ شماری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گھروں، مکانوں اور آدمیوں کو گننا ❷ مردم شماری۔
خانہ نشین (ف) اسم صفت ❶ بے کار ❷ معطل ❸ پردہ نشین ❹ گوشہ نشین۔
خاوند (ف) اسم مذکر ❶ شوہر ❷ خصم ❸ گھر والا ❹ آقا ❺ صاحب ❻ مالک ❼ میاں ❽ صاحب خانہ۔
خاوند کرنا (ا) فعل ❶ بیوہ کا نکاح ثانی کرنا ❷ عورت کا اپنے آپ شوہر کر لینا۔

خاوندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بندہ پروری ❷ بندہ نوازی ❸ پرورش عنایت۔
خائف (ع) اسم مذکر فاعل ❶ ڈرنے والا ❷ خوف زدہ ❸ ڈرپوک ❹ ترساں۔
خائن (ع) اسم مذکر فاعل ❶ خیانت کرنے والا ❷ چور ❸ بددیانت۔
خایہ (ف) اسم مذکر ❶ انڈا ❷ بیضہ ❸ خصیہ ❹ فوطہ۔
خایہ بردار (ف۔ا) صفت ❶ خوشامدی ❷ چاپلوس ❸ حاشیہ بردار۔

## خ ← ب

خباثت (ع) اسم مونث ❶ گندگی ❷ گندا پن ❸ ناپاکی ❹ پلیدی ❺ شرارت ❻ بدباطنی۔
خُبّار (ع۔ا) اسم مذکر ❶ نانبائی ❷ آٹا گوندھنے والا۔
خبائث (ع۔ا) اسم مونث ❶ خبث کی جمع ❷ گندگیاں ❸ برائیاں ❹ شرارتیں۔
خبث (ع) اسم مذکر ❶ گندگی ❷ پلیدی ❸ بدباطنی۔
خبر (ع) اسم مونث ❶ واقفیت ❷ اطلاع ❸ آگاہی پائی ❹ پیغام ❺ شہرت ❻ افواہ ❼ پتا ❽ نشان ❾ سراغ۔
خبر آنا (ا) فعل ❶ اطلاع آنا ❷ پیغام آنا۔
خبر اڑانا (ا) فعل ❶ جھوٹی بات مشہور کرنا ❷ افواہ اڑانا۔
خبر پڑنا (ا) فعل ❶ حقیقت معلوم ہونا ❷ اصلیت ظاہر ہونا ❸ سمجھ میں آنا۔
خبردار (ف) اسم فاعل مذکر صفت ❶ آگاہ ❷ واقف ❸ ہوشیار ❹ چوکنا ❺ چوکس ❻ مخبر ❼ جاسوس ❽ خبررساں ❾
خبرداری اسم مونث بیائے مصدری ❶ احتیاط ❷ ہوشیاری ❸ نگرانی ❹ نگہبانی۔
خبررساں (ف) اسم مذکر فاعل ❶ فاصلہ ❷ ایلچی ❸ دوت ❹ پیغامبر ❺ ہرکارہ ❻ لے جانے والا ❼ پیک۔
خبر کو بھیجنا (ا) فعل ❶ بیمار پرسی ❷ بیمار کی خبر منگانا ❸ مزاج پرسی کو بھیجنا۔
خبرگیر (ف) اسم مذکر فاعل ❶ سپاہی ❷ جاسوس ❸ محافظ ❹ نگہبان ❺ معاون ❻ مددگار ❼ فوجی ❽ رسد وغیرہ کی خبر رکھنے والا۔
خبرگیری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نگہبانی ❷ ہوشیاری ❸ اعانت ❹ مدد ❺ سلوک۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140172118

www.besturdubooks.net

خبر لگانا (ا) فعل ① سراغ لگانا ② پتا لگانا ③ ٹھکانا معلوم کرنا۔

خبر لینا (ا) فعل ① مدد کرنا ② اعانت کرنا ③ دستگیری کرنا ④ پوچھنا ⑤ دریافت کرنا ⑥ دیکھنا ⑦ نظر رکھنا ⑧ درست کرنا ⑨ ٹھیک کرنا۔

خبر نہ ہونا (ا) فعل ① پروانہ ہونا ② خیال نہ کرنا ③ بے ہوش ہونا ④ غوطہ میں رہنا ⑤ واقف نہ ہونا ⑥ چپ ہونا ⑦ گھنی سادھنا ⑧ اطلاع نہ ہونا۔

خبیر (ء) اسم مذکر ① واقف جاننے والا ② اطلاع دینے والا ③ خبر دینے والا ④ خدائے تعالیٰ کے اسمائے صفاتی میں سے ایک اسم ہے ⑤ علیم ⑥ عالم الغیب۔

خبط (ء) اسم مذکر ① لغت میں عقل کا دیوانگی سے مل جانا ② مجازاً جنون ③ سودا ④ دیوانگی۔

خبطی (ء) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① پاگل ② دیوانہ ③ جنونی ④ سودائی ⑤ بدحواس ⑥ بے وقوف ⑦ حواس باختہ۔

خبیث (ء) اسم مذکر صفت ① پلید ② گندا ③ نجس ④ ناپاک ⑤ شریر ⑥ بدباطن آدمی۔

خبیر (ع۔ا) اسم صفت ① خبر رکھنے والا ② اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

## خ ← ت

ختان (ع۔ا) اسم مذکر۔ ختنہ کرنے والا شخص۔

ختانی (ع۔ا) اسم مونث۔ ختنہ کرنے کا کام۔

ختک (ا) اسم مذکر ① سونٹا ② ٹلوا ③ ٹھینگا ④ انگوٹھا ⑤ ختکا سے اسم تصغیر۔

ختکا (ا) اسم مذکر ① ختک کا اسم مکبر ہے ② موٹا سونٹا ③ ڈنڈا ④ ٹلوا ⑤ ٹھینگا ⑥ انگوٹھا۔

ختم (ء) اسم مذکر ① انجام ② اخیر ③ انتہا ④ مکمل ⑤ تمام ⑥ انت ⑦ قرآن شریف کے تمام ہونے کی رسم ⑧ فاتحہ ⑨ قل۔

ختم کرنا (ا) فعل ① تمام کرنا ② مکمل کرنا ③ انجام کو پہنچانا ④ نبیڑنا ⑤ نمٹانا ⑥ قرآن شریف کو تمام کرنا ⑦ فاتحہ دلوانا ⑧ نیاز دلوانا۔

ختم ہونا (ا) فعل ① تمام ہونا ② نبیڑنا ③ نمٹنا ④ قرآن شریف پورا ہونا ⑤ فاتحہ ہونا ⑥ مرجانا ⑦ دینا سے گزر جانا ⑧ ہوچکنا۔

ختمہ (ا۔ا) مذکر۔ عبارت میں وقفہ لگانے کی علامت۔

ختنہ (ء) اسم مذکر ① سنت ② مسلمانوں کا ایک دستور ③ جس میں بچوں کے عضو تناسل کا زاید چمڑا کاٹا جاتا ہے۔

## خ ← ج

خجالت (ء) اسم مونث ① حیا ② شرم ③ شرمندگی ④ لاج ⑤ ندامت ⑥ غیرت۔

خجالت کھینچنا (ا) محاورہ۔ ① شرمندہ ہونا ② نادم ہونا۔

خجستہ (ف) اسم صفت ① مبارک ② مسعود ③ فرخندہ ④ برکت والا۔

خجل (ء) اسم صفت ① شرمندہ ② باحیا ③ شرمناک ④ شرمیلا ⑤ پشیمان۔

خجلت (ع۔ا) اسم مونث ① شرمندگی ② شرمساری ③ ندامت۔

## خ ← چ

خچاخچ (ہ) اسم مونث ① تلواریں چلنے کی آواز ② کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

خچر (ہ) اسم مذکر و مونث ① استر ② قاطر ③ وہ دوغلہ جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہو۔ (عموماً یہ لفظ مادہ کے لئے بولا جاتا ہے)

خچرا (ہ) اسم مذکر ① مکار ② دغاباز ③ فریبی۔

## خ ← د

خدّ (ع) اسم مذکر ① گال ② رخسار ③ چہرہ۔

خدا (ف) اسم مذکر فاعل ① اللہ تعالیٰ ② مالک ③ آقا۔

خدا اٹھا لے (ا) دعائے بد ① خدا موت دے ② خدا فنا کردے ③ مار ڈالے۔

خدا اس کا سہرا دکھائے (ا) ① دعا (عورتیں) خدا اس کا بیاہ دکھائے ② خدا اس کو دولھا بنا کر دکھائے۔

خدا بخشے (ا) دعائے مغفرت۔ کسی مردہ کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ کلمہ کہا کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

**خدا پر چھوڑ دینا** (ا) فعل 1 خدا پر بھروسہ کر کے بیمار کا علاج ترک کر دینا 2 توکل پر بیٹھنا۔

**خدا پرست** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 عابد 2 زاہد 3 پارسا 4 خدا کو پوجنے والا۔

**خدا ترس** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 رحم دل 2 خدا سے ڈرنے والا 3 نیک دل۔

**خدا جانے** (ا) تابع فعل 1 خبر نہیں 2 کچھ معلوم نہیں 3 واللہ علم 4 خدا کو خبر ہے۔

**خدا چاہے** (ا) فقرہ 1 انشاء اللہ تعالیٰ 2 اگر خدا کی مرضی ہوئی۔

**خدا حافظ** (فع) کلمہ دعا 1 رخصت کرتے وقت کسی عزیز کو یا ایک دوسرے کو کہا کرتے ہیں 2 اللہ بیلی 3 اللہ نگہبان 4 اللہ کی حفاظت میں سونپنا 5 فی امان اللہ۔

**خدا خدا کر کے** (ا) تابع فعل 1 بڑی مشکل سے 2 بڑی دقت سے۔

**خدا خدا کرنا** (ا) فعل 1 خدا کا نام لینا 2 اللہ اللہ کرنا 3 عبادت کرنا 4 توبہ توبہ کرنا 5 باز آنا 6 ترک کرنا 7 اجتناب کرنا۔

**خدا خدا کرو** (ا) محاورہ 1 توبہ توبہ کرو 2 جھوٹ نہ بولو 3 خدا سے ڈرو۔

**خداداد** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی 1 خدا کی دی ہوئی چیز 2 عطائے الٰہی 3 امداد غیبی۔

**خدا دکھائی دینا** (ا) فعل 1 خدا کا خوف آنا 2 خدا نظر آنا۔

**خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے** (ا) مثل۔ خدا کی عنایت کسی سبب کی محتاج نہیں وہ بے سبب بھی جب چاہے دے دیتا ہے۔

**خدا رکھتے ہیں** (ا) محاورہ 1 سچ کہتے ہیں 2 خدا کو جانتے ہیں 3 ہمارا بھی خدا ہے 4 ہمیں بھی خوف خدا ہے۔

**خدا رکھے** (ا) کلمہ دعائیہ ہے کسی زندہ بچے یا کسی غائب شخص کا ذکر کرنے سے پہلے یہ کلمہ فال نیک اور دعا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

**خدا سمجھے** (ا) دعائے بد 1 خدا اس کا بدلا دے 2 خدا اس کو سزا دے۔

**خدا سے ڈرو** (ا) کلمہ خطاب وندا 1 توبہ کرو 2 جھوٹ نہ بولو 3 خدا کا خوف کرو۔

**خدا سے کیا پانا** (ا) فعل 1 بدی کا بدلہ ملنا 2 خدا کا قہر نازل ہونا۔

**خدا سے لڑنا** (ا) فعل 1 زبردست سے مقابلہ کرنا 2 اپنی شامت آپ لانا۔

**خدا سے لو لگنا** (ا) فعل 1 خدا کی طرف خیال ہونا 2 جان کنی کی حالت ہونا۔

**خدا شکر خورے کو شکر دے ہی دیتا ہے** (ا) محاورہ۔ خدا ہر شخص کو اس کی ضروریات کے مطابق دے دیتا ہے وہ ہر ایک کی خبر لیتا ہے۔

**خدا کا دیا سر پر** (ا) مثل 1 ہر حالت میں صبر وشکر کا دم ہے 2 ہر مصیبت کو جو خدا کی طرف سے آئے اُسے برداشت کرنا ہی پڑتا ہے۔

**خدا کا قہر ٹوٹے** (ا) (عورتیں) بددعا 1 آسمانی بلا نازل ہو 2 خدا کا غضب آئے۔

**خدا کا گھر** (ا) اسم مذکر 1 مسجد 2 معبد 3 عبادت گاہ 4 عبادت خانہ۔

**خدا کا نام لو** (ا) محاورہ 1 توبہ کرو 2 خدا کو یاد کرو 3 خدا سے ڈرو۔

**خدا کو مان** (ع) تابع فعل 1 خدا کے واسطے 2 خدا کو حاضر جان کر۔

**خدا کو یاد کرنا** (ا) فعل 1 خدا کا نام لینا 2 مصیبت میں خدا کو پکارنا 3 خدا سے توقع رکھنا 4 خدا کی درگاہ سے امیدوار ہونا۔

**خدا کھوئے** (ا) دعائے بد 1 خدا نا پیدا کرے 2 خدا غارت کرے 3 خدا تباہ کرے۔

**خدا کی باتیں خدا ہی جانے** (ا) مثل۔ خدا کے گھر کسی کو خبر نہیں اپنی حکمتیں وہ خود ہی جانتا ہے۔

**خدا کے پاس جانا** (ا) فعل 1 مرنا 2 انتقال کرنا 3 دنیا کو چھوڑ جانا۔

**خدا کی پناہ** (ا) کلمہ عبرت 1 اللہ بچائے 2 معاذ اللہ 3 خدا اپنی امان میں رکھے۔

**خدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری** (ا) کہاوت۔ گستاخ اور منہ پھٹ لوگوں کا مقولہ ہے۔ یعنی جب خدا سے شرم نہ کی تو بندوں سے پھر کیا شرم۔

**خدا کی دین** (ا) اسم مذکر 1 عطیہ الٰہی 2 خدا کی عنایت 3 خدا کی بخشش۔

**خدا کی سنوار** (ا) دعا ہے 1 تجھے خدا ہدایت دے 2 خدا تجھے عقل دے 3 خدا کی مار۔

**خدا کی شان/ قدرت** (ا) تعجب کا کلمہ ہے 1 خدا کی حکمت 2 اللہ کی صنعت۔

**خدا کے گھر جانا** (ا) فعل 1 مرنا 2 انتقال کرنا 3 اس دنیا سے سدھارنا۔

**خدا کے گھر سے پھرنا** (ا) فعل 1 بڑی سخت اور مہلک بیماری سے نجات پانا 2 مرکر بچنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140771218

www.besturdubooks.net

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں (ا) کہاوت ❶ غیب کی سزا خبر کر کے نہیں آتی ❷ خدا کی پکڑنا گہانی اور سخت ہوتی ہے۔
خدا کی ماری (ا) اسم صفت مونث ❶ آفت زدہ ❷ مصیبت کی ماری۔
خدا گنجے کو ناخن نہ دے (ا) مثل ❶ خدا کمینہ کو اختیار نہ دے ❷ معیوب کو طاقت نہ دے۔
خدا مہربان تو جگ مہربان (ا) ❶ مثل خدا کی نظر عنایت ہو تو تمام دنیا خیر خواہ بن جاتی ہے ❷ جس کا رب اسی کے سب ❸ جدھر رب ادھر سب۔
خدانخواستہ/ خدا نہ کرے (ا) تابع فعل ❶ خدا ایسا نہ کرے ❷ مبادا ❸ ایسا نہ ہو۔
خدا واسطے کا بیر/ دشمنی (ا) اسم مذکر مونث ❶ ناحق کی دشمنی ❷ بے جا عداوت۔
خدا واسطے بلی بھی چوہا نہیں مارتی (ا) فعل۔ ہر شخص اپنے فائدے کے لئے کام کرتا ہے۔ خدا کے لئے کوئی بھی کام نہیں کرتا۔
خدایا (ف) کلمہ ندا ❶ اے خدا ❷ یاالٰہی ❸ یااللہ۔
خدا یاد آنا (ا) فعل ❶ کمال مصیبت میں گرفتار ہونا ❷ شان خداوندی کا جلوہ نظر آنا۔
خداوند (ف) اسم مذکر بہ ترکیب فاعلی ❶ آقا ❷ صاحب ❸ مالک۔
خدائے مجازی (فع) اسم مذکر ❶ بادشاہ وقت ❷ حاکم وقت۔
خدائی (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ خلقت ❷ مخلوق ❸ دنیا ❹ جہان ❺ شان وعظمت ❻ الٰہی ❼ خداوندی۔
خدائی خراب/ خدائی خوار (ا) اسم مذکر ❶ آوارہ ❷ خراباتی ❸ خانہ خراب ❹ سرگشتہ ❺ ذلیل ❻ رسوا ❼ واہی تباہی ❽ آوارہ گرد۔
خدائی خوار گدھے سوار (ا) مثل ❶ آوارہ گرد ❷ ہمیشہ ذلیل اور رسوا ہوا کرتا ہے۔
خدائی کا جھوٹا (ا) اسم مونث ❶ زمانہ بھر کا جھوٹا ❷ نہایت کذاب ❸ بہت دروغگو ❹ مکار ❺ فریبی۔
خدائی کا دعویٰ کرنا (ا) فعل ❶ غرور کرنا ❷ تکبر کرنا۔
خدشہ (ف) اسم مذکر ❶ فکر ❷ ڈر ❸ اندیشہ ❹ خوف ❺ خطرہ ❻ شبہ ❼ شک ❽ خراش۔
خدمت (ء) اسم مونث ❶ سیوا ❷ پاس ❸ نوکری چاکری ❹ ملازمت ❺ کام کاج ❻ فرض۔
خدمت سے عظمت ہے (ا) مثل ❶ کارگزاری سے ہی درجہ ملا کرتا ہے ❷ محنت کے ساتھ کام کرنے میں ہی کامیابی کا راز چھپا ہوا ہے۔
خدمت کرنا (ا) فعل ❶ نوکری کرنا ❷ ملازمت کرنا ❸ سیوا کرنا ❹ خبر لینا ❺ مارنا ❻ پیٹنا ❼ گت بنانا۔
خدمتگار (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ نوکر ❷ خدمت کرنے والا ❸ خادم ❹ خدمتی۔
خدمتگاری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نوکری ❷ سیوا ❸ ملازمت ❹ پیشہ زراعت۔
خدمت گزار (ف) اسم مذکر فاعل ❶ کارگزار نوکر ❷ خدمت ادا کرنے والا اہلکار۔
خدمات (ء) اسم مونث (خدمت کی جمع) کارگزاریاں۔
خدمتی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ خدمت گار ❷ کارکن ❸ ٹہلوا۔
خدنگ (ف) اسم مذکر ❶ ایک نہایت مضبوط درخت کا نام ہے جس کی لکڑی سے اکثر تیر بناتے ہیں اسی وجہ سے تیر کے معنی میں مستعمل ہو گیا ❷ ایک قسم کا چھوٹا تیر ❸ مطلق تیر۔
خدیو (ف) اسم مذکر ❶ خداوند ❷ آقا ❸ مالک ❹ مصر کے بادشاہ کا لقب ❺ مطلق بادشاہ۔

## خ ← ذ

خذ ماصفا ودع ماکدر (ع) مقولہ ❶ جو صاف ہے وہ لے لے اور جو گدلہ ہے وہ چھوڑ دے ❷ اچھی بات اختیار کر و اور بُری بات چھوڑ دو۔

## خ ← ر

خر (ف) اسم مذکر ❶ گدھا ❷ بے وقوف ❸ حمار ❹ اسم مکبر کی علامت بمعنی بڑا ❺ عظیم ❻ بڑا خیمہ۔
خر دجال (ف) اسم مذکر۔ دجال کی سواری کا گدھا۔
خر دماغ (فع) مذکر ❶ بے وقوف ❷ خارج از عقل ❸ مغرور ❹ متکبر ❺

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124007218

www.besturdubooks.net

گھمنڈی۔

**خردماغی** (ع) اسم مونث ① غرور ② گھمنڈ ③ تکبر ④ بے وقوفی۔

**خرعیسے** (ع) اسم مذکر ① حضرت عیسے علیہ السلام کی سواری کا گدھا۔

**خرگاہ** (ف) اسم مذکر ① بڑی جگہ ② مجازاً خیمہ شاہی ③ بڑا خیمہ۔

**خرمستی** (ف) اسم مونث ① گدھے کی سی مستی ② بڑی مستی ③ بدمستی ④ شہوت پرستی۔

**خراب** (ء) اسم صفت ① ویران ② تباہ ③ اجڑا ہوا ④ برباد ⑤ نکما ⑥ برا، خستہ ⑦ پریشان ⑧ ضائع ⑨ اکارت۔

**خراب حال** (ء) اسم صفت بہ ترکیب فاعل ترکیبی ① بری حالت والا ② پریشان حال والا۔

**خراب کرنا** (ا) فعل ① ویران کرنا ② اجاڑنا ③ برباد کرنا ④ نکما کرنا ⑤ ضائع کرنا ⑥ حیران کرنا ⑦ بگاڑنا ⑧ کسی غیر عورت سے کالا منہ کرنا ⑨ زنا کرنا۔

**خراب ہونا** (ا) فعل ① اجڑنا ② ویران ہونا ③ برباد ہونا ④ بگڑنا ⑤ حیران ہونا ⑥ آوارہ ہونا ⑦ بدچلن ہونا ⑧ مفت کا سفر کرنا۔

**خرابات** (ء) اسم مونث ① خراب کی جمع ویرانیاں وغیرہ ② جوئے خانہ ③ شراب خانہ۔

**خراباتی** (ت) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① شراب خور ② شرابی ③ جوئے باز ④ جواری۔

**خراب** (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی ① کھنڈر ② اجڑی ہوئی جگہ ③ ویران مکان ④ (اصطلاح محکمہ مال میں) نکمی اور خراب فصل۔

**خرابی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① تباہی ② بربادی ③ ویرانی ④ مشکل ⑤ دقت ⑥ برائی ⑦ بدی ⑧ بگاڑ۔

**خراٹا** (ا) اسم مذکر ① وہ آواز جو اکثر طبعی مزاجوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے ② خرخر۔

**خراٹے لینا** (ا) فعل ① سوتے میں خرخر کرنا ② بے خبر ہو کر سونا۔

**خراج** (ء) اسم مذکر ① مالگزاری ② باج ③ ملک کی آمدنی ④ لگان ⑤ محاصل ⑥ ملک ⑦ محصول۔

**خراد** (ف) اسم مذکر آلہ (عربی خراد سے لیا گیا) لکڑی یا لوہے کو صاف اور گول بنانے کا آلہ۔

**خراد چڑھنا/خراد اترنا** (ا) فعل ① سنورنا ② درست ہونا ③ کام کے قابل بن جانا تجربہ کار ہونا ④ زمانہ کا نشیب و فراز دیکھ لینا۔

**خرادی** (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ خراد کا کام کرنے والا کاریگر۔

**خراش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از خراشیدن ① رگڑ ② چھیلن ③ کھجلی ④ کھاج۔

**خرافات** (ء) اسم مونث ① خرافت کی جمع ② بیہودہ باتیں ③ واہیات باتیں ④ بکواس ⑤ گالی گلوچ ⑥ ہنسی کی باتیں۔

**خرافات بکنا** (ا) فعل ① واہی تباہی بکنا ② گالی گلوچ دینا ③ مسخرا پن کرنا۔

**خرافت** (ا) اسم مونث ① بیہودہ بات ② واہی تباہی کلام ③ ہنسی ④ گالی گلوچ۔

**خرام** (ف) اسم مذکر ① ناز و انداز کی چال ② رفتار ناز ③ مٹک چال۔

**خراماں خراماں چلنا** (ا) فعل ① مٹک مٹک کر چلنا ② ناز و انداز سے چلنا۔

**خرانٹ** (ا) اسم صفت ① تجربہ کار بوڑھا ② پیر جہاندیدہ ③ گرگ باراں دیدہ۔

**خربزہ/خربوزہ** (ف) اسم مذکر ① ایک میٹھا اور خوشبودار پھل جو بیل سے لگتا ہے ② سردہ۔

**خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے** (ا) مثل ① صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے ② آدمی کو دیکھ کر آدمی ضرور ڈھنگ پکڑ لیتا ہے۔

**خرج** (ء) اسم مذکر ① صرف ہونا ② باہر نکلنا ③ خرچ ④ صرف ⑤ آمد کی ضد ⑥ لاگت۔

**خرجی** (ف) اسم مونث ① جھولا ② بیگ ③ زنبیل ④ وہ تھیلی جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب لادنے کو باندھ دیتے ہیں ⑤ خرجیں۔

**خرچ** (ا) اسم مذکر ① صرف ② لاگت ③ روپیہ ④ زر۔

**خرچ اٹھانا** (ا) فعل ① روپیہ برتنا ② روپیہ صرف کرنا ③ حساب کتاب رکھنا۔

**خرچ بالائی** (ا) اسم مذکر ① مقررہ خرچ کے علاوہ ② مقررہ خرچ سے زیادہ۔

**خرچ دینا** (ا) فعل ① روزینہ بانٹنا ② مزدوری دینا ③ خرچ کے لئے پیشگی روپیہ دینا۔

**خرچنا** (ا) فعل ① صرف کرنا ② بیاہ شادی وغیرہ دینا ③ روپیہ کام میں لانا ④ استعمال کرنا۔

**خرچہ** (ا) اسم مذکر ① زر صرف شدہ ② مقدمہ کا صرف ③ لاگت ④

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03249077218

صرف۔

**خرچہ دلانا** (ا) فعل۔ مدعی یا مدعا علیہ کو مقدمہ کا خرچ از روئے انصاف جو قانوناً جائز ہو دلانا۔

**خرخر** (ا) اسم مونث صوت۔ بلی کی آواز جو عموماً خود بخود نکلتی رہتی ہے۔

**خرخشہ** (ف) اسم مذکر ① لڑائی ② جھگڑا ③ بکھیڑا ④ دنگا ⑤ فساد۔

**خرد** (ف) اسم صفت ① چھوٹا ② کم سن ③ کم عمر ④ کم قدر ⑤ کم جسامت ⑥ بزرگ کی ضد۔

**خردبین** (ف) اسم مذکر آلہ بہ ترکیب فاعلی ① وہ آلہ جس سے پاس کی باریک سے باریک چیز بھی دکھائی دیتی ہے ② بڑا دکھانے والا شیشہ۔

**خردسال** (ف) اسم صفت ① کم سن ② چھوٹی عمر کا ③ یانا ④ طفل ⑤ بچہ۔

**خردسالی** (ف) اسم مونث ① بیائے مصدری ② کم سنی ③ صغر سنی ④ بچپن ⑤ لڑکپن۔

**خرد** (ف) اسم مونث ① عقل ② سمجھ ③ دانائی۔

**خردمند** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① عقلمند ② سمجھدار ③ دانا۔

**خردمندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① عقل ② سمجھ ③ بدھ وانی۔

**خردہ** (ف) اسم مذکر ① حصہ ② پارچہ ③ ٹکڑا ④ جزو ⑤ جھڑن ⑥ چھٹن ⑦ ریزہ ⑧ ریزگاری ⑨ روپے کے حصے۔

**خردہ بین** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① نکتہ چین ② عیب جو ③ برائی دیکھنے اور نکالنے والا ④ باریک بین۔

**خردہ بینی** (ف) اسم مونث ① عیب جوئی ② نکتہ چینی ③ باریک بینی۔

**خردہ فروش** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① پرچون فروخت کرنے والا ② پھیری پھر کر بیچنے والا ③ تھوک فروش کی ضد ④ بساطی۔

**خردہ کرنا** (ا) فعل ① روپیہ بھنانا ② روپیہ جڑانا ③ فروخت کرنا۔

**خردہ گیری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① عیب جوئی ② نکتہ چینی۔

**خردی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① چھوٹا پن ② بزرگی کی ضد۔

**خرفہ** (ع) اسم مذکر۔ ایک سیاہ بیج جس کو ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں اس کے پودے کا ساگ پکا کر کھاتے ہیں۔

**خرقہ** (ع) اسم مذکر ① گدڑی ② پیوند لگا ہوا ③ کپڑا ④ پرانا کپڑا ⑤ درویشوں کا لباس۔

**خرقہ پوش** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① گدڑی پہننے والا ② درویش ③ صوفی۔

**خرگوش** (ف) اسم مذکر ① گدھے سے کانوں والا ② ایک بلی جتنا تیز رفتار جانور ہوتا ہے ③ سسا ④ (سایا پنجابی)

**خرم** (ف) اسم صفت ① خوش ② شاد ③ شاداب ④ تر ⑤ تازہ ⑥ سرسبز۔

**خرما** (ف) اسم مذکر ① چھوارا ② خشک کھجور ③ بالوشاہی کی طرح ایک مٹھائی۔

**خرمست** (ف) اسم صفت ① متوالا ② بدمست ③ بے پرواہ ④ فاقہ مست۔

**خرمستی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بدمستی ② بے پروائی ③ فاقہ مستی۔

**خرمن** (ف) اسم مذکر ① کھلیان ② انبار غلہ ③ بھوسہ وغیرہ سمیت انبار کا ڈھیر۔

**خرمہرہ** (ف) اسم مذکر ① کوڑی ② ادنیٰ سکہ ③ کوڑا ④ ناقوس۔

**خرمی** (ف) اسم صفت بیائے مصدری ① خوشی ② طرب ③ انبساط ④ فرحت ⑤ شادمانی۔

**خروج** (ع) اسم مذکر ① برآمد ② باہر نکلنا ③ نکاس ④ بغاوت ⑤ فتنہ ⑥ شورش ⑦ حملہ۔

**خروس** (ف) اسم مذکر ① مرغا ② ککڑ ③ مرغ۔

**خروش** (ف) اسم مذکر ① حاصل مصدر از خروشیدن ② غل ③ غپاڑا ④ شوروغوغا۔

**خرید** (ف) اسم صفت ① حاصل مصدر از خریدن ② مول ③ قیمت ④ لاگت ⑤ (بصورت صفت) خریدی ہوئی ⑥ مول لی ہوئی ⑦ خرید کردہ۔

**خریدوفروخت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① لین دین ② بیع وشرا ③ لینا بیچنا۔

**خریدار** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ ① گاہک ② مشتری ③ مول لینے والا ④ خواہاں ⑤ طلبگار۔

**خریداری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① گاہکی ② بکری۔

**خریدنا** (ا) مصدر ① مول لینا ② بساہنا۔

**خریطہ** (ع) اسم مذکر ① کیسہ ② تھیلی ③ امیروں کے نام سرکاری مراسلہ یا مراسلہ کا لفافہ نقشہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149772218

www.besturdubooks.net

خریطی (ا) اسم مونث ① تھیلی ② خریطہ کی تصغیر ③ چھوٹی تھیلی۔
خریف (ء) اسم مونث ① ساونی فصل جس میں دھان زیری وغیرہ پیدا ہوتی ہے ② خزان۔

## خ ← ز

خزان (ف) اسم مذکر ① پت جھڑ یعنی درختوں کے پتے جھڑ جانے کا موسم ② سردیوں کا موسم ③ بے رونقی ④ زوال ⑤ فصلِ خریف۔
خزاں آنا (ا) فعل ① زوال آنا ① حسن نہ رہنا ② موسم بہار کا جانا۔
خزانچی (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① گنجینہ وار ② روکڑیا ③ تحویلدار ④ فوطہ دار۔
خزانہ (ع) اسم مذکر ① وہ جگہ جہاں مال و دولت جمع رہے ② بنک ③ ذخیرہ ④ مال و دولت۔
خزائن (ع) اسم مذکر ① خزانے کی جمع ② بہت سے خزانے۔
خزف (ع) اسم مونث۔ ٹھیکری
خزِینہ (ع) اسم مذکر ① خزانہ ② مخزن۔

## خ ← س

خس (ف) اسم مذکر و مونث ① سوکھی گھاس ② گھاس پھوس ③ کوڑا کرکٹ ④ ایک خاص قسم کی گھاس کی خوشبودار جڑیں۔
خس خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ① خس کی راوٹی ② سرد خانہ ③ وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے گرمی کے دنوں میں امیر لوگ بناتے ہیں۔
خس کم جہاں پاک (ف) مثل۔ کسی نالائق اور نکمے آدمی کے مرنے یا چلے جانے پر بولتے ہیں۔
خس و خاشاک (ف) اسم مذکر ① کوڑا کرکٹ ② گھاس پھوس ③ برا بھلا۔
خسارہ (ء) اسم مذکر ① نقصان ② ضرر ③ ٹوٹا ④ کسر ⑤ گھاٹا۔
خساست (ع) اسم مونث ① کمینہ پن ② بخل ③ کنجوسی۔
خست (ء) اسم مونث ① کمینگی ② بخل ③ بخیلی ④ کنجوسی۔
خستگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شکستہ حالی ② بدحالی ③ زخمی ہونا ④ رنج کلفت ⑤ بھربھرا ہونا ⑥ خستہ اور نرم ہونا ⑦ غریبی ⑧ افلاس ⑨ ناداری
خستہ (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعول ① زخمی ② گھائل ③ رنجیدہ ④ دلگیر ⑤ بھربھرا ⑥ بدحال ⑦ پریشان ⑧ مفلس ⑨ غریب۔
خستہ حال (ا) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① خراب حال ② بدحال ③ پریشان حال والا۔
خستہ دل (ف) اسم مذکر صفت ① دل شکستہ ② ضرب خوردہ دل والا عاشق۔
خسر (ف) اسم مذکر ① سسر ② جورو یا خاوند کا باپ۔
خسر پورہ (ف) اسم مذکر ① سالا ② جورو کا بھائی ③ برادر نسبتی۔
خسرہ (ا) اسم مذکر ① گاؤں کے کھیتوں کی فہرست ② کھیت بہی ③
خسوف (ء) اسم مذکر۔ چاند گرہن۔
خسیس (ء) اسم صفت ① کنجوس ② بخیل ③ تنگدل ④ کمینہ ⑤ فرومایہ ⑥ زبون ⑦ نالائق۔
خسیسہ (ع) اسم مونث ① نالائقی ② کمینگی ③ پستی۔

## خ ← ش

خشت (ف) اسم مونث۔ اینٹ۔
خشتک (ف) اسم مونث ① پیجامے کا رومال ② میانی۔
خشخاش (ف) اسم مونث ① پوست کے دانے ② تخم افیون ② چاول کا آٹھواں حصہ۔
خشخش (ا) اسم مونث۔ خشخاش کا مخفف ہے۔
خشخش برابر (ا) اسم صفت ① ذرا سا ② پوست کے دانے جتنا۔
خشک (ف) اسم صفت ① سوکھا ② بے آب روکھا ③ بدخلق ④ فقط ⑤ کوڑھ مغز ⑥ ناسمجھ۔
خشک دماغ / خشک مغز (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① دیوانہ ② مجنوں ③ پاگل ④ احمق ⑤ کوڑھ مغز۔
خشک سالی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① قحط ② کال ③ بارش کے برمحل اور حسب معمول نہ ہونے کا سال ④ قحط کا سال ⑤ قحط سالی۔
خشک ہونا (ا) فعل ① سوکھا ② رطوبت اور تری نہ رہنا ③ کھرنک ہونا۔
خشکہ (ف) اسم مذکر ① پھیکے ابلے ہوئے چاول ② ابلے ہوئے چاول۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

**خشکی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سوکھا پن ② سکھاوٹ ③ روکھا پن ④ قحط ⑤ روکھا ⑥ بدخلق ⑦ کج خلق ⑧ کوڑھ مغز۔

**خشوع** (ع) اسم مذکر ① عاجزی ② فروتنی ③ گڑگڑانا۔

**خشوع وخضوع** (ع) اسم مذکر ① گڑگڑانا اور رونا ② منت سماجت اور آہ زاری۔

**خشونت** (ع) اسم مونث ① سختی ② دشمنی ③ تیزی ④ نفرت ⑤ غصہ۔

**خشیت** (ع) اسم مونث ① ڈر ② خوف۔

## خ ← ص

**خِصال** (ع) اسم مونث ① خصلت کی جمع ② عادتیں۔

**خصائص** (ع) اسم مذکر ① خصیصہ کی جمع ② خاصیتیں۔

**خصلت** (ء) اسم مونث ① عادت ② سبھاؤ ③ خو۔

**خصائل** (ء) اسم مونث۔ خصلت کی جمع۔

**خصم** (ء) اسم مذکر ① بیری ② دشمن ③ بدخواہ۔

**خصم** (ا) اسم مذکر ① شوہر ② خاوند ③ پتی ④ مالک ⑤ آقا۔

**خصم کرنا** (ا) ① اپنے لئے خود خاوند کی تلاش کر لینا ② اپنا بیاہ آپ کرنا۔

**خصم کا کھائے بھیا جی کا گیت گائے** (ا) مثل ① دے کوئی اور نام ہو کسی کا ② خرچ خصم کا ہو اور شہرت بھائی صاحب کی۔

**خصوص** (ا) اسم مذکر ① خاص ② خاص کر۔

**خصوصاً** (ء) تابع فعل ① خاص کر ② علی الخصوص ③ ازبس کر کے۔

**خصوصیت** (ء) اسم مونث ① خاص بات ② تاخیر ③ اثر ④ ذاتی تعلق ⑤ دوستی ⑥ خاص ہونا ⑦ اخلاص ⑧ اختلاط ⑨ میل ملاپ۔

**خصومت** (ء) اسم مونث ① دشمنی ② بیر ③ کینہ ④ عداوت ⑤ بغض ⑥ فساد ⑦ جھگڑا ⑧ بکھیڑا۔

**خصی** (ء) اسم مذکر ① بدھیا ② اختہ ② فوطے نکالا ہوا جانور ③ نامرد ④ زنخہ ⑤ مخنث ⑥ ہیجڑا ⑦ خواجہ سرا۔

**خصی پرنالہ** (ا) اسم مذکر ① دیوار کے اندر کا پرنالہ جس کا پانی دور جا کر نہ پڑے ② جنگی پرنالہ کے خلاف ② دیوار کے اوپر چلنے والا پرنالہ۔

**خصیہ** (ء) اسم مذکر ① فوط ② خایہ ③ انڈا ④ بیضہ۔

**خصیہ بردار** (ف) اسم صفت ① خوشامدی ② چاپلوس۔

**خصیے سہلانا** (ا) محاورہ ① خوشامد کرنا ② چاپلوسی کرنا۔

## خ ← ض

**خضاب** (ء) اسم مذکر ① رنگ ② گلگونہ ③ خصوصاً ④ وسمہ ⑤ مہندی اور تیل کا رنگ۔

**خضاب لگانا** (ا) فعل ① وسمہ کرنا ② سفید بالوں کو تیل وغیرہ لگانا ③ بال سیاہ کرنا ④ بال رنگنا۔

**خضر** (ء) اسم مذکر۔ ایک پیغمبر کا نام ہے جن کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ اُنہوں نے آب حیات پیا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے وہ خشکی اور تری میں بھولے بھٹکے کو راستہ دکھلاتے ہیں۔

**خضر صورت** (ع) اسم صفت ① لمبی اور سفید داڑھی والا بزرگ ② نیک صورت آدمی۔

**خضوع** (ع) اسم مذکر ① گڑگڑانا ② عاجزی ③ فروتنی۔

**خضیب** (ع) اسم صفت ① رنگین ② رنگا ہوا ③ خضاب شدہ۔

## خ ← ط

**خط** (ء) اسم مذکر ① چھٹی ② نوشتہ ③ تحریر ④ سند ⑤ تمسک ⑥ رسید ⑦ رقعہ ⑧ لکیر ⑨ لائن۔

**خط آزادی** (عف) اسم مذکر ① غلام کو آزاد کر دینے کا نوشتہ ② آزادی کا خط۔

**خط استوا** (ء) اسم مذکر۔ وہ فرضی خط جو زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہوا اور شرقاً غرباً کھچا ہوا مانتے ہیں۔ جب سورج اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

**خط آنا / نکلنا** (ا) فعل ① داڑھی کا سبزہ ② آغاز ہونا ③ داڑھی کا نمودار ہونا ④ نامہ آنا ⑤ چھٹی آنا۔

**خط بگڑنا** (ا) فعل ① حجامت درست نہ بننا ② خط کی حالت میں فرق آ جانا ③ بدخط ہونا ④ خوشخط نہ رہنا۔

**خط بنانا** (ا) فعل حجامت بنانا ① اصلاح بنانا ② خوشخطی کی مشق کرنا ③ خط درست کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

خط تقدیر (ء) اسم مذکر ❶ نوشتہ تقدیر ❷ قسمت کا لکھا ❸ تقدیر کا لکھا۔

خط جدی (ء) اسم مذکر۔ وہ فرضی خط جو خط استوا سے ۲۳ درجہ جنوب کی طرف مانا گیا ہے جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمالی طرف دن چھوٹا اور رات بڑی ہوتی ہے اور موسم سرد ہو جاتا ہے اس سے جنوب میں سورج کبھی نہیں جاتا۔

خط وار (ف) اسم صفت ❶ دھاریدار ❷ دھاریوں والا ❸ لکیر دار۔

خط سرطان (ء) اسم مذکر۔ وہ فرضی خط جو خط استوا سے ساڑھے تئیس درجہ شمال کی طرف مانتے ہیں۔ سورج جب اس پر آتا ہے تو شمالی حصہ زمین میں گرمی زیادہ اور جنوبی حصہ میں سردی ہوتی ہے اس سے شمال کی طرف سورج نہیں بڑھتا۔

خط عمود / خط عمودی (ء) اسم مذکر ❶ سیدھا خط ❷ دو نقاط کا سب سے کم درمیانی فاصلہ ❷ وہ کھڑی لکیر جو دو برابر کے زاویے پیدا کرے ❸ قائمے زاویے بنانے والا خط۔

خط و کتابت (ء) اسم مونث ❶ چھٹی پتری ❷ مراسلت۔

خط متوازی (ء) اسم مذکر ❶ وہ دو خط جن کا درمیانی فاصلہ ہر جگہ برابر رہے۔

خط مستقیم (ء) اسم مذکر ❶ سیدھا خط ❷ سیدھی لکیر۔

خط منحنی (ء) اسم مذکر ❶ ٹیڑھا خط ❷ سیدھے خط کی ضد۔

خط نسخ (ء) اسم مذکر ❶ خواجہ عماد الدین کی ایجاد ہے ❷ عربی کے چھ طرز تحریر میں سے ایک طرز ❸ جس کی خوبی نے پہلی طرزوں کو مات کر دیا۔

خط نستعلیق (ء) اسم مذکر۔ وہ ایرانی خط جو خط نسخ اور تعلیق کو ملا کر نکالا گیا ہے یہ بہت آسانی سے پڑھا جا سکتا ہے۔

خطا (ء) اسم مونث ❶ بھول ❷ چوک ❸ سہو ❹ قصور ❺ تقصیر ❻ گناہ ❼ جرم ❽ غلطی۔

خطا کرنا (ا) فعل ❶ گناہ کرنا ❷ قصور کرنا ❸ جرم کرنا ❹ بھول ہونا۔

خطاوار (عف) اسم صفت ❶ مجرم ❷ گنہگار ❸ قصوروار۔

خطا ہونا (ا) فعل ❶ غلطی ہونا ❷ گناہ ہونا ❸ بھول ہونا ❹ جرم ہونا۔

خطاب (ء) اسم مذکر ❶ کسی کی طرف متوجہ ہو کر کلام کرنا ❷ مخاطب کر کے گفتگو کرنا ❸ عزت کا لقب جو حاکموں کی طرف سے رکھا جائے ❹ سامنے ہونا ❺ عیب کی ضد ❻ عتاب۔

خطاب دینا (ا) فعل ❶ وصفی نام رکھنا ❷ بادشاہ یا حکام کی طرف سے۔

خطامہ (ء) اسم مونث ❶ بدکار ❷ قحبہ۔

خطبہ (ء) اسم مذکر ❶ وہ حمد و نعت اور وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے ❷ کتاب کا دیباچہ ❸ سبب تالیف کتاب ❹ نماز جمعہ و عیدین پر خدا کی حمد و بادشاہ کی تعریف سنانا۔

خطبہ پڑھا جانا (ا) فعل ❶ وعظ کرنا ❷ کسی بادشاہ کا نام اور اس کی حکومت تسلیم کر کے لوگوں کو مطلع کرنا۔

خطر (ء) اسم مذکر ❶ اندیشہ ❷ ڈر ❸ خوف ❹ آفت ❺ مشکل۔

خطرا (ا) اسم مذکر ❶ خاطر کی تصغیر ❷ حقارت دل ❸ خیال۔

خطرہ (ا) اسم مذکر ❶ جوکھوں ❷ ڈر ❸ وسواس ❹ اندیشہ ❺ خدشہ ❻ خوف۔

خطرے میں ڈالنا (ا) فعل ❶ جوکھوں میں پھنسانا ❷ مصیبت میں ڈالنا ❸ ہلاکت میں ڈالنا۔

خطرے میں نہ لانا (ا) فعل ❶ حقیر جاننا ❷ خاطر میں نہ لانا ❸ کچھ نہ سمجھنا ❹ قدر و منزلت نہ جاننا ❺ بات نہ ماننا۔

خطہ (ء) اسم مذکر ❶ قطعہ ❷ علاقہ ❸ وہ زمین جس کے گرداگرد تعمیر عمارت کے لئے خط کھینچ دیں ❹ ملک ❺ سرزمین ❻ زمین کا گھرا ہوا حصہ۔

خطیب (ع) اسم مذکر ❶ خطبہ پڑھنے والا ❷ وعظ سنانے والا ❸ مخاطب کرنے والا۔

خطی (ع) اسم صفت ❶ خط کی طرف منسوب ❷ لکیر کی طرح سیدھا ❸ تحریری لفظ بہ لفظ۔

خطیر (ء) اسم مذکر صفت ❶ بڑا ❷ بہت ❸ کثیر ❹ زیادہ۔

## خ ← ف

خفا (ا) اسم صفت ❶ ناراض ❷ آزردہ ❸ برہم ❹ غضبناک۔

خفا کرنا (ا) فعل ❶ غصہ دلانا ❷ برہم کرنا ❸ ناراض کرنا۔

خفا ہونا (ا) فعل ❶ ناراض ہونا ❷ غصے ہونا ❸ برہم ہونا۔

خفت (ء) اسم مونث ❶ ہلکا پن ❷ سبکی ❸ خجالت ❹ شرم ❺ ذلت۔

خفت اٹھانا (ا) فعل ❶ شرمندہ ❷ بے عزت ہو جانا ❸ ذلت اٹھانا۔

خفقان (ء) اسم مذکر ❶ دھڑکن ❷ دل کا اچھلنا ❸ ایک بیماری کا نام ہے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249712218

جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے 4 جنون 5 سودا 6 وحشت۔

**خفقان ہونا** (ا) فعل 1 دل دھڑکنا 2 دل گھبرانا 3 وحشت ہونا 4 سودائی ہونا۔

**خفگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 غصہ 2 ناخوشی 3 ناراضگی 4 رنجش۔

**خفی** (ہ) اسم صفت 1 پوشیدہ 2 خفیہ 3 چھپا ہوا 4 باریک 5 مہین خط 6 جلی کی ضد۔

**خفیف** (ء) اسم صفت 1 ہلکا 2 سبک 3 ذلیل 4 خوار 5 رسوا 6 اوچھا 7 کم ظرف 8 بے قدر 9 کم۔

**خفیف ہونا** (ا) فعل 1 شرمندہ ہونا 2 ذلیل ہونا 3 نادم ہونا 4 خجل ہونا 5 ہلکا ہونا 6 کم قدر ہونا۔

**خفیفہ** (ء) اسم مونث بیائے نسبت وتانیث 1 منسوب بہ خفیف 2 چھوٹا 3 خورد 4 محکمہ ججی 5 عدالت خفیفہ 6 مطالبات خفیفہ وغیرہ۔

**خفیہ** (ء) اسم صفت 1 گپت سپت 2 چھپا ہوا 3 پوشیدہ 4 درپردہ۔

**خفیہ پولیس** (ا) اسم مذکر محکمہ سراغ رسانی جس کی ڈیوٹی درپردہ خبر لگانے اور رپورٹ کرنا ہے۔

**خفیہ خبر** (ء) اسم مونث 1 پوشیدہ خبر 2 مخفی خبر۔

**خفیہ کاروائی کرنا** (ا) فعل 1 درپردہ کام کرنا 2 چھپے چھپے کام کرنا۔

**خفیہ نویس** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی 1 مخبر 2 جاسوس 3 پوشیدہ خبریں دینے والا 4 دوت۔

## خ ← ل

**خلا** (ء) اسم مذکر 1 خالی جگہ 2 زمین کے اوپر کا وہ حصہ جہاں زمین کی کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا 3 خلوت 4 تخلیہ۔

**خلا ملا** (ء) اسم صفت 1 ملا جلا 2 غلط ملط کا مخفف ہے 3 کھلا ملا 4 بڑی گہری دوستی اور میل جول کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

**خلاص** (ء) اسم مذکر 1 چھوٹا ہوا 2 رہا 3 آزاد 4 فارغ 5 انزال۔

**خلاصہ** (ء) اسم صفت 1 وسیع 2 چوڑا 3 کشادہ 4 ڈھیلا 5 جدا جدا 6 چیدہ 7 برگزیدہ 8 چنا ہوا۔

**خلاصہ کرنا** (ا) فعل 1 اختصار کرنا 2 کم کرنا 3 انتخاب کرنا 4 چھانٹنا 5 ظاہر کرنا 5 کھولنا 6 تشریح کرنا 7 فراخ کرنا۔

**خلاصی** (ا) اسم مونث 1 رہائی 2 آزادی 3 نجات 4 دستگاری 5 چھٹکارا 6 بصورت اسم مذکر 7 خیمہ لگانے والے 8 توپخانے۔

**خلاصی پانا** (ا) فعل 1 رہائی پانا 2 آزادی پانا 3 نجات پانا 4 آزاد ہونا 5 چھوٹنا۔

**خلاف** (ء) اسم صفت 1 لغت میں پیچھے ہٹ کر کھڑا ہونا 2 وفاق کی ضد 3 الٹا نا موافق 4 برعکس 5 نقیض (بصورت اسم مذکر) جھوٹ 6 دروغ 7 حریف 8 مقابل 9 دشمن۔

**خلاف بیانی** (ا) اسم مونث 1 دروغگوئی 2 حلف دروغی 3 جھوٹا بیان کرنا 4 خلاف دستور 5 خلاف سررشتہ 6 خلاف ضابطہ 7 خلاف قانون 8 خلاف وضع (عف ـ اسم صفت) بے ضابطہ 9 بے قاعدہ۔

**خلاف شرع** (ء) اسم صفت 1 شریعت کے برخلاف 2 قانون محمدی کے برعکس۔

**خلاف طبع** (ء) اسم صفت 1 طبیعت کے برعکس 2 مزاج کے برعکس۔

**خلاف عقل** (ء) اسم صفت 1 عقل کے برعکس بعید از عقل 2 دانشمندی کے برخلاف۔

**خلاف قیاس** (ء) اسم صفت ـ ناممکن۔

**خلاف کہنا** (ا) فعل 1 جھوٹ بولنا 2 الٹی گواہی دینا 3 طبیعت کے خلاف بات کہہ دینا۔

**خلاف ہونا** (ا) فعل 1 دعویدار ہونا 2 دشمن ہونا 3 مدعی بننا۔

**خلافت** (ء) اسم مونث 1 جانشینی 2 نیابت 3 قائم مقامی 4 ولی عہدی 5 خلیفہ کا عہدہ 5 بادشاہ 6 نبی 7 مشائخ یا درویش کے قائم مقام ہونے پر بولتے ہیں۔

**خلال** (ء) اسم مذکر 1 درمیان 2 مجازاً دانت کریدنے کا تنکا 3 دانت کریدنے کا آلہ 4 گنجفہ کی بازی میں مات کو کہتے ہیں۔

**خلال کرنا** (ا) فعل 1 دانت کریدنا 2 دانت دینا۔

**خلال لینا** (ا) فعل 1 مات لینا 2 ہار ماننا۔

**خلائق** (ء) اسم مونث 1 جمع خلق 2 مخلوقات دینا 3 پرتھوی 4 خلقت۔

**خلجان** (ء) اسم مذکر 1 تردد 2 خلش 3 تفکر 4 وسواس 5 فکر 6

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149771218

اندیشہ ⑦ چنتا۔

**خلخال** (ع) اسم مونث ① پازیب ② پابرنجن۔

**خلخلہ** (ا) اسم صفت۔ڈھیلا ڈھالا۔

**خلد** (ع) اسم مونث ① بہشت ② فردوس ③ جنت۔

**خلد بریں** (عف) اسم مونث ① سب سے اعلیٰ بہشت ② فردوس اعلیٰ۔

**خلش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از خلیدن ① چبھن ② کھٹک ③ خلیدگی ④ دشمنی ⑤ جھگڑا ⑥ مناقشہ ⑦ خصومت۔

**خلط** (ع) اسم مذکر ① آمیزش ② مزاج ③ ملی ہوئی چیز ④ مرکب چیز ⑤ چاروں خلطوں یعنی صفرا سودا ⑥ بلغم ⑦ خون میں سے ہر ایک خلط ہے۔

**خلط ملط** (ع) اسم صفت ① گڈمڈ ② گھال میل ③ گھلا ملا ④ ملا جلا ⑤ مختلف۔

**خلطہ** (ا) اسم مذکر ① تھیلی ② خریطہ کا بگاڑ ہے۔

**خلعت** (ع) اسم مذکر ① لباس ② جوڑا ③ کپڑا جو بادشاہ یا امرا کسی کو انعام کے طور پر دیتے ہیں کم از کم تین پارچہ کا عطیہ۔

**خلف** (ع) اسم مذکر ① جانشین ② پیچھے رہنے والا ③ مراد فرزند نیک و پسر صالح ④ سعادت مند بیٹا ⑤ وارث ⑥ حقدار ⑦ مستحق۔

**خلفا** (ع) اسم مذکر۔خلیفہ کی جمع۔

**خلفائے راشدین** (ع) اسم مذکر ① ہدایت والے خلفا ② رسول اللہ صلعم کے چاروں خلفا ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ سے مراد ہے۔

**خلفائے عباسیہ** (ع) اسم مذکر۔حضرت عباسؓ کی اولاد کے خلفا جو بغداد میں ہوئے ہیں یعنی ہارون رشید اور مامون رشید وغیرہ۔

**خلفشار** (ع۔ف) اسم مذکر ① گڑبڑ ② کھلبلی ③ افراتفری۔

**خلق** (ع) اسم مذکر ① خو ② عادت ③ خصلت ④ خوش مزاجی ⑤ مروت ⑥ ملنساری ⑦ نیک عادت۔

**خلق محمدیؐ** (ع) اسم مذکر ① حضرت محمدؐ کے اخلاق ② نہایت بے مثل اخلاق ③ لاثانی اخلاق۔

**خلق والا** (ا) اسم مذکر فاعل ① بااخلاق ② ملنسار ③ خوش خلق۔

**خلق** (ع) اسم مونث ① آفرید ② آفرینش ③ پیدا شدہ اشیاء ④ دنیا ⑤ خلقت ⑥ مخلوق ⑦ نوع انسان ⑧ آدم زاد۔

**خلق کا حلق کس نے بند کیا** (ا) مثل۔لوگوں کی زبان کوئی روک نہیں سکتا۔

**خلقت** (ع) اسم مونث ① سرشت ② خمیر فطرت ③ پیدائش ④ آفرینش۔

**خلل** (ع) اسم مذکر ① رخنہ ② سوراخ ③ درز ④ دراڑ ⑤ خسارہ ⑥ نقصان ⑦ بگاڑ ⑧ اختلاف ⑨ ابتری۔

**خلل آنا** (ا) فعل ① فرق آنا ② فتور پڑنا ③ رخنہ پڑنا۔

**خلل انداز** (عف) اسم مذکر ① جھگڑالو ② فسادی ③ فتنہ پرداز ④ مزاحم سدراہ۔

**خلل دماغ** (عف) اسم مذکر ① دماغ کی خرابی ② مالیخولیا ③ سودا ④ دیوانگی ⑤ جنون۔

**خلوت** (ع) اسم مونث ① علیحدگی ② تنہائی ③ گوشہ نشینی ④ مکان کا غیر سے خالی ہونا ⑤ تنہائی کی جگہ ⑥ خالی جگہ ⑦ سونے کا کمرہ ⑧ پوشیدہ۔

**خلوت کرنا** (ا) فعل ① مکان کو غیروں سے خالی کرانا ② تنہا ہونا۔

**خلوت کے وقت** (ا) اسم مذکر ظرف ① تنہائی کے وقت ② علیحدگی میں ملاقات کے وقت۔

**خلوت گاہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① تنہائی کی جگہ ② سونے کا کمرہ۔

**خُلود** (ع) اسم مذکر ① ہمیشگی ② دوام۔

**خلوص** (ع) اسم مذکر ① صفائی ② پاکیزگی ③ سادگی ④ سچی دوستی ⑤ خالص دوستی ⑥ سچی محبت ⑦ وفاداری ⑧ راستی ⑨ سچائی۔

**خلوص نیت** (ع) اسم مونث ① نیت کی صفائی ② پاک نیتی ③ صفائی ارادہ۔

**خلیج** (ع) اسم مونث ① سمندر کا وہ حصہ جو دور تک خشکی کو کاٹتا ہوا چلا جائے جیسے خلیج فارس ② کھاڑی ③ نہر ④ ندی ⑤ شاخ ⑥ دریا ⑦ راس کی ضد۔

**خلیا ساس** (ا) اسم مونث۔ساس کی بہن۔

**خلیرا بھائی** (ا) اسم مذکر ① موسیر بھائی ② موسیرا ③ ماسی کا بیٹا ④ خالہ جایا۔

**خلیطہ** (ا) اسم مذکر۔تھیلا۔

**خلیطی** (ا) اسم مونث بیائے تصغیر و تانیث خریطی ① تھیلی ② گھروالی ③ جورو ④ زن۔

**خلیفہ** (ع) اسم مذکر ① پیچھے آنے والا ② ولی عہد ③ ٹیکا ④ جانشین ⑤ نائب ⑥ بادشاہ ⑦ مانیٹر ⑧ استاد کا نائب ⑨ حجام۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**خلیق** (ع) اسم مذکر ① خوش خلق ② اچھے اخلاق والا ③ با اخلاق۔

**خلیل** (ء) اسم صفت ① سچا دوست ② دوستی کا پورا حق ادا کرنے والا۔

**خلیل اللہ** (ء) اسم مذکر ① اللہ کا دوست ② حضرت ابراہیم کا لقب ہے۔

**خلیہ** (ع) اسم مذکر ① جسم کا مختصر ترین حصہ ② انگریزی لفظ (Cell) کا ترجمہ۔

## خ ← م

**خم** (ف) اسم ذکر ① کجی ② ٹیڑھا پن ③ جھکاؤ ④ زلف کا بل ⑤ پیچ و تاب زلف۔

**خم ٹھوکنا** (ا) فعل ① بازوؤں اور ڈنڈوں پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ جس سے حریف جان لے کہ یہ اب کشتی کو تیار ہے ② پٹھے ٹھوکنا ③ ڈنڑ بجانا۔

**خم و چم** (ف) اسم مذکر حاصل مصدر ① رفتار ناز ② مٹک چال ③ معشوقانہ چال۔

**خمدار** (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی ① ٹیڑھا ترچھا ② بانکا ③ کج ④ خمیدہ ⑤ پیچدار۔

**خم** (ف) اسم مذکر ① مٹکا ② شراب کا ماٹ ③ ہانڈی ④ گھڑیا ⑤ سبوچہ ⑥ خمیر ⑦ جوش۔

**خم خانہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① مے خانہ ② شراب خانہ ③ بھٹی ④ خرابات۔

**خمار** (ء) اسم مذکر ① شراب کا نشہ ② مستی ③ سرور ④ نشے کا اتار ⑤ نیند کا زور ⑥ اونگھ ⑦ غنودگی۔

**خمار آلودہ/خمار آلود** (عف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① شراب کے نشہ میں متوال ② نشہ میں چور ③ مست ④ سرشار ⑤ مخمورا۔

**خمپارہ** (ا) اسم صفت ① خام پارہ کا مخفف ہے ② جھنال ③ بدکار ④ کچی ٹوٹی ہوئی۔

**خمس** (ء) اسم صفت ① پانچ ② پنج ③ ۵۔

**خمسہ** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ خمس ② پانچ پانچ مصرعوں کے بند والی نظم ③ خمس پانچ پانچ کی کتابوں کا مجموعہ جیسے خمسہ نظامی سرکہ وغیرہ سے بنی ہوئی چٹنی (لذیز قسم کی چٹنی)

**خمیازہ** (ف) اسم مذکر ① بدنی اعضا کو جھکانا اور حرکت دینا یعنی انگڑائی ② غلبہ خواب یا کاہلی کی علامت ③ بدلہ ④ عوض ⑤ مکافات ⑥ تاوان ⑦ رنج ⑧ تکلیف ⑨ افسوس۔

**خمیازہ اٹھانا/خمیازہ بھگتنا** (ا) فعل ① نقصان اٹھانا ② ضرر اٹھانا ③ ڈنڈ بھرنا ④ مصیبت اٹھانا ⑤ پچھتانا ⑥ پشیمان ہونا ⑦ معاوضہ دینا ⑧ قصور کی سزا بھگتنا ⑨ بدلہ پانا۔

**خمیدہ** (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① کبڑا ② جھکا ہوا ③ ٹیڑھا۔

**خمیدگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کبڑا پن ② جھکاؤ ③ ٹیڑھا پن۔

**خمیر** (ء) اسم مذکر ① جوش ② ابال ③ گندھے ہوئے آٹے کو سڑا کر پھلانا ④ فطرت ⑤ سرشت ترکیب ⑥ بناوٹ ⑦ آمیزش ⑧ مزاج ⑨ ترکیب۔

**خمیر اٹھنا** (ا) فعل ① جوش آنا ② ابلنے لگنا ③ خمیر تیار ہونا ④ پھول جانا ⑤ جھاگ آ جانا ⑥ خمیرے آٹے کا روٹی پکانے کے قابل ہو جانا۔

**خمیر بگڑنا** (ا) فعل ① ترکیب میں فرق آ جانا ② شامت آنا ③ خرابی آنا ④ آٹے کا زیادہ کھٹا ہو جانا ⑤ خمیر کا ترشی پر آ جانا۔

**خمیرہ** (ء) اسم مذکر ① ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو ② خمیر اٹھا کر تیار کی ہوئی چیز ③ مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا جیسے خمیرہ بنفشہ وغیرہ۔

**خمیری** (ء) اسم صفت مونث بیائے نسبتی ① وہ روٹی جو خمیر اٹھا کر پکاتے ہیں ② فطیری کی ضد۔

## خ ← ن

**خنا** (ء) اسم مذکر ① فحش ② بیہودہ ③ مغز ④ دماغ ⑤ تکبر ⑥ باطل خیال۔

**خنا بہکنا** (ا) فعل ① دماغ بگڑنا ② اترانا ③ تکبر کرنا ④ غرور کرنا۔

**خنا ہونا** (ا) فعل ① غرور ہونا ② دماغ ہونا ③ متکبر و مغرور ہونا۔

**خناس** (ء) اسم مذکر ① شیطان ② لعین ③ روح بد ④ سرکش دیو (بحالت صفت) بہکانے والا ⑤ مردود ⑥ شریر ⑦ حرامزادہ۔

**خناق** (ء) اسم مذکر ① گلے کی ایک بیماری کا نام ہے ② گلا گھونٹنا۔

**خنثیٰ** (ء) اسم مذکر ① وہ شخص جس میں عورت اور مرد دونوں کی علامتیں پائی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جائیں (2) مردانہ عورت (3) ہیجڑا (4) مخنث۔

خنجر (ف) اسم مذکر (1) کٹار (2) ایک قسم کا چھرا۔

خنجر بیگ (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا مہلک پھوڑا ہوتا ہے جو اکثر پیٹھ کے پیچھے کی طرف نکلتا ہے اور دکھائی نہیں دیتا اس کا مریض بچتا نہیں۔

خنجری (ا) اسم مونث (1) ایک ریشمی کپڑے کا نام ہے (2) جوگیوں کے بجانے کی ڈفلی۔

خندق (ع) اسم مونث (1) کھائی (2) قلعہ یا شہر کے گرد حفاظت کے لئے کھدی ہوئی زمین (3) غار (4) گڑھ (5) کھوہ۔

خندہ رو/ خندہ پیشانی (ف) اسم صفت (1) بترکیب فاعلی (2) ہنس مکھ (3) خوش وخرم رہنے والا۔

خنزیر (ء) اسم مذکر (1) سور (2) جنگلی سور۔

خنک (ف) اسم صفت (1) ٹھنڈا (2) سرد (3) یخ (4) برف (5) بارد۔

خنکی (ف) اسم صفت مونث بیائے مصدری (1) ٹھنڈک (2) ٹھنڈ (3) سردی (4) برودت۔

خنگ (ف) اسم مذکر (1) گھوڑا (2) نقرہ گھوڑا۔

خنگا (ا) اسم صفت (1) موٹا تازہ (2) فربہ اندام (3) ہٹا کٹا (4) مسٹنڈا۔

خنگوا (ا) اسم صفت۔ خنگا کی تصغیر ہے۔

خنیا (ف) اسم مذکر (1) نغمہ (2) راگ (3) ڈومنی (4) میراثن (5) گانے بجانے والی۔

## خ ← و

خو (ف) اسم مونث (1) خصلت (2) عادت (3) ڈھنگ (4) سیرت (5) چلن۔

خو پڑنا (ا) فعل (1) عادت پڑنا (2) دھت لگنا (3) لت پڑنا۔

خواب (ف) اسم مذکر حاصل مصدر از خفتن (1) نیند (2) سپنا (3) رویا (4) وہ بات جو انسان خواب میں دیکھے (5) خیال (6) تصور (7) ماجرا (8) روئداد۔

خواب آلودہ (ف) اسم صفت (1) انیندا (2) نیند میں بھرا ہوا (3) خمار میں پر۔

خواب پریشاں (ف) اسم مذکر (1) ڈراؤنا سپنا (2) متوحش خواب۔

خواب خرگوش (ف) اسم مذکر (1) مدہوشی (2) بے خبری (3) غفلت کی نیند۔

خواب دیکھنا (ا) فعل (1) سپنا دیکھنا (2) سوتے میں کوئی بات دیکھنا۔

خواب کی باتیں (ا) اسم مونث (1) وہمی باتیں (2) خیالی باتیں (3) بے بنیاد باتیں۔

خواب گاہ (ف) اسم مونث (1) سونے کا کمرہ (2) خلوت گاہ۔

خواب وخیال (فع) اسم مذکر (1) بھولی ہوئی بات (2) بھولی بسری بات۔

خوابیدہ (ف) اسم صفت (1) سویا ہوا (2) خمار آلود (3) جمع، خوابیداں۔

خواجہ (ف) اسم مذکر (1) آقا (2) گھر کا مالک (3) صاحب (4) سردار (5) توران میں سیدوں کا لقب ہے (6) ہیجڑا (7) خواجہ سرا (8) خصی غلام مخنث۔

خواجہ سرا (ف) اسم مذکر لغوی معنی (1) گھر کا مالک (2) مجازاً وہ خصی غلام جو گھر میں آجا سکے (3) نامرد (4) مخنث (5) ہیجڑا۔

خوار (ف) اسم صفت (1) رسوا (2) ذلیل (3) اوار (4) پریشان (5) سرگردان (6) بے اعتبار۔

خواست (ف) اسم مونث (1) خواہش (2) التماس۔

خواستگار (ف) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی (1) امیدوار (2) خواہاں (3) طالب (4) طلبگار۔

خواستگاری (ف) اسم مونث (1) درخواست (2) خواہش (3) پیغام شادی (4) منگنی کی درخواست (5) تمنا (6) طلبگاری۔

خواص (ع) اسم مذکر (1) خاص کی جمع (2) عام کی ضد (3) اثر (4) عادت (5) خاصیت (6) خاصہ کی جمع (7) اعلےٰ درجہ کے نوکر (8) ملازمان (9) خاص۔

خواص (ا) اسم مذکر (1) اثر (2) طبیعت (3) عادت (4) سبھاؤ (5) مزاج (6) خاصیت (7) تاثیر۔

خواصی (ء) اسم مونث بیائے مصدری (1) خدمتگاری (2) نوکری (3) ملازمت (4) مصاحبت (5) ہم نشینی (6) (بصورت اسم مذکر) اعلیٰ درجہ کا ملازم۔

خواصی میں بیٹھنا (ا) فعل۔ بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا۔

خواصیں (ا) اسم مونث (1) سہیلیاں (2) ہمجولیاں (3) وہ ملازم عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہا کرتی ہیں۔

خوان (ف) اسم مذکر (1) کھانا لانے اور لیجانے کا برتن (2) سینی (3) کشتی (4) تھال (5) طشت چنگیر (6) دسترخوان (7) سفرہ۔

خوان پوش (ف) اسم مذکر آلہ (1) تھال ڈھکنے کا کپڑا (2) خوان کو چھپانے کا کپڑا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149097218

خوانچہ (ف) اسم مذکر ❶ چھوٹا خوان ❷ سینی ❸ تھال ❹ چھوٹا۔

خوانچہ اٹھانا/ لگانا (ا) فعل۔ تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا۔

خوانده (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ پڑھا لکھا ❷ تعلیم یافتہ ❸ بلایا ہوا ❹ طلب کیا ہوا۔

خوانین (ف) اسم مذکر ❶ خان کی جمع ❷ بڑے لوگ۔

خواه (ف) حرف تردید ❶ یا ❷ یا تو ❸ چاہو ❹ چاہے ❺ خواہش ❻ چاہ۔

خواہاں (ف) اسم مذکر حالیہ مفید صفت ❶ چاہنے والا ❷ طالب ❸ خواہش مند ❹ آرزومند۔

خواه مخواه/ خواه نخواه (ف) ❶ ناچار ❷ زبردستی ❸ مجبوراً ❹ چار و ناچار ❺ ناگریز ❻ لاجرم ❼ لابد ❽ جبراً۔

خواہر (ف) اسم مونث ❶ بہن ❷ ہمشیرہ۔

خواہش (ف) اسم مونث حاصل مصدر از خواستن ❶ چاہت ❷ چاہ ❸ آرزو ❹ تمنا ❺ چاؤ ❻ رغبت ❼ شوق ❽ مرضی ❾ اچھا۔

خواہش مند (ف) اسم صفت ❶ طالب ❷ خواہاں ❸ آرزومند ❹ شائق۔

خواہی نخواہی (ا) تابع فعل ❶ ناچار ❷ جبراً قہراً ❸ زبردستی ❹ خواہ مخواہ۔

خوب (ف) اسم صفت ❶ بھلا ❷ اچھا ❸ عمدہ ❹ ستھرا ❺ سوہنا ❻ سوہنی ❼ سندر ❽ خوشگوار ❾ حسین۔

خوبرو (ف) اسم صفت ❶ سندر ❷ پری رو ❸ شکیل ❹ خوبصورت ❺ خوش شکل۔

خوبصورت (ف) اسم صفت ❶ سندر ❷ حسن و جمال ❸ پری چہرہ۔

خوبصورتی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ حسن ❷ سندر پن ❸ خوش اندامی۔

خوباں (ف) اسم مذکر ❶ خوب کی جمع ❷ بہت سے خوبصورت اور حسین محبوب ❸ حسین و جمیل عورتیں۔

خوبانی (ف) اسم مونث ❶ زرد آلو ❷ ایک میوے کا نام ہے ❸ جس کے اندر بادام کے مشابہ گری نکلتی ہے۔

خوبکلاں (ا) اسم مونث ❶ خاکسی ❷ ایک بیج کا نام ہے ❸ جو دافع بخار ہے۔

خوبی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بھلائی ❷ عمدگی ❸ خوبصورتی ❹ ستھراؤ ❺ حسن ❻ لطف ❼ بڑائی ❽ شرف ❾ جوہر۔

خوجہ (ا) اسم مذکر ❶ خصی غلام ❷ مخنث ❸ ہیجڑا ❹ زنخہ ❺ زنا۔

خود (ف) بواؤ مجہول معروف اسم مذکر۔ لڑائی کے وقت پہننے کی لوہے کی ٹوپی۔

خود (ف) بواؤ معدولہ تابع فعل ❶ بذات خاص ❷ آپ ❸ ذات ❹ بہ نفس نفیس۔

خودآرائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بناؤ سنگار ❷ اپنے آپ کو بنانا ❸ سنوارنا۔

خودبخود (ف) تابع فعل ❶ آپ ہی آپ ❷ بن کہے ❸ بن بلائے ❹ بے چھیڑے۔

خود بدولت (ف) تابع فعل ❶ حضور عالی ❷ جناب عالی ❸ آپ بذات خاص ❹ بہ نفس نفیس۔

خودبیں (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ متکبر ❷ مغرور ❸ گھمنڈی۔

خودبینی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تکبر ❷ غرور ❸ گھمنڈ ❹ فخر۔

خودپرست (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ مغرور ❷ متکبر۔

خودپرستی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خودبینی ❷ غرور ❸ تکبر۔

خودپسند (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ خودرائے ❷ دوسرے کی نہ ماننے والا ❸ مغرور۔

خودپسندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مغروری ❷ سرکشی ❸ خودرائی۔

خودرائے (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ کسی کی نہ ماننے والا ❷ خود مختار ❸ اپنی رائے پر کام کرنے والا۔

خودرائی سے (ا) تابع فعل ❶ سرکشی سے ❷ خودسری سے ❸ اپنی عقل سے ❹ اپنے آپ سے۔

خودرفتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ آپے سے باہر ❷ بے خبر ❸ بے خود ❹ بے ہوش۔

خودرفتگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بیہوشی ❷ بیخبری ❸ بے خودی۔

خودرو (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ آپ اگا ہوا ❷ بے بوائے اُگا ❸ بے قاعدہ۔

خودستائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اپنی تعریف آپ کرنا ❷ اپنے منہ میاں مٹھو۔

خودسر (ف) اسم صفت ❶ سرکش ❷ ضد ❸ ہٹیلا ❹ خودپسند ❺

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

خودرائے۔
خودسری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ضد ❷ ہٹ ❸ سرکشی ❹ استغنا ❺ خود پسندی۔
خودغرض (فع) اسم صفت ❶ اپنے مطلب کا یار ❷ مطلبی ❸ خودکام۔
خودغرضی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خود مطلبی ❷ آپا دھاپی ❸ اپنی اپنی۔
خودکاشت (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ وہ زمین جسے مالک خود بوئے ❷ آپ بونے والا۔
خودکشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اپنے آپ کو خود مار ڈالنا ❷ قتل نفس۔
خودکفیل (ف۔ع) اسم صفت ❶ اپنے وسائل پر گزارہ کرنا ❷ اپنی کفالت خود کرنا۔
خودگزشتہ (ف) اسم صفت ❶ دل سے بھولا ہوا ❷ زندگی سے عاجز۔
خود مختار (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ با اختیار ❷ آزاد ❸ خودرائے۔
خودمختاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ آزادی ❷ مطلق العنانی ❸ بااختیاری۔
خودنما (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ مغرور ❷ گھمنڈی ❸ متکبر ❹ شیخی خورہ ❺ اپنی نمائش کرنے والا۔
خودنمائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ غرور ❷ تکبر ❸ گھمنڈ ❹ نمائش ❺ نمود ❻ خود پسندی ❼ اوچھاپن ❽ خود بینی۔
خودی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اپنا آپا ❷ ذات ❸ آتما ❹ خودسری ❺ خودرائی ❻ خودغرضی ❼ غرور ❽ نخوت ❾ خود پسندی۔
خودی اور خدائی میں بیر ہے (ا) مثل۔ غرور خدا کو پسند نہیں غرور ضرور ٹوٹتا ہے۔
خوردونوش (ف) اسم مونث ❶ دانہ پانی ❷ کھانا پینا۔
خوراک (ف) اسم مونث ❶ کھانے کی چیز ❷ غذا ❸ راشن ❹ رسد ❺ چارہ ❻ سفرخرچ۔
خورد (ف) اسم مذکر ❶ کھانا ❷ طعام ❸ کھانا اُڑانا ❹ (بحالت صفت) چھوٹا۔
خوردبرد (ف) اسم مونث حاصل مصدر از خوردن و بردن ❶ کھانا اڑانا ❷ بددیانتی ❸ غبن ❹ خیانت ❺ بیجا تصرف ❻ رشوت۔

خوردبرد کرنا (ا) فعل ❶ خیانت کرنا ❷ غبن کرنا ❸ تغلب کرنا ❹ کھا جانا۔
خورش (ف) اسم مونث ❶ کھانا ❷ طعام ❸ خوراک۔
خورشید (ف) اسم مذکر ❶ سورج ❷ آفتاب ❸ شمس۔
خورندہ (ف) اسم فاعل قیاسی ❶ کھانے والا ❷ کھاؤ ❸ پیٹو ❹ فضول خرچ ❺ اڑاؤ۔
خوش (ف) اسم صفت ❶ شاد ❷ خرم ❸ مسرور ❹ مگن ❺ راضی تندرست ❻ چنگا ❼ تروتازہ ❽ سرسبز ❾ بامراد۔
خوش اسلوب (فع) اسم صفت فاعلی ❶ خوبصورت ❷ خوش وضع ❸ عمدہ طرز کا۔
خوش وضع ❶ اچھے طریقے والا ❷ خوب ❸ دل پسند۔
خوش اقبال (ع) اسم صفت فاعلی ❶ نیک نصیب ❷ خوش قسمت ❸ اچھی قسمت والا ❹ بامراد۔
خوش الحان (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ خوش گلو ❷ اچھی آواز والا ❸ سریلا۔
خوش الحانی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خوش آوازی ❷ سریلا پن۔
خوش انتظامی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عمدہ بندوبست ❷ خوش نظمی۔
خوش باش (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ اپنی خوشی سے رہنے والا ❷ عارضی سکونت رکھنے والا ❸ ہروقت بخوشی رہنے والا۔
خوشبو (ف) اسم مونث ❶ اچھی مہک ❷ اچھی بو ❸ مہک ❹ سگندھ۔
خوشبودار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ عمدہ خوشبو والا ❷ اچھی مہک والا۔
خوش بیان (فع) اسم صفت ❶ اچھی تقریر والا ❷ شیریں کلام ❸ فصیح۔
خوش بیانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ فصاحت ❷ شیریں کلامی۔
خوش پوشاک (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ عمدہ لباس والا ❷ سفید پوش ❸ خوش لباس۔
خوش تقریر (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ عمدہ تقریر کرنے والا ❷ خوش بیان ❸ شیریں کلام۔
خوش حال (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ اچھے حال میں رہنے والا ❷

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

بانصیب ③ توانگر ④ امیر ⑤ آسودہ۔

**خوش خبر** (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① اچھی خبر لانے والا ② نیک فال کے لئے بھونرے کو کہا کرتے ہیں۔

**خوش خبری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بشارت ② مژدہ ③ نوید ④ اچھی خبر۔

**خوش خرام** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① آہستہ رو ② اچھی چال والا ③ خوش رفتار۔

**خوش خط** (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① عمدہ لکھا ہوا ② عمدہ لکھنے والا ③ خوش نویس ④ خوش قلم۔

**خوش خلق** (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① اچھی عادت والا ② بامروت ③ خلیق ④ اچھے اخلاق والا۔

**خوش خوان** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① بلا وظیفہ پڑھنے والا طالب علم ③ اچھا پڑھنے والا۔

**خوش خیال** (ف) اسم مذکر ① عمدہ خیالات والا شاعر ② خوش فکر شاعر ③ عمدہ خیال والا مصنف۔

**خوش دامن** (ا) اسم مونث ① ساس ② عورت یا مرد کی ماں ③ خصم یا جورو کی ماں۔

**خوش دل** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خوش رہنے والا ② غمناک نہ رہنے والا۔

**خوش ذائقہ** (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مزیدار ② لذیذ ③ خوش مزہ ④ خوشگوار۔

**خوش رفتار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خوش خرام ② اچھی چال والا ③ سبک رفتار ④ نازک خرام۔

**خوش زبانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خوش کلامی ② خوش بیانی۔

**خوش سلیقہ** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① اچھے سلیقے والا ② سگھڑ ③ مہذب ④ تعلیم یافتہ ⑤ صاحب ہنر ⑥ گن والا ⑦ گنی ⑧ خوش خو ⑨ نیک خصلت۔

**خوش طالع** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① قسمت کا دھنی ② نیک نصیب والا ③ اچھی تقدیر والا۔

**خوش طبع** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① اچھی طبیعت والا ② زندہ دل ③ ظریف ④ مخولیا ⑤ ہنس مکھ ⑥ ہنسی باز ⑦ بامذاق آدمی۔

**خوش طبعی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دل لگی ② ظرافت ③ مذاق ④ ہنسی ⑤ ٹھٹھا۔

**خوش عنان** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① اشارہ پر کام کرنے والا گھوڑا ② اصیل گھوڑا ③ بے شر گھوڑا۔

**خوش غلافت** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① ذرا سے اشارے پر غلاف سے نکل آنے والی تلوار ② خود بخود میان سے نکل پڑنے والی تلوار ③ وہ عورت جسے کسی سے انکار نہ ہو ④ ازار بند کی ڈھیلی ⑤ قحبہ۔

**خوش فعلی** (ف) اسم مونث ① چہل ② مذاق ③ دل لگی ④ کام کی موزونیت ⑤ دل پسندی۔

**خوش قلم** (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خوشنویس ② اچھا لکھنے والا ③ صاف اور عمدہ کاغذ۔

**خوش کرنا** (ا) فعل ① راضی کرنا ② مگن کرنا ③ اطمینان دلانا ④ تسلی کر دینا ⑤ تشفی کر دینا۔

**خوش گپ** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① لسان ② چرب زبان ③ زٹل باز ④ خوش گفتار۔

**خوش گزران** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مزے سے زندگی بسر کرنے والا ② اچھی بسر اوقات کرنے والا۔

**خوش گفتار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① شیریں کلام ② خوش بیان ③ خوش تقریر۔

**خوشگوار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مزیدار ② خوش ذائقہ ③ دل پسند کھانا ④ لذیذ ⑤ مزیدار۔

**خوش نصیب** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خوش قسمت ② بختاور ③ خوش اقبال ④ صاحب نصیب۔

**خوش نصیبی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خوش قسمتی ② حسن اتفاق ③ خوش اقبالی۔

**خوش نما** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دلچسپ ② خوبصورت ③ موزوں ④ مزین۔

**خوش نمائی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دلچسپی ② خوبصورتی ③ موزونیت ④ بھڑک۔

**خوشنویس** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① عمدہ لکھنے والا ② خوشخط۔

**خوش و خورم** (ف) اسم صفت ① دل شاد ② شاد ③ شاداں ④

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

شادماں ⑤ مسرور ⑥ مگن۔

خوش وقت (فع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① کامران ② آسودہ حال ③ خوشحال ④ شادمان۔

خوشامد (ف) اسم مونث ① چاپلوسی ② جھوٹی تعریف ③ بڑھاوا ④ چڑھاوا۔

خوشامد سے آمد ہے (ا) کہاوت۔ خوشامد سے پیسے اور روپے مل جاتے ہیں۔

خوشامدی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① خوشامد کرنے والا ② چاپلوس ③ چپڑقناتیا۔

خوشنودی (ف) اسم مونث ① خوشی خرمی ② رضامندی۔

خوشہ (ف) اسم مذکر ① بال ② اناج کی بالی ③ بھٹا ④ سٹا ⑤ گچھا۔

خوشہ چیں (ف) اسم صفت فاعلی ① سٹے چننے والا ② گری پڑی بالیں اٹھانے والا ③ مجازاً ادنیٰ خادم ④ مفلس ⑤ کنگال ⑥ بچا کھچا کھانے والا۔

خوشہ چینی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① فیض حاصل کرنا ② بالیں چننے والا۔

خوشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سرور ② انبساط ③ نشاط ④ شادی ⑤ طرب ⑥ خورشیدی۔

خوشی خوشی سے (ا) تابع فعل ① نہایت شوق سے ② بڑے چاؤ سے ③ مشتاقانہ۔

خوشی کرنا/خوشی منانا (ا) فعل ① جشن کرنا ② جلسہ کرنا ③ خوش ہونا ④ شادی منانا۔

خوشی سے باچھیں کھل جانا (ا) مثل ① بہت خوش ہونا ② خوشی کے مارے کھلکھلا کر ہنس پڑنا۔

خوض (ع) اسم مذکر ① لغت میں غوطہ مارنا ② مجازاً سوچ ③ فکر ④ غور۔

خوف (ع) اسم مذکر ① اندیشہ ② خطرہ ③ ڈر ④ بھے ⑤ ہول ⑥ ہراس ⑦ دہشت۔

خوف کا مکان (ا) اسم مذکر ① بھوت پریت کی جگہ ② منحوس مکان ③ ڈر کی جگہ۔

خوفناک (ف) اسم صفت ترکیبی ① ڈراؤنا ② مہیب ③ ہیبت ناک ④ بھیانک۔

خوک (ف) اسم مذکر ① سور ② خنزیر۔

خوگر (ف) اسم صفت ترکیبی ① عادی ② لتیا دھتیا ③ جس کو کسی بات کی عادت پڑ جائے۔

خوگیر (ف) اسم مذکر ① نمدزین ② تہرو ③ کپڑے یا نمدے کی گدی جو گھوڑے کی پیٹھ پر کاٹھی کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ پسینہ جذب ہو اور پیٹھ نہ چھلے۔

خوگیر کی بھرتی (ا) اسم مونث ① ردی اور بیکار چیزیں ② نکما اسباب ③ خراب چیزیں ④ نالائق ⑤ ناکس اور کمینے آدمیوں کا ہجوم۔

خول (ا) اسم صفت ① تھوتھا ② کھوکھلا ③ پولا ④ (بحالت اسم مذکر) چھلکا ⑤ اوپر کا غلاف۔

خول چڑھانا (ا) فعل ① پترا چڑھانا ② غلاف چڑھانا ③ لفافہ کرنا۔

خون (ف) اسم مذکر ① لہو ② رکت ③ قتل ④ خونریزی ⑤ رنج ⑥ ہلاکت۔

خون آلودہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① خون میں لتھڑا ہوا ② لہو لہان۔

خون بگڑنا (ا) فعل ① خون کا خراب ہونا ② فساد خون ہونا ③ کوڑھ ہونا ④ شامت آنا ⑤ بدنصیبی ہونا۔

خون بہا (ف) اسم مذکر ① وہ روپیہ جو مقتول کے خون کے بدلے میں اس کے وارثوں کو دیا جائے ② دیت۔

خون بہانا/خون چلانا (ا) فعل ① خون گرانا ② خون نکالنا ③ قتل کرنا ④ کشت و خون کرنا۔

خون پینا (ا) فعل ① خون چوسنا ② لہو پینا ③ ذبح کرنا ④ قتل کرنا ⑤ سخت سزا دینا۔

خون جگر پینا (ا) فعل ① غصہ کھانا ② پیچ و تاب کھانا ③ رنج اٹھانا ④ سخت محنت کرنا۔

خون خرابا (ا) اسم مذکر ① مار دھاڑ ② کشت و خون ③ قتل و غارت۔

خون خشک ہونا (ا) فعل ① خوف چھانا ② دم خشک ہونا۔

خون خوار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① ظالم ② جلاد ③ لہو پینے والا ④ غضبی۔

خون دل پینا (ا) فعل ① غم میں گھٹنا ② غصہ میں پیچ و تاب کھانا ③ نہایت ناگوار گزرنا ④ رنج ضبط کرنا۔

خونریزی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① جنگ ② لڑائی ③ جدھ ④ یدھ ⑤ کشت و خون۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 0340077218

**خون سر پر چڑھنا/خون سر پر سوار ہونا** (ا) فعل ① کسی قتل پر بالکل تیار و آمادہ ہو جانا ② قاتل کا اپنے کیفر کردار کو ضرور پہنچ جانا ③ قتل بیگناہ ④ اپنا بدلہ لئے بغیر نہیں رہنا ⑤ قتل عمدہ کا بہر نوع ظاہر ہو ہی جانا۔

**خون سفید ہونا** (ا) فعل ① الفت و محبت نہ رہنا ② بے مہری ③ سرد مہری ظاہر ہونا۔

**خون کا پیاسا** (ا) اسم مذکر ① جان کا لاگو ② جانی دشمن ③ کسی کے قتل کا خواہاں۔

**خون کا جوش** (ا) اسم مذکر ① خاندانی محبت ② رشتہ داری کی الفت ③ عصبیت۔

**خون کا دورہ** (ا) اسم مذکر ① دوران خون ② خون کا جسم کے اندر پھرنا اور گردش کرنا۔

**خون کا عوض** (ا) اسم مذکر ① قصاص ② جان کے بدلے جان۔

**خون کبوتر** (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① نہایت سرخ ② چھچھا ③ شراب سرخ ④ کبوتر کے خون جیسی۔

**خون کرنا** (ا) فعل ① قتل کرنا ② مار ڈالنا ③ ہلاک کرنا ④ جان لینا۔

**خون کی بو آنا** (ا) فعل ① جانی دشمنی پائی جانا ② علامات دشمنی کا ظاہر ہونا۔

**خون گرفتہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① اجل رسیدہ ② وہ شخص جس کی موت قریب آ گئی ہو۔

**خون لگا کے شہیدوں میں شامل ہونا** (ا) محاورہ۔ کوئی قابلِ ذکر کارنامہ سرانجام دیے بغیر کسی بڑے رتبے کا طلب گار ہونا۔

**خوناب** (ف) اسم مذکر ① خون کے آنسو ② پانی ملا ہوا خون ③ لال سرخ ④ خون ناب ⑤ وہ خون جو انتہائے رنج و غم میں آنکھوں سے آنسو اور بدن سے پانی بن کر ٹپکے۔

**خونی** (ف) اسم مونث بیائے فاعلیت ① قاتل ② خونریز ③ سفاک ④ ہتیارا ⑤ جلاد ⑥ ظالم۔

**خونی دست** (ا) اسم مذکر ① لہو کے دست ② خونی پیچانہ ③ اسہال خونی ④ پیچش ⑤ مروڑ۔

**خونین** (ف) اسم صفت ① خون سے نسبت رکھنے والا ② لال ③ سرخ ④ خون آلودہ۔

**خونین جامہ پہننا** (ا) فعل۔ قتل کا حکم دینے یا اظہار غضب کے لئے بادشاہ یا حاکم کا سرخ لباس پہننا۔

**خوید** (ا) اسم مونث ① کھود ② ہرے جو ③ سبز گندم ④ گھوڑوں وغیرہ کا سبز چارہ۔

**خویش** (ف) اسم ضمیر ① خود ② آپ (بصورت صفت) رشتہ دار ③ قریبی ④ داماد ⑤ جنوائی۔

**خویش و اقارب** (ف) اسم مذکر ① قریبی رشتہ دار ② عزیز و اقارب۔

## خ ← ی

**خیابان** (ف) اسم مذکر ① کیاری ② پھلواڑی ③ باغ کے درمیان میں سے گزرنے والا راستہ۔

**خیار** (ع) اسم مذکر ① کھیرا ② ککڑی۔

**خیارین** (ع) اسم مذکر۔ کھیرا ککڑی دونوں۔

**خیاط** (ع) اسم مذکر ① درزی ② جامہ دوز ③ کپڑے سینے کا پیشہ کرنے والا۔

**خیاطہ** (ع) اسم مذکر ① دھاگا ② تاگا ③ نخ ④ ریشم کا تار۔

**خیال** (ع) اسم مذکر ① وہم ② گمان ③ تصور ④ فکر ⑤ اندیشہ ⑥ ادھیڑ بن ⑦ سوچ بچار ⑧ غور و خوض ⑨ مضمون۔

**خیال باطل** (ع) اسم مذکر ① جھوٹا خیال ② ناممکن چیز کا دھیان۔

**خیال باندھنا** (ا) فعل ① تصور باندھنا ② وہم پکانا ③ منصوبہ باندھنا ④ دل ہی دل میں کوئی بات پیدا کرنا۔

**خیال بندی** (ف) اسم مونث ① خیالات کا سلسلہ ② خیالی تصور۔

**خیال پر چڑھنا** (ا) فعل ① ذہن نشین ہونا ② یاد آنا ③ یاد رہنا ④ سمجھ میں آنا۔

**خیال پڑنا** (ا) فعل ① یاد آنا ② شبہ گزرنا ③ خیال آنا۔

**خیال خام** (عف) اسم مذکر ① کچا خیال ② خیال ناقص ③ بیہودہ خیال ④ پورا نہ ہونے والا خیال۔

**خیال رکھنا** (ا) فعل ① دھیان رکھنا ② یاد رکھنا ③ توجہ رکھنا۔

**خیال سے اتر جانا** (ا) فعل ① یاد نہ رہنا ② بھول جانا ③ فراموش کر دینا۔

**خیال سے باہر** (ا) اسم صفت مرکب ① دور از خیال ② سمجھ سے دور ③ سمجھ سے باہر۔

**خیال فاسد** (ع) اسم مذکر ① بیہودہ خیال ② فتنہ برپا کرنے والا خیال ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03349071218

www.besturdubooks.net

نکما خیال۔

**خیال کرنا** (ا) فعل ① سوچنا ② فکر کرنا ③ دھیان کرنا ④ توجہ کرنا ⑤ دھیان میں لانا ⑥ منصوبہ باندھنا ⑦ لحاظ کرنا ⑧ روایت کرنا۔

**خیال میں آنا** (ا) فعل ① سمجھنا ② ماننا ③ تسلیم کرنا۔

**خیال میں نہ لانا** (ا) فعل ① توجہ نہ کرنا ② داد نہ دینا ③ کچھ نہ سمجھنا ④ بے قدر جاننا ⑤ پرواہ نہ کرنا ⑥ دھیان میں لانا۔

**خیال نہ رہنا** (ا) فعل ① یاد نہ رہنا ② بھول جانا ③ بھولنا ④ بسرنا ⑤ فراموش ہونا۔

**خیالات** (ء) اسم مذکر ① خیال کی جمع ② تصورات۔

**خیالی** (ف) اسم صفت ① وہمی ② قیاسی ③ فرضی۔

**خیالی پلاؤ پکانا** (ا) فعل ① ناممکن باتوں کا تصور کرنا ② من کے لڈو پھوڑنا ③ بیہودہ خیال جما بیٹھنا۔

**خیانت** (ء) اسم مونث ① چوری ② غبن ③ امانت میں بے ایمانی کرنا ④ بددیانتی ⑤ ناراستی ⑥ دغا ⑦ تغلب۔

**خیانت مجرمانہ** (ء) اسم مونث ① وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو ② سرکاری غبن ③ سرکاری تغلب۔

**خیر** (ء) اسم مونث ① نیکی ② بھلائی ③ متوسط ④ برا نہ بھلا ⑤ سلامتی ⑥ تندرستی ⑦ عافیت ⑧ برکت کا مترادف جیسے خیر و برکت (کلمہ ایجاب) ہاں ⑨ اچھا۔

**خیر اندیش** (عف) اسم صفت ① نیک خواہ ② خیر خواہ ③ بھلائی چاہنے والا۔

**خیر باد** (عف) ① ایک دعا ہے جو رخصت سفر کے لئے چلتے وقت کہا کرتے ہیں جیسے اچھا اللہ بیلی، خدا حافظ، فی امان اللہ وغیرہ۔

**خیر برکت** (ا) اسم مونث ① برکت ② خوشحالی۔

**خیر خبر** (ا) اسم مونث ① خیر و عافیت ② خیر سلا ③ اچھی خبر ④ نیک خبر ⑤ اتا پتا ⑥ ٹھور ٹھکانا۔

**خیر چاہنا** (ا) فعل ① سلامتی چاہنا ② بھلائی چاہنا ③ عافیت چاہنا۔

**خیر خواہ** (عف) اسم مذکر ① بہی خواہ ② نیک خواہ ③ بھلائی چاہنے والا۔

**خیر خواہی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھلائی ② بہتری ③ نیکی۔

**خیر سلا** (ا) اسم مونث ① مزاج پرسی ② خیر و عافیت۔

**خیر سے گھر کو سدھارو** (ا) محاورہ ① جاؤ اپنا کام کرو ② اتنے مصاحب نہ بنو ③ اتنا نہ لگ چلو ④ زیادہ دوستی نہ جتاؤ۔

**خیر گزرنا / ہونا** (ا) فعل ① ناگہانی صدمے سے جان بچنا ② آفت سے بچنا۔

**خیر محض** (ء) اسم صفت ① سرتا پا خیر ② بالکل نیکی ③ بالکل بھلائی ہی بھلائی۔

**خیر مانگنا** (ا) فعل ① سلامتی چاہنا ② امن چاہنا ③ بھلائی چاہنا ④ توبہ کرنا ⑤ مغفرت مانگنا۔

**خیر مقدم** (ء) اسم مذکر ① کسی حاکم یا بزرگ آدمی کی تشریف آوری کے وقت کہا کرتے ہیں ② خوش آمدید ③ خیر باد کی ضد۔

**خیر منانا** (ا) فعل ① دعائے نیک کرنا ② سلامتی چاہنا ③ بھلائی کی دعائیں کرنا۔

**خیر و عافیت** (ء) اسم مونث ① خیریت ② سلامتی ③ تندرستی۔

**خیرات** (ء) اسم مونث ① خیر کی جمع ② اعمال ③ نیک ④ نیکیاں ⑤ دان پن۔

**خیرات خانہ** (عف) اسم مذکر ظرف ① محتاج خانہ ② لنگر خانہ۔

**خیرات داخل** (ا) محاورہ ① مثل تصدق ② مثل خیرات ③ مفت ④ بیجا خرچ۔

**خیراتی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ خیرات ② وقف کی ③ دان پن کی ④ مفت کی ⑤ زکوۃ کی۔

**خیرگی** (ف) اسم مونث ① چکا چوند ② آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانے کی کیفیت ③ تعجب ④ بے حیائی ⑤ ڈھٹائی۔

**خیرو** (ف) اسم مذکر۔ خطمی۔

**خیریت** (ء) اسم مونث ① تندرستی ② بھلائی ③ نیکی ④ سلامتی ⑤ صحت۔

**خیز** (ف) اسم مذکر ① اٹھنا ② کودنا ③ جست لگانا ④ پیدا کرنا ⑤ چھلانگ۔

**خیل** (ع) اسم مذکر ① بہت سے گھوڑے ② بہت سے سوار ③ گروہ ④ جماعت۔

**خیلا** (ا) اسم صفت ① لغو عورت ② بیہودہ ③ پھوہڑ ④ احمق ⑤ بے وقوف۔

**خیلاپن** (ا) اسم مذکر ① پھوہڑپن ② بے وقوفی ③ احمق پن۔

**خیمہ** (ء) اسم مذکر ① تنبو ② ڈیرا ③ خرگاہ۔

**خیمہ دوز** (عف) اسم مذکر فاعل ① تنبو سینے والا ② ڈیرے سینے والا۔

**خیمہ گاہ** (ف) اسم مذکر ظرف مکان ① لشکر گاہ ② کیمپ۔

Join Us On Whatsapp Naveed Baig

www.besturdubooks.net

# د

**عربی کا آٹھواں۔ فارسی کا دسواں۔ اور اردو کا گیارھواں حرف**

د (ء) اسم مونث۔ عربی کا آٹھواں۔ فارسی کا دسواں اور اردو کا گیارھواں حرف۔ حساب جمل میں اس کے چار عدد فرض کئے گئے ہیں۔

## د ← ا

داب (ہ) اسم مونث ❶ بوجھ ❷ زور ❸ دباؤ ❹ مطبع والوں کی اصطلاح میں کاغذ کا ایک دفعہ چھپنا ❺ پیچ ❻ گھماؤ ❼ ایک دفعہ کل سے نکالنا۔

داب بیٹھنا (ا) فعل ❶ مال مار لینا ❷ کسی کا حق نہ دینا ❸ ملک یا جائیداد کا غصب کر لینا ❹ چڑھ بیٹھنا ❺ سواری کسنا ❻ دبوچ لینا۔

داب دینا (ا) فعل ❶ گاڑنا ❷ دفنانا ❸ دفن کرنا ❹ چھپا دینا ❺ مخفی کر دینا۔

داب رکھنا (ا) فعل ❶ پکڑ لینا ❷ دبوچ رکھنا ❸ روپیہ مار لینا ❹ کسی چیز کو روک رکھنا۔

داب لینا (ا) فعل ❶ دبوچنا ❷ بھینچ لینا ❸ قابض ہونا ❹ مغلوب کرنا ❺ عاجز کرنا ❻ مار لینا ❼ غصب کرنا ❽ جائداد کو بے ایمانی سے اینٹھ لینا۔

داب (ء) اسم مذکر ❶ آداب ❷ ڈھنگ ❸ طریق ❹ طور ❺ عادت ❻ رسم و رواج ❼ خو ❽ حالت ❾ کیفیت۔

داب (ف) اسم مذکر ❶ شان و شوکت ❷ نمود و نمائش ❸ دھاک۔

دابنا (ا) فعل ❶ ہاتھوں کے زور سے کسی چیز کو نیچے بٹھانا ❷ دبانا ❸ چپی کرنا ❹ مٹھیاں بھرنا ❺ بھینچنا ❻ دبوچنا ❼ گاڑنا ❽ دفن کرنا۔

داتا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ دینے والا ❷ سخی ❸ کریم ❹ فیاض ❺ رزاق ❻ خدا ❼ سائیں ❽ فقیر ❾ درویش۔

داتا دان دے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے (ہ) مثل۔ سخی سخاوت کرتا ہے بخیل حسد سے مرا جاتا ہے۔

داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے (ہ) مثل۔ سخی کبھی نامراد نہیں رہتا اس کی سب مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔

داتن (ہ) اسم مونث۔ مسواک۔

داج (ہ) اسم مذکر ❶ جہیز ❷ تاریکی۔

داخل (ء) اسم مذکر ❶ اندر جانے والا ❷ شامل ❸ اندر پہنچا ہوا ❹ گھسا ہوا ❺ (تابع فعل) اندر ❻ برابر ❼ مقابل۔

داخل خارج (ا) فعل ❶ محکمہ مال میں ایک شخص کا ملکیت سے خارج اور دوسرے کا نام اس کی جگہ دفتر میں لکھا جانا ❷ پہلے کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا۔

داخل دفتر (ا) فعل ❶ مسل میں شامل کرنا ❷ نتھی کرنا ❸ رفع دفع کرنا ❹ کسی بات کو دبا دینا ❺ کاروائی کے بغیر کسی مقدمہ کے کاغذات کو دفتر کے حوالے کر دینا۔

داخل کرنا (ا) مثل ❶ گھسیڑنا ❷ اندر کرنا ❸ شامل کرنا ❹ ملانا ❺ سوچنا ❻ سپرد کرنا ❼ نام لکھوانا ❽ درج کرانا ❾ بھرتی کرنا۔

داخلہ (ء) اسم مذکر ❶ باریابی ❷ کسی دربار یا مقام یا مرتبہ یا درجہ میں شامل ہونا ❸ سپردگی حوالگی ❹ خزانے میں زر مالگزاری داخل کرنے کا حکمنامہ ❺ نام داخل کرنے کی فیس ❻ اجرت ❼ سپردگی۔

داخلی (ء) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ کسی پاک جگہ یا مقبرہ وغیرہ میں داخل ہونے کا دن ❷ باریابی ❸ شامل شدہ ❹ اندرونی ❺ اندر کی ❻ ملحقہ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140077218

داد (ہ) اسم مذکر ① پھنسیوں کا چھتہ جو خون کی خرابی سے جسم پر نکل آتا ہے اس میں خارش بہت ہوتی ہے ② گنج ③ گنج کی بیماری۔

داد (ف) اسم مونث ① تحسین و آفرین ② شاباش ③ عدل ④ انصاف ⑤ نیاؤ ⑥ فریاد ⑦ نالش ⑧ دہائی۔

داد پانا (ا) فعل ① انصاف کو پہنچنا ② تعریف کا مستحق ہونا۔

داد چاہنا (ا) فعل ① انصاف چاہنا ② نیاؤ چاہنا ③ تحسین چاہنا ④ تعریف چاہنا۔

دادخواہ (ف) اسم مذکر فاعل ① فریادی ② نالشی ③ مستغیث ④ مدعی ⑤ دعویدار۔

داد خواہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① نالش ② فریاد ③ استغاثہ ④ دعوے۔

داد دینا (ا) فعل ① انصاف کرنا ② نیاؤ کرنا ③ تحسین و آفرین کرنا۔

دادرسی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① انصاف ② نیاؤ ③ حق رسی ④ فریادرسی۔

دادفریاد (ف) اسم مونث ① دہائی تہائی ② واویلا ③ نالش ④ استغاثہ۔

داد کو پہنچنا (ا) فعل ① انصاف پانا ③ دوسرے کا انصاف کرنا ④ فریاد سننا ⑤ اپنے ہنر و کمال کی تعریف سن کر خوش ہونا ⑥ محنت کا صلہ پانا ⑦ واہ واہ ہونا۔

دادنہ فریاد (ا) محاورہ ① ظلم ② اندھیرا ③ عدم توجہی ④ پوچھ نہ ہونا۔

دادا (ہ) اسم مذکر ① باپ کا باپ ② جد ③ بنگالی بڑے بھائی کو کہتے ہیں ④ جاٹ اور گوجر برہمن اور حجام کو ⑤ گنوار بڑی عمر والے بوڑھے کو ⑥ بڑے میاں ⑦ بڑے صاحب۔

دادس (ہ) اسم مونث ① ودیا ساس ② ساس کی ساس۔

دادسرا (ہ) اسم مذکر ① سسرے کا باپ ② دویا خسر۔

دادنی (ف) اسم مونث بیائے قابلیت ① دینے کے قابل ② باقی قرض ③ پیشگی۔

دادی (ہ) اسم مونث ① جدہ ② باپ کی ماں ③ والد کی والدہ۔

دار (ف) اسم مونث ① سولی ② وہ نوکدار لکڑی جس سے مجرم کی جان لیتے ہیں ③ پھانسی۔

دار پر چڑھانا (ا) فعل ① پھانسی دینا ② سولی پر چڑھانا۔

دار (ع) اسم مذکر ظرف ① گھر ② خانہ ③ محلہ ④ سرائے ⑤ مقام۔

دارالامن (ع) اسم مذکر ① امن کا گھر ② وہ ملک جہاں امن وچین ہو۔

دار الآخرت (ع) اسم مذکر ① قائم رہنے والا جہان ② دوسرا جہان ③ جہاں موت نہیں ④ آخرت کا گھر ⑤ عالم آخرت۔

دارالحرب (ع) اسم مذکر ① لڑائی کا مقام ② ایسا ملک جہاں لڑائی جائز ہو ③ اسلام میں یہ اس وقت جائز ہے جب اس کے مذہبی احکام میں مداخلت ہو۔

دار الحکومت/ دار الخلافہ/ دار السلطنت (ع) اسم مذکر ① راجدھانی ② پایہ تخت۔

دارالشفا (ع) اسم مذکر ① شفاخانہ ② ہسپتال۔

دارالضرب (ع) اسم مذکر ① ٹکسال ② سکے وغیرہ بننے کا مقام۔

دارالمکافات (ع) اسم مذکر ① مقام سزاو جزا ② بدلہ ملنے کا گھر ③ دنیا۔

دارا (ف) اسم مذکر ① ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے جسے داراب بھی کہتے ہیں سکندر سے لڑتا ہوا ہی مارا گیا تھا ② (لغت میں) رکھنے والا ③ حاکم۔

دارو (ف) اسم مونث و مذکر ① دوا ② علاج ③ بارود ④ شراب ⑤ مے۔

داروئے بیہوشی (ف) ① وہ دوا جسے سونگھا کر بیہوش کر دیتے ہیں ② کلورافارم۔

داروغہ (ف) اسم مذکر ① نگراں ② محافظ ③ منصرم ④ مہتمم ⑤ کوتوال ⑥ انسپکٹر پولیس ⑦ تھانیدار ⑧ کسی جماعت کا سردار ⑨ سپاہیوں کا افسر۔

داروغہ آبکاری (ا) اسم مذکر۔ نشے والی اشیاء کی نگرانی رکھنے والا۔

داروغہ پولیس (ا) اسم مذکر ① کوتوال ② وہ افسر پولیس جس کے سپرد شہر کا انتظام اور کوتوالی کا کام ہو۔

داروغہ صفائی (ف) اسم مذکر ① شہر کی صفائی کا نگراں ② صفائی کا افسر۔

دارومدار (ف) اسم مذکر حاصل مصدر از داشتن ① انحصار ② ٹھہراؤ ③ اقرار ④ موقوف ⑤ فیصلہ ⑥ تصفیہ۔

داری (ہ) اسم مونث ① باندی ② لونڈی جسے لڑائی میں جیت کر لائے ہوں ③ حرم۔

داس (ہ) اسم مذکر ① خدمتی ② خادم ③ نوکر ④ غلام ⑤ چیلا۔

داستان (ف) اسم مونث ① کہانی ② شکایت ③ قصہ ④ روایت ⑤ نقل ⑥ سرگزشت ⑦ لمبا قصہ۔

داستان گو (ف) اسم مذکر فاعل ① قصہ خواں ② وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصے سنانے کا ہو۔

داستانہ/ دستانہ (ف) اسم مذکر۔ ہاتھ کی پوشش کا نام جو عموماً سردیوں میں پہنتے ہیں۔

داشت (ف) اسم مونث ① خبرگیری ② نگرانی ③ رکھ رکھاؤ ④ تحفہ۔

داشتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① رکھی ہوئی چیز ② بچا کر رکھی چیز۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

داشتہ آید بکار (ف) مثل۔ رکھی چیز کام آ ہی جاتی ہے۔

داعی (ع) صفت و مذکر ❶ بلانے والا ❷ دعا کرنے والا ❸ مدعی ❹ وجہ ❺ ذریعہ۔

داعیہ (ء) اسم مونث بیائے تانیث ❶ دعویدار عورت ❷ دعوے کرنے والی ❸ نالش ❹ دعوے ❺ استغاثہ ❻ درخواست ❼ خواہش۔

داغ (ف) اسم مذکر ❶ دھبا ❷ رنج ❸ نشان ❹ عیب ❺ کلنک کا ٹیکا ❻ زخم کا نشان ❼ جلے کا نشان ❽ زخم ❾ گھاؤ۔

داغ اٹھانا (ا) فعل۔ صدمہ ورنج اٹھانا۔

داغ بیل (ا) اسم مونث ❶ بیلچہ سے لگایا ہوا ❷ سڑک یا روش یا مکان کی دیوار کی بنیاد کا نشان۔

داغ پر داغ (ا) تابع فعل ❶ صدمہ پر صدمہ ❷ بہت سے صدمے۔

داغ جگر (ف) اسم مذکر ❶ زخم جگر ❷ دل کا داغ ❸ جگر کا گھاؤ۔

داغ دینا (ا) فعل ❶ رنج دینا ❷ صدمہ پہنچانا ❸ جلانا ❹ لو کا لگانا ❺ داغنا ❻ کسی چیز کو گرم کر کے اس کا نشان ڈالنا ❼ مردے کو جلانا۔

داغ کرنا (ا) فعل ❶ کڑا کرانا ❷ بگھارنا ❸ جلانا ❹ نشان ڈالنا۔

داغ کھانا (ا) فعل ❶ گل کھانا ❷ رنج اٹھانا ❸ دکھ سہنا ❹ حسد کرنا ❺ حسد سے جلنا۔

داغ لگانا (ا) فعل ❶ عیب لگانا ❷ گل دینا ❸ بدنام کرنا ❹ کلنک لگانا۔

داغنا (ا) فعل ❶ چرکا دینا ❷ جلا کر گل دینا ❸ گرم لوہے سے نشان ڈالنا ❹ توپ یا بندوق چھوڑنا ❺ توپ سر کرنا۔

داغی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ داغدار ❷ جلایا ہوا ❸ عیبی ❹ عیب دار ❺ معیوب ❻ سزا یافتہ ❼ قید بھگتا ہوا ❽ شرمندہ ❾ احسان مند۔

داکھ (ہ) اسم مونث ❶ کشمش ❷ ایک قسم کا انگور۔

دال (ء) اسم مونث ❶ دلا ہوا اناج جسے سالن کے طور پر پکایا جاتا ہے جیسے مسور، ماش اور مونگ وغیرہ ❷ زخم کا انگور ❸ کھرنڈ ❹ انڈے کی زردی ❺ آتشی شیشہ کا وہ عکس جس سے آگ لگ اٹھتی ہے ❻ وہ زردی جو پرندے کے بچے کی باچھوں میں ہوتی ہے۔

دال بندھنا (ا) فعل ❶ زخم کا انگور بندھنا ❷ آتشی شیشہ کا عکس ہونا ❸ شعاعوں کا ایک نقطہ پر جمع ہو جانا ❹ کھرنڈ بندھنا۔

دال جوتیوں میں بٹنا (ا) فعل ❶ جھگڑا پڑنا ❷ نا اتفاقی ہونا ❸ لڑائی ہونا۔

دال دلیا (ہ) اسم مذکر ❶ غریبانہ روٹی ❷ غریبانہ خوراک ❸ غریبوں کا سا کھانا ❹ ماحضر اوسط درجہ کی وجہ معاش۔

دال روٹی (ہ) اسم مونث ❶ غریبانہ خوراک ❷ اوسط درجہ کی روزی۔

دال روٹی سے خوش/آسودہ (ا) تابع فعل ❶ آسودہ حال ❷ امیر آدمی ❸ کھاتا پیتا۔

دال گلنا (ا) فعل ❶ دال کا گداز ہونا ❷ ابل جانا ❸ پک جانا ❹ باریاب ہونا ❺ مراد کو پہنچنا ❻ کامیاب ہونا ❼ دخیل ہونا ❽ دسترس ہونا۔

دال میں کچھ کالا/کالا کالا ہونا (ا) فعل ❶ کسی کی طرف سے کچھ شبہ گزرنا ❷ بدگمان ہونا ❸ بدظنی ہونا۔

دال نہ گلنا (ا) فعل ❶ پہنچ نہ ہونا ❷ باریابی نہ ہونا ❸ کامیاب نہ ہونا ❹ دخل نہ پانا۔

دالان (ا) اسم مذکر۔ بڑا اور لمبا کمرہ جس میں سہ درہ لگاتے ہیں یا محراب دار دروازے بنائے جاتے ہیں۔

دام (ہ) اسم مذکر ❶ دمڑی ❷ چھدام ❸ کوڑی ❹ گنڈا ❺ چار کوڑیاں ❻ مول ❼ قیمت ❽ نرخ ❾ بھاؤ۔

دام اٹھنا (ہ) فعل ❶ کسی چیز کا فروخت ہو جانا ❷ دام کھرے ہونا ❸ لاگت حاصل ہونا۔

دام بھر پانا (ا) فعل ❶ قیمت وصول ہو جانا ❷ حساب بے باق ہو جانا ❸ روپیہ وصول ہونا۔

دام بھرنا (ا) فعل ❶ قیمت دینی آنا ❷ تاوان دینا ❸ ڈنڈ بھرنا۔

دام چکانا (ا) فعل ❶ نرخ کرنا ❷ مول کرنا ❸ قیمت مقرر کرنا ❹ قیمت طے کرنا ❺ مول دے دینا ❻ قیمت بالکل ادا کر دینا۔

دام دام (ا) تابع فعل ❶ کوڑی کوڑی ❷ پیسہ پیسہ ❸ سب قیمت ❹ کل مول۔

دام (ف) اسم مذکر ❶ جال ❷ پھندا ❸ گھاس ❹ کھانے والے چوپائے ❺ جانور ❻ دو کی ضد ❼ دواؤں کی تول میں مقررہ بات ❽ پکتہ دام ❾ ۱۸ ماشہ اور خام ۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے۔

دام میں لانا (ا) فعل ❶ جال میں پھنسانا ❷ قابو میں لانا ❸ پھندے میں لانا ❹ بس میں کرنا ❺ مکر و فریب میں لانا۔

دام (ع) کلمہ دعائیہ ❶ ہمیشہ رہے ❷ دائم رہے ❸ برقرار رہے۔

داماد (ف) اسم مذکر ❶ لغوی معنی نیا دولھا ❷ اصطلاح جنوائی ❸ خویش ❹ شوہر دختر۔

دامان (ف) اسم مذکر ❶ دامن ❷ کوٹ وغیرہ کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے ❸ ذیل ❹ آنچل ❺ کنارہ ❻ لب ❼ حاشیہ ❽ تلیٹی ❾ پہاڑ کے نیچے کی زمین۔

دامن (ف) اسم مذکر ❶ دامان ❷ جہاز کا پال ❸ کسی چیز کا کنارہ ❹

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772180

www.besturdubooks.net

تلیٹی ⑤ حروف کا دائرہ۔

**دامن اٹھا کر چلنا** (ا) فعل ① دامن سمیٹ کر چلنا ② آنچل اونچا کر کے چلنا ③ آنچل سنبھال کر چلنا۔

**دامن پکڑنا** (ا) فعل ① مانگنا ② ٹوکنا ③ روکنا ④ مزاحم ہونا ⑤ سر ہونا ⑥ پناہ لینا ⑦ حمایت میں آنا ⑧ نگراں ہونا ⑨ حفاظت کرنا۔

**دامن پھیلانا** (ا) فعل ① آنچل پھیلانا ② گودی لینا ③ دعا مانگنا ④ خدا سے التجا کرنا ⑤ بھیک مانگنا ⑥ گداگری کرنا۔

**دامن تلے چھپانا** (ہ) فعل ① پناہ میں لینا ② حمایت میں لینا ③ عیب پوشی کرنا ④ پرورش کرنا ⑤ پالنا ⑥ حفاظت میں لینا ⑦ بیٹی دینا ⑧ بیٹی کا بیاہ کر دینا۔

**دامن جھاڑ کر اٹھنا** (ا) فعل ① کسی محاسبہ یا تلاشی سے نجات پانا ② پاک اور آزاد ہو کر کھڑا ہونا ③ دنیاوی تعلقات سے چھوٹنا۔

**دامن جھٹکنا** (ا) فعل ① دامن چھڑانا ② انکار کرنا ③ نامنظور کرنا ④ ہٹ جانا ⑤ سرک جانا ⑥ الگ ہو جانا ⑦ علیحدہ ہو جانا ⑧ پیچھا چھڑانا۔

**دامن چھڑانا** (ا) فعل ① نجات پانا ② خلاصی پانا ③ پیچھا چھڑانا ④ بھاگنا ⑤ رفو چکر ہونا۔

**دامن سے لگنا** (ا) فعل ① متعلقین میں سے ہونا ② زیر سایہ ہونا ③ حمایت میں ہونا ④ آسرے پر ہونا۔

**دامن کوہ** (ف) اسم مذکر ① پہاڑ کی تلیٹی ② پہاڑ کے بالکل متصل کا وسیع میدان۔

**دامن گیر** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① سر ہونے والا ② دامن پکڑنے والا ③ مدعی ④ دعویدار ⑤ دادخواہ ⑥ مزاحم ⑦ معترض۔

**دامن گیر ہونا** (ا) فعل ① سر ہونا ② پیچھا کرنا ③ دعویدار ہونا ④ مدعی بننا ⑤ مزاحم ہونا ⑥ تنگ کرنا ⑦ ستانا ⑧ عاجز کرنا ⑨ تکلیف دینا۔

**دامنی** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① زین پوش گھوڑے کے پٹھوں پر ڈالنے کی چوڑی چادر جو دامن کو پسینہ سے بچانے کے لئے ڈالا کرتے ہیں ② ایک پاٹ کی چوڑی چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں ③ اوڑھنی ④ سر پر پہننے کے ایک زیور کا نام بھی ہے۔

**دامنی** (ہ) اسم مونث ① بجلی ② برق ③ صاعقہ ④ (بصورت اسم مذکر) شاعر۔

**دان** (ہ) اسم مذکر ① خیرات ② صدقہ ③ خیرات ④ بھیک ⑤ جہیز ⑥ عطا بخشش۔

**دان پن** (ہ) اسم مونث ① صدقہ ② خیرات ③ لنگر۔

**دان وتار** (ہ) اسم صفت ① سخی ② کریم ③ فیاض ④ جواد ⑤ دریادل ⑥ لکھ داتا۔

**دان دہیز** (ہ) اسم مذکر ① (دان جہیز کا بگاڑ) ② وہ اشیاء جو لڑکی کو جہیز میں دیا جائے)۔

**دان** (ف) کلمہ ظرف لاحقہ ہے ① جگہ ② مکان ③ مقام ④ خانہ کے معنی دیتا ہے جیسے شمعدان۔

**دانا** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① جاننے والا ② عالم ③ حکیم ④ دانش مند ⑤ عاقل ⑥ زیرک ⑦ ہوشیار۔

**دانا بینا** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① ہوشیار ② تجربہ کار ③ عقلمند ④ فہمیدہ آدمی۔

**دانائی** (ف) اسم مونث بیائے ① ہوشیاری ② عقلمندی ③ فہم وفراست ④ زیرکی ⑤ شعور۔

**دانت** (ہ) اسم مذکر ① دندان سن ② چبانے یا کاٹنے کا استخوانی عضو ③ میل ④ خواہش ⑤ رغبت ⑥ میلان ⑦ طمع ⑧ قصد ⑨ ارادہ۔

**دانت بجنا** (ہ) فعل۔ سردی کی شدت سے دانتوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا۔

**دانت بنانا** (ہ) فعل ① مصنوعی دانت لگانا ② ہڈی یا سیپ کے دانت گھڑنا۔

**دانت بھینچنا** (ہ) فعل ① دانت دبانا ② دانت پیسنا۔

**دانت بیٹھنا** (ہ) فعل ① غشی یا مرگی میں دانتوں کا جکڑا جانا ② دانت بستہ ہو جانا ③ بے ہوش ہو جانا ④ اوسان خطا ہونا۔

**دانت پر رکھنا** (ا) فعل ① چکھنا ② ذائقہ معلوم کرنا ③ زبان پر رکھنا۔

**دانت پر نہ رکھا جانا** (ہ) فعل ① ترشی یا نمک کی زیادتی کے باعث طبیعت کو ناگوار گزرنا ② بدذائقہ ہونا ③ بدمزہ ہونا ④ سخت بے لطف چیز۔

**دانت پر میل نہ ہونا** (ہ) فعل ① مفلس اور قلاش ہونا ② کنگال ہونا ③ کوڑی پاس نہ ہونا۔

**دانت پیسنا** (ا) فعل ① دانت چبانا ② نہایت غصے میں ہونا ③ جھلانا ④ کسی کو غصہ دکھلانا ⑤ ذلیل کرنے کی نیت رکھنا۔

**دانت تلے انگلی دبانا** (ہ) فعل ① متاسف ہونا ② افسوس کرنا ③ تاسف کرنا ④ تعجب کرنا۔

**دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے** (ہ) کہاوت ① بے اختیاری کے وقت مراد بر آنے کے موقعہ پر بولتے ہیں ② جب دولت تھی اولاد نہ تھی ③ اولاد ہوئی دولت نہ رہی۔

**دانت جھڑنا** (ہ) فعل ① دانتوں کا گر جانا ② شکستہ ہو جانا ③ دودھ کے دانت گر جانا ④ بڑھاپے سے دانت جھڑ جانا ⑤ پوپلا ہونا ⑥ عاجز

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

ہونا⑦ مات ہونا۔

**دانت دکھانا** (ہ) فعل ① ڈرانا ② مشکل پیش کرنا ③ دقت میں ڈالنا ④ عظمت ظاہر کرنا۔

**دانت دیکھنا** (ہ) فعل ① حیوانات کی عمر شناخت کرنا ② عمر جانچنا۔

**دانت رکھنا** (ہ) فعل ① تاک میں رہنا ② گھات میں رہنا ③ ارادہ رکھنا ④ قصد رکھنا ⑤ بدلہ لینے کو تیار رہنا ⑥ عوض و انتقام کا ارادہ رکھنا۔

**دانت سلسلانا** (ہ) فعل ① دانتوں کو چسکنا ② دانت دکھنا ③ دانتوں کا درد کرنا۔

**دانت سے دانت بجنا** (ہ) فعل ① سردی سے جسم میں کانپنی چڑھ کر دانتوں کا باہم ٹکرانا ② سخت سردی لگنا۔

**دانت کاٹی روٹی کھانا** (ہ) فعل ① نہایت محبت کرنا ② ایک جان دو قالب ہونا۔

**دانت کرکرے ہونا** (ہ) فعل ① کرکراہٹ کے سبب دانتوں کا کام نہ کرنا ② عاجز ہونا ③ زک اٹھانا ④ شکست کھانا۔

**دانت کریدنے کا تنکا نہ رہنا** (ہ) فعل ① بالکل لٹ جانا ② تمام مال و اسباب چرایا جانا ③ مال و اسباب پر جھاڑو پھرنا ④ دمڑی دمڑی کر کے لٹنا۔

**دانت کھٹے کرنا** (ا) فعل ① دانتوں کو کند کر دینا ② کام کے نہ رکھنا ③ عاجز کرنا ④ ہرانا ⑤ تھکانا ⑥ جی چھڑانا ⑦ بھگا دینا ⑧ مات کرنا۔

**دانت کھٹے ہو جانا** (ہ) فعل ① دانت کند ہو جانا ② ترشی کے باعث دانتوں کا کام سے رہ جانا۔

**دانت لگانا** (ہ) فعل ① دانت کا زخم پہنچانا ② کاٹنا ③ میلان کرنا ④ رغبت کرنا ⑤ کسی چیز کی خواہش کرنا ⑥ دانت چبھونا ⑦ دانت سے چھونا۔

**دانت لگنا** (ہ) فعل ① زخم پہنچنا ② رغبت ہونا ③ جبڑا بند ہو جانا۔

**دانت مارنا** (ہ) فعل ① کاٹنا ② بڑکی بھرنا ③ کسی چیز کو قابو میں لینا۔

**دانت نہ لگانا** (ہ) فعل ① یونہی نگل جانا ② ہڑپ کر جانا ③ ثابت نگل جانا ④ کسی چیز کو دانت سے سمجھ کر حلق میں اتار جانا۔

**دانت ہونا** (ہ) فعل ① ارادہ ہونا ② رغبت ہونا ③ گھات ہونا ④ دل ہونا ⑤ عداوت ہونا ⑥ جان کالاگو ہونا ⑦ دشمنی ہونا ⑧ ارادہ قتل ہونا ⑨ ذلیل کرنے کا ارادہ ہونا۔

**دانتا** (ہ) اسم مذکر ① دندانہ ② خار ③ جھگڑا ④ ہر وقت کی لڑائی ⑤ ٹنٹا ⑥ قضیہ ⑦ مناقشہ۔

**دانتا برسنا** (ہ) فعل ① جھگڑا ہونا ② فساد رہنا ③ قضیہ رہنا ④ تکرار جاری رہنا۔

**دانتوں** (ہ) اسم مذکر ① دانت کی جمع ② بصورت عمل ③ حروف عاملہ۔

**دانتوں انگلی کاٹنا** (ہ) فعل ① افسوس کرنا ② تاسف کرنا ③ متحیر ہونا۔

**دانتوں پر ہونا** (ہ) فعل ① بچے کے دانت نکلنے کو ہونا ② دانت نکلنے کے قریب ہونا۔

**دانتوں پسینا آنا** (ہ) فعل ① کسی مشکل کام کے کرنے سے تھک جانا ② عاجز آنا۔

**دانتوں چڑھنا** (ہ) فعل ① نظر لگنا ② ٹوک میں آ جانا۔

**دانتوں زمین پکڑنا** (ا) فعل ① مضبوط پکڑنا ② بڑی تنگی اور افلاس سے گزارنا ③ مصیبت کے دن بمشکل کاٹنا۔

**دانتوں سے اٹھانا** (ہ) فعل ① بڑی قدر اور تعظیم کے ساتھ اٹھانا ② دانتوں سے چننا۔

**دانتوں سے ہاتھ کاٹنا** (ہ) فعل ① اظہار غضب کے لئے اپنا ہاتھ خود ہی کاٹ کر اس کا دفعیہ کرنا ② ہاتھ پر جھونجل اتارنا ③ نہایت افسوس کرنا ④ کمال تاسف کرنا ⑤ چڑانے کی غرض سے منہ میں ہاتھ دبا کر کھا جانے کا اشارہ کرنا۔

**دانتوں میں انگلی دبانا** (ہ) فعل ① متحیر و حیران ہونا ② کمال افسوس و تاسف کرنا ③ منع کرنا ④ روکنا ⑤ باز رکھنا۔

**دانتوں میں تنکا لینا / پکڑنا / دابنا** (ہ) فعل ① نہایت عجز ظاہر کرنا ② جان کی امان چاہنا۔

**دانتوں میں زبان یا جیب ہونا** (ا) فعل ① دشمنوں میں گھرا رہنا ② دشمنوں کے نرغے یا ہجوم میں رہ کر سلامت رہنا۔

**دانتی** (ہ) اسم مونث ① دانتوں کا چوکا ② تیسی ③ درانتی ④ گھاس کاٹنے کا آلہ ⑤ ہنسیا۔

**دانست** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از دانستن دانش ① واقفیت ② سمجھ ③ سوجھ بوجھ ④ ادراک ⑤ فہم۔

**دانستہ** (ف) تابع فعل ① جان بوجھ کر ② سمجھ بوجھ کر ③ جانا پہچانا۔

**دانش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از دانستن ① علم ② سمجھ ③ عقل ④ ادراک ⑤ فہم ⑥ ذہن۔

**دانش مند** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① عالم ② جاننے والا ③ عقلمند ④ سمجھ دار ⑤ زیرک۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072188

دانشمندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دانائی ② عقل ③ سمجھ ④ فہم وفراست۔

دانگ (ف) اسم مونث ① چھ رتی کا وزن ② مثقال یا درہم کا چوتھا حصہ ③ کسی چیز کا چھٹا حصہ ④ ٹکڑا ⑤ طرف ⑥ سمت ⑦ جانب ⑧ اطراف۔

دانہ (ف) اسم مذکر ① اناج ② غلہ ③ ان ④ بیج ⑤ تخم ⑥ ردا ⑦ گھی وغیرہ کا ذرہ۔

دانہ اگلنا (ا) فعل ① پرندوں کا منہ سے دانہ نکالنا ② کھایا ہوا دانہ پوٹے سے باہر نکالنا۔

دانہ بندی (ا) اسم مونث ① کنکوت ② کنکوتی ③ کھڑی کھیتی کو آنکنا ④ کچی پیائش۔

دانہ بھرانا (ا) فعل۔ پرندوں کا اپنے بچوں کو چوگا دینا۔

دانہ پانی (ا) فعل ① ان جل ② آب وخورش ③ آب وہوا ④ اقامت ⑤ بودوباش۔

دانہ پانی اُٹھنا (ا) محاورہ ① رزق ختم ہو جانا ② سفر پر مجبور ہو جانا ③ مر جانا۔

دانہ پڑنا (ا) محاورہ ① بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا ② آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ الگ ہو جانا۔

دانہ دار (ف) اسم صفت فاعلی ① روے دار ② جیسے دانہ دار گھی۔

دانہ دانہ پر مہر ہونا (ا) فعل۔ جو دانہ جس کی قسمت کا ہو اس کو مل جانا۔

دانہ دنکا (ا) اسم مذکر ① ٹکڑے ② گرا پڑا دانہ ③ ایک آدھ دانہ۔

دانہ ڈالنا (ا) فعل ① دانہ بکھیرنا ② گھوڑے بیل یا کبوتروں وغیرہ کو دانہ کھلانا۔

داور (ف) اسم مذکر ① مصنف ② جج ③ (کنایۃً) اللہ تعالیٰ ④ علاج ⑤ مخالف۔

داہ (ہ) اسم مونث ① جلانا ② داغ ③ آگ ④ جلنے کا احساس ⑤ جلن ⑥ حسد۔

داہنا (ہ) مونث ① جلانا ② داغ ③ آگ ④ جلنے کا احساس ⑤ جلن ⑥ حسد۔

داء (ع) اسم مذکر ① بیماری ② دُکھ۔

دائر (ع) اسم صفت ① گردش کرنے والا ② دورہ کرنے والا ③ زیر تجویز۔

دائرہ (ع) اسم مذکر ① حلقہ ② مجلس ③ اقلیدس کی شکل ④ خانقاہ ⑤ ڈفلی ⑥ حرفوں کی گواہی۔

دائم (ع) اسم مذکر ① حلقہ ② مجلس ③ اقلیدس کی شکل ④ خانقاہ ⑤ ڈفلی ⑥ حرفوں کی گولائی۔

دائن (ع) اسم صفت ① ہمیشہ ② سدا ③ مدام۔

داو/داؤں (ہ) اسم مذکر ① فریب ② چالبازی ③ کشتی کا پیچ ④ گھات ⑤ باری ⑥ شرط ⑦ پانسہ۔

داؤ پر چڑھانا (ہ) فعل ① کشتی کرتے وقت حریف کو پیچ پر چڑھانا ② داؤ بھر لینا ③ قابو میں لانا ④ بس میں کر لینا۔

داؤں پر رکھنا (ہ) فعل ① بازی پر لگانا ② شرط پر رکھنا ③ کشتی کرتے وقت پیچ پر دھرنا۔

داؤں پیچ (ا) اسم مذکر ① داؤ گھات ② مکروفریب ③ دم جھانسا ④ چال کشتی۔

داؤں تاکنا/لگانا (ہ) فعل ① تاک لگانا ② گھات لگانا ③ موقعہ دیکھنا ④ گھات میں بیٹھنا۔

داؤں دینا (ہ) فعل ① فریب دینا ② جل دینا ③ ٹھگنا ④ پیچ کرنا ⑤ چھل کرنا ⑥ گھات لگانا۔

داؤں کھیلنا (ہ) فعل ① دھوکا دینا ② فریب کرنا ③ چال بازی کرنا۔

داؤں میں آنا (ہ) فعل ① فریب سے قابو میں آجانا ② بس میں آجانا۔

دائی (ا) اسم مونث ① دایہ ② جنائی ③ قابلہ ④ بچہ جنانے کا کام کرنے والی عورت ⑤ انا پلائی ⑥ دودھ پلانے والی ⑦ خادمہ ⑧ ملازمہ ⑨ آنکھ مچولی کے کھیل میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا لڑکا۔

دائی پلائی (ا) اسم مونث ① انا ② دودھ پلانے والی عورت ③ دایہ۔

دائی جنائی (ا) اسم مونث ① قابلہ ② دایہ ③ بچہ جنانے والی۔

دائی تیرے ساتوں بھائی (ہ) فقرہ ① آنکھ مچولی میں جو لڑکا چور بننے سے بچ جاتا ہے تو خوش ہو کر یہ فقرہ بولا کرتا ہے ② یعنی دائی کے ساتوں بھائی سلامت رہیں۔

دائی سے پیٹ چھپانا (ا) فعل۔ واقف راز سے کسی بات کا پردہ کر کے جھوٹا ہو جانا۔

دائی سے پیٹ نہیں چھپتا (ا) مثل ① محرم راز سے کوئی راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا ② تجربہ کار ہر ایک پوشیدہ بات کو تاڑ لیتا ہے۔

دائی گیری (ا) اسم مونث بیائے مصدری (دایہ گری کا بگاڑ ہے) جنائی کا کام کرنے والی۔

دایاں (ہ) اسم مذکر ① داہنا ② داہنی طرف ③ یمین ④ راست۔

دائیں (ہ) اسم مونث صوت ① توپ یا بندوق کے متواتر چھٹنے کی آواز ②

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دنادن ❸ دھنادھن۔

**دائیں** (ہ) اسم مونث ❶ کئی بیلوں کو غلہ گاہنے کے واسطے ایک ساتھ جوتنا ❷ بیلوں کی جوٹ ❸ ہمسر ❹ ہم عمر ❺ برابر ❻ مساوی۔

**دائیں چلانا** (ہ) فعل ❶ اناج گاہنا ❷ کھلیان پر بیلوں کو پھیرنا ❸ پیری پر بالوں کو چلانا۔

**دائیں** (ہ) اسم صفت ❶ دہنی طرف ❷ جانب راست ❸ سیدھے ہاتھ کی طرف۔

**دائیں بائیں** (ا) تابع فعل ❶ ادھر ادھر ❷ چپ وراست ❸ سجے کھبے۔

**دائیں بائیں دیکھنا** (ہ) فعل ❶ ادھر ادھر دیکھنا ❷ ہوشیار رہنا ❸ چوکنا ہونا ❹ خبردار ہونا۔

**دائیں بائیں کرنا** (ہ) فعل ❶ ادھر ادھر کر دینا ❷ چھپا دینا ❸ غائب کرنا۔

**دایہ** (ف) اسم مونث ❶ بچے کی پرورش کرنے والی ❷ خادمہ ❸ ماما۔

**دایہ گری** (ف) اسم مونث ❶ دایہ کا پیشہ ❷ دایہ کا کام۔

## د ← ب

**دُب** (ف) اسم مذکر ❶ ریچھ ❷ قطب شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ چند ستاروں کے دو مجموعے ان میں ایک بڑا (دُب اکبر) اور دوسرا چھوٹا (دُب اصغر) ہوتا ہے۔

**دبا** (ہ) اسم مذکر ❶ داؤں ❷ گھات ❸ کمین ❹ ڈبکی ❺ غوطہ ❻ اکھ ❼ موتیا ❽ چنبیلی وغیرہ کی شاخوں کہ دوسری جگہ لگانے کے لئے کسی جگہ دبا دینا ❾ اس جگہ کو بیج سمیت دبا بولتے ہیں۔

**دبا بیٹھنا** (ہ) فعل ❶ قبضہ کر لینا ❷ غضب کر لینا ❸ دبوچ لینا۔

**دبا کر** (ہ) تابع فعل ❶ زور سے ❷ زبردستی سے ❸ بخوبی جم کر ❹ حکومت سے ❺ جبر سے۔

**دبا مارنا** (ہ) فعل ❶ گھات لگانا ❷ ڈبکی مارنا ❸ چھپ رہنا ❹ دشمن یا شکار کی گھات میں بیٹھنا۔

**دباغ** (ع) اسم مذکر ❶ مبالغہ ❷ چرم ساز ❸ چمڑا رنگنے والا۔

**دبانا** (ہ) فعل ❶ گاڑنا ❷ دفن کرنا ❸ زبردستی قبضہ کرنا ❹ پرایا حق مارنا ❺ عاجز کرنا ❻ تنگ کرنا ❼ بھگانا ❽ شکست دینا ❾ تعاقب کرنا۔

**دباؤ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ بوجھ ❷ زور ❸ غلبہ ❹ اطاعت ❺ جھکاؤ ❻ خوف ❼ دہشت ❽ عزت ❾ روک۔

**دباؤ ڈالنا** (ا) فعل ❶ زور ڈالنا ❷ بوجھ ڈالنا ❸ عاجز کرنا۔

**دبدبہ** (ع) اسم مذکر ❶ لغوی معنی ڈھول یا ٹاپ کی آواز ❷ اصطلاحی ٹیپ ٹاپ ❸ شان وشوکت ❹ رعب وداب ❺ کروفر ❻ شان وشکوہ۔

**دبدھا** (ہ) اسم مونث ❶ شک وشبہ ❷ شش وپنج ❸ گھبراہٹ۔

**دبدھا میں دونو گئے مایا ملی نہ رام** (ہ) مثل۔ شک ہی شک میں دونوں طرف سے رہ گئے نہ دنیا کے ہوئے نہ دین کے۔

**دبر** (ہ) اسم مونث ❶ پشت ❷ پیچھا ❸ مجازاً ❹ مقعد ❺ سفرہ۔

**دبڑو گھسڑو** (ہ) اسم صفت ❶ ڈرپوک ❷ بودا ❸ کم ہمت ❹ ڈراکل ❺ بزدلا۔

**دبکانا** (ہ) فعل ❶ چھپانا ❷ لگانا ❸ کپڑے میں چھپانا ❹ ڈرانا ❺ دھمکانا۔

**دبکنا** (ہ) فعل ❶ چھپنا ❷ پوشیدہ ہونا ❸ روپوش ہونا ❹ دبکی مارنا ❺ ڈرنا ❻ خوف کھانا ❼ خوف کرنا ❽ منہ پھیر لینا ❾ سونے چاندی کے تاروں کو کوٹ کر چوڑا کرنا۔

**دبک بیٹھنا/ دبک جانا** (ہ) فعل ❶ مخفی یا روپوش ہو جانا ❷ دبکی لگا جانا ❸ چھپ جانا ❹ غائب ہونا۔

**دبکی** (ہ) اسم مونث ❶ کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا ❷ روپوشی ❸ گھات ❹ کمین ❺ داؤں۔

**دبکی لگانا** (ہ) فعل ❶ چھپ جانا ❷ گھات لگانا ❸ گھات میں بیٹھنا۔

**دبکیا** (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ سونے چاندی کے تار دبکنے والا ❷ تار چپٹا کرنے والا ❸ بادلہ بنانے والا۔

**دبگر** (ف) اسم مذکر ❶ کپا بنانے والا ❷ ڈھال بنانے والا ❸ سپر ساز۔

**دبلا** (ہ) اسم صفت ❶ ماڑا ❷ پتلا ❸ لاغر ❹ کمزور ❺ نحیف ❻ فربہ کی ضد۔

**دبلاپن** (ہ) اسم مذکر ❶ کیفیت ❷ ماڑاپن ❸ لاغری ❹ کمزوری۔

**دبلی** (ہ) اسم مونث ❶ چھریرے بدن کی ❷ پتلی ❸ لاغر ❹ کمزور ❺ نحیف البدن ❻ دبلا کی تانیث۔

**دبنا** (ہ) فعل ❶ بوجھ کے نیچے آنا ❷ دفن ہونا ❸ گڑنا ❹ مغلوب ہونا ❺ شکست کھانا ❻ سکڑنا ❼ سمٹنا ❽ ہٹنا ❾ بچنا۔

**دُبنگ/ دبنگا** (ا) اسم صفت مذکر ❶ ہٹا کٹا ❷ مسٹنڈ ❸ فربہ ❹ طاقتور ❺ زبردست ❻ بے رحم ❼ بے باک۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

دبوچنا (ہ) فعل ① پکڑ لینا ② بھینچنا ③ دبانا ④ قابو میں لانا ⑤ بس میں کر لینا۔

دبی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے (ہ) مثل ① زبردست کو مجبور ہو کر کمزور کا حکم ماننا پڑتا ہے ② زور آور مغلوب ہو کر کمزور کا تابع ہو جاتا ہے۔

دبی زبان سے کہنا (ا) فعل ① آہستہ سے کچھ کہنا ② بے توجہی سے بات کرنا ③ شرما شرمی کچھ اقرار کرنا ④ آہستگی سے کچھ یونہی اقرار کرنا۔

دبے پاؤں (ہ) تابع فعل ① آہستہ آہستہ ② آہٹ کے بغیر ③ چپکے چپکے ④ چپکے سے ⑤ چوری سے۔

دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے (ہ) مثل۔ تنگ آ کر کمزور بھی حملہ کر بیٹھتا ہے۔

دبیر (ف) اسم مذکر ① منشی ② کاتب ③ مضمون نگار ④ انشاپرداز۔

دبیز (ف) اسم صفت ① موٹا ② گاڑھا ③ گندہ ④ دل دار۔

دبیل (ہ) اسم صفت ① مغلوب ② ماتحت ③ دبنے والا ④ زیرفرمان ⑤ زیرحکم ⑥ کمزور ⑦ بودا ⑧ کنونڈا ⑨ عیب دار۔

## د ← پ

دپانا (ہ) مصدر ① روشن کرنا ② چراغ جلانا۔

دَپٹ (ہ) اسم مونث ① دوڑ ② جھپٹ ③ گھرکی۔

دپٹانا (ہ) مصدر ① سرپٹ دوڑانا ② حملہ کرنا ③ دھمکانا۔

دَپٹنا (ہ) مصدر ① حملہ کرنا ② ڈانٹنا ③ تیز بھگانا۔

## د ← ت

دت (ہ) کلمہ تحقیر ① کتے کو ہنکانے کی آواز ② بہت دور ③ دور ہو ④ الگ ہٹ۔

دت تیری کی (ہ) کلمہ حقارت۔ ہت تیری کی۔

دتکار (ا) اسم صفت مونث ① لعنت ② ملامت جھڑکی ③ دھتکار۔

دتکارنا (ہ) فعل ① دھتکارنا ② جھڑکنا ③ لعنت ملامت کرنا ④ کتے یا نالائق آدمی کو نکالنا۔

## د ← ث

دِثار (ع) اسم مذکر ① پیشہ ② عادت۔

دَثَر (ع) اسم مذکر۔ کپڑوں کا میل کچیل۔

دَثور (ع) اسم صفت ① گمنام آدمی ② نیند کا متوالا ③ بہت زیادہ سونے والا۔

## د ← ج

دجاج (ع) مذکر۔ مرغا۔

دجال (ع) اسم مذکر ① جھوٹا ② کاذب ③ مکار ④ فریبی ⑤ کذاب ⑥ ایک بہت بڑے یہودی کا لقب جو آخر زمانے میں پیدا ہوگا ⑦ سونا ⑧ طلا ⑨ زر۔

دُجی (ع) اسم مذکر ① تاریکی ② اندھیرا۔

## د ← چ

دَچ (ہ) اسم مذکر ① مکان ② جھونپڑا۔

دَچیت / دوچِنا (ہ) اسم مذکر۔ دودِلا۔

دچھنا (ہ) اسم مونث صفت ① دکشنا ② ہدیہ ③ تحفہ ④ سوغات ⑤ نذر ⑥ بھینٹ ⑦ شکرانہ ⑧ محنتانہ ⑨ انعام۔

## د ← خ

دُخان (ع) اسم مذکر ① دھواں ② بخار ③ بھاپ۔

دخانی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① وہ چیزیں جو دھوئیں یا بھاپ کے زور سے چلتی ہیں ② دودی۔

دخت (ف) اسم مونث ① دختر کا مخفف ② لڑکی ③ بیٹی ④ دھی۔

دختر (ف) اسم مونث ① لڑکی ② دھی ③ بیٹی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

دختر ربیبہ (فع) اسم مونث ① سوتیلی لڑکی ② لے پالک لڑکی۔

دختر زر (ف) اسم مونث ① انگوری کی شراب ② شراب۔

دخل (ء) اسم مذکر ① پیداوار ② آمدنی ③ اندر آنا ④ داخلہ ⑤ درآمد ہونا ⑥ رسائی ⑦ قبضہ ⑧ پہنچ ⑨ ممکن۔

دخل بیجا (عف) اسم مذکر (قانون) ① کسی کے مکان میں بلا اجازت چلا جانا ② ناجائز مداخلت۔

دخل پانا (ا) فعل ① راہ جانا ② پہنچ ہونا ③ رسائی ہونا ④ باریاب ہونا ⑤ زمین پر قبضہ پانا ⑥ قابض ہونا ⑦ گزر ہونا ⑧ آمد ورفت ہونا۔

دخل در معقولات (عف) اسم مذکر ① کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا ② لوگوں کی بات میں بولنا ③ بیچ میں بولنا۔

دخل دہانی (ا) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① قبضہ دلانا ② قابض کرانا۔

دخل دینا (ا) فعل ① بیچ میں بولنا ② روک دینا ③ بیچ میں پڑنا ④ سدراہ ہونا۔

دخل کرنا (ا) فعل ① قبضہ کرنا ② قابض ہونا ③ قابو میں کرنا ④ تصرف کر لینا ⑤ دبالینا۔

دخل یابی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① پہنچ ② رسائی ③ قبضہ ④ تصرف۔

دخول (ء) اسم مذکر ① دخل گزر ② رسائی ③ گھسیڑنا ④ داخل ہونا ⑤ گھسنا ⑥ خروج کی ضد۔

دخول کرنا (ا) فعل ① داخل کرنا ② اندر کرنا ③ گھسیڑنا ④ پرونا ⑤ چبھونا۔

دخول ہونا (ا) فعل ① داخل ہونا ② اندر جانا ③ گھسڑنا ④ گھسنا۔

دخیل (ء) اسم صفت ① باریاب ② کسی کے کاروبار میں دخل دینے والا ③ قابض ④ متصرف۔

دخیل کار (عف) اسم صفت ① سربراہ کار ② کاروبار میں دخل دینے والا ③ قابض۔

دخیل ہونا (ا) فعل ① سربراہ ہونا ② کسی کے کاروبار یا مزاج پر قابو رکھنا ③ مصاحب ہونا ④ مشورے اور رائے وغیرہ میں شریک ہونا۔

## د ← د

دد (ف) اسم مذکر ① درندہ ② چیرنے پھاڑنے والا جانور ③ گوشت خوار جانور۔

ددا (ا) اسم مونث ① بچوں کو کھلانے والی نوکر عورت ② بچوں کو پالنے اور کھلانے والی باندی۔

ددوڑا (ہ) اسم مذکر ① چوڑے چوڑے دانے جو مچھر کے کاٹنے یا خون کے جوش سے جلد پر اٹھ آیا کرتے ہیں ② داد کی تصغیر ہے۔

ددہ (ہ) اسم مذکر ① دودھ ② شیر ③ دہی (پورب)

ددھی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی بوٹی جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے ② پورب میں اس کے دودھ سے عورتیں خال بناتی ہیں ③ ایک قسم کا پرت دار پتھر ④ چوچی ⑤ پستان ⑥ چھاتی۔

ددھیل (ہ) اسم صفت۔ بہت دودھ دینے والی۔

ددھیل گائے کی دو لاتیں بھی بھلی (ا) مثل۔ بہت سے فائدے کی موجودگی میں تھوڑی سی تکلیف کی کچھ پرواہ نہیں ہوا کرتی۔

ددیا خسر (ا) اسم مذکر ① دادسرا ② بیوی یا خاوند کا دادا۔

دَدیا ساس (ہ) اسم مونث۔ بیوی یا شوہر کی دادی۔

## د ← ر

در (ا) کلمہ نفرت وحقارت ① دور کا مخفف دور ہو ② دفع ہو ③ چلا جا ④ پرے ہٹ ⑤ چل دے۔

در در ہونا (ا) فعل ① دھتکار پڑنا ② نکالا جانا ③ نفرت ہونا۔

در (ء) اسم مذکر ① موتی ② گوہر ③ جوہر ④ کان میں پہننے کا ایک خوبصورت زیور۔

در افشانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خوش بیانی ② شیریں کلامی ③ فصاحت ④ موتی بکھیرنے ⑤ گوہرافشانی۔

در خوش آب (ف) اسم مذکر ① نہایت عمدہ چمکدار موتی ② نہایت آبدار موتی ③ عمدہ اشعار۔

در یتیم (ء) اسم صفت ① دریکتا ② وہ بڑا موتی جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے ③ نہایت قیمتی موتی۔

در (س) اسم صفت ① برا ② خراب ③ نجس ④ منحوس ⑤ بد ⑥ مشکل ⑦ سخت ⑧ دشوار۔

در بچن (ہ) اسم مذکر ① بری بات ② کھوٹی بات ③ بدلگام ④ منہ پھٹ ⑤ دریدہ دہن۔

در بل (ہ) اسم مذکر ① کمزور ② ناتوان ③ غریب۔

در جن (ہ) اسم مذکر ① شریر ② دشمن ③ بدخواہ ④ برا آدمی ⑤ بدآدمی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...7218

www.besturdubooks.net

درگت (ہ) اسم مونث ① بدحالی ② برا احوال ③ پتلا حال ④ برا انجام۔
درگت کرنا/ بنانا (ہ) فعل ① براحال کرنا ② بری گت کرنا ③ بری بابت کرنا۔
در (ہ) اسم مونث ① بھاؤ ② نرخ ③ مول ④ قیمت ⑤ قدر ⑥ عزت ⑦ آبرو۔
در (ف) اسم مذکر ① دروازہ ② چوکھٹ ③ ذریعہ ④ قسم ⑤ نوبت ⑥ دامن کوہ ⑦ پہاڑ کی چوٹی ⑧ مچھر۔
دربدر/ در بہ در (ف) تابع فعل ① دردر ② ہر ایک کے گھر اور دروازے پر ③ گھر گھر۔
دربدر خاک بسر (ا) اسم صفت ① سرگشتہ ② آوارہ ③ سرگرداں۔
دردر مارا پھرنا/ دربدر مارا پھرنا (ا) فعل ① تباہ و برباد پھرنا ② سرگشتہ وحیران پھرنا ③ خراب وخستہ پھرنا ④ بحال تباہ پھرنا۔
دراڑ (ہ) اسم مونث ① شگاف ② تریڑ ③ رخنہ ④ درز۔
دراز (ف) اسم صفت ① لمبا ② طویل ③ الماری یا میز کا لمبا خانہ۔
دراز دستی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① زبردستی ② جبر ③ ظلم ④ مارنے کی عادت۔
درازقد (ف) اسم صفت ① لمبے قد کا ② قد آور۔
دراز گوش (ف) اسم صفت ① لمبے لمبے کانوں والا ② بڑکنا ③ (اسم مذکر) خرگوش ④ گدھا۔
دراز ہونا (ا) فعل ① لمبا ہونا ② لیٹنا ③ پاؤں پھیلانا ④ استراحت کرنا۔
درازی (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① طوالت ② لمبائی۔
درآمد ہونا (ا) فعل ① آجانا ② آپہنچنا ③ داخل ہونا ④ اندر آنا۔
درآمد برآمد (ف) اسم مونث ① آمد ورفت ② آناجانا۔
درآنا (ا) فعل ① پہنچنا ② داخل ہونا ③ کسی چیز کا دوسری چیز کے اندر سمانا ④ اٹنا۔
درانا (ہ) اسم صفت ① بے خوف وخطر چلے آنا ② بیدھڑک داخل ہوجانا ③ منہ اٹھائے چلے آنا ④ سدھا ⑤ بن پوچھے آنا ⑥ بلا اجازت آنا۔
درانا (ہ) فعل ① پوشیدہ رکھنا ② چھپانا۔
درانتی (ہ) اسم صفت ① ہنسیا ② گھاس یا کھیت کاٹنے کا قوس نما آلہ۔
درانتی پڑنا (ہ) فعل ① کھیتوں کی کٹائی شروع ہونا ② فصل کٹنے لگنا۔
درانداز (ف) اسم مذکر ① دوشخصوں میں لڑائی کرادینے والا ② لاوا لترا ③ غماز ④ چغل خور ⑤ بدگو ⑥ غیبت کرنے والا۔
دراندازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① چغل خوری ② غمازی ③ بدگوئی ④ لترا پن۔
درانی (ف) اسم مذکر ① پٹھانوں کے فرقہ کا نام ہے ② احمد شاہ درانی کی قوم۔
دراؤ (ا) اسم مذکر ① نفاق ② بیگانگی ③ جدائی ④ دوئی۔
درب (س) اسم مونث ① روکڑ ② نقدی۔
درباب (ف) اسم مذکر ① بابت ② دربان ③ نسبت ④ کارن ⑤ باعث ⑥ مقدمہ ⑦ معاملہ۔
دربار (ف) اسم مذکر ظرف ① بارگاہ ② آستانہ ③ درگاہ ④ بادشاہوں اور امراء کی مجلس ⑤ شاہی عدالت ⑥ اجلاس شاہی ⑦ حضوری ⑧ حاضری ⑨ حاضر باشی خدمت امرتسر میں سکھوں کا ایک مشہور تیرتھ۔
دربار باندھنا (ا) فعل ① رشوت مقرر کرنا ② منہ بھرنا ③ چٹاتے رہنا۔
دربار خاص (فع) اسم مذکر ① خلوتی مجلس ② اجلاس خاص ③ وہ دربار جس میں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو۔
دربار عام (فع) اسم مذکر ظرف ① وہ دربار یا اجلاس جس میں عام لوگ جا سکیں ② عدالت عامہ۔
دربار کرنا (ا) فعل ① بادشاہوں یا امرا وشرفا سے سلام لینا ② کچہری کرنا ③ عدالت کرنا۔
دربار لگنا (ا) فعل ① ملازموں وغیرہ کا حاضر دربار ہونا ② ہجوم ہونا ③ بھیڑ لگنا۔
دربارہ (ف) تابع فعل (دیکھو درباب)
درباری (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① سلام کرنے والے ② مصاحب ③ دربار سے نسبت رکھنے والا۔
درباری پوشاک (ف) اسم مونث ① لباس دربار ② شاہی مجلس میں جانے کا لباس۔
دربان (ف) اسم مذکر فاعلی ترکیبی ① محافظ در ② ڈیوڑھی بان ③ پہرے دار ④ چوکیدار۔
دربست/ درنسبت (ف) اسم صفت ① محفوظ ② حفاظت میں ③ غیر کے دخل کے بغیر۔
دربہشت (ا) اسم مونث ① ایک قسم کی مٹھائی ② شیرینی۔
درپردہ (ف) اسم صفت ① غائبانہ ② پیٹھ پیچھے ③ خفیہ ④ پوشیدہ ⑤ مخفی ⑥ مبہم۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

درپن (س) اسم مذکر ① شیشہ ② آئینہ ③ آرسی۔

درپے (ف) تابع فعل ① پیچھے ② پیروی ③ تلاش میں ④ لاگو ⑤ خواہاں۔

درپے آزار ہونا (ہ) فعل ① ستانے کے لئے داؤ میں رہنا ② تکلیف یا ضرر پہنچانے کی فکر میں رہنا۔

درپے جان ہونا (ا) فعل ① جان کا لاگو ہونا ② دشمن جان ہونا ③ جان کے پیچھے پڑنا۔

درپے ہونا (ا) فعل ① پیچھا کرنا ② تعاقب کرنا ③ لاگو ہونا ④ سر ہونا ⑤ سراغ لگانے کی سرتوڑ کوشش کرنا۔

درپیش (ف) تابع فعل ① سامنے ② آگے ③ روبرو۔

درپیش کرنا (ا) فعل ① سامنے کرنا ② آگے رکھنا ③ پیش کرنا۔

درپیش ہونا (ا) فعل ① پیشی میں ہونا ② سامنے ہونا ③ آگے ہونا۔

درج کرنا (ا) فعل ① لکھنا ② داخل کرنا ③ کسی رجسٹر میں نام چڑھانا ④ فہرست میں داخل کرنا۔

درجن (ان) اسم مذکر ① بارہ چیزوں کا مجموعہ ② ایک ہی جنس اور وضع کی بارہ چیزیں۔

درجہ (ع) اسم مذکر ① لغت میں سیڑھی کا سب سے اوپر کا ڈنڈا ② اوپر کی سیڑھی ③ مجازاً پایہ رتبہ ④ منزلت ⑤ پایگاہ ⑥ عہدہ ⑦ منزل ⑧ حصہ ⑨ گھن۔

درجہ بدرجہ (ع) تابع فعل ① سیڑھی بہ سیڑھی ② رفتہ رفتہ ③ تدریجاً ④ بتدریج ⑤ ترتیب وار سلسلہ وار ⑥ رتبہ کے موافق۔

درجہ توڑنا (ا) فعل ① عہدہ گھٹانا ② رتبہ کم کرنا ③ تنزل کرنا۔

درجہ وار (عف) تابع فعل ① جماعت وار ② رتبہ کے موافق ③ سلسلہ وار۔

درحقیقت (فع) تابع فعل ① دراصل ② اصل میں حقیقت میں بے شک ③ بے شبہ۔

درخت (ف) اسم مذکر ① برچھ ② روکھ ③ پیڑ ④ شجر ⑤ بروا۔

درخشاں (ف) اسم صفت ① بصیغہ اسم حالیہ ② چمکدار ③ چمکیلا ④ روشن ⑤ تاباں۔

درخواست (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① از خواستن ② عرضی ③ عرضداشت ④ خواہش ⑤ سوال ⑥ گزارش ⑦ آرزو ⑧ تمنا۔

درد (ف) اسم مذکر ① تکلیف ② پیڑ ③ دکھ ④ ترس ⑤ رحم ⑥ دریغ ⑦ افسوس ⑧ ٹیس ⑨ سوز و گداز۔

درد اٹھنا (ا) فعل ① پیڑ ہونا ② چیک مارنا ③ ہوک اٹھنا۔

درد آمیز (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دردناک ② سوز و گداز سے پر ③ پراثر ④ رلانے والا۔

درد آنا (ا) فعل ① ترس آنا ② رحم آنا ③ دریغ آنا ④ افسوس ہونا۔

درد انگیز (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① درد پیدا کرنے والا ② دل پر اثر پیدا کرنے والا ③ جانگداز ④ رلانے والا۔

درد دل (ف) اسم مذکر ① دکھڑا ② رنج و غم ③ دلی صدمہ ④ دکھ ⑤ تکلیف۔

دردزہ (ف) اسم مذکر ① جننے کا درد ② بچہ پیدا ہوتے وقت کی تکلیف۔

دردسر (ف) اسم مذکر ① سر کا درد ② تکلیف عذاب ③ دقت ④ مشکل ⑤ محنت۔

دردسر لینا / دردسر مول لینا (ا) فعل ① پاپ خریدنا ② تکلیف مول لینا ③ عذاب سر لینا ④ اپنی جان کو خود مصیبت میں ڈالنا۔

دردشریک (ا) اسم صفت ① غمخوار ② ہمدرد ③ دکھ کا ساتھی ④ شریک رنج و غم۔

درد کرنا (ا) فعل ① پاس کرنا ② افسوس کرنا ③ تکلیف دینا ④ دکھ دینا ⑤ چسکنا۔

درد کھانا۔ درد لگنا (ا) فعل ① ترس کرنا ② رحم کھانا ③ افسوس کرنا ④ غم کھانا ⑤ دردزہ ہونا۔

دردمند (ف) اسم صفت فاعلی ① دکھیا ② دکھیارا ③ دکھی ④ مصیبت زدہ ⑤ آفت زدہ ⑥ ہمدرد ⑦ غمخوار ⑧ شریک غم ⑨ رحم دل۔

دردمندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ترس ② خوف خدا ③ رحمدلی ④ غمخواری۔

دردرا (ہ) اسم مذکر ① دانہ دار ② دلا ہوا ③ جوکوب ④ نیم کوفتہ ⑤ موٹا پسا ہوا۔

درز (ا) اسم مونث ① باریک جھری ② شگاف۔

درزن (ا) اسم مونث ① درزی کی بیوی ② کپڑا سینے والی عورت ③ مغلانی۔

درزی (ا) اسم مذکر ① کپڑا سینے والا ② خیاط۔

درس (ع) اسم مذکر ① سبق ② مذہبی نصائح ③ پاٹ ④ وعظ ⑤ پند۔

درس دینا (ا) فعل ① سبق پڑھانا ② پڑھانا ③ وعظ کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 031407218

www.besturdubooks.net

درس کہنا (ا) فعل ① نصیحت کرنا ② وعظ سنانا۔
درس (ہ) اسم مذکر ① درشن ② نظارہ ③ دیدار ④ زیارت۔
درست (ف) اسم صفت ① ٹھیک بجا ② واقعی ③ صحیح ④ موزوں ⑤ چست ⑥ تندرست ⑦ بھلا چنگا۔
درست کرنا (ا) فعل ① ٹھیک کرنا ② بل نکالنا ③ سزا دینا ④ سنوارنا ⑤ تادیب کرنا۔
درستی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① اصلاح ② مرمت ③ ترمیم ④ سزا ⑤ گوشمالی۔
درشت (ف) اسم صفت ① بے رحم ② سخت ③ بدخلق ④ کج خلق ⑤ کرخت۔
درشتی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بے رحمی ② سختی ③ بدخلقی ④ سختی ⑤ کج خلقی۔
درشن (س) اسم مذکر ① نظارہ ② دیدار ③ دید ④ زیارت ⑤ ملاقات۔
درشن دینا (ہ) فعل ① دیدار دکھانا ② ملاقات کرنا ③ سامنے آنا ④ صورت دکھانا۔
درشن کرنا (ہ) فعل ① زیارت کرنا ② ملنا ③ ملاقات کرنا ④ دیدار پانا۔
درشنی ہنڈی (ہ) اسم مونث۔ وہ ہنڈی جس کا روپیہ فوراً دیکھتے ہی مل جائے (بازاری لوگ) نہایت خوبصورت دلربا عورت۔
درک (ع) اسم مذکر ① معلومات ② واقفیت ③ عقل ④ سمجھ ⑤ دریافت ⑥ تمیز ⑦ داخل ⑧ مداخلت۔
درک دینا (ا) فعل ① کسی بات کے بیچ میں بولنا یا پڑنا ② دخل دینا ③ مزاحمت کرنا۔
درکار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① ضرور ② حاجت ③ خواہش ④ مطلوب۔
درکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست (ف) مثل ① نیک کام میں سوچنے کی ضرورت نہیں ② نیک کام کو بہت جلدی شروع کر دینا چاہیے۔
درکنار (ف) تابع فعل ① الگ ② ایک طرف ③ علیحدہ ④ جدا ⑤ رسوا۔
درگاہ (ف) اسم مونث ① دربار ② آستانہ ③ کچہری ④ عدالت ⑤ بادشاہی دربار ⑥ شاہی محل ⑦ خانقاہ ⑧ کسی بزرگ کا مزار ⑨ مقبرہ۔
درگزر کرنا (ا) فعل ① معاف کرنا ② ٹالنا ③ چشم پوشی کرنا ④ اغماض کرنا ⑤ بھلانا ⑥ چھوڑنا۔
درگزرنا (ا) فعل ① باز آنا ② چھوڑنا ③ معاف کرنا ④ عفو کرنا۔
درگور (ا) دعائے بد ① (عورتیں) قبر میں جائے ② مرے ③ مرجائے ④ غارت ہو ⑤ نوج ⑥ خدا نہ کرے۔
درماں (ف) اسم مذکر ① چارہ ② علاج و معالجہ ③ دوا دارو۔
درماندگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تھکان ② عاجزی ③ لاچاری ④ مجبوری ⑤ شامت ⑥ مصیبت ⑦ آفت۔
درماندہ (ف) اسم مذکر ① ماہوار ② ماہانہ ③ تنخواہ ④ مہینا۔
درمن (ف) اسم مذکر ① درماں کا مخفف ہے ② علاج معالجہ ③ دوا دارو۔
درمیان (ع) اسم مذکر ① بیچ ② وسط ③ مابین ④ (بحالت متعلق فعل) بیچ میں ⑤ دوران میں۔
درمیانی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① بیچ کا ② متوسط ③ بچولنا ④ ثالث ⑤ اندرونی۔
درندگی (ف) اسم مونث ① درندہ پن ② وحشت ③ بربریت ④ ظلم۔
درندہ (ف) اسم مذکر فاعل قیاسی ① پھاڑنے والا ② چیرنے والا ③ جانور ④ دد ⑤ گوشت خوار۔
درنگ (ف) اسم مونث ① دیر ② وقفہ ③ ڈھیل ④ توقف ⑤ سستی ⑥ تساہل ⑦ تاخیر۔
دروازہ (ف) اسم مذکر ① ڈیوڑھی ② در ③ گیٹ ④ پھاٹک ⑤ باب ⑥ داخل ہونے کی جگہ۔
دروازے کی مٹی لے ڈالنا (ا) ① فعل دروازے پر بار بار آنا ② بہت سے پھیرے کرنا۔
دروازے پر ہاتھی جھولنا/جھومنا (ا) محاورہ ① بہت امیر ہونا ② اس قدر امیر ہونا کہ سواری کے لیے ہاتھی موجود ہونا۔
درود (ف) اسم مونث ① رحمت و برکت ② استغفار ③ دعا سلام ④ تسبیح ⑤ اصطلاحاً وہ تحفہ حمد اور دعا سلام وغیرہ جو پیغمبر صلعم پر پڑھی جاتی ہے۔
دروغ (ف) اسم مذکر ① جھوٹ ② بہتان ③ کذب ④ افترا ⑤ لپاٹ۔
دروغ حلفی (ا) اسم مونث (قانون) ① جھوٹی قسم ② قانون کے خلاف جھوٹ بولنا۔
دروغ کو فروغ نہیں (ا) مثل ① جھوٹ کبھی پھلتا پھولتا نہیں ②

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جھوٹے کی قدر نہیں ہوتی۔

دروغگو (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① جھوٹا لپاٹیا ② کاذب۔

دروغگو را حافظہ نباشد (ف) مثل ① جھوٹ کے پاؤں کہاں ② بناوٹی باتیں یاد نہیں رہا کرتیں۔

دروغگو یم بر روئے تو (ف) مثل۔ دیدہ دلیر اور گستاخ جھوٹے کے لئے بولتے ہیں۔

دروغگوئی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① جھوٹ بولنا ② کذب۔

دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز (ف) مثل۔ خرابی روکنے والا جھوٹ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہوتا ہے۔

درویش (ف) اسم مذکر ① بھکاری ② گداگر ③ فقیر ④ سائل ⑤ سالک ⑥ حذار سیدہ ⑦ غریب ⑧ مسکین ⑨ کنگال۔

درویشانہ (ف) اسم صفت ① فقیروں جیسی ② فقیروں کی طرح ③ غریبانہ ④ قلندرانہ۔

درویشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① گدائی ② فقیری ③ مفلسی ④ مسکینی ⑤ درویشوں کا طور طریق۔

درہ (ع) اسم مذکر ① تازیانہ ② چمڑے کا چابک ③ شرعی محتسب کا سزا دینے کا چمڑے کا تسمہ۔

درہ (ف) اسم مذکر ① دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ ② گھاٹی۔

درہم (ف) اسم صفت ① تتر بتر ② الٹ پلٹ ③ تہ وبالا ④ زیر وزبر ⑤ گڑبڑ۔

درہم برہم (ف) اسم صفت ① تہ وبالا ② الٹ پلٹ ③ خفا ④ ناراض۔

دری (ہ) اسم مونث ① شطرنجی ② ایک سوتی کپڑے کا موٹا فرش۔

دری (ف) اسم مونث۔ فارسی زبان کی سات زبانوں میں سے ایک زبان کا نام ہے۔ جو خالص فارسی اور درہ نشین لوگوں کی زبان ہے۔

دریا (ف) اسم مذکر ① بحر ② سمندر ③ ندی ④ بارہ مہینے بہنے والا ⑤ بہت ہی بڑا نالہ ⑥ پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتی ہوئی سمندر میں جا گرے۔

دریا اترنا (ا) ① دریا کا پانی کم ہونا ② دریا گھٹنا ③ آنسوؤں کا تھم جانا ④ طوفان غم کا گھٹ جانا۔

دریا بر آر/ دریا برآمد (ا) اسم مونث۔ وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئی ہو۔

دریا برد (ا) اسم مونث ① وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے پانی میں ڈوب گئی ہو۔

دریا برد ہو (ا) فعل ① ڈوب جانا ② کسی زمین کو دریا کا بہا لے جانا ③ غرق ہونا ④ مٹ جانا۔

دریا چڑھنا (ا) فعل ① دریا کا طغیانی پر آنا ② دریا میں چڑھاؤ ہونا۔

دریا دل (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① سخی ② فیاض ③ کریم ④ بڑے حوصلہ کا آدمی ⑤ جواد ⑥ دان داتا ⑦ داتا۔

دریا دلی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سخاوت ② فیاضی ③ جودت۔

دریا کو کوزے میں بند کرنا (ا) فعل ① ناممکن کام کرنا ② محال کام کو انجام دینا ③ طویل بیان کو چند فقروں میں ادا کر دینا۔

دریا میں رہنا مگرمچھ سے بیر (ا) مثل ① جہاں رہنا سہنا وہیں کے لوگوں سے بگاڑنا ② افسر یا حاکم کے ساتھ بگاڑ رکھنا۔

دریائے شور (ف) اسم مذکر ① نمکین پانی کا دریا ② کالا پانی۔

دریائی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ دریا ② دریا کا ③ بحری ④ آبی ⑤ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ⑥ پتنگ کو ہوا میں دور تک لیجا کر چھوڑنا۔

دریائی گھوڑا (ا) اسم مذکر۔ دریا میں رہنے والا گھوڑے کی شکل کا جانور۔

دریافت (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① جانچ ② پہچان ③ جستجو ④ ٹوہ ⑤ پوچھ گچھ۔

دریبا/ دریبہ (ہ) اسم مذکر ① پانوں کا بازار ② پنواڑیوں کا محلہ۔

دریچہ (ف) اسم مذکر ① در کا اسم مصغر ہے ② چھوٹا دروازہ ③ کھڑکی ④ غرفہ ⑤ موکھا۔

دریدگی (ف) اسم مونث ① پھاڑنا ② چیر ③ شگاف ④ پھٹی ہوئی جگہ۔

دریدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی۔ پھٹا ہوا۔

دریدہ دہن (ف) اسم صفت مرکب ① منہ پھٹ ② زبان کا پھوڑا ③ زبان دراز۔

دریغ (ف) اسم مذکر ① افسوس ② حسرت ③ غم ④ پشیمانی ⑤ پچھتاوا۔

دریغ رکھنا/ دریغ کرنا (ا) فعل ① افسوس کرنا ② کنجوسی کرنا ③ بخل کرنا۔

دریوزہ (ف) اسم مذکر ① بھیک ② گداگری ③ گدائی۔

دریوزہ گری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھیک مانگنا ② گدائی

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کرنا۔

**د ← ڑ**

دڑبا (ہ) اسم مذکر (1) مرغیوں یا کبوتروں کا گھر (2) کابک (3) کابوک۔

دڑبڑانا (ہ) فعل (1) جھوٹا بنانا (2) جھوٹا ٹھہرانا (3) دھمکانا (4) خوف دلانا (5) جھڑکنا (6) دبانا (7) مغلوب کرنا۔

دڑبے دڑبے کرنا (ہ) فعل۔ مرغیوں کو آواز دے کر دڑبے میں بند کرنا۔

دڑکنا (ہ) فعل (1) کھانا (2) چٹ کرنا (3) نوش کرنا (4) اڑا جانا (5) بہت بارش کے باعث بیج کا نہ اگنا۔

دڑنگے لگانا (ہ) فعل (1) دوڑنا (2) بھاگنا (3) کدکنا (4) کھرونا (5) کدکڑے لگانا۔

دڑوکنا (ہ) فعل (1) شیر کا بولنا یا گرجنا یا دھاڑنا (2) سانڈ یا بجار کا بولنا۔

دڑھیل (ہ) اسم صفت۔ لمبی داڑھی والا۔

دڑیڑا (ہ) اسم مذکر (1) زور کا مینہ (2) دریا کے بہاؤ کا زور (3) زور کی رو (4) مینہ کا جھالا۔

**د ← ز**

دز (ف) اسم مذکر (1) قلعہ (2) شہر (3) محل۔

دزد (ف) اسم مذکر (1) چور (2) سارق۔

دزد حنا (فع) اسم مذکر (1) مہندی کا چور (2) وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے۔

دزدی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) چوری (2) سرقہ۔

دزدیدہ (ف) اسم صفت (1) چرایا ہوا (2) چرائی ہوئی۔

دزدیدہ نظر سے دیکھنا (ف) اسم مونث۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔

دزدیدہ نظری (ف) اسم مونث (1) نظریں چرانے کا عمل (2) کن انکھیوں سے دیکھنا۔

**د ← س**

دس (ہ) اسم عدد (1) دہ۔ عشر (2) نو اور ایک کا مجموعہ: ۱۰۔

دس باتیں سنانا (ا) محاورہ۔ برا بھلا کہنا۔

دس گز یا دس ہاتھ کی زبان (ا) اسم مونث (1) نہایت زبان دراز (2) بد زبان۔

دساتیر (ع) اسم مذکر (1) دستور کی جمع (2) قاعدے قانون (3) طریقے (4) رسمیں (5) روشیں (6) امیر (7) وزیر (8) گدی نشین (9) ارکان دولت۔

دساسول (ہ) اسم مذکر (1) مردان غیب (2) رجال الغیب یعنی وہ فرضی اور غائب وجود جو دنیا کے دائرے میں حرکت کرتا رہتا ہے اور جدھر وہ واقع ہو ادھر احکام نجوم کے موافق سفر کرنا سخت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

دساور (ہ) اسم مذکر (1) پردیس (2) غیر ملک میں جانے والا (3) مال (4) آب وہوا (5) رت (6) موسم (7) ملک (8) اقلیم وہ نظام جہاں پر چیز بکثرت فروخت کے لئے جمع کریں۔

دساور آنا (ہ) فعل۔ باہر سے سوداگری کا مال کسی شہر یا ملک میں داخل ہونا۔

دساور چڑھنا (ہ) فعل (1) مالی تجارت کا دوسرے ملک میں جانا (2) مال بھرنا (3) دساور کو مال بھیجنا یا دلانا۔

دساوری (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی (1) باہر جانے والا مال (2) باہر سے آنے والا مال (3) ایک قسم کا عمدہ پان (4) ایک طرح کا کبوتر۔

دساوری مال (ا) اسم مذکر (1) بھرتی کا مال (2) باہر جانے والا مال (3) باہر سے آنے والا مال۔

دسپنا (ا) اسم مذکر (1) چمٹا (2) آگ پکڑنے کا آلہ (3) آتش گیر۔

دست (ف) اسم مذکر (1) ہاتھ (2) پنجہ (3) قدرت (4) غلبہ (5) اسہال (6) پتلا پاخانہ (7) فضیلت (8) پرندوں کے شکاریوں کی گنتی کی اکائی (9) فائدہ۔



(دست)

دست آموز (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی (1) ہاتھوں کا سدھایا ہوا (2) پالتو (3) گھریلو۔

دست آنا (ا) فعل (1) جلاب لگنا (2) اسہال آنا (3) پیٹ چلنا (4) سوء ہضمی (5) پتلے پاخانے آنا۔

دست انداز (ف) اسم صفت فاعلی (1) خلل ڈالنے والا (2) مخل (3)

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

مزاحم۔

**دست اندازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ دخل ❷ دخل دینا ❸ مداخلت ❹ مزاحمت۔

**دست آور** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ دست لانے والی دوا ❷ مسہل ❸ جلاب۔

**دست آویز/ دستاویز** (ف) اسم صفت مونث۔ بترکیب مفعولی ❶ تمسک ❷ وثیقہ ❸ قبالہ ❹ نوشتہ ❺ عہدنامہ ❻ اقرارنامہ۔

**دست بدست/ دست بدستی** (ف) تابع فعل ❶ ہاتھوں ہاتھ ❷ فوراً ❸ بہت جلدی ❹ شتابی۔

**دست برد** (ف) اسم مونث۔ مصدری ❶ غلبہ ❷ غبن ❸ خیانت ❹ لوٹ ❺ غارت۔

**دست برد کرنا** (ا) فعل ❶ غبن کرنا ❷ مال مارنا ❸ لوٹنا ❹ چرانا ❺ اڑانا۔

**دست بردار ہونا** (ا) فعل ❶ ہاتھ اٹھانا ❷ چھوڑ دینا ❸ تجنا ❹ ترک کرنا ❺ باز آنا۔

**دست بستہ** (ف) تابع فعل ❶ ہاتھ باندھ کر ❷ ہاتھ جوڑ کر۔

**دست بقچہ** (ف۔ت) اسم مذکر ❶ بقچی ❷ چھوٹی گٹھڑی جو ہر دم ساتھ رہے۔

**دست بندھک** (ا) اسم مونث ❶ امانت ❷ دھروڑ ❸ گروی ❹ گرو ❺ رہن۔

**دست بوس ہونا** (ا) فعل ❶ ہاتھ چومنا ❷ ہاتھوں کو بوسہ دینا ❸ تسلیم بجا لانا۔

**دست بیع ہونا** (ا) فعل ❶ ہاتھوں بکنا ❷ مرید ہونا ❸ چیلا ہونا ❹ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔

**دست پاک** (ف) اسم مذکر آلہ ❶ ہاتھ صاف کرنے کا کپڑا ❷ تولیہ ❸ انگوچھا۔

**دست چالاک** (ف) اسم صفت مرکب ❶ چور ❷ چوری کے لپکنے والا ❸ چرانے والا۔

**دست چالاکی** (ا) اسم مونث۔ بیائے مصدری ❶ چوری ❷ ہاتھ کی چالاکی ❸ داؤں کی پھرتی۔

**دست خط/ دستخط** (ف) ❶ اپنے ہاتھ کا لکھا ❷ العبد ❸ اپنے ہاتھ کا نشان۔

**دست خطی/ دستخطی** (فع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ دستخط کیے ہوئے ❷ ہاتھ کا لکھا ہوا۔

**دست دراز** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ ہاتھ چالاک ❷ ہتھ چھٹ ❸ مارنے کی عادت والا ❹ چور ❺ چالاک ❻ عہد شکن۔

**دست درازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ چوری ❷ چالاکی ❸ مار بیٹھنے کی عادت ❹ مار پیٹ ❺ زیادتی ❻ لوٹ مار ❼ عہد شکنی۔

**دسترس** (ف) اسم مونث ❶ پہنچ ❷ رسائی ❸ قدرت ❹ طاقت ❺ قابو ❻ قبضہ ❼ امیری ❽ مقدور ❾ حیثیت۔

**دست شفا** (فع) اسم صفت۔ صحت بخشنے والا ہاتھ۔

**دست قدرت** (فع) اسم صفت ❶ قدرت کا ہاتھ ❷ طاقت ❸ بس ❹ قابو ❺ غلبہ ❻ مقدور۔

**دست قلم/ دست وقلم** (فع) اسم صفت ❶ خواندہ ❷ لکھا پڑھا ❸ تعلیم یافتہ۔

**دست کار/ دستکار** (ف) اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی ❶ ہاتھ کا کاریگر ❷ ہنرمند۔

**دست کاری/ دستکاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کاریگری ❷ ہنرمندی۔

**دست گرداں** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ سرراہ بکتی ہوئی چیز ❷ دکان سے نہ خریدی ہوئی چیز ❸ بکاؤ مال ❹ ہاتھ ادھار ❺ مستعار ❻ قرض۔

**دست گرداں دینا** (ا) فعل ❶ قرض دینا ❷ مستعار دینا۔

**دست گرفتہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ مدد کیا گیا ❷ جس کی مدد کی گئی ہو۔

**دست گیر/ دستگیر** (ف) اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی ❶ مددگار ❷ معاون ❸ قیر ❹ ارس۔

**دستگیری** (ف) بیائے مصدری اسم مونث ❶ مدد ❷ معاونت ❸ حمایت۔

**دست لگنا** (ا) فعل ❶ اسہال جاری ہونا ❷ لگاتار دست آنا۔

**دست مال** (ف) اسم مذکر آلہ بترکیب اسم وامر ❶ جیبی رومال ❷ ہاتھ کا رومال ❸ (بحالت اسم صفت بترکیب مفعولی) ہاتھ سے ملی دلی چیز ❹ مستعمل چیز ❺ پرانی بوسیدہ ❻ میلی کچیلی شے۔

**دست نگر** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ ہاتھ تکنے والا ❷ محتاج ❸ مفلس ❹ تنگدست۔

**دست وگریبان ہونا** (ا) فعل ❶ گتھم گتھا ہونا ❷ چمٹ جانا ❸ لڑنا ❹ لپٹ جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**دستا** (ا) اسم مذکر ① سنجاف ② حاشیہ ③ لوہے کا گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے ④ جست۔

**دستار** (ف) اسم مونث ① پگڑی ② منڈاسا ③ عمامہ ④ سرپیچ۔

**دستار بند** (ف) اسم مذکر فاعلی ترکیبی ① چیرابند ② پگڑی باندھنے والا۔

**دستار فضیلت** (فع) اسم مونث ① فاضل ہو جانے کی پگڑی ② بزرگی کی پگڑی۔

**دستانہ** (ف) اسم مذکر ① ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا کپڑا ② ہاتھ کا موزہ۔

**دسترخوان** (ا) اسم مذکر ① کھانا کھانے کا کپڑا ② میز کی چادر ③ کھانا کھانے کی چادر۔

**دسترخوان بڑھانا** (ا) فعل ① دسترخوان سمیٹنا ② دسترخوان اکٹھا کرنا ③ فال نیک کے باعث بولتے ہیں۔

**دستک** (ف) اسم مونث ① تالی ② ہاتھ پر ہاتھ مارنا ③ کواڑ پر ہاتھ مارنا ④ کنڈی کھڑکانا ⑤ دروازہ کھٹکھٹانا ⑥ بلانا ⑦ محصول ⑧ راہداری کا پروانہ۔

**دستک دینا** (ا) فعل ① کنڈی کھڑکانا ② پکارنا ③ تالی بجانا۔

**دستک لگانا** (ا) فعل ① ٹیکس لگانا ② دروازے پر ہم چسپا کرنا۔

**دستکی** (ف) اسم مونث ① شکرے بازوں کا دستانہ ② یادداشت کی چھوٹی سی کتاب ③ پاکٹ بک۔

**دستگاہ** (ف) اسم مونث ① قدرت ② مقدور ③ دسترس ④ طاقت ⑤ لیاقت ⑥ مال ⑦ اسباب۔

**دستگی** (ا) اسم مونث ① وہ چمڑے کا تسمہ جو تلوار کے ساتھ لٹکتا رہتا ہے ② تلوار کا بیڑا۔

**دستور** (ف) اسم مذکر ① ڈھنگ ② رواج ③ طریقہ ④ طرز ⑤ آئین ⑥ قاعدہ ⑦ قانون ⑧ عادت۔

**دستور العمل** (فع) اسم مذکر ① قانون ② قاعدہ ③ طریقہ ④ ہدایت نامہ ⑤ دیوان اعلیٰ ⑥ وزیر۔

**دستور جاری کرنا** (ا) فعل ① قاعدہ مقرر کرنا ② رواج دینا ③ قانون ٹھہرانا ④ عادت ڈالنا۔

**دستوری** (ا) اسم مونث ① کمیشن ② دلالی ③ فیس ④ اجازت ⑤ رخصت ⑥ وزارت۔

**دستہ** (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی۔ منسوب بہ دست ① تلوار یا چھری کا قبضہ ② موٹھ ③ بنیٹا ④ آدمیوں کا گروہ ⑤ فوج کا حصہ گارد ⑥ قبایا کوٹ وغیرہ پر لگانے کی گھنڈیاں ⑦ چپراس ⑧ کاغذ کے چوبیں تختے ⑨ رم کا بیسواں حصہ۔

**دستی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① ہاتھ سے نسبت رکھنے والی چیز ② فلیتہ ③ مشعل ④ ہاتھ کا شمعدان ⑤ چھوٹا دستہ ⑥ چھوٹا قبضہ ⑦ کشتی کا ایک داؤں ⑧ ہر وقت ہاتھ میں رہنے والا چھوٹا سا قلمدان۔

**دستیاب** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① میسر ہونے والی چیز ② مل جانے والی شے ③ ہاتھ لگ جانے والی شے ④ حاصل ہونے والی۔

**دستیاب ہونا** (ا) فعل ① ملنا ② ہاتھ لگنا ③ بہم پہنچنا ④ حاصل ہونا۔

**دسمال** (ا) اسم مذکر ① برتن صاف کرنے کی صافی ② نہایت میلا کپڑا ③ برتن پر بچھنے کا کپڑا۔

**دسمبر** (ان) اسم مذکر۔ انگریزی سال کا بارھواں مہینہ۔

**دسنا** (ہ) فعل ① دکھائی دینا ② نظر آنا ③ سوجھنا۔

**دسواں** (ہ) اسم صفت عددی۔ دس سے منسوب ① دہم ② دسویں کی فاتحہ ③ دسواں حصہ۔

**دسویں** (ہ) اسم مونث ① دہم ② دس تاریخ۔

**دسہرا** (ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جو رام چندر جی کی راون پر فتح پانے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

**دسیسہ** (ع) اسم مذکر ① سازش ② مکاری ③ فریب۔

**دسیسہ کار** (ع) اسم صفت ① سازشی ② مکار ③ فریب۔

## د ← ش

**دشا** (س) اسم مونث ① حالت ② عمر ③ قسمت ④ کپڑے کا کنارا ⑤ دل ⑥ زندگی کا زمانہ۔

**دشت** (ف) اسم مذکر ① جنگ ② بیابان ③ صحرا ④ میدان ⑤ خشک نافہ ⑥ شطرنج کا تختہ۔

**دُشٹ** (س) اسم صفت ① ظالم ② بے رحم ③ سفاک۔

**دشمن** (ف) اسم مذکر ① (مرکب از دشت معنی بد و من بمعنی دل) بیری ② بدخواہ ③ عدو ④ حریف ⑤ مخالف ⑥ رقیب۔

**دشمن جانی** (ف) اسم مذکر ① سخت دشمن ② جان کا لاگو ③ جان لیوا۔

**دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست** (ف) مثل۔ اگر دوست مہربان

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772118

ہوتو دشمن کی کوئی بات چل ہی نہیں سکتی۔

دشمن زیرِ پا (ف) کلمہ دعائیہ۔ نئی چولی پہنتے وقت یہ الفاظ بولے جاتے ہیں۔

دشمن سوئے نہ سونے دے (ا) محاورہ۔ دشمن سے ہر وقت تکلیف ہی پہنچتی ہے۔ نہ خود چین لیتا ہے۔ نہ دوسرے کو لینے دیتا ہے۔

دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد (ف) مثل (1) دشمن سے ہمیشہ چوکس رہنا چاہیے (2) خواہ وہ کیسا ہی کمزور کیوں نہ ہو۔

دشمنی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) بیری ہونا (2) بیر (3) لاگ (4) عداوت (5) مخاصمت (6) مخالفت (7) بدخواہی (8) خصومت۔

دُشنام (ف) اسم مونث (1) (مرکب از دش بمعنی بد اور نام بمعنی اسم) (2) گالی (3) گالی گلوچ۔

دَشنہ (ف) اسم مذکر (1) خنجر (2) کٹاری۔

دشوار (ف) اسم صفت (1) (مرکب (2) از دش بمعنی بد اور وار کلمہ نسبت) (3) مشکل (4) کٹھن (5) دوبھر۔

دشوار گزار (ف) اسم صفت۔ وہ جگہ جہاں سے گزرنا مشکل ہو۔

دشواری (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) دقت (2) سختی (3) ناگوار (4) بارِ خاطر۔

## د ← ع

دعا (ء) اسم مونث (1) التماس (2) استدعا (3) درخواست (4) عرض (5) نیکی (6) اشیر باد (7) وظیفہ (8) خدا سے مانگنا (9) مناجات۔

دعا دینا (ا) فعل (1) کسی کے واسطے خدا تعالیٰ سے بھلائی مانگنا (2) اشیر باد کہنا (3) اسیس دینا۔

دعا کرنا/ دعا مانگنا (ا) فعل (1) نیکی چاہنا (2) خدا سے التجا کرنا۔

دعا لگنا (ا) فعل (1) دعا کا اثر ہو جانا (2) مراد بر آنا (3) امید بر آنا (4) امید پوری ہو جانا۔

دعا لینا (ا) فعل (1) کسی کو خوش کر کے اس سے دعا لینا (2) بھلائی لینا۔

دعائے خیر (ء) اسم مونث (1) نیک دعا (2) اچھی دعا (3) نیکی کی دعا (4) بھلی دعا (5) نکاح (6) فاتحہ (7) ایصال ثواب۔

دعائیہ (ء) اسم صفت نسبتی۔ منسوب بہ دعا۔

دعوت (ء) اسم مونث (1) بلاوا (2) طلبی (3) ضیافت (4) کھانے کے لئے بلانا۔

دعوت اسلام دینا/ کرنا (ا) فعل (1) اسلام لانے کی درخواست کرنا (2) گمراہی سے راہ راست کی طرف بلانا۔

دعوت جنگ (ع) اسم مونث (1) الٹی میٹم (2) اشتہار جنگ (3) لڑائی کا بلاوا۔

دعوت سمرقند (ع) اسم مونث۔ ایک دن کی پُر تکلف دعوت لیکن دوسرے دن فاقہ۔

دعوت شیراز (ع) اسم مونث (1) بے تکلفی کی دعوت (2) سادہ کھانا۔

دعوت ولیمہ (ء) اسم مونث (1) ضیافت شادی (2) نکاح کے بعد کی ضیافت۔

دعویٰ (ء) اسم مذکر (1) خواہش (2) مانگ (3) مطالبہ (4) استغاثہ (5) نالش (6) استحقاق۔

دعویٰ جمانا (ا) فعل (1) قبضہ جمانا (2) اپنی ملکیت ظاہر کرنا (3) دلیل قائم کرنا (4) مقدمہ جمانا۔

دعویدار (ف) اسم مذکر (1) مدعی (2) نالشی (3) فریادی (4) مستغیث (5) دشمن (6) رقیب۔

دعویٰ کرنا (ا) فعل (1) مطالبہ کرنا (2) نالش کرنا (3) حق طلب کرنا (4) درخواست کرنا۔

دعویٰ مہر (ء) اسم مذکر (1) کابین کا دعویٰ (2) عورت کے نکاح کے وقت جو روپیہ مقرر کیا جائے اس کا دعویٰ کرنا۔

## د ← غ

دغا (ف) اسم مونث (1) فریب (2) دم (3) بے ایمانی (4) جل (5) جھانسا (6) مکر (7) دھوکا (8) عیاری۔

دغا باز (ف) اسم مذکر فاعل (1) مکار (2) چھلیا (3) فریبی (4) ٹھگ (5) دھوکے باز۔

دغا بازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) دم بازی (2) مکاری (3) بے ایمانی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03240071218

دغا دینا/کرنا (ا) فعل ① فریب دینا ② دھوکا دینا۔

دغدغا (ا) اسم مذکر ① قمقمہ ② چھوٹی سی قندیل کنول ③ دکدگا (بحالت صفت) روشن ④ چمکتا ہوا ⑤ چمکدار ⑥ دہکتا ہوا۔

دغدغانا (ا) فعل ① چمکنا ② دہکنا ③ روشن ہونا ④ سرخ ہونا ⑤ لال ہونا۔

دغدغاہٹ (ا) اسم مونث حاصل مصدر ① چمک دمک ② سرخی ③ لالی۔

دغدغہ (ء) اسم مونث ① ڈر ② کھٹکا ③ خدشہ ④ دھکڑ پکڑ۔

دغنا (ا) فعل ① بندوق یا توپ کا چلنا ② چھوٹنا ③ سر ہونا ④ گل دیا جانا ⑤ چھاپ لگنا ⑥ کسی چیز کو گرم لوہے سے چھاپ لگنا ⑦ چرکا لگنا ⑧ دہکنا۔

دغوانا (ہ) اسم مصدر ① بندوق یا توپ چلوانا ② داغ دلوانا۔

دغیلا (ا) اسم صفت ① داغدار ② دھبے والا ③ چوٹ لگا ہوا پھل ④ عیب دار ⑤ کنونڈا۔

## د ← ف

دف (ء) اسم مذکر ① ڈفلی ② لکڑی کا ایک حلقہ جس کے منہ پر ایک کھال منڈھی ہوتی ہے۔

دف (ء) اسم مذکر ① جوش ② چڑھاؤ ③ تیزی ④ غصہ ⑤ زہر۔

دف مرنا (ا) فعل ① غصہ ڈھیلا ہونا ② تیزی دور ہو جانا ③ جوش کم ہونا۔

دفاتر (ف) اسم مذکر۔ دفتر کی جمع ہے۔

دفاع (ع) اسم مذکر ① حفاظت ② بچاؤ۔

دفالی (ا) اسم مذکر ① پڑھائی ② دف بجانے والا ③ دفالچی ④ ڈفالیہ۔

دفاں (ا) اسم مذکر ① دور ② دفع ③ دفعاں۔

دفاں ہونا (ا) فعل ① دور ہونا ② نکلنا ③ دفع ہونا ④ منہ کالا کرنا۔

دفتر (ف) اسم مذکر ① حساب وغیرہ کا مجموعہ ② طویل کہانی ③ طومار ④ طویل قصہ ⑤ محکمہ ⑥ آفس ⑦ سررشتہ۔

دفتر گاؤ خورد ہونا (ا) محاورہ ① دفتر تباہ و برباد ہونا ② کاروباری ادارہ درہم برہم ہونا۔

دفتری (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① دفتر کو درست کرنے والا ② دفتر کے کاغذات کرنے جلد بنانے اور رول کرنے والا۔

دفتی (ا) اسم مونث ① کتاب کا مقوی ② گتا کاغذ رکھنے کا پٹھا ③ دفتیں کا مرخم ہے۔

دفع (ء) اسم مذکر ① دور کرنا ② نکالنا ③ ہٹانا ④ رد کرنا ⑤ پرے کرنا۔

دفع الوقتی (ا) اسم مونث ① وقت ٹالنا ② وقت گزاری ③ ٹال مٹول ④ روک تھام۔

دفعتہً (ء) تابع فعل ① یکا یک ② اچانک ③ ناگاہ ④ ناگہاں ⑤ فوراً۔

دفعہ (ء) اسم مونث ① نوبت ② باری ③ وار ④ بار ⑤ قانون کا فقرہ ⑥ نمبر قانون ⑦ زمرہ ⑧ درجہ ⑨ جماعت۔

دفعہ دار/دفعدار (ف) اسم مذکر ① سپاہیوں کی جماعت کا افسر ② چھوٹے سے زمرے کا سردار۔

دفعیہ (ع) اسم مذکر ① دور کرنے کی تدبیر ② برائی روکنے کا وسیلہ ③ علاج ④ اپائے ⑤ تدبیر۔

دفن (ء) اسم مذکر ① زمین میں گاڑنا ② زمین میں دبانا ③ چھپانا ④ تجہیز و تکفین۔

دفینہ (ء) اسم مذکر ① (مرکب از دفین۔ بمعنی مدفون و ہائے نسبت) گڑا ہوا ② خزانہ ③ دبا ہوا اور چھپا ہوا مال۔

## د ← ق

دق (ء) اسم مذکر ① تپ دق ② پرانا تپ جو آدمی کو دبلا کر دیتا ہے ③ باریک ④ دبلا ⑤ پتلا ⑥ (بحالت صفت) تنگ ⑦ عاجز ⑧ ناراض۔

دق کرنا (ا) فعل ① تنگ کرنا ② ناراض کرنا ③ چھیڑنا ④ ستانا ⑤ تکلیف دینا۔

دق ہونا (ا) فعل ① تپ دق میں مبتلا ہونا ② بخار چمٹ جانا ③ عاجز ہو جانا ④ حیران ہونا ⑤ گھبرانا ⑥ ناراض ہونا۔

دقت (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① باریکی ② مشکل ③ دشواری ④ تکلیف ⑤ تنگی ⑥ دکھ ⑦ عذاب۔

دقیانوس (ء) اسم مذکر ① فارس اور عرب کے ایک نہایت ظالم اور بت پرست بادشاہ کا نام ہے جس کے خوف سے اصحاب کہف غار میں جا چھپے تھے ② (بحالت صفت) نہایت پرانا ③ پراچین ④ پرانے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

زمانے کا⑤ اگلے وقتوں کا⑥ نہایت بوڑھا⑦ بڑی عمر والا⑧ بوڑھا پھونس⑨ پیرفرتوت۔

دقیانوسی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ دقیانوس ② بہت پرانا③ پرانے زمانے کا④ اگلے وقتوں کا⑤ نہایت بوڑھا⑥ بڑی عمر والا⑦ بوڑھا پھونس⑧ پیرفرتوت۔

دقیانوسی خیال (ا) اسم مذکر ① پرانی بات ② ٹکسال باہر③ حال کے تجربہ اور تحقیق کے برخلاف۔

دقیق (ع) اسم صفت ① باریک ② نازک ③ مشکل ④ کٹھن ⑤ تھوڑی سی چیز۔

دقیقہ (ع) اسم مذکر بیائے تانیث ① نہایت باریک بات ② نکتہ ③ باریکی ④ منٹ ⑤ لحظہ ⑥ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ مجازاً ثانیہ۔

دقیقہ اُٹھا نہ رکھنا (ا) محاورہ ① پوری پوری کوشش کرنا ② کوئی کسر اُٹھا نہ رکھنا۔

دقیقہ رس (عف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① باریک بین ② بال کی کھال تک نکالنے والا③ زیرک ④ عقلمند ⑤ زودفہم ⑥ تیزطبع۔

## د ← ک

دکان (ف) اسم مونث ① ہٹی ② ہاٹ ③ سودا بیچنے کی جگہ ④ کارخانہ ⑤ بکری کا مکان کوٹھی۔

دکان اٹھانا (ا) فعل ① مکان چھوڑنا ② بازار سے دکان کا اسباب لے جانا۔

دکان بڑھانا (ا) فعل ① دکان بند کرنا ② بوجہ نیک فال

دکان چلنا (ا) فعل ① خوب چیزیں بکنا ② بکری ہونا ③ گرم بازاری ہونا۔

دکان کھولنا/ کرنا/ چلانا/ لگانا (ا) فعل ① بکری کا سامان کھولنا ② بکری کی چیزیں پھیلانا ③ بیچنے کی اشیاء کو پھیلا کر بیٹھنا۔

دکتر/ دکتور (ف) اسم مذکر ① ڈاکٹر ② طبیب ③ علاّمہ ④ علمی اعزاز۔

دکڑا (ہ) اسم مذکر (پورب) ① دمڑی ② چھدام ③ پائی۔

دکڑی (ہ) اسم مونث بیائے تانیث ① دو کا پتا ② دکی ③ دو گھوڑوں کی بگھی۔

دکھ (ہ) اسم مذکر ① تکلیف ② درد ③ پیڑ ④ پاپ ⑤ رنج ⑥ عذاب ⑦ بیماری ⑧ مرض ⑨ مصیبت۔

دکھ بٹانا (ا) فعل ① غمخواری کرنا ② ہمدردی کرنا ③ شریک غم ہونا۔

دکھ پانا/ بھرنا/ بھگتنا/ اٹھانا (ہ) فعل ① تکلیف اٹھانا ② رنج سہنا ③ مصیبت اٹھانا ④ رنج وغم میں بسر کرنا ⑤ پٹنا ⑥ پیٹنا۔

دکھدائی (ہ) اسم صفت ① دکھ دینے والا ② آزاردہ ③ تکلیف رساں۔

دکھ دینا (ہ) فعل ① رنج دینا ② ستانا ③ ایذا پہنچانا ④ آزار دینا۔

دکھ سکھ (ہ) اسم مذکر ① غم وشادی ② رنج وراحت۔

دکھ کی پوٹ (ہ) اسم صفت ① نرا دکھ ہی دکھ ② دکھ کا گھر ③ دائم المرض ④ نت روگی۔

دکھ لگنا (ہ) فعل ① روگ لگنا ② روگی ہونا ③ مصیبت پڑنا ④ بپتا پڑنا۔

دکھانا (ہ) فعل ① دکھ دینا ② تنگ کرنا ③ تکلیف پہنچانا ④ درد کرنا۔

دِکھانا (ہ) فعل ① درشن دینا ② ملاحظہ کرانا ③ معائنہ کرانا ④ پیش کرنا ⑤ سامنے رکھنا ⑥ کھولنا ⑦ رستہ بتانا۔

دکھاؤ (ہ) اسم مذکر ① دور کی چیز دکھائی دینا ② نظر آنا ③ (یہ بواؤ مجہول ہے) (بحالت صفت بواؤ معروف ہوگا) خوشنما ④ خوبصورت ⑤ قابل دید۔

دکھاوا/ دکھاوٹ (ہ) اسم مذکر ① نمائش ② نمود ③ بناوٹ ④ تکلف ⑤ ظاہری ٹیپ ٹاپ ⑥ ظاہرداری ⑦ ریاکاری۔

دکھائی (ہ) اسم مونث ① ظہور ② خودنمائی ③ نمائش ④ معائنہ۔

دُکھتی (ہ) اسم صفت ① تکلیف دہ ② دکھ دینے والی۔

دُکھتی رگ (ا) اسم مونث ① اخلاقی کمزوری ② ذاتی کمزوری۔

دُکھتی رگ چھیرنا (ا) محاورہ ① کوئی ناگوار بات چھیڑنا ② کوئی تکلیف دہ بات کہنا۔

دکھڑا (ہ) اسم مذکر ① دکھ کی تصغیر ② آفت ③ بلا مصیبت ④ مرض ⑤ روگ ⑥ محنت مزدوری ⑦ بیان غم واندوہ۔

دکھڑا پڑنا (ہ) فعل ① مصیبت زدہ ہونا ② رنج اٹھانا ③ بیوہ ہونا ④ رانڈ ہونا۔

دکھڑا پیٹنا (ہ) فعل ① مشکل سے بسر کرنا ② بہ مشکل گزارہ کرنا ③ مصیبت بھرنا ④ سخت محنت ومشقت کرنا۔

دکھڑا رونا (ہ) فعل ① غم کی داستان سنانا ② مصیبت دہرانا ③ اپنی بیتی کہنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دکھلانا (ہ) فعل ① دیکھنا کا متعدی ② دکھانا ③ نظر کرانا ④ معائنہ کرانا ⑤ ملاحظہ کرانا ⑥ آگاہ کرنا ⑦ جتانا ⑧ پیش کرنا ⑨ روبرو کرنا۔

دکھلاوا (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ① نمود نمائش ② ظاہری ٹیپ ٹاپ ③ تکلیف ④ بناوٹ۔

دکھن/ دکن (ہ) اسم مذکر۔ جنوب۔

دُکھن (ہ) اسم صفت ① درد ② تکلیف ③ ٹیس ④ غم ⑤ چبھن۔

دکھنا (ہ) فعل ① درد ہونا ② پیڑ ہونا ③ درد کرنا ④ (اس کا متعدی دکھانا اور حاصل مصدر دکھ ہے۔

دکھنی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① جنوبی دکھن کا باشندہ ② دکھن کی بنی ہوئی چیز۔

دکھنی مرچ (ہ) اسم مونث ① گول سفید مرچ ② بھوری مرچ جو سیاہ مرچ کی قسم ہوتی ہے۔

دکھی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① دکھ والا ② مصیبت زدہ ③ آفت کا مارا ④ دردمند ⑤ غمزدہ ⑥ نالاں ⑦ بیمار ⑧ روگی۔

دکھیا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دردمند ② مصیبت زدہ ③ رانڈ ④ بیوہ ⑤ بیمار مریض۔

دکھیا دکھ روے سکھیا کمر توڑے (ہ) مثل۔ کسی مصیبت زدہ کے بیان پر جب کوئی اسے تسلی نہ دے بلکہ بیدردی سے الٹا اور مایوس کر دے تو یہ مثل بولتے ہیں۔

دکھیارا (ہ) اسم صفت فاعل سماعی مذکر ① آفت زدہ ② مصیبت کا مارا ③ درد رسیدہ ④ بیمار ⑤ علیل۔

دکھیاری (ہ) اسم صفت ① دکھیارا کی تانیث ② آفت زدہ ⑤ بیمار ⑥ علیل عورت۔

## د ← گ

دگاڑا (ہ) اسم مذکر ① دونالی بندوق ② دو گولیاں بھر کر ایک دم مارنا۔

دگانا (ہ) اسم مونث ① بہناپا ② دوہم عمر ③ عورتوں کا رشتہ اخوت جو دو مغز کا بادام کھا کر جوڑا کرتی ہیں۔

دگانہ (ف) اسم مذکر ① دوگانہ کا مخفف ہے ② دوہری چیز ③ جڑواں ④ دو رکعت والی نماز۔

دگدا (ہ) اسم مذکر و مونث ① تذبذب ② کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی فکر ③ سوچ ④ تامل ⑤ اندیشہ ⑥ خطرہ۔

دگدگا (ہ) اسم صفت ① روشن ② چمکدار ③ تاباں ④ دغدغاتا ہوا ⑤ قمقمہ ⑥ ایک قسم کی قندیل۔

دگدھا (ہ) اسم مذکر و مونث ① دبدھا ② شک وشبہ ③ تذبذب۔

دگدگی (ہ) اسم مونث ① سینہ اور حلق کا درمیانی گڑھا ② حلقوم ③ گڑھا ④ نرکسی ⑤ ایک قسم کا گلے کا زیور ⑥ جگنی ⑦ ہانس ⑧ سینہ کی ہڈی۔

دگدگی میں دَم ہونا (ا) فعل ① گلے میں سانس ہونا ② سینے میں دم ہونا ③ قریب مرگ ہونا ④ گھنگرو بولنا ⑤ دم نکلنے کا آخری وقت ہونا۔

دگر (ف) اسم صفت ① دیگر کا مخفف ② دوسرا ③ ایک بار اور۔

دگر دگر است وجگر جگر (ف) مثل ① اپنا اپنا ہوتا ہے اور غیر غیر ② غیر اپنوں کے برابر نہیں ہوسکتا۔

دگرگُوں (ف) اسم صفت ① اُلٹا ② اُلٹ پلٹ ③ تہ وبالا ④ تغیر و تبدل۔

دگرگوں ہونا (ا) فعل ① تغیر وتبدل ہونا ② الٹ پلٹ ہونا ③ رنگ بدلنا ④ تہ وبالا ہونا۔

دگڑا (ہ) اسم مذکر ① کھلا راستہ ② صاف رستہ ③ سڑک ④ شارع عام ⑤ پگڈنڈی۔

دگلا (ہ) اسم مذکر ① روئی دار انگرکھا ② لبادہ۔

دگنا (ہ) اسم صفت ① دو چند ② دونا ③ دوہرا ④ دوگنا۔

## د ← ل

دل (ہ) اسم مذکر ① موٹائی ② جسامت ③ پتا ④ برگ ⑤ فوج ⑥ لشکر ⑦ انبوہ ⑧ جیسے ٹڈی دل۔

دل بادل (ہ) اسم صفت ① بادل کی کثرت ② درباری خیمہ ③ بڑا خیمہ ④ شاہجہانی خیمہ کا نام تھا ⑤ خرگاہ۔

دِل (ف) اسم مذکر ① من ② کسی شئے کا باطن ③ مرضی ④ سخاوت ⑤

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ضمیر ⑥ قلب ⑦ کلیجہ ⑧ جگر ⑨ خواہش۔

**دل اٹکانا** (ا) فعل ① دل لگانا ② دل پھنسانا ③ عشق کرنا ④ عاشق بنانا۔

**دل اٹکنا** (ا) فعل ① دل پھنسنا ② دل آنا ③ کسی سے عشق ہونا ④ محبت ہونا۔

**دل اٹھنا/ اٹھ جانا** (ا) فعل ① جی نہ لگنا ② جی اچٹ جانا ③ خاطر برداشتہ ہونا ④ سیر کو جی چاہنا۔

**دل اچاٹ ہونا** (ا) فعل ① جی گھبرانا ② جی اکتانا ③ دل برداشتہ ہونا ④ جی نہ لگنا۔

**دل آرام** (ف) اسم مذکر ① جی کو آرام دینے والا ② آرام جان ③ پیارا ④ محبوب ⑤ معشوق۔

**دل آزار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دل دکھانے والا ② ظالم ③ موذی۔

**دل آزاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① اذیت ② ظلم وستم ③ تکلیف دہی۔

**دل آزردہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① رنجیدہ ② ناخوش ③ ناراض۔

**دل الٹنا** (ا) فعل ① دل گھبرانا ② اچاٹ ہونا ③ پاگل ہونا ④ دیوانہ ہونا۔

**دل امنڈنا** (ا) فعل ① دل بھر آنا ② رونے کے قریب ہونا۔

**دل آنا/ آ جانا** (ا) فعل ① عاشق ہونا ② مائل ہونا ③ مفتون ہونا ④ شیدا ہونا۔

**دل باغ باغ ہونا** (ا) فعل ① نہایت خوش ہونا ② شادوخرم ہونا۔

**دل بجھنا** (ا) فعل ① طبیعت کا افسردہ ہونا ② دل مرنا ③ جی بجھ جانا۔

**دل برا ہونا** (ا) فعل ① جی کھٹا ہونا ② دل ناراض ہونا۔

**دل برداشتہ ہونا** (ا) فعل ① دل اچاٹ ہونا ② بیزار ہونا ③ جی اکتانا۔

**دل بڑھانا** (ا) فعل ① دلیر کرنا ② حوصلہ دینا ③ ہمت بڑھانا ④ جرات دینا ⑤ خوش کرنا ⑥ شاباش دینا ⑦ بڑھاوا دینا ⑧ واہ واہ کرنا۔

**دل بھاری کرنا** (ا) فعل ① غم کرنا ② آزردہ ہونا ③ غمناک ہونا ④ اندوہگین ہونا۔

**دل بھر آنا** (ا) فعل ① کسی کام کا دکھ درد سن کر رونے لگنا ② دل امنڈ آنا ③ رونے کے قریب ہونا۔

**دل بہلانا** (ا) فعل ① غم غلط کرنا ② دل پیچھے ڈالنا ③ وحشت دور کرنا ④ دل خوش کرنا۔

**دل بیٹھ جانا** (ا) فعل ① ہمت ٹوٹ جانا ② خوش رہنا ③ ولولہ نہ رہنا ④ دل مرجانا۔

**دل بیکل ہونا** (ا) فعل ① دل بے چین ہونا ② دل کا بے آرام ہونا ③ دل بے قرار ہونا۔

**دل پانا** (ا) فعل ① منشا ہونا ② خوشی پانا ③ عندیہ معلوم ہونا۔

**دل پر سانپ لوٹنا** (ا) فعل ① افسوس آنا ② پچھتاوا آنا ③ رنج وصدمہ آنا ④ رشک ہونا ⑤ حسد ہونا ⑥ جلنا۔

**دل پر میل آنا** (ا) فعل ① دل پر رنج آنا ② دل کو ناگوار گزرنا۔

**دل پر نقش ہونا** (ا) فعل ① دل میں کسی بات کا جم جانا ② دل میں بیٹھ جانا ③ پتھر کی لکیر ہوجانا۔

**دل پر ہاتھ رکھے پھرنا/ دل پر ہاتھ رکھنا** (ا) فعل ① بے تابی ہونا ② بے تاب ہوجانا ③ بے تابانہ پھرنا ④ بے چین پھرنا۔

**دل پسیجنا** (ا) فعل ① دل نرم ہونا ② ترس کھانا ③ رحم کرنا ④ سلوک کرنا ⑤ سخاوت پر تیار ہونا۔

**دل پک جانا** (ا) فعل۔ متواتر صدموں یا سخت کلامیوں سے دل اکتا جانا۔

**دل پکڑا جانا** (ا) فعل۔ دل میں شبہ گزرنا۔

**دل پکڑ کر/ تھام کر بیٹھ جانا** (ا) فعل ① دل مسوس کر رہ جانا ② صدمہ کے مارے بول نہ سکنا ③ ہائے کرکے بیٹھ جانا۔

**دل پکڑ لینا** (ا) فعل ① کسی صدمے یا رنج کی تاب نہ لانا ② بے چین ہو جانا۔

**دل پکڑے پھرنا** (ا) فعل ① مضطربانہ پھرنا ② بے چین ہوکر پھرنا ③ بتیابانہ پھرنا۔

**دل پھرنا** (ا) فعل ① کسی کی طرف سے طبیعت کا ہٹ جانا ② دل بیزار ہو جانا ③ متنفر ہوجانا ④ دل میں کراہت آجانا ⑤ سیر ہوجانا ⑥ طبیعت بھر جانا۔

**دل پھیرنا** (ا) فعل ① دل بیزار کرنا ② روگرداں کرنا ③ بے رخ کرنا ④ سیر کرنا ⑤ چھکانا۔

**دل پھیکا ہوجانا** (ا) فعل ① کسی چیز کی طرف توجہ نہ رہنا ② خیال جاتا رہنا۔

**دل پیچھے پڑنا** (ا) فعل ① جی بہلنا ② دل بٹنا ③ کسی کی یاد بھولنا ④ غم

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

غلط ہونا 5 کسی اور طرف متوجہ ہونا۔

دل تڑپنا (ا) فعل 1 شوق کے مارے دل بیتاب رہنا 2 مضطرب رہنا 3 دل بے قرار رہنا۔

دل توڑنا (ا) فعل 1 ہمت توڑنا 2 مایوس کرنا 3 رنجیدہ کرنا 4 بیدل کرنا 5 ناامید کرنا۔

دل ٹھکانے لگنا / ہونا (ا) فعل 1 اطمینان ہونا 2 دل جمعی ہونا 3 حوصلہ ہونا۔

دل جلا (ا) اسم صفت بترکیب مفعولی 1 دل سوختہ عاشق 2 دلدادہ 3 فریفتہ۔

دل جلانا (ا) فعل 1 رشک دلانا 2 ناخوش ہونا 3 جلنا 4 صدمہ اٹھانا۔

دل جل کر کباب ہونا (ا) محاورہ 1 سخت رنج ہونا 2 رشک سے بُری طرح جلنا۔

دل جلنا (ا) فعل 1 برا لگنا 2 ناگوار گزرنا 3 ناراض ہونا 4 حسد ہونا۔

دل جمعی (ا) اسم صفت مونث بیائے مصدری 1 تسلی 2 اطمینان 3 ڈھارس 4 بے فکری۔

دل جمنا (ا) فعل 1 جی لگنا 2 دل لگنا 3 توجہ ہونا 4 کسی کام سے نفرت نہ ہونا۔

دل جوئی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 دلداری 2 تسلی 3 تسکین۔

دل چرانا (ا) فعل 1 کسی کام سے پہلوتہی کرنا 2 کترانا 3 دل لینا 4 دل چھیننا 5 دل پر قابض ہونا۔

دل چسپ (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 خوب صورت 2 دل لبھانے والا 3 من بھاتا 4 سہانا 5 دل کو پسند آنے والا 6 دل میں بسنے والا۔

دل چلا (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی 1 بہادر 2 جری 3 دلیر 4 سورما 5 نڈر 6 فیاض 7 سخی 8 لکھ داتا 9 باہمت۔

دل چلنا (ا) فعل 1 رغبت ہونا 2 دل کا مائل ہو جانا 3 دل بہکنا 4 خواہش ہونا 5 سودائی ہونا 6 دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔

دل چور (ا) اسم صفت 1 غافل 2 بے فکر کام سے بچنے اور لیت و لعل کرنے والا 3 کام چور 4 دل میں کھٹکا اور ڈر رہنا۔

دل حاضر ہونا (ا) فعل 1 اوسان درست ہونا 2 دل ٹھکانے ہونا 3 دل قابو میں ہونا۔

دل خراش (ف) اسم صفت فاعلی 1 دل کو چھیلنے والا 2 صدمہ پہنچانے والا 3 تکلیف دینے والا۔

دل خستہ (ف) اسم صفت مفعولی 1 رنجیدہ 2 غم رسیدہ 3 دکھیارا 4 مصیبت زدہ۔

دل خواہ (ف) اسم صفت مفعولی 1 مرضی کے موافق 2 حسب منشا 3 پسندیدہ۔

دل دادہ (ف) اسم صفت مفعولی 1 عاشق 2 شیدا 3 فریفتہ۔

دل دار / دلدار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 پیارا 2 من موہن 3 من بھاونا 4 دلبر 5 معشوق 6 محبوب 7 تسلی بخش۔

دلداری (ف) اسم مونث 1 تسلی 2 تسکین 3 ہمدردی 4 دلجوئی۔

دل دریاؤ (ا) اسم صفت بترکیب تشبیہی 1 نہایت فیاض 2 سمندر جیسے دل والا 3 داتا 4 مخیر۔

دل دکھانا (ا) فعل 1 رنجیدہ کرنا 2 صدمہ پہنچانا 3 اندرونی غم دینا۔

دل دھڑکنا (ا) فعل 1 اختلاج قلب ہونا 2 کھٹکا ہونا 3 دل کانپنا 4 افسوس ہونا۔

دل دھک دھک کرنا (ا) فعل 1 اختلاج قلب ہونا 2 دل کانپنا 3 دل لرزنا۔

دل دھکڑ پکڑ کرنا (ا) فعل 1 دل میں تذبذب ہونا 2 دل میں اندیشہ ہونا۔

دل دہلنا (ا) فعل 1 دل دھڑکنا 2 ڈرنا 3 خوف کھانا 4 خوفزدہ ہونا۔

دل دہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 دلجوئی 2 دلاسا 3 تسلی 4 تشفی 5 ڈھارس۔

دل دیکھنا (ا) فعل 1 عندیہ اور منشا معلوم کرنا 2 مرضی ٹٹولنا 3 حوصلہ کی آزمائش کرنا 4 عادت اور خو معلوم کرنا۔

دل دینا (ا) فعل 1 عاشق ہونا 2 دل پھنسانا 3 مفتوں ہونا 4 شیدا ہونا۔

دل ڈوبنا (ا) فعل 1 غشی طاری ہونا 2 بیماری یا ضعف سے دل کا گھرا پڑ جانا۔

دل ربا (ف) اسم مذکر فاعل 1 دل اڑا لے جانے والا 2 معشوق 3 من موہن وغیرہ۔

دل ربائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 دلیری 2 موہ 3 محبت 4 معشوقی۔

دل رُکنا (ا) فعل 1 دل کا ناراض ہونا 2 دل رنج ہونا 3 دل نہ ملنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

**دل رکھ لینا/ دل رکھنا** (ا) فعل ① دلداری کرنا ② تسلی دینا ③ خوش رکھنا ④ بات مان لینا ⑤ امید برلانا ⑥ آرزو پوری کرنا۔

**دل زدہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① غم رسیدہ ② دل مردہ۔

**دل سنبھالنا** (ا) فعل ① دل کو قابو میں رکھنا ② دل کو قابو میں لانا۔

**دل سوز** (ف) اسم صفت فاعلی ① دردمند ② غمخوار ③ ہمدرد ④ خیر خواہ ⑤ دوست ⑥ رفیق ⑦ شفیق ⑧ دردانگیز ⑨ رقت آمیز۔

**دل سوزی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دردمندی ② ہمدردی ③ خیر خواہی ④ غمخواری۔

**دل سے اترنا/ گرنا** (ا) فعل ① نظروں سے گرنا ② حقیر ہونا ③ دل کو نہ بھانا۔

**دل سے دھواں اٹھنا** (ا) فعل ① دل سے آہ نکلنا ② غم فراق سے سرد آہیں نکلنا۔

**دل سے کچھ کرنا** (ا) فعل ① اپنے دل سے کوئی بات کرنا ② کوئی کام از خود کرنا۔

**دل سے کرنا** (ا) فعل ① شوق سے کرنا ② دل لگا کر کرنا ③ توجہ سے کرنا۔

**دل شاد** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خوش ② ہشاش بشاش ③ باغ باغ ④ خوش وخرم ⑤ مگن۔

**دل شکستہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① رنجیدہ دل ② افسردہ۔

**دل شکنی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① کسی دل کو ناراض کرنا ② دل توڑنا ③ خلاف امید کرنا۔

**دل فریب** (ف) اسم صفت ① من موہن ② دل کو موہ لینے والا۔

**دل کا بادشاہ** (ا) اسم صفت ① آزاد ② خودمختار ③ لہری ④ اپنی مرضی کا مالک۔

**دل کا بخار نکلنا** (ا) فعل ① دل کا جوش کم ہونا ② دل کا غصہ دور ہونا ③ دلی رنج کا رفع ہونا۔

**دل کا غبار نکلنا** (ا) فعل ① صفائی ہوجانا ② دلی کدورت کا رفع ہوجانا۔

**دل کا کنول کھلنا** (ا) فعل ① دل کا باغ باغ ہونا ② شگفتہ خاطر ہونا۔

**دل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ** (ا) مثل۔ دکھی رنج کو میاں بیوی ہی خوب جانتے ہیں۔

**دل کا مالک اللہ ہے** (ا) مثل ① دل کی خبر خدا ہی کو ہے ② خدا ہی دل پھیر سکتا ہے۔

**دل کرنا** (ا) فعل ① جی چاہنا ② خواہش ہونا ③ ہمت کرنا ④ جرات کرنا ⑤ سخاوت کرنا ⑥ بہادری کرنا۔

**دل کڑوا کرنا** (ا) فعل ① کسی چیز سے دل ہٹالینا ② ترک کرنا۔

**دل کڑھنا** (ا) فعل ① غم ہونا ② رنج ہونا ③ ملال ہونا ④ افسوس ہونا۔

**دل کش** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دل کو لبھانے والا ② فرحت افزا ③ دل کو شگفتہ کرنے والا ④ دل کو کھینچنے والا۔

**دل کملانا** (ا) فعل ① دل بجھنا ② دل مرجھانا ③ مغموم ہونا۔

**دل کو دل سے راہ ہونا** (ا) فعل ① طرفین سے الفت ہونا ② دونوں طرف سے محبت ہونا۔

**دل کو قرار ہونا** (ا) فعل ① دل کو تسلی ہونا ② خاطر جمع ہونا ③ دل کو یکسوئی ہونا۔

**دل کو لگنا** (ا) فعل ① دل پر اثر ہونا ② دل میں کھبنا ③ دل کو یقین ہونا ④ دل پر چوٹ لگنا ⑤ صدمہ گزرنا ⑥ جوش پیدا ہونا ⑦ غصہ آنا ⑧ ناگوار گزرنا۔

**دل کو مسوسنا/ دل مسوسنا** (ا) فعل ① بے قراری اور بے تابی کے وقت دل پر ہاتھ رکھنا ② دل کو ہاتھ سے دبانا ③ دل کو تھام کر اسے تسلی دینا۔

**دل کھٹا ہونا** (ا) فعل ① دل بیزار ہونا ② دل میں نفرت آنا ③ ناراض ہونا۔

**دل کھٹکنا** (ا) فعل ① دل میں شبہ گزرنا ② دل میں شک پڑجانا۔

**دل کھلنا** (ا) فعل ① دل کا خوف جاتا رہنا ② جھجک مٹ جانا ③ دل کا حجاب اٹھنا۔

**دل کھلنا** (ا) فعل ① دل شگفتہ ہونا ② دل کا خوش ہونا ③ نشاط طبع حاصل ہونا۔

**دل کھول کے** (ا) تابع فعل ① بے دھڑک ہوکر ② بخوبی ③ حسب دلخواہ ④ خاطر خواہ۔

**دل کی پھانس** (ا) اسم مونث ① دل کی تکلیف ② رنج دلی۔

**دل کے پھپھولے پھوڑنا** (ا) فعل ① جلن نکالنا ② غصہ نکالنا ③ بدلہ لینا ④ زہر اگلنا ⑤ برا بھلا کہہ کر اپنا جی ٹھنڈا کرنا ⑥ حسرت نکالنا۔

**دل کی دل میں رہنا** (ا) فعل ① آرزو پوری نہ ہونا ② تمنائے دل کا بر نہ آنا ③ حسرت رہنا ④ ارمان رہنا۔

**دل کی سادی** (ا) اسم صفت ① (عورتیں) بھولی بھالی ② سادہ لوح ③ صاف دل۔

**دل کی کنجی** (ا) اسم مونث ① مشیر ② ہمراز ③ صلاح کار۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

دل کی لاگ (ا) اسم مونث ① محبت ② عشق ③ عاشقی۔

دل گردہ (ف) جرات ① ہمت ② بہادری ③ جگرا ④ صبر و تحمل ⑤ بردباری۔

دل گیر (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① اداس ② سوگوار ③ مغموم ④ دل گرفتہ ⑤ غمناک۔

دل لگانا (ا) فعل ① دل جمانا ② دل مشغول کرنا ③ عشق کرنا ④ محبت کرنا ⑤ تعلق خاطر پیدا کرنا۔

دل لگنا (ا) فعل ① طبیعت کا متوجہ ہونا ② دل مصروف ہونا ③ عشق ہونا ④ محبت ہونا ⑤ کسی کام کی طرف توجہ ہونا۔

دل لگی (ا) اسم مونث ① ہنسی ② مزاخ ③ مذاق ④ خوش طبعی ⑤ دوستی ⑥ محبت ⑦ آشنائی ⑧ شغل ⑨ مشغلہ۔

دل لگی باز (ا) اسم مذکر ① ظریف ② مسخرا ③ خوش طبع ④ ٹھٹھول۔

دل لینا (ا) فعل ① دل موہ لینا ② کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا ③ فریفتہ کر لینا۔

دل ٹوٹنا (بواؤ مجہول) (ا) فعل ① دل کا بیتاب رہنا ② دل بے قرار رہنا ③ بے چین رہنا ④ دل پھڑکنا ⑤ دل کا کسی چیز کے اشتیاق میں تڑپنا۔

دل مارنا / دل کو مارنا (ا) فعل ① خواہشات نفسانی سے دل کو روکنا ② نفس کو کسی شوق یا لذت سے باز رکھنا۔

دل مر جانا (ا) فعل ① دل کا ولولہ اور جوش جاتا رہنا ② تمام خواہشوں سے دل اٹھ جانا ③ دل کا مردہ ہو جانا ④ شوق و اشتیاق جاتا رہنا۔

دل مسوس کر رہ جانا (ا) فعل ① دل پکڑ کر رہ جانا ② کسی صدمہ کو سہ جانا ③ خاموش رہ جانا۔

دل ملنا (ا) فعل ① ایک جان دو قالب ہونا ② دل کا موافق ہونا ③ باہم صفائی ہونا۔

دل ملنا (ا) فعل ① دل مروڑنا ② دل ہسوسنا۔

دل موہ لینا (ا) فعل ① کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا ② عاشق بنا لینا۔

دل میلا کرنا (ا) فعل ① دل پر رنج لانا ② دل کو اداس کرنا ③ غمناک ہونا۔

دل میں آنا (ا) فعل۔ دل میں خیال گزرنا۔

دل میں بل آنا (ا) فعل ① دل میں فرق آنا ② دل ہٹ جانا ③ دل کا بہک جانا۔

دل میں پاپ لانا (ا) فعل ① دل میں شک لانا ② بدگمانی کرنا ③ بدظن ہونا۔

دل میں جگہ کرنا (ا) فعل ① دل میں گھر کرنا ② دل میں بسنا ③ دل میں بیٹھنا۔

دل میں چبھنا (ا) فعل ① دل پر اثر کرنا ② دل میں بیٹھ جانا ③ پسندیدہ ہونا۔

دل میں چٹکیاں لینا (ا) فعل ① طعنے مارنا ② دل دکھانا ③ دل میں بیٹھنا۔

دل میں چور بیٹھنا (ا) فعل ① دل میں فرق آنا ② بدگمانی پڑنا ③ بدظنی ہونا۔

دل میں دل ڈالنا (ا) فعل ① کسی پر اپنا اثر ڈالنا ② دل ملانا ③ اپنا سا دل بنا لینا۔

دل میں ڈالنا (ا) فعل ① خدا کی طرف سے الہام ہونا ② القا ہونا ③ دل میں کسی بات کا پیدا کرنا۔

دل میں راہ کرنا (ا) فعل ① دل میں جگہ کرنا ② دل میں بیٹھنا۔

دل میں رکھنا (ا) فعل ① چھپا کر رکھنا ② پوشیدہ رکھنا ③ ظاہر نہ کرنا ④ برائی گرہ باندھنا ⑤ دل کی نہ کہنا ⑥ دل میں جگہ دینا ⑦ محبت کرنا۔

دل میں فرق آنا (ا) فعل ① دل میں گرہ پڑنا ② دل سے اعتبار اٹھنا ③ دل میں بل پڑنا ④ شکر رنجی ہونا۔

دل میں کانٹا سا کھٹکنا (ا) فعل ① ناگوار گزرنا ② گراں معلوم ہونا ③ دوبھر لگنا۔

دل میں کڑھنا (ا) فعل ① دل میں رنج کرنا ② دل میں افسوس کرنا۔

دل میں کھبنا (ا) فعل ① دل میں جمنا ② اثر کرنا ③ دل میں بیٹھنا ④ سرایت کرنا۔

دل میں گرہ پڑنا (ا) فعل ① دل میں فرق آنا ② گنجلک پڑنا ③ رنج بیٹھنا۔

دل میں گڑ جانا (ا) فعل ① بھا جانا ② پسند آنا ③ دل میں بیٹھ جانا ④ دل پر نقش ہو جانا۔

دل میں گھر کرنا (ا) فعل ① دل میں بیٹھنا ② ہر وقت یاد رہنا ③ دل میں گھسنا ④ اخلاص حاصل ہو جانا ⑤ محبت بڑھنا ⑥ دوست بنانا ⑦ ہمدرد اور غمخوار بنا لینا۔

دل نشیں کرنا (ا) فعل ① دل میں جمانا ② ذہن نشین کرنا ③ دل میں

Join us on whatsapp Naveed Baig

بٹھانا④ دل پر نقش کرنا⑤ خاطرنشان کرنا۔

**دل والا** (ا) اسم مذکر فاعل① مفید صفت② فیاض③ سخی④ بہادر⑤ دلیر⑥ سورما۔

**دل و جان سے** (ا) تابع فعل① نہایت خوشی سے② بسر و چشم③ شوق سے④ دل لگا کر⑤ بخوبی⑥ نہایت اچھی طرح سے⑦ کمال شوق سے۔

**دل و دماغ کا** (ا) اسم صفت① صاحب فہم و فرست② عالی دماغ③ عالی حوصلہ۔

**دل ہاتھ میں لینا** (ا)① خوش اور راضی رکھنا② تسلی دینا③ کسی کو اپنا مطیع اور فرمانبردار رکھنا۔

**دل ہٹ جانا** (ا) فعل① دل بیزار ہو جانا② نفرت آ جانا③ رغبت نہ رہنا۔

**دل ہلنا/ ہل جانا** (ا) فعل① دل لرز جانا② دل کانپ اٹھنا۔

**دل ہی دل میں** (ا) تابع فعل① اندر ہی اندر② چپکے چپکے۔

**دلار** (ہ) اسم مذکر① پیار② محبت③ لاڈ④ ناز⑤ الفت⑥ انس۔

**دلارا** (ہ) اسم صفت بالف فاعلی مذکر① پیارا② عزیز③ لاڈلا④ مونس۔

**دلاری** (ہ) اسم صفت مونث① لاڈلی② پیاری③ نازو۔

**دلاسا** (ا) اسم مذکر① آسایش دل② تسلی③ تشفی④ دھیرج⑤ تقویت⑥ تسکین۔

**دلاسا دینا** (ا) فعل① تسلی دینا② تسکین دینا۔

**دلال** (ء) اسم مذکر① راہنما② سودا کرانے والا③ آڑھتیا④ بھڑوا۔

**دلالت** (ء) اسم مونث① ہدایت② راہنمائی③ دلیل④ ثبوت⑤ پتہ⑥ علامت⑦ نشان⑧ رعب⑨ شان۔

**دلالت برسنا** (ا) فعل① رعب و داب ظاہر ہونا② شان و عظمت نمودار ہونا۔

**دلالت کرنا** (ا) فعل① ثابت ہونا② دلیل ہونا۔

**دلالہ** (ء) اسم مونث بہائے تانیث① کٹنی② مشاطہ③ ثالثہ۔

**دلالی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری① دلال کا کام② آڑھت③ بکوائی کا حق④ دستوری۔

**دلانا** (ہ) فعل① دینا کا متعدی② دلوانا③ عنایت کرانا④ (کشتی یا لڑائی کے ساتھ) مغلوب کرنا⑤ مات کرنا⑥ جیتنا⑦ فتح پانا⑧ نیچا دکھانا۔

**دلاور** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی① دل آور② حوصلہ کرنے والا③ شجاع④ بہادر⑤ سور بیر⑥ دل چلا⑦ من چلا⑧ جوانمرد⑨ دلیری۔

**دلاوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری① بہادری② جوانمردی③ شجاعت④ دلیری۔

**دلآویز** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی① دل کو بھانے والا② دل پسند۔

**دلائی** (ف) اسم مونث بیائے فاعلیت① دوتہوں والی② دوہری③ دوہری چادر④ بغیر روئی کے یا بہت کم روئی والی رضائی۔

**دلائل** (ء) اسم مونث۔ دلیل کی جمع۔

**دلبا** (ہ) اسم مذکر① وہ لڑائی کا پرند جس کو پٹوا پٹوا کر اور پرندوں کو دلیر بنایا جاتا ہے② پٹیل③ دنجیل④ مغلوب⑤ بھاگ جانے والا۔

**دلبر** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی① دل اڑا لینے والا② معشوق③ من موہن④ پیارا⑤ محبوب۔

**دلپذیر** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی① دل کو بھاتا ہوا② دل کا پسند کیا ہوا③ پسندیدہ۔

**دلپسند** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی① مرغوب طبع② پسندیدہ③ من بھاؤنا۔

**دلتی** (ا) اسم مونث۔ جانور کا دونو پچھلی لاتیں اٹھا کر مارنا۔

**دلتی چلانا/ مارنا** (ا) فعل① پچھلی دونو لاتیں اٹھا کر ضرب لگانا② لات مارنا③ لات چلانا۔

**دلدر** (ہ) اسم مذکر① غریبی② تنگدستی③ محتاجی④ نحوست⑤ منحوس چیز⑥ پلید آدمی⑦ گندا آدمی⑧ بدبخت آدمی۔

**دلدر جانا** (ہ) فعل① افلاس دور ہونا② نحوست ٹلنا③ نصیبا جاگنا۔

**دلدر دور ہونا** (ہ) فعل① تنگدستی دور ہونا② بدبختی دفع ہونا③ قسمت کھل جانا۔

**دلدری** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت① مفلس② غریب③ منحوس④ گھوری آدمی⑤ میلا آدمی⑥ غریب⑦ کنگال⑧ نہیہ ست۔

**دلدل** (ء) اسم مذکر① وہ سیاہی مائل سفید خچری جو حاکم اسکندریہ نے رسول صلعم کو نذر دی تھی اور آپ نے حضرت علیؓ کو دے دی تھی② یہ در حقیقت مادہ تھی مگر مذکر مشہور ہوگئی۔

**دلدل سوار** (ف) اسم مذکر۔ حضرت علی کرم کا لقب ہے۔

**دلدل نکالنا** (ا) فعل۔ اہل تشیع میں دستور ہے کہ آٹھویں محرم کو حضرت عباسؓ اور نویں محرم کو حضرت امام حسینؓ کے نام کا ایک گھوڑا نکالتے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

اور اس کے آگے ماتم کرتے ہیں۔ اس گھوڑے پر ایک پگڑی۔ تیر۔ شمشیر اور ڈھال رکھی ہوتی ہے۔ اور سفید کپڑے۔ کپڑے پر سرخ رنگ کی چھینٹیں خون کی علامت ڈال دیتے ہیں۔

**دلدل** (ہ) اسم مونث (1) کیچڑ (2) دھسن (3) گلابہ۔

**دلدل میں پھنسنا** (ہ) فعل (1) کیچڑ میں پھنسنا (2) سخت مشکل یا دقت میں پڑنا۔

**دلق** (ء) اسم مونث۔ گدڑی صوفی لوگوں کے پہننے کا پشمینہ کا لباس۔

**دلق پوش** (عف) اسم مذکر فاعلی ترکیبی (1) گدڑی پہننے والا (2) فقیر (3) صوفی۔

**دلک** (ہ) اسم مونث (1) دھمک (2) جنبش (3) حرکت (4) چمک دمک (5) ٹیس (6) ضربان۔

**دلکنا** (ہ) فعل (1) ہلنا (2) تصادم ہونا (3) لرزنا (4) چمکنا (5) دبکنا۔

**دلکھنا** (ہ) فعل (1) بات کاٹنا (2) اعتراض کرنا (3) روکنا (4) منع کرنا (5) نافرمانی کرنا۔

**دلکی** (ہ) اسم مونث (1) گھوڑے کی تیز اور مشہور چال (2) پویہ سے کم چال۔

**دلنا** (ہ) فعل (1) دال بنانا (2) موٹا موٹا پیسنا (3) دردرا کرنا۔

**دل مارنا** (ہ) فعل (1) پیس ڈالنا (2) روند ڈالنا (3) پامال کر دینا (4) ستا مارنا (5) تباہ کر دینا۔

**دُلوانا** (ہ) فعل (1) دانہ کروانا (2) موٹا موٹا پسوانا (3) نصف نصف کرانا (4) دردرا کرانا۔

**دِلوانا** (ء) فعل (1) دینا سے متعدی عطا کرانا (2) سپرد کرانا (3) قرض نکلوا دینا۔

**دلوائی** (ہ) اسم مونث (1) معاوضہ (2) دلوائے کی اجرت۔

**دلہا** (ہ) اسم مذکر (1) نوشہ بنا (2) دولھا (بحالت صفت) پیارا (3) جانی (4) عزیز۔

**دلہن** (ہ) اسم مونث (1) عروس (2) بنی (3) بڑی پیاری (4) عزیزہ۔

**دلی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت یا نسبت (1) جگری (2) جانی (3) پکا۔

**دلیا** (ہ) اسم مذکر (1) موٹا پیسا ہوا غلہ (2) دلا ہوا۔

**دلیر** (ف) اسم صفت (1) بہادر (2) جری (3) دل والا (4) ہمت والا (5) سوبیر (6) سورما۔

**دلیرانہ** (ف) تابع فعل (1) بہادرانہ (2) جرات سے (3) دلیری سے (4) بہادروں کی طرح سے بے محابانہ (5) گستاخانہ۔

**دلیری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) شجاعت (2) بے خوفی (3) بے باکی (4) جرات (5) گستاخی۔

**دلیل** (ء) اسم مونث (1) لغوی معنی رہنما (2) اصطلاحی حجت (3) وجہ ثبوت۔

**دلیل لانا/کرنا** (ا) فعل (1) حجت پیش کرنا (2) بحث کرنا (3) مناظرہ کرنا۔

**دلیل کامل** (ء) اسم مونث (1) پوری دلیل (2) بین دلیل (3) پورا ثبوت۔

## د ← م

**دم** (ف) اسم مذکر (1) سانس (2) پل (3) زندگی (4)

**دم الٹنا / دم الجھنا** (ا) فعل (1) دم رکنا (2) دل گھبرانا (3) طبیعت کا متوحش ہونا (4) جان کنی کے وقت سانس کا اکھڑ جانا (5) جی گھبرانا۔

**دم باز** (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) فریبی (2) مکار (3) دھوکے باز (4) حیلہ ساز (5) چھلیا (6) بتے باز (7) حیلہ گر۔

**دم بازی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری (1) مکاری (2) فریب بازی (3) حیلہ بازی۔

**دم بخود** (ف) اسم صفت فاعلی (1) خاموش (2) ساکت (3) چپ (4) گونگا (5) گم صم (6) ششدر (7) متحیر (8) حیران۔

**دم بخود رہنا / ہو جانا** (ا) فعل (1) حیران رہنا (2) ششدر ہونا (3) چپ ہو جانا (4) خاموش رہنا۔

**دم بدم** (ف) تابع فعل (1) گھڑی گھڑی (2) ہر وقت (3) ہر لحہ (4) متواتر (5) لگاتار (6) برابر (7) ہر لحظہ۔

**دم بند ہونا** (ا) فعل (1) خوف کے مارے بات نہ کر سکنا (2) چپ رہنا (3) خاموش رہنا۔

**دم بھر** (ا) تابع فعل (1) ذرا کی ذرا (2) لمحہ بھر (3) پل بھر۔

**دم بھرانا** (ا) (1) کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا (2) پہلوانوں کا شاگردوں کو زور کر کے تھکانا۔

**دم بھرنا** (ا) فعل (1) سانس پھولنا (2) تھکنا (3) سانس چڑھنا (4) ہارنا (5) محبت کا دعویدار ہونا (6) ہر وقت کسی کی یاد رکھنا (7) کسی کی تعریف کرنا۔

**دم پخت** (ف) اسم مذکر۔ دیگ یا پتیلی کا منہ بند کر کے پکایا ہوا کھانا۔

**دم پر آنا** (ا) فعل (1) کھانا پکنے پر آنا (2) پکنے کے قریب ہونا (3) بھاپ میں گلنے کو ہونا۔

**دم پر بن جانا** (ا) فعل (1) جان پر بن جانا (2) جان مصیبت میں ہونا (3)

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149072

www.besturdubooks.net

مرنے کے قریب ہونا۔

**دم پردم** (ا) تابع فعل ① ہروقت ② ہردم ③ ہرآن ④ ہرگھڑی۔

**دم پھڑکنا** (ا) فعل ① بے چین و بے قرار ہونا ② جی لوٹ ہو جانا ③ شیدا ہوجانا۔

**دم پھولنا** (ا) فعل ① سانس پھولنا ② سانس چڑھنا ③ سانس نہ سمانا۔

**دم پھونکنا** (ا) فعل ① سانس ڈالنا ② جان ڈالنا ③ روح ڈالنا ④ منتر پڑھ کر چھوکرنا۔

**دم توڑنا** (ا) فعل ① نزع کی حالت ہونا ② آخری سانس لینا ③ مرنا ④ جان دینا۔

**دم ٹوٹنا** (ا) فعل ① سانس کا اکھڑنا ② مرنا ③ جان دینا ④ انتقال کرنا ⑤ غوطہ خور اور تیراک کا دم پر قادر نہ رہنا ⑥ سانس کا رکنا ⑦ دم کا بھر جانا۔

**دم ٹھیرنا** (ا) فعل ① سانس کا قرار پکڑنا ② سانس ٹھکانے آنا ③ سانس جمنا۔

**دم جھانسا دینا** (ا) فعل ① فریب دینا ② دھوکا دینا ③ ٹھگنا ④ چال کرنا۔

**دم چرانا** (ا) فعل ① اپنے آپ کو جھوٹ موٹ مردہ ظاہر کرنا ② سانس روک لینا ③ موت کا فریب دینا۔

**دم چڑھنا** (ا) فعل ① ہانپنا ② سانس پھولنا ③ سانس چڑھنا ④ سانس کا بہت جلدی جلدی آنا۔

**دم چھوڑ دینا** (ا) فعل ① سانس چھوڑ دینا ② مرنا ③ جان دینا ④ ہمت ہارنا ⑤ حوصلہ چھوڑ دینا۔

**دم خشک ہونا** (ا) فعل ① نہایت ڈر کے مارے سانس تنگی سے آنا ② بہت ہی ڈرنا ③ خوف کھانا ④ خوف کے مارے دم فنا ہونا۔

**دم فنا ہونا** (ا) فعل ① دم گھٹنا ② سانس رکنا ③ سانس تنگی سے آنا۔

**دم خم** (ا) اسم مذکر ① تاب وطاقت ② مضبوطی ③ استواری ④ استحکام ⑤ قوت وزور ⑥ تلوار کی دھار اور جھکاؤ ⑦ اوسان ⑧ ہوش وحواس۔

**دم دار** (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مضبوط ② جاندار ③ طاقتور ④ زوردار ⑤ دیرپا ⑥ باڑھ دار ⑦ دھاروار ⑧ تیز ⑨ براں۔

**دم دلاسا** (ا) اسم مذکر ① تسلی ② تشفی ③ امید وفریب ④ دم جھانسا ⑤ دھوکا ⑥ خوشامد ⑦ درآمد۔

**دم دینا** (ا) فعل ① فریب دینا ② دھوکا دینا ③ بہکانا ④ مرنا ⑤ جان دینا ⑥ عاشق ہونا ⑦ فدا ہونا ⑧ چاولوں کو دم پخت کرنا۔

**دم رکنا** (ا) فعل ① دم گھٹنا ② جی گھبرانا ③ تنگ ہونا ④ عاجز آنا۔

**دم سادھنا** (ا) فعل ① سانس روکنے کی مشق کرنا ② حبس دم کرنا ③ سانس روکنے کی مشق۔

**دم ساز** (ف) اسم مذکر فاعلی ترکیبی ① راز دار ② ہمدم ③ دوست ④ محرم ⑤ گانے یا نفیری وغیرہ میں ساتھ گا کر آس دینے والا مددگار۔

**دم غنیمت ہونا** (ا) فعل ① قابل قدر ② قدر ہونا ③ متبرک ہونا ④ نعمت ہونا۔

**دم فنا ہونا** (ا) فعل ① جان جانا ② جان نکلنا ③ مرنے کے قریب ہونا ④ ڈرنا ⑤ خوف کھانا۔

**دم قدم** (فع) اسم مذکر ① زندگی ② حیات ③ ذات ④ ہستی ⑤ وجود۔

**دم قدم کی خیر** (ا) دعائیہ فقرہ ① جان کی سلامتی ② ذات کا قیام ③ زندگی دراز۔

**دم کرنا** (ا) فعل ① چاول دم پخت کرنا ② چاول پکانا ③ پھونکنا ④ چھوکرنا ⑤ منتر پڑھنا ⑥ جھاڑنا۔

**دم کھانا** (ا) فعل ① جان کھانا ② تنگ کرنا ③ بکواس سے دق کرنا ④ خاموش رہنا ⑤ دم نہ مارنا ⑥ صبر کرنا ⑦ تحمل و برداشت کرنا ⑧ بھاپ پر دم پخت ہونا ⑨ فریب کھانا۔

**دم کھنچنا** (ا) فعل ① سانس کا اوپر کو چڑھنا ② نزع کے وقت دم ٹوٹنا ③ دم اکھڑنا۔

**دم کھینچنا** (ا) فعل ① چپ سادھنا ② خاموش رہنا ③ کش لگانا ④ حقہ کا گھونٹ لینا۔

**دم کے دم میں** (ا) تابع فعل ① ذراسی دیر میں ② لحہ بھر میں ③ پل بھر میں۔

**دم گھٹنا** (ا) فعل ① سانس رکنا ② دم بند ہونا ③ جی گھبرانا ④ دم رکنا۔

**دم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا** (ا) فعل ① تنگی میں رکھنا ② زبردستی خلاف مرضی رکھنا۔

**دم گھونٹ گھونٹ کر مارنا** (ا) فعل ① نہایت تنگ کرنا ② جلا جلا کر مارنا۔

**دم لگانا** (ا) فعل ① حقہ پینا ② کش لگانا ③ چرس اڑانا ④ حقے کا گھونٹ لینا۔

**دم لینا** (ا) ① سانس لینا ② سانس ٹھکانے کرنا ③ آرام لینا ④ ٹھیرنا ⑤ وقفہ وقیام کرنا ⑥ باز آنا ⑦ ماننا ⑧ چپکا رہنا۔

**دم مارنا** (ا) فعل ① بات کرنا ② بولنا ③ جواب دینا ④ شیخی بگھارنا ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

دعوٰے کرنا ❼ دخل دینا ❽ مزاحمت کرنا ❾ مزاحم ہونا۔

دم مارنے والا (ا) اسم مذکر فاعل قیاسی ❶ دخل دینے والا ❷ بولنے والا۔

دم بھر میں (ا) تابع فعل ❶ لحظہ بھر میں ❷ پل میں ❸ آن کی آن میں۔

دم میں آنا (ا) فعل ❶ دھوکے میں آنا ❷ فریب میں آنا ❸ دھوکا کھانا۔

دم میں دم آنا (ا) فعل ❶ جان میں جان آنا ❷ امید زیست ہونا ❸ تسلی ہونا۔

دم میں دم رہنا (ا) فعل ❶ زندگی رہنا ❷ جیتا رہنا ❸ حیات رہنا۔

دم میں دم ہونا (ا) فعل ❶ زندگی ہونا ❷ جان کی سلامتی ہونا ❸ بقائے حیات ہونا۔

دم میں لانا (ا) ❶ فریب دینا ❷ بہکانا۔ دھوکا دینا ❸ فریب میں لانا۔

دم ناک میں کرنا/ ناک میں دم کرنا۔ (ا) فعل ❶ ستانا ❷ تکلیف دینا ❸ تنگ کرنا ❹ دق کرنا۔

دم نقد (فع) اسم صفت ❶ تنہا ❷ اکیلا ❸ چھڑی سواری۔

دم نکلنا (ا) فعل ❶ جان نکلنا ❷ جان فنا ہونا ❸ مرنا ❹ پران چھوڑنا ❺ حالت نزع میں ہونا ❻ کسی پر مرنا ❼ عاشق ہونا ❽ نہایت شیدا و مفتون ہونا۔

دم نہ مارنا (ا) فعل ❶ خاموش رہنا ❷ بات تک نہ کرنا ❸ منہ سے بھاپ نہ نکالنا ❹ بالکل خاموشی اختیار کرنا ❺ اف تک نہ کرنا۔

دم ہونا (ا) فعل ❶ چاول پکنا ❷ پلاؤ پکنا ❸ ہمت ہونا ❹ حوصلہ ہونا ❺ جان باقی ہونا۔

دم ہی دم میں رکھنا (ا) فعل ❶ لیت ولعل کرنا ❷ ٹال مٹول کرنا ❸ حیلہ بہانہ بنانا۔


(دم)

دم (ف) اسم مونث ❶ پونچھ ❷ دنبالہ ❸ ذنب ❹ پچھلا حصہ ❺ انت ❻ انجام ❼ پچھلا حصہ۔

دم پکڑی بھیڑ کی وار ہوئے نہ پار (ہ) مثل۔ نالائق اور ادنے کا سہارا کچھ فائدہ نہیں دیتا۔

دم چھلا (ا) اسم مذکر ❶ دنبالہ ❷ چھیا ❸ پونچھڑی۔

دم دار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ پونچھ والا ❷ دنبالہ دار ❸ پونچھڑی والا ❹ پونچھل۔

دم دبا کر (ا) فعل ❶ چپکے سے ❷ دم چھپا کر۔

دم دبا کر بھاگنا (ا) فعل ❶ ڈر کے مارے بھاگ جانا ❷ دب کر بھاگنا۔

دم دبانا (ا) فعل ❶ چوپائے کا دم کو ٹانگوں میں چھپالینا ❷ دبنا ❸ مغلوب ہونا۔

دم کے پیچھے پھرنا (ا) فعل ❶ ساتھ ساتھ لگے پھرنا ❷ ساتھ ساتھ اور پیچھے پیچھے پھرنا ❸ ساتھ رہنا۔

دم میں گھسنا (ا) فعل ❶ خوشامد میں رہنا ❷ پیچھے لگا رہنا ❸ چمٹنا ❹ لپٹنا ❺ خوشامد کے مارے ساتھ رہنا۔

دم ہلانا (ا) فعل ❶ کتے کا خوشامد ظاہر کرنا ❷ چاپلوسی کرنا ❸ جھاڑ دینا ❹ جھاڑنا ❺ صاف کرنا ❻ جیسے کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے۔

دماغ (ء) اسم مذکر ❶ سر کا مغز ❷ بھیجا ❸ سر کا گودا ❹ غرور ❺ تکبر ❻ گھمنڈ ❼ عقل ❽ دانائی ❾ سمجھ۔

دماغ پریشان کرنا (ا) فعل ❶ حواس باختہ کرنا ❷ اوسان اڑانا ❸ دل بگاڑنا ❹ طبیعت خراب کرنا۔

دماغ جھڑنا (ا) فعل ❶ تکبر مٹ جانا ❷ غرور دور کرنا ❸ گھمنڈ نکالنا۔

دماغ چاٹنا (ا) فعل ❶ مغز کھانا ❷ بکواس کرنا ❸ بکنا ❹ کائیں کائیں کرنا۔

دماغ چٹ (ا) اسم مذکر فاعل ❶ دماغ چاٹنے والا ❷ بکواسی ❸ بکی۔

دماغ آسمان پر ہونا (ا) فعل ❶ غرور ہونا ❷ تکبر ہونا ❸ گھمنڈ ہونا ❹ اترانا۔

دماغ چوٹا (ا) اسم صفت ❶ مغرور ❷ خودپسند ❸ گھمنڈی ❹ دماغ چلا۔

دماغ خالی کرنا (ا) فعل ❶ مغز خالی کرنا ❷ دماغ کھوکھلا کرنا۔

دماغ دار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ مغرور ❷ خودپسند ❸ متکبر۔

دماغ رکھنا (ا) فعل ❶ متکبر ہونا ❷ مغرور ہونا ❸ اترانا ❹ غرور کرنا ❺ تمکنت رکھنا۔

دماغ روشن (ا) اسم مونث بترکیب فاعلی ❶ نسوار ❷ ہلاس ❸ نابس۔

دماغ کرنا (ا) فعل ❶ اترانا ❷ غرور کرنا ❸ خاطر میں نہ لانا ❹ تکبر کرنا۔

دماغ میں خلل ہونا (ا) فعل ❶ عقل میں فتور پڑنا ❷ سودا ہونا ❸ جنون ہونا۔

دماغ نہ ملنا/ دماغ نہ پایا جانا (ا) فعل۔ نہایت متکبر ہونا۔

دماغ ہونا (ا) فعل ❶ غرور ہونا ❷ تکبر ہونا۔

دمادم (ف) تابع فعل بالف اتصال ❶ متواتر ❷ لگاتار ❸ پے درپے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

**دماغی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ دماغ ② مغز کا ③ دماغ والا ④ مغرور ⑤ تکبر۔

**دمامہ** (ف) اسم مذکر ① نقارہ ② دھونسا ③ شان و شوکت ④ رعب و داب۔

**دمچی** (ف) اسم مونث ① گھوڑے کے ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے نیچے رہتا ہے ② لید خورا۔

**دمدمہ** (ف) اسم مذکر ① مورچہ ② وہ قلعہ جو لڑائی کے لئے بوریوں میں مٹی بھر کر بنا لیتے ہیں۔

**دمدمہ باندھنا** (ا) فعل ① مورچہ باندھنا ② قلعہ بنانا ③ مورچہ بندی کرنا۔

**دمڑی** (ہ) اسم مونث ① پیسے کا چوتھا حصہ ② چھدام ③ چوتھا حصہ ④ چوتھائی۔

**دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی** (ا) مثل ① اصل قیمت تھوڑی اور خرچہ زیادہ ② وہ چیز جس پر خرید سے زیادہ خرچہ پڑ جائے۔

**دمڑی کے تین تین** (ا) کہاوت ① نہایت ارزاں ② بہت سستا ③ کوڑیوں کے مول۔

**دمڑی نہ جائے چاہے چمڑی جائے** (ا) مثل چاہے کتنی تکلیف ہو مگر خرچ نہ ہو۔

**دمک** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① درخشانی ② تابش ③ چمک ④ چہرے یا سونے کی چمک ⑤ تمتماہٹ۔

**دمکلا** (ہ) پانی چڑھانے کی مشین ① پچکاری ② گوپیا ③ منجنیق۔

**دمکنا** (ہ) فعل ① چمکنا ② درخشاں ہونا ③ تاباں ہونا۔

**دمنہا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دو منہ والا ② دو منہ کا ③ دو منہ والا سانپ۔

**دموی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ خون ② خونی ③ خون کا۔

**دموی مزاج** (ء) اسم مذکر۔ وہ مزاج جس میں خون کی زیادتی ہو۔

**دمہ** (ف) اسم مذکر بیائے ① دھونکنی ② دھونکنی کا جوڑا ③ سانس کا روگ ④ ضیق النفس۔

**دمیدگی** (ف) اسم مونث ① ہوا کا چلنا ② پھولوں کا کھلنا ③ شاخوں کا نکلنا ④ خوشبو کا پھیلنا ⑤ خارش ⑥ مہاسے۔

**دمیدہ** (ف) اسم صفت ① کھلا ہوا ② پھوٹنے والا۔

## د ← ن

**دن** (س) اسم مذکر ① روز ② یوم ③ نہار ④ زمانہ ⑤ وقت ⑥ گھڑی ⑦ پل ⑧ صبح ⑨ بھور۔

**دن آنا** (ا) فعل ① موسم آنا ② رت آنا ③ حیض آنا ④ وقت آنا ⑤ وقت مقررہ کا آنا ⑥ موت کا وقت آنا ⑦ شامت آنا ⑧ کمبختی آنا ⑨ برے دن آنا۔

**دن بہ دن** (ا) تابع فعل ① روز بروز ② آئے دن ③ رفتہ رفتہ ④ ہوتے ہوتے۔

**دن بھر** (ہ) تابع فعل ① تمام دن ② تمام روز۔

**دن بھاری ہونا / رہنا** (ہ) فعل ① سختی کے دن آنا ② مفلسی ہونا ③ الٹی قسمت ہونا۔

**دن بھرنا** (ہ) فعل ① مصیبت میں بسر کرنا ② افلاس میں گزارنا ③ عمر کے دن پورے کرنا۔

**دن پڑنا** (ہ) فعل ① برا وقت آنا ② مصیبت آنا ③ رانڈ ہونا ④ بیوہ ہونا۔

**دن پورے کرنا** (ہ) فعل ① جوں توں کر کے عمر کو پورا کرنا ② مصیبت کے دن کاٹنا۔

**دن ٹلنا** (ہ) فعل ① حیض کا نہ آنا ② کپڑے نہ ہونا ③ حمل کی علامت ظاہر ہونا۔

**دن جانا** (ہ) فعل ① دن گزر جانا ② عیش و عشرت کا خاتمہ ہونا۔

**دن چڑھانا** (ہ) فعل ① دھوپ چڑھانا ② دیر کرنا ③ صبح کا وقت گزار دینا۔

**دن چڑھنا** (ہ) فعل ① سورج نکل آنا ② آفتاب کا بلند ہونا۔

**دن چڑھے** (ہ) تابع فعل ① سورج نکلے ② آفتاب کے بلند ہو جانے پر۔

**دن دونا رات چوگنا** (ہ) ایک وصفی فقرہ۔ کسی کام میں نہایت ترقی کرنے کی بابت بولتے ہیں۔

**دن چھپنا** (ہ) فعل ① شام ہونا ② سورج ڈوبنا ③ آفتاب غروب ہونا۔

**دن دہاڑے۔** (ہ) تابع فعل ① اعلانیہ ② روز روشن میں ③ سب کے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

سامنے ❹ ہر ایک کے روبرو ❺ کھلے خزانے ❻ کھلے بندوں۔
**دن ڈھلنا** (ہ) فعل ❶ دوپہر کے بعد کا وقت ہونا ❷ دن گزرنا ❸ زوال آفتاب ہونا ❹ دن گھٹنا۔
**دن ڈھلے** (ہ) تابع فعل۔ دوپہر پیچھے۔
**دن سے** (ہ) تابع فعل ❶ غروب آفتاب سے پہلے ❷ سر شام ❸ سورج ڈوبنے سے پہلے۔
**دن سیدھے ہونا** (ہ) فعل ❶ نہایت خوش قسمتی ہونا ❷ بھلے دن ہونا ❸ نصیبہ یاور ہونا۔
**دن عید رات شب برات ہونا** (ا) فعل ❶ دن اور رات عیش میں گزارنا ❷ خوشیاں ہونی۔
**دن کاٹنا** (ہ) فعل ❶ مصیبت سے اوقات بسر کرنا ❷ دن بھرنا ❸ زندگی کے دن پورے کرنا۔
**دن کٹنا** (ہ) فعل ❶ دن بسر ہونا ❷ دن گزرنا۔
**دن کو تارے دکھانا** (ہ) فعل۔ دماغ کو اتنا صدمہ پہنچانا جس سے آنکھوں کے آگے ترمرے سے آنا۔
**دن کو دن رات کو رات نہ جاننا نہ سمجھنا** (ہ) فعل ❶ کام میں انہماک ہونا ❷ دن رات کی پرواہ نہ کرنا۔
**دن گنوانا** (ہ) فعل ❶ وقت ضائع کرنا ❷ موقع کھو دینا ❸ وقت گزار دینا۔
**دن گیا کہ رات** (ہ) مثل ❶ ہر وقت موقع حاصل ہے ❷ دنیا سے نہ دن جاتا رہا نہ رات گئی۔
**دن گئے** (ا) محاورہ ❶ وہ زمانے گئے ❷ گزرے وہ دن لد گئے ❸ کامرانی کا وقت جاتا رہا۔
**دن لگنا** (ہ) فعل ❶ غرور کرنا ❷ تکبر کرنا ❸ گھمنڈ کرنا ❹ کمینے کو دولت ملنا ❺ بڑھ کر چلنا ❻ عرصہ لگنا ❼ عرصہ دراز صرف ہونا ❽ جیسے اس کام میں بہت دن لگے۔
**دن مان** (ہ) اسم مذکر ❶ دن کا گھٹاؤ بڑھاؤ ❷ دن کا انداز۔
**دن نکلنا** (ہ) فعل ❶ سورج چڑھنا ❷ صبح ہونا ❸ پو پھٹنا۔
**دن ہوا ہونا** (ا) ❶ اچھا وقت گزر جانا ❷ بھلا زمانہ لد جانا۔
**دنبالہ** (ف) اسم مذکر ❶ پونچھ ❷ دم پیچھا ❸ آنکھ کا کویہ ❹ سرمہ کی لکیر جو کوئے سے آگے خوبصورتی کے لئے چھوڑ دیتے ہیں ❺ پتوار کشتی کا پچھلا حصہ ❻ جہاز کا پچھلا حصہ۔
**دنبالہ دار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ دمدار ❷ پیچھے دار۔

**دنبل** (ف) اسم مذکر ❶ پھوڑا ❷ موٹا اور دلدار پھوڑا۔
**دنبہ** (ف) اسم مذکر ❶ ایک خاص قسم کا مینڈھا ❷ جس کی دم چکلی دار چربی کی ہوتی ہے۔


(دنبہ)

**دنتو** (ہ) اسم مذکر ❶ لمبے لمبے دانتوں والا آدمی ❷ دانتو۔
**دنتیلا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ بڑے دانتوں والا ❷ دندانہ دار۔
**دند** (ہ) اسم مذکر ❶ دھونسا ❷ دمامہ ❸ بڑا نقارہ ❹ غل ❺ شور ❻ ظلم و ستم ❼ اندھیر۔
**دند مچانا** (ہ) فعل ❶ شور و غل کرنا ❷ اودھم مچانا ❸ ظلم توڑنا ❹ غضب ڈھانا۔
**دندان** (ف) اسم مذکر۔ دانت۔
**دنداں شکن جواب دینا** (ہ) فعل ❶ منہ توڑ جواب دینا ❷ ایسا جواب دینا جس کا جواب نہ بن سکے۔
**دندان مصری** (ا) ایک خاص طرز کی شاخوں والی مٹھائی۔
**دندناتا ہوا آنا** (ہ) فعل ❶ بے خوف اور بے دھڑک ❷ اچھلتا کودتا آنا ❸ بطیب خاطر آنا۔
**دندنانا** (ہ) فعل ❶ عیش کرنا ❷ مزے اڑانا ❸ خوشی منانا۔
**دنکا** (ہ) اسم مذکر ❶ تحقیر سے دانہ اور غلہ کو بولتے ہیں ❷ دانہ کا تابع مہمل بھی ہے۔
**دنگ** (ف) اسم صفت ❶ متعجب ❷ حیران ❸ ششدر ❹ ہکا بکا۔
**دنگ رہنا/ ہونا** (ہ) فعل ❶ متحیر ہونا ❷ متعجب ہونا ❸ حیران رہنا ❹ ششدر ہونا۔
**دنگا** (ہ) اسم مذکر ❶ خرابی ❷ فساد ❸ لڑائی جھگڑا ❹ شرارت ❺ بدذاتی ❻ ہنگامہ شور ❼ ہلڑ۔
**دنگل** (ف) ❶ کشتی کرنے کی جگہ ❷ اکھاڑہ ❸ بھیڑ ❹ ہجوم ❺ مجمع ❻ انبوہ۔
**دنگل باندھنا/ جمانا** (ا) فعل ❶ آدمیوں کا حلقہ باندھنا ❷ کشتی کے لئے مجمع کرنا۔
**دنگئی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ دنگا کرنے والا ❷ شریر ❸ جنگجو ❹ لڑاکا ❺ بدذات۔
**دنوں** (ہ) اسم مذکر ❶ دن کی جمع ❷ ایام ❸ روزہا ❹ چوپائے کی عمر۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دنوں سے اتر جانا (ہ) فعل ① عمر سے ڈھل جانا ② جوانی کا گزر جانا۔

دنوں کو دھکے دینا (ا) فعل ① مصیبت کے دنوں کو بسر کرنا ② زندگی کے برے دن ٹالنا ③ برے بھلے طور پر زندگی گزارنا۔

دنوندا (ہ) اسم مذکر ① ایک بیماری کا نام ہے جس میں دن کو نظر نہیں آتا ② رتوندا کا نقیض۔

دنیا (ع) اسم مونث ① ادنےٰ کی تانیث ② جگت ③ سنسار ④ عالم ⑤ جہان ⑥ دنیا کے لوگ ⑦ باشندگان دنیا ⑧ دولت۔

دنیا بری بلا ہے (ا) فقرہ۔ لالچ اور دولت کی طمع بڑی مصیبت کی چیز ہے۔

دنیا دار (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① دنیا کے تعلقات میں محصور ② چالاک ③ ملنسار۔

دنیاداری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① تعلقات دنیاوی ② رشتہ کنبہ ③ خانہ داری۔

دنیا کے پردے سے اٹھ جانا (ا) فعل ① مرجانا ② دنیا میں نہ رہنا ③ جہان سے چلا جانا۔

دنیا کی ہوا لگنا (ا) فعل ① دنیا میں آنا ② دنیا کا اثر ہونا۔

دنیوی/ دنیاوی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ دنیا ② دنیا کی ضد ③ دنیا کا۔

## د ← و

دو (ف) اسم عدد ① ایک اور ایک کا مجموعہ ② جوڑ۔۲

دوآتشہ (ف) ایک صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ دوآتش ② دو دفعہ کھچی ہوئی شراب تند ③ تیز ④ دہری کشید کا عرق وغیرہ۔

دوآبہ (ف) اسم مذکر ظرف۔ دو ایسے دریاؤں کی زمین جو آگے جا کر مل جائیں۔

دو انگلیاں ماتھے پر رکھنا (ا) محاورہ۔ لاپرواہی سے سلام کرنا۔

دو اسپہ (ف) اسم مذکر فاعل ① دو گھوڑوں کی جوت کی سواری ② دو گھوڑوں کی ڈاک ③ جلد ④ فوراً ⑤ ترت۔

دوآشیانہ خیمہ (ف) اسم مذکر ① دوہرا خیمہ ② دو کمروں کا خیمہ۔

دوآنسو ڈالنا/ گرانا/ بہانا (ا) فعل۔ تھوڑا سا رونا۔

دوانی (ا) اسم مونث ① دو آنے کا سکہ ② روپے کا آٹھواں حصہ۔

دوبارہ (ا) تابع فعل ① دوسری مرتبہ ② دوسری دفعہ ③ دوسری مرتبہ ④ مکرر ⑤ بار ⑥ دیگر ⑦ پھر۔

دوبالا (ف) اسم صفت ① دوگنا ② دوچند دونا۔

دوبلدا (ا) اسم مذکر فاعل۔ دو بیلوں کا چھکڑا۔

دوبول پڑھانا (ا) فعل ① غریبانہ حیثیت سے لڑکی کا نکاح کرنا ② نکاح پڑھانا۔

دوپارہ (ف) اسم صفت ① دوٹوک ② دوٹکڑے۔

دوپائے پر چڑھانا (ا) فعل۔ سپاہیوں کی طرح داڑھی چڑھانا۔

دوپایہ (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① دوپاؤں والا ② دوٹانگوں والا۔

دوپٹہ (ا) اسم مذکر فاعل ① دوپاٹ والا ② چادر ③ اوڑھنی ④ پٹکا ⑤ کمربند۔

دوپٹہ بدلنا (ا) فعل ① بہناپا جوڑنا ② اوڑھنی بدلنا ③ دوستی گانٹھنی ④ سہیلی بنانا۔

دوپٹہ تان کے سونا (ا) فعل ① بے فکری سے سونا ② غفلت کی نیند سونا۔

دوپٹہ ہلانا (ا) فعل ① صلح کی نیت سے لڑائی اور جنگ میں چادر ہلانا ② مغلوب ہونے کی علامت ظاہر کرنا۔

دوپشتہ (ف) اسم صفت۔ دونوں رخ سے چھپا ہوا کاغذ۔

دوپشتہ کرنا (ا) فعل۔ کاغذ کو ایک رخ سے چھاپ کر دوسرے رخ سے چھاپنا۔

دوپلڑی (ا) اسم صفت مونث ① دوپلڑوں کی ٹوپی ② چھوٹی سی ٹوپی۔

دوپلکا (ا) اسم مذکر صفت ① ایک قسم کا جڑا ہوا نگینہ ② ایک طرح کا کبوتر۔

دوپٹھی (ا) اسم مونث فاعل۔ ایک طرح کی دوہرے خانے کی جالی جس کی اکثر عورتیں کرتیاں بنایا کرتی ہیں۔

دوپہر (ا) اسم مونث ① دن کے بارہ بجے کا وقت ② نیمروز۔

دوپہر بجنا (ا) فعل ① دن کے بارہ بجے کی توپ چلنا ② دوپہر ہونا۔

دوپہر ڈھلنا (ا) فعل ① دن ڈھلنا ② زوال کا وقت ہونا ③ تیسرا پہر ہونا۔

دوپہریا (ا) اسم مذکر صفت فاعل ① دوپہر کے نطفہ کا ② حرامزادہ ③ شریر ④ ایک پھول کا نام بھی ہے جو دوپہر کے وقت اکثر کھلا کرتا ہے۔

دوپیازہ (ا) اسم مذکر۔ بے ترکاری کا گوشت جس میں دو دفعہ پیاز استعمال

Join us on WhatsApp Naveed BalG 0314077218

کیا جاتا ہے۔

**دوتہی** (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا جو بستر کی جگہ دوہرا بچھایا جاتا ہے۔

**دوٹوک** (ا) اسم صفت ❶ دو حصے ❷ دو پارہ ❸ لفظ۔

**دوٹوک جواب دینا** (ا) فعل ❶ بالکل جواب دے دینا ❷ صاف انکار کر دینا۔

**دوٹوک کر دینا** (ا) فعل ❶ فیصلہ کر دینا ❷ قطع تعلق کر دینا ❸ ترک محبت کرنا۔

**دوجیا** (ا) اسم صفت ❶ دوجی والی ❷ معاملہ پیٹ والی۔

**دوجی سے ہونا** (ا) فعل ❶ پیٹ سے ہونا ❷ باردار ہونا۔

**دوچار** (ا) تابع فعل ❶ چند ایک ❷ دو تین ❸ سامنے ❹ مقابل۔

**دوچار ہونا** (ا) فعل ❶ مقابل ہونا ❷ سامنے ہونا ❸ ملنا ❹ ملاقات کرنا ❺ چار آنکھیں ہونا۔

**دوچند** (ف) اسم صفت ❶ دونا ❷ دگنا ❸ دہرا ❹ ڈبل۔

**دوچوبہ** (ف) اسم صفت فاعلی۔ دوچوب کا خیمہ۔

**دوچھریوں کا ایک میان میں رہنا** (ا) فعل ❶ دشوار ہونا ❷ مشکل ہونا۔

**دوحرف بھیجنا** (ا) فعل۔ لعنت بھیجنا۔

**دودستہ خلال** (ا) اسم مونث ❶ قماش باز ❷ دو آدمیوں کو ایک ہی بازی میں مات دینا۔

**دودستی** (ا) اسم مونث۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔

**دودلہ** (ا) اسم صفت بیائے فاعلی ❶ دو دلوں والا ❷ شکی ❸ وہمی ❹ وسواسی ❺ مذبذب۔

**دودن کا مہمان** (ا) اسم صفت ❶ چند روزہ فانی ❷ ناپائدار۔

**دودل راضی کیا کرے گا قاضی** (ا) مثل۔ طرفین کی رضامندی میں حاکم یا ثالث کی کچھ پیش نہیں چلتی۔

**دودن کی چاندنی** (ا) اسم صفت ❶ چند روزہ حسن ❷ ناپائدار دولت۔

**دودوباتیں** (ا) اسم مونث۔ مختصر سے سوال وجواب۔

**دودودانے کو پھرنا** (ا) فعل۔ ٹکڑے ٹکڑے کو محتاج پھرنا۔

**دودوہاتھ اچھلنا** (ا) فعل ❶ نہایت بیتاب ہونا ❷ مضطرب ہونا۔

**دودھارا** (ہ) اسم صفت بالف فاعلی ❶ دہری دھار کی تلوار یا خنجر ❷ دریا کی دوشاخیں ملنے کی جگہ ❸ ایک قسم کا تھوڑ جس کی دہری شاخ ہوتی ہے ❹ زقوم۔

**دودھاری** (ہ) اسم مونث۔ سیدھی تلوار جس کے دونوں طرف باڑھ ہو۔

**دوراؤ** (ا) اسم مذکر ❶ نفاق ❷ فرق ❸ دوئی ❹ دوروئی۔

**دوراہا** (ا) اسم مذکر ❶ وہ راستہ جو دو طرف کو جاتا ہو ❷ دو رستوں کے ملنے کی جگہ۔

**دورخا** (ا) اسم صفت بالف فاعلی ❶ دوبھیسا ❷ دورنگا ❸ منافق۔

**دورسا** (ا) اسم صفت بالف فاعلی ❶ دو طرح کا ❷ دورس کا ❸ دو قسم کا ملا ہوا ❹ تمباکو کی صفت میں بولا جاتا ہے۔

**دورگا/ دوغلا** (ا) اسم صفت۔ وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں۔

**دورنگا** (ا) اسم صفت بالف فاعلی ❶ دو رنگ کا ❷ یک رنگ کی ضد ❸ منافق۔

**دورنگی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ دوروئی ❷ مکاری ❸ منافقت۔

**دورویہ** (ا) اسم صفت بیائے فاعلی ❶ دورنگا ❷ دورخا ❸ (تابع فعل) دو طرفہ ❹ دونوں جانب سے۔

**دوزانو بیٹھنا** (ا) فعل ❶ ادب سے بیٹھنا ❷ اونٹ کی طرح بیٹھنا ❸ دونوں گھٹنے ٹیک کر بیٹھنا۔

**دوسالہ** (ا) اسم مونث ❶ دوبرس سے بوئی جتی زمین (اسم صفت) دوبرس کا ❷ دوسال کی عمر کا۔

**دوسوتی** (ا) اسم مونث۔ دوہرے سوت کا بنا ہوا کپڑا۔

**دوسیری** (ا) اسم مونث۔ دوسیر کا بٹ۔

**دوشاخہ** (ف) اسم صفت و مذکر ❶ دوشاخوں والی لکڑی یا شمعدان ❷ دونوں ٹانگیں۔

**دوشالہ** (ف) اسم مذکر ❶ دوشال کا جوڑا ❷ جاہ جوڑا۔

**دوشالہ پوش** (ف) اسم مذکر ❶ خوش لباس ❷ امیر آدمی۔

**دوشالہ میں لپیٹ کر لگانا** (ا) فعل ❶ درپردہ ذلیل کرنا ❷ ہجو ملیح کرنا ❸ عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا۔

**دوشیزہ** (ف) اسم مونث ❶ باکرہ ❷ کنواری لڑکی ❸ نابالغہ۔

**دوطرفہ** (فع) اسم صفت بہائے فاعلی ❶ دونوں طرف ❷ دونوں جانب ❸ دورویہ۔

**دوعملی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ دوحکومتیں ہونا ❷ بدانتظامی ❸ اختلاف رائے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 031407218

**دو فصلی** (فع) اسم صفت ① سال میں دو فصلیں دینے والی زمین ② دوموسمی فصل میں دو دفعہ پھل دینے والا درخت دوغلی جیسے دوفصلی باتیں۔

**دو کرنا** (ا) فعل ① دو حصے کر دینا ② دوٹوک کرنا ③ برابر دو حصے کرنا۔

**دو کوڑی کی بات / آبرو کرنا** (ا) فعل ① ذلیل کرنا ② عزت بگاڑ دینا ③ پت کھو دینا۔

**دو گھڑی کا تڑکا** (ا) اسم مذکر ① صبح کاذب ② سورج نکلنے سے گھنٹہ بھر پہلے کا وقت۔

**دولتی** (ا) اسم مونث ① چوپائے کا پچھلی ٹانگیں اٹھا کر لات مارنا ② خفتہ۔

**دولڑا** (ا) اسم مذکر ① دولڑوں والا ہار ② دوہرا بٹا ہوا تاگا۔

**دو معنی** (ا) اسم مونث صفت ① پہلو دار بات ② وہ بات جس کے دو معنی ہوں۔

**دو ملاؤں میں مرغی حرام** (ا) مثل ① ضد میں حلال چیز پر بھی حرام کا فتویٰ لگ جاتا ہے ② دو دعویداروں یا ہم پیشہ اشخاص میں کام بگڑ ہی جایا کرتا ہے۔

**دو منہ ہنس لینا** (ا) فعل ① ذرا ہنس لینا ② تھوڑا ہنس لینا۔

**دونوں** (ا) عدد استغراقی۔ ہر دو۔

**دونوں ٹانگوں میں سر دینا** (ا) فعل ① سزا دینا ② ٹھیک بنانا ③ مروڑ دینا۔

**دونوں جہان سے کھونا** (ا) فعل۔ دین و دنیا کا نہ رکھنا۔

**دونوں طرف** (ا) اسم صفت۔ دونوں جانب۔

**دونوں ہاتھ سے تالی بجنا** (ا) فعل ① دونوں طرف سے جھگڑا ہونا ② دونوں طرف سے لڑائی ہونا ③ دوستی سے دوستی اور دشمنی سے دشمنی۔

**دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا** (ا) فعل ① نہایت نفرت ظاہر کرنا ② چالاکی میں استاد ماننا ③ شرارت اور بدی کو مان جانا۔

**دوورقی** (ا) اسم مونث ① دو ورق کی کتاب ② چھوٹی سی کتاب۔

**دو ہتڑ** (ہ) اسم مذکر ① دونوں ہاتھوں کی ضرب ② دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک ساتھ مارنا۔

**دوآ** (ا) اسم صفت مذکر ① دوسرا ② دوجا ③ دکی ④ تاش کا دو نشان والا پتا ⑤ جوئے کے ایک داؤں کا نام ہے۔

**دوا** (ء) اسم مونث ① دوائی ② دارو ③ علاج ④ معالجہ۔

**دواخانہ** (ف) اسم مذکر ① دوائیاں رکھنے کا کمرہ یا الماری ② شفاخانہ۔

**دوادارو** (ا) اسم مونث ① تیمارداری ② علاج معالجہ۔

**دوا کو نہ ملنا** (ا) فعل ① نہایت کمیاب ہونا ② کسی چیز کا دستیاب نہ ہونا۔

**دواب** (ء) اسم مذکر ① چوپائے ② حیوانات مویشی ③ دابہ کی جمع۔

**دوآپر** (ء) اسم مذکر ① ہندوؤں کا تیسرا جگ ② جو آٹھ لاکھ چونسٹھ سال کا ہوتا ہے ③ دو جگوں کے بعد کا جگ۔

**دوات** (ء) اسم مونث۔ سیاہی رکھنے کا برتن۔

**دوآدشی** (ہ) اسم مونث۔ ہر پاکھ کی بارھویں تاریخ۔

**دوآر / دوآرا** (ہ) اسم مذکر ① ڈیوڑھی ② دروازہ ③ راستہ مکان ④ آستانہ ⑤ چوکھٹ ⑥ وسیلہ ⑦ ذریعہ۔

**دوال** (ف) اسم مونث ① تسمہ ② رکاب وغیرہ کا تسمہ۔

**دوال** (ہ) اسم صفت ① دینے والا ② گنوار لوگ (دیوار کی جگہ بھی بولتے ہیں۔)

**دوالی** (ا) اسم مونث ① پٹا ② چمڑے کا تسمہ ③ پیٹی ④ چپڑاس ⑤ پیمک کے بیچ کا بادلہ کا تار۔

**دوالی** (ا) اسم مونث ① (دیوا اور آلی سے مرکب اور مخفف) دیپ مالا ② دیوؤں کی قطار ③ چراغاں ④ لچھمی پوجا کرنے کا ہندوؤں کا ایک تیوہار جو کاتک کی پندرھویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

**دوالیہ** (ہ) اسم مذکر ① مفلس ② نادار ③ مقروض ④ دوالہ نکل جانے والا شخص۔

**دوام** (ء) اسم مذکر ① ہیشگی ② دائمی ③ ہمیشہ ④ سدا ⑤ نت ⑥ مدام۔

**دوامی بندوبست** (عف) اسم مذکر۔ زمین کا وہ انتظام جو ہمیشہ کے لئے ایک ہی دفعہ کر دیا جائے۔

**دوان** (ف) اسم عالیہ ① دوڑتا ہوا ② بھاگتا ہوا ③ سرگرداں و حیران۔

**دوائر** (ء) اسم مذکر۔ دائرہ کی جمع۔

**دوبدو** (ہ) تابع فعل ① روبرو ② سامنے سنمکھ۔

**دوبدو ہونا** (ا) فعل ① سامنے ہونا ② مقابل ہونا۔

**دوبھر** (ہ) اسم صفت ① مشکل ② دشوار ③ ناگوار ④ بارخاطر ⑤ اجیرن۔

**دوت / دوتا** (ہ) اسم مذکر ① قاصد ② ایلچی ③ سفیر ④ وکیل ⑤ نائب ⑥ پیشکار ⑦ مختار ⑧ جم دوت ⑨ موت کا فرشتہ۔

**دوت دبک** (ہ) اسم مونث ① لعنت ② پھٹکار ③ دھتکار ④ دور دبک۔

**دوتی** (ہ) اسم مونث ① جاسوس عورت ② لاوالتری ③ چغل خور عورت۔

**دوجا** (ہ) اسم صفت ① دوسرا ② ثانی ③ دوم۔

**دوخت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از دوختن ① سیون ② سلائی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**دود** (ف) اسم مذکر ❶ دھواں ❷ بھاپ ❸ دخان۔

**دودھ** (ہ) اسم مذکر ❶ شیر ❷ لبن ❸ درخت یا کسی چیز کا سفید گاڑھا عرق۔

**دودھ اتر آنا** (ہ) فعل۔ دودھ کا چھاتیوں یا تھنوں میں آ جانا۔

**دودھ اچھالنا** (ہ) فعل ❶ دودھ ٹھنڈا کرنا ❷ دودھ کو دھار باندھ کر اوپر سے چھوڑنا۔

**دودھ اگلنا** (ہ) فعل ❶ بچے کا دودھ کی قے کرنا ❷ دودھ ڈالنا۔

**دودھ ادھاری** (ہ) اسم مونث بیائے فاعلیت ❶ دودھ پر رہنے والا ❷ وہ شخص جس نے اناج وغیرہ چھوڑ کر صرف دودھ پر گزارہ ٹھہرالیا ہو۔

**دودھ بخشنا** (ا) محاورہ۔ دودھ پلانے کا حق معاف کرنا۔

**دودھ بڑھانا** (ہ) فعل ❶ دودھ چھڑانا ❷ بچے کو دودھ نہ پلانا۔

**دودھ بڑھنا** (ہ) فعل ❶ دودھ زیادہ ہو جانا ❷ دودھ چھوٹنا۔

**دودھ بھائی** (ہ) اسم مذکر ❶ کوکا ❷ دودھ شریک بھائی ❸ رضاعی بھائی۔

**دودھ بھر آنا** (ہ) فعل۔ بچے کی محبت کے باعث ماں کی چھاتیوں میں دودھ اتر آنا۔

**دودھ بھری کٹوریاں** (ہ) اسم مونث ❶ دودھ بھری پستان ❷ دودھ بھری چھاتیاں۔

**دودھ بہن** (ہ) اسم مونث ❶ دودھ شریک بہن ❷ ہمشیرہ رضاعی۔

**دودھ پڑنا** (ہ) فعل۔ اناج میں رس پڑنا۔

**دودھ پلائی** (ہ) اسم مونث ❶ دایا ❷ انا ❸ مرضعہ ❹ وہ نقدی جو دولھا اپنی ماں کو گھوڑی چڑھنے کے وقت دودھ پلانے کے معاوضہ میں دیتا ہے۔

**دودھ پوت** (ہ) اسم مذکر ❶ دودھ بمعنی مال۔ پوت بمعنی اولاد ❷ مال و اولاد۔

**دودھ پوت والی** (ہ) اسم مونث فاعلی ❶ آل و اولاد والی عورت ❷ دھن دولت والی۔

**دودھ پھاڑنا** (ہ) فعل۔ کسی دوا کے ذریعہ دودھ کے پانی کو الگ کر دینا۔

**دودھ پھٹنا** (ہ) فعل ❶ دودھ کے غٹ غٹ الگ اور پانی الگ ہو جانا ❷ دودھ بگڑ جانا۔

**دودھ پیتا بچہ** (ہ) اسم مذکر ❶ شیرخوار بچہ ❷ گود کا بچہ ❸ ناتجربہ کار ❹ نادان ❺ بے سمجھ۔

**دودھ چڑھنا** (ہ) فعل ❶ دودھ جذب ہونا ❷ چھاتیوں کا دودھ جمع ہو کر تن جانا۔

**دودھ چھٹانا / چھڑانا** (ہ) فعل ❶ بچے کو دودھ سے باز رکھنا ❷ دودھ بڑھانا۔

**دودھ دہنا** (ہ) فعل۔ تھنوں میں سے دودھ نکالنا۔

**دودھ سا** (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی ❶ نہایت سفید ❷ دودھ کی مانند ❸ کھرا۔

**دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے** (ا) مثل ❶ ایک چیز سے ڈرا ہوا اس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈر جایا کرتا ہے ❷ سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے۔

**دودھ کا دودھ پانی کا پانی** (ہ) مثل ❶ پورا پورا انصاف ❷ ٹھیک انصاف ❸ حق حق بات۔

**دودھ کا سا ابال** (ہ) اسم مذکر ❶ جلدی اتر جانے والا غصہ ❷ جلد فرو ہو جانے والا جوش۔

**دودھ کی بو منہ سے آنا** (ہ) فعل۔ ابھی ناتجربہ کار اور نادان ہونا۔

**دودھ کے دانت** (ہ) فعل۔ زمانہ شیرخوارگی میں نکلے ہوئے ملائم دانت۔

**دودھ کے دانت نہ ٹوٹنا** (ہ) فعل۔ کمسن اور نادان بچہ ہونا۔

**دودھ کی مکھی کی طرح نکال پھینک دینا** (ہ) فعل ❶ کسی قرابتی کو اپنے ہاں سے نکال دینا ❷ گھناؤنا کر دینا۔

**دودھ والی** (ہ) ❶ گوالن ❷ شیر فروش ❸ بچے کو دودھ پلانے والی ❹ زچہ۔

**دودھاری** (ہ) اسم مونث ❶ بہت دودھیل ❷ دودھار والی خنجر کو بھی کہتے ہیں۔

**دودھوں دھویا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ نہایت کھرا ❷ بالکل خالص ❸ بے کھوٹ ❹ بے ضرر ❺ بے نقصان ❻ بے نقص۔

**دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو** (ہ) دعائیہ فقرہ ❶ نہایت دولتمند اور صاحب اولاد بنو ❷ دھن دولت اور آل اولاد سے خوش رہو۔

**دودھی** (ہ) اسم مونث ❶ پستان ❷ چوچی ❸ ایک قسم کا پتھر ❹ ایک بوٹی کا نام ہے جو شیردار ہوتی ہے۔

**دودھیا** (ہ) اسم صفت ❶ سفید ❷ ہمرنگ ❸ شیر ❹ کچا ❺ ہرا ❻ ایک قسم کا پتھر ❼ ایک خاص طرز کا حلوا سوہن ❽ رسیلا ❾ رس بھرا۔

**دودھیلی** (ہ) اسم صفت ❶ بہت دودھ دینے والی گائے بھینس ❷ بکری وغیرہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی (ا) مثل۔ جس سے نفع ہو اس کی کڑوی باتیں بھی سہنی ہی پڑتی ہیں۔
دور (ع) اسم مذکر ❶ گردش ❷ چکر ❸ چرخ ❹ محیط ❺ چوطرفہ ❻ گرداگرد پھرنا ❼ چال ❽ رفتار ❾ روش۔
دور دورا (ا) اسم مذکر ❶ حکومت ❷ اقبال ❸ راج ❹ عہد سلطنت ❺ عمل دخل۔
دور کرنا (ا) فعل ❶ دو آدمیوں کا بیٹھ ❷ باری باری ایک دوسرے کو قرآن سنانا۔
دور (ف) اسم صفت ❶ بعید ❷ فاصلہ ❸ جدا ❹ الگ ❺ علیحدہ ❻ (کلمہ نفرت) ہٹ ❼ چل ❽ سرک ❾ پرے ہو۔
دور اندیش (ف) اسم صفت فاعل ترکیبی ❶ دور کی بات سوچنے والا ❷ ہوشیار ❸ آگے پیچھے ❹ سوچ کر بات کرنے والا۔
دور اندیشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عقلمندی ❷ عاقبت اندیشی ❸ دانائی ❹ سوچ بچار ❺ سوچنا۔
دور بھاگنا (ا) فعل ❶ الگ رہنا ❷ پاس نہ پھٹکنا ❸ نفرت کرنا۔
دوربین (ف) اسم مونث ❶ دور کی چیز دیکھنے کا آلہ (بصورت اسم صفت) دور اندیش ❷ عقلمند ❸ دور کی سوجھ رکھنے والا۔
دور پار (ا) کلمہ ❶ نفرت ❷ نصیب دشمناں ❸ خدا نہ کرے ❹ دور باد ❺ زنانہ بہجرا۔
دور پہنچنا (ا) فعل ❶ بہت بلند خیال پر پہنچنا ❷ بلند پروازی کرنا ❸ بڑوں تک پہنچنا ❹ حسب ونسب کی گالی دینا ❺ دور نکل جانا ❻ دور چلا جانا۔
دور تک پہنچنا / چلا جانا (ا) ❶ بڑوں تک پہنچنا ❷ بڑوں کی گالی دینا ❸ فاصلہ پر چلا جانا۔
دور دراز (ف) اسم صفت ❶ نہایت دور کالے کوسوں ❷ بہت دور کی جگہ۔
دور دور (ا) کلمہ نفرت ❶ پرے پرے ❷ ہٹ ہٹ ❸ سرک سرک پرے ہو۔
دور دور پہنچنا / دور دور پھرنا (ا) فعل ❶ بلند پروازی کرنا ❷ نظر غائر ڈالنا۔
دور دور کرنا (ا) فعل ❶ پرلے درجے کی نفرت کا اظہار کرنا ❷ کسی کو پاس نہ آنے دینا۔

دور رہنا (ا) فعل ❶ الگ رہنا ❷ جدا رہنا۔
دور کا ناتا / رشتہ (ا) اسم مذکر ❶ رشتہ بعید ❷ قرابت بعیدہ ❸ دور کا واسطہ۔
دور کرنا (ا) فعل ❶ الگ کرنا ❷ پاپ کاٹنا ❸ خارج کرنا ❹ ہٹانا ❺ ہٹ جانا ❻ باز آنا ❼ غائب کرنا ❽ پوشیدہ کرنا ❾ موقوف کرنا۔
دور کی بات (ا) اسم مونث ❶ باریک بات ❷ باریکی ❸ تہ کی بات ❹ سمجھ کی بات ❺ نکتہ۔
دور کے ڈھول سہانے (ا) مثل۔ دور سے اچھا معلوم ہونا اور پاس سے برا لگنا۔
دور کی سنانا (ا) فعل ❶ گالیاں دینا ❷ باپ دادے پٹنا۔
دور کی سوجھنا (ا) فعل ❶ گہرا خیال آنا ❷ کسی تازہ خیال کا ذہن میں آنا ❸ دور اندیش ہونا۔
دور کی کٹوری لانا (ا) فعل ❶ قابل فخر کام کرنا ❷ بڑا کام کرنا۔
دور کی کہنا (ا) فعل ❶ نہایت سمجھ کی بات کہنا ❷ سمجھ سے باہر کی بات کہنا۔
دور کی ہانکنا (ا) فعل ❶ شیخی مارنا ❷ قابلیت اور لیاقت سے بڑھ کر دعوےٰ کرنا۔
دور ہو (ا) کلمہ نفرت ❶ چل ❷ دور ❸ پرے ❹ سرک ❺ دفع ہو۔
دور رہونا (ا) فعل ❶ جا تا رہنا ❷ فاصلہ پر ہونا ❸ کالے کوسوں ہونا ❹ بہت سمجھدار ہونا ❺ نہایت شریر اور بدذات ہونا ❻ ہٹنا ❼ سرکنا ❽ پرے ہو جانا۔
دوراں (ف) اسم مذکر فاعل ❶ گردش کرنے والا ❷ زماں ❸ زمانہ ❹ وقت ❺ عمر ❻ گردش ❼ چکر۔
دوران سر (ف) اسم مذکر ❶ سر گھومنا ❷ سر چکرانا ❸ سر کا چکر ❹ گھمیری۔
دورہ (ا) اسم مذکر ❶ گردش ❷ چکر ❸ باری ❹ نوبت ❺ حاکموں کا اپنے علاقہ میں پھرنا ❻ گشت۔
دوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ فاصلہ ❷ بعد ❸ جدائی ❹ فرق ❺ تفاوت ❻ ہجر۔
دوڑ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر دوڑنا سے ❶ دھاوا ❷ حملہ ❸ بھاگ ❹ چڑھائی ❺ پہنچ ❻ رسائی ❼ سعی ❽ کوشش ❾ پیروی۔
دوڑ دوڑ کے جانا (ہ) فعل ❶ بڑی کوشش سے جانا ❷ دمبدم جانا ❸

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

بڑے شوق اور خواہش سے جانا۔

دوڑ دھوپ (ہ) اسم مونث ① محنت ② مشقت ③ کوشش ④ سعی ⑤ تگ ودو۔

دوڑ کر چلنا (ہ) فعل ① تیزی سے چلنا ② بھاگ کر چلنا ③ حیثیت سے باہر قدم رکھنا ④ بڑھ کر چلنا ⑤ بے تامل کسی کام کو مستعد ہوجانا۔

دوڑ مارنا (ہ) فعل ① لوٹ مار کرنا ② دھاوا کرنا ③ دشمن پر ناگہاں چھاپہ مارنا ④ یکا یک حملہ کرنا ⑤ عالم بے خبری میں چھاپہ مارنا ⑥ لمبا سفر کرنا ⑦ دراز مسافت طے کرنا ⑧ نہایت کوشش کرنا ⑨ دشوار کام انجام دینا۔

دوڑا دوڑی (ہ) اسم مونث ① بھاگ دوڑ ② بھاگا بھاگ۔

دوڑانا (ہ) فعل ① بھگانا ② جلدی جلدی چلانا ③ جلدی قاصد بھیجنا ④ پھیلانا ⑤ بچھانا ⑥ مشقت لینا۔

دوڑنا (ا) فعل ① دوڑانا کا لازم ② بھاگنا ③ جلدی چلنا ④ پھیلنا ⑤ بچھنا ⑥ تھکنا۔

دوزخ (ف) اسم مذکر و مونث ① جہنم ② نرک ③ مجازاً پیٹ ④ شکم ⑤ معدہ۔

دوزخی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① جہنمی ② گناہ گار ③ دوزخ میں رہنے والا۔

دوس (ہ) اسم مذکر ① الزام ② قصور ③ جرم ④ عیب ⑤ گناہ ⑥ نقص ⑦ خطا۔

دوس دینا (ہ) فعل ① الزام لگانا ② قصوروار ٹھہرانا ③ عیب لگانا ④ شکوہ شکایت کرنا۔

دوسار ہونا (ہ) فعل ① تیر یا نیزہ وغیرہ کا آر پار نکل کر لٹک جانا ② بدن سے پار ہوجانا۔

دوساہی/ دوساکھی (ہ) اسم صفت ① دوفصلی ② خریف اور ربیع دونوں فصلیں دینے والی زمین۔

دوست (ف) اسم مذکر ① لغوی معنی پیوستہ و چسپاں ② یار ③ متر ④ آشنا ⑤ خیرخواہ ⑥ معشوق ⑦ محبوب ⑧ پیارا ⑨ پریتم۔

دوست رکھنا (ا) فعل ① عزیز رکھنا ② پسند کرنا ③ چاہنا ④ پیار کرنا۔

دوستانہ (ا) اسم مذکر اسم مصدری ① از دوست ② یاری ③ آشنائی ④ محبت ⑤ پیار (بصورت تابع فعل) دوستوں کی طرح ⑥ آشناؤں جیسا۔

دوستدار/ دوستار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خیرخواہ ② ہمدرد ③ دلسوز ④ مشفق ⑤ ہمراز۔

دوستداری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خیرخواہی ② ہمدردی ③ دلسوزی۔

دوستی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دوستانہ ② یارانہ ③ یاری ④ محبت ⑤ اتحاد ⑥ پیار۔

دوستی روٹی (ا) اسم مونث ① جڑواں روٹی ② دوپڑی روٹی ③ دو پیڑوں کے بیچ میں گھی لگا کر پکائی ہوئی بعد میں الگ الگ کی ہوئی روٹی۔

دوسرا (ا) اسم صفت عددی ① دوم ② دیگر ③ ثانی ④ اجنبی ⑤ غیر ⑥ مقابل کا ⑦ برابر کا۔

دوسرایت (ا) اسم مونث مصدری ① اجنبیت ② دوسراپن ③ غیریت ④ غیر ہونا ⑤ (بواؤ معدولہ پڑھو)۔

دوش (س) اسم مذکر ① گناہ ② پاپ ③ الزام ④ قصور ⑤ خطا۔

دوش (ف) اسم مذکر ① کندھا ② مونڈھا ③ شانہ ④ گزری ہوئی رات ⑤ گزشتہ شب۔

دوشالہ (ا) اسم مذکر ① چادر جوڑا ② الوان کی دہر ③ پشمینہ کی دہری چادر۔

دوشنبہ (ف) اسم مذکر ① پیر کا دن ② سوموار۔

دوشیزگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بکارت ② کنوارا پن۔

دوشیزہ (ف) اسم مونث ① کنواری ② باکرہ ③ بن بیاہی ④ کنیا ⑤ اچھیڑ۔

دوغلا (ا) اسم صفت ① دونسلا ② وہ شخص جس کے ماں باپ ایک نسل کے نہ ہوں ③ کم ذات ④ کمینہ ⑤ کم اصل۔

دوغلی (ا) اسم مونث ① دونسلی ② میل کی ③ منافق ④ دوغلا کی مونث ⑤ دورخی۔

دوغلی بات (ا) اسم مونث ① دورخی بات ② وہ بات جو یکطرفہ نہ ہو۔

دوکھ (ہ) اسم مذکر ① خطا ② قصور ③ الزام ④ دوس اور دوش کا مترادف۔

دوکھنا (ہ) فعل ① دوس لگانا ② دوش دینا ③ بہتان لگانا ④ الزام سرتھوپنا ⑤ پوشیدہ عیب ظاہر کرنا ⑥ برا کہنا ⑦ بات کاٹنا۔

دو گھڑی کی بیحیائی سارے دن کا ادھار (ا) مثل۔ تھوڑی سی بے مروتی سے بہت عرصہ کے لئے آرام ہوجاتا ہے۔

دولت (ع) اسم مونث ① نصیبہ ② اقبال ③ ظفر ④ نصرت ⑤ دھن ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140721

مال 7 زر 8 لچھمی 9 نقدی۔

دولت خانہ/ دولت سرا (عف) اسم مذکر 1 محلسرا 2 غریب خانہ کی ضد 3 تعظیماً مسکن 4 رہنے کا گھر۔

دولتمند (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی 1 مالدار 2 دھنی 3 امیر 4 تونگر۔

دولتمندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 امیری 2 تونگری 3 مالداری۔

دولھا بھائی (ہ) اسم مذکر 1 بہنوئی 2 بہن کا خاوند 3 بہن کا دولھا۔

دولھا دولھن پائے سہ بالا لاتیں کھائے (ہ) مثل۔ آرام کوئی پائے اور تکلیف کوئی اٹھائے۔

دولھا دولھن مل گئے جھوٹی پڑی برات (ہ) کہاوت۔ دوست دوست باہم ایک ہوگئے دوسرے دخل دینے والے مفت میں برے بنے۔

دوم (ف) اسم صفت عددی 1 دوسرا 2 دیگر 3 ثانی۔

دون (ا) اسم مونث 1 گھاٹی 2 درہ 3 دامن کوہ۔

دون (ہ) اسم مونث 1 شیخی 2 لاف وگزاف 3 تعلّی 4 ڈینگ 5 گانے میں اونچا سر۔

دون کی لینا (ا) فعل 1 شیخی مارنا 2 اترانا 3 خودستائی کرنا۔

دون (ء) اسم صفت (مرکبات میں) کمینہ ادنٰے 1 سفلہ 2 کم 3 پاجی (حرف استثنا) سوائے 4 بجز 5 غیر 6 زیر 7 نیچے 8 فوق کی ضد۔

دون (ہ) اسم مذکر 1 آگ 2 آتش 3 نار 4 شعلہ 5 لوکا 6 لو 7 پیاس 8 تشنگی 9 گرمی۔

دون لگنا (ہ) فعل 1 آگ لگنا 2 تشنگی غالب ہونا 3 آتش عشق کا مشتعل ہونا 4 سند محبت ہونا۔

دونا (ہ) اسم صفت عددی ضعفی 1 دوچند 2 دگنا 3 دوبالا 4 افزوں 5 زیادہ 6 دہرا 7 ڈبل۔

دونا ہونا (ہ) فعل 1 زیادہ ہونا 2 بڑھ جانا۔

دونگڑی (ہ) اسم مونث 1 دمذکر برسات کی وہ بارش جو خوب زور سے تھوڑی دیر برسے 2 چھلانگیں 3 سلا کڑے۔

دونوں (ہ) اسم عدد استغراقی۔ ہردو۔

دونوں باگیں کسنا (ہ) فعل۔ تلواری کا دونوں طرف سے جھک جانا۔

دونوں وقت ملنا (ہ) فعل 1 شام ہونا 2 دن گزرنا اور رات آنا۔

دونوں کی چاٹ پڑنا/ لگنا (ہ) فعل 1 چٹورپن ہونا 2 بازاری سودوں کا مزا پڑنا۔

دونی (ہ) اسم مونث 1 دو کا پہاڑہ 2 ہر عدد کا دوچند حاصل۔

دوہرا (ہ) اسم مذکر 1 شعر 2 بیت 3 فرد 4 دومصرعوں کا ہندی شعر۔

دوہائی/ دہائی (ہ) اسم مونث 1 فریاد 2 نالش 3 استغاثہ 4 شور و فغاں 5 پناہ 6 امن 7 بچاؤ 8 قسم 9 واسطہ۔

دوہائی پھرنا (ہ) فعل 1 منادی ہونا 2 شہرت ہونا 3 اعلان دینا 4 ڈونڈی پیٹنا۔

دوہائی دینا (ہ) فعل 1 مظلوم کا فریاد کرنا 2 داد مانگنا 3 انصاف چاہنا 4 قسم دینا 5 واسطہ دینا 6 شور کرنا 7 غل مچانا 8 منادی کرنا 9 ڈونڈی پیٹنا۔

دوہر (ہ) اسم مونث 1 دوہری چادر 2 دریا کی پرانی تہ 3 زمین میں دوسری دفعہ قلبہ رانی دو فصلی زمین۔

دوہرا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 دوتہ کا 2 ڈبل 3 دوچند 4 موٹا 5 فربہ۔

دوہرتہرا (ہ) اسم صفت 1 دوچند 2 سہ چند۔

دوہرانا (ہ) فعل 1 دوتہ کرنا 2 پھیرنا 3 دوسری دفعہ پڑھنا 4 اموختہ پھر کر پڑھنا 5 ذکر کرنا 6 روایت کرنا 7 اعادہ کرنا 8 کسی کام کو دوسری دفعہ کرنا۔

دوہنا (ہ) فعل۔ دودھ نکالنا۔ تھنوں میں سے دودھ برتن میں نکالنا۔

دوہنی (ہ) اسم مونث 1 ظرف 2 دودھ دہنے کا برتن۔

دُوئی (ہ) اسم مونث 1 دوسمجھنا 2 شرک 3 توحید کی ضد 4 علیحدگی 5 فراق 6 جدائی۔

دُوئی ڈالنا (ا) محاورہ 1 غیریت پیدا کرنا 2 نفاق ڈالنا 3 جدائی ڈالنا 4 ان بن پیدا کرنا۔

دُوئی کا پردہ اُٹھنا (ا) محاورہ 1 غیریت مٹنا 2 ایک ہونا۔

## د ← ہ

دہ (ف) دس۔ عشر۔ ۱۰۔

دہ چند (ف) اسم صفت ضعفی۔ دس گنا۔ دس حصے۔

دہ (ہ) اسم مونث (دیہہ کا مخفف) وحدت کی ضد 1 دوسمجھنا 2 شرک۔ علیحدگی کی ضد 3 فراق 4 جدائی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

دہ (ہ) اسم مونث ① ندی ② بہت گہرا پانی ③ بھنور ④ گرداب ⑤ ورطہ۔

دہ (ف) اسم مذکر ① گانو ② قریہ ③ گرام ④ پری ⑤ نگری ⑥ آبادی (دیہہ کا مخفف ہے)

دہ بندی (ف) اسم مونث ① حد بندی ② مفصلات کا نقشہ۔

دھا (ہ) اسم مذکر ① سر ② لے ③ ترانہ ④ امنگ ⑤ ہندی راگ کا چھٹا جز ⑥ دودھ پلانے والی۔

دھابا (ہ) اسم مذکر ① کچی چھت ② کچا کوٹھا یا مکان ③ ناتجربہ کاروں کا بنایا ہوا مکان ④ عام رسوئی گھر ⑤ باورچی کی دکان۔

دھاپ (ہ) اسم مونث ① میل بھر فاصلہ ② وہ فاصلہ جو آدمی ایک سانس دوڑ کر طے کر سکے۔

دھاپنا (ہ) فعل ① عاجز ہونا ② تھکنا ③ ہارنا ④ رجنا ⑤ سیر ہونا ⑥ چھکنا۔

دھات (ہ) اسم مونث ① وہ معدنی جوہر جو آگ میں پگھلنے کی صلاحیت رکھتا ہو جیسے سونا چاندی وغیرہ ② منی۔

دھات پشٹ (ہ) اسم مونث ① دھات یعنی منی کو گاڑھا کرنے کی دوائی ② مغلظ منی۔

دھات چھن (ہ) اسم مونث ① جریان سیلان منی ② دھات بہنا۔

دہات / دیہات (ف) اسم مذکر ① عربی قاعدے سے فارسی لفظ دہ کی جمع ② بہت سے گاؤں۔

دہاتی / دیہاتی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت و نسبتی ① گاؤں کا رہنے والا ② منسوب بہ دہ۔

دھار (ہ) اسم مونث ① خط ② لکیر ③ رقیق اور پتلی چیز کا فوارہ ④ تلوار ⑤ خنجر کی باڑھ ⑥ آب شمشیر و خنجر ⑦ پانی کا بہاؤ ⑧ تھوہڑ کی دھار ⑨ گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں سے نکلنے والی دودھ کی تاتڑ۔

دھار باندھنا (ہ) فعل ① سحر یا افسوں کے زور سے تلوار یا چھری وغیرہ کی دھار کو کند کر دینا ② جادو سے ہتھیار کی کاٹ کو روک دینا۔

دھار چڑھنا (ہ) فعل۔ گنگا یا جمنا جی پر منت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا۔

دھاردار (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ① تیز ② باڑھ دار۔

دھار پر مارنا (ا) محاورہ ① پرواہ نہ کرنا ② خاطر میں نہ لانا ③ کوئی اہمیت نہ دینا۔

دھار رکھنا (ہ) فعل ① تیز کرنا ② باڑھ رکھنا ③ چھری کو پتھر پر تیز کرنا۔

دھارا (ہ) اسم مونث ① چشمہ ② دہانہ ③ سوتا ④ سوت ⑤ آبشار ⑥ جھرنا ⑦ پانی بہنے کی جگہ ⑧ سلسلہ کوہ ⑨ پہاڑ کی چوٹی۔

دھارن (ہ) اسم مونث ① رکھا ہوا ② نگہداشت ③ رکھاؤ ④ تول ⑤ خاص وزن۔

دھارن کرنا (ہ) فعل ① قبول کرنا ② اختیار کرنا ③ تولنا ④ زیب تن کرنا۔

دھارنا (ہ) فعل ① قبول کرنا ② اختیار کرنا ③ رکھنا ④ کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا ⑤ پرورش کرنا ⑥ پالنا ⑦ سنبھالنا ⑧ پکڑنا۔

دھاری (ہ) اسم مونث ① خط ② لکیر ③ ریکھا ④ رکھنے والا ⑤ دھونے والا۔

دھاری دار (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی خط دار۔ وہ کپڑا جس میں سیدھی سیدھی لکیریں ہوں۔

دھاڑ (ہ) اسم مونث ① مجمع ② ہجوم ③ گروہ ④ چوروں کا جتھا ⑤ کثرت اولاد ⑥ جلدی ⑦ اشد ضرورت ⑧ بے قراری۔

دھاڑ پڑنا (ہ) فعل ① ڈاکوؤں کے گروہ کا حملہ کرنا ② جلدی پڑنا ③ شتابی ہونا۔

دھاڑ کی دھاڑ (ہ) تابع فعل ① تاکیدی گرہ کا گروہ ② ہجوم کا ہجوم ③ سارا جتھا ④ کثرت اور انبوہ۔

دھاڑا (ہ) اسم مذکر ① لوٹ ② مال غنیمت ③ لوٹ کا مال ④ گھرے۔

دھاڑا لگنا (ہ) فعل ① مال غنیمت ہاتھ آنا ② مفت کا مال مانا ③ لوٹ ہاتھ آنا ④ بہت سستا خرید لینا ⑤ گھرے ہو جانا۔

دہاڑا (ہ) اسم مذکر ① حال ② حالت ③ درجہ ④ لت ⑤ درگت ⑥ برا درجہ۔

دہاڑی (ہ) اسم مونث ① ایک دن کی کمزوری ② یومیہ اجرت ③ روزینہ۔

دھاڑی (ہ) اسم مذکر ① نامی چور ② بڑا لٹیرا ③ ڈاکو ④ چوروں کے جتھے کا ایک آدمی۔

دہاڑے بھرنا (ہ) فعل ① مصیبت اٹھانا ② برے حال سے زندگی بسر کرنا ③ سخت تکلیف اٹھانا ④ افلاس اور مفلسی میں دن گزارنا ⑤ سخت وقت سہنا۔

دہاڑنا (ہ) فعل ① خیر کا بولنا ② ڈرو کنا ③ غرانا ④ گونجنا ⑤ غل مچانا ⑥ شور کرنا ⑦ بچوں کا سخت آواز سے رونا۔

دھاک (ہ) اسم مونث ① رعب ② خوف ③ دہشت ④ ڈر ⑤ ہیبت ⑥ دبدبہ ⑦ جاہ و جلال ⑧ شہرت ⑨ دھوم دھام۔

دھاک بندھنا (ہ) فعل ① شہرت ہونا ② رعب بیٹھنا ③ رعب ہونا۔

دہاکا (ہ) اسم مذکر ① رنج ② فکر ③ صدمہ ④ ڈر ⑤ خوف ⑥ رعب ⑦

Join us on whatsapp Naveed Baig 03144072218

دس 8 دہائی 9 عشر۔

**دہا کا بیٹھنا** (ہ) فعل 1 خوف یا صدمہ میں آجانا 2 دہشت بیٹھنا۔

**دہا کے دینا** (ہ) فعل 1 ڈراوے دینا 2 خوف دلانا 3 دم دینا 4 فریب دینا 5 دھوکا دینا۔

**دھاگا** (ہ) اسم مذکر 1 تاگا 2 سوت کا ڈورا 3 دم فریب 4 دھوکا۔

**دھاگا دینا** (ہ) فعل 1 فریب دینا 2 دم دینا۔

**دھام** (ہ) اسم مذکر 1 گھر 2 جنت۔

**دھامن** (ہ) اسم مذکر 1 ایک قسم کا بہت لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینسوں کی ٹانگوں کو جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے 2 ایک قسم کا بانس 3 ایک عمدہ گھانس قاصد 4 پیک 5 دوت۔

**دھان** (ہ) اسم مذکر 1 چھلکے سمیت چاول 2 شالی 3 چاول کا پودا۔

**دھان پان** (ہ) اسم صفت 1 لغوی معنی دھان کے پیڑ اور پان کے پتے جیسا مجازاً 2 نازک 3 پتلا دبلا 4 لاغر 5 نازک بدن۔

**دہان** (ف) اسم مذکر 1 منہ 2 دہن 3 مکھ 4 مکھڑا 5 سوراخ 6 روزن 7 چھید 8 شگاف۔

**دھانا** (ہ) فعل 1 دوڑنا 2 بھاگنا 3 چل دینا 4 روانہ ہونا 5 کوشش کرنا 6 سعی کرنا 7 عبادت کرنا 8 یاد خدا کرنا 9 نام جپنا۔

**دہانا** (ہ) فعل 1 چتا میں رکھنا 2 جلانا 3 پھونکنا 4 داہ دینا۔

**دھاندل** (ہ) اسم مونث 1 بے ایمانی 2 مکر 3 فریب 4 حیلہ 5 جھگڑا 6 ننٹا 7 رولا 8 گڑبڑ۔

**دھاندل باز** (ا) اسم مذکر فاعلی ترکیبی 1 مکار 2 فریبی 3 جھگڑالو 4 بے ایمان۔

**دھاندلی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت 1 حجتی 2 جھگڑالو 3 فریبی 4 مکار۔

**دھانس** (ہ) اسم مونث 1 خشک تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی اٹھے 2 ہلکی کھانسی 3 کم صرفہ۔

**دھانسنا** (ہ) فعل 1 بیل 2 گھوڑے وغیرہ کا کھانسنا۔

**دھانسی** (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے وغیرہ کی کھانسی۔

**دھانک** (ہ) اسم مذکر فاعل 1 تیرانداز 2 کماندار 3 ایک پہاڑی قوم کا نام۔

**دہانہ** (ف) اسم مذکر 1 منہ 2 دہن 3 مکھ 4 دریا کے سمندر وغیرہ میں جا گرنے کی جگہ 5 مشک کا منہ 6 نالی 7 موری 8 بدررو 9 لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے۔

**دہانہ کھولنا** (ہ) فعل 1 مشک کا منہ کھولنا 2 پانی چھوڑنا 3 پیشاب کرنا۔

**دھانی** (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی 1 صفت 2 زردی مائل 3 سبز رنگ 4 ہلکا سبز 5 دھان بونے کی زمین 6 ایک قسم کے چاول۔

**دھاوا** (ہ) اسم مذکر 1 بڑا حملہ 2 یورش 3 چڑھائی 4 چکر 5 گرداوری 6 ایک قسم کا درخت 7 جو رنگنے کے کام آتا ہے اور جس کے پھولوں کو گل دھاوا کہتے ہیں۔

**دھاوا کرنا** (ہ) فعل 1 زور شور سے چڑھائی کرنا 2 حملہ کرنا 3 یورش کرنا۔

**دھاوا مارنا** (ہ) فعل 1 لمبا سفر طے کرنا 2 چڑھے چلے جانا 3 چکر لگانا۔

**دہائی** (ہ) اسم مونث۔ دس کے عدد کا درجہ۔

**دہائی** (ہ) اسم مونث 1 فریاد 2 واویلا 3 دادرسی۔

**دھائیں** (ہ) اسم مونث صوت 1 دھاں دھوں 2 توپ کی آواز۔

**دھبا** (ہ) اسم مذکر 1 داغ 2 ٹیکا 3 نشان 4 کلنک۔

**دھبا پڑنا** (ہ) اسم مذکر 1 داغ لگنا 2 نشان پڑنا۔

**دھبا لگانا** (ہ) فعل 1 عیب لگانا 2 کلنک لگانا 3 بدنامی دینا۔

**دھب دھب** (ہ) اسم صوت مونث۔ بھدے اور موٹے آدمی کے پیروں کی آواز۔

**دھبلا / دھگلا** (ہ) اسم مذکر 1 عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہ بند 2 گھگرا 3 لہنگ 4 بدقطع اور بے وضع پاجامہ۔

**دَھپ** (ہ) اسم مونث۔ 1 آواز 2 شور 3 بھاری جسم کے گرنے کی آواز 4 تھپر 5 خسارہ۔

**دَھپا** (ہ) اسم مذکر 1 ڈھول 2 چانٹا 3 نقصان 4 ضرر۔

**دھت** (ہ) اسم مونث 1 عادت 2 سبھاؤ 3 بان 4 خراب اور بدعادت (بصورت اسم صوت) ہاتھی کے چلانے اور ہمت دلانے کی آواز۔

**دھت پڑنا / لگنا** (ہ) فعل 1 لت لگنا 2 عادت بد پڑ جانا 3 بان پڑنا۔

**دھت / دت** (ہ) اسم صفت 1 مخمور 2 نشہ میں چور 3 بدمست 4 دھنا 5 دھتکار۔

**دھتا** (ہ) اسم مذکر 1 ٹال مٹول 2 حیلہ بہانہ 3 مکر فریب 4 دھوکا۔

**دھتا بتانا** (ہ) فعل 1 دھوکا دینا 2 جل دینا 3 فریب دینا۔

**دھتکارنا** (ہ) فعل 1 نکالنا 2 لعنت ملامت 3 ملامت کرنا 4 ہنکانا 5 در کارنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

دھتورا (ہ) اسم مذکر۔ ایک خاردار زہریلے پودے کا نام ہے۔

دھتیا (ہ) اسم مذکر فاعل ① دھت والا عادی ② لتیا۔

دھج (ہ) اسم مذکر و مونث ① طرز ② روش ③ ڈھب ④ انداز ⑤ ڈھنگ ⑥ صورت ⑦ شکل۔

دھجا (ہ) اسم مونث ① بیرق ② جھنڈی ③ جھنڈے کا پھریرا ④ جھنڈا ⑤ علم ⑥ نشان ⑦ روپ ⑧ دھجی ⑨ کترن۔

دھجی (ہ) اسم مونث ① لیر ② چیتھڑا ③ کترن۔

دھجیاں اڑانا (ہ) فعل ① پارہ پارہ کرنا ② ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ③ ذلیل کرنا ④ رسوا کرنا ⑤ شرمندہ کرنا ⑥ عیب چینی کرنا ⑦ اعتراض کرنا۔

دھجیلا (ہ) اسم صفت فاعلی ترکیب ① سجیلا ② خوش اندام ③ جامہ زیب ④ خوش قطع۔

دھچکا (ہ) اسم مذکر ① صدمہ ② دھکا ③ جھٹکا ④ ہچکولا ⑤ نقصان ⑥ خسارہ۔

دھچکا اٹھانا/لگنا (ہ) فعل ① نقصان اٹھانا ② صدمہ اٹھانا ③ ٹوٹا پانا۔

دہر (ء) اسم مذکر ① زمانہ ② وقت ③ جگ ④ سماں۔

دھر (ہ) حرف تخصیص ① اردو میں انحصار کے معنی دیتا ہے ② (بصورت اسم مونث) ناف ③ نل ④ پنجابی ⑤ دھنی۔

دھر (ہ) اسم مذکر ① ابتدا ② ازل ③ ابد ④ شروع ⑤ انتہا ⑥ بعد ⑦ خاص ⑧ مخصوص (بصورت اسم مونث) چھکڑے کی وہ لوہے کی سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے۔

دھرکی (ہ) اسم صفت ① ازلی ② ابدی ③ تقدیری ④ تقدیر کی۔

دھرا (ہ) اسم مذکر ① دھری کی تذکیر ② محور ③ حد ④ پہیا پھرنے کا لٹھ ⑤ زمین کا وہ فرضی اور وہمی خط جس کے گرد زمین کی اپنی حرکت متصور کی گئی ہے۔

دھرا دھر (ہ) تابع فعل ① اس سرے سے اس سرے تک ② از ابتدا تا انتہا۔

دھرا جانا (ہ) فعل ① پکڑا جانا ② گرفتار ہونا ③ قید ہونا۔

دھرا رہتا ہے (ہ) محاورہ ① بالکل بے فائدہ ہے ② فضول ہے ③ نکما پڑا رہتا ہے۔

دہرانا (ہ) فعل ① اعادہ کرنا ② دوبارہ کہنا ③ روایت کرنا ④ ذکر چلانا ⑤ دہرا کرنا ⑥ پھیرنا ⑦ دور کرنا ⑧ آموختہ پڑھنا۔

دھرتا (ہ) اسم مذکر ① متی کاٹا ② کٹوتی ③ بٹا ④ کمیشن ⑤ ڈسکونٹ۔

دھرتی (ہ) اسم مونث ① زمین ② ارض ③ پرتھمی ④ دنیا ⑤ جہان۔

دھرتی باہنا (ہ) فعل ① زمین جوتنا ② زمین میں ہل چلانا ③ تر کرنا۔

دھرتی کا پھول (ہ) اسم مذکر ① کھمبی ② سانپ کی چھتری ③ پرانی لکڑی کا وہ چھتا جو برسات کے دنوں پھوٹ آتا ہے ④ نیا نواب ⑤ نو دولت ⑥ مینڈک ⑦ غوک۔

دھر دھر جلنا (ہ) فعل ① تیزی سے جلنا ② خوب شعلے دے کر جلنا ③ شعلہ افروز ہونا۔

دھر دھمکنا (ہ) فعل ① آموجود ہونا ② جلد چلے آنا ③ لپکنا ④ دوڑنا۔

دھر رکھنا (ہ) فعل ① بچا رکھنا ② رکھ چھوڑنا ③ چھپا رکھنا ④ تھام لینا ⑤ روک لینا۔

دھرکار (ہ) اسم مونث ① لعنت ② پھٹکار ③ درکار۔

دھرم (ہ) اسم مذکر (ہندو) ① ایمان ② عقیدہ ③ فرض ④ اعتقاد ⑤ مذہب ⑥ پنتھ ⑦ مت ⑧ انصاف ⑨ عدل۔

دھرم اپدیش (ہ) اسم مذکر ① مذہبی وعظ ② دینی نصیحتیں ③ اخلاق ④ ادب۔

دھرم آتما (ہ) اسم صفت ① سخی ② کریم النفس ③ فیاض ④ فیض رساں۔

دھرم چاری (ہ) اسم صفت ① دھرم والا ② نیک ③ صالح ④ دیندار ⑤ پاکدامن ⑥ پارسا ⑦ عفیف ⑧ دھرمی ⑨ نیک بخت۔

دھرم سالا/شالہ (ہ) اسم مذکر ظرف ① مسافر خانہ ② خانقاہ۔

دھرم سے (ہ) تابع فعل ① ایمانا ② حق الامر ③ قسمیہ طور پر۔

دھرم شاستر (ہ) اسم مذکر ① فقہ ہنود ② ہندوؤں کی فقہ کی کتابیں۔

دھرم کمانا (ہ) فعل ① نیک کام کرنا ② نیکی حاصل کرنا۔

دھرمی (ہ) اسم صفت ① دیندار ② پرہیزگار ③ مقدس۔

دھرن (ہ) اسم مونث ① زمین ② ارض ③ دھرتی ④ پرتھی ⑤ بچہ دان ⑥ رحم ⑦ حمل رہنے کی جگہ ⑧ ناف ⑨ تلا۔

دھرن ٹلنا/ڈگنا (ہ) فعل۔ رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

دھرنا (ہ) فعل ① رکھنا ② قائم کرنا ③ ٹکانا ④ بٹھانا ⑤ جمانا ⑥ گرو رکھنا ⑦ رہن کرنا ⑧ امانت رکھنا ⑨ قبضہ کرنا۔

دھرنا دینا (ہ) فعل ① دھئی دے کر بیٹھ رہنا ② جم کر بیٹھنا ③ قرض خواہ کی طرح جم جانا۔

دھرو (ہ) اسم مذکر ① قطب تارا ② قطب مانی ③ کیلی ④ چکی پھرنے کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 031407718

www.besturdubooks.net

کیل ⑤ زمین کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔

**دھروڑ/ دھروہڑ** (ہ) اسم مونث ① امانت کا مال ② مال محولہ ③ ودیعت کی چیز۔

**دھری** (ہ) اسم مونث ① محور ② لوہے کی وہ سلاخ جس پر پیا پھرتا ہے ③ کیلی مانی۔

**دہری بات** (ہ) اسم مونث ① پہلو دار بات ② دورخی بات ③ ذو معنی بات۔

**دہریہ** (ع) اسم مذکر فاعلی ① منکر خدا ② لامذہب ③ وہ شخص جو زمانہ کو ہی خدا تصور کرے۔

**دھڑ** (ہ) اسم مذکر ① بدن ② جسم ③ تن ④ جسد ⑤ لوتھ ⑥ نعش ⑦ لاشہ ⑧ جسم بے سر۔

**دھڑ رہ جانا** (ہ) فعل ① فالج ہو جانا ② جسم کا حرکت سے رہ جانا ③ حرکت نہ کر سکنا۔

**دھڑا** (ہ) اسم مذکر ① دس سیر کا بٹ ② گروہ ③ جتھا ④ جماعت ⑤ وزن ⑥ پانچ سیر کا وزن ⑦ دھڑی۔

**دھڑا باندھنا** (ہ) فعل ① جتھا باندھنا ② دو گروہ ہونا ③ تہمت لگانا ④ پاسنگ کرنا ⑤ کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔

**دھڑا کرنا** (ہ) فعل۔ کسی خالی چیز یا برتن کے وزن کے برابر کوئی چیز ڈال کر ترازو کے دونوں پلڑوں کو برابر کرنا۔

**دھڑا دھڑ** (ہ) تابع فعل ① کسی چیز کے برابر کرنے یا بٹنے کی آواز ② پے در پے متواتر۔

**دھڑاکا** (ہ) اسم مذکر ① دھماکا ② بندوق یا زور کے مینہ یا زور کے گوز کی آواز۔

**دھڑاکے سے** (ہ) تابع فعل ① پھرتی سے ② جلدی سے۔

**دھڑام** (ہ) اسم مونث صوت ① کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز ② پانی میں کودنے کی آواز۔

**دھڑ دھڑ** (ہ) اسم مونث ① کواڑوں کے متواتر پٹنے یا کنڈی کھڑکھڑانے کی آواز ② دل کے دھڑکنے کی آواز ③ دل کا دھک دھک کرنا۔

**دھڑک** (ہ) اسم مونث ① تڑپ ② دھڑکن ③ اضطراب ④ بے قراری ⑤ ڈر ⑥ خوف۔

**دھڑکا** (ہ) اسم مذکر ① دل کی دھڑکن ② اختلاج قلب ③ خفقان ④ خوف ⑤ اندیشہ ⑥ ڈر۔

**دھڑکا** (ہ) اسم مذکر ① دل کی دھڑکن ② اختلاج قلب ③ خفقان ④ خوف ⑤ اندیشہ ⑥ ڈر۔

**دھڑکن** (ہ) اسم مونث ① تڑپ ② بے قراری ③ اضطرابی ④ اختلاج قلب ⑤ ہول دل۔

**دھڑکنا** (ہ) فعل ① تڑپنا ② بے قرار ہونا ③ دل کا اچھلنا ④ دہلنا ⑤ خوف کھانا ⑥ ڈرنا۔

**دھڑلا** (ہ) اسم مذکر ① ہجوم ② بھیڑ ③ ازدحام ④ گروہ ⑤ لوگوں کا مجمع ⑥ اعلانیہ کوئی کام کرنا ⑦ بے باکی ⑧ بے خوفی۔

**دھڑی** (ہ) اسم مونث ① پنیری ② پانچ سیر کا بٹ ③ پانسو روپے ④ مسی کی تہ ⑤ لکیر ⑥ خط ⑦ ریکھا ⑧ دس سیر وزن۔

**دھڑی بھرنا** (ہ) فعل ① وزن کرنا ② تولنا۔

**دھڑی جمانا** (ہ) فعل ① ہونٹوں پر مسی کی تہ جمانا ② مسی لگانا ③ مسی ملنا۔

**دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا** (ہ) فعل ① بالکل تباہ و برباد کرنا ② صفایا کر دینا۔

**دھڑیوں** (ہ) اسم صفت ① بکثرت ② بافراط ③ بہت بڑی خوبی سے ④ بہت اچھی طرح۔

**دھس** (ہ) اسم مذکر ① دمدمہ ② پشتہ ③ گڈھی ④ قلعہ کے گرد کا پشتہ ⑤ قلعہ گڑھ۔

**دھسا** (ہ) اسم مذکر ① شال ② طوس ③ ایک قسم کی نہایت گرم اونی چادر۔

**دھسان/ دھسن** (ہ) اسم مونث۔ دھسنے کی جگہ۔

**دھسانا** (ہ) فعل ① کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا ② اندر گھسیڑنا ③ ٹھونسنا۔

**دھسک** (ہ) اسم مونث ① کھانسی ② ہلکی کھانسی ③ دھانس۔

**دھسکا** (ہ) اسم مذکر ① کھانسی ② دھانس۔

**دھسنا/ دھنسنا** (ہ) فعل ① دلدل میں گھسنا ② ڈوبنا ③ پھنسنا ④ داخل ہونا۔

**دہشت** (ف) اسم مونث ① خوف ② ڈر ③ بھے ④ خطرہ۔

**دہشت انگیز** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① خوفناک ② ڈراؤنا ③ خطرناک ④ مہیب۔

**دہشت زدہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① ڈرا ہوا ② سہا ہوا ③ خوف کا مارا۔

**دہشت کھانا** (ا) فعل ① ڈرنا ② خوف کھانا ③ دہلنا ④ رعب میں آنا۔

Join us on whatsapp Naveed BAIG 03149077218

**وحشت ناک** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① ڈراؤنا ② بھیانک ③ خوفناک۔

**دہقان** (معرب دہ گان) اسم مذکر ① زمیندار ② مالک دہ ③ دیہاتی ④ روستا ⑤ ساکن دہ۔

**دہقانی** (معرب) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ دہقان ② دیہاتی ③ گنواری ④ اجڈ ⑤ (بحالت اسم مذکر) گنوار ⑥ دہقان۔

**دھک** (ہ) اسم مونث ① چھوٹی جوں ② لیکھ سے بڑی جوں ③ حیرت ④ دل کا دھڑکا۔

**دہک** (ہ) اسم مونث ① شرم ② حیا ③ انگارے کی دُغن۔

**دھکا** (ہ) اسم مذکر ① صدمہ ② ہچکول ③ ریلا ④ آفت ⑤ بلا ⑥ حادثہ ⑦ نقصان ⑧ ضرر۔

**دھکا دینا** (ہ) فعل ① دھکیلنا ② ہچکولا دینا ③ صدمہ پہنچانا ④ آفت لانا۔

**دھکا کھانا** (ہ) فعل ① نقصان اٹھانا ② صدمہ سہنا ③ آوارہ پھرنا۔

**دھکا لگنا** (ہ) فعل ① صدمہ پہنچنا ② نقصان ہونا ③ مار پڑنا ④ لعنت ہونا ⑤ آفت آنا۔

**دھکا پیل** (ہ) اسم مونث ① ریلا پیلی ② دھکم دھکا ③ بہت بھیڑ۔

**دھکا پیلی کرنا** (ہ) فعل ① ریلنا ② دھکیلنا۔

**دھک دھک کرنا** (ہ) فعل ① دھڑکنا ② تڑپنا ③ بے قرار ہونا ④ خوف کے مارے دل کا کانپنا۔

**دھک سے رہ جانا** (ہ) فعل ① حیرت زدہ ہوجانا ② متحیر ہوجانا۔

**دھک دھکی۔ دھک دکی** (ہ) اسم مونث۔ (پورب) دیکھو دگدگی۔

**دھکڑ پکڑ** (ہ) اسم مونث ① بے قراری ② اضطراب ③ دھڑکن ④ تردد ⑤ تذبذب ⑥ پس وپیش ⑦ کشش وپنج ⑧ امید وبیم ⑨ خوف ورجا۔

**دھکم دھکا** (ہ) اسم مذکر ① ریلا پیلی ② بھیڑ کی وجہ سے دھکوں کی کثرت۔

**دہکنا** (ہ) فعل ① آگ جلنا ② شعلہ زن ہونا ③ آگ بھڑکنا ④ بدن گرم ہونا ⑤ سلگنا ⑥ بھلسنا ⑦ روشن ہونا ⑧ چمکنا۔

**دھکیلنا** (ہ) فعل ① ریلنا ② ٹھیلنا ③ دھکا دینا ④ پیچھے سے دھکا دینا۔

**دہلا** (ہ) اسم صفت۔ تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر دس نشان ہوں۔

**دہلانا / دہلا دینا** (ہ) فعل ① ڈرا دینا ② خوف دلانا ③ چونکا دینا۔

**دھلانا / دھلوانا** (ہ) فعل ① دھونا سے متعدی ② صاف کرانا ③ پاک کرانا ④ دھوبی سے کپڑے وغیرہ صاف کرانا ⑤ سنار سے زیور کی میل چھڑانا۔

**دھلائی / دھلوائی** (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② کپڑوں کے دھونے کی اجرت۔

**دہل جانا۔ یا۔ دہلنا** (ہ) فعل ① رعب میں آجانا ② خوف زدہ ہوجانا ③ خوف کھا جانا۔

**دہلی** (ہ) اسم مونث ① دہلیز ② چوکھٹ ③ آستانہ ④ راجہ دہلو کے بسائے ہوئے شہر کا نام ہندوستان کا پایہ تخت۔

**دھلیا ٹمیا کرنا** (ہ) فعل ① کسی جھگڑے پر خاک ڈالنا ② بات دبانا ③ جھگڑا دبا دینا ④ بات دبانا۔

**دہلیز** (ف) اسم مونث ① چوکھٹ ② آستانہ ③ عتبہ ④ دہلی۔

**دہلیز کا کتا** (ا) اسم مذکر ① ہر وقت دروازے پر پڑا رہنے والا کتا ② مجازاً طفیلی آدمی ③ گردگھما ④ پچھ لگو۔

**دہلیز کے مگے سے بیر نہیں جاتا** (ا) محاورہ۔ بے وقوفانہ حرکتوں سے دشمنی نہیں جاتی۔

**دہلیز نہ جھانکنا** (ہ) فعل ① کبھی گھر نہ آنا جانا ② دروازے تک بھی نہ آنا۔

**دہم** (ہ) اسم صفت ① حیرت زدہ ② افسردگی ③ ہوا بندی ④ حبس ⑤ جھجک۔

**دہم ہونا** (ہ) فعل ① ہوا بندی ہونا ② گرمی زیادہ ہونا ③ حیران ہونا۔

**دہم** (ف) اسم صفت عددی ① دسواں ۱/۱۰ عشر ② دسویں درجہ کا۔

**دھم** (ہ) اسم مونث۔ صوت ① دھماکا ② گرنے کی آواز ③ کودنے کی آواز۔

**دھم سے کودنا / گرنا** (ہ) فعل۔ زور سے زمین پر گرنا۔

**دھما چوکڑی** (ہ) اسم مونث ① اچھل کود ② کود پھاند ③ غل غپاڑا ④ اودھم ⑤ شوروغل ⑥ بچوں کا اچھلنا کودنا۔

**دھما دھم** (ہ) اسم مونث۔ صوت ① متواتر گرنے کودنے کی آواز ② پیٹنے کی آواز۔

**دھماکا** (ہ) اسم مذکر صوت ① بندوق کی آواز ② توپ کی آواز ③ صدمہ ④ تصادم ⑤ ہاتھی پر لادنے کی توپ۔

**دھمال** (ہ) اسم مونث ① اچھل کود ② قلندر ③ فقیروں کا رقص ④ تصادم ⑤ شوروغل ⑥ دھوم دھام ⑦ ایک قسم کا راگ۔

**دھمک** (ہ) اسم مونث ① پیروں کی آواز ② آہٹ ③ دھمکا ④ صدمہ ⑤ ہلکی آواز ⑥ وہ صدمہ جو کسی سخت آواز سے دل ودماغ کو پہنچتا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140171218

دھمکا (ہ) اسم مذکر صوت 1 بندوق توپ وغیرہ کی آواز 2 صدمہ 3 تصادم۔

دھمکانا (ہ) فعل 1 ڈرنا 2 خوف دلانا 3 ڈانٹنا 4 گھرکنا 5 سرزنش کرنا۔

دھمکنا (ہ) فعل 1 صدمہ پہنچنا 2 درد ہونا 3 سر میں ہولیں اٹھنا 4 ہوک اٹھنا 5 دھمکنا دھڑکنا 6 ٹیس ہونا 7 جنبش کرنا 8 حرکت کرنا۔

دھمکی (ہ) اسم مونث حاصل مصدر 1 دہشت 2 ڈراوا 3 خوف 4 ڈانٹ ڈپٹ 5 گھرکی۔

دھمکی دینا (ہ) فعل 1 ڈرانا 2 خوف دلانا 3 ڈراوا دکھانا۔

دھمکی میں آنا (ہ) فعل 1 ڈر جانا 2 رعب میں آجانا 3 خوف مان جانا۔

دھموکا (ہ) اسم مذکر 1 مکا 2 گھونسا 3 ہڑبچھ 4 صدمہ 5 آسیب۔

دھن (ہ) اسم مونث 1 دھیان 2 خیال 3 تصور 4 توجہ 5 شوق 6 لو 7 لگن 8 سرگرمی 9 لت۔

دھن لگنا (ہ) فعل 1 دھیان لگنا 2 تصور ہونا 3 خیال جمنا 4 لولگنا 5 لگن لگنا۔

دہن (ف) اسم مذکر 1 دہان کا مخفف ہے 2 منہ 3 مکھ 4 مکھڑا۔

دھن (ہ) اسم مذکر 1 مویشی 2 چوپائے 3 گائے بھینس وغیرہ 4 قسمت 5 نصیبا 6 مال و دولت 7 جائداد 8 راس منڈل 9 راس چکر۔

دھن بھاگ/ نصیب (ا) کلمہ نشاط 1 زہے قسمت 2 زہے نصیب 3 خوش نصیبی 4 شاباش 5 صد رحمت 6 مرحبا 7 طنزاً بدنصیبی۔

دھنا/ دھننا (ہ) فعل 1 روئی صاف کرنا 2 روئی پیٹنا 3 دھنکنا 4 پیٹنا 5 مارنا 6 سزا دینا 7 بجانا 8 ضرب لگانا 9 ٹپکنا۔

دھنتر (ہ) اسم مذکر مفید صفت 1 نہایت دولتمند 2 امیر 3 مالدار 4 ایک حکیم کا نام۔

دھند (ہ) اسم مونث 1 نظر کی کمی 2 دھندلا پن 3 ایک مرض ہے جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آجاتا ہے 4 کہر۔

دھندکار (ہ) اسم مذکر 1 اندھیرا 2 تاریکی 3 دھوئیں کی سیاہی کی کثرت۔

دھندا (ہ) اسم صفت 1 اندھا کا مترادف 2 نابینا۔

دھندا (ہ) اسم مذکر 1 کام 2 کاروبار 3 مصروفیت 4 پیشہ 5 ہنر 6 مکر 7 فریب۔

دھندلا (ہ) اسم صفت فاعلی 1 دھندوالا 2 تاریک 3 بے نور 4 تیرہ 5 غیر شفاف 6 گدلا 7 دھواں سا 8 کم چمک کا 9 ماند۔

دھندلا دکھائی دینا (ہ) فعل 1 کم نظر آنا 2 صاف دکھائی نہ دینا۔

دھندے (ہ) اسم مذکر 1 کام کاج 2 مکروفریب 3 کید 4 حیلے 5 دھوکے 6 مکاریاں۔

دھنک (ہ) اسم مونث 1 کمان 2 قوس 3 دھنش 4 قوس قزح 5 پتلا گوٹا 6 ایک قسم کی اوڑھنی۔

دھنک دھاری (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت 1 کماندار 2 تیر و کمان سے مسلح آدمی۔

دھن کٹا (ہ) اسم مذکر فاعل بالف فاعلیت دھان کوٹنے والا۔

دھن کٹی (ہ) اسم مونث 1 دھان کوٹنے کا آلہ 2 اوکھلی اور موسل۔

دھن کٹی کرنا (ہ) فعل 1 دھان کوٹ کر چاول نکالنا 2 نہایت زدوکوب کرنا 3 خوب پیٹنا 4 بھرکس نکالنا۔

دھنکنا (ہ) فعل 1 روئی صاف کرنا 2 روئی دھننا۔

دھنکی (ہ) اسم مونث 1 روئی دھنکنے کی کمان 2 روئی صاف کرنے کا محراب نما آلہ۔

دھنی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت 1 دھن والا 2 مالدار 3 صاحب اقبال 4 خوش نصیب 5 کامل استاد 6 خاوند 7 مالک 8 آقا 9 شوہر۔

دھنیا (ہ) اسم مذکر۔ ایک خوشبودار پودا جس کے پتے اور بیج سالن میں ڈالتے ہیں۔

دھنیا (ہ) اسم مذکر 1 نداف 2 دھنا۔

دہنیت (ع) اسم مونث 1 چکنائی 2 چربی 3 روغن 4 چکناہٹ۔

دھو (ہ) اسم مذکر 1 ایک درخت کا نام ہے جس کی لکڑی جلاتے ہیں 2 لوہے کا حلقہ جو پہیوں پر چڑھایا جاتا ہے۔

دھواں (ہ) اسم مذکر 1 دود 2 دخان 3 بخار 4 ہوائی 5 وہ کالے کالے بخارات جو کسی کے جلاتے وقت اٹھتے ہیں 6 کالا 7 سیاہ 8 نیلا 9 کبود (کلمہ تعریف مفید صفت) غضب۔

دھواں اٹھنا (ہ) فعل 1 دھوئیں کا اوپر چڑھنا 2 آگ سلگنا 3 آہ نکلنا۔

دھواں دھار (ہ) اسم صفت 1 دخانی 2 پردود 3 بہت کالا 4 نہایت سیاہ 5 غضب 6 ستم 7 آفت خیز 8 چمکیلا 9 بھڑک دار۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دھواں دھار برسنا (ہ) فعل ① زور شور سے برسنا ② چھاجوں پانی پڑنا۔
دھواں دھار گھٹا (ہ) اسم مونث ① کالی گھٹا ② گہری گھٹا ③ زور شور کا بادل۔
دھواں دھار ہونا (ہ) فعل ① تاریکی چھا جانا ② اندھیرا گھپ ہو جانا۔
دھواں نکلنا (ہ) فعل ① سلگنا ② جلنا ③ دھواں اٹھنا۔
دھوانسا/ دھوانسا (ہ) اسم مذکر ① دھواں رچا ہوا کھانا ② دود آلود ③ جما ہوا دھواں ④ دھوئیں کے جمے ہوئے بخارات ⑤ دھوئیں کی سیاہی۔
دھوب (ہ) اسم مذکر۔ دھونا۔
دھوبن (ہ) اسم مونث ① دھوبی کی بیوی ② کپڑے دھونے والی عورت ③ ایک چڑیا کا نام بھی ہے۔
دھوبی (ہ) اسم مذکر۔ کپڑے دھونے والا۔
دھوبی پاٹ/ دھوبی پٹڑا (ہ) اسم مذکر ① کپڑے دھونے کی سل یا تختہ ② کشتی کے داؤں کا نام ہے، جس میں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں۔
دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا (ہ) مثل ① بے کار اور نکما آدمی ② ایسا شخص جس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو ③ ادھر کا نہ اُدھر کا۔
دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لٹا لٹے اور (ہ) مثل۔ پرایا مال لٹانے والے پر بولتے ہیں۔
دھوپ (ہ) اسم مونث ① سورج کی روشنی ② چمک ③ ایک قسم کی خوشبو جو ہندو لوگ پوجا کے وقت جلاتے ہیں۔
دھوپ چڑھنا (ہ) فعل ① سورج نکلنا ② دن چڑھنا۔
دھوپ چھاؤں (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا ریشمی کپڑا ② روشنی اور سایہ۔
دھوپ دینا/ دکھانا (ہ) فعل ① دھوپ میں کسی کو سکھانا ② خشک کرنا ③ دھوپ لگانا ④ خوشبو کا دھواں دینا۔
دھوپ کھانا/ لینا (ہ) فعل ① دھوپ میں سکنا ② دھوپ میں گرم ہونا۔
دھوپ میں بال (ہ) فعل ① نادانی میں عمر گزار دینا ② جہالت اور نا تجربہ کاری میں زندگی بسر کرنا۔
دھوپ نکلنا (ہ) فعل۔ سورج کا ابر یا افق سے نمودار ہونا۔
دھوتی (ہ) اسم مونث ① تہ بند ② ساڑھی۔
دھوتی بند (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① دھوتی باندھنے والا ② لنگی۔
دھوتی میں سب ننگے (ا) مثل۔ اندرونی حالت سب کی ایک جیسی نہیں ہوتی۔
دھوکا (ہ) اسم مذکر ① فریب ② جل ③ چھل ④ حیلہ ⑤ مکر ⑥ دغا ⑦ مغالطہ ⑧ غلط فہمی۔
دھوکا دہی/ دھوکا دینا (ہ) اسم مونث بیائے مصدری۔ حلف دروغی ① فریب بازی ② فریب دینا۔
دھوکا کھانا (ہ) فعل ① چوکنا ② فریب میں آنا ③ خطا کرنا۔
دھوکے (ہ) اسم مذکر۔ دھوکا کی جمع۔
دھوکے باز (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مکار ② فریبی ③ چھلیا۔
دھوکے کی ٹٹی (ہ) اسم مونث ① فریب میں لانے والی چیز ② وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں۔
دھول (ہ) اسم مونث ① گرد ② غبار ③ خاک ④ مٹی ⑤ ریت ⑥ راکھ ⑦ خاکستر۔
دھول اڑانا (ہ) فعل ① گرد اڑانا ② بدنام کرنا ③ رسوا کرنا ④ آوارہ پھرنا۔
دھول جھاڑنا (ہ) فعل ① گرد جھاڑنا ② مارنا ③ پیٹنا ④ جوتے سے خبر لینا۔
دھول کی رسی بٹنا (ہ) فعل ① بے فائدہ محنت کرنا ② ناممکن بات کی کوشش کرنا۔
دھول (ہ) اسم مذکر ① تھپڑ ② چانٹا ③ دھپا ④ ٹوٹا ⑤ نقصان۔
دھول جمانا/ دھول جڑنا (ہ) فعل ① تھپڑ مارنا ② طمانچہ لگانا۔
دھول دھپا (ہ) اسم مذکر ① چانٹا ② زور کا تھپڑ۔
دھول کھانا (ہ) فعل ① دھپا کھانا ② چانٹا کھانا۔
دھول لگنا (ہ) فعل ① تھپڑ لگنا ② نقصان ہونا ③ خسارہ پڑنا۔
دھولا (ہ) اسم صفت ① سفید ② چٹا ③ ابیض۔
دھولا پڑنا (ہ) فعل۔ خوف یا صدمہ کے مارے زرد ہو جانا۔
دھوم (ہ) اسم مونث ① شہرت ② دھاک ③ شور و غل ④ ہنگامہ ⑤ افواہ ⑥ خبر۔
دھوم دھام/ دھوم دھڑکا (ہ) اسم مونث ① اسم مذکر ② شان و شوکت ③ بھیڑ بھاڑ ④ شہرہ آوازہ ⑤ دھاک ⑥ ہنگامہ ⑦ غل غپارہ۔
دھوم مچانا (ہ) فعل ① شور کرنا ② غل مچانا ③ دہائی دینا ④ فریاد کرنا۔
دھون (ہ) اسم مذکر ① بیس سیر کا وزن ② آدھا من۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

دھونا (ہ) اسم مذکر (پورب) ① رال ② ایک قسم کا آتش گیر گوند ہوتا ہے۔

دھونا (ہ) فعل ① صاف کرنا ② پاک کرنا ③ پانی سے صاف کرنا ④ دور کرنا ⑤ زائل کرنا۔

دھونس (ہ) اسم مونث ① خوف ② ڈر ③ دھمکی ④ زبردستی ⑤ فریب ⑥ دھوکا ⑦ لگان وصول ہونے کے بعد کا جبری خرچ جو زمینداروں سے دلایا جاتا ہے۔

دھونس دینا (ہ) فعل ① دھمکی دینا ② رعب جمانا ③ فریب دینا۔

دھونسا (ہ) اسم مذکر ① بڑا نقارہ ② دمامہ۔

دھونسا کھانا (ہ) فعل ① شامت آنا ② کم بختی آنا ③ مصیبت میں پھنسنا۔

دھونسنا (ہ) فعل ① کسی چیز کو دبا کر خوب بھرنا ② ٹھونسنا ③ مارنا پیٹنا ④ سینگوں سے ٹکر مارنا ⑤ برتنا ⑥ استعمال کرنا۔

دھونسیا (ہ) اسم مذکر فاعل ① فریبی ② مکار ③ مال گذاری وصول کرنے والا ④ اور اپنا خرچ مال گذار سے لینے والا۔

دھونکنا (ہ) فعل ① آگ کو ہوا پہنچانا ② آگ جلانا۔

دھونکنی (ہ) اسم مونث آلہ۔ وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں۔

دھونی (ہ) اسم مونث ① ہندو فقرا کی تپسیا کی آگ کا ڈھیر ② کسی چیز کو جلا کر دھواں لینا۔

دھونی جگانا / رمانا / لگانا (ہ) فعل ① تپ کرنا ② تپسیا کرنا ③ فقیر ہو بیٹھنا ④ کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا۔

دھونی لینا (ہ) فعل۔ دھواں لینا۔

دھوون (ہ) اسم مذکر ① وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو ② دھلی ہوئی چیز کا پانی ③ مستعمل پانی۔

دھویا / دھایا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① صاف ② ستھرا ③ بے غیرت ④ بے حیا ⑤ سادہ لوح ⑥ پاک۔

دھویا دیدہ (ا) اسم صفت ① بدلحاظ ② بے شرم ③ بے غیرت۔

دھوئیں اڑانا (ہ) فعل ① ٹکڑے اڑانا ② دھجیاں اڑانا ③ جلا کر خاک سیاہ کر دینا ④ برباد کر ڈالنا۔

دھوئیں بکھیرنا (ہ) فعل ① بحث میں شکست دینا ② نکتہ چینی کرنا ③ خوب گت بنانا۔

دھوئیں کے بادل اڑانا (ہ) فعل۔ لغو اور بے بنیاد بات کرنا۔

دہے (ہ) اسم مذکر ① محرم کے دس دن ② ایام عاشورہ۔

دہی (ہ) اسم مذکر و مونث۔ جما ہوا دودھ۔

دھی (پ) اسم مونث ① لڑکی ② بیٹی ③ دختر۔

دھیان (ہ) اسم مذکر ① سوچ ② خیال ③ تصور ④ مراقبہ ⑤ توجہ ⑥ لحاظ ⑦ غور۔

دھیان بٹانا (ہ) فعل ① خیال کو دوسری طرف کرنا ② دوسری طرف توجہ لگانا۔

دھیان دینا / لگانا (ہ) فعل ① توجہ کرنا ② کان لگانا ③ غور کرنا۔

دھیان سے (ہ) تابع فعل ① خیال سے ② غور سے ③ توجہ سے۔

دھیان سے اترنا (ہ) فعل ① خیال سے بھول جانا ② یاد نہ رہنا۔

دھیان کرنا (ہ) فعل ① غور کرنا ② سوچنا ③ توجہ کرنا ④ خیال کرنا ⑤ مراقبہ کرنا۔

دھیان میں آنا (ہ) فعل ① یاد آنا ② ذہن پر چڑھ جانا۔

دھیان نہ لانا (ہ) فعل ① پروا نہ کرنا ② توجہ نہ کرنا ③ خیال نہ کرنا۔

دھیر (ہ) اسم مونث ① صبر ② تحمل ③ ہمت ④ استقلال ⑤ دلیری ⑥ حوصلہ۔

دھیرا (ہ) اسم مذکر فاعل ① دھیما ② نرم مزاج ③ متحمل ④ آہستہ کام کرنے والا ⑤ آہستہ رو۔

دھیرج (ہ) اسم مونث ① صبر ② تحمل ③ ہمت ④ مستعدی ⑤ مضبوطی ⑥ حوصلہ۔

دھیرج دھرنا (ہ) فعل ① صبر کرنا ② ہمت کرنا ③ تحمل کرنا ④ ٹھیرنا۔

دھیرے (ہ) تابع فعل ① آہستہ ② ہلکے ہلکے ③ سہج سہج ④ بتدریج۔

دہیز (ا) اسم مذکر (عوام) جہیز۔

دھیلا (ہ) اسم مذکر۔ آدھا پیسہ۔

دھیلی (ہ) اسم مونث ① آدھا روپیہ ② اٹھنی۔

دھیما (ہ) اسم صفت ① آہستہ ② نرم ③ سست ④ مدھم ⑤ ہلکا ⑥ کم آواز باجہ۔

دھیما کرنا (ہ) ① نرم کرنا ② سست کرنا ③ غصہ دبانا ④ ٹھنڈا کرنا ⑤ زور گھٹانا۔

دھینگ (ہ) اسم صفت ① مسٹنڈا ② مضبوط ③ قوی۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

دھینگا دھینگی (ہ) اسم مونث ① زبردستی ② زور سے ③ جبر سے۔

دھینگا مشتی (ہ) اسم مونث ① کشتی ② ہاتھاپائی۔

## د ← ی

دی (ف) اسم مذکر۔ گزرا ہوا کل۔

دی روزہ (ف) اسم صفت ① گزرے ہوئے کل کے متعلق ② گزشتہ۔

دیشپ (ف) اسم مونث ① گزرے ہوئے کل کی رات ② گزشتہ رات۔

دیا (ہ) اسم مونث ① مہربانی ② عنایت ③ کرپا ④ ترس ⑤ خوف خدا ⑥ ہمدردی ⑦ بخشش ⑧ عطا۔

دیا (ہ) اسم مذکر آلہ ① چراغ ② دیوا۔



(دیا)

دیا بتی کرنا (ہ) فعل۔ چراغ جلانا۔

دیا سلائی (ہ) اسم مونث ① چراغ یا دیا جلانے کی تیلی ② جس کے سرے پر گندھک وغیرہ لگی ہوتی ہے ③ لڑائی کو بھڑکانے والی عورت۔

دیالو (ہ) اسم مذکر فاعل ① مہربان ② ہمدرد ③ معطی ④ بخشش کرنے والا ⑤ سخی ⑥ رحیم۔

دیاونت (ہ) اسم صفت ① مہربان ② رحم دل۔

دیار (ع) اسم مذکر ① دار کی جمع ② گھر ③ خانہ ④ ملک ⑤ بلاد۔

دیال (ہ) اسم مذکر ① سخی ② بخشش کرنے والا۔

دیانت (ع) اسم مونث ① دینداری ② ایمانداری ③ سچائی ④ راستی ⑤ صدق۔

دیانت دار (عف) اسم صفت بترکیب ① سچا ② ایماندار ③ دھرمی ④ راستباز۔

دیانت داری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① سچائی ② ایمانداری۔

دیباجہ/ دیباچہ (ع) اسم مذکر ① لغوی چہرہ ② مجازاً تمہید کتاب ③ سرنامہ ④ مقدمہ کتاب ⑤ آراستہ کرنا ⑥ سجانا۔

دیپ (ہ) اسم مذکر ① چراغ ② چمک ③ روشنی ④ آگ ⑤ چھوٹی دیوالی ⑥ ایک راگ کا نام بھی ہے۔

دیپ مالا (ہ) اسم مذکر۔ چراغوں کی قطار۔

دیپک (س) اسم مذکر ① چراغ ② روشنی ③ چمک ④ شمع ⑤ ایک راگ کا نام ہے جس کے گانے کی تاثیر سے کہتے ہیں کہ آگ لگ جاتی ہے ⑥ ایک قسم کی آتشبازی۔

دِیت (ع) اسم مونث ① خون بہا ② جرمانہ۔

دید (ف) اسم مونث حاصل مصدر از دیدن ① نظارہ ② نگاہ ③ نظر ④ دیدار ⑤ درشن۔

دید نہ شنید (ف) اسم مذکر حاصل مصدر مفید صفت ① دیکھا نہ سنا ② نرالا ③ انوکھا۔

دیدار (ف) اسم مذکر حاصل مصدر ① درشن ② نظارہ ③ صورت ④ چہرہ ⑤ جلوہ۔

دیدار بازی رب راضی (ف) مقولہ عام۔ تاک جھانک میں گناہ کبیرہ سرنہیں ہوتا۔

دیدارو/ دیداری (ا) اسم صفت فاعلی ① قابل دید ② خوبصورت ③ شکیل ④ وجیہ ⑤ توانا ⑥ اچھی صورت شکل کا۔

دیدوں کی صفائی (ا) اسم مونث ① بے شرمی ② بے غیرتی ③ بے باکی ④ نڈرپن۔

دیدہ (ف) اسم مذکر ① آنکھ ② چشم ③ نین ④ دلیری ⑤ بے باکی ⑥ جرات ⑦ حوصلہ۔

دیدہ پھٹی (ا) اسم صفت۔ بڑی بڑی آنکھوں والی بے موقع آنکھوں والی۔

دیدہ دلیر (ا) اسم صفت ① بے باک ② دلیر ③ نڈر ④ شوخ چشم ⑤ بے غیرت ⑥ بے حیا ⑦ بے شرم۔

دیدہ ریزی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① آنکھوں پر زور ڈالنا ② بہت کام لینا ③ ایسا باریک کام کرنا ④ جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے ⑤ مینا کاری۔

دیدہ نہ لگنا/ دیدہ نہ ٹکنا (ا) فعل ① توجہ نہ کرنا ② دل نہ لگانا ③ دھیان نہ کرنا۔

دیدہ دانستہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① جان بوجھ کر ② معلوم

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140772189

www.besturdubooks.net

ہونے کے باوجود۔

دیدے پٹم ہونا (ا) فعل ① بالکل نہ دکھائی دینا ② اندھا ہونا ③ نظر نہ آنا۔

دیدے پھاڑ کر دیکھنا/گھورنا (ا) فعل ① گھور کر دیکھنا ② غور سے دیکھنا۔

دیدے کا پانی ڈھل جانا (ا) فعل۔ بے غیرت و بے حیا ہو جانا۔

دیدے مٹکانا (ا) فعل ① آنکھیں چمکانا ② آنکھوں کو حرکت دینا۔

دیدے نکالنا (ا) فعل ① غصہ کی نظر سے دیکھنا ② غصہ ظاہر کرنا ③ آنکھوں کو چشم خانے سے باہر کر دینا۔

دیر (ف) اسم مذکر ① مندر ② شوالہ ③ بت خانہ ④ بت کدہ۔

دیر (ف) اسم مونث ① وقفہ ② عرصہ ③ توقف ④ مدت۔

دیرپا (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مضبوط ② دیر تک قائم رہنے والا ③ پائیدار۔

دیر آئے درست آئے (ا) کہاوت ① جو کام سہولت سے ذرا دیر میں ہو وہ عمدہ اور درست ہوتا ہے ② جلدی اچھی نہیں۔

دیرینہ (ف) اسم صفت دینہ مفید ① نسبت ② پرانا ③ قدیمی ④ کہنہ ⑤ بزرگ ⑥ بوڑھا ⑦ خرانٹ ⑧ تجربہ کار۔

دیڑ (ہ) اسم مذکر ① ایک مشہور اور خوش آواز پرندے کا نام ہے ② ایک قسم کا کبوتر۔

دیس (ہ) اسم مذکر ① وطن ② جائے پیدائش ③ ملک ④ ولایت ⑤ صوبہ ⑥ ضلع ⑦ ایک راگ کا نام ہے جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے ⑧ طرف ⑨ جانب۔

دیس بدیس (ہ) اسم مذکر ① اپنا ملک اور غیر ملک ② دیش بدیش۔

دیس بدیس پھرنا (ہ) فعل ① مارا مارا پھرنا ② شہر بشہر پھرنا ③ ملک بہ ملک جانا۔

دیس نکالا (ہ) اسم مذکر ① جلاوطنی ② وطن سے بے وطن۔

دیسی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① وطنی ② ولایتی کی ضد ③ وہ چیز جو وطن میں پیدا ہو۔

دیش (س) اسم مذکر ① ملک ② وطن ③ ولایت ④ علاقہ۔

دیکھا (ا۔ا) صفت۔ آزمایا ہوا۔

دیکھا بھالا (ہ) اسم صفت ① آمودہ کار ② واقفکار ③ آشنا ④ تجربہ کیا ہوا ⑤ مجرب۔

دیکھا بھالی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① جستجو ② تلاش ③ نظارہ ④ تاک جھانک۔

دیکھا جائے گا (ہ) محاورہ ① سمجھا جائے گا ② پھر سہی ③ بدلہ لیا جائے گا ④ خیال رہے گا۔

دیکھا چاہیئے (ہ) محاورہ ① امید نہیں دیکھئے ② دیدہ باید ③ شاید ④ قابل دید ہے ⑤ تعریف کے لائق ہے ⑥ دیکھنا چاہیے۔

دیکھا دیکھی (ہ) تابع فعل ① ریسم ریس پیروی ② کسی کو دیکھ کر آپ بھی کرنے لگنا۔

دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ (ا) مثل۔ خواہ مخواہ کی خوشامد۔

دیکھا نہ سنا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① لاثانی ② نرالا ③ انوکھا ④ طرفہ ⑤ (بصورت محاورہ) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا۔

دیکھ (ا) متعلق فعل ① کلمہ تاکید ② کلمہ تنبیہہ ③ مخاطب کو کسی بات کی طرف متوجہ کرنے، خبردار کرنے، ڈرانے اور دھمکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ④ دیکھنا کا امر۔

دیکھ بھال (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① تلاش ② جستجو ③ پڑتال ④ دید ⑤ نظارہ۔

دیکھ بھال کر (ہ) تابع فعل ① دیدہ دانستہ ② جان بوجھ کر ③ سوچ سمجھ کر ④ تسلی سے اطمینان کے ساتھ ⑤ ٹھوک بجا کر۔

دیکھت میں (ہ) تابع فعل ① دیکھنے میں بظاہر ② ظاہر میں۔

دیکھتے دیکھتے (ہ) تابع فعل ① آنکھوں کے سامنے ② روبرو ③ سامنے ④ پیش نظر۔

دیکھتے رہ جانا (ہ) فعل ① ہکا بکا رہنا ② حیران ہو جانا۔

دیکھتے رہنا (ہ) فعل ① نگہبان رہنا ② حفاظت کرنا ③ خیال رکھنا۔

دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا / دیکھتے کے دیکھتے رہ جانا (ا) فعل ① متحیر رہ جانا ② حیران رہ جانا ③ ششدر رہ جانا ④ حیرت میں رہ جانا۔

دیکھتے ہی (ہ) تابع فعل ① فوراً ہی ② نگاہ پڑتے ہی ③ نظر کے ساتھ ہی۔

دیکھنا (ہ) فعل ① نظر کرنا ② نظر ڈالنا ③ خیال رکھنا ④ دھیان کرنا ⑤ خیال کرنا ⑥ غور کرنا ⑦ ڈھونڈنا ⑧ تلاش کرنا ⑨ خبردار رہنا۔

دیکھو (ہ) کلمہ تنبیہہ ① بچو ② ہوشیار ہو جاؤ ③ توجہ کرو ④ شاید ⑤ بشرط امکان۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

دیکھئے (ہ) تابع فعل ① دیکھا چاہئے ② خدا جانے ③ واللہ واعلم ④ خدا معلوم۔

دیکھئے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔ (ہ) مثل ① خدا معلوم کیا نتیجہ نکلے ② واللہ واعلم کیا ظاہر ہو۔

دیکھئے شیر کی نظر کھلایئے سونے کا نوالہ (ا) کہاوت ① اولاد کو قابو میں رکھنا چاہئے ② کھلائیں پلائیں خواہ کچھ ③ مگر رہیں زیر اثر۔

دیگ (ف) اسم مونث ① کھانا پکانے کا بہت بڑا تانبے کا برتن ② دیغ بھی بولتے ہیں۔

دیگچہ (ف) اسم مذکر ① دیگ کی تصغیر ② چھوٹی دیگ ③ پتیلا۔

دیگچی (ف) اسم مونث۔ پتیلی۔

دیمک (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی سفید چیونٹی۔ (پنجابی۔ سیونک)

دیمک لگنا (ہ) فعل ① کسی چیز میں دیمک کا شروع ہونا ② جسم میں چیونٹیاں سی لگنا۔

دین (ہ) اسم مذکر ① مذہب ② پنتھ ③ دھرم ④ ایمان ⑤ عاقبت ⑥ دوسرا جہان۔

دین پناہ (عف) اسم مذکر ① مسلمان بادشاہوں کا لقب ② دین کی حمایت کرنے والا ③ ہمایوں بادشاہ کا مقبرہ۔

دین کا جھنڈا (ا) اسم مذکر ① مذہبی جھنڈا ② مذہب کو ترقی اور شہرت دینا۔

دین (ء) اسم مذکر ① قرض ② دام ③ ادھار۔

دین (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① دینا سے عطا ② بخشش ③ مہربانی۔

دینا (ہ) فعل ① سپرد کرنا ② حوالے کرنا ③ بخشنا ④ عطا کرنا ⑤ بیچنا ⑥ فروخت کرنا ⑦ نذر کرنا ⑧ ہدیہ کرنا ⑨ بچہ جننا۔

دینا نہ لینا (ہ) تابع فعل ① ناحق ② مفت میں بے فائدہ۔

دینا بھلا نہ باپ کا بیٹی بھلی نہ ایک (ہ) کہاوت۔ قرض اور بیٹی دونوں ہر حالت میں برے ہی برے۔

دینار (ء) اسم مذکر۔ ڈھائی روپے کی قیمت کا سونے کا ایک سکہ جو عرب میں چلتا ہے۔

دیندار (ا) اسم فاعل ترکیبی ① قرض دار ② مقروض۔

دیندار (عف) اسم فاعل ترکیبی ① مذہب والا ② مذہبی ③ متقی ④ پرہیز گار ⑤ نیک آدمی۔

دینی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① مذاہب کا ② مذہبی ③ دین کا۔

دیو (ف) اسم ذکر ① زبردست ② بڑا ③ قوی ④ ہیکل پہلوان ⑤ جن ⑥ بھوت۔

دیوزاد (ف) اسم مذکر مفعول ① دیو کا جنا ② قوی ہیکل۔

دیو (ہ) اسم مذکر ① دیوتا ② قابل پرستش ③ بزرگ اور مقدس ہستی ④ پاک ⑤ پرمیشر۔

دیو بانی (ہ) اسم مونث ① دیوتاؤں کی بولی ② مقدس زبان ③ سنسکرت۔

دیوناگری (ہ) اسم مونث ① سنسکرت ② حرفوں میں ہندی زبان۔

دیوا (ہ) اسم مذکر فاعل ① دینے والا ② سخی ③ بخشش کرنے والا۔

دیوا (ہ) اسم مذکر آلہ ① چراغ ② دیا۔

دیوار (ف) اسم مونث ① اوٹ ② رکاوٹ ③ آڑ ④ ٹٹی۔

دیوار اٹھانا / چننا (ہ) فعل ① دیوار بنانا ② دیوار کھڑی کرنا۔

دیوار چین (ف) ایک مشہور دیوار کا نام جو ملک خطا یعنی منگولیا اور ملک چین کی سرحد پر واقع ہے۔

دیوار قہقہہ (ا) اسم مونث ① ایک دیوار لوہے کی ہے جس کے اندر سے ہنسنے کی آواز آتی ہے ② جو شخص دریافت حال کو چڑھتا ہے ③ وہ بھی ہنستے ہنستے اندر کو گر جاتا ہے ④ بہت اونچی اور لمبی دیوار۔

دیوار گیری (ا) اسم مونث ① دیوار میں لگانے کا لمپ ② خوبصورتی کے لئے دیواروں پر لگایا ہوا کپڑا۔

دیوالیا / دیوالیہ (ہ) اسم مذکر ① وہ شخص جس کا دیوالیہ نکل گیا ہو ② مفلس ③ کوڑی کوڑی کو محتاج۔

دیوان (معرب) اسم مذکر ① کچہری ② عدالت ③ بادشاہ کا دربار ④ وزیر ⑤ رکن سلطنت ⑥ منتری ⑦ محکمہ مال کا بڑا افسر ⑧ وزیر مال ⑨ اجلاس کی جگہ۔

دیوان اعلیٰ (فع) اسم مذکر ① بڑا وزیر ② وزیر اعظم۔

دیوان خاص (فع) اسم مذکر ظرف ① دربار خاص ② خاص لوگوں کا دربار ③ اجلاس خلوت۔

دیوان خالصہ (فع) اسم مذکر ① وہ شخص جس کے پاس بادشاہی مہر رہے ② معتمد الدولہ ③ محافظ مہر شاہی۔

دیوان خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ① امیروں کی نشستگاہ ② ملاقات کا کمرہ ③ بیٹھک۔

دیوان عام (فع) اسم مذکر ظرف ① عام لوگوں کے دربار کی جگہ ② وہ مقام دربار جہاں عام لوگوں کو آنے کی اجازت ہو۔

دیوانہ پن (ا) اسم مذکر و مونث ① جنون ② پاگل پنا ③ نادانی۔

دیوانہ (ف) اسم مذکر ① پاگل ② سودائی ③ مجنوں ④ باولا۔

دیوانہ بکار خویش ہشیار (ف) فعل۔ اپنے مطلب کا پاگل۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0324907218

دیوالی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ وزارت ❷ دیوان کا منصب ❸ قرضہ و جائداد وغیرہ کے مقدمے کا فیصلہ کرنے کی عدالت ❹ عدالت خفیفہ ❺ فوجداری کی ضد۔

دیوانی (ا) اسم مونث بیائے تانیث ❶ دیوانہ کی مونث ❷ سودائی پن ❸ بگلی ❹ باؤلی۔

دیوانی ماں کا خبطی بیٹا (ا) مثل ❶ خاندانی بے وقوف ❷ نسلی احمق۔

دیوتا (ہ) اسم مذکر ❶ پرمیشور کا اوتار ❷ بزرگ ❸ سادہ لوح ❹ شریر ❺ فسادی ❼ ناگ ❽ سانپ۔

دیوٹ (ہ) اسم مونث آلہ ❶ چراغدان ❷ شمعدان ❸ سیہ فام۔

دیوث (ہ) اسم ❶ بے شرم ❷ بے حمیت ❸ بے غیرت ❹ قلتبان ❺ اپنی عورت کی بدکاری سے واقف ہوکر چشم پوشی کرنے والا۔

دیودار (ہ) اسم مذکر ❶ دیار ❷ ایک قسم کا درخت ❸ صنوبر۔

دیور (ہ) اسم مذکر۔ خاوند کا چھوٹا بھائی۔

دیورانی (ہ) اسم مونث ❶ دیور کی بیوی ❷ خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔

دیوی (ہ) اسم مونث ❶ دیبی ❷ کنیا ❸ کنواری۔

دیہ (ہ) اسم مذکر ❶ گاؤں ❷ جمع: دیہات۔

دیہات (ف) اسم مذکر ❶ دیہہ کی جمع ❷ بہت سے گاؤں۔

دیہیم (ف) اسم مذکر ❶ شاہی تاج ❷ مکٹ ❸ افسر ❹ جیغہ ❺ کلغی۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ڈ

اردو حرف تہجی کا بارھواں حرف ہے۔

ڈ (ہ) اسم مونث ❶ اردو حرف تہجی کا بارھواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد چار ہیں ❸ عربی اور فارسی میں یہ حرف نہیں آتا۔

## ڈ ← ا

ڈا (ہ) اسم مونث ❶ ستار کی گت کا ایک توڑ ❷ ڈر ❸ ڈا۔

ڈاب (ہ) اسم مذکر ❶ بان بٹنے کی ایک لمبی گھاس ❷ پرتلا ❸ کچا ناریل۔

ڈابر (ہ) اسم مذکر ❶ جھیل ❷ جوہڑ ❸ نیچی جگہ جہاں بہت سا پانی جمع ہو جائے ❹ تالاب ❺ (پورب) ہاتھ دھونے کا برتن ❻ سلفچی۔

ڈاٹ (ہ) اسم مونث ❶ گٹا ❷ کاک ❸ میخ ❹ سوراخ روکنے کی چیز ❺ محراب دار ❻ پکا دروازہ ❼ لداؤ کی بھرتی ❽ محراب بناتے وقت کی روک ❾ محراب۔

ڈاٹنا (ہ) فعل ❶ بھرنا ❷ ٹھونسنا ❸ پہننا ❹ ڈاٹ لگانا ❺ روکنا ❻ بند کرنا۔

ڈار (ہ) اسم مونث ❶ پرندوں کی قطار ❷ ہرنوں کی قطار ❸ جانوروں کا جھنڈ۔

ڈارلنگ (ای) اسم صفت ❶ پیارا ❷ محبوب ❸ پیاری ❹ محبوبہ۔

ڈاڑھ (ہ) اسم مونث۔ غذا چبانے کا دانت۔

ڈاڑھ گرم کرنا (ہ) فعل ❶ چبا جانا ❷ کھانا کھانا ❸ ڈاڑھ چلنا۔

ڈاڑھ نہ لگانا (ہ) فعل۔ چبائے بغیر ہی نگل جانا۔



(ڈاڑھ)

ڈاڑھ مار کر رونا (ہ) فعل ❶ چیخ کر رونا ❷ زار زار رونا ❸ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔

ڈاڑھی (ہ) اسم مونث ❶ ٹھوڑی اور رخساروں کے بال ❷ ریش ❸ لٹکنے والی جڑیں۔

ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا (ا) فعل ❶ ذلیل ہونا ❷ بے عزت ہونا ❸ ذلیل کرنا ❹ بے عزتی کرنا۔

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا (ہ) فعل ❶ چھوٹی عمر میں سیانی باتیں کرنا ❷ صغر سنی میں عقلمند ہونا۔

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا (ہ) فعل ❶ ڈاڑھی نوچنا ❷ عزت بگاڑنا ❸ بے عزتی کرنا۔

ڈاک (ہ) اسم مونث ❶ چھٹی رسانی کا محکمہ ❷ سفر کے لئے گھوڑوں وغیرہ کا سلسلہ وار انتظام ❸ لگاتار سلسلہ ❹ قے ❺ الٹی۔

ڈاک آنا (ہ) فعل ❶ متواتر خبر آنا ❷ مسلسل چٹھیاں آنا ❸ قے آنا ❹ الٹی آنا۔

ڈاک بٹھانا / بٹھلانا (ہ) فعل ❶ چوکی بٹھانا ❷ جلدی جانے کا انتظام

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218



www.besturdubooks.net

کرنا③ ہرکاروں کی آمدورفت کا سلسلہ برابر جاری کردینا۔

**ڈاک بنگلا** (ا) اسم مذکر ظرف ① سرکاری مسافر خانہ ② وہ مقام جو سرکاری طور پر مسافر عہدہ داروں کے قیام کے لئے بنایا گیا ہو۔

**ڈاک خانہ** (ا) اسم مذکر ظرف ① ڈاک گھر ② پوسٹ آفس ③ چٹھیوں وغیرہ کا دفتر۔

**ڈاک گاڑی** (ہ) اسم مونث۔ وہ تیز رفتار ریل گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے۔

**ڈاک لگنا** (ہ) فعل ① قے آنا ② قے لگنا ③ ہرکاروں یا خبروں کا متواتر آنا جانا۔

**ڈاک** (ای) اسم مذکر ① گودی ② بندرگاہ۔

**ڈاکا/ ڈاکہ** (ہ) اسم مذکر ① رہزنی ② قزاقی ③ ڈاکوؤں کا حملہ اور دھاوا۔

**ڈاکا ڈالنا** (ہ) فعل ① زبردستی لوٹ لینا ② تاراج کرنا۔

**ڈاکٹر** (ای) اسم مذکر ① حکیم ② طبیب ③ جراح ④ سرجن ⑤ فاضل ⑥ فلاسفر ⑦ علامہ۔

**ڈاکو** (ہ) اسم مذکر فاعل بواؤ فاعلیت ① ڈاکہ مارنے والے ② لٹیرا ③ قزاق ④ دھاڑا مارنے والا ⑤ پیٹو ⑥ بسیار خوار۔

**ڈاکیا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① چٹھی رساں ② ہرکارہ ③ نامہ بر ④ پیک ⑤ دوت ⑥ قاصد۔

**ڈال** (ہ) اسم مونث ① ٹہنی ② شاخ ③ آبپاشی کا لکڑی کا ٹوکرا ④ تلوار کا پھل۔

**ڈال کا پکا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی۔ پیڑ کا پکا ہوا پھل۔

**ڈال کا ٹوٹا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① تازہ پھل ② شاخ سے پک کر گرا ہوا ③ عمدہ پھل ④ انوکھا ⑤ قابل قدر ⑥ نادر۔

**ڈالا** (ہ) اسم مذکر ① ٹہنا ② بڑی اور موٹی شاخ۔

**ڈال دینا** (ہ) فعل ① پھینک دینا ② گرا دینا ③ لگانا ④ متوجہ کرنا۔

**ڈال رکھنا** (ہ) فعل ① رکھ چھوڑنا ② روک رکھنا ③ ملتوی کرنا ④ دیر لگانا۔

**ڈالر** (ای) اسم مذکر۔ امریکہ اور کنیڈا وغیرہ کی کرنسی۔

**ڈالنا** (ہ) فعل ① پھینکنا ② گرانا ③ رکھنا ④ اندر کرنا ⑤ داخل کرنا ⑥ پرونا ⑦ پہننا ⑧ اوڑھنا ⑨ یارانہ سے بیوی بنالینا۔

**ڈالی** (ہ) اسم مونث ① ٹہنی ② شاخ ③ ٹوکری میں میوہ پھول وغیرہ سجا کر امیروں کی نذر کرنا۔

**ڈام** (ای) اسم مذکر ① پاجی ② احمق ③ نالائق ④ گدھا ⑤ الو۔

**ڈام بگر** (ای) اسم مذکر ① بھیک مانگنے والا ② بھکاری۔

**ڈام فول** (ای) اسم مذکر ① احمق ② پاجی ③ نالائق ④ گدھا۔

**ڈامج / ڈیمیج** (ای) اسم مذکر ① خسارہ ② ٹوٹا ③ نقصان ④ ہرجانہ ⑤ مستعمل چیز ⑥ ٹوٹا پھوٹا مال۔

**ڈانٹ** (ہ) اسم مونث ① دھمکی ② جھڑکی ③ ڈراوا ④ گھرکی۔

**ڈانٹ ڈپٹ** (ہ) اسم مونث ① جھڑکی ② دھمکی ③ گھرکی۔

**ڈانٹنا** (ہ) فعل ① دھمکانا ② جھڑکنا ③ ڈرانا ④ گھرکنا ⑤ روکنا ⑥ سخت آواز سے منع کرنا۔

**ڈانڈا** (ہ) اسم مونث ① لکڑی ② چھڑی ③ بغیر چمڑے کا گدکا ④ ریڑھ کی ہڈی ⑤ کھیت کی حد ⑥ خشک زمین ⑦ طولانی پیمانہ ⑧ سرحد ⑨ چپو۔

**ڈانس** (ہ) اسم مذکر۔ ایک خاص قسم کا بہت بڑا مچھر۔

**ڈانس** (ای) اسم مذکر ① رقص ② ناچ۔

**ڈانسر** (ای) اسم مذکر ① رقاص ② رقاصہ ③ ناچنے والا ④ ناچنے والی۔

**ڈانک** (ہ) اسم مونث۔ سنہری یا پہلی ورق جو نگینے کے نیچے چمک کے واسطے لگاتے ہیں۔

**ڈانگ** (ہ) اسم مونث ① پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی ② چھلانگ ③ جست ④ (پنجابی) لٹھ۔ ڈنڈا۔

**ڈانگر/ ڈنگر** (ہ) اسم مذکر ① چوپایہ ② مویشی ③ ڈھور ④ ہندوستان کی ایک قدیم قوم ⑤ احمق۔

**ڈانواں ڈول** (ہ) اسم صفت ① خراب خستہ ② آوارہ ③ پریشان ④ حیران ⑤ متذبذب ⑥ سرگرداں ⑦ یقین ⑧ ڈگمگاتا ہوا۔

**ڈاہ** (ہ) اسم مونث ① بیر ② دشمنی ③ کینہ ④ عداوت۔

**ڈائجسٹ** (ای) اسم مذکر ① خلاصہ ② انتخاب ③ مجموعہ مضامین۔

**ڈائرکٹ** (ای) اسم صفت ① سیدھا ② براہ راست ③ بلاواسطہ۔

**ڈائرکٹ ایکشن** (ای) اسم مذکر ① راست اقدام ② عملی احتجاج (سیاسی اصطلاح) حکومت کی کسی پالیسی کے خلاف عدم تعاون کا عملی مظاہرہ کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772

ڈائرکٹر (ای) اسم مذکر ❶ رہنما ❷ ہادی ❸ منتظم ❹ سربراہ کار ❺ کارکن۔

ڈائریکٹری (ای) اسم مونث ❶ ہدایت نامہ ❷ وہ کتاب جس میں کسی مخصوص جگہ کے باشندوں کے گھروں کے پتے اور ٹیلی فون نمبر درج ہوتے ہیں ❸ کسی ادارے کے ڈائریکٹروں کی تنظیم۔

ڈائری (ای) اسم مونث ❶ روزنامچہ ❷ یادداشت روزمرہ۔

ڈائس (ای) اسم مذکر ❶ چبوترہ ❷ شہ نشین۔

ڈائل (ای) اسم مذکر ❶ گھڑی کا چہرہ جس پر وقت بتانے کے لیے ہندسے اور سوئیاں لگی ہوتی ہیں ❷ ٹیلی فون کا نمبر ملانے کا حلقہ یا چکر۔

ڈائمنڈ (ای) اسم مذکر ❶ الماس ❷ ہیرا ❸ تاش میں اینٹ کا نشان۔

ڈائمنڈ جوبلی (ای) اسم مونث۔ ساٹھ سالہ جشن۔

ڈائن (ہ) اسم مونث ❶ کلیجہ کھا جانے والی عورت ❷ جادوگرنی۔

ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے (ہ) ظالم کو بھی محلے اور پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے۔

ڈائنمو (ای) اسم مذکر۔ برقی روشنی پیدا کرنے والی مشین۔

ڈایاگرام (ای) اسم مذکر ❶ شکل ❷ نقشہ ❸ خاکہ۔

ڈاک بنگلا (ا) اسم مذکر ظرف ❶ سرکاری مسافر خانہ ❷ وہ مقام جو سرکاری طور پر مسافر عہدہ داروں کے قیام کے لیے بنایا گیا ہو۔

## ڈ ← ب

ڈب (ہ) اسم مونث ❶ جیب ❷ کیسہ ❸ پاکٹ ❹ کپے بنانے کا چمڑا ❺ قابو ❻ قبضہ ❼ مجاز ❽ گردن ❾ ناڑ۔

ڈبا (ہ) اسم مذکر ❶ بڑی ڈبیا ❷ ڈھکنے دار چھوٹا صندوقچہ ❸ پسلی کی بیماری جو اکثر بچوں کو ہوا کرتی ہے۔

ڈباؤ (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ ڈوبنے کے قابل ❷ آدمی کے قد سے زیادہ پانی۔

ڈبڈبانا (ہ) فعل ❶ آنسوؤں کا آنکھوں میں بھر جانا ❷ پر اشک ہونا۔

ڈبکا (ہ) اسم مذکر ❶ خوف ❷ ڈر ❸ خطرہ ❹ اندیشہ ❺ غوطہ۔

ڈبکی (ہ) اسم مونث ❶ غوطہ ❷ پانی میں سر ڈبونا۔

ڈبکی کھانا / لگانا / مارنا (ہ) فعل ❶ غوطہ لگانا ❷ غوطہ مارنا ❸ پانی میں سر ڈبانا۔

ڈبل (ای) اسم صفت عدد ❶ دگنا ❷ دوچند ❸ دونا ❹ دہرا ❺ موٹا ❻ پرکار۔

ڈبل روٹی (ا) اسم مونث ❶ موٹی روٹی ❷ نان پاؤ ❸ خمیر کے باعث پھولی ہوئی ❹ موٹی روٹی۔

ڈبل مارچ (ای) اسم مذکر۔ فوجی قواعد کے مطابق تیز تیز چلنا۔

ڈبونا (ہ) فعل ❶ غوطہ دینا ❷ غرق کرنا ❸ تباہ و برباد کرنا ❹ ستیاناس کرنا ❺ بنی بات بگاڑ دینا ❻ کام کو درہم برہم کر دینا۔

ڈبیا (ہ) اسم مونث ❶ ڈبا کی تصغیر ❷ چھوٹا ڈبا ❸ درجک۔

## ڈ ← پ

ڈپارٹمنٹ (ای) اسم مذکر ❶ محکمہ ❷ سررشتہ ❸ کلیہ ❹ شعبہ۔

ڈپازٹ (ای) اسم مونث ❶ امانت ❷ جمع ❸ ودیعت۔

ڈپٹ (ہ) اسم مونث ❶ گھوڑے کی دوڑ ❷ دوڑ ❸ دھمکی ❹ تیز رفتاری ❺ حملہ ❻ حربہ۔

ڈپٹانا (ہ) فعل ❶ دوڑانا ❷ لپکانا ❸ پوپیہ دوڑانا۔

ڈپٹنا (ہ) فعل ❶ ڈپٹانا کا لازم ❷ دوڑنا ❸ تیز چلنا ❹ دھمکانا ❺ اظہار غضب کرنا ❻ غصہ کرنا ❼ حملہ کرنا۔

ڈپٹی (ای) اسم مذکر ❶ نائب ❷ ماتحت ❸ مددگار۔

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (ای) اسم مذکر۔ پولیس کا ایک اعلیٰ افسر جو پولیس سپرنٹنڈنٹ کا نائب ہوتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر (ای) اسم مذکر ❶ ضلع کا افسر ❷ کلکٹر۔

ڈپلومہ (ای) اسم مذکر ❶ سند ❷ سرٹیفکیٹ۔

ڈپلومیٹ (ای) اسم مذکر ❶ سفارت کار ❷ سیاسی مدبر ❸ سیاسی جوڑ توڑ کرنے والا۔

ڈپلومیسی (ای) اسم مونث ❶ فنِ سفارت کاری ❷ سیاسی حکمتِ عملی ❸ سیاسی جوڑ توڑ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

**ڈپو** (ہ) اسم صفت ① بہت موٹا ② مددگار ③ کھاؤ ④ امین ⑤ گماشتہ ⑥ پیشکار۔

**ڈپو** (ای) اسم مونث ① کارخانہ ② کوٹھی ③ دکان ④ تجارت ⑤ بک کے ساتھ کتب خانہ۔

**ڈپوٹیشن** (ای) اسم مذکر ① وفد ② وہ جماعت جو خاص کام کے لئے بھیجی جائے۔

## ڈ ← ٹ

**ڈٹ جانا** (ہ) فعل ① دشمن کے مقابلہ کے لئے جم جانا ② استقلال سے کھڑا ہو جانا۔

**ڈٹ کر کھانا** (ہ) فعل ① خوب پیٹ بھر کر کھانا ② رج کر کھانا۔

**ڈٹنا** (ہ) فعل ① جمنا ② مقابلہ سے منہ نہ موڑنا ③ دلیری سے مقابلہ کرنا ④ ٹھیرنا ⑤ رکنا۔

## ڈ ← ر

**ڈر** (ہ) اسم مذکر ① خوف ② خطرہ ③ فکر ④ اندیشہ۔

**ڈراپ سین** (ای) اسم صفت ① ڈرامے میں ایک کسی ایکٹ کے بعد گرنے والا پردہ ② ڈرامہ کا خاتمہ ③ آخری منظر۔

**ڈراپر** (ای) اسم مذکر۔ قطرہ قطرہ دوا ٹپکانے کی نلکی۔

**ڈرافٹ** (ای) اسم مذکر ① مسوّدہ ② خاکہ ③ رقم کی ادائیگی کا ہدایت نامہ یا حکم نامہ ④ چیک ⑤ ایک کھیل۔

**ڈرافس مین** (ای) اسم مذکر۔ نقشہ نویس۔

**ڈراوا** (ہ) اسم مذکر ① دھمکی ② گھڑکی ③ خوف ④ دہشت۔

**ڈراما** (ای) اسم مذکر ① سوانگ ② تمثیل ③ کسی کہانی کو اسٹیج پر جسم کی حرکات اور مکالموں کی مدد سے پیش کرنا۔

**ڈراماٹسٹ** (ای) اسم صفت ① ڈرامہ نگار ② تمثیل نگار ③ ڈراما نویس۔

**ڈرامہ نگار/نویس** (ای۔ف) اسم صفت ① ڈرامہ لکھنے والا ② کہانی کو ڈرامے کی شکل دینے والا ③ تمثیل نگار۔

**ڈرامہ نگاری/نویسی** (ای۔ف) اسم مونث ① ڈرامہ لکھنے کا فن ② تمثیل نگاری۔

**ڈرانا** (ہ) فعل ① دھمکانا ② گھرکنا ③ خوف دلانا ④ دھمکی دینا (بصورت اسم صفت مذکر) بھیانک ⑤ خوفناک ⑥ ڈراونا کا مخفف۔

**ڈراؤنا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① وہ شے جس کو دیکھ کر ڈر لگے ② خوفناک ③ بھیانک۔

**ڈرائنگ** (ای) اسم مونث ① نقشہ کشی ② خاکہ ③ نقشہ۔

**ڈرائنگ روم** (ای) اسم مذکر ① گول کمرہ ② ملاقات کا کمرہ ③ دیوان خانہ۔

**ڈرائنگ ماسٹر** (ای) اسم مذکر۔ نقشہ کشی یا تصویر کشی سکھانے والا اُستاد۔

**ڈرائی کلین** (ای) اسم مونث۔ کپڑوں کو پانی کی مدد کے بغیر کیمیاوی مرکبات خصوصاً پٹرول وغیرہ سے صاف کرنا۔

**ڈرائیور** (ای) اسم مذکر ① گاڑی بان ② گاڑی چلانے والا۔

**ڈرائی** (ای) اسم صفت ① سوکھا ② خشک۔

**ڈربی** (ای) اسم مونث۔ انگلستان کی سالانہ گھوڑ دوڑ جس کی ابتداء لارڈ ڈربی نے کی تھی۔

**ڈرپوک** (ہ) اسم صفت ① بزدل ② کم ہمت ③ ڈر جانے والا ④ بودا ⑤ کم دلا۔

**ڈرگ** (ای) اسم مذکر ① کسی دوا کا اہم جز ② کوئی نشہ آور یا زہریلی چیز۔

**ڈرگسٹ** (ای) اسم مذکر ① دوافروش ② دواساز۔

**ڈرل** (ای) اسم مونث ① فوجی تربیت ② قواعد۔

**ڈرل ماسٹر** (ای) اسم مذکر۔ فوجی قواعد سکھانے والا۔

**ڈرم** (ای) اسم مذکر ① ڈھول ② کان کا پردہ ③ بڑا پیپا۔

**ڈرنا** (ہ) فعل ① خوف کھانا ② بھے کرنا ③ دھمکی میں آجانا ④ رعب ماننا۔

**ڈریس** (ای) اسم مذکر ① لباس ② پوشاک ③ پوشش۔

**ڈریسنگ** (ای) اسم مونث ① آراستگی ② مرہم پٹی۔

**ڈریسنگ ٹیبل** (ای) اسم مونث۔ سنگار میز۔

**ڈریسنگ روم** (ای) اسم مذکر۔ کپڑے پہننے کا کمرہ۔

**ڈریسنگ گون** (ای) اسم مذکر۔ ایک ڈھیلا ڈھالا جبہ جو عموماً نہانے کے

Join us on WhatsApp Naveed Balo 03149077218

www.besturdubooks.net

بعد یا صبح اُٹھ کر پہنتے ہیں۔

## ڈ ← ڑ

ڈڑھیالا/ ڈڑھیل (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ ڈاڑھی والا ❷ رشائیل۔

## ڈ ← ز

ڈز (ا) اسم مونث۔ پستول یا بندوق چلنے کی آواز۔

ڈز کرنا/ کر دینا (ا) محاورہ ❶ پستول یا بندوق چلانا ❷ گولی مار دینا۔

## ڈ ← س

ڈس (ہ) اسم مونث ❶ ترازو کی ڈور جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں ❷ کپڑے کے تھان کا سرا۔

ڈسپلن (ای) اسم مذکر ❶ نظم وضبط ❷ قوائد وضوابط کی سختی سے پابندی۔

ڈسپنسری (ای) اسم مونث ❶ دوائی خانہ ❷ دوائی ملنے کی جگہ۔

ڈسپیچ (ای) اسم مذکر ❶ روانگی ❷ ارسال ❸ ترسیل ❹ مراسلہ۔

ڈسپیچ رجسٹر (ای) اسم مذکر ❶ نظم وضبط ❷ قواعد وضوابط کی سختی سے پابندی۔

ڈسٹرکٹ (ای) اسم مذکر۔ ضلع۔

ڈسٹرکٹ انسپیکٹر (ای) اسم مذکر۔ کسی محکمے کی انتظامیہ کا وہ افسر جو پورے ضلع کے کام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

ڈسٹرکٹ بورڈ (ای) اسم مذکر۔ وہ ادارہ یا تنظیم یا محکمہ جو ضلع کے اُمور عامہ یعنی صحت وصفائی وغیرہ کا بندوبست کرتا ہے۔

ڈسٹرکٹ فنڈ (ای) اسم مذکر۔ وہ روپیہ جو ڈسٹرکٹ بورڈ کے کاموں کے لیے ڈسٹرکٹ بورڈ کی تحویل میں رہتا ہے۔

ڈسٹرکٹ کونسل (ای) اسم مذکر۔ ضلع کا حاکم اعلیٰ۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (ای) اسم مذکر۔ ضلع کا حاکم اعلیٰ

ڈسٹری بیوٹر (ای) اسم مذکر ❶ تقسیم کار ❷ وہ ادارہ یا شخص جو کسی شے کی تقسیم کاری کا کام کرتا ہے۔

ڈسٹلری (ای) اسم مونث ❶ شراب کا کارخانہ ❷ بھٹی۔

ڈسٹمپر (ای) اسم مذکر۔ درودیوار پر کیا جانے والا رنگ۔

ڈسچارج (ای) اسم مذکر ❶ برطرفی ❷ معزولی ❸ خراج ❹ نکاس۔

ڈسکونٹ (ای) اسم مذکر ❶ کمیشن ❷ دلالی ❸ کٹوتی ❹ منہا کاٹنا۔

ڈسمس (ای) اسم مذکر ❶ خارج کرنا ❷ برطرف کرنا ❸ رخصت کرنا ❹ معزول کرنا۔

ڈسنا (ہ) فعل ❶ کسی زہردار جانور کا کاٹنا ❷ خاص کر سانپ کا کاٹنا۔

## ڈ ← ف

ڈف (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا باجا ❷ دائرہ ❸ ڈفلی۔

ڈفالچی/ ڈفالی (ا) اسم مذکر ❶ ڈفلی بجانے والا ❷ ایک قوم کا نام بھی ہے۔

ڈفلی (ا) اسم مونث ❶ دائرہ ❷ چھوٹا ڈف۔

ڈفر (ای) اسم صفت ❶ احمق ❷ بے وقوف ❸ گاؤدی ❹ نالائق۔

## ڈ ← ک

ڈک (ای) اسم مونث۔ بطخ۔

ڈک (ہ) اسم مذکر ❶ گھونسا ❷ مکا ❸ مشت۔

ڈکار (ہ) اسم مونث۔ معدے کی وہ ہوا جو منہ کے رستے نکلے

ڈکار نہ لینا/ ڈکار تک نہ لینا (ہ) فعل ❶ ہضم کر جانا ❷ پتہ نہ لگنے دینا ❸ خبر تک نہ ہونا۔

ڈکارنا (ہ) فعل ❶ معدے کی ہوا کو منہ کے راستے نکالنا ❷ ہضم کر جانا ❸ قابض ہونا ❹ کھا جانا ❺ شیر کا بولنا ❻ دھاڑنا ❼ گرجنا ❽ ڈرو کنا۔

ڈکٹیٹر (ای) اسم مذکر ❶ آمر ❷ حاکم مطلق ❸ مطلق العنان حکمران۔

ڈکرانا (ہ) فعل ❶ کراہنا ❷ پھوٹ پھوٹ کر رونا ❸ فریاد کرنا ❹ چلانا ❺ آہ وبکا کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

ڈکشنری (ای) اسم مونث ❶ لغت کی کتاب ❷ کتاب لغات۔
ڈکوتا (ای) اسم مذکر۔ مال بردار ہوائی جہاز۔
ڈکوسنا (ہ) فعل ❶ پینا ❷ نگلنا ❸ غٹا غٹ پی جانا۔
ڈکیانا (ہ) فعل ❶ مکے مارنا ❷ گھونسے مارنا۔
ڈکیت (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ ڈاکہ مارنے والا ❷ ڈاکو ❸ لٹیرا ❹ رہزن ❺ قزاق۔
ڈکیتی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ڈاکہ زنی ❷ رہزنی ❸ قزاقی۔

## ڈ ← گ

ڈگ (ہ) اسم مذکر۔ لمبا قدم۔
ڈگ بھرنا (ہ) فعل ❶ لمبا قدم دھرنا ❷ چھوٹی سی چھلانگ مارنا۔
ڈگانا (ہ) فعل ❶ کسی جگہ سے ٹالنا ❷ ہٹانا ❸ ٹلانا ❹ پھسلانا ❺ ضائع کرنا۔
ڈگڈگا کر پانی پینا (ہ) فعل ❶ بڑے بڑے گھونٹ لے کر پانی پینا ❷ ایک دم میں بہت سا پینا۔
ڈگڈگی (ہ) اسم مونث ❶ بندر نچانے والوں کی ڈفلی ❷ ڈورو ❸ ڈونڈی ❹ ڈھنڈوڑا۔
ڈگر (ہ) اسم مذکر ❶ رستہ ❷ سڑک ❸ راہ۔
ڈگرا (ہ) اسم مذکر (پورب) بانس کا چھوٹا ٹوکرا۔
ڈگرنا (ہ) فعل (گنوار) چلا جانا ❶ کافور ہونا ❷ رفو چکر ہونا۔
ڈگری (ای) اسم مونث ❶ کامیابی کی سند ❷ فتح ❸ فیصلہ ❹ قرضہ ثابت ہو جانے پر سرکاری حکم برائے وصولی ❺ درجہ۔
ڈگری پانا (ہ) فعل ❶ قرضہ یا حق کے مقدمہ کو جیتنا ❷ فتح حاصل کرنا ❸ فیصلہ قطعی حاصل کرنا۔
ڈگری جاری کرنا (ہ) فعل ❶ فیصلہ کرنا ❷ روپے کی وصولی کا حکم صادر کرنا۔
ڈگری دار (ہ) اسم مذکر فاعل۔ مقروض پر ڈگری حاصل کرنے والا۔
ڈگمگانا (ہ) فعل ❶ لرزنا ❷ کانپنا ❸ لڑکھڑانا ❹ ہلنا ❺ گرنے کو ہونا۔

ڈگنا (ہ) فعل ❶ ڈگانا سے لازم ہے ❷ بے جگہ ہونا ❸ سرکنا ❹ ہلنا ❺ ٹلنا ❻ تلف ہونا ❼ خراب ہونا ❽ گرنا۔

## ڈ ← ل

ڈل (ہ) اسم مونث ❶ جھیل ❷ مال و دولت ❸ کشمیر کی مشہور جھیل کا نام ہے ❹ پنجابی خربوزے یا آم یا عام پھل کی موٹائی۔
ڈلا (ہ) اسم مذکر ❶ کسی ٹھوس چیز کا بڑا ٹکڑا ❷ مٹی کا ڈھیلا۔
ڈلاسا (ہ) تابع فعل ❶ بڑا سا ❷ سونے کے ڈلے کی طرح زرد رنگ ❸ چمکدار رنگ ❹ خالص چیز۔
ڈلا (ہ) اسم مذکر ❶ ڈالی کی تذکیر ❷ شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا ❸ وہ ٹوکرا جو شادی کے دن دولھا دولھن کے واسطے اپنے ساتھ لاتا ہے۔
ڈلنا (ہ) فعل ❶ ڈالنا کا لازم ❷ گرنا ❸ کسی چیز میں پڑنا۔
ڈلی (ہ) اسم مونث ❶ ڈلا کی تصغیر ❷ ٹھوس چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا ❸ خرما خرمی ❹ مصری کا ٹکڑا۔
ڈلیا۔ (ہ) اسم مونث ❶ ڈالی کی تصغیر ❷ چھوٹی سی ٹوکری ❸ چنگیری ❹ ذرا سا ٹکڑا۔
ڈلیا (ہ) اسم مونث۔ ڈولی کی تصغیر اور تحقیر۔

## ڈ ← م

ڈِم (ای) اسم صفت ❶ مدھم ❷ دُھندلا ❸ پھیکا ❹ بے نور۔
ڈمرو (ہ) اسم مذکر ❶ ڈگڈگی ❷ ایک قسم کے باجے کا نام ہے۔
ڈمی (ای) اسم مذکر ❶ جعلی یا مصنوعی چیز ❷ اخبار یا کتاب کا نمونہ ❸ تاش کا فرضی کھلاڑی جس کی بازی اُس کا ساتھی کھیلتا ہے۔

## ڈ ← ن

ڈنٹھل (ہ) اسم مذکر ❶ سرسوں یا مولی وغیرہ کی وہ شاخ جس پر پھول آتا ہے ❷ گنڈل ❸ تنہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

**ڈنڈ** (ہ) اسم مذکر ① بازو ② ڈنٹر ③ پہلوانوں کی ایک قسم کی ورزش ④ جرمانہ ⑤ تاوان۔

**ڈنڈ بھرنا** (ہ) فعل ① جرمانہ ادا کرنا ② تاوان دینا۔

**ڈنڈ پیلنا** (ہ) فعل۔ ڈنٹر کی ورزش کرنا۔

**ڈنڈ ڈالنا** (ہ) فعل ① جرمانہ کرنا ② تاوان لگانا ③ ٹیکس لگانا۔

**ڈنڈا** (ہ) اسم مذکر ① ہاتھوں میں رکھنے کی لکڑی ② سیڑھی کی لکڑی ③ چھوٹی لاٹھی ④ جھنڈے کی لکڑی۔

**ڈنڈا ڈولی کرنا** (ہ) فعل۔ ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اٹھا لینا۔

**ڈنڈی** (ہ) اسم مونث ① ترازو کی وہ لکڑی جس میں پلڑے باندھتے ہیں ② شاہین ③ موٹھ ④ دستہ ⑤ قبضہ ⑥ پھول کی شاخ ⑦ ڈنٹھل ⑧ ٹال ⑨ تک۔

**ڈنڈی مارنا** (ہ) فعل ① کم تولنا ② چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا۔

**ڈنڈے بجاتے پھرنا** (ہ) فعل ① آوارہ پھرنا ② بیکار پھرنا ③ وقت ضائع کرنا۔

**ڈنر** (ای) اسم مذکر ① عشائیہ ② رات کا کھانا۔

**ڈنٹر** (ہ) اسم مذکر ① ڈنڈ ② بازو ③ ورزش کی ایک قسم۔

**ڈنک** (ہ) اسم مذکر ① کانٹا ② خار ③ زہریلے جانوروں کا کانٹا ④ نب ⑤ لوہے کے قلم کا وہ حصہ جس سے لکھتے ہیں ⑥ لوہے کا قلم ⑦ جوک کے کاٹے کا نشان۔

**ڈنک مارنا** (ہ) فعل ① زہریلے جانور کا کانٹا چبھونا ② دشمن کا نیش زنی کرنا۔

**ڈنکا / ڈنکہ** (ہ) اسم مونث ① نقارہ بجانے کی لکڑی ② چوب ③ نقارہ ④ دھونسا ⑤ بول بالا ⑥ ترقی ⑦ شہرت ⑧ عروج ⑨ سحری کے وقت کا دھونسا۔

**ڈنکا بجانا** (ہ) فعل ① نقارہ بجانا ② حکومت اور راج کرنا ③ ڈھنڈورا پٹوانا ④ منادی کرنا ⑤ رعب بٹھانا ⑥ شہرت دینا ⑦ دھوم مچانا۔

**ڈنکنی** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی عورت ڈائن ② لڑاکا عورت ③ جھگڑالو۔

**ڈنکے کی چوٹ کہنا** (ہ) فعل ① اعلانیہ کہنا ② بلند آواز سے پکار کر کہنا ③ منادی کرنا ④ ڈھنڈورا پیٹنا۔

**ڈنگیا** (ہ) اسم مونث۔ پانی بھرنے اور پینے کا چھوٹا سا دستہ دار تانبے کا برتن۔

## ڈ ← و

**ڈوائڈر** (ای) اسم مذکر ① تقسیم کرنے والا ② مقسوم علیہ ③ پرکار جو ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**ڈوب** (ہ) اسم مذکر ① غوطہ ② ڈبکی ③ قلم کو سیاہی میں بھرنا ④ کپڑے کو رنگ میں ڈبونا۔

**ڈوبا** (ہ) اسم مذکر ① غرقابی ② ڈبکی ③ قلم کو سیاہی میں بھرنا۔

**ڈوبا بھرنا/ لینا** (ہ) فعل ① کو سیاہی لگانا ② قلم بورنا۔

**ڈوبا نام اچھالنا** (ہ) فعل ① گم شدہ عزت و توقیر کو از سرِ نو حاصل کرنا ② نام روشن کرنا ③ گمنامی سے نکلنا۔

**ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہونا** (ہ) فعل ① ناامید کو ذرا سی مدد بھی کام دے جاتی ہے ② محتاج کو ذرا سا سہارا کام دے جاتا ہے۔

**ڈوب جانا** (ہ) فعل ① غرق ہو جانا ② پانی میں بہ جانا ③ روپیہ مارا جانا ④ نام مٹ جانا ⑤ رسوا ہونا ⑥ نکما ہونا ⑦ کام کا نہ رہنا ⑧ نکما ہو جانا ⑨ غائب ہو جانا۔

**ڈوب مر** (ہ) کلمہ نفرت ہے ① دفع ہو ② دور ہو ③ شکل نہ دکھا ④ اس شرم سے مر جا۔

**ڈوب مرنا** (ہ) فعل ① شرم و حیا یا بدنامی کے سبب سے پانی میں غرق ہو کر جان دے دینا ② مر جانا۔

**ڈوبنا** (ہ) فعل ① غرق ہونا ② دریا برد ہونا ③ چھپنا ④ غائب ہونا ⑤ رقم کا وصول نہ ہونا ⑥ تباہ ہونا ⑦ برباد ہو جانا ⑧ ضائع ہونا ⑨ دیوالہ نکلنا۔

**ڈوڈا** (ہ) اسم مذکر ① خول ② وہ چیز جس کے اندر بیج رہتے ہیں ③ کوکنار ④ کپاس کا پھل۔

**ڈور** (ہ) اسم مونث ① سوت کی باریک رسی ② رستہ ③ دھاگا ④ تاگا۔

**ڈورا** (ہ) اسم مذکر ① سوت کی رسی ② ریسمان ③ تار ④ دھاگا ⑤ ڈور ⑥ خط ⑦ لکیر ⑧ ریکھا ⑨ آنکھوں کی رگوں کے سرخ ڈورے جو خمار یا نیند کی حالت میں دکھائی دیتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ڈورا ڈالنا (ہ) فعل ① دام محبت میں اسیر کرنا ② پرچانا ③ مائل کرنا ④ یار بنانا۔

ڈوری (ہ) اسم مونث ① پتلی رسی ② پانی بھرنے کی رسی ③ خیمہ کی رسی ④ طناب ⑤ پلنگ کی پائینتی ⑥ شاہی سواری کے گزرنے کے وقت حد بست کی رسی ⑦ جریب ⑧ زمین ناپنے کی رسی ⑨ ملائی اتارنے یا گرم دودھ ڈالنے کا دستہ دار کٹورا۔

ڈوری ڈھیلی چھوڑنا (ہ) فعل ① خود مختار کر دینا ② آزاد رہنے دینا ③ کسی کی طرف سے غافل ہو جانا۔

ڈورے ڈالنا (ہ) فعل ① نگندے ڈالنا ② تاگے ڈالنا ③ فریب دینا ④ پرچانا ⑤ مائل کرنا ⑥ یار بنانا ⑦ اپنے ڈھب پر لانا ⑧ سر گوندھنا ⑨ مینڈھیاں گوندھنا۔

ڈوریا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا دھاریدار ولایتی کپڑا ② شکاری کتوں کو سدھانے والا ③ کتوں کا محافظ۔

ڈوکرا (ہ) اسم مذکر (پورب) بوڑھا۔

ڈوکنا (ہ) فعل ① (پورب) قے کرنا ② الٹی کرنا ③ روکنا ④ بہت سا پینا ⑤ سوکھنا ⑥ جذب کرنا۔

ڈول (ہ) اسم مذکر ① کنوئیں سے پانی بھرنے کا لوہے یا چمڑے کا برتن ② بوکا ③ دلو۔

ڈول (ہ) اسم مذکر ① طرز ② طور ③ ڈھنگ ④ قطع ⑤ وضع ⑥ خاکا ⑦ ڈھانچا ⑧ موقع ⑨ صورت۔

ڈولا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی گول پالکی ② سکھپال ③ زنانہ سواری۔

ڈولچی (ہ) اسم مونث ① ڈول کی تصغیر ہے ② پانی کھینچنے کا چھوٹا سا آہنی ظرف۔

ڈولنا (ہ) فعل ① پھرنا ② بھٹکنا ③ آوارہ پھرنا ④ حرکت کرنا ⑤ (بصورت اسم مذکر) ایک قسم کا برتن ⑥ ڈولا ⑦ گہوارہ۔

ڈولی (ہ) اسم مونث۔ ایک پردہ دار زنانہ سواری۔

ڈولی نہ کہار بی بی بیٹھی ہیں تیار (ا) مثل۔ پاس کچھ نہیں اور ارادے بڑے بڑے۔

ڈوم (ہ) اسم مذکر ① میراثی ② قوال ③ گویا ④ ایک گانے بجانے والی قوم کا نام (پورب) ایک نیچ قوم جو اکثر چھاج بنانے کا کام کرتی ہے ⑤ کنجر ⑥ ساز بجانے والا ⑦ سنگیتا۔

ڈوم پنا (ہ) اسم مذکر ① ڈوم کا پیشہ ② بیجا خوشامد۔

ڈومنی (ہ) اسم مونث ① میراثن ② ڈوم کی بیوی ③ مطربہ ④ ایک چڑیا کا نام بھی ہے۔

ڈونڈا (ہ) اسم صفت ① وہ بیل جس کے سینگ ٹوٹے یا مڑے ہوئے ہوں ② ایک سینگ والا بیل۔

ڈونڈی (ہ) اسم مونث ① ڈھنڈورا ② منادی ③ شہرت۔

ڈونڈی پیٹنا (ہ) فعل ① ڈھنڈورا پیٹنا ② مشہور کرنا ③ منادی کرنا۔

ڈونگا / ڈونگہ (ہ) اسم مذکر ① چھوٹی کشتی ② چھوٹی ناؤ ③ بجرا ④ پانی بھرنے کا دستے دار آبخورہ ⑤ خانساموں کا شوربے دار چیز رکھنے کا برتن۔

دوئٹ (ای) اسم مونث ① دوگانہ ② وہ گانا جسے دو مل کر گائیں۔

ڈوائل (ای) اسم مذکر۔ کسی جھگڑے کو ختم کرنے کے لیے دو شخصوں کے درمیان دو بدو لڑائی۔

ڈونگر (ہ) اسم مذکر ① اونچی زمین ② چھوٹا پہاڑ ③ ٹیلا ④ پہاڑی ملک ⑤ پربت ⑥ کوہ ⑦ جبل۔

ڈوئی (ہ) اسم مونث آلہ ① لکڑی کا چمچہ ② جس سے پکا ہوا کھانا نکالتے ہیں یا ہانڈی بھونتے ہیں۔

ڈویژن (ای) اسم مذکر۔ ① حصہ ② علاقہ ③ درجہ۔

ڈویژنل (ای) اسم صفت۔ علاقے کا۔

ڈویژنل جج (ای) اسم مذکر۔ علاقے کا جج۔

ڈویژنل بنچ (ای) اسم مونث۔ کم از کم دو ججوں پر مشتمل عدالت۔

## ڈ ← ہ

ڈھا (ہ) اسم مونث ① دریا کی تباہ کاری ② زمین کا زیر آب ہونا ③ ڈھاتا کا امر۔

ڈھا بیٹھنا / دینا (ا) محاورہ ① گرانا ② مسمار کرنا ③ تباہ کرنا۔

ڈھابا (ہ) اسم مذکر ① اولتی ② جال ③ دام ④ پرچھتی (ہندو) باورچی کی دوکان۔

ڈھاٹا (ہ) اسم مذکر ① داڑھی چڑھانے کی غرض سے منہ کے گرد لپیٹنے کی پٹی ② مردے کا منہ باندھنے کی پٹی۔

ڈھارس (ہ) اسم مونث ① تشفی ② اطمینان ③ مدد ④ سہارا ⑤ آسرا ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314…218

تقویت۔

ڈھارس دینا (ہ) فعل (1) ہمت بندھانا (2) تسلی دینا (3) دلاسا دینا (4) تقویت دینا۔

ڈھاڑی (ہ) اسم مذکر (1) میراثی (2) ڈوم (3) گویا (4) سازندہ (5) سنگیتا۔

ڈھاک (ہ) اسم مذکر۔ ایک خودرو جنگلی درخت کا نام ہے جس کے تین تین پتے ہوتے ہیں اس کے پھولوں کو پٹو کہتے ہیں جو گہرے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔

ڈھاک پھولنا (ہ) فعل۔ ڈھاک کے پھول کھلنا جس سے تمام جنگل سرخ دکھائی دیتا ہے۔

ڈھاک کے تین پات (ہ) مثل (1) حاکم (2) نادار (3) مفلس (4) غریب۔

ڈھال (ہ) اسم مونث (1) ڈھلوان (2) سپر (3) طریقہ (4) طرز (5) رسم (6) عادت (7) تلوار وغیرہ روکنے کا آلہ (8) پستی۔

ڈھال سا (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی ڈھال جیسا (1) چوڑا (2) چکلا۔

ڈھالنا (ہ) فعل (1) دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا (2) الٹانا (3) انڈیلنا (4) لٹانا (5) سستا بیچ ڈالنا۔

ڈھانا (ہ) فعل (1) گرانا (2) منہدم کرنا (3) مچانا (4) کمزور کرنا (5) ناتواں کرنا (6) مغلوب کرنا (7) پچھاڑنا۔

ڈھانپنا (ہ) فعل (1) چھپانا (2) پوشیدہ کرنا (3) ڈھانکنا (4) ڈھکنا۔

ڈھانچے (ہ) اسم مذکر (1) قالب (2) پنجر (3) خاکہ (4) ڈول (5) کرسی (6) چارپائی وغیرہ کا چوکھٹا۔

ڈھانکنا (ہ) فعل (1) چھپانا (2) پوشیدہ کرنا (3) ڈھکنا (4) کھولنا کی ضد۔

ڈھائی (ہ) اسم عدد کسری (1) دو و نیم (2) دو اور آدھا۔

ڈھائی دن کی بادشاہی کرنا (ہ) فعل (1) چند روزہ حکومت کرنا (2) تھوڑے دنوں عروج پر رہنا (3) دولھا بننا (4) نوشہ ہونا۔

ڈھائی گھڑی کی آنا (ہ) فعل (1) آنا فانا مرنا (2) تھوڑی سی دیر میں جان بحق ہونا۔

ڈھب (ہ) اسم مذکر (1) طور (2) طریقہ (3) طرز (4) ڈھنگ (5) ڈول (6) موقع (7) عادت (8) سبھاؤ۔

ڈھب آنا/ ہونا (ہ) فعل۔ طریقہ جاننا۔

ڈھب پر چڑھانا/ لگانا (ہ) فعل (1) اپنے مطلب کا بنانا (2) دم میں لانا۔

ڈھب پر چڑھنا (ہ) فعل (1) بس میں آجانا (2) قابو میں آنا۔

ڈھب ڈالنا (ہ) فعل (1) عادت ڈالنا (2) رسائی پیدا کرنا (3) موقع نکالنا۔

ڈھب ڈھب کی بات (ہ) اسم مونث۔ راہ راہ کی بات۔

ڈھبری (ہ) اسم مونث (1) پیچ کے اوپر کا لوہا جو اس کے نکل جانے کے ڈر سے لگا کر کستے ہیں (2) قابلے کا سرا۔

ڈھپ (ہ) اسم مذکر (1) ڈفلی (2) ایک گول باجا (3) دف۔

ڈھپالی (ہ) اسم مذکر فاعل۔ دف بجانے والا۔

ڈھپو (ہ) اسم صفت (1) بہت موٹا (2) مسٹنڈا۔

ڈھٹ (ہ) اسم صفت (1) نہایت مضبوط اور موٹا کپڑا (2) غف کپڑا۔

ڈھٹائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری (1) بے شرمی (2) بے حیائی (3) ہٹ (4) ضد (5) گستاخی (6) بے ادبی۔

ڈھچر (ہ) اسم مذکر (1) قالب (2) ڈھانچ (3) نمونہ خاکہ (4) ڈھوڑا (5) بکھیڑا (6) درستی کا سامان (7) حالت (8) حال (بحالت صفت) بوڑھا (9) کمزور۔

ڈھڈو (ہ) اسم مونث فاعل مفید صفت بڑھیا (1) زن کہن سال (2) پیرزال (3) بکی (4) ایک شور مچانے والی چڑیا جسے ڈومنی بھی کہتے ہیں۔

ڈھڈہا (ہ) اسم صفت (1) تروتازہ (2) سرسبز (3) سیراب (4) نہایت تیز (5) زرد یا سرخ رنگ (6) شوخ رنگ (7) چمکیلا (8) بھڑکدار۔

ڈھڈہانا (ہ) فعل (1) کھلنا (2) پھولنا (3) شاداب ہونا (4) سرسبز ہونا۔

ڈھر (ہ) اسم مونث (1) نشیب (2) نیچی زمین (3) وہ زمین جس میں پانی کھڑا رہے (4) ڈابر (5) جوہڑ (6) برساتی پانی کا تالاب کشتی اور جہاز کا پیندا۔

ڈھڑ (ہ) اسم مذکر (1) کولا (2) چوتڑ کے اوپر کا حصہ جس پر رکھ کر پہلوان لوگ حریف کو پچھاڑ ڈالتے ہیں۔

ڈھکنا (ہ) فعل (1) چھپانا (2) پوشیدہ کرنا (3) (بصورت اسم مذکر) سرپوش (4) چپنی (5) ڈھکن۔

ڈھکوسلا (ہ) اسم مذکر (1) دھوکا (2) فریب (3) مکر (4) بیہودہ اور لغو بات۔

ڈھگا (ہ) اسم صفت (1) دبلا اور لمبی ٹانگوں والا گھوڑا (2) لاغر گھوڑا (3) دبلا بیل (4) بے وقوف (5) احمق (6) بونگا۔

ڈھلان (ہ) اسم مونث صفت (1) ڈھال (2) نشیب (3) پستی (4) رغبت (5) میلان۔

ڈھلتی پھرتی چھاؤں کبھی ادھر کبھی ادھر (ہ) مثل (1) دولت کو قیام

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

نہیں ② زمانہ کا تغیر ③ انقلاب ہوتا ہی رہتا ہے۔

ڈھلکا (ہ) اسم مذکر۔ آنکھ سے پانی بہنے کا مرض۔

ڈھلکانا (ہ) فعل ① لڑھکانا ② غلطاں کرنا ③ بہانا ④ لنڈھانا۔

ڈھلکنا (ہ) فعل ① اوپر سے نیچے آنا ② پھسلنا ③ بہنا ④ ٹپکنا۔

ڈھلنا (ہ) فعل ① نیچے کی طرف جانا ② مائل و راغب ہونا ③ لڑکنا ④ پھسلنا۔

ڈھلنا (ہ) فعل ① رواں ہونا ② بہنا ③ زوال ہونا ④ حسن کا گھٹنا ⑤ لٹک پڑنا ⑥ جھول جانا ⑦ سانچے یا قالب میں کوئی چیز تیار ہونا ⑧ انڈیلنا ⑨ مضامین نفیسہ اور اشعار کا موزوں ہونا۔

ڈھلوان (ہ) اسم صفت ① پھسلوان ② جھکواں ③ سلامی۔

ڈھلوانا (ہ) فعل ① سانچے یا قالب میں کوئی چیز بنوانا ② چاندی وغیرہ کو گھلوانا۔

ڈھلوانا (ہ) فعل ① اسباب ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھوا کر لے جانا ② بوجھ اٹھوانا۔

ڈھلوائی / ڈھلائی (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② بوجھ اٹھوانے کی مزدوری ③ ڈھلوانے کی اجرت۔

ڈھنڈار (ہ) اسم صفت ① اجاڑ اور ویران مکان ② بہت بڑا اور غیر آباد مکان۔

ڈھنڈنا (ہ) فعل ① تلاش ہونا ② جستجو ہونا۔

ڈھنڈوانا (ہ) فعل ① ڈھونڈنا کا متعدی ② تلاش کرانا ③ پتہ لگانا۔

ڈھنڈورا (ہ) اسم مذکر ① منادی ② تشہیر ③ ڈونڈی ④ ڈھوں۔

ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں (ہ) مثل ① چیز اپنے پاس ② تلاش کریں ادھر ادھر۔

ڈھنڈورچی (ہ) اسم مذکر فاعل ① منادی کرنے والا ② مشتہر۔

ڈھنگ (ہ) اسم مذکر ① طریقہ ② روش ③ طرز ④ ڈھب ⑤ طور ⑥ چال چلن ⑦ رویہ ⑧ وضع قطع ⑨ سیرت۔

ڈھنگ ڈالنا (ہ) فعل ① کوئی کام شروع کرنا ② راستہ ڈالنا ③ بنیاد ڈالنا۔

ڈھوانا (ہ) فعل ① گروانا ② منہدم کروانا۔

ڈھور (ہ) اسم مونث ① گائے بھینس وغیرہ ② مجازاً احمق ③ چنوں کے غلہ کو کھا جانے والا کیڑا۔

ڈھول (ہ) اسم مذکر ① ایک مشہور باجے کا نام ہے ② طبل ③ تنور۔

ڈھول ڈھمکا (ہ) اسم مذکر ① باجا گاجا ② دھوم دھام۔

ڈھول سے کھال بھی گئی (ہ) کہاوت ① کچھ نہیں رہا ② سب کچھ جاتا رہا۔

ڈھولا (ہ) اسم مذکر ① عاشق ② اونچا مخروطی مینار جو گاؤں کی سرحد پر بناتے ہیں ③ ایک اونچے سر کا نام ④ احمق ⑤ بے وقوف ⑥ محبوب ⑦ معشوق ⑧ پیارا۔

ڈھولک / ڈھولکی (ہ) اسم مونث ① ڈھول کی تصغیر ② چھوٹا ڈھول۔

ڈھولنا (ہ) اسم مذکر ① چاندی سونے کے ایک لمبے اور گول تعویذ کا نام ہے ② قفلی تعویذ ③ پانی رکھنے اور لانے کا گھڑے نما برنجی برتن ④ قرآن شریف۔

ڈھولی (ہ) اسم مونث۔ زیادہ سے زیادہ ہزار اور کم سے کم دو سو یا ایک سو پانوں کا مٹھا۔

ڈھونا (ہ) فعل ① بوجھ اٹھانا ② اسباب یا بوجھ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ③ لادنا ④ اٹھا لے جانا۔ ⑤ چوری سے لے جانا۔

ڈھونچا (ہ) اسم مذکر۔ ساڑھے چار کا پہاڑہ۔

ڈھونڈ (ہ) اسم مونث ① تلاش ② جستجو۔

ڈھونڈ ڈھانڈ (ہ) اسم مونث ① کھوج ② تلاش ③ سراغ۔

ڈھونڈنا (ہ) فعل ① تلاش کرنا ② جستجو کرنا ③ کھوج لگانا ④ سراغ لگانا۔

ڈھیٹ (ہ) اسم صفت ① گستاخ ② شوخ ③ بے حیا ④ بے شرم۔ ⑤ ضدی ⑥ اڑیل ⑦ بیباک۔

ڈھیر (ہ) اسم مذکر ① تودہ ② انبار ③ کھلیان ④ اٹالا ⑤ بھیڑ ⑦ انبوہ ⑧ ہجوم ⑨ مجمع۔

ڈھیر ہو جانا (ہ) فعل ① انبار لگ جانا ② تھک کر چور ہونا ③ مکان کا گرنا ④ مرنا ⑤ مرکر قبر بن جانا۔

ڈھیرا (ہ) اسم صفت ① بھینگا ② احول ③ کج بین۔

ڈھیل (ہ) اسم مونث ① دیر ② وقفہ ③ مدت ④ آلکس ⑤ سستی ⑥ کاہلی ⑦ مہلت ⑧ آزادی ⑨ بے اعتنائی۔

ڈھیل دینا (ہ) فعل ① ڈوری چھوڑنا ② کنکوے کو ڈور دینا ③ تاننا کی ضد ④ توجہ نہ رکھنا ⑤ بے پروائی برتنا۔

ڈھیلا (ہ) اسم صفت ① سست ② کاہل ③ کھلا ④ چست اور تنگ کی ضد۔

ڈھیلا پن (ہ) اسم مذکر ① کشادگی ② فراخی ③ سستی ④ کاہلی۔ ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

نامردی۔

ڈھیلا (ہ) اسم مذکر ❶ ڈلا ❷ ڈھیم ❸ کلوخ ❻ مٹی کا بڑا سا ٹکڑا ❼ آنکھ کا ڈیلا۔

ڈھیلا لینا (ہ) فعل ❶ پیشاب کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا ❷ استنجا سکھانا۔

ڈھیلی (ہ) اسم صفت مونث ❶ کشادہ ❷ فراخ ❸ کاہل ❹ سست ❺ نازک ❻ کمزور ❼ ناتواں ❽ ڈھیل ❾ مہلت۔

ڈھینا (ہ) فعل ❶ گرنا ❷ مکان کا بیٹھ جانا ❸ اینٹ سے اینٹ بجنا ❹ مسمار ہونا ❺ تھکنا ❻ دل بیٹھنا ❼ جاتا رہنا ❽ گم ہونا ❾ لاغرو ناتواں ہونا۔

ڈھینگ (ہ) اسم مذکر ❶ لمبی ٹانگوں والا ❷ بڑا گدھ ❸ طویل قد ❹ لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔

ڈھینکلی (ہ) اسم مونث ❶ پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی ❷ آڑی ❸ سیون ❹ کپڑا سینے کا طریقہ ❺ دھان کوٹنے کا آلہ ❻ جندرا ❼ کلابازی۔

ڈھینکی (ہ) اسم مونث ❶ دھن کٹی ❷ دھان کوٹنے کا آلہ۔

ڈھینگر (ہ) اسم مذکر ❶ کمزور ❷ دبلا پتلا ❸ کانٹے دار سوکھی لکڑی۔

## ڈ ← ی

ڈی۔ ایس۔ پی۔ (ای) اسم مذکر ❶ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کا مخفف ❷ مددگار یا ماتحت پولیس کپتان۔

ڈی۔ سی (ای) اسم مذکر ❶ ڈپٹی کمشنر کا مخفف ❷ ضلع کا سب سے بڑا حاکم۔

ڈیپارٹمنٹ (ای) اسم مذکر ❶ شعبہ ❷ محکمہ۔

ڈیٹھ (ہ) اسم مونث ❶ نگاہ ❷ نظر ❸ بینائی ❹ بصارت ❺ قوت باصرہ۔

ڈیٹھ بند (ا) اسم مذکر فاعل ❶ نظربند ❷ مداری ❸ شعبدہ باز ❹ جادوگر۔

ڈیڈلیٹر آفس (ای) اسم مذکر۔ لاوارثی چھٹیوں کا ڈاک خانہ۔

ڈیڈی (ای) اسم مذکر ❶ باپ ❷ ولد ❸ ابا ❹ ابو۔

ڈیڈی کیٹ (ای) اسم مذکر ❶ نذر کرنا ❷ کتاب وغیرہ کو کسی کے نام پر نامزد کرنا ❸ معنون کرنا۔

ڈیڈی کیشن (ای) اسم مونث ❶ نام زدگی ❷ نذر گزراننا ❸ پیش کرنا۔

ڈیرا (ہ) اسم مذکر ❶ خیمہ ❷ تنبو ❸ قیام گاہ ❹ عارضی مکان ❺ گھر ❻ خانہ ❼ مکان۔

ڈیرا ڈالنا (ہ) فعل ❶ خیمہ گاڑنا ❷ قیام کرنا ❸ رہ پڑنا ❹ چھاؤنی چھانا۔

ڈیرا کرنا (ہ) فعل ❶ اترنا ❷ فروکش ہونا ❸ رہنا ❹ اترنا۔

ڈیری (ای) اسم مذکر ❶ شیر خانہ ❷ وہ جگہ جہاں دودھ، مکھن، گھی اور پنیر تیار ہوتا ہے۔

ڈیری فارم (ای) اسم مذکر۔ دودھ دینے والے جانور پالنے کی جگہ۔

ڈیڑھ (ہ) اسم مذکر عدد کسری ❶ ایک اور آدھا ❷ یک ونیم۔

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا (ہ) فعل ❶ شرکت پسند نہ کرنا ❷ کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا۔

ڈیڑھ بکائن میاں باغ میں (ہ) مثل۔ تھوڑی پونجی پر اترانا۔

ڈیڑھ پاؤ / ڈیڑھ پا (ہ) اسم مذکر ❶ سیر ❷ چھ چھٹانک۔

ڈیفنس (ای) اسم مذکر ❶ حفاظت ❷ بچاؤ ❸ مقابلہ ❹ روک تھام۔

ڈیڑھ گز کی زبان (ا) اسم صفت ❶ گستاخی ❷ بدزبانی ❸ زبان درازی۔

ڈیزائن (ای) اسم مذکر ❶ نقشہ ❷ خاکہ ❸ ڈھانچہ ❹ نمونہ۔

ڈیزائنر (ای) اسم مذکر ❶ خاکہ تیار کرنے والا ❷ نقشہ تیار کرنے والا ❸ نمونہ ساز۔

ڈیسک (ای) اسم مذکر۔ اسکول کے بچوں کی ڈھلوان میز۔

ڈیک (ای) اسم مونث۔ جہاز کا عرشہ۔

ڈیکلریشن (ای) اسم مذکر ❶ بیان ❷ اقرار نامہ ❸ اعلان ❹ عرضی ❺ اخبار یا رسالہ جاری کرنے کا اجازت نامہ۔

ڈیلر (ای) اسم مذکر ❶ بیوپاری ❷ مال کی تقسیم کرنے والا۔

ڈیلی (ای) اسم صفت ❶ روز مرہ کا ❷ روزانہ ❸ روزنامہ ❹ روزانہ کا اخبار۔

ڈیل (ہ) اسم مذکر ❶ جسم ❷ تن ❸ سریر ❹ کایا ❺ بدن ❻ ڈھانچ ❼ قد و قامت ❽ گٹا یعنی جوتی کی رگڑ سے بنی ہوئی پاؤں کی انگلیوں کی گانٹھ۔

ڈیل ڈول (ہ) اسم مذکر۔ ❶ قد و قامت ❷ تن و توش ❸ شکل و

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

صورت۔

ڈیلی گیٹ (ای) اسم مذکر ❶ سفیر ❷ ایلچی ❸ مختار ❹ وکیل۔

ڈیلی گیشن (ای) اسم مذکر ❶ نمائندوں کی جماعت ❷ مندوبین۔

ڈیم (ای) اسم مذکر ❶ بند ❷ پشتہ ❸ وہ پانی جسے پشتہ باندھ کر روک دیا گیا ہو۔

ڈیم فول (ای) اسم مذکر ❶ پاجی ❷ احمق ❸ بے وقوف ❹ گدھا۔

ڈینگ (ہ) اسم مونث ❶ لاف ❷ شیخی ❸ بڑائی ❹ تعلی۔

ڈیمانسٹریٹر (ای) ❶ مثال اور تجربے کی مدد سے تعلیم دینے والا ❷ عملی تعلیم دینے والا۔

ڈیمرج (ای) اسم مذکر ❶ ریل یا جہاز کے حدود سے وقت مقررہ کے بعد مال لے جانے کا محصول ❷ جرمانہ۔

ڈیموکریٹ (ای) اسم مذکر ❶ جمہوریت پسند ❷ جمہوری نظام کا حامی۔

ڈیموکریسی (ای) اسم مونث ❶ جمہوریت ❷ عوام کی حکومت۔

ڈیمی (ای) اسم صفت ❶ نصف ❷ آدھا ❸ نیم۔

ڈیمی آفیشل (ای) اسم صفت ❶ نیم سرکاری خط ❷ جسے ڈی۔او بھی کہتے ہیں۔

ڈین (ای) اسم مذکر ❶ دندان ساز ❷ دانتوں کا معالج۔

ڈینٹسٹ (ای) اسم مذکر ❶ دندان ساز ❷ دانتوں کا معالج۔

ڈینگ کی لینا/ڈینگ مارنا/ ہانکنا (ہ) فعل ❶ اترانا ❷ شیخی بگھارنا ❸ خودستائی۔

ڈینگیا (ہ) اسم مذکر فاعل۔ شیخی خورا۔

ڈیو (ای) اسم صفت ❶ قابل ادا ❷ لازم ❸ ضروری۔

ڈیوٹی (ای) اسم مونث ❶ فرض ❷ کام ❸ خدمت ❹ محصول ❺ چونگی ❻ رسوم۔

ڈیوڑھا (ہ) اسم عدد کسری ❶ ایک اور آدھا ❷ ڈیڑھ گنا ❸ ریل کا ایک درجہ ❹ پچاس فیصدی کا سود۔

ڈیوڑھی (ہ) اسم مونث ❶ دہلیز ❷ درگاہ ❸ آستانہ ❹ باریابی ❺ آمدورفت ❻ یک ونیم ❼ ڈیڑھ گنی۔

ڈیوڑھی دار (ا) اسم مذکر فاعل ❶ دروازے کا پہرے دار ❷ دربان ❸ حاجب۔

ڈیوک (ای) اسم مذکر۔ انگلستان میں سب سے بڑے درجے کا امیر۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ذ

فارسی کا پانچواں عربی کا چوتھا، اردو کا چھٹا حرف ہے۔

ذ (ء) اسم مونث ❶ عربی زبان کا نواں فارسی کا گیارھواں اور اردو کا تیرھواں حرف ہے ❷ اس کا تلفظ ذال ہے اور آواز زبان کی نوک سے نکلتی ہے ❸ حساب جمل میں اس کے عدد سات سو ۷۰۰ فرض کیے گئے ہیں۔

## ذ ← ا

ذاب (ع) اسم صفت ❶ پیاسا ❷ پگلا ہوا۔

ذابح (ع) اسم صفت ❶ ذبح کرنے والا ❷ حلال کرنے والا۔

ذات (ء) اسم مونث ❶ اصلیت ❷ جوہر ❸ سرشت ❹ بنیاد ❺ مادہ ❻ قوم ❼ گوت ❽ پیدائش ❾ خاندان۔

ذات الجنب (ہ) اسم مذکر ❶ پسلی کا درد ❷ ہوک ❸ پہلو کا درد۔

ذات الریہ (ء) اسم مذکر ❶ پھیپھڑے کا ورم ❷ سوزش ❸ درد۔

ذات الصدر (ء) اسم مذکر ❶ سینہ کا درد ❷ ورم سینہ۔

ذات باہر (ا) اسم صفت ❶ ذات سے نکالا ہوا ❷ خارج از قوم ❸ قوم کا مجرم ❹ ناکارہ۔

ذات پات (ا) اسم مونث ❶ قوم ❷ نسل ❸ خاندان ❹ گوت۔

ذات شریف (ا) اسم صفت ❶ چالاک ❷ استاد ❸ شریر ❹ بدذات ❺ مفسد ❻ بڑے حضرت۔

ذات کی بیٹی ذات ہی میں جاتی ہے (ا) مثل۔ شریفوں کا پیوند شریفوں میں ہی ہوتا ہے۔

ذات میں بٹا لگنا (ا) فعل ❶ نسل میں فرق آنا ❷ خاندان میں عیب لگنا۔

ذاتی (ا) اسم صفت ❶ اصلی ❷ حقیقی ❸ اپنا ❹ نج کا۔

ذاتی تعلق (ء) اسم مذکر ❶ خاص لگاؤ ❷ خاص نسبت ❸ خانگی معاملات۔

ذاتی معاملات (ء) اسم مذکر ❶ گھر کی باتیں ❷ اپنے حالات۔

ذاکر (ء) اسم مذکر فاعل ❶ ذکر کرنے والا ❷ یاد الٰہی کرنے والا۔

ذانب (ع) اسم صفت۔ پیچھے چلنے والا۔

ذائقہ (ء) اسم مذکر ❶ چکھنے والی قوت ❷ زبان کی مزے چکھنے کی طاقت ❸ مجازاً مزہ ❹ سواد ❺ چسکا ❻ لطف۔

ذائقہ دار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ مزیدار ❷ لطیف ❸ لذیز۔

ذائقہ شناس (ا) اسم صفت۔ اچھے مزے کی شناخت میں ماہر۔

## ذ ← ب

ذباب (ع) اسم مذکر ❶ مکھی ❷ مگس۔

ذبح (ء) اسم مذکر ❶ گلا کاٹنا ❷ شریعت کے مطابق حلال کرنا۔

ذبح کرنا (ا) فعل ❶ ہلاک کرنا ❷ مار ڈالنا ❸ گلا کاٹنا ❹ چھری پھیرنا ❺ قربانی کرنا ❻ مار کر لہولہان کرنا۔

ذبیحہ (ء) اسم مذکر ❶ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور ❷ قربانی کا جانور۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149772218



www.besturdubooks.net

ذبیح اللہ (ء) اسم مذکر۔ حضرت اسمٰعیلؑ کا لقب۔

## ذ ← خ

ذخار (ع) اسم صفت ❶ لمبا ❷ طویل وعریض۔
ذخائر (ع) اسم مذکر ❶ ذخیرہ کی جمع ❷ خزانے ❸ گودام ❹ وہ جگہیں جہاں پودوں کی پنیریاں جمع کی جاتی ہیں۔
ذخیرہ (ء) اسم مذکر ❶ گودام ❷ خزانہ ❸ سٹاک ❹ پونجی ❺ سرمایہ ❻ جمع۔
ذخیرہ اندوز (ع) اسم مذکر ❶ ذخیرہ کرنے والا ❷ مال روک کر مہنگے داموں فروخت کرنے والا۔
ذخیرہ اندوزی (ع) اسم صفت۔ مہنگے داموں فروخت کرنے کے لیے اشیاء کو روک رکھنا۔

## ذ ← ر

ذرا (ا) تابع فعل مفید صفت ❶ تھوڑا سا ❷ بہت کم ❸ قلیل ❹ جزو ❺ معمولی سا۔
ذرا ذرا کر کے (ا) تابع فعل ❶ تھوڑا تھوڑا کر کے ❷ رتی رتی ❸ ایک ایک کر کے ❹ سب کا سب۔
ذرا سا (ہ) اسم صفت ❶ بہت تھوڑا ❷ کم مقدار ❸ بہت کم۔
ذرا سا منہ نکل آنا (ا) فعل۔ ذرہ یا بیماری سے چہرے کی لاغری کا نمایاں ہونا۔
ذرا کی ذرا (ا) تابع فعل ❶ آن کی آن ❷ تھوڑی سی دیر ❸ یونہی ❹ ذرا سی دیر۔
ذرا عقل کے ناخن لو (ا) محاورہ ❶ بے وقوف نہ بنو ذرا عقل کی بات کہو ❷ غفلت جانے دو ❸ ہوش سنبھالو۔
ذرائع (ع) اسم مذکر ❶ ذریعہ کی جمع ❷ طریقے ❸ راستے ❹ وسائل۔
ذرہ (ء) اسم مذکر ❶ لغت میں چیونٹی کو کہتے ہیں ❷ مجازاً وہ چھوٹے چھوٹے اجزا جو سورج کی کرنوں کے ساتھ کسی روزن میں سے دکھائی دیتے ہیں ❸ جزو ❹ مقدار ❺ قلیل ❻ ٹکڑا ❼ حصہ ❽ وہ جزو جو ناقابل تقسیم ہو ❾ ایک جو کا سواں حصہ۔
ذرہ بھر (ہ) اسم صفت ❶ بالکل تھوڑا ❷ نہایت ہی قلیل مقدار۔

ذریت (ء) اسم مونث ❶ بال بچے ❷ آل اولاد ❸ نسل ❹ سلسلہ۔
ذریعہ (ء) اسم مذکر ❶ سہارا ❷ وسیلہ ❸ آسرا ❹ سبب ❺ باعث ❻ وجہ ❼ علاقہ ❽ تعلق ❾ لگاؤ۔

## ذ ← ق

ذقن (ہ) اسم مذکر ❶ ٹھوڑی ❷ زنخدان۔

## ذ ← ک

ذکا (ع) اسم مونث ❶ ذکاوت ❷ ذہانت ❸ دانائی ❹ تیز فہمی۔
ذکاوت (ء) اسم مونث ❶ دانائی ❷ فہم کی تیزی۔
ذَکر (ء) اسم مذکر ❶ نر ❷ مرد ❸ منش ❹ آلہ ❺ تناسل۔
ذِکر (ء) اسم مذکر ❶ بیان ❷ چرچا ❸ یاد ❹ یادداشت ❺ خدا کا نام لینا ❻ شغل ❼ تذکرہ۔
ذکر آنا / چلنا / نکلنا / ہونا (ا) فعل ❶ کسی شخص کی بابت کچھ بات ہونا ❷ تذکرہ ہونا۔
ذکر چھیڑنا (ا) محاورہ ❶ بات چیت ہونا ❷ گفتگو ہونا ❸ کسی بات کی ابتدا ہونا۔
ذکر خیر (ء) اسم مذکر ❶ کسی کو نیکی کے ساتھ یاد کرنا ❷ بھلائیاں بیان کرنا ❸ تذکرہ ❹ بات چیت۔
ذکر کرنا (ا) فعل ❶ خدا کا نام لینا ❷ عبادت کرنا ❸ بیان کرنا ❹ تذکرہ کرنا۔
ذکر مذکور (ء) اسم مذکر ❶ گفتگو ❷ بات چیت ❸ ذکر اذکار ❹ بیان ❺ چرچا۔
ذکور (ء) اسم مذکر ❶ ذکر کی جمع ❷ بہت سے مرد ❸ بہت سے آدمی ❹ بہت سے۔
ذکی (ء) اسم صفت ❶ تیز فہم ❷ تیز طبع ❸ ہوشیار ❹ ذہین۔
ذکیہ (ا) اسم مونث ❶ ذکی کی تانیث ❷ تیز فہم عورت ❸ ہوشیار عورت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

## ذ ← ل

ذلالت (ع) اسم مونث ❶ ذلت ❷ توہین ❸ کمینہ پن ❹ حقارت۔

ذلت (ء) اسم مونث ❶ خواری ❷ رسوائی ❸ ہتک ❹ حقارت ❺ بے عزتی ❻ توہین ❼ بے قدری۔

ذلت اٹھانا (ا) فعل ❶ رسوا ہونا ❷ بے عزت ہونا ❸ بے قدر رہونا۔

ذلیل (ء) اسم صفت ❶ بے عزت ❷ بے قدر ❸ حقیر ❹ خوار ❺ رسوا ❻ پاجی ❼ کمینہ ❽ سفلہ ❾ خفیف۔

## ذ ← م

ذم (ء) اسم مونث ❶ برائی ❷ بدی ❸ ندامت ❹ ہجو۔

ذمائم (ء) اسم مونث ❶ ذمیمہ کی جمع ❷ برائیاں ❸ بدیاں ❹ خرابیاں ❺ گناہ۔

ذمہ (ء) اسم مذکر ❶ اقرار ❷ عہد ❸ ضمانت ❹ کفالت ❺ جوابدہی ❻ فرض ❼ مواخذہ۔

ذمہ دار/ ذمہ وار (عف) اسم مذکر فاعل ❶ جوابدہ ❷ ضامن ❸ کفیل ❹ معتبر ❺ منتظم ❻ کارکن ❼ ولی ❽ سرپرست ❾ اعتبار والا۔

ذمہ داری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ جوابدہی ❷ سرپرستی ❸ ضمانت ❹ نگہبانی۔

ذمی (ع) اسم مذکر۔ غیر مسلم شخص جو اسلامی ملک میں رہ رہا ہو اور جزیہ ادا کررہا ہو۔

ذمیمہ (ء) اسم مونث صفت ❶ برائی والی ❷ بد ❸ گنہگار ❹ پاپی۔

## ذ ← ن

ذَنب (ع) اسم مذکر ❶ گناہ ❷ دُم ❸ آخری سرا ❹ بُرا کام ❺ آنکھ کا باہر کا سرا۔

ذنوب (ع) اسم مذکر ❶ ذنب کی جمع ❷ جرائم ❸ گناہ ❹ بُرے کام۔

## ذ ← و

ذو (ء) اسم مذکر ❶ صاحب ❷ مالک ❸ خداوند ❹ جمع: ذوی۔

ذواضعاف (ء) اسم مذکر ❶ صاحب ضعف ❷ معمولی ضرب ریاضی ❸ جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو جائے تو اسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں۔

ذواضعاف اقل (ء) اسم مذکر۔ وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد جو کئی عددوں پر پورا پورا تقسیم ہو سکے۔

ذوالجلال (ء) اسم مذکر صفت ❶ صاحب جلال ❷ بزرگی و عظمت والا ❸ معزز خدائے تعالٰے کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام ہے۔

ذوالفقار (ء) اسم مونث صفت ❶ مہرہ ❷ ہائے پشت والی ❸ وہ تلوار جو رسول اللہ صلعم کو جنگ بدر میں ملی اور ان سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو پہنچی ❹ شمشیر دوزبانہ ❺ تلوار۔

ذوالقرنین (ء) اسم مذکر صفت ❶ دو سینگوں یا گیسوؤں والا ❷ سکندر اعظم کا لقب۔

ذوفنون (ء) اسم صفت ❶ ہنروں والا ❷ خوبیوں والا ❸ عالم فاضل ❹ چالیا ❺ فریبی ❻ عیار ❼ مکار ❽ فسادی ❾ فتنہ پرداز۔

ذومعنی (ء) اسم صفت مونث ❶ بامعنی ❷ کئی معنوں والا ❸ وہ بات جس کے کئی پہلو نکلتے ہوں۔

ذوات (ع) اسم مذکر ❶ ذات کی جمع ❷ صاحبان ❸ مالکان۔

ذوق (ء) اسم مذکر ❶ مزہ چکھنا ❷ چکھنے کی قوت ❸ لذت ❹ مزہ ❺ خط ❻ لطف ❼ خوشی ❽ شیخ محمد ابراہیم خاقانی ہند دہلوی شاعر کا تخلص جو بہادر شاہ دہلی کے استاد تھے۔

ذوق سلیم (ا) اسم صفت ❶ صحیح ذوق ❷ درست ذوق۔

ذوق وشوق (ع) اسم مذکر ❶ خوشی ❷ عیش وعشرت۔

## ذ ← ہ

ذہانت (ع) اسم مونث ❶ ذکاوت ❷ ذہن کی تیزی ❸ کوئی بات فوراً

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سمجھ جانے والا۔

ذہب (ع) اسم مذکر ❶ سونا ❷ طلا ❸ انڈے کی زردی۔

ذہن (ء) اسم مذکر ❶ زود فہمی ❷ زیرکی ❸ سمجھ ❹ ادراک ❺ حافظہ ❻ یادداشت ❼ فراست ❽ استعداد ❾ قابلیت۔

ذہن کھلنا (ا) فعل ❶ عقل کھلنا ❷ فہم کا تیز ہونا۔

ذہن لڑانا (ا) فعل ❶ سوچ بچار کرنا ❷ فکر کرنا ❸ عقل دوڑانا ❹ سوچنا۔

ذہن نشین کرنا (ا) فعل ❶ سمجھانا ❷ ذہن میں بٹھانا ❸ تسلی کر دینا۔

ذہنیت (ع) اسم مونث ❶ طبیعت کا رجحان ❷ طبیعت کا میلان ❸ مزاج۔

ذہین (ء) اسم صفت ❶ ذکی ❷ تیز فہم ❸ ہوشیار ❹ تیز طبع۔

## ذ ← ی

ذی (ء) اسم مذکر ❶ صاحب ❷ مالک ❸ خدا ❹ علامت ❺ فاعلیت۔

ذی اختیار (ء) اسم مذکر ❶ صاحب حکومت ❷ اختیار والا ❸ خود مختار ❹ عالی درجہ۔

ذی استعداد (ء) اسم صفت ❶ لائق ❷ لیاقت والا ❸ قابل ❹ عالم فاضل۔

ذی الحج (ء) اسم مذکر ظرف زماں ❶ حج والا ❷ حج کا مہینہ ❸ مسلمانوں کا بارھواں قمری مہینہ جس کی نویں تاریخ کو حج ہوتا ہے۔

ذی رتبہ (ء) اسم صفت ❶ رتبہ والا ❷ درجہ والا ❸ عہدہ دار ❹ صاحب منصب۔

ذی روح (ء) اسم صفت مذکر ❶ جان دار ❷ جانور ❸ جان والا۔

ذی عزت (ء) اسم صفت مذکر ❶ عزت دار ❷ عزت والا ❸ معزز۔

ذی قعد (ء) اسم مذکر ظرف زمان ❶ مسلمانوں کا گیارھواں قمری مہینہ ❷ خالی کا مہینہ۔

ذی وقار (ء) اسم صفت ❶ عزت والا ❷ معزز ❸ صاحب ثروت ❹ امیر۔

ذی ہوش (ء) اسم صفت ❶ ہوشیار ❷ سمجھ والا ❸ فہیم ❹ سمجھدار ❺ ذہین۔

ذیابطیس (ع) اسم مذکر۔ ایک بیماری جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے۔

ذیل (ء) اسم مذکر ❶ دامن ❷ پلا ❸ نیچے ❹ نیچے کا حصہ ❺ جرگہ ❻ منڈلی ❼ گروہ ❽ علاقہ ❾ حلقہ۔

ذیل دار (عف) اسم مذکر فاعل۔ سرکاری عہدہ دار جو چند گاؤں یا قصبوں کا افسر ہو۔

ذیل میں (ا) تابع فعل ❶ نیچے ❷ تحت ❸ نیچے کے حصہ میں۔

ذیل وار (ع) اسم صفت ❶ علاقہ وار ❷ ماتحت ❸ ضمنی

ذیلی (ف) اسم صفت ❶ نیچے کی ❷ ماتحت ❸ ضمنی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

# ر

اردو کا چودھواں فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف ہے

ر (ء) اسم مونث ❶ اردو کا چودھواں فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد دوسو قرار دئے گئے ہیں۔
اسے رائے مہملہ یا غیر منقوط بھی کہتے ہیں۔

## ر ← ا

راب (ہ) اسم مونث ❶ شیرہ ❷ پتلا گڑ جسے تمباکو میں ڈال کر تمباکو بناتے ہیں ❸ گنے کا رس۔

رابڑی (ہ) اسم مونث ❶ جوار یا باجرے یا مکئی کا آٹا جو نمکین کھٹی چھاچھ میں پکایا گیا ہو ❷ گاڑھا کیا ہوا دودھ جسے ربڑی بھی بولتے ہیں۔

رابطہ (ء) اسم مذکر ❶ تعلق ❷ رشتہ ❸ قرابت ❹ میل جول۔

رات (ہ) اسم مونث ظرف زمان ❶ رَین ❷ شب ❸ اندھیرا ❹ سیاہی ❺ تاریکی ❻ شام ❼ مغرب۔

رات بھاری ہونا (ہ) فعل ❶ غم یا بیماری کی وجہ سے رات کا دراز و ناگوار معلوم ہونا ❷ رات کا منحوس اور خطرناک ہونا ❸ سخت دشوار اور مشکل ہونا۔

رات بھر (ہ) فعل ❶ ساری رات ❷ تمام شب۔

رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی (ہ) مثل۔ بہت تکلیف اور محنت کے بعد فائدہ تھوڑا ہی ہوا۔

رات تھوڑی سوانگ بہت۔ رات تھوڑی کہانی بڑی (ہ) کہاوت ❶ وقت کم اور کام زیادہ ❷ عمر تھوڑی اور دنیا کے بکھیڑے زیادہ۔

رات دن (ہ) اسم مذکر ❶ آٹھ پہر ❷ شب و روز۔

رات کا پیٹ بھاری ہے (ہ) مثل ❶ رات تمام عیوب کو چھپا لیتی ہے ❷ رات میں ہر طرح کی اور ہر قسم کی بہت ہی سمائی ہے۔

رات کی رات (ہ) تابع فعل ❶ صرف ایک رات ❷ آج کی رات۔

رات ماں کا پیٹ ہے (ہ) محاورہ ❶ رات پردہ نشین عورتوں کا پردہ ہے ❷ عیب پوش ہے۔

رات والا (ہ) اسم مذکر ❶ الو ❷ چغد ❸ بوم ❹ ہیضہ ❺ چاند ❻ ماہتاب۔

راتب (ء) اسم مذکر ❶ روزینہ ❷ روزانہ خور کا وظیفہ ❸ ہاتھی یا گھوڑے وغیرہ کا دانہ نہاری وغیرہ۔

راتب خوار (ع) اسم مذکر فاعل۔ وظیفہ کھانے والا۔

راتوں رات (ہ) تابع فعل ❶ رات بھر میں رات رات کے اندر ❷ تمام شب میں۔

راج (ہ) اسم مذکر ❶ مکان بنانے والا ❷ معمار ❸ حکومت ❹ سلطنت ❺ بادشاہی ❻ سرکار ❼ گورنمنٹ ❽ زمانہ ❾ وقت۔

راج استھان (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ مکان ❷ شاہی محل ❸ راج نواس ❹ راجدھانی ❺ دارالسلطنت ❻ پایہ تخت ❼ دیوان عام ❽ دربار عام۔

راج بنس (ہ) اسم مذکر۔ خاندان شاہی۔

راج بنسی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ شاہی نسل کا آدمی ❷ راجہ کے خاندان کا آدمی ❸ مجازاً ناگ ❹ سانپ ❺ راجپوتوں کے ایک خاندان کا نام۔

راج بہا / رج بہا (ہ) اسم مذکر ❶ نہر کی چھوٹی شاخ ❷ نہر میں سے نکالی ہوئی چھوٹی نہر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03497017218



www.besturdubooks.net

راج بھنڈار (ہ) اسم مذکر ① سرکاری مال خانہ ② سرکاری گودام ③ بیت المال ④ خزانہ عامرہ۔

راج پاٹ (ہ) اسم مذکر ① بادشاہی ② حکومت سلطنت۔

راج پتی (ہ) اسم مذکر ① شہزادوں کا لقب ② راج کنور۔

راج پتنی (ہ) اسم مونث ① ہندو ملکہ ② رانی ③ بیگم۔

راج پوت (ہ) اسم مذکر ① شہزادہ ② ہندو راجا کی اولاد ③ چھتری قوم جو قدیم راجاؤں کی اولاد سے کئی شاخوں اور گرتوں میں ہندو اور مسلمان دونوں مذہبوں میں موجود ہے۔

راج پھوڑا (ہ) اسم مذکر ① ڈیٹ پھوڑا ② ایک قسم کا پھوڑا جو پیٹھ پر ہوتا ہے ③ جس سے آدمی بچتا نہیں ④ مغلی پھوڑا کاربنکل۔

راج تلک (ہ) اسم مذکر ① حکومت کا ٹیکہ ② وہ ٹیکا اور قشقہ جو راج گدی یا ولی عہد کے وقت برہمن لوگ بادشاہ کے ماتھے لگاتے ہیں۔

راج دربار (ا) اسم مذکر ① دربار شاہی ② بادشاہی عدالت ③ اجلاس شاہی۔

راج دلاری (ہ) اسم مونث ① ہندو شہزادی ② راج کماری۔

راج دھانی (ہ) اسم مونث ظرف مکان ① دارالخلافہ ② پایہ تخت ③ دار الحکومت۔

راج دھرم (ہ) اسم مذکر ① شاہی مذہب ② سرکاری کام اور فرائض ③ شاہی فرض۔

راج ڈنڈ (ہ) اسم مذکر ① شاہی ٹیکس ② سرکاری جرمانہ محصول ③ رسوم سرکاری۔

راج رانی (ہ) اسم مونث۔ دیکھو راج پتنی۔

راج روگ (ہ) اسم مذکر ① تپدق ② مرض مہلک ③ کوڑھ ④ دیر تک رہنے والا مقدمہ ⑤ عمارت بنوانے کی لت۔

راج سبھا (ہ) اسم مونث ① دربار شاہی ② شاہی مجلس۔

راج کرنا (ہ) فعل ① حکومت کرنا ② سلطنت کرنا ③ عیش کرنا ④ آرام کرنا ⑤ خوش رہنا۔

راج کمار (ہ) اسم مذکر ① راجہ کا بیٹا ② کنور ③ راجپوت۔

راج کوی (ہ) اسم مذکر ① ملک الشعرا ② تمام شاعروں سے بلند رتبہ شاعر۔

راج گدی (ہ) اسم مونث ① تخت سلطنت ② تخت شاہی۔

راج گری / راج گیری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① معماری ② عمارت کا کام۔

راج گھاٹ (ہ) اسم مذکر ① راجہ کے نہانے کا گھاٹ ② کسی دریا کو عبور کرنے کی شاہی سڑک۔

راج منتری (ہ) اسم مذکر ① وزیر اعظم ② بادشاہ کا وزیر۔

راج نیت / نیتی (ہ) اسم مونث ① فرامین شاہی ② قانون کی کتاب ③ شاہی دستور العمل۔

راج ہٹ (ہ) اسم مونث ① بادشاہ کی ضد ② بادشاہ کی کٹو جو کسی طرح نہ ہٹے۔

راج ہنس (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی مرغابی ② بڑی بطخ ③ قاز۔

راجا / راجہ (ہ) اسم مذکر ① حاکم ② بادشاہ ③ فرمانروا ④ سخی ⑤ فیاض ⑥ داتا ⑦ بے پروا ⑧ بھولا بھالا ⑨ نادان۔

راجہ اندر کا اکھاڑا (ہ) اسم مذکر ظرف ① راجہ اندر کی محفل رقص و سرود ② راجہ اندر جو تمام دیوؤں اور پریوں کا بادشاہ مانا جاتا ہے اس کی مجلس ③ مجازاً خوبصورت عورتوں کا مجمع۔

راجا راج پرجا سکھی (ہ) مثل۔ جہاں کا راجہ اچھا وہاں کی رعیت خوش۔

راجح (ع) اسم صفت ① غالب ② فائق ③ پسندیدہ ④ قابلِ ترجیح۔

راجع (ع) اسم صفت ① پھرنے والا ② رُجوع کرنے والا ③ وہ عورت جو بیوہ ہونے کے بعد اپنے والدین کے گھر چلی جائے۔

راچھ (ہ) اسم مذکر ① پیشہ وروں کے اوزار ② کپڑا بننے کا آلہ ③ بڑھی اور راج کے اوزار ④ لکڑی کے اندر کا پکا حصہ۔

راچھس (ہ) اسم مذکر ① راکشش ② سرکش لوگ ③ زبردست ④ ظالم ⑤ جن ⑥ بھوت۔

راحت (ء) اسم مونث ① آرام ② آسائش ③ سکھ ④ چین۔

راحت جان (ا) اسم مونث ① دل خوش کرنے والی چیز ② بیوی اور جھوٹے بچوں کا لقب۔

راحل (ع) اسم صفت ① چلنے والا ② کوچ کرنے والا۔

راد (ہ) اسم مونث ① پیپ ② مواد ③ زخم کی پکی ہوئی آلائش (ف) شریف آزاد۔

رادھا (ہ) اسم مونث ① رادھکا ② کرشن جی ③ مہاراج کی ایک پیاری گوپی کا نام ہے ④ مجازاً ⑤ خدا ⑥ پرمیشور ⑦ قدرت ⑧ فطرت۔

رادھا کو یاد کرو (ا) محاورہ۔ ① جاؤ ہوا کھاؤ ② اپنا کام کرو ہمیں کچھ پروا نہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03147217218

راڑ (ہ) اسم مونث ❶ لڑائی ❷ جھگڑا ❸ فساد ❹ دنگا ❺ ٹنٹا ❻ بکھیڑا۔

راز (ف) اسم مذکر ❶ بھید ❷ پوشیدہ بات۔

راز داری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بھید چھپانا ❷ اخفائے راز۔

راز فاش کرنا (ا) فعل ❶ بھید کھولنا ❷ چھپی بات ظاہر کر دینا ❸ کسی جرم کو ظاہر کرنا۔

راز و نیاز (ف) اسم مذکر ❶ ناز نخرے کی باتیں ❷ پیار و اخلاص ❸ عاشق و معشوق کی رمزیں ❹ دعا ❺ بندگی ❻ مناجات ❼ عجز و نیاز ❽ خلوصیت۔

راز و نیاز کی باتیں (ا) اسم مونث ❶ عاشق و معشوق کی رمزیں ❷ پیار اخلاص کی باتیں۔

رازق (ع) اسم مذکر فاعل ❶ رزق دینے والا ❷ روزی پہنچانے والا ❸ پروردگار۔

راس (ع) اسم مذکر ❶ سر ❷ مونڈ ❸ ہر چیز کا اوپر کا بلند حصہ ❹ جانور کا سر ❺ مویشی کی تعداد کا لفظ ❻ علم ریاضی میں زاویہ کی نوک ❼ زاویہ کا سرا ❽ جغرافیہ میں خشکی کی نوک جو دور تک پانی میں چلی گئی ہو جیسے راس کماری۔

راس الجدی (ع) اسم مذکر۔ مکر ریکھا خط جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے ہمارے ہاں سردی شروع ہو جاتی ہے۔

راس السرطان (ع) اسم مذکر ❶ کرک ریکھا ❷ خط سرطان کا وہ مقام جہاں سورج آنے سے ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔

راس المال (ع) اسم مذکر ❶ اصل پونجی ❷ مول ❸ سرمایہ تجارت۔

راس و ذنب (ع) اسم مذکر۔ راہو اور کیت دو ستاروں کے نام ہیں جس کے سبب سے خیال کیا جاتا ہے کہ سورج اور چاند گرہن ہوتا ہے۔

راس (ف) اسم مونث ❶ راہ ❷ رستہ ❸ سڑک ❹ گھوڑے کی باگ ❺ راہو ستارہ ❻ وہ آسمانی کرہ جو ہر برج میں تیرہ یا اٹھارہ مہینے رہتی ہے۔

راس (ا) اسم مونث ❶ بے صاف کئے اناج کا ڈھیر ❷ خرمن ❸ کھلیان ❹ راست کا مخفف ❺ ٹھیک ❻ موافق ❼ مبارک ❽ سازگار۔

راس اٹھانا (ہ) فعل ❶ کھلیان اٹھانا ❷ غلہ صاف کر کے لے جانا۔

راس آنا (ا) فعل ❶ موافق آنا ❷ مفید پڑنا ❸ سازگار ہونا ❹ مبارک ہونا ❺ آب و ہوا کا موافق طبع ہونا۔

راس (ہ) اسم مونث ❶ بھاگ ❷ دوڑ ❸ لگام کی رسی ❹ غلہ کا ڈھیر ❺ سود ❻ بیاج ❼ کھیل ❽ ناچ ❾ تماشا۔

راس بٹھانا (ہ) فعل ❶ (لکھنو) گود لینا ❷ جانشین قرار دینا ❸ بیٹا بنانا۔

راس چکر (ہ) اسم مذکر ❶ منطقۃ البروج جس پر آسمان کے بارہ برج واقع ہیں ❷ سورج منڈل ❸ طریق الشمس ❹ سورج کا راستہ۔

راس ملنا (ہ) فعل ❶ دو شخصوں کے نام کے اول حروف کا ملنا ❷ موافقت ہونا۔

راست (ف) اسم صفت ❶ سیدھا ❷ درست ❸ صحیح ❹ حق ❺ سچ ❻ موافق ❼ سازگار۔

راست باز (ف) اسم صفت فاعلی ❶ سچا ❷ ایماندار ❸ صادق ❹ دیانتدار۔

راست گو (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ سچ بولنے والا ❷ صادق۔

راست گفتار (ف) اسم صفت ❶ سچا ❷ صاف گو۔

راستہ (ف) اسم مذکر ❶ لغوی معنی بازار کی لنگ ❷ مجازی معنی راہ ❸ رستہ ❹ پگڈنڈی ❺ سڑک ❻ طریق رسم ❼ ڈھنگ ❽ طرز ❾ قاعدہ۔

رستہ دیکھنا (ا) فعل ❶ انتظار کرنا ❷ اڈیکنا۔

راستی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سچائی ❷ درستی ❸ صداقت ❹ دیانتداری ❺ صفائی ❻ کھرا پن ❼ اخلاص ❽ وفاداری ❾ صلاحیت۔

راستی پر آنا (ا) فعل ❶ درستی پر آنا ❷ راہ پر آنا ❸ سچ بولنے پر آمادہ ہونا ❹ سچ بولنے پر آمادہ ہونا۔

راسخ (ع) اسم فاعل مفید صفت ❶ پکا ❷ مضبوط ❸ محکم ❹ استوار ❺ پائدار ❻ دیرپا۔

راشن (ای) اسم مذکر ❶ رسد ❷ خوراک ❸ راتب ❹ فوجی کھانا۔

راشن ڈپو (ای) اسم مذکر ❶ راشن کی دکان ❷ راشن حاصل کرنے کی جگہ۔

راشن کارڈ (ای) اسم مذکر۔ راشن حاصل کرنے کا اجازت نامہ جس پر راشن حاصل کرنے والے کے تمام کوائف درج ہوتے ہیں۔

راشی (ع) اسم مذکر فاعل۔ رشوت لینے والا۔

راضی (ع) اسم مذکر فاعل مفید صفت ❶ خوش ❷ شادمان ❸ رضامند ❹ صابر ❺ متوکل ❻ تندرست ❼ بھلا چنگا ❽ تیار ❾ آمادہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

راضی برضا (ء) اسم صفت ① خدا کی مرضی پر خوش رہنے والا ② شاکر۔

راضی کرنا (ا) فعل ① خوش کرنا ② رضامند کرنا ③ تیار کرنا۔

راضی نامہ (ع) اسم مذکر ① آپس میں راضی رضا ہونے کی تحریر جو فریقین مقدمہ سرکار میں داخل کریں ② صلحنامہ۔

راعی (ع) اسم مذکر ① چرواہا ② کنایتاً بادشاہ۔

راغب (ء) اسم فاعل مفید صفت ① مائل ② رغبت کرنے والا ③ خواہاں۔

رافضی (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی ① منسوب بہ رافضہ ② اپنے سردار کو چھوڑ دینے والا ③ سپاہی ④ وہ مقامدان علی جنہوں نے جنگ میں آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔

راقم (ء) اسم مذکر فاعل ① لکھنے والا ② رقم کرنے والا ③ نو پسندہ۔

راکھ (ہ) اسم مونث ① خاکستر ② بھبھوت ③ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک ④ بھسم ⑤ بھوبل۔

راکھی (ہ) اسم مونث ① حفاظت کرنے والی ② رکھڑی ③ وہ ڈورا جو ہندو لوگ سلونو کے دن برہمنوں کے ہاتھوں بندھواتے ہیں۔

راگ (ہ) اسم مذکر ① نغمہ ② سر ③ لے ④ سر کی آواز ⑤ گیت ⑥ قصہ ⑦ کہانی ⑧ جھگڑا۔

راگ دینا (ہ) فعل ① دھوکا دینا ② فریب دینا ③ کسی پیر فقیر کے نام کا گانا کرانا ④ بیٹھک دینا۔

راگ رنگ (ہ) اسم مذکر ① کھیل تماشا ② رنگ رلیاں ③ عیش و عشرت ④ نشاط وانبساط۔

راگ گانا (ہ) فعل ① گیت گانا ② رام کہانی کہنا ③ روئے جانا۔

راگ لانا (ہ) فعل ① بکھیڑا پھیلانا ② فیل لانا ③ جھگڑا نکال کھڑا کرنا ④ ستانا ⑤ تنگ کرنا ⑥ ضد کرنا ⑦ بگڑناہٹ کرنا ⑧ جوش میں آنا۔

راگ مالا (ہ) اسم مونث ① رسالہ علم موسیقی راگ کے اصولوں کی کتاب ② مختلف راگنیوں کا ذکر۔

راگنی (ہ) اسم مونث ① راگ کی ایک شاخ ② خودسر عورت ③ فتنہ انگیز عورت ④ راگ کی تانیث۔

رال (ہ) اسم مونث ① منہ کا چیپ ② لعاب دہن جو عام طور پر بچوں اور بوڑھوں کے منہ سے بہتا ہے ③ چیڑ کا گوند ④ ایک آتش گیر گوند کا نام۔

رال ٹپکنا (ہ) فعل ① جی للچانا ② مزے کے مارے منہ میں پانی بھر آنا ③ عاشق ہونا ④ نہایت رغب ہونا ⑤ لعاب دہن بہنے لگنا۔

رام (ف) اسم صفت ① تابع ② فرمابردار ③ مطیع ④ حکم بردار۔

رام کرنا/ بنانا (ا) فعل ① قابو میں لانا ② بس میں کرنا ③ مطیع کرنا ④ فرمابردار بنانا۔

رام (ہ) اسم مذکر ① سب میں رہنے والا ② مجازاً ③ خدا ④ پرمیشر ⑤ پرسرام۔

رام رام جپنا پرایا مال اپنا (ہ) مثل۔ ظاہر میں تسبیح اور باطن میں بے ایمانی۔

رام رس (ہ) اسم مذکر ① نمک ② لون ③ ذوق وشوق الٰہی۔

رام کہانی (ہ) اسم مونث ① رامائن ② رامچند رجی کی طولانی داستان ③ لمبی سرگزشت۔

رام کی مایا (ہ) اسم مونث ① قدرت کے کھیل ② فطرت ③ نیچر۔

رام لیلا (ہ) اسم مونث ① دسہرے کا میلا ② رامچند رجی کی لڑائی اور فتح کی نقل۔

رامائن (ہ) اسم مونث ① رامچند رجی کی کتھا ② وہ رزمیہ نظم جو بالمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے بھاشا میں لکھی ہے۔

ران (ہ) اسم مونث ① جانگھ ② ساتھل ③ پٹ ④ پاٹ ⑤ آسن ⑥ بیٹھک۔

ران تلے آنا (ہ) فعل ① آسن تلے آنا ② سواری دینا ③ زانو کے نیچے آنا۔

رانا (ہ) اسم مذکر ① چھوٹا سا راجہ ② ٹھاکر راجپوتوں کے ایک فرقے کا نام ③ راجپوتوں کا ایک خطاب جو اپنے راجا کے بیٹے کو ملتا ہے۔

رانبھنا (ہ) فعل ① گائے کا صبح کے وقت بولنا ② گائے کا چلانا۔

رانجھا (ہ) اسم مذکر۔ ایک پنجابی عاشق کا نام ہے جو ہیر پر شیدا تھا۔

رانجھن (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا بہت بڑا مٹکا۔

راند (ہ) اسم مونث ① جھگڑا ② ٹنٹا ③ بکھیڑا۔

راند کاٹنا (ہ) فعل ① فیصلہ کرنا ② جھگڑا دور کرنا ③ تنازع رفع کرنا۔

راندہ (ف) اسم صفت مفعولی ① نکالا ہوا ② ہنکایا ہوا ③ مردود ④ ذات باہر۔

راندہ درگاہ (ف) اسم صفت۔ وہ جو بارگاہ الٰہی یا دربار شاہی سے نکالا گیا ہو۔

راندھنا (ہ) فعل ① پکانا ② ابالنا ③ ریندھنا۔

رانڈ (ہ) اسم مونث ① بیوہ ② بدھوا ③ وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو ④ محتاج ⑤ دوسرے کی دست نگر۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھائے بہت اور چلے تھوڑا (ا) مثل۔ نازپرور اور بے ڈر آدمی اور سوداگر کا گھوڑا کام کی چیزیں نہیں۔

رانڈ ہونا (ہ) فعل ① بیوہ ہونا ② بے شوہر ہونا۔

رانڈا (ہ) فعل۔ اسم مذکر ① (پورب) بنجر اور سرزمین ② وہ آدمی جس کی بیوہ مرگئی ہو۔

رانگ (ہ) اسم مذکر ① ایک نرم دھات کا نام ② رانگا ③ قلعی ④ ایک عمدہ قسم کا سیسا۔

رانگھڑ (ہ) اسم مذکر۔ ایک نومسلم قوم جو راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی۔

رانوں پر ہاتھ دے دے مارنا (ا) فعل ① نہایت افسوس کرنا ② کف افسوس کرنا۔

رانی (ہ) اسم مونث ① ملکہ ② راجہ کی بیوی ③ ہندو عورتوں کے لئے معزز خطاب۔

رانی خاں کا سالا (ا) اسم مذکر ① زبردست مغرور ② رستم کا سالا ③ افلاطوں کا جنا۔

راؤ (ہ) اسم مذکر ① راجہ کا بیٹا ② شہزادہ ③ ایک معزز خطاب ④ ہیر قوم کا لقب ⑤ بڑا ⑥ کلاں۔

راؤنڈ (ای) اسم مذکر ① دور ② پھیرا ③ چکر ④ دائرہ ⑤ (صفت) گول ⑥ بیضوی۔

راؤنڈ اباؤٹ (ای) اسم مونث ① چوک ② چکر ③ وہ جگہ جہاں گاڑیوں کو چکر کاٹ کر جانا پڑتا ہے۔

راؤنڈ ٹیبل کانفرنس (ای) اسم مونث ① گول میز کانفرنس ② ایسی کمیٹی جن کے اراکین گول میز کے گرد بیٹھ کر متفقہ فیصلہ کریں۔

راوت (ہ) اسم مذکر ① سورما ② سوربیر ③ بہادر ④ شجاع ⑥ خاکروبوں کی ایک اعلیٰ قوم جو کسی کا جھوٹا نہیں کھاتی۔

راوٹی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا بالا خانہ جو چھپر وغیرہ بنا لیتے ہیں ② چھولداری ③ چھوٹا تنبو۔

راول (ہ) اسم مذکر ① بہادر ② سورما ③ سردار ④ افسر ⑤ زبردست ⑥ سپاہی (پنجاب میں) جوگی ⑦ سنیاسی۔

راولا/ رولا (ہ) اسم مذکر ① شوروغل ② دنگا فساد ③ جھگڑا۔

راون (ہ) اسم مذکر۔ لنکا کے ایک راجہ کا نام ہے جو رامچندر جی کے ہاتھ سے قتل ہوا یہ سیتا جی کو اٹھالے گیا تھا۔

راوی (ہ) اسم مونث۔ پنجاب کا مشہور دریا جو لاہور کے قریب بہتا ہے۔

راہ (ہ) اسم مذکر ① ایک ستارے کا نام راہو جو سورج چاند کو نگل جاتا ہے ② جس سے گرہن لگتا ہے۔

راہ (ف) اسم مذکر ① راستہ ② طریق ③ سڑک ④ گزرگاہ ⑤ ڈھب ⑥ سبیل ⑦ غرض ⑧ سفر ⑨ میل جول۔

راہ بتانا (ہ) فعل ① ہدایت کرنا ② ڈھنگ سمجھانا ③ ٹال دینا ④ موقوف کر دینا ⑤ دھوکا دینا ⑥ دم دینا۔

راہ بر (ف) اسم مذکر فاعل سماعی ① ہادی ② راہنما ③ سردار ④ پیشوا ⑤ مرشد۔

راہ پر لانا (ا) فعل ① سیدھا راستہ بتانا ② ڈھب پر لانا ③ درست کرنا ④ اصلاح کرنا ⑤ راضی کرنا ⑥ یار بنانا۔

راہ پیدا کرنا (ا) فعل ① راستہ معلوم کرنا ② طریقہ نکال لینا ③ مہارت پیدا کرنا ④ ربط بڑھانا ⑤ دوستی حاصل کر لینا ⑥ ملاقات اور میل جول پیدا کرنا۔

راہ تکنا (ا) فعل ① انتظار کرنا ② منتظر رہنا ③ راستہ دیکھنا۔

راہ چلتا (ا) اسم مذکر ① مسافر ② راہگیر ③ راہ رو۔

راہ چلتوں کا پلا پکڑنا (ہ) فعل ① مسافروں یا آنے جانے والوں کے سر ہو جانا ② ہر ایک سے لڑنا۔

راہ خرچ (ا) اسم مذکر ① زادراہ ② توشہ ③ سفر خرچ۔

راہدار (ف) اسم مذکر فاعل ① راستہ کا محصول وصول کرنے والا ② سڑک کا رکھوالا۔

راہداری (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ سڑک کا محصول۔

راہداری کا پروانہ (ا) اسم مذکر ① صفائی کا پروانہ ② وہ تحریر جو کسی شخص یا جماعت کے راستہ سے گزر جانے کے لئے گزربانوں یا حکام راہ کے نام لکھی جائے۔

راہ دکھانا/ دکھلانا (ا) فعل ① راہنمائی کرنا ② رستہ بتانا ③ انتظار دکھانا ④ منتظر رکھنا۔

راہ دیکھنا (ا) فعل ① انتظار کرنا ② منتظر رہنا ③ اڈیکنا۔

راہ دینا (ا) فعل ① آنے جانے کی اجازت دینا ② راستہ بتانا ③ کسی کی آمدورفت کو جائز کرنا۔

راہ رو (ف) اسم مذکر ① راہ گیر ② مسافر۔

راہ روش (ف) اسم مونث ① رفتن سے حاصل مصدر ② چال چلن ③ قاعدہ ④ ڈھنگ ⑤ برتاؤ ⑥ طریقہ ⑦ قاعدہ ⑧ خصلت ⑨ سیرت۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249072218

راہ ریت (ا) اسم مونث ❶ معمولی رسم ورواج ❷ ضابطہ ❸ قانون۔
راہ زن/ راہ مار (ف) اسم مذکر لٹیرا ❶ ڈاکو ❷ قزاق۔
راہ زنی (ف) اسم مونث ❶ ڈکیتی ❷ رہزنی ❸ قزاقی ❹ بٹ ماری۔
راہ کاٹنا (ا) فعل ❶ مسافت طے کرنا ❷ راستہ کاٹنا ❸ راستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا ❹ ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے رستے سے جانا۔
راہ کھوٹی کرنا (ا) فعل ❶ سفر خراب کرنا ❷ رستہ میں روکنا ❸ مانع ہونا کسی کام کا بگاڑنا ❹ کام میں خللِ انداز ہونا۔
راہ گزر (ف) اسم مذکر ❶ رستہ ❷ سڑک ❸ شارع عام۔
راہ گیر (ف) اسم مذکر ❶ مسافر ❷ راہی ❸ راہ رو۔
راہ کی بات (ا) اسم مونث ❶ قاعدہ کی بات ❷ انصاف کی بات ❸ معقول اور واجبی بات۔
راہ لگانا (ہ) فعل ❶ کسی روش پر ڈالنا ❷ ڈھنگ پر ڈالنا ❸ راستہ بتانا ❹ رہنمائی کرنا۔
راہ لینا (ا) فعل ❶ چل دینا ❷ راستہ پکڑنا ❸ راہی ہونا۔
راہ مار (ا) اسم مذکر فاعل ❶ راستہ لوٹنے والا ❷ قزاق ❸ ڈاکو ❹ لٹیرا۔
راہ میں آنکھیں بچھانا (ا) محاورہ ❶ خوب خاطر تواضع کرنا ❷ خوب پذیرائی کرنا۔
راہ میں بچھ جانا (ا) محاورہ ❶ کسی کو دُکھ یا تکلیف پہنچانا ❷ کسی کے لیے مشکلات پیدا کرنا۔
راہ میں کانٹے بچھانا (ا) محاورہ ❶ کسی کو دُکھ یا تکلیف پہنچانا ❷ کسی کے لیے مشکلات پیدا کرنا۔
راہ ناپنا (ا) فعل ❶ راستہ کی پیائش کرنا ❷ صرف آتے جاتے رہنا اور کام کوئی نہ بنانا ❸ کھڑے کھڑے آنا اور جلدی چلے جانا۔
راہ نجات (فع) اسم مونث ❶ رہائی کا ذریعہ ❷ خلاصی کا طریقہ ❸ ایک مسلمانوں کی مذہبی کتاب کا نام۔
راہ نکالنا (ا) فعل ❶ تجویز بنانا ❷ طریقہ پیدا کرنا ❸ سبب بنانا ❹ ملاقات گانٹھنا ❺ یارانہ کرنا۔
راہ نما (ف) اسم مذکر فاعل سماعی ❶ رستہ دکھانے والا ❷ رہبر ❸ ہادی ❹ مرشد۔
راہ وار (ف) اسم مذکر فاعل سماعی ❶ قدم باز گھوڑا ❷ بادرفتار ❸ گھوڑے کی ایک چال کا نام۔
راہ و ربط/ راہ و رسم (فع) اسم مذکر ❶ میل ملاپ ❷ میل جول ❸ راہ ریت ❹ آمد ورفت ❺ واقفیت۔
راہ ہونا (ا) فعل ❶ دوستی ہونا ❷ محبت ہونا ❸ صحیح ہونا ❹ آگے چلنے کو جگہ ہونا ❺ راستہ ہونا۔
راہب (ع) اسم مذکر فاعل ❶ عیسائی زاہد ❷ ایک پادری ❸ تارک الدنیا ❹ رومن کیتھلک کلیسا کا درویش۔
راہن (ع) اسم مذکر فاعل ❶ گروی رکھنے والا ❷ رہن رکھنے والا۔
راہو (ہ) اسم مذکر ❶ جن ❷ بھوت ❸ دیو ❹ راچھس ❺ ایک ستارے کا نام جسے عربی میں ذنب کہتے ہیں۔
راہی (ف) اسم صفت ❶ راہ رو ❷ مسافر ❸ راہ گیر ❹ سیاح۔
رائے (ع) اسم مونث ❶ عقل ❷ سمجھ ❸ دانائی ❹ خیال ❺ قیاس ❻ تجویز ❼ مشہور ❽ صلاح۔
رائے دینا (ا) فعل ❶ مشورہ دینا ❷ صلاح دینا ❸ تجویز نکالنا۔
رائے زنی (ع۔ف) اسم مونث ❶ رائے کا اظہار کرنا ❷ کسی چیز کے بارے میں رائے ظاہر کرنا۔
رائے عامہ (ع۔ف) اسم مونث ❶ عوام کی رائے ❷ عوام کا خیال ❸ کسی قوم کی اکثریتی رائے۔
رائے (ہ) اسم مذکر ❶ راجہ ❷ راؤ ❸ شہزادہ ❸ سوامی ❹ سردار ❺ وہ اعزازی خطاب جو گورنمنٹ کی طرف سے کسی ہندو رئیس کو دیا جائے۔
رائی (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کی سرسوں ❷ خردل ❸ مجازاً تھوڑی مقدار ❹ ذراسی۔
رائی بھر (ہ) اسم صفت ❶ ذراسا ❷ بالکل تھوڑا ❸ قدرے ❹ قلیل۔
رائی بھرنا تا اور گاڑی بھر آشنائی (ہ) مثل۔ ذراسا ہی رشتہ بہت سی آشنائی پر فوق رکھتا ہے۔
رائی سے پربت ہونا (ہ) فعل ❶ بے حد بالغہ ہونا ❷ ذرا سے بہت بڑا ہو جانا۔
رائی کائی (ہ) اسم مونث ❶ چورہ چورہ ❷ ریزہ ریزہ ❸ ٹکڑے ٹکڑے۔
رائی کائی ہو جانا (ہ) فعل ❶ چور چور ہو جانا ❷ بالکل پس جانا ❸ نہایت گل جانا ❹ گھل مل جانا۔
رائٹ (ای) اسم صفت ❶ ٹھیک ❷ بجا ❸ صحیح۔
رائٹر (ای) اسم مذکر ❶ محرر ❷ کلرک ❸ منشی ❹ راقم ❺ لکھنے والا ❻ مصنف ❼ مولف۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

**رائج** (ء) اسم صفت فاعلی ① عام ② مروج ③ رسمی ④ چلتا ⑤ جاری ⑥ رواں۔

**رائج الوقت** (ء) اسم مذکر ① جاری سکہ ② مروجہ مال ③ چلتا سکہ۔

**رائج کرنا** (ا) فعل ① رواج دینا ② جاری کرنا ③ سکہ چلانا۔

**رائفل** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی انگریزی بندوق۔

**رائگاں** (ف) اسم صفت ① بلا قیمت ② مفت ③ ضائع ④ تلف ⑤ عبث ⑥ لاحاصل ⑦ خسرو پرویز کے ایک خزانے کا نام بھی ہے۔

**رائگاں جانا/ ہونا** (ا) فعل ① اکارت جانا ② ضائع ہونا ③ برباد ہونا۔

**رائل** (ای) اسم صفت ① شاہی ② اعلیٰ ترین۔

**رائلٹی** (ای) اسم مونث ① وہ معاوضہ جو ناشر مصنف کو دیتا ہے ② وہ معاوضہ جو کان کنی کا ٹھیکہ دار زمین کے مالک کو دیتا ہے۔

**رائل روڈ** (ای) اسم مونث ① سیدھی سڑک ② بادشاہی سڑک ③ جرنیلی سڑک۔

**رائل فیملی** (ای) اسم مونث ① شاہی خاندان ② شاہی نسل ③ بادشاہی کنبہ۔

**رایت** (ع) اسم مذکر ① جھنڈا ② علم ③ جمع رایات۔

## ر ← ب

**رب** (ع) اسم صفت ① پالنے والا ② پرورش کرنے والا ③ پروردگار ④ خدا تعالے۔

**رب العالمین** (ء) اسم مذکر ① دنیا کا پالنے والا ② کل عالم کا پروردگار۔

**رب الارباب** (ء) اسم مذکر ① سب پالنے والوں کا پالنے والا ② سب کو روزی دینے والا۔

**رُب** (ء) اسم مذکر ① ست ② کسی چیز کو پکا کر اس کا گاڑھا کیا ہوا عرق۔

**ربا/ ربوا** (ع) اسم مذکر ① سود ② بیاج۔

**رُبا** (ف) اسم صفت ① چھیننے والا ② اڑانے والا۔

**رباب** (ء) اسم مذکر آلہ۔ ایک قسم کی سارنگی۔

**رباعی** (ء) اسم مونث ① وہ چار مصرعوں کی نظم جس کے تیسرے مصرعے کے باقی سب مصرعے ہم قافیہ وردیف ہوں ② چوبولا ③ چومصرعہ۔

**ربانا** (ا) اسم مذکر ① ایک قسم کا جھانجھ والا ② چھوٹا دف۔

**ربڑ** (ہ) اسم مذکر ① قصائی ② بوچڑ ③ قصاب۔

**ربڑ** (ای) اسم مذکر ① حروف مٹانے کی چیز ② یہ ایک درخت کا پکا کر جمایا ہوا دودھ ہوتا ہے ③ لچکدار شے۔

**ربڑی** (ہ) اسم مونث ① رابڑی ② گاڑھا ③ کیا ہوا دودھ۔

**ربط** (ء) اسم مذکر ① تعلق ② لگاؤ ③ میل جول ④ بندش ⑤ راہ و رسم ⑥ نسبت ⑦ تناسب ⑧ محبت ⑨ دوستی۔

**ربط ضبط** (ء) اسم مذکر ① راہ و رسم ② میل جول ③ میل ملاقات ④ آمد ورفت۔

**ربط ہونا** (ا) فعل ① دوستی ہونا ② آشنائی ہونا ③ مشق ہونا ④ عادت ہونا ⑤ مہارت ہونا۔

**ربع** (ء) اسم مذکر ① چوتھا ② چہارم حصہ ③ چہارمک۔

**ربن** (ای) اسم مذکر ① فیتہ ② پتلی لمبی پٹی۔

**ربیع** (ء) اسم مذکر۔ اساڑھی کی فصل جو اکتوبر نومبر میں بوئی اور اپریل مئی میں کاٹی جاتی ہے۔

**ربیع الآخر** (ء) اسم مذکر ظرف زمان ① عربی سال کا چوتھا مہینا ② ربیع الثانی بھی کہتے ہیں۔

**ربیع الاول** (ء) اسم مذکر ظرف۔ عربی سال کا تیسرا مہینا۔

**ربیع الثانی** (ء) اسم مذکر ظرف ① ربیع الآخر ② عربی سال کا چوتھا مہینہ۔

## ر ← پ

**رُپا** (ہ) اسم مونث۔ چاندی۔

**رَپاٹا** (ا) اسم مذکر۔ تھپڑ۔

**رپٹ** (ہ) اسم مونث ① پھسلن ② لغزش ③ پھسلاہٹ۔

**رپٹنا** (ہ) فعل ① پھسلنا ② لڑھکنا ③ کھسکنا۔

**رپٹ** (ای) اسم مونث ① رپورٹ کا بگڑا ہوا ② خبر ③ اطلاع ④ آگاہی جو کسی حادثہ یا واقعہ کو پولیس میں دی جائے۔

**رپٹن** (ہ) اسم مونث ① پھسلن ② پھسلاہٹ۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ریلی (ہ) اسم مونث۔ روپے کی تصغیر۔

رپورٹ (ای) اسم مونث ① باضابطہ بیان ② روداد ③ اطلاع ④ اخباری بیان۔

## ر ← ت

رت (ہ) اسم مونث ① موسم ② فصل ③ ہر شے کا زمانہ۔

رت بدلنا/ پھرنا (ہ) فعل ① موسم بدلنا ② موسم پلٹنا ③ موسم وفصل کا تغیر ہونا۔

رت (ہ) اسم مذکر ① سرخ رنگ ② خون ③ لہو ④ رات کا مخفف۔

رت جگا (ہ) اسم مذکر ① رات جاگنے کا مخفف ومبدل ہے ② شب بیداری ③ خوشی یا نیاز یا نذر و منت میں تمام تمام رات کو جاگ کر گزار دینا ④ ایک قسم کی ہندوانہ عبادت جو رات بھر جاگنے اور کتھا سننے سے ادا کی جاتی ہے۔

رتالو (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی جڑ جو اروی کے مشابہ ہوتی ہے۔

رتبہ (ع) اسم مذکر ① درجہ ② مرتبہ ③ عزت ④ عہدہ ⑤ بزرگی ⑥ بڑائی ⑦ عزت وحرمت۔

رتبہ بڑھانا (ا) فعل ① درجہ زیادہ کرنا ② ترقی دینا ③ عزت افزائی کرنا۔

رتن (ہ) اسم مذکر ① قیمتی پتھر ② جواہرات ③ آنکھ کی پتلی ④ بینائی چشم ⑤ ست ⑥ عطر ⑦ نچوڑ ⑧ خلاصہ ⑨ لب لباب۔

رتن جوت (ہ) اسم مونث ① ایک پودے اور اس کے پھل کا نام ② آنکھ کی ایک دوا۔

رتنا (ہ) فعل ① ریتی سے رگڑا جانا ② خالی ہونا ③ برتن میں کوئی چیز وغیرہ نہ رہنا۔

رتوانا (ہ) فعل ① ریتی سے صاف کرانا ② پردہ کروانا ③ خالی کرانا برتن وغیرہ کو۔

رتوندھا (ہ) اسم مذکر ① رات کو نظر نہ آنا ② شب کوری۔

رتوندھیا (ہ) اسم مذکر فاعل ① شب کوری کا مریض ② شب کور۔

رتھ (ہ) اسم مذکر ومونث ① ایک قسم کی چار پہیوں والی اوپر سے برجی دار دیسی گاڑی جس میں امرا وغیرہ سوار ہوتے ہیں ② دیوتاؤں کی سواری کی گاڑی ③ کوٹ ④ قلعہ ⑤ حصار۔

رتھ بان (ہ) اسم مذکر رتھ ہانکنے والا ① پہلوان ② گاڑی بان۔

رتی (ہ) اسم مونث ① گھنگچی ② آٹھ چاول کے برابر کا وزن ③ ماشے کا آٹھواں حصہ ④ ذرا سا ⑤ مقدار قلیل ⑥ تقدیر ⑦ قسمت ⑧ بھاگ ⑨ نصیب۔

رتی بھر (ہ) تابع فعل ① ذرا سا ② قدر قلیل ③ ذرہ بھر ④ بالکل تھوڑا سا۔

رتی جاگنا/ چمکنا (ہ) فعل ① اقبال یاور ہونا ② قسمت کھلنا ③ نصیبا جاگنا ④ پھلنا پھولنا ⑤ سرسبز ہونا ⑥ مالا مال ہونا۔

رتی رتی (ہ) تابع فعل ① بالکل ② تمام ③ سراسر ④ ذرا ذرا ⑤ کوڑی کوڑی۔

ریتلا (ہ) اسم صفت ① ریت ملا ہوا ② تانیث ③ ریتلی۔

## ر ← ٹ

رٹ (ہ) اسم مونث ① تکرار ② ہر وقت ایک ہی بات کہے جانا ③ تکرار لفظی ④ ہر وقت یاد کرنا ⑤ تسبیح۔

رِٹ (ای) اسم مونث ① عدالت کا حکم نامہ ② اجرائے پروانہ کی درخواست جو کورٹ میں داخل کی جائے۔

رٹنا (ہ) فعل ① دہرانا ② بار بار کہنا ③ کسی چیز کو زبانی یاد کرنا۔

رٹرننگ آفیسر (ای) اسم مذکر۔ انتخابات کا ناظم۔

رٹو (ا) اسم صفت ① رٹنے والا ② رٹ یاد ③ کرنے والا۔

## ر ← ج

رج (ہ) اسم مذکر ① بالو ریت ② ریگ رواں ③ دریا کا ریتا ④ حیض ⑤ ماہواری ایام ⑥ دلدل ⑦ پھولوں کا زیرہ ⑧ پھول کے اندر کا آٹا۔

رجا (ع) اسم مونث ① امید ② آرزو ③ تمنا ④ خواہش۔

رجا (ہ) اسم صفت ① بے پروا ② دولتمند ③ شکم سیر ④ پیٹ بھرا ⑤ سیر۔

رجائی (ہ) ① پرامید ② زندگی کے روشن پہلو دیکھنے والا۔

رجا پجا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① غنی ② امیر ③ دھنی ④ بھرا پڑا ⑤ آباد ⑥ پیٹ بھرا۔

رجا کیا جانے بھوکے کی سار (ہ) مثل۔ امیر کو کیا خبر کہ غریب کس طرح بسر کرتے ہیں۔

رجال الغیب (ع) اسم مذکر ① مردان غیب ② دسا سول ③ وہ غائب

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

وجود جو دنیا کے دائرے میں حرکت کرتے ہیں اور جس طرف وہ واقع ہوں ادھر سفر کرنا ان دونوں میں منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

رجب (ع) اسم مذکر۔ مسلمانوں کے قمری سال کا ساتواں مبارک مہینا جس میں جنگ کی ممانعت تھی۔

رجسٹر (ای) اسم مذکر ❶ روزنامچہ ❷ یادداشت کی کتاب ❸ بہی ❹ حاضری کی کتاب۔

رجسٹرار (ای) اسم مذکر فاعلی ❶ رجسٹری کرنے والا ❷ درج رجسٹر کرنے والا۔

رجسٹرڈ (ای) اسم مذکر مفعول ❶ رجسٹری شدہ ❷ رجسٹر میں درج۔

رجسٹری (ای) اسم مونث ❶ داخلہ ❷ اندراج ❸ فہرست۔

رجسٹری کرانا (ا) فعل ❶ سرکاری بہی میں درج کروانا ❷ درج فہرست کرانا۔

رجسٹریشن (ای) اسم مذکر ❶ رجسٹری کرانا ❷ درج رجسٹر کرانا۔

رجعت (ع) اسم مونث ❶ واپسی ❷ اعادہ ❸ بازگشت ❹ چاند اور سورج کے سوا کسی اور ستارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا اڑ ❺ ضد ❻ ہٹ ❼ اپنی عورت کو طلاق کے بعد زوجیت میں لے لینا۔

رجعت قہقری (ع) اسم مونث۔ الٹے قدموں پھرنا۔

رجمنٹ (ای) اسم مونث ❶ ہزار یا آٹھ سو جوانوں کا دستہ ❷ فوج ❸ پلٹن۔

رجنا (ہ) فعل ❶ پیٹ بھرنا ❷ سیر ہونا ❸ چھکنا ❹ اگھانا۔

رجنی (ہ) اسم مونث ❶ رات ❷ رین ❸ شب ❹ لیل۔

رجواڑہ (ہ) اسم مذکر ❶ ہندو راجہ کا ملک ❷ راجہ کی عملداری ❸ مجازاً چھوٹا ہندو راجا۔

رجوع (ع) اسم مونث ❶ توجہ ❷ میلان ❸ رجحان ❹ بازگشت ❺ اعادہ ❻ واپسی ❼ اپیل ❽ نظر ثانی ❾ مرافعہ۔

رجوع کرنا (ا) فعل ❶ توجہ کرنا ❷ متوجہ ہونا ❸ درخواست دینا ❹ مقدمہ دائر کر دینا ❺ لوٹنا ❻ بازگشت کرنا۔

رجولیت (ع) اسم مونث ❶ مردپن ❷ قوت باہ ❸ قوت مردمی ❹ قوت تولید۔

رجھانا (ہ) فعل ❶ خوش کرنا ❷ مسرور کرنا ❸ لبھانا ❹ مائل کرنا ❺ فریفتہ کرنا ❻ موہنا۔

## ر ← چ

رچ (ای) اسم صفت ❶ مالدار ❷ امیر ❸ دولتمند۔

رچ / رچیت (ہ) اسم مونث ❶ چاہنا ❷ رغبت ❸ چاہ ❹ خواہش ❺ بھوک ❻ اشتہ ❼ گرسنگی ❽ شوق۔

رچاوٹ (ہ) اسم مونث ❶ حاصل مصدر ❷ رنگت کی شوخی ❸ خوب اچھا رنگ۔

رچنا پچنا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ رچنے والا ❷ جزو بدن ہونے والا ❸ خوشگوار گوارا۔

رچنا (ہ) فعل ❶ پسند ہونا ❷ بھانا ❸ اچھا لگنا ❹ مرغوب طبع ہونا ❺ خواہش ہونا ❻ میلان ہونا۔

رچنا (ہ) اسم مونث ❶ مخلوق ❷ دنیا ❸ خلقت ❹ قدرت ❺ فطرت ❻ بناوٹ ❼ ساخت۔

رچنا (ہ) فعل ❶ معطر ہونا ❷ بسنا ❸ خوشبودار ہونا ❹ پیدا ہونا ❺ بننا ❻ حاوی ہونا ❼ خوگر ہونا ❽ سمانا۔

رچنا پچنا نصیب ہو (ا) دعائے نیک ❶ کھایا پیا انگ لگے ❷ جزو بدن ہو۔

رچنی مہندی (ہ) اسم مونث ❶ رنگ دار مہندی ❷ اچھے رنگ والی مہندی۔

رچھا (ہ) اسم مونث ❶ رکھشا کا بدل ہے ❷ حفاظت ❸ پناہ ❹ سرپرستی ❺ حمایت ❻ امن چین ❼ آرام ❽ صلح ❾ مہربانی۔

## ر ← ح

رحل (ع) اسم مونث ❶ مسکن ❷ منزل ❸ قرآن شریف کو رکھ کر پڑھنے کی گھوڑی ❹ سواری۔

رحلت (ہ) اسم مونث ❶ کوچ کرنا ❷ مرنا ❸ انتقال کرنا۔

رحلت کرنا (ا) فعل ❶ مرنا ❷ کوچ ❸ رخصت۔

رحم (ع) اسم مذکر ❶ بچہ دان ❷ گربھ استھان ❸ دھرن۔

رحم (ع) اسم مذکر۔ چاولوں کا کچا حلوا جو عورتیں کسی خوشی کے موقع پر خالص اللہ کے واسطے دیا کرتی ہیں۔

رحم (ع) اسم مذکر ❶ ترس ❷ دیا ❸ کرم ❹ مہربانی ❺ کرپا ❻ شفقت ❼ ہمدردی ❽ دلسوزی ❾ خوف خدا۔

رحم دل (ع) اسم صفت ❶ دیالو ❷ ہمدرد ❸ مہربان ❹ رقیق القلب

رحم دلی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مہربانی ❷ شفقت ❸ دلسوزی ❹ دردمندی۔

رحم کرنا / کھانا (ا) فعل ❶ ترس کرنا ❷ خوف خدا کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

رحمان (ع) اسم مذکر صفت ❶ خداوند کریم کا صفاتی نام ہے ❷ مہربانی کرنے والا ❸ غفور ❹ رحیم ❺ مشفق ❻ آدمی کے پیدا ہونے سے پہلے ہی اس کی تمام ضروریات مہیا کر دینے والا۔

رحمت (ع) اسم مونث ❶ کرم ❷ مہربانی ❸ بارش ❹ مینہ ❺ درود وسلام دعا ❻ (کلمہ تحسین) مرحبا ❼ شاباش ❽ آفرین۔

رحمت خدا کی (ا) محاورہ ہے ❶ تحسین و آفرین کے لئے بولتے ہیں ❷ شاباش ہے ❸ آفرین ہے۔

رحیم (ع) اسم صفت مذکر ❶ خدا تعالےٰ کا وصفی نام ❷ مہربان ❸ مہربانی کرنے والا ❹ جرم دیکھ کر معاف کر دینے والا۔

## ر ← خ

رخ (ف) اسم مذکر ❶ منہ ❷ گال ❸ رخسارہ ❹ طرف ❺ جانب ❻ پہلو ❼ کنارہ ❽ حاشیہ ❾ افق۔

رخ بدلنا/ پھیرنا (ا) فعل ❶ سمت بدلنا ❷ طرف بدلنا ❸ منہ موڑ لینا ❹ توجہ نہ کرنا۔

رخ کرنا (ا) فعل ❶ متوجہ ہونا ❷ منہ کرنا ❷ پھرنا ❸ لوٹنا۔

رخت (ف) اسم مذکر ❶ اسباب ❷ سامان ❸ ٹھاٹھ ❹ ساز وسامان ❺ لوازمات ❻ دھج ❼ ٹھاٹ ❽ ہیئت۔

رخسار (ف) اسم مذکر ❶ گال ❷ عذار۔

رخسارہ (ف) اسم مذکر۔ رخسار کا بالائی حصہ۔

رخصت (ع) اسم مونث ❶ چھٹی ❷ اجازت ❸ حکم ❹ منظوری ❺ روانگی ❻ کوچ ❼ وداع ❽ جنازہ اٹھنے کا وقت ❾ مہلت۔

رخصت کرنا (ا) فعل ❶ وداع کرنا ❷ اجازت دینا ❸ ٹالنا ❹ موقوف کرنا ❺ روانہ کرنا ❻ بھیجنا۔

رخصتانہ (ع) اسم مذکر ❶ رخصت کے وقت کا انعام ❶ وہ نقدی جو رئیس کے ہاں سے چلتے وقت ملے ❷ روانہ ہوتے وقت کا انعام۔

رخصتی (ع) اسم مذکر ❶ چھٹی والا (پورب) وداع ❷ دلہن کی روانگی ❸ سلامی ❹ وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے۔

رخنہ (ف) اسم مذکر ❶ سوراخ ❷ روزن ❸ خرابی ❹ چھید ❺ دریچہ ❻ کھڑکی ❼ چاک ❽ اٹکاؤ ❾ خلل۔

ندازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ روک ❷ مزاحمت ❸ بھانجی ❹ تعرض۔

رخنہ پڑنا/ رخنے پڑنا (ا) فعل ❶ جھگڑا پڑنا ❷ خرابی واقع ہونا ❸ فساد ہو جانا ❹ عیب نکلنا۔

رخنہ ڈالنا (ا) فعل ❶ خرابی ڈالنا ❷ فساد برپا کرنا ❸ عیب نکالنا۔

رخنہ نکالنا/ رخنے نکالنا (ا) فعل ❶ نکتہ چینی کرنا ❷ عیب نکالنا ❸ فتنہ اٹھانا ❹ عزر کرنا۔

## ر ← د

رد (ع) اسم مذکر ❶ موڑنا ❷ واپس کرنا ❸ پھیرنا ❹ لوٹانا ❺ انکار ❻ دلیل توڑنا ❼ تردید ❽ قے ❾ الٹی۔

رد کرنا (ا) فعل ❶ موڑ دینا ❷ واپس کر دینا ❸ تردید کرنا ❹ کاٹنا ❺ اعتراض توڑنا ❻ ترک کرنا ❼ قے کرنا ❽ الٹی کرنا۔

رد و بدل/ رد و قدح (ع) اسم مونث ❶ بحث ❷ تکرار ❸ بحث و مناظرہ ❹ سوال و جواب ❺ جھگڑا ٹنٹا ❻ اکاڑ پچھاڑ ❼ الٹا پلٹی ❽ طعنہ مہنا۔

ردا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک چنائی کے بعد دوسری کی اینٹ رکھنی ❷ تہ ❸ پرت ❹ طبق ❺ چنائی کی تہ۔

ردا رکھنا (ا) فعل ❶ کھاتے پر کھانا ❷ تہ پر تہ دینا ❸ اینٹ پر اینٹ رکھنا ❹ ایک ایک چنائی کے بعد دوسری کی تہ رکھنا۔

ردا (ع) اسم مونث ❶ چادر ❷ چدر ❸ اوڑھنی۔

ردوا کھدوا (ہ) اسم صفت ❶ برادری سے خارج ❷ مردود ❸ راندا ہوا ❹ نکما ❺ سفلہ ❻ کمینہ۔

ردی (ع) اسم مونث ❶ نکما کاغذ ❷ خراب کاغذ (بحالت صفت مستعمل ❸ ناکارہ ❹ نکما ❺ بگڑا ہوا۔

ردیف (ع) اسم مونث صفت ❶ ایک گھوڑے پر سوار کے پیچھے والا آدمی ❷ وہ لفظ جو قصیدے یا غزل کے اشعار میں ہر شعر کے بعد آخر میں قافیہ کے بعد بار بار آوے ❸ پچھلی فوج۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ردیف وار (ع) اسم صفت فاعلی ① حروف ابجد کی ترتیب کے حساب سے رکھا ہوا ② ترتیب وار۔

## ر ← ذ

رذالہ (ع) اسم مذکر ① کمینہ ② کم ذات ③ بے شرم ④ بد ذات ⑤ شریر ⑥ بدمعاش ⑦ سفلہ۔

رذالپن/ رذلت (ا) اسم مذکر ① سفلہ پن ② کمینگی ③ بے شرمی ④ بدذاتی ⑤ شرارت۔

رذالے کالٹھ (ا) اسم مونث ① بے شرمی بات ② گندی بات ③ فحش بات ④ ناشایستہ بات۔

رذالی بات (ا) اسم مذکر ① بے حیا ② منہ چٹ ③ گستاخ ④ بدلگام۔

رذیل (ع) اسم مذکر ① سفلہ ② کمینہ ③ پاجی ④ بے شرم ⑤ بے حیا ⑥ بدمعاش ⑦ شریف کی ضد۔

رذیل کے دومنہ شریف کے سو (ا) مثل۔ پاجی کی دو گالیاں شریف کی سو کے برابر ہیں۔

## ر ← ر

رریانا (ہ) فعل ① گڑگڑانا ② بولنا ③ عاجزی کرنا۔

## ر ← ڑ

رڑکنا (ہ) فعل ① کھٹکنا ② چبھنا۔

## ر ← ز

رز (ف) اسم مذکر ① انگور ② انگور کی بیل ③ انگور کا درخت۔

رزاق (ع) اسم مذکر ① روزی دینے والا ② رزق پہنچانے والا ③ خدائے تعالٰے کا وصفی نام (اسم فاعل مبالغہ)

رزاقی (ا) اسم مونث بیائے مصدری۔ رزق دینا۔

رزائی (ا) اسم مذکر ① رنگے ہوئے کپڑوں کی روئی دار دلائی ② لحاف ③ گدڑی۔

رزق (ع) اسم مذکر ① کھانا ② خوراک ③ روزی ④ وظیفہ ⑤ اناج ⑥ غلہ ⑦ روٹی ⑧ ان۔

رزق کا کیڑا (ا) اسم مذکر ① ان کا کیڑا ② مجازاً انسان ③ آدمی۔

رزلٹ (ای) ① امتحان کا نتیجہ ② ثمرہ۔

رزم (ف) اسم مونث ① لڑائی ② جنگ ③ پیکار ④ ستیز ⑤ ستیزہ ⑥ معرکہ ⑦ جدھ۔

رزمگاہ (ف) اسم مونث ظرف مکان ① لڑائی کا میدان ② لڑائی کی جگہ ③ لڑائی کا کھیت۔

رزمیہ (ف) اسم صفت (یہ) نسبتی ہے ① منسوب بہ رزم ② لڑائی کا بیان ③ لڑائی کی داستان۔

## ر ← س

رس (ہ) اسم مذکر ① غضب ② غصہ ③ خفگی ④ راضی ضد ⑤ اڑ ⑥ ہٹ۔

رس (ہ) اسم مذکر ① عرق ② شیرہ ③ دودھ ④ ست ⑤ جوہر ⑥ پارہ ⑦ سیماب ⑧ ذائقہ ⑨ لذت۔۔

رس بھری (ہ) اسم صفت ① رسیلی ② رس دار ③ مزیدار نشیلی اور خمار آلود آنکھ (بحالت اسم مونث ④ ایک پھل جس سے ایک خاص انگریزی شربت بناتے ہیں)

رس ٹپکنا (ہ) فعل ① جوانی کے جوش کا امنڈنا ② دودھ ٹپکنا۔

رس کی باتیں (ہ) اسم مونث ① میٹھی میٹھی باتیں ② لگاوٹ کی باتیں ③ عشق ومحبت کی باتیں۔

رسا (ف) اسم مذکر فاعل از رسیدن پہنچنے والا ① صائب ② دور جانے والا ③ بلند ہونے والا۔

رسا (ہ) اسم مذکر ① شوربا ② یخنی ③ عرق۔

رسیا (ہ) اسم مذکر ① موٹی رسی ② ریسماں۔

رسائل (س) اسم مذکر۔ زمین کا ساتواں طبقہ۔

رسالت (ع) اسم مونث ① ایلچی گری ② سفارت ③ پیغمبری ④ پیغام پہنچانا۔

رسالدار (ا) اسم مذکر فاعل ① سوسواروں کا ہندوستانی افسر ② ایک رسالہ

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

کاافسر۔

رسالداری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ رسالہ کی افسری ❷ رسالداری کا عہدہ۔

رسانا (ہ) فعل ❶ خفا کرنا ❷ ناراض کرنا ❸ غصہ دلانا ❹ خفا ہونا ❺ رٹھانا۔

رساول (ہ) اسم مذکر۔ گنے کے رس کی کھیر۔

رسالہ (ع) اسم مذکر ❶ خط ❷ نامہ ❸ چھوٹی سی کتاب ❹ آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ۔

رسائل (ع) اسم مذکر ❶ رسالہ کی جمع ❷ چٹھیاں ❸ بہت سے رسالے۔

رسائی (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری ❶ پہنچ ❷ دخل ❸ واقفیت ❹ شناخت ❺ آہستگی ❻ دھیرج ❼ میل ملاپ۔

رسائن (س) اسم مذکر ❶ وہ دوا جو کسی دھات کو مار کر بنائی جاتی ہے ❷ کیمیا اکسیر۔

رسپانڈنٹ (ای) اسم مذکر ❶ اپیلانٹ کا فریق مخالف ❷ جواب دہ۔

رستم (ف) اسم مذکر ❶ فارس کے مشہور پہلوان کا نام ❷ مجازاً بہادر ❸ شجاع ❹ زبردست۔

رستم خاں (ا) اسم مذکر ❶ زبردست ❷ بہادر ❸ شجاع ❹ سورما ❺ سوربیر۔

رستم کا سالا (ا) اسم مذکر۔ بڑے آدمی کی رشتہ داری پر شیخی مارنے والا۔

رستمی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مردانگی ❷ بہادری ❸ جرات ❹ زبردستی ❺ زورآوری۔

رستہ/ راستہ (ف) اسم مذکر ❶ راہ ❷ قطار ❸ صف ❹ سڑک ❺ شارع عام ❻ قاعدہ ❼ آئین ❽ قانون ❾ طریقہ۔

رستہ بتانا/ بتلانا (ا) فعل ❶ راستہ بتانا ❷ راہنمائی کرنا ❸ طریقہ سکھانا ❹ ڈھنگ بتانا ❺ ٹالنا ❻ رخصت کرنا ❼ دھتا بتانا۔

رستہ بہکانا/ بھلانا (ا) فعل ❶ گمراہ کرنا ❷ منزل مقصود سے برخلاف راہ بتانا۔

رستہ پکڑو/ رستہ لو (ا) محاورہ ❶ ہوا کھاؤ ❷ چلتے پھرتے نظر آؤ ❸ جاؤ چلے جاؤ۔

رستہ روکنا/ رستہ گھیر کر کھڑا ہونا (ا) فعل ❶ چلنے نہ دینا ❷ مزاحم ہونا ❸ سدراہ ہونا۔

رستہ کاٹ کے چلنا/ رستہ کترانا (ا) فعل ❶ رستہ چھوڑ کر غیر رستے چلنا ❷ نظر بچا کر چلنا۔

رستے میں جواب دینا (ا) فعل ❶ آدھے میں انکار کرنا ❷ ٹھکانے پر پہنچنے سے پہلے ہی چھوڑ دینا۔

رسد (ف) اسم مونث ❶ خوراک ❷ بھوجن ❸ زادراہ ❹ فوج کا راشن ❺ ذخیرہ خوراک جو فوج یا قافلے کے ساتھ ہو ❻ لائق ❼ مناسب ❽ جنس۔

رسد رسانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ کسی محکمہ یا دستہ فوج کو سامان خوراک پہنچانا۔

رسم (ع) اسم مونث ❶ لغوی معنی نشان ❷ نقش ❸ نوشت ❹ تحریر ❺ مجازی ❻ دستور ❼ قاعدہ ❽ آئین ❾ قانون۔

رسم ورواج (ا) اسم مذکر ❶ ریت ❷ رسم ❸ دستور ❹ قاعدہ۔

رسم (ہ ف) ❶ برتاؤ ❷ سلوک ❸ طریق ❹ میل جول۔

رسمی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ معمولی ❷ عام ❸ متوسط درجے کا ❹ باقاعدہ ❺ دوسرے نمبر کا۔

رسنا (ہ) فعل ❶ ٹپکنا ❷ چونا ❸ خفا ہونا ❹ ناراض ہونا ❺ غصے ہونا ❻ تراوش ہونا۔

رسنا (ہ) اسم مونث ❶ جیبھ ❷ زبان ❸ للو ❹ ذائقہ ❺ سواد ❻ چسکا (بصورت فعل) آرام سے رہنا ❼ مزے سے بسنا ❽ آباد رہنا ❾ خوش گزران کرنا۔

رسنا بسنا نصیب ہو (ا) محاورہ ❶ رہنا سہنا ❷ پھولنا پھلنا نصیب ہو ❸ خدا خوش وخورم رکھے۔

رسوا (ف) اسم صفت ❶ بدنام ❷ بے عزت ❸ ذلیل ❹ خوار ❺ بے غیرت۔

رسوائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بدنامی ❷ بے عزتی ❸ ذلت ❹ فضیحت۔

رسوت (ہ) اسم مونث۔ ایک کڑوی دوائی کا نام ہے جو آنکھوں کی بیماری میں کام آتی ہے۔

رسوخ/ رسوخیت (ع) اسم مذکر۔ اسم مونث ❶ مضبوطی ❷ استواری ❸ جماؤ ❹ استقلال ❺ قیام ❻ رسائی ❼ پہنچ ❽ اعتبار۔

رسول (ع) اسم مذکر ❶ بھیجا ہوا ❷ خدا کی طرف سے بھیجا ہوا قاصد ❸ پیغمبر ❹ ایلچی ❺ راہنما ❻ ہادی۔

رسول شاہی (ا) اسم مذکر ❶ آزاد گروہ ❷ فقیروں کا ایک گروہ جس کا بانی رسول شاہ فقیر ہوا ہے۔

رسولی (ہ) اسم مونث ❶ گلٹی ❷ وہ گلٹی جو فضول مواد سے پیدا ہوتی ہے۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 0314...218

www.besturdubooks.net

رسوم (ع) اسم مونث ❶ رسم کی جمع ❷ نشان نقش ❸ تنخواہ ❹ مشاہرہ ❺ ماہانہ ❻ سرکاری خرچہ ❼ مقررہ فیس ❽ محنتانہ ❾ بھینٹ نذرانہ۔

رسوم عدالت (ع) اسم مونث ❶ سرکاری خرچہ ❷ اسٹامپ ❸ کورٹ فیس۔

رسوئی (ہ) اسم مونث ❶ کھانا ❷ بھوجن ❸ طعام ❹ خوراک ❺ باورچی خانہ ❻ کھانا کھانے پکانے کی جگہ۔

رسوئی آدھی رسائن ہے (ہ) کہاوت۔ کھانا پکانے کا ہنر بھی ایک قسم کا کیمیا ہے۔

رسوئی بنانا/کرنا (ہ) فعل ❶ کھانا پکانا ❷ طعام تیار کرنا۔

رسوئیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ کھانا پکانے والا ❷ باورچی۔

رسی (ہ) اسم مونث ❶ پنجو ❷ موٹی ڈوری ❸ سانپ ❹ ناگ ❺ سوفٹ لمبا پیمانہ۔

رسی جل گئی پر بل نہیں جلایا گیا/کھلا (ہ) مثل۔ کنگال اور محتاج ہو گئے مگر غرور اور اکڑ نہیں گئی۔

رسی دراز ہونا (ا) فعل ❶ رسی لمبی ہو جانا ❷ عمر دراز ہونا ❸ لمبی عمر ہونا۔

رسی ڈھیلی چھوڑنا (ہ) فعل ❶ خود مختار کر دینا ❷ آزادی دینا ❸ چشم پوشی کرنا ❹ جرم سے اغماض کرنا۔

رسی کا سانپ بنانا (ہ) فعل ❶ مبالغہ کرنا ❷ غلط بات کو فروغ دینا۔

رسیا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ رس لینے والا ❷ لطف اٹھانے والا ❸ وضعدار ❹ مسٹنڈا ❺ شوقین ❻ رسیلا خوبصورت جوان۔

رسید (ف) اسم مونث حاصل مصدر از رسیدن ❶ پہنچ ❷ کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی تحریر ❸ موصولیابی کا اقرار ❹ خبر ❺ پتا ❻ سراغ۔

رسید کرنا (ا) فعل ❶ مارنا ❷ لگانا ❸ جڑنا ❹ جیسے فوراً چانٹا رسید کیا۔

رسید نہ دینا (ا) فعل ❶ خبر نہ لگنے دینا ❷ پتہ تک نہ بتانا ❸ پتا نہ دینا۔

رسیدہ (ف) اسم صفت مفعول ❶ انتہا کو پہنچا ہوا ❷ بالغ ❸ جوان شدہ۔

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت (ف) مثل۔ مصیبت تو آئی تھی مگر ٹل گئی۔

رسیلا (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ رس والا ❷ میٹھا ❸ خوش ذائقہ ❹ لذیذ ❺ شیریں ❻ پرلذت ❼ رسیا ❽ بانکا ❾ وضعدار۔

رسیلی (ہ) اسم صفت مونث ❶ رس دار ❷ وضعدار ❸ بانکی ❹ رنگیلی۔

رسیلی آنکھ/آنکھیں (ہ) اسم مونث ❶ خوبصورت آنکھیں ❷ نشیلی آنکھ ❸ مست آنکھ ❹ چشم مخمور۔

## ر ← ش

رشتہ (ف) اسم مذکر مفعول از رشتن ❶ سوت کاتا ہوا تاگا ❷ تاگا ❸ ڈورا ❹ مجازاً لڑی ❺ سلک ❻ برادری ❼ قرابت ❽ تعلق ❾ خاندانی سلسلہ۔

رشتہ دار (ف) اسم مذکر ❶ قرابتی ❷ برادری کا بھائی ❸ متعلق۔

رشتہ داری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ قرابت ❷ برادری ❸ تعلق ❹ خویشی۔

رشتہ کرنا (ا) فعل ❶ تعلق پیدا کرنا ❷ نسبت کرنا ❸ نکاح کرنا ❹ بیاہ کرنا۔

رشتہ ناتا (ا) اسم مذکر ❶ میل ملاپ ❷ قرابت ❸ میل جول ❹ بھائی بندی۔

رشک (ف) اسم مونث ❶ جلن ❷ حسد ❸ ڈاہ ❹ عداوت ❺ دشمنی ❻ رقابت ❼ ہم پیشہ ہونے کا حسد ❽ شرم ❾ حیا۔

رشک خور/ پری / یوسف (فع) اسم صفت ❶ نہایت حسین ❷ اتنا خوبصورت جس کے حسن پر حور و پری و یوسف کو بھی رشک آئے۔

رشوت (ع) اسم مونث ❶ ناجائز نذرانہ زبردستی لینا ❷ فرض منصبی ادا کرنے میں سرکاری تنخواہ کے علاوہ عوام سے روپیہ لینا ❸ گھونس۔

رشوت خور/ رشوت خوار (ع) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ رشوت لینے والا۔

رشوت ستانی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گھونس لینا ❷ ناجائز طریقہ سے روپیہ لینا۔

رشوت کھانا/ لینا (ا) فعل ❶ غیر واجب روپیہ لینا ❷ ناجائز اجرت لینا۔

رشی/ رشی منی (س) اسم مذکر ❶ سادھو ❷ سنت ❸ خدا پرست ❹

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

ریاضت کرنے والا⑤ جوگی⑥ درویش۔

رشید (ع) اسم صفت ① نیک ② ہدایت یافتہ ③ مہذب ④ تربیت یافتہ۔

## ر ← ص

رصد (ع) اسم مذکر ظرف ① ستاروں کی گردش دیکھنے کا مینار ② جنتر منتر ③ چبوترا اچوترا۔

رصدگاہ (ع) اسم مذکر ظرف۔ جنتر منتر۔

## ر ← ض

رضا (ع) اسم مونث ① خوشی ② مرضی ③ مہلت ④ اجازت ⑤ رخصت ⑥ چھٹی ⑦ رخصت معہ تنخواہ ⑧ فرلو ⑨ شیعہ حضرات کے ایک امام کا نام بھی ہے جو آٹھویں امام اور علی رضا سے موسوم تھے۔

رضا مند (ع) اسم صفت ① راضی ② خوشی اجازت دینے والا ③ منظور کنندہ۔

رضامندی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① خوشنودی ② خوشی ③ مرضی ④ منظوری۔

رضا ہونا (پنجابی) فعل ① مرجانا ② مرنا ③ انتقال کرنا۔

رضاعت (ع) اسم مونث ① دودھ پلانا ② شیر خواری ③ بچوں کو دودھ پلانے کا زمانہ ④ یعنی دو سال۔

رضاعی بھائی (ا) اسم مذکر ① کوکا ② دودھ ③ شریک بھائی۔

رضائی (ا) اسم مونث (دیکھو رزائی)

رضوان (ع) اسم مذکر ① بہشت کا دربان ② داروغہ بہشت۔

رضوی / رضویہ (ع) اسم صفت نسبتی۔ امام علی رضا سے نسبت رکھنے والا۔

## ر ← ط

رطب (ع) اسم مونث ① تازہ کھجور ② تر کھجور۔

رطب و یابس (ع) اسم صفت ① تر و خشک ② نیک و بد ③ برا بھلا۔

رطل (ع) اسم مذکر ① آدھ سیر کا وزن ② آدھ سیر کا بٹ ③ جام شراب۔

رطوبت (ع) اسم مونث ① تری ② نمی ③ سیل۔

## ر ← ع

رعایا (ع) اسم مونث ① (رعیت کی جمع) جس کی حفاظت کی جائے ② کسی حاکم کے ماتحت رہنے والے لوگ۔

رعایت (ع) اسم مونث ① لحاظ ② طرفداری ③ خیال ④ بچ ⑤ نگہبانی ⑥ پاس ⑦ خیال۔

رعایتی (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت لحاظ کیا گیا ① سفارشی ② وہ شخص جس کی طرف دل کی جائے۔

رعب (ع) اسم مذکر ① ڈر ② خوف ③ شان و شوکت ④ جاہ و جلال۔

رعب داب (ع) اسم مذکر ① شان و شوکت ② دبدبہ ③ کروفر ④ تجمل و جلال۔

رعب دار (ع) اسم فاعل سماعی مذکر ڈراؤنا ① مہیب ② خوفناک ③ بھیانک۔

رعد (ع) اسم مذکر ① بجلی کا کڑکا ② کڑک گرج ③ بادلوں کو چلانے والے فرشتہ کی آواز۔

رعشہ (ع) اسم مونث ① لرزہ ② کانپنی ③ کپکپی ④ تھرتھراہٹ ⑤ ایک بیماری ہے جس سے ہاتھ پاؤں خود بخود کانپنے لگ جاتے ہیں۔

رعنا (ع) اسم صفت ① بن سنور کر رہنے والا ② بناؤ سنگار کرنے والا ③ خوبصورت بانکا ④ سجیلا ⑤ زیبا ⑥ خوش نما ⑦ چالاک ⑧ ہوشیار ⑨ دو رنگا۔

رعنائی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① بانکپن ② خود آرائی ③ خوبصورتی ④ خودنمائی ⑤ زیبائش۔

رعونت (ع) اسم مونث ① غرور ② تکبر ③ اکڑ ④ گھمنڈ ⑤ سرکشی ⑥

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

شیخی۔

رعیت (ء) اسم مونث ① رعایت کیا گیا ② لحاظ کیا گیا ③ محکوم لوگ ④ پرجا ⑤ کرایہ دار ⑥ زمیندار ⑦ وہ لوگ جو کسی حاکم کے زیر فرمان ہوں۔

## ر ← غ

رغبت (ء) اسم مونث ① خواہش ② میلان ③ چاہت ④ شوق ⑤ توجہ ⑥ پیار ⑦ رجحان۔

رغبت کرنا (ا) فعل ① خواہش کرنا ② مائل ہونا ③ شوق کرنا ④ محبت کرنا۔

## ر ← ف

رف (ای) اسم صفت ① کھردرا ② نامکمل ③ کاٹ چھانٹ کیا ہوا مسودہ۔

رفاقت (ء) اسم مونث ① ساتھ ② سنگت ③ ہمراہی ④ محبت ⑤ دوستی ⑥ میل جول ⑦ میل ملاپ ⑧ خیرخواہی ⑨ نمک حلالی۔

رفاقت کرنا (ا) فعل ① ساتھ رہنا ② ہمدردی کرنا ③ خیر خواہی ④ وفاداری برتنا۔

رفاہ (ء) اسم مونث ① آرام ② آسانی ③ تن آسانی ④ راحت ⑤ چین ⑥ اطمینان ⑦ تسلی ⑧ نیکی ⑨ بھلائی۔

رفاہ عام/خلق/خلائق (ء) اسم مونث ① عام لوگوں کی بھلائی ② سب کے کام آنے اور آرام پہنچانے والی چیز یا بات۔

رفاہت (ء) اسم مونث ① خوشی ② بھلائی ③ آرام ④ راحت ⑤ چین ⑥ بہبودی۔

رفتار (ف) اسم مونث ① چال چلن ② روش ③ خرام۔

رفتار و گفتار (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① چال چلن ② طور طریق ③ چال ڈھال۔

رفت گزشت (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① گئی گزری بات ② لیت ولعل ③ ٹال مٹول۔

رفت گزشت کرنا (ا) فعل ① آیا گیا کرنا ② جانے دینا ③ معاف کرنا ④ خیال نہ کرنا ⑤ ہٹ جانا۔

رفتہ رفتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① آہستہ آہستہ ② سہج سہج۔

رفرف (ء) اسم مذکر ① اسرافیل علیہ السلام کے مقام کا نام ہے ② نیز ایک سواری ہے جس پر رسول مقبول معراج کی رات کو سدرۃ المنتہی سے خدائی دربار تک تشریف لے گئے تھے۔

رفع (ء) اسم مذکر ① اٹھانا ② اونچائی ③ بلندی ④ اٹھان ⑤ چھوڑنا ⑥ باز رہنا ⑦ موقوفی ⑧ دور کرنا ⑨ ضمہ۔

رفع دفع کرنا (ا) فعل ① دور کرنا ② ہٹانا ③ مٹانا ④ دبانا ⑤ معاف کرنا ⑥ باز رہنا۔

رفعت (ء) اسم مونث ① اونچائی ② بلندی ③ زیادتی ④ برتری ⑤ درجہ ⑥ پایہ ⑦ بزرگ۔

رفو (ء) اسم مذکر ① کپڑے کو دھاگوں سے اس طرح مرمت کرنا کہ بہت کم معلوم ہو ② پھٹے ہوئے گرم کپڑے کی مرمت ③ ایک خاص قسم کی دھاگوں کی سلائی۔

رفو چکر ہونا (ا) فعل ① چل دینا ② بیک بینی ③ دوگوش بھاگ جانا ④ چلا جانا ⑤ ہوا ہو جانا ⑥ حیران و سرگرداں ہونا۔

رفو کرنا (ا) فعل ① کپڑے کے سوراخ کو دھاگوں سے پیوند لگانا ② مرمت کرنا۔

رفوگر (ع) اسم مذکر ① فاعل ② رفو کرنے والا ③ شال دوشالوں وغیرہ کو رفو کرنے والا۔

رفوگری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① رفو کا کام ② رفو کا پیشہ۔

رفیدہ (ء) اسم مذکر۔ تنور میں روٹیاں لگانے کی پھونس بھری ہوئی گول گدی کا بوک۔ گول اور بد وضع پگڑی۔



(رفیق)

رفیق (ء) اسم صفت مذکر۔ ① ساتھی ② ہمراہی ③ مددگار ④ دوست ⑤ خیرخواہ ⑥ مصاحب ⑦ جلیس ⑧ ہمنشین۔

www.besturdubooks.net

## ر ← ق

رقابت (ع) اسم مونث ❶ لغوی معنی نگہبانی ❷ حفاظت ❸ مجازاً دشمنی ❹ عداوت ❺ شراکت۔

رقبہ (ع) اسم مذکر ❶ لغوی معنی کھادر ❷ اصطلاحی گاؤں کے متعلق زمین ❸ احاطہ ❹ گھیرا ❺ کھیت وغیرہ کے طول کو عرض میں ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو ❻ گردن ❼ ناڑ ❽ گلو۔

رقت (ع) اسم مونث ❶ نرمی ❷ ملائمت ❸ مجازاً رونا ❹ نالہ و زاری ❺ گریہ ❻ ترس ❼ رحم ❽ دردمندی ❾ ہمدردی۔

رقت آنا / ہونا (ا) فعل ❶ دل بھر آنا ❷ حال آنا ❸ وجد آنا۔

رقت منی (ع) اسم مونث ❶ منی کا پتلا ہونا ❷ دھات کا پتلا ہونا۔

رقص (ع) اسم مذکر ❶ کودنا ❷ اچھلنا ❸ ناچنا ❹ ناچ ❺ راگ کے تال و سر کے مطابق حرکت کرنا۔

رقص وسرود (ع) اسم مذکر ❶ ناچ رنگ ❷ راگ رنگ ❸ گانا بجانا۔

رقعہ (ع) اسم مذکر ❶ کاغذ کا پرچہ ❷ پرزہ ❸ دھجی ❹ چیتھڑا ❺ کاغذ کا لکھا ہوا ٹکڑہ خط ❻ چٹھی ❼ شادی یا کسی تقریب پر بلانے کا اطلاع نامہ ❽ منگنی کے لئے شجرہ نسب لکھ کر دلھن کے گھر جانے والا کاغذ۔

رقم (ع) اسم مونث ❶ تحریر ❷ خط ❸ نوشت ❹ مہر ❺ نقش ❻ نشان ❼ چھاپا ❽ عدد ❾ ہندسہ۔

رقم کرنا (ا) فعل ❶ تحریر کرنا ❷ لکھنا ❸ نوشتہ کرنا۔

رقیق (ع) اسم صفت ❶ نرم ❷ ملائم ❸ پتلا ❹ پانی جیسا ❺ باریک۔

رقیق القلب (ع) اسم مذکر ❶ نرم دل ❷ رحمدل ❸ ترس کھانے والا ❹ نرم دل والا آدمی۔

رقیمہ (ع) اسم مذکر ❶ (عربی والے مونث بولتے ہیں) لکھا ہوا ❷ تحریر ❸ رقعہ ❹ خط ❺ چٹھی۔

## ر ← ک

رکاب (ع) اسم مونث ❶ وہ لوہے کے دو حلقے جو زین کے دونوں طرف لٹکتے رہتے ہیں اور سوار ان میں پاؤں ٹکایا کرتا ہے ❷ تھالی ❸ رکابی ❹ طباق ❺ پیالہ۔

رکاب دار (ع) اسم مذکر فاعل ❶ رکاب پکڑ کر سوار کرانے والا ❷ رکاب تھامنے والا ❸ شاہی سواری کے ساتھ کھانا لے کر چلنے والا ملازم ❹ خاصہ بردار ❺ ایک قسم کے باورچی۔ نہایت ماہر اور مشاق خانساماں ❻ رکابیوں میں کھانا چننے اور خوبی سے رکھنے والا خانساماں۔

رکاب دوال (ع) اسم مونث ❶ رکاب کا تسمہ ❷ رکاب کا چمڑا۔

رکابی (ف) اسم مونث ❶ تھالی ❷ طشتری۔

رکابی مذہب (ا) اسم مونث ❶ لیمونچوڑ ❷ ہر دیگچی چمچہ ❸ طامع ❹ حریص ❺ کھانے پر دین دھرم تک بدل ڈالنے والا ❻ خوشامدی ❼ چاپلوسیا۔

رکان (ہ) اسم مونث ❶ ڈھنگ ❷ طرز ❸ قاعدہ ❹ قانون ❺ طریقہ۔

رکاؤ (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ❶ روک ❷ نفرت ❸ مزاحمت ❹ تعرض ❺ سدراہ ❻ اٹکاؤ۔

رکاوٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر اٹکاؤ ❶ روک ❷ ممانعت ❸ ٹھہراؤ۔

رکت (س) اسم مذکر ❶ خون ❷ لہو۔

رکت چندن (ہ) اسم مذکر (ہندو) ❶ سرخ چندن ❷ صندل سرخ۔

رک رک کر (ہ) تابع فعل ❶ گھٹ گھٹ کر ❷ لکنت سے ❸ ہکلا کر ❹ تتلا کر۔

رکشا (ہ) اسم مونث ❶ امان ❷ پناہ ❸ حفاظت ❹ راکھی ❺ بچاؤ ❻ نگہبانی۔

رکشا بندھن (ہ) اسم مونث ❶ راکھی باندھنے کی رسم ❷ سلونو کا تیوہار۔

رکشا کرنا (ہ) فعل ❶ نگہبانی کرنا ❷ حفاظت کرنا ❸ بچانا۔

رکعت (ع) اسم مونث ❶ جھکاؤ ❷ خمیدگی ❸ نماز کا رکن ❹ نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھا حصہ۔

رکن (ع) اسم مذکر ❶ تھم ❷ ستون ❸ کارندہ ❹ کام کا سربراہ ❺ اڑواڑ ❻ حصہ ❼ جزو۔

رکن سلطنت (ع) اسم مذکر۔ سلطنت کے امراو وزراء۔

رکنا (ہ) فعل ❶ ٹھیرنا ❷ اٹکنا ❸ تھمنا ❹ کشیدہ ہونا ❺ خفا ہونا ❻ ناراض ہونا ❼ تتلانا ❽ لکنت کرنا ❾ ٹھٹکنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

رکوع (ع) اسم مذکر ① جھکاؤ ② عاجزی سے جھکنا ③ نماز میں قیام کے لئے دونوں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھک جانا۔

رکھائی (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① روکھا پن ② بد اخلاقی ③ بے مروتی ④ بغرض انکار۔

رکھ رکھاؤ (ہ) اسم مونث ① حفاظت ② دیکھ بھال۔

رکھنا (ہ) فعل ① دھرنا ② لگانا ③ بچانا ④ پاسبانی کرنا ⑤ جمع کرنا ⑥ جوڑنا ⑦ اکٹھا کرنا ⑧ دفن کرنا ⑨ نصب کرنا نطفہ ڈالنا۔

رکھوالا (ہ) اسم مذکر فاعل ① محافظ ② نگہبان ③ پہرے دار ④ چوکیدار ⑤ سنتری ⑥ چوکسی کرنے والا۔

رکھوالی (ہ) اسم مونث ① چوکسی ② چوکیداری ③ نگہبانی ④ پہرہ ⑤ چوکیداری کی تنخواہ۔

رکھوانا (ہ) فعل ① رکھنا کا متعدی ② دھروانا ③ جمع کروانا ④ بچرانا ⑤ دفن کروانا ⑥ قبر میں اتروانا ⑦ قبضہ کروانا ⑧ پکڑوانا ⑨ نذر کروانا۔

رکھی (ہ) اسم مذکر (دیکھو رشی)

رکیبی (ا) اسم مونث ① رکابی کا املہ تھالی ② طشتری ③ صحنک ④ چھوٹا طباق۔

رکیک (ع) اسم صفت ① ناتواں ② کمزور سست ③ دبلا پتلا ④ حقیر ⑤ ذلیل ⑥ ادنیٰ۔

## ر ← گ

رگ (ف) اسم مونث ① ناڑی ② نس ③ نبض ④ خون کے دورہ کرنے کی نلیاں ⑤ پٹھا عصب ⑥ دوڑا ⑧ تار ⑨ دھاگا۔

رگ اترنا (ا) فعل ① ضد اترنا ② ہٹ نہ رہنا ③ غصہ جاتا رہنا ④ انتڑی کا فوطے میں آجانا ⑤ فتق کی بیماری ہونا۔

رگ پٹھے سے واقف ہونا (ا) فعل ① خاندان اور جد سے باخبر ہونا ② اصل نسل اور بنیاد سے واقف ہونا ③ مزاج اور عادت کو جاننا۔

رگ پھڑکنا (ا) فعل ① کسی شدنی امر سے واقف ہونا ② کسی ہونے والے کام کے آثار معلوم ہو جانا۔

رگ جان (ف) اسم مونث ① شاہ رگ ② شریان ③ تمام جسم میں خون پہنچانے والی رگ۔

رگ چڑھنا (ا) ① ضد چڑھنا ② غصہ آجانا ③ مچل جانا ④ ہٹ کرنا ⑤ اڑنا۔

رگ دار (ف) اسم صفت ① ریشہ دار ② نسل ③ بیل ④ نسیلا۔

رگ دبنا (ا) فعل ① کل ہاتھ میں ہونا ② ڈرنا ③ قابو کرنے کا ڈھب جاننا ④ رکان ہاتھ میں ہونا۔

رگ و ریشہ (ف) اسم مذکر ① رگ پٹھا ② خوبو ③ عادت و سبھاؤ ④ ذات ⑤ بنیاد ⑥ اصل نسل۔

رگڑ (ہ) اسم مذکر ① ہلکا زخم ② خفیف سی کھرینچ ③ چھلن ④ دو چیزوں کے باہم ٹکرانے یا لڑنے سے پڑ جانے والا نشان ⑤ خراش۔

رگڑا (ہ) اسم مذکر ① گھسا ② خراش ③ بھنگ کا گھوٹا۔

رگڑا جھگڑا (ہ) اسم مذکر ① فساد ② فتنہ ③ لڑائی مباحثہ ④ ٹنٹا۔

رگڑنا (ہ) فعل ① گھسنا ② ملنا ③ پیسنا ④ گھوٹنا ⑤ صاف کرنا ⑥ چھیلنا ⑦ کھال اتارنا ⑧ متحرک کرنا ⑨ حرکت دینا۔

رگ وید/ رگ بید (س) اسم مذکر۔ چاروں ویدوں میں سب سے پہلا وید۔

رگی/ رگیلا/ رگیلی (ا) اسم صفت ① ضدی ② ہٹیلا ③ سرکش ④ فسادی ⑤ بدذات ⑥ متنفی ⑦ موٹے موٹے تاروں کا کپڑا ⑧ موٹی رگوں کا بان۔

رگیدنا (ہ) فعل ① بھگانا ② تعاقب کرنا ③ استعمال میں لانا ④ کام میں لانا ⑤ رگڑنا ⑥ تنگ کرنا ⑦ حیران کرنا۔

رگید رگا دکر (ہ) تابع فعل ① مار پیٹ کر ② گھیر گھار کر ③ رگڑ رگڑ کر ④ حاجت روائی کر کے ⑤ کسرت کرا کر۔

رگیں مرنا (ہ) فعل ① نامرد ہونا ② سست ہونا ③ رجولیت نہ رہنا۔

## ر ← ل

رلا (ہ) اسم مذکر ① ملاؤ ② آمیزش ③ ملاوٹ ④ خالص کی ضد ⑤ بکھیڑا ⑥ جھمیلا ⑦ بھول ⑧ مغالطہ۔

رلا پڑنا (ہ) فعل ① حساب میں مغالطہ پڑنا ② بھول پڑنا ③ رل مل جانا ④ بکھیڑا پڑنا ⑤ جھمیلا ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

رلاڈالنا (ہ) فعل ❶ بکھیڑا ڈالنا ❷ جھگڑا ڈالنا ❸ ملاوٹ کرنا ❹ ملا دینا۔
رلانا (ہ) فعل ❶ ملانا ❷ آمیز کرنا ❸ شامل کرنا ❹ گڑبڑ کرنا۔
رل مل کر رہنا (ہ) فعل ❶ آپس میں پیار محبت سے رہنا ❷ انس اور الفت رکھنا ❸ مل جل کر رہنا۔
رلنا (ہ) فعل ❶ ملنا ❷ شامل ہونا ❸ آمیز ہونا ❹ گڈ مڈ ہونا ❺ گڑ بڑ ہونا۔
رلنا (ہ) فعل ❶ گم ہونا ❷ تباہ ہونا ❸ رولنا کا لازم ❹ پھٹکا جانا ❺ صاف ہونا ❻ چھٹنا ❼ کسی چیز کا اوپر اوپر سے لیا جانا۔

ر ← م

رم (ای) اسم مذکر ❶ کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل ❷ چار سو اسی یا پانچ سو تختوں کا گٹھا۔
رم (ف) اسم مذکر ❶ بھاگڑ ❷ جدائی ❸ نفرت ❹ ڈر بھاگنا ❺ وحشت۔
رم (ای) اسم مونث ❶ گڑ کی شراب ❷ ایک قسم کی مقطر شراب۔
رمال (ع) اسم مذکر فاعل مبالغہ ❶ رمل کا علم جاننے والا ❷ جوتشی۔
رمانا (ہ) فعل ❶ پھرانا ❷ گھمانا ❸ پرچانا ❹ کام میں لانا ❺ استعمال کرنا ❻ لگانا ❼ کھونا ❽ گنوانا۔
رمبھانا (ہ) فعل ❶ گائے کا بولنا ❷ بھینس کا ڈکرانا۔
رمتا جوگی (ہ) اسم مذکر ❶ مسافر فقیر ❷ درویش ❸ سیلانی ❹ سیاح ❺ پھرتا پھرتا جوگی۔
رم جھم (ہ) تابع فعل ❶ بارش کی خفیف آواز ❷ چھم چھم۔
رمد (ع) اسم مذکر ❶ آنکھ کی ایک بیماری کا نام ❷ جس سے آنکھ میں سرخی رہتی ہے ❸ کھٹکے ❹ رو ہے۔
رمز (ع) اسم مونث ❶ آنکھ بھوں وغیرہ کا اشارہ ❷ غنج دولاں ❸ غمزہ ❹ عشوہ ❺ اشارہ کنایہ ❻ سینا سینی ❼ سین ❽ مراد مفہوم ❾ بات کا اصل مطلب۔
رمز چلنا / رمز کی چلنا (ا) فعل ❶ نوکا چوکی ہونا ❷ سینا سینی ہونا ❸ طعنہ مہنہ دیا جانا۔
رمز کی باتیں (ا) اسم مونث ❶ بھید کی باتیں ❷ نکتہ کی باتیں ❸ مہنے طعنے کی باتیں۔

رمز مارنا / رمز پھینکنا (ہ) فعل ❶ بھید کی باتیں کہنا ❷ اشارہ کنایہ کرنا۔
رمضان (ع) اسم مذکر ❶ لغوی معنی جلانے والا ❷ مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ ❸ روزوں کا مہینہ ❹ ماہ صیام ❺ گناہ جھڑنے کی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا۔
رمق (ع) اسم مونث ❶ سسک ❷ تھوڑی سی جان ❸ رہی سہی جان ❹ آخری سانس ❺ ذرا ذرا سا دم ❻ کچھ اثر۔
رمل (ع) اسم مذکر ❶ ایک علم کا نام ہے جس کے ذریعہ غیب کی بات بتاتے ہیں ❷ عروض کی ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن آٹھ دفعہ فاعلان ہے ❸ لغوی معنی ریت۔
رمنا (ہ) فعل ❶ گھومنا ❷ سیر کرنا ❸ سمانا ❹ بسنا ❺ لٹو ہونا ❻ فریفتہ ہونا ❼ راہ پڑنا ❽ مقیم ہونا۔
رمنا / رمنہ (ہ) اسم مذکر ❶ سبزہ زار ❷ مرغزار ❸ چراگاہ ❹ ہرنوں کے رہنے کی جگہ ❺ شکارگاہ ❻ وہ مقام جہاں بادشاہ لوگ شکار کے لئے وحشی جانور چھڑوا دیتے ہیں۔
رموز (ع) اسم مونث۔ رمز کی جمع۔
رمیدگی (ف) ❶ بھاگنا ❷ تنفر ❸ وحشت۔
رمیم (ع) اسم صفت ❶ گلی ہوئی ❷ پرانی ❸ بوسیدہ ❹ بودی ❺ کہنہ۔

ر ← ن

رن (ہ) اسم مذکر ❶ لڑائی ❷ جنگ ❸ معرکہ کارزار ❹ گھمسان کی لڑائی ❺ جنگ عظیم ❻ میدان جنگ ❼ لڑائی کا کھیت ❽ مقتل ❾ جنگل۔
رن بولنا (ہ) فعل ❶ میدان جنگ سے آواز نکلنا ❷ قتل گاہ سے آواز آنا۔
رن بہادر (ا) اسم صفت ❶ میدان جنگ کا دھنی ❷ بہادر سرداروں کا خطاب ❸ بہادر جنگ۔
رن پڑنا (ہ) فعل ❶ لڑائی چھڑنا ❷ جنگ ہونا ❸ جدھ پڑنا۔
رن جیت (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ فاتح ❷ مظفر ❸ منصور ❹ فتحمند۔
رن (ای) اسم مونث ❶ دوڑ ❷ جھپٹ ❸ لپک ❹ کرکٹ والے بولا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کرتے ہیں۔

رنباس/ رنواس (ہ) اسم مونث و مذکر ظرف ❶ ہندو رانیوں کے رہنے کا مکان ❷ راجہ کا زنانخانہ ❸ محلسرائے شاہی۔

رنج (ف) اسم مذکر ❶ دکھ ❷ پیڑ ❸ درد ❹ بیماری ❺ تکلیف ❻ ملال ❼ اندوہ ❽ غم ❾ ماتم۔

رنج ومحن (ف) اسم مذکر ❶ مصیبت ❷ دکھ ❸ درد ❹ تکلیف۔

رنج ہونا (ا) فعل ❶ غم ہونا ❷ افسوس ہونا ❸ خفا ہونا ❹ ناراض ہونا۔

رنجش (ف) اسم مونث حاصل مصدر از رنجیدن ❶ ان بن ❷ بگاڑ ❸ ناراضگی ❹ غم ❺ غصہ۔

رنجک (ہ) اسم مونث ❶ وہ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے واسطے رکھی جاتی ہے ❷ بھڑکی ❸ اغواء ❹ تحریک ❺ چورن ❻ سفوف۔

رنجک اڑانا (ہ) فعل ❶ توپ یا بندوق کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا ❷ فلیتہ دینا ❸ بتی دینا ❹ چمکانا ❺ روشن کرنا ❻ (بازاری) پاد مارنا ❼ پھسکی لگانا ❽ گوز اڑانا۔

رنجک چاٹ جانا (ہ) فعل ❶ رنجک کا جل کر رہ جانا ❷ توپ یا بندوق کا نہ چلنا۔

رنجیدگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ (دیکھو رنجش)

رنجیدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ مغموم ❷ غم زدہ ❸ دکھی ❹ آزردہ ❺ اداس ❻ خفا ❼ ناراض ❽ دلگیر ❾ ناخوش۔

رنجیدہ خاطر (فع) اسم صفت ❶ دل دکھیارا ❷ دکھیا ❸ دکھی ❹ ناراض ❺ دل آزردہ۔

رند (ف) اسم مذکر ❶ شرعی باتوں سے عملاً انکار کرنے والا ❷ آزاد ❸ منکر شریعت ❹ غیر شرح کام کرنے والا ❺ بھنگی ❻ شرابی ❼ متوالا ❽ لچا ❾ بدوضع۔

رند مذہب/ رند مشرب (فع) اسم مذکر صفت بترکیب تشبیہی ❶ اوباش ❷ بدوضع ❸ شہدا ❹ آزاد۔

رند (ا) اسم مذکر۔ وہ موکھے اور سوراخ جو قلعہ کی دیوار یا شہر کی فصیل میں دشمن پر اندر سے گولیاں چلانے کے لئے رکھ لیا کرتے ہیں۔

رندانہ (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ❶ رد کی طرح ❷ آزادانہ ❸ بدوضع ❹ شہدا ❺ لچا۔

رندنا (ہ) فعل ❶ روندا جانا ❷ کچلا جانا ❸ پامال کیا جانا ❹ روندن میں آنا۔

رندنا (ہ) فعل ❶ لکڑی کو رندے سے صاف کرنا ❷ رندہ کیا جانا۔

رندہ (ف) اسم مذکر آلہ از رندیدن ❶ لکڑی صاف کرنے کا اوزار ❷ لکڑی ہموار کرنے کا آلہ۔

رندھنا (ہ) فعل ❶ پکنا ❷ کھانا تیار ہونا ❸ ابلنا۔

رندھنا (ہ) فعل ❶ پسنا ❷ روندن میں آنا ❸ پامال ہونا ❹ امنڈنا ❺ بھر آنا ❻ مصروف ہونا۔

رندھیر (ہ) اسم صفت ❶ دلیر ❷ بہادر ❸ شجاع ❹ سورما ❺ لڑائی میں مستقل رہنے والا۔

رندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ رند پن ❷ رند کا کام ❸ بدکاری ❹ لامذہبی۔

رنڈ (ہ) اسم مونث ❶ رانڈ عورت (پورب) ارنڈ کا درخت ❷ دھڑ ❸ جسم بے سر۔

رنڈسالا (ہ) اسم مذکر ❶ رنڈاپے کا جوڑا ❷ ماتمی لباس۔

رنڈاپا (ہ) اسم مذکر ❶ بیوہ پن ❷ بدھواپن ❸ بیوہ ہونے کا زمانہ ❹ بے شوہری۔

رنڈ منڈ (ہ) اسم صفت ❶ صفاچٹ ❷ بھدرا کئے ہوئے ❸ چار ابرو کا صفایا کئے ہوئے۔

رنڈوا (ہ) اسم صفت مذکر ❶ وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو ❷ مرد بے زوجہ ❸ تحقیراً کورا ❹ بن بیاہا ❺ پست ہمت ❻ کم حوصلہ ❼ کام چور۔

رنڈوا بیل جی کا جلایا (ہ) مثل۔ بے حوصلہ آدمی دل ہی دکھاتا ہے کسی کام کا نہیں ہوتا۔

رنڈوا بھنڈوا (ہ) اسم مذکر ❶ نگوڑا ❷ گھر کھووا ❸ خانہ خراب۔

رنڈی (ہ) اسم مونث ❶ (رانڈی کا بگاڑ) عورت ❷ زن ❸ استری ❹ کسبی ❺ بیسوا ❻ کنچنی ❼ ناچنے والی ❽ رقاصہ ❾ فاحشہ ❿ بازاری عورت۔

رنڈیا (ہ) اسم مونث ❶ رنڈی کی تحقیری تصغیر ہے ❷ بیوہ ❸ مصیبت زدہ ❹ دکھیاری۔

رنگ (ف) اسم مذکر ❶ رنگت ❷ روپ ❸ برن ❹ فام ❺ لون ❻ خون ❼ لہو ❽ خمار ❾ نشہ۔

رنگ اڑ جانا/ اڑنا/ رنگ اترنا (ا) فعل ❶ رنگت کا جاتا رہنا ❷ خوف یا غم وغیرہ سے رنگ زرد ہو جانا ❸ رونق نہ رہنا ❹ رنگ فق ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

**رنگ اکھڑنا** (ہ) فعل 1 کسی محفل میں سماں نہ بندھنا 2 بدمزگی ہونا 3 مزا کرکرا ہونا 4 رنگ نہ جمنا۔

**رنگ آمیزی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 رنگ کا کام 2 نقاشی 3 مصوری 4 عبارت آرائی۔

**رنگ آنا** (ا) فعل 1 رنگ چڑھنا 2 رنگ پکڑنا 3 رونق آنا 4 نکھرنا 5 خوبصورتی بڑھنا۔

**رنگ بدلنا** (ا) فعل 1 رنگ پلٹنا 2 رنگ اڑنا 3 حال بدلنا 4 ڈھنگ اور طرز بدلنا 5 کایا پلٹنا 6 بگڑنا 7 خفا ہونا 8 ناراض ہونا۔

**رنگ برنگ کا** (ا) تابع فعل 1 طرح طرح کا 2 بھانت بھانت کا 3 ہر قسم کا 4 گوناگوں۔

**رنگ بندھنا** (ا) فعل 1 رنگ پکڑنا 2 رونق ہونا 3 آراستہ ہونا 4 سجاوٹ دار ہونا۔

**رنگ بھرنا** (ا) فعل 1 تصویر یا نقشہ وغیرہ میں رنگ لگانا 2 رنگین بنانا۔

**رنگ پاشی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ رنگ کھیلنے کی رسم جو ہولی سے اگلے دن ہوتی ہے۔

**رنگ پر آنا** (ا) فعل 1 جوبن پر آنا 2 بہار پر آنا 3 رونق پر آنا 4 تیز ہونا 5 زوروں پر آنا۔

**رنگ پکڑنا** (ا) فعل 1 رنگ آنا 2 رنگ چڑھنا 3 رنگین ہونا 4 چمکنا 5 تروتازگی حاصل کرنا۔

**رنگ پھیکا ہونا / پڑنا** (ا) فعل 1 اداس ہونا 2 شرم یا غیرت سے رنگ فق ہونا 3 بے تکلف ہونا۔

**رنگ ٹپکنا** (ا) فعل 1 نور برسنا 2 روشنی جھلکنا 3 رنگ رسنا 4 ٹپکنا۔

**رنگ جل جانا** (ا) فعل 1 خون کے سیاہ ہو جانے سے چہرے پر سیاہی چھا جانا 2 رنگ سانولا ہو جانا۔

**رنگ جمانا** (ا) فعل 1 رنگ چڑھانا 2 رنگنا 3 بنیاد ڈالنا 4 ڈھب لگانا 5 رونق پکڑنا 6 بڑھنا 7 زینت پانا 8 رنگ گھٹنا 9 سماں بندھنا۔

**رنگ چڑھانا** (ا) فعل 1 رینی چڑھانا 2 رنگ نکالنے کی خاطر کسوم کو بھگو کر چڑھانا 3 رنگین کرنا 4 رنگنا 5 روغن کرنا 6 وارنش کرنا 7 رونق دار کرنا 8 سماں باندھنا 9 اپنا سا بنانا۔

**رنگ چڑھنا** (ا) فعل 1 رینی چڑھنا 2 رنگ قبول کرنا 3 رنگا جانا 4 رونق پر آنا 5 رنگ چمکنا 6 وارنش ہونا 7 معرفت میں رنگین ہونا 8 دوسرے کی باتیں اپنے میں آنا 9 ہم رنگ ہونا۔

**رنگ دار** (ف) اسم صفت فاعلی 1 رنگیلا چمکیلا 2 رنگین 3 رنگا ہوا۔

**رنگ دکھانا / دکھلانا** (ا) فعل 1 غضب ڈھانا 2 آفت لانا 3 فتنہ برپا کرنا 4 پیار دکھانا 5 جوبن دکھانا 6 عیب لانا 7 بدعادت کا ظاہر کرنا 8 شعبدہ بازی دکھانا 9 جوہر دکھانا۔

**رنگ دیکھنا** (ا) فعل 1 حالت دیکھنا 2 سیر کرنا 3 بہار دیکھنا 4 نتیجہ پر نظر ڈالنا 5 موقع دیکھنا 6 نرخ دیکھنا 7 کیفیت دیکھنا۔

**رنگ دینا** (ا) فعل 1 رنگ کر دینا 2 بہار دکھانا 3 لطف دینا 4 مزہ دینا۔

**رنگ ڈھنگ** (ا) اسم مذکر 1 چال چلن 2 برتاؤ 3 سلوک 4 عادت 5 سبھاؤ 6 خصلت 7 حالت 8 کیفیت۔

**رنگ رچانا** (ا) فعل 1 شادی رچانا 2 شادی کا کام شروع کرنا 3 رنگین کرنا۔

**رنگ رس / رنگ رلیاں** (ہ) اسم مذکر و مونث 1 خوشی خرمی 2 عیش و نشاط 3 فرحت 4 سکھ 5 چین 6 ہنسی 7 خوشی 8 مزہ 9 لطف۔

**رنگ رسیا** (ہ) اسم مذکر صفت 1 عیشی پٹھا 2 رنگیلا 3 عیش پرست 4 عیاش۔

**رنگ روپ / رنگ روغن** اسم مذکر 1 آب و نان 2 چمک دمک 3 چہرا مہرا 4 خط و خال 5 حلیہ۔

**رنگ ریز** (ف) اسم فاعل مذکر 1 کپڑے رنگنے والا 2 نیلگر۔

**رنگ زرد ہونا / رنگ سفید ہونا / رنگ فق ہونا / رنگ کٹنا** (ا) فعل 1 خون خشک ہونا 2 خوف یا غیرت یا بیماری کی وجہ سے چہرے کی سرخی کا جاتا رہنا 3 کسی صدمے یا تکلیف یا خوف انزاکت سے رنگ سفید ہو جانا۔

**رنگ ساز** (ا) اسم مذکر فاعل 1 رنگ کرنے والا 2 وارنش کرنے والا 3 نقاش 4 مصور 5 کیمیاگر 6 رنگ بنانے اور تیار کرنے والا۔

**رنگ کاٹنا** (ا) فعل 1 رنگ دور کرنا 2 کسی دوائی یا کھٹائی سے رنگ اڑا دینا 3 کسی کے جمے ہوئے اختیار کو اٹھا دینا۔

**رنگ کرنا** (ا) فعل 1 رنگنا 2 رنگ چڑھانا 3 رنگ بھرنا 4 سفید بالوں کو خضاب سے سیاہ کرنا 5 خوشی میں بسر کرنا 6 خوشی منانا 7 جشن اڑانا 8 مزے لوٹنا۔

**رنگ کھیلنا / ڈالنا** (ہ) فعل 1 ہولی کھیلنا 2 خوشی کے موقعہ پر آپس میں

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا۔

**رنگ لانا** (ا) فعل ① رنگ پکڑنا ② رنگین ہونا ③ ناراض اور خفا ہونا ④ بگڑنا ⑤ نیا روپ دکھانا ⑥ نئی نئی باتیں ظاہر کرنا ⑦ فساد ڈالنا ⑧ فتنہ برپا کرنا ⑨ واویلا کرنا۔

**رنگ لینا** (ا) فعل ① اپنا سا کر لینا ② اپنے پنتھ میں داخل کرنا ③ اپنے مذہب میں ملا لینا ④ ہمرنگ بنانا۔

**رنگ مارنا** (ا) فعل ① حریف کے رنگ کی نرد مارنا ② بازی جیتنا ③ حریف پر غالب آنا۔

**رنگ محل** (فع) عیش کا گھر ① امیروں اور بادشاہوں کے عیش منانے کا مکان عشرت محل۔

**رنگ مٹانا** (ا) فعل ① بے روپ کرنا ② بے رونق کر دینا ③ مذہبی جوش مٹا دینا۔

**رنگ میں بھنگ ہونا** (ا) فعل ① خوشی میں غمی ہو جانا ② لطف اور مزہ نہ رہنا ③ خوشی میں خرابی آنا۔

**رنگ میں ڈوبنا** (ا) فعل ① عیش ونشاط میں غرق ہونا ② شراب عرفان میں مستغرق ہونا ③ عارف کامل ہونا۔

**رنگ نکالنا** (ا) فعل ① نکھرنا ② صاف ہونا ③ جوبن پر آنا ④ رنگ بنانا ⑤ رنگ ٹھہرانا ⑥ جوبن نکالنا ⑦ رنگ روغن ⑧ اور چمک دمک ظاہر کرنا ⑨ ٹس نکالنا۔

**رنگ نکھرنا** (ا) فعل ① رنگ صاف ہونا ② رنگ پر رونق ہونا ③ جوبن بڑھنا۔

**رنگ ہے** (ا) محاورہ ① شاباش ہے ② آفرین ہے۔ مرحبا۔

**رنگ** (ہ) اسم مذکر ① رانگ کا مخفف قلعی ② رانگا۔

**رنگ بھریا** (ہ) اسم مذکر فاعل۔ رانگ کے زیور اور کھلونے بنانے بیچنے والا۔

**رنگارنگ** (ف) اسم صفت ① بالف اتصال رنگ برنگ ② طرح طرح کے رنگ کا ③ مختلف رنگ کا۔

**رنگا ہوا** (ا) اسم صفت بترکیب مفعولی ① رنگین ② عارف کامل ③ باخبر ④ ذاکر ⑤ شاغل۔

**رنگائی/رنگوائی** (ا) اسم مونث ① معاوضہ ② رنگوانے کی اجرت۔

**رنگت** (ا) اسم مونث ① چہرے کا رنگ ② رنگ ③ روپ ④ حالت ⑤ کیفیت ⑥ کپڑے کے اوپر کا رنگ۔

**رنگترہ** (ا) اسم مذکر ① سنترا ② سنگترہ ③ ایک قسم کی بڑی نارنگی ④ نارنج۔

**رنگروٹ** (ای) ① رکروٹ سے بگاڑا ہوا ہے ② نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی ③ نوآموز ④ مبتدی۔

**رنگنا** (ا) فعل ① رنگ کرنا ② رنگ چڑھنا ③ عارف بنانا ④ ہمرنگ کرنا ⑤ اپنا سا بنانا۔

**رنگوانا/رنگانا** (ا) فعل ① رنگ کروانا ② رنگت چڑھوانا۔

**رنگیلا** (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ① رنگ والا ② رنگین ③ بانکا ④ خوش پوش ⑤ زندہ دل ⑥ عیاش۔

**رنگین** (ف) اسم صفت بن نسبتی ① رنگا ہوا ② رنگیلا ③ رنگ دار ④ خوش طبع ⑤ سجا ہوا ⑥ سرخ رنگ ⑦ گل رنگ ⑧ رنگ برنگ کا۔

**رنگین ادا** (ف) اسم صفت فاعلی ① نئے نئے انداز اور نئی نئی وضع نکالنے والا ② طرحدار ③ خوش ادا۔

**رنگین مزاج** (ف) اسم صفت فاعلی ① ہنس مکھ ② خوش مزاج ③ زندہ دل ④ رنگیلا ⑤ خوش طبع۔

**رنگینی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بناؤ سنگار ② آراستگی ③ آرائش ④ زیبائش ⑤ بھڑک ⑥ بانکپن ⑦ چھیلا پن ⑧ خوش طبعی ⑨ تلون۔

**رنگ کمنٹری** (ای) اسم مذکر۔ آنکھوں دیکھا حال۔

## ر ← و

**رو** (ا) اسم مونث ① پانی کا بہاؤ ② سیل ③ سیلاب ④ دھار ⑤ جوش ⑥ غصہ ⑦ دھن ⑧ خیال ⑨ بھیڑ۔

**رو** (ف) اسم مذکر و مونث ① چہرا ② مکھڑا ③ رخ ④ شکل وصورت ⑤ سامنا ⑥ آگا ⑦ سبب ⑧ وجہ ⑨ باعث۔

**روبل** (روسی) روس کا ایک سکہ جو امریکی ڈالر جتنا ہے۔

**روپوش** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① منہ چھپائے ہوئے ② پوشیدہ ③ چھپا ہوا ④ بھاگا ہوا ⑤ مفرور۔

**روپوش ہونا** (ا) فعل ① چھپنا ② لکنا ③ غائب ہونا ④ فرار ہونا ⑤ مخفی ہونا۔

**رودار** (ا) اسم صفت فاعلی ① خوبصورت ② وجیہ جوان ③ شکیل ④

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

وضعدار ⑤ معزز ⑥ ممتاز۔

روورعایت (ف) اسم مونث ① پچ ② طرفداری ③ لحاظ ④ پاسداری ⑤ پاس خاطر۔

روسیاہ (ف) اسم صفت فاعلی ① کالے منہ والا ② گنہگار ③ عاصی ④ ذلیل ⑤ بے عزت ⑥ کم بخت ⑦ بدنصیب ⑧ نالائق۔

روسیاہ ہونا (ا) فعل ① کلنک کا ٹیکا لگنا ② بدنام ہونا ③ رسوا ہونا ④ ذلیل ہونا۔

روسیاہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بدنامی ② رسوائی ③ ذلت ④ داغ۔

روشناس (ف) اسم مذکر ① آشنا ② واقف ③ جان پہچان والا۔

روشناسی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ملاقات ② واقفیت ③ جان پہچان ④ صاحب سلامت ⑤ علیک سلیک۔

روکش (ف) اسم فاعل سماعی ① شرمندہ کرنے والا ② مقابل ③ ثانی ④ ہمسر ⑤ نظیر ⑥ مشابہ۔

روکش ہونا (ا) فعل ① روبرو ہونا ② سامنے ہونا ③ مقابل ہونا ④ شرمندہ کرنا۔

روگرداں (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① الٹا ہوا ② منہ پھیرنے والا ③ منہ موڑ لینے والا ④ لوٹا ہوا۔

رونمائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سلامی ② وہ نقدی جو دلھن کا منہ دیکھ کر اس کے خاوند کی رشتہ دار عورتیں دیا کرتی ہیں۔

روا (ہ) اسم مذکر ① سوجی ② بارود کا دانہ چاندی یا سونے کا ذرہ ③ ریت کا ذرہ ④ دانہ ⑤ ذرہ ⑥ مصری یا گھی کا دانہ ⑦ رونا ⑧ چھرا ⑨ جو جھانجھن وغیرہ میں بجنے کے لئے لگاتے ہیں۔

روا (ف) اسم صفت ① جائز ② مباح ③ درست ④ ٹھیک ⑤ حلال ⑥ رائج ⑦ مروج ⑧ جاری۔

رواجاننا/سمجھنا (ا) فعل ① جائز ماننا ② حلال جاننا ③ درست سمجھنا۔

روادار (ف) اسم صفت فاعلی ① ساتھی قبول کرنے والا ② خیرخواہ ③ خواہاں ④ لاگو۔

روادار نہ ہونا (ا) فعل ① ساتھی نہ ہونا ② طرفدار نہ ہونا ③ تعلق نہ رکھنا ④ خواہاں نہ ہونا۔

روا رکھنا (ا) فعل ① جائز رکھنا ② قبول کرنا ③ ماننا ④ مناسب جاننا۔

رواج (ع) اسم مذکر ① ریت ② رسم ③ قاعدہ ④ قانون ⑤ ضابطہ ⑥ معمول عام طریقہ یا دستور (بحالت صفت) رسمی ⑦ معمولی ⑧ مروج ⑨ چلن کے موافق۔

رواج پانا/پکڑنا/پڑنا (ا) فعل ① جاری ہونا ② چلن ہونا ③ رسم پڑنا ④ رائج ہونا۔

رواج دار (ا) اسم صفت فاعلی ① رسمی ② معمولی ③ چلن کے موافق ④ مروج۔

رواج دینا (ا) فعل ① جاری کرنا ② رسم ڈالنا ③ پھیلانا۔

رواج ملک (ع) اسم مذکر ① ملک کا دستور ② قانون ملکی ③ ملک کا چلن۔

رواروی (ا) اسم مونث ① جلدی ② شتابی ③ بڑبڑاہٹ ④ گھبراہٹ ⑤ سردست ⑥ سرسری ⑦ بھاگڑ۔

رواس (ہ) اسم مونث ① رونے کی خواہش ② دل کا رونے کی طرف راغب ہونا۔

رواسا/روانسا (ہ) اسم مذکر فاعل ① رونے کے قریب ② رونے والا بے حد رنجیدہ ③ نہایت ناراض۔

رواسن (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام جس کے بیج اور پتے اکثر دوا میں پڑتے ہیں۔

رواں (ہ) اسم مذکر ① چاندی یا سونے کا ذرہ ② روا۔

رواں (ہ) اسم مذکر ① رونگٹا ② باریک بال ③ نرم نرم بال ④ پشم ⑤ پشمینہ ⑥ باریک پشم ⑦ ترکاری یا پھل کے اوپر کا باریک خار۔

رواں اترنا (ہ) فعل ① بال گرنا ② بال جھڑنا ③ بال اترنا۔

رواں بدلنا (ہ) فعل ① کینچلی جھاڑنا ② جانور کا بال جھاڑنا ③ رونگ گرانا ④ پر پرزے جھاڑنا۔

رواں رواں دعا دیتا ہے (ا) محاورہ ① نہایت شکرگزار ہوں ② بال بال سے دعا نکلتی ہے۔

رواں رواں کانپنا (ا) فعل ① نہایت ڈرنا ② تھرتھر کانپنا ③ جسم میں لرزہ ہونا۔

رواں میلا نہ ہونا (ا) فعل ① بال بیکا نہ ہونا ② ذرا تکلیف نہ ہونا ③ کسی طرح کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا۔

رواں (ف) اسم صفت ① بصیغہ اسم حالیہ جاری ② بہتا ہوا ③ تیز ④ براں ⑤ معنی کے بغیر کتاب کا پڑھنا ⑥ چلنا ⑦ رخصت موجودہ ⑧ چلتا ہوا۔

رواں دواں پھرنا (ا) فعل ① آوارہ پھرنا ② نکما پھرنا ③ مارا مارا پھرنا ④

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140071218

www.besturdubooks.net

آوارہ گرد ہونا⑤ خراب وخستہ پھرنا⑥ بیکار پھرنا۔

رواں ہونا (ا) فعل ① جاری ہونا② تیز ہونا③ زبان پر چڑھنا④ مشق ہونا⑤ روانہ ہونا⑥ چلتا بننا۔

روانگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① روانہ ہونا② بھیجنا③ ترسیل④ ارسال۔

روانہ ہونا (ا) فعل ① بھیجا جانا② سدھارنا③ رخصت ہونا④ مرجانا⑤ وفات پانا⑥ فوت ہونا۔

روانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بہاؤ② تیزی۔

روایت (ع) اسم مونث ① پرانا ذکر② قصہ③ سرگذشت④ بیان⑤ ذکر⑥ حکایت⑦ اظہار⑧ کسی بات کی نقل۔

روباہ (ف) اسم مونث۔ لومڑی۔

روباہ بازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مکاری② فریب بازی③ دھوکہ بازی۔

روبراہ (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① درست② اصلاح شدہ③ تیار④ مستعد⑤ لیس⑥ کمربستہ۔

روبرو (ف) تابع فعل ① سامنے② مقابل③ پیش رو④ آمنے سامنے۔

روبرو کرنا (ا) فعل ① سامنے کرنا② مقابل کرنا③ سپرد کرنا④ ہاتھ پکڑنا⑤ پردہ اٹھانا⑥ صورت دکھانا⑦ پیش کرنا⑧ حاضر کرنا۔

روبرولانا (ا) فعل ① پیش کرنا② آگے لانا③ حاضر کرنا④ سامنے لانا۔

روبکار (ف) اسم مذکر ومونث ① پروانہ عدالت② فیصلہ③ عدالت④ پیشی⑤ سامنا۔

روبکاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① پیشی مقدمہ② مقدمہ کی کاروائی۔

روبیٹھنا (ا) فعل ① کھوبیٹھنا② اکارت کردینا③ ضائع کردینا④ ناامید ہونا⑤ مایوس ہونا۔

روپ (ہ) اسم مذکر ① حسن② خوبصورتی③ جوبن④ صورت⑤ شکل⑥ چہرا مہرا⑦ منہ مکھڑا⑧ طور ڈھنگ⑨ وضع۔

روپ بدلنا (ہ) فعل ① بھیس بدلنا② شکل صورت اور وضع قطع کا تغیر کرنا۔

روپ بگاڑنا (ہ) فعل ① بدشکل کردینا② چہرہ بگاڑنا③ بے رونق کرنا۔

روپ بنانا/ بھرنا (ہ) فعل ① جوبن سنوارنا② حسین بنانا③ صورت بدلنا④ سوانگ بھرنا⑤ ہیئت درست کرنا⑥ شکل وصورت ٹھیک کرنا۔

روپ دکھانا (ہ) فعل ① دیدار دکھانا② درشن دینا③ شکل دکھانا۔

روپ روئے کرم کھائے۔ روپ روئیں بھاگ کھائیں (ہ) مثل۔ بدنصیب حسین مصیبت بھرتے ہیں اور خوش قسمت بدصورت عیش وعشرت کرتے ہیں۔

روپ وان/ روپ ونت (ہ) اسم صفت فاعلی ① حسین② خوبصورت③ ستھرا④ سوہنا۔

روپ ونتی (ہ) اسم صفت مونث ① حسینہ② جمیلہ③ خوبصورت④ سوہنی۔

روپا (ہ) اسم مذکر ① چاندی② سیم③ نقرہ④ زیورات بنانے کی ایک سفید قیمتی دھات۔

روپڑنا (ہ) فعل ① ناراض ہونا② بسورنے لگنا③ روانسا ہوجانا④ روانکھا ہوجانا۔

روپنا (ہ) اسم مونث ① منگنی② نسبت③ منگنی کا نشان۔

روپہلا/ روپہلی (ہ) اسم مذکر ومونث صفت نسبتی ① منسوب بہ روپیہ② چاندی کا③ سیمیں④ نقرئی۔

روپے (ہ) اسم مذکر ① روپیہ کی جمع② بہت سے روپے۔

روپے والا (ہ) اسم مذکر فاعل ① دولتمند② امیر③ مالدار۔

روپیا/ روپیہ (ہ) اسم مذکر۔ چاندی کا بنا ہوا ایک سکہ جس کی قیمت سو پیسے ہے۔

روپیہ بھنانا/ تڑوانا/ خردہ کرانا (ہ) روپیہ کو ریزگاری میں بدلنا۔


(روپیہ پیسا)

روپیہ پیسا (ہ) اسم مذکر ① دھن② دولت③ مال وزر۔

روپیہ پرکھن باربار، آدمی پرکھن ایکبار (ہ) مثل۔ روپے کو بار بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہوتا ہے۔

روپیہ ٹھیکری/ کنکریاں کرنا/ کردینا (ہ) فعل ① فضول خرچی یا بیماری میں بکثرت روپیہ خرچ کرڈالنا② اسراف کرنا۔

روتی صورت (ا) اسم صفت بترکیب مفعولی ① ہروقت اداس اور غمناک آدمی② غم کی تصویر۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

**روتے کیوں ہو صورت ہی ایسی ہے** (ا) مثل ① پیدائش سے ہی دکھیا پیدا ہوئے ② منحوس صورت ہے۔

**روتے گئے موئے کی خبر لائے** (ا) کہاوت ① جس بدشگونی سے گئے تھے ویسی بد خبر لائے ② بادل ناخواستہ کام کرنے والے کی نسبت حقارتاً بولا کرتے ہیں۔

**روٹ/روٹا** (ہ) اسم مذکر ① بڑی روٹی ② موٹی روٹی۔

**رُوٹ** (ای) اسم مذکر ① راستہ ② طریق ③ راہ۔

**روٹ پرمٹ** (ای) اسم مذکر۔ گاڑی بس وغیرہ کے لیے کسی مخصوص راستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔

**روٹھا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① ناراض ② خفا ③ آزردہ ④ رنجیدہ۔

**روٹھا راٹھی** (ہ) اسم مونث ① ان بن ② شکر رنجی ③ رنجیدگی ④ آزردگی۔

**روٹھنا** (ہ) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہونا ③ کشیدہ خاطر ہونا ④ بگڑنا ⑤ آزردہ ہونا۔

**روٹھے کو منایئے پھٹے کو سلایئے** (ہ) مثل۔ صلح اور اتحاد رکھنا بہرحال بہتر ہے۔

**روٹی** (ہ) اسم مونث ① نان ② چپاتی ③ پھلکا ④ ان ⑤ اناج ⑥ رزق ⑦ مردے کے چہلم کا کھانا۔

**روٹی بنانا** (ہ) فعل ① ہندو ② رسوئی کرنا ③ روٹی پکانا۔

**روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا** (ہ) فعل۔ بافراغت اور آسودگی سے کھانا۔

**روٹی دینا** (ہ) فعل ① کھانا کھلانا ② دعوت دینا ③ کھانا دینا ④ پالنا۔

**روٹی کا مارا** (ہ) اسم مذکر مفید صفت مفعولی ① کنگال ② بھوکا ③ فاقہ زدہ۔

**روٹی کپڑا** (ہ) اسم مذکر ① کھانے پہننے کا خرچ ② نان ونفقہ۔

**روٹی کرنا** (ہ) فعل ① روٹی پکانا ② دعوت دینا ③ ضیافت کھلانا۔

**روٹی کو رونا** (ہ) فعل ① بھوکوں مرنا ② روٹی کی تلاش کرنا ③ روٹی نہ ملنے کا افسوس کرنا۔

**روٹی والا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① نانبائی ② روٹی پکانے اور بیچنے والا۔

**روٹیاں توڑنا/ ادھیڑنا** (ہ) فعل۔ دوسرے کے سر کھانا۔ مفت کی روٹیاں کھانا۔

**روٹیاں لگنا** (ہ) فعل ① تنور میں روٹیاں پکنا ② اوچھے کا فراغبالی پر اترانا ③ تنگی کے زمانہ کو بھول کر غرور کرنا ④ پیٹ بھرنا ⑤ شامت یا بدبختی آنا۔

**روٹین** (ای) اسم مونث ① روز کا کام ② دستور ③ ضابطہ ④ قاعدہ۔

**روٹیوں پر پڑنا** (ہ) فعل ① دوسرے کے گھر روٹی کے لالچ پر رہنا ② دوسرے کی روٹیوں پر رہنا ③ طفیلی بننا۔

**روٹیوں کا مارا** (ہ) اسم صفت مفعولی ① بھوکا ② کنگال ③ فاقہ زدہ (بصورت تابع فعل) کھانے کی وجہ سے ④ روٹیوں کے باعث ⑤ روٹیوں کے سبب سے۔

**روح** (ع) اسم مونث ① جان ② پران ③ آتما ④ امرالٰہی ⑤ طبیبوں کے نزدیک لطیف بخارات جو زندگی کا باعث ہیں ⑥ دل ⑦ من ⑧ قلب ⑨ نیت۔

**روح افزا** (ع) اسم صفت فاعلی ① تازگی بڑھانے والا ② فرحت بخش ③ مفرح۔

**روح الامین** (ع) اسم مذکر ① جبرائیل علیہ السلام کا لقب ہے ② امانت دار روح۔

**روح القدس** (ع) اسم مذکر ① پاک روح ② مسلمان حضرت جبرائیل کو اور عیسائی حضرت عیسیٰ کو سمجھتے ہیں۔

**روح اللہ** (ع) اسم مذکر۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

**روح بھٹکنا** (ا) فعل ① روح کا مشتاق ہونا ② کسی کے دیدار یا ملاقات کو بہت جی چاہنا ③ روح کا آمد و رفت رکھنا ④ منڈلانا۔

**روح پرواز کرنا** (ا) فعل ① جان نکلنا ② خوف سے دم نکلنا ③ جان ہوا ہو جانا ④ رعب چھانا۔

**روح کانپنا/تھرانا** (ا) فعل ① ڈرنا ② خوف کھانا ③ ہیبت الٰہی سے دل لرزنا۔

**روح کھینچنا** (ا) فعل ① عطر نکالنا ② ست نکالنا ③ جوہر نکالنا ④ جان قبض کرنا۔

**روح نکالنا** (ا) فعل ① مار ڈالنا ② روح قبض کرنا ③ دم نکالنا ④ عطر کھینچنا ⑤ ست نکالنا۔

**روحانی** (ع) اسم صفت نسبتی ① روح سے نسبت رکھنے والی چیز ② پاک صاف ③ مقدس ④ تازہ۔

**روداد** (ف) اسم مونث بترکیب مفعولی ① حالت ② حقیقت ③ کیفیت ④ مقدمہ کی مسل ⑤ روبکار ⑥ سرگزشت۔

**روداد مقدمہ** (ف) اسم مونث ① عدالت کی کاروائی ② مقدمہ کی

Join us on whatsapp Naveed Bajwa 0314-4072218

www.besturdubooks.net

کیفیت۔

**رود بار** (ف) اسم مذکر ظرف مکان ① پانی کا وہ بڑا قطعہ جو آبنائے سے چوڑا ہو اور دو سمندروں کو باہم ملائے ② سمندر کا حصہ ③ بڑی جھیل۔

**رو دینا** (ا) فعل ① رونے لگنا ② آنسو ڈبڈبانا ③ دل تھوڑا کرنا ④ ہمت ہارنا ⑤ جی چھوڑنا ⑥ ہار ماننا ⑦ چیخ اٹھنا ⑧ کسی چیز کا جلد نکما ہو جانا ⑨ پائدار نہ ہونا۔

**روڈ** (ای) اسم مونث ① سڑک ② راستہ ③ شارع عام۔

**روڈ** (ا) اسم مذکر ① ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ ② جریب ③ ایکڑ کی چوتھائی ④ بتیس بسوے۔

**روڑا** (ہ) اسم صفت ① سر منڈا ② گھوٹ ③ موٹ سر کرایا ہوا ④ منڈے سر والا۔

**رو رو کے** (ہ) تابع فعل ① بڑی مشکل سے ② بصد دقت ③ نہایت مصیبت سے ④ پیٹ پیٹ کے۔

**روڑا** (ہ) اسم مذکر ① اینٹ کا ٹکڑا ② پتھر کا ٹکڑا ③ سنگریزہ ④ پنجاب میں کھتریوں کی ایک قوم (بصورت صفت) مٹی کا مستعمل برتن ⑤ ادنیٰ ٹھوکروں میں آنے والا ⑥ پرانا باشندہ ⑦ مزاحم سد راہ۔

**روڑھا** (ہ) اسم صفت ① برتا ہوا ② مستعمل گندا ③ میلا ④ گستاخ ⑤ بے ادب ⑥ بے ڈول ⑦ ان گھڑ ⑧ اجڈ ⑨ اکھڑ۔

**روڑھا پھوڑا** (ہ) اسم صفت ① گندا ② میلا ③ بے تیز ④ بدسلیقہ۔

**روڑی** (ہ) اسم مونث ① روڑا کی تانیث ② سڑکوں پر بچھانے اور کوٹ کر پکا کرنے کے لئے اینٹ پتھر وغیرہ کے ٹکڑے۔

**روز** (ف) اسم مذکر ظرف زمان ① دن ② یوم وار ③ تاریخ ④ تتھ ⑤ روزینہ ⑥ مزدوری ⑦ اجرت یومیہ ⑧ مرنے کا دن ⑨ تاریخ۔

**روز افزوں** (ف) اسم صفت. فاعلی ① دن بدن زیادہ ② دن دونا ③ روزانہ ترقی۔

**روزانہ** (ف) تابع فعل ① ہر روز ② نت ③ ہمیشہ ④ سدا ⑤ یومیہ ⑥ روزینہ۔

**روز بٹنا** (ا) فعل ① مزدوری تقسیم ہونا ② اجرت ملنا ③ چٹھا بٹنا۔

**روز بروز** (ف) اسم صفت بیائے اتصال ① دن بدن ② ہر روز۔

**روز جزا/ روز داد** (فع) اسم مذکر ① انصاف کا دن ② قیامت کے دن سے مراد ہے۔

**روز جنگ** (ف) اسم مذکر ① دھاوے کا دن ② لڑائی کا دن ③ روز میدان ④ جدھ وار۔

**روز حشر/ قیامت/ حساب** (ع) اسم مذکر۔ دنیا کے فنا ہونے اور اس کے دوبارہ پیدا ہونے اور اپنے اپنے عملوں کے حساب دینے کا دن۔

**روز روز** (ا) اسم صفت ① ہر روز ② ہمیشہ ③ آئے دن ④ مدام ⑤ دائم۔

**روز روشن** (ف) اسم مذکر ① عین دن میں ② دن دھاڑے ③ چمکتے دن میں۔

**روز شمار** (ف) اسم مذکر ① حساب کتاب کا دن ② قیامت کا دن۔

**روز و شب** (ف) اسم مذکر ① دن رات ② رات دن ③ ہمیشہ ④ سدا ⑤ نت۔

**روز ولادت** (ف) اسم مذکر ① پیدا ہونے کا دن ② پیدائش کا دن ③ جنم تتھ ④ سالگرہ۔

**روزگار** (ف) اسم مذکر ① وقت ② زمانہ ③ عالم ④ دنیا ⑤ جہان ⑥ مدت ⑦ عرصہ ⑧ نوکری ⑨ ملازمت۔

**روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا یا چھنتا** (ا) مثل۔ موقعہ ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے کہ شاید دوبارہ ہاتھ نہ آئے۔

**روزگار پیشہ** (ا) اسم مذکر ① نوکری پیشہ ② چاکری کا کام کرنے والا ③ نوکری کا ہی کام کرنے والا۔

**روزگار کرنا** (ا) فعل ① نوکری کرنا ② ملازمت کرنا ③ تجارت کرنا ④ دھندا کرنا ⑤ کام کرنا۔

**روزگار لگنا** (ا) فعل ① نوکر ہونا ② کام سر لگنا ③ مزدوری لگنا۔

**روزمرہ** (ف) اسم صفت ① ہر روز ② ہمیشہ بلاناغہ ③ آئے دن (بحالت اسم مذکر) بول چال ④ بات چیت ⑤ تکیہ کلام۔

**روزنامچہ** (ف) اسم مذکر ① روزنامہ کی تصغیر ② ہر روز کا حساب کتاب لکھنے کی کتاب ③ روزانہ رپورٹ ④ چٹھا ⑤ کچا چٹھا۔

**روزن** (ف) اسم مذکر ① سوراخ ② چھی ③ بل ④ درز ⑤ شگاف ⑥ موری ⑦ روشندان۔

**روزنامہ** (ف) اسم مذکر ① روزانہ اخبار ② وہ اخبار جس میں ہر روز کی خبریں درج ہوں۔

**روزہ** (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی ① برت ② صوم ③ فاقہ ④ کڑاکا۔

**روزہ دار** (ف) اسم مذکر فاعل ① برت رکھنے والا ② صائم ③ روزہ رکھنے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03144007218

www.besturdubooks.net

والا۔

**روزہ رکھنا** (ا) محاورہ (1) مذھبی احکام کے مطابق مقررہ وقت کے دوران میں کھانے پینے اور غیر شرعی باتوں سے مکمل پرہیز کرنا (2) فاقہ کرنا۔

**روزہ کشائی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) افطاری (2) روزہ کھلوائی کی تقریب (3) روزہ کھولنے کی چیزیں۔

**روزہ کھانا** (ا) فعل۔ روزہ کے دنوں میں کوئی روزہ نہ رکھنا۔

**روزہ کھولنا** (ا) فعل (1) روزہ افطار کرنا (2) بندش توڑنا (3) دن چھپے پر کھانا پینا۔

**روزی** (ف) اسم مونث (1) ہر روز کی خوراک روٹی (2) ان (3) رزق (4) ملازمت (5) نوکری (6) روزگار۔

**روزی بڈار** (ا) اسم مذکر فاعل (1) رزق کو لات مارنا (2) نکھٹو (3) نکما (4) ناشکرا (5) دشمن رزق۔

**روزی رساں** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) روزی پہنچانے والا (2) رزاق (3) رازق (4) پروردگار۔

**روزینہ** (ف) اسم مذکر (1) روزمرہ کا خرچ (2) یومیہ مزدوری (3) روزنداری (4) ماہانہ (5) تنخواہ (6) وظیفہ (7) پنشن (8) مشاہرہ (9) علوفہ۔

**روزینہ دار** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) تنخواہ دار مزدور (2) وظیفہ خوار۔

**روسا** (ع) اسم مذکر (1) رئیس کی جمع (2) سردار لوگ بڑے بڑے آدمی (3) عمائد۔

**روستا** (ف) اسم مذکور (1) کسان (2) زمیندار (3) گاؤں کا رہنے والا۔

**روسنا** (ہ) فعل (1) روٹھنا (2) خفا ہونا (3) ناراض ہونا۔

**روش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از رفتن (1) چال (2) رفتار (3) ڈھنگ (4) طرز (5) طریقہ (6) طور (7) باغ کی پٹڑی (8) چمن میں چلنے پھرنے کا رستہ۔

**روشن** (ف) اسم صفت (1) چمکیلا (2) چمکتا ہوا (3) چمکدار (4) تاباں (5) درخشاں (6) مجلا (7) کھلا (8) فراخ (9) کشادہ۔

**روشن چوکی** (ا) اسم مونث۔ نوشہ کے ساتھ چلنے والے باجے والوں کی جماعت۔

**روشندان** (ف) اسم مذکر ظرف۔ دھواں نکلنے یا روشنی آنے کا سوراخ تابدان۔

**روشن دماغ** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) نہایت سمجھدار (2) ذہین (3) عالی دماغ (4) نسوار (5) ناس۔

**روشن ضمیر** (فع) اسم صفت ترکیبی (1) گیانی (2) بدھوان (3) صاحب کشف (4) دانا (5) ماہر (6) اہل دل (7) عارف (8) خداشناس۔

**روشن کرنا** (ا) فعل (1) چمکانا (2) اجاگر کرنا (3) جلانا (4) بالنا (5) جیسے چراغ وغیرہ ظاہر کرنا (6) پرگھٹ کرنا۔

**روشنائی** (ف) اسم مونث (1) لکھنے کی سیاہی (2) مداد (3) مسی (4) تجلی (5) نور (6) شعاع (7) کرن۔

**روشنی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) چمک دمک (2) نور (3) تجلی (4) رونق (5) زیبائش (6) آبادی جیسے انہی کے دم کی روشنی ہے (7) جوت (8) بینائی (9) بصیرت۔

**روضہ** (ہ) اسم مذکر (1) باغ (2) باغیچہ (3) گلشن (4) تربت (5) بزرگوں کا مقبرہ (6) آستانہ۔

**روضہ خواں** (ع) اسم مذکر فاعل (1) مرثیہ خواں (2) مرثیہ پڑھنے والا۔

**روضہ رضوان** (ع) اسم مذکر (1) بہشت کے داروغے یعنی رضواں کا باغ (2) جنت فردوس (3) سرگ (4) بہشت۔

**روغن** (ف) اسم مذکر (1) تیل (2) کسی چیز کا چکنا (3) عرق (4) گھی (5) مکھن (6) مسکہ۔

**روغن تلخ** (ف) اسم مذکر (1) کڑوا تیل (2) سرسوں کا تیل (3) روغن سیاہ۔

**روغن زرد** (ف) اسم مذکر۔ گھی مکھن مسکہ۔

**روغن قاز** (ف) اسم مذکر (1) راج ہنس کی چربی (2) بطخ کی چربی۔

**روغن قاز ملنا** (ا) فعل (1) چکنانا (2) چاپلوسی کرنا (3) خوشامد کرنا (4) زمانہ سازی کرنا (5) یار بنانا (6) دوستی گانٹھنا (7) شیشے میں اتارنا (8) یارانہ جوڑنا۔

**روغنی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی یا فاعلی (1) چکنا (2) چکنی (3) چپڑا ہوا (4) تیلیا (5) روغن دار (6) وارنش کیا ہوا۔

**روغنی روٹی** (ا) اسم مونث (1) گھی والی روٹی (2) وہ روٹی جو آٹے میں گھی ڈالکر پکائی جائے۔

**روک** (ہ) اسم مذکر (1) نقدی (2) روکڑ (3) نقد روپیہ (4) نوٹ (بصورت حاصل مصدر اسم مونث) ممانعت (5) مزاحمت (6) آڑ (7) مناہی (8) رکاوٹ (9) اٹک۔

**روک تھام** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر (1) روک رکاؤ (2) بندوبست (3) سرسری بچاؤ (4) انسداد۔

**روک ٹوک** (ہ) اسم مونث (1) بندی (2) مزاحمت (3) ممانعت (4) اٹکاؤ (5) مناہی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

روک رکھنا (ہ) فعل ❶ ٹھیرالینا ❷ فائدہ کی غرض سے کسی مال کی فروخت نہ کرنا ❸ باز رکھنا۔

روک کے / روک روک کے (ہ) تابع فعل ❶ تھام تھام کے ❷ احتیاط سے ❸ ٹھیرا ٹھیرا کے۔

روکا (ہ) اسم مذکر ❶ (گنوار) زور کی آواز ❷ للکارا ❸ ہانک ❹ پکار۔

روکا دینا / مارنا (ہ) فعل ❶ زور سے آواز دے کر بلانا ❷ ہانک مارنا ❸ للکارنا۔

روکڑ / روکڑی (ہ) اسم مونث ❶ نقدی ❷ نقد روپیہ ❸ زرنقد ❹ دھن دولت ❺ موجودہ روپیہ۔

روکڑ بکری (ہ) اسم مونث ❶ نقد بکری ❷ وہ بکری جو نقد ہوئی ہو۔

روکڑ بہی (ہ) اسم مونث ❶ نقد روپے کے حساب کی کتاب ❷ آمدنی کی کتاب۔

روکڑیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ نقد روپیہ رکھنے والا ❷ خزانچی ❸ تحویلدار۔

روکن (ہ) اسم مذکر ❶ رونگ ❷ اوپر ❸ علاوہ کسی چیز کی وہ مقدار جو کوئی چیز خریدنے کے بعد بلاقیمت اوپر سے لیں (پنجابی جھونگا)

روکنا (ہ) فعل ❶ اٹکانا ❷ ٹھیرانا ❸ بند کرنا ❹ گھیرنا ❺ مانع آنا ❻ باز رکھنا ❼ منع کرنا ❽ بات بھرنا ❾ معمور کرنا۔

روکھ (ہ) اسم مونث ❶ درخت ❷ پیڑ ❸ ترور ❹ برچھ ❺ شجر۔

روکھا (ہ) اسم صفت ❶ چکنا کی ضد ❷ خشک ❸ سوکھا ❹ بن گھی کا ❺ بلا روغن ❻ سادہ ❼ کھردرا ❽ بے رس ❾ بے مذاق۔

روکھا سوکھا / روکھا پھیکا / روکھا آنولا (ہ) اسم صفت ❶ بے سالن کا ❷ برا بھلا ❸ دال دلیا ❹ جیسا کیسا ❺ پسند ناپسند ❻ مرغوب نا مرغوب ❼ غریبانہ کھانا۔

روکھائی (ہ) اسم صفت فاعل ❶ روکھا کھانے والی ❷ لکڑی کھودنے کا اوزار ❸ نہان۔

روکھائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بدخلقی ❷ بے مروتی ❸ بے وفائی ❸ خشکی ❹ ناہمواری ❺ کھردراپن ❻ سختی ❼ روکھاپن ❽ خشکی ❾ یبوست۔

روکے روٹی مانگنے والا (ہ) اسم مذکر ❶ بچہ ❷ کم سن ❸ چھوٹی عمر کا ❹ ننھا بچہ ❺ ماں باپ پر ناز کرنے والا۔

روگ (ہ) اسم مذکر ❶ دکھ ❷ درد ❸ بیماری مرض ❹ دبا ❺ مری ❻ عیب ❼ برائی ❽ خرابی ❾ نقص۔

روگ پالنا / لگا لینا (ہ) فعل ❶ جھگڑے میں پڑنا ❷ جنجال خرید لینا ❸ بکھیڑے میں پڑنا ❹ دائم المریض رہنا۔

روگ راج (ا) اسم مذکر ❶ بیماریوں کا سردار ❷ تپدق ❸ بڑا آزار۔

روگ کا گھر / روگ کی جڑ (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ بیماری کا سبب ❷ دکھ کی پوٹ۔

روگ لگنا / لگ جانا (ہ) فعل ❶ کسی مرض کا پیچھے لگ جانا ❷ بیمار ہونا ❸ جھگڑ لگنا ❹ لت پڑنا ❺ عادی ہونا۔

روگی / روگلا / روگیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ بیمار ❷ ہر وقت بیمار رہنے والا ❸ رنجور ❹ سقیم ❺ دکھیا ❻ جھگڑالو ❼ کوڑھی ❽ فسادی ❾ جذامی۔

رول (ہ) اسم مونث ❶ غل ❷ شور ❸ غوغا ❹ شورش ❺ گنتی میں بھول ❻ کھیل ❼ چینڈ ❽ بے قاعدگی ❾ ابتری۔

رول (ہ) اسم مونث ❶ (بواؤ مجہول بروزن مول) رولنا سے حاصل مصدر ہے ❷ موٹی رولی ہوئی چیز ❸ چھٹن ❹ خراب اور بڑی بڑی چھالیہ جو اچھی میں سے چھانٹ کر غریبوں کے پاس بیچ ڈالتے ہیں ❺ ناقص کٹی ہوئی۔

رول (ای) اسم مذکر ❶ فرد یادداشت ❷ فرد اسامی وار ❸ نوکروں کے ناموں کی فرد۔

رول (ای) اسم مذکر ❶ دستور ❷ قاعدہ ❸ قانون ❹ ضابطہ ❺ اصول ❻ کتاب کے حاشیہ کی لکیریں ❼ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا ❽ مسطر۔

رولا (ہ) اسم مذکر ❶ شور وغل ❷ روکا ❸ غل غپاڑا ❹ دہائی تہائی ❺ جھگڑا دنگا ❻ ہل چل ❼ کھلبلی۔

رولا ڈالنا / کرنا / مچانا (ہ) فعل ❶ غل مچانا ❷ شور کرنا ❸ روکا دینا ❹ ہل چل ڈالنا ❺ بغاوت کرنا۔

رولر (ای) اسم مذکر ❶ جدول کش ❷ بیلن ❸ جدول کی لکیریں کھینچنے کا ڈنڈا۔

رولن (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ وہ چیز جو رولنے کے بعد بچ جائے ❷ چھٹن۔

رولنا (ہ) فعل ❶ پھٹکنا ❷ جدا کرنا ❸ چھانٹنا ❹ کمانا ❺ حاصل کرنا ❻ صاف اور ہموار کرنا ❼ زندہ کرنا ❽ چکنانا ❾ بٹورنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

روم (ہ) اسم مذکر ① روں ② رونگٹا ③ رواں ④ نرم بال ⑤ ایک مشہور ملک کا نام بھی ہے۔

رومال (ف) اسم مذکر آلہ بتر کیب فاعلی ① منہ پونچھنے کا کپڑا ② تولیا ③ انگوچھا ④ دست مال۔

رومال پر رومال بھگونا (ا) فعل ① بہت رونا ② زاروقطار رونا۔

رومالی (ا) اسم مذکر ① چھوٹی لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹہ ② اوڑھنی ③ پہلوانوں کے کسرت کرتے وقت باندھنے کا کپڑا ④ کاچھا کچھ ⑤ گلے باندھنے کا کپڑا ⑥ گلوبند ⑦ کام کرتے وقت عورتوں کا سر پر باندھنے کا کپڑا۔

رومالی سویاں (ا) اسم مونث۔ وہ باریک سویاں جنہیں رومال میں باندھ کرابلتے پانی میں ڈال کر فوراً نکال لیتے ہیں اور وہ پک جاتی ہیں۔

رومن کیریکٹر (ای) انگریزی حروف میں اردو وغیرہ لکھنے کا طریقہ۔

رومن کیتھلک (ای) عیسائیوں کے ایک فرقے کا نام ہے جو مسیح اور مریم علیہا السلام کے بت یا تصویر کی پوجا کرتے ہیں۔

رونا (ہ) اسم مذکر ① گھنگرو کے اندر کے دانے ② چائے پر دلھن کو اپنے گھر لانا۔

رونا (ہ) فعل ① آنسو بہانا ② گریہ کرنا ③ زاری کرنا ④ گلہ شکوہ کرنا ⑤ بری طرح پڑھنا ⑥ بسورنا ⑦ رونی شکل بنانا ⑧ غم اور سوگ کرنا۔

رونا پیٹنا/ رونا دھونا (ہ) فعل ① گریہ زاری کرنا ② آہ وواویلا کرنا ③ ماتم کرنا ④ کہرام مچانا۔

رونا (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر کے معنی میں ① غم ② افسوس ③ اندیشہ ④ فکر ⑤ آنسو ⑥ اشک ⑦ فغاں ⑧ فریاد ⑨ مصیبت۔

رونا پڑنا (ہ) فعل ① ماتم ہونا ② کہرام مچنا ③ کسی صدمہ یا حادثے کے سبب سے آہ وبکا کرنا۔

رونا رونا (ہ) فعل ① دکھڑا بیان کرنا ② مصیبت دہرانا۔

روند (ا) اسم مونث ① رات کی گشت ② سپاہیوں یا چوکیداروں کا رات کو پھرنا۔

روند گشتی (ا) اسم مونث بیائے فاعلیت۔ رات کو گشت والا دستہ۔

روند ڈالنا (ہ) فعل ① پاؤں کے نیچے مل ڈالنا ② مسل ڈالنا ③ پامال کر دینا۔

روندن (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① پامالی ② پیروں سے کچلا جانا۔

روندنا (ہ) فعل ① پامال کرنا ② کھوندنا ③ پیروں سے کچلا جانا ④ پامال کرنا۔

رول رول (ہ) اسم مونث صوت ① بچہ کے رونے کی آواز ② سارنگی اور رہٹ کی آواز۔

رونق (ع) اسم مونث ① خوبصورتی ② چمک دمک ③ روپ ④ آب و تاب ⑤ تازگی ⑥ بحالی ⑦ طراوت ⑧ دھوم دھام ⑨ شان و شوکت۔

رونق افروز (ع) اسم مذکر فاعل ① رونق بڑھانے والا ② بڑے آدمیوں کی تشریف آوری پر بولتے ہیں ③ بڑوں کا آنا۔

رونق افروز ہونا (ا) فعل ① کسی سردار حاکم یا بادشاہ کا تشریف لانا ② جلوہ افروز ہونا۔

رونق افزا (ع) اسم صفت فاعلی۔ (رونق افروز دیکھو)۔

رونق دار (ع) اسم صفت فاعلی ① چمکیلا ② خوبصورت ③ آراستہ ④ آباد ⑤ معمور ⑥ چہل پہل کا۔

رونگ (ہ) اسم مذکر ① رواں روں ② رونگٹا ③ روم پشم ④ نرم اور ملائم بال ⑤ بال کی جڑ۔

رونگ رونگ میں بسنا (ہ) فعل۔ روئیں روئیں میں سمانا۔

رونگٹا (ہ) اسم مذکر ① رونگ کی تصغیر ② رواں ③ روم ④ رونگ ⑤ رومٹا۔

رونگٹے کھڑے ہونا (ہ) فعل ① ڈر یا رعب یا سردی کے باعث جسم کے روؤں کا ابھر آنا ② ڈرنا ③ سہنا ④ کانپنا ⑤ حیران ہونا ⑥ چونکنا ⑦ ڈر کے مارے نہایت خوف زدہ ہونا۔

رونہ (ہ) اسم مذکر ① پروانہ راہداری ② اجازت نامہ ③ پیادہ ④ ہرکارہ ⑤ عورتوں کا کام کاج کرنے والا چھوکرا ⑥ چوکیدار ⑦ وہ کاغذ جس پر دال کا محصول چیزوں کا نام اور لانے والے کا نام درج ہو۔

رونے سے روزی نہیں ملتی (ا) فعل۔ افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی۔

رونی صورت/ شکل (ا) اسم صفت ① ہر وقت مغموم ② ہمیشہ اندوہناک ③ غم کی تصویر۔

رونے کو تھی ہی اتنے میں آگیا بھائی (ہ) مثل ① رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی حمایتی آنے پر اور بھی پھوٹ پڑی ② سہارا دیکھا اور زیادہ غل مچا دیا۔

روہو (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی چھلکے دار مچھلی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**روئی** (ہ) اسم مونث ① پنبہ ② بن بنولوں کے کپاس ③ صاف شدہ کپاس (بصورت صفت) ملائم ④ نرم ⑤ گدگدا۔

**روئی تومنا** (ا) فعل ① ہاتھوں سے روئی کے ریشوں کو سیدھا کرنا ② روئی بچورنا ③ تارتار کرنا۔

**روئی دار** (ا) اسم صفت فاعلی ① روئی بھرا ہوا ② وہ کپڑا جس میں روئی پڑی ہوئی ہو۔

**روئی دھنا/ دھنکنا** (ہ) فعل ① روئی کو تانت سے صاف کرنا ② روئی کے روئیں الگ الگ کرنا۔

**روئی سا/ روئی کی طرح توم ڈالنا** (ہ) فعل ① خوب خبر لینا ② بہت مارنا پیٹنا ③ دھجیاں اڑانا ④ سارے عیوب کھول کے دھر دینا ⑤ بڑوں کو پن ڈالنا۔

**روئی کا سا گالا** (ہ) اسم صفت ① بترکیب تشبیہی ② نہایت نرم ③ ملائم اور سفید۔

**روئی کا گالا** (ہ) اسم مذکر ① روئی کا بڑا سا گولا یا پھایا ② گورھا ③ صاف کی ہوئی روئی کا گولا ④ سفید سر والے آدمی یا بوڑھی عورت کی تشبیہہ۔

**روئے** (ف) اسم مونث ① رو ② چہرا ③ منہ ④ رخ ⑤ باعث ⑥ سبب۔

**روئے سخن** (ف) اسم مذکر ① بات کا رخ ② بات کا خطاب ③ توجہ اور دھیان۔

**رویا** (ع) اسم مذکر ① خواب ② پنہ ③ جو بات خواب میں دیکھی جائے۔

**رویائے صادقہ** (ع) اسم مذکر ① سچا خواب ② وحی کی ایک قسم ③ ایک کتاب کا نام۔

**رویاں** (ہ) اسم مذکر (لکھنو) رواں ① رونگ بن موئے ② بدن کے بال۔

**رویت** (ع) اسم مذکر ① دیدار ② شکل نظر آنا ③ صورت دکھائی دینا۔

**رویت ہلال** (ع) اسم مذکر ① نئے چاند کا دیدار ② پہلی رات کے چاند کا دیکھنا۔

**روئداد** (ف) اسم مونث ① روداد ② واقعہ ③ حالت ④ سرگزشت۔

**روئیدار** (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دانہ دار ② بھربھرا ③ خستہ۔

**روئیدگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سبزی اگنا ② نباتات کا نمو۔

**روئیں** (ف) اسم مونث ① کانسی ② دھات کا ③ پیتل یا کانسی کا ④ (آخری دو معنوں میں بن صفت نسبتی کا ہے)

**روئیں** (ہ) اسم مذکر ① رووں کی جمع ② رونگٹے۔

**رویش بہ بیں حالش میرس** (ف) مثل۔ حال تو صورت ہی سے ظاہر ہے پوچھنے کی کیا ضرورت۔

**ریویو** (ای) اسم مذکر ① نظر ثانی ② دیکھ بھال ③ کسی کتاب کے عیب صواب پر رائے تنقید۔

**رویہ** (ف) اسم مذکر ① دستور ② قاعدہ ③ طریقہ ④ چال چلن ⑤ برتاؤ ⑥ ریت ⑦ رسم ⑧ طور ⑨ طریق۔

**رہا** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی از رہیدن آزاد ① چھوٹا ہوا ② بری خلاص ③ نجات یافتہ ④ چھٹکارا پایا ہوا۔

**رہا کرنا** (ا) فعل ① بری کرنا ② چھوڑنا ③ قانونی اصطلاح میں جس ملزم پر ثبوت جرم پورا نہ پایا جائے اس کا چھوڑ دینا۔

**رہا جانا** (ا) فعل ① برداشت ہونا ② سہار ہونا ③ چھوٹا جانا جیسے مطلب رہا جاتا ہے ④ چلی کا پینے کے قابل ہو جانا۔

**رہا سہا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① بچا کھچا ② باقیماندہ ③ رشتہ دار ④ رشتے ناتے کا مددگار ⑤ حامی ⑥ خبرگیراں۔

**رہانا** (ہ) فعل۔ چلی یا سل یا کونڈی وغیرہ کو کھردرا کرانا۔

**رہاؤ** (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم مذکر ① وقفہ ② اٹکاؤ ③ ٹھیراؤ۔

**رہاؤ** (ہ) بواؤ معروف اسم مذکر فاعل ① دیرپا ② مضبوط ③ مستحکم۔

**رہائی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① چھٹکارا ② آزادی ③ خلاصی ④ نجات ⑤ معافی ⑥ چھوٹ۔

**رہائی دینا** (ا) فعل ① چھوڑنا ② آزادی دینا ③ نجات بخشنا۔

**رہائش/ رہاس/ رہاست** (ف) اسم مونث ① سکونت ② قیام ③ بود باش ④ مسکن ⑤ گھر ٹھکانا ⑥ ماوا ⑦ ملجا۔

**رہبر** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① رستہ دکھانے والا ② ہادی ③ راہنما۔

**رہبری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہدایت ② راہنمائی ③ راستہ دکھانا۔

**رہٹ** (ہ) اسم مذکر ① ہرٹ ② بھونی ③ چرخ ④ کنوئیں میں سے پانی نکالنے کا ہنڈولا۔

**رہٹ لگانا** (ہ) فعل ① کنوئیں پر چرخ رکھنا ② اصطلاح میں بکثرت آنا جانا ③ آنے جانے کا تار باندھنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

رہٹی (ہ) اسم مونث ① قسط ② قرضہ وغیرہ کا حصہ کچھ معمول باندھ کرادا کرنا۔

رہٹی باندھنا (ہ) فعل ① قسط مقرر کرنا ② معمول باندھنا ③ قرضہ کو متفرق قسطوں میں ادا کرنا۔

رہٹی چلانا (ہ) فعل۔ ایک رقم کو کئی دفعہ قسطوں میں دینا۔

رہ جانا (ہ) فعل۔ ٹھیر جانا ① ساتھ نہ آنا ② قیام کرنا ③ عاجز ہو جانا ④ تھک جانا ⑤ دیر کرنا ⑥ پیچھے ٹھیرنا ⑦ باقی رہنا ⑧ بچ رہنا ⑨ ناکامیاب ہونا۔

رہ (ہ) صیغہ امر ① ٹھیر ② کھڑا ہو ③ صبر کر ④ انتظار کر۔

رہ ری کتیا میری آس۔ میں آؤں گا کاتک ماس (ہ) مثل۔ ٹال مٹول اور لیت و لعل اور لمبے وعدے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

رہ رہ کے/ رہ رہ کر (ہ) تابع فعل ① ٹھیر ٹھیر کے ② گھڑی گھڑی ③ باربار ④ پچتا پچتا کے۔

روہڑو (ہ) اسم مذکر۔ بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کا آلہ۔

رہزن (ف) اسم مذکر فاعل ① ڈاکو ② لٹیرا ③ قزاق ④ دھاڑوی۔

رہزنی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ڈکیتی ② دھاڑا مارنا ③ بٹماری ④ قزاقی۔

رہس (ہ) اسم مذکر ① خوشی ② چہل پہل ③ دل لگی ④ دل بہلاوا ⑤ دل بہلانے کی چیز یا بات۔

رہکلا (ہ) اسم مذکر ① چھوٹی توپ ② گھڑ چڑھی ③ بھنور کلی ④ توپ رکھنے کی گاڑی۔

رہگزر (ف) اسم مذکر ظرف بترکیب اسم و امر ① رستہ چلنے کی جگہ یعنی رستہ سڑک ② شارع عام۔

رہن (ع) اسم مذکر ① دھرنا ② گرو ③ گروی ④ کفالت ⑤ بندھک۔

رہن در رہن (ع) اسم مذکر ① گرو در گرو ② کسی شخص کا کوئی چیز رہن لے کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا۔

رہن نامہ (ا) اسم مذکر ① تمسک ② کفالت نامہ ③ کسی چیز کے رہن رکھنے کی بابت جو تحریر اسٹامپ پر لکھ کر دی جاتی ہے۔

رہنا (ہ) فعل ① بسنا ② ٹکنا ③ اٹکنا ④ ٹھیرنا ⑤ دیر تک کام دینا ⑥ پائدار ہونا ⑦ خوب چلنا ⑧ چھوٹنا ⑨ باقی رہنا

رہنما (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① رستہ دکھلانے والا ② ہادی ③ مرشد ④ رہبر۔

رہنمائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہدایت ② رہبری ③ ارشاد۔

رہنموں (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① رہنما ② پیش رو ③ سردار قافلہ۔

رہنے دینا (ہ) فعل ① رکھ چھوڑنا ② جانے دینا ③ چپ رہنا ④ ہاتھ نہ لگانا پیچھے چھوڑنا ⑤ قائم رکھنا۔

رہوار (ف) اسم مذکر صفت بترکیب حروف قابلیت ① رستے کے لائق ② مجازاً قدم باز گھوڑا ③ تیز گھوڑا۔

رہے مسعود کے انڈے دے محمود کے (ا) مثل ① کھائے پیے کہیں فائدہ پہنچائے کسی کو ② گن بیٹا ③ احسان فراموش آدمی کی نسبت کہا کرتے ہیں۔

رہے نام اللہ کا (ا) محاورہ ① خدا ہی قائم رہے گا۔ اور سب اشیا فانی ہیں ② کسی کے مرنے یا رتبہ کے زوال کے وقت بولا کرتے ہیں۔

رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کے (ا) مثل۔ مفلسی میں امیری کا جوش و لولہ رکھنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

## ر ← ی

ری (ہ) اسم مونث ① بلونی ② مدھانی ③ متھنی ④ دودھ بلونے کا آلہ۔

رے/ ری (ہ) حرف ندا ① ارے یا اری کا مخفف ہے ② بے تکلفی کی حالت میں بولتے ہیں۔

ریا (ع) اسم مونث ① ظاہرداری ② دکھلاوا ③ فریب ④ مکر ⑤ دھوکا ⑥ پیچ کی بات ⑦ زمانہ سازی۔

ریاکار (ع) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① منافق ② ظاہر کچھ باطن کچھ ③ زمانہ ساز۔

ریاکاری (ع) اسم مونث بیائے صدری ① مکاری ② فریب ③ نفاق ④ دھوکہ دہی۔

ریاح (ع) اسم مونث ① ریح کی جمع ② بائی ③ معدہ کی ہوا ④ گوز ⑤ پاد۔

ریاست (ع) اسم مونث ① سرداری ② افسری ③ حکومت ④ عملداری ⑤ امیری ⑦ بلند ہمتی ⑧ عالی حوصلگی۔

ریاست بے سیاست نہیں ہوتی (ا) مثل۔ حکومت کے لئے انتظام

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

اور رعب ہونا لازمی ہے۔

**ریاست جمہوری** (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ① پنچایتی حکومت ② ایسی سلطنت ③ جس میں رعایا کو اپنا پریزیڈنٹ خود منتخب کرنے کا اختیار حاصل ہو ④ ایسی حکومت میں لوگ اپنا حاکم خود ہی چنتے ہیں اور اس کا نام پریزیڈنٹ یا صدر مجلس یا میر مجلس رکھتے ہیں۔

**ریاض** (ع) اسم مذکر ① روضہ کی جمع ② بہت سے باغ (اردو میں) محنت ③ مشقت کام۔

**ریاض کر کے کھانا** (ا) فعل ① محنت مزدوری سے کما کر کھانا ② قوت بازو سے کمائی کر کے کھانا۔

**ریاضت** (ع) اسم مونث ① محنت ② مشقت ③ سختی ④ پرہیزگاری ⑤ نفس کشی ⑥ ورزش ⑦ کسرت ⑧ کوئی کام کرنا ⑨ پیشہ وری۔

**ریاضت کش** (ع) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① محنتی ② محنت کرنے والا ③ سختی سہنے والا۔

**ریاضتی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① محنتی ② جفاکش ③ تپسی ④ جوگی ⑤ سنیاسی ⑥ رشی منی ⑦ مرتاض۔

**ریاضی** (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ① محنت سے تعلق رکھنے والے کام ② حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم کا نام ہے، وہ علوم عقلی جو بظاہر مادے کے محتاج ہیں، جیسے علم ہندسہ علم عدد، نجوم، موسیقی، جبر و مقابلہ، جرثقیل، علم مناظرہ وغیرہ۔

**ریاضی دان** (ع) اسم فاعل مذکر۔ ریاضی جاننے والا۔

**ریائی** (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① مکار ② فریبی ③ دھوکے باز۔

**ریب** (ع) اسم مذکر۔ شک، شبہ (اردو میں لفظ لا کے ساتھ مستعمل ہے۔)

**رپورٹر** (ای) اسم مذکر فاعل ① اطلاع دینے والا ② خبر دینے والا ③ مخبر ④ نامہ نگار۔

**ریت / ریتا** (ہ) اسم مذکر و مونث ① بالو ② دریا کی ریت اور چھوٹے چھوٹے کنکر ③ ریگ ④ سراب۔

**ریت آنا** (ہ) فعل ① پیشاب میں ریت کے ذروں کا آنا ② پیشاب میں پتھر کا چورا سا آنا۔

**ریت / ریت رسم** (ہ) بیائے معروف اسم مونث ① رسم ② طریقہ ③ رواج ④ معمول ⑤ عام ⑥ طور طریق ⑦ شرح لگان ⑧ پڑتہ ⑨ بیوپار۔

**ریتلا / ریتل** (ا) اسم مذکر ① ریت والا ② ریگ دار۔

**ریتلی** (ہ) اسم صفت مونث۔ ریت والی بنجر زمین۔

**ریتنا** (ہ) فعل ① ریتی سے رگڑنا ② گھسنا ③ صاف کرنا ④ جلا کرنا ⑤ چکنانا ⑥ رندہ کرنا ⑦ ریگ مال کرنا ⑧ نکھارنا ⑨ مجلّا کرنا۔

**ریتی** (ہ) اسم مونث ① ریتنے کا آلہ ② سوہن ③ سوہان ④ ریتلی زمین جو دریا کے کنارے ہوتی ہے ⑤ دریا کی باریک ریت کو بھی ریتی بولتے ہیں ⑥ دریا کنارے کی زمین۔

**ریتیلا** (ہ) اسم مذکر ① صفت کرکرا ② ریتلا ③ بھربھرا۔

**ریٹھا** (ہ) اسم مذکر ① ایک درخت اور اس کے پھل کو کہتے ہیں جس سے ادنی ریشمی کپڑے اور بال وغیرہ صاف ہوتے ہیں ② اس کے اندر سے کالی کالی گولیاں نکلا کرتی ہیں۔

**ریجھ** (ہ) اسم مونث ① خواہش ② رغبت ③ اچھا ④ چاہت ⑤ شوق ⑥ عادت ⑦ خو ⑧ خصلت۔

**ریجھنا** (ہ) فعل ① مائل ہونا ② عاشق ہونا ③ فریفتہ ہونا ④ شیدا ہونا ⑤ راغب ہونا۔

**ریچھ** (ہ) اسم مذکر ① خرس ② بھالو۔

**ریچھنی** (ہ) اسم مونث ① ریچھ کی مونث ② ریچھ کی مادہ۔

**ریح** (ع) اسم مونث ① ہوا ② پون ③ باد ④ گوز ⑤ پاد ⑥ ریاح۔

**ریحان** (ع) اسم مذکر ① تلسی کی قسم کا ایک خوشبودار پودا ② نازبو ③ بالنگو (بحالت اسم مونث) تخم ریحان ④ ایک خوشبودار گھانس کا نام ⑤ گلاب کے سوا باقی تمام پھول ⑥ ایک خاص طرح کے خط کو بھی کہتے ہیں۔

**ریخ** (ا) اسم مونث ① لکیر دھاری ② دانتوں کے بیچ کی گوشت کی دھاری ③ مسی کی کالی لکیر ④ جڑ ⑤ بنیاد ⑥ اصل ⑦ چول ⑧ شگاف۔

**ریخ میں میخ لگانا** (ا) فعل ① شگاف میں کیل جڑنا ② نہایت معقول بات کرنا ③ باون تولے پاؤ رتی بات کہنا ④ ٹھیک ٹھیک کام کرنا۔

**ریختہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① ٹپکا ہوا ② گرا ہوا ③ بے ساختہ نکلا ہوا ④ پکا ⑤ مستحکم ⑥ مضبوط ⑦ پریشان ⑧ پراگندہ ⑨ گرا پڑا۔

**ریخین** (ا) اسم مونث ① ریخ کی جمع ② درزیں ③ شگاف ④ چولیں۔

**ریخیں ڈھیلی ہونا** (ا) فعل ① جوڑ ② جوڑ ہل جانا ③ تھک جانا ④ مایوس ہو جانا ⑤ (لکھنو) دہشت اور ڈر کے سبب بدحواس اور بے طاقت ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

ریداس (ہ) اسم مذکر۔ مشہور بھگت اور گیانی شخص جو چماروں کے ایک فرقہ کا موجد گزرا ہے۔

ریداسی (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ① منسوب بہ ریداس ② ریداس کا مقلد اور پیرو فرقہ۔

ریڑھ (ہ) اسم مونث ① پیٹھ کی ہڈی ② کمر کی درمیانی ہڈی ③ واستخوان پشت۔

ریز (ف) اسم مونث حاصل مصدر از ریختن ① چہچہاہٹ ② نغمہ سرائی ③ راگ گانا۔

ریزرو (ای) اسم صفت ① مخصوص ② عام کی ضد۔

ریز کرنا (ا) فعل ① خوشی سے آپس میں چہچہانا ② ناز و انداز کرنا ③ نخرے کرنا۔

ریزش (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① زکام ② نزلہ ③ ناک سے پانی بہنے کی بیماری۔

ریزگاری (ا) اسم مونث ① روپے کے حصے ② دونی چونی پیسے وغیرہ۔

ریزکی (ا) اسم مونث ① خردہ ② ریزگاری ③ چھٹن ④ رولن ⑥ کھرچن ⑦ قصائی کی چھانٹ ⑧ کترن۔

ریزولیشن (ای) اسم مذکر ① تجویز ② ارادہ ③ منشا ④ وضاحت ⑤ تصریح۔

ریزہ (ف) اسم مذکر ① ٹکڑا ② پرزہ ③ بھورا ④ پارچہ ⑤ عمدہ اور خوبصورت صندوق۔

ریزیڈنٹ (ای) اسم مذکر ① رہنے والا ② مقیم ③ ساکن ④ رئیس ⑤ شاہی وکیل جو غیر ریاست میں رہے۔

ریزیڈنسی (ای) اسم مونث ① گھر ② مقام ③ ٹھکانہ ④ ریزیڈنٹ کے رہنے کی جگہ اور محکمہ۔

رئیس (ع) اسم مذکر ① سردار ② امیر ③ چودھری ④ مقدم ⑤ حاکم ⑥ نواب ⑦ راجہ ⑧ رہنے والا ⑨ باشندہ۔

ریس (ہ) اسم مونث ① برابری ② ہم چشمی ③ رقابت ④ رشک ⑤ حرص ⑥ لالچ ⑦ ہوکا۔

ریس بھلی ہونس بری (ہ) مثل۔ رشک اچھی چیز اور حسد بری بات۔

ریسس (ای) اسم مونث ① آرام ② سکون ③ تفریح ④ فرحت ⑤ آرام دہی۔

ریسماں (ف) اسم مونث ① نیجو ② رسی ③ ڈوری۔

ریش (ف) اسم مونث ① ڈاڑھی ② خط ③ مرد کے چہرے کے بال ④ درخت کی لٹکتی ہوئی لمبی جڑیں (یہ لفظ بیائے معروف ہے)

ریش قاضی (فع) اسم مونث ① قاضی کی ڈاڑھی ② بھنگ یا شراب چھاننے کی صافی۔

ریشائیل (ا) اسم مذکر ① بڑی اور لمبی داڑھی والا ② دراز ریش۔

ریشخند (ف) اسم مذکر ① ٹھٹھا ② مخول ③ ہنسی ④ کھلی ⑤ تمسخر کے وقت کی ہنسی۔

ریش (ف) بیائے مجہول ① اسم مذکر ② گھاؤ ③ زخم ④ جراحت۔

ریشم (ا) اسم مذکر ① ابریشم کا مخفف ہے ② پٹ ③ پتامبر ④ ابریشم ⑤ ٹسر ⑥ نخ۔

ریشم کی گانٹھ/گرہ (ا) اسم مونث ① مشکل سے کھلنے والی گانٹھ ② مضبوط گرہ ③ لاینحل عقدہ یا مسئلہ۔

ریشم کے لچھے (ا) اسم صفت۔ نہایت نرم از حد ملائم۔

ریشمی/ ریشمیں (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① ریشم کا بنا ہوا ② حریری ③ ٹسری۔

ریشہ (ف) اسم مذکر ① سوت ② تار ③ پٹھا ④ عصب ⑤ نس ⑥ رگ ⑦ پھونسڑا۔

ریشہ دار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① پھونسڑے دار ② نس دار ③ رگ دار ④ وہ چیز جس میں سوت سا نکلے۔

ریفارمر (ای) اسم مذکر فاعل ① اصلاح کرنے والا ② مصلح ③ درست کرنے والا۔

ریفرشمنٹ (ای) اسم مذکر ① تفریح ② تازگی ③ تروتازہ ہونے کے لئے کچھ کھانا پینا۔

ریفرشمنٹ روم (ای) اسم مذکر ① تفریح طبع کے لئے کچھ کھانے پینے کی چیز ② قہوہ خانہ۔

ریکارڈ (ای) اسم مذکر ① یادداشت ② مسل ③ اندراج۔

ریکھ/ریکھا (ہ) اسم مونث ① لکیر ② دھاری ③ تحریر ④ نشان ⑤ خط ⑥ قسمت کا لکھا ⑦ بخت ⑧ نصیب ⑨ بھاگ۔

ریکھ بھیگنا (ہ) فعل ① چہرہ پر سبزہ خط کا آغاز ہونا ② مسیں بھیگنا۔

ریکھا گنت (ہ) اسم مونث ① (ہندو) تحریر اقلیدس ② جیومیٹری۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ریگ (ف) اسم مذکر ① ریت ② بالو ③ سراب۔

ریگِ رواں (ف) اسم مذکر صفت ① بہتی ریت ② اڑنے والی ریت ③ چور بالو۔

ریگ ماہی (ف) اسم مونث ① ریت کی مچھلی سقنقور ② سانڈے کی قسم کی مچھلی۔

ریگستان (ف) اسم مذکر ظرف مکان ① ریگ کا ملک ② بھوڑ۔

ریل (ای) اسم مونث ① ریلوے لائن ② لوہے کی پٹڑی جس پر ریل گاڑی چلتی ہے ③ لوہے کی سڑک ④ اصطلاح میں ریل گاڑی کو بھی کہتے ہیں۔



(ریل)

ریل (ای) اسم مذکر ① پھرکی جس پر سوت یا تاگے لپٹے ہوں ② پیچک۔

ریلا (ہ) اسم مذکر ① رو ② پانی کا چڑھاؤ ③ طغیانی ④ سیلاب ⑤ پانی کی دھار ⑥ دھکا ⑦ ٹھیلا ⑧ ہل چل۔

ریل پیل (ہ) اسم مونث ① دھکم دھکا ② دھکا پیل ③ بھرمار ④ بہتات ⑤ کثرت ⑥ زیادتی۔

ریل پیل کرنا (ہ) فعل ① انبار لگانا ② ڈھیر لگانا ③ بکثرت فراہم کرنا۔

ریلوے (ای) اسم مونث۔ ریل کی سڑک۔

ریلی (ای) اسم مونث۔ فوج یا سکاؤٹوں کا اجتماع۔

ریلیز (ای) اسم مونث ① آزاد کرنا ② چھوڑ دینا ③ کسی فلم کی پہلی بار نمائش ③ کسی خبر کو شائع کرنے کے لیے بھیجنا۔

ریم (ف) اسم مونث ① رادھ ② پیپ ③ پاک ④ جو زخم میں سے نکلتی ہے۔

ریمارک (ای) اسم مذکر ① رائے ② خیال ③ کیفیت۔

ریمانڈ (ای) اسم مذکر ① مدد ② آرام ③ سکون۔

ریمائنڈر (ای) اسم مذکر فاعل۔ یاددہانی کے طور پر لکھا ہوا خط یا درخواست وغیرہ۔

رین (ہ) اسم مونث ① رات ② شب ③ لیل ④ راتری۔

رین بسیرا (ہ) اسم مذکر ① رات گزارنا ② رات کاٹنا ③ رات کا آرام ④ شب باشی۔

ریں ریں (ہ) اسم مونث صوت ① روں روں ② بچوں کے رونے یا سارنگی ③ یا رہٹ کی آواز۔

رینٹ (ہ) اسم مذکر ① ناک کی غلاظت ② سفید لیس دار مادہ جو ناک سے نکلتا ہے۔

ریندھنا (ہ) فعل ① پکانا ② ابلنا ③ کھانا تیار کرنا۔

ریندی (ہ) اسم مونث ① سینڈھی کچری ② ایک قسم کا چھوٹا سا خربوزہ۔

رینڈی (ہ) اسم مونث۔ ارنڈی کا درخت اور پھل۔

رینڈیر (ای) اسم مذکر۔ ایک خاص قسم کا برفانی ملکوں کا ہرن جو برف پر خوب دوڑتا ہے۔

رینک (ای) اسم مذکر ① عہدہ ② منصب ③ مرتبہ۔

رینگ (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا باریک کپڑا ② تن زیب ③ ململ ④ شبنم ⑤ جانور کی آواز۔

رینگنا (ہ) فعل ① گدھے کا بولنا ② گدھے کی بولی بولنا ③ ہینچو ہینچو کرنا۔

رینگٹا (ہ) اسم مذکر ① گدھی کا بچہ ② جانور کا دبلا پتلا چھوٹا سا بچہ۔

رینگنا (ہ) بیائے مجہول فعل ① کیڑوں وغیرہ حشرات الارض کا چلنا ② پیٹ کے بل گھسٹ گھسٹ کر چلنا ③ آہستہ آہستہ چلنا ④ مری چال چلنا۔

رینی (ہ) اسم مونث ① کسم کا رنگ چوانا ② کسی چیز کو پانی میں بھگو کر اس کا عرق ٹپکانا (لکھنو) وہ سدھایا ہوا جانور جو رات کو بولے ③ پنجاب میں سونے چاندی کی ڈلی ④ چندی وغیرہ کو پگھلا کر ٹھنڈا کرنے کا اوزار۔

رینی چڑھنا (ہ) فعل ① کسم کا رنگ کے واسطے لٹکایا جانا ② رنگ چڑھنا ③ حیض آنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

رینی راس آنا (ہ) فعل ❶ رنگ ٹھیک نکلنا ❷ کام درست ہونا ❸ محنت ٹھکانے لگنا۔

ریوٹر (ای) اسم مذکر۔ اخباروں کو تار کی خبریں پہنچانے والی ایجنسی کا نام۔

ریوڑ (ہ) اسم مذکر ❶ بھیڑ بکری کا گلہ ❷ بکریوں کا غول۔

ریوڑی (ہ) اسم مونث۔ وہ مٹھائی جو گڑ یا کھانڈ کے قوام سے بناتے ہیں اور اس پر تل لگا دیتے ہیں۔

ریوڑی کے پھیر میں آنا/ پڑنا (ہ) مثل ❶ کسی لالچ سے بلا میں پڑنا ❷ طمع کے باعث مصیبت میں پھنسنا۔

ریوند/ ریوند چینی (ف) ایک دست آور دوا کا نام ہے۔

ریویو (ای) اسم مذکر ❶ تنقید ❷ تبصرہ ❸ کسی کتاب کے عیب و صواب پر رائے زنی۔

ریونیو (ای) اسم مذکر ❶ محاصل ❷ لگان ❸ پڑتہ۔

ریہ (ء) اسم مذکر ❶ پھیپھڑا ❷ شش۔

ریہ (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کی شوردار مٹی ❷ کھاری مٹی جو اکثر شکر صاف کرنے یا کپڑے دھونے اور صابن بنانے کے کام آتی ہے۔

ریہرسل (ای) اسم مونث ❶ کسی ڈرامے، فوجی پریڈ وغیرہ کی پہلے مشق کرنا ❷ تکرار ❸ اعادہ۔

ریہو (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی کالے پروں والی مچھلی جسے روہو بھی بولتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ڑ

اُردو حروفِ تہجی کا پندرھواں حرف۔

ڑ (۱) اُردو حروفِ تہجی کا پندرھواں حرف ہے۔ اس سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ز

اردو کا سولھواں فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف ہے

ز (ء) اسم مذکر ① اردو کا سولھواں فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف ہے ② حساب جمل میں اس کے عدد سات فرض کیے گئے ہیں ③ اس کو زائے معجمہ یا زائے منقوطہ بھی کہتے ہیں۔

## ز ← ا

زا (ف) اسم مفعول ① زائیدہ کا مرخم ہے جنا ہوا ② پیدا شدہ ③ زائیدن کا امر بھی ہے اور مرکبات میں اسم فاعل کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے فتنہ زا یعنی فتنہ پیدا کرنے والا۔

زاد/ زادہ (ف) اسم مذکر مفعول ① جنا ہوا ② جنا ③ پیدا شدہ بیٹا ③ لڑکا ④ پسر۔

زاد (ء) اسم مذکر ① رستے کا توشہ ② رستے کا خرچ۔

زاد بوم (ف) اسم مونث ظرف ① جنم بھوم ② پیدائش کی جگہ ③ دیس ④ وطن۔

زاد راہ (ع) اسم مذکر ① رستے کا توشہ ② خرچ راہ۔

زادی (ا) اسم مونث۔ بیائے تانیث ① جنی ② جنی ہوئی جیسے امیر زادی دختر ③ لڑکی۔

زار (ف) اسم مذکر علامت ظرف مکان/ ① جگہ ② مقام ③ ٹھاؤں ④ مکان کثرت وافراط ⑤ نالہ ⑥ فریاد ⑦ رونا۔

زار زار/ زار وقطار رونا (ا) فعل ① بہت رونا ② آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

زار ونزار (ف) اسم صفت ① دبلا پتلا ② نہایت کمزور ③ لاغر ونحیف۔

زاری (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① زاریدن ② رونا ③ پیٹنا ④ گریہ ⑤ عاجزی۔

زاغ (ف) اسم مذکر ① کوا ② کاگ ② کلاغ ③ کمان کا گوشہ ④ کالے رنگ کا ⑤ ایک راگ کا نام۔

زاغ آبی (ف) اسم مذکر ① جل کوا ② پن ڈبی ③ جل کاگ ④ ایک غوطہ مارنے والا پرندہ ہے۔

زاغ کمان (ف) اسم مذکر۔ کالے سینگ کے بنے ہوئے کمان کے گوشے۔

زال (ف) اسم صفت ① بوڑھا ② سفید بالوں والا ③ بھونس ④ بڈھا ⑤ (بصورت اسم مذکر) رستم کے باپ کا نام تھا جس کے بال پیدائشی سفید تھے ⑥ بڑھیا عورت۔

زانو (ف) اسم مذکر ① گھٹنا ② ران ③ آسن ④ جانگھ۔

زانو پوش (ف) اسم مذکر فاعل۔ وہ کپڑا جو امیر لوگ کھانا کھاتے وقت زانو پر ڈال لیتے ہیں تاکہ چھینٹ وغیرہ سے کپڑے خراب نہ ہوں۔

زانو پیٹنا (ا) فعل ① نہایت ماتم ظاہر کرنا ② افسوس کرنا ③ رنج والم کا اظہار کرنا۔

زانی (ء) اسم مذکر فاعل ① زنا کار مرد ② بدکار آدمی ③ بدراہ ④ فاسق ⑤ فاجر۔

زانیہ (ء) اسم مونث ① بدکار عورت ② حرامکار عورت ③ زنا کار عورت۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

**زاویہ** (ع) اسم مذکر ① کونہ ② گوشہ ③ کھونٹ ④ ٹکڑ ⑤ اقلیدس میں کسی خاص نقطہ پر جہاں دو خط آ کر باہم ملیں پیدا شدہ کونہ۔

**زاہد** (ف) اسم مذکر فاعل ① پرہیزگار ② زہد اور محنت کرنے والا ③ عابد ④ ریاضت۔

**زائچہ** (ف) اسم مذکر ① جنم پتری ② لگن کنڈلی ③ وہ کاغذ جو نجومی لوگ کسی مولود کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں اس میں وقت تاریخ ماہ سنہ ولادت اور تمام عمر کے نیک و بد حالات درج ہوتے ہیں ④ رمل کی شکلیں۔

**زائچہ بنانا/کھینچنا** (ا) ① لگن کنڈلی کھینچنا ② جنم پتری بنانا۔

**زائد** (ع) اسم فاعل مفید صفت ① زیادہ فضول ② فالتو ③ بچا ہوا ④ بہت بڑھا ہوا۔

**زائد الوصف** (ع) اسم صفت ① تعریف سے زیادہ ② تعریف سے باہر۔

**زائیدہ** (ف) اسم مفعول ① جنا ہوا ② پیدا شدہ۔

**زائر** (ع) اسم فاعل مذکر ① زیارت کرنے والا جاتری ② حاجی ③ حج کو جانے والا۔

**زائل** (ع) اسم فاعل مذکر ① کم ہونے والا ② زوال پذیر ③ تلف ہونے والا ④ ضائع ہونے والا۔

## ز ← ب

**زبان** (ف) اسم مونث ① جیبھ ② لسان ③ للوٗ ④ بولی ⑤ بھاکا بول چال ⑦ گفتگو ⑧ بیان ⑨ قول۔

**زبان الٹنا** (ا) ① زبان کا حرکت کرنا ② بات کرنا ③ زبان سے بات نکلنا ④ اقرار سے پھر جانا ⑤ وعدے سے پھرنا۔

**زبان آور** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① خوش بیان ② فصیح و بلیغ ③ شیریں زبان۔

**زبان بدلنا/پھیرنا/پلٹنا** (ا) فعل ① اقرار کر کے پھر جانا ② وعدے سے انکار کرنا ③ کہہ کر نہ کرنا۔

**زبان بگاڑنا** (ا) فعل ① زبان خراب کرنا ② زبان پر لغو اور بے ہودہ الفاظ جاری کرنا۔

**زبان بگڑنا** (ا) فعل ① زبان گندی ہونا ② گالی گلوچ سے کلام کرنا ③ گالی گفتار کی عادت ہونا۔

**زبان بند** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ دشمنوں اور بدگویوں کی زبان روکنے کا تعویذ۔

**زبان بند ہونا** (ا) فعل ① بات کرنے سے عاجز ہونا ② چپ ہونا ③ کسی کے رعب یا حکم کے مارے بات نہ کر سکنا ④ جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف نہ کہہ سکنا ⑤ زبان اینٹھ جانا۔

**زباں بندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خاموشی ② سکوت ③ چپ رہنا ④ (قانون) گواہی ⑤ شہادت حلف نامہ ⑦ حلف ⑧ قسم۔

**زبان پر دھرنا/رکھنا** (فعل) ① چکھنا ② ذائقہ دیکھنا ③ زبان لگا کر دیکھنا ④ تھوڑا سا کھانا۔

**زبان پر لانا** (ا) فعل ① کہنا ② بیان کرنا ③ ظاہر کرنا ④ منہ سے کہنا۔

**زبان پکڑنا** (ا) فعل ① عیب پکڑنا ② نکتہ چینی کرنا ③ بولنے سے بند کرنا ④ زبان روکنا ⑤ بات کی نقل کرنا جو بڑے کہیں اسی طرح بچوں کا کہنا۔

**زبان تتلانا** (ا) فعل ① ہکلا ہونا ② زبان کا لکنت کرنا۔

**زبان تڑاق پڑاق چلنا/زبان تڑ تڑ چلنا** (ا) فعل ① زبان جلدی جلدی چلنا ② باتوں کا تار باندھ دینا۔

**زبان تلے زبان ہونا/زبان کے نیچے زبان ہونا** (ا) فعل ① قول کا پاس نہ ہونا ② ایک بات پر قائم نہ رہنا ③ تلون مزاجی ہونا۔

**زبان توڑنا** (ا) فعل ① بکواس کرنا ② بے ہودہ بکے جانا ③ خلاف مرضی یا بے قاعدہ بات کرنا۔

**زبان ٹوٹنا** (ا) فعل ① زبان کا صاف ہونا ② بچے کی زبان کا درست ہونا ③ صاف بولنے لگنا۔

**زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار** (ا) مثل۔ زبان کا اقرار ایک ہی دفعہ ہوتا ہے۔

**زبان چاٹنا** (ا) فعل ① چٹخارے بھرنا ② اچھی چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔

**زبان چلانا** (ا) فعل ① بولنا ② کہہ اٹھنا ③ بہت بولنا ④ تڑاق پڑاق بولنا ⑤ مسلسل باتیں کرنا ⑥ زباندرازی کرنا ⑦ گالی دینا ⑧ گندی بات کہنا۔

**زبان چلنا** (ا) فعل ① جلدی جلدی بولنا ② فوراً بول اٹھنا ③ بڑبڑانا ④

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03...

گالیاں دینا⑤ کھانا نوش کرنا⑥ بولنا⑦ بات کرنا⑧ بکنا⑨ بکواس کرنا۔

**زبان حال** (ف) اسم مونث ① ظاہری حالت ② اپنی حالت سے بولے بغیر ظاہر کرنا۔

**زبان خلق نقارہ خدا** (ف) مثل۔ جو بات عوام میں مشہور ہو جائے وہ ہو کر رہتی ہے۔

**زبان دان** (ف) اسم مذکر فاعل ① کسی زبان کو بخوبی جاننے والا ② زبان کا ماہر ③ شاعر ④ عالم ⑤ فاضل ⑥ فصیح و بلیغ آدمی ⑦ بہت سی زبانیں جاننے والا۔

**زبان دانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ علم زبان کی بخوبی آگاہی اور اس کا کمال۔

**زباں دراز** (ف) اسم صفت فاعلی ① منہ پھٹ ② گستاخ ③ زیادہ گو ④ بدگو ⑤ دلیر ⑥ بے باک ⑦ بدلگام ⑧ گالی گلوچ بکنے والا ⑨ پاجی۔

**زباں درازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بدلگامی ② بے باکی ③ گستاخی ④ بیہودہ گوئی ⑤ فحش بیانی۔

**زبان دینا** (ا) فعل ① اقرار کرنا ② عہد و پیمان کرنا ③ قول ہارنا ④ بچن ہارنا۔

**زبان روکنا** (ا) فعل ① برا کہنے سے منع ہونا یا کرنا ② خاموش ہونا یا کرنا کہتے کہتے رک جانا یا روک دینا۔

**زبان زد ہونا** (ا) فعل ① مشہور عام ہو جانا ② ہر ایک کی زبان پر ہونا ③ پھیلنا۔

**زبان سمجھنا** (ا) فعل ① کسی زبان یا بولی سے واقف ہونا ② غیر زبان کی بات سمجھ لینا۔

**زبان سنبھال کر بات کرنا/ بولنا** (ا) فعل ① سوچ سمجھ کر بات کرنا ② سنجیدگی اور متانت سے عمدہ اور اچھی بات کرنا ③ پاس ادب سے بولنا۔

**زبان سنبھالنا/ چونچ سنبھالنا** (ا) فعل ① چپ رہنا ② زبان کو روکنا ③ خاموش رہنا ④ زبان کو قابو میں رکھنا۔

**زبان سوکھنا** (ہ) فعل ① پیاس کے غلبہ سے زبان کا خشک ہونا ② بول نہ سکنا ③ زبان خشک ہونا۔

**زبان سے خندق پار** (ا) کہاوت ① زبان کی ہی بہادری ② نری شیخی ہی شیخی۔

**زبان سینا** (ا) فعل ① خاموش رہنا ② منہ سے بات نہ کرنا ③ چپ رہنا ④ گھنی سادھنا۔

**زبان سے نکالنا** (ا) فعل ① زبان پر لانا ② بیان کرنا ③ کہنا ④ تلفظ کرنا۔

**زبان شیریں ملک گیری/ زبان ٹیڑھی ملک بانکا** (ا) مثل۔ میٹھی زبان اور عمدہ باتوں سے سب اپنے ہو جاتے ہیں اور بدزبانی سے اپنے بھی دشمن بن جاتے ہیں۔

**زبان قال** (ف) اسم مونث ① اظہار بیان ② زبان سے گفتگو کر کے حال بتانا۔

**زبان کا پھوڑا/ پھوہڑا** (ا) ① زبان کا گندہ ② زباندراز ③ بدزبان ④ بدلگام ⑤ گالی گلوچ بکنے والا۔

**زبان کا چسکا** (ا) اسم مذکر ① زبان کا چٹخارا ② زبان کا مزا ③ لذیز چیزوں کے کھانے کی عادت۔

**زبان کا میٹھا** (ا) اسم مذکر صفت ① شیریں کلام ② خوشامدی ③ میٹھی چھری۔

**زبان کرنا** (ا) فعل (عورتیں) ① بدزبانی کرنا ② زباندرازی کرنا ③ اقرار کرنا ④ وعدہ کرنا۔

**زبان کو منہ میں رکھنا** (ا) فعل ① زبان کو قابو میں رکھنا ② بے موقعہ بات نہ کرنا۔

**زبان کو کوے لے گئے** (ا) محاورہ ① زبان کو چیل لے گئی ② گونگا بن گیا ③ بول ہی نہیں سکتا ④ گھنے آدمی اور جواب نہ دینے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**زبان کھلوانا** (ا) فعل ① بدزبان گستاخ اور دلیر بنانا ② گالیوں پر اتارنا۔

**زبان کھولنا** (ا) فعل ① برا بھلا کہنا ② جھڑکنا ③ بات کا بڑھا کر کہنا ④ کلام کو طول دینا ⑤ جو منہ میں آنا سو کہہ دینا ⑥ بات کرنا ⑦ شکوہ کرنا ⑧ گلہ شکایت کرنا ⑨ عیب نکالنا۔

**زبان کھینچنا** (ا) فعل ① گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا ② زبان کاٹنے کی سزا دینا۔

**زبان کے مزے/ چٹخارے لینا** (ا) فعل ① لذت اٹھانا ② ذائقہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

لینا③ ہونٹ چاٹنا۔

**زبان گھس جانا** (ا) فعل ① زبان تھک جانا ② کہتے کہتے زبان رہ جانا ③ نزاکت کے مارے زبان تھک جانا ④ دعا اور عاجزی کرتے کرتے زبان تھک جانا۔

**زبان لڑکھڑانا** (ا) فعل ① زبان پھسلنا ② لکنت کرنا ③ خوف یا رعب سے زبان قابو میں نہ رہنا۔

**زبان ملانا** (ا) فعل ① بولنا چالنا ② کہنا سننا باتیں کرنا ③ مقابلہ کرنا برابری کرنا ④ جواب دینا۔

**زبان منہ میں رکھنا** (ا) فعل ① زبان والا ہونا ② بولنے کی طاقت رکھنا ③ قابل گویائی ہونا۔

**زبان میں/ زبان پر کانٹے پڑنا** (ا) فعل۔ پیاس کے غلبہ سے زبان کا خشک اور کھردرا ہونا۔

**زبان نکالنا** (ا) فعل ① زباندرازی کرنا ② بدزبانی کرنا ③ بکنا ④ لغو باتیں کہنا۔

**زبان نکلنا/ نکل پڑنا** (ا) فعل ① پیاس کا غلبہ ہونا ② کسی صدمہ سے زبان کا منہ سے باہر آنا۔

**زبان ہارنا** (ا) فعل ① بچن ہارنا ② قول ہارنا ③ اقرار کرنا ④ وعدہ کرنا۔

**زبان ہلانا** (ا) فعل ① بولنا ② کہنا ③ بات کرنا ④ مانگنا ⑤ سوال کرنا پوچھنا ⑦ درخواست کرنا۔

**زبانہ** (ف) اسم مذکر ① شعلہ ② لو ③ آگ کی لپٹ۔

**زبانی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ زبان ② منہ سے کہی ہوئی ③ تقریری ④ بلاتحریر ⑤ روایتی سماعی ⑦ سنی سنائی ⑧ ظاہری ⑨ اوپری۔

**زبانی امتحان** (ا) اسم مذکر ① وہ امتحان جو زبانی لیا جائے ② تقریری امتحان۔

**زبانی پڑھنا/ منہ زبانی پڑھنا** (ا) فعل ① بن دیکھے پڑھنا ② حفظ پڑھنا۔

**زبانی جمع خرچ** (ا) اسم مذکر ① باتیں ہی باتیں ② خیالی پلاؤ۔

**زبانی جمع خرچ کرنا** (ا) فعل ① صرف حساب ہی حساب کرنا ② دینا لینا کچھ بھی نہیں ③ خیالی پلاؤ پکانا۔

**زبانی حساب** (ا) اسم مذکر ① ذہنی حساب نہیں ② تقریری حساب ③ پہاڑوں اور گروں کے ذریعے سے دل ہی دل میں لکھے بغیر حساب۔

**زبدہ** (ع) اسم صفت ① چنا ہوا ② منتخب ③ عطر ④ خلاصہ ⑤ چیدہ ⑥ مکھن ⑦ مسکہ۔

**زبر** (ف) اسم صفت ① اوپر والا ② اونچا ③ غالب ④ طاقتور ⑤ بھاری بوجھل ⑦ گراں از بر کا مخفف بھی ہے (بصورت اسم مذکر) اوپر کی حرکت یعنی فتحہ۔

**زبر ہونا** (ا) فعل ① غالب ہونا ② فتح پانا ③ بھاری ہونا ④ حفظ ہونا ⑤ زبانی یاد ہونا۔

**زبرجد** (ع) اسم مذکر ① ایک قسم کا زمرد ② زردی مائل سبز رنگ کا جواہر ③ پنا۔

**زبردست** (ف) اسم صفت ① طاقتور ② بلی ③ بلوان ④ بلونت ⑤ توانا قوی ⑦ شہزور ⑧ مضبوط ⑨ بڑا لائق۔

**زبردست کا ٹھینگا سر پر** (ا) مثل۔ زبردست کی ماننی ہی پڑتی ہے اس کے سامنے زور نہیں چلتا۔

**زبردست کی جورو سب کی دادی** (ا) مثل۔ زبردست کے متعلقین بھی بڑے ہی سمجھے جاتے ہیں۔

**زبردست کے بیس بسوے** (ا) مثل ① زبردست ہمیشہ غالب ہی رہتا ہے ② جو چاہے کر لے۔

**زبردست مارے اور رونے نہ دے** (ا) مثل۔ زبردست کے آگے پیش نہیں چلتی۔

**زبردستی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سینہ زوری ② جبر ③ تشدد ④ خلاف مرضی کوئی کام کرنا ⑤ چھین جھپٹ کر ⑥ بے وجہ ⑦ بے سبب ⑧ یونہی۔

**زبردستی کرنا** (ا) فعل ① زیادتی کرنا ② زور آوری کرنا ③ جبر کرنا ④ تشدد کرنا۔

**زبور** (ع) اسم مونث ① کتاب ② نوشتہ ③ بھجن ④ زمزمہ ⑤ وہ کتاب

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

آسمانی جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔

زبون (ف) اسم صفت ❶ عاجز ❷ غریب ❸ ذلیل ❹ لاچار ❺ برا ❻ تباہ ❼ نحس ❽ منحوس۔

## ز ← ٹ

زٹل (ا) اسم مونث ❶ بیہودہ اور لغویات ❷ گپ۔

زٹل قافیہ (ا) اسم مذکر ❶ واہی تباہی ❷ گپ شپ ❸ بے اصل بات ❹ غیر معتبر بات۔

زٹل مارنا (ا) فعل ❶ جھوٹی باتیں بکنا ❷ واہی تباہی بکنا ❸ بے اصل باتیں کرنا۔

زٹل ہانکنا (ا) فعل ❶ گپ مارنا ❷ شیخی بگھارنا ❸ شیخی مارنا ❹ جھوٹی سچی باتیں بنانا۔

زٹلی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ گپ ہانکنے والا ❷ واہی تباہی بکنے والا۔

## ز ← ج

زجر (ء) اسم مذکر ❶ جھڑک ❷ جھڑکی ❸ ڈانٹ ڈپٹ ❹ روک ❺ دھمکی ملامت ❼ تنبیہ۔

زجر و توبیخ (ء) اسم مونث ❶ جھڑکنا ❷ درکارنا ❸ ڈانٹ ڈپٹ ❹ لعنت ملامت۔

## ز ← چ

زچ (ا) اسم صفت ❶ تنگ ❷ عاجز ❸ لاچار ❹ دق ❺ بے بس (بصورت اسم مونث) شطرنج میں جب شہ دینے کے بغیر مہرے کی چال کا کوئی گھر نہ رہے تو زچ کہتے ہیں جب شہ دینے کے بعد ایسا موقع ہاتھ آئے تو اسے مات بولتے ہیں۔

زچ کر دینا (ا) فعل ❶ عاجز کر دینا ❷ تنگ کر دینا ❸ مجبور کر دینا ❹ مات کر دینا۔

زچہ (ف) اسم مونث ❶ نئی جنی ہوئی ❷ عورت ❸ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو ❷ زن نوزائیدہ۔

زچہ خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ❶ زچہ کا گھر ❷ وہ مکان جہاں عورت نے بچہ جنا ہو ❸ زچہ کے متعلق چالیس روز تک کی رسوم اور کاروبار۔

زچہ رانی (ا) اسم مونث۔ زچہ کا خطاب ہے۔

زچہ گیریاں (ا) اسم مونث۔ زچہ خانہ کے گیت جن میں بچے اور اس کی ماں کی تعریف ہوتی ہے۔

## ز ← ح

زحل (ء) اسم مذکر ❶ سنیچر ❷ ایک ستارہ کا نام ہے جس کا مقام ساتواں آسمان اور رفتار نہایت سست اور تاثیر نہایت منحوس سمجھی جاتی ہے۔

زحمت (ء) اسم مونث ❶ تکلیف ❷ درد ❸ دکھ ❹ رنج ❺ سختی مصیبت ❼ محنت ❽ مشقت۔

## ز ← خ

زخار (ء) اسم مذکر صفت ❶ مبالغہ ❷ چڑھا ہوا ❸ طغیانی پر آیا ہوا ❹ لبالب ❺ نہایت بھرا ہوا۔

زخم (ف) اسم مذکر ❶ گھاؤ ❷ ناسور ❸ ریش ❹ خسارہ ❺ نقصان ٹوٹا ❼ ضرر۔

زخم بھرنا/ بھر جانا (ا) فعل ❶ گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا ❷ نقصان کا معاوضہ ملنا۔

زخم پر نمک چھڑکنا (ا) فعل ❶ کاٹے پر نمک لگانا ❷ دکھ میں دکھ دینا ❸ مرے کو مارنا جلے کو جلانا ❹ رنج پر رنج دینا۔

زخم دینا/ مارنا (ا) فعل ❶ زخمی کرنا ❷ گھائل کرنا ❸ صدمہ یا ضرر پہنچانا ❹ نقصان پہنچانا۔

زخم کاری (ف) اسم صفت بیائے فاعلی ❶ گہرا زخم ❷ ناقابل سلامتی زخم ❸ مہلک زخم۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

زخم کھانا (ا) فعل ❶ زخم اٹھانا ❷ مجروح ہونا ❸ صدمہ اٹھانا ❹ نقصان اٹھانا۔

زخم ہرا کرنا (ا) فعل ❶ زخم تازہ کرنا ❷ گھاؤ کو پھر تازہ کرنا ❸ گزشتہ صدمہ کو از سرِ نو یاد دلانا ❹ صدمہ پہنچانا ❺ رنج دلانا۔

زخم ہرا ہونا (ا) فعل ❶ زخم کا از سرِ نو تکلیف دینا ❷ گزشتہ مصیبت یاد آ کر پھر سے رنج ہونا۔

زخمی (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ گھائل ❷ مجروح ❸ چوٹ کھایا ہوا۔

زخمی کرنا (ا) فعل۔ زخم پہنچانا۔

## ز ← د

زد (ف) اسم مونث ❶ زدن سے حاصل مصدر ہے ❷ مار ❸ نشانہ ❹ چوٹ ❺ صدمہ ضرب ❼ نقصان ❽ خسارہ۔

زد پر ہونا (ا) فعل ❶ ٹھیک نشانہ کی جگہ پر ہونا ❷ مار پر ہونا۔

زد پڑنا (ا) فعل ❶ گھاٹا پڑنا ❷ نقصان ہونا ❸ ٹوٹا پڑنا۔

زدو کوب (ف) اسم مونث حاصل بالمصدر ❶ مار پیٹ ❷ مار کٹائی ❸ جوتی پیزار ❹ گتھم گتھا ❺ ہاتھا پائی ❻ لپاڈکی۔

زدہ (ف) اِسم صفت بترکیب مفعولی ❶ مارا ہوا ❷ ضرب رسیدہ ❸ مصیبت کا مارا ❹ مفلوک الحال ❺ کمزور گلا ہوا ❼ بوسیدہ ❽ بودا صرف قوائد میں۔

زدہ حال (ف) اسم صفت ❶ خستہ حال ❷ پریشان حالت والا ❸ تباہ حال والا ❹ غمگین ❺ غمناک ❻ سوگوار ❼ مصیبت کا مارا۔

## ز ← ر

زر (ف) اسم مذکر ❶ سونا ❷ کندن ❸ طلا ❹ روپیہ پیسہ ❺ دھن دولت ❼ پھول کے اندر کا زرد رنگ کا زیرہ ❽ سونے چاندی کا تار ❾ کلابتو۔

زر اصل (ف) اسم مذکر ❶ مول ❷ سرمایہ ❸ وہ روپیہ جو قرض دیا جائے۔

زر باقی (ف) اسم مذکر۔ وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا۔

زربفت (ف) اسم مذکر بترکیب مفعولی ❶ زری ❷ دیبا ❸ کمخواب ❹ تمامی ❺ کلابتو سے بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا۔

زر بل نہ زور بل (ا) مثل۔ نہ روپیہ ہے نہ طاقت۔

زر بیعانہ (ف) ❶ سائی ❷ وہ روپیہ جو سودا پختہ کرنے کو دیا جائے یہ قیمت فروخت کا کچھ جزو ہوتا ہے۔

زر پیشگی (ف) اسم مذکر۔ وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کے عوض پہلے ہی دیا جائے۔

زر خرید (ف) اسم مذکر ❶ روپیہ دے کر خریدا ہوا ❷ ذاتی خریدا ہوا۔

زرخیز (ف) اسم مذکر ظرف ❶ پیداوار کی زمین ❷ سیراب و شاداب زمین ❸ سیر حاصل زمین۔

زردار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ مالدار ❷ امیر ❸ دھن والا ❹ روپے والا۔

زردار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ (ا) مصرعہ۔ سودا امیر کا غریب کا اللہ بیلی۔

زردوز (ف) اسم مذکر صفت فاعلی ❶ کار چوب ❷ زری کا کام کرنے والا۔

زر دوست (ف) اسم صفت فاعلی ❶ روپیہ کو عزیز رکھنے والا ❷ بخیل ❸ طامع ❹ حریص ❺ لالچی۔

زر ڈگری (ا) اسم مذکر ❶ ڈگری کا روپیہ ❷ وہ رقم جس کی ڈگری ہوئی ہو۔

زر رہن (ف) اسم مذکر۔ گروی کا روپیہ۔

زر سرخ (ف) اسم مذکر ❶ خالص سونا ❷ کندن ❸ طلا۔

زر سفید (ف) اسم مذکر ❶ چاندی ❷ سیم ❸ نقرہ۔

زر ضامنی (ف) اسم مونث۔ ضمانت کا روپیہ۔

زر فاضل (ف) اسم مذکر ❶ فالتو روپیہ ❷ زائد روپیہ۔

زر قرض (ف) اسم مذکر۔ قرض کا روپیہ۔

زرِ قلب (ف) اسم مذکر ❶ کھوٹا روپیہ ❷ کھوٹا سونا ❸ ملاوٹ کا سونا۔

زر کا جوتا / زر کی پیزار (ا) اسم مذکر و مونث ❶ چاندی کا جوتا کا مدار جوتا ❷ رشوت۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

**زرکوب** (ف) اسم مذکر فاعل ① ورق ساز ② چاندی سونا کوٹ کر ورق بنانے والا۔

**زرکوبی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ ورق سازی۔

**زرگر** (ف) اسم مذکر فاعل ① سنار ② زیورات گھڑنے والا۔

**زرگل** (ف) اسم مذکر۔ پھول کے اندر کا زرد رنگ کا زیرہ۔

**زرلگان/ زر مالگزاری** (ا) اسم مذکر ① ہل پڑنا ② زمین کا سرکاری خراج ③ مالیہ ④ زر مالگزاری ⑤ وہ رقم جو زمینداروں سے ہر فصل میں قسط کے طور وصول ہو کر داخل خزانہ ہوتی ہے۔

**زرمطالبہ** (ف) اسم مذکر ① سرکاری روپیہ ② بقایا ③ واجب الادا۔

**زرمنافع** (ف) اسم مذکر ① نفع کا روپیہ ② فائدہ کا روپیہ ③ سود ④ بیاج۔

**زرنگار** (ف) اسم صفت ① وہ چیز جس پر سنہری نقش بنے ہوئے ہوں ② سونے کا ملمع کیا ہوا۔

**زرنقد** (ف) اسم مذکر ① وہ روپیہ جو کٹوتی کاٹ کر لیا جائے ② روکڑ۔

**زراعت** (ء) اسم مونث ① کھیتی ② کشت کاری ③ بونا جوتنا ④ کھڑی فصل۔

**زراعت پیشہ** (عف) اسم مذکر فاعل ① کسان ② زمیندار ③ کاشتکار ④ مزارع۔

**زراعت کرنا** (ا) فعل ① کھیتی باڑی کرنا ② بونا ③ جوتنا ④ کاشتکاری کرنا۔

**زرباف** (ف) اسم مذکر بترکیب مفعولی ① سونے کے تاروں کا بنا ہوا کمخواب ② (بترکیب فاعلی) کمخواب بننے والا۔

**زربافی** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① تاربانی ② سنہرا ③ کمخواب بننے کا کام۔

**زرد** (ف) اسم صفت ① پیلا ② سنہرا ③ اصفر۔

**زرد پڑنا** (ا) فعل۔ خوف یا بیماری وغیرہ کے باعث چہرا پیلا ہو جانا۔

**زردرو** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① شرمندہ ② شرمسار ③ خجل ④ خجالت زدہ۔

**زردرو ہونا** (ا) فعل ① شرمندہ ہونا ② شرمسار ہونا۔

**زردروئی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① شرمندگی ② شرمساری ③ خجالت۔

**زردشت/ زرتشت** (ف) اسم مذکر۔ آتش پرستوں کا پیغمبر۔

**زردک** (ف) اسم مذکر ① گاجر ② گزر۔

**زردہ** (ف) اسم مذکر ① زرد رنگ کا گھوڑا ② صفرا ③ پت ④ انڈے کی زردی ⑤ میٹھے زرد رنگ کے چاول ⑥ پان میں کھانے کا تمباکو ⑦ زردی کوڑی۔

**زرد ہونا/ ہو جانا** (ا) فعل ① شرمندگی یا رنج یا عشق یا طول مرض سے رنگ زرد پڑ جانا ② خوب خشک ہو جانا ③ شرما جانا ④ خوف یا رعب میں آ جانا۔

**زردی** (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① زرد رنگ ② پیلا رنگ ③ انڈے کی زردی ④ مرض یرقان ⑤ پھول کے اندر کا زیرہ۔

**زرغل** (ا) اسم صفت ① خراب ② نکما ③ ناکارہ ④ کمزور ⑤ ناتواں ضعیف۔

**زرق برق/ زرق و برق** (ف) اسم صفت ① ٹیپ ٹاپ ② شان و شوکت ③ کروفر ④ چمکیلا ⑤ بھڑک دار آراستہ ⑦ سجا ہوا۔

**زرگری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سنار کا پیشہ ② ایک خاص اپنی بنائی ہوئی زبان کا نام۔

**زرگری جنگ** (ا) اسم مونث ① بناوٹ کی لڑائی ② جھوٹ موٹ کی لڑائی۔

**زرہ** (ف) اسم مونث ① چلتہ ② شن ③ بکتر ④ لوہے کے چھلوں سے بنی ہوئی لڑائی کی ایک پوشاک ⑤ لوہے کی تاروں کا کرتہ۔

**زرہ پوش** (ف) اسم مذکر فاعل ① چلتہ پہننے والا ② بہادر سپاہی۔

**زری** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① سونے کا ② سونے کا تار ③ سونے کا ملمع کیا ہوا چاندی کا تار ④ کلابتونی کپڑا ⑤ بادلہ تاش ⑦ نمائی وغیرہ۔

**زری گوٹے والا** (ا) اسم فاعل۔ پرانا گوٹا خریدنے والا۔

**زرین** (ف) اسم صفت ① سنہری ② سنہرا ③ سونے کا۔

## ز ← ڑ

**زڑ** (ہ) اسم مونث ① بکواس ② بیہودہ بکنا ③ یاوہ گوئی ④ بے فائدہ کلام کی طوالت ⑤ بڑ۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

زڑ مارنا/ ہانکنا (ا) فعل ❶ بکواس کرنا ❷ بڑ ہانکنا ❸ بڑ مارنا ❹ یاوہ گوئی کرنا ❺ بے ہودہ اور بے فائدہ بکے جانا۔

زڑی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ بکواسی ❷ بک بک کرنے والا ❸ یاوہ گو ❹ ایک ہی قسم کی باتیں بکتے رہنے والا ❺ کلام کو طول دینے والا۔

## ز ← ش

زشت (ف) اسم صفت ❶ برا ❷ بھونڈا ❸ بدشکل ❹ بدصورت۔

زشت رو (ف) اسم صفت ❶ بدشکل ❷ بری صورت والا۔

## ز ← ع

زعفران (ء) اسم مونث ❶ کیسر ❷ ایک قسم کا زرد رنگ کا خوشبودار پھول۔

زعفران کا کھیت (ا) اسم مذکر ❶ کیسر کی کیاری ❷ ہنسانے والا مقام ❸ ایسی جگہ جہاں خود بخود جوش مسرت سے ہنسی آ جائے۔

زعفرانی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ کیسری رنگ کا ❷ پیلا ❸ زرد ❹ زعفران کے رنگ کا۔

زعم (ء) اسم مذکر ❶ گمان ❷ خیال ❸ ظن۔

## ز ← غ

زغن (ف) اسم مذکر و مونث ❶ چیل ❷ غلیواز۔

زغند (ف) اسم مونث ❶ چھلانگ ❷ چوکڑی ❸ جست ❹ کود پھاند۔

## ز ← ف

زفاف (ء) اسم مونث ❶ میکلاوہ ❷ دلھن کی اپنے دولھا کے گھر روانگی ❸ ہمبستری ❹ سہاگ کی رات ❺ تخت کی رات۔

زفیر/ زفیل (ء) (ا) اسم مونث۔ سیٹی۔

زفیل دینا (ا) فعل ❶ سیٹی دینا ❷ سیٹی بجانا۔

## ز ← ق

زقوم (ء) تھوہر۔

## ز ← ک

زک (ا) اسم مونث ❶ شرمندگی ❷ خفت ❸ ندامت ❹ ذلت ❺ ہار شکست ❼ نقصان ❽ خسارہ۔

زک اٹھانا/ زک پانا (ا) فعل ❶ ہار ماننا ❷ نقصان اٹھانا ❸ شرمندگی اٹھانا۔

زک دینا (ا) فعل ❶ ہرانا ❷ شکست دینا ❸ شرمندہ کرنا ❹ ذلیل و رسوا کرنا۔

زک کھانا (ا) فعل ❶ ذلیل ہونا ❷ خفیف ہونا ❸ شرم اٹھانا ❹ شکست کھانا۔

زکام (ء) اسم مذکر ❶ ریزش ❷ نزلہ ❸ وہ سردی کی بیماری جس میں ناک بہے۔

زکاوت (ء) اسم مونث (دیکھو ذکاوت)

زکریا (ء) اسم مذکر۔ حضرت سلیمان بن داؤد کی نسل سے ایک پیغمبر کا نام ہے۔

زکوۃ (ء) اسم مونث ❶ پاک کرنا ❷ پاکیزگی ❸ مال کا چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہ خدا میں دیا جائے۔

زکی (ء) اسم صفت ❶ ذہین ❷ دانا (دیکھو ذکی)

## ز ← ل

زلال (ء) اسم صفت مذکر ❶ نتھرا ہوا پانی ❷ صاف اور شیریں پانی ❸ ٹھنڈا اور میٹھا پانی ❹ دراصل ایک سفید دو انگل لمبے برفانی کیڑے کا

Join us on whatsapp Naveed BaIG 03149071218

نام ہے جس کو مرنے کے بعد پانی میں ڈالنے سے پانی سرد ہو جاتا ہے۔

**زلزلہ** (ع) اسم مذکر (1) بھونچال (2) لرزہ (3) جنبش (4) ہالن ڈولن (5) ہل چل (6) کھلبلی (7) تہلکہ۔

**زلزلہ پڑ جانا** (ا) فعل (1) کھلبلی مچنا (2) ہل چل پڑنا (3) تہلکہ مچ جانا۔

**زلف** (ع) اسم مونث (1) لغوی معنی رات کا پہلا حصہ (2) فارسی والے اصلاحاً بالوں کی لٹ جو کنپٹی کے اوپر سے چھوڑ کر حلقہ کی طرح بنا لیتے ہیں (3) گیسو (4) کاکل۔

**زلفی / زلفی زنجیر** (ا) اسم مونث۔ وہ کنڈیاں جو کواڑوں میں اس غرض سے لگائی جاتی ہیں کہ کواڑ چولے سے اتر نہ سکیں یہ کواڑ اور چوکھٹ کے درمیان ہوتی ہیں۔

**زلفیاں** (ا) اسم مونث (1) زلفی کی جمع (2) زنجیریں۔

**زلہ** (ع) اسم مذکر (1) پس خوردہ (2) آگے سے بچا ہوا کھانا (3) کسی کے لئے اٹھا کر رکھا ہوا کھانا۔

**زلہ ربا** (عف) اسم مذکر (1) جوٹھا کھانے والا (2) مراد خوشہ چین۔

**زلہ ربائی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) خوشہ چینی (2) جھوٹھا کھانا۔

**زلیخا** (ع) اسم مونث۔ عزیز مصر کی بیوی جو یوسف علیہ السلام پر عاشق ہوئی تھی۔

## ز ← م

**زمام** (ع) اسم مونث (1) باگ (2) باگ ڈور (3) نکیل۔

**زمانہ** (ف) اسم مذکر (1) آسمانی حرکت کا اندازہ (2) وقت (3) سماں (4) ہنگام (5) دنیا عالم (7) دہر (8) دنیا کے لوگ (9) مخلوق۔

**زمانہ بھر** (ا) تابع فعل (1) تمام دنیا (2) سارا جہان۔

**زمانہ پھر جانا** (ا) فعل (1) زمانہ بدل جانا (2) زمانہ الٹ جانا (3) لوگوں کا اپنے خلاف اور دشمن ہو جانا۔

**زمانہ دیکھنا** (ا) فعل (1) تجربہ حاصل کرنا (2) دنیا میں پھرنا (3) دنیا کو دیکھ ڈالنا۔

**زمانہ ساز** (ف) اسم صفت فاعلی (1) مطلب کا یار (2) خود غرض (3) ہوا کے رخ رہنے والا۔

**زمانہ سازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) خوشامد (2) خود غرضی (3) ظاہر داری۔

**زمانہ کا لہو سفید ہونا** (ا) فعل (1) آپس میں محبت نہ رہنا (2) محبت کا دنیا سے اٹھ جانا۔

**زمانہ کا موافق ہونا** (ا) فعل (1) اقبال یاور ہونا (2) قسمت مددگار ہونا (3) نصیب اچھے ہونا۔

**زمرد** (ع) اسم مذکر (1) ایک سبز رنگ کے قیمتی پتھر کا نام ہے (2) سبزہ (3) جواہر (4) سبز پنا۔

**زمردیں** (ف) اسم صفت (1) سبز (2) ہرا (3) سبز (4) رنگت میں زمرد جیسا۔

**زمرہ** (ع) اسم مذکر (1) جتھا (2) گروہ (3) جماعت (4) ساتھ (5) ہمراہی بھیڑ (7) فوج۔

**زمزم** (ع) اسم مذکر۔ بی بی ہاجرہ کا کنواں جو کعبے میں اب تک موجود ہے۔

**زمزمہ** (ع) اسم مذکر (1) راگ (2) نغمہ (3) سر (4) لے (5) ترانہ گیت جو آتش پرست آگ کی پوجا کے وقت سریلی آواز سے گاتے ہیں۔

**زمزمی** (ع) اسم مونث۔ آب زمزم رکھنے کا برتن۔

**زمستان** (ف) اسم مذکر ظرف (1) جاڑا (2) سردی (3) موسم سرما۔

**زمہریر** (ف) اسم مذکر ظرف (1) کرہ ہوائی کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے (2) سخت سردی (3) بہت جاڑا (4) دوزخ کے ایک طبقہ کا نام بھی ہے جس میں سردی کا عذاب ہوگا (5) لغوی سرد کر دینے والا۔

**زمین** (ف) اسم مونث (1) (زم بمعنی خنکی و ین کلمہ نسبت سے مرکب ہے) دھرتی (2) بھوم (3) بھومی (4) دنیا (5) جہان (6) علام (7) تختہ (8) خط (9) ملک۔

**زمین اٹھنا** (ا) فعل (1) زمین کا اجارہ پر دیا جانا (2) زمین کا ٹھیکے پر بولا جانا (3) سرسبز ہونا۔

**زمین آسمان ایک کر دینا** (ا) فعل (1) چھان مارنا (2) تلاش کرنا (3) جستجو میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا۔

**زمین آسمان کا فرق** (ا) اسم مذکر (1) بہت بڑا فرق (2) نہایت فرق۔

**زمین آسمان کے قلابے ملانا** (ا) فعل (1) بہت باتیں بنانا (2) جھوٹی سچی باتیں بہت بنانا (3) شیخی مارنا (4) لاف زنی کرنا۔

**زمین بلند ہونا** (ا) فعل۔ غزل کی زمین کا سخت اور مشکل ہونا۔

**زمین بوس ہونا** (ا) فعل (1) سلام کرنا (2) حاضر خدمت ہونا (3) زمین چومنا آستاں بوسی کرنا (4) سجدہ زمین کرنا۔

**زمین بیٹھنا** (ا) فعل (1) زمین کا نیچے دب جانا (2) نیچے دھنس جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

زمین پاؤں کو لگنا (ا) فعل ① کثرت آمد و رفت کی وجہ سے کسی راستہ کا مشتاق ہونا ② کسی زمین پر چلنے کی عادت ہو جانا۔

زمین پر پاؤں نہ رکھنا (ا) فعل ① بہت اترانا ② نہایت غرور کرنا ③ زمین کو اپنے پاؤں رکھنے کے قابل نہ جاننا ④ بڑھکر چلنا ⑤ بے حد متکبر ہونا۔

زمین پر چڑھنا / زمین چڑھنا (ا) فعل ① گھوڑے کا دن بدن تیز رفتاری میں مشاق ہونا ② دوڑ دھوپ میں روز بروز بڑھتے جانا۔

زمین پکڑنا (ا) فعل ① کسی جگہ سے نہ ہلنا ② جم کر بیٹھ رہنا ③ جم جانا ④ کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا۔

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں (ا) مثل۔ زندگی سے نفرت اور نہایت شرمندگی کے وقت بولا کرتے ہیں کہ اس جینے سے مرنا بہتر ہے۔

زمین دکھانا / دکھلانا (ا) فعل ① گرا دینا ② ٹپکنا ③ پچھاڑنا ④ نیچا دکھانا ⑤ دے مارنا۔

زمین دوز (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① زمین میں دھنسا ہوا ② مجازاً وہ کنواں جس کی منڈیریں زمین سے اوپر نہ ہوں ③ زمین میں دھنسا ہوا وہ خیمہ جس کے چاروں طرف کا کپڑا ہوا کے دباؤ کے واسطے زمین میں دبا دیا کرتے ہیں۔

زمین دیکھنا (ا) فعل ① نیچا دیکھنا ② شرمندگی اٹھانا ③ ذلیل ہونا ④ قے کرنا ⑤ الٹی کرنا۔

زمین سخت آسمان دور ہے (ا) مثل ① جان سے بیزار ② مرنے کو تیار ہوں مگر دفعتہ نہ تو زمین میں دھنس سکتا ہوں نہ آسمان تک پہنچ سکتا ہوں دونوں طرح مصیبت ہے۔

زمین سے پڑا پانا (ا) فعل ① مفت مل جانا ② بے محنت ملنا ③ راہ چلتے مل جانا۔

زمین غیر مزروعہ (ف) اسم مونث ① بنجر زمین ② وہ زمین جو بوئی جوتی نہ جائے۔

زمین کا پاؤں تلے سے نکل جانا / سرک جانا (ا) فعل ① حواس ٹھکانے نہ رہنا ② کسی صدمے یا حادثہ کی خبر سن کر کانپ جانا ③ تھرانا ④ بے حواسی سے پاؤں کا ڈگمگا جانا۔

زمین کا پیوند ہو (ا) ① دعائے بد ② مرجائے ③ قبر میں چلا جائے ④ دفن ہو جائے۔

زمین کا گز (ا) اسم مذکر ① ہمیشہ سفر ② سیاحت میں رہنے والا ③ بہت چلنے پھرنے والا ④ سیاح۔

زمین کا گز ہو جانا / بننا (ا) فعل ① دنیا جہان کو چھان مارنا ② بہت جہاں گردی کرنا۔

زمین کھا گئی کہ آسمان / زمین کھا گئی یا آسمان (ا) محاورہ۔ کسی دفعتہً غائب اور گم ہو جانے والی چیز کی نسبت بولا جاتا ہے۔

زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا (ا) فعل ① سوال کچھ جواب کچھ ② سوال دیگر جواب دیگر۔

زمین مزروعہ (ف) اسم مونث ① کھیتی باڑی کے قابل زمین ② بوئی جوتی زمین۔

زمین میں سمانا (ا) فعل ① دھرتی میں گڑنا ② غیرت و شرم کے مارے زمین میں گڑنے کی آرزو کرنا۔

زمین میں گڑنا / گڑ جانا (ا) فعل ① سخت شرمندہ ہونا ② شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا ③ زمین میں دھنس جانا۔

زمین دار / زمیندار (ف) اسم مذکر فاعل ① زمین والا ② کھیتی باڑی کرنے والا ③ ہل جوتا ④ کسان ⑤ دہقان ⑥ سائی ⑦ مانی ⑧ ٹھاکر ⑨ جاگیردار۔

زمیندارا / زمیندارہ (ا) اسم مذکر ① حق زمینداری ② مالکانہ۔

زمیندارنی (ا) اسم مونث ① زمیندار کی عورت ② کسان کی عورت۔

زمینداری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① کاشتکاری ② کسان پنا ③ جاگیرداری۔

## ز ← ن


(زن)

زن (ف) اسم مونث ① استری ② عورت ③ جورو ④ بیوی ⑤ زوجہ ⑥ اہلیہ۔

زن مرید (ف) اسم مذکر ① جورو کا غلام ② عورت کے کہنے پر چلنے والا ③ بیوی کا حکم ماننے والا۔

زن مدخولہ (ف) اسم مونث ① گھر میں ڈالی ہوئی عورت ② وہ عورت جسے ماں باپ بیاہ کر نہ دیا ہو اور خود کسی سبب سے اس سے نکاح کر لیا ہو ③ نکاحی عورت۔

زن منکوحہ (ف) اسم مونث بیاہتا بیوی۔ باقاعدہ نکاح کر کے لائی ہوئی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

عورت۔

**زنا** (ء) اسم مذکر (1) جاری (2) حرامکاری (3) بدکاری (4) کسی غیر عورت سے صحبت کرنا۔

**زنا بالجبر** (ء) اسم مذکر (1) زبردستی حرام کرنا (2) کسی عورت سے اس کی مرضی بغیر حرامکاری کرنا۔

**زنا کار** (عف) اسم صفت فاعلی (1) حرامکار (2) بدکار (3) زانی (4) فاجر (5) فاسق۔

**زناکاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) حرامکاری (2) زنا (3) فسق و فجور۔

**زناٹا** (ہ) اسم مذکر صوت (1) کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوئے جانے کی آواز (2) سائیں سنسناہٹ۔

**زناخ** (ا) اسم مونث۔ مرغ یا کبوتر کے سینہ کی دوشاخی ہڈی۔

**زناخی** (ا) اسم مونث۔ بیائے فاعلیت۔ دہلی کی قلعہ والیوں کا دستور تھا کہ وہ باہم اس قسم کے رشتے اور بہناپے کر کے ایک دوسری کو خطاب کرتی تھیں۔

**زنار** (ف) اسم مذکر و مونث (1) جنیو (2) وہ تاگا جو ہندو لوگ آڑا ترچھا گلے میں ڈالا کرتے ہیں۔

**زنار بند/ زنار دار** (ف) اسم مذکر فاعل (1) جنیو پہننے والا (2) برہمن (3) دوجما (4) یعنی ہندوؤں کی تین اونچی ذاتیں (5) برہمن چھتری (7) اور ویش۔

**زنانہ** (ف) اسم مذکر (1) عورتوں جیسا (2) زنخہ (3) ہیجڑا (4) مخنث (5) عورتوں کی سی حرکتیں کرنے والا آدمی (6) بھانڈ (7) پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان (8) حرم سرائے (9) (بحالت صفت) نامرد۔

**زنانی** (ا) اسم مونث (1) عورت (2) استری (3) زن۔

**زنبق** (ء) اسم مذکر۔ نرگس کی قسم کا ایک سفید رنگ کا پھول جو دھتورے کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے۔

**زنبور** (ف) اسم مذکر (1) بھڑ (2) تتیا (3) سنسی کی طرح کا ایک اوزار جس کا منہ گول ہوتا ہے (4) سنڈاسی چھوٹی توپ۔

**زنبورچی** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) زنبور چلانے والا (2) توپچی (3) برقنداز (4) سپاہی (5) بندوقچی۔

**زنبورک** (ف) اسم مونث۔ چھوٹی توپ۔

**زنبیل** (ف) اسم مونث (1) کچکول (2) گداگروں کی جھولی (3) بھینک مانگنے کی کشتی (4) چپپی (5) کاسہ گدائی (6) عمرو عیار کی جھولی جس میں زمانہ بھر کی چیزیں رکھ لیا کرتا تھا۔

**زنجیر** (ف) اسم مونث (1) کنڈی (2) سنگل (3) بیڑی (4) لڑی (5) توڑا گلے کی زنجیر (6) فیل کے تعداد کے ساتھ اس کا سر لفظ ہوتا ہے۔

**زنجیر ڈالنا** (ا) فعل (1) بیڑیاں ڈالنا (2) بیڑی پہنانا (3) قید کرنا۔

**زنجیر کھٹکھٹانا/ مارنا** (ا) فعل (1) کنڈی کھڑکانا (2) دستک دینا (3) بلانا۔

**زنجیرا** (ا) اسم مذکر (1) لڑی (2) سلسلہ (3) توڑا ہار (4) کنٹھی (5) حلقہ دار کشیدہ لہریا۔

**زنجیری** (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت۔ ایک قسم کی زنجیردار گولی یا گولہ۔

**زنخ/ زنخدان** (ف) اسم مونث (1) ٹھوڑی (2) ٹھوڈی (3) ذقن۔

**زنخا** (ا) اسم مذکر (1) وہ آدمی جو عورتوں کی سی باتیں اور حرکات و سکنات کرے (2) ہیجڑا (3) نچنیا (4) بھانڈ (5) بزدل (6) نامرد (7) نازک کمر (8) پتلی کمر والا۔

**زندان** (ف) اسم مذکر ظرف (1) قید خانہ (2) جیل خانہ (3) محبس (4) بندی خانہ بجن۔

**زندگانی** (ف) اسم مونث (1) عمر (2) زندگی (3) زیست (4) حیات۔

**زندگی** (ف) اسم مونث (دیکھو زندگانی) (اسی میں ی مصدری ہے)

**زندگی بھر** (ا) تابع فعل (1) جیتے جی (2) تمام عمر (3) تاحیات۔

**زندگی تلخ ہونا** (ا) فعل (1) جینا دوبھر ہونا (2) جینے کا لطف نہ رہنا۔

**زندگی سے تنگ آنا** (ا) فعل (1) جینے سے بیزار ہونا (2) زندگی سے خفا ہو جانا۔

**زندگی سے ہاتھ اٹھانا/ دھونا** (ا) فعل (1) جینے کی امید نہ رکھنا (2) جینے سے ناامید ہونا۔

**زندگی کا جام پینا** (ا) فعل (1) کسی کی یاد میں شراب یا شربت کا پیالہ پی کر اس کی سلامتی کی دعا مانگنا (2) کسی جلسے میں اپنے عزیز یا حاکم وغیرہ کی درازی حیات کی دعا کرنا۔

**زندہ** (ف) اسم فاعل قیاسی مفید صفت (1) جیتا (2) ذی حیات (3) ذی روح (4) خوش (5) تازہ (6) جاگتا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

زندہ باش (ف) دعائیہ فقرہ ❶ جیتا رہ ❷ سلامت رہ ❸ مرحبا ❹ آفرین ❺ شاباش۔

زندہ درگور ہونا (ا) فعل ❶ موت سے پہلے مرنا ❷ جیتے جی مرنا ❸ نہایت تکلیف میں ہونا۔

زندہ دل (ف) اسم صفت فاعلی ❶ خوش طبع ❷ خوش مزاج ❸ دل لگی والا ❹ ظریف ❺ باحوصلہ۔

زندہ دلی (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری ❶ دل لگی ❷ ظرافت ❸ چہل ❹ مردہ دلی کی ضد۔

زندہ رہنا (ا) فعل ❶ سلامت رہنا ❷ جیتا رہنا ❸ سرسبز رہنا ❹ پھلنا ❺ پھولنا۔

زنگ (ف) اسم مذکر ❶ لوہے کا میل ❷ جر کدورت ❸ گھنگرو۔

زنگ آلود/ آلودہ (ف) اسم صفت مفعولی ❶ زنگ خوردہ ❷ مورچہ کا کھایا ہوا ❸ کھنڈا ❹ کند۔

زنگ لگنا (ا) فعل ❶ جر لگنا ❷ مورچہ لگنا۔

زنگار (ف) اسم مذکر ❶ تانبے کا جر ❷ تانبے کا کساؤ ❸ نیلا تھوتھا۔

زنگاری (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ زنگار کے رنگ کا ❷ سبز ❸ ہرا ❹

زنگولہ (ف) اسم مذکر ❶ گھنٹا ❷ گھنگرو ❸ جرس ❹ ٹال۔

زنگی (ف) اسم مذکر صفت بیائے نسبتی ❶ زنگار کا باشندہ ❷ حبشی۔

زنگی ہڑ (ف) تابع فعل ❶ چھوٹی ہڑ ❷ کالی ❸ ہڑ ❹ ہلیلہ سیاہ۔

زنہار (ف) تابع فعل حرف تاکید نفی ❶ ہرگز نہیں ❷ بالکل نہیں ❸ پناہ ❹ بچاؤ۔

## ز ← و

زوال (ء) اسم مذکر ❶ کمی ❷ گھٹاؤ ❸ اتار ❹ ادبار ❺ بدبختی۔

زوال کا وقت (ا) اسم مذکر ❶ تیسرا پہر ❷ دھوپ ڈھلنے کا وقت ❸ گھٹتی کا وقت ❹ دوپہر کے بعد کا وقت۔

زوال ماہ (عف) اسم مذکر ❶ چاند کا پورا ہونے کے بعد گھٹنا ❷ اندھیرا ❸ پاکھ۔

زوائد (ء) اسم صفت ❶ زائد کی جمع ❷ زیادہ فضول ❸ فالتو۔

زوج (ء) اسم مذکر ❶ جوڑا ❷ جٹ ❸ جفت ❹ خاوند ❺ جورو ❻ وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو سکے۔

زوج الزوج (ء) اسم مذکر۔ وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے۔

زوج الفرد (ء) اسم مذکر ❶ وہ عدد جو جفت اور طاق یعنی دو اور تین دونوں پر بٹ سکے ❷ جیسے ۶۔۱۲۔۱۸۔

زوجہ (ء) اسم مونث ❶ جورو ❷ بیوی ❸ استری ❹ گھر والی ❺ اہلیہ۔

زوجیت (ء) اسم مونث ❶ جوڑا ہونا ❷ بیوی بننے کا حق ❸ نکاح ❹ بیاہ ❺ عقد۔

زوجیت میں لانا (ا) فعل ❶ بیوی بنانا ❷ جورو بنانا ❸ نکاح میں لانا۔

زود (ف) اسم صفت ❶ جلدی ❷ شتابی ❸ ترت ❹ تاولی ❺ ابھی۔

زود آشنا (ف) اسم صفت فاعلی ❶ جلدی یار بن جانے والا ❷ جلدی گھل مل جانے والا۔

زود رنج (ف) اسم صفت فاعلی ❶ بہت جلد خفا ہو جانے والا ❷ تیز مزاج ❸ جلے تن ❹ تنک مزاج۔

زودرس/ زود فہم (ف) اسم صفت فاعلی ❶ بات کی تہ کو جلدی پہنچ جانے والا ❷ تیز فہم ❸ ذکی ❹ بہت جلدی سمجھ جانے والا۔

زود نویس (ف) اسم صفت فاعلی ❶ جلد جلد لکھنے والا ❷ تیز قلم آدمی۔

زور (ء) اسم مذکر ❶ جھوٹ ❷ دروغ ❸ دغا ❹ فریب ❺ مکر۔

زور (ف) بواؤ مجہول اسم مذکر ❶ بل ❷ طاقت ❸ قوت ❹ توانائی ❺ حکم ❻ حکومت ❼ زبردستی ❽ جبر ❾ غلبہ۔

زور آزمانا (ا) ❶ زور کا امتحان کرنا ❷ طاقت دکھانا ❸ قوت ظاہر کرنا ❹ بل دکھانا۔

زور آزمائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ طاقت دکھانا ❷ کشتی ❸ بل ظاہر کرنا۔

زور آنا (ا) فعل ❶ طاقت بڑھنا ❷ قوت زیادہ ہونا ❸ طاقتور ہونا ❹ توانا ہونا۔

زور آور (ف) اسم صفت فاعلی ❶ بلی ❷ قوت دار ❸ طاقتور ❹ قوی ❺ بلوان ❻ بلونت۔

زور آوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ طاقت ❷ بل ❸

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

توانائی ④ زبردستی۔

زور بازو سے (ا) تابع فعل ① اپنی طاقت سے ② قوت بازو سے ③ اپنی محنت سے۔

زور پر (ا) تابع فعل ① کمال پر ② زیادتی پر ③ ترقی پر۔

زور پر چڑھنا (ا) فعل ① دباؤ پڑنا ② بوجھ پڑنا ③ طاقت صرف ہونا ④ مجبور کیا جانا۔

زور جتانا/ دکھانا (ا) فعل ① طاقت ظاہر کرنا ② دباؤ ڈالنا ③ حکومت دکھانا۔

زور چلانا (ا) ① زبردستی یا رعب سے کوئی کام لینا ② بل دکھانا ③ حکومت چلانا۔

زور چلنا (ا) فعل ① دباؤ پڑنا ② حکم چلنا ③ بس چلنا ④ قابو چلنا۔

زوردار (ف) اسم صفت فاعلی ① بلوان ② بلونت ③ بلی ④ طاقتور ⑤ قوی ⑥ مضبوط۔

زور دکھانا (ا) فعل ① طاقت دکھانا ② غرور کرنا۔

زور دینا (ا) فعل ① دباؤ ڈالنا ② بوجھ ڈالنا ③ کسی لفظ کو زیادہ زور سے ادا کرنا ④ سخت کرنا ⑤ زور بڑھانا ⑥ قوت دینا ⑦ مدد دینا ⑧ حمایت کرنا ⑨ تاکید کرنا۔

زور ڈالنا (ا) فعل ① دبانا ② مجبور کرنا ③ تنگ کرنا ④ طاقت دکھانا ⑤ مدد کرنا ⑥ دباؤ ڈالنا۔

زور سے (ا) تابع فعل ① جلدی سے ② تیزی سے ③ طاقت سے ④ سختی سے ⑤ بمشکل ⑥ بشدت کثرت سے ⑦ بلند آواز سے۔

زور شور (ف) اسم مذکر ① تیزی ② شدت ③ چڑھاؤ ④ طغیانی۔

زور شور سے (ا) تابع فعل ① دھڑے سے دھوم سے ② شان و شوکت سے ③ جوش وخروش کے ساتھ ④ بڑی طاقت کے ساتھ۔

زور شور کا (ا) اسم صفت ① بھاری ② گھنگھور ③ نہایت شدت کا ④ پر جوش۔

زور ظلم (ف) اسم مذکر ① سختی ② زبردستی ③ زیادتی ④ جبر وقہر۔

زور کرنا (ا) فعل ① زور لگانا ② طاقت آزمانا ③ کوشش وسعی کرنا ④ دو پہلوانوں کا بیلیں میں داؤ پیچ کرنا ⑤ ترقی کرنا۔

زور لگانا (ا) فعل ① اپنی ساری طاقت خرچ کرنا ② آگے کو بڑھانا ③ ہاتھ لگانا ④ ہمت کرنا ⑤ مدد کرنا ⑥ کوشش کرنا ⑦ سعی کرنا ⑧ ممانعت کرنا۔

زور مارنا (ا) فعل ① اپنا سارا بل رکھ پانا ② نہایت کوشش کرنا۔

زور میں آنا/ بھرنا (ا) فعل ① جوانی یا جوبن میں بھرنا ② طاقت میں مکمل ہونا۔

زور نکالنا (ا) فعل ① طاقت گھٹانا ② کمزور کرنا ③ کسی ناتواں پر طاقت آزمائی کرنا۔

زورازوری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① دھینگا دھینگی ② زبردستی ③ جبراً۔

زوروں پر آنا/ ہونا (ا) فعل ① طاقتور ہونا ② طاقت میں بھرنا ③ شدت پر ہونا ④ بکثرت ہونا ⑤ جوانی یا جوبن میں بھرنا ⑦ موٹا تازہ ہونا ⑧ غرور کرنا ⑨ تکبر کرنا۔

زوف ہے (ا) محاورہ ① لعنت ہے ② تھو ہے ③ تف ہے۔

زوفا (ء) اسم مذکر۔ ایک قسم کی دوائی اور اس کے پھول کا نام ہے جس کا شربت بنایا جاتا ہے۔

## ز ← ہ

زہ (ف) اسم مونث ① کنارہ ② منڈیر ③ کمان کا چلہ ④ جننا ⑤ بچہ دینا وضع حمل ہونا ⑦ واہ وا ⑧ شاباش ⑨ مرحبا۔

زہ کرنا (ا) فعل ① کمان کا چلہ چڑھانا ② دیوار کی کانس بنانا۔

زہد (ء) اسم مذکر ① پرہیزگاری ② پارسائی ③ تقوے۔

زہر (ف) اسم مذکر ① بس ② سم ③ وہ شے جس کے کھانے سے جاندار مر جائے ④ کڑوا ⑤ تلخ ⑥ برا ⑦ ناگوار ⑧ خلاف طبع ⑨ غصہ۔

زہر اگلنا (ا) فعل ① منہ سے زہر نکالنا ② مجازاً طعنے دینا ③ برا بھلا کہنا ④ فساد کی باتیں زبان پر لانا ⑤ بدلہ لینا ⑥ غصہ نکالنا ⑦ بدگوئی کرنا ⑧ بہکانا ⑨ کسی بات کے شروع ہونے پر اس کے بالکل برخلاف رائے دینا۔

زہر آلود/ زہر آلودہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① زہریلا ② لیس بھرا ③ زہر کا بھرا ہوا ④ زہر میں بجھایا ہوا۔

زہر آب (ف) اسم مذکر ① زہر کا پانی ② زہر گھلا ہوا پانی۔

زہرباد (ف) اسم مذکر ① خناق ② انتڑیوں کی خشکی کے سبب سے گلے کا خشک ہو جانا ③ کنٹھ روگ ④ ایک خطرناک مرض جو ہاتھی گھوڑے وغیرہ کے فوطہ پر ہوتی ہے ⑤ بادخایہ ⑥ سانس کے راستہ سے سرایت کرنے والا زہر۔

زہر چھٹکنا (ا) فعل ① زہر پھیلنا ② زہر چڑھنا ③ زہر کا تمام بدن میں اثر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149047218

کروانا④ (بصورت متعدی) زہر پھیلانا⑤ زہر چڑھانا۔

زہردار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① زہریلا ② بس بھرا ③ سمی۔

زہر دینا (ا) فعل ① زہر کھلانا ② زہر سے مارنا۔

زہر قاتل (ف) اسم صفت ① مار ڈالنے والا زہر ② مہلک زہر۔

زہر کرنا/کر دینا (ا) فعل ① کڑوا کر دینا ② تلخ کر دینا ③ بدمزہ کر دینا ④ ناگوار کرنا ⑤ کھانے میں نمک اندازے سے زیادہ ڈال دینا۔

زہر کھانا (ا) فعل ① کوئی جان نکل جانے والی چیز کھالینا ② مرنا ③ جان دینا ④ کسی پر عاشق ہونا ⑤ دشمنی کرنا ⑥ عداوت کرنا ⑦ بیر رکھنا ⑧ حسد رکھنا ⑨ رشک وحسد سے مرنا۔

زہر کی چھری (ا) اسم صفت ① زہریلا ② بس کی گانٹھ ③ فتنہ انگیز ④ شہد کی چھری کی ضد۔

زہر کے سے گھونٹ پینا (ا) فعل ① دل ہی دل میں بل کھانا ② بس گھولنا ③ مجبور ہوکر غصے کو ضبط کرنا ④ اندر ہی اندر جلنا ⑤ کڑھنا۔

زہر کے گھونٹ ہونا (ا) فعل ① تلخ ہونا ② ناگوار گزرنا۔

زہر کی گانٹھ (ا) اسم صفت ① بس کی گانٹھ ② نہایت فسادی ③ فتنہ انگیز۔

زہر لگنا (ا) فعل ① بے حد برا معلوم ہونا ② سخت ناگوار گزرنا ③ برا لگنا۔

زہر مار کرنا (ا) فعل ① غم یا غصہ کی حالت میں مجبوراً کھانا ② بیدلی سے کھانا۔

زہر مہرہ (ف) اسم مذکر ① بس مار ② تریاق ③ ایک قسم کا پتھر ہوتا ہے جو زہر کو چوس لیتا ہے ④ موسم گرما میں بچوں کو ٹھنڈک دینے کا ایک سبز پتھر۔

زہر مہرہ خطائی (ف) اسم مذکر۔ شہر خطا کا زہر مہرہ جو نہایت عمدہ اور خوش رنگ ہوتا ہے۔

زہر میں بجھانا (ا) فعل ① زہر کے پانی میں بجھا دینا ② زہر آلود کرنا ③ بس ملانا۔

زہر میں بجھا ہوا (ا) اسم صفت مفعولی ① زہر آلود ② وہ ہتھیار جس کا زخم کبھی اچھا ہو ③ فسادی۔

زہر ہتھیلی پر رکھا ہو بے کھائے نہیں مرت (ہ) مثل۔ کوئی کام کیے بغیر سزا نہیں مل سکتی۔

زہر ہونا/ہو جانا (ا) فعل ① کڑوا ہونا ② تلخ ہو جانا ③ نمک بہت پڑ جانا ④ برا ہونا ⑤ باعث تکلیف ہونا۔

زہر ہے (ا) محاورہ ① مہلک زہر ہے ② نقصان دہ ہے ③ کڑوا ہے ④ تلخ ہے ⑤ بدمزہ ہے۔

زہرا (ع) اسم مونث ① زرد رنگ کا ② زرد رنگ ③ حضرت فاطمہ کا لقب۔

زہرہ (ہ) اسم مونث ① ایک ستارے کا نام ہے جو تیسرے آسمان پر ہے ② ایک خوبصورت عورت کا نام ہے جس پر ہاروت و ماروت عاشق ہو کر مبتلائے عذاب الٰہی ہو گئے۔

زہرہ جبیں (ف) اسم صفت ① زہرہ کی سی پیشانی والا ② خوبصورت ③ ماہ رو۔

زہرہ (ف) اسم مذکر ① پتا ② ایک اندرونی عضو کا نام ہے جس میں زرد اور نیلے رنگ کا کڑوا پانی بھرا ہوتا ہے اور ہر جاندار کے جگر سے چمٹا رہتا ہے ③ حوصلہ ④ ہمت دلیری ⑤ جگر ⑥ گردہ ⑦ کلیجہ۔

زہرہ آب ہونا (ا) فعل ① رعب چھانا ② رعب اور خوف طاری ہونا ③ نامردی چھانا۔

زہرہ پھٹنا (ا) فعل ① خوف سے جگر ٹکڑے ہونا ② رعب چھانا ③ دل دھڑکنا ④ متحیر ہونا ⑤ حیرت مین رہنا ⑦ حسد کرنا۔

زہریلا/زہریلی (ہ) اسم مذکر ومونث ① بس بھرا ② زہردار ③ شریر ④ فسادی ⑤ فتنہ انگیز۔

## ز ← ی

زیادتی/زیادتی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کثرت ② بہتات ③ شدت ④ افراط ⑤ زبردستی ⑥ جبر ⑦ ظلم۔

زیادتی کرنا (ا) فعل ① زبردستی کرنا ② سختی کرنا ③ جبر کرنا۔

زیادہ (ف) اسم صفت ① بہت ② افزوں بیش ③ بڑھا ہوا ④ فالتو ⑤

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

فاضل ⑦ سوا۔

**زیادہ تر** (ف) اسم صفت ① بہت زیادہ ② بیشتر۔

**زیادہ حد ادب** (ف) دعائے خاتمہ۔ اکثر حکام کو عریضہ یا عرضی لکھ چکنے کے بعد اخیر پر بطور خاتمہ لکھ دیا کرتے ہیں یعنی اب میں حد ادب پر اس کو ختم کرتا ہوں۔

**زیادہ خیریت ہے** (ا) ① خاتمہ خط ② باقی خیریت ③ آگے خیریت۔

**زیادہ ستانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (قانون) ① سرکاری اجازت یا قانون سے زیادہ لینا ② معمول سے زیادہ لے لینا ③ زیادہ طلبی۔

**زیادہ سے زیادہ** (ا) تابع فعل ① بہت سے بہت ② حد کا درجہ۔

**زیادہ کرنا** (ا) فعل ① بڑھانا ② پہلے سے زیادہ کر دینا ③ دستر خوان اٹھانا ④ پوشاک اتارنا ⑤ کم کرنا۔

**زیادہ گو** (ف) اسم صفت فاعلی ① بکواسی ② پرگو ③ جھوٹا ④ دروغگو۔

**زیادہ گوئی کرنا** (ا) فعل ① بکواس کرنا ② بات کو بڑھا کر بیان کرنا ③ مبالغہ کرنا ④ فضول بکنا ⑤ بڑ ہانکنا۔

**زیارت** (ع) اسم مونث ① کسی متبرک جگہ کا دیکھنا ② جاترا ③ حج ④ مقدس جگہ کا نظارہ ⑤ مقبرہ ⑥ مزار ⑦ آستانہ ⑧ درگاہ ⑨ پرستش گاہ۔

**زیارت کرنا** (ا) فعل ① کسی مزار یا مقدس بزرگ کا نظارہ کرنا ② بزرگ سے ملنا۔

**زیارت گاہ** (ف) اسم مونث ① مقدس جگہ درگاہ ② آستانہ ③ متبرک مقام۔

**زیان** (ف) اسم مذکر ① نقصان ② خسارہ ③ ٹوٹا ④ گھاٹا ⑤ ضرر۔

**زیب** (ف) اسم مونث ① زینت کا مرادف ② سجاوٹ ③ سوبھا ④ سنگار ⑤ خوبصورتی ⑥ رونق۔

**زیب تن کرنا** (ا) فعل ① کسی کپڑے یا زیور کو بدن پر سجانا ② پہننا۔

**زیب دینا** (ا) فعل ① سجاوٹ دینا ② بھلا لگنا ③ خوشنما ہونا ④ موزوں ہونا ⑤ کھلنا۔

**زیب و زینت** (ف) اسم مذکر ① بناؤ سنگار ② سجاوٹ ③ ٹھاٹھ باٹ ④ آرائش و زیبائش۔

**زیبا** (ف) اسم صفت بالف فاعلی ① زیب دینے والا ② بھلا ③ سوہنا ④ سندر ⑤ خوبصورت ⑥ لائق ⑦ مناسب۔

**زیبائش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① سجاوٹ ② خوبصورتی ③ آرائش ④ زینت۔

**زیبق** (ع) اسم مذکر ① پارہ ② سیماب۔

**زیبندہ** (ف) اسم مذکر فاعل قیاسی ① زیب دینے والا ② بھلا لگنے والا۔

**زیتون** (ع) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے جس کے بیجوں کے روغن کو زیت کہتے ہیں۔

**زید** (ع) ایک فرضی نام۔

**زیر** (ف) اسم مونث ① دھیمی آواز ② نیچا سر ③ مدھم آواز۔

**زیر و بم** (ف) اسم مذکر ① طبلہ یا ڈھولک کا دایاں بایاں رخ ② نیچا اونچا سر۔

**زیر** (ف) اسم مونث ① جر ② کسرہ ③ آڑی لکیر جو حرف کے نیچے لکھ دیا کرتے ہیں ④ (بحالت صفت) نیچے ⑤ تحت ⑥ کم طاقت ⑦ کمزور۔

**زیر انداز** (ف) اسم مذکر مفعول ترکیبی ① حقے کے نیچے رکھا ہوا کپڑا یا چمڑا ② تا فرش خراب نہ ہو ③ غالیچہ۔

**زیر بار** (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ① بوجھ میں دبا ہوا ② مقروض ③ قرضدار۔

**زیر بار ہونا** (ا) فعل ① قرضدار ہونا ② قرض کے نیچے دبنا۔

**زیر باری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① قرضداری ② دینداری۔

**زیر بند** (ف) اسم مذکر فاعل ① وہ تسمہ جو گھوڑے کی پیٹھ کے نیچے باندھا جاتا ہے ② گھوڑے کا تنگ۔

**زیر بند مارنا / لگانا** (ا) فعل ① تسمہ سے خبر لینا ② کوڑے مارنا ③ چابک مارنا۔

**زیر تجویز** (ف) تابع فعل ① کسی معاملہ کو غور و فکر کے لئے رہنے دینا ② زیر حکم۔

**زیر حکومت** (ف) تابع فعل ① رعیت ② حکم کے تابع ③ فرمانبردار۔

**زیر دست** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① کمزور ② مفلس ③ غریب ④ ناتواں ⑤ نادار ⑥ کنگال ⑦ ماتحت ⑧ تابع۔

**زیر سایہ** (ف) تابع فعل ① پناہ میں ② حمایت میں ③ قریب ④ پاس۔

**زیر کرنا** (ا) فعل ① دبانا ② قابو میں لانا ③ مغلوب کرنا ④ ماتحت کرنا۔

**زیر مشق** (ف) اسم مذکر ① لکھنے کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھنے کا چمڑا یا وصلی ② ہاتھوں پر چڑھا ہوا ③ رواں ④ زیر نظر ⑤ برا کام دینے والا مفعول۔

**زیر و زبر** (ف) اسم صفت ① تہ و بالا ② تلے اوپر ③ درہم برہم ④ الٹ پلٹ ⑤ تتر بتر۔

**زیر و زبر کرنا** (ا) فعل ① تباہ و برباد کرنا ② الٹ پلٹ کرنا ③ خراب وخستہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03

www.besturdubooks.net

کرنا۔

زیرہ (ف) اسم مذکر ❶ ایک خوشبودار باریک بیج کا نام ہے جو اکثر گرم مصالحہ میں پڑتا ہے ❷ پھول کے اندر کا باریک باریک رواں ❸ زرگل۔

زیرہ سفید (ف) اسم مذکر۔ سفید رنگ کا زیرہ۔

زیرہ سیاہ (ف) اسم مذکر۔ کالے رنگ کا باریک زیرہ۔

زیرک (ف) اسم صفت ❶ دانا ❷ عقلمند ❸ ہوشیار ❹ سمجھ دار۔

زیرکی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عقلمندی ❷ دانائی ❸ ہوشیاری ❹ چترائی۔

زیریں (ف) اسم صفت ❶ نیچے کا ❷ تلے کا ❸ پائین۔

زیست (ف) اسم مونث حاصل مصدر ❶ از زیستن ❷ زندگی ❸ جینا ❹ عمر ❺ حیات۔

زیست مشکل پڑنا (ا) فعل ❶ زندگی دشوار ہونا ❷ جینا دوبھر ہونا۔

زین (ف) اسم مذکر ❶ کاٹھی ❷ چار جامہ ❸ سرج ❹ پالان ❺ کجادہ۔

زین پوش (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ❷ غاشیہ۔

زین دھرنا/کسنا (ا) فعل ❶ گھوڑے پر کاٹھی رکھنا ❷ چار جامہ کسنا۔

زینت (ء) اسم مونث ❶ آرائش ❷ زیبائش ❸ سنگار ❹ سوبھا ❺ سجاوٹ ❻ خوبصورتی ❼ رونق ❽ خوشنمائی۔

زینہ (ف) اسم مذکر۔ سیڑھی (پنجابی پوڑی)

زیور (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ زیب وریعنی سجانے والا ❷ گہنا ❸ ٹوم ❹ رقم ❺ بناؤ سنگار ❻ آرائش وزیبائش سجاوٹ کی چیز۔



(زیور)

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ژ

فارسی کا چودھواں اور اردو کا سترھواں حرف ہے۔ عربی میں نہیں آتا نہ ہندی میں آتا ہے

ژ (ف) اسم مونث ❶ فارسی کا چودھواں اور اردو کا سترھواں حرف ہے۔ عربی میں نہیں آتا نہ ہندی میں آتا ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد زکی طرح سات فرض کیے گئے ہیں۔

## ژ ← ا

ژاژ (ف) اسم مذکر ❶ اونٹ کٹارا ❷ ایک کانٹوں دار جھاڑی جسے اونٹ بہت کھاتا ہے ❸ بیہودہ بات ❹ لغویات۔

ژاژ خاے (ف) اسم مذکر صفت بترکیب فاعلی ❶ بکواسی ❷ بیہودہ گو ❸ بکی۔

ژاژ خائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بکواس ❷ بک بک ❹ بیہودہ گو۔

ژالہ (ف) اسم مذکر ❶ اولہ ❷ پتھر ❸ بجری ❹ تگرگ ❺ پنجابی گڑا۔

ژالہ باری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اولوں کی بارش ❷ اولے پڑنا۔



(ژالہ باری)

## ژ ← ن

ژند (ف) اسم مذکر ❶ پرانی گدڑی ❷ پھٹا کپڑا ❸ بزلک ❹ ڈراؤنا ❺ ہیبت ناک ❻ زر ❼ دشت کے زمانے کی بہت پرانی فارسی زبان زردشت کی ایک کتاب کا نام جسے آتش پرست آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں۔

ژندہ (ہ) اسم مذکر ❶ گدڑی ❷ پیوند لگا ہوا کپڑا ❸ پرانا خرقہ۔

## ژ ← و

ژولیدہ (ف) اسم صفت مفعولی ❶ الجھے ہوئے ❷ پریشان ❸ درہم برہم ❹ بکھرے ہوئے۔ تتر بتر۔

ژولیدہ حال (فع) اسم صفت مفعولی ❶ خستہ حال ❷ برے حال والا ❸ تباہ حال ❹ پریشاں حال۔

ژولید مو (ف) اسم صفت ❶ مفعولی ❷ بکھرے بالوں والا ❸ الجھے بالوں والا ❹ پراگندہ ہو۔

## ژ ← و

ژیاں (ف) اسم صفت۔ غضبناک۔ تندخو۔ سخت غصے والا۔ بپھرا ہوا۔ درندہ۔ جانوروں کی صفت میں اکثر اور شکاری پرندوں کیلئے بہت کم آتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# س

اردو کا اٹھارھواں فارسی کا پندرھواں اور عربی کا بارھواں حرف ہے۔

س (ع) اسم مذکر ① اردو کا اٹھارھواں فارسی کا پندرھواں عربی کا بارھواں حرف ہے ② اسے سین مہملہ یا غیر منقوط بھی کہتے ہیں ③ حساب ابجد میں اس کے ساٹھ (۶۰) عدد مقرر ہیں۔

## س ← ا

سا (ا) حرف تشبیہ ① نند ② مثل ③ جیسا ④ برابر ⑤ مطابق ⑥ مشابہ ⑦ کثرت مقدار کے لئے بھی آتا ہے۔

سابر (ع) اسم مذکر ① بارہ سنگا ② بارہ سنگے یا ہرن کی کھال کا سفید زرد رنگ کا چمڑا ③ نقب لگانے کا آلہ ④ سابل۔

سابق (ع) اسم فاعل مفید صفت ① بڑھنے والا ② سبقت لے جانے والا ③ اگلا ④ اول ⑤ اگلے وقت کا۔

سابق الذکر (ع) اسم صفت ① جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو ② مذکورہ بالا۔

سابقہ (ع) اسم صفت ① اگلے زمانے کا ② اگلا ③ پہلا (بحالت اسم مذکر) قدیم جان پہچان ④ اگلی ملاقات ⑤ معاملہ ⑥ واسطہ ⑦ (بصورت اسم مؤنث) پہلی بیوی ⑧ اگلی بیوی۔

سابقہ پڑنا (ا) فعل ① واسطہ پڑنا ② معاملہ پڑنا ③ کام پڑنا ④ تعلق ہونا ⑤ واقفیت ہونا۔

سابل (ا) اسم مذکر۔ نقب لگانے کا آلہ

سابن (ا) اسم مذکر۔ صابون۔

سابن کے مول پڑنا (ا) فعل ① بہت سی جوتیاں پڑنا ② کثرت سے پٹنا ③ بہت مار کھانا۔

سات (ہ) اسم عدد ① ہفت ② چھ اور ایک کا مجموعہ ۔ ۷۔

سات پانچ (ہ) اسم صفت ① دو چار ② چند تھوڑے سے ③ چند آدمی (بحالت اسم مونث) چالاکی ④ دغا فریب ⑤ مکر و فریب۔

سات پردوں میں چھپا کر رکھنا (ا) فعل ① نہایت نگہبانی کرنا ② ہوا تک نہ لگنے دینا ③ کمال حفاظت اور احتیاط سے رکھنا۔

سات پشت (ا) اسم مونث ① سات پیڑھی ② آخیر کی سات پشتیں۔

سات تووں سے منہ کالا کرنا (ا) فعل ① اظہار کمال نفرت ہے) سات تووں کی سیاہی لے کر منہ کالا کرنا ② بات نہ پوچھنا ③ نکال دینا۔

سات دھار ہو کر نکلنا (ا) فعل ① پھوٹ پھوٹ کر نکلنا ② دستوں کے رستے نکلنا ③ سات زخم پڑ کر نکلنا ④ ہضم نہ ہونا۔

سات سمندر (ا) اسم مذکر۔ کل دنیا کے سمندر۔

سات سنگار (ا) اسم مذکر۔ عورتوں کی سات آرائشیں جیسے مہندی لگانا، سرمہ لگانا، مسی لگانا، پان کھانا، سر گوندھنا، زیور پہننا، افشاں چننا۔

سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی (ا) مثل۔ بہت سے گناہ کر کے اب نیکیوں کا ارادہ کیا ہے۔

سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا / سات سہاگنوں کو کھلانا (ا) فعل۔ فال نیک کے لئے سات زندہ خاوند والیوں سے بیاہ کا جوڑا سلوانا یا ان کو منت کا کھانا کھلوانا۔

Join us on whatsapp Naveed Butt 03149077218


www.besturdubooks.net

**سات سہیلیوں کا جھمکا** (ا) اسم مذکر ① سات چھوٹے چھوٹے ستاروں کا گچھا ② خوشہ پرویں ③ عقد ثریا۔

**سات پھیرے** (ہ) اسم مذکر (ہندو) ① نکاح ② عقد ③ زوجیت ④ وہ سات چکر جو آگ کے گرد شادی کے وقت دولھا دولھن کو دیتے ہیں ⑤ یا مندر کے گرد کیے جاتے ہیں۔

**سات ماموؤں کا بھانجا** (ا) اسم مذکر۔ کنبے بھر کا لاڈلا بچہ۔

**ساتاروہن** (ہ) اسم مونث ① سات بھیڑیوں کا گروہ ② کئی بھیڑیوں کا مجمع جس سے شکار کا جانبر ہونا محال ہے۔

**ساتوں** (ہ) اسم عدد استغراقی۔ پورے سات۔

**ساتوں ہاتھوں لینا** (ہ) فعل ① نہایت شوق سے لینا ② بڑے اشتیاق و محبت سے لینا۔

**ساتوں/ ساتویں** (ہ) اسم صفت مذکر ① ہفتم ② سات سے نسبت رکھنے والا ساتویں درجہ کا ③ سابع۔

**ساتویں آسمان پر مزاج ہونا** (ا) فعل ① نہایت غرور ہونا ② بہت اترانا ③ بڑا گھمنڈ ہونا۔

**ساتھ** (ہ) اسم مذکر ① سنگت ② ہمراہی ③ جماعت ④ گروہ ⑤ منڈلی ⑥ شرکت ⑦ ساجھا ⑧ میل ⑨ ملاپ (بصورت تابع فعل) ایک ہی جگہ ایک ہی وقت۔

**ساتھ دینا** (ہ) فعل ① مدد دینا ② حمایت کرنا ③ رفاقت کرنا ④ نباہنا۔

**ساتھ رہنا** (ہ) فعل ① ایک جگہ رہنا ② اکٹھا رہنا ③ ہمراہ رہنا ④ عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا۔

**ساتھ کا کھیلا** (ہ) اسم مذکر مفعولی ① وہ شخص جس کے ساتھ بچپن میں کھیلتے رہے ہوں ② لنگوٹیا ③ بچپن کا دوست۔

**ساتھ لگے پھرنا/ لگا پھرنا/ لگا جانا** (ہ) ① ساتھ ساتھ پھرنا ② ہمراہ رہنا ③ پیچھے پیچھے پھرنا۔

**ساتھن** (ہ) اسم مونث ① ساتھ والی عورت ② سہیلی ③ رفیقہ ④ ساتھی کی مونث ہے۔

**ساتھی** (ہ) اسم مذکر فاعل ① ساتھ والا ② ہمراہی ③ رفیق ④ شریک ⑤ ساجھی۔

**ساٹا** (ہ) اسم مذکر ① ادلا بدلا ② عوض ③ معاوضہ ④ باہم مبادلہ ⑤ ہنڈی کا آپس میں لین دین۔

**ساٹھ** (ہ) اسم عدد ① تین بیسی ② شصت ③ ۶۰۔

**ساٹھا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① ساٹھ برس کی عمر کا ② شصت سالہ۔

**ساٹھا پاٹھا** (ہ) اسم مذکر ① مرد یا ہاتھی ساٹھ برس تک جوان رہتا ہے ② جس آدمی کے قوی ساٹھ برس کی عمر میں اچھے ہوں اس کو کہتے ہیں۔

**ساٹھن** (ای) اسم مذکر ① ایک قسم کا دبیز ریشمی کپڑا ② اطلس ③ تافتہ۔

**ساٹھی/ سانٹھی** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کے سرخ رنگ موٹے چاولوں کا پودا جو بشرط بارش ساٹھ دن کے اندر پک کر تیار ہو جاتا ہے۔

**ساج** (ف) اسم مذکر ① آبنوس کی لکڑی یا ساگوان کی لکڑی ② صیقل کرنے کا پتھر ③ توا۔

**ساجن/ سجن** (ہ) اسم مذکر ① خاوند ② شوہر ③ خصم ④ مالک ⑤ پتی ⑥ جانی ⑦ دلبر ⑧ معشوق ⑨ حاکم۔

**ساجنا** (ہ) فعل ① زیب دینا ② بن پڑنا ③ سجنا۔

**ساجھا** (ہ) اسم مذکر ① شراکت ② تجارت یا کسی اور کام میں باہم شرکت ہونا ③ بانٹ حصہ ④ بانٹنا ⑤ پتی۔

**ساجھی** (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ① ساجھا کرنے والا ② حصہ دار ③ پتی دار ④ شریک۔

**ساجھے کی ہانڈی چوراہے میں پھوٹتی ہے** (ہ) مثل۔ حصہ داری کے کاموں میں جھگڑا ضرور ہو جاتا ہے۔

**ساچق** (ت) اسم مونث ① بری ② ایک رسم جس میں شادی سے ایک روز پہلے دولھن کے لیے دولھا کے گھر سے کپڑے اور مہندی وغیرہ بھیجی جاتی ہے ③ رسم حنا۔

**ساحت** (ع) اسم مذکر ① صحن ② آنگن ③ میدان ④ رقبہ۔

**ساحر** (ع) اسم مذکر فاعل ① جادو کرنے والا ② جادوگر ③ فسونگر ④ فسوں ساز۔

**ساحرہ** (ع) اسم مونث فاعل بیائے تانیث۔ جادوگرنی۔

**ساحل** (ع) اسم مذکر فاعل۔ دریا یا سمندر کا کنارہ۔

**ساخت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از ساختن ① بناوٹ ② بندش ③ طرز ④ ترکیب ⑤ ڈول ⑥ بنائی ہوئی بات ⑦ مکر ⑧ فریب ⑨ حیلہ۔

**ساختہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① بنایا ہوا ② مصنوعی ③ جھوٹا ④ جعلی ⑤ نقلی۔

**ساختہ پرداختہ** (ف) اسم مذکر مفعول ① کیا کرایا ② عملدرآمد ③ قول و فعل ④ بنایا سنوارا ⑤ آراستہ پیراستہ ⑥ کرتوت ⑦ کیا دھرا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03014077218

**سادات** (ع) اسم مونث ① سید کی جمع الجمع ہے ② بہت سے سید ③ سیدوں کی قوم ④ وہ لوگ جو حضرت علی کی اولاد اور حضرت فاطمہ کے بطن سے ہوں۔

**سادگی/ سادہ پن** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سیدھا پن ② صفائی ③ صاف دلی ④ راستبازی ⑤ بھولا پن ⑥ ناسمجھی ⑦ بے تکلفی۔

**سادہ** (ف) اسم مذکر صفت ① کورا ② بن لکھا ③ صاف ④ بے ہنر ⑤ بے سلیقہ ⑥ بھولا بھالا ⑦ بن ڈاڑھیا ⑧ صاف چہرے والا۔

**سادہ رو** (ف) اسم صفت ① بن ڈاڑھیا ② صاف چہرے والا۔

**سادہ دل** (ف) اسم صفت ① صاف دل والا ② بے کپٹ ③ بے ریا ④ بے کینہ ⑤ بے وقوف۔

**سادہ دلی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① صفائی ② صاف دلی ③ بے تکلفی۔

**سادہ کار** (ف) اسم صفت فاعلی ① وہ سنار جو عمدہ اور نفیس کام بنائے ② عمدہ اور سبک کام کرنے والا۔

**سادہ کاغذ** (ا) اسم مذکر ① کورا کاغذ ② بن لکھا کاغذ ③ بے مہر کا کاغذ ④ وہ کاغذ جس پر اسٹامپ کی مہر نہ ہو۔

**سادہ لوح** (ف) اسم صفت ① مورکھ ② نادان ③ بے وقوف۔

**سادہ لوحی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مورکھ پن ② نادانی ③ بے وقوفی۔

**سادہ مزاجی** (ف) اسم مونث ① سادگی ② بے تکلفی ③ صاف دلی۔

**سادہ وضع/ سادہ طور** (ف) اسم صفت ① ٹیپ ٹاپ کے بغیر آدمی ② اول سے آخر تک یکساں رہنے والا آدمی۔

**سادھ** (ہ) اسم صفت ① نیک ② مہاتما ③ پرہیزگار ④ پارسا ⑤ متقی ⑥ سنت ⑦ جوگی ⑧ بیراگی ⑨ فقیر۔

**سادھارن** (ہ) اسم صفت ① سیدھا سادہ ② صاف ③ اصلی ④ قدرتی ⑤ نرمل ⑥ بے ریا ⑦ سہل ⑧ آسان ⑨ رسمی۔

**سادھن** (س) اسم مذکر ① جتن ② علاج ③ تدبیر ④ کسی کام کا کرنے والا ⑤ پورا ⑥ نباہ ⑦ تعمیل ⑧ اہتمام ⑨ استعمال۔

**سادھنا** (ہ) فعل ① سادھن کرنا ② ثابت کرنا ③ پورا کرنا ④ بنانا ⑤ درست کرنا ⑥ ٹھیک ٹھاک کرنا ⑦ مشق کرنا ⑧ تیر اندازی کی مشق کرنا ⑨ سکھانا۔

**سادھنی** (ہ) اسم مونث بیائے تانیث ① سادھ کی مونث ② پارسا عورت ③ سادھنے کا آلہ ④ گنیا ⑤ کونیا۔

**سادھو** (ہ) اسم صفت ① سنت ② پارسا ③ پرہیزگار ④ سچا ⑤ دھرمی ⑥ ستی ⑦ پاک صاف ⑧ صاف دل ⑨ جوگی۔

**سادھو بچہ** (ا) اسم مذکر ① فریبی ② مکار ③ چالاک ④ کشمیریوں کی ایک قوم کا نام ہے ⑤ لوگوں کو درویشی بھیس بدل کر دھوکا دینے کی وجہ سے یہ نام ہوگیا ہے۔

**سادی** (ا) اسم مونث صفت ① کوری ② صاف ③ سفید بغیر زری وغیرہ کے ④ خالص ⑤ نرمل ⑥ بیساختہ ⑦ بھولی بھالی ⑧ صاف دل ⑨ یک رنگ۔

**سار** (ہ) اسم مذکر ① پاسہ ② چوسر یا پچیسی کھیلنے کی کوڑیاں ③ رس ④ عرق ⑤ شیرہ ⑥ قدر ⑦ قیمت ⑧ خبر ⑨ شطرنج کی بساط۔

**سار جاننا** (ہ) فعل ① عزت کرنا ② قدردانی کرنا ③ کیفیت جاننا ④ حقیقت معلوم کرنا۔

**سار پرائی پیڑ کی کیا جانے انجان** (ہ) مثل۔ ناواقف آدمی دوسرے کے درد کی حقیقت کو معلوم نہیں کرسکتا اور اس کی قدر و منزلت نہیں سمجھتا۔

**سارا** (ہ) اسم صفت ① تمام ② کل ③ پورا ④ کامل۔

**ساربان** (ف) اسم مذکر صفت ① سار یعنی اونٹ بان ② کلمہ محافظت ③ سانڈنی سوار ④ شتر سوار۔

**سارتھی** (س) اسم مذکر فاعل ① رتھ بان ② گاڑی بان ③ بدرقہ ④ اگوا ⑤ ہادی۔

**سارجنٹ** (ای) اسم مذکر ① رنگروٹوں کو سکھانے والا حوالدار ② جمعدار۔

**سارٹیفکیٹ** (ای) اسم مذکر ① سند ② پروانہ ③ خوشنودی کی چٹھی ④ چال چلن کی چٹھی۔

**سارس** (ہ) اسم مذکر ① کلنگ ② لق لق ③ کونج ④ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ جو ہمیشہ اپنے جوڑے کے ساتھ رہتا ہے۔

**سارس کی سی جوڑی/ سارسوں کی سی جوڑی** (ہ) اسم صفت۔ ہر وقت ساتھ رہنے والے دوست یا بھائی۔

**سارق** (ع) اسم فاعل ① چور ② دزد۔

**سارنا** (ہ) فعل ① پورا کرنا ② اختتام پر پہنچانا ③ ختم کر دینا ④ گزارہ کرنا ⑤ کفایت کرنا ⑥ سرمہ لگانا ⑦ آنکھوں میں کاجل ڈالنا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03104072218

www.besturdubooks.net

(8) گوٹا بننے والوں کے گلے میں سے تار نکالنا۔

سارنگ (ہ) اسم مذکر (1) دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام (2) ایک قسم کا سانپ (3) مور (4) طاؤس (5) بادل (6) ابر (7) مور کی آواز (8) کوک (9) دھنش۔

سارنگی (ہ) اسم مونث آلہ۔ ایک قسم کے ساز کا نام ہے جس میں تاروں کی جگہ تانت اور بال ہوتے ہیں۔

سارنگیا (ہ) اسم مذکر فاعل۔ سارنگی بجانے والا۔

ساری (ع) اسم فاعل از سرایت (1) پوشیدہ طور پر اثر کرنے والا (2) پھرنے والا۔

ساری رات ممیائی ایک بچہ لائی (ہ) مثل۔ محنت تو بہت کی مگر فائدہ بہت ہی کم ہوا۔

سارے جہان کا چھٹا ہوا (ا) محاورہ (1) نہایت لچا (2) بہت شہدا (3) بے حد چالاک (4) عیار۔

ساڑھ ستی (ہ) اسم مذکر (1) زحل (2) سنیچر کا ساڑھے سات برس کا دورہ (3) پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر چکر (4) بدبختی (5) نحوست (6) گردش (7) ایام۔

ساڑھ ستی آنا / چڑھنا (ہ) فعل (1) برے دن آنا (2) نحوست آنا (3) ساڑھے سات برس تک سنیچر کا گرہ میں آنا۔

ساڑھو / ساڈھو (ہ) اسم مذکر (1) سالی کا خاوند (2) ہم زلف۔

ساڑھی (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی (1) اساڑھی کا مخفف ہے (2) فصل ربیع وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اٹھائی جاتی ہے (3) گیہوں، جو اور چنے وغیرہ کی فصل۔

ساڑھے (ہ) اسم صفت عدد کسری (1) آدھا (2) نصف (3) جیسے ساڑھے پانچ یعنی پانچ اور آدھا۔

ساڑی / ساری (ہ) اسم مونث (1) ایک طرح کی لمبی دھوتی (2) ہندو عورتوں کے باندھنے کی چادر۔

ساز (ف) اسم مذکر (1) سامان (2) تیاری (3) باجا جیسے سارنگی وغیرہ (4) میل ملاپ (5) ربط (6) لڑائی وغیرہ کے ہتھیار (7) ناچنے اور گانے کا سامان (8) یکے بگھی اور گھوڑے کا سامان (9) (بحالت صفت) موافق، ہم طبع۔

سازباز (ا) اسم مذکر حاصل مصدر (1) سازش (2) ایکا (3) موافقت۔

سازباز کرنا (ا) فعل (1) سازش کرنا (2) ہمراز ہونا (3) ایک ہونا (4) ایکا کرنا۔

سازش (ف) اسم مونث حاصل مصدر (1) اتفاق (2) میل ملاپ۔

سازشی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ سازش کرنے والا۔

سازگار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) موافق (2) مبارک (3) راس (4) راست (5) مصلح۔

سازگاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) موافقت (2) نباہ (3) موافق رہنا۔

ساز وسامان (ف) اسم مذکر (1) مال و اسباب (2) تیاری (3) مستعدی (4) درستی۔

سازندہ (ف) اسم مذکر فاعل قیاسی (1) بجانے والا (2) طبلچی (3) سارنگیا وغیرہ۔

ساس (ای) اسم مذکر (1) سالن (2) چٹنی (3) شوربا۔

ساس پان (ای) اسم مذکر (1) دستی کڑچھا (2) ایک قسم کی پتیلی۔

ساس (ہ) اسم مونث (1) جورو یا خاوند کی ماں (2) خوشدامن یا خوشنامن۔

ساس سے توڑ بہو سے ناتا (ہ) مثل۔ دو رشتہ داروں میں سے ایک کے ساتھ عداوت دوسرے سے دوستی۔

ساس کا پوت (ہ) اسم مذکر (1) خاوند (2) شوہر (3) کنتھ (4) پتی (5) سوامی۔

ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں (ہ) مثل۔ جب کوئی پوچھنے والا نہ ہو جو جی میں آئے کرو۔

ساعت (ع) اسم مونث (1) گھڑی (2) گھنٹہ (3) پل (4) لحظہ (5) لمحہ (6) منٹ (7) تھوڑی سی دیر۔

ساعد (ع) اسم مذکر و مونث (1) کلائی (2) پہنچا (3) ہاتھوں کا کہنی تک کا حصہ (4) بازو۔

ساعی (ع) اسم مذکر فاعل از سعی (1) کوشش کرنے والا (2) جدوجہد کرنے والا (3) کوشاں۔

ساغر (ع) اسم مذکر (1) کٹورا (2) پیالہ (3) جام (4) کاسہ (5) گلاس (6) شراب کا پیالہ۔

ساغر چلنا (ا) فعل۔ شراب کا دور جاری رہنا۔

ساغری (ا) اسم مونث (1) گھوڑے کی مقعد (2) مجازاً سفرہ انسان۔

ساق (ع) اسم مونث (1) پنڈلی (2) گھٹنے اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ (3) ساگ کا ڈنٹھل (4) درخت کا تنہ۔

ساقط (ع) اسم مذکر فاعل (1) گرنے والا (2) جاتا رہنے والا (3) بمعنی اسم

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مفعول ④ گرا ہوا ⑤ متروک ⑥ نکما۔
**ساقط ہونا** (ا) فعل ① حمل اسقاط ہونا ② حمل گرنا ③ شعر کا بحر یا وزن سے جاتا رہنا ④ کھویا جانا ⑤ جاتا رہنا۔
**ساقی** (ع) اسم مذکر فاعل ① پلانے والا ② شراب پلانے والا ③ حقہ پلانے والا ④ معشوق ⑤ محبوب ⑥ صنم۔
**ساقن** (ا) اسم مونث۔ وہ عورت جو بازاری لوگوں کو حقہ، بنگ اور چرس پلاتی ہے۔
**ساکت** (ع) اسم فاعل از سکوت (مفید صفت) ① چپ ② دم بخود ③ خاموش ④ سنسان۔
**ساکن** (ع) اسم فاعل مفید صفت ① ٹھیرنے والا ② ٹھیرا ہوا ③ غیر متحرک ④ باشندہ ⑤ متوطن۔
**ساکنین** (ع) ساکن کی جمع ① باشندے رہنے والے ② باسی ③ گرامر میں وہ حرف جس پر جزم ہو۔
**ساکھ** (ہ) اسم مونث ① بھرم ② پرتیت ③ اعتبار ④ عزت ⑤ وقار ⑥ گواہی ⑦ شہادت ⑧ سند ⑨ فصل۔
**ساکھ جانا** (ہ) فعل ① اعتبار نہ رہنا ② عزت جانا ③ بات جانا ④ پرتیت نہ رہنا۔
**ساکھا** (ہ) اسم مذکر ① ٹہنی ② ڈالی ③ ڈال کلیس ④ گھمسان کی لڑائی ⑤ جنگ وجدل ⑥ جدھ ⑦ گواہ کی گواہی ⑧ اتفاق ⑨ یک جہتی۔
**ساکھا پڑنا** (ہ) فعل ① بڑی بھاری لڑائی ہونا ② گھمسان کا رن پڑنا ③ تکرار ہونا۔
**ساکھا ڈالنا** (ہ) فعل ① کلیس کرنا ② لڑائی ڈالنا ③ فساد مچانا ④ لڑنا۔
**ساکھنا** (ہ) فعل ① گائے کا حاملہ ہو جانا ② گائے کا سانڈ سے مل جانا۔
**ساکھی** (ہ) اسم مونث بیائے فاعلیت ① ساتھ کھیلنے والی لڑکی ② کھیل میں شریک ہونے والی ③ گواہ ④ شاہد۔
**ساگ** (ہ) اسم مذکر ① سبزی ② بھاجی ③ ترکاری ④ بنا سپتی۔
**ساگ پات** (ہ) اسم مذکر ① ترکاری ② بقولات۔
**ساگر** (ہ) اسم مذکر ① سمندر ② بحر۔
**ساگڑ** (ہ) اسم مذکر فعل ① بہت ساگ کھانے والا ② حقارتاً ③ نالی ④ سینی۔
**ساگودانہ** (ا) اسم مذکر ① کھجور کے درخت سے بنا ہوا نہایت لطیف سفید دانہ جو بیماروں کو کھلایا کرتے ہیں ② بعض حکیم غلہ کی قسم بتاتے ہیں۔

**ساگون** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی نہایت مضبوط لکڑی۔
**سال** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا پہاڑی درخت جس کی لکڑی نہایت مضبوط ہوتی ہے ② چھید ③ سوراخ ④ کانٹا ⑤ سول ⑥ جگہ ⑦ مکان ⑧ ہندی کتب ⑨ دیسی مدرسہ۔
**سال** (ف) اسم مذکر ظرف ① برس ② ست ③ سنہ ④ عمر۔
**سال بسال** (ف) اسم مذکر ① ہر سال ② ہر برس ③ سالانہ۔
**سال تمام** (ف) اسم مذکر ① پورا سال ② مکمل برس ③ اخیر سال۔
**سال حال/ سال رواں** (ف) اسم مذکر ظرف ① موجودہ سال ② اس برس۔
**سال خوردہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① پرانا ② بوڑھا ③ کہنہ ④ تجربہ کار ⑤ زمانہ دیدہ۔
**سال شمسی** (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی ① سورج کی چال پر حساب کیا ہوا سال ② سنکرانتی سال۔
**سال فصلی** (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی۔ خراج وصول کرنے کا سال۔
**سال قمری** (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی۔ چاند کی چال پر شمار کیا ہوا سال۔
**سال کبیسہ** (ف) اسم مذکر ① لوند کا سال ② تیرہ مہینوں والا سال۔
**سال گزشتہ** (ف) پچھلا برس۔
**سال گرہ** (ف) اسم مونث ① برس گانٹھ ② جنم دن ③ رشتہ عمر۔
**سال وار** (ف) تابع فعل ① ہر سال ② سال بسال ③ ہر برس۔
**سالا/ سالہ** (ہ) اسم مذکر ① بیوی کا بھائی ② ایک سخت گالی بھی ہے۔
**سالار** (ف) اسم مذکر ① سردار ② افسر ③ کپتان ④ راہنما۔
**سالار جنگ** (ف) اسم مذکر ① جنگی لارڈ ② فوجی افسروں کا خطاب۔
**سالار قافلہ** (ف) اسم مذکر۔ قافلہ کا سردار۔
**سالار قوم** (ف) اسم مذکر ① قوم کا سردار ② چوہدری ③ سرگروہ ④ سرغنہ۔
**سالانہ/ سالیانہ** (ف) اسم صفت ① سال سے نسبت رکھنے والا ② برسی سال بسال کا ③ وہ وظیفہ یا جاگیر جو سال کے آخیر پر آئے۔
**سالک** (ع) اسم مذکر فاعل ① راہ راست پر چلنے والا ② پابند شریعت فقیر ③ زاہد ④ خدادوست۔
**سالگ رام** (س) اسم مذکر ① (سال بمعنی درخت اور گرام بمعنی جگہ سے مرکب ہے) سال کے درختوں کی جگہ ② ایک پہاڑ کا نام ہے جس

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772818

کے خاص طرز کے پتھروں کو ہندو لوگ وشن جی کا اوتار سمجھ کر پوجتے ہیں۔

**سالم** (ع) اسم مذکر فاعل ① پورا ② ثابت ③ مکمل ④ سارا ⑤ صحیح سلامت ⑥ محفوظ۔

**سالن** (ا) اسم مذکر ① ترکاری ② روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری۔

**سالنا** (ہ) فعل ① چھید کرنا ② چول نکالنا ③ چول کھودنا ④ کاٹنا ⑤ تکلیف محسوس کرنا۔

**سالو** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا سرخ کپڑا ② لال قند ③ سرخ ململ۔

**سالوتری** (س) اسم مذکر۔ گھوڑوں اور چوپایوں کا حکیم۔

**سالویشن آرمی** (ای) اسم مونث۔ بکتی فوج۔

**سالہ** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① سال سے نسبت رکھنے والا ② جیسے چارسالہ وغیرہ۔

**سالہاسال** (ف) تابع فعل ① مدتوں ② برسوں۔

**سالی** (ہ) اسم مونث ① بیوی کی بہن ② خواہر زن۔

**سامان** (ف) اسم مذکر ① اسباب ② چیز ③ بست ④ تیاری ⑤ سرانجام ⑥ ہتھیار ⑦ اوزار ⑧ راچھ۔

**سامان بندھنا** (ا) فعل ① کسی چیز کی درستی کا بندوبست ہونا ② تیاریاں ہونا۔

**سامان عیش** (ف) اسم مذکر۔ امن چین کے لوازمات۔

**سامان میں آنا** (ا) فعل ① ہوش میں آنا ② مزاج درست ہونا ③ آپے میں آنا ④ ٹھنڈا ہونا ⑤ قابو میں آنا۔

**سامدرک** (س) اسم مونث ① علم قیافہ ② ہاتھ پاؤں کی لکیروں کا علم۔

**سامرتھ** (ہ) اسم مونث ① طاقت ② قوت ③ زور ④ شکتی ⑤ گنجائش ⑥ سمائی ⑦ رسائی ⑧ پہنچ۔

**سامرتھی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① قوی ② زور آور ③ بلونت ④ بلوان ⑤ بلی۔

**سامری** (ع) اسم مذکر۔ حضرت موسٰے علیہ السلام کے زمانے کے ایک جادوگر کا نام ہے۔

**سامری فن** (ع) اسم صفت ① مجازاً ② جادوگر ③ فسوں ساز۔

**سامع** (ع) اسم مذکر فاعل ① سننے والا ② قاری کی ضد ③ شنوا۔

**سامعہ** (ع) اسم مونث فاعل بیائے تانیث۔ سننے کی قوت۔

**سامک** (ہ) اسم مذکر۔ ایک غلہ کا نام ہے جو ساون کے مہینے کی ایک گھاس سے نکلتا ہے۔

**سامگری** (ہ) اسم مونث ① سامان ② اسباب۔

**سامنا** (ہ) اسم مذکر ① مقابلہ ② لڑائی ③ روبرو ④ سن مکھ ⑤ آگا ⑥ برابری ⑦ گستاخی ⑧ ملاقات۔

**سامنا کرنا** (ہ) فعل ① مقابلہ کرنا ② روبرو ③ کھڑا ہو جانا ④ گستاخی کرنا ⑤ برابری کرنا۔

**سامنے** (ہ) تابع فعل ① مقابل ② روبرو ③ آگے موجودگی میں ④ ہوتے ہوئے جیسے باپ کے سامنے بیٹے کی کیا چلتی ہے ⑤ سیدھا ⑦ سیدھ میں ⑧ منہ درمنہ۔

**سامنے آنا** (ہ) فعل ① روبرو ہونا ② مقابل ہونا ③ منہ دکھانا۔

**سامنے پڑنا** (ہ) فعل ① مقابل ہونا ② روکنے کو کھڑا ہو جانا ③ مزاحم ہونا۔

**سامنے دھر لینا** (ہ) فعل ① آگے دھر لینا ② آگے آگے لے چلنا ③ گرفتار کر لینا ④ لے چلنا۔

**سامنے کا** (ہ) تابع فعل۔ آگے کا ① روبرو کا (بحالت صفت) مقابل کا ② برابر کا (بحالت اسم مذکر) دشمن ③ مدعی ④ حریف۔

**سامنے کی بات** (ہ) اسم مونث ① روبرو کا ذکر ② موجودگی کا حال ③ زندگی کا بیان۔

**سامنے ہونا** (ہ) فعل ① روبرو ہونا ② مقابل ہونا ③ پردہ نہ کرنا ④ ظاہر ہونا ⑤ مقابلہ کرنا ⑥ لڑنا ⑦ گستاخی کرنا ⑧ لڑائی مانگنا ⑨ الٹی میٹم دینا۔

**سامی** (ہ) اسم مذکر ① سوامی کا مخفف ہے ② خاوند ③ میاں ④ پتی ⑤ شوہر۔

**سان** (ہ) اسم مونث ① دھار تیز کرنے کا کرنڈ کا پتھر ② پتھری ③ سنگ صیقل۔

**سان پر چڑھانا / رکھنا / لگانا** (ہ) فعل ① باڑھ رکھنا ② سان پر دھار تیز کرنا۔

**سان پر چڑھنا** (ہ) فعل ① سان پر دھار تیز ہونا ② دھار رکھی جانا۔

**سان دھرنا** (ہ) فعل ① تیز کرنا ② باڑھ رکھنا۔

**سانبھر** (ہ) اسم مونث۔ راجپوتانے میں ایک جھیل ہے جو جے پور کے علاقے میں ہے (اسم مذکر) ایک قسم کا نمک جو جھیل سانبھر میں سے نکلتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140677218

**سانپ** (ہ) اسم مذکر ① ناگ ② مار ③ اژدھا۔

**سانپ چھاتی پر پھرنا/لوٹنا** (ہ) فعل ① سخت صدمہ گزرنا ② دل پر کمال چوٹ لگنا ③ نہایت افسوس کرنا ④ پچھتاوا آنا ⑤ بے چینی ہونا ⑥ رشک سے جلنا۔



(سانپ)

**سانپ سونگھ جانا** (ہ) فعل ① سانپ کا ڈس لینا ② کاٹ کھانا ③ سانپ کا زہر چڑھنا ④ زہر کے مارے بے ہوش ہو جانا ⑤ مر جانا ⑥ خاموش ہو جانا۔

**سانپ تو نکل گیا مگر رستہ برا پڑا** (ہ) مثل۔ آفت سے تو بچ گئے مگر شگون بد ہوا۔

**سانپ کا بچہ سپولیا** (ہ) مثل۔ برے کی اولاد بھی بری۔

**سانپ کا کاٹا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① سانپ کا ڈسا ہوا ② مارگزیدہ۔

**سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے** (ہ) مثل ① جو شخص ظالم سے تکلیف اٹھائے وہ اس کی شبیہہ سے بھی ڈرا کرتا ہے ② مصیبت زدہ ذرا سے صدمے سے ڈر جاتا ہے۔

**سانپ کا کاٹا سوئے اور بچھو کا کاٹا روئے** (ہ) مثل۔ مارگزیدہ کو غشی طاری ہوتی ہے اور بچھو کے کاٹے ہوئے کو پیڑ اور درد زیادہ ہوتا ہے۔

**سانپ کا سر ہی کچلا کرتے ہیں** (ہ) مثل ① موذی کو زندہ نہیں چھوڑتے ② شریر کی شامت ہی آیا کرتی ہے۔

**سانپ کا من** (ہ) اسم مذکر۔ سانپ کا منکا جس کی نسبت مشہور ہے کہ جس کے پاس ہو اسے خوشحال بنا دیتا ہے۔

**سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں** (ہ) مثل۔ بدذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی۔

**سانپ کے سانپ پاؤہنا/مہمان** (ہ) مثل۔ موذی کا دوست موذی۔

**سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا** (ہ) فعل ① پر پرزے نکالنا ② خوب نکھرنا ③ صاف ستھرا بننا۔

**سانپ کی سی لہر** (ہ) اسم مونث ① سانپ کی سی حرکت ② سانپ کے کاٹے کا سا اثر۔

**سانپ کی لکیر** (ہ) اسم مونث ① سانپ کے چلنے کا نشان جو زمین پر پڑ جاتا ہے ② سانپ کی کینچلی کا نشان۔

**سانپ کے منہ میں** (ہ) تابع فعل ① جان جوکھوں میں ② خطرناک جگہ میں ③ معرض خطر میں۔

**سانپ کے منہ میں چھچھوندر نگلے تو اندھا اگلے تو کوڑھی** (ہ) مثل۔ ہر طرح سے نقصان ہی نقصان نہ کہے بنتی ہے نہ چھوڑے۔

**سانپ کے نیچے کا بچھو** (ہ) اسم مذکر ① نہایت ظالم آدمی سے مراد ہوتی ہے ② وہ بچھو جس نے سانپ کے نیچے پرورش پائی ہو۔

**سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے** (ہ) مثل ① کام ہو جائے اور نقصان نہ ہو ② دشمن تو مر جائے اور اپنے آپ کو نقصان نہ پہنچے۔

**سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو** (ہ) مثل ① موقعہ کھو کر اب پچھتایا کرو ② ضائع شدہ چیز پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے۔

**سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں** (ہ) مثل۔ ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے۔ دوسرے کی ریس نہیں کر سکتا۔

**سانپ والا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① سپیرا ② سانپوں کا کھلاڑی۔

**سانپا** (ہ) اسم مذکر ① ماتم ② مردے کا سوگ نوحہ ③ سراپ ④ بددعا ⑤ کوسنا ⑥ گریہ وزاری ⑦ شیون وشین۔

**سانپا پڑنا** (ہ) فعل ① کہرام مچنا ② ماتم پڑنا۔

**سانپا کرنا** (ہ) فعل ① ماتم کرنا ② نوحہ کرنا ③ بین کرنا ④ گریہ وزاری کرنا۔

**سانپا لاہوری** (ہ) اسم صفت ① بڑا بھاری ماتم ② لاہور کے کھتریوں کا سا عرصہ دراز تک کا ماتم۔

**سانپن** (ہ) اسم مونث ① سانپ کی مادہ ② ناگن ③ بالوں کی لمبی لکیر جو گھوڑے کے کندھے کی جڑ میں یا بعض آدمیوں کی پشت پر ہوتی ہے منحوس خیال کی جاتی ہے۔

**سانپوں کی سبھا میں جنبھوں کی لپالپ** (ہ) مثل۔ بروں کے برے ہی کام۔

**سانپے جانا** (ہ) فعل ① ماتم ونوحہ کے لئے جانا ② شریک ماتم ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

سانپے کا تیل (ہ) اسم مونث ① ماتم کا لباس عمدہ کپڑے جو ماتم میں پہن کر عورتیں جایا کرتی ہیں ② عمدہ لباس ③ تہوار کا لباس ④ قیمتی لباس۔
سانتھل (ہ) اسم مونث ① ران ② جانگھ ③ زانو سے اوپر کی ٹانگ۔
سانٹ/ سانٹھ (ہ) اسم مونث ① گانٹھ ② گرہ ③ سازش ④ میل ⑤ ملاپ ⑥ منصوبہ ⑦ ایکا ⑧ اتفاق۔
سانٹ لگانا/ سانٹ ملانا/ سانٹ مارنا (ہ) فعل ① سازش کرنا ② رسی کے دوسروں کو گرہ کے بغیر جوڑنا ③ بے معلوم جوڑنا ④ شرط مارنا ⑤ شرط باندھنا۔
سانٹا (ہ) اسم مذکر ① چابک ② چمڑے کا تسمہ ③ بندھی ہوئی لکڑی ④ تازیانہ ⑤ پہنچی ⑥ آلہ ⑦ آنکس۔
سانجھ (ہ) اسم مونث ① شام ② سورج ③ ڈوبنے کا وقت ④ جھٹ پٹا ⑤ شراکت ⑥ دوستی۔
سانجھ سویرے (ہ) اسم مونث۔ صبح شام۔
سانجھی (ہ) اسم مونث ① لڑکیوں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو دسہرے کے دنوں میں ہوتا ہے ② ایک فرضی دیوی۔
سانچ (ہ) اسم مذکر ① سچ ② راستی ③ راست ④ صحیح ⑤ درست ⑥ بجا ⑦ واقعی۔
سانچ کو آنچ نہیں/ سانچ کو کیا آنچ (ہ) مثل ① سچ کو تکلیف نہیں ② ایمان کو نقصان نہیں۔
سانچا (ہ) اسم مذکر (گنوار) ① سچا ② راست گو کے معنی میں بولتے ہیں ③ قالب ④ ڈھانچا ⑤ کھلونے اور مشین کے پرزے وغیرہ ڈھالنے کا اوزار ⑥ رحم ⑦ بچہ دان ⑧ کوکھ۔
سانچے (ہ) اسم مذکر۔ سانچا کی جمع۔
سانچے کی پکی (ہ) اسم مونث صفت۔ وہ عورت جسے ہر دفعہ پہلے ہی جماع میں حمل ہو جائے۔
سانچے میں ڈھالنا (ہ) فعل ① قالب میں ڈال کر بنانا ② خوبصورت اور عمدہ بنانا ③ سڈول اور خوش وضع بنانا۔
سانحہ (ع) اسم مذکر ① واقعہ ② حادثہ ③ صدمہ ④ کسی بری خبر کا ظہور۔
سانڈ (ہ) اسم مذکر ① وہ بیل یا گھوڑا یا گدھا جو بچہ کشی کے واسطے مخصوص کیا جائے ② مجازاً جسیم اور موٹا تازہ آدمی۔

سانڈا (ہ) اسم مذکر۔ گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل گنٹھیا کے لئے مفید ہے۔
سانڈنی (ہ) اسم مذکر ① اونٹنی ② شتر مادہ ③ سواری کی تیز رفتار اونٹنی یا اونٹ۔
سانڈنی سوار (ا) اسم مذکر ① اونٹ پر سوار ہو کر ڈاک لے جانے والا ② شتر سوار ③ تیز رفتار اونٹنی پر ڈاک لے جانے والا ④ قاصد ⑤ نامہ بر۔
سانڈیا (ہ) اسم مذکر ① گوٹا بننے کا نر ② اونٹ کا بچہ ③ بوتہ۔
سانس (ہ) اسم مذکر و مونث ① دم ② پھونک ③ نفس ④ دمہ کی بیماری ⑤ درز ⑥ شگاف ⑦ بھاپ جیسے دیگ کا سانس بند کرنا ⑧ چھت تک ایک لخت گننے کو بھی بولتے ہیں۔
سانس اڑنا (ہ) فعل ① دم رکنا ② مرنے کے قریب ہونا ③ آخری دم لینا۔
سانس اکھڑنا (ہ) فعل ① سانس قابو میں نہ رہنا ② سانس کے سلسلہ میں فرق آنا ③ دم اکھڑنا۔
سانس بھرنا (ہ) فعل ① آہ کرنا ② ہائے کرنا ③ دم چڑھنا ④ ہانپنا ⑤ عمر کے چند باقی سانس لینا۔
سانس پھولنا (ہ) فعل ① دم چڑھنا ② ہانپنا ③ دمہ کا مرض ہونا۔
سانس ٹوٹنا (ہ) فعل ① دم ٹوٹنا ② سانس کے تواتر میں فرق آنا۔
سانس چڑھنا (ہ) فعل ① دم پھولنا ② تھکنا ③ بیدم ہونا۔
سانس رکنا (ہ) فعل ① دم بند ہونا ② گلا بیٹھنا۔
سانس کا روگ (ہ) اسم مذکر ① دمہ ② ضیق النفس۔
سانس کے ساتھ آس ہے (ہ) مثل۔ جب تک دم میں دم ہے اس وقت تک امید باقی ہے۔
سانس لینا (ہ) فعل ① دم بھرنا ② سانس کھینچنا۔
سانس نہ نکالنا (ہ) فعل ① دم نہ مارنا ② اف نہ کرنا ③ چپ رہنا۔
سانسا (ہ) اسم مذکر ① سوچ بچار ② چنتا ③ فکر ④ اندیشہ ⑤ خدشہ ⑥ ڈر ⑦ خطرہ ⑧ خوف۔
سانسا چڑھنا (ہ) فعل ① فکر و متفکر ہونا ② سوچ پیدا ہونا۔
سانسا کرنا (ہ) فعل ① اندیشہ کرنا ② چنتا کرنا۔
سانسی (ہ) اسم مذکر ① ایک مشہور خانہ بدوش ② جرائم پیشہ قوم کا نام ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**سانک** (ہ) اسم مونث ① شاخ ② ٹہنی ③ (بحالت اسم مذکر) نیزہ ④ بھالا ⑤ برچھی۔

**سانکل** (ہ) اسم مونث ① کنڈی ② زنجیر ③ سنگل۔

**سانگ/سوانگ** (ہ) اسم مذکر ① بہروپ ② بھیس ③ جھانکی ④ کھیل تماشا ⑤ راس ⑥ لیلا ⑦ ناچ ⑧ فریب ⑨ شعبدہ۔

**سانگ بنانا/ سانگ بھرنا** (ہ) فعل ① نقل کرنا ② روپ بھرنا ③ فریب بنانا ④ دھوکا دینا۔

**سانگ دکھانا** (ہ) فعل۔ تبدیل وضع کرنا۔

**سانگ کرنا** (ہ) فعل ① تماشا کرنا ② بکھیڑا کرنا ③ جھگڑا کرنا جیسے کیا سانگ کر رکھا ہے۔

**سانگ مچانا** (ہ) فعل ① کھیل کرنا ② تماشا کرنا ③ مسخرا پن کرنا۔

**سانگ آنے** (ہ) اسم مذکر (دلال) ① ایک آنہ ② گنڈا۔

**سانگر** (ہ) اسم مذکر۔ جنڈ کی پھلی جس کا اکثر اچار ڈالتے ہیں۔

**سان گمان** (ہ) اسم مذکر ① خواب وخیال ② وہم وگمان۔

**سانگی/سوانگی/ سانگڑا** (ہ) اسم مذکر۔ فاعل بیائے فاعلیت ① سانگ بھرنے والا ② مسخرا ③ بھانڈ ④ بہروپیا ⑤ نقال ⑥ (بحالت مونث) گاڑی کے اگلے حصے کا رسیوں سے بنا ہوا بیڑ ⑦ گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ ⑧ گاڑی کا جوا ⑨ ماچی کی ضد ہے۔

**سانن** (ہ) اسم مونث ① سانی کی تانیث ② سانی کی جورو ③ سانی قوم کی عورت۔

**سانا** (ہ) فعل ① گوندھنا ② ملنا ③ مسلنا ④ گارا کرنا ⑤ داغ لگانا ⑥ عیب لگانا ⑦ عیب میں شریک کرنا ⑧ جرم میں شامل کرنا ⑨ پھانسنا۔

**سانوٹا** (ہ) اسم صفت ① ہوشیار ② چوکس ③ چوکنا ④ خوب لیس ⑤ تیار ⑥ آمادہ ⑦ مستعد۔

**سانوٹا ہو جانا** (ہ) فعل ① چوکس اور ہوشیار ہو جانا ② تیار ہو کر سامنے آنا ③ دم لے کر ٹھیک ہو جانا۔

**سانولا/ سانورا** (ہ) اسم صفت ① سبزہ رنگ ② نمکین ③ ملیح ④ سیاہی مائل سا ⑤ سری کرشن جی کا لقب ⑥ سیام۔

**سانولا رنگ** (ا) اسم مذکر ① سیاہی مائل رنگ ② ملیح رنگ ③ سبزہ رنگ ④ گندمی۔

**سانولا سلونا** (ہ) اسم صفت ① نمکین ② نمک والا ③ گندمی رنگ والا ④ فالسی۔

**سانولیا** (ہ) اسم مذکر۔ کرشن جی کا لقب ہے جو ناگ کی پھونک سے کالے پڑ گئے تھے۔

**سان نہ گمان** (ا) تابع فعل ① خبر نہ سار ② وہم نہ گمان ③ ناگاہ ④ اچانک ⑤ یکا یک۔

**سانی** (ہ) اسم مونث ① بھوسہ اور کھلی ملا ہوا چارہ ② کٹی جو بھینسوں کو کھلاتے ہیں (بحالت مذکر) کاشتکاروں کی ایک قوم ③ مالی ④ باغبان۔

**ساؤ** (ہ) اسم صفت ① بھلا مانس ② سیدھا ③ سپوت ④ غریب ⑤ مسکین ⑥ نرم دل ⑦ متحمل ⑧ (بحالت اسم مذکر) براتی ⑨ دولھا کے ساتھ آنے والے لوگ۔

**ساؤتھ** (ای) ① جنوب ② دکھن ③ اتر کی ضد۔

**ساؤدھان** (ہ) اسم صفت ① چوکس ② ہوشیار ③ خبردار ④ آمادہ ⑤ مستعد ⑥ تیار ⑦ لیس۔

**ساوڑ/سوڑ** (ہ) اسم مونث ① سوتک ② نفاس ③ زچہ خانے کی ناپاکی۔

**ساون** (ہ) اسم مذکر ① ہندی سال کا چوتھا قمری مہینہ ② برسات کا دوسرا مہینہ جو پندرہ جولائی سے ۱۵اگست تک ہوتا ہے۔

**ساون بھادوں** (ہ) اسم مذکر ① برسات کے مہینوں کے نام ہیں جن میں بارش بکثرت ہوتی ہے ② باریک باریک جالیوں والا مکان ③ ایک قسم کی آتشبازی کا نام بھی ہے۔

**ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے** (ہ) مثل۔ مفلسی میں امیری کے زمانے کا حوصلہ نہیں جاتا۔

**ساون کی جھڑی** (ہ) اسم مونث۔ وہ بارش جو کئی روز تک متواتر ہوتی رہے۔

**ساون کے گیت** (ہ) اسم مذکر۔ برسات کے گیت۔

**ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے** (ہ) مثل ① ہمیشہ یکساں رہنا ② سدا ایک ہی طرز پر رہنا۔

**ساونت** (ہ) اسم صفت مذکر ① سورما ② بہادر ③ دلیر ④ جوانمرد ⑤ جودھا ⑥ شجاع۔

**ساونی** (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ① فصل خریف جس میں چاول، مکی، باجرہ وغیرہ اجناس پیدا ہوتی ہیں ② ساون کے مہینے میں کھلنے والے ایک پھول کا نام ③ سندھارا یعنی وہ پھول مٹھائی وغیرہ جو دولھا کے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

گھر سے دولھن والوں کے ہاں بھیجتے ہیں۔

ساہ (ہ) اسم مذکر ❶ بیوپاری ❷ بنجارہ ❸ سوداگر ❹ تاجر ❺ مہاجن ❻ سیٹھ ❼ ساہوکار ❽ بنیا ❾ بقال۔

ساہا (ہ) اسم مذکر ❶ وقت ❷ سماں ❸ ہندوؤں کی شادی کے دن جن میں بیاہ کا سنجوگ ہوتا ہے۔

ساہا چمکنا (ہ) فعل۔ بہت سی شادیوں کا ہونا۔

ساہل / ساہول (ہ) اسم مذکر ❶ لٹکن ❷ لوہے یا پتھر وغیرہ کا ایک کنڈے دار گولا جس سے معمار لوگ دیوار کی سدھائی قائم رکھتے ہیں۔

ساہو (ہ) اسم مونث ❶ دوست ❷ خیر خواہ ❸ مربی۔

ساہوکار (ہ) اسم مذکر ❶ لین دین کرنے والا ❷ سود کھانے والا ❸ سود پر روپیہ قرض دینے والا ہے۔

ساہوکارا (ا) اسم مذکر بالف ظرفیت ❶ ساہوکاروں کا بازار ❷ لین دین کی جگہ ❸ ساہوکارپن۔

ساہوکاری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بیوپار ❷ لین دین ❸ سوداگری ❹ تجارت ❺ شرافت ❻ دیانتداری۔

ساہی (ہ) اسم مونث ❶ سیہہ ❷ خارپشت ❸ ایک جانور کا نام ہے جس کی پیٹھ پر تکلے اور منہ سور جیسا ہوتا ہے۔

سائی (ہ) اسم مونث ❶ بیعانہ ❷ پیشگی ❸ پیشداد ❹ کسی چیز کی قیمت یا اجرت ٹھہرا کر اس کی فروخت کو روک دینے کے لئے جو روپیہ وغیرہ پہلے دیا ہے ❺ کیڑے ہگنے والی مکھی۔

سائی بجانا (ہ) فعل۔ (رقاصہ) اس کے گھر ناچنا جس کی سائی لی ہو۔

سائی دینا (ہ) فعل ❶ بیعانہ دینا ❷ قیمت مقرر کر کے کچھ پیشگی دینا۔

سائبان (ہ) اسم مذکر (اصل میں سایہ بان بمعنی محافظ سایہ) ❶ چھپر ❷ چھجہ ❸ برآمدہ ❹ شامیانہ ❺ نمگیرہ۔

سائر (ع) اسم فاعل مفید صفت ❶ سیر کرنے والا ❷ پھرنے والا ❸ تمام ❹ کل ❻ سب ❼ سارا ❽ بچا ہوا ❾ باقی۔

سائر خرچ (ا) اسم مذکر ❶ متفرق خرچ ❷ دفتروں کا بالائی صرف۔

سائیس (ا) اسم مذکر ❶ گھوڑے کی خدمت کرنے والا نوکر ❷ گھوڑے کا محافظ۔

سائیسی (ا) اسم مونث ❶ گھوڑے کی خدمت کرنے کا کام یا پیشہ ❷ گھوڑے کی حفاظت۔

سائیسی علم دریا ہے (ا) مثل۔ طنز کے طور پر کسی سائیس کا مقولہ ہے جو سائیسی کو بھی بہت بڑا علم سمجھتا تھا۔

سائل (ع) اسم فاعل مذکر ❶ سوال کرنے والا ❷ پوچھنے والا ❸ مانگنے والا ❹ امیدوار ❺ مدعی۔

سائیں (ہ) اسم مذکر ❶ خدا ❷ ایشور ❸ رب ❹ مالک ❺ پتی ❻ خصم ❼ شوہر ❽ درویش ❾ فقیر۔

سائیں بابا / سائیں داتا / سائیں موٹے (ا) اسم مذکر ❶ کامل فقیروں کا خطاب ❷ پیرو مرشد۔

سائیں کا دربار (ا) اسم مذکر ❶ خدا کی کچہری ❷ بارگاہ الٰہی۔

سائن بورڈ (ای) اسم مذکر ❶ پتے کا تختہ ❷ اشتہار لگانے کا تختہ ❸ تختہ اعلان۔

سائیں سائیں (ہ) اسم مونث بیائے مجہول ❶ ہوا کے چلنے کی آواز ❷ سرسراہٹ ❸ سنسناہٹ۔

سائیں سائیں کرنا (ہ) فعل ❶ ہوا کا سرسرانا ❷ ہوا کا چلنا ❸ خوفناک معلوم ہونا۔

سائیں سوتا (ہ) تابع فعل ❶ صحیح سلامت ❷ بھلا چنگا ❸ جیتا جاگتا۔

سایہ (ف) اسم مذکر ❶ چھاؤں ❷ چھایا ❸ پرچھائیں ❹ ظل ❺ پناہ ❻ آڑ ❼ بچاؤ ❽ حمایت ❾ مدد۔

سایہ اترنا (ہ) فعل۔ جن بھوت وغیرہ کا اثر زائل ہو جانا۔

سایہ پروردہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ لاڈ کا پلا ہوا ❷ کسی کی حمایت میں پلا ہوا ❸ گھر کا پلا ہوا ❹ غلام ❺ خانہ زاد ❻ ناتجربہ کار۔

سایہ پڑنا (ا) فعل ❶ پرچھاواں پڑنا ❷ دوسرے کی خوبو کا اثر ہو جانا ❸ عکس پڑنا۔

سایہ خدا (ف) اسم مذکر ❶ خدا کا سایہ ❷ بادشاہ ❸ ظل الٰہی۔

سایہ دار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ چھایا والا ❷ چھاؤں والا درخت۔

سایہ ہونا / ہو جانا (ا) فعل ❶ صحبت کا اثر ہونا ❷ مہربانی ہونا ❸ آسیب زدہ ہونا ❹ جن بھوت وغیرہ کا خلل ہونا۔

سائے (ا) اسم مذکر ❶ سایہ کی جمع ❷ حروف عاملہ کے آنے سے سایہ کی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بدلی ہوئی شکل۔

سائے تلے آنا (ا) فعل ❶ کسی کی پناہ یا حمایت میں آنا ❷ سرن لینا۔

## س ← ب

سب (ع) اسم مذکر ❶ گالی دینا ❷ لعن طعن کرنا ❸ برا بھلا کرنا۔

سب دشتم (ع) اسم مذکر ❶ لعن طعن کرنا ❷ گالی گلوچ ❸ برا بھلا کہنا۔

سب (ہ) اسم صفت ❶ سارا ❷ کل ❸ تمام ❹ ہر ایک ❺ ہر طرح کا ❻ پورا ❼ سالم ❽ کامل ❾ شامل۔

سب اپنے بہو بیگانی (ا) مثل۔ عورتیں اسلیئے کہتی ہیں کہ بہو دوسرے خاندان کی بیٹی ہوتی ہے۔

سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں (ا) مثل۔ سب ایک جیسے شرارتی اور تکلیف دینے والے ہیں۔

سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں (ا) مثل۔ سب کی حالت ایک جیسی ہے۔

سب بات کھوٹی پہلے دال روٹی (ا) مثل ❶ پیٹ کی فکر سب سے پہلے ❷ اول طعام بعدہ کلام۔

سب چیز کی لہر بہر ہے (ا) مثل ❶ کسی چیز کی کمی نہیں ہے ❷ سب کچھ موجود ہے۔

سب در جھانکنا (ا) محاورہ ❶ ہر ممکن جگہ تلاش کرنا ❷ مارے مارے پھرنا۔

سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے (ا) مثل۔ فضول خرچ آدمی موقع پر کچھ پاس نہ ہونے کی وجہ سے شرمندگی اٹھاتا ہے۔

سب سے بری ہونا (ا) محاورہ۔ کسی سے کوئی واسطہ یا تعلق نہ رکھنا۔

سب سے بھلی چپ (ا) مثل۔ خاموشی سب سے بہتر ہے۔

سب طرح سے حاضر ہونا (ا) مثل۔ ہر ممکن خدمت کے لیے تیار ہونا۔

سب کا سب (ا) متعلق فعل ❶ کُل ❷ سارے کا سارا ❸ تمام و کمال۔

سب کچھ (ا) متعلق فعل ❶ ہر ایک بات ❷ ہر ایک چیز ❸ سب چیز ❹ ہر بات۔

سب کچھ گیا میاں کی ٹخ ٹخ نہ گئی (ا) مثل۔ کنگال ہو گئے پھر بھی شیخی مارنے کی عادت نہ چھوٹی۔

سب کچھ ہو ہوا کر (ا) فعل ❶ معاملہ طے ہو کر ❷ کاروائی ہو جانے کے بعد۔

سب کو ایک آنکھ دیکھنا (ا) ❶ سب کو یکساں سمجھنا ❷ کسی کی طرف داری نہ کرنا ❸ کانے آدمی کے بارے میں مزاحاً کہتے ہیں۔

سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا (ا) مثل۔ مرتبے اور حیثیت کا لحاظ نہ کر کے ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔

سب کوئی (ا) متعلق فعل ❶ ہر شخص ❷ ہر ایک۔

سب کہنے کی باتیں ہیں (ا) محاورہ ❶ بناوٹی باتیں ہیں ❷ اصلیت کچھ نہیں ❸ خیالی باتیں ہیں ❹ جن پر عمل نہیں ہو سکتا۔

سب کہیں (ا) متعلق ❶ ہر جگہ ❷ سب جگہ ❸ ہر کہیں۔

سب کے دیکھتے (ا) متعلق ❶ سب کی موجودگی میں ❷ لوگوں کے سامنے ❸ اعلانیہ ❹ کھلم کھلا۔

سب گنوں پورا (ا) مثل۔ اس شخص پر طنز جس میں ساری ہی برائیاں پائی جاتی ہوں۔

سب ہاتھ سے بیٹھے ہیں (ا) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب اہل محفل کسی کے انتظار میں کھانے کو ہاتھ نہ لگائیں۔

سب (ا) صفت ❶ نیچے ❷ تلے ❸ زیر ❹ تحت میں ❺ نائب ❻ ماتحت ❼ سب آرڈینیٹ کا مخفف۔

سب آرڈینیٹ (ای) اسم مذکر ❶ ماتحت ❷ تابع۔

سب آفس (ای) اسم مونث ❶ دفتر ماتحت ❷ ڈاکخانہ۔

سب اسسٹنٹ سرجن (ای) اسم مذکر۔ اسسٹنٹ سرجن کا ماتحت ڈاکٹر۔

سب انسپکٹر (ای) اسم مذکر ❶ انسپکٹر کا نائب (پولیس) تھانے دار ❷ کوتوال۔

سب اوورسیئر (ای) اسم مذکر۔ اوورسیئر کا نائب۔

سب ایجنٹ (ای) اسم مذکر۔ ایجنٹ سے مال لے کر فروخت کرتا ہو۔

سب ایجنسی (ای) اسم مذکر ❶ سب ایجنٹ کا دفتر ❷ چھوٹی ایجنسی۔

سب ایڈیٹر (ای) اسم مذکر۔ ماتحت ایڈیٹر۔

سب پوسٹ آفس (ای) اسم مذکر۔ شہر کے کسی محلے یا علاقے کا ڈاک گھر جو جنرل پوسٹ آفس کے ماتحت ہو۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**سب پوسٹ ماسٹر** (ای) اسم مذکر۔ سب پوسٹ آفس کا انچارج۔
**سب جج** (ای) اسم مذکر۔ وہ حاکم دیوانی جو جج کے ماتحت ہوتا ہے۔
**سب ججی** (ای) اسم مونث ❶ سب جج کا عہدہ ❷ سب جج کا دفتر۔
**سب ڈویژن** (ای) اسم مذکر۔ ضلع کا ایک حصہ۔
**سب ڈویژنل آفیسر** (ای) اسم مذکر۔ وہ افسر جو سب ڈویژن کا انچارج ہو۔
**سب رجسٹرار** (ای) اسم مذکر۔ رجسٹرار کا نائب جو رجسٹریوں کو تصدیق کرتا ہے۔
**سب سکرائبر** (ای) اسم مذکر ❶ خریدار ❷ چندہ دینے والا ❸ چندہ دینے والوں کی فہرست میں نام لکھانے والا۔
**سب کمیٹی** (ای) اسم مونث۔ بڑی کمیٹی کے ارکان کی بنائی ہوئی چھوٹی کمیٹی۔
**سب لیٹ** (ای) اسم مذکر ❶ کرایہ دار کا مکان یا دوکان وغیرہ کو آگے کسی اور کرایہ دار کو کرایہ پر دے دینا۔
**سبا** (ع) اسم مونث۔ یمن میں ملکہ بلقیس کے شہر کا نام جو کہ حضرت سلیمانؑ کو ہمعصر تھی۔
**سبائی** (ہ) اسم مذکر ❶ سبا (یمن) کا باشندہ ❷ سبا سے منسوب ہے۔
**سباق** (ع) اسم مذکر ❶ علم وحساب کی مہارت ❷ سبقت لے جانا ❸ دوڑ میں آگے بڑھنا۔
**سبت** (ع) اسم مذکر ❶ آرام ❷ آسائش ❸ آسودگی ❹ آرام اور عبادت کا دن۔
**سبجیکٹ** (ای) اسم مذکر ❶ مضمون ❷ موضوع ❸ رعایا ❹ محکمہ۔
**سبحان** (ع) اسم صفت ❶ تمام عیبوں سے پاک ❷ مبرا۔
**سبز** (ف) اسم صفت ❶ ہرا ❷ کچا ❸ تازہ تازہ ❹ شاداب۔
**سبز باغ دکھانا** (ا) محاورہ ❶ دھوکا دینا ❷ فریب کرنا ❸ فائدہ پہنچنے کو جھوٹی امیدیں دلانا۔
**سبزہ** (ف) اسم مذکر ❶ روئیدگی ❷ نباتات ❸ زمرد ❹ پنا ❺ ہریاول ❻ شادابی ❼ طراوت ❽ تازگی ❾ کان کا ایک زیور۔
**سبزہ لہلہانا** (ا) فعل۔ روزمرہ۔ گھاس کا ہوا کے جھونکوں کے ہلنا یا لہرانا۔
**سبزی فروش** (ف) اسم مذکر ❶ سبزیاں ترکاریاں کھانے والا ❷ گوشت سے پرہیز کرنے والا۔
**سبق** (ا) اسم مذکر ❶ کتاب کا وہ حصہ جو شاگرد استاد سے بطور درس ایک مرتبہ میں پڑھے ❷ عبرت ❸ تجربہ ❹ نصیحت ❺ سزا ❻ گوش مالی ❼ سبقت ❽ پیش روی۔
**سبق دینا** (ا) فعل ❶ پڑھانا ❷ سکھانا ❸ نصیحت کرنا ❹ کام کی بات بتانا ❺ سزا دینا ❻ گوشمالی کرنا۔
**سبق ملنا** (ا) مثل ❶ سزا ملنا ❷ تادیب ہونا ❸ عبرت حاصل ہونا ❹ درس ملنا۔
**سبک دوش** (ف) ❶ جس پر کوئی بوجھ نہ ہو ❷ فارغ البال ❸ جو فارغ کر دیا گیا ہو ❹ آزاد۔
**سبک سار** (ف) ❶ ہلکا ❷ چھچھورا ❸ بے عزت ❹ بے وقار۔
**سبک کرنا** (ا) محاورہ ❶ شرمندہ کرنا ❷ بے عزت کرنا۔
**سُبکی** (ا) اسم مونث ❶ خفت ❷ ذلت ❸ رسوائی ❹ شرمندگی۔
**سبُوچہ** (ا) ❶ چھوٹا گھر ❷ ٹھلیا۔
**سبھا** (ا) اسم مونث ❶ مجلس ❷ محفل ❸ جلسہ ❹ بزم ❺ انجمن۔
**سبیل** (ا) اسم مونث ❶ راستہ ❷ تدبیر ❸ طریقہ ❹ صورت ❺ وسیلہ ❻ سبب ❼ راہگیروں کو مفت پانی پلانے کا پیاؤ۔
**سبیل لگانا** (ا) فعل۔ پیاسے راہگیروں کے لیے پانی کا انتظام کرنا۔

## س ← پ

**سپا** (ا) ❶ نشانہ ❷ ہدف ❸ ڈھنگ ❹ ڈھب ❺ فاصلہ ❻ سراغ۔
**سپاٹ** (ہ) صفت ❶ ہموار ❷ برابر ❸ ایسی سطح جو بغیر اونچ نیچ کے ہو ❹ صاف ❺ سادہ۔
**سپارہ** (ف) اسم مذکر۔ قرآن مجید کو تیس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔
**سپاہ** (ف) ❶ فوج ❷ لشکر۔
**سپاہی** (ف) فوجی ❶ لشکری ❷ پولیس کانسٹیبل ❸ سنتری۔
**سپرد کرنا** (ہ) فعل ❶ قبضے میں دینا ❷ حوالے کرنا ❸ امانت رکھوانا ❹ حراست میں دینا۔
**سپردگی** (ف) ❶ تحویل ❷ حراست ❸ حوالات ❹ نظر بندی ❺ امانت ❻ جو چیز سپرد کی جائے۔
**سپریم** (ای) اسم صفت ❶ اعلیٰ اختیار رکھنے والا ❷ سب سے بڑا۔
**سپریم کورٹ** (ای) ❶ عدالت عالیہ ❷ ملک کی سب سے بڑی اعلیٰ عدالت۔
**سپلائی** (ای) ❶ رسد ❷ ذخیرہ ❸ فراہمی۔
**سپورٹس** (ای) ❶ کھیل ❷ تفریحات۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772183

سپولیا (ہ) سانپ کا بچہ۔
سپہ (ف) مثل ❶ فوج ❷ لشکر۔
سہ پہر (ہ) تیسرا پہر۔
سپیچ (ا) مثل ❶ تقریر ❷ لیکچر ❸ خطبہ ❹ بیان۔
سپیرا (ہ) ❶ سانپ پکڑنے والا ❷ سانپ کا تماشا دکھانے والا۔
سپیشل (ا) ❶ خاص ❷ مخصوص۔
سپیکر (ا) ❶ مقرر ❷ پارلیمان کا صدر۔

## س ← ت

ست (ہ) ❶ سچائی ❷ صداقت ❸ راستی ❹ ایمان ❺ بجا ❻ سچا۔
ست چڑھنا (ہ) محاورہ ❶ ولولہ پیدا ہونا ❷ ستی ہونے کے لیے جوش میں بھر جانا ❸ پاک دامنی کا جذبہ غالب ہونا۔
ست سے نکل جانا (ہ) محاورہ ❶ ہمت ہار دینا ❷ طاقت نہ رہنا ❸ دم نہ رہنا ❹ ہار جانا۔
ست پوتی (ہ) ❶ سات بیٹوں کی ماں ❷ کثیر اولاد۔
ست منزلہ (ہ) ❶ سات منزل کا مکان ❷ ست کھنڈا۔
ست (ا) لڑکا۔ بیٹا۔
ستا (ہ) مثل ❶ لڑکی ❷ بیٹی۔
ستار (ف) طنبورے کی قسم کا ایک باجہ شروع میں اس میں صرف تین تار ہوتے تھے اس لیے ستار کہلایا۔
ستار باز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ ستار بجانے والا ❷ ستار کا شوقین۔
ستار بازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ستار بجانے کا شوق ❷ اشتیاق ستار۔
ستارہ (ف) اسم مذکر ❶ تارہ ❷ انجم ❸ کوکب ❹ کرم ریکھ ❺ طالع ❻ بھاگ ❼ نصیب ❽ پرالبد ❾ راس۔
ستارہ بلند ہونا (ا) فعل ❶ ستارے کا اونچا ہونا ❷ اقبال یاور ہونا ❸ قسمت بلند ہونا۔
ستارہ پیشانی (ف) اسم صفت۔ وہ منحوس گھوڑا جس کی پیشانی پر ناخن برابر سفید ٹیکا ہو۔
ستارہ چمکنا (ہ) فعل ❶ نصیبا جاگنا ❷ دن پھرنا ❸ تارے کا روشن وتاباں ہونا۔
ستارہ شناس (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ نجومی ❷ منجم ❸ جوتشی ❹ اختر شناس۔
ستارہ کی گردش (ا) اسم مونث ❶ قسمت کا چکر ❷ تقدیر کا پھیر ❸ ادبار ❹ نحوست۔
ستارہ گردش میں ہونا (ا) فعل ❶ قسمت کا بگڑ جانا ❷ ادبار و بداقبالی کا سامنا ہونا۔
ستارہ ملنا (ا) فعل ❶ راس کا مل جانا ❷ موافقت ہونا ❸ طبیعت کا ملنا۔
ستارہ ہند (ا) اسم مذکر۔ سرکار انگریزی کی طرف سے عزت کا خطاب۔
ستاری/ستالی (ہ) اسم مونث آلہ۔ چمڑے میں چھید کرنے کا چماروں اور موچیوں کا ایک اوزار۔
ستاسی (ہ) اسم عدد۔ سات اور اسی۔ ۸۷۔
ستانا (ہ) فعل ❶ دق کرنا ❷ تنگ کرنا ❸ عاجز کرنا ❹ تکلیف دینا ❺ ازار دینا۔
ستانوے (ہ) اسم عدد۔ نوے۔ اور سات۔ ۹۷۔
ستاور (ہ) اسم مونث ❶ ایک دوا کا نام ہے ❷ بوزیدان۔
ستاون (ہ) اسم عدد۔ پچاس اور سات۔ ۵۷۔
ستائیس (ہ) اسم عدد۔ بیس اور سات۔ ۲۷۔
ستائش (ف) اسم مونث حاصل مصدر از ستودن ❶ سراہنا ❷ تعریف ❸ صفت ❹ توصیف۔
ستتر (ہ) اسم عدد سات اور ستر۔ ۷۷۔
ستر (ع) اسم مذکر و مونث ❶ پردہ ❷ حجاب ❸ اوٹ ❹ پوشیدہ ❺ چھپا ہوا ❻ مخفی ❼ مستور ❽ شرمگاہ ❾ پردے کی جگہ۔
ستر (ہ) اسم عدد ❶ سات دہائیاں ❷ دس ستے۔ ۷۰ ❸ مجازاً بمعنی کثرت ❹ بہتات ❺ سینکڑوں۔
ستر کان بہتر جھول (ہ) محاورہ۔ نہایت ٹیڑھا اور جھول دار کپڑا۔
سترا بہترا (ہ) اسم صفت ❶ پیرانہ سال ❷ بہت بوڑھا جس کی عقل بڑھاپے کے سبب جاتی رہے ❸ پیر فرتوت۔
ستروان (ہ) اسم صفت [illegible] حصوں میں [illegible] ایک۔
سترہ (ہ) اسم عدد۔ دس اور سات۔ ۱۷۔
سترویں/سترھویں (ہ) اسم صفت مونث ❶ (ہندو) وہ رسم جو میت کے سترہ روز بعد برتی جاتی ہے ❷ ہر مہینے کی سترہ تاریخ۔



Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ستھواں (ہ) اسم صفت مذکر۔ ہفتہ، وہ چیز جس کا نمبر سترہ ہو۔
ستری (ہ) اسم مونث۔ دلالوں کی اصطلاح میں دو روپے کو کہتے ہیں۔
ستری بہتری (ہ) اسم مونث۔ وہ بڑھیا جس کی پیرانہ سری میں عقل جاتی رہے۔
ستری بہتری باتیں (ہ) اسم مونث ① بڑی بوڑھیوں کی سی باتیں ② بے سروپا باتیں۔
ستل (ہ) اسم مذکر۔ زمین کا تیسرا طبقہ۔
ستلی (ہ) اسم مونث ① سن کی باریک ڈوری ② (دلال) بیس بیس روپے۔
ستم (ف) اسم مذکر ① ظلم ② تکلیف ③ جور و جفا ④ بیداد ⑤ تعدی ⑥ غضب۔
ستم ایجاد (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① موجد ستم ② نہایت ظالم جس نے ظلم کی بنیاد ڈالی ہو۔
ستم توڑنا (ا) فعل ① ستانا ② تکلیف دینا ③ ظلم کرنا۔
ستم ٹوٹنا (ا) فعل ① سختی آنا ② ظلم ہونا ③ آفت آنا ④ مصیبت پڑنا ⑤ غضب آنا۔
ستم ٹوٹے (ا) دعائے بد ① غضب پڑے ② آفت آئے ③ مصیبت میں گرفتار ہو۔
ستم دیدہ/ستم رسیدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① وہ شخص جس پر ظلم ہوا ہو ② مظلوم ③ دکھیا ④ ستایا ہوا۔
ستم ڈھانا (ا) فعل ① آفت توڑنا ② سخت ظلم کرنا ③ غضب کرنا۔
ستم شعار (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① ظلم کا عادی ② جفا کا خوگر ③ وہ شخص جس نے ظلم کا ہی جامہ پہن رکھا ہو۔
ستم ظریف (ف) اسم صفت۔ ظرافت اور ہنسی کے پردے میں ظلم کرنے والا۔
ستم کرنا (ا) فعل ① ظلم کرنا ② غضب کرنا ③ قابل افسوس کام کرنا ④ کوئی نئی بات کرنا۔
ستم کیا ہے (ا) محاورہ ① غضب کیا ہے ② عجیب کام کیا ہے ③ نئی ایجاد کی ہے۔
ستمگار/ستمگر (ف) اسم صفت فاعلی ظالم ① دکھدائی ② لوگوں کو ستانے والا۔
ستم ہونا (ا) فعل ① برا ہونا ② غضب ہونا ③ نئی بات ہونا ④ ظلم ہونا ⑤ سختی ہونا ⑥ آفت و مصیبت کا نازل ہونا ⑦ رنج ہونا ⑧ ملال ہونا ⑨ انوکھا آدمی ہونا۔
ستمبر (ای) اسم مذکر۔ انگریزی سال کا نواں مہینا۔
ستمی (ہ) اسم مونث۔ چاند کی ساتویں تاریخ۔
ستن (ہ) اسم مذکر ① ستھن کا مخفف ② پائجامہ۔
ستنا (ہ) فعل ① کھنچنا ② سمٹنا ③ صاف ہونا ④ خالی ہونا ⑤ سوکھنا ⑥ نوچا جانا جیسے درخت کے پتے ست گئے۔
ستنا/ستھنا (ہ) اسم مذکر ① پیجامہ ② ازار ③ تنگ پاجامہ ④ تحقیراً بچوں کا پائجامہ۔
ستو (ہ) اسم مذکر۔ بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔
ستو باندھ کر پیچھے پڑنا (ہ) فعل ① نہایت پیچھے پڑنا ② سر ہو جانا۔
ستوا سنکرانت (ہ) اسم مونث ① وہ تیوہار جس میں ہندو صاحبان ستو بنا کر برہمنوں کو تقسیم کرتے ہیں ② سورج کے برج حمل میں داخل ہونے کا دن۔
ستواں (ہ) اسم صفت مفعولی ① ستی ہوئی ② پتلی ③ نازک۔
ستواں ناک (ہ) اسم مونث ① نازک ناک ② پتلی ناک ③ خوبصورت ناک۔
ستوانا (ہ) فعل ① صاف کروانا ② نچڑوانا ③ لگوانا جیسے پیٹ ستوانا۔
ستوانسا (ہ) اسم مذکر ① سات مہینے کا بچہ ② ست ماہا ③ حمل کے ساتویں مہینے کی ایک رسم۔
ستون (ف) اسم مذکر ① تھم ② تھم ③ کھمبا ④ رکن ⑤ مینار ⑥ تھونی۔
ستونتا (ہ) اسم صفت فاعلی مذکر ① ست والا ② ستیا والا ③ صادق ④ سچا ⑤ راستگو ⑥ بھلامانس ⑦ شائستہ ⑧ نیک ⑨ مہذب۔
ستونتی (ہ) اسم صفت فاعلی مونث ① پارسا عورت ② باعفت ③ پرہیزگار عورت۔
ستھرا (ہ) اسم صفت ① صاف ② پاک ③ اچھا ④ خوب ⑤ نیک ⑥ اجلا ⑦ نرمل ⑧ کھرا۔
ستھراشاہی (ہ) اسم مذکر ① ستھراشاہ سے نسبت رکھنے والا ② ستھراشاہ گورونانک صاحب کا ایک چیلا تھا جس سے یہ پنتھ چلا ہے۔
ستھرانا (ہ) فعل (پورب) ① بکھیرنا ② بچھانا ③ فرش کرنا ④ پھیلانا ⑤ کاٹ کر ڈھیر لگانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ستھراؤ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ ڈھیر ❷ تودا مقتولوں کا ❸ کٹی ہوئی فصل کا فرش ❹ بچھونا۔

ستھراؤ کرنا (ہ) فعل ❶ کشتوں کے پشتے لگانا ❷ فصل کو کاٹ کر پیچھے ڈالتے جانا ❸ کھیت ڈالنا ❹ مردوں کا ڈھیر لگانا۔

ستھرائی (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ صفائی ❷ نفاست ❸ پاکیزگی ❹ عمدگی ❺ جھاڑو۔

ستھرائی پھیرنا (ہ) فعل ❶ جھاڑو دینا ❷ برباد کرنا ❸ لوٹ کر لے جانا۔

ستھرائی دینا (ہ) فعل ❶ جھاڑو دینا ❷ جاروب ❸ کشی کرنا۔

ستہ/ستہ متناسبہ (ع) اسم عدد ❶ چھ ❷ شش ❸ حساب کا وہ قاعدہ جس میں پانچ معلوم رقموں سے مجہول مقدار معلوم کر لیتے ہیں ❹ بار بار اربعہ جمانا نہیں پڑتا۔

ستھن (ہ) اسم مذکر ❶ پاجامہ ❷ ازار۔

ستھنی (ہ) اسم مونث ❶ ستھن کی تانیث ❷ تحقیری۔

ستیا (ہ) اسم مونث ❶ راستی ❷ سچائی ❸ صدق ❹ دھرم ❺ ایمان۔

ستی (ہ) اسم مونث ❶ ہندوؤں میں مردہ شوہر کے ساتھ زندہ جل جانے کی رسم ❷ وہ عورت جو ستی ہو جائے ❸ پارسا عورت ❹ انجام ❺ تحفہ۔

ستیاناس (ہ) اسم مذکر ❶ ناس ❷ بربادی ❸ تباہی (ستیا بمعنی دھرم ❹ ناس ❺ بربادی۔

ستیاناس جانا (ہ) فعل ❶ برباد ہونا ❷ ٹوٹا پھوٹنا ❸ ایمان جانا۔

ستیاناس کرنا (ہ) فعل ❶ برباد کر ڈالنا ❷ اجاڑنا ❸ تباہ کر دینا ❹ نقصان کرنا ❺ ڈھانا ❻ منہدم کرنا ❼ بدچلن کرنا۔

ستیاناسی (ہ) اسم مونث۔ ایک درخت کا نام ہے جس میں کانٹے بہت ہوتے ہیں۔ جس کے پھول کا زیرہ کھانج کے کام آتا ہے۔

ستیز/ستیزہ (ف) اسم مونث ❶ لڑائی ❷ جنگ۔

ستیہ آگرہ (س) اسم مذکر ❶ سچا عہد ❷ پکا اقرار ❸ سچا مقابلہ ❹ درست اعتراض ❺ خاموشی۔

## س ← ٹ

سٹ (ہ) اسم مذکر ❶ لاگ لپٹ ❷ سازش ❸ میل جول ❹ تدبیر ❺ ڈھب۔ جگت۔

سٹ لڑانا (ہ) فعل ❶ جگت لگانا ❷ میل جول پیدا کر لینا ❸ آنکھ لگانا ❹ گانٹھنا۔

سٹ (ای) اسم مذکر ❶ مجموعہ ❷ دستہ ❸ اکٹھ ❹ گروہ ❺ چند چیزوں کا مجموعہ۔

سٹا (ہ) اسم مذکر ❶ جوار کا خوشہ ❷ مکئی کا بھٹا ❸ شراکت ❹ بٹائی ❺ بٹائی کا اقرارنامہ۔

سٹا بٹا (ہ) اسم مذکر ❶ سازش میں میل ملاپ ❷ اٹ سٹ ❸ دو شخصوں کا باہم ادلے بدلے کا رشتہ ❹ فریب ❺ مکر ❻ دغا ❼ فن۔

ساسٹ/سٹ سٹ (ہ) اسم مونث صوت ❶ متواتر چابک یا کوڑے پڑنے کی آواز ❷ متواتر ❸ جلدی جلدی ❹ لگاتار ❺ مسلسل۔

سٹے باز (ہ) اسم مذکر ❶ جوا کھیلنے والا ❷ سازشی ❸ دھوکا باز۔

سٹابری (ای) اسم مذکر۔ ایک پھل کا نام۔

سٹاپ (ای) اسم مذکر۔ قیام کرنے یا ٹھہرنے کی جگہ۔

سٹاپ پریس (ای) اسم مذکر۔ وہ خبر جو اخبار چھپنے کے دوران میں شامل کی جائے۔

سٹار (ای) اسم مذکر۔ ستارہ۔

سٹارٹ (ای) اسم مذکر ❶ آغاز ❷ ابتدا ❸ روانگی۔

سٹاف (ای) اسم مذکر ❶ محکمہ کے ملازموں کا مجموعہ ❷ کسی سررشتہ کے تمام ملازم۔

سٹاک (ہ) اسم مونث۔ چھڑی مارنے کی آواز۔

سٹاک (ای) اسم مذکر ❶ ذخیرہ ❷ گودام ❸ مال۔

سٹاک بک (ای) اسم مونث ❶ مال کی تفصیل درج کرنے کی کتاب ❷ مال کی فہرست۔

سٹاک ایکسچینج (ای) اسم مذکر۔ وہ ادارہ جہاں مشترکہ سرمائے کی کمپنیوں کے حصص کے خرید و فروخت اور تجارتی لین دین ہوتا ہے۔

سٹال (ای) اسم مذکر ❶ بازار ❷ نمائش یا کسی میلے وغیرہ میں چھوٹی سی دوکان۔

سٹامپ (ای) اسم مذکر ❶ ٹکٹ ❷ اشٹام ❸ سرکاری کاغذ جس پر شاہی مہر لگی ہوتی ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

سٹائل (ای) اسم مذکر ❶ طرز ❷ تحریر ❸ اسلوب ❹ رنگ ڈھنگ۔

سٹ پٹانا (ہ) فعل ❶ گھبرانا ❷ حیران ہونا ❸ حواس باختہ ہونا ❹ متفکر ہونا ❺ مضطرب ہونا۔

سٹپٹاتے پھرنا (ہ) فعل ❶ گھبرایا ہوا پھرنا ❷ مارا مارا پھرنا ❸ حیران و پریشان پھرنا۔

سٹر پٹر (ہ) اسم مونث ❶ ذرا ذرا سے کام ❷ چھوٹے موٹے کام ❸ بے چینی ❹ اضطراب ❺ بے قراری۔

سٹر پٹر پڑنا (ہ) فعل ❶ اضطراب ہونا ❷ بے چینی ہونا ❸ بدحواسی ہونا ❹ حیران ہونا۔

سٹر پٹر کرنا (ہ) فعل ❶ بے کار پھرنا ❷ حیران پھرنا ❸ چھوٹے موٹے کام کرتے پھرنا ❹ بکھیڑا کرتے پھرنا۔

سٹرلنگ (ای) اسم مذکر ❶ خالص پونڈ ❷ انگلستان کی اشرفی ❸ پندرہ روپے کا سونے کا سکہ۔

سٹریٹ (ای) اسم مذکر ❶ گلی ❷ سڑک۔

سٹریٹ سیٹلمنٹ (ای) اسم مذکر ظرف ❶ آبنائے ملایا کی آبادی ❷ جزیرہ نمائے ملایا کی آبادی۔

سٹریچر (ای) اسم مذکر ❶ وہ تختہ جس پر مریض وغیرہ کو ہسپتال لے جایا جاتا ہے۔

سٹک (ہ) اسم مونث ❶ پتلی عورت ❷ چھریرے بدن کی عورت ❸ پتلی چھڑی ❹ پتلا سانپ ❺ چھوٹا پیچوان۔

سٹک جانا (ہ) ❶ جلدی چلانا ❷ جلدی سے چلا جانا ❸ چپکے سے کھسک جانا ❹ کافور ہو جانا ❺ فرار ہو جانا۔

سٹکنا (ہ) فعل ❶ بھاگ جانا ❷ کھسک جانا ❸ رفو چکر ہو جانا ❹ چمپت ہو جانا۔

سٹل/سٹلا (ہ) اسم پہلا مونث ❶ دوسرا مذکر ❷ بیہودہ بات ❸ لغویات ❹ بڑ ❺ دیوانگی کی بات ❻ جھوٹ بات۔

سٹلو (ہ) اسم مونث۔ جھلی عورت ❶ بیہودہ عورت ❷ پھوہڑ بے سلیقہ عورت۔

سٹل ہانکنا (ہ) فعل ❶ فضول اور لغو باتیں کرنا ❷ جھوٹ موٹ باتیں گھڑنا۔

سٹنا/سٹھنا (ہ) فعل ❶ گھٹنا ❷ مل جانا ❸ سازش کرنا ❹ چپکنا ❺ جڑنا ❻ چسپاں ہونا۔

سٹنٹ (ای) اسم مذکر ❶ دھوکا ❷ کارنمایاں ❸ خصوصی کرتب ❹ اشتہاری ہتھکنڈا۔

سٹو (ای) اسم مذکر۔ گوشت، آلو اور پیاز سے تیار کردہ دم پخت سالن۔

سٹوڈنٹ (ای) اسم مذکر ❶ طالب علم ❷ پڑھنے والا ❸ متعلم۔

سٹوڈیو (ای) اسم مذکر ❶ فوٹوگرافی کی دوکان ❸ فلمی نگارخانہ۔

سٹور (ای) اسم مذکر ❶ ذخیرہ ❷ گودام۔

سٹوری (ای) اسم مذکر ❶ قصہ ❷ کہانی۔

سٹول (ای) اسم مذکر ❶ تپائی ❷ اسٹول۔

سٹھ (ہ) اسم عدد ساٹھ کا مخفف (بحالت صفت) ❶ جاہل ❷ مورکھ ❸ احمق ❹ بے وقوف۔

سٹھ جانا (ہ) فعل ❶ پیرانہ سری کے باعث حواس میں فرق آ جانا ❷ بڑھاپے سے بے وقوف ہونا ❸ گھٹ جانا ❹ مل جانا۔

سٹھورا (ہ) اسم مذکر ❶ سخت حلوایا ❷ پنجیری جو زچہ کو کھلاتے ہیں۔ (سونٹھ سے بنایا ہوا لفظ ہے)

سٹھی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کے موٹے چاول اور ان کا پودا جو ساٹھ دن میں بشرط بارش تیار ہو جاتا ہے۔

سٹھیانا (ہ) فعل ❶ ساٹھ برس سے اوپر کی عمر کا ہو جانا ❷ بڑھاپے سے بے وقوف ہونا۔

سٹھنی (ہ) اسم مونث۔ وہ گالیاں جو سمدھنیں بیاہ کے وقت ایک دوسرے کو دیتی ہیں۔

سٹی (ہ) اسم مونث ❶ عقل ❷ اوسان ❸ سمجھ ❹ گیان ❺ ہوش ❻ نفیری ❼ تیز اور باریک آواز۔

سٹی بھولنا/گم ہونا (ہ) فعل ❶ ہوش اڑنا ❷ عقل جاتے رہنا ❸ اوسان خطا ہونا۔

سٹی (ای) اسم مذکر ظرف۔ شہر۔

سٹیا (ہ) اسم مونث۔ غصہ کی حالت میں حقارتاً بیٹی بیٹا کو بولتے ہیں۔

سٹیتھوسکوپ (ای) اسم مذکر۔ وہ آلہ جس کی مدد سے ڈاکٹر مریضوں کے لیے سینے وغیرہ کا مطالعہ کرتے ہیں۔

سٹیٹ (ای) اسم مذکر ظرف ❶ ریاست ❷ ہندوستان کی دیسی ریاست۔

سٹیج (ای) اسم مذکر ❶ تماشا گاہ ❷ چبوترہ۔

سٹیچو (ای) اسم مذکر۔ مجسمہ۔

سٹیڈیم (ای) اسم مذکر۔ ورزشی کھیلوں کا میدان۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

سٹیشن (ای) اسم مذکر (1) قیام گاہ (2) گاڑیوں کے رُکنے کی جگہ۔

سٹیشنر (ای) اسم مذکر۔ لکھنے پڑھنے کا سامان فروخت کرنے والا۔

سٹیشنری (ای) اسم مونث۔ لکھنے پڑھنے کا سامان، کاغذ، قلم، دوات اور سیاہی وغیرہ۔

سٹیل (ای) اسم مذکر (1) فولاد (2) لوہا۔

سٹیم (ای) اسم مذکر۔ بھاپ۔

سٹیمر (ای) اسم مذکر (1) دخانی کشتی (2) بھاپ سے چلنے والا چھوٹا انجن۔

سٹینڈ (ای) اسم مذکر (1) اڈا (2) بس، ٹیکسی، رکشہ اور تانگوں کے کھڑے ہونے کی جگہ۔

سٹینڈرڈ (ای) اسم مذکر (1) معیار (2) قابلیت کا درجہ۔

سٹینسل (ای) اسم مذکر۔ نقش ساز تختی۔

سٹینوگرافر (ای) اسم مذکر۔ مختصر نویس۔

## س ← ج

سج (ہ) اسم مونث (1) شکل (2) وضع (3) انداز (4) ہیئت (5) صورت۔

سج دھج (ہ) اسم مونث (1) بناؤ سنگار (2) شکل وصورت (3) زیب وزینت۔

سجا (ہ) اسم مذکر صفت (1) داہنا (2) دایاں (3) سیدھا (4) یمین (5) راست۔

سجادہ (ء) اسم مذکر (1) نماز پڑھنے کا فرش (2) جائے نماز (3) مصلّے (4) آسن (5) پیروں اور درویشوں کی گدی (6) بزرگان دین کی گدی۔

سجادہ نشین (ع) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) پیر یا مرشد کی گدی پر بیٹھنے والا (2) قائمقام خلیفہ

سجادہ نشین ہونا (ا) فعل (1) پیر کی گدی پر بیٹھنا (2) خلیفہ ہونا۔

سجاف (ہ) اسم مونث (1) سنجاف کا مخفف ہے (2) چوڑی گوٹ (3) حاشیہ۔

سجان (ہ) اسم صفت (1) عالم (2) دانا (3) عاقل (4) ہوشیار (5) چاتر (6) فطرتی (7) عیار۔

سجانا (ہ) فعل (1) پھلانا (2) ورم کر دینا (3) کپا بنا دینا۔

سجانا (ہ) فعل (1) آراستہ کرنا (2) سنگار کرنا (3) ترتیب سے لگانا۔

سجاوٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر (1) آراستگی (2) زیب وزینت (3) سنگار (4) آرائش (5) ترتیب۔

سجدہ (ء) اسم مذکر (1) متھا ٹیکنا (2) سر جھکانا (3) ڈنڈوت (4) بندگی (5) عبادت۔

سجدہ شکر (ء) اسم مذکر۔ کسی مراد کے پورا ہونے یا نعمت کا حق ادا کرنے کو خدا کے سامنے زمین پر سر رکھ کر عجز کرنا۔

سجدہ کرنا (ا) فعل (1) متھا ٹیکنا (2) سر جھکانا۔

سجدہ گاہ (ع) اسم مذکر ظرف (1) متھا ٹیکنے کی جگہ (2) خاک شفا جس پر شعیہ لوگ سجدہ کرتے ہیں۔

سجع (ء) اسم مذکر (1) خوش آواز پرندوں کا چہچہانا (2) موزون اور مقفّے کلام (3) خصوصاً وہ مصرعہ جس میں کسی کا نام آجائے۔

سجع (ء) اسم مذکر (1) دو لفظوں کی وزن اور اعداد حروف میں موافقت مگر حرف روی میں مخالفت ہو (2) جیسے مراتب اور مراسم۔

سجع متوازی (ء) اسم مذکر۔ دو لفظوں کے حرف روی وزن اور اعداد حروف سب موافق ہوں جیسے خبر اور اثر۔

سجع مطرف (ء) اسم مذکر (1) دو لفظوں کے حرف روی (2) موافق مگر وزن اور اعداد حروف مخالف ہوں (3) جیسے اطوار و وقار۔

سجل (ہ) اسم صفت (1) عمدہ (2) اچھا (3) درست سجا ہوا (4) خالص (5) کھرا (6) آراستہ پیراستہ۔

سجن (ہ) اسم مذکر (ساجن کا مخفف) (1) بھلا مانس (2) نیک (3) اچھا (4) خاوند (5) پتی (6) شوہر (7) پیارا (8) معشوق (9) دلربا۔

سجنا (ہ) فعل لازم (1) پھبنا (2) زیبا ہونا (3) آراستہ و پیراستہ ہونا (4) ٹھیک ہونا (5) درست ہونا (6) مرتب ہونا (7) ڈھنگ سے لگنا (بصورت متعدی) سجانا (8) موزون کرنا (9) زیب تن کرنا۔

سجنی (ہ) اسم مونث (1) (ساجن کی تانیث) سکھی (2) سہیلی (3) معشوقہ (4) پیاری۔

سجوانا (ہ) فعل (1) سجنا کا متعدی (2) آراستہ کرانا (3) موزون کرانا (4) ٹھیک کرانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سجھانا (ہ) فعل ① دکھانا ② جتانا ③ معلوم کرنا ④ بتانا ⑤ سکھانا ⑥ واقف کرنا۔

سجھائی دینا (ہ) ① دکھائی دینا ② نظر آنا ③ خیال میں گزرنا۔

سجی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کے کھار کا نام ہے جس سے کپڑے دھوتے ہیں۔

سجیلا (ہ) اسم صفت ① بانکا ② آراستہ پیراستہ ③ خوبصورت ④ وش وضع ⑤ وضعدار۔

## س ← چ

سچ (ہ) اسم صفت ① صحیح ② ٹھیک ③ درست ④ ہاں بے شک ⑤ بجا ⑥ واقعی۔

سچ بولنا آدھی لڑائی مول لینا ہے (ہ) مثل۔ سچ بات لڑائی کا باعث ہو جاتی ہے۔

سچ کا زمانہ نہیں (ا) کہاوت ① سچ کہنے سے نقصان اٹھانا پڑتا ہے ② سچ کا کوئی اعتبار نہیں۔

سچ کہنا اور سکھی رہنا (ہ) مثل۔ سچ بول کر آدمی آرام سے رہتا ہے۔

سچ مچ (ہ) تابع فعل ① واقعی ② یقیناً ③ بالکل صحیح ④ ہو بہو ⑤ بعینہ بے کم و کاست۔

سچ ہے (ہ) محاورہ ① بجا ہے ② درست ③ ٹھیک ہے ④ بزرگوں کا کہنا درست ہے۔

سچا (ہ) اسم صفت ① راستگو ② درست ③ ٹھیک ④ کھرا ⑤ کھوٹ ⑥ خالص ⑦ اچھوتا ⑧ نرل ⑨ تازہ۔

سچا جائے روتا آئے جھوٹا جائے ہنستا آئے (ہ) کہاوت۔ جھوٹے کسی نہ کسی طرح کام نکال ہی لیتے ہیں۔

سچا جوڑا (ہ) اسم مذکر ① چوڑیوں یا کپڑوں کا وہ جوڑا جس میں سلمے ستارے کا کام ہوا ہو ② کھرا کا مدار جوتا۔

سچا ہاتھ (ہ) اسم مذکر ① معاملہ کی صفائی ② لین دین کا کھرا پن ③ دیانتداری۔

سچکنا (ہ) فعل ① غور و فکر کرنا ② متردد ہونا ③ ہچکچانا ④ اندیشہ کرنا۔

سچل (ہ) اسم صفت ① اصل اصل ② ٹھیک ٹھیک ③ بالکل درست ④ جھنک کی ضد ⑤ (بصورت اسم مذکر۔ جوئے کا اصل کھیل ہار جیت کا جوا)

سچیت (ہ) اسم مذکر ① ہوشیار ② چوکنا ③ چالاک ④ قانع۔

سچیتے جانا (ہ) فعل۔ پاخانے جانا۔

سچی (ہ) اسم صفت مونث ① راست ② ٹھیک ③ بجا ④ درست ⑤ راستباز ⑥ راستگو ⑦ کھری ⑧ نرل ⑨ بے کھوٹ۔

## س ← ح

سحاب (ع) اسم مذکر ① بادل ② گھٹا ③ میگھ ④ ابر۔

سحر (ع) اسم مذکر ① جادو ② ٹونا ③ افسوں ④ منتر۔

سحر بیان (ع) اسم مذکر ① وہ شخص جو جس کی گفتگو نہایت متاثر ہو ② جادو بیان ③ فصیح شاعر۔

سحر چل جانا (ا) فعل ① باتوں کا اثر پڑ جانا ② جادو کا اثر ہو جانا ③ جادو کا چل جانا۔

سحر سامری (ع) اسم مذکر۔ سامری کا سا جادو جس نے اپنی چالاکیوں سے بنی اسرائیل کو حضرت موسٰے کے دین سے گمراہ کر دیا تھا۔

سحر (ع) اسم مونث ① صبح کا وقت ② بھور ③ تڑکا ④ فجر ⑤ صبح ⑥ روز روشن۔

سحر خیز (ع) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① صبح کے وقت تڑکے سے اٹھنے والا ② عابد ③ چور ④ اٹھائی گیرا ⑤ اچکا۔

سحر گہی (ع) اسم مونث۔ رمضان کے دنوں کا وہ کھانا جو رات کے تین چار بجے تک صبح روزہ رکھنے کے واسطے کھا لیتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Bhai G 03149077218

www.besturdubooks.net

سحور (ء) اسم مونث 1 سحری کی جمع 2 رمضان میں صبح صادق سے پہلے پہلے کا کھانا۔

سحری (ء) اسم مونث۔ (دیکھو سحر گہی)

س ← خ

سخا/سخاوت (ء) اسم مونث 1 دان وناری 2 بخشش 3 فیاضی۔

سخت (ف) اسم مونث 1 کڑا 2 ناملائم 3 درشت 4 بھاری 5 سنگین 6 پکا 7 مشکل 8 کٹھن 9 تنگ۔

سخت جان (ف) اسم صفت 1 بے رحم 2 سنگدل 3 وہ آدمی یا جانور جس کی جان مشکل سے نکلے 4 بے حیا زندگی والا 5 سخت بے حیا 6 بے حد بے غیرت 7 نہایت جفاکش 8 مصیبت اور مشقت جھیلنے والا۔

سخت سست کہنا (ا) فعل 1 برا بھلا کہنا 2 لعنت ملامت کرنا 3 جھڑکنا 4 بدزبانی کرنا 5 لتاڑنا 6 پھٹکارنا 7 آڑے ہاتھوں لینا۔

سخت مشکل پڑنا (ا) فعل 1 کوئی دشواری پیش آنا 2 دقت اور دشواری آ جانا۔

سختی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 کڑاپن 2 مضبوطی 3 پختگی 4 استقلال 5 دشواری 6 دقت 7 بے رحمی 8 سنگدلی 9 بدمزاجی۔

سختی سے پیش آنا (ا) فعل 1 بے رحمی کا سلوک کرنا 2 بدمزاجی دکھانا۔

سخن (ف) اسم مذکر 1 بات 2 کلام 3 گفتگو 4 گفتار 5 قول 6 بچن 7 شعر 8 نظم 9 گیت۔

سخن پرور (ف) اسم صفت فاعلی 1 اپنی بات کی پچ کرنے والا 2 ضدی 3 ہٹیلا 4 ہٹ دھرم 5 متعصب۔

سخن پروری (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 بات کی پچ 2 ضد 3 ہٹ 4 تعصب۔

سخن چین (ف) اسم صفت فاعلی 1 ادھر کی ادھر کہنے والا 2 لاوالترا 3 چغلخور 4 غماز۔

سخن دان/ور (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 شعر کہنے والا 2 شاعر۔

سخندانی/سخنوری (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری 1 شاعری 2 خوش بیانی 3 فصاحت۔

سخن دینا (ا) فعل 1 بچن دینا 2 وعدہ کرنا 3 اقرار کرنا 4 زبان دینا۔

سخن ڈالنا (ہ) فعل 1 کسی بات کا ذکر چھیڑنا 2 سفارش کرنا 3 انکار کرنا 4 منظور نہ کرنا 5 سوال پوچھنا 6 مانگنا 7 دریافت کرنا 8 درخواست کرنا۔

سخن رس/سخن فہم (ف) اسم صفت فاعلی 1 بات کی تہ کو پہنچنے والا 2 بات کوتاڑ جانے والا 3 سیانا 4 چتر 5 دانا 6 ہوشیار 7 زیرک 8 تیز فہم۔

سخن ساز (ف) اسم مذکر صفت فاعلی 1 شاعر 2 خوش تقریر 3 باتیں بنانے والا 4 مکار۔

سخن سازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 شاعری 2 فصاحت 3 باتوں کی چالاکی 4 جوڑتوڑ 5 بندش 6 دنیاسازی 7 لسانی۔

سخن شناس (ف) اسم صفت فاعلی 1 بات کو پرکھنے والا 2 نقادِ سخن 3 قدردان۔

سخن کا پورا (ا) اسم صفت 1 اقرار کا سچا 2 بات کا پکا 3 ثابت قدم 4 مستقل۔

سخن انہوں پر ڈالئے جو ہنس ہنس رکھیں مان (ہ) مثل۔ سوال ان سے کرنا چاہیے جو ہنسی خوشی پورا کریں۔

سخن گو/سخن ور (ف) اسم مذکر 1 شاعر 2 فصیح 3 خوش بیان۔

سخی (ء) اسم صفت 1 داتا 2 فیاض 3 خدا کی راہ پر دینے والا 4 پن دان کرنے والا 5 دریادل 6 فراخ حوصلہ 7 دھرماتما۔

سخی دے اور شرمائے بادل برسے اور گرمائے (ا) مثل 1 داتا اور دھرماتما 2 آدمی دے کر احسان نہیں جتایا کرتا 3 بادل برستا ہے اور گرجتا ہے۔

سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب (ا) مثل۔ انتظار میں رکھنے سے صاف انکار کر دینا بہتر ہے۔

سخی کا بیڑا پار ہے (ا) کہاوت۔ داتا کی مشکل ہمیشہ آسان ہو جاتی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772118

ہے۔

**سخی کے مال پر پڑے شوم کی جان جائے** (ا) مثل۔ سخی کی بلا اس کی خیرات اور فیاضی سے مال پر سے ٹل جاتی ہے اور بخیل کنجوسی کے باعث بلا جان پر لیتا ہے۔

**سخی اور شوم کا لیکھا سال میں برابر ہو جاتا ہے** (ا) مثل۔ سخی دے دلا کر اور کھا پی کر، بخیل جوڑ کر اور چوری کرا کے سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں۔

## س ← د

**سد** (ع) اسم مونث ① روک ② دیوار ③ اوٹ ④ پردہ ⑤ مانع ⑥ دو چیزوں کے درمیان حائل چیز۔

**سد راہ ہونا** (ا) فعل ① روک ہونا ② مزاحم ہونا ③ مانع آنا۔

**سد رمق ہونا** (ا) فعل ① تھوڑا سا ہونا ② ذرا ذرا دم آنا ③ کوئی کوئی سانس آنا۔

**سد سکندر/سد یاجوج** (ع) اسم مونث۔ سکندر کی بنائی ہوئی وہ دیوار جو علاقہ ترکستان میں اس نے یاجوج ماجوج کے روکنے کو بنائی تھی۔

**سدا** (س) تابع فعل ① ہمیشہ ② نت ③ مدام ④ ہر وقت ⑤ متواتر ⑥ زمانہ قدیم۔

**سدا برت** (ہ) اسم مذکر ① لنگر ② اناج یا روٹی کی روزانہ خیرات ③ روزانہ عام خیرات۔

**سدا بہار** (ا) اسم صفت ① ہمیشہ سرسبز رہنے والا درخت ② بارہ ماسیا ③ ایک سبزی کا نام ہے جسے گل سدا بہار بھی کہتے ہیں۔

**سدا پھل** (ہ) اسم صفت ① ہمیشہ پھلوں سے لدا رہنے والا درخت ② ہمیشہ پھل لانے والا درخت ③ ہر سال پھلنے والا درخت۔

**سدا سہاگ** (ہ) اسم مذکر۔ ایک پھول کا نام ہے۔

**سدا سہاگن** (ہ) اسم مونث ① وہ عورت جس کا خاوند ہمیشہ اس کے پاس رہے ② فقیروں کا ایک فرقہ جو چوڑیاں اور زنانہ رنگین لباس وغیرہ پہنے رہتے ہیں ③ ایک قسم کی چڑیا کا نام ہے ④ کسبی ⑤ بیسوا ⑥ قحبہ جو کبھی رانڈ نہیں خیال کی جاتی۔

**سدا گلاب** (ا) اسم مذکر ① ایک قسم کا سرخ گلاب جو بارہ مہینے پھول دیتا ہے ② چینی گلاب۔

**سدامت** (ہ) اسم صفت ① پرانے ② سلف ③ قدیم ④ اگلے زمانے کا۔

**سدامت کا/سے** (ہ) تابع فعل ① قدیم سے ② اگلے زمانے سے ③ بہت۔

**سدا ناؤ کاغذ کی چلتی نہیں** (ا) مثل۔ مکروفریب ہمیشہ بارور نہیں ہو سکتا کاغذ کی ناؤ کی طرح جلدی گل کر خراب ہو جائے گا۔

**سداں** (ہ) تابع فعل ① سمیت ② ساتھ ③ سنگ ④ ہمراہ ⑤ مع ⑥ گیل ⑦ ساتھ ہی ساتھ۔

**سدہ** (ع) اسم مذکر ① گانٹھ ② گرہ ③ گٹھلی ④ وہ غلیظ مادہ جو انتڑیوں یا رگوں میں گرہ بندھ کر بیٹھ جاتا ہے۔

**سدھ** (ہ) اسم صفت ① سب گنوں پورا ② کامل ③ تجربہ کار ④ آراستہ ⑤ سجا ہوا ⑥ لیس ⑦ تیار ⑧ عالم ⑨ فاضل۔

**سدھ** (ہ) اسم مونث ① یادداشت ② حافظہ ③ یاد ④ چیتا ⑤ سرت ⑥ خبر ⑦ آگاہی ⑧ ہوش ⑨ ہوشیاری۔

**سدھ بدھ** (ہ) اسم مونث ① عقل ② سرت ③ ہوش و حواس ④ عقل و شعور ⑤ خبر سار۔

**سدھ بدھ لینا** (ہ) فعل ① خبر رکھنا ② نگران حال رہنا ③ خبر گیری کرنا۔

**سدھ بدھ نہ رہنا** (ہ) فعل ① کچھ خبر نہ رہنا ② عقل نہ رہنا ③ ہوش نہ رہنا۔

**سدھ بسرنا/بھولنا** (ہ) فعل ① خبر نہ رہنا ② سرت نہ رہنا ③ ہوش و حواس کھو جانا۔

**سدھ رکھنا** (ہ) فعل ① خیال رکھنا ② دھیان رکھنا ③ چوکسی رکھنا۔

**سدھ لینا** (ہ) فعل ① خبر لینا ② دھیان رکھنا ③ خیال رکھنا ④ خبر گیری کرنا۔

**سدھارنا** (ہ) فعل ① سنوارنا ② سجانا ③ ٹھیک کرنا ④ درست کرنا ⑤ ٹھیک بنانا ⑥ سزا دینا۔

**سدھارنا** (ہ) فعل ① رخصت ہونا ② جانا ③ وداع ہونا ④ روانہ ہونا ⑤ دنیا سے رخصت ہونا ⑥ مرنا ⑦ انتقال کرنا ⑧ دنیا سے چل بسنا۔

**سدھارو** (ہ) محاورہ ① رخصت ہو ② چلو ③ چلے چلو ④ چلے جاؤ ⑤ آگے چلو۔

**سدھرنا** (ہ) فعل ① ٹھیک ہونا ② درست ہونا ③ صحیح ہونا ④ سیدھا ہونا ⑤ تیار ہونا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

سدھنا (ہ) فعل ① میل دور ہونا ② صاف ہونا ③ ڈھلنا ④ نرل ہونا۔

سدھنا (ہ) فعل ① ٹھیک ہونا ② درست ہونا ③ جانور کا ہلنا ④ رستے پر لگنا ⑤ تعلیم پانا۔

سدھوانا (ہ) فعل ① چاندی سونے وغیرہ کا صاف کرانا ② میل دور کرانا۔

سدھوانا (ہ) فعل ① درست کرانا ② جانور خصوصا گھوڑے کو درست کرانا ③ نکلوانا۔

سدھی (ہ) اسم صفت ① صفائی والا ② مکمل کامیابی ③ صفائی۔

سدی (ہ) اسم مونث ① اجالا پاکھ ② ہندی مہینے کا دوسرا پاکھ۔

## س ← ڈ

سڈول (ہ) اسم صفت ① مرکب از س بمعنی خوش عمدہ ڈول بمعنی وضع، خوش وضع ② خوبصورت ③ باہم متناسب الاعضا ④ نہایت سدھ۔

سڈھور/سڈھورا (ہ) اسم مذکر۔ سات قسم کا پکوان جو دلہن کے میکے سے آتا ہے۔

سڈیشن (ای) اسم مونث ① بادشاہ وقت کی مخالفت ② دشمنی ③ بغاوت۔

## س ← ر

سر (ہ) اسم مذکر ① چشمہ ② حوض ③ جوہڑ ④ تالاب ⑤ جھیل ⑥ ناوک ⑦ تیر ⑧ بان ⑨ پانی۔

سروں کے نر/نروں کے سر (ہ) مثل۔ بروں کی اولاد اچھی اور اچھوں کی بری ہوتی ہے۔

سر (ای) اسم مذکر ① جناب ② حضور ③ جی ④ گورنمنٹ کی طرف سے ایک معزز خطاب۔

سر (س) اسم مذکر ① مالک ② آقا ③ فرشتہ ④ دیوتا ⑤ پیغمبر ⑥ ایشور ⑦ خدا ⑧ سورج ⑨ آفتاب۔

سرپر (ہ) اسم مذکر ① فرشتوں کے رہنے کی جگہ ② اندرلوک ③ بہشت ④ جنت۔

سر (ہ) اسم مذکر ① سانس ② آواز ③ الحان ④ تال ⑤ لے ⑥ راگ ⑦ آہنگ ⑧ مکھا ⑨ مکھی کا نر۔

سربدیا (ہ) اسم مونث ① علم موسیقی ② گانے کا علم۔

سرملانا (ہ) فعل ① آواز ملانا ② ساز کو سر کے مطابق کرنا ③ تال ملانا۔

سرملنا (ہ) فعل ① تال ملنا ② آواز ملنا ③ ستارہ ملنا ④ موافقت ہونا ⑤ راس آنا۔

سر (ہ) اسم مونث ① مونڈ ② سیس ③ کپال ④ کھوپڑی ⑤ چوٹی ⑥ قلہ ⑦ ذمہ ⑧ مالک ⑨ آقا۔

سراتروانا (ہ) فعل ① قتل کرانا ② سرکٹوانا ③ سراڑوانا ④ سرقلم کرانا۔

سراٹھا کر چلنا (ہ) فعل ① اترانا ② اکڑ کر چلنا ③ غرور سے چلنا ④ متکبرانہ چلنا۔

سراٹھانا (ہ) فعل ① سراونچا کرنا ② سرابھارنا ③ شور مچانا ④ دھوم مچانا ⑤ فساد مچانا ⑥ ستانا ⑦ سرنکالنا ⑧ بغاوت کرنا ⑨ سرکشی کرنا۔

سراٹھانے کی فرصت نہ ہونا (ا) فعل ① بالکل فرصت نہ ہونا ② نہایت عدیم الفرصت ہونا۔

سراڑانا/اڑادینا (ہ) فعل ① سرقلم کرنا ② سرتن سے الگ کردینا۔

سرآنا (ہ) فعل ① بھوت پریت وغیرہ کا سر پر کھیلنا ② مقابل ہونا ③ سرپر وار کرنا۔

سرآنکھوں پر (ہ) تابع فعل ① بسروچشم ② بڑے شوق سے ③ دل وجان سے منظور۔

سرآنکھوں پر بٹھانا (ہ) فعل ① نہایت قدر کرنا ② بڑی تعظیم بجالانا ③ کمال عزت اور آؤ بھگت کرنا۔

سرآنکھوں سے (ہ) تابع فعل ① بسروچشم ② نہایت شوق سے ③ بڑی خوشی سے۔

سراونچا کرنا (ہ) فعل ① سربلند کرنا ② سرخرو کرنا ③ معزز وممتاز فرمانا ④ عزت بخشنا۔

سراوندھا کرنا/سراوندھانا (ہ) فعل ① کثرت غم والم سے سر نہ اٹھانا ② سرنیچا کرنا۔

سرباندھنا (ہ) فعل ① سرگوندھنا ② چوٹی کرنا ③ سرکا نشانہ باندھنا۔

سربڑا سردار کا پیر بڑا گنوار کا سربڑے سرداروں کے بڑے گنواروں کے (ہ) مثل۔ عقلمند کا سر اور جاہل گنوار کے پاؤں بڑے ہوا کرتے ہیں۔

سربھاری ہونا (ہ) فعل ① دردسر ہونا ② سرگھومنا ③ زکام وغیرہ کے باعث سر کا بوجھل ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

www.besturdubooks.net

**سر بیچنا** (ہ) فعل ❶ جان کو جوکھوں میں ڈالنا ❷ جان دینا ❸ سر پر کھیل جانا۔

**سر پاؤں / سر پیر** (ہ) تابع فعل ❶ ابتدا ❷ انتہا ❸ آغاز و انجام ❹ اتا پتا ❺ ٹھور ٹھکانا۔

**سر پاؤں پر دھرنا** (ہ) فعل ❶ پاؤں پکڑنا ❷ منت سماجت کرنا ❸ عاجزی کرنا۔

**سر پاؤں نہ ہونا** (ہ) فعل ❶ اتا پتا نہ لگنا ❷ ابتدا و انتہا معلوم نہ ہونا۔

**سر پٹک کے مرنا** (ہ) فعل ❶ سخت کوشش کرتے کرتے تھک جانا ❷ سر پھوڑ کے مرنا۔

**سر ٹپکنا / پٹخنا** (ہ) فعل ❶ سر کو دے دے مارنا ❷ سر دھننا ❸ سر ٹکرانا ❹ بے چین ہونا ❺ سر مارنا ❻ نہایت سمجھانا ❼ بہت منت سماجت کرنا ❽ ہاتھ ملنا۔

**سر پر** (ہ) تابع فعل ❶ نزدیک ہی ❷ بالکل قریب ❸ نہایت نزدیک ❹ ذمہ ❺ سر۔

**سر پر آ پڑنا** (ہ) فعل ❶ سر ہونا ❷ ذمہ پڑنا ❸ وارد ہونا۔

**سر پر آ پہنچنا** (ہ) فعل ❶ نہایت قریب آ جانا ❷ بالکل نزدیک یا سامنے آ جانا۔

**سر پر اٹھا لینا** (ہ) فعل ❶ بڑی عزت و تعظیم کرنا ❷ شور و غل مچانا ❸ شرارت اور فتنہ برپا کرنا۔

**سر پر قضا کھیلنا** (ا) فعل ❶ موت کا وقت قریب آنا ❷ کمبختی آنا ❸ شامت آنا۔

**سر پر آ چڑھنا** (ہ) فعل ❶ سر ہو جانا ❷ پیچھے پڑ جانا ❸ مقابلے کو کھڑا ہو جانا۔

**سر پر احسان کرنا / دھرنا** (ا) فعل ❶ کسی کے ساتھ بھلائی کرنا ❷ احسان مند بنانا۔

**سر پر آرے چلنا** (ا) فعل ❶ جان پر بننا ❷ ہلاکت میں پڑنا۔

**سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار ہی مدار** (ا) مثل۔ جان پر بن گئی مگر بات وہیں کی وہیں رکھی۔

**سر پر آنا** (ہ) فعل ❶ قریب تر آ جانا ❷ لگ بھگ آ جانا ❸ بھوت پریت یا کسی پیر فقیر کا سر پر آ کھیلنا۔

**سر پر بٹھانا** (ہ) فعل ❶ نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا ❷ اونچا بٹھانا ❸ بہت عزت کرنا۔

**سر پر بننا** (ہ) فعل ❶ مصیبت میں پھنسنا ❷ بپتا میں گھرنا ❸ آفت میں مبتلا ہونا۔

**سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جانا** (ہ) فعل ❶ بہت جلد بھاگنا ❷ بے سدھ ہو کر بھاگ جانا ❸ نہایت بیتاب اور بے قرار ہو کر بھاگ جانا۔

**سر پر پاؤں رکھنا** (ہ) فعل ❶ ہوا ہونا ❷ کافور ہونا ❸ سر چڑھنا ❹ پیچھے پڑنا ❺ سر ہونا۔

**سر پر پڑنا** (ہ) فعل ❶ ذمہ پڑنا ❷ بپتا گزرنا ❸ مصیبت کا سر پر پڑنا ❹ آفت پڑنا۔

**سر پر ٹیکا ہونا** (ہ) فعل ❷ سہرا ہونا ❷ کسی کام کا کسی پر منحصر ہونا ❸ ناموری کا تاج ہونا ❹ راج تلک ہونا ❺ حقدار اور وارث ہونا۔

**سر پر جن چڑھنا** (❷) فعل ❶ غصہ میں بھرنا ❷ ضد پر قائم ہونا ❸ بھوت پریت کا سر پر آنا۔

**سر پر چڑھانا / چڑھا لینا** (ہ) فعل ❶ نہایت عزت سے رکھنا ❷ مصاحب اور یار بنا لینا ❸ منہ لگانا ❹ سر پر اٹھانا ❺ گستاخ بنانا ❻ بے باک اور نڈر کرنا۔

**سر پر خاک اڑانا** (ا) فعل ❶ ماتم کرنا ❷ رونا پیٹنا ❸ افسوس کرنا ❹ غم اور سوگ ظاہر کرنا۔

**سر پر خون چڑھنا / سوار ہونا** (ا) فعل ❶ جان لینے پر تیار ہونا ❷ قتل پر کمربستہ ہونا ❸ ہتیا پر اتر آنا۔

**سر پر خون لینا** (ا) فعل ❶ قتل عام کا جرم اپنے ذمہ لینا ❷ ہتیا کرنا ❸ کسی کو جان سے مار ڈالنا۔

**سر پر دھمال ہونا** (ہ) فعل ❶ سر پر شور و غل ہونا ❷ کثرت شور سے دماغ پریشان ہونا۔

**سر پر دھرنا** (ہ) فعل ❶ ذمہ لینا ❷ لگانا ❸ سر پر تھوپنا۔

**سر پر رکھنا** (ہ) فعل ❶ ذمہ لینا ❷ تھوپنا ❸ نہایت تعظیم کرنا ❹ سر پر اٹھانا ❺ سر پر بوجھ لینا ❻ نہایت مقدس جاننا ❼ ادب تعظیم کرنا۔

**سر پر سایہ رکھنا** (ا) فعل ❶ زندہ رکھنا ❷ زندہ رہنا ❸ سلامت رکھنا۔

**سر پر سوار ہونا** (ا) فعل ❶ ساتھ نہ چھوڑنا ❷ ہر وقت ساتھ رہنا۔

**سر پر شیطان چڑھنا** (ا) فعل ❶ غصہ چڑھنا ❷ ضد چڑھنا ❸ ہٹ ہونا ❹ غرور ہونا۔

**سر پر کالی ہانڈی رکھنا** (ہ) فعل ❶ بدنامی یا رسوائی اختیار کرنا ❷ بدنامی

Join us on WhatsApp Naveed BaIG 03140771218

www.besturdubooks.net

لینا۔

سر پر چھپر رکھنا (ہ) فعل ❶ سر پر بھاری بوجھ رکھنا ❷ احسان میں دبانا ❸ مرہون منت کرنا ❹ ذمے ڈالنا ❺ الزام دھرنا۔

سر پر کفن باندھنا / باندھے رہنا (ا) فعل ❶ ہر وقت مرنے کو تیار رہنا ❷ ہر وقت جان دینے پر تلا رہنا ❸ موت کے بعد کا سامان ساتھ رکھنا۔

سر پر کھڑا ہونا (ہ) فعل ❶ پاس موجود ہونا ❷ قریب رہنا ❸ سامنے رہنا۔

سر پر گھر / زمین وغیرہ اٹھانا (ہ) فعل ❶ شور وغل مچانا ❷ اودھم مچانا۔

سر پر لینا (ہ) فعل ❶ ذمے لینا ❷ سر پر سہنا ❸ برداشت کرنا۔

سر پر نہ رہنا (ہ) فعل ❶ کسی بزرگ یا مربی کا اپنے اوپر نہ رہنا ❷ مربی کا مرجانا ❸ سر سے اتر جانا ❹ چھاتی پر نہ رہنا ❺ موجود نہ رہنا۔

سر پر وارنا (ہ) فعل ❶ قربان کرنا ❷ نثار کرنا ❸ نچھاور کرنا ❹ تصدق کرنا۔

سر پر ہاتھ پھیرنا (ہ) فعل ❶ بزرگوں کی سی شفقت کرنا ❷ پیار کرنا ❸ چمکارنا ❹ دلاسا دینا۔

سر پر ہاتھ دھر کے / سر پکڑ کے رونا (ہ) فعل ❶ بہت پچھتانا ❷ سخت پشیمان ہونا ❸ بہت ہی افسوس کرنا ❹ قسمت کو رونا ❺ از حد رنج والم کرنا۔

سر پر ہاتھ دھرنا / رکھنا (ہ) فعل ❶ کسی کا مددگار ہونا ❷ حمایتی بننا ❸ معاون ہونا ❹ سرپرستی اختیار کرنا ❺ کسی کے سر کی قسم کھانا۔

سر پر ہونا (ہ) فعل ❶ حامی و مددگار ہونا ❷ مربی ہونا ❸ ذمہ پڑنا ❹ سر ہونا۔

سر پڑنا (ہ) فعل ❶ ذمہ پڑنا ❷ سر ہونا ❸ حصے میں آنا۔

سر پڑے کا سودا (ا) اسم مذکر ❶ اچاری کا معاملہ ❷ مجبوری کی بات۔

سر پکڑ کر بیٹھنا / سر پکڑ کے رہ جانا (ہ) فعل ❶ غم و رنج کی صورت ظاہر کرنا ❷ غمزدہ اور سوگوار بن کے بیٹھ رہنا۔

سر پکڑنا (ہ) فعل ❶ سہارا دینا ❷ مدد کرنا ❸ دینا ❹ کسی بات کی تہ کو پہنچنا۔

سر پھٹنا / پھٹا جانا (ہ) فعل ❶ نہایت سخت درد سر ہونا ❷ سر پھوٹنا ❸ ضرب لگنا۔

سر پھرانا (ہ) فعل ❶ بکواس سے سر میں درد کرنا ❷ مغز پریشان کرنا ❸ سر چکرانا۔

سر پھرا ہے (ہ) محاورہ ❶ کم بختی آئی ہے ❷ شامت نے گھیرا ہے۔

سر پھر جانا (ہ) فعل ❶ دوران سر ہونا ❷ سر میں چکر آنا ❸ دماغ خبر ہو جانا۔

سر پھرنا (ہ) فعل ❶ سر میں درد ہونا ❷ چکرانا ❸ شامت آنا ❹ کمبختی آنا ❺ دماغ میں فتور ❻ آنا۔

سر پھوٹنا (ہ) فعل ❶ سر کا لکڑی یا پتھر وغیرہ سے ٹوٹنا ❷ سر شق ہونا ❸ مار پیٹ ہونا ❹ سخت درد ہونا۔

سر پھوڑ کر لینا / سر چیر کر / سر توڑ کر لینا (ہ) فعل ❶ زبردستی لین ❷ مار کر لینا ❸ ڈرا دھمکا کر لینا۔

سر پھوڑنا (ہ) فعل ❶ اسر کے ٹکڑے کرنا ❷ سر توڑنا ❸ افسوس اور غم سے اپنے آپ کو ہلاک کرنا ❹ لڑنا ❺ لڑنے کو تیار ہو جانا ❻ بحث تکرار کرنا ❼ کریا کرم کرنا ❽ اپنا سر خود ہی زخمی کرنا۔

سر پھیرنا (ہ) فعل ❶ انکار کرنا ❷ کہنا نہ ماننا ❸ حکم عدولی کرنا ❹ سرکشی کرنا۔

سر پیٹنا (ہ) فعل ❶ غصے کے مارے سر میں چوٹیں لگانا ❷ غم کرنا ❸ ماتم کرنا ❹ بلاپ کرنا ❺ افسوس کرنا ❻ تلملانا ❼ دونوں ہاتھوں سے سر میں دوہتڑ مارنا۔

سر پیر نہ ہونا (ہ) فعل ❶ مہمل ہونا ❷ بے ہودہ بات ہونا ❸ جس کا آغاز ہو نہ انجام۔

سر تو نہیں پھرا (ہ) محاورہ ❶ پاگل اور دیوانے تو نہیں ہو گئے ❷ شامت تو نہیں آئی ❸ عقل میں فتور تو نہیں آ گیا۔

سر تھام لینا (ہ) فعل ❶ پچھتانا ❷ افسوس کرنا ❸ پشیمان ہونا۔

سر ٹکرانا (ہ) فعل ❶ سر دے مارنا ❷ سر پھوڑنا ❸ سجدے کرنا ❹ بڑی کوشش کرنا۔

سر جانا (ہ) فعل ❶ نبھ جانا ❷ تباہ ہونا ❸ گزارہ ہونا (بالکسر) جان جانا ❹ سر کٹنا ❺ الزام آنا ❻ ذمے لگنا ❼ گوز نکلنا ❽ ریح خارج ہونا۔

سر جوڑ کر بیٹھنا (ہ) فعل ❶ نہایت محبت سے مل کر بیٹھنا ❷ اتفاق اور اختلاط سے بیٹھنا ❸ باہمی غمخواری اور دردمندی سے مل کر باتیں کرنا۔

سر جوڑنا (ہ) فعل ❶ جمع ہونا یا کرنا ❷ اتفاق کرنا ❸ باہم رشتہ کرنا ❹ متفق ہونا ❺ باہم سازش کرنا ❻ مل بیٹھنا ❼ مشورہ کرنا۔

سر جھاڑ منہ پہاڑ (ہ) تابع فعل ❶ دیوانوں کی طرح ❷ وحشیانہ ❸ بری

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

شکل میں ④ ہیبت ناک اور ڈراؤنی شکل میں چڑیل کی صورت۔

**سر جھاڑنا** (ہ) فعل۔ کنگھی کرنا۔

**سر جھکانا** (ہ) فعل ① سر نیچا کرنا ② عاجزی اور انکسار کرنا ③ شرم و حیا یا غیرت سے گردن نیچی کر لینا ④ فرمانبردار اور مطیع ہونا۔

**سر جھکنا** (ہ) فعل ① شرم و حیا سے گردن نیچی ہونا ② سر نیچا ہونا۔

**سر چپکنا** (ہ) فعل ① ذمہ ڈالنا ② سر کرنا ③ سر منڈھنا۔

**سر چڑھا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① گستاخ ② بے ادب ③ بے باک ④ نڈر ⑤ لاڈلا۔

**سر چڑھانا** (ہ) فعل ① نہایت گستاخ بنا دینا ② منہ لگانا ③ مغرور ہونا ④ متکبر ہونا ⑤ سر کو قربان کرنا ⑥ کسی دیوی دیوتا کے آگے سر کاٹ کے نذر دینا۔

**سر چڑھ کر** (ہ) تابع فعل ① ذمے پڑ کر ② سر پر آ کر ③ از خود ظاہر ہو کر۔

**سر چڑھنا** (ہ) فعل ① ذمہ ہونا ② قرض ہونا ③ ضد کرنا ④ اصرار کرنا ⑤ سرکشی کرنا۔

**سر چڑھ کے / سر چڑھکر بولنا** (ہ) فعل ① جن بھوت کا سر پر آ کر کھیلنا ② از خود ظاہر ہونا ③ چھپائے نہ چھپنا۔

**سر چلا جانا** (ہ) فعل ① درد کے مارے سر کا گرا پڑنا ② بوجھل ہونا ③ قابو میں نہ رہنا ④ جان جانا ⑤ درد کی سخت شدت ہونا۔

**سر چوٹ** (ہ) اسم صفت (عورتیں) مرضی کے خلاف ① سخت ناگوار ② چڑ ③ نفرت کا باعث ④ لطف ⑤ مزا ⑥ چٹیک۔

**سر چیرنا** (ہ) فعل ① سر پھوڑنا ② زبردستی کرنا ③ سر ہونا ④ لڑنا ⑤ جھگڑنا ⑥ ضد کرنا ⑦ ہٹ کرنا ⑧ مصر ہونا۔

**سر دکھانا** (ہ) فعل ① سر میں سے جوئیں نکلوانا ② جوئیں دکھانا۔

**سر دکھنا** (ہ) فعل ① سر میں درد ہونا ② سر پھرنا ③ سر میں چکر آنا۔

**سر دھرا / سر دھرو** (ہ) اسم مذکر ① والی وارث ② بڑا ③ بوڑھا ④ سرپرست ⑤ آقا ⑥ حاکم۔

**سر دھننا** (ہ) فعل ① سر پیٹنا ② نہایت تکلیف یا صدمے کی حالت میں سر دے دے مارنا ③ سر کو ہلانا ④ افسوس کرنا ⑤ ماتم یا نوحہ کرنا ⑥ راگ وغیرہ کا مزہ لینا اور نہایت سرور لطف کی وجہ سے سر کو ہلانا۔

**سر دھونا** (ہ) فعل ① سر کے بالوں کو نکھارنا ② بال صاف کرنا۔

**سر دینا** (ہ) فعل ① سر قربان کرنا ② جان دینا ③ مرنا ④ سرشار کرنا۔

**سر دینے کو حاضر ہیں** (ا) فقرہ ① جان دینے کو موجود ہیں ② مرنے کو موجود ہیں۔

**سر ڈوب** (ہ) اسم صفت مفعولی ① شرابور ② لت پت ③ سر سے پاؤں تک غرق۔

**سر ڈھانکنا / ڈھکنا** (ہ) فعل ① سر پر کوئی کپڑا لینا ② کوار پت اتارنا ③ چیرا توڑنا۔

**سر ڈھکی** (ہ) اسم مونث ① بیاہ ② شادی ③ گونا ④ ازالہ ⑤ بکر۔

**سر رنگنا / لال کرنا** (ا) فعل ① لہولہان کرنا ② سر پھوڑنا ③ سر سے خون جاری کرنا۔

**سر رہنا** (ہ) فعل ① سر سلامت رہنا ② جان کا صحیح و سالم رہنا ③ کسی کام کے پیچھے پڑا رہنا۔

**سر سفید ہونا** (ہ) فعل ① بڑھاپا آنا ② علامت پیری ظاہر ہونا ③ پختہ کار ہونا ④ بوڑھا ہونا ⑤ مرنے کا ڈر ہونا ⑥ عیب یا الزام لگنا ⑦ مورد طعن ہونا۔

**سر سکھانا** (ہ) فعل ① بال سکھانا ② سر دھو کر بالوں کی نمی کو دور کرنا۔

**سر سہرا ہونا / رہنا** (ہ) فعل ① عزت اور سرداری کی علامت ہونا ② کسی بات کا کسی آدمی پر منحصر ہونا ③ بدنامی یا نیک نامی کا ہونا۔

**سر سہلانا** (ہ) فعل ① سر پر ہاتھ پھیرنا ② پیار کرنا ③ چمکارنا۔

**سر سہلائے بھیجا کھائے** (ہ) محاورہ ① پیار کرتا جائے اور تکلیف سخت پہنچاتا جائے ② دوست نما دشمن کے لئے بولتے ہیں۔

**سر سے بلا ٹالنا** (ہ) فعل ① تکلیف سے نجات پانا ② روگ ٹالنا ③ پاپ کاٹنا ④ مجبوراً کوئی کام کرنا۔

**سر سے بوجھ اترنا / ٹلنا** (ہ) فعل ① قرض سے نجات حاصل ہونا ② بیٹا بیٹی کے بیاہ سے فارغ ہونا ③ بے دلی سے کوئی کام کرنا۔

**سر سے پانی گزرنا / گزر جانا** (ہ) فعل ① قرضہ کا نہایت زیادہ ہو جانا ② کام کا قابو سے باہر ہو جانا ③ مصیبت اور دکھ کا بڑھ کر ناقابل برداشت ہو جانا۔

**سر سے پاؤں تک** (ہ) تابع فعل ① شروع سے آخر تک ② از سرتاپا ③ ابتدا سے انتہا تک۔

**سر سے پاؤں تک آگ لگنا۔ سر سے پاؤں تک لگنا** (ہ) فعل ① نہایت برافروختہ ہونا ② سخت غصہ آنا ③ غصے میں جل بھن جانا۔

**سر سے چلنا** (ہ) فعل ① نہایت تعظیم کے باعث سر کو پاؤں بنا کر چلنا ② سر کے بل چلنا ③ بہت ہی تعظیم و تکریم کرنا ④ بڑی عزت

Join us on whatsapp Naveed BAIG 03149077218

www.besturdubooks.net

کرنا۔

سر سے سروا ہا ہے (ہ) محاورہ ① سر کے ساتھ پگڑی ہے ② بزرگ کے ساتھ خاندان ہے ③ افسر کے ساتھ ماتحت ہیں۔

سر سے کفن باندھنا (ہ) فعل ① جان پر کھیلنا ② جان ہتھیلی پر رکھنا ③ سر بکف ہونا۔

سر سے کھیل جانا (ہ) فعل ① جان دے بیٹھنا ② جان سے دست بردار ہونا ③ مرنے پر تیار ہونا۔

سر سے کھیلنا (ہ) فعل ① سر پر بھوت پریت کا آنا ② جنات کے سایہ کے اثر سے سر کا ہلنا۔

سر سے کنواں کھودنا (ہ) فعل ① بحال اور ناممکن کام کرنا ② سخت مشکل کام انجام دینا۔

سر سے دے مارنا (ہ) فعل ① عزت دے کر ذلیل کر دینا ② پٹخ دینا۔

سر سے سر جوڑنا (ہ) فعل ① جھرمٹ مارنا ② سازش کرنا ③ باتیں پیار سے کرنا۔

سر سے گزرنا (ہ) فعل ① جان سے ہاتھ دھونا ② سر دے دینا ③ زندگی کی پرواہ نہ کرنا۔

سر سے لگنا (ہ) فعل ① جل مرنا ② غصے یا حسد کے مارے جل جانا ③ نہایت برافروختہ ہونا۔

سر سے مارنا (ہ) فعل ① ناپسند چیز کو واپس کرنا ② نفرت یا کراہت سے کسی چیز کو پھیر دینا ③ اٹھا کر پھینک دینا ④ غصے کے سبب سے کوئی چیز ہٹا دینا۔

سر سینگ ہونا (ہ) فعل ① کسی خاص نشانی کا موجود ہونا ② سر پر خاص علامت کا ظاہر ہونا۔

سر کا بوجھ اترنا (ہ) فعل ① قرض سے سبکدوش ہونا ② فرض منصبی سے نجات پانا۔

سر کا نہ پاؤں کا (ہ) اسم صفت بترکیب اضافی ① سر نہ پیر ② اول نہ آخر بے سروپا۔

سر کا نہ سواد کا (ہ) اسم صفت بترکیب اضافی ① بدمزہ ② بدذائقہ ③ بے تمیزی کا ④ بدسلیقہ۔

سر کٹا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① وہ شخص جس کا سر نہ ہو ② بن سرا۔

سر کرنا (ہ) فعل ① فتح کرنا ② ذمہ کرنا ③ سر منڈھا ④ چوٹی کرنا ⑤ آخری تین معنی میں سر بالکسر ہے۔

سر کو آنا (ہ) فعل ① لڑنے کو آنا ② کھانے کو دوڑنا ③ پیچھے پڑنا ④ سر ہونا۔

سر کھا (ہ) نفرت کا کلمہ ہے ① جا ② دور ہو ③ دفاں ہو ④ جہنم میں پڑ (لفظ اپنا کے ساتھ آئے گا)

سر کھانا (ہ) فعل ① مغز کھانا ② پریشان کرنا ③ دماغ چاٹنا۔

سر کھپ (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① سر کھپا دینے والا ② جاں نثار ③ بہادر ④ بے خوف ⑤ نڈر۔

سر کھپانا (ہ) فعل ① مغز مارنا ② دماغ کھپانا ③ سخت کوشش کرنا ④ سر مارنا۔

سر کھجانا (ہ) فعل ① سر میں خارش ہونا ② کھاج اٹھنا ③ مجازاً شامت آنا ④ پٹنے کی خواہش ہونا ⑤ مار کھانے کو جی چاہنا۔

سر کھنچنا (ہ) فعل ① بلند ہونا ② اونچا ہونا ③ بھڑکنا ④ طول پکڑنا ⑤ بڑھ جانا۔

سر کے ساتھ ہے (ہ) محاورہ ① جان کے ساتھ ہے ② دم کے ساتھ وابستہ ہے۔

سر کی سوں/سر کسوں (ہ) کلمہ قسم ① سر کی قسم ② سر کی سوگند۔

سر گاڑی پیر پہیہ کرنا (ہ) فعل ① نہایت تگ ودو سے کوئی کام کرنا ② سر پاؤں کی محنت سے کرنا۔

سر گالا منہ بالا (ہ) کہاوت ① بڑھاپے میں نادانوں کی سی حرکت ② سر تو سفید ہو گیا مگر منہ پر جوانی برس رہی ہے۔

سر گریبان میں ڈالنا (ا) فعل ① فکر یا شرم سے سر جھکا لینا ② سر نیچا کر لینا۔

سر گنجا کرنا (ہ) فعل ① مار مار کر سر کے بال اڑا دینا ② بے حد مارنا ③ کنگال کر دینا ④ لوٹ کر کھا جانا۔

سر گوندھنا (ہ) فعل ① چوٹی کرنا ② سر کرنا ③ سر کے بال باندھنا۔

سر لگنا (ہ) فعل ① ذمے لینا ② سر اتارنا ③ جان لینا۔

سر مارنا (ہ) فعل ① سمجھانا ② مغز مارنا ③ چلانا ④ بھونکنا ⑤ حیران ہونا ⑥ سر ٹپکنا ⑦ بری چیز کو پھیرنا ⑧ نہایت کوشش کرنا ⑨ تلاش کرنا۔

سر منڈا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں ② قلندر۔

سر منڈاتے ہی اولے پڑے (ہ) مثل ① شروع سے ہی کام بگڑ گیا ② کسی کام کے شروع کرتے ہی خرابی یا نقصان ہو جانے کے موقع پر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بولتے ہیں ❷ افتاد ہی خراب ہوئی۔

**سر منڈانا** (ہ) فعل ❶ سر کے بال اتروانا ❷ حجامت بنوانا ❸ جوگ لینا ❹ جوگی بننا ❺ قلندر کا مرید ہونا ❻ بھدرا کرانا ❼ دھوکے میں آ کر لٹ جانا ❽ ٹھگا یا جانا۔

**سر مونڈا** (ہ) اسم مذکر ❶ نگوڑا ❷ موا۔

**سر مونڈی** (ہ) اسم مونث ❶ نگوڑی ❷ موئی ❸ بدنصیب ❹ کم بخت

**سر میلا ہونا** (ہ) فعل ❶ حیض کے باعث ناپاک ہونا ❷ کپڑوں سے ہونا۔

**سر میں بال ہونا** (ہ) فعل ❶ طاقت وقدرت ہونا ❷ گنجائش ہونا۔

**سر میں خاک ڈالنا** (ا) فعل ❶ ماتم کرنا ❷ سوگ کرنا ❸ سر ننگا کرنا ❹ غم ورنج کرنا۔

**سر نہ پیر/سر نہ پاؤں** (ہ) تابع فعل ❶ اتا نہ پتا ❷ شروع نہ اخیر ❸ ابتدا نہ انتہا۔

**سر ہلانا** (ہ) فعل ❶ سر کو جنبش دینا ❷ ماننا ❸ تسلیم کرنا ❹ قبول کرنا ❺ انکار کرنا ❻ ناکر دینا ❼ افسوس کرنا ❽ بھوت پریت کا سر پر آ کر کھیلنا۔

**سر ہونا** (ہ) فعل ❶ درپے ہونا ❷ تعاقب کرنا ❸ چمٹنا ❹ گلے کا ہار ہونا ❺ کسی کام میں بہت ہی مصروف ہونا ❻ ذمہ ہونا ❼ گلے پڑنا ❽ لڑنا ❾ جھگڑنا۔

**سر** (ف) اسم مذکر ❶ سر ❷ مونڈ ❸ منڈیا ❹ چوٹی ❺ پھننگ ❻ نوک ❼ کلس ❽ سردار ❾ ناک۔

**سر اجلاس** (ف) تابع فعل۔ بھری کچہری میں حاکم کے روبرو۔

**سر انگشت** (ف) اسم مذکر ❶ انگلی کا پھول ❷ انگلی کا اوپر کا حصہ۔

**سر باز** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ جان پر کھیل جانے والا ❷ سورما ❸ سور بیر ❹ بہادر۔

**سر بازار** (ف) تابع فعل ❶ عام لوگوں میں ❷ عین بازار میں ❸ سب کے سامنے ❹ علانیہ۔

**سر بام** (ف) تابع فعل۔ کوٹھے کی چھت یا منڈیر یا چھجے پر۔

**سر بستہ** (ف) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی ❶ سر بندھا ہوا ❷ مخفی ❸ پوشیدہ ❹ چھپا ہوا۔

**سر بسر** (ف) تابع فعل ❶ بالکل ❷ تمام ❸ سارا ❹ اس سرے سے اس سرے تک ❺ برابر ❻ مساوی۔

**سر بلند** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ اونچا ❷ اعلے ❸ ممتاز ❹ معزز۔

**سر بلند کرنا** (ا) فعل ❶ عزت بخشنا ❷ درجہ بڑھانا ❸ اعلے مرتبہ پر پہنچانا۔

**سر بلندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عزت ❷ اقبال مندی ❸ فخر۔

**سر بمہر** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ بذریعہ حرف ❷ جر ❸ مہر لگا ہوا ❹ بند ❺ مقفل۔

**سر پرست** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ مددگار ❷ خبر گیر ❸ نگہبان ❹ محافظ۔

**سر پنچ** (ا) اسم مذکر ❶ پنچوں کا سردار ❷ میر مجلس ❸ پریزیڈنٹ۔

**سر پوش** (ف) اسم مذکر آلہ ❶ ڈھکنا ❷ چپنی ❸ ڈھکن ❹ تورہ پوش۔

**سر پیچ** (ف) اسم مذکر۔ پگڑی کے اوپر باندھنے کا ایک طلائی کپڑا۔

**سر تابی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نافرمانی ❷ بغاوت ❸ حکم عدولی ❹ نمک حرامی۔

**سر تا پا** (ف) تابع فعل ❶ اول سے آخر تک ❷ بالکل ❸ سر بسر۔

**سر تاج** (ف) اسم مذکر ❶ سر کا تاج ❷ مجازاً آقا ❸ مالک ❹ خاوند ❺ پتی۔

**سر چلنا** (ا) فعل ❶ تاش یا گنجفہ کا پتا پھینکنا ❷ داؤں چلنا۔

**سرحد** (ف) اسم مونث ❶ کنارہ ❷ انتہا ❸ حد فاصل۔

**سرخط** (ف) اسم مذکر ❶ تمسک ❷ کرایہ نامہ ❸ بیعنامہ وغیرہ۔

**سر خیل** (ف) اسم مذکر ❶ سردار قوم ❷ سرگردہ ❸ خاندان کا سردار ❹ سرغنہ۔

**سروست** (ف) تابع فعل ❶ اس وقت ❷ ابھی ❸ بالفعل ❹ فوراً ❺ فی الحال ❻ عنقریب ❼ موجود۔

**سر دفتر** (ف) اسم مذکر ❶ میر منشی ❷ اہلکاروں کا سرگردہ۔

**سر راہ** (ف) تابع فعل ❶ راستے میں ❷ سڑک پر ❸ راہ میں۔

**سر رشتہ** (ف) اسم مذکر ❶ مطلب ❷ مدعا ❸ تدبیر ❹ محکمہ ❺ ڈیپارٹمنٹ۔

**سر زمین** (ف) اسم مونث ❶ ملک ❷ خطہ ❸ زمین ❹ ولایت۔

**سر سبز** (ف) اسم صفت ❶ ہرا بھرا ❷ تروتازہ ❸ شاداب ❹ کامیاب ❺ مبارک۔

**سر زور** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ طاقتور ❷ زبردست ❸ سرکش۔

**سر شام** (ف) اسم مونث ❶ شام کا وقت ❷ جھٹ پٹا ❸ وقت مغرب ❹

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سانچ۔

سرفراز (ف) اسم صفت فاعلی ① معزز ② ترقی یافتہ ③ ممتاز۔

سرفراز کرنا (ا) فعل ① سربلند کرنا ② معزز بنانا ③ ترقی دینا ④ ازالہ بکر کرنا۔

سرقلم کرنا (ا) فعل ① سرکاٹنا ② گردن اٹھانا ③ سراڑانا۔

سرکش (ف) اسم صفت فاعلی ① مغرور ② باغی ③ نافرمان۔

سرکشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① غرور ② بغاوت ③ نافرمانی ④ حکم عدولی۔

سرکوبی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سزا ② گوشمالی ③ تادیب ④ سرکچلنا۔

سرکی قسم (ا) اسم مونث ① سرکی سوگند ② نہایت سخت قسم ہے جو اپنی نسبت یا اپنے عزیز کی نسبت کھاتے ہیں۔

سرگزشت (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① ماجرا ② آپ بیتی ③ حال ④ داستان ⑤ کہانی ⑥ برتانت ⑦ تذکرہ۔

سرگراں (ف) اسم صفت ① نشہ کے خمار والا ② مخمور ③ خمار آلودہ ④ ناراض ⑤ خفا ⑥ برہم ⑦ مغرور ⑧ متکبر ⑨ اترانے والا۔

سرگرانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سر بھاری ہونا ② خمار ③ درد سر ④ سرکی تکلیف ⑤ رنج ⑥ خفگی ⑦ غم وافسوس۔

سرگرداں (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① آوارہ ② سرگشتہ ③ حیران ④ پریشان۔

سرگرم (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① چالاک ② مستعد ③ جوشیلا ④ تند ⑤ تیر ⑥ محنتی۔

سرگرمی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① چالاکی ② مستعدی ③ آمادگی ④ تندی ⑤ تیزی۔

سرگروہ (ف) اسم صفت فاعلی ① سردار ② جماعت ③ پنچ ④ چودھری ⑤ سرغنہ ⑦ باغیوں کا سردار۔

سرگشتہ (ف) اسم صفت مفعولی ① بھٹکا ہوا ② آوارہ ③ حیران ④ پریشان۔

سرگوشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کاناپھوسی ② کھسر پھسر ③ کاناباتی ④ غیبت ⑤ چغلی ⑥ برائی۔

سرلگنا (ا) فعل ① ذمہ لگنا ② سرتھپنا۔

سرمست (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① مدہوش ② نہایت متوالا ③ بدمست ④ بے حد مخمور۔

سرمغزی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بک بک ② بکواس ③ بیہودہ گوئی ④ مغززنی۔

سرمکھ ہونا (ا) فعل ① سامنے ہونا ② مقابل ہونا ③ روبرو ہونا ④ سنمکھ ہونا۔

سرمو (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① بال کی نوک جتنا ② ذراسا ③ رائی بھر۔

سرنامہ (ف) اسم مذکر۔ عنوان۔ مکتوب الیہ کا پتہ اور نشان جو خط پر لکھتے ہیں۔

سرنگوں (ف) اسم صفت مفعولی ① سر کے بل ② شرمندہ ③ خجل ④ اوندھے منہ۔

سرنو (ف) تابع فعل ① نئے سرے سے ② دوبارہ شروع سے۔

سرنوشت (ف) اسم مونث ① تقدیر کا لکھا ② بھاگ ③ قسمت ④ نصیب ⑤ قضا۔

سروسامان (ف) اسم مذکر ① اسباب ضروریہ ② لوازمات ③ ساز و سامان۔

سروکار (ف) اسم مذکر (سر بمعنی واہش کار بمعنی کام) تعلق ① واہش ② معاملہ ③ واسطہ ④ لگاؤ ⑤ بحث وتکرار۔

سرا/سرائے (ف) اسم مونث ① گھرانہ ② مکان ③ حویلی ④ مسافروں کے اترنے کی جگہ ⑤ دھرم سالہ۔

سرا (ہ) اسم مذکر ① کنارہ ② کور ③ نوک ④ ابتدا ⑤ آغاز ⑥ انتہا ⑦ آخر۔

سراب (ع) اسم مذکر ① ریت یا کلرزمین میں عین دوپہر کے وقت موسم گرما میں دھوپ کا انعکاس جو پانی کی طرح لہریں مارتا معلوم ہوتا ہے جو نظر کا دھوکا ہوتا ہے ② مرگ ترشنا ③ نمایش آب ④ دھوکا ہی دھوکا ⑤ معدوم ⑥ نابود ⑦ گم۔

سراپ (ہ) اسم مذکر ① بدعا ② کوسنا ③ پھٹکار ④ دیوی دیوتا یا کسی مرد کامل کی بدعا۔

سراپا (ف) اسم مذکر بالف۔ استعجاب ① سر سے پاؤں تک ② اول سے آخر تک ③ تمام وکمال۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**سراپردہ** (ف) اسم مذکر ظرف باضافت مقلوب شاہی خیمہ ① پردہ کی اونچی قنات جو خیمہ کے گرد لگایا کرتے ہیں ② ڈیرہ ③ گھر کا پردہ۔

**سراج** (ع) اسم مذکر ① چراغ ② روشنی ③ سورج۔

**سَرّاج** (ع) اسم مذکر ① زین ساز ② کاٹھی بنانے والا۔

**سراچہ** (ف) اسم مذکر۔ سرا کی تصغیر بہ معنی عظمت بڑا خیمہ ① ایک بانس کا خیمہ ② کھانچہ۔

**سراچے کا بانس** (ا) اسم مذکر ① بہت لمبے قد کا آدمی ② دراز قد ③ طویل القامت۔

**سرادھ** (ہ) اسم مذکر ① کناگت ② اسوج کے مہینے میں برہمنوں وغیرہ کو دان پن دینے اور کھانا وغیرہ کھلانے کی رسم۔

**سراسر** (ف) تابع فعل ① بالف انصال ② یک قلم تمام ③ بالکل ④ یک لخت۔

**سراسری** (ف) تابع فعل۔ بالکل ① مختصر طور پر ② یوں ہی ③ جلدی سے ④ عدالت خفیہ ⑤ چھوٹی چھوٹی نالشیں سننے کی عدالت ماتھے پر لٹکانے کا ایک زیور ⑥ مختصر اختیارات کی عدالت۔

**سراسری اختیارات** (ف) اسم مذکر ① خفیف سے اختیارات ② مختصر سے اختیارات۔

**سراسری دیکھنا** (ا) فعل ① یوں ہی سرسری سی نظر ڈالنا ② اجمالی ملاحظہ کرنا۔

**سراسری نالش** (ف) اسم مونث ① چھوٹا مقدمہ ② ادنے دعوے ③ چھوٹی نالش۔

**سراسیمہ** (ف) اسم صفت ① ہکا بکا ② حیران و پریشان ③ گھبرایا ہوا ④ بے قرار ⑤ سرا اور آسیمہ بمعنی شوریدہ و پریشان سے مرکب ہے۔

**سراسیمگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① حیرانی ② پریشانی ③ آشفتگی۔

**سراغ** (ت) اسم مذکر ① کھوج ② پتا ③ پاؤں کا نشان ④ پیڑ ⑤ ٹھکانا ⑥ تلاش ⑦ جستجو۔

**سراغ رساں** (تف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① کھوجی ② پتہ لگانے والا ③ تلاش کرنے والا۔

**سراغ لگانا** (ا) فعل ① تلاش کرنا ② پتا لگانا ③ کھوج لگانا۔

**سراغ لینا** (ا) فعل ① تلاش کرنا ② کھوج لگانا ③ ٹھکانا معلوم کرنا ④ عندیہ اور منشا معلوم کرنا۔

**سراغی** (ا) اسم مذکر ① کھوجی ② ٹھاگی۔

**سراگائے/گئو** (ہ) اسم مونث ① جنگلی گائے ② بن کی گائے۔

**سرآمد** (ف) اسم صفت ① پورا ② کامل ③ برگزیدہ ④ ممتاز ⑤ بہتر ⑥ ختم کرنے والا۔

**سرانا** (ہ) فعل ① ٹھنڈا کرنا ② سرد کرنا ③ رسیلا کرنا ④ غرق کرنا ⑤ ڈبو دینا۔

**سرانجام** (ف) اسم مذکر ① آخر کار ② انجام کار ③ تکمیل ④ انتظام ⑤ بندوبست ⑥ سامان۔

**سراندیپ** (ہ) اسم مذکر ظرف ① جزیرہ لنکا یا ② سیلون جو بحر ہند میں واقع ہے اس کا پرانا نام سنگل دیپ یعنی زنجیروں کا جزیرہ ہے جو سیدھا ہونے کے باعث پڑ گیا۔

**سراوگ** (ہ) اسم مذکر ① سننے والا ② مجازاً بدھ مذہب یا جین مت کا پیرو ③ جینی ④ جین مت والا۔

**سراوگی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① جین مت کا مقلد ② بدھ مذہب کا ماننے والا۔

**سراہنا** (ہ) فعل ① تعریف کرنا ② ستائش کرنا ③ حمد و ثنا کرنا ④ داد دینا ⑤ قدر کرنا ⑥ خوشامد کرنا ⑦ چاپلوسی کرنا۔

**سرایت کرنا** (ا) فعل ① اثر کر جانا ② تاثیر کرنا ③ گھس جانا ④ پیٹھنا ⑤ جذب ہونا۔

**سرب** (ف) اسم مذکر ① اسرب کا مخفف ہے ② سیسہ جو ایک قسم کا جست ہے۔

**سرب** (س) اسم صفت ① تمام ② سب ③ کل ④ سارا۔

**سرب شکتی مان** (س) اسم مذکر ① پوری طاقت والا ② قادر مطلق ③ خدائے تعالے۔

**سرب گنگا** (س) اسم مذکر ① پوری طاقت والا ② قادر مطلق ③ خدا تعالے

**سرب گنگا** (س) اسم مونث ① نہایت پتلی دال ② بالکل پانی سا دال یا سالن۔

**سرب گہن** (ہ) اسم مذکر ① پورا گہن ② سوف یا کسوف کامل۔

**سربراہ** (ف) اسم مذکر فاعل ① انتظام کرنے والا ② منتظم ③ گماشتہ ④ ایجنٹ۔

**سربھنگی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① سرب ② اگنی ③ ہر شخص کی چیز یا ہر چیز کھالینے والا ④ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو مردار اور نجاست تک

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

کھانے سے بھی پرہیز نہیں کرتا۔

سرپ (س) اسم مذکر ① ناگ ② سانپ ③ مار ④ افعی ⑤ کپٹی ⑥ کینہ رکھنے والا۔

سرپٹ (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ۔

سرپر (س) اسم مذکر ① راجہ اندر کا پایہ تخت ② سرگ لوک ③ جنت ④ اندر لوک۔

سرت (ہ) اسم مذکر ① ہوش ② دھیان ③ خیال ④ ہوشیاری ⑤ حافظہ ⑥ چیتا ⑦ سدھ۔

سرتا (ہ) اسم صفت بالف فاعلیت ① ہوش والا ② چالاک ③ چاتر ④ چوکنا ⑤ ذہین ⑥ ذکی۔

سرتا برتا (ہ) اسم مذکر ① عورتیں ② خرچ ③ سفر ④ حصہ ⑤ نجرہ ⑥ انتظام ⑦ سرانجام۔

سرتابی (ف) اسم مونث ① سرکشی ② نافرمانی ③ عدول حکمی۔

سرتاسر (ف) اسم صفت ① تمام ② کل ③ سب ④ سب کا سب۔

سرجن (ای) اسم مذکر ① جراح ② ڈاکٹر ③ حکیم۔

سرجن (س) اسم مذکر ① شریف آدمی ② بھلا مانس ③ جنٹلمین۔

سرجن ہار (ہ) اسم مذکر فاعل سماعی ① پیدا کرنے والا ② الق ③ کرتار ④ بنانے والا۔

سرجی / سرجیون (ہ) اسم صفت ① سرسبز ② شاداب ③ سرسبز رہنے والا ④ پائدار ⑤ مضبوط ⑥ ہرا بھرا ⑦ لازوال ⑧ فرحت بخش ⑨ روح بخش۔

سرچشمہ (ف) اسم مذکر ظرف ① سوتا ② منبع ③ پانی نکلنے کی جگہ ④ آبشار۔

سرخ (ف) اسم صفت ① لال ② احمر ③ رتی ④ ماشے کا آٹھواں حصہ۔

سرخ باد / بادہ (ف) اسم مذکر۔ ایک بیماری کا نام ہے۔

سرخ بید (ف) ایک درخت کا نام ہے۔ جسے بید مولہ اور بید مجنوں بھی کہتے ہیں۔

سرخ وسفید ہونا (ا) فعل ① گورے رنگ پر سرخی کا نمایاں ہونا ② موٹا تازہ اور تندرست ہونا۔

سرخ ہونا (ا) فعل ① لال ہونا ② غصے میں بھر جانا ③ میوے کا پک جانا۔

سرخاب (ف) اسم مذکر ① ایک آبی پرندے کا نام ہے ② چکوا ③ کابل کے قریب ایک دریا کا نام بھی ہے ④ یزدجرد کے بیٹے کا نام ہے جو ایک نامی پہلوان تھا۔

سرخاب کا پر لگنا / نکلنا / ہونا (ا) فعل ① دولت پر مغرور و متکبر ہونا ② کوئی عجیب ونادر بات ہونا ③ نایاب اور نادر ہونا۔

سرخرو / سرخ رو (ف) اسم صفت فاعلی ① لال منہ والا ② کامیاب ③ خوش وخرم ④ بری الذمہ۔

سرخرو ہونا (ا) فعل ① کامیاب ہونا ② بری الذمہ ہونا ③ وعدہ وفا ہونا۔

سرخی مائل (ف) اسم صفت فاعلی ① لال سا ② لالی لئے ہوئے ③ سرخی لئے ہوئے۔

سرد (ف) اسم صفت ① ٹھنڈا ② سیتل ③ خنک ④ سست ⑤ ڈھیلا ⑥ نامرد ⑦ مندا ⑧ دھیما ⑨ بے رونق۔

سرد بازار ہونا (ا) فعل ① بے رونقی ہونا ② خرید وفروخت کم ہونا ③ بازار کا مندا ہونا۔

سرد پونو (ا) اسم مونث۔ ماہ اسوج کی آخری تاریخ جس سے سردی کا آغاز خیال کیا جاتا ہے۔

سرد چینی (ا) اسم مونث ① ایک دوائی کا نام ہے ② کبابہ چینی ③ کباب چینی۔

سرد وگرم دیکھا ہوا (ا) اسم صفت مفعولی ① آزمودہ کار ② تجربہ کار ③ نشیب وفراز جاننے والا۔

سرد مزاج (ف) اسم صفت فاعلی ① سرد مزاج والا ② مردہ دل ③ بے مہر ④ سست ⑤ سہل انگار۔

سرد مہر (ف) اسم صفت فاعلی ① کم محبت والا ② بے وفا ③ بے مروت ④ سخت دل ⑤ بے محبت۔

سرد مہری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بے مہری ② بے مروتی ③ بے وفائی ④ سنگدلی ⑤ بے محبتی۔

سرد ہو جانا / ہونا (ا) فعل ① ٹھنڈا ہو جانا ② گرمی نہ رہنا ③ مر جانا ④ جان باقی نہ رہنا ⑤ ڈر جانا ⑥ سہم جانا ⑦ متحیر ہو جانا ⑧ بے رونق ہو جانا ⑨ ماند پڑنا۔

سردا / سرداہ (ف) اسم مذکر۔ خربوزے کی قسم کا ایک نہایت میٹھا پھل ہوتا ہے جو تاشیر اور ذائقہ دونوں میں سرد ہے۔

سردابہ / سرداوہ (ف) اسم مذکر ظرف ① زمین کھود کر ٹھنڈا پانی رکھنے کا گڑھا ② مجازاً تہہ خانہ ③ قبر ④ خیمہ۔

سردار (ف) اسم مذکر ① سرگروہ ② افسر ③ حاکم ④ سرغنہ ⑤ چودھری ⑥

Join us on WhatsApp Naveed BaIG 03149077218

امیر۔

**سردارنی** (ا) اسم مونث۔ سردار کی بیوی۔

**سرداری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① افسری ② حاکمی ③ امیری ④ چودھرایت ⑤ چودھر۔

**سردست** (ف) تابع فعل ① ابھی ② لگتے ہاتھ ③ فی الحال ④ الحال ⑤ اس وقت۔

**سردفتر** (ف) اسم مذکر۔ دفتر کا سردار ہیڈ کلرک سے بڑا ایک عہدہ ہے سررشتہ دار۔

**سردل** (ہ) اسم مذکر ① سرد کا بگاڑ ہے ② چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی جس میں کواڑ کی بالائی چول رہتی ہے ③ چوکھٹ کے اوپر کا پٹاؤ۔

**سردوال** (ہ) اسم مونث ① مہری ② نکتہ ③ پوزی ④ پٹا ⑤ لگام ⑥ ٹکانے کا چمڑا جو گھوڑے کے منہ پر چڑھایا جاتا ہے۔

**سردھا** (ہ) اسم مونث ① توفیق ② مقدور ③ سامرتھ ④ خواہش ⑤ اچھا ⑥ ساکھ ⑦ بھروسا ⑧ اعتبار۔

**سردی** (ف) اسم مونث ① خنکی ② ٹھنڈ ③ ٹھنڈک ④ سیت ⑤ جاڑا ⑥ جاڑے کا موسم ⑦ زکام ⑧ ریزش ⑨ نزلہ۔

**سردئی** (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ① سردے کا رنگ کا ② نہایت سبز رنگ کا۔

**سررشتہ** (ف) اسم مذکر ① دھاگے سرا ② مطلب ③ معاملہ ④ مدعا ⑤ محکمہ ⑥ دفتر ⑦ عدالت ⑧ دستور ⑨ طریقہ۔

**سررشتہ دار** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① دیسی زبان کی مسلیں لکھنے والا ② مسلخواں سر دفتر ③ میر منشی ④ دیسی زبان کے دفتر کا ⑤ سپرنٹنڈنٹ۔

**سررشتہ کا حکم** (ا) اسم مذکر ① قانونی حکم ② معمولی کاروائی ③ معمولی حکم۔

**سررشتہ مال** (ف) اسم مذکر ① زمین کا لگان داخل کرنے کا محکمہ ② خراج زمین کے حساب کتاب کا دفتر۔

**سررو** (ا) اسم مونث ① سراروے کا مخفف ② رگ ③ قیفال ④ وہ رگ جس کی فصد کرنے سے سر اور چہرے کا خون آتا ہے۔

**سرزد ہونا** (ا) فعل ① ظاہر ہونا ② صادر ہونا ③ واقع ہونا ④ ظہور میں آنا۔

**سرزمین** (ف) اسم مونث ① زمین ② دھرتی ③ ملک ④ ولایت۔

**سرزنش** (ف) اسم مونث ① پھٹکار ② ملامت ③ بھلا برا کہنا ④ ڈانٹ ڈپٹ ⑤ مار ⑥ سزا۔

**سرزنی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① کوشش ② سعی ③ سرمارنا ④ مغز زنی۔

**سرزور** (ف) اسم مونث فاعلی ① باغی ② نافرمان ③ گمراہ ④ سرکش ⑤ منحرف۔

**سرزوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بغاوت ② نافرمانی ③ سرکشی ④ انحراف ⑤ گمراہی۔

**سرس** (ہ) اسم مذکر ① ایک درخت کا نام ہے ② پنجابی سریں۔

**سرسام** (ف) اسم مذکر۔ ورم دماغ (سر بمعنی دماغ اور سام بمعنی ورم) ایک بیماری کا نام ہے۔

**سرسائی** (ہ) اسم مونث ① کثرت ② بہتات ③ زیادتی ④ افراط ⑤ مربع کرم کا پیمانہ ⑥ ساڑھے چار فیت مربع رقبہ ⑦ نمی ⑧ رطوبت ⑨ تری۔

**سرسبزی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہریاول ② تازگی ③ طراوت ④ برکت ⑤ ترقی ⑥ عروج۔

**سرستی** (ہ) اسم مونث ① ایک ندی کا نام ہے ② ایک دیوی کا نام بھی ہے ③ علم وہنر کی دیوی ④ زبان ⑤ راگ۔

**سرستی کا بل** (ہ) اسم مذکر ① علم کی دیوی کا زور ② علم غیب کی خبر۔

**سرسر** (ہ) اسم مونث۔ سانپ یا ہوا کے چلنے کی آواز۔

**سرسرانا** (ہ) فعل ① سانپ یا کیڑے وغیرہ کا رینگنا ② ہوا کا لہرانا ③ ہوا کا سائیں سائیں کرنا ④ پکنے کی آواز۔

**سرسراہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① سانپ یا کیڑے کے رینگنے کی آواز ② ہوا کی سنسناہٹ۔

**سرسری** (ہ) اسم مونث ① ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے ② آتشبازی کی چھچھوندر۔

**سرسوتی** (ہ) اسم مونث (دیکھو سرستی)

**سرسوں** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا تیلدار بیج ہوتا ہے جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔

**سرسوں پھولنا** (ہ) فعل ① سرسوں کے پودے میں پھول آنا ② مجازاً زردی ہی زردی نظر آنا۔

**سرسوں آنکھوں میں پھولنا** (ہ) فعل ① کسی کیفیت کا آنکھوں میں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

سمانا❷ خوشی وخرمی کا ظاہر ہونا❸ کوئی کیفیت نظر پڑنا۔

**سرسوں ہتھیلی پر جمانا** (ہ) فعل ❶ ہتھیلی پر سرسوں جمانا زیادہ مستعمل ہے) کسی کام کو نہایت جلدی کرنا❷ پلک جھپکنے میں کوئی کام انجام دینا۔

**سرشار** (ف) اسم صفت (مرکب از سروشار بمعنی زحستن) ❶ لبالب بھرا ہوا❷ لبریز و پر❸ بھرپور❹ مست❺ بدمست❻ خمار آلودہ❼ مخمور❽ غرور❾ گھمنڈ۔

**سرشام** (ف) ❶ دن چھپتے ہی❷ آغاز شام شروع مغرب❸ وقت غروب آفتاب۔

**سرشت** (ف) اسم مونث ❶ پیدائش ❷ خلقت ❸ نیچر ❹ خو ❺ طبیعت❻ خصلت❼ عادت۔

**سرشک** (ف) اسم مذکر❶ قطرہ❷ آنسو❸ اشک۔

**سرطان** (ع) اسم مذکر ❶ کیکڑا❷ ایک پانی کا کیڑا❸ ایک آسمانی برج کا نام❹ ایک بیماری کا نام❺ خرچنگ۔

**سرعت** (ع) اسم مونث ❶ تیزی❷ جلدی❸ شتابی❹ چستی❺ چالاکی❻ پھرتی❼ تاول۔

**سرغنہ** (ف) اسم مذکر❶ قوم کا سردار❷ سرگروہ بڑا❸ بزرگ❹ کلاں❺ کبیر❻ فسادیوں کا پیشوا۔

**سرف** (ع) اسم مذکر❶ بیہودہ خرچ❷ فضول خرچ❸ زائد خرچ۔

**سرفراز** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی❶ سرفراز کا مخفف ہے❷ اعلے❸ معزز❹ ممتاز سربلند۔

**سرفہ** (ع) اسم مذکر❶ کھانسی❷ کھرکھری❸ سعال۔

**سرقہ** (ع) اسم مذکر❶ چوری❷ زردی۔

**سرقہ بالجبر** (ع) اسم مذکر❶ ڈاکا❷ زبردستی کی چوری❸ راہزنی۔

**سرکار** (ف) اسم مونث ❶ بادشاہی دربار❷ کچہری❸ عدالت❹ درگاہ❺ سردار❻ میر❼ رئیس❽ آقا❾ والی۔

**سرکار دربار چڑھنا** (ا) فعل ❶ فریادی ہونا❷ نالش کرنا❸ مدعی بننا❹ کچہری میں نالش کرنے جانا۔

**سرکاری** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی❶ سرکار کا❷ شاہی❸ گورنمنٹی❹ رئیس یا آقا سے منسوب۔

**سرکاری آسامی** (ا) اسم مونث ❶ منظوری کی نوکری❷ وہ نوکری جس کی تنخواہ شاہی خزانے سے دی جاتی ہے۔

**سرکاری کاغذ** (ف) اسم مذکر❶ اسٹامپ❷ ٹکٹ والا کاغذ❸ ٹکٹ❹ پرامیسری نوٹ۔

**سرکاری وظیفہ** (ف) اسم مذکر❶ پنشن❷ گورنمنٹ کی طرف سے ملنے والا وظیفہ۔

**سرکانا** (ہ) فعل❶ ایک طرف سے دوسری طرف گھسیٹ کر رکھنا❷ ہٹانا❸ جدا کرنا❹ الگ کرنا❺ اڑا دینا❻ ملتوی کرنا❼ تاریخ آگے بدل دینا❽ چھپانا۔

**سرکرنا** (ا) فعل❶ جیتنا❷ فتح کرنا❸ شکست دینا❹ تسخیر کرنا❺ شروع کرنا❻ نکالنا❼ کھولنا❽ جسے قلعہ سرکرلیا❾ چھوڑنا۔

**سرہونا** (ا) فعل❶ فتح ہونا❷ قابو میں آجانا❸ قلعہ وغیرہ کا کھل جانا❹ بندوق وغیرہ چھوٹنا❺ قبضے میں آنا❻ تسخیر ہونا❼ بازی پتے جیتنا۔

**سرکلر** (ای) اسم مذکر❶ گشتی حکم❷ وہ کاغذ جا پر کسی امر کی بابت ہدایت لکھ کر جا بجا بھیجا جائے۔

**سرکل** (ای) اسم مذکر❶ دائرہ❷ حلقہ❸ صوبہ❹ احاطہ۔

**سرکنا** (ہ) فعل❶ الگ ہونا❷ علیحدہ ہونا❸ ہٹ جانا❹ نکلنا❺ کھسکنا❻ چل دینا❼ غائب ہونا❽ اٹھ جانا❾ پرے چلا جانا۔

**سرکنڈا** (ہ) اسم مذکر❶ کانا❷ نرسل❸ سرنے۔

**سرکہ** (ف) اسم مذکر❶ کھٹا عرق❷ گڑ کا شربت یا گنے انگور وغیرہ کا رس جسے سڑا کر خمیر اٹھا لیتے ہیں۔

**سرکی** (ہ) اسم مونث۔ کانوں یا تیلیوں کی چک جو گاڑیوں یا مکان کے دروازوں پر دھوپ اور بارش کے بچاؤ کے لئے ڈال رکھتے ہیں۔

**سرگ** (ہ) اسم مونث❶ بہشت❷ جنت❸ اندر لوک❹ بیکنٹھ❺ آسمان❼ سپہر❽ فلک۔

**سرگباشی** (ہ) اسم مذکر فاعل❶ بہشت میں رہنے والا❷ جنتی❸ مرحوم❹ آنجہانی۔

**سرگباشی/سرگباش ہونا** (ہ) فعل❶ مرنا❷ انتقال کرنا❸ وفات پانا۔

**سرگم** (ہ) اسم مونث❶ راگ کا سر❷ راگ کے ساتوں سروں کا نام۔

**سرگن** (ہ) اسم مذکر❶ حمد❷ اوصاف الٰہی ونعت❸ دیوتاؤں کی تعریف کے بھجن❹ نرگن کی ضد۔

**سرگین** (ف) اسم مذکر۔ گائے بھینس وغیرہ کا گوبر۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

سرل (ہ) اسم صفت ❶ سیدھا درخت جس پر چڑھنا نہایت مشکل ہو ❷ مجازاً سچا ❸ ایماندار ❹ دھرماتما ❺ بھولا ❻ سادہ بے کپٹ ❼ سہل ❽ آسان ❾ ایک خوشبودار لکڑی کا نام بھی ہے۔

سرلا (ہ) اسم صفت بالف زائد یا فاعلی ❶ لمبا ❷ سیدھا ❸ سہی۔

سرما (ف) اسم مذکر ❶ جاڑا ❷ سردی کا موسم ❸ زمستان۔

سرمائی (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ جاڑے کا ❷ زمستانی۔

سرمایہ (ف) اسم مذکر ❶ مول ❷ جمع ❸ پونجی ❹ زراصل ❺ باعث ❻ سبب ❼ دھن ❽ دولت۔

سرمد (ء) اسم صفت ❶ ہمیشہ ہموارہ ❷ پیوستہ ❸ جس کی ابتدا انتہا نہ ہو ❹ مست ازل ❺ مجذوب ❻ دلی کے ایک مشہور مجذوب کا تخلص ہے۔

سرمہ (ف) اسم مذکر ❶ انجن ❷ کاجل ❸ کحل ❹ (بحالت صفت) نہایت باریک پیس کر سرمہ کر دیا۔

سرمہ دان/سرمہ دانی (ا) پہلا اسم مذکر دوسرا اسم مونث۔ سرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔

سرمہ در گلو (ف) اسم صفت ❶ چپ خاموش ❷ ناقابل گفتار۔

سرمہ دینا (ا) فعل ❶ آنکھوں میں سرمہ لگنا ❷ انجن سارنا۔

سرمہ کرنا (ا) فعل ❶ باریک پینا ❷ میدہ سا کر دینا۔

سرمہ کھا بیٹھنا (ہ) فعل ❶ چپ ہو جانا ❷ گھنی سادھ لینا ❸ خاموشی اختیار کر لینا۔

سرمہ گین/سرمگین/سرمہ آلود (ف) اسم صفت ❶ سرمہ لگی ہوئی ❷ وہ آنکھیں جن میں سرمہ لگایا ہوا ہو۔

سرمئی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ سرمہ کے رنگ کا ❷ سرخی مائل ❸ نیلا۔

سرمے کی تحریر (ا) اسم مونث۔ سرمہ کی لکیر جو آنکھ کی پلک پر آ جاتی ہے۔

سرمے کی قلم (ا) اسم مونث۔ پنسل۔

سرن (ہ) اسم مونث ❶ پناہ کی جگہ ❷ آسرے کی جگہ ❸ پناہ گاہ ❹ ملجا و ماوا۔

سرن لینا (ہ) فعل ❶ پناہ میں آنا ❷ آسرے کی جگہ اختیار کرنا۔

سرنا (ہ) فعل ❶ کافی ہونا ❷ وافر ہونا ❸ گزرنا ❹ عمر کٹنا ❺ بسر ہونا جیسے مجھے اس میں نہیں سرتا ❻ نکلنا ❼ خارج ہونا ❽ جیسے باؤ سرنا۔

سرنا (ف) اسم مذکر ❶ سورنا سے مخفف ہے ❷ خوشی کی بانسری ❸ وہ نفیری جو بیاہ شادی خوشی کے موقعوں پر روشن چوکی کے ساتھ بجائی جاتی ہے۔

سرنا (ہ) اسم مذکر۔ دریا سے پار اترنے کو ہوا سے پھلائی ہوئی مشک۔

سرنائی (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ نفیری بجانے والا۔

سرنام (ہ) اسم صفت ❶ مشہور آدمی ❷ نام آور ❸ نامزد ❹ نامور۔

سرنام کرنا (ہ) فعل ❶ مشہور کرنا ❷ شہرت دینا ❸ ڈونڈی پیٹنا ❹ مشتہر کرنا۔

سرنگ (ہ) اسم مونث ❶ زمیں دوز راستہ ❷ نقب ❸ زمین کے نیچے بنایا ہوا راستہ ❹ سرخ رنگ (بصورت اسم مذکر) لال رنگ کا گھوڑا۔

سرنگ اڑانا (ہ) فعل ❶ نقب میں بارود بھر کر آگ دینا ❷ مذاقاً گوز مارنا۔

سرو (ف۔ء) اسم مذکر ❶ ایک خوبصورت مخروطی شکل کے درخت کا نام ہے ❷ شمشاد ❸ صنوبر ❹ مجازاً معشوق کا قد ❺ معشوق۔

سرو آزاد (ف) اسم مذکر۔ وہ سیدھا سرو جس کو پھل کبھی نہ آئے اور شاخیں سدھ ہوں۔

سرو چراغاں (ف) اسم مذکر۔ سرو کی شکل پر بنایا ہوا شیشے کا جھاڑ۔

سرو خراماں (ف) اسم مذکر۔ چلتا ہوا سرو یعنی معشوق۔

سرو سہی (ف) اسم مذکر ❶ بالکل سیدھا سرو ❷ مجازاً معشوق۔

سرو قد/قامت (ف) اسم صفت فاعلی ❶ سیدھے قد والا ❷ خوبصورت جوان۔

سروالی (ہ) اسم مونث۔ ایک کالے چمکدار چکنے بیج کا نام ہے جو دوائیوں میں پڑتا ہے۔

سروپ (ہ) اسم صفت ❶ اچھے روپ والا ❷ خوبصورت ❸ حسین ❹ سندر۔

سروپ (ہ) اسم مذکر ❶ روپ ❷ رنگ ❸ ڈول ❹ طرز ❺ وضع ڈھنگ ❻ مثل ❼ مانند۔

سروتا (ہ) اسم مذکر ❶ چھالیا کترنے کا آلہ ❷ گنڈیری کرنے کا اوزار۔

سرود (ف) اسم مذکر ❶ راگ ❷ نغمہ ❸ گیت ❹ ایک باجے کا نام ❺ سخن ❻ بات۔

سرور (ف) اسم مذکر ❶ سردار ❷ امیر ❸ حاکم ❹ بادشاہ۔

سرور (ف) اسم مذکر ❶ خوشی ❷ فرحت ❸ شادی ❹ ہلکا نشہ ❺ خفیف سا خمار۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

سروش (ف) اسم مذکر ❶ حضرت جبرائیل کا نام ہے ❷ خوشخبری لانے والا ❸ پیغام لانے والا ❹ فرشتہ ❺ ملک۔
سروش غیب (ف) اسم مذکر ❶ غیب کا فرشتہ ❷ آسمانی آوزار۔
سروس (ای) اسم مونث ❶ نوکری ❷ ملازمت ❸ خدمت۔
سروس بک (ای) اسم مونث ❶ نوکری کی کتاب ❷ کتاب مدت خدمت۔
سرویر (ای) اسم مذکر فاعل۔ پیمائش کرنے والا۔
سرون (ہ) اسم مذکر ❶ سرون جانئی اور فریز رصاحب کا گیت ❷ کان ❸ گوش۔
سروہی (ہ) اسم مونث ❶ کوہ آبو کی ایک ریاست کا نام ہے جہاں کی تلوار مشہور ہے ❷ مطلق تلوار کے معنی میں بھی آیا ہے۔
سرہانا (ہ) اسم مذکر ❶ سر رکھنے کی جگہ ❷ تکیہ بالیں۔
سرہنگ (ف) اسم مذکر ❶ سپاہی ❷ فوج کا افسر (سر بمعنی سردار اور ہنگ بمعنی فوج سے مرکب ہے) بہادر ❸ من چلا ❹ جوان۔
سرے سے (ہ) تابع فعل ❶ اول سے ❷ شروع سے ❸ ابتدا سے۔
سرے کا (ہ) تابع فعل ❶ پہلا ❷ شروع کا ❸ اول کا ❹ کنارے کا۔
سری (ہ) اسم مونث ❶ تیر کا گز ❷ انی بغیر تیر کی لکڑی ❸ لوہے وغیرہ کی سیدھی سلاخ۔
سری (ہ) اسم مونث ❶ ذبیحہ جانور کا سر ❷ بھیڑ بکری وغیرہ کا سر (ہندو) لچھمی کا نام ❸ دولت و اقبال کی دیوی ❹ ایک عزت کا خطاب ❺ حضور ❻ جناب۔
سری پھل (ہ) اسم مذکر ❶ ناریل ❷ نارجیل صحرائی۔
سری راگ (ہ) اسم مذکر۔ چھ راگوں میں سے ایک راگ کا نام جو سردی میں بعد از دو پہر گایا جاتا ہے۔
سری گنیشائے نمہ (ہ) ہندو ❶ سری گنیش کی تعریف اسے بجائے بسم اللہ ہندو لوگ ہر کتاب کے شروع میں لکھتے ہیں ❷ کسی کام کے آغاز کا متبرک کلمہ۔
سری حضور/ سری مہاراج (ہ) اسم مذکر ❶ حضور اقدس ❷ جناب عالی ❸ خداوند نعمت ❹ جہاں پناہ ❺ حضور والا۔

سریا (ہ) اسم مونث۔ دھات کی وہ سلاخ جس سے کوئی چیز بنائی جائے۔
سریت (ا) اسم مونث ❶ گھر میں ڈالی ہوئی باندی ❷ حرم ❸ خاصگی۔
سری ٹیک (ہ) اسم مذکر ❶ کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے ❷ غم ❸ عجز ❹ خوشامد۔
سریر (ہ) اسم مذکر ❶ بدن ❷ تن ❸ جسم ❹ وجود ❺ دیہہ ❻ کایا ❼ پنڈا۔
سریر بندھک (ہ) اسم مذکر ❶ یرغمال ❷ اول ❸ کفالت میں کسی بیٹے یا عزیز کو دینا۔
سریر دھارن کرنا (ہ) فعل ❶ کسی قالب میں آنا ❷ جسم پکڑنا ❸ زخم بھرنا ❹ انگور بندھنا۔
سریر (ع) اسم مذکر ❶ تخت ❷ گدی ❸ پاٹ ❹ راج ❺ پاٹ ❻ سنگھاسن۔
سریر آرائے (ع) اسم صفت فاعلی ❶ تخت کو سجانے والا ❷ تخت نشین ❸ تخت پر بیٹھنے والا۔
سریش (ف) اسم مذکر ❶ جانوروں کے پٹھوں سے بنائی ہوئی ایک لیسدار چیز جس سے لکڑی کے پرزے جوڑتے ہیں (بصورت صفت) نہایت لیسدار ❷ چیپ دار ❸ چپک جانے والا۔
سریع (ع) اسم صفت ❶ جلدی کرنے والا ❷ تیز (بصورت اسم مونث) علم عروض کی ایک بحر کا نام۔
سریع التاثیر (ع) اسم صفت ❶ جلدی اثر دکھانے والی دوا ❷ زوراثر۔
سریع الحرکت/ سریع السیر (ع) اسم صفت ❶ بہت جلدی چلنے والا ❷ جلد جلد حرکت کرنے والا۔
سریع الفہم (ع) اسم صفت۔ بہت جلد کسی بات کو تاڑ لینے اور سمجھ جانے والا۔
سریع الہضم (ا) اسم صفت ❶ جلد ہضم ہونے والی غذا ❷ زود ہضم ❸ جلدی پچ جانے والی۔
سریلا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ رسیلے گلے والا ❷ خوش الحان ❸ خوش گلو۔
سریلی (ہ) اسم صفت مونث ❶ رسیلی آواز والی ❷ سردار ❸ موزوں لے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

والی۔

سرین (ف) اسم مذکر (1) چوتڑ (2) پٹھا۔

سریں (پ) اسم مونث۔ پنجاب والے سر کو مونث تصور کر کے اس کے جمع سریں بناتے ہیں۔

## س ← ڑ

سڑ (ہ) اسم مونث (1) باؤلا پن (2) جنون (3) دیوانگی (4) پگلا پن (5) خبط۔

سڑ چھوٹنا/لگنا (ہ) فعل (1) خبط ہونا (2) سودا ہونا (3) جنون ہونا۔

سڑا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب فاعلی (1) سڑ والا (2) دیوانہ (3) پاگل (4) سودائی (5) خطاب (6) احمق۔

سڑا (ہ) اسم صفت بہ ترکیب مفعولی (1) بسا ہوا (2) کھٹا ہوا (3) بدبو والا (4) سڑاندوالا۔

سڑاسڑ (ہ) تابع فعل (1) قینچی یا چابک کے جلدی جلدی لگا تار مارنے کی آواز (2) لگا تار ضرب۔

سڑاک (ہ) اسم مونث صوت (1) رسی یا چابک قینچی وغیرہ کے لگنے کی آواز (2) جلد (3) ترت۔

سڑاک دینی/سڑاک دیسی (ہ) تابع فعل (1) جلدی سے (2) ترت (3) تیزی سے (4) فوراً۔

سڑانا (ہ) فعل (1) بدبو پیدا کرنا (2) خمیر اٹھانا (3) گلانا (4) بوسیدہ کرنا (5) ڈال رکھنا (6) رکھ چھوڑنا۔

سڑاند (ہ) اسم مونث (1) بدبو (2) تعفن (3) عفونت (4) گندگی۔

سڑاندا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) بدبودار (2) گندہ (3) متعفن (4) بودا (5) بوسیدہ (7) خراب۔

سڑپ سڑپ (ہ) اسم مونث صوت (1) کسی پتلی اور رقیق شے کو جلدی جلدی پینے کی آواز (2) چسکی (3) کش۔

سڑپا (ہ) اسم مذکر (1) چسکی (2) ایک ہی دفعہ پینے کی آواز۔

سڑپا لگانا/مارنا/سڑپنا (ہ) فعل (1) کسی پتلی چیز دودھ وغیرہ کو ایک ہی دفعہ پی جانا (2) ایک ہی دفعہ جلدی سے کھا جانا (3) سڑکنا (4) پینا (5) سڑپے لگانا۔

سڑک (ہ) اسم صفت (1) فوراً (2) جلدی (3) شتابی۔

سڑک (ہ) اسم مونث (1) شاہی رستہ (2) شاہراہ (3) شارع عام۔

سڑک پھانسی (ہ) اسم مونث (1) دراصل میں سرک پھانسی کا بگڑا ہوا ہے (2) سرکنی گرہ (3) پھانسا۔

سڑکنا (ہ) فعل (1) نگل جانا (2) ہڑپ کر جانا (3) ایک دم نگل جانا (4) میان سے تلوار سونتنا۔

سڑکی (ہ) اسم مونث (1) کنکوے کی دوڑ کو دفعۃً ڈھیل دینا (2) چھکا دینا۔

سڑن (ہ) اسم صفت مونث (1) باؤلی (2) پگلی (3) دیوانی (4) سودائن (5) احمق (6) بے وقوف۔

سڑنا (ہ) فعل (1) خمیر ہونا (2) متعفن ہونا (3) کھٹا ہونا (4) بدبودار ہونا (5) گلنا (7) بوسیدہ ہونا۔

سڑی (ہ) اسم صفت مذکر (1) سودائی (2) پاگل (3) باؤلا (4) دیوانہ (5) خبطی (6) احمق (7) بے وقوف۔

سڑیل (ہ) اسم صفت (1) غلیظ (2) گندا (3) خراب (4) نکما۔

## س ← ز

سزا (ف) اسم مونث (1) مناسب (2) موافق (3) مطابق (4) نیکی اور بدی کا بدلہ مگر اردو میں صرف بدی کے بدلے کو سزا اور نیکی کے بدلے کو جزا بولتے ہیں (5) قصاص (6) سیاست (7) قید (8) جرمانہ۔

سزا پانا (ا) فعل (1) قید بھگتنا (2) کرنی بھرنا (3) کئے کو پہنچنا (4) پٹنا (5) مار کھانا۔

سزا دینا (ا) فعل (1) مارنا (2) پیٹنا (3) گوشمالی کرنا (4) قید کرنا۔

سزاوار (ف) اسم صفت (1) لائق (2) عوض (3) مستوجب (4) قابل (5) مناسب (6) لازم (7) زیبا (8) موزون (9) واجب۔

سزایاب/سزا یافتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی (1) سزا پائے ہوئے (2) قابل سزا۔

سزائے تازیانہ (ف) اسم مونث (1) کوڑے کی سزا (2) چابک مارنے کی سزا۔

سزائے جسمانی/بدنی (ا) اسم مونث بیائے نسبتی (1) مار پیٹ (2) زدوکوب۔

سزائے حبس دوام بعبور دریائے شور (ف) (1) کالے پانی کی سزا (2) عمر قید۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149772218

**سزائے سنگین** (ف) اسم مونث ① نہایت سخت سزا ② کٹھن سزا۔

**سزائے قتل/موت** (ف) اسم مونث ① جان نکالنے کی سزا ② کٹھن سزا۔

**سزاول** (ت) اسم مذکر ① سرکاری روپیہ وصول کرنے والا ② محصل ③ تحصیلدار۔

## س ← س

**سسا** (ہ) اسم مذکر ① خرگوش ② سہا۔

**سست** (ف) اسم صفت ① چست کی ضد ② دیر میں کام کرنے والا ③ آلکسیا ④ آلکسی ⑤ عاجز ⑥ کمزور ⑦ ناتواں ⑧ کم طاقت ⑨ ڈھیلا۔

**سست ہونا** (ا) فعل ① کاہل ہونا ② اداس ہونا ③ غمگین ہونا ④ کم شہوت ہونا ⑤ ڈھیلا ہونا ⑥ کم رفتار ہونا۔

**سستا** (ہ) اسم صفت ① کم قیمت ② گھٹیا ③ ارزاں۔

**سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار** (ہ) مثل ① خراب چیز سستے داموں خرید کر ہر وقت افسوس ہی کرنا پڑتا ہے ② اچھی چیز پر صرف ایک دفعہ ہی زیادہ پیسے دیتے وقت افسوس آیا کرتا ہے۔

**سستانا** (ہ) فعل ① آرام لینا ② سہارا لینا ③ ٹھیرنا ④ تازہ دم ہونا ⑤ قوت پانا۔

**سست مولا** (ہ) اسم صفت ① گھٹیا ② کم قیمت کا ③ کم قدر ④ کم قیمت پر بیچنے والا ⑤ ارزاں فروش۔

**سستی** (ہ) اسم صفت مونث۔ کم قیمت ارزاں۔

**سستی** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① آلکس ② ڈھیلا پن ③ نامردی۔

**سستی توڑنا/اتارنا** (ہ) فعل۔ انگڑائی لینا۔

**سستے چھوٹنا** (ا) فعل ① تھوڑی سی تکلیف یا سزا میں خلاصی ہو جانا ② تھوڑی سی سزا بھگت کر نجات پانا۔

**سسر/سسرا** (ہ) اسم مذکر ① خاوند کا باپ ② بیوی کا باپ ③ ایک گالی۔

**سسرال** (ہ) اسم مذکر ① سسرے کا گھر ② میکے کی ضد ③ خاوند یا بیوی کے رشتہ داروں کا کنبہ ④ خسر خانہ۔

**سسرال کا کتا** (ہ) اسم مذکر۔ سسرے کی روٹیوں پر پڑا رہنے والا داماد۔

**سسکارنا** (ہ) فعل ① بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا ② کتے کو کسی کے پیچھے لگانا ③ بھپکانا ④ جھپٹانا۔

**سسکاری** (ہ) اسم مونث ① کتے کو جھپٹانے کی آواز ② سسکی۔

**سسکاری بھرنا** (ہ) فعل ① تکلیف سے سس کرنا ② سسکی بھرنا۔

**سسک سسک کر دم دینا/نکلنا** (ہ) فعل ① بڑی تکلیف سے جان نکلنا ② تھوڑا تھوڑا کر کے دم نکلنا ③ یک لخت جان نہ نکلنا۔

**سسکنا** (ہ) فعل ① سبکنا ② ذرا ذرا سا سانس لینا ③ جان کنی میں ہونا ④ موت کی ہچکیاں لینا ⑤ کنجوسی کرنا ⑥ بخل کرنا ⑦ جان نکلنا ⑧ کوڑی کوڑی پر مرنا۔

**سسکی** (ہ) اسم مونث ① ٹھنڈی سانس ② آہ سرد ③ سبکی ④ کسی تکلیف یا درد یا سردی کے باعث زبان بھینچ کر آواز نکالنا۔

**سسکیاں بھرنا** (ہ) فعل ① لمبے لمبے سانس لینا ② مزے میں آ کر یا درد کے مارے سسکیاں بھرنا۔

**سسی** (ہ) اسم مونث۔ پنجاب کی ایک مشہور معشوقہ عورت کا نام ہے جس پر پنوں عاشق تھا۔

## س ← ش

**سشن** (ای) اسم مذکر ① اجلاس ② جلوس ③ عدالت ④ کچہری ⑤ فوجداری۔

**سشن جج** (ای) اسم مذکر ① فوجداری کے سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم ② ضلع کی عدالتوں کی اپیل سننے والا۔

## س ← ط

**سطح** (ء) اسم مونث ① ہر چیز کا بالائی حصہ جو نظر آئے ② ہموار جگہ ③ وہ چیز جس میں طول و عرض ہو مگر عمق بالکل نہ ہو ④ بام چھت ⑤ کوٹھا۔

**سطح مائل** (ء) اسم مونث ① سلامی سطح ② ترچھی سطح۔

**سطح مستوی** (ء) ① ہموار سطح ② برابر سطح ③ چورس جگہ۔

**سطر** (ء) اسم مونث ① قطار ② لکیر ③ ریکھا ④ تحریر ⑤ سلسلہ ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...

لکھنا❼ خط کھینچنا۔

سطوت (ع) اسم مونث ❶ دبدبہ ❷ شان وشوکت ❸ رعب داب۔

## س ← ع

سعادت (ع) اسم مونث ❶ نیکی ❷ نیک بختی ❸ اقبالمندی ❹ بھلائی ❺ نحوست کی ضد۔

سعادت مند (ع) اسم صفت فاعلی ❶ نیک بخت ❷ خوش اقبال ❸ بھلا آدمی ❹ سپوت ❺ وفادار ❻ خدمتگزار ❼ نمک حلال۔

سعادت مندی (ع) اسم صفت بیائے مصدری ❶ نیک بختی ❷ وفاداری۔

سعد (ع) اسم صفت ❶ نیک ❷ سبھ ❸ مبارک ❹ برکت والا ❺ ستارے کا اچھا اثر ❻ خوش اقبالی ❼ نحس کی ضد۔

سعدین (ع) اسم مونث۔ دومبارک ستارے (اس میں ین تثنیہ کا ہے)

سعید (ع) اسم صفت ❶ نیک بخت ❷ مبارک ❸ اچھا ❹ بھلا ❺ سپوت۔

سعی (ع) اسم مونث ❶ دوڑ دھوپ ❷ تگ ودو ❸ کوشش ❹ جدوجہد ❺ سرگرمی ❻ پیردوڑی محبت۔

سعی کرنا (ا) فعل ❶ کوشش کرنا ❷ دوڑ دھوپ کرنا ❸ محنت کرنا ❹ سفارش کرنا۔

## س ← ف

سفارت (ع) اسم مونث ❶ ایلچی گری ❷ وکالت ❸ پیغام پہنچانے کا کام۔

سفارش (ف) اسم مونث حاصل مصدر از سپاردن ❶ حوالہ کرنا ❷ سپرد کرنا ❸ مدد ❹ سہارا ❺ کسی شخص کو کسی کے سپرد کرنا ❻ بھلائی کی باتیں کہنا ❼ شفاعت ❽ وسیلہ۔

سفارش کرنا (ا) فعل ❶ شفاعت کرنا ❷ وسیلہ کر دینا ❸ رسائی کرنا ❹ پہنچانا ❺ کسی کی نسبت دوسرے شخص کے پاس بھلائی کی باتیں کہنا۔

سفارشی (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ وسیلہ والا ❷ جس شخص کی سفارش کی جائے۔

سفارشی ٹٹو (ا) اسم مذکر ❶ وہ شخص جس نے سفارش کے باعث ملازمت پائی ہو ❷ بے ہنر ❸ نالائق۔

سفاک (ع) اسم صفت بصیغہ مبالغہ ❶ نہایت خونریز ❷ بے رحم ❸ قاتل ❹ خونی ❺ ستمگر ❻ ظالم۔

سفاکی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خونریزی ❷ بے رحمی ❸ ظلم ❹ بے دردی۔

سفال (ع) اسم مونث ❶ ٹھیکری بادام وغیرہ کے اوپر کا خول ❷ ٹھیکرا۔

سفت (ف) اسم صفت ❶ گاڑھا ❷ موٹا ❸ دبیز ❹ مضبوط ❺ پکا۔

سفت بھی ہو مفت بھی ہو بڑے پنھے کا بھی ہو (ا) مثل ❶ خود غرض اور مطلبی آدمی کی نسبت کہا کرتے ہیں ❷ ساری باتیں حسب دلخواہ ہوں یعنی کپڑا موٹا بھی ہو ❸ بڑے عرض کا بھی ہو اور سستا بلکہ مفت بھی مل جائے۔

سفر (ع) اسم مذکر ❶ کوچ ❷ روانگی ❸ چالا ❹ مسافرت ❺ سیاحت ❻ جاترا۔

سفرخرچ (ا) اسم مذکر ❶ رستے کا خرچ ❷ بھتا ❸ الاؤنس۔

سفر کرنا (ا) فعل ❶ روانہ ہونا ❷ کوچ کرنا ❸ مسافرت کرنا ❹ جاترا کرنا ❺ مرنا ❻ دنیا سے گزر جانا۔

سفرنامہ (ف) اسم مذکر ❶ روز کے حالات ❷ سفر کا روزنامچہ۔

سفر دائی (ا) اسم مذکر ❶ ڈوم ❷ مراسی ❸ سازندہ ڈھاڑی ❹ سنگتی ❺ اصل سپردائی۔

سفرمینا (ای) اسم مونث۔ سرنگ لگانے اور راستہ وغیرہ درست کرنے والی پلٹن۔

سفرہ (ع) اسم مذکر ❶ دسترخوان (ف) اسم مونث ❷ دبر ❸ مقعد ❹ کراہت اور نفرت کے باعث پہلے عربی لفظ کو سفرہ بالفتح بمعنی دسترخوان پڑھتے اور بولتے ہیں۔

سفری (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ سفر کی چیز ❷ سفر کے وقت کا سامان ❸ ہلکی شے۔

سفل (ع) اسم مونث ❶ پھوک ❷ تلچھٹ ❸ فضلہ ❹ پستی ❺ نیچان۔

سفل دان (ع) اسم مذکر ظرف ❶ ہڈی دانی ❷ امیروں کے دسترخوان کا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

وہ برتن جس میں کھانے کھاتے وقت ہڈی وغیرہ فضول اشیا ڈالتے جاتے ہیں۔

سفلگی (ع) اسم مونث بیائے مصدری (1) سفلہ پن (2) کمینگی (3) کمینہ پن (4) پاجی پن۔

سفلہ (ف) اسم صفت (1) کمینہ (2) رذیل (3) پاجی (4) کمظرف (5) چھچھورا (6) اوچھا (7) نالائق۔

سفلہ پرور (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی۔ نالائقوں کو دوست رکھنے والا۔

سفلی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی (1) ادنے (2) کم درجہ کا (3) علوی کی ضد۔

سفلی عمل/ جادو (ا) اسم مذکر (1) منتر یا جادو جس میں شیطان یا ارضی روحانیات سے مدد طلب کی جائے (2) شیطانی عمل۔

سفوف (ء) اسم مذکر (1) پھنکی (2) برادہ (3) چورن (4) کٹی پسی دوا۔

سفید (ف) اسم صفت (1) اجلا (2) چٹا (3) گورا (4) سدہ (5) کورا کاغذ (6) خوف زدہ (7) خائف (8) سہناک۔

سفید پڑ جانا (ا) فعل (1) ہوائیاں اڑنے لگنا (2) چہرے کا رنگ خوف یا غم کے باعث اڑ جانا (3) منہ فق ہو جانا۔

سفید پوش (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) اجلا رہنے والا (2) بھلا مانس (3) ذیلدار۔

سفید کرنا (ا) فعل (1) تانبے کو سنکھیا وغیرہ کی لاگ سے چاندی کی رنگت کا کرنا (2) جوڑا بنانا۔

سفید و سیاہ (ف) اسم صفت (1) بھلا برا (2) نیک و بد (3) بھلائی برائی۔

سفیدہ (ف) اسم مذکر (1) پھکے ہوئے جست کا پھول جو اکثر آنکھوں میں لگاتے ہیں (2) ایک قسم کا پوڈر۔

سفیدی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) صبح کی روشنی (2) دیواروں پر پھیرنے کا سفید چونہ (3) قلعی۔

سفیدی آنا (ا) فعل (1) بڑھاپا آنا (2) بوڑھا ہونا (3) بال سفید ہونا۔

سفیدی پھیرنا/ کرنا (ا) فعل (1) دیواروں پر سفید چونا پھیرنا (2) قلعی کرنا۔

سفیری (ء) اسم مذکر (1) ایلچی (2) قاصد (3) پیک (4) دوت (5) وکیل (6) میانجی۔

سفینہ (ء) اسم مذکر (1) کشتی (2) ناؤ (3) کتاب اشعار (4) بیاض (5) طلبی کا سمن (6) اطلاعنامہ۔



(سفینہ)

سفیہ (ء) اسم صفت (1) بے وقوف (2) نادان (3) کم عقل (4) مودھو۔

## س ← ق

سقا (ء) اسم مذکر (1) پانی پلانے والا (2) بہشتی (3) ماشکی (4) کہار (5) پنھیارا (6) پانی لانے والا۔

سقاوہ/ سقابہ (ا) اسم مذکر ظرف (1) پانی رہنے کی جگہ (2) پانی کا چھوٹا سا حوض جو اکثر غسل خانوں میں بنا دیا کرتے ہیں۔

سقر (ء) اسم مذکر (1) دوزخ (2) جہنم (3) نرگ۔

سقط (ء) اسم مذکر (1) گھوڑے گدھے وغیرہ کا مر جانا (2) چوپایہ کی موت۔

سقف (ء) اسم مذکر (1) چھت (2) کوٹھ (3) بام (4) شامیانہ۔

سقم (ء) اسم مذکر (1) عیب (2) خرابی (3) نقص (4) بیماری (5) دکھ (6) علت۔

سقمونیا (یونانی) اسم مذکر۔ ایک نہایت کڑوی اور دست آور دوائی کا نام ہے۔

سقن/ سقنی (ا) اسم مونث (1) سقا کی مونث (2) پنھیاری (3) پانی بھرنے والی سقے کی بیوی۔

سقنقور (رومی) اسم مذکر (1) گوہ کی شکل کا ایک جانور (2) سانڈا (3) ریگ ماہی۔

سقوط (ء) اسم مذکر (1) خطا کرنا (2) گر پڑنا (3) بحر یا وزن کے خلاف کسی لفظ کا آجانا۔

سقے کی بادشاہی (ا) اسم مونث (1) چند روزہ دولت (2) تھوڑی دیر کی حکومت (3) نظام سقے کی طرف اشارہ ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 03249077218

www.besturdubooks.net

سقیم (ع) اسم صفت ❶ بیمار روگی ❷ دکھیا ❸ علیل ❹ عیبی۔

سقیم الحال (ع) اسم صفت ❶ کمزور ❷ ناتواں ❸ تباہ حال ❹ مریض ❺ مفلس ❻ کنگال۔

## س ← ک

سکار (ہ) اسم مونث ❶ علی الصبح ❷ پو پھٹے تڑکا ❸ (سکال یعنی اچھا وقت کا بگاڑ ہے)

سکارا (ہ) اسم مونث۔ ہنڈی کی فیس۔

سکارنا (ہ) فعل ❶ قبول کرنا ❷ ماننا ❸ تسلیم کرنا ❹ اوٹنا ❺ ذمہ لینا۔

سکارے (ہ) اسم مذکر ❶ صبح ❷ سویرے ❸ تڑکے دن نکلے ❹ پو پھٹے ❺ کل ❻ فردا۔

سکالرشپ (ای) اسم مذکر و مونث ❶ تعلیمی وظیفہ ❷ طالب علم کا وظیفہ۔

سکان (ع) اسم مذکر ❶ پتوار ❷ کشتی کا دنبالہ ❸ ساکن کی جمع بھی ہے ❹ رہنے والے ❺ بسنے والے۔

سکت (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ طاقت ❷ زور ❸ قوت ❹ بوتا ❺ سامرتھ ❻ شکی۔

سکتر (ای) اسم مذکر (سیکرٹری کا بگڑا ہوا ہے) ❶ منتری ❷ دبیر ❸ دیوان ❹ میر منشی۔

سکتہ (ع) اسم مذکر ❶ ایک دماغی بیماری کا نام ہے جس میں انسان مردہ کی طرح بے حس و حرکت ہو جاتا ہے ❷ مرض بے ہوشی ❸ مرگی ❹ غشی ❺ شعر کے وزن کی ناموزونی ❻ لفظ کے آخر میں ساکن پڑھے جانے والی ہائے ہوز جیسے آمدہ۔

سکتہ پڑنا (ا) فعل ❶ شعر کی روانی میں وقفہ پڑنا ❷ وزن ٹوٹنا ❸ کسی لفظ کا بحر سے جدا ہونا۔

سکتہ کا عالم (ا) تابع فعل ❶ بے ہوشی کی نوبت ❷ مقام حیرانی ❸ حسرت اور سنسانی کی حالت۔

سکٹ (ہ) اسم مذکر ❶ مشکل ❷ کٹھن ❸ سخت ❹ دشوار ❺ گاڑی ❻ چھکڑا۔

سکٹ چوتھ (ہ) اسم مونث۔ سری گنیش جی کے جنم کا دن۔

سکر (ہ) اسم مذکر ❶ ایک چمکدار ستارے کا نام ہے ❷ زہرہ ❸ ناہید ❹ جمعہ کا دن ❺ سکروار۔

سکر (ع) اسم مذکر ❶ خمار ❷ نشہ ❸ مستی ❹ بے ہوشی۔

سکرپٹ (ای) اسم مذکر ❶ تحریر ❷ مسودہ ❸ رسم الخط۔

سکرٹ (ای) اسم مذکر ❶ لہنگا ❷ سایہ۔

سکریٹری (ای) اسم مذکر ❶ معتمد ❷ ناظر ❸ دبیر۔

سکریٹریٹ (ای) اسم مذکر ❶ سکریڑی کا دفتر ❷ وہ عمارت جس میں سرکاری سکریڑیوں کے دفاتر ہوں۔

سکرین (ای) اسم مذکر۔ ایک مصنوعی سفید سفوف جسے شکر کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

سکرین (ای) اسم مذکر ❶ پردہ ❷ آڑ ❸ اوٹ۔

سکر (ا) اسم مونث ❶ شکر ❷ چینی ❸ کھانڈ ❹ (گنوار بولتے ہیں)

سکرات (ع) اسم مونث (سکرہ کی جمع) ❶ بے ہوشیاں ❷ مستیاں ❸ جانکنی کی تکالیف ❹ موت کی سختیاں۔

سکرانت (س) اسم مونث۔ سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا۔

سکڑ (ہ) اسم صفت۔ دور کا رشتہ ظاہر کرنے والا جیسے سکڑ دادا، سکڑ نانا۔

سکڑا (ہ) اسم صفت ❶ تنگ ❷ بھچا ہوا ❸ سمٹا ہوا ❹ چوڑا کی ضد۔

سکڑا کونا (ہ) اسم مذکر۔ زاویہ حادہ۔

سکڑ دادا (ہ) اسم مذکر۔ دادا کا دادا۔

سکڑنا (ہ) فعل ❶ سمٹنا ❷ بھچنا ❸ تنگ ہونا ❹ کنجوسی کرنا ❺ کنارہ کرنا ❻ کانپنا ❼ اینٹھنا ❽ شکن پڑنا ❾ تشنج ہونا۔

سکڑی (ہ) اسم صفت مونث ❶ تنگ ❷ بھچی ہوئی ❸ چوڑی کی ضد۔

سکڑی پڑنا (ہ) فعل ❶ سخت وقت پڑنا ❷ دشواری آنا ❸ مصیبت پیش آنا۔

سکڑی گھاٹی (ہ) اسم مونث ❶ دشوار گزار راستہ ❷ دو پہاڑوں کے درمیان کا تنگ راستہ۔

سکشا (ہ) اسم مونث ❶ سکھانا ❷ پڑھانا ❸ سیکھ ❹ پند و نصیحت ❺ وعظ۔

سکل (س) اسم صفت ❶ تمام ❷ کل ❸ ہر ایک ❹ سمپورن ❺ سکرا۔

سکنا (ہ) فعل ❶ قابل ہونا ❷ لائق ہونا ❸ ممکن ہونا ❹ توانستن کا ترجمہ ہے۔

سکنا (ہ) فعل ❶ بھننا ❷ بریاں ہونا ❸ پکنا ❹ تپنا ❺ گرم ہونا ❻ دھوپ یا آگ میں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**سکنجبین** (معرب) اسم مونث ① اصل میں سرکہ وانگبین سے مرکب ② سرکہ یا لیموں کے عرق سے بنایا ہوا شربت۔

**سکندر** (یونانی) یونان کے ایک مشہور اور فاتح بادشاہ کا نام ہے جسے انگریزی میں الگزینڈر کہتے ہیں۔

**سکندری** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ سکندر ② سکندر کی بنائی ہوئی ③ گھوڑے کی ٹھوکر۔

**سکندری کھانا** (ا) فعل ① گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ② گھوڑے کا گرنا۔

**سکندریہ** (ف) اسم مذکر۔ مصر کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جسے سکندر نے آباد کیا تھا۔

**سکنڈ** (ای) اسم مذکر ① ثانیہ ② لمحہ ③ پل ④ منٹ کا ساٹھواں حصہ ⑤ دوسرا ⑥ ثانی ⑦ دوم۔

**سکو/سکھو** (ہ) اسم مذکر (قصابوں کی اصطلاح ہے) ① چھری بند بھائی ② قصائی۔

**سکوت** (ع) اسم مذکر ① چپ ② خاموشی۔

**سکورہ** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① مٹی کا پیالہ ② کاسہ گلی۔

**سکول** (ای) اسم مذکر ① مدرسہ ② مکتب پڑھنے کی جگہ۔

**سکون** (ع) اسم مذکر ① آرام ② ٹھہراؤ ③ اطمینان ④ تسلی ⑤ قرار ⑥ جزم ⑦ ساکن ⑧ حرف کی علامت۔

**سکونت** (ع) اسم مونث ① رہائش ② بودوباش ③ قیام ④ مسکن ⑤ رہنے کی جگہ۔

**سکونت پذیر ہونا** (ا) فعل ① رہ پڑنا ② بودوباش اختیار کرنا ③ رہائش اختیار کرنا۔

**سکھ** (ہ) اسم مونث ① شاگرد ② چیلا ③ مرید ④ گورونانک صاحب کا معتقد ⑤ نانک پنتھی۔

**سکہ** (ع) اسم مذکر ① ٹھپا ② نقش کیا ہوا ③ ڈھلا ہوا سونا چاندی جو ملک میں رواج پائے ④ بادشاہی مہر ⑤ حکم ⑥ حکومت ⑦ طرز ⑧ طریقہ ⑨ روش۔

**سکہ بٹھانا** (ہ) فعل ① حکم چلانا ② سکہ جاری کرنا ③ اپنے نام کا روپیہ چلانا ④ حکم بٹھانا۔

**سکہ بنانا** (ہ) فعل ① سکہ ڈھالنا ② چوری سے کوئی سکہ تیار کرنا۔

**سکہ چہرہ شاہی** (ا) اسم مذکر ① بادشاہ کی تصویر والا سکہ ② انگریزی روپیہ۔

**سکہ رائج الوقت** (ع) اسم مذکر ① موجود بادشاہ کا سکہ ② تازہ سکہ۔

**سکہ زن** (ع) اسم مذکر فاعلی ترکیبی ① ٹکسالیہ ② سکے ڈھالنے والا۔

**سکہ قلب/جعلی** (ع) اسم مذکر ① کھوٹا سکہ ② شاہی ٹکسال میں نہ بنا ہوا سکہ ③ جھوٹا سکہ ④ ناجائز اور خلاف قانون بنا ہوا سکہ۔

**سکھ** (ہ) اسم مونث ① آرام ② چین ③ راحت ④ امن وامان ⑤ دکھ کی ضد ⑥ تندرستی۔

**سکھدائی** (ہ) اسم فاعل مذکر ① آرام پہنچانے والا ② راحت رساں ③ آرام دینے والا۔

**سکھ سمپت کا سب کوئی ساتھی** (ہ) مثل۔ آرام اور دولت کے وقت کے سب رفیق ہوتے ہیں۔

**سکھ نیند** (ہ) اسم مونث ① چین کی نیند ② خواب نوشیں ③ خواب راحت۔

**سکھانا** (ہ) فعل ① خشک کرنا ② کسی کو نہایت انتظار میں رکھنا ③ دیر لگانا ④ بٹھائے رکھنا۔

**سکھانا** (ہ) فعل ① کسی طریقہ یا ڈھب پر لگانا ② تعلیم دینا ③ تربیت کرنا ④ پڑھانا ⑤ ترغیب دینا ⑥ ورغلانا ⑦ بہکانا ⑧ ہمت بڑھانا ⑨ حوصلہ دلانا۔

**سکھانا پڑھانا** (ہ) ① تعلیم دینا ② ورغلانا ③ بہکانا ④ بدگمان کرنا ⑤ تعلیم وتربیت کرنا۔

**سکھپال** (ہ) اسم مونث ① آرام پالکی ② زنانہ پالکی ③ ڈولہ ④ مہد۔

**سکھ تلا** (ہ) اسم مذکر ① پاتابہ ② چمڑے کا ٹکڑا جو جوتے کے اندر رکھ لیا کرتے ہیں۔

**سکھ درشن** (ہ) اسم مذکر۔ ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پتوں کا پانی واقع درد گوش ہے۔

**سکھی/سکھیا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① آرام والا ② آسودہ ③ خوش ④ مطمئن ⑤ تندرست۔

**سکھی رہو** (ہ) دعا ہندو فقرا یا برہمن کا مقولہ ہے ① خوش رہو ② تندرست رہو ③ آرام سے رہو۔

**سکھی** (ہ) اسم مونث ① لغوی ② مددگار ③ معاون ④ دوست ⑤ مجازاً ⑥

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

سہیلی 7 بہیلی 8 ہم عمر عورت یا لڑکی 9 سدا سہاگن فقیروں کا گروہ جو زنانہ لباس رکھتا ہے۔

سکیرنا (ہ) فعل 1 جمع کرنا 2 اکٹھا کرنا 3 فراہم کرنا 4 جھاڑو دینا 5 صاف کرنا۔

سکیڑنا (ہ) فعل 1 بھینچنا 2 تنگ کرنا 3 چست کرنا 4 سمیٹنا 5 اکٹھا کرنا 6 پھیلانا کی ضد۔

سکیلا (ہ) بیائے مجہول۔ اسم مذکر 1 ایک قسم کی تلوار 2 سیف 3 شمشیر 4 تلوار۔

سکیل (ای) اسم مونث 1 پیمانہ 2 سکیم 3 تجویز۔

## س ← گ

سگ (ف) اسم مذکر۔ کتا

سگ باش برادر خورد مباش (ف) مثل۔ چھوٹے بھائی کی کچھ توقیر نہیں ہوتی۔

سگ بازاری (ف) اسم مذکر 1 عام کتا 2 جو بازاروں رستوں میں پڑا رہتا ہے۔

سگ تازی (ف) اسم مذکر 1 شکاری کتا 2 عربی نسل کا کتا۔

سگ حضوری بہ از برادر دوری (ف) مثل۔ پاس رہنے والے ادنٰے آدمی کی بھی رعایت کرنی پڑتی ہے۔

سگ دیوانہ (ف) 1 باؤلا کتا 2 ہڑکایا 3 بدمزاج۔

سگ زور برادر شغال (ف) مثل۔ جیسا یہ ویسا وہ۔

سگا (ہ) اسم صفت 1 خاص 2 حقیقی 3 ایک باپ کا 4 اپنا 5 یگانہ 6 داماد 7 جنوائی 8 خویش بیٹی کا خاوند 9 ایک ہی گاؤں کے رہنے والے۔

سگا بھائی (ہ) اسم مذکر 1 حقیقی بھائی 2 ایک ماں باپ کی اولاد۔

سگارت/ سگاوٹ (ہ) اسم مونث 1 اپنایت 2 خویشی 3 رشتہ 4 ناتہ 5 یگانگت 6 قرابت۔

سگائی (ہ) اسم مونث 1 نسبت 2 منگنی۔

سگند (ہ) اسم مونث 1 خوشبو 2 مہک۔

سگنل (ای) اسم مذکر اشارہ۔ وہ نشان جس سے ریل گاڑی کے آنے کا پتہ چلتا ہے۔

سگنیلر (ای) اسم مذکر فاعل 1 تار بابو 2 ٹیلیگراف 3 کلرک۔

سگھڑ (ہ) اسم صفت 1 سلیقہ والی 2 تمیز دار 3 کاریگر 4 ہنرمند 5 ہنر دار 6 دانشمند۔

سگھڑاپا/ سگھڑپن (ہ) اسم مذکر 1 ہنرمندی 2 تمیزداری 3 دانائی 4 ہوشیاری 5 چترائی۔

سگھا (ہ) اسم مذکر 1 اناج کا ڈھیر 2 تودہ 3 غلہ۔

## س ← ل

سل (ء) اسم مونث 1 ایک بیماری کا نام ہے 2 تپ دق۔

سل (ہ) اسم مونث 1 مصالحہ پیسنے کا پتھر 2 عمارتوں میں لگانے کا پتھر کا پتلا اور چوڑا ٹکڑا۔

سل بٹا (ہ) اسم مذکر 1 چوڑے پتھر کا ٹکڑا 2 لبا پیسنے کا بٹا۔

سلا (ہ) اسم مذکر 1 خوشہ 2 سٹہ 3 سنبلہ 4 بالیں جو نہایت خشک ہو کر کھیت میں گر پڑتی ہیں۔

سلا چگنا (ہ) فعل 1 بالیں چگنا 2 خوشہ چینی کرنا۔

سلاہار/ سلے ہار (ہ) اسم مذکر فاعل ترکیبی 1 سلا چگنے والا 2 خوشہ چین۔

سلاجیت (ہ) اسم مذکر۔ ایک رقیق مادے کا نام ہے جو پتھر سے نکلتا اور بطور دوائی استعمال ہوتا ہے۔

سلاح (ء) اسم مذکر 1 لڑنے کے ہتھیار 2 اوزار۔

سلاح بند (ع) اسم صفت 1 ہتھیار لگانے والا 2 مسلح 3 پانچوں ہتھیاروں سے لیس۔

سلاح خانہ (ع) اسم مذکر ظرف 1 ہتھیار گھر 2 قورخانہ 3 میگزین 4 زرہ خانہ۔

سلاح ساز (ع) اسم مذکر فاعل 1 ہتھیار بنانے والا 2 زرہ گر 3 زرہ فروش۔

سلاخ (ا) اسم مونث 1 سیخ 2 سلائی 3 لوہے 4 یا دھات کی چھڑی۔

سلاست (ء) اسم مونث 1 عام فہمی 2 روانی 3 سادگی 4 صفائی 5 نرمی 6 ملائمت 7 آسانی 8 سہولت۔

سلاست زبان (ع) اسم مونث 1 فصاحت 2 شیریں زبانی 3 نرم

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

کلامی۔

**سلاسل** (ع) اسم مونث ① سلسلہ کی جمع ② بیڑیاں ③ زنجیریں ④ لڑیاں۔

**سلاطین** (ع) اسم مذکر ① سلطان کی جمع ② بہت سے بادشاہ ③ قیصر۔

**سلام** (ع) اسم مذکر ① کورنش ② بندگی ③ ڈنڈوت ④ آداب ⑤ تسلیم ⑥ بس اب رخصت ہے ⑦ جائیے ⑧ خاتمہ نماز ⑨ تعریضاً مایوسی۔

**سلام پھیرنا** (ا) فعل ① نماز کے خاتمہ پر دائیں بائیں منہ پھیر کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہنا ② نماز ختم کرنا۔

**سلام پیام/ سلام پیغام** (ا) اسم مذکر ① منگنی کی بابت ذکر اذکار ② سگائی کی نسبت ③ بات چیت۔

**سلام دینا** (ا) فعل ① رخصت کرنا ② وداع کرنا ③ الگ کرنا ④ چھوڑ دینا ⑤ شکریہ ادا کرنا ⑥ زبانی رسید دینا۔

**سلام روستائی بے غرض نیست** (ف) مثل۔ مطلبی آدمی اور ضرورت مند کا آنا بے سبب نہیں ہوتا۔

**سلام طلب** (ع) اسم مذکر ① سلام کا خواہاں ② سلام کا متمنی ③ سلام چاہنے والا۔

**سلام علیکم** (ع) ① خطاب ونِدا ② تم پر سلامتی ہو ③ تم سلامت رہو ④ خدا تمہیں سلامت رکھے (واحد اور جمع دونو جگہ مستعمل ہے)

**سلام کرائی** (ا) اسم مونث ① وہ نقدی جو دولہن کے رشتہ دار دلہا کو رخصت کے وقت دیتے ہیں ② سلامی۔

**سلام کر کے چلنا/ سلام کر چلنا** (ا) فعل۔ ناراضگی اور خفگی سے رخصت ہونا۔

**سلام کرنا** (ا) فعل ① ماتھے یا سینے یا سر پر ہاتھ رکھنا ② آداب بجالانا ③ ڈنڈوت کرنا ④ رام رام کرنا ⑤ رخصت ہونا ⑥ چلنا ⑦ وداع ہونا ⑧ باز آنا ⑨ معافی چاہنا۔

**سلام لینا** (ا) فعل ① سلام کا جواب دینا ② سلام قبول کرنا۔

**سلام ہے** (ا) محاورہ ① چھوڑ دیا ② ترک کیا ③ باز آئے ④ معاف رکھئے ⑤ خدا بچائے۔

**سلامت** (ع) اسم صفت ① صدمہ اور آفتوں سے بری ② محفوظ ③ بچا ہوا ④ صحیح ⑤ تندرست ⑥ زندہ ⑦ قائم (ا) اسم صفت ⑧ پورا ⑨ کامل۔

**سلامت رو** (ع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① کم خرچ ② کفایت شعار ③ چلن سے چلنے والا ④ مدبر ⑤ منتظم۔

**سلامت روی اختیار کرنا** (ا) فعل ① میانہ روی سے زندگی گزارنا ② اوسط درجہ پر رہنا ③ بڑھ کر نہ چلنا ④ نیک چلنی اختیار کرنا۔

**سلامتی** (ف) اسم مونث ① امن ② حفاظت ③ بچاؤ ④ خیریت ⑤ خیر و عافیت ⑥ صحت تندرستی (عربی مصدر کے آخر میں یائے فارسی مصدری لگادی ہے)

**سلامتی کا جام پینا** (ا) فعل۔ کسی حاکم یا بادشاہ کی صحت اور زندگی کے جلسہ کے وقت یادگار کے طور پر شراب پینا۔

**سلامی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① بڑائی ② سلام ③ ہتھیار اٹھا کر سلام کرنا ④ مجرا ⑤ سپاہیانہ سلام ⑥ توپوں یا بندوقوں کے فیر سے تعظیم بجالانا ⑦ شگن چھوڑنا ⑧ نذرانہ ⑨ تحفہ۔

**سلامی اتارنا** (ا) فعل ① کسی بادشاہ یا حاکم اعلیٰ کی آمد کے وقت توپوں یا بندوقوں کے چھوڑنے سے تعظیم بجالانا ② توپوں سے سلامی کا اظہار کرنا۔

**سلامی ہونا** (ا) فعل ① ڈھلوان ہونا ② ترچھا ہونا ③ ڈھالو ہونا ④ کسی بادشاہ یا حاکم اعلیٰ کی تشریف آوری کی توپیں چھوٹنا ⑤ دولھا کی سلام کرائی کی رسم ادا کرنا۔

**سلا دینا** (ہ) فعل ① بچے کو بہلا کر سلا دینا ② زہر دے کر مار ڈالنا ③ گلا گھونٹ دینا۔

**سلانا** (ہ) فعل ① بچہ کو تھپک کر نیند دلوانا ② دفن کرنا ③ گاڑنا ④ قبر میں رکھنا۔

**سلانا** (ہ) فعل ① سینا کا متعدی ہے ② سرد کرنا ③ دروازے کے دونو کونوں پر پوجا کا پانی ڈالنا ④ سلوانا ⑤ دوختہ کرانا۔

**سلائی** (ہ) اسم مونث ① سینا یعنی سینے کا کام سیون ② ٹانکا ③ دوخت ④ سینے کی اجرت ⑤ سلوانے کی مزدوری۔

**سلائی** (ہ) اسم مونث آلہ ① سرمہ لگانے کی گول اور پتلی سلاخ ② سرچو ③ عمل جراحی میں پیشاب لانے یا دوا لگانے کی سیخ ④ نلی ⑤ لکڑی کے اندر رکھنے کی پتلی سینک ⑥ ٹاٹ سینے کا سوا ⑦ دیا سلائی کی تیلی۔

**سلائی پھیرنا** (ہ) فعل ① اندھا کرنا ② نابینا کرنا ③ گرم سلائی سے اندھا کرنا۔

**سلب** (ع) اسم مونث ① نفی ② ربودگی ③ نیست کرنا ④ کشش ⑤ جذب ⑥ اخذ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314007218

www.besturdubooks.net

**سلیپٹ** (ہ) اسم صفت ① چورس ② صاف ③ مسطح ④ ہموار ⑤ سپاٹ ⑥ نپٹ اندھا ⑦ انگریزی سلیپر کا بگاڑ ⑧ پھڈی جوتی ریل کی سڑک پر لائن بچھانے اور ڈالنے کے لئے لکڑی کے چورس تختے۔

**سلپچی / سلفچی** (ا) اسم مونث ① چلپچی ② ہاتھ دھونے کا برتن۔

**سلٹا / سلٹا ہوا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① بھگتا ہوا ② تجربہ کار ③ آزمودہ کار ④ خرانٹ۔

**سلٹنا** (ہ) فعل ① بھگتنا ② آپس میں نمٹنا ③ باہم طے کرنا ④ سمجھنا۔

**سلجھانا** (ہ) فعل ① جدا کرنا ② کھولنا ③ فیصلہ کرنا ④ حل کرنا ⑤ تشریح و توضیح کرنا۔

**سلجھاؤ / سلجھاوا** (ہ) اسم مذکر ① حاصل مصدر ② فیصلہ ③ تشریح ④ عقدہ کشائی ⑤ وضاحت۔

**سلجھنا** (ہ) فعل ① آسان ہونا ② حل ہونا ③ کھلنا ④ فیصلہ ہونا ⑤ تصریح ہونا ⑥ نمٹنا۔

**سلح** (ع) اسم مذکر ① لڑائی کا اوزار ② ہتھیار آلہ جنگ۔

**سلح پوش** (ف) اسم صفت ① ہتھیار لگانے والا ② بہادر سپاہی۔

**سل رچنا** (ہ) فعل ① جوہر کرنا ② خودکشی کرنا ③ ستی ہونا ④ گھر کا بندوبست کرنا ⑤ انتظام خانہ داری کرنا ⑥ کسی کام کے سر ہو رہنا ⑦ سوگ کرنا ⑧ ماتم کرنا۔

**سلسلانا** (ہ) فعل ① سرسراہٹ ہونا ② جوں وغیرہ کا رینگنا ③ نرم نرم کھجلی ہونا۔

**سلسلاہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① خارش ② کھجلی ③ گدگدی۔

**سلسل بول** (ع) اسم مذکر ① پیشاب کا قطرہ ② قطرہ آنا ③ ذیابیطس ④ ایک بیماری کا نام۔

**سلسلہ** (ع) اسم مذکر ① بیڑی ② زنجیر ③ صف ④ بنس ⑤ نسل ⑥ خاندان ⑦ ترتیب ⑧ درستی ⑨ شجرہ۔

**سلسلہ جاری کرنا** (ا) فعل ① ہمیشہ کے لئے کسی کام کی بنیاد ڈالنا ② آغاز کرنا ③ شروع کرنا۔

**سلسلہ نکلنا** (ا) فعل ① آغاز ہونا ② طریقہ پیدا ہونا ③ تعلق نکل آنا۔

**سلسلہ وار** (ع) اسم صفت ① ترتیب وار ② قطار وار ③ درجہ بدرجہ۔

**سلطان** (ع) اسم مذکر ① راجہ ② بادشاہ ③ حاکم۔

**سلطانہ** (ع) اسم مونث بیائے تانیث ① رانی ② شہزادی ③ ملکہ۔

**سلطانی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① سلطنت ② حکومت ③ بادشاہی۔

**سلطنت** (ع) اسم مونث مصدری ① بادشاہی ② حکومت ③ راج ④ عملداری۔

**سلطنت جمہوری** (ع) اسم مونث۔ وہ حکومت جس میں رعایا اپنا پریزیڈنٹ یا حاکم خود انتخاب کرلے۔

**سلطنت شخصی** (ع) اسم مونث ① خودمختار ② بادشاہ کی حکومت ③ مطلق العنان حکومت۔

**سلطنت متحد / متحدہ** (ع) اسم مونث ① ملی ہوئی سلطنت ② چند ملے ہوئے صوبوں کی حکومت۔

**سلف** (ع) اسم صفت ① اگلا ② گزشتہ ③ اب سے ④ پہلے کا ⑤ سابقہ ⑥ اگلے لوگ ⑦ بزرگان ⑧ گزشتہ۔

**سلف گورنمنٹ** (ای) اسم مونث ① اپنی حکومت آپ کرنا ② خود اختیاری۔

**سلف** (ا) اسم مذکر ① سودا کا مرادف ② چیز بست ③ سامان ④ اسباب (یہ لفظ سودا کے ساتھ مخصوص ہے ⑤ تنہا نہیں آتا)

**سلفا / سلفہ** (ا) اسم مذکر۔ ایک دفعہ چلم میں بھرنے کی تمباکو کی مقدار یا چرس کی مقدار۔

**سلفا جمانا** (ا) فعل۔ چلم میں تمباکو درست کر کے رکھنا۔

**سلفا کر ڈالنا** (ا) فعل ① جلا کر راکھ کر ڈالنا ② خاکستر کر دینا ③ دولت برباد کر دینا۔

**سلک** (ع) اسم مذکر و مونث ① لڑی ② ہار ③ تاگا ④ دھاگا ⑤ رشتہ ⑥ قطار ⑦ لائن ⑧ ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا۔

**سلگ** (ہ) اسم صفت ① پورا کامل ② تمام لگاتار ③ برابر ④ ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

**سلگانا** (ہ) فعل ① آگ جلانا ② آگ بالنا ③ بھڑکانا ④ روشن کرنا ⑤ جلانا ⑥ فساد ڈالنا۔

**سلگنا** (ہ) فعل ① آگ کا بھڑکنا ② روشن ہونا ③ اجلنا ④ تنگ ہونا ⑤ غم یا حسد سے جلنا۔

**سلم** (ع) اسم مونث ① پیشگی قیمت ② بیعانہ ③ تقاوی پیشگی۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

سلما (ہ) اسم مذکر ① چاندی یا سونے کے چمکیلے تار ② بادلہ ③ مقیش۔

سلنا (ہ) فعل ① چھدنا ② سوراخ ہونا ③ بندھنا ④ (متعدی) زخم دینا ⑤ کوچے لگانا۔

سلنا (ہ) فعل ① سیا جانا ② دوختہ ہونا۔

سلو (ای) بواؤ مجہول اسم صفت ① آہستہ ② سست ③ مدھم ④ دھیما ⑤ کم رفتاری۔

سلو (ہ) بواؤ معروف اسم مذکر۔ چمڑے کا ڈورا جو سلائی گھٹائی کے کام آتا ہے۔

سلوتری (ہ) اسم مذکر ① گھوڑوں کا ڈاکٹر ② بیطار۔

سلوٹ (ہ) اسم مونث ① شکن ② بل ③ چین ④ جھری۔

سلور (ای) اسم مونث ① چاندی ② سیم ③ نقرہ ④ سفید تانبا ⑤ سفید گلٹ دار رنگ ⑥ سفید ملمع والی رنگت۔

سلوک (ع) اسم مذکر ① راستہ چلنا ② رستہ راہ ③ طریقہ ④ برتاؤ ⑤ رویہ ⑥ راہ خدا ⑦ صلح جوئی ⑧ دوستی ⑨ ملاپ۔

سلونا (ہ) اسم صفت مذکر ① نمک والا ② نمکدار ③ نمکین ④ چٹ پٹا۔

سلونوں (ہ) اسم مونث و مذکر ① ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو ساون کے مہینے میں ہوتا ہے ② راکھی پونو ③ رکھشا بندھن۔

سلونی (ہ) اسم صفت مونث۔ نمکین چیز۔

سلہج / سلج (ہ) اسم مونث ① سالے کی بیوی ② سالے کی جورو۔

سلی (ہ) اسم مونث ① استرا اور چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری ② سان ③ موٹا تختہ ④ درخت کے تنے کا تختہ ⑤ موٹا پٹڑا ⑥ مرغابی ⑦ بھوسہ رلا ہوا اناج۔

سلیپر (ای) اسم مونث ① بھدی جوتی ② ہلکی جوتی ③ ریل کی سڑک یا مکان کی چھت وغیرہ پر بچھانے کا لکڑی کا موٹا تختہ ④ پٹے کا ہال۔

سلیٹ (ای) اسم مونث۔ پتھر کی تختی۔

سلیس (ع) اسم صفت ① عام فہم ② نرم ③ ہموار ④ صاف۔

سلیقہ (ع) اسم مذکر ① تمیز ② شعور ③ لیاقت ④ سمجھ۔

سلیم (ع) اسم صفت ① درست ② ٹھیک ③ صلح پسند آدمی ④ نرم مزاج ⑤ بردبار ⑥ تندرست ⑦ عاقل۔

سلیم الطبع (ع) اسم صفت ① نرم دل ② متحمل مزاج ③ فہیم ④ عقلمند۔

سلیمان (ع) اسم مذکر۔ بنی اسرائیل میں سے ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو شام میں ہوئے ہیں ان کی حکومت آدمیوں کے علاوہ جنوں پریوں وغیرہ تمام مخلوق پر تھی۔

سلیمانی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① ایک قسم کا دورنگا چمکدار پتھر کا منکہ ② سیاہ و سفید رنگ۔

سلیمو (ہ) اسم مونث ① بندریا کا فرضی نام مجازاً بدسلیقہ ② پھوہڑ۔

## س ← م

سم (ہ) اسم ذکر ① تال اور سر کی آواز ② برابر ③ پورا کامل۔

سم (ہ) اسم مذکر ① گھوڑے اور گدھے کا پیر ② گھوڑے کی ٹاپ ③ پوڑ ④ ناخن۔

سم ڈوبنا (ہ) فعل۔ سخت لڑائی میں گھوڑوں کے سم خون میں تر ہونا۔

سم لینا (ہ) فعل ① گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ② سکندری کھانا۔

سم (ع) اسم مذکر ① زہر ② بس۔

سم الفار (ع) اسم مذکر ① چوہوں کا زہر ② سنکھیا ③ ایک قسم کے زہر کا نام۔

سم قاتل (ع) اسم مذکر ① زہر ہلاہل ② فوراً ہلاک کر ڈالنے والا زہر۔

سما (ع) اسم مذکر ① فلک ② آسمان ③ کاس ④ امبر۔

سما / سماں (ہ) اسم مذکر ① وقت ② زمانہ ③ ساعت ④ سکال ⑤ موقع ⑥ محل ⑦ رت ⑧ موسم ⑨ فصل۔

سماں باندھنا (ہ) فعل ① کیفیت پیدا کرنا ② رنگ جمانا ③ ناچ رنگ کی کیفیت میں محو ہونا۔

سماپت (س) اسم صفت ① پورا ② کامل ③ مکمل سدھ۔

سماجانا (ہ) فعل ① بس جانا ② بیٹھ جانا ③ جم جانا ④ بھر جانا۔

سماج (س) اسم مونث ① سوسائٹی ② سبھا ③ انجمن ④ گروہ ⑤ ٹولی ⑥ جتھا۔

سماجت (ع) اسم مونث ① خوشامد ② چاپلوسی ③ منت۔

سماجی (س) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① سماج کا ممبر ② ڈوم ③ ڈھاڑی ④ سپروائی۔

سماچار (س) اسم مذکر ① خبر ② اطلاع ③ واقفیت ④ حالت ⑤ روئداد ⑥ خیر و عافیت۔

سمادھ (س) اسم مذکر ① گڑھا ② غار ③ قبر ④ ہندو جوگیوں اور راجاؤں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149707218

کی ہڈیاں دفن ہونے کی جگہ۔

سمادھان (س) اسم مذکر ❶ مذہبی تعصب ❷ مراقبہ ❸ گیان دھیان ❹ سوال کا جواب۔

سماع (ع) اسم مذکر ❶ سننا ❷ راگ سننا ❸ ناچ ❹ رنگ ❺ گانا بجانا ❻ حال ❼ وجد۔

سماعت (ع) اسم مونث حاصل مصدر ❶ سنوائی ❷ شنوائی۔

سماعت کے قابل (ا) اسم مذکر صفت ❶ سننے کے قابل ❷ حاکم کی توجہ کے لائق۔

سماعی (ع) اسم صفت ❶ سنا ہوا ❷ نقلی ❸ روایتی ❹ سینہ بہ سینہ۔

سماق (ع) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سنگ مرمر۔

سماکھا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ بینا ❷ آنکھوں سے دیکھنے والا۔

سمان (ہ) اسم صفت ❶ مانند ❷ برابر ❸ نظیر ❹ ثانی ❺ جیسا ❻ مشابہ۔

سمانا (ہ) فعل ❶ پورا آنا ❷ بیٹھنا ❸ جم جانا ❹ پر ہونا ❺ گنجائش ہونا ❻ رچنا ❼ بسنا ❽ چھپنا ❾ پسند آنا۔

سماوی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ آسمانی ❷ اوپر کی ❸ ازغیبی۔

سمائی (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ گنجائش ❷ وسعت ❸ برداشت ❹ تحمل ❺ حوصلہ۔

سماد (س) اسم مونث ❶ گفتگو ❷ بات چیت ❸ بول چال ❹ سوال جواب ❺ کہانی ❻ قصہ ❼ کتھا ❽ خبر ❾ اطلاع۔

سمت (ہ) اسم مذکر ❶ سال ❷ سنہ ❸ برس ❹ راجہ بکرماجیت کا ایجاد کردہ ہندی سال۔

سمبندھ (ہ) اسم مذکر ❶ نسبت ❷ تعلق ❸ ناتہ ❹ رشتہ ❺ کنبہ ❻ قبیلہ ❼ میل ملاپ ❽ راہ رسم ❾ قافیہ۔

سمبندھی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ رشتہ دار ❷ قرابتی ❸ متعلقین ❹ ناتہ دار۔

سمبندھی پتر (ہ) اسم مونث ❶ نسب نامہ ❷ کرسی نامہ ❸ شجرہ نسب۔

سمیت (ہ) اسم مونث ❶ بہتری ❷ خوشحالی ❸ فارغ البالی ❹ ترقی ❺ جاہ جلال۔

سمپٹ (ہ) اسم مونث و مذکر۔ مہوسوں کا دوائیوں کو آنچ دینے کا تانبے یا لوہے وغیرہ کا برتن۔

سمپٹی (ہ) اسم مونث۔ پوجا کا چندن رکھنے کی سونے کی کٹوری۔

سمپورن (ہ) اسم صفت ❶ کامل ❷ پورا ❸ مکمل ❹ تمام ❺ سارا ❻ ثابت ❼ ازسرتاپا۔

سمت (ع) اسم مونث ❶ طرف ❷ پہلو ❸ رخ ❹ جہت ❺ راہ ❻ راہ راست ❼ روش۔

سمت الراس (ع) اسم مونث ❶ سر کی طرف ❷ اوپر ❸ ترقی کا کمال ❹ اوج ❺ بلندی۔

سمٹ جانا (ہ) فعل ❶ سکڑ جانا ❷ اکٹھا ہونا ❸ چھوٹا ہو جانا ❹ کم ہونا ❺ مرجانا ❻ رخصت ہونا۔

سمٹنا (ہ) فعل ❶ سکڑنا ❷ اکٹھا ہونا ❸ رخصت ہونا ❹ مرنا۔

سمجھ (ہ) اسم مونث ❶ فہم ❷ عقل ❸ گیان ❹ دانائی ❺ ادراک۔

سمجھ بوجھ (ہ) اسم مونث ❶ فہم و فراست ❷ جان بوجھ ❸ دانائی۔

سمجھ پر پتھر پڑیں (ہ) محاورہ ❶ یہ سمجھ برباد ہو ❷ ایسی عقل چولھے میں پڑے۔

سمجھ دار (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ ہوشیار ❷ دانا ❸ سیانا ❹ عقلمند۔

سمجھانا (ہ) فعل ❶ بجھانا ❷ ذہن نشین کرنا ❸ دل میں بٹھانا ❹ نصیحت کرنا ❺ پند دینا۔

سمجھنا (ہ) فعل ❶ جاننا ❷ بوجھنا ❸ سیکھنا ❹ دل میں ٹھاننا ❺ بدلہ لینا ❻ ذہن نشین ہونا ❼ مارنا ❽ پیٹنا ❾ سزا دینا۔

سمجھے (ہ) کلمہ برائے استفہام ❶ خیال میں آیا ❷ جان لیا ❸ ہوش آیا۔

سمجھوتا / سمجھوتی (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ سمجھ لینا ❷ ٹھیرا لیا ہوا ❸ مقررہ سازش۔

سمدا (ہ) اسم صفت ❶ سارا ❷ تمام ❸ کامل ❹ پورا۔

سمدر (س) اسم مذکر ❶ سمندر ❷ بحر ❸ ساگر۔

سمدھن (ہ) اسم مونث۔ (اسمبندھن کا بگڑا ہوا) دولھا دلھن کی مائیں اور دیگر رشتہ کی عورتیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں۔

سمدھی (ہ) اسم مذکر ❶ دولھا دلھن کا باپ ❷ سمدھن کا خاوند۔

سمدھیانہ / سمدھیانا (ہ) اسم مذکر ❶ دولھا دولھن کا گھرانا ❷ سمدھی کا خاوند ❸ سمدھی کا گھر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سمرن (ہ) اسم مونث ① یاد خدا ② جپنی ③ تسبیح ④ مالا ⑤ ورد ⑥ وظیفہ۔
سمرنا (ہ) فعل ① مالا پھیرنا ② تسبیح کرنا ③ یاد خدا کرنا ④ رام بھجنا ⑤ رٹنا۔
سمرنی (ہ) اسم مونث ① چھوٹی سی تسبیح ② چھوٹی سی مالا۔
سمع (ع) اسم مذکر ① کان ② گوش ③ کرن۔
سمع خراشی (ع) اسم مونث ① کان کھانا ② دماغی تکلیف دینا۔
سمن (ف) اسم مونث ① چنبیلی ② سہ برگہ۔
سمن اندام/سمن بر (ف) اسم صفت فاعلی ① گورا ② چٹا۔
سمن (ای) اسم مذکر ① بلاوا ② اطلاع نامہ ③ طلبی کا پروانہ ④ عدالت کا پروانہ۔
سمنا (ہ) فعل ① رسنا ② کسی رقیق چیز پانی وغیرہ کا بالکل آہستہ آہستہ برتن کے مسامات سے باہر آنا ③ چونا۔
سمند (ف) اسم مذکر ① زردی مائل گھوڑا ② محض گھوڑا۔
سمندر (ف) اسم مذکر۔ ایک آتشی کیڑے کا نام ہے جو آگ کے اندر پیدا ہوتا ہے۔
سمندر (ہ) اسم مذکر ① بحر ② ساگر۔
سمندر بلونا/سمندر چھان مارنا/سمندر چھاننا (ہ) فعل ① نہایت کوشش اور سعی کرنا ② بڑی جستجو کرنا ③ از حد تلاش کرنا ④ سخت تنگ و دو کرنا۔
سمندر پار اتارنا (ہ) فعل ① جلاوطن کرنا ② کالے پانی بھیجنا ③ سزائے عبور دریائے شور دینا۔
سمندر پھل (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا پھل جو دوا میں کام آتا ہے۔
سمندر جھاگ (ہ) اسم مذکر ① کف دریا ② سمندر کی وہ پھین جو کناروں پر جم جم کر خشک ہو جاتی ہے اور دوائیوں میں کام آتی ہے۔
سمندر سوکھ (ہ) اسم مذکر۔ ایک دوا کا نام ہے۔
سمنک (ہ) اسم مونث ① نشاستہ ② گیہوں کی گری جو ابال کر نکالی جاتی ہے۔
سموچا (ہ) اسم صفت ① پورا ② کامل ③ تمام ④ سب ⑤ سارا۔
سمور (ع) اسم مذکر ① لومڑی کی قسم کے ایک جانور کا نام ہے جس کی باریک پشم والی نرم اور سیاہی مائل سرخ کھال کو بھی سمور ہی بولتے ہیں ② اس کھال سے پوستین بناتے ہیں۔
سموسا (ا) اسم مونث ① مثلث نما تلا ہوا پکوان ② جس کے اندر قیمہ یا ترکاری یا میٹھا بھر کر تلتے ہیں۔
سموم (ع) اسم مونث ① زہریلی ہوا ② لو ③ گرم ہوا۔
سمونا (ہ) فعل ① ملانا ② رلانا ③ ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا ④ دو مختلف مزاج اشیا ملا کر معتدل بنانا۔
سمویا ہوا (ہ) اسم صفت ① شیر گرم ② نیم گرم ③ کنکنا ④ گرم اور ٹھنڈا ملا ہوا پانی ⑤ دوغلا ⑥ دونسلا ⑦ مخلوط النسل۔
سمے/سمیں (ہ) اسم مذکر ① وقت ② ساعت ③ رت ④ فصل ⑤ موسم ⑥ موقعہ۔
سمیت (ہ) تابع فعل ① ساتھ ② اکٹھے ③ ملکر ④ مع ⑤ ہمراہ۔
سمیٹ (ہ) اسم مونث۔ قابض دوا جو زچگی کے بعد عورتوں کے لئے دائیاں استعمال کرتی ہیں۔
سمیٹا سمیٹی (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① اکٹھا کرنا ② جمع آوری ③ فراہمی ④ دولت ⑤ گھٹنا ⑥ چھینا جھپٹی۔
سمیٹنا (ہ) فعل ① جمع کرنا ② اکٹھا کرنا ③ ڈھیر کرنا ④ روپیہ جمع کرنا ⑤ پیسہ رولنا ⑥ تنگ کرنا ⑦ چست کرنا ⑧ سکیڑنا ⑨ انجام کو پہنچانا۔

## س ← ن

سن (ع) اسم مذکر ① عمر ② سال ③ عمر کی مقدار۔
سن بلوغ/سن بلوغت/سن تمیز/سن شعور (ع) اسم مذکر ① سمجھ کی عمر ② جوانی کی عمر ③ شباب کی عمر۔
سن رسیدہ (ع) اسم صفت بترکیب مفعولی ① بوڑھا ② سالخوردہ ③ پیر ④ ضعیف۔
سن (ہ) اسم مذکر۔ ایک پودے کا نام ہے جس کی چھال کے ریشے سے رسیاں بناتے ہیں۔
سن (ہ) اسم مونث صوت۔ کسی چیز کے زور سے جانے کی آواز جیسے گولی سن سے نکل گئی۔
سن سن (ہ) اسم مونث صوت ① ہوا کی آواز ② سنسناہٹ ③ سخت سردی پہنچنے سے ہاتھ پاؤں کی کپکپاہٹ ④ پھریری۔
سن سن کرنا (ہ) فعل ① سردی سے تھرانا ② پھریری لینا۔
سن سے (ہ) تابع فعل ① زناٹے سے ② جلدی سے ③ بزودی۔
سن (ای) اسم مذکر ① سورج ② آفتاب ③ بیٹا ④ پسر ⑤ فرزند۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**سن** (ہ) اسم صفت ① بے حس ② بے ہوش ③ بے حرکت ④ بے خبر ⑤ خاموش ⑥ گنگ ⑦ ٹھنڈا ⑧ نہایت سرد (بحالت فعل) سننا سے فعل امر۔

**سن کرنا** (ہ) فعل ① بے حس و حرکت کرنا ② دِوا یا مار سے جسم کو بے حس کر دینا ③ خاموش کرنا ④ محو کرنا جیسے اس کے راگ نے سب کو سن کر دیا۔

**سن ہو جانا/ ہونا** (ہ) فعل ① بے حس و حرکت ہونا ② ٹھنڈ سے ٹھٹھر جانا ③ جھولا مار جانا ④ دھک سے رہ جانا ⑤ مزے سے مدہوش ہو جانا ⑥ حیرت میں ہو جانا۔

**سنا/ سنا مکی** (ع) اسم مونث۔ ایک دست آور پودے اور اس کے پتوں کو کہتے ہیں جو مکہ سے آتی ہے۔

**سننا** (ہ) فعل ① گوندھا جانا ② آلودہ ہونا ③ بھر جانا ④ لتھڑ جانا ⑤ مٹی یا آٹے وغیرہ میں پانی کا ملنا۔

**سُننا** (ہ) فعل ① کانوں سے آواز معلوم کرنا ② توجہ کرنا ③ غور کرنا ④ کان دھرنا ⑤ دھیان لگانا۔

**سنا ان سنا کرنا/ سنی ان سنی کرنا** (ہ) فعل۔ کسی بات کو سن کر ٹال دینا۔

**سناٹا** (ہ) اسم مونث صوت ① دریا کے چڑھا کا شور ② ہوا کے زور سے چلنے کی آواز ③ زور کی بارش کی آواز ④ پرندے کے پروں کی آواز ⑤ خوفناک اور ڈراونی آواز ⑥ حیرانگی ⑦ اچرج ⑧ سنسان ⑨ خاموشی۔

**سناٹا آنا** (ہ) فعل ① ڈر معلوم ہونا ② ڈر لگنا ③ خوف طاری ہونا۔

**سناٹا گزر جانا** (ہ) فعل ① حیران ہو جانا ② گھبرا جانا ③ ہوش نہ رہنا ④ ویرانہ و سنسان ہونا۔

**سناٹے سے/ سناٹے کا** (ہ) تابع فعل ① زور سے ② شدت سے ③ تیزی سے ④ جلدی سے ⑤ زوردار۔

**سنا چاہنا** (ہ) فعل۔ گالیاں کھانے یا برا بھلا سننے کا خواہشمند ہونا جیسے دیوانے کو نہ چھیڑو کیا کچھ سنا چاہتے ہو۔

**سنار** (ہ) اسم مذکر فاعل ① سونا چاندی کے زیور بنانے والا ② زرگر۔

**سنار کی کھٹائی اور درزی کے بند** (ہ) مثل ① سناروں اور درزیوں کی ٹال مٹول اور لیت و لعل کے موقع پر بولتے ہیں ② سنار کو کھٹائی کا اور درزی کو بند لگانے کا بہانہ مدت ٹالنے کیلئے کافی ہے۔

**سنار کی کھٹ کھٹ اور لہار کی ایک/ سو چوٹ سنار کی ایک چوٹ لہار کی** (ہ) مثل۔ کمزور کی سو ضربیں زبردست کی ایک ضرب کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتیں۔

**سناری** (ہ) اسم مونث بیائے تانیث ① سنار کا پیشہ ② سنار کی عورت ③ سنار کی جورو۔

**سنان** (ف) اسم مونث ① انی ② تیز نوک ③ تیر یا برچھی کی نوک۔

**سنانا** (ہ) فعل ① کان میں ڈالنا ② کہنا ③ خبردار کرنا ④ گالیاں دینا ⑤ طعنہ مارنا ⑥ قاری بننا ⑦ کسی سامنے پڑھنا یا گانا۔

**سنائی/ سناونی** (ہ) اسم مونث ① موت کی خبر ② خبر مرگ۔

**سنائی/ سنوائی** (ہ) اسم مونث ① پہنچ ② سماعت ③ فریاد رسی ④ دخل۔

**سنبل** (ع) اسم مذکر۔ ایک خوشبودار گھانس کا نام ہے جسے بالچھڑ اور جٹا ماسی بھی بولتے ہیں۔

**سنبلہ** (ع) اسم مذکر ① خوشہ ② بال ③ سٹا ④ آسمان کے چھٹے برج کا نام جو لڑکی کی صورت کا ہے۔

**سنبوسہ** (ف) اسم مذکر۔ (دیکھو سموسا)

**سنبہ** (ف) اسم مذکر آلہ ① سنبیدن مصدر سے ② برما ③ سوراخ کرنے کا آلہ ④ توپ ⑤ بندوق میں بارود یا گولہ وغیرہ رکھ کر اوپر سے ٹھونکنے کا گز۔

**سنبھالا** (ہ) اسم مذکر۔ وہ افاقہ جو بیمار کو موت کے نزدیک معلوم ہوا کرتا ہے۔

**سنبھالا لینا** (ہ) فعل ① بیمار کا مرنے سے پہلے افاقہ سا معلوم کرنا ② مرنے سے پہلے نمود صحت ہونا۔

**سنبھالنا** (ہ) فعل ① تھامنا ② روکنا ③ مدد کرنا ④ بگڑے کام کو درست کرنا ⑤ گرنے نہ دینا ⑥ ہاتھوں پر لینا ⑦ تیمارداری کرنا ⑧ اٹھانا ⑨ قائم رکھنا۔

**سنبھالو** (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے۔

**سن بھری** (ہ) اسم مونث ① جھولا ② لقوہ ③ فالج۔

**سنبھل سنبھل کر** (ہ) تابع فعل ① بن بن کر ② ٹھہر ٹھہر کر ③ تکلیف سے ④ دم لے لے کر۔

**سنبھلنا/ سنبھل جانا** (ہ) فعل ① رکنا ② تھمنا ③ گرنے سے بچنا ④ ٹھہرنا ⑤ قائم رہنا ⑥ برقرار رہنا ⑦ خبردار ہونا ⑧ افاقہ ہونا ⑨ آرام ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772186

www.besturdubooks.net

سنبھلو (ہ) محاورہ ① ہوش پکڑو ② خبردار ہو جاؤ ③ تیار ہو جاؤ۔

سنبیات (س) اسم مذکر۔ ایک بیماری کا نام ہے جو تین خلطوں کے بگڑنے سے پیدا ہوتی ہے اور جس سے سارا جسم بے سود ہو جاتا ہے۔

سنپولیا (ہ) اسم مذکر ① سانپ کا بچہ ② سانپ کی تصغیر۔

سنپیرا (ہ) اسم مذکر فاعل ① سانپ پالنے اور کھلانے والا ② سانپ کا کھلاڑی۔

سنت (ہ) اسم مذکر صفت ① سادھو ② سادھ ③ جوگی ④ زاہد ⑤ پارسا ⑥ پرہیزگار ⑦ خداپرست ⑧ صالح ⑨ متقی۔

سنت آدمی ہے (ہ) محاورہ ہے ① سیدھا سادہ ہے ② بھولا بھالا ہے ③ نیک آدمی ہے۔

سنت (ع) اسم مونث ① راہ ② طریقہ ③ چلن ④ عادت ⑤ دستور ⑥ پیغمبر خدا اور صحابہ کا عمل اور فعل ⑦ فتنہ ⑧ مسلمانی۔

سنت آبائی (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ① باپ دادا کا طریقہ ② کل کی ریت ③ جدی رسم۔

سنت کرنا (ا) فعل ① ختنہ کرنا ② مسلمانی کرنا۔

سنتاپ (س) اسم مذکر ① گرمی ② تپش ③ جلن ④ دکھ ⑤ درد ⑥ عذاب ⑦ بپتا ⑧ سوچ ⑨ فکر۔

سنتاپی (س) اسم صفت بیائے فاعلیت ① دکھیارا ② مصیبت زدہ ③ آفت کا مارا۔

سنتان (س) اسم مذکر ① بال بچے ② لڑکے بالے ③ نسل ④ بنس۔

سنترا/سنگترا (ہ) اسم مذکر۔ نارنگی کی قسم کا ایک پھل ہے۔

سنتری (ای) اسم مذکر ① پہرا دینے والا ② چوکیدار ③ سپاہی ④ پاسبان۔

سنتوش/سنتوکھ (س) بواؤ مجہول اسم مذکر ① صبر ② قناعت ③ تسلی ④ دھیرج۔

سنتوکھی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلی ① صابر ② قانع ③ مطمئن۔

سنٹر (ای) اسم مذکر۔ مرکز۔

سنٹرل (ای) اسم صفت ① مرکزی ② درمیانی ③ وسطی۔

سنٹی (ہ) اسم مونث ① چھڑی ② قینچی ③ بید ④ پتلی شاخ۔

سنجاب (ف) اسم مذکر۔ چوہے سے بڑا ایک جانور ہوتا ہے جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں۔

سنجاف (ف) اسم مونث ① حاشیہ ② کنارہ ③ گوٹ ④ چوڑی اور آڑی مغزی (اسم مذکر) آدھا سرخ آدھا سفید یا سبز گھوڑا۔

سنجانی گنجا (ا) اسم صفت۔ وہ گنجا جس کے سر میں چاروں طرف گنج اور بیچ میں بال ہوں۔

سنجوگ (ہ) اسم مذکر ① میل ملاپ ② ملاقات ③ دوستی ④ موقع ⑤ اتفاق ⑥ اتفاقیہ ملاقات ⑦ واقعہ ⑧ حادثہ ⑨ قسمت۔

سنجوگی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلی ① دوہرا جڑا ہوا ② ملا ہوا ③ دوہرا پنجرا ④ جس میں نر و مادہ تیتر کے لئے دو علیحدہ علیحدہ خانے ملے ہوتے ہیں۔

سنجھا (ہ) اسم مونث ① سنسکرت کے لفظ سندھیا کا بگاڑ ہے ② شام کا وقت ③ جھٹ پٹا ④ شام کی پوجا۔

سنجھا بتی کرنا (ہ) فعل ① دیا بتی کرنا ② شام کا چراغ چلانا۔

سنجھا پھولنا/سانجھ پھولنا (ہ) فعل۔ شام کی شفق کا نمودار ہونا۔

سنجھلا (ہ) اسم صفت۔ منجھلے سے چھوٹا تیسرے نمبر کا۔

سنجیدگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① متانت ② وقار ③ وقعت ④ بھاری بھرکم پن۔

سنجیدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① تلا ہوا ② موزون ③ بھاری بھرکم ④ متین ⑤ باوقار ⑥ ٹھیک ⑦ درست ⑧ نہایت عمدہ۔

سند (ع) اسم مونث ① لغوی ② پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز ③ مجازاً وثیقہ ④ بھروسا کرنے کی چیز ⑤ مناسبت ⑥ دلیل ⑦ ثبوت ⑧ پاس۔

سند لیاقت/فضیلت (ع) اسم مونث۔ علم یا ہنر کا سرٹیفکیٹ۔

سند صافی (ع) اسم مونث ① کسی زمین کا خراج معاف ہونے کا فرمان ② جاگیر کی سند۔

سند وراثت (ع) اسم مونث۔ وراثت مانا جانے کا فرمان۔

سند ہے (ا) محاورہ ① درست ہے ② دلیل دینے کے قابل ③ قابل تسلیم ہے۔

سند یافتہ (ع) اسم صفت بترکیب مفعولی ① پاس شدہ ② وہ آدمی جس کے پاس کسی امر کا سرٹیفکیٹ ہو۔

سنداً (ع) تابع فعل ① سند کے طور پر ② تمثیل کے طور پر۔

سندان (ف) اسم مونث ① آئرن ② نہائی ③ وہ لوہے کا مربع بٹا جس پر لوہار لوگ گرم لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں۔

سندر (ہ) اسم صفت ① خوبصورت ② حسین ③ شکیل ④ جمیل۔

سندرس (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کے زرد گوند کا نام ہے۔

سندری (ہ) اسم مونث ① جمیلہ ② شکیلہ ③ خوبصورت عورت ④ جہاز

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072

بنانے کی لکڑی ⑤ ستار کا ٹھاٹ درست کرنے کے پیتل کے حلقے ⑥ سروں کے پردے۔

**سندور/سیندور** (ہ) اسم مذکر۔ ایک سرخ رنگ کی دھات کا نام ہے۔

**سندوریا** (ہ) اسم صفت ① سرخ ② لال ③ سیندور کے رنگ کا۔

**سندھ** (ہ) اسم مذکر ① سمندر ② دریا ③ شمال مغربی سرحدی صوبے کے ایک دریا کا نام ہے ④ دریائے اٹک بھیرویں راگ کی ایک راگنی کا نام۔

**سندھارا** (ہ) اسم مذکر۔ وہ مٹھائی اور عمدہ چیزیں جو ساون کے مہینے میں دلھن کے گھر بھیجا کرتے ہیں۔

**سندھیا** (ہ) اسم مونث و مذکر ① صبح ② دوپہر اور شام کے وقت کی پوجا ③ دن اور رات کے ملنے کا وقت۔

**سندیسا** (ہ) اسم مذکر ① پیغام ② خبر ③ خوشخبری ④ بشارت۔

**سندیہ/سنسا** (ہ) اسم مذکر ① شک ② شبہ ③ گمان ④ ظن ⑤ سوچ ⑥ بچار ⑦ فکر ⑧ غم ⑨ اندیشہ۔

**سنڈ/سنڈا** (ہ) اسم صفت ① سانڈ کا مخفف وغیرہ ② موٹا ③ ہٹا کٹا ④ زور آور ⑤ قوی ہیکل۔

**سنڈاس** (ہ) اسم مذکر ① طہارت خانہ یا پاخانہ ② جائے ضرور ③ اصطلاح میں وہ پیخانہ جسے خاکروب مکان کے باہر سے کمائیں ④ اور اوپر کی چھت سے ایک چوڑے سوراخ کے ذریعہ اس کی نجاست گرتی ہو۔

**سنڈاسی** (ہ) اسم مونث ① سنتی ② گرم لوہا وغیرہ پکڑنے کا آلہ ③ دست پناہ ④ چمٹا۔

**سنڈامسٹنڈا** (ہ) اسم صفت ① بہت موٹا ② ہٹا کٹا ③ توانا ④ زور آور ⑤ موٹا تازہ۔

**سنڈے** (ای) بیائے مجہول اسم مذکر ① اتوار کا دن ② یک شنبہ۔

**سنڈیکیٹ** (ای) اسم مونث ① جماعت ② منتظمان مدارس۔

**سنسار** (ہ) اسم مذکر ① دنیا ② جہان ③ عالم ④ جگت ⑤ پرتھوی ⑥ کائنات۔

**سنسان** (ہ) اسم صفت ① اجاڑ ② ویران ③ غیر آباد ④ ہو کا مکان ⑤ خاموش ⑥ چپ چاپ ⑦ خالی ⑧ اداس ⑨ ڈراؤنا۔

**سنسکرت** (س) اسم مونث ① مقدس ② پاک ③ عمدہ ④ افضل ⑤ مکمل اور پوری زبان اصطلاحاً ویدوں اور شاستروں کی پاکیزہ شستہ زبان۔

**سنسنانا** (ہ) فعل ① سن سن کرنا ② جھنجھنانا ③ لرزنا ④ کانپنا ⑤ تھرتھرانا ⑥ سکتے کا عالم ہونا ⑦ کسی چیز کا زور سے گزر جانا ⑧ زناٹے سے جانا۔

**سنسناہٹ/سنسنی** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① مٹی کے کورے برتن میں پانی پڑنے سے سوں سوں کی آواز ② ضعف طاری ہونے کے وقت کی حالت ③ سکتہ کا عالم ④ ناتوانی کے علامت کا اظہار۔

**سنک** (ہ) اسم مذکر ① ناک کی غلاظت ② ریٹ۔

**سنک** (ہ) اسم مذکر ① سودا ② جنون ③ خبط مالیخولیا۔

**سنکارا ہوا** (ہ) اسم صفت مفعولی ① ابھارا ہوا ② اکسایا ہوا ③ زور میں بھرا ہوا ④ اشارہ کیا ہوا۔

**سنکار دینا/سنکارنا** (ہ) فعل ① اشارہ کر دینا ② اکسا دینا ③ سین مارنا ④ ابھارنا ⑤ زور میں بھرنا ⑥ برآشفتہ کر دینا ⑦ غصے میں بھر دینا۔

**سنکٹ** (ہ) اسم مذکر ① بپتا ② مشکل ③ مصیبت ④ شامت ⑤ بلا ⑥ دکھ کے ساتھ۔

**سنکرانت** (ہ) اسم مونث ① سورج کے نئے گھر میں آنے کا دن ② آفتاب کے برج بدلنے کا روز ③ پہلی تاریخ ④ اہل ہنود کے ایک تیوہار کا نام بھی ہے۔

**سنکل/سنگل** (ہ) اسم مونث ① زنجیر ② کنڈی۔

**سنکلی/سنگلی** (ہ) اسم مونث۔ گلے میں پہننے کا چاندی کا توڑا یا زنجیر۔

**سنکلپ** (س) اسم مذکر ① پن دان ② خیرات ③ نذر نیاز ④ منت منوت ⑤ نیم ارادہ۔

**سنکلپ کرنا** (ہ) فعل ① پن دان کرنا ② خیر خیرات دینا ③ منت ادا کرنا۔

**سنکنا** (ہ) فعل ① ناک سے غلاظت نکالنا ② ناک صاف کرنا ③ ناک میں سے سنک نکال ڈالنا۔

**سنکوچ** (س) اسم مذکر ① شرم ② حیا ③ لحاظ ④ وسواس ⑤ ڈر ⑥ دھڑکا ⑦ افسوس ⑧ دریغ۔

**سنکونا** (ای) اسم مونث ① ایک درخت کا نام جس سے کونین بنتی ہے ② دیسی کونین۔

**سنکھ** (ہ) اسم مذکر ① گھونگا ② کوڑا ③ ناقوس ④ جس کو ہندو صاحبان پوجا جنگ یا مردے کے آگے بجاتے ہیں ⑤ زیور ⑥ گہنا ⑦ علم حساب میں سو دم کا ایک سنکھ ہوتا ہے یعنی سولا کھ کروڑ۔

**سنکھنی** (ہ) اسم مونث۔ لمبے قد کی خوبصورت عورت نہ بہت موٹی نہ بہت پتلی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140...218

www.besturdubooks.net

سنکھیا (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا کانی زہر ② سم الفار ③ سنبل کھار۔

سنگ (ف) اسم مذکر ① پتھر ② حجر ③ وزن ④ بوجھ ⑤ وقار ⑥ تمکین۔

سنگ آستاں/ سنگ آستانہ (ف) اسم مذکر ① دہلیز کا پتھر ② دروازے کی چوکھٹ کا پتھر۔

سنگ سود (ف) اسم مذکر ① وہ کالا پتھر ② جو کعبہ کی دیوار میں نصب ہے جس کو مسلمان مقدس سمجھ کر بوسہ دیتے ہیں۔

سنگ آمد وسخت آمد (ف) محاورہ ① ایسی مشکل پڑی کہ اس کے بغیر گزارہ ہی نہیں ② یہ مشکل کام چارو ناچار کرنا ہی پڑا۔

سنگ آہن ربا (ف) اسم مذکر ① مقناطیس ② لوہا اٹھانے والا پتھر۔

سنگ بصری (ف) اسم مذکر۔ بصرے سے آیا ہوا ایک پتھر جو دوا میں کام آتا ہے

سنگ پارس (ف) اسم مذکر۔ پارس کا پتھر۔

سنگ پشت (ف) اسم مذکر۔ کچھوا۔

سنگتراش (ف) اسم مذکر فاعل ① پتھر کاٹنے والا ② پتھر کا کام کرنے والا۔

سنگ جراحت (ف) اسم مذکر ① زخم کو بھرنے والے ایک پتھر کا نام ہے ② سیل کھڑی۔

سنگ خارا (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا نیلے رنگ کا سخت پتھر۔

سنگ دل (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① سخت دل والا ② بے رحم ③ کٹر۔

سنگدانہ (ف) اسم مذکر۔ پرندے کا معدہ۔

سنگ راہ (ف) اسم مذکر ① راستہ میں پڑا ہوا پتھر ② ٹھوکر ③ سد راہ ④ مانع ⑤ روک۔

سنگریزہ (ف) اسم مذکر ① کنکر ② روڑی ③ بجری۔

سنگسار (ف) اسم مذکر ① وہ شرعی سزا جس میں آدمی کو آدھا زمین میں گاڑ کر سر پر پتھر مار مار کر مار ڈالتے ہیں ② پتھراؤ۔

سنگسار کرنا (ہ) فعل۔ پتھر مار مار کر مار ڈالنا۔

سنگ ساز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ پتھر گھڑنے اور درست کرنے والا۔

سنگ سماق (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا نہایت سخت اور سفید پتھر۔

سنگ سینہ (ف) اسم صفت ① چھاتی کا پتھر ② نہایت ناپسند ③ نہایت ناگوار۔

سنگلاخ (ف) اسم مذکر ظرف ① پتھریلی اور پہاڑی زمین ② (بحالت صفت) سخت ③ دشوار ④ مشکل۔

سنگ لوح/ سنگ مزار (ف) اسم مذکر ① قبر کے سرہانے کا پتھر ② جس پر مردہ کی تاریخ وفات، نام یا کوئی مقدس عبارت لکھ کر لگاتے ہیں ③ قبر کی تختی ④ تعویذ قبر۔

سنگ مثانہ (ف) اسم مذکر۔ آدمی کے پیشاب گاہ کی پتھری۔

سنگ مرمر (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم سفید اور نرم پتھر۔

سنگ مقناطیس (ف) اسم مذکر ① وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ② آہن ربا۔

سنگ موسٰی (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا کالا خوبصورت پتھر۔

سنگ یشب (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سبزی مائل پتھر جسے دل کی گھبراہٹ دور کرنے کے لیے گھسا کر پیا جاتا ہے یا گلے میں ڈالتے ہیں۔

سنگ (ہ) تابع فعل ① ہمراہ ② ساتھ ③ مع ④ (بحالت اسم) ہمراہی ⑤ رفاقت ⑥ صحبت۔

سنگ لینا (ہ) فعل ① ساتھ لینا ② ہمراہ لینا۔

سنگار/ سنگھار (ہ) اسم مذکر ① آرائش ② سجاوٹ ③ زیب و زینت ④ زیور۔

سنگاردان (ا) اسم مذکر ظرف ① وہ ظرف جس میں عورتیں سامان آرائش یعنی کنگھی سرمہ ② مسی ③ آئینہ وغیرہ رکھا کرتی ہیں۔

سنگار کرنا/ سنگارنا (ہ) فعل ① سجانا ② بنانا ③ آراستہ کرنا ④ بناؤ کرنا ⑤ آرائش کرنا۔

سنگت (ہ) اسم مونث ① ہمراہی ② صحبت ③ رفاقت ④ ہمنشین ⑤ جماعت ⑥ منڈلی ⑦ ٹولی ⑧ جتھا ⑨ ڈیرہ۔

سنگترا (پرتگال) ① رنگترا ② سنترا ③ بڑی اور میٹھی نارنگی ④ تشبیہاً گول اور چھوٹی پستان۔

سنگتی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① ساتھی ② ہمراہی ③ رفیق۔

سنگتیا (ہ) اسم مذکر فاعل ① رقاصہ کے ساتھ رہنے والا ② سازندہ۔

سنگر (ف) اسم مذکر ① دمدمہ ② خندق ③ کھائی ④ مورچہ ⑤ وہ پشتہ جو فوج کی حفاظت کے لئے بناتے ہیں۔

سنگرام (س) اسم مذکر ① جدھ ② رن ③ جنگ۔

سنگرنا (ہ) فعل ① لازم ہے سنگارنا سے بننا ② سنورنا ③ سجنا ④ آراستہ

Join us On WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

ہونا۔

سنگرینی/سنگرہنی (ہ) اسم مونث ❶ ایک بیماری کا نام ہے جس میں بدہضمی سے کھانا ان پچ نکل جاتا ہے ❷ بدہضمی ❸ اجیرن ❹ گرانی۔

سنکن (ہ) اسم مونث ❶ خبر ❷ خفیہ بات ❸ پوشیدہ خبر ❹ کنسوئی ❺ کسی بات کا پتہ وتہ۔

سنکن لینا (ہ) فعل ❶ کسی بات کا بھید معلوم کرنا ❷ چھپ کر سننا ❸ خفیہ راز معلوم کرنا۔

سنگوٹی (ہ) اسم مونث۔ بیلوں کے سینگوں کا غلاف یا پیتل چاندی وغیرہ کا خول جو خوبصورتی کے لئے چڑھا دیا کرتے ہیں۔

سنگھ (ہ) اسم مذکر ❶ شیر ❷ اسد ❸ راجپوتوں چھتریوں اور سکھوں کے نام کا ایک جزو ❹ آسمان کا برج اسد ❺ نبض ❻ ناڑی ❼ دیوی کا رتھ (بحالت صفت) بہادر ❽ زور آور۔

سنگھاڑا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک مثلث نما خاردار پھل کا نام جو تالابوں میں ہوتا ہے ❷ اس کا پھول گل نیلوفر کی طرح دوائیوں میں کام آتا ہے۔

سنگھاسن (ہ) اسم مذکر ❶ تخت ❷ سریر ❸ راج گدی ❹ سنگھ بمعنی بہادر اور آسن بمعنی جگہ۔

سنگھاسن ہستی (ہ) اسم مونث۔ ایک کتاب کا نام ہے جو راجہ بھوج کے زمانے میں تصنیف ہوئی اس میں بتیس پریوں اور ایک تخت کا ذکر ہے۔

سنگھانا (ہ) فعل۔ سونگھنا کا متعدی دوسرے کی ناک میں خوشبو وغیرہ دینا۔

سنگی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ ساتھی ❷ ہمراہی ❸ رفیق۔

سنگین (ف) اسم صفت ❶ منسوب بہ سنگ ❷ پتھر کا بنا ہوا ❸ وزنی ❹ بھاری ❺ بوجھل ❻ سخت ❼ مضبوط ❾ ٹھوس۔

سنگین جرم (ف) اسم مذکر ❶ سخت قصور ❷ بھاری گناہ۔

سنگین سزا (ف) اسم مونث ❶ بھاری سزا ❷ سخت سزا۔

سنگینی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سختی ❷ مضبوطی ❸ پائدار ❹ وزن ❺ گرانی ❻ ٹھوس پن۔

سنمکھ (ہ) اسم صفت ❶ مقابل ❷ سامنے ❸ کھلم کھلا۔

سنوار (ہ) اسم مونث حاصل مصدر سنوارنا سے ❶ درستی ❷ اصلاح ❸ سجاوٹ ❹ ترمیم جیسے مار پیچھے سنوار ہوتی چلی آئی ہے ❺ (عورتیں) تعریضاً لعنت اور پھٹکار۔

سنوارنا (ہ) فعل ❶ درست کرنا ❷ اصلاح کرنا ❸ آراستہ کرنا ❹ سدھارنا ❺ سزا دینا۔

سنورنا (ہ) فعل ❶ سدھرنا ❷ درست ہونا ❸ ترتیب سے لگنا ❹ بننا ❺ پورا ہونا۔

سنو تو سہی (ا) محاورہ ❶ ٹھیرو تو ❷ بات تو کرو ❸ صبر تو کرو ❹ خیال تو کرو ❺ سوچو تو۔

سنہ (ء) اسم مذکر ❶ سال ❷ برس ❸ سمت۔

سنہ رواں (ع) اسم مذکر ❶ موجودہ سال ❷ یہ سال جو اب چل رہا ہے۔

سنہ عیسوی (ء) اسم مذکر۔ وہ شمسی سال جو حضرت عیسٰی کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے۔

سنہ ہجری (ء) اسم مذکر۔ وہ قمری سال جو حضرت محمد ﷺ کی ہجرت مدینہ سے شروع ہوتا ہے۔

سنہرا/سنہری (ہ) اسم صفت ❶ سونے کے رنگ کا ❷ رُپہلی کی ضد ❸ زریں ❹ طلائی ❺ زرد رنگ ❻ پیلا رنگ۔

سنی (ء) اسم مذکر۔ مسلمانوں کا اہل سنت والجماعت فرقہ۔

سنیاس (س) اسم مذکر ❶ ترک ❷ تیاگ ❸ قطع ❹ تعلق ❺ جوگ ❻ فقر ❼ ہندو دھرم کا چوتھا آشرم۔

سنیاسی (س) اسم مذکر فاعل ❶ تارک الدنیا ❷ جوگی ❸ فقیر ❹ آزاد فقیروں کی ایک جماعت۔

سنیچر (ہ) اسم مذکر ❶ ساتواں گرہ ❷ ساتواں ستارہ ❸ زحل ❹ جمعہ کے بعد کا دن ❺ شنبہ ❻ ہفتہ ❼ نحوست ❽ بدنصیبی ❾ ادبار۔

سنیچر آنا (ہ) فعل ❶ طالع میں زحل ستارے کا آنا ❷ ادبار آنا ❸ برے دن آنا ❹ بری گھڑی آنا ❺ برا ستارہ آنا ❻ گردش کے دن آنا۔

سنیہ (ہ) اسم مذکر ❶ پیار ❷ محبت ❸ لگن ❹ پریت ❺ پریم ❻ الفت ❼ مہر۔

سنیہی (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلی ❶ پیارا ❷ محب ❸ دوست ❹ چاہنے والا ❺ عاشق ❻ محبت کرنے والا۔

## س ← و

سو (ف) اسم مونث ❶ طرف ❷ جانب ❸ سمت۔

Join us on WhatsApp Naveed Balg 03140172218

سوء (ع) اسم صفت ① برا ② بد ③ نکما ④ خراب (بحالت اسم مونث) بدی ⑤ خرابی ⑥ بلا۔

سوءِ ظن (ع) اسم مذکر ① بدگمانی ② خیال باطن ③ برا گمان۔

سوءِ ہضمی (ع) اسم مونث ① بدہضمی ② پیٹ کی خرابی ③ گرانی۔

سو (ہ) اسم عدد۔ سینکڑا سے۔ پانچ بیسی صد۔ ۱۰۰۔

سو بسوے (ہ) تابع فعل ① بالضرور ② یقیناً ③ لامحالہ ④ بے شک ⑤ غالباً۔

سو جان سے عاشق ہو جانا (ا) فعل ① نہایت فریفتہ ہونا ② بالکل محو ہونا۔

سو جان سے صدقے / سو جان سے قربان / سو جان سے نثار (ا) محاورہ ① ہر طرح سے قربان ② نہایت خوشی میں آ کر یہ فقرہ بولا کرتے ہیں ③ یعنی اگر سو جانیں بھی مجھے ملیں تو وہ بھی قربان کر دوں۔

سو جتن کیے (ہ) محاورہ ① بہت علاج کیے ② نہایت کوشش کی ③ بہت سی تدبیریں کیں۔

سو چھپائیں (ہ) محاورہ ① کئی طرح پوشیدہ رکھیں ② ہر چند چھپائیں۔

سو دن چور کی ایک دن سادھ کی (ہ) کہاوت۔ ہمیشہ ایک ہی شخص کی نہیں چلا کرتی چور ہمیشہ چوری کر کے سالم نہیں جا سکتا کبھی پکڑا بھی جاتا ہے۔

سو سر کا ہونا (ہ) فعل ① ایک زبردست یا عقلمند کا سو پر غالب ہونا ② نہایت زبردست ہونا۔

سو سنار کی نہ ایک لہار کی (ہ) کہاوت ① کمزور کی سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے برابر بھی نہیں ہوتیں ② طاقتور کے آگے کمزور کی کوشش بے فائدہ ہے۔

سو سو (ہ) تابع فعل ① بہت زیادہ ② بکثرت ③ نہایت ہی۔

سو سو کوس بھاگنا (ہ) فعل ① بہت دور بھاگنا ② الگ رہنا ③ پرے رہنا۔

سو سو گھڑے پانی کے پڑنا (ہ) فعل ① نہایت شرمندہ ہونا ② بہت ہی خجل ہونا ③ ندامت و شرم و حیا کی کثرت سے پسینہ میں غرق ہونا ④ پانی پانی ہونا۔

سو سو نام دھرنا (ہ) فعل ① بہت نکتہ چینی کرنا ② نہایت ہی عیب نکالنا ③ نقص بیان کرنا۔

سو سیانے ایک مت (ہ) مثل۔ سب عقلمندوں کی رائے ایک ہی ہو گی ذرا تفاوت نہ ہو گا۔

سو غلاموں گھر سونا (ا) مثل ① اولاد نرینہ کے بغیر ہزاروں غلاموں کے ہوتے بھی گھر خالی لگتا ہے ② بیٹا ایک ہی بقائے نسل کے لئے کافی ہے۔ غلام ہزار ہوں تو بھی کچھ نہیں۔

سو کے سوائے (ہ) تابع فعل۔ پچیس فیصدی۔

سو گز پھاڑیں ایک گز نہ واریں (ہ) مثل۔ ظاہر دار اور ریاکار کی نسبت بولا کرتے ہیں یعنی بظاہر تو محبت جتائیں مگر موقع نقصان کے وقت الگ ہو جائیں۔

سو نکٹوں میں ایک ناک والا نکو (ہ) کہاوت ① سو بدوں میں ایک نیک نہایت ہی برا خیال کیا جاتا ہے ② وجہ یہ ہے کہ اس کا قدردان کوئی نہیں ہوتا سب اس کو برا ہی کہیں گے۔

سوآ / سویا (ہ) اسم مذکر۔ نہایت باریک پتی دار خوشبودار ساگ کا نام ہے جو پالک کے ساتھ پکایا جاتا ہے۔

سوا (ہ) اسم عدد کسری مفید صفت ① ایک اور اس کا چوتھا حصہ ② ایک صحیح ایک بٹا چار۔

سوا نیزے پر سورج آنا (ا) فعل ① نہایت گرمی پڑنا ② قیامت آنا ③ آگ برسنا۔

سوا (ہ) اسم مذکر ① بڑی اور موٹی سوئی ② ٹاٹ اور بوریاں وغیرہ سینے کی سوئی ③ جو اور گیہوں وغیرہ غلہ کی بال کا نکوا ④ یعنی سانٹا سا ⑤ سبز طوطا جس کی چونچ نہایت سرخ ہو۔

سوا (ع) حرف استثنا ① علاوہ ② بجز ③ بغیر (بحالت صفت) زیادہ ④ فالتو۔

سواد (ہ) اسم مذکر ① مزہ ② ذائقہ ③ لذت ④ لطف ⑤ خوبی ⑥ خوشی ⑦ محبت ⑧ پریت (بحالت صفت) لذیذ ⑨ خوش ذائقہ۔

سواد (ع) اسم مذکر ① سیاہی۔ کالک ② رنگ کی سیاہی ③ گرد و نواح ④ جیسے سواد شہر آس پاس ⑤ ذہن ⑥ ملکہ ⑦ دل کا کالا نقطہ۔

سوار (ف) اسم مذکر (اسب آر کا مخفف اور بگاڑ ہے) گھوڑ چڑھا ① پیادہ کی ضد ② (بحالت صفت) چڑھا ہوا ③ مست ④ متوالا ⑤ رسالے کا نوکر۔

سوار ہونا (ا) فعل ① ڈولی یا گاڑی وغیرہ میں بیٹھنا ② چڑھنا ③ جانا ④ سدھارنا ⑤ رخصت ہونا ⑥ آسن جمانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

سوآرتھی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ خودغرض ❷ مطلبی۔

سواری (ف) اسم صفت ❶ گھوڑے پر چڑھنے کا کام ❷ سوار ہونے کی چیز یعنی گھوڑا ❸ گاڑی وغیرہ ❹ جلوس ❺ ہمرکاب ❻ سوار شدہ ❼ کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔

سواری اتر والو (ا) کلمہ ندا۔ کہاروں کی ایک آواز ہے جب وہ سواری لے کر مکان میں پہنچتے ہیں۔

سواری آنا (ا) فعل ❶ تشریف لانا ❷ عورت کا ڈولی وغیرہ میں بیٹھ کر آنا۔

سواری کسنا (ا) فعل۔ کشتی میں حریف کو دبا بیٹھنا۔

سوال (ع) اسم مذکر ❶ درخواست ❷ طلبی ❸ مانگ ❹ پوچھ ❺ التجا ❻ آرزو ❼ بنتی ❽ نویدن ❾ عرض۔

سوال جرح (ع) اسم مذکر (قانون) ❶ دلیل توڑنے والا سوال ❷ گرفت کا سوال۔

سوال حل کرنا (ا) فعل ❶ عقدہ کشائی کرنا ❷ مشکل کو کھولنا۔

سوالات (ع) اسم مذکر۔ سوال کی جمع۔

سوآمی (ہ) اسم مذکر ❶ مالک ❷ آقا ❸ دھنی ❹ پربھو ❺ پتی ❻ خاوند ❼ خصم ❽ شوہر ❾ راجہ۔

سوانا/ سوانہ (ہ) اسم مذکر ❶ کنارہ ❷ ڈول ❸ مینڈھ ❹ انت ❺ جنگل ❻ مزروعہ زمین۔

سوانح (ع) اسم مذکر ❶ سانحہ کی جمع ❷ واقعات حادثات ❸ حوادث ❹ روئیداد ❺ وحشتناک باتیں ❻ ناگوار واقعات۔

سوانح عمری (ع) اسم مذکر ❶ کسی شخص کی زندگی کے حالات ❷ تذکرہ ❸ لائف ❹ سرگزشت۔

سوانح نگار (ع) اسم مذکر ❶ اخبار نویس ❷ وقائع نگار ❸ نامہ نگار۔

سوانگ (ہ) اسم مذکر ❶ نقل ❷ شعبدہ ❸ تماشا ❹ کھیل ❺ کرتوت۔

سوانگ لانا (ہ) فعل ❶ روپ بھرنا ❷ نقل کرنا ❸ راگ گانا ❹ رنگ لانا ❺ فیل مچانا۔

سوانگی/ سوانگیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ سوانگ بھرنے والا ❷ مکار ❸ شعبدہ باز ❹ فریبی۔

سوائے (ع) حرف استثنا ❶ علاوہ ❷ بجز ❸ زیادہ فالتو ❹ اوپر ❺ بیش۔

سوایا (ہ) اسم عدد کسری ❶ ایک صحیح ایک بٹا چار ❷ ایک اور چوتھائی (بحالت صفت) زیادہ بڑھا ہوا ❸ زیادہ۔

سوبس بسنا (ہ) فعل ❶ اچھی طرح بسنا ❷ پھلنا پھولنا ❸ چین آرام سے رہنا ❹ سرسبز و شاداب ہونا۔

سوبھا (ہ) اسم مونث ❶ سجاوٹ ❷ آرائش ❸ خوبصورتی ❹ ٹھاٹھ باٹ ❺ رونق ❻ عزت ❼ آبرو۔

سوت (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم مونث ❶ سوتا ❷ پانی کا چشمہ ❸ منبع ❹ دھار ❺ نکاس نکلنے کی جگہ ❻ مصدر ❼ دریا کی شاخ جو کسی اور طرف بہ نکلے۔

سوت جاری ہونا (ہ) فعل۔ چشمہ جاری ہونا۔

سوت (ہ) بواؤ معروف۔ اسم مذکر ❶ تاگا ❷ ریشم وہ باریک سا تار جو ترکاری کی بیلوں میں ہوتا ہے ❸ سیدھا خط ❹ سیدھ دیکھنے کا ڈورا ❺ سوکا سولھواں حصہ۔

سوت باندھنا (ہ) فعل ❶ سیدھا خط ڈالنا ❷ نشانہ باندھنا ❸ شست باندھنا ❹ سیدھ باندھنا۔

سوت کے بنولے ہوجانا (ہ) فعل۔ بنا ہوا کام خراب ہوجانا۔

سوت نہ کپاس کوئی سے ٹھم لٹھا (ہ) مثل ❶ آغاز کے بغیر ہی نتیجہ پر لڑنا ❷ خواہ مخواہ کا جھگڑا۔

سوت/ سوتن/ سوکن (ہ) اسم مونث ❶ ایک شوہر کی دو بیویاں آپس میں سوکن کہلاتی ہیں ❷ پہلی عورت پر جو دوسری بیوی لائی جائے سوکن ہوتی ہے۔

سوت بھلی سوتیلا برا (ہ) مثل۔ سوکن کی نسبت اس کی اولاد زیادہ خطرناک ہوتی ہے۔

سوت پر سوت اور جلاپا (ہ) کہاوت ❶ ایک تو دشمن موجود تھا دوسرا اور آ گیا ❷ اب مصیبت اور تکلیف اور زیادہ۔

سوت کا لانا جیتنے جی کا جلانا (ہ) مثل۔ دوسری جورو کا لانا پہلی کو زندہ درگور کرنا ہے۔

سوتا (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم مذکر ❶ چشمہ ❷ سوت ❸ کھاڑی ❹ (بحالت صفت) سوتا ہوا ❺ خفتہ۔

سوتایا (ہ) اسم مذکر۔ دو سوکنوں کے درمیان فطری دشمنی۔

سوتک (س) اسم مذکر۔ بچہ پیدا ہونے کے وقت کی ناپاکی۔

سوتنا (ہ) فعل ❶ نچوڑنا ❷ صاف کرنا ❸ ڈور پر مانجھا چڑھانا ❹ پتے وغیرہ کھسوٹنا ❺ میان سے تلوار کھینچنا ❻ چوسنا ❼ جذب کرنا۔

سوتی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی۔ سوت کا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**سوتی بھڑ/راڑ جگانا** (ہ) فعل ① گئے گزرے فساد کو نئے سرے سے اٹھانا ② فتنہ بیدار کرنا۔

**سوتے جاگتے منہ دیکھنا** (ہ) فعل ① ہروقت توقع رکھنا ② امید رکھنا ③ تمنا رکھنا۔

**سوتیلا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① سوکن کا بیٹا ② سگے کی ضد۔

**سوتے مردے جگانا** (ا) فعل ① نہایت شور وشر مچانا ② قیامت برپا کرنا ③ شوروغل برپا کرنا۔

**سوجا** (ہ) اسم مذکر آلہ ① برما ② چھید کرنے کا آلہ ③ سوا ④ بڑی سوئی۔

**سوجانا** (ا) فعل ① نیند آجانا ② سن ہوجانا ③ خون کی حرکت بند ہوجانا۔

**سوجن** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ہے ① سوجنا سے ② ورم ③ آماس۔

**سوجنا** (ہ) فعل ① سوجن چڑھنا ② ورم ہونا ③ آماس ہونا ④ پھولنا ⑤ غصے یا بدمزاجی سے منہ پھلائے رہنا۔

**سوجھ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ہے سوجھنا سے ① فکر ② سمجھ ③ بوجھ ④ عقل ⑤ بینائی ⑥ نظر ⑦ جوت۔

**سوجھ بوجھ** (ہ) اسم مونث ① عقل ② سمجھ ③ دوربینی ④ دوراندیشی۔

**سوجھنا/سوجھتا بوجھتا** (ہ) اسم مذکر مفعول ① فکر ② اندیشہ ③ صلاح و مشورہ ④ بندوبست ⑤ انتظام ⑥ مطلب ⑦ ڈھنگ ⑧ مقصد۔

**سوجھتا اپنا کرنا** (ہ) فعل ① اپنا سوجھتا کرنا بکثرت بولتے ہیں ② اپنی مصلحت کا کام کرنا ③ انتظام کرنا ④ بندوبست کرنا ⑤ دوراندیشی کرنا ⑥ اپنی بہتری سوچنا۔

**سوجھتا کرنا** (ہ) فعل ① فکر کرنا ② تدبیر کرنا ③ سوچنا۔

**سوجھنا** (ہ) فعل ① دکھائی دینا ② نظر پڑنا ③ ظاہر ہونا ④ معلوم ہونا ⑤ خیال آنا ⑥ سمجھ میں آنا۔

**سوجی** (ہ) اسم مونث ① روا ② گیہوں کی گری سوئی ③ سوزن۔

**سوچ** (ہ) اسم مونث ① طہارت ② پاکی ③ استنجا ④ آبدست ⑤ صفائی۔

**سوچ** (ہ) اسم مونث و مذکر ① فکر ② اندیشہ ③ غم والم ④ رنج ⑤ غور ⑥ دھیان ⑦ توجہ۔

**سوچ بچار** (ہ) اسم مذکر و مونث ① فکر واندیشہ ② سوچ فکر ③ سوچ سمجھ ④ غوروفکر۔

**سوچ سمجھ**۔ اسم مونث ① سوچ بچار ② غوروفکر۔

**سوچ کرنا/سوچنا** (ہ) فعل ① فکر کرنا ② غور کرنا ③ سمجھنا ④ چتنا کرنا ⑤ اندیشہ کرنا ⑥ غم کھانا ⑦ خوض کرنا ⑧ مراقبہ کرنا ⑨ دھیان لگانا۔

**سوچنا** (ہ) فعل ① طہارت کرنا ② استنجا کرنا ③ آبدست کرنا ④ پانی لینا۔

**سوچی پتر** (س) اسم مذکر ① صحت نامہ ② فہرست مضامین۔

**سوخت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از سوختن ① جلن ② سوزش ③ سوختگی۔

**سوختگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① جلن ② سوزش ③ رنج ④ تکلیف جلاپا ⑤ غم ⑥ صدمہ۔

**سوختنی** (ف) اسم مونث ① جلنے کے قابل ② جلنے جوگا ③ جلانے کے لائق۔

**سوختہ** (ف) اسم صفت مفعولی ① جلا ہوا ② جھلسا ہوا ③ مصیبت زدہ ④ افسردہ ⑤ پژمردہ ⑥ دم کیا ہوا ⑦ بجھا ہوا کوئلہ وغیرہ جس میں جلدی آگ لگ جاتی ہے ⑧ بلاٹنگ پیپر ⑨ کاغذ جاذب۔

**سوختی** (ا) اسم مونث ① رنج ② دکھ ③ غم۔

**سود** (ف) اسم مذکر ① نفع ② منافع ③ فائدہ ④ زیان کی ضد ⑤ بہتری ⑥ خوبی ⑦ عمدگی ⑧ بھلائی ⑨ بیاج۔

**سودخوار** (ف) اسم مذکر۔ بیاج کھانے والا۔

**سوددرسود** (ف) اسم مذکر ① بیاج پر بیاج ② سود مرکب۔

**سود** (ہ) اسم مذکر۔ بنیوں کی ایک قوم جو اکثر پہاڑی اضلاع میں زیادہ پائی جاتی ہے۔

**سودا** (ع) اسم مذکر ① کالا ② سیاہ ③ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام ہے ④ بلغم سوختہ ⑤ دیوانہ پن ⑥ جنون ⑦ مالیخولیا ⑧ خیال ⑨ دھن۔

**سودا اچھلنا** (ا) فعل ① جوش جنون ہونا ② خفقان کا زور ہونا ③ پاگل پن بڑھنا۔

**سودا پلٹنا** (ا) فعل ① سودا نہ بننا ② قیمت طے ہوکر چیز کا واپس ہوجانا۔

**سودا ٹھیرنا/سودا پٹنا** (ا) فعل ① قیمت چکنا ② معاملہ طے ہونا ③ بھاؤ تاؤ مقرر ہولینا۔

**سودا نہ ہونا** (ا) فعل ① قیمت طے نہ ہونا ② معاملہ نہ بننا۔

**سودا سلف** (ا) اسم مذکر ① چیز بست ② کھانے پینے وغیرہ کی چیز ③ خرید وفروخت کرنے کی بازاری چیز۔

**سوداگر** (ف) اسم مذکر فاعل ① بیوپاری ② مہاجن ③ تاجر۔

**سوداگری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بیوپار ② تجارت ③ لین

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

دین۔
سودائی (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) سڑی (2) پاگل (3) مجنوں (4) خبطی (5) احمق۔
سوداوی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی (1) سودا کی غلط کی زیادتی والا (2) غمگین۔
سوداوی مزاج (ع) اسم مذکر۔ وہ آدمی جس کے مزاج میں سودا کی خلط زیادہ ہو۔
سودر (ہ) اسم مذکر (1) ہندوؤں کی چوتھی ذات جو خدمت وغیرہ کا کام کرتی ہے (2) نیچ قوم جیسے نائی، دھوبی، چمار، لوہار وغیرہ۔
سودھا (ہ) اسم صفت (1) سیدھا (2) صاف (3) سچا (4) راست گو (5) سادہ دل (6) بھولا بھالا۔
سودھن (ہ) اسم مذکر (1) تہذیب (2) شائستگی (3) پاکیزگی (4) درستی (5) اصلاح۔
سودھنا (ہ) فعل (1) میل کچیل نکال ڈالنا (2) صاف کرنا (3) پاک کرنا (4) چاندی سونے میں سے کھوٹ دور کرنا۔
سودھی (ا) اسم مذکر فاعل (1) پاک (2) صاف (3) عمدہ (4) مقدس (5) کھرا (6) سچا (7) اجلا (8) نفیس (9) بہت اچھا۔
سودی (ف) اسم صفت۔ وہ روپیہ جو بیاج پر لیا جائے۔
سوڈا (ای) بواؤ مجہول اسم مذکر (1) ایک قسم کی سجی مٹی (2) سوڈیم دھات کا کھار۔
سوڈاواٹر (ای) اسم مذکر (1) ولایتی پانی (2) سوڈے کی لاگ سے مشین میں بنا ہوا پانی۔
سوڈھی (ہ) اسم مذکر (1) چھتریوں کی ایک قوم کا نام ہے (2) جو اپنے تئیں گورونانک صاحب کی اولاد بتاتے ہیں۔
سور (ہ) اسم صفت (1) سورما (2) بہادر (3) دلیر (4) غازی مرد (5) شجاع۔
سوربیر (ہ) اسم صفت (1) جوانمرد (2) بڑا بہادر (3) جودھا (4) بڑا سورما۔
سور (ہ) اسم مذکر (1) بد (2) گراز جانور خوک (3) خنزیر (صفت میں) حرامزادہ (4) نہایت شریر اور ایک نہایت بری گالی۔


(سور)

سور گھنٹا (ہ) اسم مذکر (1) سور کا جنا (2) سور کا بچہ۔
سور (ف) اسم مذکر (1) خوشی (2) شادی و شادمانی (3) جشن (4) گھوڑے (5) خچر یا اونٹ کا سیاہی مائل خاکی رنگ (6) سرخ اور لال رنگ۔
سور (س) اسم مذکر (1) عالم (2) فاضل (3) پنڈت (4) سورج (5) آفتاب (6) سرسوں۔
سورداس (ہ) اسم مذکر (1) نابینا (2) ایک بڑے فاضل شاعر اور گویے کا نام ہے (3) یہ نابینا تھا (4) اس لئے تعظیماً ہر اندھے کو ہندو سورداس کہتے ہیں جیسے مسلمان حافظ کہتے ہیں۔
سورا/سوہرا (ہ) اسم مذکر۔ سسرا سسر۔
سوراج (س) اسم مذکر (1) اپنا راج (2) حکومت (3) خود اختیاری (4) ہوم رول۔
سوراخ (ف) اسم مذکر (1) چھید (2) روزن (3) بل (4) رخنہ (5) درز (6) دراڑ (7) جھری (8) منہ (9) دہان۔
سورت (ع) اسم مذکر (1) قرآن شریف کا کوئی حصہ (2) باب۔
سورت (ہ) اسم مذکر۔ ہندوستان کے ایک بڑے بندرگاہ اور شہر کا نام ہے جو احاطہ بمبئی میں ہے۔
سورج (ہ) اسم مذکر (1) آفتاب (2) مہر (3) شمس (4) خورشید (5) دھوپ (6) آفتاب کی روشنی۔
سورج بنسی (ہ) اسم مذکر۔ راجپوتوں کا ایک فرقہ ہے جو اپنے آپ کو سورج کی اولاد بتاتے ہیں جو راجہ رامچند رجی کے بزرگوں میں ہوا ہے۔
سورج ڈوبنا (ہ) فعل (1) آفتاب کا غروب ہونا (2) سورج کا چھپنا۔
سورج سنبا (ہ) اسم مذکر۔ نظام شمسی۔
سورج کو چراغ دکھانا (ہ) فعل (1) سیانے کو عقل بتانا (2) لقمان کو حکمت سکھانا (3) فضول اور عبث کام کرنا۔
سورج گرہن/سورج گہن (ہ) کسوف چاند کا زمین اور سورج کے درمیان حائل ہو کر سورج کی روشنی کو زمین پر نہ آنے دینا۔
سورج منڈل۔ یا۔ سورج گردہ (ا) اسم مذکر (1) سورج کی ٹکیہ (2) قرص خورشید۔
سورج منڈل (ہ) اسم مونث (1) نظام شمسی (2) سورج (3) سنسار۔
سورج مکھی (ہ) اسم مونث (1) ایک قسم کا نہایت زرد رنگ کا پھول جو اپنا رخ سورج کی طرف رکھتا ہے (2) آفتاب پرست۔
سورگ (س) اسم مذکر (1) اندرلوک (2) بہشت (3) جنت (4) دیوتاؤں کے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

رہنے کی جگہ۔

سورما (ہ) اسم صفت ① بہادر ② شجاع۔

سورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (ہ) مثل۔ اکیلا بہادر بہت سے لوگوں پر غالب نہیں آ سکتا۔

سورن (ہ) اسم مذکر ① سونا ② کنچن ③ ایک قیمتی زرد رنگ کی دھات ہے جس سے زیور بناتے ہیں۔

سورن کی کایا (ہ) اسم مونث ① سونے جیسا جسم ② خوبصورت بدن ③ حسین وجمیل ④ نہایت خوشنما جسم۔

سورنجان (ہسپانیہ) ایک جڑی کا نام ہے جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں۔

سورنی (ہ) اسم مونث۔ خنزیر کی مادہ۔ مجازاً بہت سے بچے دینے والی عورت۔

سورہ (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو سورت بمعنی۔ پارہ قرآن۔

سوڑ (ہ) اسم مونث ① گدڑی ② لحاف ③ رضائی۔

سوڑ/سوہڑ (ہ) اسم مونث ① نفاس ② بچہ پیدا ہونے کی ناپاکی۔

سوڑنا (ہ) فعل ① قینچی سے مارنا ② چابک مارنا ③ کوڑے مارنا۔

سوز (ف) اسم مذکر حاصل مصدر از سوختن ① جلن ② سوزش ③ تپش ④ سوختگی ⑤ دکھ ⑥ درد ⑦ رنج ⑧ غم ⑨ سو۔

سوزاک (ف) اسم مذکر۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں پیشاب جلن سے آتا ہے۔

سوزش (ف) اسم مصدری از سوختن ① جلن ② سوختگی۔

سوزن (ف) اسم آلہ۔ سوئی۔ کپڑے سینے کا اوزار۔

سوزنی (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کا روئی دار بستر جس میں نگندوں کی جگہ پھولدار سلائی ہوتی ہے۔

سوس (ع) اسم مونث ① ملٹھی خوک آبی ② ایک قسم کا مگرمچھ ③ گھڑیال۔

سوسائٹی (ای) اسم مونث ① انجمن ② مجلس ③ منڈلی ④ سماج ⑤ سبھا۔

سوسلا (ف) اسم مذکر ① پھونس یا کانوں وغیرہ کا بندھا ہوا مٹھا ② شہد کی مکھیوں کو شہد کے چھتوں پر سے ہٹانے کا دھواں پہنچانے کا کوچلا۔

سوسلا رہنا (ہ) فعل ① سو رہنا ② پڑ رہنا ③ (سلا یہاں تابع مہمل ہے)

سوسمار (ف) اسم مذکر ① گوہ ② ایک جنگلی جانور کا نام ہے۔

سوسن (ف) اسم مونث۔ ایک آسمانی رنگ کے خوبصورت پانچ پنکھڑیوں والے پھول کا نام ہے۔

سوسنی (ف) اسم مونث صفت بیائے نسبتی ① آسمانی ② نیلگوں۔

سوسی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا رنگین دھاریدار کپڑا۔

سوشل (ای) اسم مونث ① ملنسار ② معاشرتی ③ تمدنی۔

سوشلسٹ (ای) اسم مونث۔ یورپ کا وہ فرقہ جس کا یہ دعوٰے ہے کہ دنیاوی بود و باش میں امیر و غریب کا فرق کیوں ہے۔

سوغات (ت) اسم مونث ① عمدہ چیز ② نرالی چیز ③ تحفہ ④ ہدیہ۔

سوفار (ف) اسم مذکر ① سوئی کا ناکا ② تیری ③ چٹکی ④ تیر کا وہ حصہ جو چلہ پر رکھا جاتا ہے ⑤ پیکان کے مقابل ⑥ تیر کے گز کا دوسرا سرا۔

سوفتہ (ا) اسم مذکر ① فرصت ② مہلت ③ مرض کی کمی ④ افاقہ ⑤ (ہندی لفظ سیتا کا بگاڑ)

سوفسطائی (یونانی) اسم مذکر۔ خدا کے منکر اور وہم پرست حکماء کا گروہ۔

سوک (ہ) اسم مذکر ① زہرہ ستارہ ② ناہید ③ لولئے فلک۔

سوک (ہ) اسم مونث۔ سوکن کا مرخم ہے۔

سوکا (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم صفت مذکر ① خشک سالی ② امساک باراں ③ اولوں کی ماری فصل۔

سوکا پڑنا (ہ) فعل ① قحط پڑنا ② خشک سالی پڑنا ③ کال پڑنا۔

سوکنا/سوکھنا (ہ) بواؤ مجہول۔ فعل ① جذب کر جانا ② پی لینا ③ چڑھا جانا۔

سوکھا (ہ) اسم صفت مذکر ① خشک ② بے نم ③ بلا رطوبت (گیلا کی ضد) پتلا ④ دبلا ⑤ لاغر ⑥ روکھا ⑦ بن لاون کا ⑧ خشک تمباکو ⑨ بھنگ۔

سوکھا ٹالنا (ہ) فعل ① نامراد واپس کرنا ② خشک جواب دے دینا ③ صاف انکار کر دینا۔

سوکھا ٹھنٹھ (ہ) اسم مذکر ① خشک شدہ ② استادہ درخت ③ بغیر شاخوں کا درخت ④ بے پتوں کا درخت۔

سوکھا جواب (ہ) اسم مذکر ① کورا جواب ② خشک جواب ③ صاف انکار۔

سوکھا لگنا (ہ) فعل ① لاغر و کمزور ہو جانا ② تپدق ہو جانا ③ سل کی بیماری لاحق ہونا۔

سوکھ کر کانٹا ہو جانا/سوکھ کر قاق ہو جانا/سوکھ کر ہدف ہو جانا/سوکھ کر لقات لگنا (ہ) فعل ① نہایت لاغر ہونا ② بہت ہی دبلا ہو جانا ③ کمزور و ناتواں ہو جانا ④ سوکھ کر تنکا ہو جانا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03144907218

www.besturdubooks.net

سوکھنا (ہ) فعل۔ بواؤ معروف (1) خشک ہونا (2) سکڑنا (3) دبلا ہونا (4) دیر لگنا جیسے بیٹھا بیٹھا سوکھ گیا (5) بے نم ورطوبت ہونا۔

سوکھے ٹکڑوں پر کوے اڑانے (ا) مثل (1) تنخواہ تھوڑی اور کام ذلیل (2) کم تنخواہ پر ذلت کا کام ہونا۔

سوکھے ٹکڑوں پر کووں کی مہمانی (ا) کہاوت (1) ناداری کی حالت میں شیخی کی نمود (2) غریبی میں شیخی۔

سوکھے دھانوں پر پانی پڑنا (ہ) فعل (1) از سر نو زندگی حاصل کرنا (2) جان پڑنا (3) مراد بر آنا (4) آب رفتہ بجو آمدن کا ترجمہ ہے۔

سوکھے ساون نہ روکھے بھادوں (ہ) کہاوت (1) ہمیشہ بے فیض (2) ہر وقت یکساں کنگال۔

سوکھے گھاٹ اتارنا (ہ) فعل (1) مایوس رکھنا (2) ناامید رکھنا (3) بالکل ٹال دینا۔

سوکھی (ہ) اسم صفت مونث (1) خشک چیز (2) روکھی (3) دبلی پتلی (4) لاغر (5) کمزور۔

سوکھی چنائی کرنا (ہ) فعل (1) پانی پئے بغیر کھانا کھانا (2) کھانا کھاتے وقت پانی نہ پینا۔

سوکھی سنانا (ہ) فعل۔ صاف انکار کرنا۔

سوکی ایک بات کہنا (ہ) فعل (1) مختصر سی بات کہنا (2) نہایت مختصر مگر کام کی بات کہنا۔

سوگ (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول (1) ماتم (2) غم والم (3) مصیبت (4) فکر (5) سوچ (6) چنتا (7) سیاپا (8) بلاپ (9) مردے کا ماتم۔

سوگ اتارنا (ہ) فعل (1) ماتم کرنا (2) سوگ اٹھانا۔

سوگوار (ف) اسم مذکر (1) مغموم (2) غم زدہ (3) غمگین (4) ماتمی۔

سوگند (ف وہ) اسم مونث (1) قسم (2) سوں (3) اقرار (4) عہد (5) حلف۔

سوگی (ف) بواؤ مجہول۔ اسم صفت بیائے فاعلی (1) غم دار (2) غمزدہ (3) غمگین (4) مغموم (5) ماتمی۔

سول (ہ) اسم مونث (1) کانٹا (2) خار (3) برچھی (4) تیر کی نوک (5) درد شکم (6) پیٹ کا درد (7) چبھن (8) ہول (9) ترسول۔

سَول (ای) اسم مذکر (1) تلوار (2) کفِ پا (3) جوتے کا تلا (4) (بحالت صفت) واحد (5) تنہا (6) بلا شرکت غیر۔

سول (ای) اسم صفت (1) انتظامی (2) مالی (3) دیوانی (4) سنجیدہ (5) مہذب (6) بھلا مانس (7) ملنسار (8) تعلیم یافتہ (9) ملکی یعنی فوجی کی ضد۔

سول جج (ای) اسم مذکر (1) دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم (2) لین دین اور باہمی معاملات کے فیصلے کرنے والا منصف (3) قاضی۔

سول سٹیشن (ا) اسم مذکر ظرف۔ آبادی کا وہ حصہ جوان سول افسر رہتے ہوں۔

سول سرجن (ای) اسم مذکر۔ وہ سرکاری ڈاکٹر جو ہر ضلع کے ہسپتالوں کا نگران ہوتا ہے۔

سول سروس (ای) اسم مونث۔ ملکی ملازمت کی ایک شاخ۔

سول کورٹ (ای) اسم مونث (1) عدالت دیوانی (2) لین دین کے مقدمات سننے والی عدالت۔

سول لاء (ای) اسم مذکر۔ دیوانی قانون۔

سول لسٹ (ای) اسم مونث۔ ملکی ملازموں کی فہرست جس میں مقدار تنخواہ اور عرصہ ملازمت وغیرہ درج ہوتا ہے۔

سول میرج (ای) اسم مونث (1) عدالتی میرج (2) وہ شادی جو مذہبی رسوم کے برعکس عدالت میں کی جائے۔

سول وار (ای) اسم مذکر (1) خانہ جنگی (2) ایک ہی ملک کے مختلف طبقوں میں لڑائی۔

سولہ (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم عدد۔ دس اور چھ شانزدہ۔ ۱۶۔

سولہ سنگار (ہ) اسم مذکر۔ ہندوستانی عورتوں کی اعلے درجے کی جسمانی سجاوٹ ہے جو پرلے درجے کی سجاوٹ سمجھی جاتی ہے مثلاً کنگھی، سرمہ، مسی، مہندی، کاجل، پٹی اور گہنا وغیرہ۔

سولھواں (ہ) اسم صفت عدد (1) سولہ سے نسبت رکھنے والا (2) سولہ کے نمبر کا۔

سولی (ہ) اسم مونث (1) دار (2) پھانسی۔

سولی پر جان ہونا (ہ) فعل (1) سخت تکلیف میں ہونا (2) بڑی مصیبت میں گرفتار رہنا۔

سولی پر چڑھانا (ہ) فعل (1) پھانسی پر چڑھانا (2) دار پر کھینچنا (3) سخت تکلیف دینا (4) تنگ کرنا (5) نہایت دق کرنا۔

سولی کا ٹکڑا کھانا/سولی پر کی روٹی کھانا (ہ) فعل (1) بڑی جان جوکھوں یا سخت مصیبت کی روٹی کھانا (2) جان بیچ کی روٹی کھانا۔

سولی پر بھی نیند آ جاتی ہے (ہ) محاورہ۔ نیند وہ بلا ہے کہ مصیبت اور خطرہ کی بھی پروا نہیں کرتی مصیبت کی جگہ پر بھی آ جاتی ہے۔

سولی پر کٹنا (ہ) فعل۔ نہایت مصیبت میں اوقات گزرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772183

www.besturdubooks.net

سولی چڑھانا/سولی دینا (ہ) فعل 1 پھانسی دینا 2 پھانسی پر لٹکانا 3 مارنا 4 جان لینا۔

سولین (ا ی) اسم مذکر 1 غیر فوجی 2 انتظامی 3 سرکاری محکمے کا ملازم۔

سوم (ہ) اسم صفت 1 کنجوس 2 بخیل 3 ممسک 4 شوم 5 بدبخت۔

سوم کے گھر میں کتا پڑا جائے نہ جانے دے (ہ) کہاوت۔ کنجوس کے نوکر بھی نہ آپ فائدہ اٹھائیں نہ دوسرے کو اٹھانے دیں۔

سوم (س) بواؤ مجہول 1 چاند 2 قمر 3 ماہ 4 ماہتاب 5 چندرماں 6 ایک بوٹی کا نام 7 ملک الموت۔

سوموار (ہ) اسم مذکر 1 چاند کا دن 2 پیر کا دن 3 دوشنبہ۔

سوم (ف) اسم صفت عددی 1 تیسرا 2 ثالث 3 تیسرے دن کی فاتحہ 4 تیجا۔

سوں (ہ) اسم مونث 1 سوگند کا مخفف 2 قسم 3 عہدہ 4 اقرار 5 حلف۔

سوں (ہ) اسم مونث 1 خاموشی 2 چپ 3 سانس 4 دم 5 نفس۔

سوں کھینچنا/سوں کی لینا (ہ) فعل 1 چپ رہنا 2 خاموشی اختیار کرنا 3 دم کو روکے رکھنا 4 چپ سادھنا 5 خاموش ہو رہنا۔

سونا (ہ) اسم مذکر 1 ایک قیمتی وزنی زرد رنگ کی دھات کا نام ہے 1 طلا 2 کندن 3 کنچن 4 سورن۔

سونا اچھالتے چلے جاؤ (ہ) کہاوت۔ نہایت عدل اور امن کی تعریف میں کہا کرتے ہیں۔

سونا جانے کسے آدمی جانے بسے (ہ) کہاوت سونا کسوٹی پر رگڑنے سے اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے کہ کھرا ہے یا کھوٹا۔

سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے (ہ) مثل 1 کمال بدبختی اور بداقبالی ہے 2 یعنی نحوسے پرلے درجے کی ہے۔ ہر بات کا الٹا اثر ہوتا ہے۔

سونا چاندی (ہ) اسم مونث 1 مال دولت 2 پیسہ وغیرہ۔

سونا سگند (ہ) اسم صفت 1 کھرا سونا 2 خالص کندن 3 کنچن سا 4 صاف سونا 5 کھری نسل کا 6 اعلےٰ خاندان کا 7 پاک صاف 8 بالکل معصوم۔

سونا (ہ) فعل 1 نیند لینا 2 آنکھ لگنا 3 آرام کرنا 4 ہمبستر ہونا 5 مرنا 6 ملک عدم کو جانا۔

سونا سوگند ہو جانا (ہ) فعل 1 نیند نہ آنا 2 نیند لینا 3 قسم میں داخل ہو جانا 4 بالکل نہ سونا۔

سونا (ہ) بواؤ معروف اسم صفت مذکر 1 خالی 2 اکیلا 3 تنہا 4 ریتا 5 تہی جیسے سونا گھر 6 بحالت تانیث 7 اس کا الف یائے معروف سے بدل جائے گا 8 جیسے سونی نسبتی۔

سونا گھر بھڑوں کا راج (ہ) مثل۔ جب کوئی لائق نہ ہو تو بروں کا زور ہو جاتا ہے۔

سونا ہو جانا (ہ) فعل 1 خالی ہو جانا 2 بے رونق ہو جانا 3 سنسان ہو جانا۔

سونا مکھی (ہ) اسم مونث۔ ایک دوا کا نام ہے۔

سونپنا (ہ) فعل 1 حوالے کرنا 2 سپرد کرنا 3 چارج دینا 4 امانت رکھنا 5 کسی کے اعتبار پر چھوڑنا۔

سونٹا (ہ) بواؤ مجہول اسم مذکر 1 ڈنڈا 2 بلم 3 عصا 4 جریب۔

سونٹا سے ہاتھ (ہ) اسم مذکر۔ ننگے ہاتھ۔ چوڑیوں سے خالی ہاتھ (عورتیں کہا کرتی ہیں)۔

سونٹھ (ہ) اسم مونث 1 خشک ادرک 2 زنجبیل نادر چیز 3 عمدہ چیز 4 حقیر چیز۔

سونٹھ بسانا (ہ) فعل 1 کوئی قیمتی چیز خریدنا 2 زچہ خانے کی چیزیں خریدنا۔

سونٹھ کی ناس لینا/سونٹھ کے لڈو کھانا (ہ) فعل 1 چپ سادھنا 2 خاموش ہونا 3 برداشت کرنا 4 تحمل کرنا 5 گونگے کا گڑ کھانا 6 سخت برداشت کرنا۔

سونٹھ پانی (ہ) اسم مذکر 1 زیرے وغیرہ کا ترش پانی 2 کانجی کا ہاضم پانی۔

سونٹھ پنجیری (ہ) اسم مونث۔ زچہ خانے کی مقوی اور عمدہ خوراک جو سونٹھ گھی میدہ ملا کر خشک بناتے ہیں۔

سونٹھ سی نگلنا/سونٹھ نگلنا/سونٹھ ہو رہنا (ہ) فعل 1 صدمہ یا چوٹ کی برداشت کرنا 2 تحمل کرنا 3 خاموش ہو رہنا 4 چپ ہو رہنا 5 ضبط کر کے بیٹھ رہنا۔

سونٹے سے (ہ) تابع فعل 1 بلا سے 2 ٹھینگے سے 3 کیا پروا ہے۔

سونجھنا (ہ) بواؤ مجہول و معدولہ اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے جس کی پھلیاں لمبی لمبی رفع بادی کے لئے اور گوند کمر کی مضبوطی کے لئے کھاتے ہیں (سوہانجنا پنجابی)

سوندھا (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم صفت 1 کورے برتن یا مٹی کی سی خوشبو والا 2 خوشبودار 3 آگ میں بھنا ہوا پھل 4 خوشبو 5 مہک 6

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149027218

ایک مرکب خوشبو کا مصالحہ۔

سوندھا پن/سوندھاہٹ (ہ) اسم مذکر و مونث ① تازے بھنے ہوئے چنوں کی سی ② یا کوری مٹی کی سی خوشبو۔

سوندھنا (ہ) فعل ① ملانا ② گوندھنا ③ متھنا ④ دھونے کے واسطے کپڑوں کو ملنا۔

سوندھی (ہ) اسم مونث ① ریہہ جس سے دھوبی میل کاٹتے ہیں ② کھار ③ سجی۔

سوندھی (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم مونث ① پکی کچہری ② سیندھ ③ چھوٹی قسم کی پھونٹ (بحالت صفت) کوری نئی کی خوشبو والی چیز۔

سونڈ (ہ) اسم مونث ① ہاتھی کی ناک ② خرطوم ③ ہاتھی کا ہاتھ۔



(سونڈ)

سونڈا (ہ) اسم مونث ① ایک لمبی ناک والا کیڑا جو چنوں کے سبز پودوں اور ٹاٹوں کو کھا جاتا ہے ② بڑی سی ناف ③ بڑھی ہوئی ناف۔

سونڈکا (ہ) اسم مذکر ① مدو ② کہان ③ باربرداری کے جانوروں کی کاٹھی ④ زین۔

سونڈی (ہ) اسم مونث ① چنوں کو لگ جانے والا کیڑا ② ناف ③ لونڈی ④ شراب کھینچنے والا۔

سوں سوں کرنا (ہ) فعل ① ناک سے سانس لینا ② ہانپنے کی آواز۔

سونف (ا) اسم مونث ① بادبان ② ایک مشہور دوا کا نام۔

سونگھا (ہ) اسم مذکر بالف فاعلیت ① بوگیر ② شکاری کتا ③ مجازاً جاسوس ④ بھیدی ⑤ کھوجی۔

سونگھنا (ہ) فعل ① بولینا ② مہک معلوم کرنا ③ باس لینا۔

سونگھنی (ہ) اسم مونث ① ہلاس ② نسوار ③ باس۔

سونے سے گھڑاوں مہنگی/سونے سے گھڑائی مہنگی (ہ) مثل۔ اصل قیمت سے مزدوری زیادہ۔

سونے کا پانی (ہ) اسم مذکر۔ نقاشوں اور مصوروں کے استعمال کا وہ سبز سا پانی جس میں سونا حل کیا ہوتا ہے۔

سونے کا نوالہ (ہ) اسم مذکر ① قیمتی خوراک ② لقمہ چرب ③ تر مال۔

سونے کی چڑیا (ہ) اسم مونث ① دولتمند ② دھن وان ③ دولت ④ مال ⑤ زر و سیم ⑥ بیش قیمت چیز ⑦ نایاب چیز۔

سونے کی چڑیا ہاتھ آنا (ہ) فعل ① کسی بے وقوف دولتمند کا داؤں میں پھنسنا ② دولتمند کا قابو میں آنا۔

سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا (ہ) فعل ① بنا ہوا اور عمدہ کام خراب ہو جانا ② کسی دولتمند کا قابو میں آ کر بھاگ نکلنا ③ امیر کا فریب کی چال سے بچ نکلنا۔

سوتے کے سہرے بیاہ ہو (ا) عورتیں ① دعائے خیر ② خدا دولت و اقبال نصیب کرے ③ بیاہ میں پھولوں کی جگہ سونے کا سہرا بندھے۔

سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مارتا (ہ) مثل۔ دولت یا لالچ کی خاطر جان نہیں دی جاتی۔

سونے میں پیلی اور موتیوں میں سفید ہو (ہ) ① دعائے خیر ② عورتیں بکثرت زرد جواہرات کا گہنا پہنے۔

سونے میں سہاگا/سونے پر سہاگا (ہ) محاورہ ① باعث آرائش و جلا ② سریع التاثیر ③ مجازاً ایماندار نوکر ④ تیر بہدف کام۔

سونی (ہ) اسم صفت مونث ① سونا کی تانیث ② خالی ③ ریتی ④ ویران ⑤ سنسان۔

سونیا (ہ) اسم مذکر ① شگون بتانے والا ② کاہن ③ پیشینگو۔

سونیا (ہ) بواؤ مجہول۔ اسم مذکر فاعل ① راکھ میں سے دھو کر نکالنے والا ② نیاریا۔

سوہا (ہ) بواؤ معروف۔ اسم صفت ① سرخ قرمزی ② بھیروں راگ کی ایک راگنی ③ طوطا۔

سوہان/سوہن (ف) بواؤ مجہول۔ اسم مذکر۔ ریتی لکڑی صاف کرنے کا خاردار آلہ۔

سوہان روح (ف) اسم مذکر ① روح کو دکھ دینے والا ② تکلیف دہ ③ آزار رساں۔

سوہلا (ہ) اسم مذکر ① تعریف کا گیت ② دیوی دیوتا کی تعریف کا گیت۔

سوہرا (ہ) اسم مذکر ① سسرا ② سوہرا ③ خسر۔

سوہنا (ہ) بواؤ مجہول ① سجنا ② زیب دینا ③ اچھا دکھائی دینا ④ موزون ہونا ⑤ بحالت اسم مذکر۔ خوبصورت ⑥ عمدہ ⑦ سجیلا ⑧ موزون۔

سوہنی (ہ) بواء و معروف۔ اسم مونث ① جھاڑو ② جاروب ③ بہاری (بواؤ مجہول) اسم صفت مونث ④ خوبصورت عورت سندرتا پنجاب کی ایک معشوقہ کمہاری ساکن گجرات کا نام بھی ہے جو مہینوال کی معشوقہ تھی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سوہی/ سوئی (ہ) حرف جزا و ضمیر (1) وہی (2) جو ہی (3) ویسا ہی۔

سوئی (ہ) بواؤ معروف (1) کپڑا سینے کا اوزار (2) سوزن (3) ترازو کا کانٹا (4) زبان ترازو (5) پودے یا اناج کی روئیدگی کی نوک (6) کانٹا (7) خار (8) گھڑی یا کمپاس وغیرہ سوئی جو متحرک ہوتی ہے۔

سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا/ سوئی کے ناکے میں سے سب کو نکالنا/ سوئی کے ناکے سے خدائی کو نکالنا (ا) فعل (1) ناممکن بات کر دکھانا (2) سونائی دکھانا (3) قدرت کے زور کا اظہار کرنا (4) سلیقہ دکھانا۔

سویا (ا) اسم مذکر بواؤ مجہول۔ ایک خوشبودار ساگ کا نام ہے جسے پالک کے ساتھ پکاتے ہیں۔

سویا اور چوکا (ہ) مثل (1) غافل ہوا اور دھوکا کھایا (2) غفلت کی اور خطا کھائی۔

سویاں (ہ) اسم مونث (1) سیویاں (2) ایک قسم خوراک کا نام ہے۔

سویاں جھیلنا (ہ) فعل۔ سیویوں کو سوکھنے کے لئے پھیلانا۔

سویدا (ع) اسم مذکر۔ وہ نقطہ سیاہ جو دل پر ہے۔

سویر (ہ) اسم صفت (1) اول (2) پہلے اول وقت اویر کی ضد۔

سویرا (ہ) اسم صفت مذکر (1) اول وقت (2) صبح تڑکا (3) طلوع آفتاب سے پہلا وقت (4) دن (5) روز۔

سویمبر/ سوامبر (ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کی وہ رسم معروف جس میں لڑکی اپنے لئے اپنا بر خود انتخاب کرے (سویم بمعنی خود اور بر بمعنی خاوند سے مرکب ہے)

سویمبر رچنا (ہ) فعل۔ انتخاب شوہر کی مجلس منعقد کرنا۔

سویمبرا (ہ) اسم مونث۔ خاوند انتخاب کرنے والی لڑکی۔

سوئیوں ناج پرونا (ہ) فعل (1) سخت بخل کرنا (2) نہایت کنجوسی کرنا۔

س ← ہ

سہ (ف) اسم عدد (1) تین (2) ثلاث (3) ۳۔

سہ برگہ (ف) اسم مذکر (1) تین پنکھڑیوں کا پھول (2) ٹوپیوں پر بنائی ہوئی تپچی۔

سہ چند (ف) اسم عدد ضعفی (1) تین گنا (2) تگنا۔

سہ شنبہ (ف) اسم مذکر (1) اتوار سے تیسرا دن (2) یعنی منگل کا دن (3) منگلوار۔

سہ کرر (ف) تابع فعلی (1) تیسری دخلہ (2) تبارا (3) تیسری مرتبہ۔

سہ ماہی (ف) فعل (1) سال کا چوتھا حصہ (2) تین مہینے کا عرصہ (3) ہر تیسرا مہینہ۔

سہ منزلہ (ف) اسم مذکر۔ تین درجوں والا مکان اوپر نیچے تین کھنڈ کا مکان۔

سہانا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی (1) مرغوب طبع (2) دل پسند (3) من بھاتا (4) پیارا (5) کنکنا (6) شیر گرم (7) نیم گرم۔

سہار (ہ) اسم مونث حاصل مصدر سہارنا سے (1) برداشت (2) تحمل (3) سمائی (4) صبر۔

سہارا (ہ) اسم مذکر (1) بھروسہ (2) وسیلہ (3) مدد (4) آسرا (5) امید (6) توقع (7) تقویت (8) آڑ (9) ٹیکن۔

سہارا پانا (ہ) فعل (1) تقویت پانا (2) مدد پانا۔

سہارا دینا/ لگانا (ہ) فعل (1) مدد دینا (2) سنبھالنا (3) روکنا (4) ٹیک لگانا (5) حمایت کرنا۔

سہارا تکنا/ ڈھونڈنا (ہ) فعل (1) مدد ڈھونڈنا (2) وسیلہ تلاش کرنا۔

سہارا لینا (ہ) فعل۔ وسیلہ دیکھنا۔

سہارنا (ہ) فعل (1) برداشت کرنا (2) تحمل کرنا (3) سہنا (4) تھامنا (5) روکنا (6) گوارا کرنا۔

سہاگ (ہ) اسم مذکر (1) خوشحالی (2) خوش نصیبی (3) اقبالمندی (4) عورت کے لئے خاوند کی حیات کا زمانہ (5) پیار اخلاص (6) محبت موافقت (7) لاڈ چاؤ (8) ایک خاص قسم کے گیت کا نام بھی ہے (9) ایک عطر کا نام ہے۔

سہاگ اترنا (ہ) فعل (1) بیوہ ہونا (2) رانڈ ہونا (3) نتھ اترنا (4) چوڑیاں ٹوٹنا۔

سہاگ پڑا (ہ) اسم مذکر۔ خوشبودار چیزوں والا نہایت خوبصورت پڑا جو بری کے دن دلہن کے گھر بھیجے جاتے ہیں۔

سہاگ رات (ہ) اسم مونث (1) بیاہ کی پہلی رات (2) دولھا دولھن کی ہمبستری کی پہلی شب (3) شب زفاف۔

سہاگ گھوڑی (ہ) اسم مونث۔ شادی کے گیت۔

سہاگ کہر (ہ) اسم مونث (1) خوشگوار ہوا (2) صبح کی ہوا (3) نسیم صبا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

سہاگا (ہ) اسم مذکر ① تنکار ② ایک قسم کے کھار کا نام جس سے سونا چاندی پگھلانے اور نکھارنے کا کام لیا جاتا ہے ③ ہاضم ہوتا ہے ④ کھیت کی مٹی ہموار کرنے کا پٹڑا ⑤ جندرا۔

سہاگن (ہ) اسم مونث (سو بمعنی خوش بھاگ بمعنی نعیبہ سے مرکب ہے اور ن تانیث کا ہے) ① خاوند والی ② شوہر دار ③ وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔

سہاگن کا بچہ پچھواڑے کھیلتا ہے (ہ) مثل۔ سہاگن کے بچے کا مرنا کیا؟ میاں بیوی سلامت ہیں اور بہتیرے بچے ہو جائیں گے یہ مرنا نہیں بلکہ غائب ہونا ہے۔

سہال (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی نہایت خستہ اور میٹھی تلی ہوئی روٹی۔

سہالی (ہ) اسم مونث ① سہال کی تصغیر و تانیث خستہ ② میٹھی تلی ہوئی کچوری۔

سہالگ (ہ) اسم مذکر ① ہندوؤں کے بیاہ کا مبارک زمانہ ② ساہا (سہ بمعنی ساتھ اور لگن بمعنی جوگ)

سہالگ چمکنا (ہ) فعل ① خوب شادیاں ہونا ② بکثرت بیاہ ہونا۔

سہام (ع) اسم مذکر ① تیر ② بان ③ خدنگ ④ حصے ⑤ ٹکڑے۔

سہانا / سہاونا (ہ) اسم صفت ① خوشگوار ② گوارا ③ من بھاتا ④ خوبصورت دلپسند ⑤ سوہنا ⑥ نیم گرم ⑦ (بحالت فعل) بھانا ⑧ پسند آنا ⑨ پیارا لگنا۔

سہانا سایہ ڈھلنا (ہ) فعل ① سرشام کا وقت ② دونو وقت ملنا ③ جھٹ پڑا ہونا۔

سہاول (ا) اسم مذکر (دیکھو ساہل)

سہائے (ہ) اسم مذکر ① مدد ② سہارا ③ حمایت ④ یاوری ⑤ معاون ⑥ مددگار ⑦ یاورہ۔

سہائے کرنا (ہ) فعل ① مدد کرنا ② سہارا دینا ③ بچانا۔

سہائی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① مددگار ② رعایتی۔

سہانا (ہ) اسم مونث۔ دیکھو (سہائے)

سہنا سہتا (ہ) اسم صفت ① سہارنے کے لائق ② قابل برداشت۔

سہج (ہ) اسم مذکر ① آہستہ ② آسان ③ سہل ④ ہولے سے۔

سہج سہج / سہج سے (ہ) تابع فعل ① آہستہ آہستہ ② آرام سے ③ سہل سے۔

سہرا (ہ) اسم مذکر ① وہ پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو بیاہ کے روز دولھا کے سر پر باندھتے ہیں ② وہ نظم جو شادی کے موقعہ پر سہرا باندھتے وقت شاعر پڑھا کرتے ہیں۔

سہل (ع) اسم صفت ① نرم اور ہموار زمین ② اصطلاح میں نرم ③ آسان۔

سہل انگار (ع) اسم صفت بترکیب فاعلی ① آسان سمجھنے والا ② غافل ③ کاہل۔

سہل انگاری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① غفلت ② سستی ③ کاہلی ④ حیلہ ⑤ جوئی۔

سہلانا (ہ) فعل ① پولے پولے ہاتھ سے گدگدانا ② خوشامد کرنا ③ بچکارنا ④ چکارنا۔

سہم (ف) اسم مذکر ① ڈر ② خوف ③ ترس ④ بیم ⑤ بھے۔

سہم جانا (ا) فعل ① ڈر جانا ② خوف کھا جانا۔

سہما (ا) اسم صفت بالف فاعلیت ① ڈروالا ② خوف زدہ ③ ترساں ④ بیمناک۔

سہما سہما (ہ) اسم صفت ① خائف ② ڈرتا ڈرتا۔

سہمنا (ہ) فعل ① ڈرنا ② خوف کھانا۔

سہنا (ہ) فعل ① برداشت کرنا ② سہارنا جھیلنا ③ صبر کرنا۔

سہو (ع) اسم مذکر ① بھول ② چوک ③ غلطی ④ لغزش ⑤ غفلت۔

سہواً (ع) تابع فعل ① بلا ارادہ ② بھولے سے ③ غفلت سے ④ بھولکر۔

سہولت (ع) اسم مونث ① آسانی ② نرمی ③ آہستگی۔

سہی / سئی (ا) تابع فعل ① ٹھیک ② بجا ③ درست ④ منظور ⑤ قبول ⑥ مان لیا ⑦ مانا ⑧ فرض کیا۔

سہی شام (ا) تابع فعل۔ سرشام کا بگاڑ۔

سہیل (ع) اسم مذکر۔ ایک نہایت چمکدار ستارے کا نام ہے جس کے طلوع سے ملک یمن میں چمڑا خوشبودار ہو جاتا ہے اور حشرات الارض تمام مرجاتے ہیں۔

سہیلی (ہ) اسم مونث ① ساتھن ② سکھی ③ آلی ④ بہیلی ⑤ مصاحبہ ⑥ رفیقہ ⑦ سہ بمعنی ساتھ اور آلی بمعنی رفیقہ سے مرکب ہے۔)

## س ← ی

سے / سیہہ (ہ) اسم مونث ① خارپشت ② ایک جنگلی جانور کا نام ہے ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

www.besturdubooks.net

جس کی تمام پیٹھ اور جسم پر سفید اور سیاہ تکلے سے کانٹے ہوتے ہیں۔
سی (ف) اسم عدد ① تین دھائی ② ۳۰۔
سی پارہ (ف) اسم مذکر۔ قرآن شریف کا ہر تیسواں حصہ۔
سی/سیہ (ہ) اسم مذکر ① شیر ② سنگھ ③ کہری ④ ناہر۔
سی (ہ) اسم مونث صوت۔ کسی جانور کے کاٹنے یا دفعتہً کسی نوکدار چیز کے چبھ جانے یا چٹکی بھرنے کی تکلیف سے جو آواز منہ سے نکلتی ہے۔
سے (ہ) بیائے مجہول۔ حرف جار ① ستی ② تے وغیرہ ③ ابتدا ④ سبب ⑤ علت ⑥ معیت ⑦ آلہ ⑧ مدد وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔
سے (ہ) اسم عدد ① سو ② صد ③ دس دہائیاں۔
سیاح (ع) اسم صفت مفید مبالغہ ① بہت سیر کرنے والا ② پھرنے والا ③ مسافر ④ جاتری ⑤ راہی۔
سیاحت/ سیاحی (ع) اسم مونث ۔ اسم مصدری از سیاح ① سفر ② مسافرت ③ سیر۔
سیاوت (ع) اسم مونث ① سرداری ② پیشوائی ③ بزرگی ④ سیدوں کی قوم ⑤ حضرت فاطمہ علیہا السلام کی اولاد۔
سیاد/سیال (ہ) اسم مذکر ① گیدڑ ② شغال۔
سیار (ع) اسم صفت مبالغہ ① بہت سیر کرنے والا ② تیز چلنے والا ③ بہت پھرنے والا ستارہ ④ گردش کرنے والا ستارہ۔
سیارہ (ع) اسم مذکر ① ثابت کی ضد ② بہت گردش کرنے اور پھرنے والا ستارہ۔
سیاست (ع) اسم مونث ① حکومت سلطنت ② انتظام ملک ③ ملکی بندوبست ④ سزا ⑤ تنبیہہ ⑥ مارپیٹ ⑦ رعب وداب ⑧ خوف ⑨ سخت گیری۔
سیاست مدن (ع) اسم مونث۔ نظام شہری بود و باش کا انتظام۔
سیاق (ع) اسم مذکر ① حساب کے قاعدے ② علم حساب ③ طرز ④ ڈھنگ ⑤ ترکیب۔
سیاق عبارت/کلام (ع) اسم مذکر ① طرز کلام ② عبارت کی روانی ③ کلام کا ڈھنگ۔
سیال (ع) اسم صفت مبالغہ ① بہت بہنے والی ② جاری ③ رواں ④ رقیق ⑤ پتلی۔
سیالا (ہ) اسم مذکر ① جاڑے کا موسم ② موسم زمستاں ③ سرما ④ سیت۔
سیام (ہ) اسم صفت ① سیاہ ② کالا (بحالت اسم مذکر) سری کرشن جی کا لقب ③ کالی کوئل ایک راگنی کا نام ہے ④ چین اور برہما کے درمیان ایک ملک کا نام۔

سیام برن (ہ) اسم مذکر ① کالا رنگ ② کالی رنگت والا ③ سری کرشن جی کی سی رنگت والا۔
سیاں (ہ) اسم مذکر ① بالم ② پیا ③ خاوند ④ خصم ⑤ شوہر ⑥ سوامی ⑦ مالک۔
سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا (ہ) مثل۔ جان پہچان کے بااختیار ہونے سے ڈر جاتا رہتا ہے۔
سیان (ہ) اسم مذکر ① دانائی ② ہوشیاری ③ زیرکی ④ چالاکی ⑤ فطرت۔
سیان پت/ سیان پن (ہ) اسم مذکر و مونث ① چترائی ② دانائی ③ عیاری ④ ہوشیاری ⑤ فریب ⑥ دھوکا ⑦ کنجوسی ⑧ بخیلی۔
سیانا (ہ) اسم صفت بالف فاعلیت ① عالم ② گیانی ③ سجان ④ دانا ⑤ زیرک ⑥ سمجھدار ⑦ مکار ⑧ فریبی جیسے سیانا کوا ⑨ حکمتی۔
سیاہ (ف) اسم صفت ① کالا ② سفید کی صفت ③ علامت اسم مکبر ④ از حد ⑤ نہایت ⑥ جیسے سیاہ مست ⑦ منحوس ⑧ چندرا ⑨ الٹا جیسے سیاہ بخت۔
سیانا کوا گوہ کھاتا ہے (ہ) مثل۔ ضرورت سے ہوشیار دھوکا کھاتا ہے۔
سیاہ باطن/ سیاہ دل (ف) اسم مذکر صفت بترکیب فاعلی ① کپٹی ② کینہ ③ منافق ④ عاصی ⑤ گنہگار ⑥ سنگدل ⑦ ظالم۔
سیاہ پوش ہونا (ا) فعل ① سوگ کرنا ② ماتمی لباس پہننا۔
سیاہ سفید کرنا (ا) فعل ① کارمختار ② کسی کام کے حسن وقبح کا پورا پورا اختیار رکھنا جو چاہنا سو کرنا۔
سیاہ کار (ف) اسم صفت ① بدکار ② فاسق ③ فاجر ④ پاپی ⑤ اپرادھی۔
سیاہ گوش (ف) اسم مذکر ① بن بلا ② جنگلی بلا ③ ایک جانور کا نام ہے۔
سیاہ مست (ف) اسم صفت مبالغہ ① بدمست ② نہایت نشہ میں ③ سخت متواتر ④ نشے میں چور۔
سیاہا (ہ) اسم مذکر ① بھوت پریت ② جن ③ پری ④ دیو۔
سیاہہ (ف) اسم مذکر ① منسوب بہ سیاہ ② کچا روزنامچہ ③ بہی کھاتہ۔
سیاہہ بہی (ہ) اسم مونث۔ روزنامچہ جس میں روزانہ آمد وخرچ کا حساب درج کرتے ہیں۔
سیاہہ دکھانا (ا) فعل ① فوج کی کل تعداد ظاہر کرنا ② جائزہ دینا ③ موجودات دینا۔
سیاہہ موجودات (ف) اسم مذکر۔ روزمرہ کے آمد وخرچ کے حساب کا رجسٹر۔
سیاہہ نویس (ف) اسم مذکر فاعل۔ محاسب کھاتے میں درج کرنے والا۔
سیاہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کا نک ② روشنائی ③ لکھنے کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

چیز 4 کاجل 5 اندھیرا 6 تاریکی۔

سیاہی چٹ (ا) اسم مذکر فاعل 1 بلاٹنگ پیپر 2 کاغذ جاذب 3 کاغذ سوختہ۔

سیاہی فالیز (ا) اسم مذکر۔ نکمے اور بیکار سے مراد ہے۔

سیاہی نے دبایا ہے (ا) محاورہ۔ کالی کالی اشیاء خواب میں دیکھنے اور ڈرنے کے اظہار کے وقت کہا کرتے ہیں جس میں انسان بالکل سوتا ہے۔

سدابا سبو (ف) اسم مذکر۔ ایک سرخ شیریں اور لذیز میوے کا نام ہے۔

سیب زنخذان (ف) اسم مذکر۔ خوبصورت اور خوشنما ٹھوڑی۔

سیپ (ہ) اسم مذکر 1 سپی 2 صدف 3 ایک سمندری کیڑے کا غلاف ہے جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں 4 پتلی گٹھلی والا ایک قسم کا آم۔ پرندوں کی ایک بیماری کا نام۔

سیپ کے بوتام (ا) اسم مذکر۔ وہ بٹن یا گھنڈیاں جو سیپ سے بنتی ہیں۔

سیپی (ا) اسم مونث۔ سیپ کی تصغیر۔

سیپی سا منہ نکل آنا (ہ) فعل 1 نہایت لاغر ہو جانا 2 چہرے کا پتلا پڑ جانا 3 گالوں کی ہڈیاں نکل آنا۔

سیت (ہ) بیائے مجہول اسم مذکر 1 پل 2 بند 3 پشتہ 4 تودہ 5 ٹاپو (بحالت صفت) 1 سفید 2 دھولا 3 ابیض۔

سیت (ہ) اسم مونث بیائے معروف 1 پسینہ 2 عرق 3 پیو 4 جاڑا 5 زمستان 6 سرما 7 جاڑے کے دن 8 اوس 9 شبنم۔

سیتا (س) اسم مونث 1 راجہ جنک کی بیٹی اور سری رامچندر کی رانی کا نام ہے 2 جانکی جی 3 ہل کی پھالی جس سے زمین کھدتی ہے (بحالت صفت) 1 پاکدامن 2 پارسا 3 ست والی 4 باعصمت۔

سیتا پتی (ہ) اسم مذکر۔ سیتا جی کے خاوند سری رامچندر سے مراد ہے۔

سیتا پھل (ہ) اسم مذکر 1 ایک عمدہ اور خوش ذائقہ پھل کا نام ہے 2 شریفہ 3 مٹھا کھیا گول گھتیا۔

سیتا ستی (ہ) اسم صفت 1 سیتا جیسی عفیفہ 2 سیتا جیسے ست والی 3 پاکدامن 4 نہایت پارسا 5 پتی برتا بیوی۔

سیتل (ہ) اسم صفت 1 ٹھنڈا 2 خنک 3 سست 4 ڈھیلا (اسم مونث) ایک قسم کی بید جس سے بوریئے بنتے ہیں 5 چیچک۔

سیتل چیر (ہ) اسم مونث 1 ٹھنڈا کپڑا 2 ایک قسم کا کپڑا جو آگ سے محفوظ ہے۔

سیتل چینی (ہ) اسم مونث 1 کباب چینی 2 سرد چینی۔

سیتلا (ہ) اسم مونث 1 چیچک 2 ماتا 3 ایک دیوی 4 ستیلا کی مالک 5 پھپھولے والی۔

سیٹ (ای) بیائے معروف 1 بیٹھک 2 نشست 3 بیٹھنے کی جگہ۔

سٹین/سیٹھن (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم موٹا نہایت غفص کپڑا۔

سیٹھ (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول 1 صراف 2 دھن کا دیوتا 3 دھنوان 4 تھوک فروش 5 سوداگر 6 بیوپاری 7 ایک عزت کا خطاب ہے۔

سیٹھا (ہ) اسم صفت بیائے معروف 1 بے نمک مرچ 2 بے مزہ 3 پھیکا 4 بےلذت 5 کمزور 6 ضعیف 7 میٹھا کی ضد۔

سیٹھی (ہ) اسم صفت مونث 1 بدمزہ 2 بے نمک 3 پھیکی۔

سیٹی (ہ) اسم مونث 1 منہ کی باریک آواز 2 پرندوں کی آواز 3 اشارہ 4 سپیہے کی سی آواز۔

سیٹی باز (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ سیٹی بجانے والا۔

سیج (ہ) اسم مونث بیائے مجہول 1 بچھونا 2 بستر 3 چارپائی 4 پلنگ۔

سیج چڑھنا (ہ) فعل 1 پلنگ پر چڑھنا 2 ہمخواب ہونا۔

سیج سجانا (ہ) فعل 1 پلنگ کو پھولوں وغیرہ سے آراستہ کرنا 2 بستر بچھانا۔

سیج کی مکھی بھی بری (ہ) محاورہ۔ سوکن اگر مکھی جیسی حقیر و ناچیز بھی ہو تو وہ بھی ناگوار معلوم ہوتی ہے۔

سیج گاڑی (ہ) اسم مونث۔ پینس کی وضع کی گاڑی جس میں چار آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔

سینچنا (ہ) فعل 1 پانی دے دینا 2 کھیتی یا باغ میں پانی دینا 3 آبپاشی کرنا۔

سیخ (ف) اسم مونث 1 سلاخ 2 کباب بھوننے کی لوہے کی سلاخ۔

سیخ پا ہونا (ا) فعل 1 گھوڑے کا سیدھا الف ہو جانا 2 یا تیز دوڑنا۔

سیخ پر لگانا (ا) فعل 1 کباب بھوننا 2 کباب لگانا۔

سیخچہ (ف) اسم مذکر 1 سیخ کی تصغیر ہے 2 چھوٹی سیخ۔

سیخیا کباب (ا) اسم مذکر۔ سیخ پر بھونے ہوئے کباب۔

سید (ع) اسم مذکر 1 سردار 2 پیشوا 3 امام 4 مجازاً حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل یعنی حضرت فاطمہ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مراد ہے۔

سیدانی (ا) اسم مونث 1 سید کی بیوی 2 قوم سید کی عورت۔

سیدھ (ہ) اسم مونث 1 راستی 2 شست 3 نشانہ 4 سامنے 5 ٹیڑھ کی ضد۔

سیدھ باندھنا (ہ) فعل 1 نشانہ باندھنا 2 شست لگانا۔

سیدھا (ہ) اسم صفت بالف فاعلی 1 راست 2 ٹیڑھا کی ضد 3 عمود

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140072218

واز ④ کھرا ⑤ صاف دل آدمی ⑥ بھولا بھالا ⑦ سچا ⑧ ریب مسکین ⑨ دایاں۔

سیدھا آنا (ہ) فعل ① سامنے سے آنا ② مقابلہ کرنا۔

سیدھا بنانا / سیدھا کرنا (ہ) فعل ① درست کرنا ② سزا دینا ③ راہ راست پر لانا ④ تربیت کرنا ⑤ ادب سکھانا ⑥ آڑے ہاتھوں لینا ⑦ کجی نکالنا۔

سیدھا بننا (ہ) فعل ① راہ راست پر آنا ② کجی نکلنا ③ ٹھیک ہو جانا۔

سیدھا سادہ / سیدھا سادھا (ہ) اسم صفت ① بھولا بھالا ② بے تکلف سادہ وضع۔

سیدھا گھر خدا کا (ہ) مثل۔ ناکامی اور تنگی میں خدا بہت جلد یاد آتا ہے۔

سیدھا ہاتھ (ہ) اسم مذکر ① دایاں ہاتھ ② دست راست۔

سیدھا (ہ) اسم مذکر ① کچی خوراک ② رسد ③ خشک چیزیں مثلاً آٹا دال ④ نمک ⑤ مرچ ⑥ چاول ⑦ میٹھا ⑧ گھی وغیرہ تمام سامان خوراک جو بن پکائے دیا جائے۔

سیدھا دینا (ہ) فعل۔ کچی خوراک دینا۔

سیدھے منہ بات نہ کرنا (ہ) فعل ① غرور اور تکبر کے باعث رخ کر کے بات کرنا ② بات کی طرف توجہ تک نہ کرنا۔

سیدھی (ہ) اسم صفت مونث ① بہت ② ٹھیک ③ درست۔

سیدھی آنکھ (ہ) اسم مونث ① داہنی آنکھ ② مہربانی اور عنایت کی نظر۔

سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا (ہ) مثل ① ہر کام راستی اور سدھائی سے نہیں نکلتا ② گھی جیسی نرم چیز بھی انگلیاں ٹیڑھی کئے بغیر نہیں نکلتا۔

سیدھی چال چلنا (ہ) فعل ① سیدھی راہ چلنا ② سلامتی کی روش اختیار کرنا۔

سیدھی سنانا / سیدھیاں سنانا (ہ) فعل ① گالیاں دینا ② فحش کہنا ③ صاف صاف کہنا ④ لاؤ لپیٹ نہ رکھنا ⑤ صاف اور کھلی سنانا ⑥ آزادانہ گالیاں دینا۔

سیر (ع) اسم مونث ① ہوا خوری ② پھرنا ③ چہل قدمی ④ تفریح ⑤ گلگشت ⑥ تماشہ ⑦ مزہ ⑧ لطف ⑨ میلہ۔

سیر (ف) بیائے مجہول اسم صفت ① رجا ہوا ② بھرا ہوا ③ پر ④ گسنہ کی ضد ⑤ بے پرواہ ⑥ مطمئن ⑦ بیزار ⑧ متنفر ⑨ جیسے امور کام سے میرا دل سیر ہو گیا۔

سیر چشم (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① بے پروا ② قناعت کرنے والا ③ باحوصلہ آسودہ حال۔

سیر حاصل (ف) اسم صفت فاعلی ① شاداب زرخیز ② اچھی پیداوار کی زمین۔

سیر ہونا (ا) فعل ① رجنا ② چھکنا ③ پیٹ بھرنا ④ بیزار ہونا ⑤ متنفر ہونا ⑦ بے پرواہ ہونا۔

سیر (ع) بیائے مفتوح اسم مونث ① سیرت کی جمع ② خصلتیں ③ عادتیں ④ علم تاریخ ⑤ گذشتہ لوگوں کے حال کا بیان۔

سیر (ہ) بیائے مجہول اسم مذکر۔ سولہ چھٹانک یا اسی روپے بھر کا وزن۔

سیر کو سوا سیر موجود ہے (ا) مثل۔ ہر زبردست سے غالب تر اور بھی ہوتا ہے ہر فرعونے را موسیٰ۔

سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور ابل پڑا (ہ) کہاوت۔ اوچھا اور کمینہ آدمی امیر ہو کر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔

سیر میں پونی بھی نہیں (ہ) مثل۔ مطلوبہ مقدار کا کم سے کم حصہ بھی موجود نہیں۔

سیر (ف) بیائے معروف اسم مذکر ① لہسن ② (پنجابی تھوم)

سیر (ہ) اسم مونث ① شراکت ② حصہ داری ③ کاشتکاری ④ وہ زمین جس کو خود مالک یا موروثی نے کاشت کیا ہو (یہ لفظ بیائے معروف ہے)

سیر جوتا (ہ) اسم مذکر فاعل۔ اپنی زمین کو آپ بونے جوتنے والا زمیندار۔

سیری (ہ) اسم مذکر ① شریک ② شامل ③ حصہ دار ④ کاشتکاری کا ساتھی۔

سیرا (ہ) اسم مذکر ① پتلا حلوا ② گڑ کا پتلا ③ شیرہ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔

سیراب (ہ) بیائے مجہول اسم صفت ① سیر اور آب سے مرکب ہے ② پانی سے بھرا ہوا ③ لبریز ④ شاداب ⑤ تروتازہ ⑥ سیر حاصل زرخیز۔

سیرت (ع) اسم مونث ① عادت ② خو ③ خصلت ④ بان ⑤ سبھاؤ ⑥ گن ⑦ سبھاؤ ⑧ لت۔

سیروا (ہ) بیائے مجہول اسم مذکر۔ پلنگ کی چوکھٹ کی سرہانے یا پائنتی کی طرف کی لکڑی۔

سیری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① پری ② آسودگی ③ تسلی ④ اطمینان ⑤ نفرت ⑥ بیزاری ⑦ بے پروائی۔

سیڑھ (ہ) اسم مونث ① سیلابہ ② تری ③ نمی ④ وہ ندی یا نالہ جس سے پانی کی زمین کی آبپاشی کی جاوے۔

سیڑھی (ہ) اسم مونث ① زینہ ② نردبان ③ پٹڑی ④ سلم ⑤ وسیلہ ⑥

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ذریعہ ⑦ درجہ ⑧ ڈگری ⑨ گریڈ۔

سیڑھی سیڑھی چڑھنا (ہ) فعل ① درجہ بدرجہ ترقی کرنا ② بتدریج مرتبہ پانا۔

سیزن (ای) اسم مذکر ① موسم ② رت ③ فصل۔

سیس (ہ) اسم مذکر ① سر ② مونڈ ③ کپال ④ کھوپری ⑤ راس ⑥ فرق۔

سیس پھول (ہ) اسم مذکر ① ایک زیور کا نام ہے ② خاوند ③ پتی ④ شوہر ⑤ خصم۔

سیس نوانا (ہ) فعل ① سر جھکانا ② ادب کرنا ③ تعظیم وتکریم کرنا ④ سجدہ کرنا ⑤ حکم ماننا۔

سیسا/سیسہ (ہ) اسم مذکر ① سکا ② رانگ ③ اسرب ④ بندوق کی گولیاں بنانے کی دھات۔

سیسر (ہ) اسم مذکر ① کمان کی تانت ② کمان کا چلہ ③ تاس کے ایک کھیل کا نام۔

سیس ناگ (ہ) اسم مذکر ① سانپوں کا بادشاہ ② پتال کا راجہ ③ بڑا راجہ۔

سیف (ع) اسم مونث ① تلوار ② تیغ ③ شمشیر ④ لمبی تلوار کو کہتے ہیں۔

سیف توپٹ پڑی تھی مگر نیچہ کام کر گیا (ا) کہاوت۔ معتبروں سے تو کچھ نہ بن سکا مگر ایک چھوٹے اور ادنیٰ شخص سے کام نکل گیا۔

سیف زبان (ع) اسم صفت فاعلی ① تیز زبان والا ② مقبول دعا والا ③ بزرگ ④ ولی اللہ ⑤ اعلیٰ پایہ کا شاعر ⑥ جس کی بات اور کلام میں اثر ہو۔

سیفہ (ف) اسم مذکر آلہ ① جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا آلہ ② تلوار کا ٹکڑا۔

سیفی (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ① تلوار سے نسبت رکھنے والا ② وہ جلالی اسم جو تاثیر میں تلوار کا سا اثر رکھتا ہو ③ زود اثر کلام ④ جادوٹونا سراپ ⑤ بددعا۔

سیک/سینک (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① گرمی ② تپش ③ حرارت ④ ٹکور ⑤ تریڑا ⑥ نطول۔

سیکرٹری (ای) اسم مذکر ① میر منشی ② دیوان ③ سکتر۔

سینکڑا/سیکڑا (ہ) اسم عدد۔ سو ۱۰۰۔ صد (بحالت صفت) فی صدی۔

سینکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا (ہ) فعل ① نہایت پشیمان ہونا ② بہت ہی نادم وشرمندہ ہونا۔

سیکنا/سینکنا (ہ) فعل ① گرمائی پہنچانا ② آگ یا دھوپ سے گرم کرنا ③ گرم پانی سے تریڑے دینا ④ روٹی چولھے میں پکانا ⑤ چارہ جوئی کرنا ⑥ مددگار تلاش کرنا ⑦ بھوننا جیسے کباب سینکنا۔

سیکنڈ (ای) اسم مذکر ① ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ ② ثانیہ ③ صلاح ④ مشورہ ⑤ نصیحت ⑥ پند ⑦ سیکھنا سے حاصل مصدر ⑧ تعلیم۔

سیکھ دینا (ہ) فعل ① صلاح دینا ② مشورہ دینا ③ نصیحت کرنا ④ چراغ کی بتی روکنا۔

سیکھتڑ (ہ) اسم صفت فاعلی ① نو آموز ② مبتدی ③ علم شروع کرنے والا۔

سیکھنا (ہ) فعل ① پڑھنا ② تعلیم پانا ③ کچھ حاصل کرنا ④ دوسرے کی عادت یا روش اختیار کرنا ⑤ چراغ کی بتی کو اونچا کرنا۔

سیل (ہ) بیائے مجہول ① برچھا ② بھالا ③ نیزہ ④ علم ⑤ بکم ⑥ ایک قسم کا لوہے کا گولہ ⑦ بم کا گولہ ⑧ آغاز خط ⑨ سبزہ۔

سیل کا کونڈا (ہ) اسم مذکر۔ سیر و آغاز ہونے کی خوشی کا سیویوں کا کھانا۔

سیل کا گولہ (ہ) اسم مذکر ① بم کا گولہ ② بارود اور آتشگیر مادوں اور چھریوں وغیرہ کا گولہ۔

سیل (ع) اسم مذکر ومونث ① پانی کی رو ② ہڑ ③ طوفان ④ طغیانی ⑤ لہر۔

سیل (ہ) بیائے معروف اسم مونث ① تری ② نمی ③ شرم ④ حیا ⑤ ٹھنڈ ⑥ سردی ⑦ عادت ⑧ سبھاؤ ⑨ پاکی۔

سیل جانا (ہ) فعل ① نمدار ہو جانا ② مرطوب ہو جانا۔

سیل گرم (ا) اسم صفت۔ نیم گرم (شیر گرم کا بگاڑ ہے)

سیرت (ہ) اسم صفت ① صالح ② پاکدامن ③ پارسا ④ قانع ⑤ صابر ⑥ بردبار۔

سیلا (ہ) اسم صفت فاعلی ① غدار ② ٹھنڈا ③ خنک ④ سرد ⑤ بھیگا ⑥ تر ⑦ گیلا۔

سیلا کر دکھانا (ہ) فعل ① جلدی نہ کرنا ② نرمی سے کام نکالنا ③ ٹھنڈا کرنا۔

سیلا (ہ) بیائے مجہول اسم مذکر ① ایک قسم کا چاول جو دھان کو ابال کر نکالتے ہیں ② عمامہ پگڑی ایک طرح کی ریشمی چادر۔

سیلاب (ف) اسم مذکر ① پانی کی رو ② طوفان آب ③ پانی کا ریلا۔

سیلابچی (ا) اسم مذکر ① چلمچی ② سلفچی ③ لگن ④ منہ ہاتھ دھونے کا برتن۔

سیلابی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تری ② نمی ③ نم ④ رطوبت کھادر کی زمین ⑤ ترائی۔

سیلانی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① بہت سیر کرنے والا ② سیر کا

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140077018

www.besturdubooks.net

شوقین ③ پھرنے والا۔

سیلانی جیوڑا (ہ) اسم صفت ① وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے ② موجی ③ لہری ④ سیر کا شوقین۔

سیل کھڑی (ہ) اسم مونث۔ سنگ جراحت زخموں پر چھڑکنے کا ایک قسم کا بھربھرا پتھر۔

سیلنا (ہ) فعل ① نم پکڑ جانا ② مرطوب ہو جانا ③ نمناک ہو جانا ④ گیلا ہونا۔

سیلی (ہ) بیائے اول مجہول۔ اسم مونث ① سیاہ بالوں یا ریشم کی ڈوری جو گلے میں پہنتے ہیں ② جالی ③ جال ④ پیٹ اور سینے کے بالوں کی سیدھی لکیر۔

سیم (ہ) بیائے مجہول اسم مونث ① ایک قسم کی ترکاری ② سبزی جس کی پھلیاں پکاتے ہیں۔

سیم (ف) بیائے معروف ① چاندی ② نقرہ ③ روپا ④ دولت ⑤ پیسہ ⑥ روپیہ وغیرہ۔

سیم بر/سیم بدن/سیم تن (ف) اسم صفت ① چاندی کے سے جسم والا مراد معشوق ② گوراچٹا ③ خوبصورت۔

سیماب (ف) اسم مذکر ① پارہ ② ایک رقیق دھات کا نام ہے ③ (بحالت صفت) ④ بے قرار ⑤ بے تاب۔

سیمرغ (ف) اسم مذکر ① کوہ قاف کے ایک قد آور پرند کا فرضی نام ② عنقا ③ ایک حکیم کا نام بھی ہے۔

سیمیں (ف) اسم صفت ① ین نسبتی ② چاندی کا نقرئی ③ رپہلی۔

سین (ای) اسم مذکر ① نظارہ ② تماشا ③ پردہ ④ تماشا گاہ۔

سین (ہ) اسم مونث ① اشارہ چشم ② آنکھ کا اشارہ ③ رمز ④ نشان ⑤ علامت۔

سینا (ہ) فعل ① ٹانکا لگانا ② دوختہ کرنا ③ رفو کرنا ④ جڑنا ⑤ ملانا (بحالت اسم مذکر) سیون ⑥ سلائی ⑦ دوخت ⑧ ٹانکا ⑨ (سنسکرت میں) مذکر فوج۔

سینا پتی (س) اسم مذکر ① سپہ سالار ② سالار لشکر ③ فوج کا کمانیر۔

سینا (ہ) بیائے مجہول۔ فعل ① انڈوں کو گرمی پہنچانا ② انڈوں پر بیٹھنا ③ پوجنا پرستش کرنا۔

سینا بینی/سینا میتی (ہ) اسم مونث ① اشارہ بازی ② رمز کنایہ۔

سینت (ہ) فعل ① مفت ② بن داموں ③ یونہی ④ خواہ مخواہ ⑤ ناحق۔

سینتالیس (ہ) اسم عدد۔ چالیس اور سات چہل و ہفت۔ ۴۷۔

سینتیس (ہ) اسم عدد۔ تیس اور سات سی و ہفت۔ ۳۷۔

سینچنا (ہ) فعل ① کھیت میں پانی دینا ② پانی۔

سین ① آواز بند کر لینا ② خاموش ہونا ③ سرمہ کھانا ④ چپ ہو رہنا ⑤ گلا بند ہو جانا ⑥ گلا بیٹھ جانا۔

سیندھ (ہ) اسم مونث ① کوچھل ② چوری کرنے کے لئے دیوار میں سوراخ کرنے کا آلہ ③ نقب زنی ④ پھاڑ۔

سیندھ لگانا (ہ) فعل ① نقب زنی کرنا ② دیوار وغیرہ میں چوری کے لئے سوراخ کرنا۔

سیندھا (ہ) اسم مذکر پہاڑی اور کانی نمک جو سفید، سیاہ اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے۔

سیندھی/سیندی (ہ) اسم مونث ① جنگلی کھجور کا رس ② تاڑی ③ پکی کچری۔

سینک (ہ) اسم مونث ① جھاڑو کی تیلی ② خلال ③ دانت کریدنی ④ تنور کا گز۔

سینک سڑپے (ہ) اسم مذکر ① فضول خرچی ② صرف بیجا ③ اسراف۔

سینگیا (ہ) اسم صفت فاعلی ① دھاریدار ② خط دار کپڑا ③ چوڑیا ④ ڈوریا۔

سینگ (ہ) اسم مذکر ① چوپایوں کے سر کا شاخا ② شاخ حیوانات ③ خاص فخر جیسے اس کے سر میں کیا سینگ ہیں۔

سینگ سمانا (ہ) فعل ① پناہ ملنا ② آرام پانا ③ گزارہ ہونا ④ محفوظ جگہ پانا۔

سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا (ہ) فعل ① بڑوں کا بچوں کی صحبت میں شریک ہونا ② سیانا ہو کر بچوں کی سی باتیں کرنا۔

سینگڑا (ہ) اسم مذکر۔ بارود رکھنے کا سینگ جو نمی کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے۔

سینگنا (ہ) فعل ① چوری کا مال شناخت کر لینا ② چوری کے مویشی پہچان لینا۔

سینگوٹی/سنگوٹی (ہ) اسم مونث ① سینگ کی تصغیر ہے ② بیلوں کے سینگوں کا خول ③ سینگوں کا غلاف پتیلی۔

سینگی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی مچھلی ② سوراخ کیا ہوا سینگ جو رفع درد کے لئے انسان کے بدن پر لگاتے ہیں۔

سینہ (ف) اسم مذکر ① چھاتی ② گردن سے نیچے اور پیٹ کے اوپر کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

حصہ۔

سینہ ابھار کر چلنا/ سینہ نکال کر چلنا (ا) 1 اکڑ کر چلنا 2 تن کر چلنا 3 اترا کر چلنا 4 غرور سے چلنا۔

سینہ بند (ف) اسم مذکر 1 انگیا 2 ایک پوستین جو چھاتی کو گرم رکھتی ہے 3 گھوڑے کی پیٹی 4 بچوں کی چھاتی پر رال روکنے کا کپڑا۔

سینہ بہ سینہ (ف) تابع فعل 1 خاندانی راز 2 نسلاً بعد نسل راز کی بات 3 چھاتی سے چھاتی ملی ہوئی۔

سینہ پر سل دھرنا (ا) فعل 1 چھاتی پر پتھر دھرنا 2 سخت تکلیف میں مبتلا رکنا۔

سینہ چاک ہونا (ا) فعل 1 صدمہ کے مارے چھاتی کا پھٹا جانا 2 سخت صدمہ ہونا۔

سینہ زن/ سینہ کوب (ف) اسم فاعل ترکیبی 1 محرم میں ماتم کرنے والا 2 ماتمی۔

سینہ زور (ف) اسم صفت 1 زبردست 2 سرکش۔

سینہ زوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 زبردستی 2 سرکشی 3 سختی۔

سینہ سپر (ف) اسم فاعل ترکیبی 1 مقابل ہو کر لڑنے والا 2 سامنے ہو کر جنگ کرنے والا 3 آڑے آنے والا 4 میدان میں ڈٹا رہنے والا۔

سینہ سپر کرنا (ا) فعل 1 لڑائی میں ڈٹ کر لڑنا 2 مقابل ہونا 3 سامنے ہو کر لڑنا۔

سینہ سپر ہونا (ا) فعل 1 مقابل ہو کر بلا کا نشانہ بننا 2 دلیری سے آفات جھیلنا۔

سینہ سیاہ (ف) اسم صفت فاعلی 1 بدباطن 2 کپٹی 3 سیاہ دل۔

سینہ کاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 سخت محنت 2 محنت شاقہ 3 بڑی کوشش 4 نہایت جدوجہد۔

سینہ کوٹنا (ا) فعل 1 ماتم کرنا 2 چھاتی پر دوہتڑ مارنا۔

سینے سے لگانا (ا) فعل 1 پیار کرنا 2 چھاتی سے لگانا 3 محبت ظاہر کرنا۔

سینی (ف) اسم مونث 1 طشت 2 خوان 3 تانبے پیتل وغیرہ کا خوان۔

سینیئر (ای) اسم صفت 1 بڑا 2 اعلے۔

سیو (ا) اسم مذکر بیائے مجہول 1 سیب 2 ایک میٹھا پھل 3 ایک مٹھائی کا نام بھی ہے۔

سیوا (س) اسم مونث 1 خدمت 2 ٹہل 3 حفاظت 4 نگہداشت 5 ملازمت 6 نوکری۔

سیواری (ہ) اسم مذکر۔ سیوار گھانس سے صاف کی ہوئی شکر۔

سیوتی (ہ) اسم مونث 1 ایک قسم کا سفید گلاب جنگلی گلاب 2 نسترن۔

سیون (ہ) اسم مونث 1 دوخت 2 سلائی ٹانکا 3 کھوپری کا جوڑ 4 دونوں خصیوں یا ان کے نیچے کی ملی ہوئی جگہ۔

سیونگ بنک (ای) اسم مذکر ظرف 1 بچت کا روپیہ 2 امانت رکھنے کا خزانہ 3 امانتاً روپیہ رکھنے کی کوٹھڑی یا کوٹھی۔

سیہ (ف) اسم صفت 1 سیاہ کا مخفف ہے 2 کالا 3 نحس 4 بد۔

سیہی (ہ) یائے اول مجہول وثانی معروف اسم مونث 1 خارپشت 2 سیہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

# ش

فارسی کا سولھواں اردو کا انیسواں اور عربی کا تیرھواں حرف ہے

ش (ء) اسم مذکر ① فارسی کا سولھواں اردو کا انیسواں اور عربی کا تیرھواں حرف ہے ② حساب جمل میں اس کے عدد تین سو شمار ہوتے ہیں۔

## ش ← ا

**شاب** (ء) اسم مذکر ① جوان ② سترہ اور ستائیس سال کی درمیانی عمر کا آدمی ③ گبرو۔

**شاباش** (ف) شادباش کا مخفف ہے ① کلمہ تحسین ② واہ وا ③ مرحبا ④ آفرین ⑤ خوش رہ ⑥ جیتا رہ ⑦ لفظ شا بھی فارسی میں شاد کے معنی میں آتا ہے۔

**شابالا/ شہ بالا** (ا) اسم مذکر ① دولھا کا نائب ② دولھا کے آگے بیٹھنے والا۔

**شاپ** (ای) اسم مذکر ظرف ① دوکان ② ہاٹ ③ ہٹی ④ خردہ فروشی کی دوکان۔

**شاپ کیپر** (ای) اسم مذکر فاعل ① دوکاندار ② خوردہ فروش ③ سوداگر ④ تاجر۔

**شاٹ گن** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی بندوق میں چھرّہ چلاتے ہیں۔

**شاتم** (ع) اسم صفت ① گالی دینے والا ② برا بھلا کہنے والا۔

**شاخ** (ف) اسم مونث ① ڈالی ② ٹہنی ③ پودے کی قلم ④ ڈنڈھل ⑤ چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکلے ⑥ حصہ ⑦ جزو ⑧ قاش ⑨ جھگڑا۔

**شاخ در شاخ** (ف) اسم صفت ① پیچیدہ ② الجھا ہوا ③ بات میں بات۔

**شاخ زعفران** (فع) اسم صفت ① نادر بات ② نایاب بات ③ انوکھا ④ طنزاً کبر و نخوت ⑤ مغرور ⑥ خودبین۔

**شاخ غزال/ آہو** (ف) اسم مونث ① ہرن کا سینگ ② تیراندازی کی کمان ③ پہلی رات کا چاند ④ کنٹھا۔

**شاخ لگانا** (ا) فعل ① قلم لگانا ② درخت کا پیوند لگانا ③ سنگی لگانا۔

**شاخ نکالنا** (ا) فعل ① سینگ نکالنا ② ٹہنی نکالنا ③ عیب نکالنا ④ نقص نکالنا ⑤ عیب جوئی کرنا۔

**شاخچہ** (ف) اسم مذکر ① شاخ سے اسم تصغیر ② چھوٹی ٹہنی ③ ذرا سا نقص۔

**شاخسانہ** (ا۔ف) اسم مذکر ① مرکب از شاخ و شانہ ② رخنہ ③ عیب ④ خرابی ⑤ فتنہ و فساد ⑥ جھگڑا ⑦ بحث ⑧ دلیل ⑨ شک و شبہ۔

**شاخسانہ کھڑا کرنا** (ا) فعل ① جھگڑا نکال کھڑا کرنا ② فساد اٹھانا ③ فتنہ برپا کرنا۔

**شاخیں** (ا) اسم مونث۔ شاخ کی جمع۔

**شاخیں لگانا** (ا) فعل ① عیب یا نقص نکالنا ② درخت کی ٹہنیاں نکالنا ③ حجت یا تکرار کرنا۔

**شاد** (ف) اسم صفت ① خوش وخرم ② بے غم ③ خوشحال۔

**شاد باش** (ف) کلمہ دعائیہ ① خوش رہو ② شاباش ③ آفرین۔

**شاداب** (ف) اسم صفت ① سرسبز ② ہرا بھرا ③ تروتازہ ④ سیراب۔

**شادابی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تروتازگی ② ہریاول ③ طراوت ④ سرسبزی۔

**شادماں** (ف) اسم صفت ① خوش ② خوشحال ③ خوش وخرم۔

**شادی** (ف) اسم مونث ① خوشی ② عید ③ تیوہار ④ بیاہ۔

**شادی رچانا** (ا) فعل ① بیاہ کے کاروبار کرنا ② کسی خوشی کی تقریب کا سامان کرنا ③ کوئی جانور فروخت کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...



www.besturdubooks.net

شادی مرگ (ف) اسم مذکر ❶ ایسی موت جو بے حد خوشی سے واقع ہو ❷ خوشی کی موت۔
شادی مرگ ہونا (ا) فعل۔ فرط مسرت وانبساط سے موت کا آجانا۔
شادیانہ (ف) ❶ خوشی کا باجہ ❷ بیاہ کے وقت کا راگ ❸ خوشی کے نقارے ❹ مبارکباد۔
شاذ (ء) اسم صفت ❶ اکیلا ❷ تنہا رہا ہوا ❸ مفرد ❹ نادر ❺ کم ❻ کمیاب ❼ عجب ❽ انوکھا ❾ بے قاعدہ۔
شاذ و نادر (ء) تابع فعل ❶ اتفاقاً ❷ گاہے گاہے ❸ کبھی کبھار۔
شارٹ کٹ (ای) اسم مذکر ❶ مختصر راستہ ❷ قریب کا راستہ ❸ آڑا راستہ۔
شارح (ء) اسم مذکر فاعل ❶ شرح لکھنے والا ❷ کھول کر بیان کرنے والا۔
شارع (ء) اسم مذکر فاعل ❶ سڑک ❷ بڑا رستہ ❸ دین کا رستہ بتانے والا ❹ لوگوں کو راہ دین کی تعلیم دینے والا ❺ صاحب شرع ❻ فقیہہ ❼ عالم ❽ فاضل۔
شارع عام (ء) اسم مذکر ❶ عام راستہ ❷ عام لوگوں کے چلنے پھرنے کی سڑک ❸ شاہراہ۔
شارک (ای) اسم مونث ❶ سمندری مچھلی جو ہر شے کو کھا جاتی ہے ❷ ایک بڑی اور خطرناک مچھلی۔
شاستر (س) اسم مذکر ❶ فقہ ہنود ❷ ہندوؤں کے عقائد کی کتاب ❸ منوجی کا بنایا ہوا قانون۔
شاستری (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ زبان سنسکرت ❷ شاستروں کی زبان (بیائے فاعلیت) شاستر جاننے والا پنڈت ❸ عالم ہنود ❹ برہمنوں کا ایک درجہ ❺ سنسکرت کا عالم ❻ فاضل ❼ سنسکرت پڑھا ہوا۔
شاشہ (ف) اسم مذکر حاصل مصدر از شاشیدن ❶ پیشاب ❷ موت ❸ موتر۔
شاطر (ء) اسم صفت ❶ عیار ❷ چالاک ❸ شوخ ❹ بیباک ❺ دلاور ❻ شطرنج باز ❼ شطر ❽ بمعنی دور کرنا ہے اسم فاعل ہے۔
شاعر (ہ) اسم فاعل ❶ ناظم ❷ نظم کہنے والا ❸ شعر کہنے والا ❹ کبیشر ❺ کوی۔
شاعری (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ شعر گوئی ❷ مبالغہ کرنا۔
شاغل (ء) اسم صفت ❶ مصروف ❷ متوجہ ❸ خدا کا ذکر کرنے والا۔

شافع (ء) اسم صفت و مذکر ❶ گناہ بخشوانے والا ❷ سفارش کرنے والا ❸ اصطلاح میں رسول مقبول ﷺ کی ذات مبارک سے مراد ہے۔
شافعی (ء) اسم مذکر ❶ اہل سنت والجماعت کے چار اماموں میں سے ایک امام کا نام ہے ❷ امام شافعی کے مذہب کا پیرو۔
شافی (ء) اسم صفت ❶ آرام دینے والا ❷ صحت بخش ❸ شفا دینے والا ❹ ٹھیک ❺ درست ❻ بجا ❼ واقعی ❽ سیدھا ❾ صاف۔
شافی جواب (ء) اسم مذکر ❶ ٹھیک جواب ❷ پورا جواب ❸ ساکت جواب۔
شافی مطلق/حقیقی (ء) اسم مذکر ❶ پوری شفا بخشنے والا ❷ اصلی صحت دینے والا ❸ مراد خدائے تعالےٰ۔
شاق (ء) اسم صفت ❶ دشوار ❷ بھاری ❸ دوبھر ❹ مشکل ❺ کٹھن ❻ ناگوار ❼ مکروہ۔
شاق گزرنا (ا) فعل ❶ برا معلوم ہونا ❷ ناگوار معلوم ہونا ❸ بار گزرنا۔
شاقہ (ء) اسم صفت ❶ منسوب شاق ❷ دوبھر ❸ بھاری ❹ مشکل ❺ کٹھن۔
شاکر (ء) اسم فاعل از شکر ❶ شکرگزار ❷ احسان ماننے والا۔
شاکر کو عسکر موذی کو ٹکر (ا) کہاوت۔ شکرگزار آدمی کو خدائے تعالےٰ ہمیشہ خوشحال رکھتا ہے اور موذی کو تکلیف کے بدلے تکلیف پہنچ جاتی ہے۔
شاکر نعمت (ء) اسم مذکر۔ نعمت کا شکرگزار۔
شاکی (ء) اسم صفت ❶ گلہ کرنے والا ❷ شکایت کرنے والا ❸ فریادی ❹ بدگو ❺ غیبت کرنے والا ❻ ہتھیار پہننے والا۔
شاگرد (ف) اسم مذکر مرکب از شاہ و گرد ❶ خدمتی ❷ خدمتگار ❸ ٹہلوا ❹ طالب علم ❺ چیلا ❻ بالکا ❼ مرید ❽ نوکر۔
شاگرد پیشہ (ا) اسم مذکر ❶ نچ کا نوکر ❷ خانساماں ❸ اوپر کا کام کاج کرنے والے آدمی۔
شاگرد رشید (فع) اسم مذکر ❶ لائق شاگرد ❷ ہدایت یافتہ چیلا۔
شاگردی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ چیلاپن ❷ مریدپن۔
شال (ہ۔ف۔ت) اسم مونث۔ اون یا ریشم کی چادر۔
شال باف (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ شال بننے والا ❷ پشمینہ باف۔
شالی (س۔ت۔ف) اسم مذکر ❶ دھان ❷ چاول ❸ چاول کا بیج اور پودا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249077218
www.besturdubooks.net

**شام** (ہ) اسم مونث 1 لوہے 2 پیتل وغیرہ کا چھلا جو لاٹھیوں یا اوزاروں پر لگا لیا کرتے ہیں۔

**شام** (ف) اسم مونث 1 سانجھ 2 سورج ڈوبنے کا وقت 3 وقت مغرب۔

**شام اودھ** (ا) اسم مونث 1 اودھ علاقہ 2 لکھنو میں شام کی سیر کا نظارہ قابل دید اور مشہور ہے 3 اسی طرح صبح بنارس مشہور ہے۔

**شام غریباں** (ف) اسم مونث 1 مسافروں کی شام جو مایوسی اور تنہائی کے باعث وحشتناک ہوتی ہے 2 مفلسی اور مصیبت کی شام۔

**شام کا بھولا صبح گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے** (ا) مثل۔ وقت مقررہ سے پیچھے وعدہ وفا کرنے والا بے وفا اور وعدہ خلاف نہیں کہلا سکتا۔

**شام کلیان** (ا) اسم مذکر۔ شام کا راگ۔

**شام کی صبح کرنا** (ا) فعل۔ سخت مصروفیت کے باعث دن اور رات کا فرق معلوم نہ کرنا۔

**شام کی پوچھنا سحر کی کہنا** (ا) محاورہ۔ بے تکا جواب دینا۔

**شام کے مردے کو کب تک روئیے** (ا) کہاوت 1 عمر بھر کے جھگڑے کی شکایت کب تک کریئے 2 ہمیشہ کے دکھ کی شکایت ہی کی۔

**شام وسحر** (ء) اسم ظرف زمان 1 سانجھ سویرے 2 ہر وقت 3 دونوں وقت۔

**شام وسحر کرنا** (ا) فعل 1 حیلے حوالے کرنا 2 ٹال مٹول کرنا 3 بہانے بنانا۔

**شام** (ہ وس) اسم صفت 1 سری کرشن جی کا لقب ہے 2 سیاہ 3 کالا کلوٹا۔

**شاما/ شامہ** (ہ) اسم مونث۔ ایک نہایت خوش آواز چڑیا کا نام ہے جو کالے رنگ کی ہوتی ہے۔

**شیمپین** (ا) اسم مونث۔ عمدہ انگوری شراب۔

**شامت** (ء) اسم مونث 1 بدبختی 2 سختی 3 نحوست 4 بدقسمتی 5 آفت 6 مصیبت۔

**شامت اعمال** (ء) اسم مونث 1 کیئے کی سزا 2 کرتوت کا بدلہ 3 گناہوں کی سزا۔

**شامت آنا/ شامت کا سر پر کھیلنا** (ا) فعل 1 برے دن آنا 2 مصیبت کا سامنا ہونا۔

**شامت زدہ/ شامت کا مارا** (ا) اسم صفت 1 بدنصیب 2 بدقسمت 3 کم بخت 4 کم بختی کا مارا

**شامت کی مار** (ا) اسم مونث 1 تقدیر کی خرابی 2 بدنصیبی 3 قسمت کا لکھا 4 بدحالی۔

**شامل** (ء) اسم فاعل مفید صفت 1 اکٹھا 2 شریک 3 ملا ہوا۔

**شامل حال ہونا** (ا) فعل 1 شریک ہونا 2 ملنا 3 ہر امر میں شریک ہونا 4 شریک حال رہنا۔

**شامل مسل** (ا) اسم صفت۔ مقدمے کے کاغذات کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔

**شاملات** (ا) اسم مونث۔ شامل کی جمع 1 ہندی ساخت 2 حصہ داری 3 ساجھا 4 ساجھی زمین۔

**شامہ** (ء) اسم مونث۔ سونگھنے کی قوت۔

**شامی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی 1 ملک شام کا باشندہ 2 شام کی بنی ہوئی چیز۔

**شامی کباب** (ا) اسم مذکر۔ گوشت کو معہ مصالحہ ابال کر کوٹ کر تلی ہوئی ٹکیاں۔

**شامیانہ** (ا) اسم مذکر 1 ایک قسم کا خیمہ 2 کپڑے کا سائبان 3 نمگیرا۔

**شان** (ء) اسم صفت 1 جلال 2 دبدبہ 3 مرتبہ 4 عزت 5 قدر و منزلت 6 طاقت 7 قوت جیسے خدا کی شان 8 آن 9 انداز۔

**شان چوٹٹا** (ا) اسم مذکر 1 دوسرے کا انداز اڑا لینے والا 2 متکبر اور مغرور آدمی۔

**شان دار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 عالی رتبہ 2 باعظمت 3 بارعب 4 دھوم دھام کا 5 خوشنما 6 بھڑکدار 7 چمکدار۔

**شان وشوکت** (ء) اسم مونث 1 بھڑک 2 دھوم دھام 3 عظمت و جلال 4 رعب وداب 5 طمطراق 6 کروفر 7 ٹھاٹ باٹ۔

**شان میں بٹا لگنا/ شان میں جفتے پڑنا** (ا) فعل 1 عزت کم ہونا 2 بے عزتی ہونا 3 ذلیل ہونا 4 عزت وحرمت میں فرق آنا۔

**شان نزول** (ء) اسم مونث 1 کسی قرآنی آیت کے اترنے کا موقع 2 نازل ہونے کا سبب۔

**شانہ** (ف) اسم مذکر 1 کنگھا 2 کنگھی 3 مونڈھا 4 کندھا 5 کندھے کی ہڈی 6 کھوا۔

**شانہ بیں** (ف) اسم فاعل ترکیبی 1 فال دیکھنے والا 2 فالیا 3 شگونیا۔

**شانہ پھڑکنا** (ا) فعل۔ کندھا پھڑکنا جس سے کسی دوست کی ملاقات کا شگون لیا کرتے ہیں۔

**شانہ سے شانہ چھلنا** (ا) فعل 1 نہایت بھیڑ ہونا 2 بہت ہجوم کے باعث کھوے سے کھوا چھلنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

شانہ ہلانا (ا) فعل ① سوتے کو جگانا ② کھوا ہلا کر بیدار کرنا ③ اکڑنا ④ غرور کرنا۔

شاور (ای) اسم مذکر۔ فورہ جو غسل خانوں میں لگا ہوتا ہے۔

شاہ (ف) اسم مذکر ① بادشاہ ② سلطان ③ فقیروں کا لقب ④ سیدوں کے نام کے ساتھ مخصوص لفظ ⑤ شطرنج کا ایک مہرہ۔

شاہ باز (ف) اسم مذکر ① ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ② شاہین ③ بڑا باز۔

شاہ بلوط (فع) اسم مذکر ① ایک قسم کا نہایت بہترین بلوط ہے ② سیتا سپاری۔

شاہ پر (ف) اسم مذکر ① پرندے کا سب سے بڑا بازو ② جو اڑنے کا کام دیتا ہے۔

شاہترہ (ف) اسم مذکر ① ایک مصفی خون دوا کا نام ہے ② پت پاپڑا۔

شاہ تیر (ف) اسم مذکر ① بڑی کڑی ② شہتیر۔

شاہ خانم (ا) اسم مونث ① بڑے گھر کی عورت ② طنزاً کہا کرتے ہیں۔

شاہدرہ (ف) اسم مذکر۔ وہ آبادی یا گاؤں جو شاہی محل یا قلعے کے نیچے یا سامنے واقع ہو۔

شاہ دریا (ف) اسم مذکر۔ وہم پرست لوگوں کے خیال کے مطابق ایک فرضی جن کا نام ہے۔

شاہ راہ (ف) اسم مذکر ① بڑی سڑک ② شارع عام ③ بڑا رستہ۔

شاہ زادہ (ف) اسم مذکر ① کنور ② ٹیکا ③ راج کمار۔

شاہ زادی (ا) اسم مونث بیائے تانیث ① راج کماری ② بادشاہ کی بیٹی ③ بیگم ④ سلطانہ ⑤ رانی ⑥ بادشاہی نسل کی عورت ⑦ گل نیلوفر کا زرد زیرہ۔

شاہ سوار (ف) اسم مذکر ① بڑا سوار ② اعلیٰ درجہ کی سواری جاننے والا۔

شاہ گام (ف) اسم مذکر ① گھوڑے کی ایک خاص رفتار کا نام ہے ② تیز قدم۔

شاہ مرداں (ف) اسم مذکر۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ہے۔

شاہ نامہ (ف) اسم مذکر ① بادشاہوں کے ذکر کی کتاب ② تاریخ سلاطین فارسی شاعر فردوسی کی بنائی ہوئی ایک خاص کتاب کا نام بھی ہے۔

شاہ نشین / شہ نشین (ف) ① بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ ② مکان کا باہر نکلا ہوا ③ بیٹھنے کے کام کا برآمدہ۔

شاہ وار (ف) اسم صفت ① بادشاہوں کے لائق ② نہایت عمدہ ③ اور نفیس چیز۔

شاہانہ (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① بادشاہوں جیسا ② عمدہ ③ اعلیٰ درجہ کا (بحالت اسم مذکر) شادی کا جوڑا ④ شام کا گیت ⑤ شام کا وقت۔

شاہد (ء) اسم مذکر فاعل ① گواہ ② شہادت دینے والا ③ حاضر۔

شاہد (ف) اسم مذکر ① معشوق ② صاحب حسن ③ خوبصورت لڑکا یا مرد ④ دلپسند ⑤ دلربا۔

شاہد باز (ف) اسم فاعل ترکیبی۔ حسینوں سے محبت رکھنے والا۔

شاہدی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① گواہی ② اظہار ③ شہادت۔

شاہنشاہ / شہنشاہ (ف) اسم مذکر بہ قلب ① ضافت ② بڑا بادشاہ ③ بادشاہوں کا بادشاہ ④ مہاراجہ ⑤ ادھیراج ⑥ خاقان ⑦ سلطان۔

شاہی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی و مصدری ① سرداری ② حکومت ③ بادشاہت ④ شاہانہ ⑤ بادشاہوں کے لائق۔



(شاہین)

شاہین (ف) اسم مذکر ① ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ہوتا ہے ② ترازو کی مونڈھ ③ تولنے کے کانٹے کی سوئی ④ ترازو۔

شایان (ف) اسم حالیہ مفید صفت از شائستن ① لائق ② موزوں ③ مناسب ④ قابل ⑤ عمدہ ⑥ نفیس ⑦ روا ⑧ جائز ⑨ واجب۔

شائبہ (ء) اسم مذکر ① آمیزش ② ملاوٹ ③ آلودگی ④ شبہ ⑤ لاگ ⑥ لگاوٹ۔

شاید (ف) کلمہ شک ① مگر ② غالباً ③ زیبا ④ لائق ⑤ ظن غالب۔

شاید و باید (ف) تابع فعل ① جیسا چاہیے ہر طرح شایاں اور زیبا ہے ② نہایت عمدہ۔

شائستگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تہذیب ② لیاقت ③ قابلیت ④ اخلاق ⑤ انسانیت ⑥ خوش خلقی ⑦ زیبائش۔

شائستہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① لائق ② زیبا ③ موزوں ④ مناسب ⑤ مہذب ⑥ تربیت یافتہ ⑦ خوش خلق ⑧ سلیقہ دار ⑨ سگھڑ۔

شائع (ء) اسم فاعل مفید صفت ① پرگھٹ ② ظاہر ③ پھیلا ہوا ④ چھایا ہوا ⑤ مشہور کیا ہوا۔

شائع کرنا (ا) فعل ① پھیلانا ② مشتہر کرنا ③ چھاپنا ④ اشتہار دینا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

شایق (ع) اسم مذکر فاعل ① آرزومند ② شوق رکھنے والا ③ شوقین ④ خواہشمند ⑤ خواہاں ⑥ متمنی ⑦ پرشوق۔

## ش ← ب

شب (ف) اسم مونث ① رات ② رین ③ راتری ④ لیل ⑤ روز کی ضد۔

شب باش (ف) اسم مذکر فاعل ① رات کی رات رہنے والا ② مقیم ③ منزل گزین۔

شب باش ہونا (ا) قیام کرنا ① بسرام کرنا ② رات گزارنا۔

شب بخیر (ف) ① کلمہ دعا ② رات خیر سے گزرے ③ گڈ نائٹ۔

شب برات (ف) اسم مونث ① مرکب از شب بمعنی رات و برات بمعنی حصہ ② مسلمانوں کے تیوہار کا نام ہے جو چودھویں شعبان کو منایا جاتا ہے۔

شب بیدار (ف) اسم فاعل ① رات کو اٹھنے والا ② رات کو اٹھ کر عبادت کرنے والا ③ رات بھر جاگنے والا۔

شب تار/تاریک (ف) اسم صفت۔ اندھیری رات۔

شب چراغ (ف) اسم مذکر۔ ایک ہیرے کا نام ہے جو رات کے وقت چراغ کا کام دیتا ہے۔

شب خوابی (ف) اسم مونث بیائے مصدر ① رات کو پہن کر سونے کے کپڑے ② لباس ③ شبینہ ④ رات کا سونا۔

شب خون (ف) اسم مذکر بقلب اضافت ① رات کا دھاوا ② رات کی لڑائی ③ چھاپہ ④ رات کے وقت بے خبری کا دھاوا۔

شب رنگ (ف) اسم مذکر ① سیاہ رنگ کا گھوڑا ② مشکی گھوڑا ③ کالا گھوڑا۔

شب دیگ (ف) اسم مونث۔ شلغم اور گوشت جو رات بھر خاص ترکیب سے پکاتے ہیں۔

شب زفاف (ف) اسم مونث ① سہاگ کی رات ② تخت کی رات ③ دولھا دلھن کی پہلی رات۔

شب قدر (فع) اسم مونث ① قدر و منزلت والی رات ② نہایت عظمت والی رات ③ رمضان کے مہینے کی ستائیسویں رات۔

شب کور (ف) اسم مذکر فاعل ① رتوندیا ② وہ آدمی جسے رات کو دکھائی نہ دے۔

شب ماہ (ف) اسم مونث ① چاندرات ② وہ رات جس کی شام کو ہلال نظر آئے۔

شب و روز (ف) متعلق فعل۔ دن رات۔

شب وصال (ف) اسم مونث ① وصل کی رات ② ملاپ کی رات۔

شب یلدا (ف) اسم مونث ① اندھیری رات ② شب تار ③ بری رات ④ منحوس رات۔

شباب (ع) اسم مذکر ① جوانی ② گبروپن ③ آغاز ④ شروع ⑤ ہر چیز کی ابتدا۔

شبانہ (ف) اسم صفت ① رات کا ② رات کے متعلق۔

شبانہ روز (ف) متعلق فعل ① شب و روز ② دن رات ③ ہر وقت۔

شباہت (ع) اسم مونث ① مانند ہونا ② ملنا جلنا ③ جسم و صورت کی مطابقت۔

شبد (اس) اسم مذکر ① بول ② بچن ③ بھجن ④ آہٹ ⑤ آواز ⑥ صدا ⑦ بانگ۔

شبد چور (ہ) اسم مذکر ① نقال ② مضمون چور۔

شبستان (ف) اسم مذکر ظرف ① خوابگاہ ② سونے کی جگہ ③ امرا کا خلوت خانہ۔

شبکہ (ف) اسم مذکر ① لوہے یا جست وغیرہ کی تاروں کا جال ② لوہے کا جال۔

شبنم (ف) اسم مونث ① اوس ② تریل ③ ایک قسم کا نہایت باریک اور سفید کپڑا۔

شبو (ف) اسم مذکر۔ ایک سفید رنگ اور بھینی خوشبو والا پھول ہوتا ہے۔

شبہ (ع) اسم مذکر ① شک ② گمان ③ بھرم ④ دبدھا ⑤ وہم ⑥ وسواس۔

شبیہ (ف) اسم صفت ترکیب نسبتی ① رات کا بچا ہوا ② باسی ③ شب بیداری جو لوگوں سے کرائی جائے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

شبیہہ (ع) اسم مونث ① شکل ② صورت ③ تصویر۔

ش ← پ

شپ (ف) اسم صفت ① جلدی ② زود ③ شتابی۔

شِپ (ای) اسم مونث۔ بحری جہاز۔

شپاشپ (ف) اسم صوت ① پے در پے متواتر تیروں کے لگنے کی آواز ② چاٹنے یا پینے کی آواز۔

شپر یا شپپر (ف) اسم مونث۔ چمگادڑ۔

ش ← ت

شِتا (ع) اسم مذکر ① جاڑا ② سردی کا موسم ③ (ف۔ صفت) بھوکا۔

شتاب/شتابی (ف) تابع فعل ① فوراً ② فی الفور ③ جلدی ④ جھٹ پٹ۔

شتر (ف) اسم مذکر۔ اونٹ۔



(شتر)

شتربان (ف) اسم مذکر فاعل ① اونٹ پالنے والا ② ساربان۔

شتر بے مہار (ف) اسم صفت ① بے نکیل اونٹ ② مجازاً آزاد ③ بدلگام ④ ناشائستہ۔

شترسوار (ف) اسم مذکر ① اونٹنی سوار ② قاصد۔

شترغمزہ (ف) اسم مذکر ① ناموزون نخرہ ② فضول چوچلے ③ بیجا ناز ④ فریب ⑤ دھوکا۔

شترکینہ (ف) اسم مذکر ① دلی عداوت ② سخت دشمنی ③ جانی بیر۔

شترگاؤ (ف) اسم مذکر۔ ملک مصر کے ایک حیوان کا نام ہے جسے زرافہ کہتے ہیں۔

شترمرغ (ف) اسم مذکر۔ عرب اور افریقہ کے صحراؤں میں ایک بہت بڑا پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لمبی لمبی ہوتی ہے یہ اڑ نہیں سکتا دوڑتا بہت تیز ہے۔

شترنال (ف) اسم مونث۔ ایک چھوٹی قسم کی توپ جو اونٹ پر لادی جا سکتی ہے۔

شتری (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① اونٹ کے رنگ کا بادامی گندمی کپڑا ② اونٹ پر رکھ کر بجانے کا نقارہ ③ دھونسہ۔

شتم (ف) ① گالی گلوچ ② دشنام۔

ش ← ج

شجاع (ع) اسم صفت ① جری ② بہادر ③ دلیر ④ سورما ⑤ سوربیر ⑥ دلاور۔

شجاعت (ع) اسم مونث ① دلیری ② دلاوری ③ بہادری۔

شجر (ع) اسم مذکر ① درخت ② پیڑ ③ پودا۔

شجرہ (ع) اسم مذکر ① کرسی نامہ ② نسب نامہ ③ سلسلہ خاندان ④ وہ کاغذ جس میں وارث اول کو جڑ قرار دے کر کل اولاد کو ترتیب وار درج کر دیتے ہیں ⑤ کھیت کا نقشہ۔

شجرہ نسب (ع) اسم مذکر ① سلسلہ نسب ② نسب نامہ۔

شجیع (ع) اسم صفت ① دلیر ② بہادر۔

ش ← ح

شحام (ع) اسم مذکر ① موٹا ② فربہ ③ چربی فروش۔

شحم (ع) اسم مونث ① چربی ② پیہ ③ فربہی ④ موٹائی ⑤ گودا ⑥ مغز۔

شحنا (ف) اسم مذکر۔ دشمنی۔

شحنہ (ع) اسم مذکر ① کوتوال ② پولیس انسپکٹر ③ شہر کا محافظ۔

ش ← خ

شخص (ع) اسم مذکر ① آدمی کا بدن ② جسم ③ وجود ④ انسان۔

شخصی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ شخص واحد ② ایک آدمی سے متعلق۔

شخصی حکومت (ء) اسم مونث ❶ وہ حکومت جس میں بادشاہ کو اختیار مطلق حاصل ہو ❷ جمہوری حکومت کی ضد۔
شخصیت (ء) اسم مونث ❶ آدمیت ❷ انسانیت ❸ شرافت ❹ بزرگی ❺ وقعت ❻ عزت و حرمت۔
شخصیت جتانا (ا) فعل ❶ تکبر کرنا ❷ غرور و گھمنڈ کرنا ❸ شیخی مارنا ❹ ڈینگ مارنا۔
شخصیت بگھارنا/ جتانا (ا) فعل ❶ لاف زنی کرنا ❷ اترانا ❸ اپنا آپ دکھانا۔

## ش ← د

شد (ع) اسم مذکر ❶ تشدید دینا ❷ ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا ❸ زور ❹ سختی۔
شد (ف) فعل ناقص بمعنی حاصل مصدر ❶ آمدورفت ❷ کسی کام کا آغاز ❸ ابتدا ❹ شروع۔
شدبد (ف) اسم مونث ❶ کسی کام کی تھوڑی سی مہارت ❷ حرف شناسی ❸ تھوڑی سی واقفیت۔
شدبد ہونا (ا) فعل ❶ تھوڑی سی واقفیت ہونا ❷ قدرے قلیل جاننا۔
شد (ء) اسم مونث ❶ سختی ❷ مضبوطی ❸ استحکام ❹ استواری۔
شدومد (ء) اسم مذکر ❶ دھوم دھام ❷ ٹھاٹ باٹ ❸ زور وشور۔
شدا (ا) اسم مذکر ❶ جھنڈا ❷ علم یا نشان جو محرم میں تعزیوں کے ساتھ نکالے جاتے ہیں۔
شداد (ء) اسم مذکر ❶ ملک ارم ومصر کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے جس نے خدائی کا دعوے کیا تھا ❷ باغ ارم اسی نے بنوایا تھا۔
شدت (ء) اسم مونث ❶ تیزی ❷ سختی ❸ زیادتی ❹ زور ❺ جوش و خروش۔
شدنی (ف) اسم مونث بیائے قابلیت ❶ ہونی ❷ ہونے والی بات ❸ اتفاقی بات ❹ ممکن ❺ ہونہار۔
شدھ (ہ) اسم صفت ❶ پاک ❷ پوتر ❸ صاف ❹ خالص ❺ نرمل۔
شدہ شدہ (ف) تابع فعل ❶ آہستہ آہستہ ❷ رفتہ رفتہ ❸ ہوتے ہوتے۔
شدید (ء) اسم صفت ❶ کٹھن ❷ دوبھر ❸ دشوار ❹ مشکل۔

## ش ← ذ

شذرات (ع) اسم مذکر ❶ شذرہ کی جمع ❷ اخبار میں ایڈیٹر کے کسی واقعات پر مختصر تبصرے۔
شذرہ (ع) اسم مذکر ❶ پراگندہ ❷ منتشر ❸ اخبار میں ایڈیٹر کا کسی واقعہ پر مختصر تبصرہ۔
شذوذ (ع) اسم مذکر ❶ شاذ ہونا ❷ نایاب ہونا۔

## ش ← ر

شر (ء) اسم مذکر و مونث ❶ شرارت ❷ بدی ❸ فساد ❹ خرابی ❺ جھگڑا ❻ دنگا۔
شر اٹھانا/ کرنا (ا) فعل ❶ جھگڑا اٹھانا ❷ فساد ڈالنا ❸ بکھیڑا پیدا کرنا۔
شرا (ء) اسم مذکر ❶ خرید و فروخت ❷ مول تول کرنا ❸ بیع کی ضد۔
شراب (ء) اسم مونث ❶ پینے کی چیز ❷ مجازاً نشہ دار عرق ❸ اطباء کی اصطلاح میں شربت۔
شراب خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ❶ کلال خانہ ❷ شراب بننے اور بکنے کی جگہ ❸ شراب کی دوکان۔
شراب خور (ف) اسم مذکر فاعل ❶ شراب پینے والا ❷ شرابی ❸ مے نوشی۔
شراب دو آتشہ (ف) اسم مونث ❶ دو دفعہ کشید کی ہوئی شراب ❷ تیز شراب۔
شراب طہور (ء) اسم مونث۔ وہ پاک اور بے نشہ شراب جو بہشتیوں کو ملے گی۔
شرابور (ا) اسم صفت ❶ تربتر ❷ لتھڑ ❸ بہت بھیگا ہوا۔
شرابور ہوجانا (ہ) فعل ❶ تر ہوجانا ❷ بالکل بھیگ جانا۔
شرابی (ف) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ❶ شراب پینے والا ❷ مے

Join us on whatsapp Naveed Rao 03149017218

نوش ❸ متوالا۔

**شراٹا** (ا) اسم مذکر صوت ❶ ہوا کا سناٹا ❷ شور وغل کی آواز ❸ زور کی آواز۔

**شرادھ** (ہ) اسم مذکر ❶ کریا کرم ❷ مردوں کے نام پر برہمنوں کو اسوج کے مہینے میں اعلیٰ اعلیٰ کھانے کھلانا۔

**شرارت** (ع) اسم مونث ❶ فساد ❷ خرابی ❸ برائی ❹ بدی ❺ کھوٹ ❻ بدذاتی ❼ شوخی ❽ چالاکی ❾ دنگا۔

**شرار** (ع) اسم مذکر ❶ آگ کا پتنگا ❷ پارہ ❸ آتش ❹ چنگاری ❺ انگاری۔

**شرارتاً** (ع) تابع فعل ❶ شرارت سے ❷ شیطنت سے۔

**شرارہ** (ع) اسم مذکر ❶ آگ کا پتنگا ❷ پارہ آتش ❸ چنگاری ❹ انگاری۔

**شرافت** (ع) اسم مونث ❶ بزرگی ❷ شریف پن ❸ آدمیت ❹ انسانیت۔

**شراکت** (ع) اسم مونث ❶ ساجھا ❷ پتی ❸ حصہ داری ❹ شاملات ❺ دشمنی۔

**شراکت نامہ** (عف) اسم مذکر۔ وہ کاغذ یا اقرار نامہ جو شریکوں میں باہمی قول وقرار کی بابت عہد کے طور پر لکھا جائے۔

**شرائط** (ع) اسم مونث (شرط کی جمع) شرطیں۔

**شرائین** (ع) اسم مونث ❶ (شریان کی جمع) کودنے والی رگیں ❷ جسم میں خون پہنچانے والی رگیں۔

**شرب** (ع) اسم مذکر ❶ پینے کے قابل ❷ قابل نوش۔

**شربت** (ع) اسم مذکر ❶ پینے کی چیز ❷ کھانڈ گھلا ہوا میٹھا پانی ❸ دوائیوں کا شیرہ۔

**شربت پلانا** (ا) فعل ❶ کھانڈ گھلا ہوا پانی نوش کرانا ❷ ایک رسم کا نام بھی ہے جو نکاح کے بعد ادا کی جاتی ہے۔

**شربت پلائی** (ا) اسم مونث ❶ وہ نقدی جو دلہن کے نائی کو نکاح کے بعد شربت پلانے کے بدلے دی جاتی ہے ❷ حجام کا رخصتانہ ❸ لاگ۔

**شربت کے سے گھونٹ پینا** (ا) فعل ❶ کسی ناگوار اور تلخ بات کو خوشی اور نرمی سے سہنا ❷ سختی اٹھانا۔

**شربتی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ کسی قدر سرخی مائل ہلکا زرد رنگ ❷ شربت کے رنگ کا ❸ ایک نہایت باریک اور عمدہ کپڑے کا نام بھی ہے ❹ ایک قسم کے عمدہ بڑے بڑے فالسے ❺ ایک قسم کا میٹھا لیمو ❻ رسیلا ❼ رس سے بڑا ہوا۔

**شرح** (ع) اسم مونث ❶ تفسیر ❷ حاشیہ ❸ کھول کر بیان کرنا ❹ مفصل بیان ❺ نرخ ❻ بھاؤ۔

**شرح آبپاشی** (عف) اسم مونث۔ نہر کے پانی دینے کا نرخ۔

**شرح بندی** (ا) اسم مونث ❶ نرخ نامہ ❷ بھاؤ مقرر کی ہوئی فہرست۔

**شرح خوراک گواہاں** (ا) اسم مونث۔ گواہوں کی خوراک کا نرخ۔

**شرح سود** (ع) اسم مونث ❶ بیاج کا در ❷ بیاج کا نرخ۔

**شرح کرنا/لکھنا/کہنا** (ا) فعل ❶ تفسیر بیان کرنا ❷ حاشیہ چڑھانا ❸ کھول کر بیان کرنا ❹ مفصل بیان کرنا۔

**شرح لگان** (ا) اسم مونث ❶ خراج کا نرخ ❷ زمین کا پڑتہ۔

**شرر** (ع) اسم مذکر ❶ آگ کی چنگاری ❷ مولوی عبدالحلیم صاحب لکھنوی کا تخلص۔

**شُرط** (ع) اسم صفت ❶ موافق ❷ سازگار ❸ معاون ❹ پولیس۔

**شرط** (ع) اسم مونث ❶ قول وقرار ❷ عہد وپیمان ❸ بازی ❹ داؤں ❺ دفعہ ❻ قاعدہ ❼ مناسب۔

**شرط باندھنا/کرنا/لگانا** (ا) فعل ❶ بازی لگانا ❷ بازی بدنا ❸ ذمہ لینا ❹ ذمہ دار بننا۔

**شرطی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلی ❶ شرط والی ❷ شرط کی گئی ❸ اقراری ❹ ضرور ❺ بے شک۔

**شرطیہ** (ع) اسم صفت ❶ ضرور ❷ بے شک ❸ بے شبہ ❹ اقراری طور پر ❺ از روئے شرط۔

**شرع** (ع) اسم مونث ❶ سیدھا راستہ ❷ طور ❸ طریقہ ❹ قرآن کے موافق ❺ قانون محمدی ﷺ

**شرع پر چلنا** (ا) فعل ❶ شریعت کا پابند رہنا ❷ اسلام کے قاعدے برتنا ❸ دھرم شاستر کے موافق عمل کرنا۔

**شرع میں رخنہ ڈالنا/نکالنا** (ا) فعل ❶ مذہب میں بدعت پیدا کرنا ❷ شرع میں کوئی نئی بات داخل کر کے خرابی ڈالنا۔

**شرع میں شرم کیا** (ا) فعل۔ جو بات جائز ہو اس میں شرم کرنا بے سود ہے۔

**شرعاً** (ع) تابع فعل ❶ از روئے شرع ❷ شرعی طور پر ❸ قانون اسلام کے موافق۔

**شرعی** (ع) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ شریعت کے مطابق ❷ شرع کا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03146072218

www.besturdubooks.net

پیرو۔

شرف (ع) اسم مذکر ① بزرگی ② مقام بلند ③ بلندی ④ شرافت ⑤ خاندانی ⑥ بڑائی ⑦ ترجیح ⑧ عمدگی ⑨ برتری۔

شرف لے جانا (ا) فعل ① بڑھ جانا ② سبقت لے جانا۔

شرف خدمت/ ملازمت (ع) اسم مونث ① خدمت میں حاضر ہونے کا فخر ② حاضر خدمت ہونے کی بزرگی۔

شرف یاب (ف) اسم مذکر ① بزرگی پانے والا ② اعزاز یافتہ۔

شرف ہونا (ا) فعل ① عزت ملنا ② فخر حاصل ہونا ③ بزرگی پانا۔

شرق (ع) اسم مذکر ① سورج نکلنے کی جگہ ② مشرق ③ پورب۔

شرقی (ع) اسم صفت بیائے فاعلیت ونسبتی ① پوربی ② پوربیا ③ پورب سے نسبت رکھنے والا ④ پورب کا۔

شرقی علوم (ع) اسم مذکر۔ مشرقی علوم جو ایشیا میں رائج ہیں۔

شرک (ع) اسم مذکر ① خدا کی ذات وصفات میں کسی اور کو اس جیسا ماننا ② کفر کرنا۔

شرک جلی (ع) اسم مذکر۔ ظاہری اور اعلانیہ شرک۔

شرک خفی (ع) اسم مذکر۔ پوشیدہ شرک۔ جیسے کسی آدمی کو حاجت روا سمجھنا۔

شرکاء (ع) اسم مذکر۔ شریک کی جمع۔

شرکت (ع) اسم مونث ① ساجھا شمولیت ② شراکت ③ ساتھ۔

شرم (ف) اسم مونث ① لاج ② حیا ③ غیرت ④ خیال ⑤ لحاظ۔

شرم حضوری (ف) اسم مونث ① سامنے ہونے کی شرم ② آنکھ دیکھے کا لحاظ۔

شرم رکھنا (ا) فعل ① آبرو بچانا ② لاج رکھنا ③ عزت بچانا۔

شرم رہ جانا (ا) فعل ① آبرو رہنا ② بات رہ جانا ③ عزت قائم رہنا۔

شرم سے پانی پانی ہونا (ا) فعل ① شرمندگی کے مارے پسینے پسینے ہونا ② نہایت شرمندہ ہونا۔

شرم کی بات (ا) اسم مونث ① افسوس کی بات ② قابل شرم بات ③ لاج اور غیرت کی بات۔

شرمگیں (ف) اسم صفت ① شرمندہ ② خجل۔

شرم کرنے والے کے پھوٹے کرم (ا) مثل۔ شرم کرنے والا محروم رہتا ہے۔

شرما (س) اسم مذکر ① خوش ② خوش حال ③ برہمنوں کا لقب۔

شرما شرمی (ا) اسم مونث ① شرم لحاظ میں ② لحاظ یا مروت میں ③ طوعاً کرہاً۔

شرمانا (ا) فعل ① لجانا ② شرمندہ ہونا ③ خجل ہونا ④ نادم ہونا (بصورت متعدی) دوسرے کو شرمندہ کرنا ⑤ ذلیل کرنا ⑥ ندامت دلانا۔

شرماؤ/ شرمالو (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ① شرم وحیا کرنے والا ② لاجونت۔

شرمسار (ف) اسم صفت ① صاحب شرم ② حیا دار اور شرمگیں ③ شرمندہ۔

شرمساری (ف) اسم مونث بیائے ① شرمندگی ② لاج ③ شرم ④ انفعال۔

شرمندگی (ف) اسم مونث ① شرمندہ ② شرم ③ حیا ④ لاج ⑤ ندامت۔

شرمندہ (ف) اسم صفت فاعلی ① شرم کرنے والا ② نادم ③ حیاوالا۔

شرمندہ احسان (فع) اسم مذکر صفت ① احسان میں دبا ہوا ② احسان سے شرمگیں۔

شرمندہ صورت (فع) اسم صفت ① وہ شخص جس کی شکل وصورت سے حیا ٹپکے ② حیادار شکل والا۔

شرمیلا (ا) اسم صفت فاعلی ① شرماؤ ② شرم والا۔

شروع (ع) اسم مذکر ① لغت میں کسی کام میں پڑنا ② مجازاً ابتدا ③ آغاز ④ اول۔

شروعات (ا) اسم مذکر ① ابتداء ② آغاز۔

شری (ہ) اسم مذکر ① فسادی ② شریر ③ بد۔

شریان (ع) اسم مونث ① کودنے والی رگ ② نبض ③ روح والی رگ ④ لال رگ جس کے ذریعہ خون جسم میں پہنچتا ہے۔

شریر (ع) اسم صفت ① دنگئی ② شرارتی ③ شرارت کرنے والا ④ فسادی ⑤ مکار ⑥ نٹ کھٹ ⑦ چالاک ⑧ عیار ⑨ پاپی۔

شریعت (ع) اسم مونث ① دینی قانون ② طریقہ ③ رستہ ④ ظاہر کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314

www.besturdubooks.net

صفائی۔

شریف (ع) اسم صفت ① عالی خاندان ② بزرگ ③ بھلا مانس ④ مہذب ⑤ اشراف۔

شریف زادہ (ف) اسم صفت بترکیب ① اشراف کا بیٹا ② بڑا خاندانی۔

شریف قوم (ع) اسم مذکر ① سردار قوم ② قوم کا سردار۔

شریف و رذیل (ع) اسم صفت ① اعلیٰ ادنیٰ ② بڑا ③ چھوٹا ④ نیک و بد۔

شریفہ (ا) اسم مذکر۔ ایک چھوٹا اور میٹھا پھل ہے جسے سیتا پھل بھی کہتے ہیں یہ لفظ شری پھل یعنی مقدس پھل سے بگڑا ہوا ہے۔

شریک (ع) اسم صفت ① شامل ② ملا ہوا ③ حصہ دار ④ پتی دار ⑤ مددگار ⑥ ساتھی ⑦ رفیق ⑧ رشتہ دار ⑨ ہمراہی۔

شریک شکمی (ع) اسم مذکر ① ایک دادا کی اولاد ② وراثت کے حقدار۔

## ش ← ڑ

شڑپا (ہ) اسم مذکر۔ کسی پتلی چیز کو ایک ہی بار پینا۔

شڑپے لگانا / مارنا (ہ) فعل ① بہت بہت سا پینا ② اندھوں کی طرح کھانا۔

## ش ← س

شست (ہ) اسم مذکر ① انگوٹھا ② نرانگشت ③ زہ گیر ④ مضراب ⑤ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ⑥ نشانہ ⑦ سیدھ ⑧ ہدف۔

شست باندھنا / لگانا (ا) فعل ① سیدھ باندھنا ② نشانہ باندھنا ③ تاک لگانا۔

شستر (س) اسم مذکر ① آلہ ② لڑائی کا ہتھیار یعنی تلوار وغیرہ ③ سلاخ۔

شست وشو (ف) اسم صفت ① نہانا دھونا ② نہا دھو کر جسم کو صاف رکھنا۔

شستہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① دھویا دھایا ② صاف ③ نرل ④ پاک صاف۔

شستہ تقریر / زبان / گفتگو (ف) اسم مونث۔ سلیس اور صاف بول چال۔

## ش ← ش

شش (ف) اسم مذکر۔ پھیپھڑا۔

شش (ف) اسم عدد۔ چھ ٦۔

شش پہلو (ف) اسم صفت ① چھ کونا ② مسدس ③ چھ گوشہ۔

شش جہت (ف) اسم مونث ① چھ طرفیں ② کل دنیا ③ تمام عالم۔

شش دانگ (ف) اسم صفت ① تمام ② پورا ③ کل ④ سارا۔

شش دانگ عالم (ف) اسم مذکر ① تمام دنیا ② سارا جہان۔

شش ماہی (ف) اسم صفت ① نصف سال ② چھ ماہی ③ چھٹے مہینے۔

شش و پنج (ف) اسم مذکر ① فکر ② اندیشہ ③ سوچ بچار ④ تامل ⑤ برباد ہو جانے کے قریب والی چیز ⑥ جوئے بازوں کا پاسہ ⑦ جوا۔

ششدر (ف) اسم مذکر ① چھ دروازے کا مکان ② حیران و پریشان ③ ہکا بکا۔

ششم (ف) اسم صفت۔ چھٹا۔

## ش ← ص

شصت (ف) اسم صفت ① ساٹھ ② ٦٠۔

## ش ← ط

شط (ع) اسم مذکر ① دریا ② نالہ ③ ندی ④ دریا کا کنارا ⑤ بڑا دریا ⑥ اونٹ کے کوہان ایک طرف ⑦ عبادات و فرائض۔

شطاح (ف) اسم صفت ① بے حیا ② بدچلن ③ بیہودہ گو عورت۔

شطح (ع) اسم مذکر ① شریعت کے خلاف ② بکواسی ③ بے حیائی۔

شطرنج (ع) اسم مونث۔ ایک امیرانہ کھیل کا نام ہے جس سے عقل فکر تصور اور حافظہ کو بہت ترقی ہوتی ہے اس میں ۳۲ مہرے اور ۶۴ خانے ہوتے ہیں۔

شطرنج باز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① شطرنج کا کھلاڑی ② شاطر۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

شطرنجی (ف) اسم مونث (1) مختلف قسم کے غلوں کی روٹی (2) دری (3) ایک قسم کا سوتی فرش۔

## ش ← ع

شعار (ع) اسم مذکر (1) لغت میں جسم میں ملے ہوئے کپڑے کو کہتے ہیں (2) جیسے بنیان وغیرہ (3) اصطلاح میں لباس (4) دستور (5) عادت (6) طور (7) طریقہ (8) طرز (9) روش۔

شعاع (ع) اسم مونث (1) سورج کی کرن (2) روشنی (3) چمک (4) روشنی کا عکس۔

شعائر (ع) اسم مذکر (1) شعیرہ کی جمع (2) قربانیاں (3) رسوم (4) نشانیاں (5) فرائض اور عبادات۔

شعبان (ع) اسم مذکر (1) شب برات کا مہینہ (2) عربی قمری مہینوں میں سے آٹھواں مہینہ۔

شعبدہ (ع) اسم مذکر (1) وہ کھیل جو جادو اور مکروفریب سے متعلق ہو (2) نظر بندی (3) چھل (4) فریب (5) دھوکا۔

شعبدہ باز/ شعبدہ گر (ف) اسم مذکر فاعل (1) بازی گر (2) جادوگر (3) مکار (4) فریبی (5) دھوکے باز (6) مداری (7) حیرت انگیز تماشے دکھانے والا۔

شعبدہ بازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) فریب (2) مکاری (3) جادوگری (4) دھوکا۔

شعبہ (ع) اسم مذکر (1) فرقہ (2) گروہ (3) شاخ (4) ٹہنی (5) ٹکڑا (6) حصہ (7) راگ کی شاخ (8) راگنی (9) نہر میں سے نکالی ہوئی نہر۔

شعر (ع) اسم مذکر (1) لغت میں جاننا (2) دریافت کرنا (3) اصطلاح میں موزوں و مقفّی بالقصد کلام کو کہتے ہیں (4) بیت (5) نظم (6) چھند (7) گیت۔

شعرِ تر (عف) اسم مذکر (1) پر لطف شعر (2) پاکیزہ شعر (3) رنگین اور عمدہ شعر۔

شعر خوانی (عف) اسم مونث بیائے مصدری۔ شعر پڑھنا۔

شعر کہنا (ا) فعل (1) نظم لکھنا (2) شعر بنانا (3) شعر گھڑنا (4) کلام موزون کرنا۔

شعر گوئی (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) شاعری (2) شعر کہنا (3) چھند کہنا۔

شعرا (ع) اسم مذکر (1) شاعر کی جمع (2) کوی لوگ۔

شعریٰ (ع) اسم مذکر۔ دو مشہور ستاروں کے نام ہیں۔

شعشعہ (ع) اسم مذکر (1) سورج کی کرن (2) روشنی (3) نور کی چمک۔

شعلہ (ع) اسم مذکر (1) چمک (2) جوت (3) درخشندگی (4) لو (5) لاٹ (6) لپیٹ (7) آگ (8) غصہ (9) غضب۔

شعلہ اٹھنا (ا) فعل (1) آگ لگنا (2) آگ بھڑکنا (3) لاٹ اٹھنا (4) غصہ آنا (5) جلن اٹھنا۔

شعلہ بھبوکا ہونا (ا) فعل (1) برافروختہ ہونا (2) غضبناک ہونا (3) غصے سے لال ہو جانا (4) لال پیلا ہونا۔

شعلہ جوالہ (ع) اسم مذکر (1) گرداگرد پھرنے والا (2) شعلہ (3) جلتی ہوئی بنیٹی کا چکر۔

شعلہ خو (ع) اسم مذکر (1) تندخو (2) تیز مزاج (3) بدمزاج معشوق۔

شعلہ رو (عف) اسم مذکر (1) حسین (2) نہایت خوبصورت معشوق۔

شعور (ع) اسم مذکر (1) جاننا (2) دانائی (3) تمیز (4) عقل (5) سمجھ (6) دانائی (7) سلیقہ (8) واقفیت۔

شعور پکڑنا (ا) فعل (1) تمیز سیکھنا (2) ہوش سنبھالنا (3) ہوشیار ہونا۔

شعوردار (عف) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) سمجھدار (2) تمیز دار (3) ہنرمند (4) ہوشیار۔

شعیرہ (ع) اسم مونث (1) عبادت مکہ میں حج کے پر کی جانے والی قربانی (2) آنکھ کی بیماری (3) قربانی کی جانور۔

## ش ← غ

شغار (ع) اسم مونث (1) بٹے کی شادی (2) دو آدمیوں کا ایک دوسرے کی بہنوں یا بیٹیوں سے شادی کرنا۔

شغال (ع) اسم مذکر۔ گیدڑ۔

شغب (ع) اسم مذکر۔ شوروغل۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

شغف (ع) اسم مذکر ① بے حد محبت یا رغبت ② کمال دلچسپی ③ لگاؤ۔

شغل (ء) اسم مذکر ① کام کاج ② دھیان ③ عدیم الفرصتی ④ دل لگی ⑤ کھیل کود ⑥ خدا کا دھیان ⑦ تصور خیال۔

شغل کرنا (ا) فعل ① کسی کام میں مصروف ہونا ② کھانا پینا ③ تفریح طبع میں مشغول ہونا۔

## ش ← ف

شفا (ع) اسم مونث ① ساحل ② کنارہ۔

شفا (ء) اسم مونث ① تندرستی ② صحت۔

شفاخانہ (عف) اسم مذکر ① ہسپتال ② بیماروں کا علاج ہونے کی جگہ۔

شفاعت (ء) اسم مونث ① بیچ بچاؤ ② درمیان میں پڑنا ③ سفارش ④ گناہوں کی معافی کی سفارش۔

شفاف (ء) اسم صفت ① نہایت صاف چیز جس کے آر پار نظر آ سکے جیسے شیشہ ② صاف ③ اجل ④ نرمل۔

شفتالو (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا بڑا آڑو۔

شفتل (ا) اسم صفت ① نالائق ② بدکار ③ بیہودہ ④ قحبہ۔

شفٹ (ای) اسم مذکر ① مزدوروں کے مقررہ اوقات کار کا عرصہ ② مزدور کی بدل چوکی ③ کسی شئے کی تبدیلی۔

شفعہ (ء) اسم مذکر ① ہمسائیگی ② ہمسائیگی کا حق ③ گھر یا زمین کی ہمسائیگی۔

شفق (ء) اسم مونث ① صبح اور شام کی سرخی ② نہایت خوبصورت ③ سرخ وسفید۔

شفق پھولنا (ا) فعل ① شام کی سرخی نمایاں ہونا ② خوب اچھی طرح سے سرخی کا ظاہر ہونا۔

شفقت (ء) اسم مونث ① ترس ② نرمی ③ پیار ④ محبت ⑤ ہمدردی ⑥ مہربانی ⑦ لطف۔

شفیع (ء) اسم مذکر فاعل ① گناہ بخشوانے والا ② سفارش کرنے والا ③ آڑے آنے والا۔

شفیع الامم (ء) اسم مذکر ① امتوں کی شفاعت کرنے والا ② سیدنا حضرت محمد ﷺ کا لقب ہے۔

شفیع محشر (ء) اسم مذکر ① حشر میں سفارش کرنے والا ② رسول مقبول ﷺ کا لقب۔

شفیق (ء) اسم صفت ① دیالو ② کرپالو ③ مہربان ④ ہمدرد ⑤ غم خوار۔

## ش ← ق

شق (ء) اسم صفت ① پھٹا ہوا ② شگاف دار۔

شق ہونا (ا) فعل ① پھٹنا ② شگاف پڑنا۔

شق (ء) اسم مونث ① پارہ ② ٹکڑا ③ حصہ ④ جزو ⑤ آدھا ⑥ نصف حصہ۔

شق نکلنا (ا) فعل ① دقت پیش آنا ② جھگڑا نکلنا۔

شقاق (ع) اسم مذکر ① نفاق ② مخالف ③ دشمن۔

شقہ (ء) اسم مذکر ① وہ رقعہ جو بادشاہ اپنے امرا کو کسی ضروری امر کی بابت لکھیں ② بادشاہی مہر یا دستخطوں والی چٹھی جو کسی امیر کے نام جائے برابر والوں یا کم رتبہ اشخاص کے نام دوستانہ خط۔

شقی (ء) اسم صفت ① بدبخت ② بے نصیب۔

شقیق (ع) اسم صفت ① نصف ② سگا بھائی۔

شقیقہ (ء) اسم مذکر ① کن پٹی ② کان اور پیشانی کے درمیان کا نرم اور ملائم حصہ ③ درد نیم سر ④ آدھا سیسی۔

## ش ← ک

شک (ء) اسم مذکر ① شبہ ② بھرم ③ وسواس ④ دبدھا ⑤ گمان ⑥ ظن ⑦ یقین کی ضد۔

شک ڈالنا (ا) فعل ① شبہ پیدا کرنا ② گمان کرنا۔

شک رفع کرنا/نکالنا/مٹانا (ا) فعل ① گمان مٹانا ② شبہ دور کرنا۔

شک کرنا (ا) فعل ① گمان کرنا ② شبہ کرنا۔

شکار (ف) اسم مذکر ① جاندار کے مارنے کا ارادہ ② صید ③ نخچیر ④ بندوق یا تیر وغیرہ سے پکڑا یا مارا ہوا جانور ⑤ اسامی ⑥ سونے کی چڑیا ⑦ مفت کا مال ⑧ گوشت ⑨ لحم۔

شکار آنا (ا) فعل ① شکار ہاتھ لگنا ② شکار پھنسنا۔

شکار بند (ف) اسم مذکر فاعل۔ فتراک وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے قریب شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لئے لگا ہوتا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

شکار کھیلنا (ا) فعل ❶ جانوروں کو مارنا ❷ صید مارنا۔

شکار کے وقت کتیا ہگائی (ا) مثل۔ اشد ضرورت اور کام کے وقت کاہلی یا حیلہ بہانہ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

شکارگاہ (ف) اسم مونث ظرف ❶ صیدگاہ ❷ شکار کھیلنے کی جگہ ❸ رمنا۔

شکار ہونا (ا) فعل ❶ کسی جانور کا مارا جانا ❷ عاشق ہونا ❸ جال میں پھنسنا ❹ قابو آنا۔

شکاری (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ شکار کرنے والا ❷ صیاد ❸ شکار سے نسبت رکھنے والا۔

شکاری جانور (ف) اسم مذکر ❶ شکار کرنے والا جانور ❷ وہ پرندہ یا درندہ جو شکار کرے۔

شکاری کتا (ا) اسم مذکر ❶ شکار میں مدد دینے والا کتا ❷ شکار مارنے یا پکڑنے والا کتا۔

شکال (ف) اسم مذکر۔ وہ عیب دار گھوڑا جس کے تین پاؤں سفید اور چوتھا کسی اور رنگ کا ہو۔

شکایت (ع) اسم مونث ❶ الاہنا ❷ گلہ ❸ شکوہ ❹ مرض ❺ بیماری ❻ فریاد ❼ دادخواہی ❽ برائی ❾ بدی۔

شکایت رفع کرنا (ا) فعل ❶ دکھ دور کرنا ❷ گلہ اتارنا ❸ مراد پوری کرنا ❹ کام بنانا۔

شکایت کرنا (ا) فعل ❶ گلہ کرنا ❷ دکھڑا رونا ❸ فریاد کرنا ❹ برائی کرنا ❺ غیبت کرنا۔

شکتی (س) اسم مونث ❶ طاقت ❷ قوت ❸ بل ❹ زور ❺ قدرت۔

شکر (س) اسم مذکر ❶ چھٹا سیارہ ❷ جمعہ کا دن ❸ زہرہ۔

شکر (ع) اسم مونث ❶ احسانمندی ❷ احسان ماننا ❸ منعم کی تعریف کرنا ❹ سپاس۔

شکر کرنا / بجالانا (ا) فعل ❶ احسان ماننا ❷ سپاس گزاری کرنا۔

شکر گزار (عف) اسم صفت فاعلی ❶ احسانمند ❷ شاکر ❸ ممنون ❹ نمک حلال۔

شکر گزاری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ احسانمندی ❷ ممنونیت ❸ حق شناسی۔

شکر (ف۔ ہ) اسم مونث ❶ کھانڈ ❷ بورا ❸ چینی ❹ مصری ❺ قند ❻ نبات۔

شکر پارہ (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کی مٹھائی ❷ جو مربع شکل کی ٹکڑیاں سی ہوتی ہیں۔

شکر تری (ف) اسم مونث ❶ سرخ کھانڈ ❷ کوری کھانڈ۔

شکرخورا (ا) اسم مذکر ❶ ایک چھوٹے سے خوش رنگ پرندے کا نام ہے جو مٹھاس بڑے شوق سے کھاتا ہے ❷ مجازاً تر مال کھانے والا۔

شکر سے منہ بھرنا (ا) فعل۔ کسی خوشخبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا۔

شکررنجی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ان بن ❷ رکاوٹ ❸ ذرا سی ناراضگی ❹ معمولی سی رنجش۔

شکرقند (ا) اسم مذکر۔ مولی کی طرح کی ایک قسم کی میٹھی جڑ جسے ابال کر یا بالو میں بھون کر کھاتے ہیں (اصل میں شکر بمعنی میٹھا اور کند بمعنی جڑ تھا)۔

شکرلب (ف) اسم صفت ❶ شیریں ہونٹوں والا ❷ مٹھ بولا معشوق۔

شکرانا (ا) اسم مذکر۔ وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ڈال کر کھلائیں۔

شکرانہ (ا) اسم مذکر ❶ شکریہ ❷ احسانمندی ❸ منت ❹ احسان ❺ کسی کام کے بدلے کچھ دینا۔

شکرم (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی گاڑی۔

شکرہ (ف) اسم مذکر ❶ باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ ہے ❷ ایک قسم کا باشہ۔

شکرہ پالنا (ا) فعل ❶ مفت کا خرچ باندھنا ❷ کسی پر بھروسہ کرلینا۔

شکری (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کا نہایت شیریں اور بڑا فالسہ۔

شکست (ف) اسم مونث ❶ ٹوٹ ❷ پھوٹ ❸ زک ❹ ہار ❺ ہزیمت ❻ کمی ❼ نقصان ❽ گھاٹا۔

شکست فاش (ف) اسم مونث ❶ کھلی شکست ❷ ایسی شکست جس میں کسی کو کلام نہ ہو۔

شکست و ریخت (ف) اسم مونث حاصل مصدر ❶ ٹوٹ پھوٹ ❷ گری پڑی۔

شکست ہونا / کھانا (ا) فعل ❶ ہار ہونا ❷ بھاگنا ❸ پسپا ہونا ❹ مات ہونا۔

شکستگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ از شکستہ ❷ ٹوٹ پھوٹ ❸ خستگی۔

شکستہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ ٹوٹا پھوٹا ❷ گرا پڑا ❸ وہ خط جو گھسیٹ کر بے قاعدہ لکھا جائے۔

شکستہ حال (فع) اسم صفت ❶ خستہ حال ❷ تباہ حال ❸ آفت کا مارا ❹ مصیبت زدہ۔

شکستہ حالی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تباہ حالی ❷ تباہی ❸ پریشانی ❹ مصیبت ❺ بپتا ❻ آفت۔

شکستہ خاطر / شکستہ دل (فع) اسم صفت ❶ غمناک ❷ غمگین ❸ رنجیدہ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149017218

www.besturdubooks.net

دل ④ خستہ خاطر۔

شکستہ خط (فع) اسم مذکر۔ ایک قسم کا خط جو نستعلیق کے خلاف گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے۔

شکل (ع) اسم مونث ① چہرہ ② صورت ③ ہیئت ④ رنگ ڈھنگ ⑤ وضع ⑥ مانند ⑦ مثل ⑧ طور طریقہ ⑨ ڈھب۔

شکل بگاڑنا (ا) فعل ① چہرے کو نہایت بدزیب کر دینا ② اس قدر مارنا کہ صورت نہ پہچانی جائے ③ چہرے کو بدہیئت بنانا۔

شکل بنانا (ا) فعل ① نقل کرنا ② چہرے کو بگاڑنا ③ ڈول بنانا ④ خاکہ کھینچنا ⑤ کسی صورت کا اختیار کرنا۔

شکل تو دیکھو (ا) محاورہ ① طنزاً قابلیت تو دیکھو ② لیاقت تو دیکھو ③ منہ تو دیکھو۔

شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا (ا) فعل۔ اس بدصورتی پر اتنا غرور۔

شکل سے بیزار ہونا (ا) فعل ① نہایت ناراض ہونا ② بے حد متنفر ہونا ③ صورت دیکھنے تک کا روادار نہ ہونا۔

شکل نکالنا (ا) فعل ① تدبیر سوچنا ② اپائے کرنا ③ تدبیر نکالنا ④ موقع ⑤ سوچنا ⑥ صورت نکالنا۔

شکل وشمائل (ع) اسم مونث ① صورت وسیرت ② خوبصورتی ③ رنگ و روپ۔

شکم (ف) اسم مذکر ① پیٹ ② جھوجھ ③ اوجھ۔

شکم پرور (ف) اسم صفت ① بڑپیٹو ② کھاؤ ③ پیٹو ④ حریص ⑤ لالچی۔

شکم سیر (ف) اسم صفت ① آسودہ ② پیٹ بھرا ③ رجا ہوا ④ بھرپور۔

شکمی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① جنم کا پیدائشی ② مادرزاد ③ اندرونی ④ سگا ⑤ بطور خود۔

شکمی کاشتکار (ا) اسم مذکر ① اجارہ دار ② اسامی ③ وہ کاشتکار جو بونے جوتنے میں شریک ہو اور سرکاری کاغذات میں اس کا نام نہ ہو۔

شکن (ف) اسم مذکر حاصل مصدر ① شکستن ② بل ③ سلوٹ ④ چنٹ ⑤ جھول ⑥ گنجلک۔

شکن ڈالنا (ا) فعل ① بل ڈالنا ② نشان ڈالنا ③ کاغذ موڑ کر نشان کرنا۔

شکنجہ (ف) اسم مذکر ① مجرموں کی ٹانگیں کس دینے کی مشین ② جلد سازوں کے ایک اوزار کا نام ③ عذاب ④ دکھ ⑤ سخت سزا ⑥ روئی دبانے کی کل۔

شکنجہ آبی (ف) اسم مذکر۔ پانی کی داب سے روئی کا حجم کم کرنے والی مشین۔

شکنجے میں کھینچنا (ا) فعل ① سخت تکلیف دینا ② بہت تنگ کرنا ③ نہایت دق کرنا۔

شکوہ/شکوا (ع۔ف) اسم مذکر ① شکایت ② گلہ۔

شکوہ گزاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شکایت دوستانہ ② گلہ گزاری ③ الاہنا دینا۔

شکوہ (ف) بواؤ مجہول اسم مذکر ① رعب و داب ② شان و شوکت ③ بزرگی ④ دکھاوٹ۔

شکیب/شکیبائی (ف) اسم مذکر ① صبر ② آرام ③ تحمل ④ سنتوکھ ⑤ بردباری۔

شکیل (ا) اسم صفت مذکر ① خوبصورت ② خوش شکل ③ وضعدار۔

شکیلہ (ا) اسم مونث صفت ① حسینہ ② جمیلہ ③ خوبصورت عورت۔

## ش ← گ

شگاف (ہ) اسم مذکر ① جھری ② دراڑ ③ درز ④ قلم کے بیچ کا چراؤ۔

شگاف دینا/لگانا (ا) فعل ① قلم کو چیرنا ② زخم کو نشتر سے چیرنا ③ چیرا لگانا۔

شگفتگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① پھول کا کھلنا ② سرسبزی ③ شادابی ④ خوشی ⑤ فرحت۔

شگفتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① کھلا ہوا ② خوش بخوش ③ راضی خوشی ④ خوش وخرم۔

شگفتہ خاطر (فع) اسم صفت ① خوش مزاج ② خوشدل۔

شگفتہ رو (ف) اسم صفت ① ہنس مکھ ② خندہ پیشانی۔

شگن/شگون (ف۔ہ) اسم مذکر ① فال نیک نذرانہ ② نقد ③ نیگ ④ منگنی یا نسبت کی رسم۔

شگنیا (ہ) اسم مذکر فاعل ① رمال ② نجومی ③ جوتشی ④ فالیا۔

شگوفہ (ف) اسم مذکر ① پھول کی کلی ② غنچہ ③ بن کھلا پھول ④ گل پھول ⑤ کسی انوکھی یا عجیب بات کا ظہور ⑥ چٹکلہ۔

شگوفہ پھوٹنا/پھولنا (ا) فعل ① پھولوں کا کھلنا ② انوکھی بات نکلنا ③ ناگہانی امر ④ پیش آنا ⑤ فتنہ کھڑا ہونا۔

شگوفہ چھوڑنا (ا) فعل ① کوئی نئی بات بیان کرنا ② فساد یا فتنہ کی بات کرنا ③ فتنہ اٹھانا ④ فتنہ انگیز بات اٹھانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172181

www.besturdubooks.net

شگون کرنا (ا) فعل ① بات ٹھیرانا ② نسبت کرنا ③ نیک وقت میں کسی کام یا رسم کو شروع کرنا۔

شگون لینا (ا) فعل ① مبارک گھڑی دیکھنا ② فال لینا۔

شگون منانا (ا) فعل ① اچھی بری ساعت کو دیکھنا ② شگن بچارنا ③ مبارک ومنحوس ساعت کا یقین کرنا۔

شگونیا (ا) اسم مذکر ① نجومی ② فالیا ③ رمال ④ جوتشی۔

شگون ہونا (ا) فعل ① اچھی فال نکلنا ② کسی کام کا نیک گھڑی میں شروع کیا جانا ③ منگنی یا نسبت کی رسم ادا ہونا۔

## ش ← ل

شل (ء) اسم صفت ① ہاتھ پاؤں سے لنجا ہونا ② سن ہونا ③ بے کار ہو جانا ④ ہاتھ پاؤں کارہ جانا ⑤ سست ⑥ تھکا ماندہ۔

شلجم/شلغم (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری کا نام ہے جو مولی کی قسم سے ہے۔

شلجمی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ شلجم ② شلغم کے رنگ کا ③ شلغم جیسا۔

شلک/شلق (ت) اسم مونث ① توپوں یا بندوقوں کی باڑ جو خوشی یا سلامی کے وقت چھوڑی جاتی ہے ② تشبیہاً گوز ③ پاد۔

شلک اڑانا (ا) فعل ① باڑ چھوڑنا ② بندوق یا توپ چلانا ③ سلامی اتارنا ④ شگوفہ چھوڑنا ⑤ گپ اڑانا ⑥ فتنہ کی بات کہہ دینا ⑦ گوز مارنا ⑧ پاد مارنا۔

شلنگ (ای) اسم مذکر ① چاندی کا ایک سکہ ہے ② پونڈ کا بیسواں حصہ ③ انگلستان کا ایک سکہ اندازاً ہندوستانی بارہ آنے کے برابر۔

شلنگ (ف) اسم مذکر ① ڈگ ② جست ③ زغند ④ کود ⑤ چھلانگ۔

شلنگ بھرنا (ا) فعل ① چھلانگ مارنا ② کودنا ③ بیٹھک لگانا ④ کوندنا ⑤ پھاندنا ⑥ ڈگ بھرنا ⑦ جست لگانا ⑧ چوکڑی بھرنا۔

شلنگا (ا) اسم مذکر ① دور دور کا ٹانکا ② ٹوپا۔

شلنگے بھرنا (ا) فعل ① ٹوپے لگانا ② دور دور ٹانکے بھر کر سینا ③ موٹی سلائی کرنا۔

شلوار (ف) اسم مذکر (شل اور وار کلمہ نسبت سے مرکب ہے) یعنی ران سے نسبت رکھنے والا ① جانگیا ② گھٹنا ③ پاجامے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔

شلوک (س) اسم مذکر ① چھند ② شعر ③ دوہا ④ مصرعہ ⑤ نظم ⑥ بیت۔

شلوکہ (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کا کرتہ ② روئی دار کمری یا نیم آستین ③ سینہ بند۔

شلہ/شلہ (ف) اسم مذکر ① گوشت کے شوربے میں پکے ہوئے پتلے چاول ② پتلی کھچڑی ③ نہایت گلے ہوئے چاول۔

شلیتہ/شلیتا (ہ) اسم مذکر۔ خیمہ تہ کر کے رکھنے کا ٹاٹ کا بڑا سا تھیلا۔

## ش ← م

شما (ف) اسم ضمیر ① آپ ② تم۔

شمار (ف) اسم مذکر ① گنتی ② تعداد ③ حساب ④ اندازہ ⑤ تخمینہ ⑥ جانچ۔

شمار سے باہر/زیادہ (ا) تابع فعل ① بے شمار ② ان گنت ③ لاتعداد ④ بے حساب۔

شمار کرنا (ا) فعل ① گننا ② جانچنا ③ حساب لگانا۔

شمار کنندہ (ف) اسم مذکر فاعل ① حساب کی اصطلاح میں کسر کا اوپر کا عدد جو مخرج سے اوپر لکھا ہوتا ہے ② شمار کرنے والا ③ گننے والا۔

شماس (ء) اسم مذکر ① آفتاب کی پرستش کرنے والا ② گبر ③ ترسا ④ قوم ترسا کا پجاری یا سردار ⑤ موجد طریقہ آفتاب پرستی۔

شمال (ء) اسم مونث ① بایاں ہاتھ ② دست ③ چپ۔

شمال رو/شمال رویہ (ف) اسم مذکر۔ وہ مکان جس کا دروازہ اور رخ شمال یعنی اتر کی طرف ہو۔

شمالی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ شمال ② اتر کا ③ اتر والا۔

شمائل (ء) اسم مذکر ① شمیلہ کی جمع ② خصلتیں ③ عادتیں ④ شکل کا مرادف بھی ہے۔

شمر (ء) اسم مذکر ① یزید کی فوج کا وہ سردار جس نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو میدان کربلا میں شہید کیا ② مجازاً ظالم ③ مردود ④ بے رحم لعنتی۔

شمس (ء) اسم مذکر ① سورج ② آفتاب۔

شمسہ (ء) اسم مذکر ① وہ گول سنہری چاند جو کلس میں لگاتے ہیں ② وہ گول یا

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

چھپٹے کلابتونی یا مردیں حلقے جو تسبیح میں ڈال لیا کرتے ہیں۔

**شمسی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ شمس ❷ سورج کا ❸ آفتاب کا جیسے نظامِ شمسی۔

**شمشاد** (ف) اسم مذکر۔ سرو کی قسم کے ایک سیدھے اور خوش قد درخت کا نام ہے۔

**شمشیر** (ف) اسم مونث (مرکب از شم بمعنی ناخن شیر) ❶ ناخن شیر ❷ تیز وخمدار تلوار ❸ تیغ۔



(شمع)

**شمع** (ع) اسم مونث ❶ موم بتی ❷ چربی کی بتی ❸ چراغ۔

**شمع دان** (عف) اسم مذکر ظرف ❶ بتی دان ❷ وہ چیز جس میں لگا کر موم بتی جلاتے ہیں۔

**شمع رو** (عف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ روشن چہرے والا ❷ مراداً معشوق ❸ حسین۔

**شمع سحری** (عف) اسم مونث ❶ صبح کا چراغ ❷ گل ہونے کے قریب ❸ مرنے کے قریب۔

**شمع کافوری** (عف) اسم مونث۔ نہایت سفید اور اجلی موم بتی۔

**شملہ** (ف) اسم مذکر ❶ سر سے باندھنے یا کندھے پر ڈالنے کی شال ❷ دستار ❸ عمامہ ❹ پگڑی ❺ پگڑی کا طرہ ❻ عمامہ کا سرا جو کندھے پر یا پشت ڈال لیا کرتے ہیں۔

**شملہ بمقدار علم** (ف) مثل۔ طرہ علم کی مقدار کے موافق چاہئے۔

**شمول** (ع) اسم مذکر ❶ شامل ❷ ساتھ ❸ سمیت ❹ اکٹھا ❺ سب ❻ تمام ❼ جملہ۔

**شمہ** (ع) اسم مذکر ❶ ذرا سی مہک ❷ تھوڑی سی خوشبو ❸ ذرا سا جزو ❹ اندک ❺ کم ❻ ذرا ❼ تھوڑا۔

**شمیم** (ع) اسم مونث ❶ مہک ❷ خوشبو ❸ لپٹ ❹ معطر ہوا ❺ خوشبو والی ہوا۔

## ش ← ن

**شنا** (ف) اسم مونث۔ تیرنا۔

**شناخت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از شناختن ❶ پہچان ❷ واقفیت ❸ تمیز ❹ شناسائی۔

**شناختی** (ا) اسم صفت۔ جس سے پہچان ہو سکے۔

**شناس** (ف) فعل۔ امر شناختن سے ❶ اسم کے آخر آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے جیسے مردم شناس۔

**شناسا** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ پہچاننے والا ❷ جانچنے والا ❸ تاڑو ❹ تاڑیا۔

**شناسائی** (ف) اسم مذکر بیائے مصدری ❶ جان پہچان ❷ تعارف ❸ واقفیت۔

**شناور** (ف) اسم صفت ❶ تیراک ❷ تیرنے والا ❸ پیراک۔

**شنبہ** (ف) اسم مذکر ❶ سنیچر کا دن ❷ ہفتے کا دن۔

**شنٹو** (جاپانی) اسم مذکر۔ جاپان کا ایک قدیم مذہب جس میں آباؤ اجداد کی پوجا کی جاتی ہے۔

**شنجرف/شنگرف** (ف) اسم مذکر۔ گندھک اور پارے کا ایک سرخ رنگ کا مرکب۔

**شنگرفی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ شنگرف کے رنگ کا ❷ سرخ رنگ والا۔

**شنوائی** (ف) اسم مونث ❶ سماعت ❷ سننا ❸ دادرسی۔

**شنید** (ف) اسم مونث ❶ سنی سنائی بات ❷ سننا۔

**شنیع** (ع) اسم صفت ❶ نہایت برا ❷ خراب ❸ عیب دار۔

**شنیعہ** (ع) اسم صفت ❶ خراب بات ❷ بری بات ❸ فسق و فجور ❹ بدکاری۔

## ش ← و

**شو** (ف) اسم مذکر۔ شوہر کا مخفف۔

**شو** (ای) اسم مذکر ❶ تماشا ❷ نظارہ ❸ نمائش ❹ دکھاوا ❺ ٹیپ ٹاپ۔

**شو** (ای) اسم مذکر ❶ جوتا ❷ کفش ❸ پاپوش۔

**شو بوائے** (ای) اسم مذکر ❶ دکھاوے کا ❷ نمائشی۔

**شو** (س) اسم مذکر ❶ دنیا کو فنا کرنے والا ❷ ایک مہادیو۔

**شوال** (ع) اسم مذکر ❶ مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ ❷ عید کا مہینہ۔

**شوالا/شوالہ** (س) اسم مذکر مرکب از شو و آلہ بمعنی جگہ ❶ استھان ❷ شیو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

جی کا مندر ④ مہادیو کا استھان۔

شوب (ف) اسم مذکر ① دستار ② دھلائی ③ دھلنے کا کام۔

شوب پڑنا (ا) فعل ① کپڑے کا دھویا جانا ② دھونے کا کام۔

شوخ (ف) اسم صفت ① تیز ② چالاک ③ ڈنگئی ④ گستاخ ⑤ بے ادب ⑥ کھلنڈرا ⑦ فتنہ انگیز ⑧ زندہ دل ⑨ شیخی خورہ۔

شوخ چشم/ شوخ دیدہ (ف) اسم صفت ① بے شرم ② بے حیا ③ گستاخ ④ نڈر ⑤ بے ادب۔

شوخ چشمی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① گستاخی ② بے حیائی ③ بے شرمی ④ بے ادبی۔

شوخی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شوخ ہونا ② بدذاتی ③ شرارت ④ دنگا ⑤ بیبا کی ⑥ دلیری ⑦ چلبلا پن ⑧ بے ادبی ⑨ گستاخی۔

شودر (س) اسم مذکر ① منوجی کے دھرم شاستر کے مطابق خدمت کرنے والی ذات ② نیچی ذات ③ ٹہلوا ④ خادم ⑤ خدمتگار۔

شور (ف) اسم مذکر ① غل غپاڑہ ② شہرت ③ دھاک ④ دھوم ⑤ غصہ ⑥ خفگی ⑦ عشق ⑧ جنون ⑨ جوش۔

شور بخت (ف) اسم مذکر صفت ① بدبخت ② کم نصیب ③ بے نصیب ④ بدقسمت۔

شور بور (ا) اسم صفت ① لتھڑ پتھڑ ② پت ③ تربتر ④ تر اور آلودہ۔

شورش (ف) اسم مونث ① شوریدن سے حاصل مصدر ② بلوہ ③ غوغا ④ ہنگامہ ⑤ فتنہ وفساد ⑥ ابتری ⑦ پریشانی ⑧ افراتفری ⑨ کھلبلی۔

شورش برپا کرنا (ا) فعل ① فساد ڈالنا ② فتنہ کھڑا کر دینا ③ سرکشی کرنا ④ بغاوت کرنا۔

شورہ پشت (ف) اسم صفت ① سرکش ② نافرمان ③ لڑاکا ④ جھگڑالو ⑤ فسادی۔

شورہ پشتی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شوخی ② بغاوت ③ نافرمانی ④ جنگ جوئی ⑤ جھگڑا ⑥ لڑائی دنگا ⑦ دھینگا مشتی ⑧ ہاتھا پائی۔

شوری (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① شور مچانے والا ② فسادی ③ خراب ④ شوریلا ⑤ پنجاب کے ایک مشہور گویے کا نام ہے جو ٹپے کا موجد ہوا ہے۔

شوریت (ا) اسم مونث ① کھار ② نمکینی ③ کھاری پن۔

شوریدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① آوارہ ② سرگرداں ③ حیران وپریشان ④ دیوانہ ⑤ پاگل۔

شوریدہ حال (فع) اسم صفت ① پریشان حال ② دیوانہ وار ③ آشفتہ حال۔

شورے کی تیلی/ شورے کی قلفی (ا) اسم مونث ① شورے کی بنی ہوئی مورتی ② شورے کا کھلونا ③ نہایت گوری اور بھبھو کا عورت ④ خوبصورت عورت۔

شوشہ (ف) اسم مذکر ① ذرہ ② ریزہ ③ ٹکرا ④ حرف کا سرا ⑤ جھگڑے اور فساد کی بات ⑥ چٹکلا ⑦ شگوفہ۔

شوشہ چھوڑنا (ا) فعل ① فساد ڈالنے کی بات کہنا ② نئی بات نکالنا۔

شوفر (فرانسیسی) اسم مذکر ① ڈرائیور ② ملازم جو گاڑی چلانے کے لیے رکھا گیا ہو۔

شوق (ء) اسم مذکر ① رغبت ② خواہش ③ آرزو ④ شغل ⑤ کام ⑥ ذوق ⑦ مزہ ⑧ امنگ ⑨ لہر۔

شوق وذوق (ا) اسم مذکر ① عیش وعشرت ② گرمجوشی ③ شغل۔

شوق سے (ا) تابع فعل ① خوشی سے ② مزے سے ③ بے خوف ④ بے ہراس ⑤ چاؤ سے ⑥ رغبت سے ⑦ دل سے ⑧ اپنی مرضی سے ⑨ اپنے ارادے سے۔

شوق میں ذوق دستوری میں لڑکا (ا) کہاوت ① کوشش ایک کام کے لئے کی دوسرا مفت میں بن گیا ② ایک لطف کی سعی تھی دو حاصل ہوئے۔

شوقین (ا) اسم صفت ① شوق والا ② خواہشمند ③ شائق طالب ④ لہری ⑤ رنگیلا ⑥ عادی ⑦ خوگر ⑧ عیاش۔

شوقیہ (ء) اسم صفت نسبتی ① شوق سے نسبت رکھنے والا ② پرشوق ③ شوق سے ④ بھرپور جیسے شوقیہ سلام ⑤ (بصورت تابع فعل) شوق سے ⑥ محبت سے ⑦ دل بہلانے کے طور پر۔

شوکت (ء) اسم مونث ① طاقت ② زور ③ رعب وداب ④ دبدبہ ⑤ درجہ ⑥ قدر ⑦ مرتبہ ⑧ ٹھاٹھ باٹ ⑨ شان وشکوہ۔

شوکت اسلام (ء) اسم مونث ① اسلام کی قوت ② اسلام کا دبدبہ اور رعب۔

شولہ (ا) اسم مذکر۔ گوشت ملی کھچڑی۔

شوم (ء) اسم صفت ① منحوس ② نحس ③ بدبخت ④ ممسک ⑤ کنجوس ⑥ بخیل۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

شوم قدم (ع) اسم صفت ❶ برا ❷ منحوس ❸ چندرا ❹ سبز قدم۔
شومی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بدنصیبی ❷ بدبختی ❸ نحوست ❹ کنجوسی ❺ بخیلی
شومی طالع / بخت (ع) اسم مونث ❶ قسمت کی نحوست ❷ قسمت کی بدنصیبی۔
شوہر (ف) اسم مذکر ❶ خاوند ❷ پتی ❸ مالک ❹ خصم ❺ سوامی ❻ پیا ❼ بالم۔
شوئی (ا) اسم صفت نسبتی ❶ دکھلاوے کا ❷ نمود کا ❸ شوخ رنگ کا۔

## ش ← ہ

شہ (ف) اسم مذکر ❶ شاہ کا مخفف ❷ بادشاہ ❸ سلطان ❹ راجہ ❺ فرمانروا ❻ اشارہ ❼ ایما ❽ دولھا ❾ نوشہ۔
شہباز (ف) اسم مذکر ❶ بڑا باز ❷ شاہین ❸ ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ہے۔
شہ بالا (ف) اسم مذکر ❶ دولھا کے پیچھے بٹھایا ہوا لڑکا ❷ ہمدوش۔
شہ پانا (ا) فعل ❶ اشارہ پانا ❷ بہکاوے میں آنا ❸ ورغلانے میں آنا ❹ مدد پانا۔
شہپر (ف) اسم مذکر ❶ بڑا پر ❷ پرندوں کے اڑنے کے بازو ❸ بڑے پروں والا۔
شہتوت (ف) اسم مذکر ❶ بڑا توت ❷ جلیبا۔
شہتیر (ف) اسم مذکر ❶ بڑی کڑی ❷ وہ بڑا لکڑی کا لٹھا جس پر چھت کی کڑیاں رکھی جاتی ہیں۔
شہ چال (ا) اسم مونث۔ شطرنج کی چال جو باقی مہروں کے ختم ہوتے چلی جاتی ہے۔
شہ دینا (ا) فعل ❶ شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا ❷ کنکوا بڑھانا ❸ اکسانا ❹ بہکانا ❺ حمایت کرنا ❻ بیجا تعریف کرنا ❼ لڑائی کرانا ❽ فتنہ کی آگ بھڑکانا۔
شہ رخ (ف) اسم مونث۔ وہ شہ جو شطرنج کی بازی میں رخ یا پیل سے بادشاہ کو دی جائے۔
شہ رگ (ہ) اسم مونث ❶ بڑی رگ ❷ کودنے والی رگ ❸ وہ رگ جس کے کاٹنے سے جاندار مر جاتا ہے۔
شہزادہ (ف) اسم مذکر ❶ بادشاہ کا بیٹا ❷ راجہ ❸ شاہی خاندان کا بیٹا۔
شہزادی (ف) اسم مونث ❶ بادشاہ کی بیٹی ❷ رانی ❸ بیگم ❹ شاہی خاندان کی عورت۔
شہ زور (ف) اسم مذکر ❶ زبردست پہلوان ❷ نہایت زور والا ❸ بڑا طاقتور پہلوان۔
شہ زوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ پہلوانی ❷ زور آوری ❸ بڑی طاقت۔
شہ مات (ا) اسم مونث۔ شطرنج کی بازی میں کشت دے کر بادشاہ کو مات کرنا۔
شہاب (ف) اسم مذکر ❶ وہ نہایت سرخ رنگ جو کسینے کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد اول اول میں حاصل ہوتا ہے ❷ جیٹھا سرخ رنگ۔
شہاب (ع) اسم مذکر ❶ لاٹ ❷ لو ❸ بلند ❹ شعلہ ❺ وہ چمکدار ستارہ جو آسمان سے ٹوٹتا اور ادھر ادھر آتشبازی کی طرح جاتا دکھائی دیا کرتا ہے۔
شہاب ثاقب (ع) اسم مونث۔ رات کو ٹوٹنے والا چمکدار ستارہ۔
شہابہ (ا) اسم مذکر ❶ ایک دخانی مادہ جو اکثر دلدل اور پرانے قبرستان یا مرگھٹ میں رات کے وقت چراغ کی طرح جلتا نظر آتا ہے اور عوام اس کو بھوت پریت خیال کرتے ہیں ❷ غول بیابانی۔
شہابی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ شہاب سے نسبت رکھنے والا ❷ سرخ رنگ کا ❸ جھلک ❹ پرتو ❺ عکس ❻ ایک قسم کی سرخ رنگ کی مہتابی۔
شہادت (ع) اسم مونث ❶ گواہی ❷ شاہدی ❸ درست خبر ❹ راہ خدا میں مارا جانا ❺ خدا تعالیٰ کی توحید اور رسول مقبول ﷺ کی رسالت پر سچے دل سے اقرار کرنا ❻ کلمہ شہادت ❼ موت ❽ مرگ ❾ قتل۔
شہامت (ع) اسم مونث ❶ دلیری ❷ چستی ❸ دلاوری ❹ توانائی ❺ بزرگی ❻ بڑائی۔
شہانہ (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ❶ مخفف شاہانہ ❷ بادشاہوں جیسا ❸ بادشاہوں کے لائق۔
شہد (ع) اسم مذکر ❶ وہ میٹھا شیرہ جو مہال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں ❷ بہت شیریں۔
شہد کی مکھی (ا) اسم مونث ❶ مہال کی مکھی ❷ شہد جمع کرنے والی مکھی ❸ لالچی ❹ حریص ❺ چٹو ❻ لپٹو۔


(شہد کی مکھی)

شہد لگا کر چاٹو (ا) محاورہ ❶ طنزاً دوا سمجھ کر رکھو ❷ نہایت عزت سے اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

احتیاط سے رکھو ③ نہایت قدر و منزلت سے برتو۔
شہد لگا کے الگ ہو جانا (ا) فعل ① لڑائی کی بنیاد رکھ کر الگ ہو جانا ② فساد کی بات پیدا کر کے آپ بالکل علیحدہ ہو رہنا۔
شہداء (ع) اسم مذکر۔ شہید کی جمع۔
شہدا (ا) اسم صفت ① لچا ② گنڈا ③ بدمعاش ④ شریر۔
شہدپن (ا) اسم مذکر ① بدمعاشی ② لچاپن ③ گنڈ پنا۔
شہر (ع) اسم مذکر۔ ماہ۔ قمری مہینہ۔
شہر (ف) اسم مذکر ① نگر ② آبادی کا بڑا بھاری حصہ ③ بلدہ ④ مدینہ۔
شہر آشوب (ف) اسم مذکر ① کسی شہر کے تباہ و برباد ہونے یا اجڑنے کا منظوم تذکرہ یا ماتم ② کسی شہرہ آفاق حسین کے حسن بگڑنے کا نظارہ۔
شہر بانو (ف) اسم مونث ① بقلب اضافت بانوئے شہر ② شہر کی امیر زادی ③ شہر کی زینت ④ شہر کی بیگم ⑤ یزدجرد حاکم ایران کی بیٹی کا نام جس سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا نکاح ہوا۔
شہر بدر کرنا (ا) فعل ① شہر سے نکال دینا ② جلاوطن کر دینا ③ کسی جرم پر دیس نکالا دینا۔
شہر پناہ (ف) اسم مونث بقلب اضافت ① شہر کی فصیل ② شہر کی چاردیواری۔
شہر خبرا / شہر خبرو (ا) اسم مذکر ① تمام شہر کی خبر رکھنے والا ② شہر کی خبریں لانے والا ③ جاسوس شہر۔
شہر خموشاں (ف) اسم مذکر ظرف ① خاموشی کی بستی مجازاً قبرستان ② گورستان۔
شہر شملہ (ا) اسم مذکر ① اندھیر نگری ② وہ شہر جہاں سے انصاف و مروت بالکل اٹھ جائے۔
شہر میں اونٹ بدنام (ا) فعل۔ وہ شخص جو کسی عیب کے باعث مشہور ہو اس کی نسبت بولتے ہیں یعنی نامی چور مارا جاتا ہے مشہور عیبی کی شامت آتی ہے۔
شہر یار (ف) اسم مذکر ① بادشاہ ② مطلق العنان بادشاہ۔
شہرت (ع) اسم مونث ① لغت میں میان سے تلوار باہر نکالنا ② اصطلاح میں ظاہر ③ اعلانیہ ④ دھوم دھام ⑤ اطلاع ⑥ اشاعت ⑦ مشہور کرنا ⑧ پھیلانا ⑨ ناموری نام۔
شہرت ہونا (ا) فعل ① شور مچنا ② چرچا ہونا ③ مشتہر ہونا۔
شہرہ (ع) اسم مذکر ① آوازہ ② دھاک ③ دھوم دھام ④ نام۔
شہرہ آفاق (ع) اسم صفت ① تمام دنیا میں مشہور ② مشہور عالم۔
شہرہ ہونا (ا) فعل ① نام و شہرت ہونا ② دھوم مچنا ③ دھاک ہونا۔
شہری (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① شہر کا رہنے والا ② منسوب بہ شہر۔
شہریت (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ شہر کی رہائش۔
شہلا (ع) اسم مونث ① بھیڑ کی سی آنکھوں والی عورت ② سیاہی مائل بھوری یا سرخی مائل سیاہ آنکھ ③ ایک قسم کا نرگس کا پھول جو سیاہ ہوتا ہے۔
شہنائی (ف) اسم مونث ① نفیری ② بانسری ③ الغوزہ۔
شہنشاہ / شہنشہ (ف) اسم مونث بقلب اضافت ① بادشاہوں کا بادشاہ ② مہاراجہ ادھراج۔
شہنشاہی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① بادشاہ سے نسبت رکھنے والی ② بادشاہی۔
شہوات (ع) اسم مونث ① شہوت کی جمع ② لذتیں ③ خواہشیں۔
شہوانی / شہوی (ع) اسم صفت ① جنسی لذتوں سے متعلق ② شہوت کے متعلق۔
شہوت (ع) اسم مونث ① خواہش ② آرزو ③ لذت حاصل کرنے کا شوق ④ جنسی خواہش۔
شہود (ع) اسم مذکر ① حاضر ہونا ② صوفیوں کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں ہر شے میں جلوہ حق بلکہ عین حق نظر آئے۔
شہودی (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت سالکوں کی اصطلاح میں وہ عارف لوگ جو توحید کے اس درجہ پر پہنچ جائیں کہ تمام موجودات میں مشاہدہ حق کریں بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے۔
شہید (ع) اسم مذکر ① راہ خدا میں قربان شدہ ② حق پر جان دینے والا ③ وہ شخص جس کی نظر سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو ④ عالم الغیب ⑤ خدا تعالے ⑥ مقتول ⑦ فدا ⑧ کشتہ ⑨ عاشق۔
شہید ہونا (ا) فعل ① راہ خدا میں مارا جانا ② حق پر مارا جانا ③ فوت ہونا ④ انتقال کرنا ⑤ مرجانا ⑥ عاشق ہونا ⑦ شیدا ہونا۔
شہیدی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی۔ شہید سے نسبت رکھنے والا۔
شہیدی تربوز (ا) اسم مذکر۔ نہایت پکا اور چھلکے سمیت لال تربوز۔

ش ← ی

شے (ع) اسم مونث ① چیز ② بستو۔
شے (ا) اسم مونث ① زیادتی ترقی ② افزونی ③ برکت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**شیاطین** (ء) اسم مذکر۔ شیطان کی جمع۔

**شیام** (س) اسم مذکر ① ایک بڑ کا درخت جو الہ آباد میں ہے اور جسے ہندو لوگ پوجتے ہیں ② سیاہ۔

**شیٹ** (ای) اسم مذکر ① کاغذ کا تختہ ② پلنگ کی چادر ③ دھات یا پانی کی چادر۔

**شیخ** (ء) اسم صفت ① پیر ② مرشد ③ بزرگ ④ عالم ⑤ فاضل ⑥ قاضی ⑦ مفتی ⑧ فقیہ ⑨ بوڑھا۔

**شیخ الاسلام** (ء) اسم مذکر ① مسلمانوں کا سب سے بڑا پیشوائے دین ② امام وقت۔

**شیخ الشیوخ** (ء) اسم مذکر ① تمام عالموں اور فاضلوں کا سردار ② گروہ۔

**شیخ جی** (ا) اسم مذکر ① قوم شیخ کے واسطے تعظیمی خطاب ② شیخ صاحب ③ طنزاً بھی بولتے ہیں۔

**شیخ چلی** (ا) اسم مذکر ① وہ شیخ جو چلہ کشی کی کثرت سے خلل دماغ میں مبتلا ہوگیا ہو ② بے وقوف ③ مودھو ④ پاگل ⑤ ایک فرضی احمق جس کے قصے بنے ہوئے ہیں۔

**شیخانی** (ا) اسم مونث بیائے تانیث ① شیخ کی بیوی ② شیخ قوم کی عورت۔

**شیخی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① لاف ② گھمنڈ ③ تکبر ④ غرور۔

**شیخی باز/ شیخی خورا** (ا) اسم مذکر ① لپاٹیا ② ڈینگیا ③ لاف مارنے والا ④ گھمنڈی۔

**شیخی بگھارنا/ جتانا/ مارنا** (ا) فعل ① ڈینگ مارنا ② بڑائی جتانا ③ بزرگی کا اظہار کرنا۔

**شیخی کرکری ہونا** (ا) فعل ① نیچا دیکھنا ② خفت ہونا ③ بات بگڑنا۔

**شید** (ء) اسم مذکر ① مکر ② فریب ③ دھوکا ④ کید۔

**شیدا** (ء) اسم مذکر ① عاشق ② مجنوں ③ دیوانہ ④ سڑی ⑤ پاگل۔

**شیدائی** (ء) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① شیدا ہونے والا ② آشفتہ وفریفتہ ہونے والا ③ عاشق۔

**شَیڈ** (ای) اسم مذکر ① سائبان ② چھپر۔

**شِیڈ** (ای) اسم مذکر ① سایہ ② چھاؤں ③ گوشہ ④ تصویر کا تاریک حصہ ⑤ رنگ کا مختلف ہونا ⑥ تیرگی ⑦ حفاظت ⑧ سایہ۔

**شیڈول** (ای) اسم مذکر ① فہرست ② جدول ③ نقشہ ④ گوشوارہ۔

**شیر** (ف) اسم مذکر بیائے معروف ① دودھ ② وہ رقیق اور سفید وشیریں مادہ جو جانوروں کے تھنوں اور عورتوں کی چھاتیوں سے بچوں کی خوراک کے لئے نکلتا ہے۔

**شیر برنج** (ف) اسم مونث ① دودھ چاول ② کھیر۔

**شیر خورہ/ شیر خوار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① دودھ پیتا بچہ ② رضیع۔

**شیر گرم** (ف) اسم مونث ① گرم دودھ ② پینے کے قابل دودھ ③ نیم گرم ④ ایسا گرم جیسا کہ تھنوں سے نکلا ہوا تازہ دودھ ہوتا ہے ⑤ کنکنا ⑥ ریل گرم۔

**شیر مادر** (ف) اسم مذکر ① ماں کا دودھ ② جائز ③ مباح ④ حلال چیز۔

**شیر مال** (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کی روغنی خمیری روٹی جس پر پکاتے وقت دودھ کا چھینٹا دیا جاتا ہے۔

**شیر وشکر** (ف) اسم صفت ① دودھ اور میٹھے کی طرح ملا ہوا ② بالکل الگ نہ ہونے والے ③ ایک جان دو قالب ④ گاڑھا دوست ⑤ جانی دوست ⑥ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

**شیر وشکر ہونا** (ا) فعل ① بالکل گھل مل جانا ② نہایت مانوس ہونا۔

**شیر** (ف) اسم مذکر ① ایک مشہور درندہ جانور ہے ② باگھ ③ بگھیلا ④ اسد سنگھ ⑤ ہزبر ⑥ حیدر (بحالت صفت) بہادر آدمی ⑦ دلاور ⑧ جری ⑨ سورما۔



(شیر)

**شیر ببر** (ف) اسم مذکر۔ ایک خاص قسم کا شیر جس کی گردن پر بڑے بڑے بال ہوتے ہیں اور بہت طاقت ور ہوتا ہے۔

**شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں** (ا) مثل۔ نہایت انصاف اور امن کی تعریف میں کہا کرتے ہیں۔

**شیر خدا** (ف) اسم مذکر ① حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ② اسد اللہ۔

**شیر قالین** (ف) اسم مذکر ① قالین پر بنی ہوئی شیر کی تصویر ② دیکھنے میں خوب موٹا تازہ اور بہادری میں بزدل آدمی ③ بہادری کی شیخی بگھارنے والا آدمی۔

**شیر کا ایک ہی بھلا** (ا) مثل۔ نیکوں کا ایک ہی نیک بچہ کافی ہے۔

**شیر کرنا** (ا) فعل ① کسی کا حوصلہ بڑھانا ② کسی کو کسی کے لئے اکسانا ③ آگے بڑھانا۔

**شیر کی آنکھ دیکھنا** (ا) فعل ① غضب کی نگاہوں سے دیکھنا ② دشمنی سے دیکھنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249072218

www.besturdubooks.net

**شیر کھائے نہ کھائے منہ لال** (ا) بدنام شخص پر سب الزام لگاتے ہیں۔

**شیر کے منہ میں جانا** (ا) محاورہ 1 جان کو خطرے میں ڈالنا 2 خطرے کی جگہ جانا۔

**شیر کی خالہ** (ف) اسم مونث۔ کنایۃً بلی۔

**شیر ہونا** (ا) فعل 1 دلیر ہونا 2 غالب ہونا 3 تیز ہونا 4 زبردست ہونا۔

**شیئر** (ای) اسم مذکر 1 حصہ 2 جزو 3 ساجھا 4 بانٹ 5 تقسیم۔

**شیئر ہولڈر** (ای) اسم مذکر 1 شریک 2 ساجھی 3 حصہ دار 4 پتی دار۔

**شیراز** (ف) اسم مذکر۔ ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جہاں کے خواجہ حافظ اور سعدی شیرازی ہوئے ہیں۔

**شیرازی** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی 1 شیراز کا رہنے والا 2 شیراز کا بنا ہوا۔

**شیرازہ** (ف) اسم مذکر۔ وہ فیتہ جو کتاب کی جزو بندی کرنے کے بعد پشتے کے دونوں طرف لگا دیتے ہیں۔

**شیرازہ بندی** (ف) اسم مونث۔ بیائے مصدری 1 جلد بندی 2 انتظام 3 بندوبست۔

**شیرازہ بکھرنا** (ا) فعل 1 انتظام خراب ہونا 2 ابتری ہونا 3 بندوبست نہ رہنا 4 ٹانکا ٹوٹنا 5 سلائی خراب ہونا۔

**شیرہ** (ف) اسم مذکر 1 شربت 2 چاشنی 3 رس 4 قوام 5 تمباکو میں ڈالنے کا پتلا گڑ 6 راب۔

**شیریں** (ف) اسم صفت 1 میٹھا خوشگوار 2 شیر سے نسبت رکھنے والا 3 عزیز 4 پیارا جیسے جان شیریں 5 نرم کلام 6 ملائم 7 رسیلا (بصورت اسم مونث) فرہاد کی معشوقہ 8 خسرو پرویز کی بیوی کا نام ہے۔

**شیریں زباں / شیریں کلام** (ف) اسم صفت 1 میٹھا بولا 2 خوش کلام 3 فصیح۔

**شیرینی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 مٹھاس 2 مزا 3 سواد 4 لذت 5 لطف۔

**شیشم** (ا) اسم مونث و مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے جس کی لکڑی نہایت مضبوط اور خوش رنگ ہوتی ہے۔

**شیش محل** (ا) اسم مذکر ظرف۔ امیروں کا وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔

**شیش محل کا کتا** (ا) اسم مذکر 1 باؤلا کتا 2 بدحواس 3 گھبرایا ہوا 4 دیوانہ آدمی 5 پاگل مجنوں 6 سودائی۔

**شیشہ** (ف) اسم مذکر 1 کانچ 2 کاچ 3 آبگینہ 4 زجاج۔

**شیشہ دکھائی** (ف) اسم مونث۔ وہ انعام جو نائی لوگ تیج تیوہار کو شیشہ دکھا کر لیتے ہیں۔

**شیشہ ساعت** (فع) اسم مونث 1 ریت 2 گھڑی 3 دھرم گھڑی۔

**شیشہ گر** (ف) اسم مذکر فاعل 1 شیشہ بنانے والا 2 شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

**شیشی** (ا) اسم مونث بیائے تصغیر 1 شیشے کا چھوٹا سا ٹکڑا 2 چھوٹی سی بوتل 3 ننھی سی بوتل۔

**شیشی سنگھانا** (ا) فعل 1 بے ہوشی کی دوائی سنگھانا 2 کلوروفارم سنگھانا۔

**شیشے میں اتارنا** (ا) فعل 1 مسخر کرنا 2 قابو میں لانا 3 یار بنانا 4 غصہ سے دھیما کرنا 5 جن بھوت کو قابو کرنا 6 مقید کرنا 7 بس میں کرنا 8 قابو میں کرنا 9 ملائم کرنا۔

**شیطان** (ع) اسم صفت 1 لغوی معنی مخالفت کرنے والا 2 مجازاً سرکش 3 نافرمان دماغی 4 ناپاک 5 پلید 6 بدکار 7 خبیث 8 شریر 9 بدذات۔

**شیطان اٹھانا** (ا) فعل 1 بہتان باندھنا 2 تہمت لگانا 3 طوفان اٹھانا 4 بکھیڑا کھڑا کر دینا 5 ہنگامہ برپا کرنا۔

**شیطان چڑھنا / شیطان سر پر چڑھنا** (ا) فعل 1 غصہ یا ضد چڑھنا 2 بدی کا سر پر سوار ہو جانا 3 جن بھوت کا سر پر سوار ہونا 4 شرارت کی سوجھنا۔

**شیطان چوکڑی** (ا) اسم مونث 1 چنڈال چوکڑی 2 بھتنوں کی جماعت 3 شریر لڑکوں کی ٹولی 4 بدذاتوں کا گروہ۔

**شیطان سے زیادہ مشہور** (ا) محاورہ 1 بہت بدنام 2 رسوائے خلق (مزاقیہ) نہایت مشہور۔

**شیطان کا کان میں پھونک دینا** (ا) فعل 1 شیطان کا کسی شخص کو بہکا دینا 2 شیطان کا کسی آدمی کو مغرور و متکبر بنا دینا۔

**شیطان کا دھکا** (ا) اسم مذکر 1 شیطان کی طرف کا صدمہ 2 شیطانی مار۔

**شیطان کا لشکر** (ا) اسم مذکر 1 گروہ شیاطین 2 لڑکے 3 لونڈے بچے۔

**شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی** (ا) محاورہ 1 جھگڑا ہوتے دیر نہیں لگتی 2 شیطان سے ڈرتے رہنا چاہئے 3 غصہ آتے دیر نہیں ہوتی۔

**شیطان کی آنت** (ا) اسم مونث 1 بہت لمبی چیز 2 نہایت دراز 3 طویل قصہ 4 جی کو اکتا دینے والی کہانی۔

**شیطان کی چھڑی** (ا) اسم مونث۔ رسوائی کا نشان۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

شیطان کی خالہ (ا) اسم مونث۔ لڑائی کروادینے والی عورت۔
شیطان کے کان بہرے (ا) محاورہ ❶ اصل میں تو خدا کرے چغل خور کے کان تک یہ بات نہ پہنچے ❷ مجازاً خدا کرے یہ بات جھوٹ ہو۔
شیطان کے کان کاٹنا (ا) فعل ❶ شیطان سے بھی بڑھکر شریر ہونا ❷ شیطان کو بھی مات کرنا۔
شیطان مجسم (ع) اسم مذکر ❶ سر سے پاؤں تک شرارت میں بھرا ہوا ❷ نہایت بدآدمی ❸ پرلے درجے کا فسادی۔
شیطان ہر جگہ موجود ہے (ا) مثل ❶ گناہ کا سامان ہر جگہ موجود ہوتا ہے ❷ دین وایمان کے دشمن سے کوئی جگہ خالی نہیں۔
شیطان ہونا (ا) فعل ❶ شریر اور رنگی ہونا ❷ فسادی ہونا۔
شیطانی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ شیطان سے منسوب ❷ شیطان کا احتلام ❸ بدخوابی۔
شیطانی وسوسہ (ا) اسم مذکر ❶ خیالات فاسدہ ❷ بے دینی کا خیال ❸ باطل خیالات۔
شیطنت (ع) اسم مونث ❶ شرارت ❷ بدکاری ❸ خبث ❹ سرکشی ❺ فساد ❻ مخالفت۔
شیعہ (ع) اسم مذکر ❶ مددگار ❷ محمد ❸ معاون پیرو ❹ مقائد حضرت علی رضی اللہ عنہ اوران کی اولاد کا دوستدار اور باقی خلفا کا مخالف آدمی یا گروہ۔
شیفتہ (ف) اسم صفت ترکیب مفعولی از شیفتن ❶ عاشق ❷ فریفتہ ❸ دلدادہ ❹ مجنوں ❺ دیوانہ۔
شیفتگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ حیرانی ❷ مدہوشی ❸ بے خبری۔
شیں (ع) اسم مذکر (دیکھوش) (یہ لفظ بیائے معروف ہے) دوڑنے والا آدمی۔
شین وقاف درست ہونا (ا) فعل۔ زبان کا تلفظ درست ہونا۔
شین کے سر پے لگانا (ا) فعل۔ حرف شین کو موقع بے موقعہ بکثرت بولنا۔
شین (ع) بفتح شین مجمہ اسم مذکر ❶ شور ❷ برائی ❸ عیب۔
شیوا (ف) بیائے مجہول اسم صفت ❶ فصیح وبلیغ ❷ خوش بیان۔
شیوا بیان (ف) اسم صفت ❶ تیز بیان ❷ خوش بیان ❸ فصیح وبلیغ۔
شیوخ (ع) اسم مذکر۔ شیخ کی جمع۔
شیون (ف) اسم مذکر بیائے مجہول وواؤ مفتوح ❶ نوحہ ❷ نالہ وآہ ❸ ماتم وفریاد ❹ رنج ❺ دکھ ❻ صدمہ۔
شیون (ع) اسم مونث ❶ شان کی جمع ❷ بہت سے ٹھاٹھ باٹھ۔
شیوہ (ف) اسم مذکر بیائے مجہول و واؤ مفتوح ❶ ناز ❷ انداز ❸ کرشمہ ❹ طوز ❺ طرز ❻ طریقہ ❼ دستور ❽ عمل ❾ ڈھنگ۔ طریق۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ص

اردو کا بیسواں فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف ہے

ص (ء) اسم مذکر ① اردو کا بیسواں ② فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف ہے ③ حساب جمل میں اس کے عدد نوے فرض کیے گئے ہیں۔

## ص ← ا

صابر (ء) اسم صفت ① صبر کرنے والا ② مصیبت یا صدمہ کو سہ جانے والا ③ حضرت ایوب پیغمبر علیہ السلام کا لقب جن کا صبر مشہور عالم ہے۔

صابن/ صابون (ا) اسم مذکر ① تیل ② سجی اور میدے کا ایک مرکب جس سے منہ اور کپڑے وغیرہ دھوتے ہیں۔

صاحب (ء) اسم مذکر ① یار ② دوست ③ مددگار ④ ساتھی ⑤ مالک ⑥ آقا ⑦ پتی ⑧ حاکم ⑨ خدا تعالے۔

صاحب اختیار (ء) اسم صفت فاعلی ① حکومت والا ② خودمختار ③ مطلق العنان ④ اختیار والا ⑤ آزاد۔

صاحب اخلاق (ء) اسم صفت ① خلیق ② نیک عادات والا ③ خوش اخلاق۔

صاحب اقبال (ء) اسم صفت فاعلی ① نصیبے والا ② نیک نصیب ③ نیک اختر ④ بھاگوان۔

صاحب تخت (عف) اسم مذکر ① بادشاہ ② گدی نشین ③ تخت پر بیٹھنے والا ④ تخت کا مالک۔

صاحب تدبیر (ء) اسم صفت فاعلی ① عقلمند ② مدبر ③ ہوشیار ④ تجربہ کار۔

صاحب تمیز (ء) اسم صفت فاعلی ① سگھڑ ② سلیقہ والا ③ تمیزدار ④ ذی شعور ⑤ باسلیقہ۔

صاحب جاگیر/ جائیداد/ حیثیت (ف) اسم صفت مذکر ① امیر ② جاگیر والا ③ دولت مند ④ ذی عزت زمیندار ⑤ ٹھاکر ⑥ مالک اراضی۔

صاحب جمال (ء) اسم صفت ① خوبصورت ② حسین وجمیل۔

صاحب خانہ (عف) اسم مذکر ① گھر والا ② میزبان ③ مہماندار۔

صاحب دل (عف) اسم مذکر وصفت فاعلی ① عارف ② پارسا ③ خداشناس ④ ولی۔

صاحب ذوق (ء) اسم صفت ① شوقین ② عاشق مزاج ③ صاحب حال ④ عارف کامل۔

صاحب زادہ (عف) اسم مذکر ① شریف زادہ ② رئیس کا بیٹا ③ بیٹا ④ لڑکا ⑤ پسر ⑥ پیرزادہ ⑦ کسی بزرگ دین کی اولاد ⑧ نوجوان ⑨ ناتجربہ کار۔

صاحب سلامت (ا) اسم مونث ① آشنائی ② واقفیت ③ جان پہچان ④ علیک سلیک ⑤ ملاقات ⑥ ربط ضبط۔

صاحب فراش (عف) اسم صفت ① بستر سے نہ اٹھ سکنے والا بیمار ② چارپائی پر ہی لیٹے رہنے والا مریض۔

صاحب عالم (ا) اسم مذکر۔ دہلی کے شہزادوں کا لقب۔

صاحب قران (ء) اسم مذکر ① وہ شخص جس کی ولادت کے وقت دو نیک ستارے ایک ہی برج میں جمع ہوں یعنی زہرہ و مشتری ② مجازاً بہت ہی نیک بخت ③ خوش نصیب ④ فتح مند ⑤ امیر تیمور کا خطاب۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249027218



www.besturdubooks.net

صاحب کمال (ء) اسم صفت فاعلی ① کامل ② ماہر ③ عارف کامل ④ ولی ⑤ سادھو ⑥ سنت۔

صاحب لوگ (ا) اسم مذکر ① یورپین لوگ ② فرنگی۔

صاحب مقدور (ء) اسم صفت ① امیر ② دولتمند ③ مالدار۔

صاحب من (عف) اسم مذکر ① میرے صاحب ② مہربان ③ جناب من (القاب اور تکیہ کلام کے الفاظ ہیں)۔

صاحب نسبت (ء) اسم مذکر ① عارف کامل ② خدا سے لگاؤ رکھنے والا۔

صاحب نصیب (ء) اسم مذکر ① خوش نصیب ② خوش قسمت ③ طنزاً بدنصیب۔

صاحبان (ف) اسم مذکر۔ صاحب کی جمع۔

صاحبو (ا) اسم مذکر ① کلمہ خطاب ② یعنی اے حضرات، اے حاضرین جلسہ۔

صاحبہ (ء) اسم مونث بیائے تانیث ① صاحب کی مونث ② جنابہ۔

صاد (ء) اسم مذکر و مونث ① عربی کا چودھواں حرف ② منظوری کی علامت ③ صحیح ہونے کی علامت ④ تصدیق و اقرار کی نشانی ⑤ قرآن شریف کی اڑتیسویں سورت کا نام تشبیہہ کے طور پر آنکھ اور چشم۔

صاد کرنا / صاد لکھنا (ا) فعل ① تصدیق کرنا ② منظور کرنا ③ پسند کرنا ④ صحیح ماننا ⑤ تعریف کرنا ⑥ دستخط کرنا۔

صادر (ء) اسم فاعل مفید صفت ① نکلنے والا ② کسی جگہ سے باہر آنے والا ③ واپس پھرنے والا ④ نافذ ہونے والا ⑤ جاری ہونے والا۔

صادر کرنا (ا) فعل ① جاری کرنا ② نافذ کرنا ③ کوئی حکم یا قانون پاس کرنا۔

صادر وارد (ء) اسم مذکر ① آتا جاتا مسافر ② آیا گیا مہمان۔

صادر ہونا (ا) فعل ① جاری ہونا ② نکلنا ③ پاس ہونا ④ واقع ہونا ⑤ پیش ہونا ⑥ پہنچنا ⑦ نازل ہونا۔

صادق (ء) اسم فاعل مفید صفت ① سچا ② ستیا والا ③ سچ بولنے والا ④ راستگو ⑤ انصاف کی کہنے والا ⑥ وفادار ⑦ وعدے کا پورا ⑧ ٹھیک ⑨ موزوں۔

صادق الاعتقاد (ء) اسم صفت ① سچے عقیدے والا ② پکے یقین والا۔

صادق القول (ء) اسم صفت ① بات کا پورا ② وعدے کا سچا ③ وفادار۔

صادق آنا (ا) فعل ① درست بیٹھنا ② عین منطبق ہونا ③ ٹھیک ہونا ④ درست ہونا۔

صاعقہ (ء) اسم مونث ① برق ② بجلی۔

صاف (ء) اسم صفت ① کھرا ② نرل ③ بے عیب ④ خالص ⑤ کورا۔ بے داغ ⑥ پاک بے گناہ ⑦ بے لوث ⑧ بے لاگ ⑨ برابر۔

صاف انکار کرنا (ا) فعل ① بالکل جواب دے دینا ② قطعی انکار کر دینا۔

صاف چھوٹنا (ا) فعل ① بری ہونا ② بے قصور بن کر رہائی پانا۔

صاف دل (عف) اسم صفت ① بے کپٹ ② بے کینہ آدمی ③ بے ریا ④ سینہ صاف۔

صاف دیدہ (عف) اسم صفت فاعلی ① بے حیا ② بے غیرت ③ بے شرم۔

صاف رہنا (ا) فعل ① اجلا رہنا ② پاک رہنا ③ نجاست نہ لگنے دینا ④ دیانت اور ایمانداری سے رہنا ⑤ بھوکا رہنا ⑥ کچھ نہ کھانا۔

صاف شفاف (ء) اسم صفت۔ ایسا صاف جس سے آر پار دکھائی دے۔

صاف صاف (ء) اسم صفت ① کھری کھری ② کوری کوری ③ بے لاگ ④ علانیہ ⑤ کھلم کھلا۔

صاف صاف سنانا (ا) فعل ① کھری کھری سنانا ② بے نقط سنانا ③ گالیاں دینا۔

صاف صاف کہنا (ا) فعل ① کھلی کھلی کہنا ② علانیہ کہنا ③ بے لاگ کہنا ④ کھری کھری کہنا۔

صاف کرنا / کر دینا (ا) فعل ① دھونا ② میل نکالنا ③ کوڑا کرکٹ دور کرنا ④ نقل کرنا ⑤ مسودہ کو ٹھیک کر کے خوشخط لکھنا ⑥ جنگل کاٹ کر میدان بنانا ⑦ چٹ کرنا ⑧ اڑا دینا ⑨ جھاڑ دینا۔

صاف گزرنا / بیتنا (ا) فعل ① بالکل کھانے کو نہ ملنا ② فاقہ گزرنا۔

صاف نکل جانا (ا) فعل ① کسی خطرناک جگہ یا صدمہ یا نقصان سے بالکل بچ کر نکل جانا ② خطرے سے پورے طور پر بچ نکلنا۔

صاف ہونا (ا) فعل ① جھڑنا ② خلوص اور اخلاص ہونا ③ وفاداری ہونا ④ گر پڑنا ⑤ مسمار ہونا ⑥ ہاتھ رواں ہونا ⑦ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا ⑧ کھلنا ⑨ جاری ہونا۔

صافہ (ا) اسم مذکر ① سر پر باندھنے کا پٹکا ② پگڑی ③ شکاری جانور کو شکار کے لئے بھوکا رکھنا۔

صافہ دینا (ا) فعل ① فاقہ دینا ② بھوکا رکھنا۔

صافی (ء) اسم مونث بیائے فاعلیت ① بے ریا ② صاف ③ کھرا ④ دست مال ⑤ چھاننے کا کپڑا ⑥ وہ کپڑا جس سے باورچی دیگ وغیرہ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...

www.besturdubooks.net

اتارتے ہیں۔

صالح (ء) اسم فاعل مفید صفت ❶ نیک ❷ پرہیز گار ❸ پارسا ❹ ایک مشہور پیغمبر کا نام بھی ہے۔

صالحہ (ء) اسم صفت مونث ❶ نیک عورت ❷ پارسا عورت ❸ پاکدامن بی بی۔

صانع (ء) اسم فاعل ❶ بنانے والا ❷ کاریگر ❸ پیدا کرنے والا ❹ خالق ❺ کاریگری دکھانے والا۔

صانع حقیقی / صانع قدرت (ء) اسم مذکر ❶ خدائے تعالے ❷ اللہ پاک ❸ دنیا بنانے والا۔

صانع مطلق (ء) اسم مذکر ❶ وہ کاریگر جو کاریگری میں کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو ❷ خدا یتعالے۔

صائب (ء) اسم فاعل مفید صفت ❶ پہنچنے والا ❷ درست ❸ ٹھیک ❹ سیدھا۔

صائم (ء) اسم فاعل مفید صفت ❶ روزہ دار ❷ برتی۔

صائم الدہر (ء) اسم صفت۔ ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

## ص ← ب

صبا (ء) اسم مونث ❶ وہ ہوا جو مشرق سے چلے ❷ پروا ہوا ❸ موسم بہار کی ہوا ❹ آتش کا تخلص ❺ طفلی ❻ بچپن ❼ شیر خواری کا زمانہ۔

صباح (ء) اسم مونث ❶ صبح ❷ فجر ❸ سحر ❹ تڑکا۔

صباحت (ء) اسم مونث ❶ گوراپن ❷ خوبصورتی ❸ حسن و جمال۔

صباغ (ء) اسم مذکر ❶ انگریز ❷ رنگ رنگنے والا۔

صبح (ء) اسم مونث ❶ فجر ❷ تڑکا ❸ سحر ❹ سویرا۔

صبح خیز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ بہت سویرے جاگنے والا ❷ علی الصباح اٹھنے والا ❸ صبح سویرے اٹھ کر سوتے ہوئے مسافروں کا اسباب چرا کر لے جانے والا چور۔

صبح دم (عف) اسم مذکر ظرف ❶ منہ اندھیرے نور کے تڑکے ❷ بڑی فجر ❸ علے الصباح۔

صبح شام بتانا / کرنا (ا) فعل ❶ حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا ❷ ٹال مٹول کرنا ❸ لیت و لعل کرنا۔

صبح صادق (ء) اسم مونث ❶ پو پھٹے ❷ نور کا تڑکا۔

صبح صبح (ء) اسم مونث ❶ سویرے سویرے ❷ تڑکے تڑکے۔

صبح کاذب (ء) اسم مونث ❶ صبح سے پہلے ❷ وہ روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور پھر تھوڑی دیر بعد صادق ہوتی ہے۔

صبح کا بھولا شام کو آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے (ا) مثل۔ خرابی اٹھا کر اگر کوئی جلدی سنور جائے یا ایک وقت کے کام کو دوسرے وقت کر لے تو وہ قابل مواخذہ نہیں ہے۔

صبح کا تارا / ستارہ (ا) وہ نہایت چمکدار ستارہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے۔

صبح کرنا (ا) فعل ❶ رات کاٹنا ❷ دن نکال دینا۔

صبح کس کا منہ دیکھا تھا (ا) محاورہ۔ جب کوئی کام بگڑ جاتا یا خلاف مرضی ہوتا ہے تو اس وقت کہا جاتا ہے۔

صبح کی بوہنی اللہ کی آس (ا) کہاوت۔ صبح صبح کی پہلی بکری ہو جائے تو پھر خدا کی مہربانی سے بہت سی بکری کی امید ہوتی ہے۔

صبر (ء) اسم مذکر ❶ برداشت ❷ بردباری ❸ تحمل ❹ خاموشی ❺ شکیبائی ❻ توقف ❼ تامل (عورتیں) خدا کی مار ❽ کسی کا دل دکھانے کی آفت ❾ وبال جان۔

صبر آنا (ا) فعل ❶ تسلی ہونا ❷ چین آنا ❸ اطمینان ہونا۔

صبر پڑنا (ا) فعل ❶ (عورتیں) کسی کو ستانے کی غیبت سے سزا ملنا ❷ آہ پڑنا۔

صبر سمیٹنا (ا) فعل ❶ جھوٹ بولنا ❷ کسی کو بہتان لگا کر گناہ سر لینا ❸ ناحق تہمت لگانا۔

صبر کرنا (ا) فعل ❶ ناامید ہونا ❷ سہنا ❸ سہارنا ❹ تحمل کرنا ❺ خاموش رہنا ❻ ٹھیرنا ❼ تامل کرنا ❽ توکل کرنا ❾ قناعت کرنا۔

صبر لینا (ا) فعل ❶ کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا ❷ کسی کو الزام دے کر آہ لینا۔

صبوح صبوحی (ء) اسم مذکر ❶ شراب صبح ❷ وہ شراب جو صبح کے وقت پی جائے ❸ غبوق کی ضد۔

صبوحی کش (عف) اسم مذکر ❶ صبح کے وقت شراب پینے والا ❷ شراب

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03014907218

www.besturdubooks.net

خوار۔

صبیح (ع) اسم صفت ① گورا چٹا ② خوبصورت ③ حسین ④ مہ جمال ⑤ ملیح کی ضد۔

صبیہ (ع) اسم مونث ① دختر ② بیٹی ③ لڑکی۔

## ص ← ح

صحابہ (ع) اسم مذکر ① یار ② دوست ③ مراد رسول مقبول صلعم کے ہم مجلس۔

صحابی (ع) اسم مذکر ① رسول مقبول صلعم کے ساتھی ② ان کی اولاد ③ آنحضرت صلعم کو دیکھنے والے مسلمان۔

صحافت (ع) اسم مونث ① نامہ نگاری ② اخبار نویسی۔

صحافی (ع) اسم مذکر ① نامہ نگار ② نامہ نگاری۔

صحائف (ع) اسم مذکر ① صحیفہ کی جمع ② رسالے ③ کتابیں۔

صحبت (ع) اسم مونث ① یاری ② ہمراہی ③ ساتھ ④ ہمنشینی ⑤ ہم صحبتی ⑥ دوستی ⑦ یارانہ ⑧ آشنائی ⑨ محفل۔

صحبت اٹھانا (ا) فعل ① پاس رہنا ② پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا۔

صحبت اچھی بیٹھیے کھایئے ناگر پان۔ صحبت بری بیٹھیے کٹایئے ناک اور کان (ا) مثل۔ اچھی صحبت سے اچھا نتیجہ نکلتا ہے اور بری سے برا۔

صحبت برار ہونا / صحبت براری ہونا (ا) فعل ① دوستی نبھنا ② صحبت کا موافق ہونا۔

صحبت برخاست ہونا (ا) فعل ① مجلس اٹھنا ② سبھا اٹھنا ③ جلسہ برخاست ہونا۔

صحبت گرم ہونا (ا) فعل ① جلسے ہونا ② مزے اڑانا ③ پاس بیٹھ کر دل خوش کرنا۔

صحبت یافتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① کسی قابل یا کئی لائق شخصوں سے فیض پانے والا ② تعلیم یافتہ ③ مہذب شائستہ۔

صحت (ا) اسم مونث ① تندرستی ② آرام ③ شفا ④ درستی ⑤ تصحیح ⑥ املا کی درستی۔

صحت بخش (عف) اسم صفت ① فائدہ بخشنے والا ② شفا دینے والا ③ مفید۔

صحت خانہ (عف) اسم مذکر ظرف ① ٹٹی ② پیخانہ ③ بیت الخلا۔

صحت نامہ (عف) اسم مذکر بہ قلب اضافت ① غلط نامہ ② غلطیوں کی فہرست جو کتاب کے آخر میں لگا دیتے ہیں ③ تندرستی کا سرٹیفکیٹ ④ کسی دوست یا عزیز کی خیریت کا خط۔

صحرا (ع) اسم مذکر ① وہ میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو ② ریگستان ③ بیابان ④ ویرانہ ⑤ چٹیل میدان ⑥ جنگل بیابان ⑦ بادیہ ⑧ بھوڑ زمین۔

صحرائی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① جنگلی ② بیابانی ③ دشتی۔

صحرائے اعظم (ع) افریقہ کے ایک نہایت طول وطویل ریگستان کا نام ہے۔

صحرائے لق ودق (ع) اسم مذکر ① ویران جنگل ② وہ ہموار اور سخت جنگل جس میں گھاس اور سبزی وغیرہ کا نام ونشان تک نہ ہو۔

صحن (ع) اسم مذکر ① آنگن ② انگنائی۔

صحن چمن (عف) اسم مذکر ① باغ کا تختہ ② تختہ گلشن۔

صحنچی (عف) اسم مونث ① وہ چھوٹے چھوٹے مکان جو گھر یا دیلان کی اطراف میں بنا لیا کرتے ہیں ② کوٹھی۔

صحنک (ع) اسم مونث ① صحن سے اسم تصغیر ہے ② طباقچہ ③ چھوٹا طباق ④ رکابی حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ۔

صحنک سے اٹھ جانا (ا) فعل ① حضرت فاطمہؓ کی نیاز کی مجلس سے ناپاک ہونے کے باعث چلے جانا ② شامل مجلس فاتحہ ہونے کے قابل نہ رہنا۔

صحیح (ع) اسم صفت ① درست ② ٹھیک ③ بجا ④ واقعی ⑤ تندرست ⑥ چنگا ⑦ پورا ⑧ کامل ⑨ سارا۔

صحیح العقل (ع) اسم صفت ① عقل کا پورا ② درست عقل والا۔

صحیح المزاج (ع) اسم صفت ① بھلا چنگا ② تندرست۔

صحیح النسب (ع) اسم صفت ① خاندانی شریف ② نسل کا کھرا۔

صحیح سالم / صحیح سلامت (ع) اسم صفت ① جوں کا توں ② پورا پورا ③ بھلا چنگا ④ تندرست ⑤ زندہ سلامت ⑥ صحت وتندرستی کے ساتھ ⑦ جیتا جاگتا۔

صحیح کرنا (ا) فعل ① درست کرنا ② اصلاح دینا ③ ٹھیک کرنا ④ تصدیق

Join us on whatsapp Naveed Baig

کرنا⑤ دستخط کرنا⑥ ثبوت پہنچانا⑦ گواہی کے لئے پکا کرنا⑧ کھرے کرنا۔

**صحیح گئے سلامت آئے** (ا) مثل۔ جیسے یہاں نکلے تھے ایسے ہی باہر رہے نہ کچھ کمایا نہ کھویا۔

**صحیح ہونا** (ا) فعل① غلطی نکلنا② ٹھیک ہونا③ درست ہونا④ گواہی ہونا⑤ تصدیق ہونا⑥ دستخط ہونا⑦ ثبوت ہونا⑧ پکا ہونا⑨ درج حساب ہونا۔

**صحیفہ** (ع) اسم مذکر① کتاب② رسالہ③ لکھا ہوا صفحہ④ نامہ⑤ ورق۔

## ص ← د

**صد** (ف) اسم عدد① سو② سینکڑہ③ ۱۰۰۔

**صد آفرین صد رحمت** (عف) کلمہ تحسین و آفرین① شاباش② مرحبا③ بارک اللہ۔

**صد برگ** (ف) اسم مذکر① بہت سی پنکھڑیوں والا پھول② گیندا۔

**صدا** (ع) اسم مونث① آواز② گونج③ گنبد کی آواز④ آہٹ⑤ فقرا اور درویشوں کے مانگنے کی آواز⑥ پنجابی میں وال کی تشدید کے ساتھ خوشی یا غمی کا بلاوا۔

**صدا دینا** (ا) فعل① فقیر کا آواز لگانا② بلاوا دینا۔

**صدا کرنا / لگانا** (ا) فعل① بھیک مانگنا② سوال کرنا③ درویشوں کی طرح آواز دینا۔

**صدارت** (ع) اسم مونث① صدر نشینی② وزارت کے قریب ایک عہدے کا نام ہے③ پریذیڈنٹی④ چیرمینی۔

**صداقت** (ع) اسم مونث① سچائی② راستبازی③ وفاداری④ تصدیق⑤ ثبوت⑥ گواہی۔

**صدر** (ع) اسم مذکر① چھاتی② سینہ③ صحن④ انگنائی⑤ سامنا⑥ سامنے کا رخ⑦ اعلیٰ مقام⑧ اونچی جگہ⑨ کسی معزز اور اعلیٰ شخص کے رہنے کی جگہ۔

**صدر اعظم** (ع) اسم مذکر① وزیر اعظم② دیوان اعلیٰ۔

**صدر اعلیٰ** (ع) اسم مذکر① اول درجے کا جج② منصف درجہ اول۔

**صدر امین** (ع) اسم مذکر① امینوں کا سردار② اعلیٰ درجہ کا امین③ منصف درجہ دوم④ وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو۔

**صدر بازار** (ا) اسم مذکر بہ قلب اضافت① چھاؤنی کا بڑا بازار② بازار اردو۔

**صدر بورڈ** (ا) اسم مذکر① عدالت عالیہ② مال کا اعلیٰ محکمہ۔

**صدر جہاں** (عف) اسم مذکر① دنیا کا سردار② بعض کے نزدیک ایک فرضی ولی کا نام ہے۔

**صدر دیوان** (عف) اسم مذکر① خزانہ شاہی کا مہتمم اعلیٰ② دیوان اعلیٰ۔

**صدر الصدور** (ع) اسم مذکر① اعلیٰ درجہ کا منصف② شاہی گھر کا محافظ۔

**صدر مجلس** (ع) اسم مذکر① میر مجلس② پریذیڈنٹ۔

**صدر مقام** (ع) اسم مذکر ظرف① ہیڈ کوارٹر② اعلیٰ حاکم کے رہنے کی جگہ③ دار الخلافہ۔

**صدر منصرم** (ع) اسم مذکر① پیمائش کے اردو دفتر کا اعلیٰ عہدیدار② اول درجہ کا منصرم۔

**صدر نشین** (عف) اسم مذکر① کرسی نشین② چیئرمین③ میر مجلس۔

**صدرہ پڑھ کر احمق رہے** (ا) محاورہ۔ منطق پڑھ کر بھی عقل نہ آئی۔

**صدری** (ع) اسم مونث بیائے فاعلیت① ایک قسم کی واسکٹ② سینہ بند③ مرزئی جاکٹ④ فتوحی۔

**صدف** (ع) اسم مونث① سیپ② سیپی③ ایک قسم کا سمندری گھونگا جس میں سے موتی نکلتا ہے۔

**صدق** (ع) اسم مذکر① ست② سچائی③ سچ④ راستی⑤ خلوص۔

**صدق دل سے** (ا) تابع فعل① تہ دل سے② صاف دل سے③ بطیب خاطر④ خوشی سے۔

**صدقہ** (ع) اسم مذکر① خیرات② مبرات③ وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے④ وہ کھانا وغیرہ جو کسی کے سر سے اتار کر دیا جائے⑤ مجازاً قربان⑥ واری⑦ فدا⑧ طفیل⑨ بدولت۔

**صدقہ اتارنا / دینا** (ا) فعل① کسی چیز کو سر کے گرد پھرا کر خدا واسطے دے دینا② خیرات کرنا③ قربان کرنا۔

**صدقہ دیا رد بلا** (ا) مثل۔ خیرات کرنے سے مصیبت ٹل جایا کرتی ہے۔

**صدقے** (ا) اسم مذکر① صدقہ کی جمع② واری③ قربان④ فدا۔

**صدقے جانا** (ا) فعل① قربان ہونا② واری جانا③ فدا ہونا④ تصدق ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

**صدقے کرنا** (ا) فعل ❶ وارنا ❷ نثار کرنا ❸ قربان کرنا ❹ نفرت اور حقارت کا کلمہ بھی ہے جیسے جس سے آپ کو تکلیف پہنچے اسے صدقے کروں۔

**صدقے کروں** (ا) محاورہ (عورتیں) ❶ قربان کر دوں ❷ آگ لگا دوں ❸ چولھے میں جھونک دوں۔

**صدقے ہونا** (ا) فعل ❶ قربان و نثار ہونا ❷ فدا ہونا ❸ واری جانا ❹ محبت یا تعظیم سے کسی کے گرد پھرنا۔

**صدمہ** (ع) اسم مذکر ❶ چوٹ ❷ ٹکر ❸ دھکا ❹ آسیب ❺ تکلیف ❻ رنج والم ❼ آفت ❽ بلا ❾ مصیبت۔

**صدمہ اٹھانا/صدمہ سہنا** (ا) فعل ❶ نقصان اٹھانا ❷ رنج اٹھانا ❸ ٹکر کھانا ❹ غم سہنا ❺ چوٹ کھانا ❻ ضرب سہنا ❼ تکلیف اٹھانا۔

**صدمہ جانکاہ** (عف) اسم مذکر ❶ جان کو تکلیف پہنچانے والا حادثہ ❷ سخت ضرب۔

**صدمہ گزرنا/صدمہ ہونا** (ا) فعل ❶ بپتا پڑنا ❷ سخت حادثہ پیش آنا ❸ مصیبت آنا۔

**صدور** (ع) اسم مذکر ❶ صدر کی جمع ❷ اجرا ❸ نکاس ❹ نفاذ ❺ واقع ہونا ❻ جاری ہونا۔

**صدور حکم** (ع) اسم مذکر ❶ حکم کا جاری ہونا ❷ حکم کا نفاذ ہونا۔

**صدہا** (ف) اسم صفت ❶ سینکڑوں ❷ بہت سے ❸ ہزاروں۔

**صدی** (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ سو برس کی تعداد ❷ سو سے نسبت رکھنے والا ❸ سینکڑے۔

**صدیق** (ع) اسم صفت ❶ نہایت سچا ❷ یار ❸ وفادار ❹ نہایت راستگو ❺ اصطلاحاً وہ سچے لوگ جو کسی نشان الٰہی کو فی الفور مان لیں ❻ خلیفہ اول حضرت ابوبکرؓ اور حضرت یوسف کا لقب۔

## ص ← ر

**صراح** (ع) اسم مونث ❶ خلاصہ ❷ خالص چیز ❸ کھلی اور صاف بات چیت ❹ عربی کی ایک مشہور لغت۔

**صراحت** (ع) اسم مونث ❶ ظاہر ❷ آشکارا ❸ کھلم کھلا ❹ شرح ❺ تشریح ❻ وضاحت ❼ ظہور۔

**صراحتاً** (ع) تابع فعل ❶ کھلم کھلا ❷ ظاہراً ❸ کھلے طور پر ❹ مفصل۔

**صراحی** (ع) اسم مونث ❶ پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن والا چھوٹا برتن ❷ جھجری ❸ کوزہ ❹ انگرکھے وغیرہ کے مخروطی شکل کے چوبغلے۔

**صراحی دار** (عف) اسم صفت ❶ لمبوترا ❷ صراحی کی شکل کا۔



(صراحی)

**صراحی دار گردن** (عف) اسم مونث ❶ لمبوتری گردن ❷ معشوقانہ گردن۔

**صراحی دار گھنگرو** (ا) اسم مذکر۔ لمبوترے صراحی نما گھنگرو۔

**صراط** (ع) اسم مونث ❶ راہ ❷ رستہ ❸ راہ راست ❹ ایک پل کا نام ہے جو مسلمانوں کے عقیدے کے موافق دوزخ اوپر بال سے باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ نیک لوگ اس پر سے بآسانی گزر جائیں گے اور گنہگار کٹ کٹ کر دوزخ میں گریں گے۔

**صراط مستقیم** (ع) اسم صفت ❶ سیدھی راہ ❷ راہ راست۔

**صراف** (ع) اسم مذکر ❶ پرکھنے والا ❷ جانچنے والا ❸ اصطلاح میں سونا چاندی پرکھنے والا ❹ وہ مہاجن جو نقدی اور زیورات وغیرہ کا لین دین کرے ❺ مالدار ❻ دولتمند ❼ لین دین کا کھرا۔

**صراف کے سے ٹکے** (ا) اسم مذکر ❶ وہ سودا یا مال جس کو جب چاہیں بلا نقصان فروخت کر سکیں جو پڑا نہ رہے ❷ فوراً بک جائے۔

**صرافہ** (ا) اسم مذکر ❶ صرافی کا پیشہ ❷ صرافوں کا بازار ❸ بینک ❹ کوٹھی۔

**صرافی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ روپے پیسے کا بیوپار ❷ صراف کا پیشہ ❸ سونا چاندی یا زیورات بیچنے کا کام ❹ ترائی ❺ بھنائی ❻ لنڈے یعنی ایک قسم کا ہندی خط۔

**صرصر** (ع) اسم مونث ❶ جھکڑ ❷ آندھی ❸ بادتند۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

صرع (ع) اسم صفت (1) لغوی معنی اپنے آپ کو زمین پر گرانا (2) اصطلاحاً مرگی کی بیماری۔

صرف (ع) اسم صفت (1) نرا (2) اکیلا (3) تنہا (4) فقط (5) نرل (6) خالص۔

صرف (ع) اسم مذکر (1) خرچ (2) اٹھاؤ (3) وہ علم جس سے کلموں کی پہچان اور ان کے تغیر وتبدل کی شناخت حاصل ہوتی ہے۔

صرف کرنا (ا) فعل (1) خرچ کرنا (2) اٹھانا (3) خرچ میں لانا۔

صرف ونحو (ع) اسم مونث (1) گرامر بیان کرنا (2) وہ علم جس سے الفاظ کا جوڑتوڑ اوران کے بولنے کا طریقہ معلوم ہوتا ہے۔

صرفہ (ع) اسم مذکر (1) زیادتی (2) غلبہ (3) فائدہ (4) بخل (5) نجوسی (6) کفایت شعاری (7) افسوس (8) دریغ (9) تاسف۔

صرفہ کرنا (ا) فعل (1) کفایت شعاری کرنا (2) کنجوسی (3) بخل کرنا۔

صریح (ع) اسم صفت (1) اعلانیہ (2) صاف (3) ظاہر (4) عیاں (5) آشکارا (6) بےلاگ۔

صریحاً (ع) تابع فعل (1) صاف طور پر (2) علانیہ طور پر (3) کھلم کھلا۔

صریر (ع) اسم مونث (1) قلم چلنے کی آواز (2) مطلق آواز (3) صدا۔

## ص ← ع

صعب (ع) اسم صفت (1) سخت دشوار (2) مشکل (3) ناگوار (4) تکلیف دہ۔

صعوبت (ع) اسم مونث (1) سختی (2) دقت (3) مشکل (4) تکلیف (5) بلا (6) مصیبت۔

صعود (ع) اسم مذکر (1) اونچائی (2) بلندی (3) چڑھاؤ (4) علم حساب میں کسی عدد کو فی نفسہ ضرب دے کر اس کی قوتوں کو بڑھانا۔

صعود کرنا (ا) فعل (1) بلند ہونا (2) اوپر چڑھنا (3) اوپر اٹھنا۔

صعود ونزول (ع) اسم مذکر (1) چڑھنا (2) اترنا (3) اتار چڑھاؤ۔

صعید (ع) اسم مونث (1) سطح زمین (2) مٹی (3) پہاڑی سڑک۔

## ص ← غ

صِغار (ع) اسم مذکر (1) صغیر اور صغریٰ کی جمع (2) چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں۔

صغار وکبار (ع) اسم مذکر (1) چھوٹے بڑے (2) عوام۔

صغر (ع) اسم مذکر (1) چھٹائی (2) خوردی۔

صغرسنی/صغیرسنی (ع) اسم مونث (1) نابالغی (2) کم عمری خردسالی (یہ بیائے مصدری ہے)

صغرےٰ (ع) اسم مونث (1) اصغر کی تانیث (2) چھوٹی لڑکی (3) سب سے چھوٹی چیز (بحالت اسم مذکر) علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ۔

صغیر (ع) اسم صفت (1) چھوٹا (2) ادنےٰ (3) خرد۔

صغیرسن/صغرسن (ع) اسم صفت (1) کم عمر (2) خردسال (3) نابالغ۔

صغیر وکبیر (ع) اسم صفت (1) ادنےٰ اعلیٰ (2) چھوٹے بڑے (3) خورد وبزرگ۔

صغیرہ (ع) اسم صفت (1) چھوٹا (2) خرد (3) ادنےٰ (4) گناہ جو معافی کے قابل ہو۔

## ص ← ف

صف (ع) اسم مونث (1) پرا (2) قطار (3) لائن (4) سلسلہ (5) بستر (6) فرش (7) بچھونا (8) بوریا (9) چٹائی۔

صف آرا (عف) اسم صفت (1) لڑائی کے لئے فوج کا پرا جمانے والا (2) مقابلہ کرنے والا۔

صف آرائی (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) صف بندی (2) قطار بندی (3) پرابندی۔

صف بستہ (عف) اسم صفت بترکیب مفعولی (1) پرا باندھے ہوئے (2) قطار بستہ۔

صف ماتم (ع) اسم مونث۔ وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے یا ماتمی آکر بیٹھتے ہیں۔

صفا (ع) اسم مونث (1) ستھرا (2) پاک (3) پاکیزہ (4) صاف کیا ہوا (5) صیقل شدہ (6) ہموار (7) سپاٹ (8) کھرا (9) نرل۔

صفاچٹ کرنا (ا) فعل (1) صفایا کرنا (2) بالکل مونڈ ڈالنا۔

صفا صفا (ا) تابع فعل (1) ویران (2) برباد (3) تہس نہس (4) بےنشان (5) بالکل منہدم بےچراغ۔

صفا صفا کرنا (ا) فعل (1) اجاڑ دینا (2) برباد کرنا (3) بےچراغ کرنا (4) صفایا کردینا۔

صفا کہنا (ا) فعل (1) کھری کہنا (2) بےلاگ کہنا (3) صاف صاف کہہ دینا۔

صفات (ع) اسم مونث (1) صفت کی جمع (2) تعریفیں (3) اوصاف (4) برائیاں (5) بھلائیاں (6) گن (7) خواص (8) خاصیتیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

**صفاتی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ صفات ❷ عارضی ❸ ذاتی کی ضد۔

**صفائی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ صاف ہونا ❷ پاکیزگی ❸ سچائی ❹ راستی ❺ صداقت ❻ رونق ❼ چکناہٹ ❽ جھاڑ پونچھ ❾ جھاڑو بہارو۔

**صفائی کر دینا** (ا) فعل ❶ جھاڑو دینا ❷ پونچھ دینا ❸ چکا دینا ❹ بے باق کر دینا ❺ جلا کر دینا ❻ صیقل کر دینا ❼ مانجھ دینا ❽ اڑا دینا ❾ برباد کر دینا۔

**صفت** (ء) اسم مونث ❶ خوبی ❷ عمدگی ❸ گن ❹ عادت ❺ خو ❻ لچھن ❼ سبھاؤ ❽ تاثیر ❾ وضع۔

**صفحہ** (ء) اسم مذکر ❶ منہ ❷ چہرا ❸ رخ ❹ ورق کا ایک طرف کا رخ ❺ وسعت ❻ پھیلاؤ ❼ سطح۔

**صفحہ ہستی** (عف) اسم مونث ❶ روئے زمین ❷ دنیا کا پرت۔

**صفحہ ہستی سے نام ونشان مٹانا** (ا) فعل ❶ دنیا کے پردے سے ناپید کر دینا ❷ ملیامیٹ کر دینا ❸ بیخ ناس کر دینا۔

**صفر** (ء) اسم مذکر ❶ خالی ہونا ❷ عربی کے دوسرے قمری مہینے کا نام ہے ❸ پیٹ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے۔

**صفر** (ء) اسم مذکر ❶ خالی ❷ تہی ❸ بندی ❹ نقطہ ❺ علم حساب میں وہ نقطہ جو کسی عدد کے دائیں طرف آ کر اس کی قیمت دس گنی بڑھا دیتا ہے اور بائیں طرف کوئی قیمت نہیں رکھتا۔

**صفرا** (ء) اسم مذکر ❶ پت ❷ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام ہے جس کا رنگ زرد مزاجاً نہایت گرم خشک ہے۔

**صفراوی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ صفرا ❷ پت دار ❸ گرمی والا ❹ گرمی کا۔

**صفراوی مزاج** (ا) اسم مذکر ❶ تیز مزاج ❷ تلخ ❸ خلط صفرا کی زیادتی والا شخص۔

**صفو دینا** (ا) فعل ❶ صاف مات دینا ❷ تاش کے تمام پتے جیت لینا۔

**صفوف** (ء) اسم مونث ❶ صف کی جمع ❷ قطاریں پرے۔

**صفی** (ء) اسم صفت ❶ پاک ❷ صاف ❸ خالص ❹ حضرت آدم کا لقب۔

**صفیر** (ء) اسم مونث ❶ پرندوں کی آواز ❷ جانوروں کو بلانے کی سیٹی۔

**صفیل** (ا) اسم مونث۔ فصیل یعنی شہر پناہ کا بگاڑ ہے۔

**صفیں** (ا) اسم مونث۔ صف کی جمع۔

**صفیں الٹنا** (ا) فعل۔ لڑائی کی جمی ہوئی قطاروں کا تتر بتر ہونا (بحالت متعدی) قطاروں کو تتر بتر کر دینا۔

**صفیں باندھنا** (ا) فعل ❶ پرے جمانا ❷ قطاریں لگانا ❸ صف بستہ ہونا۔

**صفیں بندھنا / جمنا** (ا) فعل ❶ قطاریں لگنا ❷ صف بستہ ہونا۔

## ص ← ل

**صَل** (ع) فعل امر ❶ برکت دے ❷ رحمت اُتار ❷ درود بھیج۔

**صل علیٰ** (ع) کلمہ تحسین وتعریف ❶ سبحان اللہ ❷ مرحبا۔

**صل وجل** (ع) کلمہ تحسین ❶ سبحان اللہ ❷ مرحبا ❸ شاباش ❹ واہ واہ۔

**صلا** (ء) اسم مونث ❶ آواز ❷ پکار ❸ دعوت عام۔

**صلائے عام** (ء) اسم مونث ❶ عام اجازت ❷ دعوت عامہ۔

**صلا نہ شد بلا شد** (ف) مثل ❶ بلانا ہی غضب ہوگیا ❷ بلایا کیا گلے ہی پڑ گئے۔

**صلابت** (ء) اسم مونث ❶ مضبوطی ❷ سختی ❸ استحکام ❹ استواری۔

**صلابت جنگ** (عف) اسم مذکر ❶ لڑائی کا بہادر ❷ جنگی بہادروں کا خطاب۔

**صلاح** (ء) اسم مونث ❶ بھلائی ❷ نیکی ❸ اچھائی ❹ بہتری ❺ مشورہ ❻ مصلحت ❼ رائے ❽ تدبیر ❾ تجویز۔

**صلاح بیٹھنا / صلاح ٹھیرنا** (ا) فعل ❶ تجویز ٹھیرنا ❷ رائے قرار ہونا ❸ ارادہ ہونا۔

**صلاح کار** (ف) اسم مذکر ❶ زاہد ❷ پرہیزگار ❸ متقی ❹ پارسا ❺ مشیر ❻ صلاح دینے والا ❼ رائے دینے والا۔

**صلاح کرنا** (ا) فعل ❶ رائے لینا ❷ تدبیر سوچنا ❸ تجویز بنانا ❹ ارادہ کرنا۔

**صلاح وقت** (ء) اسم مونث ❶ وقت کی بہتری ❷ مناسب وقت ❸ مناسب موقعہ۔

**صلاح ومشورہ** (ء) اسم مذکر ❶ تدبیر وتجویز ❷ منصوبہ ❸ ارادہ۔

**صلاحیت** (ء) اسم مونث ❶ نیکی ❷ بھلائی ❸ بہتری ❹ پارسائی ❺ پرہیزگاری ❻ رسائی ❼ پہنچ ❽ سمجھ ❾ لیاقت۔

**صلاح سمرقندی / صلائے سمرقندی** (عف) اسم مونث ❶ وہ صلاح

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249071218

www.besturdubooks.net

جو دل سے نہ ہو صرف منہ جھٹانے کے لئے ہو ❷ ظاہری صلاح۔

**صلب** (ع) اسم مذکر ❶ پشت کے مہرے ❷ پیٹھ کی ہڈیاں ❸ زمین سخت ❹ درشت ❺ خاندانی بزرگی ❻ اولاد ❼ نسل ❽ نطفہ۔

**صلبی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ سگا ❷ اصلی ❸ حقیقی ❹ اپنے نطفہ کا بیٹا۔

**صلح** (ع) اسم مونث ❶ میل ❷ ملاپ ❸ دوستی ❹ اتحاد ❺ آپس کی دوستی ❻ باہمی صفائی ❼ امن وامان (قانون) باہمی اتصال ❽ باہمی تصفیہ۔

**صلح دوست** (عف) اسم صفت فاعلی ❶ صلح پسند کرنے والا ❷ صلح کل ❸ جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرنے والا۔

**صلح کرنا** (ا) فعل ❶ ملاپ کرنا ❷ مل جانا ❸ دل کا رنج دور کرنا ❹ آشتی کرنا ❺ باہم صفائی ہونا۔

**صلح کل** (ع) اسم صفت ❶ سب کے ساتھ ملاپ رکھنے والا ❷ کسی شخص سے خواہ کسی مذہب کا ہو دشمنی اور جھگڑا نہ رکھنا ❸ ہمہ دوست۔

**صلح نامہ** (عف) اسم مذکر ❶ راضی نامہ ❷ ملاپ کا اقرار نامہ۔

**صلعم** (ع) ❶ دعا ❷ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مخفف ہے ❸ اللہ تعالے کا ان پر اور ان کی اولاد پر درود ہو۔

**صلوات** (ع) اسم مونث ❶ صلوہ کی جمع ❷ خدا تعالے کی طرف سے برکتیں، رحمتیں اور مہربانیاں ہوں ❸ ان پر ❹ باز آنا ❺ سلام کرنا ❻ رخصت کرنا ❼ نمازیں ❽ دوگانا۔

**صلوات سنانا** (ا) فعل ❶ گالیاں دینا ❷ برا بھلا کہنا۔

**صلوات ہے** (ا) محاورہ ❶ سلام ہے ❷ بس باز آئے ❸ ہاتھ اٹھایا ❹ چھوڑا ❺ کچھ عقل نہیں۔

**صلوۃ** (ع) اسم مونث ❶ درود ❷ رحمت الٰہی ❸ دعا ❹ نماز۔

**صلہ** (ع) اسم مذکر ❶ انعام ❷ عطا ❸ ہدیہ ❹ تحفہ ❺ بدلہ ❻ پاداش ❼ نیکی ❽ نیکی کا معاوضہ ❾ علم صرف میں وہ جملہ جو موصول کے بعد اس کے جواب میں واقع ہو۔

**صلہ دینا** (ا) فعل ❶ بدلہ دینا ❷ انعام دینا ❸ بخشش کرنا ❹ اجرت و مزدوری دینا۔

**صلیب** (ع) اسم مونث ❶ سولی دار ❷ چلیپا کا نشان ❸ عیسائیت کا نشان جو بعض عیسائی لوگ ہر وقت پہنے رہتے ہیں۔

## ص ← م

**صم** (ع) اسم مذکر ❶ جمع اصم ❷ بہرا ❸ وہ آدمی جس کو کانوں سے سنائی نہ دے۔

**صم وبکم** (ع) اسم مذکر ❶ اصم وابکم کی جمع ہے ❷ بہرے گونگے ❸ گونگا بہرا۔

**صمت** (ع) اسم مذکر۔ خاموشی۔

**صمد** (ع) اسم صفت ❶ خدا کا ایک صفاتی نام ❷ بے نیاز جو کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اس کے محتاج ہو۔

**صمصام** (ع) اسم مونث ❶ منہ نہ پھرنے والی تلوار ❷ تیغ براں ❸ مجازاً مطلق تلوار۔

**صمیم** (ع) اسم صفت ❶ خالص ❷ سچا ❸ (مذکر) گودا ❹ کسی چیز کا بہترین حصہ ❺ اندرونی ❼ بہرا جو سن نہ سکے۔

## ص ← ن

**صنادید** (ع) اسم مذکر ❶ صندید کی ضد ❷ بزرگ ❸ بادشاہ ❹ خطرات ❺ حادثات۔

**صناع** (ع) اسم صفت ❶ بہت ہی بڑا کاریگر ❷ پیشہ ور۔

**صناعت/ صناعی** (ع) اسم مونث ❶ کاریگری ❷ پیشہ ❸ ہنر ❹ دستکاری۔

**صنائع** (ع) اسم مذکر ❶ صناعت کی جمع ❷ ہنرمندیاں ❸ دستکاریاں۔

**صنائع بدائع** (ع) اسم مذکر۔ نظم میں بیان کرنے کی عجیب وغریب خوبیاں اور نکتے۔

**صندل** (ع) اسم مذکر۔ ایک قسم کی خوشبودار لکڑی اور اس کا درخت۔

**صندلی** (ف) اسم صفت ❶ صندل کے رنگ کا ❷ سرخی مائل زرد رنگ ❸ صندل کی لکڑی کا بنا ہوا ❹ ایک قسم کی مخروطی تپائی ❺ کرسی ❻ پیدائشی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

نامرد۔

**صندوق** (ع) اسم مذکر ① لکڑی یا ٹین وغیرہ کا بکس ② پیٹی ③ تابوت ④ ابھرا ہوا سینہ۔

**صندوقچہ** (عف) اسم مذکر ① صندوق کی تصغیر ② چھوٹا بکس ③ چھوٹا صندوق۔

**صندوقچی** (ف) اسم مونث۔ بہت چھوٹا سا صندوقچہ۔

**صنع** (ع) اسم مونث ① کاریگری ② ہنرمندی ③ دستکاری۔

**صنف** (ع) اسم مونث ① قسم ② جنس ③ نوع۔

**صنم** (ع) اسم مذکر ① بت ② پتلی ③ مورتی ④ کسی چیز کا بیجان قالب ⑤ دلبر ⑥ پریتم ⑦ معشوق ⑧ جانی ⑨ پیارا۔

**صنم خانہ/صنم کدہ** (عف) اسم مذکر ① بت خانہ ② مندر ③ ٹھاکر دوارا۔

**صنم کدہ چین** (عف) اسم مذکر۔ چین کے ایک مشہور بت خانہ کا نام ہے۔

**صنوبر** (ع) اسم مذکر ① ایک نہایت سیدھا درخت ہوتا ہے ② ایک قسم کے سرو کو بھی کہتے ہیں ③ جس سے معشوق کے قد اور اس کے خرام خرام اور رفتار کو تشبیہ دیتے ہیں۔

**صنیعہ** (ع) اسم مونث ① نیکی ② ہنر ③ کاریگری۔

## ص ← و

**صواب** (ع) اسم صفت ① راست ② درست ③ ٹھیک ④ بجا ⑤ خوب ⑥ بہتر ⑦ بہترین۔

**صوبجات** (ع) اسم مذکر۔ صوبہ کی جمع۔

**صوبہ** (ع) اسم مذکر ① سلطنت کا وہ حصہ جس میں بہت سے ضلعے یا پرگنے شامل ہوں ② حاکم صوبہ ③ گورنر۔

**صوبہ دار** (عف) اسم مذکر ① حاکم صوبہ ② پیادہ سپاہیوں کا افسر۔

**صوبہ داری** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① صوبہ کی حکومت ② نظامت ③ صوبہ دار کا عہدہ۔

**صوت** (ع) اسم مونث ① آواز ② بیر ③ صدا ④ بانگ۔

**صور** (ع) اسم مذکر ① نرسنگا ② بجانے کا سینگ ③ نفیری ④ ترئی ⑤ بگل۔

**صور اسرافیل** (ع) اسم مذکر۔ وہ نرسنگا جس کو حضرت اسرافیل قیامت کے دن پھونکیں گے ایک دفعہ مار ڈالنے کو دوسری دفعہ زندہ کرنے کو۔

**صور** (ع) اسم مونث۔ صور کی جمع۔

**صورت** (ع) اسم مونث ① چہرہ ② منہ ③ شکل ④ مکھڑا ⑤ نقش ⑥ تصویر ⑦ بھیس ⑧ روپ ⑨ علامت۔

**صورت آشنا ہونا/ہو جانا** (ا) فعل ① صورت پہچاننا ② جان پہچان ہو جانا ③ واقف ہو جانا ④ معمولی آشنائی ہونا ⑤ یونہی سی واقفیت ہونا۔

**صورت بدلنا** (ا) فعل ① بھیس بدلنا ② ہیئت پلٹنا ③ حالت بدلنا ④ چہرہ تبدیل کرنا۔

**صورت بنانا** (ا) فعل ① شکل بنانا ② تصویر بنانا ③ خاکہ کھینچنا ④ منہ بنانا ⑤ چہرا بنانا ⑥ منہ چڑانا ⑦ منہ بگاڑ کر بات کرنا ⑧ غریبی اور مفلسی ظاہر کرنا۔

**صورت پرست** (ف) اسم مذکر فاعل ① بت پرست ② مورتی پوجا کرنے والا ③ ظاہر پرست ④ حسن پر فریفتہ ہونے والا۔

**صورت پکڑنا** (ا) فعل ① شکل بننا ② رنگ اختیار کرنا ③ کوئی طریقہ اختیار کرنا۔

**صورت تو دیکھو** (ا) محاورہ ① طنزاً اظہار ناقابلیت کے لئے بولا کرتے ہیں ② منہ تو دیکھو کہاں یہ کام اور کہاں یہ شکل ③ چھوٹا سا منہ بڑی بات۔

**صورت چڑیلوں کی مزاج/دماغ پریوں کا** (ا) مثل ① بدشکلی پر یہ دماغ ② بدصورتی پر یہ مزاج ③ کسی بدصورت یا بدشکل کی بددماغی پر طنزاً یہ کہا جاتا ہے۔

**صورت حال** (ع) اسم مونث ① ظاہری حالت ② روئداد ③ صورت معاملہ۔

**صورت حرام** (ع) اسم صفت ① دیکھنے میں اچھی اور چکھنے میں خراب اور بدذائقہ ② ظاہری ٹیپ ٹاپ اچھی اور باطن خراب۔

**صورت وار** (ا) اسم فاعل ترکیبی ① خوبصورت ② شکیل ③ وضعدار ④ خوبرو۔

**صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل** (ا) محاورہ۔ بدصورت آدمی کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔

**صورت یہ ہے** (ا) محاورہ ① بات یہ ہے ② حال یہ ہے۔

**صورتاً** (ع) تابع فعل ① ظاہری طور پر ② ظاہراً ③ بظاہر۔

**صوری** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی۔ ظاہری معنوی کی ضد۔

**صوف** (ع) اسم مذکر ① اون ② نمدہ ③ کمل ④ پشم ⑤ ایک قسم کا موٹا پشمینہ کا کپڑا ⑥ گوٹا بننے کا بانا ⑦ وہ کپڑے کا ٹکڑا جو دوات میں سیاہی

Join Us On Whatsapp Naveed Baig

کے ساتھ رکھتے ہیں۔
صوفی (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی یا فاعلی ❶ پشمینہ کے کپڑے پہننے والا ❷ کمل پوش ❸ متقی ❹ پرہیزگار ❺ پارسا ❻ عابد ❼ زاہد۔
صوفی صافی (ء) اسم مذکر۔ درویشوں کی اصطلاح میں ماسوائے اللہ سے دل کو پاک صاف رکھنے والے کو کہتے ہیں۔
صوفیانہ (عف) اسم صفت ❶ منسوب بہ صوفی ❷ صوفیوں کا سا ❸ سادہ ❹ بلاٹیپ ٹاپ۔
صوفیانہ وضع (ا) اسم مونث ❶ سادہ وضع ❷ سادہ پن۔
صوم (ء) اسم مذکر ❶ روزہ ❷ برت۔
صوم وصلوٰۃ (ء) اسم مونث۔ روزہ نماز۔

## ص ← ہ

صہبا (ء) اسم مونث ❶ ایک قسم کی سرخ شراب ❷ سفید انگوروں کی شراب ❸ مئے احمر۔
صہر (ع) اسم مذکر ❶ خسر ❷ داماد ❸ سسرال کا کوئی آدمی۔
صہیل (ع) اسم مونث۔ گھوڑے کا ہنہنانا۔

## ص ← ی

صیاد (ء) اسم مذکر فاعل ❶ صید کرنے والا ❷ شکار کھیلنے والا ❸ شکاری ❹ چڑی مار ❺ ماہی گیر وغیرہ۔
صیاد اجل (ء) اسم مذکر ❶ موت کا فرشتہ ❷ ملک الموت ❸ عزرائیل ❹ جم دوت۔
صیام (ء) اسم مذکر ❶ صوم کی جمع ❷ روزے۔
صیانت (ء) اسم مونث ❶ بچاؤ ❷ پاسبانی ❸ حفاظت ❹ نگہبانی۔
صید (ء) اسم مذکر ❶ وہ جانور جس کو شکار کریں ❷ (اسم مونث) ہم پیشہ اور ہم کار لوگوں کی باہمی لڑائی اور ضد۔
صید بدنا (ا) فعل ❶ کبوتر کو پکڑ کر واپس نہ دینے کا اقرار کرنا ❷ ضد باندھنا۔
صید کرنا (ا) فعل ❶ شکار کرنا ❷ پکڑنا ❸ قابو میں لانا ❹ فریفتہ کرنا۔
صید گاہ (عف) اسم مذکر ظرف ❶ شکار کھیلنے کی جگہ ❷ شکار گاہ۔
صیدی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلی۔ شکاریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو ہم پیشہ لوگوں سے ضد اور لڑائی کرے۔
صیغہ (ء) اسم مذکر ❶ سانچے میں ڈھالنا ❷ ڈھلی ہوئی چیز ❸ طریقت ❹ خلقت ❺ وہ مشتق کلمہ جو کسی لفظ سے نکالا گیا ہو ❻ (اہل شیعہ) نکاح میعادی ❼ ایجاب وقبول ❽ محکمہ ❾ سررشتہ۔
صیغہ پڑھانا (ا) فعل ❶ اہل تشیع میں نکاح پڑھانا ❷ ایجاب وقبول کرانا۔
صیغہ گردانا (ا) فعل۔ فعل کی گردان کرنا۔
صیقل (ا) اسم مونث ❶ ریتی ❷ جلا ❸ صفائی ❹ آب ❺ جلا کرنے کا آلہ۔
صیقل کرنا (ا) فعل ❶ چمکانا ❷ جلا کرنا ❸ آب دینا ❹ صاف کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

# ض

اردو کا اکیسواں، فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف ہے

ض (ء) اسم مذکر ① اردو کا اکیسواں ② فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف ہے ③ حساب جمل میں اس کے عدد آٹھ سو فرض کئے گئے ہیں۔

## ض ← ا

ضابط (ء) اسم مذکر صفت فاعلی ① انتظام کرنے والا ② حفاظت میں رکھنے والا ③ منتظم ④ مدبر ⑤ حاکم ⑥ مالک ⑦ قابض ⑧ محتاط ⑨ پابند۔

ضابطگی (ف) اسم صفت۔ قانون اور ضابطے کے مطابق۔

ضابطہ (ء) اسم مذکر ① قاعدہ عمل درآمد ② نگہداشت ③ قانون ④ قاعدہ ⑤ انتظام ⑥ بندوبست ⑦ ربط وضبط ⑧ آئین۔

ضابطہ برتنا (ا) فعل ① قانون پر چلنا ② قاعدہ کے موافق کام کرنا۔

ضابطہ دیوانی (ا) اسم مذکر ① باہمی لین دین کا قانون ② عدالت دیوانی کا قانون۔

ضابطہ فوجداری (ا) اسم مذکر ① فوجداری قانون ② شریروں اور بدمعاشوں کے جرموں کے روکنے وغیرہ کا قانون۔

ضابطہ مال (ا) اسم مذکر ① خزانہ یا مالگزاری کے متعلق قانون ② سررشتہ مال کا قانون۔

ضارب (ع) اسم صفت ① چوٹ لگانے والا ② مارنے والا ③ ضرب لگانے والا۔

ضال (ع) اسم صفت ① گمراہ ② بھٹکا ہوا ③ جمع: ضالین۔

ضامن (ء) اسم مذکر فاعل ① کسی کی ضمانت دینے والا ② ذمہ دار ③ لکڑی کی وہ پچر جو حقے کی دونوں نڑیوں کے درمیان باندھ دیا کرتے ہیں ④ مایہ شیر یعنی وہ دہی جس کے ذریعے سے دودھ جماتے اور دہی بناتے ہیں۔

ضامن در ضامن (ا) اسم مذکر ① ذمہ دار کا ذمہ دار ② کفیل کا کفیل۔

ضامنی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① ذمہ داری ② کفالت ③ ضمانت۔

ضامنی دینا (ا) فعل ① ضمانت دینا ② ذمہ دار بننا ③ کفیل بننا۔

ضائع (ء) اسم صفت فاعلی ① اکارت ② لاحاصل ③ بے فائدہ ④ خراب ⑤ برباد ⑥ رائگاں۔

ضائع کرنا (ا) فعل ① کھونا ② برباد کرنا ③ تلف کرنا ④ اڑانا ⑤ بیکار کرنا ⑥ نکما کرنا ⑦ مارنا ⑧ قتل کرنا۔

ضائع ہونا / ضائع جانا (ا) فعل ① برباد ہونا ② اڑانا ③ بیکار کرنا ④ نکما کرنا ⑤ مارنا ⑥ قتل کرنا۔

## ض ← ب

ضبط (ء) اسم مذکر ① پاسبانی ② حفاظت ③ نگہبانی ④ ہوشیاری ⑤ انتظام ⑥ بندوبست ⑦ حکومت ⑧ راج ⑨ قید۔

ضبط کرنا (ا) فعل ① باندھنا ② قابو کرنا ③ روکنا ④ نگرانی کرنا ⑤ قرق کرنا ⑥ پینا ⑦ جذب کرنا۔

ضبطی (ء) اسم مونث۔ بیائے مصدری ① نگرانی ② ترقی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ضبطی جائیداد/ مال (ا) اسم مونث۔ مال و اسباب کی قرقی۔
ضبطی میں آنا (ا) فعل ① قرقی میں آنا ② چھن جانا ③ قرق ہونا ④ سرکاری ہو جانا۔

ض ← ح

ضحا/ضحیٰ (ء) اسم مذکر ① پہر دن چڑھے ② دس بجے کا وقت ③ عید قربان۔
ضحاک (ء) اسم مذکر ① بہت ہنسنے والا ② ایک ایرانی بادشاہ کا نام ہے جو بڑا ظالم اور جابر ہو گزرا ہے۔
ضحک (ع) اسم مونث۔ ہنسنا۔
ضحکہ (ع) اسم مذکر ① وہ جس پر سب ہنسیں ② جو سب پر ہنسے۔

ض ← خ

ضخامت (ء) اسم مونث ① موٹاپا ② جسامت ③ حجم۔
ضخیم (ء) اسم صفت ① موٹی چیز ② جسیم ③ فربہ۔

ض ← د

ضد (ء) اسم مونث ① برعکس ② مخالفت ③ خلاف ④ دشمنی ⑤ عداوت ⑥ بغض ⑦ (اردو) ہٹ ⑧ اصرار ⑨ اڑ۔
ضد باندھنا (ا) فعل ① بہت ہٹ کرنا ② کسی بات پر اڑ جانا ③ اصرار کرنا ④ بحث کرنا ⑤ دشمنی باندھنا ⑥ مخالفت کرنا۔
ضد پر آنا (ا) فعل ① ہٹ پر آنا ② اصرار پر کمربستہ ہونا ③ مخالفت کرنا۔
ضد چڑھنا/ آنا (ا) فعل ① غصہ چڑھنا ② اڑنا ③ ہٹ پر آنا۔
ضد رکھنا (ا) فعل ① دشمنی رکھنا ② مخالفت رکھنا ③ خلاف کرنا۔
ضد کرنا (ا) فعل ① اڑنا ② ہٹ کرنا ③ اصرار کرنا ④ خلاف کرنا۔

ضدی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① اڑیل ② ہٹیلا ③ بہت اصرار کرنے والا۔
ضدین (ا) اسم صفت ① دو مخالف چیزیں ② دو مختلف چیزیں۔

ض ← ر

ضرار (ع) اسم مذکر ① ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا ② عہد رسالت میں منافقوں کی ایک مسجد۔
ضرب (ء) اسم مونث ① چوٹ ② صدمہ ③ دھکا ④ بیان ⑤ ذکر ⑥ ٹھپا ⑦ مہر ⑧ توپ کے شمار کرنے کا عدد ⑨ صوفیوں کا کسی کلمہ کو زور اور جہر کے ساتھ اس طرح پڑھنا۔
ضرب اٹھانا (ا) فعل ① نقصان اٹھانا ② گھاٹا کھانا ③ صدمہ گوارا کرنا۔
ضرب چلیپا (عف) اسم مونث۔ ایک خاص ضرب جو آڑی دی جاتی ہے۔
ضرب المثل (ء) اسم مونث ① مثل بیان کرنا ② مثال کے طور پر بیان کیا ہوا جملہ۔
ضرب المثل ہونا (ا) فعل۔ کہاوت کی طرح مشہور ہونا۔
ضرب آنا (ا) فعل ① چوٹ لگنا ② دھکا لگنا ③ نقصان پڑنا۔
ضرب دینا (ا) فعل ① نقصان دینا ② ضرر پہنچانا ③ اعداد کو باہم ٹکرانا۔
ضرب شدید (ء) اسم مونث ① سخت چوٹ ② مہلک صدمہ۔
ضرب لگانا (ا) فعل ① چوٹ لگانا ② کوٹنا ③ وار کرنا ④ صدمہ پہنچانا ⑤ تلوار مارنا ⑥ ٹھپا لگانا ⑦ مہر لگانا ⑧ کلمہ پڑھنا ⑨ خاص طریقہ سے خدا کا نام لینا۔
ضرب مرکب (ء) اسم مونث ① علم حساب میں ایک خاص قسم کی ضرب کو کہتے ہیں ② جس میں نقدی یا جنس وغیرہ کے مختلف حصوں میں ضرب دیں۔
ضرب مفرد (ء) اسم مونث ① علم حساب میں سادہ ضرب ② ضرب بسیط۔
ضرر (ء) اسم مذکر ① نقصان ② گھاٹا ③ خسارہ ④ تکلیف ⑤ درد ⑥ صدمہ ⑦ ضرب ⑧ چوٹ۔
ضرر جسمانی (ء) اسم مذکر ① بدنی ② نقصان ③ جسمانی تکلیف ④ بدنی

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218
www.besturdubooks.net

چوٹ۔

ضرر خفیف (ء) اسم مذکر ① تھوڑی سی تکلیف ② تھوڑا سا نقصان۔

ضرر رسانی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① دکھ دینا ② تکلیف پہنچانا ③ ایذا دینا۔

ضرر شدید (ء) اسم مذکر ① بڑا بھاری نقصان ② مہلک صدمہ ③ سخت چوٹ۔

ضرور (ء) اسم صفت ① وہ بات جس کا ہونا فرض ہو ② لازم ③ واجب ④ مطلوب ⑤ درکار ⑥ طنزاً ⑦ درست ⑧ بجا ⑨ بے شک۔

ضرور ضرور (ا) تابع فعل تاکیدی ① بالضرور ② یقیناً ③ ضروری ہی۔

ضروری (ا) تابع فعل وصفت ① بالضرور ② واجبی ③ لازمی ④ ناچاری ⑤ مجبوری۔

ضرورت (ء) اسم مونث ① حاجت ② خواہش ③ احتیاج۔

ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں (ا) مثل۔ لاچاری کے وقت ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

ضرورت مند (ا) اسم صفت فاعلی ① محتاج ② غریب ③ مفلس ④ تنگ حال ⑤ تنگدست۔

ضروریات (ع) اسم مونث ① ضروری چیزیں ② روزمرہ کی اشیاء۔

ضریح (ء) اسم مونث ① قبر ② گور ③ مزار ④ مقبرہ ⑤ تعزیہ۔

## ض ← ع

ضعف (ء) اسم صفت ① دوچند ② دوگنا ③ دگنا۔

ضعف (ء) اسم مذکر ① کمزوری ② ناطاقتی ③ بے عقلی ④ بے ہوشی ⑤ غشی۔

ضعف آنا (ا) فعل ① غش آنا ② بے ہوش ہونا۔

ضعف بصارت (ء) اسم مذکر ① نظر کی کمزوری ② آنکھوں کی ناطاقتی۔

ضعف جگر (عف) اسم مذکر ① ایک بیماری کا نام ہے ② کلیجہ کی ناطاقتی۔

ضعف دل (عف) اسم مذکر۔ دل کی کمزوری۔

ضعیف (ء) اسم صفت ① کمزور ② ناطاقت ③ بوڑھا ④ سست ⑤ ناتواں۔

ضعیف الاعتقاد (ء) اسم صفت ① وہ شخص جس کے اعتقاد کا بھروسہ نہ ہو ② ڈھلمل یقین ③ بھولا بھالا ④ سادہ لوح۔



ضعیف

ضعیف العقل (ء) اسم صفت ① بے عقل ② بے وقوف ③ بے سمجھ ④ کم فہم۔

ضعیفی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① بڑھاپا ② کمزوری ③ پیری۔

## ض ← ل

ضل (ع) اسم مذکر ① گمراہ ہونا ② غلطی کرنا ③ بھٹکنا۔

ضلالت (ء) اسم مونث ① گمراہی ② خطا ③ قصور ④ جرم۔

ضلع (ء) اسم مذکر ① پسلی ② پہلو کی ہڈی ③ خط ④ لکیر ⑤ حد ⑥ حصہ ⑦ جزو ⑧ ملک کا وہ حصہ جس میں کئی تحصیلیں ہوں ⑨ ڈپٹی کمشنر یا کلکٹر کا صدر مقام۔

ضلع جگت (ہ) اسم مونث۔ پہلو دار بات جس میں لفظی رعایت دی جائے۔

ضلعدار (عف) اسم مذکر ① ضلع کا محافظ۔ زمینداروں سے لگان وغیرہ وصول کرنے والا افسر ② ذیلدار ③ نہر کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے۔

ضلعداری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① ضلعدار کے عہدے کا کام ② ضلعدار کا عہدہ۔

## ض ← م

ضم (ء) اسم مذکر ① ملانا ② شامل کرنا ③ ضمہ پیش کی حرکت۔

ضماد (ء) اسم مذکر ① لیپ ② دوا کو نرم کر کے جسم پر لگانا۔

ضمانت (ء) اسم مونث ① ذمہ داری ② کفالت ③ ضامنی۔

ضمانت داخل کرنا (ا) فعل ① لکھ کر ضمانت دینا ② ضامن ہونا ③ کفیل بننا۔

ضمانت نامہ (عف) اسم مذکر ① تحریری ضمانت ② ضمانت کا اقرار

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نامہ۔

ضمانتاً (ء) تابع فعل 1 بطور ضمانت 2 کفالتاً۔

ضمانتی (ا) اسم مذکر 1 ضامن 2 ذمہ دار 3 کفیل۔

ضمائر (ء) اسم مونث۔ ضمیر کی جمع۔

ضمن (ء) اسم مذکر 1 شمول 2 شرکت 3 باب 4 فصل 5 دفعہ 6 متعلق۔

ضمناً (ء) تابع فعل 1 درپردہ 2 اشارتاً۔

ضمہ (ء) اسم مذکر 1 پیش 2 پیش کی حرکت 3 ضم۔

ضمیر (ء) اسم مونث 1 من 2 جی 3 دل 4 ہیا 5 راز 6 بھید 7 سر 8 مخفی 9 پوشیدہ۔

ضمیمہ (ء) اسم مذکر 1 وہ شے جو اصل چیز پر بڑھائی جائے 2 پرچہ زائد 3 تکملہ۔

## ض ← و

ضو (ء) اسم مذکر 1 روشنی 2 پرتو 3 چمک 4 نور۔

ضوافشاں/ضوفشان (ع) اسم صفت 1 روشنی والا 2 روشن 3 منور۔

ضوابط (ء) اسم مذکر 1 ضابطہ کی جمع 2 قوانین 3 قاعدے۔

## ض ← ی

ضیا (ء) اسم مونث 1 روشنی 2 چمک 3 تجلے 4 تلف 5 ضائع۔

ضیافت (ء) اسم مونث 1 دعوت 2 مہمانی 3 کھانا کھلانا۔

ضیافت کرنا (ا) فعل 1 دعوت کرنا 2 کھانا کھلانا۔

ضیغم (ء) اسم مذکر 1 پھاڑنے والا شیر 2 شیر 3 شیر ببر 4 کہری۔

ضیف (ء) اسم مذکر 1 مہمان 2 پاہنا۔

ضیق (ء) اسم مونث 1 تنگی 2 بھچا 3 دقت 4 مشکل 5 کمی 6 کوتاہی 7 دمہ کی بیماری۔

ضیق النفس (ء) اسم مذکر 1 سانس کی تنگی 2 دمہ 3 سانس کی بیماری 4 دمہ کا مرض۔

ضیق میں ہونا (ا) محاورہ 1 عاجز آنا 2 مشکل میں پھنسنا 3 تنگ ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ط

اردو کا بائیسواں حرف، فارسی کا انیسواں اور عربی کا سولھواں حرف ہے

**ط** (ء) اسم مونث ❶ اردو کا بائیسواں حرف، فارسی کا انیسواں اور عربی کا سولھواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد نو مانے گئے ہیں۔

## ط ← ا

**طابع** (ع) اسم مذکر ❶ چھاپنے والا ❷ پرنٹر ❸ فرمانبردار۔

**طارق** (ع) اسم مونث ❶ صبح کا ستارہ ❷ رات کو چلنے والا ❸ سخت حادثہ۔

**طارم** (ع) اسم مذکر ❶ لکڑی کا مکان ❷ آسمان ❸ گنبد۔

**طاری** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ یکا یک ❷ آ پڑنے والا ❸ اچانک ظاہر ہونے والا ❹ آدھمکنے والا ❺ مراد غالب آ جانے والا ❻ مسلط ہو جانے والا ❼ چھا جانے والا۔

**طاری ہونا** (ا) فعل ❶ چھا جانا ❷ غالب آنا ❸ مسلط ہو جانا۔

**طاس** (ء) اسم مذکر ❶ پیالہ ❷ طشت ❸ لگن ❹ تھال ❺ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ❻ وہ قطعہ زمین جس کا پانی ست ستا کر کسی دریا میں آ پڑتا ہو۔

**طاعت** (ء) اسم مونث ❶ عبادت ❷ بندگی ❸ پرستش ❹ پوجا پاٹ ❺ فرمانبرداری۔

**طاعون** (ء) اسم مذکر ❶ لغوی نیزہ مارنا ❷ اصطلاحاً ایک متعدی وبا کا نام ہے جس میں بغل وغیرہ میں گلٹی نکلتی ہے ❸ جس کی چبھن کے باعث اس بیماری کا نام طاعون ہو گیا۔

**طاغی** (ء) اسم فاعل ❶ سرکش ❷ باغی ❸ مفسد ❹ سرغنہ ❺ پھرا ہوا۔

**طاق** (ء) اسم مذکر ❶ محراب ❷ آلا ❸ بے نظیر ❹ لاثانی ❺ خرد ❻ یکتا ❼ یگانہ ❽ جفت کی ضد ❾ نادر۔

**طاق ابرو** (عف) اسم مونث ❶ بھوؤں کی کمان ❷ قوس ابرو۔

**طاق بھرنا** (ا) فعل۔ مسجد یا مزار کی محراب میں چراغ جلا کر پھول بتاشے چڑھانا۔

**طاق پر دھرنا / دھر رکھنا / طاق پر رکھنا** (ا) فعل ❶ اٹھا رکھنا ❷ محفوظ رکھنا ❸ ترک کرنا ❹ چھوڑنا ❺ باز آنا۔

**طاق پر رکھا رہنا** (ا) فعل ❶ یکتا کرنا ❷ کامل بنانا ❸ یگانہ بنانا ❹ باہر کر دینا۔

**طاق جفت** (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا جوا ہے۔

**طاق کرنا** (ا) فعل ❶ یکتا کرنا ❷ کامل بنانا ❸ یگانہ بنانا ❹ ماہر کر دینا۔

**طاق نسیاں پر رکھنا** (اج) فعل ❶ بھلا دینا ❷ یاد نہ رکھنا ❸ بھول کر بھی یاد نہ کرنا۔

**طاق ہونا** (ا) فعل ❶ کسی کام میں یگانہ ہونا ❷ لاثانی ہونا ❸ بے نظیر ہونا ❹ یکتا ہونا ❺ جاتا رہنا ❻ نیست و نابود ہونا ❼ معدوم ہونا۔

**طاقت** (ء) اسم مونث ❶ زور ❷ بل ❸ قوت ❹ تاب ❺ مجال ❻ جرات ❼ حوصلہ ❽ لیاقت ❾ استعداد۔

**طاقت آزمائی** (عف) اسم مونث ❶ زور آزمائی ❷ زور لگانا۔

**طاقت طاق ہونا** (ا) فعل ❶ طاقت بالکل نہ رہنا ❷ قوت کا زائل ہو جانا ❸ زور نہ رہنا۔

**طاقت ور** (عف) اسم صفت ❶ زور آور ❷ بلوان ❸ قوی ❹ توانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03140772718



www.besturdubooks.net

**طاقچہ** (ف) اسم مذکر اسم تصغیر از طاق۔ چھوٹا طاق۔

**طاقہ** (ء) اسم مذکر۔ روئی یا ریشمی کپڑے کا تھان یا ٹکڑا۔

**طاقی** (ف) اسم مونث ① ایک قسم کی لمبی ٹوپی ② کلاہ ③ (بحالت اسم مذکر) کرنجی آنکھ کا گھوڑا ④ ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی والا گھوڑا ⑤ (بحالت صفت) بھینگا ⑥ احول۔

**طال** (ع) اسم مذکر ① لمبا ہوا ② بڑھا ہوا۔

**طالب** (ء) اسم فاعل مذکر ① طلب کرنے والا ② تلاش کرنے والا ③ متلاشی ④ خواستگار۔

**طالب دنیا** (ء) اسم مذکر ① دنیا دار ② دنیا کا خواہاں ③ لالچی ④ حریص۔

**طالب دیدار** (ا) اسم مذکر ① دیکھنے کا خواہشمند ② عاشق ③ مشتاق۔

**طالب زر خر / طالب مولے اولے** (ف) مثل۔ دولت کا طلبگار بے وقوف گدھا اور خدا کا طالب سب سے بہتر ہوتا ہے۔

**طالب عقبیٰ** (ء) اسم مذکر ① آخرت کا طالب ② زاہد ③ پرہیزگار ④ پارسا ⑤ عابد۔

**طالب علم** (ء) اسم مذکر ① علم کا طلب گار ② متعلم ③ علم حاصل کرنے والا ④ نو آموز۔

**طالب علمی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① علم حاصل کرنے کا کام ② شاگردی۔

**طالب و مطلوب** (ء) اسم مذکر۔ عاشق معشوق۔

**طالع** (ء) اسم مذکر فاعل ① نکلنے والا ② طلوع ہونے والا ③ نصیبا ④ قسمت ⑤ بخت ⑥ ستارہ ⑦ اقبال۔

**طالع آزما** (ع۔ف) اسم صفت۔ قسمت آزمانے والا۔

**طالع اوج پر ہونا** (ا) محاورہ ① نصیبا یاور ہونا ② بخت ور ہونا ③ قسمت بلند ہونا۔

**طالع خوابیدہ** (عف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① سوئی ہوئی قسمت ② بری قسمت۔

**طالع چمکنا** (ا) فعل ① قسمت کھلنا ② نصیبا جاگنا۔

**طالع شناس** (عف) اسم مذکر ① نجومی ② جوتشی ③ منجم۔

**طامع** (ء) اسم صفت فاعلی از طمع ① لالچی ② حریص ③ طمع کرنے والا۔

**طاؤس** (ء) اسم مذکر ① ایک خوشنما پرندے کا نام ہے ② مور ③ ستار کی قسم کے ایک ساز کا نام بھی ہے۔

**طاؤسی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① مور کے رنگ کا ② مور کا ③ مور جیسا۔

**طاہر** (ء) اسم صفت فاعلی ① پوتر ② پاک ③ صاف ④ پاک دامن۔

**طاہری** (ء) اسم مونث ① ایک قسم کا پلاؤ جو چاولوں اور بڑیوں سے پکایا جاتا ہے ② بڑی پلاؤ۔

**طائر** (ء) اسم فاعل مفید صفت ① اڑنے والا ② پرندہ ③ پنکھیرو ④ چڑیا ⑤ مرغ۔

**طائر قدس / قدسی** (ء) اسم مذکر ① پاک دنیا کا پرندہ ② فرشتہ ③ ملک ④ مجازاً ⑤ جبرائیل علیہ السلام۔

**طائفہ** (ء) اسم مذکر ① گروہ ② جماعت ③ جتھا ④ قوم ⑤ ملت ⑥ زمرہ ⑦ پنتھ ⑧ خاندان ⑨ کل ناچنے والوں کا گروہ۔



طائفہ

**طائفہ نچانا** (ا) فعل۔ رنڈی یا بھانڈوں وغیرہ کا ناچ کرانا۔

## ط ← ب

**طب** (ء) اسم مونث ① جسمانی بیماریوں کے علاج کا علم ② حکمت ③ ویدک ④ علم الابدان۔

**طب روحانی** (ء) اسم مونث ① علم اخلاق ② روح کے علاج کا علم۔

**طبابت** (ء) اسم مونث ① ڈاکٹری ② فن حکمت ③ ویدک ④ علاج و معالجہ۔

**طباخ** (ء) اسم مذکر ① بہت پکانے والا ② باورچی ③ رسوئیا ④ بکاول ⑤ پکوتا۔

**طباشیر** (معرب تباشیر) اسم مونث ① بنسلوچن ایک ملاہٹ دار سفید چیز جو بانس کے اندر سے نکلتی ہے ② مجازاً سفیدی۔

**طباق** (ء) اسم مذکر ① تھالی ② بڑی رکابی ③ کھوپڑی کاسہ سر ④ کپال۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

طباق سامنہ (ا) اسم مذکر ① چپٹا چہرہ ② پھیلا ہوا منہ ③ چوڑا چکلا منہ۔

طباقی کتا (ا) اسم مذکر ① دوسرے شخص کی روٹیوں پر گزارنے والا ② طفیلی ③ مفت خورا۔

طبائع (ع) اسم مونث۔ طبیعت کی جمع۔

طبراق (ا) اسم مذکر ① فقیروں کی جھولی ② کاسہ گدائی۔

طبع (ع) اسم مونث ① طبیعت ② مزاج ③ خلقت ④ خصلت ⑤ خو ⑥ عادت ⑦ سیرت ⑧ چاپ ⑨ مہر۔

طبع آزمائی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① طبیعت کا امتحان ② طبیعت کی تیزی کا جانچنا۔

طبع زاد (عف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① تخلیق ② طبیعت سے نکالا ہوا ③ اپنی ایجاد۔

طبع کرنا (ا) فعل ① چھاپنا ② شائع کرنا۔

طبعی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ طبع ② ذاتی ③ فطرتی ④ خلقی ⑤ جبلی۔

طبعیات (ع) اسم مذکر۔ علم کی وہ شاخ ہے جس میں مادہ کی خاصیتوں اور تغیر وتبدل کا محققانہ بیان ہے۔

طبعی جغرافیہ (ا) اسم مذکر۔ وہ علم ہے جس میں زمین کی بناوٹ خشکی وتری کی تقسیم معدنیات نباتات اور حیوانات کا ذکر ہو اور آب و ہوا و پیداوار وغیرہ کی وجوہات علم طبعیات کے اصولوں کی رو سے واضح کیے جائیں۔

طبق (ع) اسم مذکر ① طباق ② تھالی ③ بڑی رکابی ④ موافق ⑤ مطابق ⑥ برابر ⑦ گھوڑے کے جسم کے ورم کی ایک بیماری ⑧ طبقہ ⑨ تختہ۔

طبق چھوڑنا (ا) فعل۔ پریوں کی نیاز کی صحنک دینا۔

طبقات (ع) اسم مذکر۔ طبقہ کی جمع ہے۔

طبقہ (ع) اسم مذکر ① درجہ ② منزل ③ پرت ④ تہ ⑤ روک ⑥ پردہ ⑦ گروہ ⑧ جماعت ⑨ پایہ۔

طبقہ الٹ جانا (ا) فعل ① کسی ملک یا حصہ ملک کا تہ و بالا ہو جانا ② حالت بدل جانا ③ مجازاً کسی معاملہ کا بالکل بگڑ جانا۔

طبل (ع) اسم مذکر ① بڑا ڈھول ② دمامہ ③ دھونسہ۔

طبلچی (ا) اسم مذکر فاعل۔ طبلہ بجانے والا۔

طبلق (ع) اسم مذکر ① کاغذوں کا بنڈل ② اخبار یا کاغذات کو بند رکھنے والا کاغذ جو دونوں طرف سے کھلا ہوتا ہے ③ چٹ ④ دونوں طرف سے کھلا ہوا لفافہ۔

طبلہ (ا) اسم مذکر ① ڈبا ② صندوقچی ③ چھوٹا ڈھول ④ ایک خاص طرز کا ایک رکھا باجا۔

طبلہ بجنا/ٹھکنا/کھڑکنا (ا) فعل ① ناچ ہونا ② ناچ اور راگ رنگ کی دھوم ہونا۔

طبی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① طب کا ② ڈاکٹری ③ حکیمی علاج کے متعلق۔

طبیب (ع) اسم مذکر ① ڈاکٹر ② حکیم ③ وید ④ علاج کرنے والا ⑤ چارہ گر۔

طبیب حاذق (ع) اسم مونث ① دانا ② حکیم ③ سیانا ④ بید۔

طبیعت (ع) اسم مونث ① مزاج ② خاصیت ③ فطرت ④ سرشت ⑤ عادت ⑥ سبھاؤ ⑦ پیدائش ⑧ خلقت۔

طبیعت الجھنا (ا) فعل ① دل کا پریشان ہونا ② جی گھبرانا ③ دل کو ناگوار گزرنا۔

طبیعت آنا (ا) فعل ① عاشق ہونا ② شیدا ہونا ③ کسی پر مرنا ④ کسی پر جان دینا ⑤ کسی چیز کا دل کو بھا جانا ⑥ پسند آنا۔

طبیعت اُتھل پتھل ہونا (ا) محاورہ۔ طبیعت بے قرار ہونا۔

طبیعت باغ باغ ہونا/طبیعت باغ و بہار ہونا (ا) محاورہ۔ بہت خوش ہونا۔

طبیعت بحال ہونا (ا) فعل ① تندرستی ہونا ② بیماری سے آرام آنا ③ طبیعت کا درست ہونا۔

طبیعت بگڑنا (ا) فعل ① جی متلانا ② متلی آنا ③ قے آنا ④ ناراض ہونا ⑤ خفا ہونا ⑥ بیمار ہونا ⑦ علیل ہونا۔

طبیعت بھر جانا (ا) فعل ① جی کا بیزار ہونا ② جی اکتا جانا ③ دل اکتا جانا۔

طبیعت پر گرانی ہونا (ا) محاورہ ① ناگوار ہونا ② بدہضمی ہونا۔

طبیعت پھیکی پڑنا (ا) محاورہ ① بیمار ہونا ② اُمنگ باقی نہ رہنا۔

طبیعت ٹھکنا (ا) محاورہ۔ دل بے قرار ہونا۔

طبیعت حاضر ہونا (ا) محاورہ ① کسی کام کی طرف مائل ہونا ② کوئی کام اچھی طرح ہو سکنا۔

طبیعت شناس (ع) اسم صفت ① مزاج شناس ② مزاج پہچاننے والا ③ مزاج دان۔

طبیعت لڑانا (ا) فعل ① توجہ کرنا ② دل پر زور ڈالنا ③ عقل لڑانا۔

طبیعت لڑنا (ا) فعل ① ذہن لڑنا ② طبیعت کا کسی بات پر پہنچ جانا ③

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

عقل کا باریک کاموں کی طرف متوجہ ہو جانا ④ مناسبت اور لگاؤ ہونا ⑤ دل مصروف ہونا۔

**طبیعت لگنا** (ا) فعل ① جی لگنا ② دل کا بہلنا ③ دل کا راغب اور متوجہ ہونا۔

**طبیعت میں تلون ہونا** (ا) محاورہ۔ ذرا ذرا سی بات پر خفا ہونا۔

**طبیعت ہونا** (ا) فعل ① جی چاہنا ② دل آنا ③ رغبت ہونا ④ عشق ہو جانا۔

## ط ← پ

**طپاں** (ف) اسم صفت۔ تڑپنے والا۔

**طپانچہ** (ف) اسم مذکر ① تمانچہ ② تھپڑ ③ تیز ہوا کا جھونکا۔

**طپش** (ف) اسم مونث ① (دراصل تپیدن سے حاصل مصدر ہے) تیزی ② حدت ③ بے قراری (مفصل دیکھو تپش)

**طپنچہ** (ف) اسم مذکر۔ تپنچہ (دیکھو تپنچہ)

## ط ← ح

**طحال** (ء) اسم مونث ① تلی۔ جگر کے قریب ایک عضو کا نام ② تاپ تلی ③ وہ بیماری جس سے تلی پھول جاتی ہے اور درد کرتی ہے۔

**طحن** (ع) مصدر۔ پیسنا۔

**طحین** (ع) پسا ہوا آٹا۔

## ط ← ر

**طرا** (ء) اسم مذکر ① انوکھا ② غالب ③ عجیب ④ بڑھ کر ⑤ ٹوپی کا پھندا ⑥ زُلف ⑦ پگڑی کے اوپر کا سرا جو اُوپر کو اُٹھا رہتا ہے۔

**طرا جمانا** (ا) فعل ① سکہ جمانا ② رعب بٹھانا ③ حکم چلانا۔

**طرار** (ء) اسم صفت ① جیب کترا ② کیسہ برا ③ اچکا ④ بدمعاش ⑤ چالاک ⑥ ہوشیار ⑦ زبان دراز ⑧ چنچل ⑨ چلبلا۔

**طرار فرار** (ا) اسم صفت ① نہایت شوخ ② تیز زبان ③ ترتریا ④ قینچی کی طرح زبان چلانے والا۔

**طرارہ/طرارا** (ا) اسم مذکر ① چوکڑی ② کلانچ ③ چھلانگ۔

**طرارہ بھرنا** (ا) فعل ① چوکڑیاں بھرنا ② اچھلنا کودنا ③ بھاگنا ④ کلانچیں مارنا۔

**طراری** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① چالاکی ② چلبلاپن ③ تیزی ④ زباندرازی۔

**طراوت** (ء) اسم مونث ① تازگی ② سرسبزی ③ خشکی ④ ٹھنڈک ⑤ تری ⑥ نمی ⑦ رطوبت۔

**طرب** (ء) اسم مونث ① خوشی ② امنگ ③ شادمانی ④ فرحت ⑤ انندتا۔

**طرب انگیز** (عف) اسم صفت فاعلی ① امنگ بڑھانے والا ② فرحت بخش۔

**طرح** (ء) اسم مونث ① گرانا ② تفریق ③ منہائی ④ نکالنا ⑤ جڑ ⑥ بنیاد ⑦ نیو ⑧ طرز ⑨ طریق۔

**طرح اڑانا** (ا) فعل ① طرز اڑانا ② وضع سیکھ لینا ③ ہو بہو نقل کرنا۔

**طرح بطرح کا** (ا) تابع فعل ① قسم قسم کا ② رنگ برنگ کا ③ بھانت بھانت کا۔

**طرح دار** (عف) اسم صفت ① وضعدار ② خوبصورت ③ خوش اندام ④ رنگیلا ⑤ خوش انداز۔

**طرح دینا/دے جانا** (ا) فعل ① ٹالنا ② چشم پوشی کرنا ③ دھیان نہ دینا ⑤ توجہ نہ کرنا۔

**طرح ڈالنا** (ا) فعل ① بنیاد ڈالنا ② بنیاد رکھنا ③ تدبیر کرنا۔

**طرز** (ء) اسم مونث و مذکر ① ہیئت ② شکل ③ طور ④ طریقہ ⑤ قانون ⑥ قاعدہ ⑦ انداز ⑧ وضع ⑨ خو۔

**طرز اڑانا** (ا) فعل ① ڈھنگ اڑانا ② انداز سیکھنا ③ وضع اختیار کرنا۔

**طرز تحریر/طرز عبارت** (ء) اسم مونث ① لکھنے کا طریقہ ② مضمون لکھنے کا ڈھنگ۔

**طرز کلام** (ء) اسم مونث ① بولنے کا انداز ② گفتگو کرنے کا طریقہ۔

**طرف** (ء) اسم مونث ① کنارہ ② سرا ③ افق ④ حاشیہ ⑤ سمت ⑥ جانب ⑦ پہلو ⑧ بازو ⑨ رخ۔

**طرف ثانی** (ا) اسم مذکر (قانون) فریق مخالف ① فریق ثانی ② مدعا علیہ یعنی جس پر دعوے کیا جائے۔

**طرف دار** (عف) اسم صفت ① ساتھی ② حمایتی ③ مدد گار ④ جانب

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149007218

دار ⑤ کسی طرف کا آدمی۔

طرفداری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① حمایت ② مدد ③ تعصب ④ پاسداری ⑤ پچ۔

طرفداری کرنا/طرفدار ہونا (ا) فعل ① حمایت کرنا ② پچ کرنا ③ مدد کرنا ④ پاسداری کرنا۔

طرفہ (ء) اسم صفت ① نیا ② انوکھا ③ عمدہ ④ تحفہ ⑤ خوشگوار۔

طرفہ تر (عف) اسم صفت ① نہایت عجیب ② بہت انوکھا ③ بہت عمدہ۔

طرفہ تماشا (ا) اسم مذکر ① نیا کھیل ② عمدہ سیر ③ عجیب وغریب تماشا۔

طرفہ گل پھولنا (ا) فعل ① نئی بات ہونا ② کسی انوکھی بات کا ظاہر ہونا۔

طرفہ معجون (ء) اسم مذکر ① عجیب مرکب چیز ② عجیب آدمی ③ بڑا مسخرہ ④ نقل مجلس ⑤ عجیب خصلت کا آدمی ⑥ احمق ⑦ بے وقوف۔

طرفہ یہ ہے (ا) محاورہ ① عجب یہ ہے ② تعجب یہ ہے ③ اچنبھا یہ ہے۔

طرفہ (ء) اسم مونث ① جھپک ② پلک جھپکنے کا عرصہ ③ چشم زدن۔

طرفۃ العین (ء) تابع فعل ① پلک جھپکانے میں ② پلک مارنے میں ③ ذراسی دیر میں۔

طرہ (ء) اسم مذکر ① زلف کا بل ② ماتھے کے بال ③ پگڑی کے اوپر ④ گوشوارہ ⑤ کلغی ⑥ تاج ⑦ گچھا ⑧ جانور کے سر کی چوٹی۔

طرہ پینا/جمانا/چڑھانا (ا) فعل ① بھنگ پینا ② سبزی پینا ③ بوٹی پینا۔

طرہ ہونا (ا) فعل ① اصل سے بڑھ کر ہونا ② فائق ہونا ③ زیادہ ہونا ④ بڑھنا ⑤ عجیب ہونا ⑥ انوکھا ہونا۔

طرہ ہے (ا) محاورہ ① زیادتی ہے ② نہایت موزون اور عمدہ ہے۔

طریق (ء) اسم مذکر ① راستہ ② مذہب ③ طرز ④ روش ⑤ رسم و رواج ⑥ آئین ⑦ قانون ⑧ مذہب ⑨ قاعدہ۔

طریقت (ء) اسم مونث ① راہ مذہب ② مذہب کا راستہ ③ دھرم راہ ④ تزکیہ باطن۔

طریقہ (ء) اسم مذکر ① قاعدہ ② گر ③ ترکیب ④ راستہ ⑤ طرز ⑥ روش وغیرہ۔

## ط ← ش

طشت (ء) اسم مذکر ① بڑا تھال ② لگن ③ پرات۔

طشت از بام (ف) اسم صفت مرکب ① ظاہر ② عیاں ③ آشکار ④ عام مشہور جیسے کوٹھے پر سے تھال گر کر سب کو خبر کر دیتا ہے۔



طشت

طشت از بام کرنا (ا) محاورہ ① عیاں کرنا ② رُسوا کرنا ③ بھید فاش کرنا۔

طشت از بام ہونا (ا) محاورہ ① راز فاش ہونا ② عیاں ہونا ③ مشہور ہونا ④ رسواء ہونا۔

طشتری (ا) اسم مونث ① چھوٹی رکابی ② پرچ طشت کی تصغیر ہے۔

## ط ← ع

طعام (ء) اسم مذکر ① کھانا ② غذا ③ بھوجن ④ کھانے کی چیز ⑤ گیہوں ⑥ گندم۔

طعم (ء) اسم مذکر ① مزا ② لذت ③ ذائقہ ④ سواد۔

طعمہ (ء) اسم مذکر ① روزی ② رزق ③ شکاری پرندوں کا کھانا ④ مجازاً لقمہ ⑤ نوالہ۔

طعن (ء) اسم مذکر ① نیزہ زنی ② نیزہ مارنا ③ مہنا ④ عیب جوئی ⑤ ملامت ⑥ مذمت ⑦ سرزنش ⑧ بولی ٹھولی۔

طعن تروز (ا) اسم مونث ① طعنہ مہنا ② ملامت ③ طنز ④ لعن طعن۔

طعن تشنیع (ء) اسم مونث ① چھیڑ چھاڑ ② طعنہ ③ مہنا۔

طعن توڑنا (ا) فعل ① طنز کرنا ② طعنہ دینا۔

طعنہ (ء) اسم مذکر ① بولی ٹھولی ② آواز تواز ③ عیب جوئی ④ ملامت ⑤ سرزنش۔

طعنہ دینا (ا) فعل ① بولی مارنا ② چھیڑنا ③ ملامت کرنا۔

طعنہ زنی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① عیب گیری ② چھیڑ چھاڑ۔

طعنہ مارنا (ا) فعل ① آوازہ کسنا ② بولی مارنا ③ طعنہ زنی کرنا۔

طعنہ مہنہ (ا) اسم مذکر ① برا بھلا ② طعن تشنیع ③ چھیڑ چھاڑ۔

طعنے مہنے دینا (ا) فعل ① برا بھلا کہنا ② بولی ٹھولی مارنا۔

## ط ← غ

طغرا (ت) اسم مذکر ① پیچیدہ خط ② وہ خط جس میں اپنا نام یا کوئی خاص

www.besturdubooks.net

نشان لکھا ہوا ہو ③ شاہی مہر ④ خاص نشان ⑤ خاص نشان کی شاہی مہر۔

**طغرائے اِمتیاز** (ع۔ف) اسم صفت ① عظمت و بزرگی کی نشانی ② وہ انسانی وصف جو دوسروں میں موجود نہ ہو۔

**طغیان** (ء) اسم مذکر ① سرکشی ② بغاوت ③ نافرمانی ④ سیلاب ⑤ زیادتی۔

**طغیانی** (ء) اسم مونث ① حد سے بڑھنا ② سرکشی ③ بغاوت ④ نافرمانی ⑤ دریا کی چڑھائی ⑥ دریا کا سیلاب ⑦ زیادتی ⑧ افزونی۔

## ط ← ف

**طفل** (ء) اسم مذکر ① بچہ ② لڑکا ③ دودھ پیتا ④ شیر خوار ⑤ نادان ⑥ ناتجربہ کار۔

**طفل افتادہ** (ع۔ف) اسم مذکر ① لاوارث بچہ ② وہ بچہ جسے اس کے ماں باپ چھوڑ جائیں۔

**طفل مکتب** (ء) اسم مذکر ① مبتدی ② نوآموز ③ سیکھتڑ ④ طالب علم۔

**طفلی/ طفولت/ طفولیت۔** (ء) اسم مونث۔ بہ علامات مصدری ① بچپن ② لڑکپن ③ بالپن ⑤ نادانی ⑥ کم سنی ⑦ کم عمری۔

**طُفیل** (ء) اسم مذکر ① ناخواندہ مہمان ② ذریعہ ③ وسیلہ ④ بدولت۔

**طفیلی/ طفیلیا** (عف) اسم صفت ① دوسروں کی بدولت گزارہ کرنے والا ② دوسروں کے سر کھانے والا ③ پچھلگو۔

## ط ← ل

**طلا** (ء) اسم مذکر ① سونا ② کندن ③ زرخالص ④ علم طب میں وہ تیل جو سستی کے مرض میں لگاتے ہیں۔

**طلا** (ء) اسم مذکر ① سونے کے تار ② کلابتون ③ پگڑی کا سنہری سرا۔

**طلاب** (ء) اسم مذکر ① طالب علم کی جمع ② مبتدی طالب علم۔

**طلاق** (ء) اسم مونث ① لغوی آزادگی ② اصطلاحاً عورت کا نکاح سے آزاد ہونا ③ روانی ④ تیز ⑤ زبانی۔

**طلاق دینا** (ا) فعل ① مذہبی طریقہ سے بیوی سے قطع تعلق کرنا ② بیوی کو چھوڑ دینا۔

**طلاق لینا** (ا) فعل ① خاوند سے آزادی حاصل کرنا ② خاوند کو چھوڑ دینا۔

**طلاق نامہ** (عف) اسم مذکر۔ طلاق لینے یا دینے کی دستاویز۔

**طلاقت** (ء) اسم مونث ① فصاحت ② تیز زبانی ③ کشادہ بیانی۔

**طلاقن** (ا) اسم مونث ① وہ عورت جسے طلاق مل چکی ہو ② مطلقہ۔

**طلائی** (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ① سونے کی ② زرین ③ سنہری۔

**طلایہ** (ف) اسم مذکر ① (اصل طلیعہ) رات کو اپنے لشکر کی حفاظت کرنے والا ② فوجی دستہ روند ③ گشت۔

**طلب** (ء) اسم مونث ① جستجو ② تلاش ③ چاہت ④ آرزو ⑤ تمنا ⑥ مانگ ⑦ اچھا ⑧ خواہش ⑨ بلاوا۔

**طلب بانٹنا** (ا) فعل۔ تنخواہ تقسیم کرنا۔

**طلب بجھانا** (ا) فعل ① آرزو پوری کرنا ② خواہش مٹانا۔

**طلب دار** (عف) اسم مذکر ① عادی ② خواہشمند ③ لتیا ④ تنخواہ دار۔

**طلب کرنا** (ا) فعل ① مانگنا ② بلانا ③ دعوے کرنا۔

**طلب گار** (عف) اسم صفت فاعلی ① متلاشی ② جویا ③ خواہاں۔

**طلبانہ** (ا) اسم مذکر (قانون) کسی گواہ کا ابلاوا یعنی وہ رسوم جو گواہ کے بلانے کی بابت چپڑاسی کی فیس سمجھ کر لی جاتی ہے۔

**طلبا/ طلبہ** (ء) اسم مذکر ① طالب علم کی جمع ② طالب علم ③ مبتدی ④ شاگرد۔

**طلبی** (ا) اسم مونث ① بلاوا ② طلب۔

**طلبی ہونا** (ا) فعل ① بلایا جانا ② حاضری کا حکم ہونا ③ سمن جانا۔

**طلسم** (یونانی) اسم مذکر ① جادو ② جادو کا عجیب و غریب تماشا ③ منتر ④ ٹوٹا ⑤ حیران کرنے والی بات ⑥ انوکھی بات ⑦ وہمی خیالات کو مشکل دکھانے کا علم ⑧ دفینوں یا خزانوں تک غیر شخص کا ہاتھ نہ پہنچنے کی روک کے لئے بنائی ہوئی مہیب اور ڈراونی صورت۔

**طلسمات** (ء) اسم مذکر۔ طلسم کی جمع۔

**طلسماتی/ طلسمی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① جادو کا ② آفت کا ③ غضب کا ④ قیامت کا ⑤ آفت کا پرکالہ۔

**طلعت** (ء) اسم مونث ① دیدار ② صورت ③ شکل ④ رخ ⑤ چہرا ⑥ جیسے ماہ طلعت۔

**طلوع** (ء) اسم مذکر ① سورج چاند کا نکلنا ② ابھرنا ③ بلند ہونا ④ کسی ستارہ کا ظاہر ہونا۔

**طلوع کرنا/ ہونا** (ا) فعل ① نکلنا ② بلند ہونا ③ سورج یا چاند یا کسی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149...218

www.besturdubooks.net

ستارے کا دکھائی دینا۔

## ط ← م

**طماع** (ع) اسم صفت 1 بہت لالچی 2 بڑا حریص۔

**طمانچہ** (ا) اسم مذکر 1 ہاتھ کا تھپڑ 2 کپڑ 3 رہپٹ (توانچہ کا بگاڑ ہے) تواں بمعنی طاقت 4 چہ کلمہ تصغیر۔

**طمانچہ جڑنا/ سہی کرنا/ لگانا/ مارنا** (ا) فعل 1 لپڑ لگانا 2 رہپٹ مارنا۔

**طمانچہ سے منہ لال کرنا** (ا) فعل۔ ایسے زور سے تھپڑ مارنا کہ منہ پر نشان پڑ جائے۔

**طمانیت** (ء) اسم مونث 1 اطمینان 2 تسلی 3 دل جمعی۔

**طمطراق** (ف) اسم مذکر 1 (طم بمعنی بلند اور طراق بمعنی خوشی) یعنی خوشی کا آوازہ کروفر 2 دھوم دھام 3 شان وشوکت 4 بھیڑ بھڑکا۔

**طمع** (ء) اسم مونث 1 لوبھ 2 لالچ 3 حرص 4 خواہش 5 چاہ 6 چاہت 7 تمنا۔

**طمع خام** (عف) اسم مونث۔ ناممکن بات کی تمنا۔

**طمنچہ** (ا) اسم مذکر 1 تفنگچہ کا بگاڑ ہے 2 چھوٹی سی بندوق 3 نوخیز 4 کنواری 5 غیر شادی شدہ 6 کسبی۔

## ط ← ن

**طناب** (ء) اسم مونث 1 رسی 2 خیمہ کی ڈور نیجو 3 بازیگروں کا رسا 4 ڈوری۔

**طنابیں** (ا) اسم مونث 1 طناب کی جمع 2 رسیاں 3 ڈوریاں۔

**طنابیں کھنچنا** (ا) فعل 1 ملا دینا 2 فاصلہ نہ رہنے دینا 3 پاس کر دینا۔

**طناز** (ء) اسم صفت بصیغہ مبالغہ 1 رمز وکنایہ میں باتیں کرنے والا 2 ناز کرنے والا 3 شوخ 4 بے باک 5 چالاک۔

**طنبور** (ء) اسم مذکر 1 ستارہ کی ایک قسم 2 تان پورہ 3 تنبورہ۔

**طنبورہ** (ء) تونبڑا کا معرب ہے۔ ایک قسم کے ستار کا نام ہے جس میں تونبا لگایا جاتا ہے۔

**طنز** (ء) اسم مونث 1 رمز وکنایہ 2 ناز ونخرہ 3 چھیڑ 4 ہنسی 5 بولی ٹھولی 6 طعنہ۔

**طنزاً** (ء) تابع فعل 1 اشارتاً 2 کنایۃً طعنہ سے 3 حقارت سے۔

**طنطنہ** (ء) اسم مذکر صوت 1 طنبور اور بربط کی آواز 2 نوبت نقارے وغیرہ کی آواز 3 دھوم 4 دھام 5 کروفر 6 رعب وداب 7 دبدبہ 8 غرور 9 تکبر۔

**طنطنہ دکھانا** (ا) فعل 1 حکومت جتانا 2 تحکم دکھانا 3 اترانا۔

## ط ← و

**طواف** (ء) اسم مذکر 1 گرد پھرنا 2 کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد پھرنا 3 گردش۔

**طواف کرنا** (ا) فعل 1 گردش کرنا 2 گرد پھرنا۔

**طوالت** (ء) اسم مونث 1 لمبائی 2 درازی 3 زیادتی 4 افزونی۔

**طوائف** (ء) اسم مذکر 1 طائفہ کی جمع 2 (بحالت اسم مونث) ناچنے والی عورت 3 رنڈی۔

**طوائف الملوکی** (ء) اسم مونث 1 کھلبلی 2 غدر 3 ہلچل 4 آپا دھاپی 5 بدعملی 6 اندھیر 7 بدانتظامی 8 بادشاہ گری۔

**طوبےٰ** (ء) اسم صفت (طیب کی مونث ہے) 1 نہایت خوشبودار 2 بہشت کے درخت کا نام ہے۔

**طور** (ء) اسم مذکر 1 کوہ سینا 2 جہاں حضرت موسےٰ علیہ السلام خدا تعالےٰ سے تجلی اور احکام پاتے تھے۔

**طور** (ء) اسم مذکر 1 حد 2 بنیاد 3 طرز 4 روش انداز 5 طرح 6 ڈھنگ 7 حالت 8 قسم 9 جنس۔

**طور بے طور ہونا** (ا) فعل 1 حالت غیر ہونا 2 حال بے حال ہونا 3 حالت بگڑ جانا 4 قریب بہ مرگ ہونا 5 حالت ابتر ہونا 6 کل بے کل ہونا۔

**طور طریق** (ا) اسم مذکر 1 چال چلن 2 برتاؤ 3 سلوک 4 رویہ 5 رنگ ڈھنگ 6 طرح 7 وضع۔

**طوس** (ع) اسم مذکر 1 خراسان کے ایک شہر کا نام ہے جو فردوسی کا وطن تھا 2 حافظہ کی ایک دوا کا نام ہے 3 ایک قسم کا اونی دلدار کپڑا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**طوسی** (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی ① طوس کا رہنے والا ② کرنجی رنگ کا نام ہے۔

**طوطا** (ف) اسم مذکر۔ (دیکھو توتا)



طوطا

**طوطا چشم** (ف) اسم صفت ① بے وفا ② بے مروت ③ نا آشنا۔

**طوطا چشمی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① بے وفائی ② نا آشنائی ③ بے مروتی۔

**طوطے اڑنا** (ا) فعل ① بے اوسان ہو جانا ② بدحواس ہو جانا ③ گھبرا جانا۔

**طوطے کی سی آنکھیں پھیرنا / بدلنا** (ا) فعل ① بے وفائی کرنا ② فوراً بدل جانا۔

**طوطی** (ف) اسم مذکر ① فصیح ② خوش گفتار۔

**طوطی بولنا** (ا) فعل ① نصیبا جاگنا ② قسمت کھلنا ③ شہرت پانا ④ مشہور ہونا ⑤ زمانہ یاور ہونا ⑥ اثر ورسوخ ہونا۔

**طوطیا** (ف) اسم مذکر ① نیلا تھوتھا ② بہتان ③ الزام ④ تہمت۔

**طوطیا باندھنا** (ا) فعل ① بہتان لگانا ② دوش دینا ③ تہمت دھرنا۔

**طوعاً وکرہاً** (ء) تابع فعل ① خوشی یا ناخوشی سے ② جبراً قہراً ③ خواہ مخواہ۔

**طوفان** (ء) اسم مذکر ① سیلاب ② طغیانی ③ چڑھاؤ ④ بڑی شدت کی ہوا ⑤ آندھی ⑥ شدت کی بارش ⑦ غضب ⑧ قیامت ⑨ تعریف کے لئے بھی آتا ہے۔

**طوفان اٹھانا** (ا) فعل ① تہمت دھرنا ② الزام لگانا ③ فساد اٹھانا ④ آفت مچانا ⑤ فتنہ برپا کرنا ⑥ بہت بارش برسانا ⑦ بانسوں پانی چڑھانا۔

**طوفان آنا** (ا) فعل ① آندھی آنا ② کثرت مینہ برسنا ③ سیلاب آنا۔

**طوفان باندھنا** (ا) فعل ① بدنام کرنا ② تہمت لگانا ③ بات کو نہایت مبالغہ سے بیان کرنا ④ بڑھا کر کہنا۔

**طوفان برپا کرنا** (ا) فعل ① جھگڑا کرنا ② شوروغل مچانا ③ پانی چڑھانا۔

**طوفان تولنا / جوڑنا** (ا) فعل ① جھوٹا الزام دینا ② افترا باندھنا ③ بہتان لگانا۔

**طوفان شیطان** (ا) اسم مذکر ① تہمت اور بہتان ② فتنہ وفساد۔

**طوفان شیطان سے اللہ نگہبان** (ا) مثل ① تہمت اور بہتان سے خدا بچائے ② فساد اور تہمت کے موقعوں سے خدا محفوظ رکھے۔

**طوفان کھڑا کرنا** (ا) فعل ① فتنہ برپا کرنا ② فساد کھڑا کرنا۔

**طوفان میں آنا** (ا) فعل۔ ہوا اور پانی کی طغیانی سے تلاطم میں آنا۔

**طوفان نوح** (ء) اسم مذکر۔ وہ بڑا بھاری طوفان جو حضرت نوح کے وقت میں آیا تھا۔

**طوفانی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① ہر ایک پر تہمت دھرنے والا ② جھوٹا ③ متفنی ④ فسادی ⑤ فتنہ انگیز ⑥ شریر ⑦ آفت کا پرکالہ ⑧ تیز ⑨ دھواں دھار۔

**طوق** (ء) اسم مذکر ① گلوبند ② حلقہ ③ وہ بھاری حلقہ جو مجرموں کے گلے میں ڈالتے ہیں ④ پنجہ کی شکل کا ایک جھنڈا ⑤ چپراس ⑥ پٹہ ⑦ پرندوں کے گلے کا قدرتی نشان ⑧ ہار ⑨ ایک زیور کا نام۔

**طول** (ء) اسم مذکر ① لمبائی ② درازی۔

**طول بلد** (ء) اسم مذکر۔ کسی ملک یا شہر کا وہ فاصلہ جو کسی خاص نصف النہار سے ناپا جائے۔

**طول پکڑنا** (ا) فعل ① بڑھ جانا ② کسی بات یا معاملہ کا لمبا ہو جانا۔

**طول دینا** (ا) فعل ① بہت بڑھانا ② دراز کرنا ③ لمبا کرنا۔

**طول کلام** (ء) اسم مذکر ① بات کو بڑھانا ② بات کا بتنگڑ ③ زیادہ گوئی۔

**طول کھینچنا** (ا) فعل ① دیر لگنا ② مدت لگنا ③ عرصہ گزرنا۔

**طولاً** (ا) تابع فعل ① لمبائی میں ② درازی میں۔

**طومار** (ء) اسم مذکر ① بہت بڑا خط ② تودہ ③ انبار ④ ڈھیر ⑤ کاغذوں کا پلندا ⑥ جھوٹ ⑦ طوفان ⑧ بہتان۔

**طومار باندھنا** (ا) فعل ① جھوٹ کا پل باندھنا ② ذرا سی بات کو بڑھا کر مبالغہ سے بیان کرنا ③ قصہ لمبا چھیڑنا۔

**طویل** (ء) اسم صفت ① دراز ② لمبا ③ شعر کی انیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔

**طویلہ** (ء) اسم مذکر ① گھوڑے وغیرہ باندھنے کی جگہ ② اصطبل ③ تھان۔

**طویلے کی بلا بندر کے گلے / طویلے کی بلا بندر کے سر** (ا) مثل ①

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

ہر ایک بلا اور بہتان غریب اور بے زبان کے سر پڑا کرتا ہے ❷ غریب پر سب کا زور چل جاتا ہے ❸ قصور کسی کا اور مارا کوئی جائے۔

## ط ← ہ

طہارت (ع) اسم مونث ❶ پاکی ❷ صفائی ❸ وضو ❹ استنجا۔
طہارت کرنا (ا) فعل ❶ ہاتھ دھونا ❷ آبدست کرنا۔
طہران (ع) اسم صفت ❶ پاک ❷ صاف ستھرا۔
طہر (ع) اسم مذکر۔ عورت کا حیض سے پاک ہونا۔
طہور (ع) اسم صفت ❶ پاک ❷ پوتر ❸ صاف۔

## ط ← ی

طے (ع) اسم مونث ❶ لپیٹ ❷ تہ ❸ لپٹنا ❹ قطع مسافت ❺ راستہ کاٹنا ❻ فیصلہ ❼ ختم کرنا ❽ خاتمہ ❾ انجام کو پہنچنا۔
طے کرنا (ا) فعل ❶ لپیٹنا ❷ تہ کرنا ❸ قطع منازل کرنا ❹ جھگڑا چکانا ❺ فیصلہ کرنا ❻ بے باق کرنا ❼ ختم کرنا ❽ انجام کو پہنچانا۔
طیار (ع) اسم صفت بصیغہ مبالغہ از طیر ❶ بہت ہی اڑنے والا ❷ آمادہ ❸ مستعد تیار۔
طیارہ (ع) اسم مذکر ❶ اڑن ❷ ہوائی جہاز ❸ ایروپلین ❹ زیلین۔
طیر (ع) اسم مذکر ❶ پکھیرو ❷ پرندہ ❸ اڑنے والا جانور۔
طیش (ع) اسم مذکر ❶ غضب ❷ کرودھ ❸ غصہ ❹ جوش ❺ بے عقلی ❻ سبکی ❼ خفت۔
طیش دلانا (ا) فعل ❶ غصہ دلانا ❷ بھڑکانا ❸ برافروختہ کرنا۔
طیش میں آنا (ا) فعل ❶ جوش میں آنا ❷ غصہ میں بھرنا ❸ غضبناک ہونا۔
طینت (ع) اسم مونث ❶ پیدائش ❷ عادت ❸ خصلت ❹ خو ❺ سبھاؤ ❻ اصل ❼ خلقت ❽ سرشت ❾ ضمیر۔
طیور (ع) اسم مونث ❶ طیر کی جمع ❷ پرندے پکھیرو۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ظ

اردو کا تیسواں حرف، فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف ہے

ظ (ء) اسم مونث ① اردو کا تیسواں حرف، فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف ہے ② حساب جمل میں اس کے عدد نوسو فرض کیے گیے ہیں۔

## ظ ← ا

ظالم (ء) اسم صفت فاعلی از ظلم ① اندھیر کرنے والا ② ظلم کرنے والا ③ جابر ④ ناانصاف ⑤ بیدادگر ⑥ مردم آزار ⑦ زور آور ⑧ زبردست ⑨ جاہل۔

ظالم پھولتا پھلتا نہیں (ا) ظالم کے نصیب میں اولاد اور مراد نہیں ہوتی۔

ظالم کی داد خدا کے گھر (ا) کہاوت ① ظالم کے ظلم کا انصاف خدا ہی کرے گا ② دنیا میں غریب کی کوئی پیش نہیں جاتی۔

ظالم کی رسی دراز ہے (ا) مثل۔ ظالم کو مہلت بہت ملتی ہے۔

ظالم کی عمر کوتاہ ہے (ا) کہاوت ① ظالم مدت تک نہیں رہتا ② ظلم کرنے والا ہمیشہ نہیں رہا کرتا۔

ظاہر (ء) اسم صفت فاعلی ① عیاں ② آشکارا ③ روشن ④ کھلا ہوا ⑤ پرگھٹ ⑥ باطن کی ضد ⑦ شہر کا نواح ⑧ شہر کے باہر کا میدان۔

ظاہر بین/ ظاہر پرست (عف) اسم صفت۔ ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔

ظاہردار (عف) اسم صفت فاعلی ① دکھاوا رکھنے والا ② نمودیا ③ منافق ④ مکار۔

ظاہر داری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① دکھاوا ② نمود ③ نمائش ④ تکلف۔

ظاہر رحمٰن کا باطن شیطان کا (ا) مثل ① ظاہر اچھا، باطن خراب ② اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کا ظاہر اچھا اور باطن برا ہو۔

ظاہر کرنا (ا) فعل ① بھید کھولنا ② پرکٹ کرنا ③ بھانڈا پھوڑنا ④ ڈھنڈورا پھیرنا ⑤ تشریح کرنا ⑥ واضح کرنا۔

ظاہروباطن (ء) اسم مذکر ① اندر باہر ② باہر بھیتر۔

ظاہرا/ ظاہراً (ء) تابع فعل ① بہ ظاہر ② دیکھت میں ③ جہاں تک نظر آتا ہے۔

ظاہری (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① دکھاوے کا ② باہر والا ③ بدیہی ④ کھلا ہوا۔

ظاہری رنگ ڈھنگ میں (ا) محاورہ۔ دکھاوے اور بناوٹ کی باتیں ہیں۔

## ظ ← ر

ظرافت (ء) اسم مونث ① عقلمندی ② دانائی ③ عمدگی ④ دل لگی ⑤ چھیڑ خانی ⑥ مذاق ⑦ تمسخر ⑧ ہنسی ⑨ خوش طبعی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218



www.besturdubooks.net

**ظرافتاً** (ء) تابع فعل ① دل لگی کے طور پر ② ہنسی سے ③ مذاقیہ۔

**ظرف** (ء) اسم مذکر ① باسن ② بھانڈا ③ برتن ④ ہانڈی ⑤ عقلمندی ⑥ دانائی ⑦ سمائی ⑧ حوصلہ ⑨ علم صرف میں وہ اسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنی دے۔

**ظرف آفتاب** (عف) اسم مذکر ① گلاس شراب ② شراب کا پیالہ۔

**ظرف زمان** (عف) اسم مذکر۔ وہ اسم ذت جس میں وقت یا زمانہ پایا جائے جیسے صبح وشام۔

**ظرف مکان** (ء) اسم مذکر۔ وہ اسم ذات جس میں جگہ اور مکانیت پائی جائے جیسے باغ۔

**ظروف** (ء) اسم مذکر۔ ظرف کی جمع۔

**ظریف** (ء) اسم مذکر صفت ① دانا آدمی ② عقل مند ③ ٹھٹھے باز ④ خوش طبع ⑤ مسخرہ ⑥ ٹھٹول۔

**ظریفانہ** (ف) اسم صفت ① ظرافت کا ② ظریف کی طرح ③ مسخرے پن کا۔

## ظ ← ف

**ظفر** (ء) اسم مونث ① جیت ② فتح ③ نصرت ④ کشایش ⑤ خوش نصیبی ⑥ کامیابی ⑦ ہندوستان کے آخری مغلیہ بادشاہ سراج الدین ابوظفر بہادر شاہ کا تخلص۔

**ظفر تکیہ** (ء) اسم مذکر ① بیراگن ② ایک قسم کی بنائی ہوئی لکڑی جس کے سہارے فقیر لوگ بیٹھ کر مراقبہ اور عبادت کرتے ہیں۔

**ظفر جنگ** (عف) اسم مذکر۔ فوجی بہادروں کا ایک خطاب۔

**ظفر موج** (عف) اسم صفت ① فتح مندی ② فاتح۔

## ظ ← ل

**ظل** (ء) اسم مذکر ① چھاؤں ② سایہ ③ چھایا۔

**ظل اللہ، ظلِ الٰہی** (ء) اسم مذکر ① خدا کا سایہ ② نائب خدا ③ خلیفہ وقت ④ بادشاہ ⑤ حاکم وقت۔

**ظلِ حمایت** (ء) اسم مذکر ① مدد کا سایہ ② پناہ کی چھاؤں ③ زیر سایہ۔

**ظلم** (ء) اسم مذکر ① اندھیر ② بے انصافی ③ پاپ ④ زور ⑤ زبردستی ⑥ بے رحمی ⑦ زیادتی۔

**ظلم توڑنا** (ا) فعل ① آفت ڈھانا ② سختی کرنا ③ خفا ہونا ④ قیامت لانا۔

**ظلم دوست** (عف) اسم صفت فاعلی ① ظلم کو پسند کرنے والا ② ستمگر ③ ظالم ④ بے انصاف۔

**ظلم ڈھانا/ کرنا** (ا) فعل ① آفت توڑنا ② قیامت لانا ③ نہایت خفا ہونا ④ سختی کرنا ⑤ کوئی عجیب کام کرنا ⑥ انوکھا کام کرنا حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔

**ظلم رسیدہ** (عف) اسم صفت ① مظلوم ② ستم رسیدہ ③ وہ شخص جس پر ظلم ہوا ہو۔

**ظلم ہے** (ا) محاورہ ① اندھرا ہے ② غضب ہے ③ حق تلفی ہے ④ آفت ہے۔

**ظلماً ظلمی** (ا) تابع فعل ① زبردستی سے ② جبر سے جبراً ③ دھینگا دھینگی سے۔

**ظلمات** (ء) اسم مونث ① ظلمت کی جمع ② اندھیرے ③ سیاہیاں ④ کالکیں ⑤ وہ تاریکی جس میں آب حیات کا سرچشمہ بتاتے ہیں ⑥ یورپ اور افریقہ کے مغربی سمندر یعنی بحر اوقیانوس کا نام بھی ہے۔

**ظلمت** (ء) اسم مونث ① سیاہی ② کالک ③ اندھیرا ④ تاریکی۔

**ظلمی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① ظالم ② بے انصاف۔ بے رحم ③ بے ترس ④ سخت جابر۔

**ظلوم** (ع) اسم صفت۔ نہایت ظالم۔

**ظلوم وجہول** (ع) اسم صفت ① سخت ظالم اور جاہل ② کنایۃً انسان۔

## ظ ← ن

**ظن** (ء) اسم مذکر ① وہم ② شبہ ③ شک ④ گمان ⑤ خیال ⑥ بہتان ⑦

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03490772218

www.besturdubooks.net

تہمت 8 بدگمانی۔

ظن غالب (ء) اسم مذکر 1 قوی گمان 2 پورا خیال 3 یقین۔

ظن فاسد (ء) اسم مذکر 1 بدگمانی 2 شک وشبہ 3 بدظنی۔

ظنی (عف) اسم صفت بیائے فاعلی 1 وہمی 2 گمانی 3 خیالی 4 عقل کے قریب۔

ظنیہ (ء) اسم صفت بہ نسبتی 1 منسوب بہ ظن 2 خیالی 3 قریب بہ یقین۔

## ظ ← ہ

ظہار (ع) اسم مذکر 1 طلاق کا ایک طریقہ 2 فقہ کی اصطلاح میں مرد کا اپنی عورت کو بیوی کو ماں یا بہن یا اُن عورتوں جیسا قرار دینا جو شرعاً اُس پر حرام ہیں۔

ظہر (ء) اسم مذکر 1 زوال کا وقت 2 تیسرا پہر 3 تیسرے پہر کی نماز۔

ظہر (ء) اسم مونث۔ پیٹھ۔ پشت۔

ظہر سمن تمسک (ا) اسم مونث 1 سمن کی پیٹھ 2 تمسک کی پشت۔

ظہری (ا) اسم صفت بیائے مصدری 1 پشت پر لکھا ہوا 2 پشتی۔

ظہور (ء) اسم مذکر 1 اظہار 2 ظاہر ہونا 3 واقع ہونا 4 اعلان 5 انکشاف۔

ظہور میں آنا (ا) فعل 1 ظاہر ہونا 2 پیش آنا 3 طلوع ہونا۔

ظہور میں لانا (ا) فعل 1 ظاہر کرنا 2 پیش لانا 3 آشکار کرنا 4 طلوع کرنا۔

ظہورا (ا) اسم مذکر 1 نمود 2 نمائش 3 ظہور 4 جلوہ 5 ٹھاٹھ 6 رونق 7 اولاد 8 بیٹا۔

ظہوری (ء) اسم صفت بیائے نسبتی 1 ظاہری 2 آشکارا 3 علانیہ 4 ایک فارسی شاعر نورالدین نامی کا تخلص۔

ظہیر (ع) اسم صفت 1 مددگار 2 دوست 3 حمایتی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ع

اردو کا چوبیسواں حرف، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف ہے۔

ع (ء) اسم مذکر ❶ اردو کا چوبیسواں حرف اور فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد ستر فرض کیے گئے ہیں۔

## ع ← ا

عابد (ء) اسم مذکر فاعل ❶ پوجا پاٹ کرنے والا ❷ پرستش کرنے والا ❸ عبادت کرنے والا ❹ پجاری ❺ پرہیز گار ❻ بھگت۔

عاج (ء) اسم مذکر۔ ہاتھی دانت۔

عاجز (ء) اسم مذکر فاعل مفید صفت ❶ تنگ ❷ بے بس ❸ لاچار ❹ ناتواں ❺ مغلوب ❻ تھکا ماندہ ❼ شکست یافتہ ❽ ناامید ❾ مایوس۔

عاجز آنا / عاجز ہونا (ا) فعل تنگ ہونا ❷ بے بس و مغلوب ہونا ❸ مایوس ہونا ❹ دق آنا۔

عاجزی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے بسی ❷ منت سماجت ❸ خوشامد ❹ انکساری ❺ فروتنی۔

عاجزی کرنا (ا) فعل ❶ گڑگڑانا ❷ ہاتھ جوڑنا ❸ منت سماجت کرنا۔

عاد (ء) اسم مذکر ❶ حضرت ہود کی قوم کا نام ❷ علم حساب میں وہ عدد جو دوسرے کو پورا تقسیم کردے ❸ مقسوم علیہ کامل۔

عاد اعظم (ء) اسم مذکر۔ وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا زیادہ عددوں کو پورا پورا تقسیم کردے۔

عادات (ء) اسم مونث۔ عادت کی جمع۔

عادت (ء) اسم مونث ❶ سبھاؤ ❷ بان ❸ خو ❹ خصلت ❺ خاصیت ❻ دستور ❼ طریقہ ❽ ریت۔

عادل (ء) اسم مذکر فاعل مفید صفت ❶ انصاف کرنے والا ❷ عدل کرنے والا ❸ جج ❹ منصف۔

عادی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ عادت والا ❷ خوگر ❸ وہ شخص جسے کسی کام کی عادت پڑ گئی ہو۔

عار (ء) اسم مونث ❶ لاج ❷ شرم ❸ غیرت ❹ ننگ ❺ برائی ❻ عیب۔

عار آنا (ا) فعل ❶ شرم معلوم ہونا ❷ ننگ آنا ❸ لاج آنا ❹ غیرت محسوس کرنا۔

عار کرنا (ا) فعل ❶ عیب سمجھنا ❷ ننگ جاننا ❸ شرم کرنا ❹ غیرت کرنا۔

عارض (ء) اسم مذکر فاعل ❶ پیش آنے والا ❷ ملنے والا ❸ فوج کی گنتی لینے والا ❹ رخسار ❺ گال ❻ رخسارہ ❼ رخ ❽ روئے۔

عارض ہونا (ا) فعل ❶ پیش آنا ❷ پیدا ہونا ❸ لاحق ہونا ❹ نمایاں ہونا۔

عارضہ (ء) اسم مذکر ❶ روگ ❷ بیماری ❸ دکھ ❹ مرض۔

عارضی (ء) اسم صفت فاعلی بیائے فاعلیت ❶ اصلی کی ضد ❷ نقلی ❸ دو چار دن کا ❹ اتفاقیہ ❺ چندروزہ ❻ تھوڑی دیر کا ❼ لاحقی۔

عارف (ء) اسم مذکر فاعل ❶ جاننے والا ❷ واقف ❸ خداشناس ❹ ولی ❺ سادھو ❻ معرفت میں مستغرق ❼ روشی ❽ منی۔

عاری (ء) اسم صفت ❶ خالی ❷ ننگا ❸ برہنہ ❹ تنگ ❺ قاصر ❻ مجبور ❼ وہ شخص جس سے کوئی کام ہونہ سکے ❽ لاچار۔

عاری آجانا / ہوجانا (ا) فعل ❶ تنگ ہوجانا ❷ دق آنا ❸ تھک

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772185



www.besturdubooks.net

جانا❹ مجبور ہو جانا۔

**عاریت** (ء) اسم مونث ❶ اُدھار ❷ قرض مانگنے کو لینا یا دینا ❸ مستعار۔

**عاریتاً** (ء) تابع فعل ❶ قرض کے طور پر ❷ اُدھار پر ❸ یونہی ❹ مانگ کر۔

**عاریتی** (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ چندروزہ ❷ عارضی۔

**عازم** (ء) اسم مذکر ❶ ارادہ کرنے والا ❷ قصد کرنے والا ❸ کسی چیز کو دل میں ٹھان لینے والا۔

**عاشق** (ء) اسم مذکر ❶ نہایت چاہنے والا ❷ بہت محبت کرنے والا ❸ طالب ❹ شیدا ❺ مفتون ❻ فریفتہ ❼ نثار ❽ تصدق ❾ فدا۔

**عاشق مزاج** (ء) اسم صفت ❶ رنگیلا ❷ دل لگی باز ❸ ظریف ❹ خوش طبع ❺ حسن پرست۔

**عاشق معشوق** (ء) اسم مذکر ❶ پیا ❷ پریتم ❸ یار و آشنا ❹ محبّ و محبوب ❺ گہرے دوست ❻ پکے یار ❼ ٹھیکے کے ٹک ❽ حلقہ۔

**عاشق ہونا** (ا) فعل ❶ فریفتہ ہونا ❷ کسی پر فدا ہونا ❸ کسی سے آنکھ لگنا۔

**عاشقانہ** (عف) اسم صفت ❶ عاشقوں کا سا ❷ عاشقوں کے مزاج کے موافق۔

**عاشقی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ محبت ❷ عشق ❸ محویت ❹ فریفتگی۔

**عاشقے** (ا) کلمہ تحسین و آفرین ❶ شاباش ❷ مرحبا ❸ آفرین ❹ کیا کہتے ہیں۔

**عاشورا/ عاشورہ** (ء) اسم مذکر ❶ ماہ محرم کی دسویں تاریخ ❷ شہادت امام حسین علیہ السلام کی تاریخ۔

**عاصی** (ء) اسم مذکر فاعل از عصیاں ❶ گنہگار ❷ نافرمان ❸ مجرم ❹ خطاوار ❺ قصوروار ❻ پاپی ❼ بدکار ❽ دوشی۔

**عاطر** (ء) اسم فاعل مفید صفت از عطر ❶ خوشبو دار ❷ عطر کا شیدائی ❸ نیک اندیش ❹ نیک ❺ نیت ❻ مہربان ❼ فیاض ❽ معزز ❾ بزرگ۔

**عاطفت** (ء) اسم مونث از عطف ❶ عنایت ❷ مہربانی ❸ نوازش ❹ توجہ ❺ کرپا ❻ دیا۔

**عافیت** (ء) اسم مونث ❶ تندرستی ❷ صحت ❸ آرام ❹ خیر کا مرادف ❺ بھلائی ❻ نیکی ❼ امن ❽ سلامتی ❾ خیریت۔

**عافیت تنگ کرنا** (ا) فعل ❶ آرام سے نہ بیٹھنے دینا ❷ چین نہ لینے دینا۔

**عاق** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ ماں باپ کا نافرمان ❷ باغی ❸ نافرمان ❹ سرکش۔

**عاق کرنا** (ا) فعل ❶ (ء) نافرمانی کے باعث بیٹے کو حقوق فرزندی سے محروم کر دینا۔

**عاق نامہ** (عف) اسم مذکر۔ اولاد کو فرزندگی یا وراثت سے محروم کر دینے کی دستاویز۔

**عاقبت** (ء) اسم مذکر ❶ آخر ❷ انجام ❸ خاتمہ ❹ نتیجہ ❺ ثمرہ ❻ حاصل ❼ آخرت ❽ عقبیٰ ❾ آخرکار۔

**عاقبت اندیش** (عف) اسم صفت فاعلی ❶ دور بین ❷ انجام سوچنے والا ❸ دور اندیش ❹ عاقل ❺ ہوشیار۔

**عاقبت بگاڑنا** (ا) فعل ❶ آخرت کو خراب کر لینا ❷ دین خراب کرنا ❸ ماں باپ کی نافرمانی سے گنہگار بننا۔

**عاقبت کا توشہ** (ا) اسم مذکر ❶ اچھی کرنی ❷ دوسرے جہان کا سہارا ❸ نیک اعمال۔

**عاقبت کا بوریئے سمیٹنا** (ا) فعل ❶ مدت تک جیتے رہنا ❷ بہت بڑی عمر پانا ❸ بڑھاپے کے باوجود موت سے ڈرنے والے آدمی کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔

**عاقبت خراب/ گندی کرنا** (ا) فعل ❶ برے کام کرنا ❷ بدیاں کمانا ❸ آخرت بگاڑنا۔

**عاقل** (ء) اسم مذکر فاعل از عقل ❶ عقلمند ❷ دانا۔

**عاظن** (ہ) ❶ ہوشیار ❷ دانشمند۔

**عاکف** (ء) اسم فاعل مذکر ❶ گوشہ نشین ❷ اعتکاف کرنے والا ❸ معتکف۔

**عالم** (ء) اسم مذکر فاعل از علم ❶ جاننے والا ❷ دانا ❸ پڑھا لکھا ❹ خواندہ ❺ مولوی ❻ ملا۔

**عالم الغیب** (ء) اسم مذکر ❶ پوشیدہ باتیں جاننے والا ❷ خدائے تعالیٰ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

عالم باعمل (عف) اسم صفت۔ وہ عالم جو پڑھ کر اس پر عمل بھی کرتا ہو۔

عالم (ء) اسم مذکر ① دنیا ② جہان ③ سنسار ④ دنیا کے لوگ ⑤ مخلوق جگت ⑥ قسم ⑦ جنس ⑧ حالت ⑨ صورت۔

عالم ارواح (ء) اسم مذکر ① روحوں کی دنیا ② عناصر اربعہ۔

عالم اسباب (ء) اسم مذکر۔ دنیا کیونکہ یہاں کے تمام کاروبار اسباب و ذرائع پر منحصر ہیں۔

عالم افروز (عف) اسم صفت فاعلی ① دنیا کو روشن کرنے والا ② جہان کو چمکانے والا۔

عالم امر (ء) اسم مذکر ① عالم ملائکہ ② عالم ارواح ③ وہ چیزیں جن میں اندازے اور وزن کا دخل نہ ہو۔

عالم بالا (عف) اسم مذکر ① اوپر کی دنیا ② آسمان عرش ③ بہشت۔

عالم برزخ (ء) اسم مذکر۔ روحوں کا وہ مقام جہاں وہ موت سے لے کر قیامت تک رہیں گی۔

عالم پناہ (ء) اسم مذکر ① بہ قلب اضافت دنیا کی پناہ ② جہان کے پناہ لینے کی جگہ مراد بادشاہ۔

عالم پھر جانا (ا) فعل ① زمانہ کا بدل جانا ② تمام مخلوق کا ناراض ہو جانا ③ دنیا کا کسی سے برگشتہ ہو جانا ④ حالت بدل جانا۔

عالم جاوید (ء) اسم مذکر ① ہمیشہ رہنے والی دنیا ② عالم آخرت۔

عالم دکھانا (ا) فعل ① حالت دکھانا ② جوبن دکھانا ③ رونق دینا ④ بہار دکھانا۔

عالم سفلی (ء) اسم مذکر ① دنیا ② جہان ③ پرتھوی ④ زمین۔

عالم صغریٰ/صغیر (ء) اسم مذکر۔ انسان اور جسم انسانی سے مراد ہے۔

عالم فانی/ عالم کبیر/ عالم وجود عالم ناسوت/ عالم کون و مکاں (ء) اسم مذکر ① دنیا ② سنسار ③ فنا ہونے والی دنیا ④ قدرت ⑤ مایا ⑥ حادثات دنیا ⑦ جگ۔

عالمگیر (عف) اسم مذکر ① دنیا کو لے لینے والا ② محی الدین اورنگ زیب کا لقب ہے ③ دنیا میں پھیلا ہوا ④ تمام جہان پر چھایا ہوا۔

عالی (ء) اسم صفت فاعل از علو ① بلند ② اونچا ③ بڑا ④ مقدس ⑤ قابل تعظیم۔

عالیجاہ (عف) اسم صفت ① بڑے مرتبے والا ② بلند رتبہ ③ ممتاز۔

عالی جناب (ء) اسم صفت ① بلند مرتبے والا ② بلند درگاہ والا ③ اعلیٰ حضرت۔

عالی خاندان (عف) اسم صفت ① بڑے گھرانے کا ② امیر زادہ ③ شریف زادہ۔

عالی دماغ (ء) اسم صفت ① بڑی سوچ سمجھ والا ② بڑا عقل مند ③ بڑے دماغ والا۔

عالی شان (ء) ① اعلیٰ مرتبہ کا ② بڑی شان والا ③ بہت بڑا ④ شاندار ⑤ عمدہ۔

عالی ظرف (ء) اسم صفت ① عالی حوصلہ ② بڑی سمائی والا۔

عالی قدر/ عالی مرتبہ (ء) اسم صفت ① بڑے مرتبہ کا ② بڑی شان والا۔

عالی ہمت (ء) اسم صفت ① بڑی ہمت والا ② بلند ارادے والا ③ سخی ④ ریاض ⑤ دل والا۔

عالی ہمتی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① سخاوت ② خیرات ③ دلیری ④ فیاضی۔

عالیہ (ء) اسم مونث ① عالی کی تانیث ② بلند ③ بڑی بزرگ ④ مسلمان عورتوں کا خطاب۔

عام (ء) اسم صفت ① پھیلا ہوا ② مشہور ③ معمولی ④ سب ⑤ تمام ⑥ سب لوگ ⑦ تمام آدمی ⑧ رسمی و رواجی۔

عام فہم (ء) اسم صفت ① سب کی سمجھ میں آجانے والا ② سہل ③ آسان ④ فصیح۔

عام میں (ا) تابع فعل ① سب کے سامنے ② کھلم کھلا ③ اعلانیہ۔

عامرہ (ء) اسم صفت ① بھرا ہوا ② مالا مال ③ معمور ④ مراداً شاہی خزانہ۔

عامل (ء) اسم مذکر ① عمل کرنے والا ② منتر پڑھنے والا ③ سیانا ④ بھوت پریت کا عمل جاننے والا ⑤ حاکم ⑥ تحصیلدار۔

عامہ (ء) اسم صفت ① مشہور و معروف ② عام بات۔

عامی (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی ① عام سے نسبت رکھنے والا ② جاہل ③ ان پڑھ۔

عائد (ء) اسم صفت فاعل از عود ① عود کرنے والا ② پھرنے والا ③ واپس

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

آنے والا ❹ لوٹ کر آنے والا۔

عائد ہونا (ا) فعل ❶ الٹ پڑنا ❷ ذمہ پڑنا ❸ وارد ہونا۔

عائشہ (ع) اسم مونث ❶ خوش حال عورت ❷ نبی اکرم ﷺ کی کم عمر بیوی جو حضرت صدیق اکبرؓ کی بیٹی تھیں۔

عائل (ع) اسم صفت ❶ فقیر ❷ درویش۔

عائلہ (ع) اسم صفت ❶ خاندان ❷ بیوی۔

عائلی (ع) اسم صفت ❶ ازدواجی ❷ خاندان سے متعلق ❸ (اسم مونث) فقیری ❹ درویشی۔

## ع ← ب

عبا (ء) اسم مذکر ❶ ایک عربی لبا

عباد (ء) اسم مذکر ❶ عبد کی جمع



عبادت

عبادت (ء) اسم مونث ❶ پو ❷ پرستش ❸ بندگی ❹ اطا ❺ نماز ❻ دعا۔

عبادت گاہ (عف) اسم مونث ظرف ❶ معبد ❷ مسجد ❸ مندر ❹ گرجا۔

عبارت (ء) اسم مونث ❶ بیان ❷ مضمون ❸ تحریر ❹ انشا ❺ مراد۔

عبارت آرائی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مضمون کی رنگینی ❷ مضمون کو سنوار کر لکھنا۔

عباس (ء) اسم مذکر ❶ پھاڑنے والا شیر ❷ پیغمبر خدا حضرت محمد ﷺ کے چچا کا نام جن کی نسل میں خلفائے عباسیہ ہوئے ہیں۔

عباسی/عباسیہ (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ عباس سے تعلق رکھنے والا ❷ بغداد کے خلفاء کا خاندان ❸ ایک سکہ کا نام ہے ❹ نیلاہٹ لئے سرخ رنگ ❺ کالا رنگ جو خلفائے عباسیہ کو پسند تھا ❻ ایک پودے کا نام بھی ہے جسے گل عباسی کہتے ہیں۔

عبث (ء) اسم صفت ❶ بے فائدہ ❷ بیہودہ ❸ بیکار ❹ نکما ❺ کھیل ❻ بازی ❼ ناحق ❽ بلاوجہ۔

عبد (ء) اسم مذکر ❶ بندہ ❷ غلام ❸ ملازم ❹ نوکر۔

عبدیت (ء) اسم صفت بتائے مصدری ❶ غلامی ❷ نوکری ❸ بندگی۔

عبرانی (ء) اسم مونث ❶ یہودی ❷ موسائی ❸ حضرت موسیٰ کی امت ❹ یہودیوں کی زبان۔

عبرت (ء) اسم مونث ❶ اندیشہ ❷ نصیحت پکڑنا ❸ خوف ❹ تنبیہ زمانہ کے حالات کو دیکھ کر خود نصیحت اختیار کرنا۔

عبرت انگیز (عف) اسم صفت فاعلی۔ ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے اور نصیحت پکڑے۔

عبرت پکڑنا/حاصل کرنا (ا) فعل ❶ نصیحت پکڑنا ❷ متنبہ ہونا۔

عبری (ء) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ اہل کنعان کی زبان ❷ یہودیوں کی زبان ❸ یہودی۔

عبودیت (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بندگی ❷ غلامی ❸ اطاعت ❹ عبادت۔

عبور (ء) اسم مذکر ❶ دریا سے پار اترنا ❷ لنگھنا ❸ بات یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا۔

عبور دریائے شور کرنا (ا) فعل ❶ کالے پانی بھیجنا ❷ دیس نکالا دینا ❸ جلاوطن کرنا۔

عبوری (ع) اسم صفت ❶ عارضی ❷ وقتی ❸ ہنگامی۔

عبہر (ء) اسم مذکر۔ ❶ ایک قسم کی نرگس جو اندر سے زرد ہوتی ہے۔ ❷ شہلا کے خلاف۔

عبیر (ء) اسم مذکر۔ ایک خوشبودار سفوف۔ جو مشک گلاب صندل وغیرہ سے بنتا ہے اسے کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔

## ع ← ت

عتاب (ء) اسم مذکر ❶ غصہ ❷ خفگی ❸ ناراضگی ❹ قہر ❺ ملامت۔

عتاب و خطاب (ء) اسم مذکر ❶ خفگی اور ناراضگی ❷ ڈانٹ ڈپٹ ❸ غصہ و غضب۔

عترت (ع) اسم مونث ❶ قریبی رشتہ دار ❷ بیٹے ❸ بیٹیاں۔

عتیق (ع) اسم صفت ❶ مشہور صحابی تیسرے خلیفہ راشد نبی اکرم ﷺ کے

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

داماد۔

## ع ← ث

عثرت (ع) اسم مونث ❶ لغزش ❷ ٹھوکر۔

عثمان (ع) اسم مذکر ❶ مشہور صحابی تیسرے خلیفہ راشد نبی اکرم ﷺ کے داماد۔

## ع ← ج

عجائب (ع) اسم مذکر ❶ عجیب کی جمع ❷ حیرت انگیز چیزیں۔

عجائب خانہ (عف) اسم مذکر ❶ عجائب گھر ❷ میوزیم ❸ وہ مکان جہاں عمدہ اورنئی پرانی چیزیں، دیکھنے کے لئے رکھی جائیں۔

عجائب وغرائب (ع) اسم مذکر ❶ انوکھی اور نادر اشیاء ❷ عجیب عجیب چیزیں۔

عجائبات (ع) اسم مذکر۔ عجیب کی جمع الجمع اور عجائب کی جمع۔

عجب (ع) اسم صفت ❶ تعجب ❷ انوکھا ❸ نادر ❹ طرفہ ❺ نئے ڈھنگ کا ❻ عمدہ ❼ مداری ❽ جادوگر ❾ بعید۔

عجب (ع) اسم مذکر ❶ غرور ❷ ناتوانی ❸ کمزوری ❹ ہار ❺ شکست ❻ انکسار ❼ فروتنی ❽ منت سماجت۔

عجز کرنا (ا) فعل ❶ گڑگڑانا ❷ خوشامد کرنا ❸ منت سماجت کرنا۔

عجلت (ع) اسم مونث ❶ پھرتی ❷ شتابی ❸ جلدی ❹ تیزی۔

عجم (ع) اسم مذکر ❶ لغوی، گونگا ❷ اصطلاحی عرب کے سوا باقی تمام ممالک ❸ وحشی آدمی ❹ ممالک ایران وتوران خصوصاً۔

عجمی (ع) اسم مذکر بیائے نسبتی ❶ ممالک عجم کا رہنے والا ❷ گونگا ❸ وحشی ❹ عربی بولی نہ سمجھنے والا۔

عجوبہ (ع) اسم مذکر ❶ عجیب چیز ❷ انوکھی چیز ❸ نادر چیز۔

عجیب (ع) اسم صفت ❶ انوکھا ❷ قابلِ تعریف ❸ نرالا ❹ نادر۔

عجیب وغریب (ع) اسم صفت ❶ تعجب خیز ❷ حیرت انگیز ❸ نرالا ❹ انوکھا۔

## ع ← د

عدالت (ع) اسم صفت بتائے مصدری ❶ برابری ❷ انصاف ❸ نیاؤ ❹ عدل و داد ❺ مجازاً کچہری ❻ انصاف کرنے کی جگہ ❼ دربار ❽ اجلاس۔

عدالت ابتدائی (ع) اسم مونث۔ پہلی عدالت جس میں مقدمہ دائر کیا جاتا ہے۔

عدالت اپیل (ا) اسم مذکر۔ وہ عدالت جو ماتحت عدالت کے فیصلے کی اپیل سنے۔

عدالت خفیفہ (ع) اسم مونث ❶ چھوٹی کچہری ❷ وہ کچہری جس میں قرضہ کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے۔

عدالت دیوانی (ع) اسم مونث۔ وہ عدالت جو صرف باہمی لین دین اور جائیداد وغیرہ کے مقدمات کے فیصلے کرتی ہے۔ اسے سزا دینے کے اختیارات نہیں ہوتے۔

عدالت سیشن (ا) اسم مونث۔ وہ عدالت جس میں فوجداری کے سنگین مقدمات یعنی قتل وخون کے مقدمے دائر کئے جاتے ہیں۔

عدالت ضلع (ع) اسم مونث ❶ ڈپٹی کمشنر کی کچہری ❷ صاحب ضلع کی عدالت۔

عدالت فوجداری (عف) اسم مونث ❶ مارپٹائی ❷ چوری چکاری وغیرہ کے مقدمات کے فیصلہ کرنے کی کچہری۔

عدالت عالیہ (ع) اسم مونث ❶ بڑی کچہری ❷ چیف کورٹ ❸ ہائی کورٹ۔

عدالت کرنا (ا) فعل ❶ انصاف کرنا ❷ کچہری کرنا ❸ نیاؤ کرنا ❹ اجلاس کرنا۔

عدالت ماتحت (ع) اسم مونث۔ بڑی عدالت کے زیر فرمان چھوٹی عدالت۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

عدالت مال (ء) اسم مونث ① محکمہ مال ② کلکٹری ③ سرکاری لگان جمع ہونے کی کچہری۔

عدالت مجاز (ء) اسم مونث ① بااختیار عدالت ② پورے اختیارات والی کچہری۔

عدالتی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ عدالت ② حاکم مجاز۔

عداوت (ء) اسم مونث بتائے مصدری ① دشمنی ② بیر ③ لاگ ④ عناد ⑤ کینہ ⑥ کپٹ ⑦ مخالفت۔

عداوت جبلی (ء) اسم مونث ① قدرتی بیر ② فطری۔

عداوت دلی/قلبی (ء) اسم مونث ① جانی دشمنی ② اندرونی اور گہری دشمنی۔

عداوت کرنا/رکھنا (ا) فعل ① کینہ رکھنا ② دشمنی کرنا۔

عداوت نکالنا (ا) فعل ① دشمنی نکالنا ② بدلہ لینا ③ عوض لینا ④ بیر لینا۔

عداوتی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① دشمنی کرنے والا ② بیر رکھنے والا ③ بیری۔

عدت (ء) اسم مونث ① گنتی ② تعداد ③ شمار ④ طلاق و فراق کا وہ تھوڑا سا عرصہ جس میں عورت دوسرے شخص سے نکاح نہ کرسکے جو مطلقہ کے لئے تین ماہ بیوہ کے لئے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لئے بعد وضع حمل چالیس دن مقرر ہے۔

عدت میں بیٹھنا (ا) فعل۔ عدت کے زمانے کو حسب شرح و رسم ملک گزارنا۔

عدد (ء) اسم مذکر ① گنتی ② شمار ③ نمبر ④ گنا گیا ہندسہ ⑤ رقم ⑥ آنک۔

عدد صحیح (ء) اسم مذکر ① بن بٹا ہوا عدد ② بے کسر ③ غیر مقسوم جیسے ۱۲۔

عدد کسری (ء) اسم مذکر ① بٹا ہوا عدد ② تقسیم شدہ عدد۔

عدل (ء) اسم مذکر ① برابری ② مناصفت ③ انصاف ④ نظیر مانند ⑤ مثل ⑥ داد ⑦ نیاؤ ⑧ معدلت۔

عدل کرنا (ا) فعل ① انصاف کرنا ② برابر کرنا ③ نیاؤ کرنا ④ ایمانداری سے فیصلہ کرنا۔

عدل گستر (عف) اسم صفت فاعلی ① انصاف اور نیائے کرنے والا ② نیائی ③ منصف و عادل۔

عدل گستری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① انصاف ② نیاؤ ③ عدالت۔

عدم (ء) اسم مذکر ① ناپید ② نیستی ③ ناموجودگی ④ نہیں ⑤ نفی ⑥ نہ ہونا۔

عدم پیروی (عف) اسم مونث (قانون) غیر حاضری۔

عدم تعمیل (ء) اسم مونث ① تعمیل ② کرنا ③ حکم بجا نہ لانا۔

عدم توجہی (ء) اسم مونث ① بے توجہی ② غفلت ③ بے احتیاطی ④ بے رخی ⑤ بے مروتی۔

عدم ثبوت (ء) اسم مذکر ① کسی امر کی شہادت یا تصدیق نہ ہونا ② بے ثبوتی۔

عدم موجودگی (ا) اسم مونث ① غیر حاضری ② پس غیبت ③ موجود نہ ہونا۔

عدم واقفیت (ء) اسم مونث ① ناواقفیت ② بے خبری ③ لاعلمی۔

عدم وجود برابر ہے (ا) محاورہ ① ہونا نہ ہونا برابر ہے ② ہوا نہ ہوا یکساں ہے۔

عدو (ء) اسم مذکر ① دشمن ② مخالف ③ بیری ④ بدخواہ ⑤ رقیب ⑥ اپنے معشوق کا دوسرا عاشق۔

عدول (ء) اسم مذکر ① منہ پھیر لینا ② حکم نہ ماننا ③ روگردانی ④ اعراض۔

عدول حکم (ء) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① حکم نہ ماننے والا ② سرکش ③ متمرد ④ مغرور ⑤ باغی۔

عدول حکمی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① نافرمانی ② سرکشی ③ حکم نہ ماننا ④ بغاوت۔

عدیل (ء) اسم صفت ① رتبہ اور قدر میں برابر ② یکساں ③ نظیر ④ مانند ⑤ عادل ⑥ منصف۔

عدیم (ء) اسم صفت ① ناپید ② گم ③ مفقود ④ نایاب۔

عدیم الفرصت (ء) اسم مذکر ① فرصت نہ رکھنے والا ② نہایت مصروف ③ بہت کاروبار والا۔

## ع ← ذ

عذاب (ء) اسم مذکر ① تنگی ② دکھ ③ تکلیف ④ ایذا ⑤ مصیبت ⑥ سزائے موت گناہ ⑦ دقت ⑧ بکھیڑا۔

عذاب ثواب (ا) اسم مذکر ① پاپ پن ② گناہ ③ ثواب ④ نیکی ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بدی ⑥ برائی بھلائی۔

**عذاب مول لینا** (ا) فعل ① دردِ سر مول لینا ② جان بوجھ کر مصیبت خریدنا ③ مصیبت مول لینا ④ جھگڑا پیچھے لگا لینا۔

**عذاب میں پڑنا/ پھنسنا** (ا) فعل ① مصیبت میں مبتلا ہونا ② تکلیف میں گرفتار ہونا۔

**عذار** (ء) اسم مذکر ① رخسار ② رخسارہ ③ گال ④ چہرہ ⑤ رخ ⑥ صورت ⑦ عارض۔

**عذر** (ء) اسم مذکر ① بہانہ ② حیلہ ③ حجت ④ کسی بات کا سبب ⑤ گرفت ⑥ جرح ⑦ معافی ⑧ طلب ⑨ عفو۔

**عذر بیجا** (ف) اسم مذکر ① نامناسب ② بیہودہ بہانہ ③ ناقابل سماعت حیلہ۔

**عذر پذیرا** (ف) اسم مذکر ① ماننے کے قابل عذر ② ناقابلِ تسلیم بہانہ۔

**عذر خواہی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کسی بات کی معافی مانگنا ② معذرت ③ رنجش ④ ماتم پرسی ⑤ پُرسا ⑥ سیاپا۔

**عذرداری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دعوے ② دلیل ③ حجت ④ اعتراض ⑤ مزاحمت۔

**عذر کرنا** (ا) فعل ① معافی مانگنا ② اعتراض کرنا ③ بحث کرنا ④ معذرت کرنا۔

**عذر معذرت** (ء) اسم مذکر ① منت سماجت ② اقرار جرم ③ طلب عفو قصور کی معافی۔

**عذر وراثت** (ء) اسم مذکر ① (قانون) ورثہ کا دعوے ② میراث کا دعوے۔

## ع ← ر

**عراق** (ء) اسم مذکر ① ساحل ② دریا کا کنارہ ③ مجازاً وہ ملک جو دریائے دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہے ④ علم موسیقی کے ایک مقام کا نام ہے جسے دوپہر پہلے گایا کرتے ہیں۔

**عراقی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① عراق کا ② عراق سے منسوب ③ عراق کا گھوڑا ④ مولوی فخرالدین عراقی کا تخلص راگ کا ایک پردہ۔

**عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے** (ا) فعل۔ زبردست سے بس نہ چلا تو کمزور پر غصہ نکالا۔

**عرائض** (ء) اسم مونث ① عریضہ کی جمع ② درخواستیں ③ عرضیاں۔

**عرب** (ء) اسم مذکر ① ایک مشہور ملک کا نام ہے ② فصیح ③ خوش بیان ④ مہذب ⑤ اہلِ عرب ⑥ خاص کر شہری لوگ ⑦ اعرابی کی ضد۔

**عرب سرائے** (عف) اسم مذکر۔ دہلی کے قریب مقبرہ ہمایوں کے متصل ایک چھوٹی سی بستی کا نام ہے۔

**عربدہ** (ء) اسم مذکر ① لڑائی ② جھگڑا ③ بدخوئی۔

**عربدہ جو** (عف) اسم صفت فاعلی ① جنگجو ② لڑاکا ③ فسادی۔

**عربستان** (ف) اسم مذکر ① عربوں کا ملک ② عرب کی زمین۔

**عربی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① عرب کا ② عرب سے تعلق رکھنے والا ③ (بحالت اسم مونث) اہلِ عرب کی بولی ④ زبان عربی ⑤ (بصورت اسم مذکر) تازی گھوڑا۔

**عرس** (ء) اسم مذکر ① شادی کی دعوت ② ولیمہ کا کھانا ③ نکاح کی ضیافت ④ مجازاً بزرگوں کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات کو ہوا کرتی ہے۔

**عرش** (ء) اسم مذکر ① تخت ② تخت خداوندی ③ چھت ④ سقف۔

**عرش آشیانی** (عف) اسم مذکر ① وہ شخص جس کا گھر عرش پر ہو ② جلال الدین اکبر شاہ مغلہ کو۔ مرنے کے بعد یہی خطاب ملا تھا۔

**عرش پر جھولنا** (ا) فعل ① نہایت بلند مرتبہ ہونا ② ذی رفعت ہونا ③ عالی رتبہ ہونا۔

**عرش پر چڑھنا** (ا) فعل ① بڑا اعلیٰ درجہ دینا ② قدر میں آسمان پر چڑھانا ③ نہایت خوشامد کر کے مغرور بنا دینا۔

**عرش پر دماغ پہنچنا** (ا) فعل ① اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا ② نہایت عالی رتبہ ہونا ③ سخت مغرور و متکبر ہونا ④ کسی کو خاطر میں نہ لانا ⑤ فخر و غرور کرنا۔

**عرش سے چھوٹی کھجور میں اٹکی/عرش سے چھوٹے کھجور میں اٹکے** (ا) مثل۔ ایک مصیبت سے نجات ملتے ہی دوسری میں پھنس گئے۔

**عرش سے فرش تک** (ا) تابع فعل۔ آسمان سے زمین تک۔

**عرش کا تارا** (ا) اسم مذکر ① سب سے اونچے آسمان کا تارا ② بہت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بڑے درجے والا۔

**عرش کا ٹوٹا** (ا) اسم صفت بواؤ معروف ❶ قابل قدر ❷ انوکھا ❸ نرالا ❹ عجیب۔

**عرش کے تارے توڑنا** (ا) فعل ❶ نہایت بڑھ کا کام کرنا ❷ بہت بڑا کام کرنا۔ اعلیٰ درجے کا کام کرنا ❸ اعلیٰ مرتبہ پر پہنچنا ❹ نئے خیالات ظاہر کرنا ❺ گناہ عظیم کرنا۔

**عرش معلےٰ/عرش بریں** (ف) اسم مذکر ❶ سب سے بڑا آسمان ❷ فلک الافلاک۔

**عرصہ** (ع) اسم مذکر ظرف ❶ میدان ❷ صحن خانہ ❸ آنگن ❹ شطرنج کی بساط ❺ لڑائی کا میدان دوری ❻ فاصلہ ❼ مدت مدید ❽ دیر تاخیر ❾ اثنا۔

**عرصہ تنگ ہونا** (ا) فعل ❶ میدان تنگ ہونا ❷ عرصہ کم ہونا۔

**عرصہ محشر** (ع) اسم مذکر ❶ میدان حشر ❷ میدانِ قیامت۔

**عرض** (ع) اسم مذکر ❶ وہ چیز جو قائم بالغیر ہو ❷ جوہر کی ضد ❸ بیماری ❹ دکھ ❺ تکلیف جو کسی دوسری بیماری کے باعث لگ جائے جیسے بخار کی کھانسی۔

**عرض** (ع) اسم مذکر ❶ بیان ❷ گزارش ❸ ارداس پیش کرنا ❹ چوڑائی ❺ چوڑان ❻ پنا ❼ طول ❽ مدت ❾ علم جغرافیہ میں کسی مقام کا وہ فاصلہ جو اس کے اور خط استوا کے درمیان شمالاً جنوباً ہو۔

**عرض بلد** (ع) اسم مذکر۔ جو فاصلہ خط استوا سے بذریعہ خطوط درجات العرض معلوم کیا جاتا ہے۔

**عرض بیگی** (عف) اسم مذکر۔ ❶ وہ عہدیدار جس کے ذریعہ بادشاہ کی حضور میں عرض معروض کی جائے ❷ پرائیویٹ سیکریٹری ❸ میر منشی۔

**عرض حال** (ع) اسم مذکر ❶ بیان حال ❷ روئداد سرگذشت ❸ عرضی ❹ خبر۔

**عرض کرنا** (ا) ❶ بیان کرنا ❷ گزارش کرنا ❸ پیش کرنا ❹ آگے رکھنا ❺ صلاح لینا ❻ رپورٹ کرنا ❼ بتلانا۔

**عرض معروض** (ع) اسم مذکر ❶ کسی بزرگ یا حاکم کی خدمت میں مطلب کا بیان کرنا ❷ پرارتھنا ❸ بنتی ❹ نویدن ❺ التماس گزارش۔

**عرضاً** (ع) تابع فعل ❶ چوڑائی میں ❷ طولاً کی ضد۔

**عرضداشت** (عف) اسم مونث ❶ عرضی ❷ درخواست ❸ گزارش۔

**عرضی** (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ درخواست عریضہ ❷ تحریری گزارش ❸ سوال ❹ غیر اصلی ❺ عارض شدہ چیز۔

**عرضی تاننا/ٹھونکنا** (ا) فعل ❶ دعوے دائر کرنا ❷ نالش کرنا ❸ مقدمہ دائر کرنا۔

**عرضی پرچہ/عرضی پرزہ** (ا) اسم مذکر ❶ دعوے ❷ درخواست ❸ نالش ❹ فریاد۔

**عرضی دعوے** (ا) اسم مذکر۔ وہ تحریری درخواست جس میں مدعی اپنی شکایات لکھ کر عدالت ابتدائی میں پیش کرے جس کی بنا پر مقدمہ چلایا جاتا ہے۔

**عرضی نویس** (ف) اسم مذکر ❶ عرضی متسک لکھنے کا پیشہ کرنے والا ❷ سرکاری اجازت سے درخواستیں اور عرضیاں لکھنے والا منشی۔

**عرف** (ع) اسم مذکر ❶ پہچان ❷ شناخت مشہور عام نام۔

**عرفات** (ع) اسم مونث۔ مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک میدان ہے جہاں لوگ حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔

**عرفان** (ع) اسم مذکر ❶ پہچان ❷ شناخت ❸ خدا کی معرفت ❹ خدا شناسی ❺ معرفت الٰہی۔

**عرفہ** (ع) اسم مذکر ❶ ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو حاجی لوگوں کا لبیک پکارنا ہر ایک تیوہار کا پہلا دن ❷ کسی آدمی کے مرنے کے بعد پہلے تیوہار سے ایک دن پہلے کی فاتحہ کی رسم۔

**عرفہ کرنا** (ا) فعل کسی شخص کے مرنے کے بعد اول عرفہ کو فاتحہ دلانا۔

**عرفی** (ع) اسم صفت ❶ مشہور ظاہری ❷ معمولی ❸ اکبر بادشاہ کے زمانے کے ایک مشہور شاعر جلال الدین شیرازی کا تخلص۔

**عرق** (ع) اسم مذکر ❶ پسینہ ❷ پسیو ❸ کشید کیا ہوا پانی ❹ جیسے عرق گلاب ❺ کسی چیز کا نچوڑا ہوا پانی ❻ رس ❼ شیرہ رگ ❽ ریشہ۔

**عرق آنا/آجانا** (ا) فعل۔ سخت محنت یا شرم یا خوف کے سبب سے پسینہ آجانا۔

**عرق دو آتشہ** (عف) اسم مذکر۔ دو دفعہ کھینچی ہوئی شراب یا عرق۔

**عرق ریزی کرنا** (ا) فعل ❶ سخت محنت کرنا ❷ نہایات جانفشانی کرنا۔

**عرق عرق ہونا/ہوجانا** (ا) فعل ❶ پانی پانی ہوجانا ❷ نہایت شرمندہ ہونا ❸ نادم ہونا۔

**عرق کھینچنا** (ا) فعل ❶ کشید کرنا ❷ بخارات کے ذریعہ کسی چیز کا پانی بنانا ❸ نچوڑنا ❹ طاقت کھینچ لینا۔

**عرق گیر** (عف) اسم مذکر ❶ گھوڑے گدھے وغیرہ کی زین کے نیچے کا

Join us on WhatsApp Naveed BalG 03149077218

www.besturdubooks.net

کمل ❷ تہرو ❸ پالان۔

عرق چین (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کی گول ٹوپی جو دستار کی حفاظت کے لئے پگڑی کے نیچے پہنا کرتے ہیں۔

عروج (ء) اسم مذکر اونچائی ❶ بلندی ❷ اوج ❸ نزول کی ضد۔

عروس (ء) اسم مونث ❶ دلہن ❷ بہو ❸ بنڑی۔

عروض (ء) اسم مذکر ❶ مکہ معظمہ کا نام ❷ کعبہ ❸ علم بیان میں شعر کی بحر اور وزن معلوم کرنے اور جانچنے کا علم ❹ ہر بیت کے پہلے مصرعے کے آخری جزو کا نام بھی ہے۔

عریاں (ء) اسم صفت ❶ ننگا ❷ بے پردہ ❸ برہنہ۔

عریض (ء) اسم صفت ❶ چوڑا ❷ چکلا ❸ پہنا ❹ طویل کی ضد۔

عریضہ (ء) اسم مذکر ❶ عرضی ❷ چھوٹے کی طرف سے بڑے کی طرف لکھا ہوا خط ❸ عرض کیا گیا ❹ معروضہ۔

## ع ← ز

عزا (ء) اسم مونث ❶ عزت ❷ بزرگی ❸ شرف ❹ بڑائی۔

عزوجل (ء) اسم صفت ❶ بزرگ و برتر ❷ عزت اور جلال والا ❸ خدا تعالیٰ کی صفت ہے۔

عزا (ء) اسم مذکر ❶ ماتم پرسی ❷ پرسہ ❸ سیاپا ❹ تعزیت ❺ مصیبت پر صبر۔

عزادار (ف) اسم مذکر صفت ❶ سوگوار ❷ میت کا غم کرنے والا ❸ سوگی۔

عزازیل (ف) اسم مذکر صفت ❶ شیطان کا نام ہے ❷ ابلیس۔

عزت (ء) اسم مونث ❶ آبرو ❷ پت ❸ آدر ❹ بزرگی ❺ بڑائی ❻ عظمت ❼ شان ❽ شرف۔

عزت اتارنا / بگاڑنا / کھونا / لینا (ا) فعل (دیکھو) آبرو اتارنا۔

عزت بنانا (ا) فعل۔ دیکھو آبرو بنانا۔

عزت دار (عف) اسم صفت فاعلی ❶ معزز ❷ ممتاز ❸ ذی رتبہ۔

عزت کرنا (ا) فعل ❶ ادب کرنا ❷ تعظیم وتکریم سے پیش آنا۔

عزرائیل (ء) اسم صفت ❶ ملک الموت ❷ جان نکالنے والا فرشتہ۔

عزل (ء) اسم مذکر ❶ موقوفی ❷ علیحدگی ❸ برطرفی ❹ بیکاری۔

عزل ونصب (ء) اسم مذکر ❶ موقوفی ❷ بحالی ❸ الٹا پلٹی ❹ بدلی سدلی۔ تغیر وتبدل۔

عزلت (ء) اسم مونث ❶ تنہائی ❷ گوشہ نشینی ❸ خلوت ❹ اعتکاف ❺ موقوفی ❻ علیحدگی۔

عزم (ء) اسم مذکر ❶ ارادہ ❷ قصد ❸ آمادگی۔ نیت۔

عزم بالجزم (ء) اسم مذکر ❶ پختہ ارادہ ❷ پکی نیت ❸ مصمم ارادہ۔

عزیز (ء) اسم صفت ❶ لاڈلا ❷ پیارا ❸ جانی ❹ محبوب ❺ لائق ❻ قابل قدر ❼ نایاب ❽ مہنگا ❾ ذی رتبہ۔

عزیز القدر (ء) اسم مذکر ❶ قابل قدر ❷ عزیز ❸ چھوٹوں کی طرف لکھنے کا لقاب۔

عزیز داری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نزدیکی ❷ رشتہ داری ❸ ناطہ داری ❹ بھائی بندی۔

عزیز رکھنا (ا) فعل ❶ دوست جاننا ❷ دوست سمجھنا ❸ قدر ومنزلت کرنا۔

عزیمت (ء) اسم مونث ❶ ارادہ ❷ عزم ❸ موکلوں کی حاضرات میں موجود کرنے کا افسوں ومنتر۔

## ع ← س

عساکر (ء) اسم مذکر ❶ عسکر کی جمع ❷ بہت سے لشکر۔

عسرت (ء) اسم مونث ❶ تنگی ❷ مفلسی ❸ غریبی ❹ دقت ❺ مصیبت ❻ دشواری ❼ مشکل۔

عسس (ء) اسم مذکر ❶ کوتوال ❷ محتسب ❸ شہر کے گردگشت کرنے والا عہدیدار۔

عسکر (ء) اسم مذکر ❶ لشکر ❷ فوج ❸ سپاہ۔

عسل (ء) اسم مذکر ❶ شہد ❷ انگبین۔

## ع ← ش

عشا (ء) اسم مونث ❶ سوتے وقت کی نماز ❷ نماز خفتن ❸ رات کی اندھیری ❹ تاریکی شب۔

عشاق (ء) اسم مذکر ❶ عاشق کی جمع ❷ راگ کے ایک مقام کا نام جو دو گھڑی دن رات گایا جاتا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314907

www.besturdubooks.net

عشبہ (ء) اسم مذکر۔ایک مصفی خون دوائی کا نام ہے۔
عشر (ء) صفت 1 دس 2 دہ۔
عشر (ء) 1 دسواں 2 دسواں حصہ۔
عشر عشیر (ء) اسم صفت 1 دسویں کا دسواں حصہ 2 سواں حصہ۔
عشرت (ء) اسم مونث 1 خوشدلی 2 مزے سے گزارنا 3 خوشی 4 بہار 5 موج 6 فرحت 7 مزا 8 آنند 9 منگل۔
عشرت خانہ/کدہ (ف) اسم مذکر۔عیش وعشرت منانے کی جگہ۔
عشرہ (ء) اسم صفت 1 رہا کا 2 عاشورہ 3 محرم کی دسویں تاریخ۔
عش عش کرنا (ا) فعل 1 واہ واہ کرنا 2 تحسین و آفرین کرنا 3 نہایت خوشی منانا۔
عشق (ء) اسم مذکر 1 بے حد محبت 2 بہت زیادہ پیار 3 از حد الفت 4 بڑا پریم 5 حب شوق 6 چاہ 7 خواہش 8 لت 9 ایک قسم کا جنون جو کسی خوبصورت کو دیکھنے سے ہوجاتا ہے۔
عشق اللہ (ا) اسم مذکر 1 آزاد فقیروں اور درویشوں کا باہمی سلام 2 اکھاڑے میں اتر کر پہلوانوں کا آپس میں سلام۔
عشق اللہ لینا (ا) فعل 1 رخصت لینا 2 اجازت لینا 3 کشتی سے تھک کر پہلوانوں کا سلام کر کے اکھاڑے سے نکلنا 4 ہار ماننا۔
عشق باز (ا) اسم مذکر فاعل 1 حسن پرست عاشق 2 طالب 3 جانباز 4 عاشق مزاج۔
عشق بازی (ا) اسم مذکر بیائے مصدری 1 عاشقی 2 حسن پرستی 3 نظارہ بازی۔
عشق پیچاں/عشق پیچہ (ف) اسم مذکر۔ایک باریک پتیوں اور سرخ پھول والی بیل کا نام ہے۔
عشق حقیقی (ء) اسم مذکر 1 محبت الٰہی 2 خدائے تعالیٰ کا عشق۔
عشق مجازی (ء) اسم مذکر 1 بناوٹی عشق 2 جھوٹا عشق 3 دنیاوی معشوقوں کا عشق۔
عشوہ (ء) اسم مذکر 1 ناز 2 نخرہ 3 کرشمہ 4 معشوقانہ ادا 5 محبوبانہ انداز 6 حرکت دلفریب۔
عشوہ ساز/عشوہ گر (عف) اسم صفت مذکر 1 ناز و نخرے کرنیوالا 2 مجازاً معشوق۔

## ع ← ص

عصا (ء) اسم مذکر 1 لاٹھی 2 سونٹا 3 لکڑی 4 چھڑی 5 سہارا 6 آسرا۔
عصا بردار (ف) اسم مذکر فاعل 1 چوبدار 2 سونٹے بردار 3 پیناول۔
عصائے پیر/پیری (عف) اسم مذکر 1 بوڑھے کے ہاتھ کی لکڑی 2 بڑھاپے کا سہارا 3 مجازاً فرزند رشید 4 بوڑھے کا لڑکا۔
عصائے موسےٰ (ء) اسم مذکر۔حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ کی لکڑی۔جس میں بہت سے معجزے تھے۔
عصابہ (ء) اسم مذکر۔عورتوں کے سر سے باندھنے کا کپڑا۔
عصارہ (ء) اسم مذکر 1 نچوڑ 2 نچوڑا ہوا پانی 3 رس 4 شیرہ۔
عصارہ ریوند (عف) ایک سرخی مائل زرد دوا کا نام ہے جو مسہل ہر خلط فاسد ہے۔
عصب (ء) اسم مذکر 1 پٹھا 2 نس 3 ایک سفید چمکدار چیز جس سے اعضا کی حرکت اور مضبوطی ہے۔
عصبیت (ء) اسم مونث 1 مضبوطی 2 استواری 3 رشتہ داری 4 طرفداری۔
عصر (ء) اسم مذکر 1 زمانہ 2 روزگار 3 وقت 4 دن کا آخری حصہ 5 ایک نماز کا نام۔
عصمت (ء) اسم مونث 1 پاکدامنی 2 پارسائی 3 پرہیزگاری 4 بے گناہی۔
عصیاں (ء) اسم مذکر 1 نافرمانی 2 گناہ 3 جرم 4 خطا 5 سرکشی 6 بغاوت 7 پاپ 8 روش۔

## ح ← ض

عضلہ (ء) اسم مذکر 1 بازو کی مچھلی 2 ڈولہ 3 اولہ 4 گوشت کی مچھلی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

عضو (ع) اسم مذکر ① بدن کا حصہ ② جوڑ ③ ٹکڑا ④ بدن ⑤ جسم ⑥ اندام۔

عضوتناسل (ع) اسم مذکر۔ نسل بڑھانے کا آلہ۔

## ع ← ط

عطا (ع) اسم مونث ① بخشش ② سخاوت ③ انعام ④ دینا۔

عطا کرنا (ا) فعل ① دینا ② بخشش کرنا ③ مفت دینا ④ رحمت کرنا۔

عطائے تو بہ لقائے تو (ف) مثل ① آپ کا دیا آپ پر ہی تصدق ہے ② کسی کی دی ہوئی چیز کی ناپسندیدگی کے وقت بولتے ہیں۔

عطار (ع) اسم مذکر ① عطر فروش ② دوافروش ③ پنساری۔

عطار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا (ا) کہاوت۔ عطار کی بوتل اور مداری کا پٹارا دونوں قابل اعتبار ہیں۔ کیونکہ عطار ایک بوتل سے ہر قسم کا شربت وغیرہ اور مداری اپنے پٹارے سے طرح طرح کے کھیل دکھا دیتا ہے۔

عطارد (ع) اسم مذکر ① بدھ ستارا ② دبیر فلک منشی آسمان ③ کیمیا گر جست دھات کو کہا کرتے ہیں۔

عطائی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ بے استاد اور بلا مدد استاد اپنے شوق سے کسی کام کو سیکھ جانے والا۔

عطر (ع) اسم مذکر ① خوشبو ② سگندھ ③ مہک ④ ست ⑤ خلاصہ ⑥ لب لباب جوہر۔

عطردان (عف) اسم مذکر۔ عطر رکھنے کا برتن۔

عطر کا پھویا (ا) اسم مذکر۔ عطر میں تر کی ہوئی۔

عطر کھینچنا/ نکالنا (ا) فعل ① ست نکالنا ② کشید کر کے خوشبو کا تیل نکالنا ③ انس نکال لینا ④ طاقت کھینچ لینا ⑤ خلاصہ نکالنا ⑥ جوہر نکال لینا۔

عطر و پان کی تواضع (ا) اسم مونث۔ مہمان کی خاطر و مدارات۔

عطریات (ع) اسم مذکر۔ عطر کی جمع۔

عطسہ (ع) اسم مذکر۔ چھینک۔

عطش (ع) اسم مذکر ① پیاس ② تشنگی۔

عطف (ع) اسم مذکر ① موڑنا ② پھیرنا ③ لپیٹنا ④ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیرنا۔

عطیہ (ع) اسم مذکر ① دی ہوئی چیز ② انعام ③ بخشش ④ عطا۔

## ع ← ظ

عظم (ع) اسم مذکر ① ہڈی ② استخوان۔

عظما (ع) اسم مذکر ① عظیم کی جمع ② بڑے لوگ ③ بزرگ لوگ۔

عظمت (ع) اسم مونث ① بڑائی ② بزرگی ③ شان و شوکت ④ قدر و منزلت۔

عظمیٰ (ع) اسم مونث ① اعظم کی مونث ② بڑی بزرگ۔

عظیم (ع) اسم صفت ① بڑائی والا ② بڑا ③ بزرگ کلاں ④ سخت ⑤ نہایت۔

عظیم الشان (ع) اسم صفت ① بہت بڑا ② بڑی شان و شوکت والا ③ قدر والا۔

## ع ← ف

عفت (ع) اسم مونث ① پاکدامنی ② پاکیزگی ③ عصمت ④ پارسائی ⑤ پرہیزگاری۔

عفت میں خلل ڈالنا (ع) فعل ① عزت لینا ② عصمت بگاڑنا ③ ست ڈگانا۔

عفو (ع) اسم مذکر ① معافی ② خطا بخشنا ③ بخشش۔

عفو کرنا (ا) فعل ① معاف کرنا ② گناہ بخشنا ③ درگزر کرنا۔

عفونت (ع) اسم مونث ① بدبو ② گندگی ③ سڑاند۔

عفیف (ع) اسم صفت ① پارسا ② پرہیزگار ③ پاک صاف ④ پاکدامن۔

عفیفہ (ع) اسم صفت مونث ① پرہیزگار عورت ② پارسا عورت ③ باعصمت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140272181

عورت ❹ ستونتی عورت۔

## ع ← ق

عقاب (ء) اسم مذکر ❶ کالے رنگ کا طاقتور بلند پرواز شکاری پرندہ ہے۔ ❷ - (کیمیاگر) نوشادر۔

عقائد (ء) اسم مذکر۔ عقیدہ کی جمع۔

عقب (ء) اسم مذکر ❶ پچھواڑ ❷ پیچھے ❸ پیٹھ پیچھے ❹ پس پشت۔

عقبیٰ (ء) اسم مونث ❶ دوسرا جہان ❷ آخرت ❸ عاقبت۔

عقد (ء) اسم مذکر ❶ گانٹھ ❷ بندھن ❸ گرہ ❹ گٹھ جوڑا ❺ نکاح ❻ قول اقرار ❼ بیع ❽ فروخت۔

عقد کرنا (ء) فعل ❶ بیاہ کرنا ❷ نکاح کرنا۔

عقدہ (ء) اسم مذکر ❶ گانٹھ ❷ گرہ ❸ گل جھٹی ❹ پیچیدہ بات ❺ مشکل معمہ ❻ بھید ❼ راز ❽ دل کی بات ❾ الجھاؤ۔

عقدہ حل ہونا (ا) فعل ❶ گروہ کھلنا ❷ مشکل دور ہونا ❸ دقت رفع ہونا۔

عقدہ کشائی (ف) اسم مونث ❶ مشکل حل کرنا ❷ دقت دور کرنا ❸ بھید کھل جانا ❹ راز فاش ہوجانا ❺ مشکل حل ہوجانا۔

عقر (ء) اسم مذکر ❶ بانجھ پن ❷ بانجھ ہونا۔

عقرب (ء) اسم مذکر ❶ بچھو ❷ کشدم ❸ آسمان کا آٹھواں برج ❹ برچھک۔



عقرب

عقرقرحا (ء) اسم مذکر۔ (دیکھو عقرقرحا)۔

عقل (ء) اسم مذکر ❶ لغوی اونٹ کے پاؤں میں رسی باندھنا ❷ اصطلاحاً خرد ❸ دانائی ❹ بدھ ❺ بدھی ❻ گیان ❼ شعور ❽ فہم ❾ برے بھلے کی شناخت کرنے کی قوت۔

عقل انسانی (ء) اسم مونث۔ انسان کی وہ قوت تمیز جس کے باعث وہ تمام حیوانات پر ممتاز ہے۔

عقل اول (ء) اسم مذکر ❶ سب سے پہلے پیدا شدہ فرشتہ ❷ جوہر اول ❸ جبرائیل ❹ نور محمدی۔

عقل بڑی کہ بھینس (ا) فعل ❶ عقل ماری جانا ❷ بیوقوفی ہونا ❸ عقل کا ستیاناس جان۔

عقل پر پردہ پڑ جانا (ا) فعل ❶ عقل کا جاتا رہنا ❷ پاگل اور بیوقوف ہوجانا۔

عقل پر ٹپکی پڑنا (ا) فعل ❶ عقل پر آفت آنا ❷ عقل ماری جانا۔

عقل پکڑنا (ا) فعل ❶ ہوش مین آنا ❷ تربیت پانا ❸ شعور اختیار کرنا ❹ تمیز پکڑنا۔

عقل جانا (ا) فعل ❶ حواس باختہ ہوجانا ❷ ہوش نہ رہنا ❸ ہوش جانا۔

عقل چرخ میں آنا / جانا / ہونا (ا) فعل ہوش گم ہونا ❶ حواس باختہ ہونا ❷ ششدر ہوجانا ❸ چوکڑی بھولنا ❹ سٹی گم ہوجانا ❺ اوسان باختہ ہونا ہوش وحواس قائم نہ رہنا ❻ حیران ہونا سمجھ میں نہ آنا۔

عقل چرنے جانا (ا) فعل ❶ عقل کا پاس نہ ہونا ❷ عقل اک موجود نہ ہونا ❸ ہوش وحواس ٹھکانے نہ رہنا۔

عقل چکرانا / چکر میں آنا (ا) فعل ❶ اوسان خطا ہونا ❷ متحیر ہوجانا ❸ سمجھ سے باہر ہونا۔

عقل حیوانی (ء) اسم مونث۔ جانوروں کی فطرتی عقل جو انھیں قدرت نے دی ہے۔

عقل خرچ کرنا / دوڑانا (ا) فعل ❶ غوروفکر سے کام لینا ❷ سمجھ دوڑانا ❸ رائے لڑانا۔

عقل دینا (ا) فعل ❶ سمجھ کی بات بتانا ❷ غوروفکر سے کام لینا ❸ سمجھ دوڑانا ❹ شعور سکھانا۔

عقل سٹھیانا / سٹھیان جانا (ا) فعل ❶ بڑھاپے کے باعث عقل جاتی رہنا ❷ بوڑھا بیوقوف ہوجانا۔

عقل سلیم (ء) اسم مونث ❶ صحیح عقل ❷ درست عقل ❸ پوری عقل ❹ رائے صاحب۔

عقل کا پتلا (ا) اسم مذکر ❶ مجسم عقل ❷ نہایت عقلمند ❸ نہایت ذکی وزود فہم۔

عقل کا پورا (ا) اسم مذکر (طنزاً) ❶ بالکل بیوقوف ❷ نہایت احمق ❸ مورکھ ❹ کاٹھ کا الو۔

رز عقل کا چراغ گل ہوجانا (ا) فعل ❶ عقل زائل ہوجانا ❷ سمجھ نہ رہنا ❸ سمجھ میں فرق آجانا۔

رز عقل کا دشمن (ا) اسم مذکر ❶ عقل سے بیر رکھنے والا ❷ بیوقوف ❸ احمق ❹ بدھو۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

عقل کا مارا (ا) اسم صفت ❶ بیوقوف ❷ الو ❸ احمق ❹ گاؤدی۔

عقل کام نہیں کرتی (ا) محاورہ ❶ سمجھ میں نہیں آتا ❷ عقل اور فہم سے باہر ہے۔

عقل کل (ع) اسم مذکر ❶ عقل کامل ❷ مراد نور محمدی جبرائیل علیہ السلام ❸ کنایۃً عرش اعظم۔

عقل کے طوطے اڑ گئے (ا) محاورہ ❶ عقل جاتی رہی ❷ چھکے چھوٹ گئے ❸ گھبرا گئے ❹ حواس باختہ ہو گئے۔

عقل کی کوتاہی (ا) اسم مونث ❶ سمجھ کا قصور ❷ سمجھ کا گھاٹا ❸ بے سمجھی ❹ نادانی۔

عقل کے گھوڑے دوڑانا (ا) ❶ سوچ فکر کرنا ❷ منصوبے باندھنا ❸ خیال دوڑانا ❹ رائے لگانا ❺ خوض کرنا۔

عقل کی مار (ا) اسم مونث ❶ عقل کی پھٹکار ❷ بے عقلی۔

عقل کے ناخن لو/نعل بنواؤ (ا) محاورہ ❶ سمجھ کی بات کرو ❷ ہوش میں آؤ بیوقوف۔

عقل میں آنا (ا) فعل ❶ سمجھ میں آنا ❷ سمجھ لینا ❸ خیال میں آنا۔

عقل میں فتور پڑنا/آنا (ا) فعل ❶ سمجھ میں خرابی آنا ❷ حواس ٹھکانے نہ رہنا ❸ پاگل ہو جانا۔

عُقلا (ع) اسم مذکر ❶ عاقل کی جمع ❷ دانش ور ❸ باشعور لوگ۔

عقلائے زمانہ (عف) اسم مذکر ❶ دنیا کے دانا ❷ جہان کے عقلمند۔

عقلاً (ع) تابع فعل ❶ عقلیہ طور پر ❷ عقل کی رو سے ازروے عقل ❸ بلحاظ عقل۔

عقلمند (عف) اسم صفت فاعلی ❶ دانا ❷ عاقل ❸ عقل والا ❹ سمجھدار۔

عقلمند کی دور بلا (ا) کہاوت ❶ عقلمند بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں اور آفت سے بچ جاتے ہیں ❷ عقلمند کی بلا دور ہی رہا کرتی ہے۔

عقلمندی (عف) اسم مونث ❶ دانائی ❷ فہم و فراست ❸ ہوشیاری۔

عقلی (ا) اسم مونث ❶ منسوب بہ عقل ❷ وہ بات جو بظاہر تو نہ ہو مگر سمجھ میں آ جائے۔

عقوبت (ع) اسم مونث ❶ دکھ ❷ عذاب ❸ سزا ❹ سرزنش۔

عقول (ع) اسم مونث ❶ عقل کی جمع ❷ دانائیاں۔

عقول عشرہ (ع) اسم مذکر۔ دسوں فرشتے جنھیں اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرے کے بعد پیدا کیا۔

عقیدت (ع) اسم مونث ❶ کسی بات پر دل لینا ❷ دل کا ارمان ❸ بھروسہ ❹ اعتقاد ایمان۔

عقیدہ (ع) اسم مذکر ❶ لغوی، دل میں جمایا ہوا ❷ مجازاً اعتقاد ❸ یقین ❹ بھروسہ ❺ ایمان۔

عقیق (ع) اسم مذکر ❶ سرخ رنگ کا ایک پتھر ❷ تشبیہاً لب سرخ معشوق۔

عقیق البحر (ع) اسم مذکر۔ مونگا۔

عقیقہ (ع) اسم مذکر ❶ لغت میں پیٹ کے بال یعنی حمل میں بچے کے سر پر پیدا شدہ بال ❷ اصطلاح میں بچہ کا مونڈن ❸ سر مونڈنے اور نام رکھنے کی رسم ساتویں دن ادا کی جاتی ہے۔ لڑکی کے لئے ایک اور لڑکے کے لئے دو بکرے ذبح کر کے اس کا گوشت کچا تقسیم کرتے یا پکا کر کھلا دیتے ہیں۔

عقیل (ع) اسم صفت مذکر ❶ نہایت عقلمند ❷ بڑا دانا ❸ نہایت ذکی آدمی۔

عقیم (ع) اسم صفت ❶ بانجھ ❷ وہ مرد یا عورت جس کا نطفہ قرار نہ پکڑے۔

عقیمہ (ع) اسم صفت مونث ❶ بانجھ عورت ❷ وہ عورت جس کے بال بچہ نہ ہوتا ہو۔

## ع ← ک

عکاس (ع) اسم مذکر ❶ فوٹوگرافر ❷ تصویر کھینچنے والا۔

عکاسی (ع۔ف) اسم مونث ❶ تصویر کشی ❷ عکس لینا۔

عُکاظ (ع) اسم مذکر۔ ایک میلہ جو اسلام سے قبل مکہ میں لگا کرتا تھا۔

عکس (ع) اسم مذکر ❶ الٹا ❷ اوندھا ❸ سایہ ❹ پرچھائیں ❺ پرتو ❻ لوٹنا ❼ آئینہ یا پانی یا مجلا چیزیں نظر آنے والی صورت۔

عکس کھینچنا/اتارنا (ا) فعل ❶ تصویر اتارنا ❷ سایہ کے ذریعہ فوٹو لینا۔

عکسی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی منسوب بہ عکس۔

## ع ← ل

علاج (ع) اسم مذکر ❶ چارہ ❷ اُپائے ❸ تدبیر ❹ درستی ❺ بیمار کی دوا دارو ❻ معالجہ ❼ بدلہ عزا ❽ عوض ❾ پاداش۔

علاج کرنا (ا) فعل ❶ دوا دارو کرنا ❷ معالجہ کرنا ❸ دفعیہ کرنا ❹ تدبیر کرنا ❺

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140772

www.besturdubooks.net

سزا دینا (6) درست کرنا (7) ٹھیک بنانا (8) سرزنش کرنا۔

**علاج معالجہ** (ع) اسم مذکر (1) دوادارو (2) دوا درماں۔

**علاقہ** (ع) اسم مذکر (1) لگاؤ (2) تعلق (3) میل (4) میل جول (5) نوکری (6) ملازمت (7) عہد (8) صلح (9) حلقہ۔

**علاقہ اٹھ جانا** (ا) (1) سروکار نہ رہنا (2) تعلق نہ رہنا (3) لگاؤ نہ رہنا (4) قطع تعلق ہونا۔

**علاقہ دار** (ف) اسم مذکر (1) رشتہ دار (2) تعلقہ دار (3) ضلعدار۔

**علاقہ رکھنا** (فعل) (1) نسبت رکھنا (2) واسطہ رکھنا (3) تعلق رکھنا (4) لگاؤ رکھنا۔

**علالت** (ع) اسم مونث (1) بیماری (2) دکھ (3) درد (4) تکلیف (5) روگ (6) بہانہ کرنے کی بات۔

**علام** (ع) اسم مذکر (1) بہت جاننے والا (2) نہایت عالم و فاضل (3) ہر بات جاننے والا۔

**علام الغیوب** (ع) اسم مذکر صفت (1) پوشیدہ باتیں جاننے والا (2) غیب کی ماضی و آیندہ باتیں جاننے والا۔

**علامات** (ع) اسم مونث (1) علامت کی جمع (2) نشانیاں (3) بلائیں (4) بلیات۔

**علامت** (ع) اسم مونث (1) نشانی (2) لچھن (3) پتہ (4) سراغ (5) کھوج (6) اشارہ (7) کنایہ (8) مہر (9) چھاپ۔

**علامت تذکیر و تانیث** (ع) اسم مونث۔ نر و مادہ کی پہچاننے والی نشانی۔

**علامہ** (ع) اسم مونث (1) بہت جاننے والی عورت (2) نہایت عالم فاضل عورت (3) (بحالت اردو مذکر) دانا اور فاضل آدمی (4) مکار آدمی (5) نہایت مکار عورت (6) بدعورت (7) گستاخ عورت (8) نہایت چالاک عورت۔

**علامہ دہر/علامۃ الدہر** (ع) اسم مذکر (1) دنیا بھر کا عالم فاضل (2) بہت بڑا عالم (3) (بحالت صفت) سخت چالاک و ہوشیار (4) مکار (5) عیار (6) عیارہ۔

**علانیہ** (ع) تابع فعل (1) کھلم کھلا (2) سب کے سامنے (3) ظاہرا (4) آشکارا۔

**علاوہ** (ع) حرف استثناء (1) سوا (2) ماسوا (3) بجز (4) اس کے سوا۔

**علاوہ ازیں** (ف) حرف استثنا (1) اس کے سوا (2) اس کے باوجود (3) باوجود یکہ۔

**علائق** (ع) اسم مذکر (1) علاقہ کی جمع (2) تعلقات (3) بکھیڑے۔

**علت** (ع) اسم مونث (1) روگ (2) دکھ (3) بیماری (4) مرض (5) وجہ (6) باعث (7) سبب (8) نکمی اور ناکارہ چیز۔

**علت نامہ** (ع) اسم مونث (1) سبب کامل (2) پورا (3) سبب (4) پوری توجہ (5) اصل باعث۔

**علت صوری** (ع) اسم مونث (1) ظاہری سبب (2) صورت اختیار کرنے کی وجہ۔

**علت غائی** (ع) اسم مونث (1) فائدہ (2) پھل (3) وجہ (4) نتیجہ (5) مقصود اصلی۔

**علت فاعلی** (ع) اسم مونث (1) سبب (2) ایجاد (3) وہ سبب جس سے کوئی شے بنی ہو۔

**علت لگا لینا** (ا) فعل (1) مصیبت خرید لینا (2) عادت ڈال لینا (3) اپنے پیچھے لگا لینا۔

**علت لگانا** (ا) فعل (1) تہمت دھرنا (2) الزام لگانا (3) ملزم بنانا (4) کسی چیز کا عادی ہونا۔

**علت و معلول** (ع) اسم مذکر (1) سبب اور مسبب (2) کارن۔

**عُلف** (ع) اسم مذکر (1) گھاس (2) گیاہ (3) چارہ۔

**علف زار** (عف) اسم مذکر ظرف (1) سبزہ زار (2) چراگاہ (3) ڈنگر ڈھور چراجے کی جگہ۔

**علل** (ع) اسم مونث۔ علت کی جمع۔

**عَلم** (ع) اسم مذکر (1) نشان (2) نیزہ (3) جھنڈا (4) جھنڈی (5) بیرق (6) امام حسینؓ یا شہدائے کربلا کا جھنڈا (7) خاص نام جس سے آدمی مشہور ہو (8) مشہور (9) رسوا۔

**علم اٹھنا** (ا) فعل۔ محرم کی ساتویں تاریخ کو شہیدانِ کربلا کی یادگار میں جھنڈے نکالنا۔

**عَلَم بردار** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) وہ شخص جو لڑائی یا سواری کے وقت فوج کا جھنڈا لے کر چلے (2) جھنڈا اٹھانے والا (3) علم دار۔

**علم دار** (عف) اسم مذکر (1) فوج کا جھنڈا لے کر چلنے والا (2) جھنڈا بردار (3) حضرت عباس ابن علی کرم کا لقب ہے۔

**علم کرنا** (ا) فعل (1) تلوار کو میان سے نکالنا (2) ننگی تلوار کو اوپر اٹھا کر رکھنا۔

**علم ہونا** (ا) فعل (1) مشہور ہونا (2) رسوا ہونا (3) بدنام ہونا۔

**عِلم** (ع) اسم مذکر (1) جاننا (2) دانش (3) واقفیت (4) خبر (5) بدیا (6) گن (7) ہنر (8) جوہر (9) جادو۔

**علم اخلاق** (ع) اسم مذکر۔ وہ علم جس کے ذریعہ انسان کی عادتیں درست

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

ہوں۔

**علم ادب** (ع) اسم مذکر۔ زباندانی کا علم یعنی انشاء پردازی معانی بیان اور اخلاق وغیرہ۔

**علم الٰہی** (ع) اسم مذکر۔ وہ علم جس میں ان امور سے بحث ہو جو وجود خارجی میں مادے کے محتاج نہ ہوں۔

**علم الیقین** (ع) اسم مذکر ❶ کسی کا بن دیکھے یقین کر لینا ❷ یقین کی پہلی قسم ہے۔

**علم لدنی** (ع) اسم مذکر۔ وہ علم جو کسی کو محض خدا تعالیٰ کے فیض سے بے محنت وبلا استاد حاصل ہو۔

**علما** (ع) اسم مذکر ❶ عالم کی جمع ❷ عالم فاضل لوگ۔

**علمائے دہر** (ع) اسم مذکر ❶ دنیا کے عالم ❷ دنیا کے فاضل۔

**علمی** (ع) اسم صفت ❶ منسوب بہ علم ❷ علم سے متعلق ❸ اس میں یائے نسبتی ہے۔

**علمیت** (ع) اسم مونث ❶ بدیا ❷ علم ❸ علم ہونا۔

**علو** (ع) اسم مذکر ❶ اونچائی ❷ بلندی۔

**علو ہمت/علو ہمتی** (ع) اسم مونث ❶ ارادے کی بلندی ❷ بلند ہمتی ❸ بات کی بلندی ❹ عالی ہمتی۔

**علوفہ** (ع) اسم مذکر ❶ خوراک کھایا ❷ راتب ❸ بھتہ ❹ روزینہ ❺ وظیفہ۔

**علوم** (ع) اسم مذکر ❶ علم کی جمع ❷ ہنر وفن۔

**علوم مشرقی** (ع) اسم مذکر ❶ ایشیائی علم وفن ❷ عرب، فارسی، سنسکرت اور اردو زبان کے علم۔

**علوم مغربی** (ع) اسم مذکر۔ وہ علوم جو یورپ کے ملکوں میں ان کی زبانوں میں رائج ہیں۔

**علوی** (ع) اسم صفت ❶ حضرت علی کی اولاد ❷ اصطلاحاً سید جو حضرت فاطمہ کی اولاد سے نہ ہو۔

**علوی** (ع) اسم مذکر ❶ فرشتہ ❷ فلک ❸ ستارہ ❹ کوکب ❺ آسمانی۔

**علی** (ع) اسم مذکر ❶ اونچا ❷ بلند ❸ خلیفہ چہارم کا نام۔

**علی بند** (ف) ❶ ایک زیور کا نام ہے جسے شیعہ لوگ کلائی پر باندھتے ہیں ❷ جادو کا اثر روکنے والا تعویذ ❸ کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔

**علی دھت** (ا) اسم صفت ❶ بڑا قد آور ❷ قوی ہیکل۔

**علیٰ** (ع) حرف جر ❶ اوپر ❷ پر ❸ بر۔

**علیٰ الاتصال/علی التواتر** (ع) تابع فعل ❶ لگاتار ❷ پے در پے ❸ متواتر ❹ یکے بعد دیگرے۔

**علے الحساب** (ع) تابع فعل ❶ چلتے حساب میں ❷ بلا حساب چکائے ❸ بلا فصل حساب ❹ بلا حساب ❺ پیشگی طور پر۔

**علے الحساب دینا** (ا) فعل ❶ پیشگی طور پر دینا ❷ رنج کے طور پر دینا ❸ قرض دینا۔

**علے الخصوص** (ع) تابع فعل ❶ خاص طور پر ❷ خاص کر ❸ بالخصوص۔

**علے الدوام** (ع) تابع فعل ❶ ہمیشہ کے لیے ❷ ہمیشہ کے طور پر۔

**علے الصباح** (ع) تابع فعل ❶ بہت سویرے ❷ نور کے تڑکے ❸ تڑکے ہی۔

**علے العموم** (ع) تابع فعل ❶ عام طور پر ❷ عموماً۔

**علیٰ قدر مراتب** (ع) تابع فعل ❶ اسی قیاس پر ❷ مرتبہ کے موافق ❸ درجہ وار۔

**علیٰ ہذا القیاس** (ع) تابع فعل ❶ اسی قیاس پر ❷ اسی طرح سے ❸ یونہی ❹ اسی طور پر۔

**علیا** (ع) اسم مونث ❶ اعلیٰ کی تانیث ہے ❷ بہت بلند۔

**علیحدگی** (ف) اسم مونث ❶ الگ ہونا ❷ جدائی ❸ تنہائی ❹ خلوت۔

**علیحدہ** (ع) اسم صفت ❶ علیٰ حدہ کا بگاڑ ہے ❷ جدا ❸ نیارا ❹ الگ ❺ علاوہ ❻ سوائے ❼ (تابع فعل) متفرق ❽ الگ الگ ❾ شرکت سے باہر۔

**علیحدہ علیحدہ** (ع) تابع فعل ❶ جدا جدا ❷ الگ الگ ❸ نیارا نیارا۔

**علیحدہ کرنا** (ا) فعل ❶ چھانٹنا ❷ چننا ❸ جدا کرنا ❹ موقوف کرنا۔

**علیل** (ع) اسم صفت ❶ بیمار ❷ روگی ❸ دکھیا۔

**علیم** (ع) اسم صفت ❶ دانا ❷ جاننے والا ❸ علم والا ❹ بدیا دان ❺ فاضل ❻ خدائے تعالیٰ کا ایک نام بھی ہے۔

**علیہ** (ع) تابع فعل ❶ اس پر ❷ اس کے اوپر۔

**علیہ الرحمۃ** (ع) کلمہ دعا۔ اس پر خدا کی رحمت ہو۔

**علیہ السلام** (کلمہ دعا) ❶ اس پر خدا کی مہربانی اور عنایت ہو ❷ اس پر سلام ہو۔

**علیہم** (ع) تابع فعل ❶ ان پر ❷ ان کے اوپر ❸ علیہ کی جمع ہے۔

**علیہم السلام** (ع) کلمہ دعا۔ ان سب پر خدا کا درود اور سلام ہو۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**علیین** (ع) اسم مونث (1) بہشت کا نام ہے (2) آسمان ہشتم (3) جنت کے اونچے اونچے مکان یا جنت کی کھڑکیاں (4) علیہ کی جمع ہے۔

## ع ← م

**عم** (ع) اسم مذکر (1) چچا (2) باپ کا چھوٹا بھائی۔

**عم زادہ** (ف) اسم مذکر (1) چچا کا بیٹا (2) چچیرا بھائی (3) چچازاد بھائی۔

**عمارت** (ع) اسم مونث (1) مکان (2) گھر (3) مسکن (4) محل (5) آبادی (6) بستی۔

**عماری** (ع) اسم مونث (1) ہاتھی کا ہودا (2) ہاتھی کا ہودج جو اس کے اوپر رکھ کر بیٹھتے ہیں۔

**عمال** (ع) اسم مذکر (1) عامل کی جمع (2) حاکم (3) اہلکار (4) پرگنوں کے حاکم (5) تحصیلدار۔

**عمامہ** (ع) اسم مذکر (1) پگڑی (2) تاج (3) پھینٹا (4) دستار۔

**عمد** (ع) اسم مذکر (1) ارادہ (2) قصد (3) نیت (4) منشا (5) اختیار سے کوئی کام کرنا۔

**عمداً** (ع) تابع فعل (1) جان بوجھ کر (2) ارادتاً (3) قصداً (4) دیدہ دانستہ۔

**عمدگی** (ا) اسم مونث۔ (1) خوبی (2) ہنر (3) بھلائی (4) بزرگی۔

**عمدہ** (ع) اسم صفت (1) اچھا (2) خوب (3) شریف (4) امیر (5) ذی مرتبہ (6) منتخب (7) پسندیدہ (8) معتمد (9) اعتبار والا۔

**عمدۃ الملک** (ع) اسم مذکر۔ ملکی اعلیٰ عہدہ داروں کا خطاب ہے جو شاہی زمانے میں ملا کرتا تھا۔

**عمر** (ع) اسم مونث (1) مدت (2) عرصہ (3) زمانہ (4) سن وسال۔

**عمر بھر** (ا) تابع فعل (1) تمام عمر (2) سدا (3) ہمیشہ (4) نت (5) جیتے جی۔

**عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا** (ا) فعل (1) بہت سا روپیہ اڑا لینا (2) تمام عمر کے خرچ کے قابل روپیہ بنا لینا۔

**عمر پٹہ لکھوانا/لکھوا لانا/لکھا لانا/لکھا لینا** (ا) فعل (1) ہمیشہ زندہ رہنے کا ٹھیکہ لے لینا (2) ہمیشہ رہنے کا ٹھیکہ لکھا لانا۔

**عمر تیر کرنا/ٹیر کرنا** (ا) فعل (1) عمر گزارنا (2) عمر کے دن پورے کرنا (3) عمر بسر کرنا (4) عمر کاٹنا (5) برے حالوں جینا۔

**عمر دراز** (عف) اکلمہ دعا (1) خدا کرے بڑی عمر ہو (2) جیتے رہو۔

**عمر رسیدہ** (عف) اسم صفت (1) عمر کو پہنچ چکا ہوا (2) بڑا بوڑھا (3) تجربہ کار۔

**عمر طبعی/طبیعی** (ع) اسم مونث (1) اصلی عمر (2) پوری عمر حکمت اور فطرت کی رو سے مقررہ عمر۔

**عمر قید** (ا) اسم مونث (1) جیتے جی کی قید (2) عمر بھر کی قید (3) حبس دوام۔

**عمر کا پیمانہ بھر جانا/لبریز ہو جانا** (ا) فعل (1) مرنے کا وقت آ جانا (2) زندگی پوری ہو جانا۔

**عمر کاٹنا** (ا) فعل (1) عمر بسر کرنا (2) بدمزگی میں دن گزارنا۔

**عمر کے دن بھرنا/پورے کرنا** (ا) فعل (1) جوں توں کر کے عمر گزارنا (2) عمر کے دنوں کو دھکا دینا۔

**عمر نوح** (ع) اسم مونث (1) حضرت نوح کی سی عمر (2) بہت دراز عمر (3) بہت بڑی عمر۔

**عمرہ** (ع) اسم مذکر۔ حاجیوں کی وہ عبادت جس میں ایام حج کے سوا خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہیں۔

**عمق** (ع) اسم مذکر (1) گہرائی (2) تہ (3) خوض یا دریا یا غار کی تھا (4) قعر۔

**عمل** (ع) اسم مذکر (1) کام (2) کاج (3) کارج (4) دھندا (5) کاروائی (6) برتاؤ (7) استعمال (8) مشق (9) عادت۔

**عمل بیٹھنا/بیٹھ جانا** (ا) فعل (1) قبضہ ہونا (2) حکومت ہو جانا (3) عمل دخل ہونا۔

**عمل پانی** (ا) اسم مذکر۔ نشہ پانی۔

**عمل پڑھنا** (ا) فعل۔ افسوں یا منتر وغیرہ کو خاص ترتیب سے پڑھنا۔

**عمل دار** (عف) اسم مذکر (1) حاکم (2) تحصیلدار (3) ضلع دار۔

**عمل داری** (عف) اسم مونث (1) حکومت (2) راج (3) ریاست (4) علاقہ (5) قلمرو (6) اختیار (7) حکم۔

**عمل دخل** (ا) اسم مذکر (1) قبضہ (2) اختیار (3) حکومت (4) تخت۔

**عمل درآمد** (عف) اسم مذکر (1) تعمیل (2) کارروائی کرنا (3) کارروائی۔

**عمل کرنا** (ا) فعل (1) بات ماننا (2) کہنے کے مطابق کام کرنا (3) برتنا (4) اثر کرنا (5) نشہ پانی کرنا (6) قبضہ کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149...218

www.besturdubooks.net

**عمل ہونا** (ا) فعل ① نشہ ہونا ② قبضہ ہونا ③ کسی بات پر کاربند ہونا ④ حکومت ہونا۔

**عملہ** (ء) اسم مذکر ① عامل کی جمع ② اہلکار ③ دفتر کے ملازم ④ کچہری کے لوگ ⑤ مکان کا سامان۔

**عملہ دخلہ** (ا) اسم مذکر ① قبضہ وتصرف ② تحت وتصرف۔

**عملہ فعلہ** (ا) اسم مذکر ① کسی دفتر کے ملازم ② اہلکار ③ محکمہ کے نوکر چاکر ④ ہالی موالی۔

**عملی** (ء) اسم صفت ① نشہ باز ② نشئی ③ نشہ کا عادی۔

**عموں** (ء) اسم مذکر ① چچا ② باپ کا چھوٹا بھائی۔

**عمود** (ء) اسم مذکر ① ستون ② تھم ③ ترازو کی موٹھ ④ علم ہندسہ میں وہ خط مستقیم جو دوسرے خط پر سیدھا واقع ہوکر دونوں متصلہ زاوئے باہم برابر پیدا کرے عمود کہلاتا ہے اور یہ زاوئے قائمے زاویہ کہلاتے ہیں۔

**عمودوار** (عف) اسم صفت ① بالکل سیدھا ② گنیا سیدھ۔

**عموم** (ء) اسم مذکر ① عام ② بیشتر ③ علے العموم ④ سب کو گھیرے ہوئے۔

**عموماً** (ء) تابع فعل ① عام طور پر ② علے العموم۔

**عمیم** (ء) اسم صفت ① پورا ② تمام ③ سب میں شامل ④ عام۔

**عمیق** (ء) اسم صفت ① گہرا ② دونگا ③ اتھاہ ④ ڈباؤ۔

## ع ← ن

**عناب** (ء) اسم مونث۔ ولایتی بیر جو نہایت گہرے سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

**عنابی** (ء) اسم مونث ① عناب کے رنگ کا ② سیاہی مائل سرخ عناب جیسا۔

**عناد** (ء) اسم مذکر ① دشمنی ② لڑائی ③ سرکشی ④ بیر ⑤ ضد ⑥ ہٹ ⑦ کپٹ ⑧ کینہ۔

**عنادل** (ء) اسم مذکر ① عندلیب کی جمع ② بلبلیں۔

**عناصر** (ء) اسم مذکر ① عنصر کی جمع ② چاروں عنصر مثلاً آگ، ہوا، پانی اور مٹی۔

**عنان** (ء) اسم مونث ① باگ ② باگ ڈور ③ راس۔

**عنایات** (ء) اسم مونث ① بخشش ② مہربانی ③ لطف ④ تحفہ ⑤ عطیہ ⑥ توجہ ⑦ التفات ⑧ عنایت کی جمع ہے مگر اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔

**عنایت** (ء) اسم مونث ① نوازش ② مہربانی ③ لطف ④ توجہ۔

**عنایت کرنا/فرمانا** (ا) فعل ① مہربانی کرنا ② احسان کرنا ③ بخشنا ④ دینا ⑤ توجہ کرنا۔

**عنایت ہے** (ا) محاورہ ① مہربانی ہے ② کرم ہے ③ نوازش ہے۔

**عنب** (ء) اسم مذکر ① انگور ② داکھ ③ کشمش۔

**عنب الثعلب** (ء) اسم مذکر ① مکوہ ② ایک دوائی کا نام ہے۔

**عنبر** (ء) اسم مذکر۔ ایک قسم کی نہایت عمدہ خوشبودار چیز ہے جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے۔

**عنبر اشہب** (ء) اسم مذکر ① کالے رنگ کا عنبر ② سیاہ عنبر۔

**عنبرین** (عف) اسم صفت ① عنبر میں بسایا ہوا ② عنبر کے رنگ کا ③ کالا ④ نہایت خوشبودار ⑤ معطر ⑥ عطر ⑦ آگین۔

**عند** (ء) تابع فعل ① نزد ② نزدیک ③ پاس ④ سامنے ⑤ ساتھ ⑥ متصل ⑦ پیش۔

**عندالطلب** (ء) تابع فعل ① بروقت مطالبہ ② بلانے کے وقت ③ مانگنے کے وقت۔

**عندالضرورت** (ء) تابع فعل۔ ضرورت کے وقت۔

**عندالملاقات** (ء) تابع فعل ① ملاقات کے وقت ② بروقت ملاقات۔

**عندالوقوع** (ء) تابع فعل۔ واقع ہونے کے وقت۔

**عندلیب** (ء) اسم مونث ومذکر۔ بلبل ہزارداستان گلدم۔

**عندیہ** (ء) اسم مذکر ① (عندی کا مزید علیہ ہے) رائے ② ارادہ ③ منصوبہ ④ منشا۔

**عندیہ پانا/لینا/معلوم کرنا** (ا) فعل ① بھید لینا ② منشا معلوم کرنا ③ رائے دریافت کرنا۔

**عنصر** (ء) اسم مذکر ① اصل ② بنیاد ③ اصل جزو ④ اصل جڑ۔

**عنفوان** (ء) اسم مذکر ① شروع ② آغاز ③ ابتداء۔

**عنقا** (ء) اسم مذکر ① ایک وہمی جانور کا نام ہے جسے آج تک کسی نے بھی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

نہیں دیکھا ❷ صرف۔ شاعرانہ ڈھکوسلا ہے ❸ کمیاب ❹ نادر ❺ نایاب چیز۔

عنقا ہونا (ا) نایاب ہونا ❶ نادر و کمیاب ہونا ❷ مشکل ہونا ❸ دشوار ہونا ❹ گم ہونا ❺ غائب ہونا ❻ ناپید ہونا۔

عنقریب (ع) تابع فعل ❶ نزدیک ہی ❷ پاس ہی ❸ جلد ❹ فوراً۔

عنکبوت (ع) اسم مونث ❶ مکڑی ❷ مکڑ۔

عنوان (ع) اسم مذکر ❶ سرنامہ ❷ سرخ ❸ شروع ❹ آغاز ❺ طور ❻ ڈھنگ ❼ طرز ❽ طریق ❾ وجہ۔

## ع ← و

عوارض (ع) اسم مذکر ❶ عارضہ کی جمع ❷ بیماریاں ❸ روگ ❹ تکالیف

عواطف (ع) اسم مونث۔ عاطفہ کی جمع۔

عوام (ع) اسم مذکر ❶ عامہ کی جمع ہے ❷ عام لوگ ❸ مخلوق ❹ پرجا ❺ رعایا ❻ جاہل لوگ ❼ جہلا ❽ بازاری لوگ۔

عوام الناس (ع) اسم مونث ❶ عام لوگ ❷ عام آدمی ❸ سب لوگ ❹ کل لوگ۔

عوامل (ع) اسم مذکر ❶ عاملہ کی جمع ❷ عمل کرنے والے لوگ ❸ حاکم لوگ ❹ علم صرف میں وہ حروف جو اکثر اسموں کی ہیئت کو بدل دیتے ہیں۔

عوائب (ع) اسم مذکر۔ عیب کی جمع۔

عود (اسم مذکر ❶ واپسی ❷ پھرنا ❸ اعادہ ❹ لوٹنا۔

عود کرنا (ا) فعل ❶ اعادہ کرنا ❷ پھر آ جانا ❸ لوٹ آنا۔

عود (ع) اسم مذکر ❶ ایک سیاہ رنگ کی لکڑی ہے جو جلانے میں نہایت خوشبو دیتی ہے ❷ اگربتی ❸ سارنگی کی قسم کے ایک باجے کا نام ہے۔

عودسوز (ع) اسم مذکر ❶ عود جلانے کی انگیٹھی ❷ اگردان۔

عورات (ع) اسم مونث۔ عورت کی جمع۔

عورت (ع) اسم مونث ❶ انسان کے بدن کا وہ حصہ جس کا ننگا کرنا شرم کی بات ہے ❷ لگائی ❸ استری ❹ زن ❺ نار ❻ بیوی ❼ جورو ❽ زوجہ۔

عورت کی عقل گدی پیچھے/عورت کی مت گدی پیچھے (ا) مثل ❶ عورت بیوقوف ہوتی ہے ❷ اس لئے کسی بات کو دیر میں سمجھتی ہے۔

عِوض (ع) اسم مذکر ❶ بدلا ❷ معاوضہ ❸ جرمانہ ❹ ڈنڈ ❺ تاوان ❻ قائم مقام ❼ بجائے ❽ سزا ❾ عذاب۔

عوض لینا (ا) فعل ❶ بدلہ لینا ❷ کئے کی سزا دینا۔

عوض معاوض (ف) اسم مذکر ❶ الٹا پلٹی ❷ اول بدل ❸ معاوضہ باہمی۔

عوض معاوض گلہ ندارد (ف) مثل۔ لینے دینے کے بعد پھر کیا شکایت۔

عوضانہ (ا) اسم مذکر ❶ بدلہ ❷ صلہ ❸ معاوضہ۔

عوضی (ا) اسم مذکر۔ قائم مقام آدمی۔

عوضی دینا (ا) فعل۔ اپنی جگہ پر کسی دوسرے آدمی کو قائم مقام لگا کر خود رخصت لینا۔

عون (ع) اسم مذکر ❶ مدد ❷ امداد ❸ کمک ❹ معاونت۔

عون اللہ (ع) اسم مونث ❶ خدا کی مدد ❷ مدد خدا۔

## ع ← ہ

عہد (ع) اسم مذکر ❶ زمانہ ❷ سال ❸ وقت ❹ قول و قرار ❺ قسم ❻ سوگندھ ❼ حکومت کا زمانہ ❽ زمانہ ❾ سلطنت۔

عہد توڑنا (ا) فعل ❶ اقرار کے خلاف کرنا ❷ قول و قرار پر قائم رہنا۔

عہد حکومت (ع) اسم مذکر ❶ ایام سلطنت ❷ بادشاہی کا زمانہ ❸ فرمانروائی کا وقت۔

عہد شکن (ف) اسم مذکر ❶ اپنے قول و قرار پر قائم رہنے والا ❷ وعدہ خلاف۔

عہد شکنی (ف) اسم مذکر ❶ وعدہ خلافی ❷ اقرار کے خلاف۔

عہد کرنا/کر لینا (ا) فعل ❶ قسم کھا لینا ❷ وعدہ کر لینا ❸ قول و قرار کر لینا ❹ چھوڑ دینا ❺ تیاگ دینا ❻ ترک کر دینا۔

عہد لینا (ا) فعل ❶ کسی امر کا وعدہ لینا ❷ قسم لینا ❸ معاہدہ کرنا۔

عہد نامہ (عف) اسم مذکر ❶ قول و اقرار کی دستاویز ❷ اقرار نامہ ❸

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314907218

www.besturdubooks.net

معاہدہ۔

**عہدو پیمان** (ف) اسم مذکر ① قول وقرار ② قسماقسمی ③ اقرار ④ مدار۔

**عہدہ** (ع) اسم مذکر ① ذمہ ② ضمانت ③ منصب ④ مرتبہ ⑤ درجہ ⑥ سرداری ⑦ نسری۔

**عہدہ برآ ہونا** (ا) فعل ① بری الذمہ ہونا ② فرض ادا کر دینا ③ وعدہ پورا کرنا ④ ڈیوٹی بھگتا دینا۔

**عہدہ پانا** (ا) فعل ① درجہ پانا ② منصب حاصل کرنا۔

**عہدہ دار** (عف) اسم مذکر ① مرتبہ والا ② افسر ③ صاحب منصب۔

## ع ← ی

**عیادت** (ع) اسم مونث ① بیمار کی خبر پوچھنی ② بیمار پرسی۔

**عیادت کرنا** (ا) فعل ① بیمار کا حال پوچھنا ② بیمار پرسی کرنا۔

**عیاذاً باللہ** (ع) کلمہ تعویذ ① میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں ② اللہ کی پناہ۔

**عیار** (ع) اسم مذکر ① کسوٹی ② سونے چاندی کا کس دیکھنے کی پتھری ③ چاندی سونا تولنے کا کانٹا ④ حالت ⑤ حقیقت ⑥ کیفیت۔

**عیار** (ع) اسم مذکر ① بکثرت چلنے پھرنے والا ② مجازاً مکار ③ فریبی ④ ٹھگ ⑤ چالیا ⑥ ہوشیار ⑦ چالاک ⑧ چھلیا ⑨ چالاکی۔

**عیاری** (ع) اسم مونث ① مکاری ② دغا ③ چھل ④ چالاکی۔

**عیاش** (ع) اسم صفت ① بہت عیش کرنے والا ② آرام سے رہنے والا ③ بدکار ④ تماش بین۔

**عیال** (ع) اسم صفت ① بہت عیش کرنے والا ② آرام سے رہنے والا ③ بدکار ④ تماش بین۔

**عیال دار** (عف) اسم مذکر ① کنبے والا ② بال بچے والا۔

**عیالداری میں پھنسنا** (ا) فعل ① گھربار کے بکھیڑوں میں الجھنا ② بال میں گرفتار ہونا۔

**عیاں** (ع) اسم صفت ① آنکھوں سے دیکھنا ② مجازاً ③ ظاہر ④ کھلا ہوا ⑤ الم نشرح ⑥ سب کے سامنے۔

**عیاں راچہ بیاں** (ف) مقولہ ① ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ② ظاہر بات کو جتانے کی ضرورت نہیں۔

**عیب** (ع) اسم مذکر ① برائی ② خرابی ③ کھوٹ ④ داغ ⑤ دھبا ⑥ دوش ⑦ کسر قصور ⑧ قباحت۔

**عیب پوش** (ف) اسم مذکر ① لوگوں کے عیب چھپانے والا ② اوپر کا عمدہ لباس۔

**عیب پوشی** (ف) اسم مونث ① لوگوں کا عیب چھپانا ② چشم پوشی ③ پردہ پوشی ④ اغماض۔

**عیب جو/عیب بین** (عف) اسم صفت ① نقص نکالنے والا ② حرف گیر ③ خردہ گیر۔

**عیب دار** (ف) اسم صفت ① عیبی ناقص ② معیوب۔

**عیب سے بری/پاک ہونا** (ا) فعل ① بے عیب ہونا ② بے نقص ہونا۔

**عیب گیری کرنا** (ا) فعل ① نقص نکالنا ② خرابیاں ظاہر کرنا ③ عیب جوئی کرنا۔ ④

**عیبی** (ا) اسم صفت ① عیب والا ② معیوب ③ ناقص ④ بدذات ⑤ شریر ⑥ روگی ⑦ بیمار۔

**عید** (ع) اسم مونث ① نہایت خوشی ② مسلمانوں کی خوشی کا تیوہار ③ جشن کا دن۔

**عیدالاضحیٰ/عید قربان** (ع) سم مونث ① بقرعید ② مسلمانوں کا وہ تیوہار جس میں وہ حج اور قربانیاں کرتے ہیں۔

**عیدالفطر** (ع) اسم مونث ① رمضان کے بعد کی عید جس میں فطرانہ دیا جاتا ہے۔

**عید کا چاند** (ا) اسم مذکر ① رمضان کے بعد کا چاند ② ماہ شوال ③ شوال کا مہینہ ④ قابل اشتیاق ⑤ نہایت پیارا ⑥ وہ شخص جسے بڑے انتظار اور شوق کے وقت ملیں ⑦ قابل قدر۔

**عید کا چاند نکلنا** (ا) فعل ① عید کا چاند نظر آنا ② جس چیز کا سخت اشتیاق ہو اس کا نظر آنا۔

**عید کا چاند ہو جانا** (ا) فعل ① بہت کم دکھائی دینا ② کمال اشتیاق اور خواہش کے بعد ملنا۔

**عید کے پیچھے ٹرو/عید پیچھے ٹر** (ا) کہاوت ① خوشی کی بے موقع وقت گزر جانے پر نقل کرنا ② جب تیوہار نکل گیا تو پھر خوشی کے کیا معنی۔

**عید کے پیچھے چاند مبارک** (ا) کہاوت ① موقع نکل جانے کے بعد مبارکباد دینا ② بے موقع ذکر کرنا۔

**عید کی نماز** (ا) اسم مونث ① عید کا دوگانہ ② جو عیدگاہ میں ادا کیا جائے۔

**عیدگاہ** (ف) اسم مذکر ظرف۔ عید کی نماز پڑھنے کی جگہ۔

**عید منانا** (ا) فعل ① خوشی منانا ② خوشی کرنا ③ جشن کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

**عید ہونا/ ہو جانا** (ا) فعل ❶ عید کا تیوہار ہونا ❷ مراد پوری ہونا ❸ کمال خوشی ہونا۔

**عیدی** (ا) اسم مونث ❶ عید کا انعام ❷ عید کا خرچ ❸ عید کی مٹھائی جو سسرال سے آئے یا جائے ❹ عید کے اشعار کا کاغذ ❺ استاد کی طرف سے شاگرد کو تحریری مبارک بادعید۔

**عیسائی** (عبرانی فارسی) اسم مذکر ❶ نصرانی ❷ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے پیرو۔

**عیسوی** (عبرانی) اسم مذکر ❶ منسوب بہ حضرت عیسےٰ ❷ وہ سنہ سال جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے۔

**عیسےٰ** (عبرانی) اسم مذکر ❶ گناہ سے بچانے والا ❷ حضرت عیسےٰ جو دین عیسوی کے بانی تھے۔

**عیسےٰ بدین خود موسےٰ بدین خود** (ف) مثل ❶ ہر شخص اپنے مذہب پر خوش ہے دوسرے سے کوئی واسطہ نہیں ❷ عیسائی اپنے دین پر خوش ہیں اور موسائی اپنے دین پر۔

**عیش** (ء) اسم مذکر ❶ خوشی کے ساتھ زندگی گزارنا ❷ چین ❸ سکھ ❹ آرام ❺ خوشی خرمی ❻ لطف ❼ فرحت ❽ رنگ رلیاں آنند۔

**عیش اڑانا** (ا) فعل ❶ مزے اڑانا ❷ لطف اٹھانا ❸ خوشی میں وقت گزارنا ❹ مباشرت کرنا۔

**عیش کا بندہ** (ا) اسم مذکر ❶ موجی جیوڑا ❷ عیاش ❸ شہوت پرست ❹ نفسانی خواہشات کا غلام۔

**عیش و عشرت** (ء) اسم مونث ❶ رنگ رلیاں ❷ خوشی خرمی ❸ نفسانی خوشی۔

**عین** (ء) اسم مذکر ❶ آنکھ ❷ نین ❸ چشم ❹ پانی کا چشمہ ❺ چشمہ آفتاب ❻ سردار ❼ افسر ❽ حقیقت ❾ جوہر۔

**عین الیقین** (ء) اسم مذکر۔ کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا۔

**عین غین** (ا) اسم صفت ❶ قریب قریب ❷ ملتا جلتا ❸ ہمشکل ❹ متشابہ ❺ ہم صورت ❻ بھینگا ❼ اینچا تانا ❽ پھلی والا ❾ احول۔

**عین مین/ عین بعین** (ا) تابع فعل ❶ ہو بہو ❷ بعینہ ❸ من وعن ❹ ویسا ہی ❺ ٹھیک ٹھیک ❻ بالکل یکساں ❼ باہم برابر۔

**عینک** (عف) اسم مونث ❶ آنکھ کا چشمہ ❷ شیشے یا بلور کا تال جو آنکھ پر روشنی بڑھانے کو لگاتے ہیں ❸ کسی چیز کی سخت عادت (کچہری والے) رشوت کے معنی لیتے ہیں۔



عینک

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# غ

اُردو کا پچیسواں، فارسی کا بائیسواں اور عربی کا انیسواں حرف

غ (ء) اسم مذکر ❶ اردو کا پچیسواں اور فارسی کا بائیسواں اور عربی کا انیسواں حرف ❷ حساب جمل میں اس کے عدد ایک ہزار فرض کئے گئے ہیں۔

## غ ← ا

غار (ء) اسم مذکر ❶ کھور ❷ کھڈ ❸ گڑھا ❹ بہت گہرا۔

غارت (ء) اسم مونث ❶ لوٹ کھسوٹ ❷ تاخت و تاراج ❸ اجاڑ ❹ ویران ❺ تباہ ❻ خراب ❼ برباد۔

غارت غول (ا) اسم مذکر ❶ عورتیں ❷ اکارت ❸ ضائع ❹ تباہ ❺ برباد ❻ ناس ❼ برباد شدہ ❽ خانہ خراب۔

غارت غول ہونا (ا) فعل ❶ تباہ ہونا ❷ برباد ہونا ❸ لوٹا جانا ❹ ستیاناس ہوجانا۔

غارت کرنا (ا) فعل ❶ تباہ کرنا ❷ ناس کرنا ❸ لوٹنا ❹ ویران کرنا ❺ ضائع کرنا ❻ ناپید کرنا۔

غارت گر (ع) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ لٹیرا ❷ دھاڑوی ❸ ڈاکو ❹ راہزن ❺ قزاق۔

غارت گری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ لوٹ مار ❷ لوٹ کھسوٹ ❸ تاخت و تاراج۔

غارت کا مارا (ا) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ تباہ شدہ ❷ برباد ہوا ❸ لوٹا ہوا ❹ خانہ خراب ❺ مری لیا ❻ اجڑا بچڑا ❼ حالت نفرت میں بولتے ہیں۔

غارت ہو (ا) ❶ دعائے بد ❷ ناپید ہو ❸ مرجا ❹ گم ہو ❺ ہلاک ہو۔

غارت ہونا (ا) فعل ❶ لٹنا ❷ تباہ و برباد ہونا ❸ ناس ہونا ❹ ویران ہونا ❺ مسمار ہونا ❻ اینٹ سے اینٹ بجنا ❼ اکارت جانا ❽ گم ہونا ❾ کھویا جانا۔

غارتی (ا) اسم مونث بیائے مفعولی ❶ قابلیت ❷ دیکھو (غارت مارا) ❸

غاریقون (یونانی) اسم مذکر۔ ایک سفید رنگ دوا کا نام ہے جو دست آور اور دفع اثر زہر ہے۔

غازہ (ف) اسم مذکر ❶ ابٹنا ❷ ابٹن ❸ گلگونہ ❹ ایک قسم کا خوشبودار سرخ رنگ کا پوڈر ہے جسے خوبصورتی کے لئے رخساروں پر عورتیں ملا کرتی ہیں۔

غازی (ء) اسم مذکر فاعلی ❶ غزا کرنے والا ❷ کافروں سے لڑنے والا ❸ کفار کو قتل کرنے اور مارنے والا ❹ بہادر ❺ سورما ❻ شجاع ❼ فتح مند ❽ مسلمان بادشاہوں کا خطاب ❾ (فارسی میں) نٹ۔

غازی مرد (عف) اسم مذکر ❶ بہادر آدمی ❷ گھوڑے کا خطاب۔

غاشیہ (ء) اسم مذکر ❶ زین پوش ❷ پالان۔

غاشیہ بردار (عف) اسم مذکر فاعل ❶ زین پکڑ کر چلنے والا نوکر ❷ سائیں ❸ خادم۔

غاشیہ بردوش (عف) اسم صفت ❶ فرمانبردار ❷ مطیع ❸ حکم ماننے والا۔

غاصب (ء) اسم صفت فاعل از غصب۔ زبردستی دوسروں کا مال چھین لینے والا۔



Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

غافل (ء) اسم صفت فاعل ① غفلت کرنے والا ② بے خبر ③ بے پروا ④ کم توجہ ⑤ بے فکرا۔

غالب (ء) اسم صفت ① غلبہ کرنے والا ② زبردست ③ بھاری ④ اکثر ⑤ ضرور ⑥ فتحیاب ⑦ اردو زبان کے ایک بلند پایہ شاعر مرزا اسد اللہ بیگ خاں دہلوی کا تخلص بھی ہے۔

غالب آنا (ا) فعل ① غلبہ کرنا ② بڑھ جانا ③ در ہونا ④ زیر ہوجانا ⑤ جیتنا ⑥ فائق ہونا ⑦ زیادہ ہونا ⑧ بھاری ہونا ⑨ سبقت لے جانا۔

غالب تھا (ا) محاورہ ① یقین تھا ② خیال تھا ③ گمان تھا۔

غالب ہے (ا) محاورہ ① یقین ہے ② گمان ہے۔

غالباً (ء) تابع فعل ① یقیناً ② بالضرور ③ شاید ④ بظاہر ⑤ ظاہراً۔

غالیچہ (ف) اسم مذکر ① قالین کا اسم تصغیر ہے ② ایک قسم کا اونی گلکاری دار فرش۔

غائب (ء) اسم صفت فاعل ① غیر حاضر ② جو موجود نہ ہو ③ پوشیدہ ④ مخفی۔

غائب غلہ (ا) اسم صفت فاعل ① بالکل کم ② بالکل غائب ③ تلپٹ۔

غائب غلہ کردینا (ا) فعل ① اڑا دینا ② پتہ نہ لگنے دینا ③ چھپا دینا ④ پوشیدہ کردینا۔

غائبانہ (عف) تابع فعل ① پیٹھ پیچھے ② غیر حاضری میں۔

غایت (ء) اسم صفت ① آخر ② نہایت ③ انجام ④ حد ⑤ از حد ⑥ بے حد ⑦ بے حساب۔

غایت درجہ (ا) تابع فعل ① آخری درجہ ② حد سے زیادہ۔

## غ ← ب

غب (ع) اسم مونث۔ باری کا بخار۔

غبار (ء) اسم مذکر ① گرد ② دھول ③ خاک ④ رنج ⑤ ملال ⑥ تیرگی ⑦ دشمنی ⑧ کینہ ⑨ دھند۔

غبار اٹھنا (ا) فعل ① زمین سے گرد کا بلند ہونا ② آندھی اٹھنا ③ بخارات غلیظ کا بلند ہونا۔

غبار آلود/آلودہ (عف) اسم مذکر صفت۔ گرد سے بھرا ہوا۔

غبار آنا (ا) فعل ① رنج آنا ② کدورت آنا ③ ناراضگی پیدا ہو جانا۔

غبار خاطر (ء) اسم مذکر ① رنج ملال ② ناراضگی ③ خفگی ④ رنجش۔

غبار نکالنا (ا) فعل ① دشمنی کرنا ② بیر نکالنا ③ بدلہ لینا۔

غبارا/غبارہ (ا) اسم مذکر ① اُڑنے والا ایک قسم کا بیلون ② ایک قسم کی آتش بازی ③ بیلون۔

غباوت (ع) اسم مونث ① کم فہمی ② کم عقلی ③ کند ذہنی۔

غبطہ (ع) اسم مذکر ① رشک کرنا ② برابری کی خواہش۔

غبغب (ء) اسم مونث۔ ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت جو انسانی خوبصورتی میں داخل ہے۔

غبن (ء) اسم مذکر ① سپرد شدہ مال میں سے چرانا ② خورد برد ③ خیانت ④ خرید وفروخت میں نقصان دینا۔

غبی (ء) اسم صفت ① کند ذہن ② دیر میں سمجھنے والا ③ کم عقل ④ بیوقوف ⑤ کم فہم ⑥ کمزور حافظہ والا۔

## غ ← پ

غپ (ا) اسم مذکر ① جلدی سے کوئی چیز حلق میں جانے کی آواز ② جھوٹی اور شیخی کی بات ③ لاف ④ من گھڑت۔

غپ شپ (ا) اسم مونث ① جھوٹی بات ② لغو اور بے ہودہ بات ③ ادھر اُدھر کی باتیں۔

غپا غپ (ا) تابع فعل ① پے در پے ② متواتر ③ لگاتار ④ بکثرت و افراط۔

غپی/غپیا (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① جھوٹا ② لپاٹیا ③ ڈینگیا۔

## غ ← ت

غت رُبُود/غتر بود (ا) اسم صفت ① ملا جلا دینا ② گڈمڈ کردینا ③ چرا لینا ④ خراب کرنا۔

غت رُبُود/غتر بُود کرنا (ا) محاورہ ① ملا جلا ② گڈمڈ کردینا ③ چُرا لینا ④ اُڑا لینا ⑤ برباد کردینا ⑥ خراب کردینا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

## غ ← ٹ

غٹ (ا) اسم مذکر ❶ جتھا ❷ ٹولی ❸ گروہ ❹ ہجوم ❺ جرگہ (بحالت اسم صوت) نگلنے اور حلق میں اترنے کی آواز ❻ صراحی سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز۔

غٹ غٹ پینا (ا) فعل ❶ جلدی جلدی پینا ❷ ایک دم پینا۔

غٹ کے غٹ (ا) اسم صفت ❶ غول کے غول ❷ ٹھٹ کے ٹھٹ۔

غٹ پٹ (ا) اسم صفت ❶ گتھ پتھ ❷ گتھم گتھا۔

غٹ پٹ ہو جانا (ا) فعل ❶ گتھم گتھا ہونا ❷ لپٹ جانا۔

غٹرغوں/غٹ غوں (ا) اسم مونث۔ کبوتر کے بولنے اور گونجنے کی آواز۔

غٹک جانا (ا) فعل ❶ نگل جانا ❷ حلق سے نیچے اتارنا۔

## غ ← ث

غث (ع) اسم صفت ❶ لاغر ❷ دُبلا پتلا۔

غشی (ع) اسم مونث ❶ دل متلانا ❷ متلی ہونا۔

غثیان (ء) اسم مذکر ❶ جی متلانا ❷ متلی ❸ جی کچا ہونا۔

## غ ← چ

غچ (ا) اسم مونث صوت۔ تلوار کے گوشت میں گھسنے یا کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

غچا (ا) اسم مذکر ❶ دھوکا ❷ فریب ❸ جُل۔

غچاغچ (ا) اسم مونث ❶ صوت ❷ خنجر یا برچھی کے گوشت میں گھسنے کی آواز ❸ دلدل میں چلنے کی آواز ❹ متواتر تلواروں کے جسم پر پڑنے کی آواز۔

غچلی (ا) اسم صفت ❶ گندہ ❷ میلا ❸ غلیظ ❹ جسم کی صفائی نہ رکھنے والا۔

## غ ← د

غد (ع) متعلق فعل ❶ کل ❷ آنے والی کل۔

غدا (ع) اسم مذکر ❶ ناشتہ ❷ نہاری۔

غدار (ء) اسم صفت ❶ باغی ❷ سرکش ❸ بے وفا ❹ بہت بڑا ❺ کلان۔

غدر (ء) اسم مذکر ❶ بے وفائی ❷ سرکشی ❸ بغاوت ❹ ہل چل ❺ فساد ❻ بلوہ ❼ ہنگامہ ❽ دنگا ❾ کھل بلی۔

غدر کرنا/مچانا (ا) فعل ❶ باغی ہونا ❷ بغاوت کرنا ❸ شوروغل مچانا ❹ بلوہ کرنا ❺ بدانتظامی پھیلانا ❻ فساد اٹھانا۔

غدود (ء) اسم مذکر ❶ جلد کے اندر کی گانٹھ ❷ گلٹی۔

غدیر (ء) اسم مذکر ❶ تالاب ❷ جوہر ❸ جھیل ❹ ڈابر ❺ کنڈ۔

## غ ← ذ

غذا (ء) اسم مونث ❶ خوراک ❷ کھانا ❸ طعام۔

غذائے ثقیل (ء) اسم مونث ❶ بھاری خوراک ❷ دیر ہضم کھانا۔

غذائے لطیف (ء) اسم مونث ❶ ہلکی خوراک ❷ زود ہضم کھانا۔

## غ ← ر

غرا/غرہ (ء) اسم مذکر ❶ چاند کی پہلی تاریخ ❷ مہینے کی پہلی تاریخ ❸ چاند رات ❹ ناغہ ❺ تعطیل۔

غرا بتانا/کرنا/دینا (ا) ❶ چاند کی پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا ❷ ٹالنا ❸ بہانہ کرنا ❹ ناغہ کرنا ❺ غیر حاضری کرنا ❻ فاقہ کرنا۔

غرا (ء) اسم مذکر ❶ غرور ❷ گھمنڈ ❸ فخر ❹ مان۔

غرا بتانا/دینا/کرنا/غرے میں ہونا (ا) فعل ❶ غرور کرنا ❷ فخر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

کرنا③ گھمنڈ کرنا۔

غراں (ف) اسم مذکر حالیہ مفید فاعل وصفت ① شور کرنے والا ② گرجنے والا ③ خونخوار ④ غضبناک۔

غرانا (ا) فعل ① غصے کی آواز نکلنا ② شیر کی طرح دھاڑنا ③ گھرکنا۔

غرائب (ع) اسم مذکر ⑪ غریب کی جمع ② نادر چیزیں ③ عجائبات۔

غرب (ع) اسم مذکر ① سورج ڈوبنا ② دن چھپنا ③ مغرب کی سمت ④ پچھم ⑤ جانب قبلہ ⑥ شرق کی ضد۔

غربا (ع) اسم مذکر ① مسافر لوگ ② اجنبی لوگ ③ کنگال ④ تہی دست ⑤ تنگ حالی ⑥ نردھن۔

غربال (ع) اسم مونث ① آلہ ② چھلنی ③ آٹا چھاننے کا آلہ۔

غربت (ع) اسم مونث ① سفر ② مسافری ③ غریبی ④ تنگدستی ⑤ محتاجی ⑥ حلم ⑦ بردباری ⑧ نرم ⑨ مزاجی۔

غربی (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ① منسوب بہ غرب ② مغرب کا ③ پچھم کا۔

غرض (ع) اسم مونث ① نشانہ ② ہدف (بحالت اسم مونث) مطلب ③ مقصد ④ حاجت ⑤ ارادہ ⑥ نیت ⑦ مقصد ⑧ مدعا ⑨ خواہش۔

غرض آشنا (عف) اسم صفت ⑪ مطلبی لوگوں کا یار ② خودغرض ③ مطلب کا دوست۔

غرض باولی ہوتی ہے (ا) کہاوت۔ مطلب انسان کو دیوانہ اور پاگل بنادیتا ہے۔

غرض رکھنا (ا) فعل ① مطلب رکھنا ② مدعا رکھنا ③ امید رکھنا ④ تمنا رکھنا۔

غرض کا باؤلا (ا) اسم مذکر ① مطلب کا شیدا ② مطلب کا دیوانہ ③ اپنے کام کا یار۔

غرض کرنا (ا) فعل ① دوکانداروں کی اصطلاح ہے ② اونے پونے بیچنا ③ سستا خرید وفروخت کرنا ④ اپنی گوں پوری کرنا ⑤ اپنا مطلب نکالنا۔

غرض مند (عف) اسم صفت فاعل ترکیبی ⑪ حاجتمند ② خواہشمند ③ خواہاں ④ طالب۔

غرض نکالنا (ا) فعل ① مطلب پورا کرنا ② گوں نکالنا ③ نام نکالنا ④ کامیاب ہونا۔

غرضی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ① مطلبی ② خواہاں ③ خواہشمند ④ خودغرضی۔

غرضیکہ (ع) تابع فعل ① القصہ ② قصہ کوتاہ ③ حاصل کلام۔

غرش (ا) اسم مونث ① غصہ کی بات ② بحث ③ تکرار ④ مباحثہ ⑤ جھگڑا۔

غرفہ (ع) اسم مذکر ① دریچہ ② کھڑکی ③ جھروکا ④ تنہائی ⑤ خلوت۔

غرفہ کی بات چیت (ا) اسم مونث ① پوشیدہ باتیں ② خفیہ باتیں ③ خلوت کی باتیں۔

غرق (ع) اسم مذکر ① ڈوبنا ② پانی سر سے گزر جانا (بحالت صفت) ڈوبا ہوا ③ غریق ④ نشہ میں چور ⑤ مخمور ⑥ مستغرق ⑦ محو۔

غرقاب (عف) اسم صفت ① بالکل غرق ② پانی میں ڈوبا ہوا ③ نشہ میں چور ④ گہرا پانی ⑤ ڈونگھا پانی ⑥ بھنور ⑦ گرداب ⑧ نہایت مصروف ومشغول۔

غرقی (ع) اسم مونث ① پانی میں ڈوبی ہوئی زمین ② ڈباؤ ③ ڈوبنا ④ نشیب پستی ⑤ اردو میں لنگوٹی۔

غروب (ع) اسم مذکر ① سورج چھپنا ② ڈوبنا ③ دن ڈوبنا۔

غرور (ع) اسم مذکر ① تکبر ② گھمنڈ ③ فخر ④ گرب ⑤ ابھیمان ⑥ ناز نعمت میں فریفتہ ⑦ دھوکا۔

غرور کرنا (ا) فعل ① اترانا ② فخر کرنا ③ گھمنڈ کرنا۔

غریب (ع) اسم صفت ① مسافر ② اجنبی ③ پردیسی ④ نادر ⑤ انوکھا ⑥ عجیب ⑦ عاجز ⑧ مسکین ⑨ شریر کی ضد۔

غریب الوطن (ع) اسم مذکر ① مسافر ② پردیسی ③ بے وطن۔

غریب پرور (عف) اسم صفت ترکیبی ① غریبوں کی پرورش کرنے والا ② حاکموں اور اعلیٰ پایہ کے لوگوں کی نسبت لکھتے اور بولتے ہیں۔

غریب خانہ (عف) اسم مذکر ظرف ① وہ مکان جہاں غریبوں کو کھانا ملے ② غریب کا گھر ③ کسرنفسی کے طور پر اپنے مکان کے لئے بھی بولتے ہیں ④ لنگر خانہ۔

غریب زادہ (عف) اسم صفت مفعولی ① مسافر ② زادہ ③ حرامی۔

غریب غربا (ا) اسم مذکر ⑪ کنگال ② محتاج ③ بھوکے ننگے۔

غریب کی جورو سب کی بھابی (ا) کہاوت ① غریب پر ہر ایک کا بس چل سکتا ہے ② غریب کو ہر ایک بھلا برا کہہ لیتا اور مذاق کرلیتا ہے۔

غریب نے روزے رکھے دن بڑے آئے (ا) مثل ① غریب کی ہر طرح شامت ہے ② مصیبت میں مصیبت آتی ہے۔

غریب نواز (ع۔ف) اسم صفت ① غریب پرور ② بے کسوں کی پرورش کرنے والا ③ خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کا خطاب۔

غریبانہ (ا) تابع فعل ① غریبوں کے لائق ② روکھا سوکھا ③ دال دلیا۔

غریبی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① مسافرت ② سفر ③

Join us on WhatsApp Naveed Baig

www.besturdubooks.net

ناداری ❹ مفلسی۔

**غریبی آنا** (ا) فعل ❶ محتاج ہو جانا ❷ کنگال ہو جانا ❸ ناداری آ جانا۔

**غریق** (ع) اسم صفت بہ معنی مفعول ❶ ڈوبا ہوا ❷ غرق شدہ ❸ مستغرق ❹ محو ❺ مصروف ❻ نہایت متوجہ۔

**غریق رحمت** (ع) ❶ خدا تعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا ❷ مرحوم ❸ مغفور۔

**غریق رحمت ہو** (ا) محاورہ ❶ خدا اس کو اپنی رحمت میں جگہ دے ❷ خدا بخشے ❸ خدا اس کو جنت نصیب کرے۔

## غ ← ڑ

**غڑاپ** (ا) اسم مذکر۔ پانی میں غوطہ لگانے یا ڈوبنے کی آواز۔

**غڑاپ سے** (ا) متعلق فعل ❶ جلدی سے ❷ فوراً ❸ آناً فاناً۔

**غڑپ** (ا) اسم مونث ❶ ڈوبنے کی آواز ❷ پلک جھپکتے۔

**غڑپ شڑپ** (ا) اسمِ مونث ❶ جلدی کھا جانا ❷ جلد جلد باتیں کرنا۔

## غ ← ز

**غزا** (ع) اسم مذکر ❶ جہاد ❷ دشمنان دین کے ساتھ جنگ کرنا۔

**غزال** (ع) اسم مذکر۔ ہرن کا بچہ۔

**غزال چشم** (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ بڑی بڑی آنکھوں والا۔

**غزل** (ع) اسم مونث ❶ لغت میں عورتوں سے باتیں کرنا ❷ عورتوں کے عشق کا ذکر ❸ اصطلاح میں وہ نظم جس میں حسن و جمال، فراق و وصال، شراب و کباب، فنا و معرفت، ہجو و نصیحت، وغیرہ کا ذکر ہو ❹ کم از کم پانچ زیادہ سے زیادہ اکیس مگر طاق شعر شرط ہیں۔

**غزل پڑھنا** (ا) فعل ❶ غزل سنانا ❷ غزلخوانی کرنا۔

**غزل خواں** (عف) اسم فاعل ترکیبی۔ غزل پڑھنے والا۔

**غزل خوانی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مشاعرہ ❷ غزلوں کا پڑھا جانا۔

**غزل کہنا** (ا) فعل ❶ غزل بنانا ❷ شعر کہنا۔

**غزلیت** (ع) اسم مونث ❶ غزل کی کیفیت ❷ غزل کی خصوصیت۔

**غزوہ** (ع) اسم مذکر ❶ وہ جنگ جس میں نبی اکرم ﷺ نے شرکت کی ❷ دینی جنگ۔

## غ ← س

**غسال** (ع) اسم مذکر۔ مردے نہلانے کا پیشہ کرنے والا۔

**غسالہ** (ع) اسم مونث۔ غسال کی تانیث۔ مردہ عورتوں کو نہلانے والی عورت۔

**غسل** (ع) اسم مذکر ❶ تمام جسم کا دھونا ❷ نہانا ❸ اشنان ❹ دھونا۔

**غسل خانہ** (ع) اسم مذکر ظرف ❶ نہانے کی جگہ ❷ حمام۔

**غسل صحت** (ع) اسم مذکر ❶ بیماری سے شفا پا کر نہانا ❷ تندرستی کا نہانا۔

**غسل کرنا** (ا) فعل ❶ نہانا ❷ حمام کرنا ❸ اشنان کرنا۔

**غسل میت** (ع) اسم مذکر ❶ مردہ کا غسل ❷ مردے کو نہلانا۔

## غ ← ش

**غش** (ف) اسم مذکر ❶ بے ہوشی ❷ سکتہ ❸ فریفتہ ❹ عاشق ❺ شیفتہ۔

**غش آنا** (ا) فعل ❶ بے ہوش ہونا ❷ بے خبر ہو جانا ❸ سکتہ کا عالم ہونا۔

**غش پر غش آنا** (ا) محاورہ۔ کسی صدمے کی وجہ سے بار بار بے ہوش ہو جانا۔

**غش کھانا/کھا کر گرنا** (ا) فعل ❶ بے ہوش ہو کر گرنا ❷ بے خبر ہو کر گرنا ❸ فریفتہ ہونا ❹ عاشق ہونا۔

**غش** (ع) اسم صفت ❶ کھوٹا ❷ غیر خالص۔

**غشی** (ع) اسم مونث ❶ بے ہوشی ❷ سکتہ کی حالت ❸ بے خبری۔

## غ ← ص

**غصب** (ع) اسم مذکر ❶ زبردستی لینا ❷ چھین لینا ❸ دبا لینا ❹ بددیانتی۔

**غصب کرنا** (ا) فعل ❶ زبردستی یا ظلم سے لینا ❷ کسی کا حق جبراً رکھ لینا۔

**غصہ** (ع) اسم مذکر ❶ ناراضی ❷ رنجش ❸ خفگی ❹ عتاب۔

**غصہ اتارنا** (ا) فعل ❶ کسی سے خفا ہونا اور اس کا بدلہ لینا ❷ کسی کو سزا دے کر اپنے دل کی بھڑاس نکالنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772218

غصہ پینا/تھوک دینا/غصہ تھوک ڈالنا/غصہ مارنا (ا) فعل ① جوش روکنا ② غصہ دور کرنا ③ جانے دینا ④ معاف کر دینا ⑤ مان جانا۔

غصہ چڑھنا (ا) فعل ① طیش میں آنا ② خفا ہو جانا۔

غصہ دلانا (ا) فعل ① خفا کرنا ② بھڑکانا ③ اکسانا ④ ناراض کرنا۔

غصہ سے بھوت ہو جانا (ا) فعل ① غصے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا۔ ② دیوانہ سا ہو جانا ③ نہایت غضبناک ہو جانا۔

غصہ کرنا (ا) فعل ① خفا ہونا ② ناراض ہونا۔

غصہ میں بوٹیاں کاٹنا (ا) فعل ① نہایت خفا ہونا ② خفگی میں آ کر رفع غضب کے لیے اپنے جسم کو دانتوں سے کاٹنا۔

غصہ میں بھر جانا/لال ہو جانا (ا) فعل ① غضبناک ہو جانا ② نہایت برافروختہ ہونا ③ خشمناک ہونا ④ آپے سے باہر ہو جانا۔

غصے میں آگ ہونا (ا) محاورہ۔ غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا۔

غصہ ناک پر ہونا (ا) فعل ① ذراسی بات پر غصہ آ جانا ② نہایت زود رنج ہونا۔

غصہ نکالنا (ا) فعل ① دشمنی نکالنا ② بدلہ لینا ③ دل کا بخار نکالنا۔

غصیل/غصیلا (ا) اسم صفت فاعلی ① بدمزاج ② تندمزاج ③ مغلوب الغضب۔

غصے ہونا (ا) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہونا۔

## غ ← ض

غضب (ع) اسم مذکر ① غصہ ② قہر ③ کرودھ ④ کروپی ⑤ آفت ⑥ مصیبت ⑦ فتنہ ⑧ فساد ⑨ افسوس۔

غضب آلود/آلودہ (عف) اسم صفت مفعولی ① غصہ میں بھرا ہوا ② غضبناک۔

غضب آنا/ٹوٹنا (ا) فعل ① آفت آنا ② کمبختی آنا ③ بلا نازل ہونا ④ شامت آنا۔

غضب پڑنا (ا) محاورہ ① عذاب الٰہی میں پھنسنا ② مصیبت پیش آنا۔

غضب توڑنا (ا) فعل ① ظلم ڈھانا ② فساد برپا کرنا ③ غصہ کرنا۔

غضب خدا کا (ا) کلمہ نفرت ① کسی کام سے نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں جیسے غضب خدا کا یہ کام بھی کرنے کا ہے ② تعجب اور حیرت کے اظہار کے لئے بھی بولتے ہیں جیسے غضب خدا کا کتنی بلندی سے کود پڑا۔

غضب ڈھانا (ا) فعل ① نہایت ظلم کرنا ② سخت آفت یا بلا لانا ③ کوئی عجیب یا انوکھی بات کرنا۔

غضب کرنا (ا) فعل ① فساد اٹھانا ② ستم برپا کرنا ③ آفت ڈھانا ④ برا کرنا ⑤ نامناسب اور بیجا کام کرنا ⑥ لڑائی بات کرنا ⑦ اندھیر کرنا۔

غضب کی (ا) محاورہ ① خفا ہونا ② کام بگڑ جانا۔

غضب میں پڑنا/گرفتار ہونا (ا) فعل ① آفت اور مصیبت میں گرفتار ہونا ② بلا میں پھنسنا۔

غضبناک (عف) اسم صفت ترکیبی ① غصے میں بھرا ہوا ② خفا ③ برہم ④ برافروختہ ⑤ بیخود۔

غضبناک ہونا (ا) فعل ① غصے ہونا ② خفا ہونا ③ لال ہونا۔

غضب ہونا (ا) فعل ① کام بگڑنا ② کوئی بیجا حرکت ہونا ③ قیامت ہونا ④ نہایت حسین اور خوبصورت ہونا۔

غضبن (ا) اسم مونث ① عیارہ ② مکارہ ③ آفت کی پڑیا ④ آسمان میں تھگلی لگانے والی۔

غضنفر (ع) اسم مذکر ① شیر ② بہادر۔

غضنفری (ع۔ف) اسم مذکر ① شجاعت ② دلیری ③ بہادری۔

غضبی (ا) اسم مونث ① تندمزاج ② ظالم ③ نڈر۔

## غ ← ف

غف (ا) اسم صفت ① غفص کا مخفف ② دلدار ③ موٹا ④ گاڑھا کپڑا۔

غفار (ع) اسم صفت ① نہایت بخشنے والا ② معاف کرنے والا ③ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

غفلت (ع) اسم مونث ① سستی ② بھول چوک ③ بے خبری ④ لاپرواہی ⑤ بے ہوشی ⑥ غشی ⑦ اونگھ ⑧ نیند ⑨ خواب۔

غفور (ع) اسم صفت ① معاف کرنے والا ② خطا بخش ③ خدائے تعالیٰ کا وصفی نام۔

غفور الرحیم (ع) اسم صفت ① بخشنے اور رحم کرنے والا ② خدائے تعالیٰ کے صفاتی نام۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249072183

غفیر (ع) اسم صفت ❶ بہت ❷ کثیر ❸ بکثرت ❹ انبوہ ❺ ہجوم۔

## غ ← ل

غل (ف) اسم مذکر ❶ شور ❷ بلوہ ❸ ہنگامہ ❹ فریاد ❺ فغاں ❻ رولا ❼ چیخم دھاڑ ❽ چیخ و پکار۔

غل غپاڑا (ا) اسم مذکر ❶ چیخم دھاڑ ❷ ہوہا ❸ شور و غوغا ❹ آہ و فریاد۔

غل کرنا/ مچانا (ا) فعل ❶ شور مچانا ❷ چیخنا ❸ چلانا ❹ پکارنا۔

غلاظت (ا) اسم مونث بنائے مصدری ❶ لغوی موٹائی ❷ اصطلاحاً گاڑھا پن ❸ گندگی ❹ نجاست ❺ ناپاکی ❻ میلا ❼ بول و براز۔

غلاف (ا،ع) اسم مذکر ❶ پوشش ❷ نیام ❸ سیان ❹ تکیے وغیرہ کا اوپر کا کپڑا ❺ خول ❻ رضائی وغیرہ کے نیچے کا کپڑا۔

غلافنا/ غلیفنا (ا) فعل ❶ شیرہ چڑھا ❷ مٹھائی پاگنا۔

غلافی آنکھ (ا) اسم مونث۔ وہ جھکی ہوئی لمبوتری آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو۔

غلام (ع) اسم مذکر ❶ خدمتگار ❷ نوجوان لڑکا ❸ کلمہ انکسار و عجز یعنی نیاز مند ❹ فدوی ملازم ❺ نوکر ❻ نمک خوار ❼ تاش کے ایک تصویر والے پتے کا نام۔

غلام بنانا/ غلام کرنا (ا) فعل ❶ تابعدار اور مطیع بنانا ❷ فرمانبردار بنانا۔

غلام بے دام (ع۔ا) اسم مذکر ❶ ادنیٰ غلام ❷ بن داموں کا غلام۔

غلام زرخرید (عف) اسم مذکر ❶ خریدا ہوا غلام ❷ چیلا ❸ شاگرد ❹ مرید۔

غلام گردش (ف) اسم مذکر طرف ❶ پردہ کی دیوار ❷ وہ دیوار جو حرم سرا اور دیوان خانے کے درمیان حائل ہو ❸ نوکر چاکر غلام وغیرہ کے حاضر رہنے کا برآمدہ۔

غلام مال (ا) اسم مذکر۔ مدتوں رہنے اور غلام کی طرح کام دینے والی چیز۔

غلام ہونا (ا) فعل ❶ تابع ہونا ❷ فرمانبردار ہونا ❸ مطیع ہونا۔

غلامی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ فرمانبرداری ❷ اطاعت ❸ قید ❹ اسیری۔

غلامی اختیار کرنا (ا) فعل۔ ❶ نوکری قبول کرنا ❷ غلام بننا۔

غلامی کا خط لکھ دینا (ا) فعل۔ غلام ہوجانے یا غلام بن جانے کا عہد و پیمان کر دینا۔

غلبہ (ع) اسم مذکر ❶ زبردستی ❷ زورآوری ❸ حملہ ❹ جیت ❺ زور ❻ زیادتی ❼ بیشی۔

غلبہ پانا (ا) فعل ❶ فتح پانا ❷ سبقت لے جانا ❸ غالب ہونا ❹ فتحیاب ہونا۔

غلبہ رائے (ع) اسم مونث ❶ کثرت رائے ❷ رائے کی زیادتی۔

غلبہ کرنا (ع) فعل ❶ غالب آنا ❷ حملہ کرنا ❸ فتح پانا۔

غلط (ع) اسم صفت ❶ صحیح کی ضد ❷ چوک ❸ بھول ❹ نادرست ❺ جھوٹ ❻ بیجا ❼ خلاف۔

غلط العام (ع) اسم مذکر ❶ عام غلطی جسے سب استمال کریں ❷ اصطلاحاً وہ بات جسے تمام زباندانوں نے فصاحت کے باعث استعمال کیا ہو۔

غلط العوام (ع) اسم مذکر۔ جہلا اور بازاری لوگوں کی غلطی جیسے پتر سے پتھر یہ قابل سند نہیں ہوتی۔

غلط بردار (عف) اسم مذکر آلہ ❶ کاغذ چھیلنے کا اوزار ❷ کھرچنے والا ❸ ریزر۔

غلط ٹھہرانا (ا) فعل ❶ غلط ثابت کرنا ❷ جھوٹا قرار دینا ❸

غلط فہمی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ناسمجھی ❷ خطا ❸ غلطی ❹ الٹا سمجھ لینا ❺ بھول۔

غلط نامہ (عف) اسم مذکر۔ غلطیوں کی فہرست۔

غلطی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بھول چوک ❷ سہو ❸ خطا ❹ دھوکا ❺ غلط فہمی۔

غلطی کرنا/ کھانا (ا) فعل ❶ بھولنا ❷ بھول جانا ❸ چوک جانا ❹ خطا کرنا ❺ خلاف کرنا ❻ دھوکا کھانا۔

غلطاں (ف) اسم صفت ❶ گول ❷ لڑھکتا ہوا ❸ لوٹتا ہوا ❹ ڈھلکتا ہوا ❺ لوٹنے اور تڑپنے والا۔

غلطان و پیچان (ف) اسم مذکر ❶ متفکر ❷ حالت فکر میں ❸ لڑھکتا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149017218

www.besturdubooks.net

پڑ کتا۔

غلطہ (ء) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا موٹا کپڑا ❷ تلوار کا نیام ❸ میان شمشیر ❹ غلاف۔

غلظت (ء) اسم مونث بنائے مصدری ❶ گاڑھا پن ❷ گندگی ❸ دبیز پن ❹ موٹائی ❺ کثافت۔

غلغلہ (ف) اسم مذکر ❶ شور ❷ غل ❸ شہرت ❹ دھاک۔

غلک/غولک (ف) اسم مونث ❶ آمدنی ڈالنے کا برتن ❷ گلہ یا غلہ ❸ بکری کی نقدی رکھنے کا ظرف۔

غلک میں دھرنا (ا) فعل ❶ جمع کرنا ❷ گلہ میں ڈالنا ❸ جیب میں رکھنا۔

غلمان (ء) اسم مذکر ❶ غلام کی جمع ❷ نوعمر لڑکے ❸ جنت میں بہشتیوں کے خادم۔

غلو (ء) اسم مذکر ❶ لغوی تاحدامکان ہاتھ بلند کرنا ❷ مجازاً ہجوم ❸ حد سے گزرنا ❹ علم بیان میں وہ مبالغہ جو عقل اور عادت دونوں کے خلاف ہو۔

غلول (ف) اسم مذکر۔ غلہ مارنے کی کمان۔

غلولہ (ف) اسم مذکر ❶ گولی ❷ غلہ۔

غلہ/غلیلہ (ا) اسم مذکر ❶ مٹی کی گولی ❷ آٹا۔

غلہ (ء) اسم مذکر ❶ اناج ❷ ان ❸ زمین کی پیداوار ❹ نقدی رکھنے کا برتن۔

غلہ فروش (عف) اسم مذکر صفت ❶ اناج بیچنے والا ❷ بنیا ❸ بقال۔

غلیظ (ء) اسم صفت ❶ گاڑھا ❷ موٹا ❸ دبیز ❹ پلید ❺ ناپاک ❻ گندا ❼ میلا ❽ دھندلا ❾ مکدر۔

غلیل (ا) اسم مونث۔ غلہ چلانے کی کمان۔

غلیواز (ف) اسم مونث ❶ چیل ❷ زغن ❸ ایک مردار خور جانور کا نام ہے۔

غلی واز (ف) اسم مونث۔ چیل۔

## غ ← م

غم (ء) اسم مذکر ❶ رنج ❷ ملال ❸ دکھ ❹ درد ❺ تکلیف ❻ سوگ ❼ مات ❽ افسوس ❾ تاسف۔

غم انگیز (ع۔ف) اسم صفت۔ غم پیدا کرنے والا۔

غم خوار (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ دوسرے کے درد کا ساتھ ❷ صابر ❸ بردبار ❹ متحمل ❺ سمائی کرنے والا۔

غم خواری (عف) اسم مونث بنائے مصدری ❶ ہمدردی ❷ دردمندی ❸ تحمل ❹ بردباری ❺ صبر۔

غم دیدہ/غم رسیدہ/غمزدہ (عف) اسم صفت ❶ دکھی ❷ دکھیارا ❸ غم کا مارا ہوا ❹ دکھیا ❺ مصیبت زدہ۔

غم غلط (ا) اسم مذکر ❶ غم مٹانے والی چیز یا کام یا آدمی ❷ دل بہلاوا ❸ دل لگی ❹ تفریح ❺ سیر تماشا ❻ مجازاً شراب۔

غم غلط کرنا (ا) فعل ❶ دل بہلانا ❷ غم بھلانا ❸ تفریح طبع کرنا۔

غم کرنا (ا) فعل ❶ رنج کرنا ❷ افسوس کرنا ❸ ماتم کرنا ❹ نوحہ کرنا ❺ کڑھنا۔

غم کھانا (ا) فعل ❶ دکھ اٹھانا ❷ رنج اٹھانا ❸ فکر کرنا ❹ افسوس کرنا ❺ ماتم کرنا ❻ سوگ کرنا ❼ جھیلنا ❽ برداشت کرنا ❾ غم سہنا۔

غمگسار (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ ہمدرد ❷ دردمند ❸ غمخوار ❹ تیماردار۔

غمگساری (ف) اسم مونث بنائے مصدری ❶ غمخواری ❷ تیمارداری ❸ ہمدردی۔

غمگین/غمناک (عف) اسم صفت ❶ مغموم ❷ رنجیدہ ❸ دلگیر ❹ دکھی ❺ آزردہ ❻ اداس۔

غم نہ داری بز بخر (ف) مثل ❶ فکر نہیں تو بکری پال لے ❷ ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی شخص خواہ مخواہ مصیبت سر لے لے۔

غماز (ء) اسم صفت ❶ مخبر ❷ آنکھ سے اشارہ کرنے والا ❸ چغلخور ❹ سخن چین۔

غمازی (ء) اسم مونث بنائے مصدری ❶ چغلخوری ❷ عیب چینی ❸ بدگوئی۔

غمزہ (ء) اسم مذکر ❶ اشارہ ❷ آنکھ مارنا ❸ عشوہ ❹ رمز ❺ نازنخرہ ❻

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

پیار❼لاڈ❽پیار❾اخلاص۔

**غمزہ جتانا/غمزہ دکھانا** (ا)فعل ❶ناز دکھانا❷نخرے کرنا❸اترانا۔

**غمام** (ء)اسم مذکر❶بادل❷ابر۔

**غموم** (ع)اسم مذکر۔غم کی جمع۔

**غمی** (ا)اسم مونث بیائے مصدری❶میت❷موت❸رنج❹دکھ❺شادی کی ضد❻ماتم❼سوگ۔

## غ ← ن

**غِنا** (ء)اسم مذکر❶نغمہ❷راگ❸گیت۔

**غنا** (ء)اسم مونث❶تونگری❷اسیری❸دولتمند❹بے پروائی❺بے نیازی❻استغنا۔

**غنائم** (ع)اسم مذکر❶غنیمت کی جمع❷مال غنیمت❸لُوٹ کا مال۔

**غنائیت** (ف)اسم مونث❶موسیقیت❷نغمے کی کیفیت۔

**غنچہ** (ف)اسم مذکر❶کلی❷بن کھلا پھول❸شگوفہ❹۔بحالت صفت) نہایت آباد❺گنجان❻معمور جیسے وہ شہر تو غنچہ ہے❼منڈلی❽جتھا❾جماعت۔

**غنچہ چٹخنا/چٹکنا** (ا)فعل❶کلی کا کھل کر پھول بننا❷کلی کھلنا❸پھول کھلنا۔

**غنچہ دہان/غنچہ دہن** (ف)اسم صفت ترکیبی۔چھوٹے سے منہ والا معشوق۔

**غنچہ ناشگفتہ** (ف)❶بند کلی❷بن کھلی کلی❸مجازاً❹باکرہ❺کنواری کنیا❻دوشیزہ۔

**غنڈا** (ا)اسم مذکر❶لچا❷شہدا❸بدمعاش❹بھڑوا❺گنڈا۔

**غنغنانا** (ا)فعل❶ناک میں بولنا❷ناک میں گانا❸آہستہ آہستہ ناک میں گانا یا پڑھنا۔

**غنغن** (ا)اسم مذکر صوت❶ناک میں بولنے کی آواز❷منہ منہ میں گانے کی آواز۔

**غنودگی** (ف)اسم مونث بیائے مصدری❶اونگھ❷نیند❸خمار۔

**غنہ** (ء)اسم مذکر۔وہ نون جس کی آواز ناک میں سے نکلے۔

**غنی** (ء)اسم صفت❶دولتمند❷امیر❸بے پروا❹دھونتا۔

**غنیم** (ء)اسم صفت فاعلی❶لوٹنے والا❷لٹیرا❸دشمن❹مخالف❺عدد❻بیری۔

**غنیمت** (ء)اسم مونث❶لوٹ کا مال❷بلا تکلیف ہاتھ لگا ہوا مال❸قابل قدر چیز❹عمدہ❺بہتر❻مفید❼فائدہ مند۔

**غنیمت جاننا/غنیمت سمجھنا** (ا)فعل❶قدر کرنا❷عزت کرنا۔

**غنیمت ہے** (ا)محاورہ❶کافی ہے❷شکر کا مقام ہے❸بہتر ہے۔

## غ ← و

**غواص** (ء)اسم مذکر❶غوطہ لگانے والا❷غوطہ خور❸ڈبکی لگانے والا۔

**غواصی** (ء)اسم مونث بیائے مصدری❶غوطہ خوری❷ڈبکی لگانا❸غوطہ مارنا۔

**غوامض** (ء)اسم مذکر❶غامضہ کی جمع ہے❷چھپی ہوئی باتیں❸بھید❹باریکیاں❺گہری باتیں یا نکتے❻دقیق باتیں۔

**غوث** (ء)اسم مذکر❶فریاد کو پہنچنے والا❷فریادرس❸فریاد❹اہل اسلام میں ولایت الٰہی کا ایک درجہ بھی ہے۔

**غور** (ء)اسم مونث❶گہراؤ❷تہ❸عمق❹پست زمین❺فکر❻سوچ بچار❼سدھ❽خبر گیری❾مشغولی۔

**غور پرداخت** (عف)اسم مونث❶خیال❷توجہ❸پالن❹پرورش❺حفاظت❻رکھ رکھاؤ۔

**غور طلب** (ء)اسم صفت ترکیبی❶قابل فکر❷سوچنے بچارنے کے قابل۔

**غور وخوض** (ع۔ف)اسم مذکر❶سوچ و بچار❷غور وفکر۔

**غور وفکر سے کام لینا** (ا)محاورہ۔خوب سوچ سمجھ کر کام کرنا۔

**غور کرنا** (ا)فعل❶فکر کرنا❷دھیان کرنا❸سوچنا❹بچارنا❺توجہ کرنا❻علاج معالجہ کرنا۔

**غورہ** (ف)اسم مذکر❶کچے کھٹے انگور جن کا شربت بناتے ہیں❷کیری❸کبوتروں کا ایک رنگ۔

**غوری** (ف)اسم صفت بیائے نسبتی❶غور کا رہنے والا❷ایک قسم کا برتن جس میں پلاؤ وغیرہ کھایا جاتا ہے۔

**غوز** (ا)اسم مونث❶گپ❷بیہودہ بات❸زٹل❹شیخی❺ڈینگ❻لاف۔

**غوط** (ا)اسم مذکر❶غشی❷بے ہوشی❸پتنگ کا نیچے سے اوپر آنا❹استغراق۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140071218

www.besturdubooks.net

غوطہ (ء) بواؤ مجہول ❶ مشہور ❷ ڈبکی ❸ پانی میں ڈوبنا۔

غوطہ خور (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ ڈبکی لگانے والا ❷ غواص ❸ ایک آبی پرندے کا نام ❹ جل کوا۔

غوطہ دینا (ا) فعل ❶ ڈوب دینا ❷ ڈبکی دینا ❸ تر کرنا ❹ بھگونا ❺ دین عیسوی میں داخل کرنا ❻ دھوکا دینا۔

غوطہ کھانا (ا) فعل ❶ ڈوبنا ❷ غرق ہونا ❸ ڈبکی لگانا ❹ بھولنا بھٹکنا۔

غوطہ مارنا (ا) فعل ❶ ڈبکی لگانا ❷ غور فکر کرنا ❸ خوض کرنا۔

غوغا (ف) اسم مذکر ❶ شور وغل ❷ رولا ❸ بھیڑ ❹ ہجوم۔

غوغائی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ شور کرنے والا (عورتیں) واہی تباہی ❷ بے ہودہ ❸ احمق ❹ بے وقوف ❺ جھوٹا ❻ باطل ❼ ایک قسم کا پرندہ جسے ڈومنی بھی کہتے ہیں۔

غوک (ف) اسم مذکر ❶ مینڈک ❷ وادر ❸ ڈڈو۔

غول (ف) اسم مذکر ❶ گروہ ❷ ہجوم ❸ جماعت ❹ بھیڑ ❺ جمگھٹا ❻ پرا ❼ ٹولی ❽ کان ❾ گوش۔

غل بیاباں / بیابانی (ف) اسم مذکر ❶ چھلاوا ❷ بھوت پریت ❸ ایک قسم کا جن جو آدمیوں کو رستہ بھلاتا ہے۔

غول غاں / غوں غوں (ا) اسم مونث صوت۔ دودھ پیتے بچے کے بولنے کی آواز۔

غوں غاں کرنا (ا) فعل۔ ننھے بچوں کا بولنا۔

## غ ← ی

غیاب (ع) اسم مونث ❶ غیب کی جمع ❷ پوشیدہ ❸ اوجھل ❹ مخفی۔

غیاث (ء) اسم مونث ❶ فریاد ❷ دادخواہی ❸ مولوی غیاث الدین صاحب رامپوری کی بنائی ہوئی ایک فارسی لغت کی کتاب کا نام بھی ہے۔

غیب (ء) اسم مذکر ❶ پوشیدہ ❷ مخفی ❸ غائب ❹ خفیہ۔

غیب دان (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ خفیہ حال جاننے والا ❷ خدائے تعالیٰ ❸ عالم الغیب ❹ نجومی ❺ رمال ❻ جفار۔

غیبانی (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کی گالی ہے جو عورتوں کی دی جاتی ہے۔

غیبت (ء) اسم مونث ❶ پس پردہ ❷ پیٹھ پیچھے ❸ غیر حاضری ❹ پس پشت۔

غیبت میں (ا) تابع فعل ❶ غیر حاضری میں ❷ غائب میں ❸ پس غیبت۔

غیبت (ء) اسم مونث ❶ بدگوئی ❷ بدوی ❸ پیٹھ پیچھے کسی کے عیب بیان کرنا۔

غیر (ء) تابع فعل ❶ حرف استثنا ❷ ماسوا ❸ (بحالت صفت) اجنبی ❹ بیگانہ ❺ جدا ❻ علیحدہ ❼ دوسرا ❽ الگ ❾ نیارا۔

غیر آباد (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ ویران ❷ اجاڑ ❸ غیر مزروعہ زمین۔

غیر حاضری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ناموجودگی ❷ ناغہ۔

غیر حالت / حال ہونا / ہوجانا (ا) فعل ❶ حال سے بے حال ہونا ❷ نڈھال ہوجانا۔

غیر علاقہ / علاقہ غیر (ا) اسم مذکر ظرف ❶ دوسرے کا علاقہ ❷ اپنے اختیار یا علاقہ سے باہر۔

غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹائی (ا) مثل۔ کسی کو برا کہنے کے واسطے اپنا نقصان کرنا۔

غیر کی آگ میں جلنا (ا) فعل۔ دوسرے کی مصیبت یا آفت میں پڑنا۔

غیر متحد (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ بے میل ❷ اجنبی ❸ جس میں ملاپ نہ ہو۔

غیر متعہد (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ ذمہ داری سے باہر ❷ بلاقول وقرار۔

غیر مستعمل (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ استعمال میں آیا ہوا ❷ کورا ❸ اچھوتا ❹ متروک ❺ منسوخ۔

غیر مشروط (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ کسی شرط کے بغیر ❷ یقین بلاشرط۔

غیر معتبر (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ بے اعتبار ❷ جس پر بھروسہ نہ ہو ❸ دور از قیاس۔

غیر مکمل (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ ادھورا ❷ ناقص ❸ ناتمام۔

غیر ممکن (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ ناممکن ❷ دشوار ❸ مشکل ❹ محال ❺ جوتنے کے ناقابل زمین۔

غیر مناسب (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ نامناسب ❷ بے جا۔

غیر منقولہ (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ اٹل ❷ قائم ❸ غیر متحرک ❹ ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جانے والی چیز جیسے مکان اور زمین وغیرہ۔

غیر منکوحہ (ء) اسم صفت ترکیبی ❶ بے نکاحی عورت ❷ مدخولہ ❸ گھر میں ڈالی ہوئی۔

غیر موروثی (ء) اسم صفت ترکیبی جو ورثہ میں نہ آئی ہو۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**غیر واجب** (ع) اسم صفت ترکیبی ① ناواجب ② ناجائز خلاف قانون یا خلاف دستور ③ بڑے شمار کنندے والی کسر۔

**غیرت** (ع) اسم مونث ① رشک ② رشک لیجانا ③ حسد ④ رقابت ⑤ جلن ⑥ شرم ⑦ لاج ⑧ حیا ⑨ عار۔

**غیرت چمن/غیرت گلزار** (ف) اسم مذکر ① رشک گزار جس کے دیکھنے سے باغ کو رشک آئے ② مجازاً معشوق۔

**غیرت حور** (فع) اسم صفت ترکیبی ① نہایت خوبصورت ② حور کو شرما دینے والی معشوقہ۔

**غیرت سے مرجانا** (ا) فعل ① شرم کے باعث جان دینا ② حیا سے جان دے دینا ③ نہایت شرمندہ ہونا۔

**غیرت کھانا** (ا) فعل ① شرمانا و لجانا ② شرمندہ ہونا۔

**غیرت ماہ** (ع) اسم صفت ترکیبی۔ چاند کو شرما دینے والا معشوق۔

**غیرت مند** (ع) اسم صفت ① نہایت غیرت والا ② باشرم و حیا۔

**غیریت** (ا) اسم مونث ① اجنبیت ② بیگانگی ③ مغائرت۔

**غیظ** (ع) اسم مذکر ① غصہ ② قہر ③ غضب۔

**غیظ و غضب** (ع) اسم مذکر ① غصہ اور عتاب ② عتاب و خطاب۔

**غین** (ع) اسم مونث صوت ① نشہ کی ترنگ کی آواز ② حالت بے ہوشی کی آواز ③ ٹرپس ④ اکڑفوں ⑤ کالی گھٹا ⑥ تیرگی ⑦ سیاہی۔

**غین مین** (ا) اسم مونث ① جھگڑا ② تکرار ③ بچوں کے رونے کی دھیمی آواز۔

**غین ہونا** (ا) فعل ① نشہ میں ڈوبا رہنا ② مدہوش ہونا ③ نشہ میں غرق ہونا۔

**غیور** (ع) اسم صفت ① بہت غیرت کرنے والا ② ازحد رشک کرنے والا ③ پرلے درجے کا شرمیلا ④ نہایت باحیا و شرم۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

# ف

فارسی کا تیسواں اردو کا چھبیسواں اور عربی کا بیسواں حرف ہے

ف (ء) اسم مونث ① فارسی کا تیسواں اور اردو کا چھبیسواں اور عربی کا بیسواں حرف ہے ② حساب جمل میں اس کے عدد اسی فرض کیئے گئے ہیں۔

## ف ← ا

فاتح (ء) اسم مذکر ① کھولنے والا ② فتح کرنے والا ③ مظفر و منصور ④ شروع کرنے والا ⑤ ابتدا کرنے والا۔

فاتحہ (ء) اسم مونث و مذکر ① کھولنے اور فتح کرنے والی عورت ② کسی چیز کی ابتدا ③ آغاز ④ سورہ الحمد ⑤ کسی مردے کی روح کو کچھ پڑھ کر ثواب پہنچانا۔

فاتحہ پڑھنا (ا) فعل ① سورہ الحمد وغیرہ پڑھ کر کسی مردے کی روح کو ثواب بخشنا ② نذر و نیاز دینا ③ ناامید ہونا ④ مایوس ہونا ⑤ ہاتھ اٹھانا ⑥ توقع نہ رکھنا۔

فاتحہ خیر (ء) اسم مونث ① دعائے خیر ② مجازاً نکاح ③ عقد۔

فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود (ا) مثل۔ کسی چیز کے مفت ضائع اور اکارت جانے پر بولتے ہیں۔

فاتحہ نہ درود مر گئے مردود (ا) فعل۔ کسی موذی اور ظالم شخص کے لاولد مرنے پر کہا کرتے ہیں۔

فاجر (ء) اسم مذکر ① بدکار ② بدچلن ③ گنہگار ④ عاصی۔

فاجرہ (ء) اسم مونث ① بدکار عورت ② بدچلن عورت۔

فاحش (ء) اسم مذکر فاعل ① بدکار ② نہایت برا ③ حد سے بڑھی ہوئی بدی ④ شرمناک ⑤ قابل شرم ⑥ گالیاں بکنے والا ⑦ فحش کلامی کرنے والا۔

فاحشہ (ء) اسم مونث ① بدکار عورت ② بیسوا۔

فاختہ (ء) اسم مونث ① قمری سے ملتا جلتا ایک پرندہ۔



فاختہ

فاختہ اڑانا (ا) فعل ① مزے اڑانا ② گلچھرے اڑانا ③ عیش و عشرت منانا۔

فاختی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① خاکستری رنگ ② خاکی ③ کرنجوی رنگ۔

فاخر (ء) اسم فاعل از فخر ① فخر کرنے والا ② مغرور ③ نازاں ④ عمدہ ⑤ بیش قیمت ⑥ قیمتی۔

فاخری (ء) اسم صفت فاعلی مونث بیائے تانیث ① نہایت قیمتی ② بیش قیمت ③ عمدہ۔

فار (ء) اسم مذکر ① چوہا ② موسا ③ موش۔

فارخطی (ا) اسم مونث ① بیباقی کی تحریر ② آزادی نامہ ③ طلاق ④ خط صفائی۔

فارس (ف۔ع) اسم مذکر۔ ملک ایران کے ایک صوبے کا نام ہے۔

فارس (ء) اسم مذکر ① گھوڑا دوڑانے والا ② گھڑ چڑھا ③ سوار۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218



www.besturdubooks.net

فارسی/ پارسی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ ملک ایران کی زبان ❷ فارس کی چیز ❸ فارس کا۔

فارسی بگھارنا/ فارسی بولنا (ا) فعل ❶ فارسی زبان میں باتیں کرنا ❷ ایسی زبان بولنا جسے دوسرا نہ سمجھے۔

فارسی داں/ فارسی خواں (ف) اسم صفت۔ فارسی پڑھا ہوا۔

فارسی کی ٹانگ توڑنا (ا) فعل ❶ غلط ملط فارسی بولنا ❷ ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا۔

فارغ (ع) اسم صفت فاعلی ❶ خالی ❷ بے فکر ❸ آسودہ ❹ خوشحالی ❺ بری ❻ آزاد۔

فارغ البال (ع) اسم صفت ترکیبی۔ ❶ آسودہ دل ❷ خوشحال ❸ آزاد ❹ مطمئن۔

فارغ البالی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ آسودہ دلی ❷ آزادی ❸ اطمینان۔

فارغ الحال (ع) اسم صفت ترکیبی ❶ آسودہ حال ❷ بےفکر۔

فارغ خطی (ا) اسم مونث ❶ دوسرے سے اپنا مطالبہ فصول پا لینے کی تحریر ❷ بے باقی کا اقرار۔

فارغ خطی لکھوانا (ا) فعل ❶ حساب بے باق کر کے رسید لینا ❷ زبردستی اقرار کرالینا ❸ دھمکی سے رسید لکھوانا۔

فارغ ہونا (ا) فعل ❶ مطمئن ہونا ❷ فرصت پانا ❸ چھٹکارا ❹ پانا ❺ خلاص ہونا ❻ موقوف ہونا ❼ آزاد ہونا ❽ انزال ہونا۔

فارم (ای) اسم مذکر ❶ نقشہ ❷ نمونہ ❸ چھپا ہوا کاغذ جو دفتروں سے خانہ پری کے واسطے ملے۔

فارم (ای) اسم مذکر۔ وہ رقبہ اراضی یا کھیت جن پر مشینی کاشت کی جاتی ہے۔

فارمولا (ای) اسم مذکر ❶ مقررہ ❷ کلیہ ❸ قاعدہ۔

فارمیسی (ای) اسم مونث ❶ دوا سازی ❷ دواخانہ۔

فارمیکا (ای) اسم مذکر۔ پلاسٹک کی پتلی سی تہہ جو لکڑی کی چیزوں پر خوبصورتی کے لیے اور اسے کیمیاوی اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے چڑھائی جاتی ہے۔

فارن (ای) اسم مذکر مفید صفت ❶ غیر ملکی ❷ غیر سلطنت ❸ بیگانہ۔

فارن آفس (ای) اسم مذکر ❶ دفتر ❷ ریاستہائے ❸ غیر ❹ دفتر متعلق یہ دول خارجہ۔

فارن ہائٹ (ای) اسم مذکر۔ جرمن تھرمامیٹر جس میں نقطہ انجماد ۳۲ ڈگری اور نقطہ جوش ۲۱۲ ڈگری ہوتا ہے۔

فارورڈ (ای) اسم صفت۔ آگے۔

فاروق (ع) اسم صفت ❶ فرق کرنے والا ❷ (بصورت اسم مذکر) خلیفہ دوم حضرت عمرؓ خطاب کا لقب ❸ ایک تریاق کا نام ❹ ایک تیزاب کا نام جس سے چاندی سونا الگ ہو جاتا ہے۔

فاروقی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی۔ وہ آدمی جو حضرت عمر کی اولاد ہو۔

فازہ (ف) اسم مذکر۔ جمائی۔

فاسٹ (ای) اسم صفت ❶ تیز ❷ سست کی ضد ❸ تیز رفتار ❹ آگے ❺ بیش ❻ زیادہ۔

فاسد (ع) اسم صفت فاعلی ❶ تباہ ❷ برباد ❸ شریر ❹ بد ❺ بدمعاش ❻ جھگڑالو ❼ فسادی ❽ خراب ❾ ناقص۔

فاسفورس (ای) اسم مذکر۔ ایک چمکیلا کیمیاوی مادہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے۔ ماچس سازی میں کام آتا ہے۔

فاسفیٹ (ای) اسم مذکر۔ فاسفورسی نمک۔

فاسق (ع) اسم مذکر فاعل از فسق ❶ چھوٹا ❷ دروغگو ❸ بدکار ❹ گنہگار۔

فاش (ف) اسم صفت ❶ ظاہر ❷ کھلا ❸ آشکارا ❹ ظاہرا ❺ صریح۔

فاش غلطی کرنا (ا) فعل ❶ کھلی غلطی کرنا ❷ بہت بڑی غلطی کرنا۔

فاش ہونا (ا) فعل ❶ ظاہر ہونا ❷ پرگھٹ ہونا ❸ طشت از بام ہونا۔

فاشزم (ای) اسم مذکر ❶ فسطائیت ❷ سرمایہ دار طبقے کی جارحانہ آمریت کا جمہوریت دشمن نظریہ۔

فاشسٹ (ای) اسم صفت ❶ فسطائی ❷ فاشزم۔

فاصل (ع) اسم فاعل از فصل ❶ جدا کرنے والا ❷ الگ کرنے والا۔

فاصلہ (ع) اسم مذکر ❶ دوری ❷ عرصہ ❸ میدان ❹ بعد ❺ مسافت۔

فاضل (ع) اسم صفت ❶ افزون ❷ زیادہ فضول ❸ آیندہ ❹ بڑھا ہوا ❺ حساب سے زیادہ۔

فاضل اجل (ع) اسم مذکر ❶ بہت بڑا فاضل ❷ نہایت بڑا عالم۔

فاضل ہونا (ا) فعل ❶ عالم ہونا ❷ صاحب فضل و کمال ہونا ❸ فالتو ہونا ❹

Join Us On WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

کسی شے کا خرچ سے زیادہ ہونا ❺ جیسے آپ کے ہاں یہ شے فاضل ہے۔

**فاطمہ** (ء) اسم مونث ❶ بچوں کو دودھ نہ پلانے والی عورت ❷ وہ عورت جس نے دو ہی سال میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو ❸ سیدۃ النسا حضرت فاطمۃ الزہرا کا نام مبارک ہے جو حضرت رسول کریم ﷺ کی دختر فرخندہ اختر تھی۔

**فاعل** (ء) اسم مذکر ❶ فعل کرنے والا ❷ کسی کام کے کرنے والا ❸ کرتا ❹ کرتار ❺ مرتکب ❻ مجرم ❼ وہ اسم جو کام کرنے والے کی ذات پر اشارہ کرے ❽ زانی۔

**فاعلِ حقیقی** (ع) اسم مذکر۔ خدا تعالیٰ۔

**فاعل ومفعول** (ء) اسم مذکر ❶ کسی کام کا کرنے اور کرانے والا ❷ عاشق ومعشوق ❸ فعل بد کرنے اور کرانے والا۔

**فاقہ** (ء) اسم مذکر ❶ برت ❷ روزہ ❸ بن کھائے بھوکا رہنا ❹ بھوک۔

**فاقہ زدہ** (عف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ بھوک کا مارا ❷ بھوکا بنگالی ❸ کنگال۔

**فاقہ کرنا** (ا) فعل ❶ بھوکا رہنا ❷ کچھ نہ کھانا۔

**فاقہ کش** (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ بھوکا رہنے والا ❷ کنگال ❸ کنگلا ❹ غریب ❺ بھوکا۔

**فاقہ کشی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ غریبی ❷ مفلسی ❸ بھوکا رہنا ❹ تنگی۔

**فاقہ مست** (عف) اسم مذکر صفت ❶ مفلسی ❷ میں مگن رہنے والا ❸ تنگی میں خوش رہنے والا ❹ لنگوٹی میں پھاگ کھیلنے والا۔

**فاقہ مستی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تنگی میں رنگ رلیاں ❷ لنگوٹی میں پھاگ مفلسی میں خوشی۔

**فاقہ ہونا / گزرنا** (ا) فعل ❶ بن کھائے رہنا ❷ بھوکا رہنا۔

**فاقوں** (ا) اسم مذکر۔ فاقہ کی جمع۔

**فاقوں کا مارا / فاقوں کا ٹوٹا** (ا) اسم صفت ❶ وہ شخص جو بھوکا مرتے مرتے دبلا اور لاغر ہو گیا ہو ❷ نہایت مفلس ❸ فاقہ زدہ۔

**فاکہہ** (ع) اسم مذکر ❶ میوہ ❷ پھل ❸ ہرا پھل۔

**فال** (ء) اسم مونث ❶ شگون ❷ غیب کی بات ❸ پیشین گوئی۔

**فال دیکھنا / کھولنا / لینا** (ا) فعل ❶ غیب کی بات معلوم کرنا ❷ کسی کتاب یا پاسہ سے نیک یا بدشگون معلوم کرنا۔

**فال کی کوڑیاں ملا کو بھی حلال ہیں** (ا) مثل۔ مشقت اور محنت کی اجرت پرہیزگار اور پارسا آدمی کو بھی حلال ہے۔

**فال گو** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ شگون دیکھنے اور بتانے والا۔

**فال نامہ** (عف) اسم مذکر۔ شگون دیکھنے کی کتاب۔

**فال نکلنا** (ا) فعل ❶ شگون معلوم ہونا ❷ غیب کی بات معلوم ہونا۔

**فالتو** (ا) اسم صفت ❶ ضرورت سے زیادہ ❷ بیکار ❸ فاضل ❹ پہاڑی راگ ❺ قلی ❻ مزدور۔

**فالج** (ء) اسم مذکر ❶ ادھرنگ ❷ آدھے جسم کا ڈھیلا یا سن پڑ جانا ❸ استرضا ❹ جسم کا سست اور بیکار ہونا۔

**فالج گرنا** (ا) محاورہ ❶ ادھرنگ کی بیماری ہو جانا ❷ یکایک بدن کا سست اور ڈھیلا ہو جانا۔

**فالسہ** (ف) اسم مذکر۔ اودے رنگ اور ترش وشیریں ذائقہ کے ایک جھاڑی کے بیر جتنا پھل۔

**فالسئی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ اودا رنگ ❷ بینگنی رنگ کا۔

**فالودہ** (ف) اسم مذکر۔ پکا اور جما ہوا نشاستہ جس کی سیویاں اور قتلے بنا کر شربت کے ساتھ گرمیوں میں پیتے ہیں۔

**فالودہ کھاتے دانت ٹوٹے تو بلا سے** (ا) مثل ❶ آسان کام کرنے سے جی گھبرائے تو بلا سے ❷ اگر بھلائی میں برائی ہو تو ہوا کرے۔

**فالیز** (ف) اسم مونث ظرف ❶ لغت میں کشت زار ❷ مجازاً خربوزے کھیرے ککڑی وغیرہ کا کھانا۔

**فام** (ف) اسم مذکر ❶ رنگ ❷ رنگت ❸ گون (جزو تشبیہ) ❹ مانند مثل ❺ نظیر۔

**فانوس** (ف) اسم مذکر ❶ چراغدان ❷ چمنی ❸ پنجرے کی شکل کی باریک کپڑے یا کاغذ سے منڈھی ہوئی قندیل۔

**فانوس خیال / فانوس خیالی** (فع) اسم مذکر۔ ہاتھی گھوڑے وغیرہ کی تصویروں والا، چکر کھانے والا فانوس جو ہوا یا دھوئیں سے چکر کھاتا ہے۔

**فانہ** (ف) اسم مذکر۔ پھانہ۔ ایک چپٹی لکڑی جس سے لکڑی کی درز

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...

کھولتے ہیں۔

فانی (ع) اسم صفت فاعلی از فنا 1 فنا ہونے والا 2 معدوم ہونے والی 3 گم ہونے والا 4 مرنے والا 5 جان سے جانے والا 6 مٹ جانے والا۔

فائدہ (ع) اسم مذکر 1 نفع 2 سود 3 نقصان کی ضد 4 لابھ 5 منافع 6 پھل 7 گن 8 غرض 9 مطلب۔

فائدہ مند (عف) اسم صفت ترکیبی 1 مفید 2 کارگر 3 موثر 4 سودمند۔

فائدہ ہونا (ا) فعل 1 نفع ہونا 2 صحت پانا 3 افاقہ ہونا۔

فائر (ای) اسم مذکر 1 آگ 2 آتش 3 بندوق چلانا۔

فائرمین (ای) اسم مذکر 1 آگ کا کام کرنے والا 2 انجن میں کوئلا جھونکنے والا۔

فائر بریگیڈ (ای) اسم مذکر۔ آگ بجھانے کا کام کرنے والی جماعت۔

فائز (ع) اسم صفت 1 پہنچنے والا 2 کامیاب ہونے والا 3 فتح پانے والا۔

فائزالمرام (ع) اسم مذکر 1 مراد پانے والا 2 بامراد 3 کامیاب۔

فائق (ع) اسم صفت فاعلی از فوق 1 آگے بڑھنے والا 2 معزز 3 اعلے 4 ممتاز۔

فائل (ای) اسم مذکر 1 لڑی 2 لائن 3 قطار 4 سلسلہ 5 سلک 6 نتھی 7 مسلک 8 خط پرو کر رکھنے کا تار یا ڈورا 9 بنڈل۔

فائل بک (ای) اسم مذکر۔ وہ کتاب جس میں کاغذات نتھی کر کے رکھے جائیں۔

فائل کرنا (ا) فعل 1 نتھی کرنا 2 تار میں پرونا 3 شامل مسل کرنا۔

فائن (ای) اسم مذکر 1 جرمانہ 2 ڈنڈ 3 تاوان 4 عمدہ 5 نفیس 6 خوبصورت۔

فائن آرٹ (ای) اسم مذکر۔ فنون لطیفہ۔

فائنری (ای) اسم مونث۔ لوہا پگھلانے کی بھٹی۔

## ف ← ب

فبہا (ع) تابع فعل 1 لغوی پس 2 ساتھ 3 اصطلاحی۔ بہتر 4 بہت خوب۔

## ف ← ت

فتاح (ع) اسم صفت بصیغہ مبالغہ 1 کھولنے والا 2 حکم کرنے والا 3 خداوند کریم کا صفاتی نام ہے۔

فتان (ع) اسم صفت بصیغہ مبالغہ 1 فتنہ برپا کرنے والا 2 آفت عموماً معشوق کی آنکھ کی صفت میں بولا کرتے ہیں۔

فتح (ع) اسم مونث 1 کھولنا 2 کشائش 3 جیت 4 ظفر 5 (بحالت اسم مذکر) حرکات ثلثہ میں سے ایک حرکت کا نام ہے 6 سکھوں کا سلام 7 بندگی۔

فتح بولنا (ا) فعل 1 مراد حاصل کرنا 2 کام بنانا (سکھ) سلام کہنا 3 ختم ہو جانا 4 ہو چکنا۔

فتح پانا (ا) فعل 1 جیتنا 2 مظفر و منصور ہونا 3 نصرت پانا 4 ظفریاب ہونا۔

فتح پیچ (ا) اسم مذکر 1 عورتوں کے بالوں کی ایک قسم کی گندھاوٹ 2 پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ 3 حقہ کا ایک قسم کا نیچہ۔

فتح کا ڈنکا / نقارہ بجانا (ا) فعل 1 جیتنے یا فتح مند ہونے کا اعلان 2 خوشی کے نقارے بجانا۔

فتح کرنا (ا) فعل 1 جیتنا 2 غالب آنا 3 سر کرنا 4 کام بنانا۔

فتح گڈھ (ا) اسم مذکر ظرف۔ وہ قلعہ یا عمارت جو کسی فتح کی یاد میں بنائی جائے۔

فتح مند (عف) اسم صفت ترکیبی 1 جیتنے والا 2 جیتو 3 غالب 4 فیروز مند۔

فتح نامہ (عف) اسم مذکر بقلب اضافت 1 وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی اور حالات میں لکھی جائے 2 فتح کی چھٹی۔

فتح و ظفر (ع) اسم مونث 1 جیت 2 ظفر 3 نصرت 4 ظفر مندی۔

فتحہ (ع) اسم مذکر 1 حرف کی ایک حرکت کا نام ہے جو نصف الف کی آواز دیتا ہے 2 زبر 3 نصب۔

فتحیاب (عف) اسم صفت 1 جیتو 2 فاتح 3 فتحمند 4 مظفر 5

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

فیروزمند۔

**فتحیابی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① جیت ② فتح ③ ظفر۔

**فترک** (ف) اسم مذکر ① شکار بند ② وہ تسمہ جس سے شکاری شکار کیے ہوئے پرندوں اور جانوروں وغیرہ کو باندھتے ہیں۔

**فتق** (ء) اسم مذکر۔ فوطے بڑھ جانے کی بیماری۔

**فتنہ** (ء) اسم مذکر ① جھگڑا ② فساد ③ گناہ ④ عذاب ⑤ دیوانگی ⑥ ہڑبونگ ⑦ بغاوت ⑧ سرکشی ⑨ فتور۔

**فتنہ اٹھانا** (ا) فعل ① فساد کھڑا کرنا ② جھگڑا اٹھانا ③ بکھیڑا کر دینا۔

**فتنہ انگیز/فتنہ پرداز** (عف) اسم صفت ترکیبی ① جھگڑالو ② بکھیڑیا ③ فسادی ④ لڑائی جھگڑا کرانے والا۔

**فتنہ جہاں/فتنہ عالم** (عف) اسم صفت۔ دنیا میں حشر برپا کرنے والا۔

**فتنہ خوابیدہ** (عف) اسم صفت مفعولی ① چھپا ہوا فتنہ ② پوشیدہ فتنہ۔

**فتنہ زاد** (عف) اسم صفت ترکیبی ① شور برپا کرنے والا ② فساد اٹھانے والا۔

**فتنی** (ا) اسم مونث صفت ① چالاک عورت ② عیار عورت ③ فسادی عورت ④ مفسد عورت۔

**فتوت** (ء) اسم مونث ① جوانمردی ② مروت ③ بہادری ④ شجاعت۔

**فتوح** (ء) اسم مونث ① فتح کی جمع ② غیبی آمدنی ③ برد ④ فتحیں ⑤ نصرتیں ⑥ جیتیں۔

**فتوحات** (ء) اسم مونث۔ فتوح کی جمع ہے۔

**فتور** (ء) اسم مذکر ① فساد ② خرابی ③ فتنہ ④ جھگڑا ⑤ دنگا ⑥ ٹنٹا۔

**فتور آنا** (ا) فعل ① خرابی واقع ہونا ② نقص آنا ③ خرابی آنا۔

**فتور اٹھانا/برپا کرنا** (ا) عل ① فتنہ اٹھانا ② فساد اٹھانا ③ جھگڑا برپا کرنا۔

**فتور ڈالنا** (ا) فعل ① خرابی ڈالنا ② رخنہ ③ بنتے کام کو بگاڑ دینا۔

**فتوری/فتوریا** (ا) اسم صفت ① آگ لگاؤ ② جھگڑالو ③ فسادی لڑاکا ④ مفسد۔

**فتوے** (ء) اسم مذکر ① شرعی فیصلہ ② شریعت کا حکم ③ قاضی شرع کا وہ فیصلہ جو کسی کام کے جائز یا ناجائز ہونے کی بابت صادر ہو۔

**فتوے دینا** (ا) فعل ① قانون مذہب کے مطابق حکم دینا ② شرعی فیصلہ صادر کرنا۔

**فتیلہ** (ء) اسم مذکر ① بٹی ہوئی چیز ② بتی ③ فلیتہ ④ پلیتہ۔

## ف ← ٹ

**فٹ** (ای) اسم صفت ① ٹھیک ② درست ③ چست۔

**فُٹ** (ای) اسم مذکر ① پاؤں ② قدم ③ پیر ④ بارہ انچ کا ایک پیمانہ ⑤ گز کا تیسرا حصہ۔

**فٹ بال** (ای) اسم مذکر ① پاؤں سے گیند کو لڑھکانے کا کھیل ② پاؤں سے لڑھکانے کا گیند۔

**فُٹ نوٹ** (ای) اسم مذکر ① وہ شرح یا حوالہ جو کتاب کے متن کے نیچے لکھا جائے ② حاشیہ۔

**فٹن** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی۔

## ف ← ج

**فجا** (ع) اسم مذکر ① اچانک پکڑنا ② یکا یک ہونا۔

**فجار** (ع) اسم مذکر ① فاجر کی جمع ② بدکار لوگ ③ بدچلن لوگ۔

**فجر** (ء) اسم مونث ① صبح ② نور کا تڑکا ③ سویرا۔

**فجر ہونا** (ا) فعل ① صبح کی سفیدی کا کھلنا ② نمود صبح ہونا ③ مجازاً آنکھیں کھلنا ④ غفلت دور ہونا۔

**فجور** (ء) اسم مذکر ① گناہ ② جرم ③ قصور ④ زنا ⑤ بدکاری ⑥ گنہگاری۔

## ف ← ح

**فحش** (ء) اسم مذکر ① قابل شرم بات ② بے ہودہ اور لغو بات ③ گالی گلوچ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**فحش بکنا** (ا) فعل ① گالیاں دینا ② لچر بات کہنا۔

**فحوا** (ء) اسم مذکر ① بات ② کلام ③ سخن ④ معنی ⑤ مطلب ⑥ طرز ⑦ ڈھنگ جیسے فحوائے کلام سے معلوم ہوتا ہے۔

## ف ← خ

**فخر** (ء) اسم مذکر ① غرور ② ناز ③ گھمنڈ ④ بزرگی ⑤ شرف ⑥ شیخی ⑦ تعلّی ⑧ گمان۔

**فخر جاننا/سمجھنا** (ا) فعل ① قابل قدر سمجھنا ② باعث بزرگی خیال کرنا۔

**فخر خاندان** (عف) اسم مذکر۔ وہ شخص جو اپنے ماں باپ اور خاندان کا نام روشن کرے جس کے سبب سے تمام خاندان کو بزرگی حاصل ہو۔

**فخر کرنا** (ا) فعل ① گھمنڈ کرنا ② ناز کرنا ③ غرور کرنا ④ شیخی مارنا۔

**فخریہ** (ء) تابع فعل ① فخر کے طور پر ② افتخاراً اکڑ کر ③ نازاں ہو کر۔

## ف ← د

**فدا** (ء) اسم صفت ① جان نثار ② جان قربان کرنے والا ③ دوسرے کے بدلے میں جان دینے والا (بصورت اسم مذکر) صدقہ ④ نثار ⑤ نچھاور ⑥ نجات کا وسیلہ ⑦ سرمایہ جان کی قیمت ⑧ بھینٹ ⑨ عاشق۔

**فدا کرنا/فدا ہونا** (ا) فعل ① قربان کرنا ② نثار کرنا ③ بھینٹ نذر کرنا ④ وارنا۔

**فدائی** (ء) اسم مذکر بیائے فاعلیت یا نسبتی ① اپنے آپ کو دوسرے کے لیے ہلاکت میں ڈالنے والا ② سر دینے والا ③ جان قربان کر ڈالنے والا ④ عاشق ⑤ جانباز۔

**فدوی** (ء) اسم مذکر ① فدا ہونے والا ② سر بیچنے والا ③ جان نثار ④ تصدق ہونے والا ⑤ (بحالت اسم مذکر) نوکر ⑥ ملازم۔

**فدیہ** (ء) اسم مذکر ① زر مخلصی ② وہ روپیہ جس کو ادا کر کے قیدی کو چھڑایا جائے سر بہا ڈنڈ ③ جرمانہ ④ وہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں سے بادشاہ وصول کرے ⑤ خون بہا۔

## ف ← ر

**فر** (ف) اسم مذکر ① آرائش ② آراستگی ③ دھوم دھام ④ رعب وداب ⑤ دبدبہ۔

**فر** (ا) اسم مذکر صوت ① چڑیوں اور پرندوں کے اڑنے کی آواز ② جلدی سے اڑنے کی آواز۔

**فرات** (ء) اسم مذکر۔ عراق عرب کے ایک دریا کا نام ہے۔

**فراٹا** (ا) اسم مذکر صوت ① کسی پرندے کے اڑنے کی آواز ② ہوا کا سناٹا ③ جلدی جلدی پڑھنا یا بولنا۔

**فراٹے بھرنا/لینا** (ا) فعل ① جلد جلد پڑھنا یا بولنا ② خوب دوڑنا ③ بے تحاشا بھاگنا ④ جھنڈے پھریرے کا ہوا میں لہرانا ⑤ اڑنا۔

**فراخ** (ف) اسم صفت ① وسیع ② کھلا ③ چوڑا ④ کشادہ ⑤ بڑا ⑥ کلاں۔

**فراخ حوصلہ** (فع) اسم صفت ترکیبی ① عالی ہمت ② بڑے حوصلے والا۔

**فراخ کرنا** (ا) فعل ① کھلا کرنا ② کشادہ کرنا ③ چوڑا کرنا۔

**فراخی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کشادگی ② بڑائی ③ وسعت ④ پھیلاؤ ⑤ تنگی کی ضد ⑥ خوشحالی ⑦ آسودگی ⑧ امیری ⑨ گھوڑے کا تنگ۔

**فراداے** (ء) اسم مذکر ① فرد کی جمع ② اکیلے ③ تنہا۔

**فراڈ** (ای) اسم مذکر ① دھوکا ② فریب ③ مکاری۔

**فرار** (ء) اسم صفت بصیغہ مبالغہ ① بہت بھاگنے والا ② چالاک۔

**فرار** (ء) اسم مذکر ① بھاگ جانا ② بھاگنا۔

**فرار ہونا** (ا) فعل ① بھاگ جانا ② چھپ جانا ③ لک جانا ④ روپوش ہو جانا۔

**فراری** (عف) اسم صفت فاعل بیائے فاعلیت ① بھاگا ہوا ② بھگوڑا ③ روپوش ④ اپنی زمین چھوڑ کر بھاگ جانے والا ⑤ زمیندار۔

**فراست** (ء) اسم مونث ① تیز فہمی ② قیافہ ③ شناسی ④ دانائی ⑤ سمجھداری۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

فرانسیسن (ا) اسم مذکر ① ملک فرانس کا باشندہ ② فرانسیس کا مخفف ہے۔

فرانسیسی (ا) اسم مذکر ① فرانس کی زبان ② فرانس کی چیز ③ فرانسیسی کا مخفف۔

فراش (ع) اسم مذکر ① فرش بچھانے والا ② وہ شخص جس کے سپرد خیموں کا گاڑنا اور کھڑا کرنا ہو ③ صنوبر یا شمشاد سے مشابہ ایک درخت کا نام بھی ہے۔

فراش خانہ (عف) اسم مذکر ظرف۔ وہ مکان جس میں فرش فروش خیمہ ڈیرے کا سامان رہے۔

فراشی (عف) اسم مونث ① فراش کا کام ② اس میں یائے نسبتی ہے۔

فراشی پنکھا (ا) اسم مذکر آلہ ① بڑا پنکھا جو چھت سے لٹکایا جاتا ہے ② یا وہ بڑا پنکھا جس سے کھڑے ہو کر ہاتھ سے جھلتے ہیں۔

فراشی سلام (ا) اسم مذکر ① نہایت ادب و تعظیم کا سلام ② جس میں جھک کر فرش تک سر پہنچ جاتا ہے۔

فراغ (ع) اسم مذکر ① سوفتہ ② بیتا ③ فرصت ④ مہلت ⑤ آرام ⑥ آسودگی ⑦ نجات ⑧ خوشی ⑨ سرور۔

فراغ خاطر/ دل (ع) اسم مذکر ① دلجمعی ② تسلی ③ بے فکری ④ آرام دل۔

فراغت (ع) اسم مونث بنائے تانیث ① فرصت ② مہلت ③ نجات ④ خوشی ⑤ رہائی ⑥ بہتات ⑦ فراوانی ⑧ آرام ⑨ چین۔

فراغت پانا (ا) فعل ① خالی ہونا ② فرصت پانا ③ فیصلہ کرنا ④ جھگڑا ⑤ ختم کرنا ⑥ بکھیڑا چکانا ⑦ انزال ہونا۔

فراغت جانا (ا) فعل ① پیخانے جانا ② ٹٹی جانا ③ جنگل جانا ④ رفع حاجت کے لئے جانا۔

فراغت سے بیٹھنا (ا) فعل ① آرام سے بیٹھنا ② بے فکری سے بیٹھنا۔

فراغت ہونا (ا) فعل ① فارغ ہونا ② فرصت پانا ③ انزال ہونا۔

فراق (ع) اسم مذکر ① علیحدگی ② جدائی ③ ہجر ④ مفارقت ⑤ فکر ⑥ خیال ⑦ دھن ⑧ لگن ⑨ جیسے کس فراق میں لگے ہو۔

فراک (ای) اسم مذکر۔ بچوں اور عورتوں کا ایک مخصوص لباس یا قمیص۔

فراک کوٹ (ای) اسم مذکر ① پیچھے سے چاک شدہ کوٹ ② ایک خاص وضع اور فیشن کے کوٹ کا نام ہے۔

فرامشن (ا) اسم مذکر ① ایک خاص عقیدے کے لوگوں کا فرقہ ② ایک خفیہ اور قدیمی مجلس انگریزی لفظ فری میشن کا بگاڑ ہے ③ ہم مشرب ④ شریک صحبت ⑤ ہمراز۔

فراموش (ف) اسم صفت ① بھولا ہوا ② یاد سے اترا ہوا ③ (بحالت اسم مونث) بھول چوک ④ نسیان ⑤ سہو ⑥ خطا۔

فراموش کرنا (ا) فعل ① بھول جانا ② بسر جانا ③ خیال نہ رکھنا ④ ذہن سے اتارنا۔

فراموشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھول ② چوک ③ سہو ④ خطا۔

فرامین (ع) اسم مذکر۔ فرمان کی جمع۔

فرانس (ای) اسم مذکر۔ ایک ملک کا نام ہے۔

فرانٹیئر (ای) اسم صفت۔ سرحد۔

فرانسیس (ا) اسم مذکر ① ملک فرانس کے باشندے فرنچ ② اہل فرانس۔

فرانسیسی (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ① فرنچ زبان ② فرانس کی بولی ③ (بصورت اسم مذکر) باشندہ ملک فرانس۔

فراوان (ف) اسم صفت ① زیادہ ② وافر ③ بکثرت ④ بہت۔

فراوانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① زیادتی ② کثرت ③ بہتات ④ افراط۔

فراہم (ف) تابع فعل ① جمع ② اکٹھا ③ سب ④ سارا۔

فراہم کرنا (ا) فعل ① جمع کرنا ② اکٹھا کرنا۔

فراہمی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① اجتماع ② جمع کرنا ③ جمعیت ④ اکٹھا کرنا۔

فرائض (ع) اسم مذکر ① فریضہ کی جمع ہے ② ضروری کام ③ ڈیوٹیاں ④ اصطلاح ⑤ شرع میں فرمودہ الٰہی ⑥ میراث یا ترکہ کی تقسیم کا علم۔

فربہ (ف) اسم صفت موٹا ① تیار ② جسیم ③ تنومند ④ سنڈ ⑤ مسٹنڈ۔

فربہ اندام (ف) اسم صفت ① موٹے بدن کا ② موٹا ③ پھپس۔

فربہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① موٹائی ② موٹاپن ③ مٹاپا۔

فرتوت (ف) اسم صفت ① بہت بوڑھا ② پھونس بوڑھا ③ نکما ④ بے عقل ⑤ بدحواس۔

فرجام (ف) اسم مذکر ① انجام ② خاتمہ ③ اخیر ④ انتہا۔

فرح (ف) اسم مونث ① خوشی شادمانی ② فرحت ③ سرور ④ نشاط ⑤

خرمی۔

فرحان (ف) اسم صفت بصیغہ اسم حالیہ ① خوش و خرم ② مگن ③ مست۔

فرحت (ع) اسم مونث ① خوشی ② خرمی ③ سرور ④ شادمانی۔

فرحت افزا (عف) اسم صفت ترکیبی ① خوشی بڑھانے والا ② دل کو خوشی دینے والا ③ مفرح تازگی بخش۔

فرحت بخش (عف) اسم صفت ترکیبی ① خوشی اور تازگی بخشنے والا ② خوشی دینے والا۔

فرخ (ف) اسم صفت ① مبارک ② سعید ③ نیک ④ زیبا چہرے والا ⑤ فر بمعنی زیبا اور رخ بمعنی چہرہ سے مرکب ہے۔

فرخ تبار (ف) اسم صفت ترکیبی ① بڑے گھرانے کا ② عالی خاندان کا ③ اچھے خاندان کا۔

فرخندہ (ف) اسم صفت ① مبارک ② نیک مسعود۔

فرخندہ بخت / طالع (ف) اسم صفت ① ترکیبی ② بھاگوان ③ خوش قسمت ④ نیک نصیب ⑤ خوش اقبال ⑥ نیک اختر۔

فرد (ع) اسم مونث ① ایک ② واحد ③ طاق ④ جفت کی ضد ⑤ ایک شعر ⑥ بیت ⑦ حساب کی فہرست ⑧ رجسٹر ⑨ چٹھا۔

فرد باطل (ع) اسم مونث ① ناکارہ اور نکمی فہرست جو خراب شدہ ہو ② مجازاً ③ ردی ④ ناکارہ ⑤ نکمی ⑥ بیکار۔

فرد بشر (ع) اسم مذکر ① ایک آدمی ② شخص واحد ③ ایک تنفس۔

فرد فرد (ع) تابع فعل ① ایک ایک ② الگ الگ ③ ہر شے ④ ہر آدمی۔

فرداً فرداً (ع) تابع فعل ① ایک ایک ② جدا جدا ③ الگ الگ ④ ہر شخص۔

فردا (ف) اسم مذکر ظرف ① کل ② آیندہ دن ③ دوسرا دن مجازاً ④ قیامت کا دن۔

فردوس (ع) اسم مذکر ظرف ① باغ ② گلشن ③ بہشت ④ جنت ⑤ بہشت کا سب سے اعلٰے طبقہ۔

فردوس مکانی (عف) اسم مذکر ① وہ مردہ جس کا گھر بہشت میں ہو ② بابر بادشاہ لقب ہے ③ اس کے مرنے کے بعد دیا گیا۔

فردوس منزل / منزلت (ع) اسم مذکر ① جنت میں رہنے والا ② مرحوم مغفور ③ مبرور۔

فردوسی (عف) اسم مذکر۔ حکیم ابوالقاسم منصور طوسی کا تخلص ہے جس نے محمود غزنوی کے زمانے میں شاہنامہ کی تصنیف کی تھی۔

فرزانگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دانائی ② عقلمندی ③ عقل ④ سمجھ ⑤ علم حکمت۔

فرزانہ (ف) اسم صفت ① دانا ② عقلمند ③ سمجھدار ④ حکیم ⑤ لائق ⑥ ہنرمند ⑦ گیانی۔

فرزند (ف) اسم مذکر ① پوت ② بیٹا ③ پتر ④ لڑکا ⑤ ابن ⑥ بن ⑦ اولاد خواہ مذکر ہو یا مونث۔

فرزند ارجمند (فع) اسم مذکر ① قابل قدر بیٹا ② سپوت ③ لائق اور ہونہار بیٹا۔

فرزند بنانا (ا) فعل ① متبنے بنانا ② گود لینا ③ لے پالک کرنا۔

فرزند خلف (فع) اسم مذکر ① سپوت ② بیٹا ③ نیک بیٹا ④ صالح لڑکا ⑤ فرمانبردار بیٹا۔

فرزند ناخلف (فع) اسم مذکر ① نالائق بیٹا ② نافرمان بیٹا ③ کپوت۔

فرزن نرینہ (ف) اسم مذکر ① بیٹا ② پسر ③ پتر۔

فرزندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① باپ بیٹے کا رشتہ ② پترتا۔

فرزندی میں لینا (ا) فعل ① متبنے بنانا ② گود لینا ③ بیٹا بنانا ④ دامادی میں قبول کرنا ⑤ داماد بنانا۔

فرزین (ف) اسم صفت ① دانا ② عقلمند ③ سمجھ دار ④ شطرنج کے کھیل میں وزیر کے مرنے پر بولتے ہیں۔

فرس (ع) اسم مذکر ① گھوڑا ② اسب ③ شطرنج کا وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے۔

فرستادہ (ف) اسم صفت مفعولی ① ایلچی ② بھیجا ہوا ③ قاصد ④ دوت ⑤ پیک۔

فرسٹ (ای) اسم صفت ① اول ② پہلا ③ مقدم ④ سابق ⑤ یکم۔

فرسٹ اننگ (ای) اسم مذکر۔ کرکٹ میں ایک ٹیم کا ایک باری کا کھیل۔

فرسٹ ایڈ (ای) اسم مذکر۔ ابتدائی طبی امداد۔

فرسٹ کلاس (ای) اسم مذکر ① پہلا درجہ ② اول درجہ۔

فرسخ (ع) اسم مذکر ① تین میل کا فاصلہ ② تین میل کی دوری۔

فرسنگ (ف) اسم مذکر ① فرسخ ② تین میل کا فاصلہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

فرسودہ (ف) اسم صفت مفعول ❶ تباہ حال ❷ تنگ حال ❸ بدحال ❹ پرانا ❺ کہنہ ❻ تھکا ماندہ ❼ خستہ حال۔

فرسودہ حال (ف) اسم صفت مفعولی ترکیب ❶ تنگ حال ❷ مفلس ❸ خستہ حال۔

فرسے اڑنا (ا) فعل ❶ جلدی سے اڑ جانا ❷ پھر سے اڑنا۔

فرش (ء) اسم مذکر ❶ بچھانے کی چیز ❷ بستر ❸ بوریا ❹ غالیچہ ❺ مجازاً زمین ❻ دھرتی ❼ اینٹیں لگی زمین ❽ چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی زمین۔

فرش فروش (ا) اسم مذکر ❶ بچھونا وغیرہ ❷ ہر قسم کا فرش ❸ یہاں فروش تابع موضوع ہے ❹ بچھانے کی چیزیں۔

فرش کرنا (ا) فعل ❶ بچھونا بچھانا ❷ چونے اینٹوں وغیرہ سے زمین کو پکا کرنا ❸ قتل کر ڈالنا ❹ مار کر زمین پر ڈال دینا۔

فرشتوں (ف) اسم مذکر۔ فرشتہ کی جمع۔

فرشتوں کو خبر نہ ہونا/ فرشتوں کا واقف نہ ہونا (ا) فعل ❶ بالکل بے خبر ہونا ❷ کانوں کان خبر نہ ہونا ❸ بے خبری کے مبالغہ کے وقت بولتے ہیں۔

فرشتوں کے پر جلنا (ا) فعل ❶ کسی مقام تک رسائی کی مجال تک نہ ہونا ❷ خوف یا رعب کے مارے جا نہ سکنا ❸ گزر نہ ہونا۔

فرشتوں کی نہ سننا (ا) فعل ❶ نہایت مغرور ہونا ❷ پرلے درجے کا متکبر ہونا۔

فرشتہ (ف) اسم مذکر ❶ بھیجا ہوا ❷ قاصد ❸ رسول ❹ ہاتف ❺ دیوتا ❻ نور سے پیدا شدہ مخلوق۔

فرشتہ پر نہیں مارتا (ا) محاورہ ❶ کوئی غیر آدمی کسی طرح بھی وہاں جا نہیں سکتا ❷ کسی کا بھی وہاں گزر نہیں۔

فرشتہ خاں (ا) اسم مذکر ❶ زبردست آدمی ❷ بارعب آدمی ❸ تیس مار خاں۔

فرشتہ خو/ خصلت/ صفت (فع) اسم صفت ترکیبی ❶ فرشتہ جیسی نیک عادت والا نہایت سیدھا سادہ ❷ بھولا بھالا ❸ پاک ❹ مقدس ❺ بہشتی ❻ جنتی۔

فرشتہ خواں (فع) اسم فاعل ترکیبی۔ علم تسخیر کا ماہر کامل جو فرشتوں کو تسخیر کرنے اور ان کے بلانے پر قادر ہو۔

فرشتے (ا) اسم مذکر ❶ فرشتہ کی جمع ❷ ملائک ❸ ملائکہ۔

فرشتے نظر آنا/ دکھائی دینا (ا) فعل ❶ مرنے کا وقت قریب ہونا ❷ موت دکھائی دینا ❸ موت کے فرشتوں کا دکھائی دینا۔

فرشی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ فرش ❷ فرش کا ❸ فرش سے متعلق ❹ بحالت اسم مذکر ❺ ایک قسم کا بڑے چوڑے پیندے کا حقہ۔

فرشی جوتا (ا) اسم مذکر ❶ سلیپر ❷ فرش پر پہننے کا جوتا۔

فرشی حقہ (ا) اسم مذکر۔ بڑے بڑے چوڑے پیندے کا حقہ۔

فرشی سلام (ا) اسم مذکر ❶ نہایت تعظیمی سلام ❷ بہت جھک کر سلام کرنا۔

فرشی لمپ (ا) اسم مذکر ❶ فرش پر رکھ کر جلانے کا لمپ ❷ بیٹھک دار گلوب والا لمپ۔

فرصت (ء) اسم مونث ❶ چھٹکارا ❷ خلاصی ❸ خلوت کا وقت ❹ فارغ وقت ❺ مہلت۔

فرصت پانا (ا) فعل ❶ موقع پانا ❷ فرصت پانا ❸ وقت پانا ❹ چھٹی پانا ❺ فارغ ہونا ❻ مہلت پانا ❼ برخاست ہونا ❽ موقوف ہونا۔

فرض (ا)(ء) اسم مذکر ❶ تعین ❷ لازمی امر ❸ ضروری بات ❹ ڈیوٹی ❺ جوابدہی ❻ ذمہ داری ❼ تسلیم کیا ہوا ❽ مانا ہوا ❾ خدا کا حکم۔

فرض ادا کرنا (ا) فعل ❶ خدا کا حکم بجالانا ❷ ڈیوٹی بجالانا ❸ ضروری اور مسلم امور کو پورا کرنا۔

فرض پڑھنا (ا) فعل ❶ نماز فرض ادا کرنا ❷ ان رکعتوں کو ادا کرنا جو خدائے تعالٰی کی طرف واجب اور لازم ہیں۔

فرض عین (ء) اسم مذکر ❶ خالص فرض ❷ ذاتی فرض۔

فرض کرنا (ا) فعل ❶ مان لینا ❷ قبول کرنا ❸ تسلیم کرنا۔ ❹ خیال کرنا ❺ کسی بات یا دعوے کو بلا ثبوت ماننا۔

فرض کفایہ (ء) اسم مذکر ❶ وہ فرض جو جماعت یا کنبہ میں سے ایک شخص کے ادا کرنے سے سب کے ذمے سے اتر جائے ❷ جیسے نماز جنازہ۔

فرض محال (ا) اسم صفت ❶ غیر ممکن ❷ ناممکن ❸ ناممکن الوقوع۔

فرضاً (ء) تابع فعل ❶ از روئے فرض ❷ فرض کے طور پر ❸ بالفرض ❹

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

قیاساً۔

فرضی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ خیالی ❷ لابدی ❸ اٹل ❹ قیاسی ❺ لازمی ❻ خیال ❼ گمانی ❽ بے اصل نقلی ❾ مصنوعی۔

فرط (ع) اسم مونث ❶ کثرت ❷ بہتات ❸ افزونی ❹ زیادتی ❺ افراط۔

فرط شوق (ع) اسم مذکر ❶ شوق کی زیادتی ❷ غلبہ ❸ آرزو ❹ کمال تمنا۔

فرط محبت (ع) اسم مونث ❶ محبت کا غلبہ ❷ محبت کی زیادتی ❸ کثرت محبت۔

فرع (ع) اسم مونث ❶ ڈالی ❷ ٹہنی ❸ پھننگ ❹ شاخ ❺ وہ دینی مسئلہ جو عمل کے متعلق ہو۔

فرعون (عبرانی) اسم مذکر ❶ مصر کے ایک بادشاہ کا لقب جس نے حضرت موسیٰ کے زمانے میں خدائی کا دعوےٰ کیا تھا ❷ ہر مصری بادشاہ کا لقب بھی ہوتا تھا ❸ مجازاً نا فرمان باغی ❹ سرکش ❺ مغرور ❻ متکبر ❼ ظالم ❽ جابر۔

فرعون بے سامان (ا) اسم صفت ❶ بے ملک نواب ❷ بدذات ❸ شریر ❹ ظالم ❺ وہ شخص جو طاقت نہ ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کرے۔

فرعونی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سرکشی ❷ بدذاتی ❸ شرارت ❹ ظلم ❺ تکبر۔

فرفر (ا) تابع فعل ❶ جلد جلد ❷ جلدی سے جلدی ❸ ہوا کی طرح پڑھنے لکھنے اور بولنے کے لئے آتا ہے۔

فرفر پڑھنا (ا) فعل ❶ جلدی جلدی پڑھنا ❷ بے اٹک پڑھنا۔

فرفیون (یونانی) اسم مونث۔ ایک قسم کا خاکستری سا گوند ہوتا ہے جو دافع لقوہ و فالج ہے۔

فرق (ع) اسم مذکر۔ ❶ جدائی ❷ علیحدگی ❸ دوری۔ ❹ فاصلہ ❺ تمیز ❻ شناخت ❼ پہچان ❽ اختلاف ❾ تفاوت۔

فرق آ جانا (ا) فعل ❶ کمی آ جانا ❷ پہلی سی بات نہ رہنا ❸ بات بگڑنا ❹ بٹا لگنا ❺ شکر رنجی ہو جانا ❻ ان بن ہو جانا ❼ اصلیت میں اختلاف ہونا۔

فرق سے (ا) تابع فعل ❶ دور سے ❷ فاصلہ سے ❸ ہٹ کر ❹ پرے۔

فرق کرنا (ا) فعل ❶ الگ کرنا ❷ صورت بدلنا ❸ تبدیل کر دینا ❹ جدا کرنا۔

فرق نکالنا (ا) فعل ❶ غلطی نکالنا ❷ اختلاف مٹانا ❸ فرق معلوم کرنا۔

فرقان (ع) اسم مذکر ❶ لغوی ❷ حق اور باطل میں فرق کر دینے والا ❸ اصطلاح میں قرآن شریف ❹ کلام الٰہی۔

فرقت (ع) اسم مونث ❶ ہجر ❷ جدائی ❸ تفرقہ ❹ برہ۔

فرقہ (ع) اسم مذکر ❶ قوم ❷ گروہ ❸ جتھا ❹ جماعت ❺ منڈلی ❻ ٹولی ❼ جرگہ ❽ فریق۔

فرلانگ (ای) اسم مذکر ❶ میل کا آٹھواں حصہ ❷ دوسو بیس گز کا فاصلہ۔

فرلو (ای) اسم مونث ❶ وطن جانے کی چھٹی ❷۔ وہ چھٹی یا رضا جو خاص میعاد ملازمت کے بعد معہ تنخواہ ملا کرتی ہے۔

فرم (ای) اسم مونث ❶ کمپنی ❷ کاروباری تنظیم ❸ کاروباری ادارہ۔

فرما / فرمہ (ای) اسم مذکر ❶ انگریزی لفظ فارم کا بگاڑ ہے ❷ یک طرفہ چھپا ہوا کاغذ ❸ پروف ❹ پروف شیٹ ❺ سانچہ۔

فرمان (ف) اسم مذکر ❶ حکمنامہ ❷ پروانہ ❸ شاہی حکم ❹ حکم ❺ آ گیا ❻ اجازت۔

فرمانبرداری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اطاعت ❷ تابعداری۔

فرمان پذیر (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ حکم ماننے والا ❷ حکم بجا لانے والا ❸ فرمانبردار۔

فرمان روا (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ حکم چلانے والا ❷ حاکم ❸ بادشاہ۔

فرمان روائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ ❶ حکومت ❷ بادشاہی ❸ سلطنت۔

فرمان صادر کرنا (ا) فعل ❶ حکم دینا ❷ حکم جاری کرنا۔

فرمانا (ا) فعل ❶ حکم دینا ❷ بولنا ❸ کہنا ❹ بیان کرنا ❺ ارشاد کرنا ❻ (بصورت اسم مذکر بمعنی حاصل مصدر حکم) ارشاد آ گیا جیسے پنچوں کا فرمانا سر پر مگر پرنالہ وہیں رہے گا۔

فرمایش (ف) اسم مونث ❶ حاصل مصدر از فرمودن ❷ درخواست ❸ مانگ ❹ طلبی ❺ حکم ❻ سفارش ❼ ارشاد ❽ فرمان ❾ تمنا۔

فرمایش کرنا (ا) فعل ❶ چاہنا ❷ تمنا کرنا ❸ تحفہ منگوانا ❹ کوئی چیز

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

عہدے کے لحاظ سے یا حکماً منگوائی۔
فرمایشی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ درخواست کی ہوئی فرمایش شدہ ❷ مجازاً ❸ عمدہ ❹ نفیس ❺ جوتی ❻ مضبوط جوتی۔
فرمایشی پڑنا (ا) فعل ❶ جوتیاں پڑنا ❷ سزا پانا ❸ جوتیاں لگنا ❹ ذلیل ہونا۔
فرمایشی لگانا (ا) فعل ❶ جوتیاں مارنا ❷ ذلیل کرنا ❸ رسوا کرنا۔
فرنٹ (ای) اسم صفت ❶ سامنے کا حصہ ❷ سامنا ❸ ناراض ❹ خفا برخلاف ❺ سرکش ❻ باغی ❼ برگشتہ۔
فرنٹ ہوجانا (ا) فعل ❶ بغاوت کرنا ❷ سرکشی کرنا ❸ بگڑ جانا ❹ حکم عدولی کرنا ❺ ناراض ہونا ❻ برخلاف ہونا ❼ خفا ہو جانا۔
فرنگ (ف) اسم مذکر ❶ رضارا ❷ انگریز ❸ یورپین ❹ فرنگی۔
فرنگستان (ف) اسم مذکر ❶ یورپ ❷ فرنگیوں کا ملک۔
فرنگی (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی ❶ یورپ کا رہنے والا ❷ انگریز۔
فرنی (ف) اسم مونث ❶ ایک قسم کی کھیر ❷ جو دودھ شکر اور چاولوں کے آٹے سے بناتے ہیں۔
فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا (ا) محاورہ ❶ ہر شے کی قدر اس کی حیثیت کے مطابق ہوا کرتی ہے ❷ سب اشیا ایک ہی نرخ کی نہیں ہوا کرتیں۔
فرنیچر (ای) اسم مذکر۔ گھر کا سامان یعنی میز کرسی وغیرہ۔
فرو (ف) تابع فعل ❶ نیچے ❷ تحت ❸ زیر ❹ کم رتبہ ❺ نیچ ❻ سفلہ۔
فروتن (ف) اسم صفت ❶ غریب ❷ مسکین ❸ عاجز ❹ منکسر مزاج۔
فروتنی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عاجزی ❷ مسکینی ❸ انکسار ❹ تواضع۔
فرو کرنا (ا) فعل ❶ دبانا ❷ بٹھانا ❸ بجھانا۔
فرومایہ (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ نیچ ❷ کمینہ ❸ سفلہ ❹ کم ظرف۔
فرو ہونا (ا) فعل ❶ بجھنا ❷ بیٹھنا ❸ نیچے ہونا۔
فروٹ (ای) اسم مذکر ❶ میوہ ❷ پھل ❸ ثمرہ۔ ❹ ثمر۔
فروٹ (ا) اسم صفت ❶ گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا ❷ تیز رفتاری ❸ سرپٹ۔

فروٹ اڑانا (ا) فعل ❶ گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا ❷ جوتیاں مارنا ❸ خوب زدوکوب کرنا۔
فروخت (ف) اسم مونث ❶ حاصلمصدر از فروختن ❷ بکری ❸ خرید کی ضد ❹ بیع۔
فروخت کرنا (ا) فعل ❶ بیچنا ❷ مول دینا ❸ بیع کرنا۔
فرود (ف) تابع فعل ❶ نیچے ❷ پائیں ❸ اترا اور بسیرا ❹ ٹھیراؤ۔
فرودگاہ (ف) اسم مونث ظرف ❶ اترنے کی جگہ ❷ ٹھیرنے کی جگہ۔
فروری (ای) اسم مذکر انگریزی سال کا دوسرا مہینا جو عام طور پر ۲۸ دن کا اور لیپ کے سال ۲۹ دن کا ہوتا ہے۔
فروش (ف) اسم مذکر ❶ فروشندہ ❷ مرکبات میں آتا ہے۔
فروشندہ (ف) اسم فاعل ❶ قیاسی ❷ فروختن ❸ بیچنے والا ❹ فروخت کرنے والا۔
فروع (ع) اسم مذکر ❶ فرع کی جمع ❷ ٹہنیاں ❸ شاخیں ❹ مذہبی اصطلاح میں عملی مسائل۔
فروعات (ع) اسم مونث ❶ فرع کی جمع الجمع ❷ ٹہنیاں۔
فروغ (ف) اسم مذکر ❶ روشنی۔ ❷ جوت ❸ شعاع ❹ سورج کی چمک ❺ کرن ❻ روغن۔
فروغ پانا (ا) فعل ❶ رونق پانا ❷ نام پانا ❸ عزت پانا۔
فروکش ہونا (ا) فعل ❶ ٹھیرنا ❷ مقام کرنا ❸ اترنا ❹ بسیرا کرنا۔
فروگذاشت (ف) اسم مونث ❶ بھول ❷ خطا ❸ کمی ❹ کوتاہی ❺ نظرانداز ❻ درگزر ❼ چھوٹ ❽ چشم پوشی ❾ ٹال مٹول۔
فروگذاشت کرنا (ا) فعل ❶ بھولنا ❷ چوکنا ❸ چشم پوشی کرنا ❹ جانے دینا ❺ ٹالنا۔
فروماندگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عاجزی ❷ لاچاری ❸ مجبوری ❹ مفلسی ❺ کمزوری ❻ تھکان۔
فرومانده (ف) اسم صفت مفعولی ❶ عاجز ❷ لاچار ❸ مجبور ❹ کنگال ❺ تھکا ہوا۔
فرہاد (ف) اسم مذکر۔ فارس کے ایک مشہور سنگتراش کا نام ہے جس نے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

شہزادی شیریں کے عشق میں کوہ بیستون کو چیر کر نہر نکالی اور بے نیل مرام مرا۔

فرہنگ (ف) اسم مونث ❶ دانائی ❷ دانش ❸ عقل ❹ فہم ❺ لغت کی کتاب ❻ ڈکشنری۔

فری (ای) اسم صفت ❶ آزاد ❷ مفت ❸ خود مختار ❹ بے روک ٹوک۔

فریاد (ف) اسم مونث ❶ دہائی ❷ شور ❸ واویلا ❹ غل ❺ نالش استغاثہ ❻ رونا پیٹنا۔

فریادرس (ف) اسم صفت ❶ فاعلی ❷ دہائی سننے والا ❸ فریاد کو پہنچنے والا ❹ انصاف کرنے والا۔

فریادرسی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ انصاف ❷ نیاؤ ❸ دادرسی۔

فریاد کرنا (ا) فعل ❶ شور کرنا ❷ آہ و نالہ کرنا ❸ دکھڑا رونا ❹ نالش کرنا ❺ داد چاہنا۔

فریاد لانا (ا) فعل۔ کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا۔

فریادی (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ دہائی دینے والا ❷ فریاد کرنے والا ❸ مدعی ❹ مستغیث۔

فریب (ف) اسم مذکر حاصل مصدر ❶ دغا ❷ مکر ❸ حیلہ ❹ جل ❺ بتا ❻ دم ❼ جھانسا ❽ چھل ❾ چالاکی۔

فریب دینا (ا) فعل ❶ دھوکا دینا ❷ چھلنا ❸ دم دینا ❹ جل دینا۔ ❺ چالاکی کرنا۔

فریب کرنا (ا) فعل ❶ چالاکی کھیلنا ❷ دھوکا دینا۔ ❸ جھانسا دینا ❹ چھل کرنا۔

فریب دہی (ا) اسم مونث بیائے مصدری۔ (قانون) ❶ دغا بازی ❷ ٹھگی ❸ دھوکا دینے کا جرم۔

فریبی/فریبیا (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ مکار ❷ دغاباز ❸ دھوکے باز ❹ ٹھگ۔

فرید (ء) اسم صفت ❶ یکتا ❷ لاثانی ❸ بے نظیر ❹ یکہ ❺ حضرت شیخ فریدالدین کا لقب جنہیں بابا فرید اور شکر گنج بھی کہتے ہیں جن کا مزار پاک پتن میں ہے۔

فرید بوٹی (ا) اسم مونث۔ ایک ٹھنڈی اور لیسدار بوٹی کا نام ہے جس سے پانی جم جاتا ہے۔

فرید شکر گنج نہ رہے دکھ نہ رہے رنج (ا) مقولہ۔ بابا فرید کے فقیروں کی صدا ہے۔

فریدی (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ منسوب فرید ❷ بابا فرید کی نیاز کا کھانا۔

فریفتہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ دھوکا کھایا ہوا ❷ قریب میں آیا ہوا ❸ شیفتہ ❹ عاشق ❺ دلدادہ ❻ شیدا۔

فریفتہ ہونا (ا) فعل ❶ دھوکا کھانا ❷ عاشق ہونا ❸ شیدا ہونا ❹ موہا جانا۔

فریق (ء) اسم مذکر ❶ لغوی جدا کرنے والا ❷ فرق کرنے والا ❸ اصطلاحاً گروہ ❹ جماعت ❺ ٹولی ❻ جتھا ❼ طائفہ ❽ زمرہ۔

فریق اول (ء) اسم مذکر ❶ (قانون) مدعی اور اس کے ساتھی ❷ مدعی کا گروہ ❸ دعوے کرنے والا گروہ ❹ اصل فریق ❺ پہلا جتھا۔

فریق ثانی (ء) اسم مذکر ❶ (قانون) مدعا علیہ اور اس کے ہمراہی ❷ طرف ثانی ❸ فریق مخالف۔

فریقین (ء) اسم مذکر ❶ (فریق کی جمع بصیغہ تثنیہ) دونوں فریق ❷ طرفین ❸ مدعی ❹ اور مدعا علیہ۔

فریم (ای) اسم مذکر ❶ چوکھٹا ڈھانچا ❷ ڈھانچ ❸ جسم ❹ قالب ❺ پنجر ❻ گھیرا ❼ تصویر کا چوکھٹا۔

## ف ← ز

فزا (ف) اسم صفت ❶ بڑھانے والا ❷ زیادہ کرنے والا ❸ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے راحت افزا۔

فزع (ع) اسم مونث ❶ ڈر ❷ خوف ❸ دہشت ❹ ہراس۔

فزوں (ف) اسم صفت ❶ زیادہ ❷ بہت بڑھا ہوا ❸ افروں کا مخفف ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

فزونی (ف) اسم صفت ❶ افراط ❷ کثرت ❸ زیادتی ❹ بڑائی ❺ بہتری۔

## ف ← س

فساد (ء) اسم مذکر ❶ بگاڑ ❷ خرابی ❸ خلل ❹ تباہی ❺ صلاح کی ضد ہے ❻ بلوہ ❼ غدر ❽ فتنہ ❾ جھگڑا۔

فساد اٹھانا / برپا / کرنا (ا) فعل ❶ جھگڑا کرنا بلوہ کرنا ❷ فتنہ اٹھانا ❸ دنگا کرنا ❹ غدر مچانا۔

فساد خون (عف) اسم مذکر ❶ خون کی خرابی ❷ لہو کی رنگت یا قوام میں فرق آجانا۔

فساد کی جڑ (ا) اسم مونث ❶ آگ لگاؤ ❷ فتور یا جھگڑے کی بنیاد ❸ بس کی گانٹھ۔

فسادی (عف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ جھگڑالو ❷ فتنہ انگیز ❸ شریر ❹ مفسد ❺ کھوٹا۔

فسانہ (ف) اسم مذکر ❶ افسانہ کا مخفف ❷ قصہ کہانی ❸ بے اصل داستان ❹ من گھڑت قصہ ❺ ماجرا ❻ سرگذشت ❼ حال احوال ❽ حکایت۔

فسخ (ء) اسم مذکر ❶ پھیرنا ❷ توڑنا ❸ نیت توڑنا ❹ رائے بدلنا ❺ رد ❻ تردید ❼ منسوخی۔

فسخ عزیمت (ء) اسم مذکر ❶ نیت بدلنا ❷ ارادہ توڑنا ❸ ارادہ پلٹنا۔

فسخ کرنا (ا) فعل ❶ توڑنا ❷ رد کرنا ❸ منسوخ کرنا ❹ بھنگ کرنا ❺ کھنڈن کرنا۔

فسق (ء) اسم مذکر ❶ نافرمانی ❷ گناہ ❸ بدکاری ❹ جرم ❺ حکم عدولی۔

فسق و فجور (ء) اسم مذکر ❶ بدکاری ❷ گمراہی ❸ گناہ ❹ نافرمانی ❺ بدی۔

فسوں (ف) اسم مذکر ❶ جادو ❷ ٹونا ❸ سحر ❹ ٹوٹکا ❺ افسوں کا مخفف ❻ منتر۔

فسوں ساز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ جادوگر ❷ تسخیر کرنے والا۔

فزونی (ف) اسم صفت ❶ افراط ❷ کثرت ❸ زیادتی ❹ بڑائی ❺ بہتری۔

## ف ← ش

فش (ف) اسم مذکر ❶ گھوڑے کی دُم ❷ پگڑی کا شملہ۔

فشار / فشار قبر (ف) اسم مذکر ❶ دباؤ ❷ بھینچ ❸ تنگی ❹ قبر ❺ قبر کے اندر کی تنگی جو گنہگار مردے کو ہوتی ہے۔

فشردہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی از فشردن ❶ نچوڑا ہوا ❷ عرق نکالا ہوا (صورت اسم مذکر) رس ❸ عرق۔

## ف ← ص

فصاحت (ء) اسم مونث ❶ خوش بیانی ❷ خوش کلامی۔

فصاد (ء) اسم مذکر بصیغہ مبالغہ و پیشہ ❶ فصد کھولنے والا ❷ جراح۔

فصد (ء) اسم مونث ❶ کسی رگ میں سے خون نکالنا ❷ نشتر زنی۔

فصل (ء) اسم مونث ❶ رت ❷ موسم ❸ سماں ❹ بیاں ❺ ضمن کتاب کا کچھ حصہ ❻ کلام کا ایک پارٹ ❼ علیحدگی ❽ جدائی ❾ پردہ۔

فصل استادہ (ا) اسم مونث۔ کھڑی فصل۔

فصل بہار / فصل گل (عف) اسم مونث ❶ بہار کا موسم ❷ موسم گل ❸ ربیع ❹ بسنت رت۔

فصل تخم ریزی (عف) اسم مونث ❶ بوائے کا سماں ❷ بیج بونے کا وقت۔

فصل خریف (ء) اسم مونث ❶ ساونی کا موسم ❷ ساونی کی فصل ❸ جوار مکی باجرے وغیرہ اجناس بونے اور پکنے کا موسم جس میں برسات کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔

فصل ربیع (ء) اسم مونث ❶ اساڑھی کا موسم ❷ گیہوں، جو اور چنے وغیرہ اجناس کے اور کاٹنے کا موسم۔

فصلی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ فصل ❷ موسمی ❸ رت۔

فصلی بخار (ا) اسم مزکر ❶ موسمی بخار جو موسم بدلنے کے باعث ہو ❷

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

ملیریا۔

**فصلی کوا** (ا) اسم مذکر۔ پہاڑی کوا جو برف کے دنوں میں پہاڑ کو چھوڑ کر میدانوں میں اتر آتا ہے۔

**فصول** (ع) اسم مذکر۔ فصل کی جمع۔

**فصول اربعہ** (ع) اسم مذکر۔ سال کے چاروں موسم اور فصلیں۔

**فصیح** (ع) اسم صفت ❶ خوش بیان ❷ خوش کلام ❸ مٹھ بولا ❹ شیریں کلام۔

**فصیل** (ع) اسم مونث ❶ شہر پناہ ❷ شہر کی چار دیواری ❸ آبادی کو غیر آبادی سے جدا کرنے والی دیوار۔

## ف ← ض

**فضا** (ع) اسم مونث ❶ فراخی ❷ وسعت زمین گھر کے صحن کی فراخی ❸ کھلا میدان ❹ وسعت ❺ کشادگی ❻ بہار ❼ جوبن ❽ رونق ❾ کیفیت۔

**فضائل** (ع) اسم مذکر ❶ فضیلت کی جمع ❷ خوبیاں ❸ نیکیاں ❹ ہنر ❺ جوہر ❻ کمالات ❼ اعلےٰ مرتبے۔

**فضائل اربعہ** (ع) اسم مذکر۔ چار خوبیاں حکمت، شجاعت، عفت اور عدالت۔

**فضل** (ع) اسم مذکر ❶ زیادتی ❷ افزونی ❸ عطا ❹ بخشش ❺ ہنر ❻ جوہر ❼ کمال۔

**فضل کرنا** (ا) فعل ❶ رحم کرنا ❷ مہربانی کرنا ❸ دیا کرنا ❹ شفا دینا ❺ آرام بخشنا۔

**فضل مولےٰ** (ع) ❶ کلمہ دعا ❷ فقیروں کی صدا ہے ❸ خدا اپنی مہربانی کرے۔

**فضلا** (ع) اسم مذکر۔ فاضل کی جمع۔

**فضلات** (ع) اسم مذکر۔ فضلہ کی جمع۔

**فضلہ** (ع) اسم مذکر ❶ بچا ہوا ❷ جھوٹا کھانا ❸ پس خوردہ ❹ پھوک ❺ سفل۔

**فضول** (ع) اسم صفت ❶ زیادہ ❷ کثیر ❸ فالتو ❹ زائد ❺ نکما ❻ بیکار ❼ لاحاصل۔

**فضول خرچ** (ا) اسم صفت فاعلی۔ آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا۔

**فضول خرچی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے موقع خرچ ❷ فالتو خرچ ❸ اسراف ❹ خرچ کی کثرت۔

**فضول گو** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ بکواسی ❷ بے فائدہ باتیں بنانے والا ❸ بکی۔

**فضول ہے** (ا) محاورہ ❶ بے فائدہ ہے ❷ لغو ہے ❸ لاحاصل ہے۔

**فضیحت** (ع) اسم مونث ❶ رسوائی ❷ ذلت ❸ بدنامی ❹ جھڑکی ❺ دھتکار۔

**فضیحت کرنا** (ا) فعل ❶ رسوا کرنا ❷ بدنام کرنا ❸ جھڑکنا ❹ ذلیل کرنا۔

**فضیحتی** (ا) اسم مونث (دیکھو فضیحت) اس کا تلفظ فضیہتی ہے۔

**فضیحتی کرنا** (ا) فعل ❶ رسوائی کرنا ❷ بدنامی کرنا ❸ ذلیل کرنا۔

**فضیلت** (ع) اسم مونث ❶ بزرگی ❷ بڑائی ❸ فوقیت ❹ ترجیح ❺ علمیت ❻ سلیقہ ❼ عمدگی ❽ خوبی ❾ ہنرمندی۔

**فضیلت کا تمغہ** (ا) اسم مذکر ❶ میڈل ❷ ڈپلوما ❸ سند ❹ سرٹیفکیٹ ❺ اعلےٰ درجہ میں امتحان پاس کرنے کا نتیجہ۔

**فضیلت کی پگڑی** (ا) فعل ❶ بزرگی حاصل کرنا ❷ فاصل ہونے کا ڈپلوما یا سند لینا ❸ عالم ہونا۔

## ف ← ط

**فطر** (ع) اسم مذکر ❶ روزہ کھولنا ❷ افطار۔

**فطرت** (ع) اسم مونث ❶ پیدائش ❷ خلقت ❸ نیچر ❹ قدرت ❺ اصل ❻ ضمیر ❼ گھٹی ❽ عقلمندی ❾ دانائی۔

**فطرت کرنا** (ا) فعل ❶ چالاکی کرنا ❷ چال چلنا ❸ عیاری کرنا۔

**فطرت لڑانا** (ا) فعل ❶ سازش کرنا ❷ فریب کھیلنا ❸ دھوکا دینا ❹ تدبیر لڑانا۔

**فطرتی** (عف) اسم صفت بیائے فاعلیت یا نسبت ❶ جبلی ❷ پیدائشی ❸ جنم کا ❹ قدرتی شوخ ❺ عیار ❻ چالاک ❼ شریر ❽ چال باز ❾ دغا باز۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

فطرہ (ء) اسم مذکر ❶ عید رمضان کا صدقہ ❷ فی کس دو سیر گندم قبل از نماز عید۔

فطیر (ع) اسم مذکر ❶ تازہ گندھا ہوا آٹا ❷ خمیر کی ضد۔

فطیری روٹی (ا) اسم مونث ❶ چپاتی ❷ پھدکا ❸ سادہ روٹی ❹ خمیری روٹی کی ضد۔

## ف ← ع

فعل (ء) اسم مذکر ❶ کام ❷ کاج ❸ کار ❹ علم صرف میں وہ کلمہ جس کے معنوں میں کرنا یا سہنا اور ماضی حال مستقبل زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے ❺ حرکت جنبش ❻ لچھن ❼ کرتوت۔

فعل جائز (ء) اسم مذکر۔ وہ کام جو شرع کی رو سے روا ہو۔

فعل شنیع (ء) اسم مذکر ❶ برا کام ❷ شرمناک فعل ❸ بیجا حرکت۔

فعل ضامنی (ا) اسم مونث ❶ نیک چلنی کی ضمانت ❷ آئندہ جرم نہ کرنے کی ذمہ واری۔

فعل عبث (ء) اسم مذکر ❶ نکما اور فضول کام ❷ بے فائدہ اور لغو کام۔

فعل کرانا (ا) فعل ❶ بدکاری کرانا ❷ زنا کرانا۔

فعل کرنا (ا) فعل ❶ کوئی کام کاج کرنا ❷ عمل کرنا ❸ بدفعلی کرنا ❹ مکر کرنا ❺ فریب کرنا۔

فعل لازم (ء) اسم مذکر۔ علم صرف میں وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم ہو جائے۔

فعل لانا/فیل لانا (ا) فعل ❶ شرارت کرنا ❷ دنگا کرنا ❸ بپھرنا ❹ سرکشی ❺ جھوٹا مکر بنانا ❻ ضد کرنا ❼ ہٹ کرنا۔

فعل متعدی (ء) اسم مذکر ❶ علم صرف مین وہ فعل جو فاعل سے آگے بڑھ کر مفعول بھی چاہے ❷ جو مفعول پر دافع ہو۔

فعل مجہول (ع) اسم مذکر ❶ وہ متعدی فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو ❷ اور مفعول اس کا قائمقام ہو۔

فعل مچانا/فیل مچانا (ا) فعل ❶ پاکھنڈ کرنا ❷ مکر کرنا ❸ فریب کرنا ❹ اصرار کرنا ❺ ہٹ کرنا ❻ دنگا کرنا ❼ شرارت کرنا۔

فعل معروف/معلوم (ء) اسم مذکر۔ علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل مذکور ہو۔

فعل ناجائز (عف) اسم مذکر ❶ خلاف شرع کام ❷ خلاف قانون کام۔

فعل ناشائستہ (عف) اسم مذکر ❶ بری حرکت ❷ نامناسب کام ❸ غیر موزوں بات۔

فعل ناقص (ع) اسم مذکر۔ وہ فعل جس کا فاعل اور مفعول نہ ہو بلکہ اسم و خبر کا خواہاں ہو۔

فعلاً (ع) تابع فعل ❶ از روئے فعل یا عمل ❷ عملاً ❸ قولاً کی ضد ہے۔

فعلی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ فعل عملی ❷ کام کا ❸ کام سے متعلق۔

فعلیا/فیلیا (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ مکار ❷ پاکھنڈی ❸ ضدی ❹ ہٹیلا۔

## ف ← غ

فغان (ف) اسم مذکر ❶ شور ❷ غل ❸ رولا ❹ نالہ وفریاد ❺ آہ وزاری۔

فغفور (ف) اسم مذکر ❶ شاہان چین کا لقب ❷ فغ بمعنی بت اور فور بمعنی پور یعنی بیٹا سے مرکب ہے۔

## ف ← ف

فف (ف) اسم مونث۔ پھونک۔

ففتھ کالم (ای) اسم مذکر ❶ وہ وطن دشمن عناصر جو وطن میں رہ کر دشمن کی امداد کریں ❷ غدار۔

ففرو (ا) اسم صفت ❶ بھاگا ہوا ❷ رفو چکر۔

ففرو ہونا (ا) فعل ❶ بھاگ جانا ❷ گم ہو جانا ❸ رفو چکر ہونا ❹ ہوا ہونا۔

## ف ← ق

فق (ا) اسم صفت ❶ خوف یا مرض یا حیرت کے باعث چہرے کی رنگت کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

زرد یا سفید ہو جانا 2 پھیکا 3 اداس 4 حیران پریشان 5 ہکابکا۔
فق پڑجانا/ ہونا/ ہو جانا (ا) فعل 1 چہرے کا رنگ اڑ جانا 2 حیران ہو جانا 3 دنگ ہونا 4 اداس ہو جانا۔
فقدان (ع) اسم مذکر 1 گم ہونا 2 کھویا جانا 3 بھول 4 مرکبات میں بمعنی عدم ونیست۔
فقر (ع) اسم مذکر 1 فقیری 2 درویشی 3 محتاجی 4 تنگدستی 5 مفلسی۔
فقروفاقہ (ع) اسم مذکر 1 تنگی 2 مفلسی 3 محتاجی 4 غریبی۔
فقرا (ع) اسم مذکر۔ فقیر کی جمع۔
فقروں میں آنا (ا) فعل 1 دھوکا کھانا 2 فریب میں آنا 3 باتوں میں آنا۔
فقرہ (ع) اسم مذکر 1 ریڑھ کی ہڈی 2 جھانسا 3 دم 4 عبارت کا ٹکڑا 5 کلام 6 جملہ۔
فقرہ باز (ا) اسم صفت ترکیبی 1 دھوکے باز 2 چالیا 3 دغاباز۔
فقرہ بتانا/ فقرہ بنانا/ فقرہ گھڑنا (ا) فعل 1 دم دینا 2 دھوکا دینا 3 کوئی جھوٹی بات گھڑنا۔
فقرہ چلنا (ا) فعل۔ کسی جھوٹی بات یا فریب کا کارگر ہونا۔
فقرہ دینا (ا) فعل 1 جھانسا دینا 2 دم دینا 3 دھوکا دینا 4 فریب دینا۔
فقرے (ا) اسم مذکر 1 فقرہ کی جمع 2 دم جھانسے 3 جھوٹی باتیں۔
فقرے بازیاں کرنا (ا) فعل 1 باتیں بنانا 2 دھوکے میں لانا 3 دھوکے دینا 4 چالیں چلنا 5 عیاریاں کرنا۔
فقرے بندی (ا) اسم مونث 1 فقرے جوڑنا 2 تک بندی۔
فقرے تراشنا/ ڈھالنا/ سنانا/ کہنا (ا) فعل 1 طعنے مارنا 2 آوازے توازے کسنا 3 رمزیں پھینکنا 4 چبھتی ہوئی کہنا۔
فقط (ع) تابع فعل 1 صرف 2 تنہا 3 بس 4 اکیلا 5 (بحالت صفت) کافی 6 مکتفی 7 (بصورت اسم مذکر) خاتمہ 8 تمت 9 تمام شدہ۔
فقہ (ع) اسم مونث 1 دریافت 2 واقفیت 3 مجازاً شریعت کے احکام سے واقفیت 4 علم دین 5 علم شریعت 6 دھرم شاستر۔
فقہا (ع) اسم مذکر 1 فقیہ کی جمع 2 شریعت کے ماہر 3 علم دین کے جاننے والا۔
فقیر (ع) اسم مذکر 1 گداگر 2 بھکاری 3 منگتا 4 قانع 5 خداپرست 6 دنیا کا تارک 7 غریب 8 محتاج 9 مفلس۔
فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے (ا) مثل۔ غریب آدمی اپنے تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔
فقیر بنا دینا/ کر دینا (ا) فعل 1 محتاج بنا دینا 2 مفلس کر دینا 3 لوٹ لینا۔
فقیر دوست (عف) اسم مذکر فاعل۔ درویشوں کو ماننے اور پسند کرنے والا آدمی۔
فقیر کو کمل ہی دوشالہ ہے (ا) مثل۔ غریب کو جو میسر آئے وہ ہی غنیمت ہے۔
فقیر کی صورت سوال ہے (ا) مثل۔ محتاج کے چہرے سے ہی محتاجی ظاہر ہو جاتی ہے۔
فقیر ہو جانا (ا) فعل 1 جوگ لے لینا 2 تارک الدنیا بن جانا 3 محتاج ہونا 4 مفلس ہو جانا۔
فقیرانہ (عف) تابع فعل 1 درویشوں کا سا 2 محتاجوں جیسا 3 غریبوں کی طرح۔
فقیرنی (ا) اسم مونث 1 فقیر کی تانیث 2 بھیک مانگنے والی عورت 3 محتاج عورت۔
فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا (ا) مثل۔ جو غریب آدمی امیروں کی سی نمود رکھے۔ اس کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
فقیری (عف) اسم مونث۔ بیائے مصدری 1 درویشی 2 گدائی 3 مسکینی 4 غریبی 5 محتاجی۔
فقیری شیر کا برقع ہے (ا) مثل۔ فقیری کے پردے میں بڑے بڑے کامل نکل آتے ہیں۔
فقیری لٹکا (ا) اسم مذکر 1 سہل نسخہ 2 چھومنتر 3 آسان علاج۔
فقیری لینا (ا) فعل 1 درویشی اختیار کرنا 2 ترک دنیا کرنا۔
فقیہ (ع) اسم صفت 1 علم فقہ جاننے والا 2 علم دین کا فاضل 3 مسائل شرعی سے واقف 4 مفتی دین۔

## ف ← ک

فک (ع) اسم مونث 1 علیحدہ کرنا 2 چھوڑنا 3 علم نحو میں وہ اضافت جو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

پڑھنے میں نہ آئے۔

**فک الرّہن** (ء) اسم مذکر۔ گروی رکھی چیز کو چھڑانا۔

**فکر** (ع) اسم مونث و مذکر ① سوچ ② بچار ③ اندیشہ ④ خیال ⑤ دھیان ⑥ رنج ⑦ غم ⑧ غور ⑨ تامل۔

**فکر کرنا** (ا) فعل ① سوچنا ② غور کرنا ③ غم کرنا ④ رنج کرنا ⑤ تامل کرنا۔

**فکر معاش/معیشت** (ء) اسم مذکر ① سامان زیست کی فکر ② زندگی بسر کرنے کی فکر ③ روٹی کمانے کا دھندا۔

**فکر مند** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی مفید صفت ① اندیشناک ② متفکر ③ غمناک ④ غمگین۔

**فکر مندی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① سوچ ② بچار ③ خیال ④ فکر۔

## ف ← گ

**فگار** (ف) اسم صفت ① مجروح ② گھائل ③ زخمی ④ (مرکبات میں آتا ہے) زخم رسیدہ۔

**فگن** (ف) اسم صفت ① افگن کا مخفف ② پھینکنے والا ③ ڈالنے والا۔

## ف ← ل

**فلاح** (ء) اسم مونث ① نیکی ② بھلائی خیر ③ آسودگی ④ سلامتی ⑤ نجات ⑥ خوبی ⑦ عمدگی۔

**فلاح** (ع) اسم مذکر۔ کاشت کار۔

**فلاحی** (ع) اسم صفت ① فلاح سے متعلق ② بہتری ③ بھلائی۔

**فلاحت** (ء) اسم مونث ① کھیتی باڑی ② بونا ③ جوتنا ④ کشاورزی ⑤ زراعت ⑥ کشت کاری۔

**فلاخن** (ف) اسم مونث ① گوپیا ② گوپن ③ پتھر یا روڑا پھینکنے کی رسیاں۔

**فلاسفر** (ای) اسم مذکر ① فلسفی ② دانش ور۔

**فلاسفہ** (یونانی) اسم مذکر ① عالم ② فلسفہ دان ③ فلسفہ کا ماہر ④ ایک معجون کا نام۔

**فلاطون** (یونانی) اسم مذکر ① پہلوان ② حکیم ③ ایک یونانی حکیم کا نام ہے جو سقراط کا شاگرد تھا۔

**فلاکت** (ء) اسم مونث ① مفلسی ② غریبی ③ ناداری ④ شامت گردش ⑤ مصیبت ⑥ فلک زدگی۔

**فلاکت زدگی** (عف) اسم مونث ① مفلسی ② غریبی ③ ناداری ④ شامت ⑤ گردش ⑥ مصیبت ⑦ فلک زدگی۔

**فلاکت زدہ** (عف) اسم صفت مفعولی ① مفلس ② غریب ③ شامت کا مارا ④ مصیبت زدہ ⑤ بدبخت ⑥ بدنصیب۔

**فلاں** (ء) اسم مذکر کنایہ ① فرضی شخص ② امکا ③ کسی ④ کوئی ⑤ وہ ⑥ وہ آدمی۔

**فلان** (ا) اسم مذکر و مونث ① عورت اور مرد کی جائے شرم ② اندام نہانی۔

**فلانا** (ا) اسم مذکر ① وہ آدمی ② شخص معلوم۔

**فلانی** (ا) اسم مونث ① وہ عورت ② زن معلومہ ③ اکی ④ ڈھمکی۔

**فلائنگ کلب** (ای) اسم مذکر۔ وہ کلب یا ادارہ جہاں ہوائی جہاز اڑانے کی تربیت دی جاتی ہے۔

**فلٹر** (ای) اسم مذکر۔ ایسا آلہ جس سے تیل، ہوا اور پانی صاف کیا جاتا ہے۔

**فلز** (ء) اسم مونث ① دھات ② معدنی جوہر جس میں پگلنے کی خاصیت ہو۔

**فلزات** (ء) اسم مونث ① دھاتیں ② فلز کی جمع ہے۔

**فلس** (ء) اسم مذکر ① پیسہ ② تانبے کا سکہ ③ مچھلی کے اوپر کا چھلکا ④ املتاس کا قرص۔

**فلسفہ** (یونانی) اسم مذکر ① حکمت ② دانائی ③ علم حکمت ④ علم موجودات ⑤ جوگ۔

**فلسفی** (یونانی) اسم صفت بیائے فاعلیت ① علم حکمت جاننے والا ② بھٹا چاریا ③ حکیمانہ ④ فلاسفانہ۔

**فلالین** (ای) اسم مونث۔ نہایت ملایم اور گدگدا اونی کپڑا۔

**فلس کیپ** (ای) اسم مذکر ایک قسم کا نہایت عمدہ دو ورقہ کاغذ۔

**فلفل** (ء) اسم مونث ① مرچ ② جمع: فلافل۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**فلک** (ع) اسم مذکر ① اکاس ② امبر ③ آسمان ④ چرخ۔

**فلک الافلاک** (ع) اسم مذکر ① سب آسمانوں کا آسمان ② نواں آسمان ③ عرش وکرسی۔

**فلک پر چڑھانا** (ا) فعل ① آسمان پر چڑھانا ② نہایت عزت بخشنا۔

**فلک پر دماغ ہونا** (ا) فعل ① نہایت مغرور ہونا ② سخت متکبر ہونا۔

**فلک سیر** (ا) اسم مونث ① بھنگ ② تیز رفتار گھوڑا ③ بوٹی۔

**فلک کو خبر نہ ہونا** (ا) فعل ① نہایت بیخبر ہونا ② بالکل خبر نہ ہونا۔

**فلک یاد آنا** (ا) فعل ① موت نظر آنا ② خدا دکھائی دینا ③ مصیبت یاد آنا۔

**فلکی** (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ① آسمانی ② عالم بالا کا ③ سماوی۔

**فلش** (ای) اسم مذکر ① پانی کا تیز بہاؤ ② نالی یا بدرو کو تیز پانی بہا کر صاف کرنا ③ تاش کا ایک کھیل ④ بیت الخلا میں پانی کے بہاؤ سے نجاست صاف کرنا۔

**فلم** (ای) اسم مذکر و مونث ① سینما کی متحرک تصویر ② فوٹو کی جھلی۔

**فلم سٹار** (ای) اسم مذکر و مونث۔ فلموں کا مشہور اداکار یا اداکارہ۔

**فلو** (ای) اسم مذکر و مونث ① انفلوئنزا کا مخفف ② ایک قسم کا وبائی نزلہ۔

**فِلور** (ای) اسم مذکر ① فرش ② منزل ③ سطح۔

**فلور مل** (ای) اسم مونث۔ آٹے کی چکی۔

**فلوس** (ع) اسم مذکر ① فلس کی جمع ② پیسے ③ امتلاس کے قرض۔

**فلولوجی** (ای) اسم مونث ① علم زبان ② زبانوں کی تحقیق کا علم۔

**فلیٹ** (ای) اسم مذکر ① چپٹا سپاٹ ② عمارت کی کسی منزل پر بنے ہوئے رہائشی کمرے۔

**فلیتہ** (ا) اسم مذکر ① فتیلہ کا بگاڑ ہے ② بتی ③ چراغ کی موٹی بتی ④ پلیتہ ⑤ توپ یا بندوق کا توڑا ⑥ انگرکھوں کی کمر کا ڈورا ⑦ تعویذ کی بتی۔

**فلیتہ دینا** (ا) فعل ① آگ روشن کرنا ② توپ یا بندوق چلانا ③ آسیب زدہ کو تعویذ کی دھونی دینا۔

## ف ← م

**فم** (ع) اسم مذکر ① منہ ② مکھ ③ دہن ④ دہان۔

**فم معدہ** (ع) اسم مذکر ① معدہ کا منہ ② معدے کا سوراخ ③ جہاں سے غذا داخل ہوتی ہے۔

## ف ← ن

**فن** (ع) اسم مذکر ① ہنر ② گن ③ کرتب ④ مکر ⑤ دھوکا ⑥ فریب ⑦ انداز ⑧ ڈھنگ ⑨ قسم۔

**فنا** (ع) اسم مونث ① موت ② ہلاکت ③ نیستی ④ بردباری ⑤ ناپید ⑥ نیست ⑦ معدوم۔

**فنافی الشیخ** (ع) اسم مذکر۔ فقر کے ایک مرتبے کا نام ہے جس میں مرید ہر وقت اپنے مرشد کے دھیان میں غرق رہتا ہے۔

**فنافی اللہ** (ع) اسم مذکر۔ فقر کا وہ درجہ جس میں طالب مولے خدا تعالےٰ کی حقیقت اور معرفت میں ڈوبا رہتا ہے۔

**فنافی اللہ ہونا** (ا) مثل ① ہر وقت خدا کی محبت میں ڈوبا رہنا ② برباد ہونا ③ ہلاک ہونا ④ مرنا ⑤ مرجانا۔

**فنا ہو جانا** (ا) فعل ① تباہ ہو جانا ② غارت و برباد ہو جانا ③ کسی پر مٹ جانا ④ عاشق ہونا۔

**فنانس** (ای) اسم مذکر ① آمدنی ② مالگزاری خزانہ۔

**فنانشل کمشنر** (ای) اسم مذکر۔ صیغہ مال کا افسر اعلےٰ۔

**فندق** (ع) اسم مونث ① ایران کے ایک مشہور میوے کا نام ② انگلیوں کے مہندی لگے سرے۔

**فنڈ** (ای) اسم مذکر ① سرمایہ ② بضاعت ③۔ پونجی ④ راس المال۔

**فنر** (ای) اسم مذکر آلہ ① کیف ② بوتل وغیرہ میں پتی چیز ڈالنے کا نلی دار آلہ ③ پیک ④ گھڑی کے اندر لگانے کا لوہے کا چکر ⑤ کمانی۔

**فنون** (ع) اسم مذکر۔ فن کی جمع ہے۔

## ف ← و

**فوارہ** (ع) اسم مذکر ① ابال ② سرجوش ③ پھہارا ④ پچکاری ⑤ نہایت جوش مارنے والا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

فوارہ اچھلنا/ چلنا/ چھوٹنا (ا) فعل ❶ پانی یا کسی رقیق چیز کا زور سے اوپر کو ابلنا ❷ پتلی پتلی دھاریں اوپر کو اٹھنا۔

فواکہ (ء) اسم مذکر ❶ فاکہ کی جمع ❷ میوے ❸ فروٹ۔

فوائد (ء) اسم مذکر۔ فائدہ کی جمع۔

فوت (ء) اسم مونث ❶ موت ❷ مرگ ❸ نیست و نابود ہونا ❹ جاتا رہنا ❺ انتقال۔

فوت ہونا (ا) فعل ❶ گم ہونا ❷ معدوم ہونا ❸ مرجانا ❹ نیست ہونا ❺ انتقال کرنا۔

فوتی (عف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ مرنے والا مرا ہوا ❷ وفات یافتہ ❸ متوفی۔

فوتی فراری (عف) اسم مذکر (دفتری اصطلاح) ❶ مرنے یا بھاگ جانے والا ❷ فوت شدہ لوگوں کی فہرست ❸ مرے ہوئے لوگوں کا اسباب۔

فوتی نامہ (عف) اسم مذکر ❶ شہر کے مردوں کا روزنامچہ ❷ مقتولوں کی فہرست۔

فوٹو (ای) اسم مذکر ❶ عکس ❷ تصویر۔

فوٹوگرافر (ای) اسم مذکر۔ تصویریں کھینچنے والا۔

فوٹوگرافی (ای) اسم مونث۔ تصویریں کھینچنے کا فن۔

فوج (ء) اسم مونث ❶ گروہ ❷ جتھا ❸ انبوہ ❹ جنگی آدمیوں کا مجمع ❺ سپاہ ❻ لشکر۔

فوجدار (عف) اسم مذکر فاعلی ❶ سپہ سالار ❷ فوج کا افسر ❸ شہر کا حاکم ❹ کوتوال ❺ مجسٹریٹ ❻ فیل بان ❼ مہاوت ❽ بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھنے والا۔

فوجداری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ فوجدار کا کام یا عہدہ ❷ مجسٹریٹی ❸ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے خون قتل وغیرہ کے مقدمے فیصل ہوں ❹ لڑائی ❺ جھگڑا۔

فوجداری کرنا (ا) فعل ❶ لڑنا ❷ جھگڑنا ❸ زبردستی کرنا ❹ فساد کرنا ❺ دنگا کرنا۔

فوج کشی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ چڑھائی ❷ دھاوا ❸ حملہ۔

فوج کشی کرنا (ا) فعل ❶ دھاوا کرنا ❷ چڑھائی کرنا ❸ حملہ کرنا۔

فوجی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ متعلق بہ فوج ❷ جنگی ❸ لشکری ❹ لڑائی کا۔

فور (ء) اسم مذکر ❶ وقت ❷ گھڑی ❸ ساعت ❹ جلدی ❺ شتابی۔

فوراً (ء) تابع فعل ❶ ترت ❷ جلدی سے جھٹ پٹ ❸ جھٹ ❹ اسی وقت۔

فورٹ (ای) اسم مذکر۔ قلعہ۔

فورم (ای) اسم مذکر ❶ عام مباحثہ ❷ عام مباحثہ کی جگہ۔

فورمین (ای) اسم مذکر۔ کاریگروں کا نگران۔

فوز (ء) اسم مونث ❶ ظفر ❷ مرادمندی ❸ کامیابی ❹ بخوبی مقصد کو پہنچنا۔

فوطہ (ء) اسم مذکر ❶ بیضہ ❷ کمربند ❸ پیٹی ❹ حمام کی لنگی ❺ رومال ❻ پگڑی ❼ خراج ❽ محصول ❾ خزانہ۔

فوطہ چھٹکنا (ا) فعل۔ بیضہ بڑھ جانا۔

فوطہ خانہ (عف) ❶ خزانہ ❷ گنج۔

فوطہ دار (عف) اسم مذکر ❶ خزانچی ❷ تحویلدار۔

فوفل (لع) اسم مونث ❶ چھالیہ ❷ سپاری۔

فوق (ء) اسم صفت ❶ اوپر ❷ بلند ❸ بالا (بصورت اسم مذکر) بلندی ❹ اونچائی ❺ بالائی ❻ چوٹی ❼ سبقت ❽ فوقیت ❾ ترجیح۔

فوق العادت (ء) تابع فعل ❶ مفید صفت عادت سے بڑھ کر ❷ بالا ❸ عادت سے باہر۔

فوقانی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ اوپر کا ❷ بالائی ❸ اوپر کے نقطوں والی۔

فوقیت (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بڑائی ❷ بزرگی ❸ شان ❹ قدر ❺ غلبہ ❻ ترجیح۔

فوکس (ای) اسم مذکر ❶ نقطہ ماسکہ ❷ نقطہ ارتکاز۔

فول (ای) اسم صفت ❶ بے وقوف ❷ احمق ❸ مودھو ❹ نادان۔

فولاد (اسم مذکر) ❶ ایک قسم کا نہایت سخت جوہر دار لوہا ❷ اسپات ❸ کڑا ❹ سخت ❺ مضبوط۔

فولادی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ فولاد ❷ اسپات کا بنا ہوا ❸ بحالت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اسم مونث ④ نیزے یا بلم کی چھڑ ⑤ نیزے کا بانس۔

**فولڈر** (ای) اسم مذکر۔ وہ آلہ جس سے کاغذ تہہ کیا جاتا ہے۔

**فولیو** (ای) اسم مذکر۔ کاغذ کا ورق جس پر ایک ہی طرف نمبر لگا ہوتا ہے۔

**فون** (ای) اسم مذکر۔ ٹیلی فون کا مخفف۔

**فونوگراف** (ای) اسم مذکر و آلہ صوت۔ ایک آلہ جو آواز کو خودکار طریقے سے ریکارڈ کرتا ہے۔

**فونوگرام** (ای) اسم مذکر ① وہ برقی نظام جو بذریعہ فون گھر بھیجا جاتا ہے ② صوت بندی۔

## ف ← ہ

**فہرست** (ف) اسم مونث ① لسٹ ② فرد ③ چیزوں کی تفصیل۔

**فہم** (ء) اسم مونث ① بدھ ② سمجھ ③ بدھی ④ عقل ⑤ دانائی ⑥ شعور ⑦ وقوف۔

**فہم ناقص** (ء) اسم مونث ① ناقص رائے ② نامکمل عقل ③ چھوٹی سی عقل ④ کم عقلی۔

**فہمایش** (ف) اسم مونث ① حاصل مصدر از فہمیدن نصیحت ② تلقین ③ ہدایت۔

**فہمایش کرنا** (ا) فعل ① سمجھانا ② آگاہ کرنا ③ تنبیہ کرنا ④ جتلانا۔

**فہمید** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از فہمیدن ① سمجھ ② بدھ ③ عقل ④ رائے۔

**فہمید حساب** (ف) اسم مونث ① حساب کا سمجھنا سمجھانا ② لین دین کا حساب کرنا۔

**فہمیدہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① سمجھدار ② سمجھا ہوا ③ دانا ④ ہوشیار۔

**فہوالمراد** (ء) ① جواب یا حصول مراد کا کلمہ ② پس یہی مراد ہے کسی شرط کے آخر میں بولا جاتا ہے ③ جیسے اگر یہ امر اس طرح انجام پا گیا تو ہماری یہی مراد ہے۔

**فہیم** (ء) اسم صفت ① سمجھ دار ② دانا ③ ہوشیار ④ عقلمند ⑤ چتر ⑥ بدحواس۔

## ف ← ی

**فی** (ء) حرف جر ① درمیان ② اندر ③ میں ④ بھیتر ⑤ (بحالت اسم صفت) ہر ⑥ ہر ایک گیل ⑦ ساتھ (بحالت اسم مونث) نقص ⑧ خرابی ⑨ کمی۔

**فی البدیہہ** (ء) تابع فعل ① فوراً ② بے سوچے ③ ترت ④ فی الفور ⑤ اسی وقت ⑥ برمحل کوئی شعر یا کہاوت کہہ دینا۔

**فی الجملہ** (ء) تابع فعل ① الغرض ② حاصل کلام ③ القصہ ④ مختصر ⑤ تھوڑا سا ⑥ یونہی۔

**فی الحال** (ء) تابع فعل ① اب ② ترت ③ سردست ④ ابھی ⑤ اس وقت۔

**فی الحقیقت** (ء) تابع فعل ① دراصل حقیقتاً ② واقعی ③ بے شک۔

**فی الفور** (ء) تابع فعل ① جلدی ② شتابی ③ ترت۔

**فی المثل** (ء) تابع فعل ① مثلاً ② نظیراً ③ تمثیلاً ④ کہاوت میں۔

**فی النار** (ء) تابع فعل ① دعائے بد ہے دوزخ میں جائے ② بھاڑ میں پڑے۔

**فی النار والسقر ہونا** (ا) فعل ① دوزخ میں جانا ② جل جانا ③ مخالف کا یا دشمن کا مرجانا ④ بھن جانا ⑤ دور ہو جانا ⑥ دفع ہو جانا۔

**فی الواقع / فی الواقعہ** (ء) تابع فعل۔ (دیکھو فی الحقیقت)۔

**فی امان اللہ** (ء) تابع فعل ① دعائیہ کلمہ ہے ② جو رخصت کے وقت زبان پر لاتے ہیں خدا حافظ ③ اللہ بیلی۔

**فی روپیہ** (ا) تابع فعل ① روپے پیچھے ② ہر ایک روپیہ پر۔

**فی روز** (ا) تابع فعل ① روانہ ② یومیہ ③ دہاڑی ④ فی یوم۔

**فی رہ جانا** (ا) فعل ① نقص رہ جانا ② کمی رہ جانا ③ کسر رہ جانا ④ غلطی رہ جانا۔

**فی زمانا / فی زمانہ** (ء) تابع فعل ① ان دنوں ② (عف) تابع فعل ③ آجکل۔

**فی سبیل اللہ** (ء) تابع فعل ① خدا کی راہ میں ② مال وقف ③ اللہ واسطے کا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314

فی سبیل اللہ کر دینا (ا) فعل ❶ وقف کر دینا ❷ خدا کے نام پر چھوڑ دینا ❸ خیرات کر دینا۔
فیصدی (ء) تابع فعل ❶ سو پیچھے ❷ فی سینکڑا۔
فی مابین (ء) تابع فعل ❶ آپس میں ❷ باہم ❸ دونوں کے بیچ میں۔
فی نکالنا (ا) فعل ❶ عیب نکالنا ❷ نکتہ چینی کرنا ❸ نقص نکالنا ❹ عیب لگانا۔
فیاض (ء) اسم صفت بصیغہ مبالغہ ❶ نہایت سخی ❷ بہت ہی فیض پہنچانے والا ❸ کریم النفس۔
فیاضی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سخاوت ❷ دان پن ❸ خیر خیرات ❹ بخشش ❺ دریا دلی۔
فیتا/ فیتہ (پرتگالی) اسم مذکر ❶ کنارہ ❷ کور ❸ ریشم ❹ سوت وغیرہ کا بنا ہوا کنارہ۔
فیچر (ای) اسم مذکر ❶ ریڈیو، ٹیلی ویژن یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں ❷ اخبار کا افسانوی طرز کا مضمون ❸ امتیازی خدوخال۔
فیدم (ای) اسم مذکر۔ گہرائی کی پیمائش کرنے کا پیمانہ جو چھ فٹ کے برابر ہوتا ہے۔
فیڈرل (ای) اسم صفت۔ وفاقی۔
فیڈرل سٹیٹ (ای) اسم مذکر ❶ وفاقی ریاست ❷ مققنہ۔
فیڈریشن (ای) اسم مونث ❶ وفاقیت ❷ وفاقی انجمن ❸ اجتماع۔
فیر (ای) اسم مذکر ❶ توپ یا بندوق کو آگ دینا ❷ سر کرنا ❸ آگ ❹ آتش ❺ نار ❻ دفعہ ❼ وار۔
فیر کرنا (ا) فعل ❶ بندوق یا توپ چلانا ❷ سر کرنا ❸ چھوڑنا۔
فیروز (ف) اسم صفت ❶ کامیاب ❷ کامران ❸ فتح مند ❹ ظفریاب۔
فیروزہ (ف) اسم مذکر۔ سبز یا نیلے یا آسمانی رنگاری رنگ کے ایک جواہر کا نام ہے۔
فیروزی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ نیلے یا آسمانی رنگ کا ❷ نیلگوں ❸ نیلا۔
فیری (ای) اسم مونث۔ جدید طرز کی چھوٹی کشتی یا چھوٹا جہاز جو عموماً دریائی سیر و سیاحت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور آبی گزرگاہوں میں نقل وحمل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
فیس (ای) اسم مونث ❶ محنتانہ ❷ نذرانہ ❸ انعام ❹ اجرت ❺ مزدوری ❻ حق الخدمت۔

فیس کورٹ (ای) اسم مونث ❶ عدالت کا محنتانہ ❷ رسوم عدالت۔
فیشن (ای) اسم مذکر ❶ دستور ❷ چلن ❸ رسم و رواج ❹ اسلوب ❺ طریقہ ❻ بناوٹ ❼ ساخت ❽ تراش ❾ خراش۔
فیشن ہونا (ا) فعل ❶ رواج ہونا ❷ چلن ہونا ❸ رسم پڑنا۔
فیشن ایبل (ای) اسم صفت ❶ خوش پوش ❷ فیشن کے مطابق ❸ نفیس۔
فیصل (ء) اسم مذکر ❶ لغوی حق و باطل کو الگ کرنا ❷ اصطلاحی ❸ تصفیہ ❹ نیاؤ ❺ فیصلہ انصاف۔
فیصل کرنا (ا) فعل ❶ جھگڑا چکانا ❷ مٹانا ❸ نبیڑنا ❹ بے باق کرنا ❺ تصفیہ کرنا ❻ ڈگری کرنا ❼ مقدمہ کا فیصلہ کرنا۔
فیصلہ (ء) اسم مذکر ❶ ڈگری ❷ تصفیہ ❸ نیاؤ ❹ چکوتہ ❺ نبیڑا۔
فیصلہ ٹھیرانا (ا) فعل ❶ تصفیہ قرار پانا ❷ جھگڑا چک جانا۔
فیصلہ کرنا (ا) فعل ❶ جھگڑا چکانا ❷ قصہ طے کرنا ❸ بے باقی کرنا ❹ مٹانا ❺ برباد کرنا ❻ توڑ پھوڑ کر ڈالنا۔
فیصلہ ہونا (ا) فعل ❶ جھگڑا چکنا ❷ طے ہونا ❸ تصفیہ ہونا۔
فیض (ء) اسم مذکر ❶ لبریز ہونا ❷ مجازاً فائدہ ❸ نفع ❹ سود ❺ سخاوت ❻ فیاضی ❼ نیکی ❽ بھلائی۔
فیض پہنچانا (ا) فعل ❶ نفع پہنچانا ❷ فائدہ پہنچانا ❸ سلوک کرنا ❹ بھلائی کرنا ❺ نیکی کرنا ❻ خیرات کرنا۔
فیض رساں (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ فائدہ پہنچانے والا ❷ سخی ❸ داتا۔
فیض عام (ء) اسم مذکر ❶ عام لوگوں کا ❷ عام لوگ۔
فیضی (ء) اسم مذکر ❶ اکبری نورتن میں سے ایک اعلیٰ رتن ❷ شیخ ابوالفیض فیضی فیاضی کا تخلص ہے جو ملک الشعرا کے خطاب سے بھی مشرف تھا۔
فیکٹری (ای) اسم مذکر۔ کارخانہ۔
فیل (ای) اسم صفت ❶ ناکام ❷ نامراد ❸ گرا ہوا ❹ ناقص۔
فیل (ا) بیائے مجہول اسم صفت ❶ ناکام ❷ نامراد ❸ گرا ہوا پیچھے رہا ہوا ❹ پس ماندہ ❺ (ای) فیلڈ۔
فیل ہونا (ا) فعل ❶ ناکام ہونا ❷ گر جانا ❸ رہ جانا ❹ چوکنا ❺ گھٹ جانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Raja 03149072218

**فیل** (ا) بفتح اول اسم مذکر ① مکر و فریب ② دغا ③ شرارت ④ دم ⑤ جھانسا۔

**فیل** (ف) اسم مذکر بیائے معروف ① ہاتھی ② گج ③ شطرنج کے ایک مہرے کا نام بھی ہے۔



فیل

**فیلبان** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① مہاوت ② ہاتھی دان ③ فوجدار۔

**فیل پا/فیل پاؤں** (ا) اسم مذکر ① ایک مرض کا نام ہے جس میں پاؤں ہاتھی کی طرح سوج کر موٹا ہو جاتا ہے ② مرض ذات الفیل۔

**فیل خانہ** (ف) اسم مذکر ظرف۔ ہاتھیوں کا طویلہ۔

**فیل مرغ** (ف) اسم مذکر۔ ایک پرندے کا نام ہے جو مور سے مشابہ ہے۔

**فلیٹ** (ای) اسم مذکر ① ایک روئیں دار کپڑا جو موڑ کر اور دبا کر تیار کیا جاتا ہے ② نمدے کی ٹوپی جو ہیٹ سے ملتی جلتی ہوتی ہے۔

**فیلڈ** (ای) اسم مونث ① میدان ② کھیت۔

**فیلڈر** (ای) اسم مذکر۔ کرکٹ کے کھیل میں فیلڈنگ کرنے والا کھلاڑی۔

**فیلڈ مارشل** (ای) اسم مذکر ① افواج کا سربراہ ② سپہ سالارِ افواج۔

**فیلڈنگ** (ای) اسم مونث۔ کرکٹ کے کھیل میں گیند کو روکنے کا فن۔

**فیلو** (ای) اسم مذکر ① آدمی ② ساتھی ③ کسی سوسائٹی یا یونیورسٹی کا ممبر۔

**فیلوشپ** (ای) اسم مونث ① کسی تعلیمی ادارے کے فیلو کا مشاہرہ ② کسی تعلیمی ادارے، انجمن یا برادری کی ممتاز رکنیت۔

**فیملی** (ای) اسم مونث ① خاندان ② اہل وعیال ③ بیوی بچے۔

**فیملی پلاننگ** (ای) اسم مونث۔ خاندانی منصوبہ بندی۔

**فینائل** (ای) اسم مونث۔ ایک جراثیم کش دوا۔

**فینسی** (ای) اسم صفت ① عمدہ ② خوبصورت۔

**فینسی ڈریس** (ای) اسم مذکر۔ بہروپ کا لباس۔

**فیوڈل** (ای) اسم صفت۔ جاگیرداری نظام سے متعلق۔

**فیوز** (ای) اسم مذکر ① تیز حرارت سے بجلی کی تار کا پگھلنا یا جل جانا ② بتی ③ فتیلہ۔

**فیلہ** (ف) بیائے معروف اسم مذکر ① پیلہ ② شطرنج کے ایک مہرے کا نام ہے۔

**فیلسوف** (یونانی) اسم مذکر ① دانا ② عالم فاضل ③ حکیم ④ مکار ⑤ فریبی ⑥ دغاباز۔

**فیلسوفی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① عیاری ② چالاکی ③ مکاری ④ فریب ⑤ فضول خرچی ⑥ نمود ونمائش۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

# ق

اردو کا ستائیسواں، فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ہے

ق (ع) اسم مذکر ❶ اردو کا ستائیسواں فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے ایک سو عدد مقرر ہیں۔

## ق ← ا

قا (ا) اسم مذکر صورت ❶ کوے کی آواز ❷ کائیں کائیں۔

قاب (ف) اسم مونث ❶ بڑی رکابی ❷ خوان ❸ تھال۔

قاب (ع) اسم مذکر ❶ ایک ہاتھ کا فاصلہ ❷ کمان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ۔

قاب قوسین (ع) اسم مذکر ❶ دو ہاتھ کا فاصلہ ❷ دو کمان کا فاصلہ ❸ نہایت قرب ❹ معشوق کے ابرو۔

قابض (ع) اسم مذکر فاعل ❶ قبضہ کرنے والا ❷ گھیرنے یا سمیٹنے والا ❸ دخیل ❹ قبضہ دار ❺ جان نکالنے والا ❻ روح قبض کرنے والا ❼ زبردستی گھسیٹ لے جانے والا ❽ پنجہ سے پکڑنے اور دبانے والا ❾ پیٹ میں اکڑ جانے والی چیز (قانون) مالک۔

قابض ارواح (ع) اسم مذکر ❶ روح قبض کرنے والا فرشتہ ❷ ملک الموت۔

قابض ہو بیٹھنا (ا) فعل ❶ مالک بن بیٹھنا ❷ کسی کی جائداد پر زبردستی قبضہ کر لینا۔

قابل (ع) اسم صفت فاعلی ❶ جوگا ❷ مناسب ❸ پسندیدہ ❹ سزاوار ❺ دانا ❻ عقلمند ❼ لائق ❽ عالم ❾ فاضل۔

قابل ادا (ع) اسم صفت (قانون) ❶ ادا کرنے کے لائق ❷ صاحب مقدور ❸ ادا کرنے کے لائق فرض۔

قابل اعتبار (ع) اسم صفت ❶ بھروسے کے لائق ❷ معتبر۔

قابل اعتراض (ع) اسم صفت ❶ عذر کے لائق ❷ نامناسب ❸ بیجا ❹ ناجائز۔

قابل التفات / قابل توجہ (ع) اسم صفت ❶ توجہ کے لائق ❷ دھیان کے لائق ❸ غور کرنے کے قابل۔

قابل انقسام (ع) اسم صفت ❶ تقسیم ہونے کے لائق ❷ وہ چیز جسے حسب دلخواہ حصوں میں تقسیم کر سکیں۔

قابل سماعت (ع) اسم صفت ❶ وہ مقدمہ جو قانوناً توجہ کے لائق ہو ❷ سننے کے قابل۔

قابل غور (ع) اسم صفت۔ توجہ کرنے اور سوچنے کے لائق۔

قابل نکاح (ع) اسم صفت ❶ بالغ ❷ بالغہ ❸ جوان ❹ شادی کے لائق۔

قابل ہونا (ا) فعل ❶ لائق ہونا ❷ تجربہ کار ہونا۔

قابلہ (ع) اسم مونث ❶ ہوشیار اور لائق عورت ❷ جنائی ❸ بچہ جنانے والی عورت۔

قابلیت (ع) اسم مونث ❶ لیاقت ❷ سلیقہ ❸ سمجھ بوجھ ❹ دانائی ❺ علمیت ❻ مادہ۔

قابو (ف) اسم مذکر ❶ موقع ❷ فرصت ❸ قوت ❹ طاقت ❺ زور ❻ حکم ❼ اختیار ❽ کہنا ❾ رسائی۔

قابو پانا (ا) فعل ❶ قدرت پانا ❷ اختیار پانا ❸ فرصت پانا ❹ مہلت پانا ❺ موقع پانا۔

قابو چڑھنا / قابو چلنا (ا) فعل ❶ بس چلنا ❷ اختیار رہنا ❸ پہنچ ہونا ❹

Join us on whatsapp Naveed Bajwa 03149071218



www.besturdubooks.net

داؤں پر چڑھنا⑤ ہتے چڑھنا⑥ کسی کے بس میں ہونا۔
قابو سے نکلنا/ باہر ہونا (ا) فعل ① بس کا نہ رہنا② آپے سے باہر ہونا③ آپے میں نہ رہنا④ طاقت سے باہر ہونا۔
قابو میں آنا (ا) فعل ① داؤ پر چڑھنا② بس میں آنا۔
قابو ہونا (ا) فعل ① قبضہ ہونا② بس ہونا③ موقع ملنا۔
قابیل (سریانی) اسم مذکر۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بڑے بیٹے کا نام ہے جس نے ہابیل کو قتل کر ڈالا تھا۔
قاتل (ع) اسم صفت فاعل ① قتل کرنے والا آدمی② خونی③ ہتھیارا④ جلاد⑤ مہلک⑥ جان لیوا⑦ ظالم⑧ معشوق کا خطاب۔
قاجار/ قاچار (ف) اسم مذکر۔ شاہان ایران کا وہ خاندان جس کا بانی قراجار تھا۔ یہ آج کل تباہ ہو گیا ہے۔
قادر (ع) اسم صفت فاعلی ① قدرت والا② طاقت رکھنے والا③ خدا تعالیٰ کا ایک وصفی نام④ غالب⑤ بس میں رکھنے والا⑥ مختار۔
قادر انداز (عف) اسم صفت فاعلی۔ وہ تیر انداز جس کا تیر کبھی خطا نہ جائے۔
قادر مطلق (ع) اسم مذکر ① پوری پوری قدرت والا② بے حد قدرت والا③ خدا تعالیٰ۔
قادری (ا) اسم مونث۔ قلعہ کی بیگمات کا ایک قسم کا سینہ بند۔ (بحالت اسم صفت) یائے نسبتی شیخ عبدالقادر جیلانی کے طریقہ پر چلنے والا۔
قارورہ (ع) اسم مذکر۔ لغوی معنی پیشاب اصطلاحاً وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم یا ڈاکٹر کو دکھلاتے ہیں۔
قارورہ دیکھنے والا/ قارورہ شناس (ا) (ف) اسم مذکر ① حکیم② طبیب③ وید④ ڈاکٹر۔
قارون (ع) اسم مذکر۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچازاد بھائی کا نام ہے۔ جو نہایت دولتمند اور پرلے درجے کا بخیل اور کنجوس تھا۔
قارون کا خزانہ (ع) اسم مذکر ① مجازاً بہت ہی بڑا خزانہ② بے انتہا دولت۔
قاری (ع) اسم مذکر فاعل از قرات ① پڑھنے والا② خوانندہ③ علم قرات کا واقف۔
قاز (ع) ت اسم مذکر ① راج ہنس② کونج③ ہین④ ایک قسم کا دریائی پرندہ۔
قاسم (ع) اسم فاعل مذکر ① تقسیم کرنے والا② بانٹنے والا③ تہمت کرنے والا۔
قاش (ع) اسم مونث ① پھانک② ٹکڑا③ پھلی یعنی خربوزے وغیرہ کی پھانک④ ابرو⑤ بھوں۔
قاش قاش کرنا (ا) فعل ① پھانکیں کر ڈالنا② ٹکڑے کر دینا③ چیر ڈالنا۔
قاصد (ع) اسم مذکر فاعل ① قصد کرنے والا② ارادہ کرنے والا③ ایلچی④ سفیر⑤ نامہ بر⑥ چٹھی رساں⑦ دوت⑧ پیام آور۔
قاصر (ع) اسم مذکر فاعل مفید صفت ① قصور کرنے والا② کمی کرنے والا③ مجبور④ لاچار⑤ ناچار۔
قاضی (ع) اسم فاعل از قضا ① حکم لگانے والا② جھگڑا چکانے والا③ جج④ منصف⑤ ادا کرنے والا⑥ حاجات پوری کرنے والا⑦ نکاح پڑھنے والا⑧ نکاح خواں⑨ نکاح باندھنے والا۔
قاضی الحاجات (ع) اسم مذکر ① مرادیں پوری کرنے والا② خدا تعالیٰ③ مجازاً نقدی④ روپیہ پیسا۔
قاضی القضاۃ (ع) اسم مذکر ① بڑا قاضی② حاکم اعلیٰ③ چیف جسٹس۔
قاضی جی اپنا تو آگا ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا (ا) مثل۔ ناصح پہلے اپنے اخلاق و عادات کو درست کرے پھر دوسرے کو نصیحت دے۔
قاضی جی بہتیرا ہرائیں میں ہارتا ہی نہیں (ا) مثل۔ نہایت گستاخ اور ضدی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
قاضی جی دبلے کیوں ہوئے شہر کے اندیشے میں (ا) مثل۔ غیروں کے غم میں خواہ مخواہ رہنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے (ا) مثل۔ حاکم کے گھر کے ادنیٰ آدمی بھی سمجھدار ہوتے ہیں۔
قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار (ا) مثل۔ حاکم کا آدمی جلدی ہی کرتا آتا ہے۔
قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا/ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا (ا) مثل۔ لحاظ دار مر جائے کوئی نہیں پوچھتا۔ مراد یہ ہے کہ دنیا منہ دیکھے کی یار ہے۔
قاضی فلک/ قاضی چرخ (عف) اسم مذکر۔ مشتری یعنی برہسپت ستارہ جو سعد اکبر ہے۔
قاضی قدوہ (ع) اسم مذکر ① ایک کثیر الاولاد قاضی کا نام ہے② مجازاً ہر ایک کثیر الاولاد آدمی کو کہہ دیتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

**قاضی کا پیادہ** (ا) اسم مذکر ① عدالت کا چپڑاسی ② کانسٹیبل ③ پکڑ لے جانے والا ④ مجازاً پاخانے کی حاجت جورو کے نہیں رُک سکتی۔

**قاضی کرے سو نیاؤ پاسہ پڑے سو داؤ** (ا) مثل۔ انصاف وہی جو حاکم کرے اور داؤں وہی جو اپنے آپ ایمانداری سے لگے۔

**قاضی نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو آنے دے گا** (ا) مثل۔ نفع اگر نہ ہوا تو نقصان بھی تو کچھ نہیں ہونے کا۔

**قاطبۃً** (ع) تابع فعل ① عام طور پر ② بالکل ③ تمام ④ سب کے سب ⑤ بیشتر ⑥ اکثر۔

**قاطع** (ع) اسم صفت فاعلی ① کاٹنے والا ② قطع کرنے والا۔

**قاعدہ** (ع) اسم مذکر ① بنیاد ② جڑ ③ بیخ و بن ④ اصول ⑤ اصل ⑥ دستور ⑦ طریقہ ⑧ رسم ⑨ قانون۔

**قاعدہ باندھنا** (ا) فعل ① قانون بنانا ② دستور ٹھہرانا۔

**قاعدہ دان** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① رسم و رواج سے واقف ② ہر بات کے سلیقہ اور ترتیب اور گُر سے واقف ③ علم مجلس جاننے والا۔

**قاعدہ سے** (ا) تابع فعل ① طریقہ سے ② ترتیب سے ③ دستور کے موافق ④ ادب سے۔

**قاعدہ کلیہ** (ع) اسم مذکر ① پکا قاعدہ ② عام اصول گر۔

**قاعدہ کی بات ہے** (ا) محاورہ ① عام بات ہے ② عام دستور ہے۔

**قاف** (ع) اسم مذکر ① عربی کا اکیسواں حرف جیسا کہ بیان ہو چکا ہے ② ایشیائے کوچک کے شمال کی طرف ایک پہاڑ کا نام ہے۔

**قافلہ** (ع) اسم مذکر ① کارواں ② مسافروں یا تاجروں کا گروہ ③ حاجیوں کا گروہ۔

**قافیہ سالار** (ع) اسم مذکر مشتق از قفو ① بمعنی پیچھے چلنے والا ② اصلاح میں ردیف سے پہلے کا لفظ یا حرف تک ③ غزلوں یا بیتوں وغیرہ کے مصرعوں یا شعروں کے آخر میں آنے والے مشابہ حروف۔

**قافیہ بندی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① تک بندی ② شعر موزوں کرنا۔

**قافیہ و پیمائی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری۔ اشعار کی گنتی پوری کرنے کے واسطے قافیہ جوڑ دینا۔

**قافیہ تنگ کرنا** (ا) فعل ① تنگ کر دینا ② لاجواب کرنا ③ دق کرنا ④ ستانا ⑤ شرمندہ نادم کرنا ⑥ حیران و پریشان کرنا۔

**قافیہ تنگ ہونا** (ا) فعل ① قافیہ نہ ملنا ② کسی نظم یا شعر کا قافیہ نہ ملنا ③ عاجز ہونا ④ تنگ ہونا ⑤ گھبرانا ⑥ لاجواب ہونا ⑦ ناک میں دم آنا۔

**قافیہ ملانا** (ا) فعل ① تک سے تک جوڑنا ② یارانہ گانٹھنا ③ راز دار بننا ④ درست بن جانا۔

**قاق** (ت) اسم مذکر ① سوکھا ہوا گوشت ② مجازاً ③ نہایت دبلا ④ ناتواں آدمی۔

**قاقا** (ع) اسم مذکر صورت ① کوے کی آواز ② کائیں کائیں۔

**قاقلہ** (ع) اسم مونث ① بڑی الائچی ② الائچی کلاں ③ ہیل کلاں۔

**قاقم** (ت) اسم مذکر۔ نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کی سمور نہایت سفید اور نرم ہوتی ہے۔ روس کے شمالی علاقوں میں بہت ہوتا ہے۔

**قال** (ع) اسم مذکر ① گفتگو ② مقولہ ③ قول ④ دکھاوے کی بات چیت۔

**قال مقال** (ع) اسم مونث ① بحث تکرار ② حجت ③ قضیہ ④ حیص بیص۔

**قال اقوال** (ع) اسم مذکر ① اس نے کہا ② میں نے کہا ③ بحث تکرار۔

**قالب** (ع) اسم مذکر ① سانچا ② ڈھانچا ③ پنجر ④ بدن ⑤ جسم ⑥ تن ⑦ سر ⑧ کایا ⑨ پنڈا۔

**قالب بدلنا** (ا) فعل ① دوسرا جسم اختیار کرنا ② چولا بدلنا ③ دوسرے جسم میں حلول کرنا۔

**قالبوت** (ا) اسم مذکر ① کالب کا بگاڑ ہے ② سانچا ③ سانچا ④ کالبد۔

**قالی / قالین** (ت) اسم مونث ① غالیچہ ② ایک قسم کا بچھونا ③ فرش پشمینہ۔

**قامت** (ع) اسم مذکر ① ڈیل ڈول ② قد ③ جسم ④ بالا۔

**قاں قاں** (ا) اسم مونث صوت۔ بطخ کی آواز۔

**قانع** (ع) اسم مذکر فاعل از قناعت ① قناعت کرنے والا ② تھوڑی سی چیز پر صبر کرنے والا ③ سنتوکھی ④ صابر۔

**قانون** (ع) اسم مذکر ① جڑ ② بنیاد ③ بنا ④ مجازاً قاعدہ ⑤ ضابطہ ⑥ دستور ⑦ رسم و رواج ⑧ آئین۔

**قانون استقرائی** (ع) اسم مذکر۔ وہ آئین جن کی رو سے افعال جائز کی تعمیل اور افعال ناجائز سے پرہیز کی تعریف ہو۔

**قانون چھانٹنا** (ا) فعل ① خواہ مخواہ باریکیاں نکالنا ② حجت نکالنا ③ قانونی بحث کرنا۔

**قانون دان** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① سرکاری قاعدوں کو جاننے والا ② قانونی۔

**قانون دانی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری۔ قانونی واقفیت۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03400772

**قانون گو** (عف) اسم مذکر (1) صدر پٹواری (2) پٹواریوں کے کام کی پڑتال کرنے والا (3) پرگنہ کا زمینداری رجسٹرار (4) ضلع اور گاؤں کے تمام مالیات اور پیمائش اراضی کا حساب کتاب رکھنے والا اہلکار۔

**قانون مال** (ء) اسم مذکر (1) زمین کا ضابطہ (2) لگان و اراضی وغیرہ کا قانون۔

**قانون مختص الامر** (ء) اسم مذکر۔ کسی خاص امر کے متعلق جاری شدہ قانون۔

**قانون مختص المقام** (ء) اسم مذکر۔ کسی خاص جگہ یا ملک کے متعلق قانون۔

**قانوناً** (ء) تابع فعل (1) قانون کے طور پر از روئے قانون (2) حسب ضابطہ۔

**قانونی** (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) قانون بنانے والا (2) قانون جاننے والا (3) قانون دان (4) شریعت کے موافق (5) دھرم شاستر کے مطابق (6) حجتی (7) تکراری (8) جھگڑالو۔

**قانونیا** (ا) اسم صفت بالف فاعلی (1) جھگڑالو (2) حجتی۔

**قاہر** (ء) اسم صفت فاعلی (1) قہر کرنے والا (2) ظلم ڈھانے والا (3) زبردست اور غالب (4) فاتح (5) مظفر (6) منصور۔

**قاہرہ** (ء) اسم صفت مونث (1) چیرہ (2) زبردست (3) فاتحہ منصورہ (بحالت اسم مذکر) مصر کے دارالخلافہ کا نام ہے۔

**قاہ قاہ** (ف) اسم مذکر صوت (1) ٹھٹھا (2) قہقہہ (3) ٹھٹھا مارنے کی آواز۔

**قائزہ** (ء) اسم مذکر (1) لنگوٹ (2) لنگوٹہ (3) لگام۔

**قائزہ کرنا** (ا) (1) گھوڑے کے لگام کے تسمے کو دم سے باندھ دینا (2) مجرد رہنا (3) لنگوٹہ باندھنا۔

**قائل** (ء) اسم صفت فاعلی (1) کہنے والا (2) بولنے والا (3) اپنا قصور ماننے والا (4) ہارنے والا (5) لاجواب (6) تسلیم کرنے والا۔

**قائل کرنا** (ا) فعل (1) لاجواب کرنا (2) دق کرنا (3) تنگ کرنا۔

**قائل معقول کرنا** (ا) فعل (1) جھوٹا ثابت کرنا (2) شرم دلانا (3) شرمندہ کرنا (4) قصور کا مقرر کرنا (5) لاجواب کرنا (6) بند کرنا۔

**قائل ہونا** (ا) فعل (1) مان جانا (2) تسلیم کرنا (3) غلطی قبول کرنا۔

**قائم** (ء) اسم صفت فاعلی (1) کھڑا ہونے والا (2) عمودوار (3) عمودی (4) مضبوط (5) مستقل (6) جوں کا توں موجود (7) مقرر (8) مستقیم (9) شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا۔

**قائم اٹھنا** (ا) فعل (1) شطرنج میں کسی کو مات نہ ہونا (2) دونوں حریفوں کی بازی برابر رہنا۔

**قائم النار** (ء) اسم مذکر۔ آگ پر ٹھہرا ہوا پارہ یا گندھک وغیرہ۔

**قائم انداز** (عف) اسم صفت ترکیبی (1) نشانہ باز (2) قادر انداز (3) شاطر کامل جو اپنی بازی کو ہر طرح قائم رکھے۔

**قائم بالذات** (ء) اسم صفت (1) وہ چیز جو بذات خود قائم اور برقرار ہو (2) جوہر (3) آزاد (4) خود مختار۔

**قائم بالغیر** (ء) اسم صفت (1) دوسرے کے سہارے یا بھروسے پر قائم رہنے والا (2) محتاج غیر (3) عرض۔

**قائم کرنا** (ا) فعل (1) بنیاد رکھنا (2) مقرر کرنا (3) بنانا (4) کھڑا کرنا (5) اٹھانا (6) مضبوط کرنا (7) مستقل کرنا (8) حد مقرر کرنا (9) برقرار کرنا۔

**قائم مزاج** (ء) اسم صفت (1) مستقل مزاج (2) پکا (3) ثابت قدم (4) بات کا پورا (5) اطمینان والا (6) متین۔

**قائم مزاجی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری (1) مضبوطی (2) استقلال (3) ثابت قدمی (4) متانت۔

**قائم مقام/قائمقام** (ء) اسم صفت (1) دوسرے کی جگہ پر کام کرنے والا (2) عوضی (3) مختار کار (4) وکیل (5) گماشتہ (6) ایجنٹ (7) خلیفہ (8) نائب۔

**قائم مقام ہونا** (ا) فعل (1) عوضی ہونا (2) دوسرے کی جگہ کام کرنا (3) نائب ہونا۔

**قائم مقامی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) وکالت (2) سفارت (3) عوضی۔

**قائمہ** (ء) اسم مذکر (1) وہ زاویہ جو دو مستقیم خطوں کے مود اتقاطع کرنے یا قائم ہونے سے پیدا ہو (2) نوے درجے کا زاویہ۔

## ق ← ب

**قبا** (ء) اسم مونث (1) ایک قسم کا کھلا کوٹ یا اچکن (2) روئی دار کشادہ سینہ والا جامہ۔

**قبا کرنا/کر ڈالنا** (ا) فعل (1) چاک کر ڈالنا (2) پھاڑ ڈالنا (3) پارہ پارہ کرنا (4) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**قباحت** (ء) اسم مونث (1) برائی (2) خرابی (3) نقص (4) عیب (5) کھوٹ (6) مشکل (7) مصیبت (8) دقت (9) دشواری۔

**قباحت نکلنا** (ا) فعل (1) خرابی ظاہر ہونا (2) نقص نکلنا (3) عیب ظاہر ہونا (4)

www.besturdubooks.net

مشکل پڑنا ⑤ وقت پیش آنا۔

**قبالہ** (ع) اسم مذکر ① تمسک ② بیعنامہ ③ ملکیت ثابت کرنے کا کاغذ ④ مکان کا کاغذ یا سند۔

**قبالہ لکھوانا** (ا) فعل ① قابض ہونا ② مکان کا مالک ہو جانا ③ بیع نامہ لکھوانا۔

**قبالہ نویس** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① عرائض نویس ② پیشہ کے طور پر تمسک اور بیعنامے لکھنے والا آدمی۔

**قبالے** (ا) اسم مذکر ① قبالہ کی جمع ② بیعنامے۔

**قبالے لے ڈالنا** (ا) فعل ① قبضہ کر لینا ② قابض ہو جانا ③ عاجز کر دینا ④ ہرا دینا۔

**قبالے لے لینا/لکھوا لینا** (ا) فعل ① مالک بن جانا ② قابض ہونا جا۔

**قبائل** (ع) اسم مذکر ① قبیلہ کی جمع ② جماعتیں ③ گروہ ④ فرقے ⑤ خاندان ⑥ بال بچے ⑦ عیال واطفال ⑧ اقوام۔

**قبح** (ع) اسم مونث ① برائی ② عیب ③ نقص ④ خرابی۔

**قبر** (ع) اسم مونث ① سمادھ ② تربت ③ گور ④ گڑھا ⑤ جس میں مردہ کو دفن کریں۔

**قبر بنانا** (ا) فعل ① گور تیار کرنا ② مار کر دبا دینا ③ مار ڈالنا۔

**قبر پر قبر نہیں ہوتی** (ا) کہاوت۔ قرض پر قرض نہیں ملتا۔

**قبر سلامی** (ا) اسم مونث۔ وہ نقدی جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے بدلے دی جاتی ہے۔

**قبر کا تعویذ** (ا) اسم مذکر ① سنگ مزار ② تربت کا پتھر جو قبر کا نشان قائم رہنے کی خاطر صندوق سا بنا کر رکھ دیا کرتے ہیں۔

**قبر کا منہ جھانک کر آنا** (ا) فعل ① سخت بیماری سے شفا پانا ② مر مر کر بچنا۔

**قبر کھود دینا** (ا) فعل ① مار کر دبا دینا ② مار کر گڑھے میں ڈال دینا۔

**قبر کھود کر نکال لانا** (ا) فعل ① جہاں کہیں بھی ہو وہیں سے نکال لانا ② پاتال سے ڈھونڈ کر نکال لانا۔

**قبر کھودنا** (ا) فعل ① مردے کے واسطے گڑھا کھودنا ② مار رکھنا ③ مار ڈالنا۔

**قبر کے مردے اکھاڑنا/اکھیڑنا** (ا) فعل ① دبی ہوئی باتوں کو اُبھارنا ② پرانے جھگڑے نکالنا ③ مردوں کا عیب ظاہر کرنا۔

**قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا** (ا) فعل ① قریب مرگ ہونا ② مرنے کو تیار ہونا ③ نہایت بڑھاپے یا سخت بیماری یا کمزوری کے وقت بولتے ہیں۔

**قبر میں سے نکل کر آنا** (ا) فعل۔ بیماری وغیرہ سے ایسا کمزور ہونا کہ پہچان میں نہ آسکے۔

**قبرستان** (عف) اسم مذکر ظرف ① گورستان ② مدفن ③ شہر خموشاں ④ مردے دبنے کی جگہ۔

**قبرہ** (ع) اسم مذکر و مونث ① چنڈول ② چکاوک ③ بعض سُرخاب کو کہتے ہیں۔

**قبض** (ع) اسم مذکر ① پنجہ سے پکڑنا ② دبوچنا ③ گرفتگی ④ بستگی ⑤ سمیٹ سکیڑ ⑥ قابو ⑦ بس ⑧ دخل۔

**قبض الوصول** (ع) اسم مذکر ① رسید کا رجسٹر ② وہ کتاب جس میں روپے کی وصولیت درج کی جائے۔

**قبض بالجبر** (ع) اسم مذکر ① زبردستی قرضہ کر لینا ② ناجائز طریق پر مالک بن جانا۔

**قبض کرنا** (ا) فعل ① اَڑ کرنا ② پیٹ میں گرفتگی پیدا کرنا ③ سلب کرنا ④ کھینچنا۔

**قبضہ** (ع) اسم مذکر ① قابو ② بس ③ دخل ④ تصرف ⑤ موٹھ ⑥ دستہ ⑦ ہتھی ⑧ پکڑ ⑨ پنجہ۔

**قبضہ پانا** (ا) فعل ① قابو پانا ② دخل پانا ③ تصرف میں لانا۔

**قبضہ پر ہاتھ رکھنا/قبضہ پر ہاتھ ڈالنا** (ا) فعل ① کسی کے قتل کے واسطے تلوار کی موٹھ پر ہاتھ لے جانا ② قتل کے لئے تیار ہو جانا ③ دلیری و جرأت ظاہر کرنا۔

**قبضہ کرنا** (ا) فعل ① دخل کرنا ② مالک بن بیٹھنا۔

**قبضہ میں کر لینا** (ا) فعل ① بس میں کر لینا ② قابو میں کر لینا۔

**قُبل** (ع) تابع فعل ① پہلے ② آگے ③ اول ④ پیشتر (بصورت اسم مذکر) محاصرہ ⑤ گھیرا۔

**قبل از آنکہ** (عف) تابع فعل ① اس سے پیشتر کہ ② اس سے پہلے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

کہ۔

قبل ازیں (عف) تابع فعل۔ اس سے پہلے۔

قبلہ (ء) اسمِ مذکر ① سامنے کی چیز ② مقابل کی چیز ③ سمت ④ کعبہ ⑤ وہ طرف جدھر منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں ⑥ کلمہ تعظیم ⑦ حضور ⑧ جناب ⑨ حضرت۔

قبلہ حاجات (ء) اسم مذکر ① مراد برلانے والا ② دوسرے لوگوں کی حاجتوں اور ضرورتوں کو رفع کرنے والا ③ ایک کلمہ تعظیم۔

قبلہ رو (عف) اسم مذکر ① قبلہ کی طرف ② وہ چیز یا آدمی جو قبلہ کی طرف منہ کئے ہوتے ہیں۔

قبلہ عالم (ء) اسم مذکر ① جہاں پناہ ② بادشاہوں کا لقب ③ بزرگ جہاں۔

قبلہ کونین (ء) اسم مذکر ① دین ودنیا کا بزرگ ② والد بزرگوار۔

قبلہ گاہ (عف) اسم مذکر ① بجائے قبلہ ② والد بزرگوار ③ باپ ④ بزرگ۔

قبلہ نما (عف) اسم مذکر۔ وہ کمپاس یا اسطرلاب جس سے قبلہ کی سمت معلوم ہو۔

قبلہ وکعبہ (ء) اسم مذکر ① کلمہ ② تعظیم وتکریم۔

قبور (ء) اسم مذکر ① قبر کی جمع ② پستول کے چمڑے کا خانہ۔

قبول (اسم مذکر) ① تسلیم ② منظور ③ پسند۔

قبول صورت (ا) اسم صفت ترکیبی ① حسین ② دل پسند ③ خوبصورت۔

قبول کرنا (ا) فعل ① پسند کرنا ② ماننا ③ منظور کرنا ④ اقرار کرنا ⑤ اقبال کرنا۔

قبولنا (ا) فعل ① پسند کرنا ② منظور کرنا ③ رجھنا ④ اقبال کرنا ⑤ ماننا ⑥ اقرار کرنا۔

قبولی (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے۔

قبولیت (ا) اسم مونث بتائے مصدری ① دعا کی منظوری ② (قانونا) اقرار نامہ ③ راضی نامہ ④ منظوری کی سند۔

قبہ (ء) اسم مذکر ① گنبد ② برج ③ کلس ④ کلغی ⑤ کنگرہ۔

قبیح (ء) اسم صفت برا ① نازیبا ② قباحت والا ③ نامناسب۔

قبیل (ء) اسم مذکر ① جنس ② قسم ③ نوع ④ قبیلہ ⑤ خاندان ⑥ ٹبر ⑦ آدمیوں کا گروہ۔

قبیلہ (ء) اسم مذکر ① گروہ ② ایک دادا کی اولاد ③ فرقہ ④ زمرہ ⑤ جتھا ⑥ خاندان ⑦ گل ⑧ تبار ⑨ بیوی۔

قبیلہ پرور (عف) اسم صفت ① اپنے کنبے کی پرورش کرنے والا ② کنبہ پرور۔

## ق ← ت

قتال (ء) اسم مونث ① لڑائی ② جنگ ③ خونریزی ④ کشت وخون۔

قتل (ء) اسم مذکر ① خون ② تلوار یا کسی ہتھیار سے کسی کو مار ڈالنا ③ ہلاکت۔

قتل الموذی قبل الایذا (ء) مثل۔ موذیوں کو دکھ دینے سے پہلے ہی مار ڈالنا چاہیے۔

قتل عام (ء) اسم مذکر ① سب کو مار ڈالنا ② ہر ایک کو بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا۔

قتل عام کرنا (ا) فعل ① سب کو مار ڈالنا ② ہر ایک کے مار ڈالنے کا حکم دینا۔

قتل عمد (ء) اسم مذکر (قانون) ① دیدہ دانستہ ہلاکت کرنا ② جان بوجھ کر مار ڈالنا۔

قتل کا بیڑا اٹھانا (ا) فعل ① کسی کے مار ڈالنے کا عہد کرنا ② مار ڈالنے کی قسم کھانا۔

قتلا (ا) اسم مذکر ① پھانک ② ٹکڑا ③ قاش ④ سانک ⑤ تراشا ہوا گول ٹکڑا۔

قتی (ت) اسم مونث ① ڈبیا ② انگور کی پٹاری۔

قتیل (ء) اسم صفت ① مقتول ② مارا ہوا ③ کشتہ ④ شہید۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

## ق ← ث

قِثّاء (ع) اسم مونث ① کھیرا ② ککڑی۔

قثم (ع) اسم صفت ① فیاض ② سخی ③ نفیس کپڑے ④ چرخ ⑤ لگڑ بگڑ۔

## ق ← ح

قحبہ (ء) اسم مونث ① فاحشہ ② کسبی ③ رنڈی ④ بدکار۔

قحط (ء) اسم مذکر ① کمی ② کمیابی ③ مہنگ ④ گرانی ⑤ کال ⑥ خشک سالی ⑦ بارش کا نہ ہونا۔

قحط پڑنا (ا) فعل ① کال پڑنا ② اوڑ ہونا ③ گرانی ہونا ④ مہنگ ہونا ⑤ کمی ہونا۔

قحط زدہ (عف) اسم صفت ① کال کا مارا ② بھوکا ③ کنگلا ④ کنگال ⑤ ندیدہ ⑥ نہایت حرص اور لالچ کھانے والا۔

قحط سالی (ع) اسم مونث ① قحط کا زمانہ ② خشک سالی۔

## ق ← د

قد (ء) اسم مذکر ① ڈیل ② جسم کی لمبائی ③ قامت۔

قد آدم (ء) اسم مذکر ① آدمی کے قد جتنا ② ساڑھے تین ہاتھ۔

قد آور (عف) اسم صفت ① لمبے قد کا ② دراز قد ③ طویل القامت۔

قد برابر بجلی پڑے/گرے (ا) دعائے بد ہے۔ جتنا قد ہے اتنی ہی بجلی گرے اور مار ڈالے۔

قد نکالنا (ا) فعل ① بچہ کا بڑھنا ② بچے کا بڑا ہونا۔

قد و قامت/قد و بالا (عف) اسم مذکر ① جسامت ② ڈیل ڈول۔

قدامت (ء) اسم مونث بنائے مصدری ① پرانا پن ② کہنگی ③ اگلا زمانہ ④ پرانا ہونا۔

قدح (ء) اسم مذکر ① بڑا پیالہ ② بادیا ③ شراب کا پیالہ ④ بھنگ کا پیالہ ⑤ پیمانہ ⑥ جام ⑦ ساغر ⑧ مدح کی ضد ⑨ تردید۔

قدح خوار/قدح کش/قدح نوش (عف) اسم مذکر صفت فاعلی ① نہایت شرابی ② نشہ باز ③ بہت شراب پینے والا۔

قدح کی خیر منانا (ا) فعل ① اپنی ہی بھلائی چاہنا ② اپنا ہی فائدہ مدنظر رکھنا۔

قدح کرنا (ا) فعل ① جرح کرنا ② جھٹلانا ③ تردید کرنا۔

قدر (ء) اسم مونث ① قضا ② حکم ③ مرادف تقدیر ④ برابر ⑤ مساوی ⑥ خدا کا ازلی حکم۔

قدر (ء) اسم مونث ① جانچ ② اندازہ ③ مقدار ④ نصیب ⑤ قسمت ⑥ تقدیر ⑦ طاقت ⑧ قدرت ⑨ بزرگی۔

قدر انداز (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① حکمی نشانہ مارنے والا ② بال باندھا نشانہ لگانے والا ③ حکم انداز ④ بے خطا نشانہ مارنے والا۔

قدردان (عف) اسم مذکر ① قدر کرنے والا ② سار جاننے والا ③ جوہر شناس ④ مربی ⑤ بزرگ ⑥ سرپرست۔

قدردانی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① گن ② گیان ③ ہنر شناسی ④ عزت ⑤ آبرو۔

قدر کرنا (ا) فعل ① عزت کرنا ② توقیر کرنا ③ گن ماننا۔

قدر و منزلت (ء) اسم مونث ① عزت و توقیر ② رتبہ و منصب۔

قدرت (ء) اسم مونث ① طاقت ② زور ③ بل ④ قوت ⑤ حوصلہ ⑥ فطرت ⑦ خدائی قوت ⑧ خدائی شان ⑨ پہنچ۔

قدرت رکھنا (ا) فعل ① طاقت رکھنا ② مشہور ہونا ③ شکتی مان ہونا ④ قوت رکھنا۔

قدرت کاملہ (ء) اسم مونث ① پوری پوری قوت ② سروشکتی ③ بے انتہا طاقت۔

قدرتی (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ① فطری ② ذاتی ③ جبلی ④ اصلی ⑤ حقیقی۔

قدرے (عف) اسم صفت بیائے تنکیر و تحقیر ① فطری ② ذرا سا ③ تھوڑا سا ④ قلیل ⑤ کم۔

قدرے قلیل (ا) اسم صفت ① بہت تھوڑا ② بہت کم ③ کسی قدر۔

قدس (ء) اسم صفت ① پاک ② پوتر ③ متبرک (بحالت اسم مذکر) عرب کی پہاڑی ④ مجازاً بیت المقدس ⑤ جبرائیل علیہ السلام کا نام ⑥

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

روح القدس ❼ پاکیزگی ❽ تقویٰ ❾ طہارت۔

**قدسی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ پاکیزہ ❷ متبرک (بحالت اسم مذکر) فرشتہ ❸ نیک آدمی۔

**قدغن** (ت) اسم مونث ❶ لغوی اہتمام ❷ اصطلاحاً خبرداری ❸ نہایت روک ٹوک ❹ تاکید ❺ ممانعت۔

**قدم** (ع) اسم مذکر ❶ پاؤں ❷ پیر ❸ چرن ❹ گام ❺ چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے تک کا فاصلہ ❻ رفتار ❼ خرام ❽ چال ❾ نقش پا۔

**قدم اٹھا کر چلنا/ قدم اٹھانا** (ا) فعل ❶ جلدی جلدی چلنا ❷ جلد جلد قدم رکھنا ❸ پاؤں بڑھا کر چلنا ❹ جلدی جلدی قدم اٹھانا۔

**قدم اٹھنا** (ہ) فعل ❶ سرکنا ❷ پاؤں اٹھنا ❸ ہلنا ❹ حرکت کرنا ❺ شوس ہونا۔

**قدم اکھڑنا** (ا) فعل ❶ پاؤں نہ جمنا ❷ چل نہ سکنا ❸ شکست کھانا ❹ پسپا ہونا۔

**قدم باز** (ا) اسم صفت ❶ چالاک ❷ تیز رفتار ❸ جلدی چلنے والا ❹ خوش رفتار۔

**قدم بہ قدم چلنا** (ا) فعل ❶ کسی کی پیروی کرنا ❷ تقلید کرنا ❸ پیچھے پیچھے چلنا ❹ ساتھ ساتھ چلنا۔

**قدم برداشتہ** (عف) اسم صفت ❶ جلد جلد ❷ بھاگا بھاگ ❸ جلدی دوڑتا ہوا۔

**قدم بڑھانا/ قدم آگے رکھنا** (ا) فعل ❶ زیادتی کرنا ❷ مداخلت کرنا ❸ قابض ہونا ❹ آگے بڑھنا ❺ جلدی چلنا ❻ اپنی حد سے آگے بڑھ جانا۔

**قدم بوس ہونا** (ا) فعل ❶ تعظیم کرنا ❷ ادب کرنا ❸ پاؤں چومنا ❹ پاؤں پڑنا ❺ پالاگن کرنا ❻ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔

**قدم بوس ہونا** (ا) فعل ❶ تعظیم کرنا ❷ ادب کرنا ❸ پاؤں چومنا ❹ پاؤں پڑنا ❺ پالاگن کرنا ❻ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔

**قدم بوسی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خدمت ❷ سلام ❸ بندگی ❹ پاؤں چومنا ❺ آداب۔

**قدم بھاری ہونا** (ا) فعل ❶ کسی کا آدمی کے لئے نامبارک ہونا ❷ منحوس ہونا ❸ چندرا ہونا ❹ نحس ہونا۔

**قدم پھیرنے آنا** (ا) فعل ❶ مرنے سے پہلے کسی جگہ پر آخری مرتبہ آنا ❷ آخری پھیرا کرنا۔

**قدم جمانا** (ا) فعل ❶ ڈٹ کر کھڑا ہونا ❷ جم کر مقابلہ کرنا ❸ مستقل رہنا ❹ ڈٹ جانا۔

**قدم چومنا** (ا) فعل ❶ تعظیم سے پاؤں چومنا ❷ استاد اور قابل ادب ماننا ❸ بہت متقی اور شریر تسلیم کرنا ❹ شریر ماننا۔

**قدم درمیان ہونا** (ا) فعل ❶ دخل ہونا ❷ واسطہ ہونا ❸ بیچ میں پڑنا ❹ آڑے آنا۔

**قدم رسول/ قدم شریف** (ع) اسم مذکر ظرف۔ وہ مکان یا جگہ جہاں رسول پاک کے قدم مبارک کا نشان رکھا ہو۔

**قدم رکھنا** (ا) فعل ❶ پاؤں رکھنا ❷ چلنا ❸ دخل دینا ❹ مداخلت کرنا ❺ کسی کے کام کا دعویٰ کرنا ❻ کوئی کام اختیار کرنا ❼ آنا ❽ تشریف لانا۔

**قدم رنجہ فرمانا/ کرنا** (ا) فعل ❶ تشریف لانا ❷ تکلیف اٹھانا ❸ کسی کے گھر تک جانے کی تکلیف اٹھانا۔

**قدم قدم پر** (ا) تابع فعل ❶ ہر ایک قدم پر ❷ چپہ چپہ پر۔

**قدم قدم جانا/ چلنا** (ا) فعل ❶ سہج سہج چلنا ❷ آہستہ آہستہ چلنا۔

**قدم کو ہاتھ لگانا** (ا) فعل ❶ پاؤں چھونا ❷ تعظیم سے پاؤں کو ہاتھ لگانا ❸ عاجزی کرنا ❹ گڑگڑانا ❺ ماتھا ٹیکنا ❻ ناک رگڑنا۔

**قدم گاڑنا** (ا) فعل ❶ پاؤں جمانا ❷ مستقل ہونا ❸ جم جانا۔

**قدم لگنا** (ا) فعل ❶ کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ لینا ❷ پاؤں چومنا ❸ گھوڑے کو قدم چال پر چلنا آنا۔

**قدم لینا** (ا) فعل ❶ پابوسی کرنا ❷ پاؤں پکڑنا ❸ تعظیم کرنا ❹ قدموں کو ہاتھ لگانا ❺ استاد ماننا ❻ دوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا ❼ نیکی یا بدی میں بے نظیر ماننا ❽ خوشامد کرنا ❾ احسان ماننا۔

**قدم مارنا** (ا) فعل ❶ کوشش کرنا ❷ سعی کرنا ❸ دوڑ دھوپ کرنا ❹ قدم رکھنا ❺ کسی کام میں دخل دینا ❻ تیز جانا ❼ جلد جانا۔

**قدم نکالنا** (ا) فعل ❶ گھوڑے کو چال سکھانا ❷ سدھانا ❸ درست چال پر لگانا۔

**قدماء** (ع) اسم مذکر ❶ قدیم کی جمع ❷ پرانے لوگ ❸ اگلے لوگ ❹ پرانے

Join us on WhatsApp Naveed Raja 03149977218

www.besturdubooks.net

زمانے کے آدمی۔

**قدمچہ** (عف) اسم مذکر ظرف۔ پیخانے کے اندر کا وہ چبوترہ یا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں۔

**قدموں سے لگنا** (ا) فعل ① تعظیم کرنا ② پاؤں چومنا ③ زیر سایہ رہنا۔

**قدموں سے لگے پڑے ہیں** (ا) محاورہ ① تابع فرمان ہیں ② مطیع ہیں ③ ماتحت ہیں ④ زیر سایہ ہیں ⑤ رعیت میں ہیں۔

**قدموں سے لگے رہنا** (ا) فعل ① ہر وقت ساتھ رہنا ② کسی کے پاس سے جدا نہ ہونا۔

**قدوم** (ء) اسم مذکر ① قدم کی جمع ② کسی جگہ سے آنا ③ سفر سے واپس آنا۔

**قدیر** (ء) اسم صفت ① طاقتور ② صاحب قدرت ③ شکتی مان ④ خدائے تعالیٰ کا ایک وصفی نام ہے۔

**قدیم** (ء) اسم صفت ① پرانا ② ہمیشہ سے ہونے والا ③ دیرینہ ④ کہنہ ⑤ پراچین (قانون) آبادی ⑥ جدی ⑦ باپ دادا کا ⑧ پشتینی۔

**قدیم الایام/قدیم سے** (ا) تابع فعل ① سدا سے ② ہمیشہ سے ③ پرانے زمانے سے ④ اگلے وقتوں سے۔

**قدیمی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① پرانا ② ہمیشہ کا ③ سدا کا ④ مدامی۔

**قدیمی نمک خوار/نوکر** (ا) اسم مذکر ① پرانا ملازم ② پرانا نوکر۔

## ق ← ر

**قِرا** (ع) اسم مونث۔ مہمانی۔

**قرابادین** (ء) اسم مذکر ① دواؤں کی ڈکشنری ② لغات الادویہ۔

**قرابت** (ء) اسم مونث ① نزدیکی ② رشتہ داری ③ رشتہ ④ ناتہ ⑤ قربت۔

**قرابت دار** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ رشتہ دار۔

**قرابت داری** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① رشتہ داری ② ناتہ۔

**قرابت قریبہ** (ء) اسم مونث ① قریب کا رشتہ ② پاس کی رشتہ داری۔

**قرابتی** (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① رشتہ والا ② یگانہ ③ رشتہ دار۔

**قرابہ** (ء) اسم مذکر ① عرق رکھنے کا بڑا شیشہ ② بہت بڑی بوتل ③ بڑی صراحی ④ بڑا بھبکا ⑤ خم ⑥ جھجر۔

**قرابین** (ت) اسم مونث۔ چوڑے منہ کی چھوٹی بندوق۔

**قرات** (ء) اسم مونث ① پڑھنا ② تلفظ ③ حرفوں کا صحیح مخرج ادا کرنا ④ ایک علم کا نام ہے ⑤ جس میں عربی حرفوں کے مخرجوں اور ان کے تلفظ سے بحث کی جاتی ہے ⑥ علم تجوید۔

**قرار** (ء) اسم مذکر ① آرام ② ٹھہراؤ ③ سکون ④ ٹکاؤ ⑤ قیام ⑥ صبر ⑦ تحمل ⑧ دھیرج ⑨ برداشت۔

**قرار آنا** (ا) فعل ① چین پڑنا ② آرام آنا ③ جی ٹھہرنا ④ تسلی ہونا ⑤ اطمینان ہونا۔

**قرار پانا** (ا) فعل ① مقرر ہونا ② ٹھہرنا ③ تصفیہ ہونا ④ تاریخ مقرر ہونا ⑤ نسبت ٹھہرنا ⑥ آپس میں عہد و پیمان ہونا ⑦ لطفہ ٹھہرنا۔

**قرارداد** (ع۔ف) اسم مذکر ① قول و قرار ② شرط ③ عہد و پیمان ④ معاہدہ ⑤ ٹھیکہ ⑥ فیصلہ ⑦ تجویز ⑧ تصفیہ۔

**قرارداد جرم** (ا) اسم مذکر ① تجویز جرم ② تقرر قصور ③ مرجم پر تحقیقات کے بعد ضابطہ کا حکم لگایا جانا۔

**قرار دینا** (ا) فعل ① ٹھہرانا ② مقرر کرنا ③ جمانا ④ ٹھاننا ⑤ تجویز کرنا۔

**قرار کرنا** (ا) فعل ① اقرار کرنا ② ٹھاننا ③ ٹھہرانا ④ عہد و پیمان کرنا۔

**قرار واقعی** (ء) تابع فعل ① بخوبی ② ہر طرح سے ③ پوری پوری ④ قطعی ⑤ کامل۔

**قرار و مدار** (ء) اسم مذکر ① عہد و پیمان ② باہمی ③ اقرار ④ بچن۔

**قراقر** (ء) اسم مذکر ① قرقرہ کی جمع ② پیٹ کے بولنے کی آواز ③ گڑگڑ ④ گڑگڑاہٹ۔

**قراقر ہونا** (ا) فعل ① پیٹ میں گڑگڑ ہونا ② پیٹ بولنا۔

**قران** (ء) اسم مذکر ① نزدیکی ② پاس ہونا ③ قریب ہونا ④ دو ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہو جانا۔

**قران السعدین** (ء) اسم مذکر ① دو مبارک اور سعد ستاروں کا سنجوگ ② نیک شگون ③ نیک ساعت ④ مجازاً دو اچھے یا نیک آدمیوں کا جمع ہونا۔

**قرآن** (ء) اسم مذکر مصدر بمعنی مفعول ہے ① کلام اللہ ② مصحف مجید ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

وہ کلام الٰہی جو رسول کریم صلعم پر نازل ہوا۔
قرآن اٹھانا/ اٹھا لینا/ قرآن پر ہاتھ دھرنا/ رکھنا (ا) فعل ❶ قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا ❷ کسی شے کے انکار یا اقرار پر قرآن شریف کی قسم کھانا۔
قرآن درمیان میں ہونا (ا) فعل۔ قرآن کی قسم ہونا۔
قرآن سر پر رکھنا (ا) فعل ❶ دیکھو ❷ (قرآن اٹھانا)
قرآن کا جامہ پہننا (ا) فعل۔ نہایت پارسا اور قابل اعتماد بن جانا۔
قرآن کا دور کرنا (ا) فعل۔ دو حافظوں کا باری باری ایک دوسرے کو قرآن سنانا۔
قرآن کی سوں (ا) اسم مونث۔ قرآن کی سوگندھ۔
قرآن کی مار (ا) اسم مونث۔ دعائے بد ہے۔ قرآن کی پھٹکار پڑے۔
قرآن میں نام نکلوانا (ا) فعل۔ کسی بچہ کا نام قرآن شریف دیکھ کر اس کے حرف اول کے موافق رکھنا۔
قرآن ہدیہ کرنا (ا) فعل۔ قرآن شریف فروخت کرنے کو تعظیماً ہدیہ کرنا بولتے ہیں کیونکہ اس کی قیمت تو ادا ہی نہیں ہو سکتی۔
قراول (ت) اسم مذکر ❶ بندوق سے شکار کھیلنے والا شکاری یا سپاہی ❷ بندوقچی ❸ پہرہ دار ❹ پھسلیا۔
قرب (ء) اسم مذکر ❶ پاس ❷ نزدیکی ❸ رشتہ ❹ رشتہ داری۔
قرب روحانی (ء) اسم مذکر ❶ دل نزدیکی ❷ باطنی نزدیکی۔
قرب وجوار (ء) تابع فعل ❶ آس پاس ❷ اِدھر اُدھر ❸ پاس پڑوس ❹ اردگرد۔
قربان (ء) اسم مذکر ❶ راہ خدا میں تصدق کی ہوئی چیز ❷ بھینٹ ❸ نذر ❹ صدقہ ❺ بلدان ذبح کیا ہوا ❻ قربان جاؤں ❼ صدقے ❽ واری ❾ بلہاری۔
قربان جانا/ قربان ہونا (ا) فعل ❶ نثار ہونا ❷ واری جانا ❸ صدقے ہونا ❹ عاشق ہونا ❺ مرنا۔
قربان کرنا (ا) فعل ❶ وارنا ❷ صدقے کرنا ❸ فدا کرنا ❹ تصدق کرنا۔
قربان کروں (ا) کلمہ نفرت ❶ دفع کروں ❷ آگ لگاؤں ❸ صدقے کروں۔
قربان گاہ (عف) اسم مذکر ظرف ❶ قربان ہونے کی جگہ ❷ مذبح ❸ مقتل۔
قربانی (عف) اسم مونث ❶ زیارت ❷ قربان ہونے والی چیز ❸ بلدان ❹ ذبح ❺ حلال ❻ عید الضحٰے کو بکرا یا دنبہ وغیرہ ذبح کرنا۔
قربت (ء) اسم مونث ❶ نزدیکی ❷ رشتہ ❸ پاس ❹ نیڑے ہونا۔
قرہ (ء) اسم مونث ❶ ٹھنڈک ❷ خنکی ❸ ٹھنڈ ❹ سردی ❺ روشنی ❻ نور۔
قرۃ العین (ء) اسم مذکر ❶ وہ چیز جس سے آنکھوں کو روشنی اور ٹھنڈک ہو ❷ مجازاً پیارا ❸ بیٹا ❹ نورِ چشم۔
قرح (ء) اسم مذکر ❶ گھاؤ ❷ زخم ❸ جراحت۔
قرحہ (ء) اسم مذکر ❶ وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو ❷ ناسور۔
قرحہ پڑ جانا/ ہو جانا (ا) ❶ زخم میں پیپ پڑ جانا ❷ ناسور ہو جانا ❸ زخم پڑ جانا ❹ زخم گل جانا ❺ زخم بڑھ جانا۔
قرص (ء) اسم مذکر ❶ ٹکیا ❷ گھیرا ❸ گردہ ❹ گول ❺ دوا کی ٹکیا۔
قرض (ء) اسم مذکر ❶ اُدھار ❷ مانگا ہوا ❸ دام ❹ مستعار۔
قرض اتارنا (ا) فعل۔ کسی سے لیا ہوا ادھار بے باق کرنا۔
قرض اٹھانا (ا) فعل ❶ ادھار لینا ❷ مستعار لینا۔
قرض ادا کرنا/ چکانا (ا) فعل ❶ ادھار کا روپیہ دینا ❷ ادھار بے باق کرنا۔
قرض حسنہ (ء) اسم مذکر۔ بلا سود اور بلا میعاد مقررہ والا قرض۔
قرض خواہ (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ ادھار دینے والا ❷ لیندار ❸ قرض دینے والا۔
قرض دار (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ قرض لینے والا ❷ ادھار لینے والا ❸ مقروض دیندار۔
قرضداری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ دینداری ❷ قرض۔
قرضہ (ء) اسم مذکر ❶ دینا ❷ ادھار ❸ قرض ❹ دام۔
قرطاس (ء) اسم مذکر ❶ کاغذ ❷ پتر۔
قرعہ (ء) اسم مذکر ❶ پانسہ ❷ کعبتین۔
قرعہ پھینکنا/ ڈالنا (ا) فعل ❶ پانسہ کے ذریعہ سے فال لینا ❷ چٹھی ڈالنا ❸ دانہ پھینکنا۔
قرق (ت) اسم مذکر ❶ روک ❷ ممانعت ❸ منع کرنا ❹ محافظت ❺ خبرداری ❻ نگہبانی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

**قرق امین** (ت۔ء) اسم مذکر ① ضبطی کرنے والا ② ناظر عدالت ③ شرف ناظر ④ بیلف۔

**قرق کرنا** (ا) فعل ① روکنا ② ضبط کرنا ③ کسی قرضہ یا جرم وغیرہ کی بابت کسی کے مال یا جائیداد کو تحویل میں لے لینا۔

**قرق نامہ** (تف) اسم مذکر۔ ضبطی کا پروانہ۔

**قرقی** (ا) اسم مونث بیائے زائدہ ① ضبطی ② روک ③ ممانعت ④ نگہبانی ⑤ نگرانی ⑥ بندی ⑦ روک ٹوک۔

**قرقی بٹھانا** (ا) فعل ① ضبطی کے مال پر پہرا بٹھانا ② روک ٹوک کرنا ③ بندی کرنا ④ مناہی کرنا ⑤ آمد ورفت بند کرنا ⑥ حکم چلانا ⑦ حکم بٹھانا۔

**قرقی کا پروانہ** (ا) اسم مذکر ① وارنٹ ضبطی ② ضبطی نامہ۔

**قرم** (ا) اسم مذکر ① قرم ② مساق کا مخفف ہے ③ بھاڑو ④ بھڑاؤ ⑤ دیوث ⑥ کٹنا۔

**قرمز** (پورب) اسم مذکر ① ایک چھوٹے سے کیڑے کا نام ہے جس سے سرخ ریشم رنگتے ہیں ② مجازاً سرخ ③ لال رنگ ④ سوہا۔

**قرمزی** (معرب) اسم صفت بیائے نسبتی ① سوہا ② لال ③ سرخ۔

**قرمساق** (ت) اسم مذکر ① اپنے آپ کو دوسرے کے حوالے کردینے والا ② بھڑاؤ ③ بھاڑو ④ دیوث ⑤ نالائق ⑥ پاجی ⑦ ذلیل۔

**قران** (ء) اسم مذکر ① ستاروں کا ملاپ ② تاروں کا سنجوگ ③ جگہ ④ کم از کم دس زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس سال کا زمانہ مجازاً عرصہ دراز ⑤ مدت مدید ⑥ سینگ۔

**قرنائے** (عف) اسم مذکر ① نرسنگا ② سینگ کا بگل ③ ترئی ④ ترم ⑤ نفیری۔

**قرنبیق** (ء) اسم مذکر (قرع بمعنی کدو۔ اور انبیق بمعنی برتن سے مرکب ہے) عرق کھینچنے کا بھبکا۔

**قرنفل** (ء) اسم مذکر ① کرن پھول کا معرب ہے ② لونگ۔

**قرولی** (ا) اسم مذکر ① پہرے دار ② محافظ شکاری کا چاقو ③ راجپوتانے کی ایک ریاست کا نام۔

**قریب** (ء) اسم صفت ① پاس ② نزدیک ③ نیڑے۔

**قریب الاختتام** (ع) اسم صفت ① ختم ہوجانے کے قریب ② پورا ہونے کے لگ بھگ ③ عنقریب۔

**قریب الفہم** (ا) اسم صفت۔ جلدی سمجھ میں آجانے والا۔

**قریب المرگ** (ا) اسم صفت ① کوئی دم کا مہمان ② گور میں پاؤں لٹکائے ہوئے ③ گور کنارے۔

**قریب قریب** (ا) تابع فعل ① پاس پاس ② نزدیک نزدیک ③ ملتا جلتا ④ لگ بھگ۔

**قریش** (ء) اسم مذکر۔ عرب کے ایک مشہور اور معزز قبیلہ کا نام جس میں سے پیغمبر خدا حضرت محمد ﷺ ہوئے ہیں۔

**قریشیا** (ا) اسم مذکر۔ جرابیں اور ٹائیاں وغیرہ بننے کا لوہے کا ایک نوکدار آلہ۔

**قریشی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ قریش ② متعلق بہ قریش ③ قبیلہ قریش کا ④ شیخ قریش۔

**قرین** (ء) اسم صفت ① پاس ② ملا ہوا ③ لگواں ④ جڑواں (بصورت اسم مذکر) مصاحب ⑤ پاس رہنے والا ⑥ جلیس ⑦ یار ⑧ دوست۔

**قرینہ** (ء) اسم مذکر ① ایک دوسرے سے پیوستگی ② دو چیزوں کے درمیان ظاہری مناسبت ③ ڈھنگ ④ طریقہ ⑤ انداز ⑥ روش ⑦ سلیقہ ⑧ سجاوٹ ⑨ جوڑ میل۔

**قرینہ بقرینہ** (ء) تابع فعل ① ڈھنگ سے ② ترتیب سے ③ اندازے سے ④ سگھڑاپے سے۔

**قرینہ سے لگانا** (ا) فعل ① عمدہ ڈھنگ اور ترتیب سے رکھنا ② بالترتیب رکھنا۔

## ق ← ز

**قز** (ف) اسم مذکر۔ کچا ریشم۔

**قزاق** (ت) اسم مذکر۔ ① لٹیرا ② ڈاکو ③ رہزن ④ غارت گر۔

**قزاق اجل** (تع) اسم مذکر ① موت کا فرشتہ ② ملک الموت ③ قابض ارواح۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

قزاقی (ت) اسم مونث بیائے مصدری (1) لوٹ (2) ڈکیتی (3) رہزنی (4) غارتگری۔

قزاگند (ع) اسم مذکر (1) پرانے زمانے کا آہنی لباس (2) زِرہ۔

قزح (ع) اسم مذکر (1) رنگوں کی ملاوٹ (2) زرد۔ سبز، سرخ رنگ۔

قزل (ت) اسم صفت (1) لال (2) سرخ۔

قزلباش (ت) اسم مذکر (1) (قزل بمعنی سرخ اور باش بمعنی سر سے مرکب) سرخ سر والا (2) مغلوں کی ایک قوم کا نام جن کا پیشہ سپاہگری ہے (3) سپاہی (4) لشکری (5) اصطلاح میں ایران اور افغانستان کے شیعہ لوگ۔

## ق ← س

قسام (ع) اسم صفت۔ تقسیم کرنے والا۔

قساوت (ء) اسم مونث (1) سنگدلی (2) بے رحمی (3) سخت دلی۔

قساوڑا (ان) اسم مذکر (1) قسائی کی تصغیرۃ التحقیر ہے (2) قسائی کا بچہ (3) قصائی کا بیٹا۔

قسائی (ا) مذکر (1) بوچڑ (2) قصاب (3) گوشت فروش (4) حلال کرنے والا (5) گوشت بیچنے والی ایک قوم کا نام ہے (بحالت صفت) سخت دل (6) بے رحم (7) ظالم۔

قسائی بچا کبھی نہ سچا جو سچا سو کچا (ا) مثل۔ قصاب کی بات کا اعتبار نہیں ہے یہ دوستوں کو سب سے برا مال دیتے ہیں۔

قسائی کے کھونٹے سے بندھنا (ا) فعل (1) ظالم کے بس پڑنا (2) بے رحم کے پالے پڑنا (3) قصائی کے حوالے ہونا۔

قسائی کی گھانس کو کتڑا کھا جائے (ا) مثل۔ تعجب کے موقعہ پر بولتے ہیں کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ زبردست کے مال کو کمزور دبالے۔

قسائی کی نظر دیکھنا (ا) فعل (1) دشمنی اور قہر کی نگاہ سے دیکھنا (2) ڈانٹتے رہنا۔

قسائی واڑا (ا) اسم مذکر ظرف۔ قسائیوں کا محلہ۔

قسائنی (ا) اسم مونث (1) قصاب کی جورو (بحالت صفت) ظالم (2) بے رحم۔

قسط (ء) اسم مونث (1) ٹکڑا (2) حصہ (3) جزو (4) بانٹ (5) تقسیم (6) مقررہ (7) حصے کر کے روپیہ ادا کرنا۔ م

قسط باندھنا (ا) فعل (1) حصہ مقرر کرنا (2) تھوڑا تھوڑا حصہ مقرر کر کے ادا کرنا۔

قسط بندی (ا) اسم مونث۔ سرکاری روپیہ کا تقرر جو زمیندار ہر فصل پر دیا کرتے ہیں۔

قسط بہ قسط/قسط وار (عف) تابع فعل (1) بانٹ کے مطابق (2) تقسیم کے موافق (3) ترتیب سے۔

قسم (ء) اسم مذکر (1) سوگند (2) حلف (3) عہد و پیمان (4) جو خدا کو بیچ میں دے کر کیا جائے۔

قسم اتارنا (ا) فعل (1) وعدہ پورا کرنا (2) سوگند پوری کرنا۔

قسم توڑنا (ا) فعل (1) قول و قرار پر نہ رہنا (2) عہد شکنی کرنا۔

قسم دینا/دلانا/کھلانا (ا) فعل (1) بچن لینا (2) قول و عہد لینا (3) سوگند دلانا (4) حلف اٹھوانا۔

قسم کھانا/کھا جانا (ا) فعل (1) سوگند دینا (2) قول دینا (3) صاف انکار کر جانا (4) مکر جانا (5) قول سے پھر جانا (6) حلف اٹھانا۔

قسم کھانے کو بات یا جگہ رہے (ا) محاورہ (1) کہنے کو تو جگہ رہ جائے (2) قسم تو کھائیں۔

قسم کھانے کو نہ رہنا (ا) فعل (1) کسی چیز کا بالکل ختم ہو جانا (2) بالکل نہ رہنا۔

قسم کھانے ہی کے لئے ہے (ا) مثل (1) بے ایمان لوگوں کا قول ہے (2) قسم خواہ جھوٹی ہو یا سچی کھا ہی لینے کے واسطے ہوتی ہے۔

قسم لینا (ا) فعل (1) اقرار کرنا (2) بچن لینا (3) حلف اٹھوانا (4) سوگند کھلانا۔

قسم ہو جانا/قسم ہونا (ا) فعل (1) نام کو نہ رہنا (2) بالکل چھوڑ دینا (3) جیسے جب سے آیا ہے رزق کھانا قسم ہو گیا (4) عہد و پیمان ہو جانا (5) باہم سوگند ہو جانا۔

قسم (ء) اسم مونث (1) ٹکڑا (2) حصہ (3) جزو (4) جنس (5) نوع (6) طور (7) طریق (8) طرز (9) ڈھنگ۔

قسم وار (ا) تابع فعل (1) حصے دار (2) جنس دار (3) تفریق دار۔

قسما قسمی (ا) اسم مونث (1) نما دھرمی (2) آپس کا معاہدہ (3) باہمی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

عہد و پیان۔

**قسمت** (ع) اسم مونث ① حصہ ② بخرا ③ بٹا ہوا ④ تقسیم کیا ہوا ⑤ مقسوم ⑥ پرالبدھ ⑦ تقدیر ⑧ بھارگ ⑨ بخت۔

**قسمت بازی/قسمت آزمائی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① نصیبے کا امتحان ② تقدیر کی آزمائش۔

**قسمت الٹنا/قسمت بگڑنا/قسمت پھوٹنا** (ا) فعل ① نحوست کا آنا ② شامت آنا ③ برے دن آنا ④ تقدیر بگڑنا ⑤ نصیبے کا خلاف ہونا ⑥ تقدیر سامنے نہ ہونا۔

**قسمت پھرنا/قسمت جاگنا/قسمت چمکنا** (ا) فعل ① بھلے دن آنا ② نصیبہ یاور ہونا ③ دن پھرنا ④ تقدیر سامنے ہونا ⑤ اقبال یاور ہونا۔

**قسمت سے** (ا) تابع فعل ① تقدیر سے ② خوش قسمتی سے ③ تقدیر کی مدد سے ④ مجازاً بدقسمتی سے بدنصیبی سے۔

**قسمت کا پھیر** (ا) اسم مذکر ① بدبختی ② بے نصیبی ③ ادبار۔

**قسمت کا دھنی** (ا) اسم صفت ① صاحب اقبال ② اقبال مند ③ تقدیر والا۔

**قسمت کا لکھا** (ا) اسم مذکر ① ماتھے کا لکھا ② نوشتہ تقدیر۔

**قسمت کا لکھا پورا ہونا** (ا) فعل ① تقدیر ② تقدیر کا لکھا پیش آنا ③ شامت آنا ④ بدقسمتی کا سامنا ہونا ⑤ تقدیر بگڑنا ⑥ نصیبہ پھوٹنا۔

**قسمت کا ہیٹا** (ا) اسم صفت ① بدقسمت ② بے نصیب ③ منحوس۔

**قسمت کرنا** (ا) فعل ① بانٹنا ② تقسیم کرنا۔

**قسمت کھلنا** (ا) فعل ① دن پھرنا ② بھاگ جاگنا ③ شادی ہونا ④ بیاہا جانا۔

**قسمت لڑنا** (ا) فعل ① تقدیر کا یاور ہونا ② قسمت کا موافق ہونا۔

**قسمت والا** (ا) اسم صفت فاعلی ① خوش نصیب ② بھاگوان ③ صاحب اقبال۔

**قسمیہ** (ع) تابع فعل ① قسم کھا کر ② قسم کے طور پر ③ از روئے قسم۔

## ق ← ش

**قشر** (ع) اسم مذکر ① چھلکا ② پوست۔

**قشعریرہ** (ع) اسم مذکر ① ڈر سے رونگٹے کھڑے ہونا ② پھریری ③ کپکپی۔

**قشقہ** (ف) اسم مذکر ① تلک ② ٹیکا ③ صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو صاحبان اپنی اپنی قوم کے رواج کے مطابق ماتھے پر لگاتے ہیں۔

## ق ← ص

**قصاب** (ع) اسم مذکر ① بوچڑ ② کاٹنے والا ③ ذبح کرنے والا ④ قصائی۔

**قصابہ** (ع) اسم مذکر ① وہ رومال جو عورتیں اپنے سر سے باندھتی ہیں ② قصائی کا پیشہ ③ قصائی خانہ۔

**قصاص** (ع) اسم مذکر ① جان کے بدلے جان لینا ② کسی قاتل کو پھانسی یا موت کی سزا دینا ③ جزا ④ بدلہ ⑤ عوض ⑥ ادلے کا بدلہ۔

**قصاص لینا** (ا) فعل ① بدلہ لینا ② انتقام لینا ③ جان کے بدلے جان لینا۔

**قصائی** (ا) اسم مذکر۔ دیکھو (قسائی)۔

**قصائد** (ع) اسم مذکر۔ قصیدہ کی جمع ہے۔

**قصبات** (ع) اسم مذکر ① قصبہ کی جمع ② چھوٹے شہر۔

**قصباتی** (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ① قصبہ کا رہنے والا ② متعلق بہ قصبہ۔

**قصبہ** (ع) اسم مذکر ① چھوٹا شہر ② نگری۔

**قصد** (ع) اسم مذکر ① ارادہ ② نیت ③ عزم ④ منشا ⑤ مطلب ⑥ عندیہ ⑦ خواہش ⑧ مرضی ⑨ کوشش۔

**قصد کرنا** (ا) فعل ① ارادہ کرنا ② نیت کرنا ③ خواہش کرنا۔

**قصداً** (ع) تابع فعل ① جان بوجھ کر ② دیدہ و دانستہ ③ ارادتاً۔

**قصر** (ع) اسم مذکر ① کمی ② کوتاہی ③ اختصار ④ تخفیف محل ⑤ محلسرا ⑥ رنواس ⑦ سفر کی حالت میں نماز کی کمی۔

**قصور** (ع) اسم مذکر ① بھول ② غلطی ③ خطا ④ جرم ⑤ تقصیر۔

**قصورمند/قصوروار** (عف) اسم صفت ① خطاوار ② مجرم ③ گنہگار ④ قابل الزام۔

**قصہ** (ع) اسم مذکر ① کہانی ② حکایت ③ داستان ④ افسانہ ⑤ ذکر ⑥

Join us on whatsapp Naveed Pak 03140777218

www.besturdubooks.net

بیان ⑦ لڑائی جھگڑا ⑧ قضیہ۔

**قصہ پاک کرنا** (ا) فعل ① جھگڑا طے کرنا ② قضیہ ختم کرنا ③ بکھیڑا کاٹنا ④ قتل کر دینا ⑤ جان سے مار ڈالنا۔

**قصہ تمام کرنا** (ا) فعل ① کہانی ختم کرنا ② داستان پوری کرنا ③ مار ڈالنا ④ قتل کر ڈالنا ⑤ قرضہ نمٹانا ⑥ عذاب دور کرنا۔

**قصہ تمام ہونا** (ا) فعل ① جھگڑا چکنا ② بکھیڑا نمٹنا ③ عذاب دور ہونا ④ قرضہ ادا ہونا ⑤ جان نکلنا ⑥ مر جانا۔

**قصہ چکنا** (ا) فعل ① جھگڑا طے ہونا ② تکرار دور ہونا ③ کام ختم ہو جانا ④ مر جانا۔

**قصہ خواں** (عف) اسم مذکر ① داستان گو ② افسانہ خواں۔

**قصہ خوانی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① داستان گوئی ② قصہ سنانا ③ پشاور کے ایک بازار کا نام بھی ہے۔

**قصہ کرنا** (ا) فعل ① جھگڑا کرنا ② ٹنٹا کرنا ③ تکرار کرنا۔

**قصہ کوتاہ / قصہ مختصر** (ف) تابع فعل ① الغرض ② حاصل کلام ③ بالجملہ ④ الحاصل۔

**دھوم دھام / دھوم دھڑکا** (ا) فعل ① بات کو طول نہ دینا ② بات چھوٹی کرنا ③ جھگڑا طے کرنا ④ بات فیصل کرنا۔

**قصہ مول لینا** (ا) فعل ① جھگڑا خریدنا ② جان کو روگ لگانا ③ پاپ بسانا ④ بکھیڑے میں پڑنا۔

**قصیدہ** (ء) اسم مذکر ① لغت میں ٹھوس اور بھرا ہوا دماغ یعنی پرمغز ② اصطلاح میں شاعر کی وہ نظم جو کسی کی تعریف یا برائی کے ارادے سے لکھی جائے اور جس کے اول بیت کے دونوں مصرعے اور باقی اشعار کے ثانی مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوں جس کے کم از کم پندرہ شعر ہوں زیادہ کی حد نہیں۔

**قصیر** (ع) اسم صفت ① کوتاہ قد ② پست قد۔

## ق ← ض

**قضا** (ء) اسم مونث ① حکم الٰہی ② مشیت ③ فرمان خدائی ④ تقدیر ⑤ قسمت ⑥ موت ⑦ وفات ⑧ اجل ⑨ وہ عبادت فرضیہ جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے۔

**قضا پڑھنا** (ا) فعل۔ چھوٹی ہوئی نماز کو ادا کرنا۔

**قضا سر پر کھیلنا** (ا) فعل ① موت کا وقت قریب آنا ② اجل کا قریب پہنچ جانا۔

**قضارا / قضا عند اللہ** (عف) تابع فعل ① اتفاق سے ② حسب اتفاق ③ اتفاقاً ④ سنجوگ سے ⑤ ناگاہ ⑥ اچانک۔

**قضا کا فرشتہ** (ا) اسم مذکر ① ملک الموت ② یم دوت ③ عزرائیل ④ موت کا فرشتہ۔

**قضا کا مارا** (ا) اسم صفت مفعولی ① اجل گرفتہ ② مرن جوگا ③ موت لیا۔

**قضا کرنا** (ا) فعل ① مذہبی فرض یا واجب کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا ② مرنا ③ انتقال کرنا۔

**قضا و قدر** (ء) اسم مذکر۔ وہ حکم الٰہی جو اس نے کل کائنات کی نسبت روز ازل میں لگا دیئے ہیں۔

**قضا ہونا** (ا) فعل ① گزرنا ② مرنا ③ روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ ہونا۔

**قضائے الٰہی سے مرنا** (ا) فعل ① اپنی موت سے مرنا ② اپنی آئی مرنا۔

**قضائے حاجت کرنا** (ا) فعل ① ٹٹی جانا ② پیخانہ کرنا ③ پاخانہ پھرنا۔

**قضائے عمری** (ء) اسم مونث۔ قضا شدہ نماز کے عوض جو نماز ہر وقت فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ ادا کرنی پڑتی ہے۔

**قضا کار** (عف) تابع فعل ① اتفاق سے ② اتفاقیہ ③ اتفاقاً ④ ناگاہ۔

**قضائے مبرم** (ء) اسم مذکر ① نہ ٹلنے والا حکم ② پکا حکم ③ وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے۔

**قضات** (ء) اسم مذکر۔ قاضی کی جمع۔

**قضایا** (ء) اسم مذکر ① قضیہ کی جمع ② عبارت کے جملے ③ جھگڑے ④ مطالب ⑤ خبریں۔

**قضیہ** (ء) اسم مذکر ① بحث ② تکرار ③ نالش ④ مقدمہ ⑤ جھگڑا ⑥ جملہ ⑦ فقرہ ⑧ عبارت کا ٹکڑا۔

**قضیہ کرنا** (ا) فعل ① جھگڑا کرنا ② تکرار کرنا۔

**قضیہ مول لینا** (ا) فعل ① کسی دوسرے کے بکھیڑے میں پڑنا ② کسی کے جھگڑے میں شامل ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

## ق ← ط

قط (ء) اسم مذکر ① تراشنا ② کاٹنا ③ قلم کی نوک کو کاٹنا۔

قط زن/ قط گیر (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ لکڑی یا ہاتھی دانت یا ہڈی وغیرہ کی چپٹی جس پر قلم کی نوک کاٹتے ہیں۔

قطار (ء) اسم مونث ① سیدھی اور لمبی صف ② پرا ③ ڈار ④ سلسلہ ⑤ ترتیب۔

قطاع الطریق (ء) اسم مذکر ① رہزن ② لٹیرا ③ ڈاکو ④ رستہ لوٹنے والا۔

قطاع دائرہ (ء) اسم مذکر۔ دائرہ کا وہ ٹکڑا جو دو نصف قطروں اور ان کی درمیانی قوس سے گھرا ہوا ہو۔

قطب (ء) اسم مذکر ① وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے ② قوم کا سردار ③ سپہ سالار ④ شمالی اور جنوبی نقطہ محور زمین جو ساکن رہتا ہے ⑤ اصطلاح تصوف میں وہ ولی اللہ جس پر دنیا کے انتظام اور نگہبانی کا دارومدار ہو۔

قطب تارا (ا) اسم مذکر ① وہ شمالی یا جنوبی چھوٹا سا نہایت روشن ستارا جو ہمیشہ ساکن اور ایک جگہ قائم رہتا ہے ② دھرو ③ دھرو تارا۔

قطب جنوبی (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی ① دکھنی تارا ② محور زمین کا وہ نقطہ جو جنوب کی طرف واقع ہے اور بحر منجمد جنوبی پر ہے۔

قطب شمالی (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی ① اتر تارا ② محور زمین کا شمالی نقطہ جو بحر منجمد شمال پر واقع ہے۔

قطب نما (عف) اسم مذکر ① قطبوں کی سمت معلوم کرنے کا آلہ ② کمپاس۔

قطبی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ قطب ② قطب سے متعلق۔

قطبین (ء) اسم مذکر ① قطب سے جمع تثنیہ ② دونوں قطب ③ شمالی اور جنوبی قطب۔

قطر (ء) اسم مذکر ① کنارہ ② سمت ③ طرف ④ وہ خط مستقیم جو دائرہ کے مرکز سے گزر کر دونوں طرف محیط پر ختم ہو اور دائرہ کے دو برابر حصے کر دے۔

قطرہ (ء) اسم مذکر ① بوند ② نہایت کم مقدار ③ بہت ہی کم چیز ④ بوند کے برابر۔

قطرہ آنا (ا) فعل ① پیشاب کی بوند ٹپکنا ② بلا ارادہ پیشاب کی بوند نکل پڑنا۔

قطع (ء) اسم مذکر ① کاٹ چھانٹ ② تراش ③ ٹکڑا ④ حصہ ⑤ طور ⑥ طریق ⑦ ڈھنگ ⑧ طرز ⑨ انداز۔

قطع برید (عف) اسم مونث ① تراش خراش ② کانٹ چھانٹ۔

قطع تعلق کرنا (ا) فعل ① میل ملاپ چھوڑنا ② کچھ غرض نہ رکھنا ③ کچھ لگاؤ نہ رکھنا ④ تیاگنا ⑤ چھوڑنا ⑥ ترک ملاقات کرنا ⑦ واسطہ نہ رکھنا۔

قطع کرنا (ا) فعل ① کاٹنا ② تراشنا ③ طے کرلینا ④ فیصلہ کرلینا ⑤ ایک بات مقرر کرنا ⑥ رد کرنا ⑦ بند کرنا ⑧ کھنڈن کرنا۔

قطع کلام کرنا (ا) فعل ① بات کاٹنا ② کسی کی آس پوری ہونے سے پہلے اپنی بات کہنے لگنا۔

قطع نظر (ء) تابع فعل ① ماسوا ② علاوہ ③ اس کے چھوٹ ④ تاہم ⑤ بہرصورت۔

قطع ہونا (ا) فعل ① کٹنا ② تراشا جانا ③ کپڑے کا کاٹا جانا ④ بے ونتا جانا ⑤ فیصلہ ہونا ⑥ نبٹنا۔

قطعہ (ء) اسم مذکر ① ٹکڑا ② جزو ③ حصہ ④ پرزہ ⑤ پرچہ ⑥ ملک کا حصہ ⑦ سرزمین ⑧ ملک ⑨ دیس۔

قطعہ بند (عف) اسم مذکر ① وہ اشعار جن کا مضمون ساتھ کی بیت ملائے بغیر تمام نہ ہو ② بلکہ بے نتیجہ رہے۔

قطعی (ا) تابع فعل ① بالکل ② بالضرور ③ بالمقطع ④ شرطی ⑤ یقینی ⑥ پورا ⑦ کامل ⑧ درحقیقت ⑨ بے شبہ۔

قطمیر (ء) اسم مذکر ① اصحاب کہف کے کتے کا نام ② چھوہارے یا کھجور کی گٹھلی کے اوپر کی پتلی سی جھلی ③ مجازاً نہایت قلیل ④ ذرا سا ⑤ بہت ہی تھوڑا ⑥ نہایت چھوٹا۔

## ق ← ع

قعب (ع) اسم مذکر ① روئی ② کپاس۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

قعدہ (ع) اسم مذکر ① بیٹھنا ② نماز میں التحیات پڑھتے وقت دو زانو بیٹھنا ③ بیٹھک۔

قعر (ء) اسم مذکر ① تھاہ ② گہرائی ③ ڈونگھائی ④ عمق۔

قعر مذلت (ع) اسم مذکر ① انتہائی ذلت۔

قعود (ع) اسم مذکر ① قعدہ ② نشست ③ بیٹھک۔

## ق ← ف

قفا (ء) اسم مونث ① گدی ② پشت گردن ③ تنگا ④ پیچھے ⑤ پس پشت ⑥ دھول دھپا۔

قفس (ف) اسم مذکر ① پرندے رکھنے کا پنجرہ ② کابک ③ مجازاً جسم انسانی ④ بدن ⑤ قالب خاکی ⑥ طنزاً قید ⑦ قید خانہ ⑧ جیل خانہ۔

قفل (ف) اسم مذکر ① تالا ② جندرا۔

قفل ابجد (ء) اسم مذکر۔ ایک قسم کا گول جندرا جو خاص حروف کو سیدھ میں لانے سے کھلتا ہے اور گڈمڈ کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔

قفل بند ہونا (ا) فعل ① تالا لگنا ② جندرا لگنا۔

قفل توڑنا (ا) فعل ① تالا توڑنا ② چوری کرنا۔

قفل خموشی (ع) اسم مذکر ① خاموشی ② چپ ③ خاموشی کو استعارتاً تالا کہا جاتا ہے۔

قفل دہن کھلنا (ا) محاورہ ① بات کرنا ② بولنا۔

قفل لگانا (ا) فعل ① تالا لگانا ② مکان پر قبضہ کرنا ③ مکان بند کرنا۔

قفل وسواس یا وسواسی (ء) اسم مذکر۔ گورکھ دھندا۔

قفلی (ا) اسم مونث ① قلفی ② ڈھکنے دار ظرف ③ جس کا ڈھکنا قفل کی طرح خوب پھنس جاتا ہے۔

قفلی لگ جانا (ا) محاورہ۔ دو چیزوں کا آپس میں اس طرح پھنس جانا کہ علیحدہ کرنا مشکل ہو۔

## ق ← ق

ققنس (یونانی) اسم مذکر ① ایک نہایت خوش آواز اور خوش رنگ پرندے کا نام ہے ② موسیقار۔

## ق ← ل

قل (ء) صیغہ امر ① کہو ② بولو ③ کہہ دو ④ مجازاً قرآن کی آخری سورتیں ⑤ فاتحہ ⑥ تیجا ⑦ سوم کی رسم ⑧ ختم۔

قل آعوذیہ/ قلاوزیہ (ا) اسم مذکر ① ہر جگہ جا کر ختم پڑھ کر ضیافتیں اڑانے والا ② ٹکر گدا مردوں کا مال کھانے والا ③ خیرات خورا ④ مولانا۔

قل کرنا (ا) فعل ① مار ڈالنا ② کام تمام کرنا ③ قتل کرنا ④ جان باقی نہ رکھنا۔

قل ہو اللہ پڑھنا (ا) فعل ① تباہ حال ہونا ② کام تمام ہونا ③ بھوک کے مارے جان نکلنا ④ سورت قل ہو اللہ پڑھنا۔

قل ہو جانا (ا) فعل ① ختم ہو جانا ② ماتم ہو جانا ③ بھول ہو جانا ④ تیجا ہو جانا۔

قل ہونا (ا) فعل ① ختم ہونا ② عرس ہونا ③ بھول ہونا ④ کام تمام ہونا ⑤ تباہ حالت ہونا ⑥ ہلاکت کے قریب ہونا۔

قلا (ا) اسم مونث ① چھل ② دھوکا ③ کرتب ④ کھیل ⑤ ہنر ⑥ گن۔

قلابازی (ا) اسم مونث ① کرتب ② کھیل ③ پلٹیاں کھانا۔

قلابازی کھانا (ا) فعل ① سر نیچے اور پاؤں اوپر کر کے لوٹنا ② بھوک سے لوٹنیاں پوٹنیاں کھانا۔

قلابہ (ء) اسم مذکر ① قلب سے مشتق ہے بمعنی الٹا کرنا ② مجازاً مچھلی پکڑنے کا کانٹا ③ کنڈی ④ حلقہ۔

قلاچ/ قلانچ/ قلاش (ا) اسم صفت ① مفلس ② کنگال ③ غریب ④ لچا ⑤ شہدا ⑥ بے غیرت۔

قلانچ (ا) اسم مونث ① کپڑا ناپنے کا دو ہاتھ یعنی تین فٹ لمبا گز ② گھوڑے ہرن وغیرہ کی چھلانگ ③ کود ④ چوکڑی ⑤ زغند۔

قلانچیں بھرنا (ا) فعل ① چھلانگیں مارنا ② چوکڑیاں بھرنا ③ زغندیں لگانا۔

قلب (ء) اسم مذکر ① الٹا ہوا ② اوندھا ③ دل ④ من ⑤ ضمیر ⑥ وسط ⑦ درمیان ⑧ فوج کا درمیانی حصہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...7218

**قلب ساز** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا۔

**قلب سازی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① کھوٹ ملانا ② جھوٹا سکہ بننا ③ جعلی سکہ بنانا۔

**قلبہ** (ء) اسم مذکر ① ہل ② کاشت کرنے کا آلہ۔

**قلبہ رانی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہل چلانا ② ہل جوتنا ③ کاشت کرنا۔

**قلبی** (ء) اسم صفت ① دلی ② جانی ③ پرانی ④ کھوٹا ⑤ غیر خالص ⑥ جعلی ⑦ خود ساختہ۔

**قلت** (ء) اسم مونث ① توڑا ② کمی ③ کمیابی ④ مشکل ⑤ دقت ⑥ دشواری۔

**قلزم** (ء) اسم مذکر ① لغت میں سرخ اصطلاح میں ایک حصہ سمندر کا نام ہے جو عرب کے مغرب میں واقع ہے ② مجازاً نہایت گہرا اور عمیق سمندر۔

**قلع** (ء) اسم مذکر ① ڈھانا ② منصب سے گرانا ③ بیخ کنی ④ مسمار کرنا ⑤ منہدم کرنا۔

**قلع وقمع** (ء) اسم مذکر ① اکھاڑ پچھاڑ ② توڑ پھوڑ ③ انہدام۔

**قلعہ** (ء) اسم مذکر ① حصار ② وہ سنگین اور محفوظ عمارت جس میں بادشاہ رہتا ہو ③ گڑھ ④ بہت اونچا اور بڑا مکان۔

**قلعہ باندھنا** (ا) فعل ① فوج کا حصار باندھ کر کھڑا کرنا ② دمدمہ بنانا۔

**قلعہ دار** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① محافظ قلعہ ② قلعہ کا افسر ③ کمیدان۔

**قلعہ شکن توپ** (ف) اسم مونث ① قلعہ توڑنے کی توپ ② بڑی توپ۔

**قلعی** (ء) اسم مونث ① رنگ ② رانگا ③ سفیدی مکانوں پر پھیرنے کا چونہ ④ کھانے کا چونہ ⑤ ملمع ⑥ جھول ⑦ گلٹ ⑧ روغن ⑨ وارنش۔

**قلعی اڑ جانا / جاتی رہنا** (ا) فعل ① رنگ کا ملمع برتن سے اتر جانا ② تانبا نکل آنا۔

**قلعی کا چونہ** (ا) اسم مذکر ① پتھر کا چونہ ② سفیدی کھانے کا چونہ۔

**قلعی کا کشتہ** (ا) اسم مذکر ① مارا ہوا رنگ ② پھونکا ہوا رانگ۔

**قلعی کرنا** (ا) فعل ① برتنوں پر رانگ چڑھانا ② رانگ کا ملمع کرنا ③ وارنش کرنا ④ مکان میں سفیدی پھیرنا ⑤ سفیدی کرنا۔

**قلعی کھل جانا** (ا) فعل ① راز فاش ہونا ② بھید ظاہر ہو جانا ③ اصلی حالت دکھائی دینے لگنا ④ اصلیت ظاہر ہو جانا ⑤ شیخی کرکری ہو جانا۔

**قلعی کھلنا** (ا) فعل ① پوشیدہ عیب ظاہر ہونا ② بھانڈا پھوٹنا ③ سازش ظاہر ہونا۔

**قلعی کھولنا** (ا) ① راز فاش کرنا ② پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔

**قلعی گر** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ تانبے پیتل وغیرہ کے برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا۔

**قلفی** (ا) اسم مونث۔ دیکھو قفلی۔

**قلق** (ء) اسم مذکر ① بے چینی ② رنج ③ اضطراب ④ بے قراری ⑤ گھبراہٹ ⑥ سوچ ⑦ فکر ⑧ غم ⑨ حسرت۔

**قلق گزرنا / ہونا** (ا) فعل ① برا لگنا ② رنج ہونا ③ افسوس ہونا ④ تلملاہٹ اور بے قراری ہونا ⑤ ملال ہونا۔

**قلقل** (ء) اسم مونث صوت۔ بوتل یا صراحی میں سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز۔

**قلم** (ء) اسم مذکر و مونث ① کلک ② خامہ ③ لکھنے کا آلہ ④ تراشا ہوا ⑤ نیزہ ⑥ (بحالت صفت) کاٹا ہوا ⑦ بریدہ ⑧ کاٹی ہوئی اور پیوند لگائی ہری شاخ یا ٹہنی جو زمین میں لگاتے ہیں ⑨ (بحالت اسم مونث) کنپٹیوں کے اوپر چھوٹے چھوٹے تراشے ہوئے بال۔

**قلم اٹھا کر / قلم برداشتہ لکھنا** (ا) فعل ① بے سوچے اور بہت جلدی لکھنا ② بے تکلف لکھنا ③ فی البدیہہ اور بے ساختہ لکھنا ④ فوراً دھر گھسیٹنا۔

**قلم انداز کرنا** (ا) فعل ① لکھنے میں چھوڑ جانا ② نہ لکھنا۔

**قلم بنانا** (ا) فعل ① قلم گھڑنا ② نیزہ کو تراش کر لکھنے کے قابل بنانا ③ کنپٹی کے اوپر کے بال کو استرے وغیرہ سے درست کرنا ④ خط درست کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Butt 03149077218

www.besturdubooks.net

قلم بند (عف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ تحریری ❷ لکھا ہوا ❸ نوشتہ شدہ ❹ مرقومہ ❺ شمار کیا ہوا۔ گنا ہوا ❻ داخل شدہ ❼ گنتی کے موافق ❽ حساب سے۔

قلم بند کرنا (ا) فعل ❶ لکھنا ❷ تحریر کرنا ❸ رقم کرنا ❹ درج کرنا ❺ کتاب یا رجسٹر میں چڑھانا ❻ لکھ لینا۔

قلم پھیرنا (ا) فعل ❶ لکھے ہوئے کو کاٹ دینا ❷ مٹا دینا ❸ منسوخ کرنا ❹ گناہوں یا خطاؤں کو کاٹ ڈالنا ❺ صاف کر دینا۔

قلم تراش (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ قلم بنانے کا چاقو۔

قلم جاری رہنا (ا) فعل دعائیہ ❶ حکم قائم رہے ❷ دولت وحکومت برقرار رہے۔

قلم چلانا (ا) فعل ❶ حکم جاری کرنا ❷ درج رجسٹر کرنا ❸ لکھنا ❹ تحریر کرنا۔

قلمدان (عف) اسم مذکر ظرف۔ قلم دوات وغیرہ رکھنے کا چھوٹا ساخانہ۔

قلمدان دینا/عنایت کرنا (ا) فعل ❶ منشی خاص بنانا ❷ صدارت یا وزرت کا عمدہ عہدہ عطا کرنا ❸ پرائیویٹ سیکریٹری بنانا۔

قلم رو/قلمرو (عف) سم مونث و مذکر۔ اسم ظرف بترکیب اسم وامر ❶ حکم چلنے کی جگہ ❷ حکومت ❸ راج ❹ ملک ❺ سلطنت ❻ بادشاہی ❼ ماتحت ملک۔

قلم روشن رہے (ا) محاورہ ❶ فقراء کی دعا ہے ❷ حکومت برقرار رہے ❸ حکم چلتا رہے۔

قلم قصائی/قلم قسائی (ا) اسم مذکر ❶ ظالم اور بے رحم منشی ❷ بے درد محرر ❸ رشوت خور اور بے درد اہلکار۔

قلم کار (عف) اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی ❶ لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا ❷ منشی ❸ نقاش ❹ رنگ بھرنے والا ❺ مصور ❻ مہرکن ❼ مہر کھودنے والا ❽ حکاک ❾ ایک قسم کا منقش بافتہ۔

قلم کاری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کتابت ❷ تحریری ❸ رنگ سازی ❹ مصوری ❺ مہرکنی ❻ منبت کاری۔

قلم کرنا (ا) فعل ❶ کاٹنا ❷ تراشنا ❸ سراتارنا ❹ جدا کرنا ❺ اڑانا ❻ شاخ یا درخت وغیرہ کو کاٹنا ❼ چھانٹنا ❽ پیوند لگانے کے شاخ کو ترچھا کاٹنا۔

قلم لگانا (ا) فعل ❶ پیوند لگانا ❷ کسی پھول کے درخت کی شاخ کو زمین میں دبانا۔

قلم مارنا (ا) فعل ❶ قلم پھیرنا ❷ کاٹنا ❸ رد کرنا ❹ منسوخ کرنا۔

قلم نہ اٹھ سکنا (ا) فعل ❶ لکھا نہ جانا ❷ قلم اٹھانے کی طاقت نہ ہونا۔

قلم ہونا (ا) فعل ❶ کٹنا ❷ ترشنا ❸ درخت یا شاخ وغیرہ کا کاٹا جانا ❹ اڑنا ❺ جدا ہونا ❻ علیحدہ ہونا۔

قلمی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ ہاتھ کا لکھا ہوا ❷ دستی ❸ تحریری ❹ مکتوبی ❺ شاخ نما ❻ سلاخ کی مانند ❼ (بصورت اسم مونث) تحریر ❽ رقم۔

قلمی آم (ا) اسم مذکر ❶ پیوندی آم ❷ نہایت بڑا اور خوش ذائقہ آم۔

قلمی شورہ (ا) اسم مذکر ❶ قلموں کی شکل کا بنا ہوا شورہ ❷ صاف کیا ہوا شورہ۔

قلمی کرنا (ا) فعل ❶ تحریر کرنا ❷ لکھنا ❸ رقم کرنا۔

قلمیں چھوڑنا (ا) فعل ❶ کنپٹی کے بال بڑھانا ❷ استرے سے انہیں درست کرا کر رکھنا۔

قلندر (ء) اسم مذکر ❶ اصطلاح تصوف میں دین دنیا سے آزاد آدمی ❷ عام اصطلاح میں ریچھ اور بندر نچانے والا ❸ مداری خیمہ کا آنکڑا یا قلابہ۔

قلندرا (ا) اسم مذکر ❶ خیمہ کا آنکڑا جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیتے ہیں ❷ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

قلندری (ا) اسم مونث بیائے تانیث وتصغیر۔ ایک قسم کی چھولداری جس میں قلندرا لگاتے ہیں۔

قلوب (ء) اسم مذکر۔ قلب کی جمع۔

قلہ (ء) اسم مونث ❶ پہاڑ کی چوٹی ❷ پھننگ ❸ گھوڑے کا زردی مائل رنگ۔

قلہ قند/قلاقند (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کی مٹھائی ❷ قند کا ڈلا۔

قلی (ت) اسم مذکر ❶ لغوی معنی غلام ❷ (اصطلاحاً) مزدور ❸ بوجھ اٹھانے والا ❹ محنتی ❺ پاٹڈی۔

قلی گری (نف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مزدوری ❷ محنت ❸ قلی کا کام یا پیشہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

قلیا (ء) اسم مونث۔ قرآن شریف کی ایک سورت کا نام جو اکثر فاتحہ میں پڑھی جاتی ہے۔

قلیا تمام کرنا (ا) فعل ❶ قل ہونا ❷ کام تمام ہونا ❸ خاتمہ ہونا ❹ مر جانا ❺ جان سے جانا ❻ عاشق ہو جانا۔

قلیان (ف) اسم مذکر ❶ حقہ ❷ کلی ❸ گڑگڑی ❹ پیچوان۔

قلیل (ء) اسم صفت ❶ تھوڑا ❷ کم ❸ ذرا سا ❹ چھوٹا سا ❺ کوتاہ ❻ خرد ❼ کوچک۔

قلیہ (ء) اسم مذکر ❶ لغت میں توے پر بھنا ہوا گوشت ❷ اصطلاحاً گھی میں بھنا ہوا ❸ شوربہ ❹ شکار ❺ ماس ❻ سالن۔

## ق ← م

قم (ء) صیغہ امر ❶ اٹھ ❷ اٹھ کھڑا ہو ❸ اٹھ بیٹھ ❹ جی اٹھ۔

قم باذن اللہ (ء) اسم مذکر۔ خدا کے حکم سے جی اٹھ۔

قمار (ء) اسم مذکر ❶ جوا ❷ جوئے بازی ❸ پاسہ کھیلنا ❹ چال بازی۔

قمار بازی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ جوے کا کام ❷ جوا کھیلنا ❸ جوا۔

قمار خانہ (عف) اسم مذکر ظرف ❶ جوا کھیلنے کا مکان ❷ جوئے خانہ۔

قماش (ء) اسم مذکر ❶ اسباب ❷ مال و متاع ❸ گھر کا اثاثہ ❹ ریشمی کپڑا ❺ خوبی ❻ گن ❼ جوہر ❽ صفت۔

قمچی (ت) اسم مونث ❶ ہنٹر ❷ تازیانہ ❸ چابک ❹ بید ❺ چھڑی سنٹ ❻ پتلی ٹہنی ❼ ہاتھ کا جھٹکا۔

قمر (ء) اسم مذکر ❶ چاند ❷ چندرما ❸ مہ ❹ ماہ ❺ تیسری سے آخر تک قمر اس سے پہلے ہلال ہے ❻ کیمیا گروں کی اصطلاح میں چندی۔

قمر در عقرب (عف) اسم مذکر ❶ چاند کا برج عقرب میں جانے کا وقت جو منحوس سمجھا جاتا ہے ❷ خوبصورت اور بدصورت کا ساتھ۔

قمری (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ قمر ❷ وہ سال یا مہینے جو چاند کی چال کے موافق مقرر کیے گئے ہیں۔

قمری (ء) اسم مونث ❶ فاختہ کی قسم کے ایک مشہور طوق دار پرندے کا نام ہے اور ایک منگتا قوم کی عورتوں کا لقب ❷ خمریاں۔

قمع (ء) اسم مذکر ❶ بیخنی ❷ توڑنا ❸ چھوڑنا ❹ انہدام۔

قمقمہ (ء) اسم مذکر ❶ تونبڑی ❷ ایک طرح کی چھوٹی سی قندیل ❸ عبیر گلال اور رنگ کا بھرا ہوا چھوٹا سا گولا جسے ہندو صاحبان ہولی کے دن ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔

قمیض (ء) اسم مذکر ❶ لمبا کرتہ ❷ پیراہن ❸ کرتا۔

## ق ← ن

قنات (ت) اسم مونث ❶ لغوی معنی کنارہ ❷ پہلو ❸ اصطلاحی وہ کپڑے کی اوٹ یا پردہ جو خیمہ کے چاروں طرف لگا دیا کرتے ہیں ❹ کپڑے کی دیوار ❺ کپڑے کی ٹٹی۔

قنادیل (ء) اسم مونث۔ قندیل کی جمع۔

قناعت (ء) اسم مونث ❶ تھوڑی سی چیز پر راضی اور خوش رہنا ❷ صبر ❸ اکتفا ❹ کفایت۔

قناویز (ت) اسم مونث۔ ایک قسم کا نہایت گاڑھا چمکدار ریشمی کپڑا۔

قند (ء) اسم مذکر ❶ شکر ❷ کھانڈ ❸ چینی ❹ ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی ❺ پکے سرخ رنگ کا کپڑا ❻ سالو۔

قند لٹے اور کوئلوں پر مہر (ا) مثل۔ قیمتی چیز کے تلف ہونے کا افسوس نہیں ادنے اور کم قیمت چیز پر بخیلی اور کنجوسی کا خیال۔

قند مکرر / دوبارہ (ف) اسم مذکر ❶ دو دفعہ صاف کیا ہوا قند ❷ نہایت عمدہ اور صاف کھانڈ ❸ مجازاً معشوق کے ہونٹ ❹ عمدہ اور پر مضمون کلام کو دوبارہ پڑھنا۔

قندیل (ء) اسم مونث ❶ شیشے کا بنا ہوا ظرف جس میں بتی روشن کر کے لوہے کی زنجیروں سے چھت میں لٹکا دیتے ہیں۔ ❷ ایک قسم فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں ❸ لالٹین ❹ چراغدان۔

قنوط (ع) اسم مونث ❶ مایوس ہونا ❷ ناامید ہونا۔

قنوطیت (ع) اسم مونث ❶ زندگی کا تاریک پہلو دیکھنا ❷ مایوسی ❸

Join us on whatsapp Naveed Balo 03124907218

نااُمیدی۔

## ق ← و

قوے (ء) اسم مذکر ❶ قوت کی جمع ❷ قوتیں ❸ طاقتیں۔

قواعد (ء) اسم مذکر ❶ قاعدہ کی جمع ❷ دستور ❸ قاعدے ❹ رسوم ❺ ریت ❻ رواج ❼ دستور العمل ❽ گریمر ❾ صرف ونحو۔

قواعددان () عفا اسم مذکر ترکیبی ❶ فوجی ورزش کو جاننے والا صرفی ❷ نحوی ❸ لڑائی کے ڈھنگ جاننے والا ❹ قواعد جنگ اور فوجی قاعدوں سے واقف۔

قواعد کرنا (ا) فعل ❶ فوج کا ورزش کرنا ❷ جنگی کرتب دکھانا۔

قواعد گاہ (عف) اسم مذکر ظرف ❶ فوجی ورزش کا میدان ❷ پریٹ ❸ پریڈ۔

قوال (ء) اسم مذکر صیغہ مبالغہ از قول ❶ بسارگو ❷ بہت بولنے والا ❸ بزرگوں کے قول گانے والا ❹ گویا ❺ مطرب ❻ کلانوت ❼ نغمہ سرا ❽ شیریں زبان ❾ خوش گفتار۔

قوالی (ء) اسم مونث ❶ وہ رقص وسرود جو بزرگوں کے مزاروں پر ہوا کرتا ہے ❷ حقانی اور صوفیانہ چیزوں کا گانا ❸ صوفیوں کی مجلس سرود۔

قوام (ء) اسم مذکر ❶ ٹھہراؤ ❷ قیام ❸ مدار ❹ نظام ❺ مادہ ❻ بنیاد ❼ مصالحہ ❽ خمیر ❾ اصل۔

قوانین (ء) اسم مذکر۔ قانون کی جمع۔

قوت (ء) اسم مونث ❶ کھانا ❷ خوراک ❸ روزی ❹ روزینہ ❺ بھوجن ❻ رزق ❼ اناج ❽ دانہ ❾ پانی۔

قوت لایموت (ء) اسم مونث۔ اتنی خوراک جس سے زندگی قائم رہے۔

قوت (ء) اسم مونث ❶ طاقت ❷ زور ❸ بل ❹ توانائی ❺ سکت ❻ شکتی ❼ سہارا ❽ مدد ❾ اعانت۔

قوت باصرہ (ء) اسم مونث ❶ دیکھنے کی طاقت ❷ بینائی ❸ جوت ❹ آنکھ کی روشنی ❺ رنگوں اور صورتوں میں تمیز کرنے والی طاقت۔

قوت باہ (ء) اسم مونث ❶ شہوت ❷ قوت جماع۔

قوت جاذبہ (ء) اسم مونث ❶ چوس لینے والی قوت ❷ پہنچنے والی طاقت ❸ غذا کھینچنے والی طاقت۔

قوت جسمانی (ء) اسم مونث ❶ بدنی طاقت ❷ جسم کی توانائی ❸ جسمانی زور۔

قوت حافظہ (ء) اسم مونث ❶ یاد رکھنے کی طاقت ❷ یادداشت ❸ یاد۔

قوت دافعہ (ء) اسم مونث ❶ دفع کرنے اور اٹھانے کی قوت ❷ باہر نکالنے اور خارج کرنے والی طاقت۔

قوت ذائقہ (ء) اسم مونث ❶ چیزوں کا مزہ بتانے والی قوت ❷ سواد اور لذت بتانے والی طاقت۔

قوت سامعہ (ء) اسم مونث ❶ سننے کی طاقت ❷ سنائی دینے کی قوت۔

قوت شامہ (ء) اسم مونث۔ بو پہچاننے اور سونگھنے کی طاقت۔

قوت لامسہ (ء) اسم مونث چھونے اور مس کرنے کی قوت۔

قوت ماسکہ (ء) اسم مونث۔ غذا کو معدے میں روکے رکھنے والی قوت۔

قوت متخیلہ (ء) اسم مونث ❶ خیال رکھنے کی طاقت ❷ صور محسوسہ کو غائب میں محفوظ رکھنے والی قوت۔

قوت متصرفہ (ء) اسم مونث۔ بعض صورتوں کو بعض معانی سے نسبت دینے والی قوت۔

قوت مدرکہ (ء) اسم مونث ❶ فہم ❷ سمجھ ❸ دریافت اور معلوم کرنے کی طاقت۔

قورمہ (ت) اسم مذکر ❶ گھی میں بھنا ہوا گوشت ❷ شوربہ دار۔

قوس (ء) اسم مونث ❶ دھنش ❷ دھنک ❸ کمان ❹ دائرہ کا ایک حصہ ❺ آسمان کا نواں برج۔

قوس قزح (ء) اسم مونث ❶ مختلف رنگوں سے بنی ہوئی بادلوں میں دکھائی دینے والی کمان ❷ شیطان کی کمان ❸ دھنک ❹ سورج کی روشنی کا بخارات آبی میں سے گزرتے وقت مختلف رنگوں میں تقسیم ہوکر کمان بننا۔

قوس نما (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ محراب دار ❷ کمان کی وضع کا ❸ گولائی دار۔

قول (ء) اسم مذکر ❶ بات ❷ بچن ❸ کہن ❹ کہاوت ❺ قسم ❻ سوگند ❼ سوں ❽ عہد وپیمان ❾ مثال۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**قول توڑنا/قول سے پھرنا** (ا) فعل ① وعدہ خلافی کرنا ② بات سے انکار کرجانا ③ عہد توڑنا ④ دلیل توڑنا۔

**قول دینا** (ا) فعل ① عہد و پیان کرنا ② قسم کھانا ③ اقرار کرنا ④ پکا وعدہ کرنا ⑤ ہاتھ پر ہاتھ مارنا ⑥ بچن ہارنا۔

**قول قرار** (ء) اسم مذکر ① اقرار و مدار ② عہد و پیان۔

**قول کا پکا** (ا) اسم صفت ① سچا ② بات سے نہ پھرنے والا ③ صادق القول۔

**قول کا چھلا** (ا) اسم مذکر ① نشانی کا چھلا ② جو عاشق و معشوق باہم لیا دیا کرتے ہیں۔

**قول لینا** (ا) فعل ① اقرار لینا ② عہد لینا۔

**قول مرداں جاں دارد** (ف) مثل ① مردوں کی بات سر کے ساتھ ہے ② جان چلی جائے تو پرواہ نہیں مگر بات نہیں جانے پائے۔

**قول و فعل** (ء) اسم مذکر ① چال چلن ② رنگ ڈھنگ ③ طور و طریق ④ گفتار و کردار۔

**قول ہارنا** (ا) فعل ① زبان دینا ② بچن ہارنا ③ اقرار کرنا ④ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

**قولنج** (یونانی) اسم مذکر ① قولون انتڑی میں پیدا شدہ درد ② بادسول ③ ایک قسم کا درد شکم۔

**قوم** (ء) اسم مونث ① آدمیوں کا گروہ ② فرقہ ③ کل ④ خاندان ⑤ گوت ⑥ ذات ⑦ نسل۔

**قومہ** (ء) اسم مذکر۔ نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا۔

**قومی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① ایک ملک یا ملت یا مذہب کے لوگ ② وطنی ③ دیسی ④ منسوب بہ قوم۔

**قومیت** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① نسل ② مذہبی تعلق۔

**قوی** (ء) اسم صفت ① زورآور ② ٹھاڑا ③ شکتی مان ④ بلوان ⑤ بلی ⑥ طاقتور ⑦ مضبوط ⑧ مستحکم۔

**قوی الجثہ/قوی جثہ** (ء) اسم صفت ① مضبوط جسم والا ② ہٹا کٹا ③ بھاری جسم کا۔

**قوی ہیکل** (ء) اسم صفت ① مضبوط اور بھاری جسم والا ② ہٹا کٹا ③ زور آور ④ شہ زور ⑤ قد آور۔

## ق ← ہ

**قہار** (ء) اسم صفت ① بہت غلبے والا ② نہایت غصے والا ③ خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک۔

**قہر** (ء) اسم مذکر ① غلبہ ② زبردستی ③ زورآوری ④ غصہ ⑤ غضب ⑥ خفگی ⑦ کرودھ ⑧ طیش ⑨ جوش۔

**قہر الٰہی** (ء) اسم مذکر ① غضب خدا ② بلائے آسمانی۔

**قہر توڑنا** (ا) فعل ① نہایت خفا ہونا ② غضب ڈھانا۔

**قہر ٹوٹنا** (ا) فعل ① بلائے آسمانی نازل ہونا ② مصیبت پڑنا ③ آفت آنا ④ خدا کی طرف سے بدی کا بدلہ ملنا۔

**قہر درویش بر جان درویش** (ف) مثل۔ غریب کا غصہ اپنی ہی جان پر چلتا ہے۔

**قہر قیامت** (ء) اسم صفت ① خوبصورتی اور شوخی میں نہایت پر ② نہایت حسین ③ بڑا فتنہ پرداز۔

**قہر کا** (ا) اسم صفت ① غضب کا ② قیامت کا ③ از حد ④ نہایت چالاک ⑤ شوخ ⑥ متفنی ⑦ خوفناک ⑧ ہولناک ⑨ ڈراؤنا۔

**قہر کرنا** (ا) فعل ① غضب کرنا ② برا کرنا ③ نامناسب کرنا ④ بے جا کرنا۔

**قہر ہے** (ا) محاورہ ① آفت ہے ② غضب ہے ③ عیار ہے ④ چالاک ہے ⑤ فسادی ہے ⑥ بے حد حسین ہے ⑦ نہایت خوبصورت ہے۔

**قہراً** (ء) تابع فعل ① زبردستی سے ② جبراً ③ مجبوراً ④ چاروناچار ⑤ ظلم سے۔

**قہقہہ** (ء) اسم مذکر ① ٹھٹھا ② کھلکھلا کر ہنسنا ③ زور سے ہنسنا ④ پکار کر ہنسنا۔

**قہقہہ اڑانا** (ا) فعل ① کسی کا مخول اڑانا ② مضحکہ کرنا ③ احمق بنانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 031407218

**قہقہہ مارنا/ لگانا** (ا) ٹھٹھا مارنا ① آوازہ لگانا ② تمسخر کرنا۔

**قہوہ** (ء) اسم مذکر ① کافی ② ایک قسم کے بیج کا نام ہے۔ جسے بھون کر اور پھر چائے کی طرح پکا کر پیتے ہیں۔

**قہوہ خانہ** (عف) اسمِ مذکر ظرف مکان۔ وہ مکان جہاں قہوہ پینے والے قہوہ پیتے اور خوب گپ شپ اڑاتے ہیں۔

## ق ← ی

**قے** (ء) اسم مونث ① الٹی ② متلی ③ استفراغ ④ منہ کے راستے کھایا ہوا باہر نکل آنا۔

**قے آنا** (ا) فعل ① ابکائی آنا ② الٹی آنا ③ جی متلانا ④ گھن آنا ⑤ نفرت آنا ⑥ جی بگڑنا۔

**قے کرنا** (ا) فعل ① الٹی ② اگلنا ③ اوکنا۔

**قیاس** (ء) اسم مذکر ① اندازہ ② جانچ ③ تخمینہ ④ اٹکل ⑤ منطقی۔ شکل یا مقولہ ⑥ رائے خیال ⑦ سمجھ ⑧ سوچ ⑨ بچار۔

**قیاس سے باہر** (ا) اسم صفت مرکب ① بے اندازہ ② بے شمار ③ بے حساب ④ ان گنت ⑤ سمجھ سے باہر ⑥ خارج از عقل۔

**قیاس کرنا/ لگانا** (ا) فعل ① سوچنا ② رائے لگانا ③ اندازہ کرنا ④ خیال کرنا ⑤ ماننا ⑥ تسلیم کرنا ⑦ رائے قائم کرنا ⑧ عقل لڑانا ⑨ حساب لگانا۔

**قیاسی** (ء) اسم صفت ① قاعدہ کلیہ کے موافق ② ذہنی۔

**قیافہ** (ء) اسم مذکر ① شگون ② فال ③ ایک علم کا نام ہے جس میں ہاتھ پاؤں اور چہرے کے خدوخال سے اچھا یا برا شگون لیتے ہیں۔ قیاس ④ اندازہ ⑤ سمجھ ⑥ پہچان۔

**قیافہ شناس** (عف) اسم مذکر ① شگونیا ② فالیا ③ قیافہ دان ④ علم قیافہ جاننے والا۔

**قیافہ شناسی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① قیافہ دانی ② علم قیافہ سے واقفیت۔

**قیام** (ء) اسم مذکر ① ٹھہراؤ ② اٹھنا ③ کھڑا ہونا ④ استادگی ⑤ سکونت ⑥ بسیرا ⑦ دیرپائی ⑧ مضبوطی ⑨ موجودگی۔

**قیام پذیر** (عف) اسم صفت بترکیب فاعل ترکیبی ① دیرپا ② دیر تک رہنے والا ③ ٹکاؤ ④ مقیم ⑤ سکونت کرنے والا ⑥ بسیرا کرنے والا ⑦ فروکش ⑧ دراز۔

**قیام کرنا** (ا) فعل ① ٹھہرنا ② اترنا ③ فروکش ہونا ④ مقام کرنا۔

**قیامت** (ء) اسم مونث ① کھڑا ہونا ② اٹھنا ③ قائم ہونا ④ روزِ حشر یعنی وہ دن جبکہ مردے دوبارہ زندہ ہو کر اٹھیں گے ⑤ روز شمار ⑥ روز حساب ⑦ جگ پرلو ⑧ سب کے مرنے اور فنا ہونے کا دن ⑨ فسادی۔

**قیامت اٹھانا** (ا) فعل ① فساد مچانا ② آفت برپا کرنا ③ شور مچانا۔

**قیامت آنا** (ا) فعل ① بلا نازل ہونا ② مصیبت پڑنا۔

**قیامت برپا ہونا** (ا) فعل ① دنگا ہونا ② شور مچنا ③ غل غپاڑا ہونا ④ سخت مصیبت پیش آنا ⑤ آفت میں مبتلا ہونا ⑥ خفگی ہونا ⑦ فساد مچنا ⑧ لڑائی ہونا ⑨ سر پھوٹنا۔

**قیامت پر قیامت ڈھانا** (ا) فعل ① آفت پر آفت برپا کرنا ② نہایت حشر برپا کرنا۔

**قیامت توڑنا** (ا) فعل ① قہر ڈھانا ② نہایت خفا ہونا ③ آفت برپا کرنا۔

**قیامت ڈھانا** (ا) فعل ① شور و غل مچوانا ② غضب کرنا ③ فتنہ اٹھانا ④ ظلم کرنا۔

**قیامت کا** (ا) اسم صفت ① تعجب اور مبالغہ کے وقت ② غضب کا بنا ہوا ③ آفت ڈھانے والا۔

**قیامت گزرنا** (ا) فعل ① غضب میں پھنسنا ② نہایت برا معلوم ہونا ③ مصیبت کا سامنا ہونا ④ آفت آنا ⑤ حشر ٹوٹنا۔

**قیامت لانا** (ا) فعل ① مصیبت برپا کرنا ② بلا میں پھنسانا ③ فساد مچانا۔

**قیامت مچنا** (ا) فعل ① ماتم پڑنا ② واویلا مچنا ③ کہرام ہونا ④ آفت ٹوٹنا ⑤ خفگی ہونا ⑥ دھوم پڑنا ⑦ بلا کی طرح پیچھے لگ جانا۔

**قیامت ہونا** (ا) فعل ① پرلو کا آنا ② حشر کے دن کا آنا ③ آفت آنا ④ بلا ہونا ⑤ مصیبت ہونا ⑥ مشکل ہونا ⑦ دشوار ہونا ⑧ ہنگامہ ہونا ⑨ بے حد برا ہونا۔

**قیامت ہے** (ا) محاورہ ① توصیف و تعریف کا مبالغہ ہے ② آفت ہے ③ بلا ہے ④ شور و غوغا ہے ⑤ بہت ہی کامل ہے ⑥ فتنہ ہے۔

**قید** (ء) اسم مونث ① روک ② حبس ③ پابندی ④ مقدار ⑤ اندازہ ⑥ بندش ⑦ رکاوٹ ⑧ شرط۔

**قید بلا مشقت/ قید محض** (ا) اسم مونث (قانون) وہ قید جس میں قیدی سے محنت نہ لی جائے صرف خوراک معمول سے کم ملے۔

**قید بھرنا/ بھگتنا/ کاٹنا** (ا) فعل ① قید خانہ میں رہنا ② بندھوا رہنا ③ محبوس رہنا۔

**قید تنہائی/ قید بامشقت/ قید سخت** (عف) اسم مونث۔ وہ قید جس

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

میں بندش کے علاوہ قیدی سے سخت محنت بھی لی جائے اور اکیلا یعنی تنہا بھی رکھا جائے۔

**قید خانہ** (عف) اسم مذکر ظرف ① قیدیوں کے رکھنے کا مکان ② جیل خانہ ③ زندان۔

**قید قفس** (ء) اسم مونث ① پنجرے کی قید ② نہایت سخت قید جس میں آدمی کو پنجرے سے نکلنا نہایت مشکل معلوم ہوتا ہے۔

**قید کرنا** (ا) فعل ① بند کرنا ② روکنا ③ ضبط کرنا ④ پکڑنا ⑤ گرفتار کرنا ⑥ اسیر کرنا ⑦ پابند کرنا۔

**قید لگانا** (ا) فعل ① شرط لگانا ② حد باندھنا۔

**قید ہونا** (ا) فعل ① پکڑا جانا ② جیل خانے جانا ③ پابند ہونا ④ محدود ہونا ⑤ مشروط ہونا۔

**قیدی** (عف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① اسیر ② بندھا ہوا ③ گرفتار ④ پکڑا ہوا ⑤ پابند ⑥ سزا یافتہ ⑦ مجرم۔

**قیس** (ء) اسم مذکر ① عرب کے ایک مشہور قبیلہ کا نام ② مجنوں عامری ③ عاشق لیلیٰ کا نام ہے ④ یہ شخص مشاہیر عرب سے ہے۔

**قیصر** (رومی) اسم مذکر ① لاطینی لغت میں اس بچے کو کہتے ہیں جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہی ہو اور اس کی ماں مر جائے اور وہ ماں کا پیٹ چاک کر کے نکالا جائے ② روم کا بادشاہ اول بھی اسی طرح پیدا ہوا تھا جو بڑا زبردست اور صاحب اقبال ہوا ہے۔ اس وجہ سے اسے بلکہ روم کے کل بادشاہوں کو اس نام سے مخاطب کرنے لگے ③ سلطان ④ شہنشاہ ⑤ لڑکی کا بادشاہ۔

**قیصر روم** (رومی) اسم مذکر ① سلطان روم ② شہنشاہ روم۔

**قیطون** (ء) اسم مذکر۔ ایک قسم کی باریک پیچک زری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری۔

**قیف** (ت) اسم مذکر۔ ایک ٹونٹی دار برتن جس کا منہ اوپر سے کھلا ہوا اور نیچے نلی لگی ہوتی ہے جس کے ذریعہ پتلی اور رقیق چیز بوتلوں وغیرہ میں بھرتے ہیں۔

**قیل و قال** (ء) اسم مونث ① بات چیت ② گفتگو ③ بحث و تکرار ④ رد و کد۔

**قیلولہ** (ء) اسم مذکر ① دوپہر کا سونا ② کھانا کھا لینے کے بعد لیٹے رہنا۔

**قیلولہ کرنا** (ء) اسم مذکر ① دوپہر کے وقت سو رہنا ② کھانا کھا کر لیٹنا۔

**قیمت** (ء) اسم مونث ① مول ② دام ③ در ④ نرخ ⑤ بھاؤ ⑥ قدر ⑦ مرتبہ۔

**قیمت پانا** (ا) فعل ① مول ٹھہرنا ② دام وصول کرنا۔

**قیمت ٹھیرنا / قیمت چکانا** (ا) فعل ① بھاؤ مقرر کرنا ② مول چکانا ③ دام مقرر کرنا۔

**قیمت لگانا** (ا) فعل ① دام لگانا ② مول قرار دینا۔

**قیمتی** (ع) اسم صفت بیائے فاعلیت ① قیمت والا ② بیش بہا ③ زیادہ قیمت کا ④ عمدہ ⑤ نفیس ⑥ نہایت قابل قدر ⑦ مہنگا ⑧ عزیز۔

**قیمہ** (ع) اسم مذکر ① کٹا ہوا گوشت ② ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔

**قیمہ کرنا** (ا) فعل ① کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ② پرزے پرزے کرنا ③ پرزے اڑانا۔

**قینچی** (ت ک) اسم مونث ① کترنی ② مقراض ③ کپڑا وغیرہ کترنے کا آلہ ④ لوہے یا لکڑی کی ترچھی سلاخیں جو مکان کے گرد جنگلے کے طور پر لگا دیتے ہیں ⑥ کھپریل ڈالنے کی آڑی ترچھی لکڑیاں۔



قینچی

**قینچی باندھنا** (ا) محاورہ ① پہلوانوں کا حریف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر مجبور کر لینا ② گھوڑے کو دونوں رانوں تلے دبانا۔

**قینچی سی/قینچی کی طرح زبان چلنا** (ا) فعل ① جلدی جلدی زبان چلنا ② دوسرے کی بات کاٹنے کے لئے فرفر بولنا۔

**قینچی لگانا** (ا) فعل ① قینچی سے کترنا ② کاٹنا ③ چھانٹنا ④ قلم کرنا ⑤ ترچھی اڑاواڑ لگانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

# ک

اردوزبان کا اٹھائیسواں فارسی کا پچیسواں اور عربی کا بائیسواں حرف ہے

ک (ء) اسم مذکر ❶ اردوزبان کا اٹھائیسواں فارسی کا پچیسواں اور عربی کا بائیسواں حرف ہے ❷ حساب جمل میں اس کے عدد بیس فرض کئے گئے ہیں۔

## ک ← ا

کا (ہ) ❶ حرف اضافت ہے ❷ تعلق ❸ قبضہ ❹ ملکیت وغیرہ ظاہر کرنے کو آتا ہے ❺ اسم کے آخر میں آکر اس میں صفت کے معنی پیدا کر دیتا ہے، جیسے کابل کا، لاہور کا وغیرہ۔

کابر (ہ) اسم مذکر ❶ ایک سیاہ چتیوں والے پرندے کا نام ہے ❷ چتکبرا ❸ چتی دار ❹ کبرا۔

کابک (ف) اسم مذکر ❶ بانس کی کھپچیوں سے بنا ہوا ڈربا جو کبوتروں وغیرہ کے لئے بناتے ہیں ❷ لکڑی کا ڈربا۔

کابل (ف) اسم مذکر افغانستان کے دار الخلافے کا نام ہے۔

کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے (ا) فعل ❶ مطلب یہ ہے کہ جہاں اچھے ہوتے ہیں وہاں برے بھی تو ہوتے ہی ہیں ❷ کابل کے گھوڑوں کی شہرت کے باعث یہ کہاوت ہوگئی ہے۔

کابلا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا بڑا پیچ ❷ بلٹ ❷ ڈھیری۔

کابلی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ کابل کا باشندہ ❷ کابل کی چیز ❸ کابل کی بنی ہوئی۔

کابوس (ء) اسم مذکر۔ ایک بیماری کا نام ہے جس کے باعث آدمی حالت خواب میں مہیب اور ڈراونی شکل دیکھتا اور دباؤ مان کر بہت ڈر جاتا ہے۔

کابین (ء) اسم مذکر ❶ مہر ❷ وہ روپیہ جو نکاح کے وقت مرد کے ذمہ لگایا جاتا ہے۔

کابین نامہ (عف) اسم مذکر ❶ مہر کے روپے کا اقرار نامہ ❷ مہر نامہ ❸ مہر کا کاغذ۔

کاپی (ای) اسم مونث ❶ نقل ❷ مسودہ ❸ پرت ❹ جلد ❺ نسخہ ❻ چند سلے ہوئے ورق ❼ بیاض۔

کاپی رائٹ (ای) اسم مذکر ❶ لکھنے کا حق ❷ حق تصنیف وتالیف۔

کاپی نویس (ا) اسم مذکر فاعلی ❶ نقل نویس ❷ کاتب ❸ خوش نویس ❹ نقل کرنے والا۔

کاتا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ کاتا ہوا ❷ تاگا ❸ سوت ❹ تار ❺ بانس کاٹنے کا چھرا۔

کاتا اور لے ڈوری (ہ) مثل ❶ کام کیا اور مزدوری مانگ لی ❷ جلد باز اور پیٹ کے ہلکے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کاتب (ء) اسم مذکر فاعل ❶ کتابت کرنے والا ❷ لکھنے والا ❸ کاپی نویس ❹ خوشنویس۔

کاتک (ہ) اسم مذکر ❶ ہندی سال کا ساتواں مہینہ ❷ تقریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک کا وقت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03...

کاتنا (ہ) فعل ❶ چرخے کے ذریعہ سوت بنانا ❷ چرخے سے روئی کی تاریں نکالنا۔

کاتنا تو آتا نہیں پونیاں لگی بنانے (ہ) مثل۔ بن جانے بوجھے کام میں دخل دینا۔

کاتی (ہ) اسم مونث۔ سناروں اور لہاروں کے ایک اوزار کا نام ہے جس سے تار یا پترے وغیرہ کاٹتے ہیں۔

کاٹ (ہ) اسم مونث و مذکر ❶ حاصل مصدر کاٹنا سے ❷ کٹاؤ ❸ برش ❹ گھاؤ ❺ زخم ❻ چھانٹ ❼ قطع ❽ تراش ❾ بیونت۔

کاٹ پھانس (ہ) اسم مونث ❶ کتر بیونت ❷ لگائی بجھائی ❸ توڑ جوڑ ❹ چالاکی ❺ عیاری۔

کاٹ چھانٹ (ہ) اسم مونث ❶ قطع ❷ برید ❸ جوڑ توڑ ❹ کتر بیونت۔

کاٹ چھانٹ کرنا (ا) فعل ❶ قطعی کی بیشی کرنا ❷ توڑ جوڑ کرنا ❸ دشمنی کرنا ❹ برائی کرنا ❺ منہا کرنا ❻ اگلے حساب میں سے وضع کرنا ❼ غبن کرنا۔

کاٹ کرنا (ا) فعل ❶ گھاؤ ڈالنا ❷ زخم کھولنا ❸ چھیلنا ❹ خراش کرنا ❺ تردید کرنا ❻ جواب دینا ❼ تراشنا ❽ کاٹنا ❾ پانی کا اپنا راستہ آپ بنا لینا۔

کاٹ کوٹ (ہ) اسم مونث ❶ چیر پھاڑ ❷ جراحی ❸ کمی بیشی۔

کاٹ کھانا (ا) فعل ❶ ڈنگ مارنا ❷ ڈس لینا ❸ منہ مارنا۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا (ا) فعل ❶ ترش روئی اور تندی سے جواب دینا ❷ بدمزاجی سے پیش آنا ❸ بدمزاجی سے سلوک کرنا۔

کاٹا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ کاٹا ہوا ❷ ڈسا ہوا ❸ سانپ کا زخم ❹ چوٹ۔

کاٹا اور الٹ گئی (ہ) محاورہ ناگن کاٹتی ہے اور فوراً پلٹ جاتی ہے اس وجہ سے ایسے شخص کی نسبت ہوتا ہے جو نہایت موذی ہو اور سخت ناآشنا ہو جائے۔

کاٹنا (ا) فعل ❶ تراشنا ❷ ھانک اتارنا ❸ قاش اتارنا ❹ درخت چھانٹنا ❺ شاخ قلم کرنا ❻ کترنا ❼ قینچی سے کترنا ❽ بیونتنا ❾ قطع کرنا۔

کاٹنے کو دوڑنا / کاٹنے دوڑنا (ہ) فعل ❶ ناگوار معلوم ہونا ❷ اجاڑ اور ویران معلوم ہونا۔

کاٹو (ہ) اسم مونث ❶ ایک چوہے کی قسم کا جانور ہوتا ہے جو درختوں پر رہتا ہے ❷ گلہری ❸ ایک قسم کی گالی بھی ہے جس سے مراد ہے جاؤ نالش کرو ہمارا کیا کر سکتے ہو۔

کاٹو (ا) اسم صفت۔ کاٹنے والا۔

کاٹو تو خون نہیں / لہو نہیں (ا) محاورہ ❶ خوف اور ڈر کے مارے بدن میں لہو کی بوند بھی نہیں رہی ❷ نہایت دہشت اور خوف کے وقت بولا کرتے ہیں۔

کاٹھ (ا) اسم مذکر ❶ لکڑی ❷ بھاری بھر کم لکڑی جس میں پرانے زمانے میں مجرمون کے ہاتھ پاؤں جکڑ دیئے جاتے تھے ❸ (صفت) سخت ❹ دشوار ❺ بے وقوف ❻ بے رحم ❼ بے درد۔

کاٹھ کا (ہ) اسم صفت ❶ لکڑی کا بنا ہو ❷ چوبیں ❸ (بحالت اسم مذکر) کاٹھ کا الو کا مخفف۔

کاٹھ کا الو (ہ) اسم مذکر مفید صفت ❶ احمق ❷ بے وقوف ❸ مورکھ ❹ مودھو۔

کاٹھ کا گھوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ لاٹھی ❷ لنگڑے آدمی کی لکڑی ❸ لکڑی کا زینہ ❹ لکڑی کا بنا ہوا گھوڑا۔

کاٹھ کباڑ (ہ) اسم مذکر ❶ ٹوٹا پھوٹا سامان ❷ نکما اسباب۔

کاٹھ کی گھوڑی (ہ) اسم مونث ❶ ارتھی ❷ تابوت ❸ جنازہ۔

کاٹھ کی مورتی اور چندن ہار (ا) مثل۔ بدشکل آدمی اور بناؤ سنگار۔

کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی (ا) مثل۔ جھوٹ اور فریب ہمیشہ کامیاب نہیں ہوسکتا۔

کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا (ا) محاورہ ❶ گپیں ہانکنا ❷ فضول باتیں کرنا۔

کاٹھی (ہ) اسم مونث ❶ بدن ❷ جسم ❸ تن ❹ جسامت ❺ ڈھانچ ڈھانچا ❻ پنجر ❼ قالب ❽ تلوار کا غلاف ❾ میان۔

کاٹی انگلی پر نہ موتنا (ہ) فعل ❶ نہایت بے رحم اور کام چور ہونا ❷ پرلے درجے کا بیکار اور کاہل ہونا۔

کاٹے باڑھ نام تلوار کا / لڑے فوج نام سردار کا (ا) محاورۃً

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

چھوٹوں کی کارگزاری سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے۔

**کاٹے کھانا** (ہ) فعل ❶ از حد برا معلوم ہونا ❷ نہایت ناگوار لگنا ❸ خوفناک معلوم ہونا ❹ ستانا۔

**کاٹے کٹے نہ مارے مرے** (ہ) محاورہ ❶ نہایت سخت جان آدمی ہے ❷ نہایت دشوار کام ہے۔

**کاٹے نہ کٹنا** (ہ) فعل ❶ نہایت مشکل ہونا ❷ سخت کٹھن ہونا ❸ دوبھر ہونا۔

**کاج** (ہ) اسم مذکر ❶ کام کار ❷ دھندا ❸ کارج ❹ بوڑھے آدمی کے مر جانے کی ضیافت ❺ شادی کا کام ❻ ٹین کا گھر ❼ بٹن ہوں۔

**کاج بنانا** (ا) فعل ❶ کسی کپڑے میں بٹن کے واسطے سوراخ بنانا ❷ بٹن ہول بنانا۔

**کاج کرنا** (ا) فعل ❶ بڑا کام کرنا ❷ مردوں کی روٹی کرنا ❸ بٹن کا گھر بنانا۔

**کاجل** (ہ) اسم مذکر ❶ چراغ کا دھواں ❷ دود چراغ۔

**کاجل پارنا** (ہ) فعل چراغ کی لو پر چپنی رکھ کر سیاہی جمع کرنا۔

**کاجل دینا/سارنا** (ہ) فعل ❶ آنکھوں میں کاجل لگانا ❷ سرمہ لگانا۔

**کاجل کاتل** (ہ) اسم مذکر۔ وہ خال جو عورتیں خوشنمائی کے لئے کاجل سے اپنے رخساروں پر بنالیا کرتی ہیں۔

**کاجل کی کجولی اور پھولوں کا سنگھار یا سنگار** (ہ) کہاوت نہایت کالی کلوٹی اور بدصورت ہونے پر زیادہ بناؤ سنگار رکھنے والی کی نسبت بولتے ہیں۔

**کاجل کی کوٹھڑی میں دھبے کا ڈر** (ہ) مثل۔ بدنام جگہ جانے میں بدنامی آنا لازمی ہے۔

**کاجل کھلانا/لگانا** (ا) فعل۔ آنکھون میں سرمے کی جگہ دود چراغ کا استعمال کرنا۔

**کاجو بھوجو** (ا) اسم صفت بواؤ فاعلیت ❶ نہایت نازک ❷ بودا ❸ رسمی ❹ دکھاوے کے اشارے سے ٹوٹ جانے والا۔

**کاجی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ کاج والا ❷ کام کرنے والا ❸ کاروباری ❹ کام کاج کرنے والا۔

**کاچ/کانچ** (ہ) اسم مونث ❶ شیشہ ❷ زجاج ریت اور سجی سے بنایا ہوا ایک چمکدار سخت مادہ۔

**کاچھ** (ہ) اسم مذکر ❶ ران ❷ زانو کے اوپر کا حصہ ❸ جانگ ❹ جانگیہ ❺ کاچھا ❻ آدھا گھٹنا ❻ روپ ❼ بھیس ❽ لباس۔

**کاچھ کچھنا** (ہ) فعل ❶ بھیس بدلنا ❷ روپ بھرنا ❸ بانا بدلنا ❹ سوانگ بھرنا۔

**کاچھ کھولنا** (ہ) فعل ❶ لنگوٹا کھولنا ❷ ازار بند کھولنا۔

**کاچھا** (ہ) اسم مذکر ❶ جانگیہ ❷ گھٹنا۔

**کاچھن** (ہ) اسم مونث ❶ کاچھی کی عورت ❷ ہندو ترکاری فروش عورت ❸ مالن۔

**کاچھی** (ہ) اسم مذکر ❶ مالی ❷ ہندو کنجڑا ❸ ہندو سبزی فروش۔

**کاخ** (ف) اسم مذکر ❶ محل ❷ بلند ❸ عمارت ❹ ایوان ❺ قصر۔

**کاذب** (ع) اسم صفت ❶ جھوٹا ❷ دروغگو ❸ باطل ❹ صادق کی ضد۔

**کار** (ف) اسم مذکر ❶ کام ❷ کاج ❸ دھندا ❹ فعل ❺ کرتوت ❻ عمل ❼ جنگ وجدل ❽ لڑائی ❾ معاملہ۔

**کار آزمودہ/کارشناس** (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ تجربہ کار ❷ آزمودہ کار۔

**کار آمد** (ف) اسم صفت ترکیب مفعولی ❶ برتنے کے لائق ❷ کام کا ❸ مفید مطلب ❹ سودمند۔

**کاروبار** (ہ) اسم مذکر ❶ کام کاج ❷ لین دین ❸ بیوپار ❹ شغل مشغلہ۔

**کاروباری** (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ کام کاج کرنے والا ❷ تاجر ❸ سوداگر ❹ بیوپار کرنے والا ❺ کارندہ ❻ مہتمم ❼ منصرم۔

**کاربراری** (ف) اسم مونث ❶ کام نکالنا ❷ گوں نکالنا ❸ انجام کار ❹ تعمیل ❺ انجام دہی۔

**کاربند** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ تعمیل کرنے والا ❷ عمل میں لانے والا ❸ محکوم ❹ فرمانبردار ❺ مطیع۔

**کاربند ہونا** (ا) فعل ❶ عمل مین لانا ❷ تعمیل کرنا ❸ فرض ادا کرنا ❹ عامل ہونا۔

**کارپرداز** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ منتظم ❷ مہتمم ❸ کام کرنے والا ❹ گماشتہ ❺ کارندہ۔

**کارپردازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ انتظام ❷ انصرام ❸

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140172181

اہتمام (4) سربراہی (5) کارندگی۔

**کارپوریشن** (ای) اسم مذکر (1) سند یافتہ جماعت (2) وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کرنے کی مجاز ہو۔

**کارپورل** (ای) اسم مونث۔ فوج کا ایک چھوٹا سا عہدہ دار۔

**کارثواب** (فع) اسم مذکر (1) نیک کام (2) بھلائی کا کام (3) بہت اچھا کام۔

**کارچوب** (ف) اسم مذکر (1) جولاہوں کے تانی پھیلانے اور بننے کی آواز (2) ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر کپڑا پھیلا کر اس پر نکالا جاتا ہے (3) (بحالت اسم فاعل) زردوز (4) کشیدہ کار (5) چکن ساز (6) کشیدہ کاڑھنے کا چوکھٹا۔

**کارچوبی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) زردوزی (2) کشیدہ کاری (3) زردوزی کیا ہوا۔

**کارخانہ** (ف) اسم مذکر (1) کام کرنے کی جگہ (2) چیزوں کے تیار کرنے اور بنانے کا مقام (3) جولاہوں کی کرگہ (4) گوٹا کناری بننے کی اونچی چرکی جس پر بیٹھتے ہیں (5) کوٹھی (6) دوکان (7) کام کاج (8) کاردھندا (9) کاروبار۔

**کارخانہ الٰہی** (فع) اسم مذکر (1) خدائی معاملات (2) نیچر (3) ایشور کی مایا۔

**کارخانہ دار** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) کارخانہ والا (2) کارخانہ کا مالک (3) کاروبار والا آدمی (4) خانساماں (5) باورچی خانے کا داروغہ۔

**کارخیر** (فع) اسم مذکر (1) نیک کام (2) بھلائی کا کام (3) اچھا کام (4) کارثواب۔

**کاردار** (ف) اسم مذکر فاعل (1) عہدہ دار (2) منصب دار (3) عامل۔

**کاردان** (ف) اسم مذکر فاعل مفید صفت (1) تجربہ کار (2) واقف کار (3) قدردان (4) ہنرمند (5) کاریگر (6) ہنرشناس۔

**کاروائی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) کام نکالنا (2) گوں پوری کرنا (3) غرض پوری کرنا (4) کام دھندا (5) عملدرآمد (6) تعمیل (7) دستورالعمل (8) قانون (9) ضابطہ۔

**کاروائی کرنا** (ا) فعل (1) کام نکالنا (2) کام چلانا (3) کام جاری ہونا (4) تعمیل کرنا (5) ڈیوٹی بجالانا (6) فرض ادا کرنا (7) مقدمہ کی پیروی کرنا۔

**کارزار** (ف) اسم مذکر (1) معرکہ (2) مجاز الڑائی (3) جنگ وجدل۔

**کارساز** (ف) اسم صفت فاعلی (1) کام بنانے والا (2) کاریگر (3) صانع (4) قادر مطلق۔

**کارسازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) کام بنانا (2) صنعت (3) چالاکی (4) عیاری۔

**کارفرما** (ف) اسم مذکر (1) حکم کرنے اور چلانے والا (2) حاکم (3) بادشاہ (4) کام بتانے والا (5) استاد۔

**کارکردگی** (ف) اسم صفت (1) کارگزاری (2) اچھا کام (3) حسن کار۔

**کارکردہ** (ف) اسم صفت (1) آزمودہ کار (2) تجربہ کار۔

**کارکن** (ف) اسم مذکر (1) عامل (2) کارندہ (3) گماشتہ (4) مینیجر (5) مختار کار (6) سربراہ (7) وزیر (8) اہلکار (9) محافظ دفتر۔

**کارگاہ** (ف) اسم مذکر ظرف (1) کام کی جگہ (2) کارخانہ (3) کرگہ (4) جولاہوں کا کپڑا بننے کا گڑھا۔

**کارگر** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) موثر (2) مفید (3) فائدہ مند (4) گن کرنے والا (5) کاری (6) مہلک (7) ہلاک کنندہ (8) بھاری (9) گہرا۔

**کارگر ہونا** (ا) فعل (1) مفید ہونا (2) گن کرنا (3) کارگن ہونا (4) کاری ہونا (5) بھاری ہونا۔

**کارگزار** (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) نہایت وفاداری اور محنت سے کام کرنے والا (2) حکم بجالانے والا (3) کام میں ہوشیار (4) چالاک (5) چتر (6) چالاک (7) مستعد خدمت گزار۔

**کارگزاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) فرمانبرداری (2) خدمت (3) نوکری (4) ملازمت (5) مستعدی (6) ادائے فرض (7) تعمیل حکم (8) ہوشیاری۔

**کارنامہ** (ف) اسم مذکر (1) جنگ نامہ (2) بہادری کا تمغہ (3) بہادری کی سند (4) واقعات تواریخ (5) ہسٹری (6) ضابطہ سلطنت قوانین (7) آئین۔

**کاربانک** (ای) اسم صفت (1) منسوب بہ کاربن (2) کوئلے کا (3) کاربن کا۔

**کاربانک ایسڈ** (ای) اسم مذکر۔ کوئلے کا تیزاب۔

**کاربانک ایسڈ گیس** (ای) اسم مونث۔ وہ زہریلی ہوا جو زندہ حیوانات

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140072

کے سانس اور گلی سڑی نباتات سے نکلتی ہے۔
کاربن (ای) اسم مونث ❶ خالص کوئلہ ❷ ایک عنصر جو ہیرے کی شکل میں پایا جاتا ہے۔
کاربن پیپر (ای) اسم مذکر۔ وہ کاغذ جس کے ایک طرف مخصوص مسالہ لگا ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے تحریر کی نقل کی جاتی ہے۔
کاربنکل (ای) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا پھوڑا ❷ لعل خوش رنگ ❸ شب چراغ۔
کارتوس (ا) اسم مذکر۔ بارود بھری گولی جسے بندوق کی مدد سے چلایا جاتا ہے۔
کارٹون (ای) اسم مذکر ❶ طنزیہ اور مزاحیہ تصویر ❷ مضحکہ خیز تصویر ❸ تصویر کے ذریعے کسی کا خاکہ اُڑانا۔
کارٹونسٹ (ای) اسم مذکر۔ کارٹون بنانے والا۔
کارڈ (ف) اسم مذکر ❶ چاقو ❷ چھری ❸ چھرا۔
کارڈ (ای) اسم مذکر ❶ ملاقات کا ٹکٹ ❷ پتا ❸ ورق ❹ پوسٹ کارڈ ❺ موٹا کارڈ۔
کارڈ بورڈ (ای) اسم مذکر ❶ موٹے کاغذ کا تختہ ❷ گتا۔
کارڈرائے (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا موٹا سوتی یا مخملی کپڑا۔
کارسپانڈنٹ (ای) اسم مذکر ❶ نامہ نگار ❷ مضمون نگار ❸ خبر نویس۔
کارسپانڈنس (ای) اسم مونث ❶ خط و کتابت ❷ مراسلت ❸ رسل و رسائل۔
کارستانی (ط) اسم مونث ❶ چالاکی ❷ عیاری ❸ جوڑ توڑ ❹ سازش ❺ ہوشیاری ❻ استادی ❼ تدبیر ❽ علاج ❾ اپائے۔
کارستانی کرنا (ا) فعل ❶ شرارت کرنا ❷ چالاکی کرنا ❸ سازش کرنا ❹ تدبیر کرنا ❺ عیاری کرنا۔
کارک (ای) اسم مذکر ❶ ایک درخت کا نام جس سے اکثر بوتلوں کے ڈاٹ بناتے ہیں ❷ کاک ❸ کاگ ❹ ڈاٹ۔
کارن (ہ) اسم مذکر ❶ سبب ❷ باعث ❸ وجہ ❹ واسطے ❺ لئے ❻ خاطر۔
کارندہ (ف) اسم صفت فاعل قیاسی ❶ محنتی ❷ کام کرنے والا ❸ کارکن ❹ گماشتہ ❺ مینیجر۔

کارنس (ای) اسم مونث ❶ دیوار کی کنگنی ❷ منڈیر۔
کارن فلور (ای) اسم مذکر ❶ دلیہ ❷ میدا ❸ ولائیتی آٹا۔
کارنیول (ای) اسم مونث ❶ کیتھولک عسائیوں کا جشن ❷ عیش و عشرت کا جشن ❸ رنگ رلیاں
کارواں (ف) اسم مذکر ❶ قافلہ ❷ تاجروں یا حاجیوں وغیرہ کا جتھا ❸ گروہ ❹ بنجارا۔
کارواں سرائے (ف) اسم مذکر بقلب اضافت ❶ قافلہ اترنے کی سرائے ❷ بنجارے کا پڑاؤ۔
کاری (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ گہرا ❷ موثر ❸ بھاری ❹ مہلک ❺ کام تمام کرنے والا۔
کاریگر (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ ہنرمند ❷ دستکار ❸ کام بنانے والا ❹ استادفن ❺ ماہر ❻ ہوشیار ❼ سمجھدار ❽ موچی ❾ چمار۔
کاریگری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ دستکاری ❷ پیشہ وری ❸ ہنرمندی ❹ استادی ❺ ہوشیاری۔
کارے نہ مسکلے (ا) تابع فعل ❶ یونہی فضول ❷ حاصل نہ حصول۔
کاڑھا (ہ) اسم مذکر ❶ زچہ کو پلانے کا دوائیوں کا جوشاندہ ❷ اچھوانا۔
کاڑھنا (ہ) فعل ❶ نکالنا ❷ باہر کرنا ❸ خارج کرنا ❹ کشیدہ بنانا ❺ سوئی کا کام کرنا ❻ کھینچنا ❼ کشید کرنا ❽ جوش دینا ❾ اونٹانا۔
کاسٹ (ای) اسم مونث۔ کسی فلم یا ڈرامے میں کام کرنے والے اداکار۔
کاسٹنگ ووٹ (ای) اسم مذکر ❶ فیصلہ کن ووٹ ❷ صدر کا ووٹ۔
کاسد (ء) اسم صفت فاعل ❶ کھوٹا ❷ غیر خالص ❸ نکما۔
کاسمیٹکس (ای) اسم مونث ❶ میک اپ کا سامان ❷ آرائش و زیبائش کی چیزیں۔
کاسنی (ف) اسم مونث۔ ایک دوائی کا نام ہے جو سردا اور دافع بخار ہے۔
کاسہ (ف) اسم مذکر ❶ پیالہ ❷ بادیہ ❸ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا ❹ دھونسا ❺ نقارہ ❻ طعام کھانا ❼ راجہ کا طعام۔
کاسہ دیجیے باسا نہ دیجیے (ا) محاورہ۔ کھانا کھلا کر رخصت کر دو پاس نہ رہنے دو بعد میں ضرور کبھی نہ کبھی خرابی کا باعث ہوگا۔
کاسہ سر (ف) اسم مذکر ❶ سر کا پیالہ ❷ کھوپڑی ❸ کپال۔
کاسہ گدائی (ف) اسم مذکر ❶ فقیروں کا بھیک مانگنے کا پیالہ ❷ کچکول۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**کاسہ لیس** (ف) اسم مذکر ① جھوٹے برتن چاٹنے والا ② خوشامدی ③ پیٹو ④ فقیر ⑤ گد ⑥ لالچی ⑦ حریص۔

**کاش/کاشکے** (ف) کلمہ تمنا ① کیا اچھا ہو ② خدا ایسا کرے ③ خدا کرے۔

**کاشانہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① کٹیا ② جھونپڑا ③ کھنڈلا ④ چھوٹا سا گھر ⑤ گھونسلا ⑥ آشیانہ۔

**کاشت** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از کاشتن ① کھیتی ② جوت ③ زراعت ④ جوتی ہوئی زمین ⑤ بوئی ہوئی زمین ⑥ کھڑا کھیت ⑦ موروثی زمین۔

**کاشت کار** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① کھیتی باڑی کرنے والا ② زمیندار ③ کسان ④ مزارع۔

**کاشت کاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کھیتی باڑی ② زمینداری ③ قلبہ رانی ④ زراعت۔

**کاشف** (ع) اسم صفت فاعل از کشف ① کھولنے والا ② ظاہر کرنے والا ③ پردہ دور کرنے والا۔

**کاغذ** (ع) اسم مذکر ① قرطاس ② پتر ③ وہ چیز جس پر لکھتے ہیں ④ چٹھی ⑤ خط نامہ ⑥ تحریر ⑦ تمسک ⑧ قبالہ ⑨ اخبار۔

**کاغذ باد/بادی** (عف) اسم مذکر ① کنکوا ② پتنگ ③ تکل ④ گڈی۔

**کاغذ پتر** (ا) اسم مذکر ① خط پتر ② چٹھی ③ دستاویز ④ سند ⑤ قبالہ ⑥ لکھتم۔

**کاغذ سا** (ا) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① بہت پتلا ② باریک ③ نہایت ہلکا اور پتلا ④ نازک۔

**کاغذ سیاہ کرنا** (ا) فعل ① خوب لکھ کر کاغذ بھر دینا ② کاغذ پر بہت کچھ لکھنا ③ غیر ضروری اور بے تکی باتیں لکھنا۔

**کاغذ کا پٹا باز/پٹے باز** (ا) اسم مذکر ① کاغذ کے ایک کھلونے کا نام ہے ② مجازاً دبلا پتلا آدمی۔

**کاغذ کرنا** (ا) فعل ① تمسک لکھنا ② کسی کے نام پر قبالہ لکھنا ③ دستاویز لکھنا ④ کوئی چیز کسی کے نام کرنا۔

**کاغذ کھولنا** (ہ) فعل ① کسی کی غلطی یا خطا ظاہر کرنا ② بھید کھولنا ③ عیب ظاہر کرنا۔

**کاغذ کے گھوڑے** (ا) اسم مذکر ① چٹھیاں ② خطوط نامے ③ مکتوبات۔

**کاغذ کے گھوڑے دوڑانا** (ا) فعل ① جا بجا خطوط دوڑانا ② ہر طرف جلدی جلدی خط لکھنا۔

**کاغذ کی ناؤ** (ا) اسم مونث ① کمزور اور بے اصل چیز ② ناپائدار ③ فانی ④ پوچ ⑤ غیر معتبر۔

**کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی** (ا) مثل۔ بے اصل بات کو کبھی قیام ہو ہی نہیں سکتا آخر ایک دن تباہ ہو گی۔

**کاغذ کی ناؤ کب تک بنے گی** (ا) مثل۔ دھوکے سے ہمیشہ کام نہیں چلا کرتا ضرور ظاہر ہو جائے گا۔

**کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا** (ا) مثل۔ بے اصل اور پوچ سہارے پر کیا بھروسا۔

**کاغذ لکھانا/لکھوانا** (ا) مثل ① تمسک لکھانا ② دستاویز لکھانا ③ قبالہ بنوانا۔

**کاغذ ملانا** (ا) فعل ① بہی کا حساب ملانا ② بد ملانا ③ حساب جانچنا ④ پڑتالنا۔

**کاغذات** (ع) اسم مذکر۔ کاغذ کی جمع۔

**کاغذی** (عف) اسم صفت بیائے نسبتی ① کاغذ گر ② کاغذ بنانے اور بیچنے والا ③ کاغذ فروش ④ سفید کبوتر ⑤ دفتری ⑥ نازک ⑦ پتلا ⑧ بالکل دبلا ⑨ کمزور۔

**کاغذی بادام** (ا) اسم مذکر۔ نہایت باریک اور پتلے چھلکے والا بادام۔

**کافر** (ع) اسم مذکر ① حق کو چھپانے والا ② منکر خدا ③ بے دین ④ مرتد ⑤ بلیغ مجازاً معشوق ⑥ دلدار ⑦ صنم ⑧ ظالم ⑨ جفا کار۔

**کافر نعمت** (ع) اسم مذکر ① ناشکر ② ناشکرا ③ نمک حرام ④ حرام خور ⑤ احسان فراموش۔

**کافور** (ع) اسم مذکر ① کپور ② ایک تلخ ذائقہ اور نہایت تیز خوشبودار سفید مادہ ہوتا ہے جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اڑ جاتا ہے۔

**کافور ہونا/کافور ہو جانا** (ا) فعل ① چل دینا ② غائب ہونا ③ اڑ جانا ④ ہوا ہو جانا ⑤ رفو چکر ہونا۔

Join us on WhatsApp NaveedBaiG 03149017218

کافور کا مرہم (ا) اسم مذکر۔ ٹھنڈا مرہم جس کا جزو اعظم کافور ہے۔

کافوری (عف) اسم صفت ❶ کافور کا بنا ہوا ❷ کافوری رنگ کا ❸ نہایت صاف اور شفاف رنگ کی کافور ملی چیز۔

کافوری رنگ (ا) اسم مذکر۔ نہایت ہلکا زرد رنگ۔

کافوری شمع (ا) اسم مونث۔ کافور کی بنی ہوئی موم بتی جس کا رنگ اور روشنی نہایت شفاف ہوتا ہے اور دھواں بالکل نہیں ہوتا۔

کافی (ای) اسم مونث۔ قہوہ کی ایک قسم۔

کافی (ء) اسم صفت ❶ بہت ❷ بس ❸ بخوبی ❹ وافر ❺ (بحالت اسم مونث) پنجابی نظم کی ایک قسم ❻ تک بندی ❼ قافیہ بندی ❽ ایک راگنی کا نام بھی ہے۔

کافی وافی (ء) اسم صفت ❶ بہت بہت ❷ بخوبی ❸ من مانتا ❹ پورا پورا۔

کاک (ا) اسم مذکر۔ دیکھو (کارک)

کاک (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کی روغنی ٹکیا۔

کاکا (ف) اسم مذکر ❶ خدمت میں بوڑھا ہوا غلام ❷ قدیمی غلام (پنجابی) ننھا بچہ۔

کاکا توآ / کاکا کوا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا جس کے پر سرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے۔

کاکریزی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ کاکریز ❷ ایک سیاہی مائل اودے رنگ کا نام ہے۔

کاکڑ (ا) اسم مذکر ❶ ہرن کی قسم کے ایک جانور کا نام ❷ سابر ❸ چیچک کے موٹے اور کہیں کہیں نکلے ہوئے دانے۔

کاکڑا سینگی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی پھلی جو اکثر دواؤں میں کام آتی ہے۔

کاکل (ف) اسم مونث ❶ سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بلدار بال ❷ گیسو ❸ جٹا ❹ لٹ زلف۔

کاکل پیچاں (ف) اسم مونث ❶ بل کھائے ہوئے بال ❷ خمدار زلفیں۔

کاکلود (ہ) اسم مونث ❶ ہامتا ❷ محبت ❸ الفت۔

کاکلیں چھوڑنا (ا) فعل ❶ لٹیں لٹکانا ❷ زلفیں چھوڑنا۔

کاکی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ کاک کھانے والا ❷ کاک سے رغبت رکھنے والا۔

کاگ (ا) اسم مذکر ❶ کارک کا بگڑا ہوا ہے ❷ کاک ڈاٹ۔

کاگ (ہ) اسم مذکر ❶ کوا ❷ زاغ ❸ حلق کے اندر کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کے رخ لٹکتا رہتا ہے۔

کاگا / کگروا / کگوا (ہ) اسم مذکر ❶ کاگ کی تصغیر ❷ چھوٹا کوا ❸ زاغ۔

کال (ہ) اسم مذکر ❶ موت ❷ قضا ❸ ملک الموت ❹ موت کا فرشتہ ❺ وقت ❻ زمانہ ❼ موسم ❽ رت ❾ قحط۔

کال بنجر (ہ) اسم مونث۔ بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین۔

کال پڑنا (ا) فعل ❶ قحط ہونا ❷ خشک سالی ہونا ❸ توڑا ہونا ❹ کمی ہونا۔

کالٹین (ہ) اسم مذکر ❶ تحقیراً نہایت ہی کالا ❷ کالا حبشی۔

کال جواری (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا بھاری جوئے باز ❷ نامی قمار باز ❸ سخت جواریا۔

کال کاٹنا (ہ) فعل ❶ قحط کے دن گزارنا ❷ خشک سالی بسر کرنا۔

کال کاٹوٹا / کال کا مارا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ بھوکا کنگال ❷ ندیدہ ❸ قحط زدہ۔

کال کر جانا (ا) فعل ❶ مر جانا ❷ انتقال کرنا ❸ فوت ہو جانا ❹ گزر جانا۔

کال کوٹھڑی (ہ) اسم مونث ❶ اندھیری کوٹھڑی ❷ تاریک و تنگ جگہ ❸ قید تنہائی۔

کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان (ہ) مثل ❶ ظالم شخص سے کوئی نہیں بچ سکتا ❷ جابر کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں۔

کالا (ہ) اسم صفت ❶ سیاہ ❷ اسود ❸ کالے رنگ کا آدمی ❹ سانپ ❺ ناگ ❻ مار سیاہ۔

کالا آدمی (ا) اسم مذکر ❶ حبشی ❷ افریقہ کے باشندہ کو کہا کرتے ہیں۔

کالا بھجنگ (ہ) اسم صفت ❶ کالا کلوٹا ❷ نہایت کالا ❸ بہت ہی سیاہ ❹ حبشی۔

کالا پانی (ہ) اسم مذکر ❶ جزائر انڈیمان جہاں کے ہندوستانی قیدی جاتے ہیں ❷ عمر قید ❸ حبس دوام ❹ عبور دریائے شور ❺ سمندر کا سیاہ رنگ کا پانی۔

کالا پہاڑ (ہ) اسم مذکر ❶ شمال مغربی سرحدی صوبے کے ایک پہاڑ کا نام ہے ❷ کوہ سیاہ ❸ مجازاً ❹ ہاتھی ❺ فیل ❻ آدمی کا سر ❼

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140 7218

سیس ⑧ ناگوار طبع ⑨ بلائے جان۔

کالا چور (ہ) اسم مذکر ① بڑا بھاری چور ② ہادا چور ③ چوروں کا سردار ④ فرضی چور ⑤ نامعلوم الاسم آدمی۔

کالا دانہ (ا) اسم مذکر۔ نیل کے بیج جنہیں دافع نظر کے لئے جلاتے ہیں یہ دست آور ہوتے ہیں۔

کالا دھتورا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا دھتورا جس کا درخت پھل اور بیج کالے اور پتے سبز ہوتے ہیں۔

کالا دیو (ہ) اسم مذکر ① بڑا بھاری دیو ② کالے رنگ کا بہت قد آور آدمی۔

کالا زیرہ (ہ) اسم مذکر۔ کڑھی وغیرہ میں ڈالنے کا نہایت اعلےٰ خوشبودار عمدہ زیرہ۔

کالا کلوٹا (ہ) اسم صفت ① نہایت کالا ② حبشی۔

کالا کرنا (ا) فعل ① سیاہ کرنا ② کلنک لگانا ③ داغ لگانا ④ بدنام کرنا ⑤ رسوا کرنا ⑥ روسیاہ کرنا۔

کالا کوا (ہ) اسم مذکر ① پہاڑی کوا ② کاگ۔

کالا کوئلہ (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① کوئلے جیسے کالا ② نہایت کالا ③ بہت ہی سیاہ۔

کالا منہ (ہ) دعائے بدنفرتاً ① خدا تجھے رسوا اور روسیاہ کرے ② روئے سیاہ ③ چل دور ④ پرے ہٹ۔

کالا منہ کر جگ دکھلاوے تب لالن کی لالی پاوے (ہ) مثل۔ آدمی پہلے بدنامی اور مشقت اٹھائے تب کہیں جا کر نام روشن ہوتا ہے۔

کالا منہ کریل کے دانت (ہ) مثل۔ سب باتیں بگڑی ہوئی ہیں۔

کالا منہ ہونا (ہ) فعل ① روسیاہ ہونا ② بدنام ہونا ③ رسوا اور ذلیل ہونا ④ دفع ہونا ⑤ نکالا جانا۔

کالا ناگ (ہ) اسم مذکر ① کالے رنگ کا سانپ ② مار سیاہ ③ (بحالت اسم صفت) موذی ④ ظالم ⑤ تکلیف دہ۔

کالبد (ف) اسم مذکر ① قالب ② ڈھانچ ③ پنجر ④ بدن ⑤ تن ⑥ جسم ⑦ سانچہ ⑧ کالبوت۔

کالبوت (ا) اسم مذکر۔ جوتے کے اندر پھنسا کر اسے ابھارنے اور کھلا کرنے والی لکڑی۔

کالبوت دینا / چڑھانا (ا) فعل ① جوتا بنا کر اس کا نخرہ نکالنا ② تنگ سے کھلا کرنا۔

کالج (ای) اسم مذکر ① بڑا مدرسہ ② اعلےٰ تعلیم کا مدرسہ ③ ادب وغیرہ ④ سکھانے کا مدرسہ۔

کالر (ای) اسم مذکر ① غلام کا طوق ② کتے کا پٹہ ③ گریبان کی کنٹھی ④ گلوبند ⑤ گردن پر باندھنے کی چوڑی پٹی۔

کالجیٹ (ای) اسم مذکر ① کالج کا طالب علم ② کالج میں پڑھنے والا۔

کالرا (ای) اسم مذکر۔ وبائی ہیضہ۔

کالک (ہ) اسم مونث ① سیاہی ② بدنامی ③ عیب ④ رسوائی۔

کالک کا ٹیکا (اسم مذکر) ① داغ ذلت ② بدنامی کا داغ ③ دھبا ④ رسوائی اور ذلت۔

کالم (ای) اسم مذکر ① کھمبا ② ستون ③ قطار ④ خانہ ⑤ فوج کا ایک دستہ ⑥ اخبار کے صفحے کا ایک حصہ۔

کالونی (ای) اسم مونث ① نوآبادی ② نئی بستی ③ کسی ملک میں غیر ملکی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے ملک سے ہو۔

کالی (ہ) اسم مونث صفت ① سیاہ ② اسود ③ ایک سیاہ دیوی کا نام ④ کالکا ⑤ درگاہ ⑥ سیاہ فام ⑦ کالے رنگ کی۔

کالی آندھی (ہ) اسم مونث۔ نہایت سخت آندھی جس کے گرد سے اندھیرا ہو جائے۔

کالی بلا (ہ) اسم مونث ① بری بلا ② نہایت کالی اور سخت چڑیل ③ سخت مصیبت ④ بڑی بپتا ⑤ مجازاً ⑥ کالی اور بدصورت عورت ⑦ چڑیل ⑧ بھتنی۔

کالی بھلی نہ سیت دونوں مارو ایک ہی کھیت (ا) مثل ① موذی سب ہی برے ② سفید اور سیاہ دونوں کو برابر ایک سا نقصان رسان سمجھو۔

کالی پیلی آنکھیں کرنا / نکالنا (ا) فعل ① نہایت خفا ہونا ② نہایت غصے سے گھورنا۔

کالی زبان / جیبھ (ا) اسم مونث ① سیاہ زبان ② جس کی نسبت عوام کا خیال ہے کہ اس کی بددعا بہت جلد اثر کرتی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

کالی کلوٹی (ہ) اسم مونث صفت ❶ نہایت سیاہ ❷ بہت زیادہ کالی۔
کالی گھٹا (ہ) اسم مونث ❶ سیاہ بادل ❷ ابر سیاہ۔
کالی گھٹا ڈراؤنی بھوری برسن ہار (ہ) مثل۔ جو بکواسی اور گپی نہیں ہیں وہی کام دیا کرتے ہیں۔
کالی مٹی (ہ) اسم مونث۔ جوہڑ کی چکنی مٹی۔
کالی مرچ (ہ) اسم مونث ❶ مرچ سیاہ ❷ تشبیہ کے طور پر مکھی مگس۔
کالی ہانڈی سر پر دھرنا (ہ) فعل ❶ بدنامی اٹھانا ❷ رسوا ہونا ❸ ذلت گوارا کرنا ❹ بیوہ کا نکاح ثانی کرنا۔
کالے پانی بھیجنا (ا) ف ❶ جلاوطن کرنا ❷ عمر قید کرنا ❸ عبور دریائے شور کرنا۔
کالے تل چابنا (ہ) فعل ❶ کنوڈا ہونا ❷ ممنون ہونا ❸ کالا دان کھانا ❹ غلام بننا۔
کالے سر کا (ا) اسم مذکر ❶ انسان آدمی ❷ آدم کی اولاد ❸ جوان ❹ گبرو ❺ مرد۔
کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا (ا) مثل ❶ کالے ناگ کا ڈسا بچ نہیں سکتا ❷ موذی اور دغاباز فریبی سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔
کالے کوس (ہ) اسم مذکر ❶ بہت دور کا راستہ ❷ مسافت دراز ❸ مدتوں کا رستہ ❹ لمبے کوس ❺ بڑے بڑے کوس۔
کالے کوسوں (ہ) اسم مذکر ❶ مسافت بعیدہ ❷ بہت دور ❸ ہزاروں کوس ❹ برسوں کی راہ۔
کالے کوے کھائے ہیں (ہ) محاورہ ❶ بڑھاپے کے باوجود بھی بال سفید نہیں ہوئے ❷ عوام کا عقیدہ ہے کہ اگر آدمی کالے کوے کا گوشت کھائے تو بڑھاپے میں بھی اس کے بال سفید نہ ہوں گے۔
کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا (ا) محاورہ ❶ زبردست کے سامنے کچھ پیش نہیں جاتی ❷ اعلے کے سامنے ادنے کی نہیں چلا کرتی۔
کالے کے کاٹے کا منتر نہ جنتر (ہ) کہاوت۔ زبردست فریبی سے بچنا مشکل ہے۔
کالے منہ اندھیرے (ہ) محاورہ ❶ نہایت سویرے ❷ اندھیرے اندھیرے ❸ نور کے تڑکے ❹ علے الصباح۔
کام (ہ) اسم مذکر ❶ کاج ❷ دھندہ ❸ کاروبار ❹ بیوپار ❺ لین دین ❻ (اُر) کردار ❼ کرتوت ❽ ہنر ❾ مصروفیت۔
کام اٹکنا (ا) فعل ❶ کام رک جانا ❷ کام کا ہرج ہونا ❸ کام بند ہونا۔
کام آخر ہونا (ا) فعل ❶ کام تمام ہونا ❷ کام نمٹنا ❸ قتل ہونا ❹ مر جانا ❺ کام پورا ہو جانا ❻ دم نکلنا ❼ قریب المرگ ہونا۔
کام آنا (ا) فعل ❶ مناسب جگہ خرچ ہونا ❷ کارآمد ہونا ❸ مددگار ہونا ❹ سہارا ہونا ❺ مارا جانا ❻ لڑائی میں قتل ہو جانا ❼ خرچ ہونا ❽ استعمال میں آنا۔
کام بڑھانا (ا) فعل ❶ کام کو ترقی دینا ❷ کام زیادہ کرنا ❸ تجارت وغیرہ کو وسعت دینا ❹ کام ختم کرنا ❺ دفتر برخاست کرنا ❻ کام بند کرنا۔
کام بگاڑنا (ا) فعل ❶ کام خراب کرنا ❷ کسی کام میں خلل ڈالنا ❸ معاملہ خراب کر دینا۔
کام بنا رہنا (ا) فعل ❶ قسمت کا یاور رہنا ❷ اقبال کا مددگار رہنا ❸ زمانہ کا حسب مراد ہونا۔
کام بنانا (ا) فعل ❶ کام ٹھیک کرنا ❷ درست کرنا ❸ مطلب نکالنا ❹ مقصد پورا کرنا ❺ ارمان پورا کرنا۔
کام بھگتانا (فعل) ❶ کام پورا کر دینا ❷ کام ختم کرنا ❸ کام نمٹانا۔
کام پر لگانا (ا) فعل ❶ مزدوری پر لگانا ❷ کسی کام کے سیکھنے میں مصروف کرنا ❸ کسی خدمت پر مقرر کرنا۔
کام پیارا ہے چام پیارا نہیں (ہ) مثل۔ آدمی کی قدر کام سے ہوا کرتی صرف جسمانی نمود یا خوبصورتی وغیرہ کوئی پیار نہیں کرتا۔
کام تجنا (ا) فعل ❶ دھندا چھوڑ دینا ❷ کام چھوڑ دینا ❸ ترک کر دینا۔
کام تمام کرنا (ا) فعل ❶ کام کو ختم کرنا ❷ کام پورا کرنا ❸ ہلاک کرنا ❹ مار ڈالنا ❺ قتل کرنا ❻ جان لے لینا۔
کام تمام ہونا (ا) فعل ❶ کام پورا ہونا ❷ کام ختم ہونا ❸ مرنا ❹ ہلاک ہونا ❺ جان دینا ❻ قتل ہو جانا ❼ گور کنارے لگ جانا ❽ جان سے جانا۔
کام چڑھانا (ا) فعل۔ کسی مشین یا کل وغیرہ پر کام لگانا۔
کام چلانا (ا) فعل ❶ کام جاری کرنا ❷ مطلب نکالنا ❸ بندوبست کرنا ❹ انتظام کرنا ❺ وقت سے کام نکالنا ❻ مشکل سے پورا کرنا ❼ گزارہ

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

کرنا ❾ بسر کرنا۔
کام چلاؤ (ا) اسم صفت ❶ تھوڑے دنوں گزارنے کے قابل ❷ رفع حاجت کے لائق۔
کام چلنا (ا) فعل ❶ کاربراری ہونا ❷ مطلب نکلنا ❸ بندوبست ہو جانا ❹ گزارہ ہونا ❺ بسر ہونا ❻ ہاتھ تنگ نہ رہنا ❼ فراغت ہونا ❽ اجرائے کار ہونا۔
کام چمکنا (ا) فعل ❶ کاروبار کا ترقی پر ہونا ❷ کام کا رونق پر ہونا۔
کام چور (ا) اسم صفت ❶ کام سے جی چرانے والا ❷ کام سے ٹلنے والا ❸ سست کاہل وجود۔
کام چور نوالہ حاضر (مثل) سست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے اور کھانے کو موجود رہے۔
کام دار (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ کام کرنے والا ❷ کارکن ❸ کارندہ ❹ عہدیدار ❺ منتظم ❻ گماشتہ ❼ (بحالت صفت) ندی بار یشم کا کام کیا ہوا ❽ زردوزی کا کام کیا ہوا۔
کام دولھا دلھن ہی سے پڑتا ہے (ا) جب آپس میں لڑائی ہو تو آپس میں ہی طے ہوا کرتی ہے تیسرے کا درمیان میں کیا دخل۔
کام دیکھنا (ا) فعل ❶ کام کا معائینہ کرنا ❷ کام کی پڑتال کرنا۔
کام دینا (ا) فعل ❶ کام آنا ❷ حاجت روائی کرنا ❸ کام سپرد کرنا ❹ کوئی کام بنانے کو دینا ❺ عہدہ یا خدمت سپرد کرانا۔
کام ڈالنا (ا) فعل ❶ تعلق ڈالنا ❷ پالا ڈالنا ❸ سروکار پڑنا ❹ کوئی کام تعلق ڈالنا۔
کام سے جاتا رہنا (ا) فعل ❶ مطلب کا نہ رہنا ❷ نکما ہو جانا ❸ خراب اور ناقابل استعمال ہو جانا۔
کام سے کام ہونا (ا) فعل ❶ اپنے مطلب سے مطلب ہونا۔ ❷ دوسرے سے مقصد نہ رکھنا۔
کام کا (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ مفید مطلب ❷ برتنے کے قابل ❸ لائق کار ❹ کارآمد۔
کام کاج (ہ) اسم مذکر ❶ لین دین ❷ کاروبار ❸ معاملہ ❹ شغل اشغال۔
کام کاجی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ محنتی ❷ جفاکش ❸ چالاک ہوشیار ❹ کامی ❺ کاروباری۔
اکام کر جانا (ا) فعل ❶ کام دے جانا ❷ کامیاب ہو جانا ❸ کام نکال دینا ❹ اپنا اثر دکھا دینا ❺ کارگر ہو جانا ❻ موثر ہو جانا ❼ کام دے جانا۔
کام کرنا (ا) فعل ❶ کاروبار میں لگنا ❷ کام کاج میں مشغول ہو جانا ❸ کوئی شغل کرنا ❹ فائدہ دینا ❺ مفید ہونا ❻ فائدہ مند ہونا ❼ سرایت کرنا ❽ اثر کرنا ❾ موثر ہونا۔
کام میں کام نکالنا (ا) فعل ❶ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کر لینا ❷ ایک پنتھ دو کاج ہونا۔
کام میں لانا (ا) فعل ❶ استعمال کرنا ❷ برتنا ❸ صرف کرنا ❹ اٹھانا ❺ خرچ کرنا۔
کام نکالنا (ا) فعل ❶ اپنی حاجت یا خواہش کو پورا کرنا ❷ مطلب نکالنا ❸ کاروائی کرنا ❹ مقصد حاصل کرنا ❺ کسی کے واسطے کوئی کام تجویز کرنا۔
کام ہو جانا (ا) محاورہ ❶ مراد بر آنا ❷ کام نکل جانا ❸ مطلب پورا ہو جانا ❹ دم نکل جانا ❺ مر جانا ❻ کام تمام ہو جانا ❼ کوئی ضرورت پیش آنا ❽ کوئی نوکری یا خدمت مل جانا۔
کام ہونا (ا) فعل ❶ ضرورت پڑنا ❷ کام بننا ❸ مرنا ❹ ہلاک ہونا۔
کامران (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ بختاور ❷ خوش قسمت ❸ نیک نصیب ❹ مراد مند۔
کامرانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بختاوری ❷ خوش قسمتی ❸ مرادمندی۔
کاما (ای) اسم مذکر ❶ سکتہ ❷ عبارت میں ٹھراؤ کی ایک علامت "،"۔
کامرس (ای) اسم مونث ❶ تجارت ❷ کاروبار ❸ بیوپار ❹ تاش کا ایک کھیل۔
کامریڈ (ای) اسم مذکر ❶ ساتھی ❷ ہمدم ❸ رفیق ❹ یار ❺ دوست۔
کامل (ع) اسم صفت فاعل از کمال ❶ پورا ❷ تمام ❸ سب ❹ سارا ❺ کل ❻ ماہر ❼ استاد ❽ کمال والا ❾ بڑا بھاری دستکار۔
کامل ہونا (ا) محاورہ ❶ کسی کام میں پورا ہونا ❷ عارف ہونا ❸ پہنچا ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

**کامیاب** (ف) اسم صفت ترکیبی ① مراد مند ② مراد پانے والا ③ بہرہ ور ④ کامراں ⑤ کامگار۔

**کامیابی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مراد مندی ② بہرہ وری ③ کامرانی۔

**کامنی** (ہ) اسم مونث صفت ① نہایت خوبصورت عورت ② حسینہ ③ نازک اور دبلی پتلی عورت ④ چھریرے بدن والی۔

**کامو** (ہ) اسم مذکر۔ مالکوس راگ کی ایک راگنی کا نام ہے جسے رات کو گاتے ہیں۔

**کاموں** (ف) اسم مذکر۔ زیرہ۔

**کامیڈی** (ای) اسم مذکر ① طربیہ ② ایسی کہانی، ڈرامہ یا فلم جس کا انجام خوش کن ہو۔

**کامیڈین** (ای) ① طربیہ نگار ② خوش کن ڈرامے لکھنے والا ③ نقال ④ بھانڈ ⑤ مسخرہ۔

**کان** (ف) اسم مونث ① کھان ② معدن ③ وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھاتیں اور معدنی اشیاء وغیرہ نکالتے ہیں۔

**کان ملاحت** (فع) اسم صفت ① مزے اور ذائقہ کی کھان ② مجازاً وہ معشوق جو سانولا سلونا ہو۔

**کان** (ہ) اسم مذکر ① سننے کا عضو ② گوش ③ کرن ④ سماعت سننے کی طاقت ⑤ چارپائی کی ٹیڑھ اینٹھ ⑥ بل ⑦ کجھاؤ ⑧ مجازاً ⑨ دھیان۔

**کان اڑے/ پھٹے/ پھوٹے جانا** (ا) فعل۔ شور وغل کی کثرت سے یا لمبی داستان کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا۔

**کان اینٹھنا/ اکھاڑنا/ کھینچنا/ مروڑنا** (ا) فعل ① سزا دینا ② گوشمالی ③ ادب دینا ④ تادیب کرنا ⑤ تنبیہ کرنا ⑥ دھمکانا ⑦ باز آنا ⑧ توبہ کرنا ⑨ کسی کام کے نہ کرنے کا اقرار کرنا۔

**کان اونچے کرنا** (ا) فعل ① چوکنا ہونا ② چونکنا ③ کسی بات کے سننے کو کان لگانا۔

**کان بال** (ہ) اسم مذکر۔ ہندوؤں کی ایک رسم کا نام ہے جس میں بچے کے کان چھدوائے اور بال منڈوائے جاتے ہیں۔

**کان بجنا** (ہ) فعل ① کان میں ہر وقت آواز آنا ② کسی کے پکارے بغیر ہی بول اٹھنا۔

**کان بندھوانا** (ہ) فعل ① کانوں میں چھید کروانا ② کان چھدوانا۔

**کان بھرنا** (ہ) فعل ① غیبت کرنا ② بدگوئی کرنا ③ لگائی بجھائی کرنا۔

**کان بہنا** (ا) فعل۔ کان سے پیپ جاری ہونا۔

**کان پر جوں نہ چلنا** (ا) فعل ① بے پروائی کرنا ② ڈھیٹھ ہو جانا ③ کہا نہ ماننا۔

**کان پر ہاتھ دھرنا/ رکھنا** (ا) فعل ① صاف انکار کرنا ② لاعلمی جتانا۔

**کان پڑنا** (ا) فعل ① سنائی دینا ② سننے میں آنا ③ گوش زد ہونا۔

**کان پڑی آواز/ بات سنائی نہ دینا** (ا) ① نہایت شور وغل ہونا ② نہایت شور وغوغا کے سبب کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔

**کان پکڑ کے اٹھانا بٹھانا** (ہ) فعل ① نہایت مطیع وفرمانبردار بنانا ② کان پکڑ کر کبھی اٹھانا کبھی بٹھانا۔

**کان پکڑ کے اٹھا دینا/ نکال دینا** (ا) فعل۔ نہایت ذلت اور بے عزتی کے ساتھ کسی جگہ سے اٹھا دینا۔

**کان پکڑنا** (ا) فعل ① کان اینٹھنا ② کان مروڑنا ③ کسی کے کمال کے سامنے اپنے عجز کا اقرار کرنا ④ توجہ کرنا ⑤ حرم سے باز رہنا ⑥ پرہیز کرنا ⑦ کنارہ کرنا ⑧ چھوڑنا

**کان پکڑی باندی/ لونڈی** (ہ) اسم مونث ① فرمانبردار باندی ② تابع فرمان لونڈی۔

**کان پھڑ پھڑانا** (ہ) فعل ① ہوشیار ہونا ② مستعد ہونا ③ تیار ہونا ④ کتے کا دونوں کانوں کو ہلانا جو سفر کے حق میں بدشگون خیال کیا جاتا ہے۔

**کان پیارے تو بالیاں/ جورو پیاری تو سالیاں** (ہ) مثل۔ کسی چیز کی محبت ہونے کے اس کے متعلقین کے ساتھ الفت ہونے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

**کان تلے کی چھوڑنا** (ا) فعل ① بھید اور راز کی بات کہنا ② چھتی اور لگتی کہنا ③ جھوٹی گپ اڑانا ④ گپ ہانکنا۔

**کان جھنانا** (ہ) فعل۔ کسی سخت صدمے یا آواز کا کانوں کو ناگوار اور برا معلوم ہونا۔

**کان دبا کر چلا جانا** (ا) فعل ① چپ چاپ بے چوں وچرا کئے چلے جانا ② چپکے سے کھسک جانا۔

**کان دبانا** (ا) فعل ① کانوں میں انگلیاں دینا ② کانوں پر ہاتھ رکھنا ③

www.besturdubooks.net

خوف کے باعث سامنے نہ آنا ❹ دبنا ❺ کنیانا ❻ ہار ماننا ❼ کنی کھانا۔

کان دکھانا (ا) فعل ❶ کان کا میل نکلوانا ❷ کان میلیا سے کان صاف کرانا۔

کان دھر کر یا دھر کے سننا / کان دے کے سننا (ہ) فعل ❶ دھیان دے کر سننا ❷ غور سے سننا ❸ بڑی توجہ سے سننا۔

کان دھرنا / کان دینا (ہ) فعل ❶ سننا ❷ کان لگانا ❸ غور سے سننا۔

کان رکھنا (ہ) فعل ❶ خیال رکھنا ❷ توجہ دے کر سننا ❸ کان لگانا۔

کان کا پردہ (ا) اسم مذکر۔ کان کے اندر کی باریک سوراخ دار جھلی جو نہایت نرم اور نازک ہے۔

کان کاٹنا / کان کترنا (ا) فعل ❶ کان چھیلنا ❷ کان تراشنا ❸ مات کرنا ❹ بڑھ جانا ❺ دھوکا دینا ❻ فریب دینا۔

کان کا کچا (ا) اسم مذکر ❶ وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک کی بات پر اعتبار کر لے ❷ ضعیف الاعتقاد۔

کان کا میل (ا) اسم مذکر۔ کان کے اندر کی غلاظت اور کثافت۔

کان کھانا (ہ) فعل ❶ ستانا ❷ دق کرنا ❸ شور و غل مچانا ❹ بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔

کان کھڑے کرنا (ہ) فعل ❶ چوکنا ہونا ❷ بدکنا ❸ ہوشیار ہونا ❹ کان اونچے کرنا۔

کان کھولنا (ہ) فعل ❶ کسی بات کے سننے کے لئے متوجہ ہونا ❷ خبردار کرنا ❸ ہوشیار کرنا ❹ نصیحت دینا ❺ تنبیہ کرنا۔

کان لگانا (ہ) فعل ❶ چھپ کر سننا ❷ دھیان لگا کر سننا ❸ خیال کرنا۔

کان لگنا (ہ) فعل ❶ منہ چڑھنا ❷ کان پک جانا ❸ سرگوشی کرنا ❹ کانا پھوسی کرنا ❺ خیال ہونا ❻ توجہ ہونا ❼ دھیان ہونا۔

کان مروڑنا / ملنا (ا) فعل ❶ کان کھینچنا ❷ گوشمالی کرنا ❸ ڈرانا ❹ سزا دینا ❺ سارنگی یا ستار کی کھونٹی مروڑنا۔

کان میلیا (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی بالف فاعلی۔ کان کا میل صاف کرنے والا۔

کان میں پڑنا (ا) فعل ❶ سننے میں آنا ❷ گوش زد ہونا۔

کان میں پھونکنا (ا) فعل ❶ کان میں کہنا ❷ بدگوئی کرنا ❸ بدگمان کرنا ❹ بددل کرنا ❺ کسی کی تعریف کر کے اسے پھسلانا۔

کان میں تیل ڈال لینا / ڈالنا (ا) فعل ❶ خاموشی اختیار کر لینا ❷ اپنے آپ کو بالکل بے خبر اور بہرا بنا لینا ❸ جان بوجھ کر کسی بات سے بے خبر ہو جانا۔

کان میں جھنجھی کوڑی ڈالنا (ہ) فعل ❶ غلام بنانا ❷ حلقہ بگوش بنانا ❸ غلامی کی نشانی کان میں ڈالنا۔

کان میں ڈال دینا / ڈالنا (ہ) فعل ❶ سنا دینا ❷ مطلع کر دینا ❸ خبردار کر دینا ❹ کہہ دینا۔

کان میں روئی دے کے ہو بیٹھنا (ہ) فعل ❶ بالکل بے خبر بن جانا ❷ قطعی بے پروا ہو جانا۔

کان میں کھٹکنا (ا) فعل ❶ غلط معلوم ہونا ❷ کانوں کو برا لگنا ❸ ناگوار معلوم ہونا۔

کان میں کہنا / کہہ دینا (ہ) فعل ❶ چپکے سے کہہ دینا ❷ پوشیدہ اور خفیہ طور پر جتا دینا۔

کان نہ پھڑ پھڑانا / کان نہ کھڑ کھڑانا / کان نہ کھڑکانا / کان نہ ہلانا (ا) فعل ❶ ذرا بھی انکار نہ کرنا ❷ مطلق چون و چرا نہ کرنا ❸ چپ ہو جانا ❹ خاموش ہو رہنا ❺ چپ چاپ رہنا ❻ جانور کا مانوس ہو جانا ❼ نہایت ہل جانا ❽ سدھ جانا۔

کان ہونا (ہ) فعل ❶ چارپائی یا کسی چوکونی چیز میں ٹیڑھ ہونا ❷ نصیحت حاصل ہونا ❸ عبرت ہونا ❹ خبردار ہونا ❺ ہوشیار ہونا ❻ اطلاع ہونا ❼ خبر ہونا ❽ آزمائش ہونا ❾ تجربہ ہونا۔

کان (ہ) اسم مونث ❶ لاج ❷ شرم ❸ حیا ❹ گستاخی ❺ ڈھٹائی۔

کان چھوڑنا (ہ) فعل ❶ بے حیا اور بے شرم بن جانا ❷ ڈھیٹ ہونا ❸ گستاخ ہونا۔

کانا (ہ) اسم صفت بالف فاعلیت ❶ عیب دار ❷ معیوب ❸ مجازاً ❹ ایک آنکھ والا ❺ یک چشم ❻ کانڑا ❼ داغی پھل یا ترکاری ❽ ٹیڑھا ❾ ترچھا۔

کانا پھوسی (ہ) اسم مونث۔ کھسر پھسر۔

کانا کچھو (ہ) اسم مذکر۔ ایک پہاڑی ترکاری کا نام جو برسات میں خودرو ہو جاتی ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772718

www.besturdubooks.net

**کانا گوشی** (ا) اسم مونث ① کانا پھوسی ② سرگوشی ③ گوشمالی۔

**کانپ** (ہ) اسم ① پتنگ یا کنکوے کی خمدار پتلی تیلی ② چھتری کی تیلی ③ سور اور ہاتھی کا اگلا دانت ④ نہایت صاف اور عمدہ چونا ⑤ کانپنا سے حاصلمصدر اور امر حاضر۔

**کانپ اٹھنا / کانپ جانا** (ا) فعل ① خوف سے تھرا جانا ② کپکپی ہو جانا ③ لرز جانا ④ ڈر جانا۔

**کانپنا** (ہ) فعل ① لرزنا ② ہلنا ③ تھرتھرانا ④ خوف یا سردی سے تھرانا ⑤ رعشہ ہونا ⑥ خوف کھانا ⑦ ڈرنا۔

**کانٹا** (ہ) اسم مذکر ① کنڈا ② سول ③ خار ④ قیمتی چیزیں تولنے کا ترازو ⑤ زبان ترازو ⑥ ترازو کے دستے کی سوئی ⑦ مچھلی پکڑنے کا مڑا ہوا اور نوکدار آلہ ⑧ کنوئیں میں سے گرے ہوئے ڈول وغیرہ نکالنے کا اوزار ⑨ میز کا پنجہ۔

**کانٹا گڑنا / کانٹا چبھنا** (ہ) فعل ① کانٹا لگنا ② پھانس لگنا۔

**کانٹا ڈالنا / پھرانا / پھیرنا** (ہ) فعل۔ گرے ہوئے ڈول وغیرہ کے نکالنے کے لئے کنوئیں میں کانٹا پھانسنا۔

**کانٹا سا** (ہ) اسم صفت نسبتی ① نہایت دبلا ② بہت ہی لاغر ③ قاق ④ خار کی طرح۔

**کانٹا سا کھٹکنا** (ہ) فعل ① نہایت برا لگنا ② بہت ہی ناگوار گزرنا ③ خار محسوس ہونا۔

**کانٹا سا نکل جانا** (ہ) فعل ① تکلیف رفع ہو جانا ② چین آنا ③ آرام آنا ④ دکھ مصیبت سختی وغیرہ سے نجات پانا۔

**کانٹا لگنا** (ہ) فعل ① کانٹا چبھنا ② شراب کا مہلک نشہ ہونا ③ پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا۔

**کانٹا مارنا** (ہ) فعل ① پر مارنا ② لڑائی میں مرغوں کا ایک دوسرے کو لات مارنا۔

**کانٹا نکالنا** (ہ) فعل ① تکلیف دور کرنا ② خلش مٹانا ③ مصیبت یا تکلیف سے بچانا۔

**کانٹا نکلنا** (ہ) فعل ① پھانس کا باہر آ جانا ② کھٹکا مٹنا ③ خلش دور ہونا ④ غم اور تکلیف دور ہونا۔

**کانٹا ہو جانا** (ہ) فعل ① دبلا ہو جانا ② لاغر ہو جانا ③ سوکھ کر لقات ہو جانا۔

**کانٹوں پر کھینچنا / گھسیٹنا** (ہ) فعل ① سخت سزا دینا ② بہت ستانا ③ تکلیف دینا ④ نہایت شرمندہ کرنا۔

**کانٹوں پر لوٹنا** (ہ) فعل ① تڑپنا ② بے قرار رہنا ③ بے چین ہونا ④ رشک وحسد سے جلنا۔

**کانٹوں میں تل کر بکنا** (ہ) فعل ① نہایت مہنگا بکنا ② گراں بکنا۔

**کانٹے بونا** (ہ) فعل ① برائی کرنا ② اپنے یا کسی دوسرے کے حق میں برا کرنا۔

**کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے کھائے** (ا) مثل ① بدی کا بیج بو کر اچھا پھل کھانے کی امید رکھنا ② نہایت بے وقوفی ہے۔ برائی کر کے اچھائی کی اُمید رکھنا۔

**کانٹے پر کی اوس** (ہ) اسم صفت بترکیب اضافی ① نہایت ناپائیدار ② فانی ③ غیر مستقل ④ بے قیام۔

**کانٹے پڑنا** (ا) فعل ① پیاس کے مارے زبان یا حلق کا خشک ہو جانا ② خرابی واقع ہونا ③ کسی کام میں نقص واقع ہونا۔

**کانٹے کی تول** (ہ) اسم مونث ① نہایت ٹھیک ② نہ کم نہ زیادہ ③ پورا تول۔

**کانٹے میں تلنا** (ہ) فعل ① بیش قیمت ② مہنگا ہونا ③ گراں ہونا ④ سونے کے مول بکنا۔

**کانٹی** (ہ) اسم مونث ① روئی کا کوڑا ② دھننے کے قابل روئی ③ چھوٹا کانٹا جس میں جواہرات تولتے ہیں ④ چھوٹا ہک ⑤ آنکڑا ⑥ سانپ پکڑنے کی آنکڑے والی لکڑی ⑦ بیڑی ⑧ جولان ⑨ (پنجاب میں) ڈور میں بندھی ہوئی ٹھیکری جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔

**کانٹی کھانا** (ہ) فعل ① جیل خانہ میں جانا ② سزا یافتہ ہونا ③ قید کاٹنا۔

**کانجی** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی، زیرہ اور نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں ② چاولوں کی پیچ ③ مانڈ۔

**کانجی ہوس** (ا) اسم مذکر ① قید خانے کا تنگ مکان ② حوالات ③ لاوارث جانوروں کے بند کرنے کا سرکاری باڑا۔

**کانچ** (ہ) اسم مونث ① شیشہ ② کچا شیشہ ③ ایک بیماری جس میں کمزوری کے باعث بچوں کی مقعد باہر نکل آتی ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

کاندھا (ہ) اسم مذکر ① مونڈھا ② کندھا ③ دوش ④ شانہ۔

کاندھا بدلنا (ہ) فعل۔ کسی بوجھ کا ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر لینا۔

کاندھا دینا (ہ) فعل ① جنازے کو کندھا دینا ② کندھے پر جنازہ اٹھانا۔

کاندھی دے جانا (ہ) فعل ① ٹال جانا ② بہانہ کرنا ③ پہلوتہی کرنا۔

کانڈ (ہ) اسم مذکر ① کتاب کا باب ② حصہ ③ فصل ④ ادھیائے۔

کانس (ا) اسم مونث ① کنگنی ② چھجا ③ نگر۔

کانس (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی لمبی گھانس جو غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے ② جھگڑا ③ ٹنٹا ④ قضیہ ⑤ چمک ⑥ تابش۔

کانس میں تیرنا (ا) فعل ① دھوکا کھانا ② غور وفکر میں محو رہنا ③ جان جوکھوں میں رہنا۔

کانسٹیبل (ای) اسم مذکر ① پولیس کا سپاہی ② چوکیدار ③ محافظ ④ نگران۔

کانسی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی دھات جو تانبے اور قلعی کو ملا کر بنائی جاتی ہے۔

کانسٹی ٹیوشن (ای) اسم مونث ① وجود ② بناوٹ ② شناخت ③ خصلت ④ قوانین حکومت۔

کانشنس (ای) اسم مذکر ① ضمیر ② نفس ③ پاک ④ وہ نور طبع جو انسان کو نیکی کی طرف متوجہ کرتا ہے۔

کانفرنس (ای) اسم مونث ① مشورے کی مجلس ② صلاح مشورہ ③ جانچ ④ پڑتال ⑤ سوال و جواب ⑥ بحث ⑦ مباحثہ ⑧ مجلس شوریٰ۔

کانفیڈنشل (ای) اسم صفت ① پردہ کی بات ② خفیہ ③ درپردہ ④ بھید کی بات ⑤ رازداری۔

کانگرس (ای) اسم مونث ① مجلس ② اجتماع۔

کانگڑی (ہ) اسم مونث ① کشمیری لفظ ہے ② مٹی کی انگیٹھی جس پر تیلیوں کا غلاف ہوتا ہے۔

کانووکیشن (ای) اسم مذکر۔ جلسہ تقسیم اسناد۔

کانونیٹ (ای) اسم مذکر ① عیسائی ② اہلِ خانقاہ ③ عیسائی مدرسہ۔

کانورا (ہ) اسم صفت ① بدحواس ② بے اوسان ③ حواس باختہ۔

کانورانا/کونرانا (ہ) فعل۔ مصدر جعلی ① حواس باختہ کرنا ② بے اوسان کردینا ③ گھبرادینا۔

کانون (ف) اسم مذکر ① انگیٹھی ② بھٹی ③ (پنجابی میں قانون۔ آئین) یہ لفظ بواؤ معروف ہے۔

کانوں (ہ) اسم مذکر۔ بواؤ مجہول ① کان کی جمع ② (بحالت اسم مونث) کان بمعنی معدن کی جمع۔

کانوں پر ہاتھ دھرنا/کانوں پر ہاتھ رکھنا (ہ) فعل ① صاف انکار کرنا ② مکر جانا ③ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا ④ نماز کی تکبیر کے ساتھ کانوں کو ہاتھ لگانا۔

کانوں کان خبر نہ ہونا/کانوں کان نہ جاننا (ہ) فعل ① کسی بات کی دوسرے کو مطلق خبر نہ ہونا ② بالکل خبر نہ ہونا ③ کچھ نہ جاننا۔

کانوں میں انگلیاں دینا/رکھنا (ہ) فعل۔ کسی کی آواز نہ سننے کی غرض سے کانوں کو بند کرنا۔

کانوں میں رس پڑنا (ہ) فعل ① کانوں کو سریلی اور بیلی آواز سے حظ آنا ② لطف حاصل ہونا۔

کانی (ہ) اسم مونث ① کانڑی ② (بحالت بیائے نسبتی اسم صفت) معدنی ③ کھان کی چیز۔

کاو (ف) اسم مونث ① کھدائی ② کاوش ③ جستجو ④ تلاش ⑤ کریدنی۔

کاوا (ا) اسم مذکر ① گھوڑے کو چکر اس طرح دینا کہ اس کے پاؤں کے نشان کا دائرہ بن جائے ② چوگان۔

کاوا دینا (ا) فعل ① گھوڑے کو چکر دینا ② چکر میں پھیرانا۔

کاوش (ف) اسم مونث۔ حاصل مصدر از کاویدن ① کھوج نکالنا ② کھودنا ③ خلش ④ کریدنی ⑤ تجسس ⑥ تلاش ⑦ جستجو ⑧ بیر ⑨ دشمنی۔

کاوش رکھنا (ا) فعل ① جلنا ② دشمنی رکھنا ③ بیر کرنا ④ حسد کرنا۔

کاؤنٹ (ای) اسم مذکر۔ نواب۔

کاؤنٹر (ای) اسم مذکر ① تختہ ② بنک یا دوکان وغیرہ میں وہ جگہ جہاں روپیہ کا لین دین کیا جاتا ہے۔

Join Us On WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**کاوہ** (ف) اسم مذکر۔ ایک مشہور ایرانی لوہار کا نام ہے۔ جس کی مدد سے فریدوں نے ضحاک کو قتل کر کے تخت ایران حاصل کیا۔

**کاویانی دفش** (ف) اسم مذکر۔ کاوہ لوہار کا جھنڈا جو اس نے ضحاک پر چڑھائی کرتے وقت فریدوں کی امداد کے لئے اپنی دھونکنیوں کو بانس پر لٹکا کر بنالیا تھا۔

**کاہ** (ف) اسم مونث ① سوکھی گھاس ② کٹی ہوئی گھانس ③ پھونس۔

**کاہ گل/ کہگل** (ف) اسم مونث ① بھوسے اور مٹی کا پلستر ② کچا پلستر ③ گھاس اور مٹی ملا ہوا گارا۔

**کاہش** (ف) اسم مونث۔ حاصل مصدر از کاہیدن ① دبلا پن ② گھٹاؤ ③ اتار ④ تنزل ⑤ لاغری۔

**کاہل** (ع) اسم صفت فاعل ① سست ② کام چور۔

**کاہلی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① سستی ② آلسی ③ آرام طلبی۔

**کاہو** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کے ساگ اور اسکے بیج کا نام ہے۔

**کاہی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① گھانس سے نسبت رکھنے والا ② مجازاً سیاہی مائل ہلکا سبز رنگ ③ (بحالت اسم مذکر) کسیس جو ایک طرح کی پھٹکڑی ہوتی ہے۔

**کاہیدہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ① دبلا ② لاغر ③ گھٹا ہوا۔

**کائی** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی سبز نباتات جو بند پانی کی سطح پر یا برسات کے دنوں چونے کی دیواروں پر جم جاتی ہے ② ایک طرح کی پھپھوندی ③ پانی کا جالا ④ سیاہی مائل گہرا سبز رنگ۔

**کائی سی پھٹ جانا** (ا) مثل ① یکا یک تتر بتر ہو جانا ② یکدم منتشر ہو جانا ③ بادلوں کی طرح علیحدہ علیحدہ ہو جانا ④ بھیڑ کا پھٹ جانا۔

**کایا** (ہ) اسم مونث ① پنڈا ② سریر ③ جسم ④ تن ⑤ بدن ⑥ وجود ⑦ قالب ⑧ بھیس ⑨ روپ۔

**کایا بڑی کہ مایا** (ہ) مثل ① مال جان سے اچھا نہیں ہو سکتا ② جسم و جان بہتر ہے مال سے۔

**کایا پلٹ** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ① جسم بدلنے والا ② چولا بدلنے والا ③ ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانے والا ④ بھیس بدلنے والا ⑤ بہروپیا ⑥ وہ دوا جس سے بوڑھا بھی جوان آدمی بن جائے۔

**کایا پلٹ جانا** (ہ) فعل ① دوسرے رنگ میں آجانا ② کچھ سے کچھ ہو جانا ③ رنگ روپ بدل جانا۔

**کایا کشٹ** (ہ) اسم مونث ① بدنی دکھ ② جسمانی بیماری۔

**کائی پھل** (ہ) اسم مذکر ① ایک ترش ذائقہ ② مثل فالسہ ③ اودے رنگ پہاڑی پھل کا کا نام ہے ④ ایک دوا بھی ہے جو کسی درخت کی چھال ہے۔

**کائنات** (ع) اسم مونث ① دنیا ② سنسار ③ جگت ④ عالم ⑤ جگ ⑥ جہاں ⑦ خلق اللہ ⑧ سرمایہ ⑨ پونجی۔

**کائیاں** (ا) اسم صفت ① نہایت چالاک ② ہوشیار ③ پختہ کار ④ فریبی ⑤ دغاباز ⑥ خودغرض ⑦ دھوکے باز ⑧ کنجوس ⑨ بخیل۔

**کائیاں پن** (ا) اسم مذکر ① چالاکی ② ہوشیاری ③ فریب دل ④ کنجوسی بخل۔

**کائیں کائیں** (ہ) اسم صوت ① کوے کی آواز ② شور وغل ③ بک بک ④ جھک جھک ⑤ کاگارول۔

**کائیں کائیں کرنا/ مچانا** (ہ) فعل ① شور وغل مچانا ② بک بک کرنا ③ کاگارول مچانا۔

## ک ← ب

**کب** (ہ) اسم مذکر ① ٹیڑھ ② کجی ③ خم ④ جھکاؤ ⑤ اونٹ کی کمر اور سانڈ کے کندھوں پر کا ابھرا ہوا گوشت ⑥ کوہان ⑦ مدو۔

**کب نکلنا** (ہ) فعل ① ٹیڑھا ہو جانا ② کمر کا کبڑا ہو جانا ③ پشت خم ہو جانا۔

**کب** (ہ) اسم استفہام ظرف زمانی ① کس وقت ② کس گھڑی ③ کس دم ④ کس زمانے میں ⑤ کذ ⑥ (بصورت تابع فعل) کیونکر ⑦ کس طرح ⑧ کس طور ⑨ دور کا زمانہ۔

**کب تک/ کب تلک** (ہ) تابع فعل ① کس عرصہ تک ② کس وقت تک۔

**کب تھوکتے ہیں** (ہ) محاورہ ① کبھی دھیان تک بھی نہیں کرتے ② خیال تک نہیں کرتے ③ بالکل توجہ نہیں کرتے۔

Join us on whatsapp Naveed Balc 03149077218

**کب کا** (ہ) تابع فعل ❶ کس عرصہ کا ❷ کس مدت کا ❸ (بحالت صفت) بڑی دیر کا ❹ عرصہ دراز کا ❺ بڑی دیر سے ❻ بہت مدت سے۔

**کب کب** (ہ) تابع فعل ❶ کون کون سے وقت ❷ کون کون سے دن ❸ کبھی کبھار ❹ بھولے بھٹکے ❺ گاہے بگاہے۔

**کباب** (ع) اسم مذکر ❶ کوئلوں پر یا کڑاہی میں بھنا ہوا گوشت ❷ سیخ پر بھنا ہوا قیمہ ❸ (بحالت اسم صفت) بھنا ہوا ❹ جلا ہوا ❺ بریاں سوختہ جیسے جی کباب ہی تو ہوگیا۔

**کباب بھوننا** (ا) فعل ❶ کوئلوں پر کباب بھوننا ❷ سیخ پر کباب لگانا ❸ کڑاہی میں کباب تلنا ❹ پسندے یا شامی کباب تیار کرنا۔

**کباب کرنا** (ا) فعل ❶ کباب بھوننا ❷ کباب لگانا ❸ جلانا ❹ دکھ دینا ❺ بھوننا ❻ رشک دلانا۔

**کباب لگانا** (ا) فعل ❶ کباب تیار کرنا ❷ کباب بھوننا ❸ رشک دلانا ❹ سوختہ کرنا۔

**کباب ہونا** (ا) فعل ❶ جلنا ❷ بھننا ❸ دکھ پانا ❹ حسد ہونا ❺ نہایت برا لگنا ❻ غصے سے دق ہوجانا ❼ نیلا پیلا ہونا ❽ کباب تیار ہونا۔

**کبابی/کبابیا** (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ کباب بنا کر بیچنے والا ❷ کباب فروش ❸ (بحالت اسم صفت) کباب کرنے کے قابل مرغ۔

**کبادہ** (ف) اسم مذکر ❶ کمزور اور نرم کمان ❷ مشق کرنے کی کمان ❸ دھنش۔

**کبار** (ع) اسم صفت ❶ کبیر کی جمع ❷ بڑے بڑے آدمی ❸ بزرگ لوگ۔

**کباڑ** (ہ) اسم مذکر ❶ کوڑا کرکٹ ❷ کاٹ کباڑ ❸ ٹوٹا پھوٹا اور پرانا اسباب۔

**کباڑی/کباڑیا** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ کباڑ ❷ ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا ❸ نیلام وغیرہ سے لایا ہوا سامان فروخت کرنے والا۔

**کبجا** (ہ) اسم مذکر صفت ❶ کبڑا ❷ خمیدہ کمر ❸ خم کمر ❹ (بحالت اسم مونث) راجہ کنس کی کنیز کا نام ہے۔ جسے سری کرشن جی نے سیدھا کیا تھا۔

**کبد** (ع) اسم مذکر۔ جگر۔

**کبدھی** (ہ) اسم صفت ❶ (کاف حرف نفی اور بدھی بہ معنی عقل) کم عقل ❷ بے وقوف ❸ احمق۔

**کبڈی** (ہ) اسم مونث۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔

**کبڈی کھیلتے پھرنا** (ہ) فعل ❶ آوارہ پھرنا ❷ بیکار پھرنا ❸ ہرزہ گردی کرنا۔

**کبر** (ع) اسم مذکر ❶ بڑائی ❷ بزرگی ❸ غرور ❹ تکبر ❺ اپنے آپ کو بڑا جاننا۔

**کبر** (ع) اسم مذکر ❶ پیری ❷ بڑھاپا۔

**کبرسن** (ع) اسم صفت ترکیبی ❶ بوڑھا ❷ بڈھا ❸ عمر رسیدہ ❹ پیر کہن سال۔

**کبرا** (ہ) اسم صفت ❶ چت کبرا ❷ سیاہ وسفید۔

**کبرالے** (ع) اسم صفت مونث ❶ اکبر کی تانیث ہے ❷ بہت بڑی ❸ نہایت بزرگ۔

**کبریا** (ع) اسم مذکر ❶ بڑائی ❷ بزرگی ❸ تکبر ❹ غرور ❺ فخر ❻ خدا تعالے کے ناموں میں سے ایک نام۔

**کبریت** (ع) اسم مونث ❶ گندھک ❷ کھرا سونا ❸ خالص سونا۔

**کبریت احمر** (ع) اسم مونث ❶ سرخ گندھک جو اکسیر کا جزو اعظم ہے ❷ مجازاً اکسیر ❸ کمیاب ❹ معدوم۔

**کبڑا** (ہ) اسم صفت ❶ خم کمر ❷ پیٹھ جھکا ❸ کوزپشت ❹ ٹیڑھی کمر والا۔

**کبڑاپن** (ہ) اسم مذکر ❶ ٹیڑھ ❷ ٹیڑھاپن ❸ خم۔

**کبڑن** (ہ) اسم مونث ❶ ترکاری بیچنے والی عورت ❷ کاچھن ❸ کنجڑن۔

**کبڑی** (ہ) اسم مونث ❶ خمیدہ پشت عورت ❷ ٹیڑھی کمر والی عورت۔

**کبڑیا** (ہ) اسم مذکر ❶ ترکاری بیچنے والا ❷ کاچھی ❸ کجڑا ❹ سبزی فروش۔

**کبک** (ف) اسم مذکر ❶ چکور ❷ ایک قسم کا تیتر۔

**کبوتر** (ف) اسم مذکر ❶ ایک مشہور پرندے کا نام ہے ❷ (کبود جمنی نیلا اور تر صفت سے مرکب ہے)

**کبوتر باز** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ کبوتر پالنے والا اور اڑانے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

والا (2) کبوتر لڑانے والا۔

کبوتر با کبوتر باز با باز (ف) مثل۔ ہر شے اپنی جنس کی طرف میلان رکھتی ہے۔ ہم جنس سے محبت کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

کبوتر خانہ (ف) اسم مذکر ظرف (1) ڈربا (2) کابک (3) مجازاً سرائے (4) مسافر خانہ۔

کبوتر کی طرح لوٹنا (ا) فعل (1) کبوتر کی طرح تڑپنا (2) نہایت تڑپنا۔

کبوتری (ا) اسم مونث (1) مادہ کبوتر (2) مجازاً ناچنے والی عورت (3) (بصورت صفت) خوبصورت (4) حسین۔

کبود (ف) اسم مذکر (1) نیلا رنگ (2) آسمانی رنگ۔

کبودی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی (1) نیلا (2) آسمانی (3) نیلگون۔

کبھو (ا) تابع فعل۔ کبھی کا ہے کے معنی میں (آجکل متروک ہے)

کبھی (ا) تابع فعل (1) کسی نہ کسی وقت (2) کسی گھڑی (3) شاذ و نادر (4) بھولے بھٹکے (5) اتفاقاً (6) کسی زمانے میں (7) ہرگز (8) بالکل (9) مطلق۔

کبھی تولہ کبھی ماشہ (ا) محاورہ (1) دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ (2) غیر مستقل اور متلون مزاج شخص کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا (ہ) کہاوت۔ زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا۔

کبھی کا (ہ) تابع فعل (1) بڑی مدت کا (2) بہت دیر ہوئی (3) عرصہ ہو گیا (4) مدت ہوگئی۔

کبھی کبھار / کبھی کبھی (ہ) تابع فعل (1) گاہ بگاہ (2) گاہے بگاہے (3) وقت بے وقت (4) بھولے چوکے (5) بہت کم (6) شاذ و نادر۔

کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے (ہ) محاورہ (1) ایک حال پر نہیں (2) انقلاب اور تلون کی بابت بولا کرتے ہیں۔

کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر۔ کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر (مثل) (1) کبھی ایسا کبھی ویسا (2) زمانہ کے ہیر پھیر اور انقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی نہ کبھی (ہ) تابع فعل (1) کسی نہ کسی وقت (2) بھولے بسرے (3) گاہے گاہے۔

کبھی نہیں (ہ) تابع فعل (1) ہرگز نہیں (2) بالکل نہیں (3) صاف انکار کے وقت بولتے ہیں۔

کبیدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی (1) دوہرا (2) شکستہ (3) رنجیدہ (4) غمگین (5) آزردہ۔

کبیدہ خاطر (فع) اسم مذکر (1) شکستہ دل (2) رنجیدہ دل (3) غمناک (4) آزردہ خاطر۔

کبیر (ع) اسم صفت (1) بڑا بزرگ (2) صغیر کی ضد (3) ایک موحد ہندو شاعر کا تخلص ہے جو توحید کے ہی شعر کہا کرتا تھا۔ جس نے کبیر پنتھ ایک موحدانہ مذہب ایجاد کیا۔

کبیسر (ع) اسم صفت (1) کنجوس (2) مکھی چوس (3) بخیل (4) ممسک۔

کبیسہ (ع) اسم مذکر۔ لوند کا مہینہ۔ جو ہر تیسرے قمری سال میں بڑھا لیتے ہیں۔

کبیشر (س) اسم مذکر (1) شاعروں کا بادشاہ (2) ملک الشعرا۔

## ک ← پ

کپ (ہ) اسم مذکر (1) لرزہ (2) کانپنا۔

کپ (ای) اسم مذکر۔ پیالہ۔

کپ (ہ) اسم مذکر (1) بھس کا بٹورا (2) بونگا (3) جو بھس بھر کر برج کی شکل کا بناتے ہیں۔

کپا (ہ) اسم مذکر (1) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے کا پھولا ہوا چھوٹے منہ کا برتن (2) تشبیہاً موٹا فربہ اندام پھولا ہوا (3) کپے کی طرح بھرا ہوا۔

کپا ہو جانا (ہ) فعل (1) پھول جانا (2) نہایت موٹا ہو جانا (3) سوج جانا (4) خفا ہو جانا (5) ناراض ہونا۔

کپار (ہ) اسم مذکر (1) کپال (2) سر کی کھوپڑی (3) گھوڑے کا مہرا۔

کپاس (ہ) اسم مونث (1) بن اوٹی روئی (2) بنولوں سمیت روئی (3) روئی کا درخت (4) باڑی۔

کپاسی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی (1) ہلکا زرد رنگ کا (2) کپاس کے پھول کا سا۔

کپال (س) اسم مونث (1) کھوپڑی (2) شیوجی کا لقب (3) ماتھا (4) پیشانی (5) قسمت (6) نصیب۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...7218

www.besturdubooks.net

کپال کر/کرنا (ہ) فعل (ہندو) مردے کی آدھ جلی کھوپڑی کو بانس سے پھوڑ دینا تا کہ جل جائے۔

کپال کھلنا (ہ) فعل ❶ نصیب جاگنا ❷ قسمت کھلنا ❸ سر میں زخم ہو جانا ❹ سر میں گھاؤ کھل جانا ❺ سخت چوٹ لگنا۔

کپتان (ای) اسم مذکر۔ جہاز یا فوج یا پولیس کا بڑا افسر۔

کپٹ (ہ) اسم مونث ❶ کینہ ❷ بغض ❸ دشمنی ❹ عداوت ❺ نفاق ❻ حسد ❼ چھل ❽ فریب ❾ دھوکا۔

کپٹی (س) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ دشمن ❷ حاسد ❸ کینہ ور ❹ فریبی ❺ دغا باز۔

کپٹی کی پریت مرن کی ریت (ہ) مثل۔ کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خوف و خطر ہی رہتا ہے۔

کپڑ (ہ) اسم مذکر۔ کپڑا کا مخفف ہے۔

کپڑ چھن/کپڑ چھان (ہ) اسم صفت ❶ کپڑے میں سے چھانا ہوا ❷ بہت ہی باریک ❸ میدا سا۔

کپڑ دھول (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

کپڑ کوٹ (ہ) اسم مذکر ❶ تنبو ❷ ڈیرہ ❸ خیمہ۔

کپڑ گند/کپڑ باس (ہ) اسم مونث۔ کپڑے جلنے کی بو۔

کپڑا (ہ) اسم مذکر ❶ لتا ❷ پارچہ ❸ قماش ❹ پوشاک ❺ لباس ❻ جامہ۔

کپڑا پہنیے جگ بھانا کھانا کھایئے من بھانا (ہ) مثل۔ لباس عام پسند اور کھانا دل پسند ہونا چاہیے۔

کپڑوٹی (ہ) اسم مونث ❶ گل حکمت ❷ کپڑے پر گارا لتھیڑ کر کسی دوائی یا برتن پر لپیٹنا تا کہ آگ میں جل نہ جائے ❸ کپڑ چھن۔

کپڑوٹی کرنا (ہ) فعل ❶ گل حکمت کرنا ❷ کسی چیز پر کپڑا اور گار لتھیڑنا ❸ کپڑے میں چھاننا۔

کپڑوں سے ہونا (ہ) فعل ❶ حیض سے ہونا ❷ ماہوار ایام آنا ❸ میلے سر سے ہونا۔

کپڑوں میں نہ سمانا (ا) فعل ❶ نہایت خوشی سے بہت پھول جانا ❷ موٹاپے سے بہت پھول جانا۔

کپڑے اتارنا (ہ) فعل ❶ لباس بدلنا ❷ کپڑے چھیننا ❸ ننگا کرنا ❹ لوٹ لینا ❺ ذلیل کرنا ❻ بے عزت کر دینا ❼ عیب لگانا ❽ ننگا ہونا۔

کپڑے آنا (ہ) فعل ❶ حیض آنا ❷ ایام آنا۔

کپکپی (ہ) اسم مونث ❶ لرزہ ❷ کانپنا ❸ تھرتھری ❹ رعشہ۔

کپوت (ہ) اسم مذکر ❶ اک حرف نفی اور پوت بمعنی بیٹا سے مرکب ❷ نالائق بیٹا ❸ بدچلن اور برا لڑکا۔

کپوت بیٹا مرا بھلا (ہ) مثل۔ نالائق اور نکما بیٹے کا مر جانا ہی بہتر ہے۔

کپور (ہ) اسم مذکر ❶ مشک کافور ❷ ایک سفید تیز خوشبودار چیز کا نام ہے۔

کپور کچری (ہ) اسم مونث۔ ایک خوشبودار گھاس کی جڑ۔

کپورا (ہ) اسم مذکر ❶ خصیہ ❷ آنڈ ❸ بیضہ خاص کر بکرے یا مینڈھے کا۔

کپوری (ہ) اسم مونث۔ دیکھو (کافوری) ایک قسم کا پان بھی ہوتا ہے۔

کپی (ہ) اسم مونث بیائے تانیث و تصغیر ❶ چھوٹا کپا ❷ چھوٹی سی چمڑے کی شیشی ❸ بارود رکھنے کا چھوٹا سا برتن۔

## ک ← ت

کت (ہ) تابع فعل ❶ کس طرف ❷ کہاں ❸ کدھر۔

کتا (ہ) اسم مذکر ❶ سگ ❷ کلب ❸ ایک مشہور جانور کا نام ہے ❹ ایک قسم کی گھانس کا نام بھی ہے ❺ بندوق کا گھوڑا ❻ امیروں کا دربان ❼ رشوت خور اہلکار ❽ پاجی ❾ ذلیل۔

کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے (ا) مثل۔ گھر کی صفائی نہ رکھنے والے کی نسبت طنزاً کہا کرتے ہیں۔ مدعا یہ ہے کہ جانوروں تک کو گھر کی صفائی کا خیال ہے پھر انسان کو بدرجہ ادنٰی ہونے چاہیے۔

کتا نہ دیکھے نہ بھونکے گا (ہ) مثل۔ لالچی کو نہ مال کی خبر ہو گی نہ نقصان پہنچائے گا۔

کتا راج بٹھایا اور چکی چاٹنے آیا (ہ) مثل۔ کمینہ شخص اعلٰے رتبہ پر پہنچ کر اپنی پوزیشن کا خیال نہیں رکھتا۔ بلکہ اپنی فطری عادت کی طرف رجوع کرتا ہے۔

کتا گھانس (ہ) اسم مذکر۔ ایک چمٹنے والی خاردار گھانس کا نام ہے۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03140772218

کتاب (ء) اسم مونث ❶ لکھت ❷ تحریر ❸ نامہ ❹ پستک ❺ پوتھی ❻ گرنتھ ❼ شاستر ❽ رسالہ ❾ جلد۔



کتاب

کتاب آسمانی/کتاب الٰہی (ء) اسم مونث۔ خدا کی طرف سے نازل شدہ احکام کی تحریر جو کسی پیغمبر کی معرفت اتری ہو۔ جیسے توریت۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن شریف۔

کتاب پر چڑھانا (ا) فعل ❶ رجسٹر میں درج کرنا ❷ بہی میں لکھنا۔ نوٹ کرنا۔

کتاب رو (عف) اسم صفت۔ لمبے چہرے والا۔

کتاب فروش (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ کتابیں بیچنے والا ❷ کتب فروش۔

کتاب کا کیڑا (ا) اسم مذکر ❶ کتاب کو کھا جانے والا کیڑا ❷ جھینگر ❸ کرم کتاب خور ❹ مجازاً وہ آدمی جو ہر وقت کتاب کے مطالعہ میں مصروف رہے۔

کتابت (ء) اسم مونث ❶ لکھائی ❷ کاپی نویس ❸ نقل نویسی ❹ محرری ❺ تحریر۔

کتابہ (ء) اسم مذکر ❶ کتبہ ❷ کتبوں پر لکھی ہوئی عبارت۔

کتابی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ تحریر ❷ منسوب بہ کتاب۔

کتابی چہرہ/کتاب رو چہرہ (ا) اسم مذکر۔ لمبا چہرہ۔

کتان (ف) اسم مذکر ❶ السی جس کا تیل نکلتا ہے ❷ ایک قسم کا باریک کپڑا۔

کتائی (ہ) اسم مونث ❶ معاوضہ ❷ کاتنے کی اجرت ❸ کاتنا۔

کتب (ء) اسم مذکر۔ کتاب کی جمع ہے۔

کتب خانہ (عف) اسم مذکر ظرف ❶ لائبریری ❷ کتاب گھر ❸ بک ڈپو ❹ کتابیں ملنے کی جگہ۔

کتب فروش (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ تاجر کتب ❷ کتابیں بیچنے والا۔

کتبہ (ء) اسم مذکر۔ وہ لکھی یا کھدی ہوئی عبارت جو مقبروں مسجدوں یا سرایوں کے دروازوں پر لگا دیتے ہیں۔

کتر (ہ) اسم مذکر ❶ کپڑے کی چھٹن ❷ دھجی ❸ لیر۔

کتر بیونت (ہ) اسم مونث ❶ کاٹ چھانٹ ❷ قطع برید ❸ حساب میں کمی بیشی ❹ خورد برد ❺ منہائی ❻ وضع ❼ توڑ جوڑ ❽ کاٹ پھانس ❾ سوچ فکر۔

کترا کر جانا/کترا کے جانا/کترانا (ہ) فعل ❶ راستہ سے الگ ہونا ❷ بیگانگی اختیار کرنا ❸ ساتھ سے جدا ہو کر چلنا ❹ کنارہ کرنا ❺ بچ کر نکل جانا ❻ جدائی اختیار کرنا۔

کترن (ہ) اسم مونث ❶ کتری ہوئی دھجی ❷ ریزہ ❸ ٹکڑا ❹ چھانٹ ❺ چھٹن۔

کترن (ہ) اسم مونث۔ دانتوں سے کتری ہوئی چیز۔

کترنا (ہ) فعل ❶ کاٹنا ❷ چھانٹنا ❸ بیونتنا ❹ قطع کرنا۔

کترنا (ہ) فعل ❶ دانتوں سے کاٹنا ❷ خورد برد کر لینا ❸ بیچ میں سے رکھ لینا ❹ بچا لینا۔

کترنی (ہ) اسم آلہ۔ مونث بیائے فاعلیت ❶ کترنے والی قینچی ❷ مقراض۔

کترنی سی زبان چلنا (ا) فعل ❶ قینچی سی زبان چلنا ❷ تیزی و طراری سے بولنا۔

کترواں (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی ❶ آڑا ❷ ترچھا ❸ اریب واں۔

کتروانا (ہ) فعل ❶ بیونتوانا ❷ چھنٹوانا ❸ قطع کرنا۔

کتروائی (ہ) اسم مونث۔ قطع کرانے کی اجرت۔

کتف (ء) اسم مذکر ❶ کندھا ❷ مونڈھا ❸ شانہ دوش ❹ کندھے کی ہڈی ❺ بکری گائے وغیرہ کے اگلے پاؤں کے اوپر کا حصہ۔

کتک (ہ) اسم مذکر ❶ خشک ❷ سونٹا ❸ موسلی ❹ موسل۔

کتکا (ہ) اسم مذکر ❶ بالف مکبر ❷ بھنگ گھونٹنے کا سونٹا ❸ موسل۔

کتل (ہ) اسم مونث ❶ پتھر کی چوڑی کرچی ❷ پتھر اینٹ ❸ سل وغیرہ کا ٹکڑا ❹ چٹان۔

کتنا (ہ) استفہام مقداری ❶ کس قدر ❷ کس مقدار کا ❸ کہاں تک مفید ❹ کثرت جیسے او ہو کتنا مہنگا ہے۔

کتنا ہی (ہ) تابع فعل ❶ مفید تاکید ❷ ہر چند ❸ کسی قدر ❹ کیسا ہی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کتنا (ہ) فعل ❶ کاتا جانا ❷ روئی کے تاگے بننا۔

کتنا (ہ) فعل ❶ تخمینہ ہونا ❷ اندازہ ہونا۔

کتنے پانی میں ہے (ہ) محاورہ ❶ کس قدر حوصلہ رکھتا ہے ❷ کتنی خبر اور طاقت ہے۔

کتوانا (ہ) فعل ❶ روئی کا سوت بنانا ❷ کاتنا کا متعدی ہے۔

کتوال (ہ) اسم مذکر۔ کوتوال کا مخفف ہے۔

کتھ/کتھا (ہ) اسم مذکر۔ پان میں کھانے کی سیاہ سی چیز۔

کتھا (س) اسم مونث ❶ بات ❷ بیان ❸ مقولہ ❹ کہانی ❺ قصہ ❻ تذکرہ ❼ وعظ ❽ نصیحت۔

کتھا باچنا/کتھا بکھانا (ہ) فعل ❶ شاستر سنانا ❷ درس کہنا ❸ کوئی مذہبی ذکر پڑھ کر سنانا۔

کتھک (ہ) اسم مذکر ❶ ناچنے اور گانے والا لڑکا ❷ گویوں کے ایک فرقہ کا نام بھی ہے۔

کتھنا (ہ) فعل ❶ کہنا ❷ بیان کرنا ❸ سازش کرنا ❹ ساز باز کرنا ❺ ٹھاننا ❻ برا کہنا ❼ چرچا کرنا ❽ شعر کہنا۔

کتی (ہ) اسم مونث بیائے فاعلیت ❶ سونے چاندی کے پتروں کو کاٹنے کا سناروں کا اوزار ❷ ایک خاص قسم کی تلوار ❸ اجرت پر سوت کاتنے والی عورت۔

کتی (ہ) اسم مونث ❶ کتیا ❷ مادہ سگ۔

کتے حسی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ پاجی پن ❷ پاجی گری ❸ کمینہ پن ❹ ادنٰی درجہ کی نوکری ❺ بے عزتی کی ملازمت ❻ آوارہ گردی ❼ کتے کی سی ذلت وخواری۔

کتے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا منہ ہے (ہ) مثل۔ کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت بولا کرتے ہیں کہ ان کی وجہ سے معاف کر دیا ورنہ خوب سزا دیتے۔

کتے کا بھیجا کھانا (ہ) فعل۔ برابر بولنے اور بکواس کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کتے کا کاٹا (ہ) اسم مذکر بترکیب مفعولی۔ کتے کے کاٹے ہوئے زخم والا آدمی۔

کتے کا کتا بیری (ہ) محاورہ۔ ہم جنس ہی ہمیشہ دشمنی کیا کرتے ہیں۔

کتے کی دم (ا) اسم مونث ❶ غیر متاثر آدمی ❷ کج فہم ❸ نالائق ❹ نااہل۔

کتے کی دم کو بارہ برس نلکی میں رکھا جب نکالا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی ہی نکلی/کتے کی دم موئے پر بھی ٹیڑھی (ا) مثل۔ نالائق اور کج طبع شخص تربیت سے بھی کبھی درست نہیں ہونے کا۔

کتے کی سی ہڑک اٹھنا (ہ) فعل ❶ کسی بری بات کا کبھی کبھی دفعتہً خیال آجانا ❷ شوق ابھرنا۔

کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے (ا) محاورہ۔ ❶ جب آدمی کی شامت سر پر سوار ہوتی ہے تو وہ خطرناک کام میں پڑتا ہے ❷ جب کسی کمینے کی شامت آتی ہے تو شریف سے الجھتا ہے۔

کتے کی موت مرنا (ا) فعل ❶ نہایت تکلیف اٹھا کر مرنا ❷ بڑی ذلت سے مرنا ❸ حرام موت مرنا۔

کتیا (ہ) اسم مونث ❶ کتے کی تانیث ❷ مادہ سگ ❸ حقارتاً چھنال اور بدکار فاحشہ عورت کو بھی کہتے ہیں۔

کتیا چوروں مل گئی پہرا دیوے کون (ہ) مثل ❶ جب اپنے دوست اور معتبر آدمی ہی دشمن بن گئے اور دشمنی کرنے لگیں تو بچاؤ کی صورت کہاں ❷ جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو ساتھ کون دے۔

کتیا کے چھنالے میں پکڑا جان/پھنسنا (ا) فعل ❶ دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا ❷ مفت میں بدنام ہونا۔

کتیا کا پلا (ہ) اسم مذکر ❶ کتیا کا بچہ ❷ حرام کار ❸ حرامی ❹ ادنٰی آدمی۔

کتیرا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا گوند ❷ لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار۔

## ک ← ٹ

کٹ (ہ) اسم مونث ❶ ایک دوا کا نام ہے ❷ عربی میں قسط۔

کٹ (ہ) اسم مونث ❶ کوٹ کا مخفف ❷ کٹی کا کاغذ ❸ ایک دھات کا نام ❹ مار پیٹ ❺ (بحالت اسم صوت) دانت سے کھٹکنے کی آواز۔

کٹ بدیا (ہ) اسم مونث ❶ مار پیٹ ❷ گت ❸ گوشمالی ❹ زدوکوب۔

www.besturdubooks.net

کٹ (ہ) اسم مذکر 1 ایک قسم کا سیاہ رنگ کٹنے کا حاصل مصدر اور امر 2 کاٹ کا مخفف جیسے کٹ کھنا کتا۔

کٹ جانا (ہ) فعل 1 قطع ہونا 2 الگ الگ ہو جانا 3 دو ٹکڑے ہو جانا 4 تراشا جانا 5 بارش سے زمین میں گڑھے پڑ جانا 6 شرمندہ ہو جانا 7 خجل ہو جانا 8 فصل کا درو ہو جانا 9 ہار جانا۔

کٹ رہنا (ہ) فعل 1 بچھڑ جانا 2 ساتھ چھوڑ دینا 3 راہ میں جدا ہو جانا۔

کٹ کٹ کے لڑنا (ہ) فعل 1 جان توڑ کر لڑنا 2 بڑی بہادری سے لڑنا۔

کٹ کٹ کے مرنا (ہ) فعل 1 لڑ لڑ کر مرنا 2 باہم سخت لڑنا۔

کٹ کھنا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 کاٹ کھانے والا 2 کٹے کٹے حرف جو طالب علم کا ہاتھ صاف کرنے کے واسطے تختی پر لکھ دیا کرتے ہیں 3 عادت 4 خصلت 5 سبھاؤ 6 ڈھنگ 7 لچھن 8 چالاکی 9 فریب۔

کٹلری (ای) اسم مونث 1 چاقو 2 چھری 3 کانٹا۔

کٹ مرنا (ا) فعل 1 آپس میں چھری کٹاری سے لڑ کر مر جانا 2 لڑ مرنا۔

کٹ مستا (ا) اسم صفت 1 بدمست جوان 2 توانا 3 سنڈ مسٹنڈ۔

کٹا (ہ) اسم مذکر 1 پر کٹا ہوا کبوتر 2 پر اکھاڑا ہوا کبوتر۔

کٹا (ہ) اسم مذکر 1 بھینس کا بچہ 2 موٹی جوں 3 (بحالت صفت) پکا 4 مضبوط 5 طاقتور 6 پورا دھرمی 7 متعصب 8 موٹا تازہ 9 سنڈ مسٹنڈ۔

کٹا (ہ) اسم مذکر 1 کاٹنا 2 کوٹنا 3 قتل 4 خونریزی۔

کٹا چھنی (ہ) اسم مونث 1 مار پیٹ 2 کشت و خون 3 لڑائی بھڑائی 4 سخت بیر 5 عداوت۔

کٹار (ہ) اسم مذکر 1 خنجر 2 پیش قبض 3 ایک درندہ کا نام بھی ہے۔

کٹار (ہ) اسم مذکر 1 (ک بمعنی خراب اور تار بمعنی چھوٹا گھوڑا) شریر ٹٹو 2 ونگٹی ٹٹو۔

کٹارا (ہ) اسم مذکر۔ ایک دوا کا نام ہے۔

کٹاری (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر 1 چھوٹی خنجر 2 ریشمی گلبدن یا لنگی وغیرہ پر کے خمیدہ اور ٹیڑھے نشان۔

کٹاؤ (ہ) اسم مذکر۔ کاٹنے کا حاصل مصدر 1 گلکاری 2 بیل بوٹے نکالنا 3 تراش خراش۔

کٹائی (ہ) اسم مذکر۔ کٹانا کا حاصل مصدر 1 کٹوانے کی اجرت 2 فصل کاٹنے کے دن 3 فصل کا کٹنا 4 وقت درو۔

کٹائی کرنا (ہ) فصل 1 کھیتی کاٹنا 2 فصل کاٹنا 3 تراشنا۔

کٹ پیس (ای) اسم مذکر۔ کپڑے کے تھانوں سے بچے ہوئے ٹکڑے۔

کٹتی کہنا (ہ) فصل 1 برائی کہنا 2 کسی کے برخلاف بری بات کہنا۔

کٹ جانا (ہ) فعل 1 شرمندہ ہو جانا 2 نادم ہو جانا 3 کھسیانا ہونا 4 دو ٹکڑے ہو جانا۔

کٹر (ہ) اسم صفت 1 بے رحم 2 بیدرد 3 سنگدل 4 بے وفا 5 بے مروت۔

کٹر کٹر (ہ) اسم مونث صوت۔ کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔

کٹڑا (ہ) اسم مذکر 1 زمین کا چھوٹا سا آباد ٹکڑا 2 محلہ 3 احاطہ 4 چوک 5 چھوٹا سا بازار 6 لکڑی کا تسلا 7 لکڑی کا چوڑا سا کونڈا 8 بھینس کا نر بچہ۔

کٹک (س) اسم مذکر 1 بڑا لشکر 2 بڑی بھاری فوج 3 سپاہ۔

کٹکٹانا (ہ) فعل 1 کچکچانا 2 دانت پیسنا 3 جانوروں کو جلدی جلدی چلانا۔

کٹکی (ہ) اسم مونث 1 ایک کڑوی کالی گرہ دار جڑ کا نام ہے جو دوا میں کام آتی ہے 2 دانتوں کی کاٹ کا ڈور وغیرہ پر نشان کرنا۔

کٹکی دینا/لگانا (ہ) فعل 1 حریف کے پتنگ کی ڈور کو دانتوں سے بودا کر دینا 2 ڈور میں دانتوں کا نشان ڈال دینا۔

کٹ گلاس (ای) اسم مذکر۔ ایک عمدہ قسم کا مضبوط منقش اور عمدہ شیشہ۔

کٹم (ہ) اسم مذکر 1 ٹبر 2 خاندان 3 قبیلہ 4 کل 5 گھرانہ۔

کٹنا (ہ) اسم مذکر 1 دلہ 2 بھاڑو 3 بھڑوا 4 دیوث 5 (بحالت فعل) کوٹا جانا 6 پٹنا 7 مار کھانا 8 سزا پانا۔

کٹنا (ہ) فعل 1 تراشا جانا 2 دو ٹوک ہو جانا 3 کٹ جانا 4 اڑ جانا 5 قلم ہونا 6 چھری وغیرہ کا زخم لگنا 7 چرکا لگنا 8 ناگوار چیز کا دور ہونا 9 جاتا رہنا۔

کٹناپا (ہ) اسم مذکر 1 دلہ پن 2 بھڑواپن 3 دیوثی 4 دیوث پنا۔

کٹنی (ہ) اسم مونث بیائے تانیث 1 دلالہ 2 دوتی 3 عیارہ 4

Join Us on whatsapp Naveed Baig 03149...

چالاک ⑤ عورتوں کو بھگا کر لے جانے والی۔

کٹواں (ہ) اسم صفت ① تراشا ہوا ② کٹا ہوا۔

کٹوانا (ہ) فعل ① کٹانا ② کاٹنا کا متعدی ہے ③ وضع کرانا ④ کھیتی دور کروانا ⑤ خرچ کرنا ⑥ اڑوانا ⑦ سر قلم کرانا ⑧ نام خارج کرانا ⑨ درخت چھٹوانا۔

کٹوانا (ہ) فعل ① کوٹنا کا متعدی ہے ② پٹوانا ③ کچلوانا ④ بھوگ بلاس کرانا۔

کٹوتی (ہ) اسم مونث ① متی کاٹا ② بٹا ③ کمیشن ④ ڈسکونٹ ⑤ کٹائی ⑥ منہائی۔

کٹورا (ہ) اسم مذکر ① پیالہ ② کسی دھات کا پانی پینے کا پیالہ ③ پورا کھلا ہوا پھول ④ آباد شہر ⑤ معمور بستی۔

کٹورا بجنا/کھنکنا (ہ) فعل ① شہر کا نہایت آباد ہونا ② پر رونق ہونا ③ چہل پہل ہونا۔

کٹوراسی آنکھیں (ہ) اسم مونث۔ گول اور بڑی بڑی آنکھیں۔

کٹورنا (ہ) فعل ① غصہ کی نظر سے دیکھنا ② گھورنا ③ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

کٹوری (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ① چھوٹا کٹورا ② پیالی ③ انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ④ گول آنکھ ⑤ پورا کھلا ہوا چھوٹا سا پھول ⑥ پیتل کے ورق کی گول گول گہرائی دار ٹکیاں۔

کٹھ (ہ) اسم مذکر ① کاٹھ کا مخفف ہے ② لکڑی ③ محنت ④ مشقت ⑤ ایک قسم کا سیاہ رنگ۔

کٹھ پتلی (ہ) اسم مونث ① کاٹھ کی مورت ② مجازاً نازک لڑکی ③ دبلی پتلی عورت ④ دوسرے کی عقل پر چلنے والی عورت ⑤ بے اختیار آدمی ⑥ بے بس آدمی۔

کٹھا (ہ) اسم مذکر ① پانچ سیر غلے کا پیمانہ ② ایک سخت لکڑی والے درخت کا نام بھی ہے۔

کٹھالی (ہ) اسم مونث ① سونا یا چاندی گلانے کی پیالی ② بوتہ زر۔

کٹھرا (ہ) اسم مذکر ① لکڑیوں کا احاطہ ② جنگلا ③ درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا۔

کٹھل (ہ) اسم مذکر۔ ایک لیسدار مگر شیریں خاردار رسا پھل ہوتا ہے۔

کٹھلا (ہ) اسم مذکر ① کنٹھا کا اسم تصغیر ہے ② گلے میں پہننے کے ایک زیور کا نام ہے ③ ہنسلی۔

کٹھن (ہ) اسم صفت ① مشکل ② سخت ③ دشوار ④ دکھ ⑤ سنکٹ ⑥ تکلیف۔

کٹھوتی (ہ) اسم مونث ① کاٹھ کا برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں ② کٹھڑا۔

کٹھور (ہ) اسم صفت ① بے رحم ② سنگ دل ③ سخت ④ کڑا ⑤ ظالم ⑥ بے حس۔

کٹھور (ہ) اسم صفت ① (ک بمعنی نفی۔ ٹھور بمعنی مقام) بے موقع ② بے ڈھب ③ بے جگہ۔

کٹھیا (ہ) اسم صفت ① سخت کڑا ② (بحالت اسم مونث) بھینس کا مادہ بچہ۔

کٹھیار/کٹھار (ہ) اسم مذکر ① کوٹھا سے بنا ہوا ہے ② غلہ کا گودام ③ ذخیرہ ④ غلہ ڈالنے کا بہت بڑا برتن ⑤ اناج کی کوٹھی۔

کٹی/کٹیا (ہ) اسم مونث ① درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی ② مڑھی ③ سمادھ۔

کٹی (ہ) اسم مونث ① باریک باریک کٹا ہوا چارہ ② دم کٹا کبوتر ③ پانی میں گلا ہوا کاغذ۔

کٹیا (ہ) اسم مونث ① چھوٹی ② جوان بھینس ③ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ④ دودھ دوہنے کا برتن۔

کٹیا (ہ) اسم مذکر ① ایک خاردار بوٹی کا نام ② ایک قسم کی موٹی گھانس ③ بوچڑ ④ قصائی۔

کٹے پر نمک چھڑکنا (ہ) فعل ① زخم پر زخم دینا ② دکھ میں دکھ بڑھانا ③ جلے کو جلانا ④ مرے کو مارنا۔

کٹے جانا (ہ) فعل ① نہایت نادم ہوا جانا ② شرم کے مارے گڑا جانا۔

کٹی چھٹی (ہ) اسم مونث ① بیر ② دشمنی ③ عداوت۔

کٹیلا (ہ) اسم صفت ① کانٹے دار ② نوکدار ③ رانی دار ④ خاردار ⑤ نکیلا ⑥ دلربا ⑦ من موہن ⑧ قاتل ⑨ زہریلا۔

کٹے لگنا (ا) فعل ① روپے کا بری جگہ صرف ہونا ② موت پر خرچ ہونا ③ بوریوں کا برابر یا ایک دوسری کے اوپر لگنا ④ ڈھیر لگنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کٹیل آنکھ/کٹیلی آنکھ (ہ) اسم مونث ❶ دل میں بیٹھ جانے والی آنکھ ❷ سفاک آنکھ ❸ قاتل آنکھ۔

کٹے مرنا (ہ) فعل ❶ آپس میں لڑکر جان دینے پر تیار ہونا ❷ لڑتے مرنا ❸ خون خرابے پر اتر آنا۔

## ک ← ث

کثافت (ع) اسم مونث ❶ گاڑھا پن ❷ گندگی ❸ میل ❹ غلاظت ❺ موٹا پن ❻ لطافت کی ضد۔

کثرت (ع) اسم مونث ❶ بہتات ❷ زیادتی ❸ مجازاً انبوہ ❹ بھیڑ ❺ ہجوم ❼ ورزش ❽ مشق۔

کثرت رائے (ع) اسم مونث ❶ کسی امر کی طرف لوگوں کی رائے کی زیادتی ❷ رائے کا غلبہ۔

کثیر (ع) اسم صفت ❶ نہایت ❷ زیادہ ❸ وافر ❹ افراط سے۔

کثیر الاضلاع (ع) اسم مونث۔ بہت سے ضلعوں والی شکل۔

کثیر الاولاد/کثیر العیال (ع) اسم صفت ❶ بہت سے بال بچوں والا ❷ بڑے کنبے والا شخص۔

کثیر المعنی (ع) اسم صفت۔ بہت سے معنی رکھنے والا لفظ۔

کثیف (ع) اسم صفت ❶ گندا ❷ موٹا ❸ غلیظ ❹ ناپاک ❺ لطیف کی ضد۔

## ک ← ج

کج (ف) اسم صفت ❶ ٹیڑھا ❷ آڑا ❸ ترچھا۔

کج ادا (ف) اسم صفت ❶ روکھا ❷ بدخلق ❸ بے وفا ❹ طوطا چشم۔

کج ادائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بدخلقی ❷ بے مروتی ❸ بے وفائی ❹ بیرخی ❺ مجازاً ❻ دشمنی ❼ بیر ❽ عداوت ❾ برائی۔

کج بحث (فع) اسم صفت فاعلی ❶ الٹی الٹی دلیل لانے والا ❷ ٹیڑھی بحث کرنے والا۔

کج بحثی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ لغو تکرار ❷ فضول بحث ❸ نامناسب گفتگو۔

کج خلق (فع) اسم صفت فاعلی ❶ اکھڑ ❷ بے مروت ❸ بدمزاج۔

کج رائے (فع) اسم صفت فاعلی۔ نادرست رائے والا۔

کج رفتار/کجرو (ف) اسم صفت فاعلی ❶ نالائق ❷ ٹیڑھی چال چلنے والا۔

کج سرشت/کج طبع (ف) (فع) اسم صفت ترکیبی ❶ بدخو ❷ بدخلق۔

کج فہم (ف) اسم صفت فاعلی ❶ الٹی سمجھ والا ❷ کوڑھ مغز۔

کج کلاہ (ف) اسم صفت فاعلی ❶ ٹیڑھی ٹوپی والا ❷ بانکا ❸ ترچھا۔

کج کلاہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ترچھا پن ❷ بانکپن ❸ خودنمائی۔

کج نکالنا (ہ) فعل ❶ سیدھا کرنا ❷ ٹیڑھ نکالنا ❸ بل نکالنا ❹ سزا دینا۔

کجا (ف) تابع فعل استفہام۔ انکار اور مکان کے واسطے۔

کجات (ہ) اسم صفت ❶ (ک بمعنی بد اور جات بمعنی ذات) نیچ قوم کا ❷ کمینہ ❸ نیچی ذات کا۔

کجاوہ (ف) اسم مذکر ❶ اونٹ کی کاٹھی ❷ محمل۔

کجک (ف) اسم مذکر۔ مہاوتوں کا آنکس۔

کجرا/کجلا (ہ) اسم مذکر ❶ کاجل کی تصغیر ❷ پیار و محبت کے لئے۔

کجکول (ف) اسم مذکر ❶ بھیک مانگنے کی جھولی ❷ زنبیل ❸ انتخابی اشعار یا مضامین لکھنے کی بیاض۔

کجلانا (ہ) فعل ❶ سانولا ہو جانا ❷ سیاہی پر آ جانا ❸ آگ کا بجھ جانا۔

کجلوٹی (ہ) اسم مونث۔ کاجل کی ڈبیا۔

کجلی بن (ہ) اسم مذکر ❶ ہاتھیوں کے رہنے کا جنگل ❷ وہ جنگل جہاں بہت سے ہاتھی رہتے ہوں۔

کج مج بیان/کج مج زبان (ف) اسم مذکر ❶ صاف بول نہ سکنے والا آدمی ❷ وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو۔

کجی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ٹیڑھا پن ❷ ترچھا پن ❸

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149007218

www.besturdubooks.net

کب 4 راستی کی ضد۔

## ک ← چ

**کچ** (ہ) اسم مونث 1 چھاتی 2 چوچی 3 پستان 4 تھن 5 بھٹنی 6 سرپستان۔

**کچ** (ہ) اسم صفت 1 کچا کا مخفف 2 خام۔

**کچ بچ** (ہ) اسم مذکر 1 چھوٹے چھوٹے بچے 2 کمسن لڑکے بالے۔

**کچ پیندیا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 کچی پینڈی والا 2 کمزور 3 بودا 4 بات کا کچا 5 متلون مزاج 6 غیر مستقل۔

**کچ دلا** (ہ) اسم صفت فاعلی 1 ڈرپوک 2 بودے دل والا۔

**کچ لہو** (ہ) اسم مذکر 1 پھوڑے کا کچا مواد 2 خون ملی پیپ 3 خون دار پاک۔

**کچا** (ہ) اسم صفت 1 خام 2 ناپختہ 3 پکا کی ضد 4 بن پکا 5 بودا 6 کمزور 7 نازک 8 ناتجربہ کار 9 نادرست خط۔

**کچا پکا** (ہ) اسم صفت 1 نیم پختہ 2 ادھ بھنا 3 بے ٹھکانا 4 مذبذب 5 چونے اور پکی اینٹ بغیر تعمیر۔

**کچا پکا کرنا** (ہ) فعل 1 ادھ بھنا کرنا 2 بے ٹھکانے بات کرنا 3 کچھ رضا اور ناراضگی ہونا۔

**کچا تاگا** (ہ) اسم مذکر 1 بیجان سوت 2 بن بٹا دھاگا 3 کمزور سوت 4 نازک چیز 5 موم کی ناک۔

**کچا جانا** (ہ) فعل 1 پیٹ گرنا 2 حمل اسقاط ہونا۔

**کچا دودھ پینا** (ہ) فعل 1 غلطی اور بھول سے مرکب ہونا 2 طبیعت کی خامی ہونا 3 بھول چوک طبیعت میں رچی ہونا۔

**کچا ساتھ** (ہ) اسم مذکر۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ۔

**کچا سیر** (ہ) اسم مذکر 1 سرکاری تول سے کم وزن کا سیر 2 اسی تولے سے کم کا سیر ۳۲ تولے یا کم وبیش وزن کا سیر۔

**کچا کرنا** (ہ) فعل 1 شرمندہ کرنا 2 ذلیل کرنا 3 جھوٹا ثابت کردینا 4 کچی سلائی کرنا۔

**کچائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری 1 خامی 2 ناپختگی 3 ناتجربہ کاری۔

**کچالو** (ہ) اسم مذکر 1 ایک قسم کی ترکاری 2 نمک مرچ اور کھٹائی وغیرہ ڈالی ہوئی اروی یا امرود کی قاشیں۔

**کچاہند** (ہ) اسم مونث 1 کچا رہنے کی بو 2 کچیاند۔

**کچ بچ** (ہ) اسم مونث 1 کیچڑ 2 دلدل 3 کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

**کچرا** (ہ) اسم مونث 1 کچا خربوزہ 2 کپاس کا ڈوڈا۔

**کچر پچر ہونا** (ہ) فعل 1 کیچڑ ہونا 2 دلدل ہونا 3 دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ہونا۔

**کچر کچر** (ہ) اسم مونث صوت۔ کچے پھل کے چبانے کی آواز۔

**کچر گھان** (ہ) اسم مذکر 1 بہت سے بال بچے 2 چھوٹے چھوٹے بچوں کی کثرت۔

**کچری** (ہ) اسم مونث بیائے تذکیر و تانیث۔ چھوٹا سا کچرا۔

**کچڑانا** (ہ) فعل 1 آنکھوں میں چیپڑ بہت ہونا 2 آنکھوں میں کیچڑ ہونا۔

**کچ کچ** (ہ) اسم مونث 1 بیہودہ تکرار 2 لغو بحث 3 فضول تکرار 4 بک بک 5 شوروغل۔

**کچکچانا** (ہ) فعل۔ غصے سے دانت پیسنا۔

**کچکچی / کچکچاہٹ** (ہ) اسم مونث۔ کچکچانا کا حاصل مصدر۔ دانتوں کے پیسنے کی حالت۔

**کچکڑ** (ہ) اسم مذکر۔ کچھوے یا ویل مچھلی کی ہڈی۔

**کچکول** (ا) اسم مذکر 1 فقیروں کے بھیک مانگنے کی کشتی 2 چپنی 3 بھیک کی جھولی۔

**کچل ڈالنا** (ہ) فعل 1 پیس ڈالنا 2 پامال کرڈالنا 3 روند ڈالنا۔

**کچلنا** (ہ) فعل 1 پیسنا 2 پامال کرنا 3 روندنا 4 مارنا 5 رگڑنا 6 خوب پیٹنا 7 مارنا۔

**کچلی** (ہ) اسم مونث 1 آنکھوں کے عین مقابل 2 تیز نوکدار دانت۔

**کچنال** (ہ) اسم مونث۔ ایک درخت اور اس کے پھول کا نام۔

**کچو** (ہ) اسم مذکر 1 کمند 2 کچالو کی قسم کا ایک زمینی پھل۔

**کچور** (ہ) اسم مذکر۔ ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اسکی جڑ۔

**کچوری** (ہ) اسم مونث۔ ماش کی دال بھری ہوئی پوری۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149772218

کچوری سے گال (ہ) اسم مذکر۔ پھولے ہوئے گال۔
کچومرا (ہ) اسم مذکر۔ آم کی کیریوں کے کترے کا اچار۔
کچومر نکالنا (ہ) فعل ❶ بھرکس نکالنا ❷ بہت مارنا۔
کچھ (ہ) اسم مذکر ❶ کچھوا ❷ سنگ ❸ پشت ❹ دیوار کا کونا ❺ وشن جی کا دوسرا اوتار۔
کچھ مچھ (ہ) اسم مذکر۔ حیوانات آبی جیسے مگرمچھ، گھڑیال اور کچھوا وغیرہ۔
کچھ (ہ) اسم صفت ❶ ذرا ❷ کسی قدر ❸ تھوڑا ❹ تھوڑا بہت ❺ برائے استفہام ❻ کیا ❼ کہیں ❽ کوئی ❾ برائے کثرت۔
کچھ اتنا فرق نہیں (ا) محاورہ ❶ بڑا بھاری فرق نہیں ❷ بہت زیادہ فرق نہیں۔
کچھ آنسو پچھ گئے (ہ) محاورہ ❶ ذرا تسلی ہوگئی ❷ قدرے صبر آ گیا۔
کچھ اور (ہ) محاورہ ❶ اور زیادہ ❷ اور بھی ❸ دوسری بات ❹ تازہ ❺ نئی ❻ جدید۔
کچھ ایک (ا) تابع فعل ❶ ذرا سا ❷ کسی قدر۔
کچھ بات بھی (ہ) استفہام ❶ کسی واسطے کیوں ❷ کوئی وجہ بھی۔
کچھ بات ہے (ہ) استفہام کی جگہ بولتے ہیں ❶ بالکل بے بنیاد ہے ❷ ناقابل اعتبار ہے ❸ خیال کے لائق نہیں۔
کچھ بسنت کی بھی خبر ہے (ا) محاورہ ❶ دنیا کے حالات کی بھی خبر ہے ❷ دنیا سے واقف بھی ہو۔
کچھ پرواہ نہیں (ا) محاورہ ❶ کوئی مضائقہ نہیں ❷ کیا ڈر ہے ❸ کیا خوف ہے۔
کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (ہ) مثل ❶ کسی بات کا تمہیں خیال ہوا کسی کا ہمیں۔ پس دونوں برابر ہیں ❷ بھید کی بات دل میں رکھو دوسرے کو خبر تک نہ ہونے دو۔
کچھ تو (ہ) تابع فعل ❶ تھوڑا ❷ ذرا سا تو ❸ کسی قدر ❹ تھوڑا بہت۔
کچھ تو خربوزہ میٹھا کچھ اوپر سے قند پڑا (ہ) مثل۔ دلی لالچ کے ساتھ نفع بھی ہوگیا اور طمع بڑھ گئی۔
کچھ دال میں کالا ہے / کچھ دال میں کالا کالا ہیز (ہ) محاورہ ❶ کوئی بھید ہے ❷ کوئی بات ضرور ہے ❸ کچھ نہ کچھ سبب ضرور ہے۔
کچھ دلایئے / دلوایئے (ہ) محاورہ۔ تھوڑا بہت ضرور دیجیے۔

کچھ دیا ہی آگے آ گیا (ہ) محاورہ۔ کبھی کی دی ہوئی خیرات کام آ گئی کہ خدا نے اس مصیبت سے بچالیا۔
کچھ ڈر نہیں (ہ) محاورہ ❶ کوئی فکر نہیں ❷ کچھ پرواہ نہیں ❸ ضرور انتقام لے لیں گے۔
کچھ راہ پر آئے ہیں (ہ) محاورہ ❶ کچھ درست ہوگئے ہیں ❷ نیم راضی ہوگئے ہیں۔
کچھ سے کچھ ہو جانا / ہونا / کچھ کا کچھ ہو جانا / ہونا (ہ) فعل ❶ رنگ پلٹ جانا ❷ زمانہ کی حالت کا بدل جانا ❸ اصل کے خلاف ہو جانا ❹ بات کا بڑھ جانا۔
کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا / کچھ گیہوں سیلے کچھ جندرے ڈھیلے / کچھ لوہا کھوٹا کچھ لوہار (ہ) مثل ❶ ہر صورت گھاٹا ہی گھاٹا ❷ طرفین سے ہی لڑائی ہے ❸ دونوں طرف کا بگاڑ ہے۔
کچھ کا کچھ سمجھنا (ہ) فعل۔ الٹا سمجھنا۔
کچھ کا کچھ کہنا (ہ) فعل ❶ خلاف واقعہ بیان کرنا ❷ اصل کے خلاف کہنا۔
کچھ کان میں پھونکنا (ہ) فعل ❶ کچھ بدی اور برائی کرنا ❷ کوئی جادو منتر کان میں پھونکنا۔
کچھ کچھ (ہ) تابع فعل ❶ تھوڑا تھوڑا ❷ ذرا ذرا ❸ قدرے ❹ قلیل ❺ کسی قدر ❻ تقریباً۔
کچھ کر دینا (ہ) فعل ❶ جادو کر دینا ❷ کوئی کام کر کے دکھانا۔
کچھ کھا جانا / کھا لینا (ہ) فعل ❶ زہر کھانا ❷ کوئی مہلک دوا کھا کر خودکشی کرنا۔
کچھ کہہ بیٹھنا (ہ) فعل ❶ گالی دے بیٹھنا ❷ بری اور ناگوار بات منہ سے نکال دینا۔
کچھ کھو کے سیکھنا (ہ) فعل ❶ نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا ❷ ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہونا۔
کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (ا) محاورہ۔ صلح کے لئے دونوں طرف سے نرمی ہونی چاہیے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**کچھ منہ سے سننا** (ہ) فعل۔ زبان سے گالیاں سننا۔

**کچھ نہ پوچھو/ کچھ نہ پوچھئے** (ہ) محاورہ ① ظاہر کرنے کے قابل بات ہی نہیں ② کیا بات ہے ③ کیا کہنا ہے۔

**کچھ نہ کچھ** (ہ) تابع فعل ① تھوڑا بہت ② کوئی نہ کوئی چیز ③ کسی نہ کسی قدر۔

**کچھ نہ نکلا** (ہ) محاورہ ① بالکل خراب نکلا ② نکما نکلا ③ ناکارہ ثابت ہوا۔

**کچھ نہیں** (ہ) محاورہ ① کوئی بات نہیں ② ذرا نہیں ③ بالکل نہیں ④ خراب ہے ⑤ نکما ہے۔

**کچھ نہیں رہا** (ہ) محاورہ ① قریب المرگ ہے ② کام تمام ہونے والا ہے ③ نہایت ناتواں ہوگیا۔

**کچھ نہیں کیا** (ہ) محاورہ ① برا کیا ② ناجائز کیا ③ کوئی نیکی نہیں کی ④ کوئی کام نہیں کیا۔

**کچھ ہو** (ہ) محاورہ ① کوئی پرواہ نہیں ② جو ہو سو ہو۔

**کچھ ہو جانا** (ہ) فعل ① کسی لائق بن جانا ② آسیب چمٹ جانا ③ سایہ ہو جانا۔

**کچھ ہو رہنا** (ہ) فعل ① معاملہ کا فیصلہ تھوڑا بہت ہو جانا ② قابل ہو جانا ③ لائق بن جانا۔

**کچھ ہے** (ہ) محاورہ ① کوئی بات ہے ② کوئی باعث یا سبب ہے ③ دال میں کالا ہے ④ بہت زیادہ ہے۔

**کچھ ہی کہو** (ہ) محاورہ ① کہا نہیں ماننا ② کچھ نہیں سننا ③ خواہ کتنا ہی سمجھاؤ۔

**کچھ ہیں** (ہ) محاورہ ① کسی لائق ہیں ② قابل ہیں۔

**کچھار** (ہ) اسم مذکر ① دریا کے قریب کی زمین ② ترائی ③ بیلا ④ بنی ⑤ کانس ⑥ کانے وغیرہ کا جنگل جس میں اکثر شیر رہا کرتا ہے۔

**کچہری** (ہ) اسم مونث ① دربار ② عدالت ③ انصاف کی جگہ ④ مجازاً بھیڑ ⑤ انبوہ۔

**کچہری برخاست ہونا** (ا) فعل ① عدالت بند ہونا ② تعطیل ہونا۔

**کچہری چڑھنا** (ہ) فعل ① عدالت میں جانا ② نالش کرنا ③ مدعی یا مدعا علیہ بننا۔

**کچہری کرنا** (ہ) فعل ① عدالت کا اجلاس لگانا ② انصاف کرنا ③ مقدمہ سننا۔

**کچہری کے کتے** (ا) اسم مذکر۔ عدالت کے رشوت خور اہلکار۔

**کچہری لگانا** (ہ) فعل ① اجلاس کرنا ② بہت سے لوگوں کو اکٹھا کر لینا ③ زور شور دکھانا۔

**کچھنا** (ہ) اسم مذکر ① کاچھا ② جانگیا ③ گھٹنا۔

**کچھنی** (ہ) اسم مونث۔ کچھنا کی تصغیر و تانیث۔

**کچھنیا** (ہ) اسم مونث ① کچھنی کی تصغیر ② گھگریا ③ جانگیا ④ ڈھیلا ڈھالا ⑤ گھٹنا۔

**کچھوا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک لمبی گردن والے دریائی جانور کا نام ہے۔

**کچھوٹی** (ہ) اسم مونث ① کچھ کی تصغیر ② بالتحقیر ہے ③ لنگوٹی۔

**کچھو کے مچھو** (ہ) اسم مذکر ① بدوں کے بد ② بروں کی اولاد بھی بری ہوتی ہے۔

**کچھوی** (ہ) اسم مونث۔ کچھوے کی مادہ۔

**کچی** (ہ) اسم صفت مونث۔ کچا کی تانیث۔

**کچی اسامی** (ہ) اسم مذکر ① غیر موروثی زمیندار ② غیر مستقل نوکری ③ عارضی جگہ۔

**کچی پیشی** (ا) اسم مونث۔ اپیل کی پہلی سنائی جس میں اپیل کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے پر غور کیا جائے۔

**کچی رسوئی** (ہ) اسم مونث۔ بن گھی کی روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں۔

**کچی ریندی دستر خواں کا ضرر** (ا) مثل۔ نادان کی صحبت بدنامی کا باعث ہوتی ہے۔

**کچی کلی** (ہ) اسم مونث ① منہ بند کلی مجازاً ② باکرہ ③ نابالغہ ④ کنیا۔

**کچی کلی ٹوٹنا** (ہ) فعل ① کم سنی میں مرجانا ② چھوٹی عمر میں مرجانا ③ قبل از بلوغت ازالہ بکر ہونا۔

**کچی گولیاں کھیلنا** (ہ) فعل ① ناتجربہ کار ہونا ② نادان ہونا ③ کچی مٹی کی گولیوں سے کھیلنا۔

**کچی متی** (ہ) اسم مونث ① میعاد باقی ② ابھی میعاد باقی ہو کہ اس کا سودا لگا لیا جائے۔

www.besturdubooks.net

کچے پکے دن (ہ) اسم مذکر ❶ حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا وقت جس میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے ❷ برسات کے ایام ❸ بوجہ خطرہ بیماری۔

کچے گھڑے پانی بھرنا (ہ) فعل ❶ ناممکن کام کرنا ❷ سخت مصیبت جھیلنا ❸ بڑی دقت اٹھانا۔

کچے گھڑے کی چڑھنا (ہ) فعل ❶ نشہ میں غرقاب ہونا ❷ پاگل اور دیوانہ ہونا ❸ بہکنا۔

کچیا جانا (ہ) فعل ❶ کچا ہو جانا ❷ ڈر جانا ❸ شرمندہ ہو جانا ❹ دل چھوڑ دینا۔

کچیلا (ہ) اسم صفت۔ میلا کا مترادف ہے اور اسی کے ساتھ مستعمل۔

کچین (ہ) اسم مونث ❶ کچ کی جمع ❷ چھاتیاں ❸ پستان ❹ زنان ❺ چوچیاں۔

## ک ← ح

کحال (ع) اسم مذکر ❶ آنکھوں کا حکیم ❷ آنکھوں کا علاج کرنے والا۔

کحل (ع) اسم مذکر ❶ سرمہ ❷ انجن۔

کحل الجواہر (ع) اسم مذکر۔ ان بدھ موتی اور جواہرات وغیرہ ملا کر بنایا ہوا سرمہ جو مقوی بصر ہوتا ہے۔

کحیل (ع) اسم صفت ❶ وہ آنکھ جس میں سرمہ لگا ہو ❷ سرگیں ❸ سرمئی مائل۔

## ک ← د

کد (ع) اسم مونث ❶ ضد ❷ ہٹ ❸ اصرار ❹ کوشش ❺ جدوجہد ❻ (ف) اسم مذکر ❼ خانہ ❽ گھر۔

کدوکاوش (ف) اسم مونث ❶ چھان بین ❷ تلاش ❸ جستجو ❹ سعی و کوشش۔

کدھونا (ا) فعل ❶ ضد ہونا ❷ بچے ہونا ❸ اصرار ہونا۔

کدبانو (ف) اسم مونث ❶ بیگم ❷ گھر والی ❸ دلھن ❹ بیوی ❺ سگھڑ اور باسلیقہ عورت۔

کدخدا یا کتخدا (ف) اسم مذکر ❶ صاحب خانہ ❷ گھر والا ❸ نوشہ ❹ دولھا ❺ خاوند۔

کدخدائی / کتخدائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ شادی ❷ بیاہ ❸ نکاح ❹ ازدواج۔

کدارا (ہ) اسم مونث۔ دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام۔

کدال (ہ) اسم مونث۔ زمین کھودنے کا ایک نوکدار آلہ۔

کدال سے فصد کھلواؤ (ا) محاورہ ❶ پاگل اور بیوقوف شخص کی نسبت کہا کرتے ہیں ❷ عقل کے ناخن لو ❸ ہوش کی لو۔

کدالی (ع) اسم مونث بیائے تصغیر۔ چھوٹی کدال۔

کدانا (ہ) فعل ❶ چھلانگیں لگوانا ❷ اچھلوانا۔

کدکنا (ہ) فعل ❶ کودنا ❷ پھاندنا ❸ اچھلنا ❹ چوکڑیاں بھرنا۔

کدلی (س) اسم مذکر ❶ کیلا ❷ ایک پھل کا نام۔

کدو (ہ) اسم مذکر ❶ ایک مشہور ترکاری ❷ طنزاً عضو تناسل مرد جیسے تیرے ہاتھ کدو آ گیا۔

کدودانہ (ف) اسم مذکر ❶ پیٹ کے ایک قسم کے کیڑے کا نام ❷ کرم شکم ❸ تمام جسم پر گول گول پھنسیاں نکلنے کی بیماری بھی ہوتی ہے۔

کدوکش (ف) اسم مذکر۔ کدو وغیرہ کو رگڑ کر باریک کرنے کا آلہ۔

کدورت (ع) اسم مونث ❶ گدلا پن ❷ سیاہی ❸ گاد ❹ تلچھٹ ❺ دھول ❻ گرد ❼ غبار ❽ مجاز ❾ رنجش۔

کدورت آنا (ہ) فعل ❶ دل پر میل آنا ❷ رنجش ہونا ❸ دل میں فرق پڑ جانا۔

کدہ (ف) اسم مذکر ❶ علامت ظرف مکان ❷ جگہ ❸ مقام ❹ مکان ❺ گھر ❻ خانہ ❼ گاؤں۔

کدھر (ہ) تابع فعل ❶ کس طرف ❷ کس جگہ ❸ کہاں ❹ کہاں کو۔

کدھر آیا کدھر گیا (ہ) محاورہ۔ بے خبری اور غفلت کے ظاہر کرنے کو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بولتے ہیں۔ یعنی آنے جانے کی بھی کچھ خبر نہیں۔

**کدھر جاؤں کیا کروں** (ہ) محاورہ۔ نہایت مجبوری اور بے کسی کی حالت ہے۔ کچھ بن نہیں آتی۔

**کدھر کا چاند نکلا** (ہ) محاورہ ❶ حیرانی اور تعجب کے یا اچانک کسی کے آ جانے کے وقت کہا کرتے ہیں یعنی یہ امر عظیم کس طرح واقع ہو گیا ❷ یہ بات کیسے میسر ہو گئی۔

## ک ← ڈ

**کڈھب** (ہ) اسم صفت ❶ بے ڈھب ❷ بے موقع ❸ برا ❹ زبون۔

**کڈھنگ** (ہ) اسم صفت بترکیب کاف نافیہ ❶ بے طور ❷ بے سلیقہ ❸ بے تمیز۔

**کڈھنگا** (ہ) اسم صفت مذکر بترکیب کاف نافیہ ❶ بدچلن ❷ بدمزاج ❸ اکھڑ۔

**کڈھیلڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ سوتیلا بیٹا ❷ پچھ لگ بیٹا۔

## ک ← ذ

**کذا** (ع) متعلق فعل ❶ اِسطرح ❷ اس طرح ❸ ویسا ❹ اس کی مانند۔

**کذاب** (ع) اسم مذکر صفت مبالغہ ❶ نہایت جھوٹا ❷ جھوٹوں کا پیر ❸ بہت ہی جھوٹ بولنے والا۔

**کذب** (ع) اسم مذکر ❶ جھوٹ ❷ دروغ۔

## ک ← ر

**کر** (ہ) دو فعلوں میں علامت عطف (س) اسم مذکر ❶ ہاتھ ❷ ہاتھی کی سونڈ ❸ (بحالت اسم مونث) محصول ❹ چنگی ❺ خراج ❻ ٹیکس ❼ مالگزاری ❽ جرمانہ ❾ ڈنڈ۔

**کر** (ف) اسم صفت ❶ بہرا ❷ اصم ❸ (بحالت اسم مذکر) قوت ❹ زور ❺ طاقت ❻ بل۔

**کروفر** (ف) اسم مذکر ❶ ٹھاٹھ باٹ ❷ دھوم دھام ❸ شان وشوکت ❹ زور وطاقت۔

**کرار** (ع) اسم صفت مبالغہ ❶ بار بار حملہ کرنے والا ❷ شکست دینے والا ❸ حضرت علی کرم کا لقب۔

**کرارا** (ہ) اسم صفت ❶ کڑا ❷ سخت ❸ اکڑا ہوا ❹ ہٹا کٹا ❺ زورآور ❻ قوی ❼ تگڑا ❽ خستہ ❾ بھربھرا۔

**کرارپن** (ہ) اسم مذکر ❶ سختی ❷ تگڑاپن ❸ قوت ❹ خستگی ❺ بھربھراپن۔

**کراری** (ہ) اسم صفت۔ بیائے تانیث۔ کرار کی تانیث ہے۔

**کرارے دم** (ا) اسم صفت فاعلی ❶ بے تھکے ❷ تازہ دم ❸ مضبوط ❹ تگڑا ❺ کڑا ❻ توانا۔

**کراڑ** (ہ) اسم مذکر ❶ دکاندار ❶ سوداگر ❷ پرچون والا ❸ خوردہ فروش۔

**کراڑا** (ہ) اسم مذکر۔ دریا کا کھڑا اور بلند کنارہ۔

**کرام** (ع) اسم مذکر ❶ کریم کی جمع ❷ سخی آدمی۔

**کرامات** (ع) اسم مونث ❶ کرامت کی جمع ❷ بزرگیاں ❸ نوازشیں ❹ بڑائی ❺ عظمت ❻ کرشمہ ❼ معجزہ ❽ سرمایہ۔

**کراماتی** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ معجزہ دکھانے والا ❷ پرچہ دینے والا۔

**کرامت** (ع) اسم مونث ❶ انوکھی بات ❷ بزرگی ❸ بڑائی ❹ سخاوت ❺ بخشش ❻ معجزہ ❼ پرچہ ❽ بزرگوں کی طاقت اعجاز۔

**کراماً کاتبین** (ا) اسم مذکر۔ انسان کے اعمال لکھنے والے فرشتے۔

**کراکری** (ای) اسم مونث۔ چینی کے برتن۔

**کرانا** (ہ) فعل ❶ کرنا کا متعدی ❷ کوئی کام لینا ❸ خاص کام دینا۔

**کرانہ/کیرانہ** (ہ) اسم مذکر۔ پنساری کی اشیاء کی طرح قسم قسم کے مصالح وغیرہ۔

**کرانا** (ہ) فعل ❶ چھاج سے کسی چیز کو روکنا ❷ پھٹکنا۔

**کرانچی** (ہ) اسم مونث ❶ اسباب لادنے کی دو پہیہ یا چوپہیہ گاڑی ❷ مشہور شہر کا نام۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**کراہ** (ہ) اسم مذکر بکاف نافیہ ❶ بدراہ ❷ بدراستہ ❸ ٹیڑھا راستہ۔

**کراہ** (ہ) اسم مونث ❶ درد کی آواز ❷ تکلیف کے وقت کی آواز ❸ ہائے ❹ وائے ❺ آہ۔

**کراہت/کراہیت** (ع) اسم مونث ❶ گھن ❷ نفرت ❸ ناپسندی۔

**کراہنا** (ہ) فعل ❶ ہائے ہائے کرنا ❷ درد یا تکلیف سے آہ آہ کرنا۔

**کرایہ** (ف) اسم مذکر ❶ بھاڑا ❷ مزدوری ❸ کسی چیز کی اجرت۔

**کرایہ دار** (ا) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ کرایہ کے مکان میں رہنے والا ❷ اسامی ❸ پیٹ کے اندر کا بچہ۔

**کرایہ دار اترنا** (ا) فعل ❶ کسی مکان میں کرایہ دار کا آکر رہنا ❷ حاملہ ہونا ❸ پاؤں بھاری ہونا۔

**کرایہ نامہ** (ف) اسم مذکر بقلب اضافت۔ کرایہ کا کاغذ جو کرایہ دار مالک کو لکھ کردے۔

**کرب** (ع) اسم مذکر ❶ دکھ ❷ دم بند کر دینے والا ❸ غم ❹ بے چینی ❺ مجازاً سختی ❻ نہایت تکلیف۔

**کربلا** (ع) اسم مونث و کرب اور بلا سے مرکب ❶ رنج و آفت کی جگہ ❷ دکھ درد کا مقام ❸ امام حسین کی شہادت کی جگہ ❹ تعزیہ دفن کرنے کی جگہ ❺ شہیدوں کا مدفن ❻ شہید گنج۔

**کربلا ہونا** (ا) فعل ❶ کمی ہونا ❷ پانی کی قلت ہونے کی جگہ ہونا ❸ سخت تکلیف کا مقام ہونا۔

**کر بیٹھنا** (ہ) ❶ کسی بات کو کر گزرنا ❷ خاوند یا جورو بنالینا۔

**کرپا** (ہ) اسم مونث ❶ مہربانی ❷ عنایت ❸ کرم ❹ نوازش ❺ دیا۔

**کرتا/کرتا دھرتا** (ہ) اسم مذکر ❶ کرنے والا ❷ فاعل ❸ خالق ❹ منصف ❺ پتی ❻ مالک ❼ خاوند ❽ شوہر ❾ مشاق۔

**کرتا استاد ہے/کرتا استاد نہ کرتا شاگرد** (ا) مثل ❶ مشاق آدمی اپنے کام میں ماہر اور استاد ہو جاتا ہے اور نہ کرنے والا بے تجربہ رہتا ہے ❷ بار بار ایک کام کرنے سے آدمی استاد ہو جاتا ہے۔

**کرتار** (ہ) اسم مذکر ❶ پیدا کرنے والا ❷ خالق ❸ دنیا کو بنانے والا۔

**کرتب** (ہ) اسم مذکر ❶ کام ❷ فعل ❸ عمل ❹ ہنر ❺ کمال ❻ چالاکی ❼ ہوشیاری ❽ چلتر ❾ شعبدہ بازی۔

**کرتب کی بدیا ہے/کرنے کی بدیا ہے** (ہ) مثل۔ ہر کام مشق اور مہارت سے درست ہوتا ہے۔

**کرتبی/کرتبیا** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ ماہر ❷ مشاق ❸ ہنرمند ❹ عامل ❺ شعبدہ باز ❻ مداری۔

**کرتوت** (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ دھندا ❷ کام کاج ❸ فریب ❹ چالاکی ❺ کرتب ❻ جل ❼ کوتک ❽ برے لچھن ❾ برا کام۔

**کرتہ** (ف) اسم مذکر ❶ قمیض ❷ پیراہن ❸ بدن ڈھانکنے کا سیا ہوا کپڑا۔

**کرتی** (ا) اسم مونث بیائے تانیث و تصغیر ❶ بن آستینوں کا اونچا کرتہ ❷ فوجی وردی ❸ جاکٹ۔

**کر جائے داڑھی والا پکڑا جائے موچھوں والا** (ا) مثل ❶ کرے کوئی اور بھرے کوئی ❷ قصور کسی کا ہو سزا کسی کو ملے۔

**کرچ** (ہ) اسم مونث ❶ ریزہ ❷ ٹکڑا ❸ ذرہ۔

**کرچ** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی سیدھی اور لمبی تلوار۔

**کرچھا** (ہ) اسم مذکر ❶ گھی داغ کرنے کا ایک لمبی ڈنڈی والا پیالہ سا ❷ فریپان۔

**کرچھی** (ہ) اسم مونث۔ کرچھا کی تانیث۔

**کرفت** (ف) اسم صفت ❶ سخت ❷ کڑا ❸ (لغت میں بے حس شے)

**کرختگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کڑاپن ❷ سختی۔

**کردا** (ہ) اسم مذکر ❶ بٹا ❷ کٹوتی ❸ غلہ کے کوڑے مٹی وغیرہ کا حق جو وزن میں سے کم کر دیا کرتے ہیں ❹ میل کچیل کا حق جو برتن وغیرہ میں کاٹ دیتے ہیں۔

**کردار** (ف) اسم مذکر و مونث ❶ فعل ❷ کام ❸ شغل ❹ دھندا ❺ روش ❻ طور ❼ طریقہ ❽ برا ❾ بھلا کام۔

**کردکھانا/دکھلانا** (ہ) فعل ❶ کسی کام کو کر ڈالنا ❷ کسی کام کو انجام پر پہنچا دینا ❸ کوئی کام کر کے دکھلا دینا۔

**کردگار** (ف) اسم مذکر۔ بترکیب فاعلی ❶ بنانے والا ❷ خالق ❸ کرتار۔

**کردنی** (ف) اسم مونث بیائے فاعلیت ❶ کرن جوگا ❷ کرنے کے قابل ❸ کرنی ❹ اعمال۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

کردنی خویش آمدنی پیش (ف) مثل ① جیسا کیا ویسا پایا ② جیسا کروگے ویسا بھروگے۔

کردہ (ف) اسم مفعول۔ از کردن ① کیا ہوا ② عمل میں لایا ہوا۔

کرڑ (ہ) اسم مونث ① ایک سفید رنگ تیل دار بیج کا نام ہے۔ جس کے پھولوں سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے ② کسنبے کا بیج۔

کرڑ کرڑ (ہ) اسم مونث صوت۔ کسی چیز کے چٹخنے کی آواز۔

کرستان (ا) اسم مذکر ① عیسائی ② کرسچن ③ نصرانی۔

کرسٹل (ای) اسم مذکر ① بلور ② بلورنما ③ شفاف۔

کرسمس ٹری (ای) اسم مذکر ① سرو کی شاخ جسے عیسائی درخت کے طور پر کرسمس کے موقع پر کمروں میں سجاتے ہیں اور تحفے وغیرہ لٹکاتے ہیں ② شجرِ عید۔

کرسمس ڈے (ای) اسم مذکر ① عیسائیوں کا بڑا دن ② حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن۔

کرسمس کارڈ (ای) اسم مذکر ① وہ کارڈ یا تہنیت نامہ جو عیسائی لوگ کرسمس کے موقع پر ایک دوسرے کو بھیجتے ہیں ② بڑے دن کا کارڈ۔

کرسی (ہ) اسم مونث۔ اپلے کا چھوٹا سا ٹکڑا۔

کرسی (ع) اسم مونث ① چوکی ② سند ③ گدی ④ عمارت کی تہ کی اونچائی ⑤ درجہ زینہ ⑥ شریعت میں آٹھویں آسمان پر تخت الٰہی کی جگہ۔



کرسی

کرسی دینا (ا) فعل ① مکان کی دہلیز اونچی رکھنا ② کسی کی تعظیم کرنا ③ آؤ بھگت کرنا۔

کرسی نامہ (عف) اسم مذکر ① نسب نامہ ② سلسلہ خاندان۔

کرسی نشین ہونا (ا) فعل ① عزت پانا ② سرکاری دربار میں کرسی پانا ③ ٹھیک ہونا ④ درست ہونا۔

کرسیوا کھا میوہ (ہ) مثل ① خدمت کر اور عزت پا ② خدمت میں ہی عزت وراحت ہے۔

کرشمہ (ف) اسم مذکر ① لغت میں آنکھ کی جھپکی اور اشارہ ② مجازاً ناز و نخرہ ③ غمزہ ④ انوکھی اور حیرت انگیز بات ⑤ علامت ⑥ نشان ⑦ کرامات ⑧ اعجاز۔

کرشمہ دکھانا (ا) فعل ① پرچہ دینا ② کوئی نرالی اور انوکھی بات ظاہر کرنا۔

کرشن (ہ) اسم مذکر ① وشنو کے آٹھویں اوتار کنہیا جی کا لقب ہے ② مجازاً سیاہ ③ کالا ④ اندھیرا ⑤ اجالا کی ضد۔

کرفیو (ای) اسم مذکر۔ گھروں میں بند رہنے کا حکم۔ جس میں وقت مقررہ سے پہلے کسی شخص کو اپنے گھر سے باہر آنے کی اجازت نہیں ہوتی۔

کرک (ہ) اسم مذکر ① درد ② پیڑ ③ ٹیس ④ کسک۔

کرک (س) اسم مذکر ① کیکڑا ② سرطان ③ برج سرطان ④ چوتھی راس۔

کرکٹ (ہ) اسم مذکر ① کوڑے کا مرادف ② گھانس پھونس۔

کرکٹ (ای) اسم مذکر ① گیند بلے کا کھیل ② گودے چوگان۔

کرکچ (ہ) اسم مذکر۔ سمندری نمک۔

کرکرا (ہ) اسم صفت فاعلی ① ریت ملی ہوئی چیز ② ریتلا ③ ریگ آمیز۔

کرکرا کرنا (ہ) فعل ① کسی چیز میں ریت ملانا ② بدمزہ کرنا ③ بگاڑنا۔

کُرکُرا (ہ) اسم صفت فاعلی ① گھی میں تلا ہوا ② بھربھرا ③ خستہ۔

کرکراہٹ (ہ) اسم مونث ① ریتلی چیز کے دانت تلے بولنے کی آواز ② ریتلا پن۔

کُرکُری (ہ) اسم مونث ① مروڑ ② پیچش ③ گھوڑے کی بدہضمی ④ چبانے کے قابل نرم ہڈی ⑤ (بحالت صفت) بھربھری ⑥ نرم ⑦ خستہ ⑧ کراری۔

کرکری اٹھنا (ہ) فعل ① گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا ② پیٹ میں درد ہونا۔

کرکری (ہ) اسم صفت ① کرکرا کی تانیث ② مٹی آمیز چیز ③ بیٹی ④ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

کرکری ہونا (ہ) فعل ① خواری ہونا ② بدنامی ہونا ③ بگڑنا۔

کرکری خانہ (ا) اسم مذکر۔ امیروں کا ٹوٹا پھوٹا اسباب رکھنے کی جگہ۔

کرکل (ہ) اسم مونث ① کرکراپن ② کرکراہٹ۔

کرگدن (ف) اسم مذکر۔ گینڈا۔ جس کی کھال سے ڈھالیں بنتی ہیں۔

کرگس (ف) اسم مذکر۔ گدھ۔

Join us on whatsapp Naveed

www.besturdubooks.net

**کرگزرنا** (ا) فعل ❶ کرڈالنا ❷ کرلینا ❸ اپنی ہٹ پوری کرلینا۔

**کرگہ** (ف) اسم مذکر ❶ کارگہ مخفف ہے ❷ (کھڈی پنجابی) جولاہوں کا کپڑا۔

**کرم** (ع) اسم مذکر ❶ ہمت ❷ جوانمردی ❸ بزرگی ❹ مروت ❺ سخاوت ❻ بخشش ❼ مہربانی ❽ عنایت ❾ دیا۔

**کرم** (ف) اسم مذکر ❶ کیڑا ❷ مکوڑا۔

**کرم پیلہ** (ف) اسم مذکر۔ ریشم کا کیڑا۔

**کرم خوردہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ گھن لگا ❷ گھن کا کھایا ہوا ❸ پرانا ❹ بوسیدہ۔

**کرم** (س) اسم مذکر ❶ کام کاج ❷ دھندا ❸ اچھا کام ❹ ثواب کا کام ❺ بھاگ ❻ تقدیر ❼ قسمت ❽ نصیبا ❾ حرفہ۔

**کرم بھوگ** (ہ) اسم مذکر ❶ پہلے جنم میں کیے ہوئے کاموں کا ثمرہ ❷ نیکی بدی کا نتیجہ۔

**کرم پھوٹنا** (ہ) فعل ❶ نصیبوں کا یاور نہ ہونا ❷ بدنصیب ہونا ❸ بدبختی کا سامنا ہونا۔

**کرم ریکھ/کرم ریکھا** (ہ) اسم مونث ❶ تقدیر کا لکھا ❷ نوشتہ تقدیر۔

**کرم کا بلیا/کرم کا دھنی** (ہ) اسم صفت ❶ قسمت کا زورآور ❷ زبردست نصیبے والا ❸ طنزاً بدقسمت ❹ کرم ہین۔

**کرمک شب تاب** (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ رات کو چمکنے والا کیڑا ❷ پٹ بیجنا ❸ جگنو۔

**کرم کلا** (ا) اسم مذکر۔ ایک طرح کی گوبھی جس میں پھول نہیں آتا۔

**کرمل** (ہ) اسم مذکر ❶ کانوں کے پیچھے کا ورم ❷ کن پھیڑ۔

**کرموں کو رونا/کرموں کا رونا** (ہ) فعل ❶ نصیبوں کو رونا ❷ افسوس کرنا ❸ پچھتانا ❹ قسمت کا ماتم کرنا۔

**کرمی** (ہ) اسم مذکر۔ پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک قسم کا نام۔

**کرن** (ہ) اسم مونث ❶ شعاع آفتاب ❷ چاند کی روشنی کا تار ❸ گوٹے کے تار۔

**کرن** (ہ) اسم مذکر ❶ کان ❷ گوش ❸ کشتی کی پتوار ❹ تکون کا قاعدہ۔

**کرن پھول** (ہ) اسم مذکر ❶ کان کا آویزہ ❷ گوشوارہ ❸ کان کا ایک زیور۔

**کرن کا پہرا** (ہ) اسم مذکر ❶ صبح کا وقت ❷ نور کا تڑکا۔

**کرنا** (ہ) فعل ❶ بنانا ❷ مارنا ❸ جلانا ❹ جیسے وار کرنا جادو ڈالنا ❺ بیوی بنانا ❻ بیوہ عورت کا مرد کے گھر میں بیٹھ جانا یعنی کریوہ ❼ کاروبار کھولنا ❽ سر کے بال سنوارنا ❾ رکھنا۔

**کرنا** (ہ) فعل ❶ شرمانا ❷ شرمندہ ہونا ❸ لجانا ❹ دھار وغیرہ کا گرجانا۔

**کرنٹ** (ای) اسم مذکر ❶ بجلی کی رو ❷ بجلی کی لہر ❸ رواں ❹ جاری۔

**کرنجا** (ہ) اسم صفت ❶ کرنجوے کے رنگ کی آنکھوں والا ❷ گربہ چشم ❸ کیرا ❹ کیری آنکھوں والا۔

**کرنسی** (ای) اسم مونث ❶ کسی ملک کا روپیہ ❷ سکہ رائج الوقت۔

**کرنسی آفس** (ای) اسم مذکر ظرف۔ نوٹوں کا روپیہ بدلنے کا دفتر۔

**کرنسی نوٹ** (ای) اسم مذکر۔ زر کاغذی۔

**کرنیل/کرنل** (ای) اسم مذکر ❶ فوج کا اعلےٰ افسر ❷ سرلشکر۔

**کرنی نہ کرتوت پھوہڑ لڑنے کو مضبوط/کرنی نہ کرتوت لانڈی لڑنے کو مضبوط** (ا) مثل۔ مفت کے شیخی خورے اور بدمزاج کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کام کاج تو کرتا نہیں تحکم کو شیر ہے۔

**کروانا** (ہ) فعل ❶ کرنا کا متعدی ❷ کام بنوانا ❸ کام لینا ❹ خاص کام کرانا۔

**کروبی** (ع) اسم مذکر۔ اعلےٰ رتبہ کا فرشتہ۔

**کروبیاں** (ف) اسم مذکر۔ (کروبی کی جمع۔ بقاعدہ فارسی) اعلےٰ فرشتے۔

**کروت** (ہ) اسم مذکر۔ بڑا آرا۔

**کروٹ** (ہ) اسم مونث ❶ پہلو ❷ رخ ❸ جانب ❹ طرف ❺ طور ❻ ڈھنگ ❼ طریق۔

**کروٹ بدلنا** (ہ) فعل ❶ پہلو بدلنا ❷ رخ بدلنا ❸ انقلاب ہونا ❹ زمانے کا پھر جانا۔

**کروٹ لینا** (ہ) فعل ❶ پہلو بدلنا ❷ پیٹھ موڑنا ❸ منہ پھیرنا ❹ انقلاب

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140

www.besturdubooks.net

اختیار کرنا ⑤ پلٹی کھانا۔

**کروٹوں میں رات کاٹنا** (ہ) فعل ① بے چینی سے رات گزارنا ② بے قرار رہنا۔

**کروٹیں بدلنا** (ہ) فعل ① بستر پر بے قرار رہنا ② تڑپنا ③ آرام سے نہ سونا ④ تڑپ کر رات کاٹنا۔

**کرودھ** (س) ① غصہ ② خفگی ③ طیش ④ غضب۔

**کرودھی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلی ① غضبناک ② غضبی ③ غصیل۔

**کروڑ** (ہ) اسم عدد۔ سو لاکھ کی گنتی۔ (۱۰۰۰۰۰۰۰)

**کروڑ پتی** (ہ) اسم صفت فاعلی ① کروڑ روپے کی عزت اور ساکھ والا ② کروڑ کا مالک ③ بڑا بھاری مالدار۔

**کروڑ کی ایک بات** (ہ) محاورہ ① کروڑ باتوں کا نچوڑ ② تجربہ کی بات ③ نہایت پختہ بات۔

**کروڑوں** (ہ) اسم مذکر ① کروڑ کی جمع ② لاتعداد۔

**کرورز** (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا بحری جہاز جس کا کام دشمن کے جہازوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھنا ہوتا ہے۔

**کروندا** (ہ) اسم مذکر ① ایک سرخ وسفید رنگ کے پھل کا نام ہے ② کان کے پاس کا غدود ③ کان کی گلٹی۔

**کروہ** (ف) اسم مذکر ① کوس ② تین یا چار ہزار گز کی مسافت۔

**کروی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① کرہ کی شکل کی ② گول ③ مدور۔

**کرہ** (ع) اسم مذکر ① گولا ② گیند ③ ہر گول شے۔

**کرہ ارض / زمین** (ع) اسم مذکر ① زمین کا گولہ ② تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے۔



کرہ ارض یا زمین

**کری** (ع) اسم صفت مونث ① خستہ ② بھربھری ③ کرکری۔

**کرے ایک پکڑے جائیں سب** (ہ) محاورہ۔ ایک فرد کی برائی سے تمام قوم پر الزام لگ جایا کرتا ہے۔

**کریا کرم / کریا** (ہ) پہلا اسم مذکر دوسرا مونث ① کام دھندا ② تجہیز و تکفین ③ مذہبی فرض ④ گور گڑھا ⑤ مردے کی خاص رسوم ⑥ مروجہ ہندو صاحبان۔

**کریال** (ا) اسم مونث ① پرندوں کا اپنے پروں اور بازوؤں کو کھجلانا ② امن ③ آرام ④ بے فکری۔

**کریال میں آنا** (ا) فعل ① خوشی میں آنا ② پرندوں کا خوشی سے پروں کو سہلانا ③ جھڑجھڑانا ④ صاف کرنا ⑤ مزے میں آنا ⑥ خوش ہونا۔

**کریب** (ای) اسم مونث۔ ایک انگریزی ریشمی کپڑے کا نام ہے۔

**کریت** (ہ) اسم مونث ① (کاف بمعنی بد اور ریت بمعنی رسم) رسم بد ② بڑا دستور ③ بدچلنی۔

**کریٹ** (ای) اسم مذکر۔ لکڑی کا معمولی بکس جس میں پھل وغیرہ بند کیے جاتے ہیں۔

**کرید** (ہ) اسم مونث ① کریدنا کا حاصل مصدر ② چھان بین ③ تلاش ④ کاوش ⑤ کوشش ⑥ ڈھونڈیا۔

**کریدنا** (ہ) فعل ① کھودنا ② جڑ خالی کرنا ③ کسی نوکدار شے سے کھودنا ④ تلاش کرنا ⑤ کھود کر باہر نکالنا ⑥ کھرچنا ⑦ خلال کرنا۔

**کریدنی** (ہ) اسم مونث آلہ ① چولھے یا تنور وغیرہ کی آگ کو الٹ پلٹ کرنے کا آلہ ② کھرچنے کا آلہ ③ کھٹکا ④ خلش۔

**کریڈٹ** (ای) اسم مذکر ① نیک نامی ② شہرت ③ ساکھ ④ اعتبار ⑤ قرض ⑥ اُدھار ⑦ سہرا۔

**کریڑا** (ہ) اسم مونث ① ہنسی ② ٹھٹھول ③ مزاح ④ مذاق ⑤ تمسخر ⑥ ظرافت۔

**کریز** (ہ) اسم مونث ① پرندوں کے پرانے پر گرا کر نئے پر نکالنا ② پر جھاڑنے کی حالت۔

**کریز چھوڑنا** (ہ) فعل۔ پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا۔

**کریل** (ہ) اسم مذکر ① ایک خاردار جھاڑی کا نام ② کریر جس کے ٹینٹ اچار کے کام آتے ہیں۔

**کریلا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک نہایت کڑوی ترکاری ہے جو پک کر مزیدار ہو جاتی ہے۔

**کریلا اور نیم چڑھا** (ہ) مثل۔ ایک تو مزاج میں تیزی تھی ہی۔ دوسری بات نے اور بڑھا دی۔

**کریل ڈالنا / کریلنا** (ہ) فعل ① کریدنا ② کھولنا ③ نکالنا۔

**کریم** (ای) اسم مونث ① بالائی ② ملائی ③ وہ خوشبودار روغنی مادہ جسے

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

چہرے پر ملا جاتا ہے۔

**کریم** (ع) اسم صفت ① بخشنے والا ② گناہ معاف کر دینے والا ③ سخی ④ داتا ⑤ فیاض ⑥ رحیم ⑦ خدا تعالے کا ایک وصفی نام۔

**کریمی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① سخاوت ② بخشش ③ فیاضی ④ عنایت ⑤ مہربانی۔

**کرین** (ای) اسم مونث۔ وزن اُٹھانے کی مشین۔

**کریہہ** (ع) اسم صفت بمعنی مفعول ① مکروہ ② گھناؤنا ③ قابل نفرت ④ بدشکل ⑤ بھونڈا۔

**کریہہ الصوت** (ع) اسم صفت ① بدآواز ② بری آواز والا ③ بھونڈی اور ناگوار آواز والا۔

**کریہہ المنظر** (ع) اسم صفت ① بدشکل ② بدصورت ③ گھناؤنا ④ بدنما۔

## ک ← ڑ

**کڑ** (ع) اسم مونث ① کسوم کے بیج ② گاڑی چھکڑے وغیرہ کا ایک پہلو پر الٹ جانا۔

**کڑ کھانا** (ہ) فعل ① گاڑی کا ایک پہلو پر الٹ جانا ② الٹ پلٹ ہو جانا۔

**کڑ** (ہ) اسم مذکر ① کیڑے کا مخفف ہے ② کرم مرکبات ہیں۔

**کڑکھایا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① کیڑوں کا کھایا ہوا ② گھن لگا ③ گھن کھایا۔

**کڑا** (ہ) اسم صفت ① سخت ② شدید ③ تند مزاج ④ روکھا ⑤ بے رحم ⑥ کٹھور ⑦ طاقتور ⑧ زورآنا ⑨ کرارا۔

**کڑاپن** (ہ) اسم مذکر مصدری ① سختی ② تند مزاجی ③ بے رحمی ④ زور آوری ⑤ تندی ⑥ تیزی ⑦ بہادری۔

**کڑا سما** (ہ) اسم مذکر ① قحط کا زمانہ ② کال کے دن ③ گرانی کا وقت ④ افلاس کا زمانہ ⑤ برے دن۔

**کڑا کرنا/کڑ لینا** (ہ) فعل ① جسم اکڑانا ② سخت کرنا ③ مضبوط کرنا ④ چست کرنا ⑤ کسنا ⑥ جکڑنا ⑦ سختی جھیلنا ⑧ دلیر کرنا ⑨ ہمت دینا۔

**کڑالگانا** (ہ) فعل ① لداؤ کا مکان بنوانا ② لداؤ کی چھت ڈالنا۔

**کڑاڑا** (ہ) اسم مونث ① ساحل بلند دریا ② دریا کا اونچا اور سیدھا کھڑا ہوا کنارہ۔

**کڑاکا** (ہ) اسم مذکر صوت ① کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ② فاقہ ③ (بحالت صفت) سخت ④ نہایت شدت کا۔

**کڑاکا گزرنا** (ہ) فعل ① فاقہ ہونا ② بھوکا رہنا۔

**کڑاکڑ** (ہ) اسم مذکر۔ کسی سخت چیز کے لگاتار ٹوٹنے یا بجنے کی آواز۔

**کڑاکے کا جاڑا** (ہ) اسم مذکر ① شدت کا جاڑا ② سخت سردی۔

**کڑاکے کا فاقہ** (ا) اسم مذکر ① سخت بھوک ② شدت کا فاقہ۔

**کڑاہ** (ہ) اسم مذکر ① بڑی کڑھائی ② لوہے کا بڑا کڑاہا ③ پنجابی ترحلوا۔

**کڑاہی** (ہ) اسم مونث بیائے تذکیر و تانیث ① کڑھائی ② لوہے کا برتن جس میں پکوان پکانے یا دودھ گرم کرتے ہیں ③ پکوان ④ تلی ہوئی چیز ⑤ شیرینی (پنجاب۔ ترحلوا۔ میٹھا حلوا)

**کڑاہی چڑھنا** (ہ) فعل ① کسی چیز کے تلنے کے لئے کڑاہی کا چولھے پر رکھا جانا ② پکوان پکنا ③ (ہندو) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا۔

**کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا** (ہ) فعل ① اپنی سچائی ثابت کرنے کو جلتے تیل میں ہاتھ ڈال دینا ② بے گناہی کا امتحان اور ثبوت دینا۔

**کڑبڑ** (ہ) اسم صفت فاعلی ① ادھیڑ ② کڑبڑی ڈاڑھی والا۔

**کڑبڑی داڑھی** (ہ) اسم مونث ① دورنگی داڑھی ② سفید اور سیاہ داڑھی۔

**کڑبی** (ہ) اسم مونث۔ جوار باجرے یا مکئی کی چری کڑوی۔

**کڑک** (ہ) اسم مونث ① بجلی کی آواز ② ہیبت اور سخت آواز ③ گھوڑے کی سرپٹ چال ④ بجلی ⑤ برق ⑥ کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔

**کڑک بانکا** (ہ) اسم مذکر ① بانکا ترچھا جوان جس کی آواز سے ڈر جائیں ② چھیل چھبیلا۔

**کڑک** (ا) اسم مونث ① انڈے دینے سے رکی ہوئی مرغی ② مست مرغی ③ صاف کورا ④ خالی۔

**کڑکا** (ہ) اسم مذکر ① بجلی کا شور ② میدان جنگ میں دل بڑھانے والے گیت ③ رجز ④ نقیبوں کی آواز ⑤ بہادری کے گیت ⑥ ساکھا ⑦ رزم نامہ۔

**کڑکڑاتا جاڑا** (ہ) اسم مذکر ① بڑے زور کی سردی ② شدت کا جاڑا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig

www.besturdubooks.net

کڑکڑانا (ہ) فعل ❶ گھی کے داغ ہونے کی آواز نکالنا ❷ بگھارنا ❸ داغ کرنا۔

کڑکڑانا (ہ) فعل ❶ مرغیوں کا بولنا ❷ بڑبڑانا ❸ برا بھلا کہنا ❹ حسد کرنا ❺ دشمنی سے جلنا۔

کڑکنا (ہ) فعل ❶ تڑخنا ❷ چٹکنا ❸ چرمر ہونا ❹ موتی کا ٹوٹ جانا ❺ موتی میں بال آجانا۔

کڑوا (ہ) اسم صفت ❶ تلخ ❷ افیون یا نیم کے مزے کا ❸ تیز ❹ چرپرا۔

کڑوا تیل (ہ) اسم مذکر ❶ سرسوں یا تارامیرا کا تیل ❷ روغن تلخ۔

کڑوا دل کرنا (ہ) فعل ❶ دل کو سخت کر لینا ❷ سختی جھیلنا ❸ سختی برداشت کرنا۔

کڑوا زہر (ہ) اسم مذکر صفت ❶ مہلک زہر ❷ نہایت تلخ ❸ کڑوا نیم سا۔

کڑوا کریلا (ہ) اسم مذکر ❶ نہایت بدمزاج ❷ تیز مزاج۔

کڑوا کسیلا (ہ) اسم صفت ❶ تلخ ❷ ناقابل برداشت ❸ ناگوار۔

کڑوا ہونا / کڑوانا (ہ) فعل ❶ تلخ ہونا ❷ بدمزہ ہونا ❸ بصورت متعدی خفا کرنا ❹ بدمزاجی رہنا۔

کڑواپن (ہ) اسم مذکر مصدری ❶ تلخی ❷ تندی ❸ بدمزاجی۔

کڑواہٹ / کڑواٹ (ہ) اسم مونث ❶ تیزی ❷ تندی ❸ تلخی۔

کڑوی (ہ) اسم مونث ❶ مکئی یا باجرے کی چری ❷ کڑب ❸ کڑبی۔

کڑوی (ہ) اسم صفت مونث ❶ کڑوا کی تانیث ❷ تلخ ❸ تیز ❹ تند ❺ بدمزہ۔

کڑوی بات (ہ) اسم مونث ❶ بری بات ❷ ناگوار بات۔

کڑوی روٹی / کھچڑی (ہ) اسم مونث ❶ بھتی ❷ نان مرگ ❸ کسی کے مرجانے پر رشتہ داروں کی طرف سے آیا ہوا کھانا۔

کڑوی نگاہ (ا) اسم مونث ❶ غضبناک نظر ❷ خفگی کی نظر۔

کڑوے کسیلے دن (ہ) اسم مذکر ❶ سختی کے دن ❷ تنگی کا زمانہ ❸ بیماری کا موسم ❹ موسمی بیماریوں کے دن ❺ حمل کا آٹھواں مہینا۔

کڑوے گھونٹ (ہ) اسم مذکر ❶ ناگوار اور سخت بات ❷ دشوار اور مشکل کام۔

کڑھانا (ہ) فعل ❶ رنجیدہ وملول کرنا ❷ دکھ دینا ❸ کلپانا ❹ دانستہ ناراض کرنا ❺ افسوس دلانا۔

کڑھا ہوا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ کشیدہ ❷ رزدوزی وغیرہ کا کام ❸ جوش دیا ہوا دودھ ❹ کھینچا ہوا ❺ مقطر کیا ہوا۔

کڑھنا (ہ) فعل ❶ رنجیدہ ہونا ❷ ملول ہونا ❸ رحم آنا ❹ ترس آنا ❺ دل دکھنا ❻ افسوس کرنا ❼ سوچ کرنا ❽ غم کھانا ❾ کلپنا۔

کڑھنا (ہ) فعل ❶ نکلنا ❷ باہر آنا ❸ دودھ ابلنا ❹ پختہ ہونا ❺ تجربہ حاصل کرنا ❻ کشیدہ کاری ہونا۔

کڑھوانا (ہ) فعل ❶ کشیدہ نکلوانا ❷ باہر کرانا ❸ کوئی چیز گروی رکھ کر قرض لینا۔

کڑھی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا سالن جو بیسن دہی اور مصالحہ وغیرہ سے تیار ہوتا ہے۔

کڑھی کا سا ابال (ہ) اسم مذکر ❶ جلد اتر جانے والا غصہ ❷ فوراً رفع ہو جانے والا ارادہ۔

کڑھی میں کوئلہ (ہ) مثل۔ اچھی بات میں خرابی۔

کڑی (ہ) اسم صفت مونث ❶ کڑا کی تانیث ❷ سخت ❸ مضبوط ❹ کرخت ❺ سختی سہنے والی ❻ کٹھن ❼ مشکل ❽ تیز ❾ تند۔

کڑی اٹھانا / کڑی جھیلنا (ہ) فعل ❶ مصیبت برداشت کرنا ❷ سختی جھیلنا ❸ سخت بات سہنا۔

کڑی بات (ہ) اسم مونث ❶ ناگوار بات ❷ سخت بات ❸ بڑی کٹھن بات ❹ مشکل۔

کڑی سنانا (ہ) فعل ❶ سخت بات کہنا ❷ ناگوار بات کہنا۔

کڑی کمان (ا) اسم مونث۔ سخت کمان۔

کڑی کمان کا تیر (ا) اسم صفت ❶ نہایت تیز ❷ جلدی چلنے والا ❸ بہت ہی تیز رفتار۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

کڑی منزل (ا) اسم مونث ❶ کٹھن ❷ راستہ ❸ مشکل راہ۔

کڑیل جوان (ا) اسم مذکر ❶ قدآور جوان ❷ زورآور آدمی۔

## ک ← ڑ

کژدم (ف) اسم مذکر ❶ بچھو ❷ عقرب۔

## ک ← س

کس (ف) اسم مذکر ❶ آدمی ❷ شخص ❸ مرد ❹ کوئی کدام ❺ (بحالت صفت) ❻ اہل ❼ لائق ❽ قابل۔

کس نمی پُرسد کہ بھیا کون ہو/ تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو (ا) مثل۔ غریب اور کنگال آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے اور کس قابلیت کا ہے۔

کس و ناکس (ف) اسم مذکر ❶ لائق و نالائق ❷ ادنےٰ واعلےٰ ❸ خاص، عام ❹ ہر شخص۔

کس (ہ) اسم مذکر ❶ بل ❷ زور ❸ قوت و طاقت ❹ سونے وغیرہ کا امتحان ❺ آزمائش ❻ پرکھ ❼ تلوار کا جھکاؤ ❽ کسی رنگدار چیز کا عرق ❾ اصل حقیقت۔

کس بل (ہ) اسم مذکر ❶ زور و بل ❷ دم خم ❸ تلوار کا چم وخم ❹ تاب و طاقت۔

کس دیکھنا (ہ) فعل ❶ سونے کو کسوٹی پر پرکھنا ❷ کھرا کھوٹا معلوم کرنا ❸ امتحان کرنا۔

کس (ہ) کلمہ استفہام ❶ کون ❷ کدام۔

کس بات پر بھولا ہے (ہ) محاورہ ❶ کس غرور میں ہے ❷ کس گھمنڈ میں ہے۔

کس باغ / کھیت کا بتھوا ہے/ کس باغ کی مولی ہے (ا) محاورہ ❶ بالکل ناچیز ❷ نہایت بے حقیقت ہے ❸ کچھ مال نہیں ❹ کسی گنتی میں نہیں ❺ کون پوچھتا ہے۔

کس برتے پر تتا پانی (ہ) مثل ❶ کس حوصلے پر شیخی مارتے ہو ❷ اس حالت پر اور یہ گھمنڈ۔

کس بلا کا ہے (ا) محاورہ ❶ بے حد تعریف کے موقعہ پر بولتے ہیں ❷ کس غضب کا ہے ❸ بڑا بیڈھب ہے۔

کس بلا کو پیچھے لگا دیا (ا) محاورہ۔ کسی ضدی سے پالا پڑنے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ یعنی کس مصیبت میں پھنس گئے۔

کس جنم کے کالے تل چابے ہیں (ہ) محاورہ۔ کب سے زرخرید غلام بنے ہو۔ جو ذرا نافرمانی نہیں کرتے۔

کس چکی کا پیسا کھایا ہے (ہ) محاورہ۔ ایسا موٹا کس آٹے کی تاثیر نے کردیا۔ وہ کونسی چکی کا ہے۔

کس کام کا / کس کام کی (ہ) محاورہ ❶ کس غرض کا ❷ بالکل نکما ❸ ردی ❹ کسی مطلب کا نہیں۔

کس کس دکھ کو جھیلا ہے (ہ) محاورہ ❶ بہت طرح کی مصیبتیں اٹھائی ہیں ❷ کونسی نہیں اٹھائی۔

کس کس دکھ کو روئیں (ہ) محاورہ۔ کس کس تکلیف کا ذکر کریں۔

کس کو (ہ) اسم استفہام ❶ کسے ❷ کس آدمی کو۔

کس کی بکری کون ڈالے گھانس (ہ) مثل۔ اپنی چیز کی نگہداشت ہر کوئی کرتا ہے۔ غیر کی چیز کی حفاظت کوئی نہیں کرتا۔

کس کی ماں کو ماں کہتا / کہتی (ا) محاورہ۔ کسی سخت مصیبت کے پیش آنے یا اپنے عزیز کی ہلاکت متصور ہونے کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی یہ حالت ہو جاتی تو ہم کس دردمند سے اپنی مصیبت کہتے۔ کس کو اپنا مددگار اور ہمدرد بناتے۔

کس مرض کی دوا ہے/ کس مرض کی دوا ہو (ا) محاورہ۔ بالکل نکما اور بے فائدہ ہے۔ کسی کام کا نہیں۔

کس منہ سے (ہ) تابع فعل ❶ بات کرنے کا منہ نہیں ❷ کس دلیل سے ❸ کس وجہ سے ❹ کیا منہ لے کر ❺ کس عزت پر ❻ کس حوصلہ سے ❼ کس دلیری پر ❽ کس لیاقت اور خوبی پر۔

کس نیند سوتا / سو رہا ہے (ہ) محاورہ ❶ نصیحت اور عبرت حاصل کر کیوں اتنا غافل ہے ❷ کس بے خبری میں ہے۔

کس وقت (ا) تابع فعل ❶ کب ❷ کس گھڑی۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

کسا (ہ) اسم صفت ① کم وزن ② اڑتا ہوا تول ③ کھنچا ہوا ④ تنگ ⑤ تنا ہوا ⑤ چست ⑥ پھنسا ہوا۔

کسا کسایا (ہ) اسم صفت ① بالکل سچا ہوا ② تیار ③ مستعد ④ کاٹھی رکھا ہوا ⑤ کیل کانٹے سے درست۔

کسا (ہ) اسم مذکر ① پھاوڑا ② کدال ③ مسا کا ④ مرادف جیسے مسا کسا۔

کسا (ہ) اسم مذکر ① کیکر کی چھال ② کیکر کی چھال کی بنی ہوئی شراب ٹھرا۔

کساد (ع) اسم مونث ① جنس کا نہ بکنا ② بے رونقی ③ گاہک نہ ہونا یا بہت کم ہونا۔

کساد بازاری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① بکری کا نہ ہونا ② بے رونقی ہونا۔

کسالا (ہ) اسم مذکر ① دکھ ② تکلیف ③ درد ④ پیڑ ⑤ محنت ⑥ مشقت ⑦ تکلیف کی برداشت ⑧ بپتا ⑨ کس۔

کسالت (ع) اسم مونث ① سستی ② کاہلی۔

کسان (ہ) اسم مذکر ① کھیتی باڑی کرنے والا ② زمیندار ③ کاشتکار ④ مزارع ⑤ بویا۔

کسانا (ہ) فعل ① امتحان کرانا ② کسوٹی پر لگوانا ③ پرکھوانا ④ تنوانا ⑤ مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا۔

کساؤ (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ① تناؤ ② کھچاوٹ ③ کسیلا پن ④ بدمزگی ⑤ تانبے یا پیتل کے بن قلعی برتن میں کسی کھٹی چیز کے رکھنے سے جو کیفیت اور زنگ اور مزہ ہوتا ہے اس کا نام۔

کساوٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① تناؤ ② کھچاؤ ③ چستی ④ تنگی۔

کسب (ع) اسم مذکر ① کمانا ② حصال کرنا ③ کام دھندا ④ پیشہ ⑤ ہنر ⑥ فن ⑦ عورت کی بدکاری کی کمائی۔

کسب کمانا/کرنا (ا) فعل ① بدکاری سے کمانا ② پیشہ کرنا۔

کسبت (ا) اسم مونث ① نائیوں کا اوزار رکھنے کا چمڑے کا تھیلا ② جراح کی تھیلی ③ سقوں پر تلا جو مشک کے نیچے چوتڑ پر رکھ لیتے ہیں۔

کسبی (عف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① پیشہ ور ② ہنرمند ③ کاریگر ④ پیشہ یا ہنر سے کمایا ہوا روپیہ ⑤ (بحالت اسم مونث) فاحشہ عورت۔

کستورا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مشک نافہ نکلتا ہے ② ایک قسم کی سینگ دار مچھلی ③ ایک نہایت خوش آواز پرندے کا نام ④ ابابیل کا لعاب جو نہایت مقوی ہوتا ہے۔

کستوری (ہ) اسم مونث ① مشک ② نافہ ③ مرگ مدھ ④ مجازاً ہر قیمتی شے ⑤

کسٹم (ای) ① چنگی کا محصول ② رسم ورواج۔

کسٹمر (ای) ① گاہک ② خریدار ③ سوداگر۔

کسر (ع) اسم مونث ① ٹوٹ پھوٹ ② ٹکڑا ③ ٹوٹا ہوا ④ صرف ونحو میں زیر کی حرکت ⑤ علم حساب میں اکائی کے کئی حصوں میں سے ایک حصہ۔

کسر باقی نہ رکھنا (ا) فعل ① کمی نہ کرنا ② ذرا کوتاہی نہ کرنا ③ برائی کرنے سے نہ چوکنا۔

کسر پڑنا/رہنا (ا) فعل ① گھاٹا پڑنا ② کمی رہنا ③ نقصان ہونا۔

کسر شان (ع) اسم مونث ① شان کے خلاف ② آبرو میں بٹا لگانے والی بات۔

کسر غیر واجب/ملفوظی (ع) اسم مونث۔ مخرج سے بڑے شمار کنندہ والی کسر۔

کسر کھانا (ا) فعل ① نقصان اٹھانا ② گرہ سے دینا ③ گھاٹا بھرنا۔

کسر مرکب (ع) اسم مونث ① صحیح عدد ② ساتھ رکھنے والی کسر۔

کسر مضاف (ع) اسم مونث۔ کسر کی کسر۔

کسر ملتف (ع) اسم مونث۔ جس کے شمار کنندہ یا مخرج یا دونوں میں کسر مرکب یا مضاف ہو۔

کسر مفرد (ع) اسم مونث ① سادہ کسر ② مساوی کسر۔

کسر نکالنا (ا) فعل ① کمی پوری کرنا ② بدلہ لینا ③ انتقام لینا۔

کسر واجب (ع) اسم مونث۔ جس کا شمار کنندہ مخرج سے چھوٹا ہو۔

کسرات (ا) اسم مونث۔ (کسر کی جمع جعلی) رخصت وغیرہ کے کٹی ہوئی اور بچت میں ڈالی ہوئی رقمیں۔

کسرت (ا) اسم مونث ① ورزش ② ریاضت ③ مشق ④ مہارت۔

کسرتی (ا) اسم مذکر ① ورزش کرنے والا ② ورزش کیا ہوا ③ ورزشی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...

www.besturdubooks.net

**کسرہ** (ع) اسم مونث ① زبر ② زیر کی حرکت۔

**کسرے** (ع) اسم مذکر ① خسرو کا معرب ② نوشیرواں عادل کا نام ③ عجم کے بادشاہوں میں سے ہر ایک کا لقب۔

**کسک** (ہ) اسم مونث ① دکھ درد ② پیڑ ③ ٹیس ④ چبک ⑤ ہلکا درد۔

**کسک آنا** (ہ) فعل ① چوٹ لگنا ② درد ہونا ③ جھٹکا لگنا۔

**کسک مٹانا / نکالنا** (ہ) فعل ① تکلیف دور کرنا ② دکھ کھونا ③ خواہش نفسانی پوری کرنا۔

**کسکٹ** (ہ) اسم مذکر ① بھرت ② کانسی ③ کسی طرح کی ملی ہوئی دھات۔

**کسکنا** (ہ) فعل ① ٹیس ہونا ② ہلکا ہلکا درد ہونا ③ پیڑ ہونا ④ چسکنا ⑤ چبکنا۔

**کسگر** (ا) اسم مذکر بترکیب فاعلی ① کمہار ② کوزہ گر ③ مٹی کے برتن بنانے والا ④ کاسہ گر کا مخفف۔

**کسل** (ع) اسم مذکر ① تھکاوٹ ② تکان ③ ناتوانی ④ کمزوری ⑤ سستی ⑥ کاہلی ⑦ بیماری۔

**کسلمند** (عف) اسم صفت ترکیبی ① بیمار ② رنجور ③ علیل۔

**کسل** (ہ) اسم مذکر ① تندرستی ② خیرو عافیت ③ صحت۔

**کسم کسمبھ** (س) اسم مذکر۔ کڑ کا پھول جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے۔

**کسم کا آزار ہونا** (ا) فعل ① متواتر حیض آتے رہنا ② پیڑا چھوٹنے کا مرض ہونا۔

**کسمسانا** (ہ) فعل ① بل کھانا ② پہلو بدلنا ③ ہلنا ④ گھبرانا ⑤ تڑپنا ⑥ تنگ ہونا ⑦ بے چین اور بےکل ہونا۔

**کسمساہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① کسمسانا سے ② بے چینی ③ اضطراب ④ بے قراری۔

**کسنا** (ہ) اسم مذکر ① بستر بند ② پلنگ کسنے کی ڈوری ③ خوان پوش ④ پٹاری کا غلاف ⑤ چھینکا۔

**کسنا** (ہ) فعل ① جکڑنا ② کھینچنا ③ تاننا ④ مضبوط کر کے باندھنا ⑤ چست کرنا ⑥ باندھنا ⑦ تلوار کو جھکا کر اس کا امتحان کرنا ⑧ کھرا کھوٹا پرکھنا ⑨ کسوٹی پر لگانا۔

**کسنگ** (ہ) اسم مذکر ① (ک بمعنی بد اور سنگ بمعنی ساتھ) بری صحبت ② برا ساتھ ③ بری سنگت۔

**کسو** (ہ) علامت تنکیر۔ کسی۔

**کسوانا** (ہ) فعل۔ کوسنا کا متعدی ہے ① بددعا دلوانا ② بری دعا لینا۔

**کسوت** (ع) اسم مونث ① لباس ② پوشاک۔

**کسوٹی** (ہ) اسم مونث ① کس دیکھنے کا بٹیا ② محک ③ سنگ عیار۔

**کسوٹی پر رکھنا / چڑھانا / کسنا / لگانا** (ہ) فعل ① پرکھنا ② امتحان کرنا ③ آزمانا ④ جانچنا۔

**کسور** (ع) اسم مونث۔ کسر کی جمع۔

**کسور اعشاریہ** (ع) اسم مونث ① دس یا دس کی کسی قوت کے نسب نما والی کسریں۔

**کسو عام** (ع) اسم مونث۔ عام اعداد کے نسب نما والی کسریں۔

**کسوف** (ع) اسم مذکر ① سورج گرہن ② چاند کا زمین اور سورج کے درمیان آجانا۔

**کسون** (ا) اسم صفت ① طاقی گھوڑا ② بھینگا ③ احول ④ ٹیڑھی نظر والا۔

**کسی** (ہ) اسم مونث ① چھوٹا پھاوڑا ② بیلچہ ③ کلند ④ دو قدم کے برابر فاصلہ کا ایک پیمانہ۔

**کسے** (ف) علامت تنکیر برائے انسان ① کوئی شخص ② کوئی آدمی ③ کوئی مرد۔

**کسے باشد** (ف) مفید تنکیر۔ کوئی ہو۔

**کسے** (ہ) کلمہ استفہام برائے مفعول ① کس کو ② کس آدمی کو۔

**کسی** (ہ) علامت تنکیر ① کوئی آدمی ② کوئی چیز ③ فلاں ④ مجازاً ⑤ اشارہ بسوئے معشوق ⑥ کنایۃً معشوق و عاشق۔

**کسی سے سائی کسی سے بدھائی** (ہ) مثل ① ہر ایک سے وعدہ وعید ② جھوٹی خاطرداری۔

**کسی طرح کسی عنوان** (ا) تابع فعل ① کسی طور ② کسی ڈھب۔

**کسی قدر** (ا) تابع فعل ① ذرا سا ② قدرے قلیل ③ تھوڑا سا ④ کتنا ہی ⑤ بہت کچھ۔

**کسی کا کچھ نہیں چلنا / بس نہیں چلنا** (ہ) قابو سے باہر ہے۔ کسی کی

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

پیش نہیں جاتی۔
کسی کا کلمہ بھرنا / پڑھنا (ا) فعل ❶ کسی پر ایمان لانا ❷ نہایت منقاد و مطیع ہونا ❸ ہر وقت یاد کرتے رہنا۔
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ) مثل۔ کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔
کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان (ا) مثل۔ ایک آدمی مارتا ہے دوسرا گالیاں دے کر دل کی بھڑاس نکال لیتا ہے۔
کسی کا ہو رہنا (ہ) فعل ❶ کسی کا دوست ہو جانا ❷ فرمانبردار بن جانا ❸ غلام بن رہنا۔
کسی کو اپنا کر رکھو / کسی کے ہو رہو (ہ) کہاوت ❶ خواہ کسی کو اپنا فرمانبردار بنا لو یا کسی کے فرمانبردار ہو جاؤ ❷ یکسوئی بہتر چیز ہے ❸ اتفاق اور توصل ہر حال میں قوی ہوتا ہے۔
کسی کو اڑانا (ہ) فعل ❶ ہنسی اور مذاق میں ڈالنا ❷ بہکانا ❸ دھوکا دینا ❹ عورت کو بھگانا۔
کسی کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا (ہ) فعل ❶ نہایت بے پروائی برتنا ❷ نہایت شرمیلا ہونا۔
کسی کو بیگن بیالے کسی کو ان پچھے (ہ) مثل ❶ کسی کو کوئی چیز موافق کسی کو ناموافق ایک ہی چیز ایک کو فائدہ دیتی ہے ❷ دوسرے کو نقصان۔
کسی کو خیال میں نہ لانا (ا) فعل ❶ کسی کو کچھ نہ سمجھنا ❷ کسی کی پرواہ نہ کرنا۔
کسی کی آگ میں پڑنا / جلنا / گرنا (ہ) فعل ❶ دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا ❷ ہمدردی کرنا۔
کسی کی آئی مجھے آجائے (ہ) محاورہ۔ نہایت غصے کی حالت میں اپنے آپ کو بددعا کا فقرہ ہے۔ یعنی کسی کی موت مجھے آجائے اور لے جائے۔
کسی کے پالے پڑنا (ہ) فعل ❶ کسی کے قابو میں آنا ❷ کسی سے تعلق اور واسطہ ہونا۔
کسی کے حال پر رونا آنا (ہ) فعل ❶ کسی پر ترس آنا ❷ رحم آنا ❸ افسوس کرنا۔

کسی کے حق میں کانٹے بونا (ہ) فعل ❶ کسی کے لئے برائی کرنا ❷ کسی کی طرف سے بدظنی پیدا کرنا۔
کسی کی خبر لینا (ہ) فعل ❶ کسی کی خبر گیری رکھنا ❷ اچھا سلوک کرنا ❹ سیدھا کرنا ❺ پیٹنا ❻ کسی کو سزا دینا ❼ لعنت ملامت کرنا ❽ بیمار پرسی کرنا ❾ خیر سلا لینے جانا۔
کسی کی روح پیاسی تھی (ا) محاورہ۔ جب پانی کا گھڑا وغیرہ خود بخود ٹوٹ جائے تو یہ فقرہ بولا کرتے ہیں۔
کسی کے سر ہونا (ا) فعل ❶ کسی کے ذمہ پڑنا ❷ کسی کے پیچھے پڑنا۔
کسی کے کئے میں گھی گھڑے کسی کے کئے میں پتھر پڑے (ہ) محاورہ ❶ کوئی اچھا ثمرہ پاتا ہے۔ کوئی برا پھل ❷ کسی کی قسمت اچھی کسی کی بری ❸ ایک ہی کام امیر کی نسبت باعث عزت اور غریب کی بابت باعث ذلت ہوتا ہے۔
کسی کے لتے لینا (ا) فعل ❶ بحث و مناظرہ وغیرہ میں کسی کو زچ کر دینا ❷ تنگ کرنا ❸ آڑے ہاتھوں لینا ❹ گفتگو میں قائل اور عاجز کر دینا۔
کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا (ہ) فعل۔ کسی سے مطلب اور واسطہ نہ رکھنا۔
کسی کے ہاتھوں تنگ آنا (ا) فعل ❶ کسی سے دق ہونا ❷ کسی شخص سے عاجز اور مجبور ہونا۔
کسی لائق ہونا (ا) فعل ❶ کسی جوگا ہونا ❷ کسی ہنر یا کام میں کامل ہونا۔
کسی نہ کسی (ہ) تابع فعل ❶ کوئی نہ کوئی ❷ ایک نہ ایک ❸ تاکید کے لے آیا کرتا ہے۔
کسی نے پیا دودھ کسی نے پیا پانی / سب کو ایک سی رین گنوانی (ہ) اسم مونث مذکر ❶ شان و شوکت ❷ بھیڑ بھڑکا ❸ شہرت ❹ دھاک ❺ خواہ بری۔
کسیا جانا (ہ) فعل ❶ کساؤ آجانا ❷ کسیلا ہو جانا۔
کسیرا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ ٹھٹیرا ❷ کانسی پیتل وغیرہ کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔
کسیرو / کسیر (س) اسم مذکر۔ ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ کچی اور بھون

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

کر کھائی جاتی ہے۔

کسیر ہٹا (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ کسیروں کا بازار ❷ تانبے، پیتل وغیرہ کے برتن بکنے کی جگہ۔

کسیس (ہ) اسم مذکر۔ ایک نہایت تیز پھٹکڑی ہوتی ہے جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے سے تیار ہوتی ہے۔

کسیلا (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ کساؤ والا ❷ بدذائقہ ❸ ترش جو زبان اور گلے کو اینٹھے۔

ک ← ش

کش (ا) اسم مذکر ❶ حقہ کا دم ❷ حقہ کا گھونٹ ❷ (فارسی میں) کشیدن کا امر (مرکبات میں آتا ہے)

کش مکش (ف) اسم مونث۔ کشیدن کا حاصل مصدر ❶ کھینچ تان ❷ کھینچا تانی ❸ رکاوٹ ❹ الجھاؤ ❺ الجھیڑا ❻ لڑائی ❼ جھگڑا ❽ تکرار ❾ ٹنٹا۔

کشا (ف) اسم مذکر مفید فاعل ترکیبی ❶ کھولنے والا ❷ حل کرنے والا ❸ راحت دینے والا ❹ فراخ ❺ کشادہ کرنے والا ❻ کشادن کا امر۔

کشادگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کھلا ہونا ❷ فراخی ❸ وسعت ❹ چوڑائی۔

کشادہ (ف) اسم صفت مفعولی ❶ کھلا ہوا ❷ فراخ ❸ وسیع ❹ لمبا ❺ چوڑا۔

کشادہ پیشانی (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ چوڑے اور کھلے ماتھے والا ❷ خندہ رو ❸ خوش اخلاق۔

کشادہ دل (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ داتا ❷ سخی ❸ کھلے دل والا ❹ عالی حوصلہ ❺ فیاض۔

کشاف (ع) اسم صفت مبالغہ ❶ نہایت کھولنے والا ❷ بالکل ظاہر کر دینے والا۔

کشاکش (ف) اسم مونث بالف اتصال حاصل مصدر ❶ اینچا تانی ❷ کھینچا تانی ❸ دھکا پیل ❹ دھکم دھکا ❺ تکلیف ❻ فکر ❼ تشویش ❽ بکھیڑا ❾ ہاتھا پائی۔

کشاورز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ کھیتی کرنے والا ❷ دہقان ❸ مزارع۔

کشت (ف) اسم مذکر ❶ کشتن کا حاصل مصدر ❷ قتل ❸ مار ڈالنا۔

کشت وخون (ف) اسم مذکر ❶ خونریزی ❷ قتل ❸ مارکٹائی۔

کشت (ف) اسم مونث ❶ کشتن سے ❷ کھیتی باڑی ❸ کھیت ❹ مزروعہ زمین ❺ بویا ہوا کھیت۔

کشت زار (ف) اسم مونث ظرف ❶ کھیتی ❷ زراعت ❸ کھیت۔

کشت کار (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ کھیتی باڑی کرنے والا ❷ کسان ❸ جوتا ❹ کاشتکار ❺ زمیندار۔

کشت کاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بونا جوتنا ❷ کھیتی باڑی۔

کشتہ (ف) اسم صفت مفعولی ❶ قتل کیا ہوا ❷ مارا ہوا ❸ مقتول ❹ شہید ❺ لاش ❻ لوتھ ❼ لاشہ ❽ ماری ہوئی دھات ❾ پھکی ہوئی دھات۔

کشتہ ہونا (ا) فعل ❶ مارا جانا ❷ قتل ہونا ❸ ذبح ہونا ❹ کسی دھات کا جل کر راکھ ہو جانا ❺ کسی پر جان دینا ❻ کسی پر مرنا۔

کشتی (ف) اسم مونث ❶ بیڑی ❷ ناؤ ❸ ڈونگا ❹ سینی ❺ لمبا خوان ❻ ایک قسم کی پیالی۔

کشتی بان (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ ملاح ❷ کشتی چلانے والا ❷ مانجھی۔

کشتی کھینا (ا) فعل ❶ ناؤ چلانا ❷ کشتی کو دریا کے آر پار لے جانا۔

کُشتی (ف) اسم مونث ❶ لڑنت ❷ گتھم گتھا ❸ دو پہلوانوں کی باہم زور آزمائی۔

کشتی دلانا (ا) فعل ❶ پکڑ کرنا ❷ بچھاڑنا ❸ مشق کے لئے شاگرد کو گرانا۔

کشتی کرنا (ا) فعل ❶ ورزش کرنا ❷ زور آزمائش کرنا ❸ پکڑ کرنا ❹ پہلوانی کرنا۔

کشتی لڑنا (ا) فعل ❶ مقابلہ کرنا ❷ لپٹنا ❸ گتھنا ❹ باہم لڑنا بھڑنا۔

کشٹ (س) اسم مذکر ❶ تنگی ❷ دکھ ❸ مصیبت ❹ سختی ❺ بپتا ❻

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140..7218

عذاب۔

**کشٹا** (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا چھوٹا زرد رنگ کا آڑو ❷ زرد آلو ❸ شفتالو۔

**کشش** (ف) اسم مونث کشیدن کا حاصل مصدر ❶ کھنچاؤ ❷ جذب ❸ کشیدگی ❹ رغبت ❺ رجحان ❻ مصیبت ❼ سختی ❽ دیر ❾ توقف۔

**کشش اتصال** (ع) اسم مونث (علم طبیعات) اجسام کے ذروں کو باہم ملا کر رکھنے والی قوت۔

**کشش اٹھانا** (ا) فعل ❶ دکھ اٹھانا ❷ دقت اٹھانا ❸ تکلیف سہنا ❹ مصیبت جھیلنا۔

**کشش ثقل/کشش زمین** (ع) اسم مونث۔ (علم طبعی) زمین کی وہ قوت جس سے وہ ہر شے کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتی ہے۔

**کشش کہربائی** (ف) اسم مونث۔ کہربا گوند کی گھانس کو اپنی طرف کھینچ لانے کی قوت۔

**کشش کیمیائی** (فع) اسم مونث۔ (علم طبعی) وہ قوت۔ جس کے اثر سے دومختلف چیزیں مل کر ایک بالکل نئی چیز بن جاتی ہے۔

**کشش مقناطیسی** (فع) اسم مونث۔ پتھر کی وہ طاقت جس سے وہ لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

**کشف** (ع) اسم مذکر ❶ ظاہر کرنا ❷ کھولنا ❸ پردہ اٹھانا ❹ ظہور ❺ تفسیر ❻ تشریح ❼ توضیح ❽ الہام ❾ القا۔

**کشف وکرامات** (ع) اسم مونث ❶ خرق عادت ❷ معجزہ وتصرف۔

**کشکول** (ف) اسم مذکر ❶ فقیروں کی تو بنی ❷ بھیک مانگنے کا پیالہ ❸ زنبیل۔

**کشمش** (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور۔

**کشمشی** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ کشمش کے رنگ کا ❷ منسوب بہ کشمش ❸ اموا در رنگ۔

**کشمکش** (ف) اسم مونث ❶ کشیدن کا حاصل مصدر ❷ لڑائی ❸ جھگڑا ❹ بحث تکرار ❺ کھینچا تانی۔

**کشمیر** (ہ) اسم مذکر۔ پنجاب کے شمال میں ایک مشہور سرسبز پہاڑی ریاست ہے۔

**کشمیری** (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ کشمیر ❷ کشمیر کی زبان ❸ (اسم مذکر) کشمیر کا باشندہ۔

**کشن** (ہ) اسم مذکر۔ لفظ کرشن سے بگڑا ہے۔ کنھیا جی کا وضعی لقب ہے۔

**کشندہ** (ف) اسم مذکر فاعل ❶ مارنے والا ❷ قاتل۔

**کشور** (س) اسم مذکر ❶ کم عمر لڑکا ❷ نوجوان۔

**کشوری** (س) نوعمر لڑکی۔

**کشور** (ف) اسم مونث ❶ دیس ❷ ملک ❸ ولایت۔

**کشیدگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کھنچاؤ ❷ کشش ❸ رکاوٹ ❹ رکاؤ ❺ شکر رنجی ❻ ملال ❼ نفرت۔

**کشیدہ** (ف) اسم صفت مفعولی ❶ کھنچا ہوا ❷ اٹھایا ہوا ❸ رنجیدہ ❹ ملول ❺ نکالا ہوا ❻ کاڑھا ہوا ❼ (بحالت اسم مذکر) سوئی کا کام ❽ گلکاری اور زردوزی کا کام۔

**کشیدہ خاطر** (فع) اسم صفت ترکیب مفعولی ❶ آزردہ ناراض ❷ رنجیدہ۔

**کشیدہ خاطر ہونا** (ا) فعل ❶ ناراض ہونا ❷ رنجیدہ ہونا ❸ آزردہ دل ہونا۔

**کشیدہ کاڑھنا** (ا) فعل ❶ سوئی کا کام کرنا ❷ زردوزی کا کام کرنا۔

## ک ← ع

**کعب** (ع) اسم مذکر ❶ ٹخنا ❷ گٹا ❸ پاسہ ❹ قرعہ ❺ (علم حساب) جب کوئی عدد تین دفعہ باہم ضرب کھاتا ہے تو حاصل ضرب کو اس عدد کا کعب بولتے ہیں۔

**کعبتین** (ع) اسم مذکر ❶ کعب کا تثنیہ ❷ ہڈی کے شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جوا کھیلا جاتا ہے ❸ دونوں کعبے یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...218

www.besturdubooks.net

کعبہ (ع) اسم مذکر ① لغت میں بلند اور مرتفع زمین مجازاً ② بیت اللہ کا نام ③ مکہ ④ قبلہ ⑤ ملک عرب میں مسلمانوں کا مقدس اور متبرک مقام جہاں ہر سال حج کو جاتے ہیں۔

کعبہ کی طرف ہاتھ اٹھانا (ا) فعل ① کعبہ کی قسم کھانا ② کعبہ کو اپنی قسم اور اقراء کا شاہد بنانا۔

## ک ← ف

کف (ع) اسم مذکر ① پاؤں کا تلوا ② ہاتھ کی ہتھیلی ③ محض ہاتھ پنجہ ④ قمیضوں کی آستینوں میں لگانے کی دوہری پٹی ⑤ (ف) اسم مونث۔ جھاگ ⑥ پھین ⑦ (ا) تھوک ⑧ بلغم ⑨ لعاب۔

کف افسوس ملنا (ا) فعل ① افسوس کی حالت میں ہاتھوں کو باہم ملنا ② نہایت افسوس کرنا۔

کف پا (ف) اسم مذکر و مونث۔ پاؤں کا تلوا۔

کف پائی (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ① زنانہ سلیپر ② زنانہ جوتی۔

کف دست (ف) اسم مونث ① ہاتھ کی ہتھیلی ② (بحالت صفت) ہموار ③ برابر ④ چٹیل۔

کف دست میدان (ف) اسم مذکر ① ہموار میدان ② لق و دق جنگل ③ ویرانہ ④ سنسان ⑤ جنگل۔

کف لانا (ا) فعل ① جھاگ لانا ② مجازاً ③ سخت غصے ہونا ④ تند ہو جانا ⑤ بدی اور شرارت پر آمادہ ⑥ فیل لانا۔

کفا (ف) اسم مونث ① تکلیف ② تنگی ③ محنت ④ سختی ⑤ جفا کا مرادف ہے۔

کفا جفا (ف) اسم مونث ① ظلم و ستم ② بمشکل ③ بڑی دقت سے ④ جوں توں کر کے۔

کفار (ع) اسم مذکر ① کافر کی جمع ② کافر لوگ ③ ناشکرے اور بے دین لوگ۔

کفارہ (ع) اسم مذکر ① گناہ کو چھپا دینے والا ② مجازاً گناہ کا معاوضہ ③ قصور کا ڈنڈ جو خدائے تعالےٰ کی طرف سے مقرر ہو۔

کفارہ دینا (ا) فعل ① قصور کا جرمانہ بھرنا ② خطا کا بدلہ دینا ③ گناہ کا معاوضہ ادا کرنا۔

کفاف (ع) اسم مذکر ① روزینہ ② روٹی کپڑا ③ وظیفہ ④ روزمرہ کا خرچ۔

کفالت (ع) اسم مونث ① ضامنی ② ضمانت ③ ذمہ داری۔

کفایت (ع) اسم مونث ① کافی ہونا ② ضرورت کے موافق ③ بچت ④ کمی ⑤ صرفہ۔

کفایت شعار (ع) اسم صفت ترکیبی ① کم خرچ آدمی ② جزرس ③ تھوڑا خرچ کرنے والا۔

کفایت شعاری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① کم خرچی ② جزرسی ③ صرفہ کی عادت۔

کفایت کرنا (ا) فعل ① کافی ہونا ② بچت کرنا ③ صرف کرنا ④ مول میں کمی کرنا۔

کفچہ (ف) اسم مذکر ① کف کی تصغیر بالتعظیم ② بڑا چمچہ ③ ڈوئی ④ کرچھا ⑤ کفگیر ⑥ سانپ کا پھن۔

کفر (ع) اسم مذکر ① خدا کو نہ ماننا ② بے دینی ③ ناشکری ④ آڑ ⑤ ضد ⑥ ہٹ۔

کفر توڑنا (ا) فعل ① ہٹ دور کرنا ② ضد توڑنا ③ مطیع و فرمانبردار کرنا ④ مرید کرنا ⑤ دیندار بنانا۔

کفر کا فتوے دینا (ا) فعل ① کسی کو بے دین قرار دینا ② کسی پر انکار دین کا حکم لگانا ③ کافر ٹھیرنا۔

کفر کچہری (ا) اسم مونث ① بری سنگت ② بدصحبت۔

کفران نعمت (ع) اسم مونث ① نمک حرامی ② احسان فراموشی ③ نعمت کی ناشکری۔

کفش (ف) اسم مونث ① جوتی ② پاپوش۔

کفش پا (ف) اسم مونث۔ پاؤں کی جوتی۔

کفش خانہ (ا) اسم مذکر ظرف ① انکساراً اپنا مکان ② جھونپڑا ③ غریب خانہ ④ دولت خانہ کی ضد۔

کفش دوز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① موچی چمار ② جوتیاں بنانے والا۔

کفک (ف) اسم مونث ① مینڈھی لگایا ہوا پاؤں کا تلوا ② پاؤں کا تلوا ③ ہتھیلی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کفگیر (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) ڈوئی (2) سوراخ دار (3) کفچہ (4) بڑا ڈنڈی دار لوہے کا چمچہ۔

کفن (ع) اسم مذکر (1) مردے کو لپیٹنے کے کپڑے (2) مردے کی چادر وغیرہ جس میں لپیٹ کر دفن کرتے ہیں۔

کفن پھاڑ کر/ پھاڑ کے بولنا (ا) فعل (1) نہایت بے قرار اور بے چین ہو کر بولنا (2) دفعتہً چیخ مار کر بولنا (3) ڈراؤنی اور ہیبت ناک آواز سے بولنا۔

کفن چور (ا) اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی (1) قبر سے مردوں کا کفن چرانے والا (2) بے رحم (3) ظالم (4) شریر۔

کفن سر سے باندھنا / لپیٹنا (ا) فعل (1) مرنے کو تیار ہونا (2) جان پر کھیلنا۔

کفن کو کوڑی نہیں (ا) محاورہ (1) نہایت کنگال اور غریب ہے (2) بالکل مفلس ہے۔

کفن کو لگے (ا) محاورہ دعائے بد۔ کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے ہیں۔ یعنی اگر کچھ پاس ہو تو کفن پر صرف ہو۔

کفن کھسوٹ (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) لوگوں کا مال چھین جھپٹ لے کر جانے والا لٹیرا (2) کفن چور۔

کفن میلا نہ ہونا (ا) فعل (1) مرے ہوئے زیادہ دیر نہ ہونا (2) تازہ معاملہ ہونا۔

کفنانا (ا) فعل (1) مردے کو کفن میں لپیٹنا (2) میت کو کفن پہنانا۔

کفنی (ع) اسم مونث (1) کفن دینے کے وقت مردے کے گلے میں ڈالنے کا کپڑا (2) میت کا کرتا (3) درویشوں کا لمبا کرتہ جو میت کے کفن کی طرح ہوتا ہے۔

کفو (ع) اسم مذکر (1) ہم قوم (2) ہم جنس (3) ہم خانوادہ (4) برادری (5) فرقہ (6) قوم۔

کفیل (ع) اسم مذکر (1) ذمہ دار (2) ضامن (3) ضمانت دینے والا (4) ضامن۔

کفیل ہونا (ا) فعل (1) ضامن ہونا (2) ذمہ دار ہونا۔

## ک ← ک

کِک (ای) اسم مونث (1) ٹھوکر (2) پاؤں کی ضرب۔

کِک آف (ای) اسم مونث۔ فٹ بال وغیرہ کا کھیل شروع کرنے کے لیے بال کو پہلی ٹھوکر مارنا۔

کِک اسٹارٹر (ای) اسم مذکر۔ موٹر سائکل کا وہ پرزہ جسے پاؤں سے دبانے سے انجن چلتا ہے۔

کُک (ای) اسم مذکر (1) باورچی (2) خانساماں (3) کھانا پکانے والا۔

ککا (ہ) اسم صفت (1) سفید (2) بھورا۔

ککرالی (ہ) اسم مونث (1) کھجرالی (2) ایک قسم کا بغل پھوڑا (3) بغل کی گلٹی۔

ککروندا (ہ) اسم مذکر۔ ایک کھٹے اور ترش اور سرخ پھل کا نام ہے جس کا اچار بناتے ہیں۔

ککرم (ہ) اسم مذکر (1) (ک بمعنی بد اور کرم بمعنی کام) پاپ (2) گناہ (3) حرام۔

ککرمی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) پاپی (2) بدکار (3) حرام کار (4) گناہگار (5) زانی۔



ککڑ

ککڑ (پنجابی) اسم مذکر (1) مرغا (2) مرغی۔

ککڑ (ہ) اسم مذکر (1) ایک قسم کا بھربھرا بنا ہوا پینے کا تمباکو (2) مٹی کا بڑا حقہ (3) لمبے نیچے کا حقہ (4) مجازاً پتلا دبلا اور کمزور آدمی۔

ککڑ باز (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) بہت حقہ پینے والا (2) حقہ کا سخت عادی۔

ککڑ خانہ (ا) اسم مذکر ظرف (1) حقہ پینے کی جگہ (2) حقہ خانہ (3) تکیہ (4) بری صحبت۔

ککڑ والا (ا) اسم مذکر فاعل (1) بازاروں میں حقہ پلانے والا (2) مجازاً ذلیل

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140…218

وخوار شخص۔

ککڑوں کوں (ہ) اسم مونث صوت ① مرغ کی اذان ② مرغ کے بولنے کی آواز۔

ککڑی (ہ) اسم مونث ① تکلے پر بنی ہوئی کچے سوت کی لچھی ② مکئی کا بھٹا (پنجابی مرغی) ماکیان۔

ککڑی ہو جانا (ہ) فعل ① سمٹ سوکھ کر ذرا سا ہو جانا ② اینٹھ جانا۔

ککڑی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری ② خیار۔

ککڑی کا چور (ہ) اسم مذکر ① چھوٹی چیز کا چور ② ادنٰے چور ③ ہلکی چیزوں کا چور۔

ککڑی کھیرا کرنا (ہ) فعل ① ہر دم بے قدر سمجھ کر کوسنا ② بات بات پر کوسنا ③ ذرا سی بات پر بے دردی سے کوسنا۔

ککڑی کے چور کو گردن نہیں مارتے (ا) محاورہ ① تھوڑی خطا پر بہت سزا نہیں چاہیئے ② ذرا سی غلطی پر بہت سزا دینا ③ انسانیت نہیں۔

ککیانا (ہ) فعل ① بندر کا چیخنا ② بندر کا چلانا۔

## ک ← گ

کگار/کگر (ہ) اسم مونث ① کنی ② کنارہ ③ کور ④ حاشیہ ⑤ مکان کی کنگنی ⑥ کارنس ⑦ دھار ⑧ باڑھ۔

## ک ← ل

کل (ہ) اسم صفت ① کالا کا مخفف ② سیاہ کالا۔

کل جبھا (ہ) اسم صفت فاعلی ① منحوس ② چندرا ③ شوم ④ وہ شخص جس کی بددعا زود اثر ہو۔

کل سرا (ہ) اسم صفت فاعلی ① کالے سر والا ② جوان آدمی ③ ایک پرندے کا نام بھی ہے۔

کل منہا/کل مونہا/کلموہا (ہ) اسم صفت فاعلی ① کالے منہ کا آدمی ② سیاہ فام ③ بدبخت ④ بدنصیب ⑤ بیہودہ ⑥ نالائق۔

کل (ہ) اسم مونث ① مشین ② کام کرنے کا اوزار ③ آرام ④ چین ⑤ سکھ ⑥ ڈھب ⑦ وضع ⑧ طور۔

کل پرزے میں فرق آ جانا (ا) محاورہ۔ کسی چیز یا عضو کا خراب ہو جانا۔

کل بیکل ہونا (ہ) فعل ① پیچ ڈھیلے ہو جانا ② بے ترتیب ہو جانا ③ بے آرامی ہونا۔

کل دار (ا) اسم مذکر فاعل ① انگریزی روپیہ ② کل کے ذریعہ سے بنایا ہوا روپیہ ③ چہرہ شاہی روپیہ۔

کل دار بندوق (ا) اسم مونث ① گھوڑے کی بندوق ② چانپ والی بندوق۔

کل کل (ہ) اسم مونث ① بند بند ② جوڑ جوڑ ③ ہر عضو ④ ہر وقت کی لڑائی ⑤ بڑبڑاہٹ۔

کل مروڑنا/بوڑنا (ہ) فعل ① مشین کو چلانا ② کل درست کرنا۔

کل ہاتھ میں ہونا (ہ) فعل ① کسی کے دل پر قابو ہونا ② کسی کی طبیعت پر اختیار ہونا ③ کسی کی باگ ہاتھ میں ہونا۔

کل آنا (ہ) فعل ① آرام آنا ② چین پڑنا ③ تسلی ہونا۔

کل پانا (ہ) فعل ① چین پانا ② تسلی پانا ③ سکھ پانا ④ راحت پانا۔

کل پڑنا (ہ) فعل ① اطمینان ہونا ② جی ٹھیرنا ③ چین پڑنا۔

کل نہ پڑنا (ہ) فعل ① بے قرار ہونا ② بے چین ہونا ③ ٹھہر نہ رہنا ④ قیام نہ ہونا۔

کل کا لڑکا (ہ) اسم مذکر ① سامنے کا بچہ ② ابھی پیدا ہوا لڑکا ③ تھوڑی عمر کا۔

کل کی بات (ہ) اسم مونث ① ابھی کا ذکر ② حال کی بات ③ تھوڑے دنوں کا ذکر ④ زمانہ قریب کی بات ⑤ گزشتہ دن کا واقعہ۔

کل کے جوگی کندھے پر جٹا (ہ) ① تازہ مرید اور اتنے کمال کے دعوے ② صرف لباس سے کیا ہوتا زمانہ گزارو گے تو فقیری آئے گی۔

کل کل کرنا (ہ) فعل ① لیت و لعل کرنا ② ٹال مٹول کرنا ③ ہر روز کل کے وعدے پر ٹالنا۔

کُل (ع) اسم صفت ① مفید تاکید ② سب ③ تمام ④ کامل ⑤ ہر ⑥ ہر

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ایک۔

**کل کائنات** (ع) اسم مونث ❶ ساری دنیا ❷ کل مخلوق ❸ ساری حیثیت ❹ تمام سرمایہ۔

**کل** (س) اسم مذکر ❶ جنس ❷ خاندان ❸ گھرانا ❹ کنبہ ❺ ذات ❻ قوم۔

**کل اچھالنا** (ہ) اسم مذکر فاعل مفید صفت ❶ خاندان کو بدنام کرنے والا ❷ کلنک لگانے والا۔

**کل بکھانا** (ہ) فعل ❶ تمام خاندان کو برا بھلا کہنا ❷ بڑوں کی ہجو کرنا ❸ کسی کے خاندان کی صفت وثنا کرنا ❹ نسبت نامہ پڑھنا خوشامد کرنا۔

**کل دھرم** (ہ) اسم مذکر ❶ خاندان کی ریت ❷ گھرانے کی چال ❸ خاندانی رسم ورواج۔

**کل ونتا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ شریف خاندان کا ❷ خاندانی ❸ بڑے گھر کا ❹ اونچے گھرانے کا۔

**کل ونتی** (ہ) اسم صفت مونث ❶ شریف زادی ❷ اچھے گھرانے کی عورت ❸ خاندانی عورت۔

**گلا** (ہ) اسم مذکر۔ درخت کی کونپل۔

**کلا** (ہ) اسم مذکر ❶ کلی کا اسم مکبر ❷ عزعزہ ❸ کلی ❹ غرارہ۔

**کلا** (س) اسم مذکر ❶ ذرے کا آٹھواں حصہ ❷ نہایت چھوٹا حصہ ❸ آٹھ سیکنڈ ❹ آٹھ ثانیہ ❺ درجہ کا ساٹھواں حصہ یعنی ایک منٹ ❻ فریب ❼ دھوکا چھل ❽ بہانہ ❾ ہنر۔

**کلابازی** (ا) اسم مونث ❶ ڈھیکلی لگانا ❷ سر نیچے ٹانگیں اوپر کرکے نٹ کا بازی لگانا۔

**کلاجنگ** (ا) اسم مذکر۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔

**کلاکار** (ہ) اسم صفت ❶ نٹ کھٹ ❷ شوخ ❸ فسادی ❹ شریر ❺ مکار ❻ فریبی ❼ ڈھنگی ❽ ہنر دار۔

**کلا** (ا) اسم مذکر ❶ جبڑا ❷ گال کے اندر کا حصہ ❸ گال رخسارہ ❹ کنایۃً زباندرازی۔

**کلا بہ کلا لڑنا** (ا) فعل ❶ بالمقابل لڑنا ❷ سامنے ہو کر لڑنا ❸ برابری سے لڑنا۔

**کلا توڑ** (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ برابر کا ❷ دنداں شکن ❸ ہر طرح سے ❹ برابر کا بھائی۔

**کلا جبڑا** (ا) اسم مذکر ❶ جبڑا ❷ گال ❸ رخسار۔

**کلا چلے ستر بلا ملے** (ا) مثل ❶ منہ چلتا رہے تو کوئی ڈر نہیں ❷ کھاتا پیتا آدمی تندرست رہتا ہے۔

**کلا دبانا** (ا) فعل ❶ سامنے بات نہ کرنے دینا ❷ خاموش کر دینا ❸ جبڑے بھینچنا۔

**کلادراز** (ا) اسم صفت فاعلی ❶ زباندراز ❷ بدزبان ❸ چلا کر بولنے والا۔

**کلابتو/کلابتون** (ا، ت) اسم مذکر۔ ریشم پر بٹے ہوئے سونے چاندی کے تاروں کی ڈور۔

**کلابتونی** (تف) اسم صفت یائے نسبتی۔ کلابتون کا بنا ہوا۔

**کلاتھ** (ای) اسم مذکر۔ کپڑا۔

**کلاتھ مارکیٹ** (ای) اسم مونث ❶ کپڑے کی منڈی ❷ کپڑے کا بازار۔

**کلاتھ مرچنٹ** (ای) اسم مذکر ❶ کپڑا فروخت کرنے والا ❷ سوداگر۔

**کلاس** (ای) اسم مونث ❶ جماعت ❷ طالب علموں کا گروہ ❷ فرقہ ❸ مرتبہ ❹ درجہ ❺ قسم ❻ جنس ❼ ذات۔

**کلاس فیلو** (ای) اسم مذکر۔ ہم جماعت۔

**کلاسیک** (ای) اسم صفت و مذکر ❶ قدیم ❷ اعلیٰ درجے کا ❸ مستند ❹ ادبیاتِ عالیہ۔

**کلاغ** (ف) اسم مذکر ❶ جنگلی کوا ❷ کاگ۔

**کلاک** (ای) اسم مذکر ❶ بڑی گھڑی ❷ گھنٹہ۔

**کلال** (ہ) اسم مذکر ❶ شراب بنانے اور بیچنے والا ❷ آبکار ❸ شراب فروش۔

**کلال خانہ** (ا) اسم مذکر ظرف ❶ شراب کی دکان ❷ شراب خانہ۔

**کلام** (ع) اسم مذکر ❶ بات ❷ گفتگو ❸ علم نحو میں کم از کم دو کلموں کا مرکب ❹ شعر ❺ قول ❻ بچن ❼ تصنیف ❽ مضمون ❾ عذر۔

**کلام اللہ** (ع) اسم مذکر ❶ خدا کا کلام ❷ قرآن شریف ❸ مصحف مجید۔

**کلام اللہ اٹھانا** (ا) فعل۔ قرآن شریف اٹھا کر قسم کھانا۔

**کلام کرنا** (ا) فعل ❶ بولنا ❷ گفتگو کرنا ❸ بات چیت کرنا ❹ بحث کرنا ❺ جھگڑنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

کلام ہونا (ا) فعل ① عذر ہونا ② اعتراض ہونا ③ حجت ہونا ④ گرفت کرنا۔

کلان (ف) اسم صفت ① بڑا ② بزرگ ③ بلند ④ اونچا ⑤ وسیع ⑥ فراخ ⑦ لمبا ⑧ طویل۔

کلانا (ہ) فعل ① چھاج کے ذریعہ غلہ کو پھٹکنا ② رولنا۔

کلانچ (ا) اسم مونث ① کود پھاند ② چوکڑی ③ چھلانگ ④ زغند۔

کلانچ بھرنا/ کلانچ مارنا (ا) فعل ① چھلانگ مارنا ② کودنا ③ پھاندنا ④ زغند لگانا ⑤ چوکڑی بھرنا۔

کلانوت (ہ) اسم مذکر ① (کلا بمعنی راگ اور ونت بمعنی مالک) گویا ② ایک قسم کے ڈوم جن کا پیشہ گانا بجانا ہے۔

کلاوہ (ف) اسم مذکر ① تکلے پر لپٹا ہوا کچا سوت ② سرخ سوت ③ مولی۔

کلاہ (ف) اسم مونث ① لمبی نوکدار ٹوپی ② مجازاً تاج شاہی ③ افسر شاہاں۔

کلاؤں (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول۔ مویشیوں کو پانی پلانے کی لمبی نالی۔

کلائمیکس (ای) اسم مذکر ① نقطہ عروج ② انتہا ③ منتہائے کمال۔

کلائی (ہ) اسم مونث ① پہنچا ② ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصہ ④ ساعد۔

کلائی کرنا (ہ) فعل ① اپنی کلائی کو حریف سے چھڑا کر اس کی کلائی پکڑ لینا ② کلائی کی ورزش کرنا۔

کلب (ای) اسم مذکر ① سوسائٹی ② انجمن ③ مجلس ④ پنچایتی مکان۔

کلب (ع) اسم مذکر ① کتا ② سگ۔

کلبل (ہ) اسم مونث ① حشرات الارض کا پیٹ کے بل چلنا ② مجازاً کچ پچ ③ بچے کچے۔

کلبلانا (ہ) فعل ① کلبل کرنا ② کیڑوں مکوڑوں کے مجمع کا چلنا ③ کیڑوں کا رینگنا۔

کلبلانا (ہ) فعل ① انتڑیوں کا بولنا ② بے قرار ہونا ③ کھجانا ④ چلنا ⑤ رینگنا ⑥ گدگدیاں کرنا ⑦ آہستگی سے سہج سہج ہلنا ⑧ سوتے وقت ہلنا۔

کلبلاہٹ (ہ) اسم مونث ① کیڑوں کا آہستگی سے رینگنا ② سہج سہج حرکت کرنا۔

کلبہ (ف) اسم مذکر ① جھونپڑا ② غریبوں کا گھر ③ چھوٹا سا گھر ④ گوشہ ⑤ کونہ۔

کلبہ احزاں۔ (ف) اسم مذکر ① غموں کا گھر ② ماتم کدہ ③ غم کدہ۔

کلپ (ای) اسم مذکر۔ بالوں کو باقاعدہ رکھنے کا کانٹا جو عورتیں سروں میں لگا لیتی ہیں۔

کلپ (س) اسم مذکر ① وید کے چھ انگوں میں سے ایک انگ ② وید کی ایک فصل کا نام ③ خطرہ ④ ڈر ⑤ اندیشہ ⑥ شبہ ⑦ شک ⑧ مطلب ⑨ مقصد۔

کلپ برچھ/ برکش (ہ) اسم مذکر۔ بہشت کے ایک درخت کا نام ہے۔

کلپانا (ہ) فعل ① دکھ دینا ② ستانا ③ ظلم کرنا ④ دق کرنا ⑤ تنگ کرنا ⑥ تڑپانا ⑦ بے قرار کرنا۔

کلپنا (ہ) فعل ① کلپانا کا لازم ② بے قرار ہونا ③ تڑپانا ④ تنگ ہونا ⑤ ستایا جانا ⑥ کڑھنا۔

کلٹا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا کھانچا۔

کلجگ (ہ) اسم مذکر ① گناہ کا زمانہ ② چوتھا جگ ③ فساد اور پاپ کا زمانہ۔

کلچ (ای) اسم مذکر۔ وہ آلہ جس کی مدد سے مشین چلائی اور ٹھرائی جاتی ہے۔

کلچہ (ا) اسم مذکر ① میدے کی ایک قسم کی خمیری روٹی ② خیمہ کی چوب میں لگانے کا لکڑی کا گول گتا۔

کلچہ سا (ا) اسم صفت بترکیب تشبیہی۔ کلچہ کی طرح پھولا ہوا۔

کلچر (ای) اسم مذکر ① تہذیب ② ثقافت ③ ذہنی ترقی ④ زراعت ⑤ کاشت ⑥ کھیتی باری۔

کلچرل (ای) اسم صفت ① تہذیبی ② ثقافتی۔

کلر (ہ) اسم صفت ① بنجر ② شور ③ (بحالت اسم مونث) شور زمین ④ ریہہ۔

کلرک (ای) اسم مذکر ① منشی ② محرر ③ اہلکار۔

کلرن (ہ) اسم مونث ① جونک لگانے والی ② جونکوں والی۔

کلس (ہ) اسم مذکر ① سنہری ② ملمع کیا ہوا ③ سکھر جو گنبدوں پر لگا دیتے ہیں ④ گنبد کی کلغی ⑤ شمسہ بڑا گھڑا جو پیتل وغیرہ کا ہو۔

کلسا (ہ) اسم مذکر ① تانبے پیتل وغیرہ کا تنگ منہ والا بڑا گھڑا ② بڑا دیگچہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**کلغی/ کلگی** (ا) اسم مونث ❶ خاص پرندے کے چند پر جنہیں بادشاہ اپنے تاج یا ٹوپی پر لگاتے ہیں ❷ طرہ ❸ جیغہ مور کے سر کا تاج ❹ پرندے کی چوٹی ❺ کلس ❻ طرہ ❼ شمسہ ❽ مرہٹی ❾ لاؤنی۔

**کلغی باز** (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ لاؤنی بنانے والا ❷ مرہٹی باز۔

**کلف** (ا) اسم مذکر ❶ آہار ❷ مادہ ❸ چہرے کے سیاہ دھبے ❹ چھیپ ❺ منہ کے داغ ❻ وسمہ ❼ خضاب۔

**کلفت** (ء) ❶ دکھ تکلیف ❷ رنج ❸ بپتا ❹ مصیبت ❺ کشٹ۔

**کلک** (ف) اسم مذکر ❶ قلم بنانے کا نیزہ ❷ کانا ❸ نرسل ❹ مجازاً ❺ قلم ❻ خامہ۔

**کلکارنا** (ف) فعل ❶ ہانک مارنا ❷ نعرہ لگانا ❸ آوازہ مارنا ❹ پکارنا ❺ چیخنا ❻ روکا دینا۔

**کلکاری** (ہ) اسم مونث ❶ روکا ❷ چیخ ❸ کوک ❹ زور کی آواز ❺ بندر کی آواز۔

**کلکٹر/کلٹر** (ای) اسم مذکر ❶ سرکاری لگان جمع کرنے والا ❷ حاکم ضلع ❸ ضلع کا مالی افسر۔

**کلکٹری** (ای) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کلکٹر کا کام ❷ مال افسری کا عہدہ ❸ ضلع کی حکومت ❹ حاکمی۔

**کل کل** (ف، ہ) اسم مونث ❶ بک بک ❷ بیہودہ گوئی ❸ تکرار ❹ خانگی نزاع ❺ راڑ ❻ روز روز کا ٹنٹا۔

**کل کل کرنا** (ا) فعل ❶ باہمی کلیش رچنا ❷ راڑ کرنا ❸ بات بات پر خفا ہونا ❹ آپس میں تکرار کرنا۔

**کِل کِل** (ا) اسم مونث ❶ تکرار ❷ بحثا بحثی ❸ دانتا ❹ کل کل ❺ بک بک ❻ غل ❼ کلیش۔

**کِل کِل کرنا** (ا) فعل ❶ تکرار سے دماغ کھا جانا ❷ کان کھانا ❸ بک بک کرنا ❹ سر کھانا۔

**کلکلاں** (ا) اسم صفت ❶ کل کلا کا بگاڑ ❷ بالکل پورا ❸ پورا پورا ❹ تمام کا تمام۔

**کل کلاں کو** (ہ) تابع فعل ❶ آئندہ کو ❷ کل کو ❸ آگے کو ❹ اتفاقاً ❺ بعد ازاں۔

**کلکلانا** (ہ) فعل ❶ غرانا ❷ کاٹ کھانے کو دوڑنا ❷ خفا ہونا ❸ ترش ہونا۔

**کلما** (ا) اسم مذکر ❶ مصالح دار قیمہ ❷ بھری ہوئی بکری کی انتڑی۔

**کلمات** (ء) اسم مذکر۔ کلمہ کی جمع۔

**کل موئی** (ہ) اسم مونث صفت ❶ کالے منہ والی ❷ منحوس ❸ بدشکل ❹ بدصورت۔

**کلمہ** (ء) اسم مذکر ❶ لفظ بول ❷ بات ❸ علم نحو میں بامعنی مفرد لفظ جو آدمی بولے ❹ منطق میں بمعنی فعل تفسیر میں بمعنی سول ❺ دین اسلام کا عقیدہ ❻ مجازاً خدا کا نام۔

**کلمۃ الحق** (ء) اسم مذکر ❶ حق بات ❷ سچی بات ❸ انصافی بات ❹ خدا لگتی ❺ کھری بات۔

**کلمہ بھرنا** (ا) محاورہ ❶ خدا کا نام لینا ❷ کلمہ کہنا ❸ کسی کا نہایت ہی معتقد اور شیدا ہونا۔

**کلمہ پڑھانا** (ا) فعل ❶ مسلمان بنانا ❷ دین اسلام میں لانا ❸ لا الہ الا اللہ کہلوانا۔

**کلمہ پڑھنا** (ا) فعل ❶ داخل اسلام ہونا ❷ مسلمان بننا ❸ توحید باری تعالیٰ کا اقرار کرنا ❹ خدا کا نام لینا ❺ کسی کی اطاعت کرنا ❻ کسی بات میں کامل اور استاد ماننا ❼ کسی کا عاشق و فریفتہ ہونا ❽ کسی کا نام ہر وقت جپتے رہنا ❾ ہر وقت یاد کرتے رہنا۔

**کلمہ تکبیر** (ء) اسم مذکر ❶ برائی کی بات ❷ کلمہ اللہ اکبر سے مراد ہے۔

**کلمہ شہادت** (ء) اسم مذکر۔ خدا کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلعم کے بندہ اور رسول ہونے کی گواہی دینے کے الفاظ۔ یعنی اشہدان لا الہ الا اللہ واشہدان محمد اعبدہ ورسولہ کہنا۔

**کلمہ کفر** (ء) اسم مذکر ❶ دین کی توحید اور مخالفت کی بات ❷ گھمنڈ اور تکبر کی بات۔

**کلمہ گو** (عف) اسم صفت فاعلی ❶ دین اسلام کا کلمہ پڑھنے والا ❷ مسلمان ❸ معتقد دین ❹ کسی کا خیر خواہ ❺ دعا گو کسی کا کلمہ بھرنے والا۔

**کلمے کا شریک** (ا) اسم مذکر ❶ ہم مذہب ❷ کلمہ گو ❸ مسلمان بھائی ❹ ایک ہی خدا اور رسول کو ماننے والا۔

**کلمے کی انگلی** (ا) اسم مونث ❶ انگوٹھے کے پاس کی انگلی ❷ شہادت کی انگلی ❸ سبابہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

کلن (ہ) اسم مونث حاصل مصدر کلنا سے ① درد ② ٹیس ③ سنسلاہٹ۔

کلنج (ہ) اسم صفت۔ گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا باہم رگڑ کھانا۔

کلنڈرا (ای) اسم مذکر۔ (کیلنڈر کا بگاڑ) فہرست فرد۔

کلنک (س) اسم مذکر ① دھبا ② داغ ③ الزام ④ ذلت ⑤ رسوائی ⑥ بدنامی ⑦ روسیاہی۔

کلنک کا داغ / کلنک کا ٹیکا (ہ) اسم مذکر ① بدنامی کا دھبہ ② رسوائی کا داغ ③ روسیاہی کا ٹیکا۔

کلنکی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① عیبی ② عیب دار ③ داغی ④ برہمن یا گائے کا قاتل۔

کلنگ (ف) اسم مذکر ① کونج ② قاز ③ ایک مٹیالے رنگ اور لمبی گردن والے پرندے کو کہتے ہیں ④ مجازاً بڑا لمبا آدمی ⑤ لمبی ٹانگوں والا آدمی ⑥ لمبی ٹانگوں والا موٹا تازہ جانور۔

کلنی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی چچڑی ② بگھی ③ چچڑی ④ یہ گھریلو چاپایوں کے جسم میں ہوتی ہے۔

کلو (ہ) اسم صفت ① کالا آدمی ② کالا کلوٹا ③ کالے رنگ کا ④ (بواؤ مجہول اس کی تانیث ہے)

کِلو (ای) سابقہ ① ہزار ② مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

کلوگرام (ای) اسم مذکر۔ ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر۔

کِلومیٹر (ای) اسم مذکر۔ پانچ فرلانگ یا گیارہ سو گز کے برابر کا فاصلہ۔ جیسے کلوگرام۔

کِلوواٹ (ای) اسم مذکر۔ برقی قوت کا درجہ۔

کلوا (ہ) اسم صفت ① کلو کی تصغیر حقارتی ② کالا کلوٹا ③ (اسم مذکر) کالا کتا۔

کلوابیر (ہ) اسم مذکر ① ایک فرضی اور کالا موکل ② کالا دیو (جادو والوں کی اصطلاح ہے)

کلوار (ہ) اسم مذکر ① کلال ② شراب کھینچنے اور بیچنے والا ③ مے فروش۔

کلوانا (ہ) فعل ① بند کرانا ② منتر سے تسخیر کرانا ③ قابو کرانا (کیلنا سے متعدی ہے)

کلوٹا (ہ) اسم صفت ① کالا کا مرادف ② سیاہ ③ کالے رنگ کا۔

کلوخ (ف) اسم مذکر ① مٹی کا ڈھیلا ② کچی یا پکی اینٹ کا روڑا۔

کلورائیڈ (ای) اسم مذکر۔ کلورین کا مرکب۔

کلوروفام (ای) اسم مذکر۔ ایک دوا جو بے ہوش کر دیتی ہے۔

کلوکیم (ای) اسم مذکر۔ مجلسِ مذاکرہ۔

کلول (ہ) اسم مونث ① اچھل کود ② کھیل کود ③ چلبلاہٹ ④ شوخی ⑤ سیر و تفریح ⑥ دل لگی۔

کلول کرنا (ہ) فعل ① کھیلنا کودنا ② خوشی سے چہچہانا ③ چہکنا ④ عیش منانا ⑤ گلچھرے اڑانا ⑥ باہم چہل کرنا۔

کلونجی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا کالا بیج جو دوا یا اچار میں استعمال ہوتا ہے۔

کلونس (ہ) اسم مونث ① کالک ② سیاہی ③ کلنک ④ داغ ⑤ دھبا ⑥ رسوائی ⑦ بدنامی۔

کلہ (ف) اسم مونث ① کلاہ کا مخفف ہے ② ٹوپی۔

کلہ شجرہ (فع) اسم مذکر ① مال اسباب ② بدھنا ③ بوریا ④ سلسلہ خاندان۔

کلہ (ف) اسم مذکر ① سر ② سیس ③ مونڈ۔

کلہ دراز (ف) اسم صفت فاعلی ① لڑاکا ② زباندراز ③ غل مچانے والا۔

کلہ قند (ف) اسم مذکر ① قند کے ڈلے ② کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مشہور مٹھائی۔

کلہاری (ہ) اسم مونث صفت بیائے فاعلی ① جھگڑالو عورت ② لڑاکا عورت۔

کلہاڑا (ہ) اسم مذکر آلہ ① بڑی کلہاڑی یا تیشہ ② لکڑی پھاڑنے یا کاٹنے کا ایک اوزار ③ کہاڑا۔

کلہاڑی (ہ) اسم مونث ① کلہاڑا کی تصغیر و تانیث ② چھوٹا تیشہ ③ کہاڑی۔

کلھڑ / کلھڑا (ہ) اسم مذکر ① مٹکینا ② مٹی کا آب خورا ③ گول مٹول آدمی ③ گول مول آدمی ④ بیڈول۔

کلھم (ع) تابع فعل مفید صفت ① تمام کے تمام ② سب کے سب ③ پورے کا پورا۔

کلھیا / کلیا (ہ) اسم مونث ① عطاروں کے شربت وغیرہ دینے کا مٹی کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

چھوٹا سا برتن (2) چھوٹی ہانڈی (3) ایک قسم کی آتشبازی۔

**کلھیا سا** (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی (1) چھوٹا سا (2) بند (3) تنگ۔

**کلھیا میں گڑ پھوڑنا** (ہ) فعل (1) چھپ کر کوئی کام کرنا (2) کسی کام کو لوگوں سے چھپا کر کرنے کی کوشش کرنا (3) کسی اچھے کام کو چھپا کر کرنا۔

**کلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے** (ہ) محاورہ۔ بڑا کام پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

**کلی** (ع) اسم صفت (1) پورا (2) سارا (3) تمام (4) منطق میں جزئی کی ضد۔

**کِلی** (ہ) اسم مونث (1) کھونٹی (2) کیل (3) میخ (4) کلنی چچڑی۔

**کلی** (ہ) اسم مونث (1) پانی منہ میں ڈال کر اگلنا (2) غرغرہ (3) غرارہ۔

**کلی** (ہ) اسم مونث (1) بن کھلا پھول (2) غنچہ (3) شگوفہ (4) کونپل (5) مجازاً (6) باکرہ (7) کنواری (8) پرندوں کے نئے اور چھوٹے پر (9) کرتے کی تریز۔

**کلے پائے** (ا) اسم مذکر (1) بکری کا سر اور اس کے پاؤں کا اوپر کا حصہ (2) سر کا پائے۔

**کلے تلے دبا لینا** (ا) فعل (1) چبا ڈالنا (2) قابو کر لینا (3) اپنی آواز کے آگے دوسرے کی نہ سننا (4) دوسرے کو بات نہ کرنے دینا۔

**کلے والی** (ا) اسم مونث (1) بڑی بلند آواز عورت (2) گالیاں بکنے والی۔

**کلیات** (ع) اسم مونث (1) کلی کی جمع (2) جزئیات کی ضد (3) نظم کا مجموعہ (4) تصانیف کا مجموعہ۔

**کلیان** (س) اسم مذکر (1) خیریت کشل (2) خوشی (3) آنند (4) سونا (5) طلا۔ نجات (6) مکتی (7) خوش نصیبی (8) خوش حال (9) ایک راگنی کا نام ہے جسے شام کلیان بھی کہتے ہیں

**کلیان ہونا** (ہ) فعل (1) کشل ہونا (2) خیریت ہونا (3) صاحب اقبال ہونا (4) مختار ہونا۔

**کلیانا** (ہ) فعل (1) پرندوں کا نئے پر نکالنا (2) درختوں میں کلیاں نکلنا۔

**کلیجن** (ہ) اسم مونث (1) پان کی جڑ (2) خولنجاں (3) قولنجن (4) کلنجن بھی بولتے ہیں۔

**کلیجہ/ کلیجا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک اندرونی عضو کا نام ہے (2) جگر (3) کبد (4) مجازاً ہمت (5) جرات (6) دلیری (7) حوصلہ (8) جگرا (9) شجاعت۔

**کلیجہ اچھلنا** (ہ) فعل (1) دل دھڑکنا (2) سخت گھبرا جانا۔

**کلیجہ اڑا جانا** (ہ) فعل (1) اوسان خطا ہوئے جانا (2) طبیعت کا نہایت پریشان ہو جانا۔

**کلیجہ الٹ جانا** (ہ) فعل (1) قے کرتے کرتے دل گھبرانا (2) دل الٹ جانا۔

**کلیجہ بڑھ جانا** (ہ) فعل (1) مسرت سے دل باغ باغ ہو جانا (2) حوصلہ بڑھ جانا (3) دل بڑھ جانا۔

**کلیجہ بیٹھا جانا** (ہ) فعل (1) کمزوری اور ڈر سے دل ڈوبا جانا (2) بے حد مضمحل ہونا۔

**کلیجہ بیندھنا/ سارنا/ چھیدنا** (ہ) فعل (1) طعنہ کی باتوں سے دل میں زخم ڈالنا (2) بولیاں مار کر گھایل کر ڈالنا (3) دل میں سوراخ کر دینا۔

**کلیجہ پاش پاش ہو جانا** (ا) (1) دل کڑھنا (2) دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

**کلیجہ پانی ہونا** (ہ) فعل (1) تکلیف اور دکھ دینے والی باتوں سے دل سوختہ ہو جانا (2) نہایت عاجز اور جینے سے بیزار ہو جانا (3) جل کر کباب ہو جانا (4) چھاتی پک جانا۔

**کلیجہ پکڑ کر رہ جانا** (ہ) فعل (1) دل مسوس کر رہ جانا (2) تڑپ کر رہ جانا (3) صدمہ کی بے تابی سے کلیجہ پکڑ لینا (4) دھک سے رہ جانا۔

**کلیجہ پکڑ لینا** (ہ) فعل۔ کسی صدمے کی تاب نہ لا کر مضطرب اور بے چین ہو جانا۔

**کلیجہ پکنا** (ہ) فعل (1) تنگ آ جانا (2) دل جلنا (3) عاجز آنا۔

**کلیجہ پھٹا جانا** (ہ) فعل۔ کسی مصیبت کے سننے کی تاب نہ لا سکنا۔

**کلیجہ پھٹ جانا** (ہ) فعل (1) دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (2) جگر شق ہونا (3) عشق و محبت سے گھایل ہو جانا (4) حسد سے جل مرنا (5) کسی کی ثروت و دولت سے حسد کرنا۔

**کلیجہ تھام کر رونا** (ہ) فعل (1) زار و قطار رونا (2) بے تابی سے دل کو پکڑ پکڑ کر رونا۔

**کلیجہ تھام کر/ تھام کے رہ جانا** (ہ) فعل (1) دل دہل جانا (2) دل ڈر جانا (3) خوف چھا جانا (4) دنگ رہ جانا (5) حیران ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03...218

www.besturdubooks.net

کلیجہ سلگانا (ہ) فعل ① دل جلانا ② جی کباب کرنا۔

کلیجہ کاڑھ لینا (ہ) فعل ① ڈائن کی طرح جگر کھا جانا ② دل چھین لینا ③ دل موہ لینا ④ نہایت عمدہ چیز نکال لینا ⑤ کسی کا مال مار لینا۔

کلیجہ کانپنا (ہ) فعل ① جی لرز جانا ② خوف چھانا ③ سردی لگنا ④ کپکپی چھوٹنا۔

کلیجہ کٹنا (ہ) فعل ① خونی دست آنا ② اسہال آنا ③ کسی زہر یا ہیرے کی کنی کے کھانے سے دل یا جگر کے ٹکڑے ہو کر گرنا ④ حادثہ گزرنا ⑤ دل پر سخت صدمہ گزر جانا ⑥ دل دکھنا ⑦ حسد ہونا ⑧ روپیہ بہت سا خرچ ہو جانا۔

کلیجہ کھرچنا (ہ) فعل ① بھوک خوب لگنا ② کھدیا لگنا۔

کلیجہ کھلانا (ہ) فعل ① بے حد خاطر تواضع کرنا ② جان تک حوالے کر دینا ③ دولت کھلانا۔

کلیجہ مسوس کر رہ جانا (ہ) فعل ① صدمہ کو ضبط کر کے رہ جانا ② دل مسوس کر رہ جانا۔

کلیجہ ملنا (ہ) فعل ① صدمے سے بے تاب ہو کر دل کو پکڑ لینا ② دل مسوسنا۔

کلیجہ منہ کو آنا (ہ) فعل ① جی اکتانا ② دم گھبرانا ③ خفقان ہونا ④ دم الٹنا ⑤ بے تاب ہونا ⑥ تلملانا۔

کلیجہ نکال کر/ نکال کے لے جانا (ہ) فعل ① دولت چرائے جانا ② مال مار کر چلا جانا۔

کلیجہ نکالنا/ نکال لینا (ہ) فعل۔ دیکھو (کلیجہ کاڑھ لینا)

کلیجی (ہ) اسم مونث ① کلیجا کی تانیث وتصغیر ② بکری وغیرہ کا جگر معہ متعلقات یعنی دل جگر پھیپھڑا تلی وغیرہ۔

کلیجے (ہ) اسم مذکر۔ کلیجا کی جمع۔

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا (ہ) فعل۔ دوسرے کے دل کا حال اپنے دل کا سا جاننا۔

کلیجے سے دھواں اٹھنا (ہ) فعل ① دل سے بھاپ اٹھنا ② کمال دل جلنا ③ دل سے آہ نکلنا۔

کلیجے کا ٹکڑا (ہ) اسم مذکر ① پیارا ② عزیز ترین ③ پارہ دل ④ نور چشم ⑤ لخت جگر ⑥ کلیجے کی کور۔

کلیجے میں آگ لگنا (ہ) فعل ① نہایت پیاس اور بھوک لگنا ② کسی صدمے سے دل بے تاب و بے قرار ہونا ③ کسی تیز چیز کے کھانے سے سینے میں جلن پیدا ہو جانا۔

کلیجے میں ہاتھ ڈالنا (ہ) فعل ① دولت پر ہاتھ مارنا ② دل دکھانا ③ تکلیف دینا ④ دل میں گھر کرنا ⑤ نہایت مقرب اور عزیز ہو جانا۔

کلید (ف) اسم مونث ① کنجی ② چابی ③ تالی۔

کلیر (ای) اسم مونث ① واضح ② صاف ③ شفاف ④ کھلا ⑤ بے روک ⑥ بے باک۔

کلیرنس سیل (ای) اسم مذکر۔ دوکان کا پرانا یا موجودہ اسٹاک ختم کرنے کے لیے اسے سستے داموں فروخت کرنا۔

کلیس/ کلیش (ہ) اسم مذکر ① دکھ ② تکلیف ③ کشٹ ④ بپتا ⑤ جھگڑا ⑥ فساد ⑦ راڑ ⑧ ٹنٹا۔

کلیسا (یونانی) اسم مذکر ① گرجا ② عیسائیوں کی عبادت گاہ ③ عیسائیوں کا مندر۔

کلیسائی (یونانی) اسم صفت بیائے نسبتی۔ کلیسا کو ماننے والے۔

کلیسیا (یونانی) اسم مذکر۔ کلیسا کا مترادف ہے۔

کلیل (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے کا خوشی میں اچھلنا کودنا۔

کلیل میں غلیل لگا (ا) محاورہ ① خوشی میں یکا یک رنجش پیدا ہو گئی ② رنگ بھنگ ہونا۔

کلیم (ء) اسم مذکر ① بات کرنے والا ② ہمکلام ③ حضرت موسیٰ کا لقب ④ ایک فارسی شاعر کا تخلص۔

کلیم اللہ (ء) اسم مذکر۔ حضرت موسیٰ کا لقب ہے بہ سبب ہمکلامی خدا۔

کلیم (ای) اسم مذکر ① حق ② دعویٰ ③ مطالبہ ④ استغاثہ۔

کلینک (ای) اسم مذکر ① شفاخانہ ② صحت گاہ۔

کلیہ (ع) اسم مذکر ① کالج ② یونیورسٹی ③ قاعدہ ④ تمام پن۔

## ک ← م

کم (ف) اسم صفت ① بیش کی ضد ② ذرا سا ③ تھوڑا ④ قلیل ⑤ اندک ⑥ نفی مطلق کے لئے کبھی نہیں ⑦ نہ ⑧ بے ⑨ بد۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140172218

www.besturdubooks.net

**کم اصل** (ا) اسم صفت ❶ نیچ ❷ بداصل ❸ رذیل ❹ کمینہ ❺ پاجی۔

**کم بخت** (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ بدنصیب ❷ نالائق ❸ نربھاگ ❹ (نفرت کا کلمہ) ❺ خانہ خراب ❻ نگوڑا۔

**کم بخت گئے ہاٹ ترازو ملے نہ باٹ** (ہ) مثل۔ نہایت بدبختی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں۔ یعنی بدنصیب اگر دکان پر سودا لینے بھی جائے تو وہاں ترازو اور باٹ تک نہیں ملیں گے۔

**کم بختی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بدقسمتی ❷ بدنصیبی ❸ بدشگونی۔

**کم بختی جب آئے اونٹ چڑھے کو کتا کھائے** (ا) مثل۔ ہونی بہرکیف ہو کر رہتی ہے۔ خواہ لاکھ احتیاط کرو۔

**کم بختی کے دن** (ا) اسم مذکر ❶ بدبختی اور نحوست کا زمانہ ❷ برے دن۔

**کم بختی نے تو نہیں گھیرا/کم بختی تو نہیں آئی** (ا) محاورہ ❶ تمہارے برے دن آ گئے ہیں ❷ شامت آ گئی ہے کھوٹے دن آ گئے ہیں۔

**کم تر** (ف) اسم صفت ❶ بہت کم ❷ بہت تھوڑا ❸ نہایت ادنٰے۔

**کم توجہی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ غفلت ❷ بے پروائی ❸ خیال تک نہ کرنا۔

**کم حوصلگی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اوچھا پن ❷ کم ظرفی ❸ دلیری کا نہ ہونا۔

**کم حوصلہ** (فع) اسم صفت ترکیبی بذریعہ سابقہ ❶ اوچھا ❷ کم ظرف ❷ کم ہمت۔

**کم حیثیت** (فع) اسم صفت ترکیبی بذریعہ سابقہ ❶ تھوڑی پونجی والا ❷ کمینہ ❸ سفلہ ❹ تھڑدلا۔

**کم خرچ** (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ کفایت شعار ❷ جزرس ❸ تنگ دل ❹ بخیل۔

**کم خرچ بالانشین** (ف) مثل ❶ وہ چیز جو قیمت میں کم اور نمائش میں زیادہ ہو ❷ تھوڑی قیمت میں بڑا کام نکالنے والا۔

**کم خور/کم خوراک** (ف) اسم صفت ترکیبی۔ تھوڑا کھانے والا۔

**کم دلا** (ا) اسم صفت بالف فاعلیت ❶ بزرگ ❷ ڈرپوک ❸ کنجوس۔

**کم ذات** (ا) اسم صفت ترکیبی ❶ کمینہ ❷ رذیل۔

**کم زور** (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ بودا ❷ ہلکا ❸ مضبوط کی ضد ❹ ناتواں ❺ بے طاقت۔

**کم زوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ضعف ❷ ناتوانی ❸ نقاہت۔

**کم سخن** (ا) اسم صفت فاعلی ❶ چپ چاپ ❷ کم بولنے والا۔

**کم سخنی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خاموشی ❷ کم گوئی ❸ تھوڑا بولنا۔

**کم سن** (فع) اسم صفت ترکیبی۔ چھوٹی عمر کا۔

**کم سننا** (ا) فعل ❶ بہرا ہونا ❷ اونچا سنائی دینا ❸ خیال میں نہ لانا ❹ توجہ نہ کرنا۔

**کم سنی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بچپن ❷ لڑکپن ❸ خوردسالی۔

**کم سے کم** (ا) اسم صفت ❶ قلیل ❷ اقل درجہ ❸ بہت ہی کم۔

**کم ظرف** (فع) اسم صفت ❶ اوچھا ❷ تھڑدلا ❸ ادنے ❹ حقیر ❺ پاجی۔

**کم ظرفی** (فع) اسم صفت بیائے مصدری ❶ اوچھا پن ❷ سمائی اور برداشت کا نہ ہونا۔

**کم عقل** (فع) اسم صفت ترکیبی ❶ بے وقوف ❷ نادان ❸ احمق۔

**کم عقلی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے وقوفی ❷ نادانی ❸ حماقت۔

**کم عمر** (فع) اسم صفت ترکیبی۔ دیکھو (کم سن)

**کم فرصتی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کام سے فرصت نہ ہونا ❷ کام سے نمٹ نہ سکنا۔

**کم فہم** (فع) اسم صفت ترکیبی ❶ بے سمجھ ❷ نادان۔

**کم فہمی** (فع) اسم مونث ❶ نادانی ❷ ناسمجھی۔

**کم قیمت** (ا) اسم صفت ❶ سستا ❷ ارزاں۔

**کم کرنا** (ا) فعل ❶ گھٹانا ❷ وضع کرنا ❸ منہا کرنا ❹ اختصار کرنا ❺ مختصر کرنا۔

**کم کم** (ا) تابع فعل ❶ تھوڑا تھوڑا ❷ کبھی کبھار ❸ قطرہ قطرہ۔

**کم و بیش** (ف) تابع فعل ❶ لگ بھگ ❷ قریب قریب ❸ تھوڑا بہت ❹ تقریباً۔

**کم ہمت** (فع) اسم صفت ❶ ڈرپوک ❷ کام چور ❸ بزدل ❹ کم حوصلہ۔

**کم ہمتی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بزدلی ❷ کم حوصلگی ❸ کام

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149

چوری۔

**کم ہونا** (ا) فعل ① گھٹنا ② ٹھہرنا نہ ہونا ③ زوال ہونا۔

**کم یاب** (ف) اسم صفت ترکیبی فاعلی ① نادر ② نایاب ③ کم ملنے والی چیز۔

**کم یابی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① قلت ② کمی ③ نایابی۔

**کما حقہ** (ع) اسم صفت ① جیسا کہ اس کا حق ہے ② بخوبی ③ ٹھیک ٹھیک ④ واجبی۔

**کماہی** (ع) اسم صفت ① جیسا کہ لائق ہے ② حسب اطمینان ③ بخوبی۔

**کماچ** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی ناہموار روٹی ② موٹی اور گول چیز۔

**کمار** (س) اسم مذکر ① کنور ② بن بیاہا ③ شہزادہ ④ راجہ کا بیٹا ⑤ راج دلارا ⑥ پسر۔

**کماری** (ہ) اسم مونث ① کمار کی تانیث ② شہزادی ③ راج دلاری ④ دختر۔

**کمال** (ع) اسم مذکر ① پورا ہونا ② کمالیت ③ گن ④ ہنر ⑤ قابلیت ⑥ لیاقت ⑦ انوکھی بات ⑧ اچنبھا ⑨ عجیب بات۔

**کمال درجہ کا** (ا) اسم صفت بترکیب اضافی ① نہایت پورا ② بالکل کامل ③ ازحد۔

**کمال دکھانا** (ا) فعل ① کرامات دکھانا ② ہنر یا کرتب دکھانا۔

**کمال کا بنا ہوا** (ا) اسم صفت ① بڑا کرتبی ② پرفن ③ آفت کا پرکالہ ③ فریبی ④ چالیا ⑤ نہایت ہوشیار۔

**کمال کرنا** (ا) فعل ① کاریگری دکھانا ② کوئی عجیب اور انوکھا کام کرنا ③ غضب کرنا ⑤ قابل تعجب کام کرنا ⑥ دھوکہ دینے میں کامل ہونا ⑦ کسی بات میں غالب آنا۔

**کمال کو پہنچنا** (ا) فعل ① پورا ہونا ② ختم ہونا ③ کسی بات میں کمال حاصل ہونا۔

**کمالا** (ا) اسم مذکر ① صلح کے ساتھ کشتی کرنا ② آپس میں پہلوانوں کی جنگ ③ زرگری۔

**کمالات** (ع) اسم مذکر۔ کمال کی جمع۔

**کما کھانا** (ا) فعل ① رزق حاصل کرنا ② محنت ومزدوری سے پیٹ پالنا۔

**کما لینا** (ا) فعل ① نجاست اور گندگی صاف کرنا ② چمڑے کو دباغت کرنا ③ ملازمت یا تجارت سے روپیہ پیدا کر لینا ④ ناتواں کر دینا ⑤ چرلینا ⑥ نچوڑ لینا۔

**کمان** (ای) اسم مونث ① کمانڈ کا مخفف ہے ② حکومت ③ سرداری ④ اختیار ⑤ فوجی ڈیوٹی۔

**کمان افسر** (ای) اسم مذکر ① سردار لشکر ② فوج کی کمان کرنے والا ③ کمانڈر ④ فوج کا افسر۔

**کمان پر جانا** (ا) فعل ① لڑائی کے لئے جانا ② جنگی خدمت پر مامور ہونا۔

**کمان پر ہونا** (ا) ① فوجی ڈیوٹی پر ہونا ② جنگی خدمت پر ہونا۔

**کمان** (ف) اسم مونث ① دھنک ② قوس تیر وغلہ وغیرہ چلانے کا جھکا ہوا آلہ ③ غلیل ④ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج دھن راس ⑤ محراب ⑥ طاق ⑦ دائرے کا کوئی حصہ ⑧ قوس قزح ⑨ (بحالت صفت) لچک دار۔

**کمان ابرو** (ف) اسم صفت ترکیبی۔ کمان جیسی بھوؤں والا معشوق۔

**کمان بردار** (ف) اسم فاعل ترکیبی ① تیر انداز سپاہی ② کمان لے کر چلنے والا نوکر ③ کمان دار۔

**کمان تاننا / چڑھانا** (ا) فعل ① کمان کا چلہ چڑھانا ② کمان کھینچنا۔

**کمان چڑھنا** (ا) فعل ① قسمت یاور ہونا ② اقبال مند ہونا ③ ڈنکا بجنا ④ رتی چمکنا۔

**کمان دار** (ف) اسم فاعل ترکیبی ① محراب دار ② قوسی شکل کا ③ تیر انداز سپاہی ④ کمان بردار۔

**کمان کھینچنا** (ا) فعل ① کمان تاننا ② غرور کرنا۔

**کمان گر** (ف) اسم فاعل ترکیبی ① کمان بنانے والا ② کمنگر ③ ہاتھ پاؤں کی اتری ٹوٹی ہڈیوں کو ان کی جگہ پر لے آنے والا۔

**کمانا** (ا) فعل ① روپیہ حاصل کرنا ② چمڑا نرم اور صاف کرنا ③ پیخانہ صاف کرنا ④ محنت مشقت کر کے جسم کو مضبوط کرنا ⑤ ذمہ لینا ⑥ ارتکاب کرنا ⑦ کم کرنا ⑧ گھٹانا ⑨ زمین کو زرخیز بنانا۔

**کمانچہ** (ف) کمان سے اسم تصغیر ① چھوٹی کمان ② دھنکی ③ روئی دھنکنے کی غلیل ④ ایک قسم کی سارنگی ⑤ چوتارا ⑥ طاقچہ ⑦ محراب دار چھت ⑧ فولاد کی کمانی۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

کمانڈ (ای) اسم مذکر ① کمان ② حکم ③ ہدایت۔
کمانڈر (ای) اسم مذکر ① میر منشی ② سپہ سالار ③ فوج کا بڑا افسر۔
کمانڈنٹ (ای) اسم مذکر ① جنگی حاکم ② فوجی سردار۔
کمانڈر انچیف (ای) اسم مذکر ① سپہ سالار اعظم ② جنگی لاٹ۔
کمانڈو (ای) اسم مذکر۔ چھاپہ مار سپاہی۔
کمانی (ای) اسم مذکر ① سارنگی کا گز ② بڑھیوں کی برما چلانے کی لکڑی ③ لوہے کا لچکدار اور خمیدہ حلقہ جو بکیوں اور کرسیوں وغیرہ کی گدیوں میں ہوتا ہے۔
کماؤ (ء) اسم صفت ① خوب کمانے والا ② محنتی ③ مزدور ④ خاوند ⑤ مالک ⑥ پتی۔
کماؤ آوے ڈرتا نکھٹو آوے لڑتا (ہ) مثل۔ نکھٹو اور نکما آدمی گھر والوں پر ناجائز رعب ڈالتا ہے۔ اور کماؤ بیچارا خاموشی سے گزارہ کرتا ہے۔
کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا (ا) مثل۔ مفید اور فیض رساں آدمی کو ہر شخص پیار کرتا ہے۔
کماؤ پوت کی دور بلا (ہ) مثل۔ سپوت بیٹے بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں۔
کمائیں میاں خانخاناں اڑائیں میاں فہیم (ا) مثل ① کمائے کوئی اڑائے کوئی ② دوسرے کے مال پر عیش منانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
کمائی (ا) اسم مونث ① کمانا سے حاصل مصدر ہے ② آمدنی ③ کھٹی ④ پیدا ⑤ دخل ⑥ مزدوری ⑦ نفع۔
کمبل (س) اسم مذکر ① بھیڑ بکری کی موٹی اون کا بنایا ہوا کپڑا ② پلاس ③ موٹی اون کی لوئی۔
کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا (ا) مثل۔ فقیری باطن کی صفائی پر منحصر ہے۔ نہ ظاہری لباس پر۔
کمبل پوش (ا) اسم صفت ترکیبی۔ کمبل اوڑھنے اور پہننے والا فقیر۔
کمپا (ہ) اسم مذکر۔ پرندوں کو پکڑنے کی لمبی چھڑ یا بانس جس کی سرے کی تیلیوں پر لاسہ لگا ہوتا ہے۔
کمپا لگانا / مارنا (ہ) فعل ① لاسہ کے ذریعہ سے پرندوں کو پکڑنا ② کسی کو قابو میں لانا ③ داؤں مارنا ④ مال اڑانا۔
کمپاس (ای) اسم مونث ① قطب نما ② پرکار ③ محیط دائرہ ④ رقبہ ⑤ زمین کی پیمائش کا ایک آلہ۔
کمپاؤنڈ (ای) اسم مذکر ① صحن ② مکان ③ احاطہ۔
کمپنی (ای) اسم مونث ① ٹولی ② جتھا ③ انجمن ④ گروہ ⑤ فرقہ ⑥ شریک ⑦ ساجھی ⑧ انگلستان کے سوداگروں کی جماعت جسے ایسٹ انڈیا کمپنی کہتے ہیں۔
کمپو (ای) اسم مذکر ① کیمپ ② چھاؤنی ③ لشکر گاہ ④ وہ فوج جو ایک جرنیل کے ماتحت ہو ⑤ مجازاً ⑥ فوج ⑦ لشکر ⑧ سپاہ۔
کمپو کے بگڑے ہوئے (ا) اسم مذکر ① چھاؤنی کے شریر ② لشکری لوگ ③ مفسد ⑤ باغی ⑥ سرکش۔
کمپوزنگ (ای) اسم مذکر ① ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا ② ملانا ③ مرتب کرنا۔
کمپوزنگ سٹک (ای) اسم مذکر۔ ٹائپ کے حرفوں کو جوڑ کر رکھنے کا سانچہ یا قالب۔
کمپوزر (ای) اسم مذکر۔ ٹائپ کے حروف ملانے یا جوڑنے والا۔
کمپیوٹر (ای) اسم مذکر۔ حساب کتاب کرنے والی خودکار مشین۔
کمتر (ف) اسم صفت ① صفت کا دوسرا درجہ ② دوسرے سے حقیر ③ خفیف۔
کمترین (ف) اسم صفت ① صفت کا سب سے اعلے درجہ ② نہایت کم ④ بہت ہی حقیر ⑤ بندہ ⑥ نیازمند ⑦ فدوی۔
کمتی (ا) اسم صفت ① وزن مرتبہ یا لیاقت وغیرہ میں گھٹا ہوا ② کم۔
کمٹھا (ا) اسم مذکر ① کمنٹھا کا بگاڑ ② بانس کی کمان ③ چاپ۔
کمخاب (ف) ① زربفت ② ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بنا جاتا ہے۔
کمر (ف) اسم مونث ① جسم کا بیچ کا حصہ ② پیٹھ ③ پشت ④ بیچ کا حصہ ⑤ پیٹی ⑥ پٹکا ⑦ فوج کا پہلو ⑧ بازوئے لشکر ⑨ پہلوانوں کا ایک

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149771218

داؤں۔

**کمر باندھنا** (ا) فعل ① کمر سے پٹکا وغیرہ کسنا ② تیار ہونا ③ مستعد ہونا ④ ارادہ کرنا۔

**کمر بستہ** (ف) اسم صفت ① ہر دم تیار ② لیس ③ مسلح ④ ہتھیار بند ⑤ خادم ⑥ نوکر ⑦ خدمتگار ⑧ حاضر۔

**کمر بند** (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① ازار بند ② ناڑا ③ پیٹی ④ پٹکا ⑤ (بحالت صفت) لیس ⑥ مستعد ⑦ تیار آمادہ ⑧ ملازم ⑨ امادہ۔

**کمر بندی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① ہتھیار بندی ② تیاری۔

**کمر بیٹھنا** (ا) فعل ① ہمت نہ رہنا ② مایوس ہو جانا ③ حوصلہ پست ہو جانا۔

**کمر پکڑ کے اٹھنا** (ا) فعل ① کمزوری کے باعث کمر تھام کر کھڑا ہونا ② بوڑھا ہونا۔

**کمر پکڑنا/ تھامنا** (ا) فعل ① کسی کی مدد کرنا ② اعانت کرنا ③ سہارا دینا۔

**کمر تختہ ہونا** (ا) فعل ① کمر اکڑ جانا ② کمر کا سخت ہو جانا۔

**کمر توڑنا** (ا) فعل ① کمر کو شکستہ کر دینا ② آس توڑنا ③ بیدل کرنا ④ ہمت توڑنا ⑤ دوستوں اور بھائی بندوں کو توڑ لینا ⑥ زور گھٹانا ⑦ کمزور کر دینا۔

**کمر ٹوٹا** (ا) اسم صفت مفعولی ① کبڑا ② نامرد ③ سست ④ نرم سا۔

**کمر ٹوٹ جانا** (ا) فعل ① شکستہ دل ہونا ② ہمت نہ رہنا ③ مایوس ہو جانا ④ بے یار و مددگار ہو جانا ⑤ اولاد یا بھائی وغیرہ کا مر جانا۔

**کمر ٹوٹنا** (ا) فعل ① کمر کو ضرب پہنچنا ② اولاد بھائی وغیرہ کا مرنا ③ سخت صدمہ گزرنا ④ ہمت ٹوٹنا ⑤ ناامید ہو جانا ⑥ بے یار و مددگار ہو جانا۔

**کمر ٹھونکنا** (ا) فعل ① شاباش دینا ② سراہنا ③ تھپکنا ④ تعریف کرنا۔

**کمر جھکنا** (ا) فعل ① کبڑا ہو جانا ② ناتواں اور کمزور ہو جانا ③ بہت بوڑھا ہونا۔

**کمر دیوال** (ا) اسم مذکر ① کمر سے باندھنے کی چمڑے کی پیٹی ② چمڑے کا تنگ۔

**کمر رہ جانا** (ا) فعل ① جسم کا بے حس و حرکت ہو جانا ② کمر تھک جانا۔

**کمر سی ٹوٹ گئی** (ا) محاورہ ① ہمت جاتی رہی ② مایوسی ہو گئی۔

**کمر سیدھی کرنا** (ا) فعل ① آرام کرنا ② لیٹنا ③ تکان اتارنا ④ ذرا کی ذرا سونا۔

**کمر کا مضبوط** (ا) اسم صفت ① طاقتور ② شہ زور ③ بڑی قوت والا۔

**کمر کسنا** (ا) فعل۔ پکا ارادہ کرنا۔ کسی کام کے لئے بالکل آمادہ ہو جانا۔

**کمر کمر** (ا) تابع فعل ① کمر تک ② کمر کے برابر۔

**کمر کوٹ** (ا) اسم مذکر ① چھوٹی دیوار ② کمر کے برابر ③ فصیل ④ شہر پناہ۔

**کمر کوٹھا** (ا) اسم مذکر۔ شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رخ نکلا رہتا ہے۔

**کمر کوہ** (ف) اسم مونث ① پہاڑ کا درمیانی حصہ ② پہاڑ کا بیچ کا حصہ۔

**کمر کھول بیٹھنا/ کمر کھول کر بیٹھنا** (ا) فعل ① ملازمت چھوڑ دینا ② نوکری چھوڑ کر خانہ نشین ہو جانا۔

**کمر کھولنا** (ا) فعل ① ہتھیار کھولنا ② پیٹی کھولنا ③ کوشش چھوڑ دینا ④ آرام لینا ⑤ دم لینا ⑥ ارادہ فسخ کر دینا ⑦ کسی کام سے فارغ ہو بیٹھنا۔

**کمر لگنا** (ا) فعل ① چوپائے کی پیٹھ کا زخمی ہونا ② ذرا کی ذرا لیٹنا ③ بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔

**کمر مارنا** (ا) فعل ① ترچھا یا آڑا وار کرنا ② پہلو کے رخ ضرب لگانا ③ لشکر کے درمیانی حصے پر حملہ کرنا۔

**کمر میں توشہ تو منزل کا بھروسہ** (ا) مثل۔ گرہ میں پیسہ ہو تو سفر میں بھی اطمینان رہتا ہے۔

**کمر میں چک آنا** (ا) فعل ① کمر کا جھٹکا کھا جانا ② کمر کو ضرب پہنچنا۔

**کمر ہلانا/ چلانا** (ا) فعل ① کمر کو حرکت دینا ② دھکے لگانا۔

**کمرا** (لاطینی) اسم مذکر ① کوٹھری ② حجرہ ③ خلوت خانہ۔

**کمرک** (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا نہایت باریک اور عمدہ لٹھا۔

**کمرکھ** (ہ) اسم مونث۔ ایک خوبصورت اور ترش پھل کا نام ہے۔

**کمری** (ہ) اسم مذکر ① بوجھ سے شکستہ کمر گھوڑا ② بودا گھوڑا ③ کبڑا گھوڑا (بحالت اسم مونث) چھوٹی سی جاکٹ ④ مرزئی ⑤ کرتی۔

**کمسریٹ** (ای) اسم مونث۔ سپاہیوں کی خوراک وغیرہ بہم پہنچانے کا محکمہ اور دفتر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03114007218

www.besturdubooks.net

کمشنر (ای) اسم مذکر ① کئی ضلعوں کا حاکم ② پرگنے کا افسر۔

کمشنری (ا) اسم مونث ① ایسا حلقہ یا علاقہ جس میں کئی اضلاع شامل ہو ② کمشنر کی کچہری ③ کمشنر کا عہدہ۔

کمک (ف) اسم مونث ① مدد ② معاونت ③ حمایت ④ وہ فوج جو دوسری فوج کی مدد کیلئے لڑائی میں بھیجی جائے۔

کمل (ہ) اسم مذکر۔ (دیکھو کمبل)

کملا (ہ) اسم مذکر۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کے سرخ رنگ کی دوا کا نام۔ جو کھجلی والے زخم اور پیٹ کے کیڑوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

کملانا (ہ) فعل ① مرجھانا ② سوکھنا ③ دبلا ہونا ④ غمگین ہونا۔

کمل بائی / کمل باؤ (ہ) ① یرقان ② ایک قسم کی بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں۔

کملی (ا) اسم مونث ① کمل کی تصغیر ہے ② چھوٹا کمل۔

کمنٹری (ای) اسم مونث ① تبصرہ ② شرح ③ تفسیر۔

کمنٹڈ یٹر (ای) اسم مذکر ① مبصر ② تبصرہ کرنے والا ③ شارح مفسر۔

کمند (ف) ① پھندا ② رسی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھ جاتے ہیں ③ ریشم کا رسا ④ چمڑے کا رسا جو گلا گھونٹنے یا دشمن کو پھنسا کر کھینچ لینے کے کام آتا ہے۔

کمنگر (ف) اسم فاعل ترکیبی ① کمانگر کا مخفف ہے ② کمان بنانے والا ③ کمان ساز۔

کمہار (ہ) اسم مذکر۔ مٹی کے برتن بنانے والا۔

کمہار پر بس نہ چلا گدھی کے کان اینٹھے (ہ) مثل۔ زبردست سے پیش نہ گئی غریب کو سزا دے دی اور اس پر غصہ نکالا۔

کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا (ہ) فعل۔ لوگوں کے کہنے پر عمل نہ کرنے والے اور اپنی خوشی سے کام کرنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کمہاری (ہ) اسم مونث ① کمہار کی مونث ② برتن گلی بنانے والے کی جورو ③ ایک قسم کی بھڑ کا نام بھی ہے۔

کمی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① ٹوٹا ② نقصان ③ توڑا ④ کوتاہی ⑤ کسر۔

کمیت (ف) اسم مذکر ① سیاہی مایل سرخ رنگ کا گھوڑا ② سرنگ۔

کمیٹی (ای) اسم مونث ① ایک سے زیادہ چنے ہوئے آدمی ② پنچایت ③ سبھا ④ انجمن ⑤ مجلس۔

کمیٹی کرنا (ا) فعل ① باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا ② صلاح کرنا ③ پنچایت کرنا۔

کمیرا (ا) اسم مذکر فاعل ① کام کرنے والا ② کسان کا ٹہلوا ③ سیوک ④ نوکر ⑤ چاکر ⑥ خادم۔

کمیلا (ا) اسم مذکر۔ ایک سرخ رنگ کی دوا کا نام ہے۔ جو کھجلی والے زخم اور پیٹ کے کیڑوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

کمیڑے (ہ) اسم مذکر ① اینٹھن ② مروڑ ③ جسم کا تشنج ④ جسم کی اینٹھن ⑤ جھوٹی مرگی ⑥ بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے۔

کمیشن (ای) اسم مذکر ① جماعت ② جتھا ③ گروہ ④ رسالت ⑤ نیابت ⑥ گماشتگی ⑦ دلالی ⑧ آرٹ ⑨ وہ امین یا کمشنر جو کسی مقدمے میں تحقیقات کے واسطے سرکار کی طرف سے بھیجا جائے۔

کمیشن ایجنٹ (ای) اسم مذکر ① دلال ② آڑھتیا۔

کمیشن بیٹھنا (ا) فعل۔ کسی بات کے فیصلے یا تحقیقات کے واسطے کسی جماعت کا اجلاس ہونا۔

کمیلا (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① بکریوں وغیرہ کے ذبح کرنے کی جگہ ② مذبح ③ مقتل ④ مسلخ۔

کمین (ا) اسم مذکر ① نیچ ② ادنےٰ قوم کا ③ نیچ ذات کا ④ نوکر چاکر ⑤ ٹہلوا ⑥ (بحالت صفت) اوچھا ⑦ کم ظرف ⑧ پاجی۔

کمین ذات (ا) اسم مونث ① نیچ قوم ② جیسے چوہڑا چمار وغیرہ۔

کمین (ع) اسم مذکر ① گھات ② دشمن پر حملہ کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھنا۔

کمین گاہ (عف) اسم مونث۔ گھات کی جگہ دشمن پر حملہ کرنے یا شکار پر وار کرنے کی چھپواں جگہ۔

کمینڈ (ہ) اسم مذکر ① دغا ② دھوکا ③ فریب۔

کمینڈیا (ہ) اسم مذکر بالف فاعل ترکیبی ① فریبی دھوکے باز ② دغاباز۔

کمینہ (ف) اسم صفت ① پاجی ② نیچ ذات کا ③ اوچھا ④ کم ظرف ⑤ کم اصل ⑥ شودر۔

کمینہ پن (ا) اسم مذکر مصدری ① پاجی پن ② اوچھاپن ③ کم ظرفی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

کمیون (ای) اسم مذکر ❶ پرگنہ ❷ تعلقہ ❸ چھوٹا انتظامی مرکز۔

کمیونٹی (ای) اسم مونث ❶ برادری ❷ محلہ ❸ آبادی ❹ طبقہ ❺ فرقہ ❻ گروہ ❼ ساجھا ❽ ملکیت ❾ مشترکہ

## ک ← ن

کن (ہ) اسم مذکر ❶ ذرا سا ❷ ٹکڑا ❸ ریزہ ❹ ذرہ ❺ پھول ❻ کلی ❼ کونپل جیسے تمباکو میں کن آرہا ہے ❽ اناج ❾ غلہ۔

کن آنکھیوں دیکھا / کن آنکھیوں سے دیکھا (ہ) فعل ❶ گوشہ چشم سے دیکھنا ❷ آنکھ چرا کر دیکھنا ❸ نظر بچا کر دیکھنا۔

کن کوت (ہ) اسم مونث ❶ غلہ کی جانچ ❷ کھڑے کھیت کے اناج کا اندازہ۔

کن (ہ) اسم مذکر ❶ کان کا مخفف ❷ (مرکبات میں) کرن ❸ گوش۔

کن بندھا (ہ) اسم فاعل ترکیبی۔ کان چھیدنے والا۔

کن پٹی / کنپٹی (ہ) اسم مونث۔ آنکھ اور کان کے درمیان کی نرم جگہ۔

کن پھیڑ (ہ) اسم مذکر۔ کان کے نیچے سے گلے کی حد تک کا ورم۔

کن ٹوپ (ہ) اسم مذکر۔ کان ڈھکنے کی بڑی سی ٹوپی۔

کن چھیدن (ہ) اسم مذکر۔ بچوں کی کان چھیدنے کی رسم۔

کن رس (ہ) اسم مذکر ❶ راگ رنگ کا مزا ❷ کانوں کا راگوں کی آواز سے آشنا ہونا ❸ بدگوئی سننے کی عادت ❹ باتیں سننے کی عادت۔

کن سلائی (ہ) اسم مونث۔ ایک چھوٹا سا سرخ رنگ کا دھاری دار کان میں گھس جانے والا کیڑا۔

کن سوئیاں لینا (ہ) فعل ❶ چھپ کر کسی کی باتیں سننا ❷ ٹوہ رکھنا ❸ جاسوسی کرنا ❹ خفیہ بھید لینا۔

کن کٹا (ہ) اسم صفت ❶ بوچا ❷ گوش بریدہ ❸ دوسروں کے کان کاٹنے والا۔

کن کھجورا (ہ) اسم مذکر۔ ایک زہریلے کیڑے کا نام ہے۔

کن (ہ) کلمہ استفہام ❶ کس ❷ کون۔

کن (ع) صیغہ امر حاضر ❶ ہو جا ❷ بن جا ❸ ظاہر ہو۔

کن فکاں / کن فیکون (ع) اسم مونث ❶ لفظی معنی ہو جا پس وہ ہو گئی ❷ مجازاً ❸ دنیا ❹ مخلوق ❺ موجودات۔

کن (ف) صیغہ امر حاضر ❶ کر ❷ کردے ❸ مرکبات میں اسم فاعل سماعی کے معنی دیتا ہے۔

کنا (ہ) اسم مذکر ❶ کنارہ ❷ کور ❸ جوتی کے نیچے کا کنارہ ❹ پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈورا باندھتے ہیں۔

کنا نکل جانا (ہ) فعل ❶ کنارہ ٹوٹ جانا ❷ کنارہ پھٹ جانا۔

کِنار (ف) اسم مونث ❶ گود ❷ بغل ❸ پہلو ❹ جدائی ❺ علیحدگی ❻ مفارقت۔

کنار گرم ہونا (ا) فعل ❶ بغل گرم ہونا ❷ ساتھ سونا ❸ وصل کا لطف اٹھنا۔

کَنار (ف) اسم مذکر ❶ کور ❷ گوٹ ❸ سنجاف ❹ کنارہ ❺ لب ❻ پہلو ❼ طرف۔

کُنار (ف) اسم مذکر ❶ بیر ❷ سدر۔

کنارا (ا) اسم مذکر ❶ حاشیہ ❷ گوٹ ❸ کور ❹ زری یا ریشمی فیتہ ❺ گنے کی ایک قسم۔

کنارہ (ف) اسم مذکر ❶ کراڑا ❷ ساحل ❸ کونہ ❹ طرف ❺ کھونٹ ❻ سرا ❼ انتہا ❽ انجام ❾ علیحدگی۔

کنارہ کرنا (ا) فعل ❶ الگ ہونا ❷ چھوڑ بیٹھنا ❸ باز آنا ❹ علیحدگی ❺ اختیار کرنا۔

کنارہ کشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ علیحدگی ❷ مفارقت ❸ قطع تعلق ❹ جدائی۔

کنارے بیٹھنا (ا) فعل ❶ الگ ہو جانا ❷ گور میں پاؤں لٹکانا۔

کنارے کنارے (ا) تابع فعل ❶ الگ الگ ❷ ساحل کے ساتھ۔

کنارے لگانا (ا) فعل ❶ دریا پار اتارنا ❷ جہاز یا کشتی کو ساحل پر لانا۔

کنارے لگنا (ا) فعل ❶ دریا پار ہونا ❷ ساحل پر پہنچنا ❸ قریب المرگ ہونا۔

کنارے ہو جانا (ا) فعل ❶ ایک طرف کو ہٹ جانا ❷ راستے سے بچ جانا ❸ کترا جانا۔

کناری (ا) اسم مونث۔ دوپٹوں کے کنارے پر لگانے کا پتلا گوٹہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

کناس (ع) اسم مذکر ❶ چوہڑا ❷ خاکروب ❸ جلاد ❹ حلال خور۔
کنال (پنجابی) اسم مذکر ❶ بیس مربع مرلے کا پیمانہ ❷ بیگھے کی چوتھائی ❸ گھماؤں کا آٹھواں حصہ۔
کنایت (ع) اسم مونث ❶ رمز ❷ اشارہ ❸ بہم بات ❹ اشارے سے بات کرنا۔
کنایہ (ہ) اسم مذکر ❶ منشا ❷ مطلب ❸ مقصد ❹ معنی مراد ❺ مجاز ❻ استعارہ ❼ رمز ❽ اشارہ۔
کنایتاً (ع) تابع فعل ❶ اشارے سے ❷ ضمناً ❸ اشارے کے طور پر۔
کنبہ (ہ) اسم مذکر ❶ قبیلہ ❷ گھرانا ❸ خاندان ❹ ٹبر ❺ بال بچے ❻ لڑکے بالے ❼ اہل وعیال۔
کنبہ پرور (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ خاندان اور رشتہ داروں کی پرورش کرنے والا۔
کنبہ جوڑنا (ہ) فعل ❶ بھیڑ لگانا ❷ تمام قرابتیوں اور رشتہ داروں کو جمع کرنا۔
کنٹر (ای) اسم مذکر ❶ شراب رکھنے کا شیشہ ❷ قرابہ۔
کنٹرول (ای) اسم مذکر ❶ نگرانی ❷ قابو ❸ انسداد ❹ روک تھام ❺ ضبط ❻ رکاوٹ۔
کنٹرولر (ای) اسم مذکر ❶ نگران ❷ ناظم ❸ ناظر۔
کنٹریکٹ (ای) اسم مذکر ❶ معاہدہ ❷ ٹھیکہ ❸ اقرارنامہ۔
کنٹریکٹر (ای) اسم مذکر۔ ٹھیکیدار۔
کنٹونمنٹ (ای) اسم مذکر ❶ چھاؤنی ❷ فوج کا صدر کیمپ۔
کنٹونمنٹ بورڈ (ای) اسم مذکر۔ چھاؤنی کے علاقہ کی میونسپل کمیٹی۔
کنٹھ (ہ) اسم مذکر ❶ گلا ❷ حلق ❸ گلے کی ہڈی ❹ آواز ❺ سر ❻ حفظ ❼ نوک ❽ زبان ❾ ازبر۔
کنٹھ بیٹھنا (ہ) فعل ❶ گلا بیٹھنا ❷ آواز بیٹھنا۔
کنٹھ مالا (ہ) اسم مونث ❶ گلے کی ایک بیماری کا نام ❷ گلے کی گلٹیاں ❸ گلے کا ہار ❹ کنٹھا۔
کنٹھ نکلنا/ پھولنا (ہ) فعل ❶ سن بلوغ کو پہنچنا ❷ جوان ہونا ❸ گلے کی ہڈی کا نمایاں ہونا۔
کنٹھا (ہ) اسم مذکر ❶ بڑے بڑے موتیوں یا سونے کے منکوں کا ہار ❷ پھولوں کا ہار ❸ بڑے بڑے دانوں کی تسبیح ❹ پرندوں کے گلے کا طوق۔
کنٹھا اٹھانا (ہ) فعل۔ تسبیح کی قسم کھانا۔
کنٹھی (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ❶ لکڑی کے دانوں یا بیجوں کی مالا ❷ تسبیح ❸ موتیوں کی لڑی ❹ پرندوں کے گلے کا طوق۔
کنٹھی باندھنا (ہ) فعل ❶ چیلا بننا ❷ مرید ہونا ❸ ترک حیوانات کرنا ❹ بھگت ہوجانا۔
کنٹیا (ہ) اسم مونث ❶ کانٹا کی تصغیر ❷ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ❸ شست ❹ قیمتی اشیاء تولنے کی ترازو۔
کنج (ف) اسم مذکر ❶ کونا ❷ گوشہ ❸ زاویہ۔
کنج تنہائی (ف) اسم مونث ❶ خلوت کا گوشہ ❷ خلوت۔
کنج قناعت (فع) اسم مذکر ❶ صبر کا کونا ❷ گوشہ تسلیم ورضا۔
کنج (س) اسم مذکر ❶ درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ ❷ بیل بوٹوں کی جگہ ❸ کوچہ ❹ گلی۔
کنجا (ہ) اسم مذکر بالف فاعلیت ❶ نیلی آنکھوں والا ❷ کرنجا ❸ گربہ چشم۔
کنجر (ہ) اسم مذکر ❶ سانسی ❷ ایک خانہ بدوش قوم ❸ (پنجاب) کنچن قوم ❹ کمینہ ❺ رذیل ❻ بدشکل۔
کنجری (ہ) اسم مونث ❶ کنجر قوم کی عورت ❷ کنجر کی جورو ❸ رنڈی ❹ کنچنی۔
کنجڑا (ہ) اسم مذکر ❶ سبزی فروش ❷ ترکاری بیچنے والا ❸ رائیں ❹ مالی۔
کنجڑن (ہ) اسم مونث ❶ ترکاری بیچنے والی عورت ❷ کنجڑا کی مونث۔
کنجڑے قصائی (ا) اسم مذکر ❶ گھٹیا درجے کے لوگ ❷ ادنیٰ لوگ۔
کنجڑے کی اگاڑی قصائی کی پچھاڑی (ا) مثل۔ ترکاری پہلے وقت اور گوشت پچھلے وقت اچھا ملتا ہے۔
کنجشک (ف) اسم مونث۔ چڑیا۔
کنجل/ کنجر (ا) اسم مذکر۔ بڑا اور قوی الجثہ ہاتھی۔
کنجوس (ہ) اسم مذکر ❶ کنک ❷ بخیل ❸ سوم ❹ تنگ دل۔
کنجوسی (ہ) اسم مذکر ❶ بخل ❷ تنگ دلی ❸ خسّت۔
کنجی (ہ) اسم مونث ❶ چابی ❷ تالی ❸ کلید ❹ مفتاح۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03240071218

www.besturdubooks.net

کنجی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① نیلی ② نیلگوں ③ اوراق۔

کنچن (ہ) اسم مذکر ① سونا ② طلا ③ ایک قوم کا نام ہے جو عورتوں سے پیشہ کراتے ہیں ④ حرامزادہ ⑤ ایک سرخ سے پھل کا نام بھی ہے ⑥ (بحالت صفت) بالکل تندرست۔

کنچن برسنا (ہ) فعل ① روپیہ برسنا ② زرخیزی اور خوب پیداوار ہونا۔

کنچن کایا (ہ) اسم مونث ① نہایت تندرست جسم ② پرصحت بدن۔

کنچن نیر (ہ) اسم مذکر۔ نہایت صاف اور ستھرا پانی۔

کنچنی (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی و تانیث ① کنچن قوم کی عورت ② رنڈی ③ بیسوا ④ منسوب بہ زر ⑤ زردوست۔

کند (س) اسم مذکر ① جڑ ② مول ③ اصل ④ کھانڈ ⑤ چینی ⑥ بورا ⑦ گانٹھ ⑧ گٹھی۔

کند (ف) اسم صفت ① کھنڈا ② تیز کی ضد۔

کندا (ا) اسم مذکر ① پرندے کا بازو ② شہر بندوق کی سہ گوشہ لکڑی ③ تنگ پاجامے کی سہ گوشہ کلی ④ تریز ⑤ دستہ ⑥ قیف لکڑی کا ٹکڑا ⑦ پورا کھویا ⑧ بھنا ہوا۔

کندلا (ہ) اسم مذکر ① سونے کا تار ② سونے کا ڈالا۔

کندلاکش (ا) اسم مذکر فاعل۔ چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھانے والا۔

کندن (ہ) اسم مذکر ① خالص سونا ② بے کھوٹ سونا ③ سرخ و سفید ④ خالص نزیل۔

کندن بن جانا (ہ) فعل ① اکسیر سے خالص سونا بن جانا ② صاف ہو جانا ③ نکھرنا ④ کیمیا بن جانا ⑤ اکسیر ہو جانا ⑥ نایاب ہو جانا۔

کندوری (ف) اسم مذکر ① روٹیاں رکھنے کا رومال ② دسترخوان ③ (ا) اسم مذکر جنگلی گھیا ④ ایک قسم کا سرخ پھل ⑤ جنگلی ⑥ (بحالت اسم مونث) بیوی کی صحنک ⑦ بیوی کی نیاز۔

کندہ (ف) اسم صفت مفعولی۔ کھدا ہوا۔

کندہ کار (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① قلم کار ② نقش و نگار کھودنے والا۔

کندہ (ف) اسم مذکر ① لکڑی کا لٹھا ② کاٹھ ③ مجرموں کی سزا کا شکنجہ ④ قیمہ کوٹنے کی لکڑی ⑤ بندوق کی لکڑی۔

کندہ ناتراش (ف) اسم صفت ① انگھڑ لکڑی ② مورکھ ③ بے وقوف ④ احمق۔

کندھا (ہ) اسم مذکر ① مونڈھا ② دوش نما ③ کتف۔

کندھا دینا (ہ) فعل ① جنازے کو مونڈھے پر اٹھانا ② میت کو کندھے پر رکھنا ③ سہارا دینا ④ بوجھ بٹانا ⑤ مدد دینا۔

کندھا ڈالنا (ہ) فعل ① بیل کا کندھے سے جوا گرا دینا ② تھک جانا ③ ہمت ہار دینا۔

کندھا لگنا (ہ) فعل ① بوجھ یا رگڑ کے باعث کندھے کا زخمی ہونا ② کندھے پر زخم ہونا۔

کندھے (ہ) اسم مذکر۔ کندھا کی جمع۔

کندھے ڈالی جھولی چمار چھوٹا نا کولی (ہ) مثل ① بے شرم و حیا اور بھیک مانگنے والے کی نسبت بولتے ہیں ② جب شرم و حیا اتار دی تو ہر ایک سے جس طرح نبا لے لیا۔

کندے (ا) اسم مذکر۔ کندا کی جمع۔

کندے جوڑ کر / تول کر / باندھ کر آنا (ہ) فعل ① پرندے کا اپنے بازوؤں کو ملا کر سیدھا نیچے کی طرف گرنا ② فوراً آ جانا ③ ترت آ پڑنا۔

کندی (ا) اسم مونث ① موگری ② دھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کی صفائی کرنے کا کام ③ صفائی کا آلہ ④ گھرت ⑤ مار پیٹ۔

کندی کرنا (ا) فعل ① موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا ② استری کرنا ③ مارنا پیٹنا ④ گت بنانا۔

کنڈ (س) اسم مذکر ① پانی کا گہرا حوض ② چشمہ ③ تالاب ④ گڑھا ⑤ غار ⑥ کھڈ۔

کنڈا (ہ) اسم مذکر ① اپلا ② تھاپی ③ ارنا۔

کنڈا (ہ) اسم مذکر ① حلقہ ② لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں ③ زنجیر ④ سانکل۔

کن ڈر گارڈن (ای) اسم مذکر۔ چھوٹے بچوں کا ایسا سکول جس میں بچوں کو کھیل ہی کھیل میں تعلیم دی جاتی ہے۔

کنڈکٹر (ای) اسم مذکر ① رہبر ② رہنما ③ مہتمم ④ منتظم ⑤ کرائے پر گاڑیاں چلانے والا۔

کنڈل (ہ) اسم مذکر ① چاند یا سورج کا حلقہ ② ہالہ ③ حلقہ ④ دائرہ ⑤ چکر ⑥ گھیرا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کنڈلی (ہ) اسم مونث ❶ کنڈل کی تصغیر ❷ گھیرا ❸ چکر ❹ دور ❺ حلقہ ❻ جنم پترا۔

کنڈی (ہ) اسم مونث ❶ کنڈا کی تصغیر ❷ سانکل ❸ زنجیر در۔

کنز (ع) اسم مذکر ❶ خزانہ ❷ گنج ❸ گنجینہ ❹ مخراج۔

کنستر (ای) اسم مذکر ❶ ٹین کا بکس ❷ پیپہ۔

کنسرویٹر (ای) اسم مذکر۔ جنگلات کے محکمہ کا بڑا افسر۔

کنفیڈریشن (ای) اسم مذکر ❶ آئینی الحاق ❷ آزاد اور نیم خودمختار ریاستوں کا ایسا مستقل آئینی الحاق جس میں ہر ریاست کو اپنے اندرونی معاملات میں خودمختاری اور آزادی حاصل ہو۔

کنک (س) اسم مذکر ❶ سونا ❷ طلا ❸ کچن ❹ کندن ❺ دھتورا ❻ دھتورے کے بیج۔

کنک (ہ) اسم مونث ❶ گیہوں ❷ گندم۔

کنکر (ہ) اسم مذکر ❶ سخت مٹی کا روڑا ❷ چونے کا سخت ٹکڑا ❸ سنگ ریزہ۔

کنکر پتھر (ہ) اسم مذکر ❶ کوڑا کرکٹ ❷ واہیات ❸ الابلا ❹ حقارتاً جواہرات۔

کنکر سا (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی ❶ نہایت سرد ❷ بہت ہی ٹھنڈا۔

کنکری (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ❶ چھوٹی ڈلی ❷ چھوٹا ٹکڑا ❸ سنگریزہ ❹ خرد۔

کنکریٹ (ای) اسم مونث۔ کنکر اور سیمنٹ کا آمیزہ۔

کنکریلا (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ کنکروا ❷ کنکر آمیز ❸ کرکرا۔

کنکریلی (ہ) اسم صفت ❶ پتھریلی زمین ❷ زمین سنگلاخ۔

کنکنا (ہ) اسم صفت ❶ نیم گرم ❷ شیر گرم ❸ سہتا سہتا ❹ سیل گرم۔

کنکوا (ہ) اسم مذکر ❶ تکل ❷ پتنگ ❸ گڈی۔

کنکوا اڑانا/ بڑھانا (ہ) فعل ❶ پتنگ اڑانا ❷ گڈی کو ہوا پر تاننا۔

کنکوت (ہ) اسم مذکر۔ کھڑے کھیت کے اناج کا تخمینہ لگانے والا۔

کنکی (ہ) اسم مونث ❶ چاول کا چورا ❷ چاول کے ٹکڑے۔

کنگال (ہ) اسم صفت ❶ مفلس ❷ قلاش ❸ تنگدست ❹ محتاج۔

کنگر/ کنگرا (ا) اسم صفت ❶ موٹا ❷ تازہ ❸ فربہ ❹ قوی ہیکل ❺ ہٹا کٹا۔

کنگلا (ہ) اسم صفت ❶ کنگال کی تصغیر ❷ محتاج ❸ مفلس ❹ قلاش۔

کنگلی (ہ) اسم صفت مونث ❶ محتاج عورت ❷ نادار زن۔

کنگن (ہ) اسم مذکر۔ کلائی کے ایک زیور کا نام۔

کنگنا (ہ) اسم مذکر۔ دولھا کی کلائی میں باندھنے کا ڈورا۔

کنگنی (ہ) اسم مونث ❶ دیوار کی گگر ❷ کانس ❸ چنے کی قسم کے ایک چھوٹے سے چکنے اناج کا نام۔

کنگرو (ای) اسم مذکر۔ آسٹریلیا کے ایک تھیلی دار جانور کا نام۔

کنگرہ/ کنگورہ (ہ) اسم مذکر۔ وہ طاقچے جو عالیشان عمارتوں یا قلعے کی فصیلوں میں زیبائش کے واسطے بنا دیتے ہیں ٹوپی پر لگانے کے خوشنما پر۔ کلغی۔ جیغہ۔

کنگھی/ کنگھا (ہ) اسم مونث اسم مذکر ❶ بال سلجھانے کا دار اوزار ❷ شانہ ❸ جولاہوں کا بانا ❹ ٹھوکنے کا اوزار۔

کنگھی چوٹی کرنا (ہ) فعل ❶ بال سنوارنا ❷ بناؤ سنگار کرنا ❸ سر گوندھنا۔

کنواں/ کواں (ہ) اسم مذکر ❶ چاہ ❷ کھو۔

کنواں بیچا ہے کنوئیں کا پانی نہیں بیچا (ہ) مثل۔ فضول اور لغو حجت اور تکرار ظاہر کرنے کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

کنواں ٹوٹنا (ہ) فعل۔ کنوئیں کا پانی کم ہو جانا۔

کنواں سا (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی ❶ نہایت گہرا ❷ عمیق۔

کنواں کھودنا (ہ) فعل ❶ کنوئیں کے واسطے ❷ زمین کھودنا ❸ کسی کے لئے بدی کرنا ❹ برائی پہنچانے کی ترکیبیں نکالنا۔

کنواں کھودنے والا (ہ) اسم فاعل قیاسی ❶ برائی کرنے والا ❷ بدی کرنے والا ❸ کنواں بنانے والا۔

کنوانسا (ہ) اسم مذکر ❶ نواسے کا بیٹا ❷ بیٹی کا پوتا۔

کنوانسی (ہ) اسم مونث ❶ نواسی کی بیٹی ❷ بیٹی کی نواسی۔

کنوائے (ای) اسم مذکر ❶ فوجی سامان ❷ رسد کا قافلہ ❸ بدرقہ ❹ رہنمائی کرنا ❺ اعزاز یا حفاظت کے ساتھ چلنا۔

کنوتی (ہ) اسم مونث ❶ گھوڑے کا کان ❷ کھڑا کنا ❸ کان کی بالی۔

کنوتیاں بدلنا/ کھڑی کرنا (ہ) فعل ❶ گھوڑے کا دونوں کان

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124097718

کھڑے کرکے چوکنا ہو جانا ② ہوشیار ہو جانا۔

کنوٹھا (ہ) اسم مذکر ① کھونٹ ② کونہ ③ گوشہ ④ بغل ⑤ زاویہ ⑥ آغوش ⑦ برابر کا بھائی۔

کنور (ہ) اسم مذکر ① راجہ کا بیٹا ② ٹیکا ③ شہزادہ ④ عزت کا خطاب ⑤ لڑکا ⑥ بیٹا ⑦ پسر۔

کنول (ہ) اسم مذکر ① ایک دریائی پھول کا نام ② گل نیلوفر ③ پدم ④ موم بتی جلانے کا سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول ⑤ شمع جلانے کا شیشے کا ایک ظرف۔

کنول کھلنا (ہ) فعل ① نیلوفر کے پھول کا کھلنا ② دل کا خوش وخرم ہونا۔

کنول گٹا (ہ) اسم مذکر ① کنول کا بیج ② کول ڈوڈے مکھانا۔

کنووں میں/ کنوئیں میں بانس ڈالنا (ہ) فعل ① بہت دیکھ بھال کرنا ② نہایت ڈھونڈنا ③ پتال تک تلاش لینا۔

کنوئیں بھانگ پڑنا (ہ) فعل ① سب کا پاگل ہو جانا ② سب کا بے عقل وبے ہوش ہو جانا ③ کسی کی عقل وہوش بجا نہ رہنا۔

کنوئیں پر گئے اور پیاسے آئے (ہ) مثل۔ نہایت بدنصیبی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی امیدگاہ سے خالی اور محروم واپس آنا۔

کنوئیں جھانکنا (ہ) فعل ① نہایت تلاش کرنا ② بڑی جستجو کرنا ③ حیران و پریشان ہونا ④ کنوئیں میں گرنا۔

کنوئیں کھودتے کو کھاتہ تیار (ا) مثل ① اوروں کی بدی تکنے والے کو بھی نقصان اور ضرر پہنچ کر ہی رہتا ہے ② چاہ کن را چاہ در پیش۔

کنوئیں کی مٹی کنوئیں کو لگتی ہے (ہ) محاورہ ① جہاں کی کمائی ہو وہیں خرچ کی جاتی ہے ② جتنی آمدنی ہوا تنا ہی خرچ۔

کنوئیں میں بولنا (ہ) فعل ① نہایت دبی آواز سے آہستہ بولنا ② موت کے وقت کی آواز۔

کنونشن (ای) اسم مذکر ① انعقاد مجلس ② اجتماع ③ معاہدہ ④ قول وقرار۔

کنویسر (ای) اسم مذکر ① ووٹ ڈالنے کے لیے کوشش کرنے والا ② کسی کے حق میں ووٹ ڈالنے کے لیے ووٹروں کو ہم خیال بنانے کی کوشش کرنے والا۔

کنویسنگ (ای) اسم مونث ① ووٹ حاصل کرنے کے لیے ووٹروں کو ہم خیال بنانا۔

کنہ (ع) اسم مذکر ① کسی چیز کی تہ ② حقیقت ③ انتہا ④ مجازاً باریکی ⑤ بات کی تہ ⑥ نکتہ۔

کنہائی (ہ) اسم مذکر۔ سری کرشن جی کو کہتے ہیں۔

کنہیا (ہ) اسم مذکر ① سری کرشن جی کا نام ② کاہن ③ مجازاً خوبصورت لڑکا۔

کنی (ہ) اسم مونث ① ٹکڑہ ② ریزہ ③ پارہ ④ ٹوٹے ہوئے چاول ⑤ چاولوں کا بن گلا حصہ ⑥ کچائی خامی ⑦ ہیرے کا ٹکڑا۔

کنے ڈھیلے ہو جانا (ہ) فعل ① کنکوے کے بازو ڈھیلے ہو جانا ② عاجز آ جانا ③ پٹھوں کا سست اور بیکار ہو جانا۔

کنی (ہ) اسم مونث ① کنارہ ② کور ③ سرا ④ سنجاف ⑤ فیتہ ⑥ کنکوے کا بازو۔

کنی دبنا (ہ) فعل ① کنیانا ② شرمندہ ہونا ③ خوف کھانا ④ ڈرنا۔

کنی کھانا (ہ) فعل ① کنکوے کا ایک طرف کو جھک جانا ② پتنگ کا ایک کنارے کے رخ اڑنا۔

کنیا (س) اسم مونث ① کم عمر لڑکی ② دوشیزہ ③ کنواری ④ دختر ⑤ بیٹی ⑥ درگا دیوی کا نام ⑦ برج سنبلہ کا ہندی نام ⑧ چھٹی ⑨ راس۔

کنیا دان (ہ) اسم مذکر ① لڑکی کا بیاہ کرنا ② لڑکی کو بیاہ میں جہیز وغیرہ دینا ③ بیٹی کا بیاہ کرنے کے لئے لوگوں سے کچھ نہ مانگنا۔

کنیانا (ہ) فعل ① کنکوے یا پتنگ کا ایک طرف کو جھکنا ② کترانا ③ بچنا ④ کنارہ کرنا ⑤ پاس نہ پھٹکنا ⑥ الگ الگ رہنا ⑦ شرمانا ⑧ آنکھ سامنے نہ کرنا۔

کنیت (ع) اسم مذکر۔ وہ نام جو باپ یا ماں یا بیٹا بیٹی کے نام سے بولا جائے۔

کنیر (ہ) اسم مذکر۔ ایک کڑوے اور زہریلے درخت اور اس کے پھول کا نام۔

کنیز/ کنیزک (ف) اسم مونث ① لونڈی ② باندی ③ خادمہ۔

## ک ← و

کو (ہ) علامت مفعول ① حرف جار ② واسطے لئے۔

کو (ف) اسم مونث بواؤ معروف ① کوچہ ② محلہ ③ گلی ④ کون ⑤

کہاں ⑥ کجا ⑦ کدام۔

کوا (ہ) اسم مذکر ① کاگ ② کاگا ③ زاغ ④ حلق کے اندر لٹکتا ہوا گوشت کا ذرا سا لوتھڑا۔

کواپری (ا) اسم مونث ① سیاہ عورت ② کالے رنگ کی عورت ③ حبشن۔

کوا پھنسانے کی چال ہے (ہ) محاورہ۔ ہوشیار اور چوکنے آدمی کو فریب دینے کا ڈھنگ ہے۔

کوا ٹرراتا ہی ہے دھان پکتے ہی ہیں (ہ) محاورہ۔ دشمن کے برا چاہنے سے برا نہیں ہوا کرتا۔

کوا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا (ہ) محاورہ۔ جو ادنٰے ہو کر اعلٰے لوگوں کا طریقہ اختیار کرتا ہے۔ وہ خرابی اور رسوائی کا ہی باعث ہوا کرتا ہے۔

کوا کہار میں پڑنا (ہ) فعل ① کاگاروں میں گھرنا ② نرغے میں پھنسنا۔

کوا ناک لے گیا ناک کو نہیں دیکھتے / کوے کے پیچھے دوڑتے جاتے ہیں (ا) مثل۔ اصل بات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ فضول کی پیروی کرتے ہیں۔

کوآپریٹو سوسائٹی (ای) اسم مونث ① انجمن امداد باہمی ② ایسی انجمن جسے اپنی مدد آپ کے تحت چلایا جائے۔

کوار (ہ) اسم مذکر ① ماہ اسوج ② ہندی ساتواں مہینہ۔

کوارا (ہ) اسم صفت ① بن بیاہا ② ناکتخدا ③ مجرد۔

کوارا ناتا / کوارا منڈھوا (ہ) اسم مذکر۔ سگائی اور بیاہ کے درمیان کا رشتہ۔

کوارپت / کوارچھل (ہ) اسم مذکر ① کوارپن ② دوشیزگی ③ بکارت۔

کوارپن / کوارپنا (ہ) اسم مذکر۔ بیاہ ہونے سے پہلے کا زمانہ۔

کواری (ہ) اسم صفت مونث ① کوار کی تانیث ② بن بیاہی لڑکی ③ دوشیزہ ④ باکرہ۔

کواری کوار ماں بیاہی پشیمان (ا) مثل۔ کام نہ کرنے والا تو حسرت میں پریشان اور کرنے والا اس کی دقت میں حیران۔

کواری کی سدا بسنت (ہ) مثل۔ آزاد آدمی کو ہر دم خوشی ہے۔

کوارٹر (ای) اسم مذکر ① چوتھائی ② چوتھا حصہ ③ پاؤ ④ ہنڈرڈ ویٹ کا چوتھا حصہ ۲۸ پونڈ کا وزن ⑤ سال کا چوتھا حصہ ⑥ سہ ماہی ⑦ سپاہیوں یا افسروں کے لئے رہنے کی جگہ ⑧ ٹولہ ⑨ محلہ۔

کواٹر گارڈ (ای) اسم مونث ① چھاؤنی ② فوج یا پولیس گارڈ کی حوالات جہاں سزا یافتہ سپاہیوں کو رکھا جاتا ہے۔

کواٹر ماسٹر (ای) چھاؤنیوں کے لئے ہر چیز مہیا کرنے والا جنگی افسر۔

کواڑ (ہ) اسم مذکر ① دروازہ بند کرنے کے تختے ② پٹ ③ در ④ دروازہ ⑤ سینہ کا حصہ۔

کواڑی (ہ) اسم مونث ① کواڑ کی تصغیر ② انگرکھے کا پردہ ③ قبا اور واسکٹ کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے۔

کواکب (ع) اسم مذکر ① کوکب کی جمع ② روشن ستارے۔

کوائل (ای) اسم مذکر ① گولا ② لچھا ③ مرغولہ ④ کنڈل۔

کوبالٹ (ای) اسم مذکر۔ نکل سے مشابہ ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ساڑھے آٹھ گنا بھاری ہوتا ہے۔

کوبہ (ف) اسم مذکر ① موگری ② موسل ③ تھاپی ④ درچ ⑤ کوڑا ⑥ چابک ⑦ تازیانہ۔

کوبہ کاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تھاپی لگانا ② کوٹنا ③ زدوکوب کرنا ④ مارنا پیٹنا۔

کوپ (س) اسم مذکر ① غصہ ② خشم ③ غضب ④ عتاب ⑤ کروپی۔

کوپل (ف) اسم مذکر ① شگوفہ ② کلی ③ ننھے ننھے تازہ پھوٹے ہوئے پتے۔

کوپل پھوٹنا / نکلنا (ہ) فعل ① نئے نئے پتے نکلنا ② شگوفہ نکلنا۔

کوپین (ہ) اسم مونث ① لنگوٹ ② لنگوٹہ ③ لنگوٹی۔

کوت (ہ) اسم مونث ① جانچ ② پرکھ ③ اندازہ ④ تخمینہ ⑤ پیائش ⑥ ناپ ⑦ ناپنے والا۔

کوتاہ (ف) اسم صفت ① چھوٹا ② اوچھا ③ کم ④ تھوڑا ⑤ مختصر ⑥ مجمل ⑦ ٹھنگنا ⑧ بونا ⑨ پست قد۔

کوتہ اندیش / کوتہ بین (ف) اسم صفت ① کم نظر ② دور کی بات نہ سوچنے والا ③ ناعاقبت اندیش ④ انجام کو نہ سوچنے والا۔

کوتاہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① کمی قلت ② کسر ③ تنگی ④ اختصار ⑤ چھٹائی۔

کوتاہی کرنا (ا) فعل ① دریغ کرنا ② کسر رکھ لینا ③ کمی کرنا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 0314977218

کوتک (ہ) اسم مذکر ① کام طعن ② کرتب ③ بدچلنی ④ بدکرداری۔

کوتکی (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ① دغاباز ② فریبی ③ بدکردار۔

کوتکی (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ① دغاباز ② فریبی ③ بدکردار۔

کوتل (ف) اسم مذکر ① خالی گھوڑا ② خاص گھوڑا ③ جلو کا گھوڑا جو آرائش کے لئے سواری کے ساتھ ہو۔

کوتل گارد (ا) اسم مذکر ① کوارٹر گارڈ کا بگاڑ ہے ② چھاؤنی یا فوج کا وہ صدر مقام جہاں ہر وقت گارڈ معین رہے۔

کوتنا (ہ) فعل ① جانچنا ② اندازہ لگانا ③ پرکھنا۔

کوتوال (ف) اسم مذکر ① پولیس کے کئی تھانوں کا افسر ② شہر یا قلعہ کا محافظ۔

کوتوالی (ا) اسم مونث ① بڑا تھانہ ② پولیس سٹیشن ③ کوتوال کا دفتر۔

کوتوالی چبوترہ (ا) اسم مذکر۔ کوتوال کے دفتر کی جگہ۔

کوتہ (ف) اسم صفت ① کوتاہ کا مخفف ② دیکھو (کوتاہ)

کوتہ قد (ف) اسم صفت ① ٹھنگنا ② بونا ③ پستہ قد۔

کوتھا (ہ) اسم استفہام ① کونسا ② کدام۔

کوٹ (ای) اسم مذکر ① واسکٹ کے اوپر پہننے کا کپڑا ② انگریزی چوغہ۔

کوٹ (ا) اسم مذکر ظرف ① کورٹ کا بگاڑ ② عدالت ③ کچہری۔

کوٹ (ہ) اسم مذکر ① قلعہ ② گڑھ ③ شہر پناہ ④ فصیل ⑤ چار دیواری ⑥ دشمنوں کی لڑائی کے لئے بنی ہوئی پناہ کی جگہ ⑦ کچا شیشہ احاطہ ⑧ عاملوں یا جادوگروں کا کنڈل ⑨ مجازاً جسم۔

کوٹ گشتی (ا) اسم مونث بیائے مصدری۔ سرکاری نوکروں کا شہر کے گرد پھرنا تاکہ لوگوں کی بداعمالیوں کا پتہ لگالیں۔

کُوٹ کر (ہ) تابع فعل ① پیس کر ② رگڑ کر۔

کوٹ کوٹ کر رتی بھرنا (ہ) فعل ① دنیا بھر کی خوبیاں ایک جگہ جمع کرنا ② آنکھوں کو روشن کرنا۔

گوٹا (ای) اسم مذکر ① حصہ ② مقررہ حصہ۔

کوٹلا / کوٹلہ (ہ) اسم مذکر ① گڑھی ② چھوٹا قلعہ۔

کوٹنا (ہ) فعل ① کچلنا ② پیٹنا ③ کوبہ کاری ④ تھاپی یا موگری سے چور وغیرہ کو پیٹنا ⑤ مارنا ⑥ زدوکوب کرنا ⑦ ڈنکا لگانا یا بجانا ⑧ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کوٹھا (ہ) اسم مذکر ① اوپر کا کمرہ ② بالاخانہ ③ مکان ④ بڑی کوٹھری ⑤ سینہ ⑥ چھاتی ⑦ پیٹ ⑧ شکم ⑨ لکیروں کا کھینچا ہوا خانہ۔

کوٹھا بگڑ جانا (ہ) فعل۔ معدے کا غلیظ اور گندہ ہو جانا۔

کوٹھا لینا / کوٹھا لے کر بیٹھنا (ہ) فعل ① پیشہ کرنا ② حرام طور پر روزی کمانا۔

کوٹھڑی (ہ) اسم مونث ① چھوٹا کوٹھا ② حجرہ ③ کمرہ ④ درجہ۔

کوٹھے پر بیٹھنا (ہ) فعل ① پیشہ کمانا ② ناجائز کسب کرنا۔

کوٹھے چڑھنا (ہ) فعل ① شہرت ہونا ② طشت از بام ہونا ③ مشہور ہونا ④ راز فاش ہو جانا۔

کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے (ہ) محاورہ۔ امیر ہمیشہ شاکی اور غریب خوش و خورم۔

کوٹھے والیاں (ا) اسم مونث ① رنڈیاں ② طوائفیں ③ کسبیاں۔

کوٹھی (ہ) اسم مونث ① چھوٹا پکا گھر ② غلہ رکھنے کا مٹی کا یا لکڑی کا برتن ③ گودام ④ بینک ساہوکار یا صراف کی دوکان ⑤ بندوق میں بارود رکھنے کا خانہ ⑥ بڑی دوکان یا کارخانہ ⑦ بنگلہ ⑧ حویلی ⑨ امیروں یا انگریزوں کے رہنے کا مکان۔

کوٹھی بیٹھنا (ہ) فعل ① گھاٹا آنا ② دیوالہ نکلنا ③ کنوئیں کے محل کا گر جانا۔

کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا۔ گھر بار سب آپ کا ہے (ہ) مثل۔ مطلوبہ چیز نہ دینے اور زبانی لاف ایثار کے وقت بولتے ہیں۔

کوٹھی اتارنا / ڈالنا / کوٹھی کرنا / کھولنا (ہ) فعل ① بینک یا صرافی وغیرہ کی دکان جاری کرنا ② کارخانہ جاری کرنا۔

کوٹھی گلانا (ہ) فعل ① کنویں یا دریا کی تہ میں لکڑی یا چونے کا چکر بٹھانا ② تاکہ عمارت نہ ہلے۔

کوٹھی وال (ہ) اسم فاعل مذکر ① ساہوکار ② صراف ③ بیوپار کرنے والا۔

کوثر (ع) اسم مذکر۔ بہشت کی ایک نہر کا نام ہے۔

کوچ (ت) اسم مذکر ① ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ② روانگی۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149072218

کوچ کرنا (ا) فعل (1) روانہ ہونا (2) سفر کرنا (3) وداع ہونا (4) رخصت ہونا (5) مرنا (6) وفات پانا۔

کوچ مقام (فع) اسم مذکر۔ چلنا اور قیام کرنا۔

کوچ/کونچ (ہ) اسم مونث (1) انسان کی ایڑی کے اوپر اور چوپاؤں کے ٹخنے کے نیچے کا مضبوط پٹھا (2) جولاہوں کا تانی صاف کرنے کا برش۔

کوچ (ای) اسم مونث۔ بواوِ مجہول۔ پالکی گاڑی۔

کوچ بکس (ای) اسم مذکر۔ بگھی کے آگے کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ۔

کوچ (ای) اسم مونث (1) بید سے بنا ہوا ایک قسم کا پلنگ (2) چارپائی (3) بستر (4) آرام گاہ۔

کوچا (ہ) اسم مذکر (1) کچوکا (2) کسی نوکدار چیز کا تھوڑا سا زخم (3) ٹخنے کے آگے یا پیچھے کا پٹھا۔

کوچا دینا (ہ) فعل (1) نیزے وغیرہ کی نوک گھسیڑنا (2) گودنا (3) ناخن چبھونا (4) طعنہ دینا۔

کوچا کریلا (ہ) اسم صفت بترکیب تشبیہی (1) چیچک رویہ (2) ستیلا کھایا (3) کریلے کی طرح داغدار (4) بدصورت۔

کوچک (ف) اسم صفت (1) ننھا (2) چھوٹا (3) خرد (4) کلاں کی ضد۔

کوچنا (ہ) فعل (1) چھری یا کانٹے سے گودنا (2) چبھونا (3) کچونا۔

کوچہ (ف) اسم مذکر (1) کوکی تصغیر (2) گلی (3) سکڑا (4) راستہ (5) محلہ (6) ٹولہ۔

کوچہ بکوچہ (ف) تابع فعل (1) گلی درگلی (2) گلی گلی (3) ہر گلی میں۔

کوچہ بندی کرنا (ا) فعل (1) محلوں یا گلیوں کی حد باندھنا (2) احاطہ کھینچنا۔

کوچہ گردی (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) آوارہ گردی (2) گلیوں میں پھرنا۔

کوچے دینا (ہ) فعل (1) مہنے طعنے دینا (2) جلانا (3) گودنا (4) زخم ڈالنا۔

کوچی (ہ) اسم مونث۔ سفیدی پھیرنے یا زیورات صاف کرنے کا برش۔

کود پھاند (ہ) اسم مونث (1) اچھل کود (2) دوڑ دھوپ۔

کودنا (ہ) فعل (1) اچھلنا (2) چھلانگیں مارنا (3) پھاندنا (4) نہایت خوش ہونا (5) خوشی میں پھولنا (6) اترانا (7) گھمنڈ کرنا۔

کودوں (ہ) اسم مونث و مذکر (1) ایک قسم کا سخت غلہ (2) پہاڑ میں کودا بولتے ہیں۔

کودوں دلانا (ہ) فعل (1) ناگوار طبع کام کرنا (2) سخت کام کرنا (3) کٹھن کام کرنا۔

کودوں دے کے پڑھنا (ہ) فعل (1) ناقص تعلیم پانا (2) مفت پڑھنا (3) کم خرچ کر کے پڑھنا۔

کودوں کا بھات (ہ) اسم مذکر (1) ادنےٰ کھانا (2) مسی کسی (3) دال دلیا۔

کور (ہ) اسم مونث (1) حاشیہ (2) کنارہ (3) سرا (4) کٹی سنجاف (5) مغزی۔

کور دبنا (ہ) فعل (1) کنارہ دبنا (2) کنی دبنا (3) عاجز ہونا (4) مغلوب ہونا۔

کور کسر (ا) اسم مونث (1) کمی (2) ناقص (3) عیب (4) برائی (5) قباحت (6) قصور۔

کور (ف) اسم صفت (1) اندھا (2) نابینا۔

کور باطن/کوردل (ف) اسم صفت (1) ناسمجھ (2) کند ذہن (3) کودن۔

کور بخت (ف) اسم صفت (1) بے نصیب (2) نربھاگ (3) بدبخت۔

کورده (ف) اسم صفت (1) کم آباد گاؤں (2) غیر مشہور بستی (3) بے علموں کی جگہ۔

کور نمک (ف) اسم صفت (1) نمک حرام (2) احسان فراموش (3) ناشکرا۔

کورا (ہ) اسم صفت (1) اچھوتا (2) نیا (3) غیر مستقل (4) سادہ (5) صاف (6) بن لکھا (7) نیا اور بن دھلا کپڑا (8) بالکل بے عقل (9) جاہل۔

کورا بچنا (ہ) فعل (1) صاف بچنا (2) بال بال بچنا۔

کورا برتن (ہ) اسم مذکر (1) غیر مستعمل برتن (2) پانی نہ لگا برتن (3) مجازاً (4) کنواری بچی (5) کنواری لڑکی۔

کورا رنڈا (ہ) اسم مذکر (1) بن بیاہی عورت (2) کواری (3) کوارا۔

کورا رکھنا (ہ) فعل (1) بالکل محروم رکھنا (2) خالی رکھنا (3) کچھ نہ سکھانا (4) وعدہ وفا نہ کرنا۔

کورا رہ جانا (ہ) فعل (1) جاہل رہنا (2) کچھ حاصل نہ ہونا (3) بالکل محروم رہنا۔

کورا کاغذ (ہ) فعل (1) بن لکھا کاغذ (2) سادہ کاغذ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

کورٹ (ای) اسم مونث ❶ شاہی محل ❷ سرائے عدالت ❸ کچہری ❹ دربار۔

کورٹ انسپکٹر (ای) اسم مذکر۔ سرکار کی طرف سے عدالت میں فوجداری مقدمات کی پیروی کرنے والا پولیس افسر۔

کورٹ آف وارڈز (ای) اسم مذکر۔ نابالغ امراء کی جائداد کے انتظام کا محکمہ۔

کورٹ شپ (ای) اسم مذکر۔ شادی سے پہلے میاں بیوی بننے والوں کی ملاقاتوں کا زمانہ۔

کورٹ مارشل (ای) اسم مذکر۔ فوجی یا جہازی افسروں کے مقدموں کا اجلاس۔

کورس (ای) اسم مذکر ❶ تعلیم کا زمانہ ❷ نصاب ❸ درسی اور تدریسی نصاب ❹ میدان۔

کورس (ای) اسم صفت ❶ موٹا ❷ گھٹیا ❸ ادنیٰ۔

کورس کلاتھ (ای) اسم مذکر ❶ کھدر ❷ موٹا اور کھردرا کپڑا۔

کورس (ای) اسم مذکر ❶ وہ نغمہ جو بہت سے گانے والے مل کر گائیں ❷ گانے والوں کی ٹولی ❸ طائفہ۔

کورم (ای) اسم مذکر۔ کسی ایوان یا جلسے کے لیے اراکین کی وہ قانونی مقررہ تعداد جس کی موجودگی ہی سے اجلاس کی کاروائی قانونی طور پر موثر اور جائز ہے۔

کورنش (ت) اسم مونث ❶ جھکاؤ ❷ سلام ❸ آداب ❹ بندگی۔

کوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ اندھاپن ❷ نابینائی ❸ دکھائی نہ دینا۔

کوری (ہ) اسم مونث۔ کورا کی تانیث۔

کورے استرے سے سر منڈوانا (ہ) فعل۔ سخت سزا پانا یا دلوانا۔

کوڑا/کوڑا کرکٹ (ہ) اسم مذکر ❶ آڑ کباڑ ❷ خس و خاشاک ❸ گھانس پھونس ❹ الابلا ❺ خراب اور نکمی چیز۔

کوڑا (ہ) بواؤ مجہول اسم مذکر ❶ چابک ❷ تازیانہ ❸ درہ ❹ سزا ❺ گوشمالی۔

کوڑا لگانا (ہ) فعل ❶ چابک لگانا ❷ سزا دینا ❸ گوشمالی کرنا ❹ تنبیہہ کرنا۔

کوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ کوڑی سے اسم مکبر ❸ بڑی کوڑی۔

کوڑھ (ہ) اسم صفت ❶ بے وقوف ❷ مودھو ❸ بھوندو ❹ نادان ❺ گنوار ❻ پھوہڑ ❼ بے تمیز ❽ لغو ❾ مہمل۔

کوڑھ مغز/کوڑ مغز (ا) اسم صفت ❶ کند ذہن ❷ بالکل احمق ❸ نرا مورکھ ❹ محض نادان۔

کوڑھ (ہ) اسم مونث۔ جذام ایک مرض کا نام جو فساد خون سے ہوتا ہے جس میں اعضا متورم ہوکر انگلیاں وغیرہ گر جاتی ہیں یا جسم پر سفید برص کے نشان پڑ جاتے ہیں۔

کوڑھ ٹپکنا/چونا (ہ) فعل ❶ مرض سے انگلیاں گرنا ❷ جسم سے پانی ٹپکنا۔

کوڑھ میں کھاج (ہ) محاورہ ❶ تکلیف میں تکلیف ❷ آفت پر آفت ❸ بلا میں بلا۔

کوڑھی (ہ) اسم صفت ❶ جذامی ❷ مجذوم ❸ سست ❹ نکھٹو ❺ کاہل۔

کوڑھی کلنکی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلی ❶ پاپی ❷ فاسق ❸ فاجر ❹ گنہگار۔

کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی (ہ) مثل ❶ مرے کو کوئی نہیں مارتا ❷ مصیبت کا کوئی ساتھی نہیں۔

کوڑھی کی کھیر سا جھانز شیر (ہ) مثل ❶ برے کے مال سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا ❷ نہایت بخل اور کنجوسی کے موقع پر بولتے ہیں۔

کوڑی (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ ایک بیسی ❷ بیس عدد ❸ پورے بیس ۲۰۔

کوڑی (ہ) اسم مونث بواؤ معروف ❶ کوڑے کرکٹ اور نجاست کا ڈھیر ❷ سنڈاس۔

کوڑی (ہ) اسم مونث ❶ بفتح اول ❷ خرمہرہ ❸ کوڑا کی تصغیر ❹ چھوٹا سنکھ جو ادنٰے سکے کا کام دیتا ہے ❺ سینے کی ہڈی ❻ کٹار کی نوک ❼ مجازاً ❽ دھن دولت ❾ روپیہ۔

کوڑی بھر (ہ) تابع فعل ❶ تھوڑا سا ❷ ذرا سا ❸ ماشہ بھر ❹ یونہی سا۔

کوڑی جگن لگن/کوڑی چھپول/کوڑی زغند (ا) اسم مذکر۔ بچوں کے

www.besturdubooks.net

ایک کھیل کا نام ہے۔

**کوڑی پاس نہ ہونا** (ہ) فعل ① بالکل کنگال ہونا ② نہایت محتاج اور غریب ہونا۔

**کوڑی پھرنا** (ہ) فعل۔ پیادہ سپاہیوں کا متفق ہو جانا۔

**کوڑی کا مال نہیں** (ہ) محاورہ ① مفت لینے کے بھی قابل نہیں ② محض نکما۔

**کوڑی پھیرا کرنا** (ہ) فعل ① بہت پھیرے کرنا ② ادنٰے ادنٰے کام کے لئے پھرنا۔

**کوڑی کا ہو جانا** (ہ) فعل ① نہایت ذلیل ہو جانا ② کام کا نہ رہنا ③ خراب اور نکما ہو جانا۔

**کوڑی کوڑی** (ہ) تابع فعل ① ذرا ذرا ② حبہ حبہ ③ ایک ایک کوڑی۔

**کوڑی کوڑی جوڑنا** (ہ) فعل ① نہایت کفایت شعاری سے دولت جمع کرنا ② تھوڑا تھوڑا کر کے دولت جمع کرنا۔

**کوڑی کوڑی کو تنگ / حیران ہونا** (ہ) فعل ① نہایت محتاج ہونا ② بہت ہی تنگدست ہونا۔

**کوڑی کوس دوڑنا** (ہ) فعل ① نہایت لالچی اور حریص ہونا ② بہت محنت اور مشقت کرنا۔

**کوڑی کو نہ پوچھنا** (ہ) فعل ① ذرا قدر نہ ہونا ② مفت بھی نہ قبولنا ③ نہایت ذلیل ہونا۔

**کوڑی کے تین تین بکنا** (ہ) فعل ① نہایت سستا بکنا ② بہت بے قدرا اور ذلیل ہونا۔

**کوڑی کے کام کا نہیں** (ہ) محاورہ۔ بہت ہی نکما اور ناکارہ ہے۔

**کوڑی کے مول بکنا** (ہ) فعل۔ سستا اور ارزاں بکنا۔

**کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر** (ہ) مثل۔ کنگال ہو کر بڑے حوصلے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**کوڑے کر ڈالنا** (ہ) فعل ① دام کھڑے کر لینا ② فروخت کر دینا ③ بیچ ڈالنا ④ سستے داموں بیچنا۔

**کوڑیالہ** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا زہریلا سفید چیتوں والا سانپ ② ایک بوٹی کا نام ③ مالدار۔

**کوڑیوں کا جھاڑ** (ہ) اسم مذکر۔ کوڑیوں کا بنایا ہوا کھلونا۔

**کوز** (ف) اسم صفت ① کبڑا ② خمیدہ۔

**کوز پشت / کوزہ پشت** (ف) اسم صفت ① کبڑی کمر والا ② بڈھا ③ خمیدہ پشت۔

**کوزہ** (ف) اسم مذکر ① ڈونگا ② قلفی ③ قفلی ④ مٹی کا برتن ⑤ مصری کا گول ڈلا ⑥ مٹی کا آب خورہ۔

**کوزے میں دریا بند کرنا** (ا) فعل۔ کسی طویل مضمون کو مختصر الفاظ میں بلا فوت مطلب لکھنا۔

**کوس** (ہ) اسم مذکر ① تین ہزار گز کی لمبائی ② آستین کا کف۔

**کوس نہ چلی بابل پیاسی** (ہ) مثل۔ آغاز کار سے ہی تھکنے اور ہمت ہار دینے کا اظہار۔

**کوس** (ف) اسم مذکر ① دھونسا ② دمامہ ③ نقارہ۔

**کوس رحلت** (فع) اسم مذکر ① روانگی کی گھنٹی ② کوچ کا نقارہ۔

**کوسا** (ہ) اسم صفت بتر کیب مفعولی ① کوسا ہوا ② سراپ ② دعائے بد۔

**کوسا لگنا** (ہ) فعل ① بددعا کا اثر ہو جانا ② سراپ لگنا۔

**کوسنا** (ہ) فعل ① بددعا دینا ② سراپ دینا ③ برا بھلا کہنا ④ پیٹنا ⑤ ماتم کرنا۔

**کوسنا کاٹنا / کلپٹنا** (ہ) فعل ① بددعا دینا ② برا بھلا کہنا ③ پیٹنا ④ ماتم کرنا ⑤ رونا دھونا۔

**کوسوں** (ہ) اسم مذکر ① کوس کی جمع ② بہت دور ③ کالے کوس۔

**کوسوں بھاگنا** (ہ) فعل ① بہت دور دوڑنا ② نہایت نفرت کرنا ③ الگ رہنا ④ پاس نہ پھٹکنا۔

**کوسوں دور ہونا** (ہ) فعل ① بہت دور ہونا ② بالکل الگ رہنا ③ سخت نفرت کرنا۔

**کوش** (س) اسم مذکر ① خزانہ ② گنج ③ گنجینہ ④ مخزن ⑤ لغت کی کتاب ⑥ ڈکشنری۔

**کوشش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از کوشیدن ① جتن ② پیر ڈوری ③ دوڑ دھوپ ④ جستجو ⑤ قصد۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314072187

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772918

**کوشک** (ف) اسم مذکر ❶ اونچی اور بلند عمارت ❷ محل ❸ ایوان۔

**کوفت** (ف) اسم مونث ❶ حاصل مصدر از کوفتن ❷ تھکن ❸ تکان ❹ صدمہ ❺ آسیب ❻ درد ❼ رنج ❽ دکھ ❾ سختی۔

**کوفتہ** (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی۔ کوٹا ہوا قیمہ کے گول پکے ہوئے کباب۔

**کوفہ** (ع) اسم مذکر ظرف۔ عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے۔ جو حضرت علیؓ کا دارالخلافہ تھا۔

**کوفی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ کوفہ کا رہنے والا ❷ بے وفا ❸ ظالم ❹ بے رحم ❺ نمک حرام ❻ باغی۔

**کوک** (ف) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ کچی سلائی ❷ لمبے لمبے ٹانکے۔

**کوک** (ہ) اسم مونث بواؤ معروف ❶ اونچی آواز ❷ سریلی آواز ❸ نغمہ ❹ فاختہ قمری اور کوے کی آواز ❺ کلکاری ❻ چیخ ❼ شور ❽ گھڑی گھنٹے وغیرہ کو چابی دینا ❾ آہ و نالہ۔

**کوک دینا** (ہ) فعل ❶ گھڑی باجے وغیرہ کو چابی دینا ❷ چکر کسنا ❸ کنجی دینا ❹ آوازہ لگانا۔

**کوکا** (ہ) اسم مذکر۔ بواؤ مجہول ❶ چھوٹی سی پریگ ❷ باریک کیل۔

**کوکب** (ع) اسم مذکر ❶ بڑا ستارہ ❷ روشن ستارا ❸ ستارہ۔

**کوکبہ** (عف) اسم مذکر ❶ ستارہ ❷ جماعت ❸ بھیڑ ❹ مجازاً لشکر ❺ شاہی سواروں کا پرا ❻ بادشاہی ماہی مراتب ❼ جلوشاہی ❽ بادشاہی شوکت۔

**کوکر** (ہ) اسم مذکر ❶ کتا ❷ سگ ❸ حقارتاً نوکر کا نوکر ❹ چاکر۔

**کوکر بسیرا کرنا** (ہ) فعل ❶ بہت تھوڑی دیر آرام لینا ❷ ذرا کی ذرا ستانا ❸ بہت کم ٹھہرنا۔

**کوکر بھنگرا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک بدبودار بوٹی کا نام ہے۔

**کوکر چندی** (ہ) اسم مونث۔ ایک بوٹی کا نام ہے جس کے پتے پیس کر سگ گزیدہ کے زخم پر لگاتے ہیں۔

**کوکلا** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کی فاختہ ❷ ایک ہلکی قسم کا گھونگا۔

**کوکنا** (ہ) فعل ❶ دھاگا ڈالنا ❷ کچی سلائی کرنا۔

**کوکنا** (ہ) فعل ❶ چیخ مارنا ❷ شور کرنا ❸ غل مچانا ❹ چیخنا ❺ کوئل کا بولنا ❻ کراہنا ❼ درد کی آواز نکالنا ❽ گھڑی یا باجے وغیرہ کو چابی لگانا۔

**کوکنار** (ف) اسم مذکر ❶ خشخاش کا دوڈا ❷ پوست خشخاش۔

**کوکنی** (ہ) اسم صفت ❶ چھوٹا سا ❷ ننھا ❸ ذرا سا ❹ کھٹیل ❺ ادنے درجہ کا ❻ پنجاب میں جھاڑی بوٹی کے بیر کو بھی کوکنی بیر یا کوکن بیر کہتے ہیں۔

**کوکنی** (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا رنگ ہوتا ہے۔ جو شہاب لاجورد اور پھٹکڑی سے تیار ہوتا ہے۔

**کوکو** (ف) اسم مونث صوت۔ قمری اور فاختہ کی آواز کی نقل۔

**کوکو** (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ کوا ❷ زاغ ❸ چیل ❹ بچوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام ہے۔

**کوکہ** (ت) اسم مذکر بواؤ مجہول ❶ دودشریک بھائی ❷ انا کا بیٹا ❸ برادر رضاعی ❹ دودھ کی بہن ❺ انا کی بیٹی۔

**کوکھ** (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ پہلو ❷ بغل ❸ گود ❹ پیٹ ❺ شکم ❻ بطن ❼ پہلو کے نیچے کی بے ہڈی جگہ ❽ جھولی ❾ حمل۔

**کوکھ اجڑ جانا** (ہ) فعل ❶ اسقاط حمل ہونا ❷ اولاد مر جانا ❸ حمل نہ رہنا ❹ حمل گر جانا۔

**کوکھ بند** (ا) اسم مذکر بعید صفت۔ بانجھ عورت۔

**کوکھ جلی** (ا) اسم صفت بترکیب مفعولی۔ وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو۔

**کوکھ سے ٹھنڈی ہے** (ہ) محاورہ ❶ اولاد سے خوش ہے ❷ گود بھری ہے ❸ صاحب اولاد ہے۔

**کوکھ ماری جانا** (ہ) فعل ❶ حمل کے قابل نہ رہنا ❷ بانجھ ہو جانا۔

**کوکھ مانگ بھری پری رہے** (ہ) دعائے خیر ❶ گود بھری اور سہاگ بنا رہے ❷ اولاد زندہ اور خاوند سلامت رہے۔

**کوکھیں لگنا** (ہ) فعل ❶ بھوک کے مارے کوکھیں خالی معلوم ہونا ❷ بھوکا ہونا۔

www.besturdubooks.net

کوئی (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کا اودا رنگ۔

کول (ہ) اسم مذکر۔ کچا اناج جو اسی طرح یا بھونکر کسان لوگ کھاتے ہیں۔

کول (ہ) اسم مذکر ① لقمہ ② نوالہ ③ گراس ④ اتنا اناج جو چکی میں ایک دفعہ پیسنے ڈالتے ہیں ⑤ گلا ⑥ پنجاب میں کٹورا ⑦ گلاس۔

کولا (ہ) اسم مذکر ① کونہ ② گوشہ ③ دروازے کے ادھر ادھر کا پہلو ④ گود ⑤ بغل ⑥ رنگترا ⑦ نارنگی ⑧ اناج کی وہ پولی جو کاٹنے کو دی جائے۔

کولا (ہ) اسم مذکر ① پٹھا ② سرین ③ چوتڑ ④ ازالہ بند بندھنے کی جگہ۔

کولا کاٹنا (ہ) فعل ① سزا دینا ② کچھ صدمہ پہنچانا۔

کولا مٹکانا/کولا مار کر چلنا (ہ) فعل ① مٹک کر چلنا ② چوتڑ ہلا کر چلنا ③ چوتڑ نچانا۔

کولھو (ہ) اسم مذکر ① تیل پیلنے یا رس نکالنے کا آلہ ② تیل نکالنے کا آلہ ③ تیل نکالنے کی مشین۔

کولھو کا بیل (ہ) اسم مذکر ① تیل کا بیل ② (بحالت صفت) نہایت محنتی ③ جفاکش ④ انجان ⑤ بے خبر۔

کولھو کاٹ موگری بنانا (ہ) فعل ① ایک اعلیٰ چیز کو بگاڑ کر ادنے چیز بنانا ② حماقت اور بے وقوفی کا کام کرنا۔

کولھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس/کولھو کے بیل کو گھر ہی منزل ہے (ہ) مثل۔ مصیبت زدہ کو گھر میں بھی آرام نصیب نہیں ہوتا۔

کولھو کے بیل کی طرح چلنا (ا) فعل ① نہایت جفاکشی اور محنت کرنا ② کسی کام میں دن رات مصروف رہنا۔

کولھو میں پلوا دینا (ہ) فعل ① نہایت بے رحمی کی سزا دلوانا ② شکنجے میں کھنچوا دینا۔

کولی (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① ہندو جولاہا ② ایک ادنے قوم جس کا کام موٹا کپڑا بننا اور بیگار دینا ہے ③ مہندی لگے ہاتھوں کی سیاہی جو مہندی کے بعد ظاہر ہوتی ہے۔

کولی (ہ) اسم مونث ① بفتح اول ② گود ③ گودی ④ دونوں ہاتھوں کا حلقہ ⑤ آغوش ⑥ بغل۔

کولی میں بھر لینا/کولی بھرنا (ہ) فعل ① گودی بھرنا ② آغوش میں دبا لینا ③ بغل میں لے لینا ④ گلے لگانا ⑤ بغلگیر ہونا۔

کولے سینچنا/ٹھنڈے کرنا (ہ) فعل ① دروازے کے دونوں طرف بلا کے رد کرنے کی غرض سے پانی چھڑکنا ② سفر کو جاتے یا آتے وقت ایسا کیا کرتے ہیں۔

کولیشن (ای) اسم مونث ① اتحاد ② اتفاق ③ مختلف جماعتوں کی متحدہ حکومت۔

کومل (ہ) اسم صفت بواؤ مجہول ① نہایت نرم ② نازک ③ ملائم ④ فصیح ⑤ شیریں ⑥ میٹھا کلام۔

کومہل/کونبھل/کومل (ہ) اسم مذکر ① سیندھ ② پاڑ ③ نقب ④ چوروں کا شگاف جو مکان میں گھسنے کو دیا کرتے ہیں۔

کون (ع) اسم مذکر ① ہست ہونا ② موجود ہونا ③ مجازاً دنیا ④ جہان ⑤ ہستی ⑥ عالم موجودات۔

کون وفساد (ع) اسم مذکر ① ہونا اور خراب ہونا ② ہوکر بگڑ جانا ③ مجازاً عالم فانی دنیا۔

کون ومکان (ع) اسم مذکر ① دنیا ② جگ ③ سنسار ④ جہان۔

کون (ہ) اسم عدد مفید صفت ① دلالوں کی اصطلاح ② ایک کم دس۔

کون (ف) اسم مونث ① پاخانہ کی جگہ ② سفرہ ③ مقعد۔

کون خر (ف) اسم صفت ترکیبی ① نہایت ہی احمق ② سخت بے وقوف ③ نرا احمق ہی نہیں بلکہ اس کی نہایت بدبو کی جگہ۔

کون (ہ) کلمہ استفہام برائے انسان۔ کدام۔

کون پرائی آگ میں گرتا ہے (ہ) محاورہ۔ دوسرے کی آفت اپنے ذمے کوئی نہیں لیتا۔

کون سا (ہ) کلمہ استفہام ① کدامیں ② کدام ③ یکے ④ ایسا ⑤ کتنا ⑥ ایسا ⑦ کس قدر۔

کون سا درخت ہے جس کو ہوا نہیں لگتی (ا) محاورہ۔ عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں۔

کون سے مرض کی دوا ہو (ا) محاورہ ① کس کام کے ہو ② بالکل نکمے اور ناکارہ ہو۔

کونا/کونہ (ہ) اسم مذکر ① گوشہ ② زاویہ ③ کھونٹ ④ نکڑ ⑤ طرف ⑥ پہلو ⑦ پاکھا۔

کونا کھدرا/کونہ کھترا/کونا کچونا (ہ) اسم مذکر ① گوشہ دوشہ ② کونا

Join Us on WhatsApp NaveedBaig 03149077218

www.besturdubooks.net

دوزا ③ یہاں کھدرا وغیرہ تابع مہمل ہیں۔

کونپل (ہ) اسم مونث ① درخت کے نئے پھوٹے ہوئے ملائم پتے ② کلی ③ شگوفہ۔

کونت (ہ) اسم مونث ① اٹکل ② آنک ③ اندازہ ④ جانچ۔

کونتنا / کونتھنا (ہ) فعل ① قبض کی حالت میں زور دے کر دفع براز کرنا ② مقعد پر زور دے کر پاخانہ کرنا۔

کونج (ا) اسم مونث ① راج ہنس ② کلنگ ③ مرغابی ④ حواصل ⑤ قاز۔

کونچ (ہ) اسم مذکر ① جولاہے کا تانی صاف کرنے کا برش ② ٹخنے سے اوپر کا پٹھا۔

کونچ / کونچ پھلی (ہ) اسم مونث۔ ایک درخت اور اس کی پھلی کا نام ہے جس کے روئیں کے جسم انسان پر گرنے سے کھجلی سخت ہونے لگتی ہے۔

کونچہ (ہ) اسم مذکر ① بھڑ بونجے کا کڑچھا جس سے وہ بھاڑ میں ریت نکالا کرتا ہے ② ٹخنے کے اوپر کا پٹھا۔

کونچی (ہ) اسم مونث ① سفیدی پھیرنے کا مونجھ کا برش ② سونے چاندی کے زیور صاف کرنے کا برش ③ مجازاً لمبی داڑھی۔

کوند (ہ) اسم مونث ① بجلی کی چمک ② تابش برق درخش۔

کوندنا (ہ) فعل۔ بجلی چمکنا۔

کونڈ (ہ) اسم مونث ① ناند ② کٹھرا ③ مٹی کا بڑا سا تغارا ④ بہت بڑا مٹی کا تسلا۔

کونڈا (ہ) اسم مذکر ① تسلا ② پرات ③ آٹا گوندھنے کا برتن ④ بھنگ وغیرہ گھوٹنے کا دورا ⑤ کسی ولی کی نیاز۔

کونڈا کرنا (ہ) فعل ① کسی ولی کی نیاز کر کے کونڈے میں کھلانا ② کڑاہی کرنا ③ چند آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ فعل بد کرنا ④ بے عزتی کرنا ⑤ بہت مارنا۔

کونڈالی / کنڈالی (ہ) اسم مونث ① آٹا گوندھنے کی مٹی کی پرات ② کونڈا کی تصغیر۔

کونڈی سونٹا بجانا (ہ) فعل ① بھنگ رگڑنا ② بھنگ گھوٹنا۔

کونرا (ہ) اسم صفت ① بے اوسان ② بدحواس ③ کائیں کائیں سے گھبرایا ہوا۔

کونرا جانا (ہ) فعل ① بے اوسان ہو جانا ② شور وغل سے گھبرا جانا۔

کونسل (ہ) اسم مونث ① مشورہ ② مصلحت ③ صلاح ④ رائے طلبی۔

کونسل کرنا (ا) فعل ① صلاح و مشورہ کرنا ② رل مل کر تدبیریں سوچنا۔

کونسل (ای) اسم مونث ① پنچایت ② صلاح مشورے کی مجلس ③ رائے دینے والوں کا مجمع۔

کونسلی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① کونسل کا ممبر ② صلاح کار ③ صلاح دینے والا ④ مشیر ⑤ وکیل۔

کونسلر (ای) اسم مذکر ① کونسل کا ممبر ② وزیر۔

کون کون (ہ) اسم صفت مونث۔ کتے کے پلوں کی آواز۔

کون ہوتا ہے (ہ) محاورہ ① وہ کیا واسطہ رکھتا ہے ② اسے کیا تعلق ہے ③ کیا رشتہ ہے۔

کونین (ع) اسم مذکر ① کون کی جمع تثنیہ ② دونوں جہاں ③ دین و دنیا۔

کونین (ای) اسم مونث۔ ایک مشہور دافع بخار دوا کا نام ہے۔

کوہ (ف) اسم مذکر ① پہاڑ ② وہ سنگلاخ قطعہ جو سطح زمین سے اونچا ہو۔

کوہ آتش فشاں / کوہ آتش خیز (ف) اسم مذکر ① جوالا مکھی پہاڑ ② وہ پہاڑ جس میں گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے اور رقیق مادہ نکلتا ہو۔

کوہ آدم (فع) اسم مذکر۔ لنکا کے سلسلہ کوہ کی وہ چوٹی جس پر حضرت آدم بہشت سے اترے تھے۔

کوہ بے ستون (ف) اسم مذکر۔ فارس کا وہ پہاڑ جسے کھود کر فرہاد نے جوئے شیر نکالی تھی۔

کوہ صفا (فع) اسم مذکر۔ مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے۔

کوہ طور / سینا (ہ) اسم مذکر۔ ملک شام کی وہ پہاڑی جس پر حضرت موسےٰ علیہ السلام کو خدا تعالےٰ نے اپنی تجلی دکھائی تھی۔

کوہ قاف (فع) اسم مذکر ① بحیرہ اسود کے شمالی حصہ کا وہ پہاڑ جسے انگریز کاکیس کہتے ہیں ② ناقابل گزر مقام ③ دشوار گزار جگہ ④ پریوں

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149071218

www.besturdubooks.net

دیووں کا فرضی مقام۔

کوہ کن (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ پہاڑ کھودنے والا ❷ فرہاد عاشق شیریں کا لقب ہے۔

کوہ نور (ف) اسم مذکر۔ ہندوستان کا وہ مشہور اور عدیم المثال ہیرا جو بابر کو ابراہیم لودھی کی لڑائی میں ملا تھا اور انگریزوں کے پاس لندن میں ہے۔

کوہان (ف) اسم مذکر ❶ (بہ ان نسبتی) اونٹ کی پیٹھ کا مدو ❷ بیل اور سانڈ کا اونچا کندھا۔

کوہرا/کہر (ہ) اسم مونث ❶ دھند ❷ غلیظ ❸ بخارات آبی جو سطح زمین کے قریب تر سردی کے موسم میں صبح کے وقت دکھائی دیتے ہیں ❹ دھندلا سا۔

کوہسار (ف) اسم مذکر ظرف ❶ سنگلاخ ❷ قطعہ ❸ پہاڑوں کا سلسلہ ❹ پہاڑی ملک۔

کوہستان (ف) اسم مذکر ❶ پہاڑی ملک ❷ پہاڑی دیس ❸ پہاڑ ❹ سلسلہ کوہ۔

کوہستانی (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی مفید صفت ❶ پہاڑ کا رہنے والا ❷ کوہی ❸ پہاڑ کا ❹ پہاڑی چیز/ آدمی۔

کوہی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ پہاڑی ❷ پہاڑ کا۔

کوہی (ہ) اسم مونث ❶ بہری ❷ ایک قسم کا شکرا جو کبوتروں کا شکار کرتا ہے۔

کوئی (ہ) علامت تنکیر ❶ کسی ❷ کچھ ❸ (اسم کنایہ) نامعلوم/ ناقابل اظہار آدمی ❹ تقریباً ❺ لگ بھگ ❻ ایک آدھ ❼ اکا دکا ❽ اندازاً۔

کوئی اب بولے کوئی جب بولے/ میری نکٹی شپاشپ بولے (ا) مثل۔ نہایت بے غیرت اور بے شرم کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی ذلت ہونے پر بھی بولنے سے باز نہیں آتی ہے۔ بے عزت ہونے پر بھی بکواس کئے جاتی ہے۔

کوئی تو پوچھے گا (ہ) محاورہ ❶ کسی کو تو رحم آئے گا ❷ کوئی تو فریاد کو پہنچے گا۔

کوئی تولوں بھاری کوئی مولوں بھاری/کوئی تولوں کم کوئی مولوں کم (ہ) محاورہ۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے۔ کوئی کسی وجہ سے معزز ہے کوئی کسی سبب سے۔

کوئی دم کا مہمان (ا) اسم صفت بترکیب اضافی ❶ قریب الرگ ❷ آفتاب لب بام ❸ جانباز ❹ جلد رخصت ہونے والا۔

کوئی دن یاد کرو گے (ا) محاورہ ❶ ہماری قدر ہمارے جانے کے بعد کرو گے ❷ کئی روز تک تکلیف اور رنج اٹھاتے رہو گے۔

کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا (ا) محاورہ۔ کسی کی مصیبت اور دکھ کو کوئی آدمی اپنے سر نہیں لیتا۔

کوئی کسی کی قبر میں نہیں سوتا/ نہیں جاتا (ا) کسی کے بدلے کوئی دوسرا آدمی جان نہیں دیتا۔ ہمیشہ کسی کا ساتھ نہیں رہنا۔

کوئی کوئی (ہ) اسم صفت ❶ ایک آدھ ❷ اکا دکا ❸ برلا ❹ شاذ و نادر۔

کوئی مرے کوئی ملہار گاوے (ہ) مثل۔ کسی کو صدمہ اور رنج پہنچے کوئی خوشی مناوے۔

کوئی نہ کوئی (ا) تابع فعل ❶ کوئی سا ❷ ایک نہ ایک ❸ ایک نہیں دوسرا سہی۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں (ہ) مثل۔ نہایت انصاف اور عدل کی تعریف میں کہا کرتے ہیں۔ یعنی کسی کو کسی قسم کا بھی خطرہ نہیں نہایت امن اور عدل کا زمانہ ہے۔

کوئی ہے (ہ) حرف ندا۔ ملازم کو بلانے اور پکارنے کے لئے بولتے ہیں۔

کوے اڑانی (ہ) اسم مونث ❶ نہایت ادنٰے ❷ درجہ کی ملازم عورت ❸ دیوانی ❹ باولی ❺ پگلی۔

کوے اڑ جا (ہ) شگون۔ پردیش سے کسی کے آنے کے وقت شگون لیا کرتے ہیں۔

کوے کھائے ہیں (ہ) محاورہ۔ بہت بڑی عمر کا ہو کر بھی بال سیاہ ہیں۔

کویا (ہ) اسم مذکر ❶ آنکھ کا کونہ ❷ گوشہ چشم ❸ گنے کا بالکل نیا اگا ہوا شگوفہ یا کونپل ❹ ریشم کے کیڑے کا خول ❺ شریفہ یا کٹھل کا دانہ۔

کویل (ہ) اسم مونث۔ ایک خوش آواز کالے پرندے کا نام ہے۔

کوئلا (ہ) اسم مذکر بالف نسبتی فاعلی ❶ کوئل کے سے رنگ والا ❷ مجازاً جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا ❸ کان سے نکالا ہوا سیاہ مادہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140071218

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**کوئلوں پر مہر ہونا** (ہ) فعل۔ نہایت کنجوسی کے باعث کوئلوں جیسی حقیر چیز کی بھی سخت حفاظت کرنا۔

**کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالا/ منہ کالا** (ا) مثل۔ برے کام میں پڑنے سے آخر بدنامی ہی حاصل ہوگی۔

**کوئیلیا** (ہ) اسم مونث۔ کوئل کی تصغیر ہے۔

**کوئین** (ای) اسم مونث ① ملکہ ② رانی ③ بادشاہ بیگم۔

**کویہ** (ف) اسم مذکر ① ریشم کے کیڑے کی کھال ② ریشم کے کیڑے کا خول۔

**کویہ ابریشم** (ف) اسم مذکر۔ ریشم کے کیڑے کا خول۔

## ک ← ہ

**کہ** (ف) حرف بیان ہے ① نیز جو بیانیہ کے موقع پر اس کی جگہ بھی آجاتا ہے ② علت اور سبب کے لئے ③ ناگاہ ④ دفعتہ ⑤ استفہام۔

**کہا** (ہ) اسم مذکر ① مقبول ② کہا ہوا ③ بچن ④ قول ⑤ مقولہ ⑥ بات۔

**کہا/ کہاسا** (ہ) اسم مذکر ① کہر ② دھند ③ ابر آلود آسمان ④ جھڑ ⑤ غبار۔

**کہا سنا** (ہ) اسم مذکر مفعول ① جرم ② خطا ③ قصور ④ گناہ ⑤ شکوہ ⑥ سمجھانا ⑦ بجھانا۔

**کھات/ کھاد** (ہ) اسم مونث ① بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں ② وہ میلا اور کوڑا کرکٹ جسے گڑھے میں جمع کر کے گلنے کے بعد کھیتوں میں ڈالتے ہیں۔

**کھاتا** (ہ) اسم مذکر ① لیکھا ② بہی ③ روزنامچہ ④ روزمرہ حساب کی کتاب ⑤ لین دین ⑥ بیوپار ⑦ (بحالت صفت) کھاتا ہوا ⑧ آسودہ حال ⑨ (اسم مذکر) اناج کا ذخیرہ جمع کرنے کا گڑھا۔

**کھاتا پیتا** (ہ) اسم صفت ① آسودہ حال ② مرفہ حال۔

**کھاتی** (ہ) اسم مونث ① بڑھئی ② ترکھان ③ بخار ④ اناج وغیرہ کے ذخیرہ کا چھوٹا اور گہرا گڑھا۔

**کھاتے پڑنا** (ہ) فعل ① حساب میں درج ہونا ② کچی بہی میں چڑھایا جانا۔

**کھاتے پیتے لاتیں مارنا** (ہ) فعل ① آسودگی میں ناشکری کرنا ② کفران نعمت کرنا۔

**کھاٹ** (ہ) اسم مونث ① چارپائی ② پلنگڑی۔

**کھاٹ پڑ کے کھانا** (ہ) فعل ① بیماری پر صرف ہونا ② بیماری پر لگنا۔

**کھاٹ پڑنا/ کھاٹ سے لگ جانا** (ہ) فعل ① بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا ② صاحب فراش ہونا۔

**کھاٹ سے اتارنا/ اتار لینا** (ہ) فعل۔ ہندو۔ قریب المرگ آدمی کو چارپائی سے نیچے اتار کر زمین پر لٹا دیتے ہیں۔

**کھاٹ کھٹولا** (ہ) اسم مذکر ① مال اسباب ② استر بستر ③ بندھنا بوریا۔

**کھاٹ نکلنا** (ہ) فعل ① (عورتیں) ارتھی نکلنا ② جنازہ نکلنا ③ مرنا۔

**کھاج** (ہ) اسم مونث ① کھجلی ② خارش ③ جماع کی خواہش۔

**کھاجا** (ہ) اسم مذکر ① خوراک ② غذا۔

**کھاجانا** (ہ) فعل ① نگل جانا ② ہڑپ کر جانا ③ خرچ کر لینا ④ برباد کر ڈالنا ⑤ تباہ کر دینا ⑥ مال مار لینا ⑦ رشوت لے لینا۔

**کھاد** (ہ) اسم مونث (دیکھو کھات)

**کھادر** (ہ) اسم مونث ① پست زمین ② نشیب دریا کے کنارے کی سیلاب والی زمین۔

**کھار** (ہ) اسم مذکر ① شور ② کلر ③ نمک ④ سجی ⑤ کاٹ کرنے والی چیز۔

**کہار** (ہ) اسم مذکر ① پانی بھرنے والا ② مہرا ③ دھنیور ④ حمال ⑤ ڈولی یا پالکی اٹھانے والا ⑥ خادم ⑦ ٹہلوا ⑧ برتن مانجھنے والا۔

**کھارا** (ہ) اسم مذکر ① سرکنڈوں کا چوکھونٹا ٹوکرا جس پر دولھا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں ② نمک ③ پہاڑ ④ بحالت صفت نمکین ⑤ شوردار۔

**کھاروا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سرخ موٹا کپڑا۔

**کہاری** (ہ) اسم مونث ① کہار کی بیوی ② کہار قوم کی عورت ③ خادمہ ④ پانی بھرنے والی کہاروں کی مزدوری ⑤ ڈولی کا کرایہ۔

**کھاری** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① شوردار ② نمکین ③ کڑوا ④ تلخ۔

**کھاری کنواں** (ہ) اسم مذکر ① کڑوے یا نمکیں پانی کا کنواں ② مجازاً

www.besturdubooks.net

بے فیض۔

کھاری کنوئیں ڈال دینا (ہ) فعل ❶ کھو دینا ❷ ضائع کر دینا ❸ پھینک دینا ❹ بے فائدہ کھونا۔

کھاڑی (ہ) اسم مونث ❶ خلیج ❷ پانی کا وہ قطعہ جو دور تک خشکی کو کاٹتا چلا جائے۔

کھاس (ہ) اسم مونث ❶ اپلے لادنے کی جالی دار بوری ❷ جالی دار گون ❸ جالی دار بورا۔

کھا کر ڈکار نہ لینا (ہ) فعل ❶ پرایا مال ہضم کر جانا ❷ پچا لینا ❸ لے کر بالکل نہ دینا۔

کھاگ (ہ) اسم مذکر۔ گینڈے کا سینگ۔

کھال (ہ) اسم مونث ❶ چمڑا ❷ چرم ❸ پوست ❹ چھلکا ❺ چھال ❻ دھونکنی ❼ دھوڑی ❽ جانداروں کے جسم کا پوست ❾ کھیت میں پانی پہنچانے کی نالی۔

کھال اتارنا/کھال ادھیڑنا/کھال کھینچنا (ہ) فعل ❶ کسی کے جسم سے چمڑا ادھیڑنا ❷ پوست اتارنا ❸ سزا دینا ❹ بدلہ لینا ❺ سخت سزا دینا ❻ چمڑی اتارنا۔

کھال بگڑنا (ہ) فعل ❶ شامت آنا ❷ پٹنے کو جی چاہنا۔

کھال میں مست ہونا (ا) فعل ❶ غریبی میں مگن رہنا ❷ اپنی مفلسی میں خوش رہنا۔

کھالا (ہ) اسم مذکر ❶ کھال سے اسم مکبر ❷ ندی نالہ ❸ آب جو ❹ غار ❺ گڑھا ❻ بہت سے ندی نالوں والی نشیب زمین۔

کھان (ہ) اسم مونث ❶ کان ❷ معدن ❸ دھاتوں وغیرہ کے پیدا ہونے اور نکلنے کی جگہ ❹ منبع ❺ مخزن ❻ خزانہ ❼ مصدر ❽ بہتات ❾ کثرت۔

کہاں (گہ) اسم استفہام برائے ظرف مکان ❶ کدھر ❷ کس جگہ ❸ (استفہام انکاری) نہیں ❹ کب ❺ دوری ❻ بہت فرق ❼ بڑا بھاری ❽ فرق۔

کہاں چلے آئے ہو (ہ) محاورہ پردہ ہے ❶ تمہارے آنے کی جگہ نہیں ❷ ہٹ جاؤ۔

کہاں سے کہاں (ہ) تابع فعل ❶ بہت دور ❷ کالے کوسوں ❸ بے ٹھکانے۔

کہاں کا (ہ) تابع فعل ❶ کس مقام کا ❷ کس جگہ ❸ کس طرف کا ❹ کیسا ❺ کس مطلب کا ❻ کس کا ❼ کدھر کا ❽ کب کا ❾ کس زمانے کا۔

کہاں کا آنا/کہاں کا جانا (ہ) فعل ❶ کیسی ملاقات ❷ کیسا تعلق ❸ کیسا ملنا جلنا ❹ کیسا آنا اور کیسا جانا۔

کہاں کا کہاں (ہ) تابع فعل ❶ بہت دور ❷ کالے کوسوں ❸ بے ٹھکانے۔

کہاں کی بلا پیچھے لگی (ہ) محاورہ ❶ کس آفت میں پھنس گئے ❷ تنگی کے وقت گھبرا کر کہا کرتے ہیں۔

کہاں کے ہیں (ہ) محاورہ ❶ ایسے کون ہیں ❷ کس ملک کے ہیں۔

کہاں لا کر پھنسایا (ہ) محاورہ ❶ کس عذاب میں ڈالا ❷ بری جگہ فریفتہ کیا ❸ بڑے دکھ میں پھنسایا۔

کہانا (ہ) فعل ❶ کہلانا ❷ موسوم ہونا ❸ مشہور ہونا ❹ نام رکھا جانا ❺ پیغام دینا ❻ کہلوانا۔

کھانا (ہ) اسم مذکر ❶ غذا ❷ خوراک ❸ رسوئی ❹ روٹی ❺ بھوجن ❻ طعام ❼ ضیافت ❽ دعوت ❾ مہمانی۔

کھانا پینا (ہ) اسم مذکر ❶ دانہ پانی ❷ آب و نان ❸ آب و خورش۔

کھانا پینا لہو کرنا (ہ) فعل ❶ خوراک انگ نہ لگنے دینا ❷ رنج دلانا ❸ کھایا پیا خاک میں ملا دینا۔

کھانا جوڑا (ہ) اسم مذکر۔ وہ کھانا اور قیمتی کپڑے جو دلہن کے گھر سے دولھا کو دیتے ہیں۔

کھانا دانہ (ا) اسم مذکر ❶ بیاہ کی دعوت ❷ شادی کی ضیافت۔

کھانا کھانا (ہ) فعل ❶ روٹی کھانا ❷ طعام تناول کرنا ❸ خاصہ نوش فرمانا۔

کھانا کھلانا (ہ) فعل ❶ دعوت دینا ❷ ضیافت کھلانا۔

کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو/ ہاتھ یہاں دھوؤ (ہ) محاورہ ❶ فوراً چلے آؤ ❷ بہت جلد آؤ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کھانا (ہ) فعل ① نوش کرنا ② جیمنا ③ نگلنا ④ حلق سے اتارنا ⑤ اڑانا ⑥ غبن کرنا ⑦ ہضم کرنا ⑧ رشوت لینا ⑨ فضول خرچی کرنا۔

کھانا اور غرانا (ا) فعل ① احسان فراموشی کرنا ② کھانا بھی اور دھمکانا بھی ③ بلی کی سی عادت رکھنا۔

کھانا پینا (ہ) فعل ① روٹی کپڑے کا خرچ اٹھانا ② کھانا اڑانا۔

کھانا کمانا (ہ) فعل ① محنت مزدوری کرنا ② نوکری چاکری کرنا۔

کھانچا (ہ) اسم مذکر ① چھابا ② خوان ③ ٹوکرا ④ ٹاپا ⑤ مرغیاں بند کرنے کا اونچا ٹوکرا ⑥ دیوار کی کجی ⑦ وقفہ ⑧ ڈھیل ⑨ دیر۔

کھانچا پڑنا (ہ) فعل ① وقفہ ہونا ② ناغہ ہونا ③ سلسلہ میں فرق آجانا۔

کھانڈ (ہ) اسم مونث ① چینی ② بورا ③ شکر سفید۔

کھانڈا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی دو رخی سیدھی تلوار ② مچھلی کا قتلہ ③ قصائی کا بغدا۔

کھانڈا بجنا (ہ) مثل ① تلوار چلنا ② لڑائی ہونا ③ جنگ وجدل کرنا۔

کھانسنا (ہ) فعل ① کھنکارنا ② کھانسی کی آواز نکالنا ③ دھانسنا۔

کھانسی (ہ) اسم مونث ① کھر کھر ② سرفہ ③ سعال۔

کھانکھ (ہ) اسم صفت ① نہایت سوکھی چیز ② (بحالت اسم مونث) کھائی ③ خندق۔

کھانگ (ہ) اسم مذکر۔ ہاتھی یا سور کے باہر نکلے ہوئے دانت۔

کہانی (ہ) اسم مونث ① قصہ ② حکایت ③ داستان ④ سرگذشت ⑤ بیتی بات ⑥ ذکر ⑦ بیان ⑧ کتھا۔

کہانی ہے (ا) محاورہ ① من گھڑت ہے ② غلط ہے ③ جھوٹ ہے ④ جھوٹی بات ہے۔

کھانے کمانے کا ٹھیکرا (ا) اسم مذکر ① روزی کا وسیلہ ② نوچی ③ کسب کمانے کے لئے پالی ہوئی لڑکی۔

کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ (ا) مثل۔ کھانے کو چست اور کام کاج میں سست آدمی۔

کھانے کو دوڑنا (ہ) فعل ① ڈرانا ② کاٹ کھانے کا آمادہ کرنا ③ بدمزاجی سے پیش آنا۔

کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں کھانے کو شیر کمانے کو بکری (ا) مثل۔ کھانے کے لئے زبردست اور کمانے کو پست۔

کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور (ہ) محاورہ ① باطن کے خلاف ہے ② دل میں کچھ اور زبان پر کچھ اور ③ قول کچھ عمل کچھ۔

کھاؤ (ہ) اسم صفت ① بہت کھانے والا ② پیٹو ③ راشی ④ رشوت خوار ⑤ چٹورا ⑥ بہت خرچ کرنے والا۔

کھاؤ اڑاؤ (ہ) اسم صفت ① فضول خرچ ② مسرف ③ تن پرور ④ چٹورا۔

کہاوت (ہ) اسم مونث ① قول ② بچن ③ کہن ④ ضرب المثل۔

کھاوے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح (ا) مثل۔ بہت کھا کر بھی دبلا رہنے والے کیلئے بولتے ہیں۔

کھائی (ہ) اسم مونث ① خندق ② گڑھا۔

کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا (ہ) مثل۔ زیادہ لالچی پہلا اندوختہ بھی کھو بیٹھتا ہے۔

کھایا پیا انگ نہ لگنا (ہ) فعل۔ خوراک کا جزو بدن نہ ہونا۔

کھائیے من بھاتا پہنئے جگ بھاتا (ہ) مثل ① خوراک دل پسند اور لباس عام ہونا چاہئے ② زمانہ کے رسم و رواج کے مطابق چلنا چاہئے۔

کھبا (ہ) اسم صفت ① بایاں ② الٹا ③ چپ ④ سجا کی ضد ⑤ بائیں ہاتھ سے کام کرنے کا عادی۔

کھب جانا (ہ) فعل ① گڑ جانا ② چبھ جانا ③ گھس جانا ④ پیٹھ جانا ⑤ بس جانا ⑥ پسند آجانا ⑦ دل نشین ہوجانا ⑧ دل میں گھر کر جانا۔

کھبنا (ہ) فعل ① چبھنا ② گڑنا ③ گھسنا ④ پیٹھنا ⑤ بسنا ⑥ نظروں میں پسند آنا ⑦ منظور نظر ہونا۔

کہہ بیٹھنا (ہ) فعل ① گالی دے بیٹھنا ② برا بھلا کہہ دینا۔

کھپاچ (ہ) اسم مونث ① بانس کا ٹکڑا ② کھپچی پھانس ③ بہت ہی دبلا پتلا آدمی۔

کھپانا / کھپا دینا (ہ) فعل ① برتنا ② استعمال کرنا ③ صرف کرنا ④ کام میں لانا ⑤ گھلانا ⑥ تحلیل کرنا ⑦ کام تمام کرنا ⑧ مار ڈالنا ⑨ تباہ کرنا۔

کھپت (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① خرچ صرف ② سمائی ③ گنجائش ④

Join us on Whatsapp Naveed RajG 03149007218

www.besturdubooks.net

گزارا۔

کچھی (ہ) اسم مونث ① بانس کا ٹکڑا ② کھپاچ پھانس ③ دبلا پتلا ④ لاغر۔

کچھی (ہ) اسم مونث ① گود ② بغل ③ آغوش۔

کچھی بھرنا (ہ) فعل ① دونوں ہاتھوں سے گود میں اٹھالینا ② آغوش میں لینا۔

کھپر (ہ) اسم مذکر ① سر کی ہڈی ② کپال ③ کھوپری جوگیوں کی تونبی ④ طشت خون ⑤ جو دیوتاؤں کی نذر کیا جاتا ہے۔

کھپرا (ہ) اسم مذکر ① بکل ② چھال ③ چھلکا ④ مچھلی کے چھلکے ⑤ قاش ⑥ پھانک ⑦ مٹی کا ٹھیکرا جو دھان کو لگ جاتا ہے ⑧ دھان کی سسری ⑨ چوڑے پھل کا تبر۔

کھپریل (ہ) اسم مونث۔ کھپروں سے چھائی ہوئی چھت۔

کھپنا (ہ) فعل ① خرچ ہونا ② اٹھنا ③ سمانا ④ لٹنا ⑤ جذب ہونا ⑥ سوکھنا ⑦ فروخت ہوجانا ⑧ بک جانا ⑨ کام آنا۔

کھتا (ہ) اسم مذکر ① غلہ بھر رکھنے کا گڑھا ② کھتی ڈھیر ③ ذخیرہ ④ انبار ⑤ خزانہ ⑥ گنج۔

کہتا (ہ) اسم مذکر۔ فاعل سماعی ① کہنے والا ② متکلم ③ بولنے والا۔

کہتر (ف) اسم صفت ① چھوٹا ② ادنےٰ ③ مہتر کی ضد۔

کھترانی (ہ) اسم مونث ① کھتری کی مونث ② کھتری کی جورو ③ کھتری قوم کی عورت۔

کھترانا (ہ) اسم مذکر ① کھتریوں کی برادری ② کھتری قوم کا۔

کھتری (ہ) اسم مذکر ① ہندوؤں کے چار برنوں میں سے ایک برن ② چھتری کا بگاڑ یا مبدل ہے۔

کھتریٹا (ہ) اسم مذکر ① کھتری کی تصغیر یا بالتحقیر کھتری بچہ ② کھتری زادہ۔

کھتونی (ہ) اسم مونث۔ گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع تقسیم وغیرہ۔

کھتی (ہ) اسم مونث۔ روپیہ پیسے رکھنے کی گولک۔

کھتیانا (ہ) فعل ① کھاتے میں رقم جمع کرنا ② روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا۔

کہتے (ہ) اسم صفت ① کہتے ہوئے ② بات کرتے ہوئے۔

کہتے ہوئے (ہ) اسم صفت مفعولی ① منہ سے بولتے ہوئے ② زبان سے نکالتے ہوئے۔

کھٹ (س) اسم عدد ① چھے ② شش ③ ٦۔

کھٹ پر (س) اسم مذکر فاعل۔ چھے پروں والا یعنی بھونرا۔

کھٹ رس (س) اسم مذکر۔ چھے ذائقے یعنی تلخ، کسیلا، نمکین، کھٹا، میٹھا، چرچرا۔

کھٹ کرم (س) اسم مذکر۔ برہمنوں کے چھے فرض یعنی اشنان، دھیان، جپ، ترپن، پوجا اور گیان۔

کھٹ راگ (س) اسم مذکر ① ایک راگ کا نام ہے ② جس میں سب راگوں کے سر شامل ہیں ③ مجازاً الجھیڑا ③ بکھیڑا ④ جھگڑا ⑤ ٹنٹا ⑥ تضیہ ⑦ جنجال ⑧ جھمیلا ⑨ لغو باتیں۔

کھٹراگ میں پڑنا (ہ) فعل ① بکھیڑے میں پڑنا ② جنجال میں پھنسنا ③ الجھاوے میں پڑنا۔

کھٹ (ہ) اسم مونث صوت ① دوسخت چیزوں کے ملنے کی آواز ② کھاٹ بمعنی چارپائی کا مخفف۔

کھٹ پٹ (ہ) اسم مونث ① ان بن ② لڑائی بھڑائی ③ ناچاقی ④ کھڑاؤں وغیرہ پر جلدی جلدی چلنے کی آواز۔

کھٹ پٹ کرنا (ہ) فعل ① لڑائی جھگڑا کرنا ② لڑنا ③ جھگڑنا ④ فساد برپا کرنا۔

کھٹ کھٹ (ہ) اسم مونث صوت۔ دوسخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز۔

کھٹ (ہ) اسم مونث صوت ① کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز ② کھٹکا ③ بچوں کے یاری توڑنے کے وقت ناخن بجانے کی آواز۔

کھٹ بڑھئی (ہ) اسم مذکر ① ایک لمبی چونچ والے پرندے کا نام ② ہدہد ③ کٹھ پھوڑا۔

کھٹا (ہ) اسم صفت ① ترش ② چوک ③ (بحالت اسم مذکر) گلگل ④ ترنج ⑤ ایک ترش پھل کا نام۔

کھٹا چوک (ہ) اسم صفت ① نہایت ہی کھٹا ② بہت ہی ترش ③ چوک

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03490772180

جیسا کھٹا۔

**کھٹا کھانا** (ہ) فعل ① گالی کھانا ② بری بات سننا ③ ناراض ہونا ④ خفا ہونا۔

**کھٹا میٹھا** (ہ) اسم صفت ① کچھ کھٹا کچھ میٹھا ② ترش بھی اور میٹھا بھی ③ ترشی دار شیریں۔

**کھٹا میٹھا ہونا** (ہ) فعل ① لالچ آنا ② جی للچانا ③ منہ میں پانی بھر آنا ④ ان بن ہونا ⑤ برا بھلا بننا ⑥ ناچاقی ہو جانا۔

**کھٹا ہو جانا/ ہونا** (ہ) فعل ① ترشی آ جانا ② اچار اٹھ جانا ③ سڑ جانا ④ دل یا جی کا بیزار ہونا۔

**کھٹا پٹ** (ہ) اسم مونث ① لڑائی ② ان بن ③ ناراضگی ④ تکرار ⑤ ہتھیاروں وغیرہ کے باہم ٹکرانے کی آواز۔

**کھٹا پٹی** (ہ) اسم مذکر ① ہتھیاروں کے باہم ٹکرانے کی آواز ② ناراضگی ③ ان بن ④ لڑائی ⑤ تکرار۔

**کھٹاس** (ہ) اسم مونث ① ترشی ② کھٹائی ③ ناراضگی ④ ان بن۔

**کھٹاکا** (ہ) اسم مذکر صوت ① گرنے یا ٹوٹنے کی آواز ② دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ③ کھڑکا۔

**کھٹائی** (ہ) اسم مونث ① (مصدری از کھوٹا) ② کھوٹا پن ③ کھوٹ ④ عیب ⑤ اوگن ⑥ بدی ⑦ دغا ⑧ فریب ⑨ دھوکا۔

**کھٹائی کرنا** (ہ) محاورہ ① بدی کرنا ② برائی کرنا ③ فریب کرنا ④ دھوکا دینا۔

**کھٹائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری از کھٹا ① کھٹا پن ② ترشی ③ کچے آم کی سوکھی پھانکیں ④ امچور ⑤ کسب ⑥ کمائی ⑦ کھٹنے بمعنی کمانے سے اسم مصدری۔

**کھٹائی کھانا** (ہ) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① ترشی کا عادی ② کھٹائی کھانے والا ③ مجازاً ④ بھڑوا ⑤ دلہ ⑥ کسی نوچی کی کمائی کھانے والا ⑦ بے غیرت ⑧ بے حیا ⑨ بے شرم۔

**کھٹائی میں پڑنا** (ہ) فعل ① زیور کا صاف اور اجلا ہونے کے لئے ترشی میں ڈالا جانا ② دیر لگنا ③ ٹال مٹول میں رہنا ④ بکھیڑے میں پڑنا ⑤ وعدہ وعید میں رہنا ⑥ جھمیلے میں پڑنا۔

**کھٹائی میں ڈالنا** (ہ) فعل ① زیور کو صاف کرنے کی غرض سے ترشی میں ڈالنا ② دیر لگانا ③ ٹال مٹول کرنا ④ وعدے کر کے ٹالتے رہنا ⑤ توقف کرنا۔

**کھٹک** (ہ) اسم مونث ① چبھن ② ٹیس ③ چبک ④ اندیشہ ⑤ خوف۔

**کھٹکا** (ہ) اسم مذکر ① کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز ② کھڑکا ③ آہٹ ④ چبھن ⑤ کھٹک ⑥ پھل دار درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے لئے باندھا ہوا بانس کا نلوا یا ٹین کا کنستر ⑦ ہک ⑧ چٹکنی ⑧ چٹخنی ⑨ دل پر چوٹ لگانے والا۔

**کھٹکا لگا رہنا** (ا) محاورہ ① تردد کرنا ② فکر لگی رہنا ③ خطرے میں رہنا ④ تشویش میں رہنا۔

**کھٹکا ہونا** (ہ) فعل ① آہٹ ہونا ② سوچ ہونا ③ اندیشہ ہونا ④ ڈر ہونا۔

**کھٹکا** (ہ) اسم مذکر ① آہٹ ② کھڑکا ③ ضرر ④ نقصان ⑤ گمان ⑥ شبہ ⑦ شک ⑧ دغدغہ ⑨ اندیشہ۔

**کھٹک جانا** (ہ) فعل ① چبھ جانا ② اثر کر جانا ③ برا لگنا ④ ناگوار گزرنا ⑤ بگڑ جانا ⑥ دوستی میں فرق آ جانا ⑦ اکھڑ جانا ⑧ اچٹ جانا۔

**کھٹکنا** (ہ) فعل ① چلنا ② خلش ہونا ③ کھبنا ④ ٹیس مارنا ⑤ درد کرنا ⑥ رڑکنا ⑦ بجنا ⑧ کھڑکنا ⑨ لڑائی ہونا۔

**کھٹکنا** (ہ) فعل ① پرندے کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا ② چھلکا اتارنا۔

**کھٹ کھٹ** (ہ) اسم مونث صوت۔ لگاتار کوٹے جانے کی آواز۔

**کھٹکھٹا** (ہ) اسم مذکر ① کام ② دھندا ③ جھگڑا ④ بکھیڑا۔

**کھٹکھٹانا** (ہ) فعل ① کھڑکانا ② دستک دینا ③ کھڑکھڑانا۔

**کھٹکی** (ہ) اسم مونث۔ ڈور یا دھاگے کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹنے کے قابل کر دینا۔

**کھٹلے** (ہ) اسم مذکر۔ کانوں کے سوراخ جو زیور پہننے کے لئے چھدواتی ہیں۔

**کھٹ مٹھا** (ہ) اسم صفت ① کھٹے اور میٹھے کا مجموعہ ② وہ میوہ جو ترش اور شیریں ہو۔

**کھٹل** (ہ) اسم مذکر ① چارپائی کا کیڑا ② ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149377218

www.besturdubooks.net

کاٹنے والا کیڑا۔

کھٹنا (ہ) فعل ① کمانا ② حاصل کرنا۔

کھٹو (ہ) اسم مذکر فاعل سماعی ① کمانے والا ② کماؤ ③ محنتی۔

کھٹولا (ہ) اسم مذکر۔ کھاٹ سے اسم تصغیر ① کھٹیا ② چھوٹی سی چارپائی۔

کھٹے میٹھے دن (ہ) اسم مذکر ظرف ① کڑوے کسیلے دن ② برے دن ③ ایام حمل۔

کھٹی (ہ) اسم صفت ① کھٹا کی تانیث ② ترش ③ مجازاً بیزار ④ متنفر ⑤ (بحالت اسم مونث) کمائی ⑥ نفع ⑦ سود۔

کھٹی چھاچھ سے بھی گئے (ہ) محاورہ۔ ذرا سے فائدہ کی امید تھی۔ اس سے بھی خالی رہے۔

کھٹی میٹھی باتیں سننا (ہ) فعل ① بری بھلی باتیں سہنا ② گالی گلوچ برداشت کرنا۔

کھٹیا (ہ) اسم مونث ① کھاٹ کی تصغیر ② چھوٹی چارپائی ③ پلنگڑی ④ چارپائی ⑤ مجازاً ارتھی ⑥ جنازہ ⑦ تابوت۔

کھٹیک (ا) اسم مذکر ① چڑا رنگنے والا ② ایک قوم کا نام ہے جس کا کام ہر قسم کے جانور پالنے اور رکھنے کا ہے ③ اہیڑی۔

کھج (ہ) اسم مونث ① چڑ ② چھیڑ ③ رنجیدگی ④ ملال ⑤ رنج ⑥ ناراضگی ⑦ خفگی۔

کھجانا (ہ) فعل ① چھیڑنا ② جلانا ③ ناراض کرنا ④ خفا کرنا۔

کھجانا / کھجلانا (ہ) فعل ① ناخن سے کھرچنا ② سہلانا۔

کھجلا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی خستہ پوری۔ جس میں چار چھید اور پرت پرت علیحدہ ہوتے ہیں۔

کھجلاہٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر کھجلانا سے ① کھاج ② خارش ③ چل۔

کھجلی اٹھنا (ہ) فعل ① خارش اٹھنا ② چل پڑنا ③ مار کھانے یا پٹنے کو جی چاہنا ④ خواہش جماع کا زور کرنا۔

کھجور (ہ) اسم مونث ① خرما تر ② ایک قسم کا چھوٹا چھوہارا ③ درخت خرما ④ ایک قسم کی مٹھائی۔



کھجور

کھجور چھڑی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کھجور کی ٹہنیوں کی طرح چھیڑان بنی ہوتی ہیں۔

کھجورا (ہ) اسم مذکر ① نر کھجور ② جس میں پھل نہیں لگتا۔

کھجوری چوٹی (ہ) اسم مونث ① لہردار ② مضبوط گندھے ہوئے بال۔

کھچا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① جکڑا ② تنا ہوا ③ ناراض ④ کشیدہ خاطر ⑤ گراں ⑥ مہنگا۔

کھچا جانا (ہ) فعل ① بھاؤ چڑھتا جانا ② مہنگا ہوا جانا ③ کشش کے سبب کسی کی طرف کو مائل ہوا جانا۔

کھچا رہنا (ہ) فعل ① رکا رہنا ② آزردہ رہنا ③ ناراض رہنا ④ دور دور رہنا۔

کھچا کھچ (ہ) اسم صفت ① خوب بھرا ہوا ② ٹھسا ٹھس ③ کثرت سے ④ بافراط ⑤ بکثرت۔

کھچاؤ (ہ) اسم مذکر ① حاصل مصدر کھچنا سے ② کھینچ ③ کشش ④ کھچاوٹ ⑤ کشیدگی ⑥ تناؤ ⑦ رکاؤ۔

کھچاوٹ (ہ) اسم مونث ① تناوٹ ② کشش ③ کشیدگی ④ رکاوٹ ⑤ کساؤ۔

کھچ جانا (ہ) فعل ① خفا ہو کر ملاقات چھوڑ بیٹھنا ② رک جانا ③ کشیدہ ہو جانا ④ کنارہ کشی کر بیٹھنا۔

کھچڑی (ہ) اسم مونث ① چاول اور دال آپس میں ملے ہوئے ② ایک ملائم اور نرم خوراک ③ بیری کا پھول ④ ناچ کی سائی ⑤ اشرفیوں اور روپوں کا مجموعہ ⑥ پوشیدہ صلاح و مشورہ ⑦ خفیہ چرچا ⑧ سیاہ اور سفید بال ⑨ زچہ کے میکے سے چھٹی کے روز کی گٹھڑی۔

کھچڑی آنا (ہ) فعل ① بیری کے درخت کو پھول آنا ② چھٹی کے روز زچہ کے میکے سے کھچڑی کی گٹھڑی آنا۔

کھچڑی پکانا (ہ) فعل ① دال اور چاول ملا کر پکانا ② خفیہ صلاح و مشورہ

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کرنا③ سازش کرنا۔

**کھچڑی کھاتے پہنچا اترنا** (ہ) فعل۔ مفت کی یا جھوٹی نزاکت جتانا۔

**کھچڑی ہو جانا** (ہ) فعل ① مل جل جانا ② شیر و شکر ہو جانا ③ بالوں کا سفید اور سیاہ ہو جانا۔

**کھچ کھچ** (ہ) اسم مونث صوت۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

**کھچنا / کھنچنا** (ہ) فعل ① تننا ② جکڑا جانا ③ گھسٹنا ④ رکنا ⑤ ناراض ہونا ⑥ الگ رہنا ⑦ عرق نکلنا ⑧ کشید ہونا ⑨ طول پکڑنا۔

**کھدانا** (ہ) اسم مذکر ظرف ① وہ گڑھا جہاں سے برتنوں یا اینٹوں کیلئے مٹی کھودتے ہیں ② بجری کی کان۔

**کھدائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① کھودنے کا حاصل مصدر ② کھدوانے کی اجرت ③ کندہ کاری۔

**کھدبد** (ہ) اسم مونث صوت۔ کسی چیز کے ہانڈی میں پکنے کی آواز۔

**کھدبدانا** (ہ) فعل ① ابلنا ② پکنا ③ جوش ہونا ④ کھولنا۔

**کھدرا** (ہ) اسم صفت ① کھردرا ② ناہموار ③ اونچا نیچا۔

**کھدنا** (ہ) فعل ① نقش کیا جانا ② کندہ کیا جانا گرنا ④ ڈھے جانا ⑤ مسمار ہونا۔

**کھدنی** (ہ) اسم مونث ① کھدائی ② مال دولت کی تلاش میں زمین کھودنا۔

**کھدوانا** (ہ) فعل ① نقش کرانا ② کندہ کرانا ③ جڑ سے نکلوانا ④ برا فعل کرانا ⑤ زنا کرانا۔

**کھدوائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری۔ کھدوانے کی اجرت۔

**کھدیا** (ہ) اسم مونث ① بھوک ② چاہ کھانے کی ③ خواہش طعام ④ اشتہا۔

**کھدیا لگنا** (ہ) فعل ① بھوک لگنا ② اشتہا لگنا۔

**کھدیڑ** (ہ) اسم مونث ① پیچھا ② تعاقب۔

**کھدیڑنا** (ہ) فعل ① پیچھا کرنا ② نکال دینا ③ بھگانا ④ رگیدنا۔

**کہہ دینا** (ہ) فعل ① بتا دینا ② جتا دینا ③ ظاہر کر دینا ④ غرض کر دینا ⑤ بیان کر دینا ⑥ سمجھا دینا ⑦ متنبہ کر دینا۔

**کہہ دیں گے** (ہ) محاورہ ① کیا جلدی ہے پھر بتا دیں گے ② کسی امر کے ٹالنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

**کھڈ** (ہ) اسم مذکر ① پہاڑ کی کھوہ ② دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی ③ خندق ④ کھائی ⑤ غار ⑥ گڑھا۔

**کھڈی** (ہ) اسم مونث ① قدمچہ ② اینٹوں یا پتھروں کا بنایا ہوا چولھا سا جس پر پاخانہ پھرنے کو بیٹھا کرتے ہیں۔

**کھڈی** (پنجابی) ① جولاہوں کے بیٹھ کر کام کرنے کی جگہ ② کرگہ ③ کارگہ۔

**کھر** (ہ) اسم مذکر ① جگالی کرنے والے جانوروں کے ناخن ② چرے ہوئے سم۔

**کھر بندی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری۔ گھوڑے بیل وغیرہ کی نعلبندی۔

**کھر** (ہ) اسم مونث ① کھانسی ② سرفہ۔

**کھر بدلی** (ا) اسم مونث۔ جلدی جلدی تبدیلی۔

**کھر کھانی** (ہ) ندائیہ فقرہ۔ بچوں کو کھانستے وقت بہلانے کے لئے عورتیں بولا کرتی ہیں۔

**کھر کھر کرنا** (ہ) فعل ① کھانسنا ② کھوں کھوں کرنا۔

**کہر** (ہ) اسم مونث۔ آبی بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کے وقت کثیف ہو کر دھندسی کر دیتے ہیں۔

**کہرا** (ہ) اسم مذکر ① کہر ② کہاسا۔

**کھرا** (ہ) اسم مذکر ① ایک اوزار کا نام ہے۔ جس سے کپڑے میں چنت ڈالتے ہیں ② کھریا ③ کنگھر ④ کنگھری ⑤ چھاپے کے پتھر پر حرف اڑانے کا مصالح ⑥ (بحالت صفت) سخت ⑦ درشت ⑧ بدمزاج ⑨ اکھرہ۔

**کھرا** (ہ) اسم مذکر ① لمبا چوڑا خط ② مسودہ ③ کچا حساب کتاب۔

**کھرا** (ہ) اسم صفت ① خالص ② بے ملاوٹ ③ کھوٹا کی ضد ④ صاف ⑤ سچا ⑥ خوش معاملہ آدمی ⑦ صاف گو ⑧ بے رو رعایت کہہ ڈالنے والا ⑨ اچھا۔

**کھرا پن** (ہ) اسم مذکر مصدری ① صفائی ② خوبی ③ عمدگی ④ سچائی ⑤ ایمانداری ⑥ صداقت۔

**کھرا پن بگھارنا** (ہ) فعل ① صاف گوئی کا دعوے کرنا ② صداقت اور ایمانداری کی شیخی مارنا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140077218

www.besturdubooks.net

کھرا کرنا (ہ) فعل ① سنبھالنا ② چٹکی لگانا ③ پرکھنا ④ جانچنا۔

کھرا کھوٹا (ہ) اسم صفت ① بھلا برا ② ایسا ویسا۔

کھرا کھیل (ہ) اسم مذکر ① معاملہ کی صفائی ② خوش معاملگی ③ جلد ④ ترت ⑤ فوراً ⑥ جلدی۔

کھرا کھیل فرخ آبادی (ا) محاورہ ① جلدی اور فوراً کام کو عمدہ طور سے بجالانا ② فرخ آبادی روپے کے خالص ہونے کے باعث یہ محاورہ مشہور ہوگیا۔

کہرام (ہ) اسم مذکر ① رونا ② چلانا ③ واویلا ④ آفت ⑤ قیامت ⑥ گریہ زاری ⑦ آہ و نالہ۔

کہرام مچنا (ہ) فعل ① ماتم ہونا ② رونا پیٹنا پڑنا ③ آفت مچنا ④ شور و شر برپا ہونا۔

کھرب (ہ) اسم عدد ① سو ارب کی مقدار ② دس ہزار کروڑ۔

کہربا (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کا زرد گوند ② جو گھانس کے تنکوں کو اپنی مقناطیسی طاقت سے کھینچ لیتا ہے۔

کہربائی (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① منسوب بہ کہربا ② مقناطیسی قوت۔

کھرپا (ہ) اسم مذکر ① گھانس کھودنے کا آلہ ② رنبہ ③ مجازاً احمق ④ مودھو ⑤ بھوندو۔

کھرپا جالی سنبھالنا (ہ) فعل ① گھانس کھودنے کو تیار ہونا ② سائیسی کرنا۔

کھرپی (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ① کھرپا کی تصغیر ہے ② چھوٹا کھرپا ③ کھرچنی۔

کھرتل (ہ) اسم صفت ① کھرا ② صاف گو ③ بے لاگ ④ آزادہ رو۔

کھرتوا / کھربھوا (ہ) اسم مذکر۔ ایک تھیوے کی مشابہت والی گھانس ہے۔

کھرج (ہ) اسم مونث۔ علم موسیقی کے سب سے پہلے اور سب سے پست سر کا نام ہے۔

کھرچن (ہ) اسم مونث ① ہانڈی کے پیندے جلی بھنی جمی ہوئی چیز ② تہ دیگی ③ ہانڈی کی پونچھن ④ دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی ⑤ پس ماندہ ⑥ جھوٹ کوٹ ⑦ بچا کھچا ⑧ سب سے آخری بچہ۔

کھرچنا (ہ) فعل ① چھیلنا ② کریدنا ③ (بحالت اسم مذکر) کھرچنے کا آلہ ④ رانپی ⑤ کھربی۔

کھرچنی (ہ) اسم مونث ① کھرچنا کی تصغیر ② رانپی حرف چھیلنے کا آلہ۔

کھردرا (ہ) اسم صفت ① ناہموار ② اونچا نیچا ③ کھرکھرا ④ درشت ⑤ روڑھا۔

کھردرا پن (ہ) اسم مذکر مصدری ① کھرکھراہٹ ② ناہموار ③ اونچان نچان۔

کھرسا (ہ) اسم مونث ① خشک موسم ② قحط ③ کال ④ خشک سالی۔

کھرسیلا (ہ) اسم صفت ① خارش والا ② کھجلی کا بیمار ③ کھاج کا روگی۔

کھرک (ہ) اسم مذکر ① گئوسالہ ② چوپایوں کو بند کرنے کا مکان ③ باڑا۔

کھرکھرا (ہ) اسم صفت ① کھردرا ② ناہموار ③ اونچا نیچا۔

کھرل (ہ) اسم مونث۔ پتھر کی خاص طرز کی کونڈی جو دوائیاں پینے کے کام آتی ہے۔

کھرل کرنا (ہ) فعل ① کسی دوا کو کھل میں رگڑنا ② خوب باریک پیسنا۔

کھرلی (ہ) اسم مونث۔ مویشیوں کو چارہ بھوسہ اور کٹی کھلانے کی اونچی نالی۔

کھرنڈ (ہ) اسم مذکر ① زخم کا انگور ② زخم اچھا ہونے کے بعد اس کے اوپر جمی ہوئی خشکی۔

کھرنی (ہ) اسم مونث۔ ایک درخت اور اس کے زرد رنگ کے میٹھے پھل کا نام ہے۔

کہروا (ہ) اسم مذکر۔ کہاروں کا ناچ اور گانا۔

کھری (ہ) اسم مونث ① جوتی کے تلے کا ایڑی کے نیچے رہنے والا حصہ ② جوتی میں نعل لگانے کی جگہ۔

کھری (ہ) اسم مونث۔ وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔

کھری (ہ) اسم صفت ① کھرا کی تانیث ② خالص ③ صاف ④ عمدہ ⑤ صاف گو ⑥ خاصہ ⑦ اچھی۔

کھری سنانا (ہ) فعل ① صاف صاف کہنا ② بے لاگ کہنا۔

کھری مزدوری چوکھا کام (ا) مثل۔ نقد مزدوری دینے سے کام عمدہ اور جلدی ہوتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

کھریا (ہ) اسم مونث۔ایک قسم کی سفید مٹی۔
کھریا میں کوئلہ (ہ) محاورہ۔ناموزوں اور بے میل جگہ بولتے ہیں۔
کھریرا/ کھرکھرا (ہ) اسم مذکر۔گھوڑے کے بالوں کو صاف کرنے اور میل نکالنے کا لوہے کا کنگھا۔
کھڑ (ہ) اسم مذکر 1 گھانس 2 شیشے کا ٹکڑا۔
کھڑا (ہ) اسم صفت بتر کیب مفعولی 1 قائم 2 اٹھا ہوا 3 سیدھا 4 عمودی 5 عمود 6 کچا 7 ادھ گلا 8 کچی سلائی کیا ہوا کپڑا۔
کھڑا پچھاڑیں کھانا (ہ) فعل 1 بچے کا اپنی ضد پر آ کر ہلکان کرنا 2 کھڑا ہو ہو کر گر پڑنا۔
کھڑ داؤں (ہ) اسم مذکر 1 جواریوں کی اصطلاح ہے 2 وہ داؤں جو چلتے چلتے لگایا جائے آخری داؤں۔
کھڑا دونا (ہ) اسم مذکر۔حضرت مولےٰ مشکل کشا کی نیاز جو فوراً ادا کی جائے۔
کھڑا رہنا (ہ) فعل 1 استادہ رہنا 2 ٹھیرا رہنا 3 راہ تکنا 4 منتظر رہنا۔
کھڑا کر کے دکھانا (ہ) فعل 1 مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کرنا 2 صاف انکار کرنا۔
کھڑا کرنا (ہ) فعل 1 اٹھانا 2 استادہ کرنا 3 برپا کرنا 4 روکنا 5 ٹھیرانا 6 قائم کرنا 7 جاری کرنا 8 جیسے کارخانہ کھڑا کر لیا 9 کچی سلائی کرنا۔
کھڑا کھیت (ہ) اسم مذکر 1 بن کٹا کھیت 2 سیدھا میدان۔
کھڑا کھیل (ہ) اسم مذکر 1 فوری معاملہ 2 ترتا پھرت کا کام۔
کھڑاؤں (ہ) اسم مونث 1 لکڑی کی جوتیاں 2 کفش چوبیں۔
کھڑ بڑ (ہ) اسم مونث 1 کھٹ پٹ 2 ٹاپ کی لگاتار آواز۔
کھڑک (ہ) اسم مونث 1 باڑا 2 چوپایوں کے بند کرنے کا مکان۔
کھڑکا (ہ) اسم مذکر 1 آہٹ 2 دانت کریدنے کی سینک 3 خلال 4 دونا بنانے کا تنکا 5 کھٹکا۔
کھڑکانا (ہ) فعل 1 کھٹکھٹانا 2 کنڈی مارنا 3 دروازہ بجانا 4 بلانا 5 پکارنا 6 زنجیر ہلانا 7 جھڑکنا 8 دھمکانا 9 ڈرانا۔
کھڑکنا (ہ) فعل 1 بگاڑ ہونا 2 لڑائی ہونا 3 سوکھے پتوں کا بجنا 4 دیگوں کا بجنا۔

کھڑکھڑ (ہ) اسم مونث صوت 1 کھٹ کھٹ 2 کسی چیز کے ٹکرانے چلنے یا گھسٹنے کی آواز۔
کھڑکھڑانا (ہ) فعل 1 بجانا 2 کھٹ کھٹ کرنا 3 کھٹکھٹانا۔
کھڑکھڑاہٹ (ہ) اسم مونث صوت۔دیگوں یا سوکھے پتوں کے بجنے کی آواز۔
کھڑکھڑیا (ہ) اسم مذکر۔بگی کے گھوڑوں کو سیدھا کرنا اور سدھانے کی گاڑی۔
کھڑکی (ہ) اسم مونث 1 دریچہ 2 جھروکا 3 چھوٹا دروازہ 4 مارواڑی 5 پگڑیوں کا اگلا موکھا 6 پنجرے کا دروازہ 7 غنیم پر چھاپہ مارنے کا دروازہ۔
کھڑکی دار انگرکھا (ہ) اسم مذکر۔وہ انگرکھا جس میں سینہ کھلا رہتا ہے۔
کھڑکی دار پگڑی (ہ) اسم مونث 1 مارواڑی پگڑی 2 آگے کی طرف موکھے والی پگڑی۔
کھڑگ (ہ) اسم مونث 1 تلوار 2 شمشیر 3 تیغ۔
کھڑگنجا (ہ) اسم صفت 1 گنجے سر والا 2 بدصورت 3 چیچک رو 4 بدشکل۔
کھڑلا (ہ) اسم مذکر 1 دڑبا 2 مرغی خانہ۔
کھڑنجا (ہ) اسم مذکر۔کھری اینٹوں کا فرش۔
کھڑے پانی نہ پینا (ہ) فعل 1 ذرا نہ ٹھیرنا 2 فی الفور چلا جانا۔
کھڑے پاؤں (ہ) تابع فعل 1 فوراً 2 ترت۔
کھڑے کرنا (ہ) فعل 1 حاصل کرنا 2 نقد کرنا 3 فروخت کرنا 4 اٹھانا۔
کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا (ہ) فعل 1 گھاٹ پر جا کر کپڑے دھلوالینا 2 جلدی کپڑے دھلوانا۔
کھڑنیچ (ہ) اسم مونث 1 ہلکا سا زخم 2 خفیف سا زخم 3 دشمنی 4 عداوت 5 کینہ 6 نکتہ چینی 7 بیجا تکرار 8 خواہ مخواہ کی چھیڑ چھاڑ۔
کھڑنیچ رکھنا (ہ) فعل 1 دشمنی رکھنا 2 کپٹ رکھنا 3 کینہ رکھنا۔
کھڑنیچ نکالنا (ہ) فعل 1 نکتہ چینی کرنا 2 اعتراض کرنا 3 چھیڑ نکالنا 4 ناحق کی حجت کرنا۔
کہسار (ف) اسم مذکر 1 کوہسار کا مخفف 2 پہاڑی ملک 3 پہاڑ کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149617218

جگہ ❹ پہاڑی دلیں۔
کھسرا (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کی چیچک ❷ ہنسی ❸ کھیلنی ماتا۔
کھس پھس/کھسر پھسر (ہ) اسم مونث ❶ کانا بانی ❷ کانا پھوسی ❸ چپکے چپکے باتیں کرنا ❹ سرگوشی۔
کھسکانا (ہ) فعل ❶ ٹالنا ❷ روانہ کرنا ❸ ہٹانا ❹ سرکانا ❺ پرے کرنا ❻ چھپانا ❼ اڑا دینا ❽ رشوت میں چپکے سے کچھ دبدینا۔
کھسک جانا (ہ) فعل ❶ ہٹ جانا ❷ چلا جانا ❸ ٹل جانا ❹ پھسل جانا ❺ رپٹ جانا۔
کھسکنا (ہ) فعل ❶ ٹلنا ❷ روانہ ہونا ❸ ہٹنا ❹ سرکنا ❺ چلا جانا ❻ کنارہ کرنا۔
کھسکو (ہ) محاورہ ❶ جاؤ ❷ چمپت بنو ❸ دفع ہو ❹ ہٹ جاؤ۔
کھسلنا (ہ) فعل ❶ پھسلنا ❷ رپٹنا ❸ کھسکنا۔
کھسوٹا (ہ) اسم مذکر۔ کشتی کے ایک ناؤں کا نام۔
کھسوٹنا (ہ) فعل ❶ بال وغیرہ کو اکھاڑنا ❷ نوچنا ❸ چھیننا ❹ کھوسنا ❺ زبردستی لے لینا ❻ پتے وغیرہ اکھاڑنا۔
کھسیانا (ہ) اسم صفت ❶ شرمندہ ❷ نادم ❸ خفیف شرمسار ❹ رونی صورت کا ❺ رو دینے والا ❻ چڑچڑا۔
کھسیانی (ہ) اسم صفت۔ کھسیانا کی مونث۔
کھسیانی بلی کھمبا نوچے (ہ) مثل۔ عدم حصول مطلب کے بعد شرم سے اور طرف راغب ہونے کے موقع پر بولتے ہیں شکار نکل جانے کے باعث بلی شرمندہ ہوکر کھمبا نوچنے لگی ہے۔
کھسیانی ہنسی (ہ) اسم مونث ❶ زہر خند ❷ خجالت یا قہر وغضب کے وقت کی ہنسی۔
کہف (ع) اسم مذکر ❶ پہاڑ کی کھوہ ❷ غار۔
کہکشاں (ف) اسم مونث۔ اندھیری رات کے وقت آسمان پر چھوٹے چھوٹے ستاروں کی سڑک سی نظر آتی ہے۔ اسے کہکشاں کہتے ہیں۔
کھکھیڑ (ہ) اسم مونث ❶ مصیبت ❷ سختی ❸ بپتا ❹ رنج ❺ دکھ سخت تکلیف۔
کہگل (ف) اسم مونث ❶ (کاہ گل کا مخفف ہے) گارا ❷ پلستر کا گارا ❸ بھس ملی مٹی کا گارا۔

کھل (ع) اسم صفت ❶ ادھیڑ آدمی ❷ تیس اور پچاس برس کے درمیان کا آدمی۔
کھل (ہ) اسم مونث ❶ کھلی ❷ تیل والے بیجوں کا پھوک جو تیل نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔
کھل کھا کھل (ہ) محاورہ۔ ذکاندار لوگ سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑانے کے لئے بولتے ہیں۔
کھل (ہ) مونث ❶ کھال کا مخفف ہے ❷ چمڑا ❸ چام ❹ چرم ❺ پوست۔
کُھلا (ہ) اسم صفت ❶ کشادہ ❷ باز ❸ بند کی ضد ❹ فراخ ❺ وسیع ❻ ننگا ❼ عریاں ❽ صاف۔
کھلا کھلا (ہ) اسم صفت ❶ صاف صاف ❷ کھرا کھرا ❸ دل کشا ❹ دور دور ❺ فاصلہ سے ❻ فراخ۔
کھلا جانا (ہ) فعل ❶ خوشی سے پھولا نہ سمانا ❷ خوش وخنداں ہونا ❸ باغ باغ ہونا۔
کھلاڑ/کھلاڑن (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ مردوں کے ساتھ کھیلنے والی فاحشہ عورت ❷ چنچل ❸ شوخ ❹ فنون عیاشی سے ماہر عورت ❺ چھنال۔
کھلاڑی (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ کرتبی ❷ ماہر فن استاد ❸ کھیلنے والا ❹ جواری ❺ سپیرا ❻ سانپ کے کرتب کرنے والا ❼ بازیگر ❽ بھان متی۔
کھلاڑیاں (ہ) اسم مونث ❶ شوخیاں ❷ کلواخ ❸ اچھل کود۔
کھلانا (ہ) فعل ❶ کھانا کا متعدی ❷ تناول کرانا ❸ دعوت کرنا ❹ ضیافت کرنا ❺ (بصورت دیگر) کھیلنا سے متعدی ❻ بازی کرانا ❼ بہلانا ❽ سانپ کو منتروں سے خوش کرنا ❾ بھوت پریت کو سر پر لانا۔
کہلا بھیجنا (ہ) فعل ❶ پیغام بھیجنا ❷ بلا بھیجنا۔
کہلانا (ہ) فعل ❶ دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا ❷ اقرار کرا لینا ❸ سبق کو دوسری دفعہ پڑھوانا ❹ نام زد ہونا ❺ موسوم ہونا ❻ باجنا۔
کہلوانا (ہ) فعل ❶ کہنا سے متعدی المتعدی ❷ سبق یا عبارت کا منہ سے نکلوانا ❸ پیغام دلوانا۔
کھلاؤ (ہ) اسم صفت۔ بترکیب فاعلی ❶ بہت کھلانے والا ❷ دریا دل ❸

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140177218

www.besturdubooks.net

سخی۔

**کھلائی** (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② بچوں کو کھلانے اور بہلانے کی اجرت ③ (اسم فاعل مونث) خورش ④ خوراک۔

**کھلائی پلائی** (ہ) اسم مونث ① معاوضہ ② کھلانے پلانے کی قیمت۔

**کھلایئے سونے کا نوالہ دیکھئے شیر کی نظر** (ا) مثل۔ اولاد کو خوراک تو دے نہایت عمدہ اور اعلیٰ مگر ادب و تہذیب کے لئے اپنا رعب قائم رکھے۔

**کھلائے کا نام نہیں رلائے کا الٹا الزام/ کھلائے پلائے کا نام نہیں رلائے کا نام ہے** (ا) محاورہ ① نیکی اور احسان کی داد نہیں ملتی ② بری بات فوراً پکڑی گئی۔

**کھلابلی/ کھل بلی** (ہ) اسم مونث ① ہل چل ② فتنہ وفساد ③ فتور ④ شور و شر ⑤ گھبراہٹ۔

**کھلی بلی پڑنا/ مچنا** (ہ) فعل ① شور وشر برپا ہونا ② ہل چل مچنا ③ گھبرانا ④ بے قراری اور بے چینی ہونا ⑤ جلدی پڑنا۔

**کھل بیٹھنا** (ہ) فعل۔ اچھی طرح آرام سے چارزانو ہو کر بیٹھنا۔

**کھل پڑنا** (ہ) فعل ① شرم کو درمیان سے اٹھا دینا ② بے تکلف ہو جانا۔

**کھل جانا** (ہ) فعل ① ظاہر ہو جانا ② ادھڑ جانا ③ پھٹ جانا ④ چلنے لگنا ⑤ جاری ہونا ⑥ رسی سے نکل جانا ⑦ بے تکلف ہو جانا ⑧ شرم اٹھ جانا۔

**کھلڑ** (ہ) اسم مونث ① چمڑے کی پنجی ② وہ بڑھیا جس کے بدن پر گوشت کی جگہ کھال ہی کھال ہو۔

**کھلڑی** (ہ) اسم مونث ① کھال کی تصغیر بالتحقیر چمڑا ② کھال ③ پوست۔

**کھل کر/ کھل کے** (ہ) تابع فعل ① اچھی طرح سے ② آرام سے ③ جی کھول کر بے حجابانہ۔

**کھل کھل** (ہ) اسم مونث صوت۔ قہقہے اور ٹھٹھے کی آواز۔

**کھل کھلا کر ہنسنا/ کھل کھلا کے ہنسنا** (ہ) فعل ① زور سے ہنسنا ② قہقہہ مارنا ③ بہت ہنسنا۔

**کھل کھیلنا** (ہ) فعل ① بالکل آزاد ہو جانا ② شرم حیا کو بالائے طاق رکھ کر کوئی معیوب کام کرنا۔

**کھلنا** (ہ) فعل ① پھول کا شگفتہ ہونا ② کلی کا پھولنا ③ پھول آنا ④ پھبنا ⑤ سجنا ⑥ زیب دینا ⑦ نکھرنا ⑧ ہنسنا ⑨ خوش ہونا۔

**کھلنا** (ہ) فعل ① کسی گرہ یا بندھی ہوئی چیز کا کھل جانا ② عقدہ حل ہونا ③ پھٹنا ④ شق ہونا ⑤ دراڑ پڑنا ⑥ ظاہر ہونا ⑦ بھید کھلنا ⑧ جاری ہونا ⑨ بہنے لگنا۔

**کھلنڈرا** (ہ) اسم صفت ① کھیل کود میں مشغول رہنے والا ② کھلاڑی۔

**کھلنڈری** (ہ) اسم صفت ① کھلنڈرا کی مونث ② کھلاڑن ③ کھیل کود میں شاغل عورت۔

**کھلو** (ہ) اسم صفت فاعلی مونث ① کوش مزاج ② ہر وقت ہنستی رہنے والی ③ ہنسوڑ۔

**کھلو باؤلی** (ہ) اسم صفت ① بے موقع ہنسنے والی ② دیوانوں کی طرح ہنستی رہنے والی۔

**کہلوانا** (ہ) فعل۔ کہنا سے متعدی المتعدی ① سبق یا عبارت کا منہ سے نکلوانا ② پیغام دلوانا۔

**کھلونا** (ہ) اسم مذکر ① بچوں کے کھیلنے کی چیز ② نازک اور دکھاوے کی چیز ③ خوش طبع اور مسخرہ آدمی۔

**کَھلی** (ہ) اسم مونث ① ٹھٹھا ② ہنسی ③ مذاق ④ تمسخر ⑤ چہل۔

**کھلی اڑانا/ کھلی کرنا** (ہ) فعل ① مذاق اڑانا ② تمسخر کرنا ③ چہل کرنا ④ چھیڑنا ⑤ چھیڑ خانی کرنا۔

**کَھلی** (ہ) اسم مونث ① سرسوں یا تیل وغیرہ کا پھوک ② جو تیل نکل چکنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

**کھلے** (ہ) اسم صفت ① کُھلا بمعنی کشادہ کی جمع ② عیان ③ ظاہر۔

**کھلے بازار/ کھلے بند/ کھلے بندوں/ کھلے خزانے** (ا) تابع فعل ① کھلم کھلا ② ڈنکے کی چوٹ ③ اعلانیہ ④ آزادانہ ⑤ ظاہر میں ⑥ صاف صاف طور پر۔

**کھلیاں** (ہ) اسم مذکر ظرف ① اناج گاہنے اور برسانے کی جگہ ② بن گاہے غلے کا انبار ③ ڈھیر ④ خرمن ⑤ کوٹھی۔

**کھلیان ہو جانا** (ہ) فعل ① لاشوں کا ڈھیر لگ جانا ② گنج شہیداں ہو جانا۔

**کھم** (ہ) اسم مذکر ① ستون ② تھم ③ منارہ ④ لاٹھ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**کھماچ** (ہ) اسم مونث۔ ایک راگنی کا نام ہے۔

**کھمبا** (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو کھم۔

**کھمبی** (ہ) اسم مونث۔ برسات میں از خود اگی ہوئی سفید رنگ کی ایک نباتات کا نام۔

**کہن** (ف) ① پرانا ② کہنہ ③ سالخوردہ۔

**کہن سال** (ف) اسم صفت ① بوڑھا ② بڑی عمر کا ③ معمر۔

**کہن** (ہ) اسم مونث ① کہنا کا حاصل مصدر ② قول ③ بچن ④ کہاوت۔

**کہنا** (ہ) فعل ① بیان کرنا ② ذکر کرنا ③ مطلع کرنا ④ خبر کرنا ⑤ نام رکھنا ⑥ ظاہر کرنا ⑦ کھولنا ⑧ گالی دینا ⑨ برا کہنا۔

**کہنا سننا** (ہ) فعل ① برا بھلا سنانا ② گالی گلوچ دینا ③ بہکانا ④ ورغلانا۔

**کہنا** (ہ) اسم مذکر مصدر بمعنی حاصل مصدر ① قول ② بچن ③ مقولہ ④ کہن ⑤ کہاوت ⑥ بات ⑦ نصیحت ⑧ فرمان ⑨ حکم۔

**کہنا سننا** (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ① پہنچ ② رسائی ③ اختیار ④ حکم ⑤ دخل۔

**کہنا کرنا / ماننا** (ہ) فعل ① حکم ماننا ② ارشاد بجا لانا ③ تعمیل فرمان کرنا ④ بات ماننا۔

**کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے** (ہ) مثل۔ منہ سے نکلی بات پھر ہاتھ نہیں آتی۔

**کہنے کو بات رہ گئی** (ہ) مثل۔ آفت گزر گیا۔

**کہنے کی باتیں ہیں** (ہ) محاورہ۔ صرف باتیں ہی باتیں ہیں۔ عمل میں لانا مشکل ہے۔

**کہنے میں** (ہ) تابع فعل ① مطیع ② تابع ③ فرمانبردار۔

**کہنے میں آ جانا** (ہ) فعل ① ورغلانے میں آ جانا ② بہک جانا ③ بہکاوے میں آ جانا۔

**کہنہ** (ف) اسم صفت ① پرانا ② بوسیدہ ③ بوڑھا۔

**کہنی** (ہ) اسم مونث ① کلائی اور بازو کا جوڑ ② کلائی اور بازو۔

**کہنی مارنا / کہنی چلانا** (ہ) فعل ① کہنی کے اشارہ سے منع کر دینا ② کہنی کی ضرب لگانا ③ کہنی سے ہٹا دینا۔

**کہنے پر جانا** (ہ) فعل ① کسی بات پر عمل کرنا ② کسی کی بات کا خیال کرنا۔

**کھنجری / خنجری** (ہ) اسم مونث ① چھوٹی ڈفلی ② ایک باجہ کا نام ③ چھوٹا خنجر ④ ریشمی کپڑے کی لہردار دھاری۔

**کھنچاؤ** (ہ) اسم مذکر ① کشیدگی ② ناراضگی ③ تناؤ ④ کھچاؤ ⑤ فکر۔

**کھنچنا** (ہ) فعل ① کشیدہ ہونا ② متفکر ہونا ③ الگ ہونا ④ علیحدہ ہونا۔

**کھندلنا** (ہ) فعل ① پاؤں میں ملنا ② مسلنا ③ کچلنا ④ پامال کرنا۔

**کھنڈ** (س) اسم مذکر ① منزل ② درجہ ③ مکان کا اندرونی حصہ ④ ملک ⑤ ضلع ⑥ دیس ⑦ کتاب کا پارٹ ⑧ کھانڈ ⑨ چینی۔

**کھنڈا** (ہ) کھانڈا کا مخفف ① تلوار ② تیغ ③ شمشیر ④ چاولوں کا چورا۔

**کھنڈا** (ہ) اسم صفت ① دھار گرا ہوا ② کند تیز کی ضد۔

**کھنڈانا** (ہ) فعل ① بکھیرنا ② تتر بتر کرنا ③ پراگندہ کرنا۔

**کھنڈت** (ہ) اسم صفت ① کٹا ہوا ② ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا ③ پراگندہ ④ بکھرا ہوا ⑤ تتر بتر ⑥ (بحالت اسم مونث) تردید ⑦ ابتری ⑧ شکستگی ⑨ حرج۔

**کھنڈت پڑنا** (ہ) فعل ① حرج واقع ہونا ② وظیفہ وغیرہ میں فرق آنا۔

**کھنڈت کرنا** (ہ) فعل ① خلل ڈالنا ② خرابی کرنا ③ تردید کرنا ④ رخنہ ڈالنا ⑤ توڑنا ⑥ رد کرنا۔

**کھنڈر** (ہ) اسم مذکر ① ویران مکان ② نہایت بوسیدہ مکان ③ پرانے ٹوٹے پھوٹے مکانوں کے نشانات ④ اجڑی ہوئی بستی کے غیر آباد مکانات۔

**کھنڈلا** (ہ) اسم مذکر ① پھانک ② قاش ③ قتلہ ④ مچھلی کا ٹکڑا۔

**کھنڈلا / کھڈلا** (ہ) اسم مذکر ① حقارتاً چھوٹا سا گھر ② جھونپڑا ③ حقیر سا مکان ④ ٹوٹا پھوٹا مکان۔

**کھنڈن** (ہ) اسم مونث ① بت شکنی ② تردید ③ تنسیخ۔

**کھنڈنا** (ہ) فعل ① بکھرنا ② پھیلنا ③ منتشر ہونا ④ پریشان ہونا ⑤ پراگندہ ہونا۔

**کھنڈے استرے سے سر مونڈنا** (ہ) فعل ① بہت دکھ دینا ② لوٹنا ③

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

صفائی کرنا ④ بن دھار کے استرے سے حجامت بنانا۔

**کھنڈی** (ہ) اسم صفت ① غیر تیز ② گول اور بل کھائے ہوئے سینگوں والی بھینس۔

**کھنس** (ہ) اسم مونث ① غصہ ② بیر ③ حسد ④ دشمنی ④ کرودھ ⑤ ناراضگی ⑥ کینہ۔

**کھنسانا** (ہ) فعل ① ناراض ہونا ② حسد کرنا ③ بیر کرنا ④ منہ بنانا ⑤ تیوری چڑھانا ⑥ چغلی کرنا ⑦ کان بھرنا۔

**کھنک** (ہ) اسم مونث صوت ① چھنکار ② روپے کی آواز۔

**کھنکانا** (ہ) فعل۔ روپیہ پرکھنے کے لیے اس کی آواز نکالنا۔

**کھنکنا** (ہ) فعل ① کھڑکنا ② ٹرانا ③ پرکھتے وقت روپے کا بجنا۔

**کھنکھار / کھنکار** (ہ) اسم مونث ① کھانسی کی آواز ② کھانسی ③ بلغم ④ کف۔

**کھنکھارنا / کھنکارنا** (ہ) فعل ① کھانسنا ② کھانسنے کی آواز نکالنا ③ گلا صاف کرنا ④ کھانس کر تھوکنا ⑤ کھانسی کے ذریعے اشارہ کرنا۔

**کھنکھنانا** (ا) فعل۔ ناک میں رونا۔

**کھنگالنا** (ہ) فعل ① برتن میں پانی ڈال کر اسے ہلانا اور پھینک دینا ② صرف پانی سے برتن کو صاف کرنا ③ سرسری طور پر کپڑے وغیرہ کو دھونا اور صاف کرنا۔

**کھنگر** (ہ) اسم مذکر ① جلی ہوئی اینٹ ② جلی اور جڑی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ ③ دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے ④ چھاپے کا پتھر بنانے کا کرنڈ ⑤ نہایت خشک اور سوکھی چیز۔

**کھنگر لگ جانا** (ہ) فعل ① سوکھ کر کانٹا ہو جانا ② صرف ہڈیاں رہ جانا ③ ہڈیاں نکل آنا۔

**کھ** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① پرانا پن ② بوسیدگی ③ بڑھاپا ④ پیری ⑤ مستعدی۔

**کھو** (ہ) اسم مونث ① بھٹ ② غار ③ گڑھا ④ پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ۔

**کھوا** (ہ) اسم مذکر ① کندھا ② مونڈھا ③ کتف ④ دوش ⑤ شانہ ⑥ شانہ کی ہڈی۔

**کھو بیٹھنا** (ہ) فعل ① برباد کر دینا ② گم کر دینا ③ ضائع کر دینا ④ تباہ کر دینا۔

**کھوپرا** (ہ) اسم مذکر ① ناریل ② کھوپا ③ مغز نارجیل ④ کاسہ سر ⑤ کھوپری۔

**کھوپری / کھوپڑی** (ہ) اسم مونث ① سر کی ہڈی ② سر کے اوپر کا حصہ ③ کاسہ سر۔

**کھوپری چٹخنا / چٹکنا** (ہ) فعل ① گرمی کی شدت یا کسی ضرب سے کھوپری کا پھٹ جانا ② تالو پھوٹنا ③ کاسہ سر کا شق ہونا۔

**کھوپری کھا جانا** (ہ) فعل ① دماغ کھا جانا ② بھیجا کھانا ③ دق کرنا ④ ستانا ⑤ دوسرے کے مال کو ہضم کر جانا ⑥ لوٹ کر کھا جانا۔

**کھوپری گنجی کرنا** (ہ) فعل ① مار مار کر سر کے بال اڑا دینا ② خوب مارنا ③ مار کر گنجا کر دینا۔

**کھوٹ** (ہ) اسم مونث ① ملاؤ ② آمیزش ③ نقص ④ عیب ⑤ سقم ⑥ خطا ⑦ قصور ⑧ نقصان ⑨ بدی۔

**کھوٹا** (ہ) اسم صفت بالف فاعلی ① غیر خالص ② ملاوٹ والا ③ جعلی ④ بناوٹی ⑤ کھرا کی ضد ⑥ برا ⑦ بد ⑧ شریر ⑨ خراب۔

**کھوٹا پیسہ اور کھوٹا بیٹا بھی وقت پر کام آ جاتا ہے** (ا) مثل۔ اپنی نکمی اور ردی چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے۔

**کھوٹی** (ہ) اسم مونث صفت ① کھوٹا کی تانیث ② غیر خالص ③ جعلی ④ بناوٹی ⑤ بری ⑥ ناقص ⑦ نکمی۔

**کھوٹی کرنا** (ہ) فعل ① بدی کرنا ② برائی کرنا ③ نقصان پہنچانا ④ کھوٹ ملانا۔

**کھوج** (ہ) اسم مذکر ① آدمی کے پاؤں کا نشان ② سراغ ③ نشان ④ پتہ ⑤ ٹھکانا ⑥ تلاش ⑦ جستجو۔

**کھوج پانا / لگنا** (ہ) فعل ① پتا پانا ② سراغ لگنا ③ نشان ملنا ④ پتہ لگنا ⑤ تلاش سے معلوم ہو جانا۔

**کھوج ڈھونڈنا / کرنا** (ہ) فعل ① خبر لگانا ② جستجو کرنا ③ تلاش کرنا ④ پتہ لگانا ⑤ سراغ لگانا۔

**کھوج کھونا / مٹانا** (ہ) فعل ① تباہ کرنا ② برباد کر دینا ③ بیڑا غرق کر دینا ④ کسی کام کا نہ رکھنا ⑤ بیخ کنی کر دینا ⑥ ستیاناس کر دینا۔

**کھوج نکالنا** (ہ) فعل ① سراغ رسانی کرنا ② چوری کے مال کا پتہ لگانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کھوجڑا (ہ) اسم مذکر 1 کھوج کی حقارت تصغیر 2 نام ونشان 3 کھوج 4 سراغ۔

کھوجڑے پٹیا/گیا (ہ) اسم صفت 1 اجڑا ہوا 2 نگوڑا 3 خانہ خراب۔

کھوجی (ہ) اسم مذکر بنائے فاعلیت 1 کھوج لگانے والا 2 سراغ لگانے والا 3 سراغرساں۔

کھود (ہ) اسم مونث 1 خوید 2 ہرے جو 3 کھلی 4 کھل 5 تلچھٹ 6 نرم چارا 7 مزیدار چارا۔

کھود کر پوچھنا/کھود کھود کر پوچھنا (ہ) فعل 1 نہایت چھان بین کرنا 2 طرح طرح کے سوالات سے پوچھنا 3 تفتیش کرنا۔

کھودنا (ہ) فعل 1 گڑھا کرنا 2 جڑ سے اکھاڑنا 3 نقاشی کرنا 4 کندہ کرنا 5 تحقیقات کرنا 6 تفتیش کرنا 7 کریدنا 8 خالی کرنا 9 کھرچنا۔

کھودن کی سنے رات کی/کہو کھیت کی سنے کھلیان کی (ہ) مثل۔ 1 سوال دیگر جواب دیگر 2 سوال کے برخلاف جواب دینا 3 سوال کچھ جواب کچھ۔

کھو دینا (ہ) فعل 1 گم کر دینا 2 برباد کر دینا 3 ضائع کر دینا 4 گنوا دینا 5 غائب کر دینا 6 نکما کر دینا 7 کہیں کا نہ رکھنا۔

کھور (ہ) اسم مونث 1 ڈنگروں کے چارا کھانے یا پانی پینے کی نالی 2 ڈھکنہ 3 ردی چارا۔

گھورو (ہ) اسم مذکر 1 کھردار جانوروں کی مست ہو کر زمین کھودنے اور خاک اڑانے کی حالت 2 ڈکرانے کی حرکت 3 کسی چیز کی خواہش کی حرکت 4 شرارت 5 فساد 6 دنگہ 7 جھگڑا۔

کھورولانا/کرنا (ہ) فعل 1 زمین پر کھر مار کر کسی خواہش کا اظہار کرنا 2 شوروغل کرنا 3 جھگڑا کرنا 4 شور مچانا 5 حرامزدگی کرنا۔

کھوڑ (ہ) اسم مذکر 1 مردہ بزرگوں کی خفگی 2 آسیب خلل 3 اثر 4 (بحالت اسم مذکر) ہل کے ایک پھیرے کا زمین پر نشان 5 ہل کا ایک پھیرا۔

کھوڑ (ہ) اسم مونث۔ شیوجی کے پجاریوں کا صندل یا سیندور کا تلک۔

کھوڑا (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول 1 جسم 2 بدن 3 قالب 4 تن 5 پنڈا 6 دیہہ۔

کھوسا (ہ) اسم صفت 1 بن ڈاڑھیا 2 وہ شخص جس کو جوانی میں بھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلے 3 کھودا۔

کھوڑی (ہ) اسم مونث 1 رسی کا بل 2 گرہ 3 انٹھ 4 قیمہ کوٹنے کی لکڑی۔

کھوسٹ (ا) اسم مذکر 1 بہت بوڑھا 2 پیر 3 فرتوت 4 نہایت بدشکل 5 کہن سال بوڑھا۔

کھوس لینا/کھوسنا (ہ) فعل۔ بواؤ مجہول 1 چھین لینا 2 زبردستی لے لینا 3 اچکنا 4 جھپٹنا۔

کھوکھا (ہ) اسم مذکر 1 ادا شدہ ہنڈی جس کے روپے دیے جا چکے ہوں 2 لڑکا 3 طفل۔

کھوکھلا/کھوکھلا (ہ) اسم صفت 1 پولا 2 خالی 3 تھوتھا 4 بے مغز۔

کھولانا (ہ) فعل 1 ابالنا 2 جوش دینا 3 غم دینا 4 جلانا 5 تنگ کرنا۔

کھول کر (ہ) تابع فعل 1 واضح طور سے 2 آزاد 3 بے روک ٹوک 4 مفصل 5 جب چاہیے 6 بخوبی۔

کھول کیسہ کھا ہریسہ (ا) محاورہ۔ گرہ سے رام خرچ کر اور دنیا کا مزہ اٹھا۔

کھولن (ہ) اسم مونث 1 جوش 2 ابال 3 سوزش زخم 4 جلن 5 ٹیس 6 کھولنا سے حاصل مصدر ہے۔

کھولنا (ہ) فعل 1 جوش کھانا 2 ابلنا 3 کھدبدانا 4 پکنا 5 دل ہی دل میں غم کھانا 6 جلنا 7 پھوڑے یا زخم وغیرہ میں درد اور ٹیس ہونا۔

کھولنا (ہ) فعل۔ بواؤ مجہول 1 کسی بندھی ہوئی چیز کا کھولنا 2 آزاد کرنا 3 ظاہر کرنا 4 واضح کرنا 5 مفصل کہنا 6 بھانڈا پھوڑنا 7 چیرنا 8 پھاڑنا 9 ادھیڑنا۔

کھونا (ہ) فعل 1 گم کرنا 2 بسرانا 3 برباد کرنا 4 گنوانا 5 بے اختیار کرنا 6 قابو کا نہ رکھنا 7 دور کرنا 8 زایل کرنا۔

کھونپ (ہ) اسم مونث 1 ایک قسم کی سلائی 2 موٹے موٹے ٹانکے 3 شلنگا 4 سیون۔

کھونٹ (ہ) اسم مونث 1 طرف 2 پہلو 3 جانب 4 سمت 5 کونہ 6 گوشہ 7 زاویہ 8 چکی کا ہتھا 9 کان کا میل۔

کھونٹا (ہ) اسم مذکر 1 چوب 2 میخ 3 خیمہ یا گھوڑا وغیرہ باندھنے کی میخ 4

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140727218

www.besturdubooks.net

کولھو کی لاٹھ ❺ چکی کا ہتھا ❻ مددگار ❼ معاون ❽ سہارا۔

**کھونٹا سا بیٹھ جانا/کھونٹا سا گڑ جانا** (ہ) فعل ❶ کھونٹے کی طرح جم جانا ❷ مضبوطی سے قائم ہو جانا ❸ جم کر بیٹھ جانا ❹ مضبوط ہو جانا۔

**کھونٹا تگڑا ہونا** (ہ) فعل ❶ معاون زبردست ہونا ❷ جو اپنی مددگار بڑا آدمی ہونا ❸ سہارا پختہ ہونا۔

**کھونٹا گڑنا** (ہ) فعل ❶ استحکام ہو جانا ❷ مضبوطی ہو جانا ❸ مدد اور سہارے کا پختہ ہو جانا۔

**کھونٹے پر مارنا** (ہ) فعل ❶ پروانہ کرنا ❷ پیزار کی نوک پر مارنا ❸ ٹھینگے پر مارنا۔

**کھونٹے سے بندھنا** (ہ) فعل ❶ میخ سے بندھنا ❷ نکاح یا شادی ہونا ❸ پابند ہونا۔

**کھونٹے کے کودنا** (ہ) فعل ❶ حمایتی کے سہارے پر اچھلنا ❷ کسی کی حمایت پر اترنا ❸ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔

**کھونٹی** (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی کیل ❷ چھوٹی میخ ❸ بالوں کی جڑ ❹ سارنگی یا ستارے کے کان۔

**کھونٹی لینا/کھونٹی نہ چھوڑنا** (ہ) فعل ❶ نہایت صفائی سے حجامت کرنا ❷ بالوں کی جڑوں تک کو صاف کر دینا۔

**کھونٹی مروڑنا** (ہ) فعل ❶ گوشمالی کرنا ❷ ادب دینا ❸ کان اینٹھنا ❹ سارنگی کا تار کسنا۔

**کھونچ** (ہ) اسم مونث ❶ کپڑے کی وہ پھٹی ہوئی جگہ جو کسی کیل یا کانٹے میں الجھ کر پھٹ جائے ❷ چارپائی کی کان۔

**کھونچ آنا/لگنا** (ہ) فعل۔ کپڑے کا کسی کیل کانٹے سے الجھ کر پھٹ جانا۔

**کھونچا** (ہ) اسم مذکر۔ ساڑھے چھ کا پہاڑہ۔

**کھونچڑ** (ہ) اسم صفت ❶ فسادی ❷ بدباطن ❸ بددل ❹ شریر۔

**کھوندنا** (ہ) فعل ❶ پاؤں تلے ملنا ❷ روندنا ❸ کچلنا ❹ پامال کرنا۔

**کھونڈا** (ہ) اسم صفت ❶ آگے کے دانت ٹوٹا ہوا شخص ❷ سرامڑی ہوئی لاٹھی ❸ گولائی دار ❹ سرامڑی ہوئی لاٹھی۔

**کھونسڑا** (ہ) اسم مذکر۔ پرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی۔

**کھوں کھوں کرنا** (ہ) فعل ❶ کھانسنا ❷ دھانسنا۔

**کھوؤ** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ برباد کرنے والا ❷ فضول خرچ ❸ روپیہ ضائع کر دینے والا۔

**کھوئی** (ہ) اسم مونث۔ گنے کا پھوک جو رس نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

**کھوے** (ہ) اسم مذکر ❶ کھوا کی جمع ❷ شانے ❸ کندھے ❹ مونڈھے۔

**کھوے سے کھوا چھلنا** (ہ) فعل ❶ بہت بھیڑ ہونا ❷ انبوہ کثیر ہونا ❸ بیحد ہجوم ہونا۔

**کھویا** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ ناؤ کھینے والا ❷ کشتی چلانے والا ❸ ملاح۔

**کھویا** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ بہت کھانے والا ❷ پیٹو۔

**کھویا** (ہ) اسم مذکر ❶ دودھ کا ماوا ❷ بھنا ہوا دودھ ربڑی۔

**کھویا جانا/کھوئے جانا** (ہ) فعل ❶ جاتا رہنا ❷ گم ہو جانا ❸ بدحواسی چھانا ❹ گھبرا جانا ❺ حیران ہو جانا ❻ لاجواب ہو جانا ❼ بےخود ہو جانا۔

**کھوئے سے گئے** (ہ) محاورہ ❶ گھبرا گئے از خود رفتہ ہو گئے ❷ سٹ پٹا گئے ❸ بدحواس ہو گئے۔

**کھے** (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ گوہ ❷ میلا ❸ براز ❹ پیخانہ ❺ گندگی ❻ کوڑا کرکٹ ❼ خاک ڈھول۔

**کھے کھانا** (ہ) فعل ❶ گوہ کھانا ❷ جھک مارنا ❸ بکواس کرنا ❹ بےہودہ بکنا۔

**کہی** (ہ) اسم مونث ❶ کہنا کا حاصل مصدر ❷ بات ❸ قول ❹ بچن ❺ کہا۔

**کہی بدی** (ہ) اسم مونث ❶ قول و قرار ❷ باہمی عہد و پیمان۔

**کہی سنی** (ہ) اسم مونث ❶ بہکانا ❷ ورغلانا ❸ لوگوں کا کہنا سننا۔

**کھیپ** (ہ) اسم مونث ❶ بیلوں وغیرہ پر لاد کر اسباب لے جانے والے قافلے کا اسباب ❷ بھرتی ❸ بوجھ ❹ بحری یا دریائی سفر ❺ دفعہ ❻ بار ❼ شمار ❽ کھوٹ۔

**کھیپ بھرنا** (ہ) فعل ❶ مال بھرنا ❷ بوجھ لادنا ❸ دساور کو مال لے جانا۔

**کھیت** (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ تخم ریزی کے قابل زمین ❷ کشت ❸ دیس ❹ ملک ❺ خطہ ❻ جنگ و جدل ❼ لڑائی ❽ چاندنی ❾ چاند کی روشنی۔

**کھیت پتر** (ہ) اسم مذکر ❶ زمین کا رہن نامہ ❷ زمین کا کاغذ ❸ خط

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149737218

www.besturdubooks.net

زمین۔
کھیت پڑنا (ہ) فعل ❶ لڑائی میں بہت سے آدمیوں کا مارا جانا ❷ گھاٹا پڑنا۔
کھیت چٹھا (ہ) اسم مذکر ❶ پٹواریوں کا خسرہ ❷ پیمائش والوں کی کتاب۔
کھیت چھوڑنا / چھوڑ جانا (ہ) فعل ❶ میدان جنگ سے بھاگ جانا ❷ شکست کھانا ❸ پیٹھ دکھانا۔
کھیت رہنا (ہ) فعل ❶ مارا جانا ❷ نقل ہونا ❸ جان دینا ❹ فریفتہ ہونا۔
کھیت کاٹنا (ہ) فعل ❶ فصل کاٹنا ❷ اناج کاٹنا۔
کھیت کا لکھا پڑھا (ہ) اسم مذکر ❶ کسان ❷ دہقان ❸ گنوار ❹ دیہاتی ❺ ہل جوتا۔
کھیت کرنا (ہ) فعل ❶ چاند نکلنا ❷ چاند کی روشنی پھیلنا ❸ بونا ❹ جوتنا ❺ زراعت کرنا۔
کھیت کھائے گدھا مارا جائے جولاہا (ہ) مثل۔ قصور کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔
کھیت ہاتھ ہونا (ہ) فعل ❶ فتح مندی حاصل ہونا ❷ میدان ہاتھ رہنا ❸ فتحیابی ہونا۔
کھیتی (ہ) اسم مونث ❶ بویا ہوا کھیت ❷ زراعت ❸ کشت ❹ کاشت کاری فصل ❺ اناج ❻ غلہ۔
کھیتی باڑی (ہ) اسم مونث ❶ کاشتکاری ❷ کسان پنا ❸ کسانی۔
کھیتی باڑی کرنا (ہ) فعل ❶ کاشتکاری کرنا ❷ بونے جوتنے کا کام کرنا۔
کھیتی خصم سیتی (ہ) مثل ❶ کاروبار مالک کی توجہ سے درست ہوا کرتے ہیں ❷ ملازموں کے بھروسہ پر کام کبھی ٹھیک نہیں ہوتا۔
کھیتی رکھے باڑ کو اور باڑ رکھے کھیتی کو (ہ) مثل۔ بادشاہ رعیت سے اور رعیت بادشاہ سے قائم رہتی ہے۔
کھید (س) اسم مونث ❶ دکھ ❷ درد ❸ پیڑ ❹ تکلیف ❺ غم ❻ ماتم سوگ ❼ سوچ ❽ فکر ❾ اندیشہ۔
کھیدا (ہ) اسم مذکر۔ ہاتھیوں کو پکڑنے کا گھانس پھونس اور مٹی سے بنا ہوا گڑھا۔

کھیدنا (ہ) فعل ❶ نکالنا ❷ ہانکنا ❸ دور کرنا ❹ باہر کرنا ❺ ستانا ❻ تکلیف دینا۔
کھیر (ہ) اسم مونث۔ دودھ اور چاولوں کا پکا ہوا ایک عمدہ کھانا۔
کھیر کا دلیا ہو جانا (ہ) فعل ❶ بد اقبالی ہونا ❷ تقدیر پلٹ جانا ❸ بنا کام بگڑ جانا ❹ کچھ سے کچھ ہو جانا۔
کھیرا (ہ) اسم مذکر ❶ بھورا رنگ ❷ خاکی سا ❸ بھوسلا ❹ ایک قسم کا کبوتر۔
کھیرا (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی۔
کھیرا ککڑی کرنا (ہ) فعل ❶ بے دھڑک کوسنا ❷ نہایت بے دردی سے کوسنا۔
کھیری (ہ) اسم مونث ❶ باکھ کا گوشت ❷ جانور کے تھنوں سے اوپر کا گوشت جس میں دودھ رہتا اور بنتا ہے۔
کھیڑا (ہ) اسم مذکر ❶ بستی ❷ چھوٹا سا گاؤں ❸ وہ کئی قسم کا مرکب غلہ ❹ کھنڈر ❺ اجڑے اور غیر آباد ویران شدہ گاؤں کا نشان۔
کھیڑا پتی (ہ) اسم مذکر ❶ گاؤں کا چوھدری ❷ نمبردار ❸ مقدم ❹ پجاری ❺ برہمن۔
کھیڑی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا۔
کھیس (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول۔ اوڑھنے اور بچھانے کے قابل ایک قسم کا سوتی کپڑا۔
کھیسا (ہ) اسم مذکر ❶ تھیلی ❷ ڈب ❸ پاکٹ ❹ جیب ❺ ایک قسم کا جھانواں ❻ ہاتھ میں پہن کر جسم کا میل صاف کرنے کی تھیلی ❼ میل اتارنے کی تھیلی۔
کھیسا کرنا (ہ) فعل ❶ جسم پر کھیسا پھیرنا ❷ بدن سے میل اتارنا۔
کھینے سے ضد سوا ہوتی ہے (ا) مثل۔ آدمی جتنا سمجھاؤ اتنا ہی ہٹ زیادہ کرتا ہے۔
کھے کھے (ہ) اسم مونث ❶ دانتا کلکل ہے ❷ ہے کا مترادف۔
کھیل (ہ) اسم مونث ❶ بھنی ہوئی جوار مکئی یا چاول کا پھلا ❷ پھلی ❸ مقدار قلیل ❹ ذرا سا بھنا ہوا ❺ سوہاگہ یا پھولی ہوئی دھات ❻ یہ لفظ بنائے معروف ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149707218

**کھیل اڑ کر منہ میں نہ جانا** (ا) فعل ① کوئی چیز نہ کھانا ② بالکل نہ کھانا ③ ذرا بھی منہ تک نہ جانا۔

**کھیل کھیل ہونا** (ہ) فعل ① ٹکڑے ٹکڑے ہونا ② ریزہ ریزہ ہونا ③ خستہ ہو جانا۔

**کھیل** (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① بازی ② تماشا ③ کرتب ④ سہل ⑤ آسان ⑥ سیر ⑦ مشغلہ ⑧ شغل ⑨ نیرنگی۔

**کھیل بگڑ جانا/کھیل بھنڈ ہونا/کھیل تنگ ہونا** (ہ) فعل ① بنے ہوئے کام کا خراب ہو جانا ② رنگ میں بھنگ ہو جانا ③ کام بگڑنا ④ مزے میں خرابی واقع ہونا۔

**کھیل بنانا** (ہ) فعل ① بات بنانا ② کام بنانا ③ یارانہ لگانا۔

**کھیل جانا** (ہ) فعل ① گزار جانا ② جوکھوں۔

**کھیل جاننا/ سمجھنا** (ہ) فعل ① بہت ہی سہل سمجھنا ② آسان جاننا ③ سہج سمجھنا۔

**کھیل کرنا** (ہ) فعل ① کھیلنا ② کودنا ③ تماشا کرنا ④ ہنسی سمجھنا ⑤ مذاق میں ڈالنا ⑥ دل سے نہ کرنا۔

**کھیل کود** (ہ) اسم مذکر ① اچھل کود ② لہو ولعب ③ کود پھاند۔

**کھیل کھلانا** (ہ) فعل ① بازی کرانا ② حیران کرنا ③ ستانا ④ ناچ نچانا ⑤ دق کرنا۔

**کھیل کھیلنا** (ہ) فعل ① کرنی کرنا ② کرتب کرنا ③ بازی کرنا۔

**کھیل ہے** (ہ) محاورہ ① سہل بات ہے ② معمولی اور ادنےٰ بات ہے ③ تماشا ہے ④ شغل ہے۔

**کھیل کھایا** (ہ) اسم صفت ① بھاگتا ہوا ② تجربہ کار ③ کار آزمودہ۔

**کھیلنا** (ہ) فعل ① کھیل کرنا ② دل بہلانا ③ بازی کرنا ④ اچھلنا کودنا ⑤ گزرنا ⑥ بیتنا ⑦ کام کرنا ⑧ کوئی فعل کرنا ⑨ لہو ولعب کرنا۔

**کھیم کسل** (ہ) اسم مونث ① خیریت ② خیر وعافیت ③ صحت ④ تندرستی ⑤ ہنسی خوشی۔

**کہیں** (ہ) تابع فعل ① کسی جگہ ② کسی موقع پر ③ اور جگہ ④ دوسری جگہ ⑤ کسی طرف ⑥ کسی سمت ⑦ شائد ⑧ مبادا ⑨ ایسا نہ ہو۔

**کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں** (ہ) محاورہ ① چیچک کی پھنسیوں کی کثرت یا انبوہ خلائق کے موقع پر بولتے ہیں ② بالکل جگہ نہیں ③ ایسا بھی نہیں کہ تل بھی رکھ سکیں۔

**کہیں دائی سے بھی پیٹ چھپتا ہے** (ہ) محاورہ۔ خاص اور تجربہ کاروں سے راز پوشیدہ نہیں ہو سکتا۔

**کہیں ڈوبے بھی تیرے ہیں** (ہ) محاورہ۔ بگڑے ہوؤں کا درست ہونا محال ہے۔

**کہیں سے** (ہ) تابع فعل ① کسی جگہ سے ② کسی مقام سے۔

**کہیں کا نہ رہنا** (ہ) فعل ① بالکل نکما یا برباد ہو جانا ② کسی کام کا نہ رہنا ③ سخت ذلیل ہو جانا ④ دین و دنیا سے جاتا رہنا۔

**کہیں کا ہو رہنا/ ہو جانا** (ہ) فعل ① کسی جگہ رہ پڑنا ② جا کر واپس نہ آنا ③ جہاں جانا وہیں کا ہو رہنا۔

**کہیں کہیں** (ہ) تابع فعل ① کسی کسی جگہ ② بہت کم ③ بعض بعض جگہ۔

**کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا** (ہ) مثل۔ بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بے ربط چیزیں اور غیر کفو رشتہ ہوا ہے۔

**کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوا ہے** (ا) مثل ① رشتہ دار کسی طرح سے نہیں چھوٹا کرتا ② اپنوں سے قطع تعلق کرنا مشکل ہے۔

**کہیں نہ کہیں** (ہ) تابع فعل ① ضرور بالضرور ② کسی نہ کسی جگہ۔

**کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹی ہیں** (ہ) محاورہ۔ تقدیر کا لکھا کہیں نہیں ٹلتا۔

**کھینا** (ہ) فعل ① کشتی چلانا ② ناؤ کو چپو سے لے جانا ③ ڈانڈ یعنی بانس لگا کر کشتی چلانا۔

**کھینچ** (ہ) اسم مونث ① کشش ② کھنچاؤ ③ کھنچاوٹ ④ کمی ⑤ قحط ⑥ کال ⑦ قلت۔

**کھینچ لانا** (ہ) فعل ① گھسیٹ لانا ② پکڑ لانا۔

**کھینچنا** (ہ) فعل ① گھسیٹنا ② تاننا ③ اینچنا ④ چوسنا ⑤ جذب کرنا ⑥ سوکھنا ⑦ عرق چوانا ⑧ کشید کرنا ⑨ مقطر کرنا۔

**کھیوا** (ہ) اسم مذکر ① کشتی کا کرایہ ② ناؤ ③ بیڑا ④ کشتی ⑤ پایاب عبور دریا ⑥ مجازاً کشتی میں بیٹھ کر عبور کرنے والوں کا گروہ ⑦ عبور کرنے والے لوگ۔

**کھیوا پار کرنا/ لگانا** (ہ) فعل ① بیڑا پار لگانا ② نجات دینا ③ کشتی کو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...7218

www.besturdubooks.net

کنارے پر پہنچانا۔

کھوٹ (ہ) اسم مونث ① خراج اور لگان کی قسط ② گاؤں کی زمین کی کیفیت کا سرکاری رجسٹر ③ کاغذات بندوبست ④ ملاح ⑤ مانجھی ⑥ تجربہ کار ⑦ برداشت کرنے والا ⑧ تجربہ کار۔

کھوٹ کھتونی (ہ) اسم مونث ① زمین کے مالکوں اور ان کی زمینوں کے حساب کا رجسٹر ② گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب۔

کھیوٹیا/کھیون ہار/کھیویا (ہ) اسم مذکر ① مانجھی ② ناؤ چلانے والا ③ کشتی بان ④ ناخدا ⑤ ملاح۔

کھیئی (ہ) اسم مونث۔ جھڑبیری یا سوکھی جھاڑی جو باڑ لگانے یا جلانے کے کام آتی ہے۔

## ک ← ی

کے (ہ) دو فعلوں کے درمیان برائے عطف۔ جیسے کھانا کھا کے جائے گا۔ حرف اضافت برائے جمع۔ جیسے زید کے گھوڑے۔

کے (ہ) اسم استفہام برائے تعداد ① کتنے ② چند۔

کے بار (ا) تابع فعل ① کتنی دفعہ ② چند بار۔

کئی (ء) اسم استفہام برائے خبر ① کے ہی کا مخفف ② کتنے ہی ③ چند ④ چار پانچ۔

کئی ایک (ہ) اسم صفت ① چند ② دو چار ③ چند ایک ④ نو سے کم تعداد کے لئے۔

کی (ہ) حرف اضافت برائے تانیث۔ جیسے عمر کی بلی۔

کیا (ہ) کلمہ استفہام ① آیا ② چہ ③ استفہام استخباری کے لئے جیسے یہ کیا ہے ④ مساوات کے لئے جیسے کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات وغیرہ ⑤ مرکبات بہت سے معنی دیتا ہے۔

کیا ادھار کی ماں مری ہے (ہ) محاورہ ① اگر کوئی قرض دینے میں حجت کرے۔ تو اس وقت کہا کرتے ہیں۔ یعنی دنیا سے لین دین کا دستور اٹھ تو نہیں گیا ② تم نے دو گے کوئی اور دے دے گا ③ ادھار تو گھر کے بار ہوتا ہے۔

کیا آسمان کے تارے ہیں (ا) محاورہ۔ نایاب اور نادر شے تو نہیں جو مل ہی نہ سکیں۔

کیا اکھاڑ سکتا ہے (ہ) محاورہ۔ کچھ نقصان نہیں کر سکتا۔

کیا آگ لگاؤں (ہ) محاورہ۔ نہایت کراہت اور نفرت کے وقت کہا کرتے ہیں یعنی اب کیا کروں۔

کیا آگ لینے آئے تھے (ہ) محاورہ۔ فی الفور آ کر چلے جانے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔

کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو (ا) محاورہ۔ کیا صریح اور علانیہ دھوکا دیتے ہو۔

کیا ان ہی کے سر ٹیکا ہے/کیا ان ہی کے سر سہرا ہے (ا) محاورہ۔ یہ کام انہی پر منحصر اور موقوف تو نہیں اور لوگ بھی تو کر سکتے ہیں۔

کیا آئے کیا چلے (ہ) محاورہ ① آنا نہ آنا برابر ہے ② ایسی جلدی جانے بھی لگے۔

کیا بات ہے (ہ) محاورہ ① کیا خوب ہے ② سبحان اللہ ③ مرحبا ④ کیا کہنا ہے۔

کیا بھروسہ ہے (ہ) محاورہ ① کوئی اعتبار نہیں ② کچھ ٹھکانا نہیں۔

کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے (ہ) محاورہ ① یہاں آنے سے کونسا باعث مانع ہے ② طنزاً متکبر شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کیا پدڑی کیا پدڑی کا شوربا۔ کیا پدی کیا پدی کا شوربا (ا) محاورہ ① بالکل بے حقیقت چیز کی نسبت بولا کرتے ہیں ② اس کی بساط ہی کیا ہے ③ کیا حیثیت رکھتا ہے ④ ناچیز ہے۔

کیا پروا ہے (ہ) محاورہ ① کیا خوف ہے ② کچھ ڈر نہیں ③ کچھ مضائقہ نہیں۔

کیا پوچھنا (ہ) محاورہ ① کیا کہنا ہے ② کیا بات ہے۔

کیا تھا کیا ہوا/کیا تھا کیا ہو گیا (ہ) محاورہ ① بنا بنایا کام بگڑ گیا ② زمانہ پلٹ گیا۔

کیا ٹوٹکا کرنے آئی تھیں (ہ) محاورہ ① فوراً آ کر چلی جانے والی عورت کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی کیا ٹونا کرنے آئی تھیں۔ جو آتے ہی چل دیں۔

کیا جاتا (ہ) محاورہ ① کیا بگڑتا ② کیا نقصان ہوتا ② کونسا کام بگڑ جاتا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03490773218

www.besturdubooks.net

یعنی آپ کا تو کچھ نقصان نہ ہوتا۔

**کیا جاتی دنیا دیکھی** (ا) محاورہ۔ کیا وجہ ہوئی۔ جو تم نے دنیا کو فانی سمجھ کر خلاف عادت بات کی۔

**کیا جان ہے/کیا جان باقی ہے** (ا) محاورہ ❶ کیا تاب ہے ❷ کیا طاقت ہے کیا مجال ہے ❸ کیا مقدور ہے۔

**کیا جانے/کیا جانیئے** (ہ) محاورہ ❶ واللہ عالم ❷ خدا جانے ❸ خدا ہی جانے ❹ مجھے خبر نہیں۔

**کیا چاہیئے** (ہ) محاورہ ❶ کیا بات ہے ❷ کیا کہنا ہے ❸ واہ واہ ہے ❹ کیا ضرورت ہے۔

**کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی** (ہ) محاورہ ❶ اپنے ہاتھ سے کام نہ کرنے والے کی نسبت طنزاً کہا کرتے ہیں۔ یعنی کیا نقصان نہ ہو جائے گا ❷ کون سے ہاتھ دکھ جائیں گے۔

**کیا چیز ہے** (ا) محاورہ۔ بے قدر اور کم حقیقت چیز کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ یعنی کیا مال ہے۔ کیا اصل ہے۔ کون سی بڑی دولت ہے۔

**کیا خاک ہے** (ا) محاورہ ❶ کچھ بھی نہیں ❷ بالکل بے حقیقت ہے۔

**کیا خاک رہا** (ا) محاورہ ❶ کچھ نہیں رہا ❷ کچھ نہیں بچا۔

**کیا خبر** (ا) محاورہ ❶ کچھ معلوم نہیں ❷ خدا جانے ❸ واللہ عالم۔

**کیا خوب** (ا) محاورہ ❶ طنزاً کہا کرتے ہیں۔ واہ کیا بات ہے ❷ سبحان اللہ ❸ عقل کی بات کرو ❹ ہوش کی لو۔

**کیا خوب آدمی تھا** (ا) محاورہ۔ مقام افسوس میں متوفی کے مرنے کے بعد کہا کرتے ہیں۔ کیسا نیک آدمی تھا۔

**کیا درزی کا کوچ کیا مقام** (ا) مثل ❶ آزاد اور اکیلے آدمی کو سفر یا حضر میں کوئی تکلیف نہیں ❷ نادار اور کم سامان شخص کو سفر کی تیاری نہیں کرنی پڑتی۔

**کیا درجہ کر رکھا ہے/کا دہاڑا کر رکھا ہے** (ہ) محاورہ ❶ کیا بری حالت بنا رکھی ہے ❷ کیسی ردی حالت میں ہو۔

**کیا دن تھے** (ہ) محاورہ۔ گذشتہ ایام کیسے اچھے تھے جو اب یاد آتے ہیں۔

**کیا ڈر ہے/کیا ڈری ہے** (ہ) محاورہ ❶ کوئی اندیشہ نہیں ❷ کوئی خوف نہیں ❸ کچھ پروا نہیں۔

**کیا رہا ہے** (ہ) محاورہ ❶ کچھ باقی نہیں ❷ حالت نزع میں ہے ❸ مرنے کے قریب ہے۔

**کیا شان میں جھنتے پڑ جائیں گے** (ا) محاورہ ❶ کیا عزت میں بٹہ لگ جائے گا ❷ کیا آبرو میں فرق آ جائے گا۔

**کیا غم ہے** (ا) محاورہ ❶ کچھ ڈر نہیں ❷ کیا فکر ہے ❸ کیا مضائقہ ہے۔

**کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے** (ا) محاورہ۔ ہم نے کونسا قصور کر دیا ہے۔ جس کے سبب ڈریں۔

**کیا قاضی گلہ کرے گا** (ا) محاورہ ❶ کوئی شکوہ و شکایت نہیں کرے گا ❷ کچھ نقصان نہیں ہوگا۔

**کیا قیامت ہے** (ا) محاورہ ❶ کیا ظلم ہے ❷ کیسا برا ہے ❸ نہایت خوبصورت ہے ❹ بڑا حسین ہے۔

**کیا کروں** (ا) محاورہ۔ تعجب حیرانی اور مجبوری کے وقت بولتے ہیں۔ یعنی کوئی تدبیر بتاؤ میں حیران ہوں۔

**کیا کرے گا/کیا کر لے گا** (ہ) محاورہ ❶ کچھ نہیں کر سکتا ❷ کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔

**کیا کوسوں/کیا کہہ کر کوسوں** (ہ) محاورہ۔ میں ایسا ناراض اور خفا ہوں کہ کوئی بد دعا بھی ایسی نہیں جو اس رنج کو رفع کر دے۔

**کیا کہنا ہے** (ہ) محاورہ ❶ طنزاً اور تحسین کا کلمہ ہے ❷ کیا بات ہے ❸ کیا پوچھنا ہے۔

**کیا کیا** (ہ) حرف استفہام ❶ کون کون سا ❷ سب کچھ ❸ کیسے کیسے ❹ کس قدر۔

**کیا کیا** (ہ) محاورہ ❶ حیرت ❷ پریشانی ❸ تعجب اور افسوس کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بڑا برا کیا ❹ بڑی شرم کی بات ہے ❺ کونسا برا کیا ❻ کوئی بیجا بات نہیں کی۔

**کیا کیا کچھ کہا/کیا کیا کچھ نہ کہا** (ہ) محاورہ ❶ سب ہی کچھ برا بھلا کہہ لیا ❷ کوئی کوئی بات چھوڑ نہیں دی ❸ کونسی بات نہیں کہی۔

**کیا گزری** (ا) محاورہ ❶ کیا بیتی ❷ کیونکر ہوئی ❸ کیونکر بسر ہوئی۔

**کیا گل پھولا ہے/کیا گل کھلا ہے** (ا) محاورہ ❶ کونسی عیب اور نرالی بات ظاہر ہوئی ❷ کیا فتنہ اٹھا ہے ❸ کیا بہتان لگا ہے ❹ کیا خرابی نکلی ہے۔

**کیا کیا نہ ہوا** (ہ) محاورہ۔ کونسی بات رہ گئی سب ہی کچھ تو ہو لیا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03144907218

www.besturdubooks.net

**کیا کیا نہ کیا** (ہ) محاورہ ① کوئی کام نہ چھوڑا ② سب ہی کچھ تو کیا۔

**کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے** (ہ) محاورہ ① کیوں چپ ہیں ② کیوں نہیں بولتے ③ کیوں گونگے بن گئے۔

**کیا لوگے** (ہ) محاورہ ① کیا فائدہ اٹھاؤ گے ② کیا حاصل کرو گے ③ کیا پاؤ گے۔

**کیا مال ہے** (ا) محاورہ ① بالکل بے حقیقت خبر ہے ② محض ناچیز ہے۔

**کیا مجال ہے** (ا) محاورہ ① کیا طاقت ہے ② کیا حوصلہ ہے ③ کیا کر سکتا ہے۔

**کیا معنی** (ا) محاورہ ① کیوں ② کیا وجہ ③ کیا سبب ④ کیا غرض ⑤ کیا مراد ⑥ کیا حوصلہ ⑦ کیا مجال۔

**کیا منہ دکھاؤ گے** (ہ) محاورہ ① کیونکر سامنے ہوگے ② کیا جواب دو گے۔

**کیا منہ سے پھول جھڑتے ہیں** (ہ) محاورہ ① کیا شیریں گفتار ہے ② کیا شیریں بیان ہے ③ طنزاً بدکلامی پر بھی بولتے ہیں۔

**کیا منہ کا نوالہ ہے** (ہ) محاورہ۔ یہ کام کچھ آسان تو نہیں ہے جو یونہی سرسری ہوجائے گا۔

**کیا منہ لے کر جاؤں** (ہ) محاورہ ① کونسی نیکی لے کر سامنے جاؤں ② کس سرخروئی سے جاؤں۔

**کیا منہ ہے** (ہ) محاورہ ① کیا حوصلہ ہے ② کیا طاقت ہے ③ کیا مقدور ہے۔

**کیا ناک لے کر بولتے / بات کرتے ہو** (ا) محاورہ ① کس شرم و حیا سے منہ سامنے کرتے ہو ② شرم کرو اور اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو۔

**کیا ننگی نہائے گی اور کیا نچوڑے گی** (ہ) مثل۔ مفلس آدمی کے پاس ہی کیا دھرا ہے وہ کیا دے گا یا دلائے گا۔

**کیا واسطہ** (ا) اسم استفہام ① کیا تعلق کس لئے ② کیوں۔

**کیا ہوا** (ہ) محاورہ ① کیا بگڑ گیا ② نقص کونسا ہوگیا ③ کیا بات ہے ④ کیا معاملہ ہے ⑤ کیا حال گزرا ⑥ کیا خوف ہے ⑦ کیا اندیشہ ہے ⑧ کچھ تعجب نہیں ⑨ کچھ مضائقہ نہیں۔

**کیا ہوتا** (ہ) محاورہ ① کونسا کام بن جاتا ② کیا فائدہ ہوتا ③ کیا حاصل ہوتا ④ کیا نقصان ہوتا ⑤ کیا بگڑ جاتا ⑥ کیا اچھا ہوتا ⑦ کیا مصیبت پڑتی۔

**کیا ہوگا** (ہ) محاورہ ① کیا بگڑے گا ② کیا گزرے گا۔

**کیا ہوگیا** (ہ) محاورہ ① تعجب ② حیرت اور افسوس کے موقعہ پر بولتے ہیں ③ کچھ ڈر نہیں۔

**کیا ہے** (ہ) محاورہ ① کیا چیز ہے ② کیا بات ہے ③ کون سی چیز ہے ④ کیا معاملہ ہے ⑤ برائے استفہام انکاری ⑥ نہیں ⑦ کون ہے ⑧ ناچیز ہے ⑨ نکما ہے۔

**کیا ہی** (ہ) محاورہ ① کثرت و افراط کے وقت بولتے ہیں ② بکثرت ③ بہت ہی ④ بے حد ⑤ بہت ہی اچھی ⑥ نہایت عمدہ۔

**کیاری** (ہ) اسم مونث ① کھیت یا باغ ② ہر چھوٹا حصہ یا تختہ ③ قطعہ باغ ④ باغ کا تختہ۔

**کیاست** (ع) اسم مونث ① چترائی ② دانائی ③ عقلمندی ④ ہوش وخرد۔

**کیت** (ہ) اسم مذکر ① دمدار ستارہ ② جھاڑو ③ تارا ④ نواں گرہ۔

**کیت** (ہ) اسم مذکر ① بیل کے پھل جتنا کھٹ میٹھا ذائقہ رکھنے والا ② ایک درخت کا پھل اور درخت۔

**کیتلی** (ہ) اسم مونث۔ ایک مشہور خوبصورت پودے کا نام ہے جس کا پھول انڈے کی مانند ہوتا ہے۔

**کیتلی** (ہ) اسم مونث ① چائے پکانے کا ایک ٹونٹی دار برتن ② آفتابہ۔

**کیچ / کیچڑ** (ہ) اسم مونث۔ گارا۔ غلیظ مٹی۔ دلدل۔ سڑی مٹی۔ آنکھ کا تیل۔ چیپڑ۔ چرک چشم۔

**کینچوا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سرخ رنگ کا اور لمبا برساتی کیڑا بھی ہے۔ کرم شکم۔



کینچوا

**کید** (ع) اسم مذکر ① مکر ② فریب ③ دھوکا ④ دغا۔

**کیر** (ہ) اسم مذکر۔ کریل کا درخت۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

کیرا (ء) اسم صفت ❶ کرنجی آنکھوں والا ❷ نیلی نیلی آنکھوں والا۔
کیری (ہ) اسم مونث ❶ آم کا کچا پھل ❷ کچا آم ❸ امبی ❹ کرنجی آنکھ والی عورت ❺ گلے میں لٹکانے کا عطر دان۔
کیری آنکھ (ہ) اسم مونث ❶ کرنجی آنکھ ❷ چشم ازرق گوں۔
کیریر (ای) اسم مذکر ❶ روشن ❷ ترقی۔
کیرئیر (ای) اسم مذکر ❶ حمال ❷ بوجھ لے جانے والا ❸ سائیکل کا پچھلا حصہ جس پر بوجھ باندھا جاتا ہے۔
کریکٹر (ای) اسم مذکر ❶ کسی کہانی کا کردار ❷ چال چلن ❸ سیرت۔
کری کچر (ای) اسم مذکر ❶ کسی شخص یا شخصیت یا چیز کے نمایاں پہلو کو تصویر کے روپ میں مضحکہ خیز طور پر پیش کرنا ❷ بیان یا تحریر کی مدد سے کسی شخصیت کے نمایاں وصف کا خاکہ اُڑانا۔
کیڑا (ہ) اسم مذکر ❶ کرم ❷ مکوڑا ❸ حشرات الارض ❹ رینگنے والا جانور ❺ سانپ ❻ ناگ ❼ بچھو ❽ کژدم ❾ کنکھجورا وغیرہ زہریلے جانور۔
کیڑا دبانا (ہ) فعل۔ نفسانی خواہش کو مٹانا۔
کیڑا لگنا (ہ) فعل ❶ دیمک لگنا ❷ کتاب یا ریشمی یا اونی کپڑے کا کرم خوردہ ہونا ❸ گھن لگنا۔
کیڑا (ہ) اسم صفت ❶ سخت ❷ کرخت ❸ تند مزاج ❹ مضبوط ❺ مستحکم ❻ تگڑا۔
کیڑی (ہ) اسم مونث ❶ چیونٹی ❷ مور ❸ جونک۔


کیڑی

کیڑی والی (ہ) اسم مونث ❶ جونکوں والی ❷ جونکیں لگانے کا کام کرنے والی عورت کلرن ❷ لگرون۔
کیس (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ❶ بال ❷ موئے سر ❸ سر کے لمبے لمبے بال ❹ پرندے کی چوٹی۔
کیس (ای) اسم مذکر بیائے مجہول ❶ مقدمہ ❷ معاملہ ❸ قضیہ ❹ فریم ❺ سانچا ❻ ڈھکنا ❼ خانہ ❽ بکس ❾ ڈبیا۔
کیسا (ہ) اسم استفہام ❶ کس طرح کا ❷ کس قسم کا ❸ کس بات کا ❹ کس قدر ❺ کتنا ❻ کیوں ❼ کس کام کا۔

کیسا ہی (ہ) تابع فعل ❶ کتنا ہی ❷ کس قدر ❸ حتی المقدور ❹ کسی قسم کا ہی۔
کیسر (ہ) اسم مونث ❶ ایک زرد رنگ کا نہایت خوشبودار پھول ❷ زعفران۔
کیسری (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ زرد رنگ کا ❷ زعفرانی ❷ کیسر کے رنگ کا۔
کیسری بانا (ہ) اسم مذکر۔ زعفرانی پوشاک جو ہندوؤں میں دولھا کو پہناتے ہیں۔
کیسر بانا کرنا / پہننا (ہ) فعل ❶ زرد لباس پہننا ❷ جنگ کرنے کی رسم قدیم راجپوتان یعنی مرنے یا فتح کرنے کا وعدہ اور عہد کر کے لڑائی پر جاتے وقت زرد کپڑے پہننا۔
کیسے (ہ) اسم مذکر ❶ کیسا کی جمع ❷ کس بات کے ❸ کس قسم کے ❹ کس وضع کے ❺ اسم استفہام کیوں ❻ کیوں کر کتنے۔
کیسہ (ہ) اسم مذکر ❶ جیب ❷ پاکٹ ❸ تھیلی۔
کیسہ بر (ہ) اسم مذکر فاعلی ترکیبی ❶ کُٹ کترا ❷ جیب کترا ❸ اچکا ❹ بدمعاش۔
کیسی (ہ) اسم مونث۔ کیسا کی تانیث۔
کیشن (ف) اسم مذکر ❶ دین ❷ پنتھ ❸ ست ❹ سبھاؤ ❺ خو ❻ عادت ❼ بان ❽ گن ❾ وصف۔
کیش (ای) اسم مذکر ❶ نقد ❷ نقدی ❸ روکڑ ❹ روپیہ ❺ پیسہ۔
کیش بک (ای) اسم مونث ❶ نقدی کے حساب کی کتاب ❷ روکڑ بہی۔
کیش بکس (ای) اسم مذکر ❶ نقدی رکھنے کا صندوقچہ ❷ نقدی کا صندوق۔
کیف (ء) تابع فعل ❶ کس طرح ❷ کیونکر ❸ کیسا ❹ نشہ ❺ خمار ❻ سرور۔
کیفر (ف) اسم مذکر ❶ برے کام کا بدلہ ❷ پاداش ❸ بدی ❹ بدی کا بدلہ۔
کیفر کردار (ف) اسم مذکر ❶ کیے کی سزا ❷ برے کام کی سزا۔
کیفر کردار کو پہنچنا (ا) فعل ❶ اپنے کیے کی سزا پانا ❷ برے کام کی سزا بھگتنا ❸ کیا بھوگنا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140077218

**کیفی** (ع) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ متوالا ❷ مدہوش ❸ نشہ میں چور ❹ نشہ باز۔

**کیفیت** (ع) اسم مونث ❶ ماجرا ❷ حال ❸ حالت ❹ حقیقت ❺ رنگ ڈھنگ ❻ تفسیر ❼ تشریح ❽ تفصیل ❾ جوبن۔

**کیفیت طلب کرنا** (ا) فعل ❶ قانوناً پوچھنا ❷ استفسار کرنا ❸ جواب طلب کرنا ❹ بازپرس کرنا۔

**کیفیت لکھنا** (ا) فعل۔ تحریری رپورٹ لکھنا۔

**کیک** (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کی میدے انڈے اور میوہ کی سانچے میں ڈھلی ہوئی پختہ روٹی یا مٹھائی۔

**کیکر** (ہ) اسم مونث و مذکر۔ ببول کا درخت۔

**کیکری** (ہ) اسم مونث ❶ کیکر کا چھوٹا پیڑ ❷ ایک قسم کی سلائی کنگری دار۔

**کیکری بنانا / کاڑھنا** (ہ) فعل ❶ کپڑے پر کنگری بنانا ❷ چین بنانا۔

**کیکڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ بچھو کی شکل کے ایک آبی جانور کا نام ہے ❷ سرطان ❸ خر۔


کیکڑا

**کیکنا** (ہ) فعل ❶ بندر کا کلکاری مارنا ❷ چیخنا ❸ چلانا۔

**کیکئی** (ہ) اسم مونث۔ کیکے حاکم کشمیر کی بیٹی سری رامچندر جی کی سوتیلی ماں کا نام ہے۔

**کیل** (ہ) اسم مونث ❶ لوہے کی میخ ❷ پریگ ناک میں پہننے کا لونگ کی شکل کا زیور ❸ مہاسے یا دنبل کے اندر کی جمی ہوئی پیپ ❹ منتر پڑھنا۔

**کیل کا کھٹکا نہیں** (ہ) محاورہ ❶ ایسا امن اور رعب ہے کہ کسی چیز کا بھی اندیشہ نہیں ❷ کسی شے کا خوف نہیں ❸ ڈر نہیں۔

**کیل ڈالنا** (ہ) فعل ❶ منتر پڑھ کر قابو میں لانا ❷ بس میں کر لینا ❸ سانپ وغیرہ کو منتر کے زور سے ڈسنے کے قابل نہ رہنے دینا۔

**کیل کانٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ ہتھیار ❷ اوزار ❸ اسلحہ ❹ ایک قسم کا زیور ❺ بدخط ❻ نہایت گھسیٹ کر لکھا ہوا ❼ بچوں کا ایک قسم کا کھیل۔

**کیل نکالنا** (ہ) فعل ❶ پھنسی یا مہاسے میں سے دبا کر پیپ نکالنا ❷ مارتے مارتے گوہ نکالنا ❸ سخت مارنا ❹ خوب ٹھیک بنانا۔

**کیلا** (ہ) اسم مذکر بیائے معروف ❶ بڑی میخ ❷ کھونٹا ❸ گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت جن سے شکار پکڑتے ہیں ❹ کچلی۔

**کیلا** (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول۔ ایک مشہور درخت اور اس کا پھل۔


کیلا

**کیلنا** (ہ) فعل ❶ سانپ کو منتر کے زور سے قابو کرنا ❷ کسی شخص کو برخلاف بولنے سے بزور جادو بند کرنا ❸ زبان بند کرنا ❹ غیر کرنا ❺ کیلیں جڑنا ❻ کیلیں ٹھونکنا۔

**کیلسیم** (ای) اسم مذکر ❶ چونا ❷ ایک کیمیائی عنصر۔

**کیلنڈر** (ای) اسم مذکر ❶ جنتری ❷ تقویم ❸ نظام ❹ فہرست۔

**کیلوری** (ای) اسم مذکر۔ حرارہ۔

**کیلیڈوسکوپ** (ای) اسم مذکر ❶ عکس بین ❷ عکس نما ❸ منظر بدل آلہ۔

**کیلیکو** (ای) اسم مذکر ❶ چھینٹ ❷ چھپا ہوا کپڑا۔

**کیلی** (ہ) اسم مونث ❶ لکڑی کی کھونٹی ❷ کشتی کے ایک داؤں کا نام ❸ لوہے کی لاٹھ ❹ پیچ ❺ اسکرو۔

**کیمرا** (ای) اسم مذکر ❶ عکسی تصویر کھینچنے والا آلہ ❷ جج کا عدالت میں نجی کمرہ۔

**کیمپ** (ای) اسم مذکر ❶ چھاؤنی ❷ پڑاؤ ❸ لشکرگاہ۔

**کیمرک** (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا نفیس کپڑا۔

**کیمسٹ** (ای) اسم مذکر ❶ کیمیادان ❷ دواساز ❸ دوافروش۔

**کیمسٹری** (ای) اسم مذکر۔ علم کیمیاء۔

**کیموس** (یونانی) اسم مذکر ❶ رس ❷ وہ پتلی سی چیز جو معدے میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہو۔

**کیمیا** (ع) اسم مونث ❶ رسائن ❷ اکسیر ❸ رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا ❹ عناصر کے خواص اور ان کی باہمی ملاوٹ کے اصولوں کا علم ❺ علم کیمسٹری ❻ نہایت مفید ❼ تیر بہدف دوائی۔

**کیمیا بنانا** (ا) ❶ رسائن بنانا ❷ چاندی سونا بنانا ❸ آسانی سے روزی کما لینا۔

**کیمیاگر** (ع) اسم مذکر ❶ رسائن بنانے والا ❷ مہوس ❸ اکسیرگر۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140…

کیمیا گری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سونا چاندی بنانے کا ہنر ❷ زرسازی۔
کین (ف) اسم مونث ❶ نفاق ❷ حسد ❸ دشمنی ❹ بیر ❺ عداوت ❻ کپٹ۔
کینیا (ا) اسم مذکر فاعل ❶ فریب دینے والا ❷ دھوکا دینے والا۔
کینچلی (ہ) اسم مونث ❶ سفید جھلی جو سانپ ہر سال اپنے بدن سے اتارتا ہے ❷ لباس۔
کینچلی بدلنا (ہ) فعل ❶ سانپ کا پرانا پوست اتارنا ❷ ظرافتاً کپڑے بدلنا ❸ پوشاک بدلنا ❹ روپ نکالنا ❺ نکھرنا۔
کینچوا (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو (کیچوا)
کینڈل (ای) اسم مونث ❶ شمع ❷ موم بتی۔
کینڈل پاور (ای) اسم مونث۔ روشنی کی پیائش کی اکائی۔
کینسر (ای) اسم مذکر ❶ سرطان کی بیماری ❷ بھگندر ❸ ناسور ❹ کیکڑا ❺ سرطان۔
کینسل (ای) اسم مونث ❶ منسوخ کرنا ❷ قلمزد کرنا۔
کینوس (ای) اسم مذکر ❶ ولائتی ٹاٹ ❷ کرمچ ❸ وہ موٹا کھردرا کپڑا جو مصور، مصوری اور نقاش وغیرہ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
کینہ (ف) اسم مذکر۔ دیکھو (کین)
کینہ توز (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ کپٹی ❷ حاسد ❸ دل میں بغض رکھنے والا ❹ کینہ کش۔
کینہ رکھنا (ف) اسم مذکر فاعل مفید صفت۔ دشمنی رکھنے والا۔
کینہ ور (ف) اسم صفت فاعلی ❶ دشمنی کرنے والا ❷ حاسد ❸ کینہ رکھنے والا۔
کیوٹی (ہ) اسم مونث۔ وہ دال جو سب قسم کی ملا کر پکائی جائے۔
کیوریٹر (ای) اسم مذکر ❶ عجائب گھر کا منتظم ❷ محافظ ❸ جامعہ کی مجلس انتظامیہ۔
کیوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک درخت اور اس کے خوشبودار پھول کا نام ہے ❷ کیوڑے کا۔
کیولری (ای) اسم مذکر ❶ گھوڑا سوار فوج ❷ سواروں کا رسالہ۔

کیوکا (ہ) اسم مذکر ❶ جننے کا سامان یعنی سونٹھ، میون، سونف، کھی، کھانے گوند وغیرہ۔
کیوکی دال (ہ) اسم مونث ❶ ست رنگی دال ❷ کیوٹی ❸ کئی دالیں ملی ہوئی۔
کیول (س) اسم صفت ❶ ایک ❷ اکیلا ❸ واحد ❹ صرف ❺ علم توحید ❻ بالکل ❼ تمام ❽ کامل۔
کیول گیانی (س) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ موحد ❷ توحید کے ماننے والا۔
کیوں (ہ) کلمہ استفہام ❶ کس لئے ❷ کس سبب سے۔
کیوں اندھا نیوتا کیوں دو بلائے (ا) محاورہ۔ اپنی بے وقوفی سے دگنا نقصان اور خرچ اٹھانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی نہ اندھے کو بلاؤ گے نہ ایک کی بجائے دو آئیں گے۔ کیونکہ اندھا آدمی دوسرے کی مدد کے بغیر تو آ ہی نہیں سکتا۔
کیوں جان نکلتی ہے / کیوں دم نکلتا ہے (ا) محاورہ ❶ کیوں گھبرائے جاتے ہو ❷ کس لئے مرے جاتے ہو ❸ تمہیں کیا پڑی ہے۔
کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو (ہ) محاورہ ❶ کیوں طنز کی باتیں کرتے ہو ❷ کس لئے اتنے اتراتے اور فخر کرتے ہو۔
کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو (ہ) محاورہ ❶ کس لئے ندامت دلاتے ہو ❷ کیوں شرمسار کرتے ہو۔
کیونکر (ہ) تابع فعل ❶ کس طرح ❷ کیسے ❸ کس ڈھنگ سے ❹ کس انداز سے ❺ کس لئے۔
کیونکہ (ہ) حرف علت ❶ اس لئے کہ ❷ اس واسطے کہ ❸ اس سبب سے کہ۔
کیوں نہ ہو (ہ) کلمہ تحسین ❶ واہ واہ ❷ کیا کہنا ہے ❸ سبحان اللہ۔
کیوں نہیں (ہ) تابع فعل ❶ کیا وجہ ❷ کیا بات ❸ ضرور بالضرور ❹ درحقیقت ❺ یقیناً ❻ ایسا ہی ہے ❼ کون انکار کر سکتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218
www.besturdubooks.net

# گ

فارسی کا چھبیسواں اور اردو کا انتیسواں ہندی کا تیسرا حرف ہے۔

گ (ف) اسم مذکر۔ فارسی کا چھبیسواں اور اردو کا انتیسواں ہندی کا تیسرا حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد ک کے برابر یعنی (۲۰ مقرر ہیں۔

## گ ← ا

گا (ہ) علامت مستقبل ہے۔ مصدر گانا کا امر تعظیم کی علامت بھی ہے۔

گابھ (ہ) اسم مذکر۔ جانداروں کا حمل۔

گابھا (ہ) اسم مذکر ① درمیانی حصہ ② لکڑی وغیرہ کا اندرونی گودا ③ درخت کا نیا پتا ④ کچا اناج ⑤ کھڑی کھیتی ⑥ پرانی روئی ⑦ لوگڑ ⑧ روڑ۔

گابھن (ہ) اسم مذکر ① حاملہ حیوان ② پیٹ والی ③ گیا بھن۔

گات (ہ) اسم مونث ① بدن ② سریر ③ جسم ④ پنڈا ⑤ چھاتی ⑥ سینہ ⑦ چوچی ⑧ پستان ⑨ عورت کا اوپر کا دھڑ۔

گات سے ہونا (ہ) فعل ① حاملہ ہونا ② پیٹ سے ہونا ③ گرب ہونا۔

گاتا (ہ) اسم مذکر ① دہی کا چکہ ② کتاب کی جلد ③ کتاب کا پٹھ ④ وصلی ⑤ بیلوں کے جوئے کا ادھر کا ڈنڈا۔

گاتی (ہ) اسم مونث۔ وہ طرز لباس جس میں چادر کو بغلوں کے نیچے سے نکال کر سینہ پر گرہ دے لیتے ہیں۔

گاتی باندھنا/ مارنا/ لگانا (ہ) فعل ① چادر کو سینے اور کمر سے بطرز خاص باندھنا ② کسی کام کے واسطے تیار ہونا ③ مستعد ہونا۔

گاتے گاتے کلاونت ہو ہی جاتا ہے (ہ) محاورہ ① ہر ایک کام اس کی مشق پر موقوف ہے ② بار بار کرنے سے آدمی اس کام میں مشاق اور ماہر ہو ہی جاتا ہے۔

گاج (ہ) اسم مونث ① بجلی ② برق ③ غضب و قہر الٰہی ④ جھاگ ⑤ کف ⑥ کانچ کی چوڑیاں۔

گاج پڑنا (ہ) فعل ① بجلی گرنا ② بجلی کے صدمہ سے مر جانا۔

گاجا باجا (ہ) اسم مذکر ① ڈھول ② تاشے ③ نقارے دبامے وغیرہ کی دھوم دھام۔

گاجر (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی میٹھی جڑ ② گزر ③ زردک ④ تحقیراً کم قیمت اور ادنے چیز۔

گاجر مولی (ہ) اسم مونث ① بے قدر ② کم قیمت ③ ادنے چیز۔

گاجنا (ہ) فعل ① گرجنا ② بادلوں سے رعد کی آواز آنا ③ شیر کا دھاڑنا ④ چنگھاڑنا ⑤ دردکنا ⑥ خوش و خرم ہونا ⑦ (پنجاب) ناگوار اور گراں گزرنا۔

گاچ (ہ) اسم مونث۔ ایک طرح کا باریک جالیدار ریشمی کپڑا۔

گاد (ہ) اسم مونث ① تلچھٹ ② تہ نشین ③ پانی کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد ④ تیل کا میل ⑤ تیل کا چیٹ ⑥ نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل۔

گاڈ (ای) اسم مذکر ① خدا ② رب ③ پرمیشور۔

گاڈز (ای) اسم مذکر ① فرشتے ② موکل ③ رب النوع ④ دیوتا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218



www.bestUrdubooks.net

گار (ف) علامت اسم فاعل ترکیبی۔ جو اسم کے آخر میں آتی ہے۔ جیسے خدمتگار۔

گارا (ہ) اسم مذکر۔ گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں وغیرہ بناتے ہیں۔

گارد (ا) اسم مذکر ❶ انگریزی لفظ گارڈ کا بگاڑ ہے ❷ سنتری ❸ پہرے دار ❹ لشکر کے گرد پہرا دینے والا ❺ دستہ فوج ❻ ایک افسر اور چار سپاہی یا چند سپاہیوں کا مجموعہ ❼ سپاہیوں کے رہنے کی جگہ ❽ چوکی۔

گارڈ (ای) اسم مذکر ❶ ریل کا محافظ ❷ ریلوے ٹرین کا ذمہ دار اور نگہبان۔

گارڈ آف آنر (ای) اسم مذکر۔ وہ فوجی دستہ جو کسی ملک کے سربراہ یا کسی بڑی شخصیت کو مخصوص فوجی انداز میں سلامی دیتا ہے۔

گارڈن (ای) اسم مذکر۔ باغ۔

گارڈینیا (ای) اسم مذکر۔ ایک جھاڑی دار پودا جس کو باغوں اور کوٹھیوں وغیرہ میں باڑھ کے طور پر لگایا جاتا ہے۔

گارڈن پارٹی (ای) اسم مونث۔ وہ ضیافت جو کسی باغ میں دی جائے اس میں پھلوں اور چائے وغیرہ کا اہتمام کیا گیا ہوگا۔

گارڈین (ای) اسم مذکر ❶ محافظ ❷ ولی ❸ سرپرست ❹ نگہبان۔

گارنٹی (ای) اسم مونث ❶ ضمانت ❷ ذمہ داری۔

گاڑا (ہ) اسم مذکر ❶ نومسلم راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے ❷ گھات کھانے والا ❸ گھاتی۔

گاڑنا (ہ) فعل ❶ دفن کرنا ❷ زمین میں دبانا ❸ قبر میں رکھنا ❹ سادھ بنانا ❺ کھڑا کرنا ❻ کھود کر جمانا ❼ زمین میں قائم کرنا ❽ کیل وغیرہ ٹھونکنا ❾ دھسانا۔

گاڑھ (ہ) اسم مونث ❶ مشکل ❷ مصیبت ❸ بھیڑ ❹ غفلت ❺ گاڑھ پن ❻ (بحالت اسم مذکر) کرگہ ❼ کپڑا بننے کی جگہ۔

گاڑھا (ہ) اسم صفت ❶ غلیظ ❷ پتلا کی ضد ❸ گندھ ❹ غفص ❺ ٹھونک کر تیار کیا ہوا کپڑا ❻ گہرا ❼ دلی ❽ جانی ❾ جیسے گاڑھا دوست کٹھن۔

گاڑھی (ہ) اسم مونث صفت۔ گاڑھا کی تانیث۔

گاڑھی چھننا (ہ) فعل ❶ گہری دوستی ہونا ❷ نہایت دشمنی ہونا ❸ گہرا نشہ ہونا ❹ کیچڑ کی سی گاڑھی بھنگ چھاننا۔

گاڑھے ہیں (ہ) محاورہ ❶ زبردست ہیں ❷ مضبوط ہیں ❸ طاقتور ہیں ❹ غالب ہیں ❺ زیادہ ہیں۔

گاڑی (ہ) اسم مونث ❶ لڑھیا ❷ سواری یا اسباب لادنے کی پہیے دار چیز ❸ چھکڑا ❺ بیل گاڑی ❻ گھوڑ گاڑی ❼ ریلوے ٹرین ❽ ریل گاڑی۔

گاڑی بان / گاڑی وان (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ گاڑی ہانکنے والا ❷ کوچوان گاڑی چلانے والا۔

گاڑی بھر (ہ) تابع فعل ❶ بہت سا ❷ نہایت زیادہ ❸ اتنا بوجھ جتنا گاڑی میں جائے۔

گاڑی بھر آشنائی جو بھرنا تا (ا) مثل ❶ ذرا سی رشتہ داری بہت سی دوستی پر غالب آجاتی ہے ❷ رشتہ داری دوستی سے بہتر ہوتی ہے۔

گاڑی چھوٹنا (ہ) فعل۔ ریل گاڑی کا کسی سٹیشن سے روانہ ہونا۔

گاڑی کو دیکھ کر پاؤں پھولنا (ہ) فعل ❶ سہارا دیکھ کر ہمت توڑ بیٹھنا ❷ سواری دیکھ کر تھکنے لگنا۔

گاذر (ف) اسم مذکر ❶ دھوبی ❷ کپڑے دھونے والا۔

گاز (ای) اسم مذکر۔ سوتی دھاگوں سے بنا ہوا کپڑا۔

گاف (ای) اسم مونث ❶ ایک کھیل کا نام جو مخصوص لمبی چھڑی سے کھیلا جاتا ہے ❷ گولف۔

گاگر (ہ) اسم مونث۔ لوہے یا پیتل وغیرہ کا گھڑا۔

گال (ہ) اسم مذکر ❶ رخسار ❷ رخسارہ ❸ (پنجاب) گالی کا مخفف ہے۔

گال بجانا (ہ) فعل ❶ بکواس کرنا ❷ بے ہودہ بکنا ❸ شیخی مارنا ❹ ڈینگ مارنا۔

گال پچک جانا / ٹپک جانا / پچک جانا (ہ) فعل۔ گالوں کا دبلا ہو جانا۔

گال پر گال چڑھنا (ہ) فعل ❶ خوب موٹا تازہ ہو جانا ❷ گالیں پھول جانا۔

گال پھولانا (ہ) فعل ❶ گالوں میں ہوا بھر کر اونچا کر لینا ❷ موٹا ہونا ❸ خفا ہونا ❹ رنجیدہ ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

**گال توڑنا** (ہ) فعل ① زبردستی بوسہ لینا ② زور سے چوما لینا ③ گال میں چٹکی لینا۔

**گال سینکنا** (ہ) فعل ① مبارکباد دینا ② بلائیں لینا ③ ہاتھوں کو گرم کر کے نئے دولھا کے رخساروں پر پھیرنا۔

**گال کاٹنا** (ہ) فعل ① نقصان پہنچانا ② ضرر پہنچانا ③ رخسارہ پر دانت مارنا۔

**گال کرنا** (ہ) فعل ① زباندرازی کرنا ② گالی گلوچ بکنا ③ بے ہودہ بکنا۔

**گال والا جیتے مال والا ہارے** (ہ) مثل۔ زباندراز کے سامنے شریف کا خاموش ہی ہونا پڑتا ہے۔

**گالا** (ہ) اسم مذکر ① دھنکی ہوئی روئی کا گولا ② نہایت سفید برف سا ③ ڈوڈے کے اندر کی موٹی موٹی روئی۔

**گالا سا** (ہ) اسم صفت ① روئی جیسا نرم اور ملائم ② برف سا سفید ③ چٹا۔

**گالا سے بال** (ہ) اسم مذکر۔ بالکل سفید بال۔

**گالم گلوچ** (ہ) اسم مونث ① گالی گفتار ② گالم گلوچ ③ گلوج تابع مہمل ہے۔

**گالو** (ہ) اسم صفت مذکر بواؤ فاعلی ① بے ہودہ گو ② بکواسی ③ شیخی خورا ④ نمودیا۔

**گالی** (ہ) اسم مونث ① بدزبانی ② دشنام ③ فحش بات ④ سٹھنی۔

**گالی دینا/ سنانا** (ہ) فعل ① بری بات منہ سے نکالنا ② دشنام دینا ③ فحش بکنا ④ بدزبانی کرنا۔

**گالی کھانا** (ہ) فعل ① بری بات سہارنا ② دشنام سننا۔

**گالی گفتار/ گالی گلوچ** (ا) اسم مونث ① تو تو میں میں ② آپس میں گالم گلوچ ③ دشنام دہی ④ گالیوں کی لڑائی۔

**گالیاں سہالیاں** (ہ) اسم مونث۔ پیاروں یا معشوقوں کی گالیاں بھی اچھی لگتی ہیں۔

**گالیوں پر اتر آنا** (ہ) فعل۔ برا بھلا کہنے لگ جانا۔

**گالیوں پر منہ کھلنا** (ہ) فعل ① گالیاں دینا ② بدزبانی کرنا۔

**گالیوں کا جھاڑ باندھنا/ گالیوں کی بوچھاڑ کرنا** (ہ) فعل ① متواتر اور مسلسل گالیاں دیئے جانا ② گالیوں کا مینہ برسانا ③ برابر گالیاں دیئے جانا۔

**گام** (ف) اسم مذکر ① پیر ② پاؤں ③ قدم ④ گھوڑے کی ایک چال کا نام ⑤ لگام ⑥ لجام۔

**گانا** (ہ) فعل ① راگ بولنا ② الاپنا ③ شہرت دینا ④ جیسے تم تو اس کو گاتے پھرتے ہو ⑤ سراہنا ⑥ تعریف کرنا ⑦ بپتی کہنا ⑧ جیسے اپنی اپنی سب گاتے ہیں ⑨ (بحالت اسم مذکر) راگ۔

**گانا بجانا** (ہ) اسم مذکر ① راگ رنگ ② (بحالت فعل) راگ گانا ③ ڈوم پنا کرنا۔

**گانٹھ** (ہ) اسم مونث ① جوڑ ② بند ③ گرہ ④ عقدہ ⑤ گنے کی پوریاں ملنے کی جگہ ⑥ گلٹی ⑦ غدود ⑧ عداوت ⑨ نفاق۔

**گانٹھ باندھنا** (ہ) فعل ① گرہ دینا ② یاد رکھنا ③ نکاح کرنا ④ عقد کرنا ⑤ قول واقرار کرنا۔

**گانٹھ پڑنا** (ہ) فعل ① گلجھٹی پڑنا ② ان بن ہونا ③ ناراضگی آ جانا ④ گٹھلیاں پڑ جانا۔

**گانٹھ جوڑنا** (ہ) فعل ① گٹھ جوڑا کرنا ② عقد باندھنا۔

**گانٹھ سے جانا** (ہ) فعل ① گرہ سے جانا ② جیب سے نکل جانا ③ نقصان ہونا ④ پاکٹ سے خرچ ہونا۔

**گانٹھ کا پورا** (ہ) اسم صفت ① مالدار ② امیر ③ دولتمند ④ زوردار۔

**گانٹھ کا پورا عقل کا اندھا** (ہ) محاورہ ① احمق مالدار ② بے وقوف دولتمند ③ سستی چیز کو مہنگی خریدنے والا۔

**گانٹھ کا پیسہ** (ہ) اسم مذکر ① نج کا روپیہ ② ذاتی مال۔

**گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا** (ا) محاورہ ① گرہ سے روپیہ قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے ② قرض محبت کی قینچی ہے۔

**گانٹھ کاٹنا/ گانٹھ کترنا** (ہ) فعل ① جیب کترنا ② ٹھگنا ③ زیادہ قیمت وصول کر لینا۔

**گانٹھ کا کھوٹا** (ہ) فعل ① نقصان کر دینا ② اپنا ذاتی مال برباد کر دینا۔

**گانٹھ کٹنا** (ہ) فعل ① نقصان ہو جانا ② لٹنا ③ ٹھگایا جانا ④ جیب سے چوری ہو جانا ⑤ زیادہ قیمت دی جانا۔

**گانٹھ کرنا** (ہ) فعل ① پرایا مال مارنا ② غیر کا مال کھا جانا ③ مال جمع کرنا ④ جوڑنا ⑤ غبن کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

گانٹھ کھولنا (ہ) فعل ① تھیلی یا کیسہ کی گرہ کھولنا ② عقدہ کشائی کرنا ③ کینہ دور کرنا ④ صفائی کرلینا ⑤ گرہ زد کرنا ⑥ خوب دل کھول کر خرچ کرنا۔

گانٹھ گرہ میں کچھ نہیں (ا) محاورہ ① بالکل قلاش ہے ② مفلس محض ہے ③ پلے کچھ نہیں۔

گانٹھ گھٹیلا (ہ) اسم مونث ① بہت سی گانٹھوں والا ② مضبوط ③ چاق چوبند ④ خوب پکا۔

گانٹھ میں رکھنا (ہ) فعل ① نقدی پاس رکھنا ② مالدار ہونا ③ امیر ہونا۔

گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے (ا) مثل۔ اگر دولت پاس ہے تو دلیر اور داتا ہے ورنہ بے وقوف اور مودھو۔

گانٹھا (ہ) اسم مذکر ① ڈنٹھل ② بھس کے ڈنٹھل ملا غلہ ③ لکڑی کا گرہ دار حصہ۔

گانٹھنا (ہ) فعل ① گرہ لگانا ② باندھنا ③ جوڑنا ④ پیوند لگانا ⑤ مرمت کرنا ⑥ جیسے جوتی گانٹھنا ⑦ مضمون باندھنا ⑧ خیال جوڑنا ⑨ ملانا۔

گانجھا (ہ) اسم مذکر۔ بھنگ کے پھولوں کا نشہ جو حقہ کی طرح پیا جاتا ہے۔

گاندھار (ہ) اسم مذکر۔ راگ کے سات سروں میں سے تیسرا سر جو سینے سے نکلتا ہے۔

گانس لینا / گانسنا (ہ) فعل ① قابو کرنا ② جکڑ لینا ③ گھیر لینا ④ پرونا ⑤ بیندھنا ⑥ سوراخ کرنا۔

گانسی (ہ) اسم مونث ① تیر کی انی ② نوک ③ پیکان۔

گانگن (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا پھوڑا ② دنبل۔

گانو / گانوں / گاؤں (ہ) اسم مذکر ① قریہ ② گام ③ گرام ④ موضع ⑤ پنڈ ⑥ پردیس ⑦ غیر وطن ⑧ غیر ملک۔

گانے والے کا منہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کے پیر (ہ) مثل ① عادت چھپانے سے چھپتی نہیں ② آدمی جیسا ہو ظاہر ہو جاتا ہے ③ ہنر ظاہر ہو کر ہی رہتا ہے۔

گاؤ (ف) اسم مذکر ① بیل ② گائے ③ گئو۔

گاؤ بچھاڑ (ا) اسم مذکر۔ پہلوانوں کی کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔

گاؤ تکیہ (ف) اسم مذکر۔ بڑا تکیہ جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں۔

گاؤ چشم (ف) اسم صفت فاعلی۔ بڑی آنکھوں والا۔

گاؤ خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ① گوسالہ ② باڑا ③ ڈنگر باندھنے کی جگہ۔

گاؤ خورد ہونا (ا) فعل ① گائے کے چرنے میں آ جانا ② گائے کے پیٹ میں چلا جانا ③ برباد ہو جانا ④ جاتا رہنا ⑤ ضائع ہو جانا ⑥ نیست و نابود ہو جانا۔

گاؤ دم (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① ایک سرے سے موٹا دوسرے سے پتلا ② مخروطی ③ گاجر کی شکل کا ④ ایک باجے کا نام بھی ہے ⑤ ترم ⑥ تری۔

گاؤ دیدہ (ف) اسم مذکر بترکیب تشبیہی ① بیل کی آنکھ سے مشابہ ② ایک قسم کی میدے کی خمیری روٹی ہوتی ہے۔

گاؤ زبان (ف) اسم مونث تشبیہی۔ گائے کی زبان کی سی کھردرے پتوں والی ایک بوٹی ہوتی ہے۔

گاؤ زمین (ف) اسم مونث ① عام ہندوستانیوں کے خیال کے مطابق وہ گائے جس کے سینگ پر زمین ٹکی ہوئی ہے ② جب زمین گناہوں سے بھاری ہو جاتی ہے تو وہ سینگ بدلتی ہے ③ اس سے زلزلہ آتا ہے۔

گاؤ زور (ف) اسم صفت تشبیہی ① نہایت زور آور ② بہت طاقتور۔

گاؤ زوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① زور آوری ② توانائی ③ طاقت ④ شہ زوری ⑤ کشتی کے ایک داؤں کا نام بھی ہے۔

گاؤ عنبر (فع) اسم مذکر ① سمندری گائے جس کے گوبر سے بخیال اہل فارس عنبر بنتا ہے ② مجازاً مالدار ③ ہر شخص کو فائدہ پہنچانے والا۔

گاؤ میش (ف) اسم مونث ① بھینس ② جھوٹی۔

گاوا (ا) اسم مذکر فاعل ① گائے کا ② گو کا ③ جیسے گاوا دودھ۔

گاؤدی (ف) اسم صفت ① بے وقوف ② احمق ③ کم سمجھ ④ کند ذہن ⑤ نادان ⑥ ابلہ۔

گاہ (ف) اسم مونث ① گدی ② تخت ③ بادشاہی ④ تخت ⑤ (علامت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

ظرف مکان) وقت زمان❻ صبح❼ فجر❽ (ظرف مکان) جگہ❾ مقام۔

**گاہ بگاہ/گاہ گاہ** (ف) تابع فعل❶ کبھی کبھی❷ کسی کسی وقت❸ کبھی کبھار۔

**گاہ بیگاہ** (ف) تابع فعل❶ وقت بے وقت❷ وقتاً فوقتاً۔

**گاہک** (ہ) اسم مذکر❶ خریدار❷ سودا خریدنے والا❸ مشتری۔

**گاہکی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری❶ خریداری❷ سودا خریدنا۔

**گاہنا** (ہ) فعل❶ اناج پر بیلوں کو پھرانا❷ اناج اور بھوسہ الگ کرنا❸ ملنا❹ مسلنا❺ ڈھونڈنا❻ چھاننا۔

**گاہے** (ف) تابع فعل❶ بھولے چوکے❷ کسی وقت۔

**گاہے گاہے** (ف) تابع فعل۔ دیکھو گاہ بگاہ۔

**گاہے ماہے** (ف) تابع فعل❶ کبھی کبھار❷ مہینے بیس دن بعد❸ گاہ بگاہ۔

**گائڈ** (ای) اسم مذکر❶ رہنما❷ رہبر❸ پیشوا۔

**گاؤن** (ای) اسم مذکر❶ مغربی طرز کا لمبا چغہ❷ جبہ۔ جو عموماً پادری، وکلا، یونیورسٹی کے اراکین اور ڈگری حاصل کرنے والے طلباء خاص موقع پر پہنتے ہیں❸ مغربی عورتوں کا لباس۔

**گائے** (ہ) اسم مونث❶ مادہ گاؤ❷ گئو❸ مجازاً❹ نہایت غریب طبع❺ بے زبان۔



گائے

**گائے جنے اور بیل کی دم پھٹے** (ہ) مثل۔ سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو۔

**گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے** (ہ) مثل❶ مالک کو اپنی تکلیف والی چیز بھی ناگوار نہیں گزرتی❷ ماں باپ کو اپنی اولاد کی پرورش بری معلوم نہیں ہوتی۔

**گائے کی طرح کانپنا** (ہ) فعل❶ نہایت ڈرنا❷ ڈر کے مارے کانپنا ❸ اس طرح کانپنا جیسے قصائی کے سامنے گائے جان کے خوف سے کانپتی ہے۔

**گائے نہ بچھی نیند آئے اچھی** (ہ) مثل۔ نادار آدمی بے خطر آرام سے سوتا ہے۔

**گائتری** (س) اسم مونث۔ رگ وید کا ایک مشہور منتر۔

**گائک** (س) اسم مذکر❶ گانے والا❷ گویا❸ قوال❹ ڈوم❺ میراثی۔

**گائن** (س) اسم مونث❶ گایک کی تانیث❷ گانے والی❸ ڈومنی۔

## گ ← ب

**گبدا** (ہ) اسم صفت❶ بھرا ہوا بدن❷ موٹا تازہ❸ فربہ❹ ملائم گوشت۔

**گبر** (ف) اسم مذکر❶ آگ کی پوجا کرنے والا❷ آتش پرست❸ پارسی۔

**گبر** (ہ) اسم صفت❶ قیمتی❷ بھاری❸ مالدار❹ امیر❺ دولتمند❻ معزز❼ متکبر۔

**گبرو** (ف) اسم صفت❶ نوجوان❷ نوعمر❸ پٹھا❹ نوشہ❺ دولھا❻ خاوند❼ پتی❽ مالک❾ شوہر۔

**گبرون** (ا) اسم مذکر❶ ایک قسم کا موٹا کپڑا❷ لدھیانہ کلاتھ۔

**گبریلا** (ہ) اسم مذکر❶ بھونرے جیسا کالے رنگ کا ایک کیڑا❷ گوبر کا بھونڈ۔

**گبھا** (ہ) اسم مذکر❶ توشک❷ گدا❸ گدیلا❹ روئی دار بسترا۔

## گ ← پ

**گپ** (ف) اسم مونث❶ من گھڑت بات❷ افواہ❸ جھوٹی بات❹ ڈینگ❺ شیخی❻ برائی❼ بکواس❽ بک بک❾ بے ہودہ بات۔

**گپ شپ** (ا) اسم مونث❶ جھوٹی سچی دلچسپ باتیں❷ دل لگی کی باتیں

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

(شپ تابع مہمل ہے)
گپ مارنا/ ہانکنا (ا) فعل ❶ شیخی بگھارنا ❷ ڈینگ مارنا ❸ جھوٹ بولنا۔
گپ چپ (ہ) اسم مونث ❶ گپ بمعنی اندھیرا اور چپ بمعنی خاموش سے مرکب ہے ❷ چپ چاپ ❸ خاموشی ❹ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام بھی ہے۔
گپ چپ کی مٹھائی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں فوراً گھل جاتی ہے۔
گپا گپ (ہ) اسم مذکر ❶ جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز ❷ غپا غپ ❸ بکثرت ❹ بافراط۔
گپت دان (س) اسم مذکر ❶ پوشیدہ خیرات ❷ ایسا دان کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔
گپت مار (ہ) اسم مونث ❶ گجھی مار ❷ بے نشان ❸ ضرب ❹ طعنہ معنہ ❺ طعن تشنیع۔
گپت مال (ہ) اسم مذکر ❶ چھپا خزانہ ❷ دفینہ۔
گپتی (ہ) اسم مونث ❶ وہ تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی ہوئی ہو ❷ عصائے شمشیر۔
گپڑ شپڑ (ہ) اسم مونث ❶ بکواس ❷ لغو باتیں ❸ بے ہودہ باتیں۔
گپھا (ہ) اسم مذکر ❶ غار ❷ کھوہ ❸ شیر یا فقیر کے رہنے کی جگہ ❹ جھاڑی ❺ جنگل ❻ بن ❼ بیلا بند ❽ جھونپڑی۔
گُپھا (ہ) اسم مذکر ❶ پھندیا ❷ ریشم بازری کے تاروں کا پھندا ❸ گلدستہ ❹ گچھا۔
گپھے دار (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ پھندنے والا ❷ گچھے دار ❸ لمبے گھنے بالوں والا۔
گپھا (ہ) اسم مذکر ❶ بہت سی چیز ❷ بہت سا مال ❸ دونوں ہاتھوں کی لپ کے مقدار مال ❹ بہت سا نفع ❺ فائدہ ❻ سود۔
گپی / گپیا (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ شیخی خورا ❷ بے ہودہ گو ❸ لپاٹیا ❹ جھوٹا ❺ بطال۔

## گ ← ت

گت (ہ) اسم مونث ❶ رفتار ❷ چال ❸ حرکت ❹ کیفیت ❺ حالت ❻ کریا کرم ❼ مار پیٹ ❽ زدوکوب ❾ سر۔
گت بجانا (ہ) فعل ❶ سر نکالنا ❷ ساز بجانا ❸ نغمہ بجانا ❹ لے چھیڑنا۔
گت بنانا (ہ) فعل ❶ طرز اختیار کرنا ❷ وضع بنانا ❸ ساز درست کرنا ❹ برا حال کرنا ❺ تمسخر اڑانا ❻ بری بابت کرنا ❼ خراب حالت کرنا ❽ سزا دینا ❾ خوب مارنا پیٹنا۔
گت بھرنا / گت ناچنا (ہ) فعل ❶ کسی ناچ کا ٹھاٹھ بنانا ❷ ناچ کو کسی اصول کے موافق ظاہر کرنا۔
گت کا (ہ) اسم صفت ❶ ڈھنگ کا ❷ طریقہ کا ❸ وضعدار ❹ قابل تعریف ❺ اچھا ❻ عمدہ۔
گت کرنا (ہ) فعل ❶ کریا کرم کرنا ❷ مردے کی تجہیز و تکفین کرنا ❸ استعمال میں لانا ❹ اونے پونے بیچ ڈالنا ❺ مارنا پیٹنا۔
گت ہونا (ہ) فعل ❶ استعمال میں آنا ❷ دام کھڑے ہو جانا ❸ بک جانا ❹ بیتنا ❺ حال پیش آنا ❻ مار کھانا ❼ سزا پانا ❽ نجات ہونا ❾ مکتی ہونا۔
گتکا (ہ) اسم مذکر ❶ گدکا ❷ چمڑا چڑھی ہوئی لکڑی ❸ سونٹا ❹ پٹا کھیلنے کی لکڑی۔
گتھم گتھا (ہ) اسم صفت ❶ کشتم کشتا ❷ غت پٹ ❸ باہم لپٹ جھپٹ۔
گتھنا (ہ) فعل ❶ غت پٹ ہونا ❷ آپس میں لپٹنا ❸ پرو دیا جانا ❹ نتھی ہونا ❺ ہار گندھنا ❻ خیال میں محو ہونا ❼ ڈوبنا ❽ غرق ہونا۔
گتھوان (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ خوب بٹا ہوا ❷ ملایا ہوا ❸ گونتھا ہوا۔
گتھی (ہ) اسم مونث ❶ گرہ ❷ الجھن ❸ گلجھٹی ❹ گنجلک۔
گتھی پڑنا (ہ) فعل ❶ الجھنا ❷ سوت میں گرہ پڑنا ❸ بات کا پیچیدہ ہونا ❹ معاملہ الجھنا ❺ دل میں فرق آنا ❻ دل میں گرہ پڑنا۔
گتی (س) اسم مونث ❶ نجات ❷ مکتی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124907218

گنتیا (ہ) اسم مذکر ① طبلہ بجانے والا ② طبلچی۔

## گ ← ٹ

گٹا (ہ) اسم مذکر ① ٹخنا ② ٹخنے کی ہڈی ③ ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کا جوڑ ④ کلائی کا جوڑ ⑤ حقے اور نیچہ کی دونوں نلیوں کے ملاپ کی جگہ ⑥ کاک ⑦ ڈاٹ ⑧ بوتل کی ڈاٹ ⑨ ایک قسم کی مٹھائی۔

گٹا (ہ) اسم صفت ① پست قد ② ٹھگنا ③ ناٹا ④ گٹکینی ⑤ گٹکی۔

گٹ پٹ (ا) اسم مونث۔ ظرافتاً۔ انگریزی زبان کی گفتگو۔

گٹ پٹ (ہ) اسم صفت ① گڈمڈ ② غٹ پٹ ③ گتھم گتھا۔

گٹرگوں (ہ) اسم مذکر صوت۔ نر کبوتر کے گونجنے کی آواز۔

گٹر (ای) اسم مونث ① بدرو ② نالی ③ موری ④ پرنالہ۔

گٹکا (ہ) اسم مذکر ① دوا کی بڑی گولی ② گولی ③ انٹا ④ شطرنج کا مہرہ ⑤ چوپڑ کی گٹ ⑥ مختصر کتاب ⑦ پاکٹ بک ⑧ جادو منتر کھولنا ⑨ دودھ کا ایک گھونٹ۔

گٹکری (ہ) اسم مونث ① وہ پیچدار آواز جو گاتے وقت گویوں کے گلے سے لہرا کر نکلتی ہے ② لہراتی ہوئی آواز۔

گٹکنا (ہ) فعل ① نگلنا ② گلے سے اتارنا ③ کبوتر کا بولنا ④ غٹرغوں کرنا۔

گٹ گٹ (ہ) اسم مونث ① جلد جلد پینے کی آواز ② پتلی چیز کے حلق سے اتارنے کی آواز ③ صراحی بوتل وغیرہ چھوٹے منہ کے برتن سے پتلی شے کے نکلنے کی آواز۔

گٹھ (ہ) اسم مونث۔ گانٹھ کا مخفف ہے گرہ۔

گٹھ جوڑا (ہ) اسم مذکر ① ہندوؤں میں پھیروں کے وقت دولھا دولھن کے آنچلوں میں جوڑا لگانے کی غرض سے دی ہوئی گرہ ② بندھن ③ میاں بیوی ④ دولھا دولھن میل جول ⑤ ساتھ ⑥ محبت ⑦ ہمراہی۔

گٹھ کترا / گٹھ کٹا (ہ) اسم مذکر ① اچکا ② جیب کترا ③ گرہ بر ④ چوٹا۔

گٹھا (ہ) اسم مذکر ① کسی چیز کا بڑا گٹھڑ ② وجہ ③ بقچہ ④ پیاز ⑤ لہسن کی گانٹھ ⑥ تین گز کا طول ⑦ پیمانہ ⑧ جریب کا بیسواں حصہ۔

گٹھانا (ہ) فعل ① جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا ② پیوند لگوانا ③ سلوانا۔

گٹھڑ (ہ) اسم مذکر ① گٹھڑی کا اسم مکبر گٹھا ② انبار ③ بوجھ ④ بڑی گٹھڑی۔

گٹھڑی (ہ) اسم مونث ① بقچی ② پوٹ ③ پونجی ④ جمع ⑤ اندازہ ⑥ مقدار ⑦ ایک قسم کی تیرائی۔

گٹھڑی باندھنا (ہ) فعل ① پوٹ باندھنا ② گناہوں کا انبار سر پر دھرنا ③ رمایہ جمع کرنا ④ مال اکٹھا کرنا ⑤ سفر کو تیار ہونا ⑥ استر بستر باندھنا۔

گٹھڑی حلال بقچہ حرام / گٹھڑی حلال بقچہ مردار (ا) مثل ① بیگانہ ② زیادہ مال تو حلال سمجھ کر ہضم اور تھوڑی چیز حرام جان کر چھوڑ دینا ③ تھوڑے میں ایماندار اور بہت میں بے ایمانی۔

گٹھل (ہ) اسم صفت ① بڑی گٹھلی والا پھل ② بے مغز ③ کند ذہن ④ (بحالت اسم مذکر) گانٹھ ⑤ گلٹی ⑥ غدود ⑦ بڑی گٹھلی۔

گٹھلی (ہ) اسم مونث ① پھل کا بیج ② تخم ثمر ③ سدہ ④ گانٹھ ⑤ غدود ⑥ گلٹی۔

گٹھنا (ہ) فعل ① پیوند لگنا ② مرمت ہونا ③ موٹا ٹانکا بھرا جانا ④ جڑنا ⑤ ملنا ⑥ سازش ہونا ⑦ یار بننا ⑧ جفتی ہونا ⑨ جٹنا۔

گٹھی (ہ) اسم مونث ① گرہ ② گانٹھ ③ جوڑ ④ بند۔

گٹھیا (ہ) اسم مونث ① جوڑوں کا درد ② گٹھڑی کی تصغیر ③ پوٹلی ④ چھوٹی گٹھڑی۔

گٹھیلا (ہ) اسم صفت ① گانٹھوں والا ② گرہ دار ③ قوی ④ مضبوط ⑤ کمایا ہوا۔

گٹی (ہ) اسم مونث ① بھرکی ریل جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے ② چلم کی روڑی۔

## گ ← ج

گج (س) اسم مذکر ① ہاتھی ② فیل۔

گج باگ / بانک (ہ) اسم مذکر ① ہاتھی کو چلانے اور قابو میں رکھنے کا

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149072218

آلہ۔



گج

**گج پتی** (س) اسم مذکر ❶ ہاتھیوں کا راجہ ❷ سب سے بڑا ہاتھی ❸ مہاوت ❹ فیلبان۔

**گج دنت** (س) اسم مذکر ❶ ہاتھی دانت ❷ عاج۔

**گج راج** (س) اسم مذکر۔ بڑا ہاتھی۔

**گج تال** (ہ) اسم مونث ❶ بہت بڑی جنگی توپ ❷ قلعہ شکن توپ۔

**گجر** (ہ) اسم مذکر ❶ چار و آٹھ دوبارہ بجنے پر گھنٹے کا دوبارہ بجنا ❷ صبح ہونا ❸ تڑکا ہونا ❹ صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا۔

**گجر دم/گجر بجے** (ا) اسم مذکر ظرف ❶ بہت سویرے ❷ تڑکے ❸ علی الصباح ❹ سویرے سویرے۔

**گجر** (ہ) اسم مونث ❶ گاجر کا مخفف ❷ گزر۔

**گجر بھت/گجریلا** (ہ) اسم مونث ❶ کدوکش میں نکالی ہوئی گاجریں ❷ چاولوں اور دودھ کے ساتھ پکی ہوئی۔

**گجرا** (ہ) اسم مذکر ❶ گاجروں کا پتا ❷ گاجر کا سبزہ ❸ پھولوں کا ہار ❹ کلائی میں پہننے کا زیور ❺ پھولوں کے کنگن۔

**گجری** (ہ) اسم مونث ❶ گوجر کی عورت ❷ گوجری۔

**گجگجا** (ہ) اسم صفت ❶ گلگلا ❷ نمدار ❸ گیلا گیلا ❹ کرارا کی ضد ❺ کسی رینگنے والے کیڑے کے جسم کی نمی ❻ کچا ❼ نیم پختہ۔

**گجگجانا** (ہ) فعل ❶ کیڑوں کا رینگنا ❷ کیڑوں کا کلبلانا۔

**گجھا** (ہ) اسم مذکر ❶ بہت سا مال ❷ دولت ❸ خزانہ ❹ ایک دم جمع شدہ بہت سا مال ❺ انبار ❻ ڈھیر ❼ تھیلا۔

**گجھا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ پوشیدہ ❷ مخفی ❸ چھپا ہوا۔

**گجھی** (ہ) اسم صفت مونث ❶ پوشیدہ ❷ اندرونی ❸ گپتی۔

**گجھی گرمی** (ہ) اسم مونث ❶ حبس والی گرمی ❷ جو بظاہر معلوم نہ ہو۔

**گجھی مار** (ہ) اسم مونث ❶ اندرونی ضرب ❷ ضرب بھیتری ❸ مار جس کا نشان ظاہر نہ ہو۔

**گجئی** (ہ) اسم مونث ❶ کان سلائی ❷ کنسلائی ❸ ایک برساتی کیڑے کا نام ہے۔

**گجنی** (ہ) اسم مونث ❶ مٹی ڈھیلا ❷ ملتانی مٹی۔

**گجوا** (ہ) اسم مذکر ❶ ناک کی غلاظت ❷ میل یا چوہا۔

**گجئی** (ہ) اسم مذکر۔ گیہوں اور جو ملے ہوئے۔

**گجیا** (ہ) اسم مونث ❶ سموسہ ❷ ایک قسم کا پکوان ❸ کان کی چھوٹی سی بالی۔

## گ ← چ

**گچ** (ف اورہ) اسم مذکر ❶ چونہ ❷ پکی چھت ❸ پکا فرش ❹ پختہ دیوار۔

**گچ کاری** (ا) اسم مونث۔ چونے کا کام۔

**گچا کا** (ہ) اسم مونث ❶ جوانی میں بھری ہوئی عورت ❷ نوعمر عورت ❸ نوجوانی نوچی۔

**گچا گچ** (ہ) اسم مونث ❶ تلوار یا خنجر کے جسم میں گھسنے کی آواز ❷ نرم گوشت میں کسی چیز کے گھسنے کی آواز۔

**گچ پچ/گچھ پچ** (ہ) اسم مذکر ❶ بہت بھیڑ ❷ ازدحام ❸ کھچا کھچ۔

**گچھا** (ہ) اسم مذکر ❶ اناج کی بال ❷ خوشہ ❸ سنبلہ ❹ بھیڑ ❺ غول ❻ انبوہ ❼ پھندنا ❽ چھبا ❾ تاگوں کا ڈھیر۔

**گچی** (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹے منہ کا ذرا سا گڑھا ❷ بچوں کا کوڑیاں کھیلنے کا گڑھا۔

**گچی آنکھ** (ہ) اسم مونث۔ چھوٹی آنکھ۔

## گ ← د

**گد** (ہ) اسم مونث صوت ❶ کسی چیز کے زمین پر گرنے کی آواز ❷ دھم ❸ دھڑام۔

**گدا/گدھا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی چلتی لے والا گیت۔

Join us on whatsapp Naveed Dar 03249077218

**گدا** (ف) اسم مذکر ① منگا ② بھکاری ③ فقیر۔

**گداگری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھیک مانگنا ② بھیک مانگنے کا کام ③ فقیری ④ ٹکڑگدائی۔

**گدا** (ہ) اسم مذکر ① گیہوں جوار وغیرہ کا نیم پختہ خوشہ ② گدرایا ہوا خوشہ ③ گدیلا ④ توشک ⑤ روئی دار بستر ⑥ چڑی کی پولی ⑦ مشت ⑧ قفا۔

**گدا** (ہ) اسم مذکر ① موٹا ٹہنا ② ڈالا ③ درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ ④ ٹہنا ⑤ مکا۔

**گداز** (ف) اسم صفت ① گھلا ہوا ② پگھلا ہوا ③ ملائم ④ نرم ⑤ مرکبات میں بمعنی اسم فاعل ترکیبی۔

**گداکا** (ہ) اسم صفت ① فربہ اندام اور سڈول جسم والا ② نوخیز معشوق ③ گبرو ④ پٹھا ⑤ نوخیز۔

**گداگد** (ہ) اسم مونث صوت ① لگاتار گرنے کی آواز ② مسلسل ③ لگاتار ④ متواتر۔

**گدالا** (ہ) اسم مذکر۔ دورخی کدال جس سے زمین کھودتے یا دیوار گراتے ہیں۔

**گدائی** (ف) اسم مونث ① فقیری ② بھیک مانگنا۔

**گدبد** (ہ) تابع فعل۔ لگاتار گرنے کی آواز۔

**گدر** (ہ) اسم صفت ① ادھ پکا ② ادھ کچرا ③ نیم پختہ ④ گدرایا ہوا ⑤ ملائم۔

**گدرانا** (ہ) فعل ① پھل کا پکنے کے قریب ہو جانا ② نیم پختہ ہو جانا ③ گدر ہو جانا ④ جوانی میں بھرنا ⑤ بدن بھرنا ⑥ گیدا ہو جانا ⑦ گداز ہونا ⑧ آنکھ میں گدلا پن آنا ⑨ آنکھ دکھنے کو آنا۔

**گدڑی** (ہ) اسم مونث ① بہت سے پیوندوں والا فقرا کا لباس ② خرقہ ③ دلق ④ پھٹی ہوئی رضائی۔

**گدڑی میں لال** (ہ) اسم مذکر۔ نالائقوں میں لائق۔

**گدڑیا** (ہ) اسم صفت فاعلی ① گدڑی رکھنے والا ② پھٹے حال میں رہنے والا ③ پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا ④ گدڑی کی حقارتاً تصغیر بھی ہے۔

**گدکا** (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو (گتکا)

**گدگدا** (ہ) اسم صفت ① نرم ملائم ② گداز۔

**گدگدانا** (ہ) فعل ① پیٹ بغل وغیرہ کو انگلیوں سے چھو کر ہنسی دلانا ② خوش کرنا ③ ہنسانا ④ ابھارنا ⑤ بھڑکانا ⑥ چھیڑنا ⑦ مذاق کرنا ⑧ شوق بڑھانا۔

**گدگداہٹ** (ہ) اسم مونث ① حاصل مصدر گدگدانا سے ② گدگدی ③ گدگدی کے اثر۔

**گدگدائیے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے** (ہ) مثل۔ ہنسی مذاق اس حد تک اچھا ہے کہ دوسرے کو ناگوار نہ گزرے۔

**گدگدے** (ہ) اسم مذکر ① ابلی ہوئی جوار ② جوار کی گھنگیا ③ (بحالت جمع) گدگدا کی جمع۔

**گدگدی** (ہ) اسم مونث ① بغل یا تلوے یا پیٹ میں انگلیوں سے چھونے کی ہنسی ② لہر ③ شوق۔

**گدگدی کرنا** (ہ) فعل ① جسم کو چھو کر ہنسانا ② گدگدانا ③ چھیڑنا۔

**گدگدی دل میں ہونا** (ہ) فعل ① امنگ ہونا ② شوق پیدا ہونا ③ خود بخود ہنسی آنا۔

**گدلا** (ہ) اسم صفت ① گادملا ہوا ② میلا ③ مکدر ④ گاڑھا ⑤ غلیظ۔

**گدلاپن** (ہ) اسم مذکر مصدری ① میل ② کدورت ③ کیچ۔

**گدلانا** (ہ) فعل ① پانی کا میلا ہونا ② پانی کو مکدر کرنا ③ گنگھولنا ④ لازم ومتعدی دونوں معنی میں مستعمل ہے۔

**گدھ** (ہ) اسم مذکر ① چیل کی قسم کا ایک مردار خور پرندہ ② کرگس۔



گدھ

**گدھا** (ہ) اسم مذکر ① خر ② (بحالت صفت) بے وقوف ③ مورکھ ④ نادان ⑤ احمق ⑥ الو ⑦ گدھے کا بوجھ ⑧ بورا ⑨ جیسے مٹی کے دو گدھے ڈلوا دو۔

**گدھا برسات میں بھوکا مرے** (ہ) محاورہ ① اپنے وہم سے خود مصیبت میں پڑنے والا ② احمق کی نسبت بولتے ہیں۔

**گدھا پن** (ہ) اسم مذکر ① بے وقوفی ② حماقت ③ نادانی ④ مورکھ پن۔

**گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا** (ہ) محاورہ۔ احمق ادب دینے سے عاقل نہیں ہوسکتا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149072189

www.besturdubooks.net

گدھا دھونے سے بچھڑا نہیں ہوتا (ہ) محاورہ ❶ رذیل کبھی شریف نہیں ہوسکتا ❷ سجاوٹ اور آرائش کے باوجود بری چیز بری ہی رہتی ہے۔

گدھا کیا جانے زعفران کی قدر (ا) محاورہ۔ احمق کسی عزت و مرتبہ کی قدر نہیں جانتا۔

گدھا گھوڑا ایک بھاؤ / گدھا گھوڑا برابر (ا) مثل ❶ ظلم اور ناقدر شناسی اور بدتمیزی کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔ یعنی اچھے برے سب برابر ہوگئے ❷ سب کے ساتھ یکساں سلوک۔

گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو (ہ) مثل۔ نقصان کسی کا ہو اور جی کوئی کڑھائے۔

گدھوں کے ہل چلنا / پھرنا (ہ) فعل ❶ نہایت ویران ہونا ❷ ایسا تباہ و برباد ہو جانا کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔

گدھے پر کتابیں لادنا (ا) فعل ❶ علم پڑھ کر اس پر عمل نہ کرنا ❷ احمق کو علم پڑھانا۔

گدھے پر سوار کرنا / چڑھانا (ہ) فعل ❶ رسوا کرنا ❷ بدنام کرنا ❸ ذلیل کرنا ❹ تشہیر کرنا۔

گدھے کو انگوری باغ / گدھے کو پوری حلوا / خشکہ / گلقند (ا) محاورہ ❶ احمق کو اور مرتبہ ❷ نالائق کو بڑا کام ❸ بے وقوف کو اور یہ رتبہ۔

گدھے کو باپ بنانا (ا) محاورہ۔ کام نکلنے کے لیے بے وقوف کی منت سماجت کرنا۔

گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا (ہ) فعل۔ بدوں سے بھلائی کر کے برائی پانا۔

گدھے کو گدھا کھجاتا ہے (ہ) محاورہ۔ احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

گدھے کو گدھا کھجائے ترت بدلہ پائے (ہ) مثل۔ احسان کے فوری بدلے پر بولا کرتے ہیں۔

گدھے کے کھلائے کا پاپ نہ پن (ہ) محاورہ۔ احمق سے نیک سلوک کرنا نہ کرنا دونوں برابر ہیں۔

گدھے کی یاری لاتوں کی سنسناہٹ (ا) مثل۔ نادان شخص کی دوستی میں نقصان ہی ہوتا ہے۔

گدھے کے ہل چلوانا (ہ) فعل ❶ کسی شہر کو برباد اور تباہ کرانا ❷ آباد جگہ کو اجاڑ دینا۔

گدھی (ہ) اسم مونث ❶ گدھا کی مونث ❷ مادہ خر ❸ کھوتی ❹ احمق عورت۔

گدھی گدھے کا بیاہ (ہ) اسم مذکر۔ دھوپ میں بارش ہونے کے وقت بچے اسے کہا کرتے ہیں۔

گدھیا (ہ) اسم مونث ❶ گدھی ❷ مادہ خر ❸ کھوتی۔

گُدی (ہ) اسم مونث ❶ سر کا پچھلا حصہ ❷ قفا ❸ پشت گردن۔

گُدی بھانا / ناپنا (ہ) فعل ❶ گدی پر دھپے لگانا ❷ چپت لگانا۔

گُدی پیچھے مت ہونا (ہ) فعل ❶ ناقص عقل ہونا ❷ سمجھ سے خالی ہونا ❸ بے عقل ہونا۔

گُدی سے زبان کھچا / نکالنا (ہ) فعل ❶ سخت سزا دینا ❷ سزائے موت دینا۔

گَدی (ہ) اسم مونث ❶ مسند حکومت ❷ تخت شاہی ❸ سنگھاسن ❹ گدیلا ❺ مسند ❻ گدا ❼ کپڑے یا روئی یا کاغذ کی تہ۔

گدی پر بیٹھنا (ہ) فعل ❶ کسی پیر یا گرو یا بزرگ کے بعد اس کا جانشین ہونا ❷ راجہ ہونا ❸ تخت پر بیٹھنا ❹ مسند حکومت پر جلوہ فرمانا۔

گدی نشین (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ تخت نشین ❷ حکومت کی گدی پر بیٹھنے والا ❸ درویشوں پیروں وغیرہ کا جانشین۔

گدی نشینی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تخت نشینی ❷ حکومت ❸ ملکی اختیار ❹ پیر کی جانشینی۔

گدیلا (ہ) اسم مذکر ❶ توشک ❷ روئی کا گدا ❸ ہاتھی کے اوپر رکھنے کا گدا۔

گدیہ (ف) اسم مذکر ❶ گدائی کرنا ❷ بھیک مانگنا۔

## گ ← ڈ

گڈ (ہ) اسم مونث ❶ گاڑی کا مخفف ❷ چھکڑا گاڑی۔

گڈوالا (ہ) اسم مذکر ❶ گاڑی بان ❷ بہلیاں ❸ بہلی یا چھکڑا چلانے والا۔

گڈ (ای) اسم صفت ❶ اچھا ❷ عمدہ ❸ خوب ❹ نفیس ❺ نیک ❻

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

پارسا⑦ اشراف⑧ شریف⑨ مفید۔

گڈ آفٹر نون (ای) اسم مونث① انگریزوں کا تیسرے پہر کا سلام② سہ پہر راحت سے گزرے۔

گڈ ایوننگ (ای) اسم مونث① انگریزوں کا شام کا سلام② شام خیریت سے گزرے۔

گڈ بائی (ہ) اسم مونث① اللہ بیلی② خدا حافظ③ اللہ نگہبان④ سلام رخصت ہے۔

گڈ فرائی ڈے (ای) اسم مذکر ظرف① جمعہ کا دن② جس میں حضرت عیسے علیہ السلام مصلوب ہوئے③ شب شہادت عیسٰے۔

گڈ مورننگ (ای) اسم مونث① صبح کا سلام② صبح سلامتی سے گزرے۔

گڈ نائٹ (ای) اسم مونث① رات کا سلام② رات سلامتی سے گزرے۔

گڈا (پ) اسم مذکر① بوجھ لادنے کی گاڑی② چھکڑا③ مٹھا④ بنڈل⑤ گٹھا⑥ پولی۔

گڈا (ہ) اسم مذکر① بت② پتلا③ کپڑے کا بنا ہوا آدمی کی صورت کا بت جس سے لڑکیاں کھیلا کرتی ہیں④ رسوائی اور بدنام کرنے کا پتلا جو بھاٹ اور ڈوم بنا کر لکڑی سے باندھتے اور تشہیر کرتے ہیں۔

گڈا بنانا (ہ) فعل① رسوا کرنا② بدنام کرنا③ فضیحت کرنا۔

گڈبڈ (ہ) اسم صفت① خلط ملط② ملا جلا③ گڈمڈ۔

گڈریا (ہ) اسم مذکر① بکریاں چرانے والا② چرواہا③ راعی④ شبان۔

گڈرن (ہ) اسم مونث① گڈریا کی جورو② گڈریا کی مونث۔

گڈس آفس (ای) اسم مذکر ظرف① مال کا دفتر② ریلوے مال گودام کا دفتر③ مال روانہ کرنے اور آنے کا دفتر۔

گڈس ٹرین (ای) اسم مونث① مال گاڑی② اسباب لانے اور لے جانے والی ریل گاڑی۔

گڈس کلرک (ای) اسم مذکر۔ مال گودام کا بابو۔

گڈمڈ (ہ) اسم صفت① ملا جلا② مخلوط③ خلط ملط④ گھلا ملا۔

گڈمڈ ہونا (ہ) فعل① مخلوط ہونا② ملنا جلنا③ گتھنا④ جڑنا۔

گڈھ/گڑھ (ہ) اسم مذکر① قلعہ② کوٹ③ حصار④ چھوٹا قلعہ⑤ گڑھی۔

گڈھی (ہ) اسم مونث① گڈھ کی تصغیر② چھوٹا قلعہ③ کوٹ④ کوٹلہ۔

گڈی (ہ) اسم مونث① مٹھا② پولی③ بنڈل④ کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ⑤ گاڑی⑥ چھکڑا۔

گڈی (ہ) اسم مونث① گھٹنے کی ہڈی② ہڈیوں کے جوڑ③ ایک قسم کی پتنگ④ ایک قسم کا چھوٹا حقہ⑤ سرسری⑥ پرندے کا دونوں بازو سمیٹ کر نیچے گرنے کی حالت۔

## گ ← ذ

گذارش (ف) اسم مونث① ادا کرنا② شرح③ تشریح کرنا④ اصطلاحاً عرض⑤ درخواست⑥ التجا⑦ بیان⑧ اظہار۔

گذاشتنی (ف) اسم صفت بیائے قابلیت۔ چھوڑ دینے اور معاف کر دینے کے قابل۔

گذشتنی (ف) اسم صفت بیائے قابلیت① گزرنے کے قابل② فانی۔

گذشتہ (ف) اسم صفت مفعولی① گزرا ہوا② ماضی③ سابقہ④ پچھلا۔

گذشتہ را صلوٰۃ آیندہ را احتیاط (ف) محاورہ۔ پچھلی باتیں جانے دو آئندہ محتاط رہو۔

## گ ← ر

گر (ہ) اسم مذکر① پہاڑ② پربت③ کوہ④ جبل۔

گر (ف) علامت فاعل ترکیبی① گار کا مخفف بمعنی والا② کنندہ③ عموماً پیشہ کے واسطے جیسے قلعی گر④ زرگر⑤ بنانے والا⑥ جیسے بادشاہ گر⑦ حرف شرط اگر کا مخفف بھی ہے۔

گر (ہ) اسم مذکر① گرو کا مخفف ہے② پیر③ مرشد④ رہنما⑤ ہادی⑥ استاد⑦ معلوم⑧ کلیہ⑨ قاعدہ۔

گر بھائی (ہ) اسم مذکر① پیر بھائی② ایک ہی گرو کے چیلے③ استاد بھائی④ کلاس فیلو⑤ ہم جماعت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig

گُردوارہ (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ گرو کے رہنے کی جگہ ❷ سکھوں کا دھرم سالہ ❸ گرنتھ صاحب کا مکان۔

گُر گُر بدا/ سر سر گیان (ہ) فعل ❶ ہر شخص کی رائے جدا جدا ہوتی ہے ❷ ہر استاد کا علم جدا اور ہر سر میں عقل مختلف ہوتی ہے۔

گُرو گُڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے (ہ) مثل ❶ شاگرد استاد سے بڑھ گیا ❷ ادنٰے اعلٰے رتبہ کو پہنچ گیا۔

گُرگیان (ہ) اسم مذکر ❶ پیرانہ پند ❷ پند بزرگان ❸ مرشد کی دینی تعلیم ❹ مرشدانہ نصیحت۔

گُرمکھی (ہ) اسم مونث ❶ گرو کی زبان ❷ گرو کی بولی ❸ بابا نانک صاحب کی پنجابی زبان جس میں گرنتھ لکھا گیا ہے ❹ پنجابی زبان کے ہندی حروف۔

گُرمنتر (ہ) اسم مذکر ❶ پیر کی ہدایت ❷ تلقین مرشد ❸ گرا پدیش۔

گُراب (ا) اسم مذکر۔ توپ کا گولہ جس میں بہت سی گولیاں وغیرہ بھری ہوں۔

گرا پڑا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ افتادہ ❷ خوار ❸ ذلیل ❹ حقیر ❺ بے قدر ❻ کمینہ۔

گراس (ہ) اسم مذکر ❶ نوالہ ❷ لقمہ۔

گراس (ای) اسم مونث ❶ ہری گھانس ❷ گیاہ۔

گراس کٹ/ گراس کٹر (ای) اسم مذکر ❶ گراس کٹر سے بگڑا ہے ❷ گھسیارا ❸ گھانس کھودنے والا ❹ سائیں۔

گراف (ای) اسم مذکر ❶ خاکہ ❷ وہ علامتی خاکہ جو اعداد و شمار کی مدد سے تیار کیا جاتا ہے۔

گرام (س) اسم مذکر ❶ گاؤں ❷ موضع ❸ دہ ❹ قریہ ❺ بستی ❻ کھیڑا ❼ راگ کی اٹھان ❽ راگ کے سروں کا مجموعہ۔

گرامر (ای) اسم مذکر ❶ زبان کے قواعد ❷ گرائمر ❸ صرف و نحو۔

گراموفون (ای) اسم مذکر۔ موسیقی کا ایک آلہ جو ریکارڈ سے آواز نکالتا ہے۔

گرامی (ف) اسم صفت ❶ عزیز ❷ پیارا ❸ لاڈلا ❹ محبوب ❺ بزرگ ❻ محترم ❼ مخدوم ❽ مکرم۔

گراں (ف) اسم صفت ❶ بھاری ❷ بوجھل ❸ سبک ❹ حقیقت کی ضد ❺ مہنگا ❻ بیش قیمت ❼ ارزاں کی ضد ❽ دوبھر ❾ ناگوار۔

گراں بار (ف) اسم صفت فاعل ❶ بھاری بوجھ میں لدا ہوا ❷ پھل لانے والا ❸ باردار ❹ حاملہ ❺ امیر ❻ دولتمند۔

گراں بہا (ف) اسم صفت فاعلی ❶ بیش قیمت ❷ بیش بہا ❸ قیمتی ❹ عمدہ ❺ قابل قدر۔

گراں جاں (ف) اسم صفت فاعلی ❶ سخت جان ❷ دیر میں مرنے والا ❸ بوڑھا اور بے حیا زندگی والا ❹ بیمار ❺ جان سے تنگ۔

گراں جانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بیحیائی ❷ بے شرمی ❸ سخت جانی۔

گراں خاطر (ف) اسم صفت فاعلی ❶ دوبھر ❷ اجیرن ❸ ناگوار طبع ❹ ناراض ❺ رنجیدہ ❻ مکدر۔

گراں گزرنا/ معلوم ہونا (ا) فعل ❶ برا لگنا ❷ دوبھر معلوم ہونا ❸ ناپسند ہونا ❹ ناگوار گزرنا۔

گراں ہونا (ا) فعل ❶ ناگوار ہونا ❷ دوبھر ہونا ❸ مہنگا ہونا ❹ بھاؤ چڑھنا ❺ نرخ بڑھنا۔

گرانا (ہ) فعل ❶ ڈالنا ❷ پھینکنا ❸ دے مارنا ❹ پٹخنا ❺ ٹپکنا ❻ ڈھانا ❼ منہدم کرنا ❽ درجہ یا قیمت کم کرنا ❾ گھٹانا۔

گرانٹ (ای) اسم مونث ❶ منظوری ❷ مالی اعانت۔

گرانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مہنگا پن ❷ بھاؤ کی تیزی ❸ کمی ❹ توڑا ❺ قلت ❻ بدہضمی ❼ پیٹ کا بوجھ ❽ قحط ❾ کال۔

گرانئ خاطر/ طبع (ا) اسم مونث ❶ بیزاری ❷ نفرت ❸ طبیعت کی ناراضگی ❹ ناپسندیدگی۔

گراؤنڈ (ای) اسم مذکر ❶ میدان ❷ زمین کا نقشہ ❸ بنیاد ❹ دلیل ❺ زمین۔

گراہ (ہ) اسم مذکر ❶ مگرمچھ ❷ گھڑیال ❸ نہنگ۔

گرائی (ف) اسم مونث ❶ گیرائی کا مخفف ❷ پکڑ ❸ گرفتاری ❹ محکم ٹھگی۔

گرب (س) اسم مذکر ❶ گھمنڈ ❷ غرور ❸ تکبر ❹ گمان ❺ حمل ❻ بار ❼ پیٹ۔

گربہ (ف) اسم مونث ❶ بلی ❷ پوسی ❸ مانو ❹ چوہوں کو پکڑ کر کھا جانے

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

والا جانور۔

گربہ چشم (ف) اسم صفت ❶ کرنجی آنکھوں والا ❷ نیلی آنکھوں والا ❸ بلی جیسی آنکھوں والا۔

گربہ کشتن روز اول (ف) فعل۔ رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھ سکتا ہے۔

گربہ مسکین (ف) اسم صفت ❶ مکار ❷ فریبی ❸ دیکھنے میں غریب اور افعال میں شریر۔

گربھ (س) اسم مذکر ❶ حمل ❷ پیٹ ❸ کچا بچہ ❹ جنین۔

گرپ (ای) اسم مذکر ❶ جھنڈ ❷ مجمع۔

گر پڑ کر/ گرتا پڑتا (ہ) تابع فعل ❶ خدا خدا کر کے ❷ بڑی مشکل سے ❸ مصیبت جھیل کر ❹ بمشکل تمام۔

گرتا پڑتا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ جلدی وشتابی دوڑتا لپکتا ہوا ❷ افتاں و خیزاں۔

گر پڑنا (ہ) فعل ❶ زمین پر آ پڑنا ❷ ڈھے جانا ❸ نہایت کمزور ہو جانا ❹ تباہ ہو جانا ❺ برباد ہو جانا۔

گرج (ہ) اسم مونث ❶ بجلی کی آواز ❷ کڑک ❸ ہاتھی کی چنگھاڑ ❹ شیر کی دھاڑ لڑائی کے بہادروں کا نعرہ۔

گرج کر بولنا (ہ) فعل ❶ چیخ کر بولنا ❷ کڑاکے سے بولنا ❸ خوب زور کی آواز سے نعرہ مارنا۔

گرجا (پرتگالی) اسم مذکر ❶ عیسائیوں کا عبادت خانہ ❷ کلیسا ❸ چرچ۔

گرجتے ہیں سو برستے نہیں (ہ) مثل۔ شیخی خوروں کی باتیں ہی باتیں ہوا کرتی ہیں ان سے بنتا بناتا کچھ نہیں۔

گرجنا (ہ) فعل ❶ کڑکنا ❷ بجلی کی آواز دینا ❸ شیر کا ڈورکنا ❹ ہاتھی کا چنگھاڑنا ❺ شور مچانا ❻ چلا کر بولنا ❼ کڑک کر بولنا۔

گرد (ف) اسم مونث ❶ باریک ذروں والی مٹی ❷ راکھ ❸ دھول ❹ غبار ❺ ناچیز ❻ بے حقیقت۔

گرد اڑانا (ا) فعل ❶ غبار اڑانا ❷ خاک اڑانا ❸ برباد کرنا ❹ تباہ کرنا۔

گرد آلود/ آلودہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ خاک میں لتھڑا ہوا ❷ دھول ملا ہوا۔

گرد باد (ف) اسم مذکر ❶ بگولہ ❷ ہوا کا چکر۔

گرد بیٹھنا (ا) فعل ❶ غبار جم جانا ❷ دھول کا نیچے بیٹھنا ❸ آندھی کا کم ہو جانا ❹ میل جمنا۔

گرد جھاڑنا (ا) فعل ❶ غبار صاف کرنا ❷ دھول اتار دینا ❸ سزا دینا ❹ مارنا۔

گرد کرنا (ا) فعل ❶ مات کرنا ❷ ہرانا ❸ بے رونق کرنا ❹ ماند کرنا ❺ مدھم کرنا ❻ کپڑے میل کرنے۔

گرد کو نہ پہنچنا (ا) فعل ❶ ذرا بھی مقابلہ نہ کر سکنا ❷ برابری نہ ہو سکنا ❸ ساتھ نہ چل سکنا ❹ پیچھے رہ جانا ❺ کوئی بھی نسبت نہ ہونا۔

گرد و غبار (ف) اسم مذکر ❶ خاک ❷ دھوآں۔

گرد ہونا (ا) فعل ❶ مات ہونا ❷ وہم پڑ جانا ❸ ماند ہونا ❹ بے حقیقت اور ناچیز ہو جانا ❺ نہایت سہل اور آسان ہونا ❻ شرمندہ اور نادم ہونا ❼ مقابل نہ ہو سکنا ❽ بے رونق ہونا۔

گرد ہے (ا) محاورہ ❶ ہیچ ہے ❷ ناچیز ہے ❸ بے حقیقت ہے ❹ مدمقابل نہیں ❺ مات ہے ❻ عاجز ہے۔

گرد (ف) تابع فعل ❶ گھیرا ❷ گول حلقہ ❸ پیچھے سر ❹ در پے ❺ چاروں طرف ❻ ادھر ادھر ❼ آس پاس ❽ نواح ❾ دور۔

گردگھما (ہ) اسم مذکر ❶ آوارہ پھرنے والا ❷ کسی کے گرد پھرنے والا ❸ ہرزہ گرد ❹ مفلس ❺ تماش بین۔

گردنامہ (ف) اسم مذکر۔ بھاگے ہوئے کو واپس لانے کا خاص قسم کا تعویذ۔

گرد نواح (فع) اسم مذکر ❶ آس پاس کا علاقہ ❷ اطراف ❸ قرب و جوار ❹ پڑوس۔

گرد ہونا (ا) فعل ❶ سر ہونا ❷ پیچھے پڑنا ❸ درپے ہونا۔

گردا (ا) اسم مذکر ❶ غبار ❷ دھول ❸ ریت ❹ ریتا ❺ بالو۔

گرداب (ف) اسم مذکر ❶ پانی کا چکر ❷ بھنور ❸ ورطہ۔

گرداباد/ گرد باز (ا) اسم صفت ❶ گرد آباد کا بگڑا ہوا ہے ❷ تباہ ❸ برباد ❹ غبار آلود ❺ بے ہوش ❻ بے خبر ❼ بے سرت جیسے وہ تو بخار میں گرد باز پڑا ہے۔

گرداگرد (ف) تابع فعل ❶ چاروں طرف ❷ چار کھونٹ ❸ اردگرد ❹ سب طرف ❺ آس پاس۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03144077218

**گرداں** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ گردش کرنے والا ❷ الٹا ہوا ❸ پلٹا ہوا ❹ واپس آمدہ۔

**گردان** (ف) اسم صفت ❶ ہلا ہوا ❷ سدھا ہوا ❸ مانوس کبوتر ❹ (بحالت اسم مونث) دور ❺ لوٹاؤ ❻ ترتیب کے موافق صیغوں کو پڑھنا ❼ قرآن شریف کو دہرانا۔

**گردان کرنا** (ا) فعل ❶ زمانہ اور وحدت وجمع کی ترتیب سے صیغوں کو پڑھنا یا دہرانا ❷ مشق کرنا۔

**گردانا** (ا) فعل ❶ کسی مصدر کے تمام صیغوں کو کہنا ❷ دور کرنا ❸ دہرانا ❹ ماننا ❺ تسلیم کرنا ❻ فرض کرنا ❼ لپیٹنا ❽ پلانا ❾ پھنسانا۔

**گرداور/ گردآور** (ف) اسم مذکر ❶ پٹواریوں کے حلقہ یا چونگی کے علاقہ میں پھر کر دیکھنے والا افسر ❷ گشت کرنے والا عہدہ دار۔

**گردآوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گرداور کا عہدہ اور کام ❷ دورہ ❸ گشت ❹ نگرانی ❺ نگہبانی ❻ گشت کر کے فصل کا اندراج ❼ گشت کا علاقہ۔

**گردبالش** (ف) اسم مذکر۔ سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھنے کا امیروں کا تکیہ۔

**گردش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از گردیدن ❶ چکر ❷ دور ❸ پھیر ❹ حرکت ❺ انقلاب ❻ تغیر ❼ تبدیلی ❽ بدنصیبی ❾ بداقبالی۔

**گردش کرنا** (ا) فعل ❶ گھومنا ❷ پھرنا ❸ چکر کھانا۔

**گردش میں آنا** (ہ) فعل ❶ مصیبت یا تباہی میں پھنسنا ❷ بلا کے چکر میں آنا۔

**گردن** (ف) اسم مونث ❶ ناڑ ❷ گلا ❸ گلو۔

**گردن اینٹھی رہنا** (ا) فعل ❶ اکڑا اور کھنچا رہنا ❷ خفا رہنا ❸ ناراض رہنا۔

**گردن پر بوجھ ہونا** (ا) فعل ❶ احسان میں دبنا ❷ برائی ذمہ رہنا ❸ عذاب سر پر ہونا ❹ ناگوار ہونا ❺ گرانبار ہونا۔

**گردن پر جوا رکھنا** (ا) فعل ❶ کسی بھاری کام کا ذمہ لینا ❷ بوجھ اٹھانا ❸ تابعداری کرنا ❹ اطاعت کرنا ❺ جورو والا بنانا۔

**گردن پر خون ہونا** (ا) فعل ❶ کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پر ہونا ❷ خون کا مجرم ہونا ❸ بے گناہ قتل کرنا۔

**گردن پر سوار ہونا** (ا) فعل ❶ کسی کی گردن پر بیٹھنا ❷ سر ہونا ❸ سخت تقاضا کرنا ❹ مجبور کرنا ❺ تنگ کرنا ❻ ڈرانا ❼ دھمکانا ❽ پیچھے پڑا رہنا۔

**گردن پھنسانا** (ا) فعل ❶ گردن کو پھندے میں ڈالنا ❷ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا ❸ ضامن ہونا ❹ ذمہ داری لینا۔

**گردن پھیرنا** (ا) فعل ❶ سرکشی کرنا ❷ حکم نہ ماننا ❸ باغی ہونا ❹ انکار کرنا۔

**گردن جھکانا** (ا) فعل ❶ گردن نیچے کرنا ❷ بوجھ سے گردن خم کرنا ❸ ادب سے سلام کرنا ❹ تسلیم بجا لانا ❺ تابعداری کرنا ❻ اطاعت کرنا ❼ نادم ہونا ❽ شرمندہ ہونا ❾ ممنون ہونا۔

**گردن ڈھلنا/ ڈھلکنا** (ا) فعل ❶ گردن ٹوٹ جانا ❷ منکا ڈھیلا پڑ جانا ❸ مرنے کے قریب ہونا۔

**گردن زدنی** (ف) اسم صفت بیائے قابلیت ❶ قتل کرنے کے لائق ❷ کشتی ❸ واجب القتل۔

**گردن سے جوا اتارنا** (ا) فعل ❶ فرمانبرداری اور اطاعت سے نکلنا ❷ آزاد ہونا۔

**گردن کا ڈورا** (ا) اسم مذکر ❶ بدنظری کے خیال سے گلے میں پہننے کا کالا ڈورا ❷ ایک خاص معشوقانہ انداز سے گردن کی لچک۔

**گردن کا منکا** (ا) اسم مذکر۔ پیٹھ کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے۔

**گردن کا منکا ڈھلنا/ ڈھلکنا** (ا) فعل ❶ گردن کی پچھلی ہڈی کا لٹک جانا ❷ مرنے لگنا۔

**گردن کٹنا** (ا) فعل ❶ قتل ہونا ❷ مارا جانا ❸ گلا کٹنا ❹ حلال ہو جانا ❺ زبردستی مال لیا جانا۔

**گردن کشی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بغاوت ❷ نافرمانی ❸ غرور ❹ گھمنڈ ❺ تکبر ❻ گستاخی ❼ شوخی ❽ شرارت۔

**گردن مارنا** (ہ) فعل ❶ قتل کرنا ❷ ہلاک کرنا ❸ مار ڈالنا۔

**گردن مروڑنا** (ا) فعل ❶ گردن توڑنا ❷ گلا گھونٹنا ❸ بے ذبح کسی جانور کو لا دبا کر مار ڈالنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**گردن میں ہاتھ دے کے نکالنا** (ا) ① کسی کو نہایت ذلت اور زبردستی سے مجلس یا مکان سے باہر کرنا ② گردن پکڑ کر نکال دینا۔

**گردن ناپنا** (ا) فعل ① گردن اڑانا ② قتل کر ڈالنا ③ مار ڈالنا۔

**گردن نہ اٹھانا** (ا) فعل ① دم نہ مارنا ② اف نہ کرنا ③ شرم سے آنکھ سامنے نہ کرنا ④ انکار نہ کرنا ⑤ عذر نہ کرنا۔

**گردن ہلانا** (ا) فعل ① انکار کرنا ② مکرنا ③ نابر ہونا ④ منکر ہونا۔

**گردن ہلنے لگنا** (ا) فعل ① نہایت بوڑھا ہو جانا ② کمزوری سے گردن کانپنا۔

**گردنا** (ا) اسم مذکر ① دھول ② دھپا ③ سیلی ④ قفا ⑤ موٹی اور تیار گردن ⑥ فربہ گردن ⑦ بکری کی گردن کا گوشت۔

**گردنی** (ف) اسم مذکر ① گھوڑے کی گردن پر ڈالنے کا کپڑا ② بالا پوش اسپ ③ کشتی کے داؤں کا نام ④ گلے میں ڈالنے کا چاندی کا ہار ⑤ دھپا ⑥ سیلی ⑦ کانس ⑧ کنگنی۔



گردنی

**گردوں** (ف) اسم مذکر ① پھرنے والا ② مجازاً آسمان ③ فلک ④ اکاش ⑤ چرخ ⑥ گاڑی ⑦ چھکڑا ⑧ رتھ ⑨ بہلی۔

**گردہ** (ف) اسم مذکر ① حلقہ ② گھیرا ③ دائرہ ④ کنڈلی۔

**گردہ** (ف) اسم مذکر ① جانداروں کے اندرونی عضو کا نام جس میں پیشاب چھنتا ہے ② مجازاً جرات ③ حوصلہ ④ دلیری ⑤ بہادری ⑥ ایک قسم کی چھوٹی سی توپ۔

**گرڑ** (س) اسم مذکر ① گدھ ② پنجاب میں نیل کنٹھ کو کہتے ہیں ③ وشنو جی کی سواری۔

**گرز** (ف) اسم مذکر ① سر پر مارنے کے ایک لوہے کے ہتھیار کا نام ہے ② گدا ③ عمود۔

**گرس** (ای) اسم مذکر ① بارہ درجن چیزیں یا ۱۴۴ چیزوں کا بنڈل ② گراوس کا بگاڑ۔

**گرسل** (ہ) اسم مونث۔ مینا کی قسم کا ایک چھوٹا سا زرد چونچ والا جانور۔

**گرسنگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھوک ② کھدیا ③ اشتہا۔

**گرسنہ** (ف) اسم صفت ① بھوکا ② کھدیا والا۔

**گرفت** (ف) اسم مونث ① گرفتن سے حاصل مصدر ② پکڑ ③ قبضہ ④ دستہ ⑤ پکڑنے کی جگہ ⑥ اعتراض ⑦ مزاحمت ⑧ مطالبہ۔

**گرفت کرنا** (ا) فعل ① پکڑنا ② اعتراض کرنا ③ تھامنا ④ مزاحمت کرنا۔

**گرفتار** (ف) اسم صفت ① پکڑا ہوا ② قیدی ③ اسیر ④ پھنسا ہوا ⑤ مبتلا ⑥ عاشق ⑦ دلدادہ۔

**گرفتار کرنا** (ا) فعل ① پکڑنا ② باندھ لینا ③ اسیر کرنا ④ قید کرنا ⑤ مشکیں باندھنا۔

**گرفتار ہونا** (ا) فعل ① پکڑا جانا ② پھنسنا ③ مبتلا ہونا ④ عاشق ہونا۔

**گرفتاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① پکڑ ② قید ③ نظر بندی ④ جنجال ⑤ الجھاؤ۔

**گرفتگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① پکڑ ② رکاوٹ ③ تتلاہٹ ④ توتلاپن۔

**گرفتہ** (ف) اسم صفت مفعولی۔ پکڑا ہوا۔

**گرگ** (ف) اسم مذکر ① بھیڑیا ② ایک مشہور درندہ ہے۔

**گرگ باراں دیدہ** (ف) اسم صفت ① تجربہ کار ② دلیر ③ خرانٹ ④ آزمودہ کار۔

**گرگ کہن** (ف) اسم صفت ① پرانا بھیڑیا ② مجازاً نہایت تجربہ کار ③ بڑا مکار ④ خرانٹ۔

**گرگا** (ہ) اسم مذکر ① چھوکرا ② شاگرد ③ چیلا ④ ادنٰے نوکر ⑤ ملازم ⑥ بدکار ⑦ بدوضع ⑧ نہایت شریر ⑨ پرلے درجہ کا شیطان۔

**گرگابی** (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کا انگریزی جوتا۔

**گرگٹ** (ہ) اسم مذکر ① کرلا ② ایک قسم کی بڑی چھپکلی۔

**گرگٹ کے سے رنگ بدلنا / گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا** (ہ) فعل ① ایک حالت پر نہ رہنا ② نہایت تغیر و تبدل ہونا ③ رنگ متغیر ہونا ④ غصے کے مارے لال پیلا ہونا۔

**گر گئے دانت آم کھانے سے** (ہ) مثل۔ تعجب اور خلاف عقل بات کی بابت کہا کرتے ہیں یعنی اتنے نازک کہ آم جیسی نرم چیز کھانے سے دانت اکھڑ گئے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

گرل (ای) اسم مونث۔ لڑکی۔

گرلز گائیڈ (ای) اسم مونث۔ سکاؤٹنگ کی طرح لڑکیوں کی اپنی مدد آپ کے اصول کی بنیاد پر قائم ایک تنظیم۔

گرل سکول (ای) اسم مذکر ظرف۔ لڑکیوں کا مدرسہ۔

گرم (ف) اسم صفت ① تتا ② جلتا ہوا ③ حار ④ تیز رفتار ⑤ میل جول رکھنے والا ⑥ تیز ⑦ مستعد ⑧ تند ⑨ خفا۔

گرم اختلاطی (ف) اسم مونث ① گہری دوستی ② تپاک ③ فرط محبت ④ بہت بے تکلفی۔

گرم بازاری (ف) اسم مونث ① خوب بکری ② بڑی گاہکی ③ رونق بازار ④ لین دین کی زیادتی اور کثرت۔

گرم بولنا (ا) فعل ① تیز ہونا ② تندی سے جواب دینا ③ بدمزاجی سے پیش آنا۔

گرم جوشی (ف) اسم مونث مصدری ① جوش ② شوق ③ سرگرمی ④ تپاک ⑤ محبت ⑥ اختلاط ⑦ کوشش ⑧ سعی۔

گرم خبر (ا) اسم مونث ① تیز افواہ ② عام شہرت ③ دھوم ④ عام خبر۔

گرم سرد (ف) اسم صفت ① تتا ٹھنڈا ② شیر گرم ③ برا بھلا ④ نیک۔

گرم سرد اٹھانا/سہنا (ا) فعل ① ہر قسم کا وقت دیکھنا ② برا بھلا سہنا ③ ہر قسم کی باتیں سہنا ④ زمانہ کی مصیبتیں برداشت کرنا ⑤ تجربہ حاصل کرنا۔

گرم سیر (ف) اسم صفت ① گرم ملک ② وہ ولایت جس کی آب و ہوا گرم ہو۔

گرم کپڑے (ا) اسم مذکر ① روئی دار یا اونی کپڑے ② جاڑے کی پوشاک۔

گرم کرنا (ا) فعل ① تتا کرنا ② جوش دینا ③ آگ لگانا ④ غصہ دلانا ⑤ دوڑنا ⑥ تیز کرنا۔

گرم مزاج (ف) اسم صفت فاعلی ① تندخو ② غصیل ③ تیز مزاج۔

گرم مزاجی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تندخوئی ② بدمزاجی۔

گرم مصالح (ا) اسم مذکر۔ سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا بنانے کا مصالح۔ یعنی زیرہ مرچ سیاہ۔ لونگ۔ الائچی اور دارچینی۔

گرما (ف) اسم مذکر ① گرمی کا موسم ② تابستان۔

گرمابہ (ف) اسم مذکر ① حمام ② نہانے کا گرم مکان۔

گرما گرم (ف) اسم صفت بالف اتصال ① تتا تتا جلتا ہوا ② تیز ③ شوخ ④ چلبلا ⑤ شریر ⑥ چرب زبان ⑦ تیز طبع ⑧ تڑاق پڑاق فوراً ⑨ پرجوش۔

گرمانا (ا) فعل ① جلنا ② خفا ہونا ③ تتا ہونا ④ آگ بگولا ہونا ⑤ تیز ہونا ⑥ ستانا ⑥ گرم رفتار ہونا ⑦ لازم اور متعدی دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

گرمائی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① گرمی ② تپش ③ گرم دوائی۔

گرمی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① تپش ② حرارت ③ جلن ④ سوزش ⑤ موسم گرما ⑥ تابستان ⑦ اختلاط ⑧ میل جول ⑨ تپاک۔

گرمی دانے (ا) اسم مذکر ① چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے دنوں میں بدن پر نکل آتے ہیں ② (پنجابی) پت۔

گرمی کے کپڑے (ا) اسم مذکر۔ وہ ٹھنڈا لباس جو اکثر گرمی کے دنوں میں پہنتے ہیں۔

گرمی نکالنا (ا) فعل ① حرارت دفع کرنا ② غصہ نکالنا ③ مار پیٹ کرنا ④ جماع کرنا ⑤ بھوک بلاس کرنا۔

گرمی ہونا (ا) فعل ① موسم گرما آجانا ② گرمی پڑنا ③ آتشک کی بیماری ہونا ④ آگ پھنکنا ⑤ تمازت ہونا۔

گرمیاں (ا) اسم مونث ① گرمی کی جمع ② میل جول ③ تپاک ④ موسم گرما ⑤ خفگیاں ⑥ ناراضگیاں۔

گرنا (ہ) فعل ① اوپر سے نیچے آپڑنا ② پھل وغیرہ کا جھڑنا ③ پھسلنا ④ منہدم ہونا ⑤ ترلے وغیرہ کا اترنا ⑥ ٹپکنا ⑦ ڈھلکنا۔

گرنتھ (س) اسم مذکر ① مذہبی کتاب ② شاستر ③ عام کتاب ④ پوتھی ⑤ سکھوں کی وہ مقدس کتاب جسے گرونانک صاحب نے تصنیف فرمایا ہے۔

گرنڈ (ہ) اسم مذکر۔ چکی کا مٹی کا بنا ہوا گھیرا جس میں آٹا گرتا اور جمع ہوتا ہے۔

گرو (س) اسم مذکر ① مرشد ② پیر ③ ہادی ④ استاد ⑤ معلم ⑥ اتالیق ⑦ بزرگ ⑧ کامل فن ⑨ شریر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

گروگھنٹال (ہ) اسم مذکر ❶ سب کا پیر ❷ سب کا استاد ❸ بدمعاشوں کا سرغنہ ❹ نہایت چالاک۔
گرو گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے (ہ) فعل۔ شاگرد کے استاد سے بڑھ جانے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔
گرو (ف) اسم مذکر ❶ رہن ❷ گہنے ❸ گروی۔
گرونامہ (ف) اسم مذکر ❶ رہن نامہ ❷ گہنے رکھنے کا تمسک۔
گرور (ہ) اسم مذکر ❶ پہاڑ ❷ پربت ❸ کوہ۔
گرُوپ (ای) اسم مذکر ❶ درجہ ❷ قسم ❸ ٹولی ❹ جماعت ❺ کئی چیزوں کا مجموعہ۔
گروہ (ف) اسم مذکر بواؤ مجہول ❶ ٹولی ❷ جماعت ❸ طائفہ ❹ جتھا ❺ غول ❻ جھنڈ ❼ جنس ❽ قسم۔
گروی (ا) اسم مونث ❶ رہن ❷ بندھک ❸ گہنے ❹ دھروز ❺ مرہونہ چیز۔
گرویدہ (ف) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ فریفتہ ❷ عاشق ❸ دل دادہ ❹ سر ❺ درپے ❻ مرید ❼ پیرو ❽ مطیع۔
گرہ (ف) اسم مونث ❶ گانٹھ ❷ گتھی ❸ بندھن ❹ عقدہ ❺ جیب ❻ پاکٹ ❼ کیسہ ❽ تین انگل کی چوڑائی ❾ گز کا سولھواں حصہ۔
گرہ باندھنا (ا) فعل ❶ یادرکھنا ❷ یادداشت کے کسی کپڑے میں گانٹھ لگا لینا ❸ پلے باندھنا کسی چیز کو سنبھال کے رکھنا ❹ ہوا نہ لگنے دینا۔
گرہ پڑنا (ا) فعل ❶ گتھی پڑنا ❷ الجھنا ❸ دل میں بل پڑنا ❹ عداوت ہونا ❺ دشمنی ہونا۔
گرہ دار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ گٹھیلا ❷ بہت سی گانٹھوں والا۔
گرہ دینا (ا) فعل ❶ گانٹھ لگانا ❷ یادرکھنا۔
گرہ سے جانا/ گرہ کا جانا (ا) فعل ❶ جیب سے خرچ ہونا ❷ ذاتی نقصان ہونا۔
گرہ کھلنا (ا) فعل ❶ مشکل حل ہونا ❷ عقدہ کھلنا ❸ جیب کا کترا جانا ❹ ذاتی نقصان ہونا۔
گرہ کھولنا (ا) فعل ❶ مشکل حل کرنا ❷ عقدہ ادا کرنا ❸ رفع کدورت کرنا ❹ ملال دور کرنا۔
گرہ گیر (ف) اسم صفت فاعلی ❶ ملدار ❷ پیچدار ❸ پیچیدہ ❹ مڑا ہوا۔

گرہ لگانا (ا) فعل ❶ ایک مصرعہ پر دوسرا مصرعہ لگانا ❷ گانٹھ باندھنا ❸ جوڑنا۔
گرہ میں پیسہ ہونا (ہ) فعل ❶ مالدار ہونا ❷ پلے ہونا ❸ پیسے والا ہونا ❹ دولتمند ہونا۔
گرہ ہونا (ا) فعل ❶ بند ہونا ❷ مندنا ❸ اٹکنا ❹ پھنسنا۔
گِرَہ (س) اسم مذکر ❶ مکان ❷ گھر ❸ مسکن ❹ گھر والی ❺ استری۔
گرَہ (س) اسم مذکر ❶ منحوس ستاروں کا جمع ہونا ❷ ہندی جوتش کے نو ستارے یعنی سورج۔ چاند۔ منگل۔ بدھ۔ برہسپتی۔ شکر۔ سنیچر۔ راہو۔ کیت۔
گرہ آنا (ہ) فعل ❶ نحوست آنا ❷ ادبار آنا ❸ برا ستارہ آنا۔
گرہ پتر (س) اسم مذکر ❶ لگن کنڈلی ❷ اچھے برے پھلوں کا زائچہ۔
گرہست (س) اسم مونث ❶ عیالداری ❷ قبیلداری ❸ دنیا داری ❹ خانہ داری ❺ امور معاشرت۔
گرہستن (ہ) اسم مونث ❶ منکوحہ ❷ بیوی ❸ زوجہ ❹ پردہ دار عورت ❺ خاوند والی عورت ❻ اشراف عورت ❼ سگھڑ ❽ سلیقہ والی۔
گرہستی (ہ) اسم مذکر ❶ عیالدار ❷ گھرباری ❸ صاحب خانہ مرد ❹ کسان ❺ زمیندار ❻ گھر کا اسباب ❼ سامان خانہ۔
گرہن (س) اسم مذکر ❶ پکڑ ❷ گرفت ❸ چاند اور سورج کو راہو کے پکڑ لیتے وقت ❹ کسوف وخسوف ❺ گہن۔
گرہن لگنا (ہ) فعل ❶ داغ لگنا ❷ عیب لگنا ❷ کسوف یا خسوف کا واقع ہونا۔
گری (ہ) اسم مونث ❶ مغز جیسے بادام وغیرہ کی گری ❷ ناریل کا کھوپا ❸ کھوپرا ❹ گودا ❺ (ف) اسم مذکر۔ گلا ❻ گلو۔
گرے (ای) اسم صفت ❶ خاکستری ❷ قدرے سفید سیاہ ❸ بھورا۔
گریاں (ف) اسم صفت فاعلی ❶ نالاں، روتا ہوا ❷ (ہ) اسم مونث۔ گری کی جمع۔
گریبان (ف) اسم مذکر ❶ گری بمعنی گلو ❷ بان کلمہ محافظت سے مرکب ہے ❸ کپڑے کا وہ حصہ جو گلے کے گرداگرد اور نیچے رہتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**گریبان پکڑنا/گریبان میں ہاتھ ڈالنا** (ا) فعل ① گریبان پکڑ کر گھسیٹنا ② گردن پکڑنا ③ تقاضا کرنا۔

**گریبان پھاڑنا/گریبان تار تار کرنا/گریبان چاک کرنا** (ا) فعل ① گریبان کی دھجیاں اڑانا ② دیوانہ ہونا ③ غم والم میں کپڑے پھاڑنا ④ وحشت کے باعث کپڑے پھاڑ ڈالنا ⑤ پاگل ہوجانا۔

**گریبان گیر ہونا** (ا) فعل ① دعویدار ہونا ② دامن گیر ہونا ③ گریبان پکڑنا ④ مزاحم ہونا۔

**گریبان میں منہ چھپانا/گریبان میں سر ہونا** (ا) فعل ① کسی سے شرمندہ ہونا ② سامنے نہ ہونا ③ آنکھیں نیچے ہونا ④ نادم ہونا۔

**گریبان میں منہ ڈالنا/گریبان میں منہ دے کر دیکھنا** (ا) فعل ① اپنا فعل دیکھ کر شرمندہ ہونا ② نہایت شرمندہ اور خجل ہونا ③ اپنے قصور کا اقرار کرنا ④ شرم وندامت سے گردن جھکا لینا ⑤ سر جھکانا ⑥ گردن جھکا کر غور کرنا۔

**گریجوایٹ** (ای) اسم مذکر ① بی اے کے درجہ کی سند یافتہ ② ڈگری یافتہ ③ درجہ دار۔

**گریجویٹی** (ای) اسم مونث ① انعام ② صلہ ③ عطیہ۔

**گریس** (ای) اسم مونث ① چربی ② چکنائی۔

**گرین** (ای) اسم مذکر ① بیج ② تخم ③ اناج ④ غلہ ⑤ دانہ ⑥ ٹکڑا ⑦ ایک وزن جو ڈیڑھ رتی کے برابر ہوتا ہے۔

**گرینیڈ** (ای) اسم مذکر ① دستی بم ② چھوٹا بم کا گولا۔

**گریڈ** (ای) اسم مذکر ① درجہ ② مرتبہ۔

**گریز** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از گریختن ① بھاگنا ② بھاگ ③ شکست ④ علیحدگی ⑤ پرہیز ⑥ ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف واپسی۔

**گریز کرنا** (ہ) فعل ① بھاگنا ② پرہیز کرنا ③ متنفر رہنا۔

**گریزاں** (ف) اسم صفت فاعلی ① بھاگنے والا ② متنفر۔

**گریک** (ای) اسم مذکر ① یونان کا باشندہ ② یونانی۔

**گریہ** (ف) اسم مذکر۔ گریستن کا حاصل مصدر ① رونا ② زاری۔

**گریہ کناں** (ف) اسم فاعل ترکیبی ① روتا پیٹتا ② نالاں ③ گریاں ④ آہ وزاری کناں۔

**گریہ وزاری** (ف) اسم مونث۔ گریستن کا حاصل مصدر ① رونا دھونا ② رونا پیٹنا ③ واویلا ④ کہرام ⑤ آہ و نالہ ⑥ فریاد ⑦ دہائی ⑧ پٹیک پیا۔

**گرے ہاؤنڈ** (ای) اسم مذکر۔ شکاری کتا۔

**گ ← ڑ**

**گڑ** (ہ) اسم مذکر ① گنے کا رس جس کی بھیلیاں بناتے ہیں ② قند سیاہ ③ (بحالت صفت) میٹھا ④ شیریں۔

**گڑانبہ** (ا) اسم مذکر۔ گڑ اور آم کی کیریوں کا بنا ہوا حریرہ۔

**گڑ بھرا ہنسیا نہ نگلے بن پڑتی ہے نہ اگلے** (ہ) مثل۔ ہر طرح مشکل ہے نہ کر سکتے ہیں نہ چھوڑ سکتے ہیں۔

**گڑ دھانی** (ہ) اسم مونث۔ گرم بھنے ہوئے دھانوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر لڈو سے بنے ہوئے۔

**گڑ دیئے جو مرے تو زہر کیوں دیجئے** (ا) محاورہ ① اگر کام نرمی سے نکلے تو سختی کی کیا ضرورت ② جو کام آسانی سے ہو سکتا ہے اسے دقت میں کیوں ڈالے۔

**گڑ کلیا میں پھوٹنا** (ہ) فعل ① خفیہ مشورہ ہونا ② کسی ایسی بات کا پوشیدہ طور پر کرنا جو ظاہر ہونے والی ہو۔

**گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا** (ہ) فعل۔ تھوڑی سی بدنامی سے بچنا اور بڑی کی پروا نہ کرنا۔

**گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئے گا** (ہ) مثل۔ نفع کی امید پر تکلیف بھی اٹھائے گا۔

**گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے** (ہ) محاورہ۔ کوئی اچھا کام اگر نہ کر سکو تو کلام اور گفتگو تو نرمی سے کرو کہ دوسرا خوش تو رہے۔

**گڑ ہوگا تو مکھیاں بہت آجائیں گی** (ہ) محاورہ ① دولت ہوگی تو

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

حاجتمند اور غریب بہتیرے ② دست بستہ آ حاضر ہوں گے۔

**گڑابٹائی** (ہ) اسم مونث۔ غلہ کی وہ تقسیم جو انبار لگا کر اندازاً کی جائے۔

**گڑاکو** (ہ) اسم مذکر ① گڑ ملا تمباکو ② بنا ہوا ③ تمباکو۔

**گڑبڑ** (ف) اسم مونث ① پیٹ کے بولنے کی آواز ② بکھیڑا ③ افراتفری ④ جھمیلا ⑤ بد انتظامی ⑥ کھل بلی ⑦ گڈمڈ ⑧ درہم برہم۔

**گڑبڑ کرنا** (ہ) فعل ① جھگڑا پھیلانا ② بکھیڑا ڈالنا ③ گڈمڈ کرنا ④ پیٹ بولنا۔

**گڑپ** (ہ) اسم مونث صوت ① جلدی سے ② کسی ملائم چیز کی پانی وغیرہ میں گھس جانے کی آواز ③ غڑپ ④ جلد ⑤ جھٹ پٹ۔

**گڑپنکھ** (ہ) اسم مذکر ① بڑے بڑے پروں والا پرندہ ② ڈھیلی پوشاک والا آدمی۔

**گڑجانا** (ہ) فعل ① بے حد نادم ہونا ② دھنس جانا ③ دب جانا ④ دفن ہونا ⑤ نہایت شرم کے مارے سر جھکا لینا ⑥ قائم ہونا ⑦ نصب ہونا ⑧ جم جانا ⑨ اڑ جانا۔

**گڑگج** (ہ) اسم مذکر۔ قلعہ کا وہ برج جس پر توپیں چڑھاتے ہیں۔

**گڑگڑ** (ہ) اسم مونث ① حقے یا صراحی کے بولنے کی آواز ② پیٹ کے بولنے کی آواز۔

**گُڑگُڑانا** (ہ) فعل ① حقہ کا بولنا ② گرجنا ③ کڑکنا۔

**گِڑگِڑانا** (ہ) فعل ① رونا ② منت سماجت کرنا ③ عاجزی کرنا ④ التجا کرنا۔

**گڑگڑاہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر از گڑگڑانا ① کڑک ② حقے کے بولنے کی آواز۔

**گُڑگُڑی** (ہ) اسم مونث۔ ایک خاص بناوٹ کا چھوٹا سا حقہ۔

**گڑگودڑ** (ہ) اسم مذکر ① پھٹے پرانے چیتھڑے ② گودڑی ③ اس میں پہلا حرف مہمل ہے۔

**گڑنا** (ہ) فعل ① دبنا ② دفن ہونا ③ نصب ہونا ④ قائم ہونا ⑤ چبھنا ⑥ شرمندہ ہونا ⑦ کھڑا ہونا۔

**گڑنت** (ہ) اسم مونث۔ وہ صدقہ جس پر منتر پڑھ کر کسی کو تسخیر کرنے یا دشمن کو ہلاک کرنے کی غرض سے دفن کرتے ہیں۔

**گڑنگ** (ہ) اسم مونث ① شیخی ② ڈینگ ③ لاف ④ بڑائی۔

**گڑنگیا** (ہ) اسم صفت فاعلی ① شیخی خورا ② ڈینگیا ③ لاف زن۔

**گڑوا** (ہ) اسم مذکر ① پانی کا برتن ② لوٹا ③ کٹیا ④ آبخورہ ⑤ آفتابہ ⑥ بن ٹونٹی کا لوٹا ⑦ سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔

**گڑوانا** (ہ) فعل۔ ① دبوانا ② دفن کرانا۔

**گڑولنا/گڈولنا** (ہ) اسم مذکر ① بچوں کو چلنا سکھانے کی گاڑی ② گڈیلنا۔

**گڑونا** (ہ) فعل ① گاڑنا ② دھسانا ③ گھسیڑنا ④ چھیدنا ⑤ سوراخ کرنا ⑥ چھونا۔

**گڑھ** (ہ) اسم مذکر ① دمدمہ ② قلعہ ③ کوٹ ④ حصار۔

**گڑھ توڑنا** (ہ) فعل ① قلعہ فتح کرنا ② کسی مشکل کام کو کرلینا ③ کوئی بڑا مشکل کام حل کرلینا۔

**گڑھ جیتنا** (ہ) فعل ① قلعہ فتح کرنا ② کسی مصیبت یا مشکل سے نجات پانا ③ مہم فتح کرنا۔

**گڑھ کپتان** (ا) اسم مذکر ① قلعہ دار ② قلعہ کا افسر ③ میر عمارت ④ قلعوں کی مرمت کرانے والا۔

**گڑھا** (ہ) اسم مذکر ① کھڈ ② کھائی ③ غار ④ جھیرا ⑤ گور ⑥ قبر ⑦ مجازاً پیٹ ⑧ شکم۔

**گڑھا بھرنا** (ہ) فعل ① گڑھے کو مٹی سے پر کرنا ② بری بھلی چیز سے پیٹ پر کرنا ③ کمی یا گھاٹا پورا کرنا۔

**گڑھل** (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے۔

**گڑھی** (ہ) اسم مونث ① گڑھ کی تصغیر ہے ② چھوٹا قلعہ ③ کوٹلہ۔

**گڑھیا** (ہ) اسم مونث ① گڑھی کی تصغیر بالتحقیر ہے ② بہت چھوٹی سی گڑھی ③ کوڑا کرکٹ پڑنے کی جگہ ④ کوڑی ⑤ بہت بڑا نشیب ⑥ ڈلاؤ۔

**گڑھے بیٹھنا** (ہ) فعل ① گھات میں بیٹھنا ② چھپ کر گھات لگانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149772218

www.besturdubooks.net

**گڑھے میں پڑنا** (ہ) اسم مذکر ❶ بددعا ❷ قبر میں جانے کے قابل ❸ مرن جوگا ❹ مرن ہار۔

**گڑیا** (ہ) اسم مونث۔ لڑکیوں کے کھیلنے کی کپڑے کی بنی ہوئی پتلی۔

**گڑیا سنوار دینا** (ہ) فعل۔ حسب مقدور لڑکی کی شادی کر دینا۔

**گڑیا کے بیاہ میں چنے کی بیل** (ہ) محاورہ ❶ حسب موقع خرچ ❷ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔

**گڑیاں** (ہ) اسم مونث۔ گڑیا کی جمع۔

**گڑیاں کھیلنا** (ہ) فعل ❶ لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں سے کھیلنا ❷ لڑکیوں کا کھیل کھیلنا ❸ لڑکیوں کی سی باتیں کرنا۔

**گڑے کوئلے اکھاڑنا/ گڑے مردے اکھیڑنا** (ہ) فعل ❶ دبی دبائی بات کو چھیڑنا ❷ پرانے فتنے ❸ مردہ بزرگوں میں عیب نکالنا ❹ عیب جوئی کرنا۔

## گ ← ز

**گز** (ف) اسم مذکر ❶ کپڑا وغیرہ ناپنے کا لکڑی یا لوہے وغیرہ کا آلہ ❷ ۱۶ گرہ ❸ ۲ ہاتھ ❹ ۳ فٹ ۳۶ انچ کا پیمانہ ❺ بندوق میں پھیرنے کی لوہے کی سلاخ ❻ بے پیکان تیر ❼ جھاؤ کا درخت۔

**گز بھر** (ا) تابع فعل ❶ ایک گز ❷ ایک گز کے برابر۔

**گزارا/ گزارہ** (ا) اسم مذکر ❶ بسر اوقات ❷ وجہ معیشت ❸ سمائی ❹ گنجائش ❺ پہنچ ❻ رسائی ❼ دخل ❽ گزر۔

**گزارا کرنا** (ا) فعل ❶ بسر اوقات کرنا ❷ دن کاٹنا ❸ نباہنا ❹ کام چلانا۔

**گزارش** (ف) اسم مذکر حاصل مصدر از گزاردن ❶ ادا کرنا ❷ مجازاً عرض ❸ درخواست ❹ التجا ❺ جواب ❻ پاسخ ❼ شرح ❽ تفسیر ❾ بیان اظہار۔

**گزارش کرنا** (ا) فعل ❶ صورت حال بیان کرنا ❷ عرض کرنا ❸ خبر کرنا ❹ گوش گزار کرنا ❺ رپورٹ کرنا۔

**گزارنا** (ہ) فعل ❶ بجالانا ❷ تعمیل کرنا ❸ ترک کرنا ❹ چھوڑنا ❺ مہلت دینا ❻ بسر کرنا ❼ کاٹنا ❽ ضائع کرنا ❾ کھونا۔

**گزارہ** (ف) اسم مذکر ❶ رستہ ❷ راہ ❸ گھاٹ ❹ دریا سے اترنے کی جگہ ❺ ناؤ یا گھاٹ کا کرایہ۔

**گزارے کا جھونپڑا** (ا) اسم مذکر۔ تنگی ترشی سے بسر اوقات کرنے کا مکان۔

**گزاف** (ف) اسم مونث ❶ بے ہودہ بات ❷ بکواس ❸ لاف کے ساتھ بمعنی شیخی ❹ ڈینگ۔

**گزٹ** (ای) اسم مذکر ❶ خبر کا کاغذ ❷ اخبار ❸ وہ اخبار جس میں سرکاری اعلانات شائع ہوتے ہیں۔

**گزٹ ہو جانا** (ہ) فعل ❶ کسی سرکاری حکم یا خبر کا چھپ کر مشہور ہو جانا ❷ گزٹ میں لکھا جانا۔

**گزر** (ف) اسم مذکر ❶ رستہ ❷ راہ ❸ باٹ ❹ سڑک ❺ گھاٹ ❻ نباہ ❼ مداخلت ❽ باریابی ❾ آمد و رفت۔

**گزر جانا** (ا) فعل ❶ چلا جانا ❷ بیت جانا ❸ نکل جانا ❹ مرجانا ❺ فوت ہوجانا ❻ وفات پانا۔

**گزر کرنا** (ا) فعل ❶ اتفاقاً جا نکلنا ❷ دن کاٹنا ❸ بسر اوقات کرنا ❹ نباہنا ❺ انجام پر پہنچانا۔

**گزرگاہ** (ف) اسم مذکر ظرف ❶ رستہ ❷ راہ ❸ سڑک ❹ شارع عام ❺ گھاٹی۔

**گزر گئی گزران کیا جھونپڑی کیا میدان** (ا) مثل۔ بڑھاپے اور پیری میں اچھا برا سب برابر ہے۔

**گزرنامہ** (ف) اسم مذکر۔ راہداری کا پروانہ۔

**گزر** (ف) اسم مونث ❶ گاجر ❷ زروک ❸ گزر۔

**گزران** (ا) اسم مونث ❶ گزر اوقات ❷ اوقات بسری۔

**گزران کرنا** (ا) فعل ❶ مصیبت بھوگنا ❷ دن کاٹنا ❸ تنگی ترشی میں بسر اوقات کرنا۔

**گزارنا** (ا) فعل ❶ دینا ❷ پیش کرنا ❸ عرض کرنا ❹ بیان کرنا۔

**گزرنا** (ا) فعل ❶ بیٹھنا ❷ مرنا ❸ موت ہونا ❹ چھوڑنا ❺ پیش آنا ❻ اتفاقاً کسی جگہ جا نکلنا ❼ بسر ہونا ❽ تباہ ہونا ❾ جا نکلنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**گزری** (ف) اسم مونث 1 وہ بازار جو سرشام کسی سڑک پر لگتا ہے 2 گدڑی چوک 3 بازار شام۔

**گزری سو دل پر گزری** (ا) محاورہ 1 سارے صدمے دل پر ہی سہے 2 زبان سے اف تک نہ کی۔

**گزشتنی** (ف) اسم صفت بیائے قابلیت 1 گزرنے والا 2 فانی 3 مٹ جانے والا۔

**گزشتہ** (ف) اسم صفت مفعولی 1 ماضی 2 بیتا ہوا 3 گزرا ہوا 4 پچھلا۔

**گزک** (ف) اسم مونث 1 نقل 2 نشہ کے بعد منہ کا مزہ درست کرنے کی چیز۔

**گزند** (ف) اسم مذکر 1 صدمہ 2 آفت 3 نقصان 4 رنج 5 دکھ 6 تکلیف 7 ایذا۔

**گزندہ** (ف) اسم صفت فاعلی 1 ڈسنے والا 2 کاٹنے والا 3 ڈنک مارنے والا۔

**گزی** (ا) اسم مذکر 1 ایک قسم کا کم قیمت موٹا سوتی کپڑا 2 دیسی گاڑھا 3 کھدر۔

**گزیٹر** (ای) اسم مذکر۔ ایسی لغت یا انسائیکلوپیڈیا جس میں مشہور جگہوں کے تاریخی اور جغرافیائی حالات کا ذکر ہو۔

**گزیدہ** (ف) اسم صفت 1 ڈسا ہوا 2 کاٹا ہوا۔

**گُزیدہ** (ف) اسم صفت 1 چنا ہوا 2 اچھا۔

**گسا** (ہ) اسم مذکر 1 لقمہ 2 نوالہ۔

**گِزیز** (ف) اسم مذکر 1 تدبیر 2 چارہ 3 علاج 4 اپائے۔

### گ ← س

**گسا** (ہ) اسم مذکر 1 لقمہ 2 نوالہ۔

**گسائیں** (ہ) اسم مذکر 1 گوسائیں کا مخفف 2 گایوں کا مالک 3 مجازاً سری کرشن جی مالک 4 سوامی 5 سنت 6 جوگی 7 سنیاسی 8 فقیر 9 ہندو فقیروں اور جوگیوں کا لقب۔

**گستاخ** (ف) اسم صفت 1 ڈھیٹ 2 بے ادب 3 شوخ 4 بے شرم 5 بے حیا 6 شریر۔

**گستاخانہ** (ف) تابع فعل 1 بے ادبوں کی طرح 2 بے ادبی سے 3 بے شرمی سے 4 گستاخی سے۔

**گستاخی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 بے ادبی 2 بے حیائی 3 بے شرمی 4 شوخی 5 ڈھٹائی 6 تحقیر 7 بے عزتی 8 دنگا 9 شرارت۔

**گستاخی معاف** (فع) محاورہ 1 خطا معاف 2 جب کسی بڑے آدمی کی بات کو رد کرنا یا کوئی خلاف ادب و اخلاق گفتگو زبان پر لانی مقصود ہوتی ہے تو پہلے یہ کلمہ معذرت کے طور پر زبان پر لاتے ہیں۔

**گستانگر** (ا) اسم صفت 1 مورکھ 2 بے وقوف 3 بے شعور 4 نادان 5 غیر مہذب 6 ناشائستہ 7 جاہل۔

**گیسٹ** (ای) اسم مذکر۔ مہمان۔

**گیسٹ ہاؤس** (ای) اسم مذکر۔ مہمان خانہ۔

**گسٹاپو** (ای) ہٹلر کے زمانے میں جرمنی کی خفیہ فوج۔

### گ ← ش

**گشت** (ف) اسم مذکر و مونث 1 سیر 2 دور 3 چکر 4 دورہ 5 روند 6 حاصل مصدر از گشتن۔

**گشت کرنا/گشت لگانا** (ا) فعل 1 دورہ کرنا 2 چکر لگانا۔

**گشتی** (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت 1 پھرنے والا 2 گشت کرنے والا۔

**گشتی چٹھی/گشتی پروانہ/گشتی حکم** (ا) اسم مذکر۔ وہ حکم یا ہدایت جو تمام افسروں کو بھیجی جائے۔

### گ ← ف

**گف** (ا) اسم صفت 1 گاڑھا 2 موٹا 3 خوب 4 ٹھونک کر بنا ہوا۔

**گفتار** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از گفتن 1 بول چال 2 مقولہ 3

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

www.besturdubooks.net

قول④ گفتگو⑤ (صف) کہنے والا⑥ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نرم گفتار۔

گفتگو (ف) اسم مونث ① حاصل مصدر گفتن ② بات چیت ③ بول چال ④ تقریر ⑤ گفتار۔

گفت (ف) اسم مونث ① بات چیت ② گفتن مصدر سے ماضی کا صیغہ بمعنی اس نے کہا۔

گفت وشنید (ف) اسم مونث حاصل مصدر ① گفتن ② کہنا سننا ③ ذکر اذکار ④ ردوبدل۔

گِفٹ (ای) اسم مونث ① تحفہ ② عطیہ ③ خداداد صلاحیت ④ خداداد قابلیت۔

## گ ← گ

گگری/گگریا (ہ) اسم مونث ① گاگر کا مخفف ② پانی رکھنے کا تانبے یا پیتل کا برتن۔

گُگلی (ای) ① کرکٹ کی گیند پھینکنے کا ایک انداز ② لیگ اسپنر بولر کی پھینکی ہوئی وہ گیند جو بظاہر لیگ اسٹیمپ پر آئے مگر آف بریک ہو جائے۔

گگن (ہ) اسم مذکر ① آسمان ② اکاش ③ فلک ④ لہر ⑤ موج ⑥ پانی کا اچھلنا۔

گگن کھیلنا (ہ) فعل ① پانی کا بلندی کی طرف اچھلنا ② پانی کا چڑھاؤ کے باعث اچھلنا۔

گگن ہونا (ہ) فعل ① اونچا ہونا ② بلند ہونا ③ آسمان سے لگنا ④ تارا بن جانا۔

## گ ← ل

گل (ف) اسم مذکر ① گلاب کا پھول ② عام پھول ③ چراغ کی


گل

بتی کا ③ تشبیہاً۔ معشوق ④ دلربا ⑤ جلتا ہوا یا جلا ہوا سرا ⑥ دھات گرم کر کے زخم پر دیا ہوا داغ ⑦ جوتے کی ایڑی کا چمڑا۔

گل اشرفی (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا گول پھول۔

گل آفتاب (ف) اسم مذکر۔ سورج مکھی کا پھول۔

گل افشاں (ف) اسم صفت فاعلی ① پھول بکھیرنے والا ② خوش گفتار آدمی ③ آتشبازی کی پھلجھڑی۔

گل اندام (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① پھول جیسے جسم والا ② نازک بدن ③ معشوق۔

گل بدن (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا ② (بحالت صفت) معشوق ③ نازک بدن۔

گل برگ (ف) اسم مذکر ① غریبانہ ② پھول کی پنکھڑی ③ گلاب کی پتی ④ مجازاً۔ معشوقہ ⑤ معشوق۔

گل بکاولی (ا) اسم مذکر۔ ایک سفید رنگ خوشبودار پھول کا نام جس کا پودا ہلدی کا سا ہوتا ہے۔

گل بندھ جانا (ا) فعل ① لکڑیوں وغیرہ کا خوب سلگ جانا ② آگ کی روشنی بندھ جانا ③ خوب روشن شعلہ بن کر جلنا ④ کچھ پونجی جمع ہو جانا۔

گل بوٹا (ا) اسم مذکر ① بیل بوٹا ② پھول اور اس کا پودا ③ مجازاً زیب و زینت۔

گل پھولنا (ا) فعل ① پھول کھلنا ② کلی کا کھلنا ③ کوئی نرالی بات ظاہر ہونا ④ تازہ فتنہ برپا ہونا۔

گل پیادہ (ف) اسم مذکر ① بے خوشبو کا گلاب ② سدا گلاب۔

گل پیرہن (ف) اسم مذکر۔ فاعل ترکیبی مفید صفت ① پھول جیسے لباس والا ② معشوق ③ دلربا۔

گل جعفری (ف) اسم مذکر ① گیندے سے مشابہ ایک قسم کا زرد پھول ② مجازاً۔ زرد رنگ۔

گل جھڑنا (ا) فعل ① چراغ کی بتی کی راکھ گرنا ② شمع کی خاکستر گرنا ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بندوق کے توڑے کی راکھ گرنا۔
گل چاندنی (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے ❷ گل مہتاب۔
گل چشم (ف) اسم صفت ❶ پھلی والا ❷ وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی ہو۔
گل چین (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ پھول توڑنے والا ❷ مالی ❸ باغبان۔
گل خطمی/گل خیرو (ا) اسم مذکر۔ نیلے رنگ کا ایک پھول جو دوا میں کام آتا ہے۔
گل خندہ (ف) اسم مذکر ❶ ٹھٹھا ❷ قہقہہ ❸ منہ کھول کر ہنسنا۔
گل دار (ا) اسم صفت ترکیبی ❶ پھول دار ❷ داغدار ❸ پھول پتے بنی ہوئی چیز۔
گل دان (ف) اسم مذکر ظرف ❶ پھول دان ❷ گلدستہ دان۔
گل داؤدی (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کے پھول کا نام۔
گل دستہ/گلدستہ (ف) اسم مذکر۔ پھولوں کی ٹہنیوں کا گچھا۔
گل دوپہریا (ا) اسم مذکر۔ دوپہر کو کھلنے والا پھول۔
گل دم/گلدم (ا) اسم مذکر ❶ ایک سیاہ رنگ کے خوبصورت پرندے کا نام ہے جس کی دم کے نیچے سرخ سا نشان ہوتا ہے ❷ عندلیب بلبل ❸ یہ گلاب کی عاشق ہے۔
گل دینا (ا) فعل ❶ کسی دھات کو گرم کر کے جسم پر داغ لگانا ❷ داغ دینا۔
گل رخ (ف) اسم مذکر ❶ سرخ رخساروں والا ❷ مجازاً معشوق ❸ خوبصورت۔
گل رعنا (فع) اسم مذکر۔ ایک قسم کا پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے۔
گل رنگ/گلرنگ (ف) اسم صفت ❶ پھول کے رنگ ❷ سرخ ❸ لال۔
گلرو/گل رو (ف) اسم مذکر۔ دیکھو گل رخ۔
گلریز (ف) اسم مونث ❶ ایک قسم کی آتشبازی ❷ پھلجھڑی۔
گل زار/گلزار (ف) اسم مذکر ظرف ❶ پھلواڑی ❷ چمن ❸ گلشن ❹ (بحالت صفت ا) خوب آباد ❺ پر رونق۔
گل زار خلیل/ابراہیم (ف) اسم مذکر۔ آتش نمرود جو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر چمن بن گئی تھی۔
گل ستاں/گلستاں (ف) اسم مذکر ظرف ❶ پھلواڑی ❷ چمن ❸ باغ ❹ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کی مشہور کتاب کا نام بھی ہے۔
گل سوسن (ف) اسم مذکر۔ ایک نیلے آسمانی رنگ کا پھول۔
گل شبو (ا) اسم مونث۔ رات کو کھلنے والے ایک پھول کا نام ہے۔
گلشن (ف) اسم ظرف ❶ باغ ❷ چمن ❸ پھلواڑی ❹ گلزار۔
گل صد برگ (ف) اسم مذکر۔ گیندے کا پھول۔
گل عباسی (فع) اسم مذکر۔ ایک پھول کا نام ہے۔
گلعذار (فع) اسم صفت تشبیہی ❶ گلاب جیسے رخساروں والا ❷ مجازاً معشوق ❸ لال لال گالوں والا۔
گل فام/گلفام (ف) اسم صفت۔ پھول کے رنگ کا خوبصورت معشوق۔
گل قند/گلقند (ف) اسم مذکر ❶ گل شکر ❷ کھانڈ اور گلاب کے پھولوں کا مرکب۔
گل کاری/گلکاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بیل بوٹے کا کام ❷ نقاشی۔
گل کترنا (ا) فعل ❶ گلکاری کرنا ❷ پھول تراشنا ❸ جلی ہوئی بتی کاٹنا ❹ عجیب وغریب کام کرنا ❺ غضب ڈھانا ❻ ستم کرنا ❼ سبقت لے جانا ❽ بڑھ جانا۔
گل کرنا (ا) فعل ❶ چراغ بجھانا ❷ دیا بڑا کرنا ❸ چراغ بڑھانا۔
گل کھانا (ا) فعل ❶ عشق جتانے کے واسطے جسم پر داغ کھانا ❷ چرکا کھانا ❸ دغنا۔
گل کھلانا (ا) فعل ❶ پھول کھلانا ❷ نیا فساد کھڑا کر دینا ❸ آفت و مصیبت لانا ❹ کوئی عجیب وغریب اور نرالا کام کرنا۔
گل کھلنا (ا) فعل ❶ پھول کا شگفتہ ہونا ❷ نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا ❸ راز فاش ہونا ❹ بھید کھلنا ❺ دھوم مچنا ❻ فساد مچنا ❼ مصیبت آنا۔
گل کیس (ا) اسم مذکر۔ مرغ کی کلغی سے مشابہ ایک پھول کا نام ہے۔
گل گشت/گلگشت (ف) اسم مذکر ❶ چمن کی سیر ❷ سیر باغ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772182

www.besturdubooks.net

**گل گوں/گلگوں** (ف) اسم صفت ❶ پھول کے رنگ کا ❷ گلفام۔

**گل گونہ/گلگونہ** (ف) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا ابٹنا ❷ منہ پر ملنے کا سرخ رنگ۔

**گل گیر/گلگیر** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ چراغ یا شمع کا گل کترنے کی قینچی۔

**گل لالہ** (ف) اسم مذکر ❶ خشخاش کا پھول ❷ سرخ رنگ کا ہزارہ۔

**گل لگانا** (ا) فعل ❶ جسم کو داغ دینا ❷ دو کنپٹیوں کو داغنا۔

**گل ہونا** (ا) فعل ❶ چراغ بجھنا ❷ چراغ ٹھنڈا ہونا ❸ یاروں کی تفریح طبع کا باعث ہونا۔

**گُل** (ہ) اسم مونث ❶ گولی اور گولا کا مخفف ❷ گلولہ جیسے گل چھرا ❸ بمعنی گولی اور چھرا ❹ گرہ ❺ گانٹھ ❻ گٹھلی ❼ عقدہ۔

**گل چھرے اڑانا** (ہ) فعل ❶ دولت برباد کرنا ❷ خوب عیش منانا ❸ سیر و شکار میں مشغول رہنا۔

**گل** (ف) اسم مونث ❶ گیلی مٹی ❷ گارا ❸ کیچ ❹ کیچڑ ❺ دلدل۔

**گل ارمنی** (ف) اسم مونث۔ ایک قسم کی سیاہی مائل سرخ مٹی کا نام ہے۔

**گل حکمت کرنا** (ا) فعل متعدی ❶ منہ خام کرنا ❷ کپڑوٹی کرنا ❸ مٹی اور کپڑے سے بھاپ روک دینا۔

**گل در گل ہونا** (ا) فعل ❶ مٹی میں مٹی ملنا ❷ قبر کھود کر اس میں پتلا گارا بھر کر مردے کو ڈال دینا ❸ مسلمانوں میں مردے کو دفن کرنے کا یہ بھی ایک طریقہ ہے۔

**گل** (ہ) اسم مذکر ❶ گلا کا مخفف ہے ❷ گردن ❸ کنٹھ ❹ ٹیٹوا ❺ گلو ❻ حلق ❼ گال کا مخفف ❽ بمعنی رخسارہ ❾ گلٹر (پنجاب۔ بات)

**گل بیان ڈالنا** (ہ) فعل ❶ محبت اور پیار سے گلے میں باہیں ڈال کر بغل گیر ہونا ❷ ناز کرنا۔

**گلپھڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ مچھلی کا پھیپھڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے ❷ پرندوں کی چونچ کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔



گلپھڑا

**گل پھولا** (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ پھولے ہوئے گالوں والا ❷ کچوری سے گالوں والا۔

**گل پھیپڑ** (ہ) اسم مذکر ❶ گلے کی گلٹی ❷ گلے کا غدود ❸ گردن کی گٹھلی۔

**گل تکیہ** (ا) اسم مذکر۔ وہ چھوٹا سا گول تکیہ جو سوتے وقت رخساروں تلے رکھ لیتے ہیں۔

**گل تنی** (ا) اسم مونث ❶ بیلوں کی گردن تلے کی رسی ❷ جوت کی رسی ❸ نکتہ۔

**گل چندڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ وہ رومال جس میں گرہ دے کر زخمی یا ٹوٹے ہوئے ہاتھ کو لٹکا لیتے ہیں ❷ گلے کا ہار ❸ ساتھ ہی ساتھ رہنے والا ❹ ہمزاد۔

**گل خپ** (ا) اسم مونث ❶ دستہ و گریبان ❷ گتھم گتھا ❸ ہاتھا پائی ❹ بحث مباحثہ ❺ بے جا تکرار۔

**گل خور** (ا) اسم مونث ❶ مویشیوں کے گلے میں ڈالنے کی حلقہ دار رسی۔

**گل دینا** (ا) فعل ❶ پھانسی دینا ❷ سولی پر چڑھانا۔

**گل مالا** (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ کنٹھ ❷ گلے کا ہار ❸ گجرا۔

**گل مچھے** (ہ) اسم مذکر ❶ رخساروں پر رکھے ہوئے بال جو ٹھوڑی منڈانے کے بعد رکھ لیتے ہیں ❷ گال اور مونچھے کا بگاڑ۔

**گلا** (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ خوب پکا ہوا ❷ گلا ہوا ❸ بے جان ❹ بودا ❺ بوسیدہ ❻ سڑا ہوا ❼ پگھلا ہوا۔

**گلا سڑا** (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ نکما ❷ خراب ❸ بوسیدہ ❹ داغدار۔

**گلا** (ا) اسم مذکر ❶ دکاندار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن ❷ غلہ کا بگاڑ ہے ❸ مہاجن لوگ ❹ اناج ❺ ان ❻ جنس کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔

**گلا** (ہ) اسم مذکر ❶ گردن ❷ حلق ❸ گلو ❹ سر ❺ آواز ❻ گریبان۔

**گلا اٹھانا/کرنا** (ہ) فعل۔ حلق کے کوے کو انگلی سے دبا کر اس کی اصلی جگہ پر لانا۔

**گلا آنا** (ہ) فعل ❶ گلے میں چھالے یا ورم ہو جانا ❷ حلق کے کوے کا لٹک جانا۔

**گلا بندھانا** (ہ) فعل ❶ قرض میں پھنسنا ❷ مقروض ہونا ❸ تمسک کرنا ❹ روپیہ اوٹنا ❺ ضامن بننا ❻ اپنے ذمے لینا ❼ نکاح پڑھانا ❽ شادی کر لینا ❾ آزادی بیچنا۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03140977218

گلا بندھنا (ہ) فعل ❶ قرضدار ہونا ❷ دیندار ہونا۔

گلا بیٹھ جانا / پڑ جانا / گلا بیٹھنا / پڑنا (ہ) فعل ❶ آواز کا بھاری ہونا ❷ آواز کا بندھ جانا ❸ نزلے وغیرہ کا آواز کو کم کر دینا۔

گلا پکڑنا (ہ) فعل ❶ کسی تیز چیز کا گلے میں کساؤ پیدا کرنا ❷ گلے کو بھینچنا ❸ گلے میں سوزش یا خراش کرنا ❹ گردن پکڑنا ❺ تنگ کرنا ❻ ستانا ❼ ٹیٹوا دبانا۔

گلا پھاڑنا / پھاڑ کر بولنا (ہ) فعل ❶ چلانا ❷ چیخ کر بولنا۔

گلا پھرنا (ہ) فعل۔ گاتے وقت آواز کا حسب منشا مڑنا۔

گلا پھانسنا (ہ) فعل ❶ پھندے یا جال وغیرہ میں گلے کا پھنسا لینا ❷ قرض لینا۔

گلا پھولنا (ہ) فعل ❶ گلا سوجنا ❷ گلپھیڑ نکلنا ❸ گلڑ نکلنا ❹ گلے میں گلٹی نکلنا۔

گلا دبانا (ہ) فعل ❶ گردن بھینچنا ❷ گلا گھونٹنا ❸ سانس بند کرنا ❹ دم روکنا ❺ گلے میں انگوٹھا دینا ❻ بات کرنے سے روک دینا ❼ بولنے سے منع کر دینا۔

گلا کاٹنا (ہ) فعل ❶ گردن اڑانا ❷ قتل کرنا ❸ حق تلفی کرنا ❹ کسی کا حق زبردستی سے لے لینا ❺ ظلم کرنا ❻ سختی کرنا۔

گلاب (ف) اسم مذکر ❶ ایک مشہور پھول اور اس کے درخت کا نام ❷ عرق گلاب ❸ گلاب کے پھولوں کا عرق۔

گلاب پاش (ف) اسم مذکر ظرف۔ عرق گلاب چھڑکنے کا صراحی نما برتن۔

گلاب جامن (ا) اسم مونث ❶ ایک قسم کی مٹھائی کا نام ❷ گلاب کی سی خوشبو والی ایک خاص قسم کی جامن۔

گلاب کی پتی / پنکھڑی (ہ) اسم مذکر۔ تشبیہاً نازک ہونٹ۔

گلاب کے پھول (ہ) اسم مذکر ❶ گل سرخ ❷ نازک اور خوبصورت بچے۔

گلابی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ گلاب کے پھول کی طرح ❷ گہرا پیازی ❸ لال ❹ سرخ ❺ گلگوں ❻ گلفام ❼ شراب کا گلاس ❽ ساغر شراب ❾ ہلکا۔

گلابی آنکھ (ا) اسم صفت ❶ مخمور آنکھ ❷ نشیلی آنکھ ❸ گلاب کے سے رنگ والی آنکھ۔

گلابی جاڑا (ہ) اسم مذکر ❶ ہلکا جاڑا ❷ کم کم سردی ❸ خوشگوار سردی ❹ ابتدائے سرما کا موسم۔

گلا دینا (ہ) فعل ❶ پگھلا دینا ❷ متعفن کر دینا ❸ سڑا دینا ❹ بوسیدہ کر دینا ❺ وغیلا کر دینا ❻ کھو دینا ❼ گنوا دینا ❽ ہار جانا۔

گلاس (ای) اسم مذکر ❶ پیالہ ❷ ساغر ❸ ایک قسم کا آبخورہ ❹ شیشہ ❺ درپن ❻ آئینہ ❼ کانچ ❽ عینک کا چشمہ۔

گلال (ہ) اسم مذکر۔ ایک سرخ رنگ کا پوڈر جو ہولی کے دنوں میں ہندو صاحبان ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں۔

گلانا (ہ) فعل ❶ گھلانا ❷ پگھلانا ❸ سڑانا ❹ داغدار کرانا ❺ گنوانا ❻ اتارنا ❼ دھسانا۔

گلاؤ (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ گھلنے والا ❷ نازک ❸ جلد سڑ جانے والا ❹ قابل تحلیل۔

گلاوٹ (ف) اسم مونث حاصل مصدر گلانا سے ❶ گھلاوٹ ❷ نرمی ❸ گلا دینے والی چیز۔

گلائیڈر (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا ہوائی جہاز جس میں انجن نہیں ہوتا۔

گلبانگ (ف) اسم مونث ❶ چہچہاہٹ ❷ بلبل کی آواز ❸ قلندروں کا نعرہ ❹ خوشی نعرہ جنگ ❺ خوش خبری ❻ دھوم ❼ چرچا ❽ شہرت ❾ آواز۔

گلتھی (ہ) اسم مونث ❶ ملائم ❷ نرم ❸ ابلے ہوئے چاول ❹ پتلے اور نہایت ملائم گلے ہوئے چاول ❺ نرم ❻ ملائم۔

گِلٹ (ای) اسم مذکر ❶ ملمع کا پانی یا پترا ❷ ظاہری خوبصورتی ❸ اُوپری سجاوٹ۔

گلٹی (ہ) اسم مونث ❶ گرہ ❷ غدود ❸ گانٹھ ❹ رسولی ❺ گلے کے اندر تالو کے قریب کا پھوڑا ❻ خناق۔

گلخن (ف) اسم مذکر ❶ گل بمعنی آگ و خن بمعنی گھر سے مرکب ہے ❷ آگ کی جگہ ❸ بھٹی بھاڑ ❹ کوڑی ❺ کوڑا پھینکنے کی جگہ۔

گِلڈ (ای) اسم مونث ❶ ہم پیشہ لوگوں کی جماعت ❷ انجمن ❸ یونین۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03214907218

**گلڈانگ** (ا) اسم مذکر ① ایک قسم کا بڑا بہادر اور سمجھدار کتا جس کا سر اور جبڑا اسانڈ سے مشابہ ہوتا ہے ② بل ڈوگ کا بگڑا ہوا لفظ ہے۔

**گلسرِین** (ا) اسم مونث۔ ایک بے رنگ اور سیال چیز جسے چکنائی سے تیار کیا جاتا ہے۔ صابن اور دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

**گلگل** (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا لیموں ② ترنج۔

**گلگلا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا پکوان جسے آٹے میں میٹھا گھول کر گول گول تلتے ہیں۔

**گلگلا** (ہ) اسم صفت ① گیلا گیلا ② تر ③ نم دار۔

**گلنا** (ہ) فعل ① ملائم ہونا ② پک کر نرم ہونا ③ کن مرنا ④ پگھلنا ⑤ تپنا ⑥ ابلنا ⑦ جوش ہونا ⑧ سڑنا ⑨ داغدار ہونا۔

**گلنار** (ف) اسم مذکر ① انار کا پھول ② سرخ شوخ رنگ ③ ایک قسم کا انار جس میں بڑے بڑے پھولوں کے سوا پھل نہیں لگتا۔

**گلو** (ہ) اسم مونث۔ ایک دافع بخار دوا کی بیل کا نام ہے۔

**گلو** (ہ) اسم مونث ① گلہری ② کٹو (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے)

**گلو** (ف) اسم مذکر ① گلا ② گردن ③ حلق ④ کنٹھ ⑤ مجازاً آواز ⑥ لہجہ ⑦ لحن ⑧ سر ⑨ لے۔

**گلوبند** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی۔ گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا۔

**گلوسوز** (ف) اسم صفت فاعلی ① حلق جلانے والی چیز ② حلق میں خشکی پیدا کرنے والی چیز ③ مجازاً نہایت میٹھی اور شیریں چیز ④ شیریں سخن ⑤ تیز ⑥ چڑچڑا ⑦ تند۔

**گلوگیر** (ف) اسم صفت فاعلی ① گلے کو پکڑنے والی یعنی کسیلی چیز ② سر ہو جانے والا ③ لالچی ④ طامع ⑤ مدعی ⑥ دعویدار ⑦ دامنگیر ⑧ الزام لگانے والا ⑨ گردن پکڑنے والا۔

**گلوب** (ا) اسم مذکر ① گول چیز ② گولا ③ کرہ ④ کرہ زمین۔

**گلوری** (ہ) اسم مونث ① بنا ہوا اور خاص طرز پر لپٹا ہوا پان ② پان کی بیڑی ③ بیڑا۔

**گلوکوز** (ا) اسم مذکر۔ انگور سے نکلی ہوئی شکر۔

**گلولہ** (ف) اسم مذکر ① گولی ② گولا ③ غلا۔

**گلوندا** (ہ) اسم مذکر۔ مہوے کا پھول یا اس کی کلی۔

**گلہ** (ف) اسم مذکر ① شکایت ② شکوہ ③ الاہنا۔

**گلہ شکوہ** (ف) اسم مذکر ① الاہنا ② شکوہ ③ شکایت۔

**گلہ گزاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شکایت کرنا ② شکوہ کرنا۔

**گلہ** (ف) اسم مذکر ① جھنڈ ② غول ③ مویشیوں کا ریوڑ ④ ڈار ⑤ دکانداروں کا بکری رکھنے کا برتن۔

**گلہ بان** (ف) اسم مذکر فاعل ① ریوڑ والا ② گڈریا ③ شبان ④ چرواہا ⑤ مویشی چرانے والا ⑥ گوجر۔

**گلہ بانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① گڈریا پن ② مجازاً نگہبانی ③ محافظت ④ نگرانی۔

**گلہرا** (ہ) اسم مذکر ① گلہری کا نر ② پان یا گلوریاں رکھنے کا برتن۔

**گلہری** (ہ) اسم مونث ① کٹو ② کالی دھاریوں والا چوہے کی قسم کا ایک جانور ③ مجازاً ننھا بچہ۔



گلہری

**گلی** (ہ) اسم مونث ① مکئی کا بھٹا ② کیوڑے کا پھول ③ شہد کی مکڑی ④ بھال کے شہد کی جگہ ⑤ خول کے اندر چلانے کی گول لکڑی ⑥ بچوں کے کھیلنے کی دونوں کناروں سے نوکداری گھڑی ہوئی ذرا سی لکڑی ⑦ چاندی سونے کا ڈلا ⑧ صیقل کرنے کا آلہ ⑨ ایک قسم کی مینا۔

**گلی بندھنا** (ہ) فعل ① پورا جوان ہونا ② سن بلوغ کو پہنچنا۔

**گلی** (ا) اسم مونث ① کوچہ ② تنگ ③ سڑک ④ محلہ۔

**گلی کوچہ** (ا) اسم مذکر ① محلہ ② ٹولہ۔

**گلی گلی** (ہ) تابع فعل ① کوچہ در کوچہ ② دربدر ③ ہر گلی میں۔

**گِلی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① مٹی کا بنا ہوا ② کچا ③ ناپائدار ④ خام۔

**گلی ڈنڈا** (ہ) اسم مونث ① بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے ② گلی اور

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے۔

گلے (ہ) اسم مذکر ① گلا کی جمع ② بصورت عمل عوامل۔

گلے باز (ا) اسم صفت فاعلی ① خوش آواز ② خوش الحان ③ اچھی آواز والا۔

گلے بندھنا (ا) فعل ① ذمہ پڑنا ② بلا خواہش کسی چیز کا سر پڑنا ③ کسی ناپسند عورت سے نکاح ہو جانا ⑤ دوبھر معلوم ہونا۔

گلے پڑ کے سودا کرنا (ا) فعل ① خواہ مخواہ کوئی چیز دینا ② زبردستی بیچنا۔

گلے پڑنا (ہ) فعل ① زبردستی کسی کام کا سر ہو جانا ② متعلق ہونا ③ وابستہ ہونا ④ ذمہ پڑنا ⑤ سر ہونا ⑥ بلا خواہش نکاح ہونا ⑦ زبردستی چمٹے جانا۔

گلے پڑے کا سودا (ا) اسم مذکر ① نا رضامندی کا سودا ② مجبوری کا کام ③ زبردستی کا معاملہ۔

گلے چپنا / گلے ڈالنا (ا) فعل ① ذمہ ڈالنا ② سر منڈھنا ③ زبردستی کسی چیز کو حوالے کر دینا۔

گلے سے لگانا (ا) فعل ① پیار کرنا ② معانقہ کرنا ③ چھاتی سے لگانا۔

گلے کا ہار (ا) اسم مذکر ① گلے کی مالا ② ہر وقت ماں کے گلے سے چمٹا رہنے والا بچہ ③ وبال جان ④ ناگوار ⑤ دوبھر۔

گلے کا ہار ہونا (ا) فعل ① چمٹنا ② بار خاطر ہونا ③ وبال جان ہونا ④ سر ہونا ⑤ پیچھے پڑنا۔

گلے کی رگیں پھلانا (ا) فعل ① غصے ہونا ② سخت خفا ہونا۔

گلے لگنا (ا) فعل ① چھاتی سے لگنا ② لپٹنا ③ چمٹنا ④ بغلگیر ہونا ⑤ صفائی کر لینا ⑥ ملال دور کر کے معانقہ کرنا۔

گلے ملنا (ا) فعل ① بغل گیر ہونا ② ہمکنار ہونا ② چھاتی سے لگنا ③ گلے لگنا ④ ملاقات کرنا ⑤ ملاپ کرنا ⑥ صفائی کرنا۔

گلے منڈھنا (ہ) فعل ① سر کرنا ② سر چپکنا ③ کوئی چیز بزور حوالہ کرنا ④ سر ڈالنا۔

گلے میں اٹکنا (ہ) فعل ① گلے میں رکنا ② بدمزہ چیز کا حلق سے نہ اترنا ③ بچے کے بغیر کوئی چیز نہ کھانا۔

گلے میں زنجیر پڑنا (ا) فعل ① قید ہونا ② اسیر ہونا ③ بیاہ ہونا ④ مقابل ہونا۔

گلیا (ہ) اسم مذکر ① کام کرتے کرتے بیٹھ جانے والا ② بیل ③ (بحالت صفت) کام چور ④ کم حوصلہ ⑤ حیلہ جو۔

گلیارا (ہ) اسم مذکر ① گلی کوچہ ② محلہ ٹولہ ③ چھوٹی گلی۔

گلیز (ای) اسم مذکر۔ چمک۔

گلیشیر (ای) اسم مذکر ① برف کا بہت بڑا تودہ یا چٹان جو آہستہ آہستہ حرکت کرے ② برف کا چشمہ۔

گلیان جھنکانا (ہ) فعل ① گلیان جھانکنا ② حیران کرنا ③ آوارہ پھرانا ④ جگہ جگہ پھرانا ⑤ سرگشتہ و حیران کرنا۔

گلیاں چھاننا (ہ) فعل ① کوچہ گردی کرنا ② کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا ③ ہر گلی اور ہر کوچے میں ڈھونڈنا۔

گلیئر (ہ) اسم صفت ① گھوری ② میلا کچیلا ③ سڑیل ④ گلا ہوا ⑤ بوسیدہ ⑥ سست ⑦ کاہل۔

گلیم (ف) اسم مونث ① کملی ② اونی کپڑا ③ کمل ④ لوئی۔

گلینڈ (ای) اسم مونث ① غدود ② گلٹی۔

## گ ← م

گم (ای) اسم مذکر۔ گوند۔

گم (ف) اسم صفت ① کھویا ہوا ② ضائع شدہ ③ تلف شدہ ④ غائب ⑤ الوپ ⑥ پوشیدہ ⑦ حیران ⑧ حواس باختہ ⑨ بھاگا ہوا۔

گم شدہ (ف) اسم صفت ① ضائع شدہ ② کھویا ہوا ③ مخفی ④ پوشیدہ ⑤ چھپا ہوا ⑥ مفرور ⑦ فراری ⑧ بہکا ہوا ⑨ بھولا ہوا۔

گم کردہ آشیاں (ف) اسم مذکر۔ گھر بھولا ہوا پرندہ۔

گم کرنا (ا) فعل ① چھپانا ② ضائع کرنا ③ چرانا ④ بھلانا۔

گم گشتہ (ف) اسم صفت مفعولی (دیکھو گم شدہ)

گما (ہ) اسم مونث۔ بہت موٹی اور بڑی اینٹ جو انگریزی عمارتوں میں لگتی ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907218

www.besturdubooks.net

**گماشتہ** (ف) اسم صفت مفعولی (1) مقرر کیا ہوا (2) ایجنٹ (3) نائب (4) عامل کارکن (5) کارندہ (6) وکیل (7) مختار۔

**گمان** (ف) اسم مذکر (1) بھرم (2) بدھا (3) شک (4) شبہ (5) خیال (6) وہم (7) قیاس (8) رائے۔

**گمان غالب** (فع) اسم مذکر (1) پکا خیال (2) یقین کامل (3) پکی امید۔

**گمان گزرنا/ ہونا** (ا) فعل (1) شبہ ہونا (2) شک ہونا (3) خیال میں آنا۔

**گمان ہے** (ہ) محاورہ (1) یقین ہے (2) خیال ہے (3) قوی امید ہے۔

**گمان** (ہ) اسم مذکر (1) تکبر (2) غرور (3) اکڑ (4) گھمنڈ (5) خود بینی (6) نخوت۔

**گمان کرنا** (ہ) فعل (1) اترانا (2) ناز کرنا (3) گھمنڈ کرنا (4) تکبر کرنا (5) غرور کرنا (6) اینٹھنا (7) زور دکھانا (8) مل کرنا۔

**گمانا** (ا) فعل (1) کھونا (2) گم کرنا (3) آپے میں نہ رہنا۔

**گمانی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت (1) متکبر (2) مغرور (3) وہمی (4) بدظن۔

**گمبھیر** (س) اسم صفت (1) گہرا (2) عمیق (3) بردبار (4) بھاری (5) بھرکم (6) سمائی والا (7) دھیما (8) بھاری (9) بوجھل۔

**گمت** (ہ) اسم مونث (1) جتھا (2) ٹولی (3) سوسائٹی (4) سنگت (5) غرض (6) مطلب (7) صلاح (8) مشورہ (9) رائے۔

**گمٹ** (ا) اسم مذکر (1) گنبد کا بگڑا ہوا (2) برج گنبد۔

**گمٹی** (ا) اسم مونث (1) گمٹ کی تصغیر (2) چھوٹا برج۔ مٹھ۔

**گمٹی** (ا) اسم مونث (1) انگریزی لفظ ڈیمیٹی کا بگڑا ہوا (2) دوہری تار کا مضبوط سوتی لٹھا (3) پھول دار مضبوط کپڑا (4) ململ چشم۔

**گمر** (ہ) اسم مذکر (1) گھمنڈ (2) مان (3) گمان (4) تکبر (5) غرور۔

**گمراہ** (ا) اسم صفت مفعولی (1) راہ گم کردہ (2) راستہ بھولا ہوا (3) بھٹکا ہوا (4) آوارہ (5) بدنصیب (6) محروم (7) خدا سے نہ ڈرنے والا (8) سرکش (9) منحرف۔

**گمراہ ہونا** (ا) فعل (1) بہکنا (2) بھٹکنا (3) راستہ بھول جانا (4) سرکشی کرنا (5) منحرف ہونا (6) متکبر ہونا (7) مغرور ہونا (8) بے دین ہونا (9) بدمذہب ہونا۔

**گمراہی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری (1) کجروی (2) بے راہی (3) سرکشی (4) لامذہبی۔

**گم صم** (ا) اسم صفت (1) گنگ صم کا بگاڑ (2) گونگا بہرا (3) چپ چاپ (4) ششدر (5) حیران (6) ہکا بکا۔

**گمک** (ہ) اسم مونث (1) طبلے کی گونج (2) طبلے کی تھاپ (3) باجے کی آواز (4) ڈھول کی آواز (5) بادل کی گرج (6) کڑک (7) گانے والوں کے منہ سے بھاری ہوکر نکلنے والی آواز۔

**گمنام** (ا) اسم صفت فاعل ترکیبی (1) غیر مشہور (2) گپت (3) مخفی (4) پوشیدہ (5) بغیر نام کے جس کا نام معلوم نہ ہو۔

**گمنامی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری (1) نامعلومی (2) پوشیدگی (3) اخفا (4) عدم شہرت۔

## گ ← ن

**گن** (ای) اسم مونث (1) بندوق (2) توپ۔

**گن پاؤڈر** (ای) اسم مذکر (1) بارود (2) باروت۔

**گن** (ہ) اسم مذکر (1) وصف (2) خوبی (3) عمدگی (4) تاثیر (5) عادت (6) خو (7) خصلت (8) سبھاؤ (9) ہنر۔

**گن اوگن** (ہ) اسم مذکر (1) ہنر و عیب (2) برائی بھلائی (3) عیب و صواب۔

**گن کرنا** (ہ) فعل (1) اثر کرنا (2) تاثیر دکھانا (3) صحت بخشنا (4) بھلائی کرنا (5) نیکی کرنا۔

**گن گانا** (ہ) فعل (1) تعریف کرنا (2) وصف بیان کرنا (3) حمد و ثنا کرنا (4) بڑائی کرنا۔

**گن ماننا** (ہ) فعل (1) احسان ماننا (2) شکرگزار ہونا (3) ممنون ہونا۔

**گن میٹ** (ہ) اسم صفت فاعلی (1) احسان فراموش (2) ناشکرا (3) ناشکر گزار (4) کیے ہوئے احسان کو برباد کردینے والا۔

**گنا** (ہ) اسم مذکر (1) بار (2) مرتبہ (3) چند (4) دوگنا (5) چوگنا۔

**گنا** (ہ) اسم مذکر (1) اکھ (2) پونڈا (3) نیشکر (4) ایک پودہ جس کے رس سے شکر اور کھانڈ بناتے ہیں۔

**گننا** (ہ) فعل (1) گنتی کرنا (2) شمار کرنا (3) سمجھنا (4) خیال کرنا (5) خیال میں لانا (6)

**گنانا** (ہ) فعل (1) گننا کا متعدی (2) شمار کرانا (3) گنوانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03148077218

www.besturdubooks.net

**گناہ** (ف) اسم مذکر ① خطا ② قصور ③ جرم ④ پاپ ⑤ عصیاں ⑥ اوگن ⑦ دوش۔

**گناہ بخشنا** (ا) فعل۔ خطا معاف کرنا۔

**گناہ بے لذت** (فع) اسم مذکر ① بے فائدہ گناہ ② وہ گناہ جس کے کرنے سے کچھ مزا حاصل نہ ہو ③ مفت کا پاپ ④ ناحق کا دوش۔

**گناہ صغیرہ** (فع) اسم مذکر ① وہ قصور جو توبہ سے معاف ہو جائیں ② ادنٰے گناہ۔

**گناہ کبیرہ** (ف) اسم مذکر ① بڑا گناہ ② بھاری جرم ③ سخت گناہ۔

**گناہ گار / گنہگار** (ف) اسم فاعل ترکیبی ① پاپی ② بدکار ③ عاصی ④ خطاوار ⑤ مجرم ⑥ دوشی ⑦ اپرادھی ⑧ فاسق ⑨ فاجر۔

**گناہ گاری / گنہگاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① قصور ② جرم ③ دوش ④ اپرادھ ⑤ جرمانہ ⑥ چٹی ⑦ تاوان ⑧ ٹوٹا ⑨ سارہ۔

**گنبد** (ف) اسم مذکر ① مٹھ ② برج ③ گمٹ ④ قبہ ⑤ لداؤ کی چھت والی گول عمارت۔

**گنبد کی آواز** (ا) اسم مونث ① گنبد کی گونج ② جیسا کہنا ویسا سننا۔

**گنپت** (ہ) اسم مذکر ① لغوی۔ سردار جماعت ② اصطلاحی دیوی دیوتاؤں کی جماعت کا سردار ③ گنیش جی کا لقب۔

**گنت** (س) اسم مونث ① علم حساب ② علم اعداد۔

**گنت بدیا** (س) اسم مونث ① علم ہندسہ ② علم ریاضی۔

**گنت کار** (س) اسم مذکر ① ریاضی دان ② حساب دان ③ مہندس ④ نجومی۔

**گنتی** (ہ) اسم مونث ① تعداد ② شمار ③ حساب ④ اندازہ۔

**گنتی کے** (ہ) اسم صفت ① تھوڑے سے ② چند ③ متعدد ⑤ معدودے۔

**گنتی گنوانا** (ہ) فعل ① برائے نام شمار کرنا ② صرف گنتی کرا دینا ③ حقیقت میں کچھ نہیں۔

**گنتی لینا** (ہ) فعل ① گننا ② شمار کرنا ③ تعداد معلوم کرنا ④ پڑتال کرنا ⑤ حاضری لینا۔

**گنتی میں لانا** (ہ) فعل ① حساب میں داخل کرنا ② پروا کرنا ③ خاطر میں لانا ④ شمار میں لانا۔

**گنج** (ف) اسم مذکر ① خزانہ ② دفینہ ③ گودام ④ ذخیرہ ⑤ مخزن ⑥ اناج کی منڈی ⑦ ہاٹ بازار ⑧ ڈھیر ⑨ انبار۔

**گنج بخش** (ف) اسم صفت ① بڑا فیاض ② لکھ داتا ③ لکھ بخش ④ خزانہ کے خزانے بخش دینے والا ⑤ قطب الدین ایبک کا لقب ⑥ حضرت مخدوم علی ہجویری کا لقب جن کا مزار لاہور میں ہے۔

**گنج ڈالنا** (ہ) فعل ① اناج کی منڈی آباد کرنا ② انبار لگانا ③ گج بنانا ④ چھوٹے بازار کی بنیاد ڈالنا۔

**گنج شہدا / شہیداں** (فع) اسم مذکر ① شہیدوں کو اوپر تلے ڈال کر دفن کر دینے کی جگہ۔

**گنج** (ف) اسم مذکر۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں سر کے بال گر جاتے ہیں۔

**گنجا** (ہ) اسم صفت ① وہ شخص جس کے سر کے بال اڑ گئے ہوں ② گنجے سر والا۔

**گنجان** (ا) اسم صفت ① پاس پاس آبادی ② متصل ③ گھنا۔

**گنجائش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از گنجیدن ① سمائی ② جگہ ③ ٹھکانا ④ فائدہ ⑤ بچت ⑥ کفایت ⑦ حوصلہ ⑧ مقدور ⑨ استطاعت۔

**گنجفہ** (ا) اسم مذکر۔ تاش کی قسم کا ایک کھیل ہے۔

**گنجفہ باز** (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① گنجفہ کھیلنے والا ② مکار ③ چالباز ④ فریبی۔

**گنجلک** (ا) اسم مونث ① سلوٹ ② شکن ③ گرہ ④ گانٹھ ⑤ عقدہ ⑥ جھگڑا ⑦ بکھیڑا ⑧ الجھن۔

**گنجیا** (ہ) اسم مونث۔ میوہ بھر کر تلا ہوا سموسہ۔

**گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے** (ا) مثل۔ ادنٰے لوگوں کو خدا اس قدر طاقت نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں۔

**گنجی** (ہ) اسم مونث صفت۔ وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

**گنجی پنہاری اور گوکھرو کا اینڈوا** (ہ) مثل۔ اپنی حقیقت اور حیثیت سے بڑھ کر کام۔

**گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا** (ا) مثل۔ بدصورت اور کمینے کو کسی ادنٰے رتبہ پر دیکھ کر کہا کرتے ہیں۔

Join Us on Whatsapp Naveed Baig 03149072718

گنجیا (ہ) اسم مونث۔ کان کے ایک زیور کا نام۔

گنجیا (ا) اسم مذکر۔ گھسیارے یا گاڑیبان وغیرہ کے اوزاروں کا تھیلا۔

گنجیفہ (ف) اسم مذکر۔ دیکھو گنجفہ۔

گنجینہ (ف) اسم مذکر بہ یائے نسبتی ❶ گنج سے نسبت رکھنے والا ❷ خزانہ ❸ بہت زیادہ مال ❹ دفینہ ❺ برتن اور کھانا بحفاظت رکھنے کی الماری ❻ بھنڈارا ❼ مودی خانہ ❽ مال گودام ❾ ذخیرہ گاہ۔

گنجینہ دار (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ خزانچی ❷ خزانہ دار۔

گند (ف) اسم مونث ❶ ناپاکی ❷ پلیدی ❸ نجاست ❹ بدبو ❺ تعفن ❻ کوڑا کرکٹ ❼ خراب اور نکمی چیز۔

گند کاٹنا (ا) فعل ❶ پاپ کاٹنا ❷ مصیبت دور کرنا ❸ جھگڑا نمٹانا ❹ قضیہ پاک کرنا۔

گندا (ف) اسم صفت بالف فاعلیت ❶ میلا ❷ غلیظ ❸ گھوری ❹ ناپاک ❺ نجس۔

گندگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ غلاظت ❷ ناپاکی ❸ میلا ❹ لید گوبر وغیرہ ❺ بدبو ❻ بساند ❼ ناپاکی ❽ نجاست۔

گندم (ف) اسم مذکر ❶ گیہوں ❷ کنک۔

گندم گوں (ف) اسم صفت ❶ گندمی رنگ کا ❷ سانولا سلونا۔

گندم نما جوفروش (ف) اسم صفت ❶ ظاہر کچھ اور باطن کچھ ❷ مکار ❸ فریبی ❹ دغاباز ❺ دھوکے باز۔



گندم

گندمی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ گندم کے رنگ کا ❷ سانولا۔

گندنا (ف) اسم مذکر۔ لہسن سے مشابہ ایک سبزی کا نام ہے۔

گندوڑا (ہ) اسم مذکر۔ کھانڈ کی ٹکیا یا روٹی شادیوں میں ہندو لوگ تقسیم کرتے ہیں۔

گندھ (س) اسم مذکر ❶ بو ❷ مہک ❸ بدبو ❹ گھسا ہوا صندل ❺ سرخ صندل۔

گندہ (ف) اسم صفت ❶ میلا ❷ غلیظ ❸ ناپاک ❹ نجس ❺ گھوری ❻ بدبودار ❼ متعفن ❽ بسا ہوا ❾ بد۔

گندہ بروزہ (ا) اسم مذکر۔ چیڑ کے درخت کا بدبودار گوند۔

گندہ بہار (ف) اسم مونث۔ وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔

گندہ دہن (ف) اسم صفت فاعلی ❶ جس کے منہ سے بدبو آئے ❷ بغل گندوالا ❸ مجازاً گالیاں بکنے والا۔

گندھار (ہ) اسم مذکر۔ راگ کے تیسرے سر کا نام ہے۔

گندھنا (ہ) فعل ❶ آٹے میں پانی ڈال کر روٹی کے قابل بنانا ❷ سر کے بالوں کا گتھنا۔

گندھوانا (ہ) فعل ❶ گندھنا کا متعدی ❷ بال یا ہار وغیرہ گتھنا ❸ آٹے کو روٹی کے قابل بنوانا۔

گندھی (ہ) اسم مذکر ❶ عطر بیچنے والا ❷ عطار ❸ عطر بیچنے والا۔

گنڈا (ہ) اسم صفت ❶ لچا ❷ شہدا ❸ بدمعاش ❹ اوباش ❺ بدکار۔

گنڈا (ہ) اسم مذکر ❶ کڑا ❷ چوڑی ❸ حلقہ ❹ چھلا ❺ چار عدد ❻ چار کوڑیاں ❼ رفع مرض کے لئے بچوں کے گلے میں باندھنے کا منتر یا عمل پڑھا ہوا دھاگا ❽ گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹا ❾ ہاتھ میں باندھنے کا نیلا ڈورا۔

گنڈاسا (ہ) اسم مذکر ❶ چارہ کترنے کا اوزار ❷ کترا کرنے کا آلہ ❸ بتر ❹ لاٹھی میں لگا ہوا تیز ہتھیار۔

گنڈلی (ہ) اسم مونث ❶ کنڈلی ❷ حلقہ ❸ سانپ کا دائرہ بنا کر بیٹھنا۔

گنڈی (ہ) اسم صفت ❶ نامرد ❷ ہیجڑا ❸ ڈرپوک ❹ بزدل ❺ بونسیا۔

گنڈولا (ای) اطالوی کشتی جو وینس کی نہروں پر چلتی ہے۔

گنڈیری (ہ) اسم مونث۔ گنے کی چھوٹی پوری جو بے تکلف چوسی جاسکتی ہے۔

گنڈیری دار (ا) اسم صفت فاعلی ❶ مختلف رنگ کے گنڈے پڑا ہوا ❷ گنڈے دار۔

گنز (ای) اسم مذکر ❶ بندوقچی ❷ توپچی ❸ شکاری۔

گنگ (ا) اسم مذکر ❶ دریائے گنگا ❷ اکبر کے زمانہ کا ایک مشہور کبیشر۔ یعنی شاعر۔

گنگ (ف) اسم صفت ❶ گونگا ❷ زبان سے بول نہ سکنے والا۔

گنگا (س) اسم مونث۔ ہندوستان کے مشہور دریا کا نام جس کو ہندو لوگ نہایت متبرک اور مقدس مانتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

**گنگا اشنان** (ہ) اسم مذکر (1) گنگا میں نہانا (2) ہر دوار کا ایک مشہور میلا جہاں گنگا میں جاکر نہاتے ہیں۔

**گنگا جل** (س) اسم مذکر۔ دریائے گنگا کا پانی۔

**گنگا جلی** (ہ) اسم مونث۔ دریائے گنگا کا پانی لانے کا برتن۔

**گنگا جلی اٹھانا** (ہ) فعل (1) گنگا جل ہاتھ میں لیکر قسم کھانا (2) حلف اٹھانا (3) بڑی سخت قسم کھانا۔

**گنگا جمنا** (ہ) اسم مونث (1) ہندوستان کے دو مشہور اور مقدس دریاؤں کے نام (2) (بحالت صفت) دورنگا (3) ملا جلا (4) آمیزش شدہ۔

**گنگا جمنی** (ہ) اسم صفت (1) دورنگا (2) دورنگ کا (3) دو وضع کا (4) ملا جلا (5) باہم آمیختہ سونے اور چاندی کا بنا ہوا (6) تانبے اور پیتل کا بنا ہوا (7) سنہری اور روپہلی ابلق رنگ (8) سیاہ وسفید (9) ایک قسم کا کان کا زیور۔

**گنگا ساگر** (س) اسم مذکر (1) دریائے گنگا کا دہانہ (2) گنگا کے سمندر میں جا گرنے کی جگہ (3) آفتابہ (4) ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار لوٹا۔

**گنگا کس کی کھدائی ہے** (ہ) مثل۔ ایسے کام تو قدرتی ہوا کرتے ہیں۔

**گنگا گئے منڈ آئے سدھ** (ہ) مثل۔ یہ مثل وہاں بولتے ہیں جہاں سے آدمی بے نقصان اٹھائے نہ آئے۔

**گنگا نہانا** (ہ) فعل (1) دریائے گنگا میں اشنان کرنا (2) پاک ہونا (3) گناہ دور ہونا (4) پاپ جھڑنا (5) ثواب کمانا (6) بیٹی کے فرض سے سبکدوش ہونا (7) قرضہ سے فارغ ہوجانا (8) کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا۔

**گنگال** (ہ) اسم مذکر (1) کلسا (2) گاگر (3) ٹوکنا (4) پانی رکھنے کا بڑا برتن۔

**گنگنا** (ہ) اسم صفت بالف فاعلیت (1) ناک میں بولنے والا (2) غنغنا (3) نیم گرم (4) سیل گرم۔

**گنگنانا** (ہ) فعل (1) ناک میں بولنا (2) دھیمی آواز سے منہ ہی منہ میں گانا (3) گن گن کرنا۔

**گن گن کر/گن گن کے** (ہ) تابع فعل (1) ایک ایک کر کے (2) شمار کر کے (3) سنبھال سنبھال کے (4) چن چن کر (5) جوں توں کر کے (6) بڑی مشکل سے۔

**گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے** (ہ) مثل۔ زیادہ ہوشیاری بھی آخر کو نقصان دیتی ہے۔

**گن گن کر دن کاٹنا/گزارنا** (ہ) فعل (1) بپتا کے دن پورے کرنا (2) بڑی مشکل سے دن گزارنا۔

**گن گن کے قدم رکھنا** (ا) فعل (1) سہج سہج چلنا (2) ہولے ہولے چلنا (3) نہایت احتیاط سے چلنا (4) ہوشیاری اور دور اندیشی سے کام لینا۔

**گنوار** (ہ) اسم مذکر (1) گانوں کے رہنے والا (2) کسان (3) زمیندار (4) ٹھوٹ (5) ان پڑھ (6) جاہل (7) بے تمیز (8) غیر مہذب (9) بے سلیقہ۔

**گنوارپن** (ہ) اسم مذکر (1) بے وقوفی (2) نادانی (3) جہالت (4) بے تمیزی (5) ناتجربہ کاری۔

**گنوار کا لٹھ** (ہ) اسم مذکر (1) کسان کی موٹی لاٹھی (2) (صفت) ناشائستہ (3) انگھڑ (4) الو (5) گدھا (6) اجڈ (7) جاہل (8) احمق (9) بداخلاق۔

**گنوار گنا نہ دے بھیلی دے** (ہ) مثل۔ بے وقوف شخص کنجوسی کر کے نقصان اٹھاتا ہے۔

**گنوارو** (ہ) اسم صفت فاعلی (1) بھدا (2) ناموزوں (3) بدوضع (4) گنواروں کا سا۔

**گنواری** (ہ) اسم مونث (1) گاؤں کے رہنے والی (2) زمیندارنی (3) گنوار کی مونث (4) (بحالت صفت بیائے نسبتی) بھدی (5) بدزیب (6) بدوضع (7) ناموزوں۔

**گنوانا** (ہ) فعل (1) گننا کا متعدی (2) شمار کرانا۔

**گنوانا** (ہ) فعل (1) کھونا (2) برباد کرنا (3) ضائع کرنا (4) ناحق تباہ کر دینا (5) یونہی گزارنا۔

**گنوریا** (ای) اسم مذکر (1) سوزاک (2) ایک تکلیف دہ مرض۔

**گنونت/گنونتا** (ہ) اسم صفت (1) صاحب ہنر (2) ہنرمند (3) دانا (4) عالم فاضل (5) پنڈت (6) بدیاوان (7) ہوشیار (8) باسلیقہ (9) سگھڑ۔

**گنونتی** (ہ) اسم صفت مونث (1) عالمہ (2) ہنرمند (3) عورت (4) دانشمند۔

**گنہ** (ف) اسم مذکر (1) خطا (2) قصور (3) دوش (4) جرم (5) گناہ کا مخفف ہے۔

**گنی** (ای) اسم مونث۔ انگلستان کا ایک سکہ جو ۲۱ شلنگ کی مالیت کا ہوتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

گنی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① عالم ② فاضل ③ ہنر مند ④ پنڈت ⑤ ولی اللہ ⑥ عارف ⑦ کامل ⑧ سانپ کا کھلاڑی ⑨ سپیرا۔

گنیا (ہ) اسم مذکر ① ہنرمند ② عقلمند ③ دانا ④ بڑھئی کا کونیا ⑤ سادھن ⑥ ٹیڑھی لکڑی یا چیز کی سدھ دیکھنے کا آلہ ⑦ مضروب فیہ جس میں ضرب دیں۔

## گ ← و

گو (ف) بواوٴ مجہول ① حرف شرط ② مانا کہ گرچہ ③ اگرچہ ④ بالفرض ⑤ گفتن کا امر بھی ہے۔

گو (ا) اسم مذکر۔ بواوٴ معروف ① گوہ کا مخفف ② پیخانہ ③ براز ④ چرک ⑤ بیٹ۔

گئو (س) اسم مونث ① گائے بیل کی مادہ ② گاوٴ مادہ ③ بقر ④ دھن ⑤ مسکین ⑥ غریب۔

گوپال (س) اسم مذکر ① گایوں کو پالنے والا ② گھوسی ③ گوجر ④ کرشن جی کا لقب۔

گئو ہتیا (ہ) اسم مونث۔ گائے کو ذبح کرنے یا مارنے کا پاپ۔

گوآر/گوآرا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا غلہ ② جو مویشیوں کو دودھ کی زیادتی کے لئے کھلاتے ہیں۔

گوارا (ف) اسم صفت ① رچتا پچتا ② پچنے کے قابل ③ زود ہضم ④ خوش مزہ ⑤ من بھاتا ⑥ من پسند ⑦ منظور نظر ⑧ قابل برداشت۔

گوال/گوالا (ہ) اسم مذکر ① گایوں کی پرورش کرنے والا ② گھوسی ③ گوجر ④ دودھ بیچنے والا۔

گوالن (ہ) اسم مونث ① گولا کی تانیث ② گوجری ③ گھوسن۔

گواہ (ف) اسم مذکر ① شاہد ② گواہی دینے والا ③ ثبوت پہنچانے والا۔

گواہ بنانا (ا) فعل ① شاہد ٹھیرانا ② گواہ قرار دینا ③ جھوٹا گواہ تجویز کرنا ④ گواہی کے لئے سکھانا پڑھانا۔

گواہ دینا (ا) فعل۔ دعوے کے ثبوت یا تردید کے لئے شاہد پیش کرنا۔

گواہ رویت/گواہ عینی (فع) اسم مذکر۔ کسی معاملے کو اپنی آنکھ سے دیکھنے والا شاہد۔

گواہ سماعی (فع) گواہی دینے والا۔

گواہ کرنا (ا) فعل ① واقف کرنا ② جتانا۔

گواہ مرقوم الحاشیہ (فع) اسم مذکر۔ تمسک کے حاشیہ پر گواہی کرنے والا۔

گواہ مندرجہ دستاویز (فع) اسم مذکر۔ وہ گواہ جس کے دستخط کسی تمسک یا دستاویز پر موجود ہوں۔

گواہی (ف) اسم مونث ① شہادت ② شاہدی ③ ساکھ۔

گواہی کرنا/لکھنا (ا) فعل۔ کسی دستاویز پر اپنے دستخط کرنا۔

گوبر (ہ) اسم مذکر ① مویشیوں کا پیخانہ ② مویشی کی خوراک کا فضلہ ③ سرگین ④ گائے وغیرہ کا گوہ۔

گوبر کرنا (ہ) فعل۔ مویشی کا ہگنا۔

گوبری (ہ) اسم مونث ① گوبر ملی ہوئی نہایت پتلی مٹی ② لپائی کے قابل نہایت پتلی مٹی۔

گوبند (س) اسم مذکر ① گووند کا بگاڑ ہے ② گئو رکھنے والا ③ وید کی زبان جاننے والا ④ کرشن جی کا مشہور لقب۔

گوبھی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا کرم کلا ② مشہور ترکاری۔

گوپ (س) اسم مذکر ① گائیں چرانے والا ② گوالا۔

گوپال (ف) اسم مذکر ① گرز ② گدا ③ لڑائی کا ایک ہتھیار۔

گوپن/گوپھن (ہ) اسم مذکر ① گوپیا ② فلاخن ③ جانوروں کو اڑانے کے لئے پتھر یا مٹی کے گولے رکھ کر پھینکنے کا رسی کا بنا ہوا آلہ۔

گوپی (س) اسم مونث ① گوجری ② گھوسن ③ گوالن ④ شیر فروش عورت ⑤ کرشن جی کی سہیلیاں۔

گوپیا (ہ) اسم مذکر ① رسیوں کا بنا ہوا ایک ہتھیار جس میں غلہ رکھ کر جانور یا دشمن کو مارتے ہیں ② گوپن ③ گوپھن۔

گوت (ہ) اسم مذکر ① گھرانا ② خاندان ③ نسلی بنس ④ کل ⑤ قوم ⑦ فرقہ ⑧ کسی قوم کی شاخ۔

گوتم (س) اسم مذکر۔ ایک رشی کا نام ہے جس نے نیائے شاستر بنایا تھا نیز بدھ مذہب کا بانی ساکی منی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

گوتھنا (ہ) فعل ① لڑی بنانا ② پرونا ③ گوندھنا ④ بالوں کی لٹیں بنانا۔

گوتی (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① ہم نسل ② ایک کل کے ③ ایک خاندان کے۔

گوٹ (ہ) اسم مونث ① کنارہ ② حاشیہ ③ مغزی ④ کور ⑤ سنجاف ⑥ چوپڑ کی نرد ⑦ چوپڑ کی گٹی ⑧ دعوت ⑨ ضیافت۔

گوٹا (ہ) اسم مذکر ① کنارہ ② لچکا ③ سونے چاندی کے تاروں کا بافتہ ④ پتلی لیس۔

گوٹا کناری (ہ) اسم مونث۔ چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے سے بنی جاتی ہے۔

گوجر (ہ) اسم مذکر ① گجر ② گوالا ③ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے جس کا کام دودھ بیچنا ہے۔

گوجرا (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول۔ گیہوں اور جو کا ملا ہوا اناج۔

گوجری (ہ) اسم مونث ① گوجر کی بیوی ② گوجر قوم کی عورت ③ گوالن ④ گھوسن۔

گوچنی (ہ) اسم مونث ① گیہوں اور چنوں کا ملا ہوا غلہ ② بیرڑا۔

گود (ہ) اسم مونث ① پہلو ② آغوش ③ کنار ④ کولی ⑤ دامن ⑥ آنچل ⑦ متبنٰے کرنا۔

گود بھری جانا (ہ) فعل۔ حاملہ کے ساتویں مہینے کی خوشی کی رسم کا ادا کرنا۔

گود بھری (ہ) اسم صفت مونث ① بچے والی عورت ② صاحب اولاد عورت۔

گود بھری رہے (ہ) فقرہ دعائیہ ① اولاد زندہ وسلامت رہے ② بچہ گود میں رہے۔

گود پسار کے کوسنا (ہ) فعل ① دامن پھیلا کے بددعا دینا ② ہاتھ پسار کے برابر منانا۔

گود پسارنا / پھیلانا (ہ) فعل ① دامن پھیلانا ② سوال کرنا ③ مانگنا۔

گود دینا (ہ) فعل ① اپنا بچہ دوسرے کی گود میں ڈالنا ② فرزندی میں دینا ③ اپنے بچے کو دوسرے کا متبنٰے بنانا۔

گودکا (ہ) اسم صفت ① دودھ پیتا ② شیر خوار بچہ ③ گود والا بچہ۔

گود کا چھوڑ کر / ڈال کر / کھو کر پیٹ کی آس (ہ) محاورہ ① ادھار کے بھروسے پر نقد کو گنوانا ② موجودہ چیز کو کھو کر آئندہ نفع کی امید کرنا۔

گود کا کھلایا گود نہیں رہتا (ہ) مثل۔ انسان کی ہمیشہ ایک ہی حالت نہیں رہتی۔

گود کھلانا (ہ) فعل ① گود میں پالنا ② بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا ③ پرورش کرنا ④ دودھ پلانا۔

گود لینا (ہ) فعل ① لے پالک بنانا ② متبنٰے بنانا۔

گود میں لینا (ہ) فعل ① آغوش میں لینا ② گودی میں لینا ③ زانو پر بٹھانا۔

گودا (ہ) اسم مذکر ① مغز ② مخ ③ بھیجا ④ گٹھلی کے اندر کا مغز ⑤ اندرونی حصہ ⑥ خلاصہ ⑦ کسی چیز کا سب سے بہتر حصہ ⑧ گری۔

گودام (ا) اسم مذکر ① کھلیان ② تودہ ③ ڈھیر ④ ذخیرہ ⑤ مال گھر ⑥ کوٹھی ⑦ مودی خانہ۔

گوڈر (ہ) اسم مذکر ① پرانا اور ناکارہ کپڑا ② چیتھڑے ③ لیڑے ④ پرانے کپڑوں کی پوٹلی ⑤ پرانی روئی ⑥ روڑ۔

گوڈر خیل (ا) اسم صفت ① بدسلیقہ عورت ② پھوہڑ ③ بے تمیز۔

گوڈر کا لعل / لال (ا) اسم مذکر ① شریف ② مفلس ③ چھپا رستم ④ نامعلوم کامل ⑤ غیر مشہور فاضل ⑥ وہ حسین جو پھٹے پرانے لباس میں ہو۔

گوڈر میں گندوڑا نکلنا (ہ) مثل ① بروں میں کوئی اچھا پیدا ہونا ② ادنٰے قوم میں کوئی اعلےٰ مرتبہ کا شخص ہو جانا ③ جاہل کے ہاں عالم کا پیدا ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

گودنا (ہ) فعل ❶ کچو کے لگانا ❷ چبھونا ❸ بیندھنا ❹ زخم دینا ❺ جسم پر سوئی سے کھود کر نیل یا سرمہ بھرنا ❻ کندہ کرنا ❼ طعنے مہنے دینا ❽ چھیڑنا۔

گودنا (ہ) اسم مذکر ❶ کھرپی ❷ (پنجابی رسبا) گدائی ❸ کندیدگی ❹ سوئی سے جسم پر کام۔

گودہ (ہ) اسم مذکر ❶ کیلوں کا خوشہ ❷ کیلوں کی گھڑ۔

گودی (ہ) اسم مونث بیائے زائدہ ❶ بغل ❷ کوئی آغوش ❸ کنار ❹ مجازاً۔ پاس ❺ قریب۔

گودے دار (ا) اسم صفت ترکیبی ❶ گری وار ❷ پرمغز۔

گوڈا (ہ) اسم مذکر ❶ گھٹنا ❷ زانو۔

گوڈنا (ہ) فعل ❶ کھودنا ❷ گودنا ❸ تلائی کرنا۔

گوڈوں میں سر دینا (ہ) فعل ❶ رنج وغم ظاہر کرنا ❷ غم کی صورت بنانا۔

گور (ف) اسم مونث ❶ قبر ❷ تربت ❸ مزار ❹ مٹھ ❺ سمادھ ❻ بہرام بادشاہ کا لقب ❼ گورخر۔



گور

گور پر گور نہیں ہوتی (ا) مثل۔ ایک کے قابض ہوتے دوسرے کا دخل ناممکن ہے۔

گور جھانکنا (ا) فعل ❶ قریب المرگ ہونا ❷ موت کا انتظار کرنا ❸ جمنا کنارے پہنچنا۔

گور غریباں (ف) اسم مونث ❶ بیکسوں کا قبرستان ❷ مسافروں اور اجنبیوں کے دفن کرنے کی جگہ ❸ کسی عاشق راز کی قبر۔

گور کا منہ جھانک کر آنا / پھرنا (ا) فعل ❶ مرمر کے بچنا ❷ سخت بیماری سے شفا پانا ❸ از سر نو زندگی پانا۔

گور کفن / گور گڑھا (ا) اسم مذکر ❶ قبر اور کفن ❷ تجہیز و تکفین ❸ کفن میں لپیٹنا اور قبر میں پڑنا۔

گورکن (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ قبر کھودنے والا ❷ مردے دفنانے اور قبر کھودنے کا پیشہ کرنے والا۔

گور کنارے (ا) اسم صفت ❶ کوئی دم کا مہمان ❷ جان بلب ❸ قریب برگ۔

گور کنارے آ لگنا / جا لگنا (ا) فعل ❶ سخت کمزوری اور بیماری سے قریب مرگ ہو جانا ❷ نزع کی حالت ہو جانا۔

گور کے مردے اکھیڑنا (ا) فعل ❶ اگلوں کو یاد کرنا ❷ پچھلی باتوں کو یاد کرنا ❸ پرانے جھگڑے نکالنا ❹ فتنہ کھڑا کرنا۔

گور گڑھا کرنا (ا) فعل ❶ تجہیز و تکفین کرنا ❷ کفنانا ❸ دفنانا ❹ کریا کرم سے نمٹنا۔

گور میں انگارے بھرنا (ا) فعل ❶ عذاب کمانا ❷ گنہگار ہونا ❸ بدی کرنا ❹ غیبت کرنا۔

گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں (ا) محاورہ ❶ مرنے کو تیار ہیں ❷ نہایت بوڑھے ہیں ❸ چند روزہ مہمان ہیں۔

گور میں دھواں اٹھنا (ا) فعل ❶ قبر میں جلنا ❷ عذاب قبر ہونا۔

گور میں کیڑے پڑیں (ا) دعائے بد۔ قبر میں جسم سڑ کر کیڑے کلبلائیں۔

گورا (ہ) اسم صفت ❶ سرخ وسفید رنگ والا ❷ چٹا ❸ صبیح ❹ اجلا ❺ دھولا ❻ حسین وجمیل ❼ (بحالت اسم مذکر) فرنگی ❽ یورپین سپاہی۔

گورا چٹا (ہ) اسم صفت ❶ نہایت حسین وجمیل ❷ خوبصورت ❸ سرخ و سفید۔

گوراشاہی (ا) اسم صفت ❶ تشبیہاً گوروں جیسا ❷ گوروں کے کام کے قابل ❸ گوروں کے استعمال کا ❹ نہایت مضبوط بوٹ یا کوٹ وغیرہ۔

گورخر (ف) اسم مذکر ❶ گور بمعنی جنگل اور خر بمعنی گدھا سے مرکب ہے ❷ صحرائی گدھا ❸ جنگلی گدھا۔

گورستان (ف) اسم مذکر ظرف ❶ قبرستان ❷ مردوں کے دفن ہونے کی جگہ ❸ شہر خموشاں ❹ مرگھٹ۔

گورکھ دھندا (ہ) اسم مذکر ❶ قفل وسواسی ❷ قفل ابجد ❸ گورو گورکھ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ناتھ جی کا ایجاد کردہ قفل ④ مجازاً مشکل کام ⑤ پیچیدہ معاملہ ⑥ بکھیڑے والا معاملہ۔

گورنس (ای) اسم مونث ① خاتون اتالیق ② استانی ③ رؤسا کے گھروں میں چھوٹے بچوں کی نگران خاتون۔

گورنر (ای) اسم مذکر ① کسی ملک پر حکومت با اختیاری کرنے والا ② حاکم اعلٰے ③ صوبہ دار۔

گورنر جنرل (ای) اسم مذکر ① گورنر سے بڑا عہدہ دار ② وائسرائے ③ نائب السلطنت۔

گورنری (ا) اسم مونث ① گورنر کا عہدہ ② حکومت ③ دورِ حکومت۔

گورنمنٹ (ای) اسم مونث ① راج ② بادشاہی ③ حکومت ④ عملداری ⑤ حکمرانی ⑥ جمہوری ⑦ سلطنت۔

گورنمنٹ ہاؤس (ای) اسم مذکر ① ملک یا حکومت کے سب سے بڑے حاکم کی سرکاری رہائش گاہ ② صوبے کے حکام اعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ۔

گوریلا (ای) اسم مذکر ① خصوصی فوجی تربیت یافتہ چھاپہ مار ② غیر منظم فوجیوں کی جنگ ③ چھاپا مار جنگ ④ دشمن پر چھپ کر حملہ کرنا۔

گوری (ہ) اسم صفت مونث ① معشوقہ ② محبوبہ ③ خوبصورت عورت ④ حسینہ ⑤ گورا کی تانیث۔

گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا (ہ) فعل ① کسی چیز کا نمونوں میں ہی ختم ہو جانا ① کسی چیز کی خوبی یا کسی کے حسن کا ضائع ہو جانا۔

گوری (س) اسم مونث ① مہادیو کی استری ② پاربتی ③ گورجا ④ حوا ⑤ آٹھ برس تک کی کنواری لڑکی ⑥ مالکوس راگ کی دوسری راگنی۔

گوریا (ہ) اسم مونث ① چڑیا ② کنجشک ③ مٹی کا چھوٹا حقہ۔

گوڑ (س) اسم مذکر ① بنگال کا درمیانی حصہ ② بنگال کے قدیم دارالخلافہ کا نام ③ شہر گوڑ کا رہنے والا ④ برہمنوں کی ایک اعلٰے قوم۔

گوڑ (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① پنڈلی ② ٹانگ ③ ٹخنہ ④ شتالنگ ⑤ پاؤں ⑥ پیر ⑦ قدم۔

گوڑا (ہ) اسم مذکر۔ زانوں گھٹنے کی چپنی۔

گوڑنا (ہ) فعل ① ہل باہنا ② بیج بونے کے لئے زمین گودنا ③ زمین تیار کرنا ④ تلانا ⑤ گاہنا ⑥ بھس سے اناج علیحدہ کرنا۔

گوڑھ (س) اسم صفت ① مشکل ② دشوار ③ کٹھن ④ مخفی۔

گوڑھ چال (س) اسم مذکر ① بھیدی ② جاسوس ③ مخبر ④ خفیہ پولیس۔

گوڑی (ہ) اسم مونث ① لابھ ② نفع ③ فائدہ ④ بلا محنت ملا ہوا مال۔

گوڑی ہاتھ سے جانا (ہ) فعل ① شکار ہاتھ سے نکل جانا ② کچھ ہاتھ نہ آنا ③ فائدہ نہ ہونا۔

گوڑے پسار جانا (ہ) فعل ① پاؤں پھیلا جانا ② مر جانا ③ جی چھوڑ جانا ④ ہمت ہار جانا۔

گوڑے ٹوٹ جانا (ہ) ① گھٹنے ٹوٹ جانا ② چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا ③ چلنے کی ہمت نہ رہنا ④ حوصلہ نہ رہنا ⑤ ناامید ہو جانا۔

گوز (ف) اسم مذکر ① پاد ② باؤ ③ ریح ④ پھسکی ⑤ گندی ہوا۔

گوزشتر (ا) اسم صفت بترکیب اضافی ① لغو ② پوچ ③ واہیات ④ بادہوائی۔

گوزشتر سمجھنا (ا) فعل ① لغو خیال کرنا ② فضول جاننا ② بے وقعت سمجھنا ③ خیال میں نہ لانا۔

گوسا (ہ) اسم مذکر ① گوہا ② اپلا۔

گوسالہ (ف) اسم مذکر ① گائے کا ایک سال کا بچہ ② بچھڑا ③ سامری جادوگر کا سونے کا بچھڑا۔

گوسفند/گوسپند (ف) اسم مونث ① بھیڑ ② دنبہ ③ بکری ④ بکرا ⑤ بھیڑ بکری۔

گوش (ف) اسم مذکر ① کان ② سمع۔

گوش برآواز (ف) محاورہ ① کسی کی آواز کا منتظر ② کسی خبر کا امیدوار ③ منتظر۔

گوش زد ہونا (ا) فعل ① کان میں پڑنا ② سننے میں آنا ③ سنا جانا۔

گوش گزار ہونا (ا) فعل ① اطلاع ملنا ② خبر ہونا ③ سننے میں آنا ④ کان میں پڑنا۔

گوشت (ف) اسم مذکر ① ماس ② شکار ③ لحم ④ گودا ⑤ مغز ⑥ گری۔

گوشت خوار (ف) اسم صفت فاعلی ① شکار کھانے والا ② ماسا دھاری ③ درندہ ④ گوشت پر ہی گزارہ کرنے والے جانور۔

Join us on whatsapp Naveed BAG 03149071218

www.besturdubooks.net

گوشت سے ناخن جدا کرنا (ا) فعل ❶ دو رشتہ داروں میں تفرقہ ڈالنا ❷ اپنوں کو علیحدہ اور جدا کرنا۔

گوشت سے ناخن جدا نہ ہونا (ا) فعل ❶ اپنوں سے نہ چھوٹنا ❷ کمال کا میل ملاپ ہونا ❸ کسی کے بہکانے وغیرہ سے رشتہ داری میں فرق نہ آنا۔

گوشمالی/گوشمال (ا) اسم مونث ❶ سزا ❷ کان ❸ مروڑنے کی سزا ❹ کان اینٹھنے کی سزا ❺ سزا دینا ❻ تعزیز ❼ چشم نمائی۔

گوشوارہ (ف) اسم مذکر ❶ لغوی معنی لائق ❷ گوش ❸ اصطلاحاً۔ کان کا بالا ❹ آویزہ ❺ کنڈل ❻ وہ موتی جو سیپ کے اندر سے اکیلا ہی نکلتا ہے ❼ پگڑی کا طلا ❽ جیغہ ❾ حساب کا خلاصہ۔

گوشہ (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ گش ❷ کونہ ❸ کھونٹ ❹ کنارہ ❺ علیحدگی ❻ طرف ❼ پہلو ❽ سمت ❾ کمان کا سرا۔

گوشہ چشم (ف) اسم مذکر ❶ آنکھ کا کویا ❷ آنکھ کا کنارہ

گوشہ عافیت (فع) اسم مذکر ❶ آرام کا کونا ❷ گوشہ تنہائی ❸ امن کا کونا۔

گوشہ کمان (ف) اسم مذکر ❶ کمان کی نوک ❷ جس میں تانت باندھتے ہیں۔

گوشہ نشین (ف) اسم صفت فاعلی ❶ تنہائی میں رہنے والا ❷ تارک الدنیا ❸ سب سے الگ رہنے والا۔

گوشہ نشینی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ علیحدگی ❷ تنہائی ❸ خلوت وعزلت۔

گوگل (ہ) اسم مذکر۔ ایک نہایت تلخ اور بدبودار گوند ہوتا ہے۔

گول (ہ) اسم صفت ❶ چکروار ❷ کرہ ❸ مدور ❹ مشکوک ❺ دائرہ ❻ پیچدار بات ❼ بے وقوف ❽ احمق ❾ (بحالت اسم مونث) مٹی کا بڑا مٹکا۔

گول گول (ہ) اسم صفت ❶ مشکوک ❷ مشتبہ ❸ مبہم۔

گول گول کہنا (ہ) فعل ❶ صاف صاف نہ کہنا ❷ ذومعنی کلام کرنا ❸ کئی مطلبوں والی بات کہنا۔

گول مال (ہ) اسم صفت ❶ گڈمڈ ❷ ملا جلا ❸ سازش ❹ اٹ سٹ ❺ خیانت ❻ غبن ❼ غائب ❽ دال میں کالا ❾ مشتبہ۔

گول مال کرنا (ہ) فعل ❶ ملا جلا دینا ❷ غائب غلہ کرنا ❸ غبن کرنا ❹ سازش کرنا ❺ اٹ سٹ کرنا۔

گول تھول/مٹھول (ہ) اسم صفت ❶ گول مول ❷ پپا سا ❸ بہت موٹا اور فربہ ❹ پست قد موٹا اور ٹھگنا۔

گول مول (ہ) اسم صفت ❶ نہایت گول شے ❷ پستہ قد اور ٹھگنا آدمی ❸ موٹا بے وقوف۔

گول منہ (ہ) اسم مذکر ❶ مدور چہرہ ❷ چکلا منہ ❸ آفتابی چہرہ۔

گول ہو رہنا (ہ) فعل ❶ ٹال جانا ❷ چپ ہو رہنا ❸ خاموش ہو بیٹھنا ❹ جواب نہ دینا۔

گول (ای) اسم مذکر ❶ فٹ بال، ہاکی وغیرہ کے کھیلوں میں گیند کو دو پولوں کے درمیان میں سے گزارنا ❷ منزل مقصود ❸ نصب العین۔

گولا (ہ) اسم مذکر ❶ بالف زائدہ ❷ بنڈا ❸ گھیرا ❹ دھاگو کا گولہ ❺ لاج کی منڈی ❻ گول شہتیر ❼ کٹھا ❽ ایک قسم کا کبوتر ❾ ناریل کے اندر کی ثابت گری۔

گولا اٹھانا (ہ) فعل۔ اپنی سچائی ثابت کرنے کو لوہے کا دھکتا ہوا لال گولہ ہاتھ میں لے لینا۔

گولا چلانا (ہ) فعل ❶ توپ چھوڑنا ❷ گولا مارنا۔

گولاؤن (ہ) اسم صفت ❶ نہایت موٹا تازہ ❷ گول مٹھول ❸ فربہ اندام۔

گولاؤن بنا ہوا ہے (ہ) محاورہ۔ بہت ہی موٹا تازہ ہے۔

گولا دھار برسنا (ہ) فعل ❶ سخت بارش ہونا ❷ موسلا دھار بارش ہونا۔

گولا لاٹھی دینا/کرنا (ہ) فعل ❶ ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اٹھانا ❷ ایک قسم کی سزا ہے ❸ جو مکتبوں میں سخت قصور پر دی جاتی ہے۔

گولائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گول پن ❷ چکر ❸ دور۔

گولڈ (ای) اسم مذکر ❶ سونا ❷ زر ❸ طلا ❹ مال و دولت ❺ خوبصورت۔

گولڈن (ای) اسم صفت ❶ سنہری ❷ طلائی ❸ عمدہ ❹ چمکدار ❺ قیمتی ❻ زرخیز۔

گولر (ہ) اسم مذکر ❶ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے ❷ جو انجیر سے مشابہ ہے ❸ روئی کا ڈوڈا ❹ ٹینٹ ❺ کپاس کا دوڑا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

گولر کا پھول (ہ) اسم مذکر ❶ گولہ کے درخت کا پھول ❷ (بحالت صفت) نہایت نایاب شے ❸ نادر ❹ کمیاب ❺ ناممکن الحصول۔

گولر کا پیٹ پھڑوانا (ہ) فعل ❶ راز فاش کروانا ❷ بھید کھلوانا ❸ عیب داربات کو ظاہر کروانا ❹ پوشیدہ راز کو ظاہر کرانا۔

گولر کا کیڑا (ہ) اسم مذکر ❶ گولر کے پھل کے اندر کا کیڑا ❷ مجازاً گھر سے باہر نہ نکلنے والا آدمی۔

گولر گپکنا (ہ) فعل ❶ چبا چبا کر باتیں کرنا ❷ فخریہ اور طنزیہ بات کرنا۔

گولف (ای) اسم مذکر ❶ گاف ❷ ایک کھیل جو لمبی چھڑی سے کھیلا جاتا ہے۔

گولک (ہ) اسم مونث ❶ روزانہ بکری رکھنے کا برتن ❷ بکری رکھنے کی کپی ❸ گلہ ❹ غلہ ❺ حرامی بچہ۔

گولنداز (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ گولہ انداز کا مخفف ❷ توپ چلانے والا ❸ توپچی۔

گولہ (ف) اسم مذکر ❶ توپ کا گولہ ❷ گلولہ ❸ غلہ ❹ گوپئے میں چلانے کا گولہ۔

گولی (ہ) اسم مونث ❶ گولہ کی تصغیر ❷ بندوق کی گولی ❸ دوا کی ٹکیہ ❹ چھوٹی گول چیز ❺ حرب ❻ بچوں کے کھیلنے کا انٹا ❼ گول دانہ ❽ روا ❾ پانی رکھنے کی بڑی ٹھلیا۔

گولی بارود کہیں جائے طلب لینے سے کام (ا) مثل۔ کسی کا کام بنے یا بگڑے اپنی تنخواہ اور مطلب سے غرض۔

گولی بچاجانا (ہ) فعل۔ کسی مشکل کام یا آفت کے وقت الگ ہوجانا۔

گولی چلانا (ہ) فعل ❶ گولی مار دینا ❷ کسی کو بندوق کی گولی کا نشانہ بنانا ❸ بندوق میں گولی بھرنا ❹ کسی کے جسم میں گولی داخل کرنا۔

گولی دینا (ہ) فعل۔ دوا کی ٹکیہ کھلانا۔

گولی لگنا (ہ) فعل ❶ گولی کا زخم یا ضرب آنا ❷ بندوق کا نشانہ لگنا۔

گولی لگے/ پڑے (ہ) دعائے بد۔ بندوق سے مارا جائے۔

گولی مارنا (ہ) فعل ❶ بندوق چھوڑنا ❷ جان سے مار ڈالنا ❸ گولی چلانا۔

گولی مارو (ہ) محاورہ ❶ نفرت اور تنفر کے اظہار کے موقعہ پر بولتے ہیں ❷ جانے بھی دو اس کا نام تک نہ لو ❸ دفع کرو۔

گولیاں کھیلنا (ہ) فعل ❶ گولیوں کا کھیل کھیلنا ❷ ایام طفلی ہونا ❸ بچپن کا زمانہ ہونا۔

گولیاں کھیلتے ہیں (ہ) محاورہ ❶ ابھی تک بچے ہیں ❷ ناسمجھ ہیں ❸ بے عقل ہیں۔

گومڑ/ گومڑا (ہ) اسم مذکر ❶ دنبل ❷ پھوڑا ❸ ورم ❹ سوجن ❺ سر میں ضرب لگنے کا دم۔

گومڑی (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی ❷ پھنسی ❸ پھڑیا ❹ دانہ۔

گومگو (ا) اسم صفت ❶ دبدھا ❷ تذبذب ❸ شک و شبہ ❹ وسوسہ ❺ مشکوک ❻ پوشیدہ ❼ مخفی ❽ خفیہ ❾ ناگفتہ بہ۔

گون (ف) اسم مذکر ❶ علامت ❷ رنگ ❸ لون ❹ حرف تشبیہ بھی ہے۔

گون (ہ) اسم مونث ❶ بالوں یا رسیوں کا بنا ہوا تھیلا ❷ گدھوں بیلوں وغیرہ پر غلہ لادنے کی بوری ❸ خروار ❹ تنگ۔

گون (ہ) اسم مونث ❶ داؤں ❷ غرض ❸ گھات ❹ مطلب ❺ مقصد ❻ قابل ❼ لائق ❽ جوگ ❾ خواہش۔

گون پڑنا (ہ) فعل ❶ مطلب پڑنا ❷ کام پڑنا ❸ تعلق اور واسطہ ہونا۔

گون کا (ہ) اسم صفت اضافی ❶ غرض کا ❷ مطلب کا ❸ لوبھی ❹ لالچی ❺ خودغرض ❻ خودکام۔

گون کا یار/ گون گیرا (ا) اسم مذکر ❶ مطلب کا یار ❷ خودغرض ❸ مطلبی ❹ مطلب کا بندہ۔

گون (ای) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا انگریزی زنانہ لباس ❷ پشواز ❸ یونیورسٹی کی ڈگری حاصل کرنے کے وقت کا خاص امتیازی لباس یعنی سیاہ جبہ۔

گونا (ہ) اسم مذکر ❶ مکلاوا ❷ دولھا کا اپنے سسرال میں جا کر دولھن کو وداع کرا کے لانا ❸ تخت کی رات ❹ سہاگ رات ❺ خلوت ❻ شب عروسی۔

گونا ہونا (ہ) فعل۔ مکلاوا ہونا۔

گونا گوں (ف) اسم صفت بالف اتصال ❶ طرح طرح کا ❷ رنگ برن کا ❸ انواع واقسام کا۔

گونج (ہ) اسم مونث ❶ گرج ❷ تصادم آواز ❸ آواز کا کسی صاف اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...7218

www.besturdubooks.net

مجوف سطح سے ٹکرا کر پھر اسی طرح واپس سنائی دینا④ سانپ کی پھنکار⑤ کبوتر یا قمری کی آواز⑥ شیر کی دھاڑ۔

**گونج اٹھنا** (ہ) فعل① آواز سے بھر جانا② شور و فغاں سے پر ہونا③ بہت ہی شور وغل ہونا۔

**گونجنا** (ہ) فعل① گنبد سے آواز کا لوٹ کر آنا② وہی آواز سنائی دینا③ کبوتر کا مستی میں بولنا④ شیر کا دھاڑ۔

**گوند** (ہ) اسم مذکر① ایک طرح کا چیپ دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے② صمغ۔

**گوند پنجیری/گوند مکھانے** (ہ) اسم مذکر۔ گوند اور آٹے کی بنی ہوئی پنجیری یا مکھانے وغیرہ جو زچہ کو طاقت کے لیے کھلائے جاتے ہیں۔

**گوند پنجیری اور ہی کھائیں زچہ رانی پڑی کراہیں** (ا) مثل۔ تکلیف کوئی اُٹھائے مزے کوئی اور لوٹے۔

**گوندھنا** (ہ) فعل① روٹی پکانے کے لئے آٹا بنانا② آٹا ملنا③ مہندی گھولنا④ بالوں کی چوٹی بنانا⑤ موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں پرونا⑥ ہار بنانا۔

**گونڈ** (س) اسم مذکر① اونچی سونڈی والا② ایک ادنٰے فرقہ کے ہندوؤں کا نام۔

**گونڈا** (ہ) اسم مذکر① بستی② کھیڑا③ گاؤں میں موضع④ بڑی سڑک⑤ شاہراہ⑥ دلھن کے گھر برات پہنچنے کے وقت نچھاور⑦ نثار⑧ چوک⑨ صحن۔

**گونڈا** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول① بھیڑ بکری کا باڑا② حیوانوں کے رکھنے کا مکان③ گئوسالہ④ کھڑک⑤ حظیرہ۔

**گونگا** (ہ) اسم صفت۔ زبان سے نہ بولنا۔

**گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا** (ہ) محاورہ① ناقابل بیان② ظاہر نہ کر سکنے کے قابل۔

**گونگے نے سپنا دیکھا من ہی میں پچھتائے** (ہ) مثل۔ کسی قابل اظہار بات کے بیان نہ کر سکنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بیان کو جی جائے مگر ہو نہ سکے۔

**گونہ** (ف) اسم مذکر① رنگ عورتوں کا② رخسارے پر ملنے کا سرخ پوڈر③ غازہ④ گلگونہ⑤ جنس⑥ قسم⑦ نوع⑧ طور⑨ طرز۔

**گونہ گونہ** (ف) اسم صفت① طرح طرح کا② قسم قسم کا③ مختلف انواع واقسام کا۔

**گونہار** (ہ) اسم مذکر① دلھن کے ساتھ میکے سے سسرال میں آنے والی عورتیں② ساتھ والیاں۔

**گوہ** (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول① چھپکلی سے مشابہ مگر بہت بڑا② دو زبانوں والا③ جنگلی جانور ہے④ نیولے سے بہت بڑا ہوتا ہے⑤ (ف) سونہار۔

**گوہانجنی** (ا) اسم مونث① آنکھ کی پھنسی جو پلک پر نکلا کرتی ہے② انجہاری۔

**گوہر** (ف) اسم مذکر① قیمتی پتھر② جوہر③ موتی④ در⑤ مروارید⑥ مادہ⑦ ماہیت⑧ اصل نسل⑨ ذات۔

**گوہر شب تاب/شب چراغ** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا لعل جو رات کو خوب چمکتا ہے۔

**گویا** (ف) اسم صفت بالف فاعلی از گفتن① بولنے والا② خوش گفتار③ (بحالت تابع فعل) غالباً④ ظاہراً⑤ (بصورت حرف تشبیہ) مانند⑥ ہو بہو⑦ مثل⑧ بالفرض⑨ مانا کہ۔

**گویا** (ہ) اسم مذکر① گانے والا قوال② ڈوم③ میراثی④ کلاونت⑤ گاہک۔

## گ ← ہ

**گہ بیٹھنا** (ہ) فعل① تلوار کی موٹھ بیٹھ جانا② ہاتھ میں جم جانا۔

**گھات** (ہ) اسم مونث① داؤں② تاک③ موضع④ ادا⑤ انداز⑥ طرز⑦ دھوکا⑧ مطلب⑨ ارادہ۔

**گھات چلانا** (ہ) فعل① موٹھ چلانا② جادو چلانا③ داؤں چلانا④ وار کرنا۔

**گھات لگانا** (ہ) فعل① تاک لگانا② موقع کی تاک میں رہنا③ داؤں لگانا④ چھپکے بیٹھنا۔

**گھات میں بیٹھنا** (ہ) فعل① شکار مارنے یا دشمن پر وار کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھنا② موقع تاکنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**گھاتک/گھاتی/گھاتیا** (ہ) اسم مذکر فاعل بیائے فاعلیت ① گھات لگانے والا ② موقع تاکنے والا ③ چالباز ④ خون کا پیاسا ⑤ قاتل ⑥ خودغرض ⑦ مطلبی۔

**گھاتیں بنانا** (ہ) فعل ① چالیں بنانا ② داؤں سکھانا۔

**گھاٹ** (ہ) اسم مذکر ① دریا، تالاب یا کنوئیں کا پانی بھرنے کا کنارہ ② جانوروں کو پانی پلانے کی جگہ ③ مشرب ④ دریائے سے اترنے کا چوڑا اور کم پانی والا مقام ⑤ گزرگاہ ⑥ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی جگہ ⑦ تلوار کا خم شروع ہونے کی جگہ ⑧ باڑھ سے اوپر کا حصہ۔

**گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا** (ہ) فعل ① جگہ جگہ کا سفر کرنا ② تجربہ کار ہونا ③ ملک ملک میں جاکر تجربہ حاصل کرنا۔

**گھاٹ مارنا** (ہ) فعل ① اترائی کا محصول دے کر نہ جانا ② پل کا محصول ادا نہ کرنا۔

**گھاٹ مانجھی** (ہ) اسم مذکر۔ کشتیوں کے کرایہ کا انتظام اور سواریاں جمع کرنے والا ملاح۔

**گھاٹا** (ہ) اسم مذکر ① ٹوٹا ② نقصان ③ کمی ④ خسارہ ⑤ کٹے اور چھڑے ہوئے جو کا پانی ⑥ آش جو۔

**گھاٹی** (ہ) اسم مونث ① دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ ② چالان ③ پروانہ راہداری ④ حلق۔

**گہار** (ہ) اسم مونث۔ دیکھو (گوہار)

**گھاس/گھانس** (ہ) اسم مونث ① گراس ② کاہ ③ گیاہ ④ پھونس ⑤ پولا ⑥ چارہ ⑦ ساگ پات ⑧ سبزی ⑨ بوٹی۔

**گھاس پھوس** (ہ) اسم مذکر۔ کوڑا کرکٹ۔

**گھاس کاٹنا** (ہ) فعل ① چارہ کاٹنا ② جلد جلد پڑھنا یا بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے ③ بے لطفی سے پڑھنا ④ بیگار ٹالنا۔

**گھاس کھا گھاس** (ہ) محاورہ۔ دکاندار گاہک کو طنزاً کہا کرتے ہیں یعنی تو اس کی قدر کیا جانے یہ گھاس نہیں جو سستی بکے۔

**گھاگ** (ہ) اسم صفت ① بہت پرانا بوڑھا ② ضعیف العمر ③ خرانٹ ④ سیانا ⑤ ہوشیار۔

**گھاگرا** (ہ) اسم مذکر ① لہنگا ② گون ③ پشواز ④ ہک ⑤ دریا کا نام ⑥ ایک قسم کا کبوتر۔

**گھال میل** (ہ) اسم صفت ① گڈمڈ ② ملاجلا ③ میل ملاپ ④ ربط ضبط

**گھالنا** (ہ) فعل ① تباہ کرنا ② برباد کرنا ③ ڈالنا ④ گھسیڑنا۔

**گھان** (ہ) اسم مذکر ① غلہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ اوکھلی یا چکی میں ڈالی جائے ② پکوان کی ایک دفعہ کی مقدار ③ کولھو میں تل وغیرہ کے ایک دفعہ ڈالنے کی مقدار ④ رس یا میں شربت کی ایک مقدار۔

**گھان ڈالنا** (ہ) فعل ① ایک دفعہ کسی مقدار کا اوکھلی چکی یا کڑاہی وغیرہ میں ڈالنا ② کسی کام کو ہاتھ لگانا ③ کوئی کام شروع کرنا۔

**گھانس** (ہ) اسم مونث۔ دیکھو گھاس۔

**گھانی** (ہ) اسم مونث ① تلوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ پیلنے کو کولھو میں ڈالی جائے ② کولھو چلانے والا ③ (پنجاب) مٹی کا تغار۔

**گھاؤ** (ہ) اسم مذکر ① چیر ② زخم ③ جراحت ④ ریش ⑤ مجازاً۔ خسارہ ⑥ ٹوٹا ⑦ نقصان۔

**گھاؤ بھرنا** (ہ) فعل ① زخم کا مندمل ہونا ② زخم کا اچھا ہونا ③ نقصان پورا ہوجانا۔

**گھاؤ گھپ** (ہ) اسم صفت ① فضول خرچ ② غبن کرنے والا۔

**گھائی** (ہ) اسم مونث ① دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ ② فریب ③ دھوکا ④ مغالطہ ⑤ جل۔

**گھایل/گھائل** (ہ) اسم صفت ① زخ ② خوردہ ③ زخمی ④ مجروح ⑤ عشق کا مارا ⑥ دلفگار۔

**گھایل کی گت گھایل جانے** (ہ) مثل۔ مصیبت زدہ کی قدر دکھیارا ہی جانتا ہے۔

**گھائل ہونا** (ہ) فعل ① زخمی ہونا ② مجروح ہونا ③ عاشق ہونا ④ شیدا ہونا۔

**گھبرانا** (ہ) فعل ① بوکھلانا ② ہڑبڑانا ③ بے اوسان ہونا ④ تلملانا ⑤ بے قرار ہونا ⑥ خفقان ہونا ⑦ عاجز ہونا ⑧ ہکا بکا ہونا ⑨ (بصورت متعدی) اوسان ٹھکانے نہ رکھنا۔

**گھبراہٹ** (ہ) اسم مونث ① حاصل مصدر گھبرانا سے ② بے قراری ③ ہڑبڑی ④ پریشانی ⑤ بے کلی ⑥ عاجزی ⑦ خفقان۔

**گھپ** (ہ) اسم صفت ① بہت ② نہایت ③ اندھیرے کی تعریف میں بولتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig

www.besturdubooks.net

گھپلا (ہ) اسم مذکر 1 گڑبڑ 2 جھگڑا 3 جھمیلا 4 حساب کی غلطی 5 غور و غل۔

گھٹ (ہ) اسم مذکر 1 جی 2 من 3 ہردہ 4 دل گھاٹ بمعنی کم کا مخفف بھی ہے گھاٹ بمعنی ساحل کا مخفف 5 بدن 6 جسم 7 سر پر 8 گھڑا 9 مٹکا۔

گھٹا (ہ) اسم مذکر 1 نقب 2 سیندھ 3 شگاف 4 کثرت سجدہ سے ماتھے کا نشان 5 (پنجاب) خاک دھول 6 گرد و غبار۔

گھٹا (ہ) اسم مونث 1 بادل 2 ابر سیاہ 3 بادل 4 مجازاً گرد و غبار 5 کدورت 6 ابر۔

گھٹا اٹھنا (ہ) فعل 1 بادل کا آنا 2 سیاہ بادلوں کا نمودار ہونا 3 بادل چھانا۔

گھٹاٹوپ (ہ) اسم مذکر 1 پالکی اور بہلی وغیرہ کا غلاف 2 بادلوں کے چھا جانے کا اندھیرا 3 ابر کی تاریکی 4 اندھیرا گھپ۔

گھٹانا (ہ) فعل 1 کم کر دینا 2 قیمت کم کر دینا 3 بھاؤ اتارنا 4 درجہ یا مرتبہ کم کر دینا 5 دور کرنا 6 زائل کرنا 7 علم حساب میں تفریق کرنا 8 منہا کرنا۔

گھٹانا/گھٹوانا (ہ) فعل 1 سر کے بال منڈوانا 2 چکنا کرانا 3 رگڑوانا 4 سر منڈوانا۔

گھٹاؤ (ہ) اسم مذکر 1 حاصل مصدر از گھٹانا 2 حبس 3 امس 4 تنگی۔

گھٹاؤ (ہ) اسم مذکر 1 کمتر 2 کمی 3 قلت 4 کوتاہی 5 تفریق 6 منہائی 7 دریا کا اتار۔

گھٹاؤ بڑھاؤ (ہ) اسم مذکر 1 کمی بیشی 2 ترقی وتنزل۔

گھٹا ہوا (ہ) اسم صفت مفعولی 1 تجربہ کار 2 عیار 3 چالاک 4 ہوشیار 5 پختہ کار۔

گھٹائی (ہ) اسم مونث 1 رگڑائی پالش 2 ریگ مال کی صفائی 3 کھرل کی پسائی۔

گھٹتی (ہ) اسم مونث 1 زوال 2 تنزل 3 تخفیف 4 کمی 5 نقص۔

گھٹتی کا پہرا (ہ) اسم مذکر 1 کمی کا زمانہ 2 تنزل کا وقت 3 کلجگ۔

گھٹ گھٹ کے (ہ) تابع فعل 1 سانس بند ہو ہو کر 2 رک رک کر۔

گھٹ گھٹ کے مرنا (ہ) فعل 1 خاموشی یا تنہائی سے تنگ آنا 2 دم بند ہو جانا 3 چپ لگ جانا۔

گھٹنا (ہ) اسم مذکر 1 ران اور پنڈلی کے نیچے کا جوڑ 2 گوڈا 3 گوڑا 4 زانو 5 رکبہ۔

گھٹنا (ہ) اسم مذکر 1 جانگئے سے بڑا گھٹنوں تک کا پاجامہ 2 بہت اونچے پائنچوں والا پاجامہ۔

گھٹنا (ہ) فعل 1 کم ہونا 2 تھوڑا ہونا 3 اترنا 4 تنزل ہونا 5 زوال ہونا 6 لاغر ہونا 7 دبلا ہونا 8 بھاؤ اترنا 9 نرخ کم ہونا۔

گھٹنا (ہ) فعل 1 پسنا 2 حل ہونا 3 کھرل ہونا 4 خوب گھل مل جانا 5 ایک جان ہو جانا 6 رگڑا جانا 7 گھسا جانا 8 پالش ہونا 9 استرا پھرنا۔

گھٹنوں کے بل چلنا (ہ) فعل 1 زانو کے سہارے چلنا 2 آہستہ آہستہ چلنا 3 رینگنا۔

گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا (ہ) فعل 1 نہایت سوچ اور فکر میں بیٹھنا 2 مایوسی کی حالت میں بیٹھنا 3 غم سے سر جھکا کر بیٹھنا۔

گھٹنوں میں سر دے لینا (ہ) فعل 1 شرم کے مارے سر نہ اٹھانا 2 شرما جانا۔

گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا (ہ) فعل 1 پاس سے جدا نہ ہونے دینا 2 اوجھل نہ ہونے دینا 3 ہر وقت پاس ہی رکھنا۔

گھٹنوں چلنا (ہ) فعل 1 بچوں کا زانوواں کے بل چلنا 2 رینگنا 3 آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا۔

گھٹوانا (ہ) فعل 1 کھرل کرانا 2 رگڑوانا 3 سر منڈوانا 4 ڈاڑھی کو ایسا منڈوانا کہ کھونٹی تک نہ رہے۔

گھٹی (ہ) اسم مونث۔ وہ دست آور دوائی جو نوزائیدہ بچے کو پیٹ صاف کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

گھٹی میں پڑنا (ہ) فعل 1 عادت میں ہونا 2 طبیعت میں داخل ہونا۔

گھٹی/گھٹیل (ہ) اسم صفت 1 کم درجہ کا 2 کم قیمت 3 ارزاں 4 کمینہ 5 نیچ ذات کا۔

گھچاگھچ (ہ) اسم مونث صوت 1 گوشت میں تلوار وغیرہ کے گھسنے اور نکلنے کی آواز 2 چقاچاق۔

گہر (ف) اسم مذکر 1 قیمتی پتھر 2 جوہر 3 اصل 4 نسل 5 اولاد 6

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

خاندان (7) ذات (8) اصلیت (9) موتی۔

**گھر** (ہ) اسم مذکر (1) خانہ (2) مکان (3) مسکن (4) ڈیرا (5) جگہ (6) ٹھکانا (7) ٹھور (8) بھٹ (9) کھوہ۔

**گھر آباد کرنا** (ا) فعل (1) بیوی کرنا (2) شادی کرنا (3) نکاح کرنا (4) گھر بسانا (5) رہنا (6) بسنا (7) مقام کرنا۔

**گھر اجڑنا** (ہ) فعل (1) خانہ خرابی ہونا (2) خانہ ویرانی ہونا (3) گھر برباد ہونا (4) گھر تباہ ہونا (5) گھر لٹنا (6) میاں بیوی میں ناچاقی ہونا (7) خاوند یا بیوی کا مرجانا (8) رانڈ ہونا (9) رنڈوا ہونا۔

**گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے** (ہ) محاورہ۔ اپنے گھر پہ کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔

**گھر آئے کی شرم/لاج** (ا) اسم مونث (1) گھر آنے کی حیا (2) گھر پر آنے کا لحاظ اور پاسداری۔

**گھر بار** (ہ) اسم مذکر (1) خانہ (2) مکان (3) گھر (4) خانہ داری کا اسباب (5) اہل وعیال (6) بال بچے (7) خاندان (8) کنبہ۔

**گھر بار کا ہونا** (ہ) فعل (1) شادی ہونا (2) بیاہا جانا (3) جورو والا ہونا (4) گرہستی ہونا (5) عیالدار ہونا۔

**گھر باری** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) گھر بار والا (2) عیالدار (3) صاحب خانہ (4) مالک مکان (5) (بحالت صفت) بال بچے والا (6) ٹبردار۔

**گھر برباد ہونا** (ا) فعل (1) گھر اجڑنا (2) گھر تباہ ہونا (3) خاوند یا بیوی کا مرجانا (4) کسی بزرگ اور سرپرست ولی کا سر سے اٹھ جانا۔

**گھر بسنا** (ہ) فعل (1) گھر آباد ہونا (2) شادی ہونا (3) نکاح ہونا (4) دولہا دولھن کا ہم بستر ہونا (5) گھر کا خرچ چلنا۔

**گھر بگاڑنا** (ہ) فعل (1) گھر تباہ کر دینا (2) گھر برباد کرنا (3) میاں بیوی میں فساد ڈالنا (4) اغوا کرنا۔

**گھر بہ گھر** (ہ) تابع فعل بیائے اتصال (1) خانہ بخانہ (2) دربدر (3) ہر گھر میں (4) ہر گھر پر۔

**گھر بنانا** (ہ) فعل (1) مکان بنانا (2) عمارت تعمیر کرنا (3) گھر بھرنا (4) گھر سنوارنا (5) گھر کا انتظام کرنا (6) پاؤں جمانا (7) تسلی سے بیٹھنا (8) گھر آباد کرنا (9) شادی کرنا۔

**گھر بولنا** (ہ) فعل (1) چہکنا (2) بولی بولنا (3) خوش الحان پرندے کا چہچہانا (4) بلبل کا بولنا۔

**گھر بھر** (ہ) تابع فعل (1) تمام گھر (2) گھر کے سب لوگ (3) خاندان کے تمام آدمی۔

**گھر بیٹھنا** (ہ) فعل (1) تنہائی اختیار کرنا (2) بیکار ہو جانا (3) ملازمت سے ہٹ جانا (4) نوکری چھوڑنا (5) کام چھوڑنا (6) پنشن لینا (7) کسی رانڈ یا کسی کا دوسرے مرد سے نکاح کر لینا (8) مکان کا گر جانا (9) منہدم ہونا۔

**گھر بیٹھی روٹی** (ہ) اسم مونث (1) وظیفہ (2) مدد معاش (3) پنشن (4) کرایہ (5) بلا محنت وہ تکلیف اور گھر سے باہر آئے جائے بغیر کی آمدنی۔

**گھر پڑنا** (ہ) فعل (1) کسی عورت کا مرد کے گھر میں بیٹھ جانا (2) نکاح میں آنا (3) گھر میں داخل ہونا۔

**گھر پھونک تماشا دیکھنا** (ہ) فعل (1) بہت کچھ ضائع کر کے تجربہ حاصل کرنا (2) روپیہ ضائع کر کے تجربہ حاصل کرنا (3) روپیہ ضائع کر کے آتشبازی چھوڑنا (4) فضول خرچی سے خوش ہونا (5) مزے اڑانا (6) برباد ہونا۔

**گھر تک پہنچانا** (ہ) فعل (1) مکان تک چھوڑ کے آنا (2) انجام تک پہنچانا (3) اچھی طرح قائل کرنا (4) کوئی حجت باقی نہ چھوڑنا۔

**گھر تک پہنچنا** (ہ) فعل (1) مکان تک جانا (2) ماں بہن کی گالی دینا۔

**گھر جاتا رہنا** (ہ) فعل (1) شوہر سے چھوٹ جانا (2) طلاق مل جانا (3) خاوند سے قطع تعلق ہو جانا۔

**گھر جانا** (ہ) فعل (1) اپنے مکان کو جانا (2) گھر اجڑنا (3) خانہ بربادی ہونا (4) دوستی جانا (5) خاوند سے تعلق نہ رہنا (6) طلاق میں آنا۔

**گھر جلے کسی کا تاپے کوئی** (ہ) مثل۔ نقصان کسی کا ہو اور فائدہ کوئی اٹھائے۔

**گھر جنوائی** (ہ) اسم مذکر (1) گھر رکھا ہوا داماد (2) بیٹی کی شادی کے بعد داماد کو اپنے گھر بلا لینا اور رکھ لینا۔

**گھر جوت** (ہ) اسم مونث (1) اپنی کھیتی (2) ذاتی زراعت (3) گھر کی کھیتی۔

**گھر چلانا** (ہ) فعل (1) گھر کا خرچ نباہنا (2) کاروبار جاری رکھنا (3) تمیز اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

سگھڑاپے سے امور خانہ داری کا انتظام کرنا ❹ گھر کا خرچ اٹھانا ❺ گھر سنبھالنا۔

گھر چلنا (ہ) فعل ❶ گھر کا انتظام بخوبی ہونا ❷ خرچ اٹھنا۔

گھر چھوڑ حظیرہ قائم (ا) مثل ❶ محل چھوڑ کر جھونپڑا پسند کرنا ❷ فائدہ چھوڑ کر گھاٹے کی طرف دوڑنا ❸ گھاٹے کا سودا کرنا۔

گھر دار (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ عیالدار ❷ بال بچے والا ❸ گرہستی ❹ دنیادار۔

گھر دیکھ لینا (ہ) فعل ❶ کسی کے گھر بار جانا ❷ ہل جانا ❸ مانوس ہو جانا ❹ واقف ہوجانا۔

گھر ڈبونا (ہ) فعل ❶ گھر کھونا ❷ گھر برباد کرنا ❸ خاندان کو داغ لگانا ❹ بدنام کرنا۔

گھر سر پر اٹھانا/گھر کو سر پر اٹھانا (ہ) فعل ❶ نہایت شور وغل مچانا ❷ بات نہ سننے دینا ❸ چیخم دھاڑ سے مکان پُر کر دینا ❹ کان پڑی نہ سننے دینا۔

گھر سکھ تو باہر چین (ہ) مثل ❶ گھر میں راحت ہو تو باہر بھی آرام ملتا ہے ❷ امیری کی حالت میں گھر اور باہر دونوں مقام برابر ہیں۔

گھر سے (ہ) تابع فعل ❶ گرہ سے ❷ پلے سے ❸ جیب سے ❹ (بحالت اسم مونث) بیوی ❺ گھر والی۔

گھر سے باہر پاؤں نکالنا/گھر سے پاؤں نکالنا (ہ) فعل ❶ بساط اور حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا ❷ حد سے باہر چلنا۔

گھر سے باہر کرنا (ہ) فعل ❶ گھر میں نہ رکھنا ❷ قطع تعلق کرنا ❸ طلاق دے دینا۔

گھر سے پاؤں نکالنا (ہ) فعل ❶ باہر پھرنے کی عادت ڈالنا ❷ حد سے باہر جانے لگنا۔

گھر سے دینا (ہ) فعل ❶ پلے سے دینا ❷ اپنی جیب سے خرچ کرنا ❸ گرہ سے دینا ❹ نقصان اٹھانا۔

گھر سے کھونا (ہ) فعل ❶ گرہ سے خرچ کرنا ❷ ضائع کرنا ❸ نقصان اٹھانا۔

گھر کا (ہ) اسم صفت بترکیب نسبتی ❶ گھریلو ❷ گھر کے متعلق ❸ خانگی ❹ اپنا ❺ ذاتی ❻ نج کا ❼ رشتہ دار ❽ قرابتی ❾ کنبے کا۔

گھر کا آدمی (ا) اسم مذکر ❶ رشتہ دار ❷ بھائی بند ❸ قرابتی ❹ نج کا نوکر ❺ واقف کار ❻ جان پہچان والا ❼ معتبر۔

گھر کا آنگن ہو جانا (ہ) فعل ❶ خانہ ویرانی ہونا ❷ گھر کا کھنڈر ہونا ❸ مکان کا میدان بن جانا ❹ گھر ویران ہو جانا۔

گھر کا اجالا (ہ) اسم مذکر ❶ گھر کا نور ❷ نہایت عزیز ❸ نور چشم ❹ بیٹا ❺ لڑکا ❻ پسر۔

گھر کا بوجھ اٹھانا/سنبھالنا (ہ) فعل ❶ گھر کا انتظام کرنا ❷ اخراجات خانگی اپنے ذمہ لینا ❸ امور خانہ داری کا سرانجام کرنا۔

گھر کا بوجھ پڑنا (ہ) فعل ❶ بیاہ ہو جانا ❷ شادی ہو کر تمام انتظامات و اخراجات کا اپنے سر پر آنا۔

گھر کا بھاڑا (ہ) اسم مذکر۔ مکان کا کرایہ۔

گھر کا بھولا (ہ) اسم مذکر ❶ سیدھا سادہ ❷ نادان ❸ احمق ❹ گھر بھر میں سب سے بے وقوف۔

گھر کا بھیدی (ہ) اسم مذکر ❶ رازدان ❷ تمام گھر کے بھیدوں اور رازوں کو جاننے والا ❸ محرم ❹ ہمدم۔

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے (ہ) ❶ رازدار کی دشمنی نہایت خطرناک ہوتی ہے ❷ محرم کار ہی بنابنایا کھیل ہی بگاڑ دیا کرتا ہے۔

گھر کاٹ کھانے/کاٹنے کو دوڑتا ہے (ہ) محاورہ ❶ گھر میں دل نہیں لگتا ❷ جی گھبراتا ہے ❸ کسی عزیز کے بغیر نہایت ڈراؤنا معلوم ہوتا ہے۔

گھر کا چراغ (ا) اسم مذکر ❶ گھر کا نور ❷ گھر کی روشنی ❸ اولاد ❹ عزیز ❺ پسر۔

گھر کا حساب (ا) اسم مذکر ❶ خانگی لین دین ❷ اپنی ہی سمجھ کا حساب ❸ خودساختہ حساب۔

گھر کا دھندا (ہ) اسم مذکر ❶ گھر کے کاروبار ❷ امور خانگی۔

گھر کا راستہ/رستہ (ا) اسم مذکر ❶ اپنے مکان کو جانے والا راستہ ❷ نہایت آسان اور سہل کام۔

گھر کا راستہ سمجھنا (ہ) فعل۔ نہایت آسان سمجھنا۔

گھر کا رستہ بتانا (ا) فعل ❶ ٹالنا ❷ رخصت کرنا ❸ بلاحصول مقصد گھر کو روانہ کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

**گھر کا راستہ لو** (ا) محاورہ ① جاؤ ② سدھارو ③ چلو ④ رخصت ہو ⑤ چلتے بنو۔

**گھر کا گھروا کر دینا** (ہ) فعل ① بڑے گھر کا چھوٹا گھر بنا دینا ② گھر کو تباہ و برباد کر دینا ③ گھر کا ستیاناس کر دینا ④ غبن یا خیانت سے گھر کو تباہ کر ڈالنا۔

**گھر کا مال** (ا) اسم مذکر ① اپنا مال ② ذاتی روپیہ ③ گھر کا اسباب ④ اثاثہ ⑤ البیت۔

**گھر کا مالک** (ا) اسم مذکر ① گھر والا ② صاحب خانہ ③ مالک مکان ④ خاوند ⑤ پتی ⑥ شوہر۔

**گھر کا مرد** (ا) اسم مذکر ① خاوند ② پتی ③ میاں ⑤ خاندان یا کنبے کا آدمی ⑥ وہ آدمی جو اپنے گھر میں ہی بہادر ہو ⑦ گھر میں شیر اور باہر بھیڑ۔

**گھر کا نام اچھالنا** (ا) فعل ① گھر کے لوگوں کو بدنام کرنا ② خاندان کی عزت برباد کرنا۔

**گھر کا نام ڈبونا** (ا) فعل۔ خاندانی عزت کو بٹا لگانا۔

**گھر کا نائی** (ہ) اسم مذکر ① پرانا نائی ② قدیمی حجام۔

**گھر کتی کا** (ہ) اسم صفت بترکیب اضافی ① نسبتی ② گھر کے کتے ہوئے سوت کا ③ گھر کا بنا ہوا سوت ④ مفت کا ⑤ مفت برابر ⑥ بے قیمت کا۔

**گھر کرنا** (ہ) فعل ① سمائی کرنا ② جگہ کرنا ③ گنجائش کرنا ④ بیٹھنا ⑤ کھبنا ⑥ چبھنا ⑦ گھسنا ⑧ رہنا ⑨ سہنا۔

**گھر کھوج مٹا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① خانہ خراب ② خانماں برباد ③ خانہ برباد۔

**گھر کھوج مٹے** (ہ) دعائے بد ① تباہ ہو جائے ② گھر برباد ہو جائے۔

**گھر کھوج مٹی** (ہ) اسم صفت مونث۔ وہ عورت جس کے گھر کا تباہی سے نام و نشان مٹ گیا ہو۔

**گھر کھو کر تماشا دیکھنا** (ہ) فعل۔ گھر کی دولت تباہ و برباد کر کے عیش منانا۔

**گھر کھونا** (ہ) فعل ① فضول خرچی اور واہیات باتوں میں گھر کی دولت برباد کر دینا ② گھر تباہ کرنا ③ گھر اجاڑنا ④ خاوند سے نباہ نہ کرنا۔

**گھر کی** (ہ) اسم صفت بترکیب نسبتی ① گھر کی بنی ہوئی ② خانگی ③ ذاتی ④ نج کی ⑤ آپس کی۔

**گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری** (ہ) مثل ① گھر کی تھوڑی آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے ② اپنے وطن کی آدھی باہر پردیس کی ساری روٹی سے اچھی ہے۔

**گھر کی بات** (ہ) اسم مونث ① راز کی بات ② گھر کا بھید ③ واحد معاملہ ④ آپس کی بات ⑤ اپنے ہاتھ کا کام ⑥ آسان کام۔

**گھر کی پتلی باسی ساگ** (ہ) مثل۔ شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں یعنی نری شیخی ہی شیخی ہے گھر میں تو خاک بھی نہیں۔

**گھر کی پونجی** (ہ) اسم مونث ① ذاتی سرمایہ ② گھر کا مال و متاع ③ گھر کا سرمایہ۔

**گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ/گھر کے پیروں کو تیل کا حلوا** (ہ) (ا) مثل۔ حقداروں اور اپنوں کے ساتھ کم سلوک اور غیروں کی بہت عزت و تکریم کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

**گھر کے جالے لیتے پھرنا** (ہ) فعل۔ گھر کے ہر کونے کھونے میں کسی چیز کو تلاش کرنا کونا کونا جھانکنا۔

**گھر کی جورو کی چوکسی کہاں تک** (ہ) ایک ہی گھر میں رہنے والے کی نگرانی نہایت مشکل ہے۔

**گھر کی سوبھا گھر والے سے** (ہ) مثل ① خاوند کے ساتھ بیوی کی عزت ہوتی ہے ② مالک ہی سے گھر کی زینت ہوتی ہے ③ مکین کے ساتھ مکان کی رونق ہے۔

**گھر کی طرح بیٹھنا** (ا) فعل ① آرام سے بیٹھنا ② فراغت سے بیٹھنا ③ پھیل کر بیٹھنا ④ مجازاً تھوڑی سی جگہ میں بیٹھنا ⑤ سکڑ کر بیٹھنا۔

**گھر کی طرح رہنا** (ا) مثل ① بے تکلف ہو کر رہنا ② شرم و حجاب نہ رکھنا ③ تکلف نہ کرنا ④ اپنا سا گھر سمجھ کر گزارہ کرنا۔

**گھر کی عقل** (ا) اسم مونث ① اپنی ہی سمجھ ② ذاتی عقل۔

**گھر کی کھانڈ کرکری چوری کا گڑ میٹھا** (ہ) مثل ① قیمت خرچ کر کے خریدی ہوئی چیز سے مفت کی چیز زیادہ پسند ہوتی ہے ② طنزاً زانی آدمی کی نسبت بھی بولتے ہیں جو گھر کی حسین بیوی کو چھوڑ کر باہر بد

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

شکل سے گوہ کھاتا پھرے۔
گھر کی کھیتی (ہ) اسم مونث ❶ نج کی کھیتی باڑی ❷ اپنا مال و اسباب ❸ اپنی ہی چیز ❹ ڈاڑھی مونچھوں کے بال جن کا ہر وقت اختیار ہے۔
گھر کے گھر (ہ) تابع فعل ❶ گھر ہی میں ❷ اندر ہی اندر ❸ برابر ❹ سرابر ❺ نفع میں نہ نقصان میں ❻ بہت سے گھر ❼ بہت سے خاندان۔
گھر کے گھر بند ہو گئے (ا) محاورہ۔ ظالم حاکم کے ظلم یا وبا یا طوفان سے بہت سے گھر اجڑ گئے۔
گھر کے گھر بیٹھ گئے (ا) محاورہ۔ کثرت بارش سے بہت سے گھر گر گئے۔
گھر کی مرغی دال برابر (ا) مثل۔ گھر کی قیمتی شے بھی مفت برابر خیال کی جاتی ہے۔
گھر کے ہوئے نہ در کے (ا) مثل ❶ نہ گھر جوگ رہے نہ باہر جوگے ❷ کہیں کے نہ رہے۔
گھر گھاٹ (ہ) اسم مذکر ❶ ٹھاٹھ باٹ ❷ چال ڈھال ❸ رنگ ڈھنگ ❹ طور طریق ❺ عادت ❻ خو ❼ سبھاؤ ❽ جائے سونت ❾ مقام۔
گھر گھاٹ معلوم ہونا (ہ) فعل ❶ سب بھید معلوم ہونا ❷ پورا پورا پتہ نشان معلوم ہونا ❸ کوئی بات پوشیدہ نہ ہونا ❹ طور طریق معلوم ہونا۔
گھر گھر (ہ) تابع فعل ❶ خانہ بخانہ ❷ ہر گھر میں ❸ سب جگہ ❹ ہر مکان میں ❺ سب کے گھروں میں۔
گھر گھر عید ہے (ہ) محاورہ ❶ ہر گھر میں خوشی ہے ❷ سب گھروں میں خوشی و خرمی ہے۔
گھر گھر چولھے مٹیالے ہیں (ہ) مثل ❶ سب کا ایک ہی حال ہے ❷ سب یکساں ہیں ❸ کہیں آسودگی اور فارغ البالی نہیں۔
گھر گھسڑو / گھر گھسنا (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی۔ عورتوں میں بیٹھا رہنے والا آدمی۔
گھر گھوڑا نخاس میں مول (ا) مثل ❶ بے فائدہ اور لغو حرکت سے مراد ہوتی ہے ❷ چیز تو پاس موجود نہیں ہے مول تول پہلے ہی شروع کر دیا۔

گھر موسنا (ہ) فعل ❶ گھر میں چوری کرنا ❷ گھر کا صفایا کرنا۔
گھر میں آنا (ہ) فعل ❶ مکان میں داخل ہونا ❷ اپنی ذات کو فائدہ ہونا ❸ اپنے ہاتھ لگنا ❹ اپنے آپ کو نفع پہنچنا ❺ کسی سیارے کا کسی برج میں داخل ہونا۔
گھر میں نہیں بھونی بھنگ اور باہر ہوتے سات (ہ) مفلسی کی حالت میں شیخی بگھارنا۔ یعنی گھر میں کھانے کو نہیں اور لوگوں کو دعوتیں دیتے پھریں۔
گھر بیٹھے شکار کرنا / کھیلنا (ا) فعل ❶ گھر بیٹھے مال مارنا ❷ اپنے گھر میں چھپ کر عیاشی کرنا ❸ گھر کے اندر ہی کام نکالنا۔
گھر میں پڑنا (ہ) فعل ❶ بیوی بننا ❷ کسی بیسوا کا پیشہ چھوڑ کر کسی سے نکاح کر لینا۔
گھر میں جورو کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے (ا) ❶ اپنے منہ میاں مٹھو نہیں بنا جا سکتا ❷ اپنے منہ سے اپنی تعریف یا عزت نہیں ہوا کرتی۔
گھر میں چوہے لوٹتے / قلابازیاں کھاتے ہیں (ا) محاورہ ❶ گھر میں کچھ نہیں ❷ سخت افلاس ہے ❸ چوہوں کے کھانے کو بھی نہیں۔
گھر میں دھان نہ پان / بیوی کو بڑا گمان (ا) مفلسی میں غرور کرنے اور فضول اترانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
گھر میں ڈالنا (ہ) فعل ❶ کسی بازاری عورت کو گھر میں لے لینا ❷ مدخولہ بنانا ❸ نکاح کر لینا۔
گھر میں نہ سمانا (ہ) فعل ❶ گھر میں نہ آ سکنا ❷ بہت بڑھ جانا ❸ گنجائش سے زیادہ ہونا۔
گھر میں نہیں تاگا البیلا مانگے پاگا (ہ) مثل۔ گھر میں تو مفلسی سے تاگا تک نہیں مگر بیٹا بانکا بننے کو پگڑی مانگتا ہے۔
گھر نہ بار میاں محلے دار (ا) مثل ❶ مفت کی شیخی ❷ بے بنیاد شیخی ❸ خواہ مخواہ اترانا۔
گھر نہ ہونا (ہ) فعل ❶ آپس میں نہ بننا ❷ موافقت نہ ہونا ❸ گرہستی پن نہ ہونا ❹ گھر نہ بسنا ❺ گھرداری نہ ہونا۔
گھر والے کا ایک گھر نگھرے کے سو گھر (ہ) مثل ❶ بے شرم اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بدمعاش کے لئے ہر جگہ ہی ان کا گھر ہے ② آزاد اور درویش جہاں ٹھہر گیا وہیں اس کا گھر ہے۔

گھر ویران ہونا (ہ) فعل ① گھر اجڑنا ② گھر تباہ ہونا ③ بیوی کا مرنا ④ میاں بیوی میں ناچاقی رہنا۔

گھر ہونا (ہ) فعل ① تباہ ہونا ② نبھنا ③ میاں بیوی میں موافقت ہونا ④ گھر میں انتظام ہونا ⑤ سوراخ ہونا ⑥ چھید ہونا ⑦ قیام ہونا ⑧ جمنا ⑨ جگہ ہونا۔

گھرا (ہ) اسم مذکر ① آنکھ کی ایک مرکب دوا کا نام ② گھونگرو ③ غرغرہ ⑤ جانکنی کے وقت گلے میں سانس کے رک رک کر آنے کی آواز۔

گھر آ چلنا/لگنا (ہ) فعل ① قریب بہ مرگ ہونا ② گھونگرو بولنا ③ اخیر دم ہونا ④ حالت نزع ہونا۔

گہرا (ہ) اسم صفت ① ڈونگھا ② ڈباؤ ③ عمیق ④ بے تھاہ ⑤ گڑھا ⑥ غار ⑦ مبالغہ اور کثرت ظاہر کرنے کے لئے نہایت تیز۔

گہرا پردہ (ا) اسم مذکر ① بہت پردہ ② از حد پردہ ③ بڑی بھاری اوٹ۔

گہرا سہاگ/اخلاص (ا) اسم مذکر ① میاں بیوی کا بے حد سلوک ② نہایت پیار و موافقت۔

گہرا زخم (ا) اسم مذکر ① کاری زخم ② بھاری گھاؤ۔

گہرا ہاتھ لگانا (ہ) فعل ① زور کا ہاتھ مارنا ② کاری زخم لگانا۔

گہرا ہاتھ مارنا (ہ) فعل ① خوب ہاتھ رنگنا ② بہت سا مال مارنا ③ سخت چوری یا غبن کرنا ④ بہت نفع کمانا ⑤ کسی خاندانی یا حسین عورت کو بھگا کر لے جانا ⑥ کاری زخم لگانا۔

گھراٹا (ہ) اسم مذکر ① خراٹا ② سوتے وقت نکلنے کی آواز۔

گھرال (ہ) اسم مذکر ① پانی کا ریلا ② ہلکا سا سیلاب ③ عیب ④ نقص ⑤ خرابی۔

گھرامی (ہ) اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت۔ چھپر باندھنے والا۔

گھرانا (ہ) فعل۔ غرانا۔

گہرانا (ہ) فعل ① ڈونگھا ہونا ② گہرا ہونا ③ عمیق ہونا۔

گھرانا (ہ) اسم مذکر ① کل ② بنس ③ خانوادہ ④ کنبہ ⑤ کٹم ⑥ قبیلہ ⑦ نسب۔

گھر آنا/گھر کر آنا (ہ) فعل ① چھا جانا ② امنڈ آنا ③ ہجوم کر لینا ④ جھوم آنا ⑤ چھا کر آنا۔

گھرانڈ (ہ) اسم مونث ① پیشاب کی بو ② بدبو۔

گہراؤ/گہرائی (ہ) اسم مونث ① ڈونگھا ② پن ③ عمق ④ قعر۔

گھرائی (ہ) اسم مونث۔ مویشیوں کو چرانے اور گھیر رکھنے کی اجرت۔

گھرکنا (ہ) فعل ① ڈانٹنا ② دھمکانا ③ گھور کر دیکھنا ④ گھرکی دینا ⑤ جھڑکنا۔

گھرکی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① ڈانٹ ڈپٹ ② جھڑکی ③ دھمکی ④ بھبکی۔

گھرکی دینا (ہ) فعل ① بھبکی دینا ② ڈانٹنا ③ جھڑکنا ④ گھرکنا۔

گھرگھر (ہ) اسم مونث صوت ① گھمر گھمر ② چکی کی آواز۔

گھرنا (ہ) فعل ① محصور ہونا ② گھیرے میں آنا ③ چھانا ④ جھومنا ⑤ امنڈنا۔

گھرنی (ہ) اسم مونث ① پیا ② چرخی ③ چکر دینے کا آلہ ④ رسی بٹنے کی کل ⑤ سر کا چکر ⑥ دوران سر ⑦ ایک آبی پرندے کا نام ⑧ رام چڑیا ⑨ لوٹن کبوتر۔

گھروا/گھرواہا/گھروایا (ہ) اسم مذکر ① چھوٹا سا گھر ② کٹیا ③ کھنڈلا ④ جھونپڑا۔

گھروندا (ہ) اسم مذکر۔ گڑیوں کا گھر۔

گہری (ہ) اسم صفت مونث ① ڈونگھی ② عمیق ③ ڈونگھا کی تانیث ④ گاڑھی۔

گہری بات (ہ) اسم مونث ① دور کی بات ② باریک خیال ③ دقیق اور مشکل بات۔

گہری چھننا/گہری گھٹنا (ہ) فعل ① خوب گاڑھی بھنگ چھننا ② کمال دوستی ہونا ③ نہایت بے تکلفی ہونا ④ پکا یارانہ ہونا ⑤ نہایت اخلاص ہونا ⑥ نہایت جنگ ہونا ⑦ بے حد لڑائی ہونا ⑧ بڑی بحث ہونا۔

گہری نیند سونا (ہ) فعل ① بالکل بے خبر ہو کر سونا ② سکھ نیند سونا ③ مر جانا۔

گھرے چلو (ہ) ٹھگوں کا محاورہ ① جلدی مسافر کو مارو ② مسافر کا کام تمام کردو۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...

www.besturdubooks.net

**گھرے سانس بھرنا** (ہ) فعل ❶ آہ سرد بھرنا ❷ ٹھنڈے سانس بھرنا ❸ لمبے سانس کھینچنا۔

**گھرے کرنا** (ہ) فعل ❶ مال مارنا ❷ بڑا بھاری نفع اٹھانا ❸ بخوبی فائدہ حاصل کرنا۔

**گھرے ہونا** (ہ) فعل ❶ بخوبی نفع اٹھانا ❷ خوب مال ہاتھ لگنا ❸ نہایت نفع اور فائدہ ہونا ❹ حسب دلخواہ نفع کمانا۔

**گھرے یار ہیں/ گھرے دوست ہیں** (ا) محاورہ ❶ جانی دوست ہیں ❷ نہایت بے تکلف دوست ہیں ❸ ایک جان دو قالب ہیں۔

**گھریاتیں گھرنا** (ہ) فعل ❶ نرغہ میں آنا ❷ دشمنوں کی جماعت یا ہجوم میں گھرنا۔

**گھریلو** (ہ) اسم صفت بواؤ فاعلی نسبتی ❶ گھر کا ❷ گھر کا بنا ہوا ❸ خانگی ❹ خانہ ساز ❺ گھر میں پلا ہو ❻ پالتو جانور۔

**گھڑ** (ہ) اسم مذکر۔ گھوڑا کا مخفف۔

**گھڑ بہل** (ہ) اسم مونث ❶ گھوڑوں کی بہلی ❷ گھوڑوں کی رتھ جو قدیم دستور تھا۔

**گھڑ چڑھا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ سوار ❷ گھوڑے پر چڑھا ہوا ❸ عمدہ سواری جاننے والا ❹ پکا سوار۔

**گھڑ چڑھی** (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کی چھوٹی توپ ❷ رہکلہ ❸ خچر بازی ❹ رسالہ ❺ سواروں کی فوج ❻ دولھا کا سوار ہو کر دلھن کے گھر جانا۔

**گھڑ دوڑ** (ہ) اسم مونث ❶ گھوڑوں کی دوڑ ❷ شرط بد کر گھوڑے دوڑانا ❸ گھوڑے دوڑانے کا میدان ❹ اسپ بازی کا میدان۔

**گھڑ مکھی** (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے کو تنگ کرنے والی ایک قسم کی مکھی۔

**گھڑ منہا** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ لمبے منہ والا ❷ گھوڑے جیسے منہ والا۔

**گھڑ نال** (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹی توپ ❷ رہکلہ۔

**گھڑا** (ہ) اسم مذکر ❶ کمہار کی بنائی ہوئی ٹھلیا ❷ پانی رکھنے کا برتن ❸ سبوچہ ❹ گاگر۔

**گھڑانا** (ہ) فعل۔ گھڑنا سے متعدی ❶ زیور وغیرہ بنوانا ❷ گھڑوانا۔

**گھڑائی** (ہ) اسم مونث ❶ معاوضہ گھڑنے کی اجرت ❷ گھڑنے کی مزدوری ❸ ساخت ❹ گھڑت ❺ بناوٹ۔

**گھڑت/ گھڑتی** (ہ) اسم مونث ❶ بناوٹ ساخت ❷ تصنع ❸ بنائی ہوئی بات ❹ جھوٹی بات۔

**گھڑ گھڑاہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر۔ چکی یا گاڑی کے چلنے کی آواز۔

**گھڑنا** (ہ) فعل ❶ بنانا ❷ بناوٹ ❸ ساخت کرنا ❹ اینٹ کو تراش کر درست کرنا ❺ زیور بنانا۔ لوہے یا لکڑی سے کوئی چیز بنانا ❻ روٹی بنانا ❼ جھوٹی بات بنالینا ❽ مارنا ❾ زدوکوب کرنا۔

**گھڑوں پانی پڑ جانا** (ہ) فعل ❶ نہایت شرمندہ ہو جانا ❷ شرم سے پسینہ پسینہ ہو جانا۔

**گھڑونچی** (ہ) اسم مونث۔ پانی کے گھڑے رکھنے کا لکڑی کا چوکھٹہ۔

**گھڑی** (ہ) اسم مونث ❶ ساٹھ پل یا چوبیس منٹ کا عرصہ ❷ دن رات کا ساٹھواں حصہ ❸ ساعت ساں ❹ وقت زمانہ ❺ وقت بتانے کا آلہ ❻ واچ۔



گھڑی

**گھڑی بنانا** (ہ) فعل ❶ گھڑی کی مرمت کرنا ❷ بگڑی گھڑی کو درست کرنا۔

**گھڑی بھر** (ہ) تابع فعل ❶ ذرا کی ذرا ❷ تھوڑی دیر ❸ ایک گھڑی ❹ ساعت بھر ❺ لحہ بھر۔

**گھڑی پل کی آس نہیں کہے کل کی بات** (ہ) مثل ❶ دم بھر کا بھروسا نہیں کل کی بات کرتا ہے ❷ ایک منٹ کی آس نہیں آئندہ کے منصوبے باندھتا ہے۔

**گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔ گھڑی تولہ گھڑی ماشہ** (ا) محاورہ ❶ متلون مزاج اور غیر مستقل ❷ دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ ❸ ہر دم طبیعت کو بدل لینے والا۔

**گھڑی ساز** (ا) اسم مذکر فاعلی ❶ گھڑی کو درست اور صاف کرنے والا ❷ واچ میکر۔

**گھڑی ساعت پر ہونا/ گھڑی ساعت کا ہونا** (ا) فعل ❶ قریب بہ مرگ ہونا ❷ جان بلب ہونا ❸ اخیر سانس ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149774218

گھڑی گھڑی (ہ) تابع فعل ① ہر وقت ② ہر دم ③ ہر ساعت ④ ہر گھڑی ⑤ بار بار ⑥ دمبدم ⑦ متواتر۔

گھڑی میں گھڑیال ہے (ا) مثل ① ایک دم میں کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے ② زمانہ بدلتے دیر نہیں لگتی ③ مرجانے میں دیر نہیں لگتی ④ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔

گھڑیا (ہ) اسم مونث ① گھوڑی کی تصغیر حقارتی ہے ② چھوٹے قد کی گھوڑی ③ ٹائری۔

گھڑیال (ہ) اسم مذکر ① گھنٹے بجانے کا پیتل کا بنا ہوا گول گتا ② جرس ③ گھنٹی ④ مگرمچھ ⑤ نہنگ ⑥ مگر۔

گھڑیالی (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ گھڑیال بجانے والا۔

گھڑیال گننا (ہ) فعل ① سخت انتظار کرنا ② کسی کے انتظار میں وقت گنتے رہنا۔

گھڑے سو پروان پڑے (ہ) مثل۔ جو بات ہو چکی سو ہو چکی وہ اب ہاتھ نہیں آ سکتی۔

گھڑیوں (ہ) اسم مونث ① گھڑی کی جمع ② (بصورت تابع فعل) عرصہ دراز تک ③ دیر تک۔

گھسا (ہ) اسم مذکر ① رگڑ ② رگڑا۔

گھسا لگنا (ہ) فعل ① رگڑ آنا ② رگڑ لگنا ③ گھسے کا نشان پڑنا۔

گھسا (ہ) اسم صفت مفعولی ① رگڑا ہوا ② بوسیدہ ③ پرانا ④ گھسا ہوا ⑤ مستعمل۔

گھس آنا (ہ) فعل ① اندر چلا آنا ② بلا اجازت مکان میں داخل ہونا۔

گھسانا (ہ) فعل ① داخل کرنا ② گھسیڑنا ③ باڑنا ④ اندر پہنچانا ⑤ بھرنا ⑥ سمانا۔

گھساؤ/ گھسائی (ہ) اول مذکر دوم مونث ① حاصل مصدر گھسنا سے ② رگڑ ③ فرسودگی۔

گھس بیٹھنا (ہ) فعل ① اندر چھپ بیٹھنا ② قریب قریب بیٹھنا ③ پاس پاس بیٹھنا۔

گھس پس کر اترنا (ہ) فعل ① نئے کپڑوں کا خوب اپنا حق ادا کر کے اترنا ② لباس کا اچھی طرح کام میں آنا ③ کپڑوں کا مدت کے بعد پرانے اور مستعمل ہو کر اترنا ④ کپڑے پہنتے وقت عزیزوں کو دعا دیا کرتے ہیں۔

گھس پیٹھ (ہ) اسم مونث ① حاصل مصدر گھسنا اور پیٹھنا سے ② دونوں مرادف ہیں ③ رسائی ④ پہنچ ⑤ دخل ⑥ باریابی ⑦ مداخلت ⑧ (بصورت تابع فعل) دخل پا کر ⑨ گھس کر۔

گھس پیٹھ کر/گھس پیٹھ کے (ہ) تابع فعل ① یارانہ گانٹھ کر ② راہ و رسم پیدا کر کے ③ کسی نہ کسی طرح ④ اندر پہنچ کر۔

گھسٹنا (ہ) فعل ① کھنچ کر آنا ② کھنچنا ③ کشاں کشاں چلنا ④ زمین سے رگڑتا ہوا چلنا۔

گھسٹے گھسٹے پھرنا (ہ) فعل ① پکڑے پکڑے پھرنا ② کھنچے کھنچے پھرنا۔

گھس گھس کر چلنا (ہ) فعل ① کپڑے یا جوتے کا مدت تک اچھی طرح کام میں آنا ② پنجابی (ہنڈنا)

گھس لگانے کو بھی نہیں (ہ) محاورہ ① بالکل ندارد ② اتنا بھی نہیں کہ گھسا کر دوا کے طور پر لگائیں ③ مجازاً نہایت کمی ہے ④ بالکل کمیاب ہے۔

گھسنا (ہ) فعل ① رگڑ کھانا ② رگڑ لگنا ③ پرانا ہونا ④ فرسودہ ہونا ⑤ کم ہونا ⑥ وزن میں گھٹنا ⑦ بسنا ⑧ (بصورت متعدی) رگڑنا ⑨ پیسنا۔

گھسنا (ہ) فعل ① اندر پڑنا ② اندر جانا ③ مداخلت کرنا ④ بیچ میں پڑنا ⑤ شریک ہونا ⑥ شامل ہونا۔

گھسیارا (ہ) اسم مذکر فاعل ① گھاس کھودنے والا ② چارہ لانے والا۔

گھسیاری (ہ) اسم مونث۔ گھاس کھودنے اور بیچنے والی عورت۔

گھسیٹا/ گھساٹی (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① کھینچا تانی ② اینچا تانی ③ کھینچ تان۔

گھسیٹن (ہ) اسم مونث ① گھسیٹنے کا نشان ② کشاکشی۔

گھسیٹنا (ہ) فعل ① کھینچنا ② زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا ③ اینچنا ④ جلدی جلدی برا بھلا لکھ دینا ⑤ شامل حال کرنا ⑥ چوسنا ⑦ سوکھنا۔

گھسیڑنا (ہ) فعل ① اندر داخل کرنا ② باڑنا ③ بھرنا۔

گہک کر بولنا (ہ) فعل ① زور سے بولنا ② للکار کر بولنا ③ بڑی محبت اور تپاک سے بولنا ④ سخت کلامی سے پیش آنا ⑤ تیز ہو کر بولنا ⑥ ترش

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149...

ہو کر بولنا (لغات اضداد میں سے ہے)

**گہکنا** (ہ) فعل ۱ تیز آواز سے بولنا ۲ تپاک سے بولنا ۳ چہکنا ۴ خوشی میں آ کر زور سے بولنا۔

**گہکڈ** (ہ) اسم صفت۔ نشہ کی تیزی اور زیادتی کی صفت میں آتا ہے۔

**گھگری/گھگریا** (ہ) اسم مونث ۱ گھاگرا کی تصغیر ۲ چھوٹا لہنگا۔

**گھگو** (ہ) اسم مذکر ۱ الو ۲ بوم ۳ چغد ۴ رات والا ۵ دخانی انجن کی آواز صیح ۶ پنجاب میں مٹی کے ایک کھلونے کو کہتے ہیں جو پھونکنے سے بجتا ہے۔

**گھلانا** (ہ) فعل ۱ پگھلانا ۲ تحلیل کرنا ۳ گداز کرنا ۴ نرم کرنا ۵ پلپلانا ۶ دبلا کرنا ۷ لاغر کرنا ۸ ناتواں کرنا ۹ گزارنا۔

**گھلاوٹ** (ہ) اسم مونث ۱ گدازپن ۲ ملائمت ۳ نرمی ۴ پلپلاہٹ۔

**گھلا ہوا** (ہ) اسم صفت مفعولی ۱ پگلا ہوا ۲ پلپلا ۳ پتلی رس کا ۴ صاف چلتا ہوا۔

**گھل جانا** (ہ) فعل ۱ پگھل جانا ۲ نرم ہو جانا ۳ پلپلا ہو جانا ۴ بیٹھ جانا ۵ تھک جانا ۶ نکما ہو جانا ۷ لاغر ہو جانا ۸ بیت جانا ۹ گزر جانا۔

**گھل گھل کر/گھل گھل کے** (ہ) تابع فعل ۱ دبلا ہو کر ۲ تحلیل ہو کر ۳ بیماری سے رنجھ رنجھ کر۔

**گھل گھل کر مرنا** (ہ) فعل ۱ بیماری یا غم سے نہایت دبلا اور لاغر ہو کر مرنا ۲ سوکھ سوکھ کر مرنا۔

**گھل مل جانا** (ہ) فعل ۱ ایک جان ہو جانا ۲ گہری دوستی گانٹھ لینا ۳ نہایت اخلاص بڑھا لینا۔

**گھل مل کے بیٹھنا** (ہ) فعل ۱ محبت سے مل جل کر رہنا ۲ الفت سے پیاری باتیں کرنا۔

**گھلنا** (ہ) فعل ۱ پگلنا ۲ گداختہ ہونا ۳ نرم ہونا ۴ ملائم ہونا ۵ پتلا ہونا ۶ تحلیل ہونا ۷ دبلا ہونا ۸ سوکھ کر کانٹا ہو جانا ۹ گزرنا۔

**گھلوانا** (ہ) فعل ۱ گھلنا سے متعدی المتعدی ملوانا ۲ حل کرانا ۳ (پنجاب) کشتی کرانا۔

**گہما گہم/گہما گہمی** (ہ) اسم مونث ۱ آبادی ۲ چہل پہل ۳ اول چول ۴ گرم بازاری ۵ رونق ۶ دھوم دھام۔

**گھماں** (پنجابی) اسم مذکر۔ دو بیگھ زمین کی مقدار۔

**گھمانا** (ہ) فعل ۱ چکر دینا ۲ پھرانا ۳ سیر کرانا۔

**گھماؤ** (ہ) اسم مذکر حاصل مصدر ۱ پھیر ۲ چکر ۳ بیلوں کی ایک جوڑی کے روزانہ جوت لینے کی مقدار۔

**گھمر گھمر** (ہ) اسم مونث صوت۔ چکی چلنے کی آواز۔

**گھمسان** (ہ) اسم مذکر ۱ جدھ ۲ رن ۲ سخت لڑائی ۳ قتل ۴ کشت و خون ۵ ہجوم ۶ بھیڑ ۷ انبوہ ۸ بربادی ۹ لڑائی کی زیادتی۔

**گھمسان کا رن پڑنا** (ہ) فعل ۱ قتل و خونریزی کرنا ۲ کشت و خون کرنا ۳ کٹ کٹ کر لڑنا ۴ جان توڑ کر لڑنا۔

**گھمسان کرنا** (ہ) فعل ۱ قتل و خونریزی کرنا ۲ کشت و خون کرنا ۳ کٹ کٹ کر لڑنا ۴ جان توڑ کر لڑنا۔

**گھمسان کی لڑائی** (ہ) اسم مونث ۱ بڑے معرکے کی لڑائی ۲ بڑی بھاری لڑائی۔

**گھمسان ہو جانا** (ہ) فعل ۱ کشتوں کے پشتے لگ جانا ۲ مقتولوں کے ڈھیر لگنا ۳ فوج کا ہجوم ہو جانا ۴ لشکر کا فراہم ہو جانا۔

**گھمکا** (ہ) اسم مذکر ۱ حبس ۲ امس ۳ گھٹاؤ۔

**گھم گھم** (ہ) اسم مونث صوت۔ رتھ کے چلنے کی آواز۔

**گھمنڈ** (ہ) اسم مذکر ۱ غرور ۲ تکبر ۳ نخوت ۴ اکڑ ۵ مروڑ ۶ نخوت ۷ نمود ۸ خودنمائی ۹ ٹیپ ٹاپ۔

**گھمنڈ کرنا** (ہ) فعل ۱ غرور کرنا ۲ فخر کرنا ۳ اترانا ۴ تکبر کرنا ۵ شیخی کرنا۔

**گھمنڈ نکال دینا** (ہ) فعل ۱ بل نکال دینا ۲ شیخی کرکری کر دینا ۳ نیچا دکھا دینا۔

**گھمنڈ ہونا** (ہ) فعل ۱ تکبر ہونا ۲ غرور ہونا ۳ شیخی ہونا ۴ ناز و فخر ہونا۔

**گھمنڈ** (ہ) اسم مذکر ۱ بادلوں کا چھا جانا ۲ ابر کا ہجوم ۳ بادلوں کی کثرت۔

**گھمنڈنا** (ہ) فعل ۱ بادل گھرنا ۲ ابر چھانا۔

**گھمنڈی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ۱ مغرور ۲ متکبر ۳ خودپسند ۴

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

شیخی خورا⑤ ڈینگیا⑥ فخر کرنے والا⑦ اترانے والا۔

گھمیر/گھمیری (ہ) اسم مونث ① دوران سر ② چکر ③ دردسر ④ سرپیڑ۔

گھن (س) اسم مذکر ① میگھ ② ابر ③ بادل ④ گھٹ ⑤ بہت بڑا ہتھوڑا ⑥ نہائی ⑦ اہرن ⑧ ایک خوشبودار گھاس ⑨ فراخی۔

گھن چکر (ہ) اسم صفت ① بہت پھرنے والا ② آوارہ گرد ③ ہمیشہ پھرنے والی عقل کا بے وقوف ④ احمق ⑤ مودھو ⑥ آتشبازی کا چکر ⑦ گردش ⑧ چکر ⑨ چرخی۔

گھن چکر میں آنا (ہ) فعل ① گردش میں آنا ② مصیبت میں پھنسنا۔

گھن دار (ا) اسم صفت فاعلی ① گھنا ② گنجان ③ پاس پاس درختوں یا شاخوں والا جنگل۔

گھن شیام (س) اسم مذکر ① ابر سیاہ ② کالی گھٹا ③ سری کرشن جی کا لقب ④ (بحالت صفت) کالے رنگ کا ⑤ سیہ فام۔

گھن کا (ہ) اسم صفت نسبتی ① گنجان ② سایہ دار ③ شاخ در شاخ درخت۔

گھن کے چوٹ (ہ) اسم مونث ① بڑے ہتھوڑے کی ضرب ② ضرب شدید ③ بھاری چوٹ ④ سخت چوٹ ⑤ بڑا بھاری صدمہ۔

گھن گرج (ہ) اسم مونث ① بادلوں کی کڑک ② رعد کی آواز ③ بجلی کی کڑک ④ نہایت شوروغل۔

گھن گھور (ہ) اسم مونث ① ڈراونی گھٹا ② ہولناک بادل ③ گہرا بادل ④ ابرغلیظ۔

گھنگھور گھٹا (ہ) اسم مونث ① نہایت گہری گھٹا ② ڈراونی اور مہیب گھٹا ③ بہت برسنے والی گھٹا ④ کالی پیلی گھٹا۔

گھنگھور لڑائی (ہ) اسم مونث۔ بڑی بھاری لڑائی۔

گہن (ہ) اسم مذکر ① گرہن ② کسوف وخسوف ③ مجازاً عیب ④ کلنک ⑤ داغ۔

گہن پڑنا/لگنا (ہ) فعل ① چاند یا سورج کا بے نور ہو جانا ② کسوف و خسوف ہونا ③ بدنامی ہونا ④ عیب لگنا ⑤ کلنک لگنا۔

گہن میں آنا (ہ) فعل ① کسوف وخسوف میں آنا ② آدمی کے جسم کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص پیدا ہونا ② بخیال عوام حمل کے بچہ پر کسوف وخسوف کا اثر ہونا۔

گھن (ہ) اسم مونث ① نفرت ② کراہت ③ الٹی ④ متلی ⑤ غثیان۔

گھن آنا (ہ) فعل ① کراہت آنا ② نفرت آنا۔

گھن کھانا (ہ) فعل ① نفرت کرنا ② کراہت کرنا۔

گُھن (ہ) اسم مذکر ① لکڑی کو کھانے والے ایک کیڑے کا نام ہے ② غلہ کو کھا جانے والا کیڑا یعنی سرسری ڈھورا وغیرہ ③ گھن کھائی لکڑی کا میدہ سا آٹا ③ مجازاً بہت پرانی بیماری جو آدمی کو اس طرح کھا جاتی ہے جیسے لکڑی کو گھن۔

گھن جھڑنا (ہ) فعل۔ گھن کھائی لکڑی کا میدہ سا ہو کر جھڑنا۔

گھن لگ جانا/لگنا (ہ) فعل ① لکڑی یا غلہ میں گھن کیڑے کا پیدا ہو جانا ② کیڑا لگنا ③ کسی بیماری کا چمٹ جانا ④ روگ لگ جانا ⑤ غم یا فکر لگ جانا۔

گھنا (ہ) اسم صفت ① بہت سا ② ڈھیر ③ وافر ④ بے حد ⑤ گھن کا ⑥ سایہ دار ⑦ گنجان۔

گہنا (ہ) اسم مذکر ① ٹوم ② زیور ③ (پنجاب میں) گرو ④ گروی ⑤ رہن۔


گہنا

گہنا (ہ) فعل ① گہن لگنا ② کسوف یا خسوف ہونا ③ پکڑنا ④ لینا ⑤ گرفت کرنا۔

گُھنا (ہ) اسم صفت ① بات کا جان بوجھ کر جواب نہ دینے والا ② چپ ③ ان بولا ④ کپٹی ⑤ کینہ ور ⑥ دل میں بغض رکھنے والا۔

گھناؤنا (ہ) اسم صفت فاعلی ① (گھن آنے والا) وہ شے جس سے گھن آئے ② مکروہ ③ نفرت انگیز۔

گھنٹا/گھنٹہ (ہ) اسم مذکر ① موگری سے بجانے کا پیتل کا توا گلے میں لٹکانے کی ٹالی ② جرس ③ زنگولہ ④ درا ⑤ کلاک ⑥ ٹائم پیس ⑦ وقت بتانے کا بڑا آلہ ⑧ ساٹھ منٹ یا اڑھائی گھڑی کا وقت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

(9) (بازاری) عضو تناسل۔

**گھنٹا بجانا** (ہ) فعل (1) گھنٹہ پر چوٹ لگانا (2) گھڑیال بجانا۔

**گھنٹا گھر** (ہ) اسم مذکر ظرف۔ وہ اونچا مینار جس پر کلاک کی سوئیاں دور سے دکھائی دیتی ہیں۔

**گھنٹا ہلانا** (ہ) فعل (1) پوجا پاٹ کرنا (2) پوجا کے وقت گھڑیال کھڑکانا (3) وقت گزارنا (4) بے فائدہ کام کرنا۔

**گھنٹی** (ہ) اسم مونث (1) گھنٹہ کی تانیث وتصغیر (2) ٹالی (3) ٹلی (4) پتیل کی چھوٹی سی ٹلیا جو پوجا کے وقت کام آتی ہے۔

**گھنٹے مور چھل سے اٹھانا** (ہ) فعل۔ بوڑھے آدمی کی ارتھی کو بڑی دھوم دھام سے مرگھٹ میں لے جانا۔

**گھنڈی** (ہ) اسم مونث (1) سوتی بٹن (2) تکمہ (3) بٹن (4) بوتام (5) دھان کی دوسری دفعہ پھوٹی ہوئی جڑ (6) (پنجاب میں) گرہ (7) گانٹھ (8) عقدہ (9) بل۔

**گھنڈی کھولنا** (ہ) فعل (1) بٹن کھولنا (2) گرہ کھولنا (3) کینہ نکال ڈالنا (4) شکایت دور کرنا۔

**گھنڈی لگانا** (ہ) فعل (1) بٹن لگانا (2) تکمہ بند کرنا (3) گھنڈی ٹانکنا (4) گھنڈی سینا۔

**گھنگرالے** (ہ) اسم صفت (1) بل دار بال (2) پیچیدہ بال۔

**گھنگرو** (ہ) اسم مذکر (1) زنگلہ (2) ایک قسم کا بجنے والا زیور جسے ناچنے والے پاؤں میں پہنتے ہیں (3) جانکنی کے وقت گلے کی آواز (4) چنے کی ٹاٹ (5) چنے کا ڈوڈا (6) سن کا پھل جس میں بیج ہوتا ہے۔

**گھنگرو باندھنا** (ہ) فعل (1) ناچنے کو کھڑا ہونا (2) ناچنے کی تیاری کرنا (3) ناچنے میں شاگرد بنانا (4) ناچ سکھانے کا شاگرد بنانا۔

**گھنگرو بند بھائی** (ہ) اسم مذکر (1) کنچن زادہ (2) کنچن بچہ (3) ناچنے والے ایک دوسرے کو آپس میں کہا کرتے ہیں۔

**گھنگرو بولنا** (ہ) فعل (1) گھنگروں کا چھنکنا (2) ناچ ہونا (3) جان کنی کے وقت سانس کا رک رک کر آنا (4) بلغم کا حلق میں بولنا (5) قریب بہ مرگ ہونا۔

**گھنگنیاں** (ہ) (1) ابلے ہوئے چنے یا جوار یا گیہوں وغیرہ (2) باکلیاں۔

**گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھنا** (ہ) فعل (1) چپ ہو رہنا (2) گھنی سادھنا (3) خاموشی اختیار کرنا۔

**گھنگولنا** (ہ) فعل (1) پانی یا کسی پتلی چیز میں ہاتھ ڈال کر ہلانا (2) گدلا کرنا (3) مکدر کرنا (4) خوب ملانا (5) گھولنا۔

**گھنی** (ہ) اسم مونث (1) خاموشی (2) چپ (3) ان بولا (4) رانی (5) وہ عورت جو بات کو سن سمجھ کر جواب نہ دے (6) مگری عورت (7) کینہ (8) کپٹن (9) بغض رکھنے والی۔

**گھنی سادھنا** (ہ) فعل (1) خاموشی اختیار کرنا (2) جان کر جواب نہ دینا۔

**گہوارہ** (ف) اسم مذکر (1) پالنا (2) جھولا (3) پنگوڑا (4) مہد (5) ہنڈولا (6) ہنڈولنا (7) وہ چارپائی جس پر عورتوں کے جنازے کے لئے محراب نما لکڑیاں باندھتے ہیں۔

**گھوٹا** (ہ) اسم مذکر (1) کاغذ گھوٹنے کا کانچ کا ڈنڈی دار مہرہ (2) سر کے بالوں کی استرے سے صفائی (3) داڑھی مونچھوں وغیرہ کا صفایا۔

**گھوٹنا** (ہ) فعل (1) کھل کرنا (2) رگڑنا (3) حل کرنا (4) باریک پیسنا (5) مہرہ سے کاغذ کی صفائی کرنا (6) بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرنا (7) خوب ازبر کرنا (8) رٹنا۔

**گھور** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول (1) چرک (2) میل (3) غلاظت (4) گندگی (5) ڈراؤنا (6) بھیانک (7) خوفناک (8) گھوڑے کا گہرا رنگ (9) (س) رات۔

**گھورا** (ہ) اسم مذکر بواؤ معروف (1) کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ (2) کوڑی (3) کھتا (4) گوہ اور کوڑا کرکٹ وغیرہ (5) (بصورت فعل) گھورنا مصدر سے ماضی مطلق (6) غور سے دیکھا۔

**گھورا گھاری** (ہ) اسم مونث (1) دید بازی (2) نظر بازی (3) دیکھا دیکھی (4) ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے بغور دیکھنا۔

**گھوری** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت (1) میل کچیل والا (2) میلا کچیلا (3) گندا (4) غلیظ۔

**گھوڑا** (ہ) اسم مذکر (1) ایک جانور کا نام جو سواری کے کام آتا ہے (2) اسپ (3) توسن (4) مرکب (5) بندوق کا


گھوڑا

(6) طوطا (7) بندوق کا کتا (8) شطرنج کا ڈھائی گھر آڑے چلنے والا

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 03149077218

مہرہ۔

**گھوڑا اٹھانا** (ہ) فعل 1 گھوڑا بھگانا 2 گھوڑا دوڑانا 3 سرپٹ دوڑانا۔

**گھوڑا الا لگنا** (ہ) فعل 1 نئے گھوڑے پر سواری کرنا 2 الیل بچھیرے کو سواری کے لئے سدھانا۔

**گھوڑا ابھر جانا** (ہ) فعل 1 تھک کر گھوڑے کا بند 2 جکڑ جانا۔

**گھوڑا اپلانا** (ہ) فعل 1 گھوڑے پر چار جامہ کسنا 2 کاٹھی رکھنا۔

**گھوڑا پھینکنا/گھوڑا ڈالنا** (ہ) فعل 1 کسی چیز کے پیچھے گھوڑا دوڑانا 2 شکار وغیرہ پر سرپٹ دوڑانا۔

**گھوڑا چھوڑنا** (ہ) فعل 1 گھوڑے کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا 2 جتے ہوئے کو گاڑی سے نکالنا 3 گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا 4 دوڑانا 5 گھوڑی پر بچہ کسی کے لئے چڑھانا۔

**گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے** (ا) مثل۔ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا۔ یعنی مزدور اگر مزدوری نہ لے تو بھوکا مر جائے۔

**گھوڑا گھڑ سال ہی میں قیمت پاتا ہے** (ا) مثل۔ ہر چیز کی قدر اس کے مقام پر ہی ہوتی ہے۔

**گھوڑا مارنا** (ہ) فعل 1 گھوڑا بھگانا 2 گھوڑا ڈپٹانا۔

**گھوڑا نکالنا** (ہ) فعل 1 گھوڑا آگے لے جانا 2 گھوڑے کو سواری کے لئے سدھانا 3 کھڑ کھڑے میں جوتنا 4 محرم کے دنوں میں شیعہ لوگوں کا دلدل نکالنا۔

**گھوڑوں کو گھر کتنی دور** (ا) محاورہ 1 گھوڑوں کے نزدیک مسافت اور فاصلہ کوئی بات نہیں 2 چالاک آدمی کو مطلب حاصل کر لینا نہایت آسان ہے۔

**گھوڑی** (ہ) اسم مونث 1 گھوڑا کی تانیث 2 اسپ مادہ 3 ٹٹوانی 4 ٹائری 5 سیویاں توڑنے کا آلہ 6 گوٹے کا تانا 7 کسنے کی لکڑی 8 سانس کی چری ہوئی کھپچی جو ختنہ کے وقت کام آتی ہے 9 بچوں کے ایک کھیل کا نام۔

**گھوڑی چڑھانا** (ہ) 1 بانس کی چری ہوئی لکڑی سے مقام مخصوص کے گوشت کو ختنہ کے لئے دبانا 2 ختنہ راضی ہونے کے بعد مختون کو کسی مسجد یا مقدس مقام میں لے جانے کی رسم 3 برات چڑھانا۔

**گھوڑے بیچ کر سونا** (ہ) فعل 1 بےفکر ہو کر سونا 2 پاؤں پھیلا کر سونا۔

**گھوڑے جوڑے کی خیر** (ا) کلمہ دعائیہ۔ میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا قائم رہے۔

**گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات** (ا) مثل۔ نادان کو مار پیٹ اور دانا کو اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

**گھوڑے کی شادی کرنا** (ا) فعل 1 گھوڑے بیچ ڈالنا 2 فروخت کر دینا۔

**گھوڑے کی دم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اڑائے گا** (ا) مثل 1 اپنی دولت سے دولتمند ہی فائدہ اٹھائے گا 2 ہر شخص اپنا ہی بھلا چاہتا ہے۔

**گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے** (ا) مثل 1 کرے کوئی بھرے کوئی 2 زبردست لڑیں کمزور مفت میں نقصان اٹھائے۔

**گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا** (ہ) مثل۔ شریف اور نامور لوگ تو مر گئے رذیل اور کمینے با اختیار ہو گئے۔

**گھوس/گھونس** (ہ) اسم مونث 1 ایک قسم کا بہت بڑا چوہا 2 رشوت 3 منہ بھرائی۔

**گھوسم گھاسا** (ہ) اسم مذکر 1 مکا مکی 2 دکا 3 دکی 4 دکم دکا 5 مار کٹائی۔

**گھولا** (ہ) اسم مذکر۔ پانی میں حل شدہ افیون جسے گھولا بولتے ہیں۔

**گھولنا** (ہ) فعل 1 کسی پتلی چیز مثلاً پانی وغیرہ میں کوئی چیز ملانا 2 رس لینا 3 چوسنا۔

**گھولوا** (ہ) اسم مذکر 1 پانی میں حل شدہ افیون 2 گھولا 3 پیچ 4 مانڈی 5 شوربا 6 حریرا۔

**گھولے میں پڑنا** (ہ) فعل 1 دقت میں پڑنا 2 بکھیڑے میں پڑنا 3 کسی ناقابل ختم کام میں مصروف ہونا۔

**گھولے میں ڈالنا** (ف) فعل 1 بکھیڑے میں ڈالنا 2 حیران کرنا 3 ٹال مٹول کرنا 4 لیت و لعل کرنا۔

**گھومنا** (ہ) فعل 1 چکر کھانا 2 جکرانا 3 گردش کرنا 4 گرد پھرنا 5 درد سر ہونا 6 بخارات کا دماغ کو لگنا۔

**گھومنی** (ہ) اسم مونث 1 دوران سر 2 سر چکرانا۔

**گھونا** (ہ) اسم صفت 1 تجربہ کار 2 ہوشیار 3 خرانٹ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

**گھونپنا** (ہ) فعل ❶ تلوار یا سنگین وغیرہ کی نوک جسم میں گھسیڑنا ❷ آر لگانا ❸ سوئی چبھونا ❹ بری طرح سے سینا ❺ شلنگے بھرنا۔

**گھونٹ** (ہ) اسم مذکر ❶ پانی یا دوا یا رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے ❷ جرعہ ❸ چسکی ❹ دم آب ❺ حقہ کا دم ❻ نہایت کم مقدار ❼ بہت قلیل۔

**گھونٹ بھرنا** (ہ) فعل ❶ حقہ کا دم لگانا ❷ چسکی لگانا ❸ پینا۔

**گھونٹ گھونٹ کر کے اتارنا/ پینا** (ہ) فعل۔ تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔

**گھونٹ کر مارنا** (ہ) فعل بواؤ مجہول ❶ تکلیف دے کر اور ستا کر مارنا ❷ اندرونی رنج دینا۔

**گھونٹنا** (ہ) فعل بواؤ مجہول ❶ گلا دبانا ❷ ٹینٹوا دبانا ❸ تنگ کرنا ❹ بند کرنا ❺ سانس نہ آنے دینا ❻ رگڑنا ❼ حل کرنا ❽ کھرل کرنا ❾ گھوٹنا۔

**گھونس** (ہ) اسم مونث ❶ دیکھو گھوس ❷ بڑا چوہا خاص قسم کا ❸ رشوت۔

**گھونسا** (ہ) اسم مذکر ❶ مکا ❷ ڈک ❸ دھوکا ❹ صدمہ ❺ ضرب ❻ چوٹ۔

**گھونسا مارنا/ ٹکانا/ سہی کرنا/ لگانا/ مارنا** (ہ) ❶ ڈک مارنا ❷ مکا لگانا۔

**گھونسم گھانسا** (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو (گھوسم گھاسا)

**گھونسوں کا کیا ادھار** (ہ) مثل ❶ مکے کا جواب مکا ❷ خطا کی سزا میں دیر کا کیا کام۔

**گھونسوں لڑنا** (ہ) فعل ❶ ڈک بازی کرنا ❷ مکوں لڑنا ❸ باہم مکے مارنا۔

**گھونسیا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ رشوت لینے والا ❷ راشی ❸ کھاؤ۔

**گھونگا** (ہ) اسم مذکر ❶ سیپی اور سنکھ کی قسم کے ایک دریائی جانور کا کھریا خول ❷ خرمہرہ ❸ سنکھ کوڑا۔

**گھونگٹ** (ہ) اسم مذکر ❶ نقاب ❷ برقع ❸ پردہ ❹ آنچل ❺ چادر کا منہ پر پڑا ہوا کپڑا ❻ روک ❼ اوٹ ❽ لاج ❾ شرم۔

**گھونگٹ اٹھانا** (ہ) فعل ❶ گھونگٹ اونچا کرنا ❷ پردہ ترک کرنا ❷ دلھن کا سامنے آجانا۔

**گھونگٹ کاڑھنا/ کرنا/ ڈالنا** (ہ) فعل ❶ نقاب ڈالنا ❷ کپڑے سے منہ چھپالینا ❸ پردہ کرنا ❹ شرم کرنا ❺ لحاظ کرنا۔

**گھونگٹ کھانا** (ہ) فعل ❶ فوج کا شکست کھانا ❷ زک اٹھانا ❸ پیٹھ دکھانا ❹ منہ موڑنا ❺ فوج کا میدان جنگ سے بھاگنا۔

**گھونگٹ کی دیوار** (ا) اسم مونث ❶ پردے کی دیوار ❷ دروازے کے سامنے اندرونی دیوار۔

**گھونگر والے/ گھونگریالے بال** (ہ) اسم مذکر ❶ پیچ در پیچ بال ❷ مڑے ہوئے بال ❸ مرغول۔

**گھی** (ہ) اسم مذکر ❶ گرم کیا ہوا مکھن ❷ روغن زرد ❸ (بحالت صفت) ملائم ❸ نرم ❹ چکنا۔

**گھی داغ کرنا** (ا) فعل ❶ گھی کا تڑکا لگانا ❷ گھی کڑکڑانا۔

**گھی سنوارے سالن کو اور بڑی بہو کا نام** (ا) مثل ❶ کام کوئی کرے اور نام کسی کا ہو ❷ لڑے مرے فوج اور نام ہو سردار کا۔

**گھی کا کپا لڑھنا** (ہ) فعل ❶ گھی کا برتن اوندھا ہو جانا ❷ کسی رئیس یا بادشاہ کا مر جانا۔

**گھی کہاں گیا کھچڑی میں** (ہ) مثل۔ اپنا مال جب اپنے ہی عزیزوں یا اپنے ہی کام میں خرچ ہو جائے اس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔ یعنی بیجا صرف نہیں ہوا پیاروں کے ہی کام آیا ہے۔

**گھی کھچڑی** (ہ) اسم صفت ترکیبی ❶ گھلے ملے ❷ گہرے یار ❸ جانی دوست ❹ شیر و شکر ❺ ہم نوالہ ❻ ہم پیالہ۔

**گھی کے چراغ جلانا** (ہ) (ا) فعل ❶ خوشی حاصل ہونا ❷ مراد پوری ہونا ❸ بن آنا ❹ نہایت خوشی منانا ❺ نذر چڑھانا ❻ منت کا پورا کرنا۔

**گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں** (ہ) محاورہ۔ یعنی اس چیز میں بہت گھی پڑا ہوا اور بڑا ذائقہ ہے۔

**گھی کے کپے سے جا لگنا** (ہ) فعل ❶ کسی امیر کے پاس تک رسائی ہو جانا ❷ سونے کی چڑیا مل جانا۔

**گھی گر پڑا مجھے روکھی ہی بھاتی ہے** (ہ) فعل ❶ اپنی لاچاری اور شرم کے چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149017218

www.besturdubooks.net

گھیا (ہ) اسم مذکر۔ کدو۔ ایک قسم کی ترکاری کا نام۔

گھیا ترئی/توری (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی لمبی توری۔

گھیا کش (ا) اسم مذکر ❶ کدوکش ❷ ایک آلے کا نام ہے۔

گھیتلا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا زنانہ جوتا ❷ لمبی نوک کا بھدا جوتا ❸ سلیپر۔

گھیر (ہ) اسم مذکر ❶ دور ❷ چکر ❸ پھیر ❹ گردا ❺ حلقہ ❻ دائرہ ❼ احاطہ ❽ صحن ❾ بگڑ۔

گھیردار (ہ) اسم صفت ترکیبی ❶ فراخ ❷ کھلا ❸ ڈلا ❹ ڈھیلا ڈھالا ❺ دردرا۔

گھیر گھار کرلانا (ہ) فعل ❶ سب طرف سے اکٹھا کرلانا ❷ ہر طرف سے سمیٹ کر ایک جگہ لانا۔

گھیرا (ہ) اسم مذکر ❶ کنڈل ❷ دائرہ ❸ گولائی ❹ حلقہ ❺ گردہ ❻ چاردیواری ❼ فصیل ❽ حصار ❾ نرغہ۔

گھیرا ڈالنا (ہ) فعل ❶ چاروں طرف سے گھیر لینا ❷ محاصرہ کرنا ❸ کسی شہر یا قلعہ کو قابو کرنا۔

گھیرنا (ہ) فعل ❶ محصور کرنا ❷ احاطہ کرنا ❸ باڑ لگانا ❹ جنگلا بنانا ❺ چاردیواری بنانا ❻ روکنا ❼ بند کرنا ❽ جکڑنا ❾ پکڑنا۔

گھینٹ (ہ) اسم مذکر ❶ گلا ❷ حلق ❸ گلو۔

گھینٹ کاڑھنا (ہ) فعل ❶ گلا پھاڑ کر چلانا ❷ چیخنا ❸ غل مچانا۔

گھینگا (ہ) اسم مذکر ❶ گلڑ ❷ گلا پھولنے کی ایک بیماری کا نام۔

گھیور (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی جو گھی اور میدے سے تل کر بناتے ہیں۔

## گ ← ی

گی (ف) علامت اسم مصدری۔ فارسی اسم یا کلمہ کے آخر میں آ کر مصدری معنی دیتی ہے۔ جیسے بندگی اور بیچارگی۔

گیا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ گزرا ہوا ❷ رفتہ ❸ بیتا ہوا ❹ سابقہ ❺ ماضی ❻ جانا مصدر سے ماضی مطلق چلا گیا ❼ رخصت ہوا۔

گیا بیتا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ پچھلا ❷ گزرا ہوا ❸ ناکارہ ❹ خراب ❺ نکما ❻ برا۔

گیا گزرا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ گزرا ہوا ❷ معدوم ❸ خراب ❹ برا ❺ نکما ❻ ناکارہ ❼ نہایت کمزور ❽ ناتواں ❾ بے حوصلہ۔

گیا وقت (ہ) اسم مذکر ❶ گزشتہ وقت ❷ گزرا ہوا زمانہ ❸ عیش رفتہ ❹ خوشی میں کٹا ہوا وقت۔

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (ا) مثل ❶ موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتا ❷ گزرا ہوا سانس پھر میسر نہیں ہوتا ❸ فرصت کو غنیمت جانو۔

گیا گوایا (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ گزشتہ و رفتہ ❷ گزرا ❸ بیتا۔

گیارہ (ہ) اسم عدد ❶ دس اور ایک ❷ یازدہ۔

گیارھواں (ہ) اسم صفت عددی۔ دسویں کے بعد کا۔

گیارھویں (ا) اسم صفت مونث۔ حضرت غوث الاعظم کی مقرر کردہ نیاز۔

گیان (س) اسم مذکر ❶ واقفیت ❷ دانش ❸ علم ❹ عرفان ❺ علم الہٰی ❻ علم معرفت ❼ عقل ❽ خرد ❾ سمجھ۔

گیانی (س) اسم صفت ❶ عالم و فاضل ❷ خداشناس ❸ عارف۔

گیاہ (ف) اسم مونث ❶ ہری گھاس ❷ ہرا چارہ ❸ خشک گھاس ❹ کاہ۔

گیبرڈین (ای) اسم مذکر۔ سوتی یا ریشمی کپڑا جس میں اُون ملی ہوئی ہو۔

گیپ (ای) اسم مذکر ❶ خلا ❷ شگاف ❸ کھائی ❹ پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ۔

گئی بو بودار کی اور رہی کھال کی کھال (ا) مثل۔ مرتبہ اور دولت کھو کر جیسے تھے ویسے ہی رہ گئے۔

گئے بیچارے روزے رہے ایک کم تیس (ا) مثل ❶ جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی بھی رکھے برابر سمجھو ❷ مشکل کام کا جب ایک حصہ کرلیا تو وہ آسان نظر آنے لگا۔

گیت (ہ) اسم مذکر ❶ گانا ❷ راگ ❸ بھجن ❹ سرود۔

گیتا (س) اسم مونث ❶ گیتوں اور بھجنوں کا مجموعہ ❷ گیتوں کی کتاب ❸ راگ ❹ نغمہ ❺ بھجن ❻ بحث ❼ مباحثہ ❽ چرچا ❾ قول۔

گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی/ گئے تھے نماز کو روزے گلے پڑے (ا) مثل ❶ ایک مشکل سے بچنا چاہا دوسری

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اور گلے پڑ گئی ② ایک کام سے عذر کیا دوسرا اور سپرد ہوا۔

گیتی (ف) اسم مونث ① جہان ② سنسار ③ جگت ④ دنیا ⑤ عالم ⑥ زمانہ۔

گیتی آرا (ف) اسم صفت فاعلی ① دنیا کو آراستہ کرنے والا ② نہایت حسین ③ زنانہ نام بھی ہے ④ بصرہ کے ایک نہایت خوشبودار پھول کا نام جس کی بو مشک کی سی ہوتی ہے۔

گیتی افروز (ف) اسم صفت فاعلی ① دنیا کو روشن کرنے والا ② عالم تاب ③ (اسم مذکر) سورج ④ آفتاب ⑤ خورشید۔

گیٹ (ای) اسم مذکر ① دروازہ ② پھاٹک۔

گیٹ اپ (ای) اسم مونث ① وضع ② طرز ③ کتاب کی لکھائی اور چھپائی ④ ظاہری خوبصورتی۔

گیج (ای) اسم مذکر ① ناپ ② پیمائش ③ گنجائش۔

گیٹس (ای) اسم مذکر ① موٹے کپڑے یا چمڑے کی بنی ہوئی سواروں کی پنڈلیاں کسنے کی پٹی ② ٹخنہ پوش ③ موزے باندھنے کا فیتہ۔

گئے درجے (ا) تابع فعل ① کم از کم ② آخری درجہ ③ ہار کے ④ مجبوراً۔

گیدڑ (ہ) اسم مذکر ① کتے کی قسم کا ایک درندہ جانور ہوتا ہے ② شغال ③ سیال۔

گیدڑ اچھلا اچھلا جب انگور کے خوشہ تک نہ پہنچا تو کہا آخ تھو کھٹے ہوتے ہیں (ا) مثل۔ اپنی شرمندگی اور ندامت کے رفع کرنے کو یا شیخی قائم رکھنے کو کہہ دیا کرتے ہیں کہ یہ چیز کام کی نہیں خراب ہے۔ مگر حاصل کرنے کی تمام تدبیریں پہلے کر چکے ہیں۔

گیدڑ اوروں کو شگون بتائے آپ اپنی گردن کتوں سے تڑوائے (ا) فعل۔ اپنی خبر نہیں اوروں کو شگون بتاتے پھرتے ہیں۔

گیدڑ بولنا (ہ) فعل ① گیدڑوں کا چیخنا ② بدشگونی ہونا ③ کسی کام کے شروع کے گیدڑ کا بولنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

گیدڑ بھبکی (ہ) اسم مونث ① غرا کر حملہ کرنے کا ڈراوا ② دکھاوے کی گھرکی ③ بے اثر دھمکی یا ڈراوا۔

گیدڑ کی کمبختی آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے (ا) مثل۔ جب برے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی الٹی ہی سوجھتی ہیں۔

گیدی (ف) اسم صفت ① شرم وحمیت سے محروم آدمی ② بے غیرت ③ مجازاً دیوث ④ قلتبان ⑤ ہیجڑا ⑥ مخنث ⑦ نامرد ⑧ بزدل ⑨ احمق۔

گیدی خر (ف) اسم صفت مرکب ① نہایت بے وقوف ② الو ③ گدھا ④ مودھو ⑤ احمق۔

گیرائی (ا) اسم مونث ① پکڑ ② گرفتگی ③ ٹھگی کا محکمہ ④ خفیہ پولیس کا دفتر۔

گیرنا (ہ) فعل بیائے مجہول ① گرانا ② لگانا ③ کاجل سارنا ④ اچار وغیرہ ڈالنا ⑤ بنانا ⑥ ڈالنا۔

گیراج (ای) اسم مذکر ① موٹر گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ ② گودام۔

گیرو (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① ایک قسم کی لال مٹی ② گل ارمنی۔

گیریزن (ای) اسم مذکر ① شہر کی حفاظتی فوج ② قلعہ کی فوج۔

گیس (ای) اسم مونث ① ہوائے بسیط ② ایک قسم کی پھٹنے والی ہوا جو معدنیات کی کانوں میں پائی جائے ③ بے ہوش کر دینے والی ہوا۔

گیس پیپر (ای) اسم مذکر۔ امتحانات میں آنے والے متوقع سوالات پر مشتمل پرچہ۔

گیسٹ ہاؤس (ای) اسم مذکر۔ مہمان خانہ۔

گیگلا (ہ) اسم صفت ① بدھو ② احمق ③ نادان ④ بے وقوف ⑤ (بحالت اسم) مسور میں ملا ہوا ⑥ ایک قسم کی خودرو گھانس کا بیج جو مسور کا ہم شکل ہوتا ہے۔

گیگلی (ہ) اسم صفت مونث ① پھوہڑ عورت ② احمق عورت ③ نادان ④ بے تمیز ⑤ بے سلیقہ۔

گیل (ہ) اسم مونث ① سڑک ② پگ ڈنڈی ③ بٹیا ④ راستہ راہ ⑤ باٹ ⑥ کیلوں کا گچھا ⑦ (بصورت تابع فعل) ہمراہ ⑧ ساتھ ⑨ سنگ۔

گیل جانا (ہ) فعل ① ساتھ ساتھ جانا ② ہمراہ جانا ③ سنگ جانا۔

گیل گیل (ہ) تابع فعل ① ساتھ جانا ② ہمراہ ③ سنگ سنگ۔

گیل لگے پھرنا (ہ) فعل ① پیچھا نہ چھوڑنا ② ساتھ ساتھ پھرنا ③ پیچھے پیچھے لگے رہنا۔

گیلا (ہ) سم صفت ① نمدار ② تیز ③ بھیگا ہوا ④ سیلا۔

گیلری (ای) اسم مونث ① تصویر خانہ ② کسی بڑے ہال یا مکان میں بیٹھنے یا گزرنے کی جگہ۔

گیلڑ (ہ) اسم صفت ① پہلے خاوند کا لڑکا جو عورت کے ساتھ آئے ② پچھ لگ ③ ساتھ کا بچہ۔

www.besturdubooks.net

گیلن (ای) اسم مذکر۔ مائع اور سیال اشیاء کے ناپنے کا پیمانہ جو ۴۲ چھٹانک کا ہوتا ہے۔

گیلی (ای) اسم مونث۔ چھاپے خانے کی اصطلاح میں لکڑی کا وہ خانہ جس میں کمپوز شدہ موادر کھا جاتا ہے۔

گیم (ای) اسم مونث ❶ کھیل ❷ کھیل کی ایک بازی ❸ سیر ❹ دل لگی ❺ شکار ❻ شکار کے جانور ❼ منصوبہ۔

گین (ف) اسم صفت ❶ آگین کا مخفف ہے ❷ بھرا ہوا ❸ پُر ❹ علامت اسم فاعل ترکیبی ❺ جیسے غمگین ❻ صاحب والا ❼ مالک ❽ خداوند کے معنی میں۔

گیا (ہ) اسم مذکر۔ چھوٹے قد کا بیل۔

گینتی (ہ) اسم مونث ❶ زمین کھودنے کا ایک دونوں طرف سے نوک دار اوزار ❷ کسی ❸ کدال۔

گیند (ہ) اسم مذکر ❶ بفتح اول ❷ ہاتھی ❸ گج ❹ فیل۔

گیند (ہ) اسم مونث بیائے مجہول ❶ لڑکوں کے کھیلنے کا کپڑے چمڑے یا ربڑ وغیرہ کا گولا ❷ کھدو۔

گیند بلا (ہ) اسم مذکر ❶ کرکٹ ❷ ڈنڈے اور گیند کا کھیل ❸ گودچوگاں۔

گیندا (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ❶ ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول ❷ گل صد برگ۔

گیندئی (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ گیندے کے رنگ ❷ سرخی لئے زرد رنگ کا۔

گینڈا (ہ) اسم مذکر ❶ بھینسے سے مشابہ ہاتھی کے پاٹھے کے برابر ایک جانور کا نام ہے، جس کی کھال ڈیڑھ انچ کے قریب موٹی اور ماتھے پر ایک نوکدار سینگ ہوتا ہے ❸ کرگدن۔

گینڈلی (ہ) اسم مونث ❶ سوت کی آنٹی ❷ پچھی ❸ سوت کا لچھا ❹ کنڈلی ❺ سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا۔

گینگٹا (ہ) اسم مونث ❶ کیکڑا ❷ سرطان۔

گینی (ہ) اسم مونث ❶ چھوٹے قد کی موٹی گائے ❷ گینا کی مادہ۔

گیہوں (ہ) اسم مذکر ❶ کنک ❷ گندم ❸ ایک غلہ کا نام ہے۔

گیہوں کی بال نہیں دیکھی (ہ) محاورہ ❶ نہایت نادان اور ناتجربہ کار ہے ❷ گھر سے باہر قدم بھی نہیں نکالا۔

گیہوں کی روٹی کو فولاد کا پیٹ (ا) مثل ❶ نعمت کھا کر ہضم کرنے کو بھی حوصلہ درکار ہے ❷ دولت پر پہنچ کر مست ہونا بھی بڑے حوصلہ والے کا کام ہے۔

گیہوں کے ساتھ گھن پس جاتا ہے (ہ) محاورہ ❶ مجرموں کے ساتھ بے خطا بھی جاتے ہیں ❷ امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آجاتی ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

# ل

اردو کا تیسواں فارسی کا ستائیسواں اور عربی کا تئیسواں اور ہندی کا اٹھائیسواں حرف ہے

ل (ء) اسم مذکر 1 اردو کا تیسواں فارسی کا ستائیسواں اور عربی کا تئیسواں اور ہندی کا اٹھائیسواں حرف ہے 2 حساب جمل میں اس کے عدد تیس مقرر ہیں۔

## ل ← ا

لا (ء) کلمہ نفی 1 نہیں 2 نہ 3 بغیر 4 بنا 5 بن 6 بدوں۔

لا (ای) اسم مذکر 1 قاعدہ 2 قانون 3 ضابطہ۔

لا آبالی (ء) اسم صفت 1 لغوی معنی 2 مجھے خوف نہیں ہے 3 مجازاً بے خوف 4 نڈر 5 دلیر 6 بے پروا 7 بے خبر 8 غافل 9 بے رحم۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (ء) کلمہ 1 کلمہ طیب 2 خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلعم اس کے بھیجے ہوئے رسول ہیں۔

بے لابد (ء) تابع فعل 1 لا بمعنی نہیں 2 بد بمعنی چارہ سے مرکب ہے 3 لا علاج 4 بالضرور 5 بے شک 6 یقیناً 7 قطعی 8 ناچار 9 مجبوراً۔

لابدی (ء) اسم مونث 1 ضروری 2 یقینی 3 لازمی۔

لاپروائی (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 غفلت 2 بے پروائی 3 بے خوفی۔

لاتعداد (ء) اسم صفت 1 بے شمار 2 بے حساب 3 ان گنت 4 بے انتہا۔

لاثانی (ء) اسم صفت 1 بے مثل 2 بے نظیر 3 یکتا 4 فرد 5 یگانہ 6 اکا۔

لاجرم (ء) تابع فعل 1 لا بمعنی نہیں اور جرم بمعنی چارہ سے مرکب ہے 2 بے شک 3 مجبوراً 4 لابد۔

لاجواب (ء) اسم صفت 1 جس جیسا کوئی اور نہ ہو 2 لاثانی 3 بے مثل 4 فرد 5 یگانہ 6 اکا 7 جواب سے معذور 8 خاموش 9 چپکا۔

لاجواب کر دینا (ا) فعل 1 خاموش کر دینا 2 جواب نہ آنے دینا 3 تھکا دینا 4 بند کر دینا 5 ہرا دینا۔

لاچار (ا) اسم صفت 1 ناچار 2 لاعلاج 3 غریب 4 مفلس 5 ہار کر 6 تھک کر۔

لاچارگی / لاچاری (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 مجبور 2 تنگی 3 مفلسی 4 غریبی 5 عاجزی 6 محتاجی۔

لاچار ہونا (ا) فعل 1 تنگ ہونا 2 مجبور ہونا 3 ہارنا 4 تھکنا 5 محتاج ہونا۔

لاچاری پربت سے بھاری (ا) مثل 1 عاجزی 2 پہاڑ سے زیادہ بھاری گراں ہوتی ہے۔

لاحاصل (ء) اسم صفت 1 فضول 2 بے فائدہ 3 نکما 4 یونہیں 5 بنجر 6 اوسر 7 ناکارہ۔

لاحل (ء) اسم صفت 1 جو حل نہ ہو سکے 2 کٹھن 3 مشکل 4 دشوار 5 اوکھا۔

لاحول (ء) کلمہ نفرت 1 لغوی نہیں 2 قوت 3 مجازاً لعنت پھٹکار 4 شیطان کے بھگانے کا کلمہ 5 بھوت پریت دور کرنے کا منتر۔

لاحول بھیجنا (ہ) فعل 1 نفرت ظاہر کرنا 2 لعنت بھیجنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249071218


www.besturdubooks.net

لاحول پڑھنا (ا) فعل۔ شیطان اور بھوت پریت کے بھگانے کو لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنا۔

لاحول ولاقوت (ع) اسم مذکر ① کلمہ نفرت ② نفرت اور بیزاری کے اظہار کے موقع پر بولتے ہیں۔

لاحول ولاقوت الا باللہ (ع) ① کلمہ نفرت ② خدا تعالیٰ کے سوا کسی میں زور اور طاقت نہیں ③ شیطان کے بھگانے اور جن پری کے آسیب کو دور کرنے کا منتر ہے۔

لاخراج (ع) اسم صفت۔ وہ زمین جس کا مالیہ اور لگان نہ دینا پڑے۔

لادعوے (ع) اسم مذکر (قانون) ① دست برداری ② بے تعلقی کی تحریر ③ فارغ خطی۔

لارڈ (ای) اسم مذکر ① مالک ② آقا ③ صوبے کا حاکم ④ گورنر ⑤ ایک برطانوی خطاب۔

لادوا (ہ) اسم صفت ① لاعلاج ② وہ مرض جس کی دوا نہ ہو سکے۔

لاریب (ع) اسم صفت ① بے شک ② بے شبہ ③ یقیناً۔

لازوال (ع) اسم صفت ① بے شک ② بے شبہ ③ یقیناً۔

لاسخن کہنا/نکالنا (ا) محاورہ ① گالیاں دینا ② برا بھلا کہنا۔

لاطائل (ع) اسم صفت ① بے سود ② بے فائدہ ③ لاحاصل۔

لاعلاج (ع) اسم صفت ① لادوا ② لاچار ③ ناگزیر۔

لاعلم (ع) اسم صفت ① نہ جاننے والا ② بے خبر ③ ناواقف ④ انجان۔

لاعلمی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① بے خبری ② ناواقفیت ③ انجان پنا۔

لاکلام (ع) اسم صفت ① وہ بات جس میں بولنے کی گنجائش نہ رہی ہو ② بے شبہ ③ بیشک۔

لامذہب (ع) اسم صفت ① بے دین ② دہریہ بے ایمان ③ جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔

لامکان (ع) اسم صفت ① خدا تعالیٰ کی تعریف کا کلمہ ② عالم قدس جس کی طرف اور جگہ معین نہ ہو۔

لاوارث/لاوارثا (ع) (ا) ① بے وارثا ② جس کا کوئی وارث نہ ہو ③ نگوڑا ④ وہ چیز جس پر دعوے کرنے والا نہ ہو۔

لاوارثی (ا) اسم مونث ① بے دعوے مال ② بے وارثی چیز۔

لاولد (ع) اسم صفت ① اوت نپوت ② اوتا نپوتا ③ بے اولاد ④ جس کی اولاد نہ ہو۔

لاونعم (ع) کلمہ نفی وایجاب۔ ہاں نہیں۔

لایزال (ع) اسم صفت ① ہمیشہ رہنے والا ② بے زوال ③ غیر فانی۔

لایعقل (ع) اسم صفت ① بیوقوف ② نادان ③ احمق۔

لایعلم (ع) اسم صفت ① بے خبر ② جاہل ③ بے علم۔

لایعنی (ع) اسم صفت ① بے معنی ② لغو ③ فضول۔

لایموت (ع) اسم صفت ① نہ مرنے والا ② غیر فانی ③ وہ کھانا جس سے مر نہ سکے۔

لابھہ (ع) اسم مذکر ① فائدہ ② نفع ③ سود ④ حاصل کرنا ⑤ آمدنی ⑥ یافت ⑦ رشوت ⑧ چاند کا گیارہواں گھر ⑨ لالچ۔

لابی (ای) اسم مونث ① پارلیمنٹ یا اسمبلی کا بڑا کمرہ جہاں رکن حضرات ملاقاتیوں سے ملتے ہیں ② افراد کا ایسا گروپ جو کسی پارلیمنٹ کے اراکین کو اپنے کسی مسئلہ کے بارے میں اپنا ہم خیال بنانے کی کوشش کرے ③ برآمدہ ④ غلام گردش۔

لات (ا) اسم مونث ① لت ② لکد ③ پاؤں کی ٹھوکر یا ضرب۔

لات چلانا/لگانا (ہ) فعل ① ٹھوکر مارنا ② دولتی پھینکنا ③ لتیانا۔

لات مارنا (ہ) مثل ① دولتی چلانا ② نفرت ظاہر کرنا ③ تیاگنا ④ ہارنا۔

لات مار جانا (ہ) محاورہ۔ گائے بھینس وغیرہ کا دودھ سے ہٹ جانا۔

لات مکی (ہ) اسم مونث ① لپاڈگی ② لاتوں اور مکوں سے مارنے کی لڑائی۔

لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا (ہ) مثل۔ کمینہ جوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا۔

لاتیں چلانا (ا) محاورہ ① لاتوں سے مارنا ② ٹھوکریں لگانا ③ دولتیاں مرنا۔

لاٹ (ہ) اسم مونث ① بہت اونچا ستون یا مینار ② لاٹھ کو شعلہ۔

لاٹ (ای) اسم مذکر ① چیزوں کے الگ الگ انبار لگانا۔

لاٹ بندی (ا) اسم مونث ① چیزوں کا انبار ② ڈھیر ③ تھوک۔

لاٹری (ای) اسم مونث ① ایک قسم کی قرعہ اندازی ② جوئے کی ایک قسم۔

لاٹھ (ہ) اسم مونث ① تھم ② ستون ③ کھمبا ④ کولھو کی موٹی اور لمبی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

لکڑی ❺ موسل ❻ دستہ ❼ موگری ❽ چرخی کی سب سے لمبی اور بیچ کی مونٹی۔

لاٹھی (ہ) اسم مونث۔ ہاتھ کی لکڑی۔

لاٹھی پوٹھی (ہ) اسم مونث ❶ مار پیٹ ❷ زدوکوب۔

لاٹھی پونگا (ہ) اسم مونث ❶ لاٹھی اور سونٹا ❷ لٹھ اور بانس ❸ لٹھم لٹھا۔

لاٹھی ٹوٹے نہ ہاسن پھوٹے (ا) مثل ❶ اس طرح کام لینا کہ کسی کا بھی نقصان نہ ہو ❷ نرمی سے کام لینا۔

لاٹھی لٹھول (ہ) اسم مونث ❶ جوتی پیزار ❷ زدوکوب۔

لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا (ا) مثل۔ رشتہ داروں یا بھائی بندوں میں بہکانے، سکھانے سے فرق نہیں پڑسکتا۔

لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا (ا) مثل۔ ہمدرد وہ ہوتا ہے جو موقع پڑنے پر ساتھ دے اور بھروسہ اُسی پر کیا جاسکتا ہے جو ساتھ ہو۔

لاج (ای) اسم مونث ❶ مکان ❷ منزل ❸ عمارت۔

لاج (ہ) ❶ شرم ❷ حیا ❸ غیرت ❹ عزت ❺ شرمندگی۔

لاج سے مرنا / لاجوں مرنا (ا) محاورہ ❶ بے شرم ہو جانا ❷ بے حیا ہو جانا۔

لاج کھانا (ہ) محاورہ۔ شرم کھانا یا آنا۔

لاج لجانا (ا) محاورہ۔ شرمانا۔

لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری (ا) عزت اور شرم کے مارے بدلحاظی نہ کرنا اور نقصان اُٹھانا۔

لاجورد (ف) اسم مذکر ❶ نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر ❷ نیل ❸ نیلا رنگ۔

لاجوردی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ لاجورد کے رنگ کا ❷ گہرا نیلا۔

لاچا (ا) اسم مذکر۔ ریشمی تہبند۔

لاحق (ع) اسم صفت ❶ ملا ہوا ❷ پیوستہ ❸ وابستہ ❹ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔

لاحقہ (ا) محاورہ ❶ لاحق کی تانیث۔ پیچھے لگا ہوا ❷ وابستہ ❸ ملحق ❹ لفظ بنانے کے لیے لفظ کے آخر میں کوئی لفظ لگانا جیسے نامہ بر، دلبر جمع لواحق۔

لاد (ہ) اسم مونث ❶ بار ❷ بوجھ ❸ لدا ہوا بوجھ۔

لاد پھاند (ا) اسم مونث۔ اسباب باندھنا اور بار کرنا۔

لاد چلنا (ہ) محاورہ ❶ کوچ کرنا ❷ بستر بوریا سمیٹ کر رخصت ہونا۔

لاد دے لدا دے، لدانے والا ساتھ دے (ا) مثل ❶ چیز بھی دے، اسے لدوا بھی دے اور ایک آدمی بھی دے جو جا کر اُتروا دے ❷ ہر طرح کا بوجھ دوسرے پر ڈالنے والا۔

لادنا (ہ) فعل ❶ اسباب بھرنا ❷ بوجھ رکھنا ❸ بہت سا بوجھ رکھ دینا۔

لادی (ہ) اسم مونث ❶ بوجھ ❷ بھار ❸ بوجھا ❹ دھوبیوں کی گٹھری۔

لادیا (ہ) اسم مذکر ❶ باربردار ❷ بوجھ لاد کر لے جانے والا۔

لاڈ (ہ) اسم مذکر ❶ لاڑ ❷ پیار ❸ اخلاص ❹ محبت۔

لاڈ لڈانا (ہ) اسم مذکر ❶ پیارا ❷ معشوق ❸ ناز ونعم سے پالنا۔

لاڈا (ہ) اسم مذکر ❶ پیارا ❷ معشوق ❸ ناز ونعمت سے پالا ہوا ❹ عاشق دولہا۔

لاڈلا (ہ) اسم صفت ❶ پیارا ❷ معشوق ❸ ناز ونعمت سے پالا ہوا۔

لاڈلی (ہ) اسم صفت مونث ❶ لاڈلا کی تانیث ❷ پیاری ❸ دلاری ❹ ناز پروردہ۔

لاڈو (ہ) اسم مونث صفت (بواؤ مجہول) ❶ لاڈلی ❷ دلہن ❸ عروس۔

لارا (ہ) اسم مونث ❶ حیلہ ❷ بہانہ ❸ ٹال مٹول۔

لاروا (ای) اسم مذکر۔ کیڑے کی انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت۔

لاری (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی موٹر گاڑی۔

لاڑ (ہ) اسم مونث ❶ لاڈ ❷ پیار ❸ محبت ❹ اخلاص۔

لاڑھیا (ا) اسم مذکر ❶ دغابازی ❷ دھوکہ بازی۔

لازم (ع) اسم صفت فاعلی ❶ چمٹا ہوا ❷ وابستہ ❸ ملحق ❹ ضرور ❺ واجب ❻ فرض ❼ صرف ونحو میں وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے ❽ ذمہ ❾ تعلق۔

لازم آنا (ع) محاورہ ❶ ضروری ہونا ❷ یقینی نتیجہ نکلنا۔

لازم وملزوم (ع) اسم صفت ❶ ایک دوسرے کے متعلق ❷ ایک دوسرے سے وابستہ ❸ واجب ❹ ضرور۔

لازمہ (ا) اسم مذکر ❶ جوڑ ❷ میل ❸ سامان ❹ ضروری اسباب۔

لازمی (ع) اسم صفت ❶ ضروری ❷ لابدی ❸ واجب۔

لاسا (ہ) اسم مذکر ❶ ایک لیسدار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249072218

www.besturdubooks.net

اس سے پرندوں کو پکڑا جاتا ہے ② چسکا ③ عادت ④ نشاستہ ⑤ گوند۔

لاسا لگانا (ہ) محاورہ ① پرندے پکڑنے کے لیے کسی چیز پر چیپ دار مادہ لگانا ② دو شخصوں کو بھڑوانا ③ جھگڑا لگا دینا ④ پھنسانا ⑤ چپکانا۔

لاسا ہو جانا (ا) محاورہ۔ چپک ہو جانا۔

لاش (ت) اسم مونث ① مردہ جسم ② نعش ③ میت ④ جنازہ۔

لاش پٹی (ا) اسم مونث۔ خون یا سبب موت کی اطلاعی رپورٹ۔

لاش پڑنا (ا) محاورہ ① مارا جانا ② ہلاک ہونا ③ مردہ ہو کر گرنا۔

لاش ڈالنا (ا) محاورہ ① قتل کرنا ② مار کر ڈھیر کرنا۔

لاشہ (ف) اسم مذکر ① لاش ② مردہ جسم ③ لاغر ④ دُبلا۔

لاغر (ف) اسم صفت ① دُبلا ② پتلا ③ زار وزارو۔

لاغری (ف) اسم صفت ① دُبلا پن ② کمزوری ③ ناطاقتی ④ ناتوانی۔

لاف (ف) ① شیخی ② بڑائی ③ ڈینگ ④ خودستائی۔

لاف زن (ف) اسم صفت ① شیخی باز ② بڑ ہانکنے والا ③ ڈینگ مارنے والا۔

لاکٹ (ای) اسم مذکر۔ گلے میں پہننے کا ایک زیور۔

لاکھ (ہ) اسم صفت ① سو ہزار کی تعداد ② بے حد ③ بہتیرے ④ بہت سے ⑤ ہر چند ⑥ ایک قسم کی گوند جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے۔

لاکھ بات کی ایک بات (ا) اسم مونث۔ مختصر مگر بڑی ہی پُر مغز بات۔

لاکھ پر بھاری ہے (ا) اسم صفت ① بہت بہادر ہے ② بے مثال ہے ③ لاثانی ہے۔

لاگ دار (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① رشتہ دار ناتے رشتے کا ② بہنوئی ③ بہن کا خاوند ④ آشنا ⑤ دوست ⑥ یار۔

لاگ ڈانٹ (ہ) اسم مونث ① ان بن ② بیر اکھیری ③ نزاع ④ جھگڑا ⑤ باطنی عداوت عناد ⑥ بغض وعداوت۔

لاگ رکھنا (ہ) فعل ① علاقہ رکھنا ② دل میں بغض رکھنا ③ دشمنی رکھنا ④ عناد رکھنا۔

لاگ کھلانا (ہ) فعل ① جادو کرنا ② ٹونا کرنا ③ جادو کی چیز کھلانا ④ منتر وغیرہ سے فریفتہ کرنا ⑤ موہنا ⑥ (پنجاب) کشتہ کھلانا۔

لاگ لپیٹ (ہ) اسم مونث ① حمایت ② طرفداری ③ رو رعایت ④ مکر حیلہ ⑤ دغا ⑥ فریب۔

لاگ لگنا (ہ) فعل ① لگن لگنا ② عشق ہونا ③ محبت ہونا ④ چیٹک لگنا ⑤ شوق ہونا ⑥ پاپ لگنا ⑦ ٹیکس لگنا ⑧ نیا طریقہ نکلنا۔

لاگ لگی تب لاج کہاں (ہ) مثل ① جب عشق پیدا ہو گیا تب شرم وحیا کا اللہ حافظ ② عشق میں شرم وحیا کافور ہو جاتی ہے۔

لاگت (ہ) اسم مونث ① خرچ ② صرف ③ قیمت۔

لاگت آنا/ بیٹھنا/ لگنا (ہ) فعل ① خرچ ہونا ② ہاف بیٹھنا ③ خرچ اڑانا۔

لاگو (ف) اسم صفت ① خواہاں ② خبر گیر ③ شریک ④ ساتھی ⑤ مددگار ⑥ جیسے برے کا کوئی لاگو نہیں ⑥ درپے ⑦ پیچھے پڑ جانے والا ⑧ طرفدار۔

لاگو ہونا (ہ) فعل ① چاہنا ② خواہاں ہونا ③ خریدار ہونا ④ گاہک ہونا ⑤ پیچھے پڑنا ⑥ طرفدار ہونا ⑦ مددگار ہونا ⑧ مطلب رکھنا ⑨ واسطہ ہونا۔

لال (ہ) اسم مذکر ① سرخ رنگ ② ایک قسم کا معدنی پتھر کئی رنگ ③ لعل ④ سرخ ⑤ سوہا ⑥ احمر۔

لال (ہ) اسم مذکر ① بالک ② چھوکرا ③ لڑکا ④ پسر ⑤ فرزند ⑥ بیٹا ⑦ لعاب دہن ⑧ رال ⑨ ایک چھوٹے سے سرخ پرندے کو بھی کہتے ہیں۔

لال اگلنا (ہ) فعل ① عجیب وغریب باتیں کرنا ② منہ سے موتی جھڑنا ③ گالی گلوچ ④ بدزبانی کرنا۔

لال انگارا (ہ) اسم صفت ترکیب تشبیہی ① آگ کے انگارے بہت سرخ ② نہایت سرخ ③ چُہچہا ④ غضبناک ⑤ غصہ میں بھرا ہوا۔

لال بجھکڑ (ہ) اسم مذکر ① نہایت عقلمند ② پرلے درجے کا عاقل ③ سب کا پیارا عقلمند ④ مجازاً بے وقوفوں کا سردار ⑤ نہایت احمق۔

لال بیگی/ لال بیگیا (ہ) اسم مذکر بیائے نسبتی ① منسوب بہ لال بیگ ② چوہڑا ③ بھنگی ④ خاکروب ⑤ حلال خور ⑥ مہتر ⑦ لال بیگ کا مرید یا پیرو۔

لال پانی (ہ) اسم مذکر ① سرخ رنگ کی شراب ② نبض کا خون۔

لال پردہ (ا) اسم مذکر۔ خاص شاہی دروازہ کا سرخ رنگ کا پردہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

لال پری (ا) اسم مونث ❶ لال کپڑے پہننے والی پری ❷ اندر سبھا کے قصے کی ایک پری کا نام ہے ❸ مجازاً سرخ شراب ❹ لال رنگ کی شراب۔
لال پلکا (ا) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا کبوتر جس کا پوٹا، دم اور باز و سفید مگر رنگ سرخ ہوتا ہے۔
لال پیارا تو اس کا خیال بھی پیارا (ا) مثل ❶ محبوب کی ہر بات پیاری ہوتی ہے ❷ پسندیدہ دوست کی ہر بات پسندیدہ ہے۔
لال پیلا (ہ) اسم صفت ❶ نہایت غضب ناک ❷ سخت خفا ❸ پر خشم۔
لال پیلی آنکھیں کرنا (ہ) فعل ❶ نہایت خفا ہونا ❷ غضب آلود نظر سے دیکھنا۔
لال کتاب (ا) اسم مونث ❶ جاہلوں کے نزدیک ہر سوال کا حسب منشا جواب دینے والی کتاب ❷ بندوبست کی کتاب اور پٹواریوں وغیرہ کی سرکاری کتاب۔
لال گودڑ میں نہیں چھپتا (ہ) محاورہ ❶ عمدہ چیز چھپائے نہیں چھپتی ❷ جو ہر پر خاک نہیں پڑتی۔
لال لگنا (ہ) فعل ❶ کوئی انوکھی بات ہونا ❷ سرخاب کا پر لگنا۔
لال ہونا (ہ) فعل ❶ غضبناک ہونا ❷ خفا ہونا ❸ سرخ ہونا ❹ بھبھوکا ہونا ❺ غصے میں بھرنا ❻ کسی پھل کا پختہ ہونا۔
لالٹین (ا) اسم مونث ❶ لینٹرن کا بگاڑ ہے ❷ شیشے کی قندیل ❸ شیشے ❹ فانوس۔
لالچ (ہ) اسم مونث ❶ طمع ❷ حرص ❸ لوبھ ❹ پھسلاوا ❺ ترغیب ❻ خودغرضی۔
لالچ بری بلا ہے (ا) فعل۔ لوبھ سے بڑھ کر کوئی مصیبت یا آفت نہیں۔
لالچ دینا (ہ) فعل ❶ لوبھ دینا ❷ طمع دینا ❸ ترغیب دینا۔
لالچی بندہ (ا) اسم ❶ خودغرض ❷ مطلبی۔
لالہ (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کے سرخ پھول کا نام جس کے اندر سیاہ داغ ہوتے ہیں۔
لالہ رخ / لالہ رخسار / لالہ عذار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ سرخ چہرے والا ❷ معشوق اور دلربا۔
لالہ زار (ف) اسم مذکر ظرف ❶ لالہ کا کھیت ❷ چمن ❸ گلزار ❹ باغ۔
لالہ گوں (ف) اسم صفت ❶ لالہ جیسا ❷ سرخ ❸ لال ❹ لال رنگ کا۔
لالہ / لالا (ہ) اسم مذکر ❶ ہندوؤں کا خطاب ❷ جناب ❸ صاحب ❹ میاں مہاجن ❺ ساہوکار ❻ ویش ❼ آلا ❽ آبا ❾ باؤ۔
لالی (ہ) اسم مونث ❶ سُرخی ❷ عزت ❸ سرخ روئی ❹ عزیزہ ❺ بہن۔
لالی رہ جانا (ا) محاورہ ❶ عزت رہ جانا ❷ بات بنی رہنا۔
لالی پاپ (ای) اسم مذکر۔ بچوں کی مٹھائی۔
لالے (ہ) اسم مذکر ❶ تمنا ❷ آرزو ❸ اشتیاق ❹ ارمان ❺ کسی شے سے ناامید ہونا۔
لالے پڑنا (ا) محاورہ ❶ ارمان ہونا ❷ کسی مصیبت میں پھنس جانا ❸ مشکل ہونا ❹ بہت نااُمید ہونا۔
لام (ہ) اسم مذکر ❶ فوج یا پلٹن کا مجموعہ ❷ جنگ۔
لام باندھنا (ا) محاورہ ❶ فوجیں جمع کرنا ❷ سامان جنگ اکٹھا کرنا۔
لام (ع) اسم مذکر ❶ حرف کا تلفظ ❷ (ف۔ صفت) ٹیڑھا ❸ زلف سے تشبیہ دیتے ہیں۔
لام کاف (ع) اسم مذکر ❶ گالی گفتار ❷ بُرا بھلا ❸ واہی تباہی۔
لامسہ (ع) اسم صفت ❶ چھونے کی قوت۔
لامع (ع) اسم صفت ❶ چمکنے والا ❷ تابان۔
لان (ای) اسم مذکر ❶ سبزہ زار ❷ گھاس کا قطعہ۔
لانا (ہ) مصدر ❶ لے آنا ❷ حاضر کرنا ❸ اُٹھانا ❹ مول لینا ❺ برداشت کرنا ❻ دکھانا ❼ پیدا کرنا ❽ پکڑنا ❾ رنگ لانا۔
لانچ (ای) اسم مذکر ❶ پٹرول یا بھاپ کے انجن سے چلنے والی کشتی ❷ بحری کشتی۔
لانڈری (ای) اسم مذکر ❶ دھوبی کی دوکان ❷ کپڑے دھونے کا کارخانہ۔
لاوا (ای) اسم مذکر۔ وہ سیال مادہ جو آتش فشاں پہاڑ سے نکلتا ہے۔
لائبریری (ای) اسم مونث ❶ کتب خانہ کا ناظم ❷ کتب خانہ کا مہتمم۔
لائبریرین (ای) اسم مذکر و مونث ❶ کتب خانہ کا ناظم ❷ کتب خانہ کا مہتمم۔
لائٹ (ای) اسم مونث۔ روشنی۔
لائٹر (ای) اسم مذکر۔ وہ آلہ جس سے سگریٹ یا آگ وغیرہ جلاتے ہیں۔
لائٹ ہاؤس (ای) اسم مذکر۔ روشنی کا مینار جو رات کے وقت بحری

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149271218

جہازوں کی رہنمائی کرتا ہے۔

لائحہ عمل (ع) اسم مذکر ① دستور عمل ② نصب العین ③ پروگرام ④ نظام عمل۔

لائسنس (ای) اسم مذکر ① اجازت نامہ ② حکم نامہ۔

لائف (ای) اسم مونث ① زندگی ② حیات۔

لائف انشورنس (ای) اسم مذکر ① زندگی کا بیمہ ② کسی حادثے وغیرہ کے خلاف مالی تحفظ۔

لائف بوٹ (ای) اسم مونث۔ وہ کشتی جو کسی حادثے وغیرہ کی صورت میں جہاز میں سوار لوگوں کی جانیں بچانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

لائق (ع) اسم صفت ① قابل ② جائز ③ بجا درست ④ کافی ⑤ ہنر مند ⑥ مستعد۔

لائق فائق (ف) اسم صفت ① بڑا لائق ② لیاقت اور قابلیت میں فوقیت رکھنے والا۔

لائم (ع) اسم صفت۔ ملامت کرنے والا۔

لائن (ای) اسم مذکر ① خط ② سطر ③ قطار ④ انداز ⑤ ریل کی لوہے کی پٹڑی۔

لائن کلیئر (ای) اسم مذکر۔ ریلوے لائن کے صاف ہونے اور آمدورفت کے قابل ہونے کی یقین دہانی۔

لاؤلشکر (ہ) اسم مذکر ① لشکر اور اس کے ہمراہی ② فوج کی بھیڑ بھاڑ ③ فوجیوں کا ہجوم۔

لاؤڈ سپیکر (ای) اسم مذکر ① ایک آلہ جو بجلی یا بیٹری سے چلتا ہے اور آواز کو کئی گنا بڑھا دیتا ہے ② آلہ مکبر الصوت ③ آواز کو بڑھانے والا آلہ۔

لاؤنج (ای) اسم مذکر ① انتظار گاہ ② نشست گاہ ③ سیر گاہ۔

لائی (ہ) اسم مونث ① فصل کی کٹائی ② خودرو چاول ③ بھنا ہوا اناج ④ ایک قسم کی مٹھائی۔

لائے (ف) اسم مونث ① شراب وغیرہ کی تلچھٹ ③ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

## ل ← ب

لب (ف) اسم مذکر ① ہونٹ ② کنارہ ③ طرف ④ حاشیہ ⑤ ساحل ⑥ منڈیر ⑦ تھوک ⑧ لعاب دھن ⑨ مونچھیں۔

لب آب (ف) اسم مذکر۔ دریا۔ ندی۔ نہر یا حوض وغیرہ کا کنارہ۔

لب بام (ف) اسم مذکر ① منڈیر ② کوٹھے یا چھت کا کنارا۔

لب بند ہونا (ا) محاورہ ① منڈیر ② کھوٹھے یا چھت کا کنارا۔

لب بند ہونا (ا) محاورہ ① بہت زیادہ مٹھاس سے ہونٹوں کا چپک جانا ② خاموش ہونا۔

لب پر آنا (ا) محاورہ ① زبان پر آنا ② کچھ کہنا۔

لب پر دم ہونا (ا) محاورہ۔ مرنے کے قریب ہونا۔

لب پر مہر کرنا/لگانا (ا) محاورہ ① خاموش ہو جانا ② چپ سادھ لینا۔

لب تر کرنا (ا) محاورہ۔ تھوڑا سا پانی پی لینا۔

لب تشنہ (ف) اسم صفت ① پیاسا ② آرزومند۔

لب گور ہونا (ا) محاورہ۔ مرنے کے قریب ہونا۔

لب ولہجہ (ف) اسم مذکر ① طرز کلام ② طرز گفتگو ③ تلفظ ④ الفاظ کی ادائیگی کا انداز۔

لبوں پر جان آنا (ا) محاورہ ① ہونٹوں پر دم آنا ② مرنے کے قریب ہونا۔

لبوں پر ہونا (ا) فعل ① کسی کام کا خاتمہ پر ہونا ② کنارہ پر پہنچ جانا۔

لب لباب (ع) اسم مذکر ① خلاصے کا خلاصہ ② خالص۔

لبرٹی (ای) اسم مذکر۔ آزادی۔

لبرل (ای) اسم صفت ① آزاد خیال ② سب کی بھلائی چاہنے والا۔

لبرل ازم (ای) اسم مذکر ① آزاد خیال ② جمہوری اور معاشرتی اصلاحات کی حمایت کا نظریہ۔

لبھانا (ہ) فعل ① پرچانا ② للچانا ③ لالچ دینا ④ مائل کرنا ⑤ فریفتہ کرنا ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907218

www.besturdubooks.net

موہنا❼ عاشق بنانا❽ بہکانہ❾ اکسانا۔

**لبی** (ہ) اسم مونث۔ گنے کا ابلا رس۔

**لبیدا** (ہ) اسم مذکر ❶ کتلہ ❷ سونٹا ❸ لٹھ۔

**لبیرا** (ہ) اسم مذکر ❶ دھجی ❷ چیتھڑا ❸ لیر۔

**لبیک** (ع) کلمہ ایجاب ❶ حاضر ہوں ❷ حاضر کھڑا ہوں ❸ جی ہاں ❹ حاضر جناب ❺ حاجی لوگ میدان عرفات میں بار بار یہی کلمہ پکارتے ہیں۔

**لبیں بند ہونا** (ا) فعل ❶ کسی نہایت میٹھی چیز کی تعریف کے وقت بولتے ہیں ❷ منہ بند ہونا ❸ ہونٹ چپکنا۔

**لبیں لینا** (ا) فعل ❶ ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا ❷ مونچھیں کٹوانا ❸ سخت سزا دینا ❹ خوب مارنا۔

## ل ← پ

**لپ** (ہ) اسم مونث۔ مٹھی بھر مقدار۔

**لپا** (ہ) اسم مذکر ❶ لپڑ ❷ تھپڑ ❸ چانٹا۔

**لپاڈکی** (ہ) اسم مونث ❶ مکوں اور تھپڑوں کی لڑائی ❷ مار پیٹ۔

**لپاہا** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ نہایت جھوٹا ❷ سخت کذاب ❸ دروغگو۔

**لپپ** (ہ) اسم صفت بالف اتصال ❶ جلدی جلدی ❷ بزودی ❸ بہت جلدی۔

**لپل** (ہ) اسم مونث ❶ لیپنے کا کام ❷ پلستر ❸ کہگل ❹ لیپنے کی اجرت۔

**لپٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ پتلا شیرا ❷ راب ❸ موٹے موٹے ❹ آٹے کا حلوہ ❺ ایک قسم کی گھاس ❻ رشتہ ❼ ناطہ۔

**لپٹانا** (ہ) فعل ❶ جوش محبت ❷ میں چھاتی سے لگانا ❸ چمٹانا ❹ پیار کرنا ❺ گلے لگانا ❻ ساتھ ملانا ❼ ساتھ لگانا ❽ بھڑانا ❾ سر کرنا۔

**لپٹنا** (ہ) فعل ❶ چپکنا ❷ چمٹنا ❸ سر ہونا ❹ پیچھے لگنا ❺ ہم آغوش ہونا ❻ گلے لگنا ❼ عاشق ہونا پھنسنا ❽ الجھنا ❾ بھڑنا۔

**لپٹنت** (ہ) اسم مونث ❶ لپٹنے کا حاصل مصدر ❷ بغلگیری ❸ زور آزمائی ❹ کشتی ❺ لڑنت۔

**لپ جھپ** (ہ) اسم مونث ❶ پھرتی ❷ تیزی جلدی ❸ ہاتھ چالاکی ❹ چوری ❺ فریب ❻ عیاری ❼ مکاری ❽ تیز رفتاری۔

**لپکنا** (ہ) فعل ❶ بھاگنا ❷ دوڑنا ❸ سرپٹ ہو جانا جلدی سے آگے بڑھ جانا ❹ حملہ کرنا ❺ اچکنا ❻ زخم میں ٹیس ہونا ❼ بجلی چمکنا ❽ پھڑکنا ❾ دھڑکنا۔

**لپکی** (ہ) اسم مونث ❶ شلنگا ❷ کچی سلائی ❸ ٹانکا ❹ سیون ❺ گوٹ ❻ مغزی ❼ کنارہ۔

**لپکی بھرنا/ مارنا** (ہ) فعل ❶ کچی سلائی کرنا ❷ ٹانکا لگانا۔

**لپ لپ** (ہ) اسم مونث صوت ❶ بغیر چبائے نگلنے کی آواز ❷ جیب سے چاٹنے یا پوپلے منہ کی آواز۔

**لپ لپ کرنا** (ہ) فعل ❶ بن چبائے یونہی نگل جانا ❷ پوپلوں کی طرح کھانا ❸ بکواس کرنا ❹ بیہودہ بکنا۔

**لپ لپ کھانا** (ہ) فعل۔ جلد جلد کھانا۔

**لپیٹ لینا** (ہ) فعل ❶ نہ کرنا ❷ باندھ لینا ❸ نزدیک جرم کرنا ❹ الجھا لینا ❺ ملا لینا۔

**لپیٹنا** (ہ) فعل ❶ باندھنا ❷ آلودہ کرنا ❸ الجھانا ❹ بلانا ❺ راضی کرنا ❻ آمادہ کرنا ❼ شریک کرلیا ❽ بیچ میں لانا۔

**لپیٹواں** (ہ) اسم صفت ❶ پیچیدہ ❷ ملفوف ملا ہوا ❸ شریک شدہ۔

## ل ← ت

**لت** (ہ) اسم مونث ❶ لات کا مخفف ❷ لات ❸ لکد۔

**لت** (ہ) اسم مونث ❶ بری عادت ❷ عادت بد ❸ خصلت ❹ لپکا ❺ خور۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149071218

**لتاڑ** (ا) اسم مونث ❶ لغوی لات مارنا ❷ اصطلاحی ملامت ❸ پھٹکار ❹ مصیبت ❺ سنکٹ ❻ کام کی کثرت ❼ کام کی زیادتی ❽ دوڑ دھوپ۔

**لتاڑنا** (ہ) فعل ❶ لاتیں مارنا ❷ بھگانا ❸ پامال کرنا ❹ دھتکارنا۔

**لترا** (ہ) اسم صفت ❶ چغل خور ❷ ادھر کی ادھر کہنے والا ❸ غماز بے وفا ❹ بے مروت ❺ طوطا چشم (پنجاب) بکواسی ❻ بیہودہ گو۔

**لتری** (ہ) اسم صفت مونث ❶ ادھر کی ادھر لگانے والی ❷ چغلی خور ❸ پیٹ کی ہلکی۔

**لتھ/لت** (ہ) اسم مونث ❶ آلودگی ❷ آمیزش ❸ ملاوٹ ❹ لتھڑنا سے حاصل مصدر۔

**لتھ پتھ/لت پت/لتھڑ پتھڑ** (ہ) اسم صفت ❶ سنا ہوا ❷ بھرا ہوا ❸ آلودہ ❹ شور بور ❺ خستہ حالی ❻ خراب حال ہونا۔

**لتھ پتھ ہونا** (ہ) فعل ❶ بھرنا ❷ آلودہ ہونا ❸ شرابور ہونا۔

**لتھڑنا** (ہ) فعل ❶ ملنا ❷ آمیز ہونا ❸ لیپ لگنا ❹ بھرنا ❺ آلودہ ہونا ❻ سننا۔

**لتھیڑنا** (ہ) فعل ❶ لتھڑنا سے متعدی لانا ❷ لیپ لگانا ❸ بھر دینا ❹ آلودہ کرنا ❺ سالنا۔

**لتہ** (ف) اسم مذکر ❶ چیتھڑا ❷ گودڑ ❸ پارچہ ❹ کپڑا بستر۔

**لتے لینا** (ہ) فعل ❶ دھجیاں اڑانا ❷ پرزے اڑانا ❸ پرخچے اڑانا ❹ لتاڑنا ❺ آڑے ہاتھوں لینا ❻ سرزنش کرنا ❼ ملامت کرنا۔

**لتیا** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ بری عادت والا ❷ دھتیا ❸ خوگر ❹ عادی۔

**لتیانا** (ہ) فعل ❶ لاتیں مارنا ❷ لاتوں سے خوب سزا دینا ❸ لاتوں سے خبر لینا۔

## ل ← ٹ

**لٹ** (ہ) اسم مونث ❶ بالوں کی لڑی ❷ جٹا ❸ زلف ❹ رسی ❺ ڈوری۔

**لٹ دینا** (ہ) فعل ❶ کنی دینا ❷ قابو میں ہونا ❸ نکیل ہاتھ میں ہونا۔

**لٹ دھلائی** (ہ) اسم مونث۔ زچہ کا سر دھلانے کا نیگ جو دولھا کی بہن چھٹی کے دن لیا کرتی ہے۔

**لٹا** (ہ) اسم صفت ❶ مارا ❷ دبلا ❸ لاغر ❹ بیماری سے کمزور شدہ ❺ جٹا ❻ لٹ۔

**لٹا دھاری** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑے بڑے بال لٹکائے رکھنے والا فقیر ❷ جوگی ❸ جٹا دھاری۔

**لٹا ہاتھی ہٹورا سا** (ہ) مثل۔ تباہ شدہ امیر خرابی کی حالت میں بھی بہت کچھ سہارا رکھتا ہے۔

**لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا** (ہ) مثل۔ گیا گزرا امیر بھی غریب سے اچھا ہے۔

**لٹا پٹا** (ہ) اسم مذکر ❶ استر بستر ❷ بدھنا بوریا اٹالا۔

**لٹا پٹا** (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ خراب وتباہ ❷ اجڑا پچھڑا۔

**لِٹانا** (ہ) فعل ❶ زمین پر گرانا ❷ پسارنا ❸ پھیلانا زمین یا چارپائی پر ڈالنا ❹ بچے کو سلانا ❺ قبر میں مردے کو اتارنا ❻ بچھاڑنا ❼ چت کرنا۔

**لُٹانا** (ہ) فعل ❶ بے دریغ روپیہ خرچ کرنا ❷ اڑانا ❸ اٹھانا ❹ فضول خرچی کرنا ❺ غارت کرنا ❻ برباد کرنا ❼ تباہ کرنا ❽ تڑپانا ❾ بیقرار کرنا۔

**لُٹاؤ** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ فضول خرچ ❷ سرف ❸ خوب لٹانے والا۔

**لٹریچر** (ا) ❶ ادب ❷ علم وادب ❸ انشاء پردازی۔

**لٹس** (ہ) اسم مونث ❶ لوٹ سے اسم مصدری لوٹ مار ❷ لوٹ کھسوٹ۔

**لٹس مچانا** (ا) فعل ❶ لوٹ مچانا ❷ چھیننا ❸ چھینا چھپٹی کرنا ❹ غارتگری کرنا۔

**لٹک** (ہ) اسم مونث ❶ لٹکاؤ ❷ آویزش ❸ آن بان ❹ ناز ونخرہ ❺ موج ❻ لہر ❼ ترنگ ❽ سایہ بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔

**لٹک کر چلنا** (ہ) فعل ❶ اترا کر چلنا ❷ ناز ونخرے سے چلنا ❸ جھوم کر چلنا ❹ مستانہ انداز سے چلنا۔

**لٹکا** (ہ) اسم مذکر ❶ منتر ❷ جادو ❸ موہنی ❹ عمل تسخیر ❺ ٹونا ❻ ٹوٹکا ❼ شعبدہ ❽ کرتب ❾ چلتر۔

**لٹکانا** (ہ) فعل ❶ ٹانگنا ❷ آویزاں کرنا ❸ پھانسی دینا ❹ سولی چڑھانا ❺ اٹکائے رکھنا ❻ انکار میں رکھنا ❼ منتظر رکھنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03490778218

لٹکن (ہ) اسم مذکر ❶ گھنٹے کا لنگر ❷ پنڈولم ❸ جھاڑ ❹ فانوس ❺ ناک کا ایک زیور ❻ بلاق ❼ بندا ❽ چھوٹی گھڑونچی ❾ ٹھلیا رکھنے کی تپائی۔

لٹکنا (ہ) فعل ❶ ٹنگنا ❷ ادھر ہونا ❸ معلق ہونا ❹ سولی پر چڑھنا ❺ پھانسی لگنا ❻ رکنا ❼ تعویق میں پڑنا ❽ الجھنا ❾ جھولنا۔

لٹمس (ای) ایک نیلا رنگ جو تیزاب ڈالنے سے سرخ ہو جاتا ہے۔

لٹنا (ہ) فعل ❶ دبلا ہونا ❷ ماڑا ہونا ❸ لاغر ہونا ❹ کمزور ہونا ❺ خیف ہونا۔

لٹنا (ہ) فعل ❶ تباہ ہونا ❷ برباد ہونا ❸ خاک میں ملنا ❹ تاراج ہونا ❺ غارت ہونا ❻ دھوکا کھانا ❼ ٹھگا یا جانا ❽ نقصان ہونا ❾ گھر اجڑنا۔

لٹو (ہ) اسم مذکر ❶ ایک گول کھلونا جو پھرا کر دیر تک گھومتا رہتا ہے ❷ پھرکی ❸ بنگی ❹ ساقول ❺ عمارت کی سیدھ معلوم کرنے کا آلہ ❻ گول بنی ہوئی چھوٹی چیز ❼ کنایۃً عاشق۔

لٹو ہونا (ہ) فعل ❶ دلدادہ ہونا ❷ شیدا ہونا ❸ عاشق ہونا ❹ فریفتہ ہونا ❺ محو ہونا ❻ مستغرق ہونا ❼ گھرنی ہونا ❽ چکر کھانا ❾ چکرانا۔

لٹوانا (ہ) فعل ❶ لٹنا کا متعدی ❷ غارت کرانا ❸ کھسوانا ❹ برباد کرانا ❺ اجڑوانا ❻ نقصان کرانا ❼ مہنگا سودا دلوانا۔

لٹورا (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول۔ فاختہ سے چھوٹا ایک ابلق رنگ کا پرندہ جو چڑیا کا شکار کرتا ہے۔

لٹورا (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ لٹ کی تصغیر ❷ جٹا الجھے ہوئے بالوں کی لٹ ❸ جھنڈولا۔

لٹوریا (ہ) اسم مونث ❶ لٹوں والا جوگی ❷ جٹا دھاری ❸ وراز موفقیر۔

لٹوروں والی / لٹوریوں والی (ہ) اسم مونث ❶ چڑیل ❷ ڈائن ❸ پچھلپائی ❹ ساحرہ۔

لٹھ باز (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ لاٹھیوں سے لڑنے والا ❷ لٹھیت۔

لٹھ بازی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ لاٹھیوں کی لڑائی لڑنا ❷ لٹھم لٹھا۔

لٹھ سا مار دینا (ہ) فعل ❶ نہایت سخت بات کہہ دینا ❷ پتھر سا اٹھا مارنا۔

لٹھا (ہ) اسم مذکر ❶ شہتیر ❷ لکڑ ❸ کنڈا ❹ سلیپر ❺ جریب کا دسواں حصہ۔

لٹھا (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا۔

لٹھیا (ہ) اسم مونث ❶ لاٹھی کی تصغیر ❷ چھوٹی لاٹھی ❸ چھڑی ❹ چوب دستی۔

لٹھیت (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ لٹھ باز ❷ لاٹھیوں سے لڑنے والا ❸ شہ زور ❹ زبردست۔

لٹی (ہ) اسم مونث ❶ بیسوا ❷ کسبی ❸ بازاری عورت۔

لٹیا (ہ) اسم مونث ❶ لوٹا کی تصغیر ❷ چھوٹا سا لوٹا ❸ گڑوی۔

لٹیا ڈبونا (ہ) فعل ❶ پانی بھرنے کی گڑوی کنوئیں میں گرا دینا ❷ کام ہونا فیل ہونا ❸ بات کھونا ❹ پت کھونا ❺ عزت برباد کرنا ❻ ہمت ہارنا ❼ جی چھوڑنا۔

لٹیا ڈوبنا (ہ) فعل ❶ گھاٹا آنا ❷ بربادی ❸ مصیبت سہنا ❹ برے بھلے دن گزارنا ❺ بڑی مشکل سے بسر اوقات کرنا۔

لٹیرا (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ لوٹ مار کرنے والا ❷ رہزن ❸ قزاق ❹ ٹھگ ❺ کم تولا ❻ دغاباز ❼ دھاڑوی ❽ چور ❾ ڈاکو۔

ل ← ج

لجا (ہ) اسم مونث ❶ لاج کی تصغیر یا مخفف ❷ حیا ❸ شرم ❹ غیرت۔

لجاجت (ع) اسم مونث ❶ منت سماجت ❷ عاجزی ❸ خوشامد ❹ جھگڑا ❺ ٹنٹا ❻ مبالغہ اصرار ❼ لڑائی ❽ بھوک سے تڑپنا۔

لجالو (ہ) اسم صفت ❶ حیادار ❷ شرمیلا ❸ باغیرت ❹ باحیا ❺ آدمی کا ہاتھ لگنے یا گرم ہوا کے چھو جانے سے مرجھا جانے والا ایک پودا ❻ لاجونتی ❼ چھوئی موئی۔

www.besturdubooks.net

**لجام** (معرب لگام) اسم مونث ① لگام ② باگ ③ عنان۔

**لجانا** (ہ) فعل ① شرمندہ ہونا ② شرمانا ③ شرم کرنا ④ (متعدی) شرمندہ کرنا ⑤ نادم کرنا۔

**لجاؤ** (ا) اسم صفت ترکیب فاعلی ① حیا دار ② شرمیلا ③ با حیا ④ غیرت مند۔

**لجونتی** (ہ) اسم صفت ① شرم والی ② لاج والی ③ غیرت مند ④ چھوئی موئی بوٹی ⑤ لجالو۔

**لجہ** (ع) اسم مذکر ① ندی ② بھنور ③ دریا ④ منجھدار۔

## ل ← چ

**لچ** (ف) اسم صفت ① ننگا ② برہنہ ③ بدچلن ④ اوباش ⑤ بدمعاش ⑥ شہدا ⑦ لچا ⑧ گنڈا۔

**لچ بہادر** (ا) اسم صفت مبالغہ ① نہایت لچا گنڈوں کا سردار ② بڑا بدمعاش۔

**لچا** (ا) اسم صفت بالف مبالغہ ① بے شرم ② بے باک ③ آزاد طبیعت ④ بدمعاش ⑤ شہدا گنڈا ⑥ بدچلن ⑦ بدکار ⑧ فسادی ⑨ جھگڑالو۔

**لچا گنڈا** (ا) اسم صفت۔ دونوں مترادف ہیں۔

**لچانا** (ہ) فعل ① لچکان ② جھکان ③ ٹیڑھا کرنا۔

**لچا پن** (ا) اسم مذکر مصدری ① شہدا پن ② بے غیرتی ③ بے حیائی ④ بے شرمی ⑤ بدچلنی ⑥ شرارت ⑦ بدکار ⑧ گنڈا پن۔

**لچر** (ا) اسم صفت ① بیہودہ ② لغو ③ پوچ ④ بیوقوف ⑤ احمق ⑥ اناڑی بے ربط ⑧ بے معنی عبارت۔

**لچک** (ا) اسم مونث ① ملائمت ② نرمی ③ لرزش ④ کپکپاہٹ ⑤ جھٹکا ⑥ ہچکولا ⑦ ضرب ⑧ خم ⑨ کجی۔

**لچک جانا** (ہ) فعل ① مڑ جانا ② بل کھا جانا ③ کانپ جانا۔

**لچک دار** (ا) اسم صفت فاعلی ① حرکت سے جنبش کرنے والی چیز ② لہر دار۔

**لچکا** (ہ) اسم مذکر ① جھٹکا ② ضرب ③ ہچکولا ④ موج ⑤ چک ⑥ ایک قسم کا پتلا گوٹا ⑦ بجرا ⑧ کشتی ⑨ چھوٹی ناؤ۔

**لچکانا** (ہ) فعل ① ہلانا ② جنبش دینا ③ لرزش دینا ④ جھکانا۔

**لچکنا** (ہ) فعل ① جھکنا ② مڑنا ③ بل کھانا ④ خمیدہ ہونا ⑤ لرزنا ⑥ کانپنا ⑦ ہلنا جلنا۔

**لچلچا** (ہ) اسم مذکر ① کم شوربے والا سالن ② لعاب دار سالن۔

**لچنا** (ہ) فعل ① خمیدہ ہونا ② جھکنا ③ ٹیڑھا ہونا ④ متواضع ہونا۔

**لچھا** (ہ) اسم مذکر ① سوت کی انٹی ② سوت کے دھاگوں کا حلقہ ③ الجھی ہوئی ڈور ④ سلسلہ وار اور پیچیدہ لپٹے ہوئے تار ⑤ ایک زیور کا نام۔

**لچھمی** (ہ) اسم مونث ① دولت کی ملکہ ② دھن کی دیوی ③ مجازاً دولت دھن مال و زر ④ شان و شوکت ⑤ دبدبہ ⑥ حسن و جما ⑦ خوبصورتی ⑧ بیٹے کی بیوی ⑨ بہو۔

**لچھمی گھر میں آنا** (ہ) فعل ① دولت کا گھر میں آنا ② اقبالمند ہونا ③ گھر میں مبارک قدم بہو کا آنا ④ بیٹی کا پیدا ہونا۔

**لچھن** (ہ) اسم مذکر ① نشانی ② علامت ③ انداز ④ آثار ⑤ طور ⑥ ڈھنگ ⑦ طریق ⑧ کام ⑨ فعل۔

**لچھے دار** (ا) اسم صفت فاعلی ① پیچدار ② پیچ در پیچ ③ پیچیدہ ④ مزیدار ⑤ مسلسل ⑥ متواتر ⑦ برابر ⑧ ڈورے دار ⑨ حلقہ دار۔

**لچھے دار باتیں** (ا) اسم مونث ① مزے کی باتیں ② مسلسل باتیں ③ پیچیدہ باتیں ④ پیچدار بتایں۔

**لچی** (ہ) اسم مونث ① میدے کی نہایت پتلی اور نہایت نرم پوری جسے گھی میں تلتے ہیں ② (بحالت صفت) بے شرم عورت ③ بے باک عورت ④ شہدی عورت۔

## ل ← ح

**لحاظ** (ع) اسم مذکر ① لغوی: کن انکھیوں سے دیکھنا ② اصطلاحی نگہ ③ نظر ④ ادب ⑤ درجہ کا پاس ⑥ حفظ مراتب ⑦ حیا ⑧ شرم ⑨ مروت۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149017218

www.besturdubooks.net

**لحاظ اٹھا دینا** (ا) فعل (1) بے حیا بن جانا (2) بے غیرت ہو جانا (3) بے شرم ہو جانا۔

**لحاظ والا** (ا) اسم صفت فاعلی (1) با مروت (2) شرم وحیا والا۔

**لحاف** (ع) اسم مذکر۔ بہت روئی والی رضائی۔

**لحد** (ع) اسم مونث (1) گور (2) قبر (3) تربت (4) مزار (5) خصوصاً قبر کے اندر کا گڑھا جس میں مردے کو رکھتے ہیں۔

**لحظہ** (ع) اسم مذکر (1) دم بھر (2) پل (3) لمحہ (4) دم کے دم (5) دم بھر۔

**لحظہ بہ لحظہ** (ع) تابع فعل (1) گھڑی دو گھڑی (2) ہر دم (3) لمحہ بہ لمحہ۔

**لحم** (ع) اسم مذکر (1) گوشت (2) ماس۔

**لحن** (ع) اسم مذکر (1) آواز (2) سریلی آواز (3) اچھی آواز (4) سر (5) لے (6) نغمہ (7) خوش آوازی۔

**لحیم شحیم** (ع) اسم صفت فاعلی (1) موٹا تازہ (2) ہٹا کٹا (3) فربہ اندام (4) مسٹنڈا (5) توانا۔

**لحیہ** (ع) اسم مونث۔ داڑھی۔

## ل ← خ

**لخت** (ف) اسم مذکر (1) ٹکڑا (2) حصہ (3) پارہ (4) تھوڑی سی مقدار (5) لوہے کا گز۔

**لخت جگر** (ف) اسم مذکر (1) جگر کا ٹکڑا (2) بیٹا (3) بیٹی (4) اولاد (5) نور چشم (6) نظم (7) شعر وغیرہ۔

**لختہ** (ف) اسم مذکر (1) جمے ہوئے خون کا لوتھڑا (2) ٹکڑا۔

**لُخ لُخ** (ف) اسم صفت (1) لاغر (2) دبلا (3) پتلا (4) ماڑا (5) (بصورت اسم مونث) بھوک پیاس کے باعث حلق کی خشکی کی آواز۔

**لَخلَخانا** (ا) اسم مصدر (1) بھوک پیاس سے تڑپنا (2) بھوک سے نڈھال ہونا۔

**لخلخہ** (ف) اسم مذکر۔ کئی خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو مریض کو تقویت دماغ کے لئے سنگھاتے ہیں۔

## ل ← د

**لدا پھندا** (ہ) اسم صفت ترکیب مفعولی (1) بوجھ میں دبا ہوا (2) بھرپور۔

**لدانا/لدوانا** (ہ) فعل (1) بوجھ دھروانا (2) بار کرانا (3) اسباب لدوانا۔

**لداؤ** (ہ) اسم مذکر (1) بوجھ (2) بھار (3) بار (4) لادنے کا اسباب۔

**لداؤ کی چھت** (ہ) اسم مونث (1) بن کڑیوں کی چھت (2) گنبد نما چھت (3) چونے کی ڈاٹ کی چھت۔

**لدادا/لادا** (ہ) اسم مذکر (1) بوجھ (2) بھار (3) بار۔

**لد جانا** (ہ) فعل (1) بوجھ سے بھر جانا (2) بوجھ رکھا جانا (3) پھلوں پھولوں یا پھنسیوں سے بھر جانا (4) چلا جانا (5) بیت جانا (6) گزر جانا (7) مرنا (8) انتقال کرنا۔

**لدنا** (ہ) فعل (1) بوجھ (2) رکھا جانا (3) بار ہونا (4) پر ہونا (5) خوب پھلنا (6) مر جانا (7) فوت ہونا۔

**لدو** (ہ) اسم صفت (1) بوجھ اٹھانے کے قابل (2) بار برداری کے لائق (3) بار برداری کا جانور۔

**لدھڑ** (ہ) اسم صفت (1) بوجھل (2) بھاری (3) موٹا تازہ (4) کند ذہن (5) وضع (6) بھاری اور بدنما چیز۔

## ل ← ڈ

**لڈو** (ہ) اسم مذکر (1) ڈلا (2) ڈھیلا (3) پنڈ (4) بیسن یا مونگ کے آٹے کی بنی ہوئی ایک قسم کی مٹھائی (5) مجازاً لابھ (6) نفع۔

**لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا** (ہ) مثل (1) صرف باتوں اور چاپلوسیوں سے کام نہیں بنا کرتا کچھ خرچ بھی کرنا پڑتا ہے (2) دیئے لئے بغیر کام نہیں چلتا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

لڈو ملنا (ہ) فعل ① کچھ ہاتھ لگنا ② فائدہ ہونا ③ لابھ ہونا۔

لڈوا (ہ) اسم مذکر ① لڈو کی تصغیر ہے ② چھوٹا لڈو ③ تشبیہاً چھوٹے چھوٹے گول آم۔

لڈی (پنجابی) اسم مونث ① ایک قسم کا مردانہ ناچ ② مردانہ رقص۔

## ل ← ذ

لذائذ (ع) اسم مونث۔ ① لذت کی جمع۔ ② مزے ذائقے۔

لذائذ نفسانی (عف) اسم مونث ① نفس کے مزے ② نفس کی خوشی۔

لذت (ع) اسم مونث ① مزہ ② ذائقہ ③ سواد ④ آنند ⑤ خوشی ⑥ موج ⑦ عیش ونشاط۔

لذت آشنا (عف) اسم صفت ترکیب فاعلی بہ قلب اضافت ① مزے سے واقف ② مزہ چکھا ہوا۔

لذت پرست (ف) اسم صفت ① لذت اور مزے کا شیدائی ② عیش و نشاط کا دلدادہ۔

لذتیت (ع) اسم صفت ① لطف اندوز ہونا ② حظ اٹھانا۔

لذیذ (ع) اسم صفت ① مزے دار ② مزے کا خوش ذائقہ ③ ذائقہ دار ④ خوش گوار ⑤ خوش آیندہ ⑥ پرلطف ⑦ پیارا ⑧ عزیز ⑨ من بھاتا۔

## ل ← ر

لر (ف) اسم صفت ① بے تمیز ② جاہل ③ احمق۔

لرز جانا (ا) فعل ① کانپ اٹھنا ② تھرا جانا ③ خوف سے رعشہ آجانا ④ ڈر جانا۔

لرزش (ف) اسم مونث ① تھرتھراہٹ ② کپکپی ③ جنبش۔

لرزنا (ہ) فعل ① تھرانا ② کانپنا ③ کپکپانا ④ سردی یا ڈر سے بدن میں رعشہ ہونا۔

لرزہ (ف) اسم مذکر حاصل مصدر ① تھرتھراہٹ ② کپکپی ③ لرزش ④ جنبش۔

لرزہ آنا (ہ) فعل ① کپکپی آنا ② تھرتھراہٹ آنا ③ کانپنا ④ زلزلہ آنا ⑤ بھونچال آنا ⑥ رعب چھانا ⑦ خوف چھانا۔

## ل ← ڑ

لڑ (ہ) اسم مونث ① لڑی ② ہار ③ سلسلہ ④ ڈور ⑤ ڈوری ⑥ رسی کا بل ⑦ بھانج ⑧ صف ⑨ لائن۔

لڑ لگانا (ہ) فعل ① وسیلہ یا تعلق پیدا کرنا ② زوجہ بنانا ③ نکاح میں دینا ④ دامن پکڑنا۔

لڑ میں رہنا (ہ) فعل ① طرفدار بننا ② کسی کے کہنے میں رہنا ③ ساتھ رہنا ④ گانٹھ میں ہونا ⑤ پلے ہونا ⑥ پاس ہونا۔

لڑاک (ہ) اسم صفت ① لڑنے والا ② جھگڑالو ③ مفسد۔

لڑاکا (ہ) اسم صفت ① بہت لڑنے والا ② جنگجو ③ شریر ④ جھگڑالو ⑤ فسادی ⑥ بدخو ⑦ غضبی ⑧ جھلا ⑨ تندخو۔

لڑاکا کے چار کان (ہ) مثل۔ لڑائی کے لئے بہانہ تلاش کرنے والی عورت کی نسبت بولتے ہیں یعنی وہ ہر طرف کان لگائے رہتی ہے۔

لڑانا (ہ) فعل ① لڑائی کرانا ② بھڑانا ③ کشتی کرانا ④ صرف کرنا جیسے جان لڑانا ⑤ نظر سامنے کرنا ⑥ گھورنا ⑦ ٹکر لگانا ⑧ زور کرنا۔

لڑائی (ہ) اسم مونث ① جھگڑا ② فساد ③ مار پیٹ ④ گتھم گتھا ⑤ جدھ ⑥ جنگ وجدل ⑦ مقابلہ ⑧ سامنا ⑨ مڈبھیڑ۔

لڑائی باندھنا/لڑائی ٹھاننا (ہ) فعل ① فساد کھڑا کرنا ② دشمنی کرنا۔

لڑائی بھڑائی (ہ) اسم مونث ① دنگا فساد ② جنگ وجدل۔

لڑائی تل جانا (ہ) فعل ① مہم سر پر آجانا ② جنگ کا موقعہ قریب آجانا ③ لڑائی ٹھن جانا۔

لڑائی سر کرنا/لڑائی مارنا (ہ) فعل ① لڑائی جیتنا ② شکست دینا ③ دشمن کو ہرا دینا ④ حریف کو بھگا دینا ⑤ فتح کرنا۔

لڑائی کا کھیت (ہ) اسم مذکر ① لڑائی کا میدان ② میدان جنگ۔

لڑائی کا گھر (ہ) اسم مذکر ① فساد کی جڑ ② بنائے فساد ③ جھگڑے کا بانی ④ فتنہ انگیز۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

**لڑائی کا گھر ہانسی/روگ کا گھر کھانسی** (ہ) مثل ① لڑائی کی بنا ہنسی مذاق سے ہوتی ہے ② اور بیماری کی ابتدا کھانسی سے۔

**لڑائی مول لینا** (ہ) فعل ① خواہ مخواہ دوسرے سے لڑنا ② چھیڑ خانی کرنا ③ خواہ مخواہ الجھنا ④ پاپ کریدنا ⑤ ناحق کی مصیبت اور دقت میں پڑنا۔

**لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے/لڑائی میں مٹھائی نہیں بٹتی** (ہ) فعل ① لڑائی خوشی کی جگہ نہیں ہے وہاں تو مار پیٹ اور کشت و خون ہوتا ہے ② لڑائی آسان کام نہیں۔

**لڑباؤلا/لڈباؤلا** (ہ) اسم صفت ① بیوقوف احمق ② مودھو ③ ابلہ۔

**لڑبڑا** (ہ) اسم صفت ① لیس دار ② چیپ دار ③ مجازاً نامرد ④ زنخہ ⑤ ہیجڑا۔

**لڑبڑانا** (ہ) فعل ① بولتے وقت زبان میں لکنت ہونا ② رک رک بولنا ③ تتلانا ④ ہکلانا ⑤ لڑکھڑانا ⑥ ڈگمگانا۔

**لڑت/لڑنت** (ہ) اسم مونث ① پہلوانی ② کشتی ③ زور آزمائی ④ جنگ۔

**لڑکا** (ہ) اسم مذکر ① کم عمر بچہ ② معصوم ③ چھوکرا ④ چھور ⑤ پوت ⑥ بیٹا ⑦ فرزند ⑧ خلف۔

**لڑکا بالا** (ہ) اسم مذکر ① بال بچہ ② آل اولاد ③ بیٹا بیٹی۔ ④ کم سن بچہ۔ ⑤ چھوٹی عمر کا۔

**لڑکا جنے بیوی اور پٹی باندھیں میاں** (ا) مثل۔ دکھ کوئی بھرے بہانے کوئی بنائے تکلیف کسی کو ہو اور فائدہ اٹھائے کوئی اور۔

**لڑکا رووے بالوں کو نائی رووے منڈائی کو** (ہ) مثل ① اپنا اپنا دکھڑا ہر شخص روتا ہے۔

**لڑکپن** (ہ) اسم مذکر ① زمانہ طفلی بچپن ② طفلی ③ طفولیت ④ اوچھا پن ⑤ چھچھوراپن۔

**لڑکوں کا کھیل** (ہ) اسم مذکر ① بچوں کا دل بہلاوا ② آسان کام ③ سہل بات ④ طنزاً ادنے کام۔

**لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مرن** (ہ) مثل۔ بے عقل کے نزدیک جان کی کوئی قدر نہیں۔

**لڑکھڑانا** (ہ) فعل ① پاؤں کا کانپنا ② ڈگمگانا ③ لرزنا ④ بہکنا ⑤ گمراہ ہونا ⑥ تھرانا ⑦ نیت بگڑنا ⑧ ایمان میں فرق آنا۔

**لڑکی** (ہ) اسم مونث ① بیٹی ② کنیا ③ چھوکری ④ دختر ⑤ نادان ⑥ کم عمر ⑦ کنواری ⑧ دوشیزہ ⑨ ناسمجھ۔

**لڑکی والا** (ہ) اسم مذکر فاعلی ① لڑکی کا باپ ② دولھن کا باپ۔

**لڑکے بالے** (ہ) اسم مذکر ① بیوی بچے ② بال بچے ③ کنبہ ④ عیال و اطفال۔

**لڑمرنا** ① لڑتے لڑتے جان دے دینا ② لڑ کر مر جانا ③ باہم تکرار اور جھگڑ کر بیٹھنا۔

**لڑنا** (ہ) فعل ① تکرار کرنا ② جھگڑا کرنا ③ مقابلہ کرنا ④ بھڑنا ⑤ ٹکرانا جیسے ریل کا لڑنا ⑥ باہم ضد کرنا ⑦ کشتی کرنا ⑧ زور آزمائی کرنا۔

**لڑنا بھڑنا/لڑنا جھگڑنا** (ہ) فعل ① آپس میں جھگڑا بکھیڑا کرنا ② بحث تکرار کرنا ③ لڑائی جھگڑا کرنا۔

**لڑنت** (ہ) اسم مونث ① لڑنا سے حاصل مصدر زور آزمائی ② کشتی ③ پہلوانی۔

**لڑنتیا** (ہ) اسم فاعل سماعی۔ لڑنے والا۔

**لڑھکنا/لڑھنا** (ہ) فعل ① لڑھکنی کھنا ② پھسلنا ③ لیٹنا ④ سونا ⑤ پڑنا ⑥ لوٹ لگانا ⑦ لیٹ مارنا جیسے آج زمین ہی پر لڑھک رہو ⑧ انتقال کرنا ⑨ دنیا سے اٹھ جانا۔

**لڑھکنی** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① لوٹنی ② لوٹ ③ غلطید گی۔

**لڑھکنی کھانا** (ہ) فعل ① قلابازی کھانا ② لوٹنی کھانا ③ لڑھکنا ④ پھسلنا۔

**لڑھیانا** (ہ) فعل ① سیون کی کور دبانا ② کنارہ سینا ③ مروڑی دیکر سینا۔

**لڑی** (ہ) اسم مونث ① لڑ ہار ② مالا ③ سلک ④ سلسلہ ⑤ تسلسل ⑥ جھڑی جیسے آنسوؤں کی لڑی۔

**لڑے فوج نام سردار کا کاٹے باڑھ نام تلوار کا** (ا) مثل ① چھوٹوں کا کام بڑوں کا نام ② کام کسی کا اور نام کسی کا ③ چھوٹے کام کریں بڑے نام پائیں۔

## ل ← ز

**لزج** (ع) اسم صفت ① چیپ دار ② لیس دار ③ لعابدار۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

لزوجت (ع) اسم مونث ① چیپ ② لیس ③ لعاب۔

لزوم (ع) اسم مذکر ① واجب ② ضرور ③ لازم ④ لازم ہونا ⑤ ملزوم ہونا۔

لزوم مالا یلزم (ع) اسم مذکر ① غیر ضروری کو ضروری قرار دینا ② غیر واجب قرار دینا۔

## ل ← س

لس دار (ا) اسم صفت ① چپدار ② لعابدار ③ لیس دار۔

لِسان (ع) اسم مونث ① جیب ② زبان ③ بولی بھاشا ④ بھاکھا ⑤ بانی۔

لسان العصر (ع) اسم مونث ① اپنے زمانہ کا فصیح وخوش بیان ② مولانا اکبر حسین صاحب اکبر آبادی مرحوم کا لقب ہے۔

لسان الغیب (ع) اسم مونث ① غیب کی زبان ② خواجہ حافظ شیرازی کا لقب۔

لَسان (ع) اسم صفت بصیغہ مبالغہ ① بہت بولنے والا ② فصیح ③ خوش زبان ④ شیریں کلام ⑤ چرب زبان ⑥ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا بکواسی ⑦ بکی۔

لسرکا (ہ) اسم مذکر ① علاقہ ② تعلق سروکار ③ واسطہ ④ سبب۔

لِسٹ (ای) اسم مونث۔ فہرست۔

لسلسا/لسوڑا (ہ) اسم مذکر ① ایک نہایت لیس دار پھل کا نام ہے ② لسوڑا ③ (بحالت صفت) چپدار ④ لعابدار ⑤ لیس دار۔

لسن (ہ) اسم مذکر ① لہسن ② (پنجابی۔ تھوم) ③ جسم پر پیدائشی پڑا ہوا سرخ یا سیاہ داغ۔

لِسنا (ہ) فعل ① لپنا ② لتھڑنا ③ آلودہ ہونا ④ ٹھیک بیٹھنا ⑤ چسپاں ہونا۔

لَسی (ہ) اسم مونث ① چھاچھ ② دہی اور پانی کا مرکب ③ بہت سا پانی ملا ہوا دودھ ④ کچا زخم۔

## ل ← ش

لش (ا) اسم مونث صوت۔ کتے کو کسی چیز پر جھپٹانے کی آواز۔

لش پش ہونا (ہ) فعل ① چورم چور ہونا ② نہایت تھکنا ③ تھک کر چور ہو جانا۔

لشتم پشتم/لشٹم پشٹم (ا) اسم صفت ① جس طرح ہوسکا جس طرح بن پڑا ② جوں توں ③ بھلی بری طرح ④ بہرحال ⑤ بہر نوع ⑥ بہر طور۔

لشکارنا (ہ) فع کتے کو جھپٹانے کے لئے لش لش کرنا۔

لشکر (ف) اسم مذکر ① فوج ② سپاہ ③ چھاونی کیمپ ④ ہجوم ⑤ بھیڑ بھاڑ ⑥ انبوہ۔

لشکر کشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری چڑھائی ① دھاوا ② حملہ ③ فوج کشی۔

لشکری (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ لشکر ② سپاہی ③ فوجی ④ تلنگا۔

لشکری بولی (ا) اسم مونث ① غلط ملط اور غلط ملط زبان ② ملی جلی بولی۔

## ل ← ط

لطافت (ع) اسم مونث ① لغوی باریکی ② پتلا پن ③ اصطلاحی معنی خوبی ④ عمدگی ⑤ تحفگی ⑥ نرمی ⑦ ملائمت ⑧ نزاکت ⑨ خوبصورتی۔

لطائف (ع) اسم مذکر ① لطیفہ کی جمع ② ہنسی کی باتیں ③ چٹکلے ④ ظرافت کی باتیں ⑤ شگوفے ⑥ انوکھی اور عجیب باتیں۔

لطائف الحیل (ع) اسم مذکر ① لغوی۔ حیلوں کی خوبیاں ② اصطلاحی۔ اچھے اچھے حیلے ③ عمدہ بہانے ④ ناگوار نہ گزرنے والے بہانے۔

لطائف غیبی (ع) اسم مذکر۔ خدائے تعالٰے کی طرف سے پہنچی ہوئی مہربانیاں اور عنائتیں۔

لطف (ع) اسم مذکر ① کرپا ② دیا ③ مہربانی ④ عنایت ⑤ بھلائی ⑥ عمدگی ⑦ خوبی ⑧ نرمی ⑨ ملائمت۔

لطف یہ ہے (ا) محاورہ ① خوبی یہ ہے ② تعجب یہ ہے ③ طنزاً طرہ یہ ہے۔

لطفی (ع) اسم صفت ① گودلیا ہوا ② لے پالک ③ متبنٰے۔

لطیف (ع) اسم صفت ① باریک ② مہین ③ پتلا ④ رقیق ⑤ نازک ⑥

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نرم 7 کثیف کی ضد 8 صاف 9 شفاف۔

لطیفہ (ء) اسم مذکر 1 چٹکلا 2 لطف دار بات 3 دلچسپ چھوٹی سی بات 4 نازک اور عمدہ چیز 5 عجیب انوکھا 6 شگوفہ 7 تعجب انگیز بات۔

لطیفہ چھوڑنا (ا) فعل 1 شگوفہ چھوڑنا 2 کوئی انوکھی بات بیان کرنا۔

لطیفہ گو (عف) اسم صفت فاعلی 1 خوش مزاج 2 بذلہ سنج 3 ظریف 4 ٹھٹولی 5 خوشدل۔

## ل ← ع

لعاب (ء) اسم مذکر 1 چیپ 2 لیس 3 کف 4 منہ کا پانی 5 رال 6 بچے کے منہ کی رطوبت۔

لعاب دار (عف) اسم صفت فاعلی 1 چیپ دار 2 لیس دار 3 لسلسا۔

لعب (ء) اسم مذکر 1 کھیل کود 2 دل بہلا 3 سیر 4 تماشا۔

لعبت (ء) اسم مونث 1 پتلی 2 گڑیا 3 مورت 4 بت 5 کھلونا 6 کھیل۔

لعل (ء) اسم مذکر 1 لال یعنی ایک قسم کا نہایت قیمتی پتھر 2 (بحالت صفت) سرخ 3 لال رنگ کا 4 تشبیہاً 5 معشوق کا ہونٹ 6 لب معشوق۔

لعل اگلنا (ا) خوش کلام ہونا 1 منہ سے پھول جھڑنا 2 طنزاً بدکلامی کرنا 3 گالی بکنا 4 بدزبانی کرنا۔

لعل توڑنا (ا) فعل طنزاً کہا کرتے ہیں 1 نقصان پہنچانا 2 شان گھٹانا 3 جیسے اگر تم آجاتے تو ہم کیا تمہارے لعل توڑ لیتے۔

لعل لگنا (ا) فعل۔ 1 بیش قیمت ہونا 2 قیمتی ہونا 3 انوکھا پن ہونا 4 سرخاب کا پر لگنا۔

لعن (ء) اسم مونث 1 پھٹکار 2 دھتکار 3 نفرین ملامت 4 جھڑکی 5 سرزنش۔

لعن طعن (ء) اسم مونث 1 پھٹکار 2 دھتکار 3 برا بھلا 4 لعنت ملامت۔

لعنت (ء) اسم مونث 1 سخت 2 سست 3 برا بھلا 4 پھٹکار 5 دھتکار 6 نفرین 7 سرزنش۔

لعنت بھیجنا (ا) فعل 1 نفرین کرنا 2 برا بھلا کہنا 3 نفرت کرنا 4 کنارہ کرنا 5 چھوڑنا 6 بددعا دینا 7 کوسنا۔

لعنت کا شروا پھٹ پھٹ کی روٹی/لعنت کی روٹی پھٹ پھٹ کا شروا (ا) مثل 1 نہایت بے عزتی اور ذلت کی روٹی 2 وہ روٹی جو طعنے مہنے دیکر کھلائی جائے۔

لعنت کا مارا (ا) اسم صفت ترکیب مفعولی لعنتی 1 لعین 2 مردود 3 بدنصیب 4 بدبخت۔

لعنت ملامت کرنا (ا) فعل 1 برا بھلا کہنا 2 ذلیل کرنا 3 شرمندہ کرنا 4 دھتکارنا 5 خبر لینا 6 سرزنش کرنا 7 سخت سست کہنا۔

لعنتی (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت 1 لعنت برداشت کرنے والا 2 ملعون 3 بدبخت 4 بدنصیب 5 لعین 6 مردود 7 شامت زدہ۔

لعوق (ء) اسم مذکر 1 چٹنی 2 چاٹنے کی لیسدار دوا۔

لعین (ء) اسم صفت 1 لعنتی 2 ملعون 3 درگاہ 4 بدبخت لعنت کا مارا 5 دھتکارا ہوا 6 پھٹکارا ہوا 7 دوزخی 8 نرکی۔

## ل ← غ

لغات (ء) اسم مذکر 1 لغت کی جمع 2 زبانیں 3 الفاظ 4 بولیاں 5 ڈکشنری 6 فرہنگ 7 لفظوں کے معانی اور تشریح کی کتاب۔

لغایت (ء) تابع فعل 1 اخیر تک 2 انجام تک 3 اس سرے تک 4 انتہا تک ملا ہوا 5 شامل 6 داخل۔

لغت (ء) اسم مذکر 1 بولی 2 بھاشا 3 بھاگا 4 زبان 5 ڈکشنری 6 فرہنگ 7 جمع: لغات۔

لغت تراشنا/گھڑنا/تراشی (ا) فعل 1 مشکل اور غیر مانوس الفاظ کو اپنی تحریر یا تقریر میں لانا 2 لفاظی کرنا۔

لغزش (ف) اسم مونث حاصل مصدر 1 پھسلن 2 پھسلاہٹ 3 جنبش 4 کپکپی 5 قصور 6 خطا 7 غلطی 8 بھول چوک 9 گمراہی۔

لغزش آنا (ا) فعل 1 پھسلنا 2 ڈگمگانا 3 بہکنا 4 رپٹنا 5 کانپنا 6 استقلال نہ رہنا 7 پھٹکنا 8 گمراہ ہونا 9 بیان مقدمہ یا اظہار میں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

قرق آنا۔

لغو (ع) اسم صفت 1 بیہودہ 2 لچر 3 واہیات 4 اوٹ پٹانگ 5 بے فائدہ 6 مہمل 7 بے معنی 8 بکواس 9 واہی تباہی۔

لغو بکنا (ا) فعل 1 واہیات باتیں زبان پر لانا 2 بیہودہ بکنا 3 بے فائدہ اور بے معنی باتیں کہنا۔

لغوی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی 1 منسوب بہ لغت 2 اصلی معنی 3 موضوعی۔

لغویات (ع) اسم مونث۔ لغوی کی جمع۔

لغویت (ع) اسم مونث 1 بیہودگی 2 بے ہودہ بات۔

## ل ← ف

لف (ع) اسم صفت 1 تہ کیا ہوا 2 لپیٹا ہوا 3 شامل 4 منسلک۔

لف ونشر (ع) اسم مذکر 1 منتشر اور پراگندہ چیزوں کو لپیٹنا 2 اصطلاح علم بیان میں ایک صفت کا نام ہے جس میں پہلے چند چیزوں کا عمل یا مفصل ذکر کریں پھر اس کے بعد چند اور چیزیں پہلی چیزوں سے نسبت اور تعلق رکھنے والی بیان کریں مگر اس طرح پر کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے اس کی دو قسمیں ہیں مرتب اور غیر مرتب۔ مرتب میں اشیائے منسوبہ ترتیب دار اور غیر مرتب میں بے ترتیب ہوتی ہے۔

لفاظ (ع) اسم صفت مبالغہ 1 خوش بیان 2 شیریں کلام 3 فصیح کلام بولنے والا 4 لفظوں میں خوش کرنے والا۔

لفاظی (ع) اسم مونث 1 لسانی 2 بک بک 3 بکواس 4 شیخی 5 ڈینگ 6 فصاحت 7 خوش بیانی۔

لفافہ (ع) اسم مذکر 1 خول 2 غلاف 3 کاغذ کی تھیلی 4 چٹھی بند کرنے کا غلاف 5 بناوٹ 6 دکھاوا 7 ظاہری سامان 8 ناپائدار 9 بھید۔

لفافہ بنا رکھنا (ا) فعل 1 ظاہری 2 ٹیپ ٹاپ بنائے رکھنا 3 دھوکا دینا۔

لفافہ کرنا (ا) فعل 1 ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا 2 دکھاوا کرنا۔

لفافہ کھل جانا (ا) فعل 1 چٹھی کے مضمون کا ظاہر ہو جانا 2 راز فاش ہو جانا 3 بھید کھل جانا۔

لفٹ (ای) اسم مذکر۔ وہ خودکار مشین جو لوگوں اور سامان وغیرہ کو بلند و بالا عمارتوں سے اوپر نیچے لے جاتی ہے۔

لفظ (ع) اسم مذکر 1 بات 2 کلمہ 3 شبد 4 لعنت 5 وہ بامعنی یا بے معنی بول جو منہ سے نکلے۔

لفظ بہ لفظ (ع) تابع فعل 1 جوں کا توں 2 حرف بحرف 3 ایک ایک لفظ کر کے 4 صاف صاف 5 ہو بہو 6 تفصیل وار۔

لفظاً (ع) تابع فعل 1 تفصیل وار 2 صاف صاف 3 از روئے لفظ۔

لفظی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی 1 اصلی 2 حقیقی 3 ٹھیک باتوں کی 4 الفاظ کی۔

لفظی ترجمہ (ع) اسم مذکر۔ بے محاورہ اور لفظ بہ لفظ ترجمہ۔

لفنگ (ا) اسم مذکر صفت 1 لچا 2 شہدا 3 گنڈا 4 بدمعاش 5 بدچلن 6 شیخی باز 7 بے غیرت۔

لفنگا (ا) اسم صفت 1 شیخی خورا 2 ڈینگیا 3 شہدا 4 لچا 5 گنڈا۔

## ل ← ق

لِقا (ع) اسم مونث 1 چہرا 2 شکل 3 صورت 4 دیدار 5 دید 6 ملاقات۔

لقا (ا) اسم مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر ہوتا ہے جو اپنی گردن دم سے لگائے رکھتا ہے۔

لقات (ا) اسم صفت 1 نہایت لاغر 2 بہت دبلا 3 کانٹا 4 ماڑا۔

لقب (ع) اسم مذکر۔ وصفی نام جو کسی تعریف یا برائی کے باعث پڑ گیا ہو۔

لقلقہ (ا) اسم مذکر 1 دبدبہ 2 رعب وداب 3 جھا 4 حوصلہ 5 ہمت 6 جرات 7 لب ولہجہ 8 خوش الحانی 9 لم ڈھینگ کے زور سے بولنے کی آواز۔

لقمان (ع) اسم مذکر 1 ایک مشہور حکیم کا نام ہے 2 مجازاً ہر ایک دانا 3 عقلمند کو کہہ دیتے ہیں۔

لقمان کو حکمت سکھانا (ا) فعل 1 کسی دانا کو تدبیر بتانا 2 نصیحت کرنا۔

لقمہ (ع) اسم مذکر 1 کھانے کی ایک دفعہ منہ میں ڈالنے کی مقدار 2 نوالہ 3 گراس۔

لقمہ دینا (ا) فعل 1 منہ میں نوالہ رکھ دینا بات کاٹنا 2 دوسرے کی بات

Join us on whatsapp Naveed Baig

www.besturdubooks.net

میں دخل دینا③ حافظ کو بتانا④ قرآن سناتے وقت جو بھول ہو اسے بتانا⑤ توپ میں گولہ بارود ڈالنا⑥ رشوت دینا۔

**لقمہ کر جانا** (ا) فعل ① ہڑپ کر جانا② کھا جانا③ چٹ کر جانا④ ڈکار جانا۔

**لقندرا** (ا) اسم مذکر ① (قلندرا کا بگاڑ) لچا② بدمعاش③ شہدا④ بدچلن ⑤ بیہودہ۔

**لق و دق** (ع) اسم مذکر ① چٹیل میدان② بیابان③ صحرا④ سنسان جگہ ⑤ ہو کا مقام⑥ وہ جگہ جہاں آدمی ہو نہ آدم زاد بلکہ درخت تک بھی نہ ہوں۔

**لقوہ** (ع) اسم ایک بیماری کا نام ہے جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔

**لقوہ مار جانا/ ہو جانا** (ا) فعل ① منہ ٹیڑھا ہو جانا② لقوہ کا مرض ہو جانا۔

**لقہ** (ا) اسم صفت ① لچا② بدمعاش③ شہدا④ گنڈا⑤ ابر کا ٹکڑا⑥ دھوئیں کی ایک دفعہ اٹھنے والی مقدار۔

## ل ← ک

**لک** (ہ) اسم مذکر ① روغن② وارنش③ جلا④ شعلہ⑤ لو کا⑥ بو۔

**لکانا** (ہ) فعل ① چھپانا② پوشیدہ کرنا③ مخفی کرنا۔

**لکٹی** (ہ) اسم مونث ① ادھ جلی لکڑی② جلتی ہوئی لکڑی۔③ چغل خور عورت④ فساد کرانے والی⑤ آگ کریدنے کا اوزار⑥ آگ کریلنی⑦ کرچھا⑧ کونچا۔

**لکچر** (ای) اسم مذکر ① زبانی تقریر② مضمون③ وعظ④ اپدیش⑤ درس ⑥ سبق۔

**لکچرار** (ای) اسم مذکر ① درس کہنے والا③ زبانی تقریر کرنے والا۔

**لکد** (ف) اسم مونث ① لات② دلتی③ ٹھوکر۔

**لکڑ/ لکڑا** (ہ) اسم مذکر ① لکڑی کا مکبر② شہتیر③ بڑا کندہ④ لٹھا⑤ پورا۔

**لکڑسان** (ہ) اسم مذ (ا) کر لکڑیوں کا ڈھیر ① لکڑیوں کی ٹال② ذخیرہ و انبار ہیزم۔

**لکڑہارا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① لکڑیاں لا کر بیچنے والا② لکڑیاں پھاڑنے والا۔

**لکڑی** (ہ) اسم مونث ① کاٹھ② چوب③ ہاتھ میں رکھنے کی لاٹھی④ عصا⑤ سونٹا⑥ چھڑی⑦ گیڑی۔

**لکڑی پھینکنا** (ہ) فعل ① پٹا کھیلنا② چوب بازی کرنا۔

**لکڑی کے بل مکڑی/ بندریا ناچے** (ہ) فعل ① حمایتی کے زور پر ہر ایک اچھلتا ہے② ڈر کے مارے سب کچھ ہی کرنا پڑتا ہے۔

**لکڑیاں دینا** (ہ) فعل ① مردے کو جلانا② کریا کرم کرنا③ چتا میں آگ دینا۔

**لکڑیاں کھانا** (ہ) فعل ① لاٹھیوں سے پٹنا② خوب سزا پانا③ ڈنڈے کھانا۔

**لکشمی** (س) اسم مونث ① لچھمی② دولت③ مایا④ دھن۔

**لکنا** (ہ) فعل ① چھپنا② پوشیدہ ہونا③ نظر سے غائب ہونا④ مخفی ہونا۔

**لکنت** (ع) اسم مونث ① تتلاہٹ② ہکلاپن③ توتلاپن④ رک رک کر بولنے کی حالت۔

**لکھ** (ہ) اسم مذکر عدد ① لاکھ کا مخفف② سو ہزار کی تعداد (۱۰۰۰)

**لکھ بخش/ لکھ داتا** (ا) اسم صفت فاعلی ① لاکھوں روپے بخش دینے والا② نہایت سخی③ بڑا فیاض④ داتا⑤ نہایت فیاضی اور سخاوت کے سبب قطب الدین ایبک کا لقب ہے جو خاندان غلاماں کا بانی تھا۔

**لکھ پتی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① نہایت امیر② بڑا دولتمند③ لاکھوں روپے کی حیثیت رکھنے والا④ لاکھ روپے کی اسامی۔

**لکھ پیڑا** (ہ) اسم مذکر۔ بہت سے پیڑ خصوصاً آموں کے درختوں کا باغ۔

**لکھ لٹ** (ہ) اسم صفت فاعلی ① کھاؤ② اڑاؤ③ بڑا فضول خرچ④ مصرف۔

**لکہ** (ف) اسم مذکر ① بادل کا ٹکڑا② دھوئیں کا بھبکا۔

**لکھا** (ہ) اسم مذکر ① لکھا ہوا② سرنوشت③ تقدیر④ نوشتہ⑤ تحریر شدہ ⑥ قضا⑦ بھاگ⑧ لیکھ⑨ قسمت۔

**لکھا پڑھا** (ہ) اسم صفت ① خواندہ② تعلیم یافتہ۔

**لکھانا** (ہ) فعل ① تحریر کرانا② لکھوانا③ تحریری اقرار نامہ لینا④ مشق کرانا⑤ عبارت لکھوانا۔

**لکھائی** (ہ) اسم مونث ① معاوضہ② لکھنے کی مزدوری③ لکھنے کی اجرت ④ لکھنے کا کام۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

www.besturdubooks.net

**لکھت** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ❶ تحریر ❷ نوشت ❸ دستاویز ❹ تمسک ❺ اقرار نامہ۔

**لکھت پڑھت ہونا** (ہ) فعل ❶ تحریری اقرار مدار ہو جانا ❷ باہمی دستاویز لکھی جانا۔

**لکھتم** (ہ) اسم مونث۔ دیکھو (لکھت)۔

**لکھنا** (ہ) فعل ❶ تحریر کرانا ❷ لکھائی کرنا ❸ درج کرنا ❹ (بحالت اسم مذکر) دستخط ❺ خط ❻ تحریر ❼ نوشت ❽ ہینڈ رائٹنگ۔

**لکھنا پڑھنا** (ہ) اسم مذکر ❶ لکھائی پڑھائی ❷ نوشت وخواند۔

**لکھنی/لیکھنی** (ہ) اسم مونث ❶ لکھنے کا آلہ ❷ قلم ❸ خامہ ❹ کلک۔

**لکھوانا** (ہ) فعل۔ دیکھو (لکھانا)۔

**لکھی** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ لاکھ کی حیثیت رکھنے والا ❷ لکھ پتی ❸ لاکھوں کا سوداگر۔

**لکھے موسے پڑھے خدا** (ا) مثل۔ ایسی تحریر کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کسی سے پڑھی نہ جائے۔

**لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل** (ا) مثل۔ عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کی بابت بولتے ہیں۔ یعنی لکھنا پڑھنا خاک نہیں جانتے اور فاضل نام بتاتے ہیں۔

**لکیر** (ہ) اسم مونث ❶ ریکھا ❷ خط ❸ لائن ❹ لیک ❺ لار ❻ قطار ❼ سلسلہ ❽ سطر ❾ مجازاً پرانا دستور۔

**لکیر پر چلنا** (ہ) فعل ❶ پرانی وضع و رسم کا پابند ہونا ❷ قدیم طریق کے موافق چلنا۔

**لکیر پیٹنا** (ہ) فعل ❶ پرانی رسم پر چلنا ❷ افسوس کرنا ❸ ہاتھ ملنا۔

**لکیر پر فقیر ہونا/لکیر کا فقیر ہونا** (ا) فعل ❶ پرانی رسم کا پابند ہونا ❷ معشوق کے نشان پر عاشق ہونا ❸ گرویدہ ہونا ❹ جوگ لینا ❺ قدیم دستور پر چلنا۔

**لکیر کھینچنا** (ہ) فعل ❶ رول کرنا ❷ خط کھینچنا ❸ نشان لگانا ❹ حد مقرر کرنا ❺ مٹانا ❻ کاٹ دینا ❼ قلمزد کر دینا ❽ قلم پھیرنا ❾ توبہ کرنا۔

## ل ← گ

**لگ** (ہ) حرف ❶ پاس ❷ قریب ❸ تک ❹ تلک۔

**لگ بھگ** (ہ) تابع فعل ❶ قریب قریب ❷ آس پاس ❸ نزدیک ❹ ملتا جلتا ❺ مشابہ۔

**لگ چلنا** (ہ) فعل ❶ ہمراہ ہو جانا ❷ ساتھ ہو لینا ❸ پاس ہو کر چلنا ❹ چھو کر چلنا ❺ ملا جلا رہنا ❻ بڑھنا ❼ دوستی بڑھانا ❽ یارانہ گانٹھنا ❾ منہ لگانا۔

**لگا** (ہ) اسم مذکر ❶ لگن ❷ محبت ❸ پیار ❹ عشق ❺ پریت ❻ دوستی ❼ لگاؤ ❽ علاقہ ❾ تعلق۔

**لگا سگا** (ہ) اسم مذکر ❶ (دونوں مرادف ہیں) میل جول ❷ محبت ❸ علاقہ ❹ رابطہ ❺ واقفیت ❻ ڈھب ❼ ڈھنگ ❽ موقع۔

**لگا کھانا** (ہ) فعل ❶ برابری کرنا ❷ ہمسری کرنا ❸ مقابلہ کرنا ❹ جوڑ ہونا ❺ پلے کا ہونا ❻ ہمسر ہونا ❼ مقابل ہونا ❽ برابر ہونا۔

**لگا لگانا** (ہ) فعل ❶ یارانہ گانٹھنا ❷ میل ملاپ پیدا کرنا ❸ حساب کتاب لگانا ❹ شروع کرنا ❺ ڈھنگ ڈالنا ❻ موقع نکالنا۔

**لگا** (ہ) اسم صفت ترکیب مفعولی ❶ ملا ہوا ❷ ساتھ ❸ ہمراہ ❹ سن ❺ پیوستہ ❻ چسپاں گلا سڑا ❼ دغیلا ❽ داغدار ❾ جلا۔

**لگا بندھا** (ہ) اسم مذکر صفت مفعولی ❶ فرمانبردار ❷ مطیع ❸ بنجوٹ ❹ قدیمی آشنا ❺ یار ❻ وابستہ ❼ متعلق ❽ گرفتار ❾ پابند۔

**لگا تار** (ہ) تابع فعل ❶ متواتر ❷ پے در پے ❸ مسلسل ❹ تابڑ توڑ ❺ پاس پاس ❻ متصل۔

**لگا تو تیر نہیں تو تکا** (ا) مثل۔ کام بن گیا تو بہتر نہیں تو خیر۔

**لگا چلنا** (ہ) فعل ❶ ساتھ ساتھ چلنا ❷ ہمراہ رہنا۔

**لگا دینا** (ہ) فعل۔ ❶ پلستر کر دینا ❷ مل دینا ❸ مالش کر دینا ❹ شامل کر دینا ❺ بہکانا ❻ ابھار دینا ❼ داؤں پر رکھ دینا ❽ بیچ دینا ❾ سجا دینا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

لگا رکھنا/لگائے رکھنا (ہ) فعل 1 بچا رکھنا 2 اٹھا رکھنا 3 موقع کے لئے رکھ چھوڑنا 4 مشغول رکھنا 5 مصروف رکھنا 6 پاس سے جدا نہ ہونے دینا 7 امیدوار رکھنا۔

لگا رہنا (ہ) فعل 1 ساتھ رہنا 2 چمٹا رہنا 3 تاک میں رہنا 4 جاری رہنا 5 مصروف رہنا 6 جما رہنا 7 مستقل رہنا۔

لگا سو بھگا (ہ) مثل۔ 1 جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا 2 وقت گزرتے دیر نہیں۔

لگا کر لے آنا/لگا لانا (ہ) فعل 1 بھگا کر لے آنا۔ 2 ورغلا کر لانا 3 ساتھ لے آنا 4 دم دلاسا دے کر لے آنا 5 پھسلا کر لے آنا۔

لگا لگایا (ہ) اسم صفت 1 بنا بنایا 2 صرف شدہ 3 خرچ ہوا 4 لگا بندھا 5 درست شدہ 6 آراستہ۔

لگا لینا (ہ) فعل 1 ساتھ کر لینا 2 یار بنا لینا 3 اپنے ڈھب کا بنا لینا 4 مشغول کر لینا 5 شروع کر لینا۔

لگا مارنا (ہ) فعل 1 عیب دھرنا 2 تہمت دینا 3 بدنام کرنا 4 الزام دینا۔

لگا ہوا (ہ) اسم صفت مفعولی 1 ملا ہو 2 پاس 3 قریب 4 مشغول 5 جتا ہوا 6 سدھا ہوا 7 ہلا ہو 8 ۔خوگر 9 عادی۔

لگام (ف) اسم مونث 1 گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لئے لوہے کا بنا ہوا منہ میں دینے کا آلہ 2 گھوڑے کے منہ کا دہانہ۔

لگام چڑھانا/دینا (ا) فعل 1 گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھانا 2 روکنا 3 تھامنا 4 قابو کرنا 5 چپ کرنا 6 بند کرنا۔

لگام لئے پھرنا (ا) فعل 1 کسی کو پکڑنے کے لئے ڈوری لئے پھرنا 2 پیچھے پیچھے پھرنا 3 ڈھونڈتے پھرنا۔

لگان (ہ) اسم مذکر 1 سرکاری محصول 2 زمین کا معاملہ خراج۔

لگانا (ہ) فعل 1 جوڑنا 2 پیوستہ کرنا 3 وصل کرنا 4 پاس لانا 5 نتھی کرنا 6 شامل کرنا 7 ساتھ جوڑنا 8 بیجنا 9 بونا۔

لگانا بجھانا (ہ) فعل 1 لڑائی کرا کے ثالث بننا 2 غیبت 3 بدگوئی کرانا 4 لڑائی کرنا۔

لگاؤ (ہ) اسم مذکر 1 نسبت 2 تعلق 3 علاقہ 4 دخل 5 پہنچ و رسائی 6 رشتہ ناطہ 7 یگانگت 8 آمیزش 9 لاگ۔

لگاوٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر 1 لگاؤ 2 تعلق 3 علاقہ 4 میلان 5 رجحان 6 دوستی 7 یارانہ 8 آشنائی 9 ناز۔

لگائی (ہ) اسم مونث 1 لوگ کی مونث 2 عورت 3 استری 4 زن 5 بیوی 6 زوجہ 7 اہلیہ 8 رنڈی 9 بیسوا۔

لگائی بجھائی/لگائی لتری (ہ) اسم مونث بیائے مصدری 1 چغلی 2 چغل خوری 3 غمازی 4 ایک کی برائی دوسرے سے کہنا 5 تہمت 6 بہتان 7 الزام 8 بدگوئی۔

لگتی (ہ) اسم صفت مونث مفعولی 1 چبتی کھبتی 2 کاٹ کرنے والی 3 زخم ڈالنے والی 4 ملتی جلتی 5 مشابہ ہمشکل 6 اثر کرنے والی۔

لگ جانا (ہ) فعل 1 رجوع ہو جانا 2 شروع ہو جانا 3 اثر کر جانا 4 کھٹک جانا 5 چبھ جانا 6 مائل ہو جانا۔

لگدی (ہ) اسم مونث۔ کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی یا ٹکیا۔

لگڑ (ہ) اسم مونث 1 ایک قسم کا باز 2 ایک قسم کا شکرا۔

لگڑا (ہ) اسم مذکر 1 چیتھڑا 2 پھٹا پرانا کپڑا 3 بستہ۔

لگڑ بھگا (ہ) اسم مذکر 1 بگھیلا 2 تیندوا 3 پلنگ 4 ایک قسم کا چیتا۔

لگن (ف) اسم مذکر 1 پرات 2 طاس 3 طشت 4 ٹب 5 اگردان 6 شمعدان۔

لگن (ہ) اسم مونث۔ 1 نسبت 2 تعلق 3 خیال 4 چیت 5 دھن 6 شوق 7 خواہش 8 عشق 9 محبت۔

لگن دھرنا (ہ) فعل۔ بیاہ شادی کا دن مقرر کرنا۔

لگن کنڈلی (ہ) اسم مونث 1 جنم پتری 2 زائچہ۔

لگن لگنا (ہ) فعل 1 محبت ہونا 2 پیار ہونا 3 عشق ہونا 4 پریت ہونا 5 لو لگنا 6 تصور بندھنا 7 خیال بندھنا۔

لگنا (ہ) فعل 1 چپکنا 2 پیوستہ ہونا 3 پلنا 4 جڑنا 5 ٹانکا جانا 6 ٹنکنا 7 شامل ہونا 8 نتھی ہونا 9 جڑا ہوا ہونا۔

لگنت (ہ) اسم مونث 1 جماع 2 بھوگ 3 مجامعت۔

لگنی (ا) اسم مونث 1 لگن سے اسم تصغیر 2 چھوٹا لگن 3 آٹا گوندھنے کا چھوٹا سا تانبے کا برتن 4 پان رکھنے کی اندر سے گہری تھالی۔

لگی بجھنا (ہ) فعل 1 تمنا پوری ہونا 2 پیٹ میں روٹی پڑنا 3 بھوک دینا 4 غصہ دور ہونا۔

لگی بری ہوتی ہے/لگی بری بلا ہے (ہ) محاورہ 1 عشق بری بلا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...7218

www.besturdubooks.net

ہے ❷ الفت میں آدمی اندھا ہوتا ہے ❸ محبت میں بھلا برا کچھ نہیں سوجھتا۔

لگی کو بجھانا (ہ) فعل ❶ آرزو پوری کرنا ❷ عشق کی آگ کو دبانا ❸ غصہ فرو کرنا ❹ جھگڑا فساد مٹانا ❺ پیٹ میں ڈالنا ❻ بھوک مٹانا ❼ جلتی آگ کو فرو کرنا۔

لگی کہنا (ہ) فعل ❶ خوشامد کی کہنا ❷ طرفداری کی بات کرنا۔

لگی لپٹی رکھنا (ہ) فعل ❶ صاف نہ کہنا ❷ حق نہ کہنا ❸ شک وشبہ میں رکھنا۔

لگی نہ رکھنا (ہ) فعل ❶ لاگ لپیٹ نہ رکھنا ❷ پاس نہ کرنا ❸ رورعایت نہ کرنا ❹ قطع تعلق کر لینا ❺ بالکل بگاڑ لینا۔

لگے (ہ) اسم صفت ❶ پاس ❷ قریب ❸ نزدیک ❹ ساتھ ❺ ہمراہ ❻ گیل۔

لگے جانا (ہ) فعل ❶ ساتھ ساتھ جانا ❷ پیچھے پڑے رہنا ❸ چین نہ لینے دینا ❹ پیچھے پیچھے چلا جانا۔

لگے رہنا (ہ) فعل ❶ ساتھ رہنا ❷ ہمراہ رہنا ❸ پیچھے رہنا۔

لگے لگے (ہ) تابع فعل مفید صفت ❶ پاس پاس ❷ پہلو بہ پہلو ❸ قریب قریب ❹ جلد جلد۔

لگے ہاتھ/ لگے ہاتھوں (ہ) تابع فعل ❶ ساتھ کے ساتھ ❷ اسی وقت ❸ اسی سلسلہ میں۔

لگے والے (ہ) اسم صفت ❶ یار ❷ دھگڑ ❸ آشنا ❹ عاشق ❺ محبت والے ❻ چاہنے والا۔

## ل ← ل

للا (ہ) اسم مذکر ❶ بالک ❷ لڑکا ❸ بچہ ❸ لاڈلا ❹ پیارا ❺ یانا ❻ کم سن ❼ نادان ❽ نوعمر ❾ احمق۔

للاٹ (ہ) اسم مونث ❶ مستک ❷ ماتھا ❸ پیشانی ❹ بھاگ ❺ نصیب ❻ پرالبد ❼ تقدیر ❽ قسمت ❾ پیشانی کا لکھا۔

للت (ہ) اسم صفت مونث ❶ خوبصورت ❷ شکیلہ ❸ حسینہ ❹ شوخ ❺ چنچل ❻ چلبلی ❼ مرغوب ❽ طمع ❾ پسند خاطر۔

للچانا (ہ) فعل ❶ لالچ کرنا ❷ لوبھ کرنا ❸ آرزو کرنا ❹ مائل ہونا ❺ رال ٹپکانا ❻ طمع دینا ❼ ترغیب دینا۔

للک (ہ) اسم مونث ❶ امنگ ❷ جوش ❸ شوق ❹ ولولہ ❺ لوبھ ❻ لالچ ❼ حرص ❽ خیال ❾ لو۔

للکار (ہ) اسم مونث ❶ ہانک ❷ پکار ❸ سخت آواز ❹ شکار کو اٹھانے یا مدد کے لئے پکارنے کی آواز ❺ دھمکی ❻ جھڑکی ❼ بارعب آواز ❽ ڈراونی آواز۔

للکارنا (ہ) فعل ❶ نعرہ مارنا ❷ زور کی آواز سے پکارنا ❸ ہانک لگانا ❹ دھمکی دینا ❺ دھمکانا ❻ شکار کو ہوشیار کرنا ❼ شیر کو جگانا ❽ کڑک کر بولنا۔

للکی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ لہری ❷ موجی ❸ شوقین ❹ لالچی ❺ حریص ❻ ضدی۔

للو (ہ) اسم مونث ❶ زبان ❷ جیب ❸ توتو ❹ لسان ❺ گفتگو ❻ بول چال ❼ چٹورپن ❽ چاٹ ❾ زبان کا چسکا۔

للو پتو (ہ) اسم مونث ❶ خوشامد درآمد ❷ زبانی عزت ❸ چاپلوسی ❹ چکنی چپڑی باتیں ❺ سخن سازی ❻ میٹھی باتیں۔

للو پتو کرنا (ہ) فعل ❶ زبانی عزت کرنا ❷ مجازاً سخن سازی کرنا ❸ خوشامد درآمد کرنا۔

للو میں سانپ ڈسے (ہ) بددعائیہ فقرہ ہے۔ جھوٹے یا بدشگون کے حق میں بولا کرتے ہیں یعنی ایسا جھوٹ ملانے کی زبان پر سانپ کاٹے۔

للو نہ رہنا (ہ) فعل ❶ بولے بغیر نہ رہنا ❷ بولے ہی جانا ❸ خاموش نہ ہونا۔

لِللہ (ع) تابع فعل ❶ خدا کے نام پر ❷ خدا کے لئے ❸ خیر خیرات ❹ برائے خدا ❺ خدا کے واسطے ❻ انکسار کا کلمہ بھی ہے۔

لِللہ الحمد (ع) کلمہ ندا ❶ سب تعریف خدا کے لائق ہے ❷ خدا کا شکر ہے۔

لِللہ الحمد والمنتہ (ع) کلمہ ندا ❶ خدا کا شکر واحسان ہے ❷ ہر طرح خدا کا

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

احسان ہے۔

**للّی** (ہ) اسم مونث ❶ لڑکی ❷ چھوکری ❸ دختر ❹ (بحالت صفت) نامرد ❺ ہیز ❻ ہیجڑا ❼ زنخہ۔

## ل ← م

**لم** (ہ) اسم صفت ❶ لمبا کا مخفف ❷ لابنا ❸ دراز ❹ طویل۔

**لمبوترا** (ہ) اسم صفت ❶ بیضوی ❷ کتابی چیز ❸ بیچ میں سے موٹا اور کنارے سکڑے ہوئے۔

**لم تڑنگا** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ لمبے قدر والا ❷ دراز قد ❸ طویل القامت۔

**لم ٹنگا/لم ٹنگو** (ہ) اسم صفت ❶ لمبی لمبی اور بڑی بڑی ٹانگوں والا ❷ لم ڈھینگ ❸ کلنگ۔

**لم چھڑ** (ہ) اسم صفت ❶ لمبی چھڑ ❷ لمبا بانس ❸ مجازاً لمبا ❹ دراز قد ❺ طویل القامت۔

**لم ڈھینگ** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک لمبے قدر کی آبی بطخ کا نام ہے ❷ لم ٹنگو۔

**لم کنا** (ہ) اسم صفت ❶ لمبے لمبے کانوں والا ❷ خرگوش۔

**لم یزلی** (ع) اسم صفت ❶ لازوال ❷ ہمیشہ رہنے والا ❸ غیر فانی ❹ خدا تعالےٰ کی ذات۔

**لِم** (ع) اسم مونث ❶ باعث ❷ سبب ❸ حجت ❹ اعتراض ❺ بہتان ❻ الزام سر دھرنا ❼ عیب لگانا۔

**لِم دھرنا/ لگانا/ رکھنا** (ا) دوش لگانا ❶ تہمت لگانا ❷ الزام سر دھرنا ❸ عیب لگانا۔

**لمبا** (ہ) اسم صفت ❶ دراز ❷ طویل ❸ اونچا ❹ بلند ❺ دراز قد ❻ طویل القامت ❼ کثیر ❽ بہت ❾ زیادہ وافر۔

**لمبا بننا** (ہ) فعل ❶ رفوچکر ہونا ❷ بھاگ جانا ❸ ہوا کھانا ❹ جانا۔

**لمبا چوڑا** (ہ) اسم صفت ❶ فراخ ❷ کشادہ ❸ کھلا ہوا ❹ وسیع وفراخ ❺ طویل وعریض۔

**لمبا سفر کرنا** (ا) فعل ❶ دور دراز سفر کرنا ❷ دنیا سے کوچ کرنا۔

**لمبا کرنا** (ہ) فعل ❶ طول میں بڑھانا ❷ دراز کرنا ❸ رخصت کرنا ❹ روانہ کرنا ❺ مار ڈالنا۔

**لمبا ہونا** (ہ) فعل ❶ دراز ہونا ❷ طویل ہونا ❸ چل دینا ❹ سدھارنا ❺ مرنا ❻ رخصت ہونا۔

**لمبان** (ہ) اسم مونث ❶ لمبائی ❷ طوالت ❸ درازی۔

**لمباؤ** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑائی ❷ لمبائی ❸ طوالت ❹ درازی۔

**لمبائی** (ہ) اسم مونث ❶ طوالت ❷ درازی ❸ لمبان ❹ بلندی ❺ ارتفاع۔

**لمبائی چوڑائی/لمبان چوڑان** (ہ) اسم مونث ❶ عرض و طول ❷ جسامت ❸ قد وقامت۔

**لمبر** (ا) اسم مذکر ❶ صحیح نمبر ❷ عدد ❸ رقم ❹ ہندسہ ❺ آنک ❻ وار ❼ باری ❽ نوبت ❾ رتبہ۔

**لمبردار** (ا) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ گاؤں کا چودھری ❷ مقدم ❸ سرکاری گان وصول کرنے اور داخل خزانہ سرکار کرنے والا ❹ زمیندار۔

**لمبر سے خارج ہونا** (ا) فعل ❶ داخل دفتر ہونا ❷ نام کٹنا ❸ فہرست سے خارج ہونا۔

**لمبر قائم رہنا** (ا) فعل ❶ پہلی مسل پر ہی کارروائی ہونا ❷ پہلی ہی مسل قائم رہنا۔

**لمبروار** (ا) تابع فعل ❶ ترتیب وار ❷ درجہ دار ❸ درجہ بدرجہ ❹ سلسلہ وار ❺ باری باری۔

**لمبری** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ لمبر والا ❷ نمبر لگا ہوا ❸ لمبر کا ❹ لمبر کے مطابق ❺ نشان لگا ہوا ❻ مارک دیا ہوا ❼ کار کی جانب سے مقرر شدہ پیمانہ ❽ پولیس کے دفتر میں چڑھا ہوا بدمعاش۔

**لمبری دعوے/ نالش** (ا) اول مذکر دوئم مونث ❶ عام دعوے ❷ عام نالش ❸ شروع مقدمہ میں ❹ سلسلہ وار نالش۔

**لمبو** (ہ) اسم صفت ❶ لمبا ❷ طویل ❸ دراز قد۔

**لمبی** (ہ) اسم صفت ❶ لمبا کی تانیث ❷ دراز ❸ طویل ❹ بلند ❺ اونچی ❻ بڑی ❼ گھوڑے کا لمبا قدم ❽ شہ گام۔

**لمبی تاننا** (ہ) فعل ❶ بے خبر ہوکر دیر تک سونا ❷ بے فکری سے سوجانا ❸ سو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

رہنا④ مدت تک اپنے ملک سے دور رہنا⑤ دور کا سفر کرنا⑥ مر جانا⑦ دنیا سے سفر کرنا۔

**لمبی چوڑی ہانکنا** (ہ) فعل① بڑی داستان سنانا② شیخی بگھارنا③ ڈینگ مارنا۔

**لمبے بنو** (ہ) محاورہ① جاؤ② چل دو③ ہوا کھاؤ④ چلتے پھرتے نظر آؤ۔

**لمبے سانس بھرنا/ لمبے لمبے سانس بھرنا** (ہ) فعل① بڑے بڑے سانس لینا② آہ سرد بھرنا③ ٹھنڈے سانس لینا④ دم توڑنا④ کمال افسوس کرنا⑤ بہت تاسف کرنا۔

**لمحہ** (ع) اسم مذکر① بجلی کی چمک② کوند③ پلک جھپکنے کا وقفہ④ مجازاً بہت تھوڑا سا وقت⑤ پل⑥ سکنڈ⑦ دقیقہ⑧ ثانیہ۔

**لمحہ بھر** (ا) تابع فعل① ذرا سی دیر② ایک نظر③ پل④ چھن⑤ تک۔

**لمس** (ع) اسم مذکر① چھونا② ہاتھ لگانا③ مس کرنا④ چھو کر معلوم کرنے کی قوت لامسہ۔

**لمعہ** (ع) اسم مذکر① چمک② روشنی③ چمکار④ نور⑤ شعاع⑥ کرن⑦

**لمکنا** (ہ) فعل① لپک کر جانا② دوڑنا③ جھپٹنا۔

## ل ← ن

**لن** (ع) کلمۂ نفی① نہ② نہیں③ مت۔

**لنبا** (ہ) اسم صفت دیکھو (لمبا)۔

**لن ترانی** (ع) اسم مونث① لغوی معنی تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا② مجازی معنی خودستائی③ شیخی یا ڈینگ④ تعلّی⑤ انانیت⑥ بڑائی۔

**لن ترانی کرنا/ مارنا/ لن ترانی کی لینا** (ا) فعل① شیخی بگھارنا② ڈینگ مارنا③ اترانا۔

**لن ترانیاں** (ا) اسم مونث① لنترانی کی جمع② شیخیاں③ تعلیاں۔

**لنٹل** (ای) اسم مذکر① چھت② بے ڈاٹ کی چھت③ تعمیر کا ایک انداز جس میں ڈاٹ کی بجائے سریا اور سیمنٹ استعمال کیا جاتا ہے۔

**لنج / لنجا** (اول فارسی دوم اردو) اسم صفت① ہاتھ پاؤں سے لاچار② لنگڑا③ لولا۔

**لنجھاڑ/ لنجھاڑا/ لنجھیڑا** (ہ) اسم مذکر① دنیاوی بکھیڑے② دنیا کے تعلقات③ دنیاوی اسباب وعلل۔

**لندے پھندے** (ا) اسم مذکر① مکروفریب② دھوکے③ دغا④ فریب۔

**لنچ** (ای) اسم مذکر① دوپہر کا کھانا② حاضری③ چاشت کا کھانا۔

**لنڈ** (ہ) اسم صفت① بے سر ادھڑ② سر کٹا جسم③ کٹا ہوا بن پتوں اور شاخوں کا درخت④ سوکھا ٹہنا۔

**لنڈ منڈ** (ہ) اسم صفت① چارابرو کے صفائے والا② سر، داڑھی، موچھیں منڈی والا③ بے تعلق④ بے سروپا آدمی⑤ بن پتوں اور شاخوں کا درخت⑥ مفلس⑦ قلاش۔

**لنڈا** (ہ) اسم صفت① دم کٹا② لنڈورا③ بتر④ بے کس⑤ بے یارومددگار⑥ نگوڑا⑦ چھوٹے اور اونچے دامنوں کا انگرکھا⑧ گھانس یا مونجھ کا مٹھا۔

**لنڈورا** (ہ) اسم صفت① لنڈا② بے کس③ بے یارومددگار④ بن دم کا⑤ بن دم کا پرندا⑥ مجازاً گنجا۔

**لنڈوری** (ہ) اسم صف۔ لنڈورا کی تانیث۔

**لنڈوری فاختہ** (ا) اسم مونث① بے کس عورت② نگوڑی③ مجازاً گنجی۔

**لنڈھانا** (ہ) فعل① اوندھانا② بہانا③ انڈیلنا④ کسی پتلی اور رقیق شے کو ایک برتن سے زمین پر گرانا⑤ پچھاڑنا۔

**لنز** (ای) اسم مذکر① عینک کا شیشہ یا عدسہ② آنکھ کا پردہ③ دوربین یا خوردبین کا شیشہ۔

**لنک** (ہ) اسم مذکر① تودہ② ڈھیر③ انبوہ④ انبار۔

**لنک لگنا** (ہ) فعل① تودہ لگنا② انبار لگنا③ ڈھیر لگنا④ ذخیرہ جمع ہو جانا۔

**لنکا** (س) اسم مونث① جزیرہ سراندیپ② راون کی راجدھانی③ راون کا دارالخلافت اور اس کا قلعہ جو جزیرہ سیلون میں تھا④ راون کا ٹاپو۔ (بحالت اسم صفت) قحبہ عورت⑤ چلتر باز⑥ چالاک⑦ عیار⑧ شریر⑨ شوخ چشم⑩ فتنہ انگیز۔

**لنکا میں جو چھوٹا سو باون ہی گز کا** (ہ) مثل۔ جہاں سب آدمی فسادی، شریر اور شیخی خورے ہوں وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے۔

**لنگ** (ف) اسم صفت① لنگڑا② لولا③ اپاہج④ عیب دار⑤ (بحالت

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314...

اسم مصدری) لنگڑا پن جیسے گھوڑا لنگ کرتا ہے۔

لنگ کرنا (ا) فعل ❶ لنگڑانا ❷ پورا پاؤں ٹیک کر نہ چل سکنا۔

لنگ (ہ) اسم مونث ❶ لار ❷ باڑ ❸ قطار ❹ صف ❺ لائن ❻ طرف ❼ کنارہ ❽ جانب ❾ سرا۔

لنگ (س) اسم مذکر ❶ عضو تناسل ❷ صنف ❸ قسم جسے استری لنگ یعنی ازقسم مونث۔

لنگاڑا (ہ) اسم صفت ❶ ڈھیٹ ❷ بے شرم ❸ بے حیا ❹ لچا ❺ شہدا ❻ گنڈا ❼ فسادی ❽ دنگئی۔

لنگاڑا پن (ہ) اسم مذکر ❶ بے شرمی ❷ فساد ❸ بے حیائی ❹ ڈھٹائی ❺ شرارت۔

لنگر (ف) اسم مذکر ❶ برائے نسبتی از لنگ بمعنی ستاون ❷ مجازاً ❸ جہاز کا ٹھیرنا ❹ قافلے کا قیام ❺ بھاری لوہا یا پتھر ❻ جو جہاز یا کشتی کے ٹھیرانے کے لئے ہوتا ہے ❼ وقار بھاری بھرکم ❽ ہر روز کھانا بٹنے کی جگہ ❾ خیرات خانہ۔

لنگر اٹھانا (ا) فعل ❶ جہاز ❷ روانہ کرنا ❸ کشتی یا جہاز کا رسا کھول کر آگے چلنا۔

لنگر باندھنا (ا) فعل ❶ پہلوانوں کا لنگوٹ کسنا ❷ مستعد ہونا ❸ تیار ہونا ❹ جماع اور صحبت سے پرہیز کرنا ❺ تجرد اختیار کرنے پر کمربستہ ہونا۔

لنگر بٹنا (ا) فعل ❶ روزانہ کھانا تقسیم ہونا ❷ سدابرت بٹنا۔

لنگر جاری کرنا (ا) فعل ❶ سدابرت کھولنا ❷ خیرات تقسیم کرنا۔

لنگر خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ❶ خیرات خانہ ❷ باورچی خانہ ❸ ریسوئی ❹ فقرا کو کھانا روزانہ تقسیم ہونے کی جگہ۔

لنگر ڈالنا (ہ) فعل ❶ جہاز یا کشتی ٹھیرانا ❷ قیام کرنا ❸ ٹھیرنا۔

لنگرگاہ (ف) اسم مذکر ظرف ❶ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ❷ بندرگاہ۔

لنگر لنگوٹا (ا) اسم مذکر ❶ پہلوانوں کا لنگوٹ ❷ کاچھا۔

لنگر لنگوٹا باندھنا / کسنا (ا) فعل۔ پہلوانوں کا کشتی کرنے کو تیار ہونا۔

لنگر لنگوٹا دینا / آگے رکھنا (ا) فعل ❶ کسی پہلوان کا شاگرد ہونا ❷ پہلوان کا کشتی کے فن میں شاگرد ہونا۔

لنگروا / لنگڑوا (ہ) اسم صفت ❶ لونگر کی تصغیر ہے ❷ بے حیا ❸ بے شرم ❹ ڈھیٹ ❺ بے باک ❻ لچا ❼ شہدا ❽ اوباش ❾ بدچلن۔

لنگری (ا) اسم مذکر بیائے نسبتی ❶ مسکینوں اور محتاجوں کو لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرنے والا ایک خاص قسم کا طشت ❷ پان رکھنے کی چھوٹی سی گہری تھالی ❸ لگنی۔

لنگڑا (ا) اسم صفت ❶ ایک پاؤں سے معذور ❷ اپاہج ❸ پاشکستہ ❹ بنارس کے ایک مشہور اور نہایت لذیذ آم کی قسم۔

لنگڑانا (ہ) فعل ❶ لنگ کرنا ❷ پورا پاؤں ٹیک کر نہ چلنا۔

لنگڑی (ہ) اسم صفت۔ لنگڑا کی تانیث۔

لنگڑی کٹو آسمان پر گھونسلا (ا) مثل ❶ اپنی طاقت اور استعداد سے بڑھ کر کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ❷ لنگڑی گلہری ہمیشہ اونچی جگہ گھونسلا بناتی ہے۔

لنگوٹ (ا) اسم مذکر ❶ کاچھا ❷ کچھنی ❸ کوپین ❹ فقیروں یا پہلوانوں کے باندھنے کا ذرا سے عرض والا کپڑا۔

لنگوٹ بند (ا) اسم صفت فاعلی ❶ لنگوٹ باندھے رہنے والا ❷ جتی ❸ مجرد۔

لنگوٹ دار (ا) اسم صفت فاعلی۔ وہ پتنگ یا کنکوا جس کے نیچے کی طرف رنگ دار مثلث نما یا لمبا کاغذ لگا ہوا ہو۔

لنگوٹ کا سچا (ا) اسم صفت ❶ جتی ستی ❷ مجرد ❸ پرہیزگار ❹ پارسا۔

لنگوٹا (ا) اسم مذکر ❶ کچھا ❷ کچھنی ❸ کوپین ❹ تہ بند۔

لنگوٹی (ا) اسم مونث۔ لنگوٹا کی تصغیر۔

لنگوٹی باندھے پھرنا (ا) فعل ❶ نہایت ناداری کی وجہ سے ننگا پھرنا ❷ بچپن میں پھرنا۔

لنگوٹی بندھوا دینا (ا) فعل ❶ لوٹ کھسوٹ کر ننگا کر دینا ❷ قلاش بنا دینا ❸ سب کچھ لوٹ لینا۔

لنگوٹی کھلنا (ا) فعل۔ پردے کی دیوار گرنا۔

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا (ا) فعل ❶ مفلسی میں مزے اڑانا ❷ غریبی میں شوقینی کرنا۔

لنگوٹیا (ا) اسم صفت فاعلی ❶ لنگوٹ بند ❷ ساتھ کا کھیلا ❸ بچپن کا یار ❹ پرانا دوست۔

لنگوٹیا یار (ا) اسم مذکر ❶ بچپنے سے یار ❷ برابر کا پرانا یار ❸ وہ شخص جس

Join us on Whatsapp Naveed Baig

سے بچپن میں ہی یارانہ ہو۔

**لنگور** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا کالے منہ اور لمبی دم والا بندر۔

**لنگھانا** (ہ) فعل (1) پار اتارنا (2) ندی یا دریا سے پار کرنا (3) گزارنا۔

**لنگھن** (س) اسم مذکر (1) عبور (2) پار اترنا (3) فاقہ۔

**لنگھنا** (ہ) فعل (1) پار ہونا (2) عبور کرنا (3) لانگھنا (4) پھلانگ جانا۔

**لنگی** (ا) اسم مونث (1) دھوتی (2) تہ بند (3) تہمت (4) لنگ (5) سر سے باندھنے کی رنگین یا دھاری دار پگڑی۔

**لنیاں پنیاں ہو کے دوڑنا** (ہ) فعل۔ لازم خوشی میں بے تابانہ دوڑ کر جانا۔

## ل ← و

**لو** (ہ) لینا مصدر سے صیغہ امر جمع حاضر ہے (1) سنبھالو (2) پکڑو (3) وصول کرو (4) قابو کرو (5) جیسے پیسے لو (6) اور چیز دیدو (7) اپنی طرف مخاطب کرنے کی غرض سے بمعنی نہ ہو (8) دیکھو خیال کرو (9) جیسے لو اور نئی سوجھی۔

**لو** (ہ) اسم مونث (1) موسم گرما کی نہایت گرم ہوا (2) بادگرم (3) سموم۔

**لو چلنا** (ہ) فعل (1) گرم ہوا کا چلنا (2) باد سموم کا چلنا۔

**لو** (ہ) اسم مونث (1) لپٹ (2) شعلہ (3) آگ کی لاٹ (4) بھبوکا (5) دل کا لگاؤ (6) توجہ (7) خیال (8) سدھ (9) امید۔

**لو اٹھنا** (ہ) فعل (1) لاٹ نکلنا (2) شعلہ بلند ہونا (3) بھبوکا نکلنا۔

**لو لگانا** (ہ) فعل (1) رجوع ہونا (2) دھیان لگانا (3) توجہ دینا (4) خیال باندھنا (5) تصور باندھنا (6) دل لگانا (7) عاشق ہونا (8) خواہش کرنا (9) آرزومند ہونا۔

**لو لگنا** (ہ) فعل (1) خواہش ہونا (2) اشتیاق ہونا (3) شوق ہونا (4) خدا کی عبادت یا ذکر میں مصروف و مشغول رہنا (5) توجہ ہونا (6) تصور بندھنا (7) دھیان جمنا (8) امید بندھنا (9) آس بندھنا۔

**لوا** (ہ) اسم مذکر (1) بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ جو نہایت لذیذ گوشت والا ہوتا ہے (2) سلوے (3) من وسلوے۔

**لوا** (ع) اسم مذکر (1) جھنڈا (2) علم (3) نیزہ (4) فوج کا نشان۔

**لواحق** (ع) اسم مذکر (1) لاحق کی جمع (2) ساتھ لگے ہوئے (3) متعلقین (4) رشتہ دار (5) یگانے (6) بھائی بند (7) نوکر چاکر۔

**لواحقین** (ع) اسم مذکر (1) لاحق کی جمع الجمع (2) بہت سے رشتہ دار (3) بہت سے بھائی بند (4) نوکر چاکر۔

**لوارا** (ہ) اسم مذکر (1) بچھڑا (2) گائے کا بچہ (3) گوسالہ۔

**لوازم** (ع) اسم مذکر (1) لازم کی جمع (2) ضروری اشیا (3) اسباب (4) سروسامان۔

**لوازمات** (ع) اسم مذکر (1) لازم کی جمع الجمع (2) اسباب۔

**لوازمہ** (ع) اسم مذکر (1) لازم کی جمع (2) ضروری چیزیں۔

**لواطت** (ع) اسم مونث (1) لڑکوں کے ساتھ فعل بد کرنا (2) اغلام۔

**لوالے جانا** (ہ) فعل (1) ساتھ لے جانا (2) اٹھوا لے جانا (3) ہمراہ لے جانا۔

**لوانا** (ہ) فعل (1) اٹھوانا (2) خرید کروانا (3) مول لے دینا۔

**لوبان** (ع) اسم مذکر۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے۔

**لوبھ** (س) اسم مذکر (1) لالچ (2) طمع (3) حرص (4) پرائے مال کی خواہش (5) تمنا (6) ہوکا۔

**لوبھ کرنا** (ا) فعل (1) حرص کرنا (2) لالچ کرنا۔

**لوبھی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت (1) لوبھ والا (2) لالچی (3) حریص (4) طامع (5) بخیل (6) کنجوس (7) شوم (8) مشتاق (9) خواہاں۔

**لوبیا** (ع) اسم مذکر۔ ماش کی قسم کے ایک سفید رنگ غلہ کا نام ہے۔ جس کی کچی پھلیوں کی ترکاری اور دانوں کی گھنگیاں ابالتے ہیں۔

**لوپ** (س) اسم صفت (1) چھپا ہوا (2) پوشیدہ (3) گپت (4) غائب (5) معدوم (6) نیست ونابود۔

**لوتھ** (ہ) اسم مونث (1) لاش (2) نعش (3) مردہ جسم (4) تن بے جان۔

**لوتھ پڑنا** (ہ) فعل (1) مردہ ہو کر گرنا (2) لاش پڑنا۔

**لوتھ پوتھ** (ہ) اسم صفت (1) تھک کر چور (2) مثل نعش (3) مثل مردہ۔

**لوتھ ڈالنا** (ہ) فعل (1) مار کر گرا دینا (2) مردہ کر دینا (3) جان نکال لینا (4) لاش ڈال دینا۔

**لوتھڑا** (ہ) اسم مذکر (1) گوشت کا بڑا ٹکڑہ جس میں ہڈی نہ ہو (2) پارچہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

لوٹ (ہ) اسم مونث ① لوٹنی ② لڑھکنی ③ پہلو ④ کروٹ ⑤ (صف) عاشق ⑥ فریفتہ ⑦ مفتون۔

لوٹ پوٹ (ہ) اسم صفت ① لڑکتا پڑکتا ② لوٹنیاں کھاتا ③ ہوا ④ عاشق ⑤ مفتون ⑥ پوٹ تابع مہمل ہے ⑦ بیقرار ⑧ بے چین۔

لوٹ پوٹ ہونا / ہو جانا (ہ) فعل ① تڑپ جانا ② پھڑک جانا ③ بے قرار ہونا ④ بے چین ہونا ⑤ فریفتہ ہو جانا ⑥ عاشق ہونا ⑦ پھڑک کر مرجانا ⑧ تڑپ کر دفعتاً مرجانا ⑨ پھٹکا نہ کھانا۔

لوٹ جانا / لوٹ ہو جانا / لوٹ ہونا (ہ) فعل ① زمین پر تڑپنے لگنا ② لوٹنیاں کھانے لگنا ③ مرجانا ④ پھڑک جانا ⑤ مفتون ہونا ⑥ عاشق ہونا ⑦ تڑپ جانا ⑧ بے چین ہونا ⑨ بے قرار ہونا۔

لوٹ (ہ) اسم مونث ① لوٹنا بواؤ معروف کا حاصل مصدر ② جھپٹا جھپٹی ③ غارت ④ غنیمت ⑤ تاراج ⑥ ظلم ⑦ اندھیرا۔

لوٹ پڑنا (ہ) فعل ① لٹنا ② غارتگری ہونا ③ اندھیر مچنا ④ ظلم ہونا۔

لوٹ کا مال (ا) اسم مذکر ① غنیمت کا مال ② یغما ③ چوری کا مال ④ مفت کا مال۔

لوٹ کھسوٹ / لوٹ مار (ہ) اسم مونث ① رہزنی ② قزاقی ③ ڈاکہ ④ غارتگری۔

لوٹ لینا (ہ) فعل ① چھین لینا ② ہتھیا لینا ③ عاشق کرنا ④ فریفتہ کر لینا ⑤ موہ لینا ⑥ مال مار لینا ⑦ چوری کر لینا ⑧ ڈاکہ مار لینا۔

لوٹ مچانا / ڈالنا (ہ) فعل ① چھین جھپٹ کرنا ② بوٹا مارنا ③ زبردستی کرنا۔

لوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے / لوٹ کے موسلی بھی بھلے (ا) (ہ) مثل ① مفت کی ادنے سے ادنے چیز بھی اچھی ہے ② بن پیسوں کے جو چیز بھی مل جائے بہتر ہی ہے۔

لوٹا (ہ) اسم مذکر ① ایک طرح کا ٹونٹی دار برتن ② آفتابہ ③ بڑی لٹیا۔

لوٹا اٹھانا / رکھنا (ہ) فعل ① نہایت ادنے درجہ کی نوکری کرنا ② پیخانے میں لوٹا رکھنے کی ملازمت کرنا۔

لوٹا کھسوٹا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① وہ آدمی جس کا مال لوٹ لیا ہو ② لٹا ہوا۔

لوٹا لوٹ (ہ) اسم مونث ① لوٹ مار ② غارت گری ③ قزاقی ④ رہزنی ⑤ ظلم ⑥ اندھیر۔

لوٹا لوٹا پھرنا (ہ) فعل ① بے حد تڑپنا ② کسی درد یا صدمے سے بہت ہی تڑپنا ③ بے تابانہ پھرنا ④ نہایت بے چین اور بے قرار پھرنا۔

لوٹانا (ہ) فعل ① پھیرنا ② واپس کرنا ③ نیچے کا کپڑا اوپر اور اوپر کا نیچے کرنا ④ اوپر تلے کرنا۔

لوٹ پوٹ (ہ) اسم مونث ① ساتھ کے ساتھ ② دوطرفہ چھپائی ③ دورخی طباعت۔

لوٹا پھرنا (ہ) فعل ① نہایت تڑپنا ② بے حد مضطرب ہونا ③ بے چین پھرنا ④ بے قرار رہنا۔

لوٹم لاٹ / لوٹم لوٹ (ہ) اسم مونث ① زبردستی کی چوری ② اندھیر کھاتا ④ کمال بدانتظامی۔

لوٹن (ہ) اسم صفت ① لوٹنے والا ② پچھاڑیں کھانے والا ③ تڑپنے والا ④ قلابازیاں کھانے والا۔

لوٹن کبوتر (ا) اسم مذکر ① ایک طرح کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑنے سے وہ لوٹنیاں کھانے اور تڑپنے لگتا ہے ② قلابازیاں کھانے والا کبوتر ③ گرہ باز کبوتر۔

لوٹنا (ہ) فعل ① واپس ہونا ② واپس پھرنا ③ ہٹنا ④ الٹنا ⑤ پلٹنا ⑥ کپڑے کا رخ بدلنا ⑦ اندر کا کپڑا باہر اور باہر کا اندر کرنا۔

لوٹنا (ہ) فعل ① بواو مجہول ② لڑکنا ③ لڑکنیاں کھانا ④ خاک مٹی میں لیٹنا ⑤ بچے کا ضد کرنا ⑥ مچلنا ⑦ مستی یا نشے میں زمین پر لڑکا لڑکا پھرنا ⑧ بے قرار ہونا ⑨ کسی درد یا صدمہ سے بے تاب رہنا۔

لوٹنا پوٹنا (ہ) فعل ① جہاں چاہنا بے تکلف پڑ رہنا ② سونا سلانا ③ لیٹنا سو رہنا ④ پوٹنا تابع مہمل ہے۔

لوٹنا (ہ) فعل ① لوٹ کھسوٹ کرنا ② غارتگری کرنا ③ زبردستی چھیننا ④ عاشق بنانا ⑤ اپنا والہ وشیدا کر لینا ⑥ مزہ اڑانا ⑦ تباہ کرنا ⑧ برباد کرنا ⑨ مال مارنا۔

لوٹنی (ہ) اسم مونث ① پلٹی ② قلابازی ③ صاف جواب ④ بالکل انکار۔

لوٹنی لینا (ہ) فعل ① صاف مکر جانا ② بے ایمانی کرنا ③ چیز لے کر انکار کر

Join us on whatsapp Naveed Balo 03424907218

دینا۔

لوٹنیاں کھانا (ہ) فعل ① تڑپنا ② پھڑکنا ③ بے قرار ہونا ④ پچھاڑیں کھانا ⑤ قلابازیاں کھانا ⑥ پلٹیاں کھانا۔

لوٹنے کی جائے ہے/لوٹنے کی جا ہے (ا) محاورہ ① عجب لطف ہے ② نہایت عجیب سیر و تماشا ہے ③ تڑپنے کی جگہ ہے ④ فدا ہونے کا مقام ہے ⑤ قربان ہونے کی جگہ ہے۔

لوٹھا (ہ) اسم صفت مذکر ① موٹا ② فربہ ③ سنڈ مسنڈ ④ مسٹنڈا ⑤ جوان آدمی ⑥ ہٹا کٹا۔

لوٹھی (ہ) اسم صفت مونث۔ لوٹھا کی تانیث۔

لوٹے ڈالنا (ہ) فعل ① نہانا ② غسل کرنا ③ نہا کر پاک ہونا۔

لوٹے میں نمک ڈالنا/گھلانا/لوٹے لون پانا یا ڈالنا (ا) فعل ① سخت قسم کھانا ② قسمیہ عہد کرنا ③ یعنی عہد توڑنے والا پانی میں نمک کی طرح گھل گھل کر مرے۔

لوث (ع) اسم مذکر ① ملاوٹ ② ملاؤ ③ آمیزش ④ کھوٹ ⑤ آلودگی ⑥ مجازاً دھبہ ⑦ عیب ⑧ داغ ⑨ کلنک کا ٹیکا۔

لوچ (ہ) اسم مذکر ① لیس ② چیپ ③ چپچپاہٹ ④ ملائمت ⑤ نرمی ⑥ لچک۔ ⑦ حسن و خوبی (بحالت اسم مونث) سر کے بالوں کو راکھ لگا کر ہاتھوں سے نوچنا۔

لوچ دار (ا) اسم صفت ① لیسدار ② لیسدار ③ چپچپا ④ نرم ⑤ ملائم ⑥ نازک ⑦ لچکدار۔

لوچ دینا (ہ) فعل ① آٹے میں پانی ملا ملا کر مکیوں سے لیس پیدا کرنا ② مکی دے کر خوب گوندھنا۔

لوچن (س) اسم مذکر ① آنکھ ② دیدہ ③ نین ④ نیتر جیسے مرگ لوچن۔

لوح (ع) اسم مونث ① پٹی ② لکھنے کی تختی ③ پتھر یا لکڑی کی تختی۔

لوح سادہ/لوح پاک (عف) اسم صفت مرکب ① کوری تختی ② بن لکھی تختی ③ سادہ تختہ۔

لوح تعلیم/لوح مشق (عف) اسم مونث ① بچوں کے مشق کرنے کی تختی ② خط صاف کرنے اور پختہ کرنے کی پٹی ③ بکثرت مستعمل چیز ④ زیر مشق۔

لوح طلسم (ع) اسم مونث۔ طلسم کے کھولنے کا طریقہ ② بارش کی حقیقت بتانے والی تختی جو دفن کر دیا کرتے ہیں۔

لوح محفوظ (ع) اسم مونث ① وہ تختی جس پر اللہ تعالٰی نے ہر ایک فعل کی نسبت جو دنیا میں ہونے والا ہے اول سے آخر تک لکھ رکھا ہے اور اسی کے موافق ہوتا ہے ② علم الٰہی۔

لوح مزار/لوح ترتیب/لوح قبر/لوح مرقد (ع) اسم مونث۔ وہ پتھر کی سل جو قبر کے سرہانے تاریخ وفات یا آیات قرآنی یا اشعار کندہ کر کے لگا دیتے ہیں۔

لوح نویس (عف) اسم مذکر ① کتابوں کے سرورق بنانے والا ② نقاش ③ مصور۔

لوح و قلم (ع) اسم مونث ① پٹی اور قلم ② لوح محفوظ اور قلم قدرت۔

لودھا (ہ) اسم مذکر ① کاشتکاری اور کسانی کرنے والا ② ایک نومسلم فرقہ۔

لودھی/لودی (ا) اسم مذکر ① پٹھانوں کے ایک فرقے کا نام ہے ② جس کا آخری بادشاہ ابراہیم لودھی ہوا ہے جو بابر کے ساتھ جنگ کر کے مارا گیا۔

لوڈ (ای) اسم مذکر ① وزن ② بوجھ ③ بار ④ بھار۔

لوئر (ای) اسم صفت ① گھٹیل ② ادنے ③ چھوٹا ④ ابتدائی ⑤ ماتحت۔

لوئر کلاس (ای) اسم مونث ① چھوٹی جماعت ② چھوٹا درجہ ③ ابتدائی جماعت۔

لوری (ہ) اسم مونث ① بچوں کو سلانے کا گیت گانا ② بچے کو لوری سنا کر سلانا۔

لوڑ (ہ) اسم مونث (پنجاب میں) ضرورت ① طلب ② خواہش ③ حاجت ④ درکار ⑤ چاہ۔

لوز (ع) اسم مونث ① بادام ② ایک قسم کی مثلث نما تراشی ہوئی مٹھائی ③ ترچھی چوکور۔

لوزیات (ع) اسم مونث۔ لوز کی جمع۔

لوک (س) اسم مذکر ① آدمی ② انسان ③ بشر ④ لوگ ⑤ دنیا ⑥ عالم۔

لوکا/لوک (ہ) اسم مذکر ① آگ کا شعلہ ② بو ③ لاٹ ④ جھلسا ⑤ لپٹ ⑥ جلی ہوئی لکڑی کا ٹکڑا۔

لوکا لگانا (ہ) فعل ① آگ لگانا ② جھلسنا ③ بتی لگانا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**لوکا لگاؤں** (ہ) دعائے بد ① آگ لگاؤں ② چولھے میں دوں ③ جھلسا لگاؤں۔

**لوکا لگے/لگ جائے** (ہ) کلمہ نفرت و دعائے بد ① آگ لگے ② پہاڑ میں پڑے ③ چولھے میں جائے۔

**لوکل** (ای) اسم صفت ① ملکی ② مقامی ③ موقع کا۔

**لوکل سلف گورنمنٹ** (ای) اسم مونث ① خود اختیاری حکومت ② مجازاً میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے انتظامی ضلعے۔

**لوکی** (ہ) اسم مونث۔ ① لمبا گھیا ② کدو۔

**لوگ** (ہ) اسم مذکر ① بہت سے آدمی ② اشخاص ③ خلقت ④ ذات ⑤ قوم ⑥ برن ⑦ خاوند ⑧ پتی۔

**لوگ لگائی** (ہ) اسم مذکر ① مرد عورت ② زن و مرد۔

**لوگ ہنسائی** (ہ) اسم مونث ① رسوائی ② عام بدنامی ③ جگت ہنسائی۔

**لولا** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① گھنٹیوں اور ٹالیوں وغیرہ کے اندر کا لٹکن ② کان کا ایک زیور۔

**لولا** (ہ) اسم صفت بواؤ معروف ① لنجا ② بے پا ③ پیروں سے اپاہج۔

**لولو** (ء) اسم مذکر ① موتی ② در ③ مروارید ④ گوہر ⑤ (ف) فارس کی ایک خوبصورت قوم کا نام جسے گرجی بھی کہتے ہیں ⑥ بچوں کو ڈرانے کی مہیب آواز ⑦ مجازاً بھوت ⑧ جن ⑨ پریت۔

**لولو بنانا** (ا) فعل ① احمق بنانا ② الو بنانا۔

**لولی** (ف) اسم مونث ① ناچنے گانے والی عورت ② رقاصہ ③ کنچنی ④ رنڈی ⑤ بیسوا ⑥ فاحشہ ⑦ پاتر ⑧ عمدہ نازک ⑨ خوبصورت۔

**لولئے فلک** (فع) اسم مونث ① آسمان کی ڈومنی ② زہرہ ستارہ ③ ناہید شکر۔

**لولین** (ہ) اسم صفت ① کسی خیال میں ڈوبا ہوا ② محو ③ مستغرق ④ لو لگانے والا۔

**لومڑی** (ہ) اسم مونث ① روباہ ② بلی کے برابر ایک جنگلی جانور کا نام (بحالت صفت مجازاً مکار) ③ فریبی ④ عیار ⑤ گربہ مسکین۔

**لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کر لیجئے** (ا) مثل۔ چھوٹے سے کام کے لئے بھی معقول انتظام کرنا چاہئے۔

**لون** (ء) اسم مذکر ① رنگ ② روپ ③ رنگت۔

**لون** (ای) ① قرض ② ادھار۔

**لون** (ہ) اسم مذکر ① کھار ② نمک ③ ملح ④ کھارا۔

**لون مرچ لگانا** (ہ) فعل ① بات کو لمبا کر کے بیان کرنا ② بڑھانا ③ بھڑکانا ④ حاشیہ چڑھانا۔

**لوں** (ہ) اسم صفت ① گرم ہوا ② باد سموم۔

**لونا** (ہ) اسم صف ① سلونا ② نمکین ③ شور ④ کھاری ⑤ کڑوا ⑥ تیز۔

**لونبڑ** (ہ) اسم صفت ① لمبا ② اوت ③ احمق ④ دراز قد ⑤ وہ آدمی جو قد کا لمبا اور بیوقوف ہو۔

**لونجی** (ہ) اسم مونث ① کچومر ② اچار کے لئے تیار کی ہوئی کچے آم کی پھانکیں ③ کیریوں کی پھانکوں کا اچار۔

**لوند** (ہ) اسم مذکر ① وہ تیرھواں مہینہ جو ہر سال کی کسرات کے عوض تیسرے سال شمسی حساب سے بڑھایا جاتا ہے ② فضول زیادہ ③ فاضل ④ فالتو ⑤ زاید۔

**لوند** (ہ) اسم مذکر ① گارے کی وہ مقدار جو دونوں ہاتھوں میں اٹھائی جا سکے ② گیلی مٹی کا ڈلا ③ لگدی۔

**لونڈا** (ہ) اسم مذکر ① لڑکا ② چھوکرا ③ بن ڈاڑھیا لڑکا ④ بیٹا ⑤ پوت ⑥ پسر ⑦ غلام ⑧ داس ⑨ بردہ۔

**لونڈاپن** (ہ) اسم مذکر ① چھچھوراپن ② سفلہ پن ③ لڑکپن ④ بچپن۔

**لونڈی** (ہ) اسم مونث ① باندی ② کنیز ③ خدمت کرنے والی ④ سیوک۔

**لونڈی اور کے پیر دھوئے اپنے پیر دھوتی لجائے** (ہ) مثل۔ اوروں کا کام کرتے رہنے والے اور اپنی خبر نہ رکھنے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔

**لونڈی کو لونڈی کہا رو دی بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی** (ہ) مثل۔ رذیل اور شریف میں یہی فرق ہے کہ شریف کا حوصلہ زیادہ رذیل کا بہت کم ہوتا ہے۔

**لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس** (ا) مثل۔ نوکروں اور خادموں کو خوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے۔

**لونڈی ہو کر کمانا بیوی بن کر کھانا** (ا) مثل ① محنت سے شرم نہ کرنے والا امیرانہ گزران کرتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

لونڈیا (ہ) اسم مونث ① پیاری لڑکی ② چھوکری ③ بیٹی ④ دختر ⑤ پتری۔

لونگ (ہ) اسم مونث ① ناک کے ایک زیور کا نام ② ایک خوشبودار درخت کی نہایت تیز اور خوشبودار کلی ③ گرم مصالحہ کے ایک درخت کا شگوفہ ④ قرنفل ⑤ کرن پھل۔

لونی (ہ) اسم مونث ① کھار ② شور ③ (پنجابی کلر)

لونی لگنا (ہ) فعل ① دیوار کو شور لگ جانا ② کھار ہونا۔

لونیا (ہ) اسم مذکر ① نمک بنانے والا ② نمک فروش ③ نمک بیچنے والا ④ ایک قسم کا نمکین اور ترش ذائقے والا ساگ جسے نون کھا بھی کہتے ہیں ⑤ خرفہ کو چک۔

لوہ (ہ) اسم مذکر ① لوہے کا مخفف ہے ② آہن۔

لوہ چون (ہ) اسم مذکر ① لوہے کا چورا ② برادہ آہن۔

لوہ سار (ہ) اسم مونث ① لوہے کی دکان۔

لوہا (ہ) اسم مذکر ① آہن (بحالت صفت) ② سخت ③ مضبوط ④ مستحکم ⑤ بھاری۔

لوہا بجانا (ہ) فعل ① لتوار چلانا ② تیغ زنی کرنا۔

لوہا برسنا (ہ) فعل ① تلوار چلنا ② تیغ باری ہونا ③ کشت وخون ہونا۔

لوہا تیز ہونا (ہ) فعل ① غالب ہونا ② در ہونا ③ تلوار تیز ہونا ④ بس چلنا۔

لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (ا) مثل۔ اپنے معاملے کو فریقین ہی اچھی طرح جانتے ہیں غیر آدمی کو کیا خبر ہے۔

لوہا دینا/کرنا (ہ) فعل ① استری کرنا ② استری گرم کر کے سلائی بٹھانے یا شکن دور کرنے کی غرض سے کپڑے پر پھیرنا۔

لوہا لوٹ جانا (ہ) فعل ① تلوار کا وار خالی جانا ② تلوار کا ٹیڑھا ہو جانا ③ تلوار کا دوہرا ہو کر کچھ کاٹ نہ کرنا ④ کام بگڑ جانا ⑤ قسمت بگڑ جانا۔

لوہا ماننا/مان جانا (ہ) فعل ① کسی کی بہادری یا بیرجی کا قائل ہونا ② ماننا ③ تسلیم کرنا ④ رعب ماننا ⑤ ڈرنا ⑥ خوف کھانا ⑦ عاجز ہونا۔

لوہار (ہ) اسم مذکر ① لوہے کی چیزیں بنانے والا ② آہن گر۔

لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا (ا) فعل ① الٹا کام کرنا ② کسی چیز کو اسی کے بننے کی جگہ میں لے جانا ③ الٹے بانس بریلی بھیجنا ④ بے وقوفی کا کام کرنا۔

لوہاری/لوہارنی (ہ) اسم مونث ① لوہار کی بیوی ② لوہار قوم کی عورت۔

لوہو (ہ) اسم مذکر ① لہو ② خون۔

لوہیا (ہ) اسم مذکر فاعل۔ لوہے کی چیزیں بیچنے والا۔

لوہے کے چنے (ہ) اسم مذکر۔ سخت مشکل اور کٹھن کام۔

لوہے کے چنے چبانا (ہ) فعل ① نہایت مشکل اور دشوار کام کرنا ② نہایت کٹھن کام کرنا ③ سخت اور دقیق علم پڑھنا۔

لوہے کی چھاتی کر لینا (ہ) فعل ① دل سخت کر لینا ② پتھر کا جگر کر لینا ③ مصیبت جھیلنے کے قابل ہو جانا۔

لوہے کے گھاٹ اتارنا (ہ) فعل ① قتل کر دینا ② تلوار سے اڑا دینا ③ دل توڑنا ④ ناامید کرنا ⑤ مایوس کرنا۔

لوئی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا باریک کمبل ② اونی چادر ③ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا ④ عزت کا کپڑا جیسے اتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (پنجاب) ⑤ پوچھٹے ⑥ منہ اندھیرے جیسے لوئی پھٹے مجھے جگا دینا۔

لوے (ہ) تابع فعل ① پاس ② قریب ③ نزدیک ④ متصل ⑤ دھورے۔

لوے لگنا (ہ) فعل ① پاس لگنا ② قریب آنا یقین ہونا ③ اعتبار ہونا ④ دل کو لگنا۔

ل ← ہ

لہار (ہ) اسم مذکر ① آہن گر ② لوہار ③ لوہے کی چیزیں بنانے والا۔

لہارن/لہاری (ہ) اسم مونث ① لوہار کی بیوی ② لوہار ③ قوم کی عورت۔

لہاڑا (ہ) اسم صفت ① لین دین کا کھوٹا ② معاملہ کا خراب ③ نادہند ④ لڑکر نہ دینے والا ⑤ لیچڑ ⑥ لے لوٹ

لہاس (ہ) اسم مذکر ① بہت موٹا رسا ② جہاز کا رسا ③ بزنٹو کرا ④ جھال ⑤ جھالا۔

لہان (ہ) اسم صفت ① لہو سے لتھڑا ہوا ② خون آلودہ ③ خونم خون۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314-4072218

**لہجہ** (ء) اسم مذکر ① لفظوں کی آواز ② طرز کلام ③ تلفظ ④ بول چال ⑤ محاورہ ⑥ زبان ⑦ سر ⑧ لے۔

**لہذا** (ء) تابع فعل ① مفید حرف علت ② اسی واسطے ③ اسی لئے ④ بنا براں ⑤ الغرض ⑥ حاصل کلام۔

**لہر** (ہ) اسم مونث ① دریا کی موج ② جوار بھاٹا ③ تلاطم ④ دھیان ⑤ کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا ⑥ سبز پودوں کی جنبش ⑦ لہلہاہٹ ⑧ امنگ ⑨ ترنگ۔

**لہر اٹھنا** (ہ) فعل ① موج آنا ② ترنگ آنا ③ جوش اٹھنا ④ شوق پیدا ہونا ⑤ ارادہ ہونا ⑥ خیال پیدا ہونا۔

**لہر آنا** (ہ) فعل ① موج آنا ② تلاطم ہونا ③ شوق پیدا ہونا ④ خیال آنا ⑤ تصور بندھنا ⑥ زہر کے اثر سے پیچ وتاب کھانا ⑦ سانپ کے زہر سے جسم کا لہرانا۔

**لہر بہر** (ہ) اسم مونث ① خوش حالی ② آسودگی خوش اقبالی ③ کسی چیز کی زیادتی اور کثرت برکت ④ بہبودی۔

**لہر بہر ہو جانا** (ہ) فعل ① قسمت جاگ اٹھنا اقبال یاور ہو جانا ② کام بن جانا ③ خوب زور کی بارش ہونا ④ روپے پیسے سے فراغ بالی ہو جانا۔

**لہر چڑھنا** (ہ) فعل ① پانی کا طغیانی پر ہونا زوروں پر ہونا ② زہر کا دورہ ہونا ③ زہر کا اثر ہونا۔

**لہر چھوٹنا** (ہ) فعل ① مستی آنا ② غلبہ شہوت ہونا ③ جماع کو جی چاہنا۔

**لہرا** (ہ) اسم مذکر ① چلتی ہوئی لے ② طبیعت میں ایک لہر پیدا کرنے والا سر ③ جوش پیدا کرنے والی ④ لے ⑤ سر ⑥ آواز ⑦ نغمہ ⑧ ترانہ ⑨ متواتر زدوکوب (بحالت اسم صوت) تراتر جوتیاں لگنے کی آواز۔

**لہرا اڑانا** (ہ) فعل ① تان اڑانا ② راگ گانا ③ متواتر جوتیاں مارنا ④ خوب زدوکوب کرنا ⑤ جتیانا ⑥ تڑاتر لگانا۔

**لہرا بجانا** (ہ) فعل ① سارنگی بجانا ② سر نکالنا جوش افزائے نکالنا۔

**لہرا لینا** (ہ) فعل ① خوب خبر لینا ② آڑے ہاتھوں لینا ③ ذلیل کرنا ④ مزے لینا ⑤ لطف اٹھانا۔

**لہرانا** (ہ) فعل ① دریا وغیرہ میں پانی کا لہریں مارنا ② ہلکورے لینا ③ موج مارنا ④ جی للچانا ⑤ لہلہانا ⑥ ہلنا ⑦ جنبش کرنا ⑧ اڑنا ⑨ فراٹے بھرنا۔

**لہری** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① موجی بے پروا ② ترنگی ③ دل کا بادشاہ ④ بے رنج ⑤ خوش مزاج ⑥ ظریف ⑦ خوش دل (بحالت اسم مذکر) ریچھ ⑧ بھالو ⑨ خرس۔

**لہریا** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① لہر والا ② آڑی ترچھی دھاریوں والا ③ (بحالت مذکر) ایک قسم کا آڑی ترچھی دھاریوں والا کپڑا۔

**لہریں گننا** (ہ) فعل ① نکما کام کرنا ② لغو اور فضول کام میں وقت گنوانا ③ بیفائدہ کام کرنا ④ بیکار رہنا ⑤ بے شغلی میں رہنا۔

**لہریں لینا** (ہ) فعل ① جھولنا ② ہلنا ③ جنبش کرنا ④ لہرن ⑤ جھومنا ⑥ دریا کا موجیں مارنا ⑦ ہلورے لینا ⑧ دل ہی دل میں مزے لینا ⑨ آپ ہی آپ خوش ہونا۔

**لہک** (ہ) اسم مونث ① لہلہاہٹ ② بہار ③ جوبن ④ سرسبزی کا جوش ⑤ لہر ⑥ لپٹ ⑦ لاٹ ⑧ شعلہ ⑨ چمک۔

**لہک کر بولنا** (فعل ① زور سے بولنا ② بے باکانہ بولنا ③ ترخ کر کلام کرنا۔

**لہکا** (ہ) اسم مذکر ① لپکا ② دھنک ③ تپلا گوٹا۔

**لہکارنا** (ہ) فعل ① تھپکی دینا ② گھوڑے کو چکارنا۔

**لہکانا** (ہ) فعل ① ابھارنا ② اکسانا ③ بھڑکانا ④ صیقل کروانا ⑤ اجلوانا ⑥ آگ دہکانا ⑦ آگ سلگانا ⑧ کسی پرندے کو بلوانا ⑨ آواز لگوانا۔

**لہکنا** (ہ) فعل ① چہچہانا ② چہکنا ③ راگ گانا ④ پرندے کا خوش آوازی سے بولنا ⑤ آگ کا دہکنا ⑥ جلنا ⑦ شعلہ زن ہونا ⑧ مشتعل ہونا ⑨ چمکنا۔

**لہلہا** (ہ) اسم صفت ① لہراتا ہوا ② سبزہ ③ لہر مارتا ہوا ④ موجیں مارتا ہوا ⑤ سرسبز ⑥ ہرا بھرا ⑦ پھلا پھولا ⑧ شگفتہ وشاداب۔

**لہلہاتا** (ہ) اسم صفت بصیغہ اسم حالیہ ① سبزہ لہراتا ہوا ② جھومتا ہوا ③ جنباں لچکتا ہوا ④ سرسبز ⑤ تروتازہ ⑥ ہرا بھرا ⑦ شگفتہ وشاداب۔

**لہلہانا** (ہ) فعل ① موج مارنا ② لہرانا ③ جھومنا ④ کھلنا ⑤ تروتازہ ⑥ پھلنا پھولنا۔

**لہلہاہٹ** (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① موج ② لہر ③ شادابی ④ سرسبزی۔

**لہنا** (ہ) اسم مذکر ① بھاگ ② قسمت ③ نصیب ④ تقدیر ⑤ شراکت ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Raja 03149077218

www.besturdubooks.net

حصہ 7 ساجھا 8 نفع 9 فائدہ۔

لہنگا (ہ) اسم مذکر 1 ہندو عورتوں کا پیجامہ 2 گھگرا 3 گون۔

لہنگا پہننا (ہ) فعل 1 زنانہ لباس پہننا 2 عورتوں کا بھیس بدلنا 3 عورت بننا۔

لہو (ہ) اسم مذکر 1 لوہو کا مخفف ہے 2 خون 3 رکت 4 دم 5 ایک خلط کا نام ہے 6 یگانہ 7 اپنا 8 ایک دادا کی اولاد 9 قریب کا رشتہ دار۔

لہو اترنا (ہ) فعل 1 خون کا نیچے کی طرف آنا 2 بھر آنا 3 لال ہونا 4 سرخ ہونا۔

لہو برسنا (ہ) فعل 1 غصے کی حالت میں آنکھیں سرخ ہو جانا 2 خون 3 ٹپکنا 4 سخت غصہ آ جانا۔

لہو بگڑنا (ہ) فعل 1 خون میں خرابی آ جانا 2 کوڑھ ہو جانا 3 آتشک ہو جانا۔

لہو بہانا (ہ) فعل 1 خون نکالنا 2 جان سے مار ڈالنا 3 قتل کر دینا 4 اپنی جان دے دینا 5 ہلاک ہونا 6 مرجانا 7 قتل ہو جانا۔

لہو بھرا (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی 1 خون میں لتھڑا ہوا 2 خون میں لتھ پتھ 3 خون آلودہ۔

لہو پانی ایک کرنا/لہو پانی کرنا (ہ) فعل 1 خون اور پانی ملانا 2 کسی کام کے لئے اتنی محنت شاقہ اٹھانا کہ اس کی گرمی سے خون پتلا ہو جائے 3 سخت محنت اٹھانا 4 بے حد رنج اٹھانا 5 کمال جدوجہد کرنا 6 اپنی جان کو ہلکان کرنا 7 نہایت طیش کھانا 8 سخت ناراض ہونا۔

لہو پسینا ایک ہونا (ہ) فعل 1 مصیبت جھیلنا 2 کشٹ اٹھانا 3 سختی سہنا۔

لہو پینا (ہ) فعل 1 خون پینا 2 خون چوسنا 3 جان مارنا 4 تکلیف دینا 5 ستانا 6 قتل کرنا 7 مار ڈالنا 8 جان لینا 9 ہلاک کرنا۔

لہو پیئے (ہ) سخت قسم کا کلمہ ہے 1 خون پیئے 2 جنازہ دیکھئے 3 ماتم کرے روئے 4 پیٹے۔

لہو تھوکنا/لہو ڈالنا (ہ) فعل 1 خون کی قے کرنا 2 مرض سل ہو جانا 3 پھیپھڑے میں زخم پڑ کر منہ سے خون آنے لگنا 4 وقت مرگ قریب آ جانا۔

لہو خشک ہو جانا/ ہونا (ا) فعل 1 خون سوکھ جانا 2 خوف یا غم کے سبب بدن میں لہو نہ رہنا 3 ڈر جانا 4 خوف زدہ ہو جانا 5 رعب چھا جانا 6 جان نکلنے لگنا 7 خون کی حرکت بند ہو جانا 8 نہایت سخت صدمہ اٹھانا۔

لہو رونا (ہ) فعل 1 بہت زیادہ رونا 2 آنکھوں سے انسوؤں کی جگہ خون نکلنا۔

لہو سفید ہونا (ا) فعل 1 محبت نہ رہنا 2 ہمدردی نہ رہنا 3 رحم نہ رہنا 4 مروت نہ رہنا۔

لہو سوکھنا/سوکھ جانا (ہ) فعل 1 دیکھو 2 (لہو خشک ہو جانا)۔

لہو کا پیاسا (ہ) اسم صفت 1 جان کا لاگو 2 جان کا خواہاں 3 جانی دشمن۔

لہو کا جوش (ا) اسم مذکر 1 مامتا 2 خاندانی الفت 3 مادری محبت 4 پدری الفت 5 ایک خون ہونے کی محبت۔

لہو کا ہلکا (ہ) اسم صفت 1 وہ شخص جو صدمہ کی تاب نہ لا سکے 2 نرم دل 3 صاف اور لطیف خون والا 4 وہ آدمی جس کا خون جلد اثر قبول کر لے۔

لہو کرنا (ہ) فعل 1 بدمزہ کرنا 2 تلخ کرنا 3 انگ نہ لگنے دینا۔

لہو کے سے گھونٹ پینا (ہ) فعل 1 غم کھانا 2 برداشت کرنا 3 صبر اختیار کرنا 4 غم وغصہ کر ضبط کرنا 5 غصے کو مار کر رہ جانا۔

لہو کے گھونٹ گھونٹنا (ہ) فعل 1 غم وغصہ کو برداشت کرنا 2 صبر وتحمل کرنا 3 تکلیف اٹھا کر بھی شکایت نہ کرنا 4 رشک کرنا 5 حسد کرنا 6 جلنا 7 تلملانا 8 انگاروں پر لوٹنا۔

لہو کی ندیاں بہ گئیں (ہ) محاورہ 1 بہت ہی خونریزی ہوئی 2 بکثرت خون جاری ہوا 3 بہت لوگ قتل ہو گئے 4 نہایت کشت وخون ہونا۔

لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا/لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا (ا) فعل 1 ادنے سے کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا 2 کسی کام میں ذرا شریک ہو کر نام کرنا۔

لہولہان (ہ) اسم صفت 1 خونم خون 2 خون میں لتھڑا ہوا 3 خون سے بھرا ہوا 4 سخت زخمی۔

لہولہان کرنا (ہ) فعل 1 خونم خون کرنا 2 ایسا زخمی کرنا کہ تمام بدن خون سے تر ہو جائے خون کی ندیا بہانا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

لہو لینا/لہو نکالنا (ہ) فعل (1) خون لینا (2) فصد کھولنا (3) فصد کھلوانا۔

لہو موتنا (ہ) فعل (1) پیشاب کے رستے خون آنا (2) پتھری یا سوزاک یا جگر کی حرارت سے پیشاب میں خون آنے لگنا (3) کسی سخت کام کی گرمی سے خون کا پیشاب آنا۔

لہو میں ڈوبنا (ہ) فعل (1) خون میں غرق ہونا (2) اکارت جانا (3) انگ نہ لگنا (4) جزو بدن نہ ہونا (5) ضائع ہو جانا۔

لہو میں ہاتھ رنگنا (ہ) فعل (1) قتل کرنا (2) ذبح کرنا (3) ہلاک کرنا (4) کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔

لہو ولعب (ع) اسم مذکر (1) کھیل کود (2) ہنسی مذاق (3) سیر وتماشا (4) عیش و نشاط تفریح لغو اور بے فائدہ کام۔

## ل ← ے

لے (ہ) اسم مونث (1) سر (2) آواز (3) لہجہ (4) آہنگ (5) لحن (6) تمنا (7) شوق (8) آرزو (9) خیال۔

لے بڑھنا/لے پڑنا (ہ) فعل (1) عادت پڑنا (2) چسکا لگنا (3) عادی ہو جانا (4) مزہ پڑنا (5) لت لگنا (6) شوق زیادہ ہونا (7) اشتیاق بڑھنا۔

لے لگا دینا (ہ) فعل (1) شوق لگا دینا (2) بات سجھا دینا۔

لے لینا (ہ) فعل (1) تان لینا (2) سرالاپنا (3) گانا (4) سر نکالنا۔

لے (ہ) فعل (1) لینا مصدر کا صیغہ امر (2) پکڑ (3) سنبھال (4) قابو کر (5) حرف ندا و حیرت۔

لے اڑنا (ہ) فعل (1) لے کر بھاگ جانا (2) اپنے ہاتھ سے لے کر اڑ جانا (3) تیز کرنا (4) نشے میں ہونا (5) نشے میں ہوش وحواس کھو دینا (6) مزیدار کرنا (7) مزہ دوبالا کر دینا (8) رونق زیادہ کر دینا (9) طرز سیکھ لینا۔

لے آنا (ہ) فعل (1) لانا (2) دوسری جگہ سے لے کر آ جانا (3) اٹھا لانا۔

لے بھاگنا (ہ) فعل (1) کسی چیز کو لے کر رفو چکر ہو جانا (2) فرار ہو جانا (3) کسی عورت کو اغوا کر لینا (4) سیکھے بغیر ہی کوئی بات حاصل کر لینا۔

لے بیٹھنا (ہ) فعل (1) لے ڈوبنا (2) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ و برباد کر دینا (3) دبا بیٹھنا (4) لے گرنا (5) ساتھ لے کر گرانا (6) کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا۔

لے پالک (ہ) اسم مذکر (1) گود لیا ہوا (2) متبنی (3) دھرم کا بیٹا یا بیٹی۔

لے جانا (ہ) فعل (1) اڑا دینا (2) گرا دینا (3) ٹھیرنے نہ دینا (4) قیام نہ کرنے دینا (5) برباد کر دینا (6) چھین لینا (7) لے لینا (8) سلب کر لینا۔

لے دے (ہ) اسم مونث (1) لینا دینا (2) جلدی جلدی لینا اور دینا (3) مجازاً کوشش وسعی (4) جدوجہد (4) مارا مارا (5) دوڑ دھوپ (6) لعنت (7) ملامت (8) پھٹکار (9) سرزنش۔

لے دے کے (ہ) تابع فعل (1) نہایت کوشش سے (2) بڑی مشکل سے (3) بدقت تمام (4) بیباق کر کے (5) دے دلا کر (6) فقط (7) صرف (8) بالکل (9) کلہم۔

لے دینا (ہ) فعل (1) خرید کر دینا (2) مول لے دینا (3) خرید دینا۔

لے ڈالنا (ہ) فعل (1) مول لے کر رکھ چھوڑنا (2) خرید ڈالنا (3) خبر لینا (4) آڑے ہاتھوں لینا (5) لے لینا (6) باقی نہ چھوڑنا (7) ختم کر ڈالنا (8) تمام کر دینا (9) مار رکھنا۔

لے ڈوبنا (ہ) فعل (1) اپنے ساتھ دوسرے کا نقصان کر دینا (2) ڈبو دینا (3) غرق کر دینا۔

لے لوٹ (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) ادھار لے کر نہ دینے والا (2) نادہند (3) لیچڑ (4) لے کر مکر جانے والا۔

لے لینا (ہ) فعل (1) خرید کر لینا (2) مول خرید لینا (3) مار لینا (4) چھین لینا (5) دبا لینا (6) قابو کر لینا (7) سنبھال لینا (8) جا پکڑنا (9) پکڑ لینا۔

لے مرنا (ہ) فعل (1) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا (2) لے بیٹھنا (3) لے ڈوبنا (4) دبا لینا (5) مار لینا (6) حاصل کرنا (7) کما لینا (8) چوری لگانا (9) الزام دھرنا۔

لئے (ہ) حرف علت (1) برائے (2) کارن (3) واسطے (4) تکمیل (5) فعل کے لئے جیسے کھا لئے، کر لئے وغیرہ۔

لیا (ہ) لینا سے ماضی مطلق (1) پکڑا (2) گرفت کیا (3) وصول کیا (4) حاصل کیا (5) خریدا (6) کمایا (7) شرمندہ کیا (8) لجایا۔

لیا دیا (ہ) اسم مذکر بترکیب مفعول (1) نیک کاموں کا پھل (2) کرنی کا پھل (3) وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔

لیا دیا آگے جانا (ہ) فعل (1) بھلائی کا نتیجہ ملنا (2) نیکی کا پھل مل جانا (3) نیک کاموں کا ثمرہ مل جانا (4) نیکی کا آڑے آ جانا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baloch 03149077218

**لیاقت** (ع) اسم مونث (1) گن (2) ہنر (3) خوبی (4) جوہر (5) قابلیت (6) استعداد (7) حوصلہ (8) ظرف (9) سمائی۔

**لیبارٹری** (ای) اسم مذکر (1) تجربہ گاہ (2) دارالتجربہ (3) معمل۔

**لیبر** (ای) اسم مونث (1) محنت (2) مشقت۔

**لیبر پارٹی** (ای) اسم مونث (1) مزدوروں کی جماعت (2) برطانیہ کی ایک سیاسی تنظیم۔

**لیبر گورنمنٹ** (ای) اسم مونث۔ لیبر پارٹی کی حکومت۔

**لیپ** (ہ) اسم مذکر (1) پلستر (2) ضماد (3) پانی یا تیل میں گاڑھی ملی ہوئی دوا (4) کہگل (5) لپائی۔

**لیپا پوتا** (ہ) اسم مذکر مفعول (1) لیپا ہوا (2) سنوارا بنایا ہوا (3) پلستر کیا ہوا (4) قلعی شدہ (5) بنا بنایا (6) کیا کرایا۔

**لیپنا** (ہ) فعل (1) کہگل کرنا (2) قلعی کرنا (3) گوبری پھیرنا (4) پلستر کرنا (5) چوکا دینا (6) پوتنا۔

**لیپنا پوتنا** (ہ) فعل (1) پلستر کرنا اور پوتا پھیرنا (2) (بحالت اسم مذکر) لپائی پوتائی۔

**لیپنے کا نہ پوتنے کا** (ہ) محاورہ (1) کسی کام کا نہیں (2) محض بیکار (3) بالکل نکما۔

**لیتا بھولے نہ دیتا** (ہ) محاورہ (1) ہاتھوں ہاتھ کا سودا (2) نقدا نقدی کا لین دین (3) سیدھا حساب (4) صاف حساب جس میں اینچ پینچ نہ ہو۔

**لیترا/لیتڑا** (ہ) اسم مذکر۔ پرانا ٹوٹا پھوٹا۔

**لیتڑے پڑنا** (ہ) فعل (1) گھونسے لگنا (2) نہایت ذلیل ہونا (3) جوتیاں پڑنا۔

**لیتڑے چیتھڑے** (ہ) اسم مذکر (1) پھٹے پرانے کپڑے (2) ٹوٹی پھوٹی جوتی۔

**لیت ولعل** (ع) اسم مونث (1) لغوی معنی ممکن اور ناممکن اصطلاحی ٹال مٹول (2) آجکل (3) حیلہ بہانہ (4) عذر (5) وعدہ (6) وعید (7) حیلہ حوالہ۔

**لیتھ** (ای) اسم مونث۔ خرادے کی مشین۔

**لیتھوگرافی** (ای) اسم مونث۔ طباعت کا ایک مخصوص طریقہ جس میں پہلے کاغذ پر لکھ کر پتھر یا دھات کی پلیٹ پر اتار کر چھپائی کرتے ہیں۔ آج کل یہ طریقہ طباعت تقریباً ختم ہوگیا ہے۔

**لیٹ** (ای) اسم مونث (1) دیر (2) بے وقت (3) وقت کے بعد (4) ٹائم کے پیچھے۔

**لیٹ جانا** (ہ) فعل (1) پڑ جانا (2) دراز ہونا (3) پسر جانا (4) ہمت ہار دینا (5) عاجزی کرنا (6) تھک جانا (7) آگے نہ چل سکنا۔

**لیٹر** (ای) اسم مذکر (1) خط (2) چٹھی (3) نامہ (4) الفاظ۔

**لیٹر بکس** (ای) اسم مذکر۔ وہ مخصوص بکس جس میں خط ڈالتے ہیں۔

**لیٹنا** (ہ) فعل (1) پسرنا (2) سیدھا ہو کر پڑنا (3) سونا پڑنا (4) آرام کرنا (5) خوشامد کرنا (6) پاؤں پڑنا (7) عاجزی کرنا (8) ہارمننا (9) مغلوب ہونا۔

**لیٹے جانا** (ہ) فعل (1) بچھے جانا (2) پسرے جانا (3) کم ہمت ہوا جانا (4) نہایت خوشامد درآمد کرنا۔

**لیٹی** (ہ)۔ کاغذ جوڑنے کا میدہ کا بنایا ہوا لیس۔

**لیج/لیجو/نیجو** (ہ) اسم مونث (1) پانی بھرنے کی رسی (2) ڈوری۔

**لیجر** (ای) اسم مونث (1) روزنامچہ (2) بہی کھاتہ (3) روزانہ حساب کی کتاب۔

**لیجسلیٹو کونسل** (ای) اسم مونث (1) قانون بنانے والی مجلس (2) مجلس واضع قوانین (3) ہر صوبے کی قانون وضع کرنے والی مجلس۔

**لیجسلیٹو اسمبلی** (ای) اسم مونث۔ مجلس قانون ساز ملکی یا صوبائی قانون ساز ادارہ۔

**لیچڑ** (ہ) اسم صفت (1) کنجوس (2) بخیل (3) مسک (4) نادہند (5) قرضہ لے کر بمشکل دینے والا۔

**لید** (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے ہاتھی اور گدھے وغیرہ کا گوبر۔

**لیدر** (ای) اسم مذکر (1) کمایا ہوا چمڑا (2) پختہ چمڑا۔

**لیڈر** (ای) اسم مذکر (1) سرگروہ (2) سربراہ (3) سردار (4) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔

**لیڈی** (ای) اسم مونث (1) بی بی (2) بیگم (3) خاتون (4) معزز عورت۔

**لیڈی ڈاکٹر** (ای) اسم مونث (1) زنانہ ڈاکٹر (2) ڈاکٹرنی (3) زنانہ بیماریوں کا علاج کرنے والی عورت۔

**لیر** (ہ) اسم مونث (1) کترن (2) دھجی (3) کت (4) چیتھڑ (5) کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی۔

**لیر لیر کرنا** (ہ) فعل (1) دھجیاں اڑانا (2) پرزے اڑانا (3) پھاڑ ڈالنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

لیرے (ہ) اسم مذکر (1) چیتھڑے (2) پرزے۔

لیرے لگنا (ہ) فعل (1) کپڑے پھٹ جانا (2) چیتھڑے لگنا (3) بھیڑوں بکریوں کے تھنوں پر گوبر میں لتھ پتھ کر کے دھجیاں چمٹنا۔

لیس (ا) اسم صفت (1) کمر کسا ہوا (2) کیل کانٹے سے درست (3) تیار (4) مستعد (5) موجود (6) آمادہ (7) وردی اور ہتھیاروں سے درست سپاہی (8) (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا لمبی اور بڑی نوک والا تیر (9) ایک قسم کا سرکہ۔

لیس (ای) اسم مونث (1) فیتہ (2) جھالر (3) گوٹا کناری (5) ڈوری۔

لیس (ا) اسم مونث (1) ڈوری (2) چوڑی بنی ہوئی پیچک۔

لیس (ف) اسم حاصل مصدر لیسیدن (1) چاٹنا (2) چاٹ (3) مزہ۔

لیس (ہ) اسم مذکر (1) چیپ (2) کس (3) چپچپاہٹ (4) لزوجت (بیائے مجہول ہے)۔

لیسدار (ا) اسم صفت بترکیب فاعلی (1) چپچپا (2) لیسدار۔

لیسنا (ہ) فعل (1) لیپنا (2) پلستر کرنا۔

لیک (ہ) اسم مونث (1) راستہ (2) سڑک (3) بٹیا باٹ (4) گاڑی کے پہیوں کا نشان (5) ہل باہنے کا نشان (6) لکی (7) دھاری (8) کینوں کا نیگ (9) خدمتگاروں کا حق الخدمت۔

لیک پیٹنا (ہ) فعل (1) لکیر پیٹنا (2) پرانی رسم و دستور کا پابند ہونا (3) ریت رسم پر مرنا (4) کسی بات کو بار بار دہرانا (5) لکیر کا فقیر ہونا۔

لیکن (ء) حرف استثنا (1) پر (2) مگر (3) ال (4) اما (5) دے۔

لیکوریا (ای) اسم مذکر (1) اختناق رحم (2) عورتوں کی ایک مخصوص بیماری۔

لیکوئر (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی شراب۔

لیکوڈیٹر (ای) اسم مذکر (1) قرضہ ادا کرنے والا (2) قرضہ بیباق کرنے والا (3) بھگتان کرنے والا (4) دیوالہ والوں کا قرضہ بھگتانے والا سرکاری افسر۔

لیکوڈیشن (ای) اسم مذکر کسی کمپنی کا دیوالیہ قرار دیا جانا۔

لیکھ (ہ) اسم مونث (1) جوں کا انڈا (2) چھوٹی جوں (3) دھک (4) آمدورفت کا نشان (5) لکیر۔

لیکھ (ہ) اسم مونث بیائے مجہول (1) نوشتہ تحریر (2) قسمت کا لکھا۔

لیکھا (ہ) اسم مذکر (1) حساب کتاب (2) لین دین (3) حال (4) کیفیت (5) حالت (6) عادت (7) خو (8) سبھاؤ (9) لت۔

لیکھا بہی (ہ) اسم مونث (1) حساب کتاب کی بہی (2) لین دین کی کتاب۔

لیکھے (ہ) متعلق فعل (1) حساب سے (2) نزدیک۔

لیگ (ای) اسم مونث (1) جماعت (2) مجلس (3) جمعیت۔

لیگ آف نیشنز (ای) اسم مونث (1) جمعیت اقوام عالم (2) اقوام متحدہ کے ادارہ سے پہلے قائم ہونے والا ایک ادارہ۔

لیل (ء) اسم مونث (1) رات (2) راتری (3) شب۔

لیل ونہار (ء) اسم مذکر (1) رات دن (2) شب وروز۔

لیلا (ہ) بیائے مجہول (1) پنجاب میں بھیڑ یا بکری کے بچے کو بولتے ہیں (2) برہ۔

لیلا (س) اسم مؤنث (1) کھیل (2) لہو ولعب (3) تماشا (4) عیش وخوشی (5) سیر تماشا (6) قدرت کا تماشا (7) کرتب۔

لیلا دھاری (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت (1) کھلاڑی (2) ایکٹر (3) تماشا کرنے والا (4) تماشا گر۔

لیلاوتی (س) اسم مؤنث (1) کھلاڑی عورت (2) عیش ونشاط منانے والی عورت (3) ایک علم ہندسہ کی ماہر عورت کا نام۔

لیلۃ البدر (ء) اسم مؤنث (1) پورے چاند کی رات (2) چودھویں رات۔

لیلۃ القدر (ء) اسم مؤنث (1) شب قدر (2) سال بھر میں ایک دفعہ آنے والی متبرک رات (3) اس ایک رات کی عبادت کا ثواب ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ہوتا ہے۔

لیلی/ لیلے/ لیلا (ء) اسم مونث (1) لغوی معنی رات کی سی (2) شب رنگ (3) اصطلاحی سانولی (4) سیاہ فام معشوقہ (5) قیس یعنی مجنوں کی معشوقہ کا نام ہے (6) مجازاً ہر معشوقہ (7) خوبصورت (8) حسین۔

لئیم (ء) اسم صفت (1) کمینہ (2) سفلہ (3) بخیل (4) کنجوس (5) خسیس۔

لیمپ (ای) اسم مذکر (1) دیا (2) دیوا (3) چراغ (4) ایک قسم کی کپی مع بتی اور چمنی وغیرہ۔

لیمن (ای) اسم مذکر (1) لیمو (2) نیبو (3) ترنج (4) عرق (5) لیموں اور سوڈا وغیرہ ملے ہوئے پانی کی بوتل۔

لیمو/ لیموں (ف) (ء) اسم مذکر (1) نیبو (2) ترنج (3) ایک ترش پھل کا نام ہے جو دافع صفرا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772318

**لیمونیڈ** (ای) اسم مذکر۔ نیبو کا میٹھا پانی یا شربت۔

**لین** (ای) اسم مونث ❶ لائن کا بگاڑ ہے ❷ خط ❸ لکیر ❹ رول ❺ جدول ❻ ڈوری ❼ رسی ❽ قطار ❾ صف۔

**لین ڈوری** (ا) اسم مونث ❶ کوچ سے پہلے روانہ کیا ہوا فوجی سامان ❷ وہ خیمہ جو آگے روانہ کیا جاتا ہے ❸ پیش خیمہ۔

**لین کلیئر** (ای) اسم مذکر ❶ سڑک صاف ہونے کی دستاویز ❷ وہ پروانہ جو سٹیشن ماسٹر انجن ڈرائیور کو سڑک صاف اور قابل آمدورفت ہونے کی بابت دیا کرتا ہے۔

**لینا** (ہ) اسم مذکر ❶ لینے کے قابل روپیہ ❷ قرضہ آتا ❸ آتا ہوا ❹ گرفتنی ❺ یافتنی۔

**لینا** (ہ) فعل ❶ پکڑنا ❷ گرفت کرنا ❸ وصول کرنا ❹ اگاہنا ❺ جیتنا ❻ فتح کرنا ❼ قرض لینا ❽ پانا ❾ حاصل کرنا۔

**لینا ایک نہ دینا دو** (ہ) محاورہ ❶ نہ غرض نہ مطلب ❷ واسطہ نہ تعلق ❸ نہ ایک لینگے نہ دو دینے پڑینگے ❹ مفت کی علت ❺ ناحق کی مصیبت ❻ خواہ مخواہ کی بلا۔

**لینا دینا** (ہ) فعل ❶ لین دین کرنا ❷ (بصورت اسم مذکر) حساب کتاب ❸ برتاؤ ❹ معاملہ ❺ لین دین۔

**لینا نہ دینا باتوں کا مصالح / لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ** (ا) مثل ❶ صرف باتیں ہی باتیں ہیں دینا دلانا خاک نہیں فضول وقت ضائع کرنا ❷ تضیع اوقات کرنا۔

**لین دین** (ہ) اسم مذکر ❶ لینا دینا ❷ حساب وکتاب ❸ بیوپار ❹ برتاؤ ❺ معاملہ ❻ خرید وفروخت ❼ واسطہ ❽ تعلق ❾ سروکار۔

**لینڈ** (ای) اسم مذکر ❶ زمین ❷ سرزمین۔

**لینڈ لارڈ** (ای) اسم مذکر ❶ زمین دار ❷ مالک مکان۔

**لینڈی** (ہ) اسم مونث ❶ لینڈ کی تصغیر ❷ چھوٹا لینڈ ❸ بندھا ہوا پیخانہ ❹ چھوٹا کتا جو قابل شکار نہیں ہوتا ❺ ڈرپوک بزدلا ❻ نامرد۔

**لینڈی کتا** (ہ) اسم مذکر ❶ نکما کتا ❷ بودا اور بزدل کتا ❸ بازاری کتا ❹ شکاری کتے کی ضد۔

**لیننن ازم** (ای) اسم مذکر۔ روس کے رہنما لیننن کا انقلابی اشتراکی نظریہ۔

**لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا** (ہ) مثل ❶ لیتے وقت عمدہ شے لینا اور دیتے وقت نکمی چیز دینا ❷ لینے میں نرم اور دینے میں سخت۔

**لینے کے دینے پڑنا / پڑ جانا** (ہ) فعل ❶ فائدے کی جگہ نقصان ہو جانا ❷ جان کے لالے پڑ جانا ❸ سخت مصیبت میں پھنسنا۔

**لینے دینے میں نہ ہونا** (ہ) فعل ❶ بالکل بے تعلق ہونا ❷ کوئی واسطہ نہ ہونا ❸ بے سروکار ہونا۔

**لینے میں نہ دینے میں** (ہ) محاورہ ❶ بالکل بے تعلق ❷ بے سروکار ❸ بے واسطہ۔

**لیوا** (ہ) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ لینے والا ❷ شیر دان ❸ گائے بھینس کا باکھ ❹ تھن۔

**لیوا دیوی** (ہ) اسم مونث ❶ لین دین ❷ لینا دینا۔

**لیوٹا / لیوٹی** (ہ) اسم مذکر ومونث ❶ لیوا کی تصغیر ❷ بکری یا بھیڑ وغیرہ کے تھن ❸ ذرا سا باکھ۔

**لیور** (ای) اسم مذکر ❶ مشین میں لگی ہوئی دھات کی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھاتی ہے ❷ بوجھ اُٹھانے کی کل۔

**لیول** (ای) اسم مذکر ❶ برابر کا ❷ مساوی ❸ ہموار ❹ ہمواری دیکھنے کا ایک اوزار۔

**لیوی** (ای) اسم مذکر۔ بادشاہوں یا امیروں کے صبح کے وقت کی ملاقات کا دربار۔

**لیوی** (ای) اسم مونث ❶ محصول یا ٹیکس وصولی ❷ جنگ کے لیے فوج کی بھرتی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

# م

اردو کا اکتیسواں، ہندی کا پچیسواں، فارسی کا اٹھائیسواں اور عربی کا چوبیسواں حرف ہے

م (ء) اسم مذکر ❶ اردو کا اکتیسواں، ہندی کا پچیسواں، فارسی کا اٹھائیسواں اور عربی کا چوبیسواں حرف ہے ❷ حساب اَبجد میں اس کے عدد چالیس مقرر ہیں۔

## م ← ا

ما (ء) حرف نفی ❶ نہیں ❷ مت ❸ نا ❹ ان ❺ بے ❻ (کلمہ استفہام) کیا ❼ کیا چیز ❽ کون ❾ کدام۔

مابعد (ء) اسم صفت ❶ جو پیچھے ہو ❷ پیچھے آنے والا ❸ پچھلا ❹ پیچھے کا۔

مابقا (ء) اسم صفت ❶ باقی رہا ہوا ❷ بچا ہوا ❸ جو باقی رہا ہو ❹ پس خوردہ ❺ جھوٹا کھانا۔

مابہ الاحتیاج (ء) اسم مذکر ❶ جس کی حاجت ہو ❷ جس کی ضرورت پڑے ❸ ضروری اشیاء۔

مابہ الامتیاز (ء) اسم مذکر ❶ وہ چیز یا بات جس سے شناخت ہو سکے ❷ درمیانی فرق ❸ باعث امتیاز۔

مابہ النزاع (ء) اسم مذکر ❶ جھگڑے والی چیز ❷ وہ چیز یا بات جس پر جھگڑا ہو ❸ فساد کی جڑ۔

مابین (ء) متعلق فعل ❶ دوران ❷ بیچ ❸ اثنا ❹ واسطہ ❺ درمیان (بصورت اسم صفت) پچھلا ❻ بیچ کا ❼ درمیانی۔

ماتحت (ء) اسم صفت ❶ جو نیچے ہو ❷ زیر فرمان (بحالت اسم مذکر) مددگار ❸ معاون ❹ نائب ❺ نچلے درجہ کا ❻ ہاتھ بٹانے والا ❼ اسسٹنٹ۔

ماتقدم (ء) اسم صفت ❶ جو پہلے ہو چکا ❷ اول کا ❸ پہلے کا ❹ مذکورہ بالا۔

ماحصل (ء) اسم مذکر ❶ جو کچھ حاصل ہو ❷ حاصل شدہ ❸ نتیجہ ❹ پھل ❺ ثمرہ ❻ فائدہ ❼ نفع ❽ لابھ ❾ پیداوار۔

ماحضر (ء) اسم مذکر ❶ جو کچھ حاضر ہو ❷ موجودہ کھانا ❸ دال دلیا۔

ماسبق (ء) اسم صفت ❶ جو پہلے گزر چکا ہو ❷ گزشتہ ❸ گزرا ہوا۔

ماسلف (ء) اسم صفت ❶ گزرا ہوا ❷ گزشتہ ❸ بیتا ہوا۔

ماسوا (ء) حرف استثنا ❶ بجز ❷ ماورا ❸ علاوہ ❹ اس کے علاوہ ❺ اصطلاح تصوف میں خدا تعالے کے سوا باقی تمام اشیاء موجودات ❻ مخلوق۔

ماشاءاللہ (ء) کلمہ دعائیہ ❶ جو اللہ چاہے ❷ جو خدا کو منظور ہے ❸ خدا کی مرضی سے ❹ چشم بددور۔

مافات (ء) اسم صفت ❶ جو فوت ہوا ❷ جو گزر گیا۔

مافوق (ء) اسم صفت ❶ جو اوپر ہو ❷ اونچا ❸ بالا ❹ بلند ❺ برتر ❻ فایق ❼ بزرگ تر ❽ اعلے ❾ ممتاز۔

مافی الضمیر (ء) اسم مذکر ❶ جو کچھ دل میں ہو ❷ دل کی بات ❸ منشا ❹ ارادہ ❺ نیت ❻ مطلب ❼ مدعا ❽ غرض۔

مافیہا (ء) اسم مذکر۔ جو کچھ اس میں ہے۔

ماقبل (ء) اسم مذکر ❶ جو پہلے ہو ❷ پہلے کا ❸ مابعد کی ضد۔

ماقبل الذکر (ء) اسم مذکر ❶ جس کا ذکر پہلے آ چکا ہو ❷ مذکورہ بالا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03144077218



www.besturdubooks.net

**مالایطاق** (ع) اسم مذکر ① خارج از طاقت ② وہ چیز یا بات جو کسی کی طاقت سے باہر ہے۔

**مالاینحل** (ع) اسم مذکر ① وہ مسئلہ جو حل نہ ہو سکے ② مشکل مسئلہ جو نا قابل حل ہو۔

**ماورا** (ع) حرف استثنا ① بجز ② اس کے علاوہ ③ علاوہ ازیں ④ علاوہ بریں ⑤ سوائے یا سوا۔

**مایحتاج** (ع) اسم مذکر ① وہ چیزیں جن کی انسان کو حاجت پڑتی ہے ② ضروریات۔

**ماء** (ع) اسم مذکر ① پانی ② جل ③ نیر ④ آب ⑤ رس ⑥ عرق۔

**ماءالجبن** (ع) اسم مذکر۔ دودھ کو پھاڑ کر سفیدی الگ کر کے نکالا ہوا پانی۔

**ماءالحیات** (ع) اسم مذکر ① آب حیات ② کیمیا گروں کی اصطلاح میں وہ دوا جو کشتہ کو زندہ کر کے اسے اپنی اصلی حالت میں لے آتی ہے۔

**ماءالشعیر** (ع) اسم مذکر ① جو کا پانی ② آش جو۔

**ماءاللحم** (ع) اسم مذکر ① گوشت کا پانی ② شوربا ③ حلوان کی کشید کر کے نکالی ہوئی یخنی۔

**ما/ماں** (ہ) اسم مونث ① ماتا ② میا ③ مادر ④ والدہ ⑤ جننی ⑥ والدہ کو پکارنے کا لفظ ہے۔

**ما ایلی باپ تیلی بیٹا شاخ زعفران** (ا) کمینے شیخی باز کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ نیز جب کوئی ادنٰے آدمی فخر خاندان ہو جائے اس کی نسبت بھی۔

**ماباپ/ماں باپ** (ہ) اسم مذکر ① ماتا پتا ② والدین ③ مادر پدر۔

**ماں بہن** (ہ) اسم مونث۔ والدہ و ہمشیرہ۔

**ماں بہن کرنا** (ہ) فعل ① ماں بہن کی گالی دینا ② سخت بدزبانی کرنا۔

**ماں بیٹیوں میں چھنالا نہیں چھپتا** (ہ) مثل۔ ہمسایوں یا قریبیوں سے عیب نہیں چھپ سکتا۔

**ماں پسنہاری بھلی باپ ہفت ہزاری برا** (ا) مثل۔ باپ کی محبت ماں کی ماتا سے کم ہونے کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی ماں کے برابر باپ کو محبت نہیں ہوتی۔

**ماں ٹینی باپ کلنگ بچے نکلے رنگ برنگ** (ا) فعل۔ دوغلے اور نالائق خاندان کی بری اولاد کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**ماں جائی** (ہ) اسم مونث ① ایک ماں باپ کی اولاد ② مادینہ ③ سگی بہن ④ خواہر ⑤ ہمشیرہ۔

**ماں جائے سات پوت کرم دیئے بانٹ** (ہ) مثل۔ سگے بھائیوں کی تقدیریں بھی یکساں نہیں ہوتیں۔

**ماں جایا** (ہ) اسم مذکر ① سگا بھائی ② برادر حقیقی۔

**ماں سارنگی باپ تنبورا** (ہ) اسم مذکر ① کلانوت بچہ ② ڈومنی بچہ میراثی جس کی ماں ڈومنی اور باپ ڈوم ہو۔

**ماں فقیرنی پوت فتح خاں** (ا) مثل۔ کم حیثیت مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

**ماں کو نہ باپ کو جو بنے گی آپ کو** (ہ) مثل ① ہر شخص کو اپنے ہی اعمال کی سزا ملے گی اور اپنی ہی کرنی بھوگنی ہو گی ② کردنی خویش آمدنی پیش۔

**ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا** (ہ) فعل ① سیکھا سکھایا پیدا ہونا ② سیکھے بغیر کچھ حاصل کرنا۔

**ماں مارے اور ماں ہی ماں پکارے** (ہ) مثل ① اپنا خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچائے پھر بھی اپنا ہی ہے ② اپنوں کی سختی بھی بری نہیں لگتی ③ ماں کے مارتے وقت بچہ ماں ہی ماں پکارتا رہتا ہے۔

**ماں مرے ماسی جیئے** (ہ) مثل۔ یعنی ماں اگر مر جائے گی تو خالہ پال لے گی۔ ماں اور ماسی میں فرق نہیں۔

**ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا** (ہ) مثل۔ اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی بھی واقف نہ ہو۔

**ماپ** (ہ) اسم مونث ① ناپ ② پیمائش ③ جریب ④ کشی ⑤ پیمانہ ⑥ جانچ ⑦ اندازہ ⑧ طول وعرض کا تخمینہ۔

**ماپ تول** (ہ) اسم مونث ① تول ② جوکھ ③ جانچ ④ پڑتال ⑤ مساحت ⑥ لمبائی چوڑائی کی پیمائش۔

**ماپک** (ہ) اسم مذکر فاعل ① ناپنے والا ② مساح ③ جریب کش ④ رقبہ بندی ⑤ ناپ ⑥ پیمائش۔

**ماپنا** (ہ) فعل ① ناپنا ② پیمائش کرنا ③ جانچنا ④ اندازہ کرنا ⑤ رقبہ جانچنا ⑥ طول وعرض کا اندازہ لگانا۔

**مات** (ہ) اسم مونث ① ماتا کا مخفف ② ما ③ ماتا ④ مائی ⑤ مادر

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...7218

⑥ والدہ۔

**مات پتا** (ہ) اسم مذکر ① ماں باپ ② والدین ③ مادر پدر۔

**مات** (ع) اسم مونث ① لغوی معنی وہ مر گیا ② اصطلاحی ہار گیا ③ شکست ④ ہزیمت ⑤ ہار ⑥ زچ ⑦ کشت ⑧ (یہ ماضی بمعنی اسم مستعمل ہے)

**مات دینا/ مات کرنا** (ا) فعل ① ہرانا ② شکست دینا ③ جیتنا ④ بازی لے جانا ⑤ مغلوب کرنا ⑥ نیچا دکھانا ⑦ شرمندہ کرنا ⑧ کسی کام میں بڑھ جانا ⑨ سبقت لے جانا۔

**مات کھانا** (ا) فعل ① ہار جانا ② مغلوب ہونا ③ شکست کھانا ④ نادم ہونا ⑤ نیچا دیکھنا۔

**مات ہونا/ مات ہو جانا** (ا) فعل ① زچ ہو جانا ② ماند ہونا ③ بیروپ ہو جانا ④ مدھم پڑنا ⑤ مغلوب ہونا۔

**ماتا** (ہ) اسم مونث ① اماں ② ماں ③ والدہ ④ چیچک ⑤ ستیلا (بحالت صفت مذکر) بدمست ⑥ متوالا ⑦ مخمور ⑧ نشہ میں چور۔

**ماتا نکلنا** (ہ) فعل ① ستیلا ابھرنا ② چیچک کے دانے بدن پر ابھرنا۔

**ماتر** (س) اسم مونث ① تھوڑا سا ② کسی قدر ③ اکیلا ④ تنہا ⑤ فقط ⑥ بمقدار قلیل ⑦ باندازہ قلیل۔

**ماتم** (ع) اسم مذکر ① بلا ② آفت ③ بپتا ④ مصیبت ⑤ سوگ ⑥ سیاپا ⑦ شیون ⑧ رنج و غم ⑨ ملال واندوہ۔

**ماتم پرسی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① پرسہ ② سیاپا ③ عیادت ④ ورثائے میت کی غمخواری۔

**ماتم خانہ/ ماتم سرا/ ماتم کدہ** (عف) اسم مذکر ظرف ① سوگ کا گھر ② وہ گھر جس میں غمی یا مصیبت ہوگئی ہو۔

**ماتم دار** (عف) اسم صفت فاعل ترکیبی ① سوگی ② سوگوار ③ ماتمی۔

**ماتم زدہ** (عف) اسم صفت مفعولی ① سوگوار ② سوگی ③ غمناک ④ رنجور۔

**ماتمی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی و فاعلی ① سوگی ② سوگ کرنے والا ③ ماتم کرنے والا ④ منسوب بہ ماتم۔

**ماتمی پوشاک/ لباس** (ا) اسم مذکر ① سیاہ یا نیلے کپڑے ② میلے کچیلے کپڑے جو ماتم کی حالت میں پہنے رہتے ہیں۔

**ماتھا** (ہ) اسم مذکر ① پیشانی ② مستک ③ سر کا اگلا حصہ ④ جہاز کا اگلا حصہ ⑤ ناؤ وغیرہ کا اگلا حصہ۔

**ماتھا پیٹنا** (ہ) فعل ① سر پیٹنا ② ماتم کرنا ③ پچھتانا ④ افسوس کرنا۔

**ماتھا پیٹی** (ہ) اسم مونث ① ماتمی عورت ② چپٹے اور بدنما ماتھے والی عورت۔

**ماتھا ٹکانا** (ہ) فعل ① سجدہ کرنا ② سلام کرنا ③ ڈنڈوت کرنا ④ سر جھکانا ⑤ آداب بجالانا۔

**ماتھا ٹھنکنا** (ہ) فعل۔ کسی کام کا برا انجام پہلے ہی سے معلوم ہو جانا۔

**ماتھا رگڑنا** (ہ) فعل ① پیشانی گھسنا ② خوشامد کرنا ③ ناک رگڑنا ④ نہایت عاجزی کرنا۔

**ماتھے جانا** (ہ) فعل ① الزام لگنا ② سر لگنا ③ تھپنا ④ تھوپا جانا۔

**ماتھے چاند ٹھوڑی تارا** (ہ) محاورہ ① نہایت خوبصورت ② یعنی پیشانی چاند کی طرح اور ٹھوڑی تارے کی طرح روشن ہے۔

**ماتھے مارنا** (ہ) فعل ① واپس کرنا ② لوٹانا ③ پھیرنا ④ سر سے مارنا۔

**ماتی** (ہ) اسم صفت و مونث ① ماتا کی تانیث ② مست ③ سرشار ④ متوالی ⑤ مخمور ⑥ مدہوش ⑦ نوجوان ⑧ نوعمر ⑨ بالغہ۔

**ماٹ** (ہ) اسم مذکر ① مٹکا ② خم ③ نیل کا حوض۔

**ماٹ کا ماٹ بگڑنا** (ہ) فعل ① تمام خاندان کا ایک ہی حال ہونا ② آوے کا آوا بگڑنا ③ سب کو داغ لگ جانا۔

**ماٹی** (ہ) اسم مونث ① مٹی ② خاک ③ دھول ④ گرد و غبار ⑤ زمین ⑥ دھرتی۔

**ماٹی میں رلنا** (ہ) فعل ① خاک میں ملنا ② گڑنا ③ دفن ہونا ④ برباد ہونا ⑤ تباہ ہونا۔

**ماجد** (ع) اسم مذکر فاعل ① بزرگی والا ② بزرگ ③ قابل عزت آدمی ④ بزرگوار۔

**ماجدہ** (ع) اسم مونث ① ماجد کی تانیث ② مخدومہ ③ بزرگ عورت ④ معظمہ۔

**ماجرا** (ع) اسم مونث ① لغوی جو چیز جاری ہوئی ② اصطلاحی گزشتہ بات ③ سرگزشت ④ سربیتی ⑤ احوال ⑥ واقعہ ⑦ سانحہ ⑧ حالت ⑨ حادثہ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03249077218

ماجو(ہ)اسم مذکر❶ صحیح لفظ مازو ہے❷ایک چرچرے اور کسیلے بیج کا نام ہے جودوا میں کام آتا ہے۔

ماجوج(ع)اسم مذکر❶ایک قوم کا نام ہے جو یافث ابن نوح علیہ السلام کی اولاد سے ہے❷ تاتاری لوگ❸ اجوج ماجوج۔

ماجور(ع)اسم صفت❶ اجر دیا گیا❷ ثواب دیا گیا۔

مالی/ مانجھی (ہ) اسم مونث❶ ملاح❷ کشتی چلانے والا❸ کشتی کھیلنے والا۔

ماتوڑ (ہ) اسم مذکر❶ سست❷ کاہل وجود❸ احدی جو چارپائی پر ہی پڑا رہے❹ راجپوت بہادر اور جوشیلے سپاہی❺ افیون کھانے کے سبب سست معلوم ہوں۔

ماخذ (ع) اسم مذکر ظرف❶ نکلنے کی جگہ❷ منبع❸ نکاس❹ جڑ❺ بنیاد❻ اصل❼ مول❽ مادہ❾ مبداء۔

ماخوذ(ع)اسم مفعول مفید صفت❶ گرفتار❷ پکڑا ہوا❸ لپٹا ہوا❹ بیچ میں آیا ہوا❺ لیا گیا❻ حاصل کیا گیا۔

مادام(ع) تابع فعل❶ جب تک❷ تاوقتیکہ❸ ہمیشہ❹ سدا❺ نت۔

مادام الحیات/ مادام العمر (ع) تابع فعل❶ تمام عمر❷ عمر بھر❸ تا بہ زندگی❹ ہمیشہ❺ نت۔

مادر(ف)اسم مونث❶ ماں❷ اماں❸ والدہ❹ ماتا❺ میا۔

مادر بخطا (فع) اسم مذکر❶ ایک سخت گالی ہے❷ حرامکار❸ کموت❹ حرامی۔

مادرخواہی کرنا(ا)فعل❶ ماں کی گالی دینا❷ برا بھلا کہنا❸ ماں بہن کرنا۔

مادرزاد(ف)اسم صفت بترکیب مفعولی❶ پیدائشی جسم کا❷ وہ بچہ جو اپنی ماں سے پیدا ہوا ہو۔

مادری/ مادرانہ (ف) اسم صفت❶ ماں سے منسوب❷ مادر❸ ماں کا❹ ماں کی۔

مادری زبان (ف) اسم مونث❶ ماں باپ کی زبان❷ خاندانی بولی❸ اپنی بولی❹ ذاتی بولی۔

مادہ (ف)اسم صفت❶ عورت❷ مادین❸ زن❹ نر کی ضد❺ استری❻ مونث❼ مذکر کی ضد۔

مادہ (ع) اسم مذکر❶ ہر چیز کی اصل❷ ہر شے کے بنانے کا مصالحہ❸ جوہر❹ گن❺ ہیولا❻ قابلیت❼ استعداد❽ بابت❾ بات۔

مادھو(س)اسم مذکر بواؤ مجہول۔ سری کرشن جی کا لقب۔

مادی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی❶ منسوب بہ مادہ❷ قدرتی❸ طبعی❹ اصلی❺ ذاتی۔

مادیات (ف)اسم مونث❶ مادیت کی جمع❷ مادی چیزیں❸ مخلوقات۔

مادیان (ف)اسم صفت❶ گھوڑی❷ گدھی۔

مادیت (ع)اسم مونث❶ جسمانیت❷ جسمیت❸ مادہ ہونا۔

مادین (ف)اسم مونث❶ مادہ❷ مونث❸ ہر حیوان اور پرندے کی مادہ۔

ماڈرن(ای)اسم صفت❶ جدید❷ طرز نو۔

ماڈل(ای)اسم مذکر❶ نمونہ❷ سانچہ۔

مار (ف) اسم مذکر❶ سانپ❷ ناگ❸ اژدہا❹ سرپ❺ تشبیہاً زلف❻ گیسو۔

مارگزیدہ (ف)اسم مذکر مفعول۔ سانپ کا ڈسا ہوا۔

مارگیر(ف)اسم مذکر فاعلی❶ سپیرا❷ سانپ پکڑنے والا۔

مارگیسو/ مارزلف (ف) اسم مونث باضافت تشبیہی❶ زلف کی ناگن❷ معشوق کی لٹ❸ پیچدار زلف۔

مار (ہ) اسم مونث❶ مارنا سے حاصل مصدر❷ ضرب❸ چوٹ❹ زدوکوب❺ صدمہ❻ دھکا❼ عذاب❽ دکھ❾ رنج۔

مار بھگانا (ہ)فعل❶ ہرا دینا❷ شکست دینا۔

مار بیٹھنا (ہ) فعل❶ مار لینا❷ چھین لینا❸ دبا لینا❹ غصب کر لینا❺ ٹھونک دینا❻ لکڑی سے پیٹ دینا۔

مار پڑنا (ہ) فعل❶ پٹنا❷ پیٹا جانا❸ زدوکوب ہونا❹ آفت آنا❺ خدا کا غضب ٹوٹنا❻ بددعا لگنا۔

مار پیٹ (ہ) اسم مونث❶ مارکٹائی❷ جوتی پیزار❸ لڑائی جھگڑا❹ زدوکوب۔

مار پیچھے سنوار(ہ) مثل❶ لڑائی کے بعد انتقام مشکل سے لیا جاتا ہے❷ کام بگڑنے اور خراب ہونے کے بعد صلح آشتی بیکار ہے۔

مار دھاڑ (ہ) اسم مونث❶ مار پیٹ❷ مار کٹائی❸ زدوکوب❹ لڑائی دنگا❺ جھڑک❻ ڈانٹ۔

مار دینا (ہ) فعل❶ مار بیٹھنا❷ ہاتھ چلا بیٹھنا❸ قتل کر دینا❹ ہلاک کر

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149097218

دینا⑤ جان نکال دینا۔

**مار ڈالنا** (ہ) فعل ① قتل کر ڈالنا ② ہلاک کر ڈالنا ③ تباہ کر دینا ④ برباد کر دینا ④ بیتاب کر دینا ⑤ بھڑکا دینا ⑥ ہنساتے ہنساتے لٹا دینا ⑦ فریفتہ کر لینا ⑧ عاشق بنا لینا۔

**مار رکھنا** (ہ) فعل ① غیر کے مال پر ناجائز قبضہ کر بیٹھنا ② تباہ و برباد کر دینا ③ عاشق بنا لینا ④ مردے جیسا کر دینا ⑤ کھیت رکھنا ⑥ کام تمام کر دینا۔

**مار سکنا** (ہ) فعل ① مارنے کے قابل ہونا ② مارنے کی طاقت اور قابلیت رکھنا۔

**مار سے بھوت بھاگتا ہے** (ہ) محاورہ ① مار پٹائی سب کو قابو کر لیتی ہے ② مار کے آگے بھوت بھی ساری سرکشی بھول جاتا ہے۔

**مار کٹائی** (ہ) اسم مونث ① مار دھاڑ ② مار پیٹ ③ مارنا کوٹنا ④ زدوکوب۔

**مار کھانا** (ہ) فعل ① پٹنا ② سزا پانا۔

**مار کے** (ہ) تابع فعل ① ضرب لگا کے ② چوٹ لگا کے ③ کثرت ظاہر کرنے کے لئے بھی آتا ہے جیسے لوٹ اتنی آئے مار کے ڈھیر لگ گئے۔

**مار لینا** (ہ) فعل ① کسی کا مال دبا لینا ② ناجائز قبضہ کر بیٹھنا ③ تباہ کرنا ④ لوٹ لینا۔

**مار مرنا** (ہ) فعل۔ دوسرے کو قتل کر کے خود بھی مر جانا۔

**مار مارنا** (ہ) فعل ① خوب پیٹنا ② زدوکوب کرنا۔

**مارا/میرا** (ہ) اسم مونث ① بارانی زمین جہاں صرف بارش کے پانی سے ہی پیداوار ہو ② بارانی علاقہ۔

**مارا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① مارا ہوا ② مقتول ③ قتل شدہ ④ ڈسا ہوا ⑤ مار گزیدہ ⑥ تباہ شدہ ⑦ دکھی ⑧ دکھیا ⑨ ستا ہوا۔

**مارا جانا** (ہ) فعل ① قتل ہونا ② جان سے جانا ③ ہلاک ہونا ④ ضائع ہونا ⑤ ڈوبنا ⑥ تلف ہونا ⑦ برباد ہونا۔

**مار امار** (ہ) اسم مونث ① زیادتی ② کثرت ③ افراط ④ بہتات ⑤ نہایت کوشش ⑥ جدوجہد ⑦ مار دھاڑ ⑧ ہلچل۔

**مارا مارا پھرنا**۔ (ا) محاورہ ① آوارہ پھرنا ② دربدر پھرنا ③ ٹھوکریں کھانا ④ بھٹکتے پھرنا۔

**مارا چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد خر رفت** (ف) مثل۔ ہمیں کیا غرض کون آیا کون گیا۔ اظہار بے تعلقی کے وقت بولا کرتے ہیں۔

**مارتا** (ہ) اسم مذکر مفعول ① مارتا ہوا ② پیٹتا ہوا (بحالت فاعل) مارنے والا ③ ضرب لگانے والا۔

**مارتوڑ** (ہ) اسم مذکر ① صحیح مارتول ② پتر لگالی ③ ہتوڑا ④ ہتوڑی ⑤ ٹھونکنے کا آلہ ⑥ ہوگرا ⑦ ہوگری۔

**مار مار کر بھرکس نکال دینا** (ہ) فعل ① خوب مارنا ② اچار کر دینا ③ کچومر نکال دینا۔

**مارنا** (ہ) فعل ① پیٹنا ② ضرب لگانا ③ زدوکوب کرنا ④ لوٹنا ⑤ تباہ و برباد کرنا ⑥ جڑنا ⑦ لگانا ⑧ وار کرنا ⑨ ہاتھ اٹھانا۔

**ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ** (ہ) مثل ① مار کہیں پڑے اور لگے کہیں ② جواب کچھ اور سوال کچھ۔

**مارٹ** (ای) اسم مذکر ① نیلام گھر ② تجارتی مرکز ③ منڈی۔

**مارجن** (ای) اسم مذکر ① حاشیہ ② آخری حد ③ کچھ زائد رقم جو کمی و بیشی پوری کرنے کے لیے لکھی جائے۔

**مارچ** (ای) اسم مذکر ① سنہ عیسوی کا تیسرا مہینہ ② کوچ ③ روانگی ④ باقاعدہ قدم اٹھانا۔

**مارچ پاسٹ** (ای) اسم مذکر۔ فوج کی سلامی۔

**مارشل** (ای) اسم مذکر ① جنگی ② عسکری ③ جنگ جو ④ بہادر۔

**مارشل لاء** (ای) اسم مذکر ① فوجی قانون ② جنگی قانون ③ فوجی حکمرانی۔

**مارفیا** (ای) اسم مذکر ① افیون کا ست۔

**مارک** (ای) اسم مذکر ① علامت ② نشان ③ داغ ④ امتحانی سوالات کے نمبر ⑤ معیار سے بلند۔

**مارکر** (ای) اسم صفت ① نشان لگانے والا ② نشان کرنے والا ③ کھوجی۔

**مارکسزم** (ای) اسم صفت ① مشہور اشتراکی مفکر کارل مارکس کا نظریہ ② عقیدہ اشتمالیت ③ مارکسی نظریات۔

**مارکسی** (ای) اسم مذکر ① کارل مارکس کے نظریات کا حامی ② اشتمالیت کے نظریہ کو درست سمجھنے والا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**مارکوئیس** (ای) اسم مذکر ① نواب ② ڈیوک سے درجے میں کم ایک انگریزی خطاب۔

**مارکیٹ** (ای) اسم مذکر ① بازار ② منڈی ③ بازار لگنے کا دن۔

**مارے** (ہ) حرف علت ① سبب ② باعث ③ واسطے ④ کارن ⑤ مارنا مصدر سے مضارع ⑥ پیٹے ⑦ ضرب لگائے ⑧ قتل کرے ⑨ جان لے۔

**مارے مارے پھرنا** (ہ) فعل ① دربدر پھرنا ② خدائی خوار پھرنا ③ دھکے کھاتے پھرنا۔

**مارے ہنسی کے لوٹ جانا** (ا) محاورہ۔ اس قدر ہنسی آنا کہ اس پر قابو پاتے ہوئے لوٹ پوٹ ہوجانا۔

**ماڑا** (ہ) اسم صفت ① کمزور ② بوڑھا ③ غریب ④ نکما ⑤ حقیر ⑥ کمینہ

**مازو** (ف) اسم مذکر ① ماجو ② ایک گول تخم کا نام ہے جو دوا میں کام آتا ہے۔

**ماس** (س) اسم مذکر ① مہینہ ② ماہ ③ چاند ④ چندرما ⑤ قمر ⑥ گوشت ⑦ لحم ⑧ شکار ⑨ سالن۔

**ماس آدھاری/ ماسادھاری** (ہ) اسم صفت ① گوشت خور ② گوشت پر ہی گزارہ کرنے والا۔

**ماس بنا سب گھاس رسوئی** (ہ) مثل ① بلا گوشت کھانے کا لطف نہیں ② گوشت بغیر سب کھانے ہیچ۔

**ماس سب کوئی کھاتا ہے ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا** (ہ) مثل۔ اچھی چیز کو ہر ایک چاہتا ہے۔ بری کو کوئی بھی پسند نہیں کرتا۔

**ماس نوچنا** (ہ) فعل ① بوٹیاں کاٹنا ② گوشت اتارنا۔

**ماسٹر** (ای) اسم مذکر ① مالک ② آقا ③ استاد ④ ماہر فن ⑤ کاریگر ⑥ بچہ۔

**ماسٹر پیس** (ا) اسم مذکر ① شاہکار ② کاریگری کا بہترین نمونہ ③ خیابان۔

**ماسی** (ہ) اسم مذکر ① خالہ ② ماں کی بہن ③ ماؤسی۔

**ماش** (س) اسم مذکر ① اڑد ② ایک لیسدار اناج جس کی دال بناتے ہیں۔

**ماشہ** (ف) اسم مذکر ① آٹھ رتی کا وزن ② تولے کا بارھواں حصہ۔

**ماشہ بھر** (ا) تابع فعل مفید صفت ① ذرا سا ② بہت قلیل مقدار ③ ایک ماشہ جتنا وزن ④ ذرا سا ⑤ تھوڑا سا ⑥ رتی بھر۔

**ماضی** (ع) اسم صفت ① گزشتہ ② گزرا ہوا ③ بیتا ہوا ④ فعل کی وہ صورت جس کا تعلق گزشتہ زمانہ سے ہو۔

**ماضی احتمالی/ شکیہ** (عف) اسم مونث۔ جس سے زمانہ گزشتہ میں فعل میں شک پایا جائے۔

**ماضی استمراری/ ناتمام** (عف) اسم مونث۔ جس سے گزشتہ زمانہ میں فعل کا تواتر سمجھا جائے۔

**ماضی بعید** (ع) اسم مونث۔ جس سے زیادہ گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے۔

**ماضی تمنائی/ شرطی** (ہ) سم مونث۔ وہ ماضی جس میں کلمہ تمنا یا شرط پائی جائے۔

**ماضی قریب** (ع) اسم مونث۔ جس سے قریب کا زمانہ گزشتہ سمجھا جائے۔

**ماضی مطلق** (ع) اسم مونث۔ وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانہ بلا قید مفہوم ہو۔

**ماکھن** (ہ) اسم مذکر ① مکھن ② مسکہ ③ کچا گھی ④ بن تایا گھی ⑤ ربڑی ⑥ نہایت گاڑھا دودھ۔

**ماکھو** (ہ) اسم مونث ① شہرت ② چرچا ③ افواہ (پنجاب) شہد کی مکھی۔

**ماکھو دوڑنا** (ہ) فعل ① شہرت پھیل جانا ② چرچا ہونا ③ افواہ ہونا۔

**ماکیان** (ف) اسم مونث ① مرغی ② خروس کی مادہ۔

**ماگھ** (س) اسم مذکر۔ ہندی سال کا گیارھواں مہینہ۔

**ماگھ ننگی بیساکھ بھوکی** (ہ) مثل ① ہمیشہ مفلس ② سدا محتاج۔

**مال** (ہ) اسم مونث ① چرخے کے تکلے کو چلانے والی ڈور ② رہٹ کی ٹنڈوں والی رسیاں ③ مشین کے چرخے چلانے والے چمڑے وغیرہ کے پٹے۔

**مآل** (ع) اسم مذکر ظرف ① جائے بازگشت ② لوٹنے کی جگہ ③ مرجع ④ اخیر ⑤ انجام ⑥ پھل نتیجہ۔

**مآل اندیش** (عف) اسم مونث فاعلی ① دور اندیش ② انجام بین ③ اخیر نتیجہ کی سوچ بچار کرنے والا۔

**مآل کار** (عف) تابع فعل ① انجام کار ② آخر کو ③ انت کو ④ آخرکار۔

**مال** (ای) اسم مذکر ① شہر کی بڑی سڑک ② ٹھنڈی سڑک ③ خیابان۔

**مال** (ع) اسم مذکر ① دھن ② دولت ③ پونجی ④ نقدی ⑤ مایہ ⑥ زور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

جواہر 7 اسباب 8 جائداد 9 جنس۔

مال اڑانا (ہ) فعل 1 روپیہ لٹانا 2 فضول خرچی کرنا 3 روپیہ خورد برد کرنا 4 نفیس اور عمدہ کھانے کھانا۔

مال المال (ء) اسم مذکر۔ علم حساب میں کسی عدد کی چوتھی طاقت کو کہتے ہیں۔ جیسے ۸۱

مال اموات (ء) اسم مذکر 1 (قانونی اصطلاح) لاوارث مال 2 وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔

مال برآمد (عف) اسم مذکر 1 (قانون) دساور کو بھیجا ہوا مال 2 بھرتی 3 سوداگری مال 4 چوری کا مال جو پایا گیا ہو 5 مال مسروقہ 6 بازیافتہ مسروقہ مال۔

مال تال (ا) اسم مذکر 1 روپیہ پیسہ 2 مال و دولت 3 مال متاع (مال تابع مہمل ہے)

مال چکھنا (ا) فعل 1 غیر کا مال کھا جانا 2 دوسرے کے مال پر مزے اڑانا 3 ترنوالے کھانا۔

مال چیرنا (ا) فعل 1 روپیہ کھا جانا 2 مال مارنا 3 چوری کرنا 4 غبن کرنا 5 ہاتھ مارنا۔

مال حرام (ء) اسم مذکر 1 ناجائز مال 2 چوری یا خیانت کا مال 3 مفت کا مال 4 ناجائز کمائی۔

مال حرام بود بجائے حرام رفت (ف) مثل 1 بری کمائی تھی بری ہی جگہ لگ گئی 2 بری کمائی یونہی اڑ جایا کرتی ہے۔

مال حصہ داری / مال شراکت (ا) اسم مونث 1 ساجھے کی پونجی 2 شراکت کا مال۔

مال خانہ (عف) اسم مذکر ظرف 1 گودام 2 ذخیرہ 3 کوٹھی 4 ریلوے سٹیشن کی وہ جگہ جہاں مال اسباب اتار کر رکھا جاتا ہے 5 خزانہ گنجینہ۔

مال دار (عف) اسم صفت فاعلی 1 امیر 2 دولتمند 3 دھنی 4 دھنوتا۔

مال زادہ (ا) اسم مذکر 1 حرامی 2 حرامزادہ 3 کسبی کا جنا 4 بھڑوا 5 قلتبان 6 ایک قسم کی نہایت سخت گالی 7 حرامزادی 8 دلالہ 9 نائکہ۔

مال سائر (ء) اسم مذکر۔ (قانون) مکان کے علاوہ دیگر محاصل جیسے چنگی، سڑک اور مدرسہ وغیرہ۔

مال ضامن (ء) اسم مذکر 1 نقدی کی ضمانت دینے والا 2 روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار۔

مال ضبطی (ء) اسم مذکر 1 قرق کیا ہوا مال 2 سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہوا مال۔

مال طیب (ء) اسم مذکر 1 پاک مال 2 نیک کمائی کا مال 3 حلال مال 4 طنزاً بری کمائی 5 مال حرام۔

مال عرب پیش عرب (عف) مثل۔ اپنی چیز اپنے سامنے خوب رہتی ہے۔

مال غنیمت (عف) اسم مذکر 1 لوٹ 2 لوٹ کا مال 3 لڑائی میں ہاتھ لگا ہوا 4 دشمن کا مال۔

مال غیر منقولہ (ء) اسم مذکر۔ وہ مال جو اٹھا کر نہ لے جایا جا سکے۔ جیسے مکان زمین وغیرہ۔

ما مال گزار (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی 1 معاملہ دینے والا 2 خراج دینے والا 3 گاؤں کا چودھری 4 نمبردار 5 پتی دار۔

مالگزاری (عف) اسم مونث 1 زمین کا لگان 2 زمین کا سرکاری محصول۔

مال لاوارث (ء) اسم مذکر 1 جس کا کوئی والی وارث نہ ہو 2 مال خالصہ۔

مال لٹے سرکار کا مرزا کھیلے پھاگ (ا) مثل 1 دوسروں کے مال پر عیش اڑانا 2 پرائے مال پر عیش۔

مال مارنا (ا) فعل 1 غبن کرنا 2 فریب سے مال لینا 3 ٹھگنا 4 چوری کرنا۔

مال مارو (ا) اسم مذکر فاعل مفید صفت 1 مال غبن کرنے والا 2 خیانت کرنے والا 3 خرد برد کرنے والا 4 خائن 5 غاصب۔

مال محمولہ (ء) اسم مذکر 1 ناؤ یا جہاز یا گاڑی پر لدا ہوا مال 2 کھیپ 3 باردانہ 4 بھرتی 5 بار جہاز۔

مال مست (عف) اسم صفت بترکیب فاعلی 1 دولت پر گھمنڈ کرنے والا 2 دولت کے نشہ میں چور 3 مال پر مغرور۔

مال مفت (ا) اسم مذکر 1 بلا محنت و مشقت ہاتھ لگا ہوا مال 2 بلا خرچ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

حاصل شدہ مال۔

**مال مفت دل بے رحم** (ا) مثل۔ مفت کی چیز کی قدر نہیں ہوتی خواہ کیسی ہی قیمتی کیوں نہ ہو۔

**مال منقولہ** (ع) اسم مذکر (قانون) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکنے والا مال۔ جیسے روپیہ پیسہ گھوڑا وغیرہ۔

**مال وقف** (ع) اسم مذکر (1) خدا کی راہ پر عام استعمال کے لئے چھوڑا ہوا مال جیسے مسجد وغیرہ۔

**مالا** (ہ) اسم مذکر و مونث (1) تسبیح (2) سمرن (3) قطار (4) ہار (5) گجرا (6) پھولوں یا موتیوں وغیرہ کی پروئی ہوئی لڑی (7) سلک (8) ایک درخت کا نام بھی ہے۔



مالا

**مالا پھیرنا/ جپنا** (ہ) فعل (1) سمرن جپنا (2) تسبیح پڑھنا۔

**مالا مال** (ع) اسم صفت بالف اتصال (1) کثرت سے (2) کثیر (3) وافر (4) بہت (5) ات گت (6) پُر (7) لبریز (8) بھرا ہوا۔

**مالا مال کر دینا** (ا) فعل (1) امیر بنا دینا (2) دولتمند کر دینا (3) دولت سے بھر دینا۔

**مالٹ** (ای) اسم مذکر (1) شیرہ (2) شراب کی تیاری کے لیے کٹے ہوئے جو یا کوئی اور اناج۔

**مالٹا** (ا) اسم مذکر (1) سنگترے سے ملتا جلتا ایک مشہور پھل جو شیریں اور ترش ہوتا ہے۔

**مالسری** (ہ) اسم مونث۔ سری راگ کی پانچویں راگنی کا نام ہے جو دوپہر کو گائی جاتی ہے۔

**مالش** (ف) اسم مونث مالیدن سے حاصل مصدر (1) ملنا (2) رگڑنا (3) جی کا متلانا (4) متلی (5) جی کچا ہونا (6) پالش (7) صیقل (8) جلا (9) کھریرا کرنا۔

**مالک** (ع) اسم مذکر فاعل (1) آقا (2) صاحب خداوند (3) خدا تعالےٰ۔ ایشور (4) پرماتما (5) رب (6) کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا (7) والی (8) خصم (9) شوہر۔

**مالک الملک** (ع) اسم مذکر (1) ملک کا مالک (2) بادشاہ (3) شہنشاہ (4) خدا تعالےٰ۔

**مالک مکان** (ع) اسم مذکر (1) گھر والا (2) صاحب خانہ (3) مکاندار۔

**مالکانہ** (عف) اسم مذکر (1) زمینداری کا حق (2) زمین کے مالک ہونے کا حق (3) حق زمینداری (4) مالک کے طور پر۔

**مالکوس** (ہ) اسم مذکر۔ ایک مشہور راگ کا نام ہے۔

**مالکی** (ع) اسم مونث بیائے نسبتی۔ مفید صفت۔ امام مالک کا پیرو۔

**مالن** (ہ) اسم مونث (1) مالی کی بیوی (2) مالی قوم کی عورت (3) پھول بیچنے والی (4) کاچھن۔

**مالوف** (ع) اسم صفت مفعولی (1) الفت (2) پیارا (3) عزیز (4) انیس (5) خوگر (6) خوگرفتہ (7) عادی۔

**مالی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی (1) منسوب بہ مال (2) روپیہ پیسہ کے متعلق۔

**مالی کام** (ا) اسم مذکر (1) زمین کے متعلق کام کاج (2) مالی کاروبار (3) بندوبست کا کام (4) معاملات مالی (5) محکمہ مال کے متعلق کاروبار۔

**مالی** (ہ) اسم مذکر (1) باغبان (2) پیوند لگانے والا (3) چمن اور باغ کو درست رکھنے والا (4) ایک قوم کا نام جس کا کام کھیتی باڑی کرنا ہے۔

**مالیت** (ع) اسم مونث (1) جمع پونجی (2) سرمایہ (3) دولت (4) دھن (5) در (6) مول (7) قیمت (8) قدر و منزلت۔

**مالیخولیا** (ف) اسم صفت (1) دماغ (2) ایک قسم کا جنون (3) خفقان (4) وحشت (5) پاگل پن۔

**مالیدہ** (ف) اسم صفت مفعولی (1) ملا ہوا (2) چوری (3) چورما (4) ایک قسم کا نہایت نرم کیا ہوا پشمینہ۔

**مام** (ہ) اسم مذکر (1) طاقت (2) مقدور (3) قدرت (4) حوصلہ (5) بل بوتا (6) ماں (7) مادر۔

**ماما** (ف) اسم مونث (1) مادر (2) والدہ (3) بڑھیا عورت (4) باورچن (5) خادمہ (6) ملازمہ (7) دائی (8) گھر کا کام کاج کرنے والی (9) کنیز۔

**ماما اصیل** (ا) اسم مونث (1) لونڈی (2) باندی (3) کنیز و پرستار (4) چیلی۔

**ماما چترڑیاں** (ا) اسم مونث (1) ماما کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں (2) مفت کی روٹیاں (3) بلا محنت و مشقت ہاتھ آیا ہوا کھانا۔

**ماما گری** (ا) اسم مونث بیائے مصدری (1) ماما کا کام (2) روٹی پکانے کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149...7218

خدمت ③ کھانا پکانے کی نوکری۔

**مامتا** (ہ) اسم مونث ① محبت ② پیار ③ الفت ④ مادرانہ شفقت ⑤ مہر مادری۔

**مامن** (ع) اسم مذکر ظرف از امن ① امن کی جگہ ② آرام کی جگہ ③ ٹھکانا ④ جائے پناہ۔

**مامو/ ماموں** (ہ) اسم مذکر ① ماں کا بھائی ② خاں ③ سانپ ④ ناگ ⑤ سرپ ⑥ مار۔

**مامور** (ع) اسم صفت مفعولی ① امر کیا گیا ② اجازت دیا گیا ③ مقرر کیا ہوا ④ متعین کیا گیا۔

**مامور کرنا** (ا) فعل ① مقرر کرنا ② کوئی کام سپرد کرنا ③ متعین کرنا ④ دفتر میں نام چڑھانا ⑤ ملازموں کی فہرست میں داخل کرنا۔

**مامون** (ع) اسم صفت، مذکر ① محفوظ ② بے خوف ③ عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے بیٹے کا نام۔

**مامی** (ہ) اسم مونث ① ماموں کی بیوی ② ممانی۔

**مان** (ف) اسم مذکر ① گھر ② خانہ ③ مکان ④ گھر کا اسباب ⑤ اثاثہ۔

**مان جانا/ مان لینا** (ہ) فعل ① منظور کر لینا ② تسلیم کر لینا ③ راضی ہو جانا ④ اجازت دے دینا ⑤ اقرار کر لینا ⑥ کامل یا استاد فن سمجھ لینا ⑦ قائل ہو جانا۔

**مان نہ مان میں تیرا مہمان** (ا) مثل ① خواہ مخواہ کسی معاملہ میں دخل دینے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں ② مانو خواہ نہ مانو ہم زبردستی یہ کام کریں گے۔

**مان** (س) اسم مذکر ① پت ② عزت ③ قدر ④ آدر ⑤ آؤ بھگت ⑥ خاطر تواضع ⑦ گھمنڈ ⑧ غرور ⑨ تکبر۔

**مان بھری** (ا) اسم صفت مفعولی ① مشتاق ② خواہشمند ③ آرزومند ④ مغرور ⑤ مزاجدار ⑥ متکبر۔

**مان کی کھانا** (ا) فعل ① غرور ٹوٹ جانا ② گھمنڈ نکل جانا ③ تکبر یا نخوت نہ رہنا۔

**مان رکھنا** (ہ) فعل ① پت رکھنا ② عزت رکھنا ③ آدر کرنا ④ تعظیم کرنا ⑤ آؤ بھگت کرنا ⑥ تمنا پوری کرنا ⑦ مراد بر لانا ⑧ بات ماننا ⑨ حکم بجا لانا۔

**مان رہنا** (ہ) فعل ① عزت رہنا ② پت رہنا ③ بات بنی رہنا ④ حرمت قائم رہنا ⑤ زیر سایہ رہنا ⑥ تابع فرمان رہنا ⑦ ادھین رہنا۔

**مان کرنا** (ہ) فعل ① آؤ بھگت کرنا ② خاطر تواضع کرنا ③ غرور کرنا ④ تکبر کرنا ⑤ اترانا ⑥ مزاج کرنا ⑦ کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنا۔

**مان گمان** (ہ) اسم مذکر ① غرور و تکبر ② گھمنڈ ③ تمکنت ④ کبر و ناز۔

**مان گون** (ہ) اسم مذکر ① ارمان ② آدر ③ ناز برداری ④ عزت ⑤ قدر منزلت ⑥ ناز و نیاز ⑦ ادب ⑧ تعظیم۔

**مان مر جانا** (ہ) فعل ① دل مر جانا ② جی بجھ جانا ③ تکبر نہ رہنا ④ گھمنڈ جاتا رہنا ⑤ امنگ نہ رہنا ⑥ لاچار ہو جانا ⑦ عاجز ہو جانا۔

**مانا** (ہ) صیغہ ماضی ① قبول کیا ② تسلیم کیا ③ عرض کیا ④ جان لیا۔

**مانا کہ** (ہ) تابع فعل ① فرض کیا کہ ② مان لیا کہ ③ تسلیم کیا کہ ④ بالفرض۔

**مانتا** (ہ) اسم مونث ① منت ② اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا ③ یقین ④ اعتقاد ⑤ عقیدہ ⑥ نیت ⑦ عہد ⑧ قدر دانی ⑨ آؤ بھگت۔

**مانج** (ہ) اسم مونث ① دلدلی زمین ② ترائی ③ کچھار ④ دریا سے برآمد شدہ زمین۔

**مانجنا** (ہ) فعل ① برتن صاف کرنا ② اجالنا ③ جلا کرنا ④ صیقل کرنا ⑤ ڈور یا دھاگے کو کپڑے سے صاف کرنا۔

**مانجھ** (ہ) اسم مونث ① ایک راگنی کا نام ہے ② بیچوں بیچ ③ وسط ④ عین ⑤ درمیانی جگہ۔

**مانجھ دھار** (ہ) اسم مونث ① دریا یا ندی کے گہرے پانی کی دھار ② دریا کا عین وسط ③ منجدھار۔

**مانجھا** (ہ) اسم مذکر ① ڈور کی تیزی اور رکاوٹ پیدا کرنے کا کلف دار مصالحہ ② (پنجاب) پلنگ ③ کاٹ ④ چارپائی ⑤ امرت سر ⑥ دودھ اور گھی دولھا کی طرف سے شادی سے پہلے کی ضیافت۔

**مانجھی** (ہ) اسم مذکر ① کشتی چلانے والا ② ملاح۔

**ماند** (ہ) اسم مونث ① گوبر کا ڈھیر ② جما ہوا گوبر جسے اپلوں کی طرح جلاتے ہیں ③ غار ④ بھٹ ⑤ کھوہ ⑥ بے روپ ⑦ بے رونق ⑧ ناصاف ⑨ پھیکا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03440772218

www.besturdubooks.net

**ماند پڑ جانا** (ہ) فعل ① مدھم ہو جانا ② چمک نہ رہنا ③ پھیکا پڑ جانا ④ رنگ اتر جانا۔

**ماندا** (ا) اسم مذکر ① بیمار ② مریض ③ روگی ④ علیل۔

**ماندگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سستی ② تھکان ③ بیماری ④ ناسازی ⑤ روگ ⑥ آزار۔

**ماندہ** (ف) اسم صفت مفعولی ① تھکا ہوا ② ہارا ہوا ③ بچا ہوا ④ رہا ہوا ⑤ باقی بچا ہوا ⑥ بیمار ⑦ علیل ⑧ روگی۔

**مانڈ** (ہ) اسم مذکر ① پیچ ② ابلے ہوئے چاولوں کا پانی ③ مانڈی ④ کانجی ⑤ کلف ⑥ اہار ⑦ ماوا۔

**مانڈا** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی پتلی بڑی روٹی پوری ② لچی ③ آنکھ کی پتلی پر کا سفید جالا۔

**مانڈی** (ہ) اسم مونث ① ماوا ② پیچ ③ کلف ④ اہار۔

**مانس** (ہ) اسم مذکر ① آدمی ② انسان ③ منش ④ منکھ ⑤ بشر۔

**مان سون** (ای) اسم مونث ① موسمی ہوائیں جو گرمیوں میں بحر ہند سے جنوب مغرب کی سمت چلتی ہیں اور بارش لاتی ہیں ② برسات کا موسم۔

**مانع** (ع) اسم مذکر فاعل ① منع کرنے والا ② ہٹانے والا ③ روکنے والا ④ باز رکھنے والا ⑤ سدراہ۔

**مانع ہونا** (ا) فعل ① ہٹانا ② معترض ہونا۔

**مانک** (س) اسم مذکر ① رتن ② جوہر ③ گوہر ④ منی۔

**مانگ** (ہ) اسم مونث ① سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر ② منگیتر ③ کنواری لڑکی جس کی منگنی ہو گئی ہو ④ شوہر ⑤ خاوند ⑥ پتی ⑦ خصم ⑧ مانگنا سے صیغہ امر حاضر۔

**مانگ اجڑنا** (ہ) فعل ① بیوہ ہونا ② بدوا ہونا ③ رانڈ ہونا۔

**مانگ بھرنا** (ہ) فعل ① مانگ میں موتی یا سندور بھرنا جو اکثر بیاہ شادی کے موقع پر بھرتے ہیں ② بیاہ دینا ③ شادی کر دینا۔

**مانگ بھری** (ہ) اسم مونث بترکیب مفعولی ① شادی شدہ ② سہاگن ③ خاوند والی ④ پیاری ⑤ عزیزہ ⑥ بیوی ⑦ جورو۔

**مانگ پٹی** (ہ) اسم مونث ① کنگھی چوٹی ② بالوں کی درستی۔

**مانگ پٹی میں لگا رہنا** (ہ) فعل ① بناؤ سنگار میں مصروف رہنا ② کنگھی چوٹی میں مشغول رہنا۔

**مانگ جلی** (ہ) اسم مونث مفعولی ① رانڈ ② بیوہ ③ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو۔

**مانگ چرنا** (ہ) فعل ① کنوارپن دور ہونا ② ازالہ بکر ہونا ③ چیرا ٹوٹنا۔

**مانگ سنوارنا** (ہ) فعل ① کنگھی چوٹی کرنا ② بالوں کو درست کرنا۔

**مانگ سے ٹھنڈی رہے** (ہ) دعائیہ فقرہ ① خاوند جیتا رہے ② سہاگ بنا رہے ③ سہاگن رہے۔

**مانگ کھلنا** (ہ) فعل ① بیاہی ہوئی عورت کا مر جانا ② منگیتر لڑکی یا لڑکے کے مر جانے سے رشتہ نہ رہنا۔

**مانگ نکالنا** (ہ) فعل ① پٹیوں کے بیچ میں سیدھی لکیر نکالنا ③ بالوں کے درمیان لکیر بنانا۔

**مانگ** (ہ) اسم مونث ① حاجت ② طلب ③ خواہش ④ چاہت ⑤ چاہ ⑥ گاہکی ⑦ خریداری ⑧ (بصیغہ امر) طلب کر ⑨ چاہ۔

**مانگ تانگ کر کام چلانا** (ہ) فعل ① ادھر ادھر سے مانگ کر گزارہ کرنا ② قرض دام لے کر اپنا کام نکالنا۔

**مانگ تانگ کر کھانا** (ہ) فعل ① بھیک مانگ کر کھانا ② گدائی کر کے گزارہ کرنا۔

**مانگ لینا** (ہ) فعل ① ادھار لے لینا ② مستعار لینا۔

**مانگا** (ہ) اسم صفت بترکیب مفعولی ① مانگا ہوا ② مستعار لیا ہوا ③ عاریتاً لیا ہوا ④ خواستہ۔

**مانگا تانگا** (ہ) اسم صفت (اس میں تانگا تابع مہمل ہے) قرض لیا ہوا ① مستعار لیا ہوا ② ادھار لیا ہوا ③ عاریتاً لیا ہوا۔

**مانگنا** (ہ) فعل ① طلب کرنا ② چاہنا ③ درخواست کرنا ④ سگائی چاہنا ⑤ تقاضا کرنا ⑥ التجا یا دعا کرنا۔

**مانگے** (ہ) اسم صفت مفعولی ① مستعار ② قرض۔

**مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات / مانگے پر تانگا مرے نیوتا چھا تانگا** (ہ) مثل۔ جب کوئی آدمی کوئی چیز کسی شخص سے مانگ کر لایا ہو اور دوسرا آدمی وہی چیز اس سے لے کر اپنا کام نکالنا چاہے اس وقت یہ مثل بولا کرتے ہیں یعنی میں تو خود ہی مانگ تانگ کر لایا ہوں تم مجھ سے مانگتے ہو۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**مانگے دینا** (ہ) فعل ① ادھار دینا ② مستعار دینا ③ عاریتاً دینا ④ تھوڑی دیر کے لئے دینا۔

**مانگے تانگے** (ہ) تابع فعل ① مانگ کر ② مستعار لے کر ③ گدائی کر کے ④ بھیک مانگ کر۔

**مانگے تانگے ٹکڑے اور گلیوں میں ڈکار** (ہ) مثل۔ بھیک مانگ کر گزارہ کرنے والے اور اس پر شیخی دکھانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

**مانمت** (ہ) اسم مونث ① شور وغل ② چیخم دھاڑ ③ دھوم ④ ہنگامہ کرنا ⑤ دھوم مچانا ⑥ ہنگامہ برپا کرنا۔

**ماننا** (ہ) فعل ① منظور کرنا ② تسلیم کرنا ③ قبول کرنا ④ فرض کرنا ⑤ قیاس کرنا ⑥ ٹھیرانا ⑦ اثر قبول کرنا ⑧ کسی کے ہنر یا کمال کا معترف ہونا ⑨ کمالیت کا اقرار کرنا۔

**مانند** (ف) حرف تشبیہ ① مثل ② نظیر ③ جیسا ④ مشابہ ⑤ جوں ⑥ مطابق ⑦ بعینہ۔

**مانو** (ہ) حرف تشبیہ ① گویا ② جیسا ③ مثلاً ④ (صیغہ امر جمع از ماننا) تسلیم کرو ⑤ جانو ⑥ فرض کرو ⑦ قبول کرو ⑧ عمل کرو ⑨ منظور کرو۔

**مانوس** (ع) اسم صفت مفعولی از انس ① ہلا ہوا ② خوگر ③ خوکردہ ④ انس گرفتہ ⑤ مالوف ⑥ مائل ⑦ راغب ⑧ ہلا ملا ⑨ شیر وشکر۔

**مانی** (ف) اسم مذکر۔ ایک رومی مصور کا نام ہے جس نے نبوت کا دعوے کیا تھا کتاب ارژنگ اسی کی تصنیف ہے۔

**مانی** (ا) اسم مونث ① بچہ کو پالنے والی عورت ② دایہ ③ آیا ④ بچے کی خادمہ۔

**مانی** (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① مان والا ② مغرور ③ متکبر ④ گھمنڈی۔

**مانی** (ہ) اسم مونث۔ چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے جس سے چکی کا اوپر کا پاٹ بآسانی پھرتا ہے۔

**مانیٹر** (ای) اسم مذکر۔ مدرسہ یا مکتب کا خلیفہ کپتان۔

**مائیوں بٹھانا** (ہ) فعل ① مانجھے بٹھانا ② شادی سے چند دن پہلے دولھا دولھن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں بٹھانا۔

**ماوا** (ع) اسم مذکر ① جائے پناہ ② ٹھکانا ③ گھر لوٹنے کی جگہ۔

**ماوی** (ہ) اسم مذکر ① جوہر ② اصل ③ مائع ④ بھنا ہوا دودھ ⑤ کھویا ⑥ مانڈی ⑦ کلف ⑧ کانجی ⑨ اہار۔

**ماوا نکالنا** (ہ) فعل ① مار مار کے نشاستہ نکالنا ② مار مار کے کچومر نکالنا ③ خوب پیٹنا۔

**ماوس** (ہ) اسم مونث ① چاند کی تبدیلی ② نیا چاند ③ اندھیرے پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔

**ماؤسا** (ہ) اسم مذکر ① موسا ② خالو ③ ماں کی بہن کا خاوند ④ ماسٹر۔

**ماہ** (ف) اسم مذکر ① چاند ② چندرما ③ قمر ④ مہینہ ⑤ ماس۔

**ماہ پارہ** (ف) اسم صفت ① چاند کا ٹکڑا ② نہایت خوبصورت ③ حسین و جمیل۔

**ماہ جبین/ ماہ رو/ ماہ لقا** (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① چاند سی شکل والا ② نہایت حسین ③ چندر مکھی ④ معشوق ⑤ من موہن۔

**ماہ کامل** (فع) اسم مذکر ① پورا چاند ② ماہِ تمام ③ چودھویں رات کا چاند۔

**ماہ کنعان** (فع) اسم مذکر۔ حضرت یوسف علیہ السلام سے مراد ہے۔

**ماہتاب** (ف) اسم مذکر ① چاند کی روشنی ② چاندنی ③ نور ماہ ④ مجازاً چاند ⑤ قمر ⑥ چندرما۔

**ماہتابی** (ف) اسم مونث ① ایک قسم کا تربوز ② چکوترا ③ ایک قسم کا کپڑا ④ ایک قسم کی آتشبازی ⑤ بیائے نسبتی وہ چیز جس تک چاند کی روشنی پہنچی ہو۔

**ماہر** (ہ) اسم مذکر ① زہر ② بس ③ ہلاہل ④ سم۔

**ماہر** (ع) اسم صفت ① مہارت ② واقف ③ تجربہ کار ④ کامل فن ⑤ استاد ⑥ مشاق۔

**ماہوار** (ف) تابع فعل ① ہر مہینے ② مہینے کے مہینے ③ ماہ بماہ ④ فی ماہ ⑤ مشاہرہ ⑥ تنخواہ۔

**ماہواری** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① مہینے کا ② پورے مہینے کا۔

**ماہوت** (ف) اسم مونث ① بانات ② بنات ③ ایک ملائم اونی کپڑا۔

**ماہی** (ف) اسم مونث ① مچھلی ② حوت ③ ایک آسمانی برج کا نام بھی ہے۔


ماہی

**ماہی پشت** (ف) اسم صفت ① گنبد نما ② قبہ دار ③ ابھرواں ④ مچھلی کی

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

پیٹھ سے مشابہ (5) ایک قسم کا کارچوب۔

**ماہی فروش** (ف) اسم مذکر فاعلی (1) مچھلی بیچنے والا (2) مچھیرا۔

**ماہی گیر** (ف) اسم مذکر فاعلی (1) مچھلی پکڑنے والا (2) مچھیرا (3) ماچھی۔

**ماہی مراتب** (ف) اسم مذکر۔ وہ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے۔

**ماہیانہ** (ف) اسم مذکر (1) مشاہرہ (2) تنخواہ (3) مہینے کا (4) ماہواری۔

**ماہیت** (ع) اسم مونث (1) کیفیت (2) چگونگی (3) حقیقت (4) اصل (5) مادہ (6) جوہر (7) ہیولا (8) حقیقت حال۔

**مائی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی (1) منسوب بہ ماء (2) آبی (3) پانی کا (4) پانی سے نسبت رکھنے والا۔

**مائی** (ہ) اسم مونث (1) ماں (2) اماں (3) والدہ (4) ماتا (5) بڑھیا (6) بڑی بی (7) ضعیفہ۔

**مائی باپ** (ہ) اسم مذکر (1) ماتا پتا (2) والدین (3) سردار (4) ان داتا (5) خداوند نعمت (6) ولی نعمت۔

**مائی کا پوت/ مائی کا لال** (ہ) اسم مذکر (1) ماں کا لاڈلا (2) ناز کا پلا ہوا (3) مجازاً بہادر (4) سورما (5) سوربیر۔

**مایا** (س) اسم مونث (1) خدا کی قدرت (2) ایشور کی شکتی (3) نیچر (4) فطرت (5) کرپا (6) رحم (7) دیا (8) پیار (9) محبت۔

**مایا تیرے تین نام پرسا پرسو پرسرام** (ہ) مثل۔ عزت اور ناموری سب کچھ دولت کی ہے۔

**مائع** (ع) اسم مونث فاعلی (1) پتلی چیز (2) رقیق شے جیسے پانی وغیرہ۔

**مایحتاج** (ع) اسم مونث (1) ضروریات (2) وہ چیزیں جن کی آدمی کو حاجت پڑے۔

**مایقرا** (ع) اسم مذکر (1) ایسی تحریر جسے آدمی پڑھ سکے (2) خوشخط تحریر (3) پڑھنے کے قابل۔

**مائل** (ع) اسم صفت فاعلی از میل (1) راغب (2) رغبت رکھنے والا (3) شایق (4) میلان رکھنے ولا (5) خمیدہ (6) جھکا ہوا (7) ڈھلوان (8) تھوڑا سا۔

**مائل کرنا** (ا) فعل (1) متوجہ کرنا (2) آمادہ کرنا (3) جھکانا (4) خمیدہ کرنا (5) رجوع کرنا۔

**مائیک** (ا) اسم مذکر۔ مائیکروفون۔

**مائیکروسکوپ** (ا) مذکر (1) خردبین (2) وہ آلہ جس کی مدد سے وہ چھوٹی سے چھوٹی چیزیں بھی دیکھی جا سکتی ہیں جو عام طور پر نظر نہیں آتیں۔

**مائیکروفون** (ا) اسم مذکر (1) وہ آلہ جو آواز کو بلند کرتا ہے (2) آلہ مکبرالصوت۔

**مائنس** (ا) اسم مونث (1) منفی کا نشان (2) منفی (3) کمی۔

**مایوس** (ع) اسم صفت (1) ناامید (2) ناکام (3) بے آس (4) نامراد (5) دل شکستہ۔

**مایوسی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری (1) ناامیدی (2) ناکامی (3) نامرادی (4) شکستہ دلی۔

**مایہ** (ف) اسم مونث (1) پونجی (2) سرمایہ (3) اصل (4) راس المال (5) مادہ (6) ہیولا (7) مجازاً دستگاہ (8) سامان (9) مال و دولت۔

**مایہ دار** (ف) اسم صفت فاعلی ترکیب (1) دولتمند (2) دھنی (3) دھنونت۔

## م ← ب

**مباح** (ع) اسم صفت (1) جائز (2) حلال (3) روا (4) درست (5) شریعت کے مطابق۔

**مباح رکھنا** (ا) فعل (1) جائز قرار دینا (2) حلال سمجھنا (3) درست جاننا۔

**مباحثہ** (ع) اسم مذکر (1) باہم بحث (2) تکرار (3) رد و بدل (4) مناظرہ (5) سوال و جواب۔

**مباحثہ کرنا** (ا) فعل (1) مناظرہ کرنا (2) بحث کرنا۔

**مبادا** (ف) کلمہ دعائیہ (1) فعل نہی دعائیہ (2) خدا نہ کرے (3) خدانخواستہ (4) ایسا نہ ہو۔

**مبادرت** (ع) اسم مونث (1) شتابی (2) جلدی (3) تیزی (4) سرعت (5) جرات (6) دلیری (7) چالاکی (8) چستی (9) پیشی۔

**مبادلہ** (ع) اسم مذکر (1) اشیاء وغیرہ کا باہمی تبادلہ کرنا (2) ادل بدل۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

مبادلہ کرنا (ا) فعل ① بدلہ کرنا ② تبادلہ کرنا ③ بدلنا ④ ایک ملک کے سکہ سے دوسرے ملک کا سکہ بدلنا۔

مبادی (ء) اسم مونث ① بنیاد ② اصل ③ ابتدا ④ آغاز ⑤ شروع ⑥ مبداء۔

مبارز (ء) اسم صفت ① مقابلہ پر آنے والا ② سپاہی ③ جنگجو ④ بہادر ⑤ دل چلا ⑥ سور بیر لڑکا۔

مبارک (ء) اسم صفت ① برکت دیا گیا ② باعث برکت ③ موافق ④ بابرکت ⑤ خوش نصیب ⑥ بھاگوان ⑦ نیک ⑧ سعید ⑨ سعد۔

مبارکباد (عف) دعائیہ ① نیک ہو ② خدا برکت دے (بحالت اسم مونث) خوشخبری ③ مژدہ ④ بدھاوا ⑤ بدھائی ⑥ شیر باد ⑦ دعائے خیر۔

مبارکباد دینا (ا) فعل ① بدھائی دینا ② شادی کی تہنیت کرنا۔

مبارکبادی (ا) اسم مونث ① شادیانہ ② مبارکی ③ بدھائی ④ مژدہ ⑤ خوشخبری ⑥ تہنیت۔

مبارکبادی گانا (ا) فعل ① شادی کے گیت گانا ② بدھائی گانا ③ شادیانے گانا۔

مبارک سلامت (ء) اسم مونث آپس میں ایک دوسرے کو شادی یا خوشی کی مبارک باد دینا۔

مبارکی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① برکت ② بدھائی ③ مبارکبادی ④ نیکی ⑤ سبھ ⑥ دعائے خیر۔

مباشرت (ء) اسم مونث ① صحبت ② صحبت داری ③ جماع ④ بھوگ ⑤ بلاس ⑥ مجامعت ⑦ ہمبستری ⑧ ہمخوابی ⑨ رنگ رلیاں۔

مبالغہ (ء) اسم مذکر ① کسی کام میں سخت کوشش کرنا ② بڑھا کر بات کہنا ③ زیادہ گوئی ④ تل کا پہاڑ بنانا ⑤ کسی بات کو بہت طوالت دے کر بیان کرنا۔

مبالغہ کرنا (ا) فعل ① زیادہ گوئی کرنا ② بڑھا کر بیان کرنا ③ اصل کے خلاف کہنا ④ حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کرنا۔

مباہات (ء) اسم مونث ① بڑائی ② شیخی ③ لاف ④ فخر۔

مبتدا (ء) اسم مونث ① شروع ② آغاز ③ پہل ④ اول ⑤ ابتدا ⑥ علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جزو۔

مبتدا و خبر (ء) اسم مونث ① ابتدا و انتہا ② شروع و اخیر ③ اول و آخر ④ اسم اور اس کی خبر ⑤ مسندالیہ اور مسند۔

مبتدی (ء) اسم مذکر فاعل ① شروع کرنے والا ② ابجد خواں ③ سیکھتر ④ نوآموز۔

مبتذل (ء) اسم صفت ① رسوا ② حقیر ③ ذلیل ④ خوار ⑤ سفلہ ⑥ کمینہ ⑦ بدنام ⑧ بےقدر۔

مبتلا (ء) اسم صفت مفعولی ① گرفتار ② پھنسا ہوا ③ الجھا ہوا ④ پکڑا ہوا ⑤ کسی بلا میں پڑا ہوا ⑥ گھرا ہوا ⑦ اٹکا ہوا ⑧ دل آیا ہوا ⑨ عاشق فریفتہ۔

مبتلائے آفت/ بلا (ف) اسم صفت ① مصیبت میں پھنسا ہوا ② آفت میں گرفتار ③ مصیبت زدہ۔

مبتلا ہونا (ا) فعل ① گرفتار ہونا ② پھنسنا ③ اٹکنا ④ عاشق ہونا ⑤ فریفتہ ہونا۔

مبداء (ء) اسم مذکر ظرف ① جائے شروع ② ظاہر ہونے کی جگہ ③ شروع ④ آغاز ⑤ ابتداء نکاس ⑥ جڑ ⑦ منبع۔

مبدل (ء) اسم صفت مفعولی ① بدلا ہوا ② بدلا گیا ③ تبدیل شدہ ④ پلٹا ہوا۔

مبذر (ء) اسم صفت ① فضول خرچ ② بے جا خرچ کرنے والا۔

مبذول (ء) اسم صفت ① خرچ کیا گیا ② لگایا گیا ③ منعطف۔

مبرا (ہ) اسم صفت مفعولی ① پاک شدہ ② صاف ③ بے عیب ④ بری ⑤ معصوم ⑥ بیزار ⑦ متنفر۔

مبرد (ء) اسم صفت ① سرد کیا ہوا ② ٹھنڈا کیا ہوا۔

مبرم (ء) اسم صفت ① مضبوط ② محکم ③ ضروری ④ اٹل ⑤ امٹ ⑥ لابد ⑦ ناقابل روک ⑧ شدنی۔

مبرور (ء) اسم صفت مفعولی ① نیکی کیا گیا ② گناہوں سے بری کیا گیا ③ مرحوم ④ مغفور ⑤ جنتی ⑥ پاک ⑦ قدس ⑧ مقصد۔

مبشر (ء) اسم صفت فاعلی ① خوشخبری پہنچانے والا ② بشیر ③ بشارت دینے والا ④ خوش خبر۔

مبصر (ء) اسم صفت فاعلی ① دیکھنے والا ② بنا پرکھیا ③ پرکھنے والا ④ صلاح کار ⑤ مشیر۔

مبطل (ء) اسم صفت ۔ باطل کیا گیا۔
مبعوث (ء) اسم صفت ① اٹھایا گیا ② پیدا کیا گیا ③ بھیجا گیا۔
مبعوث ہونا (ا) فعل ۔ نبی کا بھیجا جانا۔
مبلغ (ء) اسم صفت ① تبدیل کرنے والا ② پہنچانے والا۔
مبنی (ء) اسم صفت ① بنیاد کی جگہ ② بنیاد رکھا گیا ③ جس کے اوپر کسی بات کی بنیاد ہو۔
مبنی ہونا (ا) فعل ① موقوف ہونا ② منحصر ہونا۔
مبہم (ء) اسم صفت ① ہکا بکا ② حیران ③ گم صم ④ نشہ میں چور ⑤ باولا ⑥ دیوانہ ⑦ سرشار۔
مبین (ء) اسم صفت ① ظاہر ② صاف ③ کھلا ہوا ④ آشکارا ⑤ صریح ⑥ روشن۔
مبیَن (ء) اسم مذکر مفعولی ① جتایا گیا ② بیان کیا گیا (علم نحو میں) وہ اسم جس کا ایک جملہ اس کا بیان واقع ہو۔
مبینہ (ء) اسم صفت ① بیان کیا گیا ② کھولا گیا ملزم۔

## م ← پ

مپان (ہ) اسم مونث ① ماپنا سے حاصل مصدر ناپ ② ماپ ③ پیائش ④ مپائی ⑤ مپتی۔
مپانا (ہ) اسم مذکر ① ناپنے کی چیز ② پیمانہ ③ مقیاس ④ (بصورت فعل) نپوانا ⑤ مپوانا ⑥ پیائش کرانا۔
مپت/مپتی (ہ) اسم مونث ① ناپ ② پیائش ③ مپان ④ ماپنا سے حاصلمصدر۔
مپنا (ہ) فعل ① پیائش ہونا ② ناپا جانا ③ گز یا جریب وغیرہ سے اندازہ کیا جانا ④ مپائی ہونا۔
مپوانا (ہ) فعل ① ناپ کرانا ② پیائش کرانا ③ نپوانا۔

## م ← ت

مت (ہ) علامت نہی ① نہ ② نہیں ③ لا۔
مت پوچھو (ہ) محاورہ ① ناقابل بیان ہے ② تعریف سے باہر ہے۔
مت (ہ) اسم مونث ① عقل ② سمجھ ③ بدھی ④ ہوش ⑤ فہم ⑥ دانائی ⑦ چترائی ⑧ ہوشیاری ⑨ رائے۔
مت پھرنا (ہ) فعل ① رائے بدلنا ② رائے پلٹ جانا ③ سمجھ الٹنا ④ عقل ماری جانا۔
مت دینا (ہ) فعل ① نصیحت کرنا ② سیکھ دینا ③ خیر خواہی کا مشورہ دینا ④ صلاح دینا ⑤ تدبیر بتانا ⑥ رائے دینا ⑦ عقل کی بات بتانا۔
مت ماری جانا (ہ) فعل ① عقل ماری جانا ② بے وقوف ہو جانا ③ سدھ بدھ نہ رہنا۔
متا (ہ) اسم مذکر بالف زائدہ ① مشورہ ② صلاح ③ رائے ④ خیال۔
متا پکانا/کرنا (ہ) فعل ① صلاح کرنا ② مشورہ کرنا ③ باہم سازش کرنا ④ تجویز ٹھیرانا۔
متابعت (ء) اسم مونث ۔ ① پیروی ② تقلید ③ تابعداری ④ فرمانبرداری ⑤ اطاعت۔
متاثر (ء) اسم صفت فاعلی ① اثر قبول کرنے والا ② اثر پذیر ③ کارگر ④ دل کو لگ جانے والا ⑤ دلگداز ⑥ رقت انگیز۔
متاخرین (ء) اسم مذکر ① متاخر کی جمع ② پیچھے آنے والے ③ آخیر زمانے والے۔
متاع (ء) اسم مذکر ① پونجی ② سرمایہ ③ سوداگری کا مال واسباب ④ مال تجارت۔
متاعی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① اہل تشیع میں وہ عورت جس کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو ② چندروزہ بیوی ③ نکاحی سے کم درجہ کی عورت۔
مُتانا (ہ) فعل ۔ بچے کو پیشاب کرانا (بصورت اسم مذکر) مثانہ کے خالی کرنے کی جگہ۔
متانت (ء) اسم مونث ① سنجیدگی ② پختگی ③ تہذیب ④ خیالات کی درستگی و آراستگی ⑤ زبان کا بے ہودہ اور گندے خیالات سے پاک صاف ہونا۔
متاہل (ہ) اسم صفت فاعلی ① کنبہ والا ② جورو والا ③ اہلیہ والا ④ قبیلہ دار ⑤ جورو بچے والا۔
متبائن (ء) اسم صفت ① ان میل ② باہم جدا ③ بالکل مختلف ④ دو مخالف چیزیں جو ایک دوسری پر صادق نہ آسکیں۔
تبحر (ء) اسم صفت ① علم کا دریا ② بہت ہی بڑا عالم ③ فاضل اجل۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03144077218

متبرک (ع) اسم صفت مفعولی ① پاک ② پوتر ③ برکت یافتہ ④ برکت والا ⑤ بزرگوار ⑥ قابل تعظیم ⑦ بزرگ ⑧ فرشتہ ⑨ خصار۔

متبسم (ع) اسم صفت از تبسم ① مسکرانے والا ② منہ میں ہنسنے والا ③ کھلا ہوا ④ شگفتہ۔

متبنٰے (ع) اسم صفت مفعولی ① بیٹا بنایا ہوا ② گود لیا ہوا ③ فرزندہ میں لیا ہوا، لے پالک۔

متبنٰے کرنا (ا) فعل ① بیٹا بنانا ② گود لینا ③ فرزند بنانا۔

متجاوز (ع) اسم صفت فاعلی ① اپنی حد سے بڑھ جانے والا ② تجاوز کرنے والا۔

متحد (ع) اسم صفت ① ملا ہوا ② ایک ③ مخلوط ④ شامل ⑤ پیوستہ۔

متحرک (ع) اسم صفت ① حرکت کرنے والا ② چلتا ہوا ③ جاری ④ رواں ⑤ منقولہ ⑥ علم نحو میں وہ حرف جس پر زیر زبر یا پیش ہو۔

متحقق (ع) اسم صفت مفعولی ① تحقیق کیا گیا ② درست ③ صحیح ④ ٹھیک ⑤ مصدقہ۔

متحمل (ع) اسم صفت فاعلی ① برداشت کرنے والا ② سہنے والا ③ سنتوکھی ④ صابر ⑤ بردبار ⑥ ثابت قدم ⑦ مستقل مزاج۔

متحیر (ع) اسم صفت فاعلی ① حواس باختہ ② متعجب ③ حیران ④ پریشان ⑤ ہکابکا ⑥ دنگ۔

متخاصم (ع) اسم صفت فاعلی ① لڑائی کرنے والا ② جھگڑالو ③ لڑنے والا ④ دشمن مخالف۔

متخاصمین (ع) اسم مذکر ① طرفین ② مدعی اور مدعا علیہ ③ فریقین۔

متخلخل (ع) اسم صفت ① پولا ② اندر سے خالی ③ ڈھیلا ④ ڈھیلا ڈھالا۔

متخلل (ع) اسم صفت۔ خلل ڈالنے والا۔

متخلص (ع) اسم صفت فاعلی ① تخلص رکھنے والا ② المخاطب ③ معروف ④ موسوم ⑤ نامزد۔

متخیل (ع) اسم صفت ① خیال کیا گیا ② موہوم۔

متخیلہ (ع) اسم مذکر ① خیال کیا گیا ② خیال میں لانے کی قوت ③ قوت خیالی ④ متصورہ ⑤ تصور ⑥ خیال ⑦ وہم ⑧ گمان۔

متداول (ع) اسم صفت مفعولی ① ہاتھوں ہاتھ پہنچی ہوئی چیز ② باری باری آئی ہوئی ③ دست بدست پھری ہوئی چیز ④ مروج ⑤ مرجہ۔

متدین (ع) اسم صفت فاعلی ① دیندار ② دیانتدار ③ امین ④ امانت دار ⑤ مومن ⑥ دھرمی ⑦ دھرم ⑧ آتما ⑨ بات کا پورا۔

متذبذب (ع) اسم صفت ① تذبذب میں پڑنے والا ② تردد میں پڑنے والا ③ لٹکا ہوا۔

متذکرہ (ع) اسم صفت ① ذکر کیا گیا ② بیان کیا گیا ③ مذکورہ۔

متذکرہ بالا (عف) اسم صفت۔ جس کا ذکر اوپر آ چکا ہو۔

متر (س) اسم مذکر ① دوست ② یار ③ میت ④ محبت ⑤ حبیب ⑥ مخلص ⑦ خیر خواہ ⑧ مددگار ⑨ ساتھی۔

متر (ہ) اسم مذکر ① وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے ② سرگروہ ③ سرغنہ۔

مترادف (ع) اسم صفت فاعلی ① ہم ردیف ② ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا ③ ایسے الفاظ جو باہم ایک ہی معنی رکھتے ہوں ④ ہم معنی الفاظ۔

مترجم (ع) اسم صفت مذکر ① ترجمہ کرنے والا ② ترجمان ③ ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنے والا ④ ٹرانس لیٹر۔

متردد (ع) اسم صفت فاعلی ① آنے جانے والا ② تردد کرنے والا ③ متفکر ④ سوچ کرنے والا ⑤ دبدھا میں رہنے والا ⑥ سوچ میں رہنے والا ⑥ مضطرب ⑦ پریشان ⑧ بے قرار۔

مترشح (ع) اسم صفت فاعلی ① ٹپکنے والا ② مجازاً ظاہر ہونے والا ③ عیاں ④ آشکار۔

مترصد (ع) اسم صفت فاعلی ① آس رکھنے والا ② امید رکھنے والا ③ امیدوار ④ متوقع۔

متروک (ع) اسم صفت مفعولی ① چھوڑ دیا گیا ② ترک کیا گیا ③ دیکھا گیا ④ بے رواج ⑤ نامنظور ⑥ دل سے اترا ہوا۔

متزائد (ع) اسم صفت فاعلی ① بڑھنے والا ② زائد ہونے والا ③ زیادہ ہونے والا۔

متزلزل (ع) اسم صفت فاعلی ① لڑکھڑانے والا ② ڈگمگانے والا ③ کانپنے والا ④ لرزاں۔

متساوی (ع) اسم صفت فاعلی ① ایک دوسرے کے برابر ② مساوی ③ باہم برابر ④ ہموزن ⑤ ہمرنگ ⑥ ہمسر ⑦ ہم قیمت۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**متسلط** (ع) اسم صفت فاعلی (1) قبضہ کرنے والا (2) قابض (3) غالب ہونے والا (4) غالب (5) غلبہ کرنے والا (6) کل مختار (7) مختار کل۔

**متشابہ** (ع) اسم صفت (1) برابر (2) یکساں (3) ہم شکل (4) ہم صورت (5) نظیر (6) مقابل (7) مانند (8) جس کے معنی میں کچھ شبہ ہو (9) مشتبہ۔

**متشابہ لگنا** (ا) محاورہ (1) شبہ پڑ جانا (2) بھول پڑنا (3) چوکنا (4) کہیں سے کہیں پڑھنے لگنا (یہ محاورہ قرآن شریف کے ساتھ مخصوص ہے)۔

**متشرع** (ع) اسم صفت فاعلی (1) شریعت کا پابند (2) پارسا (3) پرہیزگار (4) بھگت (5) سادھو (6) سنت پکا دیندار۔

**متشکل** (ع) اسم صفت فاعلی (1) شکل اختیار کرنے والا (2) کوئی صورت قبول کرنے والا۔

**متصاعد** (ع) اسم صفت فاعلی (1) صعود کرنے والا (2) اوپر چڑھنے والا (3) اوپر ہونے والا۔

**متصرف** (ع) اسم صفت (1) قبضہ کرنے والا (2) تصرف کرنے والا۔

**متصف** (ع) اسم صفت مفعولی (1) صفت کردہ (2) موصوف (3) تعریف کیا گیا۔

**متصل** (ع) اسم صفت فاعلی (1) ملاپ رکھنے والا (2) پاس (3) قریب (4) نزدیک (5) ملحق (6) برابر (7) لگاتار (8) پے در پے۔

**متصور** (ع) اسم صفت (1) تصور کیا گیا (2) بچارا ہوا (3) خیال کیا گیا (4) سوچا ہوا۔

**متضاد** (ع) اسم صفت (1) منافی (2) باہم مخالفت کرنے والا (3) مخالف (4) الٹا (5) برعکس (6) ناموافق۔

**متعارف** (ع) اسم صفت فاعلی (1) باہم تعارف رکھنے والا (2) جان پہچان (3) مشہور معروف۔

**متعارفہ** (ع) اسم صفت (1) مشہور (2) ظاہر (3) قابل تسلیم۔

**متعاقب** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تعاقب کرنے والا (2) پیچھے سے آنے والا (3) جانشین اولاد۔

**متعال** (ع) اسم صفت فاعلی (1) بلند ہونے والا (2) عالی (3) بزرگ۔

**متعجب** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تعجب کرنے والا (2) دنگ (3) ہکا بکا (4) حیران (5) ششدر۔

**متعدد** (ع) اسم صفت (1) گنے ہوئے (2) چند شمار شدہ (3) تھوڑے بہت (4) بہتیرے (5) جدا جدا (6) متفرق (7) مختلف۔

**متعدی** (ع) اسم صفت فاعلی (1) اڑ کر لگنے والی بیماری (2) تجاوز کرنے والا (علم نحو) مفعول کو چاہنے والا فعل۔

**متعرض** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تعرض کرنے والا (2) روکنے والا (3) مزاحم ہونے والا (4) آگے آنے والا (5) اعتراض کرنے والا۔

**متعصب** (ع) اسم صفت فاعلی (1) پچ کرنے والا (2) تعصب دار (3) مذہب کا کٹا۔

**متعفن** (ع) اسم صفت فاعل (1) تعفن یعنی بدبو رکھنے والا (4) بسا ہوا (5) سڑا ہوا (6) بدبودار۔

**متعلق** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تعلق یعنی لگاؤ رکھنے والا (2) رشتہ دار (3) قریبی (4) شامل مشمولہ (5) ماتحت (6) وابستہ (7) تابع۔

**متعلق کرنا** (ا) فعل (1) شامل کرنا (2) ملانا (3) لگانا (4) جوڑنا (5) چسپاں کرنا (6) ساتھ لگانا (7) سونپنا (8) سپرد کرنا۔

**متعلقات** (ع) اسم (1) متعلق کی جمع (2) بال بچے (3) کنبہ (4) قبیلہ۔

**متعلقین** (ع) اسم صفت (1) متعلق کی جمع (2) تعلق رکھنے والے (3) مجازاً گھر کے لوگ (4) وابستگان (5) نوکر چاکر۔

**متعلم** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تعلیم حاصل کرنے والا (2) طالب علم (3) مبتدی (4) شاگرد (5) چیلہ چٹا۔

**متعہ** (ع) اسم مذکر (1) چند روزہ نکاح (2) کسی عورت سے کچھ مدت کیلئے نکاح۔

**متعہد** (ع) اسم صفت مفعولی (1) عہد کیا گیا (2) ذمہ دار (3) کام میں مشغول (4) ولایت سے عہد کر کے آنے والے انگریز افسر (5) ایک زمانے کے (6) ہم عصر (7) ٹھیکہ دار۔

**متعین** (ع) اسم صفت مفعولی (1) تعین کیا گیا (2) مقرر کیا گیا (3) کسی کام پر لگایا گیا (4) کسی کام پر مقرر کیا گیا۔

**متعین کرنا** (ا) فعل (1) کسی کام پر لگانا (2) مقرر کرنا (3) نامزد کرنا۔

**متغیر** (ع) اسم صفت فاعلی (1) بدل جانے والا (2) تبدیل ہونے والا (3) بے ثبات (4) غیر مستقل (5) بدلا گیا (7) قابل تغیر۔

**متغیر** (ع) اسم صفت مفعولی (1) تبدیل کیا گیا (2) بدلا گیا (3) لٹا ہوا (4) منحرف۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149072

متفاوت (ع) اسم صفت مفعولی ① فرق کیا گیا ② بعید ③ دور دراز ④ مخالف ⑤ نیارا ⑥ متضاد۔

متفحص (ع) اسم صفت فاعلی ① ڈھونڈنے والا ② تلاش کرنے والا ③ متلاشی ④ کھوجی ⑤ تحقیق کرنے والا ⑥ محقق۔

متفرق (ع) اسم صفت مفعولی ① فرق کیا گیا ② جدا جدا ③ الگ الگ ④ علیحدہ علیحدہ ⑤ پراگندہ۔

متفرقات (ع) اسم مونث ① علیحدہ علیحدہ چیزیں ② حساب کی مختلف رقمیں ③ زمین کے وہ مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔

متفق (ع) اسم صفت فاعلی ① اتفاق کرنے والا ② ایکا کرنے والا ③ ملا ہوا ④ شامل ⑤ راضی ⑥ رضامند ⑦ ایک رائے ⑧ ایک زبان ⑨ ہمدل۔

متفق الرائے (ع) اسم صفت ① ایک ہی رائے والے ② ایک صلاح والے ③ ہم مشورہ۔

متفق الکلمہ/ متفق اللفظ (ع) ① ایک زبان ② ہم زبان ③ ہم رائے ④ ایک ہی بات کہنے والا۔

متفق علیہ (ع) اسم صفت ① سب کی رائے کے موافق ② وہ بات جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔

متفق ہونا (ا) فعل ① ہمزبان ہونا ② ایک دل ہونا ③ اتفاق کرنا ④ موافق ہونا۔

متفکر (ع) اسم صفت فاعلی ① فکر والا ② چنتا والا ③ فکرمند ④ اداس ⑤ مغموم ⑥ دلگیر۔

متفنن (ع) اسم صفت فاعلی ① چھلیا ② دھوکے باز ③ مکار ④ فطرتی ⑤ دغاباز ⑥ چالاک۔

متفنی (ع) اسم صفت فاعلی ① مکار ② فریبی ③ دھوکے باز ④ چالاک ⑤ چھلیا۔

متقاضی (ع) اسم صفت فاعلی ① مانگنے والا ② طلب کرنے والا ③ تقاضا کرنے والا۔

متقدم (ع) اسم صفت فاعلی ① آگے بڑھنے والا ② پیش ہونے والا ③ پہلے کا ④ سلف کا پرانا ⑤ اگلا ⑥ اگلے وقتوں کا ⑦ پہلے زمانے کا۔

متقدمین (ع) اسم مذکر ① متقدم کی جمع ہے ② پرانے زمانے کے لوگ ③ پہلے زمانے والے۔

متقی (ع) اسم صفت فاعلی ① گناہوں سے بچنے والا ② پرہیزگار ③ خوف خدا رکھنے والا ④ عابد ⑤ پارسا ⑥ جتی ستی ⑦ بھگت ⑧ دھرمی ⑨ خداپرست۔

متکبر (ع) اسم صفت فاعلی ① تکبر کرنے والا ② گھمنڈی ③ مغرور ④ اترانے والا۔

متکفل (ع) اسم صفت فاعلی ① ضامن ② ذمہ دار ③ کفالت کرنے والا ④ کفیل۔

متکلف (ع) اسم صفت فاعلی ① تکلف کرنے والا ② تکلیف دینے والا ③ کوشش کرنے والا۔

متکلم (ع) اسم صفت فاعلی ① کلام کرنے والا ② بولنے والا ③ بات کرنے والا۔

متکلمین (ع) اسم مذکر (متکلم کی جمع سالم) کلام کرنے والے لوگ ① علم کلام جاننے والے ② فصیح لوگ ③ خوش بیان ④ شیریں کلام۔

متلاشی (ع) اسم صفت فاعلی ① تلاش کرنے والا ② ڈھونڈنے والا ③ کھوجی ④ سرگردان ⑤ پریشان۔

متلذذ (ع) اسم صفت فاعلی ① لذت اٹھانے والا ② لطف لینے والا ③ ذائقہ چکھنے والا۔

متلون (ع) اسم صفت فاعلی ① رنگ برنگا ② غیر مستقل مزاج ③ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ ④ وہمی ⑤ وسواسی ⑥ موم کی ناک طرح طرح کا۔

متلون مزاج (ع) اسم صفت ① اوچھا ② وہمی جس کی طبیعت میں استقلال نہ ہو۔

متلی (ہ) اسم مونث ① ابکائی ② طبیعت کا معدے سے خلط فاسد یا غذا کو دور کرنا ③ جی کچا ہونا ④ غثیان ⑤ مالش۔

متمادی (ع) اسم صفت ① لمبا ② دراز ③ طویل ④ بعید۔

متمرد (ع) اسم صفت فاعلی ① تمرد کرنے والا ② سرکش ③ نافرمان ④ باغی ⑤ پھرا ہوا ⑥ اپادھی۔

متملق (ع) اسم صفت فاعلی ① تملق کرنے والا ② خوشامدی ③ خوشامد

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314[illegible]7218

کرنے والا ④ ست بختی۔

متمکن (ع) اسم صفت فاعلی ① مکان لینے والا ② جگہ پکڑنے والا ③ جائے گزین ④ قائم۔

متمم (ع) اسم صفت فاعلی ① تمام کرنے والا ② ختم کرنے والا ③ پورا کرنے والا ④ (اقلیدس میں) کسی متوازی الاضلاع سطح کے علم کا حصہ۔

متمنی (ع) اسم صفت فاعلی ① تمنا کرنے والا ② آرزو رکھنے والا ③ خواہاں ④ مشتاق۔

متن (ع) اسم مذکر ① پیٹھ ② محکم ③ سخت اور اونچی زمین ④ اصل عبارت جس کی شرح کی جائے ⑤ وسط ⑥ درمیان ⑦ بیچ ⑧ درمیانی حصہ۔

متنا (ہ) اسم مذکر فاعل ① موتنے والا ② پیشاب کرنے والا۔

متنازع (ع) اسم صفت مفعولی ① تنازع کیا گیا ② وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔

متناسب (ع) اسم صفت فاعلی ① تناسب رکھنے والا ② نسبت رکھنے والا۔

متناقص (ع) اسم صفت فاعلی ① نقص یعنی خرابی رکھنے والا ② کمی رکھنے والا ③ کم ناقص ④ ناتمام۔

متناہی (ع) اسم صفت فاعلی ① انتہا کو پہنچنے والا ② اخیر سرے تک پہنچ جانے والا۔

متنبہ (ع) اسم صفت ① تنبیہ کیا گیا ② جتایا گیا ③ ہوشیار ④ چوکس ⑤ آگاہ ⑥ واقف ⑦ مطیع۔

متنبہ کرنا (ا) فعل ① خبردار کرنا ② ہوشیار کرنا ③ جتانا ④ چوکس کرنا۔

متنجن (ف) اسم مذکر ① ایک قسم کا میٹھا پلاؤ ② جس میں نیبو کی ترشی بھی ڈالی جاتی ہے۔

متنفر (ع) اسم صفت فاعلی ① نفرت کرنے والا ② بیزار ③ کراہیت کرنے والا ④ بیزار ہونے والا۔

متنفس (ع) اسم صفت فاعلی ① نفس رکھنے والا ② جاندار آدمی ③ بشر ④ ایک شخص۔

متواتر (ع) اسم صفت ① لگاتار آنے والا ② مسلسل ③ پے در پے آنے والا۔

متوارث (ع) اسم صفت۔ باہم میراث پانے والا۔

متوارد (ع) اسم مونث ① باہم ایک جگہ اترنے والا ② ایک دوسرے کے بعد آنے والا۔

متوازی (ع) اسم صفت ① برابر فاصلہ پر رہنے والا ② باہم برابر رہنے والا۔

متواضع (ع) اسم صفت فاعلی ① عاجزی کرنے والا ② تواضع کرنے والا ③ فرزند ④ منکسر مزاج۔

متوالا (ع) اسم صفت ① مدہوش ② نشہ میں چور ③ مست ④ خراب ⑤ مخمور ⑥ مجازاً اترانے والا ⑦ گھمنڈ کرنے والا ⑧ عاشق ⑨ دلدادہ۔

متوالا ہونا (ہ) فعل ① نشہ میں چور ہونا ② مست ہونا ③ مخمور ہونا ④ عاشق ہونا۔

متوالی (ع) اسم صفت فاعلی ① متواتر آنے والا ② پے در پے آنے والا ③ بار بار آنے والا عدد۔

متوجہ (ع) اسم صفت فاعلی ① توجہ کرنے والا ② دھیان دینے والا ③ مائل ④ راغب ⑤ مخاطب نظر عنایت رکھنے والا ⑥ مہربان۔

متوجہ ہونا (ا) فعل ① مخاطب ہونا ② دھیان دھرنا ③ ملتفت ہونا۔

متوحش (ع) اسم صفت فاعلی ① بھاگنے والا ② ان ہلا ③ وحشت کرنے والا ④ متنفر۔

متورع (ع) اسم صفت فاعلی ① پرہیزگاری اختیار کرنے والا ② پارسا ③ پرہیزگار۔

متوڑا (ہ) اسم مذکر فاعل۔ بستر پر پیشاب کردینے والا۔

متوسط (ع) اسم صفت ① درمیانی ② بیچ کا ③ اوسط درجہ کا ④ درمیانے درجے کا ⑤ معمولی ⑥ رسمی ⑦ برا نہ بھلا۔

متوسل (ع) اسم صفت فاعلی ① وسیلہ ہونے والا یعنی مربی ② وسیلہ ڈھونڈنے والا ③ وسیلہ بنانے والا ④ رغبت کرنے والا۔

مُتوطن (ع) اسم صفت فاعلی ① وطن رکھنے والا ② ساکن رہنے والا ③ مقیم ④ باشندہ۔

متوفی (ہ) اسم صفت مفعولی ① مرا ہوا ② وفات یافتہ ③ جہان سے گزرا ہوا۔

متوقع (ہ) اسم صفت فاعلی ① توقع رکھنے والا ② آس رکھنے والا ③ امیدوار۔

Join us on WhatsApp Naveed Butt 03149071218

www.besturdubooks.net

**متوقف** (ع) اسم صفت فاعلی (1) دیر کرنے والا (2) ٹھیرنے والا (3) وقف کرنے والا۔

**متوکل** (ع) اسم صفت فاعلی (1) توکل کرنے والا (2) خدا پر بھروسہ کرنے والا (3) شاکر رہنے والا۔

**متولی** (ہ) اسم صفت فاعلی (1) کام پر رہنے والا (2) سپرنٹنڈنٹ (3) نگراں کار (4) منصرم۔

**متوہم** (ع) اسم صفت فاعلی (1) وہم کرنے والا (2) وہمی (3) وسواسی۔

**متھانی/متھنی** (ہ) اسم مونث (1) آلہ (2) رئی (3) مدھانی (4) بلونی (5) دہی بلونے کے ایک اوزار کا نام۔

**متہم** (ع) اسم مذکر (1) تہمت لگایا گیا (2) وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔

**میتی** (ہ) اسم مونث (1) تاریخ (2) سود کی تاریخ جس سے سود لگایا جائے (3) روپیہ ادا کرنے کی تاریخ (4) نفع (5) سود (6) بٹا (7) منڈی کی میعاد۔

**میتی کاٹا** (ہ) اسم مذکر (1) کٹوتی (2) ڈسکونٹ (3) مہاجنوں کا ہنڈی پر مدت معینہ کا سود لگانے کا حساب۔

**متیقن** (ع) اسم صفت مفعولی (1) یقین کیا گیا (2) وہ بات جس کا پورا یقین ہو۔

**متین** (ع) اسم صفت (1) پکا (2) مضبوط (3) محکم (4) ٹھوس (5) نڈر (6) مستقل مزاج (7) دقیق (8) مشکل۔

## م ← ٹ

**مٹاپا** (ہ) اسم مذکر (1) موٹاپن (2) موٹائی (3) فربہی (4) پھیلاوٹ۔

**مٹاپا چڑھنا** (ہ) فعل (1) تیاری آنا (2) موٹا ہو جانا (3) فربہی آنا (4) جسم کا پھول جانا۔

**مٹانا** (ہ) فعل (1) کھرچنا (2) چھیلنا (3) دور کرنا (4) زائل کرنا (5) کھونا (6) برباد کرنا (7) تباہ کرنا (8) رد کرنا (9) منسوخ کرنا۔

**مٹائی** (ہ) اسم مونث (1) پھیلاوٹ (2) فربہی (3) جسامت (4) دبیز پن۔

**مٹائے نہ مٹنا** (ہ) فعل (1) کسی طرح بھی زائل نہ ہونا (2) کسی طرح نہ مٹنا۔

**مٹر** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا گول گول دانوں والا غلہ۔

**مٹر سی آنکھیں/مٹر سے دیدے** (ہ) اسم مونث و مذکر (1) چھوٹی چھوٹی آنکھیں (2) ننھے ننھے دیدے۔

**مٹرگشت** (ا) اسم مذکر (1) آوارہ گردی (2) واہیات پھرنا (3) کوچہ گردی۔

**مٹرگشت کرنا** (ا) فعل (1) بیہودہ پھرنا (2) آوارہ پھرنا (3) ہوا خوری کرنا (4) سیر کرنا۔

**مٹرالا/مٹریلا** (ہ) اسم مذکر (1) مٹر اور جو یا مٹر اور چنے ملا ہوا غلہ۔

**مٹ بھیڑ/مٹھ بھیڑ** (ہ) اسم مونث (1) مقابلہ (2) آمنا سامنا (3) اتفاقیہ ملاقات (4) دو مختلف سروں کا ملنا یا ٹکرانا۔

**مٹ جانا** (ہ) فعل (1) تباہ و برباد ہو جانا (2) زائل ہو جانا (3) محو ہو جانا (4) عاشق ہو جانا (5) فریفتہ ہو جانا۔

**مٹک** (ہ) اسم مونث (1) مٹکنا سے حاصل مصدر (2) ہلنا (3) جنبش (4) ادا (5) ناز و نخرہ (6) چوچلا۔

**مٹکا** (ہ) اسم مذکر (1) بڑا گھڑا (2) خم (3) گاگر (4) گول۔

**مٹکانا** (ہ) فعل (1) گھمانا (2) حرکت دینا (3) جنبش دینا (4) مچکانا (5) گردش دینا (6) نچانا (7) ہلانا (8) انگلیوں کے جوڑوں سے آواز نکالنا (9) زیب تن کرنا۔

**مٹکنا** (ہ) فعل (1) نخرہ کرنا (2) اعضا کو حرکت دینا (3) ہاتھوں کو نچانا (4) معشوقانہ انداز دکھانا۔

**مٹکنا** (ہ) اسم صفت (1) بونا سا قد (2) چھوٹا سا قد (3) بہت خوبصورت۔

**مٹکنا سا قد** (ہ) اسم صفت (1) لمبا اور موزوں نھا سا قد (2) بونا سا قد۔

**مٹکو** (ہ) اسم مونث (1) مٹکنے والی عورت (2) ناز و نخرے سے چلنے والی عورت (3) آنکھیں مٹکا کر باتیں کرنے والی عورت۔

**مٹکی** (ہ) اسم مونث (1) مٹکا کی تصغیر (2) ٹھلیا (3) چھوٹا گھڑا (4) چاٹی (5) دودھ بلونے کا مٹی کا برتن۔

**مٹن** (ای) اسم مذکر۔ بھیڑ یا بکری کا گوشت۔

**مٹن چاپ** (ای) اسم مذکر۔ انگریزی طرز کی بکری یا بھیڑ کے سینے کے گوشت سے تیار کیے گئے پسندے۔

**مٹنا** (ہ) فعل (1) کھرچا جانا (2) چھیلا جانا (3) معدوم ہونا (4) زائل ہونا (5) محو ہونا (6) تباہ ہونا (7) برباد ہونا (8) مفتوں ہونا (9) عاشق ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149707218

مٹوانا (ہ) مصدر ① برباد کرانا ② نابود کرانا ③ تباہ کرانا ④ چھلوانا۔

مَٹھ (ہ) اسم مذکر ① مڑھی ② منڈھی ③ خانقاہ ④ دھرم سالہ ⑤ ہندو فقیروں کے رہنے کی جگہ ⑥ پوجا پاٹ کی جگہ ⑦ مذہبی مدرسہ ⑧ پاٹ شالا ⑨ نیل کا حوض (ماٹھ کا مخفف)

مِٹھ (ہ) اسم صفت ① میٹھا کا مخفف ② شیریں (مرکبات میں)

مُٹھ (ہ) اسم مونث ① مکا ② گھونسا ③ مشت ④ پنجہ ⑤ مٹھی ⑥ جنگل ⑦ دستہ ⑧ قبضہ ⑨ پکڑنے کی جگہ۔

مُٹھا (ہ) اسم مذکر ① ٹوٹا ہوا دہی ② بلویا ہوا دہی ③ چھاچھ ④ پتلا دہی ⑤ ایک قسم کا پکوان۔

مَٹھار مٹھار کر باتیں کرنا (ہ) فعل ① مزے لے لے کر باتیں کرنا ② چبا چبا کر باتیں کرنا ③ اترا اترا کر بولنا۔

مٹھارنا (ہ) فعل ① گول بنانا ② مارنا ③ دھار مارنا ④ آٹے کو لوچ دینا ⑤ مکی دینا ⑥ بنا بنا کر باتیں کرنا ⑦ باتیں بگھارنا ⑧ کھولنا ⑨ فراخ کرنا۔

مٹھاس (ہ) اسم مونث ① شیرینی ② میٹھاپن ③ کھٹاس کی ضد۔

مٹھائی (ہ) اسم مونث۔ شیرینی۔

مٹھ بھیڑ (ہ) اسم مونث۔ اتفاقیہ ملاقات دیکھو (مٹ بھیڑ)

مٹھڑی (ہ) اسم مونث۔ میٹھی تلی ہوئی خستہ ٹکیا۔

مِٹھو (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ① بچوں کی چومی ② چوما ③ بوسہ ④ بی ⑤ میٹھی۔

مٹھو (ہ) اسم مذکر (بواؤ معروف) ① لغت میں شیریں کلام ② پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ ③ مجازاً طوطا۔



مٹھو

مِٹھی (ہ) اسم مونث ① بچوں کا چوما ② بی ③ بوسہ ④ میٹھی کا مخفف بھی ہے۔

مُٹھی (ہ) اسم مونث ① مکی ② بندھ ہاتھ ③ مشت ④ قبضہ ⑤ چنگل ⑥ لپ کی مقدار جیسے چنوں کی مٹھی ⑦ طول ناپنے کے بند ہاتھوں کی مقدار ⑧ جیسے مٹھی بھر اونچا۔

مٹھی بھر (ہ) اسم صفت ① لپ بھر ② نکتا ③ یک مشت ④ یک کف۔

مٹھی بھرنا (ہ) فعل ① لپ بھرنا ② پاؤں دبانا ③ چپی کرنا ④ بدن کی مالش کرنا۔

مٹھی گرم کرنا (ہ) فعل ① رشوت دینا ② مٹھی میں گھوس دینا ③ آنکھ میں دینا۔

مٹھی میں ہونا (ہ) فعل ① بس میں ہونا ② قابو میں ہونا ③ اختیار میں ہونا۔

مٹھیا/موٹھیا (ہ) اسم مذکر ① ہل کی مُوٹھ ② کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے ③ قبضہ مٹھ ④ گڑ کی پنی ⑤ گڑ کی بھیلی ⑥ کولھو میں گنے کی گنڈیریاں ڈالنے والا آدمی۔

مٹھیانا (ہ) فعل ① ہاتھ میں پکڑنا ② مٹھی میں پکڑنا ③ قبضہ میں لانا ④ ہتھیانا۔

مٹھیاں بھرنا (ہ) فعل ① چپی کرنا ② پاؤں دبانا ③ مالش جسم کرنا۔

مٹی (ہ) اسم مونث ① خاک ② زمین ③ دھرتی ④ جھوم ⑤ جھومی ⑥ ارض ⑦ گارا ⑧ کیچ ⑨ کیچڑ۔

مٹی برباد کرنا (ا) فعل ① بدنام کرنا ② رسوا کرنا ③ کسی کو ذلیل کرنا ④ میت کو رسوا کرنا۔

مٹی پکڑنا (ہ) فعل ① زمین پکڑنا ② جم جانا ③ ڈٹ جانا۔

مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے (ہ) محاورہ۔ ایسا بلند اقبال ہے کہ مٹی کو بھی چھوتا ہے تو وہ سونا بن جاتی ہے۔

مٹی پلید کرنا (ا) فعل ① ذلیل و خوار کرنا ② رسوا کرنا ③ بدنام کرنا ④ ستانا ⑤ تنگ کرنا ⑥ دق کرنا ⑦ ہنسی اڑانا ⑧ تمسخر کرانا ⑨ کریا کرم نہ کرنا۔

مٹی تھوپنا (ہ) فعل ① پلستر کرنا ② کہگل کرنا ③ مٹی چڑھانا ④ مٹی لینا۔

مٹی ٹھکانے لگانا (ہ) فعل ① اچھی طرح سے کفن دفن کرنا ② بخوبی گور گڑھا کرنا ③ قاعدے اور رسم کے موافق تجہیز و تکفین کرنا ④ پورے طور سے کریا کرم کرنا۔

مٹی خرابہ (ا) اسم مذکر ① بربادی ② تباہی ③ خرابی ④ پائمالی ⑤ ستیاناس ⑥ رسوائی ⑦ ذلت ⑧ بے عزتی ⑨ بے قدری۔

مٹی خراب کرنا/مٹی خوار کرنا (ا) فعل ① گور گڑھا نہ کرنا ② تجہیز و

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

تکفین اچھی طرح نہ کرنا ❸ کریا کرم خراب کرنا ❹ ذلیل کرنا ❺ درگت کرنا ❻ بدنام کرنا ❼ تکلیف دینا ❽ ستانا ❾ دق کرنا۔

**مٹی خراب ہونا/مٹی خوار ہونا** (ا) فعل ❶ میت کا اچھی طرح نہ اٹھایا جانا ❷ ذلیل ہونا ❸ رسوا ہونا ❹ بدنام ہونا ❺ رسوا ہونا ❻ بدنام ہونا ❼ درگت ہونا ❽ تکلیف اٹھانا ❾ حیران وپریشان ہونا۔

**مٹی دینا** (ہ) فعل ❶ دفنانا ❷ دفن کرنا ❸ دفن کرتے وقت تین تین مٹھی مٹی ڈالنا ❹ قبر میں گاڑنا۔

**مٹی ڈالنا** (ہ) فعل ❶ کسی چیز کے چوری ہونے پر مشتبہ لوگوں سے پرداری کی غرض سے کسی پوشیدہ جگہ پر مٹی ڈلوانا تاکہ وہ چیز مٹی میں ڈال جائے اور بات چھپی رہے ❷ پوشیدہ کرنا ❸ چھپانا ❹ پردہ پوشی کرنا ❺ لعنت بھیجنا ❻ ٹالنا ❼ معاف کرنا۔

**مٹی ڈھونا** (ہ) فعل ❶ مٹی اٹھانے کی مزدوری کرنا ❷ قلی کا کام کرنا ❸ بہت محنت کرنا ❹ سخت مصیبت اٹھنا۔

**مٹی عزیز کرنا** (ا) فعل ❶ کسی مردے کا دفن کفن اپنے ہاتھ سے اچھی طرح کرنا ❷ دابنا ❸ گاڑنا ❹ مٹی ٹھکانے لگانا ❺ درود فاتحہ کرنا ❻ اچھی طرح کریا کرم کرنا۔

**مٹی کا پتلا/مٹی کا پنجر** (ہ) اسم مذکر ❶ گارے کا جسم ❷ خاکی بدن ❸ مجازاً آدمی ❹ انسان ❺ بشر۔

**مٹی کا تیل** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا تیل جو لیمپوں میں جلایا جاتا ہے ❷ کیروسین آئل۔

**مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں** (ہ) مثل ❶ انسان کو ادنے چیز بھی خوب دیکھ بھال کر لینی چاہئے ❷ نہایت احتیاط کے لئے بولا کرتے ہیں۔

**مٹی کرنا** (ہ) فعل ❶ خاک میں ملانا ❷ بگاڑنا ❸ خراب کرنا ❹ میلا کرنا ❺ بے مزہ کر دینا ❻ کھانا ٹھنڈا کر دینا ❼ لٹانا ❽ برباد کرنا ❾ ضائع کرنا۔

**مٹی کے مادھو** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ❶ بے وقوف ❷ احمق ❸ نادان ❹ مودھو۔

**مٹی کی مورت** (ہ) اسم مونث ❶ مٹی کی بنی ہوئی مورتی ❷ قالب خاکی ❸ بے وقوف آدمی۔

**مٹی کے مول** (ہ) اسم صفت ❶ نہایت سستا ❷ بہت ہی ارزاں ❸ کوڑیوں کے مول۔

**مٹی میں لوٹنا** (ہ) فعل ❶ خاک میں رلنا ❷ زمین پر تڑپنا۔

**مٹی میں مٹی ملنا** (ہ) فعل ❶ مرکر خاک ہو جانا ❷ فنا ہو جانا ❸ جسم کا خاک ہو جانا۔

**مٹی میں ملنا/مٹی میں مل جانا** (ہ) فعل ❶ نہایت عاجز ہونا ❷ سخت تنگ ہونا ❸ مرجانا ❹ سخت مصیبت اٹھانا۔

**مٹی میں ملانا** (ہ) فعل ❶ مٹانا ❷ خاک میں ملانا ❸ بے نشان کر دینا ❹ دفن کر دینا ❺ دابنا ❻ برباد کرنا ❼ کھو دینا ❽ ضائع کرنا ❾ بے مزہ کرنا۔

**مٹی ہو جانا** (ہ) فعل ❶ خاک میں مل جانا ❷ راکھ ہو جانا ❸ خاک ہو جانا ❹ کشتہ ہو جانا ❺ بھسم ہو جانا ❻ گل سڑ جانا ❼ بگڑ جانا ❽ خراب ہو جانا ❾ بیکار ہو جانا۔

**مٹی ہونا** (ہ) فعل ❶ بھسم ہونا ❷ راکھ ہونا ❸ خراب ہونا ❹ کام کا نہ رہنا ❺ بیکار ہونا ❻ گلنا ❼ سڑنا ❽ مرنا ❾ مٹنا۔

**مٹیا** (ہ) اسم صفت بالف نسبتی ❶ گلی مٹی کا ❷ مٹی کے رنگ کا۔

**مٹیار** (ہ) اسم مونث ❶ مٹی کے رنگ کا ❷ بھورا ❸ مٹی کا ❹ مکدر ❺ گدلا ❻ جوان عورت۔

**مٹیالا** (ہ) اسم صفت ❶ بھورا ❷ بھرا ہوا ❸ پیلا ❹ گل آلود ❺ مٹی میں لتھڑا ہوا ❻ مٹی کا بنا ہوا ❼ مٹی کا ❽ گلی۔

**مٹیانا** (ہ) فعل ❶ سن کر ٹال جانا ❷ اغماض کرنا ❸ چپ سادھنا ❹ چراغ گل ہو جانا ❺ بجھنا ❻ بجھ جانا۔

## م ← ث

**مثاب** (ء) اسم مذکر ❶ اجر کے لائق ❷ صلہ کے قابل ❸ لائق۔

**مثال** (ء) اسم صفت ❶ نمونہ ❷ تمثیل ❸ مانند ❹ مشابہت ❺ تصویر ❻ مورت ❼ نظیر ❽ کہانی ❾ طوالت۔

**مثال دینا** (ا) فعل ❶ نظیر دینا ❷ تشبیہ دینا ❸ نمونہ دینا۔

**مثانہ** (ء) اسم مذکر ❶ پیشاب جمع رہنے کا پھکنا ❷ پیشاب کی تھیلی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مثبت (ع) اسم صفت مفعولی ❶ ساکن کیا گیا ❷ قائم کیا گیا ❸ مرقوم ❹ ثابت کیا گیا ❺ تصدیق کیا گیا ❻ مصدقہ ❼ برقرار۔

مثبتہ/ مثبتتہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ لکھا گیا ❷ چھاپا ہوا ❸ قائم کیا گیا ❹ ثابت کیا گیا ❺ مہر لگایا گیا ❻ نشان لگایا گیا۔

مثبتہ اشتام (ا) اسم مذکر۔ وہ کاغذ جس پر اسٹام لگایا گیا ہو۔

مثقال (ع) اسم مذکر ❶ ساڑھے چار ماشے کا وزن ❷ ایک سونے کا سکہ جو عرب میں رائج ہے۔

مثل (ع) اسم صفت ❶ موافق ❷ برابر ❸ مانند ❹ مساوی ❺ ویسا ہی ❻ ہم شکل ❼ ملتا جلتا ❽ یکساں (اردو) مقدمہ کی کیفیت یا کاروائی کے کاغذ ❾ روئداد مقدمہ کے لکھے ہوئے ورق۔

مَثَل (ع) اسم مونث ❶ کہاوت ❷ داستان ❸ کہانی ❹ مثال ❺ نظیر ❻ مشابہت۔

مثلاً (ع) اسم صفت ❶ جس طرح ❷ گویا ❸ جیسے یعنی مثال کے طور پر۔

مثلث (ع) اسم مذکر ❶ تین ضلعوں والی شکل تکون ❷ تکھونٹ ❸ تین مصرعوں کا بند ❹ سہ گوشہ ❺ تکونا ❻ زاویوں کی پیمائش کا علم یعنی مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کرنے کا علم۔



مثلث

مثلث حادالزاویا (ع) اسم مذکر۔ وہ مثلث جس کے تینوں زاویے قائمے سے چھوٹے ہوں۔

مثلث قائم الزاویہ (ع) اسم مذکر۔ وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو۔

مثلث متساوی الاضلاع (ع) اسم مذکر۔ وہ تکون جس کے تینوں ضلع برابر ہوں۔

مثلث متساوی الساقین (ع) اسم مذکر۔ وہ مثلث جس کے دو ضلع آپس میں برابر ہوں۔

مثلث مختلف الاضلاع (ع) اسم مذکر۔ وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے برابر ہوں۔

مثلث منفرجہ الزاویہ (ع) اسم مذکر۔ وہ تکون جس کا ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔

مثلثی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ مثلث سے منسوب ❷ تکونیا ❸ تکھونٹیا ❹ تکھونٹا۔

مثلی (ا) اسم مذکر ❶ وہ شخص جس کی مثل بنی ہوئی ہو ❷ سزایافتہ ❸ نامی چور ❹ مشہور ❺ بدمعاش ❻ پرانا مجرم۔

مثلی اچکا/ مثلی چور/ مثلی بدمعاش (ا) اسم مذکر ❶ وہ چور یا بدمعاش جو کسی واقعہ میں سزا پا چکا ہو ❷ سزایافتہ ❸ نامی چور ❹ نامی بدمعاش۔

مثمن (ج) اسم صفت ❶ آٹھ ضلعوں کی شکل ❷ ہشت پہلو ❸ آٹھ کونیا ❹ آٹھ مصرعوں کا بند۔

مثنٰی (ع) اسم صفت ❶ ثانی ❷ دوسرا (بحالت اسم مذکر) دوسری نقل ❸ نقل مطابق اصل ❹ اتار ❺ مکرر نقل ❻ جوڑا ❼ جوڑ ❽ جفت۔

مثنٰی بہ (ع) اسم مذکر۔ اصل جس سے نقل کی گئی ہو۔

مثنوی (ع) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ مثنٰی ❷ دو دوالا ❸ دو ہم قافیہ ❹ مصرعوں کی بیت ❺ ایسی نظم جس کی ہر بیت کا قافیہ الگ الگ ہو ❻ یہ تمام نظم ایک ہی وزن میں ہوتی ہے اور اس کیلئے تعداد اشعار کوئی مقرر نہیں ❼ مولانا روم رحمت اللہ علیہ کی مشہور و معروف نظم کی کتاب۔

## م ← ج

مجادلہ (ع) اسم مذکر ❶ لڑائی جھگڑا ❷ بکھیڑا ❸ تنازعہ ❹ ہنگامہ ❺ خونریزی ❻ بحث ❼ تکرار ❽ مباحثہ ❾ عداوت۔

مجاذیب (ع) اسم مذکر ❶ مجذوب کی جمع ❷ خدا کی محبت میں کھینچے ہوئے لوگ۔

مجاریہ (ع) اسم صفت ❶ پاس شدہ ❷ جاری شدہ ❸ رواں ❹ اجرا یافتہ ❺ نافذ شدہ ❻ مروجہ ❼ مجریہ ❽ نافذہ۔

مجاری (ع) اسم مذکر ظرف ❶ مجرا کی جمع ❷ جاری ہونے کی جگہیں ❸ بہنے کے رستے۔

مجاز (ع) اسم مذکر ظرف ❶ راہ گزرنے کی جگہ ❷ وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنوں میں استعمال نہ ہو ❸ حقیقت کے برعکس ❹ بااختیار ❺ جائز۔

مجاز مرسل (ع) اسم مذکر۔ لفظ کے اصلی اور مجازی معنوں میں اگر تشبیہہ کا علاقہ نہ ہو تو مجاز مرسل کہلاتا ہے اگر تشبیہہ کا تعلق ہو تو استعارہ۔

مجاز ہونا (ا) فعل ❶ قانونی یا شرعی لحاظ سے کسی امر کا اختیار رکھنا ❷ مختار ہونا ❸ بااختیار ہونا۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**مجازاً** (ء) تابع فعل ❶ مراداً ❷ فرضاً ❸ جوازاً ❹ قانونی طور سے یا شرعی طور سے۔

**مجازی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ غیر اصلی ❷ غیر حقیقی ❸ مرادی ❹ فرضی ❺ جعلی ❻ جھوٹے ❼ نقلی۔

**مجال** (ء) اسم مونث ظرف ❶ چکر دینے کا میدان ❷ دوڑانے کی جگہ ❸ مجازاً حوصلہ ❹ طاقت ❺ ہمت ❻ تاب ❼ قابو ❽ سامرتھ۔

**مجالس** (ء) اسم مونث ظرف ❶ مجلس کی جمع ❷ بیٹھنے کی جگہ ❸ مجلسیں ❹ سبھائیں ❺ محفلیں ❻ سوسائٹیاں۔

**مجامعت** (ء) اسم مونث ❶ ہم بستری ❷ صحبت داری ❸ جماع ❹ مباشرت۔

**مجانبت** (ء) اسم مونث ❶ کنارہ کشی کرنا ❷ الگ ہونا ❸ اجتناب کرنا ❹ علیحدگی۔

**مجاور** (ء) اسم مذکر فاعل ❶ پاس رہنے والا ❷ پڑوسی ❸ ہمسایہ ❹ مقدس مقامات کا خادم ❺ پانڈا ❻ مہافظ بزرگاہ یا معبد۔

**مجاورت** (ء) اسم مونث ❶ پڑوس ❷ ہمسائیگی۔

**مجاہد** (ء) اسم مذکر فاعل مفید صفت ❶ کوشش کرنے والا ❷ ساعی ❸ مذہبی لڑائی سے لڑنے والا ❹ غازی مرد۔

**مجاہدہ** (ء) اسم مذکر ❶ کوشش ❷ جہد ❸ سعی ❹ محنت ❺ مشقت ❻ مذہبی لڑائی۔

**مجاہدین** (ء) اسم مذکر ❶ مجاہد کی جمع ❷ مذہب پر لڑنے والے ❸ مذہب کے لئے جان دینے والے ❹ بہادر سپاہی۔

**مجبور** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ لاچار ❷ ناچار ❸ دبا ہوا ❹ تنگ ❺ دق ❻ بے بس۔

**مجبور کرنا** (ا) فعل ❶ تنگ کرنا ❷ دق کرنا ❸ ستانا ❹ دبانا ❺ ناچار کرنا ❻ بے بس کرنا۔

**مجبوراً** (ء) تابع فعل ❶ ہار کر ❷ تھک کر ❸ ناچاری سے ❹ جبر سے ❺ عاجز ہوکر۔

**مجبوری** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے بسی ❷ ناچاری ❸ دقت ❹ تنگی ❺ عاجزی۔

**مجتبےٰ** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ چنا گیا ❷ چنا ہوا ❸ برگزیدہ ❹ منتخب ❺ چھانٹا ہوا۔

**مجتمع** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ اکٹھا کیا گیا ❷ جمع کیا گیا۔

**مجتنب** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ پرہیز کرنے والا ❷ بچنے والا ❸ دور رہنے والا ❹ علیحدگی اختیار کرنے والا ❺ اجتناب کرنے والا۔

**مجتہد** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ جدوجہد کرنے والا ❷ ساعی ❸ کوشاں ❹ کوشش کرنے والا ❺ عمدہ اور صحیح راستہ نکالنے والا ❻ لشکروں سے جہاد کرنے والا ❼ اہل شیعہ کا فاضل ❽ امام ❾ پیشوائے مذہب۔

**مجدد** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ تجدید کرنے والا ❷ پرانے کو نیا کرنے والا ❸ ترمیم مذہب کرنے والا۔

**مجدداً** (ء) تابع فعل ❶ نئے سرے سے ❷ ازسرنو۔

**مجذوب** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ کھینچا گیا ❷ صاحب جذبہ ❸ یاد الٰہی میں غرق ❹ محبت الٰہی میں غرق ❺ محبت الٰہی میں مدہوش ❻ مست ❼ آپے سے بے خبر ❽ بے ہوش ❾ (اردو میں) دیوانہ۔

**مجذوب کی بڑ** (ا) اسم مونث ❶ بے معنی باتیں ❷ بے سروپا کلام ❸ پاگلوں کی سی بکواس۔

**مجذور** (ء) اسم مذکر ❶ فی نفسہ ضرب کھایا ہوا ❷ مربع ❸ اگر کسی عدد کو اسی میں ضرب دیں تو حاصل ضرب مجذور اور وہ عدد جذر ہوگا۔

**مجذوم** (ء) اسم مذکر مفعول ❶ جذامی ❷ کوڑھی ❸ کوڑھ کی بیماری میں گرفتار۔

**مجرا** (ء) اسم مذکر ❶ کٹوتی ❷ منہائی ❸ سلام ❹ تسلیمات ❺ آداب ❻ جاری کیا گیا ❼ ناچ ❽ رقص وسماع ❾ مرثیہ جو رباعی، غزل، قطعہ یا قصیدے کے طور پر کہا جائے اور اس کے مطلع میں مجرا یا سلام کا لفظ بولا جائے۔

**مجرائی / مجرئی** (ا) اسم مذکر ❶ سلامی ❷ مجرا کرنے والا ❸ سلام کرنے والا ❹ صرف سلام کی تنخواہ پانے والا ❺ امتیازی لوگ جمع ❻ منہائی ❼ کمی ❽ مرثیہ کا سلام۔

**مجرب** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ تجربہ کیا گیا ❷ آزمایا ہوا ❸ کارگر ❹ نہایت موثر۔

**مجربات** (ء) اسم مذکر ❶ تجربہ کی ہوئی باتیں ❷ آزمودہ نسخے ❸ وہ کتابیں جن میں نہایت آزمودہ نسخے درج ہوں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**مجرّد** (ع) اسم صفت مفعولی ① اکیلا رہا ہوا ② تنہا ③ مادے سے پاک ④ ناکتخدا ⑤ تارک الدنیا شخص ⑥ بن بیاہا ⑦ بے زن و فرزند ⑧ آزاد ⑨ جتی۔

**مجردات** (ع) اسم مذکر ① وہ اجسام جو مادے سے پاک ہوں ② غیر محسوس ③ بے جسم ④ وجود ملائک ⑤ فرشتے ⑥ ارواح ⑦ عقول عشرہ۔

**مجردی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① تنہائی ② آزادی ③ کنوارا پن ④ جتی پن۔

**مجرم** (ع) اسم صفت فاعلی ① گناہگار ② جرم کرنے والا ③ قصوروار ④ پاپی ⑤ خطاوار ⑥ ملزم۔

**مجرم ٹھیرانا/قرار دینا** (ا) فعل ① خطاوار ② گردانا ③ ملزم ٹھیرانا ④ قابل سزا قرار دینا۔

**مجروح** (ع) اسم صفت مفعولی ① زخمی ② گھائل ③ زخم خوردہ ④ چوٹ کھایا ہوا ⑤ ضرب رسیدہ۔

**مجسٹریٹ** (ای) اسم مذکر ① منصف ② جج یا فوجداری کا با اختیار حاکم ③ حاکم مجاز۔

**مجسٹریٹی** (ا) اسم مونث ① مجسٹریٹ کا عہدہ ② حکومت کا اختیار۔

**مجسم** (ع) اسم صفت مفعولی ① جسم دار ② وہ چیز جو طول عرض اور عمق رکھتی ہو ③ سر سے پاؤں تک ④ سراپا۔

**مجلّا** (ع) اسم صفت مفعولی ① جلا کیا ہوا ② چمکایا ہوا ③ روشن ④ صاف ⑤ ظاہر ⑥ آشکارا۔

**مجسمہ** (ع) اسم مذکر۔ بت۔

**مجسمہ ساز** (عف) اسم صفت۔ مٹی اور پتھر کے بت بنانے والا۔

**مجسمہ سازی** (عف) اسم مونث۔ بت بنانے کا کام۔

**مجلد** (ع) اسم صفت مفعولی ① جلد بندی کیا ہوا ② جلد بندھا ہوا ③ کتاب ④ نسخہ ⑤ جلد۔

**مجلس** (ع) اسم مونث ظرف ① بیٹھنے کی جگہ ② آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ ③ سوسائٹی ④ سماج ⑤ انجمن ⑥ بزم ⑦ جلسہ ⑧ کونسل شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع۔

**مجلس خانہ** (عف) اسم مذکر ظرف ① بزم گاہ ② مجلس لگنے کی جگہ ③ دیوان عام ④ دربار ⑤ کسی مقبرہ پر مشائخ لوگوں کے قوالی سننے کی جگہ۔

**مجلس کرنا** (ا) فعل ① جلسہ کرنا ② لوگوں کو جمع کرنا ③ مرثیہ خوانی ④ شہدا کی عزاداری کے لئے لوگوں کو جمع کرنا۔

**مجلسی** (ع) اسم مذکر بیائے نسبتی ① منسوب بہ مجلس ② شریک مجلس ہونے والا ③ مجلس کا اہل مجلس۔

**مجمع** (ع) اسم مذکر ① مجلس ② جلسہ ③ انبوہ ④ جمگھٹ ⑤ بھیڑ ⑥ ہجوم۔

**مجمع البحرین** (ع) اسم مذکر ① دو دریاؤں کا ملاپ ② مجازاً خضر اور موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات کی جگہ۔

**مجمع الجزائر** (ع) اسم مذکر ① وہ سمندر جہاں بہت سے جزیرے پاس پاس واقع ہوں ② ٹاپوؤں کا جھنڈ۔

**مجمل** (ع) اسم صفت ① مختصر کیا ہوا ② خلاصہ انتخاب ③ سرسری ④ اجمال کیا گیا ⑤ اختصار ⑥ مفصل کی ضد۔

**مجملاً** (ع) تابع فعل ① از روئے اجمال ② اجمالاً ③ اختصار کے طور پر ④ فی الجملہ ⑤ الغرض۔

**مجموعہ** (ع) اسم صفت مفعولی ① اکٹھا کیا گیا ② جمع کیا ہوا ③ (بحالت اسم مذکر) کلیات ④ خزانہ ⑤ مخزن ⑥ ذخیرہ ⑦ جملہ ⑧ پشتارہ ⑨ مرکب۔

**مجموعہ قوانین** (ع) اسم مذکر۔ قانون کا ذخیرہ۔

**مجموعی** (ع) اسم صفت ① تمام ② اکٹھا ③ یکجا طور پر۔

**مجنون** (ع) اسم صفت مفعولی ① پاگل ② دیوانہ ③ نہایت دبلا پتلا اور کمزور آدمی ⑤ مفتون ⑥ سودائی ⑦ باؤلا (بحالت مذکر) قیس عامری کا لقب جو لیلےٰ کا عاشق تھا ⑧ مجازاً عاشق ⑨ شیدا۔

**مجوز** (ع) اسم صفت ① تجویز کرنے والا ② جائز رکھنے والا ③ جائز کیا گیا ④ تجویز کیا گیا۔

**مجوزان قانون** (ع) اسم مذکر ① قانون بنانے والے ② قانون تجویز کرنے والا ③ لیجسلیٹو کونسل ④ واضعان آئین وقوانین۔

**مجوزہ** (ع) اسم صفت ① تجویز کیا گیا ② پیش کیا گیا ③ مقرر کیا گیا ④ ٹھیرایا ہوا ⑤ معینہ۔

**مجوس** (ع) اسم مذکر ① مجوسی کی جمع ② آتش پرست ③ زردشت کے پیرو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03147972218

کار۔

**مجوسی** (ف) اسم مذکر ① آتش پرست ② آگ کی پوجا کرنے والا ③ چاند سورج کی پوجا کرنے والا۔

**مجوف** (ع) اسم صفت مفعولی ① کھوکھلا ② پولا ③ تھوتھا ④ اندر سے خالی ⑤ جوف کیا گیا۔

**مجہول** (ع) اسم صفت مفعولی ① نامعلوم ② وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو ③ سست احدی ④ کاہل ⑤ مٹھا ⑥ نکما ⑦ نکھٹو ⑧ علم جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی قیمت معلوم کرنی مقصود ہو ⑨ غیر معلوم رقم۔

**مجہول النسب** (ع) اسم مذکر۔ وہ شخص جس کے حسب ونسب کا پتہ نہ ہو۔

**مجھ** (ہ) اسم ضمیر مفعولی واحد متکلم۔ اپنی ذات کے لئے بولا جاتا ہے۔

**مجھ سے** (ہ) تابع فعل ① میری ذات سے ② میرے وجود سے ③ مجھ جیسے ④ میرے جیسے۔

**مجھلا** (ہ) اسم مذکر ① بکھیڑا ② جھمیلا ③ کسی بات کا مشکل اور دشوار ہوجانا۔

**مجھولا/منجھولا** (ہ) اسم صفت ① درمیانہ ② بیچ کا ③ وسطی ④ منجھلا ⑤ بڑا دیگچہ ⑥ چھوٹی دیگ۔

**مجھولی/منجھولی** (ہ) اسم صفت مونث ① منجھلی ② درمیانی ③ وسطی (بصورت اسم مونث) ایک قسم کی چھوٹی ہندوستانی گاڑی۔

**مجھے اور نہ تجھے ٹھور** (ہ) مثل۔ میرا آپ کے بغیر اور آپ کا میرے بغیر گزارہ نہیں۔

**مجھے منہ نہ دکھا** (ہ) کلمہ نفرت ① دفع ہو ② مجھے شکل نہ دکھا ③ میرے سامنے نہ آ۔

**مجھیلا** (ہ) اسم مذکر ① جھمیلا سے بگاڑ ہے ② ٹنٹا ③ جھگڑا ④ بکھیڑا ⑤ قضیہ۔

**مجیب** (ع) اسم صفت فاعلی ① جواب دینے والا ② قبول کرنے والا۔

**مجیب الدعوات** (ع) اسم صفت ① دعائیں قبول کرنے والا ② خدا یتعالے۔

**مجیٹھ** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی لکڑی جس کے لال رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

**مجید** (ہ) اسم صفت ① بزرگوار ② بزرگ ③ گرامی عزیز۔

**مجیرا** (ہ) اسم مذکر۔ چھوٹی چھوٹی پیتل کی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے واسطے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔

## م ← چ

**مچ** (ہ) اسم مونث ① بھول ② جہالت ③ بے توجہی ④ نیند کا خمار۔

**مچا** (ہ) اسم مونث ① گوشت کا لوتھڑا ② گوشت کا بڑا ٹکڑا۔

**مچان** (ہ) اسم مذکر ① ٹانڈہ ② وہ اونچی جگہ جو دیوار میں تختے یا کڑیاں رکھ اسباب کے لئے بنالیتے ہیں۔

**مچانا** (ہ) فعل ① برپا کرنا ② رچانا ③ عمل میں لانا ④ گاڑی میں جوتنا۔

**مچک** (ہ) اسم مونث ① لچک ② لرزش۔

**مچکا** (ہ) اسم مذکر ① سستا پن ② ارزانی ③ ڈھیل ④ وقفہ ⑤ فرق ⑥ تفاوت ⑦ روک۔

**مچکا پڑنا/کھانا** (ہ) فعل ① بازار کا مندا ہوجانا ② سستا ہوجانا ③ کسی کی آمدنی کا رک جانا ④ وقفہ پڑجانا ⑤ ڈھیل بڑھایا۔

**مچکانا** (ہ) فعل ① حرکت دینا ② ہلانا ③ لچکانا ④ جھلکانا۔

**مچکنا** (ہ) فعل ① تھرانا ② کانپنا ③ لچکنا ④ چارپائی کا بولنا ⑤ چوں چوں کرنا ⑥ چرچرانا۔

**مچلا** (ہ) اسم صفت ① گھنا ② ڈھیٹ ③ ضدی ④ نٹ کھٹ ⑤ خاموش ⑥ مکرا ⑦ چپ حرام۔

**مچلا پن** (ہ) اسم مذکر مصدری ① گھنا پن ② ضد ③ ہٹ ④ اڑ ⑤ ڈھٹائی ⑥ خاموشی۔

**مچلائی** (ہ) اسم مونث ① ہٹ ② ضد ③ شوخی ④ ڈھٹائی ⑤ ڈھیٹ پن۔

**مچل پڑنا/مچل جانا** (ہ) فعل ① ہٹ پر آنا ② اڑ جانا ③ بپھر جانا ④ لوٹ جانا ⑤ ضد پر آجانا ⑥ کسی چیز کے لینے کی ضد کرنا ⑦ لوٹ لوٹ کر اصرار کرنا ⑧ سر ہوجانا۔

**مچلکا/مچلکہ** (ت) اسم مذکر ① اقرار نامہ ② عہد نامہ ③ کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری اقرار نامہ ③ بچن ④ قول قرار۔

**مچلنا** (ہ) فعل ① ہٹ کرنا ② اصرار کرنا ③ ضد کرنا ④ اڑنا ⑤ بپھرنا ⑥ حیلہ بہانہ کرنا ⑦ ٹال مٹول کرنا ⑧ ٹالنا ⑨ جان کر انجان ہوجانا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

**مچلی** (ہ) اسم صفت ① مچلا کی مونث ② مکری ③ حیلہ باز ④ گھنی ⑤ شوخ ⑥ ڈھیٹ ⑦ ضدن۔

**مچنا** (ہ) فعل ① مندنا ② بند ہونا۔

**مچنا** (ہ) فعل ① رچنا ② عمل میں آنا ③ بسنا۔

**مچھر** (ہ) اسم مذکر۔ ایک چھوٹے سے پردار زہریلے اڑنے والے کیڑے کا نام جو ڈنگ مارتا ہےاور خون چوستا ہے۔



مچھر

**مچھلی** (ہ) اسم مونث ① مچھی ② ماہی ③ حوت ④ بازو اور پنڈلی کا گوشت ⑤ ڈولا ⑥ ایک قسم کا کان میں پہنے کا سنہری زیور ⑥ ناک کا بلاق ⑦ جانوروں کی پنڈلی کا گوشت۔



مچھلی

**مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی** (ہ) مثل۔ اکثر اوقات بیٹی کی شادی اور نسبت کے وقت بولا کرتے ہیں یعنی کیا جلدی پڑی ہے دیکھ کر کریں گے کونسا کام بگڑ چلا ہے۔

**مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے** (ہ) مثل۔ اپنے خاندانی کام کو ہر شخص جانتا ہے۔

**مچھلی کی طرح تڑپنا** (ہ) فعل ① نہایت بیتاب ہونا ② بالکل بے قرار ہونا ③ بیاکل ہونا۔

**مچھندر** (ہ) اسم مذکر ① بڑی بڑی مونچھوں والا مسخرا ② بیہودہ آدمی ③ دیوث ④ بدوضع ⑤ چوہا ⑥ موش۔

**مچھوا/ مچھیرا** (ہ) اسم مذکر ① مچھلی پکڑنے والا ② ماہی گیر۔

**مچھی سیون** (ہ) اسم مذکر ظرف۔ بادشاہوں راجاؤں یا امرا کے محلوں کا وہ تالاب جس میں رنگدار چھوٹی چھوٹی مچھلیاں چھوڑی جاتی ہیں۔

**مچھیل** (ہ) اسم صفت فاعلی۔ بڑی بڑی مونچھوں والا۔

## م ← ح

**محابا** (ع) اسم مذکر ① لغت میں باہم نزدیک ہونا ② مجازاً صلح ③ لحاظ ④ مروت ⑤ پاسداری ⑥ نگہداشت ⑦ اعانت ⑧ مدد۔

**محاذ** (ع) اسم مذکر ① لڑائی ② میدان ③ مقابل ④ روبرو ⑤ سامنے۔

**محاربہ** (ع) اسم مذکر ① لڑائی ② معرکہ ③ جنگ و جدل ④ مجادلہ ⑤ آپس میں لڑنا۔

**محاسب** (ع) اسم مذکر فاعل ① حساب جاننے والا ② علم حساب سے واقف ③ پرتالیا ④ پڑتال کرنے والا ⑤ حساب کرنے والا ⑥ جانچنے والا۔

**محاسب دہ** (ف) اسم مذکر۔ گاؤں کا حساب رکھنے والا۔

**محاسن** (ع) اسم مونث ① حسن کی جمع ② نیکیاں ③ خوبیاں ④ بھلائیاں ⑤ عادتیں ⑥ خصائل ⑦ مردوں کی ڈاڑھی یا مونچھیں۔

**محاصر** (ع) اسم صفت فاعلی ① گھیرنے والا ② گھیرا ڈالنے والا ③ محاصرہ کرنے والا۔

**محاصرہ** (ع) اسم مذکر ① گھیرا ڈالنا ② ناکہ بندی ③ گھیرا ④ تسخیر ⑤ قلعہ بندی۔

**محاصرہ اٹھانا** (ا) فعل ① گھیرا ہٹالینا ② ناکہ بندی چھوڑ دینا۔

**محاصرہ کرنا** (ا) فعل ① گھیرا ڈالنا ② ناکہ بندی کرنا ③ دشمن کے قلعہ کو گھیر لینا۔

**محاصرین** (ع) اسم مذکر ① محاصر کی جمع ② ناکہ بندی کرنے والے ③ گھیرنے والے ④ گھیرا ڈالنے والے۔

**محاصل** (ع) اسم مونث ① ذرائع آمدنی ② مجازاً آمدنی ③ نفع ④ پیداواری ⑤ زرلگان ⑥ یافت ⑦ خراج ⑧ باج ⑨ بکری کا روپیہ۔

**محاصل خام** (عف) اسم مونث ① کچی آمدنی ② غیر مستقل آمدنی ③ کچا معاملہ۔

**محاصل دہ** (عف) اسم مونث ① گاؤں کی آمدنی ② زرمعاملہ ③ لگان کا روپیہ۔

**محافظ** (ع) اسم صفت ① نگہبانی کرنے والا ② نگران ③ چوکیدار ④ رکھوالا ⑤ پاسبان ⑥ سرپرست ⑦ مربی ⑧ امین ⑨ مہتمم۔

**محافظ حقیقی** (ع) اسم صفت ① اصلی حفاظت کرنے والا ② خدا تعالے۔

**محافظ خانہ** (عف) اسم مذکر ظرف ① دفتر خانہ ② مثلوں کا دفتر ③ ریکارڈ آفس ④ فیصل شدہ مثلوں اور کاغذوں کے رکھنے کا دفتر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149772218

www.besturdubooks.net

محافظ دفتر (ا) اسم مذکر ① مثلوں کی حفاظت والا ② نگران دفتر ③ ریکارڈ کیپر۔

محافظت (ع) اسم مونث ① پاسبانی ② رکھوالی ③ حفاظت ④ سرپرستی ⑤ بندوبست۔

محافل (ع) اسم مونث ① محفل کی جمع ② مجلسیں ③ انجمنیں ④ سبھائیں۔

محافہ (ع) اسم مذکر ① پالکی ② فینس ③ ڈولا ④ ڈولی ⑤ عورتوں کے بیٹھنے کی پردہ داری سواری۔ جسے کہار اٹھاتے ہیں۔

مَحال (ع) اسم مذکر ① محل کی جمع ② مکانات ③ مقامات ④ پرگنے ضلعے ⑤ جاگیریں ⑥ غیر منقولہ جائداد۔

مُحال (ع) اسم صفت ① غیر ممکن ② ان ہونی ③ ناممکن ④ مشکل ⑤ کٹھن ⑥ سخت ⑦ (ا) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

مُحالات (ع) اسم مونث ① محال کی جمع ② ناممکن باتیں ③ دشواریاں ④ دقتیں۔

محامد (ع) اسم مونث ① محمدت کی جمع ② خوبیاں ③ اچھی خصلتیں ④ اوصاف حمیدہ۔

محاورات (ع) اسم مذکر۔ محاورہ کی جمع۔

محاورہ (ع) اسم مذکر ① بات چیت ② ہمکلامی ③ باہمی گفتگو ④ بول چال ⑤ وہ کلمہ یا کلام ہے لغوی معنوں کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لئے مخصوص کر دیا ہو ⑥ عادت ⑦ لپکا ⑧ مشق ⑨ مہارت۔

محاورہ پڑنا (ا) فعل ① مشق ہو جانا ② روزمرہ کی عادت ہو جانا۔

محاورہ ڈالنا (ہ) فعل ① عادت ڈالنا ② مشق کرانا یا کرنا ③ مہارت پیدا کرنا۔

مُحِبّ (ع) اسم مذکر فاعل ① محبت رکھنے والا ② عاشق ③ یار ④ دوست ⑤ آشنا ⑥ مشفق۔

محبت (ع) اسم مونث ① پیار ② لاڈ ③ پریم ④ پریت ⑤ دوستی ⑥ آشنائی ⑦ عشق ⑧ ملاپ۔

محبت اچھلنا (ا) فعل۔ مامتا کا جوش ہونا۔

محبت آمیز (عف) اسم صفت بترکیب فاعلی ① محبت بھری ② الفت کی ③ پیار ملی۔

محبت رکھنا (ا) فعل ① پیار کرنا ② دوستی رکھنا ③ عزیز جاننا ④ چاہنا۔

محبت کا دم بھرنا / محبت کا دم مارنا (ا) فعل ① محبت کا دعوٰے کرنا ② محبت کا نام لینا ③ عشق جتانا ④ محبت کا اقرار کرنا۔

محبس (ع) اسم مذکر ظرف ① جیلخانہ ② قید خانہ ③ زندان ④ بڑا گھر۔

محبوب (ع) اسم صفت مفعولی ① محبت کیا گیا ② معشوق ③ پیارا ④ لاڈلا ⑤ عزیز ⑥ دوست ⑦ دلدار ⑧ دلربا ⑨ منظور نظر۔

محبوب الٰہی (ع) اسم مذکر ① خدا کا پیارا ② خدا کا منظور نظر ③ حضرت نظام الدین اولیاؒ کا لقب جن کا مزار دہلی میں ہے۔

محبوبہ (ع) اسم مونث ① پیاری ② عزیزہ ③ لاڈلی ④ معشوقہ ⑤ دلربا ⑥ چاہتی۔

محبوس (ع) اسم صفت مفعولی ① قید کیا گیا ② قیدی ③ اسیر ④ مقید۔

محتاج (ع) اسم صفت ① غریب ② ضرورت مند ③ حاجتمند ④ بھوکا ⑤ اپاہج ⑥ کنونڈا ⑦ مفلس ⑧ نردھن ⑨ پابند۔

محتاج خانہ (ا) اسم مذکر ① غریب خانہ ② لاوارثوں اور کے پرورش پانے کی جگہ۔

محتاجی / محتاجگی (عف) اسم مونث ① افلاس ② تنگدستی ③ دست نگری ④ مجبوری ⑤ لاچاری۔

محتاط (ع) اسم صفت ① ہوشیار ② احتیاط برتنے والا۔

محترز (ع) اسم صفت ① احتراز کرنے والا ② پرہیز کرنے والا ③ ہوشیار ④ محتاط۔

محترم (ع) اسم صفت مفعولی ① عزت کیا گیا ② احترام کیا گیا ③ معزز ④ بزرگ ⑤ واجب التعظیم۔

محتسب (ع) اسم مذکر فاعل ① حساب لینے والا ② خلاف شرع باتوں سے روکنے والا ③ کوتوال ④ حاکم شرعی۔

محتشم (ع) اسم صفت فاعلی ① صاحب حشمت ② جاہ وجلال والا ③ بڑی شان وشوکت والا ④ بہت سے نوکروں چاکروں والا ⑤ دولت مند ⑥ امیر ⑦ رئیس۔

محتمل (ع) اسم صفت مفعولی ① احتمال کیا گیا ② گمان کیا گیا ③ مشتبہ ④ مشکوک۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مجوب (ع) اسم صفت مفعولی ❶ پوشیدہ ❷ مخفی ❸ حجاب۔
محراب (ع) اسم مذکر ❶ امام کے کھڑے ہونے کی مقدس جگہ ❷ گھر ❸ طاق ❹ کمانچہ ❺ ڈاٹ ❻ گول دروازہ ❼ حجرہ بادشاہی خلوت گاہ ❽ خلوت خانہ۔
محراب دار (عف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ قوس نما ❷ کمان کی شکل کی۔
محرر (ع) اسم مذکر فاعل ❶ لکھنے والا ❷ تحریر کرنے والا ❸ کاتب ❹ منشی ❺ راقم ❻ کلرک۔
محررہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ لکھا ہوا ❷ مرقومہ۔
محرری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ منشی گری ❷ لکھائی کے کام کا عہدہ ❸ کلرکی۔
محرف (ع) اسم صفت مفعولی ❶ راستی سے پھرا ہوا ❷ ٹیڑھا ❸ الٹا ❹ کج ❺ جگہ سے ہٹا ہوا۔
محرک (ع) اسم صفت فاعلی ❶ حرکت دینے والا ❷ تحریک کرنے والا ❸ ہلانے والا ❹ ابھارنے والا۔
مَحرم (ع) اسم صفت ❶ ایسا قریبی رشتہ دار جس کے نکاح جائز نہ ہو ❷ ایسا شخص جس سے پردہ ضروری نہ ہو ❸ راز دار ❹ واقف ❺ انگیا کی کٹوری ❻ انگیا کا ❼ سینہ بند۔
محرم (ع) اسم مذکر مفعول ❶ حرام کیا گیا ❷ تعظیم کیا گیا ❸ عربی سال کا پہلا مہینہ جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام یزید کے حکم سے شہد کیے گئے ❹ سوگ کا مہینہ ❺ ماتم کا مہینہ۔
محرور (ع) اسم صفت مفعولی ❶ حرارت یافتہ ❷ گرم ❸ تتا۔
محرورالمزاج (ع) اسم صفت ❶ گرم مزاج ❷ طبیعت والا۔
مَحرُوم (ع) اسم صفت ❶ حرام کیا گیا ❷ باز رکھا گیا ❸ منع کیا ہوا ❹ نامراد ❺ بے نصیب ❻ مایوس ❼ ناکام ❽ بے بہرہ ❾ خالی۔
محروم کرنا / رکھنا (ع) فعل ❶ مایوس رکھنا ❷ حق نہ دینا۔
محروم رہنا (ا) فعل ❶ بدنصیب رہنا ❷ ناامید رہنا ❸ خالی رہنا۔
محرومی / محرومیت (ع) اسم مونث مصدری ❶ بدنصیبی ❷ ناکامی ❸ ناامیدی ❹ مایوسی ❺ خالی رہنا۔
محزون (ع) اسم صفت مفعولی ❶ غمناک ❷ غمگین ❸ دلگیر ❹ مغموم ❺ رنجیدہ۔
محسن (ع) اسم صفت فاعلی ❶ احسان کرنے والا ❷ سخی ❸ فیاض ❹ داتا ❺ مددگار ❻ مربی ❼ معاون۔
محسن کش (عف) اسم صفت لغوی احسان کرنے والے کو مار ڈالنے والا ❶ مجازاً ناشکرا ❷ احسان نہ ماننے والا ❸ احسان کرنے والے کے ساتھ برا سلوک کرنے والا۔
محسنات (ع) اسم مونث ❶ محسنہ کی جمع ❷ نیکیاں ❸ بھلائیاں ❹ خوبیاں ❺ احسانات۔
محسود (ع) اسم صفت مفعولی ❶ حسد کیا گیا ❷ رشک کیا گیا ❸ وہ آدمی جس پر کوئی حسد کرے۔
محسوس (ع) اسم صفت مفعولی ❶ پہچانا گیا ❷ معلوم کیا گیا ❸ حس کیا گیا ❹ وہ چیز جو حواس خمسہ کے ذریعہ معلوم ہو ❺ ظاہر ❻ آشکارا ❼ عیاں۔
محسوس ہونا (ا) فعل ❶ پہچانا جانا ❷ حس عام ہونا ❸ ظاہر ہونا۔
محسوسات (ع) اسم مونث ❶ محسوسہ کی جمع ❷ معلوم ہونے کے قابل چیزیں ❸ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔
محشر (ع) اسم مذکر ❶ اٹھ کر جمع ہونے کی جگہ ❷ مجازاً روز قیامت ❸ میدان حشر ❹ ہنگامہ۔
محشی (ع) اسم صفت مفعولی ❶ حاشیہ چڑھا ہوا ❷ شرح لکھا ہوا ❸ شرح کے ساتھ متشرح۔
محصل (ع) اسم صفت فاعلی ❶ حاصل کرنے والا ❷ محصول وصول کرنے والا۔
محصور (ع) اسم صفت مفعولی ❶ گھیرا گیا ❷ گھیرے میں آیا ہوا ❸ قلعہ بند۔
محصور ہونا (ا) فعل ❶ گھر جانا ❷ گھیرے میں آنا ❸ قلعہ بند ہونا۔
محضر (ع) اسم مذکر ظرف ❶ حاضر ہونے کی جگہ ❷ شرعی تمسک ❸ شرعی حکمنامہ ❹ قاضی کی مہر لگا ہوا کاغذ ❺ عام لوگوں کی شہادت کا کاغذ یعنی عرضداشت ❻ (بحالت صفت) روبرو ❼ سامنے ❽ پیش رو۔
محضر خون (عف) اسم مذکر ❶ کسی کے واجب القتل ہونے کا تصدیقی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

کاغذ (2) خون کا شہادت نامہ۔

**محضر نامہ** (عف) اسم مذکر (1) مہروں اور شہادتوں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ (2) عرض حال (3) نوشتہ (4) عرضداشت۔

**محظوظ** (ہ) اسم صفت مفعولی (1) صاحب نصیب (2) بہرہ مند (3) نیک بخت (4) مگن (5) خوش وخرم (6) باغ باغ (7) لذت پانے والا (8) لطف اٹھانے والا۔

**محفل** (ء) اس مونث (1) مجلس (2) انجمن (3) جلسہ (4) جمع = محافل۔

**محفل برہم ہونا** (ا) مصدر مرکب (1) محفل کا بدمزہ ہونا (2) محفل خراب ہونا (3) لوگوں کا چلا جانا۔

**محفل پر چھا جانا** (ا) محاورہ۔ محفل والوں پر رنگ جمالینا۔

**محفل رقص وسرور** (ف) اس مونث۔ ناچ گانے کی محفل۔

**محفل سرد پڑ جانا** (ا) محفاورہ۔ محفل بے رونق ہو جانا۔

**محفل عروسی** (ء) اسم مونث۔ شادی کی محفل۔

**محفوظ** (ء) اسم صفت (1) حفاظت کیا گیا (2) صحیح (3) سلامت۔

**محقر** (ء) اسم صفت (1) حقیر (2) کمینہ (3) ذلیل۔

**محقق** (عف) اسم صفت فاعلی (1) تحقیق کرنے والا (2) دلیل سے ثابت کرنے (3) حکیم (4) فلاسفر۔

**محققانہ** (ء) اسم صفت (1) تحقیق کی رو سے (2) صداقت کے اعتبار سے۔

**محک** (ء) اسم مونث آلہ (1) کسوٹی (2) سونے کا کس دیکھنے کا پتھر۔

**محکم** (ء) اسم صفت مفعولی (1) پائدار (2) مضبوط (3) اٹل (4) برقرار مستقل (5) مستحکم۔

**محکمہ** (ء) اسم مذکر ظرف (1) فیصلہ کرنے کی جگہ (2) انصاف کرنے کی جگہ (3) کچہری (4) عدالت (5) دربار (6) سررشتہ (7) ڈیپارٹمنٹ (8) صیغہ۔

**محکوم** (ء) اسم صفت مفعولی (1) حکم کیا گیا (2) تابع (3) ماتحت (4) زیر فرمان (5) رعایا (6) پرجا (7) نوکر چاکر۔

**محکومہ** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی تانیث (1) حکم کیا گیا (2) فرمان دیا گیا۔

**محل** (ء) اسم مذکر (1) مکان (2) موقع (3) قصر ایوان (ا) اسم مونث (4) ملکہ (5) بیگم۔

**محل سرا/ محلسر** (عف) اسم مونث ظرف (1) رنواس (2) محل (3) رانیوں کے رہنے کا مکان (4) دولت سرا (5) حرام سرائے سلطانی۔

**محلات** (ء) اسم مذکر ظرف۔ محلّہ کی جمع۔

**محلّل** (ء) اسم صفت فاعلی (1) تحلیل کر ڈالنے والی چیز (2) گلا دینے والی شے (3) حل کر دینے والی چیز۔

**محلول** (ء) اسم صفت مفعولی (1) حل کیا ہوا (2) حل کردہ شدہ (3) گھولا گیا۔

**محلّہ** (ء) اسم مذکر ظرف (1) اترنے کی جگہ (2) آدمیوں کا مقام (3) مسکن (4) مجازاً شہر کا کوئی حصہ۔

**محمد** (ء) اسم صفت (1) بہت تعریف کیا گیا (2) نہایت سراہا گیا (3) نبی اکرم کا اسم مبارک۔

**محمود** (ء) اسم صفت مفعولی (1) سراہا گیا (2) تعریف کیا گیا (3) غزنی کے مشہور بادشاہ ناصرالدین ابن سبکتگین کا نام۔

**محمودی** (ء) اسم مونث بیائے نسبتی (1) ایک قسم کی باریک ململ (2) عرب کا ایک چاندی کا سکہ جس کی قیمت ڈھائی آنے کے برابر ہے۔

**محمول** (ء) اسم صفت مفعولی (1) لادا گیا (2) لدا ہوا (3) خیال کیا گیا (4) گران کیا گیا (5) ظن کردہ (6) علم منطق میں وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہو۔

**محمولہ** (ء) اسم صفت (1) لدا ہوا (2) بارشدہ۔

**محن** (ء) اسم مونث (1) محنت کی جمع (2) تکلیفیں (3) بلائیں۔

**محنت** (ء) اسم مونث (1) رنج (2) دکھ (3) کوشش (4) سرگرمی (5) مشقت (6) مزدوری کا کام (7) کام کی اجرت۔

**محنت اکارت جانا** (ا) مصدر مرکب (1) محنت برباد جانا (2) محنت ضائع جانا۔

**محنت برباد گناہ لازم** (ا) مقولہ (1) الٹا الزام آیا (2) محنت ضائع گئی۔

**محنت ٹھکانے لگان** (ا) محاورہ (1) کوشش کا صلہ ملنا (2) کوشش میں کامیاب رہنا۔

**محنت رائیگاں ہونا** (ا) محاورہ (1) محنت اکارت جانا (2) محنت کا صلہ نہ ملنا۔

**محنت شاقہ** (ء) اسم مونث (1) سخت محنت (2) دشوار کام (3) کٹھن کام۔

**محنت کو راحت ہے** (ا) مقولہ۔ محنت سے انسان ترقی کرتا ہے۔

**محنت کش** (عف) اس صفت (1) جفاکش (2) محنتی (3) مزدور۔

**محنتانہ** (عف) اسم مذکر (1) اجرت (2) مزدوری (3) حق الخدمت (4)

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314977218

www.besturdubooks.net

معاوضہ ⑤ صلہ ⑥ پھل۔

**محنتی** (ء) اسم صفت بیائے فاعلیت ① سختی برداشت کرنے والا ② جفاکش ③ مزدور ④ قلی۔

**محو** (ء) اسم صفت ① بھولا ہوا ② گم ③ نقش مٹانا ④ حرفوں کو چھیل ڈالنا ⑤ مٹانا ⑥ فنا کرنا ⑦ ناپید کرنا ⑧ عاشق ⑨ شیدا۔

**محو کر دینا** (ا) فعل ① مٹا دینا ② گم کر دینا ③ گم صم کر دینا ④ حیران کر دینا ⑤ بت بنا دینا ⑥ شیفتہ کر لینا ⑦ عاشق بنا لینا۔

**محو ہو جانا** (ا) فعل ① مٹ جانا ② جاتا رہنا ③ اڑ جانا ④ غائب ہو جانا ⑤ فنا ہو جانا۔

**محور** (ء) اسم مذکر۔ دھرا۔ جس پر پہیا گردش کرتا ہے۔

**محولہ** (ء) اسم صفت ① سپرد کیا گیا ② حوالے کیا گیا ③ حوالہ دیا گیا۔

**محویت** (ء) اسم مونث ① خیال میں گم ② غرق ہونا ③ شیفتگی ④ فریفتگی۔

**محی** (ء) اسم صفت ① زندہ کرنے والا ② خدا کا ایک صفاتی نام۔

**محیر** (ء) اسم صفت ① حیران کرنے والا ② تعجب میں ڈالنے والا۔

**محیط** (ء) اسم صفت ① گھیرنے والا ② احاطہ کرنے والا ③ (ا) اسم مذکر۔ دائرے کا گول خط ④ دورہ ⑤ چکر ⑥ گھیرا ⑦ دریا۔

**محیل** (ء) اسم صفت ① فریبی ② مکار ③ حیلہ گر ④ حیلہ ساز۔

## م ← خ

**مخ** (ء) اسم مذکر ① مغز ② سر ③ گودا۔

**مخابرہ** (ء) اسم مذکر ① خبر رسانی ② باہم خبریں پہنچانا۔

**مخارج** (ء) اسم مذکر ① مخرج کی جمع ② نکلنے کی جگہ ③ جڑ ④ نکاس۔

**مخاصمت** (ء) اسم مونث ① آپس کا بیر ② باہمی دشمنی ③ لاگ ④ مخالفت۔

**مخاطب** (ء) اسم مذکر فاعل ① خطاب کرنے والا ② بات کہنے والا ③ سامنے گفتگو کرنے والا ④ خفا ہونے والا ⑤ عتاب کرنے والا۔

**مخاطب ہونا** (ا) فعل ① متوجہ ہو کر بات کرنا ② کسی خاص آدمی کو سامنے کر کے کلام کرنا ③ رجوع کرنا۔

**مخاطَب** (ء) اسم مذکر مفعول ① خطاب کیا گیا ② عتاب کیا گیا ③ جس پر غصہ کیا جائے ④ جس سے بات کی جائے۔

**مخاطرہ** (ء) اسم مذکر ① ڈر ② خوف ③ اندیشہ ④ بھے ⑤ چنتا ⑥ جوکھوں ⑦ ذہن میں آ جانے والی بات ⑧ دل میں گزرنے والی بات۔

**مخافات** (ء) اسم مونث۔ مخافت کی جمع۔

**مخافت** (ء) اسم مونث ① ڈر ② بھے ③ اندیشہ ④ خطرہ ⑤ جائے خوف۔

**مخالطت** (ء) اسم مونث ① میل ملاپ ② دوستی ③ میل جول ④ اتحاد ⑤ اختلاط۔

**مخالف** (ء) اسم مذکر فاعل ① دشمن ② بیری ③ خلاف کرنے والا ④ الٹا ⑤ برخلاف ⑥ برعکس۔

**مخالف ہونا** (ا) فعل ① پھرنا ② برخلاف ہونا ③ باغی ہونا۔

**مخالفت** (ء) اسم مونث ① دشمنی ② عداوت ③ بیر ④ ضد ⑤ برخلاف ہونا ⑥ برعکس چلنا ⑦ مخالفت کرنا ⑧ اعراض کرنا ⑨ اختلاف کرنا۔

**مخبر** (ء) اسم مذکر فاعل ① خبر دینے والا ② جاسوس ③ خفیہ اطلاع بھیجنے والا۔

**مخبری** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① جاسوسی ② خبر رسانی ③ دت پن۔

**مخبوط** (ء) اسم صفت مفعولی ① خبطی ② جنونی ③ بدحواس ④ مجنوں۔

**مخبوط الحواس** (ء) اسم صفت ① جن کے ہوش وحواس مارے گئے ہوں ② سڑی ③ پاگل ④ دیوانہ ⑤ باولا ⑥ سودائی ⑦ مجنوں۔

**مختار** (ء) اسم صفت مفعولی ① پسند کیا گیا ② چنا گیا ③ چھانٹا گیا ④ بااختیار ⑤ مالک ⑥ آزاد ⑦ اختیار دیا گیا ⑧ (بصورت اسم مذکر) ایجنٹ ⑨ وکیل۔

**مختار عام** (ء) اسم مذکر۔ وہ ایجنٹ جسے عام کاروبار کا اختیار دیا گیا ہو۔

**مختار کار** (عف) اسم مذکر ① مہتمم ② سپرنٹنڈنٹ ③ متولی ④ سربراہ کار۔

**مختار کرنا** (ہ) فعل ① اختیار دینا ② اجازت دینا ③ مجاز کرنا۔

**مختار کل/مختار مطلق** (ء) اسم مذکر ① پورے اختیار والا ② حاکم مطلق۔

**مختار نامہ** (عف) اسم مذکر ① وہ تحریر جس کے ذریعہ کسی کو اختیار دیا گیا ② اختیار کی سند۔

**مختار ہونا** (ا) فعل ① مجاز ہونا ② گماشتہ ہونا ③ بااختیار ہونا ④ مالک

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہونا۔

مختاری (ء) اسم مونث ❶ وکالت ❷ سربراہی۔

مخترع (ء) اسم صفت فاعلی ❶ اختراع کرنے والا ❷ موجد ❸ نئی بات نکالنے والا ❹ واضع۔

مخترعات (ء) اسم مونث ❶ نکالی ہوئی چیزیں ❷ ایجاد شدہ اشیاء ❸ مخترعہ کی جمع۔

مختصر (ء) اسم صفت مفعولی ❶ انتخاب خلاصہ ❷ اختصار شدہ ❸ طویل کی ضد ❹ تھوڑا سا ❺ کسی قدر ❻ ذرا سا ❼ کم۔

مختصر کرنا (ا) فعل ❶ کم کرنا ❷ چھوٹا کر دینا ❸ گھٹا دینا ❹ چھانٹنا۔

مختص (ء) اسم صفت مفعولی ❶ مخصوص ❷ خاص کیا گیا۔

مختفی (ء) اسم صفت ❶ چھپا ہوا ❷ خفیہ ❸ پوشیدہ۔

مختل (ء) اسم صفت مفعولی ❶ بگڑا ہوا ❷ خراب ❸ درہم برہم ❹ خلل دار۔

مختل الحواس/مختل حواس (ء) اسم صفت ❶ وہ آدمی جس کے حواس میں خرابی واقع ہوگئی ہو ❷ حواس باختہ ❸ بے اوسان ❹ بڑی عمر کا ❺ سترا۔

مختلف (ء) اسم صفت ❶ بے جوڑ ❷ جدا ❸ نیارا ❹ علیحدہ ❺ اختلاف کرنے والا ❻ قسم قسم کا ❼ بھانت کا۔

مختوم (ء) اسم صفت مفعولی ❶ مہر لگانا ❷ بند کیا ہوا ❸ مقفل ❹ لپٹا ہوا ❺ گل حکمت کیا ہوا۔

مخدرات (ء) اسم مونث ❶ پردہ نشین عورتیں ❷ بے حس کر دینے والی دوائیاں ❸ مخدر کی جمع۔

مخدوم (ء) اسم صفت مفعولی ❶ خدمت کیا گیا ❷ بزرگ ❸ مربی ❹ قابل تعظیم۔

مخدومہ (ء) اسم مونث۔ مخدوم کی مونث۔

مخرج (ء) اسم مذکر ظرف مکان ❶ نکلنے کی جگہ ❷ نکاس ❸ اصل ❹ جڑ ❺ مادہ ❻ روٹی ❼ مصدر۔

مخروط (ء) اسم صفت مفعولی ❶ تراشا گیا ❷ چھیلا گیا ❸ گاجر کی شکل کا ❹ گاؤدم شکل کا۔

مخروطی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ گاؤدم ❷ گاجر کی شکل کا۔

مخزن (ء) اسم مذکر ظرف ❶ جمع کرنے کی جگہ ❷ گنج ❸ ذخیرہ ❹ گودام ❺ گھر ❻ میگزین۔

مخصوص (ء) اسم صفت مفعولی ❶ خاص کیا گیا ❷ مکرر کیا گیا ❸ نامزد کر دیا گیا۔

مخصوص کرنا (ا) فعل ❶ نامزد کرنا ❷ خاص کرنا۔

مخطط (ء) اسم صفت مفعولی ❶ خط کشیدہ ❷ خط دار ❸ لکیریں کھنچی ہوئی چیز ❹ دھاریدار۔

مخطور (ء) اسم صفت مفعولی ❶ گزری ہوئی بات ❷ جی میں ایا ❸ اندیشہ کیا گیا ❹ خطرہ کیا گیا۔

مخفف (ء) اسم صفت مفعولی ❶ کم کیا گیا ❷ اور تخفیف کیا گیا۔

مخفی (ء) اسم صفت ❶ چھپا ہوا ❷ پوشیدہ ❸ خفیہ ❹ اورنگ زیب کی دختر شہزادی زیب النساء تخلص ہے جو شعر وسخن کی بڑی شایق تھی۔

مخفی رکھنا/کرنا (ا) فعل ❶ چھپانا ❷ پوشیدہ کرنا ❸ ظاہر نہ کرنا ❹ پردہ رکھنا۔

مخفی نہ رہے کہ (ا) فقرہ ❶ معلوم ہو ❷ واضح ہو ❸ پوشیدہ نہ رہے۔

مخل (ء) اسم صفت فاعلی ❶ خلل ڈالنے والا ❷ فتور ڈالنے والا ❸ فتنہ پرداز ❹ مفسد ❺ خلل انداز۔

مخل ہونا (ا) فعل ❶ رخنہ یا معلوم ❷ خلل انداز ہونا ❸ فساد ڈالنا۔

مخلص (ء) اسم صفت فاعلی ❶ سچا ❷ خالص ❸ راست باز ❹ صادق ❺ باوفا ❻ (اسم مذکر) سچا دوست ❼ یار جانی ❽ صادق دوست۔

مخلص (ء) اسم صفت مفعولی ❶ رہا کیا گیا ❷ خاصہ کیا گیا۔

مخلصی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ چھٹکارا ❷ آزادی ❸ خلاصی ❹ چھٹی ❺ نجات۔

مخلوط (ء) اسم صفت مفعولی ❶ ملا جلا ❷ گڈمڈ ❸ باہم ❹ آمیختہ شدہ۔

مخلوط النسل (ء) اسم مذکر ❶ دونسلا ❷ دوغلا ❸ جسکی نسل میں میل ہوگیا ہو۔

مخلوق (ء) اسم صفت ❶ پیدا کیا گیا ❷ خلق کیا گیا ❸ (مث) خلق ❹ دنیا ❺ خلقت ❻ کائنات۔

مخلوقات (ء) اسم مونث۔ مخلوق کی جمع۔

مخلے (ء) اسم صفت مفعولی ❶ خالی کیا گیا ❷ رہا کیا گیا ❸ آزاد کیا گیا ❹

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

چھوڑا گیا۔

**مخلے/تطبع** (ع) اسم صفت ① آپس میں بے تکلف ② طبیعت پر چھوڑا ہوا۔

**مخمر** (ع) اسم صفت مفعولی۔ خمیر کیا گیا۔

**مخمس** (ع) اسم صفت مفعولی ① پنجگوشہ (بحالت اسم مذکر) پانچ ضلعوں کی شکل ② ایک قسم کی نظم جس میں پانچ مصرعوں کا ایک بند ہوتا ہے۔

**مخمسات** (ع) اسم مذکر۔ مخمس کی جمع۔

**مخمصہ** (ع) اسم مذکر ① بھوک کی آگ ② گرسنگی ③ بھوک ④ کھدیا ⑤ مجازاً بکھیڑا ⑥ جھمیلا ⑦ بے چینی کرنے والا غم ⑧ مشکل ⑨ فکر۔

**مخمصے میں پڑنا** (ا) فعل ① بکھیڑے میں پڑنا ② مشکل اور دقت میں پھنسنا ③ جھمیلے میں پڑنا۔

**مخمل** (ع) اسم مونث ① ایک قسم کا ملائم اور نرم روئیں دار کپڑا ② ایک سرخ رنگ اور ملائم پھول کا نام۔

**مخمور** (ع) اسم صفت مفعولی ① نشہ میں چور ② بدمست ③ مدہوش ④ متوالا۔

**مخنث** (ع) اسم صفت مفعولی ① خلقۃً بنا ہوا ② ہیجڑا ③ زنخا ④ زنانہ ⑤ نامرد۔

**مخول** (ا) اسم مذکر و مونث ① چھیڑ خانی ② مذاق ③ ٹھٹھا۔

**مخولیا** (ا) اسم مذکر فاعلی ① ٹھٹھول ② مسخرا ③ ہنسی باز ④ ٹھٹھے باز۔

**مخیّر** (ع) اسم صفت فاعلی ① بہت خیرات کرنے والا ② سخی ③ داتار ④ فیاض نیک۔

**مخیلہ** (ع) اسم مذکر ① قوت خیالی ② خیال کرنے کی طاقت۔

**مخیم/مخیتم** (ع) اسم مذکر ظرف ① خیمہ کھڑا کرنے کی جگہ ② خیمہ گاہ ③ کیمپ ④ پڑاؤ ⑤ قیام کرنے کی جگہ۔

## م ← د

**مد** (ع) اسم مونث ① درازی ② پھیلاؤ ③ کھنچاؤ ④ کشش ⑤ جذر کی ضد ⑥ جوار بھاٹا کی ضد ⑦ لمبا خط جو عرضی یا حساب میں کھینچ کر اس کے نیچے سے مضمون یا حساب شروع کرتے ہیں ⑧ سر رشتہ ⑨ محکمہ۔

**مدامانت** (ع) اسم مونث ① امانت کا حساب ② امانت کی رقم۔

**مدمقابل** (ع) اسم مذکر ① فریق مقابل ② مخالف ③ حریف ④ دعویدار ⑤ دشمن ⑥ برابر کا جوڑ ⑦ ہمسر ⑧ ہم پایہ ⑨ برابر کی چوٹ۔

**مدنظر** (ع) اسم مذکر ① نظر کے سامنے ② پیش نظر ③ قصد ④ ارادہ ⑤ منصوبہ ⑥ منظور نظر ⑦ منظور۔

**مد** (س) اسم مونث ① شراب ② مدرا ③ دارو ④ بادہ ⑤ متوالا پن ⑥ نشہ ⑦ مستی ⑧ مدہوشی ⑨ بدمستی۔

**مد پر آنا** (ہ) فعل ① جوبن پر آنا ② بلوغت کو پہنچنا ③ جوان ہونا ④ مستی پر آنا ⑤ آننگ پر آنا۔

**مد پر** (ہ) اسم صفت مفعولی ① نشہ میں چور ② مخمور ③ متوالا ④ بدمست ⑤ جوبن پر بر آیا ہوا۔

**مدکی ماتی / مدماتی** (ع) اسم صفت مونث ① مستی پر آئی ہوئی ② پرشہوت ③ متوالی ④ مست ⑤ پرشوق ⑥ عاشق ⑦ کمال خواہشمند ⑧ مغرور ⑨ متکبر۔

**مداح** (ع) اسم صفت مبالغہ ① بہت مدح کرنے والا ② ثنا خواں ③ خوشامدی ④ بھاٹ۔

**مداحی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① تعریف کرنا ② ثنا خوانی ③ مدح سرائی۔

**مداخل** (ع) اسم مونث ① مدخل کی جمع ② مخارج کی ضد ③ مقامات آمد ④ آمدنی کی جگہیں ⑤ آمدنی ⑥ محصول ⑦ خراج ⑧ مخمل وغیرہ پر کیا ہوا طلائی کام۔

**مداخل مخارج** (ع) اسم مونث ① آمد و خرچ ② در آمد و بر آمد۔

**مداخلت** (ع) اسم مونث ① دست اندازی ② دخل ③ مزاحمت ④ قابو ⑤ تصرف۔

**مداخلت بلا مرضی** (ع) اسم مونث۔ بلا اجازت کسی کے مکان میں دخل کرنا۔

**مداخلت بیجا** (عف) اسم مونث ① دخل بیجا ② خلاف قانون دست اندازی ③ ناواجب دخل۔

**مداخلت صریح** (ع) اسم مونث ① کھلم کھلا ② دخل بیجا ③ زبردستی کسی کے مکان میں گھس جانا۔

**مداخلت کرنا** (ا) فعل ① درک دینا ② دست اندازی کرنا ③ بیچ میں

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

بولنا (4) دخل دینا۔

**مداد** (ع) اسم مونث (1) دوات کی سیاہی (2) روشنائی (3) فارسی والے پنسل کو کہتے ہیں۔

**مداد پاک کن** (ف) اسم مذکر (1) ربڑ (2) پنسل کے حروف مٹانے کا آلہ۔

**مدار** (ہ) اسم مذکر (1) آکھ کا درخت (2) آکھ جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی جیسا رواں نکلتا ہے۔

**مدار کی بڑھیا** (ہ) اسم مونث۔ آک کی روئی جو اس کے ڈوڈوں میں سے نکلتی ہے۔

**مدار** (ع) اسم مذکر ظرف (1) دورہ کرنے کی جگہ (2) جائے گردش (3) چول (4) دھری (5) کیل (6) منحصر کیا گیا (7) جس پر کوئی بات موقوف ہو (8) انحصار (9) حلقہ۔

**مدارکار** (عف) اسم مذکر (1) کام کا انحصار (2) جس بات پر کوئی کام موقوف ہو۔

**مدارا** (ف) اسم مونث (1) خاطر تواضع (2) آؤ بھگت۔

**مدارات** (ع) اسم مونث (1) ظاہری آؤ بھگت (2) اچھی طرح پیش آنا (3) رعایت۔

**مدارج** (ع) اسم مذکر ظرف (مدرج کی جمع) درجے (1) مرتبے (2) عہدے (3) منصب۔

**مدارس** (ع) اسم مذکر ظرف (1) مدرسہ کی جمع (2) بہت سے مکتب (3) مدرسے (4) مکاتب (5) درس گاہیں۔

**مداری** (ا) اسم مذکر (1) ہاتھ چالاکی کرنے والا (2) چالاکیوں سے کھیل اور کرتب دکھانے والا (3) شعبدہ باز (4) مکار (5) فریبی (6) بازیگر (7) نظر بند۔

**مداریا** (ا) اسم مذکر بیائے نسبتی (1) شاہ مدار (2) صاحب سے نسبت والا فقیروں کا گروہ (3) شاہ مدار صاحب کے پیرو اور مقلد (4) فقیروں کا چھوٹا سا حقہ اور پر سڑی۔

**مدافعت** (ع) اسم مونث (1) دور کرنا (2) دفع کرنا (3) تردید کرنا (4) شکست (5) روک (6) ہزیمت۔

**مدام** (ع) تابع فعل (1) نت (2) سدا (3) ہمیشہ (4) برابر (5) بلاناغہ (6) دارو (7) شراب (8) مے۔

**مداوا** (ع) اسم مذکر (1) علاج معالجہ (2) دوا دارو۔

**مدبر** (ع) اسم صفت فاعلی (1) وہ آدمی جس کو قسمت نے پیٹھ دکھا دی ہو (2) بدقسمت (3) بےنصیب (4) نربھاگ۔

**مدبر** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تدبیر کرنے والا (2) صاحب صلاح (3) مشیر (4) صلاح کار (5) دانشمند (6) عاقل۔

**مدت** (ع) اسم مونث ظرف زمان (1) دیر (2) مہلت (3) میعاد (4) زمانہ (5) وقت (6) وقفہ (7) موڑ لینے جگہ (8) عرصہ دراز (9) قرن وغیرہ۔

**مدت العمر** (ع) تابع فعل (1) ساری عمر (2) عمر بھر (3) تمام عمر (4) زندگی بھر۔

**مدت عدت** (ع) اسم مونث۔ طلاق کے بعد کی مدت جس میں عورت کو نکاح کرنے کی اجازت نہیں۔

**مدت کا** (ا) تابع فعل (1) برسوں کا (2) صدیوں کا (3) پرانا (4) عرصہ دراز کا۔

**مدت ہوئی** (ا) محاورہ (1) جگ بیت گئے (2) بہت عرصہ گزر گیا (3) دیر ہوئی (4) زمانہ ہوا۔

**مدح** (ع) اسم مونث (1) تعریف (2) توصیف (3) ثنا (4) استتی (5) شاعر کی وہ نظم جس میں کسی کی تعریف و توصیف ہو۔

**مدح خواں / مدح سرا** (عف) اسم مذکر بترکیب فاعلی (1) تعریفیہ شعر پڑھنے والا (2) تعریف کرنے والا (3) ڈوم (4) بھاٹ۔

**مدح خوانی / مدح سرائی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری (1) تعریف گوئی (2) ثنا خوانی (3) وصف بیان کرنا۔

**مدحت** (ع) اسم مونث (1) تعریف (2) توصیف (3) ستائش (4) ثنا۔

**مدخل** (ع) اسم مونث (1) داخل ہونے کی جگہ (2) دخل کی جگہ (3) آمدنی (4) معاملہ (5) لگان (6) درآمد۔

**مدخولہ** (ع) اسم مونث (1) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو (2) عورت۔

**مدد** (ع) اسم مونث (1) حمایت (2) کمک (3) امداد (4) اعانت (5) خوراک (6) رسد (7) راج۔

**مددگار** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی (1) مدد کرنے والا (2) سہارا دینے والا (3) معاون (4) حمائیتی۔

**مدد مانگنا** (ا) فعل (1) امداد چاہنا (2) طلب کرنا۔

**مددمحرر** (ع) اسم مذکر (1) اسسٹنٹ کلرک (2) نائب محرر۔

**مدد معاش** (ع) اسم مونث (1) پنشن (2) سالانہ یا ماہواری وظیفہ (3) کھانے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140777218

www.besturdubooks.net

پینے کا سہارا ④ عالموں یا اولیاؤں کے لئے وقف شدہ جاگیر۔

**مُدر** (ع) اسم صفت فاعلی ① پیشاب لانے والی دوا ② پیشاب جاری کرنے والی چیز۔

**مُدرا** (ہ) اسم مونث ① مندری ② چھلا ③ مہر والی انگوٹھی ④ جوگیوں کے کانوں کا کنڈل۔

**مُدرات** (ع) اسم مونث ① پیشاب جاری کرنے والی دوائیں ② مدر کی جمع۔

**مدرس** (ع) اسم مذکر فاعل ① درس دینے والا ② پڑھانے والا ③ مولوی ④ ادیب ⑤ اتالیق ⑥ استاد ⑦ ٹیچر۔

**مدرسہ** (ع) اسم مذکر ظرف ① پڑھانے کی جگہ ② مکتب ③ پاٹ شالہ ④ سکول۔

**مدرسی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① پڑھانے کا پیشہ ② لڑکے پڑھانے کا کام ③ ٹیچری۔

**مدرک** (ع) اسم صفت فاعلی ① مطلب کو سمجھ جانے والا ② بات کی تہ کو پا جانے والا ③ ذہین ④ بدھ دان ⑤ ذکی۔

**مدرکہ** (ع) اسم مونث ① حقیقت اشیاء معلوم کرنے کی قوت ② ذہن ذکا ③ دماغی قوت ④ فہم کی طاقت۔

**مدعا** (ع) اسم مذکر ① مراد ② مطلب ③ غرض ④ مراد ⑤ ارادہ ⑥ منشا ⑦ خواہش ⑧ مرضی ⑨ ارتھ۔

**مدعا بہا** (ع) اسم مذکر (قانون) وہ چیز جس پر دعوے دائر کیا جائے۔

**مدعا پکڑنا** (ا) فعل ① چوری پکڑنا ② چوری نکالنا ③ چوری کا مال تلاش کر لینا۔

**مدعا حاصل ہونا** (ا) فعل ① مراد پوری ہونا ② مقصود کو پہنچنا ③ مطلب برآری ہونا۔

**مدعا علیہ** (ع) اسم مذکر ① وہ شخص جس پر دعوے کیا گیا ہو ② فریق مخالف ③ مقدمہ کا فریق ثانی۔

**مدعا علیہ گردانا** (ا) فعل ① مجرم ٹھیرانا ② ملزم بنانا ③ الزام دھرنا ④ مجرم قرار دینا۔

**مدعی** (ع) اسم مذکر فاعل ① نالش کرنے والا ② دعوے کرنے والا ③ دعویدار ④ نالشی ⑤ سائل ⑥ مستغیث ⑦ رقیب ⑧ حریف ⑨ غیر۔

**مدعی سست گواہ چست** (ا) مثل۔ غرض مند سستی کرے اور ساتھ والے تیار اور مستعد ہوں اس موقع پر یہ مثل بولا کرتے ہیں۔

**مدعی مدعا علیہ** (ع) اسم مذکر ① مقدمہ کے دونوں فریق ② ذلقین۔

**مدعی ہونا** (ا) فعل ① دعویدار ہونا ② نالشی ہونا ③ مستغیث بننا۔

**مدعیہ** (ع) اسم مونث ① دعویدار عورت ② نالشی عورت۔

**مدغم** (ع) اسم مذکر مفعولی ① ادغام کئے گئے ② دو ہم جنس یا قریب المخرج حروف باہم ملا کر پڑھے گئے۔

**مدفن** (ع) اسم مذکر ظرف ① دفن ہونے کی جگہ ② قبر ③ مقبرہ ④ گور ⑤ گڑھا۔

**مدفون** (ع) اسم صفت مفعولی ① دفنایا ہوا ② گاڑا ہوا ③ پوشیدہ ④ پنہاں ⑤ چھپا ہوا۔

**مدقوق** (ع) اسم صفت مفعولی ① تپدق ② وہ شخص جسے دق ہو گئی ہو۔

**مدک** (ہ) اسم مونث۔ پان اور افیون سے مرکب ایک نشے کا نام ہے جسے تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر اڑاتے ہیں۔

**مدک باز** (ا) اسم مذکر ① مدک کا نشہ کرنے والا ② مدک کا عادی۔

**مدکی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① مدک باز ② مدک پینے والا۔

**مدلل** (ع) اسم صفت مفعولی ① دلیل سے ثابت کیا ہوا ② ٹھیک ③ درست ④ معقول ⑤ بجا۔

**مدمغ** (ع) اسم صفت مفعولی ① مغرور ② گھمنڈی ③ متکبر ④ دماغدار۔

**مدنی** (ع) اسم صفت ① کسی شہر کا باشندہ ② شہری ③ مدینہ سے منسوب۔

**مدنی الطبع** (ع) اس صفت ① فطرتاً اپنے آدمیوں سے مل جل کر رہنے والا ② آبادی پسند ③ شہری پن۔

**مدنیت** (ع) اسم مونث ① شہریت ② شہری پن۔

**مدون** (ع) اسم مونث ① جمع کیا گیا ② ترتیب دیا گیا۔

**مدور** (ع) اسم صفت مفعولی ① گول ② حلقہ دار ③ دائرہ کی شکل کا۔

**مدوکڑی / مدھوکڑی** (ہ) اسم مونث ① روٹی ② ٹکی ③ نان۔

**مدھ** (س) تابع فعل ① شہد ② شراب ③ غرور ④ موسم بہار ⑤ جوبن ⑥ مستی ⑦ درختوں سے ٹپکنے والی رطوبت ⑧ درمیان ⑨ وسط۔

**مدھر** (س) اسم صفت ① سریلا ② میٹھا ③ شیریں ④ دل پسند ⑤ دھیما ⑥ خرامان ⑦ مٹک چال ⑧ ملائم ⑨ مرغوب۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مدھرا (ہ) اسم صفت (1) درمیانے قد کا (2) درمیانی بیچ کی (3) نہ اونچا نہ چھوٹا۔

مدھری (ہ) اسم صفت مونث (1) متوسط قد کی (2) رسیلی (3) مرغوب (4) سہانی۔

مدھم (ہ) اسم صفت (1) ہلکا (2) نیچا (3) کم۔

مدھم سر (ہ) اسم مذکر (1) نیچا سر (2) دھیما سر (3) راگ کا چوتھا سر۔

مدھم کرنا (ہ) فعل (1) گھٹانا (2) کم کرنا (3) آہستہ کرنا (4) دھیما کرنا (5) بے آب اور پھیکا کرنا۔

مدہوش (ع) اسم صفت مفعولی از دہشت (1) دہشت زدہ (2) خوفزدہ (3) حیران (4) پریشان (5) ہکابکا (مجازاً) بدمست (6) بے ہوش (7) متوالا (8) بے سدھ (9) مخمور۔

مدہوشی (ا) اسم مونث بیائے مصدری۔ متوالا پن۔

مدینہ (ع) اسم مذکر (1) نگری (2) نگر (3) شہر (4) بلدہ (5) عرب کے ایک نہایت مشہور شہر کا نام ہے۔

مدیون (ع) اسم مذکر مفعول (1) مقروض (2) قرضدار (3) دیندار۔

## م ← ڈ

مڈاسا (ہ) اسم مذکر (1) پگڑی (2) دستار (3) دوپٹہ (4) صافہ (5) سر کا پھینٹا۔

مڈل (ای) اسم مذکر (1) درمیانہ درجہ (2) وسط (3) بیچ کا درجہ (4) بیچ۔

مڈلچی (ا) اسم صفت (1) حقارتاً اس شخص کو کہتے ہیں جس نے صرف مڈل پاس کیا ہو (2) مڈل پاس۔

مڈھ (ہ) اسم صفت (1) بوڑھا (2) کہن سال (3) معمر (بحالت اسم مونث) کسی چیز کا نچلا حصہ (4) جڑ (5) بنیاد۔

مڈھا (ہ) اسم مذکر (1) کنکوے کا سرا (2) پتنگ کا سرا (3) (پنجابی) سوت کی گکڑی جو تکلے پر بنتی ہے۔

مڈوائف (ای) اسم مونث (1) دائی (2) قابلہ۔

مڈھ بھیڑ/ مڈ بھیڑ (ہ) اسم مونث (1) اتفاقیہ ملاقات (2) آپس کی چہل (3) باہمی اختلاط (4) ہنسی (5) ٹھٹھا (6) دل لگی (7) ظرافت (8) تمسخر (9) لطف۔

## م ← ذ

مذاق (ع) اسم مذکر (1) چکھنا (2) چاٹ (3) لذت (4) رغبت (5) سلیقہ (6) آپس کی چہل (7) ہنسی (8) دل لگی (9) ظرافت۔

مذاق اڑانا (ا) محاورہ (1) ہنسی کرنا (2) تمسخر کرنا (3) دل لگی کرنا۔

مذاق سخن (ع) اسم صفت۔ شعروشاعری کا سلیقہ۔

مذاق سے (ا) تابع فعل (1) ہنسی سے (2) ظرافتاً (3) دل لگی سے (4) ٹھٹھے سے۔

مذاق کا آدمی (ا) اسم مذکر (1) زندہ دل آدمی (2) دل لگی کا آدمی (3) ظریف (4) خوش طبع۔

مذاقیہ (ا) تابع فعل (1) ہنسی کے طور پر (2) ہنسی سے (3) ٹھٹھے سے۔

مذاکرات (ع) اسم مذکر (1) مذاکرہ کی جمع (2) مباحث (3) آپس کی باتیں۔

مذاکرہ (ع) اسم مذکر (1) مباحثہ (2) آپس میں بات چیت کرنا (3) باہم ذکر کرنا۔

مذبذب (ع) اسم صفت مفعولی (1) دودلی والا (2) غیر مستقل مزاج (3) ایک حال اور ایک جگہ پر قرار نہ پکڑنے والا (4) غیر مصمم ارادے والا (5) دھکڑ پکڑ کرنے والا۔

مذبوح (ع) اسم صفت مفعولی (1) ذبح کیا ہوا (2) کاٹا ہوا (3) مقتول (4) قتل کیا ہوا۔

مذکر (ع) اسم صفت مفعولی (1) نر (2) مرد (3) مونث کی ضد۔

مذکور (ع) اسم صفت مفعولی (1) ذکر کیا گیا (2) بات چیت (3) گفتگو (4) ہمکلامی (5) چرچا (6) شہرہ (7) شہرت (8) افواہ۔

مذکورہ (ع) اسم صفت۔ ذکر کیا گیا۔

مذکورہ بالا (ع) تابع فعل (1) وہ شخص یا بات جس کا اوپر کی عبارت میں ذکر آچکا ہو (2) اوپر ذکر کیا گیا (3) جس کا اوپر ذکر آچکا ہو۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**مذکوری** (ا) اسم مذکر ① زر لگان وصول کرنے والا ② بلا تنخواہ چپڑاسی یا سپاہی۔

**مذلت** (ء) اسم مونث ① رسوائی ② بدنامی ③ خواری ④ سبکی ⑤ ذلت ⑥ خفت۔

**مذمت** (ء) اسم مونث ① برائی ② بدی ③ نندیا ④ ہجو۔

**مذموم** (ء) اسم صفت مفعولی ① برائی کیا گیا ② نندا کیا گیا ③ ہجو کیا گیا ④ برا ⑤ خراب ⑥ بد۔

**مذمومہ** (ء) اسم مونث ① بری ② خراب ③ زشت ④ بد ⑤ نندا کی گئی۔

**مذنب** (ء) اسم صفت ① مجرم ② گنہگار ③ قصوروار ④ خطاوار۔

**مذنبین** (ء) اسم مذکر ① مذنب کی جمع ② عاصی ③ خطا کار۔

**مذہب** (ء) اسم مذکر ظرف ① چلنے کی جگہ ② راستہ ③ طریقہ ④ پنتھ ⑤ دین ⑥ دھرم ⑦ مت ⑧ کیش ⑨ مشرب۔

**مذہبی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ مذہب ② مذہب کا ③ مذہب کے متعلق۔

**مذی** (ء) اسم مونث ① پتلا مادہ ② رطوبت۔

## م ← ر

**مرا** (ف) اسم ضمیر ① میرا ② مجھ کو ③ میرا کا مخفف۔

**مرات** (ء) اسم مذکر ① آلہ ② آئینہ ③ آرسی ④ منہ دیکھنے کا شیشہ۔

**مراتب** (ء) اسم مذکر ظرف ① رتبہ کی جگہیں ② درجے ③ مناصب۔

**مراتب طے کرنا** (ا) محاورہ ① پوچھنے کے قابل باتوں کا فیصلہ کرنا ② دریافت ③ طلب باتوں کو طے کرنا ④ درجہ کو پہنچ جانا

**مراجعت** (ء) اسم مونث ① لوٹنا ② واپسی ③ رجوع۔

**مراحل** (ء) اسم مذکر ظرف ① مرحلہ کی جمع ② منزلیں ③ درجے ④ مدارج ⑤ منازل۔

**مراحم** (ء) اسم مونث ① مرحمت کی جمع ② نوازشیں ③ مہربانیاں ④ بخششیں۔

**مراحم خسروانہ** (ء) اسم مونث ① عطایائے شاہی ② بادشاہی مہربانیاں۔

**مُراد** (ء) اسم مونث مفعولی ① ارادہ کیا گیا ② مجازاً مطلب ③ مقصد ④ مدعا ⑤ آس ⑥ خواہش ⑦ چاہ ⑧ اچھا ⑨ آرزو۔

**مُراد پانا** (ا) فعل ① مطلب بر آنا ② مراد کو پہنچنا ③ آس پوری ہو جانا۔

**مراد پوری کرنا** (ا) فعل ① کام نکالنا ② کام کا انجام پر پہنچا دینا۔

**مراد دعوے** (ا) اسم مذکر ① (قانون) نالش کرنے کی اصل غرض ② استغاثہ کرنا۔

**مراد لینا** (ا) فعل ① معنی لینا ② نکالنا ③ کام بنوانا۔

**مُرادوں کے دن** (ا) اسم مذکر ① جوانی کے دن ② جوبن کا موسم ③ بہار کے دن ④ مرضی کے موافق ایام۔

**مُرادی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① مجازی ② فرضی ③ اصطلاحی ④ حسب منشا ⑤ مراد ⑥ موافق۔

**مرادف** (ء) اسم مذکر فاعل ① پیچھے بیٹھنے والا ② پیچھے سوار ہونے والا ③ ہم معنی الفاظ ④ ایک معنی والے لفظ ⑤ مترادف۔

**مراری** (س) اسم مذکر ① راکشش کا دشمن ② سری کرشن۔

**مراسلات** (ء) اسم مذکر ① مراسلہ کی جمع ② خطوط ③ تحریر ④ خط و کتابت۔

**مراسلہ** (ء) اسم مذکر ① خط ② نامہ ③ پیغام ④ رقعہ۔

**مراسم** (ء) اسم مونث ① مرسوم یا مرسم کی جمع ② رسمیں ③ نشانیاں ④ رسومات ⑤ برتاؤ ⑥ ریت۔

**موافقت** (ہ) اسم مونث ① آپس کا میل جول ② باہمی رفاقت ③ اتحاد ④ دوستی ⑤ ہم نشینی۔

**مراق** (ء) اسم مذکر ① ایک قسم کا جنون ② مالیخولیا ③ سودا ④ دماغی بیماری کا نام ہے۔

**مراقبہ** (ء) اسم مذکر ① سوچ بچار ② غور وفکر ③ گیان دھیان ④ گردن جھکا کر حضوری دل کا دھیان کرنا ⑤ خدا کی طرف دھیان لگانا۔

**مرام** (ء) اسم مذکر ① مراد ② مقصد ③ مطلب۔

**مراہم** (ء) اسم مذکر۔ مرہم کی جمع۔

**مربع** (ء) اسم مذکر ① چوکھونٹا ② وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر اور چاروں زاویے۔

**مربوط** (ء) اسم صفت مفعولی ① ربط دیا گیا ② لگایا گیا ③ بندھا ہوا ④ جوڑا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

ہوا5 وابستہ۔

مربی (ع) اسم مذکر فاعل 1 پالنے والا 2 تربیت کرنے والا 3 سرپرست 4 حامی۔

مرتا (ا) اسم صفت 1 مرنے کے قریب 2 نیم جان 3 ادھ مؤا 4 جان بہ لب۔

مرتا کیا نہ کرتا (ا) مثل۔ جس کی جان پر آ بنتی ہے وہ سب کچھ کر گزرتا ہے۔

مرتاض (ع) اسم مذکر 1 ریاضت کرنے والا 2 زاہد 3 تپسی 4 علم و ہنر میں مشقت اٹھانے والا 5 صوف میں نفس سرکش کو مارنے والا۔

مرتب (ع) اسم صفت مفعولی 1 ترتیب دیا گیا 2 باقاعدہ 3 درست 4 قرینہ اور سلیقہ سے لگایا گیا 5 اکٹھا کیا گیا۔

مرتب کرنا (ا) فعل 1 ترتیب دینا 2 درست کرنا 3 تیار کرنا 4 تالیف کرنا 5 ڈھنگ سے لگانا۔

مرتبان (ا) اسم مذکر۔ مٹی یا چینی کا برتن جس میں اچار مربے وغیرہ رکھتے ہیں۔

مرتبہ (ع) اسم مذکر 1 درجہ 2 رتبہ 3 منصب 4 عمدہ 5 دفعہ 6 بار 7 باری 8 نوبت۔

مرتد (ع) اسم مذکر 1 مذہب اسلام سے پھرا ہوا 2 منکر 3 منحرف 4 کافر 5 بے دین 6 ادھری 7 ملیچھ۔

مرتد ہو جانا (ا) فعل 1 دین سے پھر جانا 2 کافر ہو جانا 3 ملحد ہو جانا۔

مرتشی (ع) اسم صفت فاعلی 1 رشوت کھانے والا 2 رشوت لینے والا 3 گھوس لینے والی 4 راشی۔

مرتکب (ع) اسم صفت فاعلی 1 کسی کام کا اختیار کرنے والا 2 ارتکاب کرنے والا 3 قصور کرنے والا 4 مجرم 5 قصوردار 6 گنہگار۔

مرتہن (ع) اسم صفت فاعلی 1 کسی چیز کو رہن لینے والا 2 گرو لینے والا 3 گہنے لینے والا۔

مرتو (س) اسم مونث 1 موت 2 قضا 3 کال 4 مرگ۔

مرتے جیتے (ہ) تابع فعل 1 جوں توں کر کے 2 جس طرح کس طرح 3 برے بھلے طور پر۔

مرتے دم (ہ) تابع فعل 1 نزع کی حالت میں 2 مرتے وقت 3 بوقت مرگ۔

مرتے کو ماریں شہ مدار (ا) مثل۔ ہر کوئی غریب ہی کو تنگ کرتا ہے۔

مرثیہ (ع) اسم مذکر 1 وہ نظم جس میں مردے کی خوبیاں بیان کی گئی ہوں 2 وہ نظم جس میں شہدائے کربلا کے مصائب اور شہادت کا ذکر ہو 3 نوحہ 4 رونا۔

مرثیہ خوان (عف) اسم صفت۔ مرثیہ پڑھنے والا۔

مرثیہ خوانی (عف) اسم مونث 1 مرثیہ پڑھنا 2 نوحہ خوانی۔

مرج (ع) اسم مذکر 1 خرابی 2 تباہی 3 بربادی 4 بے آرامی 5 بے چینی۔

مرجان (ف) اسم مذکر۔ مونگا۔

مرجز (ع) اسم صفت۔ نثر کی ایک قسم میں ہر دو فقروں کے کلمات ہم وزن اور ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

مرجع (ع) اسم مذکر 1 واپس آنے کی جگہ 2 جائے پناہ 3 وہ لفظ جس کی طرف ضمیر پھرے۔

مُرجھانا (ہ) مصدر 1 کملانا 2 افسردہ ہونا 3 دبلا ہونا 4 خشک ہونا 5 غمگین ہوا 6 اداس ہونا۔

مرچ (ہ) اسم مونث 1 ایک سبزی یا پھل جس کا مزہ بہت تیز ہوتا ہے اور ہنڈیا میں مسالہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں 2 نہایت تیز 3 آفت 4 قیامت۔

مرچیں سی لگنا (ا) محاورہ 1 آگ سی لگ جانا 2 رشک کے مارے جل جانا 3 جھنجھلا جانا۔

مرچنٹ (ای) اسم مذکر 1 سوداگر 2 تاجر۔

مرحبا (ع) حرف ندا 1 شاباش 2 آفرین 3 خوش آمدید۔

مرحلہ (ع) اسم مذکر 1 منزل 2 وہ جگہ جہاں مسافر سفر کے بعد قیام کرے۔

مرحمت (ع) اسم مونث 1 مہربانی 2 عنایت 3 نوازش 4 کرم 5 رحم 6 الطاف 7 جمع = مراحم۔

مرحوم (ع) اسم صفت 1 رحمت کیا گیا 2 بخشا گیا 3 مرا ہوا 4 فوت شدہ۔

مرحومہ (ع) اسم صفت۔ مرحوم کی تانیث۔

مرد (ف) اسم مذکر 1 نر 2 آدمی 3 خاوند 4 بہادر 5 جمع = مرداں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

مردافگن (ف) ① قوی ② شہ زور۔

مردبچہ (ف) اسم صفت ① دلیر ② بہادر ③ جوانمرد۔

مردوزن (ف) اسم مذکر ① مرد اور عورت ② عام لوگ۔

مردار (ف) اسم صفت ① اپنی موت سے مرہوا ② ناپاک ③ مردہ ④ کلمہ حقارت ⑤ فاحشہ۔

مردانگی (ف) اسم مونث ① بہادری ② دلیری ③ جوانمردی۔

مردانہ (ف) اسم صفت ① مرد سے متعلق ② مرد کی مانند ③ دلیری سے ④ مکان کا وہ حصہ جہاں مرد اٹھتے بیٹھتے ہیں۔

مردانہ کام (ا) اسم مذکر ① بہادری کا کام ② ہمت کا کام۔

مردانہ وار (ا) اسم صفت ① دلیرانہ ② بہادروں کی طرح۔

مردانیت (عف) اس مونث ① بہادری ② دلیری

مردک (ف) اسم اس مذکر ① مرد کی تصغیر ② حقیر اور ذلیل آدمی۔

مردم (ف) اسم مذکر ① مرد آدمی ② واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ③ آنکھ کی پتلی۔

مردم آزار (ف) اسم صفت ① لوگوں کو ستانے والا ② بے رحم ③ ظالم ④ موذی۔

مردم دیدہ (ف) اسم مذکر۔ آنکھ کی پتلی۔

مردم شماری (ف) اسم مونث۔ آدمیوں کی گنتی۔

مردم شناس (ف) اسم مونث۔ وہ شخص جو آدمیوں کی اہلیت جانچنے کی خوبی رکھتا ہو۔

مردمی (ف) اسم مونث ① بہادری ② شجاعت ③ انسانیت ④ مروت ⑤ خلق۔

مردوا (ہ) اسم مذکر ① مرد کی تصغیر ② مردک ③ غیر شخص ④ بیگانہ۔

مردود (ء) اسم صفت ① رد کیا گیا ② دھتکارا ہوا ③ ملعون ④ بدنصیب۔

مردہ (ف) اسم صفت ① مرا ہوا ② متوفی ③ مجازاً کمزور ④ بہت بوڑھا ⑤ افسردہ ⑥ لاش۔

مردہ بدست زندہ (ف) مثل ① مردہ زندہ کے ہاتھ میں یعنی جب آدمی مرجائے تو وہ زندوں کے سپرد ہوتا ہے وہ جو چاہیں اس کے ساتھ سلوک کریں ② بے بس ③ لاچار ④ مجبور۔

مردہ خوار (ف) اسم صفت ① مردہ کھانے والا ② غیبت کرنے والا۔

مردہ دل (ف) اس صفت ① اداس ② رنجیدہ ③ آزردہ ④ سست ⑤ کم بخت ⑥ بے ذوق۔

مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام (ا) مثل۔ خود غرض شخص کو اپنے مطلب سے کام چاہے کوئی مرے یا جئے۔

مردہ شو (ف) اسم مذکر ① غسال ② مردہ نہلانے والا ③ میت کو غسل دینے والا۔

مردوں سے شرط باندھ کر سونا (ا) محاورہ ① بہت دیر تک سونا ② بہت غافل ہو کر سونا۔

مردوں کی ہڈیاں پچوڑنا (ا) محاورہ۔ بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا۔

مردی (ف) اسم مونث ① مردانگی ② بہادری ③ آدمیت ④ انسانیت ⑤ قوت باہ۔

مرز (ف) اسم مذکر ① قابل کاشت زمین ② سرحد۔

مرزا (ف) اسم مذکر ① میرزا کا مخفف ② امیرزادہ ③ مغل زادہ۔

مرزا پھویا (ا) اسم صفت ① نہایت نازک جسم والا شخص ② لاغر ③ آرام طلب۔

مرزا چھیلا (ا) اسم صفت ① چھیل چھبیلا ② رنگیلا ③ سجیلا۔

مرزائی (ف) اس مونث ① شہزادگی ② غرور ③ حکومت ④ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ⑤ مرزا کے مذہب کے متعلق۔

مرسل (ء) اسم صفت ① ارسال کیا گیا ② رسول ③ حدیث کی ایک قسم ④ پیغمبر

مرسل الیہ (ء) اسم مذکر۔ جس کی طرف بھیجا جائے۔

مرسلہ (ء) اسم صفت ① بھیجا ہوا ② فرستادہ ③ ارسال کیا ہوا۔

مرسلین (ء) اسم مذکر ① مرسل کی جمع ② بہت سے رسول ③ بہت سے پیغمبر۔

مرسوب (ء) اسم صفت ① تہ میں بیٹھا ہوا ② درد ③ تلچھٹ۔

مرسوم (ء) اسم صفت ① رسم باندھا گیا ② نشان کیا گیا ③ تنخواہ ④ وظیفہ۔

مرشد (ء) اسم مذکر ① ہدایت کرنے والا ② ہادی ③ پیر ④ استاد ⑤ چالاک ⑥ دغاباز۔

مرصد (ء) اسم مونث ① امیدگاہ ② گھات ③ رصدگاہ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03140772187

www.besturdubooks.net

**مرض** (ع) اسم مذکر ① بیماری ② روگ ③ دکھ ④ عادت ⑤ لت ⑥ جمع = امراض۔

**مرض اٹھ کھڑا ہونا** (ا) محاورہ۔ بیماری پیدا ہونا۔

**مرض بگڑنا** (ا) محاورہ ① بیماری بڑھ جانا ② مرض کا خطرناک صورت اختیار کر جانا۔

**مرض متعدی** (ع) اسم مذکر ① وہ بیماری جو ایک شخص سے دوسرے شخص کو لگے ② چھوت کی بیماری۔

**مرض مزمن** (ع) اسم مذکر ① پرانا مرض ② پرانی بیماری۔

**مرضی** (ع) اسم مونث ① پسندیدگی ② اقرار ③ رضا ④ اجازت ⑤ خواہش۔

**مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ** (ف) مقولہ ① خدا کی رضا سب سے بہتر ہے ② ہر کام میں خدا کی رضا پر راضی ہونا چاہیے۔

**مرطوب** (ع) اسم صفت ① گیلا ② بھیگا ہوا ③ سیلا ④ نم دار ⑤ تر۔

**مرطوبیت** (ع) اسم مونث ① تری ② نمی ③ گیلا پن ④ سیلا پن۔

**مرعوب** (ع) اسم صفت ① رعب میں آیا ہوا ② ڈرا ہوا ③ ڈرنے والا۔

**مرغ** (ف) اسم مذکر ① سبزہ ② ہری گھاس۔

**مرغ زار** (ف) اسم مذکر ① سبزہ زار ② چراگاہ۔

**مرغ** (ف) اسم مذکر ① پرند ② اڑنے والا جانور ③ مرغا ④ خروس۔

**مرغ باز** (ف) اسم مذکر ① مرغ لڑانے والا ② مرغ کا کھلاڑی۔

**مرغ بازی** (ف) اسم مذکر ① مونث بیائے مصدری ② مرغ لڑانا۔

**مرغ چمن** (ف) اسم مذکر ① بلبل ② گلدم ③ عندلیب ④ ہزار داستان۔

**مرغ خانگی** (ف) اسم مذکر ① پالتو مرغ ② گھر کا پلا ہوا مرغ۔

**مرغ دست آموز** (ف) اسم مذکر ① ہاتھ پر ہلا ہوا پرندہ ② چھوڑنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھنے والا پرندہ۔

**مرغ سحر/ مرغ صبح** (فع) اسم مذکر ① ککڑ ② خروس ③ صبح کے وقت اذاں دینے والا مرغ ④ بلبل ⑤ گلدم ⑥ فاختہ وغیرہ صبح کو بولنے والے جانور۔

**مرغ سلیمان** (فع) اسم مذکر ① ہدہد ② ایک چوٹی دار خوبصورت پرندہ۔

**مرغ عرشی** (فع) اسم مذکر۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے مراد ہے۔

**مرغ عیسےٰ/ مسیحا** (فع) اسم مذکر ① چگادڑ ② شب پرہ ③ چمگادڑ۔

**مرغ قبلہ نما** (ف) اسم مذکر ① آلہ قبلہ نما ② کا جانور ③ قبلہ نما آلہ کے اندر قبلہ کی طرف منہ کرنے اور اس کی سمت دکھانے والا جانور ④ قبلہ نما کی سوئی۔

**مرغ کی ایک ٹانگ** (ا) مثل۔ اپنی چھوٹی بات گل پچ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

**مرغ مصلی** (فع) اسم مذکر۔ ظاہر میں نمازی اور باطن میں مکار شخص۔

**مرغ نامہ بر** (ف) اسم مذکر ① قاصد کا کام دینے والا ② سدھایا ہوا کبوتر۔

**مرغا** (ا) اسم مذکر ① ککڑ ② خروس مرغی کا نر ③ مجازاً نامعقول ④ مروک۔

**مرغابی** (ف) اسم مذکر ① جل ککڑ ② قاز ③ ایک مشہور پرندہ ہے۔

**مرغاں** (ف) اسم مذکر ① مرغ کی جمع ② بہت سے پرندے ③ پنکھیرو۔

**مرغزار** (ف) اسم مذکر ظرف ① سبزہ زار ② چراگاہ۔

**مرغوب** (ع) اسم صفت مفعولی ① دل پسند ② پسندیدہ ③ دلربا ④ دلکش ⑤ پیارا ⑥ محبوب ⑦ لذیذ۔

**مرغوب الطبع / مرغوب طبع** (ع) اسم صفت ① من بھاتا ② جو دل کو بھائے ③ پسند طبع۔

**مرغول/ مرغولہ** (ف) اسم صفت ① پیچ در پیچ ② پیچیدہ ③ خمدار ④ ٹیڑھا ⑤ مڑا ہوا ⑥ بل کھایا ہوا ⑦ گھنگرالا ⑧ گول بنا ہوا ⑨ خم مدور۔

**مرغوں کی پالی** (ا) اسم مذکر ① مرغ لڑانے کا اکھاڑا ② مرغوں کے لڑنے کی جگہ۔

**مرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ** (ا) مثل۔ جو دل میں ہوتا ہے وہی خواب میں نظر آتا ہے۔

**مرغی** (ا) اسم مونث ① ماکیان ② مرغا کی مادہ ③ ککڑی ④ مادہ خروس۔



مرغی

**مرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزہ نہ آیا** (ا) مثل ① غریب نے تو اپنی جان مار کر کوئی کام کیا مگر دوسرے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کی پسند میں نہ آیا❷ کوشش کی قدر نہ ہونے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

**مرغی انڈے کی بحث** (ا) اسم مونث❶ فضول تکرار❷ بے فائدہ اور بے نتیجہ گفتگو۔

**مرغی کا مرغ نچاؤنی کا** (ا) اسم مزکر❶ گالی کی جگہ بولا کرتے ہیں❷ چڑیا کا❸ چڑیا والا۔

**مرغی کو تکلے کا گھاؤ بہت ہے** (ا) مثل۔ غریب کو تھوڑا ہی نقصان بہت ہے۔

**مرغی کی بانگ** (ا) اسم مونث❶ خلاف قاعدہ بات❷ منحوس بات۔

**مرفوع** (ع) اسم صفت مفعولی❶ اٹھایا گیا❷ بلند کیا گیا❸ رفعت دیا گیا❹ علم نحو میں وہ حرف جس پر پیش ہو۔ مضموم حرف۔

**مرفہ** (ف) اسم مذکر❶ ڈھول❷ طبل۔

**مرفہ** (ع) اسم صفت مفعولی❶ کھاتا پیتا❷ آس❸ بے فکر۔

**مرفہ حال** (ع) اسم صفت❶ خوش حال❷ فارغ البال❸ آسودہ حال❹ امیر۔

**مرقد** (ع) اسم مذکر ظرف❶ سونے کی جگہ❷ آرام کرنے کا مقام❸ مجازاً❹ قبر❺ گور❻ تربت مزار۔

**مرقع** (ع) فقیروں کی پیوند لگی گدڑی❶ قطعات رکھنے کی کتاب❷ تصویروں کی کتاب البم۔

**مرقوم** (ع) اسم صفت مفعولی❶ لکھا ہوا❷ تحریر شدہ❸ رقم کیا گیا۔

**مرقوم الحاشیہ** (ع) اسم مذکر❶ (قانون) حاشیہ پر لکھا ہوا گواہ❷ حاسیہ والے گواہ۔

**مرقومہ** (ع) اسم صفت مفعولی❶ تحریر شدہ❷ لکھا ہوا❸ رقم کیا گیا۔

**مرقومہ بالا** (عف) اسم مذکر❶ اوپر لکھا ہوا❷ مسطورہ بالا۔

**مرکانا** (ہ) فعل❶ بل دینا❷ موڑنا❸ مروڑنا۔

**مرکب** (ع) اسم مذکر❶ سواری❷ سوار ہونے کی چیز جیسے کشتی، گھوڑا وغیرہ۔

**مُرکب** (ع) اسم صفت مفعولی❶ ترکیب یافتہ❷ مخلوط❸ دوات کی سیاہی❹ بمشکل تمام جانبر ہونا❺ دوبارہ جنم لینا❻ نئے سرے سے زندگی پانا۔

**مرکز** (ع) اسم مذکر ظرف❶ کسی چیز کے کھڑا ہونے کی جگہ❷ گاڑنے کی جگہ❸ مجازاً منجھ❹ درمیان❺ عین❻ بیچ❼ بالکل وسط❽ ناف❾ سنٹر۔

**مرکز ثقل** (ع) اسم مذکر۔ کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر تمام اجزا تلے رہیں اور جسم گرنے نہ پائے۔

**مرکز زمین** (عف) اسم مذکر❶ زمین کا وسط❷ کرہ ارض کا بیچ۔

**مرکنا** (ہ) فعل❶ ٹوٹنا❷ بل کھانا❸ مڑنا۔

**مرکوز** (ع) اسم صفت مفعولی❶ گڑا ہوا❷ مضبوط کیا ہوا❸ مجازاً دل نشین❹ دل میں جمی ہوئی بات❺ پوشیدہ کیا گیا❻ منظور بات۔

**مرکھپنا** (ہ) فعل❶ مر کر پیوند زمین ہو جانا❷ مر مرا جانا❸ مرکر تمام ہو جانا۔

**مرکھنا** (ہ) اسم صفت فاعلی❶ سینگ مارنے والا❷ مارنے کا عادی❸ مرکھنڈا❹ مارکھنڈ❺ شریر جانور۔

**مرکی** (ہ) اسم مونث❶ کان میں پہننے کا ایک زیور❷ دریچہ❸ کان کی لو۔

**مَرگ** (ف) اسم مونث❶ موت❷ قضا❸ اجل❹ مرتو❺ کال۔

**مرگ انبوہ جشنے دارد** (ف) مثل❶ عالم گیر❷ مصیبت میں رنج کسی کو نہیں ہوتا کیونکہ سب سے ایک ہی معاملہ ہوتا ہے۔

**مرگ مفاجات/ مرگ ناگہانی/ مرگ ناگہاں** (ف) اسم مونث❶ اتفاقی موت❷ وہ موت جو آچانک آجائے❸ بے وقت کی موت۔

**مرگ** (ہ) اسم مذکر❶ ہرن❷ آہو❸ حیوان❹ چرندہ❺ غزال۔

**مرگ چھالا** (ہ) اسم مذکر❶ ہرن کی کھال❷ بالوں سمیت ہرن کی کھال جس پر بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**مرگ نین** (ہ) اسم صفت ترکیب فاعلی ❶ ہرن کی سی آنکھوں والا ❷ آہو چشم ❸ خوبصورت عورت ❹ سندر استری۔

**مرگ مارنا** (ہ) فعل ❶ ہرن کا شکار کرنا ❷ لڑکا پیدا ہونے پر باپ کا زچہ خانے میں کھڑا ہو کر چھت میں تیر مارنا اور اسے فال نیک سمجھنا ❸ یہ ایک رسم ہے۔

**مرگھٹ** (ہ) اسم مذکر ظرف ❶ شمشان ❷ مسان ❸ ہندوؤں کے مردے جلانے کی جگہ۔

**مرگی** (ہ) اسم مونث ❶ ایک بیماری کا نام ہے ❷ ام الصبیان ❸ صرع۔

**مرگیا** (ہ) اسم مذکر ❶ بالف فاعلیت ❷ مرگی والا ❸ وہ شخص جس کو مرگی کی بیماری ہو۔

**مرگیا مردود جس کا فاتحہ نہ درود** (ا) مثل۔ نکمے شخص کی موت پر بولتے ہیں۔

**مرلی** (ہ) اسم مونث ❶ منہ سے بجانے کا ایک راجہ بانسری ❷ الغوزہ ❸ بنسری۔



مرلی

**مرلی بجنا** (ہ) فعل ❶ بانسری بجنا ❷ اقبال یاور ہونا ❸ طوطی بولنا ❹ عیش سے گزارنا ❺ دور دورہ ہونا۔

**مرلی دھر** (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ مرلی والا ❷ سری کرشن جی کا لقب ہے۔

**مرمت** (ع) اسم مونث ❶ پھٹے پرانے کی درستی ❷ ٹوٹی پھوٹی چیز کو سنوارنا ❸ درستی ❹ ترمیم ❺ سزا ❻ مار پیٹ ❼ مار دھاڑ۔

**مرمت طلب** (ع) اسم صفت ❶ قابل درستی ❷ قابل اصلاح ❸ ٹھیک ہونے کے لائق۔

**مرمت کرنا** (ا) فعل ❶ درستی کرنا ❷ نقص دور کرنا ❸ سزا دینا ❹ خوب پیٹنا ❺ ٹھیک بنانا۔

**مرمٹنا** (ہ) فعل ❶ مر کر گم ہو جانا ❷ فنا ہو جانا ❸ نیست و نابود ہو جانا ❹ جان دے دینا ❺ کسی پر عاشق ہونا۔

**مرمر** (یونانی) ایک قسم کا چکنا پتھر جو سفید یا نیلگوں چمکدار ہوتا ہے۔

**مرمرا/ مرمر کے/ مرمر کر** (ہ) ابع فعل ❶ جان جوکھوں سے ❷ بڑی مشکل سے بدقت تمام ❸ جان توڑ توڑ کر۔

**مرمر کے بچنا/ جینا** (ہ) فعل ❶ کسی مہلک مرض سے نجات پانا ❷ مشکل سے جانبر ہونا ❸ گور کا منہ جھانک کر آنا ❹ نئے سرے سے زندگی پانا۔

**مرمرا** (ہ) اسم مذکر۔ بھنے ہوئے چاول جنہیں چباتے وقت مرمر کی آواز نکلتی ہے۔

**مرمر کے دن گزارنا** (ا) محاورہ ❶ بڑی مشکل سے زندگی کے دن پورے کرنا۔

**مُرمم** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ ترمیم کیا گیا ❷ اصلاح کیا گیا ❸ درست کیا گیا ❹ سنوارا گیا ❺ مرمت کیا ہوا ❻ ٹھیک کیا ہوا۔

**مُرممہ** (ع) اسم مونث ❶ درست کی ہوئی چیز ❷ ترمیم شدہ شے ❸ مرمت کی ہوئی ❹ اصلاح۔

**مرن** (ہ) مرتو ❶ قضا ❷ مرلے کا ❸ جان دینا ❹ مرنا۔

**مرنا جینا** (ہ) اسم مذکر ❶ موت اور زندگی ❷ شادی غمی ❸ رنج و راحت۔

**مرا جینا الگ رہا ہے** (ہ) محاورہ ❶ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں ❷ دم میں کچھ ہے پل میں کچھ۔

**مرنڈا** (ہ) اسم مذکر ❶ بھنے ہوئے گیہوں میں گڑ ملا کر لڈو سے بنائے ہوئے ❷ (بحالت صفت) سوکھا ہوا ❸ چرمر۔

**مرنڈا بنا دینا/ مرنڈا کرنا/ کر دینا** (ہ) فعل ❶ توڑ مروڑ کر گٹھڑی کر دینا ❷ چرمر کر دینا ❸ سکھا دینا ❹ بھوننا ❺ موہ لینا ❻ عاشق بنا لینا ❼ فریفتہ کر ڈالنا۔

**مرنے تک کی فرصت نہیں/ مرنے کی بھی فرصت نہیں** (ا) محاورہ ❶ سخت مصروفیت ہے ❷ دم بھر کی فرصت نہیں ہے۔

**مرنے کو بیٹھا ہے** (ہ) محاورہ ❶ مرنے والا ہے ❷ کوئی دن کا مہمان ❸ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔

**مرنے کو جی کرے کفن کا ٹوٹا/ مرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا** (ا) مثل ❶ نہایت غریب اور بہانہ خور آدمی کی بابت بولا جاتا ہے ❷ مرنے کو جاتا ہے اور کفن نہ ہونے کا بہانہ بناتا ہے ❸ ایسا غریب ہے کہ کفن تک بھی لے جا نہیں سکتا۔

Join Us on WhatsApp Naveed BaiG 0314077218

www.besturdubooks.net

مرنے لگنا (ہ) فعل ① جان دینے لگنا ② کسی پر عاشق ہو جانا ③ فریفتہ ہونا۔

مرنے والا (ہ) اسم مذکر فاعل ① متوفی ② مرحوم ③ مغفور ④ مرا ہوا ⑤ عاشق ⑥ شیدا ⑦ دلدادہ ⑧ (بحالت اسم صفت) بہادر ⑨ شجاع۔

مروارید (ف) اسم مذکر ① موتی ② لولو ③ در ④ گوہر ⑤ سیپی کے اندر کے نکلے ہوئے گول گول دانے۔

مروارید ناسفتہ (ف) اسم مذکر ① ان بندھے موتی ② بن بندھا موتی۔

مروانا (ہ) فعل ① قتل کرانا ② ہلاک کرانا ③ برا کام کرانا ④ فعل کروانا ⑤

مروات (ع) اسم مونث ① مردانگی ② بہادری ③ لحاظ ④ رعایت ⑤ اخلاق ⑥ سخاوت ⑦ آدمیت ⑧ توفیق ⑨ جوانمردی۔

مروت کرنا / برتنا (ا) فعل ① اخلاق سے پیش آنا ② رعایت کرنا ③ لحاظ کرنا۔

مروج (ع) اسم صفت مفعولی ① رواج دیا گیا ② رواج پایا ہوا ③ چلتا ④ رائج ⑤ جاری موجودہ زمانہ کا ⑥ مستعمل ⑦ رسمی ⑧ معمولی۔

مرور (ع) اسم مذکر ① گزرنا ② چلا جانا ③ بیت جانا۔

مروڑ (ہ) اسم مونث ① پیچ ② بل ③ خم ④ پیچش ⑤ موڑ توڑ ⑥ غرور ⑦ آکڑ ⑧ اینٹھ ⑨ پیٹ کا بل۔

مروڑ باز (ا) اسم مذکر ① اینٹھے خاں ② مغرور ③ متکبر ④ اکڑ باز۔

مروڑ کی بات (ہ) اسم مونث ① پیچدار بات ② طعنے کی بات ③ بلدار بات ④ طنز کی بات۔

مروڑا (ہ) اسم مذکر ① اینٹھن ② پیچش ③ وہ درد جو پیخانہ آتے وقت بے قرار کر دیتا ہے اور پیچ و تاب کے ساتھ اٹھتا ہے۔

مروڑا اٹھنا (ہ) فعل ① قرار اقر ہونا ② پیچ و تاب اٹھنا ③ انتڑیوں میں سخت درد ہونا۔

مروڑنا (ہ) فعل ① بل دینا ② موڑنا ③ اینٹھنا ④ پھیرنا ⑤ دبانا ⑥ دبوچنا ⑦ نچوڑنا ⑧ مسوسنا ⑨ توڑنا۔

مروڑی (ہ) اسم مونث ① بل ② پیچ ③ کانٹھ ④ گرہ ⑤ آٹے کی وہ بتی جو روٹی پکاتے وقت ہتھیلیوں اور انگلیوں پر سے مل کر اتاری جاتی ہے۔

مروق (ع) اسم صفت ① صاف کیا ہوا ② مصفا ③ مقطر ④ ٹپکایا ہوا ⑤ چھنا ہوا ⑥ خالص۔

مروہ (ع) اسم مذکر ظرف۔ مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے۔

مروی (ع) اسم صفت ① روایت کیا گیا ② بیان کیا گیا ③ منقول ④ مذکور۔

مرہٹا / مرہٹہ (ہ) اسم مذکر ① مہاراشٹر کا باشندہ ② مہاراشٹر کے بہادر راجپوت ③ مرہٹہ قوم کا۔

مرہٹی (ہ) اسم مونث بیائے نسبتی ① مرہٹیوں کی ② مرہٹوں کی بولی ③ ایک قسم کا گیت ④ مرہٹوں کی سلطنت جس میں بدانتظامی بے حد تھی ⑤ مجازاً۔ بدانتظامی ⑥ ابتری ⑦ خرابی ⑧ بدعملی۔

مرہم (ع) اسم مذکر ① زخم پر لگانے کی گاڑھی اور چکنی دوا ② مجازاً پٹی ③ پلستر ④ لیپ۔

مرہم پٹی (ا) اسم مونث ① زخم کی دوا ② زخم کا علاج۔

مرہن (ہ) اسم مونث ① تمباکو کا چورا ② سوکھا کٹا ہوا تمباکو۔

مرہون (ہ) اسم صفت مفعولی ① رہن کیا گیا ② گرو رکھا ہوا۔

مرہون منت (ع) اسم صفت ① احسان کے بدلے میں ② ممنون ③ شکرگزار ④ مشکور۔

مرہونہ (عف) اسم صفت۔ گرو رکھی ہوئی رہن کی ہوئی چیز۔

مَری (ہ) اسم مونث ① وبا ② عام بیماری ③ مرگ عام جیسے چیچک، ہیضہ اور طاعون وغیرہ ④ (بحالت صفت) ماری گئی ⑤ مردہ ہوئی چیز ⑥ جانوروں کی بیماری ⑦ مرگا مرگ۔

مری پڑنا (ہ) فعل ① وبا پھیلنا ② بکثرت اموات ہونا۔

مری جوں (ہ) اسم صفت ① جوں جیسا ② سست ③ بے حد کاہل ④ کم رفتار ⑤ مردہ سا۔

مری (ع) اسم مونث ① نرم ہڈی ② چبنی ہڈی ③ نرخرہ ④ گلے سے معدے تک کی نلی۔

مریخ (ع) اسم مذکر ① ساتویں آسمان پر ایک [illegible] ② منگل ستارہ ③ جلاد فلک ④ لڑائی کا دیوتا۔

مرید (ع) اسم صفت فاعلی ① ادارت رکھنے والا ② عقیدتمند ③ معتقد ④ چیلا ⑤ باری ⑥ مطیع ⑦ فرمانبردار ⑧ تابع۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

مرید کرنا (ا) فعل ❶ چیلا بنانا ❷ مطیع بنانا ❸ مونڈنا ❹ تابع کرنا ❺ فرمانبردار بنانا۔

مریض (ع) اسم مذکر ❶ روگی ❷ بیمار ❸ علیل۔

مریل (ہ) اسم صفت ❶ نہایت دبلا ❷ بہت لاغر ❸ مردہ سا ❹ نہایت ضعیف۔

مریم (ع) اسم صفت ❶ لغوی معنی کنواری کنیا ❷ باکرہ ❸ اصطلاحی پارسا ❹ پاکدامن ❺ اچھوتی ❻ باعفت ❼ حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ کا نام۔

مریم کا پنجہ (ا) اسم مذکر۔ پنجہ کی ہم شکل ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے۔

مرینہ (ای) اسم مذکر ❶ مرینو بھیڑ کی نرم اون کا بنایا ہوا کپڑا ❷ مجازاً ہر ایک اونی کپڑا۔

## م ← ڑ

مڑ آنا (ہ) فعل ❶ واپس آجانا ❷ لوٹ آنا ❸ الٹا چلا آنا۔

مڑ جانا (ہ) فعل ❶ واپس ہو جانا ❷ پھر جانا ❸ خم کھا جانا ❹ ٹیڑھا ہو جانا ❺ خمیدہ۔

مڑک (ہ) اسم مونث ❶ بل ❷ مروڑ ❸ اینٹھ ❹ اکڑ ❺ ٹیڑھ ❻ کلیہ قاعدہ ❼ گر ❽ نتیجہ ❾ کل۔

مڑ کر نہ دیکھنا (ہ) فعل ❶ منہ پھیر کر نہ دیکھنا ❷ بات نہ پوچھنا ❸ پرواہ نہ کرنا۔

مڑ مڑ کر دیکھنا (ہ) فعل ❶ بار بار دیکھنا ❷ پھر پھر کر دیکھنا ❸ جدائی کا افسوس ظاہر کرنا۔

مڑکنا (ہ) فعل ❶ ٹوٹنا ❷ چٹکنا ❸ آواز دینا۔

مڑنا (ہ) فعل ❶ خم کھانا ❷ خمیدہ ہونا ❸ واپس ہونا ❹ لوٹنا ❺ پھرنا ❻ الٹا پھرنا۔

مڑوانا (ہ) فعل ❶ خمیدہ کرانا ❷ واپس کرانا ❸ لوٹانا ❹ الٹا پھروانا۔

مڑوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ پیچش ❷ بل ❸ پیچ وتاب۔

مڑوڑنا (ہ) فعل ❶ بل دینا ❷ مروڑنا۔

مڑوڑی (ا) اسم مونث۔ مروڑی۔

مڑھنا (ہ) فعل ❶ منڈھنا ❷ غلاف چڑھانا ❸ پوشش کرنا ❹ کھال چڑھانا۔

ماہی (ہ) اسم مونث ❶ فقیر کی جھونپڑی ❷ کٹیا ❸ مندر ❹ معبد۔

## م ← ز

مزا (ا) اسم مذکر ❶ سواد ❷ لذت ❸ ذائقہ ❹ (فارسی لفظ مزہ سے بگڑا ہوا ہے)

مزاج (ع) اسم مذکر ❶ طبیعت ❷ ضمیر ❸ خاصیت ❹ غرور ❺ اصلیت ❻ کیفیت ❼ گن ❽ عادت ❾ ناز۔

مزاج آنا (ا) فعل ❶ غرور آنا ❷ دماغ ہونا ❸ نخوت ہونا ❹ تکبر ہونا۔

مزاج برہم ہونا / مزاج بگڑنا (ا) فعل ❶ مزاج پر غصہ طاری ہونا ❷ طبیعت بگڑنا ❸ دل ناراض ہونا ❹ مزاج خراب ہونا۔

مزاج بگاڑنا (ا) فعل ❶ خصلت بگاڑنا ❷ عادت خراب کرنا ❸ طبیعت میں غصہ پیدا کر دینا۔

مزاج پانا (ا) فعل ❶ طبیعت معلوم کرنا ❷ رخ پانا ❸ توجہ پانا ❹ دھیان پانا۔

مزاج پرسی کرنا (ا) فعل ❶ خیریت پوچھنا ❷ طبیعت کا حال دریافت کرنا ❸ سزالینا ❹ خبر لینا۔

مزاجدار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ تمکنت والا ❷ خود پسند ❹ متکبر ❺ مغرور ❻ نازک طبع۔

مزاج داں / مزاج شناس (ف) اسم صفت فاعلی ❶ عادت سے واقف ❷ مزاج سے خبردار ❸ مزاج میں دخیل ❹ کسی کے مزاج اور سبھاؤ پر تصرف رکھنے والا۔

مزاج سیدھا ہونا (ا) فعل ❶ مزاج درست ہونا ❷ مزاج باہم موافق ہونا ❸ خفگی دور ہونا ❹ توجہ کر کے بات سننا۔

مزاج شریف / مزاج مبارک / مزاج عالی (ا) محاورہ ❶ آپ کے مزاج اچھے ہیں ❷ آپ خیریت سے ہیں ❸ آپ کی طبیعت

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

اچھی ہے۔

**مزاج عالی نہ تو شک نہ نہالی** (ا) مثل ❶ مفلسی میں مزاج کرنے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں ❷ یعنی مزاج تو امیرانہ رکھتے ہیں اور سامان ذرہ بھی نہیں۔

**مزاج کرنا** (ا) فعل ❶ اترانا ❷ نخوت کرنا ❸ ناک چڑھانا ❹ غرور دکھانا۔

**مزاج کے مارے** (ا) محاورہ ❶ تکبر اور غرور کے باعث ❷ تمکنت کے سبب سے۔

**مزاج میں آنا** (ہ) فعل ❶ دل میں آنا ❷ خیال میں آنا ❸ سمجھ میں آنا ❹ نخوت کرنا ❺ غرور کرنا ❻ اترانا ❼ تمکنت دکھانا۔

**مزاج نہ پانا / مزاج نہ ملنا** (ا) فعل ❶ نہایت مغرور و متکبر ہونا ❷ بے حد اترانا ❸ اپنے آپ کو دور کھینچنا ❹ مزاج سمجھ میں نہ آنا ❺ غرور کے باعث مزاج کا حال معلوم نہ ہو سکنا۔

**مزاج والا** (ا) اسم صفت فاعلی ❶ مغرور ❷ متکبر ❸ تمکنت والا۔

**مزاجاً** (ء) تابع فعل ❶ طبیعت کے لحاظ سے ❷ از روئے مزاج ❸ خاصیت میں ❹ بالخواص۔

**مزاجن / مزاجو** (ا) اسم صفت مونث ❶ خود پسند ❷ مزاجدار ❸ دماغدار ❹ عورت ❺ تمکنت والی۔

**مزاح** (ء) اسم مونث ❶ ہنسی ❷ ٹھٹھا ❸ ظرافت ❹ خوش طبعی ❺ مذاق ❻ چہل۔

**مزاحم** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ اٹکانے والا ❷ روکنے والا ❸ مانع ❹ حارج ❺ معترض ❻ حائل ❼ ٹکر ❽ جھیلنے والا ❾ سدراہ۔

**مزاحم ہونا** (ا) فعل ❶ مانع ہونا ❷ حائل ہونا ❸ حارج ہونا ❹ ہوتے کام کو بگاڑنا ❺ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔

**مزاحمت** (ء) اسم مونث ❶ رکاوٹ ❷ روک ٹوک ❸ اٹکاؤ ❹ ممانعت۔

**مزار** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ زیارت گاہ ❷ بزرگوں کا مقبرہ ❸ آستانہ ❹ درگاہ ❺ ظرافتاً ٹھکانا ❻ جائے سکونت ❼ مسکن مکان۔

**مزارع** (ء) اسم مذکر ❶ کھیتی باڑی کرنے والا ❷ کسان ❸ کاشتکار ❹ جوتا ❺ زراعت کرنے والا۔

**مزامیر** (ء) اسم مذکر ❶ مزمور کی جمع ❷ سارنگیاں ❸ بانسریاں ❹ نے ❺ مرلی ❻ راگ ❼ گیت ❽ مجازاً مراثیوں کے ساز ❾ بھجن۔

**مزاوجت** (ء) اسم مونث ❶ جوڑا ہونا ❷ زوج ہونا ❸ بیاہ ❹ شادی ❺ گٹھ جوڑا ❻ باہم نکاح ہونا۔

**مزاولت** (ء) اسم مونث ❶ کسی کام کو پیشہ کرنا ❷ روزمرہ برتاؤ ❸ مشق ❹ استعمال درد۔ کوشش۔

**مزائل / میسائل** (ای) ام مونث۔ ایک دور مار خوفناک جدید ترین جنگی ہتھیار جسے سیکھڑوں میل دور مطلوبہ جگہ پر پھینکا جاسکتا ہے۔

**مزبور** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ اوپر لکھا ہوا ❷ جس کا ذکر اوپر آ چکا ہو ❸ مذکورہ بالا۔

**مزجات** (ء) اسم صفت ❶ ہیچ پوچ ❷ بے اعتبار ❸ تھوڑا ❹ اندک ❺ ادنیٰ ❻ ناچیز۔

**مزخرف** (ء) اسم مونث ❶ جھوٹی بات ❷ جعلی بات ❸ بناوٹی بات ❹ وہ جھوٹی بات ❺ جو سچی جیسی معلوم ہو۔

**مزخرفات** (ء) اسم مونث ❶ مزخرف کی جمع ❷ بیہودہ باتیں ❸ لغو اور جھوٹی باتیں ❹ چکنی چپڑی باتیں۔

**مزد** (ف) اسم مونث ❶ اجرت ❷ مزدوری ❸ تنخواہ ❹ محنتانہ ❺ صلہ ❻ بدلہ ❼ جزا ❽ پاداش۔

**مزدور** (ف) اسم مذکر بترکیب فاعلی ❶ قلی ❷ اجرت پر کام کرنے والا ❸ مزدوری کرنے والا ❹ باربردار ❺ پانڈیا ❻ بوجھ اٹھانے والا۔

**مزدوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ محنت ❷ مشقت ❸ کام ❹ خدمت ❺ اجرت ❻ محنتانہ ❼ کام کا صلہ۔

**مزرع / مزرعہ** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ کھیت ❷ کھیتی ❸ کشت ❹ چھوٹا گاؤں ❺ زراعت کی جگہ۔

**مزرع آخرت** (ء) اسم مونث ❶ آخرت کی کھیتی ❷ بھلائی ❸ نیکی ❹ دنیا سے بھی مراد ہوتی ہے۔

**مزروعہ** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ بوئی جتی زمین ❷ بویا ہوا کھیت ❸ کاشت کی ہوئی زمین۔

**مزعفر** (ء) اسم مذکر ❶ زعفرانی زردہ ❷ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں کیسر زیادہ پڑتی ہے۔

**مزمن** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ زمانہ دراز کا پرانا ❷ کہنہ ❸ عموماً بیماری کی

Join Us On WhatsApp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

صفت میں آتا ہے۔
مزمہ (ہ) اسم مذکر۔ گھوڑے کی گاچی یا موتھ میں پچھاڑی کے ساتھ لگا ہوا چمڑے یا رسی کا حلقہ جو گھوڑے کو آگے نہیں بڑھنے دیتا۔
مزمہ لگانا (ا) فعل ① پچھاڑنا باندھنا ② روک دینا ③ ڈاٹ لگانا ④ ایک چیز کے بعد دوسری کھانا۔
مزمہ لینا/ مزے لینا (ا) فعل ① تنگ کرنا ② خبر لینا ③ ٹھیک بنانا ④ آڑے ہاتھوں لینا۔
مزہ (ف) اسم مذکر ① سواد ② ذائقہ ③ لطف ④ چسکا ⑤ لذت ⑥ چاٹ ⑦ بہار ⑧ رس ⑨ جوبن۔
مزہ اٹھانا (ا) فعل ① ذائقہ لینا ② لطف لینا ③ چسکا لگانا ④ لذت اُٹھانا۔
مزہ اڑانا (ا) فعل ① عیش منانا ② لطف حاصل کرنا ③ جوبن لوٹنا ④ بہار لوٹنا ⑤ ہوس پوری کرنا۔
مزہ آنا (ا) فعل ① لذت آنا ② لطف آنا۔
مزہ پانا (ا) محاورہ ① لطف حاصل کرنا ② لذت پانا ③ کیے کی سزا مانا۔
مزہ چکھانا (ا) فعل ① سواد معلوم کرانا ② ذائقہ چکھانا ③ سزا دینا ④ کیے کو پہنچانا۔
مزہ دیکھنا (ا) فعل ① ذائقہ معلوم کرنا ② تماشا دیکھنا۔
مزہ دینا (ا) فعل ① لذت دینا ② ذائقہ بخشنا۔
مزہ کرکرا/ کھنڈت کرنا (ا) فعل ① لطف کھو دینا ② رنگ میں بھنگ ڈالنا ③ بے لطفی کرنا ④ عیش کو خراب کر دینا۔
مزہ لوٹنا (ا) فعل ① بہار لوٹنا ② عیش منانا ③ لطف حاصل کرنا۔
مزہ ہے/ مزا ہے (ا) محاورہ ① عجیب لطف ہے ② بڑا لطف ہے۔
مزہ اڑانا (ا) فعل ① عیش منانا ② گلچھرے اڑانا ③ ہوس پوری کرنا۔
مزے دار (ا) اسم صفت ① لذیز ② پر لذت ③ باذائقہ ④ نہایت پر لطف۔
مزے داری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① مزہ ② حلاوت ③ لطف ④ کیفیت۔
مزے کرنا (ا) فعل ① لطف اڑانا ② عیش منانا۔
مزے کی بات (ا) اسم مونث ① ہنسی کی بات ② پر لطف بات ③ تماشے کی بات۔
مزے لوٹنا (ا) فعل ① ذائقہ لینا ② لذت حاصل کرنا ③ لطف اڑانا ④ عیش منانا۔
مزے میں آنا (ا) فعل ① چاؤ میں آنا ② خوشی میں آنا ③ اترانا ④ ناز کرنا۔
مزید برآں (ف) تابع فعل ① اس کے علاوہ ② اس کے سوا ③ علاوہ ازیں۔
مزید علیہ (ع) اسم مذکر ① زیادہ کیا گیا ② اس پر ③ بڑھایا گیا۔
مزین (ع) اسم صفت مفعولی ① آراستہ کیا ہوا ② سجایا گیا ③ زینت دیا گیا ④ مکلف ⑤ سجا سجایا۔

## م ← ژ

مژدہ (ف) اسم مذکر ① خوش خبری ② بشارت ③ مبارکباد ④ مبارک ہو ⑤ تہنیت۔
مژدہ باد (ف) کلمہ دعا ① مبارک ہو ② خوشخبری ہو۔
مژدہ سنانا (ا) محاورہ۔ خوشخبری لا کر دینا۔
مژدگاں (ف) اسم مذکر ① قاصد کا انعام ② خوشخبری لانے کو خوشی میں جو انعام دیا جائے۔
مژگان (ف) اسم مونث ① مژدہ کی جمع ہے ② پلکیں۔
مژہ (ف) اسم مونث ① پلک ② برنی ③ پپنی ④ جمع = مژگان۔

## م ← س

مِس (ف) اسم مذکر ① تانبا ② ایک معمولی دھات جس کے برتن بناتے ہیں۔
مس خام (ف) اسم مذکر ① کچا تانبا ② کان سے نکالنے کے بعد صاف نہ کیا ہوا تانبا۔
مس گر (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① ٹھٹھیرا ② تانبے کے برتن بنانے والا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مِس (ہ) اسم مذکر ❶ حیلہ ❷ بہانہ۔
مِس (ہ) اسم مونث ❶ روشنائی ❷ سیاہی ❸ مرکب ❹ دوات کی سیاہی۔
مِس (ای) اسم مونث ❶ کنیا ❷ کنواری ❸ باکرہ ❹ دوشیزہ ❺ لڑکی ❻ دختر ❼ جوان لڑکی ❽ بن بیاہی۔
مَس (ہ) اسم مونث ❶ مونچھوں کا رواں ❷ سبزۂ آغاز۔
مَس (ء) اسم مذکر ❶ چھونا ❷ ہاتھ لگانا ❸ بھوگ ❹ جماع ❺ رغبت ❻ لگاؤ ❼ رجحان ❽ میلان۔
مس کرنا (ا) فعل ❶ چھونا ❷ ہاتھ لگانا ❸ ٹٹولنا ❹ معلوم کرنا ❺ لمس کرنا۔
مس ہونا (ا) فعل ❶ لگاؤ ہونا ❷ میلان ہونا ❸ رغبت ہونا ❹ رجحان ہونا۔
مساج (ای) اسم مونث ❶ اعصابی تقویت کے لیے جسم کو ہاتھوں سے ملنا ❷ مالش کرنا۔
مسا (ء) اسم مذکر ❶ شام ❷ شام کا وقت ❸ صبح کی ضد۔
مسا/ مسّا (ہ) اسم مذکر ❶ گوشت کا ایک کالا سا دانہ ابھرا ہوا جو جسم انسان پر پڑ جاتا ہے ❷ بواسیر کا دانہ ❸ بندوق کی مکھی۔
مسا (ہ) اسم مذکر صفت ❶ موٹا اناج ❷ سستا اناج ❸ غریبوں کے کھانے کا اناج ❹ خصوصاً چنا، اڑد، موٹھ، مونگ، لوبیے وغیرہ کا غلہ۔
مساجد (ء) اسم مونث ظرف۔ مسجد کی جمع۔
مسّاح (ء) اسم صفت مبالغہ ❶ پیمائش کرنے والا ❷ ناپنے والا۔
مساحت (ء) اسم مونث ❶ زمین کی پیمائش ❷ زمین کا ماپ۔
مساس (ء) اسم مذکر ❶ چھونا ❷ ہاتھ پھرنا ❸ ہاتھ سے ملنا ❹ جماع ❺ بھوگ ❻ بلاس۔
مساعد (ء) اسم صفت فاعلی ❶ مددگار ❷ یاور ❸ معاون ❹ مجازاً موافق ❺ حسب مراد۔
مساعدت (ء) اسم مونث ❶ مدد ❷ یاری ❸ یاوری ❹ اعانت۔
مساعی (ء) اسم مونث ❶ مسعات کی جمع ❷ کوششیں۔
مساعی جمیلہ (ء) اسم مونث۔ نیک کوشش۔
مسافت (ء) اسم مونث ❶ بیابان کی دوری ❷ منزل کا فاصلہ ❸ دوری ❹ سفر ❺ بعد ❻ سفر کی تکان۔

مسافر خانہ (عف) اسم مذکر ظرف ❶ مسافروں کے ٹھیرنے کی جگہ ❷ سرائے ❸ کارواں سرائے۔
مسافرانہ (ء) تابع فعل ❶ مسافروں کی طرح ❷ پردیسیوں کی طرح ❸ مسافروں کی مانند۔
مسافرت (ہ) اسم مونث ❶ سفر کرنا ❷ سیاحی ❸ مسافری ❹ پردیس۔
مسافری (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سفر ❷ پردیس ❸ سیاحی۔
مساکن (ء) اسم مذکر ظرف ❶ مسکن کی جمع ❷ مقامات ❸ جائے سکونت ❹ مکانات۔
مساکین (ء) اسم مذکر ❶ مسکین کی جمع ❷ کنگال ❸ مفلس ❹ غریب ❺ محتاج ❻ فقیر ❼ غربا۔
مسالا (ء) اسم مذکر ❶ مصالح کا بگاڑ ❷ کسی چیز کی تیاری کی ضروریات سامان، نمک، مرچ، ہلدی، دھنیا، پیاز، لہسن وغیرہ۔
مسالک (ء) اسم مذکر ❶ ظرف ❷ مسلک کی جمع ❸ رستے ❹ سڑکیں ❺ راہیں۔
مسام (ء) اسم مذکر ❶ جسم سے پسینہ نکلنے کے سوراخ ❷ بدن کا چھید۔
مسامات (ء) اسم مذکر ❶ مسام کی جمع ❷ چھوٹے چھوٹے سوراخ جن سے پسینہ نکلتا ہے۔
مسان (ہ) اسم مذکر ❶ شمسان ❷ مرگھٹ ❸ بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے ❹ جنوں اور ناپاک روحوں کو قابو کرنے کا علم ❺ بھوت بدیا۔
مسانی (ہ) اسم مونث ❶ ستیلا کی ایک قسم ❷ کھسرا ❸ چھوٹی ماتا ❹ ستیلا دیوی کی ایک بہن کا نام۔
مسانیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ بھوت پریت اتارنے والا ❷ سیانا ❸ مردے کی راکھ اٹھانے والا ❹ ایک قسم کے خاکروب۔
مساوات (ء) اسم مونث ❶ باہم برابر کرنا ❷ مساوی ہونا ❸ برابری ❹ ہمسری ❺ یکساں ہونا ❻ ہموزن ہونا۔
مساوی (ء) اسم صفت فاعلی ❶ ایک جیسا ❷ برابر ❸ یکساں ❹ ہموزن ❺ ہمسر۔
مسائل (ء) اسم مذکر ❶ مسئلہ کی جمع ❷ پوچھنے کے قابل باتیں ❸ دریافت طلب امور ❹ سوال ❺ مسئلے ❻ مذہبی احکام ❼ اصول ❽ مذہب ❾ مذہبی قاعدے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مسبب (ع) اسم صفت مفعولی ① سبب کیا گیا ② باعث ③ وجہ ④ سبب۔

مسبب (ع) اسم مذکر فاعل ① سبب پیدا کرنے والا ② وجہ بتا دینے والا۔

مسبب الاسباب (ع) اسم مذکر ① کسی کام کے ہونے کا سبب پیدا کر دینے والا ② کوئی سبب بنا ڈالنے والا ③ خداوند کریم۔

مسبب حقیقی (ع) اسم مذکر ① اصلی مسبب ② قادر مطلق۔

مسبوق (ع) اسم صفت مفعولی ① گزشتہ ② گزرا ہوا۔

مسبوق الذکر (ع) اسم مذکر۔ جس کا ذکر پہلے گزر چکا ہو۔

مست (ف) اسم صفت ① نشہ میں چور ② مدھ ماتا ③ شرابی ④ متوالا ⑤ مخمور ⑥ مدہوش ⑦ سرشار ⑧ بے ہوش ⑨ مجذوب۔

مست الست / مست ازل / مست ازلی (فع) اسم مذکر وصفی ① وہ شخص جو روز ازل سے مست ہو ② انادی مست۔

مست قلندر / مست مولا (ا) اسم مذکر ① بے پروا ② آزاد ③ بے فکر ④ درویش ⑤ بے سدھ آدمی ⑥ لاپروا آدمی۔

مست ہو جانا (ا) فعل ① متوالا ہو جانا ② نشے میں چور ہو جانا ③ مدہوش ہونا ④ بے سدھ ہونا ⑤ پھولنا ⑥ اترانا ⑦ گھمنڈ کرنا ⑧ متکبر ہونا۔

مستاجر (ع) اسم مذکر فاعل ① ٹھیکہ دار ② اجارہ دار ③ پٹی دار ④ کاشتکار ⑤ زمیندار۔

مستان (ا) اسم مذکر وصفی ① سڑی ② مجذوب ③ مست ولا یعقل آدمی۔

مستان شاہ (ا) اسم مذکر ① مست درویش ② مجذوب اور بے ہوش فقیر۔

مستانا / مستا جانا (ا) فعل ① مست ہونا ② مدھ پر آنا ③ آ لنگ پر آنا ④ اٹھنا ⑤ مدھ ماتا ہو جانا ⑥ مستی میں بھرنا۔

مستانہ (ف) اسم صفت بترکیب تشبیہی ① مستوں کی طرح ② مساں ③ متوالوں کی مانند۔

مستانہ چال (ا) اسم مونث۔ جھومتی جھامتی چال۔

مستانی (ا) اسم مونث بیائے تانیث ① مدماتی ② پر شہوت عورت ③ دیوانی ④ باؤلی۔

مستتر (ع) اسم صفت فاعلی ① پردے میں ہونے والا ② چھپنے والا ③ وہ ضمیر فاعلی جو ظاہر نہ ہو۔

مستثنٰی (ع) اسم صفت مفعولی ① چھانٹا گیا ② علیحدہ کیا گیا ③ الگ کیا گیا ④ چنا گیا ⑤ ماسوا بجز ⑥ الا۔

مستثنٰی کرنا (ا) فعل ① کئی چیزوں میں سے ایک چیز کو الگ کرنا ② علیحدہ کرنا ③ چھوڑ دینا۔

مستثنٰی منہ (ع) اسم مذکر ① جن میں سے نکالا گیا ہو ② وہ اشیا یا آدمی جن میں سے کسی کو الگ کر لیا گیا ہو۔

مستجاب (ع) اسم صفت مفعولی ① جواب دیا گیا ② مجازاً مانا گیا ③ منظور کیا گیا ④ قبول کیا گیا۔

مستجاب الدعوات (ع) اسم صفت ① مقبول دعا ② وہ شخص جس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو جائے۔

مستجمع (ع) اسم مونث۔ جمع ہونے کی جگہ۔

مستحب (ع) اسم صفت مفعولی ① پسند کیا گیا ② پسندیدہ ③ محبت کیا گیا ④ اصطلاح شرعی میں وہ فعل جسے رسول اکرم علیہم نے پسند فرما کر کبھی خود کیا یا اس کا ثواب بیان فرمایا ہو۔

مستحسن (ع) اسم صفت مفعولی ① نیک کیا گیا ② پسندیدہ ③ بہتر ④ عمدہ ⑤ نیک۔

مستحق (ع) اسم صفت فاعلی ① حقدار ② حق پانے والا ③ حق رکھنے والا ④ دعویدار ⑤ سزاوار ⑥ قابل ⑦ لائق ⑧ مستوجب ⑨ درویش۔

مستحق ٹھیرانا (ا) فعل ① کسی کو حقدار قرار دینا ② قابل جاننا ③ لائق سمجھنا۔

مستحکم (ع) اسم صفت فاعلی ① قائم رہنے والا ② مضبوط ③ سخت ④ پائدار ⑤ پکا ⑥ اٹل ⑦ اچل۔

مستدعی (ع) اسم صفت فاعلی ① خواہشمند ② چاہنے والا ③ استدعا کرنے والا ④ ملتجی ⑤ متمنی۔

مستدیر (ع) اسم صفت ① گول ② مدور ③ گولائی دار۔

مسترد (ع) اسم صفت مفعولی ① رد کیا گیا ② لوٹا گیا ③ واپس کیا گیا۔

مستری (ا) ماسٹر کا بگاڑ ① کاریگروں کا سردار ② دستکاروں کا افسر ③ مجازاً ہر ایک کاریگر ④ کسی پیشہ کا کاریگر۔

مستزاد (ع) اسم صفت مفعولی ① بڑھایا گیا ② زیادہ کیا گیا ③ علم عروض میں وہ نظم جس کے ہر مصرع پر ایسا ٹکڑا زیادہ جو اسی مصرعیہ کئے رکن

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

اول اور رکن قرار کے برابر ہو۔

**مستقی** (ء) اسم صفت فاعلی ① سیرابی مانگنے والا ② استسقا کی بیماری والا ③ پیاسا ④ تشنہ ⑤ جلندر کی بیماری والا ⑥ جلندری ⑦ جلودری۔

**مستطاب** (ء) اسم صفت ① پاک آیا ہوا ② خوش ③ اچھا ④ عمدہ ⑤ مبارک ⑥ خوب۔

**مستطیل** (ء) اسم مذکر ① لمبا ② جسیم ③ طویل سطح ④ وہ سطح جس کا طول زیادہ اور عرض کم اور چاروں زاویے قائمہ ہوں۔



مستطیل

**مستظہر** (ء) اسم صفت فاعلی ① امداد چاہنے والا ② مدد مانگنے والا ③ پشت پناہ کی طلب کرنے والا ④ ظہور کا طالب ⑤ ظہور چاہنے والا۔

**مستعار** (ء) اسم صفت مفعولی ① ادھار لیا ہوا ② مانگے لیا ہوا ③ مانگا ہوا۔

**مستعار دینا** (ا) فعل ① مانگے دینا ② ادھار دینا۔

**مستعجل** (ء) اسم صفت فاعلی ① جلدی کرنے والا ② تعجیل کرنے والا ③ جلد باز۔

**مستعد** (ء) اسم صفت مفعولی ① تیار ② آمادہ ③ کمربستہ ④ چست ⑤ چالاک ⑥ ہوشیار۔

**مستعد ہونا** (ا) فعل ① تیار ہونا ② کمربستہ ہونا ③ موجود ہونا ④ لائق ہونا ⑤ قابل ہونا۔

**مُستعفی** (ء) اسم صفت فاعلی ① استغفار دینے والا ② نوکری چھوڑنے والا۔

**مستعمل** (ء) اسم صفت مفعولی ① عمل میں لایا ہوا ② برتا ہوا ③ کام دیتا ہوا ④ مروج ⑤ سیکنڈ ہینڈ۔

**مستغاث** (ء) اسم مذکر مفعول۔ وہ شخص جس سے فریاد چاہیں۔

**مستغرق** (ء) اسم صفت ① ڈوبا ہوا ② غرق شدہ ③ نہایت مصروف۔

**مستغنی** (ء) اسم صفت ① بے پرواہ ② دولتمند ③ غنی ④ مالدار ⑤ فارغ البال ⑥ آسودہ حال ⑦ مطمئن۔

**مستغیث** (ء) اسم مذکر فاعل ① استغاثہ کرنے والا ② فریادی ③ نالشی ④ مدعی ⑤ دعویدار ⑥ سائل ⑦ اپلائنٹ۔

**مستغیث الیہ** (ء) اسم مذکر ① جس کی طرف دعوے کیا گیا ہو ② مدعا علیہ ③ فریق مخالف ④ رسپانڈنٹ۔

**مستفاد** (ء) اسم صفت مفعولی ① فائدہ میں حاصل شدہ چیز ② فائدہ اٹھایا ہوا۔

**مستفسر** (ء) اسم صفت فاعلی ① پوچھنے والا ② کھوجی ③ تحقیق کرنے والا ④ استفسار کرنے والا۔

**مستفید** (ء) اسم صفت فاعلی ① فائدہ کا طالب ② فائدہ چاہنے والا۔

**مستفیض** (ء) اسم صفت فاعلی ① فیض کا خواہاں ② طالب فیض ③ فیض چاہنے والا۔

**مستقبل** (ء) اسم صفت فاعلی ① سامنے آنے والا ② آئندہ ③ آگے آنے والا زمانہ ④ آئندہ وقت ⑤ وہ فعل جس میں زمانہ آئندہ پایا جائے۔

**مستقر** (ء) اسم مذکر ① جائے قرار ② ٹھکانا مقر ③ ٹھہرنے کی جگہ۔

**مستقل** (ء) اسم صفت ① پکا ② پائدار ③ مضبوط ④ مستحکم ⑤ اٹل ⑥ اچل ⑦ ہمیشہ ⑧ استوار ⑨ قائم۔

**مستقل مزاج** (ا) اسم صفت ① ثابت قدم ② دھیما ③ متین۔

**مستقیم** (ء) اسم صفت فاعل ① راست ② کج کی ضد ③ سیدھا کھڑا ہوا ④ عمودار۔

**مستک** (س) اسم مونث ① پیشانی ② ماتھا ③ ہاتھی کا ماتھا۔

**مستکبر** (ء) اسم صفت ① گھمنڈی ② مغرور ③ متکبر ④ مدمغ۔

**مستلزم** (ء) اسم صفت فاعلی ① لازم پکڑنے والا ② کسی کام کو اپنے اوپر لازم کر لینے والا۔

**مستلزم سزا** (عف) اسم صفت ① قابل سزا ② سزا کے لائق ③ واجب التعزیز۔

**مستمر** (ء) اسم صفت ① ہمیشہ رہنے والا ② دائم ③ پائدار ④ مستقل ⑤ مضبوط ⑥ پیوستہ۔

**مستند** (ء) اسم صفت ① سند یافتہ ② مصدقہ ③ تصدیق کیا گیا ④ سندی ⑤ ٹھیک ⑥ معتبر ⑦ قابل اعتبار ⑧ قابل اعتماد۔

**مستنبط** (ء) اسم صفت مفعولی ① باہر لایا گیا ② نکالا گیا ③ اخذ کیا گیا ④ چنا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

گیا۔

**مستوجب** (ع) اسم صفت فاعلی 1 واجب 2 لائق 3 قابل 4 عائد ہونے والا 5 لازم ہونے والا۔

**مستور** (ع) اسم صفت مفعولی 1 چھپا ہوا 2 پوشیدہ 3 مخفی۔


مستورات

**مستورات** (ع) اسم مونث 1 پردہ میں اٹھنے والیاں 2 عورتیں 3 زنانہ۔

**مستوفی** (ع) اسم مذکر فاعل 1 لغوی۔ پورا لینے والا 2 اصطلاحاً پڑتال کرنے والا 3 محکمہ حساب کا اعلیٰ افسر 4 اکونٹنٹ جنرل 5 تنخواہ تقسیم کرنے والا 6 دیوان خزانچی۔

**مستول** (پرتگالی) اسم مذکر 1 جہاز کا بادبان 2 ستون کشتی یا جہاز۔

**مستوی** (ع) اسم صفت 1 غالب 2 چھا جانے والا 3 قابو پانے والا۔

**مستی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 بے ہوشی 2 مدہوشی 3 نشہ 4 خمار 5 مدھ 6 شہوت کا جوش 7 جہل 8 خواہش نفسانی 9 خوشی کی حرکات۔

**مستی آنا** (ا) فعل 1 گرم ہونا 2 شہوت میں بھرنا 3 متا جانا 4 نفسانی کا خواہش۔

**مستی چڑھنا** (ا) فعل 1 شہوت کا جوش مارنا 2 متوالا ہونا 3 مستی میں ہونا۔

**مستی اٹھنا/مستی چھوٹنا/مستی ہونا** (ا) فعل 1 آلنگ پر آنا 2 شہوت کا زور کرنا 3 جماع کی رغبت ہونا۔

**مستی جھارنا/مستی نکالنا** (ا) فعل 1 مستی نکالنا 2 نشہ پورا کرنا 3 شرارت نکالنا۔

**مسٹر** (ای) اسم مذکر 1 صاحب 2 جناب 3 ایک تعظیمی خطاب جو انگریزی میں نام سے پہلے استعمال کرتے ہیں۔

**مسٹنڈی** (ہ) اسم صفت مونث 1 موٹی عورت 2 ہٹی کٹی عورت 3 موٹی تازی عورت۔

**مسجد** (ع) اسم مونث ظرف 1 سر جھکانے کی جگہ 2 سجدہ کی جگہ 3 نماز پڑھنے کی جگہ 4 عبادت خانہ 5 مسلمانوں کی عبادت گاہ 6 خدا کا گھر۔

**مسجد ٹھنڈی کرنا/مسجد ڈھانا** (ا) فعل 1 مسجد گرانا 2 خدا کا گھر گرانا 3 بڑا بھاری گناہ کرنا۔

**مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی** (ا) مثل۔ اصل چیز جاتی رہی صرف نشانی اور نام باقی رہ گیا۔


مسجد

**مسجع** (ع) اسم صفت 1 قافیہ بند 2 باقافیہ بات 3 تک بندی والی بات 4 وہ عبارت جس کے الفاظ ہم قافیہ یا ہموزن ہوں۔

**مسجل** (ع) اسم مذکر۔ حاکم یا قاضی کی مہر لگا ہوا کاغذ یا نامہ۔

**مسجود** (ع) اسم صفت مفعولی 1 سجدہ کیا گیا 2 جسے سجدہ کریں۔

**مسح** (ع) اسم مذکر 1 ہاتھ پھیرنا 2 ہاتھ ملنا 3 وضو کرتے وقت ہاتھوں پر ڈال کر پیشانی کی جڑ سے لے کر تمام سر پر ہاتھ پھیرنا۔

**مسحی** (ع) سم مونث بیائے نسبتی 1 صابر یا چمڑے کا موزہ جس پر مسح جائز ہو۔

**مُسخ** (ع) اسم صفت 1 صورت کا بگڑ جانا 2 اچھی صورت کا بدل کر بُری صورت ہو جانا۔

**مسخ ہو جانا** (ا) فعل 1 اچھی سے بری صورت ہو جانا 2 صورت بگڑنا 3 چہرہ پلٹنا 4 چہرہ پلٹ جانا۔

**مُسخّر** (ع) اسم صفت مفعولی 1 قبضہ کیا گیا 2 فتح کیا گیا 3 تابع کیا گیا 4 تسخیر کیا گیا۔

**مَسخرہ** (ع) اسم مذکر 1 ٹھٹھے باز 2 مخولیا 3 ظریف 4 مذاقیا۔

**مسخرہ پن** (ا) اسم مذکر مصدری 1 ہنسی 2 ٹھٹھا 3 مذاق 4 ظرافت۔

**مسخرگی** (ف) اسم مونث مصدری 1 مسخرہ پن 2 ہنسی 3 ٹھٹھا۔

**مُسدّس** (ع) اسم مذکر 1 چھ ضلعوں والی شکل 2 چھ کونیا 3 وہ نظم جس کے چار مصرعے ہم قافیہ اور آخری بیت گرہ کے طور پر دوسرے قافئے کی ہو۔

**مسدود** (ع) اسم صفت مفعولی 1 روکا ہوا 2 روکا گیا 3 بند 4 رکا ہوا۔

**مسدس** (ع) اسم مونث 1 خوشی 2 خرمی 3 شادمانی 4 فرحت۔

**مسرف** (ع) اسم صفت 1 اسراف کرنے والا 2 فضول خرچ 3 کھاؤ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124907218

لٹاؤ④ بیجا خرچ کرنے والا۔

مسرور (ع) اسم صفت مفعولی ① مگن ② خوش وخرم ③ شاد ④ شادمان۔

مسروقہ (عف) اسم مونث۔ چرائی ہوئی چیز۔

مسز (ای) اسم مونث ① بیگم ② شادی شدہ عورت۔

مسطح (ع) اسم صفت مفعولی ① بچھا ہوا ② پھیلا ہوا ③ چوڑا ④ کھلا۔

مسطر (ع) اسم مذکر آلہ ① سطریں کھینچنے کا آلہ ② رول کرنے کا آلہ ③ سطروں کے لئے ڈوریں لیا ہوا کاغذ ④ بلیک لائن ⑤ چپٹی لوہے کی پٹی۔

مسطور (ع) اسم صفت مفعولی ① سطر کیا گیا ② سطریں کھینچا ہوا ③ اوپر لکھا ہوا ④ تحریر شدہ ⑤ مرقومہ بالا۔

مسعود (ع) اسم صفت مفعولی ① نیک ② نیک بخت ③ بختاور ④ سعادتمند۔

مسقط (ع) اسم مذکر ظرف ① گرنے کی جگہ ② عرب کے جنوب مشرقی کنارے پر ایک ریاست اور اس کا ایک شہر جہاں کا حلوا مشہور ہے جو اونٹنی کے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

مسقط الراس (ع) اسم مذکر ① جائے پیدائش ② جنم بھوم ③ جنم استھان ④ مولد ⑤ وطن۔

مسقف (ع) اسم صفت مفعولی ① چھت ڈالا ہوا ② پٹا ہوا ③ پاٹا گیا۔

مسک (ہ) اسم مونث۔ کسی دباؤ یا زور سے کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا۔

مسک جانا (ہ) فعل ① ذرا سا پھٹ جانا ② چاک ہو جانا۔

مُسکان (ہ) اسم مونث ① مسکراہٹ ② تبسم ③ زیرلب ④ ہنسی ⑤ دبی دبی ہنسی۔

مُسکانا (ہ) مصدر ① مسکرانا ② زیرلب ③ ہنسنا ④ تبسم کرنا۔

مسکانا (ہ) فعل ① ٹوٹنا ② چوڑیوں وغیرہ کا چٹ چٹ ہو جانا۔

مسکرانا (ہ) فعل ① منہ ہی منہ میں ہنسنا ② تبسم کرنا ③ کم کم ہنسنا۔

مسکراہٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر ① تبسم ② وہ ہنسی جس میں دانت نہ کھلیں۔

مسکن (ع) اسم مذکر ظرف ① رہنے کی جگہ ② مکان ③ گھر ④ جائے سکونت ⑤ ٹھور ٹھکانا ⑥ مقام ⑦ قیامگاہ۔

مَسکنا (ہ) فعل ① پھٹنا ② چاک ہونا ③ چرنا ④ چلنا ⑤ دریدہ ہونا۔

مُسکانا (ہ) فعل ① کڑکنا ② چٹ ہونا ③ تڑقنا ④ ٹوٹنا۔

مسکوٹ (ا) اسم مونث ① ایک ہی دستر خوان پر کھانے والے ② ہم طعام ③ ہم پیالہ و نوالہ ④ صلاح ⑤ مشورہ ⑥ کھانا ⑦ طعام ⑧ گروہ ⑨ جماعت۔

مسکوٹ کرنا (ا) فعل ① صلاح کرنا ② مشورہ کرنا ③ پنچایت جوڑنا۔

مسکوڑا (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① کروٹ کے رخ کا دھچکا ② بل۔

مسکوڑا لینا/ مارنا (ہ) فعل ① دفعتہً کروٹ بدلنا ② دھچکے سے پہلو بدلنا۔

مسکوک (ہ) اسم صفت مفعولی ① سکہ زدہ ② سکہ کیا گیا ③ ٹھپا لگا ہوا ④ سرکاری چھاپ کا سکہ۔

مسکہ (ف) اسم مذکر ① بن تایا گھی ② مکھن ③ کچا خوشبودار گھی۔

مسکین (ع) اسم صفت مبالغہ ① نہایت بے حرکت ② مجازاً فاقہ سے ناطاقت شدہ ③ غریب ④ کنگال ⑤ نمانا ⑥ خاکسار ⑦ گئو ⑧ حلیم۔

مسکین صورت (ا) اسم مذکر ① غریبانہ صورت والا ② طنزاً شریر آدمی ③ گربہ مسکین ④ غریب بدمعاش ⑤ مسمٹی شکل کا۔

مسکین طبع (ا) اسم مذکر ① فروتن ② متواضع ③ نرم طبیعت والا ④ بالکل بے شر۔

مسل (ا) اسم مونث ① مقدمہ کے کاغذات کا مجموعہ ② روئداد مقدمہ ③ مقدمہ کی کیفیت۔

مسل ڈالنا (ا) فعل ① کچل ڈالنا ② مل ڈالنا ③ پاؤں سے روند ڈالنا۔

مسل کر (ہ) تابع فعل ① روند کر ② توڑ مروڑ کر ③ مل دل کر ④ چرمر کر کے۔

مسلح (ع) اسم صفت ① ہتھیار بند ② کمربستہ ③ شستر لگائے ④ ہتھیار لگائے ہوئے۔

مسلح ہونا (ا) فعل ① شستر لگا کر تیار ہو جانا ② ہتھیار لگا لینا ③ کمربستہ ہونا ④ لڑنے کو کیل کانٹے سے لیس ہونا۔

مسلخ (ع) اسم مذکر ظرف ① جانوروں کی کھال اتارنے کی جگہ ② مجازاً مذبح ③ بوچڑ خانہ ④ کمیلا۔

مسلسل (ع) اسم صفت مفعولی ① سلسلہ بندی کیا گیا ② مجازاً یکے بعد دیگرے ③ متواتر ④ لگاتار۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03146077218

مسلط (ع) اسم صفت فاعلی 1 قبضہ کرنے والا 2 قابض 3 غالب 4 طاقتور 5 زورآور۔

مسلک (ع) اسم مذکر 1 چلنے کی جگہ 2 رستہ 3 راہ 4 سڑک 5 طریقہ۔

مسلّم (ع) اسم صفت مفعولی 1 برقرار رکھا گیا 2 کامل 3 پورا 4 ثابت 5 سموچا 6 سب 7 سارا 8 مانا گیا 9 تسلیم کیا گیا۔

مُسلِم (ع) اسم صفت فاعلی 1 اسلام رکھنے والا 2 مسلمان 3 محمدی 4 اہل اسلام 5 حضرت علی کے بھتیجے کا نام جو کوفے والوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے تھے۔

مسلمان (ف) اسم مذکر 1 مذہب اسلام کا پیرو 2 دین محمدی کا پیرو 3 مومن۔

مسلمان ہونا (ا) فعل 1 اسلام لانا 2 اسلام پر ایمان لانا 3 دین محمدیؐ میں شامل ہونا۔

مسلمانی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی 1 مسلمان سے نسبت رکھنے والا 2 اسلام 3 اسلامیت 4 ختنہ 5 سنت 6 مسلمان کی عورت 7 مسلمان عورت۔

مسلمانی در کتاب و مسلماناں در گور / مسلماناں در گور و مسلمانی در کتاب (ف) مثل۔ نیک لوگ گزر گئے اور نیکی کی باتیں کتابوں میں رہ گئیں مدعا یہ کہ نہ اگلے سے مسلمان رہے نہ ان کے سے اعمال۔

مسلمانیاں (ا) اسم مونث 1 ختنہ 2 سنتیں۔

مسلمین (ع) اسم مذکر 1 مسلم کی جمع 2 مسلمان لوگ۔

مسلوب (ع) اسم صفت مفعولی 1 چھین لیا گیا 2 سلب کیا گیا 3 مٹایا گیا 4 مٹایا ہوا 5 نیست و نابود کیا گیا۔

مسلوب الحواس / مسلوب العقل (ع) اسم مذکر 1 وہ شخص جس کے ہوش و حواس چھین لئے گئے ہوں 2 دیوانہ 3 پاگل 4 مجنوں 5 سودائی 6 مخبوط الحواس۔

مسلوک (ع) اسم صفت مفعولی 1 سلوک کیا گیا 2 احسان کیا گیا 3 جاری کیا گیا 4 رواں کیا گیا۔

مسلول (ع) اسم صفت مفعولی 1 سل زدہ 2 سل کی بیماری والا 3 سل کا بیمار۔

مسئلہ (ع) اسم مذکر 1 سوال 2 پوچھی ہوئی بات 3 مذہبی اصول 4 دینی قانون۔

مسمّاۃ (ع) اسم مونث 1 عورت کیلئے ردیف اسم 2 نام رکھی گئی۔

مسمار (ع) اسم مونث 1 میخ 2 کیل 3 کیلی 4 کھونٹی 5 گرانا 6 کھودنا 7 خراب کرنا 8 ڈھا دینا 9 قلع قمع۔

مسمار کرنا (ا) فعل 1 ڈھانا 2 گرانا 3 تباہ کرنا 4 اینٹ سے اینٹ بجانا 5 اجاڑنا۔

مسمسی (ہ) اسم صفت 1 دیکھنے کی غریب 2 ظاہر میں مسکین 3 گھنی 4 چپ 5 حرامزادی۔

مسمسی صورت (ا) اسم مونث 1 غریب شکل 2 گربہ مسکین 3 گھنی۔

مسموع (ع) اسم صفت مفعولی 1 سنا گیا 2 سماعت کیا گیا 3 قبول کیا گیا۔

مسموم (ع) اسم صفت مفعولی 1 زہر دیا گیا 2 وہ شخص جس کو زہر کھلا دیا گیا ہو۔

مسمّٰی (ع) اسم صفت معولی 1 نام رکھا گیا 2 موسوم کیا گیا۔

مسمیریزم (ای) اسم مذکر۔ ایک علم کا نام ہے جس میں تصور یا خیال باندھ کر انسان یا حیوان کو بے ہوش کر دیتے ہیں۔

مسن (ع) اسم صفت 1 بوڑھا 2 پرانا 3 کہنہ 4 پراجتن 5 عمر رسیدہ 6 سن رسیدہ 7 تجربہ کار 8 دانا 9 کارواں۔

مسنا (ہ) فعل 1 ملا دلا جانا 2 ملنے میں آنا 3 بل پڑنا 4 موج آ جانا 5 لٹنا 6 غارت ہونا۔

مَسند (ع) اسم مونث 1 تکیہ 2 تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ 3 امیرانہ گدی 4 سنگھاسن 5 تخت۔

مسند آرا (عف) اسم مذکر 1 مسند کو سجانے والا 2 مسند نشین 3 زیب مسند۔

مسند تکیہ (عف) اسم مذکر۔ گدی اور تکیہ۔

مسند نشین ہونا (ا) فعل 1 گدی پر بیٹھنا 2 تخت پر بیٹھنا 3 تخت یا گدی کا وارث ہونا۔

مسند نشینی (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 راج تلک 2 راج گدی 3 تخت نشینی 4 جلوس۔

مُسند (ع) اسم مذکر 1 لغت میں پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز 2 اصطلاح میں خبر جو

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

مبتدا کی ضد ہے۔

**مسندالیہ** (ع) اسم مذکر۔ علم نحو میں مبتدا۔

**مسنون** (ع) اسم صفت مفعولی ① سنت کی گئی ② جائز ③ وہ فعل جو شرعاً جائز اور منسوب بہ رسول صلعم ہو۔

**مسواک** (ع) اسم مونث آلہ ① داتن ② دانت صاف کرنے کی لکڑی۔

**مسواک کرنا** (ا) فعل۔ دانتوں کو داتن سے صاف کرنا۔

**مسوانا** (ہ) فعل ① لٹوانا ② چوری کروانا ③ غارت کرانا ④ ملانا ⑤ مسکرانا۔

**مسودہ** (ع) اسم مذکر ① لکھا ہوا ② مجازاً سرسری تحریر ③ رف کاپی ④ مضمون ⑤ مطلب ⑥ مدعا ⑦ ارادہ ⑧ منصوبہ۔

**مسودہ گانٹھنا** (ا) فعل ① مضمون سوچنا ② مضمون بنانا ③ منصوبہ گانٹھنا۔

**مسور** (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا غلہ جس کو دال بنا کر یا ثابت ہی سالن کی طرح پکاتے ہیں ② عدس۔

**مسوڑا** (ہ) اسم مذکر ① دانتوں کی جڑوں کا گوشت ② دانتوں کی جگہ۔

**مسوسنا** (ہ) فعل ① بل دینا ② اینٹھنا ③ مروڑنا ④ دبانا ⑤ نچوڑنا ⑥ تھامنا ⑦ روکنا ⑧ ضبط کرنا ⑨ شکایت نہ کرنا۔

**مسہری** (ہ) اسم مونث ① چھپر کھٹ ② ایک قسم کا پلنگ جس پر مچھروں اور مکھیوں سے بچنے کے لئے جالی کا پردہ تنا ہوتا ہے۔

**مسہل** (ع) اسم صفت فاعلی ① دست آور ② اسہال لانے والی دوا ③ جلاب۔

**مسہل لینا** (ا) فعل ① دست آور دوا کھانا ② جلاب لینا۔

**مِسی** (س) اسم مونث ① روشنائی ② سیاہی مداد ③ انک۔

**مسی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی۔ تانبے کا تانبے کا بنا ہوا۔

**مسی جوش** (ا) اسم مذکر ① پکا ٹانکا جو تانبے وغیرہ سے لگایا جائے ② پکا جھال۔

**مسی** (ہ) اسم صفت۔ چنے کا آٹا ملی ہوئی روٹی۔

**مسی کسی** (ہ) اسم صفت ① موٹے اناج کی روٹی ② غریبانہ روٹی ③ دال دلیا۔

**مسی کاجل کرنا** (ا) فعل ① سنگار کرنا ② کنگھی چوٹی کرنا ③ سرمہ مسی لگانا۔

**مسی کی دھڑی** (ا) اسم مونث۔ مسی کی تہ جسے عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔

**مسیت** (ا) اسم مونث ① مسجد کا بگاڑ ہے ② سجدہ گاہ۔

**مسیح** (ع) اسم مذکر۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو معجزے کے طور مردوں کو زندہ دفن کر دیا کرتے تھے۔

**مسیحائی** (ع) اسم مونث ① حضرت عیسیٰؑ کی سی معجزانہ قوت ② زندگی بخشنے کی قوت۔

**مسیحی** (ع) اسم مونث ① حضرت عیسیٰؑ سے منسوب ② عیسائی ③ نصرانی۔

**مسیں** (ہ) اسم مونث ① سبزہ آغاز ② موچھوں کا رواں۔

**مسیں بھیگنا** (ہ) فعل ① موچھوں کے روئیں نکلنا ② جوانی شروع ہونا ③ سبزہ آغاز ہونا۔

## م ← ش

**مشابہ** (ع) حرف تشبیہہ ① مثل ② مانند ③ نظیر ④ ہمتا ⑤ یکساں ⑥ جوں ⑦ جیسا۔

**مشابہت** (ع) اسم مونث ① ہم شکلی ② موافقت ③ مطابقت ④ شکل ⑤ روپ۔

**مشار** (ع) اسم صفت مفعولی۔ اشارہ کیا گیا۔

**مشارالیہ** (ع) اسم مذکر ① وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا گیا ② جس کا اوپر اشارہ کیا گیا ہے ③ مذکورۃ الصدر۔

**مشاطہ** (ع) اسم مونث ① دلہن کو کنگھی چوٹی کر کے بناؤ سنگار کر کے بٹھانے والی عورت ② نائن ③ بیاہ شادی کروانے والی عورت۔

**مشاعرہ** (ع) اسم مذکر۔ شاعروں کا ایک جگہ اکٹھے ہو کر شعر خوانی کرنا۔

**مشاغل** (ع) اسم مذکر ① مشغل کی جمع ② کام ③ شغل ④ مشغلے ⑤ کاروبار۔

**مشافہہ** (ع) اسم مذکر ① رو در رو ② آمنے سامنے ③ سمکھ ④ روبرو بات کہنا۔

**مشاق** (ع) اسم صفت مبالغہ ① بہت مشق رکھنے والا ② نہایت مہارت رکھنے والا ③ تجربہ کار ④ آزمودہ کار ⑤ چالاک ⑥ ماہر کامل۔

**مشاقی** (ع) اسم مونث ① نہایت مشق ② بڑا تجربہ ③ مہارت ④ دسترس۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149072218

www.besturdubooks.net

مشام (ع) اسم مذکر ظرف ❶ سونگھنے کی جگہ ❷ دماغ ❸ قوت شامہ کا مقام۔
مشاورت (ع) اسم مونث ❶ باہم صلاح ❷ مشورہ کرنا ❸ پنچایت ❹ مسکوٹ ❺ کونسل ❻ باہمی مشورہ کرنا۔
مشاہدہ (ع) اسم مذکر ❶ دیکھنا ❷ دید ❸ درشن ❹ معائنہ ❺ تصوف کی اصطلاح میں انوارالٰہی کا نظارہ۔
مشاہدہ کرنا (ا) فعل ❶ دیکھنا بھالنا ❷ معائنہ کرنا ❸ دیکھ کر آزمانا۔
مشاہرہ (ع) اسم مذکر ❶ ماہوار تنخواہ ❷ طلب رسوم ❸ ماہانہ وظیفہ۔
مشاہیر (ع) اسم مذکر ❶ مشہور کی بے قاعدہ جمع ❷ مشہور اور نامی لوگ ❸ بڑے نامور آدمی۔
مشائخ (ع) اسم مذکر ❶ شیخ کی جمع ❷ عالم ❸ صوفی ❹ پرہیزگار ❺ نیک بخت ❻ مجتہد ❼ پیر ❽ مرشد۔
مشاہیت (ع) اسم مونث۔ دلیل سے اشیاء کی حقیقت معلوم کرنے کا مسلک۔
مُشایعت (ع) اسم مونث ❶ کسی کو رخصت کرنے کو تھوڑی دور تک جانا ❷ پیروی ❸ تنقید۔
مشائین (ع) اسم مذکر ❶ مشائی کی جمع ❷ چلنے والے ❸ وہ حکیم جنھوں نے ایک دوسرے کے پاس جا کر علم سیکھا ہے اور ملک میں پھرے ہیں۔
مشبک (ع) اسم صفت مفعولی ❶ جالیدار ❷ وہ شے جس میں بہت سے سوراخ ہوں۔
مشبہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ تشبیہ دیا گیا ❷ مقابل کیا گیا ❸ نسبت دیا گیا (علم نحو میں) وہ چیز جس کو کسی دوسری چیز سے تشبیہ دیں۔
مشبہ بہ (ع) اسم مذکر۔ وہ چیز جس کے ساتھ کسی چیز کو تشبیہ دیں۔
مشت (ف) اسم مذکر ❶ گھونسا ❷ ڈک ❸ مٹھی ❹ مکا۔
مشت استخواں (ف) اسم مذکر ❶ تھوڑی سی ہڈیاں ❷ مٹھی بھر ہڈیاں ❸ مجازاً نہایت کمزور ❹ دبلا پتلا آدمی۔
مشت خاک (ف) اسم مونث ❶ خاک کی چٹکی ❷ مٹھی بھر خاک ❸ انسان جو مٹی سے بنا ہے۔
مشت مال/ مشت مالی (ف) اسم مونث ❶ مالش جو نائی لوگ حمام میں کرتے ہیں ❷ دلالی ❸ چپی۔
مشت مالی کرنا (ا) فعل ❶ نہانے سے پہلے جسم کی مالش کرنا ❷ چپی کرنا ❸ حمامیوں کا غسل سے پہلے نہانے والوں کا جسم ملنا دلنا۔
مشتاق (ع) اسم صفت ❶ اشتیاق رکھنے والا ❷ شائق ❸ طالب ❹ خواہاں ❺ منتظر ❻ انتظار کرنے والا۔
مشتاقانہ (ع) تابع فعل ❶ مشتاقوں کی طرح ❷ مشتاقوں کی مانند۔
مشتبہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ جس میں شبہ پایا جائے ❷ شک کیا گیا ❸ شبہ کیا گیا ❹ مبہم ❺ ظنی۔
مُشترک (ع) اسم صفت (ع) اسم صفت مفعولی ❶ شاملات کا ❷ ساجھے کا ❸ ملا ہوا ❹ مشمولہ۔
مُشتری (ع) اسم مذکر فاعل ❶ خریدار ❷ گاہک مول لینے والا ❸ چھٹے آسمان پر ایک ستارہ ہے ❹ قاضی فلک ❺ برجیس ❻ برہسپت ❼ کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ ❽ قلعی۔
مشتری ہشیار باش (ف) مثل ❶ خریدار کو سودا دیکھ بھال کر لینا چاہیے ❷ طنزاً اس موقع پر بھی بولتے ہیں جہاں گاہک کو بعد میں نقصان اٹھانا پڑے۔
مشتعل (ع) اسم صفت فاعل ❶ بھڑکنے والا ❷ شعلہ مارنے والا ❸ شعلہ زن ❹ سوزاں۔
مُشتغل (ع) اسم صفت ❶ مشغول ہونے والا ❷ مصروف ❸ روگردانی کرنے والا۔
مشتق (ع) اسم صفت مفعولی ❶ نکلا ہوا ❷ وہ لفظ جو مصدر سے بنایا گیا ہو ❸ ماخوذ۔
مشتمل (ع) اسم صفت فاعلی ❶ شامل ہونے والا (بفتح میم) مشترکہ ❷ مشمولہ ❸ شامل شریک۔
مُشتہر (ع) اسم صفت مفعولی ❶ شہرت دیا گیا ❷ مشہور کیا گیا ❸ منادی کیا گیا۔
مشتہر کرنا (ا) فعل ❶ مشہور کرنا ❷ منادی کرنا ❸ شہرت دینا ❹ اشتہار دینا۔
مشتہر (ع) اسم صفت فاعلی ❶ ڈونڈی پیٹنے والا ❷ شہرت دینے والا ❸ مشہور کرنے والا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig: 03140071218

**مشتہی** (ء) اسم صفت (1) آرزومند (2) خواہاں (3) خواہش کرنے والا (4) بھوک لگانے والا (5) اشتہا پیدا کرنے والا۔

**مشتے کے بعد از جنگ یاد آید برکلہ خویش بائید** (ف) مثل (1) لڑائی کے بعد جو داؤں یاد آئے وہ بے فائدہ ہے (2) جب موقع نکل جائے تو پچھتانا بے فائدہ (3) مار پیچھے سنوار مشکل ہوتی ہے۔

**مشتے نمونہ از خروارے** (ف) مثل (1) ڈھیر میں سے مٹھی بھر نمونہ ہی کافی ہے (2) دیگ میں سے ایک ہی چاول ٹٹولتے ہیں۔

**مشٹ** (ہ) اسم مونث (1) خاموشی (2) چپ (3) کم بولنا۔

**مشٹ مارنا** (ہ) فعل (1) خاموش رہنا (2) چپ رہنا (3) گھنی سادھنا (4) جواب ہی نہ دینا۔

**مشٹ مارے جانا** (ہ) فعل۔ اپنے خیال میں چپ چاپ چلے جانا۔

**مشٹ** (س) اسم صفت (1) میٹھا (2) شیریں۔

**مِشٹان** (س) اسم مذکر (1) پکوان (2) شیرینی (3) مٹھائی (4) (مشٹ بمعنی شیریں ان بمعنی اناج)

**مشٹنڈا** (ہ) اسم صفت مذکر (1) قوی ہیکل (2) زور آور (3) طاقتور (4) بہت موٹا (5) فربہ اندام (6) ہٹا کٹا۔

**مشجر** (ء) اسم مذکر مفعولی (1) بیل دار کپڑا (2) بیل بوٹے نکالا ہوا کپڑا (3) پھولدار کپڑا۔

**مشخص** (ء) اسم صفت مفعولی (1) جانچا گیا (2) تجویز کیا گیا (3) تشخیص کیا گیا (4) اندازہ کیا گیا۔

**مشدد** (ء) اسم صفت مفعولی (1) تشدید بنا گیا (2) وہ حرف جس پر تشدید ہو (3) جکڑا ہوا (4) خوب کسا ہوا۔

**مِشر** (س) اسم مذکر (1) ملا ہوا (2) ملا جلا (3) گڈمڈ (4) مخلوط (5) شریف (6) معزز (7) عزت دار آدمی (8) بید (9) حکیم۔

**مِشرانی** (ہ) اسم مونث (1) مشر کی مونث (2) برہمنی (3) پنڈتانی (4) مشر کی بیوی۔

**مشرب** (ء) اسم مذکر ظرف (1) پانی پینے کی جگہ (2) چشمہ (3) تالاب (4) جھیل (5) جوہڑ (6) مذہب (7) دھرم (8) دین (9) پنتھ۔

**مشرح** (ء) اسم صفت مفعولی (1) کھلا ہوا (2) تشریح کیا گیا (3) صاف صاف (4) مفصل (5) واضح۔

**مُشرف** (ء) اسم صفت مفعولی (1) عزت دیا گیا (2) بزرگ (3) ممتاز (4) شرف دیا گیا (5) بزرگی دیا ہوا۔

**مشرف بہ اسلام ہونا** (ا) فعل (1) دین محمدی میں آنا (2) مسلمان ہونا (3) مسلمان ہونے کی عزت پانا۔

**مشرف ہونا** (ا) فعل (1) عزت حاصل کرنا (2) امتیاز پانا۔

**مُشِرف** (ء) اسم مذکر فاعل (1) نگراں (2) خبردار (3) ناظر (4) میر منشی (5) ہیڈ کلرک (6) بلند ہونے والا (7) بلندی پر بڑھنے والا (8) بڑے بھلے کام کے قریب پہنچنے والا (9) مجازاً بلند جگہ۔

**مشرق** (ء) اسم مونث۔ روشنی نکلنے کی جگہ (1) سورج نکلنے کی جگہ (2) طلوع آفتاب کا مقام (3) پورب (4) سمت طلوع (5) شمس (6) مغرب کی ضد۔

**مشرقی** (ء) اسم صفت یائے نسبتی (1) منسوب بہ مشرق (2) پوربی (3) فرنگیوں کے نزدیک تمام ایشیائی ممالک۔

**مشرک** (ء) اسم صفت فاعلی (1) عبادت میں خدا کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرنے والا (2) بت پرست (3) قبر پرست۔

**مَشروب** (ع) اسم صفت (1) پیا ہوا (2) پینے کی چیز۔

**مَشروح** (ء) اسم صفت۔ کھول کر بیان کیا گیا۔

**مشروط** (ء) اسم صفت مفعولی (1) شرط کیا گیا (2) مجازاً (3) محدود (4) کسی شرط پر موقوف۔

**مشروع** (ء) اسم صفت مفعولی (1) موافق شرع جائز (2) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (3) جو شرعاً مرد کو بھی پہننا جائز ہے۔

**مشعر** (ء) اسم صفت فاعلی۔ خبر دینے والا۔

**مشعل** (ء) اسم مونث ظرف (1) شعلہ کی جگہ (2) اصطلاح میں بڑی موٹی بتی (3) بہت موٹا فتیلہ (4) شمع۔



مشعل

**مشعل جلانا** (ا) فعل (1) فتیلہ جلانا (2) شمع روشن کرنا۔

**مشعل کی بو دماغ میں سمائی ہے** (ا) مثل (1) مفلسی میں بھی امیری کی سوجھتی ہے (2) غریبی میں تمکنت ہے۔

**مشعل لے کر ڈھونڈنا** (ا) فعل (1) نہایت تلاش کرنا (2) بہت ہی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072

ڈھونڈنا ③ چراغ لے کر ڈھونڈنا۔

مشعلچی (عف) اسم مذکر۔ مشعل۔

مشعلچی اندھا ہوتا ہے (ا) مثل ① مشعل دکھانے والے کو اس کے پاس ہونے کے باعث دکھائی نہیں دیا کرتا ② دوسروں کا راہنما اور آپ گمراہ۔

مشغلہ (ء) اسم مذکر ① جی بہلاوا ② من پرچاوا ③ کام ④ شغل ⑤ دل لگی ⑥ ہنسی ⑦ مذاق ⑧ چہل۔

مشغول (ء) اسم صفت مفعولی ① مصروف ② کام میں لگا ہوا۔

مشغولی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مصروفیت ② مشغولیت ③ بیکاری کی ضد۔

مشفق (ء) اسم صفت فاعلی ① مہربان ② شفقت کرنے والا ③ دوست ④ رفیق۔

مشفقانہ (عف) تابع فعل ① دوستوں کی طرح ② رفیقوں اور مہربانوں کی طرح۔

مشق (ء) اسم مونث ① عادت ② مہارت ③ ربط ④ کسی کام کو بار بار کرنا ⑤ بار بار لکھنا۔

مشق کرنا (ا) فعل ① کسی کام کو بار بار کیے جانا ② مہارت کرنا ③ عادت ڈال لینا۔

مشق رکھنا (ا) محاورہ ① مشاق ہونا ② ماہر ہونا۔

مشق سخن (عف) اسم مونث۔ شعر وسخن کی مہارت۔

مشقت (ء) اسم مونث ① دُکھ تکلیف ② محنت ③ ریاضت ④ مزدوری ⑤ کام کاج۔

مشقت اُٹھانا (ا) محاورہ ① دُکھ اُٹھانا ② تکلیف اُٹھانا۔

مشقی (ء) اسم مونث بیائے نسبتی ① مشق کرنے کے قابل ② وصلی ③ مشق کرنے کا موٹا کاغذ۔

مَشک (ف) اسم مونث ① پانی بھرنے کی کھال ② چھال۔

مشک چھوڑنا (ا) فعل ① مشک کا پانی کسی کے نام پر بہانا ② چھڑکاؤ کر دینا۔

مُشک (ف) اسم مذکر ① کستوری ② کستورے ہرن کی ناف سے نکلا ہوا خوشبودار سرخی مائل سیاہ مادہ ③ تشبیہاً زلف معشوق بوجہ سیاہی وخوشبو۔

مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید (ف) مثل۔ عمدہ چیز خود ہی ظاہر ہو جاتی ہے اس کی تعریف کی ضرورت نہیں۔

مشک بلاؤ/مشک بلائی (ا) اسم مذکر و مونث۔ ایک قسم کا جنگلی بلا جس کے خصیوں کا پسینہ نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔

مشک بو/مشکبو (ف)۔ اسم صفت ① نہایت خوشبودار ② معطر ③ مشک جیسی خوشبو۔

مشک نافہ (ف) اسم مذکر۔ کستورے ہرن کی ناف جس میں مشک رہتا ہے۔

مشکل (ء) اسم صفت ① کٹھن ② سخت (بحالت اسم مونث) دقت ③ سختی ④ مصیبت ⑤ بپتا ⑥ اڑی ⑦ دشواری ⑧ پیچیدہ ⑨ الجھا ہوا۔

مشکل آسان ہونا (ا) فعل ① دشواری ختم ہونا ② مصیبت سے نجات ملنا ③ سختی دور ہونا ④ پیچیدگی رفع ہونا ⑤ تکلیف سے چھوٹنا ⑥ جان نکلنا ⑦ پران چھوٹنا ⑧ مرنا ⑨ دم نکلنا۔

مشکل آنا (ا) فعل ① کمبختی آنا ② مصیبت آنا ③ دقت پیش آنا۔

مشکل بننا/ پڑنا (ا) فعل ① بپتا پڑنا ② دقت پیش آنا ③ مصیبت پڑنا ④ لالے پڑنا ⑤ جان پر بننا۔

مشکل پسند (عف) اسم صف ترکیبی ① مشکل الفاظ لکھنے والا ② دقت پسند ③ وہ شخص جو اپنی نظم یا نثر میں مشکل اور ادق الفاظ زیادہ استعمال کرے۔

مشکل سے مشکل (ا) صفت ① بہت مشکل ② بے حد پیچیدہ۔

مشکل کشا (عف) اسم صفت ترکیبی ① مشکل حل کرنے والا ② مشکل دور کرنے والا ③ (بحالت اسم مذکر) حضرت علی کرم اللہ وجہ کا لقب۔

مشکلات (ء) اسم مونث۔ مشکل کی جمع۔

مشکور (ء) اسم صفت مفعولی ① ممنون ② احسانمند ③ شاکر ④ شکر گزار ⑤ پسندیدہ ⑥ ستودہ۔

مشکوک (ء) اسم صفت مفعولی ① بھرم کیا گیا ② شک کیا گیا ③ گمان کیا ہوا ④ مشتبہ۔

مشکی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① مشک کے رنگ کا ② کالا ③ سیاہ ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

کالے رنگ کا گھوڑا۔

**مشکیزہ** (ف) اسم مذکر ① مشک کی تصغیر ② چھوٹی سی مشک۔

**مشکیں** (ف) اسم صفت ① معطر ② خوشبودار ③ مشک کی سی خوشبو والا ④ مشک کے سے رنگ کا سیاہ۔

**مشکیں** (ا) اسم مونث بیائے مجہول ① دونوں بازو ② دونوں مونڈھے ③ دونوں شانے۔

**مشکیں باندھنا/ کسنا** (ا) فعل ① دونوں بازوؤں کو پیٹھ کی طرف ملا کر جکڑ دینا ② گرفتار کرنا ③ پکڑنا ④ بے قابو کر دینا۔

**مشمول** (ء) اسم صفت مفعولی ① شامل کیا گیا ② ملایا ہوا ③ شریک کیا گیا۔

**مشمولہ** (ء) اسم صفت ① شامل ② ملا ہوا ③ شریک ④ ملحق۔

**مشن** (ای) اسم مذکر ① پادریوں کے رہنے کی جگہ ② سفارت ③ ایلچی گری ④ رسالت پیغمبری۔

**مشن سکول** (ای) اسم مذکر ① پادریوں کا مدرسہ ② وہ مدرسہ جو پادریوں کی طرف سے قائم ہو ③ جہاں انجیل کی تعلیم لازمی ہو۔

**مشنری** (ای) اسم مذکر۔ مذہبی تلقین کرنے والے۔

**مشورت** (ء) اسم مونث۔ اسم مذکر ① صلاح ② باہمی تجویز ③ پنچایت ④ مسکوٹ ⑤ کمیٹی ⑥ سازش ⑦ گھٹوت۔

**مشورہ** (ف) اسم مذکر ① صلاح ② باہمی تجویز۔

**مشورہ لینا** (ہ) فعل ① تدبیر پوچھنا ② صلاح لینا ③ مصلحت پوچھنا۔

**مشوش** (ء) اسم صفت ① تشویش میں ڈالا گیا ② پریشان ③ حیران ④ مضطرب۔

**مشہد** (ء) اسم مذکر ظرف ① جائے شہادت ② حاضر ہونے کی جگہ ③ شہیدوں کا قبرستان ایران کا ایک شہر جہاں امام علی موسیٰ رضا علیہ السلام کا مزار ہے۔

**مشہود** (ء) اسم صفت مفعولی ① حاضر کیا گیا ② ظاہر ③ پرگھٹ ④ موجود ⑤ ثابت کیا گیا ⑥ تحقیق کیا گیا۔

**مشہور** (ء) اسم صفت مفعولی ① شہرت دیا گیا ② نامور ③ نامی ④ معروف ⑤ نامدار۔

**مشہور و معروف** (ء) اسم صفت ① جانا بوجھا ② نامور ③ نامدار ④ نامی۔

**مشہور ہے** (ا) محاورہ ① کہتے ہیں ② افواہ ہے ③ زبان زد خلائق ہے۔

**مشیت** (ء) اسم مونث ① ارادہ ② مرضی ③ خواہش ④ تقدیر ⑤ قسمت۔

**مشیت ایزدی** (عف) اسم مذکر ① خدا تعالےٰ کا ارادہ ② حکم الٰہی ③ خدا کی مرضی ④ خواہش ربی۔

**مشیخت** (ء) اسم مونث ① بزرگی ② بڑائی ③ غرور ④ تکبر ⑤ شیخی۔

**مشیخت ماب** (ء) اسم مذکر ① غرور سے بھرا ہوا ② شیخی خورا۔

**مشیر** (ء) اسم مذکر فاعل ① مشورہ دینے والا ② اشارہ کرنے والا ③ صلاح دینے والا ④ رائے دینے والا ⑤ وزیر ⑥ دیوان ⑦ منتری ⑧ کارکن ⑨ مصاحب۔

**مشیر الدولہ** (ء) اسم مذکر ① سلطنت کا صالح کار ② شاہی خطاب جو امراء اور وزراء کو ملتا ہے۔

**مشیر خاص** (ء) اسم مذکر ① خاص مصاحب ② پرائیویٹ سیکرٹری۔

**مشیران** (ف) اسم مذکر ① مشیر کی جمع ② اراکین ③ وزراء ④ امرا۔

**مشیران سلطنت** (ف) اسم مذکر ① اراکین دربار ② راج منتری ③ وزرائے سلطنت۔

**مشین** (ای) اسم مونث ① کل ② انجن ③ جرثقیل کا آلہ جس کے کئی پرزے ہوتے ہیں اور ہر ایک برائے کام مشین ہوتا ہے۔

**مشینری** (ای) اسم مذکر ① مشینیں ② کلیں ③ آلات۔

## م ← ص

**مصاحب** (ء) اسم مذکر ① سنگی ② ہم نشین ③ پاس بیٹھنے والا ④ ساتھی ⑤ رفیق ⑥ ندیم۔

**مصاحبت** (ء) اسم مونث ① پاس اٹھنا بیٹھنا ② سنگت ③ ہم نشینی ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ساتھ ④ رفاقت۔

**مصادر** (ء) اسم مذکر ظرف۔ مصدر کی جمع۔

**مصارف** (ء) اسم مذکر ظرف ① مصرف کی جمع ② خرچ کی جگہیں ③ خرچ کے موقع پر ④ مجازاً بہت سے خرچ۔

**مَصاف** (ء) اسم مذکر ① مصف کی جمع ② صف باندھنے کی جگہیں ③ مجازاً میدان جنگ۔

**مصافات** (ء) اسم مونث ① دوستی ② اخلاص۔

**مصافحہ** (ء) اسم مذکر ① دست بوسی ② ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا۔

**مصالح** (ء) اسم مونث ① مصلحت کی جمع ② نیکیاں ③ بھلائیاں (بصورت اسم مذکر) ہر چیز کا سامان ④ سامان عمارت ⑤ گوٹا کناری وغیرہ۔

**مصالحت** (ء) اسم مونث ① میل ملاپ ② آپس میں صلح کرنا ③ باہمی صلح صفائی۔

**مصائب** (ء) اسم مونث ① مصیبت کی جمع ② تکلیفیں ③ سختیاں ④ بلائیں ⑤ آفتیں۔

**مصباح** (ء) اسم مونث و مذکر ① دیا ② دیوا ③ لیمپ ④ چراغ ⑤ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ ⑥ جام صبوحی۔

**مصحح** (ء) اسم مذکر ① درستی کرنے والا ② کاپی اور پروف پڑھ کر دیکھنے والا۔

**مُصحف** (ع) اسم مونث ① وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں ② قرآن شریف ③ کلام اللہ ④ مجازاً رخسار معشوق ⑤ چومنے کے قابل کتاب۔

**مصحفی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ مصحف ② قرآنی ③ قرآن کا ④ غلام ہمدانی شاعر کا تخلص۔

**مصحوب** (ء) اسم مذکر مفعولی ① ساتھ کیا گیا ② ساتھ ③ ہمراہ ④ ہمدست ⑤ ہاتھ۔

**مصداق** (ء) اسم مذکر آلہ ① صادق آنے کا اوزار یعنی وہ شے جس پر کوئی معنی صادق آ سکیں ② مجازاً موافق ③ مطابق ④ گواہی ⑤ شہادت ⑥ دلیل۔

**مصدر** (ء) اسم مذکر ① صادر ہونے کی جگہ ② نکلنے کی جگہ ③ چشمہ ④ بنیاد ⑤ اصل ⑥ جڑ۔

**مصدر لازم** (ء) اسم مذکر۔ وہ مصدر جس کے افعال صرف فاعل پر ختم ہو جائیں۔

**مصدر متعدی** (ء) اسم مذکر۔ وہ مصدر جس کے فعل فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہیں۔

**مصدر وصعی** (ء) اسم مذکر۔ وہ مصدر جو اصل میں مصدر معنوں کے لئے بنایا گیا ہو۔

**مصدع** (ء) اسم صفت مفعولی ① دردسر دینے والا ② تکلیف دینے والا۔

**مصدق** (ء) اسم صفت فاعلی ① تصدیق کرنے والا ② ثبوت دینے والا ③ ثابت کرنے والا ④ سچائی کی گواہی دینے والا ⑤ برقرار رکھنے والا۔

**مصدقہ** (ء) اسم صفت مفعولی ① تصدیق شدہ ② جس کی تصدیق ہو گئی ہو۔

**مِصر** (ء) اسم مذکر ① شہر ② نگر ③ نگری ④ ایک مشہور شہر اور ملک کا نام ہے ⑤ اس کی جمع امصار ہے۔

**مصر** (ء) اسم صفت فاعلی ① اصرار کرنے والا ② اڑیل ③ ضدی ④ ہٹیلا ⑤ کسی بات پر اڑ جانے والا۔

**مصراع/مصرع/مصرعہ** (ء) اسم مذکر آلہ ① لغت میں ایک کواڑ یا پٹ ② اصطلاح میں آدھی بیت ③ آدھا شعر ④ شعر کا ایک حصہ۔

**مصرع لگانا** (ا) فعل ① گرہ لگانا ② ایک مصرعہ پر دوسرا مصرعہ لگا کر شعر پورا کر دینا۔

**مَصرف** (ء) اسم مذکر ظرف ① صرف کرنے کی جگہ ② جائے خرچ ③ خرچ ④ کام ⑤ غرض ⑥ مطلب۔

**مُصرف** (ء) اسم صفت فاعلی ① خرچ کرنے والا ② صرف کرنے والا ③ جو شخص خرچ تو کرے مگر بیجا نہ ہو۔

**مشین** (ء) اسم صفت مفعولی ① مرگی زدہ ② مرگی کا بیمار ③ مرگیا۔

**مصروف** (ء) اسم صفت مفعولی ① پھرا ہوا ② صرف کیا گیا ③ کام میں لگا ہوا ④ مشغول۔

**مصروف ہونا** (ا) فعل ① کام میں مشغول ہونا ② کام میں لگا ہونا ③ فارغ نہ ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

**مِصری** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ مصر ❷ مصر کا رہنے والا ❸ باشندہ مصر ❹ (بصورت اسم مونث) قلم ❺ تلوار ❻ راب ❼ نبات ❽ دانہ دار کھانڈ کی ڈلیاں۔

**مصری کا کوزہ** (ا) اسم مذکر ❶ مصری کا بنا ہوا گول سا ڈلا ❷ کوزہ نبات ❸ تشبیہاً نہایت میٹھا خربوزہ۔

**مصری کھلانا** (ا) فعل ❶ تلوار یا خنجر سے قتل کرنا ❷ تلوار مارنا ❸ کٹار مارنا ❹ منگنی کرنا ❺ سگائی کی رسم ادا کرنا ❻ منہ میٹھا کرنا۔

**مصطفےٰ** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ چنا ہوا ❷ چھانٹا ہوا ❸ بری خصلتوں سے پاک صاف کیا گیا ❹ پسندیدہ ❺ مقبول ❻ منظور نظر ❼ حضرت محمد ﷺ کا لقب۔

**مصطلح** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ اصطلاح کیا گیا ❷ محاورہ۔

**مصطلحات** (ع) اسم مونث ❶ مصطلح کی جمع ❷ اصطلاحیں ❸ محاورے۔

**مصفا** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ صاف کیا ہوا ❷ نرمل ❸ نتھرا ہوا ❹ صاف۔

**مصفی** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ صاف کرنے والا ❷ نتھارنے والا۔

**مصفیٔ خون** (عف) اسم مذکر۔ خون صاف کرنے والا۔

**مصلا/ مصلے** (ع) اسم مذکر ❶ نماز پڑھنے کی جگہ ❷ عبادت گاہ ❸ مسجد ❹ جائے نماز ❺ نماز پڑھنے کی دری یا کپڑا وغیرہ ❻ عیدگاہ ❼ خصوصاً شیراز کی عیدگاہ۔

**مصلح** (ع) اسم مذکر فاعل ❶ درست کرنے والا ❷ نیکی کی طرف لانے والا ❸ نقص دور کرنے والا ❹ ریفارمر ❺ نقصان سے بچانے والا ❻ مُضر کی ضد۔

**مصلحت** (ع) اسم مونث ❶ اچھی تجویز ❷ نیک صلاح ❸ خوبی ❹ عمدگی ❺ بھلائی ❻ صلاح مشورہ ❼ پالیسی۔

**مصلحت اندیش** (عف) اسم صفت۔ مناسب اور معقول بات سوچنے والا۔

**مصلحت وقت** (ع) اسم مونث ❶ حسب موقع ❷ مناسب وقت۔

**مصلحتاً** (ع) تابع فعل ❶ ازروئے مصلحت ❷ وقت کے مطابق۔

**مصلوب** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ سولی دیا گیا ❷ پھانسی پر چڑھایا گیا۔

**مصلّی** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ نمازی ❷ نماز گزار ❸ نماز پڑھنے والا ❹ مسلمان



مصلّی

خاکروب ❺ نومسلم خاکروب ❻ فی سبیل اللہ لینے والا ❼ فاتحہ کا کھانا کھانے والا۔

**مصمم** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ پختہ کیا گیا ❷ پکا ❸ مضبوط ❹ محکم ❺ استوار۔

**مصمم ارادہ** (ع) اسم مذکر ❶ پکا ارادہ ❷ محکم ارادہ۔

**مصنف** (ع) اسم مذکر فاعلی ❶ تصنیف کرنے والا ❷ کتاب بنانے والا۔

**مصنوع** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ کاریگری سے بنائی ہوئی ❷ بنایا ہوا۔

**مصنوعی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ بنائی ہوئی ❷ ساختہ ❸ بناوٹی ❹ جعلی ❺ اصلی کی ضد۔

**مصور** (ع) اسم مذکر فاعل ❶ تصویر بنانے والا ❷ نقاش ❸ رنگ آمیزی کرنے والا ❹ بیل بوٹے بنانے والا۔

**مصوری** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تصویر بنانے کا کام ❷ نقاشی۔

**مصئون/ مصئونہ** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ حفاظت کیا گیا ❷ نگہبانی کیا گیا ❸ محفوظ ❹ بچا ہوا۔

**مصیبت** (ع) اسم مونث ❶ درد ❷ دکھ ❸ تکلیف ❹ بلا ❺ بپتا ❻ بداقبالی ❼ آفت ❽ نحوست ❾ مشکل۔

**مصیبت اٹھانا** (ا) فعل ❶ دکھ جھیلنا ❷ سختی اٹھانا ❸ تکلیف سہنا ❹ کشٹ اٹھانا۔

**مصیبت بن جانا** (ا) فعل ❶ عذاب جان ہو جانا ❷ بپتا پڑ جانا ❸ آفت میں پھنس جانا۔

**مصیبت بھرنا/ بھگتنا** (ا) فعل ❶ سختی جھیلنا ❷ دکھ سہنا ❸ کشٹ اٹھانا۔

**مصیبت پڑنا** (ا) فعل ❶ آفت نازل ہونا ❷ کوئی حادثہ پیش آنا ❸ بپتا پڑنا۔

**مصیبت پیٹنا** (ا) فعل ❶ تنگی سے گزارہ کرنا ❷ بمشکل بسر اوقات کرنا ❸ دکھڑا پیٹنا ❹ سخت محنت کرنا۔

**مصیبت جھیلنا** (ا) فعل ❶ دکھ سہنا ❷ آفت برداشت کرنا ❸ صدمہ اٹھانا ❹ دکھ بھوگنا۔

**مصیبت زدہ/ مصیبت کا مارا** (عف) (ا) اسم صفت بترکیب مفعولی ❶ آفت کا مارا ❷ خستہ حال ❸ تباہ ❹ مفلس ❺ بدبخت ❻ خراب ❼ خستہ ❽ بدنصیب۔

**مصیبت کے دن کاٹنا** (ا) فعل ❶ سختی کے دنوں کو گزارنا ❷ غم والم کے

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03140174218

www.besturdubooks.net

دن بسر کرنا ❸ نحوست کا زمانہ گزارنا۔

**مصیبت میں پڑنا** (ا) فعل ❶ آفت میں پھنسنا ❷ بپتا میں گرنا ❸ آفت میں مبتلا ہونا۔

**مصیبت ناگہانی** (ا) اسم مونث ❶ بے خبری میں پیش آنے والا حادثہ یا صدمہ ❸ اچانک آجانے والی بلا۔

## م ← ض

**مَضار** (ع) اسم مذکر ❶ مضرت کی جمع ❷ نقصانات۔

**مضارع** (ہ) اسم مذکر ❶ مانند ❷ مشابہ ❸ دو بچوں کو دودھ پلانے والی دایہ ❹ وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانوں کا مفہوم ہوں ❺ علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔

**مضاعف** (ء) اسم صفت ❶ دو گنا ❷ دوچند ❸ ڈبل ❹ دوہرا ❺ علم صرف میں وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک ہی جنس کے دو حرف آئیں۔

**مضاف** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ لگا ہوا ❷ ملا ہوا ❸ نبتھی کیا ہوا ❹ جڑا ہوا ❺ پیوستہ ❻ شامل ❼ علم نحو میں وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا گیا ہو ❽ متعلق ❾ منسوب۔

**مضاف الیہ** (ء) اسم مذکر۔ علم نحو میں وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم منسوب کیا گیا ہو۔

**مضافات** (ء) اسم مونث ❶ مضاف کی جمع ❷ تعلقات ❸ ضمیمہ ❹ تتمہ ❺ آس پاس ❻ گرد و نواح ❼ قرب و جوار ❽ اطراف ❾ مفصلات۔

**مضافات شہر** (ء) اسم مونث ❶ شہر کے آس پاس کے گاؤں اور کوٹ وغیرہ ❷ سواد شہر ❸ شہر کا نواح۔

**مضامین** (ء) اسم مذکر ❶ مضمون کی جمع ❷ مطالب ❸ معانی۔

**مضایقہ** (ء) اسم مذکر ❶ ایک دوسرے کو تنگ کرنا ❷ باہمی دقت ❸ تنگی ❹ دشواری ❺ قباحت ❻ ہرج ❼ ڈر ❽ اندیشہ ❾ خوف۔

**مضبوط** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ ضبط کیا گیا ❷ قبضہ کیا گیا ❸ پکا ❹ اچل ❺ اٹل ❻ تھر ❼ استوار ❽ دیرپا ❾ پائدار۔

**مضبوطی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ پائداری ❷ استواری ❸ پختگی ❹ تسلی ❺ اطمینان۔

**مضحکہ** (ء) اسم مذکر ❶ کھلی ❷ ٹھٹھا ❸ مخول ❹ ہنسی ❺ مسخرہ ❻ وہ شخص جس کی کھلی اڑائیں۔

**مضحکہ اڑانا/کرنا** (ا) فعل ❶ کسی پر ہنسنا ❷ ٹھٹھا کرنا ❸ ذلیل کرنا ❹ مسخرہ بنانا۔

**مضر** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ ضرر پہنچانے والا ❷ دکھدائی ❸ نقصان دینے والا ❹ غیر مفید ❺ زہریلا ❻ زہردار ❼ سمی ❽ فاسد۔

**مضراب** (ء) اسم مذکر آلہ ❶ ضرب لگانے کا آلہ ❷ ساز بجانے کا آلہ ❸ لوہے کا مثلثی تار جو انگلی میں ستار بجانے کو ڈالتے ہیں ❹ ناخنہ ❺ ڈنکا ❻ زخمہ۔

**مضرات** (ء) اسم مونث ❶ نقصان دہ اشیاء ❷ ضرر پہنچانے والی چیزیں۔

**مضرت** (ء) اسم مونث ❶ نقصان ❷ ضرر ❸ تکلیف۔

**مضرت رسانی** (عف) اسم مونث رائے مصدر ❶ تکلیف پہنچانا ❷ ایذا دہی ❸ تکلیف رسائی۔

**مضروب** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ ضرب دیا گیا ❷ جس عدد کو کئی بار جمع کرنا منظور ہو ❸ (قانون) چوٹ کھایا ہوا ❹ ضرب رسیدہ ❺ زخمی ❻ گھائل ❼ مجروح۔

**مضروب فیہ** (ء) اسم صفت۔ حساب کی اصطلاح میں وہ عدد جس سے ضرب دی جائے۔

**مضطر** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ ضرر رسیدہ ❷ مجازاً بے اختیار ❸ بے بس ❹ بے قابو ❺ بیچارہ ❻ بے تاب ❼ بے چین ❽ بے قرار ❾ بے کل۔

**مضطرب** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ اضطراب والا ❷ بے تاب ❸ پریشان ❹ بیاکل ❺ بے آرام ❻ بے چین ❼ ہکا بکا ❽ حیران ❾ گھبرایا ہوا۔

**مضطرب الحال** (ء) اسم صفت ❶ گھبرایا ہوا ❷ خستہ حال ❸ پریشان حال۔

**مضغہ** (ء) اسم مذکر ❶ گوشت کا ٹکڑا ❷ لقمہ ❸ نوالہ ❹ گراس ❺ گسا ❻ لوتھڑا ❼ کچا بچہ ❽ پیٹ کے اندر کا وہ بچہ جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو ❾ جنین۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مضغہ گوشت (ء) اسم مذکر ❶ گوشت کا لوتھڑا ❷ نکما آدمی ❸ بیکار آدمی ❹ بے حس و حرکت۔

مضمحل (ء) اسم صفت فاعلی ❶ گم ہونے والا ❷ سست ❸ ناچیز ❹ کمزور ❺ ناتواں ❻ تھکا ہوا ❼ ہارا تھکا ❽ ماڑا ❾ لاغر۔

مضمر (ء) اسم صفت مفعول ❶ دل میں رکھا ہوا ❷ مخفی ❸ پوشیدہ ❹ گپت سپت۔

مضموم (ء) اسم صفت مفعولی ❶ پیش دیا گیا ❷ وہ حرف جس پر پیش کی حرکت ہو۔

مضمون (ء) اسم مذکر مفعول ❶ لغوی ضمن میں لیا ہوا ❷ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز ❸ مجازاً بیان ❹ عبارت ❺ معنی ❻ مطلب ❼ انشا ❽ جواب مضمون ❾ آرٹیکل۔

مضمون لڑنا (ا) فعل ❶ مضمون کا مطابق ہونا ❷ معنی وغیرہ کا باہم مل جانا ❸ مضمون ملنا۔

مضمون نگار (عف) اسم مذکر ترکیبی ❶ مضمون لکھنے والا ❷ ایڈیٹر ❸ انشا پرداز ❹ مضمون نویس۔

مضمون نگاری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ایڈیٹری ❷ انشا پردازی ❸ مضمون نویسی۔

مضے (ء) اسم صفت ❶ گزرا ہوا ❷ گزشتہ ❸ بیتا ہوا ❹ بیت گیا ہوا۔

مضے ما مضے (ء) فقرہ ❶ جو ہوا سو ہوا ❷ رفت آنچہ رفت ❸ جو ہو چکا سو ہو چکا ❹ گزرا سو گزرا۔

## م ← ط

مطابع (ء) اسم مذکر ظرف ❶ مطبع کی جمع ❷ چھاپے خانے ❸ بہت سے پریس۔

مطابق (ء) اسم صفت فاعلی ❶ یکساں ❷ برابر ❸ مانند ❹ مشابہ ❺ بموجب ❻ بلحاظ۔

مطابق کرنا (ا) فعل ❶ ملنا ❷ ایک جیسا کرنا ❸ یکساں کرنا ❹ میلان کرنا۔

مطابقت (ء) اسم مونث ❶ موافقت ❷ برابری ❸ یکساں ہونا ❹ مشابہت۔

مطاع (ء) اسم صفت مفعولی ❶ اطاعت کیا گیا ❷ وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے ❸ سردار ❹ بزرگ ❺ مخدوم ❻ مربی۔

مطالب (ء) اسم مذکر ظرف ❶ مطلب کی جمع ❷ مرادیں ❸ مقاصد۔

مطالبہ (ء) اسم مذکر ❶ اپنا حق طلب کرنا ❷ نالش ❸ دعوے ❹ استغاثہ ❺ وصولی روپیہ کی درخواست ❻ مانگ ❼ تقاضا ❽ مواخذہ۔

مطالبہ خفیفہ (ء) اسم مذکر ❶ ججی ❷ سمال کاز کورٹ۔

مطالبہ کرنا (ا) فعل ❶ مانگنا ❷ طلب کرنا ❸ تقاضا کرنا ❹ دعویدار ہونا ❺ استغاثہ کرنا۔

مطالعہ (ء) اسم مذکر ❶ کسی چیز کی واقفیت پیدا کرنے کے لئے اسے بغور دیکھنا ❷ دھیان سے دیکھنا ❸ پڑھنا ❹ کتاب بینی ❺ تامل ❻ سوچ بچار ❼ غور ❽ توجہ۔

مطالبہ (ء) اسم مذکر ❶ دعویٰ ❷ نالش ❸ اپنا حق مانگنا ❹ تقاضا کرنا ❺ درخواست کرنا۔

مطب (ء) اسم مذکر ظرف ❶ طبیب کے بیٹھنے کی جگہ ❷ حکیم کا دیوانخانہ۔

مطبخ (ء) اسم مذکر ظرف ❶ کھانا پکانے کی جگہ ❷ رسوئی گھر ❸ باورچی خانہ۔

مطبع (ء) اسم مذکر ظرف ❶ طبع ہونے کی جگہ ❷ چھاپہ خانہ ❸ پریس۔

مطبوخ (ء) اسم صفت مفعولی ❶ پکائی ہوئی ❷ ابالی ہوئی ❸ جوشاندہ ❹ جوش دی ہوئی دوا۔

مطبوع (ء) اسم صفت مفعولی ❶ طبع شدہ ❷ چھاپا ہوا ❸ پسند کی گئی ❹ پسند خاطر ❺ پسندیدہ ❻ پسند طبع ❼ دلپسند ❽ منظور نظر۔

مطبوعہ (ء) اسم صفت مفعولی ❶ چھپا ہوا ❷ طبع شدہ۔

مطرب (ء) اسم مذکر فاعل ❶ خوش کرنے والا ❷ گانے والا ❸ ڈوم ❹ میراثی ❺ کلاونت ❻ قوال ❼ صوفیوں کی اصطلاح میں مرشد کامل ❽ پیر روشن ضمیر۔

مطعون (ء) اسم صفت مفعولی ❶ لغوی نیزہ مارا گیا ❷ برچھی کھایا ہوا ❸ اصطلاح میں عیب لگایا گیا ❹ مہنہ دیا گیا ❺ معیوب ❻ رسوا ❼ بدنام ❽ ملامتی ❾ خوار۔

مطعون خلائق (ء) اسم مذکر ❶ رسوائے عام ❷ رسوائے خلق ❸ وہ شخص

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

جسے دنیا لعنت ملامت کرے۔

**مطلا** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ طلا کیا گیا ❷ ملمع کیا ہوا ❸ طلا پوش ❹ زر اندودہ ❺ سنہری زرین۔

**مطلب** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ طلب کی جگہ ❷ غرض ❸ منشا ❹ گوں ❺ خواہش ❻ مراد ❼ معنی ❽ ارتھ ❾ مقصد۔

**مطلب بر آری** (عف) اسم مونث ❶ کام نکالنا ❷ حاجت روائی ❸ کام پورا کر لینا۔

**مطلب بر آری کرنا/ مطلب بر لانا** (ا) فعل ❶ منشا پورا کرنا ❷ اپنا کام نکال لینا ❸ مراد پوری کرنا ❹ مراد بر لانا ❺ مقصد پورا کرنا۔

**مطلب رکھنا** (ا) فعل ❶ غرض رکھنا ❷ کام رکھنا۔

**مطلب کا** (ا) اسم مذکر ❶ خود غرضی ❷ مطلبی ❸ گوں کا یار ❹ غرض کا دوست۔

**مطلب کو پہنچانا** (ا) فعل ❶ مطلب بر لانا ❷ مراد کو پہنچانا ❸ کام پورا کرنا ❹ مطلب بر آری کرنا۔

**مطلب کی گھات چلنا** (ا) فعل ❶ غرض کا کام کرنا ❷ اپنا فائدہ دیکھنا ❸ اپنی غرض کا ہی دھیان رکھنا۔

**مطلب ہو جانا** (ا) فعل ❶ کام بن جانا ❷ غرض کا حاصل ہو جانا ❸ مراد پوری ہو جانا ❹ کام تمام ہو جانا ❺ دم نکل جانا ❻ برا حال ہو جانا ❼ کام ہو جانا۔

**مطلبی/ مطلبیا** (ا) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ مطلب کا یار ❷ خود غرض ❸ ابن الوقت۔

**مطلع** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ طلوع ہونے کی جگہ ❷ ستاروں اور چاند سورج وغیرہ کے چڑھنے کی جگہ ❸ مشرق ❹ پورب ❺ مجازاً آسمان جیسے آج مطلع صاف ہے ❻ غزل یا قصیدے کی پہلی بیت جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں ❼ شروع ❽ ابتدا۔

**مطلع صاف ہونا** (ا) فعل ❶ آسمان کا گرد و غبار، بادل اور کہر وغیرہ سے بالکل صاف ہونا ❷ ہلال کی جگہ سے آسمان صاف ہونا ❸ کسی چیز کا مقام اس کی جگہ سے صاف ہونا ❹ حریفوں اور رقیبوں سے جگہ کا خالی ہونا ❺ کوئی مانع نہ رہنا ❻ صفایا ہو جانا ❼ آسمان کا صاف ہونا ❽ آسمان کے اوپر بادل کا نشان تک نہ ہونا۔

**مُطلَع** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ خبر دیا گیا ❷ جتایا ہوا ❸ واقف ❹ خبردار ❺ محرم۔

**مطلع کرنا** (ا) فعل ❶ خبر دینا ❷ رپورٹ کرنا ❸ جتانا ❹ واقف کرنا ❺ آگاہ کرنا۔

**مطلق** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ جاری شدہ ❷ رواں کیا گیا ❸ بالکل ❹ قطعی ❺ آزاد ❻ بے تعلق (بحالت اسم مذکر) آیت مطلق ❼ قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھیرنا واجب ہے۔

**مطلق العنان** (ء) اسم صفت مرکب ❶ جس کی باگیں چھوڑی ہوئی ہوں ❷ آزاد ❸ خود مختار ❹ بے لگام ❺ بے قید ❻ خودسر ❼ خود رائے ❽ موجی جیوڑا ❾ دل کا مختار۔

**مطلقاً** (ء) تابع فعل ❶ قطعی ❷ بالکل ❸ اصلاً۔

**مطلقہ** (ء) اسم مونث ❶ طلاق دی ہوئی عورت ❷ طلاقن ❸ وہ عورت جسے مالک نے چھوڑ دیا ہو۔

**مطلوب** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ مانا گیا ❷ خواہش کیا گیا ❸ چاہا گیا ❹ مراد ❺ مقصد ❻ معشوق۔

**مطمح** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ نظر پڑنے کی جگہ ❷ لالچ کی جگہ۔

**مطوق** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ طوق پڑا ہوا ❷ گنڈے دار ❸ حلقہ دار ❹ گنڈا پڑا ہوا۔

**مطوقہ** (ء) اسم صفت مفعولی۔ وہ پرندہ جس کے گلے میں قدرتی گنڈا بنا ہوا ہو۔

**مطہر** (ء) اسم صفت ❶ طہارت کی جگہ ❷ پاک صاف ہونے کی جگہ۔

**مطہر** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ صاف ❷ پاک ❸ پوتر ❹ نرمل ❺ مبرا۔

**مطہر** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ پوتر کرنے والا ❷ پاک کرنے والا۔

**مطہرہ** (ء) اسم مذکر آلہ ❶ وضو کرنے کا لوٹا ❷ آفتابہ ❸ چھاگل۔

**مطیب** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ خوشبو دینے والا ❷ خوشبودار ❸ معطر ❹ پاک ہونے والا۔

**مطیر** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ برسنے والا ❷ برسن ہار ❸ بارش کرنے والا۔

**مطیع** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ اطاعت کرنے والا ❷ تابعدار ❸ حکم ماننے والا ❹ امر بجا لانے والا ❺ ماتحت۔

**مطیع کرنا** (ا) فعل ❶ ماتحت کرنا ❷ قابو میں لانا ❸ سر کرنا ❹ فتح کرنا ❺

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314-4077218

تابع کرنا 6 تابعدار بنانا 7 ماتحت بنانا۔

## م ← ظ

مظالم (ء) اسم مذکر ظرف 1 مظلمہ کی جمع 2 ظالموں کو سزا دینے کی جگہ 3 مجازاً عدالتیں 4 کچہریاں 5 بے انصافیاں 6 جفا کاریاں 7 سختیاں۔

مظاہر (ء) اسم مذکر ظرف 1 مظہر کی جمع 2 ظہور کے مقامات 3 نظارے۔

مظفر (ء) اسم صفت 1 فتحمند 2 ظفریافتہ 3 ظفریاب 4 جیتا ہوا 5 فتحیاب 6 منصور 7 غالب۔

مظلمہ (ء) اسم مذکر 1 بے انصافی 2 اندھیر 3 ظلم 4 ستم 5 جفا 6 سختی 7 جور۔

مظلوم (ء) اسم صفت مفعولی 1 جس سے بے انصافی ہوئی ہو 2 دکھی 3 ظلم رسیدہ 4 ستایا ہوا۔

مظنون (ء) اسم صفت مفعولی 1 ظن کیا گیا 2 گمان کیا گیا 3 مشکوک 4 مشتبہ۔

مظنہ (ء) اسم مذکر 1 مقام ظن 2 شبہ کرنے کی جگہ 3 خیال 4 گمان 5 قیاس 6 رائے 7 احتمال۔

مظہر (ء) اسم مذکر ظرف 1 ظاہر ہونے کی جگہ 2 تماشا دکھانے کا چبوترہ 3 اکھاڑہ 4 اسٹیج 5 جھانکی کی جگہ 6 جائے ظہور 7 تماشا گاہ۔

مظہر (ء) اسم صفت فاعلی 1 ظاہر کرنے والا 2 اظہار دینے والا 3 بیان کرنے والا 4 گواہ 5 مخبر 6 جاسوس 7 خبر دینے والا۔

## م ← ع

مع (ء) تابع فعل 1 ساتھ 2 سنگ 3 گیل 4 ہمراہ 5 مشمول 6 سمیت۔

مع الحدیث/ مع القصہ (ء) تابع فعل 1 الغرض 2 القصہ 3 قصہ کوتاہ 4 الحاصل۔

مع الخیر (ء) تابع فعل 1 خیریت سے 2 سلامتی سے 3 بخیر و عافیت 4 خیر کے ساتھ۔

مع ہذا/معہذا (ء) تابع فعل 1 ساتھ اس کے 2 ساتھ ہی 3 علاوہ ازیں 4 ماسوا 5 علاوہ بریں۔

معاً (ء) تابع فعل 1 مل کر 2 باہدگر 3 ایک ساتھ 4 ساتھ ہی 5 فوراً 6 ترت 7 اسی وقت 8 ایک دفعہ ہی 9 یکبارگی۔

معابد (ء) اسم مذکر ظرف 1 معبد کی جمع 2 عبادت خانے 3 مسجدیں 4 مندر 5 شوالے 6 ٹھاکر 7 دوارے 8 گرجا

معابر (ء) اسم مذکر ظرف 1 معبر کی جمع 2 جاہائے عبور 3 دریا سے پار اُترنے کے مقامات۔

مُعاتب (ء) اسم صفت فاعلی 1 عتاب کرنے والا 2 سزا دینے والا 3 خفا ہونے 4 خفا ہونے والا۔

معاتب (ء) اسم صفت مفعولی 1 وہ شخص جس پر عتاب کیا گیا ہو 2 معتوب 3 عتاب کیا گیا۔

معاد (ء) اسم مذکر ظرف 1 خود کرنے کی جگہ 2 واپس جانے کا مقام 3 جائے بازگشت 4 مجازاً عقبیٰ 5 عالم آخرت 6 قیامت۔

معادل (ء) اسم صفت فاعلی 1 مساوی 2 برابر۔

معاولت (ء) اسم مونث 1 مساوات 2 برابری 3 انصاف 4 عدل 5 نیاؤ۔

معاون (ء) اسم مونث ظرف 1 معدن کی جمع 2 کانیں 3 کھانیں۔

معاذ (ء) اسم مونث ظرف 1 جائے پناہ 2 بچاؤ کی جگہ 3 سرن کی جگہ۔

معاذ اللہ (ء) خدا 1 خدا کی پناہ 2 توبہ 3 خدا بچائے 4 خدا محفوظ رکھے۔

معارج (ء) اسم مونث 1 معراج کی جمع 2 زینے 3 سیڑھیاں۔

معارض (ء) اسم صفت فاعلی 1 جھگڑا کرنے والا 2 حریف 3 مقابل 4 مخالف 5 مخاصم 6 مدعی۔

معارضہ (ء) اسم مذکر 1 جھگڑا 2 بکھیڑا 3 ٹنٹا۔

معارک (ء) اسم مذکر ظرف 1 معرکہ کی جمع 2 جنگ کے میدان 3 لڑائی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کی جگہیں۔

**معارکہ** (ع) اسم مذکر ❶ لڑائی ❷ جدھ ❸ جنگ وجدل۔

**معاش** (ع) اسم مونث ظرف ❶ جائے زندگانی ❷ دنیا ❸ اراضی ❹ جائداد ❺ زمین ❻ رزق ❼ روزی ❽ خوراک ❾ اوقات بسری۔

**معاشرت** (ع) اسم مونث ❶ اوقات بسری ❷ باہم مل جل کر زندگانی کرنا ❸ کسی کے ساتھ عیش کرنا۔

**معاشرہ** (ع) اسم مذکر ❶ سوسائٹی ❷ جماعت ❸ زندگی جس میں ہر شخص کو رہنے سہنے اپنی ترقی و بہبود کے لیے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے۔

**معاصر** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ ہم عصر اپنے جیسا کا ❷ ایک ہی زمانے کا۔

**معاصی** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ گنہگار ❷ قصوروار ❸ عصیاں کار ❹ مجرم۔

**معاصی** (ع) اسم مذکر ❶ گنہ ❷ پاپ ❸ جرم ❹ معصیت۔

**معاف** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ بخشا گیا ❷ عفو کیا گیا ❸ آزادی ❹ بری ❺ بخشش ❻ عفو ❼ درگزر۔

**معاف کرنا** (ا) فعل ❶ چھوڑنا ❷ درگزر کرنا ❸ بخشنا ❹ جانا ❺ رخصت ہونا ❻ تشریف لیجانا۔

**معاف کرو** (ا) محاورہ ❶ جاؤ ❷ سدھارو ❸ رخصت ہو ❹ اور جگہ مانگو ❺ دوسری جگہ دیکھو۔

**معافی** (ع) اسم مونث مفعولی ❶ عفو کیا گیا ❷ بخشا گیا ❸ بخششی ❹ خلاصی ❺ مکتی ❻ مغفرت ❼ عفو ❽ وہ زمین جس کا معاملہ سرکار کی طرف سے معاف ہو ❾ چھوٹ۔

**معافی چاہنا** (ا) فعل ❶ جرم کا اقرار کر کے چھوڑ دینے کی التجا کرنا ❷ معذرت کرنا ❸ عفو تقصیر چاہنا۔

**معافی دار** (عف) اسم مذکر ❶ جاگیردار ❷ معاف شدہ زمین کا مالک۔

**معافی مانگنا** (ا) فعل ❶ درگزر چاہنا ❷ عذر معذرت کرنا ❸ قصور معاف کرنے کا خواستگار ہونا۔

**معالج** (ع) اسم مذکر ❶ علاج کرنے والا ❷ ڈاکٹر ❸ طبیب ❹ حکیم ❺ بید۔

**معالجہ** (ع) اسم مذکر ❶ دوا درمن ❷ علاج ❸ دوا دارو۔

**معاملات** (ع) اسم مذکر ❶ معاملہ کی جمع ❷ کاروبار۔

**معاملت** (ع) اسم مونث ❶ باہمی معاملہ ❷ لین دین ❸ بیوپار ❹ کسی کام کی تکلیف دہی۔

**معاملہ** (ع) اسم مذکر ❶ باہمی کاروبار ❷ دھندا ❸ لین دین ❹ سوداگری ❺ تجارت ❻ بات ❼ عہد و پیمان ❽ فیصلہ ❾ قول وقرار۔

**معاملہ بنانا** (ا) فعل ❶ کام درست کرنا ❷ سودا چکانا ❸ سودا بنانا ❹ مطلب حاصل کرنا ❺ راضی رضا کرنا۔

**معاملہ بننا** (ا) فعل ❶ سودا بننا ❷ بات ٹھیک ہونا ❸ کام بننا ❹ چکنا ❺ منقطع ہونا۔

**معاملہ پڑنا** (ا) فعل ❶ واسطہ پڑنا ❷ کام پڑنا ❸ تعلق ہونا۔

**معاملہ دان/ معاملہ شناس/ معاملہ فہم** (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ بات کی تہہ کو پہنچ جانے والا ❷ تجربہ کار ❸ واقف کار ❹ ڈھنگ سے واقف ❺ نکتہ رس۔

**معاملہ کا سچا/ کھرا** (ا) اسم صفت ❶ لین دین کا کھرا ❷ بات کا پورا ❸ دیانتدار۔

**معاملہ کا کھوٹا** (ا) اسم صفت ❶ بے ایمان ❷ بات کا کچا ❸ دغاباز ❹ لین دین کا کھوٹا۔

**معاملہ کرنا** (ا) فعل ❶ لین دین کرنا ❷ سودا ٹھیرانا ❸ فیصلہ کرنا ❹ قول و قرار کرنا ❺ آپس میں مل کر کوئی کام کرنا ❻ بات ٹھیک کرنا ❼ بات چیت کرنا۔

**معاملہ ہونا** (ا) فعل ❶ کام درست ہونا ❷ کام بننا ❸ کام نکلنا ❹ سودا بننا ❺ بھاؤ چکنا ❻ فیصلہ ہونا ❼ بات طے ہونا۔

**معاند** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ عناد کرنے والا ❷ دشمن ❸ بیری ❹ مخالف۔

**معاندت** (ع) اسم مونث ❶ عداوت ❷ دشمنی ❸ بیر ❹ جھگڑا۔

**معانقہ** (ع) اسم مذکر ❶ گلے ملنا ❷ بغل گیر ہونا۔

**معانی** (ع) اسم مونث ❶ معنی کی جمع ❷ مقاصد ❸ مطلب ❹ مرادیں ❺ وہ علم جس سے مطلوبہ معنی ادا کرنے میں غلطی سے بچ جائیں ❻ اور عبارت بھی سخت اور دشوار نہ ہو یعنی جس سے لفظوں کا صحیح موقعہ اور معنی مطلوبہ کا درست ہونا معلوم کیا جائے۔

**معاوضہ** (ع) اسم مذکر ❶ بدلا ❷ عوض ❸ مبادلہ ❹ تاوان۔

**معاوضہ دلانا** (ا) فعل ❶ ہرجہ دلانا ❷ عوض دلوانا ❸ پلٹے میں کچھ دینا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...7218

**معاون** (ع) اسم مذکر فاعل ① مدد دینے والا ② مددگار ③ سہارا دینے والا ④ حمایت کرنے والا ⑤ دستگیری کرنے والا ⑥ وہ دریا جو دوسرے دریا میں گر کر اپنا نام قائم نہ رکھے۔

**معاونت** (ع) اسم مونث ① مدد ② حمایت ③ سہایتا ④ سہارا ⑤ دستگیری ⑥ امداد ⑦ تائید

**معاہد** (ع) اسم صفت ① باہم عہد کرنے والا ② قول و قرار کرنے والا۔

**معاہدہ** (ع) اسم مذکر ① باہمی عہد و پیمان ② قول و قرار ③ بچن ④ تحریر ⑤ عہدنامہ ⑥ قسما قسمی۔

**معائب** (ع) اسم مذکر ① معیب کی جمع ② عیوب نقائص ③ بہت سے عیب ④ خرابیاں۔

**معائنہ** (ع) اسم مذکر ① مطالعہ ② اپنی آنکھوں سے دیکھنا ③ نظر ڈالنا ④ آزمانا ⑤ پڑتال کرنا ⑥ امتحان کرنا ⑦ ملاحظہ کرنا۔

**معائنہ کرنا** (ا) فعل ① دیکھنا ② پڑتال کرنا ③ مشاہدہ کرنا ④ ملاحظہ کرنا۔

**معبد** (ع) اسم مذکر ظرف ① عبادت گاہ ② پرستش گاہ ③ مسجد ④ مندر ⑤ شوالہ ⑥ گرجا ⑦ کلیسا۔

**معبر** (ع) اسم مذکر ظرف ① عبور کرنے کی جگہ ② گھاٹ ③ گزر دریا۔

**معبر** (ع) اسم مذکر آلہ ① دریا سے پار اترنے کی سواری ② کشتی ③ ڈونگا ④ ناؤ ⑤ بیڑی۔

**معبر** (ع) اسم مذکر فاعل ① خواب کی تعبیر بتانے والا ② سپنے کا پھل بیان کرنے والا ③ تعبیر گو۔

**معبود** (ع) اسم مذکر مفعول ① پوجا کیا گیا ② عبادت کیا گیا ③ عبادت کے قابل ④ خدا تعالےٰ ⑤ اللہ جل شانہ۔

**معتبر** (ع) اسم صفت مفعولی ① اعتبار کیا گیا ② قابل اعتبار ③ درست ④ سچی ⑤ ٹھیک ⑥ راست ⑦ بھروسے کا۔

**معتد** (ع) اسم صفت مفعولی ① گنا ہوا ② حساب کیا گیا ③ شمار کیا گیا۔

**معتدل** (ع) اسم صفت فاعلی ① اعتدال والا ② وہ چیز جس میں کمی بیشی نہ ہو ③ اوسط درجہ کا ④ درمیانی ⑤ موافق۔

**معتدل المزاج** (ع) اسم صفت۔ وہ شخص جس کے مزاج میں گرمی سردی خشکی تری مناسب اندازہ ہوں۔

**معتدل ہونا** (ا) فعل ① برابر ہونا ② یکساں ہونا ③ مساوی ہونا ④ موافق ہونا ⑤ مدھم ہونا۔

**معترض** (ع) اسم مذکر فاعل ① اعتراض کرنے والا ② روک ٹوک کرنے والا ③ مزاحم ④ گرفت کرنے والا۔

**معترف** (ع) اسم مذکر فاعل ① اعتراف کرنے والا ② اقرار کرنے والا ③ قصور ماننے والا ④ مان لینے والا ⑤ مقر ⑥ اقبالی۔

**معتقد** (ع) اسم مذکر ① اعتقاد رکھنے والا ② یقین رکھنے والا ③ ماننے والا ④ مرید ⑤ چیلا ⑥ بالکا۔

**معتکف** (ع) اسم مذکر ① فاعل ② گوشہ نشین ③ اعتکاف میں بیٹھنے والا ④ عبادت کے واسطے مسجد میں بیٹھنے اور وہاں سے باہر نہ نکلنے والا ⑤ دنیا سے کنارہ کش۔

**معتمد** (ع) اسم صفت فاعلی ① بھروسا رکھنے والا ② اعتماد رکھنے والا۔

**معتمد** (ع) اسم صفت مفعولی ① جس پر بھروسا کیا جائے ② قابل اعتبار۔

**معتمد علیہ** (ع) اسم مذکر ① بھروسے کا ② قابل اعتبار ③ معتبر ④ وہ شخص جس پر بھروسا کیا گیا ہو۔

**مُعجِب** (ع) اسم صفت فاعلی ① غرور کرنے والا ② مغرور ③ متکبر ④ اکڑباز ⑤ گھمنڈی۔

**مُعجِب** (ع) اسم صفتِ فاعل ① تعجب میں ڈالنے والا ② ہکا بکا کر دینے والا ③ حیران کر دینے والا۔

**معجز** (ع) اسم صفت فاعلی ① عاجز کرنے والا ② لاجواب کرنے والا ③ انسانی طاقت سے بڑھ کر۔

**معجزات** (ع) اسم مونث۔ معجزہ کی جمع۔

**معجزہ** (ع) اسم مذکر ① عاجز کر دینے والی بات ② لاجواب کر دینے والی بات ③ انوکھی بات ④ کرامات ⑤ نبیوں کے فوق العادت کام ⑥ کرشمے۔

**معجزہ دکھانا** (ا) فعل۔ کسی نبی یا پیغمبر کا انسانی طاقت سے باہر کوئی کام دکھانا۔

**معجّل** (ع) اسم صفت فاعلی ① جلدی کرنے والا ② جلد باز ③ تعمیل کرنے والا۔

**معجّل** (ع) اسم صفت مفعولی۔ جلدی کیا گیا۔

**معجون** (ع) اسم مونث مفعول ① گوندھا ہوا ② گوندھی ہوئی چیز ③

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03140071218

www.besturdubooks.net

مرکب ❹ باہم ملی ہوئی ❺ شہد یا کھانڈ کے قوام میں پیس کر ملائی ہوئی دوائیاں۔
معجون فلاسفہ (ء) اسم مونث۔ ایک قسم کی نہایت گرم معجون کا نام۔
معدلت (ء) اسم مونث ❶ انصاف ❷ نیاؤ ❸ عدل۔
معدن (ء) اسم مذکر ❶ کان ❷ دھاتوں کے نکلنے کی جگہ۔
معدنی (ء) اسم صفت ❶ منسوب بہ معدن ❷ کان سے نکلی ہوئی دھاتیں ❸ کانی ❹ کھانی۔
معدنیات (ء) اسم مونث ❶ کانی چیزیں ❷ فلزات ❸ دھاتیں ❹ معدنی کی جمع۔
معدود (ء) اسم صفت مفعولی ❶ گنا گیا ❷ شمار کیا گیا ❸ (بصورت تابع فعل) چند ❹ گنتی کے ❺ بہت تھوڑے۔
معدولہ (ء) اسم مذکر مفعول۔ وہ واؤ جو لکھنے میں آئے مگر پڑھی نہ جائے۔
معدوم (ء) اسم صفت مفعولی ❶ گم کیا گیا ❷ نیست و نابود کیا گیا ❸ ناپید ❹ گم ❺ نام ہی نام۔
معدہ (ء) اسم مذکر ❶ کھانا ہضم ہونے کی جگہ ❷ اوجھ ❸ اوجھڑی ❹ بٹیا۔
معذرت (ء) اسم مونث ❶ مس ❷ بہانہ ❸ حیلہ ❹ عذر۔
معذور (ء) اسم صفت مفعولی ❶ عذر کیا گیا ❷ حیلہ کیا گیا ❸ ناچار ❹ مجبور ❺ بے بس ❻ قابل معافی ❼ معاف کیا گیا ❽ اپاج ❾ محتاج کنوڈا۔
معذور رکھنا (ا) فعل ❶ عذر کے قابل سمجھنا ❷ معاف رکھنا۔
معرا (ء) اسم صفت مفعولی ❶ عریاں کیا گیا ❷ ننگا ❸ سادہ ❹ خالی ❺ وہ کتاب جس پر ترجمہ یا حاشیہ نہ لکھا گیا ہو ❻ آزاد ❼ کھلا ہوا ❽ پاک ❾ صاف۔
معراج (ء) اسم مونث ❶ اوپر چڑھنے کی چیز ❷ سیڑھی ❸ زینہ ❹ نردبان ❺ نبی اکرمؐ کا آسمان پر جانا اور تجلیات الٰہی کا مشاہدہ کرنا ❻ اعلٰے رتبہ ❼ بلند پایہ ❽ وہ مرتبہ جس سے زیادہ خیال میں بھی نہ آسکے۔
معراج کی رات (ا) اسم مونث۔ رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسول اکرم صلعم کو معراج ہوئی تھی۔

معرب (ء) اسم مذکر مفعول ❶ عربی بنایا گیا ❷ وہ غیر زبان کا لفظ جسے عربی بنالیا ہو۔
مَعرض (ع) اسم مذکر ❶ ظاہر ہونے کی جگہ ❷ دوران۔
مُعرض (ع) اسم صفت ❶ روگردانی کرنے والا ❷ منہ پھیرنے والا۔
معرفت (ء) اسم مونث ❶ جان پہچان ❷ شناخت ❸ خدا شناسی ❹ قانون قدرت ❺ با قدرتی چیزوں کی واقفیت (بصورت تابع فعل) ذریعہ سے ❻ وسیلہ سے ❼ بوساطت۔
معرفہ (ء) اسم مذکر۔ کسی معین شے کا نام۔
معرکہ (ء) اسم مذکر ظرف ❶ میدان جنگ ❷ رزمگاہ ❸ لڑائی کا کھیت ❹ دنگل ❺ میدان ❻ کارزار ❼ مجازاً ❽ لڑائی ❾ رن۔
معرکہ آرا (عف) اسم صفت ترکیبی ❶ میدان جنگ کو آراستہ کرنے والا ❷ دنگل جمانے والا ❸ جنگ آور ❹ جنگجو ❺ صف آرا۔
معرکہ آرائی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ صف آرائی ❷ جنگ آرائی ❸ لڑائی ❹ جنگ۔
معرکہ کا (ا) اسم صفت ❶ مشکل ❷ دھڑلے کا ❸ دھوم دھام۔
معروض (ء) اسم صفت مفعولی ❶ پیش کیا گیا ❷ عرض کیا گیا ❸ گزارش ❹ پرارتھنا ❺ التماس ❻ درخواست۔
معروضہ (ء) اسم صفت مفعولی ❶ گزارش کیا گیا ❷ عرض کیا گیا ❸ عرضی ❹ عریضہ ❺ عرضی لکھنے کی تاریخ ❻ مورخہ ❼ مرقومہ۔
معروف (ء) اسم صفت مفعولی ❶ مشہور ظاہر ❷ معلوم ❸ پرگھٹ ❹ وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو ❺ وہ واؤ جس کے پہلے ضمہ خالص ہو جیسے نور ❼ نواب الٰہی بخش خاں دہلوی کا تخلص۔
معزز (ء) اسم صفت مفعولی ❶ عزت کیا گیا ❷ بڑا ❸ برنگ ❹ شریف ❺ ساکھ والا ❻ بااعتبار۔
معزز عہدہ (ء) اسم مذکر ❶ بڑا عہدہ ❷ عزت کا عہدہ۔
معزول (ء) اسم صفت ❶ اتارا گیا ❷ برطرف کیا گیا ❸ نوکری سے موقوف شدہ ❹ بیکار ❺ معطل ❻ گدی سے اتارا گیا۔
معزول کرنا (ا) فعل ❶ تخت سے اتارنا ❷ موقوف کرنا ❸ برطرف کرنا ❹ معطل کرنا۔
معزولی (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ برطرفی ❷ موقوفی ❸ بیکاری۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**معسکر** (ء) اسم مذکر ظرف ① لشکر اترنے کی جگہ ② کیمپ ③ چھاؤنی ④ پڑاؤ ⑤ لشکر گاہ۔

**معشوق** (ء) اسم مذکر مفعولی ① وہ شخص جس پر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو ② پیارا ③ محبوب ④ من موہن ⑤ دلربا ⑥ دل جانی ⑦ یار ⑧ دلربا ⑨ (بحالت صفت) نازنین۔

**معشوقانہ** (عف) اسم صفت تشبیہی ① معشوق کی طرح ② منسوب بہ معشوق ③ دلفریب ④ دلکش۔

**معشوقانہ انداز** (ا) اسم مذکر۔ دل لبھانے والا انداز۔

**معشوقہ** (ء) اسم مونث ① پیاری ② محبوبہ ③ عزیزہ ④ آشنا۔

**معشوقی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① دوستی ② محبت دلربائی ③ معشوق پن۔

**معشوقیت** (ء) اسم مونث ① دلربائی ② معشوق ③ پن ④ دلفریبی۔

**معصوم** (ء) اسم صفت مفعولی ① گناہ سے بچا ہوا ② بے گناہ ③ پاک ④ صاف ⑤ بے قصور ⑥ پاکدامن ⑦ سیدھا سادہ ⑧ بھولا ⑨ چھوٹا بچہ۔

**معصومی/ معصومیت** (ء) اسم مونث مصدری ① پاکدامنی ② بے گناہی ③ بچپن ④ طفولیت۔

**معصیت** (ء) اسم مونث ① گناہ ② قصور ③ خطا ④ پاپ ⑤ نافرمانی۔

**معطر** (ء) اسم صفت ① خوشبودار ② خوشبو میں بسا ہوا ③ مہکتا ہوا۔

**معطل** (ء) اسم صفت ① کام سے خالی ② بیکار ③ سست ④ کاہل ⑤ نکما ⑥ کچھ دنوں تک کام سے علیحدہ ⑦ بنجر زمین ⑧ زمین ماہی غیر مزروعہ۔

**معطلی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① بیکاری ② بے شغلی ③ التوا ④ معزولی ⑤ چند روزہ ⑥ موقوفی۔

**معطوف** (ء) اسم صفت مفعولی ① لپٹا ہوا ② کسی طرف موڑا گیا ③ وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف یا وصل یا تردید کے بعد واقع ہو۔

**معطوف علیہ** (ء) اسم مذکر۔ وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف کے پہلے واقع ہو۔

**معظم** (ء) اسم صفت مفعولی ① بزرگی دیا گیا ② بڑا بزرگ ③ شریف ④ واجب التعظیم۔

**معقول** (ء) اسم صفت مفعولی ① عقل میں لایا گیا ② پسندیدہ ③ عقل ④ مناسب ⑤ ٹھیک ⑥ بجا ⑦ درست ⑧ طنزاً کیا خوب ⑨ قابل تسلیم۔

**معقول آدمی** (ا) اسم مذکر ① سمجھدار آدمی ② بھلا آدمی ③ مہذب آدمی ④ شائستہ آدمی۔

**معقول تنخواہ** (عف) اسم مونث ① اچھی تنخواہ ② خاطر خواہ ③ کافی تنخواہ۔

**معقولات** (ء) اسم مونث ① معقول کی جمع ② علوم طبیعات ③ منطق ④ فلسفہ اور حکمت۔

**معقولیت** (ء) اسم مونث مصدری ① سمجھ بوجھ ② مناسبت ③ پسندیدگی ④ انسانیت۔

**معکوس** (ء) اسم صفت مفعولی ① الٹا ② عکس کیا گیا ③ اوندھا ④ ٹیڑھا۔

**معلا/ معلی** (ء) اسم صفت مفعولی ① اونچا کیا گیا ② بلند ③ عالی رتبہ ④ بزرگ ⑤ معظم۔

**معلے القاب** (ء) اسم مذکر صفت ① بڑے القاب والا ② عالی رتبہ ③ عالی جاہ ④ بلند رتبہ والا۔

**معلق** (ء) اسم صفت مفعولی ① لٹکایا گیا ② لٹکا ہوا ③ ادھر ④ آویزاں۔

**معلم** (ء) اسم مذکر فاعل ① تعلیم دینے والا ② استاد ③ علم سکھانے والا ④ گرو ⑤ پنڈت ⑥ پاندھا ⑦ پانڈا ⑧ ملا ⑨ مولوی۔

**معلم الملکوت** (ء) اسم مذکر۔ شیطان جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔

**معلمہ** (ء) اسم مونث ① معلم کی تانیث ② پڑھانے والی عورت ③ استانی ④ لڑکیوں کو تعلیم دینے والی عورت۔

**معلمی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① مدرسی ② اتالیقی ③ لڑکوں یا لڑکیوں کو پڑھانے کا پیشہ۔

**معلول** (ء) اسم صفت مفعولی ① علت کیا گیا ② سبب یا باعث والی چیز ③ علت و معلول سے ثابت کی ہوئی چیز ④ (علم منطق میں) نتیجہ ⑤ پھل ⑥ ثمرہ ⑦ حاصل۔

**معلوم** (ء) اسم صفت مفعولی ① جانا گیا ② تمیز کیا ہوا ③ روشن ④ ظاہر ⑤ کھلا ⑥ عیاں ⑦ واضح ⑧ نمودار ⑨ مشہور و معروف۔

**معلوم کرنا** (ا) فعل ① کھوج لگانا ② پتا لگانا ③ دریافت کرنا ④ جاننا ⑤ سمجھنا ⑥ خیال میں لانا ⑦ تمیز کرنا ⑧ پہچاننا ⑨ جانچنا۔

Join us on whatsapp Naveed Raja 03146907218

www.besturdubooks.net

معلوم نہیں (ا) محاورہ ❶ خدا جانے ❷ پتہ نہیں کیا جانے ❸ واللہ اعلم ❹ کیا خبر۔

معلوم ہوتا ہے (ا) محاورہ ❶ خیال ہے ❷ نظر آتا ہے ❸ دکھائی دیتا ہے۔

معلوم ہونا (ا) فعل ❶ سوجھنا ❷ نظر آنا ❸ دکھائی دینا ❹ بھید کھلنا ❺ ظاہر ہونا ❻ پہچان میں آنا ❼ شناخت ہونا ❽ متمیز ہونا ❾ محسوس ہونا۔

معلومات (ء) اسم مونث ❶ معلوم کی جمع ❷ علمی تجربے ❸ واقفیتیں ❹ محسوسات ❺ علم ❻ گیان۔

معلومہ (ء) اسم صفت مفعولی مونث ❶ جانی گئی ❷ وہ چیز یا بات جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔

معما (ء) اسم مذکر مفعولی ❶ چھپایا گیا ❷ مخفی ❸ پوشیدہ ❹ مبہم ❺ اندھا کیا گیا ❻ مجازاً پہیلی ❼ چیستان ❽ رمز کے طور پر بیان کی ہوئی بات ❾ الجھا ہوا مسئلہ۔

معما حل کرنا (ا) فعل ❶ پہیلی بوجھنا ❷ چیستان سمجھنا ❸ پیچیدہ یا مشکل بات طے کرنا۔

معما کھلنا (ا) فعل ❶ مشکل حل ہونا ❷ پوشیدہ بات ظاہر ہونا ❸ راز افشا ہونا۔

معمار (ء) اسم مذکر ❶ راج عمارت بنانے والا ❷ مستری۔

معماری (ء) اسم مونث بیائے مصدری ❶ راج گیری ❷ عمارت بنانے کا کام ❸ تعمیر ❹ درستی ❺ آئیں۔

معمر (ء) اسم صفت مفعولی ❶ عمر رسیدہ ❷ بوڑھا دیرینہ سال بوڑھا۔

معمور (ء) اسم صفت مفعولی ❶ بھرا ہوا ❷ پر ❸ لبالب ❹ بھرپور ❺ بسا ہوا ❻ آباد ❼ بند ❽ مقفل۔

معمور کرنا (ا) فعل ❶ پر کرنا ❷ بھرنا ❸ آباد کرنا ❹ بسانا ❺ قفل لگانا ❻ بند کرنا ❼ کنڈی لگانا۔

معمورہ (ء) اسم مذکر ❶ آباد ❷ بستی ❸ نگر ❹ بوئی ہوئی زمین ❺ کاشت شدہ زمین۔

معمول (ء) اسم صفت ❶ عمل میں لایا گیا ❷ عمل کیا گیا ❸ ریت ❹ رسم ❺ رواج ❻ دستور ❼ قاعدہ ❽ عادت ❾ سبھاؤ۔

معمول باندھنا (ا) فعل ❶ قاعدہ مقرر کرنا ❷ دستور باندھنا ❸ رویہ اختیار کرنا۔

معمول کے دن (ا) اسم مذکر ❶ ایام حیض ❷ ماہواری دن ❸ حیض کے دن۔

معمولی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ مروجہ ❷ عادت کے موافق ❸ مقررہ ❹ رسمی۔

معمولی کاروائی (عف) اسم مونث ❶ مقررہ طریقہ ❷ ضابطہ کی کاروائی۔

معنبر (ء) اسم صفت ❶ خوشبودار بنایا ہوا ❷ معطر ❸ خوشبودار۔

معنوی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ معنی ❷ باطنی ❸ اندرونی ❹ ذاتی ❺ اصلی ❻ واقعی ❼ حقیقی ❽ یقینی۔

معنی / معنٰے (ء) اسم مذکر ❶ مدعا منشا ❷ مقصد ❸ ارادہ ❹ مطلب ❺ حقیقت۔

معنی بیان کرنا (ا) فعل ❶ ترجمہ کرنا ❷ مطلب سمجھنا۔

معنی دینا (ا) فعل ❶ معنی رکھنا ❷ جتانا ❸ مطلب سمجھانا ❹ دلالت کرنا۔

معنین (ا) اسم مذکر ❶ معنی کی جمع ❷ مطلب ❸ مطالب ❹ مقاصد۔

معہود (ء) اسم صفت مفعولی ❶ عہد کیا گیا ❷ ٹھہرایا گیا ❸ اقرار کیا گیا ❹ مشروط ❺ قدیم ❻ پرانا ❼ مشہور ❽ نامی ❾ نامور۔

معیار (ء) اسم مونث آلہ ❶ کسوٹی ❷ سونا کھرا کھوٹا دیکھنے کا پتھر ❸ محک ❹ پیمانہ ❺ اندازہ ❻ نصاب ❼ کورس ❽ قاعدہ ❾ جانچ۔

معیت (ء) اسم مونث ❶ ساتھ ❷ ہمراہی۔

معیشت (ء) اسم مونث ❶ جینا ❷ زندگی ❸ زندگانی ❹ زیست ❺ روزی ❻ روزگار ❼ وجہ معاش۔

معین (ء) اسم صفت فاعلی ❶ مدد کرنے والا ❷ معاون ❸ مددگار۔

معین و مددگار (عف) اسم صفت ❶ دونوں ❷ مترادف ❸ معاون ❹ مددگار۔

معین (ء) اسم صفت ❶ مفعولی ❷ ٹھیرا گیا ❸ مقرر کیا گیا ❹ معہود (علم اقلیدس) وہ چوکور شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں ❺ مگر زاویے قائمے نہ ہوں۔

معین کرنا (ا) فعل ❶ ٹھہرانا ❷ قائم کرنا ❸ مقرر کرنا۔

معیوب (ء) اسم صفت مفعولی ❶ عیب کیا گیا ❷ عیب دار ❸ نکما ❹

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

برا 5 عیبی 6 کنونڈا 7 نکھد 8 باعث ندامت 9 قابل شرم۔

**م ← غ**

مغ (ف) اسم مذکر 1 آگ کی پوجا کرنے والا 2 آتش پرست۔ مجوسی۔

مغار (ع) اسم مذکر 1 پہاڑ کی کھوہ 2 غار 3 گڑھ 4 اکھڈ 5 جھیرا 6 گڈھا 7 گھاٹی۔

مغاک (ف) اسم مذکر۔ (مغ بمعنی گڑھا اور اک کلمہ نسبت) بمعنی مغار۔

مغالطہ (ع) اسم مذکر 1 غلطی میں ڈالنا 2 غلطی 3 دھوکا 4 فریب 5 چھلبلا 6 دغا دم 7 جھانسا۔

مغالطہ دینا (ا) فعل 1 بتا دینا 2 دھوکا دینا 3 فریب دینا 4 گمراہ کرنا۔

مغالطہ ڈالنا (ا) فعل 1 شبہ ڈالنا 2 غلطی ڈالنا۔

مغاں (ف) اسم مذکر 1 مغ کی جمع 2 بہت سے آتش پرست واحد بھی آتا ہے۔

مغائرت (ع) اسم مونث 1 مخالفت 2 جدائی 3 دوئی 4 غیریت 5 باہم غیر ہونا۔

مغتنم / مغتنمہ (ع) اسم صفت مفعولی 1 غنیمت جانا گیا 2 مال مفت 3 قابل قدر 4 نعمت غیر مترقبہ۔

مغتنمات (ع) اسم مونث۔ مغتنم کی جمع۔

مغرب (ع) اسم مونث 1 سورج کے چھپنے کی جگہ 2 پچھم 3 سورج چھپنے کا وقت 4 شام جھٹ پٹا۔

مغربی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی 1 پچھم کا 2 پچھمی 3 پچھم کا باشندہ 4 مہر 5 اشرفی۔

مغرق (ع) اسم صفت مفعولی 1 پانی میں ڈوبا ہوا 2 چمکول 3 جگمگاتا ہوا 4 دمکتا ہوا 5 سونے یا چاندی میں لپا ہوا۔

مغرور (ع) اسم صفت مفعولی 1 متکبر 2 گھمنڈی 3 خودبین 4 مدمغ۔

مغرور ہونا (ا) فعل 1 اترانا 2 شیخی میں آنا 3 متکبر ہونا 4 غرور کرنا۔

مغروری (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 تکبر 2 غرور 3 گھمنڈ 4 نخوت 5 دماغ۔

مغز (ع) اسم مذکر 1 بھیجا 2 دماغ 3 گودا 4 گری 5 کسی چیز کا اندرونی حصہ 6 مجازاً عقل 7 سمجھ 8 فراست 9 فہم۔

مغز اڑا جانا (ا) فعل 1 دماغ کا بدبو یا شور سے پریشان ہونا 2 دماغ پریشان ہونا۔

مغز اڑانا (ا) فعل 1 دماغ پریشان کرنا 2 بکواس سے مغز چاٹنا۔

مغز بھنانا (ا) فعل دماغ چکرانا 1 سر چکرانا 2 دماغ پریشان ہونا۔

مغز بھونکانا اور رب کا شامی مغز پھرانا (ا) فعل 1 دیر تک سمجھانا 2 بکے جانا 3 سر پھرانا 4 سر مارنا۔

مغز پچانا اور رب کا شامی مغز پچی کرنا (ا) فعل 1 بہت سر کھپانا 2 سر مارنا 3 مغز مارنا 4 بحث و تکرار کرنا 5 بہت بک بک کرنا۔

مغز چاٹنا (ا) فعل 1 باتوں سے کھانا 2 دماغ کھانا 3 دماغ خالی کرنا۔

مغز چٹ (ا) اسم مذکر فاعل 1 بکواسی 2 بک بک کرنے والا 3 بکی۔

مغز چٹی (ا) اسم مونث بیائے مصدری 1 بک بک 2 بکواس 3 جھک جھک۔

مغز چلنا (ا) فعل 1 پاگل ہونا 2 دیوانہ ہونا 3 اترانا 4 بڑھ کر چلنا 5 بہکنا 6 مدمغ ہونا۔

مغز خالی کرنا (ا) فعل۔ دیکھو (مغز بھونکانا)

مغز سے اتارنا (ا) فعل 1 سوچ کر عمدہ بات نکالنا 2 دماغ سے نئی بات پیدا کرنا۔

مغز سے نکالنا (ا) فعل 1 مغز سے اتارنا 2 کسی بات کو دماغ سے دور کر دینا۔

مغز کا (ا) اسم صفت 1 دماغ والا 2 سمجھدار 3 عالی دماغ 4 عقلمند 5 دور اندیش۔

مغز کو چڑھ جانا (ا) فعل 1 کسی چیز کا دماغ میں جا کر تیزی کرنا 2 اترنا 3 مغرور ہو جانا 4 پاگل ہو جانا 5 دیوانہ ہو جانا۔

مغز کھانا (ا) فعل 1 بکواس کرنا 2 بک بک کر کے مغز چاٹنا 3 دماغ پریشان کرنا۔

مغز کے کیڑے اڑانا (ا) فعل 1 بک بک سے دردسر کرنا 2 مغز کھانا 3 دماغ پریشان کرنا۔

مغز کے کیڑے جھڑنا اور رب کا شامی مغز کی کیل نکلنا (ا) فعل 1 سزا پانا 2 غرور ڈھینا 3 ٹھیک ہونا 4 سیدھا ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072186

www.besturdubooks.net

**مغز کے کپڑے نہ اڑاؤ** (ا) محاورہ ① بک بک کر کے مغز نہ کھاؤ ② بہت نہ بولو ③ دماغ نہ چاٹو۔

**مغزی** (ا) اسم مونث ① کور ② پتلی گوٹ۔

**مغفر** (ع) اسم مذکر آلہ ① لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنا کرتے ہیں ② لوہے کا ٹوپ۔

**مغفرت** (ع) اسم مونث ① چھٹکارا ② گناہ کی بخشش ③ خلاصی ④ رہائی ⑤ نجات ⑥ عفو تقصیر۔

**مغفور** (ع) اسم صفت مفعولی ① بخشا ہوا ② مرحوم ③ بہشتی ④ جنتی ⑤ بیکنٹھ باشی ⑥ مجازاً متوفی۔

**مغل** (ف) اسم مذکر ① ایک قوم جس کا اصل وطن منگولیا ہے ② تاتاری ③ ترکوں کے ایک عمدہ اور اعلٰے فرقہ کا نام۔

**مغل پٹھان** (ا) اسم مذکر۔ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو پٹھانوں سے افضل شمار کیا جاتا ہے۔

**مغلانی** (ا) اسم مونث ① مغل قوم کی عورت ② خادمہ ③ ملازمہ ④ درزن کپڑے سینے والی عورت۔

**مغلائی** (ا) تابع فعل مفید صفت ① مغلوں کی طرز کی چیز ② مغلوں کے فیشن کا یا طرز کا۔

**مغلظ** (ع) اسم صفت مفعولی ① موٹا ② دبیز سطر ③ گندا ④ میلا ⑤ گدلا ⑥ گاڑھا ⑦ جما ہوا ⑧ رقیق کی ضد ⑨ ناپاک نجس۔

**مغلظات** (ع) اسم مونث ① مغلظ کی جمع ② گندی گالیاں ③ قابل شرم باتیں ④ فحش باتیں۔

**مغلظات بکنا اور رب کا شامی مغلظات سنانا** (ا) فعل ① فحش گالیاں دینا ② کھلی کھلی گالیاں دینا۔

**مغلق** (ع) اسم صفت ① بند کیا ہوا دروازہ ② تالا لگا ہوا دروازہ ③ مقفل مجازاً مشکل کلام ④ وہ کلام جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔

**مغلوب** (ع) اسم صفت مفعولی ① غلبہ کیا گیا ② ہارا ہوا ③ شکست خوردہ ④ عاجز ⑤ مفتوح ⑥ دبا ہوا ⑦ بس میں آیا ہوا۔

**مغلوب الغضب** (ع) اسم صفت ① غصے کے بس میں آیا ہوا ② تیز مزاج ③ ذرا سی بات پر خفا ہو جانے والا بد مزاج ④ عقیل۔

**مغلوب کرنا** (ا) فعل ① عاجز کرنا ② ہرانا ③ دبانا ④ فتح کر لینا ⑤ تھکانا۔

**مغلوبیت** (ع) اسم مونث مصدری ① دباؤ ② فرمانبرداری ③ عاجزی ④ اطاعت۔

**مغلئی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ مغل ② مغلوں کی طرز کا ③ تیموری حکومت کا زمانہ ④ مغلیہ خاندان کی حکومت و مغلائی کا مخفف ہے۔

**مغلی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① مغلوں سے منسوب ② مغلوں کی طرح کا ③ (بصورت اسم مونث) بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے ④ کمیڑے کا مرض ⑤ ام الصبیان ⑥ پسلی کا خلل۔

**مغلیہ** (ف) اسم صفت نسبتی ① مغلوں کے خاندان سے منسوب ② مغلوں کا خاندان ③ مغلوں کی حکومت ④ مغل قوم کے لوگ۔

**مغموم** (ع) اسم صفت مفعولی ① رنجیدہ ② غمزدہ آزردہ ③ غمگین ④ اداس ⑤ ملول ⑥ دلگیر۔

**مغنی** (ع) اسم صفت فاعلی ① گویا ② گانے والا ③ ڈوم ④ کلانوت ⑤ میراثی۔

**مغنیہ** (ع) اسم صفت مونث ① میراثن ② گانے والی ③ ڈومنی۔

**مغیلان** (ع) اسم مذکر ① کیکر کا درخت ② ببول کا درخت ③ ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔

## م ← ف

**مفاتیح** (ع) اسم مونث ① مفتاح کی جمع ② چابیاں ③ کنجیاں ④ تالیاں۔

**مفاجات** (ع) اسم صفت ① دفعتہً ② یکبارگی ③ اچانک ④ اچانچک ⑤ ناگہاں ⑥ ناگاہ۔

**مفاخرت** (ع) اسم مونث ① شیخی ② فخر ③ بڑائی ④ غرور ⑤ نخوت ⑥ ڈینگ ⑦ کسی چیز پر اترانا۔

**مفارقت** (ع) اسم مونث ① جدائی ② علیحدگی ③ فرقت ④ بچھوڑا۔

**مفاسد** (ع) اسم مونث ① مفسدہ کی جمع ② فتنے ③ جھگڑے ④ برائیاں ⑤ خرابیاں ⑥ فساد۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124907218

مفاصل (ع) اسم مونث (1) مفصلہ کی جمع (2) جوڑ بند (3) بدن کے اعضا (4) گرہ (5) گانٹھ (6) پوری (7) ہاتھ پاؤں وغیرہ کے بند۔

مفاصلہ (ع) اسم مذکر (1) فاصلہ دوری (2) فرق باہمی (3) دیر (4) وقفہ (5) عرصہ (6) وقت

مفاوضات (ع) اسم مونث (1) مفاوضہ کی جمع (2) بزرگوں یا برابر والوں کے لکھے ہوئے خطوط (3) مکتوبات (4) مراسلات کی ضد (5) جو ادنےٰ کی طرف سے اعلےٰ کو لکھے جاتے ہیں۔

مفاوضہ (ع) اسم مذکر (1) اعلےٰ کی طرف سے ادنےٰ کی طرف لکھا ہوا خط نامہ (2) مکتوب (3) چٹھی (4) فرمان۔

مفت (ف) تابع فعل (1) بے مول (2) بلا قیمت (3) بن داموں (4) ناحق (5) بے فائدہ (6) لاحاصل (7) اکارت۔

مفت بر (ف) اسم صفت ترکیبی (1) یونہیں لے جانے والا (2) بلاعوض لے جانے والا (3) مفت خورا۔

مفت خور / مفت خورا (ف) اسم صفت ترکیبی (1) بلا اجرت ومحنت مال چٹ کر جانے والا (2) بن داموں کھا جانیوالا (3) نیبو نچوڑ (4) ہر دیگچی (5) چمچہ (6) طفیلی روٹ کھاوا۔

مفت راچہ گفت (ف) مثل۔ بن داموں چیز کو فوراً لے لینا چاہئے۔

مفت کی شراب (ا) اسم مونث (1) بلا قیمت چیز (2) بن داموں کی چیز۔

مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے / مفت کی شراب قاضی نے بھی حلال کی ہے (ا) مثل۔ بلاقیمت چیز میں باشرع لوگوں کو حرام کا خیال نہیں رہتا۔

مفت میں (ا) تابع فعل (1) بن داموں (2) بلا اجرت (3) یونہیں (4) بلا سبب (5) بےقصور (6) بیگار میں (7) ضائع (8) اکارت۔

مفت ہاتھ لگنا / مفت ہاتھ آنا (ا) فعل (1) یونہیں مل جانا (2) بن داموں ہاتھ میں آجانا۔

مفتاح (ع) اسم مونث آلہ (1) کنجی (2) چابی (3) تالی۔

مفتح (ع) اسم صفت فاعلی (1) جیتنے والا (2) فتح کرنے والا (3) کھونے والا (4) سدوں کو نکالنے والی دوا۔

مفتحات (ع) اسم مونث (1) مفتح کی جمع (2) پتھری اور سدوں وغیرہ کو گھلا دینے والی دوائیاں۔

مفتخر (ع) اسم صفت فاعلی (1) فخر کرنے والا (2) شیخی خورا (3) لپاٹیا (4) ڈینگیا۔

مفتری (ع) اسم صفت فاعلی (1) افترا باندھنے والا (2) بہتان لگانے والا (3) دوش دینے والا (4) الزام دھرنے والا (5) شریر (6) فسادی (7) فریبی (8) دغاباز۔

مفتوح (ع) اسم صفت مفعولی (1) کھولا گیا (2) فتح لیا گیا (3) زیر کیا ہوا (4) جیتا ہوا (5) وہ حرف جس پر زبر دیا گیا ہو (6) زبر والا حرف (7) منصوب۔

مفتون (ع) اسم صفت مفعولی (1) فتنہ میں ڈالا گیا (2) مبتلا (3) عاشق (4) شیدا (5) فدا (6) قربان۔

مفتون کرنا (ا) فعل (1) فریفتہ کرنا (2) شیدا بنانا (3) عاشق کر لینا۔

مفتی (ع) اسم مذکر فاعل (1) فتوے دینے والا (2) شرعی حاکم (3) قاضی سے اوپر کا عہدہ (4) دھرم شاستری (5) مجازاً (6) قاضی (7) جج۔

مفخر (ع) اسم صفت مفعولی (1) فخر کیا گیا (2) معزز (3) بہت بزرگ۔

مفر (ع) اسم مذکر ظرف (1) بھاگنے کی جگہ (2) فرار گاہ۔

مفرح (ع) اسم صفت (1) فرحت بخش (2) طبیعت کو خوش کرنے والی دوا۔

مفرحات (ع) اسم مونث۔ طبیعت کو فرحت اور خوشی بخشنے والی دوائیاں۔

مفرد (ع) اسم صفت (1) تنہا (2) علیحدہ (3) اکیلا (4) ایک واحد (5) غیر مرکب (6) یکتا (7) یگانہ (8) لاثانی۔

مفردات (ع) اسم مونث (1) مفرد کی جمع (2) وہ کتاب جس میں مفرد دوائیوں کا حال لکھا ہوا۔

مفرط (ع) اسم صفت فاعلی (1) بے حد زیادہ (2) بہت زیادہ (3) کثیر (4) بسیار۔

مفرور (ع) اسم صفت مفعولی (1) بھاگا ہوا (2) فراری (3) روپوش۔

مفروض / مفروضہ (ع) اسم صفت مفعولی (1) مانا گیا (2) تسلیم کیا گیا (3) فرض کیا گیا (4) قیاسی (5) فرضی۔

مفروق (ع) اسم صفت مفعولی (1) جدا کیا گیا (2) تمیز کیا گیا (3) مفروق منہ سے تفریق کیا ہوا۔

مفروق منہ (ع) اسم مذکر۔ وہ عدد جس میں سے کوئی عدد گھٹایا جائے۔

مفسد (ع) اسم صفت (1) فاعلی (2) فساد کرنے والا (3) جھگڑالو (4) شریر (5) سرکش (6) دنگئی (7) باغی (8) منحرف (9) آگ لگاؤ۔

مفسدانہ (ع) اسم صفت و تابع فعل (1) باغیوں کی طرح (2) فسادیوں کی

www.besturdubooks.net

مانند۔

**مفسدہ** (ع) اسم مذکر (1) فساد (2) جھگڑا (3) غدر (4) بلوہ (5) دنگا (6) بدی (7) تباہی۔

**مفسدہ برپا کرنا** (ا) فعل (1) جھگڑا کھڑا کرنا (2) فساد اٹھانا۔

**مفسدہ پرداز** (عف) اسم صفت ترکیبی (1) جھگڑالو (2) فسادی (3) دنگئی (4) شریر۔

**مفسر** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تفسیر کرنے والا (2) معنی بیان کرنے والا (3) مترجم (4) شارح (5) ترجمان۔

**مفصل** (ع) اسم صفت (1) مفعولی (2) تفصیل کیا گیا (3) کھلا کھلا (4) مشرح (5) تفصیل زار۔

**مفصل بیان کرنا/ کہنا** (ا) فعل (1) کھول کر بیان کرنا (2) تفصیل وار کہنا (3) ایک ایک کر کے کہہ دینا (4) جدا جدا کہنا۔

**مفصلات** (ع) اسم مذکر (1) اردگرد کے گاؤں دیہات (2) مضافات (3) قصبات۔

**مفعول** (ع) اسم صفت مفعولی (1) کام کیا گیا (2) جس پر کام واقع ہوا (3) بدفعلی کرانے والا (4) برا کام کرانے والا۔

**مفعول بہ** (ع) اسم مذکر۔ وہ مفعول جس پر کام واقع ہو۔

**مفعول ثانی** (ع) اسم مذکر۔ فعل متعدی کا دوسرا مفعول۔

**مفعول فیہ** (ع) اسم مذکر۔ وہ جگہ یا وقت جس میں فعل کیا گیا ہو۔

**مفعول لہ** (ع) اسم مذکر۔ وہ لفظ جو فعل کے حسب پر دلالت کرے۔

**مفعول مطلق** (ع) اسم مذکر۔ فعل کا مصدر یا حاصلمصدر یا اس کا مرادف لفظ جو فعل کے ساتھ مذکور ہو۔

**مفعول معہ** (ع) اسم مذکر۔ وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریک حال ہو۔

**مفعول منہ** (ع) اسم مذکر۔ وہ لفظ یا مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے۔

**مفقود** (ع) اسم صفت مفعولی (1) کھولا گیا (2) گم شدہ (3) ناپید (4) غائب (5) الوپ (6) ندارد۔

**مفقود الخبر** (ع) اسم صفت (1) جس کی کچھ خبر نہ ہو (2) گم شدہ جس کا پتہ نہ لگے۔

**مفقود ہونا** (ا) فعل (1) کھویا جانا (2) ناپید ہونا (3) غائب ہونا (4) گم ہونا۔

**مفکر** (ع) اسم صفت (1) فکر کرنے والا (2) سوچنے والا (3) جمع = مفکرین۔

**مفلر** (ای) اسم مذکر (1) گلوبند (2) کوئی چیز جس سے آواز دب جائے۔

**مفلس** (ع) اسم صفت فاعلی (1) نادار (2) کنگال جس کے پاس کچھ نہ ہو (3) غریب (4) فقیر (5) تہیدست۔

**مفلس کا مال ہے** (ا) محاورہ (1) سستا مال ہے (2) ارزاں مال ہے۔

**مفلسی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) غریبی (2) ناداری (3) کنگالی (4) محتاجی۔

**مفلسی چھانا** (ا) فعل (1) غریبی میں مبتلا ہونا (2) غریبی میں پھنسنا (3) ناداری میں گرفتار ہونا۔

**مفلسی میں آٹا گیلا ہونا** (ا) فعل (1) نقصان پر نقصان ہونا (2) تکلیف میں تکلیف ہونا (4) ناداری میں اولاد کی کثرت ہونا۔

**مفلوج** (ع) اسم صفت مفعولی (1) فالج کی بیماری کا مارا ہوا (2) ادھرنگی (3) فالج کا مریض۔

**مفلوک** (ع) اسم صفت مفعولی (1) فلک زدہ (2) غریب (3) محتاج (4) تبہ حال (5) خستہ حال۔

**مفلوک الحال** (ع) اسم صفت (1) تباہ حال والا (2) خستہ حال۔

**مفوض / مفوضہ** (ع) اسم صفت مفعولی (1) سپرد کیا گیا (2) حوالہ کیا گیا (3) امانت رکھا ہوا۔

**مفہوم** (ع) اسم صفت مفعولی (1) سمجھا گیا (2) جو سمجھ میں آجائے (3) سمجھ (4) عقل (5) منصوبہ (6) منشا (7) ارادہ (8) مدعا۔

**مفہوم ہونا** (ا) فعل (1) سمجھا جانا (2) معلوم ہونا (3) خیال میں آجانا۔

**مفید** (ع) اسم صفت فاعلی (1) فائدہ مند (2) سودمند (3) فائدہ دینے والا۔

**مفید پڑنا/ ہونا** (ا) فعل (1) موافق پڑنا (2) فائدہ ہونا (3) فائدہ بخش ہونا۔

## م ← ق

**مقابر** (ع) اسم مذکر ظرف (1) مقبرہ کی جمع (2) وہ مقام جہاں بہت سی قبریں اور مقبرے ہوں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03147077218

www.besturdubooks.net

مقابل (ع) اسم صفت فاعلی ❶ سامنے آنے والے ❷ سامنے ❸ روبرو ❹ حریف ❺ دشمن ❻ مخالف ❼ مثل ❽ مانند ❾ نظیر۔

مقابل ہو جانا (ا) فعل ❶ لڑنے کے لئے سامنے آ جانا ❷ سامنا کا بیٹھنا ❸ بھڑ جانا۔

مقابل ہونا (ا) فعل ❶ سامنے ہونا ❷ برابری کرنا ❸ گستاخی سے پیش آنا ❹ منہ چڑھنا ❺ روبرو ہونا۔

مقابلہ (ع) اسم مذکر ❶ مٹھ بھیڑ ❷ آمنا سامنا ❸ مخالفت ❹ ضد ❺ اختلاف ❻ ہمسری ❼ برابری ❽ مطابقت ❾ جانچ پڑتال۔

مقابلہ کرنا (ا) فعل ❶ مطابقت کرنا ❷ ملانا ❸ بحث کرنا ❹ تکرار کرنا ❺ برابری کرنا ❻ گستاخی سے پیش آنا ❼ لڑائی جھگڑا کرنا ❽ جانچنا ❾ پڑتال کرنا۔

مقابلے پر آنا (ا) فعل ❶ سامنے آنا ❷ روبرو آنا ❸ دو فوجوں کا لڑائی کے لئے سامنے آنا۔

مقاتلہ (ع) اسم مذکر ❶ باہم کشت و خون کرنا ❷ قتل کرنا ❸ خونریزی کرنا۔

مقادیر (ع) اسم مونث ❶ مقدار کی جمع ❷ تعداد ❸ اندازہ۔

مقادیر غیر متماثلہ (ع) اسم مونث۔ (جبر و مقابلہ) وہ مقداریں جس کے حروف مختلف ہوں۔

مقادیر متماثلہ (ع) اسم مونث۔ وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔

مقادیر مجہولہ (ع) اسم مونث ❶ غیر معلوم مقداریں ❷ نامعلوم مقداریں۔

مقادیر معلومہ (ع) اسم مونث۔ وہ مقداریں جو معلوم ہوں۔

مقاربت (ع) اسم مونث ❶ باہمی قرابت ❷ نزدیکی ❸ صحبت ❹ ہم بستری ❺ قربت۔

مقارنت (ع) اسم مونث ❶ قرین ہونا ❷ نزدیک ہونا ❸ نزدیکی۔

مقاصد (ع) اسم مذکر ظرف ❶ مقصد کی جمع ❷ مطالب۔

مقال (ع) اسم مونث ❶ کلام گفتگو ❷ بات چیت۔

مقالہ (ع) اسم مذکر ❶ کہی ہوئی بات ❷ مقولہ ❸ قول ❹ تحریر اقلیدس کے ہر ایک حصے کا نام ❺ کتاب کا باب ❻ حصہ ❼ فصل ❽ ادھیائے۔

مقام (ع) اسم مذکر ظرف ❶ ٹھیرنے کی جگہ ❷ مکان مسکن ❸ گھر ❹ ٹھکانا ❺ اترنے کی جگہ ❻ منزل ❼ پڑاؤ ❽ قیام گاہ ❾ موقع۔

مقام بولنا (ا) فعل ❶ ٹھہرنے کا حکم دینا ❷ ٹھہرانا۔

مقام دینا (ا) فعل ❶ ماتم پرسی کو جانا ❷ تعزیت کے لئے کسی کے گھر جانا ❸ سیاپے جانا۔

مقام کرنا (ا) فعل ❶ ٹھہرنا ❷ اترنا ❸ قیام کرنا۔

مقام محمود (ع) اسم مذکر ❶ نیکیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ ❷ وہ مقام جہاں حضرت رسول خدا صلعم معراج کی رات پہنچے تھے۔

مقام معین (ع) اسم مذکر ❶ خاص جگہ ❷ مقرر کیا ہوا مقام ❸ مقررہ جگہ۔

مقام ہونا (ا) فعل ❶ ٹھہرنا ❷ قیام ہونا ❸ اترنا۔

مقامر (ع) اسم صفت فاعلی ❶ جوئے باز ❷ جواری ❸ قمار باز۔

مقامی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ سفری کی ضد ❷ لوکل ❸ کسی خاص جگہ کے متعلق۔

مقبرہ (ع) اسم مذکر ظرف ❶ قبر کی جگہ ❷ گور ❸ قبر ❹ آستانہ ❺ مزار ❻ کسی بزرگ کا مدفن ❼ روضہ ❽ تربت۔

مقبل (ع) اسم صفت فاعلی ❶ لغوی معنی سامنے ہونے والا ❷ فرمان قبول کرنے والا ❸ اصطلاحی دولت مند ❹ اقبال مند ❺ امیر ماننے والا۔

مقبل (ع) اسم صفت مفعولی ❶ مانا گیا ❷ منظور شدہ ❸ قبول کیا گیا ❹ معزز آدمی جس کی بات حاکم مانے۔

مقبوضہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے ❷ قبضہ کیا گیا۔

مقبول (ع) اسم صفت مفعولی ❶ قبول کیا گیا ❷ برگزیدہ ❸ پیارا ❹ محبوب ❺ پسندیدہ ❻ مانا گیا۔

مقبول بارگاہ (عف) اسم صفت ❶ خدا کا پیارا ❷ محبوب خدا ❸ محبوب الٰہی۔

مقبول ہونا (ا) فعل ❶ منظور ہونا ❷ قبول ہونا ❸ پسند ہونا ❹ پسندیدہ ہونا۔

مقبولیت (ع) اسم مونث ❶ منظوری ❷ اجابت ❸ قبولیت ❹ مانا جانا۔

مقبس (ع) اسم صفت فاعلی ❶ روشنی لینے والا ❷ اقتباس کرنے والا ❸ دوسرے شخص سے فائدہ اٹھانے والا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**مقتدا** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ وہ شخص جس کی ❷ لوگ پیروی کریں ❸ رہبر ❹ رہ نما۔

**مقتدی** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ کسی کی پیروی کرنے والا ❷ پیرو ❸ مقلد ❹ پیچھے چلنے والا ❺ امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔

**مقتضا** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ چاہا گیا ❷ خواہش کیا گیا ❸ مجازاً ❹ مراد ❺ موقع ❻ مصلحت ❼ مناسب۔

**مقتضائے انصاف** (ء) تابع فعل ❶ ازروئے انصاف ❷ حسب انصاف ❸ انصافی طور پر۔

**مقتضائے وقت** (ء) تابع فعل ❶ حسب موقع ❷ مناسب وقت ❸ مصلحت وقت ❹ پولیسی۔

**مقتضی** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ خواہش کرنے والا ❷ چاہنے والا ❸ تقاضا کرنے والا۔

**مقتل** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ قتل کی جگہ ❷ مسلخ ❸ کمیلا ❹ آدمی کے جسم کی وہ جگہ جہاں زخم لگنے سے انسان زندہ نہ رہ سکے۔

**مقتول** (ء) اسم صفت مفعول ❶ قتل کیا گیا ❷ مارا گیا ❸ کشتہ مجازاً ❹ عاشق ❺ شیدا۔

**مقدار** (ء) اسم مونث ❶ اندازہ شمار ❷ وزن تول ❸ جسامت ❹ ڈیل ڈول ❺ میزان ❻ جوڑ حاصل ❼ مجموعہ ❽ تعداد۔

**مقدر** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ نوشتہ ازلی ❷ پہلے سے لکھا ہوا ❸ تقدیر کا لکھا ❹ وہ حروف جو عبارت میں نہ ہوں مگر ان کے معنی لئے جائیں ❺ (بصورت اسم مذکر) کرم ریکھا ❻ ہونی ❼ بھاگ ❽ پرالبد ❾ قسمت کا لکھا۔

**مقدر آزمانا** (ا) فعل ❶ تقدیر کی آزمائش کرنا ❷ نصیب کا امتحان کرنا۔

**مقدر برگشتہ ہونا** (ا) فعل ❶ قسمت بگڑنا ❷ تقدیر پلٹنا ❸ نصیب کا برگشتہ ہونا ❹ بھاگ پھوٹنا۔

**مقدر سامنے ہونا** (ا) فعل ❶ اقبال یاور ہونا ❷ تقدیر سیدھی ہونا ❸ قسمت یاور ہونا۔

**مقدس** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ پوتر کیا گیا ❷ پاک کیا گیا ❸ بے گناہ ❹ معصوم ❺ بزرگ ❻ پارسا ❼ فرشتہ خو۔

**مقدم** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ پیش کیا گیا ❷ آگے بڑھا ہوا ❸ آگے کیا گیا ❹ پہلا ❺ گزشتہ ❻ اگلا ❼ قدیم ❽ برتر ❾ اعلیٰ۔

**مقدم جاننا / سمجھنا** (ا) فعل ❶ اچھا جاننا ❷ لازم سمجھنا ❸ قابل ترجیح خیال کرنا ❹ کسی کام کو سب سے اول خیال کرنا۔

**مقدم ہونا** (ا) فعل ❶ کسی کام کا پہلے کرنا ❷ فرض اور ضروری ہونا۔

**مقدم** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ پاؤں رکھنے کی جگہ ❷ قدم رکھنے کا وقت ❸ تشریف آوری ❹ قدم رنجہ فرمانا۔

**مقدمات** (ء) اسم مذکر ❶ مقدمہ کی جمع ❷ مقدمے ❸ معاملے۔

**مقدمہ** (ء) اسم مذکر مفعول ❶ پیش کیا گیا ❷ آگے لایا گیا ❸ مجازاً ❹ ابتدا ❺ آغاز ❻ تمہید ❼ دیباچہ ❽ عنوان ❾ سرنامہ۔

**مقدمہ بازی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نالش والش ❷ عدالتی چارہ جوئی۔

**مقدمہ بنانا/اٹھانا** (ا) فعل ❶ جھوٹا دعوے بنانا ❷ جھگڑا کھڑا کرنا۔

**مقدور** (ء) اسم مذکر مفعول ❶ وہ چیز جس پر قدرت ہو ❷ طاقت ❸ سامرتھ ❹ مجال ❺ شکتی ❻ بل ❼ زور ❽ قوت ❾ حوصلہ۔

**مقدور بھر** (ا) تابع فعل ❶ جہاں تک ممکن ہو ❷ حتی الامکان ❸ حتی الوسع۔

**مقدور چلنا** (ا) فعل ❶ قابو چلنا ❷ بس چلنا ❸ زور چلنا۔

**مقدور سے باہر پاؤں رکھنا** (ا) فعل ❶ بساط سے بڑھ کر چلنا ❷ حیثیت سے باہر کام کرنا۔

**مقدور کی بات** (ا) اسم مونث ❶ دولت کی بات روپے کا کھیل ❷ ہوت کی بات۔

**مقدور نہ رکھنا** (ا) فعل ❶ مجال نہ ہونا ❷ تاب نہ رکھنا ❸ حوصلہ نہ رکھنا ❹ قابو نہ رکھنا ❺ ناچار ہونا ❻ بے بس ہونا ❼ نادار ہونا ❽ بے زر ہونا۔

**مقدور والا** (ا) اسم صفت ❶ دولتمند ❷ غنی ❸ مالدار ❹ امیر ❺ پونجی والا ❻ دھنونت۔

**مقدور ہونا** (ا) فعل ❶ حوصلہ ہونا ❷ مجال ہونا ❸ بس ہونا ❹ قابو ہونا ❺ مال و زر ہونا ❻ دولت ہونا ❼ گنجائش ہونا ❽ سائی ہونا ❾ طاقت ہونا۔

**مقر** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ اقرار کرنے والا ❷ اقراری ❸ اعتراف کرنے والا ❹ اقبالی۔ ماننے والا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

مقر ہونا (ا) فعل ❶ ماننا ❷ تسلیم کرنا ❸ اقراری ہونا ❹ اقرار کرنا ❺ اقبال کرنا۔

مقر (ع) اسم مذکر ظرف ❶ قرارگاہ ❷ ٹھیرنے کی جگہ ❸ مسکن ❹ استھان ❺ مقام ❻ آرامگاہ۔

مقراض (ع) اسم مونث ❶ کترنے کا آلہ ❷ قینچی ❸ کترنی۔

مقراضہ (ع) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا دوشاخہ تیر ❷ چراغ کا گل کترنے کی قینچی ❸ ایک قسم کا حلوا۔

مقرب (ع) اسم صفت ❶ بزرگی دیا گیا ❷ قریب کیا گیا ❸ قریب وال آدمی ❹ مصاحب خاص ❺ ہمراز ❻ منہ چڑھا ❼ ناک کا بال۔

مقرر (ع) اسم صفت فاعلی ❶ تقریر کرنے والا ❷ لیکچر دینے والا ❸ بولنے والا۔

مقرر (ع) اسم صفت مفعولی ❶ چکایا گیا ❷ منقطع کیا گیا ❸ بالمقطع ❹ ٹھیرایا گیا ❺ اقرار کیا گیا ❻ معین ❼ تعینات ❽ قول دیا گیا ❾ اقرار ومدار کیا گیا۔

مقرر کرنا (ا) فعل ❶ ٹھہرانا ❷ قایم کرنا ❸ متعین کرنا ❹ جگہ دینا ❺ نوکر رکھنا ❻ لگانا۔

مقرر ہونا (ا) فعل ❶ تجویز ہونا ❷ چکنا ❸ منقطع ہونا ❹ لگنا ❺ نوکر ہونا ❻ ملازمت ملنا۔

مقررہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ قرار دیا گیا ❷ قائم کیا گیا ❸ ٹھہرایا ہوا ❹ حسب دستور ❺ مروجہ ❻ معمولی ❼ مجوزہ۔

مقرری (ع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تعیناتی ❷ تقرری ❸ معاملہ ❹ جمع ❺ لگان ❻ تنخواہ ❼ طلب ❽ مشاہرہ ❾ وظیفہ۔

مقروض (ع) اسم صفت مفعولی ❶ وہ شخص جس نے قرضہ لیا ہوا ❷ دیندار ❸ قرضدار۔

مقسوم (ع) اسم صفت مفعولی ❶ بانٹا ہوا ❷ تقسیم کیا گیا ❸ علم حساب میں وہ عدد جس کو تقسیم کیا جائے ❹ (بحالت اسم مذکر) حصہ ❺ بخرہ ❻ نصیب ❼ بھاگ ❽ قسمت ❾ پرالبد۔

مقسوم جاگنا/ مقسوم چمکنا (ا) فعل ❶ دن پھرنا ❷ بھاگ کھلنا ❸ اقبال یاور ہونا ❹ بن آنا۔

مقسوم علیہ (ع) اسم مذکر ❶ بانٹنے والا عدد ❷ وہ عدد جس پر تقسیم کیا جائے۔

مقسوم کا لکھا (ا) اسم مذکر ❶ تقدیر کا لکھا ❷ کرم ریکھا ❸ کرم لیکھ۔

مقشر (ع) اسم صفت مفعولی ❶ چھلکا اتارا ہوا ❷ پوست اتارا ہوا ❸ چھیلا ہوا۔

مقصد (ع) اسم مذکر ظرف ❶ قصد کرنے کی جگہ ❷ مراد ❸ مطلب ❹ غرض ❺ نیت ❻ منصوبہ ❼ ارادہ۔

مقصد بر آنا (ا) فعل ❶ مراد پوری ہونا ❷ مطلب پورا ہونا۔

مقصر (ع) اسم صفت فاعلی ❶ کم رہنے والا ❷ کوتاہی کرنے والا ❸ قصوروار ❹ تقصیر اور کمی کرنے والا۔

مقصود (ع) اسم صفت مفعولی ❶ قصد کیا گیا ❷ مجازاً ❸ غرض ❹ مدعا ❺ مطلب ❻ موقوف ❼ منحصر۔

مقصور (ع) اسم صفت مفعولی ❶ قصر کیا گیا ❷ کم کیا گیا ❸ چھوٹا کیا گیا۔

مقصورہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ وہ الف جس پر مد نہ ہو ❷ گھٹایا گیا ❸ کم کیا گیا ❹ چھوٹا کیا ہوا۔

مقطع (ع) اسم صفت مفعولی ❶ قطع کی ہوا ❷ کاٹا ہوا ❸ چھانٹا ہوا ❹ زوائد سے صاف کیا ہوا ❺ مجازاً سنجیدہ ❻ گھمبیر ❼ معتبر ❽ ثقہ ❾ شائستہ۔

مقطع (ع) اسم مذکر ظرف ❶ ختم ہونے کی جگہ ❷ غزل یا قصیدے کا آخری شعر ❸ جس میں شاعر کا تخلص ہو۔

مقطع کا بند (ا) اسم مذکر ❶ شاعر کے تخلق والا نظم کا آخری بند ❷ وہ فخریہ فقرہ یا کلام جو بار بار زبان پر لایا جائے ❸ شیخی باز کا تکیہ کلام۔

مقطعات (ع) اسم مذکر ❶ چھوٹے چھوٹے ریشمی کپڑے ❷ ہلکے وزن کے اشعار ❸ بحر رجز کے شعر۔

مقعد (ع) اسم مونث ظرف ❶ بیندا ❷ پینڈی ❸ نشستگاہ کی جگہ ❹ دبر ❺ کون ❻ پاخانے کی جگہ۔

مقعر (ع) اسم صفت مفعولی ❶ ڈونگا ❷ گہرا ❸ گڑھا ❹ کھودا ہوا ❺ قعر کیا گیا۔

مقفل (ع) سم صفت مفعولی ❶ تالا دیا ہوا ❷ بند ❸ قفل لگایا ہوا۔

مقفل کرنا (ع) فعل ❶ تالا لگانا ❷ قفل لگانا ❸ بند کرنا ❹ جندرا مارنا۔

مقفے (ع) اسم صفت مفعولی ❶ قافیہ دار بنایا ہوا ❷ تک بندی کیا ہوا ❸ قافیہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

دار۔

**مقلب** (ع) اسم صفت فاعلی (1) ہٹا دینے والا (2) پلٹ دینے والا (3) بدل ڈالنے والا (4) پھیر دینے والا۔

**مقلب القلوب** (ع) اسم صفت (1) دلوں کو پھیر دینے والا (2) ارادہ بدل دینے والا (3) خدائے تعالٰی۔

**مقلد** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تقلید کرنے والا (2) پیرو (3) پیروی کرنے والا (4) مرید (5) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں اماموں میں سے کسی ایک کو مانتا ہو (6) غیر مقلد کی ضد۔

**مقلوب** (ع) اسم صفت مفعولی (1) الٹا ہوا (2) پلٹا ہوا (3) علم بیان میں ایک صفت کا نام ہے (4) جس کی عبارت الٹی سیدھی یکساں پڑھی جائے۔

**مقناطیس** (یونانی) اسم مذکر (1) ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو اٹھا لیتا ہے (2) سنگ آہن ربا۔

**مقنعہ** (ع) اسم مذکر (1) منہ پر ڈالنے کا کپڑا (2) پردہ (3) نقاب (4) گھونگھٹ (5) برقعہ۔

**مقود** (ع) اسم مونث (1) رسی (2) ڈوری (3) باگ ڈور (4) کشتی کا رسا (5) جہاز کا رسا۔

**مقولہ** (ع) اسم مذکر (1) دوسرے کا قول (2) بات (3) کہاوت (4) بچن (5) کہن (6) سخن (7) ضرب المثل۔

**مقوی** (ع) اسم صفت فاعلی (1) طاقت دینے والا (2) قوت بخشنے والا۔

**مقوی باہ** (ع) اسم مونث (1) شہوت بڑھانے والی دوا (2) باہ کو بڑھانے والی دوا۔

**مقیاس** (ع) اسم مذکر آلہ (1) اندازہ لگانے کا آلہ (2) پیمانہ (3) گھڑی کی سوئی (4) اندازہ۔

**مقیاس الحرارت** (ع) اسم مذکر (1) گرمی کا اندازہ معلوم کرنے کا آلہ (2) تھرمامیٹر۔

**مقیاس الماء** (ع) اسم مذکر (1) پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ لگانے کا آلہ (2) پنسال۔

**مقیاس الموسم** (ع) اسم مذکر (1) ہوا کا وزن یا موسموں کا تغیر و تبدل (2) معلوم کرنے کا آلہ (3) بیرومیٹر۔

**مقیاس الہوا** (ع) اسم مذکر (1) بیرومیٹر (2) ہوا کی رطوبت اور طوفان کی آمد معلوم کرنے کا آلہ۔

**مقید** (ع) اسم صفت مفعولی (1) قید کیا گیا (2) قیدی (3) اسیر (4) پابند۔

**مقیش** (ا) اسم مذکر (1) وبکا ہوا چاندی یا سونے کا تار (2) بادلہ (3) سونے یا چاندوں کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا (4) زربفت۔

**مقیشی** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی (1) زری کا (2) بادلہ کا (3) زربفت (4) چاندی یا سونے کے تاروں کا۔

**مقیم** (ع) اسم صفت (1) رہنے والا (2) ٹھہرنے والا (3) اقامت کرنے والا (4) اترنے والا (5) قائم (6) قیام پذیر (7) سبزی منڈی کا آڑھتی (8) سبزی کا تھوک فروش۔

**مقیم ہونا** (ا) فعل (1) رہنا (2) بسنا (3) ٹھہرنا (4) اقامت کرنا (5) اترنا (6) فروکش ہونا۔

## م ← ک

**مکا** (ہ) اسم مذکر (1) مکئی کا اسم مکبر (2) بڑی موٹی مکئی (3) بڑی جوار۔

**مکا** (ہ) اسم مذکر (1) ڈک (2) گھونسا (3) دھموکا (4) مشت۔

**مکا لگانا/مارنا** (ہ) فعل (1) گھونسا لگانا (2) ڈک لگانا (3) ڈک جڑنا۔

**مکابرہ** (ع) اسم مذکر غرور (1) شیخی (2) گھمنڈ (3) جھگڑا (4) ٹنٹا (5) لڑائی (6) مقابلہ (7) مجادلہ۔

**مکاتب** (ع) اسم مذکر۔ وہ غلام جس سے لکھت کر لی ہو کہ جب اتنے روپے ادا کر دے گا تو آزاد ہو جائے گا۔

**مکاتب** (ع) اسم مذکر ظرف (1) مکتب کی جمع (2) بہت سے مدرسے یا مکتب۔

**مکاتبت** (ع) اسم مونث (1) لکھت پڑھت (2) خط و کتابت (3) باہم خط و کتابت کرنا۔

**مکار** (ع) اسم صفت مبالغہ (1) بہت مکر کرنے والا (2) چھلیا (3) فریبی (4) دغاباز (5) عیار (6) دھوکے باز۔

**مکارم** (ع) اسم مذکر مکرمت کی جمع (1) بزرگیاں (2) عنائتیں (3) نوازشیں (4) مہربانیاں (5) قابل تعریف کام (6) خوبیاں۔

**مکاری** (ع) اسم مونث بیائے مصدری (1) دھوکے بازی (2) پاکھنڈ (3) چلتر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بازی ④ فریب دغابازی۔

مکاشفت (ع) اسم مونث ① بھید کھولنا ② افشائے راز کرنا ③ انکشاف ④ غیبی بھیدوں کا جاننا۔

مکاشفہ (ع) اسم مذکر ① رازوں کا ظاہر ہونا اولیاء اللہ کو غیبی باتوں کا معلوم ہو جانا ② کشف کرامات۔

مکافات (ع) اسم مونث ① باہم برابر ہونا ② معاوضہ ③ عوض ④ بدلہ ⑤ ڈنڈ ⑥ جرمانہ ⑦ پاداش ⑧ سزا ⑨ جزا۔

مکافات کو پہنچنا / مکافات ملنا (ا) فعل ① کئے کی سزا پانا ② سزا ملنا ③ پھل پانا۔

مکالمہ (ع) اسم مذکر ① ہم کلام ہونا ② بات چیت گفتگو ③ ڈراما ④ ناٹک ⑤ ہمکلامی۔

مکان (ع) اسم مذکر ① رہنے کی جگہ ② گھر ③ مسکن۔

مکان بیٹھنا (ا) فعل۔ بارش یا زلزلہ وغیرہ سے مکان کا گر جانا۔

مکان دار (ف) اسم مذکر فاعلی ① گھر والا ② گھر کا مالک ③ تکیہ دار درویش ④ خانقاہ کا خادم۔

مکانات (ع) اسم مذکر ① مکان کی جمع ② بہت سے مکان۔

مکائد (ع) اسم مذکر ① مکیدہ کی جمع ② فریب ③ مکر ④ مغالطہ ⑤ چھل بٹا۔

مکتی (ہ) اسم مذکر ① رہائی ② نجات ③ چھٹکارا۔

مکتب (ع) اسم ظرف مذکر ① لکھنے کی جگہ ② کتاب پڑھنے کی جگہ ③ مدرسہ ④ پاٹ شالا ⑤ سکول ⑥ درس گاہ۔

مکتب خانہ (عف) اسم مذکر ظرف ① مدرسہ ② سکول ③ لڑکوں کے لکھنے پڑھنے کی جگہ۔

مکتوب (ع) اسم مذکر مفعول ① لکھا ہوا ② خط چٹھی ③ مرقوم ④ (بحالت اسم مذکر) خطوں کا طومار جو لڑکوں کو پڑھانے کی مشق کے لئے جوڑ لیا کرتے ہیں۔

مکتوب الیہ (ع) اسم مذکر ① جس کی طرف خط لکھا جائے ② چٹھی پانے والا۔

مکتوم (ع) اسم صفت مفعولی ① چھپا ہوا ② مخفی ③ پوشیدہ ④ مجازاً ⑤ بھید ⑥ راز۔

مکٹ (ہ) اسم مذکر ① مور سا کا تاج ② وہ ٹوپی یا تاج جو ہندوؤں میں دولہا کے سر پر رکھتے ہیں۔

مکدر (ع) اسم صفت مفعولی ① کدورت والا ② گدلا ③ میلا ④ ملول ⑤ ناراض ⑥ غمگین ⑦ رنجیدہ۔

مکر (ع) اسم مذکر ① چھل ② بھیس ③ حیلہ ④ بہانہ ⑤ فریب ⑥ دغا ⑦ دھوکا ⑧ کید ⑨ بہروپ۔

مکر چکر (ا) اسم مونث ① دغا ② دھوکا ③ فریب۔

مکر چکر کی کہانی / آدھا تیل آدھا پانی (ہ) مثل۔ فریب کی باتوں میں آدھا سچ آدھا جھوٹ ہوتا ہے۔

مکر کرنا (ا) فعل ① پاکھنڈ مچانا ② فریب کرنا ③ دھوکا دینا ④ چھل کرنا ⑤ بتا دینا۔

مکرانا (ا) فعل ① جھٹلانا ② جھوٹا ثابت کرنا ③ سچے کو جھوٹا بنانا ④ انکار کرانا۔

مکر جانا / مکرنا (ہ) فعل ① انکار کر دینا ② قول سے پھر جانا ③ دوسرے کا مال مار لینا ④ بے ایمانی کرنا ⑤ خیانت کرنا۔

مکرونی (ای) اسم مذکر۔ آٹے کے بنے ہوئے سیو جو پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

مکرر (ع) تابع فعل ① دوبارہ ② پھر ③ بار دیگر۔

مکرر سکرر (ا) تابع فعل ① دوبارہ ② سہ بارہ ③ کئی دفعہ ④ بار بار ⑤ ہر پھر کر ⑥ پھر پھر کر۔

مکرم (ع) اسم صفت مفعولی ① تکریم کیا گیا ② عزت کیا گیا ③ بزرگ ④ قابل عزت ⑤ قابل تعظیم ⑥ معزز۔

مکرم بندہ (عف) اسم مذکر ① بندہ پرور ② قابل تعظیم بزرگ ③ جناب والا ④ جناب من ⑤ بزرگوں کا القاب۔

مکرمت (ع) اسم مونث ① مہربانی ② بزرگی ③ عنایت ④ نوازش۔

مکروہ (ع) اسم صفت مفعولی ① نفرت کیا گیا ② بھونڈا ③ گھناؤنا ④ ناپسند ⑤ برا ⑥ بدنما ⑦ شرعاً ناجائز چیز ⑧ وہ چیز جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہوں۔

مکروہ تحریمہ (ع) اسم مذکر ① وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو ② بالکل ناجائز۔

Join us On Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**مکروہات** (ع) اسم مونث (1) مکروہ کی جمع (2) گھناؤنی چیزیں (3) نفرت والی اشیاء (4) واہیات (5) بے ہودہ باتیں یا کام (6) دنیاوی جھگڑے بکھیڑے۔

**مکڑ** (ہ) اسم مذکر (1) مکڑی سے اسم مکبر (2) بڑی مکڑی۔

**مکڑانا** (ہ) فعل (1) اترانا (2) تکبر کرنا (3) غرور کرنا (4) اکڑ کر چلنا۔

**مکڑنا** (ہ) فعل (1) اکڑنا (2) غرور کرنا (3) اینٹھنا۔

**مکڑی** (ہ) اسم مونث (1) مکڑ کی مادہ (2) ایک قسم کے کیڑے کا نام ہے (3) جو اپنے منہ کے لعاب سے جالا تنتا اور مکھیاں پکڑ کر کھاتا ہے (4) عنکبوت۔


مکڑی

**مسکچر** (ای) اسم صفت (1) آمیزش (2) دواؤں کا سیال مرکب۔

**مکسر** (ع) اسم صفت مفعولی (1) کسر کیا گیا (2) ٹوٹا ہوا (3) شکستہ (4) معکب۔

**مکسور / مکسورہ** (ع) اسم مذکر (1) کسرہ دیا گیا (2) وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو (3) مفرد کسر۔

**مکشوف** (ع) اسم صفت مفعولی (1) ظاہر شدہ (2) کھولا گیا (3) واضح ظاہر۔

**مکفول** (ع) اسم صفت مفعولی (1) ضمانت میں دیا ہوا (2) کفالت میں دیا گیا (3) آڑ رکھا گیا (4) گرور کھا ہوا۔

**مکلاوہ** (ہ) اسم مذکر (1) شادی کے بعد دلھن کی رخصت (2) وداع (3) گونا (4) چالا۔

**مکلّف** (ع) اسم صفت مفعولی (1) آراستہ (2) سجا ہوا (3) بھڑکیلا (4) تکلف کا (5) مزین (6) سجا سجایا (7) تکلیف دیا گیا۔

**مکلّف** (ع) اسم صفت فاعلی (1) تکلیف دینے والا (2) بلانے والا (3) دعوت کرنے والا (4) کسی تقریب کی شمولیت کے لئے تکلیف دینے والا۔

**مکلل** (ع) اسم صفت مفعولی (1) تاج رکھا گیا (2) تاجدار (3) ملمع کیا گیا (4) چمکایا گیا (5) چمکدار (6) چمکیلا۔

**مکمل** (ع) اسم صفت مفعولی (1) پورا کیا گیا (2) کامل کیا گیا (3) پورا (4) ثابت (5) تمام (6) کل (7) کامل (8) سنپورن۔

**مکنون** (ع) اسم صفت مفعولی (1) چھپا ہوا (2) مخفی (3) پوشیدہ (4) سربستہ۔

**مکنون خاطر** (ع) اسم مونث (1) دل کی پوشیدہ اور مخفی باتیں (2) مرکوز خاطر۔

**مکو** (ہ) اسم مونث۔ ایک بوٹی کا نام یا اس کا پھل۔

**مکوڑا** (ہ) اسم مذکر (1) بڑا چیونٹا (2) بڑا کیڑا (3) کیڑے کا مرادف بھی ہے (4) مجازاً (5) دبلا (6) تیز (7) ناتواں۔

**مکول** (ہ) اسم مونث (1) ایک قسم کی سفید (2) پہاڑی کھڑیا مٹی۔

**مکھ** (ہ) اسم مذکر (1) منہ (2) دہن (3) دہانہ (4) خم

**مکھ بند** (ا) اسم مذکر۔ گھوڑے کی ایک بیماری کا نام۔

**مکہ** (ع) اسم مذکر (1) عرب کے ایک مشہور شہر کا نام کعبہ (2) کعبۃ اللہ (3) حج کرنے کا مقام۔

**مکہ میں رہتے ہیں پر حج نہیں کیا** (ا) مثل (1) نیک جگہ رہ کر بھی نیکی نہ کی (2) اچھی صحبت میں رہ کر بھی نیک کام نہ کئے۔

**مکھا** (ہ) اسم مذکر (1) مکھی کا نر (2) مکھی سے اسم مکبر (3) بڑی مکھی۔

**مکھانا** (ہ) اسم مذکر۔ کنول کے پھول کا سوکھا ہوا بیج۔

**مکھڑا** (ہ) اسم مذکر (1) پیارا چہرہ (2) خوبصورت چہرہ۔

**مکھن** (ہ) اسم مذکر (1) کچا گھی بن تایا گھی (2) مسکہ۔

**مکھن نکالنا** (ہ) فعل۔ دہی یا کچے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا۔

**مکھنا / مکنا** (ہ) اسم مذکر (1) بن دانت کا ہاتھی (2) ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے (3) بن خار کا مرغ (4) وہ مرغ جس کے خار نہ نکلے ہوں یا ٹوٹ گئے ہوں۔

**مکھنیا** (ہ) اسم مذکر فاعل (1) مکھن فروش (2) مکھن بیچنے والا۔

**مکھی** (ہ) اسم مونث (1) مگس (2) بندوق کا وہ ابھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگا۔


مکھی

**مکھی چوس** (ہ) اسم صفت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

فاعل ❶ نہایت بخیل ❷ پرلے درجے کا کنجوس۔

**مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا** (ہ) فعل۔ چھوٹی باتوں میں ایمانداری جتانا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا۔

**مکھی کا چھینک جانا** (ہ) فعل ❶ (مذاقیہ) بدشگونی ہو جانا ❷ کسی بدشگونی کا پیش آجانا ❸ بلی کا چھینک جانا ❹ بھی اسی معنی میں بولتے ہیں۔

**مکھی کی طرح نکال ڈالنا** (ا) فعل ❶ بالکل تعلق نہ رکھنا ❷ دودھ میں سے مکھی کی طرح نکال پھینکنا۔

**مکھی کی مکھی مارنا** (ہ) فعل ❶ پوری طرح نقل کرنا ❷ بے سمجھے سوچے نقل کرنا۔

**مکھی مار** (ہ) اسم مذکر ❶ مکھی کو جان سے مار ڈالنے والا ❷ مکروہ آدمی ❸ وہ شخص جسے دیکھ کر نفرت آئے ❹ جوں کی توں بے سمجھے نقل کرنے والا ❺ ایک مکھیوں کو مار کر کھانے والے کیڑے کا نام بھی ہے ❻ مکھیاں اڑانے کی چھڑی۔

**مکھی مار بڑا چمار / مکھی مار چوہڑا چمار** (ہ) مثل ❶ نہایت قابل نفرت ❷ بہت گھناؤنا ❸ چوہڑوں چماروں سے بدتر غریبوں کو ستانے والا ❹ نہایت کمینہ۔

**مکھیا / مکھی** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ چوہدری ❷ سرغنہ ❸ سرگروہ ❹ سردار ❺ نمبردار ❻ بانی ❼ مبانی ❽ پیشوا۔

**مکھیاں اڑانا** (ہ) فعل ❶ مکھیاں دور کرنا ❷ نہایت خوشامد سے مکھیاں جھلنا ❸ بیکار رہنا ❹ مندا ہونا ❺ خالی رہنا ❻ آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا ❼ نیم کی ٹہنی ہاتھ میں لینا اعلیٰ درجہ کا نشانہ مارنا ❽ نشانے سے مکھی تک مار ڈالنا۔

**مکھیاں بھنکنا** (ہ) فعل ❶ مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا ❷ مکھیوں کا جمع ہو جانا ❸ گھناؤنا ہونا ❹ سخت قابل نفرت ہونا ❺ گھناؤنا ہونا ❻ سخت قابل نفرت ہونا ❼ سرد بازاری ہونا ❽ مندا ہونا۔

**مکھیاں جھلنا** (ہ) فعل ❶ چنور کرنا ❷ مکھیاں ہٹانا ❸ بیکار ہونا ❹ خالی ہونا ❺ مندا ہونا ❻ سرد بازاری ہونا ❼ آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا ❽ ٹہنی ہلانا۔

**مکھیاں مارنا** (ہ) فعل ❶ خالی رہنا ❷ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا ❸ بے شغل رہنا ❹ کساد بازاری ہونا۔

**مکھیر** (ہ) اسم مذکر ❶ شہد ❷ انگبین ❸ عسل۔

**مکھیوں کا چھتا** (ہ) اسم مذکر ❶ بہت سی مکھیوں کا جھنڈ ❷ شہد کا چھتا ❸ مہال۔

**مکی** (ہ) اسم مونث ❶ مکا کی تانیث ❷ مٹھی مشت ❸ جسم کی مالش۔

**مکی دینا** (ہ) فعل ❶ آٹا گوندھنا ❷ آٹے میں پانی ملا کر مکی سے اسے ملائم کرنا۔

**مکی لگانا** (ہ) فعل ❶ آٹے کو ملائم کرنا ❷ کمیانا ❸ چپی کرنا ❹ ہاتھ پاؤں دبانا ❺ مٹھیاں بھرنا۔

**مکئی** (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کی موٹی جوار جو بھٹے سے نکلتی ہے ❷ ایک غلہ کا نام ہے۔

**مکینکس** (ای) اسم مذکر ❶ مشینوں کا علم ❷ علم جرثقیل۔

**مکینیکل انجینئر** (ای) اسم مذکر ❶ مشینوں کے علم کا ماہر ❷ علم جرثقیل کا پورا پورا واقف۔

**مکین** (ع) اسم مذکر ❶ مکاندار ❷ صاحب خانہ ❸ مکان میں رہنے والا ❹ ساکن ❺ قائم ❻ مقیم۔

**مکین ہونا** (ا) فعل ❶ رہنا ❷ مقام کرنا ❸ آباد ہونا ❹ بسنا ❺ ٹھہرنا۔

**مکینل ورکس** (ای) اسم مذکر۔ وہ کارخانہ جہاں مشینوں کا کام ہوتا ہے۔

## م ← گ

**مگ** (ہ) اسم مذکر ❶ راہ ❷ باٹ ❸ ڈگر ❹ رستہ ❺ سڑک ❻ راستہ ❼ انتظار ❽ وہ کبوتر جو جنگلی کبوتر کی مادہ کو اڑا کر اپنے گھر لے آئے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مگ دیکھنا (ہ) فعل ① انتظار کرنا ② راہ دیکھنا ③ منتظر رہنا۔

مگد کے لڈو (ہ) اسم مذکر۔ گھی میدے اور کھانڈ کے ایک قسم کے لڈو جو ہندو لوگ کسی کے مرنے پر تقسیم کیا کرتے ہیں۔

مگدر (ہ) اسم مذکر۔ ورزش کے لئے ہلانے کی گاؤدم خرادی ہوئی لکڑی کی موگری۔

مگدر ہلانا (ہ) فعل ① موگری ہلانا ② موگریاں پھیرنا ③ مگدروں کی جوڑی گھمانا۔

مگر (ف) حرف استدراک ① پر ② لیکن ③ الا ④ سوا ⑤ ماسوا ⑥ بجز ⑦ البتہ ⑧ ہاں ⑨ بے شک ضرور۔

مگرا (ہ) اسم صفت ① مکار ② گھنا ③ چندرا ④ اپنے غرور و تکبر میں کسی بات نہ سننے والا ⑤ مغرور ⑥ متکبر ⑦ گھمنڈی ⑧ کام چور ⑨ کاہل۔

مگراپن (ہ) اسم مذکر مصدری ① مکاری ② گھنا پن ③ ڈھٹائی ④ سرکشی ⑤ تمرد ⑥ غرور ⑦ تکبر۔

مگرمچھ (ہ) اسم مذکر ① گھڑیال ② نہنگ۔

مگرمچھ کے آنسو (ا) اسم مذکر ① جھوٹ موٹ کے آنسو ② ٹسوے۔

مگس (ف) اسم مونث ① مکھی ② ماکھی۔

مگس راں (ف) اسم مذکر ① مورچھل ② چنور ③ چنوری۔

مگس رانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① چنوری کرنے کی خدمت ② مکھیاں اڑانے کی نوکری۔

مگسی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① مکھی کے رنگ کا ② سیاہی مائل رنگ ③ گھوڑے کے ایک خاص رنگ کا نام۔

مگن (س) اسم صفت ① پرسن ② انند ③ خوش ④ شاد ⑤ مست ⑥ بے خود ⑦ غرق ⑧ محو ⑨ مستغرق۔

مگھم (ہ) اسم صفت ① ذو معنی بات ② مخفی ③ پوشیدہ ④ مبہم کا بگاڑ ہے ⑤ خفیہ ⑥ درپردہ ⑦ جواریوں کی اصطلاح میں برابر سرابر ⑧ ہار نہ جیت۔

م ← ل

مل (ف) اسم مونث ① شراب ② داروے ③ بادہ۔

مل (ہ) حرف استثنا ① مگر ② پر ③ لیکن ④ الغرض ⑤ قصہ کوتاہ ⑥ الحاصل۔

مل (س) اسم مذکر ① پہچانہ ② میلا ③ چرک ④ فضلہ ⑤ پہلوان ⑥ کشتی گیر ⑦ دوغلا کھتری ⑧ تلچھٹ ⑨ گاؤ۔

مل (ای) اسم مونث ① کپڑے اور تیل وغیرہ کا کارخانہ ② فیکٹری ③ چکی۔

ملاء (ع) اسم مذکر ① سردار ② سرگروہ ③ اشراف لوگ۔

ملا (ع) اسم صفت ① بھرا ہوا ② پر ③ مالا مال ④ مملو ⑤ کھلا ⑥ آشکار ⑦ ظاہر۔

ملا (ع) اسم صفت ① بہت لکھنے والا ② املا کرنے والا ③ عالم ④ فاضل ⑤ بہت پڑھا ہوا ⑥ فقیہ ⑦ مسجد میں رہنے والا ⑧ نماز پڑھانے والا ⑨ بچوں کو پڑھانے والا۔

ملا کی دوڑ مسجد تک (ا) مثل ① ہر شخص کی رسائی اپنی مقدور اور حوصلے تک ہوتی ہے ② جہاں تک کسی کی دسترس ہو ③ اس سے آگے نہیں جا سکتا۔

ملا کی داڑھی تبرک ہی میں گئی (ا) مثل۔ بے سود اور بے فائدہ خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

ملا کی ماری حلال (ا) مثل۔ بڑوں کا برا کام بھی اچھا سمجھا جاتا ہے۔

ملا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی (ا) مثل۔ کوئی ضروری کام کسی خاص شخص کے نہ ہونے سے رک نہیں سکتا۔

ملاگری (عف) اسم مونث ① پڑھانا ② معلمی ③ مدرسی۔

ملاپ (ہ) اسم مذکر ① میل جول ② اتفاق ③ صلح صفائی ④ باہمی رضامندی ⑤ وصل ⑥ وصال ⑦ سنجوگ ⑧ محبت ⑨ دوستی۔

ملاپ دار / ملاپی (ا) اسم مذکر ترکیبی ① جان پہچان ② ملاقاتی ③ بیٹھنا ④ شکار ⑤ دوست ⑥ آشنا۔

ملاپ رکھنا (ہ) فعل ① سلوک رکھنا ② آشتی رکھنا ③ صلح رکھنا۔

ملاپ کروانا (ہ) فعل ① تصفیہ کروانا ② صلح کرانا ③ صفائی کرانا۔

ملاپ ہونا (ہ) ہونا ① صفائی ہونا ② صلح ہونا۔

ملا جلا (ہ) اسم صفت مفعولی ① گڈمڈ ② رلا ملا ③ مخلوط۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...7218

ملاجلار رہنا (ہ) فعل ① سلوک سے رہنا ② مل جل کر رہنا ③ پیار محبت سے رہنا۔

ملاح (ع) اسم مذکر ① کشتی چلانے والا ② کشتی بان ③ کھویا ④ ناؤ خدا ⑤ ناخدا۔

ملاحظہ (ع) اسم مذکر ① لغوی کن آنکھوں دیکھنا ② معائنہ کرنا ③ التفات کرنا ④ غور ⑤ توجہ ⑥ مروت ⑦ پاسداری ⑧ لحاظ ⑨ سامنے پیش۔

ملاحظہ سے گزرنا (ا) فعل ① دیکھنے میں آنا ② نظر سے گزرنا۔

ملاحظہ کرنا (ا) فعل ① دیکھنا ② لحاظ کرنا ③ پاسداری کرنا ④ پڑتال کرنا ⑤ جانچنا ⑥ مطالعہ کرنا۔

ملاحظہ میں آنا (ا) فعل ① نظر سے گزرنا ② کسی افسر کی نظر سے گزرنا ③ لحاظ میں آنا۔

ملاحظہ میں ہونا/ملاحظہ ہونا (ا) فعل۔ کاغذات کے حاکم کی پیشی میں ہونا۔

ملاحی (ع) اسم مونث ① ملاح کا پیشہ ② ملاح کی اجرت ③ مبہم گالی جس میں کسی کا نام لیا جائے۔

ملاحی سنانا (ا) فعل ① گالی گلوچ کرنا ② لعنت ملامت کرنا ③ مغلظات سنانا ④ بغیر نام سے گالی دینا۔

ملاحی کی ملاحی دی بانس کے بانس کھائے (ا) مثل۔ چیز بھی کھوئی اور مار بھی کھائی۔

ملاحی گالی (ا) اسم مونث ① فحش گالی ② سخت گالی ③ بغیر نام لئے گالی ④ بازاری گالی۔

ملادلا/ملادلا ہوا (ہ) اسم صفت مفعولی ① کام میں لایا ہوا ② مستعمل ملا ہوا ③ مساس کیا ہوا۔

ملار (ہ) اسم مذکر ① برسات کے موسم کا گیت میگھ راگ کی چوتھی راگنی ② خوشی کا گیت ملہار۔

ملار گانا (ہ) فعل ① برساتی گیت گانا ② آنند منانا ③ خوشی منانا ④ خوشی کا راگ گانا۔

ملازم (ع) اسم مذکر فاعل ① پیوستہ رہنے والا ② پاس رہنے والا ③ اصطلاحاً ④ نوکر ⑤ خادم ⑥ ٹہلوا ⑦ خدمتگار ⑧ اہلکار ⑨ پیش خدمت۔

ملازم خاص (ع) اسم مذکر ① نج کا نوکر ② اپنا خاص آدمی۔

ملازمہ سرکار (عف) اسم مذکر ① شاہی نوکر ② نوکری چاکری۔

ملازمت اختیار کرنا (ا) فعل ① نوکر ہونا ② نوکری قبول کرنا ③ نوکری چاکری پسند کرنا۔

ملازمت پیشہ (ا) اسم مذکر ① وہ آدمی جس کا پیشہ ملازمت ہو ② نوکریاں کرنے والا ③ نوکری پیشہ۔

ملازمت حاصل کرنا (ا) فعل ① کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا ② باریاب ہونا ③ حاضر ہونا ③ ملاقات کرنا۔

ملاطفت (ع) اسم مونث ① مہربانی ② کرم ③ کرپا ④ دیا ⑤ لطف و کرم ⑥ عنایت ⑦ نوازش ⑧ نیکی ⑨ بھلائی۔

ملاطفہ (ع) اسم مذکر ① نیکی ② بھلائی ③ مجاز ④ چٹھی ⑤ رقعہ ⑥ عنایت ⑦ نامہ ⑧ مکتوب یعنی باہم جڑے خطوں کا طومار۔

ملاقات (ع) اسم مونث ① باہم ملنا ② آنا جانا ③ میل ملاپ ④ ربط ضبط ⑤ ایک دوسرے سے ملنا ⑥ صحبت ⑦ وصل ⑧ صحبت داری ⑨ ہم بستری۔

ملاقات بازدید (عف) اسم مونث ① واپسی ملاقات ② اخیر ملاقات ③ ملاقات دوئم یعنی اپنے ہاں مل لینے کے بعد دوسری دفعہ اسی شخص کے مکان پر جا کر ملنا ④ ملاقات کرنا۔

ملاقات کرنا (ا) فعل ① ملنا ② دوستی کرنا ③ درشن کرنا ④ زیارت ⑤ وصل کرنا ⑥ ہمبستری کرنا۔

ملاقاتی (ا) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① ملنے والا ② صاحب سلامتی ③ جان پہچان ④ یار ⑤ آشنا۔

ملاقی (ع) اسم مذکر فاعل ① ملاقات کرنے والا ② ملنے والا۔

ملال (ع) اسم مذکر ① رنج ② الم ③ غم ④ فکر ⑤ اداسی ⑥ طبیعت کا اکتانا ⑦ تھکان ⑧ کلفت۔

ملالت (ع) اسم مونث ① اداسی ② رنج ③ کلفت۔

ملالینا (ہ) فعل ① گانٹھ لینا ② شامل کر لینا ③ شریک کر لینا ④ ہمراز بنا لینا ⑤ مخالف آدمی کو اپنی طرف کر لینا ⑥ مرکب کر لینا ⑦ آمیز کر لینا ⑧ باہمی پڑتال کر لینا ⑨ مقابلہ کر لینا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140...218

**ملامت** (ع) اسم مونث ① سرزنش ② جھڑک ③ ڈانٹ ڈپٹ ④ برا بھلا ⑤ الاہنا ⑥ لعن طعن۔

**ملامتی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① لعنتی ② مردود ③ قصوروار ④ گنہگار ⑤ فقیروں کا ایک فرقہ جو اپنا ہنر دکھلاتے نہیں اور عیب چھپاتے نہیں۔

**ملانا** (ہ) فعل ① مقابلہ کرنا ② مطابقت کرنا ③ فرق نکالنا ④ گڈ مڈ کرنا ⑤ مرکب کرنا ⑥ مخلوط کرنا ⑦ آمیز کرنا ⑧ سانا ⑨ شامل کرنا۔

**ملانہ** (ا) اسم مذکر ① ملا کی تصغیر با حقارت ② ملا جیسا ③ مسجد میں بیٹھنے والا ④ سادہ لوح ⑤ صرف دین کی باتیں جاننے والا ⑥ پکا دیندار ⑦ شرع کا پابند۔

**ملانی** (ا) اسم مونث بیائے تانیث ① ملا کی مونث ② ملا کی بیوی ③ معلمہ ④ استانی۔

**ملاؤ** (ا) اسم مذکر ① حاصل مصدر از ملانا ② ملاوٹ ③ کھوٹ ④ آمیزش۔

**ملائی** (ع) اسم مونث ① دودھ کے اوپر کی پپڑی ② بالائی ③ دودھ کا جوہر ④ (بصورت اسم معاوضہ مونث) مالش کی اجرت ⑤ گھوڑے وغیرہ کی مالش۔

**ملائیاں اڑانا / ملائیاں چٹ کرنا / ملائیاں کھانا** (ہ) فعل ① چٹور پن کرنا ② تر مال کھانا ③ مال چیرنا ④ کسی کا مال کھا جانا۔

**ملائک / ملائکہ** (ع) اسم مذکر ① ملک کی جمع ② فرشتے۔

**ملائم** (ع) اسم صفت ① لغوی معنی لائق ② جوگ ③ مناسب ④ مجازاً نرم ⑤ پلپلا ⑥ بردبار ⑦ حلیم ⑧ نازک ⑨ پتلا ہلکا۔

**ملائم کرنا** (ا) فعل ① غصہ فرو کرنا ② ٹھنڈا کرنا ③ دھیما کرنا ④ نرم کرنا ⑤ نرمانا۔

**ملائمت** (ع) اسم مونث ① موافقت ② مطابقت ③ نرمی ④ نزاکت ⑤ لاغری۔

**ملبا / ملبہ** (ہ) اسم مذکر ① میل مٹی ② کوڑا کرکٹ ③ خس و خاشاک ④ گرے ہوئے مکان کی مٹی وغیرہ سرکاری ملازموں کی آؤ بھگت کے واسطے کاشتکاروں سے وصول کی ہوئی زاید از لگان رقم۔

**ملبب** (ع) اسم صفت مفعولی ① بھرا ہوا ② پر ③ لبالب بھرپور ④ لبریز ⑤ منہا منہ۔

**ملبوس** (ع) اسم مذکر مفعول ① پہنے ہوئے کپڑے ② اترن ③ اتارے ہوئے کپڑے ④ پہننے کے کپڑے۔

**ملبوسات** (ع) اسم مذکر ① ملبوس کی جمع ② جوڑے ③ پوشاکیں۔

**مل بیٹھنا** (ہ) فعل ① سلوک سے رہنا ② محبت سے بیٹھنا ③ سر جوڑ بیٹھنا۔

**ملت** (ع) اسم مونث ① دین ② مذہب ③ شریعت ④ قوم ⑤ فرقہ۔

**ملت** (ہ) اسم مونث ① راہ، رسم ② میل جول ③ ملاپ ④ ملنساری۔

**ملتانی** (ہ) اسم صفت بیائے نسبتی ① گاچنی مٹی ② ایک قسم کی چکنی مٹی جو ملتان کی طرف سے آتی ہے ③ ملتان کا رہنے والا ④ ملتان کی بنی ہوئی چیز۔

**ملتجی** (ہ) اسم صفت فاعلی ① کرنے والا ② تلاش کرنے والا ③ آرزو مند ④ عاجز ⑤ عاجزی کرنے والا ⑥ منت سماجت کرنے والا۔

**ملتزم** (ہ) اسم صفت فاعلی ① اپنے اوپر لازم کر لینے والا ② ساتھ رہنے والا ③ محصول وصول کرنے والا ④ گھاٹ یا سڑک کا محصول ⑤ خانہ کعبہ کے سامنے رکن یمانی کے پاس ایک مقام کا نام ہے۔

**ملتفت** (ع) اسم صفت فاعلی ① توجہ کرنے والا ② التفات کرنے والا۔

**ملتمس** (ع) اسم صفت فاعلی ① التماس کرنے والا ② سایل ③ سوال کرنے والا ④ عرض کرنے والا۔

**ملتوی** (ع) اسم صفت فاعلی ① دیر کرنے والا ② رکنے والا۔

**ملٹری** (ای) صفت ① فوجی ② فوج کا۔

**ملٹری پولیس** (ای) اسم مونث ① فوجی پولیس ② جنگی سپاہ۔

**ملٹری لاء** (ای) جنگی قانون۔ مارسل لاء۔

**ملجا** (ع) اسم ظرف ① جائے پناہ ② ٹھکانا ③ پناہ کی جگہ ④ سرن کی جگہ ⑤ ماوا ⑥ جائے بازگشت۔

**ملجانا** (ہ) فعل ① جڑ جانا ② پیوستہ ہو جانا ③ صلح صفائی ہو جانا ④ گڈ مڈ ہو جانا ⑤ رل مل جانا ⑥ شامل ہو جانا ⑦ شریک ہو جانا ⑧ حاصل ہو جانا ⑨ ملاقات ہو جانا۔

**مل جل کر / مل جل کے** (ہ) تابع فعل ① مل ملا کر ② اتفاق سے ③ اکٹھے ہو کر ④ بالاتفاق ⑤ سلوک سے ⑥ اتحاد سے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**ملچھ** (ہ) اسم صفت ❶ گھوری ❷ میلا ❸ ناپاک ❹ پلید قوم ❺ جنگلی آدمی ❻ بلانوش ❼ وحشی۔

**ملح** (ع) اسم مذکر ❶ نمک ❷ نون ❸ شور ❹ کھار ❺ لون۔

**ملحد** (ع) اسم مذکر فاعل ❶ خدا کی راہ سے جانے والا ❷ سیدھی راہ سے گمراہ ہونے والا ❸ بے دین ❹ کافر ❺ فاسق۔

**ملحوظ** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ دیکھا گیا ❷ لحاظ کیا گیا ❸ دھیان رکھا گیا ❹ خیال کیا گیا ❺ غور کیا ہوا۔

**ملحوظ خاطر** (ع) اسم صفت ❶ دل میں خیال کر لیا ہوا ❷ خیال دلی ❸ دلی توجہ ❹ توجہ خاطر ❺ مدنظر۔

**ملحوظ رکھنا** (ا) فعل ❶ خیال رکھنا ❷ یاد رکھنا ❸ پیش نہاد خاطر رکھنا ❹ مدنظر رکھنا ❺ دھیان رکھنا۔

**ملخ** (ف) اسم مونث۔ ٹڈی۔

**ملخص** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ خالص ❷ پاک ❸ خلاصہ کیا گیا ❹ خلاصہ ❺ مختصر۔

**ملذذ** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ مزیدار ❷ لذت دار ❸ لذیذ ❹ مزے کا۔

**ملزم** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ الزام لگایا گیا ❷ گنہگار ❸ قصوروار ❹ مجرم ❺ دوشی۔

**ملزوم** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ لازم کیا گیا ❷ چسپاں کیا گیا ❸ شریک حال۔

**ملطف** (ع) اسم مونث فاعل ❶ لطیف کر دینے والی دوا ❷ پتلا کر دینے والی دوا ❸ رقیق کرنے والی دوا ❹ شیطان ❺ ابلیس ❻ عزازیل ❼ خناس۔

**ملغوبا** (ف) اسم مذکر ❶ کوڑا کرکٹ ❷ الم غلم ❸ آلائش ❹ آلودگی ❺ مواد ❻ پیپ ❼ راد ❽ ٹوٹی چھوٹی چیزیں ❾ گودڑ گاڈر۔

**ملفوظ** (ع) اسم مذکر ❶ اولیا اللہ کا کلام ❷ بڑوں کی باتیں ❸ وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کی باتیں اور کیفیت ❹ ان کی اپنی زبان لکھی گئی ہو ❺ جمع = ملفوظات۔

**ملفوف** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ لفافہ کیا گیا ❷ لپٹا ہوا ❸ ڈھکا ہوا ❹ لفافہ میں بند کیا ہوا۔

**ملقب** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ لقب دیا گیا ❷ خطاب دیا گیا ❸ مخاطب ❹ عرف ❺ لقب ❻ نامزد ❼ معروف ❽ با معنی صفتی نام دیا گیا۔

**ملک** (ع) اسم مذکر ❶ فرشتہ ❷ ہاتف ❸ دوت ❹ دیوتا۔

**ملک الموت** (ع) اسم مذکر ❶ جان نکالنے والا ❷ فرشتہ ❸ موت کا فرشتہ ❹ جم دوت ❺ عزرائیل۔

**ملک** (ع) اسم مونث ❶ جاگیر ❷ ملکیت ❸ زمینداری ❹ معافی ❺ جائداد ❻ حق ❼ حقیقت ❽ مال اسباب۔

**ملک** (ع) اسم مذکر ❶ دیس ❷ ولایت ❸ کشور ❹ راج ❺ سلطنت ❻ علاقہ ❼ عملداری ❽ احاطہ ❾ پرگنہ۔

**ملک** (ع) اسم مذکر ❶ بادشاہ ❷ راجہ ❸ شہریار ❹ حاکم ❺ فرمانروا۔

**ملک التجار** (ع) اسم مذکر ❶ سوداگروں کا بادشاہ ❷ بہت بڑا سوداگر ❸ اعلیٰ درجہ کے سوداگروں کو بادشاہوں کی طرف سے ملا ہوا خطاب۔

**ملک الشعرا** (ع) اسم مذکر ❶ شاعروں کا بادشاہ ❷ راج کوی ❸ بہت بڑا شاعر ❹ بہت بڑے شاعر کو بادشاہ کی طرف سے ملا ہوا خطاب۔

**ملک زادہ** (عف) اسم مذکر ❶ کنور ❷ بادشاہ ❸ شہزادہ ❹ صاحب عالم۔

**ملکات** (ع) اسم مذکر ❶ ملکہ کی جمع ❷ لیاقتیں ❸ قابلیتیں ❹ عادتیں ❺ خصلتیں ❻ سبھاؤ ❼ گن ❽ مزاج ❾ جوہر۔

**ملکانا** (ہ) فعل ❶ بنا بنا کر بولنا ❷ ایک نومسلم قوم کا نام۔

**مل کر چلنا** (ہ) فعل ❶ ہمراہ چلنا ❷ ساتھ ہو کر چلنا ❸ شریک ہو کر چلنا ❹ سلوک سے رہنا۔

**ملکوت** (ع) اسم مذکر ❶ بادشاہی ❷ حکمرانی ❸ قبضہ ❹ فرشتوں کا جہاں ❺ فرشتوں کے رہنے کی جگہ ❻ فرشتے ملائکہ ❼ عالم ارواح ❽ عالم غیب ❾ عالم معنی۔

**ملکہ** (ع) اسم مذکر ❶ ہر ایک شے کے حاصل کرنے کی قوت ❷ لیاقت ❸ قابلیت ❹ استعداد ❺ ہنر ❻ استادی ❼ مہارت ❽ کمال ❾ تجربہ۔

**ملکہ حاصل ہونا** (ا) فعل ❶ نہایت تجربہ ہونا ❷ مہارت حاصل ہونا ❸ قدرت حاصل ہونا۔

**ملکہ ہونا** (ا) فعل ❶ مہارت ہونا ❷ کسی بات کا کمال ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772182

www.besturdubooks.net

**ملکہ** (ع) اسم مونث (1) ملک کی مونث (2) بادشاہ کی بیوی (3) رانی (4) حکمران عورت (5) حکومت کرنے والی عورت (6) قیصرہ (7) سلطانہ (8) بادشاہ بیگم (9) بادشاہ زادی۔

**ملکی** (ع) اسم مذکر (1) بیائے فاعلیت (2) ملک والا (3) جاگیردار (4) حقیت دار (5) معافی دار (6) صاحب جائداد (7) زمیندار۔

**ملکی کیا جانے پرائے دل کی** (ا) مثل۔ جاگیردار لوگ خودغرض ہوتے ہیں انہیں دوسرے کی کیا پرواہ۔

**ملکی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی (1) منسوب بہ ملک (2) فرشتہ والی (3) فرشتہ جیسی۔

**ملکیت** (ع) اسم مونث (1) املاک (2) زمینداری (3) قبضہ (4) تصرف (5) مال (6) اسباب (7) اثاثہ۔

**ملگجا** (ہ) اسم صفت (1) میلا (2) غبار آلود (3) نہ بہت میلا نہ بہت اجلا (4) (مل معنی میل۔

**ملگجی** (ہ) اسم صفت مونث۔ ملگجا کی تانیث۔

**ملل** (ع) اسم مذکر (1) اندوہ (2) غم (3) تنگی۔

**ملل** (ع) اسم مذکر (1) ملت کی جمع (2) بہت سے مذہب (3) مذاہب (4) ادیان۔

**ملمع** (ع) اسم صفت (1) چمکتا ہوا (2) درخشاں ن (3) گلٹ کیا ہوا (4) سونا چاندی چڑھایا ہوا (5) قلعی (6) ظاہر ٹیپ ٹاپ (7) بناوٹ۔

**ملمع ساز** (عف) اسم مذکر ترکیبی۔ ملمع کرنے والا۔

**ململانا** (ہ) فعل (1) پشیمان ہونا (2) پچھتانا (3) افسوس کرنا۔

**ململاہٹ** (ہ) اسم مونث (1) غمگینی (2) اداسی (3) دریغ (4) حسرت (5) افسوس (6) پچھتاوا۔

**ململاہٹ آنا** (ہ) فعل (1) افسوس آنا (2) دریغ آنا (3) پچھتاوا لگنا۔

**مل مل کر رونا** (ہ) فعل (1) لپٹ لپٹ کر رونا (2) گلے لگ لگ کر رونا (3) بغلگیر ہو ہو کر رونا۔

**مل گئے کی بات ہے** (ہ) محاورہ (1) اتفاقیہ امر ہے (2) اگر مل گئے تو ملاقات ورنہ کچھ بھی نہیں۔

**ملن** (ہ) اسم مونث (1) ملنا کا حاصل مصدر (2) ملاقات (3) میل۔

**ملن ملے ہیرے کیسی۔ دل میں پھانکیں کھیرے کیسی** (ہ) مثل۔

بظاہر تو اچھی طرح ملتے ہیں مگر دل میں کھوٹ اور شکستگی ہے۔

**ملنا** (ہ) فعل (1) ایک ہونا (2) پیوستہ ہونا (3) چسپاں ہونا (4) ملحق ہونا (5) عنایت ہونا (6) عطا ہونا (7) قابو میں آنا (8) مرکب ہونا (9) آمیز ہونا۔

**ملنا جلنا** (ا) اسم مذکر (1) میل ملاپ (2) راہ ورسم (3) ربط ضبط۔

**ملنا** (ہ) فعل (1) مسلنا (2) رگڑنا (3) گھسنا (4) مالش کرنا (5) مانجھنا (6) چکانا (7) مالیدہ کرنا۔

**ملنا دلنا** (ہ) فعل (1) استعمال میں لانا (2) مسلنا (3) مالش کرنا۔

**ملنسار** (ہ) اسم صفت (1) ہر ایک سے ملنے والا (2) خوش اخلاق (3) محبت والا۔

**ملنساری** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری (1) میل جول (2) محبت (3) اخلاص (4) خوش خلقی (5) راہ ورسم۔

**ملنگ** (ف) اسم مذکر (1) مجرد آدمی (2) آپے سے باہر (3) بے ہوش (4) مجرد (5) فقیروں کا ایک فرقہ (6) ایک پرندہ کا نام۔

**ملو/ملہو** (ہ) اسم مذکر (1) ریچھ (2) خرس (3) بھالو (4) بندر (5) بوزنہ۔

**ملوانا** (ہ) فعل (1) مالش کرانا (2) منجھوانا (3) صیقل کرانا (4) صاف کرانا (5) پامال کرانا (6) کچلوانا (7) روندوانا۔

**ملوانا** (ہ) فعل (1) ملنا سے متعدی المتعدی (2) صلح کرانا (3) ملاقات کرانا (4) مواصلت کرانا (5) شریک کرانا۔

**ملوث** (ع) اسم صفت مفعولی (1) آلودہ (2) سنا ہوا (3) لتھڑا ہوا (4) ناپاک (5) نجس (6) پلید (7) رشوت خوار (8) قصوردار (9) گنہگار۔

**ملوک** (ہ) اسم صفت (1) عمدہ (2) اچھا (3) نفیس (4) سندر (5) خوبصورت (6) نازک (7) حسین (8) جمیل (9) شکیل۔

**ملوک** (ع) اسم مذکر (1) ملک کی جمع (2) بہت سے بادشاہ۔

**ملوکانہ** (عف) اسم صفت (1) بادشاہوں جیسا (2) خسروانہ۔

**ملول** (ع) اسم صفت (1) اداس (2) غمگین (3) رنجیدہ (4) غمناک۔

**ملولا** (ا) اسم مذکر (1) ململاہٹ (2) افسوس (3) دریغ (4) حسرت (5) رنج وغم ملال۔

**ملون** (ع) اسم صفت (1) رنگا ہوا (2) رنگ برنگ کا (3) گوناگوں (4) بوقلموں۔

**ملونی** (ہ) اسم مونث (1) لاوٹ (2) کھوٹ (3) ملاہٹ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140?7218

**ملہار** (ہ) اسم مونث 1 وہ گیت جو موسم بہار میں گائے جاتے ہیں 2 ایک راگنی۔

**ملہم** (ع) اسم صفت مفعولی 1 الہام کیا گیا 2 وہ شخص جس کے دل میں غیب کی بات ڈلی جائے۔

**ملیا میٹ** (ہ) اسم صفت 1 روندا ہوا 2 ناپید 3 معدوم 4 تباہ و برباد 5 ستیاناس 6 ویران 7 ملامٹا ہوا۔

**ملی بھگت** (ہ) اسم مونث 1 اٹ سٹ 2 سازش 3 گھٹ 4 ہمرازی 5 باہمی صلاح، مشورہ 6 اتفاق۔

**ملے پنج** (ا) اسم صفت 1 بوڑھا گھوڑا 2 آٹھ برس سے زیادہ عمر کا 3 عمر سے اترا ہوا گھوڑا۔

**ملیچ / ملیچھ** (ہ) اسم مذکر 1 ناپاک آدمی 2 پلید 3 نجس 4 گندے لوگ 5 جنگلی 6 وحشی 7 بے دین کافر۔

**ملیح** (ع) اسم صفت 1 نمکین 2 سلونا 3 سانولے رنگ کا 4 خوبصورت 5 صبیح کی ضد۔

**ملیدہ** (ا) اسم مذکر 1 مالیدہ کا مخفف 2 ایک قسم کا ملائم اونی کپڑا 3 چوری چورما شکر اور گھی ڈال کر ملی ہوئی روٹی۔

**ملیریا** (ای) اسم مذکر۔ موسمی بخار جو مچھروں کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔

**ملیشیا** (ای) اسم مذکر و مونث 1 رضا کار فوج 2 ایک قسم کا موٹا سیاہی مائل کپڑا جس سے عموماً وردیاں بنائی جاتی ہیں۔

**ملی میٹر** (ای) اسم مذکر۔ پیمائش کا ایک پیمانہ ج و میٹر کا ہزارواں حصہ ہوتا ہے۔

**ملین** (ع) اسم صفت 1 نرم کرنے والا 2 ملائم کرنے والا 3 منضج 4 قبض کشا دوا۔

**ملین** (ای) اسم مذکر عدد۔ دس لاکھ۔

## م ← م

**مم / مما** (ہ) اسم مذکر 1 چھوٹے بچوں کا کلمہ ہے 2 پانی 3 چھاتی 4 دودھی 5 چوچی۔

**ممات** (ع) اسم مونث 1 مرنا 2 موت 3 مرگ 4 مرن۔

**مماثل** (ع) اسم صفت 1 مانند 2 مثل 3 اس جیسا 4 برابر 5 نظیر 6 ثانی 7 ہمشکل 8 مقابل۔

**مماس** (ع) اسم مونث مفعولی 1 آپس میں گھسا ہوا 2 رگڑا ہوا 3 چھوا ہوا 4 وہ خط جو کسی دوسرے خط کو چھوتا ہوا یا دائرے کو چھوتا ہوا گزرے۔

**ممالک** (ع) اسم مذکر 1 مملکت کی جمع 2 ملک سلطنت 3 بادشاہی 4 مقامات۔

**ممالک غیر** (ع) اسم مذکر وہ ملک جو اپنے ملک یا سلطنت سے باہر ہو۔

**ممالک محروسہ / مقبوضہ** (ع) اسم مذکر 1 وہ ملک جو کسی بادشاہ کے قبضے یا حرارت میں ہوں 2 ماتحت سلطنتیں۔

**ممالک مفوضہ** (ع) اسم مذکر۔ سپرد کیے ہوئے ملک۔

**ممالیک** (ع) اسم مذکر 1 مملوک کی جمع 2 غلام 3 پابندے۔

**ممانعت** (ع) اسم مونث 1 مناہی 2 روک ٹوک 3 مزاحمت 4 بندش 5 منع کرنا۔

**ممانی** (ا) اسم مونث 1 ماموں کی بیوی 2 مامی 3 کے بھائی کی بیوی۔

**ممبر** (ای) اسم مذکر 1 عضو 2 جوڑ 3 بند 4 مجلسی رکن 5 صاحب 6 اہل جلسہ 7 شریک مجلس 8 حصہ دار۔

**ممبرشپ** (ای) اسم مونث 1 رکنیت 2 ممبری۔

**ممتاز** (ع) اسم صفت مفعولی 1 امتیاز دیا گیا 2 جدا کیا گیا 3 مجاز 4 شریف 5 نامی 6 نامور 7 مشہور 8 اعلےٰ 9 افضل۔

**ممتاز فرمانا** (ا) فعل 1 عزت بڑھانا 2 معزز کرنا 3 مرتبہ بڑھانا۔

**ممتحن** (ع) اسم مذکر 1 امتحان لینے والا 2 پرکھنے والا 3 جانچنے والا 4 جانچو 5 پرکھیا 6 پرتال کرنے والا۔

**ممتد** (ع) اسم صفت مفعولی 1 دراز کیا گیا 2 تانا گیا 3 کھینچا گیا 4 دراز 5 لمبا 6 طویل۔

**ممتلی** (ع) اسم صفت 1 بھرا ہوا 2 پر 3 لبریز 4 اٹا ہوا 5 معمور۔

**ممتنع** (ع) اسم صفت مفعولی 1 منع کیا گیا 2 ہٹایا گیا 3 روکا گیا۔

**ممد** (ع) اسم صفت فاعلی 1 مدد کرنے والا 2 مددگار معاون 3 یار۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

ممدوح (ع) اسم صفت مفعولی ❶ تعریف کیا گیا ❷ مدح کیا گیا ❸ وہ شخص جس کی تعریف کی جائے ❹ موصوف۔

ممدود (ع) اسم صفت مفعولی ❶ لمبا کیا گیا ❷ دراز کیا گیا ❸ کھینچا گیا ❹ پھیلایا گیا۔

ممدودہ (ع) اسم صفت مفعولی ❶ مدد دیا گیا ❷ وہ الف جس پر مد ہو ❸ دراز کیا ہوا الف۔

ممر (ع) اسم مذکر ❶ ظرف ❷ گزرنے کی جگہ ❸ رستہ ❹ طور ❺ طریق ❻ رہگزر۔

ممریز (ا) اسم مونث ❶ مہمیز کا بگاڑ ہے ❷ لوہے کی دندانہ دار پھرکی ❸ جو سواروں کے بوٹ میں چابک کا کام دینے کے واسطے لگاتے ہیں۔

ممزوج (ع) اسم صفت مفعولی ❶ ملایا ہوا ❷ مخلوط شدہ ❸ پانی یا عرق میں ملی ہوئی شراب۔

ممسک (ع) اسم مذکر فاعل ❶ خرچ نہ کرنے والا ❷ کنجوس ❸ بخیل ❹ سوم ❺ مکھی چوس ❻ نکلنے سے روکنے والا۔

ممکن (ع) اسم صفت فاعل ❶ امکان والا ❷ ہو سکنے والا ❸ ہونے جوگ ❹ ہونے والی بات ❺ شدنی ❻ ہونہار ❼ قابل امکان ❽ وہ چیز جو اپنے وجود میں دوسرے کی محتاج ہو ❾ قایم باغیر۔

ممکن الحصول / ممکن الوصول (ع) اسم صفت۔ حاصل ہونے کے قابل وصول ہونے کے لائق۔

ممکن الوجود (ع) اسم صفت ❶ جس کا ہونا نہ ہونا برابر ہو ❷ جس کا نہ تو ہونا ضروری ہو نہ ہونا ❸ مخلوقات۔

ممکن الوقوع (ع) اسم صفت ❶ ہونی ❷ ہونے جوگ ❸ ہونہار ❹ شدنی۔

ممکنات (ع) اسم مونث ❶ ممکن کی جمع ❷ وجود مخلوق ❸ قابل الحصول۔

مملکت (ع) اسم مونث ❶ بادشاہت ❷ سلطنت حکومت ❸ راج ❹ ریاست ❺ ملک۔

مملو (ع) اسم صفت ❶ پر ❷ بھرا ہوا۔

مملوک (ع) اسم مذکر ❶ غلام ❷ بندو۔

مملوکہ (ع) اسم صفت ❶ مقبوضہ ❷ قبضہ کی ہوئی چیز ❸ ملک میں آیا ہوا ❹ قبضہ کیا گیا۔

مملوکہ و مقبوضہ (ع) اسم صفت۔ خریدا اور قبضہ کیا گیا۔

ممنوع (ع) اسم صفت مفعولی ❶ منع کیا گیا ❷ ہٹایا گیا ❸ روکا گیا ❹ خلاف قانون ❺ ناجائز ناروا ❻ قابل مواخذہ۔

ممنون (ع) اسم صفت مفعولی ❶ احسان کیا گیا ❷ شکر گزار ❸ احسان مند ❹ نعمت دیا گیا۔

ممنون ہونا (ا) فعل ❶ شکر گزار رہونا ❷ احسانمند ہونا ❸ شکریہ ادا کرنا۔

ممولا (ہ) اسم مذکر ❶ بواؤ مجہول ❷ ایک چھوٹے پرندے کا نام ہے ❸ جھانپو ❹ سریچہ ❺ صعوہ ❻ مجازاً پیارا بچہ۔

ممولے چننا (ہ) فعل۔ نہایت خاطر تواضع کرنا۔

ممی (ای) اسم مونث۔ ❶ مسالہ لگا کر رکھی ہوئی لاش ❷ حنوط شدہ لاش ❸ بچے ماں کو پیار سے کہتے ہیں۔

ممیا خسر (ا) اسم مذکر ❶ خاوند کا ماموں ❷ مالسرا۔

ممیا ساس (ہ) اسم مونث ❶ خاوند کی ممانی ❷ مولس۔

ممیانا (ہ) فعل ❶ بکری کا بولنا ❷ بکری کا میں میں کرنا۔

ممیرا (ا) اسم مذکر ❶ ممیران کا بگاڑ ہے ❷ ہلدی سے مشابہ اور گٹھلی جڑ کا نام جو آنکھ کے لئے مفید ہوتا ہے۔

ممیرا (ہ) اسم صفت بیائے مجہول ❶ ماموں کا بیٹا ❷ ماموں زادہ۔

ممیّز (ع) اسم صفت فاعلی ❶ برے کو بھلے سے اور نیک کو بد سے تمیز کرنے والا ❷ تاڑو ❸ بھانبو۔

ممیّزہ (ع) اسم صفت ❶ تمیز کرنے والی ❷ بھما۔

## م ← ن

من (ہ) اسم مذکر ❶ دل ❷ جی ❸ جیوڑا ❹ قلب ❺ چالیس سیر کا وزن ❻ سانپ کا مہرہ ❼ سولہ چھٹانگ ❽ بیاسی تولے کا وزن ❾ کنوئی کی مینڈ۔

من اٹکا تن جھٹکا (ہ) مثل ❶ عشق ہوا اور دبلا پن آیا ❷ عشق کے غم میں لاغری ضروری ہے۔

من اٹکنا / من الجھنا (ہ) فعل ❶ دل آنا ❷ عاشق ہونا ❸ پربت ہونا ❹ آگ لگنا ❺ دل پھنسنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

من اکتانا (ہ) فعل ① دل بھرنا ② جی گھبرانا۔
من اگلنا (ہ) فعل۔ سانپ کا اپنے مہرے کو منہ سے باہر نکالنا۔
من امراؤ کرم دلدری (ہ) مثل۔ دل تو امیر ہے مگر قسمت ہیٹی ہے۔
من بسنا (ہ) فعل ① دل میں رہنا ② دل میں سونا۔
من بھاتا (ہ) اسم صفت ① دل پسند ② مرغوب خاطر جیسے من بھاتا کھایئے جگ بھاتا پہنیئے۔
من بھاری کرنا (ہ) فعل ① اداس ہونا ② کڑھنا ③ دل میلا کرنا ④ غمگین ہونا۔
من بھاون / من بھاؤنا (ہ) اسم صفت ① دل پسند ② پیارا محبوب ③ عزیز ④ ساجن ⑤ دل کو پسند آنے والا ⑥ جی کو بھانے والا۔
من بھر (ہ) سم صفت ① پورا چالیس سیر ② ایک من ③ (بحالت تابع فعل) جی بھر ④ خاطر خواہ۔
من بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسہ بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی (ہ) محاورہ ① مغرور کی نسبت بولتے ہیں ② جو سلام کا جواب سر ہلا کر ہی دے دے زبان سے کچھ نہ بولے۔
من بھر جانا (ہ) فعل ① طبیعت کا بھر جانا ② اکتا جانا ③ دل سیر ہو جانا ④ جی بیزار ہو جانا۔
من پھٹ جانا (ہ) فعل ① کسی سے نفرت ہو جانا ② دل بیزار ہو جانا۔
من چلنا (ہ) فعل ① جی چاہنا ② کسی چیز پر رجھ جانا ③ دل کا راغب ہو جانا ④ دل قابو میں نہ رہنا ⑤ دیوانہ ہونا۔
من چلا (ہ) اسم صفت ① سورما ② بہادر ③ دلیر ④ دل چلا ⑤ بے باک ⑥ بے خوف۔
من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (ہ) مثل۔ اگر دل اچھا ہے اور عقیدہ صحیح اور درست ہے تو ہر جگہ خدا ہے۔
من سمجھوتہ / من سمجھوتی (ہ) اسم مذکر ① اسم مونث ② دل کا سمجھا لینا ③ دل کی تسلی ④ تسکین خاطر۔
من سمجھوتی کرنا (ہ) فعل ① دل کو سمجھا لینا ② اپنی تسلی کر لینا ③ اطمینان کر لینا ④ تسلی کر لینا۔

من کا چیتا (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① دل کی خواہش ② دل کا چاہا۔
من کا میلا (ہ) اسم صفت ① دل میں کھوٹ رکھنے والا ② منافق ③ ریا کار ④ بدباطن۔
من کرنا (ہ) فعل ① جی چاہنا ② خواہش ہونا ③ دل چاہنا۔
من کے چیتے ہونا (ہ) فعل۔ دل کی مرادیں پوری ہونا۔
من کے لڈو پھوڑنا (ہ) فعل ① دل ہی دل میں خوش ہونا ② خیالی پلاؤ پکانا۔
من کی ماری (ہ) اسم صفت ① مردہ دل ② افسردہ خاطر۔
من کی من میں رہنا (ہ) فعل ① جی کا ارمان جی میں ہی رہ جانا ② ارمان نہ نکلنا ③ دل میں حسرت رہ جانا ④ شوق کا پورا نہ ہونا۔
من کی موج (ہ) اسم مونث ① دل کی لہر ② دل کی ترنگ ③ دل کا جوش۔
من کے ہارے ہار ہے من کے جیتے جیت (ہ) مثل۔ دل چھوڑ بیٹھے سے کچھ نہیں بنتا حوصلہ سے ہی کام ہوتا ہے۔
من لبھانا (ہ) فعل ① من کو موہ لینا ② دل کو فریفتہ کرنا ③ دل کو مائل کرنا۔
من للچانا (ہ) فعل ① دل میں خواہش پیدا ہونا ② دل کا خواہش کرنا ③ دل چلنا۔
من لینا (ہ) فعل ① دل کو موہ لینا ② فریفتہ کرنا ③ دل چھین لینا ④ ارادہ معلوم کرنا ⑤ خیال کو بھانپنا ⑥ عندیہ معلوم کرنا۔
من مار رہنا (ہ) فعل ① دل کو مسوس کر رہنا ② مجبوراً صبر کرنا ③ خواہش کو جبراً دبانا۔
من مار کے بیٹھ رہنا (ہ) فعل ① ناامید ہو کر بیٹھ رہنا ② صبر کر بیٹھنا ③ جی مار کے بیٹھ جانا۔
من مارنا (ہ) فعل ① خواہش کو دبانا ② نفس کشی کرنا ③ صبر اختیار کرنا۔
من مانتا (ہ) اسم صفت ① من بھاتا ② خواہش کے مطابق ③ حسب مراد ④ حسب دلخواہ۔
من مانی (ہ) اسم مونث ① خود مختاری ② حسب منشا ③ مرضی کے مطابق۔
من مانے (ہ) تابع فعل ① دل چاہے ② دل میں آئے۔
من مست (ا) اسم صفت ① من موجی ② زندہ دل۔
من ملنا (ہ) فعل ① دل ملنا ② دل کا موافق ہونا۔
من میں آنا (ہ) فعل ① دل میں آنا ② خیال میں گزرنا ③ دل میں

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772218

www.besturdubooks.net

سمانا❹ خواہش ہونا۔

من میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (ا) مثل ❶ ظاہر اچھا باطن خراب ❷ ظاہر کچھ باطن کچھ۔

من موجی (ہ) اسم صفت ❶ آزادوضع ❷ من مست ❸ دل کا بادشاہ۔

من موہن (ہ) اسم صفت ❶ دل کو موہ لینے والا ❷ معشوق ❸ محبوب ❹ پیارا۔

من ہرن (ہ) اسم صفت ❶ دل چرانے والا ❷ چست چور ❸ معشوق۔

من ہرنا (ہ) فعل ❶ دل کو چرانا ❷ دل چھین لینا۔

من (ء) کلمہ موصول ❶ وہ شخص ❷ جو کوئی ❸ کلمہ استفہام ❹ کون ہے۔

من (ء) اسم مذکر ❶ احسان ❷ منت ❸ ضرر ❹ کمی ❺ نقصان ❻ ترنجبین ❼ شیرخشت ❽ شہد ❾ انگبین۔

من وسلوٰے (ء) اسم مذکر ❶ میٹھی رطوبت اور بیڑیں ❷ خوان نعمت ❸ وہ نفیس اور عمدہ کھانے جو بنی اسرائیل پر حضرت موسےٰ کی دعا سے بھوک پیاس کے زمانے میں ایک جنگل میں اترے۔

من (ف) اسم ضمیر ❶ واحد متکلم کے صیغہ کی نسبت کے لئے جیسے دشمن ❷ (اسم مذکر) تودہ ❸ ڈھیر جیسے خرمن ❺ ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کا سوراخ جس میں موٹھ باندھتے ہیں۔

من (ء) حرف جار ❶ از ❷ سے ❸ پر ❹ کا ❺ ساتھ ❻ مع ❼ در ❽ میں ❾ مشابہ۔

من اولہ الیٰ آخرہ (ء) تابع فعل ❶ شروع سے لے کر آخر تک ❷ ابتدا سے انتہا تک۔

من بعد (ء) تابع فعل ❶ اس کے بعد ❷ بعد ازاں ❸ پس ازاں ❹ آئندہ کو ❺ آگے کو ❻ ابھی ❼ فوراً ❽ ترت۔

من جانب اللہ (ہ) تابع فعل ❶ غیب سے ❷ خدا کی طرف سے ❸ خودبخود ❹ آپ ہی آپ۔

من جملہ (ء) تابع فعل ❶ سب میں سے تمام میں سے ❷ کل میں سے۔

من کل وجوہ (ء) تابع فعل ❶ ہر طرح سے ہر صورت سے ❷ ہر طور پر ❸ ہر طریق پر۔

من وجہ (ء) تابع فعل ❶ ایک صورت سے ایک طرح سے ❷ ایک صورت میں۔

من (ء) تابع فعل ❶ ہوبہو ❷ جوں کا توں۔

منّنا (ہ) فعل ❶ خفگی دور ہونا ❷ راضی ہونا ❸ خوش ہونا ❹ رنجیدگی دور ہونا۔

منا (ہ) اسم مذکر ❶ چھوٹا بچہ ❷ دلآرا ❸ لاڈلا ❹ چاہتیا ❺ ننھا۔

منات (ء) اسم مذکر۔ عرب کے ایک مشہور بت کا نام جس کی زمانہ جاہلیت میں پوجا ہوتی تھی۔

مناجات (ء) اسم مونث ❶ کانا پھوسی ❷ سرگوشی ❸ مجازاً دعا ❹ التجا ❺ بھجن ❻ دعائیہ نظم۔

مناجاتی (ء) اسم مذکر بیائے فاعلیت۔ مناجات پڑھنے والا۔

منادی (ء) اسم مذکر فاعل ❶ حکم حاکم سنانے کو پکارنے والا ❷ ڈھنڈورچی ❸ ڈونڈی پیٹنے والا۔

منادی (ا) اسم مونث ❶ ڈھنڈورا ❷ ڈونڈی کسی بات کی ممانعت کا اعلان ❸ وعظ ❹ تلقین مذہب۔

منادی کرنا (ا) فعل ❶ شہرت دینا ❷ مشہور کرنا ❸ وعظ کرنا ❹ اپدیش کرنا ❺ ڈونڈی پیٹنا۔

منار / منارہ (ء) اسم مذکر ❶ نور کی جگہ ❷ دوستی کی جگہ ❸ چراغدان ❹ لاٹھ ❺ اونچا ستون ❻ پیل پایہ ❼ کھم ❽ تھم ❾ جہاز کو روشنی دکھانے کا اونچا ستون۔

منازعت (ء) اسم مونث ❶ تکرار ❷ جھگڑا ❸ ٹنٹا ❹ بکھیڑا ❺ بحث ❻ قضیہ۔

منازل (ء) اسم مونث ظرف ❶ منزل کی جمع ❷ پڑاؤ ❸ اترنے کی جگہ ❹ مسکن ❺ مقامات ❻ مکانات۔

منازل قمر (ء) اسم مونث ❶ نچھتر ❷ چاند کے ستائیس گھر ❸ مقامات قمر۔

مناسب (ء) اسم صفت فاعلی ❶ نسبت رکھنے والا ❷ زیبا ❸ موزون ❹ لائق ❺ موافق ❻ شایان ❼ ٹھیک ❽ معقول ❾ درست۔

مناسبت (ء) اسم مونث ❶ باہمی تعلق ❷ آپس کا لگاؤ ❸ علاقہ ❹ نسبت ❺ موزونیت۔

مناصب (ء) اسم مذکر ظرف ❶ منصب کی جمع ❷ کھڑا ہونے کے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مقامات (3) مجازاً (4) مرتبے عہدے (5) رتبے۔

**مناصفت** (ع) اسم مونث (1) آدھم آدھ (2) آدھوں آدھ (3) نصفا نصفی (4) برابر کے دو حصے (5) دوٹوک برابر۔

**مناظر** (ع) اسم صفت فاعلی (1) بحث مباحثہ کرنے والا (2) حجتی (3) جھگڑالو (4) معترض۔

**مناظر** (ع) اسم مذکر ظرف (1) منظر کی جمع (2) تماشا گاہیں (3) نظارے۔

**مناظرہ** (ع) اسم مذکر (1) باہم نظر کرنا (2) آنکھ لڑانا (3) مانند ہونا (4) مشابہ ہونا (5) جدائی کرنا (6) باہم بحث کرنا (7) بحث وتکرار (8) مذہبی امور کے متعلق بحث کرنا (9) مباحثہ کے قوانین کا علم۔

**منافذ** (ع) اسم مذکر ظرف (1) منفذ کی جمع (2) جاری ہونے کی جگہ (3) جائے نفوذ (4) نکاس کی جگہ (5) راہ (6) گزرگاہ۔

**منافع** (ع) اسم صفت فاعلی (1) نفع دینے والا (2) فائدہ دینے والا۔

**منافع** (ع) اسم مذکر ظرف (1) منفعت کی جمع (2) فائدے (3) نفعے۔

**منافق** (ع) اسم مذکر فاعل (1) نفاق والا (2) کپٹی (3) ریاکار (4) مکار (5) کافر (6) بے دین (7) ملحد۔

**مناقب** (ع) اسم مونث (1) منقبت کی جمع (2) تعریفیں (3) خوبیاں (4) بھلائیاں (5) مجازاً (6) اہل بیت (7) اور اصحاب کبار کی تعریف۔

**مناقبت** (ع) اسم مونث (1) حمد وثنا (2) توصیف وتعریف (3) مجازاً اہل بیت اور اصحاب کبار کی ثنا۔

**مناقشہ** (ع) اسم مذکر (1) جھگڑا (2) بکھیڑا (3) ٹنٹا (4) قضیہ قصہ (5) نزاع۔

**مناقض** (ع) اسم صفت فاعلی (1) توڑنے والا (2) مخالف (3) ناموافق۔

**مناکحت** (ع) اسم مونث (1) مرد وعورت کا نکاح (2) باہم نکاح ہونا (3) عقد نکاح (4) گٹھ بندھن۔

**منال** (ع) اسم مذکر (1) حاصل ہونے کی جگہ (2) پانے کی جگہ (3) مجازاً جاگیر (4) جائداد (5) باغ (6) کھیتی وغیرہ (7) مجازاً مال کا مرادف۔

**منال** (ہ) اسم مذکر (1) مرغ زرین (2) ایک نہایت خوبصورت پرندے کا نام ہے جس کی گردن میں سبز لاجوردی کنٹھا اور سر پر تاج ہوتا ہے (3) مور سے مشابہ ہوتا ہے۔

**منانا** (ہ) فعل (1) رضامند کرنا (2) خوش کرنا (3) روٹھے کو راضی کرنا (4) رنجیدہ کو خوش کرنا (5) رچانا (6) کرنا (7) عمل میں لانا (8) منت ماننا (9) دعا کرنا۔

**منان** (ع) اسم صفت مبالغہ (1) بہت احسان کرنا (2) نہایت نیکی کرنے والا (3) مراداً خدائے تعالیٰ۔

**مناہج** (ع) اسم مونث ظرف (1) منہج کی جمع (2) راستے (3) راہیں۔

**مناہی** (ع) اسم مونث (1) منہی کی جمع (2) خلاف شرع باتیں (3) ناجائز باتیں (4) روک ٹوک (5) ممانعت۔

**منائی** (ا) اسم مونث (1) مناہی کا بگاڑ (2) روک ٹوک (3) بندش (4) منع کرنا (5) ممانعت۔

**منبت** (ع) اسم صفت (1) اگایا ہوا (2) ابھرا ہوا (3) اپنی سطح سے ذرا اونچا اٹھا ہوا نقش (4) اوپر اٹھا ہوا نقش۔

**منبر** (ع) اسم مذکر (1) اونچی جگہ (2) مسجد کا وہ سیڑھی دار اونچا مقام جہاں خطیب خطبہ پڑھتا ہے۔

**منبسط** (ع) اسم صفت فاعلی (1) پھیلنے والا (2) مجازاً خوش (3) بشاش (4) آنند (5) مسرور (6) خوشحال۔

**منبع** (ع) اسم مذکر ظرف (1) اپنی نکلنے کی جگہ (2) چشمہ (3) سوتا (4) مجازاً (5) مطلق نکلنے کی جگہ (6) مصدر (7) بمبا (8) پمپ (9) پانی کا نل۔

**منت** (ع) اسم مونث (1) احسان (2) بھلائی (3) سلوک (4) بنتی (5) خوشامد (6) چاپلوسی۔

**منت اٹھانا** (ا) فعل (1) احسان اٹھانا (2) ممنون ہونا۔

**منت دار** (ا) اسم صفت (1) احسانمند (2) ممنون عاجزی کرنے والا (3) گڑگڑانے والا۔

**منت سماجت** (ا) اسم مونث (1) خوشامد درامد (2) چاپلوسی (3) للو پتو۔

**منت کرنا** (ا) فعل (1) عاجزی کرنا (2) گڑگڑانا (3) بنتی کرنا (4) ناک رگڑنا (5) ہاہا کھانا۔

**منت کش ہونا** (ا) فعل (1) احسانمند ہونا (2) کسی کا شرمندہ ہونا۔

**منت** (ہ) اسم مونث (1) ماننا (2) نذر (3) نیاز (4) بھینٹ (5) سکھنا (6) عہد (7) وہ وعدہ جو کسی بزرگ یا خدا سے کیا جائے۔

**منت بڑھانا/چڑھانا** (ہ) فعل (1) مانتا ادا کرنا (2) عہد پورا کرنا (3) مراد پوری ہونے پر منت کو ادا کرنا (4) گنڈا تعویذ یا طوق بیڑی اتارنا۔

**منت کا طوق** (ا) اسم مذکر۔ کسی پیر یا دیوتا وغیرہ کے نام کا تعویذ یا گنڈا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

وغیرہ جو بچے کے گلے میں میعاد مقررہ تک پڑا رہتا ہے۔

**منت کے بال** (ہ) اسم مذکر۔ کسی بزرگ کے نام پر کچھ عرصہ کے لئے رکھے ہوئے بال۔

**منت ماننا** (ہ) فعل ❶ عہد کرنا ❷ بھیٹ ماننا ❸ چڑھاوا ماننا ❹ مانتا کرنا ❺ نیاز ماننا ❻ نذر ماننا۔

**مُنتِج** (ع) اسم صفت فاعلی۔ ثمرہ دینے۔

**مُنتَج** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ بانتیجہ ❷ نتیجہ دیا گیا۔

**منتخب** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ چنا ❷ گیا ❸ چنا ہوا ❹ انتخاب کیا گیا ❺ چھانٹا ہوا ❻ چیدہ پسندیدہ ❼ عجیب ❽ طرفہ ❾ یکت۔

**منتشر** (ہ) اسم مذکر ❶ رشتہ دار ❷ پیارا ❸ محبوب ❹ یار ❺ دوست ❻ آشنا ❼ عزیز۔

**منتر** (س) اسم مذکر ❶ جادو ❷ سحر ❸ موٹھ ❹ ٹونا ❺ افسون ❻ ٹوٹکا ❼ کلام ❽ عمل ❾ ودیا۔

**منتر جنتر** (س) اسم مذکر ❶ جادو ٹونا ❷ تعویذ گنڈا ❸ جھاڑ پھونک ❹ بھوت بدیا۔

**منتر چلانا / منتر مارنا** (ہ) فعل ❶ جادو کرنا ❷ ٹونا کرنا ❸ موٹھ مارنا۔

**منتر دینا** (ہ) فعل ❶ مرید کو دینی ہدایات سمجھانا ❷ تلقین کرنا ❸ گرمنتر بتانا۔

**منتری** (س) اسم مذکر ❶ تلقین کرنے والا ❷ ہادی ❸ پیر ❹ مرشد ❺ اپدیشی ❻ نیک صلاح دینے والا ❼ مشیر ❽ وزیر ❾ کونسلی۔

**منتشر کرنا** (ہ) بکھیرنا ❶ پراگندہ کرنا ❷ کھنڈانا ❸ تتر بتر کرنا۔

**منتظر** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ انتظار کرنے والا ❷ راہ تکنے والا ❸ امیدوار ❹ متوقع ❺ آس تکنے والا ❻ اڈیکنے والا۔

**منتظر رکھنا** (ا) فعل ❶ انتظار میں رکھنا ❷ آس میں رکھنا ❸ امید میں رکھنا۔

**منتظر رہنا** (ا) فعل ❶ باٹ دیکھنا ❷ اڈیکنا ❸ آس میں رہنا ❹ امید میں رہنا ❺ انتظار کرنا۔

**منتظم** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ انتظام کرنے والا ❷ پرویا جانے والا ❸ بندھنے والا ❹ کفایت شعار ❺ جزورس ❻ گماشتہ ❼ کارندہ ❽ کارکن ❾ سربراہ کار۔

**منتفع** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ فائدہ حاصل کرے والا ❷ نفع اٹھانے والا۔

**منتفی** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ فنا ہونے والا ❷ نیست ہونے والا ❸ ہوچکنے والا۔

**منتقل** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ انتقال کرنے والا ❷ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانے والا ❸ جگہ بدلنے والا۔

**منتقل کرنا** (ا) فعل ❶ تبدیل کرنا ❷ بدلنا ❸ بیع کرنا۔ ایک کے نام سے دوسرے کا نام پر کرنا۔

**منتقم** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ بدلا لینے والا ❷ عوض لینے والا ❸ انتقام لینے والا۔

**منتقم حقیقی** (ع) اسم مذکر ❶ اصل سزا دینے والا ❷ خدا تعالیٰ ❸ قادر مطلق ❹ اصلی بدلا لینے والا۔

**منتقم مجازی** (ع) اسم مذکر ❶ ظاہرا بدلہ لینے والا ❷ مراداً بادشاہ ❸ حاکم ❹ افسر۔

**منتہیٰ** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ انتہا کیا گیا ❷ انجام کو پہنچا ہوا ❸ کامل ❹ تمام ❺ پورا ❻ مکمل۔

**منتہی** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ انتہا کو پہنچنے والا ❷ تحصیل علم کو پورا کر چکنے والا ❸ لائق عالم ❹ فاضل۔

**منتی** (ا) اسم مونث ❶ بنتی کا بگاڑ ❷ عاجزی ❸ خوشامد۔

**منتیں** (ہ) اسم مونث ❶ منت بمعنی عہد کی جمع ❷ وعدے ❸ اقرار ❹ نذریں ❺ نیازیں۔

**منتیں ماننا** (ہ) فعل ❶ نذریں ماننا ❷ وعدے وعید کرنا۔

**منتیں کرنا** (ع) فعل ❶ عاجزیاں کرنا ❷ گڑگڑانا ❸ خوشامدیں کرنا۔

**مِنَٹ** (ای) اسم مذکر ❶ لحہ ❷ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ ❸ درجہ ❹ روئداد ❺ حقیقت۔

**مِنٹ** (ای) اسم مونث ❶ سکے ڈھالنے کی جگہ ❷ ٹکسال۔

**منثور** (ع) اسم مونث ❶ نثر ❷ منظوم کی ضد ❸ پراگندہ ❹ ان بندھا ❺ منتشر۔

**منجا** (ہ) اسم مذکر ❶ پلنگ ❷ چارپائی۔

**منجم** (ع) اسم مذکر ❶ نجوی ❷ ستاروں کا علم ❸ جاننے والا ❹ جوتشی ❺ پترا بنانے والا ❻ جنتری بنانے والا۔

**منجمد** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ جما ہوا ❷ ٹھہرا ہوا ❸ بستہ ❹ غلیظ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149097218

www.besturdubooks.net

5 قطبین کے قریب کا سمندر۔

منجمد ہونا (ا) فعل 1 سردی سے کسی مائع کا جم جانا 2 جمنا 3 بستہ ہونا۔

منجن (ہ) اسم مذکر 1 دانتوں کو صاف کرنے کا سفوف 2 دانتوں کا پوڈر 3 دانت مانجنے کی دوا۔

منجنیق (ع) اسم مذکر 1 فلاخن 2 گوپیا 3 قلعہ شکنی کا ایک آلہ جس سے دیوار قلعہ پر بڑے بڑے پتھر پھینکا کرتے تھے۔

منجھ (ہ) اسم صفت 1 بیچ 2 درمیان 3 وسط 4 بیچوں بیچ۔

منجھ دھار (ہ) اسم مونث 1 دریا کے بیچ کی دھار 2 وسط دریا 3 درمیانی دھار۔

منجھ دھار میں پڑنا (ہ) فعل 1 دریا کے بیچ میں پھنسنا 2 بڑی مصیبت میں پڑنا۔

منجھنا (ہ) فعل 1 صیقل ہونا 2 صاف ہونا 3 جلا ہوا 4 شائستہ ہونا 5 تجربہ کار ہونا 6 مشاق ہونا 7 لٹ کھسٹ کر غریب ہوجانا۔

منجھولا (ہ) اسم صفت مذکر 1 درمیانہ 2 متوسط 3 بڑا نہ چھوٹا۔

منجھولی (ہ) اسم مونث 1 ایک قسم کی چھوٹی بہلی 2 میانہ قد عورت۔

منجیرا (ہ) اسم مذکر۔ پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں۔

منحرف (ع) اسم صفت فاعلی 1 پھرنے والا 2 ٹیڑھا 3 ترچھا 4 باغی 5 غدار 6 سرکش۔

منحصر (ع) اسم صفت فاعلی 1 احاطہ کیا ہوا 2 محدود 3 گھیرا ہوا 4 موقوف 5 وابستہ 6 متعلق حصر کیا گیا۔

منحنی (ع) اسم صفت 1 کبڑا 2 جھکا ہوا 3 ٹیڑھا 4 خمیدہ 5 قوسی 6 گولائی دار 7 دبلا 8 لاغر 9 کمزور۔

منحوس (ع) اسم صفت مفعولی 1 بدنصیب 2 بدبخت 3 چندرا 4 برا 5 زبون 6 مکروہ 7 گھناؤنا۔

منخر (ع) اسم مذکر 1 ناک کا سوراخ 2 نتھنا 3 ناک کا چھید۔

مندا (ا) اسم صفت 1 ہلکا 2 مدھم 3 اترا ہوا 4 سستا 5 ارزاں ہونا 6 سست ہونا 7 ڈھیلا ہونا۔

مندر (س) اسم مذکر ظرف 1 مکنا 2 گھر 3 محل 4 شوالہ 5 عبادت گاہ 6 پوجا کی جگہ 7 یہ بفتح دال مشہور ہوگیا ہے۔

مندرا (ہ) اسم مذکر 1 جوگیوں کے کان کا کنڈل 2 کان کا ایک زیور۔

مندرج (ع) اسم صفت فاعلی 1 درج کیا گیا 2 لکھا گیا 3 داخل کیا گیا۔

مندرس (ع) اسم مونث فاعلی 1 پرانے کپڑے 2 اترے ہوئے کپڑے 3 بھیگے ہوئے کپڑے 4 اترن۔

مندری (ہ) اسم مونث 1 چھلا 2 انگوٹھی 3 انگشتری 4 خاتم 5 مہر 6 چھاپ 7 خاص 8 شاہی مہر۔

مندریا (ہ) اسم مونث 1 مندری کی تصغیر 2 چھوٹی انگوٹھی۔

مندفع (ع) اسم صفت فاعلی 1 دفع ہونے والا 2 دور ہونے والا۔

مندل (ہ) اسم مذکر 1 ڈھول 2 دھونسا 3 طبلہ 4 پکھاوج 5 سوتا 6 چشمہ 7 منبع 8 چرخے کا بیچ کا حصہ جس پر مال بھرتی ہے 9 بندرگاہ۔

مندلا (ہ) اسم مذکر 1 درخت کا موٹا حصہ جو جڑ سے ٹہنوں تک ہوتا ہے 2 دھڑ۔

مندنا (ہ) فعل 1 مچنا 2 بند ہونا 3 بھڑنا 4 غایب ہونا 5 چھپنا۔

مندمل (ع) اسم صفت فاعلی 1 زخم بھرنے والا 2 گھاؤ بھرنے والا 3 وہ زخم جو انگور لے آئے۔

مندی (ع) اسم صفت مونث 1 مندا کی تانیث 2 ہلکی 3 مدھم 4 دھیمی 5 کم 6 سستی۔

مندیل (ع) اسم مونث 1 پٹی 2 کمر کا پٹکا 3 رومال 4 انگوچھا 5 بن سلا کپڑا 6 طلائی پگڑی 7 زرین عمامہ۔

منڈ (ہ) اسم مذکر 1 مونڈ کا مخفف 2 سر 3 کھوپڑی 4 سرگروہ 5 سردار 6 سرغنہ 7 استاد 8 ایک راکشش کا نام۔

منڈ چرا (ہ) اسم مذکر 1 فقیروں کا ایک گروہ جو سر اور ماتھے کو زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں 2 ضدی 3 ہٹیلا۔

منڈ چراپن (ہ) اسم مذکر 1 ضد 2 ہٹ 3 زبردستی 4 منڈا 5 (ہ) اسم صفت مفعولی 6 سر منڈا ہوا 7 صفا 8 چٹ 9 وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں۔

منڈاسا (ہ) اسم مذکر 1 پگڑی 2 پھینٹا 3 [illegible] 4 دستار۔

منڈاسا باندھنا (ہ) فعل 1 پگڑی باندھنا 2 سر چڑھنا 3 سر اٹھان۔

منڈانا (ہ) فعل 1 سر پر استرا پھروانا 2 سر گھٹوانا 3 مونڈن کرانا۔

منڈائی (ہ) اسم مونث 1 حجامت بنوائی 2 سر منڈوانے کی اجرت۔

Join us on whatsapp: Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

منڈپ (س) اسم مذکر ① بیاہ یا میلے وغیرہ کے موقعہ پر آراستہ شدہ مکان وسیع ② بیاہ کا کام کاج ہونے کی جگہ ③ مندر ④ دیر ⑤ معبد ⑥ گرجا ⑦ شوالہ۔

منڈل (س) اسم مذکر ① گھیرا ② چکر ③ گولا ④ دائرہ ⑤ گول خیمہ یا تنبو ⑥ احاطہ ⑦ صوبہ ⑧ ضلع ⑨ پرگنہ۔

منڈل باندھنا (ہ) فعل ① جھرمٹ باندھنا ② حلقہ باندھنا ③ چرسے پر گھیر باندھنا ④ اندھیرا چھانا ⑤ تاریکی ہو جانا۔

منڈلانا (ہ) فعل گھومنا ① چکر لگانا ② ادھر ادھر پھرنا ③ گرد پھرنا ④ چیلوں کا مردار وغیرہ کے گرد اڑتے پھرنا ⑤ چرسے پر منڈل باندھنا۔

منڈلی (ہ) اسم مونث ① جتھا ② جھنڈ ③ جماعت ④ مجمع ⑤ ٹولی ⑥ گروہ ⑦ سبھا ⑧ مجلس۔

منڈنا (ہ) فعل ① حجامت بننا ② بال مونڈے جانا ③ لٹنا ④ فریب میں آکر خسارہ اٹھانا۔

منڈوا (ہ) اسم مذکر ① ایک ادنےٰ قسم کا اناج تھیٹر ② تماشا گاہ۔

منڈوانا (ہ) فعل ① حجامت بنوانا ② بال اتروانا ③ لٹوانا ④ ٹھگوانا ⑤ فریب سے خرچ کروانا ⑥ چوری کروانا۔

منڈھنا (ہ) فعل ① پوشش کرنا ② کاغذ یا چمڑ یا کپڑ چڑھانا ③ ذمہ ڈالنا ④ مڑھنا ⑤ ڈھانکنا ⑥ سر ڈالنا۔

منڈی (ہ) اسم مونث ظرف ① تھوک فروشی کا بازار ② تجارت گاہ ③ بڑا بازار ④ پینٹھ۔

منڈی (ہ) اسم صفت ① سر منڈی ہوئی ② بن بالوں کی ③ بن سینگوں کی گائے ④ بن نوک کی جوتی ⑤ گرگابی ⑥ بحالت اسم مونث ⑦ ایک مصفی خون نباتاتی دوا کا نام۔

منڈیانا (ہ) فعل ① مانڈی لگانا ② کلف لگانا ③ چاولوں کی پیچ یا نشاستہ سے کپڑے وغیرہ کو سخت کرنا۔

منڈیر (ہ) اسم مونث ① اسم مذکر ② دیوار کا ڈھلوان بنا ہوا بالائی حصہ ③ سر دیوار ④ پشتہ ⑤ ڈولا ⑥ مینڈ ⑦ کھیت یا کیاری کی اونچی حد۔

منڈیر باندھنا (ہ) فعل ① مینڈھ باندھنا ② پشتہ باندھنا ③ کھیت کی حد قائم کرنا۔

منڈیری (ہ) اسم مونث ① منڈیر کی تصغیر ② دیوار کا ڈھلوان سرا ③ کھیت کا پشتہ ④ ڈولا۔

منزل (ء) اسم مونث ظرف ① اترنے کی جگہ ② ٹھہرنے کی جگہ ③ سرائے ④ پڑاؤ ⑤ مسافر خانہ ⑥ ایک دن کا سفر ⑦ مرحلہ ⑧ گھر ⑨ مکان۔

منزل بہ منزل (ء) تابع فعل ① ایک ایک پڑاؤ ② پڑاؤ در پڑاؤ ③ درجہ بدرجہ۔

منزل دینا (ا) فعل ① جنازے کو راستہ میں ذرا سی دیر کے لئے رکھ دینا ② مردے کو آرام دینا۔

منزل طے ہونا (ا) فعل ① سفر پورا ہونا ② ٹھکانے پر پہنچنا ③ پڑاؤ پر پہنچنا۔

منزل کاٹنا (ا) فعل ① مسافت طے کرنا ② سفر طے کر لینا ③ مرحلہ طے کرنا۔

منزل کرنا (ا) فعل ① ایک پڑاؤ کا رستہ چلنا ② قیام کرنا ③ ٹھہرنا ④ اترنا ⑤ انزال کرنا۔

منزل کھوٹی ہونا (ا) دیر ہونا ① دیر لگنا ② پڑاؤ تک نہ پہنچ سکنا ③ مقام مقصود تک پہنچنے میں دیر ہو جانا ④ منزل پر وقت معینہ پر نہ پہنچ سکنا۔

منزل مارنا (ا) فعل ① سفر کرنا ② مسافت کرنا ③ مشکل حل کرنا ④ مہم طے کر لینا۔

منزل مقصود (ء) اسم مونث ① وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو ② علت غائی ③ مقام مقصود ④ (بحالت اسم مذکر) مطلب ⑤ مقصد ⑥ مراد۔

منزل (ء) اسم صفت ① نیچے اتارا گیا ② نازل کیا گیا۔

منزلت (ء) اسم مونث ① درجہ ② قدر ③ عزت ④ رتبہ ⑤ مرتبہ ⑥ پایہ ⑦ منصب ⑧ عہدہ ⑨ اعزاز۔

منزلہ (ء) اسم صفت بہائے نسبتی ① درجہ کا ② کھنڈ والا ③ مقام ④ جائے ⑤ جیسے بمنزلہ۔

منزوی (ء) اسم صفت فاعلی ① زاویہ نشین ② گوشہ نشین ③ گوشہ اختیار کرنے والا ④ خلوت گزین۔

منزہ (ء) اسم صفت ① پاک ② صاف ③ بیلاگ ④ مقدس ⑤ بری ⑥ آزاد ⑦ مبرا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

منسٹر (ای) اسم مذکر۔ وزیر۔
منسٹری (ای) اسم مونث۔ وزارت۔
منسا (ہ) اسم مونث 1 مراد 2 مطلب 3 خواہش 4 آس 5 آسا 6 مقصد 7 چاہ 8 اچھا۔
منسک (ع) اسم مذکر ظرف 1 عبادتگاہ 2 قربان گاہ 3 حاجیوں کی قربانیوں کی جگہ یعنی موضع منا جہاں حاجی لوگ قربانیاں ادا کرتے ہیں۔
منسلک (ع) اسم صفت فاعلی 1 نتھی کیا ہوا 2 پرویا ہوا 3 شامل 4 مشمولہ۔
منسوب (ع) اسم صفت 1 نسبت کیا گیا 2 متعلق 3 جس سے منگنی ہوئی ہو۔
منسوب کرنا (ا) فعل 1 منگنی کرنا 2 نکاح میں لانا 3 بیاہنا 4 سگائی کرنا 5 نسبت کرنا۔
منسوبہ (ع) اسم صفت 1 نسبت دی ہوئی 2 متعلقہ 3 جس سے منگنی ہوئی ہو 4 منگیتر۔
منسوخ (ع) اسم صفت مفعولی 1 نسخ کیا گیا 2 رد کیا گیا 3 ناجائز 4 متروک۔
منسوخ کرنا (ا) فعل 1 نیست کر دینا 2 مٹانا 3 متروک کرنا 4 رد کرنا 5 باطل کرنا 6 موقوف کرنا۔
منسوخ ہونا (ا) فعل 1 موقوف ہونا 2 ناجائز ہونا 3 رد ہونا 4 باطل ہونا 5 متروک ہونا۔
منش (ف) اسم مونث 1 مزاج 2 خو 3 طبیعت۔
منش (س) اسم مذکر 1 آدمی 2 مرد 3 شخص 4 انسان 5 بشر 6 انس 7 خاوند 8 پتی 9 خصم۔
منشا (ع) اسم مذکر ظرف 1 پیدا ہونے کی جگہ 2 پرورش پانے کی جگہ 3 مجازاً سبب 4 باعث 5 عندیہ 6 ارادہ 7 مفہوم 8 مدعا 9 مراد۔
منشور (ع) اسم صفت مفعولی 1 بکھرا ہوا 2 پراگندہ 3 تتر بتر (بحالت اسم مذکر) بادشاہی حکم 4 پروانہ 5 آل تمغا 6 جاگیر 7 معافی 8 مشہور ومعروف۔
منشور مثلثی (ع) اسم مذکر۔ سہ پہلو شیشہ جس سے سورج کی روشنی کا کئی رنگوں سے مرکب ہونا دیکھا کرتے ہیں۔

منشی (ع) اسم صفت فاعلی 1 دل سے بات پیدا کر لینے والا 2 پیدا کرنے والا 3 محرر 4 کاتب 5 انشا پرداز 6 مضمون نویس 7 خوش قلم 8 اہل قلم کا اعزازی خطاب۔
منشی خانہ (عف) اسم مذکر ظرف 1 اردو کا دفتر 2 دیسی دفتر 3 منشیوں کے بیٹھ کر کام کرنے کی جگہ۔
منشی گری (ہ) اسم مونث بیائے مصدری 1 تحریر کا کام کرنے کی جگہ 2 محرری 3 کتابت
منشیانہ (عف) تابع فعل 1 منشیوں کی طرح 2 منشیوں جیسا 3 وکلا کے منشیوں کا محنتانہ۔
منصب (ع) اسم مذکر ظرف 1 لغوی کھڑا ہونے کی جگہ 2 مجازاً 3 بڑا رتبہ 3 عہدہ 4 اونچا مرتبہ 5 امراد کو دینے کا عہدہ 6 ڈیوٹی 7 خدمت کام 8 حکومت۔
منصب دار (عف) اسم مذکر 1 کارکن 2 عہدہ دار 3 حاکم 4 مجسٹریٹ 5 وظیفہ خوار۔
منصرف (ع) اسم صفت فاعلی 1 پھر جانے والا 2 ایک حال سے دوسرے پر لوٹ جانے والا۔
منصرم (ع) اسم صفت فاعلی 1 انصرام کرنے والا 2 گماشتہ 3 پیشکار 4 منیم 5 منیجر 6 منتظم 7 بندوبست کے محکمہ کا سرکاری عہدہ دار 8 پٹواریوں کو کام سکھانے والا 9 قائمقام۔
منصف (ع) اسم صفت فاعلی 1 نیاؤ کرنے والا 2 نیائی 3 انصاف کرنے والا 4 عادل 5 محکمہ دیوانی کا عہدہ دار 6 جج کا ماتحت عہدہ دار 7 ثالث 8 پنچ 9 بچولیا۔
منصف مزاج (ع) اسم صفت مرکب 1 صاف گو 2 انصاف پسند آدمی 3 کھرا 4 بے لگاؤ 5 آزاد طبع۔
منصفانہ (عف) تابع فعل 1 ازروئے انصاف 2 انصاف والوں کی طرح 3 انصاف پسند 4 جیسا عادلانہ۔
منصفی (ع) اسم مونث بیائے مصدری 1 انصاف 2 نیاؤ 3 تصفیہ 4 منصف کی عدالت 5 نائب جج کی کچہری 6 منصف کا عہدہ۔
منصفی کرنا (ا) فعل 1 نیاؤ کرنا 2 تصفیہ کرنا 3 انصاف کرنا۔
منصوب (ع) اسم صفت مفعولی 1 کھڑا کیا گیا 2 لگایا گیا 3 نصب کیا

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149072
www.besturdubooks.net

گیا④ سیدھا⑤ قائم⑥ وہ حرف جسے زبر دیا جائے⑦ مفتوح۔

**منصوبہ** (ع) اسم مذکر① کھڑی کی ہوئی چیز② توڑ جوڑ③ علاج④ اپائے⑤ حکمت⑥ تدبیر⑦ خواہش دلی⑧ ارادہ⑨ قصد

**منصوبہ باز** (ا) اسم صفت ترکیبی① مدبر② دور اندیش③ تدبیریں سوچنے والا۔

**منصوبہ باندھنا/ منصوبہ ٹھیرانا** (ا) فعل① کسی بات کو دل میں پختہ کرلینا② ٹھان لینا③ ارادہ کرنا۔

**منصوبہ کرنا** (ا) فعل① قصد کرنا② ارادہ کرنا③ تدبیر کرنا④ ٹھہرانا۔

**منصور** (ع) اسم صفت مفعولی① نصرت دیا گیا② مدد کیا گیا③ فتحمند④ مظفر⑤ فاتح⑥ فتحیاب⑦ حسین بن منصور⑧ الملقب بہ حلاج کا نام ہے⑨ جو باپ کے نام مشہور ہوگیا۔

**منصور ومظفر** (ع) اسم صفت① فتحیاب اور فاتح② فتح نصیب۔

**منضج** (ع) اسم مذکر فاعل① مادے کو پکانے والی دوا② فاسد خلط کو قابل اخراج بنانے والی دوا۔

**منضم** (ع) اسم صفت مفعولی① ملایا گیا② ملا ہوا③ پیوستہ④ شامل⑤ شامل کیا گیا۔

**منطبع** (ع) اسم صفت فاعلی① چھپنے والا② منقوش ہونے والا③ مجازاً چھپائی والا۔

**منطبق** (ع) اسم صفت فاعلی① مطابقت کیا گیا② مطابق آنے والا③ برابر④ موافق اوپر تلے رکھ کر بالکل برابر آنے والا⑤ یکسان⑥ ہموار۔

**منطفی** (ع) اسم صفت فاعلی① بجھنے والا② فرو ہونے والا③ بجھا ہوا۔

**منطق** (ع) اسم مونث① بات② گفتگو③ گویائی④ بات چیت⑤ بول چال⑥ فصاحت⑦ خوش کلامی⑧ لہجہ⑨ تلفظ۔

**منطق بگھارنا/ منطق چھانٹنا** (ا) فعل① حجت کرنا② باتیں بنانا③ چناں چنیں کرنا④ دلیل بنانا۔

**منطقہ** (ع) اسم مذکر① پٹکا② پیٹی③ کمر بند④ وہ خیالی خطوط جو زمین کے گرداگرد پٹکے کی طرح واقعہ ہیں۔

**منطقۃ البروج** (ع) اسم مذکر① راس چکر② وہ بڑا دائرہ جس پر آسمانی بارہ برج واقع ہیں③ راس منڈل۔

**منطقہ باردہ جنوبی** (ع) اسم مذکر① جنوبی ٹھنڈا گھیر② وہ منطقہ جو دائرہ قطب جنوبی سے جنوب کو ہے③ جہاں ہمیشہ برف جمی رہتی ہے۔

**منطقہ باردہ شمالی** (ع) اسم مذکر① شمالی② ٹھنڈا چکر جو دائرہ قطب شمالی سے درجہ شمال کو ہے یہاں بھی ہمیشہ برف جمی رہتی ہے۔

**منطقہ حارہ/ محرقہ** (ع) اسم مذکر① گرم پٹکا② وہ وسطی حصہ زمین جو خط سرطان اور خط جدی کے درمیان ۴۷ درجہ میں واقع ہے یعنی خط استوار سے شمال اور اسی قدر جنوب کو۔

**منطقہ معتدلہ جنوبی** (ع) اسم مذکر۔ جو دائرہ قطب جنوبی اور خط جدی کے درمیان ۴۳ درجہ میں ہے اس میں گرمی سردی اعتدال پر رہتی ہے۔

**منطقہ معتدلہ شمالی** (ع) اسم مذکر۔ وہ منطقہ جو دائرہ طقب شمالی اور خط سرطان کے درمیان ۴۳ درجہ میں ہے اس میں گرمی سردی اعتدال پر رہتی ہے۔

**منطقی/ منطقیا** (ع) اسم مذکر① علم منطق جاننے والا② منطق دان③ خوش بیان④ فصیح⑤ حجتی⑥ جھگڑالو⑦ معترض⑧ بحث کرنے والا۔

**منطوق** (ع) اسم مذکر مفعول① کلام② بچن③ قول④ سخن⑤ بات چیت⑥ مضمون۔

**منطوی** (ع) اسم صفت فاعلی① لپٹا ہوا② پیچیدہ③ ملفوف۔

**منظر** (ع) اسم مذکر ظرف① جائے نظر② نظر گاہ③ آنکھ④ چشم⑤ نظر⑥ شکل⑦ صورت⑧ چہرہ⑨ نظارہ۔

**منظر عام** (ع) اسم مذکر① کھلی جگہ② گذرگاہ③ عام④ عام راستہ⑤ شارع عام۔

**منظور** (ع) اسم صفت مفعولی① نظر کی گیا② دیکھا گیا③ مقبول④ پسند⑤ پسندیدہ⑤ مانی ہوئی بات۔

**منظور خدا** (عف) اسم مذکر① خدا کو جو پسند ہو② مرضی مولا③ مشیت ایزدی۔

**منظور کرنا** (ا) فعل① ماننا② تسلیم کرنا③ قبول کرنا④ اجازت دینا۔

**منظور نظر** (ع) اسم صفت① پسند② پسندیدہ③ مقبول④ مرغوب خاطر⑤ دل پسند⑥ دل کو بھایا ہوا⑦ (بحالت اسم مذکر) وہ شخص جس پر کسی حاکم کی نظر عنایت ہو⑧ پیارا⑨ محبوب۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149...7218

منظور نظر ہونا (ا) فعل ① دل کو بھانا ② دل میں کھبنا ③ دل کو پسند آنا۔

منظوری (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① مرضی ② اجازت ③ رضامندی ④ آ گیا ⑤ پروانگی ⑥ اجابت ⑦ اختیار۔

منظوم (ء) اسم صفت ① پرویا گیا ② منسلک کیا گیا ③ نظم کیا گیا ④ نظم ⑤ اشعار میں لایا گیا۔

منظومہ (ء) اسم صفت ① نظم کیا گیا ② نظم کیا ہوا۔

منع (ء) اسم مذکر ① ہٹایا گیا ② روکا گیا ③ ممنوع ④ برا ⑤ زبون ⑥ ناروا ⑦ ناجائز ⑧ بیجا ⑨ نامناسب۔

منع کرنا (ا) فعل ① ہٹانا ② روکنا ③ ممانعت کرنا ④ انکار کرنا ⑤ منکر ہونا ⑥ صاف جواب دینا۔

منعدم (ء) اسم صفت ① ناپید ② نیست ونابود۔

منعطف (ء) اسم صفت فاعلی ① پھرنے والا ② مڑنے والا ③ خم کھانے والا ④ واپس ہونے والا۔

منعقد (ء) اسم صفت فاعلی ① انعقاد پانے والا ② بندھنے والا ③ مجازاً مقرر ہونے والا ④ متعین ہونے والا ⑤ ٹھہرنے والا۔

منعقد ہونا (ا) فعل ① قرار پانا ② قائم ہونا ③ ٹھہرنا ④ جڑنا ⑤ متعین ہونا ⑥ اکٹھا ہونا۔

منعکس (ء) اسم صفت فاعلی ① عکس قبول کرنے والا ② الٹا اوندھا ③ پلٹا ہوا ④ سرنگون ⑤ وہ شعاع جو الٹ کر آئی ہو ⑥ لوٹ کر آنے والی۔

منعم (ء) اسم صفت فاعلی ① نعمت دینے والا ② تونگر ③ دولتمند ④ زردار ⑤ غنی ⑥ مربی ⑦ آقا ⑧ داتا ⑨ سخی۔

منغص (ء) اسم صفت مفعولی ① گدلا ② مکدر ③ ناراض ④ افسردہ ⑤ رنجیدہ ⑥ ملول۔

منفذ (ء) اسم مذکر ظرف ① جائے نفوذ ② راستہ ③ گزرگاہ ④ اندر گھس جانے کی جگہ ⑤ سوراخ ⑥ چھید ⑦ روزن ⑧ رخنہ ⑨ مسام۔

منفرج (ء) اسم صفت فاعلی ① کھلا ہوا ② نادہ ③ وسیع۔

منفرجہ (ء) اسم صفت ① کشادہ ② پھیلا ہوا ③ وسیع۔

منفرح (ء) اسم صفت فاعلی ① فرحت بخشنے والا ② خوش ③ شاد ④ خوشی دینے والا۔

منفرد (ء) اسم صفت ① اکیلا ② مفرد ② فرد۔

منفصلہ (ء) اسم صفت مفعولی ① فیصل شدہ ② الگ کیا گیا ③ جدا شدہ ④ تصفیہ شدہ۔

منفعت (ء) اسم مونث ① نفع ② سود ③ فائدہ ④ لابھ ⑤ اوت ⑥ بچت ⑦ بڑھوتری ⑧ بیشی۔

منفعل (ء) اسم صفت فاعلی ① اثر فعل قبول کرنے والا ② شرمندہ ③ شرمسار ④ نادم ⑤ خجل۔

منفک (ء) اسم صفت مفعولی ① الگ کیا گیا ② علیحدہ کیا گیا ③ جدا شدہ۔

منفی (ء) اسم صفت مفعولی ① انکار شدہ ② نفی کیا گیا ③ نیست کیا گیا ④ ممنوع ⑤ تفریق کیا گیا ⑥ نکالا گیا۔

منقاد (ء) اسم صفت مفعولی ① فرمانبردار ② عاجزی کرنے والا ③ تابع ④ مطیع۔

منقار (ء) اسم صفت مفعولی ① فرمانبردار ② عاجزی کرنے والا ③ تابع ④ مطیع۔

منقار (ء) اسم مونث ① پرندے کی چونچ ② ٹھونگ۔

منقبت (ء) اسم مونث ① بزرگوں کی کہ حمد وثنا ② تعریف وتوصیف ③ ہنر ④ سراہنا ⑤ صف وثنا۔

منقبض (ء) اسم صفت فاعلی ① سمٹا ہوا ② سکڑا ہوا ③ بھچا ہوا ④ کس کر باندھا ہوا ⑤ ناراض ⑥ ناخوش ⑦ افسردہ۔

منقح (ء) اسم صفت مفعولی ① جھوٹ سے پاک ہوا ② سچ سچ ③ صاف صاف ④ سچی بات۔

منقسم (ء) اسم صفت مفعولی ① بانٹا ہوا ② تقسیم کیا گیا ③ تقسیم شدہ۔

منقسم (ء) اسم صفت فاعلی۔ تقسیم ہونے والا۔

منقش (ء) اسم صفت مفعولی ① نقش ونگار کیا گیا ② چتر کاری کیا گیا ③ بیل بوٹے دار۔

منقضی (ء) اسم صفت فاعلی ① گزرنے والا ② گزشتہ ③ گزرا ہوا ④ بیتا ہوا ⑤ قضا شدہ۔

منقطع (ء) اسم صفت ① کاٹا ہوا ② قطع کیا گیا ③ فیصل شدہ ④ ختم شدہ ⑤ طے شدہ۔

منقطع ہونا (ا) فعل ① انجام کو پہنچنا ② طے ہونا ③ فیصلہ ہوجانا ④ چکنا۔

منقلب (ء) اسم صفت فاعلی ① الٹنے والا ② گردش کرنے والا۔

Join us on Whatsapp: Naveed Baig 03149077218

منقوش (ع) اسم صفت مفعولی ① نقش ونگار کیا ہوا ② کھدا ہوا ③ نقش کیا گیا ④ کندہ کیا ہوا۔

منقوط/منقوطہ (ع) اسم صفت مفعولی ① نقطہ والا ② وہ نقطہ دار حرف جس کی صورت کا کوئی بے نقطہ حرف بھی ہو۔

منقول (ع) اسم صفت مفعولی ① نقل کیا گیا ② اتارا گیا ③ لکھا گیا ④ ذکر کیا گیا ⑤ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا۔

منقولہ (ع) اسم صفت ① قابل انتقال ② ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل۔

منقولہ جائداد (ا) اسم مونث۔ (قانون) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل جائداد یعنی روپیہ پیسہ وغیرہ۔

منقّٰی (ع) اسم صفت مفعولی ① بیج نکالا ہوا ② صاف کیا گیا ③ صاف شدہ ④ مصفا ⑤ ایک قسم کی بڑی کشمش۔

منقی (ع) اسم صفت فاعلی۔ صاف کرنے والا۔

منکا (ہ) اسم مذکر ① تسبیح کا دانہ ② کانچ کا موتی ③ نگینہ کا موتی ④ گردن کا مہرہ ⑤ پیٹھ کا مہرہ ⑥ ریڑھ کی ہڈی کا بالائی حصہ ⑦ مالا ⑧ سمرن ⑨ تسبیح۔

منکا ڈھل جانا/ منکا ڈھلکنا/ منکا ڈھلنا (ہ) فعل ① مرتے وقت گردن کا ایک طرف گر جانا ② گردن مڑ جانا ③ دم توڑنا ④ گردن کا قابو میں نہ رہنا ⑤ علامت مرگ ظاہر ہونا ⑥ دم نزع ہونا۔

منکر (ع) اسم صفت فاعلی ① انکار کرنے والا ② مکر جانے والا ③ نہ ماننے والا ④ خدا کی خدائی سے انکاری بے دین ⑤ لا مذہب ⑥ دہریہ ⑦ ملحد۔

منکر نعمت (ع) اسم مذکر ① ناشکرا ② احسان نہ ماننے والا ③ ناشکر گزار۔

منکر ہونا (ا) فعل ① مکرنا ② قول سے پھرنا ③ انکاری ہونا ④ نہ ماننا ⑤ انکار کرنا۔

منکَر (ع) اسم صفت مفعولی ① انکار کیا گیا ② خراب ③ مکروہ ④ کھوٹا ⑤ زبون ⑥ عیب دار ⑦ قبر میں آنے دو فرشتوں میں سے ایک کا نام۔

منکر نکیر (ع) اسم مذکر۔ قبر میں آ کر مرے ہوئے سے سوال کرنے والے دو فرشتے۔

منکسر (ع) اسم صفت فاعلی ① عاجز ② مسکین ③ ٹوٹا ہوا ④ شکستہ۔

منکسر المزاج (ع) اسم صفت ① غریب مزاج ② خاکسار ③ مسکین طبیعت والا۔

منکشف (ع) اسم صفت فاعلی ① انکشاف ہونے والا ② کھلنے والا ③ برہنہ ④ ننگا ⑤ ظاہر ⑥ آشکارا۔

منکوحہ (ع) اسم مونث ① نکاح کی ہوئی ② نکاحی بیوی ③ جورو ④ لگائی ⑤ گھروالی ⑥ اہلیہ ⑦ مہرارو۔

منگانا (ہ) فعل ① طلب کرانا ② منگوانا ③ گداگری کرنا۔

منگتا (ہ) اسم مذکر فاعل ① بھیک مانگنے والا ② بھکاری ③ کنگال ④ کنگلا ⑤ فقیر۔

منگسر (ہ) اسم مذکر ① ہندی سال کا آٹھواں مہینہ ② آگھن۔

منگل (س) اسم مذکر ① خوشی ② آنند ③ خوشی کا گیت ④ تیسرا گرہ ⑤ مریخ ⑥ جدھ کا دیوتا ⑦ جلاد فلک ⑧ سہ شنبہ کا دن ⑨ پیر کے بعد کا دن۔

منگل گانا (ہ) فعل ① خوشی کے گیت گانا ② خوشی منانا ③ مبارکباد گانا ④ رنگ رلیاں منانا۔

منگلا (ہ) اسم مونث ① سفید یا نیلے پھولوں والی گھاس ② ملی ③ باعصمت بیوی۔

منگنی (ہ) اسم مونث ① سگائی ② نسبت ③ مرد کو عورت سے اور عورت کو مرد سے منسوب کرنے کی رسم ④ سودے کے علاوہ کوئی اور چیز مانگنا ⑤ روکن ⑥ ادھار ⑦ قرض دام ⑧ مانگے ⑨ مستعار۔

منگوانا (ہ) فعل ① منگانا ② طلب کرانا ③ بلوانا ④ سوال کرانا۔

منگیتر (ہ) اسم مذکر و مونث ① منسوب شدہ مرد یا عورت ② وہ لڑکا یا لڑکی جس کی سگائی کی گئی ہو۔

منگنیز (ای) اسم مذکر۔ ایک سیاہ دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے اور اس سے جنگی ساز و سامان بھی بنایا جاتا ہے۔

من من (ہ) تابع ① فعل ② آہستگی سے ③ ہولے ہولے ④ سہج سہج ⑤ دیر سے ڈھیل سے۔

منو (س) اسم مذکر ① منوسمرتی کا بنانے والا ② ہندوؤں میں ایک نہایت فاضل شخص گزرا ہے ③ جس نے دھرم شاستر بنایا تھا ④ یہی قانون آجکل ہندوؤں کا معلوم ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772

منو (ہ) اسم مذکر ① بندر ② بوزنہ ③ بعض آدمیوں کا نام بھی ہوتا ہے۔

من من کرنا (ہ) فعل۔ کسی کام کو نہایت آہستگی سے سوچ سوچ کر کرنا۔

منمنانا (ہ) فعل ① سستی سے کھانا ② سہج سہج کر کھانا۔

منوا (ہ) اسم مذکر ① من بمعنی دل کی تصغیر ② آتما ③ روح ④ دل ⑤ ضمیر ⑥ ہبا ⑦ مردہ۔

منوا کے چھوڑنا (ہ) فعل ① اپنی بات کو تسلیم کرا لینا ② اقرار لے کر جانے دینا ③ کہلوا ہی لینا۔

منوال (ء) اسم مذکر آلہ ① وہ لکڑی جس پر جولاہے کپڑا بن بن کر لپیٹے جاتے ہیں ② تر ③ مجازاً طور ④ ڈھنگ ⑤ طریق ⑥ دستور ⑦ رسم ⑧ وضع۔

منوانا (ہ) فعل ① تسلیم کرانا ② قبول کرانا ③ منظور کرانا ④ اقرار کرانا۔

منور (ء) اسم صفت مفعولی ① نور دیا گیا ② روشنی دیا گیا ③ نورانی ④ روشن ⑤ تاباں ⑥ درخشاں ⑦ چمکتا ہوا ⑧ اجاگر ⑨ چمکیلا۔

منوہر (س) اسم صفت ① من موہن ② دلربا ③ من ہرن ④ سندر ⑤ خوبصورت ⑥ خوبرو ⑦ سوہنا ⑧ من بھاونا ⑨ مرغوب دل۔

منہ / مونھ (ہ) اسم مذکر ① بل ② سوراخ ③ چھید ④ موری ⑤ موکھا ⑥ کھڑکی ⑦ دریچہ ⑧ سمت ⑨ طرف۔

منہ اترنا / اتر جانا (ہ) فعل ① چہرہ لاغر اور بے رونق ہو جانا ② چہرے کا رنگ روپ جاتا رہنا۔

منہ اٹھا کر چلنا (ہ) فعل ① اندھا دھند چلنا ② بے سوچے بے پروائی سے چلنا ③ بے ہوش اور بے خبر ہو کر چلنا ④ رستہ دیکھ کر نہ چلنا۔

منہ اٹھانا (ہ) فعل ① کسی طرف کو چل دینا ② کسی طرف رخ کرنا ③ کہیں کا ارادہ کرنا۔

منہ اٹھائے (ہ) اسم صفت ① اندھا دھند ② اندھوں کی طرح ③ بے پروائی ④ شتر بے مہار۔

منہ اٹھائے چلے آنا (ہ) فعل ① بے دھڑک چلے آنا ② بن دیکھے بھالے چلے آنا۔

منہ اٹھ جانا (ہ) فعل ① رخ ہو جانا ② بلا ارادہ کسی سمت کو چلا جانا۔

منہ آ جانا (ہ) فعل ① منہ میں چھالے پڑ جانا ② منہ ابل آنا ③ منہ میں پھلکے پڑ جانا۔

منہ اجلا ہو جانا (ہ) فعل ① چہرہ نکھر جانا ② عزت رہ جانا ③ سرخروئی قائم رہنا۔

منہ اداس ہونا (ہ) فعل ① بے بر غمگینی کا نمایاں ہونا ② چہرہ اداس ہونا۔

منہ اکھری (ہ) اسم صفت ① منہ زبانی ② نفیسی ③ زبانی ④ ملفوظی۔

منہ آنا (ہ) فعل ① منہ ابلنا ② منہ میں چھالے پڑنا ③ منہ میں زخم پڑنا ④ طعنہ مارنا ⑤ بول مارنا ⑥ آوازہ کسنا ⑦ سر چڑھنا ⑧ دلیر ہونا ⑨ بے باک ہونا۔

منہ اندھیرے (ہ) تابع فعل ① سویرے سویرے ② علی الصباح ③ پو پھٹے ④ تڑکے ہی ⑤ صبح صادق کے وقت۔

منہ بانا (ہ) فعل ① منہ کھولنا ② منہ پھاڑنا ③ جمائی لینا ④ ندامت کی وجہ سے ہنسنا ⑤ خجالت اٹھانا ⑥ اپنی بے وقوفی پر ہنسنا ⑦ مر جانا ⑧ چل بسنا ⑨ منہ کے رستہ دم نکلنا۔

منہ باندھ کے بیٹھنا (ہ) فعل ① چپ رہنا ② خاموش رہنا ③ منہ بند کر کے بیٹھنا۔

منہ باندھنا (ہ) فعل ① منہ بند کرنا ② خاموش کرنا ③ چپ کرنا ④ ساکت کرنا۔

منہ پرا بنانا (ہ) فعل ① ناراضگی ظاہر کرنا ② ناخوشی سے تیوری چڑھانا ③ خفگی کا اظہار کرنا۔

منہ بسورنا (ہ) فعل ① رونی صورت بنانا ② منہ بنانا۔

منہ بگاڑ دینا (ہ) فعل ① تھپڑ یا جوتے سے منہ ٹیڑھا کر دینا ② چہرہ بگاڑ دینا ③ منہ سجا دینا۔

منہ بگاڑنا (ہ) فعل ① منہ بنانا ② منہ ٹیڑھا کرنا ③ طمانچے کی سزا دینا ④ تیوری چڑھانا ⑤ منہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا ⑥ لقوہ والوں کی طرح ہنسنا ⑦ منہ کا مزہ خراب کرنا۔

منہ بننا / بن جانا (ہ) فعل ① تیوری چڑھنا ② خفگی ہونا ③ ناپسند ہونا ④ صورت بگڑنا ⑤ منہ چھتنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772188

www.besturdubooks.net

منہ بنا بیٹھنا/ منہ بنا کر بیٹھنا/ منہ بنانے بیٹھنا (ہ) فعل ① ناراض ہوجانا ② منہ بگاڑ لینا ③ منہ سجا کر بیٹھنا ④ چیں بہ جبیں ہو کر بیٹھنا۔

منہ بنالینا (ہ) فعل ① خفا ہوجانا ② ناراض ہوجانا ③ تیوری چڑھالینا۔

منہ بنانا (ہ) فعل ① چہرے کو بدنما کرلینا ② بری صورت بنانا ③ رونی صورت بنانا ④ ناراض ہونا ⑤ رنجیدہ ہونا ⑥ غصہ کی شکل بنانا ⑦ کسی بدمزہ چیز کے کھاتے پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑنا ⑧ طمانچہ مار کر چہرہ بگاڑنا۔

منہ بند (ا) اسم صفت ① بستہ لب ② دہن بستہ ③ خاموش ④ چپ ⑤ کواری ⑥ باکرہ ⑦ دوشیزہ۔

منہ بند کرلینا (ا) فعل ① خاموش ہوجانا ② چپ سادھنا ③ منہ ڈھانک لینا ④ منہ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ لینا۔

منہ بند کرنا (ا) فعل ① خاموش کرنا ② بولنے سے روکنا ③ رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے روکنا۔

منہ بند کلی (ا) اسم مونث ① بن کھلا پھول ② شگوفہ ③ کنواری ④ انچھیڑ ⑤ دوشیزہ ⑥ باکرہ۔

منہ بند ہونا (ا) فعل ① بستہ لب ہونا ② چپ ہونا ③ خاموش ہونا ④ بات نہ کرسکنا ⑤ زخم بھرنا ⑥ کسی کی بدی یا چغلی سے رکنا۔

منہ بنوا کر/ منہ بنواؤ (ا) محاورات ① منہ دھور کھو ② منہ درست کر رکھو یعنی امید نہ رکھو ③ اس خیال سے باز آؤ۔

منہ بنوانا (ہ) فعل ① کسی کام کے لائق ہونا ② لیاقت پیدا کرنا ③ منہ کو درست کرانا۔

منہ بولا (ہ) اسم صفت ① مفعولی ② منہ سے کہا ہوا ③ زبان سے بنایا ہوا ④ پگڑی بدل۔

منہ بولا بھائی (ہ) اسم مذکر ① وہ شخص جسے اپنی زبان سے بھائی کہہ لیا ہو ② بھائی بنایا ہوا ③ برادر خواندہ۔

منہ بولتی (ہ) اسم صفت ① باتیں کرتی ہوئی ② گویا ③ بولتی ہوئی ④ ناطق ⑤ تصویر کی عمدگی کے مبالغہ کیلئے بولتے ہیں ایسی تصویر گویا ابھی منہ سے بولی کی بولی۔

منہ بولتی تصویر/ مورت (ا) اسم مونث ① نہایت عمدہ تصویر یا مورت آدمی ② انسان ③ بشر۔

منہ بولی (ہ) اسم صفت ① منہ بولا کی مونث ② منہ سے کہی ہوئی ③ زبان سے بنائی ہوئی۔

منہ بولی بہن (ہ) اسم مونث ① سہیلی ② وہ عورت جسے منہ سے بہن کہہ لیا ہو۔

منہ بھر آنا/ منہ بھر آنا (ہ) فعل ① منہ میں پانی یا رطوبت کا چلا آنا ② متلی ہونا ③ جی کا مالش کرنا ④ جی کچا ہونا۔

منہ بھرائی (ہ) اسم مونث ① رشوت ② دہان بندی۔

منہ بھرائی دینا/ منہ بھر دینا (ہ) فعل۔ رشوت دینا۔

منہ بھر کے (ہ) تابع فعل ① لبالب ② لبریز ③ بخوبی ④ حسب دلخواہ ⑤ خاطر خواہ ⑥ ات گت ⑦ نہایت از حد ⑧ بھرپور ⑨ تمام وکمال۔

منہ بھر کے گالی دینا (ہ) فعل ① فحش بکنا ② نہایت شرمناک گالی دینا ③ سخت گالی دینا۔

منہ بھرنا (ہ) فعل ① منہ میں لقمہ دینا ② منہ پر کرنا ③ منہ بند کرنا ④ چپ کرا ⑤ رشوت دینا۔

منہ پانا (ہ) فعل ① رخ پانا ② توجہ پانا ③ خوشی پانا ④ راضی پانا ⑤ رضا مند معلوم کرنا۔

منہ پر (ہ) تابع فعل ① روبرو ② سامنے ③ بالمقابل ④ ہونٹوں پر ⑤ لب پر ⑥ چہرے پر۔

منہ پر آنا (ہ) فعل ① ظاہر ہونا ② نمودار ہونا ③ زبان پر آنا ④ آگے آنا ⑤ پیش آنا۔

منہ پر آئی بات (ہ) اسم مونث ① زبان پر آئی ہوئی بات ② وہ بات جو دل سے ہونٹوں تک پہنچ چکی ہو۔

منہ پر بات لانا (ہ) فعل ① بھید کھولنا ② کسی بات کا ظاہر کرنا ③ بات بیان کرنا۔

منہ پر برسنا (ہ) فعل ① صورت سے پایا جانا ② چہرے سے عیاں ہونا۔

منہ پر نسبت پھولنا/ کھلنا (ہ) فعل ① چہرے پر زردی چھا جانا ② منہ کا رنگ پیلا ہوجانا ③ زردی چھانا ④ خوف چھانا ⑤ رنگ فق ہونا۔

منہ پر پانی پھر جانا (ہ) فعل ① منہ پر تروتازگی آجانا ② نور آجانا ③ تندرستی کی علامت کا ظاہر ہونا ④ چہرہ بھر جانا۔

منہ پر پھینک مارنا (ہ) فعل ① ناراضگی سے کوئی چیز واپس کردینا ② سر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مارنا❸ منہ پر مارنا۔

**منہ پر تھوک دینا** (ہ) فعل ❶ نہایت ذلیل کرنا ❷ شرمندہ کرنا ❸ شرما دینا ❹ عیب صاف کہہ دینا۔

**منہ پر جانا** (ہ) فعل ❶ کسی کا لحاظ کرنا ❷ کسی کا خیال کر کے مروت مرتنا۔

**منہ پر چڑھنا** (ہ) فعل ❶ سامنے آنا ❷ برو آنا ❸ مقابلہ کرنا ❹ لڑنے کو کھڑا ہو جانا ❺ مصاحب بننا ❻ منہ لگنا ❼ گستاخ ہونا ❽ بے ادب ہونا ❾ برابری کرنا۔

**منہ پر خاک اڑنا** (ا) فعل ❶ منہ کا نور جاتا رہنا ❷ چہرے کا بے رونق ہو جانا ❸ بدروپ ہونا۔

**منہ پر خاک ملی ہے** (ا) محاورہ ❶ مفلسی ظاہر کر کے دولت کو چھپایا ہے ❷ کسی اچھی چیز کو برے طور پر رکھا ہے۔

**منہ پر خوشامد نہ کرنا** (ا) فعل ❶ سچا اور صاف گو ہونا ❷ لگی لپٹی نہ رکھنا ❸ پاسداری نہ کرنا۔

**منہ پر دانہ نہ رکھنا** (ا) فعل ❶ ذرا نہ کھانا ❷ رزق کے پاس تک نہ جانا ❸ بالکل نہ کھانا۔

**منہ پر رکھ دینا** (ہ) فعل ❶ سامنے کہہ دینا ❷ ظاہر کر دینا ❸ روبرو کہہ دینا۔

**منہ پر رکھنا** (ہ) فعل ❶ چکھنا ❷ زبان پر رکھنا ❸ ذکر کرنا۔

**منہ پر زردی پھر جانا** (ا) فعل ❶ چہرہ زرد ہو جانا ❷ منہ فق ہو جانا ❸ چہرے کا سفید پڑ جانا۔

**منہ پر زردی کھنڈ جانا** (ا) فعل ❶ مرونی چھا جانا ❷ چہرے پر زردی آ جانا۔

**منہ پر شفق پھولنا** (ا) فعل ❶ منہ پر سرخی آنا ❷ خوشی کے مارے منہ سرخ ہو جانا۔

**منہ پر فاختہ اڑ جانا** (ا) فعل ❶ منہ فق ہونا ❷ چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگنا ❸ منہ کا رنگ اڑنے لگنا۔

**منہ پر قفل لگ جانا** (ا) فعل ❶ خاموشی چھا جانا ❷ منہ بند ہو جانا۔

**منہ پر کچھ پیٹھ پر کچھ / منہ پر اور پیٹھ پیچھے اور** (ہ) محاورہ ❶ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ ❷ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔

**منہ پر کہنا** (ہ) فعل ❶ سامنے بیان کرنا ❷ روبرو کہنا ❸ سنمکھ کہنا۔

**منہ پر کہے سو موچھ کا بال** (ہ) مثل۔ مرد وہی ہے جو منہ پر سچ بات کو بلا لحاظ صاف صاف کہہ دے۔

**منہ پر کی ساری باتیں ہیں** (ہ) محاورہ ❶ سامنے تو الفت ہے اور پیٹھ پیچھے نفرت اور دشمنی ❷ حاضر و غائب یکساں نہ ہونے والے کے واسطے کہا کرتے ہیں۔

**منہ پر لانا** (ہ) فعل ❶ احسان جتانا ❷ بیان کرنا ❸ ظاہر کرنا ❹ زبان پر رکھنا۔

**منہ پر مارنا** (ہ) فعل ❶ کسی نکمی چیز کو واپس پھیرنا ❷ خفا ہو کر لوٹا دینا۔

**منہ پر مردنی پھرنا / چھانا** (ا) فعل ❶ چہرہ بے رونق ہو جانا ❷ زردی چھا جانا ❸ موت کی علامتوں کا ظاہر ہونا۔

**منہ پر مہر کرنا / کر دینا / منہ پر مہر لگا دینا** (ا) فعل ❶ منہ بند کر دینا ❷ بولنے نہ دینا ❸ خاموش کرنا ❹ ساکت کرنا ❺ چپ رہنے کا حکم دینا ❻ منہ سی دینا۔

**منہ پر ناک نہ ہونا** (ہ) فعل ❶ حیا نہ ہونا ❷ شرم نہ ہونا ❸ لاج نہ ہونا ❹ بے غیرت ہونا ❺ عزت اور جگ ونا موس کا خیال نہ ہونا۔

**منہ پر نہ رکھنا** (ہ) فعل ❶ بالکل نہ چکھنا ❷ زبان پر نہ رکھنا ❸ بدمزگی کے باعث کسی چیز کو منہ تک نہ لے جانا ❹ سامنے نہ کہنا ❺ روبرو نہ کہنا۔

**منہ پر ہاتھ رکھنا** (ہ) فعل ❶ بولنے نہ دینا ❷ بولنے سے روکنا ❸ منہ بند کرنا ❹ بات نہ کرنے دینا۔

**منہ پر ہوائیاں اڑنا / یا چھوٹنا** (ا) فعل ❶ حواس باختہ ہونا ❷ گھبرا جانا ❸ چہرے کا رنگ اڑنا ❹ منہ فق ہونا۔

**منہ پڑنا** (ہ) فعل ❶ کھانے میں آنا ❷ منہ میں جانا ❸ جرات ہونا ❹ حوصلہ ہونا ❺ چرچا ہونا ❻ مشہور ہونا ❼ افواہ ہونا ❽ کسی سے محبت ہونا۔

**منہ پڑی** (ہ) اسم صفت ❶ مشہور ❷ معروف زبان زد ❸ خاص و عام۔

**منہ پسار کر دوڑنا** (ہ) فعل ❶ منہ پھیلا کر دوڑنا ❷ کسی چیز کے کھانے کے لئے منہ کھول کر دوڑنا۔

**منہ پسار کر رہ جانا** (ہ) فعل ❶ حیران رہ جانا ❷ ہکا بکا رہ جانا ❸ کسی چیز کی آرزو میں تکتے رہ جانا ❹ منہ پھاڑ کر رہ جانا۔

Join us on WhatsApp Naveed BUIC 03140772218

منہ پسارنا (ہ) فعل ① طمع کا منہ پھیلانا ② لالچ کرنا ③ لوبھ کرنا ④ رال ٹپکنا۔

منہ پھاڑنا (ہ) فعل ① منہ کھولنا ② بولنا ③ منہ بنانا ④ منہ پھیلانا ⑤ اپنی بے وقوفی پر ہنسنا ⑥ زبان درازی کرنا ⑦ منہ بانا ⑧ زبان ہلانا۔

منہ پھٹ (ہ) اسم صفت مرکب ① بدزبان ② موقع بے موقع بولنے والا ③ بدلحاظ ④ زبان دراز ⑤ منہ زور ⑥ بدلگام ⑦ منہ کا پھوڑا ⑧ بے ہودہ گو۔

منہ پھٹنا (ہ) فعل۔ کسی تیز چیز مثلاً چونے وغیرہ سے منہ میں چیریں پڑنا۔

منہ پھرانا (ہ) فعل ① بے رخی کرنا ② صورت سے بے زار ہونا ③ منہ دوسری طرف موڑ لینا۔

منہ پھر جانا (ہ) فعل ① لقوہ کا مرض ہونا ② منہ کا ٹیڑھا ہو جانا ③ منہ کا سامنے نہ ٹھیرنا ④ سامنے ٹھہرنے کی تاب نہ لانا ⑤ شکست کھا جانا ⑥ بھاجانا ⑦ سیر ہوجانا ⑧ خواہش نہ رہنا ⑨ جی اکتا جانا۔

منہ پھلانا (ہ) فعل ① ناراض ہونا ② خفا ہونا ③ منہ سجانا ④ خفگی کی علامت ظاہر کرنا۔

منہ پھوڑ کر (ہ) تابع فعل ① بے شرم ہوکر ② بے غیرتی سے ③ بے حیائی سے ④ آزادانہ۔

منہ پھوڑ کر کہنا (ہ) فعل ① بے حیا ہوکر کہنا ② بے شرم بن کر کہنا ③ آزادانہ کہنا ④ راز کو بے باکانہ ظاہر کردینا ⑤ کہنے میں کسی کی ⑥ کچھ شرم وحیا نہ کرنا۔

منہ پھولنا (ہ) فعل ① خفا ہونا ② منہ سوجنا ③ ناراض ہونا۔

منہ پھیر دینا (ہ) فعل ① منہ موڑ دینا ② چہرہ پھیر دینا ③ رخ پھیر دینا ④ طبیعت سیر کردینا ⑤ جی بھر دینا ⑥ پس پا کردینا ⑦ مغلوب کردینا ⑧ ہٹا کردینا۔

منہ پھیر لینا (ہ) فعل ① منہ موڑ لینا ② چہرہ پھیر لینا ③ رخ بدل لینا ④ روگردانی کرنا۔

منہ پھیرنا (ہ) فعل ① روگردان ہونا ② منہ موڑنا ③ بے وفائی کرنا ④ بے پروائی کرنا بے مروتی کرنا ⑤ انکار کرنا ⑥ پھرنا ⑦ ہٹنا ⑦ ناراض ہونا ⑧ بیزار ہونا۔

منہ پھیلانا (ہ) فعل ① بہت لالچ کرنا ② زیادہ مانگنا ③ منہ کھولنا ④ منہ پسارنا ⑤ مول بڑھانا ⑥ زیادہ قیمت مانگنا ⑦ زیادہ مانگنے پر اڑنا۔

منہ پھیلائے بیٹھنا (ہ) فعل ① خواہشمند رہنا ② منتظر رہنا ③ مانگنے یا لینے کے لئے تیار ہونا۔

منہ پیٹنا (ہ) فعل ① اپنے چہرے پر تھپڑ لگانا ② سخت افسوس یا نہایت غصے کی حالت میں یہ کیفیت ہوتی ہے۔

منہ تک آنا (ہ) فعل ① کناروں تک بھرنا لبریز ہونا ② زبان تک آنا ③ لب تک آنا۔

منہ تک بھرنا (ہ) فعل ① منہا منہ بھرنا ② لبالب بھرنا ③ گلے تک پر کرنا ④ لبریز کرنا۔

منہ تک جگر آنا (ا) فعل ① دم گھبرانا ② دم الٹنا ③ کلیجہ منہ کو آنا۔

منہ تکنا (ہ) فعل ① منہ دیکھنا ② صورت دیکھنا ③ چہرے کی طرف نظر کرنا ④ جواب کا انتظار کرنا ⑤ منتظر رہنا ⑥ نگاہ یاس سے دیکھنا ⑦ تاسف اور افسوس کی نگاہوں سے دیکھنا ⑧ تعجب اور حیرانگی سے دیکھنا ⑨ حیران وششدر رہ جانا۔

منہ تمتمانا (ہ) فعل۔ چہرے کا غصہ یا بخار وغیرہ سے سرخ ہوجانا۔

منہ تو دیکھو / منہ تو دیکھئے (ہ) محاورہ طنزاً ① صورت تو دیکھو ② پہلے اس قابل تو ہوجاؤ ③ قابلیت تو پیدا کرلو ④ تمہاری مجال ہی کیا ہے ⑤ اپنے ارادے اور دعوے کے موافق پہلے اپنے منہ کو تو دیکھو ⑥ اپنی حیثیت تو دیکھو۔

منہ توڑ کے جواب دینا (ا) فعل ① بے لاگ جواب دینا ② آزادی سے بے باکانہ جواب دینا ③ صاف جواب دینا۔

منہ توڑنا (ہ) فعل۔ منہ میں ضرب لگانا۔

منہ مسل ڈالنا (ہ) دانت جھاڑ دینا ① دندان شکن جواب دینا ② منہ کچل دینا۔

منہ تھتھانا (ہ) فعل ① تیوری چڑھانا ② منہ سجانا ③ ناراض ہوکر خفگی کی صورت بنانا۔

منہ ٹیڑھا کرنا (ہ) فعل ① منہ بگاڑنا ② بیرخ ہونا ③ تیوری چڑھانا ④ تیوری پر بل ڈالنا ⑤ منہ میں خم ڈال دینا ⑥ منہ پھیر دینا ⑦ سخت سزا دے کر بدشکل کردینا۔

منہ جوڑنا (ہ) فعل ① کانا پھوسی کرنا ② چپکے چپکے چرچا کرنا ③ گلہ کرنا ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

شکایت کرنا⑤ طعنہ مہنہ دینا⑥ غیبت کرنا⑦ بدگوئی کرنا۔

منہ جھٹالینا (ہ) فعل۔ نام گنانے کو ذرا سا کھالینا۔

منہ جھٹالینا (ہ) فعل ① صرف منہ جھوٹا کر لینا② برائے نام کھانا③ ذرا سا چکھ لینا۔

منہ جھٹک جانا (ہ) فعل ① منہ اتر جانا② دبلا ہو جانا③ چہرہ ست ہو جانا۔

منہ جھلسنا (ہ) فعل ① منہ کو آگ لگانا② منہ کو لوکا لگانا③ منہ کو جلا کر سیاہ کر دینا④ لعنت بھیجنا⑤ بالکل کچھ نہ دینا⑥ پاپ کاٹنا⑦ قرضہ چکانا⑧ نمٹانا کچھ تھوڑا بہت کھانے کو دے دینا⑨ بادل ناخواستہ دینا۔

منہ چاٹنا (ہ) فعل ① پیار کرنا② چمکارنا③ ناز برداری کرنا④ خوشامد کرنا⑤ کسی کا منہ اپنی زبان سے صاف کرنا۔

منہ چٹول (ہ) اسم مونث ① چوما چاٹی② پیار محبت③ بکواس④ بک بک۔

منہ چڑانا (ہ) فعل ① دوسرے کے منہ کی نقل② بھونڈی کی طرح کر کے اسے کھجانا③ تمسخر کرنا④ منہ بگاڑ کر چھیڑنا⑤ جھوٹی تقلید کرنا⑥ ہنسی اڑانا⑦ بدنام کرنا⑧ تضحیک کرنا⑨ مضحکہ اڑانا۔

منہ چڑھا (ہ) اسم صفت ① گستاخ② بے ادب③ بے باک④ سر چڑھا۔

منہ چڑھنا (ہ) فعل ① پیچھے پڑنا② منہ پر آنا③ مشہور ہونا④ چہرے پر نمایاں ہونا۔

منہ چلانا (ہ) فعل ① منہ کو ہلانا② چبانا③ کھانا④ گھوڑے کا کاٹنا⑤ منہ سے پکڑنا منہ ڈالنا⑥ گالیاں دینا⑦ بدزبانی کرنا⑧ جگالی کرنا۔

منہ چلنا (ہ) فعل ① منہ کا ہلنا② متحرک ہونا③ کھاتے رہنا④ زبان چلنا⑤ بک بک کرتے رہنا⑥ چپ نہ بیٹھنا⑦ جگالی ہونا۔

منہ چور (ہ) اسم صفت ① شرمیلا② حیادار③ لجالو④ تل نظر⑤ وہ شخص جو شرم کے مارے کسی کے سامنے منہ نہ کرے۔

منہ چوم کے چھوڑ دینا (ہ) فعل ① کام نکال کے ٹرخا دینا② ذلیل اور شرمندہ کر کے چھوڑ دینا۔

منہ چھپانا (ہ) فعل ① منہ ڈھکنا② منہ ڈھانکنا③ پردہ کرنا④ نقاب ڈالنا⑤ پہلو تہی کرنا⑥ کنارہ کشی کرنا⑦ آنکھ چرانا⑧ نظر بچانا⑨ شرمندہ ہونا۔

منہ چھٹ (ہ) اسم صفت ① بے لگام② منہ پھٹ③ مجازاً ات گت④ وافر⑤ بہت⑥ بہت زیادہ⑦ یہ لفظ ان معنوں میں کھانے پینے کی اشیاء میں آزادی دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔

منہ چھوانا (ہ) فعل ① برائے نام بلاوا② دینا جھوٹ موٹ کہنا③ اوپری دل سے کہنا④ جھوٹی خاطر کرنا⑤ جھوٹ موٹ کی تواضع کرنا⑥ صرف ظاہر داری برتنا۔

منہ چھوٹا اور بات بڑی (ہ) مثل ① حوصلہ کم اور باتیں بڑی② حیثیت سے بڑھ کر بات کرنا③ کمینے آدمی کا کسی بڑے کام کی شیخی مارنے کے وقت بولتے ہیں۔

منہ چھونا (ہ) فعل ① جھوٹوں کہنا② اوپری دل سے کہنا③ دل سے نہ کہنا④ ظاہری تواضع کرنا⑤ ذرا بات کرنا⑥ ذرا بولنا۔

منہ چھیتنا (ہ) فعل ① تھپڑ مارنا② منہ ہی منہ پیٹنا③ طمانچوں سے منہ کو زخمی کرنا۔

منہ خام کرنا (ا) فعل ① منہ بند کرنا② کپروٹی کرنا③ آٹے یا مٹی سے کسی چیز کا سوراخ بند کرنا④ گل حکمت کرنا۔

منہ خراب کرنا (ا) فعل ① منہ کا بدمزہ کرنا② منہ بگاڑنا۔

منہ خشک ہو جانا (ا) فعل ① منہ سوکھ جانا② پیاس اور گرمی کی شدت سے زبان کا تر نہ رہنا③ خوف کے باعث منہ فق ہو جا④ چہرہ زرد پڑ جانا⑤ ڈر جانا⑥ خائف ہو جانا۔

منہ در منہ (ا) تابع فعل ① سامنے② روبرو③ دوبدو④ سنمکھ⑤ منہ پر بالمواجہ۔

منہ در منہ کہنا (ا) فعل ① سامنے کہنا② روبرو③ منہ پر کہنا۔

منہ دکھانا / منہ دکھلانا (ہ) فعل ① منہ روبرو کرنا② ملاقات کرنا③ سامنے آنا④ روبرو ہونا⑤ ملنا⑥ مقابل ہونا⑦ سنمکھ ہونا⑧ پاس جانا۔

منہ دکھانا مشکل ہے / ہو گیا (ا) محاورہ۔ اتنی شرمندگی ہے کہ جس سے منہ روبرو نہیں کر سکتے۔

منہ دکھانے کی صورت نہ رہنا / منہ دکھانے کے قابل نہ رہنا (ا) فعل ① سخت شرمندگی کی وجہ سے سامنے آنے کے لائق نہ رہنا②

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072...

نہایت شرمندہ ہونا۔

**منہ دکھائی / منہ دکھلائی** (ہ) اسم مونث مصدری ❶ رونمائی ❷ وہ نقدی یا نذرانہ جو دلھن کا منہ اول ہی اول دیکھ کر اس کی سسرال والے رشتہ دار اسے دیتے ہیں۔

**منہ دھور کھو** (ہ) محاورہ ❶ مایوس ہو رہو ❷ اس کی توقع نہ رکھو ❸ تم اس کام کے لائق نہیں۔

**منہ دھونا** (ہ) فعل ❶ منہ دھلانا ❷ منہ صاف کرانا ❸ اپنا منہ صاف کرنا ❹ چہرہ صاف کرنا۔

**منہ دے کر بات کرنا** (ا) فعل ❶ متوجہ ہو کر بات کرنا ❷ التفات سے بات کرنا ❸ رخ دے کر بولنا۔

**منہ دیکھ** (ہ) محاورہ ❶ لیاقت پیدا کر ❷ قابلیت دیکھ ❸ کیا بکتا ہے ❹ تجھے مناسب نہیں۔

**منہ دیکھتا رہ جانا** (ہ) فعل ❶ منہ تکتے رہ جانا ❷ آس ہی آس میں رہنا ❸ حیران ہو جانا ❹ ہکا بکا رہ جانا ❺ ششدر رہ جانا۔

**منہ دیکھ کر اٹھنا** (ہ) فعل ❶ صبح سوتے ہوئے اٹھ کر کسی کا منہ دیکھنا ❷ صبح ہی صبح اٹھ کر کسی کا منہ دیکھنا ❸ خیال کرتے ہیں کہ صبح اٹھتے ہی اگر کسی بھاگوان کا منہ دیکھ لیا تو تمام دن خوشی میں اور اگر کسی بدبخت کا منہ دیکھا تو سارا دن غم میں گزرے گا۔

**منہ دیکھ کر بات کرنا** (ہ) فعل ❶ خوشامد کی بات کرنا ❷ لحاظ کی بات کرنا ❸ لاجواب ہونا ❹ جواب بن نہ آنا۔

**منہ دیکھنا** (ہ) صورت دیکھنا ❶ چہرہ دیکھنا ❷ آئینہ میں شکل دیکھنا ❸ حیرت سے منہ دیکھنا ❹ حسرت سے منہ تکنا ❺ تعجب سے نظر کرنا ❻ جواب کے انتظار میں منہ تکنا۔

**منہ دیکھو** (ہ) محاورہ ❶ طنزاً ❷ ان کی قابلیت تو دیکھو ❸ کیا طاقت ❹ کیا مقدور۔

**منہ دیکھی** (ہ) اسم مونث ❶ سامنے کی ❷ رعایت کی ❸ لحاظ کی ❹ خوشامد کی۔

**منہ دیکھی سب کہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا** (ا) مثل ❶ خوشامد کی سب کہتے ہیں ❷ انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا۔

**منہ دیکھے کی** (ہ) تابع فعل ❶ ظاہری ❷ اوپری سامنے کی ❸ خوشامد کی ❹ رعایت کی ❺ دکھاوے کی ❻ لحاظ کی۔

**منہ دیکھے کی الفت پریت چاہ محبت** (ا) اسم مونث ❶ دکھاوے کی محبت ❷ جھوٹی محبت ❸ اوپری محبت۔

**منہ دیکھے کی باتیں** (ہ) اسم مونث ❶ جھوٹ موٹ کی باتیں ❷ دکھاوے کی باتیں ❸ ظاہری باتیں۔

**منہ دینا** (ہ) فعل ❶ دھیان دینا ❷ توجہ دینا ❸ کسی برتن میں جانور وغیرہ کا منہ ڈالنا۔

**منہ ڈالنا** (ہ) فعل ❶ لڑنا ❷ حملہ کرنا ❸ (مرغبازوں کے محاورے میں) کسی جانور کا کسی چیز میں منہ داخل کرنا ❹ محبت پیدا کر لینا۔

**منہ ڈھانپنا** (ہ) فعل ❶ منہ پر رومال ڈالنا ❷ منہ پر کپڑا یا رومال ڈال کر رونا ❸ زار زار رونا۔

**منہ ڈھانکنا / ڈھکنا** (ہ) فعل ❶ منہ پر پردہ ڈالنا ❷ نقاب ڈالنا ❸ منہ چھپانا ❹ ماتم کرنا ❺ رونا ❻ گریہ وزاری کرنا۔

**منہ ذرا سا نکل آنا** (ا) فعل ❶ چہرہ کا دبلا اور کمزور پڑ جانا ❷ نہایت لاغر و ناتواں ہو جانا۔

**منہ رکھنا** (ہ) فعل ❶ توجہ رکھنا ❷ لحاظ رکھنا ❸ پاس رکھنا ❹ رو رعایت کرنا ❺ میل ملاپ رکھنا۔

**منہ زبانی** (ا) اسم صفت ❶ بلا تحریر ❷ بے لکھے زبانی ❸ حفظ ❹ نوک زبان۔

**منہ زرد ہو جانا** (ا) فعل ❶ خوف یا دہشت سے منہ پیلا پڑ جانا ❷ منہ کا سفید پڑ جانا ❸ چہرہ اداس ہو جانا۔

**منہ زور** (ا) اسم صفت ❶ بدزبان ❷ منہ پھٹ ❸ برا بھلا بکنے والا ❹ بکی بکواسی ❺ چپ نہ رہنے والا ❻ شریر گھوڑا ❼ وہ گھوڑا جو روکا نہ رکے وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔

**منہ زہر ہو جانا** (ا) فعل ❶ منہ نہایت کڑوا ہو جانا ❷ تلخ ہو جانا۔

**منہ سجانا** (ہ) فعل ❶ منہ تھتھانا ❷ تیوری چڑھانا ❸ اداس ہونا ❹ ناراض ہونا ❺ غمگین ہونا ❻ تھپڑوں سے منہ لال کرنا۔

**منہ سرخ ہونا / ہو جانا** (ا) فعل ❶ غصے کے سبب سے منہ کا لال ہو جانا ❷ غضبناک ہو جانا۔

**منہ سفید پڑ جانا / ہو جانا** (ہ) فعل ❶ خوف چھا جانا ❷ متحیر ہو جانا ❸

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

منہ فق ہوجانا۔
منہ سکڑ جانا (ہ) فعل ❶ چہرہ پر دبلاہٹ چھانا ❷ منہ کی رونق نہ رہنا۔
منہ سکوڑنا / منہ سکیڑنا (ہ) فعل ❶ ناک بھوں چڑھانا ❷ تیوری چڑھانا ❸ ناراض ہونا ❹ منہ ٹیڑھا کرنا ❺ منہ بنانا۔ منہ بگڑنا۔
منہ سنبھالنا (ہ) فعل ❶ زبان کو لگام دینا ❷ زبان کو قابو کرنا۔
منہ سنبھالو (ہ) محاورہ ❶ زبان درازی نہ کرو ❷ سخت کلامی سے باز آؤ ❸ زبان روکو ❹ سوچ سمجھ کر بات کرو۔
منہ سوکھنا / سوکھ جانا (ہ) فعل ❶ دہشت اور ڈر کے مارے منہ خشک ہو جانا ❷ منہ میں طراوت نہ رہنا ❸ دبلا ہونا ❹ کمزور ہونا ❺ لاغر ہونا۔
منہ سوئی پیٹ کھوئی (ہ) مثل ❶ منہ ذرا سا پیٹ بڑا ❷ بڑا کھاؤ اور پیٹو ❹ آمدنی کم اور خرچ زیادہ۔
منہ سے (ہ) تابع فعل ❺ زبان سے ❻ رعایت سے ❼ خاطر سے ❽ لحاظ سے۔
منہ سیا جانا (ہ) فعل ❶ منہ پر قفل لگایا جانا ❷ چپ کیا جانا ❸ منہ بند کیا جانا۔
منہ سے اگلنا (ہ) فعل ❶ منہ سے باہر ❷ نکالنا ❸ منہ سے نکالنا۔
منہ سیاہ کرنا (ا) فعل ❶ منہ کالا کرنا ❷ سیاہی ملنا ❸ خضاب لگانا ❹ کلنک لگانا ❺ کلف لگانا ❻ عیب کرنا ❼ گناہ کرنا۔
منہ سے بات لپکنا / اچکنا / چھیننا / لینا (ہ) فعل۔ جو بات دوسرا کہنے لگا ہو اس سے پہلے آپ وہ بات کہہ دینا۔
منہ سے بات نکلنا (ہ) فعل ❶ ہونٹوں سے بات نکلنا ❷ زبان پر بات آنا ❸ کہا جانا۔
منہ سے بات نہ نکلنا (ہ) فعل۔ خوف یا غصے کے سبب بول نہ سکنا۔
منہ سے بس کرنا (ہ) فعل ❶ زبان سے انکار کرنا ❷ کافی سمجھنا ❸ منہ سے روکنا۔
منہ سے بولنا (ہ) فعل ❶ زبان سے بات کرنا ❷ جواب دینا۔
منہ سے بولو سر سے کھیلو (ہ) محاورہ ❶ بات کلام کرو ❷ خاموش نہ رہو ❸ چپ نہ رہو ❹ بات چیت کرو۔
منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (ہ) محاورہ ❶ بالکل خاموش اور چپ ❷ بالکل بے ہوش ہے ❸ بات ہی نہیں کرتا ❹ بت بن گیا۔

منہ سے بھاپ نکالنا (ہ) فعل ❶ منہ سے اف کرنا ❷ زبان سے اف نکالنا ❸ زبان سے بات کرنا ❹ کسی بات کا جواب دینا ❺ راز افشا کرنا۔
منہ سے پھوٹنا (ہ) فعل ❶ بولنا ❷ جواب دینا ❸ زبان سے کچھ کہنا (نفرت اور کراہت کے وقت)
منہ سے پھول جھڑنا (ہ) فعل ❶ نہایت خوش بیان اور شیریں کلام ہونا ❷ میٹھی میٹھی باتیں کرنا ❸ فصیح ہونا ❹ طنزاً بدزبان ہونا۔
منہ سے تو پھوٹو / منہ سے پھوٹو (ہ) محاورہ ❶ نفرت کے طور پر بولتے ہیں ❷ کچھ بولو تو سہی ❸ جواب تو دو ❹ ہاں نہیں کچھ تو کہو۔
منہ سے تو کہو (ہ) محاورہ ❶ بات تو کرو ❷ زبان سے تو کہو۔
منہ سے دودھ ٹپکنا (ہ) فعل۔ بالکل بچہ اور نادان ہونا۔
منہ سی دینا (ہ) فعل ❶ چپ کرا دینا ❷ خاموش کرا دینا ❸ منہ بند کرا دینا۔
منہ سے رال ٹپکی پڑنا (ہ) فعل ❶ نہایت جی للچانا ❷ بے حد خواہش اور رغبت ہونا۔
منہ سے سننا چاہتے ہو (ہ) محاورہ کیا ❶ گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے ❷ کیا برا بھلا سننا چاہتے ہو۔
منہ سے کلیجہ نکل پڑنا (ہ) فعل ❶ گھبرا کر دم خطا ہو جانا ❷ دل گھبرا جانا ❸ جی اکتا جانا۔
منہ سے لعل اگلنا (ہ) فعل۔ نہایت شیریں کلام اور رنگین گفتار ہونا۔
منہ سے لینا (ہ) فعل۔ دوسرے کے دل کی آئی بات خود کہہ دینا۔
منہ سے منہ ملانا (ہ) فعل ❶ چوما چاٹی کرنا ❷ بوس و کنار کرنا ❸ ہمکلام ہونا ❹ زبان سے زبان ملانا۔
منہ سے مہابا ہے (ا) محاورہ۔ محبت سے محبت اور خاطر سے خاطر ہے۔
منہ سینا (ہ) فعل ❶ خاموش ہو رہنا ❷ چپ نا ندھنا ❸ بات نہ کرنا ❹ منہ بند کرنا ❺ خاموش کر دینا ❻ رشوت دینا ❼ منہ بھرائی دینا۔
منہ فق ہونا / ہو جانا (ا) فعل ❶ منہ پر زردی آ جانا ❷ خوف یا غم سے منہ سفید ہو جانا ❸ منہ پر ہوائیاں چھوٹنا ❹ حواس باختہ ہو جانا ❺ ڈر جانا ❻ رعب میں آ جانا ❼ ہکا بکا ہو جانا ❽ حیرت زدہ ہو جانا ❾ کسی ناگہانی صدمے سے دفعتہً منہ پر سفیدی آ جانا۔
منہ کا پھوڑا / پھوہڑا (ہ) اسم صفت گندہ ذہن ❶ بدزبان ❷ بے لگام ❸

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03160072218

منہ پھٹ۔

**منہ کا کچا** (ہ) اسم صفت ❶ نرم منہ کا گھوڑا ❷ لگام کا جھٹکا نہ سہار سکنے والا ❸ گھوڑا ❹ اصیل مرغ ❺ وہ آدمی جس کی زبان کا اعتبار نہ ہو ❻ بات اور قول کا کچا۔

**منہ کا کڑا** (ہ) اسم صفت ❶ منہ کا کڑا ❷ منہ زور ❸ سخت دہان ❹ مضبوط دھار کا۔

**منہ کالا کرنا** (ہ) فعل ❶ منہ کو سیاہی لگانا ❷ منہ سیاہ کرنا ❸ زنا کرنا ❹ بدفعلی کرنا ❺ عیب کرنا ❻ کلنک لگانا۔

**منہ کا منہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا** (ا) مثل۔ جب کوئی آدمی کھانا کھاتے وقت کسی ناگہانی صدمہ کی خبر سن کر کھانا چھوڑ کر حیران و ششدر رہ جائے تو اس موقعہ پر یہ فقرہ کہا کرتے ہیں۔

**منہ کا میٹھا** (ہ) اسم صفت ❶ زبان کا میٹھا ❷ نرم گفتار ❸ خوش خلق۔

**منہ کا میٹھا پیٹ کا پھیکا** (ہ) اسم صفت ❶ منہ پر تعریف کرنے اور پیٹھ پیچھے برا کہنے والا ❷ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔

**منہ کا نوالہ** (ا) اسم مذکر ❶ لقمہ ❷ (بحالت صفت) آسان کام ❸ خفیف اور ادنےٰ کام ❹ نرم چارہ ❺ سہل کام۔

**منہ کا نوالہ ہوجانا** (ا) فعل ❶ کام کا سہل اور آسان ہوجانا ❷ منہ میں چلا جانا ❸ لقمہ بن جانا۔

**منہ کا نور اڑ جانا** (ا) فعل ❶ چہرے کی آب و تاب نہ رہنا ❷ چہرہ بے روپ ہوجانا۔

**منہ کرنا** (ہ) فعل ❶ چھید کرنا ❷ سوراخ بنانا ❸ زخم یا پھوڑے یا سونا سور کا روزن پیدا کرنا ❹ پھوٹنا ❺ پاس خاطر کرنا ❻ لحاظ کرنا ❼ منہ سامے کرنا ❽ رخ کرنا ❾ لالچ کرنا۔

**منہ کو بنوانا** (ہ) فعل ❶ اپنے آپ کو کسی کام کے لائق بنانا ❷ لیاقت پیدا کرنا ❸ حوصلہ پیدا کرنا۔

**منہ کو جھلسا لگانا** (ہ) فعل ❶ (تنفر اور کراہت) منہ کو آگ لگانا ❷ غرض نہ رکھنا ❸ مطلب نہ رکھنا۔

**منہ کو خون لگنا / منہ کو لہو لگنا** (ا) فعل ❶ خون کا مزہ پڑنا ❷ خون کا چسکا پڑنا ❸ رشوت کی عادت ہوجانا ❹ خون کی چاٹ لگ جانا۔

**منہ کو سنبھالنا** (ہ) فعل ❶ زبان کو بدتہذیبی سے روکنا ❷ بدزبانی سے باز آنا ❸ رنجیدہ باتیں کرنا۔

**منہ کو قفل دینا / لگا دینا** (ا) فعل ❶ خاموشی اختیار کرنا ❷ ساکت ہو رہنا ❸ منہ کو بند کرنا ❹ کھانے پینے یا بولنے سے منہ روک لینا یا روک دینا۔

**منہ کو کالک لگانا** (ہ) فعل ❶ بدنام کرنا ❷ رسوا کرنا ❸ روسیاہ کرنا ❹ کلف لگانا۔

**منہ کو کلیجہ آنا** (ا) فعل ❶ دم الٹنا ❷ غم و غصہ ضبط نہ ہوسکنا ❸ دل کا نہایت بیزار ہونا ❹ جی کا بہت گھبرانا۔

**منہ کو لگام دو** (ا) محاورہ ❶ زبان سنبھال کر بولو ❷ بدزبانی سے باز آؤ۔

**منہ کو لگنا** (ہ) فعل ❶ چسکا پڑنا ❷ چاٹ لگنا ❸ مزہ پڑنا ❹ خوش ذائقہ معلوم دینا۔

**منہ کو مزہ لگا دینا** (ہ) فعل ❶ منہ کو چسکا لگا دینا ❷ چٹورا بنا دینا۔

**منہ کو موڑنا** (ہ) فعل ❶ منہ پھیرنا ❷ اعراض کرنا ❸ رکھائی کرنا ❹ بے مروتی۔

**منہ کہاں ہے** (ہ) محاورہ ❶ کیا لب ہے ❷ کیا مجال ہے۔

**منہ کھائے آنکھ لجائے** (ہ) فعل ❶ محسن کے آگے آنکھ سامنے نہیں ہو سکتی ❷ احسانمندی ❸ عاجزی کا سبب ہوتی ہے۔

**منہ کھل جانا** (ہ) فعل ❶ دہن کشادہ ہوجانا ❷ گستاخ ہوجانا ❸ بدلگام ہو جانا ❹ منہ پھٹ ہوجانا ❺ چھلکے وغیرہ کی کونج کھل جانا ❻ ازالہ بکر ہو جانا۔

**منہ کھلنا** (ہ) فعل ❶ منہ کشادہ ہونا ❷ بدلگام ہوجانا ❸ کہنے یا بیان کرنے پر تیار ہوجانا ❹ بکارت ٹوٹنا ❺ چیرا ٹوٹنا ❻ کونج کھلنا ❼ چھلکے وغیرہ کا چھال کھل جانا۔

**منہ کھلوانا** (ہ) فعل ❶ بولنے پر مجبور کرنا ❷ زبان کھلوانا ❸ دہن فراخ کرانا ❹ گستاخ بنانا ❺ بے ادب بنانا ❻ سامنے بولنے یا بات کرنے کی جرأت دینا ❼ زبان سے نکلوانا ❽ سوال کرانا ❾ منگوانا۔

**منہ کھول کر رہ جانا** (ہ) فعل ❶ مشتاق رہ جانا ❷ آس کر کے رہ جانا ❸ کچھ کہتے کہتے خاموش ہوجانا ❹ منتظر رہ جانا ❺ نراسا رہ جانا ❻ مایوس ہوجانا۔

**منہ کھولنا** (ہ) فعل ❶ بولنا ❷ کہنا ❸ بات کرنا ❹ گالیاں دینے لگنا ❺ باتیں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

سنانا❻ زبان چلانا❼ نقاب اٹھانا❽ گھونگٹ اٹھانا❾ منہ دکھانا۔

منہ کیا ہے (ہ) محاورہ❶ کیا مجال ہے❷ کیا تاب ہے❸ کیا حوصلہ ہے۔

منہ کے بل گرنا (ہ) فعل❶ اوندھے منہ گرنا❷ بے عزت ہونا❸ رسوا ہونا❹ ذلت اٹھانا۔

منہ کی کھانا (ہ) فعل❶ چہرے پر ضرب کھانا❷ منہ پر چوٹ کھانا❸ تھپڑ کھانا❹ طمانچہ کھانا❺ مار کھانا❻ سزا پانا❼ نقصان اٹھانا❽ اپنے منہ آپ قایل ہونا❾ سر کے بل گرنا۔

منہ کیل دینا / کیلنا (ہ) فعل❶ منتر یا جادو سے منہ کو بند کر دینا❷ زہریلے جانور کے منہ کو کاٹنے کے قابل نہ چھوڑنا❸ چپ کرا دینا❹ خاموش کرانا❺ رشوت دے دینا❻ گھونس دے کر خلاف کہنے سے روک دینا۔

منہ کی لوئی جانا (ہ) فعل❶ بے غیرتی چھا جانا❷ شرم و حیا کا جاتا رہنا❸ بے شرم ہونا۔

منہ کی مکھی نہ اڑا سکنا (ہ) فعل❶ نہایت کرم ہو جانا❷ بالکل ناتواں ہو جانا۔

منہ لال کرنا / کر دینا (ہ) فعل❶ پان وغیرہ کھا کر❷ منہ سرخ کرنا❸ منہ پر تھپڑ مار کر چہرہ سرخ کر دینا۔

منہ لال ہو جانا (ہ) غصہ یا تپش سے چہرہ سرخ ہو جانا❶ ناموری حاصل ہو جانا❷ تھپڑ وغیرہ کی ضرب سے چہرہ سرخ ہو جانا۔

منہ لپیٹ کر پڑنا / پڑا رہنا (ہ) فعل❶ غمگین اور اداس ہو کر پڑا رہنا❷ وفور غم سے منہ پر کپڑا لے کر لیٹ رہنا۔

منہ لگانا (ہ) فعل❶ منہ سے مس کرنا❷ منہ سے چھونا❸ چھٹالنا❹ منہ سے جھوٹا کرنا کھانا❺ چکھنا❻ زبان پر رکھنا❼ گستاخ بنانا❽ بے ادب کرنا❾ سر چڑھانا۔

منہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال / منہ لگائی ڈومنی بال بچوں سمیت آئی (ہ) مثل۔ جب کوئی ذرا سی مہربانی سے بہت سر چڑھ جائے تو وہاں یہ مثل بولتے ہیں۔

منہ لگنا (ہ) فعل❶ منہ سے چھوا جانا❷ منہ سے مس ہونا❸ گستاخ بننا❹ بے ادب ہونا❺ یار بننا❻ دوست بننا❼ ہمراز ہونا❽ متوجہ ہونا❾ مخاطب ہونا۔

منہ لے کے پھر جانا (ہ) فعل❶ امید اور اعتماد کے خلاف مایوس ہو کر جانا❷ توجہ نہ ہونے کے سبب سے محروم واپس جانا۔

منہ لے رہ جانا (ہ) فعل۔ اپنی امید وار دعوے کے برخلاف جواب پانے سے شرمندہ ہو جانا۔

منہ مارنا (ہ) فعل❶ کاٹنا❷ ڈنک مارنا❸ ڈسنا❹ شکار کو منہ سے پکڑنا❺ چونچ مارنا❻ ٹھونگ مارنا❼ مرغ یا بٹیر کا آپس میں لڑنا❽ منہ بند کرنا❾ خاموش کرنا۔

منہ مانگا (ہ) اسم صفت❶ من مانا❷ حسب مراد❸ حسب منشا❹ دل کی مرضی کے موافق جیسا منہ سے کہا تھا❺ حسب خواہش۔

منہ مانگا بر پایا (ہ) محاورہ❶ اپنی خواہش کے موافق شوہر ملا❷ حسب مراد کام ہوا حسب دلخواہ کام بنا❸ جو چاہا سو ہوا۔

منہ مانگے دام (ا) اسم مذکر❶ منہ سے مانگی ہوئی قیمت❷ منہ کا مانگا ہوا۔

منہ مانگی مراد (ا) اسم مونث❶ من مانتی مراد دل خواہش❷ دلی مراد۔

منہ مانگی مراد نہیں ملتی (ا) مثل❶ اپنا چاہا نہیں ہوتا❷ خدا کا چاہا ہوتا ہے۔

منہ مانگی موت (ا) اسم مونث۔ اپنے منہ سے مانگی ہوئی موت۔

منہ مانگی موت نہیں ملا کرتی / ملتی (ا) مثل۔ آدمی جو چاہتا ہے وہ نہیں ہوا کرتا جو خواہش خداوندی ہوتی ہے وہ ظاہر ہوا کرتی ہے۔

منہ موڑنا (ہ) فعل❶ منہ ہٹانا❷ روگردانی کرنا❸ اعراض کرنا❹ کنارہ کشی کرنا❺ رخ پھیرنا مڑنا❻ سمت بدلنا❼ توجہ نہ کرنا❽ بغاوت کرنا❾ باغی ہونا۔

منہ میٹھا کرنا (ہ) فعل❶ مٹھائی❷ کھلانا❸ شیرینی کھلانا❹ مٹھائی کھانا❺ شیریں کھانا❻ کچھ بخشنا❼ عطا فرمانا❽ عنایت کرنا❾ نذرانہ دینا۔

منہ میں آنا (ہ) فعل❶ زبان سے نکلنا❷ زبان پر آنا۔

منہ میں بولنا / بات کرنا (ہ) فعل۔ غنغنانا اس طور سے بولنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے۔

منہ میں پانی بھر آنا (ہ) فعل❶ کسی عمدہ چیز کی خواہش یا ترشی کے خیال سے منہ میں رطوبت پیدا ہو جانا❷ جی للچانا❸ رال ٹپکنا❹ نہایت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772180

www.besturdubooks.net

خواہش ہونا⑤ کسی چیز پر از حد مائل اور راغب ہونا⑥ شوق پیدا ہو جانا⑦ مزہ یاد آنا⑧ رشک آنا⑨ حسد ہونا۔

**منہ میں پانی چوانا** (ہ) فعل ① مرتے وقت منہ میں پانی ٹپکانا② قریب بہ مرگ پہنچنا۔

**منہ میں پڑنا** (ہ) فعل ① کھانے میں آنے② منہ میں جانا③ مشہور ہونا④ زبان پر چڑھنا⑤ قابو میں آنا⑥ بس میں پڑنا۔

**منہ میں پڑھنا** (ہ) فعل ① چپکے چپکے پڑھنا② گنگنانا③ ہونٹوں میں پڑھنا۔

**منہ میں تنکا لینا** (ہ) فعل ① دانتوں میں تنکا دبانا② عاجزی کرنا③ پیروں پڑنا④ ہاتھ جوڑنا⑤ یہ ظاہر کرنا کہ ہم تمہاری گئو ہیں⑥ یعنی تمہارے سامنے بالکل عاجز ہیں۔

**منہ میں تھوک لپٹے جانا** (ہ) فعل ① خشکی کے باعث منہ میں پپڑیاں بندھے جانا② منہ سے بات نہ نکلنا بے اوسان ہوئے جانا۔

**منہ میں خاک** (ا) بددعا۔ بالکل انکار کے وقت یا اپنے برخلاف کہنے والے کے حق میں بولتے ہیں جیسے اس کے منہ میں خاک۔

**منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت** (ہ) مثل۔ نہایت بوڑھا یعنی ایسا بوڑھا کہ منہ میں دانت نہیں اور پیٹ میں ہضم کرنے کے قابل انتڑیاں نہیں۔

**منہ میں زبان حلال ہے** (ا) محاورہ۔ منہ میں زبان حق کہنے اور سچ بولنے کے لئے ہے کیونکہ آدمی حلال چیز کو ہی منہ تک لے جاتا ہے اگر یہ حرام ہوتی تو منہ میں نہ رہتی۔

**منہ میں زبان ہونا** (ا) فعل ① بولنے کے قابل ہونا② جواب دینے کی طاقت رکھنا۔

**منہ میں زبان نہ ہونا** (ا) فعل ① بول نہ سکنا② بات نہ کر سکنا③ خاموش ہونا④ گونگا ہونا۔

**منہ میں زبان نہیں** (ا) محاورہ ① نہایت غریب مزاج اور کم گو ہے② بول نہیں سکتا③ خاموش ہے④ چپ ہے⑤ ساکت ہے⑥ بالکل بھولے بھالے کے لئے بولتے ہیں۔

**منہ میں کالک لگ جانا** (ہ) فعل ① ذلت ہونا② رسوائی ہونا③ بدنامی ہونا۔

**منہ میں گھنگنیاں بھر کر بیٹھنا** (ہ) فعل ① خاموشی اختیار کرنا② خاموش ہو کر بیٹھ رہنا۔

**منہ میں گھنگنیاں بھرنا** (ہ) فعل ① گونگا بن جانا② چپ ہونا③ خاموشی اختیار کرنا۔

**منہ نپوڑنا** (ہ) فعل ① دانت نکالنا② بے وقوفوں کی طرح ہنسنا③ منہ بانا④ جواب نہ بن پڑنا۔

**منہ نکل آنا** (ہ) فعل ① چہرہ اتر جانا② منہ ست ہو جانا③ کمزور و ناتوان ہو جانا④ لاغر اور دبلا ہو جانا⑤ گال پچک جانا۔

**منہ نوچ لینا** (ہ) فعل ① چہرے کو ناخنوں سے کھرچ لینا② غم یا غصے کی حالت میں منہ پر نہتے مار لینا۔

**منہ نہ پڑنا** (ہ) فعل ① جرات نہ ہونا② حوصلہ نہ پڑنا③ کہنے کی جرات نہ ہونا۔

**منہ نہ دکھانا / دکھلانا** (ہ) فعل ① شرم کے مارے روپوش ہو جانا② منہ سامنے نہ لانا③ آگے نہ لانا④ صورت نہ دکھانا⑤ سامنے نہ آنا۔

**منہ نہ دیکھنا** (ہ) فعل ① صورت سے بے زار ہونا② بے حد نفرت کرنا③ شکل تک کا روادار نہ ہونا۔

**منہ نہ کھلواؤ** (ء) محاورہ ① ہمارے منہ سے کچھ نہ کہلواؤ② پوشیدہ عیب ظاہر نہ کرواؤ③ ہمارے منہ سے نہ سنو۔

**منہ نہ لگانا** (ہ) فعل ① منہ تک نہ لانا② منہ سے نہ چھونا③ منہ کے پاس تک نہ لانا④ بات نہ پوچھنا⑤ توجہ نہ کرنا⑥ خاطر میں نہ لانا⑦ خیال میں نہ لانا⑧ محبت سے بات نہ کرنا⑨ صحبت سے نفرت کرنا۔

**منہ نہ موڑنا** (ہ) فعل ① منہ نہ پھیرنا② رخ نہ پھیرنا③ انکار نہ کرنا④ بے وفائی نہ کرنا⑤ بے مروتی نہ کرنا⑥ روگردانی نہ کرنا⑦ پیچھے نہ ہٹنا۔

**منہ نہ ہونا** (ہ) فعل ① مجال نہ ہونا② تاب نہ ہونا③ کسی کام کی لیاقت یا حوصلہ نہ ہونا④ رغبت نہ ہونا⑤ محبت نہ ہونا⑥ بے پرواہی ہونا⑦ سوراخ نہ ہونا⑧ چھید نہ ہونا⑨ طاقت نہ ہونا۔

**منہ ہاتھ دھونا** (ہ) فعل۔ پانی سے منہ اور ہاتھوں کو صاف کرنا۔

**منہ ہے** (ہ) محاورہ ① کیا طاقت ہے② کیا مجال ہے۔

**منہ ہی منہ مارے اور توبہ توبہ پکارے** (ہ) مثل ① سزا بھی دے اور پناہ بھی مانگے② اپنا جرم دوسرے کے سر تھوپے۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

منہ ہی منہ میں (ہ) تابع فعل ① چپکے چپکے ② ہونٹوں ہی ہونٹوں میں۔

منہ ہی منہ میں کہنا (ہ) فعل ① ایسے طور سے بولنا کہ دوسرا نہ سمجھے ② چپکے چپکے کہنا۔

منہ کی جھڑی (ہ) اسم مونث ① لگاتار بارش ② مسلسل بارش۔

منہا منہ (ہ) اسم صفت ① لبریز ② بھرپور ③ لبالب ④ پورم پور۔

منہا (ع) اسم مذکر ① تفریق ② گھٹاؤ ③ نفی ④ منفی ⑤ مجرا ⑥ وضع۔

منہا کرنا (ا) فعل ① منفی کرنا ② گھٹانا ③ تفریق کرنا ④ مجرا کرنا۔

منہاج (ع) اسم مذکر ظرف ① رستہ ② راہ ③ سڑک۔

منہار (س) اسم مذکر ① کانچ کی چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا ② شیشہ گر۔

منہاری (ہ) اسم مونث بیائے تانیث ② منہار کی جورو ③ چوڑیاں پہنانے والی ④ چوڑیاں بیچنے والی ⑤ منہار کا پیشہ ⑥ چوڑیاں بنانے کا کام ⑦ کانچ کی چیزیں بنانے کا کام ⑧ شیشہ گری۔

منہائی (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① گھٹاؤ ② تفریق ③ نفی ④ کٹوتی۔

منہدم (ع) اسم صفت فاعلی ① ویران ہونے والا ② گرا ہوا ③ مکان ④ خراب مسمار ⑤ برباد ⑥ تباہ۔

منہدم ہونا (ا) فعل ① اجڑنا ② ویران ہونا ③ گرنا ④ ٹوٹنا ⑤ پھوٹنا ⑥ ڈھے جانا ⑦ مسمار ہونا ⑧ تباہ ہونا ⑨ اینٹ سے اینٹ بجنا۔

منہدی (ہ) اسم مونث ① حنا ② ایک پودا جس کے پتوں کو پیس کر لگانے سے ہاتھ سرخ ہو جاتے ہیں ③ ساچق سے ایک روز پہلے کی رسم ④ محرم کی ساتویں تاریخ کی رسم جس میں حضرت امام قاسم کی مہندی کی طرف اشارہ ہے۔

منہدی لگانا/رچانا (ہ) فعل۔ ہاتھوں میں مہندی لگانا۔

منہزم (ع) اسم صفت فاعلی ① بھاگنے والا ② شکست کھانے والا ③ بھاگا ہوا ④ لڑائی سے بھاگ جانے والا۔

منہضم (ع) اسم صفت فاعلی ① پچنے والا ② ہضم ہونے والا۔

منی (ع) اسم مونث ① دھات ② نطفہ ③ عضو تناسل سے نکلنے والی سفید رطوبت۔

منی (ف) اسم مذکر بیائے نسبتی ① خودی ② غرور ③ تکبر ④ نخوت ⑤ خودبینی۔

منی (س) اسم مذکر ① رشی ② جتی ③ زاہد ④ تپشی۔

منی (ای) اسم مذکر ① روپیہ ② نقدی۔

منی آرڈر (ای) اسم مذکر۔ روپیہ جو ڈاک خانے کے ذریعے بھیجا جاتا ہے۔

منی آرڈر فارم (ای) اسم مذکر۔ وہ فارم جس کی خانہ پری کر کے روپیہ بھیجا جاتا ہے۔

منیا (ہ) اسم مونث۔ لال جانور کی مادہ ین پدڑی۔

منیا بول جانا (ہ) فعل ① اچھا شگون ہونا ② فال نیک سامنے آنا۔

منیب (ع) اسم مذکر ① نائب رکھنے والا ② مالک ③ آقا ④ مربی۔

منیر (ع) اسم صفت فاعلی ① روشنی دینے والا ② نور دینے والا ③ چمکتا ہوا ④ چمکدار ⑤ روشن۔

منیجر (ای) اسم مذکر ① منتظم ② انتظام کرنے والا کارندہ۔

مینجمنٹ (ای) اسم مذکر ① انتظام ② بندوبست۔

مینیجنگ پروپرائیٹر (ای) اسم مذکر۔ مالکانہ حیثیت سے انتظام کرنے والا۔

مینیجنگ ڈائریکٹر (ای) اسم مذکر ① وہ شخص جو مالکانہ طور سے انتظام کرے ② اور ہدایات جاری کرے۔

مینیجنگ کمیٹی (ای) اسم مونث ① جماعت منتظمہ ② انتظام کرنے والی جماعت۔

منیم (ا) اسم مذکر ① حساب کتاب رکھنے والا ② محاسب ③ محرر ④ گماشتہ ⑤ مینیجر۔

## م ← و

مو (ف) اسم مذکر ① بال ② کیس ③ بلی کی آواز کی نقل ④ نقص ⑤

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

عیب ❻ باریک شگاف۔

**موباف** (ف) اسم مذکر وہ فیتہ یا پٹی یا دھجی وغیرہ جسے عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔

**موبمو** (ف) تابع فعل ❶ بال بال ❷ ذرا ذرا ❸ سب کا سب ❹ حرف بحرف ❺ کل ❻ تمام۔

**موشگاف** (ف) اسم صفت ترکیبی ❶ بال کی کھال کھینچنے والا ❷ باریک بین ❸ نکتہ رس۔

**موشگافی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ چھان بین ❷ باریک بینی۔

**موقلم** (فع) اسم مذکر ❶ باریک برش ❷ بالوں کی قلم جس سے مصور لوگ رنگ بھرتے ہیں۔

**مومبارک** (فع) اسم مذکر۔ کسی بزرگ کے مقدس بال جو تبرک یا نشانی کے طور پر رکھے جائیں۔

**مو** (ہ) اسم مونث ❶ جوبن ❷ شباب ❸ جوانی ❹ بہار ❺ خوشی ❻ خواہش ❼ مرضی۔

**مو پر آنا** (ہ) فعل ❶ جوانی میں بھرنا ❷ جوبن پر آنا ❸ بہار پر آنا ❹ پکنا ❺ پختہ ہونا ❻ پختگی پر آنا۔

**موا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے۔

**موا** (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ مردہ ❷ مرا ہوا ❸ بے جان ❹ کم بخت ❺ نگوڑا ❻ بے نصیب ❼ نامراد ❽ اجڑا پچڑا ❾ خانہ خراب۔

**موا بادل** (ہ) اسم مذکر ❶ ابر مردہ ❷ اسفنج ❸ سپنج۔

**موا جاتا ہے** (ہ) محاورہ ❶ جان نکلی جاتی ہے ❷ دم نکل اجاتا ہے ❸ مرا جاتا ہے ❹ مٹا جاتا ہے ❺ فریفتہ ہوا جاتا ہے۔

**مواثیق** (ع) اسم مذکر ❶ میثاق کی جمع ❷ عہد و پیمان۔

**مواج** (ع) اسم صفت بصیغہ مبالغہ ❶ بہت لہریں مارنے والا ❷ تیز و تند ❸ طوفان خیز۔

**مواجب** (ع) اسم مذکر ❶ موجب کی جمع ❷ لازم کیا گیا ❸ مجازاً تنخواہ ❹ مشاہرہ ❺ طلب۔

**مواجہہ** (ع) اسم مذکر ❶ روبرو ❷ مقابل ❸ سامنے۔

**مواخذ** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ پکڑنے والا ❷ گرفت کرنے والا۔

**مواخذہ** (ہ) اسم مذکر ❶ گرفت ❷ پکڑ ❸ باز پرس ❹ جواب طلبی ❺ بدلہ ❻ عوض۔

**مواخذہ دار** (عف) اسم مذکر ❶ ذمہ دار ❷ جواب دہ۔

**مواخذہ کرنا** (ا) فعل ❶ باز پرس کرنا ❷ جواب طلبی کرنا ❸ پکڑنا ❹ گرفت کرنا۔

**مواد** (ع) اسم مذکر ❶ مادہ کی جمع ❷ سامان ❸ مصالح اسباب ❹ پیپ ❺ راد ❻ آلائش زخم ❼ دلائل دلیلیں ❽ چیزیں ❾ اشیاء۔

**موادفاسد** (ع) اسم مذکر ❶ خراب مادہ ❷ نکما مادہ۔

**موازنہ** (ع) اسم مذکر ❶ دو چیزیں کا ہموزن کرنا یا ہونا ❷ برابری ❸ ہموزنی ❹ ہموزن ہونا۔

**موازی** (ع) اسم صفت ❶ مقابل ❷ برابر ❸ ہم قیمت ❹ ہم نرخ ❺ اندازاً ❻ تخمیناً ❼ قیاساً ❽ یہ لفظ آنوں اور گزوں کی تعداد ظاہر کرنے کے واسطے ان کے شروع میں آتا ہے۔

**مواشی** (ع) اسم مذکر ❶ ماشیہ کی جمع ❷ بہت چلنے والا ❸ چوپائے ❹ بیل ❺ گھوڑا ❻ گدھا ❼ گائے ❽ بھینس وغیرہ ❾ بوجھ ڈھونے والے جانور۔

**مواسات** (ع) اسم مونث ❶ مدد ❷ غم خواری ❸ صلح ❹ یاری ❺ در گذر۔

**امواصلات** (ع) اسم مذکر ❶ ذرائع نقل وحمل ❷ ذرائع نقل وحرکت۔

**مواصلت** (ع) اسم مونث ❶ ملاقات ❷ باہم ملنا ❸ وصل ❹ پیوستگی۔

**مواضع** (ع) اسم مذکر ❶ موضع کی جمع ❷ جگہیں ❸ جائیں۔

**مواعظ** (ع) اسم مونث ❶ موعظت کی جمع ❷ نصائح ❸ پند ہا ❹ نصیحتیں۔

**موافق** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ موافقت کرنے والا ❷ مطابق ❸ برابر کا ❹ ٹھیک ❺ لائق ❻ مناسب ❼ سزاوار ❽ مشابہ ❾ ہمشکل۔

**موافق آنا** (ا) فعل ❶ ٹھیک آنا ❷ درست ہونا ❸ راس آنا ❹ مزاج یا طبیعت کے مناسب ہونا۔

**موافقت** (ع) اسم مونث ❶ اتفاق ❷ دوستی ❸ رسائی ❹ برابری ❺ ساتھ ❻ مطابقت۔

**موافقت آنا** (ا) فعل ❶ مزاج ملنا ❷ راس ملنا ❸ مزاج کے موافق ہونا۔

**موافقت رکھنا** (ا) فعل ❶ دوستی رکھنا ❷ ملاپ رکھنا ❸ میل رکھنا ❹

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

www.besturdubooks.net

رسائی رکھنا۔

**موافقت کرنا** (ا) فعل ① اتفاق کرنا ② ملنا ③ دوستی کرنا ④ میل جول کرنا۔

**موافقت ہونا** (ا) فعل ① رسائی ہونا ② مزاج ملنا ③ اتفاق ہونا ④ راس ملنا۔

**مواقع** (ء) اسم مذکر ظرف ① موقع کی جمع ② جائے وقوع ③ محل۔

**مواقف** (ء) اسم مذکر ظرف ① موقف کی جمع ② ٹھہرنے کی جگہ۔

**مواکب** (ء) اسم مذکر ① موکبہ کی جمع ② فوج اور سواروں کا لشکر ③ رسالے ④ ترپ ⑤ سواروں کی جماعت۔

**مواکلت** (ء) اسم مونث۔ آپس میں مل کر کھانا۔

**موالات** (ء) اسم مونث ① آپس میں دوستی اور محبت رکھنا ② باہمی اتحاد۔

**موالی** (ء) اسم مذکر ① مولی کی جمع ② نوکر ③ چاکر ④ غلام ⑤ چیلے ⑥ بندے۔

**موالید** (ء) اسم مذکر ① مولود کی جمع ② پیدا شدہ ③ اشیاء ④ بچے ⑤ لڑکے۔

**موانست** (ء) اسم مونث ① آپس میں محبت رکھنا ② باہمی انس ③ محبت ④ دوستی ⑤ یارانہ ⑥ اتحاد ⑦ الفت ⑧ پیار ⑨ اخلاص۔

**موانع** (ء) اسم مذکر ① مانع کی جمع ② منع کرنے والی اور روکنے والی چیزیں ③ رکاوٹیں۔

**مواہب** (ء) اسم مونث ① موہب کی جمع ② بخششیں ③ عطائیں۔

**مواہبت** (ء) اسم مونث ① دان پن ② خیر خیرات ③ سخاوت ④ فیاضی۔

**موائد** (ء) اسم مذکر ① مائدہ کی جمع ② چنے ہوئے دستر خوان ③ کھانے کے بھرے ہوئے دستر خوان۔

**موبد** (ف) اسم مذکر ① فلاسفر ② حکیم ③ دانشمند ④ دانا ⑤ پارسیوں کا ملا۔

**موت** (ہ) اسم مذکر ① پیشاب ② بول ③ نطفہ ④ منی ⑤ تخم ⑥ بیٹا ⑦ بری اولاد ⑧ بدچلن لڑکا ⑨ کپوت۔

**موت** (ء) اسم مونث ① مرگ ② قضا ③ اجل ④ قضا وفات ⑤ انتقال ⑥ شامت ⑦ خرابی۔

**موت آ جانا** (ا) فعل ① مرجانا ② گزر جانا ③ چل بسنا ④ مجازاً دیر لگا دینا ⑤ وقت موجود نہ ہونا ⑥ فنا ہو جانا۔

**موت آنا** (ا) فعل ① مرنا ② جان نکلنا ③ کھائے جانا ④ مارے ڈالنا ⑤ آفت آنا ⑥ شامت آنا ⑦ خرابی پڑنا۔

**موت بھلی کہ جان کندنی** (ا) مثل ① جان کنی سے موت اچھی ہے ② روز روزہ کی تکلیف سے مرنا ہی بہتر ہے۔

**موت پڑنا** (ا) فعل ① ناگوار گزرنا ② جان پر بننا ③ دم نکلنا ④ سخت گھبرانا ⑤ ڈرنا ⑥ خوف کھانا ⑦ شاق گزرنا ⑧ نہایت دشوار معلوم ہونا۔

**موت چاہنا** (ا) فعل ① مرگ کی تمنا کرنا ② مرنے پر راضی ہونا ③ موت قبول کرنا ④ شامت چاہنا۔

**موت کا پسینا** (ا) اسم مذکر ① ٹھنڈا پسینا ② وہ پسینا جو مرنے کے وقت انسان کے چہرے پر آ جایا کرتا ہے۔

**موت کا پسینا آنا** (ا) فعل ① جان کنی کی حالت میں ہونا ② ٹھنڈا پسینا آنا ③ موت کی حالت یا کمزوری سے چہرے کا عرق آلودہ ہو جانا۔

**موت کا سر پر کھیلنا/ سوار ہونا** (ا) فعل ① مرنے کا وقت قریب آنا ② موت کا وقت آ پہنچنا ③ شامت آنا۔

**موت کا طمانچہ** (ا) اسم مذکر ① موت کا صدمہ ② موت کا تھپڑ۔

**موت کا ہنسنا** (ہ) فعل ① انسان فانی کی باتوں پر موت کو ہنسی آنا ② قضا کا حرکات انسانی پر ٹھٹھا لگانا۔

**موت کو پکڑا تو زحمت قبول کی۔ موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا۔ موت کو پکڑیئے تو تپ کو راضی ہو** (ا) مثل ① مشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہوگا ② جب آدمی بڑی تکلیف میں پھنستا ہے تب تھوڑی محنت کو غنیمت اور بہتر سمجھتا ہے۔

**موت کے دن پورے کرتے ہیں** (ا) محاورہ ① بدمزگی میں عمر کٹتی ہے ② مشکل سے گزارہ کرتے ہیں ③ بری حالت میں زندگی گزرتی ہے۔

**موت نے گھر دیکھ لیا ہے/ موت گھر دیکھ گئی ہے** (ا) محاورہ ① مصیبت نے ہمارے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے اب جب آئے گی ادھر ہی چلی آئے گی ② دشمن نے گھر دیکھ لیا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**موت ہونا** (ا) فعل ❶ میت ہونا ❷ کسی کی فوتگی ہو جانا ❸ خرابی ہونا ❹ مصیبت ہونا۔

**موتنا** (ہ) فعل ❶ پیشاب کرنا ❷ مجازاً نفرت کی حالت میں توجہ کرنا ❸ نظر ڈالنا۔

**موتھا** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ❶ ایک قسم کی گھاس ہے جس کی جڑ میں سے دانے نکلتے ہیں ❷ مروڑا ❸ بل ❹ اینٹھ ❺ اینٹھنا۔

**موتی** (ہ) اسم مذکر ❶ دُر ❷ مروارید ❸ لولو ❹ تشبیہاً گول چیز ❺ صاف ❻ شفاف ❼ آبدار۔

**موتی پاگ** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی کا نام ہے۔

**موتی پرونا** (ہ) فعل ❶ موتیوں کی لڑی بنانا ❷ نہایت خوشخط لکھنا ❸ کوئی باریک کام نہایت عمدگی اور خوش اسلوبی سے کرنا ❹ لگاتار اور متواتر رونا۔

**موتی ٹھنڈے ہونا** (ہ) فعل ❶ پو پھٹنے کی علامتیں ہونا ❷ صبح ہونا ❸ بھور ہونا۔

**موتی چور** (ہ) اسم صفت ❶ چمکیلا ❷ چمکدار ❸ ایک قسم کی مٹھائی جس میں موتی سے دانے ابھرتے ہوئے ہیں ❹ بحالت اسم مونث ❺ کابلی کبوتر کی آنکھیں۔

**موتی چور کے لڈو** (ہ) اسم مذکر ❶ ایک خاص قسم کے لڈو ❷ نکتیوں کے لڈو۔

**موتی چھیدنا / بیندھنا** (ہ) فعل ❶ موتیوں میں سوراخ کرنا ❷ ازالہ بکر کرنا ❸ چیرا توڑنا۔

**موتی رولنا** (ہ) فعل ❶ موتی جمع کرنا ❷ بلا محنت بہت سی دولت حاصل ہونا ❸ مفت کے مال مارنا ❹ خوب روپیہ کمانا ❺ دولت سمیٹنا۔

**موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں** (ہ) محاورہ ❶ نہایت رسیلی آنکھیں ہیں ❷ خوبصورت اور چمکیلی آنکھ ہے۔

**موتی کی آب** (ا) اسم مونث ❶ موتی کی چمک ❷ موتی کا روپ ❸ مجازاً نہایت نازک۔

**موتی کی سی آب** (ا) اسم مونث۔ نہایت نازک آبداری۔

**موتی کی سی آب ہے** (ا) محاورہ ❶ عزت نہایت نازک چیز ہے ❷ ذرا سی بے احتیاطی سے جاتی رہتی ہے۔

**موتی کی سی آب اتر جانا / جانا** (ا) فعل ❶ عزت کا جاتا رہنا ❷ عزت و حرمت نہ رہنا۔

**موتی کی لڑی** (ہ) اسم مونث ❶ موتی کا ہار ❷ موتی کی مالا (تشبیہاً) مسلسل دانتوں کی تعریف کے لیے بولا کرتے ہیں۔

**موتیا** (ہ) اسم مونث ❶ ایک قسم کا خوشبودار پھول ہوتا ہے ❷ ایک قسم کی چیچک جس میں سرخ اور چمکدار پھنسیاں نکلتی ہیں ❸ (بحالت صفت) موتی کے مانند ❹ موتی سے مشابہ۔


موتیا

**موتیابند** (ہ) اسم مذکر۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے۔ جس سے بینائی جاتی رہتی ہے۔

**موتیوں سے مانگ بھرنا** (ہ) فعل ❶ نہایت آرائش و سنگار کرنا ❷ مانگ میں موتی بھرنا۔

**موتیوں سے منہ بھرنا** (ہ) فعل ❶ نہال کر دینا ❷ خوشخبری یا خوش گفتاری کے انعام میں جواہرات سے مالا مال کر دینا۔

**موتیوں کا نوالہ** (ا) اسم مذکر ❶ نہایت عمدہ غذا ❷ تر مال ❸ عمدہ خوراک ❹ مقوی غذا۔

**موٹ / موٹھ** (ہ) اسم مونث۔ بواؤ مجہول ❶ ایک قسم کا غلہ ❷ جس کی دال دلتے ہیں ❸ گٹھڑی ❹ بقچہ ❺ بستہ ❻ چرس ❼ ڈول ❽ بڑا بوکا۔

**موٹ / موٹھ کا دانہ** (ہ) اسم مذکر ❶ دلی ہوئی موٹھ ❷ موٹھ کی دال۔

**موٹا** (ہ) اسم صفت مذکر ❶ فربہ ❷ سنڈا ❸ مسٹنڈا ❹ تومند ❺ تیار ❻ دبیز ❼ دل دار ❽ سطبر ❾ گاڑھا۔

**موٹا اناج** (ہ) اسم مذکر ❶ غربا کے کھانے کا غلہ ❷ سستا اناج۔

**موٹاپن** (ہ) اسم مذکر مصدری ❶ فربہی ❷ تومندی۔

**موٹا تازہ** (ا) اسم صفت ❶ فربہ اندام ❷ تیار ❸ تناور ❹ کیم و شحیم۔

**موٹا جھوٹا** (ہ) اسم صفت ❶ گھٹیا ❷ ادنیٰ درجہ کا۔

**مونٹھ / موٹھ** (ہ) اسم مونث ❶ دستہ ❷ قبضہ ❸ بینٹا ❹ سحر ❺ گرفت ❻

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مٹھی ❼ مشت ❽ جادو۔

**موٹھ چلانا** (ہ) فعل ❶ ٹونا کرنا ❷ جادو چلانا ❸ منتر پھونکنا۔

**موٹی** (ہ) اسم صفت۔ موٹا کی تانیث۔

**موٹی اسامی** (ا) اسم مونث ❶ دولتمند آدمی ❷ دھن دولت والا ❸ سونے کی چڑیا ❹ زردار۔

**موٹی بات** (ہ) اسم مونث ❶ ظاہر بات ❷ صریح اور عام فہم بات ❸ سیدھی بات۔

**موٹی گالی** (ہ) اسم مونث ❶ سخت گالی ❷ نہایت فحش گالی۔

**موثر** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ تاثیر کرنے والا ❷ اثر کرنے والا ❸ کارگر۔

**موثر** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ تاثیر کیا گیا ❷ اثر کیا گیا۔

**موج** (ء) اسم مونث ❶ لہر ❷ ترنگ ❸ تلاطم ❹ لہر ❺ طبیعت کی خوشی ❻ امنگ ❼ جوش ❽ ولولہ ❾ وہم۔

**موج آنا** (ا) فعل ❶ لہر آنا ❷ ترنگ آنا ❸ شادابی اور سرسبزی ہونا ❹ طبیعت میں ولولہ آنا ❺ دھن بندھنا ❻ خیال آجانا۔

**موج زن ہونا** (ا) فعل ❶ لہریں مارنا ❷ تلاطم ہونا۔

**موج کرنا** (ا) فعل ❶ مزے اڑانا ❷ عیش وعشرت کرنا۔

**موج مارنا** (ا) فعل ❶ لہریں مارنا ❷ لہرانا ❸ عیش وعشرت کرنا ❹ مزے اڑانا۔

**موج میں آنا** (ا) فعل ❶ لہر میں آنا ❷ ترنگ میں آنا ❸ مزے میں آنا ❹ دھن میں آنا۔

**موجب** (ء) اسم مذکر فاعل ❶ واجب کرنے والا ❷ لازم کرنے والا ❸ سبب ❹ باعث ❺ وجہ ❻ کارن ❼ موافق ❽ حسب ❾ لائق۔

**موجد** (ء) اسم مذکر فاعل ❶ ایجاد کرنے والا ❷ پیدا کرنے والا ❸ نمونے کے بغیر اپنی طبیعت سے کوئی نئی بات پیدا کرنے والا ❹ بنا کرنے والا بانی ❺ کرتا۔

**موجل** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ مہلت دیا گیا ❷ وہ مہر جو نکاح کے بعد کبھی ادا کیا جائے ❸ معجل کی ضد ❹ جو نکاح کے بعد ہی ادا کرنا پڑتا ہے۔

**موجود** (ء) اسم صفت مفعولی ❶ پیدا شدہ ❷ وجود کیا گیا ❸ سامنے ❹ حاضر ❺ روبرو آگے ❻ حال کا زمانہ ❼ اب ❽ اس وقت ❾ تیار۔

**موجود کرنا** (ا) فعل ❶ حاضر کرنا ❷ منگانا ❸ روبرو کرنا ❹ پیش کرنا ❺ بہم پہنچانا ❻ پیدا کرنا ❼ رچنا ❽ آمادہ کرنا ❾ تیار کرنا۔

**موجودات** (ء) اسم مونث ❶ موجودہ کی جمع ❷ مخلوق ❸ دنیا ❹ کائنات ❺ سنسار ❻ پرتھوی ❼ جگ ❽ جہان ❾ کل چیزیں جو خدا نے پیدا کی ہیں۔

**موجودگی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ حضوری ❷ حاضر باشی ❸ حاضری ❹ روبرو ❺ سامنے۔

**موجودہ** (ف) اسم صفت ❶ وقت کا ❷ حال کا ❸ اب کا ❹ اس وقت کا۔

**موجہ** (ء) اسم صفت ❶ شکل دار ❷ پسندیدہ ❸ عمدہ ❹ خوب ❺ قابل توجہ ❻ جس کی طرف منہ کیا جائے۔

**موجی** (ا) اسم صفت ❶ لہری ❷ خوش طبع ❸ زندہ دل ❹ من کا رسیا ❺ خوشدل ❻ خودمختار۔

**موجیں کرنا / مارنا** (ا) فعل ❶ لہریں مارنا ❷ خوشیاں کرنا ❸ خوسیاں منانا ❹ عیش اڑانا ❺ مزے اڑانا ❻ بےفکری سے گزارنا۔

**موچ** (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ لچک ❷ مچک ❸ کجی ❹ بے موقعہ پڑ جانے سے پاؤں کا مڑ جانا۔

**موچ آنا** (ہ) فعل ❶ پاؤں کا ٹیڑھا ہو جانا ❷ کجی آجانا ❸ پاؤں کے پٹھے کا پھڑک جانا ❹ پاؤں مڑ جانا۔

**موچنا** (ا) اسم مذکر ❶ فارسی لفظ موچینہ سے یعنی بال اکھاڑنے کا آلہ ❷ نک چونٹی چھوٹی چمٹی۔

**موچھنا** (ا) فعل ❶ کاٹنا ❷ اڑانا ❷ پرایا مال مارنا ❸ نرم نرم سبزے کو اوپر سے توڑنا ❹ مروڑنا ❺ توڑنا۔

**موچھ / مونچھ** (ہ) اسم مونث ❶ ہونٹوں کے اوپر کے بال ❷ بروت ❸ سبلت۔

**موچھ کا بال** (ہ) اسم مذکر ❶ نہایت با رسوخ اور مقرب آدمی ❷ صاف ❸ کھرا ❹ سچا آدمی ❺ منہ پر کہہ دینے والا آدمی۔

**موچھوں پر / موچھوں کو تاؤ دینا** (ا) فعل ❶ موچھوں کو بل دینا ❷ موچھوں پر ہاتھ پھیرنا ❸ غرور کرنا ❹ اینٹھنا ❺ بل اور گھمنڈ کرنا ❻ اکڑنا ❼ کسی بڑے کام کا ارادہ کرنا۔

**موچھوں سے چنگاریاں نکلنا** (ہ) فعل ❶ نہایت غصہ اور قہر کا اظہار

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314

www.besturdubooks.net

ہونا ② غصے اور غضبناک ہونا۔

موچھاں اکڑوانا (ہ) فعل ① سخت ذلیل وخوار کرنا ② شیخی کرکری کر دینا ③ کسی جرم کی سزا میں موچھیں منڈوانا۔

موچی (ہ) اسم مذکر ① جوتیاں بنانے اور سینے والا ② چمار ③ چرم دوز ④ چمڑا سینے والا۔

موحد (ع) اسم مذکر فاعل ① توحید پرست ② خدا کو ایک جاننے والا ③ پکا مسلمان ④ سچا مسلمان ⑤ جمع = موحدین۔

موحدانہ (ع) اسم صفت ① موحدوں کی طرح ② توحید پرست کی مانند۔

موحش (ع) اسم صفت فاعلی ① وحشت انگیز ② فکر مند کرنے والا ③ وحشت میں ڈالنے والا۔

موخر (ع) اسم صفت مفعولی ① آخر کیا گیا ② پچھلا ③ آخر کا ④ مقدم کی ضد۔

مودب (ع) اسم صفت مفعولی ① ادب دیا گیا ② باادب ③ ادب کرنے والا ④ تعلیم یافتہ ⑤ مہذب ⑥ شائستہ ⑦ تمیزدار ⑧ باتمیز ⑨ علم مجلس سے واقف۔

مودت (ع) اسم مونث ① پیار ② پریت ③ محبت ④ دوستی ⑤ اخلاص۔

مودی (ہ) اسم مذکر ① اناج کا سوداگر ② غلہ فروش ③ پرچونیا ④ بنیا ⑤ بقال ⑥ نوکروں کو بھرتی کرنے والا ⑦ اچاپت میں سوداگر ⑧ دینے والا بنیا۔

مودی خانہ (ا) اسم مذکر ① ذخیرہ رہنے کی جگہ ② گودام گھر ③ بھنڈار۔

موڈ (ای) اسم صفت ① مزاج ② کیفیت ③ حالت ④ رنگ۔

موذن (ع) اسم مذکر فاعل ① اذان دینے والا ② نماز کے واسطے لوگوں کو بلانے والا ③ بانگ دینے والا۔

موذی (ع) اسم صفت فاعلی ① ایذا دینے والا ② دکھ دینے والا ③ ظالم جابر ④ مارنے والا ⑤ ہلاک کرنے والا ⑥ کنجوس ⑦ شریر ⑧ بدذات ⑨ نٹ کھٹ۔

موذی کا مال (ا) اسم مذکر ① کنجوس کا مال ② ظالم کا مال۔

موذی کو نماز چھوڑ کر ماریئے (ا) مثل۔ ایذا پہنچانے والے کو ہر حالت میں مارڈالنا چاہیے۔

مور (ف) اسم مونث ① چیونٹی ② کیڑی۔

مور وملخ (ف) اسم مونث ① چیونٹی اور ٹڈی دل ② لشکر کی صفت میں آتا ہے ③ بے شمار ③ ان گنت۔



مور

مور (ہ) اسم مذکر ① طاؤس ② مرلا ③ ایک خوشنما پرندے کا نام ہے۔

مورپنکھی (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کی خوبصورت ناؤ ② نواڑا ③ بجرا ④ مور کے پروں کی سورج مکھی ⑤ مور کے پروں کا پنکھا ⑥ ایک قسم کی پنکھی جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند ہو جاتی ہے۔

مور چال (ہ) اسم مونث ① بازیگروں نٹوں یا پہلوانوں کی وہ چال جو دونوں ہاتھوں کے بل ٹانگیں اونچی اور خمیدہ کر کے چلتے ہیں ② ایک خاص قسم کا ناچ۔

مورچھل (ہ) اسم مذکر۔ بادشاہوں یا راجاؤں کے سر پر ہلانے کا مور کے پروں کا چنور۔

مور کی سی گردن (ا) اسم مونث ① صراحی دار گردن ② نہایت خوبصورت اور لمبی گردن۔

مورمکٹ (ہ) اسم مذکر۔ مور کا سا تاج۔

مور ناچتا ناچتا جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے (ا) محاورہ ① عیب خواہ کیسا ہی قلیل اور کم ہو برا ہی برا ② اچھوں کو ذرا سا عیب بھی ناخوش کر دیتا ہے۔

مور (ہ) اسم مذکر ① آم کا پھل ② بور ③ آم کا شگوفہ۔

مورال (ای) اسم مذکر ① حوصلہ ② ہمت ③ عزم۔

مورت / مورتی (ہ) اسم مونث ① صورت ② پتلی ③ لعبت ④ بت ⑤ صنم ⑥ تصغیر۔

مورث (ع) اسم مذکر فاعل ① وارث کرنے والا ② وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے ③ وصیت کرنے والا ④ فارسی میں بمعنی باعث ⑤ سبب وجہ۔

مورث اعلیٰ (ع) اسم مذکر ① سب سے بڑا مورث ② جدا اعلیٰ ③ وہ سب سے بڑا شخص جس سے ورثہ پہنچا ہو ④ کسی ورثہ کا سب سے پہلا مالک ⑤ مورث اول۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

مورچا (ا) اسم مذکر ❶ آڑ ❷ وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھود دیتے ہیں ❸ خندق ❹ کھائی ❺ وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے لئے رہتی ہے۔

مورچا باندھنا/ مورچا بندی کرنا (ا) فعل ❶ لڑائی کے واسطے خندق وغیرہ کھودنا ❷ لڑائی کے واسطے کھائی تیار کرنا۔

مورچہ (ف) اسم مذکر ❶ مور کی تصغیر ❷ چھوٹا چیونٹا ❸ چیونٹی ❹ زنگ ❺ جر ❻ پھپھوندی ❼ زنگار۔

مورچے پر رکھنا (ا) فعل ❶ نشانہ بنانا ❷ نشانے پر رکھنا ❸ سامنے رکھنا ❹ مہلک جگہ بھیجنا۔

مورخ (ع) اسم مذکر فاعل ❶ تاریخ رکھنے والا ❷ تاریخ نگار۔

مورخہ (ع) اسم صفت مونث ❶ تاریخ ڈالا ہوا ❷ محررہ ❸ معروضہ ❹ مرقومہ۔

مورد (ع) اسم مونث ظرف ❶ پانی پینے کی جگہ ❷ چشمہ ❸ تالاب ❹ جوہڑ اترنے کی جگہ ❺ وارد ہونے کی جگہ ❻ جائے نزول ❼ فرودگاہ۔

موردعنایت / لفظ وکرم (ع) اسم مونث۔ وہ شخص جس پر خاص مہربانی کی جائے۔

مورکھ (ہ) اسم صفت ❶ بے وقوف ❷ احمق ❸ جاہل ❹ گاودی ❺ نادان ❻ ناواقف ❼ مودھو۔

مورکھ پن (ہ) اسم مذکر مصدری ❶ بے وقوفی ❷ حماقت ❸ جہالت نادانی ❹ احمق پن۔

مورکھ کی ساری رین چتر کی ایک گھڑی (ہ) مثل ❶ نادان جس کام پر تمام رات صرف کر دیتا ہے عقلمند اس کو ذرا سی دیر میں عمدگی سے کر لیتا ہے ❷ احمق کی صحبت سے ساری رات میں وہ لطف نہیں آتا جو کسی دانشمند سے ایک گھڑی میں آجاتا ہے۔

مورنی (ہ) اسم مونث۔ مور کی مادہ۔

موروث (ع) اسم صفت مفعولی ❶ وراثت میں دیا گیا ❷ وارث کیا گیا۔

موروثی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ باپ دادا کا ❷ جدی ❸ آبائی ❹ پشتینی ❺ نسلی۔

موری (ہ) اسم مونث ❶ نالی ❷ بدرو ❸ پانی کے نکلنے کی جگہ ❹ موکھا ❺ منہ ❻ دہانہ ❼ سوراخ ❽ روزن ❾ (فارسی میں نہی معنی میں مستعمل ہے)

موری کی اینٹ چوبارے چڑھی (ہ) مثل ❶ کمینہ کو بڑا درجہ مل گیا ❷ سفلہ آدمی کو اعلٰے رتبہ ملا۔

موڑ (ہ) اسم مذکر ❶ گھماؤ ❷ چکر ❸ پھیر ❹ وہ جگہ جہاں سے یکطرف دوسری طرف رستہ پھرے پیچ ❺ خم ❻ بل ❼ پیچ وتاب ❽ واپسی ❾ لٹاؤ۔

موڑتوڑ (ہ) اسم مذکر ❶ پھیر ❷ گھماؤ ❸ چکر۔

موڑ دینا (ہ) فعل ❶ واپس کر دینا ❷ پھیر دینا ❸ لوٹا دینا ❹ خم دینا ❺ خمیدہ کر دینا ❻ ہٹا دینا ❼ ایک طرف سے دوسری طرف رخ پھیر دینا۔

موڑنا (ہ) فعل ❶ چکر دینا ❷ گھمانا ❸ پھیر دینا ❹ واپس کرنا ❺ الٹا پھیرنا ❻ واپس لانا ❼ رخ بدلنا۔

موڑھا (ہ) اسم مذکر ❶ سرکنڈوں کی بنی ہوئی کرسی ❷ سرکنڈوں کا پیڑھا۔

موزوں (ع) اسم صفت مفعولی ❶ وزن کرنا ❷ جچا ہوا ❸ پھبتا ❹ زیبا ❺ مناسب ❻ واجب ❼ حسب حال ❽ وہ شعر جو بحر اور کے موافق ہو ❾ پسندیدہ۔

موزوں کرنا (ا) فعل ❶ شعر کو وزن اور بحر سے درست کرنا ❷ ارکان عروض کے موافق کرنا ❸ ٹھیک اور درست بنانا ❹ سڈول اور زیبا کرنا ❺ ہونا ❻ شعر کا بحر اور عروض کے موافق ہونا ❼ تلنا ❽ جچنا۔

موزونیت (ع) (ا) اسم مونث ❶ پھبن ❷ زیبائش ❸ خوبصورتی ❹ درستی ❺ پسندیدگی۔

موزہ (ف) اسم مذکر ❶ جراب ❷ پاؤں میں پہننے کی تھیلی ❸ انگریزی جوتا ❹ بوٹ۔

موسا (ہ) اسم مذکر ❶ چوہا ❷ خالو۔

موسائی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ موسےٰ ❷ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیرو ❸ موسےٰ کے امتی ❹ یہودی۔

موسل (ہ) اسم مذکر آلہ ❶ اناج کوٹنے کا آلہ ❷ سونٹا۔

موسلا (ہ) اسم مذکر ❶ موسل کی تصغیر ❷ موٹی جڑ ❸ موسلی ❹ چھڑ ❺ چھڑی ❻ بید ❼ چوب ❽ عصا ❾ موسل سے نسبت وتعلق رکھنے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072186

والا۔

**موسلا دھار** (ہ) اسم صفت ① وہ بارش جو دیر تک زور سے ہوتی رہے ② مسلسل تیز بارش۔

**موسلی** (ہ) اسم مونث ① موصل کی تصغیر و تانیث ② جڑ ③ بیخ ④ اصل ⑤ مول۔

**موسم** (ع) اسم مذکر ① وقت ② سماں ③ سما ④ ایام ⑤ موقع ⑥ دن ⑦ زمانہ۔

**موسمی** (ا) اسم مونث بیائے نسبتی ① موسم کا ② رت کا ③ موقع کا ④ منسوب بہ موسم۔

**موسنا** (ہ) فعل ① کھوسنا ② چھیننا ③ چھین کر کھا جانا ④ مال مارنا ⑤ لوٹنا ⑥ دغا اور فریب سے کھا جانا ⑦ ٹھگ لینا ⑧ چھل کر کھا جانا ⑨ چرانا۔

**موسوم** (ع) اسم صفت مفعولی ① نام رکھا گیا ② نشان دیا گیا ③ مخاطب ④ ملقب ⑤ منقوش ⑥ نقش کیا گیا۔

**موسوی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ موسٰے ② امام موسٰے رضا علیہ السلام کی اولاد ③ حضرت موسٰے پیغمبر کے پیرو ④ یہودی۔

**موسی** (ہ) اسم مونث ① خالہ ② ماں کی بہن۔

**موسیٰ** (ع) اسم مذکر ① ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جن پر توریت نازل ہوئی یہودی انہی کے پیرو ہیں ② مو بمعنی تابت و سا بمعنی آب مرکب ہے ③ استرہ ④ بال مونڈنے کا آلہ۔

**موسر / موسیرا** (ہ) اسم مذکر ① موسی کا پوت ② ماں کی بہن کا بیٹا ③ خالہ زاد بھائی۔

**موسیقار** (ف) اسم مذکر ① ایک پرندے کا نام جس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں جن سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں ققنس بھی اسی کو کہتے ہیں ② ایک باجے کا نام بھی ہے۔

**موسیقی** (ع) اسم مذکر ① راگ کا نام ② گانے بجانے کا ③ علم۔

**موسیو** (فرانسیسی) اسم مذکر ① مسٹر ② جناب ③ لالہ ④ حضرت ⑤ میاں ⑥ صاحب وغیرہ۔

**موش** (ف) اسم مذکر۔ چوہا۔

**موشک** (ف) اسم مذکر ① چوہیا ② چھچھوندر۔

**موشک پران** (ف) اسم مونث ① چمگادڑ ② شپرہ۔

**موشگافی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① باریک بینی ② بال کی کھال نکالنا ③ چھان بین۔

**موصل** (ع) اسم مذکر ① پہنچانے والا ② لے جانے والا ③ وہ چیز جس سے برقی رو گذر سکے۔

**موصوف** (ع) اسم صفت مفعولی ① تعریف کیا گیا ② ممدوح ③ متصف کیا گیا ④ مجازاً مذکور ⑤ مذبور۔

**موصول** (ع) اسم مذکر مفعول ① ملایا گیا ② جڑا ہوا ③ وصل کیا گیا ④ صرف ونحو میں وہ ناتمام اسم جو اکیلا کسی جملے کا جزو تام نہیں ہوسکتا۔

**موصیٰ** (ع) اسم مذکر مفعول۔ وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔

**موصی** (ع) اسم مذکر فاعل۔ وصیت کرنے والا۔

**موصیہ** (ع) اسم مونث۔ وصیت کرنے والی عورت۔

**موضع** (ع) اسم مذکر ظرف ① گاؤں ② مقام ③ مکان۔

**موضع وار** (عف) تابع فعل ① گاؤں وار ② گاؤں کی ترتیب سے۔

**موضوع** (ع) اسم مذکر مفعول ① وضع کیا گیا ② رکھا گیا ③ مضمون ④ مدعا ⑤ علم منطق میں وہ مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو ⑥ بامعنی لفظ۔

**موعدت** (ع) اسم مذکر ① عہد و پیمان ② اقرار مدار ③ وعدہ و قرار۔

**موعظت** (ع) اسم مونث ① پند ② نصیحت۔

**موعود** (ع) اسم صفت مفعولی ① وعدہ کیا گیا ② وہ چیز جس کا وعدہ کیا ہوا ③ اقرار کیا گیا۔

**موفق** (ع) اسم صفت مفعولی ① توفیق دیا گیا ② وہ شخص جس کے لئے خدائے تعالیٰ نے نیکیوں کا سامان مہیا کر دیا ہو ③ نیکیوں کا سامان دیا گیا۔

**موفور** (ع) اسم صفت مفعولی ① زیادتی کیا گیا ② بہت ③ بکثرت ④ نہایت ⑤ ات گت ⑥ بے انتہا۔

**موقر** (ع) اسم صفت مفعولی ① توقیر کیا گیا ② عزت والا ③ معزز ④ عزت دار۔

**موقع** (ع) اسم مذکر ظرف ① جائے وقوع ② واقع ہونے کی جگہ ③ خاص وقت۔

**موقع پر** (ا) تابع فعل ① عین وقت پر ② مناسب وقت پر ③ خاص وقت پر۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**موقع تکنا/ دیکھنا** (ا) فعل ① داؤں گھات میں رہنا ② وقت کا منتظر رہنا۔

**موقع دینا** (ا) فعل ① مناسب وقت دینا ② مہلت دینا۔

**موقع سے** (ا) تابع فعل ① مناسب وقت پر ② وقت دیکھ کر ③ وقت کے موافق ④ ڈھنگ سے۔

**موقع کی** (ا) اسم صفت ① لائق ② مناسب ③ ڈھنگ کی ④ وقت کی ⑤ حسب منشا۔

**موقع نکل جانا** (ا) فعل۔ وقت ہاتھ سے نکل جانا۔

**موقع واردات** (ع) اسم مذکر۔ کسی جرم کے واقع ہونے کی جگہ۔

**موقف** (ع) اسم مذکر ظرف ① کھڑے ہونے کی جگہ ② مقام ③ مکہ سے دو فرسنگ پر ایک مقام کا نام۔

**موقوف** (ع) اسم صفت مفعولی ① ٹھہرایا گیا ② کھڑا کیا گیا ③ برخاست شدہ ④ نوکری سے ہٹایا گیا ⑤ منسوخ کیا گیا ⑥ منحصر ⑦ انحصار کیا گیا ⑧ ملتوی کیا گیا ⑨ ترک کیا گیا۔

**موقوف الیہ** (ع) اسم مذکر ① وہ شخص جس کے لئے وقف کیا گیا ہو ② متولی۔

**موقوف رکھنا** (ا) فعل ① ملتوی کرنا ② کسی پر منحصر کرنا۔

**موقوف علیہ** (ع) اسم مذکر ① وہ شخص جس پر کسی بات کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو ② ثالث ③ پنچ ④ منصف۔

**موقوف کرنا** (ا) فعل ① علیحدہ کرنا ② برطرف کرنا ③ ملتوی رکھنا ④ باز رکھنا ⑤ کسی پر منحصر کرنا۔

**موقوف ہونا** (ا) فعل ① منحصر ہونا ② ملتوی ہونا ③ نوکری سے ہٹ جانا ④ برخاست ہونا ⑤ ملتوی ہونا۔

**موقوفی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① علیحدگی ② برطرفی ③ برخاستگی ④ معزولی ⑤ ڈھیل ⑥ توقف ⑦ التوا۔

**موکش** (س) اسم مونث ① رہائی ② نجات ③ رستگاری ④ مخلصی ⑤ آزادی ⑥ چھٹکارا۔

**موکد** (ع) اسم صفت مفعولی۔ تاکید کیا گیا۔

**موکل** (ع) اسم مذکر ① وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام کیا جائے ② امانت دار ③ محافظ ④ ذمہ وار ⑤ پیر ⑥ وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو۔

**موکّل** (ع) اسم مذکر ① وکیل کرنے والا ② مقدمہ سپرد کرنے والا ③ اسامی۔

**موکلا** (ہ) اسم صفت ① کھلا ہوا ② کشادہ ③ کافی ④ ملتا۔

**موگرا** (ہ) اسم مذکر ① ایک پھول کا نام ہے ② بڑی موگری ③ موسل ④ توپ کا سنبہ۔

**موگری** (ہ) اسم مونث ① زمین کوٹنے اور کپڑوں کو کندی کرنے کا آلہ ② کلوخ کوب ③ کوبہ۔

**مول** (س) اسم مذکر ① جڑ ② بیخ ③ اصل ④ بنیاد ⑤ پونجی ⑥ سرمایہ ⑦ زر اصل جس پر سود لیا جائے ⑧ جذر۔

**مول سے بیاج پیارا ہوتا ہے** (ہ) محاورہ ① اصل مال کی نسبت اس کی آمدنی زیادہ عزیز ہوتی ہے ② بیٹے کی نسبت اس کی اولاد زیادہ عزیز ہے۔

**مول** (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① نرخ ② بھاؤ۔

**مول بننا** (ہ) فعل ① سودا ہونا ② قیمت طے ہونا۔

**مول تول** (ہ) اسم مذکر ① سودا ② قیمت کا تعین۔

**مول ٹھیرانا/ چکانا** (ہ) فعل ① سودا کرنا ② نرخ معین کرنا ③ قیمت چکانا۔

**مول دینا** (ہ) فعل ① قیمتاً دینا ② دام لے کر دینا ③ قیمت ادا کرنا ④ قیمت بے باق کرنا۔

**مول لگانا** (ہ) فعل ① سودا کرنا ② نرخ مقرر کرنا ③ دام لگانا۔

**مول لینا** (ہ) فعل ① خریدنا ② زرخرید کرنا ③ غلام بنانا ④ سودا کرنا ⑤ چکانا۔

**مولا/ مولےٰ** (ع) اسم مذکر ① آقا ② صاحب ③ مالک ④ سردار ⑤ والی ⑥ خدائے تعالیٰ ⑦ ایشور ⑧ اللہ ⑨ داتا۔

**مولانا** (ع) اسم مذکر ① فاضل ② اجل ③ علاموں اور فاضلوں کا اعزازی خطاب ④ کبھی مولوی جلال الدین رومی سے مراد ہوتی ہے۔

**مولائی** (ع) اسم مونث بیائے مصدری ① سرداری ② امیری ③ منصفی ④ عورتوں کا نام ⑤ (بیائے متکلم) مولائے من ⑥ میرا آقا ⑦ میرا سردار۔

**مولد** (ع) اسم مذکر ظرف ① جائے ولادت ② پیدائش کی جگہ ③ جنم

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...

بھومی❹ ولادت گاہ❺ مسقط الراس۔

**مولف** (ع) اسم مذکر❶ تالیف کرنے والا❷ جمع کرنے والا❸ مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب بنانے والا۔

**مولفہ** (ع) اسم مونث❶ تالیف کی ہوئی❷ جمع کی ہوئی❸ بنائی ہوئی❹ ترتیب دی ہوئی۔

**مولود** (ع) اسم مذکر مفعول❶ جنا ہوا❷ زائیدہ زادہ❸ جایا❹ جنم دن❺ وقت ولادت❻ پیدا ہونے کا زمانہ❼ حضرت رسول کریم صلعم کی ولادت یا کرامت کا بیان❽ مجلس میلاد❾ نبی صلعم۔

**مولودخوان / مولودی** (ع) اسم مذکر۔ وہ شخص جو حضرت رسول خدا صلعم کی پیدائش کا بیان پڑھ کر لوگوں کو سنائے۔

**مولوی** (ع) اسم مذکر❶ بیائے نسبتی منسوب بہ مولا❷ شریعت کی باتوں کا عالم❸ احکام شرعی جاننے والا❹ فقیہ❺ فاضل❻ شاستری❼ دھرم شاستر جاننے والا❽ پکا۔

**مولے** (ع) اسم مذکر❶ اللہ تعالے❷ خدا❸ رب❹ ایشور❺ پرمیشور❻ داتا۔

**مولے بھلا کرے گا** (ا) فقرا کی دعا❶ اللہ نیک بدلہ دے گا❷ ثواب دے گا۔

**مولی** (ہ) اسم مونث❶ ایک قسم کی جڑ کا نام ہے❷ جس کو کھاتے اور ترکاری بناتے ہیں۔

**مولی گاجر کی طرح** (ا) متعلق فعل❶ نہایت بے قدری سے❷ بڑی بے دردی سے۔

**موم** (ف) اسم مذکر❶ ایک قسم کا چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کیا کرتی ہیں❷ تشبیہاً نہایت نرم اور ملائم چیز۔

**موم بتی** (ا) اسم مونث❶ مومی شمع❷ وہ بتی جو موم کے مرکب سے بنائی گئی ہو۔


موم بتی

**موم تو نہیں ہو کہ پگھل جاؤ گے** (ا) محاورہ۔ ایسے نازک اور نامرد نہ بنو کہ ذرا سے کام میں مر جاؤ۔

**موم دل** (ا) اسم صفت ترکیبی❶ نرم دل والا❸ رحم دل❹ ترس کھانے والا❺ دیالو۔

**موم کا** (ا) اسم صفت❶ موم کا بنا ہوا❷ نہایت نرم❸ بہت نازک اور ملائم❹ موم کی طرح❺ موم کی مانند۔

**موم کرنا** (ا) فعل❶ نرم کرنا❷ سختی دور کرنا❸ پگلانا❹ ملائم کرنا❺ نرم دل کرنا❻ گلانا❼ پگھلانا❽ پانی کرنا۔

**موم کی مریم** (ا) اسم مونث۔ نہایت نازک عورت۔

**موم کی ناک** (ا) اسم صفت❶ متلون مزاج❷ غیر مستقل❸ ہر ایک کے کہنے پر چلنے والا اور اپنے پہلے قول کا پاس نہ کرنے والا۔

**موم ہو جانا** (ا) فعل❶ رحم دل ہو جانا❷ پگھل جانا❸ ملائم ہو جانا۔

**مومن** (ع) اسم مذکر فاعل❶ ایمان والا❷ ایماندار❸ ایمان لانے والا❹ سچا❺ مسلمان❻ شیعہ❼ اہل تشیع❽ حکیم مومن علیخان دہلوی کا تخلص۔

**مومنین** (ع) اسم مذکر۔ مومن کی جمع۔

**مومی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی❶ منسوب بہ موم❷ موم کا بنا ہوا۔

**مومی شمع** (ا) اسم مونث۔ موم کی بنی ہوئی بتی۔

**مومیا** (ع۔ف) اسم مذکر❶ مصالح لگی اور سوکھی ہوئی لاش❷ موم کی شکل کی بنی ہوئی سیاہ چکنائی جو چوٹ یا ضرب کے موقعہ پر دودھ میں پلاتے ہیں۔

**مومیائی** (ف) اسم مونث۔ ایک دوا کا نام ہے جو موم کی مانند سیاہ اور چکنائی دار ہوتی ہے اور چوٹوں اور زخم کے واسطے بڑی مفید اور سودمند ہے۔

**مومیائی نکالنا** (ا) فعل❶ تیل نکالنا❷ سخت محنت لینا❸ چربی نکالنا❹ بہت سخت مارنا۔

**مون** (س) اسم مذکر❶ خاموشی❷ چپ۔

**مون برت** (س) اسم مذکر❶ چپ رہنے کا وعدہ کرنا❷ خاموشی کا وعدہ۔

**مونث** (ع) اسم صفت❶ مادہ❷ عورت❸ استری❹ نر کی ضد❺ مادیں❻ زنانہ۔

**موندنا** (ہ) فعل❶ بند کرنا❷ ڈھانپنا❸ معمور کرنا❹ پر کرنا۔

**مونڈن** (ہ) اسم مونث❶ ایک خاص رسم کا نام ہے جس میں ساتویں دن

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

بچے کے سر کے بال منڈاتے ہیں ② ہندوؤں کی ایک رسم بھی ہے جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈواتے ہیں۔

مونڈنا (ہ) فعل ① حجامت کرنا ② خط بنانا ③ مرید کرنا ④ چیلا بنانا ⑤ تلقین کرنا ⑥ ہدایت کرنا ⑦ شاگرد بنانا ⑧ رہنمائی کرنا ⑨ لوٹنا۔

مونڈھا (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① کندھا ② شانہ ③ دوش ④ کتف ⑤ (بواؤ معروف) کرسی ⑥ چوکی ⑦ سٹول۔

مونڈی (ہ) اسم مونث ① مونڈ کی تصغیر ② سر ③ منڈیا ④ (بحالت صفت مفعولی) مونڈی ہوئی ⑤ سترده۔

مونڈی کاٹا (ہ) اسم صفت مفعولی ① سر بریدہ ② سر کٹا ③ بن سزا ④ (کلمہ نفریں) موا ⑤ مرن جوگا ⑥ واجب القتل۔

مونس (ع) اسم مذکر فاعل ① انس رکھنے والا ② محبت کرنے اولا ③ دلی دوست ④ غمخوار ⑤ ساتھی ⑥ ہمدم ⑦ رفیق ⑧ آرام دینے والا ⑨ میرانیس کے چھوٹے بھائی میر نواب مرثیہ گو ولد میر مستحسن لکھنوی کا تخلص بھی ہے۔

مونس تنہائی (عف) اسم مذکر ① تنہائی کا ساتھی ② خلوت کا دوست ③ غم بٹانے والا۔

مونگ (ہ) اسم مونث۔ ماش کی قسم کا ایک غلہ جس کی دال دلتے ہیں۔

مونگا (ہ) اسم مذکر ① مرجان ② ایک قسم کا درخت جو سمندر میں پیدا ہوتا ہے ③ دراصل سمندری کیڑوں کے گھر ہوتے ہیں۔

مونگیا (ہ) اسم مذکر ① ماشی رنگ ② ایک قسم کا ہلکا سبز رنگ۔

مونہان (ہ) اسم مذکر۔ گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ہے جس میں منہ کے اندر چھالے پڑ جاتے ہیں۔

مووِیز (ای) اسم صفت ① سینما ② بولتا ہوا سینما۔

موہ (س) اسم مونث و مذکر ① پیار ② محبت ③ لالچ ④ جادو ⑤ عشق ⑥ پریم ⑦ فریفتگی ⑧ لاڈ ⑨ ناز۔

موہ لینا (ہ) فعل ① عاشق کر لینا ② مائل کر لینا ③ لبھا لینا۔

موہب (ع) اسم صفت ① بخشنے والا ② عطا کرنے والا ③ دان کرنے والا ④ ہبہ کرنے والا ⑤ خیر و خیرات کرنے والا۔

موہن (س) اسم صفت فاعلی ① موہنے والا ② لبھا لینے والا ③ فریفتہ کرنے والا ④ جادو سے بس میں کرنے والا ⑤ لہریا ⑥ دلفریب ⑦ نہایت ⑧ خوبصورت۔

موہنا (ہ) فعل ① عاشق کر لینا ② فریفتہ کر لینا ③ لبھانا ④ بس میں کرنا ⑤ جادو کرنا ⑥ ٹوٹا کرنا۔

موہنی (س) اسم صفت مونث ① دلربا ② دلفریب ③ نہایت خوبصورت عورت ④ موہنے والی ساحرہ ⑤ جادوگرنی ⑥ پیاری ⑦ دلربائی ⑧ دلبری ⑨ دلفریبی۔

موہوب (ع) اسم صفت مفعولی ① ہبہ کیا گیا ② بخشا گیا ③ عنایت کیا گیا۔

موہوم (ع) اسم صفت مفعولی ① وہم کیا گیا ② وہمی ③ فرضی ④ خیالی ⑤ قیاسی۔

موئی (ہ) اسم مونث صفت ① مری ہوئی ② مردہ ③ نگوڑی ④ اجڑی ⑤ خانہ خراب۔

موئی جوں (ہ) اسم مونث ① نہایت غریب اور مسکین ② سست قدم ③ سست الوجود ④ کاہل۔

موئی مائی ٹوٹی سگائی (ہ) کہاوت ① بزرگوں کے منہ کو سارے رشتے ہیں ② جہاں بزرگ مر گئے سب رشتے منقطع ہو گئے۔

موئی مٹی (ہ) اسم مونث ① مردہ لاش ② میت ③ متوفی ④ مرا ہوا ⑤ مرحوم ⑥ مغفور۔

موئے (ہ) اسم مذکر مفعول ① موا کی جمع ② نگوڑے ③ بدبخت ④ بے نصیب ⑤ خانہ خراب ⑥ مر گئے ⑦ فنا ہو گئے۔

موئے پر سو درے (ا) محاورہ ① مرنے کے بعد بھی سزا کے قابل ہے ② مصیبت پر مصیبت آئی ③ مرے کو مارے شاہ مدار۔

موئے جیتے اکھاڑ ڈالنا (ہ) فعل۔ کسی کے مردوں اور زندوں کے عیب ظاہر کرنا۔

موئے شیر سے جیتی بلی بھلی (ا) مثل ① مرے ہوئے زور آور سے کمزور زندہ بہتر ہے ② ادنٰے زندہ آدمی اعلٰے مردہ شخص سے اچھا ہے۔

موئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی (ہ) مثل۔ زندہ کی سب خوشامد کرتے ہیں مردہ کا کوئی نام بھی نہیں لیتا۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

www.besturdubooks.net

**موئے کی قبر اور جیتے کا گھر** (ا) مثل۔ ہر شخص اپنے ٹھکانے ہی آرام سے رہتا اور زیب دیتا ہے یعنی مردے کو قبر میں اور زندہ کو گھر میں آرام ہے۔

**موئیا** (ہ) اسم مذکر ❶ کچے سوت کا لچھا ❷ سوت کی چھوٹی انٹی۔

**موید** (ع) اسم صفت فاعلی ❶ تائید کرنے والا ❷ مددگار ❸ مدد کرنے والا۔

**مویز** (ف) اسم مذکر ❶ ایک قسم کے بڑے بڑے سوکھے ہوئے انگور ❷ داکھ ❸ بڑی کشمش۔

**مویز منقّے** (ع) اسم مزکر۔ بیج نکال کر صاف کی ہوئی داکھ۔

**مویشی** (ع) اسم مذکر ❶ مواشی جمع ماشیہ کا امالہ ہے ❷ ڈنگر ❸ ڈھور ❹ چوپائے ❺ گائے بھینس وغیرہ۔

**مویشی خانہ** (ف) اسم مذکر ظرف ❶ ڈنگر باندھنے کا مکان ❷ باڑا ❸ کھڑک ❹ احاطہ۔

## م ← ہ

**مہ** (ف) اسم صفت ❶ بڑا ❷ کلان ❸ سردار۔

**مہ** (ف) اسم مذکر ❶ ماہ کا مخفف ہے ❷ چاند ❸ چندرما ❹ قمر ❺ مہینا ❻ ماس۔

**مہ پارہ** (ف) اسم صفت بقلب اضافت ❶ چاند کا ٹکڑا ❷ نہایت خوبصورت معشوق۔

**مہ جبین / مہ رو** (ف) اسم صفت تشبیہی ❶ چاند سے مکھڑے والا ❷ چاند کی سی پیشانی والا ❸ خوبصورت ❹ حسین ❺ معشوق۔

**مہ لقا** (فع) اسم مذکر صفت ❶ چاند کی شکل والا ❷ معشوق۔

**مہا** (س) اسم صفت ❶ بزرگ ❷ اعلےٰ ❸ معزز ❹ کلان ❺ عظیم ❻ شریف ❼ خاندانی۔

**مہا اوت** (ہ) اسم صفت ❶ پرلے درجے کا بے وقوف ❷ نہایت احمق۔

**مہابلی** (ہ) اسم صفت ❶ بڑی طاقت والا ❷ بڑا طاقتور ❸ شہ زور ❹ نہایت زبردست۔

**مہابیر** (س) اسم مذکر ❶ بڑا بہادر ❷ بڑا سور بیر ❸ ہنومان جی کا خطاب۔

**مہا پاپ** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا بھائی گناہ ❷ گناہ کبیرہ۔

**مہا پاپی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلیت ❶ سخت گناہگار ❷ بدکار ❸ فاسق۔

**مہا پرشاد** (س) اسم مذکر ❶ متبرک کھانا ❷ دیوتا کا بھوگ ❸ خصوصاً جگناتھ جی کا پرشاد۔

**مہاتما** (ہ) اسم مذکر ❶ ولی ❷ نیک آدمی ❸ نیک ❹ اچھا ❺ سعید۔

**مہاجال** (ہ) اسم مذکر۔ مچھلیاں پکڑنے کا بڑا جال۔

**مہاجن** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا آدمی ❷ ساہوکار ❸ سوداگر ❹ بیوپاری ❺ خزانچی ❻ صراف ❼ دولتمند ❽ غنی۔

**مہا جنتر** (ع) اسم مذکر ❶ بڑا تالا ❷ بڑا قفل ❸ کلوں کا کارخانہ ❹ جرثقیل کا بڑا کارخانہ۔

**مہاجنی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ساہوکاری ❷ سوداگری ❸ بنج بیوپار۔

**مہاجنی پرچہ / چٹھی** (ہ) اسم مذکر و مونث ❶ ہنڈی ❷ چک ❸ کاغذ زر۔

**مہادیو** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا دیوتا ❷ شیو جی ❸ مہیش ❹ حضرت آدم علیہ السلام۔

**مہاراج** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑے راج والا ❷ بڑا راجہ ❸ قیصر ❹ شہنشاہ ❺ (بصورت کلمہ تعظیم) برجیون اور عالی خاندان والوں کا خطاب ❻ حضرت جناب ❼ خداوند نعمت۔

**مہاراجہ / مہاراجا** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا بادشاہ ❷ بڑا راجہ ❸ قیصر ❹ شہنشاہ ❺ قیصر ❻ خاقان۔

**مہارانی** (ہ) اسم مونث ❶ ملکہ معظمہ ❷ بڑے مرتبے کی عورت ❸ لیڈی ❹ بیگم۔

**مہا کالی** (س) اسم مونث ❶ پاربتی ❷ شیو جی کی استری ❸ درگا دیوی۔

**مہا کوپ** (س) اسم مذکر ❶ گہرا کنواں ❷ بڑا کنواں۔

**مہا کوڑھ** (ہ) اسم مذکر ❶ بڑا جذام ❷ وہ کوڑھ جس سے آدمی کا تمام بدن بگڑ جائے۔

**مہامنتری** (س) اسم مذکر ❶ وزیر اعظم ❷ صدر اعظم ❸ مدار المہام۔

**مہابت** (ع) اسم مونث ❶ ڈر ❷ خوف ❸ دہشت ❹ بھے ❺ رعب ❻ ہیبت ❼ شان و شکوہ ❽ جاہ و حشم ❾ غصہ۔

**مہاجر** (ع) اسم مذکر فاعل ❶ ہجرت کرنے والا ❷ اپنے اقربا اور گھر سے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جدا ہو جانے والا ❸ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جانے والا ❹ مسافر ❺ وہ لوگ جو رسول اللہ صلعم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کو چلے گئے۔

**مہاجرت** (ع) اسم مونث ❶ جدائی ❷ ہجرت ❸ مفارقت ❹ ایک جگہ سے دوسری جگہ جا بسنا ❺ ترک وطن ❻ علیحدگی ❼ بچھویا ❽ دوسرے دیس میں جا رہنا۔

**مہار** (ف) اسم مونث۔ اونٹ کی نکیل۔

**مہارت** (ع) اسم مونث ❶ مشق ❷ کسرت ❸ ربط ❹ عادت ❺ خو ❻ لیاقت ❼ دخل ❽ پہنچ ❾ رسائی۔

**مہاسا** (ہ) اسم مذکر ❶ جوش جوانی کی پھنسی ❷ وہ دانے جو جوانی کے آغاز میں منہ پر نکل آتے ہیں۔

**مہاسے نکلنا** (ہ) فعل۔ چہرے پر جوش جوانی کے سبب سے پھنسیاں نکلنا۔

**مہال** (ہ) اسم مونث ❶ مہو بمعنی شہید اور آل بمعنی جگہ ❷ شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

**مہام** (ع) اسم مذکر ❶ مہم کی جمع ❷ مہمیں ❸ دشوار کام ❹ بڑے بڑے معاملات ❺ بڑے بڑے کام۔

**مہاوت** (ہ) اسم مذکر ❶ ہاتھی بان ❷ فیلبان ❸ مہاماتر۔

**مہاوٹ** (ہ) اسم مونث ❶ ماگھ کے مہینے کی بارش ❷ جاڑے کی بارش۔

**مہت** (س) اسم صفت ❶ بڑا ❷ بزرگ ❸ معزز ❹ عالی قدر ❺ (بحالت اسم مونث) بڑائی ❻ بزرگی ❼ ناز ❽ پیار ❾ لاڈ۔

**مہتا** (ہ) اسم مذکر ❶ سردار ❷ بڑا آدمی ❸ زمیندار ❹ منشی ❺ کاتب ❻ محرر۔

**مہتاب** (ف) اسم مونث ❶ چاندنی ❷ چاند کی روشنی ❸ (بحالت اسم مذکر) چاند ❹ قمر ❺ ایک قسم کی آتشبازی۔

**مہتابی** (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ ایک قسم کی آتشبازی ❷ بادلہ ❸ زربفت ❹ زری ❺ بڑا اونچا کٹہرے دار چبوترا۔

**مہتاری** (ہ) اسم مونث ❶ والدہ ❷ ماتا ❸ ماں ❹ مائی۔

**مہتدی** (ع) اسم صفت ❶ سیدھے راستے پر چلنے والا ❷ ہدایت یافتہ۔

**مہتر** (ف) اسم مذکر ❶ بزرگ ❷ سب سے بڑا ❸ سردار ❹ آقا ❺ مالک ❻ حاکم ❼ مخدوم ❽ سرگروہ ❾ سرغنہ۔

**مہترانی** (ہ) اسم مونث ❶ بھنگن ❷ خاکروبہ ❸ خلالخوری ❹ بھٹیاری ❺ چماری ❻ چمار قوم کی عورت۔

**مہتمم** (ا) اسم مذکر فاعل ❶ بندوبست کرنے والا ❷ اہتمام کرنے والا ❸ منتظم ❹ مینیجر ❺ نگراں۔

**مہتمم** (ع) سپرنٹنڈنٹ ❶ نگہبان ❷ پیشکار۔

**مہتمم اخبار** (ا) اسم مذکر ❶ اخبار کا اہتمام کرنے والا ❷ اخبار کا ایڈیٹر۔

**مہتمم بندوبست** (ا) اسم مذکر ❶ محکمہ بندوبست کا نگراں ❷ منصرم۔

**مہتمم مطبع** (ا) اسم مذکر۔ چھاپہ خانہ کا مینیجر نگران مطبع۔

**مہجور** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ چھوڑا گیا ❷ ہجراں زدہ ❸ بچھوڑے کا مارا ہوا ❹ برہ کا مارا۔

**مہجوری** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ جدائی ❷ علیحدگی ❸ فراق ❹ ہجر ❺ برہ۔

**مہد** (ع) اسم مذکر ❶ پنگوڑا ❷ پالنا ❸ جھولنا ❹ گہوارہ ❺ بستر ❻ بچھونا ❼ مجازاً ڈولا ❽ پالکی ❾ سکھپال۔

**مہدی** (ع) اسم مذکر ❶ رہنما ❷ ہدایت کرنے والا ❸ مسلمانوں کا بارھواں امام جس کا ظہار قرب قیامت میں ہوگا۔

**مہذب** (ع) اسم صفت مفعولی ❶ تہذیب یافتہ ❷ شائستہ ❸ آراستہ ❹ عیبوں سے پاک ❺ نیک خصلت ❻ خوش اخلاق ❼ تعلیم یافتہ ❽ ثقہ ❾ خلیق۔

**مہر** (ع) اسم مذکر ❶ حق زوجیت ❷ کابین ❸ وہ روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمہ عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے۔

**مہر باندھنا** (ا) فعل۔ مہر کا روپیہ مقرر کرنا۔

**مہر بخشنا** (ا) فعل۔ زوجیت کا روپیہ معاف کر دینا۔

**مہر شرعی** (ع) اسم مذکر ❶ وہ مہر جو شرع محمدی کے مطابق باندھا جائے ❷ یہ مرد کی حیثیت اور مقدور کے موافق ہوتا ہے۔

**مہر معجّل** (ع) اسم مذکر۔ وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے۔

**مہر موجل** (ع) اسم مذکر ❶ وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے ❷ غیر معجّل مہر۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072188

www.besturdubooks.net

مہر نامہ (عف) اسم مذکر ① کابین نامہ ② نکاح نامہ ③ وہ کاغذ ④ جس پر نکاح کے متعلق شہادت اور مہر کی تعداد درج ہو۔

مہر (ف) اسم مونث ① محبت ② پریت ③ دوستی ④ اتحاد ⑤ الفت ⑥ پریم ⑦ پیار ⑧ اخلاص ⑨ ہمدردی۔

مہر کرنا (ا) فلع ① رحم کرنا ② عنایت کرنا ③ ہمدردی کرنا۔

مہر ہے پر دودھ نہیں (ا) فعل۔ نری خاطر داری ہے دینا لینا کچھ نہیں۔

مہر (ف) اسم مونث ① چھاپ ② کسی چیز پر کھدا ہوا نام ③ خاتم ④ اشرفی ⑤ سونے کا ایک سکہ۔

مہر اٹھنا (ا) فعل ① مہر کا روشن ہونا ② مہر کے نقوش کا نمایاں ہونا۔

مہر بردار (ف) اسم مذکر ① وہ معتبر شاہی ملازم جس کے پاس بادشاہی مہر رہتی ہے ② محافظ مہر۔

مہر خاص / مہر دستی (ف) اسم مونث ① انگوٹھی کی مہر ② چھاپ ③ مندری۔

مہر شاہی (ف) اسم مونث ① بادشاہی مہر ② گورنمنٹ کی مہر۔

مہر کرنا / لگانا (ا) فعل ① کاغذ پر چھاپ لگانا ② مہر چسپاں کرنا ③ بند کرنا ④ سربند کرنا ⑤ تصدیق کرنا ⑥ گواہی کرنا ⑦ ٹکٹ لگانا۔

مہر کن (ف) اسم مذکر ① مہر کھودنے والا ② حکاک۔

مہر نامہ (ف) اسم مونث ① وہ مہر جو اعتبار کے واسطے کاغذ کی پیشانی پر لگا دیتے ہیں ② مہر پیشانی ③ مہر حکمنامہ۔

مہر نبوت (فع) اسم مونث۔ وہ نقش جو رسول اللہ صلعم کے دوش مبارک پر تھا۔

مہرا (ہ) اسم مذکر ① ڈولی یا پالکی اٹھانے والا ② کہار ③ جمال ④ کہاروں کا افسر ⑤ کہاروں کا میٹھ۔

مہرا (ہ) اسم مذکر ① سامنا ② مقابلہ ③ پیش رو ④ آگا ⑤ نشانہ ⑥ زد۔

مہرا آنا (ہ) فعل ① طعنہ مارنا ② طنز کرنا ③ رلی ٹھولی مارنا۔

مہرانا (ا) اسم مذکر ① مہر گواہی کی اجرت ② مہر لگوانے کی اجرت۔

مہرو / مہریا (ہ) اسم مونث ① عورت ② استری ③ زن۔

مہربان (ف) اسم صفت ترکیبی ① محبت کرنے والا ② محب ③ کرپا کرنے والا ④ دیالو ⑤ توجہ کرنے والا ⑥ (بحالت اسم مذکر) یار ⑦ دوست۔

مہربانگی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① مہربانی نوازش ② عنایت۔

مہربانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① نوازش عنایت ② کرپا ③ دیا ④ توجہ ⑤ دھیان ⑥ خیال۔

مہربانی سے پیش آنا (ا) فعل ① توجہ فرمانا ② اچھا برتاؤ کرنا ③ خوش خلقی سے پیش آنا۔

مہربانی کرنا (ا) فعل ① نوازش کرنا ② عنایت کرنا ③ رغبت کرنا ④ توجہ کرنا ⑤ لطف کرنا۔

مہربانی نامہ (ا) اسم مذکر ① عنایت نامہ ② دوستانہ خط ③ الطاف نامہ۔

مہرہ (ف) اسم مذکر ① گھوٹا ② کاغذ وغیرہ کھوٹنے کا آلہ ③ شطرنج کا مہرہ یعنی پیادہ فیل وغیرہ ④ بٹی ⑤ نرد ⑥ ایک قسم کا پتھر ⑦ سانپ کا من ⑧ گول ہڈی ⑨ ہڈی کا جوڑ۔

مہرہ کرنا (ا) فعل ① وصلی یا کاغذ وغیرہ کو مہرے سے چمکانا ② گھوٹا پھیرنا ③ پالش کرنا۔

مہری (ف) اسم صفت ① مہر کیا ہوا ② چھاپ لگایا ہوا ③ دستخطی ④ مہرہ کیا ہوا ⑤ گھٹا ہوا ⑥ گھوٹا پھیرا ہوا۔

مہری (ہ) اسم مونث ① کہاری ② جھینوری ③ پانی بھرنے اور برتن مانجھنے والی عورت۔

مہرے پر رکھنا (ہ) فعل ① سامنے رکھنا ② نشانے پر رکھنا ③ زد پر رکھنا ④ مقابلے یا ہلاکت کے موقع پر کھڑا کرنا۔

مہک (ہ) اسم مونث ① تیز خوشبو ② خوشبو ③ سنگدھت ④ بھینی بھینی خوشبو ⑤ بو ⑥ باس۔

مہک جانا (ہ) فعل ① معطر ہو جانا ② خوشبو میں بس جانا۔

مہکانا (ہ) فعل ① معطر کرنا ② خوشبودار کرنا ③ خوشبو سے بسا دینا ④ خوشبو کو پھیلانا۔

مہکنا (ہ) فعل ① خوشبو میں بسنا ② خوشبودار ہونا ③ درگند پھیلنا ④ بدبو پھیلنا۔

مہکیلا (ہ) اسم صفت ① مہکتا ہوا ② خوشبودار ③ خوشبو والا۔

مہلت (ع) اسم مونث ① وقفہ ② ڈھیل ③ توقف ④ دیر ⑤ درنگ ⑥ تعطیل ⑦ چھٹی ⑧ خالی وقت ⑨ سبیتا۔

مہلک (ع) اسم صفت فاعلی ① ہلاک کر ڈالنے والا ② مار ڈالنے والا ③

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149072182

www.besturdubooks.net

قاتل۔ مضر۔

**مہلک بیماری/مہلک مرض** (ا) مونث ① ہلاک کر دینے والا ② روگ۔

**مہلک** (ء) اسم ظرف ① ہلاک ہونے کی جگہ ② جان جوکھوں کا مقام ہلاکت گاہ۔

**مہم** (ء) اسم مونث فاعلی ① غم میں ڈالنے والا کام ② مجازاً ③ بڑا کام ④ مشکل اور سخت کام ⑤ جان جوکھوں کا کام ⑥ ضروری کام ⑦ جنگ ⑧ لڑائی۔

**مہم جیتنا/ مہم سر کرنا** (ا) فعل ① لڑائی فتح کرنا ② نہایت سخت اور مشکل کام کا آسان کر لینا ③ امر مشکل کو سرانجام دینا۔

**مہما** (ہ) اسم مونث ① بزرگی ② عظمت ③ بڑائی ④ مروت ⑤ نوازش ⑥ مہربانی ⑦ عنایت ⑧ تعریف ⑨ مدح۔

**مہما سے بولنا** (ہ) فعل ① مہربانی سے گفتگو کرنا ② خوش خلقی سے بولنا ③ نرمی سے بات چیت کرنا۔

**مہما کرنا** (ہ) فعل ① سراہنا ② مدح و ثنا کرنا ③ تعریف کرنا ④ تعظیم و تکریم کرنا ⑤ آؤ بھگت کرنا۔

**مہمات** (ء) اسم مونث ① مہم کی جمع ② ضروری کام ③ بڑے بڑے کام ④ لڑائیاں ⑤ جنگیں۔

**مہمان** (ف) اسم مذکر ① وہ آدمی جو کچھ عرصہ کے لیے کسی کے ہاں آکر ٹھہرے ② دعوت میں شرکت کرنے والا۔

**مہمان خانہ/ مہمان سرا** (ف) اسم مذکر ظرف ① مسافر خانہ ② ہوٹل ③ ڈاک بنگلہ۔

**مہمان دار** (ف) اسم مذکر ① مہمان بلانے والا ② میزبان ③ مہمانوں کی خاطر مدارت کرنے والا ④ شاہی نوکر یا اہلکار ⑤ مہمان نواز۔

**مہمان داری** (ا) اسم مونث ① مہمانوں کو جمع کرنا ② دعوت ③ ضیافت۔

**مہمان رکھنا** (ا) فعل ① ٹھیرانا ② دعوت کرنا ③ ضیافت کرنا۔

**مہمان نواز** (ف) اسم صفت ترکیبی ① مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا ② مسافروں کو اپنے گھر اتارنے اور ان کی آؤ بھگت کرنے والا مسافر پرور ③ سخی۔

**مہمان نوازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ مسافر پروری۔

**مہمانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ضیافت ② دعوت ③ تواضع ④ مسافر پروری۔

**مہمل** (ء) اسم صفت مفعولی ① ترک کیا ہوا ② چھوڑ دیا ہوا ③ مجازاً بیکار ④ بے فائدہ ⑤ نکما ⑥ بے معنی ⑦ بے ہودہ ⑧ پوچ ⑨ مجہول۔

**مہملہ** (ء) اسم صفت ① خالی ② (بصورت اسم مذکر) وہ بے نقطہ حرف جس کی شکل کا کوئی نقطہ دار حرف بھی ہو جیسے ورد۔

**مہموز** (ء) اسم صفت ① عیب دار ② معیوب ③ عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حروف میں سے ایک حرف ہمزہ ہو۔

**مہمیز** (ف) اسم مونث ① سوار کی ایڑی میں لگی ہوئی لوہے کی پھرکی ② کانٹا ③ خار۔

**مہمیز کرنا** (ا) فعل ① ایڑ لگانا ② گھوڑے کو تیز چلانا ③ کوڑا لگانا۔

**مہنا** (س) اسم مذکر ① طعنہ ② طنز ③ سرزنش ④ تشنیع۔

**مہنال** (ہ) اسم مذکر ① حقے کی نے کے آگے لگانے کی چاندی یا پیتل کی نلی ② منہنال۔

**مہنت** (س) اسم مذکر ① جوگی ② جوگیوں کا سردار ③ گسائیں ④ مجازاً بہت موٹا ⑤ پھپس ⑥ عزت طلب ⑦ جاہ طلب۔

**مہنتائی** (ء) اسم مونث ① تکیہ داری ② مہنت کا کام۔

**مہندی** (ہ) اسم مونث ① سبز پتے جن سے ہاتھوں کو رنگتے ہیں ② حنا ③ رسم حنا بندی جو ساچق کے دوسرے روز عمل میں آتی ہے ④ تعزیہ نما ⑤ کاغذ کا ڈھانچ جو حضرت قاسم علیہ السلام کی رسم حنا بندی کی یادگار میں ساتویں محرم کو منایا جاتا ہے۔

**مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے** (ہ) محاورہ ① معذور تو نہیں ہو ② آتے کیوں نہیں ③ مفت کے بہانے بناتے ہو۔

**مہندی رچنا** (ہ) فعل ① مہندی کا رنگ دینا ② مہندی لگنا ③ مہندی کا رنگ آنا۔

**مہنگا** (ہ) اسم صفت ① زیادہ مول کا ② قیمتی گراں۔

**مہوا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام جس کے پھولوں کو کھاتے پھلوں کی شراب بناتے اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں۔

**مہوا ٹپکنا** (ہ) فعل ① مہوے کے پھلوں کا لگا تار گرنا ② مہوے کے پھلوں کا ٹپکا لگنا۔

**مہورت** (ہ) اسم مذکر ① سبھ گھڑی ② سبھ لگن ③ مناسب وقت ④

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

ساعت سعید ⑤ مبارک گھڑی۔

**مورت بچارنا / مہورت دیکھنا** (ہ) فعل ① ستاروں کی رفتار کے موافق کسی کام کے لئے مناسب وقت دیکھنا ② سنجوگ دیکھنا۔

**مہوس** (ع) اسم مذکر ① لالچی ② حریص ③ حرصی ④ چاندی کو سونا بنانے والا۔

**مہوسی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① کیمیا گری ② لالچی پن ③ حرص۔

**مہوش** (ف) اسم صفت ① چاند کی سی شکل والا ② نہایت خوبصورت معشوق۔

**مہی** (س) اسم مونث ① دیس ② ملک ③ ولایت ④ زمین ⑤ چھاچھ ⑥ لسی دہی کی۔

**مہیا** (ع) اسم صفت ① تیار ② لیس ③ موجود ④ آمادہ ⑤ حاضر ⑥ فراہم۔

**مہیا کرنا** (ا) فعل ① تیار کرنا ② حاضر کرنا ③ بہم پہنچانا ④ فراہم کرنا۔

**مہیب** (ع) اسم صفت ① ہیبت ناک ② ڈراؤنا ③ خطرناک ④ بھیانک۔

**مہین** (ا) اسم صفت ① باریک ② دقیق ③ پتلا ④ نازک ⑤ لاڈلا ⑥ تازہ پروردہ۔

**مہینا** (ا) اسم مذکر ① سال کا بارھواں حصہ ماہ ② ماس ③ تیس یا کم و بیش دنوں کی مدت تنخواہ ④ طلب ⑤ مشاہرہ ⑥ روزینہ ⑦ ماہوار۔

**مہینا بھر** (ا) تابع فعل۔ تمام مہینے تک۔

**مہینا دار** (ا) اسم مذکر۔ ماہواری تنخواہ کا نوکر۔

**مہینے سے ہونا** (ہ) فعل ① حیض سے ہونا ② کپڑوں سے ہونا ③ ماہواری ایام سے ہونا۔

**مہینے کے مہینے** (ا) تابع فعل ① چاند کے چاند ② ماہوار ③ ہر تیس دن کے بعد۔

## م ← ی

**مے** (ف) اسم مونث ① شراب ② دارو ③ خمر ④ بادہ ⑤ صہبا۔

**مے آشام / مے نوش** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① شرابی ② شراب پینے والا ③ شراب خوار۔

**مے پرست** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① بہت شراب پینے والا ② شراب کا عاشق ③ شراب خوار۔

**مے پرستی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شراب خواری ② بادہ پیمائی ③ مے نوشی شراب پینا۔

**مے خانہ / مے کدہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① شراب بکنے اور بیٹھ کر پینے کی جگہ ② کلال خانہ ③ شراب خانہ۔

**مے خوار / مے گسار / مے کش** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① شراب خوار ② شراب پینے والا ③ شرابی ④ بادہ پرست۔

**مے خواری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① شراب پینا ② شراب خوری ③ شراب نوشی۔

**مے فروش** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① کلال ② شراب بیچنے والا۔

**مے گوں** (ف) اسم صفت ترکیبی ① شراب کے رنگ کا ② سرخ ③ سرخی مائل۔

**مئی** (ہ) اسم مذکر ① میڑا ② ہینگا ③ کھیت کی مٹی ④ باریک کرنے کا آلہ۔

**مئی** (ای) اسم مذکر۔ انگریزی سال کا پانچواں مہینا جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

**میا** (ہ) اسم مونث ① ماں کی تصغیر ② اماں ③ والدہ ④ (محبت اور تحقیر دونوں جگہ مستعمل ہے)

**میامن** (ع) اسم مونث ① میموں کی جمع ② برکت والی اشیاء ③ بابرکت آدمی۔

**میان** (ف) اسم مذکر ① بیچ ② درمیان ③ وسط ④ کمر ⑤ تلوار رکھنے کا خول ⑥ تلوار رکھنے کا خانہ ⑦ نیام۔

**میان سے باہر ہونا / میان سے باہر نکلنا** (ا) فعل ① تلوار کا غلاف سے نکل آنا ② غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا ③ آپے میں نہ رہنا۔

**میان سے کھینچنا / لینا** (ا) فعل ① تلوار کو غلاف سے باہر نکال لینا ② مرنے مارنے کو تیار ہونا۔

**میان میں کرنا** (ا) فعل ① تلوار کو غلاف میں ڈال لینا ② صلح کرنا ③ لڑائی ترک کردینا۔

**میاں** (ا) اسم مذکر ① بنون غنہ ② مالک ③ خداوند ④ آقا ⑤ والی ⑥

Join us On WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

وارث ⑦ سرکار ⑧ حضور ⑨ سردار۔

**میاں بھائی** (ا) اسم مذکر۔ محبت اور خوشامد کا کلمہ جو کسی برابر والے یا چھوٹے کو سمجھاتے وقت زبان پر لاتے ہیں۔

**میاں بیوی** (ا) اسم مذکر ① خصم جورو ② زن وشوہر۔

**میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی** (ا) فعل۔ جب دو شخص کسی امر میں متفق ہوں تو تیسرے کا درمیان دخل کیا معنی دونوں کے اتفاق کی صورت میں تیسرے کا دخل در معقولات فضول ہے۔

**میاں جی / میانجی** (ا) اسم مذکر ① ملا ② عالم ③ مدرس پڑھانے والا ④ (بزبان فارسی) بچولیا ⑤ درمیانی آدمی ⑥ بھڑوا ⑦ ایلچی ⑧ دوست ⑨ قاصد۔

**میاں جی گری میانجی گری** (ا) (ف) اسم مونث ① مدرسی ② ملاگری (فارسی میں) بھڑواپن ③ دلالی ④ خبر رسانی ⑤ ایلچی گری ⑥ پیغامبری۔

**میاں صاحب** (ا) اسم مذکر ① جناب عالی ② حضرت سلامت ③ عابد ④ زاہد ⑤ پیرو ⑥ مرشد ⑦ قبلہ وکعبہ۔

**میاں مٹھو** (ا) اسم مذکر ① پیار سے طوطے کو کہا کرتے ہیں ② میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا ③ منھ بولا ④ احمق ⑤ گاؤدی ⑥ سادہ لوح ⑦ بھولا بھالا ⑧ بے سمجھے پڑھنے والا۔

**میانہ** (ف) اسم صفت ① اوسط درجہ کا بیچ ② بیچ کا ③ وسطی ④ بیچ راس ⑤ درمیان ⑥ مدھرا ⑦ قد (بحالت اسم مذکر) دھری ⑧ کیلی ⑨ ٹٹو۔

**میانہ رو** (ف) اسم صفت ترکیبی ① درمیانی چال چلنے والا ② اعتدال پسند ③ قول وفعل میں متوسط ④ کفایت شعار ⑤ جزورس۔

**میانہ روی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① اعتدال ② اوسط ③ کفایت شعاری ④ جزورسی ⑤ اوسط درجہ کی چال ⑥ کمی زیادتی سے نمٹنا۔

**میانہ قد** (فع) اسم مذکر ① بوٹا سا قد ② مدھرا قد ③ نہ بہت لمبا نہ بہت چھوٹا۔

**میانی** (ا) اسم مونث ① دونوں پائچوں کے درمیان کا کپڑا ② خشتک ③ پاجامہ کا رومال۔

**میپ** (ای) اسم مذکر۔ ملک یا زمین کا نقشہ۔

**میپڈ رائنگ** (ای) اسم مذکر ① نقشہ کشی ② نقشہ بنانے کا طریق۔

**میپ سٹینڈ** (ای) اسم مذکر۔ نقشہ لٹکانے کا چوکھٹا۔

**میت** (ع) اسم مونث ① مرے ہوئے شخص کی لاش ② مردہ لوتھ ③ نعش ④ مردہ جسم۔

**میت** (ہ) اسم مذکر ① دوست ② یار ③ مشفق ④ رفیق ⑤ شفیق۔

**میتھڈ** (ای) اسم مزکر ① قاعدہ ② طریقہ ③ سلیقہ ④ ترتیب ⑤ ڈھنگ۔

**میٹ** (ای) اسم مذکر ① ساتھی ② شریک ③ ہم صحبت ④ رفیق ⑤ ہمراہی ⑥ قلیوں کا افسر ⑦ مزدوروں کا سرگروہ ⑧ قلیوں کا مددگار ⑨ (بحالت صفت فاعلی) مٹانے والا

**میٹر** (ای) اسم مذکر پیائش کا ایک پیمانہ جو ایک گز سوا تین انچ کے برابر ہوتا ہے۔

**میٹرن** (ای) اسم مونث کسی شفاخانے یا اسکول کی منتظمہ۔

**میٹریکولیٹ** (ای) اسم مذکر۔ وہ جس نے دسویں جماعت پاس کر لی ہو۔

**میٹریکولیشن** (ای) اسم مذکر۔ دسویں جماعت کا امتحان۔

**میٹل** (ای) اسم مذکر ① دھات ② فلز ③ سڑک کو پختہ بنانا۔

**میٹرولاجسٹ** (ای) اسم مذکر۔ موسمیات کا علم کا ماہر۔

**میٹروولاجی** (ای) اسم صفت۔ موسمیات کا علم۔

**میٹنا** (ہ) فعل ① مٹانا ② گم کرنا ③ نیست ونابود کرنا ④ خاک میں ملانا ⑤ چھیلنا ⑥ قلم پھیرنا ⑦ دور کرنا ⑧ کھونا ⑨ ضائع کرنا۔

**میٹنگ** (ای) اسم مونث ① جلسہ ② انجمن ③ سبھا ④ مجلس ⑤ مجمع ⑥ جمگھٹ ⑦ اپنچایت ⑧ صلاح ⑨ مشورہ۔

**میٹنی** (ای) اسم مونث ① سہ پہر کا شو ② فلم کا وہ شو جو تین سے چھ بجے کے دوران دکھایا جاتا ہے۔

**میٹھا** (ہ) اسم صفت ① شیریں ② مزیدار ③ پرلطف ④ بازائقہ ⑤ لذیذ ⑥ ایک قسم کا شیریں لیموں ⑦ سست رفتار ⑧ دھیما ⑨ ڈھیلا۔

**میٹھا بولنا** (ہ) فعل ① شیریں کلامی کرنا ② شیریں زبانی سے پیش آنا ③ نرمی سے پیش آنا۔

**میٹھا پانی** (ہ) اسم مذکر ① آب شیریں ② خوشگوار ③ پانی ④ لیمونیڈ ⑤ ولایتی شربت ⑥ لیموں کا عرق ⑦ اور شیرہ ڈال کر کل کے ذریعہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

بوتلوں میں بھرا ہوا پانی۔

**میٹھا ٹھگ** (ہ) اسم مذکر ❶ میٹھی میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا ❷ دغا باز ❸ یار ❹ جھوٹا دوست ❺ میٹھا تیلیا کھلانے والا ❻ ٹھگ۔

**میٹھا منہ** (ہ) اسم مذکر۔ تلوار یا کسی ہتھیار کی دھار کا کند ہونا۔

**میٹھا منہ کرانا** (ہ) فعل ❶ مٹھائی کھلانا ❷ شکرانہ دینا ❸ رشوت دینا۔

**میٹھا میٹھا** (ہ) اسم صفت ❶ کم کم ❷ ہلکا ہلکا ❸ تھوڑا تھوڑا درد۔

**میٹھا میٹھا درد** (ا) اسم مذکر ❶ ہلکا ہلکا سا درد ❷ تھوڑا تھوڑا درد۔

**میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو** (ہ) مثل۔ اچھی چیز لے لینا اور بری سے نفرت کرنا۔

**میٹھا ہونا** (ہ) فعل ❶ شیریں ہونا ❷ تھوڑا ہونا ❸ کم ہونا ❹ پھیکا ہونا ❺ دل پسند ہونا ❻ گوارا ہونا ❼ قابل برداشت ہونا۔

**میٹھی بات** (ہ) اسم مونث ❶ نرم بات ❷ دلچسپ بات ❸ ملائم بات۔

**میٹھی بولی** (ہ) اسم مونث ❶ فصیح زبان ❷ شیریں زبان ❸ ملائم اور نرم زبان۔

**میٹھی چھری** (ہ) اسم مونث ❶ بظاہر دوست اور باطن میں دشمن ❷ مار آستین ❸ دوست نما دشمن۔

**میٹھی زبان** (ا) اسم مونث ❶ خوش گفتاری ❷ شیریں کلامی ❸ خوش بیانی۔

**میٹھی گالی** (ہ) اسم مونث ❶ ناگوار معلوم نہ ہونے والی گالی ❷ معشوق کے منہ کی گالی۔

**میٹھی مار** (ہ) اسم مونث ❶ گجھی مار ❷ وہ مار جو ظاہر میں معلوم نہ ہو ❸ باطنی تکلیف ❹ اندرونی دکھ۔

**میٹھی مار دینا** (ہ) فعل ❶ اندرونی تکلیف پہنچانا ❷ گجھی مار مارنا۔

**میٹھی مراد** (ا) اسم مونث ❶ اچھی مراد ❷ دل پسند مراد ❸ مراد خوش۔

**میٹھی میٹھی باتیں کرنا** (ہ) فعل ❶ مزے مزے کی باتیں کرنا ❷ شیریں کلامی کرنا ❸ خوش گفتاری سے پیش آنا۔

**میٹھی نگا ہمیٹل** (ای) اسم مذکر ❶ دھات ❷ فلز ❸ سڑک کو پختہ بنانا۔

**میٹرولاجسٹ** (ای) اسم مذکر۔ موسمیات کا علم کا ماہر۔

**میٹرووالاجی** (ای) اسم صفت۔ موسمیات کا علم۔

**میٹن نظر** (ا) اسم مونث ❶ محبت کی نظر ❷ عاشقانہ نظر۔

**میٹھی نیند** (ہ) اسم مذکر ❶ بے فکری کی نیند ❷ سکھ کی نیند ❸ خواب راحت۔

**میثاق** (ع) اسم مذکر ❶ عہد و پیمان کی پختگی ❷ قول قرار ❸ وعدہ ازل ❹ اقرار مدار۔

**میجر** (ای) اسم مذکر۔ فوج کے عہدے کا نام ہے۔

**میجسٹی** (ای) اسم مذکر۔ بادشاہ یا راجہ کا اعزازی لقب۔

**میجک** (ای) اسم صفت ❶ جادو ❷ افسوں ❸ سحر۔

**میجک لینٹرن** (ا) اسم مونث۔ سینما مشین۔

**مینجا / مینجنا** (ہ) فعل ❶ ملانا ❷ آمیز کرنا ❸ مسلنا ❹ ملنا۔

**میچ** (ای) اسم مذکر ❶ شرط ❷ بازی ❸ کھیل ❹ مقابلہ کرکٹ یا گیند بلے وغیرہ کا مقابلہ ❺ ماچس دیا سلائی۔

**میچز** (ای) اسم مونث ❶ دیا سلائی ❷ ماچس۔

**میچ** (ہ) اسم مونث ❶ موت ❷ کال ❸ قضا۔

**میچنا** (ہ) فعل ❶ بند کرنا ❷ موندنا۔

**میخ** (ف) اسم مونث ❶ پریگ ❷ کیل ❸ کھونٹی ❹ کھونٹا ❺ چوب ❻ (یہ لفظ بیائے مجہول ہے)

**میخ اکھاڑنا** (ا) فعل ❶ کھونٹا اکھاڑنا ❷ سواروں کی نیزہ بازی کا ایک کرتب ہے۔

**میخ ٹھونکنا** (ا) فعل ❶ کھیل ٹھونکنا ❷ کھونٹی گاڑنا ❸ کیل جڑنا ❹ ہاتھ پاؤں میں کیل گاڑنا ❺ سخت بے رحمی کی سزا دینا ❻ مغلوب کرنا ❼ دبانا ❽ بنگا ٹھونکنا ❾ توپ کو بیکار کرنا۔

**میخ مارنا** (ا) فعل ❶ کھونٹی گاڑنا ❷ کیل ٹھونکنا ❸ ہرانا ❹ مغلوب کرنا ❺ ہرج کرنا ❻ نقب زنی کرنا ❼ سیندھ لگانا ❽ توپ کے نپل میں کیل ٹھونک کر اسے بیکار کرنا ❾ بھانجی مارنا۔

**میدان** (ع) اسم مذکر ❶ صاف اور ہموار زمین ❷ وسیع اور چٹیل زمین ❸ عرصہ ❹ فضا ❺ لڑائی ❻ جنگ ❼ مقابلہ ❽ صف آرائی ❾ شعر۔

**میدان جانا** (ا) فعل ❶ جنگل جانا ❷ پیخانے جانا ❸ ٹٹی جانا ❹ جھاڑے جانا۔

**میدان جنگ** (عف) اسم مذکر ❶ لڑائی کی جگہ ❷ لڑائی کا کھیت ❸ وہ

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149...7218

www.besturdubooks.net

جگہ جہاں لڑائی ہو ④ معرکہ ⑤ بحث کرنے کی جگہ۔

**میدان چھوڑنا** (ا) فعل ① جگہ چھوڑنا ② پرے ہٹ جانا ③ جگہ فراخ کرنا ④ موقع جنگ سے بھاگ جانا ⑤ لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ نکلنا ⑥ شکست کھانا۔

**میدان دینا** (ا) فعل ① رستہ دینا ② جگہ چھوڑنا ③ پرے ہٹ جانا ④ سرک کھڑے ہونا۔

**میدان صاف ہے** (ا) محاورہ ① بالکل خوف وخطر نہیں ② کوئی روک ٹوک نہیں ③ جگہ خطرہ سے خالی ہے۔

**میدان قلم** (ء) اسم مذکر ① قلم کی تراش خانہ قلم ② زمین قلم۔

**میدان کرنا** (ا) فعل ① مسمار کرنا ② ڈھا دینا ③ گرا دینا ④ جنگ کرنا ⑤ لڑنا۔

**میدان مارنا** (ا) فعل ① لڑائی فتح کرنا ② ظفریاب ہونا ③ جیتنا ④ فتحیاب ہونا ⑤ معرکہ مارنا۔

**میدان میں اترنا** (ا) فعل ① لڑنے کے لئے میدان میں آنا ② اکھاڑے میں اترنا۔

**میدان میں آنا** (ا) فعل ① مقابلہ کو آنا ② لڑنے کو نکلنا۔

**میدان ہاتھ میں آنا / رہنا** (ا) فعل ① لڑائی جیتنا ② فتح پانا ③ لڑائی مارنا۔

**میدان ہاتھ سے جانا** (ا) فعل ① شکست کھانا ② ہارنا ③ نکل جانا۔

**میدان ہونا** (ا) فعل ① معرکہ ہونا ② لڑائی ہونا ③ مقابلہ ہونا ④ جنگ ہونا۔

**میدہ** (ف) اسم مذکر۔ نہایت باریک آٹا۔

**میدہ سا** (ا) اسم صفت ① میدے جیسا ② نہایت باریک ③ سرمہ سا ④ بہت مہین۔

**میڈل** (ای) اسم مذکر تمغہ۔

**میڈم** (ای) اسم مذکر ① بیگم ② خاتون ③ ڈاکٹری سے متعلق۔

**میڈیسن** (ای) اسم مذکر۔ دوا۔

**میڈیکل** (ای) اسم صفت ① دوا کے متعلق ② طبی ③ ڈاکٹری سے متعلق۔

**میڈیکل کالج** (ای) اسم مذکر ① وہ تعلیمی ادارہ جہاں ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم دی جائے ② طبیہ کالج۔

**میڈیم** (ای) اسم صفت ① درمیانی درجہ ② لوازم زندگی ③ ذریعہ ④ درمیانے درجے کا تیز بولر۔

**میئر** (ای) اسم مذکر ① کارپوریشن کا صدر ② رئیس بلدیہ۔

**میر** (ء) اسم مذکر ① امیر کا مخفف ہے ② سردار ③ افسر ④ سرخیل ⑤ سرگروہ ⑥ سالار ⑦ امام ⑧ مکھیا ⑨ بزرگ۔

**میر آتش** (عف) اسم مذکر ① داروغہ توپخانہ ② آگ کا داروغہ۔

**میر آخور** (عف) اسم مذکر۔ اصطبل کا داروغہ۔

**میر بار** (ف) اسم مذکر ① داروغہ دربار ② لوگوں کو امرا کے دربار میں حاضر ہونے کی اجازت اپنے اطمینان پر دینے والا افسر۔

**میر بحر** (فع) اسم مذکر ① داروغہ دریا ② بحری انتظام کا افسر ③ دریا کے گھاٹوں کا داروغہ ④ جہازی سپہ سالار۔

**میر بخشی** (ف) اسم مذکر ① تنخواہ بانٹنے والا ② افسر۔

**میر جی** (ا) اسم مذکر ① میراثیوں کا خطاب ہے ② سید صاحب ③ میر صاحب۔

**میر حاج** (فع) اسم مذکر۔ حاجیوں کا سردار۔

**میر دیوان** (ف) اسم مذکر ① سررشتہ دار ② پیشی کا محرر ③ نائب ④ پیشکار۔

**میر ساماں / میر مطبخ** (ف) اسم مذکر ① خانساماں ② امرا وسلاطین کے کھانوں کا منتظم۔

**میر شکار** (ف) اسم مذکر۔ شکاری جانوروں کی نگرانی رکھنے والا افسر۔

**میر مجلس** (ف) اسم مذکر ① صدر مجلس ② پریذیڈنٹ ③ صدر انجمن ④ چیئرمین۔

**میر محلّہ** (فع) اسم مذکر ① محلے کا سردار ② پنچ۔

**میر منزل** (فع) اسم مذکر ① لشکر کے پہنچنے سے پہلے منزل کا سامان کرنے والا افسر ② کیمپ کلرک۔

**میر منشی** (فع) اسم مذکر ① محرر صدر ② پیشکار اعلیٰ ③ سررشتہ دار ④ ہیڈ کلرک ⑤ سپرنٹنڈنٹ۔

**میرا** (ہ) ضمیر مضاف الیہ واحد متکلم ① اپنی ذات کا ② اپنا ③ خود کا۔

**میرا اسلام ہے** (ا) محاورہ ① میں جاتا ہوں ② میں باز آیا ③ مجھے منظور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

نہیں۔

**میرا کیا گیا** (ہ) محاورہ ① میرا کیا بگڑا ② میرا کیا نقصان ہوا۔

**میرا لہو پیئے** (ہ) محاورہ ① سخت قسم ہے ② یعنی اگر اس کام کو نہ کرے یا کرے تو ہمارا یا میرا خون پیئے ③ ہمیں مردہ پائے۔

**میراث** (ع) اسم مونث ① ترکہ ② وہ روپیہ اور جائداد وغیرہ جو متوفی کے بعد اس کی ملکیت سے حقداروں کو ملے ③ ورثہ۔

**میراثی** (ا) اسم مذکر بیائے فاعلی ① ڈوم ② گویا ③ مطرب ④ مغنی۔

**میراثن** (ا) اسم مونث ① میراثی کی تانیث ② ڈومنی ③ مطربہ ④ گانے والی عورت۔

**میراں** (ف) اسم مذکر ① سرداروں کا سردار ② بہت بڑا بزرگ ③ شیخ عبا القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ معین الدین چشتی کا لقب بڑے پیر کا لقب ④ سیدوں کا لقب۔

**میراں جی** (ا) اسم مذکر ① بارہ وفات کے بعد کا مہینہ ② ربیع الآخر ③ حضرت خواہ معین الدین صاحب چشتی اور شیخ عبد القادر صاحب جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب۔

**میراں جی کا چاند** (ا) اسم مذکر ① ربیع الآخر کا مہینا ② مسلمانوں کے قمری سال کا چوتھا مہینا۔

**میرے پوت کی لمبی باہیں** (ہ) مثل۔ اپنی چیز کو ہر شخص سراہا کرتا ہے۔

**میرے منہ سے / میرے منہ کو** (ہ) محاورہ ① میری خاطر سے ② میری وجہ سے ③ میرے ہی طفیل سے۔

**میرے ہے سو راجہ کے نہیں اور راجہ میرا منگتا** (ہ) مثل۔ نہایت شیخی خورے کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کسی چیز پر بہت ہی گھمنڈ کرتا ہو۔

**میرے ہی نام پر آگ لائی اور نام رکھا بے سندر** (ہ) مثل۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی شخص کا نام لے کر کوئی چیز حاصل کرے اور پھر اسی سے پوشیدہ رکھے۔

**میری** (ا) اسم مذکر ① سب پر فوقیت لے جانے والا ② سب سے اول رہنے والا۔

**میری** (ہ) اسم ضمیر۔ میرا کی تانیث۔

**میری آنکھوں سے دیکھو** (ہ) محاورہ۔ جب کسی چیز کی برائی یا بھلائی جتانے پر بھی دوسرا آدمی اس کے عیب وصواب کو نہ دیکھ سکے۔ تو اس وقت بولا کرتے ہیں۔ کہ خدا نے تمہیں آنکھیں نہیں دیں ہماری آنکھوں سے دیکھو۔

**میری پیزار سے / میری جوتی سے** (ا) محاورہ ① میری بلا سے ② مجھے کچھ پرواہ نہیں ③ مجھے کچھ غرض نہیں۔

**میری جوتی میرے ہی سر** (ا) مثل ① ہمارا ہی کھائے اور ہمیں ہی غرائے ② ہماری ہی چیز اور الٹی ہمارے ہی ذمے۔

**میری طرف بھی دیکھنا** (ا) محاورہ ① مجھ پر بھی نظر کرم رکھنا ② میرا بھی لحاظ اور خیال رکھنا۔

**میز** (ف) اسم مونث ① کتابیں وغیرہ رکھنے یا کھانا وغیرہ کھانے کا تختہ ② ٹیبل۔

**میزبان** (ف) اسم مذکر فاعلی ① مہماندار ② مہمان بلانے والا ③ دعوت کھلانے والا ④ مہمان نواز۔

**میزبانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مہمان نوازی ② مہمان داری ③ دعوت ④ مہمانی۔

**میز لگانا** (ا) فعل ① میز پر کھانا ② اور کھانے کا سامان مثلاً چھری کانٹا وغیرہ رکھنا۔

**میزان** (ع) اسم مونث بیائے معروف ① وزن کرنے کا آلہ ② ترازو ③ تکڑی ④ تلا راس ⑤ آسمان کے ساتویں برج کا نام ⑥ جوڑ ⑦ جمع ⑧ مجموعہ۔



میزان

**میزان بننا** (ا) فعل سودا ہونا ① بھاؤ بننا ② موافقت ہونا ③ رائے ملنا۔

**میزان کل** (ع) اسم مونث ⑤ تمام رقموں یا عددوں کا مجموعہ ⑥ کل جمع۔

**میزان ملنا** (ا) فعل ① مجموعہ درست ہونا ② موافقت ہونا ③ مرضی ملنا ④ رائے ہونا۔

**میس** (ای) اسم مذکر ① کھانا ② طعام ③ اکٹھا کھانا کھانے والوں کی جماعت۔

**میسر** (ع) اسم صفت مفعولی ① آسان کیا گیا ② سہل کیا گیا ③ حاصل ④ دستیاب ⑤ موجود ⑥ حاضر۔

www.besturdubooks.net

میسر ہونا (ا) فعل ❶ حاصل ہونا ❷ دستیاب ہونا ❸ ہاتھ لگنا ❹ جڑنا ❺ ملنا۔

میسرہ (ع) اسم مونث ❶ بائیں طرف ❷ بائیں بازو کی فوج۔

میش (ف) اسم مونث بیائے مجہول ❶ بھیڑ بھیڑی ❷ گوسفند ❸ بھینس ❹ گاؤمیش۔

میش چشم (ف) اسم صفت بترکیب فاعلی ❶ بھیڑ کی سی آنکھوں والا ❷ شرمالو ❸ نیچی نظروں والا۔

میلشا (ا) اسم مذکر ❶ بھیڑ یا بکری کے بچے کا ملائم چمڑا ❷ رنگا ہوا نرم چمڑا۔

میعاد (ع) اسم مونث ❶ وعدہ کا وقت ❷ وقت مقررہ ❸ مدت ❹ ایام مقررہ ❺ مدت معینہ۔

میعاد بولنا (ا) فعل ❶ قید کا حکم لگانا ❷ قید کرنا۔

میعاد مقررہ (ع) اسم مونث ❶ قرار دی ہوئی مدت ❷ محدود وقت ❸ معمولی مدت۔

میعادی (ا) اسم صفت بیائے فاعلی ❶ قیدی ❷ سزا یافتہ ❸ سزایاب ❹ مقررہ ❺ معینہ۔

میعادی ہنڈی (ا) اسم مونث ❶ وہ ہنڈی جس کی ادائیگی کے لئے وقت مقرر ہو۔

میقات (ع) اسم مذکر ❶ وقت ❷ کسی کام کا وقت ❸ وہ مقام جہاں سے حاجی لوگ حج کا احرام باندھتے ہیں۔

میکا (ہ) اسم مذکر۔ عورت کے ماں باپ کا گھر۔

میکا بسانا (ہ) عورت کا سسرال کو چھوڑ کر اپنے ماں باپ کے گھر جا رہنا۔

میکائیل (ع) اسم مذکر۔ ایک فرشتہ کا نام ہے جس کے ذمے خلق خدا کو رزق رسانی کی خدمت لگی ہوئی ہے۔

میکے والیاں (ہ) اسم مونث۔ دلھن کی رشتہ والی عورتیں۔

میکھ (س) اسم مذکر ❶ میش نر ❷ مینڈھا ❸ بھیڑا ❹ مینڈھے کی شکل کا ❺ پہلے آسمان کا ایک برج بھی ہے ❻ بیساکھ کا مہینا ❼ عیب ❽ جرم ❾ برائی۔

میکینک (ای) اسم مذکر ❶ مشین بنانے والا ❶ مشین کی مرمت کرنے والا ❸ مستری ❹ کارگر۔

میکینیکل سائنس (ای) اسم مذکر ❶ مشینوں کا علم ❷ علم جرثقیل۔

میگزین (ای) اسم مذکر ❶ بارود خانہ ❷ خزانہ ❸ گنجینہ ❹ مخزن ❺ گودام ❻ متفرق ❼ اور مختلف مضامین کا رسالہ۔

میگنا کارٹا / چارٹا (ای) اسم مذکر ❶ منشور اعظم ❷ وہ منشور آزادی جو انگریزوں نے ۱۲۱۵ء میں بادشاہ جان سے حاصل کر کے شخصی اور سیاسی ازادی حاصل کی۔

میگنٹ (ای) اسم مذکر۔ مقناطیس۔

مگنیشیا (ای) اسم مذکر۔ ایک کڑوی انگریزی دوا جو مسہل میں کام آتی ہے۔

میگھ (س) اسم مذکر ❶ گھٹا ❷ ابر ❸ بدلی ❹ بادل ❺ بارش ❻ باراں ❼ مینہہ ❽ ایک ہندی راگ کا نام ❾ ایک راکش کا نام بھی تھا۔

میگھ راگ (س) اسم مذکر۔ ایک راگ کا نام ہے جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے۔

میل (ع) اسم مذکر ❶ جھکاؤ ❷ خمیدگی ❸ توجہ ❹ رغبت ❺ میلان ❻ خواہش ❼ رجوع ❽ رعایت ❾ پاسداری۔

میل خاطر (ع) اسم مذکر ❶ التفات ❷ توجہ ❸ خاطر ❹ دل کی توجہ۔

میل (ہ) اسم مذکر ❶ چرک ❷ گاد ❸ کیچڑ۔

میل چھٹنا (ہ) فعل ❶ میل دور ہونا ❷ صاف ہونا ❸ چرک دور ہونا۔

میل خورا (ا) اسم صفت مرکب فاعلی ❶ میل کو چھپا لینے والا رنگ ❷ خاکی رنگ کا کپڑا یا پہنا ہوا کپڑا۔

میل کا بیل بنانا (ہ) فعل ❶ بات کا بتنگڑ بنانا ❷ بات کو بڑھا دینا۔

میل کاٹنا (ہ) فعل ❶ اجلا کرنا ❷ صاف کرنا ❸ میل دور کرنا۔

میل کچیل (ہ) اسم مونث ❶ خاک دھول ❷ غبار ❸ کدورت ❹ کیچڑ ❺ مٹی۔

میل لانا (ہ) فعل ❶ رنج لانا ❷ کدورت لانا۔

میل (ع) اسم مذکر ❶ سرمہ لگانے کی سلائی ❷ وہ پتھر جو ایک ایک میل کے فاصلہ پر کر دیتے ہیں ❸ تھم تھم ❹ ستون (انگریزی) ۱۷۶۰ گز زمین کا ناپ۔

میل (ای) اسم مونث بیائے مجہول ❶ ڈاک کا تھیلا ❷ ہرکارہ ❸ ڈاک گاڑی۔

میل ٹرین (ای) اسم مونث ❶ ڈاک گاڑی ❷ خطوط وغیرہ لانے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149007218

لیجانے والی ریل گاڑی۔

**میل** (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① ملاپ ② اتحاد ③ دوستی ④ آمیزش ⑤ قرابت ⑥ رشتہ داری ⑦ ناتہ ⑧ ملاؤ ⑨ رلاؤ۔

**میل جول** (ہ) اسم مذکر ① ملنا جلنا سے حاصل مصدر ② پیار ③ اخلاص ④ اختلاط۔

**میل رکھنا** (ا) فعل ① راہ رسم رکھنا ② پیار ③ اخلاص رکھنا۔

**میل کا** (ہ) اسم صفت ① قسم کا ② جنس کا ③ رقم کا ④ ڈھنگ کا ⑤ طرز کا۔

**میل کرنا** (ہ) فعل ① ملاپ کرنا ② آمیزش کرنا ملانا ③ اخلاص کرنا ④ بیاہ کے موقعہ پر مہمانوں کو بلانا۔

**میل کھانا** (ا) فعل ① مناسب ہونا ② مطابق ہونا ③ موزون ہونا۔

**میل ملاپ** (ہ) اسم مذکر حاصلمصدر ① میل جول ② ارتباط ③ اتحاد ④ اختلاط۔

**میلا** (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① بھیڑ بھاڑ ② اژدحام ③ انبوہ ④ ہجوم ⑤ سیر ⑥ تماشا ⑦ کسی خاص جگہ پر ہر قسم کے لوگوں کا اجتماع ہونا۔

**میلا ٹھیلا** (ہ) اسم مذکر ① بھیڑ بھاڑ ② سیر و تماشا۔

**میلا کرنا** (ہ) فعل ① سیر و تماشے میں شامل ہونا ② میلے میں جانا۔

**میلا** (ہ) اسم صفت بالف فاعلی ① غلیظ ② ناپاک ③ پلید ④ نجس ⑤ غبار آلودہ ⑥ گدلا ⑦ چرکین ⑧ مکدر ⑨ فضلہ۔

**میلا پن** (ہ) اسم مذکر مصدری ① غلاظت ② نجاست ③ کدورت۔

**میلا سر ہونا / میلے سر سے ہونا** (ا) فعل ① حیض سے ہونا ② کپڑوں سے ہونا ③ ماہواری ایام سے ہونا۔

**میلا کرنا** (ہ) فعل ① غبار آلود کرنا ② بے آب کرنا ③ گدلا کرنا ④ پیخانہ پھرنا ⑤ براز کرنا ⑥ غلیظ کرنا ⑦ گندہ کرنا۔

**میلا کچیلا** (ہ) اسم صفت ① خاک دھول میں بھرا ہوا ② غبار آلودہ۔

**میلاد** (ء) اسم مذکر ظرف ① پیدا ہونے کا وقت ② پیدا ہونے کا زمانہ۔

**میلان** (ء) اسم مذکر ① خواہش ② رغبت ③ توجہ ④ التفات ⑤ رجحان۔

**میلان** (ہ) فعل ① بیائے مجہول ② ملانا ③ جوڑنا ④ شامل کرنا ⑤ ڈالنا ⑥ داخل کرنا۔

**میلنا** (ہ) فعل ① بیائے مجہول ② ملانا ③ وجڑنا ④ شامل کرنا ⑤ ڈالنا ⑥ داخل کرنا۔

**میلے** (ہ) اسم مذکر۔ میل کی جمع۔

**میلے کا بھائی نوشادر** (ا) محاورہ ① دونوں یکساں ہیں ② جیسا یہ ویسا وہ۔

**میم** (ہ) اسم مذکر بیائے معروف ① تشبیہاً دہان معشوق ② کنواں ③ چاہ۔

**میم** (ا) اسم مونث بیائے مجہول ① میڈم کا بگاڑ ہے ② خاتون ③ بانو ④ بیگم ⑤ خانم ⑥ لیڈی۔

**میمنا** (ہ) اسم مذکر ① بکری کا بچہ ② حلوان ③ نرغالہ۔

**میمنت** (ء) اسم مونث ① برکت ② اقبالمندی ③ معادت ④ کامیابی ⑥ عروج ⑦ مبارکی ⑧ خوشی کامرانی۔

**میمنہ** (ء) اسم مذکر ① دائیں طرف ② دائیں بازو کی فوج۔

**میمورنڈم** (ای) اسم صفت ① یاداشت ② عرضداشت ③ غیر رسمی خط۔

**میموریل** (ای) اسم مذکر ① یادگار ② روداد ③ سوانح۔

**میمون** (ء) اسم صفت بترکیب مفعولی از یمن ① مبارک ② برکت والا ③ کامیاب ④ اقبال مند ⑤ بھاگوان ⑥ نیک بخت (بزبان فارسی) بوزنہ ⑦ بندر۔

**میں** (ہ) حرف جار ① اندر ② بھیتر ③ زرون ④ در ⑤ (بحالت اسم صوت) بکری کی آواز۔

**میں** (ہ) اسم ضمیر فاعلی صیغہ واحد متکلم ① اپنی ذات خود آپ ② اپنی ذات خاص ③ بکری کی آواز۔

**میں بھروں سرکار کے میرے بھرے سقہ** (ا) مثل۔ اس شخص کی بابت بولا کرتے ہیں جو اوروں کا کام تو خود کرے اور اپنا کام دوسروں سے کرائے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314…

www.besturdubooks.net

**میں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی** (ا) مثل۔ سست الوجود اور کاہل آدمیوں کی نسبت بولا کرتے ہیں جو بہانے ہی کیا کرتے ہیں۔

**میں کون تو کون** (ا) محاورہ ① میں کیا جانوں تو کون ہے ② میرا تیرا واسطہ ہی کیا۔

**میں تیرے صدقے** (ا) محاورہ ① واری جاؤں ② قربان جاؤں ③ خوشی اور خوشامدی کے وقت عورتیں اکثر پیار سے بولا کرتی ہیں۔

**میں خوش میرا خدا خوش / میں راضی میرا خدا راضی** (ا) محاورہ ① میں صدق دل سے منظور کرتا ہوں ② میں راضی ہوں ③ میری عین خوشی ہے۔

**میں میں** (ا) اسم مذکر ① خودی ② خودستائی ③ غرور تکبر اور نخوت کا کلمہ ہے۔

**میں نہ مانوں** (ہ) محاورہ ① مجھے یقین نہیں ② میں اعتبار نہیں کرتا۔

**مین** (س) اسم مونث ① مچھلی ② مچھی ③ ماہی ④ حوت ⑤ آسمان کے بارھویں برج کا نام جو مچھلی کی شکل کا ہے ⑥ عیب ⑦ برائی۔

**مین میکھ نکالنا** (ہ) فعل ① عیب جوئی کرنا ② نکتہ چینی کرنا ③ عیب نکالنا۔

**مین ہے نہ میکھ** (ہ) محاورہ پاک صاف ہے ① بے عیب ہے ② کوئی خرابی نہیں۔

**مینا** (ف) اسم مذکر ① شیشہ ② مختلف رنگ کا شیشہ ③ صراحی ④ شراب کی بوتل ⑤ قرابہ ⑥ ایک قسم کے پتھر کا نام ⑦ نقش و نگار ⑧ مرصع کاری۔

**مینا بازار** (ا) اسم مذکر ظرف ① وہ بازار جو بادشاہوں کی سیر کے لئے انواع واقسام کی چیزیں لگا کر سجایا جائے ② زنانہ بازار ③ عورتوں کا بازار ④ وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر قسم کا سودا بیچتی ہوں۔

**مینا کار** (ف) اسم مذکر صفت ① جڑاؤ کام کرنے والا ② مرصع کار۔

**مینا کاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① چاندی سونے پر مرصع سازی ② نگینے کا کام ③ باریکی ④ بال کی کھال نکالنا۔

**مینا کاری چھانٹنا** (ا) فعل ① باریکی چھانٹنا ② نکتہ چینی کرنا ③ مین میکھ نکالنا۔

**مینا** (ہ) اسم مونث۔ ایک خوش آواز پہاڑی پرندے کا نام ہے۔

**مینٹل پیس** (ای) اسم مذکر۔ آتش دان کے اوپر کا مچان۔

**مینار** (ا) اسم مذکر ① ستون ② تھم ③ لاٹھ ④ کھمبا ⑤ منار ⑥ منارہ۔

**مینڈک** (ہ) اسم مذکر ① ٹرو ② غوک ③ ایک آبی جانور کا نام ہے جو برسات کے دنوں میں تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے پڑا رہا کرتا ہے۔




**مینڈکی** (ہ) اسم مونث ① مینڈک کی تانیث ② مادہ مینڈک ③ چھوٹا مینڈک۔

**مینڈکی چلی مدار کو** (ہ) مثل۔ ادنٰے اور نکمے آدمی نے بڑا حوصلہ کیا ہے۔

**مینڈکی کو بھی زکام ہوا** (ا) محاورہ۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر شیخی مارنے والے سفلہ کی نسبت بولا کرتے ہیں کہ شیخی سے ایسے کام کا ارادہ رکھتا ہے ③ جس کی اس میں طاقت نہ ہو۔

**مینڈھا** (ہ) اسم مذکر ① بھیڑا ② دنبہ ③ میش نر ④ بھیڑ کا نر ⑤ آسمان کا گیارھواں برج ⑥ میکھ راس ⑦ لہر ⑧ تلاطم ⑨ موج۔

**مینڈھی / مینڈی** (ہ) اسم مونث۔ سر کے گندے ہوئے بالوں کی لٹ۔

**مینڈیاں گوندھنا** (ہ) فعل۔ بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا۔

**مینک** (ہ) اسم موسم ① آنکھ کی پتلی ② کلیجہ کی ٹھنڈک۔

**مینو** (ف) اسم مذکر ① بہشت ② جنت ③ فردوس ④ وہ رنگین نگینہ یا جواہر جو زیور پر جڑتے ہیں ⑤ فلک ⑥ چرخ ⑦ آسمان۔

**مینو** (ای) اسم مونث۔ کھانوں کی فہرست۔

**مینوفیکچر** (ای) اسم مذکر ① مشینوں کی مدد سے اشیاء تیار کرنا ② مصنوعات سازی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مینوفیکچرر (ای) اسم مذکر ❶ مشینوں کی مدد سے اشیاء تیار کرنے والا ❷ صناع ❸ مصنوعات ساز۔

مینول (ای) اسم مذکر ❶ کتابچہ ❷ رسالہ ❸ دستور العمل ❹ مذہبی رسوم کے آداب۔

مین ہول (ای) اسم مذکر۔ بدرو یا گندے نالے کے اوپر اتنا بڑا سوراخ جس میں سے ایک آدمی گزر سکے۔

مین فیسٹو (ای) اسم مذکر ❶ منشور ❷ محضر ❸ اعلان۔

مینیجر (ای) اسم مذکر ❶ انتظام کرنے والا ❷ منتظم ❸ کارگزار ❹ مہتمم۔

میو (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ❶ میوات کی رہنے والی ❷ ایک بہادر مگر جاہل اور اکھڑ قوم کا نام ہے۔

میوچل (ای) اسم صفت ❶ باہمی ❷ آپس کا ❸ مشترکہ ❹ ایک دوسرے کا۔

میوزک (ای) اسم صفت ❶ موسیقی ❷ نغمہ وسرور ❸ علم موسیقی ❹ خوش کن آواز۔

میوزیم (ای) اسم مذکر ظرف ❶ عجائب گھر ❷ وہ جگہ جہاں قسم قسم کی مصنوعات نمائش کے لئے رکھی ہوئی ہوں۔

میونسپل کمشنر (ای) اسم مذکر۔ میونسپل کمیٹی کا ممبر۔

میونسپل (ای) اسم صفت ❶ شہری ❷ قصباتی۔

میونسپل کمیٹی/ میونسپلٹی (ان) اسم مونث ❶ چیدہ شہری لوگوں کی وہ جماعت جو شہر کے متعلق صفائی ❷ پانی اور روشنی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے ❸ کمیٹی ❹ میونسپل کمشنروں کے اجلاس اور کمیٹی کرنے کی جگہ ❺ کمیٹی گھر۔

میوہ (ف) اسم مذکر ❶ پھل ❷ بار ❸ ثمر۔

میوہ دار (ف) اسم مذکر ❶ ثمر دار ❷ پھل دار ❸ وہ درخت جس میں میوہ آتا ہو یا لگا ہوا ہو۔

میوہ فروش (ف) اسم مذکر ❶ پھل بیچنے والا ❷ پھل پھنواری بیچنے والا ❸ فروٹ بیچنے والا۔

میئیا (ای) اسم مذکر ❶ ضبط ❷ مالی خولیا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

# ن

اردو کا بتیسواں، ہندی کا بیسواں، فارسی کا انیسواں اور عربی کا پچیسواں حرف ہے

ن (ء) اسم مذکر ❶ اردو کا بتیسواں، ہندی کا بیسواں، فارسی کا انیسواں اور عربی کا پچیسواں حرف ہے ❷ ابجد میں اس کے پچاس عدد قرار دئے گئے ہیں۔

## ن ← ا

نا (ہ) اسم مذکر ❶ ہندی مصدر کی علامت جو اخیر میں آتی ہے ❷ حرف نفی بھی ہے ❸ بمعنی نہ ❹ نہیں ❺ انکار کی علامت اسم کے شروع میں آتی ہے۔

نااتفاقی (فع) اسم مونث ❶ پھوٹ ❷ بگاڑ ❸ رنجیدگی ❹ نفاق ❺ عداوت ❻ دشمنی۔

ناآزمودہ (ف) اسم صفت فاعلی ❶ نادان ❷ ناتجربہ کار ❸ اناڑی ❹ ناواقف ❺ کچا ❻ نوآموز ❼ بغیر دیکھے بھالے ❽ بن تجربہ ❾ دیکھا۔

ناآزمودہ کار (ف) اسم صفت فاعلی ❶ ناپختہ کار ❷ اناڑی ❸ ناتجربہ کار ❹ خام ❺ کچا۔

ناآشنا (ف) اسم صفت فاعلی ❶ انجان ❷ ناواقف ❸ اجنبی ❹ بے جان پہچان ❺ نامحرم ❻ بے وفا ❼ بے مروت ❽ خشک ❾ روکھا۔

ناآشنائے محض (فع) اسم صفت ❶ بالکل ناواقف ❷ قطعی نامحرم ❸ بالکل اجنبی۔

نااتفاقی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کم توجہی ❷ بے پروائی ❸ بے توجہی ❹ بے اعتنائی۔

ناامید (ف) اسم صفت ❶ مایوس ❷ بے آس ❸ نراسا ❹ ناکام۔

ناامیدی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ناکامی ❷ مایوسی۔

ناآمیزگار (ف) اسم صفت ❶ ناملنسار ❷ وہ آدمی جو کسی سے ملنا جلنا پسند نہ کرتا ہو۔

ناانصاف (فع) اسم صفت ❶ انصاف نہ کرنے والا ❷ انیائی ❸ ظالم ❹ نامنصف۔

ناانصافی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے انصافی ❷ ظلم ❸ اندھیر ❹ انصاف نہ کرنا۔

ناانصافی کرنا / برتنا ❶ فعل ❷ ظلم کرنا ❸ عدل نہ کرنا ❹ بے انصافی کرنا۔

نااہل (فع) اسم صفت ❶ نالائق ❷ ناموزون ❸ غیر مہذب ❹ ناشایستہ۔

نابالغ (فع) اسم صفت فاعلی ❶ کم عمر ❷ کم سن ❸ اٹھارہ سال سے کم عمر کا ❹ نادان ❺ ناسمجھ۔

نابالغی (ا) اسم مونث ❶ کم سنی ❷ صغرسنی ❸ خوردسالی۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

**نابکار** (ف) اسم صفت ❶ نکما ❷ بے فائدہ ❸ بیکار ❹ غیر مصرف ❺ نالائق ❻ شریر ❼ بدذات ❽ بدکار ❾ عیب دار۔

**نابلد** (فع) اسم صفت ❶ ناآشنا ❷ انجان ❸ ناواقف ❹ اناڑی ❺ اُجڈ ❻ کسان ❼ دہقانی ❽ گنوار۔

**نابود** (ف) اسم صفت مفعولی ❶ ناپید ❷ معدوم ❸ فانی ❹ نیست ❺ گم۔

**نابینا** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ اندھا ❷ کور جسے سجھائی نہ دے۔

**ناپاک** (ف) اسم صفت ❶ میلا ❷ گندا ❸ پلید ❹ نجس ❺ وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو۔

**ناپاک ہونا** (ا) فعل ❶ گندا ہونا ❷ پلید ہونا ❸ واجب الغسل ہونا ❹ نجس ہونا۔

**ناپاکی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ گندگی ❷ پلیدی ❸ نجاست۔

**ناپائدار** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ کمزور ❷ بودا ❸ فانی ❹ بے ثبات ❺ غیر مستحکم۔

**ناپائداری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کمزوری ❷ بوداپن ❸ بے ثباتی۔

**ناپدید** (ف) اسم صفت ❶ جو ظاہر نہ ہو ❷ غائب ❸ مخفی ❹ پوشیدہ ❺ چھپا ہوا۔

**ناپرہیزگار** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ خطاوار ❷ گناہگار ❸ بے عصمت۔

**ناپسند** (ف) اسم صفت ❶ نامقبول ❷ ناگوار ❸ مرغوب۔

**ناپسند کرنا** (ا) فعل ❶ قبول نہ کرنا ❷ پسند نہ کرنا۔

**ناپسندیدہ** (ف) اسم صفت مفعولی ❶ ناگوار ❷ نامنظور ❸ نامرغوب ❹ بار خاطر ❺ دوبھر۔

**ناپید** (ف) اسم صفت ❶ فنا ❷ نیست و نابود ❸ معدوم ❹ عنقا ❺ نادر۔

**ناپید کرنا** (ا) فعل ❶ گم کر دینا ❷ برباد کر دینا ❸ اجاڑنا ❹ فنا کر دینا ❺ کھونا۔

**ناپید ہونا** (ا) فعل ❶ گم ہونا ❷ اُجڑنا ❸ تباہ و برباد ہو جانا ❹ کمی ہونا ❺ قحط ہونا ❻ میسر نہ ہونا ❼ پایا نہ جانا۔

**ناپیدا** (ف) اسم صفت ❶ جو ظاہر نہ ہو ❷ غائب ❸ پوشیدہ ❹ مخفی ❺ چھپا ہوا۔

**ناپیدا کنار** (ف) اسم صفت ❶ ایسا بڑا سمندر جس کا کنارہ بالکل دکھائی نہ دیتا ہو ❷ بہت ہی لمبا چوڑا سمندر۔

**ناتجربہ کار** (ف) اسم صفت ❶ کچا ❷ اناڑی ❸ انجان ❹ ناواقف۔

**ناتراش/ ناتراشیدہ** (ف) اسم صفت مفعولی ❶ ان گھڑ ❷ بن چھلا ❸ جاہل ❹ بے ادب ❺ کمینہ ❻ سفلہ۔

**ناتربیت یافتہ** (ف) اسم صفت مفعولی ❶ ناشائستہ ❷ غیر مہذب ❸ بدتہذیب۔

**ناتمام** (فع) اسم صفت ❶ ادھورا ❷ نامکمل ❸ ناقص ❹ کچا ❺ خام۔

**ناتوان** (ف) اسم صفت ❶ ناطاقت ❷ کمزور ❸ ماڑا ❹ بودا ❺ ضعیف ❻ لاغر ❼ دبلا۔

**ناتوانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ کمزوری ❷ ناطاقتی ❸ دبلاپن ❹ لاغری ❺ بوداپن۔

**ناجائز** (فع) اسم صفت ❶ شریعت یا قانون کے خلاف ❷ ناروا ❸ نامناسب ❹ غیر مباح ❺ نادرست۔

**ناجائز مال** (فع) وہ مال جو شریعت یا قانون کے لحاظ سے جائز نہ ہو۔

**ناجنس** (فع) اسم صفت ❶ غیر جنس ❷ ناموافق ❸ ان میل ❹ کم اصل ❺ سفلہ ❻ اوچھا ❼ ناشائستہ ❽ بے ادب۔

**ناچار** (ف) اسم صفت ❶ عاجز ❷ بیچارہ ❸ مجبور ❹ لاعلاج ❺ بالضرور ❻ مفلس ❼ غریب ❽ محتاج ❾ نادار۔

**ناچاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ عاجزی ❷ مجبوری ❸ بیچارگی ❹ مفلسی ❺ غربت ❻ بے بسی ❼ مایوسی ❽ ناداری۔

**ناچاری پربت سے بھاری** (ا) مثل ❶ مفلسی بڑی کٹھن اور دشوار چیز ہے ❷ لاچار آدمی کچھ بھی نہیں کر سکتا۔

**ناچاق** (ف) اسم صفت ❶ بیمار ❷ علیل ❸ ناتندرست ❹ بدمزہ ❺

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

دبلا ❻ لاغر۔

**ناچاقی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بیماری ❷ بدمزگی ❸ رنجش ❹ ان بن ❺ بگاڑ۔

**ناچیز** (ف) اسم صفت ❶ جو کچھ حیثیت نہ رکھتا ہو ❷ ناکارہ ❸ نکما ❹ نالائق ❺ ناقابل۔

**ناحق** (فع) اسم صفت ❶ جو مناسب نہ ہو ❷ ناواجب ❸ بے فائدہ ❹ حق کے خلاف ❺ بے انصافی سے ❻ بیجا ❼ نامناسب ❽ بلاسبب۔

**ناحق شناس** (فع) اسم صفت ❶ حق نہ پہچاننے والا ❷ بے انصاف ❸ ظالم ❹ انیائی ❺ نمک حرام۔

**ناحق شناسی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نمک حرامی ❷ ظلم ❸ بے انصافی۔

**ناحق کرنا** (ا) فعل ❶ ظلم کرنا ❷ نامناسب کرنا ❸ ناانصافی کرنا۔

**ناحق کہنا** (ا) فعل ❶ حق کے خلاف کہنا ❷ جھوٹ کہنا ❸ جھوٹ بولنا۔

**ناخدا ترس** (ف) اسم صفت ❶ خدا کا خوف نہ کرنے والا ❷ سنگدل ❸ ظالم ❹ سخت دل ❺ بے رحم ❻ خدا کے قہر سے نہ ڈرنے والا۔

**ناخلف** (فع) اسم صفت ❶ نالائق بیٹا ❷ وہ بیٹا جو باپ کے موافق نہ ہو ❸ بدچلن ❹ عیبی ❺ ناشائستہ ❻ نااہل۔

**ناخواندہ** (ف) اسم صفت مفعول ❶ ان پڑھ ❷ بن پڑھا ❸ بے علم ❹ جاہل ❺ بن بلایا ❻ جسے بلایا نہ گیا ہو۔

**ناخواندہ مہمان** (ف) اسم مذکر ❶ وہ شخص جو بن بلائے کسی کے ساتھ ہولے ❷ طفیلی ❸ بن بلایا مہمان۔

**ناخوش** (ف) اسم صفت ❶ ناراض ❷ رنجیدہ ❸ جو راضی نہ ہو ❹ متنفر ❺ بیزاری ❻ بیمار ❼ مریض ❽ ناتندرست۔

**ناخوش ہونا** (ا) فعل ❶ خفا ہونا ❷ ناراض ہونا ❸ بیزار ہونا ❹ رنجیدہ ہونا۔

**ناخوشی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ خفگی ❷ ناراضگی ❸ بیزاری ❹ رنجش۔

**نادار** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ کچھ نہ رکھنے والا ❷ مفلس ❸ غریب ❹ کنگال ❺ محتاج۔

**ناداری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مفلسی ❷ کنگالی ❸ غریبی ❹ تنگدستی۔

**نادان** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ انجان ❷ جاہل ❸ بے سمجھ ❹ بیوقوف ❺ چھوٹی عمر کا بچہ ❻ کم سن بچہ۔

**نادان بات کرے دانا قیاس کرے** (ا) مثل ❶ عقلمند ہر بات کو تاڑ لیتے ہیں ❷ دانا آدمی جاہلوں کی بات سے بھی نصیحت اخذ کر لیتے ہیں۔

**نادان پن** (ا) اسم مذکر ❶ بیوقوفی ❷ نادانی ❸ جہالت۔

**نادان دوست سے دانا دشمن بھلا** (ا) مثل۔ دانا دشمن سے اتنا نقصان نہیں پہنچتا جتنا نادان دوست کی نادانی سے پہنچ جاتا ہے۔

**نادان کی دوستی جی کا زیان** (ا) مثل۔ بیوقوف کی دوستی میں جان کا خطرہ ہی ہوتا ہے۔

**نادانستگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نادانی ❷ بے خبری ❸ لاعلمی ❹ جہالت۔

**نادانستہ** (ف) اسم صفت ❶ ان جانے ❷ نہ جانتے ہوئے ❸ ناواقفیت سے ❹ بن جانے۔

**نادانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے سمجھی ❷ جہالت ❸ بیوقوفی۔

**نادرست** (ف) اسم صفت ❶ جو ٹھیک نہ ہو ❷ غلط ❸ نامناسب ❹ بیجا ❺ ناجائز۔

**نادہند** (ا) اسم صفت فاعلی ❶ نادہندہ کا مرخم ہے ❷ قرض لے کر نہ دینے والا۔

**نادیدہ** (ف) اسم صفت مفعولی ❶ بن دیکھا ❷ ان دیکھا ❸ ندیدہ ❹ وہ شخص جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو ❺ لالچی ❻ حریص۔

**ناراست** (ف) اسم صفت ❶ جو سیدھا نہ ہو ❷ ٹیڑھا ❸ کج۔

**ناراض** (مع) اسم صفت ❶ ناخوش ❷ رنجیدہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

ناراضی/ ناراضگی (فع) اسم مونث. بیائے مصدری ❶ رنجیدگی ❷ رنجش ❸ رنج ❹ ناخوشی۔

نارسا (ف) اسم صفت فاعلی ❶ نہ پہنچنے والا ❷ بے اثر ❸ نامراد۔

نارسائی (ف) اسم صفت بیائے مصدری ❶ پہنچ نہ ہونا ❷ پہنچ نہ سکنا ❸ نابازیابی۔

ناروا (ف) اسم صفت ❶ ناجائز ❷ غیر شرح ❸ بے جا ❹ مذہب کے خلاف ❺ دین کے برخلاف ❻ ممنوع ❼ نامناسب ❽ غیر مروج ❾ وہ سکہ جس کا چلن نہ ہو۔

نازیب/ نازیبا (ف) اسم صفت ❶ بدنما ❷ غیر موزوں ❸ ناموزوں ❹ بدزیب ❺ بے میل۔

ناساز (ف) اسم صفت ❶ برعکس ❷ مخالف ❸ برخلاف ❹ علیل ❺ مریض ❻ ناراست ❼ ناتندرست۔

ناسازگار (ا) اسم صفت ❶ برخلاف ❷ مخالف ❸ برعکس ❹ ناموافق ❺ بدنصیب ❻ منحوس۔

ناسازگاری (ا) اسم مونث ❶ مخالف ❷ ناموافقت ❸ بدنصیبی ❹ نحوست ❺ بیماری ❻ علالت ❼ کسل ❽ کسالت۔

ناسپاس (ف) اسم صفت ❶ ناشکرا ❷ ناشکر گزار ❸ نمک حرام ❹ گن میٹ ❺ احسان نہ ماننے والا۔

ناسپاسی (ف) اسم مونث ❶ ناشکری ❷ نمک حرامی ❸ احسان فراموشی۔

ناسزا (ف) اسم صفت ❶ نالائق ❷ نامناسب ❸ ناموزوں ❹ نازیبا ❺ بیجا ❻ ناواجب ❼ سفلہ۔

ناسزاوار (ف) اسم صفت ❶ نازیبا ❷ ناموزوں ❸ نامناسب ❹ غیر مہذب ❺ نالائق ❻ بیجا۔

ناسفتہ (ف) اسم صفت مفعولی ❶ ان بندھا ❷ بن چھدا ❸ جس میں سوراخ نہ ہوا ہو ❹ جو پرویا نہ گیا ہو۔

ناسمجھ (ا) اسم صفت ❶ احمق ❷ مورکھ ❸ نادان ❹ غبی ❺ کند ذہن ❻ بیوقوف ❼ سادہ لوح ❽ کم عمر ❾ کم سن۔

ناشاد (ف) اسم صفت ❶ رنجیدہ ❷ ناراض ❸ ناخوش ❹ سوگوار ❺ بدبخت ❻ بے نصیب ❼ نامراد ❽ بدقسمت ❾ مصیبت زدہ۔

ناشاد جانا (ف) فعل ❶ نامراد جانا ❷ ناخوش جانا ❸ پُر ارمان مرنا۔

ناشاد نامراد (ف) اسم صفت ❶ بدقسمت ❷ بے نصیب ❸ بدبخت۔

ناشاد نامراد جائے (ا) بددعا ❶ بے اولاد مرے ❷ ارمان لے کر جائے ❸ بے حصول مراد مرے۔

ناشائستگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نالائقی ❷ بدتہذیبی ❸ بداسلوبی۔

ناشائستہ (ف) اسم صفت ❶ ناموزوں ❷ نالائق ❸ بدزیب ❹ نامناسب ❺ ناسزاوار ❻ نازیبا ❼ غیر مہذب ❽ گستاخ ❾ بے ادب۔

ناشدنی (ف) اسم صفت ❶ نہ ہونے کے لائق ❷ ان ہونی ❸ ناممکن ❹ محال ❺ (ا) بدنصیب ❻ کم بخت ❼ ناخلف ❽ مرنہار۔

ناشکر/ ناشکرا (ف) اسم صفت ❶ نمک حرام ❷ بے شکرا ❸ احسان نہ ماننے والا ❹ گن میٹ ❺ کری کھو ❻ ناسپاس ❼ کورنمک۔

ناشکری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نمک حرامی ❷ ناسپاسی ❸ ناشکرگزار عورت۔

ناشکری کرنا/ کھینچنا (ا) فعل ❶ نمک حرامی کرنا ❷ احسان نہ ماننا ❸ نیکی کا احسان نہ جاننا۔

ناشکیب/ ناشکیبا (ف) اسم صفت ❶ بے صبرا ❷ بے صبر ❸ بیقرار ❹ مضطر۔

ناصبور (ع۔ف) صفت ❶ بے صبر ❷ بے قرار ❸ مضطرب۔

ناصواب (ع۔ف) صفت ❶ غلط ❷ نادرست۔

ناطاقت (فع) اسم صفت ❶ ناتوان ❷ کمزور ❸ بے زورا ❹ ماڑا ❺ بودا ❻ ست ❼ ضعیف ❽ لاغر۔

ناطاقتی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ناتوانی ❷ کمزوری ❸ لاغری ❹ ضعف۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

**ناعاقبت اندیش** (ف) اسم صفت فاعلی ① بات کے اخیر انجام کو نہ سوچنے والا ② کوتہ اندیش۔

**نافرجام** (ف) صفت ① عاقبت اندیش ② کوتاہ اندیش ③ بدانجام ④ بداصل۔

**نافرمان** (ف) اسم صفت ① حکم نہ ماننے والا ② سرکش ③ (بحالت اسم مذکر) ایک اودے رنگ کے پھول کا نام ہے۔

**نافرمانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سرکشی ② عدول حکمی ③ نافرمانبرداری ④ حکم نہ ماننا ⑤ بغاوت ⑥ انحراف ⑦ (بصورت بیائے نسبتی) گل نافرمان کے رنگ کا ⑧ اودے رنگ کا۔

**نافرمانی کرنا** (ف) فعل ① حکم عدولی کرنا ② حکم نہ ماننا ③ سرکشی کرنا ④ بغاوت کرنا۔

**نافہم** (فع) اسم صفت ① ناسمجھ ② بے وقوف ③ نادان ④ کم عقل۔

**ناقابل** (ف) اسم صفت فاعلی ① نالائق ② ناشائستہ ③ ناموافق ④ ناموزوں ⑤ ان پڑھ ⑥ انجان۔

**ناقابل برداشت** (ف) اسم صفت ① سہارنے کے ناقابل ② جو برداشت کرنے کے لائق نہ ہو۔

**ناقابلیت** (فع) اسم مونث ① نالائقی ② کم لیاقتی ③ بے استعدادی۔

**ناقدر / ناقدرا** (فع) (ا) اسم صفت ① گن نہ ماننے والا ② جو کسی کی قدر نہ سمجھے ③ ہنرشناس۔

**ناقدری** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① بے قدری ② بے وقعتی۔

**ناکارہ** (ف) اسم صفت فاعلی ① نکما ② برا ③ خراب ④ جو کسی کام کا نہ ہو۔

**ناکام** (ف) اسم صفت ① نامراد ② مایوس ③ محروم ④ نامراد ⑤ ناامید۔

**ناکامی** (ف) اسم مونث ① مایوسی ② محرومی ③ ناامیدی ④ ناکامیابی۔

**ناکدخدا / ناکتخدا** (ف) اسم صفت ① بن بیاہا ② کوارا ③ کواری ④ جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔

**ناکردنی** (ف) اسم صفت ① جو بات کرنے کے لائق نہ ہو ② وہ کام جو کرنے کے لائق نہ ہو۔

**ناکردہ کار** (ف) اسم صفت مفعولی ① ناتجربہ کار ② کچا ③ ناواقف ④ انجان ⑤ اناڑی ⑥ خام ⑦ کچا۔

**ناکردہ جرم / گنا** (فع) اسم مذکر صفت ① بے گناہ ② بے خطا ③ بے قصور ④ ناحق۔

**ناکردہ** (ف) صفت ① ناتجربہ کار ② ناپختہ کار ③ اناڑی۔

**ناکس** (ف) اسم صفت ① کمینہ ② سفلہ ③ نیچ ④ پاجی ⑤ نالائق ⑥ فرومایہ۔

**ناکند** (ف) اسم صفت مفعولی ① ناکندہ کا مرخم ہے ② وہ بچھیرا جس کے دودھ کے دانت نہ ٹوٹے ہوں ③ دوسال تک کی عمر کا گھوڑا ④ مجازاً نادان ⑤ ناسمجھ ⑥ ناتجربہ کار۔

**ناگاہ** (ف) متعلق فعل ① یکایک ② اچانک ③ دفعتہً۔

**ناگزیر** (ف) اسم صفت ① ناچار ② لاعلاج ③ مجبور ④ لازم ⑤ ضرور ⑥ واجب۔

**ناگوار** (ف) اسم صفت ① ناقص ② ناپسند ③ وہ کھانا جو معدے میں ہضم نہ ہوا ہو ④ بدہضمی ⑤ ناخوش ⑥ بدذائقہ ⑦ برا ⑧ مکروہ ⑨ بدمزہ۔

**ناگوارا** (ا) اسم صفت ① ناپسند ② نامرغوب ③ خلاف طبع۔

**ناگوار گزرنا / ہونا** (ا) فعل ① برا معلوم ہونا ② اچھا نہ لگنا ③ ناپسند ہونا ④ برا لگنا۔

**ناگہ / ناگہاں** (ف) اسم صفت ① بے وقت ② اچانک ③ دفعتہً بے موقع ④ بے خبری میں ⑤ ناآگاہ کا مخفف۔

**ناگہانی** (ف) اسم مونث ① اتفاقیہ ② اچانک۔

**نالائق** (ف) اسم صفت فاعلی ① جو لائق نہ ہو ② بے ہنر ③ بے لیاقت ④ ناقابل ⑤ غیر مہذب ⑥ ناخواندہ ⑦ جاہل ⑧ کمینہ ⑨ سفلہ۔

**نالائق پن / نالائقی** (ا) اسم مذکر و مونث ① کمینگی ② سفلہ پن ③ بے ہنری۔

**نامبارک** (فع) اسم صفت ① منحوس ② ناسزاوار ③ نامسعود۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

نامتناہی/ نامحدود (فع) اسم صفت ❶ بے انتہا ❷ جس کی کوئی حد نہ ہو ❸ جس کی انتہا نہ ہو ❹ بے حد ❺ بے تھاہ ❻ بے کنارا۔

نامانوس (ف۔ع) صفت ❶ ناآشنا ❷ اجنبی ❸ بے گانہ۔

نامحرم (فع) اسم صفت ❶ ناواقف ❷ انجان ❸ ناآشنا ❹ غیر اجنبی ❺ وہ رشتہ دار یا شخص جس سے شرعاً نکاح درست اور عورت کو پردہ واجب ہو۔

نامراد (ف) اسم صفت ❶ بے مراد ❷ ناکام ❸ محروم ❹ بے نصیب۔

نامرادی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ محرومی ❷ ناکامی ❸ بے نصیبی۔

نامربوط (فع) اسم صفت مفعولی ❶ بے ربط ❷ بے میل ❸ ناموزوں ❹ بے جوڑ بے ترتیب۔

نامرد (ف) اسم صفت ❶ ہیجڑا ❷ زنانہ ❸ زنخا ❹ بودا ❺ ڈرپوک ❻ بزدل ❼ بے حوصلہ ❽ سست۔

نامرد کرنا (ا) فعل ❶ ہیجڑا بنانا ❷ زنخا کرنا ❸ خصی کرنا ❹ رجولیت کھودینا ❺ خوجہ کرنا۔

نامردی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بزدلی ❷ ہیجڑاپن۔

نامساعد (ع۔ف) صفت ❶ ناموافق ❷ ناسازگار۔

نامعتبر (فع) اسم صفت ❶ بے اعتبار ❷ جس کا اعتبار نہ ہو۔

نامعقول (فع) اسم صفت ❶ جو عقل میں نہ آئے ❷ بیوقوفی کی بات ❸ بعداز عقل بات ❹ نامناسب ❺ بیجا ❻ نالائق ❼ ناشائستہ۔

نامعلوم (فع) اسم صفت ❶ بے خبر ❷ بن جانے ❸ غیر مشہور ❹ انجان۔

نامُلائم (ف) اسم صفت ❶ جو نرم نہ ہو ❷ سخت ❸ کڑا ❹ نامناسب ❺ نازیبا ❻ غیر واجب۔

نامقر (فع) اسم صفت ❶ اقرار نہ کرنے والا ❷ انکاری۔

ناممکن (فع) اسم صفت ❶ نہ ہونے والی بات ❷ خارج از امکان ❸ ان ہونی۔

ناممکنات (ف۔ع) اسم صفت ❶ وہ باتیں جو ممکن نہ ہوں ❷ ناممکنہ باتیں۔

نامناسب (فع) اسم صفت ❶ بے جا ❷ بے موقع ❸ ناموزوں ❹ بیہودہ ❺ نازیبا۔

نامنظور (فع) اسم صفت ❶ انکار کیا گیا ❷ ناپسند ❸ نامقبول۔

نامنظور کرنا (ا) فعل ❶ نہ ماننا ❷ قبول نہ کرنا ❸ انکار کرنا۔

نامنظوری (ا) اسم مونث ❶ انکار ❷ منسوخی ❸ تردید ❹ وہ نوکری جس میں پنشن کا حق نہ ہو۔

ناموافق (فع) اسم صفت ❶ جو موافق نہ ہو ❷ مخالف ❸ خلاف ❹ ناگوار۔

ناموافق ہونا (ا) فعل ❶ مطابق نہ ہونا ❷ راس نہ آنا ❸ خلاف ہونا۔

ناموافقت (فع) اسم مونث ❶ ان بن ❷ رنجش ❸ شکر رنجی ❹ مخالفت ❺ اختلاف۔

ناموزوں (فع) اسم صفت ❶ بے جوڑ ❷ بے میل ❸ نازیبا ❹ ناموافق ❺ بے سُرا ❻ بے تالا ❼ سُر اور تال کے بغیر۔

نامہربان (ف) اسم صفت ❶ جو مہربان نہ ہو ❷ بے درد ❸ بے رحم ❹ بے مروت ❺ دشمن ❻ بیری ❼ بدخواہ۔

نامہربانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے رحمی ❷ بے مروتی ❸ دشمنی ❹ عداوت۔

نامیسری (ا) اسم مونث ❶ مفلسی ❷ تنگدستی ❸ افلاس ❹ غریبی۔

نانکڑ (ا) اسم مونث ❶ انکار ❷ نہیں ❸ حیل حجت ❹ حیلہ حوالہ ❺ بہانہ۔

ناواجب (فع) اسم صفت ❶ بیجا ❷ نامناسب ❸ نازیبا ❹ ناجائز۔

ناواقف (فع) اسم صفت ❶ انجان ❷ اجنبی ❸ غیر ❹ جاہل ❺ ناتجربہ کار ❻ نادان۔

ناواقفی (فع) اسم مونث ❶ ناتجربہ کاری ❷ نادانی ❸ جہالت۔

ناوقت (فع) اسم صفت ❶ بے موقع ❷ بے وقت ❸ بے محل۔

ناہموار (ف) اسم صفت ❶ نابرابر ❷ اونچا نیچا ❸ غیر مساوی ❹ نالائق ❺ بیہودہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149017218

www.besturdubooks.net

**ناہمواری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری (1) نابرابری (2) کھردراپن (3) نالائقی (4) اونچ نیچ۔

**ناہنجار** (ف) اسم صفت (1) بدچلن (2) بدکردار (3) بدذات (4) بداصل (5) بیہودہ (6) نالائق۔

**نایاب** (ف) اسم صفت (1) نامیسر (2) ناپید (3) عمدہ (4) کمیاب (5) نادر۔

**ناب** (ف) اسم صفت (1) صاف (2) بالکل خالص (3) نرمل (4) پاک (5) ملاوٹ کے بغیر (6) پر (7) بھرا ہوا (8) لبریز (9) (بصورت اسم مونث) تلوار کی نالی جو نوک سے قبضہ تک دوطرفہ ہوتی ہے۔

**ناپ** (ہ) اسم مونث (1) حاصل مصدر ناپنا سے (2) پیائش (3) پیمانہ (4) انداز (5) ماپ۔

**ناپنا** (ہ) فعل (1) پیائش کرنا (2) اندازہ لگانا (3) کاٹنا (4) قلم کرنا۔

**ناتا** (ف) اسم مذکر (1) رشتہ (2) قرابت (3) بھائی بندی (4) تعلق (5) نسبت (6) علاقہ (7) واسطہ۔

**ناتا ٹوٹنا** (ہ) فعل (1) تعلق نہ رہنا (2) رشتہ اور بھائی بندی نہ رہنا۔

**ناتا جوڑنا** (ہ) فعل (1) قرابت نکالنا (2) رشتہ گانٹھنا۔

**ناتھ** (س) اسم مذکر (1) خاوند (2) پتی (3) دھنی (4) آقا (5) مالک (6) جوگیوں کا لقب (7) وہ رسی جو بیلوں کے ناک میں پڑتی ہے (8) عورتوں کا ناک میں پہننے کا ایک زیور (9) نتھ۔

**ناتھنا** (ہ) فعل (1) بیندھنا (2) چھیدنا (3) سوراخ کرنا (4) بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا (5) بس میں کرنا (6) قابو میں کرنا۔

**ناٹا** (ہ) اسم صفت (1) پستہ قد (2) بونا (3) باونا (4) ٹھنگنا (5) کوتہ قد (6) پست قامت۔

**ناٹک** (س) اسم مذکر (1) نٹ کا تماشا (2) نٹ کا کام (3) روپ (4) سوانگ (5) نقل (6) ڈراما (7) کھیل (8) لیلا۔

**ناٹکیا** (ہ) اسم مذکر (1) بہروپیا (2) سوانگی۔

**ناثر** (ع) اسم صفت فاعلی (1) نثر لکھنے والا (2) مضمون نویس۔

**ناچ** (ہ) اسم مذکر (1) خوشی میں آکر اچھلنا کودنا (2) رقص۔

**ناچ دکھانا** (ہ) فعل متعدی (1) کسی کے آگے ناچنا (2) رقص کرنا۔



ناچ

**ناچ رنگ** (ا) اسم مذکر (1) گانا ناچنا (2) رقص وسرود۔

**ناچ گھر** (ہ) اسم مذکر (1) سوانگ گھر (2) تھیٹر (3) تماشا گاہ۔

**ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا** (ہ) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی شخص کام نہ جانتا ہو مگر حیلے بہانے کرکے اسے ٹالنا چاہے۔

**ناچ نچانا/ نچادینا** (ہ) فعل (1) ستانا (2) حیران کرنا (3) دق کرنا (4) قواعد کرنا (5) ہیراپھیری کرنا۔

**ناچنا** (ہ) فعل (1) رقص کرنا (2) تھرکنا (3) خفگی یا غصے میں آکر اچھلنا کودنا۔

**ناخدا** (ف) اسم مذکر (1) ناؤ خدا کا مخفف ہے (2) کشتی بان (3) ملاح (4) کشتی چلانے والا۔

**ناخن** (ف) اسم مذکر (1) انگلیوں کے سروں کی ہڈی (2) ناخون (3) پرندوں کے پروں کے اوپر کی ہڈی (4) چوپایوں کے کھر یا سم۔

**ناخن تدبیر** (ف) اسم مذکر (1) تدبیر کے ناخن (2) عقل اور سوجھ بوجھ (3) فہم وفراست۔

**ناخن سے گوشت جدا کرنا** (ا) فعل (1) رشتہ داروں میں نفاق ڈالنا (2) اپنوں کو چھڑانا۔

**ناخن گڑنا** (ا) فعل (1) بات جمنا (2) نقشہ جمنا (3) اختیار ہونا۔

**ناخن لینا/ ناخون لینا** (ا) فعل (1) ناخن کاٹنا (2) ناخن تراشنا (3) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔

**ناخن ناخنوں میں پڑے ہیں** (ا) مثل (1) ان کی حیثیت ناخنوں میں پڑی میل کی سی ہے (2) وہ کچھ حیثیت نہیں رکھتے (3) دیکھے بھالے ہیں (4) جیب میں پڑے ہیں۔

**ناخنہ** (ف) اسم مذکر (1) ستار بجانے کا حلقہ (2) چھلا (3) مضراب (4) زخمہ (5) آنکھ کی ایک بیماری (6) ناخن سے مشابہ سفیدی مائل گوشت (7)

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149071218

www.besturdubooks.net

گھوڑے کی آنکھ میں پیدا شدہ سرخ ریشے (8) چیرا باندھنے کا انگشتانہ۔

ناخون (ا) اسم مذکر۔ دیکھو (ناخن)۔

ناخون پر لکھنا (ا) فعل۔ یادداشت کے طور پر ناخن پر لکھ لینا۔

ناخون کاٹنا (ا) فعل (1) خون قلم کرنا (2) ناخن تراشنا۔

ناخون نیلے ہونا (ا) فعل (1) زہر چڑھنا (2) مرنے کی علامت نمودار ہونا۔

ناخونوں سے گوشت جدا نہیں ہوتا (ا) مثل (1) رشتہ دار رشتہ داروں سے چھوٹ نہیں سکتے (2) اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہو سکتے (3) یگانوں کی عداوت قائم نہیں رہا کرتی۔

ناد (س) اسم مذکر (1) اواز (2) گرج (3) صدا (4) گونج (5) سر (6) نرسنگے یا سنگھ کی آواز۔

نادر (ء) اسم صفت (1) تھوڑا (2) کم (3) کمتر (4) کمیاب (5) قلیل (6) نایاب (7) عمدہ (8) تحفہ (9) نرالا۔

نادر شاہ (ف) اسم مذکر۔ ایک نہایت جابر اور سخت گیر بادشاہ ایران کا نام ہے جو ۱۷۳۸ء میں ہندوستان پر خواہ مخواہ بہانہ بنا کر چڑھ آیا دہلی میں قتل عام کیا خوب لوٹا تخت طاؤس وغیرہ و دیگر قیمتی جواہرات کو ایران لے گیا۔

نادرگری/نادرشاہی (ف) اسم مونث۔ نادر شاہ کے وقت جیسی بد انتظامی اور لوٹ مار۔

نادرن (ای) اسم صفت نسبتی (1) شمالی (2) شمال کی طرف کا۔

نادرہ (عف) اسم صفت (1) عجیب (2) انوکھا (3) عمدہ (4) عجوبہ۔

نادری (ف) اسم مونث بیائے نسبتی (1) ایک قسم کی صدری (2) گنجفہ کا اکا (3) منسوب بہ نادر شاہ۔

نادری حکم (فع) اسم مذکر (1) نادر شاہ کا سا حکم (2) نہایت جابرانہ حکم۔

نادری چڑھانا (ا) فعل (1) نہایت شرمناک مات دینا (2) گنجفہ کے اکے جتنی میانی کٹوا دینا۔

نادم (ء) اسم صفت فاعلی (1) شرمندہ (2) شرمسار (3) پشیمان (4) خجل۔

نادم ہونا (ا) فعل (1) شرمندہ ہونا (2) شرمانا۔

نادھنا (ہ) فعل (1) جوتنا (2) جوئے میں لگانا (3) جوڑنا (4) شروع کرنا (5) آغاز کرنا (6) غلام بنانا (7) پابند کرنا۔

نادیا (ہ) (1) وہ بیل جس کے جسم میں کوئی عضو زیادہ ہو (2) مہادیو کی سواری کا بیل۔

نار (ء) اسم مونث (1) آگ (2) اگنی (3) آتش۔

نار (ف) اسم مذکر۔ انار کا مخفف ہے جو ایک مشہور درخت ہے۔

نار (ہ) اسم مونث (1) عورت (2) استری (3) تریا (4) لگائی (5) زن (6) بیوی (7) جورو (8) زوجہ (9) جولاہوں کی نال جس میں سوت کی نلی رہتی ہے۔

نارمل (ای) صفت (1) ٹھیک (2) درست (3) قاعدے کے مطابق۔

نارمل اسکول (ای) اسم مذکر (1) ستاروں کو تعلیم دینے والا اسکول (2) مدرسوں کا ٹریننگ اسکول۔

نارائن (س) اسم مذکر (1) قدیم (2) ہمیشہ رہنے والا خدا (3) وشنو جی کا نام (4) بھگوان۔

نارائن تیل (ا) اسم مذکر (1) ایک قسم کا روغن جو بوٹیوں سے نکالا جاتا ہے (2) مومیائی۔

نارائنی (ہ) اسم مونث (1) درگا دیوی (2) لچھمی (3) وہ گائے جس کا دودھ نذر مانا گیا ہو اور آگ پر نہ رکھا جائے۔

نارتھ (ای) اسم مذکر (1) شمال (2) قطب کے رخ۔

نارجیل (ف) اسم مذکر (1) ناریل (2) کھوپرا (3) گری۔

نارو (س) اسم مذکر (1) گیان دینے والا (2) برہما جی کا بیٹا (3) لڑائی کرانے والا (4) لاوا لترا (5) ادھر کی اُدھر لگانے والا۔

نارنج (ء) اسم مذکر (1) نارنگ کا معرب (2) نارنگی (3) رنگترا (4) کولا (5) سنترا۔

نارنجی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی۔ سرخی مایل زرد رنگ۔

نارنگی (ف) اسم مونث (1) چھوٹا رنگترا (2) مجازاً ابھری ہوئی چھاتیاں۔

ناری (ء) اسم صفت (1) منسوب بہ نار (2) دوزخی آگ کا (3) آتشی۔

ناری (ء) اسم مونث (1) عورت (2) استری (3) لگائی (4) بیوی (5) زوجہ۔

ناریل (ہ) اسم مذکر۔ (دیکھو نارجیل) ایک قسم کا چھوٹا سا حقہ جو نارجیل کو خالی کر کے بناتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

ناریل کا تیل (ہ) اسم مذکر ① کھوپرے کا تیل ② گری کا تیل۔

ناڑ (ہ) اسم مونث ① گردن ② گلا ③ گلو۔

ناڑا (ہ) اسم مونث ① ازار بند ② پیجامے کے اندر ڈالنے کی رسی یا ڈوری ③ کلاوہ ④ مولی ⑤ کچا گنڈے دار لال اور زرد رنگا ہوا سوت۔

ناڑی (ہ) اسم مونث ① بندوق کی نال ② نبض ③ شریان ④ رگ۔

ناڑی چھوٹنا / ناڑی نہ بولنا (ہ) فعل ① نبض کا جاتا رہنا ② مرجانا ③ دم نکل جانا ④ سکتہ ہو جانا۔

ناڑایا (ہ) اسم مذکر ① وید ② طبیب ③ حکیم ④ نبض دیکھنے والا۔

ناز (ف) اسم مذکر ① معشوقانہ ادا ② غمزہ ③ نخرہ ④ چوچلا ⑤ پیار ⑥ لاڈ ⑦ غرور ⑧ گھمنڈ ⑨ نخوت۔

ناز اٹھانا (ا) فعل ① نخرے اور چوچلے برداشت کرنا ② ناز برداری کرنا۔

ناز برداری (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ نخرے اور چوچلے کی برداشت۔

ناز پرور / ناز پروردہ (ف) اسم مذکر ① لاڈلا ② ناز میں پلا ہوا۔

ناز سے چلنا (ا) فعل ① خراماں خراماں چلنا ② انداز سے چلنا۔

ناز کرنا (ا) فعل ① غرور کرنا ② فخر کرنا ③ گھمنڈ کرنا ④ اترانا ⑤ نخرہ کرنا ⑥ لاڈ کرنا ⑦ نازاں ہونا۔

ناز و نخرہ (ف) اسم مذکر ① لاڈ پیار ② چاؤ چوچلا۔

ناز و نعمت میں پالنا (ء) فعل ① لاڈ پیار میں پرورش کرنا ② اچھے کھانے اور عمدہ غذائیں کھلا کر پالنا۔

ناز و نیاز (ا) اسم مذکر ① لاڈ چاؤ ② لاڈ پیار ③ محبت اخلاص۔

ناز ہونا (ا) فعل ① فخر ہونا ② غرور ہونا ③ گھمنڈ ہونا۔

نازاں (ف) اسم صفت فاعلی ① ناز کرنے والا ② فخر کرنے والا ③ گھمنڈی ④ مغرور۔

نازاں ہونا (ف) فعل ① اترانا ② گھمنڈ کرنا۔

ناز بالش (ف) اسم مذکر۔ ملائم اور نرم تکیہ۔

نازبو (ا) اسم مونث حاصل مصدر از نازیدن ① فخر ② گھمنڈ ③ غرور ④ اترانا۔

نازک (ف) اسم صفت ① پر نزاکت ② کامنی ③ کومل ④ جلد ٹوٹ جانے والا ⑤ لطیف ⑥ نفیس ⑦ دبلا ⑧ پتلا ⑨ باریک۔

نازک اندام / نازک بدن (ف) اسم صفت ① نازک جسم والا ② دبلا ③ پتلا ④ چھریرا۔

نازک خیال (فع) اسم صفت ① نہایت عمدہ خیالات والا ② باریک مضامین لکھنے والا۔

نازک دماغ (فع) اسم صفت ① مغرور ② خود پسند ③ تیز مزاج ④ چڑچڑا ⑤ دماغ دار ⑥ مزاج۔

نازک دماغی (فع) اسم مونث ① بدمزاجی ② چڑچڑاپن ③ تنگ مزاجی ④ فراخ دماغی ⑤ دماغداری۔

نازک کلامی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ① خوش گفتاری ② نکتہ سنجی ③ مغز گوئی ④ عمدہ کلام کرنا۔

نازک مزاج / نازک طبع (فع) اسم صفت ① تند مزاج ② چڑچڑا ③ زود رنج ④ دماغدار ⑤ مغرور ⑥ خود پسند ⑦ عالی دماغ۔

نازک مزاجی / طبعی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ① نازک دماغی ② تنگ مزاجی ③ نازک مزاجی ④ زود رنجی۔

نازک وقت (فع) اسم مذکر ① خطرے کا وقت ② جان جوکھوں کا وقت ③ براوقت ④ معرکہ کا وقت ⑤ بڑی مشکل کا وقت ⑥ کٹھن وقت ⑦ امتحان کا وقت۔

نازکی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① نزاکت ② نرمی ③ ملائمی ④ ملائمت ⑤ لوچ ⑥ عمدگی ⑦ خود پسندی ⑧ خوبی ⑨ نفاست۔

نازل (ء) اسم صفت فاعلی ① اترانے والا ② نیچے آنے والا ③ گرنے والا ④ وارد ہونے والا۔

نازلہ (ء) اسم صفت ① نازل شدہ ② مصیبت ③ حادثہ ④ سانحہ ⑤ شامت۔

نازنین (ف) اسم صفت ① دلفریب ② خوبصورت ③ خوش وضع ④

Join us on whatsapp Naveed Bai 03140177218

سندر 5 نازک اندام 6 خوش ادا 7 نازک 8 پیارا 9 البیلی۔

**نازونیاز** (ف) اسم مذکر 1 عاشق و معشوق کی باہمی حرکات 2 چھیڑ چھاڑ 3 لاڈ پیار 4 نازونخرہ۔

**نازی** (ای) صفت۔ جرمنی کی ایک فاشسٹ پارٹی کا رکن جس کا سربراہ ہٹلر تھا۔

**ناس** (ء) اسم مذکر 1 آدمی 2 ہنس 3 منکھ 4 مانس۔

**ناس** (ء) اسم مونث 1 نسوار سونگھنی 2 ہلاس 3 روشن دماغ 4 وہ پسا ہوا تمباکو یا دوا جو چھینکیں لینے کے لئے سونگھتے ہیں 5 نتھنا 6 ناک کی ایک طرف۔

**ناس** (ء) اسم مونث 1 خرابی 2 تباہی 3 بربادی 4 ویرانی 5 نشٹ 6 نیست ونابود 7 معدوم۔

**ناس کر دینا** (ہ) فعل 1 تباہ کر دینا 2 برباد کر دینا 3 بگاڑ دینا 4 خراب کر دینا 5 نقصان پہنچا دینا 6 غارت کر دینا 7 نابود کر دینا۔

**ناس ہو جانا** (ہ) فعل 1 تباہ ہونا 2 برباد ہونا 3 غارت ہونا 4 نابود ہونا۔

**ناس ہونا**۔ محاورہ 1 مرن جوگا 2 برباد ہو جانے کے قابل 3 مرنہار 4 برباد ہونے کے قابل۔

**ناسا** (ہ) اسم مذکر 1 بڑی ناک 2 ناکڑا۔

**ناسی** (ہ) اسم صفت 1 ناس کرنے والا 2 تباہ کر دینے والا۔

**ناسپال** (ف) اسم مذکر 1 پوست انار 2 کچے انار کا چھلکا 3 انار خام 4 کچا انار 5 ایک قسم کی آتشبازی۔

**ناسپالی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی 1 ناسپال کے رنگ کا 2 زرد رنگ کا 3 نسواری رنگ کا۔

**ناستک** (س) اسم مذکر 1 خدا کو نہ ماننے والا 2 منکر خدا 3 ملحد 4 بے ایمان 5 دہریہ خدا 6 خدا پر یقین نہ رکھنے والا۔

**ناستک مت** (ہ) اسم مونث۔ دہریہ مت۔

**ناسخ** (ء) اسم مذکر فاعل 1 لکھنے والا 2 کاپی نویس 3 رد کرنے والا 4 منسوخ کرنے والا 5 لکھنؤ کے ایک مشہور شاعر شیخ امام بخش کا تخلص بھی تھا۔

**ناسوت** (ء) اسم مذکر 1 عالم اجسام 2 دنیا 3 مجازاً ظاہری عبادت اور شریعت۔

**ناسور** (ء) اسم مذکر۔ وہ زخم جو ہمیشہ رستا رہے اور کبھی اچھا نہ ہو۔

**ناسور بھرنا** (ا) فعل۔ ہمیشہ رسنے والے زخم کا اچھا ہو جانا۔

**ناسور پڑنا** (ا) فعل 1 ایسا زخم پڑ جانا جو کبھی راغنی نہ ہو 2 قرحہ پڑنا۔

**ناسور ڈالنا** (ا) فعل 1 زخم ڈالنا 2 گھاؤ ڈالنا۔

**ناسرہ** (ف) اسم صفت 1 کھوٹا 2 کھوٹ ملا ہوا 3 جو خالص نہ ہو۔

**ناشپاتی** (ف) اسم مونث۔ ایک مشہور میٹھے پھل کا نام ہے۔

**ناشتا** (ف) اسم مذکر 1 صبح کے وقت کا تھوڑا سا کھانا 2 چاشت 3 نہاری۔

**ناشتا کرنا** (ا) فعل 1 نہار منہ تھوڑا سا کچھ کھا لینا 2 صبح کو ذرا سا کچھ کھا لینا۔

**ناصح** (ء) اسم صفت فاعل 1 نصیحت کرنے والا 2 پند دینے والا 3 اپدیشک 4 واعظ۔

**ناصر** (ء) اسم صفت فاعل 1 مدد کرنے والا 2 معاون 3 حامی 4 مددگار۔

**ناصیہ** (ء) اسم مونث 1 لغت میں پیشانی کے بالوں کو کہتے ہیں 2 مجازاً پیشانی 3 ماتھا 4 جبیں۔

**ناصیہ سائی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری 1 ماتھا رگڑنا 2 جبہ سائی۔

**ناطق** (ء) اسم مذکر فاعل 1 بولنے والا 2 گویا 3 عقلمند 4 صاحب شعور 5 منطق چھانٹنے والا 6 قطعی 7 قرار واقعی 8 مضبوط 9 مستحکم۔

**ناطقہ** (ء) اسم مذکر 1 بولنے کی طاقت 2 قوت گویائی 3 بولتا۔

**ناطقہ بند کرنا** (ا) فعل 1 بولنے کی مجال نہ رہنے دینا 2 بولنا بند کرنا 3 دم بند کرنا۔

**ناظر** (ء) اسم مذکر 1 دیکھنے والا 2 نگران 3 نگہبان 4 محافظ 5 ہیڈ محرر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772180

www.besturdubooks.net

ناظرہ (ع) اسم مونث ❶ دیکھنے یا مشاہدہ کرنے کی قوت ❷ دیکھ کر پڑھنا خصوصاً قرآن مجید۔

ناظرہ خوان (عف) اسم مذکر ❶ دیکھ کر پڑھنے والا ❷ جو حافظ نہ ہو اور صرف دیکھ کر قرآن پڑھ سکتا ہو۔

ناظرین (ع) اسم مذکر ❶ ناظر کی جمع ❷ دیکھنے والے ❸ پڑھنے والے ❹ مطالعہ کرنے والے۔

ناظم (ع) اسم مذکر ❶ لڑی بنانے والا ❷ پرونے والا ❸ انتظام کرنے والا ❹ سربراہ ❺ کارکن ❻ نظم بنانے والا ❼ شاعر ❽ نظم کہنے والا۔

ناغہ (ف) اسم مذکر ❶ غیر حاضری ❷ خالی ❸ بیکاری ❹ تعطیل۔

ناغہ کرنا (ا) فعل ❶ غیر حاضری کرنا ❷ خالی رہنا ❸ بیکار رہنا۔

ناف (ف) اسم مونث ❶ نابھ ❷ سونڈی ❸ ٹونڈی۔

ناف ٹلنا / جانا / ڈگنا (ا) فعل ❶ دھرن ٹلنا ❷ ناف کے پٹھوں کا بوجھ وغیرہ کی کثرت سے اپنی جگہ سے ہل جانا۔

ناف زمین (ف) اسم مونث ❶ زمین کا مرکز ❷ دھرتی کا بیچ ❸ مکہ معظمہ سے مراد بھی ہوتی ہے۔

نافذ (ع) اسم صفت فاعلی از نفوذ ❶ جاری ہونے والا ❷ صادر ہونے والا۔

نافذ کرنا (ا) فعل ❶ جاری کرنا ❷ صادر کرنا۔

نافر (ع) اسم صفت فاعلی ❶ نفرت کرنے والا ❷ گھن کرنے والا۔

نافع (ع) اسم صفت فاعل از نفع ❶ مفید ❷ فائدہ مند ❸ نفع دینے والا ❹ سودمند۔

نافہ (ف) اسم مذکر ❶ مشک کی تھیلی ❷ کستوری کی تھیلی ❸ مُشک نافہ۔

ناقص (ع) اسم صفت فاعل از نقص ❶ ناتمام ❷ ادھورا ❸ ناکمل ❹ کم عیب دار ❺ معیوب ❻ عیبی ❼ کھوٹا ❽ غیر خالص ❾ نکما۔

ناقص الخلقت (ع) اسم صفت ❶ جنم کا عیبی ❷ وہ شخص جس کا کوئی عضو پیدائشی طور پر بگڑا ہوا ہو۔

ناقص العقل (ع) اسم صفت ❶ کم عقل ❷ بے سمجھ کند ذہن ❸ جس کے قوائے عقلیہ میں فتور ہو ❹ مجازاً عورت۔

ناقص کرنا (ا) فعل ❶ بگاڑنا ❷ خراب کرنا ❸ کھوٹ ملانا ❹ نکما کرنا۔

ناقل (ع) اسم صفت فاعلی از نقل ❶ نقل کرنے والا ❷ بیان کرنے والا ❸ راوی ❹ روایت کرنے والا۔

ناقوس (ع) اسم مذکر ❶ خرمہرہ ❷ سنکھ جسے ہندو لوگ پوجا کے وقت بجایا کرتے ہیں ❸ نرسنگا۔

ناقہ (ع) اسم مونث ❶ سانڈنی ❷ اونٹنی ❸ مادہ شتر۔

ناقہ سوار (عف) اسم مذکر ❶ سانڈنی سوار ❷ مجازاً قاصد۔

ناک (ف) اسم صفت ❶ بھرا ہوا ❷ پُر ❸ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے غمناک۔

ناک (ہ) اسم مونث ❶ ایک عضو کا نام جس کے رستے سانس آتا جاتا ہے ❷ چوٹی کی چیز ❸ نمائش و نمود کی چیز ❹ غیرت ❺ شرم ❻ زیب وزینت آرائش۔

ناک آوٹ (ای) اسم مذکر۔ مکے بازی میں حریف کو تابڑ توڑ مکوں سے مقابلے کے قابل نہ رہنے دینا۔

ناادھر کہ اُدھر (ہ) مثل۔ ہر طرح سے مطلب ایک ہی ہے۔

ناک اونچی ہونا (ہ) فعل ❶ سرخروئی ہونا ❷ عزت بڑھنا۔

ناک بند ہونا (ا) فعل ❶ زکام ہونا ❷ زکام کے سبب سے سانس کا تنگی سے آنا۔

ناک بہنا (ہ) فعل ❶ ناک سے رطوبت ٹپکنا ❷ زکام کے باعث ناک سے سنک بہنا۔

ناک بھوں چڑھانا / سکیڑنا (ہ) فعل ❶ تیوری چڑھانا ❷ خفا ہونا ❸ ناراض ہونا ❹ بگڑنا ❺ بیزار ہونا ❻ رنجیدہ ہونا ❼ ترشروئی سے پیش آنا۔

ناک بیٹھنا / پچکنا (ہ) فعل۔ کسی چوٹ کے صدمے یا مرض سے ناک کا چپٹا ہو جانا۔

ناک بیندھنا (ہ) فعل ❶ ناک میں سوراخ کرنا ❷ ناک چھیدنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149007218

www.besturdubooks.net

**ناک پاک کرنا** (ہ) فعل ① ناک سنکنا ② ناک صاف کرنا۔

**ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا** (ہ) فعل ① زنانہ گفتگو کرنا ② عورتوں یا زنخوں کی طرح باتیں کرنا۔

**ناک پر دیا جلا کر آنا** (ہ) فعل ① خیر خواہ بننے کو آنا ② وقت گزر جانے کے قریب رسوخ جتانے کے لئے آنا۔

**ناک پر رکھ دینا** (ہ) فعل۔ کسی چیز کے دام یا قیمت فوراً ادا کر دینا۔

**ناک پر غصہ ہونا** (ا) فعل ① بات بات پر خفا ہونا ② زود رنج ہونا ③ بہت جلدی خفا ہونا۔

**ناک پر کی مکھی تک نہ اڑانا**۔ محاورہ ① بہت سست اور کاہل ہونا۔

**ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا** (ہ) فعل ① نہایت غیرت مند ہونا ② کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا ③ تنک مزاج ہونا۔

**ناک پکڑے دم نکلنا** (ہ) فعل ① نہایت لاغر اور کمزور ہونا ② بالکل بے جان ہونا۔

**ناک تو کٹی پر وہ بھی مر مٹے** (ہ) محاورہ۔ ہما تھوڑا سا نقصان ہو گیا مگر وہ بالکل ہی برباد ہو گئے یعنی ان کا نقصان زیادہ ہوا۔

**ناک چڑھانا / ناک سکیڑنا / ناک سکوڑنا** (ہ) فعل ① تیوری چڑھانا ② ناراض ہونا ③ بگڑنا ④ نفرت کرنا ⑤ گھن کرنا ⑥ حقیر جاننا ⑦ کراہت کرنا ⑧ ناپسند کرنا۔

**ناک چڑھی رہنا** (ہ) فعل ① تیوری چڑھی ہی رہنا ② بد مزاج بنا رہنا۔

**ناک چنے چبوانا** (ہ) فعل ① نہایت تکلیف دینا ② سخت عاجز اور تنگ کرنا ③ از حد دق کرنا۔

**ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا** (ہ) فعل ① نہایت ذلیل کرنا ② سخت سزا دینا ③ سخت رسوا کرنا۔

**ناک چوٹی کاٹنا** (ہ) فعل ① رسوا کرنا ② سخت بے غیرت کرنا ③ بہت خوار و ذلیل کرنا۔

**ناک چوٹی گرفتار ہونا / ناک چوٹی میں گرفتار ہونا** (ہ) فعل ① اپنی ہی آرائش سے فرصت نہ ملنا ② اپنے ہی بکھیڑوں میں گرفتار ہونا ③ مغرور اور غیرت مند ہونا ④ بے حد نازک مزاج اور دماغ دار ہونا۔

**ناک رکھ لینا** (ہ) فعل عزت رکھ لینا ① ساکھ رکھ لینا ② بات رکھ لینا ③ ④ آبرو بچا لینا۔

**ناک رکھنا** (ہ) فعل ① عزت رکھنا ② غیرت رکھنا ③ محافظ رکھنا ④ صاحب غیرت ہونا۔

**ناک رگڑنا** (ہ) فعل ① عاجزی کرنا ② منت کرنا ③ خوشامد درآمد۔

**ناک رگڑنے کا بچہ** (ا) اسم مذکر ① پھڑکے کی اولاد ② وہ بچہ جو بڑی منتوں اور دعاؤں کے بعد ہوا ہو۔

**ناک سنکنا** (ہ) فعل ① ناک میں سے سنک گرانا ② ناک صاف کرنا۔

**ناک سے لکیریں کھینچنا** (ا) محاورہ ① کسی بات سے توبہ کرنا ② اپنی غلطی مان کر آئندہ کے لیے توبہ کرنا۔

**ناک کا بال** (ہ) اسم مذکر ① بہت عزیز ② بہت قریبی ③ منہ چڑھا۔

**ناک کا بانسا** (ہ) اسم مذکر۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی یا دیوار۔

**ناک کا بانسا پھر جانا** (ا) محاورہ۔ دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی علامت ہے۔

**ناک کا تنکا** (ہ) اسم مذکر۔ وہ تنکا جو عورتیں ناک کے چھید میں ڈال لیتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو جائے۔

**ناک کاٹ کر چوتڑوں تلے رکھنا / رکھ لینا** (ہ) فعل۔ پرلے درجے کی بے شرمی اور بے حیائی اختیار کرنا۔

**ناک کاٹنا** (ہ) فعل ① بے عزت کرنا ② رسوا کرنا ③ ذلیل کرنا ④ بدنام کرنا۔

**ناک کاٹی مبارک کان کاٹی سلامت** (ا) مثل۔ سخت بے غیرت اور بے حیا آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جسے سزا کی کچھ بھی پرواہ نہ ہو۔

**ناک کان کاٹنا** (ہ) فعل ① نکٹا اور بوچا کرنا ② بے عزت کرنا ③ رسوا کرنا۔

**ناک کٹانا** (ہ) فعل ① بدنام ہونا ② رسوا ہونا۔

**ناک کٹنا** (ہ) فعل ① نکٹا ہونا ② بے عزتی ہونا ③ رسوائی ہونا ④ آبرو

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

جانا ⑤ ذلیل وخوار ہونا۔

**ناک کٹے** (ہ) محاورہ ① دعائے بد ② اس کی رسوائی ہو ③ عزت جائے۔

**ناک کٹی/ نک کٹی** (ہ) اسم مونث ① بے عزتی ② رسوائی ③ بدنامی ④ خواری ⑤ ذلت۔

**ناک کٹی پر ہاٹ نہ ہاٹے** (ہ) مثل ① بٹے خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے پر ضد نہ جائے ② جان جائے پر آن نہ جائے۔

**ناک کٹی ہونا/ نک کٹی ہونا** (ہ) فعل ① رسوائی ہونا ② بدنامی ہونا ③ ذلت ہونا۔

**ناک کی سیدھ/ ناک کی سیدھ میں** (ہ) تابع فعل ① بالکل سامنے ② ٹھیک سیدھ میں ③ سیدھے خط میں۔

**ناک گھسنا** (ہ) فعل ① عاجزی کرنا ② منت سماجت کرنا۔

**ناک لگا کر بیٹھنا** (ہ) فعل ① ذی عزت ہونا ② معزز بننا ③ عزت لے کر بیٹھنا۔

**ناک مارنا** (ہ) فعل ① ناپسند کرنا ② نظر حقارت سے دیکھنا ③ کراہت کرنا۔

**ناک میں بولنا** (ہ) فعل ① گنگنانا ② غنغنانا۔

**ناک میں تیر دینا/ کرنا** (ا) فعل ① نہایت دق کرنا ② سخت حیران کرنا ③ ناک چھیدنا ④ نہایت تنگ کرنا ⑤ ناک چنے چبوانا۔

**ناک میں دم آنا/ آجانا** (ا) فعل ① تنگ ہونا ② دق ہونا ③ عاجز ہونا ④ گھبرانا۔

**ناک میں دم ہونا** (ا) فعل ① تنگ ہونا ② بیزار ہونا ③ نہایت آزردہ اور خفا ہونا۔

**ناک نہ دی جانا** (ہ) فعل ① سخت بدبو کے باعث کسی جگہ ناک نہ دے سکنا ② کسی چیز کو بدبو کے باعث سونگھ نہ سکنا۔

**ناک نہ رہنا** (ہ) فعل ① عزت نہ رہنا ② آبرو نہ رہنا۔

**ناک والا** (ہ) اسم صفت فاعل مذکر ① ذی عزت والا ② غیرت والا۔

**ناک والی** (ہ) اسم صفت فاعل مونث ① عزت والی ② غیرت والی۔

**ناکوں ناک** (ا) صفت ① لبالب ② لبریز ③ پوری طرح بھرا ہوا۔

**ناکوں ناک بھر دینا** (ا) محاورہ ① لبالب بھر دینا ② پوری طرح لبریز کر دینا۔

**ناکا** (ہ) اسم مذکر ① سڑک کی اخیر ② راہ ③ مہرا ④ داخلہ ⑤ گزرگاہ ⑥ دروازہ ⑦ گلی کوچہ یا شہر کا دروازہ ⑧ انتہا ⑨ انجام۔

**ناکابندی** (ا) اسم مونث ① حد بندی ② راستہ بند کرنا۔

**ناکادار** (ا) اسم صفت فاعلی ① وہ سوئی جس میں ناکا ہو ② ضلعدار ③ علاقہ دار ④ محرر جو راستوں پر محصول لیتا ہے۔

**ناکح** (ع) اسم صفت فاعلی ① نکاح کرنے والا ② بیاہ کرنے والا (لغوی) چھید کرنے والا۔

**ناکڑا** (ہ) اسم مونث ① ناک سے اسم مکبر ہے ② بڑی ناک۔

**ناگ** (س) اسم مذکر ① کالا سانپ ② پھن والا سانپ ③ مار سیاہ۔



ناگ

**ناگ بیل** (ہ) اسم مونث۔ پان کی بیل (لوگوں کا خیال ہے کہ سانپ پان کی بیل کے نیچے رہتا ہے اس لیے یہ نام پڑ گیا۔)

**ناگ پھانس** (ہ) اسم مذکر ① پھندا ② کمند ③ پھانسی۔

**ناگ پھنی** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا تھوہڑ جس کے پتے سانپ کے پھن سے مشابہ ہوتے ہیں۔

**ناگ کھلانا** (ہ) فعل ① نہایت خطرناک کام اختیار کرنا ② نہایت بدمزاج حاکم کی نوکری کرنا ③ دھات پھونکنا ④ نہایت نازک یا مشکل کام کرنا۔

**ناگا** (ہ) اسم مذکر ① جوگی ② سنیاسی ③ فقیر جو ننگے رہتے ہیں ④ ایک وحشی قوم جو آسام کے جنوبی پہاڑوں میں رہتی اور ناگ کی پوجا کرتی ہے۔

**ناگر** (ہ) اسم مذکر ① شہر ② قصبہ ③ آبادی ④ کلاں ⑤ بزرگ ⑥ چالاک ⑦ ہوشیار ⑧ گجراتی برہمنوں کی ایک ذات ⑨ دیوار کی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314 0072218

ٹیڑھ جو زمین کی کمی بیشی کے سبب ہوتی ہے۔

**ناگربیل** (ہ) اسم مونث ① پان کا پودا ② پان کی بیل۔

**ناگرپان** (ہ) اسم مذکر ① پان کا پتہ ② عمدہ اور بڑا پان۔

**ناگرموتھا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔

**ناگری** (س) اسم مونث ① سنسکرت کے حروف تہجی ② ہندی بھاشا۔

**ناگل** (ہ) اسم مونث ① ہل ② قلبہ ③ بیل جوڑنے کی جوئے کی رسی۔

**ناگن/ ناگنی** (ہ) اسم مونث ① ناگ کی مادہ ② سانپنی ③ گردن کے بالوں کی بھونری جسے نہایت منحوس سمجھتے ہیں ④ تشبیہاً زلف سیاہ۔

**ناگور** (ہ) اسم مذکر۔ مارواڑ کے ایک شہر کا نام یہاں کے بیل ڈیل ڈول، قد و قامت اور شکل وصورت میں تمام ہندوستان کے بیلوں سے بہتر ہوتے ہیں۔

**ناگوری** (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ ناگور ② ناگور کا۔

**ناگوری گوند** (ا) اسم مذکر ① ایک قسم کا سفید اور صاف گوند ② کیکر کا گوند۔

**ناگیسر/ ناگیشر** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اس کا پودا ② موسیقی کی ایک آواز۔

**نال** (ہ) اسم مونث ① بندوق کی نالی ② گندم کے درخت کی ڈنڈی ③ گھانس وغیرہ کی ڈنڈی ④ جولاہوں کے کپڑا بننے کی نالی جس میں نلی رکھتے ہیں ⑤ بانس کا کھوکھلا نلوا (بحالت اسم مذکر) ناف ⑥ آنول نال وہ آنت جسے دائی بچے کی ناف میں سے کاٹتی ہے ⑦ نرسل ⑧ قلم کے اندر کا ریشہ جو اس کے تراشتے وقت اندر سے نکلا کرتا ہے ⑨ پہلوانوں کے اٹھانے کا پتھر یا لکڑی کا بنا ہوا گندا۔

**نال کاٹا ہے** (ہ) محاورہ ① تو ہی دائی ہے ② تو نے ہی جنایا ہے ③ طنزاً تو ہی میرا بڑا ہے۔

**نال کٹائی** (ہ) اسم مونث ① دائی کا حق ② نال کاٹنے کا نیگ ③ نال کاٹنے کی اجرت۔

**نال گڑنا** (ہ) فعل ① آنول نال دفن ہونا ② بچے کی ناف کاٹ کر دبائی جانی ③ جنم بھوم ہونا ④ کسی جگہ پر استحقاق ہونا ⑤ تعلق ہونا ⑥ دعوے ہونا۔

**نالا** (ہ) اسم مذکر ① رنگدار گنڈے دار سوت مولی ② ازار بند ③ برساتی ندی ④ چھوٹا دریا ⑤ کھالا۔

**نالاں** (ف) اسم صفت بصیغہ اسم حالیہ ① روتا ہوا ② واویلا کرنے والا ③ فریادی ④ تنگ ⑤ عاجزی ⑥ شاکی۔

**نالش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر ز نالیدن ① رونا ② گریہ زاری ③ فریاد ④ شکایت ⑤ دعوے ⑥ استغاثہ۔

**نالش داغنا/ کرنا** (ا) فعل ① دعوے کرنا ② عدالت میں عرضی کرنا ③ فریاد کرنا ④ شکایت کرنا ⑤ استغاثہ کرنا۔

**نالشا نالشی** (ا) اسم مونث ① باہمی تنازع کے باعث عدالت میں دوڑنا ② کچہری بازی۔

**نالشی** (ف) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① فریادی ② شکایت کرنے والا ③ دعویدار ④ مستغیث۔

**نالکی** (ہ) اسم مونث ① تام جھام ② ایک قسم کی کھلی سواری ③ امرا کے سوار ہونے کے لئے۔

**نالوٹ** (ہ) اسم مذکر ① انکاری ② منکر ③ مکر جانے والا۔

**نالوٹ ہوجانا** (ا) فعل ① مکر جانا ② نامقر ہوجانا ③ کسی چیز کو لے کر انکار کر جانا۔

**نالہ** (ف) اسم مذکر ① رونا پیٹنا ② آہ و بکا ③ گریہ زاری ④ واویلا ⑤ اودھم ⑥ ہائے ہو ⑦ شور وفغاں۔

**نالہ سر کرنا** (ا) فعل ① آہ سر کھینچنا ② آہ بھرنا ③ آہ کرنا ④ گریہ زاری کرنا۔

**نالی کھینچنا** (ا) فعل۔ دیکھو (نالہ کرنا)۔

**نالی** (ہ) اسم مونث ① موری ② بدررو ③ ڈنٹر پیلنے کا گڑھا ④ گھوڑے کی پیٹھ کا گڑھا۔

**نام** (س) اسم مذکر ① ظاہر ② پرگھٹ ③ روشن ④ اسم ⑤ ناؤ ⑥ خیال ⑦

Join us on whatsapp Naveed Baig 03400772188

سبھاؤ 8 غصہ 9 خشم۔

نام (ف) اسم مذکر 1 اسم 2 ناؤں 3 خطاب 4 لقب 5 کنیت 6 عرف 7 شہرت 8 ناموری 9 دھماک۔

نام آور (ف) صفت فاعلی 1 مشہور 2 نامی گرامی 3 نامور 4 مشہور ومعروف۔

نام آوری (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 شہرت 2 مشہوری۔

نام باقی رہنا (ف) فعل 1 قائم مقام رہنا 2 نسل اولاد باقی رہنا 3 نام ہی نام رہنا 4 نام کے سوا کچھ نہ رہنا۔

نام بتانا (ا) فعل 1 نام ظاہر کرنا 2 نام لینا 3 واقفیت جتانا۔

نام بدنام کرنا (ا) فعل 1 رسوا کرنا 2 عیب لگانا 3 الزام سر تھوپنا۔

نام بد ہونا (ا) فعل 1 رسوا ہونا 2 نام نکلنا 3 عیب لگنا 4 کلنک لگنا 5 برائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

نام بردہ (ف) اسم صفت مفعولی 1 وہ شخص جس کا نام اوپر لیا جا چکا ہو 2 مذکور 3 ذکر شدہ۔

نام بڑا اور درشن چھوٹے (ا) مثل 1 جتنا نام ہے اتنا کام نہیں 2 نام کے موافق حیثیت نہیں۔

نام بکنا (ا) فعل 1 نام سے کام بننا 2 نام کی چیز بکنا 3 نام کی قدر ہونا۔

نام بگاڑنا (ا) فعل 1 نام کو بٹا لگانا 2 نام بدنام کرنا 3 بری طرح نام لینا۔

نام بہ نام (ف) تابع فعل 1 اسم دار 2 نام دار 3 نام کی ترتیب سے 4 ایک ایک کو 5 ہر ایک کو 6 ہر ایک نام کے ساتھ۔

نام بھان متی جھگیں میں سر (ا) مثل۔ ظاہر میں شیخی کرنا اور حقیقت میں کچھ نہیں۔

نام پانا (ا) فعل 1 شہرت پانا 2 مشہور ہونا 3 ناموری حاصل کرنا۔

نام پر بیٹھنا (ا) فعل 1 نام کی وجہ سے مستقل رہنا 2 بھروسہ کرنا 3 توکل کرنا۔

نام پر جان دینا (ا) فعل 1 شہرت کے لئے مرمٹنا 2 اپنی شہرت کے لئے از حد کوشش کرنا 3 نام پر مرمٹنا۔

نام پر مٹنا (ا) فعل 1 کسی چیز کے نام پر عاشق ہونا 2 بے حد مائل ہونا۔

نام پڑ جانا (ا) فعل 1 لقب پڑ جانا 2 عرف ہو جانا 3 کسی نام سے مشہور ہو جانا۔

نام پکارنا (ا) فعل 1 نام سے بلانا 2 نام لے کر آواز دینا۔

نام پیدا کرنا (ا) فعل 1 شہرت حاصل کرنا 2 مشہور نام ہو جانا 3 ناموری حاصل کرنا۔

نام پیروں کا کھائیں مجاور (ا) مثل۔ دوسرے کے نام سے اپنا مطلب نکالنا۔

نام جپنا (ا) فعل 1 نام کی تسبیح کرنا 2 نام رٹنا 3 بار بار نام لینا۔

نام جو / نامجو (ف) اسم صفت فاعلی 1 نام کا خواہاں 2 شہرت کا طالب 3 ناموری چاہنے والا۔

نام جھنڈے پر چڑھانا (ا) محاورہ 1 بدنام کرنا 2 مشہور کرنا۔

نام چار کو (ا) تابع فعل 1 برائے نام 2 نام گنانے کو 3 ذرا سا۔

نام چڑھنا (ا) فعل 1 نام درج ہونا 2 دفتر میں نام لکھا جانا۔

نام چلنا (ا) فعل 1 نام قائم رہنا 2 نام کی یادگار باقی رہنا۔

نام خدا (ف۔ا) کلمہ دعائیہ 1 مجازاً ماشاء اللہ 2 چشم بدور 3 خدا بری نظر سے بچائے 4 کیا کہنے ہیں 5 کیا بات ہے 6 واہ وا 7 مرحبا 8 شاباش 9 سبحان اللہ۔

نام خراب کرنا (ا) فعل 1 بدنام کرنا 2 بدنام ہونا 3 رسوا ہونا 4 رسوا کرنا۔

نام دار (ف) اسم صفت فاعلی 1 نامی 2 مشہور 3 نامور۔

نام دھرتا (ا) اسم مذکر فاعل 1 نام رکھنے والا باپ 2 پدر 3 والد۔

نام دھرنا (ا) فعل 1 نام رکھنا 2 نام تجویز کرنا 3 نام مقرر کرنا 4 عیب لگانا 5 نقطہ چینی کرنا 6 برا کہنا 7 الزام رکھنا 8 مول مانگنا 9 قیمت مقرر کرنا۔

نام ڈبونا (ا) فعل 1 بدنام کرنا 2 رسوا کرنا 3 عزت کھونا۔

نام ڈوبنا (ا) فعل 1 بدنام ہونا 2 رسوا ہونا 3 رسوائی ہونا 4 عزت جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

نام رکھنا (ا) فعل۔ (دیکھو نام دھرنا)۔

نام روشن کرنا (ا) فعل ① نام اجالنا ② نیکنامی کے ساتھ مشہور کرنا ③ طنزاً بدنام کرنا ④ رسوا کرنا۔

نام رہ جانا/ رہنا (ا) فعل ① یادگار باقی رہ جانا ② نام باقی رہ جانا ③ نام و نشان باقی نہ رہنا۔

نام زد/ نامزد (ف) اسم صفت مفعولی ① موسوم ② معروف ③ نامی ④ مشہور۔

نامزد کرنا (ا) فعل ① کسی کے نام پر کرنا ② ڈیڈی کیٹ کرنا ③ معنون کرنا ④ نام رکھنا ⑤ مقرر کرنا ⑥ منسوب کرنا۔

نام زد ہونا (ا) فعل ① مشہور ہونا ② موسوم ہونا ③ منسوب ہونا۔

نام زندہ کرنا (ا) فعل ① نام یاد دلانا گمنامی سے نکالنا ② نام روشن کرنا۔

نام سننا (ا) فعل ① صرف نام سے واقف ہونا ② صرف نام کی جان پہچان ہونا ③ صورت آشنا نہ ہونا۔

نام سے (ا) تابع فعل ① نام لے کر ② نام کے ذریعہ سے ③ نام پر ④ نام کے طفیل ⑤ نام کی بدولت ⑥ نام لینے سے ⑦ نام کے ساتھ ⑧ حیلے سے ⑨ لقب سے۔

نام سے بیزار ہونا (ا) فعل ① سخت بیزار ہونا ② نام تک کا روادار نہ ہونا۔

نام سے دم نکلنا/ نام سے کانپنا (ا) فعل ① کسی سے بہت ہی ڈرنا ② بے حد خوف کھانا۔

نام سے نفرت ہونا (ا) فعل ① کمال نفرت ہونا ② نام سے ہی چڑ جانا۔

نام کر جانا (ہ) فعل ① شہرت حاصل کر جانا ② یادگار زمانہ ہو چکنا ③ یادگار چھوڑ جانا ④ شہر آفاق ہو جانا ⑤ مشہور ہو جانا۔

نام کرنا (ا) فعل ① دوسرے کے نام لگانا ② دوسرے پر تھوپنا ③ زمین جائداد وغیرہ کو دوسرے کے نام لگوا دینا ④ شہرت پانا ⑤ ناموری حاصل کرنا ⑥ نام ٹھہرانا ⑦ نام مقرر کرنا ⑧ نام رکھنا۔

نام کو (ا) تابع فعل ① برائے نام ② کہنے کو ③ نام نہاد ④ اپنی ذات کا ⑤ اپنی بات اور قول کا۔

نام کو دھبا لگانا (ا) فعل ① نام کو بٹہ لگانا ② نام بدنام کرنا ③ عیب لگانا۔

نام کو مرنا (ا) فعل ① عزت کی پاسداری کرنا ② نام کے لئے جان دینا ③ شہرت پر مٹنا۔

نام کو نہ چھوڑنا (ا) فعل ① بالکل نہ چھوڑنا ② ذرا باقی نہ رکھنا ③ خاتمہ کر دینا ④ ناپید کرنا۔

نام کو نہ رہنا (ا) فعل ① بالکل نہ رہنا ② ذرا نہ رہنا ③ بالکل معدوم ہو جانا۔

نام کو نہ ہونا (ا) فعل ① ذرا نہ ہونا ② بالکل بھی نہ ہونا۔

نام کو نہ ملنا (ا) فعل ① بالکل نہ پانا ② بالکل نہ ملنا ③ ہرگز دستیاب نہ ہونا۔

نام کو نہیں (ا) محاورہ ① بالکل نہیں ② مطلق نہیں ③ برائے نام بھی نہیں۔

نام کی بھول/ چوک (ا) اسم مونث ① نام کی غلطی ② نام کی سہو ③ سہو نام۔

نام لکھنا (ا) فعل ① نام تحریر کرنا ② نام چڑھانا ③ نام درج کرنا۔

نام لگانا (ا) فعل ① تہمت دھرنا ② الزام لگانا ③ قصور ذمہ ڈالنا۔

نام لگنا (ا) فعل ① الزام لگنا ② تہمت لگنا۔

نام لے کر (ا) تابع فعل ① نام کی بدولت ② نام سے ③ کسی بزرگ کے طفیل۔

نام لینا (ا) فعل ① نام رٹنا ② نام جپنا ③ نام کی تسبیح کرنا ④ نام زبان پر لانا ⑤ نام پکارنا ⑥ الزام دینا ⑦ تہمت لگانا ⑧ ذکر کرنا۔

نام لیوا (ا) اسم صفت فاعلی ① نام لینے والا ② نام یاد کرنے والا ③ مجازاً بیٹا ④ اولاد ⑤ یادگار ⑥ وارث۔

نام لیوا رہا نہ پانی دیوا (ا) مثل ① سب تباہ و برباد ہو گئے کوئی باقی نہیں رہا ② سب مر گئے۔

نام مٹنا (ا) فعل ① نام نہ رہنا ② نام کا نیست و نابود ہو جانا ③ ناپید ہو جانا ④ گمنام ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**نام میرا گائے تیرا** (ا) مثل ❶ کوئی کمائے کوئی اڑائے ❷ آپ مال مار لینا دوسرے کو دھوکے میں رکھنا۔

**نام نکالنا** (ا) فعل ❶ شہرت دینا ❷ مشہور کرنا ❸ بدنام کرنا ❹ رسوا کرنا ❺ برائی کے ساتھ مشہور کرنا ❻ کسی عمل سے چور کا نام معلوم کرنا ❼ کسی مقدس کتاب سے بچے کا نام تجویز کرنا۔

**نام نکل جانا** (ا) فعل ❶ برائی یا بھلائی مشہور ہو جانا ❷ بدنام ہو جانا ❸ نام پڑ جانا ❹ عرف ہو جانا۔

**نام نکلنا** (ا) فعل ❶ شہرت پانا ❷ مشہور ہونا ❸ لقب پانا ❹ رسوا ہونا ❺ بدنام ہونا ❻ عمل یا منتر سے چور کا نام معلوم ہو جانا ❼ برائی یا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

**نام نمود** (ا) اسم مؤنث ❶ ظاہری ٹھاٹ باٹھ یا ٹیپ ٹاپ ❷ عزت و نمائش۔

**نام نہاد** (ف) اسم صفت ❶ نامزد ❷ موسوم ❸ کہنے کو برائے نام۔

**نام نہ لینا** (ا) فعل ❶ نام زبان پر نہ لانا ❷ نہایت بیزار ہونا۔

**نام نہیں** (ا) محاورہ ❶ بے نشان ہے ❷ ٹھکانا نہیں ❸ پتہ نہیں ❹ لامکان ہے۔

**نام ور/ نامور** (ف) اسم صفت ❶ نامی ❷ مشہور ❸ معروف ❹ نامزد۔

**نام وری/ ناموری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نیک نامی ❷ شہرت۔

**نام وہ ہے جو خدا کہلوائے** (ا) محاورہ۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے کچھ نہیں ہوتا شہرت وہ ہے جو خدا کی طرف سے نصیب ہو۔

**نام و نشان باقی نہ رہنا** (ا) فعل ❶ گم ہو جانا ❷ نیست و نابود ہو جانا ❸ کوئی نہ رہنا۔

**نام ہو جانا** (ا) فعل ❶ شہرت ہو جانا ❷ ناموری ہو جانا ❸ واہ واہ ہو جانا ❹ نام لگ جانا ❺ الزام لگ جانا ❻ نام پر لکھا جانا۔

**نام ہونا** (ا) فعل ❶ شہرہ ہونا ❷ شہرت ہونا ❸ ناموری ہونا ❹ واہ واہ ہونا ❺ قرار پانا ❻ ٹھہرنا ❼ مانا جانا ❽ تہمت لگنا ❾ الزام لگنا۔

**ناموس** (ع) اسم مونث ❶ عزت ❷ حرمت ❸ عصمت ❹ نیکنامی ❺ فرشتہ ❻ ملائکہ ❼ احکام الٰہی ❽ جبرئیل علیہ السلام کا لقب ❾ رازدار۔

**ناموس اکبر** (ع) اسم صفت ❶ سب سے بڑا قاعدہ اور دستور ❷ مجازاً شریعت ❸ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب۔

**ناموسی** (ا) اسم مونث ❶ بے عزتی ❷ ذلت ❸ رسوائی ❹ خواری ❺ شرم ❻ لاج ❼ لحاظ۔

**نامہ** (ف) اسم مذکر ❶ چٹھی ❷ خط ❸ نوشتہ ❹ تحریر ❺ رسالہ ❻ شاستر ❼ کتاب۔

**نامہ پرچا** (ف) اسم مذکر ❶ رجسٹر ❷ قرضہ ❸ نام لکھی ❹ ناتواں۔

**نامہ بر** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ قاصد ❷ ہرکارہ ❸ پیک ❹ ڈاکیہ ❺ چٹھی رساں ❻ پیام بر۔

**نامہ نگار** (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ❶ خبر لکھنے والا ❷ پرچہ نویس ❸ کارسپانڈنٹ۔

**نامہ و پیام/ پیغام** (ف) اسم مذکر ترکیبی ❶ خط و کتاب ❷ پیغام سلام ❸ کارسپانڈنس۔

**نامی** (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت ❶ نامور ❷ مشہور ❸ معروف ❹ موسوم ❺ نام والا ❻ (عربی لفظ) اسم فاعل از نمو ❼ بڑھنے والا ❽ نمو کرنے والا۔

**نامی چور** (ا) اسم مذکر ❶ بڑا مشہور چور ❷ بڑا بھاری چور۔

**نامی گرامی/ نامی نامزد** (ف) اسم صفت ❶ سب کا جانا بوجھا ❷ نہایت مشہور و معروف۔

**نامیہ** (ف) اسم مونث ❶ نمو کرنے والی طاقت ❷ بڑھنے والی طاقت ❸ اشیا کو بڑھانے والی طاقت۔

**نان** (ف) اسم مونث ❶ روٹی ❷ چپاتی ❸ پھلکا ❹ بڑی اور موٹی تنور کی روٹی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**نان بائی** (ف) اسم مذکر ❶ تنور میں روٹی پکانے والا ❷ روٹی فروخت کرنے والا ❸ بھٹیارا۔

**نان پاؤ** (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کی خمیری روٹی۔

**نان جویں** (ف) اسم مونث ❶ غریبانہ روٹی ❷ روکھی سوکھی روٹی ❸ جو کی روٹی ❹ دال دلیا۔

**نان خطائی** (ف) اسم مونث۔ ایک خاص قسم کی مٹھائی جو کھانڈ میدے اور گھی سے بنائی جاتی ہے۔

**نان ونفقہ** (فع) اسم مذکر ❶ روٹی اور گھر بار کا خرچ ❷ بال بیوی کو روٹی کپڑا وغیرہ دینا۔

**نانا** (ا) اسم مذکر۔ ماں کا باپ۔

**نانا** (س) اسم صفت ❶ طرح طرح کا ❷ انواع نو۔

**نانٹھ** (ہ) اسم مذکر ❶ لاوارث مال ❷ وہ جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

**نانده** (ہ) اسم مونث ❶ بڑا کونڈا ❷ تغار ❸ سفالین۔

**ناندھنا** (ہ) فعل ❶ چھیڑنا ❷ شروع کرنا ❸ آغاز کرنا ❹ بیان کرنا ❺ کوئی کام شروع کرنا ❻ اختیار کرنا۔

**نانس** (ہ) اسم مونث ❶ ساس کی ماں ❷ ننیا ساس۔

**نانسرا** (ہ) اسم مذکر ❶ ننیا خسر ❷ ساس کا باپ۔

**نانیہال/ننیال** (ا) اسم مذکر ❶ نانا کا گھر ❷ نانا کا کنبہ ❸ نانا کا گھرانا اور خاندان۔

**نانی** (ہ) اسم مونث ❶ نانا کی بیوی ❷ ماں کی ماں۔

**نانی کے آگے ننھیال کی باتیں** (ہ) مثل ❶ کسی عزیز کی شکایت اسی کے روبرو ❷ ایک عزیز کی شکایت دوسرے کے سامنے۔

**نانی کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلاوے** (ہ) مثل۔ خرچ کوئی کرے نام کسی کا ہو۔

**نانی نے خصم کیا نواسا چٹی بھر/ نانی خصم کرے نواسا چٹی بھرے** (ا) مثل ❶ قصور کوئی کرے ذمہ کسی کے لگے ❷ کرے کوئی خمیازہ بھرے کوئی ❸ کسی کا قصور کسی کے ذمہ۔

**نانی یاد آجانا** (ا) فعل ❶ مصیبت میں پھنس کر قدر عافیت معلوم ہونا ❷ محنت سے گھبرا جانا اور آرام کا زمانہ یاد آنا ❸ مصیبت سے تنگ ہو جانا۔

**ناول** (ای) اسم مذکر۔ ایک مسلسل طویل قصہ یا کہانی جس میں بہت سے افراد کی کردار نگاری کی گئی ہو۔

**ناولسٹ** (ای) اسم مذکر ❶ ناول نگار ❷ ناول لکھنے والا۔

**ناولیٹ** (ای) اسم مذکر ❶ طویل افسانہ ❷ چھوٹا سا ناول۔

**نائٹ** (ای) اسم مذکر ❶ فوجی مصاحب ❷ مرد میدان ❸ جری ❹ منچلا ❺ ایک انگریزی خطاب سردار۔

**نایٹ** (ای) اسم صفت ❶ رات ❷ شب ❸ رات کا ❹ شبینہ۔

**نائٹ کلب** (ای) اسم مذکر ❶ شبینہ کلب ❷ رات کی تفریح گاہ۔

**نائٹرک ایسڈ** (ای) اسم مذکر۔ شورے کا تیزاب۔

**نائٹروجن** (ای) اسم مذکر۔ ایک گیس جو بے رنگ، بے بو اور بے ذائقہ ہوتی ہے۔

**نائٹریٹ** (ای) اسم مذکر ❶ نائٹریک ایسڈ اور الکحل کا مرکب ❷ سوڈا ❸ پوٹاشیم۔

**نائلون** (ای) اسم مذکر۔ ایک جدید کیمیائی مواد جس سے کپڑا اور دوسری چیزیں تیار ہوتی ہیں۔

**ناؤ** (ہ) اسم مذکر بواؤ معروف ❶ حجام ❷ نائی ❸ استاد۔

**ناؤ** (ف) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ کشتی ❷ دریا سے پار لے جانے کی سواری ❸ سفینہ۔



ناؤ

**ناؤ خشکی میں نہیں چلتی** (ا) محاورہ ❶ لئے دیئے بغیر کام نہیں چلتا ❷ سخاوت کے بغیر کوئی امیر ناموری حاصل نہیں کر سکتا۔

**ناؤ کھینا** (ا) فعل۔ کشتی چلانا۔

**ناؤ میں خاک اڑانا** (ا) فعل ❶ سفید جھوٹ بولنا ❷ بالکل جھوٹا الزام لگانا ❸ ناحق تہمت دھرنا۔

**ناورد** (ف) اسم مونث ❶ لڑائی جنگ وجدل

**ناوک** (ف) اسم مذکر ❶ تیر ❷ زبان ❸ خدنگ۔

**ناوکی** (ہ) اسم مذکر ❶ ملاح ❷ مانجھی ❸ کشتی بان۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**ناؤ نوش** (ف) اسم مذکر ① لغوی گانا سننا اور شراب پینا ② مجازاً عیش و عشرت ③ راگ رنگ ④ عیش ونشاط۔

**ناہار** (ف) اسم مذکر ① ناشتا ② نہار منہ کھانا۔

**ناہر** (ہ) اسم مذکر ① شیر سنگھ ② باگھ۔

**ناہر سانس** (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ہے جس کے سبب سے سواری کے وقت اس کے منہ سے غرغراہٹ کی آواز نکلتی ہے اور دم پھول جاتا ہے۔

**ناہرو** (ہ) اسم مونث ① سوت جیسا باریک کیڑا جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے ② نہروا۔

**ناہید** (ف) اسم مذکر ① زہرہ ستارہ ② حسن ومحبت کی دیوی۔

**ناہیں** (ہ) کلمہ نفی۔ نہیں۔

**نائی** (ہ) اسم مذکر ① حجام ② استاد ③ موتراش۔

**نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر** (ہ) مثل ① اپنی قوم میں ہر کوئی ذی عزت ہوتا ہے ② ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں سب لوگ امتیازی ہوں اور کاروبار کرنے والا کوئی نہ ہو۔

**نایاب** (ف) اسم مذکر ① کمیاب ② نادرالوجود ③ معدوم ④ عمدہ ⑤ مختصر ⑥ قابل تعریف۔

**نائب** (ع) اسم مذکر ① قائم مقام ② اسسٹنٹ ③ معاون ④ مددگار ⑤ منیم ⑥ ماتحت ⑦ مختار ⑧ سفیر ⑨ ڈپٹی۔

**نائرہ** (ع) اسم مذکر ① لاٹ ② لو ③ لپٹ ④ آگ کا شعلہ۔

**نائزہ** (ع) اسم مذکر ① پیشاب آنے والی نالی ② مجازاً عضو تناسل۔

**نائک** (ہ) اسم مذکر ① سردار قافلہ ② قافلہ سالار ③ سردار ④ مربی ⑤ سرتاج ⑥ فن موسیقی کا ماہر کامل ⑦ بہت بڑا گویا ⑧ ایک فوجی عہدے کا نام۔

**نائیکا** (س) اسم مونث ① نائک کی استری ② رنڈیوں کے گھر کی مالک۔

**نائن** (ہ) اسم مونث ① نائی کی بیوی ② نائی قوم کی عورت۔

## ن ← ب

**نب** (ای) اسم مذکر ① زبان قلم ② انگریزی قلم کی چونچ ③ ڈنک ④ فولادی قلم۔

**نبات** (ع) اسم مونث ① سبزی ② بوٹی ③ ترکاری ④ روئیدگی ⑤ سبزہ ⑥ مصری ⑦ قند۔

**نباتات** (ع) اسم مونث ① نبات کی جمع ② پودے ③ سبزی ④ ترکاریاں۔

**نباض** (ع) اسم مذکر ① نبض دیکھنے والا ② حکیم۔

**نباضی** (ع) اسم مونث۔ نبض شناسی۔

**نباہ** (ہ) اسم مذکر ① تکمیل ② کسی کام کو اس کی حد تک پہنچانا ③ انجام ④ گزارا ⑤ وفاداری۔

**نباہ دینا** (ہ) فعل ① گزار دینا ② کسی کے ساتھ اخیر دم تک بسر کر دینا ③ انجام تک پہنچا دینا۔

**نباہ کرنا** (ہ) فعل ① کسی کے ساتھ بسر کرنا ② وفاداری کرنا ③ گزارا کرنا ④ گزار دینا۔

**نباہنا** (ہ) فعل ① گزارنا ② کسی کے ساتھ بسر کرنا۔

**نباہو** (ہ) اسم مذکر فاعل بواو فاعلیت ① نباہ دینے والا ② بسر کر دینے والا ③ وفادار ④ مخلص ⑤ اخیر تک گزار دینے والا۔

**نبٹانا** (ہ) فعل ① بھگتانا ② چکانا ③ ادا کر دینا ④ بیباق کر دینا ⑤ نمٹانا۔

**نبٹاؤ** (ہ) اسم مذکر بواو مجہول ① نمٹاؤ ② فیصلہ ③ تصفیہ ④ انفصال ⑤ بے باقی۔

**نبٹنا/نبٹ جانا** (ہ) فعل ① بیباق ہونا ② نمٹنا ③ چھٹکارا پانا ④ فرصت پانا ⑤ فارغ ہونا ⑥ پورا ہونا ⑦ ختم ہونا ⑧ جھگڑا طے ہو جانا ⑨ فیصلہ ہو جانا۔

**نبٹاؤ** (ہ) اسم مذکر ① فیصلہ ② تصفیہ۔

**نبرد** (ف) اسم مونث ① لڑائی ② جنگ ③ جدھ۔

**نبرد آزما** (ف) اسم صفت ① جنگ آزمودہ ② جنگی لڑائیوں میں رہا ہوا ③ دلاور ④ بہادر ⑤ شجاع۔

**نبرد گاہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① میدان جنگ ② لڑائی کا کھیت ③ لڑائی کی جگہ۔

**نبڑ جانا** (ہ) فعل ① خرچ ہو جانا ② ختم ہو جانا ③ تمام ہو جانا ④ نمٹ جانا ⑤ باقی نہ رہنا ⑥ انجام کو پہنچ جانا۔

نبڑنا (ہ) فعل ❶ خرچ ہونا ❷ تمام ہونا ❸ باقی نہ رہنا ❹ نمٹنا۔
نبض (ع) اسم مونث ❶ ناڑی ❷ ہاتھ کی وہ رگ جو حرکت کرتی ہے اور زندگی کی علامت سمجھی جاتی ہے ❸ شریان۔
نبض دیکھنا (ا) فعل ❶ نبض پر ہاتھ کی انگلیاں رکھ کر اس کی رفتار معلوم کرنا ❷ ناڑی دیکھنا ❸ خبر لینا۔
نبض/نبضیں چھوٹنا (ا) فعل ❶ ناڑیوں کی حرکت بند ہو جانا ❷ قریب مرگ ہونا ❸ نزع کی حالت ہونا ❹ مردہ سا ہو جانا ❺ خبر نہ رہنا ❻ دم خشک ہو جانا ❼ گھبرا جانا ❽ حواس باختہ ہو جانا۔
نبل (ہ) اسم صفت (ن نفی اور بل بمعنی زور) ❶ کم طاقت ❷ بے زور ❸ ماڑا ❹ ناقص ❺ خراب بیکس ❻ بے یار و مددگار ❼ نربل۔
نبوت (ع) اسم مونث ❶ خبر رسانی ❷ پیغمبری ❸ رسالت ❹ احکام الٰہی کا بندوں تک پہنچانا۔
نبوی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ نبی ❷ نبی سے نسبت رکھنے والا۔
نبھ (س) اسم مذکر ❶ آکاش ❷ آسمان ❸ گگن ❹ بادل ❺ گرہ ہوائی ❻ ساون کا مہینہ ❼ برسات کا مہینہ۔
نبھاگا (ہ) اسم صفت مذکر ❶ بدنصیب ❷ کمبخت۔
نبھانا (ہ) فعل ❶ نباہنا ❷ باہم بسر کرنا ❸ ایک دوسرے کے ساتھ باہم گزارا کرنا۔
نبھاؤ (ہ) اسم مذکر ❶ گزارا ❷ وفاداری ❸ استقلال ❹ ثابت قدمی۔
نبھرما (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ جس کا بھرم نہ ہو ❷ غیر معتبر ❸ بے اعتبارا۔
نبھنا (ہ) فعل ❶ باہم گزرنا ❷ بسر ہونا ❸ انجام کو پہنچنا ❹ اخیر تک رہنا۔
نبی (ع) اسم مذکر ❶ خبر پہنچانے والا ❷ رسول ❸ پیغمبر۔
نبی مرسل (ع) اسم مذکر ❶ صاحب کتاب ❷ نبی ❸ وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔
نبیرہ (ف) اسم مذکر ❶ پوتا ❷ بیٹے کا بیٹا ❸ نواسا ❹ بیٹی کا بیٹا۔

نبیڑ لینا (ہ) فعل ❶ پورا کر لینا ❷ گزار لینا ❸ بسر کر لینا ❹ تمام کر لینا ❺ ختم کر لینا۔
نبیڑنا (ہ) فعل ❶ تمام کرنا ❷ پورا کرنا ❸ نمٹانا ❹ بسر کرنا ❺ گزارنا۔
نبیڑو (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ پورا کرنے والا ❷ نمٹانے والا۔

## ن ← پ

نپا تلا (ہ) صفت ❶ مقررہ ❷ محدود۔
نپا شور باگنی بوٹیاں (ا) مثل۔ مفلسی کی حالت کو ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔
نپٹانا (ہ) مصدر ❶ نبٹانا ❷ فیصلہ کرنا۔
نپٹنا (ہ) مصدر ❶ نبٹنا ❷ ختم ہونا ❸ لڑائی کرنا ❹ مکمل ہونا ❺ فیصلہ کرنا۔
نپل (ای) اسم مذکر ❶ بھٹنی ❷ گھنڈی ❸ چونسی۔
نپنا (ہ) مصدر ❶ پیمائش ہونا ❷ ناپا جانا۔
نپوتا (ہ) صفت ❶ بے اولاد ❷ نالائق۔
نپی تلی (ہ) صفت ❶ مقرر ❷ محدود۔
نپایا نپا ہونا (ہ) اسم صفت۔ اندازا کیا ہوا۔

## ن ← ت

نتھنی اتارنا (ہ) فعل ❶ چیرا اتارنا ❷ کسی کا ازالہ کرنا۔
نتھنی پھلانا (ہ) فعل ❶ ناک پھلانا ❷ ناک چڑھانا ❸ تیوری چڑھانا ❹ ناراض ہونا ❺ سخت محنت کے بعد ناک سے لمبے لمبے سانس لینا۔
نتھنے چڑھانا (ا) فعل ❶ ناک چڑھانا ❷ تیوری چڑھانا۔
نتھی (ہ) اسم صفت ❶ کاغذ ٹانکنے کی ڈور ❷ وہ ڈور جو کئی کاغذوں کے سرے میں ڈالا جائے۔
نتھی شدہ (ا) اسم صفت ❶ ساتھ ٹنکا ہوا ❷ شامل ❸ منسلکہ۔
نتھی کرنا (ا) فعل ❶ کاغذ میں ڈورا ڈال کر اس کے ساتھ دوسرا کاغذ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

شامل کرنا❷ منسلک کرنا۔

نتیجہ(ع)اسم مذکر❶ غرض❷ مطلب❸ اخیر❹ انجام حاصل❺ انتہا❻ خاتمہ❼ پھل❽ ثمرہ۔

## ن ← ٹ

نٹ(ہ)اسم مذکر❶ قلاباز❷ بازیگر❸ شعبدہ باز❹ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر اور رسی اور بانس وغیرہ پر چڑھ کر تماشا دکھلاتے ہیں❺ ایک قوم کا نام❻ ایک راگنی کا نام۔

نٹ کھٹ(ہ)اسم صفت❶ نکھٹو جو کماؤ نہ ہو❷ مکار❸ دغاباز❹ عیار❺ چالاک❻ لڑاکا❼ شریر❽ بے باک❾ گستاخ۔

نٹ کھٹی(ہ)اسم مونث❶ شوخی❷ عیار❸ دغابازی❹ چالاکی❺ فریب❻ شرارت❼ پاکھنڈ❽ گستاخی۔

نٹنا(ہ)فعل❶ ٹاٹنا کا مخفف ہے❷ انکار کرنا❸ منکر ہونا❹ مکر جانا۔

نٹنی(ہ)اسم مونث❶ نٹ کی بیوی❷ نٹ قوم کی عورت۔

نٹھر(ہ)اسم صفت❶ سخت❷ کٹھور❸ سنگدل❹ اکھڑ❺ بے رحم۔

نٹھلا(ہ)اسم صفت❶ خالی❷ بیکار❸ بے شغل۔

نٹیا(ہ)اسم مذکر❶ چھوٹے قد کا بیل❷ چھوٹی نسل کا بیل۔

## ن ← ث

نثار(ع)اسم مذکر❶ نچھاور❷ بکھیر❸ صدقے کے طور پر کسی کے سر پر سے بکھیری ہوئی چیز۔

نثار(ع)اسم مذکر❶ نچھاور کرنا❷ صدقے❸ قربان❹ تصدق❺ واری۔

نثار کرنا(ا)فعل❶ بکھیرنا❷ وارنا❸ صدقے کرنا❹ قربان کرنا❺ نچھاور کرنا۔

نثار ہونا(ا)فعل❶ عاشق ہونا❷ فریفتہ ہونا❸ قربان ہونا❹ صدقے ہونا۔

نثار(ع)اسم مذکر❶ نثر نگار❷ نثر لکھنے والا❸ مصنف۔

نثر(ع)اسم صفت❶ پراگندہ❷ تتر بتر❸ (بحالت مونث) وہ عبارت جو منظوم نہ ہو۔

## ن ← ج

نج(ہ)اسم صفت❶ اپنا❷ ذاتی❸ گھر کا❹ خانگی❺ پرائیوٹ❻ سکونتی مکان❼ ایک حرف نفی بھی ہے۔

نج کا مال(ا)اسم مذکر❶ اپنا مال❷ ذاتی مال۔

نج کا نوکر(ا)اسم مذکر❶ خاص ملازم❷ گھر کا نوکر۔

نجابت(ع)اسم مونث❶ بزرگی❷ بزرگواری شرافت❸ اصالت۔

نجات(ع)اسم مونث❶ رہائی❷ چھٹکارا❸ خلاصی❹ مخلص❺ عفو گناہ❻ معافی۔

نجار(ع)اسم مذکر❶ بڑھئی❷ ترکھان۔

نجاری(ہ)اسم مونث بیائے مصدری❶ بڑھئی کا کام❷ نجار کا پیشہ۔

نجاست(ع)اسم مونث❶ ناپاکی❷ پلیدگی❸ گندگی❹ غلاظت❺ آلودگی❻ میلاپن❼ بول و براز۔

نجانے(ہ)محاورہ❶ معلوم نہیں❷ مجھے معلوم نہیں❸ میں نہیں جانتا❹ خدا جانے کسے خبر ہے❺ شاید۔

نجباء(ع)اسم مذکر❶ نجیب کی جمع❷ برگزیدہ لوگ❸ شریف لوگ۔

نجد(ع)اسم مذکر❶ اونچی زمین❷ عرب کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں سے وہابیہ فرقہ کی ابتدا ہوئی۔

نجس(ع)اسم صفت❶ ناپاک❷ گندہ۔

نجس العین(ع)اسم صفت❶ بالکل ناپاک❷ جسماً ناپاک❸ جو کبھی پاک نہ ہو سکے❹ کتا❺ شراب۔

نجف(ع)اسم مذکر❶ وہ اونچا ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے❷ عراق کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار مبارک ہے❸ نجف اشرف۔

نجم(ع)اسم مذکر❶ ستارا❷ تارا❸ سیارہ۔

نجم الثاقب(ع)اسم مذکر❶ روشن ستارا❷ چمکتا ہوا تارا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249007218

www.besturdubooks.net

**نجوم** (ع) اسم مذکر ① نجم کی جمع ② ستارے ③ تارے ④ سیارے ⑤ جوتش۔

**نجومی** (ع) اسم مذکر بیائے فاعلیت ① علم جوتش جاننے والا ② جوتشی ③ نجوم کا علم جاننے والا ④ اختر شناس ⑤ ستاروں کے تاثیر و رفتار کے علم کو جاننے والا۔

**نجیب** (ع) اسم مذکر صفت ① شریف ② برگزیدہ ③ بھلامانس ④ اشراف ⑤ ہندی سپاہی ⑥ دربان ⑦ چوکی پہرہ دینے والا سپاہی۔

**نجیب الطرفین** (ع) اسم صفت ① وہ شخص جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے اصل نسلی شریف ہو ② کھر نسل کا ③ صحیح النسب۔

## ن ← چ

**نچا مارنا** (ہ) فعل ① ستا مارنا ② تنگ کر ڈالنا ③ دق کر دینا۔

**نچانا** (ہ) فعل ① ناچ کرانا ② رقص کرانا ③ ستانا ④ ناک میں دم کرنا ⑤ دق کرنا۔

**نچڑنا** (ہ) فعل ① ٹپکنا ② دبنے یا بھینچنے سے عرق نکلنا ③ لاغر ہونا ④ دبلا ہونا۔

**نچلا** (ہ) اسم صفت ① چپ چاپ ② خاموش ③ ساکت ④ بے حرکت ⑤ جو چلے نہ حرکت کرے ⑥ ساکن ⑦ برقرار ⑧ شائستہ ⑨ نیچے درجے کا۔

**نچلا بیٹھنا/ رہنا** (ہ) فعل ① چپکا بیٹھنا ② خاموش بیٹھنا ③ چپ چاپ بیٹھنا۔

**نچنا** (ہ) فعل ① نوچا جانا ② کھسوٹا جانا۔

**نچنت** (ہ) اسم صفت ① فارغ ② بے فکر ③ بے پروا ④ بے کھٹکے ⑤ مطمئن۔

**نچنت ہونا** (ہ) فعل۔ بے فکر اور مطمئن ہونا۔

**نچنیا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① ناچنے والا لڑکا ② بھگتیا ③ بھانڈ ④ زنخہ۔

**نچوڑ** (ہ) اسم مذکر ① حاصل مصدر نچوڑنا سے ② رس ③ افشردہ ④ مجازاً ⑤ خلاصہ ⑥ حاصل ⑦ لب لباب ⑧ ست ⑨ عطر۔

**نچوڑ لینا** (ہ) فعل ① دبا کر عرق نکال لینا ② سونت لینا ③ روز نکال لینا ④ مفلس بنا دینا ⑤ چوس لینا ⑥ پی لینا ⑦ عطرے لینا ⑧ خلاصہ کر لینا ⑨ جوہر نکال لینا۔

**نچھاور** (ہ) اسم مذکر ① نثار ② اتارا ③ بکھیرا ④ وہ جنس یا نقدی جو کسی کے اوپر سے بطور صدقہ بکھیری جائے۔

**نچھاور کرنا** (ہ) فعل ① تصدق کرنا ② نثار کرنا ③ بکھیرنا ④ وارنا۔

## ن ← ح

**نحاس** (ع) اسم مذکر ① تانبا ② مس۔

**نحافت** (ع) اسم مونث ① لاغری ② دبلا پن ③ ناتوانی۔

**نحس** (ع) اسم صفت ① بھونڈا ② نامبارک ③ چندرا ④ منحوس ⑤ بدشگون۔

**نحل** (ع) اسم مونث ① شہد کی مکھی ② مہال کی مکھی۔

**نحو** (ع) اسم مونث ① راہ ② طرز ③ ڈھنگ ④ طریق ⑤ طور ⑥ وہ علم جس سے اجزائے کلام کو صحیح جوڑنا اور کھولنا اور ان کا باہمی تعلق اور لگاؤ معلوم ہو۔

**نحوست** (ع) اسم مذکر ① نامبارکی ② بدنصیبی ③ بدشگونی۔

**نحیف** اسم صفت ① دبلا ② لاغر ③ ناتواں ④ کمزور ⑤ نازک۔

## ن ← خ

**نخ** (ف) اسم مونث ① کچا ریشم ② ریشم کا تار یا سوت ③ پتنگ کی ڈور۔

**نخاس** (ع) اسم مذکر ① چوپایوں یا غلاموں کی منڈی ② وہ بازار جہاں حیوان یا انسان فروخت ہوتے ہیں۔

**نخاس پر بھیجنا** (ا) فعل ① بازار دکھانا ② بازار میں بیچنے کے لئے بھیجنا ③ بکری کے لئے بھیجنا۔

**نخاس چڑھنا** (ا) فعل ① بازار میں بکنے یا مشہور ہونے کو جانا ② رسوائے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

عام ہونا۔

**نخاس والی** (ا)اسم مونث ❶ بازاری عورت ❷ بیسوا ❸ کنچنی ❹ رنڈی ❺ نٹنی ❻ طوائف۔

**نخالص** (ا)اسم صفت ❶ جو خالص نہ ہو ❷ ملاٹ کا ❸ کھوٹا ❹ خالص ❺ کھرا ❻ نرمل ❼ بے ملاوٹ۔

**نخچیر** (ف)اسم مذکر ❶ جنگلی جانور ❷ وحشی جانور ❸ شکار ❹ شکار کیا ہوا جانور۔

**نخچیر گاہ** (ف)اسم مذکر ظرف ❶ شکار گاہ ❷ شکار کی جگہ ❸ رمنا ❹ عیدگاہ۔

**نخرا/نخرہ** (ف)اسم مذکر ❶ ناز ❷ خاص ❸ معشوقانہ حرکات وسکنات ❹ کرشمہ ❺ غمزہ ❻ ادائے خاص ❼ نکتوڑا۔

**نخرا باز/نخرے** (ا)اسم مذکر ❶ نخرے کرنے والا ❷ عشوہ گر ❸ غمزہ طراز۔

**نخرا بازی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ لاڈ ❷ چوچلا ❸ ناز معشوقانہ ❹ عشوہ سازی۔

**نخرا تلا** (ا)اسم مذکر ❶ لاڈ ❷ پیار ❸ چاؤ چوچلا ❹ ناز نخرہ ❺ ناز و کرشمہ ❻ غنج ودلال۔

**نخرا ڈھیلا کرنا** (ا)فعل ❶ سزا دینا ❷ لاڈ پیار کی قدر نہ کرنا ❸ غرور توڑ دینا ❹ تمکنت نہ رہنے دینا۔

**نخرا کرنا/ بگھارنا** (ا)فعل ❶ لاڈ پیار کرنا ❷ چوچلے دکھلانا ❸ اترانا ❹ مفت کا غمزہ کرنا۔

**نخرا نکالنا** (ا)فعل ❶ لاڈ نکالنا ❷ لاڈ میں آنا ❸ سر چڑھنا۔

**نخل** (ع)اسم مذکر ❶ کھجور کا درخت ❷ مجازاً ہر ایک درخت۔

**نخل بند** (عف)اسم صفت مذکر ❶ مالی ❷ باغبان ❸ درختوں کو پیوند لگانے والا ❹ موم کے درخت بنانے والا۔

**نخلستان** (ف)اسم مذکر ظرف ❶ کھجور کے درختوں کا جنگل ❷ چھوہارے کے درختوں کا جنگل ❸ وہ سرسبز خطہ زمین جو صحرا کے درمیان واقع ہو۔

**نخوت** (ع)اسم مونث ❶ غرور تکبر ❸ گھمنڈ ❹ گمان ❺ خود پسندی ❻ خود بینی۔

**نخود** (ف)اسم مذکر ❶ چنا ❷ چھولا۔

**نخود آب** (ف)اسم مذکر ❶ آب نخود ❷ ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے بنتا ہے۔

## ن ← د

**ند** (س)اسم مذکر ❶ ندی ❷ نالہ ❸ سمندر ❹ دریا۔

**ندا** (ع)اسم مذکر ❶ آواز ❷ صدا ❸ پکار ❹ بانگ بلانے اور پکارنے کا حرف۔

**ندارد** (ف)اسم صفت ❶ خالی ❷ کورا ❸ نہیں ❹ غیر موجود ❺ غیر حاضر۔

**نداف** (ع)اسم مذکر ❶ دھنیا ❷ روئی دھننے والا۔

**ندافی** (ع)اسم مونث بیائے مصدری ❶ روئی دھننے کا کام ❷ روئی دھننے کا پیشہ۔

**ندامت** (ع)اسم مونث ❶ شرمندگی ❷ شرم ❸ انفعال ❹ خجالت ❺ پشیمانی ❻ پچھتاوا ❼ تاسف ❽ سبکی۔

**ندرت** (ع)اسم مونث ❶ کمیابی ❷ کمی ❸ شاذ و نادر ہونا ❹ عمدگی ❺ تحفہ ہونا ❻ انوکھاپن ❼ یکتائی ❽ نادر پن۔

**ندما** (ع)اسم مذکر ❶ ندیم کی جمع ❷ مصاحب لوگ ❸ جلیس ❹ ہمنشین لوگ۔

**ندولا** (ہ)اسم مذکر ❶ ناند کی تصغیر ❷ چھوٹی ناند ❸ کونڈی ❹ مٹی کے ایک برتن کا نام ہے۔

**ندھ** (س)اسم مذکر ❶ خزانہ ❷ بھنڈار ❸ گودام ❹ ذخیرہ۔

**ندی** (ہ)اسم مونث ❶ نالا ❷ چھوٹا دریا۔

**ندی ناؤ سنجوگ/ندی ناوں سنجوگ** (ہ) محاورہ ❶ اتفاقی خوشی ❷ اتفاقیہ ملاقات ❸ تھوڑی سی ملاقات اور دم بھر کی صحبت بھی غنیمت ہے۔

**ندیدہ** (ف)اسم صفت ❶ نادیدہ کا مخفف ہے ❷ ان دیکھا ❸ بغیر دیکھا ہوا ❹ حریص ❺ لالچی ❻ طمعی ❼ لوبھی ❽ وہ شخص جس نے کوئی چیز

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149071218

نہ دیکھی ہو 9 تنگدل۔

ندیم (ع) اسم مذکر 1 ہم نشیں 2 مصاحب 3 جلیس 4 ساتھی۔

## ن ← ڈ

نڈر (ہ) اسم صفت 1 بے خوف 2 بے باک 3 دلیر 4 جری 5 بہادر۔

نڈر پن (ہ) اسم مونث 1 بے خوفی 2 بے باکی 3 دلیری 4 جرأت۔

نڈھال (ہ) اسم صفت 1 تھکا ماندہ 2 سست 3 کسل مند 4 ناتواں 5 مضمحل۔

## ن ← ذ

نذر (ہ) اسم مونث 1 منت 2 اقرار 3 عہد و پیمان 4 چڑھاوا 5 تحفہ 6 پیشکش 7 صدقہ 8 قربانی۔

نذر پکڑنا (ا) فعل۔ مدد دینا۔

نذر دکھانا/نذر دکھلانا (ا) فعل 1 کسی حاکم یا رئیس وغیرہ کے روبرو 2 ملاقات کے وقت کچھ نقدی وغیرہ پیش کرنا 3 نذر پیش کرنا۔

نذر دینا/گزارنا (ا) فعل 1 پیش کرنا 2 تحفہ دینا 3 رشوت دینا 4 پوجنا۔

نذر کرنا (ا) فعل 1 پیش کرنا 2 بھینٹ دینا 3 رشوت دینا 4 پوجنا 5 حوالہ کرنا 6 سپرد کرنا۔

نذر ماننا (ا) فعل 1 منت ماننا 2 کسی بات یا عہد کو اپنے اوپر واجب گرداننا۔

نذر و نیاز (عف) اسم مونث 1 درود فاتحہ 2 وہ جنس یا شیرینی وغیرہ جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے۔

نذرانہ (عف) اسم مذکر 1 بھینٹ 2 تحفہ 3 ہدیہ 4 رشوت۔

نذیر (ع) اسم مذکر 1 ڈرانے والا 2 خدا کا خوف دلانے والا 3 رسول اکرمؐ کا لقب۔

## ن ← ر

نر (ف۔س) اسم مذکر 1 مرد 2 مذکر 3 مادہ کی ضد 4 پرش 5 مانس۔

نرگاؤ (ف) اسم مذکر 1 بیل 2 ڈھگا 3 گوؤ کا جایا۔

نرمادہ/نرمادین (ف) (ا) اسم تذکیر و تانیث 1 مذکر و مونث 2 طبلہ کا دایاں بایاں رخ 3 ڈھولک کا دایاں بایاں رخ۔

نرمیش (ف) اسم مذکر 1 مینڈھا 2 دنبہ۔

نر (س) حرف نفی 1 نہ 2 نہیں 3 بے بغیر 4 بلا 5 ان بن۔

نراپائے (ہ) اسم صفت 1 لاعلاج 2 ناممکن 3 ناممکن الحصول۔

نرآور (ہ) اسم مذکر 1 بے عزت 2 بے حرمت 3 کمینہ 4 حقیر 5 ذلیل 6 خوار 7 بے حرمتی۔

نرآدھار (ہ) اسم صفت 1 جس کا کوئی وسیلہ نہ ہو 2 بے وسیلہ 3 بے مدد 4 بے یار و مددگار۔

نرآس/نراسا (ہ) اسم صفت 1 ناامید بے آس 2 مایوس۔

نرانتر (ہ) اسم صفت 1 متواتر 2 پے در پے 3 لگاتار۔

نربل (ہ) اسم صفت 1 کمزور 2 لاغر 3 ناتوان 4 ضعیف۔

نربھاگ/نربھاگی (ہ) اسم صفت 1 بدنصیب 2 بدقسمت 3 بدبخت۔

نرپھل (ہ) اسم صفت 1 بے نتیجہ 2 بے فائدہ 3 اکارت 4 بے حصول۔

نرجلا (ہ) اسم صفت 1 وہ برت جس میں پانی تک نہ پیا جائے 2 بن پانی والا۔

نردوش/نردوکھ (ہ) اسم صفت 1 بے خطا 2 بے قصور 3 بے گناہ 4 معصوم۔

نردھن (ہ) اسم صفت 1 بے روپیہ 2 مفلس 3 کنگال 4 نادار 5 تہی دست۔

نرسا (ہ) اسم صفت 1 جس میں رس نہ ہو 2 بے ملاوٹ کا 3 کھوٹا 4 خراب۔

نرگن (ہ) اسم صفت 1 وہ ذات جو صفات انسانی سے مبرا ہو 2 پرمیشور 3 بے ہنر 4 بے سلیقہ 5 مورکھ۔

نرمل (ع) اسم صفت 1 جو میلا نہ ہو 2 بے میل صاف 3 اجلا 4 شفاف۔

نرمول (ہ) اسم صفت 1 بے جڑ 2 بے اصل 3 بے بنیاد۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

نرموہی (ہ) اسم صفت ① سنگدل ② بے مہر ③ بے رحم ④ نروئی ⑤ سردمہر۔

نرا (ہ) اسم صفت ① صرف ② محض ③ اکیلا ④ تنہا ⑤ خالص ⑥ بے میل ⑦ سراسر ⑧ بالکل۔

نرالا (ہ) اسم صفت مذکر ① انوکھا ② عجیب وغریب ③ نادر ④ نئی وضع کا ⑤ سب سے جدا ⑥ سب سے الگ ⑦ جدا ⑧ علیحدہ ⑨ وہ شخص جس کے اوضاع واطوار سب سے جدا ہوں۔

نرالی (ہ) اسم صفت مونث ① نرالا کی تانیث ② انوکھی ③ امتیازی ④ الگ اوضاع واطوار والا۔

نرخ (ف) اسم مذکر ① کسی چیز کا مول ② قیمت۔

نرخ بندی/نرخ مقرر کرنا (ا) فعل ① بھاؤ نکالنا ② قیمت کا فیصلہ کرنا ③ درمقرر کرنا۔

نرخ نامہ (ف) اسم مذکر ① بازاری نرخ کی فہرست ② فہرست نرخ۔

نرخرا (ا) اسم مذکر ① ٹیٹوا ② گلے کی نلی ③ سانس کی نلی ④ حلقوم۔

نرخرا بولنا (ا) فعل ① مرتے وقت حلق سے بلغم کی سی آواز نکلنا ② گھرا لگنا ③ گھراٹا ④ چلنا۔

نرد (ف) اسم مذکر ① شطرنج کا مہرہ ② چوسر کی گوٹ ③ ٹپی ④ ایک بازی کا نام جسے تختہ نرد کہتے ہیں۔

نردبان (ف) اسم مونث ① سیڑھی ② کاٹھ کی سیڑھی ③ زینہ۔

نرزہ (ا) اسم مذکر۔ چھوٹی ترازو۔

نرس (ای) اسم مونث ① دایہ ② دودھ پلانے والی آیا ③ تیمارداری کرنے والی۔


نرس

نرسری (ای) اسم مونث ① پودا ② پنیری ③ چھوٹے پودوں کا ذخیرہ ④ پھول اُگانے اوران کی پرورش کرنے کی جگہ ⑤ بچوں کا کمرہ۔

نرسری اسکول (ای) اسم مونث ① چھوٹے بچوں کا ابتدائی اسکول ② ننھے بچوں کی تربیت گاہ۔

نرسل (ہ) اسم مذکر ① سر ② نرکل ③ سرکنڈا۔

نرسنگ (ای) اسم مونث ① نرس کا پیشہ ② نرس کا کام ③ تیمارداری۔

نرسنگا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا بجانے کا سینگ ② کرنائے ③ بگل ④ تری ⑤ دھوتو ⑥ ترم۔

نرغا نرسری (ای) اسم مونث ① پودا ② پنیری ③ چھوٹے پودوں کا ذخیرہ ④ پھول اُگانے اور ان کی پرورش کرنے کی جگہ ⑤ بچوں کا کمرہ۔

نرغہ (ا) اسم مذکر ① گھیرا ② شکار کے وقت آدمیوں کا حلقہ ③ احاطہ ④ بھیڑ ⑤ ہجوم ⑥ انبوہ۔

نرغہ کرنا (ا) فعل ① گھیرا ڈالنا ② گھیرنا ③ چاروں طرف سے پیچھے پڑنا ④ احاطہ کرنا۔

نرغہ میں آنا/نرغے میں آنا (ا) فعل ① گھیرے میں آجانا ② مصیبت میں پھنس جانا ③ چاروں طرف سے گھر جانا۔

نرک (س) اسم مذکر ① پاپیوں کے رہنے کا مکان ② گنہگاروں کے رہنے کی جگہ ③ تحت الثریٰ ④ دوزخ ⑤ جہنم ⑥ پاتال ⑦ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ ⑧ میلا۔

نرک میں پڑنا/جانا (ہ) فعل ① جہنم رسید ہونا ② دوزخ میں پڑنا۔

نرکل (س) اسم مذکر ① نرسل ② نے۔

نرکی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ① دوزخی ② جہنمی۔

نرگس (ف) اسم مونث ① ایک قسم کا پھول جو اندر سے زرد اور باہر سے سفید اور آنکھ کے مشابہ ہوتا ہے ② مجازاً معشوق کی آنکھ۔

نرگس بیمار (ف) اسم مونث ① مست آنکھ ② چشم نیم ناز۔

نرگس شہلا (ف) اسم مونث۔ وہ نرگس جس میں زردی کی جگہ سیاہی ہو۔

نرگس مخمور (ف) اسم مونث ① نشیلی آنکھ ② متوالی آنکھ۔

نرگسی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① نرگس سے مشابہ ② منسوب بہ نرگس ③ ایک قسم کا کپڑا جس میں نرگس کے سے پھول بنے ہوتے

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہیں ④ ایک قسم کا تلا ہوا انڈا۔

نرم (ف) اسم صفت ① ملائم ② پلپلا ③ گلگلا ④ لوچدار ⑤ ڈھیلا ⑥ مندا ⑦ مدھم ⑧ دھیما ⑨ سست۔

نرم چارہ (ا) اسم مذکر ① زود ہضم کھانا ② ملائم خوراک۔

نرم دل (ف) اسم صفت ① رحمدل ② موم دل ③ رقیق القلب۔

نرم کرنا (ف) فعل ① دھیما کرنا ② ملائم کرنا۔

نرم گرم (ف) اسم صفت ① برا بھلا ② سخت سست۔

نرم گرم اٹھانا/سہنا (ا) فعل ① بری بھلی بات سہنا ② سخت سست کی برداشت کرنا ③ زمانے کے رنج وراحت کو سہنا۔

نرما/نرمہ (ا) اسم مذکر ① ایک قسم کی روئی اور اس کا درخت ② ایک ملائم قسم کے کپڑے کا نام۔

نرمانری (ا) اسم مونث ① دھیماپن ② آہستگی سے۔

نرمانا (ا) فعل ① نرم کرنا ② ملائم کرنا ③ دھیما کرنا ④ ہٹا دینا ⑤ موم کرنا۔

نرمہ گوش (ف) اسم مونث ① مہربانی ② رحمدلی ③ شفقت ④ لطافت ⑤ سہولت ⑥ آسانی ⑦ بردباری ⑧ تحمل۔

نرمی (ف) اسم مونث ① ملائمت ② رحمدلی ③ آہستگی ④ بردباری ⑤ لطافت۔

نرنجن (س) اسم صفت ① خواہش اور غضب سے بری ② بے عیب ③ بے داغ ④ پاک صاف ⑤ مبرا ⑥ منزہ ⑦ مجازاً خدا تعالیٰ ⑧ پرماتما۔

نرنے (ہ) اسم صفت ① نہار منہ ② بغیر کھائے۔

نری (ہ) اسم صفت ① نرا کی تانیث ② محض ③ بالکل ④ صرف۔

نری (ف) اسم مونث۔ بکری یا بکرے کا رنگا ہوا چمڑا۔

نرینہ (ف) اسم صفت ① نر سے نسبت رکھنے والا ② مادین کی ضد۔

## ن ← ڑ

نڑ (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا نرسل ② ایک قوم جو چوڑیاں بناتی ہے۔

نڑا (ہ) اسم مذکر ① گاجر کی ہڈی ② گاجر کی اندر کا سخت حصہ۔

نڑی (ہ) اسم مونث ① حقہ کی نے ② ایک آبی پرندہ ③ ایک قسم کی آتش بازی۔

## ن ← ز

نزار (ف) اسم صفت ① دبلا ② کمزور ③ لاغر ④ مفلس ⑤ قلاش۔

نزاع (ع) اسم مونث ① جھگڑا ② تکرار ③ دشمنی ④ عداوت ⑤ قضیہ ⑥ خساد ⑦ ٹنٹا۔

نزاع لفظی (ا) اسم مونث ① لفظوں کا جھگڑا ② باتوں کا جھگڑا ③ زبانی بحث تکرار۔

نزاکت (ف) اسم مونث ① نازک پن ② نازکی ③ خوبی ④ ناز و ادا ⑤ آن بان ⑥ کمزوری ⑦ ناتوانی ⑧ نازک مزاجی۔

نزد (ف) تابع فعل ① پاس ② نیڑے ③ ڈھورے قریب ④ نزدیک ⑤ آگے ⑥ پیش۔

نزدیک (ف) تابع فعل ① سمجھ میں ② رائے میں ③ پاس ④ قریب۔

نزدیک جانا (ا) فعل ① پاس جانا ② قریب جانا ③ پلنگ پر جانا ④ مباشرت کرنا ⑤ ہم بستر ہونا۔

نزدیکی (ا) اسم مونث ① قربت ② پاس۔

نزع (ع) اسم مونث ① جان کھینچنا ② جانکنی ③ دم ٹوٹنا۔

نزلہ (ع) اسم مذکر ① لغت میں ایک ہی دفعہ گرنا ② سردی ③ ہوازدگی ④ ایک مرض کا نام۔

نزلہ گرنا (ا) فعل ① نزول ہونا ② آفت آنا ③ شامت آنا۔

نزول (ع) اسم مذکر ① اترنا ② فروکش ③ موتیا بند ④ فوطوں کا بڑھ جانا ⑤ فتق ⑥ لشکر شاہی کا فروکش ہونا ⑦ سرکاری زمین ⑧ ضبط کی ہوئی زمین۔

نزول اجلال/نزول اقبال (ع) اسم مذکر ① بادشاہ سلامت کا ورود ② بادشاہ کا تشریف لانا۔

نزولی (ا) اسم مونث ظرف۔ فوج کا پڑاؤ۔

نزہت (ع) اسم مونث ① تروتازگی ② خوشی ③ آنند ④ سرور ⑤ فرحت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

❻ عیش ونشاط۔

نزہت خاطر (ء)اسم مونث ❶ دل بہلاوا ❷ من پرچاوا ❸ خوش دلی ❹ انبساط خاطر۔

نزہت گاہ (عف)اسم ظرف مونث ❶ سیر گاہ ❷ تروتازہ اور سرسبز جگہ ❸ تماشا گاہ۔

نزیل (ء)صفت ❶ جو کسی جگہ اترے ❷ اترنے والا ❸ مہمان ❹ مسافر۔

ن ← ژ

نژاد (ف)اسم مونث ❶ نسل ❷ خاندان ❸ اصل ❹ حسب نسب ❺ تخم ❻ نطفہ۔

نژادہ (ء)صفت ❶ شریف ❷ نجیب ❸ اعلیٰ خاندان کا ❹ خاندانی۔

نژند (ف)صفت ❶ عمر یا غم کی وجہ سے بدلا ہوا ❷ مغموم ❸ غمگین ❹ ناراض ❺ خوفناک ❻ ذلیل۔

ن ← س

نس (ہ) حرف نفی ❶ نہ ❷ نا ❸ بے خبر۔

نس دن (ہ) اسم مذکر ❶ ہمیشہ ❷ دن رات ❸ لیل ونہار ❹ آئے دن ❺ ہر روز۔

نس سندیہ (ہ) تابع فعل ❶ بے شبہ ❷ بے شک ❸ یقیناً ❹ بالیقین۔

نس کیٹ (ہ) اسم صفت ❶ بے کینہ ❷ صاف دل۔

نس کلنگ (ہ) اسم صفت ❶ بے داغ ❷ بے عیب۔

نس (ہ) اسم مونث ❶ رگ ❷ خون کی نلی ❸ عرق ❹ پٹھا ❺ عصب ❻ عضو تناسل ❼ ذکر ❽ پیشاب آنے کی نالی۔

نس پھڑکنا (ہ) فعل ❶ رگ یا پٹھا چڑھ جانا ❷ کسی صدمہ سے پٹھے کا کھڑا ہو جانا ❸ دیوانہ ہونا ❹ پاگل ہونا۔

نس دار (ا) اسم صفت فاعلی ❶ رگ دار ❷ بہت رگوں والا ❸ رگیلا۔

نس کٹا (ہ) اسم مذکر ❶ خواجہ سرا ❷ خوجہ ❸ ہیجڑا ❹ زنخہ۔

نس مرنا (ہ) فعل ❶ پٹھے کا کمزور ہو جانا ❷ رگ کا ضعیف ہونا ❸ رگ مرنا۔

نساء (ء) اسم مونث ❶ عورتیں ❷ استریاں ❸ ناریاں ❹ بیویاں۔

نساجال (ہ) اسم مذکر ❶ رگوں کا جال ❷ رگوں کا گچھا ❸ مجازاً بہت بڑا جال جس سے نکلنا مشکل ہو۔

نساچر (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ رات کو چرنے والا مجازاً بھوت ❷ پریت ❸ جن ❹ دیو ❺ چور ❻ قزاق۔

نسائم (ء) اسم مذکر ❶ نسیم کی جمع ❷ خوشبودار ٹھنڈی ہوائیں ❸ بھینی بھینی ہوائیں۔

نسب (ہ) اسم مذکر ❶ نسل ❷ اصل ❸ خاندان ❹ جنس ❺ حسب کی ضد۔

نسب نامہ (عف) اسم مذکر ❶ خاندانی شجرہ ❷ کرسی نامہ ❸ بنس پتر۔

نسب نما (عف) اسم مذکر ❶ علم حساب میں اس عدد کو کہتے ہیں جس سے معلوم ہو کہ اکائی کے اتنے برابر حصے کئے ہیں ❷ کسر کا مخرج ❸ بانٹنے والا عدد۔

نسبت (ء) اسم مونث ❶ لگاؤ ❷ علاقہ ❸ واسطہ ❹ سگائی ❺ منگنی ❻ پیغام شادی ❼ مناسبت ❽ مطابقت ❾ حسب ونسب خاندان۔

نسبت آنا (ا) فعل ❶ شادی کا پیغام آنا ❷ سگائی آنا۔

نسبت ٹھیرنا (ا) فعل ❶ بات ٹھیرنا ❷ شادی کا پیغام مانا جانا ❸ سگائی ٹھیرنا۔

نسبت دینا (ا) فعل ❶ حوالہ ❷ نظیر دینا ❸ مشابہت دینا ❹ تعلق ظاہر کرنا۔

نسبت کرنا (ا) فعل ❶ منگنی کرنا ❷ منسوب کرنا ❸ سگائی کرنا۔

نسبت ہونا (ا) فعل ❶ مناسبت ہونا ❷ تعلق ہونا ❸ مشابہت ہونا ❹ مطابقت ہونا ❺ بات قرار پانا ❻ منگنی ہونا ❼ سگائی ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149772218

www.besturdubooks.net

نسبتی (ا) اسم صفت ① نسبت رکھنے والا ② رشتہ دار۔

نسبتی بھائی (ا) اسم مذکر ① دولہا بھائی ② بہنوئی ③ سالا ④ جورو کا بھائی۔

نستارا (ہ) اسم مذکر ① چھٹکارا ② نجات ③ رہائی ④ مخلصی ⑤ خلاصی ⑥ مکتی۔

نستعلیق (ء) اسم مذکر ① نسخ اور تعلیق سے ماخوذ ہے ② فارسی کا خط جو نہایت عمدہ اور صاف ہوتا ہے ③ فصیح ④ بلیغ ⑤ کلام ⑥ خوش گفتار ⑦ شائستہ ⑧ مہذب۔

نستعلیق گو (ء) اسم مذکر ① فصیح وبلیغ آدمی ② خوش بیان آدمی۔

نسخ (ء) اسم مذکر ① نقل ② عبارت کی نقل ③ کاپی ④ کتابت ⑤ تحریر ⑥ تردید ⑦ تنسیخ ⑧ زائل کرنا ⑨ رد کرنا۔

نسخ (ء) اسم مذکر ① نسخہ کی جمع ② دوائیوں کے پرچے ③ کتابیں ④ رسالے۔

نسخ ونسیاں (ء) اسم مذکر۔ کسی پہلے حکم شرعی کو منسوخ کر کے اور بھلا کر دوسرا حکم اس کی جگہ رائج کرنا۔

نسخہ (ء) اسم مذکر ① تحریر ② نوشتہ ③ لکھا ہوا ④ مرقومہ ⑤ جلد ⑥ کتاب ⑦ رسالہ ⑧ کاغذ کا وہ پرچہ جس پر دوائیاں لکھی ہوئی ہوں ⑨ کسی شعر کا وہ لفظ جو بعض کتابوں میں دوسری طرح آیا ہو۔

نسر (ء) اسم مذکر ① گدھ ② کرگس ③ ایک مردار خور پرندے کا نام ④ ایک بت کا نام۔

نسر طائر (ء) اسم مذکر ① اوپر کو اڑنے والا گدھ ② ستاروں کے ایک گچھے کا نام جن کی شکل سے مذکورہ بالا تصویر سی بن جاتی ہے۔

نسر واقع (ء) اسم مذکر ① نیچے کو آتا ہوا گدھ ② ستاروں کا ایک گچھا جن کی شکل نیچے کو گرتے ہوئے گدھ سے مشابہ ہے۔

نسرین (ف) اسم مذکر ① سیوتی ② ایک قسم کا جنگلی گلاب۔

نسق (ء) اسم مذکر ① دستور ② طریقہ ③ روش انتظام ④ بندوبست ⑤ ترتیب۔

نسل (ء) اسم مونث ① آل اولاد ② بال بچے ③ خاندان ④ بنس ⑤ سنتان ⑥ اصل ⑦ قوم ⑧ تخم۔

نسل دار (ء) تابع فعل ① اچھی نسل کا ② خوبصورت ③ خوش شکل ④ اچھی قوم کا۔

نسلاً بعد نسل (ء) تابع فعل ① پیڑھی در پیڑھی ② پشت بہ پشت۔

نسوان (ء) اسم مونث ① نساء کی جمع ② عورتیں ③ بیویاں ④ استریاں ⑤ لگائیاں ⑥ مستورات۔

نسوت (ہ) اسم صفت ① خالص ② نتھرا ہوا ③ صاف ④ بے ملاوٹ ⑤ نرا ⑥ کھرا ⑦ (بحالت اسم مونث) ایک دوا کا نام ہے ⑧ تربد۔

نسیاً منسیاً (ء) اسم صفت ① نہایت بھولا بسرا ہوا ② فراموش ③ از یاد رفتہ۔

نسیان (ء) اسم مذکر ① بھول ② چوک ③ فراموشی ④ سہو ⑤ خطا۔

نسی (ہ) (اصل نشا) اسم مونث ① راتری ② شب۔

نسیم (ء) اسم مذکر ① ٹھنڈی اور نرم ہوا ② بھینی بھینی ہوا۔

نسیم سحر/نسیم سحری (ء) اسم مونث ① صبح کے وقت کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا ② باد صبا ③ پچھلی رات کی ہوا۔

نسینی (ہ) اسم مونث۔ لکڑی کی سیڑھی لکڑی کا زینہ۔

## ن ← ش

نشا (ء) اسم مذکر ① لغوی پیدا کرنا ② نیا پیدا کرنا ③ مجازاً جہاں ④ دنیا ⑤ عالم ⑥ سنسار ⑦ جگ۔

نشا (ا) اسم مذکر ① عربی نشہ کا بگاڑ ہے ② متوالا پن۔

نشا پانی (ا) اسم مذکر ① امل پانی ② نشے کی چیزیں۔

نشا پانی کرانا (ا) محاورہ ① نشہ کی چیزیں پلانا یا کھلانا ② نشہ پلوانا ③ امل کرانا ④ رشوت کے طور پر کچھ دینا۔

نشا پانی کرنا (ا) فعل ① نشہ کھانا پینا ② امل پانی کرنا۔

نشا جمانا (ا) فعل ① کوئی نشے کی چیز کھانا یا پینا ② خمار حاصل کرنا ③ مخمور ہونا۔

نشا چھانا (ا) فعل ① نشہ غالب ہونا ② مدہوش ہونا ③ غرور دولت اور تکبر

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

سے مست ہونا❹ مستی چھانا۔

نشاچڑھنا(ا)فعل ❶ نشے کا عمل ہونا ❷ بے ہوشی چھانا ❸ متوالا ہونا۔

نشا کرکرا کرنا(ا)فعل ❶ رنگ میں بھنگ ڈالنا ❷ عیش وخوشی میں خرابی ڈالنا ❸ مزا بگاڑنا۔

نشا ہرن ہونا(ا)فعل ❶ بے ہوشی سے ہوش میں آنا ❷ کسی خوف یا صدمہ سے نشہ کافور ہوجانا ❸ نشہ اترنا ❹ غرور جاتا رہنا۔

نشاتین(ع)اسم مذکر ❶ نشاۃ کی جمع ہے ❷ دونوں جہان ❸ ہر دو عالم ❹ دنیا وآخرت۔

نشاخاطر(ع)اسم مونث ❶ تسلی ❷ اطمینان ❸ دلجمعی ❹ خاطر جمعی۔

نشاستہ(ف)اسم مذکر ❶ جمایا ہوا گیہوں کا ست ❷ مغز گندمہ ❸ کلف ❹ مانڈی ❺ پیچ ❻ اہار۔

نشاط(ع)اسم مونث ❶ آنند ❷ خوشی ❸ فرحت ❹ بساط ❺ شادی ❻ مزا ❼ لطف ❽ عیش ❾ مرزا ابوالوہاب معتمد الدولہ ایرانی کا تخلص جو فتح علی شاہ قاچار کے زمانے میں ہوا ہے۔

نشاط افزا/انگیز(عف)اسم صفت ❶ خوشی زیادہ کرنے والا ❷ خوشی پیدا کرنے والا۔

نشاط پرست(عف)اسم صفت ❶ خوش رہنے والا ❷ عیش پرست۔

نشاط خاطر(عف)اسم مونث ❶ دل کی تسلی ❷ قناعت ❸ دلجمعی ❹ اطمینان۔

نشان(ف)اسم مذکر ❶ کھوج ❷ پتہ ❸ ٹھیا ❹ چھاپا ❺ علامت ❻ آثار ❼ نقش ❽ یادگار ❾ نشانی۔

نشان بردار/نشانچی(ا)اسم مذکر ❶ جھنڈا لے کر چلنے والا ❷ علم بردار۔

نشان پڑنا(ا)فعل ❶ دھبہ پڑنا ❷ داغ پڑنا ❸ زخم یا چوٹ کی علامت باقی رہنا۔

نشان چڑھنا(ا)فعل۔ منگنی یا ساچق کے دن انگوٹھی چھلا وغیرہ دولھن کو پہنانا۔

نشان دہی(ا)اسم مونث بیائے مصدری ❶ پتا لگانا ❷ ٹھکانا بتانا ❸ سراغ رسانی۔

نشان دینا(ا)فعل ❶ کوئی علامت بتانا ❷ پتا بتانا ❸ تصدیق کرنا ❹ صحیح کرنا۔

نشان کرنا(ا)فعل ❶ کوئی علامت کردینا ❷ سائن کرنا ❸ داغ دینا ❹ مارک بنانا ❺ نمبر ڈالنا ❻ صحیح کرنا ❼ صاد کرنا۔

نشانہ(ف)اسم مذکر ❶ ہدف ❷ وہ علامت جو تیر مارنے کے لئے بنا دیتے ہیں ❸ گولی یا تیر مارنے کی جگہ ❹ شست زد ❺ ٹھکانا ❻ نازل ہونے کی جگہ مقام۔


نشانہ

نشانہ انداز(ف)اسم مذکر ❶ بالکل درست نشانہ لگانے والا ❷ شست پر لگانے والا ❸ قادر انداز۔

نشانہ کرنا/لگانا/مارنا(ا)فعل ❶ نشانہ بنانا ❷ تیر یا گولی کا وار کرنا ❸ شکار کو گولی یا تیر مارنا۔

نشانی(ف)اسم مونث ❶ یادگار علامت ❷ پہچان ❸ شناخت ❹ نسل ❺ آل اولاد ❻ بچے ❼ خاندان۔

نشتر(ع)اسم مذکر ❶ نیشتر کا مخفف ہے ❷ زخم چیرنے یا فصد کھولنے کا نوکدار اوزار۔

نشٹ(س)اسم صفت ❶ ناش ❷ نیست ونابود ❸ گم ❹ تباہ ❺ برباد ❻ فنا ❼ پائمال ❽ خراب ❾ ستیاناس۔

نشچے(س)اسم مذکر ❶ تسلی ❷ اطمینان ❸ یقین ❹ خاطر جمع ❺ بھروسا ❻ اعتبار ❼ ٹھیک ❽ اصلی ❾ سچ مچ۔

نشر(ع)اسم مذکر ❶ پھیلاؤ ❷ کشادگی ❸ وسعت ❹ فرخی ❺ پراگندگی ❻ درازی ❼ بہاؤ ❽ افشائے خبر ❾ مجاز از زندگی۔

نشر(ع)اسم صفت ❶ آوارہ ❷ پراگندہ ❸ پریشان۔

نشست(ف)اسم مونث ❶ نشستن کا حاصل مصدر ❷ بیٹھک ❸ موزونی ❹ کرسی ❺ صحبت ❻ ہم نشینی۔

نشست برخاست(ف)اسم مونث ❶ آداب مجلس ❷ اٹھنے بیٹھنے کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

جگہ۔

**نشو** (ع) اسم مذکر ① بیٹھنا ② اگنا ③ پیدا ہونا ④ بڑا ہونا۔

**نشو ونما** (ع) اسم مذکر و مونث ① بڑھنا اور اگنا ② پرورش پانا ③ روئیدگی ④ بالیدگی ⑤ رونق ⑥ سرسبزی و شادابی ⑦ ترقی ⑧ ظہور۔

**نشو ونما پانا** (ا) فعل ① بڑھنا ② پرورش پانا ③ ظہور ہونا ④ سرسبز ہونا ⑤ شاداب ہونا۔

**نشور** (ع) اسم مذکر ① مردوں کا قیامت کے روز اٹھنا ② حشر ③ قیامت۔

**نشہ** (ف) اسم مذکر۔ دیکھو (نشا)۔

**نشہ باز** (ف) اسم مذکر ① شراب خور ② نشہ کا شوقین۔

**نشہ ہونا** (ا) فعل ① متوالا ہونا ② بدمست ہونا ③ مدہوش ہونا ④ آنکھوں میں سرخی آنا۔

**نشے کے ڈورے** (ا) اسم مذکر۔ آنکھ کی رگوں کی سرخی۔

**نشے کی ترنگ / نشے کی لہر** (ا) اسم مونث ① نشے کا جوش ② نشے کی رزج ③ نشے کا لطف۔

**نشے میں چور ہونا** (ا) فعل ① نشے میں غرق ہونا ② خوب مست اور مدہوش ہونا ③ نہایت ④ مخمور اور سرشار ہونا۔

**نشیب** (ف) اسم مذکر ① پستی ② نچان ③ ڈھلوان۔

**نشیب وفراز** (ف) اسم مذکر ① اتار چڑھاؤ ② اونچ نیچ۔

**نشیلا** (ا) صفت ① نشہ آور ② جو نشہ لائے ③ نشہ میں بدمست ④ نشہ میں سرشار۔

**نشیلی** (ا) اسم صفت مونث ① نشیلا کی تانیث ② مدماتی ③ نشہ میں بھری ہوئی ④ مست ⑤ متوالی۔

**نشیلی آنکھیں** (ا) اسم مونث ① متوالی آنکھیں ② مست آنکھیں ③ نشہ میں چور آنکھیں ④ خمار آلودہ آنکھیں۔

**نشیمن** (ف) اسم مذکر ظرف ① آرام کی جگہ ② تنہائی کی جگہ ③ پرندوں کا گھونسلا ④ آشیانہ ⑤ مکان ⑥ مسکن ⑦ حویلی ⑧ محل سرائے۔

**نشیمن گاہ** (ف) اسم مونث ظرف ① آرام گاہ ② خلوت خانہ ③ خلوت گاہ۔

**نشیں** (ف) علامت صفت ① مرکبات میں آخر میں آتا ہے ② بیٹھنے والا جیسے کجاوہ نشین وغیرہ۔

## ن ← ص

**نص** (ع) اسم مونث ① لغت میں چھان بین کرنا ② کھود کھود کر پوچھنا ③ مجازاً بلندی ④ ظاہر آشکار ⑤ اظہار ⑥ قطعی حکم ⑦ حکم ناطق ⑧ قرآن کریم کی وہ آیتیں جو متشابہ امور کے نیک و بد کو ظاہر کرتی ہیں ⑨ کبھی ظاہر اور صریح آیات پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

**نصاب** (ع) اسم مذکر ① پونجی ② سرمایہ ③ مایہ ④ اتنا مال جس پر زکوۃ فرض ہو ⑤ جڑ ⑥ بنیاد ⑦ پڑھائی کا مقررہ کورس ⑧ اندازہ جانچ تول۔

**نصائح** (ع) اسم مونث ① نصیحت کی جمع ② نصیحتیں۔

**نصب** (ع) اسم مذکر ① کھڑا کرنا ② گاڑنا ③ قائم ④ لگانا ⑤ برپا کرنا۔

**نصب العین** (ع) تابع فعل ① مدنظر ② منظور چشم ③ مقابل چشم۔

**نصر** (ع) اسم مونث ① مدد ② حمایت ③ یاری ④ پشتی ⑤ فتح ⑥ ظفر ⑦ جیت۔

**نصرانی** (ع) اسم مذکر۔ وہ شخص جو عیسائی مذہب رکھتا ہو۔

**نصرت** (ع) اسم مونث ① حمایت ② یاری ③ مدد ④ معاونت ⑤ کمک ⑥ جیت ⑦ فتح ⑧ ظفر۔

**نصف** (ع) اسم صفت ① آدھا ② نیم ③ ۱/۲۔

**نصف النہار** (ع) اسم مذکر وہ فرضی خطوط جو دونوں قطبوں کے درمیان کھینچے گئے ہیں اور خط استوا پر عموداً واقع ہیں۔

**نصفا نصف / نصفا نصفی** (ع) اسم صفت ① آدھوں آدھ ② آدھم آدھ ③ ٹھیک آدھا۔

**نصوح** (ع) اسم صفت ① خالص ② صاف ③ کبھی نہ ٹوٹنے والی توبہ ④ پکی توبہ کرنے والا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

نصیب (ء) اسم مذکر ❶ حصہ ❷ قسمت ❸ بھاگ ❹ کرم ❺ تقدیر الٰہی ❻ مشیت (بحالت صفت) ❼ حاصل ❽ میسر ❾ سلامت۔

نصیب پھوٹ جانا (ا) فعل ❶ بدقسمتی آجانا ❷ نصیب بگڑ جانا ❸ تقدیر بگڑنا ❹ بروں سے پالا پڑنا ❺ برے گھر بیاہا جانا۔

نصیب جاگنا/نصیب چمکنا (ا) فعل ❶ قسمت یاور ہونا ❷ قسمت کھلنا ❸ اقبال مند ❹ ستارہ اقبال طلوع ہونا۔

نصیب کا لکھا (ا) اسم مذکر ❶ قسمت کا لکھا ❷ نوشتہ ازلی ❸ بدقسمتی کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

نصیب کرنا (ا) فعل ❶ میسر کرنا ❷ عطا کرنا ❸ عنایت کرنا۔

نصیب کھلنا/کھل جانا (ا) فعل ❶ بختاور ہونا ❷ اقبال مند ہونا ❸ قسمت پھرنا ❹ اقبال یاور ہونا۔

نصیب لڑانا (ا) فعل ❶ قسمت آزمائی کرنا ❷ نصیب کا مقابلہ کرنا۔

نصیب لڑنا (ا) فعل ❶ تقدیر یاور ہونا ❷ اقبال مند ہونا ❸ ایک ہی بات کی امید میں دو شخصوں کا اتفاق ہونا۔

نصیب ہونا (ا) فعل ❶ حاصل ہونا ❷ ملنا ❸ دستیاب ہونا ❹ ہاتھ لگنا ❺ بہم پہنچنا۔

نصیبا/نصیبہ (ا۔ء) اسم مذکر ❶ حصہ ❷ بخرہ ❸ قسمت ❹ نصیب۔

نصیبا الٹنا (ا) فعل ❶ بدقسمتی ہونا ❷ تقدیر کا یاور نہ ہونا ❸ قسمت پلٹ جانا ❹ بدبختی آنا۔

نصیبا پھرنا/پھر جانا (ا) فعل ❶ قسمت پھرنا ❷ دن پھرنا ❸ بخت یاور ہونا ❹ نصیب جاگنا ❺ بھلے دن آنا۔

نصیبوں جلا (ا) اسم مذکر صفت ❶ بدنصیب ❷ کم بخت ❸ نربھاگ ❹ بدقسمت۔

نصیبوں جلی (ا) اسم مونث صفت ❶ ابھاگی ❷ کم بخت عورت ❸ بدنصیب عورت۔

نصیبوں سے ملنا (ا) فعل۔ خوش قسمتی اور نیک نصیبی سے کسی چیز کا حاصل ہونا۔

نصیبوں کو دعا (ا) محاورہ ❶ تقدیر کا گن مانو ❷ قسمت کا احسان جانو ❸ نصیب کے شکر گزار ہو۔

نصیبوں کو رونا (ا) فعل۔ قسمت کے لکھے پر افسوس کرنا۔

نصیبوں کی شامت (ا) اسم مونث۔ قسمت کی برائی۔

نصیبے میں (ا) فعل ❶ تقدیر میں ❷ قسمت میں۔

نصیبے ور (ا) اسم صفت ❶ بھاگوان قسمت والا ❷ صاحب نصیب ❸ خوش قسمت۔

نصیحت (ء) اسم مونث ❶ اچھی صلاح ❷ خیر خواہی ❸ بھلے کی بات ❹ پند ❺ اپدیش ❻ سیکھ ❼ گوشمالی ❽ سیاست ❾ سزا۔

نصیحت آمیز (عف) اسم صفت فاعلی ❶ وہ بات جس میں نیک صلاح شامل ہو ❷ عبرت دینے والا کھیل تماشا۔

نصیحت پذیر (عف) اسم صفت ❶ نیک مشورہ قبول کرنے والا ❷ نصیحت ماننے والا۔

نصیحت دینا/کرنا (ا) فعل ❶ بھلی بات بتانا ❷ سمجھا دینا ❸ تنبیہ کرنا ❹ گوشمالی کرنا ❺ عبرت دینا۔

نصیحت ہونا (ف) فعل ❶ نیک بات کا حاصل ہونا ❷ سمجھ آجانا ❸ کان ہونا ❹ عبرت پکڑنا ❺ تنبیہ ہونا۔

نصیر (ء) اسم مذکر ❶ مدد کرنے والا ❷ مدد دینے والا ❸ مددگار ❹ دوست ❺ خدا تعالیٰ کا وصفی نام ❻ شاہ نصیر الدین ولد شاہ غریب اللہ دہلوی کا تخلص۔

نصیری (ء) اسم صفت مذکر بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ نصیر عربی فدائے حضرت علی کرم ایک فرقہ کا نام ہے جو حضرت علی کو خدا مانتے ہیں ❷ مجاز أفدائی ❸ فدوی ❹ جاں نثار پکے اعتقاد والا۔

## ن ← ض

نضارت (ء) اسم مونث ❶ تازگی ❷ سرسبزی ❸ آبداری ❹ خوبصورتی۔

نضج (ء) اسم مذکر ❶ پختگی ❷ پکائی ❸ مادے یا زخم یا خلط کا پکنا ❹ طبیبوں کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140-7218

اصطلاح میں فاسد خلط یا مادے کا پتلا یا گاڑھا ہو کر نکلنا۔

نضیر (ء) اسم مونث ❶ آب دار ❷ تازہ ❸ زر۔

## ن ← ط

نطفہ (ء) اسم مذکر ❶ صاف شفاف پانی ❷ منی ❸ دیرج ❹ اولاد۔

نطفہ ٹھیرنا/قرار پانا (ا) فعل ❶ حمل ٹھیرنا ❷ حمل ہوجانا ❸ پیٹ میں بچہ پڑنا۔

نطق (ء) اسم مذکر ❶ بولنے کی طاقت ❷ گویائی ❸ بات ❹ گفتگو۔

نطاق (ء) اسم مذکر۔ کمر کا پٹکا۔

نطول (ء) اسم مذکر ❶ پانی کا چھڑکا ❷ گرم پانی یا دوائیوں کے جوشاندہ کو دھار باندھ کر جسم پر ڈالنا۔

## ن ← ظ

نظارگی (عف) اسم مونث ❶ نظارہ ❷ دیکھنے والا ❸ ناظر۔

نظارہ (ف) اسم مذکر ❶ دیکھنا ❷ نظر ڈالنا ❸ نظر بازی ❹ دید بازی ❺ نظر ❻ نگاہ ❼ روشن ❽ دیدار ❾ گھورا گھاری۔

نظارہ بازی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ دید بازی ❷ گھورا گھاری۔

نظارہ کرنا (ا) فعل ❶ دیکھنا ❷ نظر بازی کرنا ❸ دید بازی کرنا۔

نظارہ مارنا (ا) فعل ❶ گھورا گھاری کرنا ❷ دیکھنا ❸ دید بازی۔

نظام (ء) اسم مذکر ❶ موتیوں کی لڑی ❷ سلک ❸ جواہرات ❹ جڑ ❺ اصل ❻ بنیاد ❼ انتظام ❽ بندوبست ❾ سلسلہ ترتیب۔

نظام شمسی (ء) اسم مذکر۔ سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا سلسلہ۔

نظام فیثا غورسی (ء) اسم مذکر۔ وہ نظام جسے حکیم فیثا غورس یونانی نے مرتب کیا اس میں زمین کو متحرک اور سورج کو مرکز عالم قرار دیا ہے۔

نظامت (ء) اسم مونث ❶ انتظام ❷ بندوبست ❸ نظم ونسق ❹ ناظم کا پیشہ اور کام ❺ ناظم کا محکمہ اور دفتر۔

نظائر (ء) اسم مونث ❶ نظیر کی جمع ❷ امثال۔

نظر (ء) اسم مونث ❶ غور سے دیکھنا ❷ دید ❸ نگہ ❹ نگاہ ❺ آنکھ ❻ چشم ❼ بصارت ❽ روشنی ❾ چشم۔

نظر اتارنا (ا) فعل ❶ نظر بد کا دفعیہ کرنا ❷ صدقہ دینا۔

نظر اٹھانا (ا) فعل ❶ نظر اونچی کرنا ❷ اوپر دیکھنا۔

نظر آنا (فعل) ❶ سوجھنا ❷ معلوم ہونا ❸ دکھائی دینا ❹ ملنا ❺ پانا۔

نظر انداز کرنا (ا) فعل ❶ دیکھنے سے چھوڑنا ❷ خیال نہ کرنا ❸ توجہ نہ کرنا ❹ نظر سے گرانا ❺ ناپسند کرنا ❻ منظور نہ کرنا۔

نظر باندھنا (ا) فعل۔ نظر بندی کرنا۔

نظر بچانا (ا) فعل ❶ آنکھ چرانا ❷ کترانا ❸ ٹالنا ❹ بچ کر نکلنا ❺ کنیانا ❻ چشم پوشی کرنا۔

نظر بد (عف) اسم مونث ❶ بری نظر ❷ بری نظر کا اثر ❸ چشم زخم۔

نظر بدلنا (ا) فعل ❶ نظر میں فرق آنا ❷ تیور بدلنا ❸ ارادہ بدلنا ❹ نیت ہونا۔

نظر بند (عف) اسم مذکر صفت مفعولی ❶ بے زنجیر قیدی ❷ وہ قیدی جو بظاہر آزاد ہو مگر درحقیقت اس کی نگرانی کی جائے (بحالت صفت فاعلی) جادوگر ❸ شعبدہ باز ❹ نظر باندھنے والا۔

نظر بندی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نگہبانی ❷ پاسبانی ❸ حراست ❹ جادوگری ❺ شعبدہ بازی۔

نظر بھر کر دیکھنا (ا) فعل ❶ نہایت غور سے دیکھنا ❷ سیر ہو کر دیکھنا ❸ اچھی طرح سے دیکھنا ❹ بہ نظر تعمق دیکھنا۔

نظر پر چڑھنا (ا) فعل ❶ دل کو بھانا ❷ پسند آنا ❸ کسی کی نگاہ میں معزز ہوجانا ❹ اندازہ میں آنا ❺ اندازہ کیا جانا ❻ ٹھیرنا ❼ ذلیل ہونا ❽ حقیر ہونا۔

نظر پڑنا (ا) فعل ❶ دکھائی دینا ❷ معلوم ہونا۔

نظر پھینکنا (ا) فعل ❶ چاروں طرف نظر دوڑانا ❷ اِدھر اُدھر دیکھنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**نظر ثانی** (ء) اسم مونث ① دوبارہ دیکھنا ② پڑتال ③ ترمیم ④ تصحیح ⑤ دوسری دفعہ غور کرنا۔

**نظر ثانی کرنا** (ا) فعل ① کسی مقدمہ کے فیصلہ کو دوبارہ بغور دیکھنا ② ترمیم کرنا ③ پھر دیکھنا ④ دوبارہ دیکھنا ⑤ پڑتال کرنا ⑥ تصحیح کرنا۔

**نظر جلانا** (ا) فعل ① چھوت جھاڑنا ② نظر بد کا دفعیہ کرنا ③ کپڑے کو توے کی سیاہی میں کالا کر کے اور اسے تیل میں بھگو کر نظر بد کے دفعیہ کے لئے بیمار کے سامنے جلانا۔

**نظر جمانا** (ا) فعل ① ٹکٹکی باندھنا ② نگاہ کو ٹھہرانا۔

**نظر جمنا** (ا) فعل ① کسی چیز پر نظر ٹھہرنا ② پسند آنا ③ نگاہ قائم ہونا ④ نگاہ ٹھہرنا۔

**نظر جھاڑنا** (ا) فعل ① منتر اور افسون وغیرہ سے نظر بد کا دفعیہ کرنا ② چھوت جھاڑنا۔

**نظر چرانا** (ا) فعل ① آنکھ چرانا ② نظر بچانا ③ نظر ہلا کر نہ دیکھنا ④ کترانا ⑤ آنکھ بچانا۔

**نظر چڑھنا** (ا) فعل ① پسند نظر ہونا ② دل کو بھانا ③ نظر پڑنا ④ دیکھنے میں آنا ⑤ نگاہ میں جمنا ⑥ خیال میں آنا ⑦ خاطر پسند ہونا ⑧ نظر بد لگنا ⑨ ٹوک میں آنا۔

**نظر دوڑانا** (ا) فعل ① چاروں طرف دیکھنا ② اِدھر اُدھر ڈھونڈنا۔

**نظر ڈالنا** (ا) فعل ① دیکھنا ② نگاہ کرنا ③ معائنہ کرنا۔

**نظر رکھنا** (ا) فعل ① محبت کی نظر سے دیکھنا ② عاشقانہ نگاہ ڈالنا ③ توجہ رکھنا ④ امید رکھنا ⑤ آس کرنا ⑥ توقع رکھنا ⑦ نگرانی رکھنا ⑧ خبر رکھنا ⑨ ارادہ رکھنا۔

**نظر سے اترنا / گرنا** (ا) فعل ① ذلیل ہونا ② حقیر ہونا ③ خفیف ہونا ④ بے عزت ہونا ⑤ جی سے اترنا ⑥ بے قدر ہونا۔

**نظر سے نظر ملنا** (ا) فعل ① آنکھ سے آنکھ ملنا ② روبرو ہونا ③ چار آنکھیں ہونا ④ دوچار ہونا ⑤ سمکھ ہونا۔

**نظر سے نکلنا** (ا) فعل ① دیکھنے میں آنا ② نظر سے گزرنا ③ نظر سے دور ہونا ④ نظر سے غائب ہونا۔

**نظر غلط انداز** (ف) اسم مونث ① عاشقوں کو دھوکا دینے والی نظر ② غلطی میں ڈالنے والی ③ ہر عاشق کو اپنی ہی طرف پڑجانے کا خیال دلانے والی نظر۔

**نظر کا ٹوٹکا** (ا) محاورہ ① نظر بد کا افسوں ② دفعیہ نظر بد کا منتر یا ٹونا وغیرہ۔

**نظر کا نظر سے دوچار ہونا** (ا) فعل ① آنکھیں لڑنا ② آنکھ سے آنکھ کا ملنا۔

**نظر کرنا** (ا) فعل ① دیکھنا ② اشارہ کرنا۔

**نظر کھا جانا** (ا) فعل ① نظر بد کا اثر ہوجانا ② ٹوک میں آجانا ③ نظر بد سے تباہ ہوجانا ④ بدنظری سے سخت نقصان پہنچنا۔

**نظر گاہ** (ف) اسم مونث ① سیرگاہ ② تھیٹر۔

**نظر گزر** (ا) اسم مونث ① چشم بد کا اثر ② بھوت پریت کا سایہ۔

**نظر ہو جانا** (ا) فعل ① جن و پری کا سایہ ہوجانا ② نظر بد کا اثر ہوجانا۔

**نظر مارنا** (ا) فعل ① آنکھ مارنا ② اشارہ کرنا۔

**نظر میں** (ا) تابع فعل ① نگاہ میں ② خیال میں ③ دھیان میں ④ روبرو ⑤ شناخت میں ⑥ تمیز میں۔

**نظر میں آنا** (ا) فعل ① ٹوک میں آنا ② نظر بد سے متاثر ہوجانا ③ معلوم ہونا ④ سوجھنا ⑤ سجھائی دینا ⑥ دھیان میں آنا ⑦ خیال میں آنا۔

**نظر میں پھر جانا** (ا) فعل ① خیال میں آنا ② تصور میں آجانا ③ دکھائی دے جانا۔

**نظر جھبھنا / چبنا / کُھبنا** (ا) محاورہ ① آنکھوں میں کھٹکنا ② آنکھوں میں ناگوار ہونا ③ برا لگنا ④ پسند خاطر نہ ہونا۔

**نظر میں حقیر ہونا** (ا) محاورہ ① دل سے اتر جانا ② قدر کھو بیٹھنا ③ بے وقعت ہونا۔

**نظر میں سمانا** (ا) فعل ① بھلا لگنا ② نظروں میں خار گزرنا ③ آنکھوں میں ناگوار گزرنا۔

**نظر ہایا** (ا) اسم مذکر، صفت ① نظر لگانے والا ② ندیدہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140072181

www.besturdubooks.net

نظرہائی (ا) اسم صفت مونث ① ندیدی ② نظر لگانے والی۔

نظر ہونا (ا) فعل ① پرکھ ہونا ② شناخت ہونا ③ چشم بد کا اثر ہونا ④ نظر لگنا ⑤ توجہ ہونا۔

نظروں میں غائب ہوجانا (ا) فعل ① دیکھتے ہی دیکھتے گم ہوجانا ② آنکھوں کے سامنے جاتا رہنا۔

نظروں میں کھائے جانا (ا) فعل ① نگاہوں میں تباہ کیے دینا ② چپکی مار مارنا ③ نگاہوں میں مارنا۔

نظروں میں (ا) تابع فعل ① آنکھوں کے سامنے ② آنکھوں آنکھوں میں۔

نظریہ (ء) اسم مذکر ① تھیوری ② اصول ③ قاعدہ ④ وہ مسئلہ جس میں نظروفکر سے کام لیا جائے ⑤ جمع نظریات۔

نظم (ء) اسم مونث ① لڑی ② مسلک ③ موزوں کلام شعر ④ شعر ⑤ (مذ) بندوبست ⑥ انتظام۔

نظم ونسق (ف) اسم مذکر ① بندوبست ② انتظام۔

نظیر (ء) اسم مونث ① مثال ② مانند ③ حوالہ ④ نمونہ ⑤ ولی محمد صاحب اکبرآبادی کا تخلص ہے جو نہایت رنگین مزاج اور خدا پرست شاعر تھے۔

نظیر دینا (ا) فعل ① حوالہ دینا ② تمثیل دینا ③ مثال دینا۔

نظیف (ء) اسم صفت ① پاکیزہ ② پاک ③ حلال۔

## ن ← ع

نعّ (ء) اسم مذکر ① نعل کی جمع ② لوہے کے حلقے جو گھوڑے وغیرہ کے سُموں میں لگائے جاتے ہیں ③ جوتیاں۔

نعت (ء) اسم مونث ① تعریف ② ثنا ③ مدح ④ استتی ⑤ مجازاً سیدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف۔

نعرہ (ء) اسم مذکر ① للکار ② زور کی آواز ③ شور ④ آہ ⑤ ہائے ⑥ ہو ⑦ درد کی آواز ⑦ چیخ۔

نعرہ زن (عف) اسم صفت فاعلی ① نعرہ مارنے والا ② للکارنے والا۔

نعرہ کرنا/ مارنا (ا) فعل ① چیخ مارنا ② للکارنا ③ زور سے آواز نکالنا ④ فریاد کرنا ⑤ شور کرنا ⑥ نالہ کرنا ⑦ چیخنا۔

نعش (ء) اسم مونث ① لاش ② تابوت ③ ارتھی ④ مردہ جسم ⑤ لوتھ ⑥ جنازہ۔

نعل (ء) اسم مذکر ① جوتی ② کفش ③ پاپوش ④ جوتا ⑤ بیلوں اور گھوڑوں وغیرہ کے پاؤں میں لگانے کا لوہے کا حلقہ ⑥ جوتی کی کھری میں لگانے کا حلقہ ⑦ وہ نقدی جو جوئے باز لوگ دکاندار کو داؤں جیتتے وقت دیتے ہیں۔

نعل بند (عف) اسم مذکر ① نعل لگانے والا ② نعل باندھنے والا۔

نعل بندی (عف) اسم مونث بیائے مصدری۔ نعل باندھنے کا کام۔

نعل بندی دینا (ا) فعل ① خراج دینا ② نذرانہ دینا۔

نعل بہا (عف) اسم مذکر ① وہ خراج یا ٹیکس جو نواب یا رئیس اپنے ملک کی آمدنی میں سے شہنشاہ کو دیتے ہیں ② بیاج ③ خراج۔

نعل درآتش (ء) اسم صفت ① بے قرار ② بے چین ③ گھبرایا ہوا ④ تلملایا ہوا۔

نعلین (ء) اسم مذکر ① نعل کی جمع تثنیہ ② جوتوں کا جوڑا ③ دونوں جوتیاں۔

نعلین تحت العین (ء) مثل ① دونوں جوتیاں اپنی آنکھوں کے سامنے رکھی جائیں تاکہ کوئی چرا نہ لے ② اپنا مال اپنے سامنے ہی بہتر ہے۔

نعم (ء) اسم مونث ① نعمت کی جمع ② نعمتیں۔

نعم البدل (ء) اسم مذکر ① اچھا عوض ② اچھا بدلہ ③ وہ عمدہ بدلہ جو کسی کے عوض میں مل جائے۔

نعمت (ء) اسم مونث ① مال ② دولت ③ عطا ④ بخشش ⑤ عطیہ ⑥ لذیذ چیزیں ⑦ مزیدار کھانا ⑧ آرام ⑨ آسائش۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**نعمت غیر مترقبہ** (ع) اسم مونث ① وہ نعمت جس کی امید نہ ہو ② خدا داد مال ③ مفت ملی دولت ④ مفت مال۔

**نعوذ باللہ** (ع) کلمہ ندا ① پناہ مانگتے ہیں ہم خدا کی ② ہم خدا کی پناہ چاہتے ہیں ③ اللہ بچائے ④ خدا کی پناہ۔

## ن ← غ

**نغز** (ع) اسم صفت ① خوب ② عمدہ ③ اچھا ④ افضل ⑤ اعلیٰ ⑥ نفیس۔

**نغز گو/گفتار** (ف) صفت ① شیریں کلام ② وہ شخص جس کی گفتگو عمدہ اور پاکیزہ ہو۔

**نغز گوئی** (عف) اسم مونث۔ عمدہ اسلوب بیان۔

**نغزک** (ف) اسم مذکر ① لغت میں عمدہ اور لطیف چیز ② مجازاً آم۔

**نغم** (ع) اسم مذکر ① نغمہ کی جمع ② راگ ③ گیت۔

**نغمات** (ع) اسم مذکر ① نغمہ کی جمع ② سریلی آوازیں۔

**نغمہ** (ع) اسم مذکر ① سریلی آواز ② راگ ③ سر ④ میٹھی آواز ⑤ ترانہ۔

**نغمہ سرا** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① گانے والا ② گویا۔

**نغمہ سرائی** (عف) اسم مونث ① گانا ② ترنم۔

## ن ← ف

**نفاخ** (ع) اسم صفت ① پھونک مارنے والا ② ریح کرنے والا ③ پھیلانے والا ④ پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا ⑤ بادی۔

**نفاذ** (ع) اسم مذکر ① اجرا ② عائد ہونا ③ کسی حکم یا پروانے وغیرہ کا جاری ہونا۔

**نفار** (ع) اسم صفت ① بہت نفرت کرنے والا ② نہایت بیزار۔

**نفاس** (ع) اسم مذکر ① وہ خون جو چالیس روز تک زچہ کے اندام نہانی سے ٹپکتا ہے ② سوتک ③ سوڑ ④ جننے کی ناپاکی۔

**نفاست** (ع) اسم مونث ① صفائی ② پاکیزگی ③ خوبی ④ عمدگی ⑤ لطافت۔

**نفاق** (ع) اسم مذکر ① پھوٹ ② دشمنی ③ بغض ④ کینہ ⑤ کپٹ ⑥ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن ⑦ بگاڑ۔

**نفاق پڑنا** (ا) فعل ① عداوت ہونا ② پھوٹ پڑنا ③ آپس میں بگاڑ ہونا۔

**نفاقتہ** (ا) اسم مذکر، صفت ① منافق ② دوغلا ③ مکار ④ کپٹی ⑤ پاکھنڈی۔

**نفتہ** (ا) اسم مذکر ① کالی چتیوں والا ② سفید کبوتر۔

**نفح** (ع) اسم مونث۔ خوشبو۔

**نفحات** (ع) اسم مونث ① نفح کی جمع ② خوشبوئیں۔

**نفخ** (ع) اسم مذکر ① اپھارا ② پیٹ کا پھولنا ③ پیٹ میں ریح کا جمع ہو جانا۔

**نفر** (ع) اسم مذکر ① چند آدمیوں کی جماعت ② مجازاً نوکر چاکر ③ سائیس ④ ادنیٰ نوکر ⑤ (فارسی میں) آدمی ⑥ کام کرنے والا ⑦ قلی۔

**نفرا** (ا) اسم مذکر ① ادنیٰ سے ادنیٰ چاکر ② نہایت ذلیل نوکر ③ ناکس۔

**نفرت** (ع) اسم مونث ① گھن ② کراہت ③ بیزاری ④ ناگواری ⑤ رغبت کی ضد۔

**نفرت انگیز** (عف) اسم صفت ① نفرت بڑھانے والا ② گھن دلانے والی چیز۔

**نفرت کرنا/کھانا** (ا) فعل ① گھن کرنا ② کراہت کرنا ③ بیزاری ④ ظاہر کرنا۔

**نفری** (ا) اسم مونث ① روزانہ مزدوری ② اجرت روزانہ ③ مزدوری ④ قلی ⑤ فی سر ⑥ ہر ایک کے لئے۔

**نفرین** (ف) اسم مونث ① کوسنا ② بد دعا ③ پھٹکار ④ لعنت ⑤ ملامت۔

**نفرین کرنا** (ع) ① پھٹکارنا ② کوسنا ③ لعنت ملامت کرنا۔

**نفس** (ع) اسم مذکر ① سانس ② دم ③ تنفس ④ گھڑی ⑤ ساعت ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

لمحہ۔
نفس و اپسین (عف) اسم مذکر ❶ آخری سانس ❷ مرتے وقت کا سانس۔
نفس (ء) اسم مذکر ❶ جان ❷ روح ❸ آتما ❹ ہستی ❺ وجود ❻ ذات ❼ اصلیت ❽ حقیقت ❾ شے۔
نفس الامر (ء) تابع فعل ❶ درحقیقت ❷ دراصل ❸ اصل مدعا ❹ واقعی بات ❺ محقق۔
نفس امارہ (ء) اسم مذکر ❶ مجازاً وہ خواہش جو زبردستی برے کاموں یا عادتوں کی طرف مائل کرے ❷ انسان کی شیطانی صفت۔
نفس بہیمی (عف) اسم مذکر ❶ چوپایوں ❷ حیوانی خواہش ❸ وہ خواہش جو حیوانات کو برائی کی طرف زبردستی کھینچتی ہے۔
نفس پرست/ پرور (عف) اسم صفت ❶ شہوت پرست ❷ رسیا ❸ عیاش ❹ بوالہوس۔
نفس تنگ کرنا (ا) فعل ❶ ناک میں دم کرنا ❷ ستانا ❸ دق کرنا ❹ عاجز کرنا۔
نفس کش (عف) اسم مذکر ❶ نفسانی خواہشوں کو مارنے والا ❷ پرہیزگار ❸ زاہد ❹ پارسا۔
نفس لوامہ (ء) اسم مذکر ❶ گناہ سرزد ہونے پر اپنے آپ کو ملامت کرنے والی جان ❷ پاک لوگوں کی جان۔
نفس مارنا (ا) فعل ❶ من مارنا ❷ خواہشات کو روکنا ❸ پتا مارنا ❹ پرہیزگاری اختیار کرنا۔
نفس مطلب (ء) اسم مذکر ❶ اصلی مدعا ❷ اصلی مطلب ❸ منشا ❹ مفہوم۔
نفس مطمئنہ (ء) اسم مذکر ❶ وہ نفس جو بری عادتوں سے بالکل پاک صاف ہو کر اطمینان سے خدا کو تلاش کرے ❷ انبیا و صلحا کی جان ❸ نفس ہلکی۔
نفس ملہمہ (ء) اسم مذکر ❶ الہامی روح ❷ وہ نفس جس کے ذریعہ سے الہام ہو ❸ الہام کی طاقتوں والا نفس۔
نفس ناطقہ (ء) اسم مذکر ❶ بولنے والی روح ❷ روح انسانی۔
نفس نباتی (ء) اسم مذکر۔ وہ روح جو نباتات میں ہوتی ہے۔
نفس نفیس (ء) اسم مذکر ❶ مقدس ذات ❷ برگزیدہ ذات ❸ مجازاً ذات خاص ❹ اپنی ذات۔
نفسا نفسی (ا) اسم مونث ❶ اپنی اپنی ❷ آپا دھاپی ❸ خودغرضی ❹ اپنی غرض و مطلب سے کام رکھنا۔
نفسانی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ نفس ❷ نفس کا۔
نفسانیت (ء) اسم مونث ❶ خودغرضی ❷ غرور ❸ نخوت۔
نفسی (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ اپنا ❷ ذاتی ❸ منسوب بہ نفس۔
نفسی نفسی (ء) تابع فعل ❶ اپنے اپنے دم کی ❷ اپنی اپنی جان کی ❸ آپا دھاپی ❹ خودغرضی۔
نفع (ء) اسم مذکر ❶ فائدہ ❷ سود ❸ لابھ ❹ حاصل ❺ پھل ❻ ثمرہ ❼ نتیجہ۔
نفع اٹھانا (ا) فعل۔ فائدہ حاصل کرنا۔
نفع کرنا (ا) فعل ❶ فائدہ پہنچانا ❷ صحت بخشنا۔
نفع نقصان (ء) اسم مذکر ❶ فائدہ اور گھاٹا ❷ برائی بھلائی ❸ علم حساب کے ایک قاعدے کا نام بھی ہے۔
نفقہ (ء) اسم مذکر ❶ بال بچوں کا خرچ ❷ اخراجات خانگی ❸ بیوی کا روٹی کپڑا ❹ اخراجات اولاد۔
نفل (ء) اسم مذکر ❶ زیادہ عطیہ ❷ وہ زاید عبادت جو شکرانے کی نیت سے کی جائے۔
نفوخ (ء) اسم مذکر ❶ دوا کو باریک پیس کر ناک میں پھونکنا۔
نفوذ (ء) اسم مذکر ❶ جاری ہونا ❷ گزرنا ❸ صدور حکم ❹ موثر ❺ اثر کرنے والا ❻ کھبنے والا ❼ سرایت کرنے والا ❽ اندر بیٹھنے والا۔
نفوذ کرنا (ا) فعل ❶ سرایت کرنا ❷ اندر گھس جانا ❸ رچنا ❹ سوکھ جانا ❺ جذب ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149977218

www.besturdubooks.net

**نفور** (ء) اسم مذکر ① بھاگنے والا ② نفرت کرنے والا ③ گھن کرنے والا ④ کراہت کرنے والا۔

**نفوس** (ء) اسم مذکر ① جانیں ② ذاتیں ③ روحیں۔

**نفوس ثلاثہ** (ء) اسم مذکر ① تینوں روحیں یعنی اہل تصوف کے نزدیک نفس امارہ ② لوامہ ③ مطمئنہ ④ کنایتہً روح حیوانی ⑤ روح نباتی ⑥ روح جمادی۔

**نفوس قدسیہ** (ء) اسم مذکر ① پاک روحیں ② بزرگان دین ③ فرشتے اور ملائکہ۔

**نفی** (ء) اسم مونث ① دوری ② اخراج ③ انکار ④ نہیں ⑤ نا ⑥ اثبات کی ضد۔

**نفی کرنا** (ا) فعل ① خارج کرنا ② تفریق کرنا ③ منہا کرنا ④ گھٹانا ⑤ انکار کرنا ⑥ نامنظور کرنا۔

**نفی میں جواب دینا** (ا) فعل ① صاف انکار کردینا ② نامنظور کردینا۔

**نفیر** (ء) اسم صفت ① نفرت کرنے والا ② متنفر ③ گھن کرنے والا ④ (بحالت اسم مونث) فریاد ⑤ واویلا ⑥ چیخ وپکار ⑦ (فارسی میں اسم مونث) کرنا ⑧ شہنائی۔

**نفیری** (ف) اسم مونث ① تری ② شہنائی ③ کرنا۔

**نفیس** (ء) اسم صفت ① عمدہ ② قیمتی ③ بیش بہا ④ نزل ⑤ ستھرا ⑥ پاک صاف ⑦ لطیف پاکیزہ۔

## ن ← ق

**نقاب** (ء) اسم مذکر ومونث ① برقع ② گھونگھٹ ③ منہ پر ڈالنے کا پردہ۔

**نقاب اٹھانا / نقاب الٹنا** (ا) فعل ① منہ پر سے پردہ اٹھانا ② گھونگھٹ کھولنا ③ منہ کھولنا۔

**نقاب پوش** (عف) اسم صفت۔ منہ نقاب میں ڈالے رکھنے والا۔

**نقاد** (ء) اسم صفت ① پرکھنے والا ② پرکھیا ③ کھوٹا کھرا جانچنے والا۔

**نقارچی** (ت) اسم مذکر ① نقارہ بجانے والا ② نوبت بجانے والا۔

**نقارخانہ** (ف) اسم مذکر ظرف ① نوبت خانہ ② وہ جگہ جہاں نوبت نقارے بجتے ہیں۔

**نقارخانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے** ① بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی کچھ سماعت نہیں ہوتی ② بہت سے شوروغل میں خوش آواز کی پہچان کہاں۔

**نقارہ** (ف) اسم مذکر ① نوبت ② ٹمک ③ دمامہ ④ دھونسا ⑤ طبل ⑥ کوس۔

**نقارہ بجاتے پھرنا** (ا) فعل ① منادی کرتے پھرنا ② مشتہر کرتے پھرنا۔

**نقارہ بجاکے / نقارے کی چوٹ / ڈنکے کی چوٹ** (ا) تابع فعل ① علانیہ کھلم کھلا ② کھلے بندوں ③ ڈونڈی پیٹ کے۔

**نقارہ ہونا** (ا) فعل۔ ریح کے باعث پیٹ کا پھول جانا۔

**نقاش** (ء) اسم مذکر ① نقش ونگار کرنے والا ② رنگ ساز ③ مصور ④ نقشہ نویس ⑤ گلکار۔

**نقاشی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① نقش کرنے کا کام ② نقش کرنے کا پیشہ ③ گلکاری ④ مصوری ⑤ نقشہ نویسی۔

**نقاط** (ء) اسم مذکر۔ نقطہ کی جمع۔

**نقال** (ء) اسم مذکر ① نقل کرنے والا ② بھانڈ ③ بہروپیا ④ مسخرا ⑤ سوانگی۔

**نقالی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① بھانڈ ② پنا ③ نقل کرنے کا پیشہ۔

**نقاہت** (ء) اسم مونث ① وہ کمزوری جو بیماری سے ہوجاتی ہے ② ناطاقتی ③ کمزوری ④ بیماری سے اٹھنا۔

**نقائص** (ء) اسم مذکر ① نقیصہ کی جمع ② نقص ③ عیب ④ برائیاں ⑤ کھوٹ۔

**نقب** (ء) اسم مونث ① شگاف ② سرنگ ③ سیندھ ④ پھاڑ جو چور دیوار میں دیا کرتے ہیں۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907218

www.besturdubooks.net

**نقب دینا/ لگانا** (ا) فع ① کوئل دینا ② سیندھ لگانا ③ فصیل یا دیوار میں شگاف کرنا۔

**نقب زن** (عف) اسم مذکر ① سیندھ لگانے والا ② سرنگ لگانے والا۔

**نقب زنی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① نقب دینا ② سیندھ لگانا ③ سرنگ کھودنا۔

**نقد** (ء) اسم مذکر ① پرکھنا ② کھرا کھوٹا دیکھنا ③ تیاری ④ موجودگی ⑤ آمادہ ⑥ حاضر ⑦ روپیہ یا سرمایہ ⑧ مستعد ⑨ وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے۔

**نقد دم رہنا** (ا) فعل ① اکیلا رہنا ② مجرد رہنا ③ تن تنہا رہنا۔

**نقد جان** (عف) اسم مونث ① روح ② آتما ③ پران ④ نفس ⑤ ناطقہ۔

**نقد مال** (ا) اسم مذکر ① کھرا مال ② تر مال ③ عمدہ مال۔

**نقد وجنس** (ء) اسم مذکر ① مال و دولت ② دھن ③ مال واسباب۔

**نقدی** (ء) اسم مونث ① روپیہ ② پیسہ ③ روکڑ ④ نقدی ⑤ مال وزر۔

**نقرس** (ء) اسم مذکر ① پاؤں کی انگلیوں اور ٹخنیوں کے ایک سخت درد کا نام ہے ② ایک قسم کی گنٹھیا ③ وجع مفاصل۔

**نقرہ** (ء) اسم مذکر ① چاندی ② روپا ③ سیم ④ گلی ہوئی چاندی ⑤ سفید رنگ کا گھوڑا ⑥ چٹا گھوڑا (بحالت صفت) سفید رنگ کا ⑦ چٹا ⑧ دھولا۔

**نقرئی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ نقرہ ② روپہلی ③ دھولا ④ چاندی کے رنگ کا۔

**نقش** (ء) اسم مذکر ① صورت ② مورت ③ تصویر ④ مورتی ⑤ نگار ⑥ تحریر ⑦ مہر ⑧ چھاپ ⑨ ٹھپا چھاپا۔

**نقش آب/ نقش برآب** (عف) اسم صفت ① ناپائدار ② فانی ③ بے ثبات ④ جلد مٹ جانے والا ⑤ فنا ہو جانے والا۔

**نقش بٹھانا/ بٹھلانا** (ا) فعل ① سکہ بٹھانا ② رعب جمانا ③ اعتبار حاصل کرنا ④ گھر کرنا ⑤ اثر جمانا ⑥ دل میں بیٹھنا۔

**نقش بدیوار/ نقش بر دیوار** (ف) اسم صفت ① حیران ② ہکا بکا ③ بھوچکا ④ ہک دک ⑤ ساکت ⑥ بے حس و حرکت۔

**نقش بند** (عف) اسم صفت مذکر ① مصور ② رنگساز ③ نقاش۔

**نقش بندی** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① مصوری ② رنگسازی ③ نقاشی۔

**نقش بندیہ خاندان** (ا) اسم مذکر۔ صوفیوں کے ایک مشہور خاندان کا نام ہے جس کا سلسلہ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندی سے چلا ہے جو ساتویں صدی ہجری میں ہوئے ہیں۔

**نقش/ نقش قدم** (عف) اسم مذکر ① پاؤں کا نشان ② کھوج ③ سراغ۔

**نقش کالحجر** (ء) اسم مذکر ① پتھر کے نقش کی طرح ② پتھر کی لکیر ③ نہایت پائدار۔

**نقش کالحجر ہو جانا** (ا) فعل ① نہایت متاثر ہو جانا ② دلنشین ہو جانا ③ امٹ ہو جانا ④ پتھر کی لکیر ہو جانا۔

**نقش کرنا** (ا) فعل ① بیل بوٹے کھودنا ② چھاپنا ③ بٹھانا ④ جمانا۔

**نقش ونگار** (عف) اسم مذکر ① پھول پتی کا کام ② بیل بوٹے ③ زیب و زینت ④ قلم کاری۔

**نقش ہو جانا** (ا) فعل ① کسی بات کا دل میں جم جانا ② بیٹھ جانا ③ دلنشین ہو جانا۔

**نقش ہونا** (ا) فعل ① کھدنا ② کھودا جانا ③ کندہ ہونا ④ دل پر جمنا ⑤ بیٹھنا ⑥ رقم ہونا ⑦ تحریر ہونا ⑧ لکھا جانا۔

**نقشہ** (ء) اسم مذکر ① تصویر ② فوٹو ③ عکس ④ شبیہہ ⑤ مورت ⑥ صورت ⑦ شکل ⑧ چہرا مہرا ⑨ قطع وضع۔

**نقشہ اتارنا** (ا) فعل ① خاکہ لینا ② فوٹو لینا ③ تصویر کھینچنا۔

**نقشہ بگاڑنا** (ا) فعل ① صورت بگاڑنا ② حال سے بے حال کرنا۔

**نقشہ بگڑنا** (ا) فعل ① حالت خراب ہو جانا ② بدنظمی اور بدانتظامی ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نقشہ بنانا (ا) فعل ❶ کسی چیز کی تصویر بنانا ❷ خاکہ اتارنا۔
نقشہ تیز ہونا (ا) فعل ❶ اقبال یاور ہونا ❷ بات بننا۔
نقشہ جمانا (ا) فعل ❶ کسی چیز کی بنیاد ڈالنا ❷ رسائی کرنا ❸ رسوخ بنانا اور بڑھانا ❹ موقع نکالنا ❺ تدبیر کرنا ❻ ترکیب لڑانا ❼ تصور جمانا ❽ امید بندھنا۔
نقشہ جمنا (ا) فعل ❶ بات بننا ❷ کسی چیز کی بنیاد پڑنا ❸ رسائی ہونا ❹ اعتبار ہونا ❺ رسوخ ہونا ❻ تصور جمنا ❼ خیال بندھنا ❽ مطلب حاصل ہونا۔
نقشہ کھینچ جانا (ا) فعل ❶ صورت سامنے آجانا ❷ عکس دل نشین ہوجانا ❸ تصویر کھینچ جانا۔
نقشہ نویس (عف) اسم مذکر فاعل ❶ نقشہ بنانے والا ❷ مصور ❸ نقاش۔
نقشی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ نقش ❷ نقش والا ❸ منقش ❹ نقش کیا ہوا برتن۔
نقشین (ف) اسم صفت ❶ گلکاری کیا ہوا ❷ نقش کیا ہوا ❸ منقش۔
نقص (ع) اسم مذکر ❶ ادھورا پن ❷ کسر ❸ خامی ❹ ناتمامی ❺ ادگن ❻ عیب ❼ داغ ❽ دھبا۔
نقص نکالنا (ا) فعل ❶ عیب نکالنا ❷ اعتراض کرنا ❸ کھوٹ نکالنا۔
نقصان (ع) اسم مذکر ❶ کمی ❷ کوتاہی ❸ ضرر ❹ تکلیف ❺ زیان ❻ حرج ❼ خرابی ❽ ٹوٹا ❾ گھاٹا۔
نقصان اٹھانا (ا) فعل ❶ گھاٹا بھرنا ❷ خسارہ دینا ❸ گرہ سے بھرنا ❹ ٹوٹا برداشت کرنا۔
نقصان رسانی (ا) مونث بیائے مصدری ❶ تکلیف دینا ❷ گھاٹے میں ڈالنا ❸ ایذا رسانی۔
نقصان کرنا (ا) فعل ❶ کام بگاڑنا ❷ حرج کرنا ❸ فائدہ نہ ہونے دینا ❹ تکلیف دینا ❺ بگاڑ کرنا ❻ ضرر پہنچانا ❼ کھونا ❽ ضائع کرنا۔

نقض (ع) اسم مذکر ❶ بگاڑ ❷ ٹوٹ ❸ پھوٹ ❹ توڑنا ❺ شکستگی۔
نقض عہد (ع) اسم مذکر ❶ وعدہ وفا نہ کرنا ❷ اقرار توڑ ڈالنا ❸ بدعہدی کرنا۔
نقطہ (ع) اسم مذکر ❶ بندی ❷ صفر ❸ مرکز ❹ خط کی انتہا ❺ مجازاً داغ ❻ دھبا ❼ عیب۔
نقطہ لگانا (ع) فعل ❶ عیب لگانا ❷ دھبا لگانا ❸ کلف لگانا ❹ کلنک لگانا۔
نقطہ موہوم (ع) اسم مذکر۔ فرضی نقطہ جو بظاہر نہ ہو۔
نقل (ع) اسم مذکر ❶ وہ چیز جو شراب پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لئے کھاتے ہیں ❷ ساچق میں لے جانے کی ایک قسم کی مٹھائی۔
نقل (ع) اسم مونث ❶ تبدیلی ❷ چربا ❸ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ❹ جاترا ❺ کوچ ❻ روانگی ❼ حاضر جوابی ❽ کاپی ❾ مثنیٰ۔
نقل کرنا (ا) فعل ❶ کاپی کرنا ❷ کسی مسودہ یا لکھی ہوئی چیز کو دوسرے کاغذ پر اتارنا ❸ روپ بھرنا ❹ سوانگ اتارنا ❺ ذکر کرنا ❻ بیان کرنا ❼ حکایت کرنا ❽ حرکت کرنا ❾ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
نقل کفر کفر نہ باشد (ف) مثل۔ کفر کے بیان کرنے سے آدمی کافر نہیں ہوجاتا۔
نقل لینا (ا) فعل۔ کسی حکم یا کتاب وغیرہ کو دوسرے کاغذ پر اصل کے مطابق لکھوانا۔
نقل مکان (ع) اسم مذکر ❶ مکان بدلنا ❷ تبدیل مکان ❸ ایک مکان چھوڑ کر دوسرے میں جا رہنا۔
نقل نویس (عف) اسم مذکر فاعل ❶ نقل کر کے دینے والا ❷ منشی ❸ محرر عدالت۔
نقل نویسی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ نقل کرنے کا کام ❷ منشی گری ❸ محرری۔
نقل ہے (ا) محاورہ ❶ ذکر ہے ❷ کہتے ہیں ❸ لکھا ہے ❹ منقول ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218
www.besturdubooks.net

**نقلی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی (1) نقل دار (2) جھوٹا (3) جعلی (4) بناوٹی (5) کھوٹا (6) زبانی (7) روایتی (8) سماعی۔

**نقود** (ع) اسم مونث (1) نقد کی جمع (2) نقدیاں۔

**نقوش** (ع) اسم مذکر۔ نقش کی جمع۔

**نقوع** (ع) اسم مذکر (1) بھیگی ہوئی دوا (2) بھیگا ہوا میوہ (3) دوا بھگونے کا پانی۔

**نقول** (ع) اسم مونث۔ نقل کی جمع۔

**نقیب** (ع) اسم مذکر (1) لوگوں کے حالت اور خاندان سے واقف (2) خبر کرنے والا (3) شہرت کرنے والا (4) مدح خواں (5) ہرکارہ (6) چوبدار (7) سپاہی (8) وہ لوگ جو بادشاہوں یا امرا کی سواری کے آگے آواز لگاتے جاتے ہیں (9) کسی کی باریابی دربار کے موقعہ پر بلند آواز سے پکارتے ہیں۔

**نقیض** (ع) اسم صفت (1) توڑنے والا (2) عمارت گرانے والا (3) مخالف (4) خلاف (5) ضد (6) برعکس (7) الٹا (8) متبائن (9) اصطلاح متعلق۔

**نقیہ** (ع) اسم صفت (1) کمزور (2) ناتواں (3) ضعیف (4) خفیف (5) لاغر (6) دبلا۔

## ن ← ک

**نک** (ہ) اسم مونث (1) ناک کا مخفف (2) بینی۔

**نک بال** (ہ) اسم مذکر (1) ناک کا بال (2) موئے بینی۔

**نک بیسر** (ہ) اسم مونث (1) ناک کے ایک زیور کا نام (2) ایک قسم کی نتھنی (3) جھولی (4) بلاق۔

**نک توڑا** (ہ) اسم مذکر (1) (نک بمعنی ناک اور توڑا بمعنی حرکت) حرکت بینی (2) نازونخرہ (3) آزادگی (4) بولی ٹھولی (5) نخوت (6) تکبر (7) غرور (8) احسان و منت۔

**نک چڑھا** (ہ) اسم صفت مذکر (1) مغرور (2) متکبر (3) خود پسندی (4) کسی کو خاطر میں نہ لانے والا۔

**نک چڑھی** (ہ) اسم صفت مونث (1) دماغدار عورت (2) بدمزاج عورت۔

**نک کٹا** (ہ) اسم صفت (1) ناک کٹا ہوا (2) نکٹا۔

**نک کٹی** (ہ) اسم صفت (1) ناک کٹی ہوئی عورت (2) نکٹی۔

**نک کٹی ہونا** (ا) فعل (1) بے عزتی ہونا (2) بدنامی ہونا (3) ذلت ہونا (4) خواری ہونا۔

**نک گھسنی** (ہ) اسم مونث (1) عاجزی (2) منت (3) سماجت (4) خوشامد درآمد (5) ناک رگڑنا۔

**نکا** (ہ) اسم صفت (1) چھوٹا (2) خورد (3) ننھا (4) مختصر (5) کم (6) قلیل (7) نازک (8) باریک (9) ادھورا۔

**نکا** (ہ) اسم مذکر (1) نوکدار چیز (2) نکیلا (3) خمدار گیڑی۔

**نکات** (ع) اسم مذکر (1) نکتہ کی جمع (2) نکتے (3) باریکیاں (4) پاکیزہ اور بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے۔

**نکاح** (ع) اسم مذکر (1) مجازاً عقد (2) بیاہ (3) شادی (4) پھیرے (5) گٹھ (6) بندھن۔

**نکاح باندھنا/پڑھانا/کرنا** (ا) فعل (1) عقد کرنا (2) شادی کرنا (3) گھر میں ڈالنا (4) دو بول پڑھانا (5) مرد عورت کا ازدواج کرنا۔

**نکاح کی شرطیں کرنا** (ا) فعل (1) نہایت پختہ کرنا (2) بہت ہی حجت کرنا (3) بخوبی پختگی کرنا۔

**نکاح متعہ/موقت** (ع) اسم مذکر (1) وہ نکاح جو کسی میعاد مقررہ تک کیا جائے (2) چند روزہ نکاح۔

**نکاح نامہ** (عف) اسم مذکر (1) کابین نامہ (2) وہ کاغذ جو نکاح کے وقت بقید تاریخ و تعداد مہر روبروئے گواہاں لکھا جاتا ہے۔

**نکاح ہونا** (ا) فعل (1) بیاہ ہونا (2) شادی ہونا (3) عقد ہونا۔

**نکاحتا/نکاحی** (ا) اسم مونث (1) نکاح کی ہوئی عورت (2) منکوحہ (3) بیاہتا کی ضد (4) گھر میں ڈالی ہوئی۔

**نکاحی نہ بیاہی منڈو بہو کہاں سے آئی** (ا) مثل۔ خواہ مخواہ آکر رشتہ

Join us on whatsapp Naveed BaIG 03149077218

www.besturdubooks.net

دار بن بیٹھنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

نکاس (ہ) اسم مذکر ① جڑ ② بنیاد ③ اصل ④ مول ⑤ بیخ ⑥ ابتدا ⑦ آغاز ⑧ شروع۔

نکاسی (ہ) اسم مونث ① کھیتی کی پیداوار ② محاصل ③ آمدنی ④ حاصل ⑤ فائدہ نفع ⑥ بکری ⑦ مال کی فروختگی ⑧ لدائی ⑨ بھرتی۔

نکال (ء) اسم مذکر ① رنج ② دکھ ③ عذاب ④ سزا ⑤ تکلیف۔

نکال دینا (ہ) فعل ① جدا کر دینا ② باہر کر دینا ③ موقوف کر دینا ④ جواب دے دینا ⑤ کوئی چیز گھر سے دینا ⑥ طلاق دے دینا۔

نکال لانا (ہ) فعل ① کسی عورت کو بھگا لانا ② بھگا کر لے جانا۔

نکالا (ہ) اسم مذکر ① شہر بدر ② جلاوطن ③ اخراج ④ خارج۔

نکالا ملنا (ہ) فعل ① نکالا جانا ② جلاوطن کیا جانا ③ شہر بدر کیا جانا۔

نکالنا (ہ) فعل ① باہر کرنا ② خارج کرنا ③ دور کرنا ④ چھانٹنا ⑤ چننا ⑥ منتخب کرنا ⑦ تفریق کرنا ⑧ منہا کرنا ⑨ دل سے کوئی بات پیدا کرنا۔

نکانا (ہ) فعل ① نلانا ② گھاس پھوس دور کرنا ③ نلائی کرنا۔

نکبت (ء) اسم مونث ① بدبختی ② بدحالی ③ خستگی ④ خستہ حالی ⑤ مفلسی ⑥ افلاس ⑦ فلاکت۔

نکتہ (ء) اسم مذکر ① باریک بات ② باریکی ③ بلیغ اور پاکیزہ کلام ④ راز ⑤ مخفی بات ⑥ سمجھ کی بات ⑦ عقل کی بات ⑧ عیب ⑨ رخنہ۔

نکتہ پرور/نکتہ پرداز (عف) اسم صفت فاعلی ① ہوشیار ② شاعر ③ سخن شناس ④ سخن فہم ⑤ سخنور ⑥ زبان آور ⑦ خوش گفتار۔

نکتہ بین/نکتہ چین (عف) اسم صفت فاعلی ① عیب جو خردہ گیر ② میکھ نکالنے والا۔

نکتہ چینی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① عیب جوئی ② برائی تلاش کرنے والا۔

نکتہ رس (عف) اسم صفت فاعلی ① تیز طبع ② ذکی ③ زیرک ④ تیز فہم ⑤ دقیقہ رس۔

نکتہ سنج (عف) اسم صفت فاعلی ① اچھی بات کہنے والا ② تلی ہوئی بات کہنے والا ③ عقلمند ④ ہوشیار ⑤ مجازاً شاعر ⑥ سخنور ⑦ خوش گفتار۔

نکتہ سنجی (عف) اسم مونث ① سخنوری ② سخن فہمی ③ فصاحت ④ خوش بیانی۔

نکتہ شناس/نکتہ داں (عف) اسم صفت ① ذہین ② دانا ③ سیانا ④ عقلمند ⑤ تیز فہم۔

نکتہ گیر (عف) اسم صفت فاعلی ① عیب جو ② خردہ بین ③ نکتہ چین۔

نکتی (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو چنے کی دال پیس کر بنائی جاتی ہے۔

نکٹ (ء) تابع فعل ① قریب ② پاس ③ نزدیک۔

نکٹا (ہ) اسم صفت ① ناک کٹا ② بے شرم ③ بے غیرت ④ ایک قسم کا چلتی لے کا گیت ⑤ چپٹی ناک والا ⑥ چوڑی ناک والا ⑦ جوا کھیلنے کی کوڑی۔

نکٹائی (ای) اسم مونث۔ ٹائی۔

نکٹی (ہ) اسم صفت ① ناک کٹی عورت ② چپٹی ناک والی ③ ناک بیٹھی عورت ④ بے غیرت ⑤ بے شرم ⑥ گربہ۔

نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی (ہ) مثل ① بے غیرت کی عزت گئی اور وہ الٹا خوش ہوا ② بے عزت کو عزت جانے کی خوشی ہوئی۔

نکرہ (ء) اسم مذکر ① ناشناسی ② معرفہ کی ضد ③ وہ اسم جو غیر معین چیز پر بولا جائے۔

نکڑ (ہ) اسم مذکر ① نوک سے اسم تصغیر ② نوک ③ سرا ④ انتہا ⑤ اخیر ⑥ کونہ ⑦ گوشہ۔

نکس (ء) اسم مذکر ① بیماری کا عود کر آنا ② پھر بیمار ہو جانا۔

نکسنا (ہ) فعل۔ نکلنا۔

نکسیر (ہ) اسم مونث ① ناک سے خون گرنا ② گرمی کے سبب ناک سے خون جاری ہونا۔

نکسیر بھی نہیں پھوٹی (ہ) محاورہ ① بال تک بھی بیکا نہیں ہوا ② ذرا بھی صدمہ نہیں پہنچا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124907218

www.besturdubooks.net

**نکسیر پھوٹنا** (ہ) فعل۔ ناک سے خون بہنا۔

**نکل** (ای) اسم مذکر ❶ سفید تانبا ❷ ملمع کرنا۔

**نکل آنا** (ہ) فعل ❶ باہر ہونا ❷ ظاہر ہونا ❸ باہر ہو جانا ❹ پیدا ہونا ❺ کھڑا ہونا ❻ برپا ہونا ❼ پھوٹنا ❽ ابھرنا ❾ زمین سے باہر آنا۔

**نکل بھاگنا** (ہ) فعل ❶ فرار ہونا ❷ چلا جانا ❸ چل دینا ❹ قابو سے چلا جانا ❺ بچ کر چلا جانا ❻ چمپت ہو جانا ❼ صاف بچ جانا ❽ تیر ہو جانا ❾ کافور ہو جانا۔

**نکل پڑنا** (ہ) فعل ❶ ظاہر ہو جانا ❷ نمایاں ہو جانا ❸ پیٹ گر جانا ❹ حمل اسقاط ہو جانا ❺ چل دینا ❻ باہر آنا ❼ اوپر آ جانا ❽ میوے کا پک کر گر پڑنا ❾ کھل پڑنا۔

**نکل جانا** (ا) فعل ❶ فرار ہو جانا ❷ بھاگ جانا ❸ روپوش ہو جانا ❹ کافور ہو جانا ❺ دور چلا جانا ❻ زائل ہونا ❼ جاتا رہنا ❽ بڑھ جانا ❾ سبقت لے جانا۔

**نکل چلنا** (ا) فعل ❶ اپنی حیثیت اور بساط سے بڑھ کر چلنا ❷ اترا جانا ❸ مغرور ہو جانا۔

**نکلنا** (ہ) فعل ❶ پھوٹنا ❷ اگنا ❸ اوپر آنا ❹ رسنا بہنا ❺ جاری ہونا ❻ جنم لینا ❼ پیدا ہونا ❽ ظاہر ہونا ❾ عیاں ہونا۔

**نکلوانا** (ہ) فعل ❶ باہر کرانا ❷ خارج کرانا ❸ معلوم کرنا۔

**نکلے ہوئے دانت پھر اندر نہیں جاتے** (ا) مثل ❶ جو بھید کھل جاتا ہے وہ پھر نہیں چھپتا ❷ گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آ سکتا ❸ عزت برباد ہو کر پھر نہیں بندھتی۔

**نکلیس** (ای) اسم مذکر ❶ گلوبند ❷ مالا ❸ کنٹھا ❹ چمپا کلی۔

**نکما** (ا) اسم صفت ❶ بے کار ❷ بے مصرف ❸ خالی معطل ❹ بے شکل ❺ برا ❻ خراب ❼ ناچیز ❽ حقیر۔

**نکما کر دینا** (ہ) فعل ❶ کسی کام کا نہ رکھنا ❷ ناکارہ کر دینا ❸ خراب کر دینا ❹ بگاڑ دینا ❺ کسی قابل نہ رکھنا ❻ بالکل بیکار اور معطل کر دینا۔

**نکو** (ہ) اسم صفت ❶ بڑی ناک والا ❷ معزز ❸ عزت والا ❹ صاحب غیرت ❺ رسوا ❻ بدنام ❼ معیوب ❽ داغی۔

**نکو بنانا/کرنا** (ہ) فعل ❶ رسوا کرنا ❷ بدنام کرنا ❸ رسوائے عام کرنا۔

**نکو** (ہ) صفت ❶ نیکو کا مخفف ❷ خوب اچھا۔

**نکوکار** (ف) اسم مذکر ❶ اچھے کام کرنے والا ❷ اچھے افعال کا مالک۔

**نکوٹین** (ای) اسم مونث۔ تمباکو کا زہر۔

**نکوئی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بھلائی ❷ نیکی ❸ اچھا سلوک ❹ مہربانی ❺ خوبی ❻ عمدگی۔

**نکھ** (ہ) اسم مذکر ❶ ناخن ❷ نوہ ❸ پاؤں کا ناخن ❹ دوا کا نام ❺ ابریشم ❻ کچا ریشم ❼ نخ۔

**نکھ سکھ سے** (ہ) تابع فعل ❶ پاؤں کے ناخن سے سر تک ❷ سرتاپا ❸ سر پاؤں سے۔

**نکھ سکھ سے درست** (ا) تابع فعل ❶ سر سے پاؤں تک بے عیب ❷ سب طرح سے آراستہ و پیراستہ۔

**نکھار** (ہ) اسم مذکر ❶ اجلا پن ❷ صفائی ❸ بناؤ سنگار ❹ آرائش زیبائش ❺ زیب و زینت۔

**نکھار کرنا** (ہ) فعل ❶ بناؤ سنگار کرنا ❷ زیب و زینت کرنا۔

**نکھارنا** (ہ) فعل ❶ اجلا کرنا ❷ صاف کرنا ❸ میل دور کرنا ❹ میل کاٹنا۔

**نکھٹو** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ کچھ نہ کمانے والا ❷ ناکارہ ❸ نکما ❹ سست ❺ احمق ❻ بیوقوف ❼ نہایت ❽ مفلس ❾ بالکل غریب۔

**نکھٹو کی جورو سدا ننگی** (ہ) مثل۔ سست اور نکمے کے گھر میں ہمیشہ مفلسی ہی رہتی ہے۔

**نکھد** (ہ) اسم صفت ❶ سب سے خراب ❷ برا ❸ نکما ❹ ناکارہ ❺ بدتر ❻ بہت ہی برا۔

**نکھرا ہوا** (ہ) اسم صفت مفعولی ❶ صاف ❷ ستھرا ❸ اجلا ❹ بے میل ❺ بنا ٹھنا۔

**نکھرنا** (ہ) فعل ❶ صاف ہونا ❷ میل سے دور ہونا ❸ بے میل ہونا ❹ اجلا ہونا ❺ چمکنا ❻ روپ نکلنا ❼ روپ آنا ❽ جوبن نکلنا ❾ بننا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نکھنڈ (ہ) اسم صفت 1 آدھا 2 بیچ 3 نیم 4 نصف ٹھیک 5 عین۔

نکی (ہ) اسم مونث 1 ناک میں بولنے والا 2 جوئے کی کوڑی 3 جوئے کا ایک داؤں 4 ایک قسم کا جوا۔

نکی موٹھ (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا جوا جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

نکی آوا (ہ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔

نکیر (ع) اسم مذکر 1 قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ 2 منکر نکیر۔

نکیرین (ع) اسم مذکر۔ مردے سے قبر میں سوال کرنے والے دو فرشتے۔

نکیل (ہ) اسم مونث 1 اونٹ کی ناک کی رسی 2 اونٹ کی مہار۔

نکیل ہاتھ میں ہونا (ہ) فعل 1 قبضہ ہونا 2 قابو ہونا 3 اختیار ہونا 4 لگام ہاتھ میں ہونا۔

نکیلا (ہ) اسم صفت 1 نوکدار 2 گاؤ دم 3 گاجر سا 4 بانکا 5 خوبصورت 6 خوش وضع۔

نکیلا پن (ہ) اسم مذکر مصدری 1 بانکپن 2 خوبصورتی 3 خوش وضعی۔

نکیلی (ہ) اسم صفت 1 نکیلا کی تانیث 2 چونچ دار 3 خوبصورت 4 بانکی 5 طرحدار 6 وضعدار۔

## ن ← گ

نگ (ا) اسم مذکر 1 نگینہ 2 انگوٹھی میں جڑنے کا قیمتی پتھر 3 پہاڑ 4 پربت 5 کوہ 6 جبل۔

نگ جڑنا (ا) فعل 1 نگینہ چسپاں کرنا 2 نگینہ بٹھانا۔

نگ کی چوڑیاں (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کی نگینہ والی چوڑیاں۔

نگار (ف) اسم مذکر 1 نقش کا مرادف 2 تصویر 3 مورت 4 پربت 5 مورتی 6 معشوق 7 محبوب 8 خوبصورت 9 مہندی کا وہ نقش جو عورتیں اپنے ہاتھوں پر بنالیتی ہیں۔

نگار خانہ (ف) اسم مذکر ظرف 1 تصویروں کا مکان 2 عجائب گھر 3 تصویر خانہ۔

نگار عالم (فع) اسم مذکر 1 دنیا میں سب سے زیادہ خوبصورت 2 نہایت خوش وضع۔

نگارش (ف) اسم مونث 1 تحریر 2 لکھنا 3 نقشہ کشی۔

نگارین (ف) اسم صفت نسبتی 1 منسوب بہ نگار 2 مینڈھی لگا ہوا 3 مجازاً معشوق 4 دلبر 5 محبوب۔

نگاہ (ف) اسم مونث 1 نظر 2 چون 3 تیور 4 بصارت 5 آنکھ چشم 6 شناخت 7 پرکھ 8 مداخلت 9 مہربانی۔

نگاہ اٹھا کر نہ دیکھنا (ا) فعل 1 نہایت مغرور رہنا 2 کسی کو خیال میں نہ لانا 3 بات نہ پوچھنا 4 بے رخی کرنا 5 التفات اور توجہ نہ کرنا۔

نگاہ پڑنا (ا) فعل 1 نظر آنا 2 دیکھنے میں آنا 3 دیکھا جانا۔

نگاہ پھرنا (ا) فعل 1 التفات نہ ہونا 2 بے توجہی ہونا 3 توجہ نہ رہنا 4 نظر کا ادھر ادھر دیکھنا۔

نگاہ چڑھنا (ا) فعل۔ 1 نظر چڑھنا 2 جچنا 3 پسند خاطر ہونا 4 نظر میں سمانا۔

نگاہ رکھنا (ا) فعل 1 نظر رکھنا 2 توجہ رکھنا 3 دھیان رکھنا 4 خیال رکھنا 5 دیکھتے رہنا 6 پہچان رکھنا 7 شناخت رکھنا 8 حفاظت کرنا۔

نگاہ کرنا (ا) فعل 1 دھیان کرنا 2 دیکھنا 3 نظر کرنا 4 ملاحظہ کرنا 5 سوچنا 6 خیال کرنا 7 اندازہ کرنا 8 جانچنا 9 پرکھنا۔

نگاہ لڑانا (ا) 1 نظر کا باہم ملانا 2 نظریں لڑانا 3 نظر بازی کرنا 4 آنکھیں لڑانا 5 دید بازی کرنا 6 جانچنا 7 پرکھنا۔

نگاہ ناز (ف) اسم مونث 1 معشوقانہ نظر 2 ناز و انداز کی نظر۔

نگاہ مہر (ف) اسم مونث 1 محبت اور پیار کی نظر 2 رحم کی نظر۔

نگہداشت (ف) اسم مونث 1 چوکسی 2 ہوشیاری 3 حفاظت 4 نگرانی 5 محافظت۔

نگاہبان (ف) اسم مذکر فاعل ترکیبی 1 چوکیدار 2 سنتری 3 پاسبان 4 محافظ 5 پہرے دار 6 خبر رکھنے والا 7 خبردار۔

نگاہبانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 چوکیداری 2 پاسبانی 3 حفاظت 4 خبرداری۔

نگاہوں پر چڑھنا (ا) فعل 1 نظروں میں کھبنا 2 نظروں میں جچنا 3

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

ٹوک میں آنا۔

**نگاہیں پھرنا** (ا) فعل ① رخ پھرنا ② توجہ نہ رہنا ③ کم توجہی ہونا۔

**نگر** (ہ) اسم مذکر ① شہر ② قصبہ ③ بلدہ۔

**نگرناری** (ہ) اسم مونث ① بستی کی بہو بیٹیاں ② مستورات شہر۔

**نگر** (ہ) اسم صفت ① ٹھوس ② بھاری ③ سخت وزنی ④ مضبوط ⑤ پکا ⑥ بھرا ہوا ⑦ پر۔

**نگران** (ف) اسم صفت ① دیکھنے والا ② ناظر ③ نگہبان ④ محافظ ⑤ منتظر ⑥ چشم براہ۔

**نگرانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دیکھ بھال ② خیر خبر ③ نگہبانی ④ حراست ⑤ اہتمام ⑥ انتظام۔

**نگلنا** (ہ) فعل ① ہڑپ کرلینا ② حلق سے نیچے اتار جانا ③ ڈکار جانا ④ ڈکوسنا ⑤ کھانا ⑥ ٹھونسنا ⑦ غبن کرنا ⑧ تغلب کرنا۔

**نگم** (س) اسم مذکر ① پاک ② مقدس ③ آسمانی کتاب ④ عارف ⑤ ولی ⑥ صاحب دل۔

**نگند** (ہ) اسم مذکر۔ ایک مصفی خون بوٹی کا نام ہے۔

**نگندنا** (ا) فعل ① نگندے ڈالنا ② لمبے لمبے ٹانکے لگانا۔

**نگندہ** (ف) اسم مذکر ① لغت میں بخیہ ② اصطلاح میں رضائی یا لحاف میں روئی کے بچاؤ کے لئے لمبے ٹانکے اور دور دور سیون۔

**نگندے ڈالنا** (ا) فعل۔ روئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔

**نگوڑا** (ہ) اسم صفت ① لنگڑا ② لولا ③ اپاہج ④ نکما ⑤ کم بخت ⑥ بدقسمت ⑦ منحوس ⑧ چندرا ⑨ نامراد۔

**نگوڑی** (ہ) اسم صفت۔ نگوڑا کی تانیث۔

**نگون** (ف) اسم صفت ① خمیدہ ② جھکا ہوا ③ الٹا ④ اوندھا لٹکا ہوا ⑤ واژون۔

**نگون بخت** (ف) اسم صفت فاعلی ① بدقسمت ② بے نصیب ③ بدنصیب۔

**نگونسار** (ف) اسم صفت ① سر کے بل ② اوندھا۔

**نگون ہمت** (ف) اسم صفت ① بے ہمت ② کم ہمت ③ پست ہمت۔

**نگہ** (ف) اسم مذکر ① نگاہ کا مخفف ہے ② نظر ③ چتون۔

**نگہبان** (ف) اسم صفت۔ دیکھو (نگاہبان۔)

**نگہبانی** (ف) اسم مونث۔ دیکھو (نگاہبانی۔)

**نگینہ** (ف) اسم مذکر ① نگ ② قیمتی پتھر ③ جوہر ④ جواہرات ⑤ چسپاں ⑥ موزوں ⑦ ٹھیک بیٹھا ہوا ⑧ ہندوستان کے ایک شہر کا نام۔



نگینہ

## ن ← ل

**نل** (ہ) اسم مذکر ① لوہے یا مٹی کا خالی نلوہ جو پانی کے لئے لگایا جائے ② موٹی چیز ③ اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز ④ نال ⑤ بانس کا نلوہ ⑥ نرکل ⑦ سرکنڈا۔

**نلا** (ہ) اسم مذکر ① پیشاب کی نالی ② موت کی ناڑی ③ ناف جیسے ایک پٹھے کا نام ④ پاؤں کی ہڈی ⑤ پنڈلی کی ہڈی۔

**نلا ٹلنا** (ہ) فعل ① ناف کا پانی پر نہ رہنا ② اِدھر اُدھر ہو جانا۔

**نلانا** (ہ) فعل ① کھیت میں سے گھانس پھونس دور کرنا ② اڑاہا نکالنا۔

**نلائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① نلانے کا کام ② نلانے کی اجرت ③ صفائی۔

**نلجا** (ہ) اسم صفت ① بے لاج ② بے شرم ③ بے غیرت۔

**نلوا** (ہ) اسم مذکر ① نل کی تصغیر ہے ② چھوٹا سا نل ③ کاغذات وغیرہ رکھنے کے لئے ٹین یا پیتل کا بنا ہوا نل۔

**نلوانا** (ہ) فعل ① نلائی کرانا ② کھیت کی صفائی کرانا۔

**نلوائی** (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① اسم معاوضہ ② کھیت میں نلانے کی اجرت۔

**نلوہ** (ہ) اسم صفت ① بے لوث ② صاف لے ③ گزند ④ خالص ⑤ مفت ⑥ بے آسیب ⑦ بلا مزاحمت ⑧ نرا نفع ⑨ خالص نفع۔

**نلوہ جانا / چلا جانا** (ہ) فعل ① صاف چلا جانا ② بے روک ٹوک چلا جانا ③ بے گزند چلا جانا۔

**نلی** (ہ) اسم مونث ① پنڈلی کی ہڈی ② نے ③ نال ④ بندوق کی نال ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جولاہے کی نال۔

**نلے** (ہ) اسم مذکر۔ نلا کی جمع۔

**نلے ٹل جانا** (ہ) فعل ① ناف ٹل جانا ② ناف سرک جانا ③ بیکل ہو جانا۔

**نلیا** (ہ) اسم مذکر فاعل ① چڑیمار ② صیاد ③ شکاری ④ (بحالت اسم مونث) چھوٹی نلی ⑤ نلی نال کی تصغیر۔

## ن ← م

**نم** (ف) اسم مذکر ① رطوبت ② سیل ③ تری ④ گیلا پن (بحالت اسم صفت) گیلا ⑤ مرطوب۔

**نمناک** (ف) اسم صفت ① طراوت دار ② مرطوب ③ گیلا ④ بھیگا ہوا۔

**نما** (ف) صفت ① دکھانے والا ② ظاہر کرنے والا ③ مرکبات میں لاحقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے قطب نما وغیرہ۔

**نما** (ف) اسم مذکر ① نشو کا مرادف ② بڑھنے کی قوت ③ بڑھانے والی طاقت۔

**نماز** (ف) اسم مونث ① نیاز ② عاجزی ③ انکساری ④ پرستش ⑤ خدمت ⑥ ٹہل ⑦ سیوا ⑧ جبہ سائی ⑨ سجدہ۔

**نماز استسقا** (فع) اسم مونث ① وہ نماز جس میں بارش ہونے کے لئے دعا مانگی جائے۔

**نماز پڑھنا** (ا) فعل ① فرض ادا کرنا ② خدا کی عبادت کرنا ③ صلوٰۃ ادا کرنا۔

**نماز پنجگانہ** (ف) اسم مونث ① پانچوں وقت کی نماز یعنی فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشا کی نماز۔

**نماز پیشین/پختین** (ف) اسم مونث ① ظہر کے وقت کی نماز ② تیسرے پہر کی نماز ③ دن کی نماز۔

**نماز جنازہ** (فع) اسم مونث۔ مردے کی نجات کے لئے اس کی لاش پر جو نماز پڑھتے ہیں۔

**نماز خسوف** (فع) اسم مونث۔ چاند گرہن کے وقت کی نماز۔

**نماز خفتن/نماز عشا** (ف) اسم مونث ① وہ نماز جو سوتے وقت پڑھتے ہیں ② سونے سے پہلے کی نماز۔

**نماز دیگر** (ف) اسم مونث ① عصر کی نماز ② ظہر کے بعد کی نماز۔

**نماز عیدین** (فع) اسم مونث۔ وہ نماز جو عید الفطر اور عید الضحیٰ کے روز پڑھی جاتی ہے۔

**نماز قصر** (ء) اسم مونث۔ حالت سفر میں کم شدہ نماز۔

**نماز کسوف** (ء) اسم مونث۔ سورج گرہن کے وقت کی نماز۔

**نماز کو بخشوانے گئے روزے گلے پڑے** (ا) مثل۔ ایک کام سے پیچھا چھڑانا چاہا تھا دوسرا کام اور ذمہ پڑا۔

**نمازی** (ف) اسم مذکر۔ بیائے فاعلیت ① نماز پڑھنے والا ② مصلی ③ پارسا ④ پرہیز گار۔

**نماز کا ٹکا** (ا) محاورہ ① بدی کا بدلہ ② فعل بد کی سزا ③ ایسی بات جس کا بدلہ ضرور بالضرور مل کر رہے۔

**نمازی پڑے** (ا) اسم مذکر ① پاک صاف کپڑے ② ایسے کپڑے جن سے نماز پڑھ سکیں۔

**نماز شام** (ا) اسم مونث ① نماز شام کا بگاڑ ہے ② جھٹ پٹے کا وقت ③ مغرب کی نماز کا وقت۔

**نمام** (ء) اسم مذکر صفت مبالغہ ① چغل خور ② لترا ③ سخن چین ④ اِدھر اُدھر کی لگانے والا۔

**نمامی** (ء) اسم مونث ① چغل خوری ② غمازی ③ اِدھر اُدھر کی لگانے والی۔

**نمانا** (ہ) اسم صفت (ن حرف نفی اور مانا بمعنی بان والا) شرمالو ① شرمگین ② بزدل ③ ڈرپوک۔

**نمایاں** (ف) اسم صفت ① ظاہر ② علانیہ ③ پرگھٹ ④ مشہور ⑤ نامور ⑥ فاش ⑦ عیاں ⑧ کھلا ⑨ نکلا ہوا۔

**نمائش** (ف) اسم مونث حاصل مصدر از نمودن ① دکھاوا ② نمود ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314077218

ظہور۔

نمائش گاہ (ف) اسم مونث ظرف ❶ صنعت و حرفت کی چیزوں کے دکھانے کی جگہ ❷ تماشا گاہ ❸ میلہ ❹ نمائش۔

نمائشی (ا) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ دکھاوے کا ❷ ظاہر میں اچھا۔

نمبر (ای) اسم مذکر ❶ تعداد ❷ درجہ ❸ باری ❹ نوبت۔

نمت (س) اسم مذکر ❶ سبب ❷ لئے ❸ واسطے ❹ باعث ❺ کارن ❻ نصیب ❼ حصہ ❽ بھاگ ❾ مراد۔

نمٹانا (ہ) فعل ❶ چکانا ❷ بھگتانا ❸ بیباق کرنا ❹ خالی کرنا ❺ فرصت پانا ❻ کام پورا کرنا ❼ کام ختم کرنا ❽ انجام کو پہنچانا ❾ فراغت پانا۔

نمٹانا (ہ) اسم صفت ❶ بھگتا ہونا ❷ تجربہ کار ❸ جہاندیدہ۔

نمٹنا (ہ) فعل ❶ فرصت پانا ❷ فارغ ہونا ❸ آزاد ہونا ❹ سمجھنا ❺ بھگتنا۔

نمیڑا (ہ) اسم مذکر ❶ بیباقی ❷ ادائیگی ❸ فرصت ❹ نجات ❺ چھٹکارا ❻ تکمیل ❼ انجام۔

نمد (ف) اسم مذکر ❶ نمدہ ❷ اون یا ریشم کا بستر ❸ ملائم بالوں کا بستر۔

نمد پوش (ف) اسم مذکر ❶ کمل پوش ❷ پٹو یا پوستین پہننے والا۔

نمدزین (ف) اسم مذکر۔ زین کے گھوڑے کی پشت پر ڈالنے کا نمدہ۔

نمدہ (ا) اسم مذکر ❶ نمد ❷ وہ اونی کپڑا جو گھوڑوں پر ڈالتے ہیں۔

نمدہ بندھ جانا (ا) فعل ❶ مفلس ہو جانا ❷ دیوالیہ نکل جانا۔

نمرود (ف) اسم مذکر ❶ ایک کافر بادشاہ کا نام جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا اور وہ آگ خدا کے حکم سے گلزار ہوگئی تھی ❷ مجازاً کافر ❸ ظالم ❹ سخت ❺ بے دین ❻ پرلے درجہ کا کافر۔

نمستے (ہ) اسم مذکر ❶ بندگی ❷ تسلیم ❸ آداب۔

نمسکار کرنا (ف) فعل ❶ سلام کرنا ❷ بندگی کرنا ❸ رام رام کرنا۔

نمش (ا) اسم مونث۔ دودھ کی جھاگ میں مصری ملائی ہوئی قلفی۔

نمط (ع) اسم مذکر ❶ رنگین فرش یا بچھونا ❷ دستور ❸ قاعدہ ❹ طریقہ ❺ ڈھنگ ❻ وضع ❼ قطع ❽ طور۔

نمک (ف) اسم مذکر ❶ نون ❷ لون ❸ کھار ❹ کھاری پن ❺ شور ❻ نمکینی ❼ ملاحت ❽ سانولا پن ❾ مجاز اُروزی۔

نمک بند (ف) اسم مذکر۔ وہ زخم جس میں نمک بھر کر بند کر دیں۔

نمک پاشی کرنا (ف) فعل ❶ نون چھڑکنا ❷ نمک لگانا ❸ ستانا ❹ جلانا ❺ تکلیف دینا۔

نمک پروردہ (ف) اسم مذکر ❶ روٹیوں کا پلا ہوا ❷ خانہ زاد ❸ کسی کے ٹکڑے کھا کر پلا ہوا ❹ نوکر ❺ خادم ❻ غلام۔

نمک پھوٹ کر / پھوٹ پھوٹ کر نکلنا (ا) فعل ❶ سارا کھایا پیا پھوڑے پھنسیوں کے رستے نکلنا ❷ نمک حرامی کی سزا ملنا۔

نمک چھڑکنا (ا) فعل ❶ لون لگانا ❷ تنگ کرنا ❸ ستانا ❹ جلانا ❺ تکلیف دینا۔

نمک حرام (فع اسم صفت ❶ ناشکرا ❷ بیوفا ❸ بے مروت ❹ سرکش ❺ محسن کش ❻ وہ شخص جو نیکی کے عوض بدی کرے۔

نمک حرامی (ا) اسم مونث ❶ بیوفائی ❷ ناشکری ❸ دغابازی ❹ بے مروتی ❺ بغاوت ❻ حرام خوری۔

نمک حلال (فع) اسم صفت ❶ شکرگزار ❷ آقا کا خیرخواہ ❸ احسان مند ❹ حق شناسی۔

نمک حلالی (ا) اسم مونث ❶ خیرخواہی ❷ شکرگزاری۔

نمک خوار (ف) اسم مذکر ❶ غلام ❷ خانہ زاد ❸ نمک پروردہ ❹ ملازم ❺ نوکر۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن (ف) مثل ❶ محسن کشی کرنا ❷ جس سے کھانا اسی کو نقصان پہنچانا ❸ جس ہانڈی میں کھانا اسی میں چھید کرنا۔

نمک دان / نمک دانی (ف) اسم مذکر ❶ نمک رکھنے کا برتن ❷ پیا ہوا نمک رکھنے کا ظرف۔

نمک کا حق ادا کرنا (ا) فعل ❶ وفاداری کرنا ❷ نمک حلالی کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

**نمک کی کنکری حرام ہونا** (ا) فعل ❶ بالکل فاقہ سے رہنا ❷ نمک تک منہ میں نہ جانا۔

**نمک کی مار پڑنا** (ا) فعل ❶ نمک حرامی کی سزا ملنا ❷ نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔

**نمک مرچ لگانا** (ا) محاورہ ❶ چٹکیلا بنانا ❷ مزیدار بنانا ❸ بات بڑھا کر کہنا ❹ مبالغہ کرنا ❺ جلانا ❻ بھڑکانا ❼ اکسانا ❽ چھیڑنا۔

**نمکین** (ف) اسم صفت ❶ سلونا ❷ نمکدار ❸ چٹ پٹا ❹ سانولا ❺ ملیح ❻ سیام برن ❼ تیز ❽ چرچرا۔

**نمکینی** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ❶ سلونا پن ❷ ملاحت۔

**نمگیرہ** (ف) اسم مذکر ❶ وہ کپڑا جو اوس کی نمی سے بچنے کے لئے پلنگ پر چھت گیری کی طرح لگا دیتے ہیں ❷ مجازاً سائبان ❸ ترپال ❹ شامیانہ۔

**نمناک** (ف) اسم صفت ❶ نمدار ❷ گیلا ❸ سیلا ❹ تر ❺ مرطوب۔

**نمو** (ء) اسم مذکر ❶ بڑھنا ❷ اگنا ❸ اضافہ ❹ افزائش ❺ بالیدگی ❻ روئیدگی۔

**نمود** (ف ء) اسم مونث ❶ دکھاوا ❷ اظہار ❸ ظہور ❹ بالیدگی ❺ علامت ❻ آثار ❼ نشان ❽ قبر کا نشان۔

**نمود کرنا** (ا) فعل ❶ شیخی بگھارنا ❷ ڈینگ مارنا ❸ اترانا ❹ تعلی کرنا۔

**نمود ہونا** (ا) فعل ❶ ظاہر ہونا ❷ دکھائی دینا ❸ ابھرنا ❹ اگنا ❺ نمو ہونا ❻ صورت پکڑنا ❼ وجود ہونا ❽ ہستی ہونا ❾ نام ہونا۔

**نمودار** (ف) اسم صفت فاعلی ❶ پرکٹ ❷ عیاں ❸ ظاہر ❹ آشکارا۔

**نمودار ہونا** (ا) فعل ❶ لازم ❷ پرکٹ ہونا ❸ ظاہر ہونا ❹ عیاں ہونا ❺ سامنے آنا ❻ باہر آنا ❼ برآمد ہونا ❽ طلوع ہونا۔

**نمونہ** (ف) اسم مذکر ❶ بانگی ❷ نظیر ❸ مثال ❹ سانچا ❺ ڈھانچا ❻ قالب ❼ نقل ❽ نقشہ ڈول ❾ قطع۔

**نمونیا** (ای) اسم مذکر ❶ ذات الجنب ❷ ایک بیماری کا نام ہے جس میں پھیپھڑا خراب ہوجاتا ہے۔

**نموہا** (ہ) اسم مذکر صفت ❶ کم زبان ❷ چپ ❸ کم گو ❹ خاموش ❺ مجازاً غریب۔

**نموہی** (ہ) اسم صفت مونث ❶ کم گو ❷ کم سخن ❸ چپ چاپ ❹ خاموش۔

**نمی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ رطوبت ❷ تری ❸ گیلا پن۔

**نمیقہ** (ء) اسم مذکر ❶ چٹھی ❷ خط ❸ نامہ ❹ نوشتہ ❺ تحریر ❻ مرقومہ۔

## ن ← ن

**نن** (ای) اسم مونث ❶ راہبہ ❷ تارک الدنیا عورت ❸ وہ عیسائی عورت جو ساری زندگی عبادت کے لئے وقف کر دیتی ہے۔

**ننا** (ا) اسم صفت ❶ چھوٹا ❷ خرد ❸ کم ❹ معرات۔

**نناسا** (ا) اسم مذکر ❶ پستہ قد ❷ ننھا ❸ نادان ❹ بیوقوف ❺ بچہ ❻ ناسمجھ ❼ مجازاً لاڈلا ❽ پیارا۔

**ننا کاتنا** (ہ) فعل ❶ باریک سوت کاتنا ❷ بہت کفایت چاہنا ❸ جزرس ہونا ❹ کنجوس ہونا ❺ تنگ دل اور بخیل ہونا۔

**ننامنا** (ہ) اسم صفت ❶ بہت ہی چھوٹا ❷ نہایت خرد۔

**ننانوے** (ہ) اسم عدد ❶ نوے اور نو ❷ ایک کم سو ❸ ۹۹۔

**ننانوے کے پھیر میں آنا / پڑنا** (ہ) فعل ❶ لالچ کے باعث تکلیف میں پھنسنا ❷ روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا۔

**نناواں / ننانواں** (ہ) اسم مذکر ❶ نام نہ لینے کے قابل ❷ وہ چیز جس کا نام لینا اچھا نہ ہو ❸ ہیضہ کی بیماری ❹ وہ آدمی جس کی بدی کے باعث اس کا نام نہ لیں ❺ منہ کا چھالا ❻ تبخالہ۔

**ننادین** (ہ) اسم مونث ❶ وہ چیز جس کے نام لینے کو برا سمجھیں ❷ چڑیل ❸ پچھلپائی ❹ بھتنی ❺ بخیل اور کنجوس عورت ❻ سورۃ یٰسین جو مرتے وقت سناتے ہیں ❼ ناک کے کیڑے جھڑنے کی بیماری۔

**نندی** (ہ) اسم مونث ❶ خاوند کی بہن ❷ خواہر شوہر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072...

www.besturdubooks.net

نندا (ہ) اسم مونث ① برائی ② عیب ③ بدگوئی ④ ہجو ⑤ غیبت۔

نندا کرنا (ہ) فعل ① غیبت کرنا ② بدگوئی کرنا ③ ہجو کرنا ④ پیٹھ پیچھے برا کہنا۔

نندا سا (ہ) اسم صفت ① انیندا ② خواب آلودہ ③ بے خواب۔

نندڑیاں (ہ) سا اسم مونث۔ نیند کی تصغیر۔

نندن (ہ) اسم مذکر ① بیٹا ② پوت ③ فرزند ④ پتر جیسے اوتی نندن۔

نندولا (ہ) اسم مذکر بواو مجہول۔ ناند کی تصغیر۔ مٹی کا کونڈا۔

نندوئی/نندوئیا (ہ) اسم مذکر ① نند کا خاوند ② شوہر کا بہنوئی۔

ننگ (ف) اسم مذکر ① شرم ② لحاظ ③ غیرت ④ حیا ⑤ عیب ⑥ کلنک ⑦ رسوائی ⑧ ذلت ⑨ بدنامی۔

ننگ خاندان (ف) اسم صفت ① خاندان کو بٹا لگانے والا ② خاندان کو بدنام کرنے والا ③ باعث عار ④ کلنک کا ٹیکا۔

ننگ مخلوق/خلائق (فع) اسم صفت ① دنیا کی بدنامی کا موجب ② باعث شرم ③ عالم تمام دنیا کی بدنامی اور ذلت کا سبب۔

ننگ وناموس/ننگ ونام (ف) اسم مونث ① حیا وشرم غیرت ولحاظ ② عزت وحرمت حمیت وحیا ③ پاکدامنی اور عفت۔

ننگ (ہ) اسم مذکر صفت ① ننگا ② برہنہ ③ عریاں ④ شہدا ⑤ لچا ⑥ بے حیا ⑦ بے شرم ⑧ قلانچ ⑨ نہایت کنگال۔

ننگ دھڑنگ/ننگ منگ (ہ) اسم صفت مذکر ① بالکل ننگا ② بالکل برہنہ ③ نہایت بے شرم ④ پرلے درجہ کا بے حیا ⑤ قلاش ⑥ مفلس۔

ننگا کرنا/کر دینا (ا) فعل ① برہنہ کرنا ② کپڑے اتار لینا ③ زیور چھین لینا ④ لوٹ لینا ⑤ کچھ نہ چھوڑنا۔

ننگا لچا (ہ) اسم صفت ① بے ننگ ونام ② نہایت شہدا ③ غریب مفلس ④ بے ساکھ آدمی۔

ننگا مادر زاد ننگا الف (ا) اسم صفت ① بالکل ننگا ② ایسا ننگا جیسا کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے ③ الف کی طرح ننگا لٹھ۔

ننگوں کو بھوکوں نے لوٹ لیا (ہ) مثل ① دونوں یکساں مل گئے ② چوروں کے گھر مور پڑ گئے ③ بدمعاشوں کی خبر بدمعاشوں نے لے لی۔

ننگے پاؤں/ننگے پیروں (ہ) تابع فعل ① جوتی پہنے بغیر ② پابرہنہ۔

ننگے پاؤں ننگے سر (ہ) تابع فعل ① پریشان حال ② سر اور پاؤں سے ننگا۔

ننگی (ہ) اسم مونث ① برہنہ ② عریاں ③ (بحالت صفت) بے زیور ④ بن گہنے پاتے ⑤ مفلس ⑥ نادار ⑦ تہی دست۔

ننگی تلوار (ہ) اسم مونث ① میان سے نکلی ہوئی تلوار ② شمشیر برہنہ ③ بے خوف ④ نڈر ⑤ بے باک ⑥ آزاد ⑦ صاف گو۔

ننگی دھڑنگی (ہ) اسم صفت مونث ① برہنہ ② بالکل ننگی۔

ننگی شمشیر (ہ) اسم مونث ① ننگی تلوار ② بے خوف ③ نڈر ④ صاف گو ⑤ باجلال ⑥ ستونتی ⑦ ستیا ستی۔

ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی (ہ) مثل ① غریب مفلس اگر حوصلہ بھی کرے تو خرچ کیا کرے گا ② کنگال کی کچھ حقیقت نہیں ہوتی۔

ننگی لچی (ہ) اسم صفت مونث ① بے جامہ وبے زیور عورت ② مفلس ③ کنگال ④ برہنہ۔

ننھا (ہ) اسم صفت مذکر۔ دیکھو (ننا)۔

ننہال (ہ) اسم مونث ظرف ① نانا کا گھر ② ماں کے باپ کا خاندان ③ نانی کا گھر۔

ننے میاں (ا) اسم مذکر ① چھوٹے صاحب ② چھوٹے میاں ③ چھوٹے آقا ④ عورتوں کے ایک فرضی جن کا نام ہے۔

ننے ننے/ننھے ننھے (ہ) اسم صفت ① چھوٹے چھوٹے ② نہایت خرد۔

ننی/ننھی (ہ) اسم صفت مونث ① چھوٹی ② خردسالہ ③ لڑکی ④ بالی ⑤ ادنے ⑥ کمینہ ⑦ نیچ ⑧ نادان ⑨ ناسمجھ۔

## ن ← و

نو (ہ) اسم عدد ① ایک کم دس ② ۹۔

نو تیرہ بائیس بتانا (ہ) فعل ① لیت ولعل کرنا ② حیلے حوالے بنانا ③ ٹال مٹول کرنا۔

نورتن (ہ) اسم مذکر ① نو جواہر ② نو قسم کے جواہرات ③ نو عقلمندوں کی جماعت جیسے اکبری نورتن یعنی ابوالفضل وغیرہ ④ ایک قسم کی عمدہ

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

چٹنی ⑤ ایک قسم کا سالن۔

**نوسو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی** (ہ) مثل۔ ساری عمر گناہ کمائے آخری عمر میں پرہیزگار بن بیٹھے۔

**نوکھنڈ** (ہ) اسم مذکر ① روئے زمین کے نو بڑے بڑے حصے ② ہندی تقسیم کے مطابق زمین کے نو قطعے۔

**نوگرہ** (ہ) اسم مذکر ① نو سیاروں کی گردش اور ان کا اثر ② جنم تیر کے نو سیارے۔

**نولکھا** (ہ) اسم صفت ① نو لاکھ روپے کی قیمت کا ② نہایت بیش قیمت ③ بیش بہا۔

**نولکھا ہار** (ہ) اسم مذکر ① نہایت بیش قیمت ہار ② نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار۔

**نو میں نہ تیرہ میں** (ہ) محاورہ ① کسی شمار اور گنتی میں نہیں ② کوئی حیثیت نہیں ③ شمار سے باہر ④ غریب کو کوئی نہیں پوچھتا۔

**نو نقد نہ تیرہ ادھار** (ہ) محاورہ ① قرض کے تیرہ سے نقد کے نو اچھے ② دیر کے بہت ملنے سے سردست تھوڑے ہی مل جانا بہتر۔

**نو** (ای) حرف نفی ① نہیں ② نا ③ نہ ④ یہ بواؤ مجہول ہے۔

**نو** (ف) اسم صفت ① نیا ② تازہ ③ جدید ④ ترت کا ⑤ کا کہنہ کی ضد۔

**نو آباد** (ف) اسم صفت ① ابھی بسایا ہوا ② نو توڑ زمین ③ تازہ قابل زراعت۔

**نو آموز** (ف) اسم صفت ① شروع کرنے والا ② مبتدی ③ کچا ④ اناڑی ⑤ ناتجربہ کار ⑥ خام۔

**نوباوہ** (ف) اسم مذکر ① نیا پودا ② نیا میوہ ③ نیا درخت ④ نئی چیز ⑤ طرفہ ⑥ تحفہ۔

**نوبنو** (ف) اسم صفت ① ترت کا ② ابھی کا ③ تازہ بتازہ۔

**نوبہار** (ف) اسم مونث ① بہار کا شروع ② بسنت رُت کا آغاز ③ مجازاً موسم بہار ④ بسنت رُت۔

**نوتوڑ** (ا) اسم مونث ① تازہ توڑی ہوئی زمین ② وہ زمین جس میں ابھی کاشت شروع کی ہو۔

**نوجوان** (ف) اسم مذکر ① گبرو ② نوعمر ③ پٹھا جس کے ابھی داڑھی نہ نکلی ہو۔

**نوجوانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① نوعمری ② بلوغ ③ عالم شباب۔

**نوچندہ** (ا) اسم مذکر۔ وہ دن جو چاند کے دوسرے روز واقع ہو۔

**نوچندی** (ا) اسم مونث ① چاند کے دوسرے دن کی جمعرات ② چاند رات کی پہلی جمعرات۔

**نوخاستہ/نوخیز** (ف) اسم صفت ① نوجوان ② نوعمر ③ پٹھا۔

**نودولت** (فع) اسم صفت ① تازہ نواب ② وہ شخص جسے ابھی دولت ملی ہو۔

**نوروز** (ف) اسم مذکر ① نیا دن ② نیا سال شروع ہونے کا پہلا دن۔

**نوروزی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ نوروز ② نوروز کا ③ نوروز سے متعلق۔

**نوشہ** (ف) اسم مذکر ① نیا بادشاہ ② مجازاً دولھا ③ نبڑا ④ مرزا غالب کا لقب۔

**نوعمر** (فع) اسم مذکر ① یانا ② نوجوان ③ خردسال ④ کم سن۔

**نوگرفتار** (ف) اسم مذکر ① نیا پکڑا ہوا ② جنگلی ③ تازہ گرفتار۔

**نومسلم** (فع) اسم مذکر ① نیا مسلمان ② غیر مذہب کا وہ آدمی جس نے ابھی اسلام قبول کیا ہو۔

**نومشق** (فع) اسم مذکر ① سیکھتڑ ② ناتجربہ کار ③ نوآموز ④ متبدی ⑤ اناڑی۔

**نونہال** (ف) اسم مذکر ① درخت کا نیا پودا ② نوجوان ③ گبرو ④ نوعمر۔

**نووارد** (فع) اسم مذکر ① اجنبی ② مسافر ③ ابھی کا آیا ہوا ④ تازہ ولایت۔

**نوا** (ف) اسم مونث ① سُر ② لے ③ راگ ④ سُرود ⑤ آواز ⑥ شبد ⑦ ندا ⑧ کوک ⑨ ناہ۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907218

نواب (ع)اسم مذکر مبالغہ ① بہت نیابت کرنے والا ② رئیس ③ حاکم ④ سردار ⑤ عامل ⑥ عزت کے لئے شاہی خطاب ⑦ نائب السلطنت وائسرائے ⑧ فضول خرچ۔

نوابی (ف)اسم مونث ① نیابت ② نظامت ③ قائم مقامی ④ حکومت ⑤ ریاست ⑥ امیری ⑦ دولت مندی ⑧ نواب پنا ⑨ فضول خرچی۔

نوابی ٹھاٹ (ا)اسم مذکر ① رئیسانہ ساز وسامان ② امیرانہ ٹھاٹ۔

نوابی کرنا (ا)فعل ① حکومت کرنا ② امیری کرنا ③ عیش اڑانا ④ امیرانہ طور سے رہنا ⑤ حد سے بڑھ کر چلنا۔

نوح/نواحی (ع)اسم مونث ① ناحیہ کی جمع اطراف ② جوانب ③ اضلاع ④ مضافات۔

نوادر (ع)اسم مونث ① نادرہ کی جمع ② عجیب چیزیں ③ نادر اشیا ④ عجائب غرائب۔

نوار/نواڑ (ا)اسم مونث۔ پلنگ بننے کا موٹا اور چوڑا فیتہ۔

نواڑا (ہ)اسم مذکر ① چھوٹی کشتی ② چھوٹی سی ناؤ ③ بجرا۔

نواڑا کھیلنا (ہ)فعل۔ بجرے پر سوار ہوکر دریا کی سیر کرنا۔

نوازش (ف)اسم مونث ① مہربانی ② عنایت ③ بخشش ④ لطف وکرم۔

نوازش کرنا (ا)فعل ① مہربانی کرنا ② عنایت کرنا ③ مدد کرنا ④ پرورش کرنا۔

نوازش نامہ (ف)اسم مذکر ① مہربانی کا خط ② عنایت نامہ ③ برابر والے کا خط۔

نوازنا (ف)فعل ① سربلند کرنا ② عزت دینا ③ پالنا ④ پوسنا ⑤ پیارا سمجھنا ⑥ بخشنا ⑦ انعام دینا ⑧ پرورش کرنا ⑨ ممتاز فرمانا۔

نواس (ہ)اسم مذکر ① مکان ② گھر ③ خانہ ④ محل ⑤ مقام ⑥ حویلی ⑦ مسکن ⑧ ٹھکانا۔

نواسہ (ف)اسم مذکر ① بیٹی کا بیٹا ② دختر زادہ۔

نواسی (ا)اسم مونث ① بیٹی کی بیٹی ② دختر زادی۔

نواسی (ا)اسم عدد ① نواور اسی ② ایک کم نوے ③ ہشتاد ونہ ④ ۸۹۔

نواسیر (ع)اسم مونث ① ناسور کی جمع ② وہ زخم جو اچھے نہ ہوں ③ مقعد کا ناسور۔

نواصب (ع)اسم مذکر ① ناصبی کی جمع ② مسلمانوں کا ایک گروہ جو حضرت علی سے دشمنی رکھتا ہے۔

نوافل (ع)اسم مذکر ① نافلہ کی جمع ② مطلب سے زیادہ چیزیں ③ فرض اور سنت کے بعد کی زائد رکعتیں۔

نوال (ع)اسم مونث ① مہربانی ② عنایت ③ کرپا ④ دیا ⑤ بخشش ⑥ عطا ⑦ داد ودہش۔

نوالہ (ف)اسم مذکر ① لقمہ ② گراس ③ لقمہ کے برابر چیز ④ ذرا سی شے۔

نوالہ کرنا/مارنا (ا)فعل ① چٹ کرنا ② کھانا ③ نگلنا ④ ہڑپ کرنا ⑤ لقمہ کر جانا۔

ناامید/نومید (ف)اسم صفت ① مایوس ② ناامید ③ نراس۔

ناامیدی/نومیدی (ف)اسم مونث بیائے مصدری ① نراس پن ② مایوسی ③ ناامیدی۔

نواں (ہ)اسم صفت عددی ① نہم ② نویں درجے کا۔

نواں (ہ)اسم صفت ① نیچا ② جھکا ہوا۔ ③ خمیدہ۔

نوانا (ہ)فعل ① جھکانا ② خمیدہ کرنا ③ موڑنا۔

نواہی (ع)اسم مونث ① نہی کی جمع ② ناجائز باتیں ③ ممنوعات ④ غیر مباح باتیں۔

نوائی (ہ)اسم صفت ① گرم تتی ② (بحالت اسم مونث) گرمی ③ حدت ④ حرارت۔

نوایا (ہ)اسم صفت ① گرم ② تتا ③ حرارت دار ④ محرور۔

نوائب (ع)اسم مونث ① نائبہ کی جمع ② حادثے ③ تکالیف ④ مصیبتیں ⑤ زحمتیں۔

نوبت (ع)اسم مونث ① باری ② کسی چیز کا وقت ③ وقت مقررہ ④ سما ⑤ دفعہ (فارسی میں) حالت ⑥ درجہ ⑦ عالم ⑧ کیفیت ⑨ نقارہ۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

نوبت آنا (ا) فعل ① باری آنا ② نمبر آنا۔

نوبت بجنا (ا) فعل ① نقارہ بجنا ② شادی ہونا ③ بیاہ رچنا ④ شادیانہ بجنا۔

نوبت بہ نوبت (ف) تابع فعل ① باری باری سے ② ایک کے بعد ایک ③ یکے بعد دیگرے۔

نوبت پہنچنا (ف) فعل ① باری آنا ② موقع آنا ③ حالت یا درجہ پہنچنا۔

نوبت خانہ (ف) اسم مذکر ظرف ① نقار خانہ ② نوبت بجنے کا مکان۔

نوبت کا بخار (ا) اسم مذکر ① باری کا تپ ② چوتھیا بخار۔

نوبت کو پہنچنا (ا) فعل ① حالت کو پہنچنا ② درجہ کو پہنچنا ③ گت ہونا ④ گتی ہونا۔

نوبت گاہ (ف) اسم ظرف ① پہرے کی جگہ ② حوالات ③ بندی خانہ ④ نوبت خانہ ⑤ نقار خانہ۔

نوبل پرائز (ای) اسم مذکر۔ سویڈن کے کیمیا دان برن ہارڈ نوبل کے وصیت کردہ سالانہ انعامات جو علم وفن میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والوں کو دیئے جاتے ہیں۔

نوبتی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ① نوبت کا ② باری کا ③ (بحالت اسم مذکر) نوبت بجانے والا ④ نقارچی ⑤ سنتری ⑥ چوکیدار ⑦ پہرے دار ⑧ کوتل گھوڑا ⑨ خالی گھوڑا۔

نوتا (ہ) اسم مذکر ① نیوتا ② وہ نقدی جو شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے ③ بلاوا ④ دعوت ⑤ طلب۔

نوتنا (ہ) فعل ① بلاوا دینا ② بلا بھیجنا ③ مدعو کرنا ④ طلب کرنا ⑤ شادی کا بلاوا دینا ⑥ (بحالت صفت) مذکر ⑦ نیا پودا ⑧ نیا بوٹا ⑨ نیا درخت۔

نوتنی (ہ) اسم مونث ① شادی کے وقت نیوتہ والوں کی ضیافت (بحالت اسم صفت مونث) نئی اُگی شاخ ② نئی نکلی ہوئی ٹہنی ③ نہایت شاداب شاخ۔

نوٹ (ای) اسم مذکر ① وہ سرکاری کاغذ جو سکہ کی جگہ رائج ہے ② ہنڈی ③ یادداشت ④ ٹانک لینا ⑤ پرچہ ⑥ چٹھی ⑦ ہاتھ کا لکھا۔

نوٹ بک (ای) اسم مونث ① کتاب یادداشت ② بیاض ③ کاپی ④ یادداشت۔

نوٹ پیپر (ای) اسم مذکر ① چٹھی کا کاغذ ② خط لکھنے کا کاغذ۔

نوٹ کرنا (ا) فعل۔ یادداشت میں لکھنا۔

نوٹ لینا (ا) فعل ① یادداشت میں لکھنا ② درج یادداشت کرنا ③ ٹانکنا۔

نوٹری (ای) اسم مذکر ① ناظر رجسٹری ② وہ سرکاری عہدہ دار جسے دستاویزات کی رجسٹری کرنے یا تصدیق کرنے کا اختیار حاصل ہو۔

نوٹری پبلک (ای) اسم مذکر۔ حکومت کی طرف سے مقرر کردہ وہ شخص جسے دستاویزات کی رجسٹری کرنے یا تصدیق کرنے کا اختیار دیا گیا ہو۔

نوٹس (ای) اسم مذکر ① اطلاع ② عدالت کی طرف سے جاری کیا گیا اطلاع نامہ۔

نوٹس بورڈ (ای) اسم مذکر۔ وہ تختہ جس پر نوٹس یا اطلاع نامہ لگایا جاتا ہے۔

نوٹیفیکیشن (ای) اسم مذکر ① خبر کا اعلان ② کسی اطلاع کی تشہیر۔

نوج (ا) کلمہ دعا ① ایسا نہ ہو ② خدا نہ کرے ③ مبادا ④ خدانخواستہ۔

نوچا نوچی (ہ) اسم مونث ① چھینا جھپٹی ② کھسوٹا کھسوٹی۔

نوچ کھسوٹ (ہ) اسم مونث ① لوٹ مار ② غارتگری۔

نوچنا (ہ) فعل ① پنجہ مارنا ② نہٹا مارنا ③ کھسوٹنا ④ کھرچنا ⑤ موسنا ⑥ لوٹنا ⑦ ٹھگنا ⑧ غارتگری کرنا۔

نوچنا کھسوٹنا (ہ) فعل۔ لوٹنا مارنا ① چنگل مارنا ② پنجہ مارنا ③ کھوسنا ④ چھینا جھپٹی کرنا۔

نوچو (ہ) اسم مذکر فاعل ① مال مارنے والا ② لوٹنے کھسوٹنے والا ③ راشی ④ رشوت خور۔

نوچی (ا) اسم مونث ① بازاری عورتوں کی لڑکی یا لونڈی جس سے کسب کرا کر کھاتی ہیں ② کنواری بازاری لڑکی۔

نوح (ع) اسم مذکر ① لغت میں بہت نوحہ کرنے والا ② رونے والا ③ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جن کے عہد میں بڑا بھاری طوفان آیا تھا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

نوحہ (ع) اسم مذکر ❶ ماتم ❷ گریہ وزاری ❸ رونا ❹ پیٹنا ❺ بین کرنا۔

نوحہ گر (عف) اسم مذکر فاعل ❶ ماتم کرنے والا ❷ سیاپا کرنے والا ❸ مردے کی حالت بیان کر کے رونے اور رُلانے والا۔

نوحہ گری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ماتم ❷ سیاپا ❸ رونا پیٹنا۔

نور (ع) اسم مذکر ❶ چمک ❷ روشنی ❸ اجالا ❹ چاندنی ❺ تاب ❻ جلوہ ❼ تجلی ❽ رونق ❾ روپ۔

نورالعین (ع) اسم مذکر ❶ آنکھوں کی روشنی ❷ نورچشم ❸ بیٹا ❹ پسر ❺ لختِ جگر۔

نور باف (عف) اسم مذکر ❶ جولاہا ❷ کپڑا بننے والا۔

نور بافی (عف) اسم مونث بیائے مصدری۔ جولاہے کا کام۔

نور برسنا (ا) فعل ❶ روشنی کا نمایاں ہونا ❷ چہرے پر رونق ہونا۔

نور جہاں (عف) اسم مونث۔ مرزا غیاث کی بیٹی مہرالنسا کا خطاب۔ جو جہانگیر کی بڑی چہیتی بیگم تھی۔

نور چشم/نور دیدہ (عف) اسم مذکر ❶ آنکھوں کی روشنی ❷ آنکھ کا نور ❸ بیٹا ❹ فرزند۔

نور ظہور کا وقت (ا) اسم مذکر ظرف ❶ پو پھٹنے کا وقت ❷ علے الصبح ❸ صبح صادق کا وقت۔

نور ظہور کے تڑکے/نور کے تڑکے (ا) تابع فعل ❶ بہت سویرے منہ اندھیرے ❷ علی الصباح۔

نور علی نور (ع) کلمہ تعریف ❶ نور پر نور ❷ خوبی پر خوبی ❸ ایک سے ایک بڑھ کر ❹ سب سے بہتر ❺ سب سے بڑھ کر ❻ سبحان اللہ ❼ کبھی طنزاً بھی بولا کرتے ہیں۔

نور کا تڑکا (ا) اسم مذکر ❶ صبح صادق ❷ علے الصباح ❸ بہت سویرا ❹ منہ اندھیرے کا وقت۔

نور کے تڑکے (ا) تابع فعل ❶ سورج نکلنے سے پہلے ❷ بہت سویرے ❸ صبح ہی صبح ❹ علے الصباح۔

نور کے سانچے میں ڈھالنا (ا) فعل ❶ نہایت خوبصورت اور حسین بنانا ❷ سرتاپا ❸ نور ہی نور بنانا۔

نورانی (ع) اسم صفت ❶ روشنی ❷ چمک دار ❸ تاباں ❹ درخشاں ❺ گورا چٹا ❻ روپ والا ❼ روحانی ❽ آسمانی ❾ شہوت سے پاک۔

نورانی چہرہ/صورت (ا) اول مذکر دوم مونث ❶ پاکیزہ چہرہ ❷ روپدار چہرہ ❸ عمدہ صورت۔

نورس (ف) اسم صفت ❶ نیا پکا ہوا پھل ❷ تازہ میوہ ❸ نوخیز ❹ نوعمر ❺ نوجوان۔

نورمل سکول (ای) اسم مذکر ظرف ❶ باقاعدہ تعلیم سکھانے کا مدرسہ ❷ مدرسہ تعلیم المعلمین۔

نوش (ف) نوشیدن کا امر ❶ پی ❷ مرکبات میں پینے والا ❸ (بحالت صفت) میٹھا ❹ شریں ❺ گوارا ❻ (اسم مذکر) آبِ حیات ❼ شہد ❽ غسل ❾ حیات۔

نوش جان فرمانا/کرنا (ا) فعل۔ کھانا تناول فرمانا۔

نوش جان ہو (ا) محاورہ ❶ انگ لگے ❷ گوارا ہو ❸ راس آئے ❹ موافق۔

نوشدارو (ف) اسم مونث ❶ زہر مہرہ ❷ تریاق ❸ شراب ❹ مے ❺ طب میں وہ معجون جو جملہ امراض کو شفا اور اعضا کو قوت بخشے۔

نوشابہ (ف) اسم مذکر ❶ امرت جل ❷ آبِ حیات۔

نوشاد (ف) اسم مذکر۔ ایک حسن خیز شہر کا نام۔

نوشادر (ف) اسم مذکر ❶ ایک مرکب جو ایمونیم اور کلورین سے تیار ہوتا ہے۔

نوشت (ا) اسم مونث ❶ تحریر ❷ لکھت ❸ کتابت ❹ عبارت ❺ تحریری ❻ سند ❼ تمسک ❽ خط۔

نوشت خواند (ف) اسم مونث۔ لکھت پڑھت۔

نوشت ہونا (ا) فعل ❶ تحریر ہونا ❷ دستاویز ہونا ❸ لکھت ہونا۔

نوشتہ (ف) اسم مذکر ❶ لکھا ہوا ❷ قلمی ❸ مچلکہ ❹ دستاویز ❺ تحریری ❻ سند ❼ تقدیر ❽ پرالبد۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**نوشیرواں** (ف) اسم مذکر ① ایران کا ایک بادشاہ جو اپنے عدل و انصاف کے لیے مشہور ہے۔

**نوشین** (ف) اسم صفت ① شیریں ② میٹھا ③ شہد سا ④ مصری جیسا۔

**نوع** (ع) اسم مونث ① قسم ② جنس ③ بھانت ④ وضع ⑤ ڈھنگ ⑥ شکل ⑦ صورت ⑧ طرز ⑨ طور۔

**نوک** (ف) اسم مونث ① سرا ② سر ③ چونچ ④ پھنک ⑤ ڈنک ⑥ نیش ⑦ انی ⑧ بھال ⑨ وضعداری۔

**نوک پلک** (ا) اسم مونث ① آنکھ ناک ② دلکش ③ نقشہ ④ نک سک سے درست۔

**نوک پلک سے درست/نوک نیچے سے درست** (ا) محاورہ ① سب طرح درست ② سرتاپا ٹھیک ③ آراستہ پیراستہ ④ موزوں۔

**نوک جھوک** (ا) اسم مونث ① طعنہ مہنہ ② شوخی ③ رمز و کنایہ ④ چھیڑ چھاڑ ⑤ آواز توازہ۔

**نوک چوک** (ا) اسم مونث ① چھیڑ چھاڑ ② شوخی ③ شرارت ④ اشارہ کنایہ ⑤ آن وادا۔

**نوکدار** (ف) اسم صفت ① نکیلا ② پینا ③ انی دار۔

**نوک دم بھاگنا** (ا) فعل ① دم دبا کر بھاگنا ② بالکل بھاگنا ③ بے تحاشا بھاگنا۔

**نوک رہ جانا** (ا) فعل ① آبرو رہ جانا ② عزت رہ جانا ③ ناک رہ جانا۔

**نوک زبان** (ا) اسم مونث ① زبان کا سرا ② زبان کی نوک ③ مجازاً حفظ ازبر ④ زبانی یاد۔

**نوک زبان کرنا** (ا) فعل ① حفظ کرنا ② ازبر کرنا ③ زبانی یاد کرنا۔

**نوک زبان ہونا/رہنا** (ا) ازبر ہونا ① حفظ ہونا ② ہر وقت زبان پر جاری رہنا۔

**نوک کی لینا** (ا) فعل ① اترانا ② فخریہ دعویٰ کرنا ③ ڈینگ مارنا ④ لاف زنی کرنا ⑤ استادی کا کام کرنا ⑥ قابل فخر کام کرنا ⑦ وضعداری نباہنا۔

**نوکا جھوکی/نوکا چوکی** (ا) اسم مونث ① چھیڑ چھاڑ ② طعن و طنز ③ شوخی ④ شرارت ⑤ آوازہ توازہ۔

**نوکر** (ف) اسم مذکر ① چاکر ② ملازم ③ خادم ④ خدمتگار۔

**نوکر آگے چاکر/چاکر آگے نوکر** (ا) محاورہ ① اس بہانہ جو نوکری کی نسبت بولتے ہیں ② جو اپنا کام دوسروں پر ڈالے اور دوسرا اوروں پر۔

**نوکر رکھنا** (ا) فعل ① ملازم رکھنا ② خدمتگار بنانا۔

**نوکرانی** (ا) اسم مونث ① نوکر کی تانیث ② خادمہ ③ ملازمہ ④ ماما۔

**نوکری** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① خدمتگاری ② ملازمت ③ ٹہل ④ سیوا ⑤ کام ⑥ دھندا ⑦ کاروبار ⑧ تنخواہ ⑨ مشاہرہ۔

**نوکری ارنڈ کی جڑ ہے** (ا) محاورہ۔ ملازمت قابل اعتبار نہیں بالکل ناپائدار چیز ہے۔

**نوکری برطرف، روزی ہر طرف** (ا) محاورہ۔ نوکری سے ہٹ جانے پر آدمی کو پریشان نہیں ہونا چاہئے یہاں نہ ہوئی دوسری جگہ سہی روزی تو خدا کے اختیار میں ہے۔

**نوکری بڑی کیمیا ہے** (ا) محاورہ۔ نوکری نہایت ہی اکسیر چیز ہے بلکہ اس سے بہتر ہے کہ ہر وقت سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے تنخواہ چڑھتی رہتی ہے۔

**نوکری پیشہ** (ا) اسم مذکر ① نوکری کر کے کھانے والا ② وہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو۔

**نوکری خالہ جی کا گھر نہیں** (ا) محاورہ ① نوکری آسان کام نہیں ② اس میں پابندی وقت نہایت ضروری ہے۔

**نوکری دینا** (ا) فعل ① متعلقہ کار بجالانا ② ڈیوٹی دینا۔

**نوکری کرنا** (ا) فعل ① ملازمت کرنا ② ٹہل کرنا ③ خدمت بجالانا۔

**نوکری کی جڑ اڑھائی ہاتھ اونچی ہے/نوکری کی جڑ زبان پر ہے** (ا) محاورہ۔ نوکری کا کوئی اعتبار اور بھروسا نہیں بالکل بے بنیاد چیز ہے۔

Join us on whatsapp Naveed BaIG 03149077218

نوگری/گوگیری (ہ) اسم مونث ❶ پہنچی ❷ ہاتھوں کے ایک زیور کا نام ہے۔

نول (ہ) اسم صفت ❶ نیا ❷ نوخیز ❸ نوعمر ❹ دلربا ❺ نادر ❻ کمیاب ❼ سندر۔

نول (ہ) اسم مذکر ❶ نیولا ❷ راسو۔

نول (ء) اسم مونث ❶ نوال کا مغرور ❷ خطا بخشش۔

نوم (ء) اسم مونث ❶ نیند ❷ نندرا ❸ نندریا ❹ خواب۔

نومبر (ای) اسم مذکر۔ سن عیسوی کا گیارھواں مہینہ۔

نومی (ء) اسم مونث ❶ ہندی کی نویں تاریخ ❷ نویں ❸ نہم۔

نون (ہ) اسم مذکر ❶ نیک ❷ لون ❸ ملح۔

نون تیل (ہ) اسم مذکر ❶ گھر کا سودا سلف ❷ معاشرت کی ضروری اشیا۔

نونا/نیونا (ہ) فعل ❶ جھکنا ❷ خمیدہ ہونا ❸ ٹیڑھا ہونا ❹ خم کھانا ❺ متواضع ہونا۔

نونی (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول ❶ مکھن ❷ مسکہ ❸ کچا گھی ❹ کھار ❺ شور ❻ شوریت ❼ ریہ۔

نونی لگنا (ہ) فعل ❶ دیوار کی مٹی کا شوریت کے باعث جھڑنا ❷ ریہ لگنا ❸ شور لگنا۔

نونیا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ نمک بنانے والا ❷ نمک تیار کرنے والا ❸ ایک قسم کا ساگ۔

نودل (ای) اسم مذکر ❶ داستان ❷ عشق آمیز قصہ۔

نوولٹی (ای) اسم صفت۔ نئی چیز۔

نوید (ف) اسم مونث ❶ خوش خبری ❷ مژدہ ❸ بشارت ❹ تقریب شادی۔

نولیس (ف) صیغہ امر (مرکبات میں آخر اسمائے میں) ❶ لکھنے والا ❷ تحریر کرنے والا۔

نویسندہ (ف) اسم صفت ❶ لکھنے والا ❷ منشی ❸ محرر ❹ مصنف ❺ مؤلف۔

نویسی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ لکھنے کا کام ❷ محرری۔

نویل (ہ) اسم مذکر ❶ بلاوا ❷ نیوتا ❸ شادی کا پیغام شرکت۔

نویلا (ہ) اسم صفت ❶ نیا کا مرادف ❷ نیا ❸ تازہ ❹ جدید ❺ ایجاد کیا ہوا ❻ انوکھا ❼ نرالا ❽ جدا ❾ بانکا۔

نویلی (ہ) اسم صفت مونث ❶ نویلا کی تانیث ❷ نئی ❸ نرالی ❹ انوکھی ❺ البیلی ❻ بانکی ❼ ترچھی ❽ نوعمر ❾ اچھوتی۔

## ن ← ہ

نہ (ہ) اسم مذکر ❶ ناخن ❷ وہ ہڈی جو انگلیوں کے آخیر سرے پر ہوتی ہے۔

نہ (ف) فارسی میں حرف نفی ❶ نہیں ❷ نہ ❸ مت لا۔

نہ اینٹ ڈالئے نہ چھینٹ کھایئے (ا) محاورہ ❶ نہ برا کہو نہ برا سنو ❷ نہ موری میں اینٹ ڈالو گے نہ چھینٹ پڑے گی۔

نہ باسی بچے نہ کتا کھائے (ا) محاورہ۔ نہ زیادہ ہوگا نہ ضائع جائے گا۔

نہ بولی نہ بولی بولی تو پتھر کھینچ مارا (ا) محاورہ۔ بدمزاج اور کج خلق عورت کی شان میں کہا کرتے ہیں کہ اول بولتی ہی نہیں اگر بولی بھی تو اس تیزی سے گویا پتھر کھینچ مارا۔

نہ پوچھو (ا) روز مرہ ❶ سوال نہ کرو ❷ بیان سے باہر ہے ❸ کہنے کے قابل ہی نہیں۔

نہ تھوکنا (ا) فعل ❶ خاطر میں نہ لانا ❷ بہت ہی ذلیل اور حقیر سمجھنا۔

نہ جنتی نہ ڈھول بجتا (ا) محاورہ ❶ اس پیدا ہونے سے نہ پیدا ہونا بہتر تھا ❷ نہ ماں جنتی نہ اس قدر بدنامی ہوتی۔

نہ رہے مان نہ رہے منی آخر دنیا فنا فنی (ا) محاورہ۔ آدمی کا فخر وغرور اور نخوت وتکبر دنیا میں نہیں رہتا ایک دن سب فنا ہو جاتے ہیں۔

نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (ا) مثل۔ نقصان کے بغیر ہی کام بن جائے۔

نہ کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا (ا) مثل۔ نہ دشمن کے سامنے جائے گا نہ وہ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

غرائے گا۔

**نہ گندی گلی جائے نہ کتا کاٹے** (ا) محاورہ۔ نہ بڑوں کو چھیڑو نہ ذلت اٹھاؤ۔

**نہ ماری مرے نہ کاٹی کٹے** (ا) محاورہ ❶ کسی طرح دور نہ ہونے والی کی نسبت بولا کرتے ہیں اور مضبوط کے لئے بھی۔

**نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری** (ا) محاورہ۔ آپس کی رازداری اور ایک دوسرے کو برا نہ کہنے کی بابت بولتے ہیں یعنی جو کسی پر بہتان نہیں دھرتا دوسرے بھی اس پر کوئی الزام نہیں لگاتے۔

**نہ نام لیوا نہ پانی دیوا** (ا) محاورہ ❶ اکیلی جان تن تنہا ❷ وہ آدمی جس کا آگا پیچھا کوئی نہ ہو۔

**نہ نگلے بنتی ہے نہ اگلے** (ا) محاورہ ❶ ہر طرح خرابی ہے نہ کرتے ہی بنتی ہے نہ چھوڑے ہی ❷ نہ راہ رفتن نہ روئے ماندن۔

**نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی** (ا) مثل ❶ ایسی شرط لگانا جس کا پورا کرنا ناممکن ہو ❷ نہ اتنا سامان ہوگا نہ یہ کام پورا ہوگا۔

**نہاد** (ف) اسم مونث ❶ بنیاد ❷ جڑ ❸ نیو ❹ اصل ❺ خلقت ❻ پیدائش ❼ نسل ❽ طینت۔

**نہار** (ء) اسم مذکر ❶ روز ❷ دن ❸ یوم ❹ صبح سے شام تک وقت۔

**نہار** (ف۔س) اسم صفت ❶ ناآہار کا مخفف ہے ❷ بن کھائے ❸ ناخوردہ ❹ بھوکا ❺ گرسنہ ❻ نرنے۔

**نہار توڑنا** (ا) فعل ❶ ناشتا کرنا ❷ صبح کو کچھ کھانا۔

**نہار رہنا** (ا) فعل ❶ بھوکا رہنا ❷ گرسنہ رہنا ❸ بن کھائے رہنا۔

**نہار منہ/نہار کلیجے** (ہ) اسم مذکر ❶ نرنے منھ ❷ وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو ❸ ناشتا کھائے بغیر ❹ بن کھائے ❺ ناشتا کئے بغیر۔

**نہار منہ نام نہ لینا** (ا) فعل ❶ بن کھائے نام نہ لینا ❷ منحوس اور کنجوس شخص کی بابت کہا کرتے ہیں کہ صبح صبح اس کا نام نہ لینا ورنہ تمام دن فاقہ سے گذرے گا۔

**نہار ہونا** (ا) فعل۔ صبح سے بن کھائے رہنا جیسے جب دیکھا تجھے تو ہے نہار۔

**نہاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تھوڑا کھانا جو صبح کے وقت کھا لیا جاتا ہے ❷ ناشتا ❸ حاضری ❹ چاشت ❺ ایک قسم کا شوربا یا سالن جو خمیری روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں۔

**نہاری کھانا** (ا) فعل ❶ ناشتا کھانا ❷ حاضری کھانا ❸ نیم دوپہر کو کچھ نہ کھانا۔

**نہال** (ف) اسم صفت ❶ تازہ لگایا ہوا پودا ❷ مجازاً ہر درخت ❸ مالا مال ❹ خوش وخرم ❺ صید ❻ شکار ❼ خوشحال ❽ کامیاب ❾ بامراد۔

**نہال کرنا/کر دینا** (ا) فعل ❶ امیر بنا دینا ❷ مالا مال کر دینا ❸ غنی بنا دینا ❹ نوازنا ❺ لہر بہر کر دینا ❻ خوش کرنا ❼ مراد کو پہنچا دینا ❽ کامیاب کرنا ❾ سرسبز و شاداب کرنا۔

**نہال ہونا/ہو جانا** (ا) فعل ❶ امیر بن جانا ❷ مالا مال ہو جانا ❸ بے پروا ہو جانا ❹ مالدار بن جانا ❺ مراد کو پہنچ جانا ❻ کامیاب ہو جانا ❼ خوش وخرم ہو جانا ❽ سیراب ہونا ❾ تازگی حاصل کرنا۔

**نہالی** (ف) اسم مونث ❶ روئی دار بچھونا ❷ لحاف ❸ رضائی۔

**نہاں** (ف) اسم صفت ❶ پوشیدہ ❷ چھپایا ہوا ❸ گپت ❹ پنہاں ❺ مخفی۔

**نہان** (ہ) اسم آلہ۔ ترکھانوں کا ایک اوزار جس سے چارپائی کے پایوں وغیرہ میں سوراخ کھودتے ہیں۔

**نہان** (ہ) اسم مذکر ❶ غسل ❷ اشنان ❸ حمام کرنا ❹ جسم دھونا۔

**نہانا** (ہ) فعل ❶ جسم کو دھونا ❷ غسل کرنا ❸ اشنان کرنا ❹ بھیگنا ❺ شرابور ہونا ❻ تربتر ہونا ❼ ڈوبنا ❽ غرق ہونا ❾ حیض سے فارغ ہونا۔

**نہانی** (ہ) اسم مونث ❶ حاجت غسل ❷ نہانے کی ضرورت ❸ احتلام ❹ شیطانی حرکت۔

**نہانی** (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ نہاں ❷ پوشیدہ طور پر ❸ خفیہ خفیہ۔

**نہانی** (ہ) اسم مونث بیائے تصغیر ❶ نہاں کی تصغیر و تانیث ❷

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03149077218

سوراخ کھودنے کا چھوٹا آلہ۔

نہایت (ء) اسم مونث ❶ بکثرت ❷ از حد ❸ بے حد ❹ بہت ❺ بے انتہا ❻ انجام ❼ انت ❽ آخر ❾ حد۔

نہائی دھوئی پھسل پڑی (ہ) محاورہ۔ ہر طرح تیار ہو کر ارادہ موقوف کر دیا۔

نہتا (ہ) اسم صفت ❶ بے ہتھیار ❷ خالی ہاتھ ❸ بے اوزار ❹ جس کے پاس کوئی ہتھیار نہ ہو۔

نہٹا (ہ) اسم مذکر ❶ ناخن سے نوچنے کا نشان ❷ جانور کے پنجے کا نشان ❸ خراش ❹ ناخن۔

نہٹا مارنا (ہ) فعل ❶ نوچنا ❷ پنجہ مارنا۔

نہج (ہ) اسم مذکر ❶ کھرا رستہ ❷ سیدھا راستہ ❸ راہ ❹ طریق ❺ طور ❻ ڈھنگ۔

نہر (ء) اسم مونث ❶ دریا کی شاخ ❷ نالی ❸ ندی ❹ آب جو۔

نہر کاٹنا (ا) فعل ❶ دریا سے شاخ نکالنا ❷ دریا سے نالی کاٹنا۔

نہرنا (ہ) فعل ❶ جھکنا ❷ خمیدہ ہونا ❸ فروتنی کرنا ❹ متواضع ہونا۔

نہرونا (ہ) اسم مذکر ❶ ناخن کاٹنے کا آلہ ❷ ناخن گیر۔

نہروا (ہ) اسم مذکر ❶ رشتہ کی بیماری ❷ ناگا سا کیڑا جو بعض مقامات کے پانی کی خرابی کے سبب بدن کے اندر سے نکلتا ہے۔

نہری (ا) اسم مونث۔ نہر کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین۔

نہضت (ء) اسم مونث ❶ کوچ ❷ رخصت ❸ چل ❹ چلاؤ ❺ روزنگی۔

نہفتہ (ف) اسم صفت ❶ مفعول ❷ چھپا ہوا ❸ پوشیدہ ❹ خفیہ۔

نہلا (ہ) اسم مذکر ❶ سفیدی گھوٹنے کی چھوٹی سی کرنی ❷ مجھولا ❸ ماش یا گنجفہ کا نو بندیوں والا پتا۔

نہلانا/نہلوانا (ہ) فعل ❶ غسل کرانا ❷ اشنان کرانا ❸ تربتر کرنا ❹ مردے کو غسل دینا۔

نہلائی (اسم مونث ❶ معاوضہ ❷ نہلانے کی اجرت ❸ غسل کرائی۔

نہلشٹ (ای) اسم مذکر۔ کسی بے قانون سلطنت کو تباہ و برباد کرنے والا فرقہ۔

نہم (ف دس) اسم صفت نسبتی از نہ ❶ نواں ❷ نواں حصہ ❸ نواں درجہ۔

نہنگ (ف) اسم مذکر ❶ ناکو ❷ مگرمچھ ❸ گھڑیال ❹ شیر دریا ❺ مجازاً تلوار ❻ تیغ ❼ (اردو میں) اسم صفت ❽ آزاد ❾ مجرد۔

نہنگ اجل (فع) اسم مذکر ❶ موت کا مگرمچھ ❷ مجازاً ملک الموت ❸ موت کا فرشتہ ❹ جم دوت۔

نہنگ (ہ) اسم صفت ❶ ننگا ❷ برہنہ ❸ بے غیرت ❹ بے حیا ❺ بے شرم۔

نہنگ لاڈلا (ہ) اسم صفت مذکر ❶ نہایت ناشائستہ اور بے حیا لڑکا ❷ بالکل ناز پروردہ ❸ بے سرا۔

نہوت (ہ) اسم مونث ❶ نہ ہونا ❷ مفلسی ❸ ناداری ❹ تنگی ❺ غریبی۔

نہورا/نہوڑا (ہ) اسم مذکر ❶ خوشامد ❷ منت ❸ ساجت ❹ عاجزی ❺ احسان مندی ❻ گلہ شکوہ ❼ ممنون ہونا۔

نہورا ماننا (ہ) فعل ❶ احسان ماننا ❷ ممنون ہونا ❸ شکر گذار ہونا۔

نہوڑانا (ہ) فعل ❶ جھکانا ❷ خمیدہ کرنا ❸ خم کھانا۔

نہی (ء) اسم مونث ❶ منع کرنا ❷ روک ❸ ممانعت ❹ امتناع ❺ کام کے نہ کرنے کا حکم۔

نہیب (ء) اسم مذکر ❶ ڈر ❷ بھے ❸ خوف ❹ دہشت ❺ بیم ❻ لوٹ ❼ غارتگری۔

نہیر (ہ) اسم مذکر ❶ میکا ❷ مرد کی سسرال ❸ عورت کی ماں کا گھر اور اس کا کنبہ۔

نہیں (ہ) وہ کلمہ نفی ❶ نہ ❷ نے ❸ لا ❹ نا ❺ انکار ❻ بجائے حرف شرط ❼ وگرنہ ❽ ورنہ۔

نہیں تو (ہ) تابع فعل ❶ وگرنہ ❷ ورنہ۔

نہیں سہی (ا) تابع فعل ❶ کچھ پرواہ نہیں ❷ کیا ڈر ہے۔

نہیں کرنا (ہ) فعل ❶ ناکرنا ❷ انکار کرنا۔

## ن ← ے

نے (ف) اسم مونث ❶ نلی ❷ بانسلی ❸ حقے کی نلی ❹ سرکنڈا ❺ بانسری۔

نی (ہ) حرف ندا ❶ (پنجاب میں) اری ❷ اری او ❸ اے ❹ او ❺ ری۔

نئے (ہ) اسم صفت ❶ نیا کی جمع ❷ بمعنی جدید۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314-0072218

www.besturdubooks.net

نئے جنم سے (ا) تابع فعل (1) دوبارہ (2) پھر کے سے (3) مرکر۔

نئے سرسے / نئے سرے سے (ہ) تابع فعل (1) پھر سے (2) دوبارہ (3) ازسرِنو (4) شروع سے۔

نئے نواب آسمان پر دماغ (ا) محاورہ (1) مغرور (2) نودولت کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

نئے نودام پرانے چھ دام (ا) (1) محاورہ (2) نئی چیز کی ہمیشہ قدر رہوا کرتی ہے (3) تازہ مال زیادہ قیمت پاتا ہے۔

نئی (ہ) اسم مونث صفت (1) نیا کی تانیث (2) جدیدہ۔

نئی اوستھا (ہ) اسم مونث (1) نابالغی (2) نوعمری (3) خردسالی۔

نئی جوگن کاٹھ کی مندری (ہ) مثل۔ نئے شوقین کی ہر شے نرالی ہوتی ہے طنزاً بولتے ہیں۔

نئی جوانی (ا) اسم مونث (1) نوعمری (2) صغرسنی (3) کم سنی (4) نئی اوستھا۔

نئی جوانی اور مانجھا ڈھیلا (ہ) مثل۔ شروع جوانی اور اتنی بے ہمتی کہ چارپائی بھی نہ کس سکے۔

نئی روشنی (ا) اسم مونث (1) نئی تہذیب (2) زمانہ حال کی شائستگی (3) علوم و فنون جدیدہ۔

نئی کہانی گڑ سے میٹھی (ہ) مثل۔ نئی بات نہایت پسندیدہ خاطر ہوا کرتی ہے۔

نئی نائن بانس کی نہرنی (ہ) مثل۔ طنزاً شوقین کی ہر بات نرالی۔

نئی نویلی (ہ) اسم مونث (1) بھولی بھالی (2) ناتجربہ کار (3) نئی دلھن (4) دوچار دن کی بیاہی (5) انوکھی (6) نرالی (7) عجیب۔

نئی نویلی نیا ڈھنگ (ہ) محاورہ (1) انوکھی کے انوکھے ڈھنگ (2) نئی بیوی کے نرالے لچھن (3) نئے شوقین کی نئی نئی باتیں۔

نیا (ہ) اسم صفت (1) تازہ (2) ابھی کا (3) ترت کا (4) انوکھا (5) عجیب (6) اجنبی (7) ناواقف (8) انجان۔

نیا بانکا تاڑ کی تلوار (ہ) مثل (1) اوچھا آدمی اوچھا پن دکھائے بغیر نہیں رہتا (2) نئے حوصلہ والے کی نرالی باتیں۔

نیا پھل (ہ) اسم مذکر (1) تازہ پھل (2) وہ پھل جو ابھی چلا ہو (3) درخت سے ابھی اترا ہو۔

نیا پھل دانت تلے دشمن پاؤں تلے (ا) محاورہ۔ تازہ پھل کھاتے وقت عورتیں اکثر یہ فقرہ بولا کرتی ہیں۔

نیا حکیم دے افیم (ا) محاورہ (1) ناتجربہ کار سے نقصان ہی ہوتا ہے (2) نیم حکیم خطرۂ جان۔

نیا راگ لانا (ہ) فعل (1) کوئی عجیب یا انوکھی بات نکالنا (2) تازہ فتنہ اٹھانا (3) تازہ جھگڑا کھڑا کرنا۔

نیا رنگ لانا (ہ) فعل (1) نیا شگوفہ کھلانا (2) نیا جھگڑا نکالنا (3) نئی بات پیدا کرنا۔

نیا فتنہ اٹھانا (ا) فعل (1) تازہ قیامت مچانا (2) نیا جھگڑا کھڑا کرنا۔

نیا کرنا (ہ) فعل (1) تازہ پھل یا غلہ یا ترکاری کو پہلی دفعہ کھانا (2) موسم کی چیز پہلے پہل چکھنا۔

نیا گل کھلانا (ا) فعل (1) انوکھی خبر اڑانا (2) تازہ فتنہ اٹھانا (3) نیا صدمہ پہنچانا۔

نیا نو دن پرانا سو دن (ہ) کہاوت (1) نئی چیز کی بھڑک چند دن ہی رہتی ہے پھر وہی پرانی کی پرانی ہو جاتی اور دیر تک رہتی ہے (2) نئے آدمی کی قدر چند روز ہی ہوا کرتی ہے۔

نیا نویلا (ہ) اسم صفت مذکر (1) نوعمر (2) نوخیز (3) بانکا (4) ترچھا (5) جوان انوکھا آدمی (6) ناتجربہ کار۔

نیابت (ع) اسم مونث (1) نائب ہونا (2) سفارت (3) قائمقامی (4) ایجنٹی (5) منیم پنا۔

نیار (ہ) اسم مذکر (1) مویشیوں کا چارہ (2) گھاس (3) پات (4) بھس (5) چری۔

نیارا (ہ) اسم صفت (1) جدا (2) الگ (3) علیحدہ (4) مختلف (5) متفرق (6) چھانٹا ہوا (7) انتخاب کردہ (8) منتخب (9) علاوہ۔

نیارا رہنا (ہ) فعل (1) الگ رہنا (2) ساتھ نہ رہنا (3) دوسرے گھر میں رہنا (4) علیحدہ رہنا۔

نیارا دھونا (ہ) فعل۔ خاک دھول سے دھوکر چاندی سونے کے ذرے الگ کرنا۔

نیاریا (ہ) اسم مذکر فاعل (1) راکھ وغیرہ کو دھوکر چاندی سونا نکال کر الگ کرنے والا (2) مٹی دھوکر چاندی وغیرہ کے ذرے نکالنے والا (3) بڑا چالاک (4) ہوشیار (5) نہایت چھان بین کرنے والا۔

Join Us On WhatsApp Naveed Bal…

**نیاز** (ف) اسم مونث ① تمنا ② آرزو ③ حاجت ④ خواہش ⑤ رغبت ⑥ اظہار محبت ⑦ فروتنی ⑧ مسکینی ⑨ عاجزی۔

**نیاز حاصل کرنا** (ا) فعل ① بزرگوں کی ملاقات کرنا ② ملنا ③ واقفیت بہم پہنچانا ④ ملازمت حاصل کرنا۔

**نیاز دلوانا** (ا) فعل ① فاتحہ درود دلوانا ② فاتحہ دلوانا۔

**نیاز کرنا** (ا) فعل ① فاتحہ دلانا ② کسی بزرگ کے نام کا کھانا کرنا ③ نذر چڑھانا ④ نذر کرنا ⑤ صدقہ کرنا ⑥ قربان کرنا ⑦ نثار کرنا ⑧ دینا ⑨ حوالہ کرنا۔

**نیازمند** (ف) اسم صفت فاعلی ① حاجتمند ② محتاج ③ مشتاق ④ آرزو مند ⑤ متمنی ⑥ تابع ⑦ فرمانبردار ⑧ مطیع ⑨ مسکین۔

**نیاز مندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① محتاجی ② اشتیاق ③ تمنا ④ مسکینی ⑤ عاجزی ⑥ غلامی ⑦ ملازمت ⑧ خدمت۔

**نیازہ** (ا) اسم مذکر ① دیکھو نائزہ ② ڈنڈی ③ عضو تناسل۔

**نیام** (ف) اسم مذکر ① تلوار کا غلام ② میان شمشیر۔

**نیاؤ** (ہ) اسم مذکر ① انصاف ② عدل ③ فیصلہ ④ تصفیہ۔

**نیاؤ سبھا** (ہ) اسم مذکر ① کچہری ② عدالت۔

**نیاؤ کرنا** (ہ) فعل ① انصاف کرنا ② فیصلہ کرنا ③ جھگڑا چکانا۔

**نیائے** (س) اسم مذکر ① علم منطق ② علم مناظرہ ③ علم دلیل ④ معقول ⑤ علم کلام۔

**نیائش** (ف) اسم مونث ① خدا تعالیٰ کی حمد وثنا ② تحسین و آفرین ③ گریہ وزاری ④ وہ دعا جو عاجزی اور تضرع سے کی جائے ⑤ دیا ⑥ کرپا ⑦ مہربانی۔

**نیا یک** (س) اسم مذکر ① منطقی ② معقولی۔

**نیبو** (ا) اسم مذکر ① لیموں ② لیمو ③ ایک ترش پھل اور اس کے درخت کا نام۔

**نیبو نچوڑ** (ہ) اسم مذکر ① لیمو نچوڑنے والا ② ناخواندہ مہمان ③ مفت خورا ④ طفیلی ⑤ طفیلیا۔

**نیت** (ع) اسم مونث ① ارادہ ② قصد ③ عزم ④ دلی منشا ⑤ غرض ⑥ مقصد ⑦ مطلب مراد۔

**نیت باندھنا** (ا) فعل ① اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا ② نماز میں مشغول ہوجانا ③ ارادہ کرنا عہد باندھنا ④ احرام باندھنا۔

**نیت بدل جانا** (ا) فعل ① ارادہ پھر جانا ② نیت بد ہوجانا ③ دل ڈانواں ڈول ہوجانا ④ منصوبہ ٹوٹ جانا۔

**نیت بد ہونا/نیت بگڑنا** (ا) فعل ① ایمان ڈانواں ڈول ہوجانا ② ارادہ فاسد ہوجانا ③ نیک نیتی میں فرق آنا۔

**نیت بھرنا** (ا) فعل ① جی بھرنا ② سیر ہونا ③ دل بھرنا۔

**نیت ثابت رکھنا** (ا) فعل ① اپنے ارادے پر قائم رہنا ② منصوبے پر جمع رہنا ③ وعدے پر مضبوط رہنا۔

**نیت ثابت منزل آسان** (ا) مثل۔ جس کی نیت اور ارادہ مضبوط ہو اس کا کام نہایت آسان ہوجاتا ہے۔

**نیت کرنا** (ا) فعل ① ارادہ کرنا ② مدنظر رکھنا ③ دل میں ٹھاننا ④ عہد باندھنا ⑤ احرام باندھنا۔

**نیت گیل برکت** (ا) مثل۔ برکت نیک نیتی پر موقوف ہے۔

**نیت لگی رہنا** (ا) فعل ① دھیان رہنا ② خیال لگا رہنا۔

**نیت میں فرق آنا** (ا) فعل ① نیت بگڑنا ② ناجائز طریقے سے فائدہ اٹھانے کو جی چاہنا۔

**نیت ہونا** (ا) فعل ① پکا ارادہ ہونا ② منشا ہونا۔

**نیت/نیتی** (ہ) اسم مونث ① قاعدہ ② دستور آئین ③ طرز حکومت ④ قانون ⑤ ضابطہ ⑥ حسن اخلاق ⑦ چال چلن ⑧ طور وطریقہ ⑨ حکمت عملی۔

**نیتر** (س) اسم مذکر ① آنکھ ② نین ③ چشم ④ عین۔

**نیتی** (ہ) اسم مونث بیائے اول مجہول۔ دہی بلونے کی رسی۔

**نیج** (ہ) اسم مونث بیائے مجہول ① پانی بھرنے کی ڈوری ② رسی ③ جیوڑی ④ ریسمان ⑤ لیج۔

**نیٹ** (ای) اسم مذکر۔ جال۔

**نیٹو** (ای) صفت ملکی باشندہ۔

**نیچ** (ہ) اسم صفت ① ادنیٰ ② کمینہ ③ رذیل ④ سفلہ ⑤ پاجی ⑥ اوچھا ⑦ فرومایہ ⑧ نشیب ⑨ پستی۔

**نیچ اونچ** (ہ) اسم مونث ① نیکی بدی ② برائی بھلائی ③ نشیب وفراز ④ پستی بلندی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**نیچا** (ہ) اسم صفت 1 پست 2 اوچھا 3 گہرا 4 عمیق 5 کم 6 ادنیٰ 7 مدھم 8 نرم 9 دھیما۔

**نیچا اونچا** (ہ) اسم صفت 1 ناہموار 2 نشیب وفراز 3 پست وبلند 4 اتار چڑھاؤ۔

**نیچا اونچا دیکھنا** (ا) فعل 1 اتار چڑھاؤ دیکھنا 2 نشیب وفراز دیکھنا 3 مال اندیشی کرنا 4 کسی چیز کو پوری طرح سے دیکھنا 5 بغور وتامل دیکھنا۔

**نیچا پڑنا** (ہ) فعل 1 مغلوب ہونا 2 عاجز ہونا 3 گرنا 4 دبنا 5 ابھار کم ہونا 6 پچکنا۔

**نیچا دکھانا** (ہ) فعل 1 گرا دینا 2 مغلوب کرنا 3 زک دینا 4 شرمندہ کرنا 5 داغ لگانا 6 ذلیل کرنا 7 غرور ڈھانا۔

**نیچا دیکھنا** (ہ) فعل 1 گرنا 2 شرمندہ ہونا 3 شکست کھانا 4 شرمندگی اٹھانا 5 ذلیل ہونا۔

**نیچر** (ای) اسم مونث 1 فطرت 2 پیدائش 3 دنیا 4 موجودات 5 عالم 6 قانون قدرت 7 قدرت۔

**نیچرل** (ای) اسم صفت 1 فطرتی 2 پیدائشی 3 قدرتی۔

**نیچری** (ای) اسم مذکر بیائے فاعلی 1 نیچر کو ماننے والا 2 قانون قدرت پر چلنے والا 3 نئی روشنی والوں کا فرقہ۔

**نیچہ** (ف) اسم مذکر 1 نے کی تصغیر ہے 2 حقہ کی نے 3 حقہ کی نلیاں۔

**نیچہ بند** (ف) اسم مذکر فاعل 1 نیچہ باندھنے والا 2 نیچہ بنانے والا۔

**نیچہ بندی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری۔ نیچہ باندھنے کا کام۔

**نیچے** (ہ) تابع فعل 1 پستی میں 2 نشیب میں 3 تلے 4 زیر 5 تحت 6 ماتحت 7 نائب 8 اسسٹنٹ 9 مددگار۔

**نیچے اوپر** (ہ) تابع فعل 1 اوپر تلے 2 ایک پر ایک 3 الٹ پلٹ 4 اتھل پتھل 5 ایک نیچے ایک اوپر۔

**نیچے اوپر ہونا** (ہ) فعل 1 الٹ پلٹ ہونا 2 اوپر تلے ہونا 3 گرنا گرانا 4 کشتی کرنا 5 گتھم گتھا ہونا۔

**نیچے اوپر ہو جانا** (ہ) فعل 1 تہ وبالا ہو جانا 2 انقلاب ہو جانا 3 اتھل پتھل ہو جانا۔

**نیچے سُر** (ہ) اسم مذکر 1 دھیما سُر 2 نرم آواز 3 دون کی ضد۔

**نیچے سے** (ہ) تابع فعل 1 بنیاد سے 2 تلے سے 3 جڑ سے۔

**نیچے سے اوپر تک** (ہ) تابع فعل 1 اول سے آخر تک 2 سر سے پاؤں تک۔

**نیچے کا دھڑ** (ہ) اسم مذکر۔ بدن کا نچلا حصہ۔

**نیچے لانا** (ہ) فعل 1 کشتی میں دبا لینا 2 پچھاڑنا 3 چت کرنا۔

**نیچی** (ہ) اسم مونث 1 نیچا کی تانیث 2 نشیب 3 پست 4 اوچھی 5 گھٹیا 6 ادنیٰ 7 رذیل 8 تلے کی 9 زریں۔

**نیچی نظر کرنا** (ا) فعل 1 شرم وحیا سے اوپر آنکھ نہ کرنا 2 حیادار ہونا 3 منہ نہ اٹھانا۔

**نیچی نظروں سے دیکھنا** (ا) فعل 1 آنکھیں نیچی کر کے دیکھنا 2 تل نظروں کی طرح دیکھنا۔

**نیچی نظر ہونا** (ا) فعل 1 آنکھ اونچی نہ ہونا 2 لجانا 3 شرمندہ ہونا 4 احسان مند ہونا 5 ممنون ہونا 6 کسی کا کنوڈا ہونا۔

**نیچی نگاہیں/نظریں** (ا) اسم مونث 1 شرمائی نظریں 2 شرمیلی نگاہیں 3 شرگیں آنکھیں۔

**نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا** (ا) فعل 1 شرمیلی نظروں سے دیکھنا 2 آنکھیں چرا چرا کر دیکھنا۔

**نیر** (س) اسم مذکر 1 پانی 2 جل 3 آب 4 ندی 5 نالہ 6 دریا 7 سمندر۔

**نیر** (ا) اسم مذکر 1 بے حد چمکتا ہوا ستارہ 2 نہایت روشن ستارہ۔

**نیر اصغر** (ع) اسم مذکر 1 چھوٹا چمکتا ہوا ستارہ مجازاً 2 چاند 3 قمر 4 ماہ۔

**نیر اعظم** (ع) اسم مذکر 1 نہایت روشن اور بڑا ستارہ 2 سورج 3 مہر 4 آفتاب۔

**نیرنگ** (ف) اسم مذکر 1 فریب 2 مکر 3 حیلہ 4 دھوکا 5 دغا 6 جادو 7 سحر 8 طلسم۔

**نیرنگ زمانہ/گردوں** (ف) اسم مذکر 1 زمانہ کا جادو مجازاً تغیر زمانہ 2 زمانہ کا انقلاب 3 زمانے کے تماشے۔

**نیرنگ ساز** (ف) اسم مذکر 1 جادوگر 2 مکار 3 فریبی 4 ساحر 5 شعبدہ باز۔

**نیرنگ سازی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 جادوگری 2 شعبدہ بازی 3 سحر 4 مکر وفریب۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

نیرنگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① جادوگری ② دغابازی ③ چالاکی ④ عیاری ⑤ انقلاب ⑥ تلون مزاجی ⑦ تماشا ⑧ نئے نئے روپ۔

نیرنگیٔ زمانہ (ف) اسم مونث۔ (دیکھو نیرنگ زمانہ)۔

نیرنگیاں (ا) اسم مونث ① اردو قاعدے سے نیرنگی کی جمع ② چالاکیاں ③ عیاریاں ④ شعبدہ بازیاں ⑤ طلسمات۔

نیرین (ع) اسم مذکر ① دو نہایت روشن ستارے مراد چاند اور سورج ② مہر و ماہ ③ آفتاب و ماہتاب۔

نیڑے (ہ) تابع فعل ① پاس ② نزدیک ③ دھورے ④ قریب ⑤ عنقریب ⑥ متصل ⑦ ابھی ⑧ تھوڑی دیر میں۔

نیز (ف) حرف عطف ① بھی ② اور ③ دیگر ④ ہم۔

نیزہ (ف) اسم مذکر بیائے مجہول ① نوک ② انی ③ سنان ④ برچھی ⑤ بھالا ⑥ علم ⑦ بلم ⑧ کلک ⑨ قلم۔

نیزہ باز (ف) اسم مذکر ① بلم کے کرتب جاننے والا ② نیزہ بردار۔

نیزہ بازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بلم کے کرتب ② برچھا لانا ③ برچھے کے داؤ پیچ۔

نیزہ بردار (ف) اسم مذکر ① بلم بردار ② بھالا بردار۔

نیزہ ہلانا (ا) فعل۔ بلم یا برچھے کا پھرانا۔

نیساں (ف) اسم مذکر ① رومیوں کے ساتویں مہینے اور اس کی بارش کا نام ہے ② (ہندی) بیساکھ اور انگریزی اپریل سے ملتا ہوا ③ مہینہ۔

نیست (ف) اسم صفت ① نہ ہونا ② عدم ③ ہست کی ضد ④ خالی ⑤ معدوم ⑥ فنا۔

نیست کرنا (ا) فعل ① برباد کرنا ② اجڑنا ③ تباہ کر دینا۔

نیست و نابود کرنا (ا) فعل ① بالکل فنا کرنا ② بیخ و بنیاد سے کھودنا ③ بالکل مٹا دینا۔

نیست و نابود ہونا (ا) فعل ① فنا ہونا ② تباہ و برباد ہونا ③ جڑ بنیاد سے جاتا رہنا۔

نیستان (ف) اسم مذکر ظرف ① نے کا جنگل ② سرکنڈوں کا جنگل یا کھیت ③ وہ جنگل جہاں نرسل یا گنے ہوں۔

نیستی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ناپید ہونا ② فنا ③ عدم ④ ہستی کی ضد ⑤ نحوست ⑥ بداقبالی ⑦ بدنصیبی ⑧ مفلسی ⑨ ناداری۔

نسی بھرا / نیستی کا مارا (ا) اسم صفت ① بدنصیب ② بدبخت ③ نربھاگ ④ دلدری ⑤ منحوس ⑥ بداقبالی۔

نیستی چھانا (ا) فعل ① ساڑستی آنا ② بداقبالی اور نحوست کا سامنا ہونا ③ نحوست چھانا۔

نیستی میں برخورداری (ا) محاورہ ① مفلسی میں اولاد ② تنگدستی میں اولاد کا خرچ کثیر۔

نیش (ف) اسم مذکر بیائے مجہول ① نوک کی تیزی ② نوک ③ آنی ④ بھڑ یا بچھو کا ڈنک ⑤ کانٹا ⑥ سول۔

نیش زنی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ڈنک مارنا ② رکاوٹ پیدا کرنا ③ رکاوٹ ④ برائی۔

نیش زنی کرنا (ا) فعل ① کانٹا چبھونا ② ڈنک مارنا ③ کسی کے حق میں برائی کرنا۔

نیشتر (ف) اسم مذکر ① فصد کھولنے اور زخم چیرنے کا آلہ ② ڈنک ③ نوک دار اوزار۔

نیشتر لگانا (ا) فعل ① نشتر مارنا ② نوک چبھونا ③ زخم پہنچانا۔

نیشکر (ف) اسم مذکر ① گنا ② پونڈا ③ اکھ ④ اوکھ۔

نیشن (ای) اسم مونث۔ قوم۔

نیشنل (ای) اسم صفت نسبتی۔ قومی۔

نیشنل ازم / نیشنلزم (ای) اسم مذکر ① قوم پرستی ② وطن پرستی۔

نیشنل اسمبلی (ای) اسم مونث ① قومی اسمبلی ② قانون سازی کا قومی ادارہ۔

نیشنلسٹ (ای) اسم مذکر ① قوم پرست ② وطن پرست۔

نیشنلٹی (ای) اسم مونث مصدری۔ قومیت۔

نیفہ (ف) اسم مذکر ① پیجامے کے گھیر کا وہ حصہ جس میں ازار بند رہتا ہے ② ازار بند کا غلاف۔

نیفہ میں اڑسنا (ا) فعل۔ نقدی یا کسی چیز کا نیفہ میں رکھ کر لپیٹ دے لینا۔

نیک (ف) اسم صفت ① بھلا ② اچھا ③ خوب ④ سعادتمند ⑤ سعید ⑥ بد یا نحس کی ضد ⑦ پرہیزگار ⑧ پارسا ⑨ بھگت۔

نیک اختر / نیک بخت (ف) اسم صفت ① نیک نصیب ② نیک بخت

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

① بھاگوان ④ خوش طالع ⑤ اقبال مند ⑥ بختاور ⑦ پارسا ⑧ سیدھا ⑨ سچا۔

**نیک انجام** (ف) اسم صفت فاعلی ① وہ شخص جس کا اخیر اچھا ہو ② خاتمہ بالخیر والا ③ عاقبت ④ بخیر آدمی۔

**نیک اندیش** (ف) اسم صفت فاعلی ① بھلائی سوچنے والا ② نیک نیت ③ خیر اندیش۔

**نیک بختی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھلائی ② سعادتمندی ③ پرہیزگاری ④ پارسائی۔

**نیک چلن** (ا) اسم صفت ① بھلا مانس ② شائستہ ③ نیک بخت ④ وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو۔

**نیک چلنی** (ا) اسم مونث ① بھلمنسائی ② نیک اطواری ③ نیک بختی۔

**نیک خصلت** (فع) اسم صفت ① نیک نہاد ② پاک سیرت ③ نیک طینت۔

**نیک خواہ** (ف) اسم صفت ① نمک حلال ② خیر خواہ ③ بہی خواہ ④ وفادار۔

**نیک صلاح کا پوچھنا کیا** (ا) محاورہ ① نیک کام میں صلاح ومشورے کی ضرورت نہیں فوراً شروع کر دینا چاہئے ② درکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست۔

**نیک فال** (ا) اسم صفت ① اچھا شگون ② مبارک فال۔

**نیک قدم** (ا) اسم صفت ① وہ شخص جس کا گھر میں آنا مبارک ہو ② مبارک قدم۔

**نیک محضر** (فع) اسم صفت ① نیک طینت ② نیک ذات ③ نیک نہاد۔

**نیک مرد** (ف) اسم صفت مذکر ① بھلا آدمی ② بھلا مانس ③ پرہیزگار ④ پارسا۔

**نیک منش** (ف) اسم صفت فاعلی ① نیک خصلت ② سعادتمند ③ نیک طبع۔

**نیک منظر** (فع) اسم صفت ① حسین ② خوبصورت ③ سوہنا۔

**نیک نام** (ف) ① نامی ② نامور ③ وہ شخص جس کا نام بھلائی میں مشہور ہو۔

**نیک نامی** (ف) اسم مونث ① ناموری ② شہرت کارگزاری۔

**نیک نامی کی سند** (ا) اسم مونث ① حسن کارگزاری کی چٹھی ② حسن خدمت کا سرٹیفکیٹ۔

**نیک نہاد** (ف) اسم صفت ① پاک خصلت ② پاک سیرت ③ پاک طینت۔

**نیک نیت** (فع) اسم صفت ① اچھے ارادے کا ② اچھے ارادے والا ③ جس کی نیت میں فتور نہ ہو ④ نیک نہاد ⑤ نیک خصال۔

**نیک نیتی** (فع) اسم مونث بیائے مصدری ① نیک اندیشی ② خوش بینی۔

**نیک وبد** (ف) اسم مذکر ① برا بھلا ② برائی بھلائی۔

**نیکا** (ہ) اسم صفت ① بھلا ② خوب ③ خوبصورت ④ اچھا ⑤ عمدہ ⑥ سہاؤنا۔

**نیکو** (ف) اسم صفت ① اچھا ② خوب ③ عمدہ ④ نفیس ⑤ تحفہ ⑥ سوہنا ⑦ سندر ⑧ روپ ⑨ خوبصورت۔

**نیکو شمائل** (فع) اسم صفت ① اچھی خصلت والا ② نیک خصائل ③ خوش اطوار ④ خوش وضع۔

**نیکو کار** (ف) اسم صفت ① اچھے کام کرنے والا ② خوش خلق ③ خوش اطوار۔

**نکون** (ا) اسم مذکر ① نیک کی جمع ② بھلوں ③ اچھوں۔

**نیکوں کو سول اور بدوں کو پھول** (ا) مثل۔ اچھوں کے ساتھ برائی اور بروں کے ساتھ بھلائی۔

**نیکوئی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بھلائی ② خوبی ③ عمدگی۔

**نیکی** (ف) اسم مونث ① خوبی ② بھلائی ③ عمدگی ④ احسان ⑤ کار خیر ⑥ نیک بختی ⑦ سعادتمندی ⑧ پارسائی ⑨ پرہیزگاری۔

**نیکی اور پوچھ پوچھ** (ا) مثل ① نیک کام میں مشورہ کی ضرورت نہیں ② کار خیر میں صلاح کی کیا حاجت۔

**نیکی بدی** (ف) اسم مونث ① بھلائی برائی ② نفع نقصان ③ عیب صواب ④ دوستی ⑤ دشمنی۔

**نیکی برباد گناہ لازم** (ا) محاورہ۔ جہاں نیکی کے بدلے الٹی برائی پلے پڑے وہاں بولا کرتے ہیں۔

**نیکی کر اور دریا میں ڈال/نیکی کر اور کنویں میں ڈال** (ا) مثل ① احسان کر کے بھلا دینا چاہئے ② نیکی کا جتانا ٹھیک نہیں ③ نیکی کر اور

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

صلہ کی امید نہ رکھ ④ جس نیکی کا عوض نہ ملے اس کی بابت بولتے ہیں۔

**نیکی کرو خدا سے پاؤ** (ا) مثل ① نیکی کا اجر خدا ضرور دیتا ہے ② نیکی کرو مگر اس کے عوض کی تمنا خدا سے رکھو۔

**نیگ** (ہ) اسم مذکر ① حصہ ② بخرہ ③ باٹا ④ نذر ⑤ دستور ⑥ قاعدہ ⑦ حق الخدمت ⑧ رسم ⑨ بیاہ۔

**نیگ جوگ** (ہ) اسم مذکر ① دونوں مترادف ہیں ② بیاہ شادی کے موقع کا حق۔

**نیگ دینا** (ہ) فعل ① بدھائی دینا ② مبارکباد کا انعام دینا ③ حسب قاعدہ رشتہ داروں کو حقوق دینا۔

**نیگ لگانا** (ہ) فعل ① خوشی کی جگہ خرچ کرنا ② اچھے کام پر صرف کرنا ③ مجازاً برباد کرنا ④ ضائع کرنا۔

**نیگی جوگی** (ہ) اسم مذکر بیائے فاعلی ① نیگ جوگ کے حق دار ② انعام شادی کے مستحق۔

**نیگرو** (ای) اسم مذکر ① حبشی ② سیاہ فام ③ زنگی۔

**نیل** (ء) اسم مذکر ① پانا ② حاصل کرنا ③ دسترس ④ حصول۔

**نیل مرام** (ء) اسم مذکر ① مراد حاصل ہونا ② مراد پانا ③ حصول مقصد۔

**نیل** (ف) اسم مذکر ① نیلا رنگ ② وسمہ ③ ایک قسم کی پتی جس سے نیلا رنگ حاصل کرتے ہیں ④ مصر کے ایک مشہور دریا کا نام ⑤ چوٹ کا نشان ⑥ ضرب کا داغ ⑦ بدھی۔

**نیل بگڑنا / نیل کا ماٹ بگڑنا** (ا) محاورہ ① نیل کا قوام درست نہ ہونا ② بہت نقصان دہ بات کا ظہور میں آنا ③ جھوٹی اور بے پرکی اڑنا ④ چال چلن درست نہ رہنا ⑤ بے راہ ہونا ⑥ چلن بگڑنا ⑦ عقل نہ رہنا ⑧ پاگل ہو جانا ⑨ بے رونقی ہونا۔

**نیل پڑنا / پڑ جانا** (ا) فعل ① جسم پر چوٹ یا ضرب کا نیلا داغ پڑ جانا ② مار کا نشان جسم پر پڑ جانا۔

**نیل جلانا** (ا) فعل۔ بارش کے روکنے کا ٹوٹکا کرنا جہلا کا خیال ہے کہ نیل جلانے سے بارش کا زور کم ہو جاتا ہے۔

**نیل ڈالنا** (ا) فعل ① موت کے آثار ہونا ② موت کے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا ③ نزع کا وقت ہونا ④ لاج نہ رہنا ⑤ بے شرم ہونا۔

**نیل کا ٹیکا** (ا) اسم مذکر ① بدنامی کا داغ ② کلنک کا ٹیکا ③ روسیاہی ④ سیاہی یا تیل کا وہ نشان جو بچوں کے رخسار یا ماتھے پر نظر بد کے بچاؤ کے لئے لگا دیتے ہیں۔

**نیل کنٹھ** (ا) اسم مذکر ① ایک خوبصورت نیلی گردن اور نیلے پروں والا پرندہ جس کو دسہرے کے دن دیکھنا ہندو لوگ مبارک خیال کرتے ہیں ② فارسی میں سبزا اور نیلہ زاغ بولتے ہیں۔

**نیل کنٹھی** (ا) اسم مونث۔ پرانے بخاروں کو توڑنے والی ایک نہایت کڑوی بوٹی کا نام ہے۔

**نیل کی سلائی آنکھوں میں پھیرنا** (ا) فعل ① اندھا کر دینا ② نابینا کرنا۔

**نیل گر** (ف) اسم مذکر ① نیل بنانے والا ② نیل کا کام کرنے والا ③ رنگریز۔

**نیل گون** (ء) اسم صفت ① نیلے رنگ کا ② نیل آسمانی ③ آبی۔

**نیل گھوٹنا** (ا) فعل ① نیل کو باریک کرنا ② نیل کو بلونا ③ لڑائی ڈالنا ④ کہرام مچانا ⑤ کلیس کرنا۔

**نیلا** (ا) اسم صفت ① نیلگون ② نیلے رنگ کا ③ آبی ④ آسمانی ⑤ کبود ⑥ ایک قسم کا کبوتر۔

**نیلا پڑ جانا** (ا) فعل ① کالا پڑ جانا ② نیلگوں ہو جانا۔

**نیلا پیلا** (ا) اسم صفت ① زرد اور پیلا ② نیلگوں اور زرد۔

**نیلا پیلا ہونا** (ا) فعل ① بہت خفا ہونا ② غصے ہونا ③ لال پیلا ہونا ④ آنکھیں نکالنا ⑤ بگڑنا۔

**نیلا تھوتا / نیلا تھوتھا** (ا) اسم مذکر ① توتیائے سبز ② ایک نیلے رنگ کی دوا کا نام ہے ③ یہ ایک قسم کا زہر ہے۔

**نیلا ڈورا باندھنا** (ہ) فعل۔ نظر بد سے بچنے کے لئے نیلے رنگ کا دھاگا باندھنا۔

**نیلام** (پرتگالی) اسم مذکر ① بولی کر کے بیچنا ② اوکشن۔

**نیلام گھر** (ا) اسم مذکر۔ چیزیں نیلام کرنے کی جگہ۔

**نیلاہٹ** (ہ) نیلا پن ① نیلی جھلک۔

**نیلم** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کا نیلے رنگ کا قیمتی اور خوشنما پتھر۔

**نیلم پری** (ا) اسم مونث۔ اندر سبھا کے تماشے کی ایک فرضی پری کا نام

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149971218

www.besturdubooks.net

ہے۔

**نیلوفر** (ف) اسم مذکر۔ ایک قسم کے نیلے رنگ کے پھول کا نام ہے۔

**نیلی** (ہ) اسم مونث صفت ① نیلے رنگ کی چیز ② آسمانی ③ آبی ④ نیلگوں۔

**نیم** (ہ) اسم مذکر ① ایک نہایت کڑوے درخت کا نام۔

**نیم کا بھرتا** (ہ) اسم مذکر۔ زخم پر باندھنے کا نیم کا پلٹس۔

**نیم کی ٹہنی ہلانا** (ہ) فعل ① آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا ② نیم کی ٹہنی سے زخم کی مکھیاں اڑانا۔

**نیم کی نبولی** (ہ) اسم مونث ① تخم نیم ② نمکوئی۔

**نیم** (ف) اسم صفت ① آدھا ② نصف ③ بیچ ④ درمیان ⑤ میان ⑥ وسط ⑦ مابین۔

**نیم باز** (ف) اسم صفت ① آدھی کھلی آدھی بند ② نشیلی ③ مخمور ④ غنودہ آنکھ۔

**نیم برشت** (ف) اسم صفت ① آدھ بھنا ② آدھ کچرا ③ آدھ پکا ④ آدھ بھنا ہوا۔

**نیم بسمل** (ف) اسم صفت ① آدھ موا ② گھائل ③ مجروح ④ آدھا ذبح کیا ہوا۔

**نیم جان** (ف) اسم صفت ① آدھ موا ② قریب المرگ ③ نیم مردہ۔

**نیم جوش** (ف) اسم صفت ① تھوڑا سا ابالا ہوا ② آدھ پکا۔

**نیم حکیم** (فع) اسم مذکر ① ادھورا حکیم ② عطائی حکیم ③ بے علم طبیب ④ ناتجربہ کار ⑤ ان پڑھ۔

**نیم حکیم خطرہ جان/ نیم ملا خطرہ ایمان** (ف) مثل۔ ناتجربہ کار سے کام کے بگڑنے کا خطرہ ہی ہوتا ہے۔

**نیم خواب** (ف) اسم صفت ① آنکھ کی صفت ② آدھ ③ کھلی ④ کچی نیند۔

**نیم خوردہ** (ف) اسم صفت ① جھوٹا ② پس خوردہ ③ ابش۔

**نیم راضی** (ف) اسم صفت۔ آدھا رضامند۔

**نیم روز** (ف) اسم مذکر ظرف۔ دوپہر۔

**نیم سوختہ** (ف) اسم صفت۔ آدھا جلا ہوا۔

**نیم کش** (ف) اسم صفت مفعولی ① نیم کشیدہ ② آدھا اندر آدھا باہر تیر ③ وہ تیر یا تلوار جسے پورا نہ کھینچ لیا ہو۔

**نیم گرز سوہن** (ا) اسم مذکر ① آدھا گول اور آدھا چپٹا ② سوہن یا ریتی ③ آدھی گول ریتی۔

**نیم گرم** (ف) اسم صفت ① شیر گرم ② وہ پانی جو بہت گرم نہ ہو۔

**نیم مست** (ف) اسم صفت ① باخبر مست ② آدھا ہشیار آدھا مست۔

**نیم ملا** (فع) اسم مذکر ① کچا ملا ② ناقص العلم۔

**نیم** (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول ① ہٹ ② ضد ③ اڑ ④ اصرار ⑤ دینی عہد ⑥ مت ⑦ اقرار ⑧ قول ⑨ بچن۔

**نیم باندھنا** (ہ) فعل ① دستور باندھنا ② روزانہ بجالانا ③ معمول باندھنا ④ عہد کرنا ⑤ منت ماننا ⑥ حکم بجالانا ⑦ اطاعت کرنا۔

**نیم پتر** (ہ) اسم مذکر۔ اقرار نامہ۔

**نیم دھرم** (ہ) اسم مذکر ① ایمانداری ② پرہیزگاری ③ زہد ④ تقویٰ ⑤ اچھا چلن ⑥ برت ⑦ روزہ۔

**نیمچہ** (ف) اسم مذکر ① چھرا ② خنجر ③ جمدھر ④ پیش ⑤ قبض ⑥ چھوٹی تلوار۔

**نیمن** (ہ) اسم صفت ① مضبوط ② گٹھیلا ③ زور اور بلونت ④ قوی ⑤ ستوار ⑥ محکم ⑦ دیرپا ⑧ پکا ⑨ نگر۔

**نیمہ** (ف) اسم مذکر ① آدھا ② نصف ③ ادھواڑ ④ برقع ⑤ طرف ⑥ جانب ⑦ ایک قسم کا اونچا جامہ ⑧ ایک طرح کی اونچی پوشاک۔

**نیمہ آستین** (ف) اسم مونث ① آدھی آدھی آستینوں کی واسکٹ ② جاکٹ ③ صدری۔

**نیمی** (ہ) اسم صفت ① پاکدامن ② پارسا ③ ایماندار ④ پرہیزگار ⑤ پابند اوقات ⑥ قاعدے کا پابند ⑦ دیانتدار ⑧ خداترس۔

**نین** (ہ) اسم مذکر ① آنکھ دیدہ ② چشم ③ نظر ④ نگاہ ⑤ عین۔

**نین گنوانا** (ہ) فعل ① آنکھیں کھونا ② اندھا ہونا ③ محتاج ہونا ④ اپنی دولت گنوانا۔

**نین متنا** (ہ) اسم مذکر فاعل۔ بات بات پر رونے والا۔

**نین متنی** (ہ) اسم صفت مونث ① بات بات پر رودینے والی ② چڑچڑی ③ ہر بات پر خفا اور آزردہ ہونے والی۔

**نینا** (ہ) اسم مذکر ① نین کی تصغیر ② آنکھ۔

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 0314 4077218

www.besturdubooks.net

نیند(ہ)اسم مونث ① خواب ② نوم۔

نیند آ جانا/نیند آنا(ہ)فعل ① سونے کو جی چاہنا ② نیند محسوس ہونا ③ آنکھ لگ جانا ④ سو جانا ⑤ اونگھ جانا ⑥

نیند اچٹنا/اچٹ جانا(ہ)فعل ① نیند کا جاتا رہنا ② آنکھ کھل جانا ③ جاگ پڑنا۔

نیند بھر سونا/نیند بھر کر/بھر کے سونا(ہ)فعل ① بخوبی سونا ② بے فکری سے سونا ③ حسب دلخواہ سونا ④ پاؤں پھیلا کے سونا ⑤ اپنی نیند سونا ⑥ سکھ نیند سونا۔

نیند بھرنا(ہ)فعل ① بخوبی سو لینا ② اچھی طرح سو لینا ③ نیند پوری ہونا ④ خمار آنا ⑤ خمار میں پھرنا۔

نیند حرام کرنا(ا)فعل ① سونے میں دق کرنا ② سوتے سے جگا دینا ③ نیند کھونا ④ جگانا۔

نیند کا دکھیا(ہ)اسم مذکر ① بہت سونے کا عادی ② بہت سونے والا ③ مغلوب خواب۔

نیند کا ماتا(ہ)اسم مذکر ① خواب آلودہ ② نیند میں بھرا ہوا ③ مست خواب۔

نیند میں ہونا(ا)فعل ① خواب آلودہ ہونا ② مست خواب ہونا۔

نینڈریاں(ہ)اسم مونث ① نیند کی تصغیر ② سکھ کی نیند ③ خواب راحت۔

نیندو(ہ)اسم صفت مذکر فاعلی۔ بہت سونے والا۔

نین سکھ(ہ)اسم مذکر ① ایک قسم کا نہایت عمدہ اور باریک کپڑا ② خاصہ ③ ململ۔

نینو(ہ)اسم مذکر ① ایک قسم کا سوتی کپڑا جس پر آنکھ کی مانند تارے سے بنے ہوتے ہیں ② پھولدار کپڑا ③ بیل دار کپڑا۔

نیو(ہ)اسم مونث ① جڑ ② بنیاد ③ بیخ ④ اصل ⑤ شروع ⑥ آغاز ⑦ ابتدا ⑧ استحکام ⑨ قیام۔

نیو جمانا/ڈالنا(ہ)فعل ① بنیاد ڈالنا ② بنیاد رکھنا ③ گھر بنانا ④ قائم کرنا ⑤ مضبوطی حاصل کرنا ⑥ شروع کرنا ⑦ ابتدا کرنا ⑧ نقشہ جمانا ⑨ ڈھنگ ڈالنا۔

نیوا(ہ)اسم مذکر ① صفت ② چپ ③ خاموش۔

نیوز(ای)اسم مونث ① خبر ② اخبار۔

نیوز ایڈیٹر(ای)اسم مذکر ① کسی اخبار میں خبروں کے شعبہ کا نگران اعلیٰ

نیوز ایجنٹ(ای)اسم مذکر ① اخبار فروش ② خبر رساں۔

نیوز ایجنسی(ای) اسم مونث ① اخبارات کو خبریں فراہم کرنے والا ادارہ ② محکمہ اطلاعات۔

نیوز پرنٹ(ای)اسم مذکر ① اخباری کاغذ ② معمولی کاغذ جس پر اخبار چھاپا جاتا ہے۔

نیوز پیپر(ای)اسم مذکر ① اخبار ② روزنامہ۔

نیوز لیٹر(ای)اسم مذکر ① خبرنامہ ② اخباری مراسلہ۔

نیولا(ہ)اسم مذکر ① نیو کھودنے والا جانور ② ایک قسم کا بڑے چوہے جیسا جانور جو سانپ کو مار ڈالتا ہے ③ راسو ④ نول۔

نیولی(ہ)اسم مونث ① ہمیانی ② روپے رکھنے کی لمبی تھیلی۔

نیون(ای)اسم مونث۔ ایک قسم کی قدرتی گیس جو روشنی کا کام دیتی ہے۔

نیوی(ای)اسم مونث ① بحری فوج ② بحریہ ③ بحری جنگی بیڑا۔

نیہ(ہ)اسم مذکر ① پیار ② محبت ③ موہ ④ پریت ⑤ الفت ⑥ عشق۔

نیہ لگانا/نیہا لگانا(ہ)فعل ① محبت لگانا ② آنکھ لگانا ③ عاشق ہونا ④ محبت کرنا۔

نیہی(ہ)اسم مذکر ① پیار کرنے والا ② پریمی ③ چاہنے والا ④ عاشق ⑤ محب۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

# و

عربی کا چھبیسواں، فارسی کا تیسواں، ہندی کا انتیسواں اور اردو کا تینتیسواں حرف ہے

و(ء)اسم مونث ① عربی کا چھبیسواں، فارسی کا تیسواں، ہندی کا انتیسواں اور اردو کا تینتیسواں حرف ہے ② حساب ابجد میں اس کے چھ عدد شمار کیے گئے ہیں ③ بصورت عطف اور کے معنی دیتا ہے۔

و ← ا

وا(ف)اسم صفت ① کھلا ہوا ② کشادہ ③ پھیلا ہوا ④ جدا ⑤ الگ ⑥ دوسری دفعہ ⑦ پھر ⑧ دوبارہ۔

واکرنا(ا)فعل ① کھولنا ② پھیلانا ③ باز کرنا۔

وامانده(ف)اسم صفت ① جھوٹا ② پس خوردہ ③ عاجز باقی رہا ہوا ④ پس ماندہ ⑤ پیچھے رہا ہوا ⑥ تھکا ہوا۔

وا(ہ)اسم مونث ① پون ② ہوا ③ باد ④ وایو ⑤ ضمیر غائب ⑥ وہ ⑦ ان ⑧ او۔

وابستگاں(ف)اسم مذکر ① ایک گھر کے متعلقین ② کنبہ کے رشتہ دار ③ اقارب۔

وابستہ(ف)اسم صفت ① متعلق ② رشتہ دار ③ بندھا ہوا ④ پیوستہ ⑤ منسلک۔

واپس(ف) تابع فعل ① الٹا پھرا ہوا ② لوٹا ہوا ③ ہٹا ہوا ④ مسترد ⑤ پھیرا ہوا ⑥ پیچھے ⑦ الٹا۔

واپس آنا(ا)فعل ① پھر آنا ② پلٹ آنا ③ لوٹ آنا۔

واپس کرنا(ف)فعل ① مسترد کرنا ② لوٹانا ③ پھیرنا ④ موڑنا۔

واپس ہونا(ف)فعل ① لوٹنا ② الٹا پھرنا ③ پلٹنا ④ مراجعت کرنا۔

واپسی(ا)اسم مونث ① پھرنا ② لوٹنا ③ واپس شدہ چیز ④ پھری ہوئی چیز۔

واپسیں(ف)اسم صفت ① آخیر ② آخری ③ سب سے آخر۔

وات(س)اسم مونث ① ہوا ② پون ③ بیال ④ باد ⑤ ایک بیماری کا نام ⑥ گھٹیا ⑦ بادی گھٹیا۔

واٹ(ای)اسم مذکر۔ برقی قوت کی پیمائش کا پیمانہ۔

واٹر(ای)اسم مونث ① پانی ② آب۔

واٹر پروف(ای)اسم صفت۔ وہ جس پر پانی اثر نہ کرے۔

واٹر پولو(ای)اسم مذکر۔ ہینڈ بال کی قسم کا ایک کھیل جو پانی میں کھیلا جاتا ہے۔

واٹر سپلائی(ای)اسم مونث ① پینے کے پانی کی فراہمی ② آب رسانی کا انتظام۔

واٹر کلر(ای) ① وہ رنگ جو تیل کی بجائے پانی میں حل کیا جائے ② آب رنگ ③ آب رنگ سے تیار کردہ تصویر ④ آب رنگ مصوری۔

واٹر مارک(ای)اسم مذکر ① کاغذ کے اندر بنا ہوا مدھم سا نشان جو تیار کرنے والی کمپنی کا نام اور نشان ظاہر کرتا ہے ② کاغذ پر بنا ہوا مدھم نشان۔

واٹر ورکس(ای)اسم مذکر۔ وہ جگہ جہاں پانی کی فراہمی کا بندوبست کیا جا سکے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

**واثق** (ہ) اسم صفت فاعلی ❶ مستحکم ❷ پکا ❸ مضبوط ❹ مستقل۔

**واجب** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ ضرور ❷ لازم ❸ مناسب ❹ ہمیشہ ❺ دائم ❻ مدام ❼ لائق ❽ کرنے والا ❾ قابل۔

**واجب الادا** (ء) تابع فعل مفید صفت ❶ دینے جوگ ❷ وہ رقم جس کا ادا کرنا واجب ہے۔

**واجب الاظہار** (ء) تابع فعل ❶ ظاہر کرنے کے لائق ❷ بیان کرنے کے قابل۔

**واجب التسلیم** (ء) تابع فعل ❶ مانا ہوا ❷ ماننے کے قابل ❸ مان لینے کے لائق۔

**واجب التعزیز** (ء) تابع فعل ❶ سزا کے قابل ❷ سزا کے لائق۔

**واجب التعظیم** (ء) تابع فعل ❶ قابل ادب ❷ عزت کے لائق ❸ بزرگ ❹ مانا ہوا۔

**واجب الرحم** (ء) تابع فعل ❶ رحم کے قابل ❷ ترس کھانے کے لائق ❸ رحم کرنے کے قابل۔

**واجب الرعایت** (ء) تابع فعل ❶ قابل معافی ❷ لحاظ کرنے کے قابل ❸ معذور رکھنے کے لائق۔

**واجب الزیارت** (ء) تابع فعل ❶ دیکھنے یا ملاقات کے لائق ❷ زیارت کے قابل۔

**واجب الطلب** (ء) تابع فعل ❶ مانگنے کے قابل ❷ لینے جوگ ❸ قابل وصول ❹ قابل مطالبہ۔

**واجب العرض** (ء) تابع فعل ❶ قابل عرض ❷ دعوے ❸ تحریری اظہار ❹ وہ شرطیں جو قانونی بندوبست کے خاتمہ پر مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کی بابت لکھی جائیں۔

**واجب القتل** (ء) تابع فعل ❶ مار ڈالنے کے قابل ❷ قابل قتل ❸ قتل کرنے کے لائق۔

**واجب الوجود** (ء) اسم صفت۔ وہ ذات جو اپنی ہستی اور بقا میں محتاج غیر نہ ہو۔

**واجب الوصول** (ء) تابع فعل مفید صفت ❶ قابل وصول ❷ لینے جوگ ❸ حاصل ہونے کے قابل۔

**واجب جاننا** (ا) فعل ❶ ضروری جاننا ❷ لازم سمجھنا ❸ فرض جاننا۔

**واجب و لازم** (ء) اسم صفت ❶ ضروری اور فرض ❷ نہایت ضروری ❸ خاص ❹ صحیح ❺ ثابت۔

**واجب ہونا** (ا) فعل ❶ فرض ہونا ❷ ضروری ہونا۔

**واجبات** (ء) اسم مونث ❶ واجب کی جمع ❷ ضروریات ❸ لازمی چیزیں ❹ ضروری اشیا ❺ فرائض ❻ لوازمات ❼ چڑھی ہوئی تنخواہیں ❽ واجب الوصول رقمیں۔

**واجبی** (ء) اسم صفت ❶ بجا ❷ درست ❸ معقول ❹ ٹھیک ❺ لازمی ❻ ضروری ❼ روزینہ ❽ وظیفہ ❾ لائق۔

**واجبی بات** (ا) اسم مونث ❶ ٹھیک بات ❷ درست بات ❸ حق الامر بات ❹ سچی بات۔

**واجبی خرچ** (ا) اسم مذکر ❶ مناسب خرچ ❷ ضروری خرچ ❸ لازمی اور درمیانہ درجہ کا خرچ۔

**واجبی سا** (ا) اسم صفت ❶ ذرا سا ❷ تھوڑا سا ❸ قلیل مقدار میں ❹ جزوی۔

**واچ** (ای) اسم مونث ❶ گھڑی ❷ ساعت۔

**واچ میکر** (ای) اسم مذکر ❶ گھڑی ساز ❷ گھڑی بنانے اور مرمت کرنے والا۔

**واحد** (ء) اسم صفت ❶ ایک ❷ فرد ❸ مفرد ❹ صرف ❺ تنہا ❻ نقط ❼ نرا ❽ اکیلا۔

**واحد العین** (ء) اسم صفت ❶ ایک آنکھ والا ❷ یک چشم ❸ کانا ❹ کانڑا۔

**واحد شاہد** (ا) محاورہ ❶ واقف ❷ باخبر ❸ پانے والا۔

**وادی** (ء) اسم صفت ❶ گھاٹی ❷ پہاڑ کا درہ ❸ نیچی زمین ❹ وہ سرسبز قطعہ جو دو پہاڑوں یا پہاڑیوں کے درمیان واقع ہو ❺ دریا یا نالے کے پانی کے بہنے کا جنگل ❻ مجازاً جنگل ❼ دشت ❽ صحرا۔

**وادی ایمن** (ء) اسم مذکر ظرف ❶ وہ جنگل جو کوہ طور سے دائیں طرف ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی بیوی کو دروازہ میں چھوڑ کر آگ کی تلاش میں آگے بڑھے تھے اور پہلے پہل آپ کو اسی جگہ معراج ہوا تھا ایمن یعنی دائیں طرف۔

**وار** (ہ) اسم مذکر ❶ دن ❷ روز ❸ باری ❹ داؤں ❺ گھاٹ ❻ موقعہ ❼ نوبت ❽ دفعہ ❾ اس طرف ادھر۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

وار بچانا (ہ) فعل ❶ حملہ روکنا ❷ ضرب سے بچنا ❸ خالی دینا ❹ حربہ سے بچنا۔

وار پار (ہ) تابع فعل ❶ ادھر سے ادھر تک ❷ اس طرف سے اس طرف تک ❸ آر پار ❹ آدھا ادھر آدھا اُدھر۔

وار پار ہونا (ا) فعل ❶ آر پار ہو جانا ❷ ادھر سے اُدھر نکل جانا ❸ ترازو ہونا۔

وار پھیر (ہ) اسم مونث ❶ صدقہ ❷ نچھاور ❸ نثار بیل ❹ وہ نقدی جو دولھا دولھن کے سر پر سے وار کر ڈومنیوں کو دی جاتی ہے۔

وار چلنا (ہ) فعل ❶ داؤں لگنا ❷ ضرب پڑنا ❸ ہاتھ بیٹھنا ❹ ہاتھ لگنا۔

وار خالی جانا (ا) فعل ❶ ہاتھ بہک جانا ❷ ہاتھ نہ بیٹھنا ❸ ضرب نہ پڑنا۔

وار خالی دینا (ا) فعل ❶ چوٹ بچا جانا ❷ داؤ کھیل جانا۔

وار کرنا (ا) محاورہ ❶ ضرب لگانا ❷ حملہ کرنا ❸ چوٹ کرنا ❹ حربہ کرنا ❺ چال چلنا ❻ دھوکا دینا ❼ داؤں کرنا۔

وار لگنا / وار ملنا (ہ) فعل ❶ موقعہ ملنا ❷ باری آنا ❸ نوبت آنا۔

وار مرداں خالی نباشد (ا) مثل ❶ مردوں کا وار خالی نہیں جاتا ❷ مردوں کی بات بے اثر نہیں ہوتی۔

وار / وارہ (ف) حرف تشبیہ ❶ مانند ❷ مثل ❸ کلمہ ❹ لیاقت بمعنی لائق جیسے شاہوار ❺ کلمہ نسبت جیسے تقصیروار۔

وارا (ہ) اسم مذکر ❶ نفع ❷ فائدہ ❸ بچت ❹ کفایت ❺ اوت ❻ افاقہ۔

وارا نیارا (ہ) اسم مذکر ❶ گہرا فائدہ ❷ بڑا نفع ❸ دوٹوک فیصلہ ❹ قطعی فیصلہ۔

وارا ورد (ہ) اسم مونث ❶ جوڑ ❷ میزان ❸ مدمقابل ❹ برابر فائدہ ❺ بچت ❻ کفایت۔

وارا ورد آنا (ہ) فعل ❶ برابری کرنا ❷ مدمقابل ہونا ❸ سامنے ہونا ❹ مقابل ہونا۔

وارا ورد ہونا (ہ) فعل ❶ جیتنا ❷ غالب آنا ❸ کفایت ہونا ❹ اوت ہونا۔

وارث (ع) اسم مذکر فاعل ❶ وراثت پانے والا ❷ ترکہ کا حق دار ❸ مستحق ❹ مردے کے مال میں حصہ لینے والا ❺ خاوند ❻ خصم ❼ میاں ❽ مددگار ❾ معاون۔

وارد (ع) اسم صفت فاعلی ❶ آنے والا ❷ مسافر ❸ غریب الوطن ❹ قاصد ❺ پیک ❻ ایلچی۔

وارد و صادر (ع) اسم مذکر ❶ آیا گیا ❷ مہمان ❸ مسافر۔

وارد ہونا (ا) فعل ❶ اترنا ❷ نازل ہونا ❸ پیش آنا۔

واردات (ع) اسم مونث ❶ واردہ کی جمع ہے ❷ سرگذشت ❸ حالات ❹ حال احوال ❺ حادثہ ❻ سانحہ ❼ وقوعہ ❽ ہنگامہ ❾ فساد۔

واردات خفیف (ع) اسم مونث ❶ چھوٹا جھگڑا یا واقعہ ❷ ادنیٰ سا فساد۔

واردات سنگین (ا) اسم مونث ❶ سخت حادثہ ❷ بہت بڑا فساد ❸ بھاری وقوعہ۔

وارڈ (ای) اسم مذکر ❶ میونسپل کمیٹی یا کارپوریشن کی علاقہ بندی کے مطابق شہر کا ایک حلقہ یا علاقہ ❷ وہ نابالغ جس کی ذات، جائیداد یا دونوں کی دیکھ بھال کے لیے عدالت کی جانب کوئی منتظم مقرر کیا گیا ہو ❸ ہسپتال کا مخصوص شعبہ۔

وارڈ کیپر (ای) اسم مذکر۔ وارڈ کا نگران یا محافظ۔

وارڈن (ای) اسم مذکر ❶ نگران ❷ محافظ۔

وارستہ (ف) اسم صفت ❶ کھلا ❷ آزاد ❸ خودمختار ❹ مطلق العنان۔

وارستہ مزاج (فع) اسم صفت ❶ بے پرواہ ❷ آوارہ مزاج ❸ آزاد طبع ❹ آزادی پسند۔

وارفتہ (ف) اسم صفت ❶ آپے سے باہر ❷ عاشق وشیدا ❸ فریفتہ ❹ تھکا ہوا ❺ چور چور۔

وارفتگی (ف) اسم مونث بیانئے مصدری ❶ بے خودی ❷ تھکن ❸ تھکاوٹ۔

وارن (ہ) اسم مونث ❶ صدقہ ❷ نثار ❸ نچھاور ❹ بھینٹ ❺ نیاز ❻ نذر ❼ قربانی ❽ چڑھاوا۔

وارنا (ہ) فعل ❶ نثار کرنا ❷ تصدق کرنا ❸ نچھاور کرنا ❹ قربان کرنا ❺ بھینٹ چڑھانا ❻ گرد پھرانا ❼ صدقے کرنا۔

وارنٹ (ای) اسم مذکر ❶ گرفتار کرنے کا تحریری حکمنامہ ❷ حکم ❸ فرمان ❹ طلب نامہ۔

وارنٹ تلاشی (ا) اسم مذکر ❶ تلاشی کا حکم ❷ پروانہ تلاشی۔

وارنٹ جاری کرنا (ا) اسم مذکر۔ کسی کی گرفتاری کا حکم جاری کرنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

وارنٹ رہائی (ا) اسم مذکر۔ خلاصی اور نجات کا حکمنامہ۔

وارنٹ گرفتاری (ا) اسم مذکر۔ پکڑنے کا حکمنامہ۔

وارنش (ای) اسم مذکر ① روغن ② قلعی ③ ملمع ④ لک۔

وارننگ (ای) اسم مونث ① انتباہ ② تنبیہ ③ خبردار کرنا۔

واری (ہ) اسم مونث ① قربان ② نثار ③ صدقے ④ بلہاری۔

واری جانا (ہ) فعل ① نثار ہونا ② قربان ہونا ③ صدقے جانا۔

واری جاؤں (ہ) کلمہ خطاب ① صدقے جاؤں ② قربان جاؤں ③ بلہاری جاؤں۔

وارے نیارے (ہ) اسم مذکر ① وارا نیارا کی جمع ② گھرے نفعے ③ بیڑے پار۔

وارے نیارے ہونا (ہ) فعل ① بڑا نفع ہونا ② گھرے ہونا ③ چاندی ہونا ④ خوب نفع ہونا۔

واڑا (ہ) اسم مذکر ① محلہ ② ٹولہ ③ کوچہ۔

واژوں (ف) اسم صفت ① سرنگوں ② اوندھا ③ معکوس ④ نامبارک ⑤ منحوس ⑥ برگشتہ۔

واژوں بخت (ف) اسم صفت ① بدنصیب ② کمبخت ③ شوم ④ منحوس ⑤ الٹے نصیب والا۔

واس (س) اسم مونث ① باس ② سکونت ③ رہنا ④ آباد ⑤ رہائش۔

واسطہ (ء) اسم مذکر۔ ایک شہر کا نام ہے جہاں کی واسطی قلمیں مشہور ہیں۔

واسطات (ء) اسم مذکر ① چھ دانت کا گھوڑا ② پانچ مہینہ کا گھوڑا۔

واسطہ (ء) اسم مونث ① بچولیا ② ثالث ③ درمیانی شخص ④ بیچ والا ⑤ شادی بیاہ کرانے والی عورت ⑥ مشاطہ۔

واسطہ (ا) اسم مذکر ① لگاؤ ② تعلق ③ مناسبت علاقہ ④ ربط ⑤ سبب ⑥ باعث ⑦ پالا ⑧ کام ⑨ سروکار۔

واسطۃ العقد (ء) اسم مذکر۔ موتیوں کی لڑی کے بیچوں بیچ کا بڑا اور قیمتی موتی۔

واسطہ پیدا کرنا (ا) فعل ① موقع نکالنا ② وسیلہ بہم پہنچانا ③ سلسلہ قائم کرنا۔

واسطہ پڑنا (ا) فعل ① پالا پڑنا ② کام پڑنا ③ سروکار ہونا۔

واسطہ دینا (ا) فعل ① شفاعت لانا ② دہائی دینا ③ بیچ میں ڈالنا۔

واسطہ ڈالنا (ا) فعل ① پالا ڈالنا ② کام ڈالنا ③ سروکار ڈالنا۔

واسطہ رکھنا (ا) فعل ① تعلق رکھنا ② علاقہ رکھنا ③ مناسبت رکھنا ④ مطلب رکھنا ⑤ غرض رکھنا ⑥ لگاؤ رکھنا۔

واسطہ ہونا (ا) فعل ① غرض ہونا ② مطلب ہونا ③ دل لگی ہونا ④ سبب ہونا ⑤ سروکار ہونا ⑥ درمیانی تعلق ہونا ⑦ ربط ہونا ⑧ تعلق ہونا ⑨ نسبت ہونا۔

واسطی (ء) اسم مذکر صفت بیائے نسبتی ① شہر واسط کا باشندہ ② واسط کی چیز ایک قسم کی عمدہ قلم۔

واسطے (ا) اسم مذکر ① واسطہ کی جمع ② تعلقات۔

واسطے (ا) تابع فعل ① لئے ② برائے ③ از بہر ④ بہ سبب ⑤ خاطر۔

واسع (ء) اسم صفت ① پھیلنے والا ② وسیع ③ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

واشر (ای) اسم مذکر۔ لوہے کا وہ چھلا جسے پیچ کے ساتھ کے دیا جاتا ہے۔

واصف (ء) صفت ① تعریف کرنے والا ② وصف یا خوبیاں بیان کرنے والا۔

واصل (ء) اسم صفت ① ملنے والا ② ملاقات کرنے والا ③ پہنچ والا ④ حاصل ہونے والا ⑤ وصول ہونے والا ⑥ شامل ہونے والا ⑦ قابل وصول۔

واصل باقی (ء) اسم مؤنث۔ وہ حساب جس سے معلوم ہوسکے کہ کل واجب الوصول رقم میں سے کتنی وصول ہوچکی ہے اور کتنی باقی ہے۔

واصل باقی نویس (عف) اسم مذکر۔ تحصیل کا وہ عہدیدار جو وصول اور باقی کا رجسٹر رکھتا ہے۔

واصلات (ء) اسم مونث ① واصل کی جمع ② وصول شدہ کی میزان ③ آمدنی کی میزان ④ کل باقیات کی ضد۔

واضح (ء) اسم صفت فاعلی ① روشن ② ظاہر ③ آشکار ④ پرگھٹ ⑤ کھلا ⑥ صریح ⑦ مفصل ⑧ مشرح۔

واضح کرنا (ا) فعل ① کھولنا ② جتانا ③ صاف کہنا ④ ظاہر کرنا۔

واضح رہے (ا) محاورہ ① پوشیدہ نہ رہے ② خوب سمجھ لو ③ معلوم رہے۔

واضع (ء) اسم صفت فاعلی ① وضع کرنے والا ② بنانے والا ③ کسی چیز کو اس جگہ پر رکھنے والا ④ مخترع ⑤ پیدا کرنے والا۔

واضع قانون (ء) اسم مذکر ① قانون بنانے والا ② رسم و رواج کے

www.besturdubooks.net

مطابق ہدایت دینے والا۔

**واعظ** (ع) اسم مذکر فاعل ① خدا کے عذاب سے ڈرانے والا ② ناصح ③ نصیحت کرنے والا ④ دین کی تلقین کرنے والا ⑤ پند و نصیحت کرنے والا ⑥ وعظ کرنے والا۔

**وافر** (ع) اسم صفت فاعلی ① بہت ② کثرت ③ کثیر ④ بافراط ⑤ گھنا۔

**وافی** (ع) اسم صفت ① پورا ② خاطر خواہ ③ کافی ④ تمام وکمال۔

**واقع** (ع) اسم مذکر فاعل ① وقوع میں آنے والا ② پیش ہونے والا ③ موجود ہونے والا۔

**واقع میں** (ا) تابع فعل ① درحقیقت ② دراصل۔

**واقع ہونا** (ا) فعل ① ظاہر ہونا ② پیش آنا ③ نمودار ہونا ④ برپا ہونا۔

**واقعات** (ع) اسم مونث ① واقعہ کی جمع ② حادثے ③ سانحے۔

**واقعہ** (ع) اسم مذکر ① وقوعہ ② حادثہ ③ واردات ④ سانحہ ⑤ سرگذشت ⑥ حال بیتی ⑦ ماجرا ⑧ خبر ⑨ موت۔

**واقعہ نویس** (عف) اسم مذکر فاعل ترکیبی ① خبریں لکھنے والا ② خبر نویس ③ وقائع نگار۔

**واقعہ ہونا** (ا) فعل ① حادثہ پیش آنا ② واردات ہونا ③ انتقال ہونا ④ مرنا۔

**واقعی** (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ واقع ② درحقیقت ③ درست ④ سچ مچ ⑤ دراصل ⑥ فی الحقیقت۔

**واقف** (ع) اسم صفت فاعلی ① کھڑا ہونے والا ② جاننے والا ③ آگاہ ④ مطلع ⑤ خبردار ⑥ ماہر ⑦ ہوشیار۔

**واقف الحال/ واقف حال** (ع) اسم مذکر ① حال سے واقف ② راز دان ③ ہمراز۔

**واقف کار** (عف) اسم مذکر ① کام جاننے والا ② کام سے واقف ③ کاردان ④ تجربہ کار ⑤ جہاندیدہ۔

**واقف کاری** (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① جان پہچان ② شناسائی ③ جانچ ④ پرکھ ⑤ شناخت ⑥ امتحان ⑦ تجربہ ⑧ کاروانی۔

**واقفیت** (ع) اسم مونث ① شناسائی ② جان پہچان ③ جانچ پرکھ ④ علم ⑤ خبر ⑥ آگاہی ⑦ مہارت ⑧ استعداد ⑨ تجربہ۔

**واقفیت پیدا کرنا** (ا) فعل ① کسی کام کو جاننا ② تجربہ بہم پہنچانا ③ دسترس پیدا کرنا۔

**واک** (ای) چلنا۔

**واک آوٹ** (ای) احتجاج کے طور پر اُٹھ چلے جانا۔

**وال** (ہ) اسم مذکر۔ والا کا مخفف جیسے دلی وال اور پنڈی وال۔

**والا** (ہ) اسم مذکر ① فعل کے بعد علامت فاعل ہے ② جیسے کرنے والا ③ کرنا ④ عامل ⑤ اسم کے بعد ⑥ نگران ⑦ محافظ ⑧ نگہبان۔

**والا** (ف) اسم صفت ① بلند ② اونچا ③ بزرگ ④ عالی ⑤ بڑا ⑥ جیسے حضور والا۔

**والا نامہ** (ف) اسم مذکر ① نوازش نامہ ② بڑا خط ③ بڑے آدمی کا خط۔

**والا** (ع) تابع فعل ① ورنہ ② نہیں ③ تو ④ وگرنہ۔

**والد** (ع) اسم مذکر فاعل ① جننے والا ② باپ ③ پتا ④ ابا ⑤ باوا ⑥ پدر۔

**والد ماجد** (ع) اسم مذکر ① بزرگوار ② باپ ③ اباجان۔

**والدہ** (ع) اسم مونث ① جننی ② ماں ③ ماتا ④ اماں ⑤ میا۔

**والدہ ماجدہ** (ع) اسم مونث ① والدہ محترمہ ② بزرگوار ماں۔

**والدین** (ع) اسم مذکر ① ماں باپ ② ماتا پتا ③ پدر و مادر۔

**والنٹیر** (ای) اسم مذکر ① وہ شخص جو اپنی خوشی سے تنخواہ کے بغیر کوئی کام سر انجام دینے کا ذمہ لے ② رضا کار۔

**والنٹیر کور** (ای) اسم مونث ① رضا کاروں کی پلٹن۔

**واللہ** (ع) حرف قسم ① خدا کی قسم ② اللہ کی قسم۔

**واللہ اعلم** (ع) محاورہ ① خدا ہی خوب جانتا ہے ② خدا جانے ③ خدا معلوم ④ مجھے خبر نہیں ⑤ اللہ ہی جانے۔

**واللہ اعلم بالصواب** (ع) محاورہ ① خدا ہی بہتر جانتا ہے ② خدا کو خوب معلوم ہے۔

**واللہ باللہ** (ع) کلمہ قسم ① قسم ② قسم میں زور دار تاکید کے وقت بولا کرتے ہیں۔

**والہ** (ع) اسم صفت فاعلی ① عاشق ② فریفتہ ③ شیفتہ ④ سرگذشتہ۔

**والی** (ہ) اسم مونث ① والا ② علامت فاعل کی تانیث۔

**والی بال** (ای) اسم مذکر۔ ایک کھیل کا نام ہے جو ٹینس کی طرح ہاتھوں سے کھیلا جاتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**والی** (ء) اسم مونث ❶ مالک ❷ آقا ❸ سرتاج ❹ حاکم ❺ خداوند ❻ بادشاہ ❼ وارث ❽ مربی ❾ سرپرست۔

**والی وارث** (ء) اسم مذکر ❶ مربی ❷ حمایتی ❸ پشت پناہ ❹ مالک و آقا ❺ سرپرست۔

**وام** (ف) اسم مذکر ❶ ادھار ❷ قرض۔

**واماندگان** (ف) اسم صفت ❶ وامانده کی جمع ❷ تھکے ہوئے ❸ پیچھے رہے ہوئے ❹ عاجز۔

**واماندگی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ تھکن ❷ تھکان ❸ تھکاوٹ ❹ عاجزی۔

**وامانده** (ف) اسم صفت ❶ تھکا ہوا ❷ عاجز ❸ پس خورده ❹ باقی رہا ہوا ❺ پس مانده ❻ آتش۔

**وامق** (ء) اسم مذکر فاعل ❶ دوست رکھنے والا ❷ چاہنے والا ❸ عاشق ❹ طالب ❺ غب ❻ عذرا کے مشہور عاشق کا نام ہے۔

**وان** (ہ) لاحقہ ❶ والا ❷ مالک ❸ جیسے گاڑی وان۔

**واں** (ہ) لاحقہ ❶ وہاں کا مخفف ❷ عددی نسبت ظاہر کرنے کے لیے جیسے دسواں۔

**واؤ چر** (ای) اسم مذکر ❶ بیجک ❷ فرد حساب ❸ ادائیگی کی تصدیق ❹ رسید۔

**واو** (ء) اسم مونث۔ اردو کا تینتیسواں حرف۔

**واو عاطفہ/عطف** (ء) اسم مونث۔ وہ واو جو دو کلموں یا جملوں میں ربط دینے کے لئے آتی ہے۔

**واو مجہول** (ء) اسم مونث۔ وہ واو جس کے پہلے ضمہ خالص نہ ہو۔

**واو معدولہ** (ء) اسم مونث۔ وہ واو جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے۔

**واو معروف** (ء) اسم مونث۔ وہ واو جس کے پہلے ضمہ خالص ہو۔

**واویلا** (ء) اسم مذکر ❶ افسوس ❷ حیف ❸ مجازاً ❹ رونا ❺ پیٹنا ❻ گریہ زاری ❼ نوحہ ❽ ماتم ❾ آہ و نالہ۔

**واویلا کرنا** (ا) فعل ❶ رونا پیٹنا ❷ گریہ زاری کرنا ❸ ہائے ہائے کرنا۔

**واہ** (ف) کلمہ تحسین و آفرین ❶ سبحان اللہ ❷ آفرین ہے ❸ مرحبا ❹ کیا بات ہے ❺ شاباش ❻ کیا خوب ❼ چہ خوش ❽ اچنبھے کی بات ❾ حیرت کی جگہ۔

**واہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا** (ا) مثل ❶ تھا کیا اور ہو گیا کیا ❷ بنا بنایا کام بگڑ گیا ❸ اچھے کام کا برا نتیجہ نکلا۔

**واہ رے** (ا) کلمہ تعجب ❶ وصف نفرت ❷ طنز اور افسوس کے لئے آتا ہے۔

**واہ رے میں** (ہ) کلمہ فخر ❶ اپنی تعریف آپ ہی کرنی چاہئے ❷ میرا کیا کہنا ہے ❸ میری کیا بات ہے ❹ ہم بھی کچھ ہیں۔

**واہ کیا بات ہے** (ا) محاورہ۔ طنز اور تعریف دونوں موقعوں پر بولا جاتا ہے۔

**واہ کیا کہنا ہے** (ہ) محاورہ ❶ طنزاً کیا بات ہے ❷ سبحان اللہ۔

**واہب** (ء) اسم صفت فاعلی ❶ بخشنے والا ❷ عفو کرنے والا ❸ عطا کرنے والا۔

**واہمہ** (ء) اسم مذکر ❶ وہم کی قوت ❷ قوت متخیلہ ❸ باریکیاں اور جزئیات معلوم کرنے کی قوت جو محسوسات سے متعلق ہیں۔

**واہ وا** (ا) کلمہ تحسین و آفرین ❶ واہ واہ کا مخفف ہے ❷ کیا کہنا ❸ کیا بات ہے ❹ سبحان اللہ ❺ شاباش۔

**واہ واہ کرنا** (ا) فعل ❶ سراہنا ❷ تعریف کرنا ❸ مرحبا کرنا ❹ آفرین کہنا۔

**واہ واہ گرگٹ کا بچہ تانا شاہ** (ء) مثل۔ ادنیٰ شخص اور یہ عالی دماغی۔

**واہ واہ ہونا** (ا) فعل ❶ سراہا جانا ❷ بول بالا ہونا ❸ تعریف ہونا ❹ شہرت ہونا۔

**واہی** (ء) اسم صفت ❶ سست ❷ کمزور ❸ ناتواں ضعیف ❹ ناطاقت ❺ بیہودہ بات ❻ بے مزہ بات ❼ لغو ❽ بیہودہ۔

**واہی تباہی** (ا) اسم مونث صفت ❶ بیہودہ بات ❷ بے مزہ کلام ❸ بے معنی بات ❹ آوارہ ❺ کراب ❻ اوباش ❼ نکما ❽ بیکار۔

**واہی تباہی بکنا** (ا) فعل ❶ بکواس کرنا ❷ ژٹل ہانکنا ❸ بیہودہ باتیں کرنا۔

**واہی تباہی پھرنا** (ا) فعل ❶ دربدر پھرنا ❷ خراب و خستہ پھرنا ❸ آوارہ پھرنا۔

**واہی ہونا** (ا) فعل ❶ خراب ہونا ❷ بگڑنا ❸ عیاش ہونا۔

**واہی ہے** (ا) محاورہ ❶ بیوقوف ہے ❷ کبھی کسی کام سے منع کرنے پر بھی

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907218

www.besturdubooks.net

بولتے ہیں۔

**واہیات** (ء) اسم مونث ❶ واہی کے جمع ❷ بے معنی باتیں ❸ لغو باتیں ❹ خرافات اوباشی خرابات۔

**وائٹ پیپر** (ای) اسم مذکر ❶ قرطاس ابیض ❷ وہ اعلان جو حکومت یا کسی جماعت کی طرف سے اطلاع عام کے لیے جاری کیا جائے۔

**وائر** (ای) اسم مذکر ❶ تار ❷ تار برقی۔

**وائرلیس** (ای) اسم مذکر ❶ بے تار کا ❷ لاسلکی ❸ لاسلکی پیغام نشر کرنے اور وصول کرنے کا آلہ۔

**وائے** (ء) کلمہ ندبہ ❶ دکھ ❷ درد یا حسرت وافسوس کے اظہار کے وقت یہ کلمہ زبان پر آتا ہے ❸ حروف علت۔

**وائے تقدیر/قسمت/نصیب** (ف ء) کلمہ افسوس ❶ ہائے تقدیر ❷ ہائے قسمت ❸ ہائے نصیب۔

**واؤ** (س) اسم مونث ❶ ہوا ❷ باد۔

**وائس** (ای) اسم مذکر ❶ نائب ❷ قائم مقام ❸ کسی کی جگہ کام کرنے والا۔

**وائس پریذیڈنٹ** (ای) اسم مذکر ❶ نائب میر مجلس ❷ نائب صدر۔

**وائس چانسلر** (ای) اسم مذکر ❶ چانسلر کا نائب ❷ یونیورسٹی کا سربراہ ❸ نائب رئیس جامعہ۔

**وائس رائے** (ای) اسم مذکر ❶ نائب السلطنت ❷ گورنر جنرل ❸ ملکی لاٹ صاحب۔

**وائل** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کا بناریک سوتی یا ریشمی کپڑا۔

**وائلن** (ای) اسم مذکر۔ ایک ساز۔

**وائن** (ای) اسم مونث ❶ شراب ❷ مے ❸ مل ❹ بادہ ❺ دارو۔

## و ← ب

**وبا** (ء) اسم مونث ❶ مری ❷ موت ❸ مری والی بیماری ❹ متعدی مرض ❺ وہ بیماری جو ہوا خراب ہو جانے سے واقع ہوتی ہے۔

**وبا آنا/پھیلنا** (ا) فعل ❶ مری پڑنا ❷ عام موت کا واقع ہونا ❸ خرابی خاص کا وقوع ہونا۔

**وبال** (ء) اسم مذکر ❶ بوجھ ❷ بھار ❸ سختی ❹ گرانی ❺ گناہ کی سزا ❻ عذاب ❼ عذاب الٰہی ❽ آفت ❾ مصیبت۔

**وبال پڑنا** (ء) فعل ❶ صبر پڑنا ❷ ظلم کا بدلہ ملنا۔

**وبال جان** (عف) اسم صفت ❶ عذاب جان ❷ دوبھر ❸ اجیرن ❹ ناگوار طبع۔

**وبال جان ہونا** (ا) فعل ❶ بوجھ معلوم ہونا ❷ ناگوار خاطر گزرنا ❸ اجیرن ہونا ❹ دوبھر پڑ جانا۔

**وبال دوش** (عف) اسم صفت ❶ دوبھر ❷ گران خاطر ❸ بار دوش ❹ جس کا اٹھانا طبیعت پر گراں ہو۔

## و ← ت

**وتد** (ء) اسم مذکر ❶ کھونٹی ❷ ڈانڈا ❸ علم حروض میں تین حرفی لفظ۔

**وتر** (ء) اسم مذکر ❶ کمان کا چلہ ❷ کمان کی زہ ❸ (ریاضی میں) دائرے کے اندر کا وہ خط جو قطر سے چھوٹا ہو اور دائرے کے کسی حصہ کو گھیرے یعنی قطع دائرہ بنائے یا چوکور شکل کے دو مقابل کے کونوں کو ملانے والا خط۔

**وتر** (ء) اسم مذکر ❶ طاق ❷ تنہا ❸ اکیلا ❹ وہ ایک یا تین رکعتیں جو نماز عشا کے بعد پڑھتے ہیں۔

**وتیرہ** (ء) اسم مذکر ❶ طریقہ ❷ شیوہ ❸ راہ ❹ روش ❺ عادت ❻ دستور۔

## و ← ٹ

**وٹ** (ہ) اسم مذکر ❶ حصہ ❷ ٹکڑا ❸ بخرا ❹ تقسیم ❺ (پنجابی اسم مونث) کھیت کی منڈیر۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

وٹامن (ای) اسم مذکر ❶ حیاتین ❷ وہ کیمیائی اجزاء جو انسانی غذا میں موجود ہوتے ہیں اور بیماریوں کو روکتے اور جسم کو قوت فراہم کرتے ہیں۔

**و ← ث**

وثاق (ع) اسم مذکر ❶ معاہدہ کرنا ❷ عدہ کرنا ❸ ٹھہرنا ❹ مقرر کرنا ❺ اقرار کرنا۔

وثوق (ع) اسم مذکر ❶ مضبوطی ❷ استحکام ❸ استواری ❹ بھروسا ❺ اعتبار ❻ اعتماد۔

وثیقہ (ع) اسم مذکر ❶ استحکام ❷ استواری ❸ مضبوطی ❹ باہمی عہد و پیمان کا کاغذ ❺ معاہدہ ❻ عہدنامہ ❼ دستاویز ❽ تمسک ❾ پرونوٹ۔

وثیقہ دار (عف) اسم مذکر ❶ مالک وثیقہ ❷ پرونوٹ کا مالک

وثیقہ نولیس (عف) صفت۔ وہ شخص جسے حکومت نے وثیقے لکھنے کی اجازت دے رکھی ہو۔

**و ← ج**

وجاہت (ع) اسم مونث ❶ خوبصورتی ❷ خوبروئی ❸ چہرے کا نور ❹ ظاہری شکل و شباہت ❺ دکھاوا ❻ چہرے کا رعب ❼ عزت ❽ توقیر۔

وجد (ع) اسم مذکر ❶ غمگینی ❷ مجازاً حال ❸ جذبہ ❹ بیخودی ❺ سرمستی ❻ جوش ❼ خوشی۔

وجد آنا / وجد کرنا / وجد میں آنا (ا) فعل ❶ حال آنا ❷ بیخودی طاری ہونا ❸ جھومنا ❹ سرمست ہونا ❺ خوشی یا ذوق میں جھومنا ❻ اچھلنا کودنا ❼ ناچنا۔

وجع (ع) اسم مذکر ❶ درد ❷ دکھ ❸ پیڑا ❹ چیک ❺ ٹیس۔

وجع الاسنان (ع) اسم مذکر۔ دانتوں کا درد۔

وجع الظہر (ع) اسم مذکر ❶ پیٹھ کا درد ❷ کمر کا درد۔

وجع القلب (ع) اسم مذکر۔ دل کا درد جو نہایت مہلک ہے۔

وجوب (ع) اسم مذکر ❶ لازم ہونا ❷ واجب ہونا ❸ فرض ❹ ضروری ❺ لابد۔

وجود (ع) اسم مذکر ❶ پیدائش ❷ حیات ❸ زندگی ❹ ہستی ❺ ذات ❻ نمائش ❼ ظہور۔

وجود پانا / پکڑنا (ا) فعل ❶ ہست ہونا ❷ پیدا ہونا ❸ ظہور پکڑنا ❹ ہستی میں آنا۔

وجود میں لانا (ا) فعل ❶ پیدا کرنا ❷ ظہور میں لانا ❸ ظاہر کرنا۔

وجوہ (ع) اسم مونث ❶ وجہ کی جمع ❷ اسباب ❸ دلائل ❹ سبب ❺ بواعث۔

وجوہات (ع) اسم مونث ❶ وجہ کی جمع الجمع ❷ دلیلیں ❸ سبب ❹ اسباب۔

وجہ (ع) اسم مونث ❶ چہرہ ❷ رخ ❸ صورت ❹ شکل ❺ سبب ❻ کارن ❼ علت ❽ باعث ❾ طور۔

وجہ تسمیہ (ع) اسم مونث۔ نام رکھنے کا سبب۔

وجہ ثبوت (ع) اسم مونث ❶ مدار ثبوت ❷ ثبوت کی دلیل ❸ گواہی ❹ شہادت ❺ گواہوں کی پیشی۔

وجہ کافی (ع) اسم مونث ❶ کامل ثبوت ❷ پورا پورا ثبوت۔

وجہ معاش و معیشت (ع) اسم مونث ❶ گزارے کا ذریعہ یعنی تنخواہ ❷ وظیفہ زمین جاگیر وغیرہ۔

وجہ معقول (ع) اسم مونث ❶ روشن دلیل ❷ درست اور ٹھیک وجہ۔

وجہ موجہ (ع) اسم مونث ❶ پکی دلیل ❷ روشن اور قوی دلیل ❸ مضبوط اور مستحکم دلیل۔

وجیہ (ع) اسم صفت ❶ صورت شکل والا ❷ خوبصورت ❸ خوشنما ❹ خوشرو ❺ خوش وضع ❻ حسین ❼ موزوں ❽ زیبا۔

**و ← چ**

وچار (س) اسم مذکر ❶ غور و فکر ❷ دھیان ❸ سوچ و بچار ❹ تمیز ❺ سمجھ ❻ عقل۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

وچار دھارا (ہ) اسم مذکر ❶ خیالات کی رو ❷ رجحان ❸ میلان۔

وچن (س) اسم مذکر ❶ عہد ❷ پیمان ❸ قرار ❹ بچن۔

**و ← ح**

وحدانیت (ء) اسم مونث ❶ ایک ہونا ❷ اللہ تعالیٰ کی یکتائی ❸ توحید ❹ یگانگی۔

وحدت (ء) اسم مونث ❶ یگانہ ہونا ❷ یکتائی ❸ ایک ہونا ❹ اکیلا پن۔

وحدت الوجود (ء) اسم مذکر۔ صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالیٰ ہی کا وجود ماننا اور ماسوا کو محض اعتباری خیال کرنا۔

وحدت ارادی (ء) اسم مونث۔ لوگوں کا کسی خبر کے بغیر اپنے ارادے سے ایک دل اور متحد ہونا۔

وحدت قہری (ء) اسم مونث۔ وہ یگانگت جو بخوف سلطان یا حکم کے قہر و غضب سے لوگوں میں پیدا ہو جائے۔

وحدت نوعی (ء) اسم مونث۔ وہ وحدت جو ایک جنس ہونے کے سبب سے حاصل ہو جیسے نوع انسان ہیں۔

وحشت (ء) اسم مونث ❶ نفرت ❷ غیر مانوس ہونا ❸ ڈر کر بھاگنا ❹ رمیدگی ❺ سودا ❻ جنون ❼ خفقان ❽ دیوانگی ❾ اداسی۔

وحشت اثر (ء) اسم صفت ❶ ایسی خبر جس سے وحشت پیدا ہو ❷ ڈراونی خبر ❸ مہیب۔

وحشت اچھلنا (ا) فعل ❶ خفقان ہونا ❷ جنون ہونا ❸ سودا ہونا ❹ خبط ہونا۔

وحشت انگیز (عف) اسم صفت ❶ ڈراؤنا ❷ ہولناک ❸ بھیانک ❹ خوفناک۔

وحشت برسنا (ا) فعل ❶ اداسی چھانا ❷ ویرانگی برسنا ❸ جنون اور سودا نمایاں ہونا۔

وحشت زدہ (عف) اسم صفت ❶ حواس باختہ ❷ اداس ❸ گھبرایا ہوا ❹ خبطی ❺ سودائی ❻ مجنوں ❼ پاگل ❽ دیوانہ۔

وحشت ناک (عف) اسم صفت ❶ گھبرا دینے والی ❷ ڈراونی ❸ خوفناک ❹ بھیانک ❺ خطرناک ❻ وحشت بھری۔

وحشت ہونا (ا) فعل ❶ گھبراہٹ ہونا ❷ گھبرانا ❸ پریشان ہونا ❹ سودا ہونا ❺ خفقان ہونا ❻ جنون ہونا۔

وحشی (ء) اسم صفت ❶ جنگلی جانور جو آدمیوں سے گھبرا کر بھاگ جائے ❷ جنگلی ❸ صحرائی ❹ بن سدھا ❺ بھڑکنے والا ❻ ایک حال پر نہ رہنے والا ❼ بدکنے والا۔

وحل (ء) اسم مونث ❶ دلدل ❷ کیچڑ ❸ گیلی ❹ مٹی ❺ کیچ۔

وحوش (ء) اسم مذکر ❶ وحش کی جمع ❷ صحرائی جانور۔

وحی (ء) اسم مونث ❶ پیغام الٰہی ❷ خدا تعالیٰ کا کسی کے دل میں کوئی بات ڈال دینا ❸ الہام ❹ پیغمبروں پر نازل ہونے والا خدا کا حکم ❺ کتاب الٰہی (بصورت اسم مذکر) جبرائیل علیہ السلام۔

وحید (ء) اسم صفت ❶ یگانہ ❷ تنہا بے نظیر ❸ لاثانی ❹ فرد۔

وحید العصر (ء) اسم صفت۔ یکتائے زمانہ۔

**و ← د**

وداد (ء) اسم مونث ❶ دوستی ❷ محبت ❸ اتحاد ❹ الفت ❺ انس۔

وداع (ء) اسم مونث ❶ رخصت ❷ روانگی دلہن کی اپنے میکے سے رخصتی۔

ودود (ء) اسم مونث ❶ دوست ❷ محب ❸ محبت کرنے والا۔

ودھوا (ہ) اسم مونث ❶ رانڈ عورت ❷ بیوہ عورت۔

ودیا (س) اسم مونث ❶ بدیا ❷ علم ❸ گن ❹ فن ❺ ہنر ❻ درشن ❼ سمجھ ❽ ادراک ❾ گیان۔

ودیعت (ء) اسم صفت ❶ دھروڑ ❷ امانت۔

**و ← ڈ**

وڈیرا (سندھی) اسم مذکر ❶ جاگیردار ❷ زمیندار۔

**و ← ر**

ور (ف) حرف عطف ❶ اگر اور وار کا مخفف ہے ❷ بمعنی اور اگر اور جو ❸ کلمہ نسبت جیسے ہنرور ❹ علامت اسم فاعل بمعنی صاحب والا ❺

Join us on WhatsApp Naveed BaIG 03149077218

www.besturdubooks.net

بزرگ ❻ غالب ❼ زیر ❽ حقائق۔

وررہنا (ا) فعل ❶ بازی لے جانا ❷ فتحیاب ہونا ❸ زیر رہنا ❹ غالب رہنا۔

ورہونا (ا) فعل ❶ غالب رہنا ❷ فائق ہونا۔

ورایا / ورائے (ع) تابع فعل ❶ پیچھے ❷ پس ❸ عقب ❹ پسِ پشت ❺ سوا ❻ علاوہ ❼ فالتو ❽ ماسوا۔

وراثت (ع) اسم مونث ❶ ترکہ ❷ میراث ❸ ورثہ۔

وراثت نامہ (عف) اسم مذکر۔ وارث ہونے کی تحریر یا سند۔

ورائٹی (ای) اسم مذکر ❶ گوناگوں ❷ تنوع ❸ قسم قسم کا ہونا۔

ورائٹی شو (ای) اسم مذکر۔ رنگارنگ پروگرام۔

ورثا / ورثہ (ع) اسم مذکر ❶ وارث کی جمع ❷ ترکہ پانے والے لوگ ❸ وارث لوگ۔

ورثہ (ع) اسم مذکر ❶ میراث ❷ ترکہ ❸ متوفی کا مال جو حقدار کو ملے۔

ورثہ پانا (ا) فعل ❶ حق پانا ❷ میراث ملنا ❸ ترکہ حاصل کرنا۔

ورثے میں آنا (ا) فعل ❶ حصے میں آنا ❷ ترکے میں آنا ❸ بڑوں سے میراث ملنا۔

ورد (ع) اسم مذکر ❶ گلاب کا پھول ❷ گلِ سرخ۔

ورد (ع) اسم مذکر ❶ روزانہ ❷ بلاناغہ کرنے کا کام ❸ معمول ❹ نیم ❺ وظیفہ ❻ چینی۔

وردزبان ہونا (ا) فعل ❶ ازبر ہونا ❷ حفظ ہونا ❸ یاد ہونا ❹ نوک زبان ہونا ❺ زبان پر چڑھنا۔

ورد کرنا (ا) فعل ❶ عادت ڈالنا ❷ معمول ٹھہرا لینا ❸ وظیفہ پڑھنا ❹ بلا ناغہ کسی کام کو کرنا۔

وردی (ع) اسم صفت نسبتی ❶ گلابی ❷ گلاب کے رنگ کا ❸ (انگلش) فوج کا لباس ❹ سپاہ کا بانا ❺ سپاہی کی علامت یا نشان یا تمغا ❻ وہ باجا جو لشکر میں دس بجے اور صبح چار بجے لوگوں کے سونے اور جاگ اٹھنے کے لئے بجتا ہے۔

وردی بجانا (ا) فعل۔ صبح شام کی نوبت بجانا۔

وردی بولنا (ا) فعل ❶ مخبروں اور جاسوسوں کا کسی واقعہ کی خبر دینا ❷ رپورٹ کرنا ❸ اطلاع دینا۔

وردی میجر (ای) اسم مذکر ❶ اجیٹن کا نائب ❷ جوئنٹ کا ماتحت جو فوج کو حکم سناتا اور نوکری بانٹتا ہے۔

ورزش (ف) اسم مونث ❶ کسرت ❷ جسمانی مشق ❸ ریاضت جیسے ڈنڈ پیلنا وغیرہ۔

ورزشی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی یا فاعلی ❶ کسرتی ❷ ورزش کیا ہوا ❸ ورزش سے کمایا ہوا۔

ورطہ (ع) اسم مذکر ❶ مقام ہلاکت ❷ جان جوکھوں کی جگہ ❸ وہ جگہ جہاں رستہ نہ ہو ❹ مجازاً بھنور ❺ گرداب ❻ پانی کا چکر۔

ورع (ع) اسم مونث ❶ پرہیزگاری ❷ تقویٰ زہد کا مرادف ہے۔

ورغلانہ / ورغلانا (ا) فعل ❶ بہکانا ❷ اغوا کرنا ❸ اکسانا ❹ بھڑکانا ❺ پھیلانا ❻ ٹھگنا ❼ فریب دینا ❽ دھوکا دینا۔

ورق (ع) اسم مذکر ❶ درخت کا پتا ❷ پات ❸ کاغذ کا ٹکڑا ❹ فرد ❺ پتر ❻ جزو کا آٹھواں حصہ ❼ تاش یا گنجفہ کا پتا ❽ تاش کارڈ۔

ورق الخیال (ع) اسم مونث ❶ بھنگ ❷ بجیا بوٹی ❸ ٹھنڈائی۔

ورق بکھر جانا (ا) فعل ❶ اتفاق نہ رہنا ❷ شیرازہ بکھر جانا ❸ نااتفاقی پڑ جانا ❹ تباہ ہو جانا ❺ برباد ہو جانا ❻ چھکے چھوٹ جانا ❼ خراب حال ہو جانا ❽ حواس باختہ ہو جانا ❾ بس میں نہ رہنا۔

ورق تراشنا (ا) فعل۔ تاش یا گنجفہ کے پتوں کو کھیلنے کے لئے بانٹنا۔

ورق ساز (عف) اسم مذکر ❶ چاندی سونے کے ورق بنانے والا ❷ زردوکوب۔

ورق کوٹنا (ا) فعل ❶ زرکوبی کرنا ❷ سونے یا چاندی کے ورق بنانا۔

ورق گردانی کرنا (ا) فعل ❶ یونہی ورق الٹنا ❷ برائے نام پڑھنا ❸ بے علمی چھپانے کو ورق الٹتے رہنا ❹ مجازاً بے فائدہ کام کرنا۔

ورقہ (ا) اسم مذکر ❶ ورق ❷ پتا۔

ورکشاپ (ای) اسم مذکر ❶ کارخانہ ❷ فیکٹری ❸ کام کی جگہ۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ورکنگ کمیٹی (ای) اسم مونث 1 مجلس عامہ 2 وہ کمیٹی جسے کوئی خاص کام سونپا گیا ہو۔

ورنا کیولر (ای) صفت 1 دیسی 2 ملکی 3 مقامی 4 (مونث) دیسی زبان 5 ملکی زبان۔

ورم (ء) اسم مذکر 1 سوجن 2 سوج 3 آماس 4 بیماری یا چوٹ کے سبب سے جسم کا پھول جانا۔

ورنہ (ف) تابع فعل 1 وِاگرنہ کا مخفف ہے 2 نہیں 3 تو 4 پھر 5 وگرنہ 6 بصورت دیگر۔

ورود (ء) اسم مذکر 1 اترنا 2 داخل ہونا 3 تشریف آوری 4 رونق افروزی 5 نزول۔

ورے (ہ) تابع فعل 1 اس طرف 2 ادھر پاس 3 نزدیک 4 پرے کی ضد۔

ورید (ء) اسم مونث 1 گلے کی موٹی رگ 2 شہ رگ 3 رگ گردن۔

## و ← ز

وزارت (ء) اسم مونث 1 وزیری 2 وزیر کا عہدہ 3 وزیر کا کام 4 صدارت کا وزیر کا دفتر 5 منتری کا عہدہ۔

وزٹر (ای) اسم مذکر۔ ملاقات یا معائنہ کے لئے آنے والا شخص۔

وزٹرز بک (ای) اسم مونث 1 وہ رجسٹر جس میں ملاقات کے لئے آنے والوں کے نام کا اندراج کیا جاتا ہے 2 وہ کتاب جس میں معائنے کے لئے آنے والے افراد اپنے تاثرات درج کرتے ہیں۔

وزٹنگ کارڈ (ای) اسم مونث 1 وہ کارڈ جس پر ملاقات کرنے والے کا نام وغیرہ درج ہوتا ہے 2 تعارفی کارڈ۔

وزرا (ء) اسم مذکر۔ وزیر کی جمع۔

وزن (ء) اسم مذکر 1 بوجھ 2 بھار 3 بار 4 گرانی 5 تول 6 جانچ 7 اندازہ 8 مقدار 9 پیمانہ۔

وزن کرنا (ا) فعل 1 تولنا 2 جانچنا 3 اندازہ کرنا۔

وزن ہونا (ا) فعل 1 بوجھ ہونا 2 گرانی ہونا 3 متانت ہونا 4 تلنا 5 تولا جانا۔

وزنی (ء) اسم صفت بیائے فاعلیت 1 بھاری وزندار 2 گراں 3 ثقیل 4 باوقعت۔

وزیر (ء) اسم مذکر 1 لغت میں باربرداری کا ساجھی اصطلاح منتری 2 پردھان 3 مدارالمہام 4 منسٹر 5 دستورشاہ 6 کارفرما 7 شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔

وزیراعظم (ء) اسم مذکر 1 بڑا وزیر 2 پرائم منسٹر 3 دستور معظم۔

وزیراعلیٰ (ء) اسم مذکر 1 بڑا وزیر 2 چیف منسٹر۔

## و ← س

وس (ہ) اسم اشارہ ضمیر۔ اس یا اسے کی جگہ بولتے ہیں۔

وسادہ (ء) اسم مذکر 1 تکیہ 2 مسند 3 گدی۔

وساطت (ء) اسم مونث 1 وسیلہ 2 واسطہ 3 توسل 4 ذریعہ 5 درمیان میں ہونا 6 اعتدال۔

وساوس (ء) اسم مذکر۔ وسواس کی جمع وسوسے۔

وسائد (ء) اسم مذکر 1 وسادہ کی جمع 2 گدیاں 3 مسندیں 4 تکیئے۔

وسائل (ء) اسم مذکر 1 وسیلہ کی جمع 2 ذریعے 3 واسطے 4 وسیلے۔

وسط (ء) اسم صفت 1 بیچ 2 درمیان 3 میان 4 کمر 5 قلب 6 مذکر۔

وسطی (ء) اسم صفت 1 درمیانہ 2 نہ چھوٹا نہ بڑا 3 اوسط درجہ کا 4 متوسط 5 بیچ کی انگلی۔

وسطی مدرسہ (ء) اسم مذکر 1 مڈل اسکول 2 درمیانہ مدرسہ 3 مڈل کی تعلیم تک کا مدرسہ۔

وسعت (ء) اسم مونث 1 فراخی 2 کشادگی 3 چوڑاپن 4 چوڑائی 5 چوڑان 6 میدان 7 گنجائش 8 بساط 9 سمائی۔

وسعت دینا (ا) فعل 1 پھیلانا 2 بڑھانا 3 فراخ کرنا 4 زیادہ کرنا 5۔

وسل (ای) اسم مونث۔ سیٹی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

وسکی (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی شراب۔

وسمہ (ء) اسم مذکر ① نیل کے پتے ② خضاب ③ گلگونہ۔

وسمہ کرنا/ لگانا (ا) فعل ① خضاب کرنا ② بالوں میں نیل لگانا۔

وسواس (ء) اسم مذکر ① وسوسہ ② خیال جو دل میں گزرے ③ وہم ④ خوف ⑤ اندیشہ ⑥ گمان ⑦ ڈر ⑧ خلن ⑨ شبہ۔

وسواسی (ء) اسم صفت بیائے فاعلیت ① وہمی ② شکی ③ تذبذب۔

وسوسہ (ء) اسم مذکر ① شک ② شبہ ③ ظن ④ وہم ⑤ بدگمانی۔

وسیع (ء) اسم صفت ① چوڑا ② دور تک پھیلا ہوا ③ بڑا ④ لمبا چوڑا ⑤ فراخ ⑥ کشادہ۔

وسیلہ (ء) اسم مذکر ① ذریعہ ② واسطہ ③ توسط ④ وساطت ⑤ دستگیری ⑥ مدد ⑦ اعانت ⑧ آسرا ⑨ سہارا۔

## و ← ش

وش (ف) حرف تشبیہہ ① مانند ② نظیر ③ مثل۔

وشاق (ت) اسم مذکر ① غلام ② خدمتگار ③ امرو غلام۔

وشواس گھاتک (س) صفت ① دغاباز ② بے وفا ③ غدار۔

واشوش (س) اسم مذکر ① بھروسہ ② یقین ③ گمان ④ وہم۔

وشواشی (س) صفت ① بھروسے والا ② قابل اعتماد ③ معتقد۔

## و ← ص

وصاف (ء) اسم مذکر۔ بہت تعریف کرنے والا۔

وصال (ء) اسم مذکر ① ملاقات ② وصل ③ ہمبستری ④ عاشق معشوق کا ملنا ⑤ صحبت ہونا ⑥ مرنا ⑦ انتقال ہونا ⑧ وفات پانا ⑨ انجام پانا۔

وصایا (ء) اسم مونث۔ وصیت کی جمع۔

وصف (ء) اسم مذکر ① خوبی ② عمدگی ③ گن ④ خاصیت ⑤ خو ⑥ خصلت ⑦ عادت ⑧ کمال ⑨ ہنر۔

وصل (ء) اسم مذکر ① ملنا ② ملاقات ③ ملاپ ④ میل جوڑ ⑤ سنجوگ ⑥ صحبت داری ⑦ بھوگ ⑧ بلاس ⑨ جماع۔

وصل ہونا (ا) فعل ① ملنا ② ملاقات ہونا ③ پیوستہ ہونا ④ خوب ملنا ⑤ مباشرت ہونا ⑥ ہمبستر ہونا۔

وصلچہ (عف) اسم مذکر ① ٹکڑا ② پارہ ③ پارچہ ④ دھجی ⑤ کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا۔

وصلہ/ وصلہ (ء) اسم مذکر ① پیوند ② پیوستگی ③ خویشی ④ اپنائیت ⑤ پارہ ⑥ ٹکڑا۔

وصلی (ء) اسم مونث ① دو موٹے جڑے ہوئے کاغذوں کا ایک ورق جس پر خوشنویس مشق کیا کرتے ہیں ② مشق کرنے کا موٹا کاغذ۔

وصول (ء) اسم مذکر ① ایک چیز کا دوسری چیز کے پاس پہنچنا ② پایا ہوا ③ حاصل ④ پہنچا ہوا ⑤ رسیدہ بے باق جمع۔

وصول باقی (ء) اسم مذکر۔ حاصل شدہ اور اگاہی میں رہا ہوا روپیہ۔

وصول پانا/ کرنا (ا) محاورہ ① حاصل کرنا ② پانا ③ رقم کا مل جانا۔

وصولی (ا) اسم مذکر ① ممکن الوصول ② واجب الوصول ③ قابل وصول۔

وصی (ء) اسم مذکر ① وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو ② وصیت پر عمل کرنے والا ③ کارکن ④ کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مراد ہے۔

وصیت (ء) اسم مونث۔ مرنے والے یا سفر کو جانے والے شخص کا نصیحت کرنا کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا۔

وصیت کرنا (ا) فعل ① سفر کو جاتے یا مرتے وقت کچھ سمجھانا ② آخری نصیحت کرنا۔

وصیت نامہ (عف) اسم مذکر ① وہ فہمائش جو مرتے یا سفر کو جاتے وقت لکھ کر دے دیں ② تحریری وصیت ③ وصیت کا تمسک۔

## و ← ض

وضع (ء) اسم مونث ① بنانا ② رکھنا ③ ترتیب کرنا ④ بناوٹ ⑤ ساخت ⑥ روش ⑦ طرز ⑧ دستور ⑨ چال چلن۔

وضع بدلنا (ا) فعل ① طرز بدلنا ② فیشن بدلنا ③ عادت اور ڈھنگ میں

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

فرق آنا ④ دوسری روش اختیار کرنا۔

وضع حمل (ء) اسم مذکر ① بچہ پیدا ہونا ② پیٹ گرنا ③ اسقاط ہونا ④ توانا۔

وضع دار (عف) اسم صفت فاعلی ① طرحدار ② بانکا ③ خوش وضع ④ سجیلا ⑤ حسین ⑥ خوبصورت ⑦ دل پسند ⑧ اپنی چال اور وضع پر قائم اور مستقل رہنے والا ⑨ پابند وضع۔

وضع داری (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① طرحداری ② بانکپن ③ خوبصورتی ④ خوبی ⑤ حسن ⑥ وتیرہ ⑦ شمار ⑧ طریقہ ⑨ سلیقہ۔

وضع کرنا (ا) فعل ① منہا کرنا ② تفریق کرنا ③ حساب سے خارج کرنا ④ وصول کرنا ⑤ حساب میں لگالینا ⑥ نکالنا ⑦ کاٹنا ⑧ ایجاد کرنا۔

وضع کہے دیتی ہے (ا) محاورہ ① حالت ہی بتا رہی ہے ② صورت سے ہی ظاہر ہے۔

وضع ہونا (ا) فعل ① لٹنا ② منہا ہونا ③ مجرا ہونا ④ حساب میں لگنا ⑤ ایجاد ہونا ⑥ نکلنا۔

وضو (ء) اسم مذکر ① لغت میں روشن رو ہونا ② اصطلاح میں نماز کے لئے ہاتھ، منہ اور پاؤں وغیرہ شرع کے مطابق دھونا ③ طہارت نماز۔

وضو تازہ کرنا (ا) فعل ① وضو ہوتے ہوئے دوبارہ وضو کرنا۔

وضو توڑنا (ا) فعل ① بے وضو ہو جانا ② طہارت میں فرق لانا ③ پرہیز گاری قائم نہ رہنے دینا۔

وضو ٹوٹ جانا (ا) فعل ① وضو جاتا رہنا ② بائی سر جانا ③ گوز نکل جانا ④ زہد میں فرق آجانا ⑤ نیت میں فرق آجانا۔

وضو ٹوٹنا (ا) فعل ① وضو کا جاتا رہنا ② طہارت قائم نہ رہنا ③ صلاح یا ارادہ بدل جانا ④ نیت بدل جانا۔

وضو ٹھنڈا/ ڈھیلا ہو جانا (ا) فعل ① ولولہ جاتا رہنا ② ارادے میں ضعف آجانا ③ ارادہ سست ہو جانا۔

وضو کرنا (ا) فعل ① طہارت نماز کرنا ② نماز کے واسطے ہاتھ، منہ، پاؤں وغیرہ دھونا۔

وضوح (ء) اسم مذکر ① معلوم ② واضح ③ پرکٹ ④ ظاہر ⑤ ظہور ⑥ اظہار۔

وضیع (ء) اسم صفت ① نیچ ② کمینہ ③ ادنیٰ ④ نالائق ⑤ ناکس ⑥ فرومایہ۔

وضیع و شریف (ء) اسم مذکر ① چھوٹا بڑا ② ادنیٰ اعلیٰ۔

## و ← ط

وطن (ء) اسم مذکر ① اپنا دیس ② جنم بھومی ③ رہنے اور قیام کرنے کی جگہ ④ پیدا ہونے کی جگہ ⑤ جائے پیدائش ⑥ اپنا ملک ⑦ وطن۔

وطن اختیار کرنا (ا) فعل ① رہ پڑنا ② رہائش اختیار کرنا ③ سکونت بنا لینا۔

وطن مالوف (ء) اسم مذکر ① پیارا دیس ② پیارا وطن ③ وہ جگہ جہاں رہنے کی عادت پڑی ہوئی ہو۔

وطنی (عف) اسم صفت بیائے نسبت و فاعل ① ایک ملک کا ② ایک جگہ کا رہنے والا ③ ہم وطن۔

## و ← ظ

وظائف (ء) اسم مذکر ① وظیفہ کی جمع ② اوراد۔

وظیفچی (ء) اسم مذکر ① حقارتاً بہت وظیفہ پڑھنے والا ② ورد و وظائف میں لگا رہنے والا۔

وظیفہ خوار (عف) اسم مذکر ① تنخواہ دار ② روزینہ دار ③ سکالرشپ پانے والا۔

وظیفہ کرنا (ا) محاورہ۔ وظیفہ پڑھنا۔

## و ← ع

وعدہ (ء) اسم مذکر ① بچن ② قول ③ اقرار ④ قرارداد ⑤ اقرارنامہ ⑥ مرنے کا دن ⑦ موت کا وقت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

**وعدہ آ پہنچنا/ وعدہ آنا** (ا) فعل ① موت کا وقت قریب آ جانا ② وقت آ پہنچنا ③ اقرار آ پہنچنا۔

**وعدہ برابر/ پورا ہونا** (ا) فعل ① اقرار پورا ہونا ② موت آنا ③ زندگی کا وقت پورا ہونا ④ قضا آنا۔

**وعدہ ٹالنا** (ا) فعل ① ٹال مٹول کرنا ② لیت و لعل کرنا ③ حیلہ بہانا کرنا ④ اقرار سے بچنا۔

**وعدہ خلاف** (ء) اسم مذکر ① اقرار کو پرا نہ کرنے والا آدمی ② قول کا جھوٹا ③ بچن کا کچا ④ اقرار کا جھوٹا۔

**وعدہ خلافی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① اقرار توڑنا ② عہد شکنی ③ اقرار کے خلاف کرنا ④ بیوفائی۔

**وعدہ فراموش** (عف) اسم صفت فاعلی ① اقرار کو بھول جانے والا ② وعدہ یاد نہ رکھنے والا۔

**وعدہ کرنا** (ا) فعل ① اقرار کرنا ② قول دینا ③ زبان دینا ④ بچن دینا ⑤ اقرار مدار کرنا۔

**وعدہ لینا** (ا) فعل ① قول لینا ② عہد لینا۔

**وعدہ وعید** (ء) اسم مذکر ① ٹال مٹول ② لیت و لعل ③ آج کل ④ حیلہ حوالہ۔

**وعدہ وعید کرنا** (ا) فعل ① ٹال مٹول کرنا ② آج کل کرنا ③ لیت و لعل کرنا۔

**وعدہ وفا** (ء) اسم صفت ① بات کا پورا ② وچنوں کا سچا ③ قول کا پکا ④ اقرار پورا کرنے والا۔

**وعظ** (ء) اسم مذکر ① نصیحت ② خدا کے خوف سے ڈرانا ③ پند ④ تلقین ⑤ درس ⑥ مذہبی لکچر ⑦ مسائل شرعیہ کا بیان۔

**وعظ کرنا** (ا) فعل ① نصیحت کرنا ② درس دینا ③ تلقین کرنا۔

**وعید** (ء) اسم مذکر ① برائی کا وعدہ ② سزا دینے کا وعدہ۔

## و ← غ

**وغا** (ء) اسم مونث ① لڑائی ② جنگ ③ شور و غل ④ ہنگامہ ⑤ دنگا ⑥ فساد۔

**وغیرہ** (ء) اسم مذکر ① اس کے علاوہ ② اور بھی ③ اس کے ماسوا ④ علی ہذا القیاس۔

## و ← ف

**وفا** (ء) اسم مونث ① وعدہ کا پورا ہونا ② تعمیل ③ تکمیل ④ مروت ⑤ نباہ ⑥ ساتھ ⑦ پورا ہونا ⑧ نبھاؤ ⑨ خیر خواہی۔

**وفا پرست/ وفادار** (عف) اسم صفت فاعلی ① باوفا ② خیر خواہ ③ نمک حلال ④ بامروت ⑤ ساتھی ⑥ ایماندار ⑦ راستباز ⑧ دیانتدار ⑨ سچا۔

**وفاداری** (عف) اسم صفت ① مروت ② نمک حلالی ③ صداقت ④ دیانتداری۔

**وفا شعار** (ء) اسم صفت ① ہمہ تن وفا ② نہایت وفادار ③ وفا کے پالنے والا ④ وفا کے لباس والا۔

**وفا کا بندہ** (ا) اسم مذکر ① وفا کا قدردان ② وفا کا غلام ③ وفا کا تابعدار۔

**وفا کرنا** (ا) فعل ① باہنا ② ساتھ دینا ③ مروت کرنا ④ وعدہ پورا کرنا ⑤ خیر خواہی ⑥ نمک حلالی کرنا ⑦ اطاعت کرنا۔

**وفات** (ء) اسم مونث ① موت ② انتقال ③ مرگ ④ قضا ⑤ اجل ⑥ رحلت۔

**وفات پانا** (ا) فعل ① مرنا ② انتقال کرنا ③ قضا کرنا ④ اجل آ جانا ⑤ جاں بحق ہونا۔

**وفات شریف** (ء) اسم مونث ① کسی بزرگ دین کی موت ② وصال ③ حضرت رسول مقبول صلعم کا انتقال۔

**وفاق** (ء) اسم مذکر ① موافقت ② ایکا ③ میل جول ④ اتفاق ⑤ صلح ⑥ سنجوگ ⑦ سازگاری۔

**وفق** (ء) اسم مذکر ① مطابق ② موافق ③ حسب۔

**وفد** (ء) اسم مذکر ① نمائندوں کی جماعت ② چند افراد کا مل کر کوئی پیغام یا تجویز لے کر کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا۔

**وفود** (ء) اسم مذکر۔ وفد کی جمع۔

**وفور** (ء) اسم صفت ① زیادتی ② بہتات ③ کثرت ④ افراط ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

وافر ہونا۔

و ← ق

**وقاحت** (ء)اسم مونث ❶ بے شرمی ❷ بے حیائی ❸ گستاخی ❹ شوخی ❺ بے ادبی ❻ شوخ چشمی ❼ ڈھٹائی۔

**وقار** (ء)اسم مذکر ❶ آرام ❷ قرار ❸ بردباری ❹ سکون ❺ ثابت قدمی ❻ استقلال ❼ متانت ❽ سنجیدگی ❾ قدرومنزلت۔

**وقاع** (ء)اسم مونث ❶ لڑائی ❷ حملہ ❸ دھاوا ❹ یورش ❺ جنگ و جدل۔

**وقائع** (ء)اسم مذکر ❶ وقیعہ کی جمع ❷ حالات و واقعات ❸ خبریں ❹ سانحے ❺ حادثات ❻ مصائب ❼ واردات ❽ لڑائیاں۔

**وقائع نگار** (عف)اسم مذکر ❶ نامہ نگار ❷ خبریں لکھنے والا ❸ اخبار نویس۔

**وقائع نگاری** (عف)اسم مونث بیائے مصدری ❶ پرچہ نویسی ❷ اخبار نویسی ❸ نامہ نگاری۔

**وقت** (ء)اسم مذکر ❶ زمانہ ❷ عرصہ ❸ ویلا ❹ بیلا ❺ ایام ❻ عمر ❼ زندگی ❽ حیات ❾ موسم۔

**وقت آ پہنچنا/آن پہنچنا** (ا)فعل ❶ وعدہ آ پہنچنا ❷ موت کا وقت آ جانا ❸ مرنے کا زمانہ قریب آ پہنچنا۔

**وقت آ جانا** (ا)فعل ❶ رت آ جانا ❷ موسم آ جانا ❸ کام کا وقت آ جانا ❹ موت آ جانا ❺ مصیبت آ جانا۔

**وقت برابر ہونا** (ا)فعل ❶ زندگی کا عرصہ پورا ہو جانا ❷ وعدہ آ جانا۔

**وقت بوقت** (ا) تابع فعل ❶ کبھی کبھی ❷ وقتاً فوقتاً ❸ بعض اوقات۔

**وقت بیوقت** (ا) تابع فعل ❶ موقع بے موقع ❷ ہر وقت ❸ ہمیشہ ❹ برابر ❺ سدا ❻ نت ❼ پے درپے ❽ مدام۔

**وقت پانا** (ا)فعل ❶ موقع پانا ❷ فرصت پانا ❸ موقع حاصل کرنا۔

**وقت پر** (ا) تابع فعل ❶ خاص موقع پر ❷ ضرورت پر ❸ حسب ضرورت ❹ حسب موقع ❺ بروقت ❻ عین موقع پر ❼ مصیبت پر ❽ لڑائی پر۔

**وقت پر کام آنا** (ا)فعل ❶ موقع پر کام دینا ❷ ضرورت پر کام نکالنا۔

**وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں** (ا) مثل۔ ضرورت اور موقع کے وقت ادنیٰ سے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

**وقت پڑنا** (ا)فعل ❶ ضرورت پڑنا ❷ مشکل پڑنا ❸ وقت پیش آنا ❹ مصیبت پڑنا ❺ بپتا پڑنا۔

**وقت پڑے پر جانیئے کو بیری کو میت** (ء) مثل ❶ مصیبت کے وقت ہی دوست اور دشمن کی پرکھ اور آزمائش ہوتی ہے ❷ ضرورت اور مشکل کے وقت ہی معلوم ہوتا ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست۔

**وقت تاکنا/وقت دیکھنا** (ا)فعل ❶ موقع دیکھنا ❷ داؤں گھات لگانا ❸ موقع کا منتظر رہنا۔

**وقت کاٹنا** (ا)فعل ❶ برے دن گزارنا ❷ غم غلط کرنا ❸ دل بہلانا ❹ دن پورے کرنا۔

**وقت کھونا** (ا)فعل ❶ وقت برباد کرنا ❷ وقت ضائع کرنا ❸ وقت گنوانا۔

**وقت کے بادشاہ ہیں** (ا) محاورہ ❶ نہایت بے فکر اور بے غم ہیں ❷ حاکم وقت ہیں ❸ ان کے بہت اختیارات ہیں ❹ یہ بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

**وقت کے وقت** (ا) تابع فعل ❶ عین ضرورت کے موقع پر ❷ عین وقت پر۔

**وقت نا وقت** (ا) تابع فعل ❶ کبھی کبھار ❷ وقت بے وقت ❸ گاہ بگاہ۔

**وقت نازک** (عف)اسم مذکر ❶ خطرناک وقت ❷ نہایت ہوشیاری اور خبرداری کا زمانہ ❸ ایسا وقت جس میں عزت بچانی مشکل ہو جائے۔

**وقت نکالنا** (ا)فعل ❶ فرصت نکالنا ❷ موقع حاصل کرنا ❸ وقت ٹالنا ❹ وقت گزارنا ❺ اپنی ضرورت نکالنا ❻ ضرورت رفع کرنا۔

**وقت نکل جاتا ہے بات رہ جاتی ہے/ وقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے/ وقت گزر جاتا ہے اور بات رہ جاتی ہے** (ا) مثل ❶ کام تو مہنگا سستا ہو ہی جاتا ہے مگر شکایت باقی رہتی ہے ❷ کسی کا کام نہیں رکتا ❸ مگر گلہ رہ جاتا ہے۔

**وقت واپسیں** (عف)اسم مذکر ❶ اخیر وقت ❷ آخری وقت ❸ دم نزع ❹ مرتے دم ❺ مرتے وقت ❻ جان کنی کے وقت۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03124907218

www.besturdubooks.net

وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے (ا) محاورہ۔ ہر شے اپنے موقع اور محل پر ہی اچھی لگتی ہے۔

وقت وقت کا راگ ہے (ا) محاورہ ❶ جیسا وقت ہو ویسا ہی سلوک ہو ❷ ہر وقت کی پالیسی جدا ہے۔

وقت وقت کی راگنی (ا) اسم مونث ❶ جیسا وقت ویسا کام ❷ جیسا موقع ویسا برتاؤ۔

وقت ہاتھ سے نہ دینا (ا) فعل۔ موقع نہ کھونا۔

وقتاً فوقتاً (ء) تابع فعل ❶ کبھی کبھی ❷ کسی کسی موقع پر ❸ اپنے اپنے موقع پر ❹ حسب موقع۔

وقر (ء) اسم مذکر ❶ گرانی ❷ بوجھ ❸ بھار ❹ بار ❺ بہرا پن ❻ گرانئ گوش ❼ بزرگی ❽ بڑپن ❾ قدر و عزت۔

وقر پانا (ا) فعل ❶ عزت پانا ❷ توقیر حاصل کرنا ❸ درجہ حاصل کرنا۔

وقر کھونا (ا) فعل ❶ پت گنوانا ❷ عزت برباد کرنا ❸ بات کھونا۔

وقعت (ء) اسم مونث ❶ سختی ❷ صدمہ ❸ زور ❹ بل ❺ طاقت ❻ قوت ❼ لڑائی ❽ بلندی ❾ اونچائی۔

وقعت کھونا (ا) فعل ❶ عزت یا اعتبار کھونا ❷ ساکھ گنوانا ❸ پت گنوانا۔

وقف (ء) اسم مذکر ❶ ٹھیراؤ ❷ سکون ❸ آرام ❹ خدا کی راہ میں دی ہوئی چیز جو کسی کی ملکیت نہ ہو لیکن سب ہم مذہب اس کے نگران ہوں ❺ رفاہِ عام کی چیز ❻ عطا۔

وقف اولاد (ء) اسم مذکر۔ وہ چیز جو اپنی اولاد کے لئے چھوڑی جائے دورے کو اس میں دخل نہ ہو۔

وقف کرنا (ا) فعل ❶ رفاہ عام کے لئے چھوڑنا ❷ خدا کے نام پر چھوڑنا ❸

وقف نامہ (عف) اسم مذکر۔ وہ کاغذ یا تمسک جو مال وقف کی بابت اس کے متولی کو دلکھ کر دیا جائے۔

وقف ہونا (ا) فعل ❶ جائز ہونا ❷ مباح ہونا ❸ عام ہونا ❹ کسی کی ملکیت نہ ہونا ❺ حصہ میں آنا ❻ مخصوص ہونا ❼ نذر ہونا ❽ بھینٹ ہونا۔

وقفہ (ء) اسم مذکر ❶ قرآن مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رکنا ❷ سکون ❸ آرام ❹ ڈھیل ❺ مہلت ❻ فرصت ❼ دیر ❽ تاخیر ❾ التوا۔

وقفہ دینا (ا) فعل ❶ موقع دینا ❷ مہلت دینا ❸ فرصت دینا۔

وقوع (ء) اسم مذکر ❶ گرنا ❷ جانور کا نیچے آنا ❸ مجازاً ظاہر ہونا ❹ اظہار ❺ صدور ❻ ظہور۔

وقوع جرم (ء) اسم مذکر ❶ گناہ کا ظہور ❷ قصور کا سرزد ہونا۔

وقوع میں آنا (ا) فعل ظاہر ہونا ❶ واقع ہونا ❷ صادر ہونا۔

وقوعہ (ء) اسم مذکر ❶ واردات ❷ صدمہ ❸ حادثہ ❹ سانحہ ❺ دنگہ ❻ فساد ❼ ہنگامہ۔

وقوف (ء) اسم مذکر ❶ خبر ❷ آگاہی ❸ اطلاع ❹ جاننا ❺ واقفیت ❻ ٹھہراؤ ❼ کھڑا ہونا ❽ استادگی ❾ مہارت۔

وقف پکڑنا (ا) فعل ❶ تمیز حاصل کرنا ❷ عقل سیکھنا ❸ ہوش پکڑنا۔

وقوف پیدا کرنا (ا) فعل ❶ لیاقت حاصل کرنا ❷ شعور سیکھنا ❸ قابلیت بہم پہنچانا۔

وقیع (ع) اسم صفت ❶ وقعت رکھنے والا ❷ معزز ❸ عزت دار ❹ ذی وقار ❺ ذی بلند۔

وقیعہ / وقیعت (ع) اسم مونث ❶ غمازی ❷ لڑائی۔

و ← ک

وکالت (ء) اسم مونث ❶ اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا ❷ ایلچی گری ❸ پیغام رسانی ❹ نیابت ❺ قائم مقامی ❻ ضمانت ❼ ذمہ داری۔

وکالت کرنا (ا) فعل ❶ ایلچی گری کرنا ❷ مختار کاری کرنا ❸ وکالت کا کام کرنا۔

وکالت نامہ (عف) اسم مذکر ❶ مختار نامہ ❷ وہ کاغذ جو وکیل کو کسی مقدمہ کے بھگتانے کے لئے لکھ دیں تاکہ جو کچھ وہ کرے ہمیں منظور ہے۔

وکالتاً (ء) تابع فعل ❶ وکیل کے ذریعہ سے ❷ وکیل کی معرفت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**وکٹ** (ای) اسم مذکر ① کرکٹ کے کھیل میں استعمال ہونے والی لکڑی کے ڈنڈے جن پر بیلز رکھی جاتی ہے ② کھلاڑی۔

**وکٹ کیپر** (ای) اسم مذکر۔ وکٹ کے پیچھے کھڑا ہو کر گیند روکنے والا کھلاڑی۔

**وکٹوریا** (ای) اسم مونث ① لغت میں فتحمند ② با اقبال ③ ملکہ ④ اصطلاحاً ملکہ معظمہ ⑤ آنجہانی کا نام۔

**وکٹوریا کراس** (ای) اسم مذکر۔ صلیب کی شکل والے ایک اعزازی تمغے کا نام ہے جو کسی بڑی بہادری کے کام میں انعام کے طور پر بادشاہ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔

**وکیل** (ء) اسم مذکر ① نائب ② قائم مقام ③ مختار ④ پلیڈر ⑤ قانون دان۔

**وکیل کرنا** (ا) فعل ① وکیل بنانا ② قانونی طور پر اپنا قائم مقام بنانا۔

**وکیل عام/مطلق** (ء) اسم مذکر ① مختار عام ② مختار کل ③ ہر امر کا پورا پورا اختیار رکھنے والا کارندہ۔

## و ← گ

**وگ** (ای) اسم مونث۔ مصنوعی بالوں کی ٹوپی۔

**وگر** (ف) حرف عطف ① اور ② اگر ③ جو۔

**وگرنہ** (ف) حرفِ عطف ① نہیں تو ② ورنہ ③ پھر ④ اور ⑤ اگر ⑥ نہیں تو۔

## و ← ل

**ولا** (ء) اسم مونث ① محبت ② دوستی ③ پریت ④ اتحاد ⑤ میل جول ⑥ ارتباط۔

**ولادت** (ء) اسم مونث ① بچہ جننا ② جنم ③ پیدائش۔

**ولایت** (ء) اسم مونث ① دیس ② ملک ③ اقلیم ④ براعظم ⑤ ایک بادشاہ کی سلطنت ⑥ ایک بادشاہ کا ملک ⑦ سلطنت ⑧ حکومت مملکت ⑨ کسی شخص کی ذمہ داری۔

**ولایت پانا** (ا) فعل ① ولی ہونا ② ولایت کا درجہ حاصل کرنا ③ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا۔

**ولایت زا** (عف) اسم مذکر ① ولایت زادہ کا مرخم ہے ② غیر ولایت کا پیدا شدہ یعنی کابل، ترکستان، اور یورپ کی پیدائش ③ یوروپین ④ اصل انگریز ⑤ یوریشین کی ضد۔

**ولایتاً** (ء) تابع فعل ① والی وارث ہونے کی رو سے ② ازروئے ولایت۔

**ولائتی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ① ولایت کا رہنے والا ② پردیسی ③ اجنبی ④ غیر ملک کا ⑤ یورپین ⑥ یورپ کی پیدائش ⑦ کابلی ⑧ کابل کا باشندہ ⑨ پٹھان۔

**ولد** (ء) اسم مذکر ① پوت ② بیٹا ③ پسر ④ لڑکا ⑤ فرزند۔

**ولد الحرام** (ء) اسم صفت ① حرامزادہ ② حرامی حرام کا جنا۔

**ولد الحلال** (ء) اسم صفت ① اصیل اور حقیقی بیٹا ② وہ بیٹا جو حسب شرح نکاح ہونے سے پیدا ہو۔

**ولد الزنا** (ء) اسم صفت ① فاحشہ عورت کا بچہ ② حرام کا جنا ③ حرام زادہ ④ برساتی کیڑے ⑤ حشرات الارض۔

**ولدیت** (ء) اسم مونث مصدری ① باپ کا نام ② اصل نسل ③ خاندان ④ کل ⑤ گھرانہ۔

**ولولوں** (ا) اسم مذکر ① ولولہ کی جمع ② شور ③ واویلا ④ جوش وخروش۔

**ولولہ** (ء) اسم مذکر ① جوش وخروش ② شور وغل ③ غوطا ④ ہنگامہ ⑤ عشق کا جوش ⑥ امنگ ⑦ عشق کی کثرت۔

**ولولہ اٹھنا** (ا) فعل۔ جوش پیدا ہونا۔

**ولے** (ف) حرف استدارک واستثنا ① لیکن ② ولیک ③ مگر ④ پر ⑤ لیکن ⑥ الا۔

**ولی** (ء) اسم مذکر ① لغت میں مالک ② آقا ③ صاحب سرپرست ④ سردار ⑤ مربی ⑥ محافظ ⑦ دوست ⑧ یار ⑨ مددگار۔

**ولی اللہ** (ء) اسم مذکر ① خدا رسیدہ ② مقرب الٰہی ③ عابد ④ زاہد ⑤

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

مربی (6) سرپرست۔

**ولی سرپرست** (عف) اسم مذکر۔ وہ شخص جو کسی نابالغ کی پرورش اور تربیت کا کفیل ہو۔

**ولی خنگر/کھنگر** (ا) اسم مذکر (1) مددگار (2) حامی (3) حمایتی (4) بزرگ (5) مربی (6) دستگیر (7) سربراہ کار (8) سرپرست (9) ولایت کا دعویدار۔

**ولی عہد** (ء) اسم مذکر (1) وقت کا حاکم (2) جانشین (3) وارث تخت وتاج (4) ٹیکا (5) کنور (6) یووراجہ قائم مقام۔

**ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے** (ا) مثل۔ ہر قسم کے آدمی کو اسی قسم کا آدمی پہچان سکتا ہے۔

**ولی کے گھر شیطان** (ا) مثل (1) اچھوں کے گھر برے (2) نیک کی اولاد بد (3) شریف کے گھر میں نالائق اولاد۔

**ولی نعمت** (ء) اسم مذکر (1) صاحب دولت آقا (2) خداوند نعمت (3) ماسٹر (4) مربی (5) پرورش کرنے والا۔

**ولی نے کیا کام شیطان کا** (ا) محاورہ۔ شریف اور نیک آدمی نے بدمعاشوں سی حرکت کی۔

**ولیک** (ہ) حرف استدراک واستثنا۔ ولیکن کا مخفف۔

**ولیکن** (ء) حرف استدراک واستثنا (1) پر (2) مگر (3) لیکن (4) الا۔

**ولیمہ** (ء) اسم مذکر (1) بیاہ کی دعوت (2) نکاح کی ضیافت۔

**ولین** (ای) اسم مذکر (1) بدمعاش (2) ڈرامے یا فلم کا بدکردار شخص۔

## و ← ن

**ون** (ہ) اسم ضمیر (1) وہ کی جمع (2) ان (3) جیسے ون کو۔

**ونت** (س) علامت فاعل (1) والا (2) صاحب خداوند۔

**ونڈائک** (ای) اسم مذکر (1) کتابت وطباعت کا ایک مخصوص طریقہ (2) مشہور ولندیزی مصور (3) وین ڈائیک کی طرز کی مصوری۔

**ونگ کمانڈر** (ای) اسم مذکر۔ فضائیہ کا ایک اعلیٰ افسر۔

**ونہیں** (ہ) اسم ضمیر (1) انھیں (2) ان کو۔

## و ← و

**وو** (ہ) اسم ضمیر جمع غائب (1) وہ کی جمع (2) وے۔

**ووٹ** (ای) اسم مذکر۔ رائے۔

**ووٹر** (ای) اسم مذکر۔ ووٹ ڈالنے والا۔

**ووٹنگ** (ای) (1) رائے شماری (2) رائے دہی۔

**وولٹ** (ای) اسم مذکر۔ برقی قوت کی اکائی۔

**ووں** (ہ) تابع فعل (1) اس طرح (2) یوں کی ضد۔

**ووں کا دوں نہیں** (ا) تابع فعل (1) ویسا ہی جوں کا توں (2) جیسے کا تیسا۔

**وونہیں** (ہ) تابع فعل (1) فوراً (2) ترت (3) اسی وقت (4) فی الفور۔

**ووئی** (ہ) کلمہ تعجب ہے۔

## و ← ہ

**وہ** (ہ) اسم ضمیر غائب واسم اشارہ۔ وہ حرف جو ضمیر غائب یا اشارہ بعید کے لئے بولا جاتا ہے۔

**وہ آنکھیں نہیں رہیں** (ا) محاورہ۔ وہ پہلی سی محبت اور مروت نہیں رہی۔

**وہ بال کھینچوں کہ جس کی جڑ دور ہو** (ا) محاورہ۔ سارے خفیہ اور پوشیدہ عیب ظاہر کردوں جو رسوائی کا باعث ہو۔

**وہ پانی ملتان گیا** (ہ) محاورہ (1) اب موقع جاتا رہا (2) وہ بات گذر گئی۔

**وہ دن ڈوبا کہ گھوڑی چڑھا کبا** (ہ) مثل۔ جس روز یہ عیبی دولہا بنے کا وہ دن ہی غارت ہوجائے گا۔

**وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتا تھے** (ا) مثل۔ اقبال مندی کے دن گزر گئے۔

**وہ کملی ہی نہیں جس میں تل بندھتے تھے** (ا) وہ حسن ہی نہیں رہا کہ جس پر کوئی عاشق ہو۔ یعنی وہ چیز ہی نہیں رہی جس کے باعث لوگ رجوع کرتے تھے۔

**وہ نہیں تو اس کا بھائی اور سہی** (ا) محاورہ یعنی ایک ہی آدمی پر کوئی کام موقوف نہیں ہے ایک نہیں دوسرا سہی۔

**وہاب** (ء) اسم صفت (1) بخشنے والا (2) خدا تعالیٰ۔

**وہابی** (ء) اسم مذکر بیائے نسبتی (1) وہاب سے نسبت رکھنے والا (2) وہاب کا پیر (3) عبدالوہاب نجدی کا پیرو (4) فرقہ (5) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249071218

www.besturdubooks.net

صوفیوں کا دشمن اور مدمقابل ہے۔
وہارف (ای) اسم مونث ❶ گھاٹ ❷ وہ جگہ جہاں بحری جہازوں پر سامان لادا اور اتارا جاتا ہے۔
وہاں (ہ) تابع فعل ❶ اس جگہ ❷ اس مقام پر ❸ ادھر ❹ اس طرف ❺ ان کے ہاں ❻ ایسی جگہ ❼ ایسے مقام پر۔
وہاں تک ہنسئے جو رونہ دے (ا) محاورہ ❶ حد سے زیادہ مذاق اچھا نہیں ❷ ہنسی اتنی چاہئے جو ناگوار نہ گذرے۔
وہاں کا وہیں (ہ) تابع فعل ❶ اسی جگہ ❷ جہاں کا تہاں۔
وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ہو (ا) محاورہ یعنی نہایت سخت اور سنگین سے سنگین سزا دینی چاہئے۔
وہب (ع) اسم مذکر ❶ عطا ❷ بخشش ❸ سخاوت۔
وہبی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ دیا ہوا ❷ عطا کیا ہوا ❸ خدا کی طرف سے کسی امر کا عطا شدہ ❹ کسبی کی ضد۔
وہپ (ای) اسم مذکر۔ پارلیمنٹ کی کسی جماعت کا وہ عہدہ دار جو اس کے اراکین میں باہمی میل جول قائم رکھے۔
وہم (ع) اسم مذکر ❶ گمان ❷ وسواس ❸ شک ❹ احتمال ❺ دماغ میں فاسد خیالات پیدا کرنے والی باطنی قوت۔
وہم کی دارو لقمان کے پاس بھی نہیں/ وہم کی دوا تو لقمان کو نہ ملی (ا) محاورہ۔ وہم کا علاج تو لقمان جیسا حکیم بھی نہ کر سکا۔
وہمی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ وہم ❷ خیالی ❸ گمانی ❹ موہوم ❺ قیاسی ❻ (بصورت اسم مذکر) وہ شخص جس کو وہم ہو ❼ وہم وال ❽ بھرمی ❾ وسواسی۔
وہی/ وہ ہی (ہ) اسم صفت تاکیدی۔ اس ہی۔
وہی اپنا جو اپنے کام آئے (ہ) مثل۔ جس سے مطلب نکلے وہی سگے کے برابر ہے۔
وہی بات گھوڑے کی لات (ا) اسم مونث ❶ بچے کسی بات کے یاد دلانے کے لئے بولتے ہیں ❷ بے اصل بات۔
وہی تین بیسی وہی ساٹھ (ہ) مثل۔ دونوں کا نتیجہ ایک ہی ہے خواہ یوں کہہ لو خواہ ووں۔
وہی نار سلکھنی جو پیا کے من بھاوے (ہ) مثل۔ عورت وہی باسلیقہ اور ہنرمند ہوتی ہے جو خاوند کو پسند ہو۔
وہی ہم اور وہی تم (ا) محاورہ۔ ہم تم تو ایک دوسرے کے قدیمی واقف ہیں۔
وہیل (ای) اسم مونث۔ مچھلی کی نسل کا ایک بڑا دودھ پلانے والا آبی جانور۔
وہیں (ہ) تابع فعل ❶ اسی جگہ ❷ ٹھیک اسی مقام پر۔
وہیں کا ہو رہنا (ہ) فعل ❶ جا کر بیٹھ رہنا ❷ بہت دیر لگانا ❸ مر رہنا۔
وہیں (ہ) تابع فعل ❶ ترت ❷ فی الفور ❸ فوراً۔

## و ← ی

وی پی (ای) اسم مونث۔ وہ پارسل وغیرہ جو قیمت ادا کر کے ڈاک خانے یا پوٹ میں سے حاصل کیا جاسکے۔
وی۔ آئی۔ پی (ای) اسم مذکر ❶ اہم سیاسی شخصیت ❷ اہم ملکی غیر ملکی شخصیت۔
ویٹر (ای) اسم مذکر ❶ ہوٹل کا خدمت گار ❷ بیرا۔
ویٹریس (ای) اسم مونث۔ ہوٹل کی خادمہ۔
ویٹنگ روم (ای) اسم مذکر۔ انتظار گاہ۔
ویٹو (ای) اسم مذکر ❶ حق استرداد ❷ کسی تجویز، فیصلے یا قانون کو مسترد کرنے کا حق۔
وید (س) اسم مذکر ❶ آسمانی کتاب ❷ ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام ہے۔
وید (س) اسم مذکر ❶ بید ❷ حکیم ❸ طبیب ❹ ہندی طریقہ سے علاج معالجہ کرنے والا۔
ویدک (س) اسم مذکر ❶ علم طب ❷ علم حکمت۔
ویران (ف) اسم صفت ❶ اجاڑ ❷ غیر آباد ❸ اجڑا ہوا ❹ پامال ❺ تباہ ❻

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149027218

خراب 7 برباد 8 اداس 9 پریشان۔

**ویران جگہ** (ء) اسم مونث 1 اجاڑ جگہ 2 غیر آباد اور سنسان مقام۔

**ویران کرنا** (ا) فعل 1 اجاڑنا 2 پامال کرنا 3 برباد کرنا 4 پراگندہ کرنا 5 پریشان کرنا 6 تتر بتر کرنا 7 بکھیرنا 8 بستے کو اجاڑنا 9 ڈھانا۔

**ویرانہ** (ف) اسم مذکر 1 اجڑی ہوئی جگہ 2 جنگل 3 اجاڑ 4 غیر آباد جگہ 5 پریشانی 6 اداسی۔

**ویرانی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 اجاڑ پن 2 غیر آبادی 3 تباہی 4 خرابی 5 بربادی 6 اداسی 7 پریشانی 8 پراگندگی 9 ابتری۔

**ویرنا** (ہ) اسم مذکر 1 پھالی 2 ہل کا وہ لوہا جو زمین کھودتا ہے (بحالت فعل) پھالی سے زمین کھود کر بیج بونا 3 بیج ڈالنا 4 تخم پاشی کرنا۔

**ویزا** (ای) اسم مذکر 1 کسی دوسرے ملک میں داخل ہونے یا وہاں سے گزرنے کا اجازت نامہ 2 پروانہ راہداری۔

**ویسا** (ہ) تابع فعل 1 اس طرح کا 2 اس جیسا 3 اس مثل 4 جیسا کا جواب۔

**ویسا ہی** (ہ) تابع فعل 1 اسی طرح کا اسی جیسا 2 اسی کی مانند۔

**ویسے** (ہ) تابع فعل 1 یوں 2 اس طرح 3 مفت 4 بلا قیمت 5 یونہیں۔

**ویسے تو** (ہ) تابع فعل 1 یوں تو 2 اس طرح تو۔

**ویسا کا ویسا** (ہ) تابع فعل 1 جوں کا توں 2 ہو بہو 3 جیسے کا تیسا 4 عین بعین۔

**ویسے ہی** (ہ) تابع فعل 1 اسی طرح 2 اسی طرز پر 3 یوں ہی 4 مفت 5 بلا قیمت۔

**ویسٹ** (ای) اسم مذکر 1 مغرب 2 مغربی۔

**ویسٹ کوٹ** (ای) جاکٹ 1 واسکٹ 2 صدری 3 کمری 4 مرزئی۔

**ویش** (س) اسم مذکر 1 تجارت کرنے والا فرقہ 2 سوداگری پیشہ کرنے والا۔

**ویشنو** (س) اسم مذکر 1 وشنو جی کا پیرو 2 وشنو جی کے ماننے والے۔

**ویزلین** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی خوشبودار چکنی نرم چیز جو جلد میں نرمی پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

**ویکسین** (ای) اسم مونث۔ کسی بیمارک کے مخصوص جراثیم سے تیار کیا ہوا زہریلا مادہ جس کا ٹیکہ لگانے سے انسان اس بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

**ویکیشن** (ای) اسم مونث 1 تعطیل 2 زمانہ فرصت۔

**ویکینسی** (ای) اسم مونث 1 اسامی 2 خالی جگہ۔

**ویگن** (ای) اسم مونث 1 مال گاڑی کا ڈبہ 2 چھکڑا۔

**ویل** (ای) اسم مونث۔ ایک قسم کی بہت ہی بڑی مچھلی جس کی چربی بڑے کام کی ہے اور دانت کی طرح کام دیتے ہیں۔

**ویلر** (ای) اسم مذکر 1 لغوی معنی بہت بڑی اور مضبوط چیز 2 آسٹریلیا کا بڑا قد آور گھوڑا۔

**ویلکم** (ای) اسم مذکر 1 مرحبا 2 خوش آمدید۔

**ویمپ** (ای) اسم مونث 1 ڈرامے یا فلم میں برا کردار کرنے والی عورت 2 عیارہ قحبہ۔

**ویلیو پے ایبل** (ای) اسم مذکر 1 ڈاک خانہ میں روپیہ ادا کر کے مال لینے کا طریقہ 2 وی پی پی اسی کا مخفف ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

# ہ

اردو کا چونتیسواں، ہندی کا تینتیسواں، فارسی کا اکتیسواں اور عربی کا ستائیسواں حرف ہے

ہ (ع) اسم مونث۔ اردو کا چونتیسواں، ہندی کا تینتیسواں، فارسی کا اکتیسواں اور عربی کا ستائیسواں حرف ہے۔

## ہ ← ا

ہا (ف) اسم مونث ① ہائے ہوز ② چھوٹی ہے ④ نیز علامت جمع برائے اسمائے بیجان جیسے سنگ ہا اور حرف ہا وغیرہ۔

ہائے دو چشمی (ف) اسم مونث ① وہ ہائے ہوز جس میں دو آنکھیں سی بنی ہوتی ہیں ② اردو میں ہائے مخلوط کہتے ہیں۔

ہا (ہ) کلمہ تاسف ① افسوس ② دریغ ③ حسرت ④ کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے واسطے بھی یہ لفظ بولتے ہیں۔

ہابوڑا (ہ) اسم مذکر ① ایک لوٹ مار کرنے والی قوم کا نام ② لیٹرا ③ قزاق ④ رہزن ⑤ بٹ مار۔

ہابیل (ع) اسم مذکر۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جس نے قابیل کو مار ڈالا تھا۔

ہایو (ا) اسم مذکر ① افیون ② افیم۔

ہاتف (ع) اسم مذکر ① آواز دینے والا ② غیب کی آواز ③ سروش ④ فرشتہ ⑤ اکاس بانی۔

ہاتھ (ہ) اسم مذکر ① دست ② ید ③ کر ④ پنجہ ⑤ ہتھیلی ⑥ کف ⑦ انگلی کے سرے سے لے کر کہنی تک کا حصہ ⑧ آدھ گز کی مقدار ⑨ باعث۔

ہاتھ اتر جانا (ہ) فعل ① ہاتھ کی ہڈی کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا ② ہاتھ کے جوڑ کا ہٹ جانا۔

ہاتھ اٹھا اٹھا کر دعا دینا (ا) فعل۔ بڑی آرزو اور شوق کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کے دعائیں دینا۔

ہاتھ اٹھا بیٹھنا (ہ) فعل ① مار بیٹھنا ② ہاتھ چلا بیٹھنا ③ دست درازی کرنا۔

ہاتھ اٹھا کر / اٹھا اٹھا کر کوسنا (ہ) فعل ① آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کر بددعا دینا ② نہایت بددعائیں دینا۔

ہاتھ اٹھا لینا (ہ) فعل ① چھوڑ دینا ② ترک کر دینا ③ دست بردار ہونا ④ بالکل ناامید ہو جانا ⑤ مایوس ہو بیٹھنا۔

ہاتھ اٹھانا (ہ) فعل ① ہاتھ اونچا کرنا ② ہاتھ بلند کرنا ③ ماتھے پر ہاتھ رکھنا ④ سلام کرنا ⑤ تسلیم کرنا ⑥ دعا مانگنا ⑦ خدا سے التجا کرنا ⑧ بری طرح کوسنا ⑨ بددعا دینا۔

ہاتھ اٹھنا (ہ) فعل ① ہاتھ اونچا ہونا ② وار ہونا ③ حربہ ہونا ④ ہاتھ پھلنا ⑤ ہاتھ بسرنا ⑥ جدا ہونا ⑦ ہٹنا ⑧ الگ ہونا ⑨ سرکنا۔

ہاتھ آنا (ہ) فعل ① ہاتھ لگنا ② حاصل ③ ملنا ④ قابو ⑤ چڑھنا ⑥ فائدہ ہونا ⑦ نفع ہونا ⑧ قبضہ ہونا ⑨ تسخیر ہونا۔

ہاتھ اوچھا پڑنا (ا) فعل ① پورا وار نہ پڑنا ② پورا ہاتھ نہ بیٹھنا ③ وار درست نہ پڑنا۔

ہاتھ اونچا رہنا (ہ) فعل ① دینے کے قابل رہنا ② سخی رہنا ③ بول بالا رہنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249071218



www.besturdubooks.net

ہاتھ باندھنا (ہ) فعل ① دونوں ہاتھوں کو ملا کر کس دینا ② ہتکڑی ڈالنا ③ ہاتھوں کی بندش کرنا ④ ہاتھ جوڑنا ⑤ منت سماجت کرنا ⑥ عاجزی کرنا ⑦ نماز یا تعظیم کی خاطر سینے پر ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا (ہ) فعل ① ادب سے حاضر رہنا ② حکم کا منتظر رہنا۔

ہاتھ بٹانا (ہ) فعل ① کسی کے کام میں شریک ہونا ② ملکر کام کرنا ③ کسی کام میں کسی کو مدد دینا۔

ہاتھ بڑھانا (ہ) فعل ① ہاتھ لمبا کرنا ② ہاتھ آگے کرنا ③ اپنی حد سے بڑھنا ④ معمول سے زیادہ لینا ⑤ دخل بڑھانا۔

ہاتھ بکنا (ہ) فعل ① کسی کے ہاتھ فروخت ہونا ② غلام بننا ③ تابع ہونا ④ مطیع ہونا ⑤ نوکر ہونا۔

ہاتھ بند ہونا (ا) فعل ① ہاتھ تنگ ہونا ② مفلس ہونا ③ روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا ④ غریب ہونا ⑤ ہاتھ رکا ہوا ہونا ⑥ کسی کام میں مصروف ہونا۔

ہاتھ بہ ہاتھ (ا) تابع فعل ① فوراً ② ہاتھوں ہاتھ ③ دست بدست۔

ہاتھ بھر (ء) تابع فعل ① ایک ہاتھ کے برابر ② دو بالشت۔

ہاتھ بھر جانا (ہ) فعل ① ہاتھ لتھڑ جانا ② ہاتھ تھک جانا ③ ہاتھ سن ہو جانا ④ شل ہو جانا ⑤ ہاتھ میں لہو اتر آنا۔

ہاتھ بھر کا دل ہو جانا (ا) فعل ① ہمت بڑھ جانا ② حوصلہ بڑھ جانا ③ نہایت مسرور ہو جانا ④ بہت خوش ہو جانا ⑤ دل بڑھ جانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہونا / ہاتھ بھر کی للو ہونا (ا) فعل ① زبان دراز ہونا ② جواب میں گستاخ اور بے ادب ہو جانا۔

ہاتھ بیٹھنا (ہ) فعل ① خوب مشق ہونا ② مہارت ہونا ③ ہاتھ جمنا ④ کسی کام میں خوب مشاق ہونا ⑤ کاری زخم لگنا ⑥ تلوار کا پورا ہاتھ لگنا۔

ہاتھ بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی (ا) محاورہ۔ نوکری کی ہے مگر گالی گلوچ نہیں کھائیں گے۔

ہاتھ پانی لینا (ہ) فعل ① طہارت کرنا ② آبدست کرنا ③ پانی لینا۔

ہاتھ پاؤں باندھنا (ہ) فعل۔ خوب اچھی طرح سے جکڑ دینا۔

ہاتھ پاؤں بچانا / بچائے رکھنا (ہ) فعل ① نہایت ہوشیاری سے کوئی کام کرنا ② محتاط رہنا ③ کسی الزام یا بدنامی سے بچے رہنا۔

ہاتھ پاؤں بچائیے موذی کو تڑ خائیے (ا) مثل۔ حکمت عملی یا مکاری سے کام لینا چاہیے۔

ہاتھ پاؤں پڑنا (ہ) فعل ① نہایت منت سماجت کرنا ② ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا۔

ہاتھ پاؤں پھولنا / پھول جانا (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں سوج جانا ② ورم ہو جانا ③ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا ④ سٹ پٹا جانا ⑤ بدحواس ہو جانا ⑥ گھبرا جانا ⑦ ہوش اڑ جانا ⑧ ہکا بکا ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں پھیلانا (ہ) فعل ① کام بڑھانا ② کام کو طول دینا۔

ہاتھ پاؤں توڑنا (ہ) فعل ① لولا لنگڑا بنا دینا ② ہاتھ پاؤں کو ضرب شدید سے نکما اور بیکار کر دینا ③ حالت نزع میں ہونا ④ جانکنی کے عالم میں ہونا ⑤ ڈنڈ پیلنا ⑥ خوب کسرت کرنا ⑦ ورزش کرنا۔

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا (ہ) فعل ① اعضا شکنی ہونا ② بخار کی آمد کے وقت درد سا ہونے لگنا ③ ہڑ پھوٹن ہونا ④ نشہ کا اتار ہونا۔

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا / ہاتھ پاؤں سرد ہونا (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا ② مرنے کا وقت قریب ہونا ③ علامت مرگ کا ظاہر ہونا ④ غشی چھا جانا۔

ہاتھ پاؤں چلنا (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں کا کام دینا ② کام کاج کے قابل ہونا ③ ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا ④ نچلا نہ بیٹھنا۔

ہاتھ پاؤں چومنا (ہ) فعل ① نہایت تعظیم و تکریم کرنا ② ہاتھ پاؤں کو بوسہ دینا۔

ہاتھ پاؤں دابنا (ہ) فعل ① خدمت کرنا ② سیوا کرنا ③ چپی کرنا ④ مشت مالی کرنا۔

ہاتھ پاؤں رہ جانا (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں کا سن ہو جانا ② جھولا مار جانا ③ فالج ہو جانا ④ ادھرنگ ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سنبھالنا (ہ) فعل ① خوب موٹا تازہ ہونا ② پر پرزے نکالنا ③ ہاتھ پاؤں روکنا ④ ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔

ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا (ہ) فعل ① جننے سے فراغت پانا ② جن کر تندرست ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں کا ہارنا (ہ) فعل۔ کمزوری یا بڑھاپے کے سبب ہاتھ پاؤں کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03124977218

www.besturdubooks.net

کام نہ دینا۔

ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں (ا) مثل ① ایسی سستی جس سے اپنی ذات کو بھی نقصان پہنچے ② ایسے سست آدمی کی نسبت بولتے ہیں جسے اپنے ہونٹوں پر سے مونچھوں کا ہٹانا بھی بار معلوم ہو۔

ہاتھ پاؤں مارنا (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں چلانا ② بیقرار ہونا ③ تڑپنا ④ لوٹنا ⑤ جانکنی کے عالم میں ہونا ⑥ حالت نزع میں ہونا ⑦ دوڑ دھوپ کرنا ⑧ سخت کوشش کرنا ⑨ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔

ہاتھ پاؤں نکالنا (ہ) فعل ① موٹا تازہ ہونا ② قد آور جوان ہونا ③ جوان ہو جانا ④ جوانی میں بھر جانا ⑤ بے ادب اور گستاخ ہو جانا ⑥ سر چڑھنا ⑦ شرارت اختیار کرنا ⑧ بڑھ کر چلنا ⑨ آپے سے باہر ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں ہار جانا (ہ) فعل ① ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا ② ہمت ہار دینا ③ جرات نہ رہنا ④ دل توڑ دینا۔

ہاتھ پاؤں ہلانا (ہ) فعل ① دست و پا کو حرکت دینا ② جدوجہد کرنا ③ ہاتھ پاؤں مارنا ④ محنت مزدوری کرنا۔

ہاتھ پتھر تلے دبنا/ آنا (ہ) فعل ① نہایت مجبور و ناچار ہونا ② بے بس ہونا ③ سخت ترین مشکل میں گرفتار ہونا ④ مجبوری اور ناچاری کا عالم ہونا۔

ہاتھ پٹھے پر نہ رکھنے دینا/ پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا (ہ) فعل ① گھوڑے یا بیل کا قابو میں نہ آنا ② نہایت چست و چالاک ہونا ③ پاس نہ پھٹکنے دینا ④ ہرگز قابو پر نہ چڑھنا۔

ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا/ رہنا (ہ) فعل ① کسی چیز کا تیار اور موجود رہنا ② ہر وقت پاس ہونا۔

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ہ) فعل ① کسی مشکل اور دشوار کام کو بڑی تیزی اور چالاکی سے کر لینا ② طلسم اور جادو کر دکھانا ③ کسی ناممکن کام کو جلدی سے ختم کر کے حیران و ششدر کر دینا۔

ہاتھ پر سانپ کھلانا (ہ) فعل ① خطرناک کام کرنا ② جان جوکھوں کا کام کرنا۔

ہاتھ پر طوطا پالنا (ا) فعل ① ہاتھ پر زخم یا پھوڑے پھنسی کی وجہ سے کام کاج چھوڑ دینا ② زخم اچھا نہ ہونے دینا ③ اپنا ہاتھ زخمی کر لینا ④ زخم کھانا۔

ہاتھ پر قرآن دھرنا/ رکھنا (ا) فعل ① قرآن کی قسم کھانا ② حلف اٹھانا۔

ہاتھ پر گنگا جلی رکھنا (ہ) فعل ① سخت قسم کھانا ② حلف اٹھانا۔

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر/ رکھ کر بیٹھنا (ہ) فعل ① بالکل خالی اور بیکار بیٹھنا ② نکما بیٹھ رہنا ③ دکان نہ چلنا ④ مایوس ہو کر بیٹھنا۔

ہاتھ پر ہاتھ رکھنا (ہ) فعل ① ہاتھ سے ہاتھ کو مس کرنا ② اقرار کرنا ③ قول دینا ④ شرط لگانا ⑤ بازی بدنا ⑥ پکا وعدہ کرنا۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (ہ) فعل ① بچن ہارنا ② عہد و پیمان کرنا ③ قول دینا ④ پکا عہد یا وعدہ کرنا ⑤ شرط لگانا ⑥ بازی لگانا۔

ہاتھ پڑنا (ہ) فعل ① لٹنا ② لوٹ ہونا ③ غارت گری ہونا ④ چھینا جھپٹی ہونا ⑤ دست درازی کرنا ⑥ وار ہونا ⑦ ہاتھ کی ضرب لگنا ⑧ گرفت میں آنا۔

ہاتھ پسارنا (ہ) فعل ① گدائی کرنا ② مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا۔

ہاتھ پکڑنا (ہ) فعل ① مدد کرنا ② سہارا دینا ③ دستگیری کرنا ④ مددگار ہونا ⑤ ہاتھ تھامنا ⑥ روکنا۔

ہاتھ پورا پڑنا (ہ) فعل ① کاری ضرب پڑنا ② زور کا ہاتھ بیٹھنا۔

ہاتھ پھلنا (ہ) فعل ① ہاتھوں میں آبلے پڑنا ② پھپھولے پڑنا۔

ہاتھ پہنچنا (ہ) فعل ① رسائی ہونا ② پہنچ ہونا ③ دسترس ہونا۔

ہاتھ پھیرنا (ہ) فعل ① چمکارنا ② پیار کرنا ③ دست مالی کرنا ④ ٹھگنا ⑤ لوٹنا ⑥ موسنا ⑦ بوس و کنار کرنا ⑧ مساس کرنا ⑨ لپٹنا۔

ہاتھ پھیلانا (ہ) فعل ① مانگنا ② دست سوال دراز کرنا۔

ہاتھ پھینکنا (ہ) فعل ① ہاتھوں کا دراز کرنا ② ہاتھ چلانا ③ ہاتھوں کو گردش دینا ④ ہاتھوں کو چکر دینا ⑤ لوٹنا ⑥ موسنا ⑦ ہاتھ مارنا ⑧ جلد جلد کھانا ⑨ کھانے پر ہاتھ مارنا۔

ہاتھ پیلے کرنا (ہ) فعل ① شادی بیاہ کرنا ② اپنی گڑیا سنوارنا ③ دو بول پڑھانا۔

ہاتھ ٹکنا (ہ) فعل ① کسی کے ہاتھ کی طرف غور سے دیکھنا ② دست نگر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

ہونا③ کسی کا محتاج رہنا۔

ہاتھ تکنا (ہ) فعل ① کسی کا محتاج ہونا ② دست نگر ہونا۔

ہاتھ تلے (ہ) تابع فعل ① نیچے ② ماتحت ③ نیابت میں ④ قابو میں ⑤ قبضہ میں ⑥ قریب ⑦ نزدیک ⑧ دھورے ⑨ پاس۔

ہاتھ تنگ ہونا (ا) فعل ① روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا ② مفلس ہونا ③ کنگال ہونا ④ غریب ہونا۔

ہاتھ توڑ توڑ کر کھانا (ہ) فعل۔ لذیذ چیز کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا۔

ہاتھ ٹوٹیں (ہ) دعائے بد۔ خدا کرے ہاتھ کام کے نہ رہیں۔

ہاتھ جگر/ دل پر رکھنا (ا) فعل ① بیقراری اور بے چینی کی علامت ظاہر کرنا ② دل تھامنا ③ دل یا جگر کی بیقراری کو ہاتھ سے دبانا۔

ہاتھ جوڑ کر کہنا (ہ) فعل ① گڑگڑا کر کہنا ② نہایت عاجزی سے کہنا ③ بڑے ادب اور تعظیم سے عرض کرنا ④ بہت منت سماجت سے کہنا۔

ہاتھ جوڑنا (ہ) فعل ① منت سماجت کرنا ② خوشامد کرنا ③ عجز و انکسار کرنا ④ نہایت ادب و تعظیم سے رہنا ⑤ توبہ کرنا ⑥ معافی مانگنا ⑦ دور سے سلام کرنا ⑧ پناہ مانگنا۔

ہاتھ جھاڑ اٹھے (ہ) محاورہ ① سب کچھ ہار کر کھڑے ہو گئے ② جوئے میں سب کچھ ہار کر مفلس و نادار ہو گئے۔

ہاتھ جھاڑنا (ہ) فعل ① ہاتھ جھٹکنا ② ہاتھ خالی کرنا ③ تہیدست ہونا ④ ہاتھ مارنا ⑤ وار کرنا ⑥ ضرب لگانا ⑦ تلوار یا سیف یا گنگلے کا ہاتھ لگانا ⑧ چھوڑنا ⑨ ترک کرنا۔

ہاتھ جھٹکنا (ہ) فعل ① کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکا دے کر دور کرنا ② ہاتھ چھڑانا ③ ہاتھ کو جھٹکا دینا۔

ہاتھ جھلانا (ہ) فعل ① ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا ② چلتے میں ہاتھ ہلانا۔

ہاتھ جھلائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① وہ روپیہ جو رہزن لوگ اپنی سرحد سے گزرنے کی بابت مسافروں سے لیتے ہیں ② وہ نقدی جو زمیندار یا ملازمان سرکار رستے میں مسافروں سے لیتے ہیں۔

ہاتھ جھوٹا پڑنا (ہ) فعل ① وار خالی پڑنا ② نشانہ پر نہ بیٹھنا ③ ساکھ نہ رہنا۔

ہاتھ جھوٹا کرنا (ہ) فعل ① تھوڑا سا کر لینا ② منہ جھٹالنا ③ الش کرنا۔

ہاتھ جھوٹا ہو جانا (ہ) فعل ① ہاتھ کا بیکار اور نکما ہو جانا ② ہاتھ کا کام سے رہ جانا ③ لینے کا منہ نہ رہنا ④ ساکھ نہ رہنا۔

ہاتھ جھول پڑنا (ہ) فعل ① ہاتھ لٹک جانا ② چوٹ یا فالج سے ہاتھ کا معطل ہو جانا۔

ہاتھ چاٹنا (ہ) فعل ① مزے لینا ② ہونٹھ چاٹنا ③ لذیذ چیز کھا کر ہاتھ چوسنا۔

ہاتھ چالاک (ا) اسم صفت ① پھرتیلا ② پھرتی باز ③ جلدی کام کر لینے والا ④ چور ⑤ اچکا۔

ہاتھ چالاکی (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① پھرتی ② تیز دستی ③ چوری کی عادت ④ چوری کا لپکا۔

ہاتھ چڑھنا (ہ) فعل ① دستیاب ہونا ② ہاتھ لگنا ③ ملنا ④ حاصل ہونا ⑤ ہاتھ کا مشاق ہونا ⑥ ہاتھ کا خوب رواں ہونا ⑦ ڈھب پر چڑھنا ⑧ قابو میں آنا ⑨ بس میں آ جانا۔

ہاتھ چلانا (ہ) فعل ① مارنے کو ہاتھ بڑھانا ② دست درازی کرنا ③ چوری کرنا ④ چرانا ⑤ ہاتھ نچلا نہ رکھنا ⑥ ہاتھ چلائے جانا ⑦ ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا۔

ہاتھ چلنا (ہ) فعل ① فراغبالی ہونا ② خاطر خواہ آمدنی ہونا ③ مارنے کو ہاتھ اٹھنا ④ مارنا ⑤ ہاتھ کا مشاق ہونا ⑥ ہاتھوں کا جلد جلد کام کرنا ⑦ چوری کی عادت ہونا ⑧ ہاتھ پڑنا ⑨ ہاتھ کا نچلا نہ رہنا۔

ہاتھ چلے نہ ہیاں بیٹھا دے گسیاں (ہ) مثل ① خدا تعالے اپاہجوں کو گھر بیٹھے بٹھائے رزق پہنچاتا ہے ② کام کاج ہو سکے یا نہ خدا ہر ایک کو بیٹھے بٹھائے روزی دیتا ہے۔

ہاتھ چمکانا (ہ) فعل ① عورتوں کی طرح ہاتھ ہلا ہلا کر باتیں کرنا ② ہاتھوں کی جھپک دکھانا۔

ہاتھ چومنا (ہ) فعل ① ہاتھوں کو بوسہ دینا ② دست بوس ہونا ③ ہاتھوں کی قدر کرنا ④ ہاتھوں کی داد دینا۔

ہاتھ چھوڑنا (ہ) فعل ① وار کرنا ② ضرب مارنا ③ تلوار لگانا۔

ہاتھ خالی جانا (ا) فعل ① وار خالی جانا ② نشانہ نہ بیٹھنا ③ ہاتھ نہ پڑنا ④ پاسہ نہ پڑنا ⑤ داؤں حسب منشا نہ پڑنا ⑥ دینا سے نامراد جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا (ہ) فعل ① اپنی بیوقوفی کے غصے کو ہاتھ پر اتارنا ② نہایت افسوس کرنا ③ از حد پچھتانا۔

ہاتھ دراز کرنا (ا) فعل ① ہاتھ بڑھانا ② ہاتھ آگے کرنا ③ ہاتھ پھیلانا ④ دست درازی کرنا ⑤ مارنا پیٹنا۔

ہاتھ دکھانا (ہ) فعل ① نبض دکھانا ② نجومی کو ہاتھ دکھا کر لکیروں کے موافق احوال پوچھنا۔

ہاتھ دھرنا / رکھنا (ہ) فعل ① کسی چیز پر ہاتھ لگانا ② روکنا ③ پکڑنا ④ قابو کرنا ⑤ کسی کی حمایت اور مدد کرنا ⑥ کسی پیاری اور عزیز چیز پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا ⑦ منع کرنا ⑧ خاموش کرنا۔

ہاتھ دھلانا (ہ) فعل ① کسی بزرگ یا آقا یا حاکم کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا ② شادی کے دن ایک رسم کے طور پر دولہا دولھن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا۔

ہاتھ دھلائی (ہ) اسم مونث ① ہاتھ دھلانے کا نیگ ② ہاتھ دھلانے کا انعام جو دولھا سے لیا جاتا ہے۔

ہاتھ دھو بیٹھنا / دھو کے بیٹھنا (ہ) فعل ① ناامید ہو جانا ② مایوس ہو جانا ③ کھو بیٹھنا ④ چھوڑ بیٹھنا ⑤ صبر کر بیٹھنا ⑥ امید منقطع کرنا ⑦ قطع تعلق کرنا ⑧ دست بردار ہو جانا۔

ہاتھ دھو چکنا (ہ) فعل ① بالکل امید چھوڑ بیٹھنا ② مایوس قطعی ہو جانا۔

ہاتھ دھو کر / ہاتھ دھو کے پیچھے پڑنا (ہ) فعل ① تمام کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہو جانا ② لپٹ جانا ③ پیچھے پڑ جانا ④ درپے آزار ہو جانا۔

ہاتھ دھونا (ہ) فعل ① پانی سے ہاتھ صاف کرنا ② طہارت کرنا ③ آبدست لینا ④ درگزر کرنا ⑤ مایوس ہونا ⑥ امید منقطع کرنا ⑦ بے امید ہونا ⑧ صبر کرنا ⑨ ترک کرنا۔

ہاتھ دے دے مارنا (ہ) فعل ① ہاتھ پٹک پٹک کر مارنا ② رنج و اضطراب یا نزع کی حالت میں ہاتھوں کو زمین یا چارپائی پر متواتر مارنا۔

ہاتھ دیکھنا (ہ) فعل ① نبض دیکھنا ② ناڑی دیکھنا ③ دست نگر ہونا ④ کسی سے روپیہ کا محتاج ہونا ⑤ کسی کے ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر اس کا آئندہ اور گزشتہ حال بتانا۔

ہاتھ دینا (ہ) فعل ① ہاتھ سے ہاتھ ملانا ② داد دینا ③ داد مانگنا ④ زبان دینا ⑤ قول دینا ⑥ وعدہ کرنا ⑦ مدد دینا ⑧ سہارا دینا۔

ہاتھ ڈالنا (ہ) فعل ① کسی چیز میں ہاتھ دینا ② ہاتھ داخل کرنا ③ دخل دینا ④ کام میں پڑنا ⑤ کوئی کام ذمہ لینا ⑥ دست درازی کرنا ⑦ غیر عورت کو چھونا ⑧ لوٹنا ⑨ غارتگری کرنا۔

ہاتھ رکھنا (ہ) فعل ① ہاتھ دھرنا ② روکنا ③ باز رکھنا ④ تھامنا ⑤ قسم کھانا ⑥ سوگند کھانا ⑦ ہاتھ سے مس کرنا ⑧ چھونا ⑨ ہاتھ لگانا۔

ہاتھ رنگنا (ا) فعل ① ہاتھوں کو مہندی لگانا ② ہاتھ کو آلودہ کرنا ③ مال مارنا ④ رشوت لینا ⑤ مال اڑانا۔

ہاتھ رواں کرنا (ا) فعل ① مشق کرنا ② ہاتھ صاف کرنا ③ مہارت کرنا ④ قتل کرنا ⑤ مارنا ⑥ دھوکا دینا ⑦ دغا کرنا۔

ہاتھ روکنا (ہ) فعل ① ہاتھ تھامنا ② کفایت شعاری کرنا ③ فضول خرچی سے رک جانا ④ خرچ کم کرنا ⑤ باز رہنا ⑥ وار بچانا ⑦ وار روکنا۔

ہاتھ سر پر رکھنا (ا) فعل ① مددگار ہونا ② حمایتی بننا ③ مربی بننا ④ حمایت کرنا ⑤ پیار کرنا ⑥ کسی کے سر کی قسم کھانا ⑦ سلام کرنا ⑧ ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ سن ہو جانا / ہاتھ سو جانا (ہ) فعل ① ہاتھ کا کام نہ دے سکنا ② ہاتھ میں خون کی حرکت نہ ہونا۔

ہاتھ سے (ہ) تابع فعل ① ذریعہ سے ② بدولت ③ سبب سے ④ کارن سے ⑤ ذات سے ⑥ دم سے ⑦ قابو سے ⑧ گرفت سے۔

ہاتھ سے جاتا رہنا (ہ) فعل ① بس میں نہ رہنا ② قابو سے نکل جانا ③ ہاتھ سے کھویا جانا ④ آپے سے باہر ہو جانا ⑤ از خود رفتہ ہو جانا ⑥ مر جانا ⑦ انتقال کر جانا۔

ہاتھ سے جانا (ہ) فعل ① کھویا جانا ② ضائع ہو جانا ③ جاتا رہنا ④ قابو سے نکلنا ⑤ بس میں نہ رہنا ⑥ اختیار سے باہر ہو جانا ⑦ انتقال کرنا ⑧ مر جانا۔

ہاتھ سے دینا (ہ) فعل ① بخش دینا ② عطا کرنا ③ چھوڑنا ④ ترک کرنا ⑤ قبضہ چھوڑنا ⑥ جا[illegible] ⑦ کھونا ⑧ گنوانا [illegible] ضائع کرنا۔

ہاتھ سے کام نکلنا (ہ) فعل ① کسی کام کا تجربہ ہونا ② کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا ③ کوئی کام کر کے دیکھ لینا ④ کسی کام کا قبضہ سے نکل جانا ⑤ کوئی کام واپس لیا جانا ⑥ کسی کے ذریعہ کوئی کام پورا ہونا ⑦

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

کسی کے وسیلہ سے کوئی کام بننا۔

**ہاتھ سے ہاتھ ملنا** (ہ) فعل ① افسوس کرنا ② از حد پچھتانا۔

**ہاتھ صاف کرنا** (ا) فعل ① ہاتھ کو رواں کرنا ② خوب مشق کرنا ③ خط درست کرنا ④ خط سنوارنا ⑤ ہاتھ دھونا ⑥ ہاتھ پاک کرنا ⑦ ہاتھ کا وار کرنا ⑧ ہاتھ مارنا ⑨ قتل کرنا۔

**ہاتھ قبضے پر ڈالنا / رکھنا** (ا) فعل ① تلوار سونتنا ② قتل کرنے کا ارادہ کرنا ③ آمادہ قتل ہونا۔

**ہاتھ قلم کرنا** (ا) فعل ① ہاتھ کاٹنا ② ہاتھ تراشنا۔

**ہاتھ کاٹ دینا** (ہ) فعل ① ہاتھ قلم کر دینا ② تحریری اقرار کر دینا ③ دستاویز لکھ دینا۔

**ہاتھ کاٹنا** (ہ) فعل ① ہاتھ قلم کرنا ② افسوس کرنا ③ پچھتانا ④ نہایت غصے میں اپنے ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا۔

**ہاتھ کا جھوٹا** (ہ) اسم صفت ① لے کر نہ دینے والا ② نادہند ③ بددیانت ④ بے ایمان ⑤ بدمعاملہ ⑥ خائن۔

**ہاتھ کا دیا** (ا) اسم مذکر ① دان ② پن ③ خیرات ④ سخاوت ⑤ بخشش۔

**ہاتھ کا دیا آڑے آئے** (ہ) محاورہ ① خیرات ② بلا کو ٹال دیتی ہے ③ نیکی ہمیشہ کام آتی ہے ④ کسی وقت کا دان پن مصیبت کے ایام کو روک دیتا ہے۔

**ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا** (ا) محاورہ۔ کمینے اور خادم بھی برابری کا دعوے کرنے لگے۔

**ہاتھ کا سچا** (ہ) اسم صفت ① لین دین کا کھرا ② ساکھ والا ③ اعتبار والا ④ معتبر ⑤ دیانتدار۔

**ہاتھ کا میل** (ہ) اسم مذکر ① وہ چرک جو ہاتھ پر سے اترے ② بے اصل اور بے حقیقت چیز ③ بالکل ہیچ اور ناچیز ④ مجازاً روپیہ ⑤ مال وزر۔

**ہاتھ کانوں پر / کان پر رکھنا / دھرنا** (ہ) فعل ① بالکل بے خبری ظاہر کرنا ② ناآشنائی اور ناواقفی کا ظاہر کرنا ③ بالکل انکار کرنا۔

**ہاتھ کٹ جانا** (ہ) فعل ① ہاتھ قلم ہو جانا ② ہاتھ میں زخم آ جانا ③ تحریر ہو جانا ④ دستاویز ہو جانا۔

**ہاتھ کٹ چکے ہیں** (ہ) محاورہ ① تحریر دے بیٹھے ہیں ② تحریر دے دی ہے۔

**ہاتھ کرنا / دکھانا** (ہ) فعل ① وار کرنا ② ہنر جنگ دکھانا ③ حربہ کرنا ④ حملہ کرنا ⑤ بحث کرنا۔

**ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ** (ا) محاورہ۔ عورتیں بولا کرتی ہیں اس کی نسبت جس کا ہاتھ کہیں اور ہو اور خیال کہیں اور۔

**ہاتھ کنگن کو آرسی کیا** (ہ) مثل۔ جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو اس کے دریافت کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

**ہاتھ کوڑی نہ بازار لیکھا** (ا) مثل۔ ایسا مفلس ہے جس کا کوئی بھی اعتبار نہیں کرتا۔

**ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے** (ہ) محاورہ۔ جس سے کچھ لیتے ہیں اسی کو دیتے ہیں۔

**ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا** (ہ) محاورہ ① بہت سخت اندھیرا ہے ② اندھیرا گھپ ہے۔

**ہاتھ کھجلانا** (ہ) فعل ① ہاتھ میں خارش ہونا ② ہاتھ کا نچلا نہ بیٹھنا ③ وار کھانے کی باتیں کرنا ④ مار کھانے کو جی چاہنا۔

**ہاتھ کھلنا / کھل جانا** (ہ) فعل ① ہاتھ کا کام دینے لگنا ② ہاتھ چلنا ③ تنگی نہ رہنا ④ روپیہ پیسہ ہاتھ میں آنا ⑤ کاروبار جاری ہونا ⑥ مار بیٹھنے کا لپکا ہو جانا ⑦ عادت ہو جانا۔

**ہاتھ کھینچنا** (ہ) فعل ① ہاتھ اٹھانا ② ترک کرنا ③ باز آنا ④ دست بردار ہونا ⑤ تیاگنا۔

**ہاتھ کے دو بیر نہ کھانا** (ا) فعل ① کسی سے سخت متنفر ہونا ② نہایت نفرت کرنا ③ بالکل خاطر میں نہ لانا۔

**ہاتھ کی روٹی** (ہ) اسم مونث ① ہاتھ سے تیار کی ہوئی روٹی ② توے پر پکائی ہوئی روٹی۔

**ہاتھ کے طوطے اڑ جانا** (ا) فعل ① حواس باختہ ہو جانا ② حیران و ششدر ہو جانا ③ بالکل بے خبر ہو جانا۔

**ہاتھ کی لکیریں** (ہ) اسم مونث ① ہاتھ کے ٹیڑے سیدھے خط ② ہتھیلی کے نشان ③ کرم ریکھا جنہیں دیکھ کر نجومی لوگ گزشتہ اور آئندہ باتیں بتاتے ہیں۔

**ہاتھ کی لکیریں مٹنا** (ہ) فعل ① ناممکن امر کا ظاہر ہونا ② قرابت کا ٹوٹنا ③ محبت کا جاتا رہنا ④ مستحقوں اور حقداروں کا حق جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

ہاتھ کی لکیریں نہیں مٹتیں/ کہیں ہاتھ کی لکیریں مٹتی ہیں؟ (ہ) محاورہ ❶ ناخن سے گوشت جدا نہیں ہوتا ❷ اپنے کسی طرح غیر نہیں بن سکتے۔

ہاتھ کے نیچے آنا (ہ) فعل ❶ قابو میں آنا ❷ قبضہ میں آ جانا ❸ مداخلت ہوجانا ❹ ہتھے چڑھ جانا ❺ بس میں آ جانا۔

ہاتھ گاڑی (ہ) اسم مونث ❶ رکھشا ❷ پہاڑی ❸ بگھیاں۔

ہاتھ گریبان تک جانا (ا) فعل ❶ وحشت ظاہر ہونا ❷ گریبان پھاڑ ڈالنا۔

ہاتھ گھسانا (ہ) فعل ❶ بے فائدہ محنت کرنا ❷ بے فائدہ کام کرنا ❸ لاحاصل کام کرنا۔

ہاتھ گھسائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے فائدہ محنت ❷ وہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو۔

ہاتھ لا/ ہاتھ لانا (ہ) تعریف اور مدح کا کلمہ ❶ واہ واہ ❷ کیا کہنا ہے ❸ آفرین ہے ❹ شاباش ہے ❺ مرحبا۔

ہاتھ لگانا (ہ) فعل ❶ چھونا ❷ مس کرنا ❸ ہاتھ پھیرنا ❹ دست درازی کرنا ❺ چھیڑنا ❻ بوجھ اٹھوانا ❼ کندھا دینا ❽ مدد دینا ❾ سہارا دینا۔

ہاتھ لگائے کملانا (ہ) فعل ❶ نہایت نازک بدن ہونا ❷ بےحد نزاکت ہونا۔

ہاتھ لگائے/ ہاتھ لگے میلا ہونا (ہ) فعل ❶ بہت ہی سفید اور اجلا ہونا ❷ براق اور آبدار ہونا ❸ نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا۔

ہاتھ لگنا (ہ) فعل ❶ چھوا جانا ❷ مس ہونا ❸ ہاتھ پھرنا ❹ حاصل ہونا ❺ ملنا ❻ دستیاب ہونا ❼ ہاتھ آنا ❽ قابو چڑھنا ❾ بس میں آنا۔

ہاتھ لیا کانسا تو بھیک کا کیا سانسا/ ہاتھ لیا کانسا تو کیا ٹکڑوں کا سانسا (ہ) مثل ❶ جب گداگری اختیار کر لی تو پھر اندیشہ اور فکری کس بات کا ❷ جب مانگنے ہی لگ گئے تو پھر شرم کا ہے کی۔

ہاتھ مارنا (ہ) فعل ❶ ہاتھ لگانا ❷ ضرب لگانا ❸ بڑے بڑے نوالے کھانا ❹ چوری کرنا ❺ غبن کرنا ❻ مال اڑانا ❼ رشوت لینا ❽ قبضہ کر لینا ❾ قابض ہوجانا۔

ہاتھ ملانا (ہ) فعل ❶ ملاقات کے وقت ہاتھ میں ہاتھ لینا ❷ مصافحہ کرنا ❸ پنجہ کشی کرنا ❹ ہاتھ میں ہاتھ پکڑ کر زور کرنا۔

ہاتھ سے ملتے پھرنا (ہ) فعل ❶ پچھتاتے پھرنا ❷ افسوس کرتے پھرنا۔

ہاتھ ملتے رہنا/ رہ جانا (ہ) فعل ❶ پچھتاتے رہنا ❷ افسوس کرتے رہنا۔

ہاتھ ملنا (ہ) فعل ❶ افسوس کرنا ❷ پچھتانا۔

ہاتھ ملنا (ہ) فعل ❶ مصافحہ ہونا ❷ دست بوسی ہونا ❸ بکری ہونا ❹ نقدی ملنا۔

ہاتھ میں (ہ) تابع فعل ❶ اختیار میں ❷ قبضہ میں ❸ ہاتھ کے اندر ❸ ماتحت ❹ زیر تحت۔

ہاتھ میں آنا (ہ) فعل ❶ ہاتھ لگنا ❷ حاصل ہونا ❸ قابو میں آنا ❹ قبضہ میں آنا ❺ حاصل ہونا ❻ دستیاب ہونا ❼ بہم پہنچنا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا (ہ) فعل ❶ بھیک منگوانا ❷ گداگری کرانا ❸ مفلس کردینا ❹ محتاج بنادینا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا لینا (ہ) فعل ❶ بھیک مانگنا ❷ گداگری کرنا ❸ غریب و محتاج ہونا۔

ہاتھ میں دل رکھنا (ا) فعل ❶ دلداری کرنا ❷ ہر ایک آرزو پوری کرنا ❸ دلجوئی کرنا۔

ہاتھ میں دل لینا (ا) فعل ❶ دلجوئی کرنا ❷ راضی رکھنا ❸ دل خوش رکھنا۔

ہاتھ میں دل نہ ہونا (ا) فعل ❶ نہایت بیقرار ہونا ❷ دل دھڑکنا ❸ دل قابو میں نہ ہونا۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پر مارے جوتی (ا) مثل۔ ایسا اوچھا آدمی کہ احسان کر کے بار بار جتاتا ہے۔

ہاتھ میں دینا (ہ) فعل ❶ حوالے کرنا ❷ سونپنا ❸ سپرد کرنا ❹ ہاتھ میں پکڑانا۔

ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں کترنی (ا) مثل ❶ ظاہر میں پرہیزگار اور عابد باطن میں دغاباز اور جیب کترا ❷ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140772185

www.besturdubooks.net

ہاتھ میں سنیچر آنا (ہ) فعل ❶ نہایت تنگدستی کا زمانہ آنا ❷ طالع کا زحل میں آ جانا جو نہایت منحوس ہے ❸ نہایت افلاس چھا جانا ❹ تنگدست ہونا۔

ہاتھ میں قلم لے کر/ پکڑ کر رہ جانا (ا) فعل۔ لکھتے وقت حیرانگی سے سوچ میں پڑ جانا۔

ہاتھ میں لانا (ہ) فعل ❶ حاصل کرنا ❷ بہم پہنچانا ❸ کمانا ❹ مایوس کرنا ❺ بس میں کرنا۔

ہاتھ میں لانا پات میں کھانا (ہ) فعل ❶ جو کمانا سو کھا لینا ❷ ایسا مفلس اور کنگال ہونا کہ گھر میں برتن تک نہ ہونا۔

ہاتھ میں لئے پھرنا (ہ) فعل ❶ ہاتھ میں دبائے پھرنا ❷ شہوت میں سخت بیتاب ہونا۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا (ہ) ہاتھ ملانا ❶ مصافحہ کرنا ❷ بیاہ دینا ❸ عورت کا مرد سے نکاح کر دینا ❹ کسی کے سپرد کرنا ❺ سونپنا ❻ حوالے کر دینا۔

ہاتھ میں ہنر ہونا (ا) صاحب کمال ہونا ❶ ہنرمند ہونا ❷ ہاتھ میں جوہر ہونا۔

ہاتھ نہ آنا (ا) فعل ❶ پکڑا نہ جانا ❷ بھاگنے میں ہاتھ نہ لگنا ❸ قابو میں نہ آنا ❹ قابو نہ چڑھنا۔

ہاتھ نہ رکھنے دینا (ا) فعل ❶ پاس نہ آنے دینا ❷ ہاتھ نہ لگانے دینا ❸ خاطر میں نہ لانا ❹ پروا نہ کرنا ❺ جمنے نہ دینا ❻ قابو میں نہ آنا ❼ بس میں نہ آنا ❽ کسی طرح راضی نہ ہونا ❾ روکھا ہونا۔

ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے (ا) مثل ❶ ذرا سی چیز پر اترانے والی کم ظرف عورت کی نسبت بولا کرتے ہیں ❷ غیر موزوں سنگار پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔

ہاتھ نہ لگانا (ہ) فعل ❶ ہاتھ سے نہ چھونا ❷ زدوکوب نہ کرنا ❸ بچے کو تنبیہ نہ کرنا ❹ کسی چیز کو بے حقیقت اور ذلیل سمجھنا ❺ خاطر میں نہ لانا ❻ بات نہ پوچھنا۔

ہاتھ نہ مٹھی بلبلاتی اٹھی (ہ) مثل ❶ پاس کوڑی نہیں حوصلہ دکھانے میں یہ گرمجوشی ❷ پاس کچھ ہے نہیں غصہ ناحق کا۔

ہاتھ ہلاتے آنا (ہ) فعل ❶ خالی ہاتھ آنا ❷ گھر کچھ لے کر نہ آنا

ہاتھ ہلائے جاؤ (ہ) محاورہ ❶ شغل جاری رکھو ❷ کھاتے رہو ❸ منہ چلائے جاؤ۔

ہاتھا پائی/ ہاتا پائی (ہ) اسم مونث ❶ لڑائی بھڑائی ❷ دھول دھپا ❸ مار کٹائی ❹ مار پیٹ ❺ زدوکوب ❻ مار دھاڑ ❼ گھوسم گھونسا۔

ہاتھا پائی کرنا (ہ) فعل ❶ مار کٹائی کرنا ❷ دست درازی کرنا ❸ لڑائی دنگا کرنا۔

ہاتھا چھانٹی (ہ) اسم مونث ❶ دغابازی ❷ بدمعاملگی ❸ بددیانتی ❹ خورد برد ❺ غبن ❻ چوری ❼ تغلب۔

ہاتھوں (ہ) اسم مذکر ❶ ہاتھ کی جمع ❷ سبب ❸ باعث ❹ کارن (بصورت تابع فعل) ہمدست ❺ بدست ❻ ہمراہ ❼ ساتھ ❽ ہاتھ سے ❾ ہاتھوں سے۔

ہاتھوں اچھلنا (ہ) فعل ❶ نہایت تڑپنا ❷ ازحد بیقرار ہونا ❸ نہایت کودنا ❹ کثرت سے اچھلنا۔

ہاتھوں چھاؤں رکھنا (ہ) فعل ❶ نہایت پیار اور لاڈ سے رکھنا ❷ بہت حفاظت سے رکھنا ❸ ہاتھوں کے سائے میں رکھنا۔

ہاتھوں سے (ہ) فعل ❶ سبب ❷ کارن ❸ باعث ❹ ذات سے ❺ دم سے۔

ہاتھوں کے طوطے اڑ جانا (ا) فعل ❶ بدحواس ہونا ❷ حواس باختہ اور بے اوسان ہونا ❸ بیخود ہو جانا ❹ آپے سے باہر ہو جانا ❺ مایوس نہ رہنا۔

ہاتھ کی لکیریں (ہ) اسم مونث ❶ ہاتھوں کی ریکھیں ❷ وہ نشان یا نقش جو مٹائے نہ مٹیں ❸ نقش کالحجر ❹ قریبی رشتہ دار ❺ عزیز ❻ یگانے۔

ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے لچھن اوروں دینڈی (ہ) مثل ❶ آپ مہندی کے بہانے کام سے بچنا اور دوسرے کو کام سونپنا ❷ اپنا عیب دوسروں کے سر تھوپنا۔

ہاتھوں ہاتھ (ہ) تابع فعل ❶ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں ❷ اوپر ہی اوپر ❸ بالا ہی بالا ❹ دست بدست ❺ فوراً ❻ ترت ❼ شتاب ❽ جلد ❾ جلدی سے۔

ہاتھوں ہاتھ اڑا کر لے جانا (ہ) فعل ❶ اوپر ہی اوپر لے جانا ❷ دست

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

بدست فوراً لے جانا۔

**ہاتھوں ہاتھ اڑا لینا** (ہ) فعل ① فوراً لے جانا ② ترت لے جانا۔

**ہاتھوں ہاتھ اڑ جانا / بک جانا** (ہ) فعل ① جلد سودا ہونا ② فوراً بک جانا ③ خرید و فروخت میں دیر نہ لگنا ④ فوراً خرچ میں آ جانا ⑤ بہت جلد صرف ہو جانا۔

**ہاتھوں ہاتھ لے جانا** (ہ) فعل ① فوراً لے جانا ② دیر نہ کرنا ③ بڑی عزت اور قدر سے لے جانا ④ بہت جلدی سے لے جانا۔

**ہاتھوں ہاتھ لینا** (ہ) فعل ① فوراً لینا ② زمین پر نہ گرنے دینا ③ جھٹ پٹ لے لینا ④ اوپر ہی اوپر لے جانا۔


ہاتھی

**ہاتھی** (ہ) اسم مذکر ① فیل ② پیل ③ گج ④ ایک نہایت جسیم اور موٹے جانور کا نام ہے ⑤ شطرنج کا ایک مہرہ۔

**ہاتھی پاؤں** (ہ) اسم مذکر ① ایک بیماری کا نام ہے جس سے پاؤں نہایت موٹا ہو جاتا ہے۔

**ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اس کا ناؤں** (ہ) مثل ① جس کی چیز ہو اسی کا نام ہوا کرتا ہے ② اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے۔

**ہاتھی جھومتا ہے** (ہ) مثل ① گھر میں کنواری جوان لڑکی بیٹھی ہے ② گھر پر ہاتھی بندھا ہے ③ نہایت ثروت ہے۔

**ہاتھی دانت** (ہ) اسم مذکر ① دندان فیل ② ہاتھی کے دانت جن سے اکثر چیزیں بنتی ہیں۔

**ہاتھی دانت کا چوڑا** (ہ) اسم مذکر۔ ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چوڑیاں۔

**ہاتھی سے گنے کھانا / ہاتھی کے ساتھ گنے چوسنا** (ہ) فعل ① زبردست سے مقابلہ کرنا ② زبردست فقیر یا امیر سے حکومت کر کے کچھ حاصل کرنا۔

**ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی اٹھاتا ہے / ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی سنبھالے / ہاتھی کا پالان ہاتھی ہی اٹھاتا ہے** (ہ) مثل ① بڑا کام بڑے ہی حوصلے والا کرتا ہے ② امیر کی ٹکر امیر ہی جھیلتا ہے۔

**ہاتھی کا پاٹھا** (ہ) اسم مذکر ① حیوان ② ہاتھی ③ ہاتھی کا نر بچہ۔

**ہاتھی کا پیر آنکس** (ہ) محاورہ ① ہاتھی کا استاد آنکس ہے ② ہتھیار سے زبردست بھی قابو میں آ جاتا ہے۔

**ہاتھی کا جگ ساتھی کیڑی پاہن بڑی** (ہ) مثل۔ زبردست کے سب ساتھی اور کمزور کے سب دشمن۔

**ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں** (ہ) مثل ① بڑے آدمی کے سب ماتحت ہوتے ہیں ② سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے ③ امیروں سے غربا کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔

**ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور** (ہ) مثل ① دکھاوا اور چیز ہے برتاؤ اور چیز ② دکھانے کی چیز اور ہوتی ہیاور کام میں لانے کی اور ③ دنیا کے لوگ ظاہر کچھ ہیں اور باطن کچھ۔

**ہاتھی کے منہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں** (ہ) محاورہ۔ زور آوروں کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں۔

**ہاتھی کے نکلے ہوئے دانت بیٹھنے مشکل ہیں** (ا) مثل۔ بگڑی بات کا بننا نہایت دشوار ہوتا ہے۔

**ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی** (ہ) مثل۔ بڑے بڑوں کے حوصلے تو پست ہو گئے ادنے کو ابھی حوصلہ باقی ہے۔

**ہاتھی نکل گیا ہے۔ دم اٹکی رہ گئی ہے** (ا) مثل۔ جب سارا کام ختم ہو کر تھوڑا سا باقی رہ جائے اس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔

**ہاتھی وان** (ہ) اسم مذکر ① ہاتھی چلانے والا ② مہارت ③ فیلبان ④ فوجدار۔

**ہاتھی ہزار لٹے تو بھی ہزار ٹکے کا / ہاتھی لٹے بھی تو بھی کہاں تک** (ہ) مثل ① امیر کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے پھر بھی لوگ اس کی عزت ہی کرتے ہیں ② یا امیر آدمی کیسا ہی لٹ گھس جائے پھر بھی دولت کی کھرچن اس کے پاس رہتی ہے۔

**ہاٹ** (ہ) اسم مونث ① دکان ② لین دین کی جگہ ③ سودا بیچنے کی جگہ ④ ہٹ ⑤ مٹی۔

**ہاٹ کھولنا / کرنا** (ہ) فعل۔ دکان کرنا۔

**ہاجر** (ء) اسم صفت فاعل ① ہجرت کرنے والا ② اپنا ملک چھوڑ کر دوسرے ملک میں جا رہنے والا ③ عرب کے ایک قبیلے کا نام ④ مکے میں جا

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

برہنے والا۔

ہاجرہ (ع) اسم مونث ① ٹھیک دوپہر کا وقت ② نہایت گرم ③ دوپہر کا وقت ④ گرمی کی دوپہر ⑤ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔

ہاجی (ع) اسم مذکر فاعل از ہجو ① برائی کرنے والا ② ہجو کرنے والا ③ نقال ④ منہ چڑانے والا۔

ہادی (ع) اسم مذکر فاعل ① ہدایت کرنے والا ② رہنما ③ پیشوا ④ رہبر ⑤ پیرومرشد۔

ہار (ہ) اسم مونث ① ہارنا سے حاصل مصدر ② شکست ③ مات ④ ہزیمت ⑤ تکان ⑥ تھکن ⑦ ماندگی۔

ہار جانا/ ہار بیٹھنا (ہ) فعل ① مات ہوجانا ② بازی دے بیٹھنا ③ شکست کھا جانا ④ پیٹھ دکھا جانا ⑤ مغلوب ہوجانا ⑥ عاجز ہوجانا ⑦ تنگ ہو جانا ⑧ ناک میں دم ہوجانا ⑨ تھک جانا۔

ہار جیت (ہ) اسم مونث ① شکست وفتح ② نفع ونقصان۔

ہار جیت کرنا (ہ) فعل ① جوا کھیلنا ② داؤں لگانا

ہار ماننا (ہ) فعل ① تھکنا ② عاجز ہونا ③ عجز اختیار کرنا ④ مغلوب ہونا۔

ہار (ہ) علامت فاعل ① کرنے والا ② کرتا ③ قابل ④ لائق ⑤ قابل ⑥ جوگ۔

ہار (ہ۔ف) اسم مذکر ① پھولوں یا موتیوں کی مالا ② تسبیح ③ سمرن ④ جواہرات کا گلوبند ⑤ کنٹھا ⑥ کنٹھ مالا۔

ہار ڈالنا (ہ) فعل ① ہار پہنانا ② ہار گلے میں ڈالنا ③ مالا گلے میں پہنانا۔

ہارا (ہ) اسم مذکر مفعول ① ہارا ہوا ② تھکا ہوا ③ تھکا ماندہ ④ کمزور ⑤ ناتواں ⑥ بے دم ⑦ ضعیف ⑧ بودا ⑨ مات کھایا ہوا۔

ہاربر (ای) اسم مونث۔ بندرگاہ۔

ہارپون (ای) اسم مذکر۔ ایک برچھا نما خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کا شکار کیا جاتا ہے۔

ہارس پاور (ای) اسم مذکر ① گھوڑے کی طاقت ② اتنی طاقت جس کی مدد سے ۵۵۰ پونڈ وزن کا ایک سیکنڈ میں ایک فٹ تک اٹھایا جاسکے۔

ہارسنگار (ہ) اسم مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیم (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا انگریزی باجہ۔

ہارن (ای) اسم مذکر ① نرسنگا ② قرنا ③ ایک قسم کا باجا۔

ہارنا (ہ) فعل ① بازی میں دبنا ② جوئے میں شرط دے بیٹھنا ③ چوکنا ④ رہ جانا ⑤ نامراد رہنا ⑥ ناکام ہونا ⑦ تنگ ہونا ⑧ دق ہونا ⑨ شکست کھانا۔

ہاروت (ع) اسم مذکر۔ ایک فرشتہ کا نام جو چاہ بابل میں اوندھا لٹکا ہوا عذاب الٰہی میں گرفتار ہے۔

ہارون (ع) اسم مذکر ① شریر اور سرکش گھوڑا ② سردار ③ سالار قوم ④ حضرت موسےٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام بھی ہے ⑤ پاسبان ⑥ چوکیدار ⑦ قاصد ⑧ پیک ⑨ پیغام۔

ہارونی (عف) اسم مونث بیائے مصدری ① قاصدی ② پاسبانی ③ چوکیداری ④ نگہبانی ⑤ خدمت ⑥ محافظت ⑦ بحالت یائے نسبتی ⑧ سرکش ⑨ ڈھیٹ۔

ہارے بھی ہراوے جیتے بھی ہراوے (ہ) مثل۔ اپنی ہی بات کے لئے قائل کرنے والے آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں یعنی ہر طرح سے اپنی ہی بات منواتا ہے۔

ہارے کو ہتیار (ا) مثل۔ جب آدمی بالکل لاچار ہوجاتا ہے تو مجبوراً ہتیار پر ہاتھ ڈالتا ہے۔

ہارے کے درجہ/ ہارے درجے (ا) تابع فعل ① مجبوراً ② لاچار ہو کر ③ تھک کر ④ آخر کار ⑤ مجبور ہوکر۔

ہاڑ (ہ) اسم مذکر ① ہڈی ② استخوان ③ پنجر ④ ڈھچر ⑤ ڈھانچا۔

ہاڑ جوڑا (ہ) اسم مذکر ① ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا جوڑنے والا ② ایک پودے کا نام بھی ہے۔

ہاڑ گوڑ (ہ) اسم مذکر۔ ہڈیاں اور گوڈے۔

ہاڑا (ہ) اسم مذکر۔ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے۔

ہاڑنا (ہ) فعل ① وزن کے برابر وزن کرنا ② تولنا ③ ایک بٹ سے دوسرا بٹ تول کر بنانا ④ وزن کا مقابلہ کرنا ⑤ جانچنا۔

ہاضم (ع) اسم صفت فاعلی ① ہضم کرنے والا ② پچانے والا ③ تحلیل کرنے والا۔

ہاضمہ (ع) اسم مذکر ① ہضم کرنے کی قوت پچاؤ ② تحلیل۔

Join us on WhatsApp Naveed Raig 03149007218

www.besturdubooks.net

(ای) اسم مذکر ① پھری والا ② خوانچہ فروش ③ گھوم پھر کر اخبار فروخت کرنے والا۔

(ای) اسم مونث۔ ایک مشہور کھیل جو گیند اور خمدار لکڑی سے کھیلا جاتا ہے۔

(ہ) اسم مونث ① حرکت ② جنبش ③ جھٹکا ④ چال ⑤ گردش ⑥ رفتار ⑦ (بحالت اسم مذکر) پہیوں کے گرد چڑھانے کا لوہے کا چکر ⑧ پتوار ⑨ کشتی کا سکان۔

(ای) اسم مذکر ① بڑا کمرہ ② گول کمرہ ③ بڑا کمرہ جس میں جلسے اور تقریبات وغیرہ ہوتی ہیں۔

ہ) اسم مذکر ① ہل کا ٹیکس ② وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جائے۔

ٹ (ای) اسم مذکر ① پڑاؤ ② منزل ④ مقام ⑤ ٹھہراؤ ⑤ رکھنے کا حکم۔

ڈولا/ ہالن ڈولن (ہ) اسم مذکر ① بھونچال ② زلزلہ ③ لرزہ ④ لرزش۔

(ہ) فعل ① ہلنا ② جنبش کرنا ③ ڈولنا۔

(ء) اسم مذکر ① کنڈل ② مائرہ ③ چکر ④ حلقہ ⑤ بالخصوص وہ کنڈل جو ابر کے دنوں میں چاند کے گرد ہوا کرتا ہے۔

(ہ) اسم مذکر ① ہل چلانے والا ② ہل جوتا۔

ں (ء) اسم مذکر ① جنگل ② بیابان ③ صحرا ④ میدان۔

(ہ) اسم مونث ① ہاں ② اقرار ③ بلے ④ آرے۔

بھرنا (ہ) فعل ① اقرار کرنا ② وعدہ کرنا ③ زبان کرنا۔

(س) اسم مونث ① ٹوٹا ② گھاٹا ③ نقصان ④ خسارہ ⑤ ضرر ⑥ زیان ⑦ مصیبت ⑧ بتپا ⑨ کشت وخون۔

(ہ) کلمہ ایجاب وندا ① ہوں ہاں ② اچھا ③ بھلا ④ بیشک ⑤ یقیناً ⑤ البتہ ⑥ ضرور۔

جی (ہ) کلمہ ایجاب برائے تعظیم ① جی ہاں ② بیشک ③ درست ہے جناب ④ یہاں کا مخفف بھی ہے جیسے ہمارے ہاں ⑤ بمعنی ظرف ⑥ گھر وخانہ وغیرہ ⑦ حرف شرط ⑧ بمعنی اگرچہ۔

جی کا نوکر ہونا (ہ) فعل۔ ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا۔

کرنا (ہ) فعل ① منظور کرنا ② اقرار کرنا ③ قول دینا ④ قبول کرنا ⑤ ماننا۔

ہاں میں ہاں ملانا (ہ) فعل ① بے سمجھے بوجھے اقرار کر دینا ② ہاں جی ہاں جی کرنا۔

ہاں ہاں (ہ) کلمہ تنبیہ ① اصرار ② ضد ③ ہٹ ④ طنزاً ⑤ بے شک ⑥ بالضرور ⑦ ضرور۔

ہاں ہوں (ہ) کلمہ ایجاب وقبول۔ ہوں ہاں۔

ہانپ جانا (ہ) فعل ① تھک جانا ② سانس پھول جانا ③ سانس چڑھ جانا۔

ہانپنا (ہ) فعل ① جلدی جلدی سانس لینا ② کمزوری یا زیادہ محنت کے باعث سانس اکھڑنا ③ دم چڑھ جانا۔

ہانڈا (ہ) اسم صفت ① آوارہ گرد ② پھرنے والا۔

ہانڈے سے ڈانڈا بھلا (ہ) مثل ① آوارہ گرد سے بیگار اچھی ② خالی سے بیگار بھلی۔

ہانڈنا (ہ) فعل ① آوارہ پھرنا ② بیکار پھرنا ③ سرگردان ہونا ④ آوارہ ہونا۔

ہانڈی/ ہانڈی نار (ہ) اسم صفت ① ہانڈا کی تانیث ② آوارہ گرد عورت ③ پھرنے والی۔

ہانڈی (ہ) اسم مونث ① ہنڈیا ② کھانا پکانے کا مٹی کا برتن ③ دیگ گلی ④ شیشے کا برتن جس میں روشنی کرتے ہیں ⑤ مجازاً سالن ⑥ دال ⑦ لادن۔

ہانڈی ابلنا (ہ) فعل ① ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا ② غرور کے باعث آپے سے باہر ہو جانا ③ اوچھے پن کے سبب سمائی نہ کرسکنا۔

ہانڈی ابلے گی تو اپنے ہی کنارے جلائیگی (ہ) مثل۔ کمظرف اگر حد سے باہر چلے گا تو اپنا ہی نقصان کرے گا۔

ہانڈی پکنا (ہ) فعل ① ترکاری پکنا ② دال سالن ③ پکنا ④ کھچڑی پکنا ⑤ چپکے چپکے صلاح مشورے ہونا ⑥ گپ شپ اڑانا۔

ہانڈی پھوڑنا (ہ) فعل ① بھانڈا پھوڑنا ② افشائے راز کرنا۔

ہانڈی چڑھانا (ہ) فعل ① پکانے کے لئے ہانڈی چولھے پر رکھنا ② دوسرے کا فائدہ کرنا ③ رشوت دینا۔

ہانڈی چڑھنا (ہ) فعل ① سالن پکنا ② کچھ ہاتھ لگنا ③ نفع ہونا ④ رشوت ملنا۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149077218

**ہانڈی گرم کرنا** (ا) فعل ① رشوت وغیرہ میں کچھ کمانا ② کھانے کا سامان مفت میں کرنا۔

**ہانڈی گرم کرانا** (ا) فعل ① فائدہ کرانا ② رشوت دلانا۔

**ہانڈی وال** (ہ) اسم مذکر ① کھانے کا ساجھی ② شریک ③ حصہ دار ④ پتی دار ⑤ رقیب ⑥ ایک عورت کے پاس رہنے والے۔

**ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا** (ہ) محاورہ۔ جو دل میں ہو وہی زبان پر آئے گا۔

**ہانس** (ہ) اسم مذکر ① چھاتی سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی ② ایک قسم کا زیور ③ ایک آبی پرندے کا نام ④ ہنس ⑤ راج ہنس۔

**ہانسی** (ہ) اسم مونث ① ہنسی ② دل لگی ③ مذاق ④ عبورت ⑤ (بحالت مذکر) حصار کے ضلع کے ایک مشہور شہر کا نام۔

**ہانک** (ہ) اسم مونث ① زور کی آواز ② پکار ③ للکار ④ چلاہٹ ⑤ شوروغل ⑥ ہانکنا۔

**ہانک پکار** (ہ) اسم مونث ① شوروغل ② غل غپاڑہ ③ دہائی ہنگامہ ④ غوغا ⑤ غلغلہ۔

**ہانک مارنا** (ہ) فعل ① پکارنا ② چیخ کر آواز لگانا ③ آواز دینا۔

**ہانکنا** (ہ) فعل ① ہنکانا ② چلانا ③ دوڑانا ④ تیز رفتار کرنا ⑤ زبان سے نکالنا ⑥ مارنا ⑦ بڑھانا ⑧ ریلنا ⑨ پیلنا۔

**ہانگا** (ہ) اسم مذکر ① زور ② طاقت ③ بل ④ توانائی۔

**ہانگی** (ہ) اسم مذکر ① باریک چھلنی ② کپڑے کی چھنی ③ میدہ ④ چھاننے کی چھلنی۔

**ہاؤ** (ا) اسم مذکر ① ہو کرنے والا ② بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام ③ جن ④ بھوت ⑤ پریت ⑥ ہوا ⑦ بچوں کو ڈرانے کا ایک کاغذی چہرا۔

**ہاون** (ف) اسم مونث ① اوکھلی ② کونڈی ③ کھرل ④ ہانڈی۔

**ہاون دستہ** (ف) اسم مذکر ① اوکھلی اور موسل ② پنجابی میں چٹو وٹا۔

**ہاؤ ہاؤ** (ا) اسم مونث بواؤ مجہول ① ہائے کی تحقیری تصغیر ہے ② ہائے ③ واویلا ④ مانگ ⑤ طلب ⑥ ضرورت ⑦ کمی ⑧ توڑا ⑨ ہائے ہائے۔

**ہاؤ ہاؤ کرنا** (ہ) فعل ① کسی چیز کے نہ ہونے سے کلپتے پھرنا ② بلوں بلوں کرنا۔

**ہاہا** (ہ) اسم مونث ① خوشامد درآمد ② چاپلوسی ③ عجز وانکساری ④ منت ساجت ⑤ عرض معروض ⑥ درخواست ⑦ التجا ⑧ استدعا ⑨ (بصورت اسم صوت) ہنسی یا ٹھٹھے کی آواز۔

**ہاہا کرنا** (ہ) فعل ① منت ساجت کرنا ② قدم کو ہاتھ لگانا ③ پاؤں پڑنا۔

**ہاہا کھانا** (ہ) فعل ① پیروں پڑنا ② عاجزی کرنا ③ منت ساجت کرنا ④ خوشامد کرنا ⑤ بینتی کرنا۔

**ہاہا ہوہو/ ہاہا ہی ہی** (ہ) اسم مونث ① ہی ہی ② ٹھی ٹھی ③ بیہودہ ہنسی مذاق ④ ہنسی ٹھٹھا۔

**ہاہا کار** (ہ) اسم مذکر ① ہائے ہائے ② گھبراہٹ ③ اضطراب ④ حیرانی ⑤ سرگردانی ⑥ خوف ⑦ ڈر ⑧ بھے ⑨ فتح ہے۔

**ہاؤس** (ای) اسم مذکر ① گھر ② خانہ۔

**ہاؤس بوٹ** (ای) اسم مونث۔ رہائشی کشتی۔

**ہاؤس سرجن** (ای) اسم مذکر۔ وہ ڈاکٹر جس کی رہائش ہسپتال میں ہی ہو۔

**ہائی** (ہ) اسم مونث ① حالت ② ڈھنگ ③ طرز ④ طور ⑤ وضع ⑥ کیفیت جیسے دائی جانے اپنی ہائی۔

**ہائی** (ای) اسم صفت ① بلند ② اونچا ③ بڑا ④ اعلے ⑤ اونچے درجہ کا۔

**ہائی اسکول** (ای) اسم مذکر ظرف ① بڑا مدرسہ ② اعلے مدرسہ جس میں انٹرنس تک تعلیم ہوتی ہو۔

**ہائی کلاس** (ای) اسم صفت ① بڑی جماعت ② بڑا درجہ ③ اعلے رتبہ ④ اعلے قسم کا۔

**ہائی جمپ** (ای) اسم مذکر۔ اونچی چھلانگ۔

**ہائی کمشنر** (ای) اسم مذکر ① حکومت کا اعلیٰ نمائندہ ② سفیر۔

**ہائی کورٹ** (ای) اسم مذکر ① عدالت صدر ② وہ عدالت جہاں سب

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249077218

سے اخیر اپیل ہوتا ہے۔

ہائے (ا) اسم مونث صوت 1 کلمہ تاسف 2 افسوس 3 آہ 4 غضب 5 فریاد 6 واویلا 7 ماتم 8 گریہ زاری۔

ہائے کرنا/ مائے مارنا (ا) فعل 1 افسوس کرنا 2 گہرا سانس لینا 3 آہ کرنا 4 دل مسوسنا۔

ہائے ہائے (ا) کلمہ تاسف 1 آہ آہ 2 واویلا 3 آہ و نالہ 4 مصیبت زدہ کی آواز 5 آہ وزاری کی آواز 6 پکار 7 طلب 8 مانگ 9 کمی۔

ہائے ہائے پڑنا (ہ) فعل 1 واویلا مچنا 2 تراہ تراہ ہونا 3 نہایت غم اور رنج اور غم ہونا 4 چیخم دھاڑ پڑنا 5 درد و غم کے صدمے سے بیتاب ہونا۔

ہائیڈرو (ای) اسم مونث 1 پانی کا 2 پانی کے متعلق۔

ہائیڈرو الیکٹرک (ای) اسم مذکر۔ پانی سے بجلی پیدا کرنے والا پلانٹ۔

ہائیڈروفوبیا (ای) اسم مذکر 1 پانی سے خوف زدہ ہونا جو باؤلے کتے کے کاٹے کی علامت ہے 2 جنون سگ گزیدگی کی ہڑک۔

ہائیڈروگرافی (ای) اسم مونث۔ دریاؤں، سمندروں اور نہروں کا علم۔

ہائیڈرو میٹر (ای) اسم مذکر 1 آب پیما 2 پانی کی پیمائش کا آلہ 3 مقیاس الماء۔

ہائیڈرومیلیا (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا جنون جس میں انسان ڈوب کر مر جانے کا خواہشمند ہوتا ہے۔

ہائیڈروجن (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کی گیس جو ہوا سے ہلکی ہوتی ہے۔

ہپناٹزم (ای) اسم مذکر 1 عمل تنویم 2 مسمریزم 3 عمل توجہ 4 ایک عمل جس میں کسی شخص پر نیند طاری کر کے اس کے ذہن میں چھپی ہوئی باتیں پوچھی جاتی ہیں۔

## ہ ← ب

ہباڈبا (ہ) اسم مذکر 1 مسان کی بیماری 2 لڑکوں کی شدت کی کھانسی۔

ہبا (ہ) اسم مذکر 1 بہادری 2 دلیری 3 جرات 4 ہمت 5 حوصلہ 6 کھاتی 7 ہیاؤ۔

ہبڑا (ہ) اسم مذکر 1 بڑے بڑے دانتوں والا 2 بدشکل 3 کریہہ 4 بدصورت 5 بھدا 6 بدوضع۔

ہبل (ع) اسم مذکر۔ مکہ کے زمانہ جہالت کے ایک بت کا نام ہے۔

ہبنق (ع) اسم صفت 1 چھوٹے قد کا احمق 2 مودھو 3 جانگلو 4 سڑی 5 باؤلا۔

ہبوب (ع) اسم مذکر 1 ہوا کا چلنا 2 وزیدن۔

ہبوط (ع) اسم مذکر 1 نیچے اترنا 2 نازل ہونا 3 پست زمین 4 پستی 5 نشیب 6 بیماری کا دبلاپن 7 نقصان 8 خسارہ۔

ہبہ (ع) اسم مذکر 1 بخشش 2 انعام 3 عطا 4 عطیہ 5 خیرات 6 دان پن 7 وقف 8 مرحمت۔

ہبہ کرنا (ا) فعل 1 مرحمت کرنا 2 بخشنا 3 عنایت کرنا 4 وقف کر دینا۔

ہبہ نامہ (عف) اسم مذکر۔ وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کے بخش دینے کا اقرار لکھا جائے۔

## ہ ← پ

ہپ (ہ) اسم مونث صوت 1 نگلنے کی آواز 2 ہڑپ۔

ہپ کر جانا (ہ) فعل 1 کھا جانا 2 نگل جانا 3 کسی کا مال ہضم کر جانا 4 مار لینا 5 غصب کر لینا۔

ہپ ہپ (ہ) اسم مونث 1 جلد جلد نگلنے کی آواز 2 پوپلوں کے بولنے کی آواز۔

ہپ ہپ کرنا (ہ) فعل 1 پوپلوں کی طرح کھانا 2 بوڑھوں کی طرح منہ سے آواز نکالنا۔

ہپا (ہ) اسم مذکر 1 پوپلوں کے کھانے کی چیز 2 نرم چارہ 3 گداز کھچڑی 4 بچوں کا کھانا۔

ہپو (ا) اسم مذکر 1 افیون کی گولی 2 افیون 3 افیم۔

ہپو (ہ) اسم مونث 1 پوپلی عورت 2 نہایت بڑھیا عورت 3 نگل جانے والی عورت 4 ہڑپ کر جانے والی عورت۔

ہپ ہپانا (ہ) فعل 1 ہانپنا 2 لمبے لمبے سانس لینا۔

ہپوپوٹیمس (ای) اسم مذکر۔ ایک قسم کا دریائی بھینسا جس کا منہ بہت بڑا ہوتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

**ہپی** (ای) اسم مذکر۔ یورپ کے لوگوں کا ایک گروہ جو ہر قسم کی سماجی قدروں سے بے نیاز ہو کر زندگی گزارنے کا حامی اور ذہنی تسکین کے لیے نشہ آور چیزوں کا استعمال جائز سمجھتا ہے۔

**ہپی ازم** (ای) اسم مذکر۔ ہپی لوگوں کا نظریہ حیات۔

## ہ ← ت

**ہت** (ہ) کلمہ نفرت ① پرے ہٹ ② الگ ہو ③ چل دور ہو۔

**ہت تری / ہت ترے کی** (ہ) کلمہ خطاب۔ ہت تری ایسی تیسی کا مخفف ہے جو گالی اور بددعا کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

**ہت تری ایسی تیسی کی** (متعلق فعل) ہت تری یوں توں کروں ① خدا تراخانہ خراب کرے ② بددعا اور گالی کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

**ہت** (ہ) اسم مذکر ① سچی دوستی ② پیار ③ الفت ④ محبت ⑤ پریت ⑥ اخلاص ⑦ چاہ ⑧ بھلائی ⑨ دل۔

**ہتکار / ہتکاری** (ہ) اسم صفت ① بھلا چاہنے والا ② خیر خواہ ③ سجن ④ متر ⑤ داتا ⑥ دیاوان ⑦ دیالو ⑧ سخی ⑨ کریم۔

**ہتا / ہتھا** (ہ) اسم مذکر ① موٹھ ② قبضہ ③ دستہ ④ گرفت ⑤ قابو ⑥ داؤں ⑦ وار ⑧ ہاتھ کے پاس۔

**ہتا جوڑی** (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا ناچ ہے ② جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہیں۔

**ہتا مارنا / ہتھا مارنا** (ہ) فعل ① چرا لینا ② چوری کرنا ③ ہاتھ مارنا ④ مال مارنا۔

**ہتری / ہتھڑی** (ہ) اسم مونث ① ہاتھ کی تحقیری تصغیر ② چھوٹا دستہ ③ موٹھ ④ دستی۔

**ہتک** (ع) اسم مونث ① رسوائی ② ذلت ③ خواری ④ پردہ دری ⑤ گستاخی ⑥ بے حرمتی ⑦ بے ادبی۔

**ہتو** (ہ) اسم مذکر ① دوست ② محب ③ خیر خواہ ④ ہی خواہ ⑤ خالص اور پکا دوست۔

**ہتوڑا** (ہ) اسم مذکر ① لوہاروں کا لوہا کوٹنے کا اوزار ② لوہے کی موگری ③ مارتول۔

**ہتوتی / ہتھوتی** (ہ) اسم مونث ① دستکاری ② عادت ③ چالاکی ④ عیاری۔

**ہتوڑی** (ہ) اسم مونث ① ہتوڑا کی تذکیر و تانیث ② لوہے کی چھوٹی سی موگری ③ چھوٹا ہتوڑا۔

**ہتھ** (ہ) اسم مذکر ① ہاتھ کا مخفف ہے ② کر ③ ہاتھ ④ دست ⑤ ہینڈ۔

**ہتھ ادھار** (ہ) اسم مذکر ① وہ قرض جو گرو رکھے بغیر کسی کے اعتبار پر دیا جائے ② قرض حسنہ ③ دستگرداں قرض۔

**ہتھ پھیری** (ہ) اسم مونث ① کسی کے بدن پر ہاتھ پھیرنا ② مساس ③ مجازاً غبن ④ صفایا ⑤ دستبرد ⑥ بہت سا کھانا ⑦ ہاتھ کی چالاکی ⑧ عیاری ⑨ شعبدہ بازی۔

**ہتھ کڑی / ہتکڑی** (ہ) اسم مونث۔ مجرم کے ہاتھ میں ڈالنے کی آہنی زنجیر یا کڑا۔

**ہتھ کل** (ہ) اسم مونث ① کواڑ کی دستی یا موٹھ ② دستی ③ کھٹکا ④ دروازے کی بلی۔

**ہتھ کنڈا** (ہ) اسم مذکر ① ہاتھ کا کرتب ② ہاتھ کی چالاکی ③ دستکاری ④ شعبدہ بازی ⑤ ہتوتی ⑥ اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز ⑦ فریب ⑧ چالاکی۔

**ہتھ نال** (ہ) اسم مونث ① ہاتھی پر لے جانے کی ایک قسم کی چھوٹی سی توپ ② فیل باتری۔

**ہتھنی** (ہ) اسم مونث ① ہاتھی کی مادہ ② ہتنی ③ مجازاً بڑی موٹی اور فربہ اندام عورت۔

**ہتھواسنا** (ہ) فعل ① تلوار سونتنا ② تلوار کھینچنا۔

**ہتھی** (ہ) اسم مونث ① گھوڑا صاف کرنے کا برش ② دستی ③ موٹھ۔

**ہتھے چڑھنا** (ہ) فعل ① قابو چڑھنا ② ہاتھ لگنا ③ داؤں پر چڑھنا۔

**ہتھیا** (ہ) اسم مذکر ① چاند کا تیرھواں گھر ② برسات کی چند روزہ شدت کی بارش ③ اسوج کے شروع کی جھڑی۔

**ہتھیار** (ہ) اسم مذکر ① اوزار ② راچھ ③ کام کرنے کے آلات ④ سامان جنگ ⑤ آلات جنگ ⑥ اسلحہ۔

**ہتھیار بند** (ا) اسم مذکر ① ہتھیار لگائے ہوئے ② مسلح۔

**ہتھیار ڈال دینا** (ہ) فعل ① اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا ② ہار

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

مان لینا ❸ شکست تسلیم کر لینا۔

ہتھیار لگانا (ہ) فعل ❶ ہتھیار باندھنا ❷ مسلح ہونا۔

ہتھیا لینا / ہتیا لینا (ہ) فعل ❶ مار لینا ❷ قبضہ کر لینا ❸ قابض ہو جانا ❹ غصب کر لینا۔

ہتھیانا / ہتیانا (ہ) فعل ❶ ہاتھ میں لے لینا ❷ قبضہ کرنا ❸ غصب کرنا ❹ دبانا ❺ قابض ہونا ❻ مار رکھنا ❼ کسی کا مال قابو کر لینا۔

ہتیا (ہ) اسم مونث ❶ قتل ❷ خون ❸ پاپ ❹ گناہ ❺ عذاب ❻ دکھ ❼ ادھ موا۔

ہتیا پلے باندھنا / مول لینا (ہ) فعل ❶ پاپ خریدنا ❷ گناہ بسانا ❸ تکلیف دہ چیز کو لینا۔

ہتیا کرنا (ہ) فعل ❶ خون کرنا ❷ جان لینا ❸ قتل عمد کرنا۔

ہتیار (ہ) اسم مذکر۔ دیکھو (ہتھیار)۔

ہتیارا (ہ) اسم مذکر فاعل ❶ ہتیا کرنے والا ❷ خونی ❸ جلاد ❹ سفاک ❺ پاپی ❻ گنہگار ❼ ظالم ❽ بے انصاف ❾ ان نیائی۔

ہتیاری (ہ) اسم مونث۔ ہتیارا کی تانیث۔

ہتھیلی / ہتیلی (ہ) اسم مونث ❶ کف دست ❷ ہاتھ کا گڑھا ❸ پنجہ کا اندر کا حصہ ❹ تالی ❺ ہاتھوں کے بجانے کی آواز۔

ہتھیلی پر رکھنا (ہ) فعل ❶ سامنے رکھنا ❷ پاس رکھنا ❸ تیار رکھنا ❹ ہاتھ میں موجود رکھنا۔

ہتھیلی پر سر رکھنا / رکھ لینا (ا) فعل ❶ سر سے کفن باندھ کر مرنے کو تیار ہونا ❷ آمادہ مرگ ہونا۔

ہتھیلی پر سرسوں جمانا (ہ) فعل ❶ کوئی کام ایسی جلدی کرنا کہ جس سے عقل حیران ہو جائے ❷ سخت مشکل کام بڑی پھرتی اور چالاکی سے کر دینا۔

ہتھیلی پر سر لئے پھرنا / سر رکھے پھرنا (ا) فعل ❶ مرنے کو پھرنا ❷ جان دینے کو پھرنا ❸ ہر وقت مرنے کو تیار رہنا۔

ہتھیلی دینا (ہ) فعل ❶ سہارا دینا ❷ مدد دینا ❸ سر پکڑنا ❹ کر تھامنا ❺ برے کام میں سہارا دینا۔

ہتھیلی کا پھپھولا (ہ) اسم مذکر ❶ ہتیلی کا چھالا ❷ ذرا سی چوٹ سے ٹوٹ جانے والا ❸ پکا پھوڑا ❹ سخت رنج و تکلیف کا سبب ❺ دکھ کی لوٹ۔

ہتھیلی کھجانا / کھجلانا (ہ) فعل ❶ ہتیلی میں خارش ہونا ❷ روپیہ ہاتھ آنے کا شگون ہونا۔

ہتھیلی میں چور پڑنا (ہ) فعل ❶ مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا ❷ ہتیلی میں سفیدی رہ جانا ❸ مہندی کا یکساں نہ لگنا۔

**ھ ← ٹ**

ہٹ (ہ) اسم مونث ❶ اڑ ❷ ضد ❸ اصرار ❹ مخالفت ❺ سرکشی ❻ (بصورت فعل) سرک ❼ پرے ہو ❽ کھسک۔

ہٹ پر آ جانا (ہ) فعل ❶ ضد پر آ جانا ❷ اڑ جانا ❸ اپنے والی پر آ جانا۔

ہٹ دھرم (ہ) اسم صفت ❶ بے انصاف ❷ بے ایمان ❸ ان نیائی ❹ ظالم ❺ حق ناشناس ❻ بد معاملہ ❼ ضدی ❽ اڑیل ❾ احسان فراموش۔

ہٹ دھرمی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بے انصافی ❷ بے ایمانی ❸ ظلم ❹ حق تلفی ❺ سخن پروری ❻ بد معاملگی۔

ہٹ رکھنا (ہ) فعل ❶ اپنا کہا کرنا ❷ اپنی ضد پوری کرنا۔

ہٹ کرنا (ہ) فعل ❶ ضد کرنا ❷ اصرار کرنا ❸ اڑنا ❹ سخن پروری کرنا۔

ہٹا کٹا (ہ) اسم صفت ❶ موٹا تازہ ❷ تندرست ❸ توانا ❹ قوی ہیکل ❺ فربہ اندام ❻ سنڈ مسٹنڈ۔

ہٹانا (ہ) فعل ❶ پرے کرنا ❷ سرکانا ❸ کھسکانا ❹ واپس کرنا ❺ پھیرنا ❻ لوٹانا ❼ روکنا ❽ ملتوی کرنا ❾ شکست دینا۔

ہٹ پرے (ہ) کلمہ تنفر ❶ دور ہو ❷ چل پرے۔

ہڑتال / ہڑتال (ہ) اسم مونث ❶ تمام دکانوں کو بند کرنا ❷ کسی حاکم کے ظلم یا وفات کے وقت تمام دکانوں کو بند کر کے تالا لگا دینا۔

ہٹنا (ہ) فعل ❶ پرے ہونا ❷ سرکنا ❸ کھسکنا ❹ شکست کھانا ❺ پسپا ہونا ❻ لوٹنا ❼ پھرنا ❽ واپس ہونا ❾ گائے یا بھینس وغیرہ کا دودھ یا جننے سے رہ جانا۔

ہٹوا / ہٹوالیا (ہ) اسم مذکر ❶ دکاندار ❷ دکان کرنے والا۔

ہٹی (ہ) اسم مونث ❶ دکان ❷ ہاٹ ❸ ہٹ ❹ بازار ❺ (بحالت اسم صفت) ضدی ❻ ہٹیلا۔

Join us on whatsapp Naveed BaiG 03149077218

www.besturdubooks.net

ہٹی کٹی (ہ) اسم صفت ❶ ہٹا کٹا کی تانیث ❷ موٹی تازی ❸ نہایت مضبوط اور تنومند۔
ہٹیلا (ہ) اسم صفت ❶ ضدی ❷ اڑیل ❸ بات کی پچ کرنے والا ❹ مچلا۔
ہٹیلی (ہ) اسم صفت ❶ ہٹیلا کی تانیث ❷ ضدن ❸ مچلی۔

ہ ← ج

ہجا (ء) اسم مذکر۔ اعراب کے ذریعہ حرفوں کو ملا کر ظاہر کرنا۔
ہجر (ء) اسم مذکر ❶ علیحدگی ❷ جدائی ❸ مفارقت۔
ہجراں (ء) اسم مذکر ❶ مزید علیہ از ہجر ❷ جدائی ❸ علیحدگی ❹ مفارقت۔
ہجراں نصیب (ا) اسم مذکر ❶ برہ کا مارا ❷ فراق زدہ ❸ وہ شخص جس کی قسمت میں دوست سے جدا رہنا لکھا ہو۔
ہجرت (ء) اسم مونث ❶ جدائی ❷ مفارقت ❸ چھوڑنا ❹ وطن کو ہمیشہ کے لئے خیر باد کہنا۔
ہجری (ء) اسم مونث بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ ہجرت ❷ وہ سال جو رسول کریم صلعم کے بحکم خدا مکہ معظمہ کو چھوڑ کر مدینہ منورہ کو تشریف لے جانے سے شروع ہوتا ہے۔
ہجو (ء) اسم مونث ❶ برائی ❷ بدگوئی ❸ نظم میں برا کہنا ❹ غیبت ❺ بدگوئی کی نظم۔
ہجو کرنا (ا) فعل ❶ ملامت کرنا ❷ نظم میں برا کہنا ❸ بدگوئی کرنا ❹ برائی بیان کرنا۔
ہجوم (ء) اسم مذکر ❶ بھیڑ کرنا ❷ ازدحام کرنا ❸ ہنگامہ کرنا۔
ہجے (ہ) اسم مذکر۔ اعراب کے ذریعہ حرف کو حرف سے ملانا۔
ہجے کرنا (ا) فعل ❶ حرفوں کو جوڑنا ❷ اعراب سے لفظ کو ادا کرنا ❸ رک رک کر بولنا ❹ ہکلا کر باتیں کرنا۔
ہجے نکالنا / ہجے ملانا (ا) فعل ❶ ہجے کرنا ❷ عیب نکالنا ❸ نقص نکالنا ❹ حجت نکالنا ❺ مین میکھ نکالنا ❻ سقم نکالنا۔

ہ ← چ

ہچر مچر (ہ) اسم مونث ❶ پس و پیش ❷ جھجک ❸ دھکڑ پکڑ ❹ رکاوٹ ❺ آگا پیچھا سوچنا۔
ہچر مچر کرنا / ہچر مچر لانا (ہ) فعل ❶ کشش و پنچ کرنا ❷ تامل کرنا ❸ پس و پیش کرنا ❹ ٹال مٹول کرنا ❺ جھجکنا ❻ لیت و لعل کرنا۔
ہچکچانا (ہ) فعل ❶ شک و شبہ کرنا ❷ وہم کرنا ❸ آگا پیچھا سوچنا ❹ کاہلی کرنا ❺ سستی کرنا ❻ تامل کرنا ❼ متردد ہونا۔
ہچکنا (ہ) فعل ❶ تذبذب میں ہونا ❷ جھجکنا ❸ پس و پیش کرنا ❹ رکنا ❺ تامل کرنا ❻ ڈرنا ❼ ڈگمگانا۔
ہچکولا (ہ) اسم مذکر ❶ دھکا ❷ جھٹکا ❸ جنبش ❹ دھچکا۔
ہچکی (ہ) اسم مونث ❶ گلے سے رک رک کر نکلنے والی ہوا ❷ سانس کی وہ حالت جو نزع اور جانکنی کے وقت ہوتی ہے۔
ہچکی آنا (ہ) فعل ❶ نزع اور جانکنی کا وقت ہونا ❷ سانس رک رک کر نکلنا ❸ دم ٹوٹنا۔
ہچکی بندھ جانا (ہ) فعل۔ زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا۔
ہچکی لگنا (ہ) فعل ❷ اخیر وقت ہونا ❸ نزع کا عالم ہونا ❹ کثرت سے ہچکیاں آنا ❺ دم ٹوٹنا۔
ہچکیاں (ہ) اسم مونث۔ ہچکی کی جمع۔
ہچکیاں آنا (ہ) فعل ❶ دم ٹوٹنا ❷ سانس اکھڑنا ❸ نزع کا وقت آنا۔
ہچکیاں بندھ جانا (ہ) فعل۔ حالت نزع یا زیادہ رونے سے ہچکیوں کا متواتر آنا۔

ہ ← د

ہدایا (ء) اسم مذکر ❶ ہدیہ کی جمع ❷ تحفے ❸ نذریں ❹ نذرانے ❺ بھینٹ ❻ پیشکش۔
ہدایت (ہ) اسم مونث ❶ راہ دکھانا ❷ راہ نیک ❸ فہمائش ❹ رہبری ❺ رہنمائی۔
ہدایت پانا (ا) فعل ❶ سیدھے راستہ پر آنا ❷ فہمائش پانا ❸ راہ راست حاصل ہونا۔
ہدایت کرنا (ا) فعل ❶ سیدھا راستہ دکھانا ❷ رہنمائی کرنا ❸ سمجھانا ❹ سکھانا ❺ طریقہ بتانا۔

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**ہدایت نامہ** (عف) اسم مذکر ① قانون ② قاعدہ ③ دستور العمل ④ وہ کتاب یا رسالہ جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں۔

**ہدف** (ع) اسم مذکر ① نشانہ ② زد ③ مار۔

**ہدف مارنا** (ا) فعل ① کوئی بڑا کام کرنا ② نشانہ درست لگانا ③ نشانہ مارنا۔

**ہدہد** (ع) اسم مذکر ① کٹھ پھوڑا ② کھٹ بڑھئی ③ مرغ سلیمان ④ ایک مشہور خوبصورت پرندہ جس کے سر پر تاج ہوتا ہے۔

**ہدیہ** (ع) اسم مذکر ① تحفہ ② نذرانہ ③ بھینٹ ④ نذر ⑤ انعام ⑥ ختم قرآن شریف کی ایک رسم ⑦ کلام اللہ کی قیمت ⑧ قیمت قرآن شریف۔

**ہدیہ کرنا** (ا) فعل ① پیش کرنا ② تحفہ دینا ③ قرآن شریف فروخت کرنا۔

## ہ ← ڈ

**ہڈا** (ہ) اسم مذکر ① ہڈی سے اسم مکبر ② بڑی ہڈی ③ گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے کے جوڑ کے قریب ایک ہڈی بڑھ جاتی ہے جس سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے۔

**ہڈی** (ہ) اسم مونث ① استخوان ② گاجر کے اندر کی سخت چیز۔

**ہڈی پسلی توڑنا** (ہ) فعل ① نہایت سخت مارنا ② سخت مار پیٹ کرنا ③ بہت زدوکوب کرنا۔

**ہڈی ہڈی چور چور ہونا** (ہ) فعل ① نہایت تھکنا ② تھک کر چور چور ہونا ③ ہر ہڈی کا چور چور ہو جانا۔

**ہڈے** (ہ) اسم مذکر ① ہڈا کی جمع ہے ② استخوہا۔

**ہڈے موتر سے نکل آنا** (ہ) فعل ① گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں گھٹنے کے جوڑ کے پاس ہڈی اور غدود کا نمودار ہونا جس سے گھوڑا لنگڑانے لگتا ہے ② نہایت لاغر اور دبلا ہو جانا۔

**ہڈیا پیلنا** (ہ) فعل ① بہت محنت کرنا ② زحمت اٹھانا ③ سخت محنت مزدوری کرنا۔

**ہڈیاں توڑنا** (ہ) فعل ① خوب پیٹنا ② بھرکس نکالنا ③ مار مار کے کچومر نکالنا۔

**ہڈیلا** (ہ) اسم صفت ① ہڈی دار ② استخوانی۔

**ہڈیوں کی مالا ہونا** (ہ) فعل ① نہایت لاغر ہو جانا ② سوکھ کر لقات تک لگ جانا ③ پیٹھ کے مہرے نظر آنے لگنا۔

## ہ ← ذ

**ہذا** (ع) اسم اشارہ ① یہ ② اس ③ ایں۔

**ہذر** (ع) اسم مذکر ① بہت بولنا ② بکواس ③ بک بک کرنا ④ ہذیان۔

**ہذیان** (ع) اسم مذکر ① مرض کے غلبہ کے وقت بیہوشی کی باتیں کرنا ② مرض میں بہکنا ③ شدت مرض میں ا ④ بیہودہ گوئی ⑤ ہرزہ سرائی۔

## ہ ← ر

**ہر** (س) اسم مذکر ① شیو جی ② مہادیو جی ③ ہل ④ قلبہ ⑤ وشن جی ⑥ وشنو جی ⑦ کرشن جی ⑧ مہاراج ⑨ خدا تعالے۔

**ہر بھجن** (ہ) اسم مذکر ① وشنو جی کا بھجن ② وشن جی کی عبادت۔

**ہر بھجنا** (ہ) فعل ① خدا کا نام لینا ② مالا جپنا ③ تسبیح پھیرنا۔

**ہر بھگت** (ہ) اسم مذکر۔ وشنو جی کی پرستش کرنے والا۔

**ہر** (ف) اسم صفت ① ایک کلمہ ہے جو حصر کے فائدہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے ② تمام اور کل افراد میں شامل ③ ایک ایک ④ ہر ایک ⑤ ہر کس ⑥ فی کس ⑦ کوئی۔

**ہر آن** (ا) تابع فعل ① ہر دفعہ ② ہر طرح ③ ہر گھڑی ④ ہر وقت۔

**ہر ایک** (ا) تابع فعل ① ہر شخص ② ہر بشر ③ ایک ایک۔

**ہر آئینہ** (ف) تابع فعل ① البتہ ② ضرور ③ بے کھٹکے ④ بالضرور ⑤ ہر چند۔

**ہر بابو/ ہر بابی** (ا) اسم صفت فاعلی ① ہر کام میں دخل رکھنے والا ② ہر فن سے واقف ③ چاتر ④ نہایت چالاک ⑤ ہوشیار ⑥ عیار ⑦ کماؤ ⑧ ہرجائی ⑨ ہر ایک کا دوست بن جانے والا۔

**ہر بار** (ف) تابع فعل ① ہر دفعہ ② گھڑی گھڑی ③ آئے دن ④ مدام ⑤ سدا ⑥ ہمیشہ۔

**ہرجائی** (ف) اسم صفت بیائے فاعلیت ① وہ چیز جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے ② ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنے والا ③ آوارہ گرد ④ بے مروت ⑤

Join us on Whatsapp Naveed Pal Co 0314 4907218

بے وفا❻ ہر دیگچی چمچہ ❼ متلون مزاج۔

**ہرجائی پن/ ہرجائی پنا** (ا) اسم مذکر مصدری❶ عیاری❷ چالاکی❸ آوارہ گردی❹ بے مروتی۔

**ہرجگہ** (ا) تابع فعل ❶ ہر کہیں ❷ ہر موقع پر۔

**ہر جیسے کو تیسا** (ا) محاورہ۔ جیسا کوئی ہوتا ہے ویسا ہی اسے آگے مل جاتا ہے۔

**ہرچند** (ف) تابع فعل ❶ جتنا کچھ ❷ جس قدر ❸ کتنا ہی ❹ کیسا ہی ❺ بہتیرا۔

**ہرچہ گیرید مختصر گرید** (ف) مقولہ ❶ تھوڑی سی چیز پر قناعت کرو ❷ زیادہ کی ہوس نہ کرو۔

**ہر حال میں** (ا) تابع فعل ❶ ہر حالت میں ❷ ہر طرح ❸ بہر حال ❹ ہر چند ❺ بہرکیف ❻ بہرصورت۔

**ہر دفعہ** (فع) تابع فعل ❶ ہمیشہ ❷ ہر وقت ❸ ہر بار ❹ ہر موقع پر۔

**ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا** (ا) محاورہ۔ کامیابی اور فائدہ ہمیشہ نہیں ہوا کرتا کبھی خلاف بھی ہو جاتا ہے۔

**ہردلعزیز** (ف) اسم صفت ❶ عام پسند ❷ سب کا پیارا ❸ وہ شخص جسے ہر آدمی عزیز رکھے۔

**ہر دم** (ف) تابع فعل ❶ ہر گھڑی ❷ ہر آن ❸ ہر وقت ❹ ہر لحہ ❺ ہر دفعہ ❻ ہر بار۔

**ہر دیگچی چمچہ** (ا) اسم صفت ❶ ہرجائی ❷ ہر ایک کے پاس آنے جانے والا ❸ طفیلی ❹ مفت خورا ❺ خوشامدی ❻ ہر کام میں اور ہر بات میں دخل دینے والا۔

**ہر روز** (ف) تابع فعل ❶ ہمیشہ ❷ آئے دن ❸ سدا ❹ نت ❺ روزمرہ ❻ بلاناغہ۔

**ہر روز نیا کنواں کھودنا اور نیا پانی پینا** (ا) محاورہ۔ روز کمانا روز کھانا۔

**ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے** (ف) مثل ❶ ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا۔

**ہر سال** (ف) تابع فعل ❶ سالانہ ❷ برس کے برس ❸ سال بسال ❹ ہر ایک سال۔

**ہر طرح** (فع) تابع فعل ❶ بہر حال ❷ بہرصورت ❸ ہر ایک ڈھنگ سے۔

**ہر طرف** (فع) تابع فعل ❶ سب طرف ❷ ہر جانب ❸ ہر سمت۔

**ہر فرعونے را موسے** (ف) مثل۔ ایک پر ایک غالب ہے۔

**ہر فن مولا** (ا) ہر فن جاننے والا ❶ ہر بابی ❷ ہر کام میں طاق ❸ جگت گرو۔

**ہرکارہ** (ف) اسم مذکر ❶ چٹھی رساں ❷ ڈاکیا ❸ قاصد ❹ مذکوری ❺ چپڑاسی ❻ ہر کام کرنے والا ❼ پیادہ ❽ مخبر ❾ جاسوس۔

**ہرکس بخیال خویش خبطے دارو** (ف) مثل۔ ہر ایک آدمی اپنے خیال میں اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔

**ہر کس و ناکس** (ف) اسم مذکر ❶ ہر ایک آدمی ❷ ہر ادنیٰ اعلےٰ ❸ عوام الناس۔

**ہر کسی سے** (ا) تابع فعل ❶ ہر ایک سے ❷ ہر ایک انسان سے ❸ ہر آدمی سے۔

**ہر کہ آمد عمارت نو ساخت** (ف) مثل۔ ہر شخص اپنے خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔

**ہر کہ درکان نمک رفت نمک شد** (ف) مثل۔ جو جیسی صحبت میں ہوگا ویسا ہی ہو جائے گا

**ہرگاہ** (ف) تابع فعل و حرف شرط ❶ چونکہ ❷ جب ❸ جس وقت ❹ جس گھڑی ❺ جس حال میں۔

**ہر نوالہ بسم اللہ** (ا) محاورہ ❶ کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی بسم اللہ کہہ کر آ بیٹھنے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں ❷ ہر نوالہ پر موجود ہو جانے والا ❸ بے حیا ❹ بے غیرت ❺ امیروں کا خوشامدی ❻ ہر لقمہ پر بسم اللہ کہہ کر خدا کا شکر کرنا۔

**ہر وقت** (فع) تابع فعل ❶ ہر گھڑی ❷ ہر آن ❸ بارہا ❹ اکثر اوقات ❺ ہر موقع پر۔

**ہر ہر** (ف) تابع فعل۔ ہر ایک۔

**ہُر** (ہ) اسم مونث صوت۔ پرندوں کے اڑنے کی آواز۔

**ہُر ہو جانا** (ہ) فعل ❶ اڑ جانا ❷ کافور ہو جانا ❸ غائب ہو جانا ❹ سارا روپیہ اڑ جانا ❺ کچھ باقی نہ رہنا۔

**ہُرا** (ہ) اسم مذکر ❶ فوج کا پھیلاؤ ❷ آواز۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ہُرا (ای) اسم مذکر 1 خوشی کی آواز 2 جے جے 3 واہ وا 4 شاباش 5 مرحبا 6 کیا خوب (فارسی میں) شوروغل 7 دہشت ناک آواز 8 خوف 9 ڈر۔

ہُرا (ہ) اسم مذکر 1 ہڑ 2 ہلیلہ۔

ہَرا (ہ) اسم صفت 1 سبز 2 سبز رنگ کا 3 دھانی 4 سرسبز و شاداب 5 تروتازہ 6 کچا 7 آلا جیسے ہر پھل 8 ہرا زخم 9 (بحالت اسم مذکر) ایک قسم کا سبزہ جو گیہوں کے کھیتوں میں پیدا ہوتا اور ڈنگروں کو کھلانے کے کام آتا ہے۔

ہرا بھرا (ہ) اسم صفت 1 سرسبز و شاداب 2 تروتازہ 3 زرخیز 4 بار آور 5 سیر حاصل 6 پھلتا پھولتا 7 پھلا پھولا 8 بامراد 9 کامیاب۔

ہرا ہو جانا (ہ) فعل 1 سبز ہو جانا 2 زخم تازہ ہو جانا 3 گھاؤ کا آلا ہو جانا 4 زخم کا پھر سے بھر جانا 5 خوش ہو جانا 6 مگن ہو جانا 7 آنند ہونا 8 باغ باغ ہو جانا۔

ہراس (ف) اسم مونث 1 ڈر 2 خوف 3 دہشت 4 بھے 5 بیم 6 ناامیدی 7 مایوسی۔

ہراس آنا (ا) فعل 1 ڈر لگنا 2 خوف آنا 3 دہشت لگنا۔

ہراساں (ف) اسم صفت بصیغہ حالیہ 1 خوف زدہ 2 ڈرا ہوا 3 خوفناک 4 مایوس 5 ناامید۔

ہَرانا (ہ) فعل 1 مات دینا 2 بازی دینا 3 سر کرنا 4 جتانا کی ضد 5 شکست دینا 6 مغلوب کرنا 7 تھکانا 8 مضمحل کر دینا۔

ہرآنی جتانی کرنا (ا) فعل 1 حیران کرنا 2 دق کرنا 3 تنگ کرنا 4 ستانا 5 عاجز آنا 6 امتحان لینا۔

ہراول (ت) اسم مذکر 1 وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے چلے 2 لشکر کا پیش خیمہ 3 آگے کی فوج کا سردار۔

ہڑبونگ (ہ) اسم مذکر فاعل 1 ہنگامہ 2 غدر 3 افراتفری 4 کھلبلی 5 بدعملی 6 ہلچل۔

ہڑبونگ مچانا (ہ) فعل 1 شوروغل مچانا 2 اودھم مچانا 3 اندھیرا مچانا 4 ہنگامہ برپا کرنا۔

ہرپھاریوڑی (ہ) اسم مونث۔ پورب کے ایک ترش پھل کا نام ہے۔

ہرپھر کے / ہر پھر کر (ہ) تابع فعل 1 پھر پھرا کے 2 آخر کو 3 آخر کار 4 بالآخر 5 مجبور ہو کر 6 بار بار 7 ہر گھڑی 8 ہر دفعہ۔

ہرتے پھرتے (ہ) تابع فعل 1 چلتے پھرتے 2 آتے جاتے 3 ادھر ادھر سے 4 آتے جاتے 5 کبھی کبھار 6 کبھی کبھی 7 گاہے گاہے۔

ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ) اسم مونث 1 آتی جاتی چھاؤں 2 ایک جگہ نہ رہنے والی چیز جیسے دولت ہرتی پھرتی چھاؤں ہے۔

ہرج (ع) اسم مذکر 1 بکھیڑا 2 بلوہ 3 دنگا 4 فساد 5 گڑبڑی 6 خلل 7 نقصان 8 خسارہ۔

ہرج مرج (ع) شورش 1 بلوہ 2 فساد 3 دنگا 4 فتنہ و آشوب۔

ہرجانا (ہ) فعل 1 ہار جانا 2 بازی دے بیٹھنا 3 جیتنا کی ضد۔

ہرجانہ (ا) اسم مذکر 1 کام 2 حرج کرنے کا معاوضہ زر نقصان۔

ہرجہ (ہ) اسم مذکر 1 ٹوٹا 2 نقصان 3 خسارہ 4 ہرجانہ۔

ہردا (ہ) اسم مذکر 1 دل 2 من 3 ہیا 4 چت 5 قلب 6 ضمیر 7 مجازاً جگر 8 کلیجہ۔

ہرداول (ہ) اسم مونث۔ گھوڑے کے سینے کے بیچ کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔

ہردے کرنا (ہ) فعل 1 زیادتی کرنا 2 ازبر کرنا 3 حفظ کرنا 4 حفظ کرنا۔

ہرزہ (ف) اسم صفت 1 بیہودہ 2 اوٹ پٹانگ 3 نامعقول 4 لغو 5 پوچ۔

ہرزہ درآئی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 ژٹل 2 بکواس۔

ہرزہ سرا (ف) اسم صفت فاعلی 1 بکواسی 2 بیہودہ گو۔

ہرزہ سرائی (ف) اسم مونث بیائے مصدری دیکھو (ہرزہ درآئی)۔

ہرزہ گرد (ف) اسم صفت فاعلی 1 آوارہ پھرنے والا 2 آوارہ گرد 3 بیہودہ پھرنے والا۔

ہرزہ گردی (ف) اسم مونث بیائے مصدری 1 آوارہ گردی 2 بیہودہ پھرنا 3 بے فائدہ پھرنا۔

ہرزہ گو (ف) اسم صفت فاعلی 1 بکواسی 2 ہرزہ سرا 3 بیہودہ گو۔

ہرگز (ف) تابع فعل 1 کبھی 2 کسی وقت 3 کبھی نہیں۔

ہرگز ہرگز (ف) تابع فعل 1 برائے تاکید 2 کبھی نہیں 3 کبھی بھی

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140772183

نہیں۔

ہرمجسطی (ای) اسم مونث (1) ملکہ معظمہ (2) بادشاہ بیگم کا خطاب۔

ہرمز (ف) اسم مذکر (1) ہر شمسی مہینے کے پہلے دن کا نام ہے (2) ایک فرشتے کا بھی نام ہے (3) نوشیرواں کے ایک بیٹے کا نام ہے (4) رب الارباب۔

ہرمزی (ء) اسم مونث (1) ہرمجی (2) ایک قسم کا گیرو (3) ایک قسم کی سرخ مٹی۔

ہرن (ہ) اسم مذکر (1) مرگ (2) مرگا (3) چکارا (4) آہو (5) ہرنا بمعنی چھین لینا (7) غزال


ہرن

ہرن کا چوکڑی بھرنا (ہ) فعل (1) ہرن کا زقند لگانا (2) چاروں پیر اٹھا کر چھلانگ مارنا۔

ہرن کا چوکڑی بھول جانا/ بھولنا (ہ) فعل (1) خوف یا گھبراہٹ سے ہرن کا اپنی پھرتی اور عام عادت کو بھول جانا (2) حواس باختہ ہونا (3) بے اوسان ہونا (4) سدھ نہ رہنا۔

ہرن ہو جانا (ہ) فعل (1) ہرن کی طرح جلدی بھاگ جانا (2) فرار ہو جانا (3) کافور ہو جانا (4) رفو چکر ہو جانا۔

ہرنا (ہ) اسم مذکر (1) زین کا اگلا ابھرا ہوا حصہ (2) کپڑے دھونے کا پانی (3) بارہ سنگا (4) نر ہرن (5) آہوئے نر۔

ہرنا (ہ) فعل (1) پکڑنا (2) لینا (3) گرفت کرنا (4) چھیننا (5) چھین لینا (6) چرانا (7) جوئے میں کسی چیز کا چلا جانا۔

ہرنوٹا (ہ) اسم مذکر (1) ہرن کا بچہ (2) آہو برہ۔

ہرنی (ہ) اسم مونث (1) ہرن کی مادہ (2) مادہ آہو۔

ہروتی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی بانس کی نہایت ٹھوس عمدہ اور وزنی لکڑی۔

ہری (ہ) اسم صفت (1) ہرا کی تانیث (2) سبز سے کاہی رنگ کی چیز (3) سرسبز و شاداب (4) تروتازہ۔

ہری بھری (ہ) اسم صفت (1) تروتازہ (2) سرسبز و شاداب (3) بارآور۔

ہری چگ (ہ) اسم صفت (1) دولت کا ساتھی (2) نبی کا یار (3) عمدہ اور لذیذ کھانوں پر ناخواندہ مہمان بن جانے والا (4) خودغرض (5) مطلبی۔

ہری کھیتی/ ہریل کھیتی (ہ) اسم مونث۔ سبز کھیتی جو ابھی پکی نہ ہو۔

ہری کھیتی گیا بھن گائے منہ پڑے جب جانی جائے (ہ) مثل (1) ہری کھیتی جب تک پک کر گھر نہ آ جائے اور گیا بھن گائے جب تک بچہ نہ جن لے تب تک بھروسہ نہیں یعنی جب مطلب حاصل ہو جائے تب جانیئے (2) جب کوئی کا انجام کو پہنچ جاوے تو خاطر جمع ہوتی ہے۔

ہریل کھیتی دیکھ کے کیوں بھولا کرسان جھولا جھٹکا بہت ہے گھر آئے سو جان (ہ) مثل (1) کسی کام کا آغاز عمدہ دیکھ کر مغرور نہیں ہونا چاہیئے (2) بخیر و خوبی انجام تک پہنچنے میں بہت سے موانعات پیش آ جایا کرتے ہیں (3) جب مطلب پورے طور پر حاصل ہو جائے تب خاطر جمع ہوا کرتی ہے۔

ہریا (ہ) اسم مذکر (1) ہرا (2) سبز (3) ہرا بھرا (4) سرسبز و شاداب (5) شاہی جنگل کا محافظ (6) ایک سبز رنگ کا پرندہ جو پکی کھیتی پر گرتا ہے (7) طوطا (8) طوطے اڑانے کی آواز (9) (بحالت اسم صفت) جنگلی۔

ہریا ہاتھی حاکم چور دونوں کے بگڑے اور نہ چھور/ ہریا ہاتھی حاکم چور ان کے بگڑے اور نہ چھور (ہ) مثل۔ جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم یا جنگلی ہاتھی حاکم اور چور کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں۔

ہریالا (ہ) اسم صفت (1) سرسبز و شاداب (2) خوش و خرم (3) تروتازہ (4) ہرا بھرا (5) نوجوان (6) نوعمر (7) شگفتہ (8) ایک قسم کا سبز چھوٹا پرندہ جسے مکھی مار بھی کہتے ہیں۔

ہریالی (ہ) اسم مونث (1) سبزی (2) ہریاول (3) طراوت (4) تروتازگی (5) دوب (6) ایک قسم کی عمدہ اور باریک گھاس (7) سندر نار (8) خوبصورت عورت۔

ہریانا (ہ) فعل (1) سرسبز ہو جانا (2) ہرا ہو جانا (3) شگفتہ و شاداب ہونا (4) (بحالت اسم مذکر) اونچا ملک (5) اونچی زمین (6) بانگر۔

ہریاول/ ہریائی (ہ) اسم مونث (1) سبزہ (2) سرسبزی (3) طراوت (4) تازگی (5) شادابی (6) مرغزار (7) چراگاہ (8) سبزہ زار (9) وہ جگہ جہاں سبزہ بکثرت ہو۔

ہرے پھرے (ہ) تابع فعل (1) ہر پھر کر (2) پھر پھرا کر (3) آخرکار۔

ہریسہ (ء) اسم مذکر (1) ایک قسم کی خوراک جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

یخنی اور دودھ سے پکائی جاتی ہے ② (اردو میں) نہایت گلا ہوا ③ گھلا ملا۔

ہریل (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا نہایت لذیذ گوشت والا فاختہ کے برابر پرندہ ہوتا ہے ② ایک قسم کا ہرا کبوتر بھی ہے (بحالت اسم صفت) ہرسبز ③ تروتازہ ④ شاداب ⑤ ہری بھری۔

ہرے میں آنکھیں ہونا (ہ) فعل ① فضول خرچ اور ناعاقبت اندیش ہونا ② امیری کے سبب فضول خرچی کی عادت پڑی ہوئی ہونا۔

ہریوا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کا طوطا ② سوا۔

## ہ ← ڑ

ہڑ (ہ) اسم مونث ① ایک قسم کا کسیلا پھل اور اس کا درخت ② ہلیلہ ③ ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ بنائی جاتی ہے یا ازار بند میں گوندھی جاتی ہے ④ ایک قسم کا زیور ⑤ مجرم کو قید کرنے کا پہاڑی کاٹھ ⑥ ایک قسم کا بڑا بھوت ⑦ چھلاوا ⑧ بھتنا ⑨ بھوتنا۔

ہڑ باندھنا (ہ) فعل ① ہڑ کی شکل کی گھنڈی بنانا۔

ہڑ بولنا (ہ) فعل ① مرنے کے بعد بھوتنا بن جانا ② بھوت بن جانا۔

ہُڑ (ہ) اسم مونث ① ہڈی ② استخوان۔

ہڑ (ہ) اسم صفت ① بیوقوف ② نادان ③ سادہ لوح ④ مودھو۔

ہڑا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی آتشبازی ② ہوائی بان۔

ہڑ بڑانا (ہ) فعل ① گھبرانا ② مضطرب ہو جانا ③ بے قرار ہو جانا ④ بوکھلانا ⑤ جلدی اور بیتابی ظاہر کرنا۔

ہڑ بڑی (ہ) اسم مونث ① کھلبلی ② ہلچل ③ بیقراری ④ اضطراب ⑤ گھبراہٹ ⑥ بوکھلاہٹ۔

ہڑ بڑی پڑنا (ہ) فعل ① ہلچل ہونا ② بھاگڑ پڑنا ③ کھلبلی مچنا۔

ہڑ بڑیا (ہ) اسم صفت فاعلی ① مضطرب ② بے چین ③ بے قرار ④ تاولا ⑤ جلد باز ⑥ تعجیل کار۔

ہڑپ (ہ) اسم مونث ① بغیر چبائے نگل جانا ② چبائے بغیر نگل جانے کی آواز۔

ہڑپ کر جانا (ہ) فعل ① اندر اتار جانا ② نگل جانا ③ کھا جانا ④ غبن کر لینا۔

ہڑپا (ہ) اسم مذکر۔ کسی چیز کو ایک ہی دفعہ منہ میں ڈال کر حلق میں اتار جانا۔

ہڑپا مارنا / لگانا (ہ) فعل ① ہپ کر جانا ② ایک ہی دفعہ حلق سے اتار جانا۔

ہڑتال (ہ) اسم مونث ① دوکانوں کا تالا لگا دینا ② کسی غم یا غصے کی وجہ سے بند کر دینا۔

ہڑتال کرنا (ہ) فعل ① دکانیں بند کرنا ② دکانوں کو قفل لگا دینا ③ ظلم حاکم یا سوگ کی علامتیں ظاہر کرنا۔

ہڑجوڑا (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کو پودا جس سے ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑی جاتی ہے۔

ہڑدنگا (ہ) اسم صفت مذکر ① بونگا ② بے شعور ③ بے عقل ④ بدسلیقہ ⑤ پھوہڑ ⑥ بغلول ⑦ شریر۔

ہڑونگی (ہ) اسم صفت مونث ① لڑاک ② جھگڑالو ③ دنگئی ④ پھوہڑ ⑤ بدسلیقہ عورت ⑥ آوارہ ⑦ بیہودہ ⑧ آوارہ گرد۔

ہڑک (ہ) اسم مونث ① کہاروں کے بجانے کا ایک باجہ ② جوش ③ تمنا ④ خواہش ⑤ شوق۔

ہڑک (ہ) اسم مونث ① لت ② عادت ③ دھت ④ باولے کتے یا گیدڑ کے کاٹے کی لہر ⑤ گیدڑ یا کتے کے زہر کا اثر ⑥ امنگ ⑦ شوق ⑧ ولولہ ⑨ جوش۔

ہڑک اٹھنا / ہڑک چڑھنا (ہ) فعل ① باولے کتے کے زہر کا اثر ظاہر ہونا ② کتے کی طرح بولنا اور کاٹنا ③ ولولہ اٹھنا ④ شوق چرانا ⑤ جوش آنا۔

ہڑک لگنا (ہ) فعل ① شوق لگنا ② دھت لگنا ③ کسی بات کی ضد چڑھنا۔

ہڑکا (ہ) اسم مذکر۔ کسی چیز کی جدائی کا غم۔

ہڑکانا (ہ) فعل ① ترسانا ② پھڑکانا ③ بیدل کرنا ④ کسی چیز کی جدائی سے رنج دینا۔

ہڑکائی (ہ) اسم صفت ① باولی ② پگلی ③ دیوانی ④ سگ گزیدہ عورت۔

ہڑکائی کتیا (ہ) اسم مونث ① باولی کتیا ② مست عورت ③ کاتک کی کتیا۔

ہڑکنا (ہ) فعل ① کسی جدائی میں بچوں کا مغموم اور افسردہ ہونا ② بچوں کا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140072218

www.besturdubooks.net

کسی کو یاد کرنا۔

ہڑکنا (ہ) فعل ① ترسنا ② بھڑکنا ③ مشتاق ہونا۔

## ز ← ہ

ہزار (ف) اسم عدد ① دس سو ② ۱۰۰۰ ③ وہ صد ④ (بحالت تابع فعل) ہر چند ⑤ جتنا کچھ ⑥ جس قدر ⑦ کیوں نہ۔

ہزار بار (ف) اسم صفت ① بارہا ② اکثر ③ بے انتہا ④ ہزار دفعہ۔

ہزار با (ف) اسم مذکر ① کنکھجورا ② کنسلائی۔

ہزار جان سے (ا) تابع فعل ① نہایت شوق سے ② بڑے ہی اشتیاق سے ③ ہزار جانوں سے۔

ہزار جان سے قربان ہونا (ا) فعل۔ کسی کا بے حد فریفتہ اور عاشق ہونا۔

ہزار چشم (ف) اسم مذکر ① کیکڑا ② سرطان ③ خرچنگ۔

ہزار چشمہ (ف) اسم مذکر ① سرطانی پھوڑا ② پیٹھ کا مہلک پھوڑا۔

ہزار حیف (فع) اسم مذکر ① ہزار افسوس ② صد افسوس۔

ہزار گلا (ہ) اسم مذکر ① گیندا ② گل صد برگ۔

ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو گھر بار کے ماسن توڑنے کو بہت ہے (ہ) فعل۔ ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام کر ہی جاتا ہے۔

ہزار منہ ہزار باتیں (ا) محاورہ۔ جتنے منہ اتنی ہی باتیں۔

ہزار نعمت اور ایک تندرستی (ا) مثل۔ تندرستی کے سامنے نعمت اور دولت کی کچھ حقیقت نہیں۔

ہزار ہاتھ کا بنکر آئے (ا) محاورہ ① کیسا عالی رتبہ ہو کر آئے ② کتنا ہی زبردست ہو کر آئے ③ محروم ہی رہے گا۔

ہزار ہاتھ میں (ا) محاورہ ① بہتیرے ہاتھ ہیں ② بے حد طریقے ہیں یعنی خدا تعالے دینے پر آئے تو بے انتہا رستے ہیں۔

ہزار/ ہزارہ (ا) اسم مذکر ① گل صد برگ ② ایک قسم کا گیندا ③ ایک قسم کا گل لالہ جو بہت بڑا ہوتا ہے ④ ایک سرحدی پہاڑی قوم کا نام ⑤ ایک شہر کا نام بھی ہے ⑥ ایک پہاڑی کا نام بھی ہے۔

ہزاروں گھڑے پانی کے پڑ گئے (ا) محاورہ ① نہایت شرمندہ ہو گیا ② شرم سے پسینے پسینے ہو گئے۔

ہزاروں میں (ا) تابع فعل ① صدہا لوگوں میں ② سینکڑوں میں ③ ضرور بالضرور ④ بلا مبالغہ ⑤ شرطی۔

ہزار ہا (ف) اسم مذکر ① ہزار کی جمع ② ہزاروں۔

ہزاری (ف) اسم مونث بیائے نسبتی ① منسوب بہ ہزار ② ہزار آدمیوں کا افسر ③ ہزار آدمیوں کی پلٹن ④ وہ شاہی عہدہ جس میں ہزاروں آدمیوں پر اختیار ہو۔

ہزاری بزاری (ا) اسم صفت ① ہر قسم کے لوگوں سے اتحاد رکھنے والا ② سفلہ ③ کمینہ ④ لچا ⑤ شہدہ ⑥ غیر معتبر۔

ہزاری روزہ (ف) اسم مذکر۔ ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ۔

ہزار عمر ہو (ا) کلمہ دعائیہ ① ہزار سال کی عمر ہو ② ہزار برس جیو۔

ہز لورڈ (ای) اسم مذکر ① حضور اعلےٰ ② خود بدولت۔

ہز ایکسیلنسی (ای) اسم مذکر ① حضور اعلےٰ ② حضور اقدس ③ نواب لفٹنٹ گورنر بہادر یا اسی درجہ کے حاکم یا رئیس کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

ہز ایگزالٹیڈ ہائی نس (ای) اسم مذکر ① یہ معزز خطاب سرکار انگلشیہ کی طرف سے نظام دکن کے لئے مخصوص ہے ② تقدس مآب۔

ہزبر (ء) اسم مذکر ① شیر ببر ② پھاڑ ڈالنے والا شیر۔

ہز رائل ہائی نس (ای) اسم مذکر۔ بادشاہی خاندان کے مرد ممبروں کا اعزازی لقب ہے۔

ہزل (ء) اسم مذکر ① بے ہودہ باتیں ② گالی گلوچ ③ مزاح ④ تمسخر۔

ہز میجسٹی (ای) اسم مذکر۔ یہ خطاب صرف بادشاہوں کے نام کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔

ہز ہائی نس (این) اسم مذکر ① حضور والا ② خداوند نعمت ③ حضور انور۔

ہز ہولی نس (ای) اسم مذکر۔ روما کے پوپ یا عیسائیوں کے بڑے مذہبی پیشوا کا اعزازی لقب۔

ہزیمت (ء) اسم مونث ① بھاگڑ ② ہار ③ شکست۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

ہزیمت اٹھانا(ا)فعل ①بھاگنا ②ہار جانا ③پسپا ہونا ④شکست کھانا۔

ہ ← ژ

ہژدہ (ف) اسم عدد ①اٹھارہ ②دس اور آٹھ ③مرا ہوا۔

ہژدہ ہزار عالم (فع) اسم مذکر۔ اٹھارہ ہزار قسم کی مخلوق۔

ہ ← س

ہست (س) اسم مذکر ①ہاتھ ②ید ③کر ④دست ⑤ہاتھی کی سونڈ ⑥کہنی سے لے کر بیچ کی انگلی کے سرے تک کی لمبائی ⑦تیرھواں نچھتر ⑦فیل ⑧ہاتھی سونڈ والا۔

ہست پال (س) اسم مزکر ①مہاوت ②فیلبان ③ہاتھی وان ④فوجدار۔

ہست (ف) اسم مونث ①ہستی ②قیام ③برقراری ④وجود ⑤زندگی ⑥جان ⑦زیست۔

ہست کرنا(ا)فعل ①موجود کرنا ②پیدا کرنا۔

ہست و بود (ف) اسم مونث ①دونوں مترادف ہیں ②حیات اور زندگی ③قیام و وجود۔

ہست و بود کرنا(ا)فعل ①زندگی بسر کرنا ②جینا ③عمر کاٹنا ④عمر کے دن پورے کرنا۔

ہست ہونا(ا)فعل ①موجود ہونا ②پیدا ہونا ③صورت پکڑنا۔

ہستناپور (ہ) اسم مذکر۔ دہلی کا پرانا نام ہے جس کو اندر پرست بھی کہتے ہیں۔

ہستنی (ہ) اسم مونث ①ہتھنی ②مادہ فیل ③کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم کا نام ہے۔

ہستی (ف) اسم مونث ①قیام ②زیست ③وجود ④زندگی کائنات ⑤موجودات ⑥مخلوقات ⑦حیات ⑧زندگی ⑨حیثیت۔

ہستی جاوداں (ف) اسم مونث ①ہمیشہ کی زندگی ②حیات ابدی ③بقائے دوام۔

ہستی موہوم/ دو روزہ (فع) اسم مونث ①دو دن کی زندگی ②خیالی زندگی ③چندروزہ زندگی۔

ہستی (س) اسم مذکر۔ ہاتھی فیل۔

ہسٹری (ای) اسم مونث ①علم تاریخ ②تاریخ حالات۔

ہسٹری شیٹ (ای) اسم مذکر ①اعمال نامہ ②وہ کاغذ جس پر کسی ملزم کے تفصیلی حالات اور اس کے گزشتہ جرائم درج ہوتے ہیں۔

ہیسٹریا (ای) اسم مذکر عورتوں کی ایک بیماری جس میں رحم میں خرابی کی وجہ سے پاگل پن یا بے ہوشی کے دورے پڑھنے لگتے ہیں۔

ہسیا (ہ) اسم مذکر ①ترکاری بنانے یا گھاس کاٹنے کا اوزار ②درانتی۔

ہ ← ش

ہش (ا) حرف ندا برائے صوت ①کتے کو دھتکارنے کی آواز ②پرندوں کے اڑانے اور ہنکانے کی آواز ③اونٹ کے بٹھانے کی آواز۔

ہشاش (ا) اسم صفت ①نہایت خوش ②شادمان ③دلشاد۔

ہشاش بشاش (ا) اسم صفت ①نہایت خوش و خرم ②باغ باغ ③ہنستا اور خوش ہوتا ہوا۔

ہُشت (ا) اسم صفت ①کتے بلی کے دھتکارنے کی آواز ②جھڑکنے کی آواز۔

ہشت (ا) کلمہ تحقیر ①اظہار نفرت کے لئے بولا کرتے ہیں یعنی یہ کلمہ زبان سے نہ کہہ ②فحش زبان پر نہ لانا۔

ہَشت (ف) اسم عدد۔ آٹھ۔

ہشت بہشت (ف) اسم مذکر ①آٹھوں بہشت یعنی خلد، دارالسلام، دار القرار، جنت عدن، جنت الماوٰی، جنت النعیم، علیین اور فردوس ②حضرت امیر خسرو دہلوی کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

ہشت پہلو (ف) اسم صفت ①آٹھ پہلو کا ②آٹھ کونیا ③آٹھ گوشہ ④آٹھ ضلعوں والا۔

ہشتاد (ف) اسم عدد ①اسی ②چار بیسی ③ثمانین ④۸۰۔

ہشتم (ف) اسم صفت عددی ①آٹھواں ②آٹھویں۔

ہشت مشت (ف) اسم مونث ①کلمہ ہشت کہنا اور مکا مارنا ②لات گھونسا ③گھونسم گھونسا ④مار کٹائی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149071218

www.besturdubooks.net

ہشت مشت ہونا (ا) فعل ① جوتی پیزار ہونا ② مار کٹائی ہونا۔
ہشکارنا (ا) فعل۔ کتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا۔
ہشیار (ف) اسم صفت ① ہوشیار کا مخفف ہے ② ہوش والا ③ باہوش ④ سہانا ⑤ چالاک ⑥ دانشمند ⑦ عقلمند ⑧ خبردار ⑨ آگاہ۔
ہشیار کرنا (ا) فعل ① جتانا ② آگاہ کرنا ③ خبردار کرنا ④ لائق بنانا ⑤ پال پوس کر بڑا کرنا ⑥ جگانا ⑦ بیدار کرنا۔
ہشیاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہوش ② چترائی ③ عقلمندی ④ احتیاط ⑤ دانائی ⑥ خبرداری ⑦ چوکسی ⑧ تیاری ⑨ مستعدی۔

## ھ ← ض

ہضم (ع) اسم مذکر ① پچاؤ ② تحلیل ③ کھانے کا معدے میں گلنا ④ غبن ⑤ چوری ⑥ تغلب ⑦ خیانت۔
ہضم صحیح (ع) اسم مذکر ① عمدہ پچاؤ ② جو کھاؤ سو ہضم ہو جانا۔
ہضم کرنا (ا) فعل ① پچانا ② تحلیل کرنا ③ مال مارنا ④ داب بیٹھنا ⑤ ڈکار جانا۔
ہضم ہونا (ا) فعل ① پچنا ② گوارا ہونا ③ گلنا ④ بھسم ہونا ⑤ قبضہ میں آ جانا۔

## ھ ← ف

ہفت (ف) اسم عدد ① سات ② سبع ③ ۷۔
ہفت اقلیم (فع) اسم مونث ① سات ولائتیں ② کل دنیا۔
ہفت امام (فع) اسم مذکر۔ سات امام یعنی امام اعظم امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل، امام ابو یوسف، امام غزالی اور امام رازی۔
ہفت اندام (ف) اسم مونث۔ ایک رگ کا نام ہے جس کی فصد سے سر، سینہ، پشت اور ہاتھ پاؤں کا خون نکلتا ہے۔
ہفت پشت (ف) اسم مونث ① سات پیڑھی ② سات بنیاد۔
ہفت خوان رستم (ف) اسم مذکر ① نہایت کٹھن اور خطرناک ② سات منزلیں جو رستم نے طے کی تھیں۔
ہفت دوزخ (ف) اسم مذکر۔ دوزخ کے سات طبقے یعنی سقر، سعیر، لظے، حطمہ، جحیم، جہنم اور ہاویہ۔
ہفت زبان (ف) اسم مذکر۔ وہ شخص جو سات زبانیں جانتا ہو۔
ہفت قلم (فع) ① وہ شخص جو سات قسم کے خط لکھ سکتا ہو ② سات مشہور خط۔
ہفت کشور (ف) اسم مونث ① ہفت اقلیم ② سات ولائتیں۔
ہفت ہزاری (ف) اسم مذکر ① مغلیہ بادشاہوں کے عہد کے ایک بہت بڑے منصب کا نام ہے ② امیر کبیر۔
ہفتاد (ف) اسم عدد ① ستر ② سات دہائے ③ ۷۰۔
ہفتاد پشت (ف) اسم مونث ① ستر پیڑھی ② ستر نسلیں۔
ہفتاد و دو ملت / ہفتاد و دو فریق (فع) اسم مونث ① بہتر فرقے ② مذہب اسلام کے بہتر گروہ۔
ہفتم (ف) اسم صفت عددی ① ساتواں ② ساتویں۔
ہفتہ (ف) اسم مذکر ① سات دن کا زمانہ ② سات جمعہ کے بعد کا دن سنیچر ③ شنبہ ④ ساتواں دن۔
ہفتے جکڑنا / گانٹھنا / جڑنا (ا) فعل۔ حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن کو دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا۔
ہف نظر (ا) کلمہ خطاب ① نظر بد دور ② نظر کا بگاڑ ہے۔
ہفئی (ا) اسم مذکر ① افعی سے بگڑا ہوا ہے ② ایک قسم کا چکر بنا کر چلنے والا نہایت زہریلا سانپ ③ (بحالت صفت) نہایت پھرتیلا ④ چالاک ⑤ بہت کھانے والا ⑥ کھاؤ ⑦ پیٹو۔

## ھ ← ک

ہک (ا) اسم مذکر ① وہ خمدار آہنی میخ جو دیوار میں گاڑتے ہیں ② آنکڑا جو اچکن یا پتلون وغیرہ میں گھنڈی کی جگہ لگایا جاتا ہے۔
ہکابکا (ہ) اسم مذکر ① متحیر ② گھبرایا ہوا ③ پریشان ④ سراسیمہ ⑤ حواس باختہ ⑥ متعجب۔
ہکابکا رہنا / ہونا (ہ) فعل ① حواس باختہ ہونا ② حیران رہنا ③ متعجب ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03144007218

ہک دک (ہ) اسم صفت ① حیران ② متحیر ③ سکتے کا عالم۔

ہک دک رہ جانا (ہ) فعل ① حیران رہ جانا ② حیرت زدہ رہ جانا ③ متحیر ہو جانا۔

ہک نہ دک/ ہک کی نہ دک (ا) تابع فعل ① دفعتہً بے سوچے سمجھے ② گھبرا کر ③ متعجب ہو کر۔

ہکلا (ہ) اسم مذکر صفت ① فارسی لفظ ہا کلہ یا ہا کرہ کا بگاڑ ہے ② رک رک کر بات کرنے والا آدمی ③ لکنت کرنے والا شخص ④ تو تلا آدمی۔

ہکلا پن (ہ) اسم مذکر مصدری ① تتلاہٹ ② لکنت۔

ہکلانا (ا) فعل ① تتلانا ② زبان کا صاف نہ چلنا ③ زبان لڑکھڑانا ④ لکنت کرنا۔

ہکلی (ا) اسم صفت مونث ① ہکلا کی تانیث ② لکنت کرنے والی عورت۔

## ہ ← گ

ہگاس (ہ) اسم مونث ① پیخانے کی حاجت ② رفع ضرورت کی خواہش۔

ہگاسی (ہ) اسم صفت بیائے فاعلیت ۔ پیخانے کا حاجتمند۔

ہگاسی بطخ (ا) اسم صفت ① ڈرپوک ② بزدل۔

ہگانا (ہ) فعل۔ پیخانہ پھرانا۔

ہگتے پادتے جانا (ہ) فعل ① ڈر کے مارے بھاگے ہوئے جانا ② مجبوراً خوشی خوشی جانا۔

ہگنا (ہ) فعل ① پیخانہ پھرنا ② براز کرنا۔

ہگن ہٹی (ہ) اسم مونث ① پیخانہ کرنے کی جگہ ② (بحالت یائے نسبتی) کثرت سے براز کرنے والا۔

ہگوڑا (ہ) اسم مذکر فاعل ① بہت ہگنے والا ② بار بار ہگنے والا۔

ہگے دینا/ ہگے مارنا (ہ) فعل ① نہایت ڈرنا ② خائف ہونا ③ ڈر جانا ④ خوف کے مارے پیخانہ خطا ہو جانا۔

## ہ ← ل

ہل (ہ) اسم ① قلبہ ② زمین جوتنے کا آلہ ③ زمین کھودنے کا ایک قسم کا اوزار۔

ہل جوتا (ہ) اسم فاعل مذکر ① ہل چلانے والا ② ہل جوتنے والا ③ قلبہ ران ④ ہالی۔

ہل جوتنا (ہ) فعل ① ہل چلانا ② قلبہ رانی کرنا۔

ہل دار (ا) اسم مذکر۔ ہل کا مالک۔

ہلا/ اہلہ (ہ) اسم مذکر ① چڑھائی ② حملہ ③ دھاوا ④ یورش ⑤ تاخت ⑥ غل ⑦ شور۔

ہلا کرنا/ بولنا (ہ) فعل ① دھاوا کرنا ② حملہ کرنا ③ چڑھائی کرنا۔

ہلا چلی (ہ) اسم مونث ① بھاگڑ ② ہلچل ③ گڑبڑ۔

ہلا دینا (ہ) فعل ① زلزلہ ڈال دینا ② لرزاں کر دینا۔

ہلاس (ہ) اسم مونث ① شادی ② خوشی ③ شادمانی ④ آنند ⑤ ناس ⑥ نسوار ⑦ سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔

ہلاس لینا (ہ) فعل ① نسوار سونگھنا ② بو لینا۔

ہلاک (ع) اسم مونث ① ضائع ② تلف ③ فنا ④ کال ⑤ موت ⑥ مرگ ⑦ ہلاکت ⑧ تباہی ⑨ بربادی۔

ہلاک خور (ف) اسم مذکر ① مردار خور ② مہتر ③ چوہڑا ④ بھنگی ⑤ حلال خور۔

ہلاک کرنا (ا) فعل ① مارنا ② قتل کرنا ③ خون گرانا ④ تباہ کر دینا ⑤ برباد کرنا ⑤ تھکانا ⑥ مضمحل کر دینا۔

ہلاکت (ع) اسم مونث ① موت ② کال ③ قضا ④ اجل ⑤ تلف کرنا ⑥ تباہی ⑦ بربادی۔

ہلاکت کا باعث ہونا (ا) فعل۔ موت کا سبب ہونا۔

ہلاکو (ا) اسم صفت ① ہلاک کرنے والا ② جلاد ③ ظالم ④ سفاک ⑤ خونریز ⑥ چنگیز خاں کے پوتے کا نام بھی ہے۔

ہلاکی (ا) اسم مونث ① تباہی ② بربادی ③ موت ④ ہلاکت ⑤ مرجانا۔

ہلال (ع) اسم مذکر ① پہلی رات کا چاند ② ماہ نو ③ تشبیہاً ناخن و ابروے معشوق۔

ہلالی (ع) اسم صفت بیائے نسبتی ① منسوب بہ ہلال ② چاند کی طرح کا ③ قوسی ④ ہلال کی مانند ایک قسم کے تیر کا نام ہے۔

ہلانا (ہ) فعل ① حرکت دینا ② جنبش دینا ③ چلانا ④ مانوس کرنا ⑤ پرچانا ⑥ سدھنا ⑦ خوگر کرنا ⑧ عادی بنالینا۔

ہلاہل (ف) اسم مذکر ① زہر ② سم قاتل ③ ایسا زہر جس کا علاج ہی نہ ہو سکے ④ نہایت کڑوا ⑤ سخت تلخ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**ہلبلانا** (ہ) فعل 1 جلدی کرنا 2 شتابی کرنا 3 بوکھلانا 4 بڑبڑانا 5 گھبرانا 6 بولانا۔

**ہلبلاہٹ/ہلبلی** (ہ) اسم مونث مصدری 1 ہڑبڑی 2 گھبراہٹ 3 کھلبلی 4 جلدی 5 شتابی 6 اضطراب۔

**ہلپھا/ہلفہ** (ہ) اسم مذکر 1 دریا کی لہر 2 موج 3 رو 4 ترنگ 5 ہلکورا 6 جھال 7 لہر۔

**ہل جانا** (ہ) فعل 1 متحرک ہوجانا 2 لرز جانا 3 کانپ جانا 4 تھرا جانا 5 پرچ جانا 6 مانوس ہوجانا 7 یار بن جانا۔

**ہل چل** (ہ) اسم مونث 1 ہڑبڑی 2 بھاگڑ 3 کھلبلی 4 بے قراری 5 گھبراہٹ 6 شورش 7 بلوہ 8 بکھیڑا 9 دنگا۔

**ہل چل پڑنا/ ہونا** (ہ) فعل 1 بھاگڑ مچنا 2 کھلبلی ہونا 3 بے قراری ہونا 4 شورش ہونا 5 بلوہ ہونا 6 خلقت کا زیروزبر ہونا 7 پریشان اور تتر بتر ہونا۔

**ہلدی** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی زرد گرہ جو سالن کو رنگ دینے کے واسطے ڈالتے ہیں۔

**ہلدی کی گرہ لیکے پنساری بن بیٹھنا** (ہ) فعل 1 پنساری کا ایک جزو لے کے پنسار ہٹے کا دعوے کر لینا 2 تھوڑے سے ہنر یا کمال یا سرمائے پر نازاں ہونا 3 نکما اور ناقص ہونے کے باوجود اپنے آپ کو کامل خیال کرنا۔

**ہلدی لگا کے بیٹھنا** (ہ) فعل 1 چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا 2 بھگل گانٹھنا 3 حیلہ بہانہ بنا کر بیٹھ رہنا۔

**ہلدی لگا کے بیٹھو گے** (ہ) محاورہ 1 چوٹ کھاؤ گے 2 مار کھاؤ گے 3 سینکتے پھرو گے 4 ہاتھ پاؤں تڑوا بیٹھو گے۔

**ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ بہو آن پڑی/ ہینگ لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ بہو آن پڑی** (ہ) محاورہ 1 بے مشقت ہی کام بن گیا 2 مفت میں دلھن آ گئی 3 بلا کوشش مطلب حاصل ہوگیا۔

**ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے** (ہ) محاورہ 1 خرچ بھی کچھ نہ آئے اور رنگ بھی نہایت عمدہ آ جائے 2 مفت خورے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔

**ہلدیا** (ہ) اسم مذکر۔ ایک قسم کا زہر جو ہلدی سے نکلتا ہے اور ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے۔

**ہلڑ** (ہ) اسم مذکر 1 رولا 2 شوروغل 3 غل غپاڑا 4 ہوہا 5 ہنگامہ 6 شوروغوغا۔

**ہلڑ مچانا** (ہ) فعل 1 ہنگامہ برپا کرنا 2 شوروغل کرنا۔

**ہلسا** (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کی بنگالی مچھلی۔

**ہلسانا** (ہ) فعل 1 دل خوش کرنا 2 دل بہلانا 3 پرسند کرنا 4 بہکانا 5 اکسانا 6 بھڑکانا 7 للچانا 8 شوق دلانا 9 شوق ابھارنا۔

**ہلسائے میں آنا** (ہ) فعل 1 بہکانے میں آنا 2 اشتعال میں آنا۔

**ہلسنا** (ہ) فعل 1 آنند ہونا 2 خوش ہونا 3 پرسند ہونا 4 شوق ہونا 5 امنگ ہونا 6 اکسنا۔

**ہلکا** (ہ) اسم صفت 1 سبک 2 لطیف 3 نازک 4 خفیف 5 کم وزن 6 سبکسار 7 سبک 8 پھیکا 9 کم قیمت۔

**ہلکا پن** (ہ) اسم مذکر مصدری 1 سبکی 2 خفت 3 کمینگی 4 رزالہ پن 5 کم ظرفی 6 اوچھاپن 7 چھچھوراپن۔

**ہلکا پھلکا** (ہ) اسم صفت 1 نہایت کم وزن 2 نہایت سبک 3 لاغر 4 کمزور 5 نازک۔

**ہلکا جاننا** (ہ) فعل 1 حقیر سمجھنا 2 ناچیز خیال کرنا 3 خفیف سمجھنا۔

**ہلکا جوڑا** (ہ) اسم مذکر 1 کم قیمت جوڑا 2 کم قیمت پوشاک۔

**ہلکا رنگ** (ہ) اسم مذکر۔ پھیکا رنگ۔

**ہلکا کرنا** (ہ) فعل 1 بوجھ اتارنا 2 بوجھ کم کرنا 3 گھٹانا 4 لاغر کرنا 5 دبلا کرنا 6 شرمندہ کرنا 7 ذلیل کرنا 8 نادم کرنا 9 انزال کرنا۔

**ہلکا کھانا** (ہ) اسم مذکر 1 لطیف غذا 2 زود ہضم غذا۔

**ہلکارنا** (ہ) فعل 1 کتے کو شکار پر دوڑانا 2 کتے کو لشکارنا۔

**ہلکان** (ہ) صفت 1 نیم جان 2 قریب بہ ہلاکت 3 مضمحل 4 تھکا ماندہ 5 حیران 6 پریشان۔

**ہلکان کرنا** (ا) فعل 1 تھکا مارنا 2 ہلاک کر دینا 3 مضمحل کر دینا 4 نیم جان کرنا۔

**ہلکم** (ا) اسم مونث 1 ہلچل 2 کھلبلی 3 اودھم 4 تہلکہ۔

**ہلکم ڈالنا/ مچانا** (ا) فعل 1 شور مچانا 2 اودھم مچانا 3 تہلکہ ڈالنا 4 ہنگامہ برپا کرنا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314072218

ہلکورا (ہ) اسم مذکر ① لہر ② ترنگ ③ موج۔
ہلکورے لینا (ہ) فعل ① موجزن ہونا ② لہریں مارنا ③ لہرانا۔
ہلوک (ا) اسم مونث۔ قے کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ منہ سے نکلے۔
ہلکی (ہ) اسم صفت مونث ① ہلکا کی تانیث ② دھیمی ③ اوچھی ④ سبک ⑤ کم وزن ⑥ گھٹیا ⑦ ادنے ⑧ لطیف۔
ہلکی پھلکی (ہ) اسم صفت مونث۔ ہلکا پھلکا کی تانیث۔
ہلکے (ہ) اسم مذکر۔ ہلکا کی جمع۔
ہلکے بھاری ہونا (ہ) فعل ① برے بننا ② برائی سر لینا ③ بگڑنا ④ ناراضگی ظاہر کرنا۔
ہلکے سے (ہ) تابع فعل ① سہج سے ② آہستہ سے ③ ہولے سے۔
ہلکے ہلکے (ہ) تابع فعل ① سہج سہج ② ہولے ہولے ③ آہستہ آہستہ۔
ہل کے پانی نہ پی سکنا (ہ) فعل ① نہایت ناتوان اور کمزور ہو جانا ② صاحب فراش ہو جانا۔
ہلکے پانی نہ پینا (ہ) فعل ① پرلے درجے کا کاہل اور سست ہونا ② نہایت سست ہونا ③ اٹھ نہ سکنا ④ احدی بن جانا۔
ہلگانا (ہ) فعل ① لٹکانا ② معلق کرنا ③ آویزاں کرنا۔
ہلکت (ہ) اسم مونث ① عادت ② سبھاؤ ③ خو ④ بان۔
ہلکت پڑنا (ہ) فعل ① عادت پڑنا ② بان پڑنا ③ خوگر ہونا ④ عادی ہونا۔
ہل مل جانا (ہ) فعل ① رچ مچ جانا ② گھل مل جانا ③ باہم مانوس ہو جانا۔
ہلنا (ہ) فعل ① جنبش کرنا ② متحرک ہونا ③ لرزنا ④ کانپنا ⑤ تھرتھرانا ⑥ پرچنا ⑦ مانوس ہونا ⑧ عادی ہونا ⑨ بے تکلف ہونا۔
ہلندا (ہ) اسم صفت ① قوی آدمی ② مضبوط آدمی ③ وحشی ④ جنگلی ⑤ کھلنڈری۔
ہلواہا (ہ) اسم مذکر ① ہالی ② ہل جوتا ④ قلبہ راں۔
ہلورا (ہ) اسم مذکر۔ ہلکورا۔
ہلورنا (ہ) فعل ① بواؤ مجہول ② اکٹھا کرنا ③ بٹورنا۔
ہلہ (ا) اسم مذکر ① دھاوا ② یورش ③ یلغار ④ چڑھائی۔
ہلہلا (ا) اسم مذکر ① انوکھی بات ② حیرت انگیز بات ③ شگوفہ ④ شوق ⑤ روگ ⑥ بے سروپا بات ⑦ بہتان ⑧ جھوٹی بات۔
ہلہلا اٹھنا (ا) فعل ① شگوفہ کھلنا ② جھگڑا کھڑا ہونا ③ شوق چرانا ④ کسی کام کے واسطے دفعتہً جی چاہنا۔
ہلہلا کر بخار چڑھنا (ہ) فعل ① دفعتہً زور کر کے بخار چڑھنا ② زور سے بخار چڑھنا ③ جاڑا دے کر بخار چڑھ جانا۔
ہلہلانا (ہ) فعل ① کانپنا ② تھرتھرانا ③ تھرانا۔
ہلیلہ (ع) اسم مونث ① ہڑ ② ایک دوا کا نام ہے یہ دو قسم کی ہوتی ہے کلاں اور سیاہ۔

## ہ ← ہم

ہم (ہ) اسم ضمیر جمع متکلم۔ کلمہ تعظیم جو اپنے لئے بولا جاتا ہے۔
ہم پر پھسل پڑے (ہ) محاورہ ① مجرم کو چھوڑ کر ہم پر غصہ اتارا ② زبردست کو کچھ نہ کہا ہم پر ناحق خفا ہو گئے۔
ہم جانیں اور تم جانو (ہ) محاورہ۔ ہمارے تمہارے سوا اور کوئی واقف نہ ہو۔
ہم چوڑے بازار سکڑا (ہ) مثل ① اپنے آپ کو بڑا اور دوسروں کو حقیر سمجھنے والے کی بابت کہا کرتے ہیں ② ہمارے آگے دوسرے کی کیا حقیقت ہے۔
ہم سے اڑتے ہو (ہ) محاورہ ① ہم سے چلتے ہو ② ہم تمہارے فریب میں نہیں آنے کے ③ ہم تم سے واقف ہیں۔
ہم سے کب چل سکتے ہو (ہ) محاورہ۔ ہم تمہارے داؤں پیچ میں نہیں آ سکتے۔
ہم کو (ہ) اسم ضمیر مفعولی۔ جمع متکلم۔ ① ہمیں ② اپنی ذات کو۔
ہم کو پیٹے یا گاڑے یا ہے ہے کرے (ہ) کلمہ قسم یعنی ہمیں روئے ① ہمارا ماتم کرے ② ہمیں زندہ نہ دیکھے۔
ہم (ع) اسم مذکر ① فکر ② ملال ③ اندیشہ ④ ارادہ ⑤ قصد ⑥ خواہش ⑦ بیماری کا بدن کو مضمحل اور کمزور کر دینا ⑧ بچہ کو لوری دے کر سلانا ⑨ نہایت بوڑھا۔
ہم (ف) حرف عطف و تابع فعل ① بھی ② نیز ③ بلکہ ④ ماسوا ⑤ اور اس کے علاوہ ⑥ ایک ہی کام میں شمولیت کے لئے ⑦ آپس میں ⑧ باہم باہمدگر ⑨ ساتھی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140072218

ہم آغوش (ف) اسم صفت ❶ بغلگیر ❷ ہمکنار ❸ باہم گلے ملنا ❹ معانقہ جسمانی۔

ہم آغوشی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ ہمکناری ❷ بغلگیری ❸ گلے ملنا۔

ہم آواز/ ہم آہنگ (ف) اسم صفت ❶ ایک ہی سر ❷ ایک ہی راگ ❸ سر یا راگ میں شریک ❹ ساتھی ❺ موید ❻ متفق الرائے۔

ہم آورد (ف) اسم صفت ❶ مقابل ❷ حریف ❸ سامنے کھڑا ہو کر لڑنے والا۔

ہم بستر (ف) اسم صفت ❶ شریک بستر ❷ ایک بستر پر سونے والا ❸ ساتھ سونے والا۔

ہم پا (ف) اسم صفت ❶ ساتھ ❷ ہمراہ ❸ ساتھی ❹ ہمقدم۔

ہم پایہ (ف) اسم صفت۔ یکساں درجہ رکھنے والا۔

ہم پلہ (ف) اسم صفت ❶ برابر کا جوڑ ❷ برابر کی ٹکر ❸ برابر فاصلہ ❹ ہم نشانہ ❺ برابر کی مار کا ❻ ایک توڑ کا۔

ہم پہلو (ف) اسم صفت ❶ پہلو بہ پہلو ❷ برابر ❸ ساتھی ❹ رفیق ❺ وابستہ ❻ طرفدار۔

ہم پیالہ (ف) اسم صفت ❶ شریک پیالہ ❷ ایک ہی پیالے میں کھانے والا ❸ ہانڈی وال ❹ دسترخوان کا ساتھی ❺ گہرا دوست۔

ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف) اسم صفت ❶ ساتھ کھانے پینے والا ❷ ہم طعام ❸ گہرا دوست ❹ جانی دوست۔

ہم پیشہ (ف) اسم صفت ❶ ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا ❷ حریف۔

ہم تا/ ہمتا (ف) اسم صفت ❶ برابر ❷ مثل ❸ مانند ❹ شریک ❺ نظیر۔

ہم ترازو (ف) اسم صفت ❶ ہموزن ❷ ہم پلہ۔

ہم جلیس (فع) اسم صفت ❶ پاس بیٹھنے اٹھنے والا ❷ دلی دوست ❸ ساتھی ❹ رفیق ❺ ہمراز۔

ہم جماعت (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی جماعت میں پڑھنے والا ❷ ہم سبق ❸ کلاس فیلو۔

ہم جنس (فع) اسم صفت ❶ یکساں ❷ ایک نمونہ کا ❸ ایک ہی قسم کا ❹ ہم ذات۔

ہم جولی (ا) اسم صفت ❶ ہم عمر جو ساتھ کھیلا ہو ❷ لنگوٹیا ❸ ہم سن ❹ برابر کا یار ❺ بچپن کا یار ❻ وہ کم سن لڑکی جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے ❼ ساتھ کی کھیلی۔

ہم چشم (ف) اسم صفت ❶ برابر والا ❷ ہمسر ❸ ہجولی ❹ ٹکر۔

ہم چشمی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ برابری ❷ ہمسری۔

ہم خانہ (ف) اسم صفت ❶ ایک گھر میں رہنے والا ساتھی ❷ جوڑا ❸ جفت ❹ جوڑی۔

ہم خوابہ (ف) اسم مونث ❶ ہم بستر ❷ ساتھ سونے والی ❸ مجازاً بیوی ❹ زوجہ۔

ہم داستان (ف) اسم صفت ❶ ہم کلام ❷ ہم زبان ❸ ایک ہی بات کہنے والا۔

ہم درد (ف) اسم صفت ❶ دکھ درد کا ساتھی ❷ درد شریک ❸ غمخوار۔

ہم دست (ف) اسم صفت ❶ ہمراہ ❷ ہاتھ ❸ ہاتھوں شریک ❹ برابر ❺ متفق۔

ہم دست (ا) فعل ❶ ملنا ❷ شریک ہونا ❸ دستیاب ہونا ❹ وصول ہونا ❺ پانا۔

ہم دگر (ف) اسم صفت ❶ باہم ❷ آپس میں ❸ دونوں ایک دوسرے میں۔

ہم دم/ ہمدم (ف) اسم صفت ❶ ہر وقت ساتھ رہنے والا ❷ دم کا ساتھی ❸ رفیق ❹ دوست۔

ہم دوش (ف) اسم صفت ❶ ایک ہی قد کا ❷ برابر ❸ ہمسر ❹ ساتھی ❺ برابر کا۔

ہم دیوار (ف) اسم صفت ❶ ہمسایہ ❷ پڑوسی۔

ہم ذات (ف) اسم صفت ❶ ایک ہی ذات کا ❷ ہم قوم۔

ہم راز (عف) اسم صفت ❶ بھیدی ❷ راز داں ❸ جو اپنا بھید جانتا ہو۔

ہمراہ (ف) اسم صفت ❶ ساتھ چلنے والا ❷ ساتھی ❸ رفیق راہ ❹ رگ ساتھی ❺ سنگی ❻ مجازاً قافلہ کا رہنما۔

ہمراہی (ف) اسم مذکر ❶ ساتھی ❷ ساتھ چلنے والا ❸ ہمراہ ❹ سنگی ❺ (بصورت یائے مصدری) ساتھ دینا ❻ ساتھ چلنا ❼ سنگی ہونا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

ہم رنگ (ف) اسم صفت ❶ ایک ہی رنگ کا ❷ یکساں ❸ ایک ہی طرح کا۔
ہم رنگ کے دونے (ا) محاورہ۔ گنجفہ میں اپنے حریف سے ایک کے دو لینا یعنی اتنی چالاکی ہے کہ ایک کے ساتھ دو رکھتے ہیں۔
ہم زاد (ف) اسم مذکر ❶ جڑواں ❷ توام ❸ ایک ساتھ پیدا ہونے والے ❹ ہم سن ❺ ہم سال ❻ شیطان یا خبیث جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے ❼ سایہ۔
ہم زبان (ف) اسم صفت ❶ ایک زبان کا ساتھی ❷ ہم کلام ❸ ہم قول۔
ہم زلف (ف) اسم مذکر ❶ سالی کا خاوند ❷ ساڑھو ❸ ساڑھو ❹ ہم ریش ❺ ہم داماد۔
ہم ساز (ف) اسم صفت ❶ دوست ❷ یار ❸ رفیق۔
ہم سایہ (ف) اسم مذکر ❶ پڑوسی ❷ پاس کے مکان میں رہنے والا ❸ پڑوس کا باشندہ ❹ پاس کا مکان ❺ پڑوس۔
ہم سائی (ا) اسم مونث ❶ ہمسایہ کی تانیث ❷ پڑوسن ❸ پڑوس میں رہنے والی عورت۔
ہم سائگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ پڑوس ❷ ہم دیواری ❸ مکان کی قربت۔
ہم سایہ ہونا (ا) فعل ❶ پڑوس میں آ کر رہنا ❷ مکان کے قریب مکان لے کر رہنا۔
ہم سبق (ف) اسم صفت ❶ ایک ساتھ سبق پڑھنے والا ❷ سبق کا ساتھی۔
ہم سر (ف) اس صفت ❶ برابر کا ❷ برابر والا ❸ ایک ہی رتبہ کا ❹ ہم چشم ❺ رقیب ❻ جورو ❼ بیوی۔
ہم سری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ برابری ❷ مقابلہ ❸ ہم چشمی ❹ رقابت ❺ زوجیت۔
ہم سری کرنا (ا) فعل ❶ برابری کرنا ❷ مساوات کا دم بھرنا ❸ برابری کا دعوے کرنا۔
ہم سفر (ف) اسم صفت ❶ مل کر سفر کرنے والا ❷ سفر کا ساتھی ❸ رفیق راہ۔
ہم سن (فع) اسم صفت ❶ ہم عمر ❷ برابر کی عمر کا ❸ ہجولی۔
ہم سنگ (ف) اسم صفت ❶ ہموزن ❷ برابر۔

ہم سلک (فع) اسم صفت۔ سمدھی۔
ہم شکل (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی شکل کا ❷ ہم صورت۔
ہمشیر/ ہمشیرہ (ف) اسم مونث ❶ بہن ❷ خواہر ❸ بی بی۔
ہمشیرزاد/ ہمشیرہ زادہ (ف) اسم مذکر ❶ بھانجا ❷ بہن کا بیٹا۔
ہم صحبت (فع) اسم صفت ❶ صحبت میں رہنے والا ❷ پاس ❸ اٹھنے بیٹھنے والا ❹ ہمنشین ❺ جلیس۔
ہم صدا (فع) اسم صفت ❶ ہم آواز ❷ ایک طرح کی بولی بولنے والا ❸ مجازاً ہمدم ❹ ہمرنگ۔
ہم طالع (فع) اسم صفت ❶ ایک جیسی قسمت والا ❷ ہم نصیب۔
ہم عصر (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی وقت کا ❷ ایک ہی زمانہ کا ❸ ہم زمانہ ❹ ہم عہد۔
ہم عمر (فع) اسم صفت ❶ برابر کی عمر کا ❷ ہم سال ❸ ہم سن۔
ہم عنان (فع) اسم صفت ❶ برابر ❷ ہمراہ ❸ ساتھی ❹ رفیق ❺ ساتھ ساتھ چلنے والا۔
ہم عہد (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی زمانہ کا ❷ ہم عصر ❸ ہم زمانہ۔
ہم قدم (فع) اسم صفت ❶ ساتھی ❷ ہم سفر ❸ رفیق ❹ ہمراہ۔
ہم قوم (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی قوم کا ❷ ایک ذات کا ❸ ایک گوت کا۔
ہم کاسہ (ف) اسم صفت ❶ ہم نوالہ ❷ ہانڈی وال ❸ ساتھ کھانے والا۔
ہم کفو (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی کنبے کا ❷ ایک ہی خاندان کا ❸ اپنی قوم کا۔
ہم کلام (فع) اسم صفت ❶ مل کر بات کرنے والا ❷ ہم سخن ❸ مخاطب۔
ہم کلام ہونا (ا) فعل ❶ کسی سے باتیں کرنا ❷ بولنا۔
ہم کلامی (فع) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بول چال ❷ گفتگو ❸ آپس میں بات چیت کرنا۔
ہم کنار (ف) اسم صفت ❶ ہم آغوش ❷ بغلگیر۔
ہم کون ہیں (ہ) محاورہ ❶ ہم کو اس میں کچھ دخل نہیں ❷ ہم اس لائق نہیں۔
ہم مذہب (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی مذہب کا ❷ ہم ملت ❸ ایک ہی پنتھ کا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03249071218

www.besturdubooks.net

ہم مرکز (ف) اسم مذکر۔ ایک ہی مرکز والے دائرے۔
ہم مکتب (فع) اسم صفت ❶ ایک ہی مکتب کا پڑھا ہوا ❷ ایک ہی مدرسہ کا پڑھا ہوا۔
ہم نام/ ہمنام (ف) اسم صفت ❶ ایک ہی نام کا ❷ ہم اسم۔
ہم نشین (ف) اسم صفت ❶ پاس اٹھنے بیٹھنے والا ❷ مصاحب ❸ ہم صحبت۔
ہم نفس (فع) اسم صفت ❶ ہمدم ❷ ساتھی ❸ دم کا ساتھی ❹ دوست ❺ رفیق ❻ آشنا۔
ہم نوالہ (ف) اسم مذکر۔ ساتھ کھانے پینے والا۔
ہم وطن (فع) اسم مذکر ❶ ایک ہی دیس کا ❷ ایک ملک کا ❸ ایک شہر کا۔
ہما (ف) اسم مذکر۔ ایک متبرک اور مشہور پرندے کا نام ہے جس کی نسبت مشہور ہے کہ یہ جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے یہ پرندہ صرف ہڈیاں کھاتا ہے اور کسی کو نہیں ستاتا۔
ہمارا (ہ) اسم ضمیر مصاف الیہ جمع متکلم اور اسم مذکر ❶ ہم سب کا ❷ ہم سب لوگوں کا ❸ تعظیماً میرا ❹ میری ذات کا۔
ہمارا کیا ہے (ہ) محاورہ ❶ ہمارا کیا بگڑتا ہے ❷ ہمارا کچھ نقصان نہیں۔
ہمارا لہو پیئے/ ہمارا حلوا کھائے (ہ) محاورہ ❶ سخت قسم ❷ ہم کو کھائے ❸ ہمیں پیئے ❸ ہمارا مردہ دیکھے ❸ ہمیں روئے۔
ہمارے (ہ) اسم ضمیر مصاف الیہ جمع متکلم برائے جمع مذکر۔ ہمارا کی جمع۔
ہمارے بڑے پرائے بردے آزاد کیا کرتے تھے (ا) مثل۔ آپ تو کچھ نہیں باپ دادا کے نام پر اتراتے ہیں یعنی بڑوں نے خرچ کیا ہم مفت میں نام چاہتے ہیں۔
ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (ا) محاورہ ❶ ہم بالکل بے خبر ہیں ❷ ہم تو الگ رہے ❸ ہمارے کراماً کاتبین بھی بے خبر ہیں۔
ہمارے منہ میں بھی زبان ہے (ا) محاورہ ❶ ہم بھی بات کرنے کی طاقت رکھتے ہیں ❷ ہم بھی اس بات کا جواب دے سکتے ہیں۔
ہمارے ہاں سے آگ لائی اور نام رکھا بے سندر (ہ) مثل ❶ ہماری ہی چیز اور ہمیں سے دریغ ❷ پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
ہماری (ہ) اسم ضمیر مصاف الیہ جمع متکلم مونث ❶ اپنی ذاتی ❷ نج کی۔

ہماری بلی ہمیں سے میاؤں (ہ) مثل۔ ہماری کھائے اور ہمیں پر غرائے۔
ہماری بندگی پہنچے (ا) محاورہ ❶ ہم سلام کرتے ہیں ❷ ہم باز آئے ❸ ہمیں معاف رکھئے ❹ ہمارا اسلام ہے۔
ہماری بھتی کھائے (ہ) سخت قسم۔ ہمارا حلوا کھائے۔
ہماری دادی نے گھی کھایا ہمارا ہاتھ سونگھو (ہ) مثل۔ کام کوئی کرے داد کوئی مانگے۔
ہماشا (ا) اسم صفت ❶ ادنیٰ اعلیٰ ❷ چھوٹے بڑے ❸ اپنے بیگانے ❹ سب ❺ عام ❻ عوام۔
ہمالیہ/ ہمالہ (ہ) اسم مذکر۔ ہندوستان کے مشہور شمالی پہاڑ کا نام ہے جو دنیا کے تمام پہاڑوں سے اونچا اور ہمیشہ برف سے ڈھکا رہتا ہے۔
ہماہمی (ہ) اسم مونث ❶ بڑا بول ❷ غرور ❸ خود پسندی ❹ انانیت ❺ زبردستی ❻ زور آوری ❼ سرزوری۔
ہمایوں (ف) اسم صفت ❶ منسوب بہ ہما ❷ مبارک خجستہ ❸ بابرکت ❹ مسعود ❺ کامیاب ❻ بہرہ مند ❼ مغلیہ خاندان کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔
ہمت (ع) اسم مونث ❶ ارادہ ❷ قصد ❸ عزم ❹ حوصلہ ❺ عالی حوصلگی ❻ اولوالعزمی ❼ جرات ❽ دلیری ❾ ڈھارس۔
ہمت کرنا (ا) فعل ❶ دلیری کرنا ❷ جرات کرنا ❸ بہادری کرنا ❹ حوصلہ دکھانا ❺ دل چلانا ❻ ڈھارس باندھنا ❼ سخاوت کرنا ❽ مردانگی دکھانا۔
ہمت مرداں مدد خدا (ف) مثل ❶ کام کوشش شرط ہے ❷ خدا تعالےٰ مدد ضرور کرتا ہے۔
ہمت والا (ا) اسم صفت فاعلی ❶ عالی ہمت ❷ عالی حوصلہ ❸ جری ❹ دلیر ❺ بہادر ❻ سورما ❼ سخی ❽ دل چلا۔
ہمت ہارنا (ا) فعل ❶ جی چھوڑنا ❷ حوصلہ ہار بیٹھنا ❸ ڈھارس نہ رکھنا ❹ تھک جانا۔
ہمتا (ف) اسم صفت ❶ برابر ❷ نظیر ❸ مثل ❹ مانند ❺ ہمسر۔
ہمزہ (ع) اسم مذکر۔ وہ الف جو کھینچ کر یعنی جھٹکے کے ساتھ پڑھا جائے۔
ہمک کر (ہ) تابع فعل ❶ مٹک کر ❷ اچھل کر ❸ سینہ کو مٹکا کر ❹ کدک

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

کر۔

ہمکنا (ہ) فعل ① دھاوا کرنا ② چڑھائی کرنا ③ حملہ کرنا ④ یورش کرنا ⑤ بچے کا چلنے کی کوشش کرنا ⑥ اپنی جگہ سے جست کرنا ⑦ کودنے کی کوشش کرنا۔

ہمک ہمک کے چلنا (ہ) فعل ① پھدک پھدک کر چلنا ② اچک اچک کر چلنا ③ اچھل اچھل کے چلنا۔

ہمگی (ف) اسم صفت ① کلمہ تاکید معنوی ② تمام ③ سب ④ سب کے سب۔

ہمم (ع) اسم مونث۔ ہمت کی جمع۔

ہموار (ف) اسم صفت ① برابر ② یکساں ③ مساوی ④ مدام ⑤ ہمیشہ ⑥ سدا ⑦ نت ⑧ دائم۔

ہموارہ (ف) تابع فعل ① ہمیشہ ② مدام ③ سدا ④ نت ⑤ لگاتار۔

ہمہ (ف) اسم صفت ① تاکیدی ② سب ③ کل ④ سارا ⑤ جملہ ⑥ تمام ⑦ کلہم۔

ہمہ بازی شما بازی پیروں سے بھی دغا بازی (ا) محاورہ۔ استاد کے سامنے شاگرد کی نہیں چلتی۔

ہمہ تن (ف) اسم صفت ① بالکل ② تمام ③ سر سے پاؤں تک ④ سربسر ⑤ سب کا سب۔

ہمہ دان (ف) اسم صفت ① ہر ایک بات سے واقف ② ہر ایک علم و ہنر کا جاننے والا ③ جگت استاد۔

ہمہ دانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① ہر کام کی واقفیت ② جگت استادی۔

ہمہ صفت موصوف (فع) اسم صفت ① سب گنوں پورا ② ساری خوبیوں سے بھرا ہوا ③ ہر قسم کی تعریف کے لائق۔

ہمہ نعمت (فع) اسم مونث ① تمام عمدہ چیزیں ② تمام نعمتیں ③ مال و دولت کی تمام اشیاء۔

ہمہ نعمت موجود ہے (ا) محاورہ ① کسی چیز کی کمی نہیں ② خدا نے سب کچھ دے رکھا ہے۔

ہمیانی (ا) اسم مونث ① روپے رکھنے کی پتلی لمبی سی تھیلی ② نیولی ③ ہمیان ④ لمبا بٹوہ۔

ہمیشگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دوام قیام ② قدامت ③ بقا ④ بے زوالی۔

ہمیشہ (ف) تابع فعل مفید صفت ① سدا ② نت ③ آئے دن ④ مدام ⑤ دائم۔

ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا (ا) محاورہ۔ سدا مصیبت اور افلاس میں ہی رہے۔

ہمیں (ہ) اسم ضمیر مفعولی ① صیغہ جمع متکلم ② ہم کو ③ ہم سب کو ④ ہم تمام کو ⑤ مجھ کی جمع ⑥ تعظیماً اپنی ذات کو خطاب ⑦ مجھے ⑧ مجھ کو ⑨ یہ لفظ بیائے مجہول ہے۔

ہمیں کیا سمجھا (ا) محاورہ ① ہم کو کیا جانا ② کیا ہمیں ایسا ویسا آدمی خیال کیا۔

ہمیں پر کیا ہے (ہ) محاورہ ① مجھی پر کیا موقوف ہے ② ہماری ذات پر موقوف اور منحصر نہیں ہے۔

ہمیں ہیں جو یہ مگدر بھانتے ہیں (ہ) محاورہ ① یہ طاقت اور یہ زور کا کام ہم ہی کر سکتے ہیں ② ہماری برابر دنیا میں کوئی نہیں۔

## ہ ← ن

ہن (ہ) اسم مذکر و مونث ① دکن کے ایک سنہری سکے کا نام ہے جو زمانہ قدیم میں رائج تھا ② سونے کا ٹکڑہ ③ ریزہ زر۔

ہن برسنا (ہ) فعل ① دولت برسنا ② روپیہ برسنا ③ بکثرت آمدنی ہونا ④ دولت میں کھیلنا۔

ہننا (ہ) فعل ① قتل کر ڈالنا ② مار ڈالنا ③ گردن مارنا ④ (بصورت اسم مذکر) ہرنا ⑤ زین کا اگلا اٹھا ہوا حصہ۔

ہنٹر (ای) اسم مذکر ① چابک ② کوڑا ③ تازیانہ ④ شکاری ⑤ صیاد۔

ہنجار (ف) اسم مذکر ① راستہ ② راہ ③ مجازاً طرز ④ طریقہ ⑤ روش ⑥ قاعدہ۔

ہندسہ (معرب) اندازہ کا معرب ① شکل ② عدد ③ رقم ④ آنک ⑤ علم ⑥ مجسبات ⑦ اقلیدس ⑧ جیومیٹری۔

Join us on WhatsApp Naveed BAIG 0314...

ہندسہ دان (ف) اسم مذکر ① علم ہندسہ کا واقف ② اقلیدس کا عالم۔

ہنڈا (ہ) اسم مذکر ① ہانڈی سے اسم مکبر ② بڑی ہانڈی ③ مٹی کا بہت بڑا برتن ④ مٹکا ⑤ خم ⑥ ایک قسم کی گھانس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے ⑦ ہانڈے والا ⑧ پھرنے والا۔

ہنڈا بھاڑا (ہ) اسم مذکر ① واپسی کا کرایہ ② کرایہ کا فیصلہ ③ مال لیجانے کا معاہدہ۔

ہنڈا کرنا (ہ) فعل ① کونڈا کرنا ② کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا ③ کسی جاترا سے واپس آکر ضیافت وغیرہ کھلانا۔

ہنڈار (ہ) اسم مذکر ① بھیڑیا ② گرگ۔

ہنڈانا (ہ) فعل ① شہر بدر کرنا ② جلا وطن کرنا ③ کھیدنا ④ تاڑنا ⑤ نکالنا ⑥ پھرانا ⑦ حیران کرنا ⑧ تشہیر کرنا ⑨ گدھے پر چڑھا کر شہر میں پھرانا (پنجاب) استعمال میں لانا۔

ہنڈاون (ہ) اسم مونث ① ہنڈی کا محصول ② ہنڈی کا بٹا ③ ہنڈی کرائی ④ ہنڈی بھیجنے کا کمیشن۔

ہنڈکلیا/کلھیا (ہ) اسم مونث۔ بچوں کا کھانا پکانے کا کھیل۔

ہنڈول (ہ) اسم مذکر۔ ہندی راگوں میں سے پانچواں راگ۔

ہنڈولا (ہ) اسم مذکر ① پنگورا ② جھولنا ③ گہوارہ ④ پالنا ⑤ مہد ⑥ برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔

ہنڈولا جھولنا (ہ) فعل ① جھولا جھولنا ② ہنڈولے پر جھولنا۔

ہنڈی/ہُنڈی (ہ) اسم مونث ① چک ② کاغذ زر ③ روپیہ کا رقعہ ④ وہ رقعہ جو ساہوکار لوگ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر روپیہ دینے کے واسطے دیا کرتے ہیں۔

ہنڈی پٹنا (ا) فعل۔ ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا۔

ہنڈی کرنا (ہ) فعل ① ساہوکار کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ پہنچانا ② منی آرڈر کرنا۔

ہنڈیا (ہ) اسم مذکر ① ہانڈی کی تصغیر ② مٹی کی دیگچی ③ ترکاری ④ لادن ⑤ سالن۔

ہنڈیا پکانا (ہ) فعل ① سالن پکانا ② ترکاری پکانا ③ چرچا کرنا ④ کھچڑی پکانا ⑤ منصوبے باندھنا ⑥ سازش کرنا۔

ہنڈیا پکنا (ہ) فعل ① سازش ہونا ② کھچڑی پکنا ③ چرچا ہونا ④ سالن پکنا ⑤ ترکاری پکنا۔

ہنڈیا چڑھنا (ہ) فعل ① ہانڈی کا پکنے کے لئے چولھے پر رکھا جانا۔ مفت کا کھانا پکنا ② رشوت ہاتھ آنا ③ مفت کا مال مل جانا۔

ہنڈیا ڈوئی/ہنڈیا ڈلیا (ہ) اسم مونث ① کھانا پکانے کا سامان ② باورچی خانہ کے برتن ③ گھر کا اسباب ④ اثاثہ ⑤ اٹالا۔

ہنڈیا بٹنا (ہ) فعل۔ بکثرت روپیہ تقسیم ہونا۔

ہنر (ف) اسم مذکر ① گن ② فن ③ کاریگری ④ کام ⑤ حرفت ⑥ کمال ⑦ جوہر ⑧ وہ کاریگری جو ہاتھ سے ہو ⑨ کرتب وصف۔

ہنرمند/ ہنرور (ف) اسم صفت فاعلی ① باہنر ② دستکار ③ صاحب کمال ④ کاریگر ⑤ صناع ⑥ گنی۔

ہنرمندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① سلیقہ ② استادی ③ جوہر ④ لیاقت ⑤ قابلیت ⑥ حکمت ⑦ کاریگری ⑧ دانائی ⑨ خوبی۔

ہنس (ہ) اسم مذکر ① ایک قسم کی بطخ جسے راج ہنس بھی کہتے ہیں ② گلے کے گرداگرد کی ہڈی ③ مجازاً روح ④ آتما ⑤ جان۔

ہنسا (ہ) اسم مذکر ① ہنس ② ایک قسم کی بطخ ③ قانہ۔

ہنسا (ہ) اسم مونث ① قتل ② ذبح ③ خون ④ خونریزی ⑤ کشت و خون ⑥ پاپ ⑦ گناہ ⑧ جرم ⑨ قصور۔

ہنسانا (ہ) فعل ① ہنسی دلانا ② خندہ دلانا ③ خوش کرنا ④ محفوظ کرنا۔

ہنسائی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری ① ٹھٹھا ② ہنسی ③ تضحیک ④ مخول ⑤ حقارتی مزاخ۔

ہنستا پھول بکستی کلی (ہ) محاورہ ① ہردم مسکرانے اور ہنسنے والا ② نازک اور خوش مزاج آدمی ③ وہ شخص جسے ذرا بھی خلاف طبع بات ناگوار گزرے ④ تنگ مزاج۔

ہنستا چغل (ا) اسم مذکر۔ دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔

ہنستی پیشانی (ا) اسم صفت ① ہنس مکھ ② خندہ پیشانی۔

ہنستے ہنستے (ہ) تابع فعل ① مذاق میں ② ہنسی ہنسی میں ③ ہنسنے کی حالت میں۔

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (ہ) فعل ① اس قدر ہنسنا کہ پیٹ دکھنے لگنا ② ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ جانا۔

ہنستے ہی گھر بستے ہیں (ہ) محاورہ ① ہنسی میں کام بن جاتے ہیں ②

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140477218

باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے 3 ہنستے ہی ہنستے مراد مل جاتی ہے۔

ہنس خلق (ا) اسم صفت 1 خوش خلق 2 ہنس مکھ 3 ملنسار۔

ہنسراج (ہ) اسم مونث 1 ایک قسم کی گھانس جو پانی کے کنارے یا برفانی پہاڑوں پر بکثرت ہوتی ہے 2 ایک قسم کی بطخ 3 قاز۔

ہنسلی (ہ) اسم مونث۔ ایک قسم کا گلے میں پہننے کا زیور نیز وہ ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہوتی ہے۔

ہنسلی اتر جانا (ہ) فعل۔ دودھ پیتے بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک کر تلے ہو جانا۔

ہنس مکھ (ہ) اسم صفت 1 خوش طبع 2 خندہ پیشانی 3 خوش مزاج 4 کشادہ پیشانی 5 شگفتہ رو۔

ہنسنا (ہ) فعل 1 کھلنا 2 کھلکھلانا 3 خندہ کرنا 4 انند ہونا 5 پرسند ہونا 6 مگن ہونا 7 خوش ہونا 8 بشاش ہونا 9 پرسند ہونا۔

ہنسنا بولنا (ہ) فعل 1 کھلی مذاق کرنا 2 ظرافت اور دل لگی کرنا (بحالت اسم مذکر) مذاق 3 دل لگی 4 مزاخ۔

ہنسوا (ہ) اسم مذکر 1 درانتی 2 کھیت کاٹنے کا اوزار 3 ہنسیا 4 درانتی۔

ہنسوڑ (ہ) اسم مذکر صفت 1 ہنسی باز 2 مسخرہ 3 ظریف 4 خوش طبع 5 خوش مزاج۔

ہنس ہنس کے کھایئے پھوہر کا مال (ا) بے وقوف کا مال اسے مسخرہ بنا کر کھانا چاہیئے۔

ہنسی (ہ) اسم مونث 1 حاصل مصدر ہے ہنسنا سے 2 ٹھٹھا 3 خندہ 4 قہقہہ 5 ظرافت 6 تمسخر 7 دل لگی 8 کھلی 9 مزاخ۔

ہنسی اڑانا (ہ) فعل 1 احمق بنانا 2 تمسخر کرنا 3 مسخرہ بنانا 4 ٹھٹھا اڑانا 5 رسوا کرنا 6 ذلیل کرنا 7 تضحیک کرنا۔

ہنسی ٹھٹھا (ہ) اسم مذکر 1 دل لگی 2 کھلی مذاق 3 ہنسی مزاخ 4 کھیل تماشا 5 آسان بات 6 ذراسی بات 7 سہل کام 8 سرسری بات۔

ہنسی خوشی (ا) تابع فعل 1 خوشی سے 2 خوش ہو کر 3 خوشی کے ساتھ 4 تندرست 5 بخیر و عافیت 6 خیریت کے ساتھ۔

ہنسی کرنا (ہ) فعل 1 دل لگی کرنا 2 مذاق کرنا 3 بدنامی کرنا 4 رسوائی کرنا 5 تضحیک کرنا۔

ہنسی کھیل (ہ) اسم مذکر 1 ہنسی 2 ٹھٹھا 3 آسان کام 4 ذراسی بات۔

ہنسی میں (ہ) تابع فعل 1 ٹھٹھے میں 2 مذاق میں 3 ظرافت میں 4 مذاقاً 5 تمسخراً۔

ہنسی میں اڑا دیا (ہ) محاورہ 1 بات پر توجہ نہ کرنا 2 خاطر میں نہ لانا 3 سماعت نہ کرنا 4 کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا۔

ہنسی میں کھنسی ہو جانا (ہ) فعل 1 ہنسی ہنسی میں بگاڑ ہو جانا 2 دل لگی میں رنج ہو جانا۔

ہنسی میں لے جانا (ہ) فعل 1 کسی بات کو کھلی سمجھنا 2 کسی امر کو مذاق سمجھ لینا 3 ہنسی میں ہڑپ کر جانا 4 مذاق مذاق میں کھا جانا۔

ہنسی ہنسی میں (ہ) تابع فعل 1 دل لگی میں 2 مذاق میں مزاحاً 3 ظرافتاً 4 بطریق مزاخ 5 یونہی 6 بلاوجہ 7 بلاسبب 8 باتوں باتوں میں۔

ہنسی ہونا (ہ) فعل 1 مذاق ہونا 2 کھلی ہونا 3 دل لگی ہونا 4 کھلی اڑانا 5 تضحیک ہونا۔

ہنکار (ہ) اسم مونث 1 ہاں کی آواز 2 ہوں 3 ہاں 4 کلمہ اقرار و اقبال ہے 5 حمایت پشتی 6 مدد۔

ہنکارا (ہ) اسم مذکر 1 ہوں ہاں 2 ہنکار 3 قصہ کہانی سنتے وقت جوابی آواز 4 ہاں کرنے کی آواز 5 اقرار 6 اقبال۔

ہنکارا بھرنا (ہ) فعل 1 ہامی بھرنا 2 ہاں کرنا 3 ہوں کی آواز نکالنا 4 بات سنتے وقت قصہ کہنے والے کی تسلی کے لئے ہنکار کی آواز نکالنا۔

ہنکارنا (ہ) فعل 1 ہنکارا بھرنا 2 ہوں کرنا 3 اشارہ کرنا 4 بہکانا۔

ہنگ (ہ) اسم مونث 1 سنگینی 2 تمکنت 3 وقار 4 بھاری بھرکم 5 ارادہ 6 قصد 7 آہنگ 8 زیرک 9 عاقل۔

ہنگام (ف) اسم مذکر 1 وقت 2 بیلا 3 ویلا 4 زمانہ 5 موقع 6 رت 7 موسم 8 فصل 9 گڑبڑ۔

ہنگامہ (ف) اسم مذکر 1 انبوہ 2 ٹھٹ 3 بھیڑ 4 ہجوم 5 مجمع 6 میدان 7 بازی گروں اور قصہ خوانوں کا معرکہ 8 دنگا 9 فساد۔

ہنگامہ آرا/ ہنگامہ آر/ ہنگامہ پرداز (ف) اسم صفت 1 فتنہ برپا کرنے والا 2 جنگ برپا کرنے والا 3 صف آرا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

ہنگامہ برپا ہونا (ا) فعل ① جھگڑا کھڑا ہونا ② شور وشر مچنا ③ فتنہ فساد ہونا ④ دنگا ہونا۔

ہنگامہ پردازی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بلوہ ② دنگا ہونا ③ فساد ④ لڑائی ⑤ جھگڑا ⑥ شورش۔

ہنگامہ گرم ہونا۔ (ا) فعل ① اودھم مچنا ② کھلبلی پڑنا ③ افراتفری ہونا ④ خوب شوروشر ہونا ⑤ حادثوں کا کثرت سے واقع ہونا۔

ہنگامہ محشر/ قیامت (فع) اسم مذکر ① قیامت کے روز کا ہجوم اور شور و شغب ② قیامت کا غل غپاڑا۔

ہنگامہ ہونا (ہ) فعل ① جھگڑا ہونا ② فساد ہونا ③ بکھیڑا ہونا ④ اودھم مچنا ⑤ زوروشور ہونا۔

ہنود (ع) اسم مذکر ① ہندو کی جمع ② ہندوستان کی قدیم اقوام ③ ہندوستانی لوگ جو بت پرستی کو جائز سمجھتے ہیں ④ برہمنوں کے پیرو۔

ہنوز (ف) تابع فعل ⑤ ابھی تک ⑥ اب تک ⑦ ابھی۔

ہنوز دلی دور ہے (ہ) مثل ① ابھی منزل بہت دور ہے ② ابھی بہت کام باقی ہے ③ ابھی اس کام کے ہونے میں بہت عرصہ باقی ہے۔

ہنومان (س) اسم مذکر ① ہنو بمعنی نیست و نابود اور مان بمعنی والا یعنی نیست و نابود کرنے والا ② بندروں کے ایک سردار کا نام ہے جو راجہ رام چندر جی کا مددگار ہو کر راون سے لڑا تھا ③ مہابیر ④ ہنومنت ⑤ بندر ⑥ میمون ⑦ بوزنہ۔

ہنہنانا (ہ) فعل۔ گھوڑے کا بولنا۔

ہنہناہٹ (ہ) اسم مونث حاصل مصدر۔ گھوڑے کی آواز۔

ہنی مون (ای)۔ اسم مذکر ① ماہ عسل ② شادی کا پہلا مہینہ جس میں دولھا دولھن سیر تفریح کے لیے کہیں باہر چلے جاتے ہیں۔

## ہ ← و

ہو (ہ) بواؤ مجہول مونث ① مفید ندا ② بلانے کی آواز۔

ہو (ہ) بواؤ معروف ① حرف ندا وندبہ ② گیدڑ کی آواز ③ ہو ہو ④ بعض جنگلی جانوروں کی آواز ⑤ بمعنی ہوا ⑥ بچوں کو ڈرانے کی آواز ⑦ کلمہ حقارت بھی ہے۔

ہُو (ع) اسم ضمیر مذکر غائب ① وہ (بحالت اسم مذکر) اللہ ہو کا مخفف ہے ② اسم ذات باری تعالیٰ کا اسم ذات ③ ڈر ④ بھے ⑤ خوف ⑥ دہشت ⑦ آہ ⑧ ہائے۔

ہوحق (ع) اسم مونث ① خدا کی یاد ② خدا کا نام لینا ③ مناجات ④ تسبیح ⑤

ہوحق کرنا (ا) فعل ① اللہ اللہ کرنا ② شور وغل ③ مزا اڑانا ④ خدا کا نام لینا۔

ہوحق ہو جانا (ا) فعل ① تباہ ہو جانا ② خاک میں مل جانا ③ برباد ہو جانا ④ فنا ہو جانا ⑤ مٹ جانا ⑥ ناپید ہو جانا ⑦ فنا فی اللہ ہو جانا۔

ہو کا عالم (ا) اسم مذکر ① عالم لاہوت ② اجاڑ ③ ویرانہ ④ سنسان ⑤ عالم تنہائی ⑥ عالم وحشت۔

ہو کا مقام/ مکان (ا) اسم مذکر ① ایسا مکان جہاں سوائے ذات خدا کے اور کوئی نہ ہو ② سنسان جگہ ③ خوفناک جگہ ④ دہشت ناک مقام۔

ہوا (ہ) اسم مونث ① نفسانی خواہش ② حرص ③ لالچ ④ ہوس ⑤ مستی ⑥ شہوت ⑦ آرزو ⑧ ارمان ⑨ اشتیاق۔

ہوا اڑ جانا (ا) فعل ① شہرت پھیل جانا ② مشہور ہو جانا ③ چرچا ہو جانا ④ بات کھل جانا ⑤ بھرم جاتا رہنا۔

ہوا اڑنا (ہ) فعل ① بھرم کھلنا ② بات بگڑنا ③ چرچا ہونا ④ خبر مشہور ہونا ⑤ خبر پھیلنا ⑥ شہرت ہونا۔

ہوا باندھنا (ا) فعل ① گھمنڈ کرنا ② اترانا ③ نمود کرنا ④ غرور کرنا ⑤ شان وشوکت دکھانا ⑥ بھرم باندھنا ⑦ بھرم بنانا ⑧ ٹیپ ٹاپ دکھانا ⑨ جھوٹی بات بنانا۔

ہوا بتانا/ بتلانا (ا) فعل ① ٹالنا ② دھتا بتانا ③ ٹال دینا ④ رخصت کرنا ⑤ بہانے سے چلتا کرنا۔

ہوا بدلنا (ا) فعل ① ہوا میں انقلاب ہونا اور ہوا چلنا ② زمانہ کا رخ بدلنا ③ ہوا مخالف ہونا ④ حالت بدلنا ⑤ زمانہ پلٹنا ⑥ کچھ کا کچھ ہو جانا ⑦ آب وہوا کے بدلنے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ⑧ رت پھرنا ⑨ موسم پلٹنا۔

ہوا بگڑنا/ بگڑ جانا (ا) فعل ① ہوا کا زہریلا ہو جانا ② ہوا میں خرابی آ جانا ③ اعتبار اٹھ جانا ④ ساکھ نہ رہنا ⑤ زمانہ کا برخلاف ہو جانا ⑥ زمانہ کا ناموافق ہو جانا۔

ہوا بندھ جانا (ا) فعل ① نام ہو جانا ② دھاک بندھ جانا ③ شہرت ہو جانا ④ رعب جم جانا ⑤ شہرت ہو جانا ⑥ ناموری اور اعتبار ہو جانا۔

Join us on whatsapp Naveed Bari 03149077218

www.besturdubooks.net

ہوا بندھنا (ا) فعل ① ہوا رکنا ② ہوا بند ہونا ③ شہرہ ہونا ④ دھاک بندھ جانا ⑤ ساکھ ہونا ⑥ رعب ہونا ⑦ سماں بندھنا۔

ہوا بھر جانا (ا) فعل ① ہوا سے پھول جانا ② کسی چیز میں ہوا کا سما جانا ③ اترا جانا ④ مغرور ہو جانا ⑤ موٹا ہو جانا ⑥ دیوانہ ہو جانا ⑦ پاگل ہو جانا ⑧ سودائی ہو جانا۔

ہوا بندی کرنا (ا) فعل ① بے بنیاد بات اڑانا ② خیالی پلاؤ پکانا ③ بہتان باندھنا ④ تہمت دھرنا۔

ہوا بھی نہ دینا (ا) فعل ① خبر تک نہ دینا ② بالکل پتہ نہ دینا ③ ذرا بھی نہ دکھانا۔

ہوا پر اڑانا/ ہوا پر چڑھنا (ا) فعل ① اترانا ② مغرور ہونا ③ تکبر کرنا ④ فخر کرنا۔

ہوا پرست (ف) اسم صفت ① بے ہودہ ② ظاہر پرست ③ عیاش۔

ہوا پر سوار ہونا (ا) فعل ① جانے میں جلدی کرنا ② جلد بازی ہونا ③ جلدی جانے کو تیار ہونا۔

ہوا پرست (ف) اسم صفت ① بیہودہ ② ظاہر پرست ③ عیاش۔

ہوا پر سوار ہونا (ا) فعل ① جانے میں جلدی کرنا ② جلد باز ہونا ③ جلدی جانے کو تیار ہونا۔

ہوا پر ہونا (ا) فعل ① اترانا ② فخر کرنا ③ غرور ہونا ④ تندی پر ہونا ⑤ ظاہری بڑائی ہونا۔

ہوا پلٹ جانا (ا) فعل ① موسم بدل جانا ② رنگ بدل جانا ③ قسمت کا برگشتہ ہونا۔

ہوا پھانک کر رہنا (ہ) فعل ① بن کھائے رہنا ② بھوکا رہنا ③ ہوا کے سہارے پر رہنا ④ کچھ نہ کھا کر رہنا۔

ہوا پھانکنا (ا) فعل ① بیہودہ بکنا ② بکواس کرنا ③ تھوک بلونا۔

ہوا پھر جانا (ا) فعل ① ہوا کا رخ بدل جانا ② ہوا پلٹ جانا ③ زمانہ کا ڈھنگ پلٹ جانا ④ اقبال کا یاور ہونا ⑤ زمانہ کا مخالف یا موافق ہو جانا۔

ہوا پھرنا (ا) فعل ① نصیب جاگنا ② رتی چمکنا ③ زمانہ کا موافق ہونا ④ زمانہ کا رنگ بدلنا ⑤ زمانہ کا برسر عداوت ہونا ⑥ زمانہ پلٹنا۔

ہوا چلنا (ا) فعل ① ہوا لہرانا ② ہوا کا رواں ہونا ③ دستور ہونا ④ رواج پانا ⑤ رواج ہونا۔

ہوا خواہ (ف) اسم مذکر ① بھلائی چاہنے والا ② خیر خواہ ③ دوست ④ خیر اندیش ⑤ طرفدار ⑥ بہی خواہ۔

ہوا خواہی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خیر اندیشی ② خیر خواہی ③ وفاداری ④ دوستی ⑤ محبت ⑥ عشق ⑥ الفت۔

ہوادار (ف) اسم صفت فاعلی ① چاہنے والا ② طالب ③ عاشق ④ خواہشمند ⑤ ہوا خواہ ⑥ کھلا ہوا ⑦ ایسا مکان جس مین خوب ہوا آئے ⑧ دل کشا تام جھام ⑨ تخت رواں۔

ہوادار آبی (ف) اسم مذکر۔ خاص قسم کی شاہانہ کشتی جو سیر دریا کے لئے ہوتی ہے۔

ہواداری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① خیر خواہی ② دوستداری ③ خواہشمندی۔

ہوا دینا (ا) فعل ① ہوا میں رکھنا ② کسی چیز کو ہوا میں سکھانا ③ آگ سلگانا ④ آگ جھپکنا ⑤ دھونکنا ⑥ بہکانا ⑦ برافروختہ کرنا ⑧ اکسانا ⑨ فساد کرانا۔

ہوازدگی (ا) اسم مونث ① زکام ② ریزش ③ سردی ④ نزلہ ⑤ ناک سے پانی گرنا بوجہ زکام وسردی وغیرہ۔

ہوا سا (ا) اسم صفت ① ذرا سا ② خفیف سا ③ تاؤ بھاؤ ④ ہلکا ⑤ نہایت سبک ⑥ لطیف۔

ہوا سے باتیں کرنا (ا) فعل ① نہایت پھرتیلا ہونا ② نہایت جلد باز ہونا ③ نہایت عیار اور چاک ہونا ④ گھوڑے کا نہایت تیز رفتار ہونا۔

ہوا سے بچنا (ا) فعل ① پرچھائیں سے بھاگنا ② نہایت نفرت کرنا ③ دور رہنا۔

ہوا سے بچ کر چلنا (ا) فعل ① پاس تک نہ بھٹکنا ② دور رہنا ③ گریز کرنا ④ کسی سے دور بھاگنا۔

ہوا سے لڑنا (ا) فعل ① نہایت لڑاکا عورت کی نسبت بولتے ہیں ② خواہ مخواہ لڑنا ③ کمال جنگجو ہونا ④ سخت بدمزاج اور تند خو ہونا ⑤ بے فائدہ لڑنا ⑥ ناحق لڑنا ⑦ ایسی چیز سے لڑنا جس پر غالب آنا ناممکن ہو۔

ہوا کا تھپڑ (ا) اسم مذکر ① ہوا کا طمانچہ ② ہوا کا زور سے جھونکا ③ ہوا کا جھکڑ۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

ہوا کا رخ بتانا (ا) فعل ❶ ٹالنا ❷ چلتا کرنا ❸ رخصت کرنا ❹ چمپت کرنا ❺ دھتا بتانا ❻ کسی چیز کو اٹھا کر پھینک دینا ❼ ہوا میں اڑانا۔

ہوا کا رخ دیکھنا / ہوا کا رنگ دیکھنا (ا) فعل ❶ زمانہ کے موافق کرم کرنا ❷ زمانہ کی رفتار دیکھنا ❸ ہوا کا مزاج معلوم کرنا ❹ ہوا کی کیفیت معلوم کرنا۔

ہوا کرنا (ا) فعل ❶ پنکھا کرنا ❷ پنکھا جھلنا ❸ جھپکنا ❹ دھونکنا ❺ ترک کرنا ❻ تیاگنا ❼ چھوڑنا ❽ چلتا کرنا ❾ رخصت کرنا۔

ہوا کھانا (ا) فعل ❶ ہوا خوری کرنا ❷ سیر کرنا ❸ ٹہلنا ❹ سدھارنا ❺ رخصت ہونا ❻ رہنا ❼ بسر کرنا ❽ ٹھیرنا ❾ قیام کرنا۔

ہوا کھاؤ / کھائیے / کھا (ا) محاورہ ❶ چلتے بنو ❷ رخصت ہو ❸ جاؤ ❹ چلتے پھرتے نظر آؤ۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (ا) فعل ❶ نہایت تیز رفتار ❷ تند ❸ چست و چالاک اور تند مزاج ہونا ❹ جلد باز ہونا ❺ جلدی مچانا ❻ متکبر ہونا ❼ مغرور ہونا ❽ کسی کی نہ ماننا ❾ ترت آنا۔

ہوا لگنا / لگ جانا (ا) فعل ❶ ہوا کا اثر ہونا ❷ ہوا کا جسم سے چھو جانا ❸ ہوا کا محسوس ہونا ❹ ہوا کا برا اثر ہونا ❺ ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا ❻ فالج ہو جانا ❼ مغرور ہونا ❽ اترانا ❾ دماغ چل جانا۔

ہوا منانا (ا) فعل ❶ عیش وعشرت کی داد دینا ❷ مزے اڑانا ❸ مزے لوٹنا۔

ہوا میں آجانا / آنا (ا) فعل ❶ وبا میں آنا ❷ ہوائے بد کے اثر میں مبتلا ہو جانا ❸ مغرور ومتکبر ہو جانا ❹ حریص بن جانا۔

ہوا میں بھرنا (ا) فعل ❶ ترنگ میں آنا ❷ نہایت مغرور ومتکبر ہونا۔

ہوا میں گرہ لگانا / دینا (ا) فعل ❶ ناممکن اور دشوار کام کرنا ❷ محال کام کا ارادہ کرنا۔

ہوا نکلنا (ا) فعل ❶ ریاح خارج ہونا ❷ غرور ڈھینا ❸ دم نکلنا ❹ سانس نکلنا ❺ پھونک نکلنا ❻ پاد نکلنا ❼ گوز سر ہونا۔

ہوا نہ آنا / ہوا تک نہ آنا (ا) فعل ❶ بالکل خبر تک نہ ہونا ❷ مطلق خبر تک نہ آنا۔

ہوا نہ رہنا (ا) فعل ❶ پہلی سی آبرو نہ رہنا ❷ رونق نہ رہنا ❸ جوبن نہ رہنا ❹ دماغ نہ رہنا۔

ہوا و ہوس (ع) اسم مونث ❶ حرص اور لالچ ❷ عیاشی ❸ شہوت پرستی ❹ عیش ونشاط۔

ہوا ہو جانا (ا) فعل ❶ ہوا کی طرح تیز رفتار ہو جانا ❷ ہوا کی سی حالت ہو جانا ❸ فنا ہو جانا ❹ رخصت ہو جانا ❺ چمپت ہو جانا ❻ رفو چکر ہو جانا ❼ بہت جلد چلا جانا ❽ دھار کا نہایت تیز ہو جانا جیسے استرا تو آب ہوا ہو گیا ❾ اجاڑ ہو جانا۔

ہوا ہونا (ا) فعل ❶ ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا ❷ تیزی میں ہوا سے باتیں کرنا ❸ ہوا کی سی حالت ہونا ❹ فنا ہونا ❺ نیست ونابود ہونا ❻ چمپت بننا ❼ کافور ہونا ❽ رفو چکر ہونا۔

ہوا چاہتا ہے (ا) محاورہ ❶ عنقریب ہونے والا ہے ❷ بہت جلد ہو جائے گا ❸ ہونے والا ❹ عنقریب ہوگا ❺ ہونے میں کچھ شبہ نہیں۔

ہوا سو ہوا (ا) محاورہ ❶ جانے دو ❷ خیال کرو ❸ گزشت آنچہ گزشت ❹ جو ہو گیا سو ہو گیا۔

ہوا کریں (ہ) محاورہ ❶ کچھ پروا نہیں ❷ بلا سے ❸ ہمیں کیا۔

ہواؤ (ہ) اسم مذکر ❶ ہمت ❷ دلیری ❷ حوصلہ ❸ چھاتی ❹ سورما پن ❺ بہادری ❻ مردانگی ❼ دلیری۔

ہوائی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ ہوا ❷ آسمانی ❸ بادی ❹ ریحی ❺ افواہ اڑی ہوئی بات ❻ لغویات ❼ بے ہودہ بات ❽ ایک قسم کی آتشبازی ❾ آوارہ۔

ہوائی آنکھ (ا) اسم مونث۔ وہ آنکھ جو ایک جگہ نہ ٹکے۔

ہوائی تیر (ا) اسم مذکر ❶ وہ تیر جو ہوا کے رخ چلایا جائے ❷ آسمانی تیر ❸ ایک قسم کی آتشبازی جو آسمان کے رخ چلائی جائے۔

ہوائی خبر (ا) اسم مونث ❶ بے سروپا بات ❷ افواہ ❸ بازاری گپ۔

ہوائی چھوٹنا / چھٹنا (ا) فعل ❶ تیر ہوائی چلنا ❷ رنگ اڑانا ❸ بے حواس ہونا ❹ رنگ فق ہونا۔

ہوائی دیدہ (ا) اسم صفت ❶ بے مروت ❷ شوخ چشم ❸ ہرجائی ❹ ایک جگہ نہ ٹھہرنے والی آنکھ ❺ ایک جگہ آرام وقرار نہ پکڑنے والی طبیعت۔

ہوائیاں (ا) اسم مونث ❶ ہوائی کی جمع ❷ آسمانی تیر۔

ہوائیاں اڑنا / چھوٹنا (ا) فعل ❶ چہرے کا رنگ متغیر ہونا ❷ منہ سفید پڑ

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

جانا③ منہ فق ہوجانا④ خوف وہراس چھا جانا⑤ رنگ زرد ہوجانا اور لب خشک ہوجانا⑥ آتش بازی چلنا۔

ہو بہو (ف) حرف تشبیہ ① بعینہ ② جوں کا توں ③ ہمشکل ④ ہم صورت ⑤ ایسا مشابہ کہ جس میں بال بھر بھی فرق نہ ہو۔

ہو بیٹھنا (ا) فعل ① ہو جانا ② بن جانا ③ (عورتیں) حیض ہو جانا ④ کپڑوں سے ہوجانا ⑤ سرپلید ہوجانا۔

ہوت (ہ) اسم مونث ① مقدور ② پونجی ③ دولت ④ سرمایہ ⑤ شکتی ⑥ فراغبالی ⑦ ثروت ⑧ حیثیت ⑨ کلمہ ندا۔

ہوت جوت والا (ہ) اسم مذکر ① امیر کبیر ② صاحب ثروت ③ صاحب مقدور۔

ہوت کا باپ ان ہوت کی ماں (ہ) مثل۔ باپ روپے کا ساتھی اور ماں مفلسی کی۔

ہوت کو جوت ہے/ ہوت کی جوت ہے (ہ) مثل۔ ساری رونق اور چہل پہل روپے کی ہے۔

ہوت والا (ہ) اسم مذکر ① توانگر ② دولتمند ③ امیر ④ صاحب مقدور۔

ہوتا (س) اسم مذکر ① ہوتری ② (بحالت صفت) رشتہ دار ③ قرابت دار ④ ہونے والا ⑤ ہوگیا ہوا (بحالت اسم مذکر اردو) دولت ⑥ ثروت ⑦ مقدور ⑧ حیثیت۔

ہوتا سوتا (ہ) اسم مذکر ① سوتا تابع مہمل ہے ② موا جیتا ③ عزیز و اقارب ④ خویش واقربا ⑤ خویش و یگانہ ⑥ حمایتی ⑦ رشتہ ناطہ کا ⑧ زندہ ومردہ۔

ہوتے (ہ) تابع فعل ① ہوتے ہوئے ② زندگی میں ③ موجودگی میں ④ سامنے جیتے ⑤ (بحالت اسم مذکر) ہوتا کی جمع ⑥ رشتہ دار ⑦ خویش و اقارب۔

ہوتے ہوتے (ہ) تابع فعل ① ہوتے ہوئے ② موجودگی ③ موجود ہونے پر۔

ہوتے سوتے (ہ) اسم مذکر ① ہوتا سوتا کی جمع ② خویشاوند۔

ہوتے ہوتے (ہ) تابع فعل ① آہستہ آہستہ ② سہج سہج ③ رفتہ رفتہ۔

ہوتے ہی نہ موا جو کفن تھوڑا لگتا (ا) مثل۔ سخت قابل نفرت آدمی کی نسبت بولتے ہیں یعنی یہ شخص پیدا ہوتے ہی کیوں نہ مرگیا تاکہ کفن زیادہ نہ دینا پڑتا۔

ہوتے ہی ہوگا (ہ) محاورہ ① رفتہ رفتہ ہوگا ② بتدریج ہوگا ③ آہستہ آہستہ ہوگا۔

ہوتی آئی ہے (ہ) محاورہ ① قدیمی دستور ہے ② پرانی رسم ہے ③ ہمیشہ سے اسی طرح دستور چلا آتا ہے۔

ہوٹ (ہ) اسم مونث بواؤ مجہول۔ ایک قسم کی چھوٹی سی کھلی منہ کی توپ۔

ہُوٹر (ای) اسم مذکر کارخانہ وغیرہ کی سیٹی ② گھگو۔

ہُوٹل (ای) اسم مذکر ① مسافر خانہ ② وہ جگہ جہاں کھانے اور رہائش کا انتظام ہو۔

ہُوٹنگ (ای) اسم مذکر ① شور وغل ② کسی تقریر یا محفل یا جلسہ وغیرہ میں ناپسندیدگی کے لیے شور۔

ہو جانا (ہ) فعل ① کام بن جانا ② کام پورا ہوجانا ③ آکر چلا جانا ④ مل کر چلا جانا ⑤ مل جانا ⑥ کھٹا پٹی ہوجانا ⑦ لڑائی ہوجانا ⑧ بن جانا ⑨ لائق ہونا۔

ہو چکا (ہ) طنزاً کلمہ استفہام ① انکاری یعنی نہیں ہونے کا ② ہرگز نہیں ہوگا ③ صبر کرو ④ جانے دو ⑤ ہوچکنا کی ماضی ⑥ تمام ہوگیا ⑦ ختم ہوگیا ⑧ نمٹ گیا ⑨ نمودار ہولیا۔

ہو چکنا (ہ) فعل ① تمام ہوجانا ② پورا ہولینا ③ ختم ہوجانا ④ صرف ہوجانا ⑤ خرچ ہوجانا ⑥ مرجانا ⑦ دم نکل جانا ⑧ ہوجانا ⑨ بن جانا۔

ہودج (ع) اسم مذکر ① عماری ② ہودہ ③ اونٹ کا وہ کجاوہ جس میں عورتیں سوار ہوتی ہیں ④ محمل۔

ہودہ (ف) اسم صفت ① ٹھیک ② بجا ③ واقعی ④ بجا ⑤ درست ⑥ بے ہودہ اسی سے بنا ہے۔

ہو رہنا (ہ) فعل ① کہیں رہ پڑنا ② گھر بنا لینا ③ کسی کا ہو جانا ④ طرفدار ہوجانا ⑤ ساتھی بن جانا ⑥ کسی کام کا رفتہ رفتہ ہوجانا ⑦ کچھ حاصل کرلینا ⑧ کسی قابل ہوجانا جیسے کئے جاؤ کچھ تو ہو ہی رہوگے۔

ہوڑ (ہ) اسم مونث ① بازی ② شرط ③ برابر ④ رقابت ⑤ مقابلہ ⑥ بحث ⑦ تکرار ⑧ [illegible] ⑨ پچن۔

ہوزری (ای) اسم مونث۔ موزہ، بنیان وغیرہ کی فیکٹری یا دوکان وغیرہ۔

ہوس (ع) اسم مونث ① آرزو ② تمنا ③ خواہش ④ شوق ⑤ اشتیاق ⑥

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907218

مالیخولیا⑦ خبط⑧ (فارسی میں) ادھورا اور چھوٹا عشق⑨ ناقص و چست (اردو میں) لالچ۔

ہوس آنا (ا) فعل① حرص ہونا② خواہش ہونا③ شوق ہونا④ لالچ آنا⑤ جی چاہنا۔

ہوس بجھنا (ا) فعل① جل مٹنا② ارمان نکلنا③ چاہ نکلنا④ خواہش رفع ہونا⑤ دل کی خواہش پوری ہونا۔

ہوس پکانا (ا) فعل① خیالی پلاؤ پکانا② دل ہی دل میں خواہش کرنا۔

ہوس نکالنا (ا) فعل① ارمان نکالنا② چاؤ نکالنا③ آرزو پوری کرنا۔

ہوسٹل (ای) اسم مذکر① طلبہ کے رہنے کی جگہ② بورڈنگ ہاؤس۔

ہوسکنا (ہ) فعل① ممکن ہونا② موقع بننا③ امکان میں ہونا④ کرسکنا۔

ہوش (ف) اسم مذکر① سمجھ② تمیز③ شعور④ وقوف⑤ عقل⑥ دانش⑦ دانائی⑧ خبر⑨ واقفیت۔

ہوش اڑا دینا (ا) فعل① بے اوسان کردینا② گھبرا دینا③ حواس باختہ کردینا④ حیران کردینا⑤ حیرت میں ڈال دینا⑥ بیخود کردینا۔

ہوش اڑ جانا (ا) فعل① حواس باختہ ہونا② گھبرا جانا③ عقل ٹھکانے نہ رہنا④ حیران ہوجانا⑤ حیرت میں پڑنا۔

ہوش اڑنا (ا) فعل① گھبرانا② حیران ہونا③ عقل ٹھکانے نہ رہنا④ کچھ خبر نہ رہنا⑤ حواس باختہ ہونا۔

ہوش آنا (ا) ہوش آنا① سرت آنا② سنبھلنا③ عقل آنا⑤ آپے میں آنا۔

ہوش پکڑنا (ا) فعل① عقل حاصل کرنا② شعور پکڑنا③ سیانا ہونا④ سن تمیز کو پہنچنا⑤ ہوشیار ہونا۔

ہوش پکڑو (ا) محاورہ① ہوش میں آؤ② سرت سنبھالو③ عقل سیکھو④ عقل کے ناخن لو⑤ تمیز سیکھو۔

ہوش جاتا/ جاتے رہنا (ا) فعل① بے اوسان ہوجانا② عقل ٹھکانے نہ رہنا③ ہکا بکا رہ جانا④ عقل گم ہوجانا۔

ہوش سنبھالنا (ا) فعل① جوان ہونا② سیانا ہوجانا③ بڑا ہونا④ تمیز سیکھنا⑤ عقل حاصل کرنا۔

ہوش کھونا (ا) فعل① بے اوسان کرنا② عقل ٹھکانے نہ رکھنا۔

ہوش کی بنوانا (ا) فعل① بے وقوفی سے باز رہنا② عقل پکڑنا③ شعور پکڑنا۔

ہوش کی بنواؤ (ا) محاورہ① عقل پکڑو② بے ہودہ باتیں نہ کرو③ جھوٹ نہ بولو۔

ہوش کے ناخن لو (ا) پکڑنا① عقل کا علاج کرو② تمیز سیکھو۔

ہوش مند (ف) اسم صفت فاعلی① ہوش والا② عقلمند③ خردمند④ باشعور۔

ہوش مندی (ف) اسم مونث بیائے مصدری① دانائی② ہوشیاری③ تمیز④ شعور⑤ عقلمندی۔

ہوش میں آنا (ا) فعل① تمیز سیکھنا② عقل حاصل کرنا③ سنبھلنا④ آپے میں آنا⑤ ہوشیار ہونا⑥ نصیحت پکڑنا⑦ عبرت حاصل کرنا۔

ہوش میں آؤ (ا) محاورہ① سمجھو② عقل سیکھو③ تمیز حاصل کرو④ عقل کی بات کرو۔

ہوش نہ ہونا (ا) فعل① بے سرت ہونا② سدھ نہ ہونا③ حواس درست نہ ہونا۔

ہوش والا (ا) اسم صفت فاعلی① سیانا② ہوشیار③ تجربہ کار④ باخبر⑤ عقلمند۔

ہوش وحواس (فع) اسم مذکر① عقل وتمیز② شعور وقوف۔

ہوش وحواس اڑ جانا (ہ) فعل① عقل قائم نہ رہنا② بے سرت ہوجانا③ اوسان خطا ہوجانا۔

ہوش ہونا (ا) فعل① سدھ ہونا② خبر ہونا③ وقوف ہونا④ شعور ہونا⑤ عقل ہونا⑥ حواس درست ہونا۔

ہوشیار (ف) اسم صفت فاعلی① دانا② عاقل③ تجربہ کار④ عیار⑤ چالاک⑥ خبردار⑦ واقف⑧ فہیم⑨ جاگتا۔

ہوشیار رہنا (ا) فعل① سچیت رہنا② باخبر رہنا③ جاگتا رہنا④ چوکنا رہنا⑤ خبردار رہنا۔

ہوشیار کرنا (ا) فعل① جتانا② خبردار کرنا③ چوکس کرنا④ باخبر کرنا⑤ آگاہ کرنا⑥ متنبہ کرنا⑦ جگانا⑧ بیدار کرنا⑨ غفلت سے ہوش میں لانا۔

ہوشیار ہو جانا (ا) فعل① ہوش میں آجانا② سرت آجانا③ بیدار ہوجانا④ چوکس ہوجانا⑤ بڑا ہوجانا⑥ سن بلوغ کو پہنچ جانا⑦ سیانا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

www.besturdubooks.net

ہو جانا ⑧ عقلمند ہو جانا۔

ہوشیاری (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دانائی ② عقلمندی ③ خبرداری ④ چوکسی ⑤ عاقبت اندیشی ⑥ دور اندیشی ⑦ چترائی ⑧ عیاری ⑨ چالاکی۔

ہوک (ہ) اسم مونث ① درد ② پیڑ ③ وہ درد جو سینہ یا دل میں ٹھہر ٹھہر کر یا یک دم نکلے ④ سول ⑤ تکلیف ⑥ صدمہ ⑦ پسلی کا درد ⑧ نمونیا ⑨ آواز۔

ہوک اٹھنا (ہ) فعل ① درد ہونا ② ایکا ایکی یا ٹھہر ٹھہر کے درد بشدت سنا ③ دل و جگر میں درد ہونا ④ پہلو میں درد ہونا۔

ہوکا (ہ) اسم مذکر ① روکا ② فریاد ③ دہائی۔

ہوکا دینا (ہ) فعل ① فریاد مچانا ② دہائی دینا ③ غل غپاڑا کرنا ④ شور پکار مچانا۔

ہوکا / ہوکھا (ہ) اسم مذکر ① ہوس بیجا ② طمع ③ لالچ ④ حرص ⑤ لوبھ ⑥ بہت سا کھانے کی ہوس ⑦ اشتیاق ⑧ لپکا ⑨ خواہش۔

ہوکا ہو جانا (ہ) فعل ① بہت کھانے کی ہوس ② ہوس ہو جانا ③ لالچ پڑ جانا ④ مرض غالب ہو جانا۔

ہوکر (ہ) تابع فعل ① ہو کے ② پاس سے ③ درمیان سے ④ لابد ⑤ ناگزیر۔

ہوکر رہنا (ہ) فعل ⑥ ضرور بالضرور ہونا ⑦ لابد ہونا ⑧ ازبس ہو ہی جانا۔

ہو کس ہوا میں (ا) محاورہ ① تم کس غرور میں ہو ② تمہارا خیال غلط ہے ③ تمہیں کیا خبر ہے۔

ہو کے (ہ) تابع فعل ① پاس سے ② درمیان سے گزرتے ہوئے ③ ہوتے ہوئے ④ ہوکر ⑤ ضرور ⑥ بالضرور۔

ہوگا (ہ) کلمہ شق وظن۔ شک وشبہ کے موقع پر بولتے ہیں۔

ہول (ہ) اسم مذکر ① دھکا ② صدمہ ③ تلوار یا نیزہ وغیرہ کی نوک گھسیڑنے کی حرکت ④ آنکس ⑤ نیزہ ⑥ بھالا ⑦ سنگین ⑧ کرچ۔

ہول دینا (ہ) فعل ① نوک چبھونا ② کچوکا دینا ③ آنکس لگانا۔

ہول (ع) اسم مذکر ① ڈر ② خوف ③ بھے ④ بیم ⑤ خطرہ ⑥ اندیشہ ⑦ اضطراب ⑧ بے قراری ⑨ گھبراہٹ۔

ہول اٹھنا (ا) فعل ① خوف پیدا ہونا ② ڈر کے مارے گھبراہٹ ہوا۔

ہول آنا (ا) فعل ① ڈر لگنا ② بھے لگنا ③ خوف معلوم دینا ④ دہشت آنا۔

ہول بیٹھ جانا (ا) فعل ① خوف کا دل میں جم جانا ③ ڈر بیٹھ جانا ④ بھے بیٹھ جانا ⑤ دہشت چھانا۔

ہول پڑنا (ا) فعل ① دہشت ہونا ② اضطراب ہونا ③ گھبراہٹ ہونا ④ تلافی ہونا۔

ہول جول (ا) اسم مونث ① گھبراہٹ ② اضطرابی ③ جلدی ④ شتابی۔

ہول دل (عف) اسم مذکر ① دھڑکن ② اختلاج قلب ③ خفقان ④ دل کا دھک دھک کرنا۔

ہول دلا (ا) اسم مذکر فاعلی ① ڈرپوک ② بزدل ③ نامرد۔

ہول زدہ (عف) اسم مذکر مفعولی ① گھبرایا ہوا ② دہشت کا مارا ہوا ③ مضطرب ④ ڈرپوک ⑤ خوفزدہ۔

ہول کھانا (ا) فعل ① ڈرنا ② دہشت میں رہنا۔

ہولناک / ہول ناک (عف) اسم صفت فاعلی ① خطرناک ② خوفناک ③ ڈراؤنا ④ بھیانک ⑤ ہیبت ناک۔

ہولا (ہ) اسم مذکر ① برچھی یا بھالے کی نوک کا صدمہ ہول ② بھونک یہ بواء و معروف ہے۔

ہولا (ہ) اسم مذکر بواؤ مجہول ① چنوں کے بھنے ہوئے بونٹ ② کچے چنوں کی بھنی ہوئی ٹانٹیں۔

ہولا جولی (ا) اسم مونث ① گھبراہٹ ② بے تابی ③ اضطراب ④ افراتفری ⑤ بھاگڑ ⑥ تردو۔

ہولڑ / ہولر (ہ) اسم مذکر ① ترت کا جنا ہوا بچہ ② بچہ نوزائیدہ ③ پیٹ کا بچہ۔

ہولنا (ہ) فعل ① آنکس لگانا ② ہاتھی کو چلانا ③ ہاتھی کو ہانکنا ④ آر لگانا ⑤ دھکیلنا ⑥ دھکا دینا ⑦ ریکنا۔

ہولو (ہ) اسم مذکر صفت ① متلون مزاج ② بزدلا ③ پات گھابرا۔

ہولو (ہ) اسم مذکر۔ بھنے ہوئے یا ابلے ہوئے چنے۔

ہولی (ہ) اسم مونث ① ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ہے جس میں ایک دوسرے پر رنگ چھڑکتے اور خوشی مناتے ہیں ② ایک قسم کے گیت جو ہولی کے دنوں میں گائے جاتے ہیں ③ لکڑیوں کا ڈھیر جو ہولی کے

Join us on whatsapp Naveed Baig

دن جلاتے ہیں۔

ہولی کا بھڑوا (ہ) اسم مذکر۔ وہ شخص جس پر ہولی کے دنوں میں رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بناتے ہیں۔

ہولی کھیلنا/ ہولی منانا (ہ) ① ہولی کے دن ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا ② خوشیاں منانا۔

ہولی گانا (ہ) فعل۔ ہولی کا گیت گانا جس میں کرشن جی کی لیلا اور سامان عیش وخوشی کا ذکر ہوتا ہے۔

ہولے (ہ) تابع فعل ① آہستہ سے ② ہلکے سے ③ سہج سے۔

ہولے ہولے (ہ) تابع فعل ① آہستہ آہستہ ② ہلکے ہلکے ③ سہج سہج ④ بتدریج ⑤ رفتہ رفتہ۔

ہولینا (ہ) فعل ① مرجانا ② ہوچکنا ③ تمام ہوجانا ④ ہوجانا۔

ہوم (س) اسم مذکر ① ہون ② یگ ③ وید کے منتروں سے دیوتاؤں کو رجھانے کے لئے گھی وغیرہ جلانا۔

ہوم (ای) اسم مذکر ① گھر ② مکان۔

ہوم ڈیپارٹمنٹ (ای) اسم مذکر۔ محکمہ امور داخلہ۔

ہوم رول (ای) اسم مذکر ① گھر کی حکومت ② حکومت خود اختیاری۔

ہوم سیکرٹری (ای) اسم مذکر ① ہوم محکمہ کا دیوان ② معتمد۔

ہوم منسٹر (ای) اسم مذکر۔ وزیر داخلہ۔

ہومیو پیتھ (ای) اسم مذکر ① ہومیوپیتھی کے طریق علاج کا ڈاکٹر ② علاج بالمثل کا ڈاکٹر۔

ہومیو پیتھی (ای) اسم مونث ① علاج بالمثل ② ایک مخصوص طریقہ علاج جس میں گرمی کا گرمی سے اور سردی کا سردی سے علاج کیا جاتا ہے۔

ہومیو پیتھک (ای) اسم صفت ① علاج بالمثل کے متعلق ② ہومیوپیتھی کا۔

ہوں (ہ) حرف ایجاب ① ہاں ② بلے ③ اجازت ④ اقرار و اقبال کا کلمہ۔

ہوں ہاں کرنا (ہ) فعل ① صاف جواب نہ دینا ② ٹال مٹول کرنا ③ آرے بلے کرنا ④ بچے کا پہلے پہل بولنے لگنا۔

ہوں ہوں (ہ) محاورہ ① انکار بھی اور اقرار بھی ② یہ وہ کلمہ ہے جس سے انکار واقرار دونوں ثابت ہوتے ہیں ③ کسی کام کو روکنے کا کلمہ ہٹ اور ضد کا کلمہ۔

ہوں ہوں کرنا (ہ) فعل ① ہوں ہاں کرنا ② منہ سے ہوں ہوں کی آواز نکالنا ③ ٹال مٹول کرنا۔

ہونا (ہ) فعل ① جنم لینا ② پیدا ہونا ③ واقع ہونا ④ وارد ہونا ⑤ ظاہر ہونا ⑥ بیتنا ⑦ گزرنا ⑧ رہنا ⑨ موجود ہونا۔

ہونٹھ/ ہونٹ (ہ) اسم مذکر ① منہ کے اوپر نیچے کا کنارہ ② لب ③ کنارہ ④ دہان۔



ہونٹھ

ہونٹھ پپڑانا (ہ) فعل۔ پیاس یا خشکی کی وجہ سے ہونٹوں پر پپڑی بندھ جانا۔

ہونٹھ تک نہ ہلنا (ہ) فعل ① منہ سے بات تک نہ نکلنا ② اشارہ تک نہ ہو سکنا۔

ہونٹھ چاٹتے رہ جانا/ ہونٹھ چاٹا کرنا (ہ) فعل ① میٹھی یا مزے دار چیز کھانے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا ② چٹخارے بھرتے رہنا ③ مزہ یاد کرتے رہنا ④ ذائقہ نہ بھولنا۔

ہونٹھ چاٹنا (ہ) فعل ① ہونٹوں پر زبان پھیرنا ② کسی چیز کا ذائقہ یاد کرنا ③ ذائقہ لینا ④ لذت لینا ⑤ ہونٹھ چوسنا۔

ہونٹھ چبانا (ہ) فعل ① غصہ کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا ② دانت پیسنا ③ غصہ دکھانا۔

ہونٹھ چپکنا (ہ) فعل ① مٹھاس اور شیرینی کی وجہ سے لب بند ہوجانا ② لب سے لب ملنا۔

ہونٹھ خشک ہونا (ا) فعل ① منہ سوکھنا ② منہ پر ہوائیاں اڑنا۔

ہونٹھ سی دینا (ہ) فعل ① منہ بند کردینا ② چپ لگادینا ③ خاموش کردینا۔

ہونٹھ کاٹنا (ہ) فعل ① افسوس ظاہر کرنا ② غصہ وغم کا اظہار کرنا ③ حسد کرنا ④ جلنا۔

ہونٹھ ملنا (ہ) فعل ① منہ مسلنا ② بکواس اور بیہودہ گوئی کی سزا دینا ③ منہ پھٹ ہونے کی سزا دینا ④ زبان درازی کی سزا دینا۔

ہونٹھ ملوں تو دودھ نکل پڑے (ہ) محاورہ۔ اگر ذرا سختی کروں اور زور لگاؤں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے۔

ہونٹھ ہلانا (ہ) فعل ① بات کرنا ② بولنا ③ بات کہنا ④ چرکنا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 0314907218

www.besturdubooks.net

ہونٹھل (ہ) اسم صفت۔ موٹے اور بڑے بڑے ہونٹوں والا۔

ہونٹوں پر جان آنا (ا) فعل 1 مرنے کے قریب ہونا 2 جان بلب ہونا 3 قریب المرگ ہونا۔

ہونٹوں پر زبان پھیرنا (ا) فعل 1 ہونٹھ چاٹنا 2 مزے اور لذت میں محو ہونا 3 زبان سے ہونٹھ چاٹنا۔

ہونٹھوں سے دودھ کی بو نہیں گئی (ا) محاورہ 1 ابھی دودھ پیتے بچے ہو 2 ناتجربہ کار ہو۔

ہونٹھوں کی مسی پوچھو/ پونچھو (ا) محاورہ 1 بات کرنے کا سلیقہ سیکھو 2 تمیز سے بات کرو۔

ہونٹھوں میں کہنا/ بولنا (ہ) فعل 1 چپکے سے بات کرنا 2 آہستہ سے بات کہنا 3 منہ میں بولنا۔

ہونٹھوں میں مسکرانا (ہ) فعل 1 اس طرح ہنسنا کہ صرف ہونٹ ہی پھرکیں اور دانت نہ کھلیں 2 خندہ زیر لب کرنا۔

ہونٹھی (ہ) اسم مونث 1 گھوڑے کے دہانہ کی زنجیر 2 نہاری 3 دہانہ۔

ہونس (ا) اسم مونث 1 لوبھ 2 لالچ 3 حرص 4 طمع 5 ہوس کا بگاڑ ہے 6 رشک 7 ریس۔

ہونس ہونا (ا) فعل 1 لال ہونا 2 طمع ہونا 3 رشک ہونا 4 ریس ہونا 5 حسد 6 عداوت 7 جلن 8 بیر 9 بدخواہی۔

ہونس کرنا (ہ) فعل 1 رشک کرنا 2 حسد کرنا 3 جلنا۔

ہونس کھا گئی (ہ) محاورہ 1 نظر بد نے مار ڈالا 2 نظر بد کا اثر ہو گیا۔

ہونس لگ جانا (ہ) فعل 1 نظر بد لگ جانا 2 ٹوک میں آجانا 3 ٹوک ہو جانا۔

ہونسنا (ہ) فعل 1 نظر لگانا 2 ٹوکنا 3 جلنا 4 رشک کھانا 5 حسد کرنا 6 برائی چاہنا۔

ہونکنا (ہ) فعل 1 سانس پھولنا 2 ہانپنا 3 شیر کا بولنا 4 گرجنا 5 دھاڑنا۔

ہونگے پوت تو پوجیں گے بھوت (ہ) محاورہ 1 اولاد کی امید پر بھوت پریت کی پوجا بھی منظور ہے یعنی کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کریں ورنہ کیا ضرور 2 اپنی غرض کو سب کچھ کرتے ہیں۔

ہونق (ا) اسم صفت 1 بے وقوف 2 احمق 3 گاؤدی 4 جانگلو وحشی۔

ہونہار (ہ) اسم صفت فاعلی 1 ہونے جوگ 2 ہونے کے قابل 3 ہونے والا 4 وہ لڑکا یا پودا جس میں نیک یا سرسبز ہونے کی نشانیاں پائی جائیں 5 نازل ہونے والا 6 وہ بات جس کا ہونا ازل میں لکھا یا ہو 7 نصیبے والا 8 اقبالمند 9 قابل۔

ہونہو (ہ) تابع فعل 1 بالضرور 2 شرطی 3 غلط ہو یا صحیح جیسے ہونہو وہی ہے۔

ہونی (ہ) اسم مونث 1 ہونے والی 2 پیش آنے والی 3 قسمت یا نصیب کی بات 4 شدنی امر 5 ممکن الوقوع۔

ہونی نہیں (ہ) محاورہ 1 ممکن نہیں 2 کیا امکان 3 کیا مقدور۔

ہونی ہو سو ہو (ہ) محاورہ 1 ہرچہ باداباد 2 جو کچھ ہو سو ہو 3 جان رہے یا جائے کچھ ہی ہو۔

ہودو (ہ) محاورہ۔ ہوجانے دو 1 ہولینے دو 2 لڑائی بجنے دو 3 لڑنے دو۔

ہوہا (ہ) اسم مونث 1 شور وغل 2 غوغا 3 چیخم دھاڑ 4 ہنسی ٹھٹھے کی آواز 5 ہنگامہ 6 فساد 7 دھوم دھام 8 زاروشور۔

ہوئے (ہ) حرف ندا۔ آواز بڑھانے کے لئے منادیٰ پر زیادہ کرنے کا لفظ ہے۔

ہویدا (ف) اسم صفت 1 کھلا ہوا 2 ظاہر 3 آشکارا 4 عیاں 5 واضح 6 صاف 7 صریح۔

ہوئی ہے نہ ہوگی (ہ) محاورہ 1 ممکن نہیں 2 کیا مجال 3 کیا ممکن 4 ہرگز نہیں ہوسکتی۔

ہوئے ہیں نہ ہوں گے (ہ) محاورہ 1 ناممکن ہے 2 بالکل بے مروت اور بے لحاظ ہے 3 وہ کسی کے آشنا نہیں ہیں۔

## ہ ← ی

ہی (ہ) حرف تخصیصی، تاکید 1 صرف 2 تنہا 3 اکیلا 4 محض 5 فقط 6 بالکل 7 ذرا 8 تھوڑا 9 اندک۔

ہئی (ا) اسم مونث 1 دھوم 2 دھاک 3 تہلکہ 4 حیرت 5 شور 6 ہنگامہ 7 غلغلہ۔

ہئی پڑنا/ مچنا (ا) فعل 1 تعجب اور حیرت کا واقع ہونا 1 دھوم مچنا 2 شور وغل بلند ہونا 3 ہنگامہ ہونا 4 دھک پڑنا 5 تہلکہ پڑنا۔

ہے (ہ) کلمہ ایجاب و فعل ناقص 1 ہست 2 است کا ترجمہ 3 کلمہ تعجب کا

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

ہے جیسے ہے ابھی تو بھلا چنگا تھا④ تاسف و افسوس کا کلمہ ہائے کا مخفف ہے۔

ہے یونہی/ یونہیں (ہ) محاورہ① اسی وجہ ہے② درست ہے③ آپ درست فرما رہے ہیں۔

ہیا (ہ) اسم مذکر① ہردہ② دل③ من④ جگر⑤ کلیجہ⑥ قلب⑦ چیت⑧ جرات⑨ دلیری۔

ہیاؤ/ ہواؤ (ہ) اسم مذکر① حوصلہ② ہمت③ حوصلہ④ دلیری⑤ مردانگی⑥ بہادری⑦ شجاعت⑧ طاقت⑨ زور۔

ہیبت (ء) اسم مونث① ڈر② خوف③ بھے④ بیم⑤ دہشت⑥ رعب⑦ دھاک⑧ دھڑکا

ہیبت زدہ (عف) اسم صفت① ڈرپوک② ڈرا ہوا③ دہشت کا مارا④ خوف زدہ۔

ہیبت ناک (ہ) اسم صفت① ڈراؤنا② بھیانک③ پرخطر④ خوفناک⑤ مہیب۔

ہیٹ (ای) اسم مونث۔ انگریزی ٹوپی۔

ہیٹا (ہ) اسم صفت① بروزن② بیٹا③ چھوٹا④ کم گھٹیا⑤ ناقص⑥ سفلہ⑦ کم رتبہ⑧ کمینہ⑨ کمتر۔

ہیٹی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری① سبکی② ذلت③ رسوائی④ بدنامی بے قدری⑤ حقارت⑥ (بصورت یائے تانیث) ہیٹا کی مونث ہے۔

ہیٹی ہونا (ہ) فعل① نک کٹی ہونا② سبکی ہونا③ ذلت ہونا④ بات بگڑنا۔

ہیجا (ء) اسم مونث① لڑائی② جدھ③ جنگ④ کارزار⑤ رزم⑥ جدال قتال۔

ہیجان (ء) اسم مذکر① جوش② ابال③ اچھال④ کسی مادہ کا ابھار⑤ تیزی⑥ شدت⑦ زور⑧ غلبہ⑨ چڑھاؤ۔

ہیجڑا (ا) اسم مونث① مخنث② خصی آدمی③ وہ آدمی جس کے خصیے اور آلہ تناسل کاٹ ڈالا ہو④ نامرد⑤ ہیز⑥ خوجہ⑦ خوجہ سرا۔

ہیچ (ف) اسم صفت① کچھ نہیں② معدوم③ برطرف④ کم⑤ قلیل⑥ نکما⑦ ناکارہ⑧ خالی۔

ہیچکارہ/ ہیچکار/ ہیچ کس (ف) اسم صفت① نالائق② نکما③ بے فائدہ④ ناکارہ⑤ ردی۔

ہیچ مدان (ف) اسم صفت① کچھ نہ جاننے والا② ناواقف③ بے علم④ نادان۔

ہیچ مدانی (ف) اسم مونث بیائے مصدری① بے علمی② نادانی③ ناواقفیت④ بے ہنری⑤ کچھ نہ جاننا۔

ہیچ پوچ (ف) اسم صفت① سہل② لغو③ بے ہودہ④ بے مغز چیز۔

ہیڈڑا/ ہڈڑا (ہ) اسم مذکر① گت② درجہ③ حال④ حالت⑤ صورت⑥ شکل⑦ سلیقہ۔

ہیڈڑا جانا (ہ) فعل① حال بے حال ہونا② ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا③ گت بے گت ہونا۔

ہیڈ (ای) اسم مذکر① سر② سردار③ سرگروہ④ پیشوا⑤ بڑا⑥ اعلیٰ⑦ صدر۔

ہیڈ آفس (ای) اسم مذکر① صدر دفتر② دفتر اعلیٰ③ بڑا دفتر۔

ہیڈ فون (ای) اسم مذکر۔ وائرلیس وغیرہ کا آلہ جس کے ذریعے پیغامات سننے کے لیے اسے کانوں میں لٹکاتے ہیں۔

ہیڈ کلرک (ای) اسم مذکر① میر منشی② محرر اعلیٰ۔

ہیڈ کوارٹر (ای) صدر مقام① مرجع② صدر۔

ہیڈ ماسٹر (ای) اسم مذکر① مدرسہ میں سب سے بڑا استاد② صدر مدرس③ مدرس اعلیٰ۔

ہیر (س) اسم مونث① دولت② لکشمی③ ست④ جوہر⑤ مغز⑥ خلاصہ⑦ رس (ہندی میں) رانجھا کی معشوقہ کا نام ہے⑧ جڑ⑨ مول۔

ہیرا (ہ) اسم مذکر① ایک قسم کا نہایت قیمتی اور سخت پتھر جس کے کھانے سے آدمی مر جاتا ہے② الماس③ مجازاً۔ عمدہ④ نفیس⑤ اعلیٰ درجہ کا۔


ہیرا

ہیرا آدمی ہے (ا) محاورہ⑥ بڑا بھلا مانس آدمی ہے⑦ سچا آدمی ہے⑧ کھرا آدمی ہے⑨ قابل تعریف ہے۔

ہیرامن (ہ) اسم مذکر① طوطا② میاں مٹھو۔

ہیرے (ہ) اسم مذکر① ہیرا کی جمع② بہت سے الماس③ بہت سے ہیرے۔

ہیرے کی پرکھ جوہری جانے (ا) مثل① ہنر کی قدر اہل ہنر ہی کرتے ہیں② ہنر کو قدر دان ہی پہچانتا ہے۔

ہیرا پھیری (ہ) اسم مونث① لانا بدلنا② اول بدل③ کسی سودے کو لانا اور پھر پھیرنے کو جانا④ آمد و رفت⑤ آنا جانا۔

ہیر پھیر (ہ) اسم مونث① گردش② چکر③ دورہ④ انقلاب⑤ راستہ کا پیچ و خم⑥ خریدنا اور واپس کرنا⑦ قصور⑧ کمی⑨ کوتاہی۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314907218

ہیر پھیر کی باتیں (ہ) اسم مونث 1 دھوکے اور فریب کی باتیں 2 اینچ پیچ کی باتیں۔

ہیرنا (ہ) فعل 1 دیکھنا 2 مشاہدہ کرنا 3 ڈھونڈنا 4 تلاش کرنا 5 گھیرنا 6 شکار کرنا 7 رگیدنا 8 پیچھا کرنا 9 تعاقب کرنا۔

ہیر (ای) اسم مذکر۔ بال۔

ہیر ڈریسر (ای) اسم مذکر 1 حجام 2 بال تراشنے والا

ہیر کٹنگ سیلون (ای) اسم مذکر 1 باربر شاپ 2 حجام کی دوکان۔

ہیرو (ای) اسم صفت 1 بہادر 2 شجاع 3 سورما وہ شخص جس پر کسی قصے کا دارومدار ہو 4 قصے کی جان 5 مشہور آدمی 6 نامی آدمی۔

ہیروز (ای) اسم مذکر 1 ہیرو کی جمع ہے 2 مشاہیر۔

ہیروئن (ای) اسم مذکر 1 ہیرو کی تانیث 2 آدھی دیوی 3 بہادر عورت 4 کسی قصے یا کہانی میں وہ عورت جو مرکزی کردار ادا کرے۔

ہیضہ (ع) اسم مذکر 1 منہ پیٹ چلنا 2 متلی 3 دستوں اور قے کی بیماری 4 بدہضمی 5 کالرا 6 الٹی۔

ہیضہ کرنا (ا) فعل 1 امتلا 2 بدہضمی کے سبب قے کرنا 3 الٹی کرنا۔

ہیکڑ (ہ) اسم صفت 1 بلی 2 باونت 3 زورآور 4 شہزور 5 زبردست 6 ضدی 7 سرکش۔

ہیکڑی (ہ) اسم مونث بیائے مصدری 1 زور آوری 2 زبردستی 3 خودسری 4 سرکشی 5 ضد۔

ہیکڑی کرنا (ہ) فعل 1 زور دکھانا 2 اینٹھنا 3 ضد کرنا 4 اکڑنا 5 زبردستی کرنا۔

ہیکل (ع) اسم مونث 1 وہ صورت یا بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے 2 مجازاً ستارے کا مندر 3 بت خانہ کا بڑا مکان 4 بڑے جسم کا گھوڑا 5 شان وشوکت 6 عظمت 7 شکوہ 8 جسم 9 تن۔

ہیگا (ہ) ماضی قریب 1 موجود ہے 2 حاضر ہے 3 (بصورت فعل) ہے 4 بصورت تاکید ضرور ہے 5 بالضرور ہے 6 بے شک ہے 7 بلاشبہ ہے 9 (استفہام کی صورت میں) کیا موجود ہے۔

ہیلتھ آفیسر (ای) اسم مذکر۔ محکمہ حفظان صحت کا افسر۔

ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ (ای) اسم مذکر۔ محکمہ حفظان صحت۔

ہیلو (ای) اسم مذکر 1 متوجہ کرنے کا کلمہ 2 تعجب کے اظہار کا کلمہ 3 اخاہ 4 ارے۔

ہین (س) اسم صفت بیائے معروف 1 کم 2 قاصر 3 گھٹا ہوا 4 کوتہ 5 چھوٹا 6 کھٹیل 7 ناقص 8 ناتمام 9 ادھورا۔

ہین (ہ) حرف ربط الفعل ناقص 1 ہے کی جمع 2 کلمہ تعظیم بھی ہے۔

ہیں (ہ) حرف تنبیہہ 1 باز آ 2 خبردار 3 ہوش کر 4 استفہام کیلئے پوچھنے اور دریافت کرنے کے موقع پر بولتے ہیں 5 تعجب اور استعجاب کے لئے بھی آتا ہے۔

ہیں ہیں (ہ) کلمہ تاکید 1 تنبیہہ 2 ممانعت اور باز رکھنے کے لئے بولتے ہیں۔

ہینڈ (ای) اسم مذکر 1 ہاتھ 2 دست۔

ہینڈز اپ (ای) فعل امر 1 ہاتھ اوپر اٹھاؤ 2 بے حس وحرکت کھڑے ہو جاؤ۔

ہینڈ بک (ای) اسم مونث 1 دستی بک 2 رسالہ 3 دستور العمل۔

ہینڈ بل (ای) اسم مذکر۔ چھوٹے چھوٹے اشتہار جو ہاتھ سے بانٹے جاتے ہیں۔

ہینڈ بیگ (ای) اسم مذکر 1 دستی بیگ 2 چھوٹا بیگ۔

ہینڈل (ای) اسم مذکر 1 دستہ 2 قبضہ 3 موٹھ۔

ہینا (ہ) اسم صفت بے قدر 1 ذلیل 2 ہٹیا 3 نکما 4 شرمندہ 5 خجل 6 حقیر 7 ہیچ 8 محتاج 9 غریب۔

ہیننا (ہ) اسم مونث 1 تخفیف 2 کمی 3 گھٹتی۔

ہیننا (ہ) فعل 1 گدھے کا رینگنا 2 ہینچو ہینچو کرنا 3 گھوڑے کا ہنہنانا۔

ہینگ (ہ) اسم مونث۔ ایک درخت کا گوند ہے جسے ماش کی دال میں رفع بادی اور خوشبو کے لئے لگاتے ہیں۔

ہینگ لگا کر رکھو (ہ) محاورہ 1 طنزاً ہوا نہ لگنے دو 2 چھپا کر رکھو۔

ہینگ لگانا (ہ) فعل 1 کسی کو ہینگ ملنا 2 زک دینا 3 ہرانا 4 ذلیل کرنا 5 نیچا دکھانا 6 طنزاً سنوارنا 7 بنانا 8 درست کرنا۔

ہینگ لگی نہ پھٹکڑی (ہ) محاورہ 1 کچھ خرچ نہیں ہوا مفت میں کام ہو گیا 2 بلاخرچ کام بن گیا۔

ہینگ ہگنا (ہ) فعل 1 پیچش کی بیماری میں مبتلا ہونا 2 سخت بیمار پڑنا 3 بیمار پڑا رہنا 4 دیر تک بیمار رہنا 5 نہایت کمزور وناتواں ہونا۔

ہینگا (ہ) اسم مونث 1 کھیت میں پھیرنے کا پٹڑا 2 سہاگا 3 پٹڑا۔

ہینگر (ای) اسم مذکر۔ کپڑے لٹکانے کی کھونٹی۔

ہیو (ہ) اسم مونث صوت 1 ڈھوروں کے بلانے کی آواز 2 (یہ بواؤ مجہول ہے)

ہیولا / ہیولیٰ (ع) اسم مذکر 1 ہر چیز کا مادہ 2 ماہیت 3 اصل 4 ڈھیر 5 انبار 6 تودہ 7 لوتھڑا 8 مضغہ 9 غیر مرتب شکل۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149071249

ہیوی (ای) صفت ❶ بھاری ❷ بوجھل ❸ وزنی ❹ گراں۔
ہیوی ویٹ (ای) اسم مذکر ❶ مکا باز ❷ پہلوان جس کا وزن 140 پونڈ سے زیادہ ہو۔
ہَیہات (ء) کلمہ تاسف ❶ افسوس ❷ دریغ ❸ ہائے ہائے ❹ لغوی۔ دور ہوا ❺ بعید ہوا۔
ہیہات ہیہات (ء) کلمہ تاسف ❶ افسوس ❷ غضب ہوا ❸ وائے وائے ❹ ہے ہے ❺ ہائے ہائے ❻ دریغا دریغا۔
ہے ہے (ا) کلمہ تاسف وحسرت ❶ ہائے ہائے کا مخفف ❷ افسوس ❸ حیف صد ❹ حیف ❺ ہائے افسوس ❻ ایام گزشتہ کا افسوس ظاہر کرنے کے لئے (کلمہ ندبہ) یعنی درد اور ماتم کے صدمہ کے وقت بولتے ہیں ❼ تعجب کا کلمہ جو اچنبے اور تعجب کے وقت استعمال ہوتا ہے ❽ غضب ہوا ❾ حیرانی ہے۔
ہے ہے نہ کھے کھے (ا) محاورہ ❶ نہ جھگڑا نہ ٹنٹا ❷ نہ جھک جھک نہ کل کل۔
ہی ہی (ہ) اسم مونث صوت ❶ ہنسنے کی آواز ❷ بے ہودہ ہنسی کی آواز۔
ہی ہی ٹھی ٹھی (ہ) اسم مونث صوت ❶ بے ہودہ ہنسی کی آواز ❷ بے ہودہ ہنسی۔
ہیئت (ع) اسم مونث ❶ وہ علم جن میں سیاروں، زمین کی گردش اور زمین کی کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے ❷ بناوٹ ❸ صورت ❹ ساخت ❺ شکل ❻ طریق ❼ طور ❽ کیفیت ❾ حالت۔

Join us on Whatsapp Naveed BaiG 03149077218

# ی

عربی کا اٹھائیسواں، فارسی کا بتیسواں اور اردو کا پینتیسواں حرف ہے۔

ی (ء) اسم مونث ❶ عربی کا اٹھائیسواں، فارسی کا بتیسواں اور اردو کا پینتیسواں حرف ہے ❷ حروف تہجی میں یائے تحتانی سے موسوم ہے ❸ حساب جمل میں اس کے عدد دس شمار ہوتے ہیں۔

## ی ← ا

یا (ء) حرف ندا ❶ اے ❷ اجی ❸ ارے ❹ رے ❺ (حرف تردید ❻ خواہ ❼ چاہو ❽ بھانویں۔

یا آں شوراشوری / یا بایں بے نمکی (ف) محاورہ۔ یا تو اتنا اخلاص اور میل جول تھا یا اب اتنی بے پروائی۔

یا بسے گوجر رہے او جڑ (ہ) مثل۔ خود غرض اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دینے والے کی نسبت بولتے ہیں یعنی یا تو گوجر قوم آباد ہوگی یا جگہ ویران رہے گی۔

یا بھینسا بھینسوں میں قسائی کھونٹے (ا) مثل۔ یا کباب ہوئے یا دان گئی یہ کام کرنا ضرور ہے خواہ معاملہ ادھر ہو یا ادھر ہو۔

یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگن ہی کر جائے (ا) مثل۔ شریف آدمی اگر کھائے گا تو عزت ہی کی روٹی کھائے گا ورنہ فاقہ ہی میں پڑا رہے گا۔

یا جائے ہزاری / جائے بزاری (ا) محاورہ۔ میلے تماشے میں یا تو امیر آدمی جائے کہ ہر طرح سیر کا لطف اٹھانے یا کوئی لچا شہدا اور فقیر جو کچھ وہاں سے سیر کے علاوہ کچھ کما بھی لائے۔

یا خدا تو دے نہ میں دوں (ا) محاورہ۔ نہایت حاسد اور پرلے درجے کا بخیل ہو اس کی نسبت بولتے ہیں یعنی وہ ایسا بخیل ہے نہ تو آپ ہی دیتا ہے اور نہ خدا ہی کا دینا گوارا کرتا ہے۔

یا خدا خیر ہاتھ بچا اور پیر (ا) محاورہ۔ مزدور لوگ جان جوکھوں کا کام کرتے وقت یہ فقرہ زبان پر لایا کرتے ہیں۔

یا سووے جوگی ابدھوت یا سووے راجا کا پوت (ا) مثل ❶ یا تو فقیر آرام سے گزارتا ہے یا امیر ❷ سکھ کی نیند یا فقیر کو نصیب ہے یا امیر کو۔

یا علی مدد (ء) جاہل فقیروں کا کلمہ دعا ہے جو مدد اور استمداد کے واسطے زبان پر لاتے ہیں۔

یا قسمت یا نصیب (ء) حرف ندا ❶ رضا و تسلیم کے لئے یعنی جو کرے سو مولے ❷ شکایت تقدیر کے موقع پر یعنی ہائے قسمت ہائے نصیب۔

یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا (ا) مثل۔ زیادہ خرچ دو ہی جگہ ہوا کرتا ہے یا گھوڑا رکھنے میں اور مکان وغیرہ بنانے میں۔

یا لڑے سور ما لڑے ان بھول (ا) محاورہ۔ جنگ کے قابل دو ہی شخص ہوتے ہیں یا بہادر یا بے وقوف کیونکہ یہ دونوں آدمی لڑنے سے نہیں ڈرتے۔

یا (ہ) اسم اشارہ قریب ❶ یہ ❷ این ❸ نیز ❹ علامت ❺ نسبت و



www.besturdubooks.net
Join us on whatsapp Naveed Baig 03149072

فاعلیت ⑥ علامت تانیث وتصغیر بھی ہے۔

**یابندہ** (ف) اسم فاعل از یافتن ① پانے والا ② حاصل کرنے والا ③ سراغ لگانے والا ④ کھوجی۔

**یابس** (ع) اسم صفت فاعلی ① سوکھا ہوا ② خشکی کرنے والا ③ خشک۔

**یالو** (ف) اسم مذکر ① ٹٹو ② ایک چھوٹے قد کے گھوڑے کا نام ہے ③ ٹائر۔

**یاجوج** (سریانی) اسم مذکر ① فسادی ② فساد انگیز ③ حضرت نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام ہے نیز اس کی قوم واولاد جو طوفان نوح کے بعد کوہ الطائی کے شمال میں آباد ہوگئی تھی یہ لوگ بڑے فسادی اور متفنی تھے۔

**یاجوج ماجوج** (ع) اسم مذکر ① مفسد ② فتنہ پرداز ③ فسادی۔

**یاد** (ف) اسم مونث ① دل ② من ③ ہردہ ④ ہیا ⑤ حافظہ ⑥ یادداشت ⑦ نام ⑧ رٹنا ⑨ تسبیح۔

**یاداللہ** (فع) اسم مونث ① فقیروں کا سلام ② صاحب سلامت ③ خدا کی عبادت ④ یاد خدا ⑤ بندگی ⑥ ملاقات ⑦ واقفیت ⑧ جان پہچان۔

**یاد آنا** (ا) فعل ① خیال آنا ② ذہن میں آنا ③ یادداشت ہونا ④ ہڑکا ہونا ⑤ ہڑک اٹھنا ⑥ معلوم دینا ⑦ خبر پڑنا۔

**یادآوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① یاد کرنا ② خط بھیجنا ③ مزاج پرسی کرنا ④ خیریت طلبی۔

**یاد پڑنا** (ا) فعل ① یاد آنا ② یاد ہونا ③ خیال گزرنا ④ ذہن میں آنا۔

**یادداشت** (ف) اسم مونث ① یاد رکھنے کا نشان ② نوٹ بک ③ بیاض ④ حافظہ ⑤ چیتا ⑥ یاددہانی کا خط ⑦ دوسرا تاکیدی خط۔

**یاددلانا** (ا) فعل ① جتانا ② آگاہ کرنا ③ متنبہ کرنا۔

**یادرب کی خیر سب کی** (ا) صدائے دعا۔ فقیروں کی صدا ہے یعنی خدا کا نام لیتے اور سب کا بھلا مناتے ہیں کچھ ہمیں بھی دلاؤ۔

**یادرکھنا** (ا) فعل ① دھیان رکھنا ② بھول نہ جانا ③ خیال رکھنا۔

**یادرہنا** (ا) فعل ① خیال رہنا ② دھیان رہنا ③ ذہن میں رہنا ④ حافظہ میں رہنا۔

**یادرہے** (ا) فعل ① بھولنا مت ② فراموش نہ کرنا ③ جتا دینا کہ بدلہ لے کر چھوڑوں گا ④ ضرور شرطی ⑤ یقیناً ⑥ بے شک ⑦ دعوے سے۔

**یادش بخیر** (ف) محاورہ۔ کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے دعا کے طور پر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں یعنی ہم اس کا نام نیکی اور بھلائی سے لیتے ہیں اور ہر آفت وبلا سے اس کی خیریت چاہتے ہیں نیز اگر کسی دوست کا ذکر کرتے ہوں اور وہ اتفاقاً وہاں آنکلے تو بھی یہی کلمہ بولتے ہیں۔

**یادفراموش** (ا) اسم مونث۔ ایک قسم کی بازی اور شرط کا نام ہے جس کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر ہم تم کو کوئی چیز اس وقت کا اقرار اور عہد بھلا کر دے دیں اور ساتھ ہی فراموش بھی کہہ دیں تو تم کو اس کے عوض میں فلاں چیز اس قدر دینی ہوگی اور جو تم نے کہہ دیا کہ یاد ہے تو تم جیتو گے۔

**یادفرمانا** (ا) فعل ① یاد کرنا ② بلانا ③ بادشاہوں یا امیروں کا اپنے کسی ملازم کو بلانا اور طلب کرنا۔

**یاد کرنا** (ا) فعل ① چیتنا ② رٹنا ③ بار بار نام لینا ④ خیال میں لانا ⑤ حافظہ میں لانا ⑥ حفظ کرنا ⑦ ازبر کرنا ⑧ کسی کی الفت اور محبت کا خیال کرنا ⑨ امیروں یا بادشاہوں کا اپنی کسی ملازم کو طلب فرمانا۔

**یاد کروگے** (ا) محاورہ ① کبھی نہ بھولوگے ② یاد رکھوگے ③ افسوس کروگے ④ پچھتاؤگے ⑤ ہاتھ ملوگے۔

**یاد کرے** (ا) محاورہ ① کبھی نہ بھولے ② افسوس کرے ③ پچھتائے ④ ہاتھ ملے۔

**یادگار/یادگاری** (ف) اسم مونث ① نشانی ② علامت ③ اثار ④ کسی دوست کو نشانی کے طور پر دی ہوئی چیز ⑤ پرانی عمارات ⑥ آثار الصنادید ⑦ تمغہ ⑧ میڈل ⑨ وہ چیز جسے دیکھ کر کوئی یاد آئے۔

**یادگار زمانہ** (ف) اسم مذکر ① قابل یاد چیز ② زمانہ میں یاد رہنے والی چیز۔

**یادگدگدانا** (ا) فعل ① کسی چیز کا بار بار یا رہ رہ کر یاد آنا ② دل میں یاد اٹھنا۔

**یادہوکہ نہ یادہو** (ا) محاورہ ① واللہ علم تمہیں یاد ہے کہ بھول گئے ② معلوم نہیں یاد بھی ہے یا بالکل بھول گئے۔

**یادہونا** (ا) فعل ① حفظ ہونا ② ازبر ہونا ③ دھیان میں ہونا ④ ذہن نشین ہونا ⑤ بلایا جانا ⑥ طلبی ہونا ⑦ دل میں آنا ⑧ خیال میں آنا۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**یاد ہے** (ا) محاورہ ① خوب جانتے ہیں ② بخوبی معلوم ہے ③ یاد فراموش کی شرط کا جواب بھی ہے۔

**یار** (ف) اسم مذکر ① ساتھی ② مددگار ③ ساتھ دینے والا ④ حمایتی ⑤ دلربا ⑥ محبوب ⑦ معشوق ⑧ دلبر ⑨ جانی بیٹا۔

**یار باش** (ف) اسم مذکر ① دوستوں کا دوست ② یاروں کا یار ③ ملنسار ④ زندہ دل ⑤ خوش مزاج ⑥ عیاش ⑦ تماش بین ⑧ عاشق مزاج۔

**یار جانی** (ف) اسم مذکر ① وہ یار جس پر جان قربان ہو ② نہایت پیارا اور دلی دوست۔

**یار زندہ صحبت باقی** (ف) مثل ① زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی ② اب نہیں تو پھر سہی۔

**یار غار** (فع) اسم مذکر ① گہرا دوست ② پکا دوست ③ پورا ساتھی ④ ہمدم دوست ⑤ رفیق ⑥ خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ جیسا دوست جنہوں نے رسول خدا صلعم کا ہجرت کے وقت غار میں ساتھ دیا ⑦ اصحاب کہف جیسے دوست جو غار میں ہوتے ہیں۔

**یار فروشی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① بیجا خوشامد ② یاروں کی تعریف کرنا ③ دوستوں کی تعریف میں اپنا فخر سمجھنا۔

**یار کی یاری سے کام اس کے فعلوں سے کیا کام** (ا) فعل۔ دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے کاموں سے کیا مطلب یہ مثل دوست کے عیبوں پر خیال نہ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

**یار لوگ** (ا) محاورہ ① عیار دوست ② چالاک یار ③ دوست ④ آشنا ⑤ ہم میں بے تکلفی کے موقع پر مفید ضمیر متکلم۔

**یار مار** (ا) اسم صفت فاعلی ① یار سے دغا کرنے والا ② دھوکے باز ③ محسن کش ④ فریبی ⑤ مکار ⑥ عیار ⑦ دغاباز۔

**یار مار بنیا پہچان مار چور** (ا) مثل ① بنیا دوست سے بھی نہیں چوکتا اور چور صرف مالدار پہچان کر لوٹتا ہے ② بنیا دوست کو بھی چیز کم اور مہنگی دیتا ہے اور چور پہچان والے کو ہی زیادہ مارتا ہے تاکہ وہ دوسروں پر ظاہر نہ کردے کہ فلاں شخص چور ہے۔

**یار ماری** (ا) اسم مونث بیائے مصدری ① دوست کے ساتھ دغا بازی ② دھوکا دہی ③ محسن کشی ④ ٹھگی۔

**یار ماری کرنا** (ا) فعل ① دوست بنا کر مارنا ② یار بن کر دغا کرنا۔

**یارا** (ف) اسم مذکر ① مجال ② طاقت ③ حوصلہ ④ دلیری ⑤ تاب ⑥ قوت ⑦ مقدور۔

**یاراں** (ف) اسم مذکر ① یار کی جمع ② دوستاں ③ احباب ④ احبا۔

**یاراں چوری نہ پیراں دغا / دغا بازی** (ا) محاورہ ① صاف گو ② کھرا آدمی ③ اپنی صفائی جتانے کے وقت کہتا ہے یعنی ہمت وحق کی طرف ہو کر سب سے یکساں معاملہ رکھتے ہیں اس میں خواہ کوئی خوش ہو خواہ ناراض۔

**یارانہ** (ف) تابع فعل ① دوستی کے طور پر ② مشفقانہ طور سے (بحالت اسم مذکر) دوستی ③ پیار ④ اخلاص ⑤ محبت ⑥ آشنائی ⑦ الفت ⑧ اتحاد۔

**یارانہ گانٹھنا** (ا) فعل ① دوستی جوڑنا ② یاری جوڑنا ③ دوست بنانا ④ آشنا بنانا۔

**یارانہ ہونا** (ا) فعل ① دوستی ہونا ② میل ملاپ ہونا ③ دوستانہ ہونا۔

**یارڈ** (ای) اسم مذکر ① صحن ② انگن ③ چوک ④ گز۔

**یارو** (ا) اسم مذکر ① یار کی جمع ② بحالت ندا ③ دوستو ④ مونسو۔

**یاروں** (ا) اسم مذکر ① یار کی جمع ② دوستوں ③ آشناؤں ④ (بحالت ضمیر) ہم ⑤ میں ⑥ اپنا ⑦ ہمارا ⑧ میرا۔

**یاروں کا یار** (ا) اسم صفت ① دوستوں کا دوست ② ہر ایک کا ساتھی ③ سب کے موافق ④ سب کا ہمراز ⑤ بڑا یار باش ⑥ ملا جلا ⑦ شیر وشکر ⑧ ملنسار۔

**یاری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① مدد ② سہارا ③ دستگیری ④ تائید ⑤ اعانت ⑥ حمایت ⑦ تقویت ⑧ درستی۔

**یاری آوے** (ا) محاورہ اطفال ① جو چیز کھا رہے ہو اس سے حصہ ملے ② ہم کو بھی دوستانہ کا حق دو ③ ہمارا حصہ بھی دو۔

**یاری جوڑنا / یاری بدنا** (ا) فعل ① باہم عہد و پیمان ② دوستی کرنا ③ یارانہ گانٹھنا ④ ہمدم وہمراز بنانا۔

**یاری دینا** (ا) فعل ① مدد دینا ② امداد کرنا ③ معاونت کرنا۔

**یاری کٹ کرنا** (ا) فعل ① دوستی چھوڑنا ② دوستانہ قطع کرنا۔

**یازدہ** (ف) اسم عدد ① گیارہ ② دس اور ایک ③ ایک اوپر دس ④ ۱۱۔

**یازدہم** (ف) اسم صفت عددی ① گیارھواں ② گیارھویں تاریخ ③

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

اکاؤشی۔

**یاس** (ء) اسم مونث ❶ نا امیدی ❷ نراس ❸ حرماں ❹ مایوسی ❺ خوف ڈر ❻ دھڑکا ❼ اندیشہ ❽ خطرہ ❾ ڈبکا۔

**یاس کلی** (ء) اسم مونث ❶ بالکل نا امیدی ❷ قطعی مایوسی ❸ کامل نا امیدی۔

**یاس ہو جانا** (ا) فعل ❶ مایوس ہو جانا ❷ نا امید ہو جانا ❸ ہمت ٹوٹ جانا۔

**یاسا** (ت) اسم مذکر ❶ ماتم ❷ مجازاً کشت وخون ❸ غارتگری۔

**یا سکھ نیند سوئے یا مالا جپیو** (ا) مثل۔ دو کاموں میں سے ایک ہی ہو سکتا ہے یا آرام کرو یا کام کرو۔

**یاسمن/ یاسمون/ یاسمین** (ف) اسم مذکر ❶ چنبیلی ❷ ایک قسم کا خوشبودار پھول۔

**یاسہ** (ف) اسم مذکر ❶ آرزو ❷ تمنا ❸ قانون ❹ حکم ❺ قصاص ❻ رسم ❼ دستور۔

**یاسین** (ء) اسم مونث ❶ یسین ❷ یس بھی لکھتے ہیں ❸ لغوی معنی اے سید ❹ اے سردار ❺ سید البشر ❻ قرآن شریف کی ایک سورت کا نام ہے جو جانکنی کے وقت مردے کو سناتے ہیں۔

**یافت** (ف) اسم مونث ❶ آمدنی ❷ آمد ❸ کمائی ❹ نفع ❺ فائدہ ❻ رشوت ❼ بالائی آمد۔

**یافتنی** (ف) اسم مونث بیائے قابلیت ❶ قابل وصول ❷ لینا ❸ گرفتنی۔

**یاقوت** (ء) اسم مذکر ❶ ایک قسم کا سرخ رنگ کا جواہر ❷ ایک قیمتی پتھر ❸ یہ نیلے زرد اور سفید رنگ کا بھی ہوتا ہے۔

**یاقوت رقم خان** (عف) ایک مشہور خوشنویس کا نام ہے۔ نیز خوشنویس کا خطاب۔

**یاقوت رمانی** (ء) اسم مذکر ❶ ایک نہایت عمدہ قسم کا یاقوت ❷ جس کا رنگ انار کے دانہ سے مشابہ ہے۔

**یاقوت لب** (عف) سرخ ہونٹوں والا ❶ لعل لب ❷ معشوق ❸ دلربا ❹ دلبر۔

**یاقوتی** (ء) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ یاقوت ❷ نوشدارو ❸ ایک قسم کی مقوی معجون جس کا جزو اعظم یاقوت ہے ❹ نشاستہ اور کھانڈ سے بنائی ہوئی ایک قسم کی عمدہ خوراک۔

**یاک** (ای) اسم مذکر۔ تبتی بیل جس کے جسم پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں اور پیٹھ پر کوہان ہوتا ہے۔

**یال** (ف) اسم مونث ❶ گردن ❷ گلا ❸ گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے لمبے بال ❹ شیر ببر کی گردن کے بال۔

**یاں** (ہ) تابع فعل ❶ یہاں کا مخفف ہے ❷ اس جگہ۔

**یانا** (ہ) اسم صفت ❶ کم عمر ❷ چھوٹی عمر کا نادان بچہ ❸ کم سن۔

**یانکی** (ای) اسم مذکر ❶ امریکی ❷ امریکہ کا باشندہ۔

**یاور** (ف) اسم مذکر ❶ مددگار ❷ حمایتی ❸ دستگیر۔

**یاوری** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ مدد ❷ حمایت ❸ دستگیری ❹ سہارا ❺ اعانت۔

**یاوہ** (ف) اسم صفت ❶ پوچ ❷ لغو ❸ بے ہودہ ❹ لچر ❺ بے معنی ❻ نامعقول۔

**یاوہ گو** (ف) اسم صفت ❶ بے ہودہ بکنے والا ❷ ہرزہ سرا ❸ ہرزہ درا ❹ نامعقول ❺ بکواسی۔

**یاوہ گوئی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ❶ بکواس ❷ بے ہودہ گوئی ❸ واہیات ❹ لغویات۔

**یاہو** (ء) اسم مذکر ❶ خدائے تعالیٰ کا اسم ذات ❷ ایک قسم کا کبوتر جس کی آواز سے یاہو سمجھ میں آتا ہے ❸ کبوتر کی آواز۔

**یائے معکوس** (ء) اسم مونث ❶ بڑی ے ❷ لمبی ے۔

## ی ← ب

**یبس** (ء) اسم مونث ❶ خشکی ❷ سوکھا پن۔

**یبوست** (ء) اسم مونث ❶ سوکھا پن ❷ روکھا پن ❸ خشکی۔

## ی ← ت

**یتیم** (ء) اسم مذکر ❶ لغوی معنی اکیلا ❷ تنہا ❸ یکتا ❹ اصطلاح میں وہ نابالغ لڑکا جس کا باپ مر گیا ہو ❺ بن باپ کا ❻ نہایت قیمتی جواہر ❼ بڑا موتی۔

**یتیم الطرفین** (ء) اسم مذکر ❶ بن ماں باپ کا ❷ وہ بچہ جس کے ماں اور

Join us on WhatsApp Naveed Balo 03149977218

باپ دونوں مر گئے ہوں۔

**یتیم ہونا** (ا) فعل ① باپ مرنا ② بن باپ کا ہونا ③ لاوارث ہونا ④ بے پدر ہونا۔

**یتیم خانہ** (ء) اسم مذکر۔ یتیم بچوں کے رہنے کی جگہ۔

**یتیمی** (ء) اسم مونث بیائے مصدری ① حالت بے پدری ② یتیم کی حالت۔

## ی ← ث

**یثرب** (ء) اسم مذکر ① عرب کے ایک مقدس شہر کا نام جہاں رسول مقبول صلعم آسودہ ہیں ② مدینہ منورہ کا دوسرا نام ہے۔

## ی ← ج

**یجر وید** (س) چاروں ویدوں میں سے دوسرا وید ہے۔

## ی ← خ

**یخ** (ف) اسم مونث ① جمی ہوئی برف ② پانی جما کر بنائی ہوئی برف ③ منجمد پانی ④ نہایت سرد۔

**یخ بستہ** (ف) صفت۔ سردی سے برف کی طرح جما ہوا۔

**یخنی** (ف) اسم مونث ① شوربا ② ابالے ہوئے گوشت کا پانی۔

**یخنی پلاؤ** (ف) اسم مذکر ① وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں ② قورمہ پلاؤ کی ضد۔

## ی ← د

**ید** (ء) اسم مذکر ① ہاتھ ② دست۔

**ید بیضا** (ء) اسم مذکر ① چمکتا ہوا ہاتھ ② روشن ہاتھ ③ سفید ہاتھ ④ نہایت گورا چٹا ہاتھ ⑤ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وہ روشن ہاتھ جسے آپ معجزہ کے طور پر بغل میں لیجا کر باہر نکالتے تھے تو آفتاب کی طرح روشن ہو جاتا تھا اور آنکھوں میں اس سے چکا چوند آنے لگتی تھی۔

**ید طولےٰ** (ء) اسم مذکر ① بہت لمبا ہاتھ مجازاً نہایت مہارت ② بڑی بھاری دسترس ③ نہایت اعلیٰ درجہ کا ملکہ ④ بڑا بھاری ملکہ۔

**ید قدرت** (ء) اسم مذکر۔ خدا کی طاقت۔

**یدین** (ء) اسم مذکر۔ دونوں ہاتھ۔

## ی ← ر

**یراق** (ت) اسم مذکر ① لڑائی کا سامان ② ہتھیار ③ اسلحہ ④ سامان جنگ۔

**یرغہ** (ف) اسم مذکر ① تیز گھوڑا ② تیز رفتار گھوڑا ③ ینار کے معنی میں بھی آیا ہے۔

**یرغمال** (ف) اسم مذکر ① اول ② کفیل ③ جب کوئی بادشاہ کسی دوسرے بادشاہ سے عہد و پیمان کر کے صفائی کرے تو زبردست بادشاہ دوسرے مغلوب بادشاہ کے رشتہ داروں میں سے کسی شخص کو کفالت کے طور اپنے پاس رکھ لیتا ہے تاکہ یہ پھر دغابازی نہ کرے۔

**یرقان** (ء) اسم مذکر۔ ایک مرض کا نام ہے جس میں دونوں آنکھیں بلکہ تمام جسم پیلا پڑ جاتا ہے اور چہرہ زرد ہو جاتا اور پیشاب تک زرد آتا ہے۔

**یرمغان** (ء) اسم مذکر ① تحفہ ② ہدیہ ③ ارمغان۔

**یرملون** (ء) اسم مذکر۔ علم قرات کے لحاظ چھ حرفوں کا مجموعہ ہے جب ان سے پہلے نون ساکن یا نون تنوین آ جاتا ہے تو ان میں مدغم ہو جاتا ہے۔

## ی ← ز

**یزد** (ف) اسم مذکر۔ ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جہاں کا یزدی کپڑا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 0314...

مشہور ہے۔

یزدان (ف) اسم مذکر ❶ خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے ❷ فاعل خیر ❸ خدا جس سے شر کبھی نہیں ہوتی۔

یزدانی (ف) اسم صفت بیائے نسبتی ❶ منسوب بہ یزدان ❷ خدائی ❸ ربانی۔

یزک (ت) اسم مذکر ❶ قراول ❷ طلایہ ❸ طلیعہ ❹ سواروں کی وہ جماعت جو اپنے لشکر کے آگے آگے دشمن کی فوج سے خبردار اور ہوشیار رہنے کے لئے جاتی ہے ❺ مجازاً روند ❻ گشت ❼ پہرا ❽ چوکی ❾ پہریدار۔

یزید (ع) اسم مذکر۔ ایک مشہور ملعون کا نام ہے جو معاویہ کا بیٹا تھا جس نے خلافت کا دعوے کر کے حضرت امام حسین علیہ السلام کو ان کے تمام کنبے سمیت میدان کربلا میں شہید کرا دیا تھا۔

## ی ← س

یسار (ع) اسم مذکر ❶ دولت ❷ ثروت ❸ بائیں طرف ❹ بایاں ہاتھ ❺ بائیں جانب۔

یساول (ت) اسم مذکر ❶ چوبدار ❷ نقی ❸ ہرکارہ ❹ قاصد۔

یسیر (ع) اسم صفت ❶ سہل ❷ آسان ❸ چھوٹا ❹ تھوڑا ❺ قلیل ❻ بن ماں کا ❻ مسکین۔

یٰسین (ع) اسم مونث ❶ یاسین ❷ قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام ہے۔

یسین پڑھوانا/ سنوانا (ا) فعل۔ حالت نزع میں بیمار کی تکلیف دور ہونے اور جانکنی کی تکلیف رفع ہونے کے لئے سورۃ یسین سنوانا۔

یٰسین کا وقت آنا (ا) فعل ❶ دم نزع ہونا ❷ جانکنی کی حالت ہونا۔

## ی ← ش

یشب (ف) اسم مذکر۔ جواہرات کی قسم کا ایک قیمتی پتھر ہوتا ہے جو ذرا سبزی مائل ہوتا ہے۔

یشمک (ف) اسم مذکر۔ نقاب جو مصر اور ترکی میں استعمال ہوتا ہے۔

## ی ← ع

یعبوب (ع) اسم مذکر۔ تیز رفتار گھوڑا۔

یعسوب (ع) اسم مذکر ❶ مہال کی مکھیوں کا بادشاہ ❷ شہد کی مکھیوں کی رانی ❸ رانی مکھی ❹ مکھیوں کی ملکہ شہد کی تمام مکھیاں اس کے تابع ہوتی ہیں۔

یعقوب (ع) اسم مذکر۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے باپ کا نام ہے۔ جن کا دوسرا نام اسرائیل تھا۔

یعنی (ع) تابع فعل ❶ حرف تفسیر ❷ مراد ❸ مطلب ❹ معنی ❺ (لغت میں مصدر عنایت سے مضارع واحد مذکر غائب ہے۔ بمعنی قصد کرتا ہے)

## ی ← غ

یغما (ف) اسم مونث ❶ لوٹ ❷ مال غنیمت ❸ تاراج ❹ ڈاکے یا رہزنی کا مال ❺ ترکستان کے ایک حسن خیز شہر کا نام ہے۔

یغمائی (ف) اسم مذکر ❶ لٹیرا ❷ قزاقی۔

## ی ← ق

یقین (ع) اسم مذکر ❶ بے شک ❷ بے شبہ ❸ البتہ ❹ ضرور ❺ درست ❻ ٹھیک ❼ اعتبار ❽ اعتماد ❾ اطمینان۔

یقین آنا (ا) فعل ❶ اعتبار آنا ❷ اطمینان ہونا ❸ تسلی ہونا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149072218

یقین جاننا (ا) فعل ① سچ جاننا ② اعتبار کرنا ③ سچ ماننا۔
یقین کرنا / یقین لانا (ا) فعل ① ٹھیک اور درست خیال کرنا ② اعتبار کرنا۔
یقین کے بندے ہوگے تو سچ مانو گے (ا) محاورہ۔ نہایت صداقت جتانے کے موقع پر بولتے ہیں یعنی اگر تمہیں یقین کی قدر اور تم کو سچ بات کی شناخت ہوگی تو ہماری اس بات میں شبہ نہ کرو گے۔
یقین مانو (ا) محاورہ ① سچ جانو ② درست سمجھو۔
یقیناً (ع) تابع فعل ① ضرور ② ازروئے یقین ③ یقین کے طور پر ④ بے شک۔
یقینی (ا) اسم مونث ① یقین کیا ہوا ② بلاشبہ ③ شک وشبہ سے پاک۔

## ی ← ک

یک (ف) اسم عدد ① ایک ② اکیلا ③ واحد ④ فرد ⑤ تنہا ⑥ جریدہ۔
یک اسپہ (ف) اسم مذکر ① اکیلا سوار ② ایک گھوڑے والا سوار ③ مجازاً سورج ④ آفتاب۔
یک انار صد بیمار (ف) مثل ① ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں چیز ایک ہو اور خواہاں بہت سے۔
یک بار (ف) اسم صفت ① ایک دفعہ۔
یک پشتہ (ف) اسم صفت ① ایک رخا ② چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ۔
یک تارا (ا) اسم مذکر ① ایک تار کا ستار یا باجہ ② تنبورا ③ ایک قسم کی باریک ململ۔
یک جا (ف) تابع فعل ① اکٹھے ② باہم مل جل کر ایک جگہ ③ ایک مکان میں ملے جلے۔
یک جان (ا) اسم صفت ① خوب اچھی طرح ملا ہوا ② شیروشکر ③ خوب مل اجلا۔
یک جان دو قالب (فع) اسم صفت ① نہایت گہرے دوست ② پکا دوست ③ دلی دوست ④ ہمراز ⑤ متفق ⑥ یک جہت۔
یک جان دو قالب ہونا (ا) فعل ① گہرا دوست ہونا ② پکا دوست ہونا۔
یک جدی (فع) اسم صفت ① ایک دادا کی اولاد ② ایک خاندان کا ③ آبائی ④ موروثی۔
یک جہت (ف) اسم صفت ① متفق ② موافق ③ ہمزبان ④ دوست۔
یک جہتی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① دوستی ② اتفاق ③ اتحاد۔
یک چشم (ف) اسم صفت ① ایک آنکھ والا ② کانا ③ کانڑا۔
یک چند (ف) اسم صفت ① ذرا سی دیر ② ذرا ③ ذرا کی ذرا ④ کھڑے کھڑے۔
یک چوبہ (ف) اسم صفت ① ایک بلی کا خیمہ ② ایک چوب والا ڈیرا۔
یک در گیر و محکم گیر (ف) مثل ① ایک ہی جگہ مستقل ہو کر کام کرنا چاہئے ② ایک کا ہو رہے۔
یک دست (ف) اسم صفت ① یکساں ② ہموار ③ برابر ④ سارا ⑤ ثابت ⑥ پورا ⑦ جوں کا توں ⑧ تمام ⑨ کل۔
یک دستی (ف) اسم صفت ① ایک ہاتھ کا ② کشتی کے ایک داؤں کا نام ہے۔
یک دگر (ف) تابع فعل ① ایک دوسرا ② دونوں مل کر ③ باہم دگر۔
یک دل (ف) اسم صفت ① ایک ہی جیسا دل رکھنے والے ② مونس ③ ہمراز ④ ہمدم ⑤ ہمرنگ ⑥ یک جان دو قالب ⑦ متفق الرائے ⑧ ہمزبان۔
یک دلی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① یگانگت ② اتحاد ③ اتفاق ④ یک جہتی۔
یک رخی (ف) اسم صفت ① ایک طرفہ ② یک رخہ ③ دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا۔
یک رنگ (ف) اسم صفت ① یکساں ② ظاہر و باطن ③ ایک سا ④ صاف دل ⑤ صادق ⑥ بے ریا ⑦ یک دل ⑧ محب ⑨ دوست۔
یک رنگی (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① محبت ② دوستی ③ ایک طرح کا ہونا ④ یکجہتی ⑤ اخلاص۔
یک زبان (ف) اسم صفت ① ایک بات بولنے والا ② بات کا پکا ③ ثابت قدم۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249077218

**یک ساں** (ف) اسم صفت ① ہموار ② برابر ③ چورس ④ ایک سا ⑤ مانند ⑥ ملتا ہوا ⑦ ہمشکل ⑧ مشابہ۔

**یک سر** (ف) اسم صفت ① تمام ② سراسر ③ بالکل ④ سب ⑤ یک لخت ⑥ محض ⑦ سارا ⑧ سرتاسر۔

**یک سر ہزار سودا** (ف) مثل۔ نہایت مصروف کار اور عدیم الفرصت آدمی اپنی کم فرصتی جتانے کے موقعہ پر یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

**یک سو** (ف) اسم صفت ① ایک طرف ② ایک جانب ③ چکتا ④ بالمقطع ⑤ ساکن ٹھیرا ہوا ⑥ ٹھہراؤ ⑦ قیام ⑧ سکون ⑨ استقلال۔

**یک سوئی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ③ یکطرفی ④ استقلال ⑤ اطمینان ⑥ حواس ⑦ دلجمعی ⑧ فرصت ⑨ قیام۔

**یک شنبہ** (ف) اسم مذکر ① پہلا دن ② اتوار ③ سورج کا دن۔

**یک صدی ذات** (فع) اسم مذکر۔ شاہان مغلیہ کے زمانے ایک منصب تھا جس کی تنخواہ تقریباً پانچ ہزار روپے بنتی ہے۔

**یک طرف** (فع) اسم صفت ① ایک جانب ② الگ ③ جدا ④ کنارے ⑤ علیحدہ ⑥ تنہا۔

**یک قلم** (فع) اسم صفت ① تمام ② سراسر ③ بالکل ④ سب ⑤ یک لخت ⑥ ایک ہی دفعہ ⑦ فوراً ⑧ ضرور ⑨ بالضرور۔

**یک گز دو فاختہ** (ف) محاورہ ① ایک وار میں دو دشمنوں کا کام تمام ② ایک پنتھ دو کاج۔

**یک لخت** (ف) اسم صفت ① تمام ② بالکل ③ پنٹ ④ محض ⑤ سارا ⑥ سراسر ⑦ سرتاپا ⑧ تمام ⑨ کمال۔

**یک لوتا/ یکلوتا** (ا) اسم صفت ① منسوب بہ یک ایک ② اکیلا ③ فرد ④ اپنی ماں کا ایک ہی ⑤ وہ بچہ جو اپنے ماں باپ کا ایک ہی ہو۔

**یک لقمہ پگاہی بہ از ہزار مرغ و ماہی** (ف) مقولہ۔ صبح کے وقت تھوڑا سا کھانا دوسری قسم کی ہزاروں غذاؤں سے اچھا اور بہتر ہے۔

**یک مشت** (ف) اسم صفت ① اکٹھا ② ایک ③ لخت ④ ایک دفعہ ⑤ ایک ہی دفعہ ⑥ جملہ ⑦ کل ⑧ سب ⑨ سب کا سب۔

**یک من علم را دہ من عقل باید** (ف) مثل ① ایک حصہ علم کے لئے دس حصے عقل کی ضرورت ہے ② عقل کے بغیر علم کارآمد نہیں ہوسکتا۔

**یک نہ شد دو شد** (ف) مثل۔ ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑ گئی۔

**یکا** (ا) اسم صفت ① اکیلا ② تنہا ③ واحد ④ فرد ⑤ لاثانی ⑥ بے مثل ⑦ نرالا ⑧ انوکھا ⑨ ایک قسم کی گاڑی جس میں صرف ایک ہی گھوڑا جتتا ہے۔

**یکا یک** (ف) تابع فعل ① یکبارگی ② فوراً ③ ناگاہ ④ دفعتہً۔

**یکتا** (ف) اسم صفت ① واحد ② یکا ③ یگانہ ④ لاثانی ⑤ بے مثل ⑥ مجرد ⑦ طاق ⑧ نرالا ⑨ انوکھا۔

**یکتائی** (ف) اسم مونث بیائے مصدری ① وحدت ② توحید ③ وحدانیت ④ انوکھا پن ⑤ نرالا پن ⑥ بے مثالی ⑦ بے نظیری۔

**یکم** (ف) اسم صفت عددی ① پہلا ② مہینے کی پہلی تاریخ۔

**یکہ** (ف) اکیلا ① مجرد ② تنہا ③ بے مثل ④ بے نظیر ⑤ لاثانی ⑥ اکا ⑦ یکا ⑧ ایک گھوڑے کی گاڑی ⑨ تاش کا وہ پتہ جس پر ایک نقطہ ہوتا ہے۔

**یکہ تاز** (ف) اسم صفت۔ دشمن کے مقابلے پر اکیلا نکلنے والا بہادر سپاہی۔

## ی ← گ

**یگ** (س) اسم مذکر ① جگ قرن ② زمانہ ③ جوڑا ④ جفت۔

**یگّ** (س) اسم مذکر ① قربانی ② جگ ③ ہوم ④ پوجا ⑤ ہون۔

**یگاں** (ف) تابع فعل ① اکیلا ② مفرد ③ تنہا۔

**یگاں یگاں** (ف) تابع فعل ① ایک ایک کر کے ② فرداً فرداً ③ ایک ایک۔

**یگانگت/ یگانگی** (ف) اسم مونث ① پاس کی رشتہ داری ② قرابت ③ انوکھا پن ④ قدرت ⑤ یکتائی ⑥ توحید ⑦ وحدانیت ⑧ اتفاق ⑨ اتحاد۔

**یگانہ** (ف) اسم صفت ① اپنا ② سگا ③ قریبی ④ نزدیکی رشتہ دار ⑤ جگر ⑥ ہم جدی ⑦ ایک گھرانے کا ⑧ یکتا ⑨ لاثانی۔

## ی ← ل

**یل** (ف) اسم مذکر ① پہلوان ② زور آور ③ شہزور ④ دلاور ⑤ بہادر ⑥ شجاع ⑦ فربہ اندام ⑧ موٹا تازہ ⑨ جسم۔

**یل شل** (ف) اسم صفت ① خوب ہی موٹا تازہ ② سنڈا ③ تناور ④ فربہ ⑤ جسیم لحیم۔

Join us on whatsapp Naveed Baloch 03424072218

ں (ہ) فاعلیت ونسبت کی علامت ہے جو آخر اسماء میں آتی ہے جیسے اڑیل، نکیل وغیرہ۔

…دا (ف) اسم مونث ① شب تاریک ② اندھیری رات ③ اندھیری اور بڑی رات۔

…فار (ف) اسم مونث ① حملہ ② تاخت ③ دھاوا ④ چڑھائی ⑤ تیز رفتار گھوڑا ⑥ ڈبل کوچ ⑦ دشمن کی فوج پر دوڑ۔

## ی ← م

…(س) اسم مذکر ① موت کا فرشتہ ② ملک الموت ③ عزرائیل۔

…(ف) اسم مذکر ① سمندر ② ندی ③ بحر ④ دریا ⑤ ساگر۔

…ن (ع) اسم صفت منسوب بہ یمن ① ملک یمن کا ② ملک یمن کی چیز۔

…ی (ع) اسم صفت نسبتی ① یمن سے نسبت رکھنے والا ② یمن کا باشندہ۔

…ین (ع) صیغہ مضارع ① ممکن ہے ② ہوسکتا ہے ③ امکان رکھتا ہے۔

…ن (ع) اسم مذکر ① برکت ② سعادت ③ بہبودی ④ کامیابی ⑤ بختاوری ⑥ (بحالت صفت) مبارک خجستہ ⑦ بابرکت۔

…ن (ع) اسم مذکر۔ عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جہاں کا عقیق اور لعل نہایت عمدہ اور مشہور ہے۔ سہیل ستارہ بھی اسی جگہ نکلتا ہے۔

…ی (ع) اسم صفت نسبتی ① یمن کا ② یمانی ③ یمن سے نسبت رکھنے والا۔

…ن (ع) اسم مذکر ① سیدھا ہاتھ ② دایاں ہاتھ ③ داہنی طرف ④ قسم ⑤ سوگند ⑥ سوں ⑦ طاقت ⑧ توانائی ⑨ قوت۔

…ن الدولہ (ع) اسم مذکر ① سلطنت کا دایاں بازو ② رکن ③ سلطنت ④ ایک معزز خطاب جو امرا کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا ہے۔

…ن و یسار (ع) اسم مذکر ① دائیں بائیں ② راست و چپ ③ فوج کا دایاں بایاں بازو۔

## ی ← ن

…ع (ع) اسم مذکر ① چشمہ ② جمع ینابیع۔

…یع (ع) اسم مذکر ① ینبوع کی جمع ② چشمے۔

…(ای) صفت ① جوان ② نوخیز ③ نوعمر۔

ین (جاپانی) اسم مذکر ① ایک جاپانی سکے کا نام ہے جو ڈالر کے برابر ہوتا ہے۔

## ی ← و

یو (ہ) اسم اشارہ ① یہ ② این ③ ہذا۔

یو (ای) اسم ضمیر صیغہ جمع حاضر ① تم ② واحد حاضر پر بھی بولتے ہیں ③ تنبیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

یو۔این۔او (ای) اسم مذکر۔ مجلس اقوام متحدہ۔

یوتھ (ای) اسم مذکر ① نوجوان ② نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ③ نوجوانی۔

یوٹوپیا (ای) اسم مذکر ① سر ٹامس مور کی مشہور کتاب جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر کیا گیا ہے۔ جہاں ایک مثالی حکومت قائم تھی ② مثالی یا خیالی حکومت۔

یورپ (ای) اسم مذکر ① ایک براعظم کا نام ہے جو پرانی دنیا کے مغرب میں واقع ہے ② ممالک عرب۔

یورپین (ای) اسم مذکر ① یورپ کا رہنے والا ② یورپ والوں کی نسل سے۔

یورش (ترکی) اسم مونث ① چڑھائی ② حملہ ③ دھاوا ④ غلبہ ⑤ یلغار ⑥ فساد ⑦ ہنگامہ ⑧ بلوہ۔

یوریشین (ای) اسم مذکر۔ وہ انگریز جو ہندوستان میں آکر پیدا ہوا ہو۔

یورینیم (ای) اسم مذکر۔ ایک سفید دھاتی عنصر۔

یوز (ف) اسم مذکر ① چیتا ② تیندوا ③ پلنگ ④ لگڑ ⑤ بھگا ⑥ بگھیلا ⑦ (ترکی میں) سو ⑧ صد۔

یوسف (ع) اسم مذکر ① حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے جو حسن میں دنیا بھر میں لاثانی تھے عزیز مصر کی بیوی زلیخا انہی پر عاشق تھی ② مجازاً ③ نہایت حسین ④ بے حد خوبصورت۔

یوکلپٹس (ای) اسم مذکر ایک [illegible] درخت جس کا عرق دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

یوم (ع) اسم مذکر ① دن ② تاریخ ③ روز ④ بار ⑤ وار۔

یوم الحساب / یوم القیامت (ع) اسم مذکر ① حساب کتاب کا دن ②

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314907721…

قیامت کا دن ③ روز محشر ④ قبروں سے نکل کر کھڑے ہونے کا دن ⑤ لوگوں کے اعمال کے حساب کتاب کا دن۔

**یوماً فیوماً** (ع) تابع فعل ① روز بروز ② دن بدن۔

**یومیہ** (ع) اسم مذکر ① روز کی مزدوری ② روزانہ خوراک ③ دن بھر کی اجرت ④ دہاڑی ⑤ روزینہ ⑥ وظیفہ ⑦ روزمرہ کا خرچ۔

**یومیہ دار** (عف) اسم مذکر ① وظیفہ خوار ② روزینہ دار ③ یومیہ اجرت پانے والا ④ مزدور۔

**یوں** (ہ) تابع فعل ① اس طرح ② ایسا ③ اس طرز سے ④ اس ڈھنگ سے ⑤ بدیں طور۔

**یوں بھی دیکھاووں بھی دیکھ** (ہ) مثل ① زمانہ کی نیرنگی اور انقلاب کے موقع پر بولتے ہیں یعنی خوشی دیکھ لی اب غم دیکھ۔

**یوں بھی سہی** (ا) محاورہ ① اس طرح بھی منظور ہے ② ہم اس طرح بھی خوش ہیں۔

**یوں بھی واہ وا، ووں بھی واہ وا** (ہ) محاورہ ① ہر طرح سے خوب ہے ② دونوں طرح سے خوش۔

**یوں تو** (ہ) تابع فعل ① اس طرح تو ② اس ڈھنگ سے تو ③ ورنہ ④ وگرنہ ⑤ کہنے کو تو ⑥ دراصل تو۔

**یوں توں کرنا** (ہ) فعل ① ایسی تیسی کرنا ② گالی گلوچ کرنا ③ کوسا کلاٹی کرنا ④ بددعا دینا۔

**یو دینا/ یوہی دینا** (ہ) فعل ① مفت دینا ② بلا قیمت دینا ③ بلا معاوضہ دینا ④ بے دام لئے دینا۔

**یوں ہی** (ہ) تابع فعل ① اسی طرح ② اسی ڈھنگ سے ③ مفت ④ بلا قیمت ⑤ بلا معاوضہ ⑥ بے فائدہ ⑦ ناحق ⑧ بلا سبب ⑨ خواہ مخواہ۔

**یوں ہی ٹرخا دیا** (ہ) محاورہ ① ناکام رخصت کر دیا ② خالی خولی ٹال دیا۔

**یوں ہی سا** (ہ) اسم صفت ① تھوڑا سا ② ذرا سا ③ خفیف سا ④ تاؤ بھاؤ۔

**یوں ہی سہی** (ا) کلمہ خطاب ① یہ بھی قبول ہے ② اسی طرح منظور ہے ③ ہم یوں بھی خوش ہیں۔

**یونہیں** (ہ) تابع فعل ① یوں ہی ② اسی طرح ③ ذرا سا ④ قدرے ⑤ قلیل ⑥ بے سوچے بے سمجھے ⑦ آپ ہی ⑧ از خود ⑨ فضول۔

**یونہیں ہے** (ہ) محاورہ ① اسی طرح سے ہے ② قابل اعتبار نہیں ③ بیکار ہے ⑤ فضول ہے۔

**یونان** (ع) اسم مذکر۔ یورپ کے ایک جنوبی ملک کا نام ہے جہاں بڑے بڑے حکیم ہوگزرے ہیں یہ خطہ حکمت خیز ہے۔

**یونانی** (ع) اسم صفت نسبتی ① یونان کا رہنے والا ② یونان کا باشندہ ③ یونان کا بنا ہوا ④ (بصورت اسم مونث) ملک یونان کی زبان ⑤ گریک۔

**یونٹ** (ای) اسم مذکر ① اکائی ② وحدت ایک چیز، شخص یا مجموعہ جو واحد اور مکمل تصور کیا جائے ③ شمار یا پیمائش کے ایک پیمانے کا نام۔

**یونٹی** (ای) اسم مونث ① اتحاد ② اتفاق۔

**یونائیٹڈ پراونسز** (ای) اسم مذکر ① اضلاع مغربی و شمالی واودھ ② صوبجات متحدہ۔

**یونائیٹڈ سٹیٹس** (ای) اسم مذکر۔ اضلاع متحدہ امریکہ۔

**یونائیٹڈ کنگڈم** (ای) اسم مذکر۔ سلطنت متحدہ انگلستان۔

**یونائٹڈ** (ای) ① اکٹھا ② ملا ہوا ③ ساتھ ساتھ۔

**یونس** (ع) اسم مذکر ① ستون ② رکن ③ دین کا رکن ④ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے تھے اور حضرت ہود کی اولاد تھے یہ بحکم خدا چالیس روز تک مچھلی کے پیٹ میں قید رہے اور صحیح وسالم نکل آئے ⑤ ایک ستارہ کا نام بھی ہے۔

**یونیسکو** (ای) اسم مذکر ① اقوام متحدہ کا تعلیمی ادارہ ② سائنسی اور ثقافتی ادارہ۔

**یونی سیف** (ای) اسم مذکر۔ اقوام متحدہ کا بچوں کا بین الاقوامی امدادی فنڈ۔

**یونیفارم** (ای) اسم مونث۔ وردی۔

**یونین** (ای) اسم مونث ① اتحاد ② اتفاق ③ اتصال ④ متحدہ چیز ⑤ متحدہ ادارہ یا انجمن۔

**یونیورسٹی** (ای) اسم مونث ① مدرستہ العلوم جس میں جملہ علوم کی تعلیم ہوتی ہو اور فضیلت کے خطاب دئے جائیں ② دار العلوم ③ بیت العلوم ④ مہا ودیالہ۔

**یونیورسل** (ای) اسم صفت ① عام ② عالمگیر۔

## ی ← ہ

**یہ** (ہ) اسم اشارہ ہے جو قریب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

**یہ بات وہ بات ٹکا دھر میرے ہاتھ** (ہ) محاورہ۔ اس آدمی کی نسبت

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140017218

بولتے ہیں جو ادھر ادھر کی باتیں بنا کر اپنا مطلب نکالنا چاہے۔

**یہ بات ہی کیا ہے** (ہ) محاورہ۔ یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے یہ تو نہایت آسان اور سہل ہے۔

**یہ بھی دام غلاموں کھائے۔ یہ بھی بینگن کاٹ پکائے** (ا) محاورہ ❶ ہمیں سب طرح کا تجربہ ہو گیا ❷ ہم تمہاری ساری چالاکیاں اچھی طرح جان گئے یہ سب تمہارے کوتک ہیں۔

**یہ بھی کسی نے نہ پوچھا کہ تمہارے منہ میں کے دانت ہیں** (ہ) محاورہ ❶ نہایت عمدہ انتظام اور انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں کہ کوئی کسی کا مزاحم نہیں ❷ اس کے علاوہ اگر کہیں کسی کی پوچھ گچھ اور خاطر تواضع نہ ہو وہاں یہ مثل بولتے ہیں۔

**یہ بھی نہ ہوا** (ا) محاورہ۔ کوئی کام بھی نہ بنا۔

**یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی** (ا) محاورہ ❶ یہ کام پورا ہوتا دکھائی نہیں دیتا ❷ خدا ہی کرے جو یہ کام پورا ہو۔

**یہ پٹی نہیں پڑھی** (ہ) محاورہ ❶ یہ سبق نہیں پڑھا ❷ ہم اس داؤں میں نہیں آتے۔

**یہ دن دکھائے / دکھلائے** (ہ) محاورہ ❶ یہ آفت ڈھائی ❷ یہ مصیبت ڈالی ❸ یہ بلا نازل کی۔

**یہ سنسار موت کا کھاجا جیسا گدھا ویسا ہی راجا** (ہ) محاورہ۔ دنیا موت کی خوراک ہے اسے غریب امیر سب برابر ہیں۔

**یہ کس کا پوت ہے** (ا) محاورہ ❶ کس کی اولاد ہے ❷ جیسا باپ ویسا بیٹا۔

**یہ کیا ہے** (ہ) کلمہ تعجب ❶ خیر تو ہے ❷ آج یہ کیا نئی بات ہے۔

**یہ منہ اور مسور کی دال** (ہ) محاورہ ❶ تم تو اس لائق نہیں اسی منہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں رہیں گے اسی برتے پر تتا پانی۔

**یہ منہ پان جوگا** (ہ) محاورہ ❶ تم سرخروئی کے قابل نہیں ❷ تمہارا منہ اس بات کے قابل نہیں۔

**یہ وہ گڑ نہیں جو مکھیاں کھائیں** (ہ) محاورہ ❶ یہ ایسا مال نہیں جسے ہر ایک کھا سکے ❷ ہمارا مال کوئی نہیں کھا سکتا۔

**یہاں** (ہ) تابع فعل ❶ اس جگہ ❷ ادھر ❸ اس مقام پر ❹ اس طرف ❺ اس دنیا میں۔

**یہاں الٹی گنگا بہتی ہے** (ہ) محاورہ۔ جہاں کوئی بات خلاف دستور ہو وہاں بولا کرتے ہیں۔

**یہاں تک** (ہ) تابع فعل ❶ اس جگہ تک ❷ اس وقت تک ❸ اس قدر۔

**یہاں سے** (ہ) تابع فعل ❶ اس جگہ سے ❷ اس طرف سے۔

**یہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں / یہاں پرندوں کے بھی پر جلتے ہیں** (ا) محاورہ ❶ یہاں کوئی دم نہیں مار سکتا ❷ یہاں کسی کی رسائی اور پہنچ نہیں ہو سکتی۔

**یہاں سب کان پکڑتے ہیں** (ہ) محاورہ ❶ اس جگہ سب سر تسلیم خم کرتے ہیں ❷ یہاں کوئی دعوٰے نہیں کر سکتا۔

**یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے** (ا) محاورہ۔ یہاں کی ہر ایک بات عجیب ہے۔

**یہود** (ع) اسم مذکر ❶ یہودی کی جمع ❷ موسائی ❸ حضرت موسےٰ علیہ السلام کی امت ❹ عبرانی لوگ۔

**یہودی** (ع) اسم مذکر ❶ عبر کی اولاد ❷ حضرت موسےٰ علیہ السلام کی امت ❸ عبرانی زبان۔

**یہی** (ہ) تابع فعل ❶ یہ ہی کا مخفف ہے ❷ ٹھیک ❸ یہ دراصل ❹ خصوصاً۔

**یہی ہیں** (ا) محاورہ ❶ خاص کر یہی ہیں ❷ گویا وہی ٹھیک ہیں۔

**یہیں** (ہ) تابع فعل ❶ اسی جگہ ❷ اسی مقام پر ❸ اسی طرف ❹ اسی دنیا میں ❺ اسی جہان میں ❻ ادھر ہی۔

## ی ← ی

**یے** (ہ) اسم اشارہ ❶ یہ کی جمع ❷ اینہا ❸ ایشاں۔

**ییلاق** (ت) اسم مذکر ❶ گرمی گزارنے کی جگہ ❷ سرد اور ہوا دار جگہ جہاں گرمی کے موسم میں جا کر رہتے ہیں ❹ یے بمعنی گرمی اور لاق بمعنی جگہ۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

# ضرب الامثال

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

## روزمرہ استعمال ہونے والے مقولے اور مثالیں

آ بیل مجھے مار مثل۔ خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا؛ لڑائی مول لینا۔

آ بے لونڈے جا بے لونڈے کرنا مثل۔ پھرنا پھرانا؛ دوڑانا؛ ہیرا پھیری کرنا؛ وقت گزارنا۔

آب آب کر کے مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی مثل۔ مادری زبان پر دوسری زبان کو ترجیح دینے کی خرابی۔

آبرو جا کے نہیں آتی (ا) مثل۔ عزت ضائع ہو کر پھر حاصل نہیں ہوتی۔

آبرو جان سے زیادہ عزیز ہے (ا) مقولہ۔ عزت کا خیال جان سے زیادہ پیارا ہوتا ہے۔

آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیئے (ا) مثل۔ دنیا میں عزت سے زندگی بسر کرنا بادشاہی کے برابر ہے؛ عزت بڑی دولت ہے۔

آ بنی سر اپنے چھوڑ پرائی آس (ا) مثل۔ مصیبت پڑ جانے پر دوسروں سے امید نہیں رکھنی چاہئے۔

آپ آئے بھاگ آئے (ہ) مثل۔ گویا آپ کے آنے پر ہماری قسمت جاگ اٹھی۔

آپ ہی آپ ہیں وہ وہی (ا) مثل۔ آپ میں اور اس میں بڑا فرق ہے۔

آپ جانیں اور آپ کا کام (ہ) آپ اپنا کام سنبھالیں ہم ذمہ دار نہیں۔

آپ خواردی آپ مرادی (ہ) عورتوں کا محاورہ ہے۔ تنہا خور آدمی؛ وہ شخص جو اپنے کنبے میں بانٹ کر نہ کھاوے، بے فکرا بے پرواہ۔

آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (ہ) اپنی جان گئی تو گویا جہان ہی مر گیا۔

آپ زندہ جہان زندہ آپ مردہ جہان مردہ (ہ) مثل۔ جان ہے تو جہان ہے۔

آپ سے گیا جگ سے گیا/آپ سے گیا جہاں سے گیا (ہ) جو شئے اپنے قبضہ سے نکل گئی وہ گویا دنیا ہی میں نہیں رہی۔

آپ فضیحت اور کو نصیحت (ا) آپ برائیاں کرنا اوروں کو منع کرنا۔

آپ کاج مہا کاج (ہ) مثل۔ اپنے ہاتھ سے کیا ہوا سب سے عمدہ اور تسلی بخش ہوتا ہے؛ جو کام اپنے ہاتھ سے کیا جائے وہی مفید ہوتا ہے؛ غیر کے ہاتھ کا کام ایسا اچھا نہیں۔

آپ کھائے بلی کو بتائے (ہ) اپنا قصور دوسرے کے سر تھوپنا۔

آپ مرے جگ پرلو/آپ موئے جہان موا/آپ موئے تو جگ موا (ہ) محاورہ۔ اپنی جان ہے تو دنیا بھی ہے۔

آپ میاں صوبیدار گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (ہ) محاورہ۔ طنزاً ایسے شخص کی بابت بولا کرتے ہیں جو غریبی میں امیرانہ ٹیپ ٹاپ رکھے۔

آٹھ بار نو تیوہار (ہ) مثل۔ عیش و عشرت منانے کے موقعہ پر بولتے ہیں؛ یعنی آٹھ دن اور نو میلے۔


www.besturdubooks.net

آٹھ پہر سوگی (ہ) مثل۔ ہر وقت ماتم اور سوگ میں۔
آٹھ پہر سولی ہے (ہ) ہر دم موت موجود؛ ہر وقت مرنے کا کھٹکا۔
آج برس کے پھر نہ برسوں (ا) مثل۔ بارش کی کثرت کے وقت تنگ آکر بولتے ہیں یعنی بادل کہتا ہے کہ آج ہی کسر نکال لوں؛ سارے بدلے آج ہی لے لوں۔
آج زبان کھلی ہے کل بند (ا) اپنی سچائی اور صفائی جتانے کے وقت بولا کرتے ہیں؛ زندگی کا کیا اعتبار آج مرے کل دوسرا دن۔
آج کریگا کل پائیگا (ا) جو نیکی بدی دنیا میں کرے گا اس کا بدلہ پائے گا؛ جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔
آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (ہ) مثل۔ ہر آدمی میں فرق ہے کوئی اچھا ہے کوئی برا؛ سب یکساں نہیں ہوتے؛ انتر بمعنی فرق۔
آدھ پاؤ آٹا چوبارے رسوئی باہمنی کام سے بھی کھوئی (ہ) مثل۔ کنگال؛ شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں؛ بے حیثیت کام بے موقعہ کام کرنا۔
آدھی رات جمائی آوے شام سے منہ پھیلاوے (ہ) مثل۔ وقت سے پہلے ہی کسی کام کی تیاری کرنا۔
آدھے کا ساجھی برابر کی چوٹ (ہ) مثل۔ آدھ کا شریک برابر کی حکومت کرتا ہے؛ برابر حیثیت رکھنے والے کے لئے بولتے ہیں۔
آدھی کو چھوڑ ساری کو جاوے/آدھی رہے نہ ساری پاوے (ہ) مثل۔ بے صبر اور لالچی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں؛ یعنی قابو کی تھوڑی چیز چھوڑ کر ساری کا لالچ کرنے والا آدھی بھی کھو بیٹھتا ہے۔
آرا سر پر چل گیا تو بھی مدار ہی مدار (ا) مثل۔ سخت سے سخت تکلیف میں بھی اپنی بات پر جما رہا۔
آس کا نام دنیا ہے (ہ) مثل۔ امید ہی پر دنیا کے کام ہو رہے ہیں؛ دنیا با امید قائم ہے۔
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (ا) مثل۔ ایک جگہ سے بچا دوسری جگہ پھنس گیا؛ ذرا سی رکاوٹ سے رک گیا؛ سرکار سے چھوٹ گیا اور اہلکار کے پاس پھنس گیا۔
آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے (ا) مثل۔ بھلے کی برائی میں اپنی ہی بدنامی ہے۔
آغا میر کی دائی سب کچھ سیکھی سکھائی (ا) مثل۔ نہایت چالاک اور ہوشیار عورت؛ چالاک کو چالاکی کیا بتانی۔
آفتاب کو چراغ دکھانا/آفتاب کو دیا دکھانا (ا) مثل۔ عاقل کو عقل بتانا؛ صاحب کمال کے آگے کمالات کے دعوے کرنا۔
آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے (ا) مثل۔ آگ چاہے تھوڑی ہو، دشمن چاہے کمزور ہو، ان کو حقیر نہ سمجھنا چاہئے اور ان سے غافل نہ ہونا چاہئے۔
آگ بن دھواں کہاں (ہ) مثل۔ ہر بات کی بنیاد ضروری ہے؛ ہر نتیجہ کی علت ہوا کرتی ہے۔
آگ پانی کا سنجوگ (ہ) مثل۔ دو مخالف چیزوں میں موافقت ہونے کے موقعہ پر تعجب کے طور پر بولا کرتے ہیں؛ اجتماع ضدین۔
آگ پانی کا کھیل (ہ) مثل۔ حلوائی یا باورچی اپنی بریت کے لئے بولتے ہیں۔
آگ جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (ا) مثل۔ حکم دینے والا ذمہ دار ہے تعمیل کرنے والا قصوروار نہیں۔
آگ کا پتلا آگ کو دھائے (ہ) مثل۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف جاتی ہے۔
آگ کا جلا آگ ہی سے اچھا ہوتا ہے (ہ) مثل۔ سخت بیماری سخت دواؤں سے ہی جاتی ہے؛ آگ کے جلے کو سینکنا مفید ہے۔
آگ کو آگ مارتی (ہ) مثل۔ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے؛ شریر کو شریر ہی مغلوب کرتا ہے۔
آگ کھائے انگارے ہگے (ہ) مثل۔ برے کام کا برا انجام ہوتا ہے جیسا کرے گا ویسا بھریگا؛ جو بوئے گا سو کاٹے گا۔
آگ کھائے منہ جلے اُدھار کھائے پیٹ (ہ) مثل۔ آگ سے منہ اور قرض سے پیٹ جل جاتا ہے؛ قرض آگ سے زیادہ

Join us on WhatsApp Naveed Baloch 03140072[illegible]

خطرناک ہے۔

**آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے** (ہ) مثل۔ ہر صحبت کا اثر ہوتا ہے۔

**آگے پیچھے سب چل بسیں گے** (ا) مثل۔ دنیا ناپائدار ہے؛ آخر سب ہی مرجائیں گے۔

**آگے جائے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھے آنکھیں پھوٹیں** (ا) مثل۔ ایک خاص طرح کی قسم ہے؛ جس آدمی کا رکھنا منظور ہواس کے لئے بولتے ہیں؛ مجبوری ناکامی کا اظہار؛ نہ راہ رفتن نہ روے ماندن۔

**آگے خدا کا نام یا آگے نام خدا کا** (ا) مثل۔ اب خاتمہ ہے خدا کے نام کے سوا اور کچھ نہیں؛ اس کے سوا اور کچھ نہیں؛ بس یہی ہے۔

**آگے دوڑ پیچھے چھوڑ** (ہ) مثل۔ بیجا لالچ اور طمع کرنا۔

**آم بوؤ آم کھاؤ املی بوؤ املی کھاؤ** (ہ) مثل۔ جیسا کروگے ویسا بھروگے جو بوؤ گے سو کاٹو گے۔

**آم کھائے پال کے خربوزہ کھائے ڈال کا پانی پیئے تال کا** (ہ) عاقلوں کے تجربے ہیں۔

**آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک** (ف) مثل۔ جس کا حساب صاف ہے اسے پڑتال سے کیا ڈر ہے؛ جو عیب دار نہیں اسے چغلی اور امتحان سے کچھ ڈر نہیں؛ جس کا پاپ اسی کا باپ جب کب پاپی مرے۔

**آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک** (ہ) مثل۔ جھوٹ موٹ کا رونا؛ بناوٹ کا رونا؛ ٹوک ٹوک؛ بمعنی ٹکڑے ٹکڑے۔

**آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل** (ا) مثل۔ جو چیز سامنے نہ ہو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

**آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا** (ہ) مثل۔ بیوقوف گاہک جسے مال خریدنے کی تمیز نہ ہو؛ فضول خرچ امیر؛ بیوقوف مال دار۔

**آنکھوں دیکھا مانا کانوں سنا نہ مانا۔** (ہ) مثل۔ دیکھ لینے سے سننے کی نسبت زیادہ یقین ہوجاتا ہے۔

**آنکھوں دیکھا بھٹ پڑے مجھے کانوں سننے دے** (ہ) مثل۔ کسی کی دیکھی ہوئی بات کو غلط اور اپنی سنی ہوئی بات کو سچ بتانے کی ضد کرنا۔

**آنکھوں دیکھی مکھی نگلی نہیں جاتی** (ا) مثل۔ جان بوجھ کر اپنا نقصان نہیں کیا جاتا، جانتے بوجھتے کوئی مصیبت میں نہیں پڑتا۔

**آنکھیں پھیرے، طوطے کی سی باتیں کرے مینا کی سی** (ہ) مثل۔ دوست کا دشمن؛ دل میں کچھ زبان پر کچھ؛ منافق طبع؛ باتیں میٹھی میٹھی دوستوں جیسی اور کام دشمنوں جیسے خودغرض۔

**آنکھیں کہیں ہیں دل کہیں ہے** (ہ) فقرہ۔ جب کوئی شخص کسی طرف توجہ نہیں کرتا غور سے بات نہیں سنتا؛ اس وقت بولتے ہیں کہ بے توجہی دور ہوجائے؛ نظر اور طرف دھیان کہیں اور۔

**آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ پایا** (ا) مثل۔ بزرگوں کی نصیحت پہلے تو کڑوی لگتی ہے مگر تجربے کے بعد اس کا نفع معلوم ہوتا ہے اسی طرح آنولا شروع میں کسیلا لگتا ہے بعد میں میٹھا۔

**آئی تو روزی نہیں تو روزہ** (ا) مثل۔ مل گیا تو کھالیا نہیں ملا تو فاقہ کرلیا۔

**آئے کی خوشی نہ گئے کا غم** (ا) مثل۔ بے پرواہی اور استغنا کے موقع پر بولا کرتے ہیں، آنا نہ آنا برابر ہے۔

**آئیگی جان کیساتھ جائیگی جنازے کیساتھ** (ہ) مثل۔ عادت جب طبیعت ثانیہ بن جاتی ہے تو مرنے کے وقت ہی جاتی ہے۔

**آئی تلے برساسوں جئے** (ہ) مثل۔ مصیبت اگر ٹل جائے تو آدمی دیر تک زندہ نہیں رہ سکتا؛ مصیبت سے امن ہو تو آرام سے گزر جاتی ہے۔

**آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ** (ا) مثل۔ ہر کام میں دخل دینے والی عورت؛ بات کو جانتی تک نہیں پھر خواہ مخواہ کا دخل۔

**اب اللہ ہی اللہ ہے** (ا) مثل۔ سب سہارے ٹوٹ گئے؛ اب کوئی امید باقی نہیں رہی۔

**اب بھی میرا مردہ تیری زندہ پر بھاری ہے** (ا) مثل۔ میں اب گیا گزرا بھی تمہارے لئے کافی ہوں؛ میں اس ردی اور خراب حالت میں بھی آپ سے ہر طرح اچھا ہوں۔

**اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت** (ہ) مثل۔ نقصان کے بعد پشیمانی سے کیا فائدہ؛ موقعہ اور وقت کھوکر

Join Us on WhatsApp Naveed Baig 03140...218

افسوس کرنا بالکل بے فائدہ۔
اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے۔ (ہ) مثل۔ ایسے شخص کو طعنہ کے طور پر کہا کرتے ہیں جو اپنی کمائی خود ہی کھا جائے اور دوسرے کو حصہ نہ دے۔
اپنا تن ڈھانکو دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا (ہ) مثل۔ پہلے اپنا پردہ درست کرو؛ پھر دوسرے کے عیب دیکھنا؛ پہلے اپنی برائیاں دور کرو پھر دوسرے میں خرابیاں نکالنا۔
اپنا توشہ اپنا بھروسہ (ا) مثل۔ اپنا انتظام تسلی بخش ہوتا ہے۔
اپنا جوہر دکھانا (ا) مثل۔ اپنی خوبیاں ظاہر کرنا؛ اپنا ہنر دکھانا؛ طنزاً اپنا عیب ظاہر کرنا۔
اپنا کتا باندھو ہم بھیک سے باز آئے (ہ) مثل۔ ہم نے نفع چھوڑا نقصان تو نہ پہنچاؤ؛ فارسی میں ہے مرا بخیر تو امید نیست بد برساں۔
اپنا لال گنوا کے در در مانگیں بھیک (ہ) مثل۔ اپنا نقصان کر کے گداگری کرنا؛ اپنی دولت ضائع کر کے بھیک مانگتے پھرنا۔
اپنا ماریگا بھی تو چھاؤں میں ڈالیگا (ہ) عزیز رشتہ دار اگر قتل بھی کرے گا تو بھی رحم کر کے لاش کو سایہ میں ضرور رکھ دے گا، صلہ رحمی کی بابت بولا کرتے ہیں۔
اپنا مال اپنی چھاتی تلے (ہ) مثل۔ اپنی تباہی ہونا اور دنیا کا مذاق اور ہنسی اڑانے کا موقعہ ہاتھ آنا۔
اپنی جھونپڑی کی خیر مانگو (ہ) مثل۔ دوسرے تو الگ رہے تم اپنی خیر مناؤ۔
اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو۔ (ہ) مثل۔ اپنے ادنے نفع کے لئے مجھے برباد کرتے ہو۔
اپنی غرض کو گدھے چرائے۔ (ا) ضرورت کے واسطے ادنے کام کر لیا؛ مطلب کی خاطر سب ہی کچھ کر لیا۔
اپنی کرنی پروان کیا ہندو کیا مسلمان (ہ) مثل۔ ہندو یا مسلمان کی تخصیص نہیں نہ کسی کی رعایت ہے ہر ایک کو اپنے عملوں کا پھل ملے گا برا ہو یا بھلا۔

اپنے کئے کا علاج نہیں (ا) مثل۔ جو برائی خود کی ہو؛ اس سے انکار کیسے؛ بے پروا بیوقوف کی نسبت بولتے ہیں۔
اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے (ا) مقولہ۔ اپنی جیب سے کیا خرچ ہونا، ہمارا کیا نقصان ہے؛ ہمارا کیا حرج ہے۔
اپنے گریبان میں منہ ڈالو / اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو (ا) مثل۔ اپنے عیب دیکھو، اور شرم سے گردن جھکاؤ؛ اپنے وں سے شرماؤ؛ کئے پر پچھتاؤ۔
اپنی گون کا یار یا اپنی گوں کو گھالم گھولا اور کی باری ٹالم ٹولا (ہ) مثل۔ اپنی غرض کے لئے خوب گھل مل جاتے ہیں؛ دوسرے کے کام کے وقت ٹالم ٹولا کر دیتے ہیں، نہایت خود غرض آدمی کے لئے بولا کرتے ہیں۔
اپنے لگے ہیگ میں اور کے لگے بھیت میں (ہ) مثل۔ اپنا دکھ تو دکھ اور کا دکھ سرسری؛ ہیگ جسم اور بھیت دیوار۔
اپنے منہ پر طمانچے مارنا (ہ) مثل۔ اپنے کئے پر شرمندہ اور پشیمان ہونا۔
اپنے مرے بن سُرگ نہیں ملتا (ہ) مثل۔ اپنی محنت بغیر آرام نہیں ملتی؛ جب تک خود ہی تکلیف نہ اٹھائے نفع نہیں ہوتا۔ (سرگ بمعنی بہشت۔ جائے آرام)۔
اپنے موتی سوروں کے آگے نہ پھینکو (ہ) مثل۔ بے قدروں کو اپنا ہنر نہ دکھاؤ۔
اپنے نصیبوں کا رونا (ہ) مثل۔ اپنی بدقسمتی کی شکایت۔
اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا / اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا (ہ) مثل۔ نہایت بے فکری ہونا؛ پوری پوری آزادی ہونا جب چاہے سو رہے جب جی میں آیا جاگ اٹھے؛ کوئی کہنے سننے والا نہیں۔
اپنے وقت کا حاتم ہے (ا) مثل۔ اپنے زمانہ کا سخی ہے؛ بڑا فیاض اور سخی ہے۔
اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا / اپنی راہ میں آپ کانٹے بونا (ا) اپنے نقصان کا باعث خود ہی ہونا؛ خود ہی بلا میں گرفتار ہونا؛ اپنے مرنے کا سامان خود کرنا؛ خود موت کے منہ میں جانا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149071218

اُتاؤلا سو باؤلا (ہ) مقولہ۔ جلد باز پاگل ہے، بے سوچے سمجھے جلدی کام کرنے والا احمق ہے، جلد بازی حماقت ہے۔

اترتی ندی کنارے ڈھائے (ہ) مثل۔ مقولہ۔ ندی کا پانی طغیانی سے اترتے وقت کناروں کی مٹی ساتھ بہالے جاتا ہے، اپنا نقصان ہوجانے پر دوسروں کو برا بھلا کہنا یا دوسروں کا نقصان کرنا۔

اتر گئی لوئی تو کیا کریگا کوئی (ہ) مثل۔ جس نے بے شرمی اختیار کر لی اسے کسی کا کیا ڈر بے لحاظ ہمیشہ گستاخ ہوجاتا ہے، بجیا کا کوئی کیا کرسکتا ہے، مرن تو حیا کا ہے۔

اُتم سے اُتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ / پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ۔ ہر چیز اپنی اصل اور ہم جنسوں سے موافقت رکھتی ہے اعلٰے سے اعلٰے ملنا، ادنٰے سے ادنٰے۔

اُتم کھیتی مدھم بیوپار۔ نکھد چاکری بھیک ندار / بھیک کنوار (ہ) کھیتی اعلٰے بیوپار اوسط درجہ سب سے نکمی نوکری سب سے بدتر بھیک مانگنی ہے۔

اتنا بھرا کہ چھلک گیا (ہ) مثل۔ اتنی رشوت لی کہ مشکل ہوگئی، اتنا کھایا کہ ہضم نہ ہوسکا، اتنا نفع کیا کہ بدنام ہوگیا وغیرہ وغیرہ۔

اتنا پکا کہ باسی تھکا (ہ) مثل۔ کھانا اتنا پکایا گیا کہ باسی بچ کر خراب ہوگیا؛ بات بہت بڑھ گئی؛ باہمی تنازع بہت بڑھ گیا۔

اتنی سی جان سوا گز کی بات۔ (ہ) مثل۔ چھوٹا منہ بڑی بات؛ اپنی بساط اور حیثیت سے بڑھ کر بات کہنا۔

اتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے (ا) مثل۔ زیادہ عقل بھی ناقص ہوتی ہے؛ بہت عقل بھی خراب کرتی ہے اور کام بگاڑتی ہے؛ (العلم حجاب الاکبر) کا ترجمہ ہے۔

اتنے کی بڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا / اتنے کی کمائی نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا (ہ) اتنے کا فائدہ نہیں ہوا جتنے کا نقصان ہو گیا؛ فائدے کی نسبت نقصان زیادہ ہوگیا۔

اتنی ہی تھی یا اتنی ہی لکھی تھی۔ (ہ) مثل۔ اتنی عمر تھی؛ زندگی اتنی ہی لکھی تھی؛ صبر سے کام لو۔

اُدم سے دلدر گھٹے (ہ) مثل۔ کوشش اور ہمت سے نحوست اور بدبختی دور ہوجاتی ہے۔

اُدھار دیجے دشمن کیجیے (ا) مقولہ۔ اُدھار دے کر دوست کو دشمن بنالو قرض محبت نہیں رہنے دے گا۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔

اُدھار گھر کے بار (ہ) مقولہ۔ اُدھار ایسا ہی یقینی ہے جیسا کوئی گھر کے دروازے پر لئے کھڑا ہے؛ جب چاہیں گے وصول کرلیں گے؛ جب ضرورت ہوگی لے لیں گے۔

اُدھار سے کار نہیں چلتا (ہ) مقولہ۔ اُدھار وقت پر نہیں ملا کرتا؛ اپنا روپیہ اُدھار چلا کر اپنا کام خراب کرلینا ہے؛ مایا اُدھار دے کر کام کیسے چلے (سوداگروں کا مقولہ ہے)۔

اِدھر کی نہ اُدھر کی یہ بلا کدھر کی (ہ) مثل۔ نکمے، نالائق؛ بارِ خاطر؛ دوبھر جسے کوئی نہ پوچھے؛ یونہی، فضول۔

ادھیا سا گیا (ہ) فقرہ۔ آدھا ہوگیا؛ شرمندہ اور نادم ہوگیا؛ خجالت سے رنگ اڑ گیا؛ آدھارہ گیا؛ لاغر ہوگیا؛ پتلا پڑ گیا۔

اُڑتی چڑیا کو پہچانا / اُڑتی چڑیا کے پر گننا (ہ) نہایت نظر باز ہونا؛ غضب کا ذہین ہونا؛ پرلے درجے کی چالاکی رکھنا؛ ذرا سی دیر میں تاڑ جانا؛ اندازہ لگالینا۔

اُڑتے ستو پتروں کے نام (ہ) مثل۔ بیجا کام؛ نازیبا کام؛ مفت اور بے خرچ کئے ثواب کی تمنا؛ فضول تمنا۔

اُڑد کے آٹے کی طرح اینٹھنا یا اکڑنا (ہ) نہایت اکڑنا؛ بہت خفا ہونا۔

اڑھائی دن کی بادشاہت (ا) مثل۔ چندروزہ حکومت؛ ناپائیدار عیش؛ چندروز کی خوشی۔

اڑھائی دن بھیڑ والے (ہ) مثل۔ چندروزہ غرور جوانی یا دولت؛ چار دن کی چاندنی۔

اِزار میں ڈال کر پہن لینا (ا) ڈر نہ ماننا؛ خیال میں نہ لانا؛ حیا شرم نہ کرنا؛ ادب لحاظ نہ جاننا۔

از ماست کہ بر ماست (ف۔ ء۔ ا) مقولہ۔ ہم پر جو مصیبت آئی ہمارے ہی ہاتھوں آئی؛ اپنے کئے کی سزا ہے۔

اس بھول کا خدا حافظ (ا) کہاوت۔ بہت نسیان والے کی نسبت کہا کرتے ہیں؛ اس بھول کا کوئی علاج نہیں؛ بڑی بھاری بھول ہے؛

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

اللہ نگہبان۔

اُستاد باپ کی جگہ ہوتا ہے (ا) مقولہ۔ استاد کا درجہ باپ کے برابر ہے کیونکہ باپ جسمانی تربیت کرتا ہے استاد روحانی تربیت کرتا ہے؛ باپ صورت اور اُستاد سیرت بناتا ہے۔

اِسی برتے پر (ہ) محاورہ۔ اسی حوصلے پر اسی ہمت پر؛ اسی زور پر؛ اسی دولت پر؛ اسی قوت وطاقت پر۔

اسی برس کی عمر نام میاں معصوم (ا) بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا؛ نام کے خلاف کام کرنا؛ عمر کا بوڑھا کام بچوں والے۔

افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر (ا) مثل۔ امیر یا فقیر کے سوا اور کسی کو افیم نہیں کھانی چاہئے؛ اول تو لاغر کر دے گی دوسرے اونگھ؛ غفلت اور سستی بہت پیدا کر دے گی اور آدمی ناکارہ ہو جائے گا؛ کاروباری کو افیون کھانی بہت نقصان کا باعث ہوگی۔

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (ا) مثل۔ اکیلا آدمی کسی بڑی مہم کو سرانجام نہیں دے سکتا۔

اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا (ا) مقولہ۔ اکیلے کی خوشی اور غم دونوں ہی بے سود نہ خوشی میں کوئی شامل نہ غم میں شریک۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی (ہ) مثل۔ اکیلے سے کوئی کام نہیں ہو سکتا؛ اکیلا بالکل ناکارہ۔

اکیلے چلئے نہ باٹ جھاڑ بیٹھئے کھاٹ (ہ) مقولہ اکیلے سفر نہ کرو؛ چارپائی کو پہلے جھاڑ لو پھر اس پر بیٹھو۔

اکیلی تو خدا کرے بن میں لکڑی بھی نہ ہو (ہ) مقولہ۔ تنہا چیز بری معلوم ہوتی ہے؛ منحوس ہوتی ہے؛ لہٰذا یہ فقرہ اس وقت بولتے ہیں جب کسی اکیلے آدمی کے رنج وغم میں کوئی شامل نہیں ہوتا۔

اکیلے دوکیلے کا اللہ بیلی (ا) مثل۔ اکیلے آدمی کا خدا ہی دوست اور حافظ ہے۔

الا بلا بگردن ملا (ا) مقولہ۔ جزا سزا ملا کی گردن پر؛ عذاب ثواب ملا کے سر۔

الا بلا لوں صحنک سر کا لوں (ا) مثل۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے مطلب نکالنا؛ بلائیں نکالنا۔

اَلانتظار راشد من الموت (ع) مقولہ انتظار موت سے زیادہ سخت ہے؛ انتظار کی نہایت تکلیف کے وقت بولا جاتا ہے۔

اُلٹی کھوپڑی اندھا گیان (ہ) مثل۔ بے وقوف اور احمق آدمی کی نسبت بولتے ہیں؛ اوندھی کھوپڑی اور اوندھی عقل ہوتی ہے یعنی سخت بے وقوف۔

اَلسی کا جھوڑا گدھا کھائے نہ گھوڑا (ہ) مثل۔ ادھیڑ یا سیانی عمر کی عورتیں؛ کسر نفسی سے اپنے آپ کو کہا کرتی ہیں یعنی میں کسی شرب کی نہیں؛ مجھ سے کسی کا کوئی کام سنور ہی نہیں سکتا۔

اَلسی والے پھلسے بیٹھے چور پڑاویں گھاتی (ہ) مثل۔ باری والے باہر رہ گئے اور چالاک چور کام نکال لے گئے؛ کسی کام کی باری اگر کسی سے فوت ہو جائے اور دوسرا اس سے پہلے کام کر جائے تو اس موقع پر یہ مثل بولا کرتے ہیں۔

الفربہ خواہ مخواہ مرد معقول (ہ) مقولہ۔ موٹا آدمی خواہ مخواہ معقول اور معزز معلوم ہوتا ہے۔

الف کے نام بے نہیں جانتے (ا) مثل۔ ان پڑھ اور بے تمیز ہیں لکھنا پڑھنا نہیں جانتے۔

الگنی پر ڈالنے کے لائق ہو گئے (ا) مثل۔ بہت لاغر ہو گئے؛ بڈھے ضعیف ہو گئے؛ کمزور ہو گئے۔

المعنی فی بطن الشاعر (ہ) فقرہ۔ اس کے معنی شاعر کے پیٹ میں یعنی اس شعر کا مطلب شاعر خود جانتا ہے؛ کسی بے معنی شعر کے لئے بولتے ہیں۔

المکتوب نصف الملاقات (ع) مثل۔ خط آدھی ملاقات کے برابر ہے کیونکہ باتیں تو ہو جاتی ہیں مگر دیدار نہیں ہوتا؛ یہ فقرہ خط نہ بھیجنے کی تاکید کے لئے بولا جاتا ہے۔

اللہ اللہ خیر صلاح / اللہ اللہ خیر سلا (ا) مثل۔ خاتمہ کلام کے وقت بولتے ہیں؛ یعنی بس آگے اللہ کا نام ہے بس ختم ہو گیا؛ فراغت ہو گئی؛ چلو چھٹی ہوئی۔

اللہ غنی تو کاہے کی کمی (ا) مقولہ۔ جب اللہ بے پرواہ ہے اور سب کچھ دے سکتا ہے تو پھر کمی کس چیز کی ہے۔

اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری (ا) مقولہ۔ سخت بے حیائی اور گستاخی سے گناہ کرتے وقت کہا کرتے ہیں؛ نہایت بے غیرتی اور بے شرمی۔

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149071218

امانی آبادی اجارا اجاڑا (ا) بے ٹھیکے کا کام عمدہ اور ٹھیکے میں کام خراب ہوتا ہے امانی کام اجارے سے بہتر اور نفیس ہوتا ہے۔

امیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دم بھاری (ا) مقولہ۔ امیر موت کو اور فقیر زندگی کو دوبھر جانتا ہے۔

امیری اور فقیری کی بو سو برس تک نہیں جاتی (ا) مقولہ۔ جو بات فطرت میں جم جائے وہ مدتوں نہیں چھوٹتی بلکہ خاندان تک سرائیت کر جاتی ہے۔

امیری کارخانہ ہے (ا) مقولہ۔ بڑے بے ڈھب خرچ ہیں بے پرواہی کام ہے۔

انتڑی میں روپ اور پنچی میں اِچھب (ا) مقولہ۔ خوراک سے حسن اور پوشاک سے زیبائش زیادہ ہوجاتی ہے؛ یہ دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہیں۔

اندھا راجہ چوپٹ نگری/ اندھیر نگری چوپٹ راجہ/ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا (ہ) مثل۔ ظالم حاکم بے پرواہ حکومت، بے آئین سلطنت، بے قاعدہ بادشاہت؛ جہاں راجہ کی غفلت کے باعث اندھیر مچ رہا ہو نیک و بد کی تمیز نہ ہو؛ رعایا کے حال کی پرواہ نہ ہو۔

اندھا کیا جانے لالے کے بہار/ اندھا کیا جانے جنگل کی سار (ہ) مثل۔ ناقدر شناس آدمی اچھی چیز کی قدر نہیں جان سکتا، جس میں تمیز کا مادہ ہی نہ ہو وہ کسی چیز کو کیا سمجھ سکتا ہے؛ فارسی میں ہے، چہ داند بوزنہ لذت ادرک۔

اندھا گائے بہرا بجائے (ہ) مثل۔ نااہلوں کی مجمع ہے، نالائق اور نکمے اکٹھے ہو رہے ہیں؛ بے وقوف ہی جمع ہیں، مجہولوں کی سوسائٹی۔

اندھا گیا سگائی کا آپ کو کہ بھائی کو (ہ) مثل۔ خود غرض اور مطلب پرست کی نسبت بولتے ہیں؛ خود غرض کو اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے۔

اندھی پیسے کتا کھائے (ہ) مثل۔ بے تمیزی سے کام کرنا؛ پھوہڑ عورت کی نسبت بولتے ہیں۔

ان نینوں کا یہی بسیکھ. وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ (ہ) مثل۔ ان آنکھوں کا یہی قاعدہ ہے؛ وہ بھی دیکھا ہے یہ بھی دیکھ؛ آنکھیں دنیا میں برائی بھلائی سب کو دیکھتی ہیں؛ آدمی کو دکھ سکھ سب ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں، خوشی اور رنج کو ہنسی خوشی گزار دے۔

اونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا (ا) مثل۔ سیانا ہو گیا؛ عمر گزار دی لیکن تمیز نہ آئی؛ اونٹ کو بڈھا ہو کر بھی سیدھی طرح موتنا نہ آیا اُلٹا ہی موتا کیا۔

اونٹ برابر ڈیل بڑھایا پاپوش برابر عقل نہ آئی (ا) مثل۔ قد تو اتنا بڑا ہو گیا مگر عقل ذرا بھی نہیں، اونٹ کی برابر بڑھ گیا مگر عقل خاک نہیں۔

اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے (ا) مثل۔ جب کوئی کام بھی کرتا رہے اور بڑبڑاتا بھی رہے تو اس وقت یہ مثل بولا کرتے ہیں یعنی یہ کام تو اسی طرح مجبوری سے ہوا ہی کرتے ہیں۔

اونٹ پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپ کو سمجھتا ہے (ا) مثل۔ آدمی اپنے سے زیادہ رتبے والے کو دیکھ کر اپنی حقیقت پہچانتا ہے۔

اونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھّم کو/ اونٹ مکے کو ہی بھاگتا ہے (ا) مثل۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔

اونٹ چڑھی بونٹ مانگے (ا) مثل۔ بے موقع سوال اور بے محل بات کی نسبت بولا کرتے ہیں؛ غیر موزوں کام کرنا۔

اونٹ دیکھئے کس کل بیٹھے (ا) مثل۔ دیکھئے انجام کیا ہو؛ نتیجہ کیا نکلے۔

اونٹ ڈوبیں بھیریں تھاہ مانگیں (ا) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں جہاں بڑوں کی حقیقت نہ ہو؛ چھوٹے اپنی ہی شکایت کریں؛ جہاں بزرگوں کے حوصلے پست ہیں وہاں چھوٹے کیا کرسکتے ہیں۔

اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی (ہ) مثل۔ اونٹ کی تمام بناوٹ ٹیڑھی ہے اس لئے دغاباز فریبی اور جھوٹے آدمی کی نسبت یہ کہاوت مشہور ہوگئی؛ جھوٹے کی کس بات پر اعتبار کریں جھوٹے پر یقین نہیں جمتا۔

اونٹ سے بڑے اور نام میں چھوٹے خاں (ا) مثل۔ بے تمیزی کے کام کرنا اور طاقت اور حیثیت کے خلاف چلنا؛ اپنے اعمال سے خاندان کا نام ڈبونا؛ برعکس نہند نام زنگی کافور۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

**اونٹ فرشتے کی ذات ہے** (ا) مثل۔ اونٹ صابر؛ قانع اور نرم طبع جانور ہے؛ اونٹ بڑا نیک ہے۔

**اونٹ کا پاد زمین کا نہ آسمان کا** (ا) بے فیض آدمی سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا؛ بخیل امیر سے کسی کو فیض نہیں؛ بیہودہ؛ بکواسی جو کام کی بات کوئی نہ کہے اور بکواس بہتیری۔

**اونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب سے خدا بچائے** (ا) مقولہ۔ اونٹ کینہ توز جانور ہے جب دشمن کو پکڑ لیتا ہے تو پھر چھوڑتا نہیں گوشت الگ کر دیتا ہے؛ عورت کے مکر کو بھی انسان نہیں سمجھ سکتا؛ سخت گیر اور مکار شخص کی نسبت بولتے ہیں۔

**اونٹ کی پکڑ اور کتے کی جھپٹ** (ہ) مقولہ۔ دونوں باتیں سخت ہیں؛ انسان پھنسے کی نجات کہاں دونوں مہلک ہیں۔

**اونٹ کے گلے میں بلی** (ا) مثل۔ غلط حجت؛ بیجا دلیل؛ مفت کا حیلہ؛ بیہودہ بات؛ سوسائٹی کے خلاف سخت شرائط؛ روایت ہے کہ ایک شخص کا اونٹ گم ہو گیا؛ اس نے منت مانی کہ اگر مل جائے تو ٹکے کو فروخت کروں گا؛ اتفاقاً وہ مل گیا؛ اب مالک نے سوچا کہ ڈیڑھ سو روپے کا اونٹ مفت جاتا ہے۔ آکر تجویز کی کہ اونٹ کے گلے میں بلی باندھ کر منادی کر دی کہ ٹکے کا تو اونٹ اور ڈیڑھ سو کی بلی بکتی ہے؛ مگر شرط یہ ہے کہ دونوں اکٹھے بکیں گے۔ علیحدہ علیحدہ نہیں اس سے یہ مثل بن گئی۔

**اونٹ کے گلے میں ٹلی** (ا) مثل۔ چھوٹی نابالغ لڑکی کسی ادھیڑ یا نوجوان بالغ کے ساتھ بیاہ دینا یا اس کے برعکس کرنا۔

**اونٹ کے منہ میں زیرہ** (ا) مثل۔ بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کے لئے دینا؛ پیٹو کو تولہ بھر چیز سے کیا تسلی؛ یا ایسے شخص کو ایسی چیز مل جائے جو اس کے لائق نہ ہو۔

**اونٹ رہے بیگاری** (ا) مثل۔ بیگار میں پکڑا ہوا اونٹ خوب لدتا ہے؛ جتنا بوجھ چاہا لاد دیا؛ کوئی درد تھوڑا ہی ہے۔

**ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر** (ا) مثل۔ اوچھے کو جب کوئی اچھی چیز مل جاتی ہے تو اترانے لگ جاتا ہے اور طرح طرح سے اس کی نمود کرتا ہے۔

**ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں** (ا) مثل۔ ایسے برے آدمی پر تو تین حرف یعنی لام؛ عین؛ نون۔ لعن (لعنت) بھیجتے ہیں؛ بہت برا جانتے ہیں۔

**ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ** (ہ) مثل۔ دونوں نور نظر ہیں؛ دونوں برابر ہیں؛ دونوں یکساں ہیں؛ دونوں کے دکھ سے دکھ اور خوشی سے خوشی ہے۔

**ایک آوے کے برتن ہیں** (ہ) مثل۔ سب کے عادات یکساں ہیں؛ سب برابر ہیں کوئی بھلا نہیں؛ سب باہم برابر ہیں۔

**ایک اور ایک گیارہ** (ہ) مثل۔ دو شخص مل کر بہت کچھ کر سکتے ہیں؛ اتفاق باہمی کی قوت کی طرف اشارہ ہے۔

**ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے۔** (ہ) مقولہ۔ ایک برا سارے خاندان کو بدنام کر دیتا ہے۔

**ایک پنتھ دو کاج** (ہ) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں جہاں ایک کام کے ساتھ اور بھی کئی کام بن جائیں؛ ایک سبب میں دو کام نکل آئیں۔

**ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھالی بھنگ** (ہ) مثل۔ کچھ تو سست تھے ہی اوپر سے سامان بھی اور زیادہ سستی کے کر لئے۔

**ایک توے کی روٹی کیا موٹی کیا چھوٹی** (ہ) مثل۔ سب برابر ہیں؛ کوئی کم نہیں؛ برادری میں سب برابر ہیں کیا امیر کیا غریب۔

**ایک حمام میں سب ننگے** (ا) مثل۔ برے کام میں سب شامل ہیں؛ سب ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔

**ایک در بند ہزار در کھلے** (ا) مثل۔ اگر ایک جگہ سے آدمی کی آمدنی بند ہو جاتی ہے تو خداوند تعالیٰ ہزار اسباب اور پیدا کر دیتا ہے۔

**ایک دم ہزار دم** (ا) ایک سانس لینے میں ہزار سانس لینے کی امید ہوتی ہے یعنی جب تک سانس تب تک آس ہے۔

**ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن کا بلائے جان** (ا) مقولہ۔ سب مہمان ایک دو دن تو عزیز اور بھلا ہوتا ہے تیسرے دن تو دوبھر معلوم ہوتا ہے۔

**ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول۔ دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول۔ تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول** (ا) مثل۔ ایک دن کا مہمان نہایت پیارا اور گلاب کے پھول سا معلوم ہوتا ہے دوسرے دن کا مہمان کنول کے مشابہ ہے تیسرے دن کا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03124097218

مہمان میزبان کی نفرت اور بیزاری کا باعث ہوتا ہے۔

ایک دے گا دس پائے گا (ا) ایک سلوک نیک کرے گا تو دس گنا ثواب اور اجر ملے گا۔

ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے سب ڈوبیں تو کون بچائے (ا) مثل۔ اگر ایک آدمی خرابیاں کرے تو اس کو لوگ سمجھا سکتے ہیں مگر جب سب گناہوں میں غرق ہوں تو انھیں عذاب سے کون چھڑا سکتا ہے۔

ایک شیر مارتا ہے تو سولومڑیاں کھاتی ہیں/ ایک شیر مارتا ہے تو سو گیدڑ کھاتے ہیں (ا) مثل۔ بہادر اور جوانمرد آدمی اپنی کمائی سے سینکڑوں محتاجوں کو پالتے ہیں؛ سخی اور بہادر کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے۔

ایک کو سائی ایک کو بدھائی (ہ) مثل۔ ہرجائی ہونا؛ بے وفائی کرنا؛ وعدہ خلاف ہونا؛ جھوٹ بولنا؛ جھوٹے وعدے ہر ایک سے۔

ایک کھائے ملیدا ایک کھائے بھس (ہ) مثل۔ اپنی اپنی تقدیر ہے کوئی عیش کرے کوئی دکھ بھرے۔

ایک کہو گے تو دس سنو گے (ہ) مثل۔ اگر تم کسی کو برا کہو گے تو وہ تمہیں بدتر بنائے گا؛ تم ایک بری بات کہو گے تو دوسرا تمہیں دس سنائے گا؛ بدزبانی سے روکنے کے لئے کہا کرتے ہیں۔

ایک کی دوا دو یا ایک کی دارو دو (ہ) مثل۔ ایک آدمی پر غالب آنے کے لئے دو آدمی کافی ہوتے ہیں۔

ایک کی سو سناتا ہے/ ایک کی دس سناتا ہے (ہ) مثل۔ سخت بدزبان ہے؛ بڑا بدلگام آدمی ہے؛ ایک بات کے جواب میں دس سنا کر بھی بس نہیں کرتا۔

ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں (ا) مثل۔ ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہشمند کبھی مل کر اور سلوک سے نہیں رہ سکتے؛ ضرور دونوں کی کھٹکے گی۔

ایمان ہے تو سب کچھ (ا) مثل۔ ایمان تمام چیزوں سے بڑھ کر ہے، ایمان کی حفاظت سب چیزوں سے زیادہ ضروری ہے؛ ایمان ہی مقدم ہے۔

این ہم بر سر الم (ف) مقولہ۔ اور تکالیف کے ساتھ ایک یہ بھی سہی ہونے دو۔

باپ بھکاری پوت بھنڈاری (ء) مثل۔ باپ بھیک مانگ کر کوڑی کوڑی جمع کرتا ہے، بیٹا جھولیاں بھر بھر کر لٹاتا ہے؛ باپ کی حیثیت کے خلاف بیٹے کا فضول خرچی کرنا۔

باپ بنیا پوت نواب (ہ) مثل۔ باپ بخیل اور بیٹا شاہ خرچ؛ باپ جوڑتا ہے بیٹا اڑاتا ہے۔

باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیرانداز (ا) مثل۔ بزدل خاندان کا آدمی اگر بہادری کی شیخی بھارے تو اس وقت یہ مثل کہا کرتے ہیں۔

بات جو چاہے اپنی پانی مانگ نہ پی (ہ) اگر اپنی عزت چاہتے ہو تو پانی تک کا بھی سوال نہ کرو۔ کسی کا احسان اٹھانے سے عزت نہیں رہا کرتی۔

بات کہی پرائی ہوئی (ہ) مثل۔ بات منہ سے نکلی اور مشہور ہوگئی؛ منہ سے بات نکلی پھر لاکھ جتن کرو چھپ تھوڑا ہی سکتی ہے۔

بات لاکھ کی کرنی خاک کی (ہ) مثل۔ قول و قرار اچھے؛ بڑی باتیں بکثرت اور کر کچھ نہیں سکتے۔

با مسلمان اللہ اللہ با برہمن رام رام (ف) مثل۔ صلح کل؛ ہر شخص کے ساتھ اتفاق اور اتحاد کے ساتھ رہنا چاہئے کسی کی دل شکنی نہ کرنی چاہئے۔

بچے تو آپ سے نہ بچے تو سگے باپ سے (ا) مثل۔ عورت ذات اپنی مرضی سے بچ سکتی ہے حفاظت کرنے سے نہیں۔

بدھیا مری تو مری مگر آگرہ دیکھ لیا (ا) ذرا سی تفریح کے لئے بہت سا نقصان گوارا کر لینا؛ تھوڑے سے آرام کی خاطر زیادہ گھاٹے کی پرواہ نہ کرنا؛ بے پرواہ اور لاابالی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

بڑی بہو بڑے بھاگ چھوٹی بہو سسرے کو ڈاگ (ا) ہندو مثل۔ بڑی بہو نہایت خوش قسمتی ہے اور چھوٹی بہو سسرے کے حق میں مضر ہے۔ کیونکہ بڑی بہو آتے ہی گھر بار سنبھال لے گی اور چھوٹی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03340077218

کے جوان ہونے تک لاگ نیگ وغیرہ کے اخراجات ہی بے شمار ہوں گے۔

بڑی بہو کو بلاؤ کھیر میں نون ڈالے (ہ) مثل۔ نہایت بے تمیزی کے اظہار کے وقت بولا کرتے ہیں۔ یعنی اسے بلاؤ کہ کام خراب کردے۔

بڑے گھر پڑیئے۔ اینٹ پتھر ڈھوڈھو مرے (ہ) مثل۔ بڑے گھرانے میں رشتہ ہونے پر ہمیشہ ان کی خدمت ہی کرنی پڑتی ہے؛ امیر گھر میں شادی کرا کر ساری عمر ان کی غلامی میں ہی رہنا پڑتا ہے۔

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی (ہ) مثل۔ بدکار اور بدمعاش آخر ایک نہ ایک دن ضرور سزا پائے گا؛ بکرا جو ذبح ہونے کی چیز ہے ضرور ایک دن ذبح ہوگا۔

بکری نے دودھ دیا پر مینگنے ڈال کر (ہ) مثل۔ کام تو کیا مگر خراب کر کے؛ کام کیا تو سہی مگر نہ کرنے کے برابر؛ ایسا کرنے سے نہ کرنا بہتر؛ ایسا دینے سے نہ دینا اچھا۔

بلا ہے کا بلا ہا ہے نہیں چیپڑا تو ضرور (ہ) مثل۔ شیر کا بچہ شیر ہی ہوگا ورنہ بگھیرا تو ضرور ہوگا؛ شیرنی کے اگر ایک بچہ ہو تو کبری شیر ہوتا ہے؛ اگر دو ہوں ذرا کمزور ہوتے ہیں؛ بڑوں کے بڑے ہی ہوتے ہیں۔

بلی روتی ہے منگل کس دن گا رہی تھی (ہ) مثل۔ کام نہ کرنے والے اور کام کو دیکھ کر رونی صورت بنا لینے والے آدمی کی نسبت بولتے ہیں؛ غمزدہ ہے، خوش کس دن ہوا؛ وہ تو ہمیشہ روتا ہی رہتا ہے ہمیشہ مغموم اور متفکر ہی رہتا ہے۔

بلی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی (ا) مثل۔ بددیانت کو خزانچی بنانا؛ چور اور بدمعاش کو امین اور منتظم مقرر کرنا؛ نااہل کو کام پر لگانا۔

بلی کے خواب میں چھیچھڑے / بلی کو چھیچھڑوں کے ہی خواب (ا) مثل۔ اپنی گوں کے ہی خواب دیکھنے، ہر دم اپنے ہی مطلب کی سوجھنی؛ خودغرض شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

بن مانگے ماں بھی بچے کو دودھ نہیں دیتی (ا) مثل۔ بے جدوجہد کچھ نہیں ملتا؛ کوشش سے ہی کچھ ملتا ہے؛ منہ سے کہے بغیر کسی کو کیا معلوم کہ تمہیں کیا چیز درکار ہے۔

بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک (ا) مثل۔ توکل والے کی سب مرادیں پوری ہو جاتی ہیں؛ بن مانگے قیمتی اشیاء مل جاتی ہیں اور مطلوبہ چیز بڑی مشکل سے ملتی ہے۔

بندھا خوب مار کھاتا ہے (ا) مثل۔ لاچار جس کو جس طرح چاہو ستاؤ، مارو، سزا دو؛ قابو میں آیا ہوا خوب مجبور ہوتا ہے۔

بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر (ا) مثل۔ جو چیز استعمال میں آ گئی ہو وہ عمدہ جو نا قابل استعمال رہی؛ وہ نکمی اور بے سود؛ جو کارآمد ہو گئی؛ وہ کام کی ورنہ ردی۔

بنیا جب تولتا ہے زیادہ ہی بولتا ہے (ا) مثل۔ ہوشیار آدمی؛ ہر حالت میں اپنا مطلب اور اپنا فائدہ نہیں چھوڑتا۔

بنئے سے سیانا سو دیوانہ (ا) مثل۔ لین دین کے معاملہ میں اگر کوئی شخص بنئے سے زیادہ ہوشیار ہے تو وہ الو ہے، احمق ہے، پاگل ہے، کیونکہ یہ لوگ پشتوں سے اس کام میں پڑے ہوئے ہیں اس کے نکات اور داؤں گھات خوب جانتے ہیں۔

بنئے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے (ا) مثل۔ سیانا آدمی کسی خاص نفع کے لئے ہی نقصان گوارا کرتا ہے یوں نقصان نہیں اٹھاتا۔

بنئے کا چھیلا آدھا اجلا آدھا میلا (ہ) مثل۔ کاروباری آدمی سے شوقینی نہیں نبھ سکتی۔

بُور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے (ا) مثل۔ وہ کام جس کے کرنے اور نہ کرنے دونوں صورتوں میں حسرت و افسوس کرنا پڑے۔

بوڑھی گھوڑی لال لگام (ہ) مثل۔ بڑھاپے میں جوانوں کی سی زیب و زینت کرنے والی عورت۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03140977218

بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں/ بوڑھے طوطے سے نہیں پڑھا کرتے/نہیں پڑھتے (ا) مثل۔عمر رسیدہ آدمی علم نہیں سیکھ سکتا؛ جس نے جوانی میں ہی نہ پڑھا وہ بوڑھے ہوکر کیا پڑھے گا۔

بوڑھے منہ منہاسے (ہ) مثل۔ بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا۔

بیوی وارے باندی کھائے گھر کی بلا باہر نہ جائے (ا) کسی کی بخل میں بے حد تعریف کے موقع پر بولتے یعنی صدقہ اور خیرات تک بھی فقیر کو نہیں ملتا بلکہ گھر میں ہی رہ جاتا ہے۔

پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے (ا) مثل۔ گناہ گار کو اس کے عروج کے وقت گناہ کی سزا ملتی ہے۔

پاگلوں کے سر سینگ ہوتے ہیں (ا) مثل۔ پاگلوں کی کوئی خاص ظاہری نشانی نہیں ہوتی وہ اپنی حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں۔

پانچوں انگلیاں برابر نہیں (ہ) مثل۔تمام انسان مختلف طبیعت کے ہیں ایک کی طبع دوسرے سے نہیں ملتی؛ سب آدمی برابر نہیں؛ ہر شخص کا مزاج جدا جدا ہے۔

پانچوں انگلیاں گھی میں (ا) مثل۔ ہر طرح مزے میں ہے؛ ہر چیز قابو میں ہے۔

پانچوں سواروں میں نام لکھانا (ا) مثل۔ادنیٰ آدمی کا اپنے آپ کو بڑے لوگوں میں شمار کرنا؛ ڈینگ مارنا۔

پھول وہی جو مہیش چڑھے (ہ) مثل۔ چیز وہی اچھی ہے جسے بڑے لوگ پسند کریں؛ تدبیر وہی جو کام آئے؛ مہیش اور مہیشور اصل میں مہادیو ہی کا لقب ہے۔

تتڑی نے دیا جنم جلی نے کھایا۔ جیب چلی نہ سواد آیا (ہ) مثل۔ برے سے برے کو فائدہ پہنچا کسی نیک کا بھلا نہ ہوا؛ باہم ہی فائدہ اٹھانے کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں۔

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے (ا) قسم یا ایفائے عہد کے لئے بولتے جو تجھ سے پھرے تو کافر ہو۔

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو (ہ) مثل۔ تو اپنی فکر کر تجھے غیروں سے کیا مطلب ہے؛ خواہ مخواہ دوسرے کے عیب جو کو کہا کرتے ہیں۔

تل چور سو بحر چور (ہ) مثل۔ چور خواہ تھوڑی چیز چراوے خواہ زیادہ بہر حال وہ چور تو ہے۔

تلوار مارے ایک بار احسان مارے بار بار (ا) مثل۔احسان کی مار تلوار کی مار سے کہیں زیادہ ہے، تلوار احسان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

تیلی خصم کیا اور پھر بھی روکھا ہی کھایا (ہ) مثل۔خلاف طبیعت کام بھی کیا اور پھر بھی مراد نہ ملی؛ امیر سے شادی بھی کی اور پھر بھی تنگی اٹھائی۔

تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار (ہ) مثل۔ مقید آدمی آزادی کی قدر نہیں جان سکتا۔

تیلی کا تیل جلے مشعلچی مفت کڑھے (ہ) مثل۔ نقصان کسی کا ہو غم کوئی کرے۔

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (ہ) مثل۔ کمزور اور غریب آدمی کو گھر کی محنت اور دقت ہی ہزاروں دقتوں کے برابر ہے۔

تیلی کی جورو ہو کے کیا پانی نہائی (ہ) امیر کے خادم ہو کر بھی فائدہ نہ ہوا تو پھر کیا موقع ملے گا۔

تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان (ا) مثل۔ شیخی خورے کی نسبت بولا کرتے ہیں جو تھوڑی سی چیز پر بہت سا اترائے۔

تین دن قبر میں بھاری ہیں (ا) مثل۔ مر کر بھی قبر میں تین دن حساب کتاب میں جان کو اضطراب رہتا ہے۔

تین گناہ خدا بھی بخش دیتا ہے (ا) مثل۔ جس شخص نے پہلے کوئی جرم نہ کیا ہو وہ یہ لفظ کہہ کر اپنے قصور کی معافی مانگا کرتا ہے کہ تین گناہ تو خدا بھی بخش دیتا ہے تم بھی میرا یہ قصور معاف کر دو۔

تین میں نہ تیرہ میں (ہ) مثل۔اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کی کہیں بھی عزت و پرستش نہ ہو۔

جا دلّی کے اور وہی ہتھا وہی کھوڑ (ا) مثل۔ خواہ کہیں چلے جاؤ قسمت اور جسم تو وہی رہے گا جو ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

**جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے** (ا) مثل۔ تدبیر وہی جو کارگر ہو جائے؛ تحقیقات وہی جس میں مجرم خود اپنی زبان سے اقبال جرم کرے۔

**جاگتے کی کٹیا اور سوتے کا کٹڑا** (ہ) مثل۔ ہوشیار شخص فائدہ اٹھاتا ہے اور غافل نقصان۔

**جان کی جان گئی اور ایمان کا ایمان گیا** (ا) مثل۔ نہ دین کے رہے نہ دنیا کے ہر طرح کا نقصان ہو گیا۔

**جب تک رکابی میں بھات۔ تب تک میرا تیرا ساتھ** (ہ) مثل۔ خودغرض آشنا کی بابت بولتے ہیں جو صرف مطلب کے یار ہوتے ہیں۔

**جب تک سانس تب تک آس** (ہ) مثل۔ مرتے دم تک امید رہتی ہے۔

**جب دانت نہ تھے تب چنے تھے جب دانت ہوئے تو چنے نہیں** (ہ) مثل۔ جب تک اولاد نہ تھی خوشحال تھے اب جو اولاد ہوئی تو تنگی آ گئی۔

**جب اتار لی لوئی تو کیا کریگا کوئی جب سر سے اتار لی تو کیا غم** (ہ) مثل۔ جب خود بے حیا بن گئے تو پھر کسی کی کیا پرواہ؛ بے حیا کا کوئی کیا کر سکتا ہے۔

**جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا ہوتا ہے** (ہ) مثل۔ جتنا وہم کرو گے اتنے نقص نکلتے چلے آئیں گے۔

**جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا / جتنا اوپر ہے اتنا ہی نیچے ہے** (ہ) مثل۔ پست قد دشمن اور چالاک آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں کہ اسے چھوٹا نہ سمجھو یہ بڑا چالاک اور سخت موذی ہے۔

**جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا** (ہ) جتنا خرچ کرو گے اتنا ہی کام اچھا اور زیادہ ہوگا۔

**جتنی چادر دیکھئے اتنے ہی پاؤں پھیلائے** (ہ) مثل۔ اپنی حیثیت اور آمدنی کے موافق خرچ کرنا چاہئے۔

**جتنے دم اتنے ہی غم** (ا) مثل۔ جتنی زندگی اتنی ہی تکلیف یا جتنی عیالداری زیادہ اتنی فکر زیادہ رہتی ہے۔

**جتنے منہ اتنی باتیں** (ہ) مثل۔ ہر ایک آدمی کی رائے الگ ہوتی ہے۔

**جس برتن میں کھائیں اسی میں چھید کریں / جس ہانڈی میں کھائیں اسی میں چھید کریں / جس ڈالی بیٹھیں اسی کی جڑ کاٹیں** (ہ) مثل۔ جس سے پرورش پائیں اسی کو نقصان پہنچائیں؛ محسن کش، نمک حرام شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

**جس تن لگے وہی تن جانے** (ا) مثل۔ جس کو دکھ ہو وہی اس کی تکلیف کو جانتا ہے دوسرے کو کیا خبر؛ دکھ کا اندازہ صاحب درد ہی لگا سکتا ہے۔

**جس ٹہنی پر طوطا بیٹھا وہ ٹہنی بھی جھک گئی** (ا) مثل۔ اپنی نحوست کے اثر کو دوسرے تک پہنچ جانے کے وقت بولا کرتے ہیں یعنی جس کی پناہ لی وہ بھی مغلوب اور عاجز ہو گیا۔

**جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار** (ا) مثل۔ بنئے کی مطلب پرستی اور خودغرضی کی بابت بولتے ہیں؛ جو بنئے کی دوستی پر بھروسہ کرے اسے دشمن کی کیا ضرورت ہے اس کو تو وہی لوٹ لے گا۔

**جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے** (ہ) مثل۔ جو شخص کسی کام کو کرتا ہو وہی اس کو کر سکے گا، دوسرا کرے گا تو انگشت نما ہوگا۔

**جس کو رکھے سائیاں اسے مار نہ سکے کوئی** (ہ) مثل۔ جس کو خدا بچائے اسے کوئی نہیں مار سکتا۔

**جس کی دیگ اسی کی تیغ** (ا) مثل۔ جو کھانا دے گا اسی کے نام کی تلوار چلے گی؛ سخی بادشاہ کے لئے رعیت مرتی ہے۔

**جس کی تیغ اسی کی دیگ / جس کی لاٹھی اس کی بھینس** (ا) مثل۔ زبردست آدمی کا ہر چیز پر قبضہ ہو جاتا ہے۔

**جس کی کوٹھی میں دانے اس کے پاگل بھی سیانے** (ہ) مثل۔ دولت بیوقوف کو عقلمند بنا دیتی ہے۔

**جس کے ناک پر پیسا اس کا نخرہ کیسا** (ا) مثل۔ جسے قیمت دے دی پھر اس کا کیا احسان۔

**جس کے نہیں پھٹی بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی** (ہ) مثل سکھیا

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

آدمی کو دکھ کا کیا اندازہ۔

**جس کے ہاتھ روئی اسی کا سب کوئی** (ہ) مثل۔ کھانا دینے والے یا تقسیم کرنے والے کی خوشامد اور تعریف کرتے ہیں۔

**جس نے اپنی پگڑی اتار دی وہ دوسرے کی اتارنے سے کب ڈرتا ہے** (ہ) مثل۔ جسے اپنی آبرو کی پرواہ نہیں اسے دوسروں کو بے عزت کرنے میں کیا تامل ہے۔

**جی میں کھبنا/ گڑنا/ بیٹھنا** (ہ) مثل۔ دل میں اثر کرنا؛ دل میں چبھنا؛ دل میں گھسنا۔

**جیب میں نہیں کھلی کی ڈلی۔ چھیلا پھرے گلی گلی** (ا) مثل۔ بھوکے ننگے اور آوارہ گرد کی نسبت بولتے ہیں؛ فاقہ مست ہیں اور آوارگی نہیں چھوڑتے۔

**جیتا سو ہارا، ہارا سو مرا** (ہ) مثل۔ مقدمہ بازی میں جو شخص جیت جائے وہ درحقیقت ہارنے کے برابر ہے اور ہارنے والا تو گویا مر گیا۔

**جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی** (ہ) کہاوت۔ دیدہ دانستہ نقصان نہیں اٹھایا جاتا۔

**چاہ کن را چاہ درپیش** (ف) مثل۔ ستانے والا خود بھی ستایا جاتا ہے؛ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

**چراغ روشن مراد حاصل** (ف) دعائیہ فقرہ ہے۔ بامراد رہو؛ خانہ آباد رہے۔

**چماروں کو عرش پر بھی بیگار** (ا) غریب کنگال کی ہر جگہ آ بنتی ہے۔

**چنبیلی جاؤ میں آئی** (ہ) مثل۔ گستاخ اور بے ادب لونڈی یا عورت سر چڑھی۔

**چنبیلی جاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی** (ہ) مثل۔ منہ لگایا سفلہ سر چڑھ گیا۔

**چور کا مال سب کوئی کھائے چور کی جان اکارت جائے** (ہ) مثل۔ بُرے سے فائدہ تو ہر کوئی اٹھالیتا ہے مگر اس کی مصیبت میں ہمدرد کوئی نہیں بنتا۔

**چور کو چور ہی پہچانے/ چور کو چور ہی سوجھتا ہے** (ہ) مثل۔ جیسے کو تیسا ہی تاڑتا ہے اور ہر شخص دوسرے کو اپنے جیسا ہی سمجھتا ہے۔

**چور کی داڑھی میں تنکا** (ہ) کہاوت۔ عیب دار کو ہمیشہ کھٹکا رہتا ہے؛ چور چوری کی بات کو اپنے ہی اوپر لے جاتا ہے۔

**چور کی ماں کوٹھی میں سر دے اور روئے** (ہ) مثل۔ برے کا بھیدی دل ہی دل میں کڑھتا ہے؛ چور کی ماں چھپ کر بھڑاس نکالتی ہے کسی کے سامنے کیا کہے۔

**چھٹانک دھنیا خیر آبادی کوٹھی** (ا) مثل۔ کم سرمایہ پر بہت شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

**چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھل کی ڈلی** (ہ) مثل۔ بھوکا بنگالی کنگال ہو کر ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنے والے کو کہا کرتے ہیں۔

**خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کے دیتا ہے** (ا) مثل۔ خدا کی عنایت کسی سبب کی محتاج نہیں وہ بے سبب بھی جب چاہے دے دیتا ہے۔

**خدا کا دیا سر پر** (ا) مثل۔ ہر حالت میں صبر وشکر کا دم ہے؛ ہر مصیبت کو جو خدا کی طرف سے آئے اُسے برداشت کرنا ہی پڑتا ہے۔

**خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں** (ا) کہاوت۔ غیب کی سزا خبر کر کے نہیں آتی؛ خدا کی پکڑ ناگہانی اور سخت ہوتی ہے۔

**خدا گنجے کو ناخن نہ دے** (ا) مثل۔ خدا کمینہ کو اختیار نہ دے؛ معیوب کو طاقت نہ دے۔

**خدا مہربان تو جگ مہربان** (ا) مثل۔ خدا کی نظر عنایت ہو تو تمام دنیا خیر خواہ بن جاتی ہے؛ جس کا رب اسی کے سب؛ جدھر رب اُدھر سب۔

**خدمت سے عظمت ہے** (ا) مثل۔ کارگزاری سے ہی درجہ ملا کرتا ہے؛ محنت کے ساتھ کام کرنے میں ہی کامیابی کا راز چھپا ہوا ہے۔

**دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے** (ہ) کہاوت۔ بے اختیاری کے وقت مراد بر آنے کے موقعہ پر بولتے ہیں؛ جب دولت تھی اولاد نہ تھی؛ اولاد ہوئی دولت نہ رہی۔

**دائی تیرے ساتوں بھائی** (ہ) فقرہ۔ آنکھ مچولی میں جو لڑکا چور بننے سے بچ جاتا ہے تو خوش ہو کر یہ فقرہ بولا کرتا ہے یعنی دائی کے ساتوں بھائی سلامت رہیں۔

**دائی سے پیٹ نہیں چھپتا** (ا) مثل۔ محرم راز سے کوئی راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا؛ تجربہ کار ہر ایک پوشیدہ بات کو تاڑ لیتا ہے۔

**دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے** (ہ) مثل۔ تنگ آ کر کمزور بھی حملہ کر بیٹھتا ہے۔

**ددھیل گائے کی دولاتیں بھی بھلی** (ا) مثل۔ بہت سے فائدے کی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218

موجودگی میں تھوڑی سی تکلیف کی کچھ پرواہ نہیں ہوا کرتی۔
دروغگو ارا حافظہ بناشد (ف) مثل۔ جھوٹ کے پاؤں کہاں؛ بناوٹی باتیں یاد نہیں رہا کرتیں۔
دروغگویم برروے تو (ف) مثل۔ دیدہ دلیر اور گستاخ جھوٹے کے لئے بولتے ہیں۔
دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز (ف) مثل۔ خرابی روکنے والا جھوٹ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہوتا ہے۔
دریا میں رہنا مگر مچھ سے بیر (ا) مثل۔ جہاں رہنا سہنا وہیں کے لوگوں سے بگاڑنا؛ افسر یا حاکم کے ساتھ بگاڑ رکھنا۔
دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست (ف) مثل۔ اگر دوست مہربان ہو تو دشمن کی کوئی بات چل ہی نہیں سکتی۔
دم پکڑی بھیڑ کی وار ہوئے نہ پار (ہ) مثل۔ نالائق اور اودنے کا سہارا کچھ فائدہ نہیں دیتا۔
دودھ کا دودھ پانی کا پانی (ہ) مثل۔ پورا پورا انصاف؛ ٹھیک انصاف؛ حق حق بات۔
دودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی (ا) مثل۔ جس سے نفع ہو اس کی کڑوی باتیں بھی سہنی پڑتی ہیں۔
دو گھڑی کی بے حیائی سارے دن کا اُدھار (ا) مثل۔ تھوڑی سی بے مروتی سے بہت عرصہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے۔
دولھا دولھن مل گئے جھوٹی پڑی برات (ہ) کہاوت۔ دوست دوست باہم ایک ہو گئے دوسرے دخل دینے والے مفت میں برے بنے۔
رات تھوڑی سوانگ بہت۔ رات تھوڑی کہانی بڑی (ہ) کہاوت۔ وقت کم اور کام زیادہ؛ عمر تھوڑی اور دنیا کے بکھیڑے زیادہ۔
روپ روئے کرم کھائے۔ روپ روئیں بھاگ کھائیں (ہ) مثل۔ بدنصیب حسین مصیبت بھرتے ہیں اور خوش قسمت بدصورت عیش وعشرت کرتے ہیں۔
روپیہ پرکھن بار بار، آدمی پرکھن ایک بار (ہ) مثل۔ روپے کو بار بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہوتا ہے۔
روتے کیوں ہو صورت ہی ایسی ہے (ا) مثل۔ پیدائش سے ہی دکھیا پیدا ہوئے؛ منحوس صورت ہے۔
روتے گئے موئے کی خبر لائے (ا) کہاوت۔ جس بدشگونی سے گئے تھے ویسی بدخبر لائے؛ بادل ناخواستہ کام کرنے والے کی نسبت حقارتاً بولا کرتے ہیں۔
رولیش بہ بیں حالش میرس (ف) مثل۔ ہاں تو صورت ہی سے ظاہر ہے پوچھنے کی کیا ضرورت۔
رہ ری کتیا میری آس۔ میں آؤں گا کاتک ماس (ہ) مثل۔ ٹال مٹول اور لیت ولعل اور لمبے وعدے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی (ا) مثل۔ بہت سے گناہ کر کے اب نیکیوں کا ارادہ کیا ہے۔
ساجھے کی ہانڈی چوراہے میں پھوٹتی ہے (ہ) مثل۔ حصہ داری کے کاموں میں جھگڑا ضرور ہو جاتا ہے۔
ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں (ہ) مثل۔ جب کوئی پوچھنے والا نہ ہو جو جی میں آئے کرو۔
سانپ تو نکل گیا مگر رستہ برا پڑا (ا) مثل۔ آفت سے تو بچ گئے مگر شگون بد ہوا۔
سانپ کا بچہ سپولیا (ہ) مثل۔ برے کی اولاد بھی بری۔
سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے (ہ) مثل۔ جو شخص ظالم سے تکلیف اٹھائے وہ اس کی شبیہہ سے بھی ڈرا کرتا ہے؛ مصیبت زدہ ذرا سے صدمے سے ڈر جاتا ہے۔
سانپ کا کاٹا سوئے اور بچھو کا کاٹا روئے (ہ) مثل۔ مارگزیدہ کو غشی طاری ہوتی ہے اور بچھو کے کاٹے ہوئے کو پیڑا اور درد زیادہ ہوتا ہے۔
سانپ کا سر ہی کچلا کرتے ہیں (ہ) مثل۔ موذی کو زندہ نہیں چھوڑتے، شریر کی شامت ہی آیا کرتی ہے۔
سانپ کے سانپ پاؤہنا/مہمان (ہ) مثل۔ موذی کا دوست موذی۔
سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو (ہ) مثل۔ موقعہ کھو کر اب پچھتایا کرو؛ ضائع شدہ چیز پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے۔
سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں (ہ) مثل۔ ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے۔ دوسرے کی ریس نہیں کر سکتا۔
سانچ کو آنچ نہیں۔ سانچ کو کیا آنچ (ہ) مثل۔ سچ کو تکلیف نہیں؛ ایمان کو نقصان نہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140077218

www.besturdubooks.net

سب اپنے بہو بیگانی (ا) مثل۔عورتیں اس لئے کہتی ہیں کہ بہو دوسرے خاندان کی بیٹی ہوتی ہے۔
سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں (ا) مثل۔سب ایک جیسے شرارتی اور تکلیف دینے والے ہیں۔
سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں (ا) مثل۔سب کی حالت ایک جیسی ہے۔
سب بات کھوٹی پہلے دال روٹی (ا) مثل۔پیٹ کی فکر سب سے پہلے؛اول طعام بعدہ کلام۔
سب چیز کی لہر بہر ہے (ا) مثل۔کسی چیز کی کمی نہیں ہے؛ سب کچھ موجود ہے۔
سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے (ا) مثل۔فضول خرچ آدمی موقع پر کچھ پاس نہ ہونے کی وجہ سے شرمندگی اٹھاتا ہے۔
سب سے بھلی چپ (ا) مثل۔خاموشی سب سے بہتر ہے۔
سب طرح سے حاضر ہونا (ا) مثل۔ہر ممکن خدمت کے لئے تیار ہونا۔
سب کچھ گیا میاں کی ٹخ ٹخ نہ گئی (ا) مثل۔کنگال ہوگئے پھر بھی شیخی مارنے کی عادت نہ چھوٹی۔
سچ بولنا آدھی لڑائی مول لینا ہے (ہ) مثل۔سچ بات لڑائی کا باعث ہوجاتی ہے۔
سچ کا زمانہ نہیں (ا) کہاوت۔سچ کہنے سے نقصان اٹھانا پڑتا ہے؛ سچ کا کوئی اعتبار نہیں۔
سچ کہنا اور سکھی رہنا (ہ) مثل۔سچ بول کر آدمی آرام سے رہتا ہے۔
سخی دے اور شرمائے بادل برسے اور گرمائے (ا) مثل۔داتا اور دھرماتما؛ آدمی دے کر احسان نہیں جتایا کرتا؛ بادل برستا ہے اور گرجتا ہے۔
سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب (ا) مثل۔انتظار میں رکھنے سے صاف انکار کر دینا بہتر ہے۔
سخی کا بیڑا پار ہے (ا) کہاوت۔داتا کی مشکل ہمیشہ آسان ہوجاتی ہے۔
سخی کے مال پر پڑے شوم کی جان جائے (ا) مثل۔سخی کی بلا اس کی خیرات اور فیاضی سے مال پر سے ٹل جاتی ہے اور بخیل کنجوسی کے باعث بلا جان پر لیتا ہے۔
سخی اور شوم کا لیکھا سال میں برابر ہوجاتا ہے (ا) مثل۔سخی دے دلا کر اور کھا پی کر، بخیل جوڑ کر اور چوری کرا کے سال بھر میں برابر ہوجاتے ہیں۔
سدا ناؤ کاغذ کی چلتی نہیں (ا) مثل۔مکروفریب ہمیشہ بار آور نہیں ہوسکتا کاغذ کی ناؤ کی طرح جلدی گل کر خراب ہوجائے گا۔
سیر کو سوا سیر موجود ہے (ا) مثل۔ہر زبردست سے غالب تر اور بھی ہوتا ہے ہر فرعونے راموسٰے۔
سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور ابل پڑا (ہ) کہاوت۔اوچھا اور کمینہ آدمی امیر ہو کر آپے سے باہر ہوجاتا ہے۔
سیر میں پونی بھی نہیں (ہ) مثل۔مطلوبہ مقدار کا کم سے کم حصہ بھی موجود نہیں۔
سیف تو پٹ پڑی تھی مگر بچہ کام کر گیا (ا) کہاوت۔معتبروں سے تو کچھ نہ بن سکا مگر ایک چھوٹے اور ادنےٰ شخص سے کام نکل گیا۔
صورت چڑیلوں کی مزاج/دماغ پریوں کا (ا) مثل۔بدشکلی پر یہ دماغ؛ بدصورتی پر یہ مزاج؛ کسی بدصورت یا بدشکل کی بددماغی پر طنزاً یہ کہا جاتا ہے۔
عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے (ا)۔زبردست سے بس نہ چلا تو کمزور پر غصہ نکالا۔
عرش سے چھوٹی کھجور میں اٹکی/عرش سے چھوٹے کھجور میں اٹکے (ا) مثل۔ایک مصیبت سے نجات ملتے ہی دوسری میں پھنس گئے۔
عطار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا (ا) کہاوت۔عطار کی بوتل اور مداری کا پٹارا دونوں قابل اعتبار ہیں۔کیونکہ عطار ایک بوتل سے ہر قسم کی شربت وغیرہ اور مداری اپنے پٹارے سے طرح طرح کے کھیل دکھا دیتا ہے۔
عورت کی عقل گدی پیچھے/عورت کی مت گدی پیچھے (ا) مثل۔عورت بیوقوف ہوتی ہے،اس لئے کسی بات کو دیر میں سمجھتی ہے۔
عیاں راچہ بیاں (ف) مقولہ۔ہاتھ کنگن کو آرسی کیا، ظاہر بات کو جتانے کی ضرورت نہیں۔
عید کے پیچھے ٹر/عید پیچھے ٹر (ا) کہاوت۔خوشی کی بے موقع وقت گزر

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

جانے پر نقل کرنا؛ جب تیوہار نکل گیا تو پھر خوشی کے کیا معنی۔
عید کے پیچھے چاند مبارک (ا) کہاوت۔ موقع نکل جانے کے بعد مبارک باد دینا؛ بے موقع ذکر کرنا۔
عیسٰے بدین خود موسٰے بدین خود (ف) مثل۔ ہر شخص اپنے مذہب پر خوش ہے دوسرے سے کوئی واسطہ نہیں؛ عیسائی اپنے دین پر خوش ہیں اور موسائی اپنے دین پر۔
غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹائی (ا) مثل۔ کسی کو برا کہنے کے واسطے اپنا نقصان کرنا۔
فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود (ا) مثل۔ کسی چیز کے مفت ضائع اور اکارت جانے پر بولتے ہیں۔
فاتحہ نہ درود مر گئے مردود (ا)۔ کسی موذی اور ظالم شخص کے لاولد مرنے پر کہا کرتے ہیں۔
فرید شکر گنج نہ رہے دکھ نہ رہے رنج (ا) مقولہ۔ بابا فرید کے فقیروں کی صدا ہے۔
فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے (ا) مثل۔ غریب آدمی اپنے تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔
فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا (ا) مثل۔ جو غریب آدمی امیروں کی سی نمود رکھے۔ اس کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
فقیری شیر کا برقع ہے (ا) مثل۔ فقیری کے پردے میں بڑے بڑے کامل نکل آتے ہیں۔
قاضی جی اپنا تو آگا ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا (ا) مثل۔ ناصح پہلے اپنے اخلاق و عادات کو درست کرے پھر دوسرے کو نصیحت دے۔
قاضی جی بھیترا ہرائیں میں ہارتا ہی نہیں (ا) مثل۔ نہایت گستاخ اور ضدی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
قاضی جی دبلے کیوں ہوئے شہر کے اندیشے میں (ا) مثل۔ غیروں کے غم میں خواہ مخواہ رہنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے (ا) مثل۔ حاکم کے گھر کے ادنٰے آدمی بھی سمجھدار ہوتے ہیں۔
قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار (ا) مثل۔ حاکم کا آدمی جلدی ہی کرتا آتا ہے۔
قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا/ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا (ا) مثل۔ لحاظ دار کے باعث اس کے غلاموں کی بھی عزت ہوتی ہے۔ لحاظ دار مر جائے کوئی نہیں پوچھتا۔ مراد یہ ہے کہ دنیا منہ دیکھے کی یار ہے۔
قاضی کرے سو نیاؤ پاسہ پڑے سو داؤ (ا) مثل۔ انصاف وہی جو حاکم کرے اور داؤں وہی جو اپنے آپ ایمانداری لگے۔
قاضی نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو آنے دے گا (ا) مثل۔ نفع گر نہ ہوا تو نقصان بھی تو کچھ نہیں ہونے کا۔
قبر پر قبر نہیں ہوتی (ا) کہاوت۔ قرض پر قرض نہیں ملتا۔
قسائی بچا کبھی نہ سچا جو سچا سو کچا (ا) مثل۔ قصائی کی بات کا اعتبار نہیں ہے یہ دوستوں کو سب سے برا مال دیتے ہیں۔
قسائی کے کھونٹے سے بندھنا (ا) ظالم کے بس پڑنا؛ بے رحم کے پالے پڑنا؛ قصائی کے حوالے ہونا۔
قسائی کی گھانس کو کٹڑا کھا جائے (ا) مثل۔ تعجب کے موقعہ پر بولتے ہیں کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ زبردست کے مال کو کمزور دبا لے۔
قسم کھانے ہی کے لئے ہے (ا) مثل۔ بے ایمان لوگوں کا قول ہے؛ قسم خواہ جھوٹی ہو یا سچی کھا ہی لینے کے واسطے ہوتی ہے۔
قند لٹے اور کوئلوں پر مہر (ا) مثل۔ قیمتی چیز کے تلف ہونے کا افسوس نہیں ادنٰے اور کم قیمت چیز پر بخیلی اور کنجوسی کا خیال۔
کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے (ا) مثل۔ مطلب یہ ہے کہ جہاں اچھے ہوتے ہیں وہاں برے بھی تو ہوتے ہیں؛ کابل کے گھوڑوں کی شہرت کے باعث یہ کہاوت ہوگئی ہے۔
کاتا اور لے دوڑی (ہ) مثل۔ کام کیا اور مزدوری مانگ لی؛ جلد باز اور پیٹ کے ہلکے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
کاتنا تو آتا نہیں پونیاں لگی بنانے (ہ) مثل۔ بن جانے بوجھے کام میں دخل دینا۔
کاٹھ کی مورتی اور چندن ہار (ا) مثل۔ بدشکل آدمی اور بناؤ سنگار۔
کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی (ا) مثل۔ جھوٹ اور فریب ہمیشہ کامیاب نہیں ہوسکتا۔
کاجل کی کجولی اور پھولوں کا سنگھار یا سنگار (ہ) کہاوت۔ نہایت

Join us on Whatsapp Naveed Baig 03149772218

کالی کلوٹی اور بدصورت ہونے پر زیادہ بناؤ سنگھار رکھنے والی کی نسبت بولتے ہیں۔
کاجل کی کوٹھڑی میں دھبے کا ڈر (ہ) مثل۔ بدنام جگہ جانے میں بدنامی آنا لازمی ہے۔
کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی (ا) مثل۔ بے اصل بات کو کبھی قیام ہو ہی نہیں سکتا آخر ایک دن تباہ ہوگی۔
کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی (ا) مثل۔ دھوکے سے ہمیشہ کام نہیں چلا کرتا ضرور ظاہر ہو جائے گا۔
کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا (ا) مثل۔ بے اصل اور پوچ سہارے پر کیا بھروسہ۔
کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان (ہ) مثل۔ ظالم شخص سے کوئی نہیں بچ سکتا، جابر کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں۔
کالا منہ کر جگ دکھلاوے تب لالن کی لالی پاوے (ہ) مثل۔ آدمی پہلے بدنامی اور مشقت اٹھائے تب کہیں جا کر نام روشن ہوتا ہے۔
کالا منہ کریل کے دانت (ہ) مثل۔ سب باتیں بگڑی ہوئی ہیں۔
کالی گھٹا ڈراونی بھوری برسن ہار (ہ) مثل۔ جو بکواسی اور گپی نہیں ہیں وہی کام دیا کرتے ہیں۔
کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا (ا) مثل۔ کالے ناگ کا ڈسا بچ نہیں سکتا، موذی اور دغاباز فریبی سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔
کالے کے کاٹے کا منتر نہ جنتر (ہ) کہاوت۔ زبردست فریبی سے بچنا مشکل ہے۔
کام چور نوالہ حاضر مثل۔ سست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے اور کھانے کو موجود رہے۔
کام دولہا دولھن ہی سے پڑتا ہے (ا) جب آپس میں لڑائی ہو تو آپس میں ہی طے ہوا کرتی ہے تیسرے کا درمیان میں کیا دخل۔
کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا (ا) مثل۔ سست اور کاہل آدمی جو کھانے اور اناج بگاڑنے کے سوا اور کسی کا نہ ہو۔
کان پیارے تو بالیاں یا جورو پیاری تو سالیاں (ہ) مثل۔ کسی چیز کی محبت ہونے کے اس کے متعلقین کے ساتھ الفت ہونے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

کبوتر با کبوتر باز با باز (ف) مثل۔ ہر شے اپنی جنس کی طرف میلان رکھتی ہے۔ ہم جنس سے محبت کے موقعہ پر بولتے ہیں۔
کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر۔ کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر (مثل)۔ کبھی ایسا کبھی ویسا؛ زمانہ کے ہیر پھیر اور انقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔
کپٹی کی پریت مرن کی ریت (ہ) مثل۔ کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خوف وخطر ہی رہتا ہے۔
کپوت بیٹا مرا بھلا (ہ) مثل۔ نالائق اور نکما بیٹے کا مر جانا ہی بہتر ہے۔
کپڑا پہنئے جگ بھانا کھانا کھائیے من بھانا (ہ) مثل۔ لباس۔ عام پسند اور کھانا دل پسند ہونا چاہئے۔
کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے (ا) مثل۔ گھر کی صفائی نہ رکھنے والے کی نسبت طنزاً کہا کرتے ہیں۔ مدعا یہ ہے کہ جانوروں تک کو گھر کی صفائی کا خیال ہے پھر انسان کو بدرجہ اولٰی ہونا چاہئے۔
کتا نہ دیکھے نہ بھونکے گا (ہ) مثل۔ لالچی کو نہ مال کی خبر ہوگی نہ نقصان پہنچائے گا۔
کتا راج بٹھایا اور چکی چاٹنے آیا (ہ) مثل۔ کمینہ شخص اعلیٰ رتبہ پر پہنچ کر اپنی پوزیشن کا خیال نہیں رکھتا۔ بلکہ اپنی فطری عادت کی طرف رجوع کرتا ہے۔
کتے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا منہ ہے (ہ) مثل۔ کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت بولا کرتے ہیں کہ ان کی وجہ سے معاف کر دیا ورنہ خوب سزا دیتے۔
کتے کی دم کو بارہ برس نلکی میں رکھا جب نکالا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی ہی نکلی / کتے کی دم موئے پر بھی ٹیڑھی (ا) مثل۔ نالائق اور کج طبع شخص تربیت سے بھی کبھی درست نہیں ہونے کا۔
کتیا چوروں مل گئی پہرا دیوے کون (ہ) مثل۔ جب اپنے دوست اور معتبر آدمی ہی دشمن بن گئے اور دشمنی کرنے لگیں تو بچاؤ کی صورت کہاں؛ جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو ساتھ کون دے۔
کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (ہ) مثل۔ کسی بات کا تمہیں خیال ہوا کسی کا ہمیں۔ پس دونوں برابر ہیں؛ بھید کی بات دل میں رکھو دوسرے کو خبر

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149027218

تک نہ ہونے دو۔

**کچھ تو خربوزہ میٹھا کچھ اوپر سے قند پڑا** (ہ) مثل۔ دلی لالچ کے ساتھ نفع بھی ہوگیا اور طمع بڑھ گئی۔

**کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا/ کچھ گیہوں سیلے کچھ جندرے ڈھلے/ کچھ لوہا کھوٹا کچھ لوہار** (ہ) مثل۔ ہر صورت گھاٹا ہی گھاٹا، طرفین سے ہی لڑائی ہے؛ دونوں طرف کا بگاڑ ہے۔

**کسی رینڈی دسترخواں کا ضرر** (ا) مثل۔ نادان کی صحبت بدنامی کا باعث ہوتی ہے۔

**کرتا استاد ہے/ کرتا استاد نہ کرتا شاگرد** (ا) مثل۔ مشتاق آدمی اپنے کام میں ماہر اور استاد ہوجاتا ہے اور نہ کرنے والا بے تجربہ رہتا ہے؛ بار بار ایک کام کرنے سے آدمی استاد ہوجاتا ہے۔

**کرتب کی بدیا ہے/ کرنے کی بدیا ہے** (ہ) مثل۔ ہر کام مشق اور مہارت سے درست ہوتا ہے۔

**کر جائے داڑھی والا پکڑا جائے موچھوں والا** (ا) مثل۔ کرے کوئی اور بھرے کوئی؛ قصور کسی کا ہو سزا کسی کو ملے۔

**کردنی خویش آمدنی پیش** (ف) مثل۔ جیسا کیا ویسا پالیا؛ جیسا کروگے ویسا بھروگے۔

**کرنی نہ کرتوت پھوہڑ لڑنے کو مضبوط/ کرنی نہ کرتوت لانڈی لڑنے کو مضبوط** (ا) مثل۔ مفت کے شیخی خورے اور بدمزاج کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کام کاج تو کرتا نہیں تحکم کو شیر ہے۔

**کریلا اور نیم چڑھا** (ہ) مثل۔ ایک تو مزاج میں تیزی تھی ہی۔ دوسری بات نے اور بڑھادی۔

**کڑھی میں کوئلہ** (ہ) مثل۔ اچھی بات میں خرابی۔

**کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو/ تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو** (ا) مثل۔ غریب اور کنگال آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے اور کس قابلیت کا ہے۔

**کس برتے پر تتا پانی** (ہ) مثل۔ کس حوصلے پر شیخی مارتے ہو؛ اس حالت پر اور یہ گھمنڈ۔

**کسی سے سائی کسی سے بدھائی** (ہ) مثل۔ ہر ایک سے وعدہ وعید؛ جھوٹی خاطرداری۔

**کسی کا گھر جلے کوئی تاپے** (ہ) مثل۔ کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔

**کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان** (ا) مثل۔ ایک آدمی مارتا ہے دوسرا گالیاں دے کر دل کی بھڑاس نکال لیتا ہے۔

**کسی کو اپنا کر رکھو/ کسی کے ہو رہو** (ہ) کہاوت۔ خواہ کسی کو اپنا فرمانبردار بنالو یا کسی کے فرمانبردار ہوجاؤ؛ یکسوئی بہتر چیز ہے؛ اتفاق اور توصل ہر حال میں قوی ہوتا ہے۔

**کلا چلے ستر بلا ملے** (ا) مثل۔ منہ چلتا رہے تو کوئی ڈر نہیں؛ کھاتا پیتا آدمی تندرست رہتا ہے۔

**کم بخت گئے ہاٹ ترازو ملے نہ باٹ** (ہ) مثل۔ نہایت بدبختی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں۔ یعنی بدنصیب اگر دکان پر سودا لینے بھی جائے تو وہاں ترازو اور باٹ تک نہیں ملیں گے۔

**کم بختی جب آئے اونٹ چڑھے کو کتا کھائے** (ا) مثل۔ ہونی بہرکیف ہوکر رہتی ہے۔ خواہ لاکھ احتیاط کرو۔

**کم خرچ بالانشین** (ف) مثل۔ وہ چیز جو قیمت میں کم اور نمائش میں زیادہ ہو؛ تھوڑی قیمت میں بڑا کام نکالنے والا۔

**کماؤ آوے ڈرتا نکھٹو آوے لڑتا** (ہ) مثل۔ نکھٹو اور نکما آدمی گھر والوں پر ناجائز رعب ڈالتا ہے۔ اور کماؤ بیچارا خاموشی سے گزارہ کرتا ہے۔

**کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا** (ا) مثل۔ مفید اور فیض رساں آدمی کو ہر شخص پیار کرتا ہے۔

**کماؤ پوت کی دور بلا** (ہ) مثل۔ سپوت بیٹے بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں۔

**کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا** (ا) مثل۔ فقیری باطن کی صفائی پر منحصر ہے۔ نہ ظاہری لباس پر۔

**کمر میں توشہ تو منزل کا بھروسہ** (ا) مثل۔ گرہ میں پیسہ ہو تو سفر میں بھی اطمینان رہتا ہے۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0314...

کمہار پر بس نہ چلا گدھی کے کان اینٹھے (ہ) مثل۔ زبردست سے پیش نہ گئی غریب کو سزا دے دی اور اس پر غصہ نکالا۔

کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا (ہ)۔ لوگوں کے کہنے پر عمل نہ کرنے والے اور اپنی خوشی سے کام کرنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کنجڑے کی اگاڑی قصائی کی پچھاڑی (ا) مثل۔ ترکاری پہلے وقت اور گوشت پچھلے وقت اچھا ملتا ہے۔

کندھے ڈالی جھولی چمار چھوٹا نا کولی (ہ) مثل۔ بے شرم وحیا اور بھیک مانگنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں؛ جب شرم وحیا اتار دی تو ہر ایک سے جس طرح نبا لے لیا۔

کنواں بیچا ہے کنوئیں کا پانی نہیں بیچا (ہ) مثل۔ فضول اور لغو حجت اور تکرار ظاہر کرنے کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔

کنوئیں پر گئے اور پیاسے آئے (ہ) مثل۔ نہایت بدنصیبی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی امیدگاہ سے خالی اور محروم واپس آنا۔

کوا ناک لے گیا ناک کو نہیں دیکھتے کوے کے پیچھے دوڑتے جاتے ہیں (ا) مثل۔ اصل بات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ فضول کی پیروی کرتے ہیں۔

کواری کوار ماں بیاہی پشیمان (ا) مثل۔ کام نہ کرنے والا تو حسرت میں پریشان اور کرنے والا اس کی دقت میں حیران۔

کواری کی سدا بسنت (ہ) مثل۔ آزاد آدمی کو ہر دم خوشی ہے۔

کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا۔ گھر بار سب آپ کا ہے (ہ) مثل۔ مطلوبہ چیز نہ دینے اور زبانی لاف ایثار کے وقت بولتے ہیں۔

کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی (ہ) مثل۔ مرے کو کوئی نہیں مارتا؛ مصیبت کا کوئی ساتھ نہیں۔

کوڑھی کی کھیر ساجھا نرشیا (ہ) مثل۔ برے کے مال سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا؛ نہایت بخل اور کنجوسی کے موقع پر بولتے ہیں۔

کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر (ہ) مثل۔ کنگال ہو کر بڑے حوصلے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کوس نہ چلی بابل پیاسی (ا) مثل۔ آغاز کار سے ہی تھکنے اور ہمت ہار دینے کا اظہار۔

کولھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس/کولھو کے بیل کو گھر ہی منزل ہے (ہ) مثل۔ مصیبت زدہ کو گھر میں بھی آرام نصیب نہیں ہوتا۔

کوئی اب بولے کوئی جب بولے میری نکٹی شپاشپ بولے (ا) مثل۔ نہایت بے غیرت اور بے شرم کی نسبت کہا کرتے ہیں۔ یعنی ذلت ہونے پر بھی بولنے سے باز نہیں آتی ہے۔ بے عزت ہونے پر بھی بکواس کیے جاتی ہے۔

کوئی کسی کی قبر میں نہیں سوتا/نہیں جاتا (ا) کسی کے بدلے کوئی دوسرا آدمی جان نہیں دیتا؛ ہمیشہ کسی کا ساتھ نہیں رہتا۔

کوئی مرے کوئی ملہار گاوے (ہ) مثل۔ کسی کو صدمہ اور رنج پہنچے کوئی خوشی مناوے۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں (ہ) مثل۔ نہایت انصاف اور عدل کی تعریف میں کہا کرتے ہیں۔ یعنی کسی کو کسی قسم کا بھی خطرہ نہیں نہایت امن اور عدل کا زمانہ ہے۔

کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالا/منہ کالا (ا) مثل۔ برے کام میں پڑنے سے آخر بدنامی ہی حاصل ہوگی۔

کھانڈا بجنا (ہ) مثل۔ تلوار چلنا؛ لڑائی ہونا؛ جنگ وجدل کرنا۔

کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ (ا) مثل۔ کھانے کو چست اور کام کاج میں سست۔

کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں کھانے کو شیر کمانے کو بکری (ا) مثل۔ کھانے کے لئے زبردست اور کمانے کو پست۔

کھاوے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح (ا) مثل۔ بہت کھا کر بھی دبلا رہنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

کیا ننگی نہائے گی اور کیا نچوڑے گی (ہ) مفلس آدمی کے پاس دھرا ہی کیا ہے وہ کیا کھاوے گا یا دلائے گا۔

گاڑی بھر آشنائی جو بھرنا تا (ا) مثل۔ ذرا سی رشتہ داری بہت سی دوستی

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

پر غالب آجاتی ہے؛ رشتہ داری دوستی سے بہتر ہوتی ہے۔

**گال والا جیتے مال والا ہارے** (ہ) مثل۔ زبان دراز کے سامنے شریف کو خاموش ہونا ہی پڑتا ہے۔

**گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے** (ا) مثل۔ اگر دولت پاس ہے تو دلیر اور دانا ہے ورنہ بے وقوف اور موذھو۔

**گانے والے کا منہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کے پیر** (ہ) مثل۔ عادت چھپانے سے چھپتی نہیں؛ آدمی جیسا ہو ظاہر ہو جاتا ہے؛ ہنر ظاہر ہو کر ہی رہتا ہے۔

**گائے جنے اور بیل کی دم پھٹے** (ا) مثل۔ سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو۔

**گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے** (ہ) مثل۔ مالک کو اپنی تکلیف والی چیز بھی ناگوار نہیں گزرتی؛ ماں باپ کو اپنی اولاد کی پرورش بری معلوم نہیں ہوتی۔

**گٹھڑی حلال بقچہ حرام / گٹھڑی حلال بقچہ مردار** (ا) مثل۔ بیگانہ؛ زیادہ مال تو حلال سمجھ کر ہضم کر لینا اور تھوڑی چیز حرام جان کر چھوڑ دینا؛ تھوڑے میں ایماندار اور بہت میں بے ایمانی۔

**گدگدایئے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے** (ہ) مثل۔ ہنسی مذاق اس حد تک اچھا ہے کہ دوسرے کو ناگوار نہ گزرے۔

**گدھا گھوڑا ایک بھاؤ / گدھا گھوڑا برابر** (ا) مثل۔ ظلم اور ناقدر شناسی اور بدتمیزی کے موقع پر بولا کرتے ہیں۔ یعنی اچھے برے سب برابر ہو گئے؛ سب کے ساتھ یکساں سلوک۔

**گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو** (ہ) مثل۔ نقصان کسی کا ہو اور جی کوئی کڑھائے۔

**گرو گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے** (ہ) مثل۔ شاگرد استاد سے بڑھ گیا، ادنیٰ اعلیٰ رتبہ کو پہنچ گیا۔

**گر گئے دانت آم کھانے سے** (ہ) مثل۔ تعجب اور خلاف عقل بات کی بابت کہا کرتے ہیں یعنی اتنے نازک کہ آم جیسی نرم چیز کھانے سے دانت اکھڑ گئے۔

**گڑ بھرا ہنسیا نہ نگلے بن پڑتی ہے نہ اگلے** (ہ) مثل۔ ہر طرح مشکل ہے نہ کر سکتے ہیں نہ چھوڑ سکتے ہیں۔

**گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئے گا** (ہ) مثل۔ نفع کی امید پر تکلیف بھی اٹھائے گا۔

**گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے** (ا) مثل۔ ادنیٰ لوگوں کو خدا اس قدر طاقت نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں۔

**گنگا کس کی کھدائی ہے** (ہ) مثل۔ ایسے کام تو قدرتی ہوا کرتے ہیں۔

**گنگا گئے منڈ آئے سدھ** (ہ) مثل۔ یہ مثل وہاں بولتے ہیں جہاں سے آدمی بے نقصان اٹھائے نہ آئے۔

**گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے** (ہ) مثل۔ زیادہ ہوشیاری بھی آخر کو نقصان دیتی ہے۔

**گود کا کھلایا گود نہیں رہتا** (ہ) مثل۔ ایک انسان کی ہمیشہ ایک ہی حالت نہیں رہتی۔

**گور پر گور نہیں ہوتی** (ا) مثل۔ ایک کے قابض ہوتے دوسرے کا دخل ناممکن ہے۔

**گولی بارود کہیں جائے طلب لینے سے کام** (ا) مثل۔ کسی کا کام بنے یا بگڑے اپنی تنخواہ اور مطلب سے غرض۔

**گوند پنجیری اور ہی کھائیں زچہ رانی پڑی کراہیں** (ا) مثل۔ تکلیف کوئی اٹھائے مزے کوئی اور لوٹے۔

**گھایل کی گت گھایل جانے** (ہ) مثل۔ مصیبت زدہ کی قدر دکھیارا ہی جانتا ہے۔

**گھر جلے کسی کا تاپے کوئی** (ہ) مثل۔ نقصان کسی کا ہو اور فائدہ کوئی اٹھائے۔

**گھر چھوڑ خطیرہ قائم** (ا) مثل۔ محل چھوڑ کر جھونپڑا پسند کرنا؛ فائدہ چھوڑ

www.besturdubooks.net

کرگھاٹے کی طرف دوڑنا، گھاٹے کا سودا کرنا۔

گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری (ہ) مثل۔گھر کی تھوڑی آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے؛ اپنے وطن کی آدھی باہر پردیس کی ساری روٹی سے اچھی ہے۔

گھر نہ بار میاں محلے دار (ا) مثل۔مفت کی شیخی؛ بے بنیاد شیخی؛ خواہ مخواہ اترانا۔

گھڑی میں گھڑیال ہے (ا) مثل۔ایک دم میں کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے؛ زمانہ بدلتے دیر نہیں لگتی؛ مرجانے میں دیر نہیں لگتی؛ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔

گیہوں کی روٹی کو فولاد کا پیٹ (ا) مثل۔نعمت کھا کر ہضم کرنے کو بھی حوصلہ درکار ہے؛ دولت پر پہنچ کر مست ہونا بھی بڑے حوصلے والے کا کام ہے۔

لاچاری پربت سے بھاری (ا) مثل۔عاجزی پہاڑ سے زیادہ بھاری گراں ہوتی ہے۔

لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا (ہ) مثل۔کمینہ جوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا۔

لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے (ا) مثل۔اس طرح کام لینا کہ کسی کا بھی نقصان نہ ہو؛ نرمی سے کام لینا۔

لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا (ا) مثل۔ہمدرد وہ ہوتا ہے جو موقع پڑنے پر ساتھ دے اور بھروسہ اُسی پر کیا جاسکتا ہے جو ساتھ ہو۔

لاگ لگی تب لاج کہاں (ہ) مثل۔جب عشق پیدا ہو گیا پھر شرم وحیا کا اللہ حافظ؛ عشق میں شرم وحیا کافور ہو جاتی ہے۔

لال پیارا تو اس کا خیال بھی پیارا (ا) مثل۔محبوب کی ہر بات پیاری ہوتی ہے؛ پسندیدہ دوست کی ہر بات پسندیدہ ہے۔

لٹا ہاتھی ہٹورا سا (ہ) مثل۔تباہ شدہ امیر خرابی کی حالت میں بھی بہت کچھ سہارا رکھتا ہے۔

لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا (ہ) مثل۔گیا گزرا امیر بھی غریب سے اچھا ہے۔

لڑاکا کے چار کان (ہ) مثل۔لڑائی کے لئے بہانہ تلاش کرنے والی عورت کی نسبت بولتے ہیں یعنی وہ ہر طرف کان لگائے رہتی ہے۔

لڑائی کا گھر ہانسی/روگ کا گھر کھانسی (ہ) مثل۔لڑائی کی بنا ہنسی مذاق سے ہوتی ہے؛ اور بیماری کی ابتدا کھانسی سے۔

لڑکا جنے بیوی اور پٹی باندھیں میاں (ا) مثل۔دکھ کوئی بھرے بہانے کوئی بنائے؛ تکلیف کسی کو ہو اور فائدہ اٹھائے کوئی اور۔

لڑکا روئے بالوں کو نائی روئے منڈائی کو (ہ) مثل۔اپنا اپنا دکھڑا ہر شخص روتا ہے۔

لعنت کا شروا پھٹ پھٹ کی روٹی/لعنت کی روٹی پھٹ پھٹ کا شروا (ا) مثل۔نہایت بے عزتی اور ذلت کی روٹی؛ وہ روٹی جو طعنے مہنے دے کر کھلائی جائے۔

لکھے موسے پڑھے خدا (ا) مثل۔ایسی تحریر کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کسی سے پڑھی نہ جائے۔

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل (ا) مثل۔عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کی بابت بولتے ہیں۔یعنی لکھنا پڑھنا خاک نہیں جانتے اور فاضل نام بتاتے ہیں۔

لنکا میں جو چھوٹا سو باون ہی گز کا (ہ) مثل۔جہاں سب آدمی فسادی، شریر، شیخی خورے ہوں وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے۔

لنگڑی کٹو آسمان پر گھونسلا (ا) مثل۔اپنی طاقت اور استعداد سے بڑھ کر کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں؛ لنگڑی گلہری ہمیشہ اونچی جگہ گھونسلا بناتی ہے۔

لوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے/لوٹ کے موسلی بھی بھلے (ہ) مثل۔مفت کی ادنٰے سے ادنٰے چیز بھی اچھی ہے؛ بن پیسوں کے جو چیز بھی مل جائے بہتر ہی ہے۔

لومڑی کے شکار کو جایئے تو شیر کا سامان کر لیجیے (ا) مثل۔چھوٹے سے کام کے لئے بھی معقول انتظام کرنا چاہیے۔

لونڈی کو لونڈی کہا رو دی/بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی (ہ) مثل۔رذیل اور شریف میں یہی فرق ہے کہ شریف کو حوصلہ زیادہ، رذیل کا بہت کم ہوتا ہے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

**لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس** (ا) مثل۔نوکروں اور خادموں کوخوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے۔

**لونڈی ہوکر کمانا بیوی بن کر کھانا** (ا) مثل۔محنت سے شرم نہ کرنے والا امیرانہ گزران کرتا ہے۔

**لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے** (ا) مثل۔اپنے معاملے کوفریقین ہی اچھی طرح جانتے ہیں غیر آدمی کو کیا خبر ہے۔

**لینا نہ دینا باتوں کا مصالحہ/ لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ** (ا) مثل۔صرف باتیں ہی باتیں ہیں دینا دلانا خاک نہیں فضول وقت ضائع کرنا؛تضیع اوقات کرنا۔

**لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا** (ہ) مثل۔لیتے وقت عمدہ شے لینا اور دیتے وقت نکمی چیز دینا، لینے میں نرم اور دینے میں سخت۔

**ماں بیٹیوں میں چھنالا نہیں چھپتا** (ہ) مثل۔ہمسایوں یا قریبوں سے عیب نہیں چھپ سکتا۔

**ماں پسنہاری بھلی باپ ہفت ہزاری برا** (ا) مثل۔باپ کی محبت ماں کی مامتا سے کم ہونے کی نسبت بولتے ہیں۔یعنی ماں کے برابر باپ کو محبت نہیں ہوتی۔

**ماں جائے سات پوت کرم دیئے بانٹ** (ہ) مثل۔سگے بھائیوں کی تقدیریں بھی یکساں نہیں ہوتیں۔

**مار پیچھے سنوار** (ہ) مثل۔لڑائی کے بعد انتقام مشکل سے لیا جاتا ہے؛کام بگڑنے اور خراب ہونے کے بعد صلح و آشتی بیکار ہے۔

**ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ** (ہ) مثل۔مار کہیں پڑے اور لگے کہیں؛ جواب کچھ اور سوال کچھ۔

**ماس بنا سب گھاس رسوئی** (ہ) مثل۔بلا گوشت کھانے کا لطف نہیں؛ گوشت بغیر سب کھانے ہیچ۔

**ماس سب کوئی کھاتا ہے ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا** (ہ) مثل۔اچھی چیز کو ہر ایک چاہتا ہے۔بری کو کوئی بھی پسند نہیں کرتا۔

**ماگھ ننگی بیساکھ بھوکی** (ہ) مثل۔ہمیشہ مفلس؛ سدا محتاج۔

**مال حرام بود بجائے حرام رفت** (ف) مثل۔بری کمائی بری ہی جگہ لگ گئی؛ بری کمائی یونہی اڑ جایا کرتی ہے۔

**مال عرب پیش عرب** (عف) مثل۔اپنی چیز اپنے سامنے خوب رہتی ہے۔

**مال لٹے سرکار کا مرزا کھیلے پھاگ** (ا) مثل۔دوسروں کے مال پر عیش اڑانا، پرائے مال پر عیش۔

**مال مفت دل بے رحم** (ا) مثل۔مفت کی چیز کی قدر نہیں ہوتی خواہ کیسی ہی قیمتی کیوں نہ ہو۔

**مان نہ مان میں تیرا مہمان** (ا) مثل۔خواہ مخواہ کسی معاملہ میں دخل دینے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں؛ مانو خواہ نہ مانو ہم زبردستی یہ کام کریں گے۔

**مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات/ مانگے پر تانگا مرے نیوتا چھانگا** (ہ) مثل۔جب کوئی آدمی کوئی چیز کسی شخص سے مانگ کر لایا ہو اور دوسرا آدمی وہی چیز اس سے لے کر اپنا کام نکالنا چاہے اس وقت یہ مثل بولا کرتے ہیں یعنی میں تو خود ہی مانگ تانگ کر لایا ہوں تم مجھ سے مانگتے ہو۔

**مایا تیرے تین نام پرسا پرسو پرسرام** (ہ) مثل۔عزت اور ناموری سب کچھ دولت کی ہے۔

**مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں** (ہ) مثل۔انسان کو ادنٰی چیز بھی خوب دیکھ بھال کر لینی چاہیے؛ نہایت احتیاط کے لئے بولا کرتے ہیں۔

**مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی** (ہ) مثل۔اکثر اوقات بیٹی کی شادی اور نسبت کے وقت بولا کرتے ہیں یعنی کیا جلدی پڑی ہے دیکھ کر کریں گے کونسا کام بگڑ چلا ہے۔

**مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے** (ہ) مثل۔اپنے خاندانی کام کو ہر شخص جانتا ہے۔

**مدعی سست گواہ چست** (ا) مثل۔غرض مند سستی کرے اور ساتھ والے تیار اور مستعد ہوں اس موقع پر یہ مثل بولا کرتے ہیں۔

**مرتا کیا نہ کرتا** (ا) مثل۔جس کی جان پر آبنتی ہے وہ سب کچھ کر گزرتا ہے۔

مرتے کو ماریں شہ مدار (ا) مثل۔ ہر کوئی غریب ہی کو تنگ کرتا ہے۔

مردہ بدست زندہ (ف) مثل۔ مردہ زندہ کے ہاتھ میں یعنی جب آدمی مر جائے تو وہ زندوں کے سپرد ہوتا ہے وہ جو چاہیں اس کے ساتھ سلوک کریں؛ بے بس، لاچار، مجبور۔

مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام (ا) مثل۔ خودغرض شخص کو اپنے مطلب سے کام چاہے کوئی مرے یا جئے۔

مردوں سے شرط باندھ کر سونا (ا) محاورہ۔ بہت دیر تک سونا؛ بہت غافل ہو کر سونا۔

مرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ (ا) مثل۔ جو دل میں ہوتا ہے وہی خواب مین نظر آتا ہے۔

مر گیا مردود جس کا فاتحہ نہ درود (ا) مثل۔ نکمے شخص کی موت پر بولتے ہیں۔

مزاج عالی نہ تو شک نہ نہالی (ا) مثل۔ مفلسی میں مزاج کرنے والے کی نسبت کہا کرتے ہیں یعنی مزاج تو امیرانہ رکھتے ہیں اور سامان ذرہ بھی نہیں۔

مشتری ہشیار باش (ف) مثل۔ خریدار کو سودا دیکھ بھال کر لینا چاہئے؛ طنزاً اس موقع پر بھی بولتے ہیں جہاں گاہک کو بعد میں نقصان اٹھانا پڑے۔

مشتے کہ بعد از جنگ یاد آید برکلہ خویش بائید (ف) مثل۔ لڑائی کے بعد جو داؤں یاد آئے وہ بے فائدہ ہے؛ جب موقع نکل جائے تو پچھتانا بے فائدہ؛ مار پیچھے سنوار مشکل ہوتی ہے۔

مشتے نمونہ از خروارے (ف) مثل۔ ڈھیر میں سے مٹھی بھر نمونہ ہی کافی ہے؛ دیگ میں سے ایک ہی چاول ٹٹولتے ہیں۔

مشعلچی اندھا ہوتا ہے (ا) مثل۔ مشعل دکھانے والے کو اس کے پاس ہونے کے باعث دکھائی نہیں دیا کرتا؛ دوسروں کا راہنما اور آپ گمراہ۔

مفت راچہ گفت (ف) مثل۔ بن داموں چیز کو فوراً لے لینا چاہئے۔

مگر چکر کی کہانی / آدھا تیل آدھا پانی (ہ) مثل۔ فریب کی باتوں میں آدھا سچ آدھا جھوٹ ہوتا ہے۔

مکھی مار بڑا چمار/مکھی مار چوہڑا چمار (ہ) مثل۔ نہایت قابل نفرت؛ بہت گھناؤنا؛ چوہڑوں چماروں سے بدتر غریبوں کو ستانے والا؛ نہایت کمینہ۔

ملا کی دوڑ مسجد تک (ا) مثل۔ ہر شخص کی رسائی اپنی مقدار اور حوصلے تک ہوتی ہے؛ جہاں تک کسی کی دسترس ہو؛ اس سے آگے نہیں جا سکتا۔

ملا کی داڑھی تبرک ہی میں گئی (ا) مثل۔ بے سود اور بے فائدہ خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

ملا کی ماری حلال (ا) مثل۔ بڑوں کا برا کام بھی اچھا سمجھا جاتا ہے۔

ملا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی (ا) مثل۔ کوئی ضروری کام کسی خاص شخص کے نہ ہونے سے رک نہیں سکتا۔

ملن ملے ہیرے کیسی۔ دل میں پھانکیں کھیرے کیسی (ہ) مثل۔ بظاہر تو اچھی طرح ملتے ہیں مگر دل میں کھوٹ اور شکستگی ہے۔

من اٹکا تن جھٹکا (ہ) مثل۔ عشق ہوا اور دبلا پن آیا؛ عشق کے غم میں لاغری ضروری ہے۔

من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (ہ) مثل۔ اگر دل اچھا ہے اور عقیدہ صحیح اور درست ہے تو ہر جگہ خدا ہے۔

من کے ہارے ہار ہے من کے جیتے جیت (ہ) مثل۔ دل چھوڑ بیٹھے سے کچھ نہیں بنتا حوصلہ سے ہی کام ہوتا ہے۔

من میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (ا) مثل۔ ظاہر اچھا باطن خراب؛ ظاہر کچھ باطن کچھ۔

منہ پر کہے سو موچھ کا بال (ہ) مثل۔ مرد وہی ہے جو منہ پر سچ بات کو بلا لحاظ صاف صاف کہہ دے۔

منہ دیکھی سب کہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا (ا) مثل۔ خوشامد کی سب کہتے ہیں؛ انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا۔

مورکھ کی ساری رین چتر کی ایک گھڑی (ہ) مثل۔ نادان جس کام پر تمام رات صرف کر دیتا ہے عقلمند اس کو ذرا سی دیر میں عمدگی سے

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net

کر لیتا ہے؛ احمق کی صحبت سے ساری رات میں وہ لطف نہیں آتا جو کسی دانشمند سے ایک گھڑی میں آ جاتا ہے۔

**موئے شیر سے جیتی بلی بھلی** (ا) مثل۔ مرے ہوئے زور آور سے کمزور زندہ بہتر ہے؛ ادنٰی زندہ آدمی اعلٰی مردہ شخص سے اچھا ہے۔

**میرے ہے سو راجہ کے نہیں اور راجہ میرا منگتا** (ہ) مثل۔ نہایت شیخی خورے کی نسبت بولا کرتے ہیں جو کسی چیز پر بہت ہی گھمنڈ کرتا ہو۔

**میرے ہی نام پر آگ لائی اور نام رکھا بے سندر** (ہ) مثل۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی شخص کا نام لے کر کوئی چیز حاصل کرے اور پھر اسی سے پوشیدہ رکھے۔

**مینڈ کی چل مدار کو** (ہ) مثل۔ ادنٰی اور نکمے آدمی نے بڑا حوصلہ کیا ہے۔

**ناچاری پربت سے بھاری** (ا) مثل۔ مفلسی بڑی کٹھن اور دشوار چیز ہے؛ لاچار آدمی کچھ بھی نہیں کر سکتا۔

**نادان بات کرے دانا قیاس کرے** (ا) مثل۔ عقلمند ہر بات کو تاڑ لیتے ہیں؛ دانا آدمی جاہلوں کی بات سے بھی نصیحت اخذ کر لیتے ہیں۔

**نادان دوست سے دانا دشمن بھلا** (ا) مثل۔ دانا دشمن سے اتنا نقصان نہیں پہنچتا جتنا نادان دوست کی نادانی سے پہنچ جاتا ہے۔

**ناک کٹی پر ہاٹ نہ ہاٹے** (ہ) مثل۔ بے خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے پر ضد نہ جائے؛ جان جائے پر آن نہ جائے۔

**نام بڑا اور درشن چھوٹے** (ا) مثل۔ جتنا نام ہے اتنا کام نہیں؛ نام کے موافق حیثیت نہیں۔

**نام بھان متی جھگی میں سر** (ا) مثل۔ ظاہر میں شیخی کرنا اور حقیقت میں کچھ نہیں۔

**نقل کفر کفر نہ باشد** (ف) مثل۔ کفر کے بیان کرنے سے آدمی کافر نہیں ہو جاتا۔

**ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی** (ا) مثل۔ غریب مفلس اگر حوصلہ بھی کرے تو خرچ کیا کریگا؛ کنگال کی کچھ حقیقت نہیں ہوتی۔

**نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی** (ا) مثل۔ ایسی شرط لگانا جس کا پورا کرنا ناممکن ہو؛ نہ اتنا سامان ہوگا نہ یہ کام پورا ہوگا۔

**نیت ثابت منزل آسان** (ا) مثل۔ جس کی نیت اور ارادہ مضبوط ہو اس کا کام نہایت آسان ہو جاتا ہے۔

**وار مرداں خالی نباشد** (ا) مثل۔ مردوں کا وار خالی نہیں جاتا۔

**وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں** (ا) مثل۔ ضرورت اور موقع کے وقت ادنٰی سے ادنٰی کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

**وہ دن ڈبا کہ گھوڑی چڑھا کبا** (ہ) مثل۔ جس روز یہ عیبی دولھا بنے گا وہ دن ہی غارت ہو جائے گا۔

**وہی نار سلکھنی جو پیا کے من بھاوے** (ہ) مثل۔ عورت وہی باسلیقہ اور ہنر مند ہوتی ہے جو خاوند کو پسند ہو۔

**ہاتھ کنگن کو آرسی کیا** (ہ) مثل۔ جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو اس کے دریافت کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

**ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی اٹھاتا ہے** (ہ) مثل۔ بڑا کام بڑے ہی حوصلے والا کرتا ہے؛ امیر کی ٹکر امیر ہی جھیلتا ہے۔

**ہاتھی نکل گیا ہے۔ دم اٹکی رہ گئی ہے** (ہ) مثل۔ جب سارا کام ختم ہو کر تھوڑا سا باقی رہ جائے اس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔

**ہر فرعونے راموسے** (ف) مثل۔ ایک پر ایک غالب ہے۔

**ہزار نعمت اور ایک تندرستی** (ا) مثل۔ تندرستی کے سامنے نعمت اور دولت کی کچھ حقیقت نہیں۔

**یار کی یاری سے کام اس کے ون سے کیا کام** (ا)۔ دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے کاموں سے کیا مطلب یہ مثل دوست کے عیبوں پر خیال نہ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں۔

**یک من علم را دہ من عقل باید** (ف) مثل۔ ایک حصہ علم کے لئے دس حصے عقل کی ضرورت ہے؛ عقل کے بغیر علم کارآمد نہیں ہو سکتا۔

**یک نہ شد دو شد** (ف) مثل۔ ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑ گئی۔

Join us on whatsapp Naveed Baig 0324...7218

اہم معلومات

# اہم معلومات

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

## دنیا کے متعلق اہم حقائق پر مبنی معلومات

### کیا آپ کو معلوم ہے

☆ دنیا کا سب سے بڑا ریڈیو اسٹیشن ماسکو (روس) میں ہے۔

❁❁❁

☆ دنیا میں سب سے زیادہ چاندی میکسیکو سے نکلتی ہے۔

❁❁❁

☆ دنیا کے سب سے خوبصورت پرندے کا نام مُرغ فردوس ہے۔

❁❁❁

☆ دنیا کا سب سے بڑا ٹاور جاپان کے شہر ٹوکیو میں ہے۔

❁❁❁

☆ دنیا کی سب سے بڑی گھڑی کا نام بگ بین ہے۔ جو لندن میں واقع ہے۔

❁❁❁

☆ فرانس کا بادشاہ نپولین بونا پارٹ ۲۴ گھنٹوں میں صرف دو گھنٹے سوتا تھا۔

❁❁❁

☆ دنیا میں سب سے پہلا چاکلیٹ بنانے والا کارخانہ ۱۷۵۶ء میں جرمنی کے شہر برلن میں قائم ہوا۔

❁❁❁

☆ دنیا کا سب سے پہلا طیارہ ۱۹۴۸ء میں اغوا ہوا تھا۔ یہ مکاؤ سے ہانگ کانگ جا رہا تھا۔

❁❁❁

☆ چین دنیا کا واحد ملک ہے جس کی سرحدیں ۱۴ ملکوں سے ملتی ہیں۔

❁❁❁

☆ مچھلیاں آنکھیں بند نہیں کر سکتیں کیونکہ ان کے پپوٹے نہیں ہوتے۔

❁❁❁

☆ آپ عام پنسل سے ۳۵ میل لمبی لکیر لگا سکتے ہیں۔

❁❁❁

☆ فرانسیسی بگلے کو مقدس سمجھتے ہیں۔

❁❁❁

☆ سانپ مور کی مرغوب غذا ہے۔

❁❁❁



www.besturdubooks.net

☆ خشکی کا سب سے بڑا جانور افریقہ کا ہاتھی ہے۔

☆ جالا ہمیشہ نر مکڑا بناتا ہے۔

☆ کیکڑے کے دانت اُس کے پیٹ میں ہوتے ہیں۔

☆ دنیا کا سب سے پہلا فلم بین ایک کانسٹیبل تھا جسے فلم کا موجد اپنی تیار شدہ نئی ایجاد دکھانے کے لئے سڑک سے پکڑ کر لے گیا تھا۔

☆ دنیا کا سب سے بڑا پرندہ شتر مرغ ہے اور اس کا انڈا مرغی کے انڈوں کے برابر ہوتا ہے۔

☆ ڈیرہ غازی خان میں ایک ایسی چارپائی تھی جس میں بیک وقت ڈیڑھ سو آدمی بیٹھ سکتے تھے۔

☆ جانوروں میں سب سے تیز رفتار چیتے کی ہے، سو پونڈ کا چیتا بعض اوقات ۸۴ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑ سکتا ہے۔

☆ اسٹالن جو روس کے صدر رہ چکے ہیں۔ ایک موچی کے ہاں پیدا ہوئے تھے اور اسی طرح اٹلی کا ڈکٹیٹر مسولینی ایک لوہار کا بیٹا تھا۔

☆ ''ارجن ٹیریا'' یونان کا ایک ایسا جزیرہ ہے جہاں لوگ صابن کی بجائے مٹی سے نہاتے ہیں کیونکہ یہاں کی مٹی میں صابن قدرتی طور پر پایا جاتا ہے۔

☆ دنیا میں اسپتال کا رواج سب سے پہلے مسلمانوں میں ہوا جند لیباپور میں بیمارستان نامی سب سے پہلا اسپتال قائم ہوا اور بغداد کا سب سے پہلا اسپتال ہارون رشید نے بنایا۔

☆ پاپوان آدم خوروں کا ایک قبیلہ ہے۔ جہاں کی عورتیں بیوہ ہونے کے بعد اپنے شوہروں کی کھوپڑیاں اور ہڈیاں ساری عمر کے لئے اپنی گردن میں ڈال لیتی ہیں۔

☆ لندن میں ایک چار سالہ بچی نے بہت کم عرصہ میں انگریزی کی ایک کہانی زبانی یاد کی جو تقریباً ۸۰۰ الفاظ پر مشتمل تھی یہ کہانی اس بچی کی ماں نے اسے تین مرتبہ پڑھ کر سنائی تھی۔

☆ ہانگ ارنان ایک چینی مصوّر ہے۔ جس کو یہ کمال حاصل ہے کہ وہ زبان سے تصویریں بناتا ہے یعنی وہ اپنے منہ کو ٹیوب اور زبان کو برش کی طرح استعمال کرتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ میں رنگوں کا ذائقہ محسوس کر کے مصوری کرنے کا شوقین ہوں۔

☆ کانگو (افریقہ) میں لڑکیاں عجیب وغریب فیشن کرتی ہیں۔ وہ اپنے سامنے کے دو دانت ترشوا کر نوکیلے بنوا لیتی ہیں اور اپنی آنکھوں کے گرد حلقے منہ پر گول اور چکور شکل میں عجیب وغریب نشانات بنا لیتی ہیں۔

☆ دنیا کے سب سے بیش قیمت سونے کے سکوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کو مغل بادشاہ شاہجہاں نے ڈھلوایا تھا اور ان سکوں میں سے ہر ایک کا وزن

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149071218
www.besturdubooks.net

تقریباً دوکلو سے بھی زیادہ تھا۔

❀❀❀

☆ ربڑ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایک قسم کے درخت سے گوند کی صورت میں نکلتا ہے اور یہ درخت سب سے پہلے کولمبس کے ساتھیوں نے دریافت کیا تھا۔

❀❀❀

☆ ایک انسانی جسم میں کاربن کی اتنی مقدار ہوتی ہے کہ اس سے تقریباً ساڑھے آٹھ ہزار پنسلیں بن سکتی ہیں۔

❀❀❀

☆ ایران کے اخبار کیہان انٹرنیشنل کے مطابق ایران کے شہر تبریز کا رہنے والا ایک شخص اصغر مہدی روزانہ چائے کے دوسو کپ پیتا ہے۔ اصغر مہدی کا دعویٰ ہے کہ میرا کوئی شخص مقابلہ نہیں کرسکتا۔

❀❀❀

☆ دنیا میں سب سے طویل مدت کی ہڑتال ڈبلن میں ۲۶ مارچ ۱۹۳۹ء سے ۵ دسمبر ۱۹۵۲ء تک ہوئی۔ یہ ہڑتال ایک ملازم کو برطرف کرنے پر ہوئی تھی، اس وجہ سے اس ہوٹل کے تمام ملازمین نے ہڑتال کردی تھی۔

❀❀❀

☆ ۱۷۳۳ء میں دنیا کی سب سے بڑی گھنٹی ''گولوکول'' نامی روس میں بنی تھی اور یہ گھنٹی روس میں ہے اس گھنٹی کا وزن ۲۱۶ ٹن ہے۔ جبکہ اس کا قطر ۲۲۸ فٹ ہے اور یہ گھنٹی ۱۹ فٹ اونچی ہے۔

❀❀❀

☆ یورپ میں سکول کی ابتداء سب سے پہلے یونانیوں نے کی تھی جس کے بعد یہ فن اٹلی پہنچا اور پھر برطانیہ۔

❀❀❀

☆ ایک انسانی جسم میں اتنی فاسفورس موجود ہوتی ہے جس سے تقریباً دو ہزار دیا سلائیاں تیار کی جاسکتی ہیں۔

❀❀❀

☆ شاہجہاں نے جو تخت طاؤس بنوایا تھا وہ سات سال کے عرصے میں مکمل ہوا اور اس پر تقریباً ایک کروڑ روپیہ خرچ ہوا تھا اور اس تخت پر بے شمار ہیرے جواہرات جڑے ہوئے تھے۔

❀❀❀

☆ یہ حقیقت ہے کہ بنگال کا گورنر وارن ہیسٹنگز بھی کلائیو کی طرح ایک کلرک تھا جو ترقی کر کے ۱۷۷۲ء میں بنگال کا گورنر مقرر ہوا۔

❀❀❀

☆ قدیم زمانہ میں چینی بادشاہ سے ملاقات کے لیے آنے والے افراد کے لیے ضروری تھا جب وہ بادشاہ سے بات کریں تو اپنے منہ میں لونگ رکھیں تا کہ اس کے منہ سے خوشبو آئے۔

❀❀❀

☆ پاکستان کا بلکہ دنیا کا سب سے بڑا قلعہ رانی کوٹ کا قلعہ ہے۔ یہ قلعہ ضلع دادو میں حسن گاؤں سے تقریباً اٹھارہ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے یہ قلعہ تقریباً چوبیس میل کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔

❀❀❀

☆ براعظم یورپ میں برطانیہ میں پہلی بار ۱۸۴۳ء میں سڑکوں کے درمیان سفید پتھروں سے لائن بنائی گئی اور

Join us on whatsapp Naveed Bai 03149077218

لیمپ لگائے گئے۔

☆ دنیا کی سب سے پرانی کتاب تین ہزار قبل مسیح لکھی گئی۔ اس پرانی کتاب رگ وید کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب سندھ میں لکھی گئی تھی۔

☆ زمانہ قدیم میں چین کے لوگ ڈاکٹر کا لکھا ہوا نسخہ کھالیا کرتے تھے کیونکہ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ ڈاکٹر کا نسخہ کھالینے سے مرض جڑ سے دور ہو جاتا ہے۔

☆ بھارت کے سابق ٹیسٹ کرکٹر وینو منکڈ ایسے کھلاڑی تھے جن کی بیٹنگ آرڈر میں کوئی مخصوص جگہ نہیں تھی۔ انھوں نے بھارت کی طرف سے ایک نمبر سے لے کر گیارہ نمبر یعنی سب ہی نمبروں پر بیٹنگ کی۔

☆ زمانہ قدیم میں ایک جگہ ایسی تھی جہاں کے لوگ اپنے تمام دانت نکلوا دیتے تھے کیونکہ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ دانت نہ نکلوانے سے جسم میں زہر پھیل سکتا ہے۔

☆ دنیا میں سب سے پہلے کاغذ چینیوں نے بنایا سب سے پہلے تسائی لن نامی ایک چینی نے کاغذ بنایا تھا۔

☆ یہ حقیقت ہے کہ انسانی خون کا ایک قطرہ نظام دوران خون میں روزانہ تقریباً ایک میل سفر کرتا ہے۔

☆ دنیا کا ایک ملک ایسا ہے جہاں اُلو کا گوشت کھانے سے کالی کھانسی چلی جاتی ہے۔

☆ آپ مکھی کی بھنبھناہٹ جو اکثر سنتے ہیں وہ اس کے منہ سے پیدا نہیں ہوتی بلکہ اس کے پروں سے پیدا ہوتی ہے۔

☆ وہیل دنیا کا سب سے بڑا جانور ہے جو اپنے بچوں کو دودھ پلا کر پالتی ہے اور اس وہیل کی ایک قسم بلو وہیل کہلاتی ہے جو سب سے بڑی ہوتی ہے اور ایک اندازے کے مطابق اس کی لمبائی ۱۱۰ فٹ تک ہوتی ہے اور وزن تقریباً سو اور سو اٹن کے درمیان ہوتا ہے۔

## دنیا کے مشہور مقامات اور چیزیں

### دنیا کے مشہور صحرا

| نام صحرا | محل وقوع | رقبہ (میلوں میں) |
|---|---|---|
| صحرائے اعظم | افریقہ | ۳۲۵۰۰۰۰ |
| صحرائے آسٹریلیا | آسٹریلیا | ۶۰۰۰۰۰ |
| صحرائے عرب | ایشیا | ۵۰۰۰۰۰ |
| صحرائے گوبی | ایشیا | ۴۰۰۰۰۰ |
| صحرائے تبت | ایشیا | ۲۳۰۰۰۰ |
| صحرائے کالاہاری | شمالی افریقہ | ۲۰۰۰۰۰۰ |
| صحرائے تھر | ایشیا | ۱۰۰۰۰۰ |
| صحرائے ایٹاکاما | شمالی افریقہ | ۷۰۰۰۰ |

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218
www.besturdubooks.net

| | | |
|---|---|---|
| البرز | البرز | ۱۸۴۶۴ |
| ارارات | ارادت | ۱۶۹۱۶ |
| ماؤنٹ بینک | الیس | ۱۵۷۸۲ |

## دنیا کے لمبے پلیٹ فارم

| نام | ملک | لمبائی (فٹوں میں) |
|---|---|---|
| سورن پور | بھارت | ۲۴۱۵ |
| کھراگ پور | بھارت | ۲۳۳۲ |
| بلاد ایو | جنوبی رہوڈیشیا | ۲۳۰۲ |
| لکھنؤ | بھارت | ۲۲۵۰ |
| مانچسٹر | انگلستان | ۲۱۹۴ |
| کوٹری | پاکستان | ۱۸۹۵ |
| بورن ماؤتھ | برطانیہ | ۱۷۴۸ |
| اسٹارروک | سویڈن | ۲۴۰۷ |

## دنیا کی مشہور جھیلیں

| جھیل کا نام | محل وقوع | رقبہ (میلوں میں) |
|---|---|---|
| کیسپین | روس، ایران | ۱۲۹۳۴۰ |
| سپریئر | کینیڈا، امریکہ | ۳۱۱۸۲۰ |
| وکٹوریہ | کینیا، تنزانیہ، یوگنڈا | ۲۴،۶۴۰ |
| ارال | روس | ۲۴،۴۰۰ |
| ہوران | کینیڈا، امریکہ | ۲۳۰۱۰ |
| چیکن | امریکہ | ۲۲،۴۰۰ |
| ٹانگانیگا | افریقہ | ۱۲،۷۰۰ |
| بیکال | روس | ۱۲،۱۵۰ |

## دنیا کے مشہور پُل

| نام | ملک | لمبائی (فٹوں میں) |
|---|---|---|
| سان فرانسسکو | امریکہ | ۱۱۳۲۲ |
| ریزمپیس | شام | ۱۱۳۲۲ |
| لے | ڈنمارک | ۱۱۲۸۹ |
| سوتر | بھارت | ۹۳۳۹ |
| فورتھ | اسکاٹ لینڈ | ۸۲۹۰ |
| ریوسلاڈو | ارجنٹائن | ۶۷۰۳ |
| گولڈن گیٹ | امریکہ | ۶۲۶۰ |
| سڈنی ہاربر | آسٹریلیا | ۳۸۰۰ |
| زیجٹن | سوئٹزرلینڈ | ۳۹۰ |

## دنیا کی بلند ترین پہاڑی چوٹیاں

| نام | سلسلہ ہائے کوہ | بلندی (فٹوں میں) |
|---|---|---|
| ایورسٹ | ہمالیہ | ۲۹۰۲۸ |
| کے۔ٹو | قراقرم | ۲۸۲۵۰ |
| کنچن چنگا | ہمالیہ | ۲۸۲۰۸ |
| مسکالو | ہمالیہ | ۲۷۸۲۴ |
| دھوگکری | ہمالیہ | ۲۶۸۱۱ |
| ننگا پربت | ہمالیہ | ۲۶۶۶۰ |
| شیشاپنگما | ہمالیہ | ۲۱۲۹۰ |
| نندادیوی | ہمالیہ | ۲۵۹۴۵ |
| ترچ میر | ہندوکش | ۲۵۳۲۰ |
| میکنلے | میکنلے | ۲۰۳۲۰ |
| لوگان | میکنلے | ۱۹۵۳۹ |
| کلیمان جاور | کلیمان جاور | ۱۹۳۴۰ |

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

| | | |
|---|---|---|
| آیری | امریکہ، کینیڈا | ۹۹۴۰ |
| ولی پیگ | کینیڈا | ۹۴۶۴ |
| انتاریو | امریکہ، کینیڈا | ۷۵۴۰ |
| چڈ | افریقہ | ۶۳۰۰ |
| روڈولف | ایتھوپیا، کینیا | ۲۴۷۳ |
| البرٹ | کانگو، یوگنڈا | ۲۰۷۵ |
| وان | ترکی | ۱۴۵۵ |

## دنیا کی مشہور آبشاریں

| نام | ملک | بلندی (فٹوں میں) |
|---|---|---|
| آبشار اینجل | وینزویلا | ۳۲۸۰ |
| آبشار ٹوگیلا | نٹال | ۳۰۰۰ |
| آبشار کوکینام | وینزویلا | ۲۰۰۰ |
| آبشار سدرلینڈ | نیوزی لینڈ | ۹۱۰۴ |
| آبشار ربن | کیلی فورنیا | ۱۶۱۲ |
| آبشار گیوانی | فرانس | ۱۳۸۴ |
| آبشار تکاکو | آسٹریا | ۱۲۴۷ |
| آبشار آسٹربوفسین | ناروے | ۱۲۳۷ |
| آبشار ٹرتی | اٹلی | ۶۵۰ |
| آبشار وکٹوریہ | رہوڈیشیا | ۳۵۵ |
| آبشار نیاگرا | کینیڈا | ۱۵۸ |

## دنیا کے بڑے بڑے دریا

| دریاؤں کے نام | براعظم | لمبائی |
|---|---|---|
| نیل (مصر) | افریقہ | ۴۱۴۵ |
| ایمزن | جنوبی امریکہ | ۳۹۰۰۰ |
| مس سپسی | شمالی امریکہ | ۳۸۶۰ |
| نیگری کیانگ | ایشیا | ۳۴۰۰ |
| کانگو | افریقہ | ۲۷۱۶ |
| آمور (چین) | ایشیا | ۲۷۰۰ |
| لینا (روس) | یورپ | ۲۲۵۳ |
| اوب (روس) | یورپ | ۳۴۶۱ |
| نائیجر | افریقہ | ۲۶۰۰ |
| دولگا | یورپ | ۲۲۹۳ |
| ہوانگ ہو | ایشیا | ۲۹۰۰ |

## دنیا کے بڑے بڑے جزیرے

| جزیروں کے نام | قابض | رقبہ (مربع میلوں میں) |
|---|---|---|
| آسٹریلیا | آسٹریلیا | ۲۹۴۸۳۶۶ |
| گرین لینڈ | ڈنمارک | ۸۳۹۷۸۲ |
| نیوگنی | انڈونیشیا | ۳۱۶۸۶۱ |
| بورنیو | انڈونیشیا | ۲۸۷۴۰۰ |
| مڈغاسکر | مڈغاسکر | ۲۲۷۳۷ |
| بافن | کینیڈا | ۱۸۳۱۸۱۰ |
| سماٹرا | انڈونیشیا | ۸۸۹۱۹ |
| ہونشو | جاپان | ۸۴۱۸۶ |
| برطانیہ | برطانیہ | ۸۱۹۳۰ |
| وکٹوریہ | کینیڈا | ۴۸۷۶۳ |
| جاوا | انڈونیشیا | ۴۶۷۳۴ |
| نیوفاؤنڈلینڈ | کینیڈا | ۲۶۳۱۵ |
| منڈانو | فلپائن | ۳۹۱۹۱ |
| ہوکیڈو | جاپان | ۳۹۹۷۷ |

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03490 7218

| | | |
|---|---|---|
| تسمانیہ | آسٹریلیا | ۲۶۲۱۵ |

## دنیا کی مشہور نیوز ایجنسیاں

| نام ایجنسی | ملک |
|---|---|
| آرنا نیوز ایجنسی | لیبیا |
| کویودو نیوز سروس | جاپان |
| انتارا نیوز ایجنسی | انڈونیشیا |
| تاس نیوز ایجنسی | روس |
| بختیار نیوز ایجنسی | افغانستان |
| تجنگ نیوز ایجنسی | یوگوسلاویہ |
| اے پی پی | پاکستان |
| اے پی اے | امریکہ |
| آژانس فرانس پریس | فرانس |
| استار نیوز ایجنسی | اٹلی |
| نیوزی لینڈ پریس ایسوسی ایشن | نیوزی لینڈ |
| پارس نیوز ایجنسی | ایران |
| وفا نیوز ایجنسی | فلسطین |
| نیو چائنا نیوز ایجنسی | چین |
| سانا نیوز ایجنسی | شام |
| عرب نیوز ایجنسی | مصر |
| یو پی اے | امریکہ |
| ڈیوشے پریس ایجنسی | جرمنی |
| اناطولیہ | ترکی |
| سماچار | بھارت |

## اقوالِ زریں

☆ خدا کی نظر میں وہ عظیم ہے جس کا اخلاق بلند ہے۔ (حضرت محمد ﷺ)

☆ جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ جان لے کہ اس کا دل ایمان سے خالی ہے۔ (حضرت ابوبکر صدیقؓ)

☆ سب سے زیادہ عقلمند وہ شخص ہے جو اپنی بات کو اچھی طرح ثابت کر سکے۔ (حضرت عمر فاروقؓ)

☆ دنیا میں جو چیز سب سے کم ہے وہ سچائی اور امانت ہے اور جو چیز سب سے زیادہ ہے وہ جھوٹ اور خیانت ہے۔ (حضرت علیؓ)

☆ بھوکے کو کھانا کھلانا، حاجت روائی کرنا۔ دشمن کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ اچھے نفس کی زینت ہے۔ (خواجہ معین الدین چشتیؒ)

☆ دشمن کو دل کی مہربانی اور احسان سے جیتو اور دوست کو نیک سلوک سے۔

☆ مصیبت میں آرام کی تلاش مصیبت کو ترقی دیتی ہے۔

☆ حقیقی کامیابی لگاتار محنت کا کام ہے۔

☆ اگر دولت مندوں میں انصاف اور مفلسوں میں قناعت ہوتی تو دنیا سے گدائی کی رسم اُٹھ چکی ہوتی۔

☆ علم جو نفع حاصل کرنے کے لیے سکھایا جائے دل میں گھر نہیں کرتا۔

☆ عقلمند سوچ کر بولتا ہے اور بے وقوف بول کر سوچتا ہے۔

☆ مجھے دوستوں میں ہم رائے دوست زیادہ محبوب ہے جو میری کوتاہیوں سے چشم پوشی کرے۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218
www.besturdubooks.net

☆ کسی سے نیکی کرتے وقت بدلے کی توقع مت رکھو کیونکہ اچھائی کا بدلہ، انسان نہیں خدا دیتا ہے۔
☆ انسان جب نیک ہو جاتا ہے تو اس کا ہر کام نیک ہو جاتا ہے۔
☆ قرآن ایک ایسا دریچہ ہے جس سے ہم اگلی دنیا کو دیکھ سکتے ہیں۔
☆ انسان کا سب سے بڑا بوجھ غصہ ہے۔
☆ تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں۔ حرص، حسد، غرور۔
☆ ہم ایسی چیزوں پر پختہ یقین رکھتے ہیں جن کے متعلق ہمارا علم کم ہو۔
☆ کتنا خوش قسمت ہے وہ انسان جس کی زندگی کا انجام اس کے آغاز جیسا ہو۔
☆ میں ہر شخص کے حملے سے بچتا رہا لیکن اپنے گناہوں کے وار سے کسی طرح نہ بچ سکا۔
☆ ہماری ماں نے ہمیں زندہ رہنے اور آزادی سے زندگی گزارنے کا سبق دیا۔
☆ روح ہی جنت ہے روح ہی جہنم ہے۔
☆ بدترین وہ گھر ہے جس میں یتیم بچے کے ساتھ بدسلوکی ہو۔
☆ شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی صد سالہ زندگی سے بہتر ہے۔
☆ جمہوریت ایک طرز حکومت ہے جس میں بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے۔
☆ مہذب قومیں انسانیت اور اخلاق کے لبادے کو تار تار کر کے حیوانیت میں تبدیل نہیں ہوا کرتیں۔
☆ آزادی کی کوئی قیمت نہیں۔
☆ دنیا میں ان ہی لوگوں کو عزت اور عظمت حاصل ہوتی ہے جنھوں نے اپنے اُستادوں کا احترام کیا۔
☆ شہرت بہادری کے کارناموں کی مہک ہے۔

☆ دل اگر سیاہ ہو تو چمکتی ہوئی آنکھ بھی کچھ نہیں کر سکتی۔
☆ لگن کے بغیر کسی میں بھی عظیم ذہانت پیدا نہیں ہو سکتی۔
☆ حسد، حاسد کو مرنے سے پہلے مار دیتا ہے۔
☆ مایوسی موت کا دوسرا نام ہے۔
☆ ہر شخص سچا دوست تلاش کرتا ہے لیکن خود سچا دوست بننے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔
☆ محبت سے زندگی بنتی ہے اور بے دلی سے موت۔
☆ دس میں سے نو حصہ برائیاں اور تکالیف صرف سُستی اور کاہلی سے پیدا ہوتی ہے۔
☆ اپنے حواس پر حکومت کرو تم انسانی عظمت پر فائز ہو سکو گے۔
☆ انسان پاگل ہے کہ وہ ایک پتہ یا چیونٹی تک تو بنا نہیں سکتا، مگر بیسیوں خدا بنا لیتا ہے۔
☆ حکمت ایک ایسا درخت ہے جو دل سے اُگتا ہے اور زبان سے پھل دیتا ہے۔
☆ انسان کے سارے رنج اور ساری مصیبتیں خواہشوں کے باعث ظہور میں آتی ہیں۔
☆ اتحاد جنگ کا سب سے مہلک ہتھیار ہے۔
☆ خاموشی سے رہو یا ایسی بات کہو جو خاموشی سے بہتر ہو۔
☆ ایک کارآمد دوست کے مقابلے میں بہت سے ناکارہ دوست نہ بناؤ۔
☆ کامیابی کا دارومدار آپ کی محنت اور کوشش پیہم پر ہے۔
☆ موجودہ دور میں انسانیت کا خطرناک ترین دشمن انسان ہے۔
☆ جب ہم میں سے دولت اور شہرت کی ہوس ختم ہو جائے گی تو اس وقت ہم بہتر انسان بن جائیں گے۔

Join Us on WhatsApp Naveed BaiG 03149077218

☆ نیکی کی طرف بلانے والا نیکی کرنے والے کے برابر ہے۔

☆ مسکراہٹ محبت کی زبان ہے۔

☆ جو دوسروں کی آزادی سلب کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ خود آزاد کہلانے کے حقدار نہیں۔

☆ محتاط لوگ عموماً کم غلطیاں کرتے ہیں۔

☆ اعتماد ہی زندگی کی متحرک قوت ہے۔

☆ افواج کے حملے کو روکا جاسکتا ہے لیکن خیالات کے حملے کو روکنا مشکل ہے۔

☆ ہر آدمی کا رجحان ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔

☆ جتنی جلدی کرو گے اتنی دیر لگے گی۔

☆ شاعر دُکھوں سے سیکھتے ہیں اور گیتوں سے سکھاتے ہیں۔

☆ علم میں بحرِ ناپید کنارہ ہے جس کی تہہ بے شمار موتیوں سے بھری پڑی اور میں اس کنارے پر ایک طفل خوردسال کی طرح گھونگے چُن رہا ہوں۔

☆ جس شے کا وجود نہیں اُسے ہم اعتماد سے پیدا نہیں کرسکتے۔

☆ غریب آدمی امیر کا اتنا محتاج نہیں جتنا امیر آدمی غریب کا کیونکہ امیر کا کوئی کام غریب کے بغیر نہیں چل سکتا۔

☆ قیام امن کے لیے تیار رہنا بڑا ہی کارآمد حربہ ہے۔

☆ امن کی فتح جنگی فتوحات سے کم اہم نہیں ہے۔

☆ انسان آنسوؤں اور مسکراہٹوں کے درمیان لٹکا ہوا پنڈولم ہے۔

☆ سچائی اور ایمانداری سگی بہنیں ہیں۔

☆ جب میں اس شش وپنج میں پڑ جاتا ہوں کہ کروں یا نہ کروں تو ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے لگتا ہوں۔

☆ تعلیم انسان کی روح کے لیے وہی حیثیت رکھتی ہے جو سنگ مرمر کے ٹکڑے کے لئے فن سنگ تراشی۔

☆ خاموشی میں الفاظ کی نسبت قوت گویائی زیادہ ہوتی ہے۔

☆ سرمایہ دارانہ نظام میں انسان اور اس کی ضرورت کوئی وقعت نہیں رکھتی۔

☆ لوگوں کی فکروں کو دور کرنا اور اُن کے خیالات کو وسعت دینا شاعری کا عظیم مقصد ہے۔

☆ خالی پیٹ کوئی بھی شخص عقل مند نہیں بن سکتا۔

☆ نصیحت کے بجائے ہم نقل کے ذریعہ ہی زیادہ سیکھتے ہیں۔

☆ جو عورت حُسن سے محروم ہے وہ نصف زندگی لے کر دنیا میں آئی ہے۔

☆ انصاف ایک ایسا قلعہ ہے جسے نہ آگ جلاسکتی ہے اور نہ منجنیق گراسکتی ہے۔

☆ خواتین کی اقتصادی اور سیاسی حالت بہتر بنانے کے لیے متحد ہوکر پیداواری سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔

☆ حق پر چلنے والے کا پاؤں شیطان کے سینے پر ہوتا ہے۔

☆ سچ کبھی جھوٹ سے شکست نہیں کھاتا۔

☆ سردار بننا چاہتے ہو تو حرکت وعمل اور جدوجہد کو اپنا معمول بناؤ۔

☆ سب سے بڑا گناہ کفر کے بعد دل آزاری ہے۔ چاہے وہ مسلم کی ہو یا کافر کی۔

☆ ایک ہزار قابل انسانوں کے مرجانے سے اتنا نقصان نہیں ہوتا جتنا ایک بے وقوف کا صاحب اقتدار ہونے سے۔

☆ علم کی مثال دریا کی سی ہے اس میں کتنا ہی خرچ کرو گے گھٹے گا نہیں۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03140777218

☆ حلال روزی کمانے والے کے دل کو خدا نور سے بھر دیتا ہے۔
☆ اس شخص کی صحبت سے بچو جو قیامت کے دن ذلت اور رسوائی سے نہیں ڈرتا۔
☆ میں نے کتنے ہی چوروں، ڈاکوؤں، شرابیوں اور جواریوں کو تائب ہوتے دیکھا لیکن کسی جھوٹے کو سچ بولتے نہیں دیکھا۔
☆ گناہ پر نادم نہ ہونا ایک ایسا مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں ہے۔
☆ اس خوشی سے دور رہو جو کل کو غم کا کانٹا بن کر دُکھ دے۔
☆ دوسروں کا بھلا کرتے وقت یقین رکھو کہ تم اپنا بھلا کر رہے ہو۔
☆ بادل کی طرح رہو پھولوں پر ہی نہیں کانٹوں پر بھی برستا ہے۔
☆ شکست سے موت بہتر ہے۔
☆ باوجود سمجھنے کے بھی لوگ اپنی اصلاح نہیں کرتے وہ یقیناً تکلیف اُٹھاتے ہیں۔
☆ انسانوں کی بے غرض خدمت کرنا انسانیت کی معراج ہے۔
☆ محبت اور عداوت کبھی پوشیدہ نہیں رہتی۔
☆ مسکراہٹ روح کا دروازہ کھول دیتی ہے۔
☆ جھوٹا سب سے پہلے اپنے آپ کو نقصان پہنچاتا ہے۔
☆ چاند کے بغیر رات بیکار ہے اور علم کے بغیر ذہن۔
☆ ماں باپ کی خوشنودی دنیا میں باعث دولت اور آخرت میں باعث سخاوت ہے۔
☆ جو اپنے دوستوں کو پند و نصائح کے ذریعہ بُرے کاموں سے باز نہیں رکھتا۔

☆ تقدیر بہت کم تدبیر کا ساتھ دیتی ہے۔
☆ دریا کا جوش اور مرد کی جوانی یکساں اہمیت کی حامل ہے۔
☆ صداقت انسان کو عظیم بناتی ہے انسان صداقت کو عظیم بناتا ہے۔
☆ اُمید باعمل انسان کی کنیز ہے۔
☆ مال جمع کرنا آسان، لیکن نگہداشت کرنا دشوار ہے۔
☆ ترقی کا راز لگاتار عمل اور تکرار میں پوشیدہ ہے۔
☆ امن کی فتح جنگی فتوحات سے کم اہم نہیں۔
☆ روزگار وقت کا آلہ ہے۔
☆ زندگی ایک پھول ہے محبت اس کا شہد ہے۔
☆ ناقابل اعتماد دوستوں سے تنہائی بہتر ہے۔
☆ سچی سے سچی اور اچھی سے اچھی عقلمندی ارادہ ہے۔
☆ تمام اعضائے جسمانی میں زبان سب سے بڑا نافرمان ہے۔
☆ عالم پانی کے بغیر سیراب ہے اور جاہل پانی کی موجوں میں رہ کر بھی تشنہ رہتا ہے۔
☆ ان سے کبھی دوستی نہ کر جو تجھ سے بہتر ہے۔
☆ اچھی بات جو بھی کہے غور سے سنو۔
☆ عورتوں سے حسن معاشرت سے گزران کرو۔
☆ ملک میں فساد نہ پھیلاؤ۔
☆ والدین، رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں سے نیک سلوک کرو۔
☆ ناحق سرکشی نہ کرو۔
☆ ناشکری نہ کر۔
☆ فضول خرچ کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔
☆ اللہ کے نزدیک سب سے بڑا شریف وہی ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔
☆ کسی پر ظلم نہ کرو اور نہ ہی تم پر کوئی ظلم کیا جائے گا۔

Join us on WhatsApp Naveed Baig 03249077218

www.besturdubooks.net

☆ اپنے سوا کسی کو بھیدی نہ بناؤ کیونکہ دوسرے تمہاری تباہی میں کوتاہی نہیں کریں گے۔

☆ جب لوگوں پر فیصلہ کرو تو عدل وانصاف سے فیصلہ کرو۔

☆ مومن آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ نرم برتاؤ کرتے ہیں۔

☆ والدین کے سامنے کلمہ اُف بھی نہ کہو اور نہ ہی اُن کو جھڑکو، ان سے ادب سے بات کرو۔ اُن کے سامنے اپنے رحمت وشفقت کے بازوؤں کو پست کردو۔

☆ اگر تمہارے درمیان کسی معاملے میں جھگڑا ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول ﷺ کی طرف لوٹادو۔

☆ ایک ساعتِ انصاف (برسہا برس کی) عبادت سے بہتر ہے۔

☆ جو لوگ میانہ روی اختیار کرتے ہیں کسی کے محتاج نہیں ہوتے۔

☆ انسان کی سمجھداری یہ ہے کہ وہ کفایت شعار ہو۔

☆ بلند ہمتی ایمان کی علامت ہے۔

☆ دولت مند پر حسد نہ کرو دولت کی لذتیں فانی اور عارضی ہیں۔

☆ امانت سے رزق بڑھتا ہے، خیانت سے افلاس لازمی آتا ہے۔

☆ جو شخص جھوٹی قسم کھائے اپنا ٹھکانہ جہنم بنائے۔

☆ دولت خرچ کرتے رہو۔ روکو مت، ورنہ ہوسکتا ہے کہ خدا بھی دولت کے دروازے تم پر بند کردے۔

☆ اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا اس لیے زمین پر فساد نہ کرو۔

☆ پھوس کے پولوں کا انبار، خواہ کتنا ہی بڑا ہو کبھی قلعہ نہیں بن سکتا۔

☆ دراصل انجام کا فرق آغاز ہی کے فرق کا نتیجہ ہے۔

☆ اگر تندرست رہنا چاہتے ہو تو نیک بنو۔ نیک بننا چاہتے ہو تو دانا بننے کی کوشش کرو۔ دانا بننا چاہتے ہو تو مذہب کا مطالعہ کرو۔ اللہ سے محبت کرو۔ کیونکہ اللہ کا خوف ہی دانائی کا آغاز ہے۔

☆ بیوقوف کے ساتھ جنت میں بیٹھنے سے عقلمند کے ساتھ قید خانہ میں بیٹھنا بہتر ہے۔

☆ فیاض خدا کا دوست ہے۔

☆ خاموشی بہت بڑی حکمت ہے۔

☆ جہالت افلاس کی بدترین قسم ہے۔

☆ علم طلب کرو خواہ چین جانا پڑے۔

☆ جہالت افلاس کی بہترین قسم ہے

☆ مہد سے لحد تک علم حاصل کرتے رہو۔

☆ جو خود پر رحم نہ کرے رحم کے قابل نہیں۔

☆ اپنے گھر کی دیوار اتنی بلند نہ کرو کہ پڑوسی کی ہوا رُک جائے۔

☆ جو شخص اپنے وارث کو میراث سے محروم کرے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس کو اپنے رحم سے محروم کردے گا۔

☆ پڑوسی کے ساتھ احسان کرو، مسلمان بن جاؤ گے۔

☆ بات حق کہو، اپنے دشمن کو معاف کردو، لیکن خدا کے دشمن کو نہ بخشو۔

☆ دنیا میں زندگی کی سانسیں بہت کم ہیں اور قبر کی زندگی بہت طویل ہے۔

☆ اصل کمال علم اور عمل دونوں کو جمع کرنے میں ہے۔

☆ کمینوں کے مقابلہ میں خاموشی سے مدد و معاونت طلب کر۔

☆ اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کر۔ اس طرح تمہارے افعال میں ان کا رنگ پیدا ہو جائے گا۔

Join us on WhatsApp Naveed BaiG 03124907218




ISBN 81-7231-628-3

Prof. Abdul Haq
Size 25×19 Pages 696
Price Rs. 180.00 H.B.




ISBN 81-7231-626-7

Prof. M. Raza-ul-Haq
Size 12×10 Pages 512
Price Rs. 40.00 H.B.




ISBN 81-7231-375-6

Prof. Naseer Ahmed
Size 25×19 Pages 1966
Price Rs. 795.00 H.B.




ISBN 81-7231-393-4

Prof. Naseer Ahmed
Size 24×16 Pages 536
Price Rs. 250.00 H.B.




ISBN 81-7231-352-7

Prof. Abdul Hamid Siddiqui
Size 22×14 Pages 219
Price Rs. 80.00 P.B.




ISBN 81-7231-213-X

Prof. Makhdum Sabri
Size 21×14 Pages 160
Price Rs. 50.00 P.B.




ISBN 81-7231-770-0

Saeed A. Shaikh
Size 18×12 Pages 704
Price Rs. 130.00 H.B.




ISBN 81-7231-769-7

Saeed A. Shaikh
Size 22×14 Pages 800
Price Rs. 175.00 H.B.




ISBN 81-7231-799-9

Saeed A. Shaikh
Size 25×19 Pages 1300
Price Rs. 350.00 H.B.

---

**Islamic Book Service**
2872-74 Kucha Chelan, Darya Ganj, New Delhi-2 (India)
**Ph.:** 011-23244556, 23253514, 23286551
**Fax:** 011-23277913, 23247899
**E-mail:** islamic@eth.net, ibsdelhi@del2.vsnl.net.in
**Website:** www.islamic-india.com

ISBN 81-7231-799-9
9 788172 317997 43500

Join us on whatsapp Naveed Baig 03149077218

www.besturdubooks.net